القرآن الحکیم

تفسیر بیان القرآن (مکمل)

جلد اول

سورۃ الفاتحۃ تا سورۃ الانعام

مولانا محمد اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ رحمانیہ

اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور

www.besturdubooks.wordpress.com

www.besturdubooks.net

القرآن الحکیم

تفسیر بیان القرآن (مکمل)

مع اردو ترجمہ مسائل السلوک

وَمع عربی وُجوہُ المثانی مع توجیہِ الکلماتِ وَالمعانی

لکل از تصانیف حضرت حکیم الامت ماہر العلوم قرآنیہ رأس المفسرین صاحب الشریعۃ والطریقۃ

مولانا محمد اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

جلد اول

سُورَةُ الفَاتِحَة تا سُورَةُ الأنعَام

تسہیلِ ترجمہ

مولانا سید انظر شاہ کشمیری

خلف الرشید علامہ سید انور شاہ کشمیری

تخریج

مولانا حافظ محبوب احمد خان صاحب

مدرس مدرسہ رحمۃ للعالمین ڈیفنس روڈ لاہور

تفسیر بیان القرآن اور اس کے متعلقہ تمام رسائل کی کمپوزنگ اُس قدیم نسخے کو سامنے رکھ کر کی گئی ہے جو حکیم الامتؒ کا نظر فرمودہ ہے اس پر حکیم الامتؒ کی تصدیق (دستخط) بھی موجود ہیں اس کے علاوہ مولانا شبیر علی صاحب کے اضافہ جات بھی شامل ہیں۔ یہ نسخہ ۱۹۵۳ء میں اشرف المطابع تھانہ بھون سے شائع ہوا تھا اُس نسخے کا عکس بھی جلد اول کی ابتداء میں لگا دیا گیا ہے۔

مکتبہ رحمانیہ

اِقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

فون: 042-7224228-7221395

www.besturdubooks.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مکتبہ رحمانیہ

نام کتاب: .... تفسیر بیان القرآن (کامل) (جلد اول)

مؤلف: .... مولانا محمد اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

ناشر: .... مکتبہ رحمانیہ

مطبع: .... لٹل سٹار پرنٹرز لاہور

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم بے حد شکر گزار رہوں گے۔ (ادارہ)

www.besturdubooks.net

حرفِ اوّل

حکیم الامت' مجدد الملّت' حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ کی مشہور و معروف تفسیر بیان القرآن کی بابت کچھ تحریر کرنا سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہے۔ بیان القرآن تمام علوم متعلقہ قرآنِ کریم کی جامع اور تفسیری علوم کی حاوی نابغہ روزگار تفسیر ہے۔ یہ کس علمی پائے کا کام ہے' اس کا اندازہ کرنے کیلئے فقط یہی جان لینا چاہئے کہ بیان القرآن کے ضبط تحریر میں آ جانے کے بعد سے جتنے بھی مفسرین نے تفاسیر تحریر کیں وہ اس سے استفادہ کرنے سے اپنے آپ کو مستثنیٰ نہ رکھ پائے اور اس سے قبل تفسیر کو اس عالمانہ انداز سے لکھنے کا یارا ابھی نہیں تھا۔

اس تفسیر سے حضرت تھانوی کی فقہی بصیرت اور جامعیت اور تمام پہلوؤں پر نظرِ عمیق کا ہم جیسے کم فہموں کو بھی اندازہ ہوسکتا ہے۔ حکیم الامت نے اس میں بعض خاص تفسیری تحقیقات ہی نہیں فرمائیں بلکہ اردو اور عربی محاورے کے دقیق فرق کو بھی ملحوظ خاطر رکھا ہے۔ آیات کی تفسیر کرتے وقت ''علم معانی'' کی نزاکتوں کی بھی بے حد و حساب رعایت رکھی گئی ہے اور اس کی کن کن باریکیوں کو آپ کے سامنے آشکارا کروں کہ جیسے جیسے وقت گزرتا جا رہا ہے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام کے سامنے اس کام کے نئے نئے پہلو آشکارا ہوتے ہی چلے جا رہے ہیں اور علوم ظاہری و باطنی کا ایک بحرِ بے کراں ہے جو ظاہر ہوتا چلا جاتا ہے۔

اس تفسیر سے پہلے سورتوں اور آیات کے درمیان ''ربط'' کے عنوان سے بالکل بھی کام نہیں کیا گیا تھا اور سوچئے کہ اگر ربط اور مناسبت کا لحاظ نہ رکھا جاتا تو ترتیب نزول کیونکر بدلا جاتا۔ (فافہم فتدبر) تفسیر بیان القرآن میں فقط ''ربط'' ہی کا کام اتنا بلند پایہ ہے کہ کاش کوئی ناشر اس کو علیحدہ کتابچے کی شکل میں شائع کردے تو طلباء کو اور کسی کتاب سے ربط کے تلاش کرنے کی جستجو نہ کرنی پڑتی۔ مولانا نے اس بابت ایک رسالہ ''سبق الغایات فی نسق الآیات'' بھی تحریر فرمایا ہے۔

- حضرت مولانا انور شاہ کشمیری ● رحمہ اللہ نے اپنے شاگردوں کو ایک مرتبہ بخاری کا درس دیتے وقت فرمایا تھا:

''میں تو ہمیشہ یہی سمجھتا رہا کہ اُردو کا دامن علم و تحقیق سے خالی ہے لیکن مولانا تھانوی رحمہ اللہ کی تفسیر کا مطالعہ کرنے کے بعد مجھے اپنی رائے میں ترمیم کرنا پڑی اور اب میں سمجھتا ہوں کہ اردو بھی بلند پایہ علمی تحقیقات سے بہرہ ور ہے۔''

- مولانا سید سلیمان ندوی تحریر فرماتے ہیں کہ:

''اس تفسیر کی اہمیت کا اندازہ لگانے کے لئے فقط یہ کافی ہے کہ علماء بھی اپنے آپ کو اس کے مطالعہ کا ضرورت مند سمجھتے ہیں۔''

- مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا محمد شفیع رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''اس میں بڑی بڑی کتابوں کی مبسوط اور مفصل بحثوں کا خلاصہ اور نتیجہ نکال کر رکھ دیا گیا ہے۔''

- شیخ التفسیر حضرت مولانا ادریس کاندھلوی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں:

''تفسیر بیان القرآن اپنی افادیت' جامعیت اور مقبولیت میں ثریٰ سے ثریا تک پہنچ گئی ہے۔''

اس تفسیر کو شائع کرتے وقت سب سے پہلی جو چیز ادارہ کے پیش نظر تھی وہ یہ کہ اس سے قبل جتنے بھی اداروں نے اس کو شائع کیا اس میں آیات قرآنیہ کسی اور صفحہ پر ہوتی تھیں اور ترجمے دو چار صفحات آگے اور اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ کئی تفصیلی مقامات کی تفسیر ۳۰ صفحات کے بعد تحریر ہوتی تھی۔ ادارہ نے نہ صرف علمائے کرام سے مشورہ کیا بلکہ دو مفسرین حضرات سے بھی مشورہ کے بعد ان گتھیوں کو سلجھانے کے لئے ''مستند علمائے کرام کی آراء'' کو سامنے رکھ کر جو کام کروائے وہ درج ذیل ہیں:

● علامہ سید انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ کے خلف الرشید مولانا سید انظر شاہ کشمیری ہی کے ''تسہیل ترجمہ بیان القرآن'' شائع کردہ انڈیا سے ترجمے میں مکمل استفادہ کیا گیا۔

www.besturdubooks.net

۱ مضامین کی ترتیب نو تشکیل دی گئی ہے۔

۲ جب تک پہلی آیات کی تفسیر نہ ختم ہو جائے اگلی آیت کا ترجمہ درج نہیں کیا گیا (یعنی متن، ترجمہ اور تفسیر کی ترتیب کا سو فیصدی اہتمام کیا گیا ہے) اور اب آپ کو ''بقایا صفحہ فلاں پر'' کہیں بھی درج نہیں ملے گا۔ ان شاء اللہ

۳ ترجمہ میں چونکہ مرورِ زمانہ کے ساتھ کچھ الفاظ ثقیل معلوم ہونے لگے تھے اس سلسلہ میں تمام تر راہنمائی ''مولانا سید انظر شاہ کشمیری خلف الرشید علامہ سید انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ'' کے تسہیل ترجمہ بیان القرآن سے لی گئی اور ترجمے میں جتنے بھی الفاظ بین القوسین درج ہیں وہ مولانا سید انظر شاہ کشمیری ہی کے ہیں۔

۴ مولانا چونکہ بیان القرآن میں ''تفسیر بالقرآن'' کا بے حد اہتمام کرتے ہیں اور جا بجا آیات لاتے ہیں اس لئے انتہائی عرق ریزی کے ساتھ ان آیات کی حتی الامکان تخریج کروا دی گئی ماسوا مکررات کے۔

۵ اس سے قبل کی شائع کردہ ''بیان القرآن'' میں حاشیہ کو ڈھونڈنے کے لئے انتہائی بیدار مغزی کی ضرورت ہوتی تھی ویسے بھی اس میں ایک طرح کا نہیں بلکہ کئی طرح کے حواشی لگائے گئے ہیں۔ ہم نے یہ التزام کیا کہ سب سے پہلے ملحقات الترجمہ کے تحت آنے والے حواشی کو لائے اور اس کے بعد جو آزاد حواشی تھے (یعنی وہ ترجمہ، تفسیر، عربی وغیرہ میں کہیں بھی آ سکتا ہے) اُن کو انہی آیات کے آخر میں ''الحواشی'' کے عنوان کے تحت نمبر دے کر لے آئے، اب ہمیں اُمید واثق ہے کہ کسی بھی آیت کے تحت لایا گیا تمام تفسیری مواد ایک ہی جگہ جمع کر دیا گیا ہے۔

۶ اس کے ماسوا ایک اللغات، نحو اور بلاغہ کے تحت بھی مولانا کا طریق کار یہ ہے کہ پہلے ایک لفظ لاتے ہیں اور پھر اس کی تشریح بیان کرتے ہیں ہم نے پہلے ''قولہ'' جلی لا کر پھر وہ لفظ لکھ کر آگے اس کی وضاحت کر دی ہے۔

۷ متن قرآن کتابت شدہ لگایا گیا ہے اور اس کے علاوہ جہاں بھی قرآنی آیت بضمن تفسیر وغیرہ آئی ہے وہ بھی کتابت شدہ ہی لگائی گئی ہے تاکہ اعرابی اغلاط ہونے کی گنجائش نہ رہے۔ ان شاء اللہ

ہم نے اپنے طور پر پوری سعی کی کہ ترتیب جدید، تخریج، پروف ریڈنگ، کتابت قرآن وغیرہ کے سلسلے میں بالکل بھی اغلاط کی گنجائش نہ رہے اور اس کے لئے نہ صرف رجسٹرڈ پروف ریڈرز (قاری یوسف صاحب وقاری اشرف صاحب وحافظ عبدالمنان صاحب ومولانا حافظ محبوب احمد خان صاحب) سے عربی کتابت کی پروف ریڈنگ انتہائی عرق ریزی اور ''اوقاف کی نئی پالیسی'' کے تحت کروائی گئی بلکہ ترجمہ وتفسیر کی بھی کئی دفعہ پروف ریڈنگ کروائی گئی لیکن ان تمام کوششوں کے باوجود اغلاط کی گنجائش انسانی سعی کی حد تک رہ سکتی ہے، اگر آپ کو کوئی غلطی نظر آئے تو اپنی دینی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے ادارہ کو ضرور آگاہ کریں، تاکہ اس غلطی کو رفع کیا جا سکے، اللہ تعالیٰ آپ کی اس سعی کو یقیناً آپ کے لئے صدقہ جاریہ بنا دے گا، ان شاء اللہ جل جلالہ سے دعا ہے کہ اس کتاب کی تیاری میں تعاون کرنے والے تمام احباب پر اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم فرمائے، والسلام ....(ادارہ)

www.besturdubooks.net

تفسیر بیان القرآن شائع کردہ اشرف المطابع تھانہ بھون کے اس نسخے کا سرورق جو مولانا کی زیر نگرانی شائع ہوا تھا اور اسی کو سامنے رکھ کر ادارہ نے کمپوزنگ کروائی

قال اللہ تعالیٰ اِنَّ عَلَیْنَا جَمْعَهٗ وَ قُرْاٰنَهٗ
فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا بَیَانَهٗ

چوں راس و اساس علوم حکمیہ علوم قرآن است، و ازیں امر توجہ علماء امت مبذول بخدمتش از قدیم زمان است، و از جملہ علوم خادمہ قرآن حسب آیت مزبورہ علم تفسیر و تبیان است باوجود وفور تکثر کتب ایں فن تجدد ضرورت و مذاق اہل عصر مقتضی تالیفے جدید در تبیان فرقان است، و کتاب ہٰذا کہ مسمّٰی

مکمل بیان القرآن ۱۳۵۳ھ

مع

مسائل السلوک من کلام ملک الملوک (فی العربیۃ)

و رفع الشکوک ترجمہ مسائل السلوک (فی الہندیۃ)

و وجوہ المثانی مع توجیہ الکلمات والمعانی (فی العربیۃ)

بعیان و برہان کافل و حاوی آں طرز و عنوان است، و ایں بار بہ حضرت مؤلف علام دام ظلہم نظر اصلاحی باہتمام خاص نمودند کہ موجب مزید تبیان است و ایں جلد اول و ثانی و ثالث از ان است، بنا بریں کتاب مذکور بالحسن رعایات و اکمل التزامات مثل وضع متن قرآنی مع ترجمہ بین السطور در اول حصہ صفحہ و حوالی متن مع تحریر ترجمہ و تقریر تفسیر بقید امتیاز ما بین ترجمہ و تفسیر بخطوط ہلالیہ در دوم حصہ و حواشی عربیہ در سوم حصہ، و در پہلوئے صفحہ کتاب مسائل السلوک و بر ختم ہر جلد مضمون وجوہ المثانی متعلقہ آں جلد کہ مجموعش مفید تالیان قاریان و شائقان درک معانی اجمالاً یا تفصیلاً و طالبان تحقیق مزید از عامیان و خاصان است

احقر شبیر علی کہ محتاج مغفرت و رضوان است

مطبع اشرف المطابع واقع تھانہ بھون ضلع مظفرنگر کہ ہم وطن
... مؤلف بیان القرآن اہتمام طبعش ...

www.besturdubooks.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خطبہ تفسیر بیان القرآن

اَلرَّحْمٰنُ (١) عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ (٢) خَلَقَ الْاِنْسَانَ (٣) عَلَّمَهُ الْبَيَانَ (٤) [الرحمن: ١ تا ٤] هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا (٢٨) مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ؗ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۖۛ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۛ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا (٢٩) [الفتح: ٢٨، ٢٩]

امابعد! یہ ابجد خواں مکتب قرآنی مظہر مدعا ہے کہ بہت روز سے خود بھی اور احباب کے اصرار سے بھی گاہ گاہ خیال ہوا کرتا تھا کہ کوئی مختصر تفسیر قرآن مجید کی لکھی جاوے جو ضروریات کو حاوی اور زوائد سے خالی ہو مگر تفاسیر و تراجم کی کثرت دیکھ کر اس کو امر زائد سمجھا جاتا تھا۔ اسی اثناء میں نئی حالت یہ پیش آئی کہ بعض لوگوں نے محض تجارت کی غرض سے نہایت بے احتیاطی سے قرآن کے ترجمہ شائع کرنے شروع کئے جن میں بکثرت مضامین خلاف قواعد شرعیہ بھر دیئے۔ جن سے عام مسلمانوں کو بہت مضرت پہنچی ہے۔ ہر چند کہ چھوٹے چھوٹے رسالوں سے ان کے مفاسد پر اطلاع دے کر ان مضرتوں کی روک تھام کرنے کی کوشش کی گئی مگر چونکہ کثرت سے ترجمہ بینی کا مذاق پھیل گیا ہے وہ رسالے اس غرض کی تکمیل کے لئے کافی ثابت نہ ہوئے تاوقتیکہ ابناء زمانہ کو کوئی ترجمہ بھی نہ بتلایا جاوے جس میں مشغول ہو کر ان تراجم مبتدعہ مخترعہ سے بے التفات ہو جاویں ہر چند کہ تراجم و تفاسیر محققین سابقین کے بالخصوص خاندان عزیزیہ کے ہر طرح کافی و وافی ہیں مگر ناظرین کی حالت وطبیعت کو کیا کیا جاوے کہ بعض تفاسیر میں عربی یا فارسی نہ جاننے کی مجبوری' بعض تراجم میں اختصار یا زبان بدل جانے کا عذر مانع دلچسپی ہوا۔ تامل ومشورے سے یہی ضرورت ثابت ہوئی کہ ان لوگوں کو کوئی نیا ترجمہ دیا جاوے جس کی زبان وطرز بیان وتقریر مضامین میں ان کے مذاق وضرورت کا حتی الامکان پورا لحاظ رہے اور ساتھ ہی اس کے کوئی ضروری مضمون خواہ جزو قرآن ہو یا اس کے متعلق ہو رہ نہ جاوے چند روز تک یہ رائے صورت تجویز و پیرایہ تذکرہ میں رہی۔ آخر جب احباب کا تقاضا زیادہ ہوا اور خود بھی اس کی ضرورت روزانہ مشاہدہ ومعائنہ میں آنے لگی آخر بنام خدا محض توکلا علی اللہ پھر اس اطمینان پر کہ اگر میں کسی قابل نہیں ہوں تو کیا ہوا بزرگانِ عصر اصلاح فرما کر اس کو دیکھنے کے قابل کر دیں گے۔ آخر ربیع الاول ۱۳۲۰ھ میں اس کو شروع کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے امید تمام اور نفع انام رکھتا ہوں اب جن امور کی اس میں رعایت اور لحاظ کیا گیا ہے ان کو اختصار کے ساتھ عرض کرتا ہوں۔

اوّل: قرآن مجید کا آسان ترجمہ کیا ہے جس میں قابل فہم ہونے کے ساتھ تحت لفظی کی بھی رعایت ہے۔

دوم: ترجمہ میں خالص محاورات استعمال نہیں کئے گئے دو وجہ سے اول تو میں قصباتی ہوں' محاورات پر عبور نہیں۔ دوسرے یہ کہ محاورات ہر مقام کے جدا جدا ہوتے ہیں اگر دہلی کے محاورات لئے جاتے اہل لکھنؤ نہ سمجھتے یہاں کے محاورات وہاں نہ سمجھتے ان دونوں کے محاورے حیدرآباد اور مدراس والے نہ سمجھتے غرض ایسے محاورات عام فہم نہیں ہوتے اور اردو ترجمہ کم از کم ایسا تو ہو کہ قریب قریب ہندوستان کے سب حصے تو اس کو سمجھ جاویں اس لئے کتابی زبان لی ہے کہ فصاحت کے ساتھ اس میں سلاست بھی ہے۔

سوم: نفس ترجمہ کے علاوہ جس مضمون کو بہت ضروری دیکھا کہ اس پر توضیح ترجمہ کی موقوف ہے یا کوئی شبہ خود قرآن کے مضمون سے ظاہراً پیدا ہوتا تھا اس کا جواب یا مضمون قرآنی کسی مشہور تحقیقات کے خلاف معلوم ہوتا تھا اس کی تحقیق یا اسی قسم کی کوئی ضروری بات ہوئی اس کو 'ف' بنا کر بڑھا دیا باقی لطائف ونکات یا طویل عریض حکایات یا فضائل یا بہت سے مسائل وغیرہا سے تفسیر کو طویل نہیں کیا گیا۔ غرض یہ کہ مضامین کا جمع کرنا مقصود نہیں بلکہ

www.besturdubooks.net

محض حل قرآن و رفع ضرورت لیکن باوجود اتنی رعایت کے بھی غیر علماء و طلبہ کے لئے بہت سے مقامات میں علماء سے استغناء نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا مناسب بلکہ واجب یہ ہے کہ ایسے حضرات صرف اپنے مطالعہ وفہم پر اعتماد نہ فرماویں بلکہ حسب ضرورت علماء یا منتہی طلبہ سے اس کو سبقاً سبقاً سمجھ کر پڑھ لیں۔ ورنہ اقل درجہ اتنا تو ضرور ہے کہ مطالعہ کے وقت جہاں ذرہ برابر بھی اشتباہ رہے وہاں خود غور کر کے نہ نکالیں بلکہ پنسل سے نشان کر کے علماء سے وہ عبارت دکھلا کر حل کرلیں اور بدوں اس کے احتمال بلکہ یقین غلط فہمی کا ہے۔

چہارم: جس آیت کی تفسیر میں بہت سے اقوال مفسرین کے ہیں ان میں سے جس کو ترجیح معلوم ہوئی صرف اس کو لے لیا بقیہ سے تعرض نہیں کیا۔

پنجم: مطلب قرآنی کی تقریر کہیں تو اس طرح کی ہے کہ مضمون کا ارتباط خود ظاہر ہو جاوے اور کہیں ایک سرخی ربط کی لکھ کر اس کی تقریر کردی گئی ہے۔

ششم: اختلافیات کی تفسیر میں صرف مذہب حنفی لیا گیا ہے اور دوسرے مذاہب بشرط ضرورت حاشیہ میں لکھ دیئے گئے۔

ہفتم: چونکہ نفع عوام کے ساتھ افادۂ خواص کا بھی خیال آ گیا اس لئے ان کے فائدہ کے واسطے ایک حاشیہ بڑھایا ہے جس میں مکیت و مدنیت سور و آیات و غیر مشہور لغات و ضروری وجوہ بلاغت و مغلق ترکیب و خفی الاستنباط فقہیات و کلامیات و اسباب نزول و روایات و اختلاف قراءت مغیرہ ترکیب یا حکم و توجیہ ترجمہ و تفسیر ایجاز کے ساتھ مذکور ہیں جس کو متوسط درجہ کا طالب علم بے تکلف سمجھ سکتا ہے۔ یہ حاشیہ درس و تدریس کے وقت بہت کام آ سکتا ہے۔ اس حاشیہ کی عبارت عربی اس لئے تجویز کی ہے کہ عوام اس کے دیکھنے کی ہوس ہی نہ کریں ورنہ جب زبان سمجھتے اور مضامین نہ سمجھتے بہت پریشان ہوتے۔ اب اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ یہ تفسیر مختصر یا ترجمہ مطول کہہ دیجئے عوام و خواص سب کے کام کا ہوگا اور اگر اہل علم صرف قرآن کا مطالعہ کر کے بطور خود غور کریں اور اس میں جو امور ذہن میں مجمل رہیں یا جو اشکالات واقع ہوں ان کو مستحضر کر کے پھر اس تفسیر کا ملاحظہ فرماویں تو ان شاء اللہ تعالیٰ دوبارہ لطف اور حظ حاصل ہو۔ امید ناظرین سے یہ ہے کہ اس کو مطالعہ فرما کر میرے واسطے مغفرت کی دعا مانگیں کہ بڑا لالچ اس مشقت سے یہی ہے۔

اے کہ برما میروی دامن کشاں ☆ از سر اخلاص الحمدے بخواں

اصطلاحات اس تفسیر کی یہ ہیں کہ جو عبارت خطوط ہلالیہ سے خارج ہے وہ ترجمہ ہے اور جو خطوط ہلالیہ کے اندر محصور ہے وہ ترجمہ سے زائد ہے اور باوجود کافی ہونے اس فارق کے زیادہ احتیاط و توضیح کے لئے ترجمہ پر خط بھی کھینچ دیا ہے جو علامت متن کی ہے اور ترجمہ میں اسی پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ اوپر جہاں قرآن لکھا ہے اس کے نیچے بھی ترجمہ لکھ دیا ہے اور ایک التزام یہ بھی کیا گیا ہے کہ حاشیہ عربیہ میں جہاں کسی کتاب کی بعینہ عبارت لی گئی وہاں کتاب کا نام لکھ دیا ہے اور جہاں کچھ مناسب تصرف ہوا ہے وہاں نام کتاب کے قبل لفظ من بڑھا دیا ہے۔ جہاں استاذی لکھا ہے اس سے مراد حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ ہیں جہاں مرشدی لکھا ہے اس سے مقصود حضرت مولانا الحاج محمد امداد اللہ صاحب قدس سرہ ہیں۔ جہاں کوئی ماخذ نہیں لکھا وہ احقر نے اپنی رائے و یادداشت سے لکھ دیا ہے۔ سُبۡحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الۡعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ (۱۸۰) وَسَلٰمٌ عَلَى الۡمُرۡسَلِيۡنَ (۱۸۱) وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ (۱۸۲) [الصّٰفّٰت]

فقط الراقم

محمد اشرف علی التھانوی عفی عنہ

www.besturdubooks.net

ذکر بعضے امور مرعیہ ملتزمہ در تحریر تفسیر ہذا

ان میں بعضے امور تو خطبہ تفسیر میں مذکور ہوئے ہیں اور بعض امور ان کے علاوہ ہیں:

(۱) اس تفسیر کے لکھنے کے وقت یہ کتابیں میرے پاس رہتی تھیں۔ بیضاوی' جلالین' تفسیر رحمانی' اتقان' معالم التنزیل' روح المعانی' مدارک' خازن' تفسیر فتح المنان' تفسیر ابن کثیر' لباب' درمنثور' کشاف' قاموس' بعضے تراجم قرآن۔ ان میں سے بعض کتابیں اول سے پاس رہیں اور بعض کچھ لکھنے کے بعد آئیں اور بعض بالکل اخیر میں آئیں چنانچہ حوالوں سے اس کی تفصیل و تعیین معلوم ہوسکتی ہے اور ضرورت کے وقت کتب حدیث وفقہ و سیر کی مراجعت بھی کی جاتی تھی۔

(۲) قرآن مجید کے اول سے آخر تک ہر سورت اور ہر آیت کا ربط ماقبل کے ساتھ نہایت سہل اور قریب تقریر میں بالالتزام بیان کیا گیا اور اکثر سورتوں کے شروع میں ان سورتوں کا خلاصہ بھی بیان کردیا گیا۔

(۳) جتنی آیتوں کی تفسیر بوجہ اتحاد یا تقارب و تناسب مضامین کے ایک جگہ مجتمع کرکے لکھی گئی ہے ان کے اول میں ان مضامین کا ایک جامع عنوان بطور سرخی کے لکھ دیا گیا ہے جس سے اجمالاً ان تمام آیات کا خلاصہ ذہن میں مستحضر ہونے کے بعد مفصل تفسیر سے جو کچھ نفع اور حظ حاصل ہوگا اس کو ناظرین خود دیکھیں گے پھر ان آیات کی تفسیر ایسے طور پر کی گئی ہے کہ سب ایک مسلسل تقریر معلوم ہوتی ہے۔

(۴) جن روایات پر تفسیر کو مبنی کیا ہے ان میں التزام کیا گیا ہے کہ وہ صحیح روایتیں ہوں۔ البتہ جہاں تفسیر کسی روایت پر مبنی نہ تھی اور لفظ قرآنی فی نفسہ بھی اس وجہ کو محتمل تھا تقویت احتمال کے لئے اشتراط صحت میں تسامح کیا گیا۔

(۵) شبہات کے جواب دینے میں صرف ان شبہات کو خاص کیا ہے جن کا منشا کوئی دلیل صحیح تھی جیسے کوئی آیت یا کوئی حدیث یا کوئی امر ثابت بالعقل یا بالحس اور جن کا منشا کوئی امر صحیح نہیں ہے بلکہ وہ شبہ خود دعویٰ بلادلیل ہے اسکے جواب میں چونکہ طلب دلیل کافی ہے اسلئے اس سے تعرض نہیں کیا گیا اور بہت سے شبہات نفس تقریر ترجمہ سے مندفع ہوگئے ہیں۔

(۶) کوئی مضمون ضرورت سے زائد نہیں لکھا مگر شاذونادر کسی خاص فائدے کے لئے۔

(۷) ترجمے میں ترکیب کی رعایت زیادہ کی گئی ہے بہ نسبت اتباع محاورہ کے۔

(۸) چونکہ احقر کو مباحث متعلقہ کتب سماویہ سابقہ پر بالکل نظر نہیں ہے اس لئے ایسے مضامین میں تفسیر حقانی سے نقل کردیا گیا ہے۔

(۹) غالباً تمام تفسیر میں دو یا تین مقام ایسے ہیں کہ وہاں جیسا جی چاہتا تھا ویسا شرح صدر نہیں ہوا اس موقع پر احقر نے اس کی تصریح کردی ہے تاکہ اگر کسی کو اس سے اچھی تقریر و تفسیر میسر ہو جاوے اُسی کو راجح سمجھے۔

(۱۰) مسائل فقہیہ وکلامیہ کی ہر آیت کے متعلق اسی قدر تحقیق پر اکتفا کیا گیا ہے جس پر تفسیر قرآن کی موقوف تھی۔

(۱۱) جو مضامین قابل زیادہ تفصیل وتحقیق کے کئی جگہ آئے ہیں ان کو ایک جگہ مفصل لکھ کر دوسری جگہ اس پہلی جگہ کا حوالہ دے دیا گیا ہے یا پہلی جگہ اس دوسری جگہ کا وعدہ کیا گیا ہے۔

(۱۲) ہر جگہ تفسیر میں اتباع سلف صالح کا کیا ہے۔ متاخرین کے اقوال کو جو سلف کے خلاف تھے نہیں لیا۔

(۱۳) جہاں مفسرین کے متعدد اقوال ہیں ان میں سے جس کو روایت یا ذوق عربیت سے راجح سمجھا صرف اسی کو اختیار کرلیا گیا سب کو نقل نہیں کیا البتہ کہیں کہیں اگر دونوں وجہیں متساوی معلوم ہوئیں دونوں کو نقل کردیا ہے۔

(۱۴) تقریر مدلول آیات میں قواعد میزانیہ منطقیہ کی پوری طور سے مراعات کی گئی ہے جس کا لطف اذکیاء اور علماء کے جی سے پوچھنا چاہئے۔

(۱۵) مجھ کو معلوم ہے کہ کہیں کہیں تقریر کسی قدر رنگ ہے لیکن اس کی کفایت میں کوئی خلل نہیں البتہ کم استعداد لوگوں کو اہل علم سے اس کے حل اور توضیح کی حاجت ہوگی۔ اسی طرح بعض جگہ ایسے مضامین بھی آگئے ہیں کہ ان کا سمجھنا مخصوص اہل علم کے ساتھ ہے اسی لئے میرے نزدیک مطلقاً ضروری ہے کہ اس تفسیر کو اول سے آخر تک کسی عالم سے سبق کے طور پر پڑھ لیا جاوے اور جو مضمون اس پر بھی سمجھ میں نہ آوے اس کو علوم درسیہ پر موقوف سمجھا جاوے اور یہ امر یقینی ہے کہ اس سے پورا لطف حاصل ہونے کی شرط علوم متعارفہ میں مہارت اور اس میں سے کسی مقام پر تحیر و مراجع تفاسیر کے بعد اس تفسیر کو ملاحظہ کرنا ہے۔

(۱۶) اور بہت سے امور ضروریہ و لطیفہ ترجمہ و تفسیر میں ایسے ملیں گے جو بیان سے خیال میں نہیں آسکتے مطالعہ پر ان کا حوالہ کیا جاتا ہے۔

(۱۷) لطائف اور نکات جن کا تفسیر میں دخل نہ تھا نہ وہ مقصود بالقرآن تھے بالکلیہ مہجور کردیئے گئے۔ مقصود اصلی حل قرآن کو رکھا گیا ہے۔

(۱۸) جن آیات کی تفسیر میں حدیث مرفوع آئی ہے اس کے مقابلہ میں کسی کا قول نہیں لیا گیا۔

(۱۹) چونکہ التزامات مذکورہ کی ضرورت خیال میں تدریجاً آتی رہی اس لئے ممکن ہے کہ اول کے اجزاء میں بعض التزامات کی رعایت متروک ہوگئی ہو نیز چونکہ اس کی بارہ جلدوں میں سے جن میں ہر جلد اڑھائی پارہ کی ہے (اب جدید طباعت میں اڑھائی پارہ جلد کے اختتام کی ترتیب نہیں ہے بلکہ پوری تفسیر کو تین جلدوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ محمد اسحٰق عفی عنہ) کہیں تحقیقاً کہیں بوجہ قرب سورت کے کسی قدر کم یا کسی قدر زیادہ اول جلد مسلسل نہیں لکھی گئی بلکہ درمیان میں فترات و وقفات اتفاقیہ معلوم ہوتے رہے اس لئے خود اس کے اجزاء میں اور پھر اس میں اور بقیہ جلدوں میں طرز و وضع کے اعتبار سے کسی قدر تفاوت بھی ہے جو نظر غائر سے معلوم ہوسکتا ہے۔

(۲۰) باقی جو مضامین حواشی عربیہ میں لکھے ہیں وہ مخصوص ہیں اہل علم کے ساتھ ان کے التزامات پر متنبہ کرنے کی اس مقام پر حاجت نہیں۔ باقی ان سب معروضات کے بعد جو ناظرین کی مصلحت سے ظاہر کئے گئے اپنی خاص حالت کے اعتبار سے یہ معروض ہے۔ نہ نقش بستہ مشوشم نہ بحرف ساختہ سرخوشم نفسے ☆ بیاد تو میکشم چہ عبارت و چہ معا تفہیم

کتبہ: محمد اشرف علی عفی عنہ

www.besturdubooks.net

تمہید

رفع الشکوک فی ترجمۃ مسائل السلوک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد الحمد والصلوٰۃ احقر نے آخر رجب ۱۳۳۵ھ میں ایک کتاب مسمّٰی بہ مسائل السلوک من کلام ملک الملوک لکھنا شروع کی تھی جس کا حاصل بعض مسائل مہمہ تصوف کا قرآن مجید سے اثبات ہے چونکہ یہ کتاب مسائل السلوک عربی میں ہے جو کہ عام فہم نہیں اس لئے افادۂ عام کی غرض سے اس کا اردو میں ترجمہ کردینا مناسب معلوم ہوا اور وہ ترجمہ یہی ہے جو آپ کے ہاتھوں میں ہے اور اس میں خاص وہ مسائل ہیں جو باعتبار وجوہ معتبرۂ دلالت مدلول قرآنی ہیں اور نام اس ترجمہ کا رفع الشکوک فی ترجمۃ مسائل السلوک رکھا جاتا ہے۔ عام ناظرین سے عرض ہے کہ باوجود ایضاح کے پھر بھی اس مضمون میں نزاکت باقی ہے اس کے مطالعہ میں اپنی رائے سے کام نہ لیں اگر کوئی محقق میسر آجاوے تو اس سے سمجھ لیں اور اگر میسر نہ ہو یا اس کے سمجھانے پر بھی سمجھ میں نہ آوے یا کسی مقام کو وہ محقق کسی ناظر کے فہم سے باہر بتلادے تو اس مقام کو چھوڑدیں۔ مولانا نے خوب فرمایا ہے ؎

نکتہ ہاں چوں تیغ پولادست تیز ☆ چوں نداری تو سپر واپس گریز ☆ پیش ایں الماس بے اسپر میا ☆ کز بریدن تیغ را نبود حیا

اور مجمع عوام میں ان تقریرات سے اپنی مجالس کو گرم کرنے سے تو بہت سختی کے ساتھ احتیاط واحتراز لازم سمجھیں مولانا نے اس باب میں بھی فرمایا ہے ؎

حرف درویشاں بدزدد مرد دوں ☆ تا بہ پیش جاہلاں خواند فسوں ☆ ظالم آں قومیکہ چشماں دوختند ☆ از سخنہا عالمے را سوختند

خصوص جب کہ خود بھی ناقص ہو اس کو بھی مولانا فرماتے ہیں ؎ لقمہ ونکتہ است کامل را حلال ☆ تو نۂ کامل مخور می باش لال

کتبہ اشرف علی ۸/ شوال ۱۳۳۵ھ (یعنی بعد انقضائے دو نیم ماہ از تحریر تمہید اصل)

تمہید نظر ثانی از حضرت مفسر علام دامت برکاتہم

بعد الحمد والصلوٰۃ عرض ہے کہ احقر نے عرصہ ہوا قرآن شریف کی تفسیر مسمّٰی بیان القرآن لکھی تھی جو ۱۳۲۶ھ میں بحمد اللہ شائع بھی ہوگئی تھی اللہ کا شکر ہے کہ اس نے بہت زیادہ اس کو مفید و مقبول فرمایا۔ اس درمیان میں خود مجھے اس پر جابجا سے بارہا نظر کرنے کا اتفاق ہوا اور میرے بہت سے احباب نے تو اس کا بالاستیعاب مطالعہ کیا اس نظر اور مطالعہ کے درمیان خود مجھ کو بھی اور احباب کے تقریراً یا تحریراً ابتداءً یا استدعاءً متنبہ کرنے سے بھی بعض مقامات قابل ترمیم و اضافہ معلوم ہوئے اور مطبوعہ سابق میں حواشی وغیرہ کی طرز تحریر میں بھی بعض مقامات پر میری تجویز کے خلاف ترمیم کردی گئی تھی جو مجھ کو ناپسند تھی بناءً علیہ جی چاہتا تھا کہ یہ تفسیر مع ترمیم و اضافہ کے اسی طرز پر جس پر میں نے اصل مسودہ لکھا تھا طبع ہوجاوے۔ اللہ کا شکر ہے کہ میری یہ تمنا بھی اسی طرح پوری ہوئی کہ میرے برادرزادہ برخوردار مولوی شبیر علی سلمہٗ مالک اشرف المطابع تھانہ بھون نے اسی طرح اس کی طباعت کا قصد کیا اور قابل ترمیم و اضافہ مقامات میں ترمیم و اضافہ کرنے کی مجھ سے درخواست کی۔ میں نے اس درخواست کو بخوشی منظور کیا اور نظر ثانی اس طرح کی کہ مولوی عبدالکریم سلمہٗ گمتھلی اول تفسیر کے ان مقامات کا جو اہل علم کے متوجہ کرنے سے مشورہ طلب ثابت ہوئے مطالعہ کر کے مقامات اشتباہ کو نوٹ کرلیتے تھے پھر ان مقامات کو میرے سامنے پیش کرتے تھے ان میں غور کر کے میں نے تفسیر میں جابجا مناسب ترمیم کردی اور ان مقامات کا ایک معتد بہ حصہ وہ بھی ہے جو ترجیح الراجح کے سلسلہ میں شائع ہوچکا ہے اور بعض اہل علم نے متعدد مقامات کے متعلق کچھ عبارتیں بطور حاشیہ لکھ کر پیش کیں اب ان کو حاشیہ میں داخل کردیا گیا اور منہیات سے امتیاز کے لئے ان کے آخر میں محشی کا لفظ لکھ دیا گیا ہے۔ مزید نفع کے لئے میرے مؤلفہ اور دو مفید رسالے بھی جو قرآن کے متعلق تھے اس مرتبہ اس کے ساتھ شامل کئے گئے ایک مسائل السلوک جس میں سلوک کے مسائل اور آیات قرآنیہ سے نصاً یا استنباطاً استدلال کیا گیا ہے یہ تفسیر کے حاشیہ پر درج کیا گیا ہے دوسرا وجوہ المثانی جس میں قراءات سبعہ کو ضبط کیا گیا ہے اس رسالہ کا جس قدر مضمون جس جلد کے متعلق تھا اس کو ہر جلد کے آخر میں درج کردیا گیا ہے چونکہ اب یہ تفسیر بحمد اللہ بہمہ وجوہ مکمل ہوگئی ہے اس لئے اس کا نام بھی مکمل بیان القرآن تجویز کرتا ہوں حق تعالیٰ برخوردار مذکور سلمہ کی اس سعی کو مشکور فرماویں اور اس کار خیر میں اس کی امداد فرماویں اور اس کو دینی و دنیوی ہر قسم کا فائدہ عطا فرماویں اور عافیت و حسن خوبی سے اس کار خیر کو انجام کو پہنچادیں۔ و باللہ التوفیق وھو خیر رفیق۔ اشرف علی ۲۰ شوال المکرم ۱۳۵۳ھ

www.besturdubooks.net

فہرست

مضامین تفسیریہ ومنصوصہ قرآنیہ (مکمل)

پارہ: ۱

سورۃ الفاتحہ ①

سورۃ الفاتحہ ---- ۲۰

سورۃ البقرۃ ②

صفات مؤمنین ---- ۲۲
خصال کافرین ---- ۲۴
تنبیہ: (شقی ازلی کا کفر میں معذور نہ ہونا) ---- "
احوال منافقین ---- ۲۶
مثال اول منافقین ---- ۲۹
تفسیر: مثال دوم منافقین: ---- ۳۱
تفسیر: تعلیم توحید: ---- ۳۳
برہان رسالت: ---- ۳۳
انذار کافرین: ---- "
تفسیر: بشارت مؤمنین: ---- ۳۴
تحقیق ضرب المثل: ---- ۳۵
انکار بر کفر ---- ۳۷
بیان نعم عامہ ---- ۳۸
تفسیر: قصہ آدم علیہ السلام ---- ۳۹
(حکمت تخلیق بنی آدم وعدم تکمیل آن از ملائکہ): ---- ۴۰
تحقیق وتعیین علمیکہ موقوف علیہ اصلاح انسان است وتخصیص آں بانسان -- "
جواب دخل ملائکہ در اصلاح انسان: ---- ۴۱
دفع خلجان امکان حصول علم مذکور موقوف علیہ ملائکہ مابعد تعلیم ---- "
ف: حکمۃ مکث فی الارض بعد قبول توبہ ---- ۴۷
تذکیر نعم بنی اسرائیل ---- "
نہی از کفر ودین فروشی ---- "
امر بعبادات فرعیہ: ---- ۴۹
زجر عالم بے عمل ---- "
علاج حب مال وجاہ ---- "
طریق سہولت حضور قلب در صلوٰۃ ---- ۵۰
تفسیر: معاملہ اول ---- ۵۱
معاملہ دوم ---- ۵۲
معاملہ سوم ---- "
معاملہ چہارم ---- "
معاملہ پنجم ---- "
تفسیر: معاملہ ششم: ---- ۵۴
معاملہ ہفتم: ---- "
معاملہ ہشتم: ---- "
معاملہ نہم: ---- "
معاملہ دہم: ---- "
تفسیر: معاملہ یازدہم: ---- ۵۶
معاملہ دوازدہم: ---- "
معاملہ سیزدہم: ---- ۵۷
قانون: ---- ۵۸
معاملہ چہاردہم: ---- ۵۹
دفع اشکال اکراہ فی الدین وحکمت مشروعیت جہاد: ---- "
معاملہ پانزدہم: ---- "
معاملہ شانزدہم: ---- "
فرق درمیان نکال وموعظۃ ---- "
معاملہ ہفدہم: ---- ۶۰
تفسیر: تفتیش بنی اسرائیل ---- ۶۱
مکرر تفتیش: ---- "
سہ بارہ تفتیش: ---- "
جواب تفتیش اخیر: ---- "

www.besturdubooks.net

تفسیر: معاملہ ہشدہم تتمہ ہفدہم: ---- ۶۲
جواب شبہ حجیت بیان مقتول ---- "
حکمت انعکاس ترتیب قصہ ---- "
شکایت: ---- "
معاملہ نوزدہم متضمن دفع کلفت مومنین ---- ۶۳
تفسیر: معاملہ بستم متضمن تتمہ دفع کلفت مومنین: ---- ۶۴
تحمیق یہود: ---- "
حال عوام یہود: ---- ۶۵
شناعت علماء یہود: ---- "
معاملہ بست ویکم: ---- "
تفسیر ---- ۶۶
معاملہ بست ودوم: ---- "
تفسیر: تتمہ میثاق مذکور: ---- ۶۷
عہد شکنی: ---- "
ملامت ووبال: ---- ۶۸
تتمہ وبال مع علت: ---- "
تفسیر: معاملہ بست وسوم: ---- ۶۹
معاملہ بست وچہارم ---- ۶۹
معاملہ بست وپنجم: ---- ۷۰
تفسیر: دلیل کفر وحسد یہود مع رد: ---- ۷۲
تتمہ رد دعویٰ ایمان یہود: ---- "
تتمہ رد مذکور: ---- "
تفسیر: تتمہ مضمون سابق: ---- ۷۴
معاملہ بست وہفتم: ---- ۷۵
معاملہ بست وہشتم: ---- "
معاملہ بست ونہم: ---- "
تفسیر: تتمہ سابق: ---- ۷۷
تاکید تتمہ بیان اتباع یہود سحر را: ---- "
تحقیق قصہ زہرہ: ---- ۷۸
تفسیر: معاملہ سی ام: ---- ۸۰
معاملہ سی ویکم: ---- "
معاملہ سی ودوم: ---- "
تفسیر: معاملہ سی وسوم: ---- ۸۲
معاملہ سی وچہارم: ---- "
تفسیر: معاملہ سی وپنجم: باشتراک نصاریٰ: ---- "
معاملہ سی وششم: ---- ۸۳
معاملہ سی وہفتم: ---- ۸۴
تفسیر: معاملہ سی وہشتم: ---- ۸۵
معاملہ سی ونہم: ---- ۸۶
معاملہ چہلم ---- ۸۷
تسلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ---- "
ذکر منصفین اہل کتاب ---- ۸۹
اعادۂ تمہید بطور تلخیص: ---- "
تفسیر: فضیلت حضرت ابراہیم علیہ السلام بانی کعبہ ---- ۹۰
فضیلت کعبہ: ---- ۹۱
دعائے ابراہیمی برائے حرم واہل حرم: ---- "
تفسیر: قصہ بنائے کعبہ واخلاص ودعاء بانی: ---- ۹۳
تتمہ دعائے مذکور: ---- "
ربط: تحقیق ملت ابراہیمی وانحصارش دراتباع محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ---- ۹۴
غلط کاری تارک ملت ابراہیمی کہ دراسلام منحصر شدہ: ---- "
جواب اشکال عصیان درانبیاء قبل از اطاعت ---- "
قصہ وصیت یعقوبیہ باسلام: ---- "
تفسیر: تاکید وصیت مذکورہ: ---- ۹۶
جواب شبہ خصوص معنی اسلام یا عموم معنی یہودیت ونصرانیت: ---- "
عدم کفایت انتساب بمقبولین درنجات ---- "
جواب داعیان یہودیت ونصرانیت ---- "
خلاصہ ملت ابراہیم ---- ۹۷
تفسیر: تفریع بر مضمون سابق: ---- ۹۸
مزید اظہار شرف اسلام: ---- "
تعلیم جواب دعوی اہل کتاب: ---- "
تکرار مضمون عدم کفایت انتساب بمقبولین درنجات آخرت: ---- ۹۹

پارہ : ۲

تفسیر: جواب حاکمانہ شبہ تحویل قبلہ: ---- ۱۰۱
مدح امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم ---- "
رجوع بمطلب سابق بحث قبلہ: ---- ۱۰۲
تفسیر ربط: حکمت اول ---- ۱۰۴
عناد اہل کتاب درباب حکم قبلہ ---- "

www.besturdubooks.net

عناد اہل کتاب در باب رسول اللہ ﷺ ---------------- ۱۰۶
حکمتِ دوم تحویل قبلہ ---------------- "
حکمتِ سوم تحویل قبلہ ---------------- "
تفسیر: لمط: اخبار بعثت محمدیہ ﷺ ---------------- ۱۰۸
حکم ذکر و شکر ---------------- ۱۰۹
تعلیم صبر و صلوٰۃ ---------------- "
اثر صبر و صلوٰۃ در تخفیف غم ---------------- "
فضیلت قتل فی سبیل اللہ ---------------- "
فضیلت صبر و بعضے از مواقع آں ---------------- ۱۱۰
وعید کتمان حق و اصرار بر آں مع وعدہ عفو تائب ---------------- ۱۱۳
تقریر توحید ---------------- ۱۱۵
دلیل توحید ---------------- "
ف: عقلی شدن اصول اسلام ---------------- "
ف: وجود آسمان و غلطی منکرین ---------------- "
ذم مشرکین ---------------- "
شدت عذاب آخرت ---------------- ۱۱۷
ابطال تعظیم سوائب ---------------- "
مثال سوءِ فہم مشرکین ---------------- ۱۱۹
اظہار نعمت بر مؤمنین مع حکم شکر ---------------- "
ماکولاتِ محرمہ ---------------- ۱۲۰
تفسیر: تحریم دین فروشی ---------------- ۱۲۲
ابواب البر۔ اصول بر ---------------- "
تفسیر: حکم دوم وصیت ---------------- ۱۲۶
حکم سوم صوم ---------------- "
تفسیر: تعیین ایام صیام ---------------- ۱۲۹
قرب و اجابت باری تعالیٰ ---------------- "
حکم چہارم تمتع بمفطرات در شب صیام ---------------- ۱۳۱
حکم پنجم اعتکاف ---------------- "
تاکید احکام مذکورہ ---------------- "
تفسیر: حکم ششم منع مال حرام ---------------- ۱۳۳
حکم ہفتم اعتبار حساب قمری در حج وغیرہ ---------------- "
حکم نہم متعلق قتال کفار ---------------- ۱۳۴
مسئلہ اول: ابتداء بقتال ---------------- ۱۳۶
مسئلہ دوم: استیطان کفار جزیرہ عرب را و قتال در حرم ---------------- "
مسئلہ سوم: قتال در اشہر حرم ---------------- "
مسئلہ چہارم: عدم قبول جزیہ از کفار عرب ---------------- "
حکم دہم انفاق فی الجہاد ---------------- "
تفسیر: حکم یازدہم متعلق حج و عمرہ ---------------- ۱۳۸
تفسیر: تمتع سابق وقت حج و تاکید زادِ راہ ---------------- ۱۴۰
تفسیر: وقوف منیٰ و اقسام حجاج ---------------- ۱۴۲
تفسیر: بیان منافق ---------------- ۱۴۴
بیان مخلص ---------------- "
اصلاح مبتدع ---------------- "
تفسیر: عقوبت مخالفت حق ---------------- ۱۴۶
آثار حبِ دنیا ---------------- ۱۴۷
تائید اثر حبِ دنیا ---------------- "
ترغیب مسلمانان بر تحمل شدائد ---------------- ۱۴۹
حکم دوازدہم مصارف انفاق ---------------- "
تفسیر: حکم سیزدہم فرضیت جہاد ---------------- ۱۵۰
حکم چہاردہم تحقیق قتال در شہر حرام ---------------- "
تاکید مضمون مزاحمت دین ---------------- ۱۵۱
انجام ارتداد ---------------- "
وعدۂ ثواب بر اخلاصِ نیت ---------------- ۱۵۲
حکم پانزدہم متعلق شراب و قمار ---------------- ۱۵۳
حکم شانزدہم مقدار انفاق ---------------- "
حکم ہفدہم مخالطت یتیم ---------------- "
تفسیر: حکم ہشتدہم مناکحت کفار ---------------- ۱۵۵
تفسیر: حکم بست و یکم گناہِ سوگند دروغ ---------------- ۱۵۹
حکم بست و سوم و چہارم عدت مطلقہ و مدت رجعت ---------------- ۱۶۰
تفسیر: حکم بست و پنجم عدد طلاق رجعی ---------------- ۱۶۲
حکم بست و ششم خلع ---------------- "
حکم بست و ہفتم حلالہ در طلاق ثالث ---------------- ۱۶۳
تفسیر: حکم بست و ہشتم تتمہ مضمون حکم بست و پنجم مع نہی از لعب
بالاحکام ---------------- ۱۶۵
تفسیر: حکم سی ام رضاع ---------------- ۱۶۷
تفسیر: حکم سی و یکم عدت وفات زوج ---------------- ۱۶۹
تفسیر: حکم سی و جوب یا عدم وجوب مہر در طلاق قبل الدخول ---------------- ۱۷۱
تتمہ حکم مذکور ---------------- "

www.besturdubooks.net

حکم سی و چہارم محافظت صلوٰۃ ---------- "
حکم سی و پنجم وصیت سکونت برائے بیوہ ---------- ۱۷۳
تمہ حکم متاع مذکور در شمار سی و سوم و سی و پنجم ---------- "
تفسیر: قصہ گریزندگاں از موت بغرض تمہید تشجیع بر قتال ---------- ۱۷۵
مسئلہ: فرار من الطاعون ---------- "
تشجیع بر قتال ---------- ۱۷۶
ترغیب انفاق در خیر جہاد وغیرہ ---------- "
تفسیر: قصہ طالوت و جالوت ---------- ۱۷۷
بقیہ قصہ ---------- "
استدلال بر نبوت محمدیہ ﷺ ---------- ۱۸۰

پارہ: ۳

تفسیر: فضیل احوال بعض انبیاء و امم ---------- ۱۸۱
تعجیل انفاق فی سبیل اللہ: ---------- "
توحید ذات و صفات: ---------- ۱۸۳
نفی اکراہ فی الدین: ---------- "
مدح مؤمن و ذم کافر: ---------- ۱۸۴
قصہ اول: ---------- ۱۸۵
تفسیر: قصہ دوم: ---------- "
تفسیر: قصہ سوم: ---------- ۱۸۸
فضیلت انفاق فی سبیل اللہ: ---------- ۱۸۹
بعض شرائط قبول انفاق فی الخیر: ---------- "
تفسیر: بطلان ثواب بہ من و اذی وریا: ---------- ۱۹۱
مثال نفقات مقبولہ: ---------- "
قسم اول: ---------- ۱۹۲
قسم سوم: ---------- "
تفسیر: مثال نفقات و طاعات فاسدہ بعد الصحۃ ---------- ۱۹۳
رعایت جودت مال: ---------- "
تفسیر: تاکید رعایت شرائط انفاق: ---------- ۱۹۵
تحقیق افضلیت اظہار یا اخفاء انفاق: ---------- "
عموم احسان بمسلم و کافر: ---------- ۱۹۶
اصل مستحقین صدقات: ---------- ۱۹۸
عدم تخصیص اوقات و حالات در انفاق ---------- "
حکم سی و ششم تحریم و ذم ربوا: ---------- ۱۹۹
تفسیر: مدح مؤمنین عاملین ---------- ۲۰۰
نہی از وصول بقایا سود ---------- ۲۰۱
تفسیر: حکم سی و ہفتم وجوب امہال مفلس ---------- ۲۰۲
حکم سی و ہشتم متعلق دین ---------- "
جزو اول مشورۂ کتابت دستاویز: ---------- "
جزو دوم نہی کاتب از انکار کتابت ---------- "
جزو سوم بودن دستاویز از جانب مدیون ---------- "
تفسیر: جزو چہارم استشہاد ---------- ۲۰۴
جزو پنجم نہی شہداء از انکار شہادت ---------- "
تمہ جزو اول ---------- ۲۰۵
تمہ جزو چہارم ---------- "
تمہ جزو دوم و پنجم ---------- "
تفسیر: حکم سی و نہم رہن ---------- ۲۰۷
تحقیق مواخذہ بر افعال قلوب ---------- "
تفسیر: مدح مؤمنین ---------- ۲۰۹
توضیح مضمون بالا و اِنْ تُبْدُوْا ---------- "
تعلیم دعا ---------- ۲۱۰

رسالہ رفع البناء فی نفع السماء

مقدمہ: ---------- "
دوسرا جواب ---------- ۲۱۲
تیسرا جواب ---------- "
فصل اول نفع کی اقسام اول کے بیان میں ---------- ۲۱۳
فصل دوم نفع کی قسم ثانی کے بیان میں ---------- "
فصل سوم نفع کی قسم ثالث کے بیان میں ---------- "
خاتمہ ---------- ۲۱۴

سورۂ آل عمران ③

توحید ---------- ۲۱۵
اثبات حقانیت کتب و انبیاء علیہم السلام ---------- ۲۱۶
تمہ توحید ---------- "
تقسیم کتاب بہ محکم و متشابہ مع تقسیم سامعین ---------- "

رسالۃ التواجہ بما تعلق بالتشابہ

رسالۃ التواجہ ---------- ۲۱۸

www.besturdubooks.net

دعا ---------- ۲۱۹
وعید منکرین بہ خذلان دارین ---------- "
بے قدری لذات دنیاویہ ---------- ۲۲۱
نفاست نعمائے آخرت ---------- "
بعضے اوصاف متقین ---------- ۲۲۲
تفسیر: رجوع بسوئے مضمون توحید: ---------- ۲۲۳
تصریح حقانیت اسلام ---------- "
جواب محاجہ معاندین ---------- "
تقبیح بعض حالات یہود ---------- ۲۲۴
تتمہ تقبیح یہود ---------- ۲۲۵
بشارت غلبہ مومنین بعنوان مناجات ---------- ۲۲۶
نہی موالات کفار ---------- "
دفع شبہ ---------- ۲۲۷
تعمیم نہی موالات کفار ---------- ۲۲۸
تاکید مزید مضمون سابق ---------- ۲۲۹
وجوب اعتقاد و اتباع رسول ---------- "
اصطفائے بعض انبیاء علیہم السلام ---------- "
تفسیر: قصہ حضرت مریم علیہا السلام و عیسیٰ علیہ السلام ---------- ۲۳۱
تتمہ قصہ ---------- "
تفسیر: قصہ دعائے زکریا علیہ السلام ---------- ۲۳۳
اجابت دعائے زکریا علیہ السلام ---------- "
---------- "
اتمام قصہ حضرت مریم علیہا السلام ---------- ۲۳۶
استدلال بقصہائے مذکورہ بر نبوت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم ---------- "
تتمہ کلام ملائکہ علیہم السلام با حضرت مریم علیہا السلام و آغاز قصہ عیسیٰ علیہ السلام ---------- ۲۳۷
تفسیر: مآل حالہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام با قوم خود ---------- ۲۴۰
بیان مکر یہود و حفاظت حق تعالیٰ ---------- ۲۴۱
تنبیہ ضروری ---------- ۲۴۲
فیصلہ اہل حق و اہل باطل روز جزاء ---------- ۲۴۳
استدلال بر نبوت محمدیہ بقصہ مذکورہ ---------- ۲۴۴
جواب استدلال نصاریٰ بولادت عیسیٰ علیہ السلام بے پدر ---------- "
تاکید مضمون مذکور ---------- "
طریق اسکات معاندین ---------- ۲۴۵
تاکید حقیقت مضمون مذکور و اثبات توحید ---------- ۲۴۷
انجام اہل فساد ---------- "
دعوت اہل کتاب بلطف ---------- "
تنبیہ ---------- "
رد دعویٰ اہل کتاب در باب ملت ابراہیم علیہ السلام ---------- ۲۴۸
بیان اضلال اہل کتاب ---------- ۲۴۹
ملامت بر ضلال و اضلال اہل کتاب ---------- "
بیان اہل امانت و اہل خیانت از اہل کتاب ---------- ۲۵۲
رد قول اہل کتاب و فضل وفائے عہد و قبح عذر ---------- "
بیان عادت اہل کتاب مر قسمی را از تحریف ---------- ۲۵۴
نفی احتمال معبودیت خویش از انبیاء علیہم السلام ---------- "
تفسیر: ذکر اخذ میثاق از انبیاء علیہم السلام بتصدیق دیگر رسل ---------- ۱۵۶
وعید مخالفت عہد مذکور ---------- ۲۵۰
زجر بر ترک اسلام ---------- "
حاصل حقیقت اسلام ---------- "
عدم قبول غیر اسلام ---------- ۲۵۹
بیان مرتدین ---------- "
عدم قبول توبہ بدون ایمان ---------- ۲۶۰
عدم قبول فدیہ از مطلق کافر الی الموت ---------- "

لن تنالوا : ۴

ترغیب انفاق و آداب آں ---------- ۲۶۲
تکذیب یہود در دعویٰ تحریم لحوم ابل بر ابراہیم علیہ السلام و آل شاں ---------- "
ترتب دعوت اسلام بر ظہور صدق قرآن ---------- ۲۶۳
افضلیت بیت اللہ بر دیگر معابد ---------- "
ملامت بر اہل کتاب کفر و اغوا: ---------- ۲۶۵
تفہیم مسلمانان ---------- "
تتمہ تفہیم مذکور ---------- ۲۶۷
امر بہدایت ناس ---------- "
نہی عن التفرق و وعید بر آں ---------- ۲۶۹
صادق و حکیم و منفرد بودن حق تعالیٰ در حکم بالا ---------- ۲۷۰
بیان خیریت امت محمدیہ ---------- "
خبر ناکامی اہل کتاب در اضرار مسلمین: ---------- ۲۷۱
بیان ذلت یہود ---------- "
مدح مومنین اہل کتاب: ---------- ۲۷۳

www.besturdubooks.net

بیان ضیاع انفاق کفار: ---------- "
تفسیر: نہی مؤمنین از اختصاص با کفار: ---------- ۲۷۵
قصہ غزوۂ احد: ---------- ۲۷۶
تفسیر: شروع قصۂ احد: ---------- ۲۷۸
قصۂ نصرت بدر: ---------- "
تتمہ قصہ بدر: ---------- "
حکمت واقعۂ بالا: ---------- ۲۷۹
عود بقصۂ احد: ---------- ۲۸۱
امر ببعض شعب تقویٰ ونہی از بعضے معاصی: ---------- ۲۸۲
تفسیر: امر بہ شعب تقویٰ ووعدہ جزائے او: ---------- "
عود بسوئے قصۂ احد وتسلیہ مسلمانان: ---------- ۲۸۴
تسلی مسلمانان بتقریر دیگر ---------- "
تقویت قلوب بر مشاق ---------- ۲۸۵
ملامت بر انہزام: ---------- "
تتمہ ملامت بر انہزام: ---------- ۲۸۷
ذکر استقلال مخلصین امم سابقہ: ---------- "
ترہیب مؤمنین از قبول مشورہ کفار ومنافقین: ---------- ۲۸۸
اثبات نصرت الٰہیہ ---------- ۲۸۹
سبب مغلوبیت مؤمنین ---------- "
تتمہ قصہ مغلوبیت ---------- ۲۹۰
عفو وعافیت مؤمنین ---------- ۲۹۲
تفسیر: نہی مؤمنین از تقلید اقوال منافقین: ---------- ۲۹۴
خطاب برسول اللہ ﷺ بابت عفو از صحابہ ---------- ۲۹۵
ف: فوائد مشورہ نبویہ با صحابہ رضی اللہ عنہم ---------- "
ازالۂ حسرت مغلوبیت از قلوب صحابہ رضی اللہ عنہم ---------- "
اثبات امین بودن حضرت نبویہ ﷺ ---------- ۲۹۷
منت بر مؤمنین بہ بعثت حضور پر نور ﷺ ---------- "
تقریر علت وحکمت ہزیمت احد وتشنیع منافقین: ---------- ۲۹۹
اثبات حیات وتلذذ شہداء: ---------- ۳۰۲
قصہ غزوۂ حمراء الاسد ---------- ۳۰۳
تسلیۂ قلب رسول مقبول ﷺ در معاملۂ منافقین وکفار: ---------- ۳۰۵
ابطال زعم اہل کفر درباب امہال از عذاب در دنیا: ---------- ۳۰۶
حکمت شدائد بر مؤمنین در بعض احیان ---------- "
مذمت بخل ---------- ۳۰۹
بیان گستاخی یہود: ---------- "
افترائے یہود ---------- ۳۱۰
تسلیہ رسول اللہ ﷺ بر تکذیب کفار: ---------- ۳۱۲
وعید مکذبین ووعد مصدقین ---------- "
تعلیم صبر بمسلمانان در تاذی از یہود ---------- ۳۱۳
مذمت اہل کتاب در کتمان حق ---------- "
وعید فرح بر معصیت: ---------- ۳۱۴
اثبات سلطنت وقدرت الٰہیہ: ---------- ۳۱۵
دلیل توحید وفضل موحدین کاملین ---------- "
معروض دوم: ---------- "
معروض سوم: ---------- "
معروض چہارم: ---------- ۳۱۶
معروض پنجم: ---------- "
قبول ادعیہ مذکورہ مع علت وتفریع بر علت ---------- ۳۱۸
انجام بد کفار مع استثناء تائبین عن الکفر: ---------- ۳۱۹
مدح مؤمنین اہل کتاب: ---------- ۳۲۰
امر بصبر ومصابرہ ومرابطہ وتقویٰ مع وعدہ ثمرہ: ---------- "

سورۃ النساء ۴

امر بالتقویٰ وحفظ حقوق باہمی در ضمن آن: ---------- ۳۲۳
حکم اول عدم اضرار یتامیٰ: ---------- "
حکم دوم اکتفاء بر نکاح غیر یتامیٰ بوقت تنقیص مہر یتامیٰ ---------- ۳۲۴
تفسیر: حکم سوم تسلیم مہر ---------- ۳۲۷
حکم چہارم تفصیل تفویض مال بہ یتامیٰ: ---------- "
دفع شبہ ---------- "
تتمہ حکم چہارم واستیناف حکم پنجم درمیان اجزاء تتمہ: ---------- ۳۲۸
حکم ششم اثبات حقوق ورثہ در ترکہ ---------- "
حکم ہفتم مراعات غیر ورثہ: ---------- ۳۳۰
تاکید رعایت حق یتامیٰ: ---------- "
حصہ اولاد: ---------- ۳۳۱
تفسیر: حصص الدین: ---------- ۳۳۳
حقوق مقدمہ علی المیراث ---------- "
حکمت عدم تفویض تقسیم مال باختیار مورث ---------- "
حصہ زوجین: ---------- ۳۳۴

www.besturdubooks.net

تفسیر: حصہ برادر و خواہر اخیافی ---------------- ۳۳۵
تاکید اطاعت در احکام مذکورہ ---------------- "
حکم ہشتم سیاست زانیہ: ---------------- ۳۳۶
حکم نہم نہی از ظلم بر نساء: ---------------- ۳۳۹
عدم استرداد مہر بلا نشوز زوجہ: ---------------- ۳۴۰
رفع شبہ ---------------- ۳۴۰

پارہ: ۵

تفسیر: حکم دہم تفصیل محرمات و دیگر احکام متعلقہ نکاح: ---------------- ۳۴۳
تتمہ حکم دہم: ---------------- ۳۴۴
اول محرمات نسبیہ: ---------------- "
تتمہ سابق: ---------------- "
حکم نکاح با کنیزاں ---------------- ۳۴۵
حکم یازدہم حد زنا کنیزاں ---------------- ۳۴۶
تتمہ حکم نکاح با کنیزان ---------------- ۳۴۹
ترغیب اتباع با متنان وتحذیر از افتنان ---------------- "
حکم دوازدہم نہی از تصرف غیر مشروع در مال یا نفس کسے ---------------- ۳۵۰
تکفیر صغائر برائے مجتنب کبائر: ---------------- ۳۵۲
حکم سیزدہم نہی از تمنی متعات عادیہ ---------------- "
حکم چہاردہم ترمیم میراث مولی الموالاۃ ---------------- ۳۵۳
حکم پانزدہم متعلق معاشرت زوجین ---------------- ۳۵۴
حکم شانزدہم حسن معاملہ با خلق مع تصحیح اعتقادِ مبدأ و معاد ---------------- ۳۵۶
تتمہ مضمون سابق ---------------- ۳۵۸
تتمہ دیگر مضمون سابق ---------------- "
حکم ہفدہم متعلق طہارت وصلوٰۃ ---------------- ۳۵۹
فائدة عظيمة جسيمة ---------------- ۳۶۰
ذکر بعض قبائح یہود ---------------- ۳۶۱
خطاب بایمان اہل کتاب را ---------------- ۳۶۲
عدم مغفرت شرک وکفر ---------------- ۳۶۴
رد دعوی یہود تقدس خود را ---------------- ۳۶۵
ذم یہود بر حکم شان بترجیح مشرکین بر مومنین: ---------------- "
تقبیح حسد یہود ---------------- ۳۶۷
تسلیہ رسول اللہ ﷺ ---------------- "
سزائے کافر و جزائے مؤمن ---------------- "
حکم ہشدہم ادائے حقوق ومحکوم و حاکم مسلم ---------------- ۳۶۹
ذم رجوع بسوئے غیر حکم شریعت ---------------- ۳۷۱
تخطیہ منافقین در استغفار ---------------- ۳۷۳
فضیلت اطاعت کاملہ و تقلیل اہل آں: ---------------- ۳۷۴
وعدہ فضل عظیم بر اطاعت احکام ---------------- ۳۷۶
حکم نوزدہم وجوب جہاد و فضل آں و ذم قاعد از اں ---------------- "
تتمہ و تاکید سابق ---------------- ۳۷۸
شکایت متاخر عن الجہاد و تزہید فی الدنیا ---------------- ۳۸۰
عدم اغنائے حذر عن الموت ---------------- "
تحقیق اسباب مؤثرہ فی الحوادث ---------------- ۳۸۱
اثبات رسالت مع اشارہ بسوئے دلیل ---------------- "
ایجاب اطاعت مع تسلیہ رسول اللہ ﷺ: ---------------- ۳۸۲
ذکر معاملہ منافقین در باب اطاعت رسول مع تسلیہ: ---------------- "
اثبات حقانیت قرآن: ---------------- "
جنایت انتظامیہ منافقین: ---------------- ۳۸۵
خطاب خاص برائے جہاد ---------------- "
حکم بستم ترغیب شفاعت حسنہ وتحذیر از شفاعت سیئہ: ---------------- ۳۸۶
حکم بست و یکم تعلیم جواب سلام: ---------------- ۳۸۷
توحید و معاد: ---------------- ۳۸۸
پہلی روایت: ---------------- "
دوسری روایت: ---------------- "
تیسری روایت: ---------------- "
بعض احکام خاصہ جہاد و بعضے احوال خاصہ ---------------- ۳۸۹
پہلے فرقہ کا بیان ---------------- ۳۹۰
دوسرے فرقہ کا بیان: مگر ---------------- "
تیسرے فرقہ کا بیان: بعضے ---------------- "
حکم بست و دوم تفصیل احکام بعض صور قتل: ---------------- ۳۹۲
تتمہ سابق ---------------- ۳۹۵
حکم بست و سوم وجوب اکتفاء بر اظہار اسلام ---------------- ۳۹۶
تفضیل مجاہدین بر قاعدین: ---------------- "
حکم بست و چہارم وجوب ہجرت ---------------- ۳۹۹
ترغیب وفضیلت ہجرت ---------------- "
حکم بست و چہارم صلوٰۃ السفر: ---------------- ۴۰۱
حکم بست و پنجم صلوٰۃ الخوف: ---------------- ۴۰۲

www.besturdubooks.net

ذکر دوام اوداقامت صلوٰۃ وتوقیت آں: ---------- ۴۰۳
منع از کم ہمتی در جہاد: ---------- ۴۰۴
قصہ بعض منافقین مع احکام متعلقہ آں ---------- ۴۰۶
عقوبت وذم طریقہ مشرکین ---------- ۴۰۹
ثواب مؤمنین: ---------- ۴۱۱
الغاء طمع خام واعتبار اعمال واسلام ---------- "
عود بسوئے بعضے احکام نساء ویتامیٰ ---------- ۴۱۳
ایجاب حقوق شرعیہ زوجہ ---------- ۴۱۵
انجام تفریق ---------- ۴۱۶
اہتمام بلیغ وتاکید امتثال احکام: ---------- "
ایجاب عدل واظہار حق: ---------- ۴۱۸
ایمان معتبر عند الشرع ---------- "
ذم مرتدین ---------- ۴۲۰
ذم منافقین: ---------- "
نہی از مجالست کفار ہنگام تذکرہ کفریات ---------- "
تتمہ قبائح منافقین ---------- ۴۲۱
حکم بست وششم نہی از موالات کفار: ---------- ۴۲۲
سزائے منافقین وجزائے تائبین ---------- ۴۲۳

پارہ ۶:

حکم بست وہفتم تحقیق جواز وناجواز شکایت وفضل عفو ---------- ۴۲۴
ذم اول یہود: ---------- "
ذم دیگر یہود ---------- ۴۲۵
بعض احوال واقوال جہالت یہود ---------- ۴۲۷
تتمہ سابق ---------- "
ایضاً تتمہ سابق ---------- ۴۲۹
مدح وجزاء مؤمنین ---------- "
اخبار از نبوت کثیر از انبیاء علیہم السلام واثبات نبوت محمدیہ ووعید منکر ---------- ۴۳۱
خطاب عام بوجوب تصدیق رسالت محمدیہ ﷺ ---------- ۴۳۳
خطاب بنصاریٰ: ---------- "
اقرار عیسیٰ وملائکہ بعبدیت وجزاء اقرار وانکار: ---------- ۴۳۴
عود بسوئے میراث ---------- ۴۳۶
اظہار منت وحکمت در شرائع ---------- "
وجوہ الثانی ---------- "

سورۃ المائدۃ ⑤

ایجاب امتثال شرائع ---------- ۴۴۴
حکم اول تحلیل وتحریم بہائم ---------- ۴۴۵
حکم دوم تحریم ترک تعظیم شعائر: ---------- "
حکم سوم اسباب تحریم حیوانات: ---------- ۴۴۷
بشارت اکمال دین ---------- ۴۴۸
تتمہ حکم سوم ---------- "
حکم چہارم اسباب حلت بعضے حیوانات ---------- ۴۴۹
حکم پنجم تحلیل ذبائح کتابی وحکم ششم حلت نکاح کتابیہ: ---------- ۴۵۱
حکم ہشتم فرضیت غسل: ---------- ۴۵۲
حکم نہم مشروعیت تیمم: ---------- "
منت بر تشریع حکم سابق: ---------- "
تاکید امتثال احکام شرعیہ: ---------- ۴۵۳
حکم دہم ایجاب عدل واظہار حق ---------- ۴۵۵
وعدہ ووعید بر اطاعت ومخالفت ---------- ۴۵۶
تذکیر بعض نعم ---------- "
حکایت اخذ میثاق از بنی اسرائیل ---------- "
حکایت وبال نقض بنی اسرائیل میثاق را ---------- ۴۵۸
ابطال عقیدۂ الوہیت مسیح علیہ السلام ---------- ۴۶۱
خطاب عام با اہل کتاب با اتمام حجت در باب رسالت محمدیہ علیہ الصلوٰۃ والسلام
---------- ۴۶۲
قصہ مکالمت موسیٰ علیہ السلام وبنی اسرائیل در باب جہاد با عمالقہ: ---------- ۴۶۵
اخبار از تشدید قتل حرام ---------- ۴۷۰
حکم یازدہم حد قطع طریق ---------- ۴۷۱
امر بطاعات ونہی از معاصی عموماً ---------- ۴۷۴
ضرر کفر ---------- "
حکم دوازدہم حد سرقہ ---------- "
اثبات ملک ومشیت وقدرت برائے حق تعالیٰ ---------- ۴۷۵
تفسیر: تسلیہ نبی ﷺ در معاملات یہود ومنافقین وذم شاں ---------- ۴۷۸
تاکید وتعلیل ذم سابق مع تفریع: ---------- ۴۷۹
تقریر وتاکید مضمون سابق ---------- ۴۸۱
ذکر وجوب عمل بتوراۃ در زمان او ---------- ۴۸۲
حکایت مسئلہ قصاص از توراۃ کہ حکم سیزدہم باشد از سورت ---------- "

www.besturdubooks.net

ذکر وجوب عمل بانجیل در زمان او ---- ۴۸۵
ذکر وجوب عمل بالقرآن علی التابید ---- "
حکم چہاردہم منع مؤمنین از موالاۃ کفار وذم منافقین بدیں موالاۃ ---- ۴۸۸
عدم تضرر اسلام از مرتدین ---- ۴۸۹
امر بولایت اللہ ورسول ومؤمنین ---- ۴۹۰
تتمہ حکم چہاردہم: ---- ۴۹۲
بعض حال منافقین: ---- ۴۹۵
بعضے حالات یہود ---- "
نقل قول یہود وتقبیح شان ---- "
ترغیب ایمان اہل کتاب را بہ ذکر برکات او در دارین ---- ۴۹۷
ازالۂ خوف در تبلیغ: ---- ۴۹۸
نامقبول بودن طریقۂ موجودہ اہل کتاب وتسلیہ رسول اللہ ---- "
عود بسوئے ذکر یہود ---- ۵۰۰
عود بذکر نصاریٰ وابطال عقیدۂ شان ---- ۵۰۱
دلیل ابطال الوہیت مسیح ---- ۵۰۲
توبیخ قائلین الوہیت مسیح ---- "
نہی نصاریٰ از اتباع اسلاف در خلاف حق ---- ۵۰۳
ذکر یہود ماضیین ---- ۵۰۴
ذکر یہود حاضرین ---- "
ذکر شدت تعصب در یہود ومشرکین وقلت او در بعض نصاریٰ ---- ۵۰۵

پارہ: ۷

مدح نومسلمان نصاریٰ ---- ۵۰۸
حکم پانزدہم نہی از تحریم حلال ---- "
حکم شانزدہم متعلق سوگند ---- ۵۱۰
حکم ہفدہم تحریم خمر وقمار وغیرھا ---- ۵۱۱
امر بامتثال جمیع احکام: ---- ۵۱۳
عدم تاثیم خمر ومیسر قبل تحریم ---- "
حکم ہشدہم متعلق بصید در احرام ---- ۵۱۴
تتمہ حکم ہشدہم ---- ۵۱۷
بیان مصالح تحریم بعض اشیائے معظمہ ---- ۵۱۸
تاکید امتثال احکام ---- "
نہی از سوال امور واحکام غیر ضروریہ حالاً ومآلاً: ---- ۵۲۱
حکم نوزدہم ابطال بعض رسوم کفر: ---- "
تعدیل در اصلاح غیر: ---- ۵۲۲
قصہ شان نزول ---- ۵۲۴
مسائل: ---- ۵۲۵
حکم بستم سوگند بر مدعی علیہ وصی باشد یا وارث ---- "
تذکیر ہول قیامت: ---- ۵۲۸
عود بمحاجۂ نصاریٰ بذکر حضرت عیسیٰ علیہ السلام ومخاطبت قیامت ---- ۵۲۹
قصہ نزول مائدہ ---- ۵۳۰
تتمہ مخاطبت یوم قیامت بعیسیٰ علیہ السلام ---- ۵۳۲
نتیجہ مخاطبات ومحاسبات مذکورہ ---- ۵۳۳
اثبات ملک وقدرت حق تعالیٰ ---- ۵۳۴

سورۃ الانعام ⑥

احقاق توحید وابطال اشراک مع اشارہ بجزاء آں: ---- ۵۳۶
بیان اعراض وتکذیب کفار ووعید بر آں ---- "
بیان عناد کفار عموماً ودر رسالت خصوصاً: ---- ۵۳۷
تسلیہ رسول اللہ ﷺ ---- ۵۳۸
توحید ومعاد ---- ۵۳۹
عود بمسئلہ توحید ورسالت: ---- ۵۴۱
کیفیت عدم فلاح مشرکین: ---- ۵۴۲
تشنیع بر انکار قرآن ---- ۵۴۴
جزائے انکار قرآن: ---- "
نقل انکار بعث ووعید بر آں ---- ۵۴۵
تتمۂ سابق ---- ۵۴۷
عدم اعتداد حیات دنیویہ بمقابلہ حیات اخرویہ ---- "
فائدۃ عجیبۃ من الروح ---- ۵۴۹
تاکید صبر مامور بضمن تسلیۂ سابق ---- ۵۵۰
تعمیم حشر کل خلائق: ---- ۵۵۰
تاکید مضمون صبر وتسلیہ سابق ---- ۵۵۱
عود بتوحید وابطال شرک بعنوان سوال ---- "
ذکر ہلاکت بعض کفار سابقین بترتیب عجیب ---- ۵۵۳
ابطال شرک بعنوان سوال دیگر ---- "
تنبیہ مشرکین بر عذاب واختصاص آں ---- "
لوازم وغیر لوازم رسالت ---- ۵۵۵
تخصیص طالبین حق بمزید الطاف ---- ۵۵۷

www.besturdubooks.net

تبلیغ عام معاندین را متعلق توحید و رسالت ۵۶۰
اختصاص قدرت و علم تام و عام بہ باری تعالیٰ ۵۶۱
امکان و وقوع بعث "
تفصیل امکان و وقوع بعث ۵۶۲
استدلال بر توحید: ۵۶۳
نہی از مجالست طاعنین فی الدین بجز ضرورت تبلیغ: ۵۶۴
تفسیر: ابطال شرک و اثبات توحید و بعث ۵۶۶
قصہ احتجاج ابراہیم علیہ السلام بر توحید "
تتمہ قصہ مذکورہ ۵۷۰
تقویت حجۃ ابراہیمیہ و تذکرۂ انبیاء علیہم السلام: ۵۷۲
بحث متعلق نبوت ۵۷۵
ذم منکرین نبوت: ۵۷۷
عود بسوئے اثبات توحید: ۵۷۹
ابطال شرک و اثبات توحید ۵۸۲
بیان وظیفہ رسالت و عبدیت ۵۸۳
نہی از مشاتمت با کفار: "

پارہ: ۸

جواب اقتراح آیات ۵۸۵
تسلیہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم در باب عداوت کفار و آثار او ۵۸۸
دلالت قرآن بر نبوت و بیان حال مصدقین و مکذبین "
نہی مومنین از التفات بشبہات مشرکین در احکام حلال و حرام ۵۹۰
بیان حال اہل حق و اہل باطل و کفایت قرآن در تعیین حق ۵۹۲
بیان بعض معاملات الٰہیہ با محققین و مبطلین در قیامت و در دنیا: ۵۹۴
رد بعض رسوم جاہلیت: ۵۹۷
استدلال بر بطلان تحلیل و تحریم مخترع مذکور: ۵۹۹
جواب شبہ ناشی از تاخیر عذاب ۶۰۲
جواب شبہ متعلق شرک و تحریم ۶۰۳
بیان بعض محرمات واقعیہ ۶۰۵
توبیخ بر عدم ایمان ۶۰۷
وخامت جمیع اہل ضلالت: ۶۰۹
تعیین و ارشاد دین حق ۶۱۰
رد تلبیس مشرکین بر مسلمین: ۶۱۰
وجوہ المثانی "

www.besturdubooks.net

١ سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ ٥

سورۃ فاتحہ مکہ میں نازل ہوئی

وَهِيَ سَبْعُ اٰيَاتٍ وَّرُكُوْعُهَا ١

اس میں سات آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

المنزل ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝

ع اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

سب تعریفیں اللہ کو لائق ہیں جو مربی ہیں ہر ہر عالم کے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں جو مالک ہیں روزِ جزا کے ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی سے درخواست اعانت کی کرتے ہیں بتلا دیجئے ہم کو راستہ سیدھا راستہ اُن لوگوں کا جن پر آپ نے انعام فرمایا ہے نہ ان لوگوں کا جن پر آپ کا غضب کیا گیا اور نہ ان لوگوں کا جو راستہ سے گم ہوگئے ۝

تفسیر: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے[1] مہربان نہایت رحم والے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ سب تعریفیں اللہ کو لائق ہیں جو مربی ہیں ہر ہر عالم کے۔ **ف**: مخلوقات کی الگ الگ جنس ایک ایک عالم کہلاتا ہے مثلاً عالم ملائکہ عالم انسان عالم جن۔ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ جو مالک ہیں روزِ جزا کے۔ **ف**: روزِ جزا سے مراد قیامت کا دن ہے کہ اس میں سب اپنے کئے ہوئے کا بدلہ پائیں گے۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی سے درخواست اعانت کی کرتے ہیں۔ **ف**: یہ بندے کی طرف سے جناب باری میں خطاب ہے۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ بتلا دیجئے ہم کو راستہ سیدھا۔ **ف**: مراد دین کا راستہ ہے۔ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ راستہ ان لوگوں کا جن پر آپ نے انعام فرمایا ہے۔ **ف**: مراد دین کا انعام ہے ان انعام والوں کا پتہ اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں دوسری جگہ بتلا دیا ہے کہ وہ انبیاء اور صدیقین اور شہداء اور صالحین ہیں وہ آیت یہ ہے: وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ [النساء : ٦٩] نہ راستہ ان لوگوں کا جن پر آپ کا غضب کیا گیا اور نہ ان لوگوں کا جو راستہ سے گم ہوگئے۔ **ف**: راہِ ہدایت کے چھوڑنے کی دو وجہ ہوا کرتی ہیں ایک تو یہ کہ اس کی پوری تحقیقات نہ کرے۔ ضَآلِّيْنَ سے مراد ایسے لوگ ہیں۔ دوسری وجہ یہ کہ باوجود تحقیقات کے اس پر عمل نہ کرے۔ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ سے مراد ایسے لوگ ہیں (کیونکہ اچھی طرح جان بوجھ کر خلاف کرنے میں زیادہ ناراضی ہوا کرتی ہے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سورۃ الفاتحہ۔ سالکین کا مقام اِيَّاكَ نَعْبُدُ پر تمام ہو جاتا ہے اس کے بعد اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ سے تمکین کا طالب ہوتا ہے۔ بیان اس کا یہ ہے کہ مرید کی ابتدائی حرکت حمد ہے کیونکہ جب سالک کا نفس مزکی اور اس کا قلب مجلی ہو جاتا ہے پھر اس میں انوارِ عنایت جو کہ مقام ولایت کا موجب ہے درخشاں ہوتے ہیں تو یہ نفس مزکی طلب (مقصود) کے لیے خالص ہو جاتا ہے۔ پس اپنے اوپر انعاماتِ الٰہیہ کے آثار کو کامل اور اس کے الطاف کو غیر متناہی دیکھتا ہے سو اس پر وہ حمد کرتا ہے اور ذکر کو اختیار کرتا ہے پس سراپردہائے عزت کے پیچھے سے اس کے لیے رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کے معنی کا حجاب مکشوف ہو جاتا ہے اس وقت وہ ماسوی اللہ کو محل فنا میں اور اپنے کو تربیت میں بقاد ہندہ کا محتاج دیکھتا ہے پس وہ وحشت اعراض اور ظلمت سکون الی الاغیار سے خلاصی حاصل کرنے کی طلب کے لئے ترقی کرتا ہے پس اس پر درگاہِ مقدس کی ہواؤں سے رحمٰن رحیم کے الطاف کے جھونکے چلتے ہیں پھر وہ سراپردہائے جمال کے آگے سے برق ہائے جلال کی چمک کے واسطے سے مالک حقیقی کی طرف رجوع کرتا ہے پھر وہ مقام لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۭ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ [المومن : ١٦] میں (یعنی مقام توحید میں) بلسان اضطرار پکارتا ہے کہ میں نے اپنا

www.besturdubooks.net

نفس آپ کے سپرد کردیا اور میں ہمہ تن آپ پر متوجہ ہوگیا اور اس مقام میں پہنچ کر وہ لجہ وصول میں گھس گیا اور مقام عین تک گھس گیا جس سے اس نے نسبت عبودیت کو محقق کر لیا اور کہنے لگا: اِیَّاکَ نَعۡبُدُ اور یہاں مقام سالک کی انتہا ہے (جیسا شروع تقریر میں کہا گیا) کیا سید الخلق وحبیب حق ﷺ کی طرف نظر نہیں کرتے ہو کہ آپ ﷺ کے اس مقام کو کس طرح اس قول سے تعبیر کیا گیا۔ سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ لَیۡلًا [الاسراء: ۱] اس کے بعد بندہ نے اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ سے تمکین کی درخواست کی (جیسا شروع تقریر میں اسکا بھی ذکر ہے) اور اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۙ الخ سے بھی (اسی تمکین کا طالب ہوا) اور اس قول سے کہ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا الضَّآلِّیۡنَ ٪ تلوین سے پناہ مانگی۔ پس طالب کمال ہو کر اس نے صعود کیا اور کامل ہو کر اس نے رجوع (ونزول) کیا اور گویا اس (لطیفہ) کے سبب نماز کو معراج مؤمن کہا گیا۔

الحواشی: (۱) قولہ بڑے مہربان الخ بعض لوگوں نے یہ شبہ لکھ کر بھیجا ہے کہ بسم اللہ وغیرہ کے ترجمہ میں ذات باری کی طرف ضمیر جمع کیوں عائد کی حالانکہ ضروری ہے کہ خدا کا نام اس انداز سے لیا جائے کہ توحید پر دلالت ہو اس کے جواب میں ارشاد فرمایا کہ اوّل تو جی یوں ہی چاہا کہ خدا کا نام تعظیم سے لیا جائے رہی توحید تو وہ اس قدر مسلم ہے کہ اپنے عنوانات میں ایسے امور کے ملحوظ رکھنے کی چنداں ضرورت نہیں دوسرے یہ کہ کلام مجید میں خدا تعالیٰ نے اپنے لئے جا بجا صیغہ جمع ارشاد فرمایا ہے: اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّکۡرَ [الحجر: ۹] وغیرہ وغیرہ اور ایک مقام پر خطاب کے موقع پر بھی فرماتے ہیں: رَبِّ ارۡجِعُوۡنِ ۙ لَعَلِّیۡۤ اَعۡمَلُ صَالِحًا [المؤمنون: ۱۰۰] اس آیت میں منجملہ دیگر تفاسیر کے ایک تفسیر یہ بھی ہے کہ بنا بر تعظیم بصیغہ جمع باری تعالیٰ کو خطاب ہے ۱۲ تبیان (یہ تبیان ایک مختصر مجموعہ ہے احقر کی بعض تقریرات کا جو میرے ہمشیرہ زادہ عزیزی مولوی سعید احمد مرحوم نے مجھ سے تفسیر کے مختلف مقامات پڑھتے وقت ضبط کر لی تھیں مگر ان کی وفات ہو جانے کی وجہ سے اسکی تکمیل کی نوبت نہ آئی۔ اشرف علی) (۲) عرض کیا گیا کہ سورۃ فاتحہ کی آیات میں تقریر ربط کیوں نہیں فرمائی گئی۔ ارشاد فرمایا کہ اس سورت کی آیات میں ربط ظاہر بھی ہے نیز تفسیر لکھتے وقت ابتداء میں تقریر ربط کا التزام بھی ذہن میں نہ تھا جیسے دیگر التزامات بھی نہ تھے جوں جوں تفسیر لکھتا گیا ضرورتیں محسوس ہوتی گئیں التزامات بڑھتے گئے چنانچہ تقریباً تمام التزامات کا اہتمام سورۂ مائدہ سے شروع ہوا)۔

الروایات: سورة الفاتحة مكية عند الاكثر وهو المروى عن على و ابن عباس و قتادة و اكثر الصحابة ۱۲ روح المعاني۔ عن ابن عباسؓ الحمد لله الشكر لله رب العالمين له الخلق كله ۱۲ اتقان۔ اخرج احمد والترمذى و حسنه وابن حبان فى صحيحه عن عدى بن حاتم قال قال رسول الله ﷺ ان المغضوب عليهم هم اليهود وان الضالون النصارى ۱۲ اتقان۔ والتوفيق بين تفسير رسول الله ﷺ و بين تفسير الماتن انه لما كان الغالب على اليهود صفة المكابرة والعناد جعلهم رسول الله ﷺ مصداق قوله تعالىٰ المغضوب عليهم ولما كان الغالب على النصارى صفة الجهل جعلهم رسول الله ﷺ مصداق قوله تعالىٰ الضالين ۱۲۔

اختلاف القراءة: قوله تعالىٰ مالك يوم الدين و فى قراءة مَلِكِ و معناه ظاهر ۔ ۱۲

اللغات: قوله تعالىٰ اهدنا هل يعتبر فى الدلالة الايصال ام لا فيه اختلاف المتاخرين من اهل اللسان ففريق خصها بالدلالة الموصلة و آخرون بالدلالة على ما يوصل ۱۲ روح المعانى۔

النحو: قوله تعالىٰ الحمد لله اللام للاستحقاق كما مثل به عبد الرسول فى حواشيه على شرح العوامل لنفسه ۱۲۔

البلاغة: قوله تعالىٰ الحمد لله ارتفاع الحمد بالابتداء و خبره الظرف الذى هو لله واصله النصب باضمار فعله على انه من المصادر التى تنصبها العرب بافعال مضمرة فى معنى الاخبار كقولهم شكرا و كفرا و عجبا و منها سبحنك و معاذ الله والعدل بها عن النصب الى الرفع على الابتداء للدلالة على ثبات المعنى واستقرار و منه قوله تعالىٰ قالوا سلاما قال سلام رفع السلام الثانى للدلالة على ان ابراهيم عليه السلام حياهم بتحية احسن من تحيته لان الرفع دال على معنى ثبات السلام لهم دون تجدده و حدوثه قوله تعالىٰ الرحمن الرحيم فى الكشاف فان قلت فلم قدم ما هو ابلغ من الوصفين على ما هو دونه والقياس الترقى من الادنى الى الاعلى كقولهم فلان عالم نحرير و شجاع باسل و جواد فياض قلت لما قال الرحمن فتناول جلائل النعم و عظائمها و اصولها اردفه الرحيم كالتتمة والرديف يتناول ما دق منها وما خف ۱۲۔ قوله تعالىٰ اياك نعبد و اياك نستعين تقديم المفعول لقصد الاختصاص كقوله قل افغير الله تامرونى اعبد قل اغير الله ابغى ربا والمعنى نخصك بالعبادة و نخصك بطلب المعونة فان قلت لم عدل عن لفظ الغيبة الى لفظ الخطاب۔ قلت هذا يسمى الالتفات فى علم البيان و ذلك على عادة افتنانهم فى الكلام و تصرفهم فيه ولان الكلام اذا نقل من اسلوب الى اسلوب كان ذلك احسن تطرية لنشاط السامع وايقاظا للاصغاء اليه من اجراء ه على اسلوب واحد وقد يختص مواقعه بفوائد ومما اختص به هذا الموضع انه لما ذكر الحقيق بالحمد واجرى عليه تلك الصفات العظام تعلق العلم بمعلوم عظيم الشان فخوطب ذلك المعلوم ۱۲ كشاف۔ و فى قوله تعالىٰ اياك نستعين ايجاز حذف ايضا لقصد العموم اى على العبادة و على امورنا كلها ۱۲ اتقان قوله تعالىٰ الصراط المستقيم فيه استعارة تحقيقية ۱۲ اتقان۔ قوله تعالىٰ صراط الذين انعمت بدل من الصراط المستقيم وهو فى حكم تكرير العامل كما قال للذين استضعفوا لمن آمن منهم فان قلت ما فائدة البدل و هلا قيل اهدنا صراط الذين انعمت عليهم قلت فائدة التوكيد والاشعار بان الصراط المستقيم تفسيره صراط المسلمين ليكون ذلك شهادة لصراط المسلمين بالاستقامة على ابلغ وجه و آكده۔ قوله تعالىٰ ولا الضالين فان قلت لم دخل لا فى ولا الضالين قلت لما فى غير من معنى النفى كانه قيل لا المغضوب عليهم ولا الضالين و تقول انا زيدا غير ضارب مع امتناع قولك ان زيدا مثل ضارب لانه بمنزلة قولك انا زيدا لا ضارب ففيه تاكيد لكون لفظة غير بمعنى لا و وجه التاكيد انه لولم يكن بمعنى لا لم يجز تقديم معمول ما اضيف اليه عليه مع انه ليس كذلك ۱۲

www.besturdubooks.net

② سُورَةُ البَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ ⑧٧

سورۃ بقرہ مدینہ میں نازل ہوئی

وَهِيَ مِائَتَانِ وَسِتٌّ وَثَمَانُونَ آيَةً وَأَرْبَعُونَ رُكُوعًا

اس میں دو سو چھیاسی آیتیں اور چالیس رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں

الٓمّٓ ۝١ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝٢ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا
رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝٣ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝٤

یہ کتاب ایسی ہے جس میں کوئی شبہ نہیں۔ راہ بتلانے والی ہے خدا سے ڈرنے والوں کو وہ خدا سے ڈرنے والے لوگ ایسے ہیں کہ یقین لاتے ہیں چھپی ہوئی چیزوں پر اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور جو کچھ ہم نے انکو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں اور وہ لوگ ایسے ہیں کہ یقین رکھتے ہیں اس کتاب پر بھی جو آپ کی طرف اتاری گئی ہے اور ان کتابوں پر بھی جو آپ سے پہلے اتاری جا چکی ہیں اور آخرت پر بھی وہ لوگ یقین رکھتے ہیں ۝

تفسیر: سورۃ البقرۃ ☆ سورۂ فاتحہ سے اس سورت کا ربط یہ ہے کہ اس میں راہِ ہدایت کی درخواست کی گئی تھی اور اس میں اس درخواست کی منظوری ہے کہ یہ کتاب ہدایت ہے اس پر چلو۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔ الٓمّٓ ۝١ **ف**: ان حروف کے معانی سے عام لوگوں کو اطلاع نہیں دی گئی۔ شاید[1] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتلا دیا گیا ہو کیونکہ اللہ و رسولؐ نے اہتمام کے ساتھ وہی باتیں بتلائی ہیں جن کے نہ جاننے سے کوئی حرج دین میں واقع ہوتا ہو اور ان کے نہ جاننے سے کوئی حرج نہ تھا۔ اس لئے ہم کو بھی ایسے امور کی تفتیش[2] نہ چاہیے ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ: یہ کتاب ایسی ہے جس میں کوئی شبہ نہیں۔ **ف**: یعنی قرآن مجید ایسی کتاب ہے جس کے منجانب اللہ ہونے میں کچھ شک نہیں۔ مطلب یہ کہ یہ بات واقع میں یقینی[3] ہے گو کوئی نافہم اس میں شبہ رکھتا ہو کیونکہ یقینی بات کسی کے شبہ کرنے سے بھی حقیقت میں یقینی ہی رہتی ہے۔

صفاتِ مومنین: هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ: راہ بتلانے والی ہے خدا سے ڈرنے[4] والوں کو۔ **ف**: کیونکہ جس کو خوفِ خدا نہ ہو وہ قرآن کا بتلایا ہوا طریقہ نہیں دیکھتا۔ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وہ خدا سے ڈرنے والے لوگ ایسے ہیں کہ یقین لاتے ہیں چھپی[5] ہوئی چیزوں پر۔ **ف**: (**غیب کے معنی**) یعنی جو چیزیں ان کے حواس و عقل سے پوشیدہ ہیں صرف اللہ و رسولؐ کے فرمانے سے اُن کو صحیح مان لیتے ہیں۔ وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ اور قائم رکھتے ہیں نماز کو۔ **ف**: قائم رکھنا یہ ہے کہ اس کو پابندی سے ہمیشہ ادا کرتے ہیں اور اس کے شرائط اور ارکان کو پورا پورا بجا لاتے ہیں۔ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ **ف**: یعنی نیک کاموں میں۔ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ اور وہ لوگ ایسے ہیں کہ یقین رکھتے ہیں اس کتاب پر بھی جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اتاری گئی ہے اور ان کتابوں پر بھی جو آپ سے پہلے اتاری جا چکی ہیں۔ **ف**: (**پہلی کتابوں کے ماننے کے معنی**) مطلب یہ

www.besturdubooks.net

کہ ان کا ایمان قرآن پر بھی ہے اور پہلی کتابوں پر بھی ہے مثل توریت وانجیل کے۔

مَسْئَلَه: ایمان سچا سمجھنے کو کہتے ہیں عمل کرنا دوسری بات ہے۔ پس جتنی کتابیں اللہ تعالیٰ نے پہلے انبیاء علیہم السلام پر نازل کی ہیں سب کو سچا سمجھنا فرض اور شرط ایمان ہے یعنی یوں سمجھے کہ اللہ تعالیٰ نے جس طرح نازل فرمائی تھیں وہ صحیح ہیں۔ خود غرض لوگوں نے جس قدر اس میں تبدل وتغیر کر دیا وہ غلط ہے۔ رہ گیا عمل سو وہ صرف قرآن پر ہوگا پہلی کتابیں منسوخ ہوگئی ہیں اسلئے ان پر عمل جائز نہیں۔ **وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ** اور آخرت پر بھی وہ لوگ یقین رکھتے ہیں۔

تَرْجَمَهُ مَسَائِلُ السُّلُوْكِ: سورۃ البقرۃ: قولہ تعالیٰ: **وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ** اس کے عموم میں یہ بھی داخل ہے کہ ہم نے ان کو جو انوار معرفت عطا فرمائے ہیں وہ ان کا طالبین پر افاضہ کرتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: **وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ** اسی پر یہ قیاس کیا جاوے گا کہ اعتقاد تو تمام مشائخ اہل حق کے ساتھ ایسا ہی رکھنا چاہئے جیسے اپنے شیخ کے ساتھ البتہ اتباع صرف اپنے شیخ کا ہوتا ہے۔ جیسا بعینہٖ یہی حکم ہے انبیاء علیہم السلام میں۔

اَلْحَوَاشِيْ: ① شاید کا لفظ اس لئے بڑھا دیا کہ علماء اس باب میں مختلف الاقوال ہیں۔ رہا ایک قول پر یہ شبہ کہ جب حضورؐ کو بھی یقینی نہیں بتلایا تو انزال کلام سے کیا نفع ہوا۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ خاص نفع کے انتفاء سے مطلق نفع کا انتفاء لازم نہیں آتا۔ ممکن ہے کہ علاوہ تعلیم نبویؐ کے اس میں اور کوئی نفع ہو۔ اگر وہ نفع ہم کو معلوم نہ ہو تو ہمارے نہ جان سکنے سے عدم وجود لازم نہیں آتا ۱۲ تبیان۔

② مقصود اس سے بیانِ عذر ہے مقطعات کے کچھ معنی نہ لکھنے کا کیونکہ اس باب میں علماء کا اختلاف ہے کہ مقطعات متشابہات میں داخل ہیں یا نہیں اور فرمایا کہ متشابہات میں جو علماء کا اختلاف ہے وہ اختلاف واقع میں لفظی ہے حقیقی نہیں کیونکہ جو لوگ علم کی نفی کرتے ہیں وہ تفسیر یعنی تعین مراد کے درجہ میں نفی کرتے ہیں اور جو لوگ اثباتِ علم کرتے ہیں وہ تاویل یعنی احتمال مراد کے درجہ میں ثابت کرتے ہیں پس جس درجہ کے یہ نافی ہیں اس کے وہ مثبت نہیں اور جس درجہ کو وہ ثابت کرتے ہیں اس کی یہ نفی نہیں کرتے ۱۲ تبیان۔

③ ای حاصل له التيقن (المصدر المجهول) الذی هو صفة سواء فيه راب احد ام لا لان كون احد رائبا فی امر لا يستلزم كون ذلك الامر غير متيقن فی الواقع ۱۲ تبیان۔

④ تقویٰ سے لغوی معنی مراد لئے ہیں پس اب وہ مشہور اعتراض وارد نہیں ہوتا نہ ان تکلف کے جوابوں کی ضرورت اور یہ بھی ممکن ہے کہ تقویٰ سے اصطلاحی تقویٰ مراد لیا جاوے مگر عند المتکلم اور معنی یہ ہوں گے کہ جو لوگ وقت التکلم متقی ہیں ان کو یہ تقویٰ اس کلام کی وجہ سے حاصل ہوا پس متقی میں مجاز نہ ہوگا۔ ۱۲ تبیان۔

⑤ یعنی غیب سے مراد ما غاب عنا ہے اصطلاحی معنی نہیں کیونکہ اصطلاح میں غیب اس کو کہتے ہیں جس پر کوئی دلیل بھی قائم نہ ہو اور ظاہر ہے کہ ایمان اسی چیز پر ہوگا جو کسی دلیل سے ثابت ہو ۱۲ تبیان۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَة: ١ قولہ ڈرنے والوں کو اقول فعلى هذا يكون التقوىٰ على معناه الحقيقي وحاصله الخوف الذي يكون قبل الايمان و هو يدعو الى الايمان و يويد تفسير التقوىٰ به ايراده في مقابلة الاستغناء في قوله تعالىٰ فاما من اعطى واتقى الآية فحاصل التقوىٰ الاهتمام و حاصل الاستغناء عدم الاهتمام و هذا من المواهب والحمد لله المنعم الواهب ۱۲۔

اَلرِّوَايَات: سورة البقرة وهي مدنية ۱۲ روح المعاني في لباب النقول اخرج الفريابي وابن جرير عن مجاهد قال اربع آيات من اول البقرة نزلت في المؤمنين و آيتان في الكافرين و ثلث عشرة آية في المنافقين اه قوله تعالىٰ الم قال البغوى عن ابى بكر الصديق رضى الله عنه في كل كتاب سر و سر الله تعالىٰ في القرآن اوائل السور و قال على رضى الله عنه ان لكل كتاب صفوة وصفوة هذا الكتاب حروف التهجي و حكاه الثعلبى عن ابى بكر و عن على و كثير و حكاه السمرقندى عن عمر و عثمان وابن مسعود رضى الله عنهم ۱۲ مظهرى۔ عن ابن عباسؓ لا ريب فيه لا شك فيه ۱۲۔ للمتقين للمؤمنين الذين يتقون الشرك و يعملون بطاعتي يؤمنون يصدقون عن ابن عباس يقيمون الصلوٰة اتمام الركوع والسجود والتلاوة والخشوع والاقبال عليها فيها ۱۲ اتقان۔

اَللُّغَات: الريب مصدر رابني اذا حصل منك الريبة و حقيقة الريبة قلق النفس واضطرابها و منه حديث الكذب ريبة لانه مما يقلق له النفس ولا تستقر و كونه صادقا مما تطمئن له و تسكن ومنه ريب الزمان وهو ما يقلق النفوس ويشخص بالقلوب من نوائبه ۱۲۔ المتقى اسم

www.besturdubooks.net

فاعل من قولهم و قاه 'فاتقى والوقاية فرط الصيانة ويكون من الخوف فاستعمل فيه كما في قوله تعالىٰ الا ان تتقوا منهم تقاة وقوله تعالىٰ اتقوا الله ۱۲ كشاف۔

البلاغۃ : وقوله تعالىٰ ذٰلك الكتٰب الاشارة بذلك للتعظيم ۱۲ جلالين والطف الوجوه في كون الاشارة للبعيد ان البقرة مدنية و اكثر من فيها اليهود و قد اخبروا في التوراة بنزول هذا القرآن فاشير بذلك الى ذاك الكتاب الموعود ولما كان ذكره وخبره قد مضى اختار البعيد كذا بلغني عن مولانا رشيد احمد المحدث الگنگوهي دام فيضهم۔ هدى للمتقين فيه ايجاز للتقدير اى الضالين الصائرين بعد الضلال الى التقوىٰ وفيه ايضا من انواع الحذف الاكتفاء وهو ان يقتضى المقام ذكر شيئين بينهما تلازم وارتباط فيكتفى باحدهما عن الآخر لنكتة والتقدير هدى للمتقين و للكافرين و يؤيده قوله هدى للناس قلت هو على بعض التفاسير ومنه يؤمنون بالغيب۔ اى والشهادة لان الايمان بكل منهما واجب واثر الغيب لانه امدح ولانه يستلزم الايمان بالشهادة من غير عكس ۱۲ من اتقان للسيوطي۔

أُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ

ع تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۶ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۚ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۚ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۷

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝۸ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَمَا يَخْدَعُوْنَ

اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝۹ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝۱۰

پس یہ لوگ ہیں ٹھیک راہ پر جوانکے پروردگار کی طرف سے ملی ہے اور یہ لوگ ہیں پورے کامیاب۔ بے شک جولوگ کافر ہو چکے ہیں برابر ہے اُنکے حق میں خواہ آپ اُن کو ڈرائیں یا نہ ڈرائیں وہ ایمان نہ لائیں گے بند لگا دیا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر اور ان کی آنکھوں پر پردہ ہے اور ان کے لیے سزا بڑی ہے اور ان لوگوں میں بعضے ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں ہم ایمان لائے اللہ پر اور آخری دن پر حالانکہ وہ بالکل ایمان والے نہیں۔ چالبازی کرتے ہیں اللہ سے اور ان لوگوں سے جو ایمان لا چکے ہیں اور واقع میں کسی کے ساتھ بھی چالبازی نہیں کرتے بجز اپنی ذات کے اور وہ اس کا شعور نہیں رکھتے۔ انکے دلوں میں بڑا مرض ہے سو اور بھی بڑھا دیا اللہ تعالیٰ نے ان کے مرض کو اور ان کے لیے سزائے دردناک ہے اس وجہ سے کہ وہ جھوٹ بولا کرتے تھے ۝

تفسیر : اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ بس[1] یہ لوگ ہیں ٹھیک راہ پر جوانکے پروردگار کی طرف سے ملی ہے۔ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ اور یہ لوگ ہیں پورے[1] کامیاب۔ **ف**: یعنی ایسے لوگوں کو دنیا میں یہ نعمت ملی کہ راہِ حق نصیب ہوئی، اور آخرت میں یہ دولت نصیب ہوگی کہ ہر طرح کی کامیابی ان کیلئے ہے۔ یہاں تک ان لوگوں کا ذکر تھا جو زبان اور دل سے قرآن اور دین کو مانتے ہیں آگے ان لوگوں کا بیان فرماتے ہیں جو نہ زبان سے مانتے تھے نہ دل سے ایسے لوگ اصطلاحِ قرآن میں کافر کہلاتے ہیں۔

خصالِ کافرین : اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ بے شک جولوگ کافر ہو چکے ہیں برابر ہے ان کے حق میں خواہ آپ ان کو ڈرائیں یا نہ ڈرائیں وہ ایمان نہ لاویں گے۔ **ف**: (**شقی ازلی کو نصیحت نافع نہ ہونا**) یعنی کوئی یوں شبہ نہ کرے کہ کافر تو بہت سے ایمان لے آتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ اس آیت میں سب کافروں کا بیان نہیں ہے بلکہ خاص اُن کافروں کا ذکر ہے جن کی نسبت خدا تعالیٰ کو معلوم ہے کہ ان کا خاتمہ کفر پر ہوگا اور اس آیت سے یہ غرض نہیں کہ ان کو عذابِ الٰہی سے ڈرانے اور احکام سنانے کی ضرورت نہیں۔ یہ تو رسول مقبول ﷺ کا خاص منصبی کام تھا بلکہ مطلب یہ ہے کہ آپ ان کے ایمان لانے کی فکر نہ کریں اور ان کے ایمان نہ لانے سے مغموم نہ ہوں اُن کے ایمان لانے کی امید نہیں۔ (**شقی ازلی کو نصیحت کرنے کا فائدہ**) اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ پھر ایسوں کو احکام سنانا عبث ہوا تو عبث فعل رسول مقبول ﷺ کو کیوں سپرد ہوا۔ بات یہ ہے کہ عبث اس کو کہتے ہیں جس میں کوئی بھی فائدہ نہ ہو۔ یہاں اگر ان لوگوں کو فائدہ نہ ہوگا نہ ہو رسول مقبول ﷺ کو تو فائدہ ہوگا کہ ادائے پیغام کا ثواب ملے گا پھر عبث کیسے ہوا۔

تنبیہ : (**شقی ازلی کا کفر میں معذور نہ ہونا**) کوئی یوں نہ سمجھے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ان کی نسبت یوں خبر دے دی اور خدا تعالیٰ کی خبر کے خلاف واقع ہونا محال ہے تو اب ایمان نہ لانے میں ان کو معذور سمجھنا چاہیے۔ بات یہ ہے کہ یہ فرمانا تو ایسا ہے جیسے طبیب حاذق کسی مریض مبتلائے دق کی نسبت کہے کہ اس کی دق درجہ چہارم میں پہنچ گئی ہے یہ اب اچھا نہ ہوگا سو ظاہر ہے کہ وہ مریض اس طبیب کے اس کہنے سے مدقوق نہیں ہو گیا مدقوق تو اپنی کسی بے احتیاطی کے سبب پہلے سے ہے بلکہ طبیب کا یہ کہنا خود

www.besturdubooks.net

اس کے مدقوق ہونے کی وجہ سے ہوا ہے اسی طرح یہاں سمجھنا چاہئے کہ اس کافر کا نا قابل ایمان ہونا اللہ تعالیٰ کی اس خبر دینے سے نہیں ہوا بلکہ خود اللہ تعالیٰ کا یہ خبر دینا اس کافر کے نا قابل ایمان ہونے کی وجہ سے واقع ہوا ہے۔ اور نا قابل ایمان ہونے کی صفت خود اس کی شرارت وعناد ومخالفت حق کے سبب پیدا ہوئی ہے جیسا کہ مشاہدہ میں آتا ہے کہ جب آدمی کسی کی مخالفت پر آمادہ وکمر بستہ ہو جاتا ہے اور ہر وقت اسی کی کوشش میں رہتا ہے تو صلاحیت واستعداد موافقت ومصالحت کی گھٹتی جاتی ہے حتیٰ کہ بالکل نیست ونابود ہو جاتی ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے ہر شخص میں اس کی پیدائش کے ساتھ استعداد قبول حق کی رکھی ہے جیسا حدیث میں آگیا ہے مگر یہ شخص خود اپنی ہوائے نفسانی وخود غرضی کی وجہ سے حق کی مخالفت کرتا ہے حتیٰ کہ ایک روز وہ استعداد فنا ہو جاتی ہے اس وقت وہ ایسی حالت میں ہوتا ہے کہ طبیب روحانی یوں کہہ سکے کہ اب یہ حق کو قبول نہ کرے گا کیونکہ اس کی استعداد درست نہیں رہی۔ پس اب اس میں کوئی اشکال عقلی نہ رہا۔ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (الی قولہ تعالی) وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۷﴾ بند لگا دیا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر اور ان کی آنکھوں پر پردہ ہے اور ان کے لئے سزا بڑی ہے۔ **ف**: اس میں بھی کوئی شبہ کی بات نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جب خود ان کے حواس کو ماؤف کر دیا تو پھر وہ معذور ہوں گے۔ بات یہ ہے کہ اوپر بیان ہو چکا ہے کہ انہوں نے شرارت وعناد کر کے باختیار خود اپنی استعداد برباد کر لی ہے سو اس تباہی استعداد کے کاسب وفاعل تو وہ خود ہی ہیں مگر چونکہ بندوں کے جمیع افعال کا خالق اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہے اس لئے اس آیت میں اپنے خالق ہونے کا بیان فرما دیا کہ جب وہ تباہی استعداد کے فاعل ہوئے اور اس کو بقصد خود اختیار کرنا چاہا ہم نے بھی وہ بد استعدادی کی کیفیت ان کے قلوب وغیرہا میں پیدا کر دی۔ بند لگانے سے اسی بد استعدادی کا پیدا کرنا مراد ہے۔ سو یہاں بھی اُن کا یہ فعل اس خَتَمَ کا سبب ہوا۔ ختم الٰہی اس فعل کا سبب نہیں ہوا۔ پس ان کی معذوری کی کوئی وجہ نہیں۔ **ف**: (مثال استعداد بامر تکوینی) اس فرمانے کی ایسی مثال ہے جیسے کسی امیر کریم نے براہِ ترحم کسی مفلس کی سو روپیہ تنخواہ مقرر کر دی ہو مگر وہ ناقدر شناس جب وہ سو روپے آتے ہیں فوراً ہی ان کو کسی کنوئیں یا دریا میں پھینک آتا ہے جس میں نہ اس کے کام آویں نہ دوسروں کے اس امیر نے چند بار اس نامعقول حرکت سے منع بھی کیا مگر اس نے ایک نہ سنی اور نہ امید رہی کہ وہ مانے گا۔ چونکہ ایسے شخص کو روپیہ دینے سے کوئی بھی فائدہ نہ دیکھا اس لئے اس نے وہ تنخواہ بند کر لی اور افسوس ہے کہ اس شخص کو اس تنخواہ بند کرنے کا بھی کچھ غم وافسوس نہ ہوا نہ اس نے کچھ معذرت کی۔ اس وقت وہ امیر اپنی رعایا کو اطلاع دینے کے لئے کہے کہ اس نمک حرام نے ہمارے عطیہ کی جب ایسی بے قدری کی ہم نے بھی وہ تنخواہ بند کر لی۔ ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ اس مثال میں موردِ ملامت وہی نمک حرام ہوگا نہ آقائے کریم۔ اسی طرح اس مضمون کو سمجھ لینا چاہئے۔ (توضیح حقیقت خلق وفعل بمثال) اب فعل وخلق کی حقیقت اور ان میں جو فرق ہے اس کو دریافت کرنا ضرور ہے اس کو ایک محسوس مثال میں سمجھو کہ ایک بڑا بھاری پتھر ہے کہ زید جو کہ آقا ہے اُس کو تنہا آسانی سے اُٹھا سکتا ہے مگر عمرو جو کہ غلام ہے اس سے ہلتا تک بھی نہیں۔ زید نے عمرو سے کہا کہ اس پتھر کا اُٹھانا ہمارے قانون میں جرم ہے اور گو اس کو کوئی اٹھا نہیں سکتا مگر ہم نے امتحان کے لئے اپنا معمول مقرر کیا ہے کہ جو اس کے اُٹھانے کے ارادہ سے اس کو ہاتھ لگاتا ہے ہم اُٹھوا دیتے ہیں مگر یہ اُٹھانا اس کی طرف بایں وجہ منسوب کیا جاتا ہے کہ اس نے ارادہ کیوں کیا جس پر ہمارا اُٹھانا مرتب ہوا اگر وہ ارادہ نہ کرتا تم ہم اس پتھر کو نہ اٹھاتے اور وہ مجرم نہ قرار دیا جاتا۔ غرض زید کے اس قانون اور معمول پر مطلع ہونے کے بعد عمرو نے پتھر کے پاس پہنچ کر اس کو بارادہ اُٹھانے کے ہاتھ لگایا اور اُٹھانے پر آمادہ ہوا۔ زید نے حسب اپنے معمول کے فوراً وہ پتھر اُٹھوا دیا۔ اب ظاہر ہے کہ ہر عاقل اس صورت میں عمرو ہی کو مجرم قرار دے گا زید پر کسی قسم کا الزام نہیں رکھ سکتا۔ بس اسی طرح حق سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے بندے کو ارادہ وقوتِ کسب عطا فرمائی مگر وہ ایجادِ فعل کے لئے کافی نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا معمول مقرر کیا ہے کہ جب بندہ کسی فعل کا ارادہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اُس فعل کو پیدا کر دیتا ہے پس مطابق مثال مذکور جو کچھ اعتراض ہے بندہ پر ہے اللہ تعالیٰ سبحانہ وتعالیٰ منزہ وپاک ہے۔ (دفع شبہ قبح خلق بقیاس قبح فعل) اگر یہ شبہ ہو کہ قبیح کا فاعل ہونا اگر قبیح ہے تو خالق ہونا بھی قبیح ہونا چاہیے' اس کا حل یہ ہے کہ قیاس غلط ہے' فعل قبیح اس لئے قبیح ہے کہ اس میں مفاسد غالب ہیں اور اس کے فعل میں کوئی حکمت واقعیہ صحیحہ نہیں بخلاف خلق قبیح کے کہ اس میں ہزاروں مصلحتیں اور حکمتیں ہوتی ہیں۔ البتہ ان حکمتوں کا مفصلاً علم ہر ایک کو نہیں ہوتا مگر کسی شئے کے علم نہ ہونے سے اس کا معدوم ہونا لازم نہیں آتا۔ فعل قبیح میں حکمت نہ ہونے اور خلق قبیح میں حکمت ہونے کے لئے صرف یہ اجمالی دلیل کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ باتفاق اہل عقل ونقل حکیم ہے اور حکیم کا فعل حکمت سے خالی نہیں ہوتا اور فعل قبیح کو اس نے منع کیا ہے تو ضرور فعل قبیح خالی از حکمت ہے اس واسطے حکیم نے منع کر دیا اور خلق قبیح خود ان کا فعل ہے تو ضرور اس خلق میں کوئی حکمت ہوگی اسی لئے اس کو اختیار کیا۔ اس فرق کے دریافت کرنے سے بہت سے شبہات بآسانی دفع ہو جاتے ہیں۔ (دفع شبہ تاثیر ارادۂ در افعال عبد) اگر یہ شبہ[۲] ہو کہ اگرچہ خلق قبیح ارادۂ عبد پر مرتب ہے اور اس لئے خالق پر الزام نہیں مگر اس فعل کے ساتھ جو ارادۂ خداوندی کا تعلق ہے وہ تو ارادۂ عبد پر مرتب نہیں بلکہ ارادۂ عبد خود اس پر مرتب ہے تو اب اشکال پھر عود کر آوے گا۔ سو یہ شبہ بھی اُسی تقریر بالا سے جو عنقریب مذکور ہوئی زائل ہو گیا کیونکہ وہ ارادۂ خداوندی مشتمل ہزاراں ہزار مصالح پر ہے اس لئے وہ قبیح نہیں بخلاف فعل عبد کے کہ بوجہ مفاسد کے قبیح ہے۔ (دفع شبہ نفی اختیار عبد) اگر یہ شبہ ہو کہ گو ارادہ وخلق خداوندی میں کوئی قباحت نہیں لازم آئی مگر بندہ کا غیر مختار ہونا تو لازم آ گیا۔ تو اس کا دفعیہ یہ ہے کہ ارادۂ خداوندی خاص اس طریق سے متعلق ہوا ہے کہ بندہ باختیار خود یہ فعل کرے گا سو اختیار عبد تو اور زیادہ مؤکد وثابت الوجود ہو گیا یہ نہیں کہ مسلوب ومعدوم ہو گیا ہو جیسا خود ارادۂ خداوندی افعال خداوندی کے ساتھ یقیناً متعلق ہے اور پھر بھی باتفاق اہل ملت اللہ تعالیٰ اپنے افعال میں غیر مختار نہیں ہے۔ پس بفضلہ تعالیٰ سب اشکالات

www.besturdubooks.net

متعلق تقدیر کے رفع دفع ہوگئے مگر فہم وانصاف وطلب حق شرط ہے۔ (قطع شبہات متعلق تقدیر بتقریر مختصر شافی)۔ یہ تفصیل اس شخص کی رعایت سے لکھی گئی ہے جس کو از خود شبہ پیدا ہو جاوے ورنہ خالی الذہن کے لئے اس تفصیل کی حاجت نہیں اسی طرح اس تفصیل کے بعد بھی جس کو وسوسہ آوے اس کو بھی آگے تفتیش جائز نہیں بلکہ ان دونوں قسم کے شخصوں کے لئے اجمالاً اس قدر اعتقاد کر لینا کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ مالک ہے اور مالک کو بحیثیت مالک ہونے کے اپنے ملک میں ہر طرح کے تصرف کا اختیار کامل حاصل ہے، جیسے کوئی شخص کسی قطعۂ زمین میں کوئی مکان بناوے جس میں مختلف درجات ہوں کسی حصہ میں اپنی نشست گاہ بنائے جس کو ہزاروں آلات وفروش سے آراستہ کرے دوسرے حصہ میں پاخانہ بناوے جہاں سینکڑوں من نجاست روزمرہ ڈالی جاوے۔ پاخانہ[۳] یہ سوال نہیں کرتا کہ میں نے کیا جرم کیا تھا جو اس سزا کا مستحق ہوا اور فلاں حصہ زمین نے کیا انعام کا کام کیا تھا جو اس عنایت کا مورد بنا۔ ہر عاقل اس سوال کا جواب یہی دیگا کہ مالک کو اختیار ہے۔ یہاں پہنچ کر ان لوگوں کا بھی ذکر ختم ہو گیا جو قرآن و دین کو نہ زبان سے مانتے تھے نہ دل سے۔ اب آگے ان لوگوں کا بیان آتا ہے جو کسی مصلحت یا دباؤ کے سبب زبان سے مانتے تھے مگر دل سے بالکل نہ مانتے تھے ایسے لوگوں کو شریعت کے محاورہ میں منافق کہا جاتا ہے۔

احوالِ منافقین ☆ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ اور لوگوں میں بعضے ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں ہم ایمان لائے اللہ پر اور آخری دن پر حالانکہ وہ بالکل[۲] ایمان والے نہیں۔ **ف**: بلکہ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ چالبازی کرتے ہیں اللہ سے اور ان لوگوں سے جو ایمان لا چکے ہیں۔ **ف**: یعنی محض[۴] چالبازی کی راہ سے ایمان کا اظہار کرتے ہیں وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اور واقع میں کسی کے ساتھ بھی چالبازی نہیں کرتے بجز اپنی ذات کے اور وہ اس کا شعور نہیں رکھتے۔ **ف**: یعنی اس چالبازی[۵] کا انجام بد خود اپنے ہی کو بھگتنا پڑے گا۔ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ ان کے دلوں میں بڑا مرض ہے سو اور بھی بڑھا دیا اللہ تعالیٰ نے ان کو مرض **ف**: مرض میں ان کے بداعتقادی[۶] وحسد اور ہر وقت کا اندیشہ وخلجان سب آ گیا۔ چونکہ اسلام کو روزانہ رونق ہوتی جاتی تھی اس لئے ان کے دلوں میں ساتھ ساتھ یہ امراض ترقی پاتے جاتے تھے۔ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ اور ان کیلئے سزائے دردناک ہے اس وجہ سے کہ وہ جھوٹ بولا کرتے تھے۔ **ف**: یعنی ایمان کا جھوٹا دعویٰ کیا کرتے تھے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ اس میں اشارہ ہے کہ اہل اللہ کے ساتھ کوئی معاملہ کرنا (مثلاً عداوت ومخادعت وغیرہ) ایسا ہی ہے جیسے حق تعالیٰ کے ساتھ کرنا۔ قولہ تعالیٰ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ اس میں اثبات ہے امراض قلب کا اور وہ معاصی ہیں جیسا حضرات صوفیہ کے اطلاقات میں شائع ہے۔

الحواشی: (۱) ''بس'' ہماری زبان میں ثمرۂ کلام پر داخل کیا جاتا ہے لہٰذا اشارہ اس طرف ہے کہ اولئک ...... ماسبق کا ثمرہ ہے ۱۲ تبیان (۲) خلاصہ اعتراض کا یہ ہے کہ ارادۂ خداوندی ارادۂ عبد وفعل عبد دونوں پر مقدم ہے کیونکہ اول ارادۂ خداوندی ہوتا ہے کہ بندہ یوں ارادہ کرے اس کے بعد بندہ ارادہ کرتا ہے پھر اس پر خلق فعل مرتب ہوتا ہے پھر اس پر بندہ کی جانب سے کسب فعل ہوتا ہے پس درحقیقت فعل عبد مرتب ہے خلق پر اور وہ مرتب ارادۂ عبد پر اور وہ مرتب ارادۂ باری پر ہے لہٰذا اثر یعنی فعل عبد وارادۂ عبد اگر قبیح ہے تو اس کا مؤثر یعنی ارادہ خداوندی بھی قبیح ہونا چاہئے اور تقریر جواب ظاہر ہے ۱۲ تبیان۔ (۳) البتہ اتنا شبہ باقی رہتا ہے کہ کم از کم اس مالک کی نسبت اگر اس نے عمدہ قطعۂ زمین میں پاخانہ بنایا ہے یہ تو کہہ سکتے ہیں کہ اس نے مصلحت کے خلاف کیا تو کیا یہ سوال حق تعالیٰ کی نسبت نہیں ہو سکتا کہ ایسا امر مناسب نہ تھا تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ سوال اس شخص کے افعال میں ہو سکتا ہے کہ جس کے افعال میں حکمت سے خلو محتمل ہو اور افعال خداوندی چونکہ حکمت سے ہرگز خالی نہیں اس لئے وہاں یہ احتمال اور یہ سوال ہی نہیں جیسا کہ اوپر بھی آ چکا ہے ۱۲ تبیان۔ (۴) مقصود یہ ہے کہ خداع سے مراد خاص اظہار ایمان کے بارہ میں خداع ہے یعنی خداع اپنے حقیقی معنی پر ہے مطلب یہ ہے کہ اظہار ایمان میں چال کرتے ہیں گو وہ چال خدا کے سامنے نہ چلے اور گو ان کا یہ قصد بھی نہ ہو کہ خدا کے سامنے چال چلے گی۔ مگر یہ فعل خود چال ہے اور لازم آ گیا کہ خدا کے سامنے بھی خلاف واقع کا اظہار کیا ۱۲ تبیان۔ (۵) ماحصل یہ ہے کہ جزاء خداع کو خداع کہہ دیا گیا بطریق مجاز ۱۲ تبیان۔ (۶) یعنی مرض میں عموم مجازاً لیا گیا ہے کہ حقیقت بھی اس کی ایک فرد ہو جاوے تو اندیشہ اور خلجان تو حقیقتاً مرض ہے اور بداعتقادی کو مجازاً مرض کہا گیا ہے۔ ۱۲ تبیان۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ پورے کامیاب دلیلہ ما ذکرنا فی الکلام من کون الفلاح الکامل مراداً ۱۲۔ ۲؎ قولہ بالکل زادہ لان الباء فی خبر ما یفید مبالغۃ النفی ۱۲۔

الروایات: اخرج ابن جریر من طریق ابن اسحٰق عن محمد بن ابی محمد عن عکرمۃ عن سعید بن جبیر عن ابن عباس فی قولہ ان الذین کفروا الآیتین انھما نزلتا فی یھود المدینۃ واخرج عن الربیع بن انس قال آیتان نزلتا فی قتال الاحزاب ان الذین کفروا الی قولہ عذاب عظیم ۱۲ لباب۔ عن ابن عباسؓ ختم اللہ علی قلوبھم طبع علیھا ۱۲ اتقان۔ عن ابن عباس مرض نفاق عذاب الیم نکال موجع یکذبون یبدلون یحرفون ۱۲ اتقان۔

الکلام: قولہ تعالیٰ اولئک ھم المفلحون المراد بہ الفلاح الکامل المستفاد من الاطلاق فالحصر للفلاح المطلق لا مطلق الفلاح فلا

www.besturdubooks.net

ينافى فلاح المخلين بالاعمال فلا حجة فيه للمعتزلة كما فى المظهرى تمسك المعتزلة بان الحصر تدل على خلود مرتكب الكبيرة فى النار ورد بان المراد المفلحون الكاملون فى الفلاح ويلزم منه عدم كمال الفلاح لمن ليس مثلهم لا عدم الفلاح مطلقا ۱۲ قوله تعالىٰ ختم الله الاية فى الاية رد على المعتزلة حيث نفوا اسناده الى الله تعالىٰ الا مجازًا فان الاصل فى الاسناد هو الحقيقة حيث لا صارف ولا صارف ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قوله تعالىٰ وما يخدعون فى قراء ة وما يخادعون اى هم فى ذٰلك يخدعون انفسهم حيث يمنونها الا باطيل ويكذبونها فيما يحدثونها به و انفسهم كذلك تمنيهم وتحدثهم بالامانى او يراد به وما يخدعون فجئ به على لفظ يفاعلون للمبالغة۱۲ من كشاف۔
قوله تعالىٰ يكذبون و فى قراء ة يكذبون من التكذيب اى يكذبون الله والرسول ۱۲۔

الفقه: دل على حرمة الكذب الذى شانه هذا و لا دلالة فيه على حرمته مطلقا لان من الكذب مباحا ومستحبا و واجبا كما فصلوا ۱۲۔

اللغات: المفلح الفائز بالبغية كانه الذى انفتحت له وجوه الظفر و لم تستغلق عليه والمفلج بالجيم مثله و منه قولهم للمطلقة استفلجى بامرك بالحاء والجيم والتركيب دال على معنى الشق والفتح وكذلك اخواته فى الفاء والعين نحو فلق وفلذ وفلى ۱۲كشاف۔ الختم والكتم اخوان۱۲كشاف۔ يخدعون الله الخدع ان يوهم صاحبه خلاف ما يريد به من المكروه من قولهم ضب خادع و خدع اذا امر الحارش يده على باب جحره اوهمه اقباله عليه ثم خرج من باب آخر ۱۲كشاف۔

النحو: قوله سواء عليهم سواء اسم بمعنى الاستواء وصف به كما يوصف بالمصادر و منه قوله الى كلمة سواء وارتفاعه على انه خبر لان وا نذرتهم فى موضع المرتفع به على الفاعلية كانه قيل ان الذين كفروا مستو عليهم انذارك وعدمه كما تقول ان زيدا مختصم ابوه وابن عمه او يكون انذرتهم ام لم تنذرهم فى موضع الابتداء و سواء خبرا مقدما بمعنى سواء عليهم انذارك وعدمه والجملة خبر لان فان قلت كيف صح الاخبار عن الفعل قلت هو من جنس الكلام المهجور فيه جانب اللفظ الى جانب المعنى وقد وجدنا العرب يميلون من مواضع من الكلام مع المعانى ميلا مبنيا من ذٰلك قولهم لاتاكل السمك وتشرب اللبن معناه لايكن منك اكل السمك و شرب اللبن وان كان ظاهر اللفظ على ما لا يصح من عطف الاسم على الفعل والهمزة وام مجردتان لمعنى الاستواء وقد انسلخ عنهما معنى الاستفهام رأسًا و معنى الاستواء استواؤهما فى علم المستفهم عنهما لانه قد علم ان احد الامرين كائن اما الانذار واما عدمه ولكن لا بعينه وكلاهما معلوم بعلم غير معين فان قلت ما موقع لا يؤمنون قلت اما ان يكون جملة مؤكدة لجملة قبلها او خبرا لان والجملة قبلها اعتراض ۱۲كشاف۔

البلاغۃ: قوله اولٰئك على هدى وفى اسم الاشارة التى هو اولٰئك ايذان بان ما يرد عقيبه فالمذكورون قبله اهل لاكتسابه من اجل الخصال التى عددت لهم ومعنى الاستيلاء فى قوله على هدًى مثل لتمكنهم من الهدى واستقرارهم عليه وتمسكهم به حيث شبهت حالهم بحال من اعتلى الشئ وركبه ونحوه هو على الحق و على الباطل وقد صرحوا بذٰلك فى قولهم جعل الغواية مركبا وامتطى الجهل واقتعد غارب الهوىٰ۔ ونكر هدى ليفيد ضربا مبهمًا لا يبلغ كنهه ولا يقادر قدره كانه قيل على اى هدى كما تقول لو ابصرت فلانا لا بصرت رجلا۔وفى تكرير اولٰئك تنبيه على انهم كما ثبتت لهم الاثرة بالهدى فهى ثابتة لهم بالفلاح فجعلت كل واحدة من الاثرتين فى تميزهم بها عن غيرهم فان قلت لم جاء مع العاطف وما الفرق بينه وبين قوله تعالىٰ اولٰئك كالانعام بل هم اضل اولٰئك هم الغافلون قلت قد اختلف الخبر ان ههنا فلذلك دخل العاطف بخلاف الخبرين ثمه فانهما متفقان لان التسجيل عليهم بالغفلة وتشبههم بالبهائم شئ واحد فكانت الجملة الثانية مقررة لما فى الاولىٰ فهى من العطف بمعزل۱۲كشاف۔قوله تعالىٰ ان الذين كفروا الآية۔ فان قلت لم قطعت قصة الكفار عن قصة المؤمنين ولم تعطف كنحو قوله ان الابرار لفى نعيم وان الفجار لفى جحيم وغيره من الآى الكثيرة قلت ليس وزان هاتين القصتين وزان ما ذكرت لان الاولىٰ فيما نحن فيه مسوقة لذكر الكتاب وانه هدًى للمتقين وسيقت الثانية لان الكفار من صفتهم كيت كيت فبين الجملتين تباين فى الغرض والاسلوب وهما على حد لا مجال فيه للعاطف ۱۲ كشاف۔ والتعريف فى الذين كفروا يجوز ان يكون للعهد ويراد بهم ناس باعيانهم كابى لهب وابى جهل والوليد بن المغيرة واضرابهم وان يكون للجنس متنا ولا كل من صمم على كفره تصميما لا يرعوى بعده و دل على تنا وله للمصرين الحديث عنهم باستواء الانذار وتركه ۱۲ كشاف۔ فان قلت ما معنى الختم على القلوب والاسماع و تغشية الابصار قلت لا ختم ولا تغشية ثمه على الحقيقة وانما هو من باب المجاز ويحتمل ان يكون من كلا نوعيه وهما

www.besturdubooks.net

الاستعارة والتمثيل ١٢كشاف۔ قوله تعالٰى على قلوبهم الاية جمع القلوب والابصار وحد السمع لان الاسماع لما كانت مجتمعة فى ادراكها كانت واحد بخلاف الباقيين فانهما يتعاقب ادراكهما ١٢استاذى۔ ولما كان درك السمع والقلب من الجهات جعل مانعهما من جنس واحد وهو الختم بخلاف البصر فانه مختص بالمقابلة فجعل مانعها الغشاوة المختصة بجهة المقابلة ١٢مظهرى۔ قوله تعالٰى باللّٰه وباليوم الأخر فان قلت لم اختص بالذكر الايمان باللّٰه واليوم الاخر قلت اختصاصهما بالذكر كشف عن افراطهم فى الخبث لان القوم كانوا يهود وايمان اليهود باللّٰه ليس بايمان لقولهم عزير ابن الله و كذلك ايمانهم باليوم الأخر لانهم يعتقدونه على خلاف صفته فقولهم هذا لو صدر عنهم لا على وجه النفاق فهو كفر فكيف اذا قالوه على وجه النفاق كان كفرا الى اكفر ١٢كشاف۔ قوله تعالٰى وما هم بمؤمنين۔ انكار لما ادعوه وكان اصله وما آمنوا حتى يطابق قولهم فى تصريح الفعل دون الفاعل لكنه عكس مبالغة فى التكذيب لانه اخراجهم من المؤمنين ابلغ من نفى الايمان فى ماضى الزمان ولذلك اكد النفى بالباء ١٢مظهرى۔ فان قلت فلم جاء الايمان مطلقا فى الثانى وهو مقيد فى الاول قلت يحتمل ان يراد التقليد ويترك لدلالة المذكور عليه وان يراد بالاطلاق انهم ليسوا من الايمان فى شئ قط لا من الايمان باللّٰه وباليوم الآخر ولا بغيرهما ١٢كشاف۔قوله تعالٰى يخدعون الله فان قلت كيف ذلك و مخادعة الله والمؤمنين لاتصح لان العالم الذى لا تخفى عليه خافية لايخدع والحكيم الذى لايفعل القبيح لايخدع والمؤمنون وان جاز ان يخدعوا لم يخبر ان يخدعوا قلت كانت صورة صنعهم مع الله تعالٰى حيث يتظاهرون بالاتيان وهم كافرون صورة صنع الخادعين وصورة صنع الله معهم حيث امر اجراء احكام المسلمين عليهم وهم عنده فى اعداد شرار الكفرة واهل الدرك الاسفل من النار صورة صنع الخادع و كذالك صورة المؤمنين معهم حيث امتثلوا امر الله فيهم فاجروا احكامهم عليهم ١٢ من كشاف۔ قلت ولا يبعدان يقال بتقدير همزة الاستفهام للانكار والتوبيخ والمعنى يخادعون الله فارتفع الاشكال راسا واساسًا قوله تعالٰى وما يخدعون الا انفسهم فان قلت ما المراد بقوله وما يخدعون الا انفسهم قلت يراد وما يعاملون تلك المعاملة المشبهة بمعاملة المخادعين الا انفسهم لان ضررها يلحقهم ومكرها يحيق بهم كما تقول فلان يضار فلانا ويضار الانفسه ١٢من كشاف۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا
يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ
السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا
اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ
الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۶﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِى
اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِىْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷﴾ صُمٌّۢ بُكْمٌ
عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۸﴾ ۙ

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ فساد مت کروزمین میں تو کہتے ہیں ہم تو اصلاح ہی کرنے والے ہیں۔ یادرکھو بے شک یہی لوگ مفسد ہیں لیکن وہ اس کا شعور نہیں رکھتے۔اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ تم بھی ایسا ہی ایمان لے آؤ جیسا ایمان لائے ہیں اورلوگ تو کہتے ہیں کہ کیا ہم ایمان لائیں گے جیسا ایمان لے آئے ہیں یہ بیوقوف یادرکھو بے شک یہی ہیں بیوقوف لیکن وہ اس کا علم نہیں رکھتے۔اور جب ملتے ہیں وہ منافقین ان لوگوں سے جوایمان لائے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے ہیں اور جب خلوت میں پہنچتے ہیں اپنے شریر سرداروں کے پاس تو کہتے ہیں ہم بے شک تمہارے ساتھ ہیں ہم تو صرف استہزاء کیا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ہی استہزاء کررہے ہیں انکے ساتھ اور ڈھیل دیتے چلے جاتے ہیں اُن کو کہ وہ اپنی سرکشی میں حیران وسرگرداں ہورہے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ انہوں نے گمراہی لے لی بجائے ہدایت کے تو سودمند نہ ہوئی انکی یہ تجارت اور نہ یہ ٹھیک طریقہ پر چلے انکی حالت اُس شخص کی حالت کے مشابہ ہے جس نے کہیں آگ جلائی ہو پھر جب روشن کردیا ہواس آگ نے اس شخص

www.besturdubooks.net

گرداگرد کی سب چیزوں کو ایسی حالت میں سلب کرلیا ہو اللہ تعالیٰ نے انکی روشنی کو اور چھوڑ دیا ان کو اندھیروں میں کہ کچھ دیکھتے بھالتے نہ ہوں۔ بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں۔ سو یہ اب رجوع نہ ہوں گے ۞

تفسیر: وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ فساد مت کرو زمین میں تو کہتے ہیں ہم تو اصلاح ہی کرنے والے ہیں۔ **ف:** یعنی ان کی ان منافقانہ کارروائیوں سے جب انواع انواع فساد و فتنے وقوع میں آنے لگے جیسا کہ مشاہدہ کیا جاتا ہے کہ دورو یہ مخلص سے ہمیشہ فساد ہی بڑھتا ہے اور کسی خیراندیش نے فہمائش کی کہ ایسی کارروائی موجب فساد ہوا کرتی ہے اس کو چھوڑ دو تو اس کے جواب میں اپنے کو مصلح بتلاتے ہیں۔ غرض ان کی غباوت یا شرارت اس حد کو پہنچ گئی ہے کہ فساد کو اصلاح سمجھتے ہیں۔ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ۔ یاد رکھو بیشک یہی لوگ مفسد ہیں لیکن وہ اس کا شعور نہیں رکھتے۔ **ف:** بوجہ اپنی غباوت یا شرارت کے ان لوگوں کی ایک جہالت تو اس سے معلوم ہوئی کہ اپنے عیب کو ہنر سمجھتے ہیں۔ آگے ان کی دوسری جہالت کا بیان ہے کہ اوروں کے ہنر کو کہ وہ ایمان خالص ہے عیب اور حقیر سمجھتے ہیں۔ چنانچہ ارشاد ہے۔ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اٰمَنَ السُّفَهَآءُ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم بھی ایسا ہی ایمان لے آؤ جیسا ایمان لائے ہیں اور لوگ تو کہتے ہیں کیا ہم ایمان لاوینگے جیسا ایمان لے آئے ہیں یہ بے وقوف۔ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ۔ یاد رکھو بے شک یہی ہیں بیوقوف لیکن اس کا علم نہیں رکھتے۔ **ف:** منافقین ایسی بے باکانہ گفتگو غریب مسلمانوں کے روبرو کرگزرتے تھے جن سے ان کو کچھ اندیشہ نہ تھا اور باوجاہت مسلمانوں کے سامنے تو وہی نفاق و خوشامد کی باتیں کرتے رہتے تھے۔ اس تقریر سے یہ شبہ رفع ہوگیا کہ وہ لوگ تو اپنے کفر کو چھپاتے تھے پھر ایسی کفر کی باتیں مسلمانوں سے کیونکر کرسکتے تھے اور یہ بھی احتمال ہے کہ ایسی بات اپنی ہی جماعت سے کرتے ہوں لیکن ظاہراً احتمال اوّل کو اس لئے ترجیح ہے کہ یہ قول اٰمِنُوْا کے جواب میں ہے اور اٰمِنُوْا کا خطاب خود انکی جماعت کی طرف سے نہیں ہوسکتا۔ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الی قولہ تعالیٰ) اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ اور جب ملتے ہیں وہ منافقین ان لوگوں سے جو ایمان لائے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے ہیں اور جب خلوت میں پہنچتے ہیں اپنے شریر سرداروں کے پاس تو کہتے ہیں کہ ہم بیشک تمہارے ساتھ ہیں ہم تو صرف استہزاء کیا کرتے ہیں۔ **ف:** یعنی ہم مسلمانوں سے براہ تمسخر کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں ورنہ ہم دل سے تو تمہارے ہی مشرب میں ہیں۔ اس سے پہلے بھی اللہ تعالیٰ نے انکا یہ قول کہ "ہم ایمان لائے" نقل فرمادیا ہے اور یہاں پھر نقل کیا ہے سو اس کو تکرار نہ سمجھیں۔ تکرار وہ ہے کہ جہاں اعادہ میں کوئی اور غرض جدید نہ ہو سو یہاں ایسا نہیں ہے۔ پہلے مقام میں صرف انکا عقیدہ بیان کرنا مقصود تھا کہ گو وہ زبان سے ایمان کا دعویٰ کرتے ہیں مگر دل میں ان کے ایمان نہیں ہے اور یہاں ان کا برتاؤ مسلمانوں سے اور اپنے مجمع سے بتلانا منظور ہے۔ غرض ایک جگہ ان کا اعتقاد مذکور ہے دوسری جگہ انکا عمل سو تکرار نہ ہوا اور قرآن مجید بھر میں جہاں جہاں تکرار معلوم ہوتا ہے وہاں ایسا ہی تفاوت اغراض میں ہے۔ آگے انکے اس استہزاء کا جواب دیا ہے کہ وہ بیچارے مسلمانوں سے کیا استہزاء کرتے ہیں۔ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ اللہ تعالیٰ ہی استہزاء کررہے ہیں ان کے ساتھ اور ڈھیل دیتے چلے جاتے ہیں ان کو کہ وہ اپنی سرکشی میں حیران سرگرداں ہورہے ہیں۔ **ف:** وہ استہزاء یہی ہے کہ انکو مہلت دی گئی ہے کہ جب خوب کفر میں کامل ہوجاویں اور جرم سنگین ہوجاوے اس وقت دفعۃً پکڑ لئے جاویں چونکہ یہ معاملہ ان کے اس استہزاء کے مقابلہ میں تھا اسلئے اسکو بھی استہزاء کہہ دیا گیا اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ۝ یہ وہ لوگ ہیں کہ انہوں نے گمراہی لے لی بجائے ہدایت کے تو سودمند نہ ہوئی انکی یہ تجارت اور نہ یہ ٹھیک طریقہ پر چلے **ف:** یعنی انکو تجارت کا سلیقہ نہ ہوا کہ ہدایت کیسی اچھی چیز چھوڑی اور گمراہی کیسی بری چیز لی۔

مثال اوّل منافقین ☆ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ (الی قولہ تعالیٰ) فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ۝ انکی حالت اس شخص کی حالت کے مشابہ ہے جس نے کہیں آگ جلائی ہو پھر جب روشن کردیا ہو اُس آگ نے اُس شخص کے گرداگرد سب کی چیزوں کو ایسی حالت میں سلب کرلیا ہو اللہ تعالیٰ نے اُن کی روشنی کو اور چھوڑ دیا ہو اُن کو اندھیروں میں کہ کچھ دیکھتے بھالتے نہ ہوں۔ **ف:** تو جس طرح یہ شخص اور اس کے ہمراہی روشنی ہونے کے بعد اندھیرے میں رہ گئے اسی طرح منافقین حق واضح ہونے کے بعد ظلمت ضلالت میں جا پھنسے اور جس طرح اس اندھیرے میں ان آگ جلانے والوں کے چشم و گوش و زبان سب بیکار ہوگئے اسی طرح ظلمت ضلالت میں پھنس کر ان لوگوں کی یہ حالت ہوگئی کہ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ۔ بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں سو یہ اب رجوع نہ ہونگے۔ **ف:** یعنی حق سے بہت بعید ہوگئے ہیں کہ ان کے کان حق بات سننے کے قابل نہ رہے زبان ان کی حق بات کہنے کے لائق نہ رہی آنکھیں راہ حق دیکھنے کے کام کی نہ رہیں۔ سو اب ان کے حق کی طرف رجوع ہونے کی کیا امید ہے۔ منافقین میں دو قسم کے لوگ تھے۔ بعضے تو خوب دل کھول کر کفر کو اختیار کئے ہوئے تھے یہ مثال مذکور تو ان کی تھی کہ بالکل اندھیروں میں رہ جانے والوں کے مشابہ قرار دیئے گئے۔ بعضے ایسے تھے کہ ابھی ان کو اسلام کے حق ہونے میں کبھی کبھی تردد ہوتا تھا۔ اور اس کی خوبیاں دیکھ کر کچھ کچھ ادھر میلان ہونے لگتا تھا مگر پھر جب اغراضِ نفسانی کا غلبہ ہوتا پھر وہ میلان مبدل بہ انکار ہوجاتا۔ آگے ان کی مثال دیتے ہیں۔

اَلْحَوَاشِيْ: (۱) یعنی لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ میں ان کا کوئی مستقل فساد مراد نہیں کہ جس کو وہ کرتے ہوں بلکہ مراد یہ ہے کہ تم یہ نفاق جو کہ موجب فساد ہے نہ کرو اس کو

www.besturdubooks.net

چھوڑ دو ۱۲ تبیان۔ (۲) یعنی آیت میں جملہ یَمُدُّھُمْ اپنے معطوف علیہ اَللّٰہُ یَسْتَھْزِئُ بِھِمْ کا بیان ہے ۱۲ تبیان۔ (۳) مطلب یہ کہ آیت وَمَا کَانُوْا مُھْتَدِیْنَ سے ہدایت دینی مراد لینے کی ضرورت نہیں ہے کہ اس کی نفی ہو بلکہ نفی ہدایت فی التجارۃ کی ہے کہ ان کو تجارت کرنے کا ڈھنگ بھی نہیں آتا ۱۲ تبیان۔ (۴) اس کا نقطہ فرمایا کہ اِسْتَوْقَدَ کو مفرد لایا گیا پھر بِنُوْرِھِمْ میں ضمیر جمع کی ارشاد ہوئی وجہ یہ ہے کہ عادۃً ایک ہی آدمی آگ سلگاتا ہے جب وہ دہک اٹھتی ہے تو دوسرے لوگ بھی تاپنے کیلئے جمع ہو جاتے ہیں پس استیقاد ایک کا فعل ہے لہٰذا صیغہ مفرد لایا گیا ہے اور اذہاب نور کے وقت سب جمع تھے میں نے عرض کیا کہ اَضَاءَتْ مَا حَوْلَہٗ میں ضمیر کو مفرد کیوں لایا گیا حالانکہ یہ استیقاد کے بعد ہے اور سب ہی کیلئے عام ہے۔ فرمایا کہ لوگ اس وقت جمع ہوتے ہیں کہ آگ کی روشنی ان تک پہنچے اور ان کو معلوم ہو جاوے کہ آگ سلگ گئی پس اول اَضَاءَتْ مَا حَوْلَہٗ اِسْتَوْقَدَ ہی کی ہوئی ۱۲ تبیان۔

الروایات: عن ابن عباس السفهاء الجهال۔ عن ابن عباسؓ طغيانهم كفرهم يعمهون يتمارون و في رواية عنه يعمهون يلعبون يترددون ۱۲ من اتقان۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ انکی یہ تجارت حملاً للاضافة على العهد ۱۲ ۲ قولہ انکی روشنی الخ یہ جمع باعتبار اس کے ہے کہ وہ شخص مع ہمراہیوں کے مراد ہے چنانچہ تفسیر میں اس کی تصریح بھی کر دی ہے اور چونکہ حولہ میں ضمیر مفرد کی ہے اور بنورھم میں ضمیر جمع کی ہے اسلئے دونوں جگہ ترجمہ اسی کے موافق کیا گیا ۱۲ منہ

الکلام: قوله تعالى يمدهم وقوله تعالى ذهب الله بنورهم في الآيتين رد على المعتزلة لان الاصل في الاسناد الحقيقة ۱۲۔

اللغات: قوله تعالى هم السفهاء السفه سخافة العقل وخفة الحلم ۱۲ كشاف۔ قوله مستهزء ون الاستهزاء السخرية والاستخفاف واصل الباب الخفة من الهزء وهو القتل السريع ۱۲ كشاف۔ قوله تعالى يعمهون العمه مثل العمى الا ان العمى عام في البصر والرأى والعمه في الراى خاصة وهو التحير والتردد ۱۲ كشاف۔

البلاغۃ: قوله تعالى انما نحن مصلحون انما لقصر الحكم على شئ و معنى انما نحن مصلحون ان صفة المصلحين خلصت لهم وتمحضت من غير شائبة قادح فيها من وجه من وجوه الفساد ورد الله ما ادعوه من الانتظام في جملة المصلحين ابلغ ردوا دله على سخط عظيم والمبالغة فيه من جهة الاستيناف وما في كلتا الكلمتين الا وان من التاكيدين وتعريف الخبر وتوسيط الفصل ۱۲ كشاف قوله تعالى ولكن لا يعلمون فان قلت فلم فصلت هذه الاية بلا يعلمون والتي قبلها بلا يشعرون قلت لان امر الديانة والوقوف على ان المؤمنين على الحق و هم على الباطل يحتاج الى نظر واستدلال و اما النفاق وما فيه من البغى المؤدى الى الفتنة والفساد في الارض فامر دنيوى مبنى على العادات معلوم عند الناس فهو كا لمحسوس المشاهد ۱۲ كشاف قوله تعالى انا معكم فان قلت لم كانت مخاطبتهم المؤمنين بالجملة الفعلية وشياطينهم بالاسمية محققة بان قلت ليس ما خاطبوا به المؤمنين جديرا باقوى الكلامين و اوكدهما لانهم في ادعاء حدوث الايمان منهم ونشئه من قبلهم لا في ادعاء انهم او حديون في الايمان غير مشقوق فيه غبارهم و ذلك اما لان انفسهم لاتساعدهم عليه اذ ليس لهم من عقائدهم باعث و محرك وهكذا كل قول لم يصدر عن اريحية وصدق رغبة واعتقاد واما لانه لا يروج عنهم لو قالوه على لفظ التاكيد والمبالغة وكيف يقولونه ويطمعون في رواجه عنهم وهم بين ظهراني المهاجرين والانصار واما مخاطبة اخوانهم فهم فيها اخبروا به عن انفسهم في الثبات على اليهودية والقرار على اعتقاد الكفر والبعد من ان يزالوا عنه على صدق رغبة ووفور نشاط و ارتياح للتكلم به وما قالوه من ذلك فهو رايج عنهم متقبل منهم فكان مظنة للتحقيق ومئنة للتاكيد ۱۲ كشاف واجاب بعض الاحبار بانهم لما كانوا يقرون بالاسلام ولم يكن لتكذيبهم وانكار قولهم وجه ظاهر لم يحتاجوا الى التاكيد بخلاف ادعائهم انهم مستهزء ون على دينهم لان ظاهر حالهم كان يكذب هذه الدعوى فكان قولهم مظنة للانكار فاحتاجوا الى التوكيد ۱۲۔ قوله تعالى الله يستهزئ بهم فان قلت فهلا قيل الله مستهزء بهم فيكون طبقا لقوله انما نحن مستهزء ون قلت لان يستهزئ يفيد حدوث الاستهزاء وتجدده وقتا بعد وقت وهكذا كانت نكايات الله فيهم وبلاياه النازلة بهم اولا يرون انهم يفتنون في كل عام مرة او مرتين وما كانوا يخلون في اكثر او قاتهم من تهتك استار وتكشف اسرار و نزول في شانهم واستشعار حذر من ان ينزل فيهم يحذر المنافقون ان تنزل عليهم سورة تنبئهم بما في قلوبهم ۱۲ كشاف۔ قوله تعالى اشتروا ومعنى اشتراء الضلالة بالهدى اختيارها عليه واستبدالها على سبيل الاستعارة لان الاشتراء فيه اعطاء بدل واخذ آخر ۱۲ كشاف۔ قوله تعالى فما ربحت تجارتهم فان قلت كيف اسند الخسران الى التجارة وهو لاصحابها قلت هو من الاسناد المجازى ۱۲ كشاف۔ قوله تعالى ذهب الله بنورهم فان قلت فهلا قيل ذهب الله بضوئهم كقوله تعالى فلما اضاء ت قلت ذكر النور ابلغ لان الضوء فيه دلالة على الزيادة فلو قيل ذهب الله بضوئهم لا وهم الذهاب بالزيادة وبقاء ما يسمى نورا والغرض ازالة النور عنهم راسا وطمسه اصلا ۱۲ كشاف۔ في

www.besturdubooks.net

اقام الدرایة للسیوطی فی اقسام الاستعارة او قرنت بما یلائم المستعار منه فمرشحة کقوله تعالٰی اولئك الذین اشتروا الآیة استعیر الاشتراء للاستبدال ثم فرع علیها ما یلائم الاشتراء من الربح والتجارة آه قال صاحب الکشاف والصحیح الذی علیه علماء البیان لا یتخطونه ان التمثیلین جمیعا من جملة التمثیلات المرکبة دون المفرقة لا یتکلف لواحد واحد شیٔ یقدر شبهه به وهو القول الفحل والمذهب الجزل ولما وصف وقوع المنافقین فی ضلالتهم وما خبطوا فیه من الحیرة والدهیشة شبهت حیرتهم وشدة الامر علیهم بما یکابد من طفئت ناره بعد ایقادها فی ظلمة اللیل وکذلك من اخذته السماء فی اللیلة المظلمة مع رعد و برق و خوف من الصواعق آه قوله تعالٰی صم بکم الآیة فان قلت هل یسمی ما فی الآیة استعارة قلت مختلف فیه والمحققون علی تسمیته تشبیها بلیغا لا استعارة لان المستعار له مذکور وهم المنافقون والاستعارة انما تطلق حیث یطوی ذکر المستعار ویجعل الکلام خلوا عنه صالحا لان یراد به المنقول عنه والمنقول الیه لو لا دلالة الحال او فحوی الکلام۱۲ کشاف۔ قوله تعالٰی صم بکم فیه ایجاز حذف حذف المبتدأ ای هم او المنافقون صیانة اللسان عن ذکره تحقیر اله۱۲ من اتقان۔

اَوْ كَصَیِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِیْهِ ظُلُمٰتٌ وَّ رَعْدٌ وَّ بَرْقٌ ۚ یَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ وَ اللّٰهُ مُحِیْطٌۢ بِالْكٰفِرِیْنَ ⑲ یَكَادُ الْبَرْقُ یَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَاۤ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِیْهِ ۙۗ وَ اِذَاۤ اَظْلَمَ عَلَیْهِمْ قَامُوْا ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَ اَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ⑳ ع۲

یا ان منافقوں کی ایسی مثال ہے جیسے بارش ہو یا آسمان کی طرف سے اس میں اندھیری بھی ہو اور رعد و برق بھی ہو جو لوگ اس بارش میں چل رہے ہیں وہ ٹھونسے لیتے ہیں اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں کڑک کے سبب اندیشہ موت سے اور اللہ تعالیٰ احاطہ میں لیے ہوئے ہیں کافروں کو۔ برق کی یہ حالت ہے کہ معلوم ہوتا ہے کہ ابھی ان کی بینائی اس نے لی۔ جہاں ذرا ان کو بجلی کی چمک ہوئی تو اس کی روشنی میں چلنا شروع کیا اور جب ان پر تاریکی ہوئی پھر کھڑے کے کھڑے رہ گئے اور اگر اللہ تعالیٰ ارادہ کرتے تو ان کے گوش و چشم سب سلب کر لیتے۔ بلاشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہیں

تفسیر: مثال دوم منافقین: اَوْ كَصَیِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ (الی قوله تعالی) اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ⑳ یا ان منافقوں کی ایسی مثال ہے جیسے بارش ہو آسمان کی طرف سے اس میں اندھیری بھی ہو اور رعد و برق بھی ہو جو لوگ (۱) اس بارش میں چل رہے ہیں وہ ٹھونسے لیتے ہیں اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں کڑک (۲) کے سبب اندیشۂ موت سے اور اللہ تعالیٰ احاطہ میں لئے ہوئے ہیں کافروں کو۔ برق کی یہ حالت ہے کہ معلوم ہوتا ہے کہ ابھی انکی بینائی اس نے لی جہاں ذرا انکو بجلی کی چمک ہوئی تو اسکی روشنی میں چلنا شروع کیا اور جب ان پر تاریکی ہوئی پھر کھڑے کے کھڑے رہ گئے اور اگر اللہ تعالیٰ ارادہ کرتے تو انکے گوش و چشم سب سلب کر لیتے بلاشک اللہ ہر چیز پر قادر ہیں۔

ف: سنو جس طرح یہ لوگ طوفان باراں میں کبھی چلنے سے رک جاتے ہیں کبھی موقع پا کر آگے چلنے لگتے ہیں اسی طرح یہ متردد منافقین ہجوم آثار غلبۂ اسلام میں کبھی نور اسلام کی جھلک دیکھ کر ادھر کو بڑھنے لگتے ہیں اور کبھی خود غرضی کی ظلمت میں پڑ کر پھر حق سے رک جاتے ہیں۔ اسی مضمون کے ضمن میں اور اخیر میں ان کو ایک دھمکی بھی دیتے گئے کہ اللہ تعالیٰ سب کو احاطۂ قدرت میں لئے ہوئے ہیں اور ان کے چشم و گوش کے سلب کر لینے پر پوری قدرت ہے سو حق کو چھوڑ کر ان کو مطمئن نہ ہونا چاہئے۔ یہاں تک تینوں قسم کی جماعتوں کا بیان ہو چکا اب سب کو خطاب میں جمع کر کے وہ کام بتلایا جاتا ہے جسکے انجام دینے کیلئے یہ کتاب مقدس نازل کی گئی ہے جسکے دو اصول ہیں توحید اور تصدیق رسالت۔ اول توحید کا مضمون ارشاد ہوتا ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قوله تعالٰی: وَ اللّٰهُ مُحِیْطٌۢ بِالْكٰفِرِیْنَ ⑲ اس میں دلیل ہے قول صوفیہ کی کہ حق تعالیٰ اپنی مخلوق کو ذاتاً محیط ہے بدوں اتصال اور کسی کیفیت کے محض علم ہی سے محیط ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله جو لوگ اس بارش میں قد مروجهه فی النحو فی قوله جاز رجوع الضمیر۱۲۔ ۲ قوله کڑک کے سبب قد مر دلیله فی النحو فی قوله ای من اجل الصواعق۱۲۔

الروایات: اخرج ابن جریر من طریق السدی الکبیر عن ابی مالك وابی صالح عن ابن عباس وعن مرة عن ابن مسعود وناس من الصحابة قالوا کان رجلان من المنافقین من اهل المدینة هربا من رسول الله صلی الله علیه وسلم الی المشرکین فاصابهما هذا المطر الذی ذکر الله فیه رعد شدید وبرق فجعلا کلما اصابهما الصواعق جعلا اصابعهما فی آذانهما من الفرق ان تدخل الصواعق فی سامعهما فتقتلهما

www.besturdubooks.net

واذا لمع البرق مشيا الى ضوئه واذا لم يلمع لم يبصرا فاتيا مكانهما يمشيان فجعلا يقولان ليتنا قد اصبحنا فناتى محمدا فنضع ايدينا فى يده فاسلما ووضعا ايديهما فى يده وحسن اسلامهما فضرب الله شان هذين المنافقين الخارجين مثلا للمنافقين الذين بالمدينة وكان المنافقون اذا حضروا مجلس النبى صلى الله عليه وسلم جعلوا اصابعهم فى آذانهم فرقامن كلام النبى صلى الله عليه وسلم ان ينزل فيهم شئ او يذكروا بشئ فيقتلوا كما كان ذلك المنافقان الخارجان يجعلان اصابعهما فى آذانهما كلما اضاء لهم مشوا فيه فا ذا كثرت اموالهم وولدهم واصابوا غنيمة او فتحا مشوا فيه و قالوا ان دين محمد صدق واستقاموا عليه كما كان ذانك المنافقان يمشيان اذا اضاء لهما البرق واذا اظلم عليهم قاموا فكانوا اذا هلكت اموالهم وولدهم واصابهم البلاء قالوا هذا من اجل دين محمد وارتدوا كفارا كما قام ذانك المنافقان حين اظلم البرق عليهما ۱۲ لباب وعن ابن عباس كصيب المطر ۱۲ اتقان۔

اَلْکَلَامُ: قوله تعالى من السماء (دفع شبه التعارض فى حقيقة الرعد والبرق) لا يخالجنك كونه معارضا لقول الحكماء ان المطر من السحاب لانا نقول يمكن ان ينزل علينا من السحاب وينزل فى السحاب من السماء بطريق غير مشاهد وان شكلت بان السحاب يتلقح بالبخارات الصاعدة من الارض قلت لاتنافى فيمكن ان يكون المطر تارة من هذا وتارة من ذلك و كذا ما ورد من ان الرعد ملك او صوته بالتسبيح والبرق سوط ينز جربه السحاب لا ينافى ما تعارف من حقيقتهما لا مكان الاجتماع بين القولين بان يكون هذا الصوت واللمعان تارة بهذا وتارة بذلك فافهم حق الفهم او يقال ان لكل شئ صورة وله حقيقة فالصورة ما قالت الحكماء والحقيقة ما وردت به الروايات كما ان المتكلم والسامع هو النفس الناطقة واللسان والاذن هو الآلة ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله تعالى يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ جاز رجوع الضمير فى يجعلون الى اصحاب الصيب مع كونه محذوفا قائما مقامه الصيب لان المحذوف باق معناه وان سقط لفظه ۱۲ كشاف۔ قوله تعالى من الصواعق متعلق بيجعلون اى من اجل الصواعق ۱۲ كشاف۔

اَلْبَلَاغَۃُ: قوله تعالى او كصيب الآية فان قلت لم عطف احد التمثيلين على الآخر بحرف الشك قلت او فى اصلها لتساوى شيئين فصاعدا فى الشك ثم اتسع فيها فاستعيرت للتساوى فى غير الشك فمعناه ان القصتين سواء فى استقلال كل واحد منهما بوجه التمثيل فبايتهما مثلتهما فانت مصيب وان مثلتهما بهما جميعا فكذلك وتنكير صيب لانه اريد نوع من المطر شديد هائل كما نكرت النار فى التمثيل الاول فان قلت قوله من السماء ما الفائدة فى ذكره قلت الفائدة فيه انه جاء بالسماء معرفة فنفى ان يتصوب من سماء اى من افق واحد من بين سائر الآفاق لان كل افق من آفاقها سماء كما ان كل طبقة من الطبقات سماء فى قوله تعالى واوحى فى كل سماء امرها والدليل عليه قوله ومن بعد ارض بينا وسماء والمعنى انه غمام مطبق آخذ بآفاق السماء ۱۲ كشاف۔ قوله تعالى يجعلون اصابعهم فان قلت رؤس الاصابع هو الذى يجعل فى الاذن فهلا قيل انا ملهم قلت هذا من الاتساعات فى اللغة التى لا يكاد الحاصر يحصرها كقوله تعالى فاغسلوا وجوهكم وايديكم فاقطعوا ايديهما اراد البعض الذى هو الى المرفق والرسغ وايضا ففى ذكر الاصابع من المبالغة ما ليس فى ذكر الانامل ۱۲ كشاف۔ قوله تعالى كلما اضاء لهم فان قلت كيف قيل مع الاضاءة كلما ومع الاظلام اذا قلت لانهم حراص على وجود ماهممهم به معقود من امكان المشى وتاتيه فكلما صادفوا منه فرصة انتهزوها وليس كذلك التوقف والتجسس ۱۲ كشاف۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۲۱﴾ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۪ وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ فِىْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۪ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِىْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚۖ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۴﴾

اے لوگو! عبادت اختیار کرو اپنے پروردگار کی جس نے پیدا کیا تم کو اور ان لوگوں کو بھی جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں۔ عجب نہیں کہ تم دوزخ سے بچ جاؤ۔ وہ ذات پاک ہے جس نے بنایا تمہارے لیے زمین کو فرش اور آسمان کو چھت اور برسایا آسمان سے پانی پھر پردۂ عدم سے نکالا بذریعہ اس پانی کے پھلوں سے غذا کو تم لوگوں کے واسطے۔ اب تو مت

www.besturdubooks.net

ٹھہراؤ اللہ پاک کے مقابل اور تم تو جانتے بوجھتے ہو اور اگر تم لوگ خلجان میں ہو اس کتاب کی نسبت جو ہم نے نازل فرمائی ہے اپنے بندہ خاص پر تو اچھا پھر تم بنالاؤ ایک محدود ٹکڑا جو اس کا ہم پلہ ہو اور بلالو اپنے حمایتیوں کو جو اللہ سے الگ (تجویز کر رکھے) ہیں اگر تم سچے ہو۔ پھر تم اگر یہ کام نہ کر سکے اور قیامت تک بھی نہ کر سکو گے تو پھر ذرا بچتے رہو دوزخ سے جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں تیار رکھی ہوئی ہے کافروں کے واسطے ۞

تفسیر : تعلیم وتوحید: يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۲۱﴾ اے لوگو عبادت اختیار کرو اپنے پروردگار کی جس نے تم کو پیدا کیا اور ان لوگوں کو بھی جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں۔ (کیا عجب ہے)۔ عجب نہیں کہ تم دوزخ سے بچ جاؤ۔ **ف** : شاہی[1] محاورہ میں ''عجب نہیں'' کا لفظ وعدہ کے موقع میں بولا جاتا ہے الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا (الی قولہ تعالی) رِزْقًا لَّكُمْ[3] وہ ذات[2] پاک ایسی ہے جس نے بنایا تمہارے لئے زمین کو فرش اور آسمان کو چھت اور برسایا آسمان سے پانی پھر پردۂ عدم سے نکالا بذریعہ اس پانی کے پھلوں سے غذا کو تم لوگوں کے واسطے فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ اب تو مت ٹھہراؤ اللہ پاک کے مقابل اور تم تو جانتے بوجھتے ہو۔ **ف** : یعنی اس بات کو جانتے ہو کہ ان تصرفات کا بجز خدا تعالیٰ کے کوئی کرنے والا نہیں تو اس صورت میں کب زیبا ہے کہ خدا کے مقابلہ میں دوسروں کو معبود بناؤ اس کے بعد رسالت کا مسئلہ بیان فرماتے ہیں یہ بات قابل لحاظ ہے کہ نبوت کی صاف بے غبار دلیل معجزہ ہوا کرتا ہے چنانچہ رسول مقبول ﷺ کو بھی بے شمار معجزے عطا ہوئے جن میں سے سب سے بڑا معجزہ قرآن شریف ہے کہ اثباتِ نبوت کی بڑی دلیل ہے اس کے معجزہ ہونے میں مخالفین کو یہ شبہ تھا کہ شاید اس کو رسول اللہ ﷺ خود تصنیف کر لیا کرتے ہوں تو اس صورت میں اس کا معجزہ ہونا محل کلام میں ہو گیا پس دلیل نبوت مشتبہ ہو گئی اس لئے اللہ تعالیٰ اس اشتباہ کو اگلی آیت میں رفع فرماتے ہیں تاکہ اس کا معجزہ ہونا ثابت ہو جاوے پھر نبوت پر قطعی دلیل بن سکے۔

برہانِ رسالت: وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ (الی قولہ تعالی) اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۳﴾ اور اگر تم لوگ کچھ خلجان[4] میں ہو اس کتاب کی نسبت جو ہم نے نازل فرمائی ہے اپنے بندۂ خاص[5] پر تو اچھا پھر تم بنالاؤ ایک محدود ٹکڑا جو اس کا ہم پلہ ہو (کیونکہ آخر تم بھی عربی زبان داں ہو بلکہ پیغمبر ﷺ تو مشاق بھی نہیں اور تم مشاق ہو جب باوجود اس کے نہ بنا سکیں گے تو بشرطِ انصاف بلا تامل ثابت ہو جاویگا کہ یہ معجزہ من جانب اللہ ہے اور بلا شبہ آپ پیغمبر ہیں اور یہی مقصود تھا) اور بلالو اپنے حمایتیوں کو جو خدا سے الگ (تجویز کر رکھے) ہیں اگر تم سچے ہو۔

انذارِ کافرین: فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا (الی قولہ تعالی) اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ پھر تم اگر یہ کام نہ کر سکے اور قیامت تک بھی[6] نہ کر سکو گے تو پھر ذرا بچتے رہو[7] دوزخ سے جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں تیار ہوئی رکھی ہے کافروں کے واسطے۔

ف : یہ پیشین گوئی ہے کہ قیامت تک بھی نہ کر سکو گے کیسا کچھ جوش وخروش و پیچ وتاب نہ آیا ہوگا اور کوئی دقیقہ سعی کا کیوں اٹھا رکھا ہوگا پھر عاجز ہو کر اپنا سا منہ لے کر بیٹھ رہنا قطعی دلیل ہے کہ قرآنِ مجید معجزہ ہے اور یہ امر عادۃً محال ہے کہ کسی نے کچھ لکھا ہو اور گم ہو گیا ہو کیونکہ قرآنِ مجید کے حامی ہر زمانہ میں کم رہے ہیں جب یہ محفوظ چلا آتا ہے تو اس تحریر کے حامی و مددگار تو قرآن کی مخالفت میں ہر زمانہ میں حامیانِ قرآن سے تعداد میں زائد ہی تھے وہ کیسے ضائع ہو سکتا ہے اس لئے یہ احتمال بالکل لغو ہے۔

ف : اس آیت مذکورہ میں منکرین قرآن کے لئے وعید مذکور تھی اب آگے تسلیم کرنے والوں کو بشارت سنائی جاتی ہے۔

الحواشی : (۱) اس کے متعلق ایک مضمون بصورتِ رسالہ مسمّٰی بہ رفع البناء فی رفع السماء جلد ہذا کے آخر میں ملحق ہے ملاحظہ ہو ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ : [1] قولہ شاہی محاورہ میں فی الکشاف وایضا فمن دیدن الملوک وما علیہ او ضاع امورھم ورسومھم ان یقتصروا فی مواعیدھم التی یوطنون انفسھم علی انجازھا علی ان یقولوا عسی ولعل ونحوھا من الکلمات او یخیلوا اخالۃ او یظفر منھم بالرمزۃ او الابتسامۃ او النظرۃ الحلوۃ فازا عثر علی شئ من ذلک لم یبق للطالب لما عندھم شک فی النجاح والفوز بالمطلوب فعلی مثلہ ورد کلام مالک الملک ذی العزۃ والکبریاء ۱۲۔ [2] قولہ وہ ذات پاک ایسی ہے حملا للذی علی تقدیر المبتدأ لہ کما مر ۱۲۔ [3] قولہ پھلوں سے غذا کو حملا لمن فی من الثمرات علی التبیین ۱۲۔ [4] قولہ کچھ خلجان حملا لتنوین ریب علی التقلیل ۱۲۔ [5] قولہ بندہ خاص لکون الاضافۃ للتشریف ۱۲۔ [6] قولہ قیامت تک بھی افادہ لن لتابید النفی ۱۲۔ [7] قولہ ذرا بچتے رہو حملا للامر علی التوبیخ وحملہ صاحب الکشاف علی الکنایۃ عن ترک العناد وتحقیق الایمان ۱۲۔

الروایات : عن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنھما اندادا الاشباہ والامثال ۱۲ من اتقان۔

الکلام : قولہ تعالی جعل لکم الارض فراشا فان قلت ھل فیہ دلیل علی ان الارض مسطحۃ ولیست بکرویۃ قلت لیس فیہ الا ان الناس یفترشونھا ویقعدون علیھا و ینامون ویتقلبون کما یتقلب احدھم علی فراشہ وبساطہ ومھادہ سواء کانت علی شکل السطح او شکل الکرۃ فالافتراش غیر مستنکر ولا مدفوع لعظم حجمھا واتساع جرمھا وتباعد اطرافھا ۱۲ من کشاف۔ قولہ تعالی ولن تفعلوا ھذہ معجزۃ

www.besturdubooks.net

باهرة حيث اخبر بالغيب الخاص علمه به عز وجل وقد وقع الامر كذلك كيف لا ولو عارضوه بشئ يدانيه فى الجملة لتناقله الرواة خلفا عن سلف ۱۲ ابو السعود قوله تعالٰى اعدت فى الآية دليل على ان النار موجودة الآن ۱۲ مظهرى۔

اَللُّغَاتُ :قوله تعالٰى بناء البناء مصدر سمى به المبنى بيتا كان اوقبة اوخباء او طرافا وا بينة العرب اخبيتهم ومنه بنى على امرأته لانهم كانوا اذا تزوجوا ضربوا عليها خباء جديدا ۱۲ كشاف۔ قوله تعالٰى شهداء كم والشهداء جمع شهيد بمعنى الحاضر او القائم بالشهادة او الناصر ۱۲ ابو السعود لان كلامنهم يشهد اى يحضر الواقعة واصل المادة الحضور ۱۲۔

اَلنَّحْوُ :قوله تعالٰى الذى جعل لكم الارض وهو فى محل النصب على انه صفة ثانية لربكم او فى محل الرفع على المدح والتعظيم بتقدير المبتداء ۱۲ ابو السعود قوله تعالٰى من الثمرات للتبعيض ويجوز ان تكون للبيان۔ قوله تعالٰى من مثله صفة سورة اى كائنة من مثله والضمير لما نزل ومن للتبعيض اوللتبيين او زائدة اى مثله فى البلاغة وحسن النظم او لعبدنا ومن للابتداء او صلة فأتوا والاول اولى كيلا يوهم امكان صدوره من غير الامى والقرآن معجز فى نفسه لئن اجتمعت الانس والجن الآية ۱۲ مظهرى قوله تعالٰى من دون الله متعلق بادعوا او بشهدائكم فان علقته بشهدائكم فمعناه ادعوا الذين اتخذتموهم آلهة من دون الله وزعمتم انهم يشهدون لكم يوم القيٰمة انكم على الحق او ادعوا الذين يشهدون لكم بين يدى الله او ادعوا شهدائكم من دون اللّٰه اى من دون اوليائه ومن غير المؤمنين ليشهدوا لكم انكم اتيتم بمثله او ادعوا شهدائكم من دون اولياء ه ومن غير المؤمنين وان علقته بالدعاء فمعناه ادعوا من دون اللّٰه شهدائكم يعنى لا تستشهدوا باللّٰه ولا تقولوا الله يشهد ان ماند عيه حق كما يقوله العاجز عن اقامة البينة على صحة دعواه وادعوا الشهداء من الناس الذين شهادتهم تصح بها الدعاوى عندالحكام وهذا تعجيز لهم ۱۲ كشاف۔ قوله تعالٰى فان لم تفعلوا ذكر الله ان وهى للشك مكان اذا فانه تعالٰى لم يكن شاكاتهكما بهم او خطابا معهم على حسب ظنهم فان العجز قبل التامل لم يكن محققا عندهم ۱۲ مظهرى۔ قوله تعالٰى النار فان قلت فلم جاء ت النار الموصوفة بهذه الجملة منكرة فى سوره التحريم وههنا معرفة قلت تلك الآية نزلت بمكة فعرفوا منها نارا موصوفة بهذه الصفة ثم نزلت هذه بالمدينة مشارابها الى ما عرفوه اولا ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃُ :قوله تعالٰى مما نزلنا يعنى نجما نجما بحسب الوقائع وهذا موجب لريبهم قياسا على كلام الشعراء وقولهم لولا نزل عليه القرآن جملة واحدة فكان الواجب تحديهم على هذا الوجه ازاحة للشبهة والزاما للحجة ۱۲ مظهرى۔ فلذا لم يقل انزلنا قوله تعالٰى على عبدنا وفى ذكره صلى الله عليه وسلم بعنوان العبودية مع الاضافة الى ضمير الجلالة من التشريف والتنويه ما لا يخفى ۱۲ ابو السعود۔

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَاۤ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙۗ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖۤ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ

وقف لازم

اور خوشخبری سنا دیجئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اے پیغمبر ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور کام کیے اچھے۔ اس بات کی کہ بیشک ان کے واسطے بہشتیں ہیں کہ چلتی ہوں گی ان کے نیچے سے نہریں۔ جب کبھی دیئے جائیں گے وہ لوگ ان بہشتوں میں سے کسی پھل کی غذا تو ہر بار یہی کہیں گے کہ یہ تو وہی ہے جو ہم کو ملا تھا اس سے پیشتر اور ملے گا بھی ان کو دونوں بار کا پھل ملتا جلتا اور ان کے واسطے ان بہشتوں میں بیبیاں ہوں گی صاف پاک کی ہوئی اور وہ لوگ ان بہشتوں میں ہمیشہ کو بسنے والے ہوں یہاں! واقعی اللہ تعالیٰ تو نہیں شرماتے اس بات سے کہ بیان کر دیں کوئی مثال بھی خواہ مچھر کی ہو خواہ اس سے بھی بڑھی ہوئی ہو۔ سو! جو لوگ ایمان لائے ہوئے ہیں خواہ کچھ ہی ہو وہ تو یقین کریں گے کہ بے شک یہ مثال بہت ہی موقع کی ہے۔ ان کے ربّ کی جانب سے اور رہ گئے وہ لوگ جو کافر ہو چکے ہیں سو چاہے کچھ بھی ہو جائے وہ یوں ہی کہتے رہیں گے وہ کون۔ مطلب ہوگا کہ جس کا قصد کیا ہوگا اللہ تعالیٰ نے اس حقیر مثال سے گمراہ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس مثال کی وجہ سے بہتوں کو اور ہدایت کرتے اس کی وجہ سے بہتوں کو۔

تفسیر: بشارتِ مومنین: وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالی) وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ (ترجمہ) اور خوشخبری سنا دیجئے آپ اے پیغمبر ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور کام کئے اچھے اس بات کی کہ بیشک ان کے واسطے بہشتیں ہیں کہ چلتی ہونگی ان کے نیچے سے نہریں جب کبھی دیئے جاویں گے وہ لوگ ان بہشتوں میں سے کسی پھل

www.besturdubooks.net

کی غذا تو ہر بار یہی کہیں گے کہ یہ تو وہی ہے جو ہم کو ملا تھا اس سے پیشتر اور ملے گا بھی ان کو دونوں بار کا پھل ملتا جلتا اور ان کے واسطے ان بہشتوں میں بیبیاں ہونگی صاف پاک کی ہوئی اور وہ لوگ ان بہشتوں میں ہمیشہ بسنے والے ہوں گے۔ **ف**: شروع سورت میں جو اہل ایمان کا ذکر تھا وہاں قرآن مجید کی بزرگی و برکت کا بیان کرنا مقصود تھا کہ اس کتاب پاک سے ایسے ایسوں کو ہدایت ہوتی ہے تو ایمان کے فضائل کا ضمناً بیان آ گیا تھا اور اس مقام پر خود ایمان کے فضائل وثمرات کا قصداً بیان فرمانا مدنظر ہے پس مضمون میں حقیقتاً تکرار نہ رہا اور یہ جو فرمایا کہ ان کو ملتا جلتا پھل ملے گا سو اکثر لطف کے واسطے ایسا ہوگا کہ دونوں بار کی پھلوں کی صورت ایک سی ہوگی جس سے وہ یوں سمجھیں گے کہ یہ پہلی ہی قسم کا پھل ہے مگر کھانے میں مزا دوسرا ہوگا جس سے حظ وسرور مضاعف ہو جائے گا۔ یہاں تک قرآن مجید کا کلام الٰہی ہونا مع اس کے متعلقات کے ثابت ہو گیا اب سمجھنا چاہئے کہ مدعی کے ذمہ دو حق ہوتے ہیں ایک اپنے دعویٰ پر دلیل قائم کرنا دوسرے مخالف کی دلیل کا جواب دینا سو یہاں قرآن کے کلام الٰہی ہونے کا دعویٰ کیا گیا اس پر دلیل تو قائم ہو چکی کہ اس کے مقابلہ سے تمام افراد بشر عاجز ہیں اس سے معلوم ہوا کہ اللہ ہی کا کلام ہوگا۔ اب بعض مخالفین اس کے کلام الٰہی نہ ہونے پر یوں استدلال کرتے تھے کہ اس میں بعضی بہت ہی حقیر چیزوں کا ذکر ہے جیسے مکھی مکڑی کہ بتوں اور بت پرستوں کی تمثیل میں ان کا ذکر آیا ہے اگر یہ اللہ کا کلام ہوتا تو ایسی ذلیل وخسیس چیزوں کا اس میں کیوں ذکر آتا۔ سو مقتضیٰ مقام کا یہ ٹھہرا کہ اپنی دلیل قائم کرنے کے بعد مخالفین کی اس دلیل کا جواب دیا جائے اور چونکہ معترضین نے اس عنوان سے اعتراض کیا تھا کہ توبہ توبہ محمدؐ کے رب ایسی چیزوں کے ذکر کرنے سے شرماتے ہیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے جواب بھی اس عنوان سے دیا ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں۔

تحقیق ضرب المثل: إِنَّ اللَّهَ لَا يَسْتَحْيِي أَنْ يَضْرِبَ مَثَلًا مَا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا - ہاں واقعی اللہ تعالیٰ تو نہیں شرماتے اس بات سے کہ بیان کردیں کوئی مثال بھی خواہ مچھر ہو خواہ اس سے بھی بڑھی ہوئی ہو۔ **ف**: یعنی حقیر ہونے میں فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ ۚ سو جو لوگ ایمان لائے ہوئے ہیں خواہ کچھ ہی ہو وہ تو یہی یقین کریں گے کہ بیشک یہ مثال بہت ہی موقع کی ہے ان کے رب کی جانب سے۔ **ف**: وجہ اس کی ظاہر ہے کہ مثال کو مناسبت اس چیز سے ہونا چاہئے جس کی وہ مثال ہے نہ کہ مثال دینے والے سے مناسبت ہونا ضروری کہا جائے کیونکہ مثال سے غرض کسی شئے کی حالت کی توضیح ہوا کرتی ہے سو جب تک اس شئے کے مناسب نہ ہوگی اس کی حالت کی توضیح کے لئے کافی نہ ہوگی سو قرآن شریف میں جہاں مکھی مکڑی کا ذکر آیا ہے وہاں بت پرستی کا لچر ہونا اور بتوں کا عاجز درماندہ ہونا بیان کیا ہے سو اس کی مثال میں حقیر وضعیف چیزوں کا لانا مناسب ہوگا یا عرش وکرسی کا لانا زیبا ہوگا جو مناسب عظمت شان حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے ہے جو مثال دینے والے ہیں جس کو ذرا بھی عقل ہوگی اس کے نزدیک یہ بات بدیہی ہے۔ اس تقریر سے جو أَنَّهُ الْحَقُّ کی تفسیر ہے معترضین کا شبہ کافور ہو گیا اور دعویٰ حقانیت قرآن کا معارض سے سالم ومحفوظ رہا۔ وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَيَقُولُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَٰذَا مَثَلًا - اور رہ گئے وہ لوگ جو کافر ہو چکے ہیں سو چاہے کچھ ہی ہو جائے وہ یونہی کہتے رہیں گے وہ کیا مطلب ہوگا جس کا قصد کیا ہوگا اللہ تعالیٰ نے اس حقیر مثال سے۔ **ف**: چونکہ غرض اور مقصد ایسی مثال سے کہ توضیح مثال والی چیز کی ہے بہت بدیہی ہے اور وہ لوگ اس سے ناواقف نہ تھے نہ اس غرض سے یہ سوال تھا بلکہ محض شرارت کی راہ سے حکمت مثال کا نفی کرنا اور اس کے ساتھ تمسخر کرنا مقصود تھا اس وجہ سے جواب میں حکمت کا بیان کرنا جس کا بیان جملہ أَنَّهُ الْحَقُّ میں ہو بھی چکا ہے ضروری نہ ٹھہرا اس لئے اللہ تعالیٰ نے جواب میں دوسرا طرز اختیار فرمایا ہے جس کا اختیار کرنا ایسے ضدی معاند لوگوں کے مقابلہ میں مناسب ہے سو فرماتے ہیں کہ تم یہ پوچھتے ہو کہ ایسی مثالوں کے بیان کرنے سے اللہ تعالیٰ کا کیا مطلب ہے سو ہم سے مطلب سنو وہ یہ ہے: يُضِلُّ بِهِ كَثِيرًا وَيَهْدِي بِهِ كَثِيرًا ۚ گمراہ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس مثال کی وجہ سے بہتوں کو اور ہدایت کرتے ہیں اس کی وجہ سے بہتوں کو۔

ف: اس مضمون کی ایسی مثال ہے کہ کسی طبیب شفیق نے عینک کے بہت سے شیشے تراش تراش کر رکھے کہ اپنے ضعیف البصر مریضوں کو تقسیم کرے گا کہ باریک چیزوں کے اور دور کی چیزوں کے دیکھنے میں معین ہوں گے ان مریضوں میں سے ایک کوڑ مغز مریض نے وہ شیشے اٹھا اٹھا کر اپنی آنکھوں میں چبھونے شروع کئے جس سے رہی سہی آنکھیں بھی پھوٹ گئیں اور یہ کہنا شروع کیا کہ چشمے تو کسی کام ہی کے نہیں بلکہ یہ ٹکڑے شیشے کے آنکھیں پھوڑ دیتے ہیں طبیب نے یہ سن کر اسے سمجھا دیا کہ یہ اس کام کے ہیں مگر پھر بھی وہ اپنی ہی گائے جاتا ہے اور جان بوجھ کر طبیب کی ضد میں یہی پوچھے جاتا ہے کہ صاحب ان شیشوں کے بنانے سے آپ کا کیا مطلب ہے اس صورت میں اس جاہل بدمغز کو یہی جواب دیا جائے گا کہ مطلب ان شیشوں سے یہی ہے کہ فلانے کی آنکھ کی روشنی بڑھا دیں اور تیری آنکھیں پھوڑ دیں حالانکہ غرض اصلی صرف روشنی ہی ہے اور جو اثر اس بدمغز مریض پر ظاہر ہوا یہ اس کے سوء استعمال کا نتیجہ ہے اسی طرح مقصود اصلی یہاں صرف ہدایت ہی ہے جس کے واسطے قرآن نازل ہوا مگر یہ دوسرا نتیجہ اس بدمغز کی عناد وجہالت کا جواب ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: كُلَّمَا رُزِقُوا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِزْقًا قَالُوا هَٰذَا الَّذِي رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَأُتُوا بِهِ مُتَشَابِهًا - ایک محمل اس آیت میں یہ ہے کہ مرزوق سے مراد طاعات ومعارف ہوں جن کو اصحاب فطرت وعقول سلیمہ (رزقِ ظاہری سے زیادہ) لذیذ سمجھتے ہیں اور (جنت میں ان کی عوض میں) ان کو جو جزاء ملے وہ ان طاعات ومعارف کے ساتھ لذت میں مشابہ ہو (اس لئے وہ اس طرح کہیں) جیسا اس کی ضد کی جزاء (بھی اس ضد کے مشابہ ہوگی جو) اس آیت میں مذکور ہے

www.besturdubooks.net

ذوقوا ما كنتم تعملون مراد یہ ہے کہ ذوقوا جزاء ما كنتم تعملون پس جزاء مرزوق کو بطور مجاز مرسل کے مرزوق کہہ دیا بطور اطلاق اسم مسبب کے سبب پر یا اس واستعارہ کہا جائے اس طرح سے کہ ثمار وفواکہ و طاعات ومعارف کے ساتھ لذت میں تشبیہ دی جائے اور بعض نے کہا ہے ارض جنت صاف میدان ہے اس میں اعمال دنیا (باشکال خاصہ) ظاہر ہوں گے جیسا بعض روایات میں ہے پس ثمر نعیم وہی ہے جس کو دنیا میں بویا تھا اور اسکا یہ مطلب نہیں کہ بالفعل جنت خالی ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ عامل کے حق میں گویا کہ خالی ہے اور چونکہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ فلاں شخص سے فلاں عمل صادر ہوں گے اسلئے جنت کو ان اعمال کی صور مثالیہ اشجار وثمار وغیر ہا سے فی الحال بھی آباد کر رکھا ہے قولہ تعالیٰ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ ہے اس میں اصل ہے عادۃ صوفیہ کی کہ مثالیں لاتے ہیں حیاء عرفی کی پرواہ نہیں کرتے۔

الحواشی: (۱) حاصل مثال کا یہ ہے کہ اس کا اثر بالذات تو نفع اور ہدایت ہی ہے مگر چونکہ بعض نے اس کو برعکس استعمال کیا اس لئے ان کو ضرر پہنچا اور یہ ضلال و مرض بڑھا تو برعکس استعمال سے مگر یہ استعمال کرنا متعلق آلۂ ہدایت سے ہے بس اتنے تلبس سے اس کی طرف منسوب کر دیا گیا پس اس حیثیت سے یہ اس کا اثر بالعرض ہوا اور یہ توجیہ علاوہ توجیہ مشہور کے ہے۔ ويقرب من قوله تعالى: حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ۔ البقرۃ ٢٥٨ اور اس کا مقتضا یہ تھا کہ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا بصیغہ لازم معروف ہوتا مگر چونکہ خالق اس کا حق تعالیٰ ہے اس لئے بصیغہ متعدی وارد کیا گیا اور توجیہ مشہور بھی لطیف و بلیغ ہے اور اس کی تائید سورۃ توبہ اخیر کی اس آیت سے ہوتی ہے: وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ۔ ١٢منہ

ملحقات الترجمة: ۱ قوله تو ہر بار میں دليله عموم كلما ۱۲ ۲ قوله دونوں بار کا پھل اعادة للضمير الى مجموع ما رزقوا فى المرتين ۱۲۔ ۳ قوله تعالى بجت ہی موقع کی ہے دليلة تفسير السيوطى الحق بالثابت الواقع موقعه ۴ قوله چاہے کچھ ہی اشارة الى تقدير اما بما اشتهر من قولهم مهما يكن من شئ ۱۲ ۵ قوله حقیر مثال سے لان فى هذا استحقارا كما مر ۱۲۔

الروايات: اخرج ابن مردويه والحاكم فى مستدركه و صححه من طريق ابى نضرة عن ابى سعيد الخدرى عن النبى صلى الله عليه وسلم فى قوله ولهم فيها ازواج مطهرة قال من الحيض والغائط والنخامة والبزاق وعن ابن عباس مطهرة من القذرة والاذى وهم فيها خالدون باقون لايخرجون منها ابدا ۱۲ اتقان۔ اخرج ابن جرير عن السدى باسانيده لما ضرب الله وبين المثلين للمنافقين قوله مثلهم وقوله او كصيب قال المنافقون الله اعلى واجل من ان يضرب هذه الامثال فانزل الله ان الله لا يستحيى الى قوله هم الخاسرون وقال عبدالرزاق فى تفسيره اخبرنا معمر عن قتادة لما ذكر الله العنكبوت والذباب قال المشركون ما بال العنكبوت والذباب يذكران فانزل الله هذه الأية واخرج ابن ابى حاتم عن الحسن نحوه قلت القول الاول اصح اسناداً وانسب بما تقدم اول السورة وذكر المشركين لا يلائم كون الأية مدنية وما اوردناه من قتادة والحسن حكاه عنهما الواحدى بلا اسناد بلفظ قالت اليهود وهو انسب ۱۲ لباب۔ اقول لانسلم كون ذكر المشركين غير ملائم لكون الآية مدنية لان القرآن كان يطير كل مطار ويشتهر كل اشتهار فلا غروان المشركين قالوه لما سمعوه ويكون قولهم قد شاع ۱۲ كانوا يقولون اما يستحيى رب محمد ان يضرب مثلا ۱۲ ابو السعود۔

الكلام: فى اسناد يضل اليه تعالى والاصل فيه الحقيقة رد على المعتزلة ۱۲۔

اختلاف القراءة: مطهرة وفى قراءة مطهّرة من الافعل الذى اصله التفعل ومعناه ظاهر ۱۲۔ قوله بعوضةً وفى قراءة بعوضةٌ بالرفع على انه خبر مبتدأ محذوف اى هو بعوضة ۱۲ ابو السعود۔

اللغات: قوله تعالى يضرب ضرب المثل اعتماده وصنعه من ضرب اللبن وضرب الخاتم ۱۲ كشاف واصله وقع شئ على آخر ۱۲ مظهرى قوله بعوضة من البعض وهو القطع كالعضب ومنه بعض الشئ لانه قطعة منه والبعوض فى اصله صفة على فعول كالقطوع فغلب ۱۲ كشاف والتاء للوحدة ۱۲ مظهرى۔

النحو: قوله تعالى كلما رزقوا كلما منصوب على انه ظرف لقالوا ورزقا مفعول به ومن الاولى للابتداء والثانية للبيان اى كل حين رزقوا اى اطعموا مرزوقا مبتدأ من الجنة حال كون ذلك المرزوق ثمرة ۱۲ مظهرى قوله تعالى واتوابه الضمير يرجع الى الرزق ۱۲ كشاف۔ قوله تعالى ان يضرب مثلا ما الخ ان بصلتها مجرور عند الخليل باضمار من و منصوب عند سيبويه بافضاء الفعل اليه بعد حذفها وما ابهامية تزيد للنكرة ابهاما او مزيدة وضعت لان يذكر مع غيرها فتزيد له قوة والبعوض عطف بيان لمثلا ۱۲ مظهرى۔ قوله تعالى ماذا اراد الله الخ ما استفهامية مبتدأ وذا بمعنى الذى مع صلته خبره ومثلا منصوب على التميز ۱۲ مظهرى۔

البلاغة: قوله تعالى وبشر فان قلت علام عطف هذا الامر ولم يسبق امر ولا نهى يصح عطفه عليه قلت ليس الذى اعتمد بالعطف هو

www.besturdubooks.net

الامر حتی يطلب له مشاكل من امر او نهی يعطف عليه انما المعتمد بالعطف هو جملة وصف ثواب المؤمنين فهی معطوفة علی جملة وصف عقاب الكافرين كما تقول زيد يعاقب بالقيد والارهاق وبشر عمرا بالعفو والاطلاق ۱۲ كشاف۔ قوله تعالٰی جنت تجری من تحتها الانهر فان قلت لم نكرت الجنات وعرفت الانهار قلت اما تنكير الجنات فلان الجنة اسم لدار الثواب كلها وهی مشتملة علی جنان كثيرة مرتبة مراتب علی حسب مراتب العاملين لكل طبقة منهم جنات من تلك الجنان واما تعريف الانهار فان يراد الجنس كما تقول لفلان بستان فيه الماء الجاری والتين والعنب والوان الفواكهة تشير الی الاجناس التی فی علم المخاطب او يراد انهارها فعوض التعريف باللام من تعريف الاضافة ۱۲ من الكشاف قوله تعالٰی ازواج مطهرة فان قلت هلا قيل طاهرة قلت فی مطهرة فخامة لصفتهن ليست فی طاهرة وهی الاشعار بان مطهر اطهرهن و ليس ذلك الا الله عزوجل ۱۲ كشاف۔ قوله تعالٰی فاما الذين اٰمنوا الخ اما حرف فيه معنی الشرط ولذلك يجاب بالفاء وفائدته فی الكلام ان يعطيه فضل تاكيد تقول زيد ذاهب فاذا قصدت توكيد ذلك وانه لا محالة ذاهب وانه بصدد الذهاب وانه منه عزيمة قلت اما زيد فذاهب ففی ايراد الجملتين مصدرتين به اجماد عظيم لامر المؤمنين واعتداد لعلمهم انه الحق ونعی علی الكافرين اغفالهم حظهم وعنادهم ورميهم بالكلمة الحمقاء ۱۲ قوله تعالٰی بهذا وفی هذا استحقار ۱۲ مظهری۔

وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٦﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٢٧﴾ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٨﴾ هُوَ الَّذِىْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۗ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٢٩﴾ ع ٣

اور گمراہ نہیں کرتے اس مثال سے کسی کو مگر صرف بے حکمی کرنے والوں کو جو کہ توڑتے رہتے ہیں۔ اس معاہدہ کو جو اللہ تعالیٰ سے کر چکے تھے۔ اس کے استحکام کے بعد اور قطع کرتے رہتے ہیں ان تعلقات کو کہ حکم دیا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے وابستہ رکھنے کا اور فساد کرتے رہتے ہیں زمین میں۔ پس یہ لوگ ہیں پورے خسارے میں پڑنے والے بھلا کیونکر ناسپاسی کرتے ہو اللہ کے ساتھ حالانکہ تھے تم محض بے جان سوتم کو جاندار کیا پھر تم کو موت دیں گے پھر زندہ کریں گے (یعنی قیامت کے دن) پھر انہی کے پاس لے جائے جاؤ گے وہ ذاتِ پاک ایسی ہے جس نے پیدا کیا تمہارے فائدہ کے لئے جو کچھ زمین میں موجود ہے سب کا سب پھر توجہ فرمائی آسمان کی طرف سو درست کر کے بنا دیئے ان کو سات آسمان اور وہ تو سب چیزوں کے جاننے والے ہیں ۞

تفسیر: وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ (الی قوله تعالٰی) اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٢٧﴾ اور گمراہ نہیں کرتے اللہ تعالیٰ اس مثال سے کسی کو مگر صرف بے حکمی کرنے والوں کو (کہ بے حکمی کی نحوست سے حق طلبی کی عادت نہیں رہتی) جو کہ توڑتے رہتے ہیں اس معاہدہ کو جو اللہ تعالیٰ سے کر چکے تھے اس کے استحکام کے بعد (جس کا ذکر قرآن مجید میں دوسری جگہ آیا ہے کہ آدم علیہ السلام کی پشت سے سب کو نکال کر ان کو فہم و گویائی عطا کر کے ان سے توحید کا اقرار لیا) اور قطع کرتے رہتے ہیں ان تعلقات کو کہ حکم دیا ہے اللہ تعالیٰ نے انکو وابستہ رکھنے کا (اسمیں تمام تعلقات شرعیہ جو درمیان عبد اور رب کے ہیں یا باہم اقارب میں ہیں یا عام اہل اسلام یا بنی آدم سے ہیں یا باہم انبیاء علیہم السلام میں ہیں جنکا اعتقاد رکھنا واجب ہے: لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ۔ سب داخل ہو گئے) اور فساد کرتے رہتے ہیں زمین میں (ویسے ظاہری فساد بھی کرتے تھے کسی پر ظلم کر گزرے کسی کی بے آبروئی کر دی کسی کی حق تلفی کر دی اور باطنی فساد میں تو تمام وقت ہی صرف کرتے تھے۔ کفر کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عداوت و حسد کرنا تو مسلموں کو بہکاتے رہنا) بس یہ لوگ ہیں پورے خسارہ میں پڑنے والے (کہ دنیا کی راحت و آخرت کی نعمت سب ہاتھ سے دے بیٹھے کیونکہ عداوت و حسد میں دنیا کا عیش بھی تلخ ہو جاتا ہے ہروقت اسی ادھیڑ بن میں رہتا ہے کہ اپنے دشمن کو کس طرح گزند پہنچاؤں اس کی ترقی کس طرح روکوں)

ربط: یہاں تک اس شبہ کے جواب کا سلسلہ تھا جو کہ کفار نے پیش کیا تھا کہ کلامِ الٰہی میں ایسی کم قدر چیزوں کا ذکر کیوں آیا جس کو جواب مذکور سے خوب صاف کر دیا گیا اب اس مضمون کی طرف رجوع کرتے ہیں جو اس سے اوپر آیت: يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا۔ میں متعلق توحید کے مذکور ہوا تھا جس میں ساتھ ساتھ توحید کی دلیل بھی بیان فرمائی گئی تھی اس آیت میں: اَلَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ الخ۔ پس اسی مضمون پر کلام کو مرتب فرماتے ہیں اور اس دلیل کو بھی دوسرے رنگ میں پھر اعادہ فرماتے ہیں۔

انکار بر کفر: یعنی جب اللہ تعالیٰ کا مربی اور خالق ہونا اور رازق اور محسن ہونے میں یکتا و یگانہ ہونا تم کو دلائل سے ثابت ہو چکا تو پھر كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ (الی قوله تعالٰی) ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٨﴾ بھلا کیونکر ناسپاسی کرتے ہو اللہ کیساتھ (کہ اُسکے احسانوں کو بھلائے دیتے ہو اور غیروں کا کلمہ پڑھتے ہو) حالانکہ (اسکے استحقاق عبادت

www.besturdubooks.net

میں یکتا ہونے پر دلائل قائم ہیں کہ) تھے تم محض بے جان (نطفہ میں جان پڑنے سے پہلے) سو تم کو جاندار کیا پھر تم کو موت دینگے پھر زندہ کریں گے (یعنی قیامت کے دن) پھران ہی کے پاس لے جائے جاؤ گے (یعنی میدان قیامت سے حساب و کتاب کے لئے اجلاس پر حاضر کئے جاؤ گے)

ربط: اس کے بعد کچھ اپنے انعام واحسان کا ذکر فرماتے ہیں کہ اگر دلائل سے کام نہیں لیتے جس میں قوۃ عقلیہ صرف کرنیکی حاجت ہے اور یہ محنت کا کام کون کرے تو خیر محسن کا حق ماننا طبعی امر ہے یہی سمجھ کر خدا تعالیٰ کی طرف رجوع ہو جاؤ اسلئے اپنی عام اور خاص نعمتوں کو یاد دلاتے ہیں سو عام نعمت تو یہ ہے۔

بیان نعم عامہ: هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا (الی قوله) وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۝ وہ ذات پاک ایسی ہے جس نے پیدا کیا تمہارے فائدہ کیلئے جو کچھ بھی زمین میں موجود ہے سب کا سب (خواہ کسی قسم کا فائدہ ہو کھانے کا' پینے کا' پہننے کا' نگاہ کو تازگی بخشنے کا' نفس یا روح کو حظ دینے کا کسی چیز کو دیکھ کر علم صحیح توحید کے حاصل ہو جانے کا اس تقریر پر کوئی چیز ایسی نہ رہی جس میں کوئی فائدہ نہ معلوم ہو اور فرضاً اگر معلوم بھی نہ ہو تو کیا ہوا بہت چیزیں ایسی ہوتی ہیں کہ ایک شخص کو فائدہ معلوم نہیں ہوتا دوسرے کو معلوم ہوتا ہے سو ممکن ہے کہ کوئی ایسی بھی چیز ہو جس کا فائدہ کسی مخلوق کو نہ معلوم ہو اور خالق سبحانہ وتعالیٰ کو معلوم ہو اور بدون ہمارے معلوم کرائے ہوئے ہم کو اس کا فائدہ پہنچ رہا ہو کیا بچہ کو جن چیزوں سے فائدہ پہنچایا جاتا ہے سب کا معلوم ہونا کچھ ضرور ہے ہرگز نہیں۔ اور اس پر کوئی یوں شبہ نہ کرے کہ پھر سب چیزیں حلال ہونا چاہئیں کیونکہ سب میں کچھ نہ کچھ تو فائدہ ہے ہی بات یہ ہے کہ صرف کوئی سا فائدہ ہونے سے اس چیز کا قابل استعمال ہونا لازم نہیں آتا کیا سمیات قاتلہ میں بھی کچھ نہ کچھ نفع نہیں ہوتا پھر اطباء ان کے استعمال سے کیوں روکتے ہیں فقط اسی طرح تو کہو گو اس میں نفع ضرور ہے مگر غالب ضرر ہے اسی واسطے محرمات شرعیہ کو سمجھئے کہ گو ان میں کچھ نفع بھی سہی مگر چونکہ غالب ضرر تھا جس کے لئے اللہ تعالیٰ کا جاننا کافی ہے ہمارے جاننے کی ضرورت نہیں جس طرح وہاں طبیب کا جاننا کافی ہے عوام کو آگاہ ہونا ضرور نہیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کو ممنوع الاستعمال ٹھہرا دیا) پھر توجہ فرمائی آسمان کی طرف (یعنی اس کی تکمیل تخلیق کی طرف) سو درست کر کے بنا دیئے ان کو سات آسمان اور وہ تو سب چیزوں کے جاننے والے ہیں۔ **ف**: یوں تو زمین و آسمان کی پیدائش کا قرآن مجید میں صدہا مقام پر ذکر آیا ہے مگر ترتیب کا بیان کہ پہلے کیا بنا پیچھے کیا بنا یہ صرف غالباً تین جگہ آیا ہے اس آیت میں حم السجدہ میں والنازعات میں اور سرسری نظر میں ان سب کے مضامین میں کچھ اختلاف سا بھی موہوم ہوتا ہے سو سب آیتوں میں غور کرنے سے میرے خیال تو یہ آتا ہے کہ یوں کہا جاوے کہ اول زمین کا مادہ بنا اور ہنوز اس کی ہیئت موجودہ نہ بنی تھی کہ اسی حالت میں آسمان کا مادہ بنا جو صورت دخان میں تھا اس کے بعد زمین ہیئت موجودہ پر پھیلا دی گئی پھر اس پر پہاڑ درخت وغیرہ پیدا کئے گئے پھر اس مادہ دخانیہ سیالہ کے ساتھ آسمان بنا دیئے امید ہے کہ سب آیتیں اس تقریر پر منطبق ہو جاویں گی آگے حقیقت حال سے اللہ تعالیٰ ہی خوب واقف ہیں اگر کسی کو اس کا افسوس ہو کہ مفصل کیفیت پیدائش زمین و آسمان کی بیان نہ فرما دی تو اس سورت کے شروع میں الم کے متعلق جو مضمون لکھا گیا ہے وہ ملاحظہ فرمالیں باوجود اختصار کے انشاء اللہ تعالیٰ تسکین بخش ہوگا۔

ربط: جاننا چاہئے کہ نعمت دو قسم کی ہوتی ہے ایک صوری یعنی محسوس جیسے کھانا، پانی، روپیہ، پیسہ، مکان جائیداد، دوسری معنوی جیسے عزت، آبرو، مسرت، علم، سو یہاں تک نعمت صوریہ کا بیان تھا کہ ہم نے تمہارے لئے یوں زمین و آسمان بنائے اس میں ہر قسم کا سامان پیدا کیا اب نعمت معنویہ کا ذکر فرماتے ہیں کہ ہم نے تمہارے باپ آدم علیہ السلام کو دولت علم دی اور مسجود ملائکہ بنایا اور تم کو ان کی اولاد میں ہونے کا فخر دیا اس تقریب سے اس قصہ کو شروع سے ختم تک پورا بیان فرماتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله توڑتے رہتے ہیں لافادة الجملة الفعلية التجدد ۱۲۔ ۲ قوله ممنوع الاستعمال ٹھہرا دیا حسبك قوله تعالى واثمهما اكبر من نفعهما۔

الروایات: عن الحسن خلق الله الارض فی موضع بیت المقدس كهيئة الفهر عليها دخان ملتزق بها ثم اصعد الدخان و خلق منه السموات وامسك الفهر فی موضعها وبسط منها الارض فذالك قوله تعالىٰ كانتا رتقا وهو الالتزاق ۱۲ كشاف قلت و معنى قوله خلق منه السموات ای من غير تسوية لها فيكون بعد هذا التاويل مؤيدا لما قلت فی ترتيب خلق السموات والارض وما بينهما والحمد لله تعالىٰ۔ وروى هذا الترتيب صريحاً ابن جرير وابن المنذر وابن ابی حاتم والبيهقی فی الاسماء والصفات من طريق السدی عن مالك وعن ابی صالح عن ابن عباس وعن مرة الهمدانی عن ابن مسعود وعن اناس من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم كذا فی الدر المنثور سورة البقرة ۱۲۔

الکلام: دل اكثر الآيات على خلق السموات والارض وما بينهما فی ستة ايام وحديث مسلم الذی فيه خلق آدم بعد العصر من يوم الجمعة فی آخر الخلق وآخر ساعة النهار فيما بين العصر الى الليل يدل على كون المدة سبعة ايام والجواب ماقاله المظهری لا دليل فی الحديث على ان المراد بالجمعة التی خلق فيها آدم اول جمعة بعد خلق الارض لعل ذلك الجمعة بعد الدهور آه قلت وزال به اشكال آخر انه كيف يتصور مكث الجن زمانا طويلا فی الارض بعد خلق الارض والسموات وقبل خلق آدم عليه السلام ۱۲۔

www.besturdubooks.net

الفقه: قوله تعالٰی خلق لکم استدل به علی ان الاشیاء خلقت فی الاصل مباحة مطلقا ۱۲ کشاف۔

اللغات: قوله تعالٰی من بعد میثاقه المیثاق اما اسم لما یقع به الوثاقة والاحکام واما مصدر بمعنی التوثقة کالمیعاد بمعنی الوعد فعلی الاول ان رجع الضمیر الی العهد کان المراد بالمیثاق ما وثقوه به من القبول والالتزام وان رجع الی لفظ الجلالة یراد آیاته وکتبه وانذار رسله علیهم السلام والمضاف محذوف علی الوجهین ای من بعد تحقق میثاقه وعلی الثانی ان رجع الضمیر الی العهد والمیثاق مصدر من المبنی للفاعل فالمعنی من بعد ان وثقوه بالقبول والالتزام او من بعد ان وثقه الله عز و جل بانزال الکتب وانذار الرسل وان کان مصدرا من المبنی للمفعول فالمعنی من بعد کونه موثقا اما بتوثیقهم ایاه بالقبول واما بتوثیقه تعالٰی ایاه بانزال الکتب وارسال الرسل ۱۲ ابو السعود قوله تعالٰی امر الله الامر هو القول الطالب للفعل وبه سمی الامر الذی هو واحد الامور تسمیة للمفعول بالمصدر فانه مما یؤمر به کما یقال له شان وهو القصد والطلب لما انه اثر للشان وکذا یقال له الشیٔ وهو مصدر شاء لما انه اثر للمشیة ۱۲ ابو السعود۔ قوله تعالٰی استوٰی الاستواء الاعتدال والاستقامة یقال استوی العود وغیره اذا قام واعتدل ثم قیل استوی الیه کالسهم المرسل اذا قصده قصدا مستویا من غیر ان یلوی علی شیٔ ومنه استعیر قوله ثم استوی الی السماء ای قصد الیها بارادته ۱۲ کشاف قوله تعالٰی فسوّٰهن ومعنی تسویتهن تعدیل خلقهن وتقویمه واخلائه من العوج والفطور او اتمام خلقهن ۱۲ کشاف۔

النحو: قوله تعالٰی ان یوصل محله اما النصب علی انه بدل من الموصول او الجر علی انه بدل من ضمیره والثانی اولی لفظا و معنی ۱۲ ابو السعود۔ قوله تعالٰی فسوّٰهن ضمیر مبهم وسبع سموات تفسیره کقولهم ربه رجلا وقیل الضمیر راجع الی السماء والسماء فی معنی الجنس ۱۲ کشاف۔

البلاغة: قوله تعالٰی ینقضون النقض الفسخ وفك الترکیب فان قلت من این ساغ استعمال النقض فی ابطال العهد قلت من حیث تسمیتهم العهد بالحبل علی سبیل الاستعارة لما فیه من ثبات الوصلة بین المتعاهدین ۱۲ کشاف۔ وفی هذه الآیة استعارة تخییلیة ومکنیة ۱۲ من اتقان۔ قوله تعالٰی کیف تکفرون باللّٰه معنی الهمزة التی فی کیف مثله فی قولك اتکفرون باللّٰه ومعکم ما یصرف عن الکفر ویدعوا الی الایمان وهو الانکار والتعجب ونظیره قولك اتطیر بغیر جناح وکیف تطیر بغیر جناح ۱۲ کشاف قوله تعالٰی فاحیاکم ثم الخ فان قلت لم کان العطف الاول بالفاء والاعقاب بثم قلت لان الاحیاء الاول قد تعقب الموت بغیر تراخ واما الموت فقد تراخی عن الاحیاء والاحیاء الثانی کذٰلك متراخ عن الموت ۱۲ کشاف۔

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّىْ جَاعِلٌ فِى الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّىْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۳ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ ۙ فَقَالَ اَنْۢبِــُٔوْنِىْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۴ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝۵

اور جس وقت ارشاد فرمایا آپ کے رب نے فرشتوں سے کہ ضرور میں بناؤں گا زمین میں ایک نائب' فرشتے کہنے لگے کیا آپ پیدا کریں گے زمین میں ایسے لوگوں کو جو فساد کریں گے اور خونریزیاں کریں گے اور ہم برابر تسبیح کرتے رہتے ہیں بحمد اللہ اور تقدیس کرتے رہتے ہیں آپ کی۔ حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ میں جانتا ہوں اس بات کو جس کو تم نہیں جانتے اور علم دے دیا ہے اللہ تعالیٰ نے (حضرت) آدم (علیہ السلام) کو (ان کو پیدا کر کے) سب چیزوں کے اسماء کا پھر وہ چیزیں فرشتوں کے روبرو کر دیں۔ پھر فرمایا کہ بتاؤ مجھ کو اسماء ان چیزوں کے (یعنی مع ان کے آثار وخواص کے) اگر تم سچے ہو۔ فرشتوں نے عرض کیا کہ آپ تو پاک ہیں کہ ہم کو ہی علم نہیں مگر وہی جو کچھ ہم کو آپ نے علم دیا ہے۔ بے شک آپ بڑے علم والے ہیں حکمت والے ہیں (کہ جس قدر جس کے لئے مصلحت جانا اسی قدر فہم وعلم عطا فرمایا) ۝

تفسیر: قصہ آدم علیہ السلام: وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّىْ جَاعِلٌ فِى الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ؕ (الی قوله تعالٰی) قَالَ اِنِّىْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ اور جس وقت ارشاد فرمایا آپ کے رب نے فرشتوں سے (مقصود استفسار از ملائکہ) تا کہ وہ اپنی رائے ظاہر کریں ورنہ اللہ تعالیٰ تو باطن کو بھی جانتے ہیں اور حقیقت میں ان سے مشورہ لینا نہ تھا اس کی حاجت ہی کیا ہے بلکہ اس کا تو احتمال بھی محال ہے غرض اللہ نے فرشتوں سے یہ فرمایا) کہ ضرور میں بناؤں گا زمین میں ایک نائب (معنی خلافت): یعنی وہ میرا نائب ہوگا کہ اپنے احکام شرعیہ کے اجراء وانفاذ کی خدمت اس کے سپرد کروں گا) فرشتے کہنے لگے کیا آپ پیدا کریں گے زمین میں ایسے لوگوں کو جو فساد کریں گے اور خونریزیاں کریں گے اور ہم برابر تسبیح کرتے رہتے ہیں بحمد اللہ اور تقدیس کرتے رہتے ہیں آپ کی (خلاصہ معروض ملائکہ): مطلب یہ کہ ہم تو سب کے سب آپ کے

www.besturdubooks.net

مطیع وفرمانبردار ہیں اوران میں کوئی کوئی مفسد وسفاک بھی ہوگا سواگر یہ کام ہمارے سپرد کیا جاوے تو ہم سب لگ لپٹ کراس کوانجام دینگے اوروہ لوگ سب اس کام کے نہ ہوں گے البتہ جو مطیع ہوں گے وہ تو جان ودل سے اس میں لگ جائیں گے مگر جو مفسد وظالم ہونگے ان سے کیا امید ہے کہ وہ اس کوانجام دیں خلاصہ یہ کہ جب کام کرنے والوں کا ایک گروہ موجود ہے تو ایک نئی مخلوق کو جن میں کوئی کام کا ہوگا کوئی نہ ہوگا اس خدمت کے لئے تجویز فرمانے کی کیا ضرورت ہے یہ بطور اعتراض کے نہیں کہا نہ اپنا استحقاق جتلایا جوان مقدس خدمت گذاروں پر شبہات پیدا ہوں بلکہ یہ ایسی بات ہے کہ کوئی حاکم کوئی نیا کام تجویز کرکے اس کیلئے ایک مستقل عملہ بڑھانا چاہے اور اپنے قدیمی عملہ سے اس کا اظہار کرے وہ لوگ اپنی جاں نثاری کی راہ سے عرض کریں کہ حضور جو لوگ اس نئے کام کیلئے تجویز ہوئے ہیں ہم کو کسی طرح پر تحقیق ہوا ہے کہ بعض بعض تو اس کو بخوبی انجام دے سکیں گے اور بعض بالکل ہی کام بگاڑ دیں گے جس سے حضور کا مزاج ناخوش ہوگا آخر ہم کس مرض کی دوا ہیں ہروقت حضور پر جان قربان کرنے کو تیار ہیں اور حضور کی جان ومال کو دعا دیتے رہتے ہیں کیسا ہی کام کیوں نہ ہو حضور کے اقبال سے اس کوانجام دے نکلتے ہیں کبھی کسی خدمت میں ہم غلاموں نے عذر نہیں کیا اگر وہ نئی خدمت بھی ہم کو عنایت ہوگی تو ہم کو کیا عذر وانکار ہوگا ورحضور کی مرضی موافق اس کوانجام دیں گے اسی طرح فرشتوں کی عرض معروض اظہار نیازمندی کے واسطے تھی اور یہ بات ان کو کسی طرح اللہ تعالیٰ نے معلوم کرادی ہوگی کہ بنی آدم میں بھلے برے سب طرح کے ہوں گے) حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ میں جانتا ہوں اس بات کو جس کو تم نہیں جانتے۔

(**حکمت تخلیق بنی آدم وعدم تکمیل آن از ملائکہ**): یعنی جو امر تمہارے نزدیک مانع تخلیق بنی آدم ہے یعنی ان میں سے بعض کا مفسد وسفاک ہونا وہی امر واقع میں باعث انکی تخلیق کا ہے کیونکہ اجرائے احکام وانتظام تو جب ہی وقوع میں آسکتا ہے جب کوئی اعتدال سے تجاوز کرنے والا بھی ہو۔

ہر کجا پستی است آب آں جارود ☆ ہر کجا مشکل جواب آں جارود

ہر کجا دردے دوا آں جارود ☆ ہر کجا رنجے شفا آں جارود

تو یہ مقصودِ خاص تم فرمانبرداروں کے جمع ہونے سے پورا نہیں ہوسکتا۔ **عدم تکمیل حکمت مذکور از جن**: اب رہی یہ بات کہ جن تو پہلے سے موجود تھے اوران میں نافرمان بھی تھے تو یہ مجموعہ ان کے موجود ہونے سے حاصل تھا پھر انسان میں نئی بات کیا ہوئی سو بات یہ ہے کہ اصلاح کے لئے جیسے کسی محل کی ضرورت ہے کہ موصوف بفساد ہو اسی طرح اس محل کی قابلیت قریبہ کی بھی ضرورت ہے ورنہ زیادہ حصہ اصلاح وسعی کا بیکار جاتا ہے سو یہ قابلیت جنوں میں بہت ضعیف ہے پس ملائکہ میں تو فساد ہی نہ تھا اور جنوں میں اصلاح کی قابلیت ضعیف تھی انسان ایک ایسی چیز ہے جس میں فساد اور قابلیت تامہ اصلاح دونوں مناسب طور سے موجود ہیں اس لئے اس مقصود کی تکمیل کے لئے انسان کو پیدا کیا اور ملائکہ اور جن ہر دو ناکافی قرار دیئے گئے۔ **دفع شبہ بر ضرورت حکمت مذکورہ**: اب رہی یہ بات کہ خود ایسی اصلاح ہی کی کیا ضرورت ہے جو موقوف ہو وجودِ فساد پر سو اس سوال کا حاصل حکمت تکوین کو دریافت کرنا ہے سو یہ دریائے خون ہے اس میں قدم رکھنا اپنے کو ہلاکت عظیم میں سپرد کرنا ہے اوراس کی وجہ یہ نہ سمجھی جاوے کہ اس میں کوئی حکمت معقول نہیں ہے ضرور ہے اور بیشک ضرور ہے مگر ہماری عقلیں اس کے ادراک سے عاجز ہیں اس لئے

بدریا در منافع بے شمار است ☆ اگر خواہی سلامت برکنار است

اس لئے شریعت نے براہِ شفقت ایسے امور کی تفتیش سے روک دیا ہے اور ضروری کاموں میں لگا دیا ہے۔

حدیث مطرب و مے گو وراز دہر کمتر جو ☆ کہ کس نہ کشود و نکشاید بہ حکمت ایں معمہ را

شروع سورۂ بقرہ میں الٓمّ کے ذیل میں یہی مضمون اختصار سے عرض کیا ہے وہ پھر ملاحظہ کرلیا جاوے۔ یہاں تک یہ تو معلوم ہوا کہ تخلیق انسان میں یہ حکمت ہے کہ ان کے ہونے سے اصلاح وانتظام شرعی متحقق ہوگا۔ گو کوئی مخالف اس قوت واستعداد کی جو اس کو کامل مقدار کے ساتھ عطا ہوئی ہے بے قدری کرکے اس سے منتفع نہ ہو مگر سامان کے جمع کردینے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی گئی اب اس میں فرشتوں کی جانب سے اس احتمال کی گنجائش رہ گئی تھی کہ خیر انسان کو پیدا کردیا جائے اوران کی اصلاح کی خدمت ہم کو دیدی جائے اس لئے اب اس بات کو ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ ان آدمیوں کی اصلاح بھی آدمی ہی سے ہوسکتی ہے کیونکہ مصلح کے لئے علم کی ضرورت ہے اور جس خاص علم کی ضرورت ہے وہ ملائکہ کی استعداد سے خارج ہے، اگلی آیت میں یہی حکایت ہے۔ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ اور علم دیدیا اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو (ان کو پیدا کرکے) سب[۲] چیزوں کے اسماء[۳] کا (مع ان چیزوں کے خواص وآثار کے غرض تمام موجودات روئے زمین کے اسماء وخواص کا علم دیدیا) پھر وہ چیزیں فرشتوں کے روبرو کردیں پھر فرمایا کہ بتلاؤ مجھ کو اسماء ان چیزوں کے (یعنی مع ان کے آثار وخواص کے) اگر تم سچے ہو۔ **ف**: یعنی اپنے اس خیال میں کہ ہم اصلاح طبائع وانتظام شرائع کی خدمت جس کے لئے نائب کی تجویز ہورہی ہے انجام دے سکیں گے۔

تحقیق وتعیین علمیکہ موقوف علیہ اصلاح انسان است وتخصیص آں بانسان: تحقیق مقام کی یہ ہے کہ ہر منتظم اور مصلح کو ضرور ہے کہ جس چیز کا انتظام اور اصلاح کرنا چاہے اس کی اصل وحقیقت اوراس کے ہر قسم کے نشیب وفراز سے پورا واقف وماہر ہو یہی وجہ ہے کہ اگر حاکم اپنی رعایا کی عادات ورسوم ومزاج اور مصالح ومضار سے واقف نہ ہو

www.besturdubooks.net

کبھی اس کے ہاتھوں ان کا انتظام درست نہیں ہو سکتا اسی طرح یہاں خلیفۂ خداوندی کو جب طبائع کی اصلاح کا کام کرنا پڑے گا تو لابد طبائع کی کیفیات اور خصوصیات اور ان کے تغیر و تبدل سے اس کو پورا آگاہ ہونا چاہئے یہ تو باطنی انتظام ٹھہرا اور ظاہری انتظام شریعت کا کہ فلاں چیز حلال ہے اور فلاں چیز حرام ہے اس میں بھی ضرورت ہو گی ان چیزوں کے بہت سے حالات و خواص و منافع و مضار دریافت کرنے کی مثلاً نشہ کی چیز حرام ہے تو اب جو شخص نشہ کی حقیقت اور آثار کو نہ جانتا ہو گا اس کے سامنے کوئی شراب پی کر بدمست بھی ہو جائے تو وہ اس کو زجر و تنبیہ و نہی عن المنکر نہیں کر سکتا کیونکہ وہ عذر کر سکتا ہے کہ مجھ کو نشہ ہی نہیں ہوا اور یہ شخص اس کی تکذیب نہیں کر سکتا بخلاف اس شخص کے جو جانتا ہو کہ نشہ دار چیز کی کیا خاصیت ہے اور اس کے پینے سے کیا حالت ہو جاتی ہے وہ شخص اس پر احتساب و احتجاج کر سکتا ہے یا مثلاً رسول مقبول ﷺ نے ابتداء میں جو برتن شراب رکھنے کے تھے ان میں شربت رکھنے کو بھی منع فرما دیا کیونکہ آپ طبائع کی حالت جانتے تھے کہ بعضے چالاک شربت کے بہانہ سے شراب پینے لگیں گے پھر آپ کو جب اطمینان ہو گیا کہ اب لوگوں کے دلوں میں اس سے نفرت ہو گئی ہے آپ نے اجازت دیدی سو اگر آپ طبائع کے ان خواص سے واقف نہ ہوتے تو ہرگز یہ احکام خاص صادر نہ فرما سکتے تھے اس سے ثابت ہو گیا کہ مصلح کو اس جماعت کے احوال متعلقہ سے پوری واقفیت ہونا ضروری ہے اسی طرح لغات و محاورات کے تغیر و تبدل سے احکام میں تفاوت ہو جاتا ہے جس کی واقفیت کے لئے ان سے اختلاط کی ضرورت ہے اور ظاہر ہے کہ احوال بشریہ سے جس قدر بشر واقف ہو سکتا ہے ملائکہ یا جن ہرگز واقف نہیں ہو سکتے ملائکہ تو اس لئے کہ وہ خود طبائع متغیرہ سے منزہ ہیں وہ اس کے انقلابات سے کیونکر آگاہ ہو سکتے ہیں مثلاً فرشتہ کو جب بھوک نہیں لگتی تو وہ بھوک کی حقیقت و خاصیت کو کیسے جان سکتا ہے رہ گئے جن سو گو وہ طبیعت متغیرہ رکھتے ہیں مگر چونکہ ان کے طبائع میں شر غالب ہے اس لئے انسان میں جو کوئی جاذب الی الخیر ہیں ان کی کشش اور چشش سے انسان کے برابر ماہر نہیں ہو سکتے تو ان قویٰ کی تعدیل و تربیت و ترقی کے متکفل وہ کب ہو سکتے ہیں اس لئے انسان کی کامل اصلاح انسان ہی کر سکتا ہے اگر کوئی کہے کہ اگر ملائکہ اصلاحِ انسان کیلئے بوجہ فقدان طبائع کے کافی نہیں تو ان کے متعلق وحی کا لانا کیونکر کیا گیا کہ وحی تو مبدأ اصلاح کا ہے اور دوسرا سوال یہ ہے کہ جیسے جن اصلاح کے لئے بوجہ تخالف طبائع کے کافی نہیں اسی طرح انسان جن کی اصلاح کیلئے کیسے کافی ہو گا کیونکہ تخالف طبائع تو باقی ہے۔

جواب دخل ملائکہ در اصلاح انسان: پہلے شبہ کا جواب یہ ہے کہ یہ علمِ خاص یعنی مہارت تامہ مذکورہ اسی مصلح کے لئے ضروری ہے جو اتالیقی کی حالت رکھتا ہو جیسے حضرات انبیاء علیہم السلام کی شان ہے کہ امم کی خصوصیات اصلاح و تربیت ان کی رائے و اجتہاد پر مبنی کی گئی ہے اور ملائکہ علیہم السلام کی شان محض سفارت کی ہے کہ ایک معین عبارت یا مضمون انبیاء علیہم السلام کو پہنچا دیا اس میں اس مہارت کی ضرورت نہیں۔ **جواب کفایت انسان در اصلاح جن:** دوسرے شبہ کا جواب یہ ہے کہ انسان اور جن میں تو غلبۂ شر تو مشترک ہے صرف غلبہ قوۂ خیر میں تخالف ہے اس لئے جنوں کی طبیعت کے آثار سے انسان ناواقف نہیں ہے وہ ان کی تربیت کر سکتا ہے۔

دفع خلجان امکان حصول علم مذکور موقوف علیہ ملائکہ مابعد تعلیم: اگر یہاں کسی کو خلجان ہو کہ جس طرح آدم علیہ السلام کو تعلیم فرما دینے سے ان کو وہ علم خاص حاصل ہو گیا اور صلاحیت خلافت کی حاصل ہو گئی اگر ملائکہ کو تعلیم فرما دیتے تو ان کو بھی وہ علم اور اس کے ساتھ صلاحیت خلافت میسر ہو جاتی سو آدم علیہ السلام پر اس کا ظاہر فرمانا اور فرشتوں سے پوشیدہ کرنا آدم علیہ السلام کو ترجیح دینے کیلئے کافی نہیں ہو سکتا۔

بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت تو ہر چیز پر حاصل ہے مگر عادۃ اللہ یوں جاری ہے کہ اکثر حوادث کو اسباب و شرائط کے ساتھ مرتبط و متعلق فرمایا ہے سو جس علم کی یہاں بحث ہے اس کے حصول کیلئے ایک استعداد خاص کی ضرورت ہے جیسا ہر علم میں اس کا مشاہدہ ہوتا ہے لذت جماع کے علم کیلئے استعداد رجولیت کی شرط ہے عنین مادر زاد کو اس لذت کا علم حاصل ہونا عادۃً ممتنع ہے سو اس علم خاص کی استعداد آدمی میں تو پیدا کی گئی ہے اور ملائکہ میں پیدا نہیں کی گئی جیسا اوپر کی تقریر میں اجمالاً اس کا بیان بھی ہوا ہے کہ احوال طبائع بشریہ کے ادراک کے لئے طبائع بشریہ کا ہونا ضروری ہے جو خاصہ بشر کا ہے اور ملائکہ میں وہ مفقود ہے۔ سو آدم علیہ السلام کی تعلیم کے وقت ملائکہ سے اس علم کے پوشیدہ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں نہ اس دعویٰ کی کوئی دلیل ہے جب ان میں اس علم کی استعداد ہی نہیں اگر تعلیم آدمؑ کے وقت اول سے آخر تک وہ حاضر بھی رہے ہوں تو ان کو اس کا حاصل ہونا کب ممکن ہے اگر کسی طالب علم کو اقلیدس کی کوئی شکل سمجھائی جائے اور عام مجمع ہو مگر جن کو اس فن سے مناسبت نہیں اس تقریر سے کچھ بھی نہیں سمجھ سکتے۔ **دفع شبہ عدم اعطاء استعداد علم مذکور ملائکہ را:** اگر یہ کہا جائے کہ پھر وہ استعداد جو شرط حصول اس علم خاص کی ہے فرشتوں کو کیوں نہ دیدی۔ بات یہ ہے کہ وہ استعداد خاصہ بشر کا ہے اگر ملائکہ میں وہ استعداد پیدا کر دی جاتی تو وہ فرشتے نہ رہتے جیسے حس و حرکت خاصہ حیوان کا ہے سو اللہ تعالیٰ کو قدرت ہے کہ جماد میں یہ صفت پیدا کر دیں مگر یہ ظاہر ہے کہ وہ اس وقت جماد نہ رہے گا حیوان ہو جائے گا تو اس سوال کا حاصل گویا یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے ان فرشتوں کو بشر کیوں نہ بنا دیا سو ظاہر ہے کہ یہ سوال بالکل بے معنی ہے اور اس کا جواب صاف ہے کہ اس صورت میں جو حکمت تخلیق ملائکہ میں ہے وہ معطل ہو جاتی۔ غرض تقریر ہذا سے ثابت ہو گیا کہ فرشتے فرشتے ہی رہ کر اس علم کو حاصل نہیں کر سکتے اسی وجہ سے فرشتوں نے عرض کیا کہ آپ تو پاک ہیں (اس الزام سے کہ آدم علیہ السلام پر اس علم کو ظاہر فرما دیا ہم سے پوشیدہ رکھا آپ کی طرف سے تو کوئی اخفا یا دریغ نہیں ہوا مگر) ہم کو ہی علم نہیں مگر وہی جو کچھ ہم کو آپ نے علم دیا (یعنی جس قدر ہماری پیدائش میں استعداد رکھی ہے اور اس کے موافق ہم کو علم عنایت ہوا اس کے سوا ہم کو دوسرے علم سمجھنے کی قوت نہیں ہے) بے شک آپ بڑے علم والے ہیں۔ (کہ آپ کو سب علوم حاضر ہیں ہمارے اور آدمیوں کے معلومات سب

www.besturdubooks.net

حضور پر منکشف ہیں) حکمت والے ہیں (جس قدر جس کیلئے مصلحت جانا اسی قدر علم عطا فرمایا)۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ ...... یہ دلیل ہے اس کی کہ مدار خلافت علم وفہم ہے بشرطیکہ بدعملی نہ ہو نہ مجاہدہ اعمال میں اور مشائخ طریقت خلیفہ بنانے کے وقت اسی کی زیادہ رعایت کرتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ معلوم کرادی ہوگی ولا یبعد ان فهموا من قوله تعالى المذكور في سورة الحجر انى خالق بشرا من طين فقاسوا الفرع على الاصل الظلمانی ۱۲۔ ۲ قولہ سب چیزوں کے مبنی على حذف المضاف اليه في الاسماء ۱۲۔ ۳ قولہ اسماء کا مع الخ مبنی على ان المراد الاسماء المعنى اللغوى العام اللغات والصفات كما مر ۱۲۔

الروایات: عن ابن عباس التقديس التطهير ۱۲ اتقان۔

اللغات: قوله تعالى للملئكة جمع ملأك على الاصل كالشمائل فى جمع شمأل والحاق التاء لتانيث الجمع ۱۲ كشاف واشتقاقه من ملك لما فيه من معنى الشدة فالهمزة مزيدة وقيل انه مقلوب من مالك من الالوكة وهى الرسالة ۱۲ ابو السعود۔ قوله تعالى وعلم التعليم حقيقة عبارة عن فعل يترتب عليه العلم بلا تخلف عنه ولا يحصل ذالك بمجرد افاضة المعلم بل يتوقف على استعداد المتعلم لقبول الفيض وتلقيه من جهته وهو السر فى ايثاره على الاعلام والانباء فانهما يتوقفان على سماع الخبر الذى يشترك فيه البشر والملك ۱۲ ابو السعود قوله تعالى الاسماء كلها اسم الشئ بالكسر والضم وسمه وسماه مثلثين علامته ۱۲ قاموس قال صاحب الكشاف فان قلت فما معنى تعليمه اسماء المسميات قلت اراه الاجناس التى خلقها وعلمه ان هذا اسمه فرس وهذا اسمه بعير وهذا اسمه كذا وهذا اسمه كذا وعلمه احوالها وما يتعلق بها من المنافع الدينية والدنيوية ۱۲۔

النحو: قوله تعالى واذ قال نصب باضمار اذكر ويجوز ان ينتصب بقالو ۱۲ كشاف قوله تعالى و نحن الواو للحال كما تقول اتحسن الى فلان وانا احق منه بالاحسان ۱۲۔ قوله سبحنك قيل هو علم للتسبيح ولا يكاد يستعمل الا مضافا وقيل انه مصدر منكر كغفران لا اسم مصدر و معناه على الاول نسبحك و على الثانى تنزهت عن ذلك ۱۲ ابو السعود اقول السهل ان يقال اصله نسبحك سبحانا فحذف العامل واضيف السبحان الى الكاف ۱۲۔

البلاغۃ: قوله تعالى ونحن نسبح الآية اورد التقديس بعد التسبيح لفرق لطيف بينهما وهو ان التسبيح فى مرتبة الاعمال والطاعات والتقديس فى مرتبة الاعتقاد فحاصل المجموع التنزيه لسانا واركانا وجنانا ۱۲ من روح المعانى۔ قوله الاسماء اى اسماء المسميات فحذف المضاف اليه لكونه معلوما مدلولا عليه بذكر الاسماء لان الاسم لا بدله من مسمى ۱۲ كشاف قوله تعالى عرضهم اى المسميات وانما ذكر لان فى المسميات العقلاء فغلبهم ۱۲ كشاف۔

قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّىْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۙ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ ڽ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۠ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۠ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِى الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۳۶﴾

حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اے آدم تم بتا دو ان کو ان چیزوں کے نام۔ سو جب بتلا دیئے ان کو آدم نے ان چیزوں کے اسماء تو حق تعالیٰ نے فرمایا (دیکھو) میں تم سے کہتا نہ تھا کہ بے شک میں جانتا ہوں تمام پوشیدہ چیزیں آسمانوں کی اور زمین کی اور جانتا ہوں جس بات کو تم ظاہر کر دیتے ہو اور جس بات کو تم دل میں رکھتے ہو اور جس وقت حکم دیا ہم نے فرشتوں کو (اور جنوں کو بھی) کہ سجدہ میں گر جاؤ آدم کے سامنے۔ سو سب سجدے میں گر پڑے بجز ابلیس کے اس نے کہنا نہ مانا اور غرور میں آ گیا اور ہو گیا کافروں میں سے اور ہم نے حکم دیا اے آدم رہا کرو تم اور تمہاری بیوی بہشت میں پھر کھاؤ اس میں سے بافراغت جس جگہ سے چاہو اور نزدیک نہ جائیو اس درخت کے ورنہ تم بھی ان ہی

www.besturdubooks.net

میں شمار ہو جاؤ گے جو اپنا نقصان کر بیٹھتے ہیں۔ پھر لغزش دے دی آدم وحوا کو شیطان نے اس درخت کی وجہ سے۔ سو برطرف کر کے رہا ان کو اس عیش سے جس میں وہ تھے اور ہم نے کہا کہ نیچے اترو تم میں سے بعضے بعضوں کے دشمن رہیں گے اور تم کو زمین پر چندے ٹھہرنا ہے اور کام چلانا ہے ایک میعادِ معین تک ۞

تفسیر: ربط: اس گفتگو سے فرشتوں کو اپنے عاجز ہونے کا تو مشاہدہ ہو گیا اب حق سبحانہ وتعالیٰ کو منظور ہوا کہ آدم علیہ السلام میں اس علم خاص کی قوت ومناسبت کا ہونا بھی ملائکہ عیاناً دیکھ لیں اس لئے قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اے آدم تم بتلا دو ان کو ان چیزوں کے اسماء۔ ف: یعنی مع حالات کے۔ دفع شبہ وجود استعداد علم مذکور در ملائکہ: اور یہ خلجان نہ ہو کہ جب ملائکہ میں اس علم خاص کی مناسبت ہی نہ تھی تو بتلانے سے کیا فائدہ اور اگر بتلانے سے وہ کچھ سمجھ سکتے ہیں تو یہ دعویٰ صحیح نہ رہا کہ ان کو اس سے مناسبت نہ تھی۔ بات یہ ہے کہ بعض اوقات خود تو آدمی ایک علم کو نہیں سمجھتا مگر دوسرے کو تقریر کرتے ہوئے دیکھ کر قرائن مقام سے یہ یقیناً سمجھ لیتا ہے کہ یہ شخص واقعی اس علم میں بڑا ماہر ہے مثلاً استاد نے دو طالب علموں کے روبرو کسی دقیق مسئلہ کی تقریر کی پھر دونوں کا امتحان لیا ایک بیان نہ کر سکا دوسرے نے فر فر تقریر شروع کر دی ممکن ہے کہ وہ دوسرا طالب علم باوجودیکہ اب بھی اس مسئلہ کو نہ سمجھا ہو مگر اس کی برجستگی اور کہیں نہ رکنے سے یہ یقیناً سمجھ سکتا ہے کہ یہ اس مسئلہ کو واقعی خوب سمجھ گیا ہے پس بتلا دو کے معنی یہ نہیں کہ ان کے ذہن میں پہنچا دو ان کو سمجھا دو بلکہ مراد یہ ہے کہ ان کے روبرو اس کا اظہار اور بیان کر دو گو بوجہ مناسبت نہ ہونے کے اس کو سمجھ نہ سکیں اب یہ خلجان جاتا رہا کہ اگر مناسبت نہ تھی تو بتلانے سے کیا فائدہ ہم بھی کہیں گے کہ مناسبت تو نہ تھی مگر فائدہ تو یہ ہوا کہ ملائکہ اس قدر سمجھ گئے کہ آدم علیہ السلام ضرور اس علم سے ماہر ہو گئے۔

ترجمہ: سو جب بتلا دیئے ان کو آدم علیہ السلام نے ان چیزوں کے اسماء تو حق تعالیٰ نے فرمایا (دیکھو) میں تم سے کہتا نہ تھا کہ بے شک میں جانتا ہوں تمام پوشیدہ چیزیں آسمانوں کی اور زمین کی اور جانتا ہوں میں جس بات کو ظاہر کر دیتے ہو اور جس کو دل میں رکھتے ہو۔ ف: کیونکہ ہر شخص کے تمام حالات انہیں دو میں منحصر ہیں مطلب یہ ہے کہ تمام حالات آفاقی وانفسی پر مجھ کو اطلاع ہے یہ مضمون اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ کی تفصیل ہے وہاں اور الفاظ تھے یہاں اور الفاظ ہیں۔ مطلب دونوں کا ایک ہی ہے جب دلائل سے یہ امر ثابت ہو گیا کہ صلاحیت خلافت کے لئے جن علوم کی ضرورت ہے وہ آدم علیہ السلام میں سب مجتمع ہیں اور ملائکہ کو ان میں سے صرف بعض علوم حاصل ہیں اور جنوں کو تو بہت ہی کم حصہ ان علوم کو حاصل ہے جیسا اوپر تفصیل کے ساتھ بیان کر دیا ہے اور اس حیثیتِ خاص سے کہ ملائکہ وجن ہر دو گروہ کے علوم کے یہ جامع ہیں ان کا شرف ہر دو گروہ پر ظاہر ہو گیا اب حق تعالیٰ کو منظور ہوا کہ اس مقدمہ کو معاملہ سے بھی ظاہر فرما دیا جائے اور ملائکہ اور جنوں سے ان کی کوئی خاص تعظیم کرائی جائے جس سے یہ ظاہر ہو کہ یہ ان دونوں سے کامل اور مصداق آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری کے ہیں اور آدم علیہ السلام ان علوم خاصہ میں ملائکہ اور جن ہر دو گروہ سے کامل اور دونوں کے علوم وقویٰ کو جامع ہیں جیسا مفصل طور پر مذکور ہوا اب حق تعالیٰ کو منظور ہوا ان غیر کاملوں سے اس کامل کی کوئی ایسی تعظیم کرائی جائے کہ عملاً بھی یہ امر ظاہر ہو جائے کہ یہ ان دونوں سے کامل اور جامع ہیں جب تو یہ دونوں ان کی تعظیم کر رہے ہیں اور گویا بزبانِ حال کہہ رہے ہیں کہ جو اوصاف ہم میں الگ الگ ہیں وہ ان کے اندر یک جا ہیں اس لئے جو عمل تعظیمی تجویز فرمایا گیا ہے اس کی حکایت ذکر فرماتے ہیں۔ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ (الی قولہ تعالیٰ) وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ اور جس وقت حکم دیا ہم نے فرشتوں کو (اور جنوں کو بھی جیسا کہ روایات میں آیا ہے مگر غالباً فرشتوں کو بلاواسطہ حکم کیا ہو گا اور جنوں کو کسی فرشتہ وغیرہ کے ذریعہ سے کہا گیا ہو گا اور قرآنِ مجید میں بجز ابلیس کے دوسرے جنوں کے مامور بالسجود ہونے کے ذکر کا اہتمام شاید اس لئے نہ کیا گیا ہو کہ عقلاء سمجھ ہی جائیں گے کہ جب فرشتے ایسے مقربین سے آدم علیہ السلام کی تعظیم کرائی گئی تو جن جو ان کے سامنے کچھ بھی رتبہ نہیں رکھتے اس تعظیم کے مکلف کیوں نہ ہوئے ہوں گے غرض ان سب کو یہ حکم ہوا) کہ سجدے میں گر جاؤ آدم کے سامنے سو سب سجدہ میں گر پڑے بجز ابلیس کے کہ اس نے کہنا نہ مانا اور غرور میں آ گیا اور ہو گیا کافروں میں سے۔ ف: اس پر تکفیر کا فتویٰ اس لئے دیا گیا ہے کہ اس نے حکم الٰہی کے مقابلہ میں تکبر کیا اور اس کے قبول کرنے میں عار کیا اور اس کو خلاف حکمت وخلاف مصلحت ٹھہرایا۔ جیسا دوسرے مقام پر اس کا قول مذکور ہے کہ میں ناری الاصل ہونے کی وجہ سے اس ترابی الاصل سے افضل ہوں اور افضل سے مفضول کی تعظیم کرانا بے موقع ہے۔

مسئلہ: جو شخص اس طرح حکم شرعی کے ساتھ رد وانکار سے پیش آئے وہ کافر ہے۔ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ (الی قولہ تعالیٰ) فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اور ہم نے حکم دیا کہ اے آدم رہا کرو تم اور تمہاری بی بی (حوا جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے آدم علیہ السلام کی پسلی سے کوئی مادہ لے کر بنا دیا تھا) بہشت میں پھر کھاؤ دونوں اس میں سے بافراغت جس جگہ سے چاہو اور نزدیک نہ جاؤ اس درخت کے ورنہ تم بھی انہیں میں شمار ہو جاؤ گے جو اپنا نقصان کر بیٹھتے ہیں۔

ف: خدا جانے وہ کیا درخت تھا مگر اس کے کھانے سے منع فرما دیا اور ہر آقا کو اختیار ہوتا ہے کہ اپنے گھر کی چیزوں میں سے غلام کو جس چیز کے برتنے کی چاہے اجازت دیدے جس چیز سے چاہے منع کر دے۔ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ (الی قولہ تعالیٰ) وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ پس لغزش دیدی آدم وحوا کو شیطان نے اس درخت کی وجہ سے سو برطرف کر کے رہا ان کو اس عیش سے جس میں وہ تھے۔ ف: شیطان انکار سجدہ کے جرم میں ملعون ومردود ہو چکا تھا اور اس جماعت ملائکہ سے نکال دیا گیا تھا اور چونکہ یہ زخم اس کو آدم علیہ السلام کی وجہ سے پہنچا تھا اس لئے ان کا جانی دشمن ہو گیا تھا جب اس نے دیکھا کہ میں تو یوں مردود کیا گیا اور ان کا یوں

www.besturdubooks.net

اعزاز ہوا ہے اب اس فکر میں لگا کہ کسی طرح آدم کو مع ان کی بیوی کے اس عیش وعشرت سے جدا کرنا چاہئے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو بھی اس کی عداوت وفکر ایذاء رسانی سے آگاہ فرمادیا تھا غرض یہ آدم علیہ السلام کے پیچھے پڑا اوران کو جس طرح بن پڑا بہکانا شروع کیا کہ (توجیہ لغزش آدم علیہ السلام بتقریر خالی از خدشات: اصل میں اس درخت کی (خاصیت یہی ہے کہ اس کے کھانے سے حیاتِ ابدی یا ملکیت حاصل ہوجاتی مگر جس وقت اللہ تعالیٰ نے تم کو منع کیا تھا اس وقت تمہاری حالت کے مناسب یہی تھا کہ ملکیت یا خلود کے اسباب کا ارتکاب نہ کیا جائے اس وقت استعداد ضعیف المعدہ کو غذائے قوی سے ممانعت ہوا ہی کرتی ہے اور اب ماشاء اللہ تمہاری استعداد اپنی کمال قوت کو پہنچ گئی ہے اس حالت کے لئے ممانعت بھی نہیں ہے کیونکہ جب علت نہیں رہتی معلول بھی نہیں رہا کرتا۔ جیسے ضعف معدہ رفع ہونے کے بعد پھر وہ ممانعت سابقہ باقی نہیں رہتی اوراس مضمون پر قسمیں کھا گیا چونکہ تاویل بڑی نمکین تھی ادھر اللہ کی قسمیں کھا گیا جس کا نام سن کر محبت والے تو گھل ہی جاتے ہیں پھر لالچ دلایا حیاتِ دائمی وملکیت کا جس کا کمالات موجودہ پر مزید ہو جانا نعم العدلان و نعم الغلاوہ کا اور نور علی نور کا مصداق تھا خط برخسار کا لطف دیتا تھا اور پھر ممکن ہے کہ اس موذی ظالم کو پہچانا بھی نہ ہو کسی نئی شکل میں ملا ہو یا عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد کو پیش نظر رکھ کر انظر الی ما قال ولا تنظر الی من قال کو دستور العمل بنایا ہو اس نے بے ملے ہی اپنی قوت جنیہ سے مسمریزم والوں کی طرح دور ہی سے اثر پہنچایا ہو وھو قول الحسن کما فی الکبیر جس سے آدم علیہ السلام کے خیال میں یہ بات پڑ گئی ہو اور یہ خدشہ بھی نہ ہوا ہو کہ یہ خیال کسی بدخواہ کا اثر پہنچایا ہوا ہے غرض اسباب ایسے ہی جمع ہو گئے کہ اس درخت کے کھانے کو اس وقت احاطۂ ممانعت سے خارج سمجھ گئے اور کھالیا یہ حقیقت ہے لغزش میں آجانے کی بفضلہ تعالیٰ اس تقریر کی بنا پر اس قصہ میں کوئی عقلی ونقلی اشکال باقی نہ رہا۔ **ف**: بعض احباب نے اس احتمال پر کہ اس نے بے ملے ہی اپنی قوت جنیہ سے الخ حسب ذیل کلام کیا ہے۔ یا باہ ظاہر قولہ تعالیٰ وَقَاسَمَهُمَآ اِنِّیْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِیْنَ [الأعراف: ۲۱] والصحیح انه لا قاهما ولکن لا ندری این لاقاهما و کیف لاقاهما اھ یعنی قَاسَمَهُمَآ ظاہرًا معلوم ہوتا ہے کہ محض تصرف نہ تھا بلکہ کلام تھا جو عادۃً بے ملاقات نہیں ہوتا۔ میں کہتا ہوں کہ اس کا ظاہر کہنا صحیح ہے اور ظاہر کو بدون ضرورت ترک کرنا مناسب نہیں اور یہاں ضرورت کے وجوہ یہ ہو سکتے تھے۔ نمبر ۱: لفظ وسوسہ مگر لغۃً یہ خاص نہیں ہے القاء فی القلب کی ساتھ کلام کے ساتھ اغوا کو بھی کہتے ہیں۔ نمبر ۲: ترتیب قصہ سے سجود کا واقعہ خارج جنت مفہوم ہوتا چنانچہ امر اسکن انت وزوجك الجنة اس کے بعد وارد ہے جب جنت سے خارج تھا تو سورۂ اعراف میں اخرج منہا کی ضمیر کا مرجع سماء ہوگا جب سماء سے خارج کر دیا گیا اور آدم علیہ السلام جنت میں تھے پھر ملاقات کہاں ہوئی پھر کلام کہاں ہوا اس کا جواب یہ ہے کہ ترتیب ذکری ترتیب وقوعی کو مستلزم نہیں پس اقرب یہ ہے کہ یہ سب کچھ جنت ہی میں ہوا اور اس وقت وہ جنت سے نکال دیا گیا مگر آسمان سے نہیں نکالا گیا تھا۔ ممکن ہے کہ آدم علیہ السلام جنت سے باہر بطور سیر کے آئے ہوں اور وہاں یہ ملاقات اور مکالمت ہوگئی ہو یا آدم علیہ السلام دروازۂ جنت میں ہوں اور ابلیس جنت سے باہر واللہ اعلم۔ نمبر ۳: امر اسکن سے متبادر احداث سکنیٰ ہونا اس کا جواب یہ ہے کہ ابقاء سکنیٰ بھی اس کا مدلول ہو سکتا ہے۔ الحاصل درخت کا کھانا تھا اور سب عیش وآرام کا رخصت ہونا اس وقت بہشت سے باہر آنے کا حکم ہوا۔ چنانچہ ارشاد فرماتے ہیں۔

ترجمہ: اور ہم نے کہا کہ نیچے اُترو تم میں سے بعضے بعضوں کے دشمن رہیں گے۔

ف: یعنی ایک سزا تو ظاہری ہوئی کہ یہاں سے زمین پر جاؤ دوسری سزائے باطنی ہے کہ بعضوں میں باہم عداوتیں بھی قائم رہیں گی جس سے لطف زندگی بہت کچھ کم ہو جائے گا اگر شیطان اس وقت تک زمین پر نہیں آیا ہے جیسا کسی نوکر کو نوکری سے برطرف کر دیا جائے مگر جو آقا کریم ہوتے ہیں اس کا بوریہ بستر فوراً ہی نہیں پھکوا دیا کرتے بتدریج نکال دیتے ہیں تب تو اس خطاب میں وہ بھی داخل ہے اور آدم وحوا کو خطاب کا شامل ہونا ظاہر ہی ہے اور اگر زمین پر آچکا ہے تو یہ خطاب آدم وحوا کو مع ان کی اولاد کے ہے چونکہ ان کی اولاد ہونے والی تھی ہی اس لئے آدم وحوا کو سنانا منظور ہے کہ تمہاری اولاد میں بھی احیاناً باہم عداوت ہوگی چونکہ اولاد کی نااتفاقی سے والدین کو ضرور ہی صدمہ پہنچتا ہے اس لئے اُن کو یہ بات سنانا مقتضی حالت موجودہ کا تھا۔ توجیہ عتاب برزلت: اگر کسی کو خلجان ہو کہ جو خطا تاویل سے ہو وہ اس قدر داروگیر کے قابل نہیں جواب یہ ہے کہ جس قدر فہم وخصوصیت زیادہ ہوتی ہے اس پر ملامت زیادہ ہوتی ہے اور اسی وجہ سے کہا گیا ہے حسنات الابرار سیئات المقربین۔ اور حاصل اس کا یہ ہوتا ہے کہ تم نے زیادہ غور سے کیوں نہیں کام لیا تو یہ داروگیر عین دلیل کمال آدم اوران کی مقبولیت کی ہے **ترجمہ**: اور تم کو زمین پر چندے ٹھہرنا ہے اور کام چلانا ایک میعاد معین تک۔ **ف**: یعنی وہاں بھی جا کر دوام نہ ملے گا بعد چندے وہ گھر بھی چھوڑنا پڑے گا۔ آدم علیہ السلام نے یہ خطاب وعتاب کہاں سنے تھے نہ ایسے سنگدل تھے کہ اس کی سہار کر جاتے بے چین ہوگئے اور فوراً ہی معافی کی التجا کرنے لگے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ اس میں اصل ہے مشائخ محققین کی اس عادت کی کہ بعض مباحات سے اس لئے روک دیتے ہیں کہ غیر مباح کی طرف منجر نہ ہو جائے چنانچہ قرب شجرہ فی نفسہٖ ممنوع نہ تھا صرف اکل ممنوع تھا۔ قولہ تعالیٰ فَاَزَلَّهُمَا الشَّیْطٰنُ اس میں دلیل ہے کہ منتہی بھی مکرِ شیطان سے مامون نہیں چنانچہ آدم علیہ السلام کے اس وقت کامل ہونے میں کوئی شک نہیں مگر باوجود اس کے ان میں اور دوسروں میں دو فرق ہیں۔ ایک یہ کہ وہ کفر سے محفوظ تھے دوسرے یہ کہ ان کی غلطی دوسروں کی معصیت کے مثل نہیں کیونکہ ان کو توبہ کے ایسے درجہ میں توفیق ہوئی کہ دوسروں کو نہیں ہوتی۔

www.besturdubooks.net

مُلحقاتُ التَّرجَمۃ: ۱؎ قوله معنی یہ نہیں کہ ان کے ذہن میں الخ الی قوله بیان کردو وهو السر فی ایثار الانباء علی التعلیم لانه یتوقف علی سماع الخبر كما مر من ابی السعود ۲؎ قوله دیکھو حملا للاستفهام علی التقریر كما قاله ابو السعود ۱۲۔ ۳؎ قوله تمام پوشیدہ چیزیں لعموم الغیب ۱۲۔ ۴؎ قوله دل میں رکھتے ہو اشارة الی ان لفظة كنتم زائدة كما فی قوله تعالٰی من كان فی المهد صبیا ۱۲۔ ۵؎ قوله یہ مضمون انی اعلم الخ دلیله ما فی الكشاف قوله الم اقل لكم استحضار لقوله انی اعلم ما لا تعلمون الا انه جاء به علی وجه البسط من ذلك واشرح اه اقول فلا دلیل علی كونه تعریضا للملائكة فی ابدائهم احقیتهم للخلافة وكتمانهم لكونهم اكرم عندالله ۱۲۔ ۶؎ قوله اور جنوں کو بھی الخ بقرینة قوله تعالٰی الا ابلیس مع انضمام قوله تعالٰی كان من الجن الآیة وهو اختیار لقول من قال ان الجن ایضا كانوا مامورین بالسجود له لكن استغنی بذكر الملائكة عن ذكرهم كما فی ابی السعود ویؤیده ما رواه عن ابن عباس ان من الملائكة جنسا یتوالدون یقال لهم الجن قلت لا عجب انه رضی الله عنه اصطلح علی كون الملائكة شاملا للجن واذا كان الجن ایضا مامورین بالسجود سواء كان لفظ الملٰئكة شاملا لهم ام لا فلا یشكل الامر بابلیس انه لم یؤمر بالسجود فكیف لعن بالاباء فافهم ۱۲۔ ۷؎ قوله ورنہ دلیله احتمال كونه جوابا للنهی فهو منصوب والاحتمال الآخر انه مجزوم عطفا علی تقربا ۱۲ من كشاف۔ ۸؎ قوله اس درخت کی وجہ سے دلیله ما مر من كون عن لسببیة ۱۲۔ ۹؎ قوله جس طرح بن پڑا معناه ولو بایصال الوسوسة من الارض ولا ینكره الا من لم یعرف كیفیة التصرف النفسانی ۱۲۔ ۱۰؎ قوله دشمن رہیں گے لدلالة الجملة الاسمیة بعضكم لبعض عدو علی الاستمرار الثابت ۱۲۔ ۱۱؎ قوله تو یہ خطاب آدم وحوا کو ظاہر القرآن یرجحه لقوله تعالٰی فی طه قال اهبطا منها جمیعا الآیة ۱۲۔

الرِّوایات: عن ابن عباسؓ رغدا سعة المعیشة ۱۲۔

اِختلافُ القِرأۃ: قوله تعالٰی فازلهما وفی قراءة فازالهما من الازالة فعن للمجاوزة ای ابعدهما ۱۲۔ فی قراءة بنصب آدم ورفع كلمات علی انها استقبلته بان بلغة واتصلت به ۱۲ كشاف۔

الفقه: سجدة التحیة كان مشروعا فی شرع من قبلنا ونسخ فی شرعنا والناسخ ما رواه الترمذی عن ابی هریرة عن النبی صلی اللّٰه علیه وسلم قال لو كنت امر احدا ان یسجد لاحد لامرت المرأة ان تسجد لزوجها وفی العزیزی قال الشیخ حدیث صحیح اه وقال الترمذی وفی الباب عن معاذ بن جبل وسراقة بن مالك وصهیب وعقبة بن مالك بن جعشم وعائشة وابن عباس وعبدالله بن ابی اوفی وطلق بن علی وام سلمة وانس وابن عمرو اه وفی نیل الاوطار وقدروی حدیث ابی هریرة المذكور البزار باسناد فیه سلیمان بن داؤد الیمامی وهو ضعیف واخرج قصة معاذ المذكورة فی الباب (التی عزاها الماتن الی احمد وابن ماجة عن عبدالله ابن ابی اوفی) البزار باسناد رجاله رجال الصحیح واخرجها ایضا البزار والطبرانی باسناد آخر وفیه النهاس بن قهم وهو ضعیف واخرجها ایضا البزار والطبرانی باسناد آخر رجاله ثقات وقضیة السجود ثابتة عن حدیث ابن عباس عند البزار ومن حدیث سراقة عند الطبرانی ومن حدیث عائشة عند احمد و ابن ماجه و من حدیث عصمة عند الطبرانی وعن غیر هؤلاء وحدیث عائشة الذی ذكره المصنف ساقه ابن ماجه باسناد فیه علی بن زید بن جدعان وفیه مقال (ضعفه كثیرون ووثقه بعضهم واخرج له مسلم مقرونا بغیره كما فی التهذیب) وبقیة اسناده من رجال الصحیح واورد هذا الحدیث ابن الجارود فی المنتقی فهو صحیح عنده فانه لایاتی الا بالصحیح كما صرح به السیوطی فی دیباجة جمع الجوامع) وحدیث عبدالله بن ابی اوفی ساقه ابن ماجه باسناد صالح اه مختصرا اوفی الترغیب للمنذری بعد روایة انس بن مالك مع قصة الجمل رواه احمد باسناد جید رواه ثقات مشهورون والبزار بنحوه ورواه النسائی مختصرا وابن ابی حبان فی صحیحه من حدیث ابی هریرة بنحوه باختصار وفیه بعد روایة قیس بن سعد رواه ابو داؤد وفی اسناده شریك وقد اخرج له مسلم ووثق (قلت لما سكت عنه ابو داؤد فهو حجة عنده) وفیه بعد حدیث ابن ابی اوفی رواه ابن ماجه وابن حبان فی صحیحه اه وساق فی كنز العمال بهذا الحدیث متونا عدیدة وطرقا كثیرة نسر دمنها سوی التی ذكرنا ها آنفا حاكم عن بریدة وقیس بن سعد (ولم یتعقب علیهما السیوطی بل صححهما فی الصغیر صریحا فهما حدیثان صحیحان) والترمذی عن انس والطبرانی فی الكبیر عن ابن عباس والبیهقی عن ابی هریرة وعبد بن حمید عن جابر والطبرانی فی الكبیر وسعید بن منصور عن زید بن ارقم اه وفی الخصائص الكبری روایات كثیرة منها روایة ثعلبة بن ابی مالك عند ابی نعیم وروایة یعلی بن مرة عند الطبرانی وابی نعیم ووجدت فی قرطاس عتیق بخطی ولم یحضرنی الآن من این كنت اخذته ان الحدیث رواه ابوداود والطبرانی والحاكم والبیهقی عن قیس بن سعد والترمذی عن ابی هریرة والدارمی والحاكم عن بریدة واحمد عن معاذ والطبرانی عن سراقةبن مالك

www.besturdubooks.net

وصهيب وعقبة بن مالك وغيلان بن مسلم ورواه ابن ابى شيبة عن عائشة والبيهقى ايضا عن ابى هريرة كذا فى جمع الجوامع للسيوطى انتهى ما فى القرطاس۔ فهذه اسانيد عديدة بعضها صحيح وبعضها حسن وبعضها ضعيف يقوى بآخر و منتهى هذه الا سانيد الى عشرين صحابيا لو اقتصرنا على الطرق المارة والحديث اذا روى من عشرة فهو متواتر على القول المختار (كما فى تدريب الراوى) فهذا الحديث متواتر بالاولى وان اختلف احد فى تواتره للاختلاف فى العدد الذى يحصل به التواترفلا يمكنه ان ينكر من كونه مشهور او يكفى المشهور لنسخ المتواتر على ما تقرر فى الاصول واطلنا الكلام فيه للضرورة الداعية فى هذا الزمان والايكفينا اجماع الامة ولم تر احدا من السلف ولا من الخلف اختلف فى حرمة سجدة التحية مع تصفح كثير من كتب التفسير والحديث والفقه وما نقل عن بعض الصوفية فى كتب تواريخهم لم يثبت عنهم وان ثبت فلا عبرة بقولهم لانهم ليسوا ممن يعتد بقولهم فى الاجماع وان سلم كونهم ممن يعتد بقوله فى الاجماع فلا يعتد به ايضا فى هذا المقام لان الاجماع السابق لا يرتفع بالاختلاف اللاحق نعم لايلام عليهم لعدم اشتغالهم بالتحقيقات العلمية ومع ذلك لا يحتج بقولهم وصنيعهم لا سيما اذا ثبت النكير عن بعض اكابرهم ويحتاج الى هذا الكلام اذا سلم ان سجود الملئكة لآدم وسجود اخوة يوسف وابيه له كان سجودا حقيقياً وكان تحية لهما والحال انه مختلف فيه فقال بعضهم لم يكن سجودا حقيقيا بل هو كناية عن التعظيم وقال بعضهم كان آدم وابو يوسف بمنزلة الكعبة لنا فاللام بمعنى الى وقال بعضهم اللام للسبب اى كانت السجدة لله تعالٰى شكرا على ما انعم الله عليهم لاجل يوسف و آدم على نبينا وعليهما السلام واذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال وح لا يحتاج الى اثبات النسخ ويثبت الحرمة بخبر الواحد ايضًا ونقول ايضا ان الآية وان كانت قطعى الثبوت ولكنها ظنى الدلالة فلا بعد فى نسخها بحديث ظنى الثبوت قطعى الدلالة كما لا يخفى والله اعلم بالصواب ۱۲۔

اللغات: قوله تعالٰى رغدا وصف للمصدر اى اكلا راغدا واسعارافها قوله متاع تمتع بالعيش ۱۲ كشاف۔

النحو: قوله الا ابليس استثناء متصل لانه كان جنيا واحدا بين اظهر الالوف من الملائكة مغمورا بهم فغلبوا على فيه قوله فسجدوا ثم استثنى منهم استثناء واحد منهم ويجوز ان يجعل منقطعاً ۱۲۔ قوله تعالٰى عنها الضمير للشجرة اى فحملهما الشيطان على الزلة بسببها وتحقيقه فاصدر الشيطان زلتهما عنهما وعن هذه مثلها فى قوله وما فعلته عن امرى وقيل فازلهما عن الجنة بمعنى اذهبهما عنها وابعدهما ۱۲كشاف۔

فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۳۷﴾ قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ
هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَاىَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ
ع هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۳۹﴾ يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ الَّتِىْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِىْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ وَاِيَّاىَ
فَارْهَبُوْنِ ﴿۴۰﴾ وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۢ بِهٖ ۖ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِىْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۫ وَّاِيَّاىَ
فَاتَّقُوْنِ ﴿۴۱﴾

بعدازاں حاصل کر لئے آدم (علیہ السلام) نے اپنے ربّ سے چند الفاظ تو اللہ تعالیٰ نے رحمت کے ساتھ توجہ فرمائی ان پر (یعنی توبہ قبول کرلی) بے شک وہی ہیں بڑے توبہ قبول کرنے والے بڑے مہربان ہم نے حکم فرمایا نیچے جاؤ اس بہشت سے سب کے سب۔ پھر اگر آوے تمہارے پاس میری طرف سے کسی قسم کی ہدایت سو جو شخص پیروی کرے گا میری اس ہدایت کی تو نہ تو کچھ اندیشہ ہوگا ان پر اور نہ ایسے لوگ غمگین ہوں گے اور جو لوگ کفر کریں گے اور تکذیب کریں گے ہمارے احکام کی تو یہ لوگ ہوں گے دوزخ والے وہ اُس میں ہمیشہ کو رہیں گے اے بنی اسرائیل یاد کرو تم لوگ میرے ان احسانوں کو جو کئے ہیں میں نے تم پر اور پورا کرو تم میرے عہد کو پورا کروں گا میں تمہارے عہد کو اور صرف مجھی سے ڈرو اور ایمان لے آؤ اس کتاب پر جو میں نے نازل کی ہے (یعنی قرآن پر) ایسی حالت میں کہ وہ سچ بتلانے والی ہے اس کتاب کو جو تمہارے پاس ہے (یعنی تورات کے کتاب الٰہی ہونے کی تصدیق کرتی ہے) اور مت بنو تم سب میں پہلے انکار کرنے والے اس قرآن کے اور مت لو بمقابلہ میرے احکام کے معاوضہ حقیر کو اور خاص مجھی سے پورے طور پر ڈرو۞

www.besturdubooks.net

تفسیر: چنانچہ ارشاد ہے: فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ بعد ازاں حاصل کر لئے آدم علیہ السلام نے اپنے رب سے چند الفاظ (یعنی معذرت کے کلمات کہ وہ بھی اللہ تعالیٰ ہی سے حاصل ہوئے تھے اور ایسے موقع پر جب خطا وار اپنی خطا پر سخت نادم و بے چین ہو کلمات معذرت کا تلقین کر دینا دنیا میں رائج ہے بعض اوقات دیکھا جاتا ہے کہ نوکر اپنی خطا پر نادم ہو کر منہ بنا کر ہاتھ جوڑ کر گردن جھکا کر روبرو خاموش کھڑا ہو جاتا ہے اور مارے ہیبت وانفعال کے کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کہے ڈرتا ہے کہ خدا جانے منہ سے کوئی ایسی بات بے تمیزی کی نہ نکل جائے جس سے اور زیادہ عتاب ہونے لگے یا اس خطا کو اس قدر عظیم سمجھتا ہے کہ الفاظ معذرت کے اس کے لئے کافی نہیں ملتے اس وقت آقا کو جوشِ کرم ہوتا ہے اور مہربان ہو کر کہتا ہے کہ کیا چاہتا ہے کچھ منہ سے تو کہہ وہ جب پھر بھی کچھ نہیں کہتا تو کہتے ہیں اچھا عہد کر کہ پھر ایسی حرکت نہ کروں گا وہ اس کی تلقین کے موافق وہی الفاظ عرض کرتا ہے اس وقت کہہ دیتے ہیں کہ جا معاف کیا پھر مت کرنا اسی طرح یہاں ندامت آدم علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ کی رحمت متوجہ ہوئی اور خود اس معذرت کے الفاظ تلقین فرما دیئے چنانچہ آدم علیہ السلام نے وہ کلمات عرض کئے) تو اللہ تعالیٰ نے رحمت کے ساتھ توجہ فرمائی ان پر (یعنی توبہ قبول کر لی) بے شک وہی ہیں بڑے توبہ قبول کرنے والے بڑے مہربان اور (حضرت حوا کی توبہ کا بیان سورۂ اعراف میں ہے: قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا الخ۔ سو وہ بھی توبہ میں اور اس کے قبول ہونے میں آدم علیہ السلام کے ساتھ شریک ہیں۔

ف: حکمت مکث فی الارض بعد قبول توبہ: مگر چونکہ ان کے روئے زمین پر آنے میں اور بھی ہزاروں حکمتیں اور مصلحتیں مثل اقامت حدود واجراء احکام شرعیہ مضمر تھیں چنانچہ قبل تخلیق ہی یہ امر تجویز فرما دیا گیا تھا: جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ؕ اس لئے معاف فرمانے کے بعد بھی اس حکم ہبوط کو منسوخ نہیں فرمایا البتہ طرز اس کا بدل دیا کہ وہ پہلا حکم حاکمانہ طرز پر تھا اور یہ دوسرا حکم حکیمانہ طریق پر ہوا تھا چنانچہ ارشاد ہے: قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا (الی قولہ تعالیٰ) وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔ ہم نے حکم فرمایا نیچے جاؤ اس بہشت سے سب کے سب پھر اگر آوے تمہارے پاس میری طرف سے کسی قسم کی ہدایت (یعنی احکام شرعیہ بذریعہ حضرات انبیاء علیہم السلام کے) سو جو شخص پیروی کرے میری اس ہدایت کی تو نہ تو کچھ اندیشہ ہوگا اس پر اور نہ ایسے لوگ غمگین ہوں گے۔ ف: یعنی قیامت کے روز یہ ثمرہ ان کو ملے گا اور یہ خلجان نہ ہو کہ حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اس روز بڑے بڑے مقبول ومقرب لوگ خوفزدہ ہوں گے بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یوں نہیں فرمایا کہ وہ خوفناک نہ ہوں گے تاکہ اس شبہ کی گنجائش ہو بلکہ اس طرح فرمایا ہے کہ ان پر کچھ اندیشہ وخوف نہ ہوگا یعنی ان پر کوئی خوفناک واقعہ نہ پڑے گا خود اپنے دل میں وہ کتنا ہی ڈرا کریں اس کی ایسی مثال ہے کہ کسی شخص کا مقدمہ کسی حاکم کے اجلاس میں ہو اور وکیل قانون دان یوں کہے کہ اس مقدمہ میں کوئی خطر واندیشہ نہیں ہے تو مطلب یہی ہے کہ اس شخص پر کوئی آفت ایسی آنے والی نہیں جس کا اندیشہ ہو یہ ہرگز مطلب نہیں ہوتا کہ خود اسکے دل میں خوف طبعی بھی نہیں ہے اور چونکہ ان پر کوئی آفت وکلفت واقع نہ ہوگی اس لئے حزن وغم کی مطلقاً نفی فرما دی، کیونکہ حزن اسی کیفیت کو کہتے ہیں جو بعد وقوع کسی مضرت کے قلب میں پیدا ہوتی ہے بخلاف خوف کے کہ ہمیشہ وقوع کے قبل ہوا کرتا ہے گو وقوع کبھی نہ ہو۔ غرض یہ ان لوگوں کا حال ہوا جو ہدایت کی پیروی کرنے والے ہوں گے، اب ان کے مقابلین کا حال بیان فرماتے ہیں۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ اور جو لوگ کفر کریں گے اور تکذیب کریں گے ہمارے احکام کی یہ لوگ ہوں گے دوزخ والے وہ اس میں ہمیشہ کو رہیں گے۔

ربط: یہاں تک بیان تھا نعمت عامہ معنویہ کا جس کے ضمن میں حضرت آدم علیہ السلام کا پورا قصہ بیان فرمایا گیا ہے آگے نعمت خاصہ کا بیان فرماتے ہیں جو خاص اس وقت کے علماء کو عطا ہو رہی تھی اور مشرکین عرب میں تو اہل علم تھے نہیں اہل کتاب میں البتہ لکھے پڑھے لوگ موجود تھے ان میں بھی بنی اسرائیل کی کثرت تھی جن پر پشتہا پشت سے انعام واحسان ہوتے آئے تھے اور ان کو حسب ونسب وریاست وپیرزادگی سب طرح کا فخر وامتیاز حاصل تھا اس لئے بنی اسرائیل کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور وہ نعمتیں ان کو یاد دلاتے ہیں تاکہ شرما کر ایمان لائیں اور چونکہ یہ اہل علم تھے ان کے ایمان لانے سے دوسرے عوام پر اچھا اثر پڑے گا سو ان نعمتوں کو اولاً اجمالاً یاد دلاتے ہیں پھر اگلے رکوع سے تفصیلاً ان کا ذکر ختم پارہ کے قریب تک چلا جائے گا اور فہرست انعامات کی خاتمہ پر بھی اسی قسم کی عبارت ہوگی کیونکہ قاعدہ ہے کہ جو مقصود اعظم ہوتا ہے کلام کو شروع بھی اس سے کیا کرتے ہیں اور دلائل وغیرہ قائم کر کے پھر نتیجہ کے طور پر اس کو ختم پر بھی لایا کرتے ہیں، سو ارشاد ہے۔

تذکیر نعم بنی اسرائیل: يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ اے بنی اسرائیل (یعنی اولاد حضرت یعقوب علیہ السلام کی) یاد کرو تم لوگ میرے ان احسانوں کو جو کئے ہیں میں نے تم پر (تاکہ ایمان لانا کہ اس نعمت کا حق ادا کرنا ہے آسان ہو جائے آگے اس یاد کرنے کی مراد بتلاتے ہیں) اور پورا کرو تم میرے عہد کو (یعنی تم نے جو مجھ سے عہد کیا تھا توریت میں جس کا بیان اس آیت میں ہے): وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ؕ (الی) قَرْضًا حَسَنًا پورا کروں گا میں تمہارے عہد کو (یعنی میں نے جو عہد تم سے کیا تھا ایمان لانے پر جیسا آیت مرقومہ میں مذکور ہے: لَاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ (الی قولہ) سَوَآءَ السَّبِيْلِ۔ اور صرف مجھی سے ڈرو۔

ف: اپنے عوام الناس معتقدین سے مت ڈرو کہ ان کو اعتقاد نہ رہے گا ان سے آمدنی بند ہو جاوے گی آگے اس ایفاء عہد کا مطلب صاف لفظوں میں بیان فرماتے ہیں۔

نہی از کفر و دین فروشی: وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ اور ایمان لے آؤ اس کتاب پر جو میں نے نازل کی ہے (یعنی

www.besturdubooks.net

قرآن مجید پر اور تم کو تو اس سے وحشت نہ ہونا چاہئے کیونکہ اس کو تو نازل کیا ہے) ایسی حالت میں کہ وہ سچ بتلانے والی ہے اس کتاب کی جو تمہارے پاس ہے (یعنی توریت کے کتاب الٰہی ہونے کی تصدیق کرتی ہے چنانچہ جابجا قرآن مجید میں: اٰمَنَّا بِالَّذِیْٓ اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَاُنْزِلَ اِلَیْکُمْ اور مَآ اُوْتِیَ مُوْسٰی وَعِیْسٰی اور یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ اور اس قسم کی آیات بکثرت موجود ہیں ہاں جس قدر اس میں تحریف ہوگئی ہے وہ خود توریت وانجیل ہونے ہی سے خارج ہے) اور مت ہو تم سب میں پہلے انکار کرنے والے اس قرآن کے (یعنی تمہارے دیکھا دیکھی جتنے انکار کرتے جائیں گے ان سب میں اول بانی تم ہوگے تو قیامت تک تمام کے انکار کا وبال تمہارے نامۂ اعمال میں درج ہوتا رہے گا) اور مت لو بمقابلہ میرے احکام کے معاوضۂ حقیر کو اور خاص مجھی سے پورے طور پر ڈرو۔ **ف**: یعنی میرے احکام چھوڑ کر اور ان کو بدل کر اور چھپا کر عوام الناس سے دنیائے ذلیل و قلیل کو وصول مت کرو جیسا کہ ان کی عادت تھی چنانچہ آگے تصریح فرماتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاَوْفُوْا بِعَهْدِیْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ۔ مراتب وفا میں نہایت وسعت ہے پس ہماری جانب سے اول مرتبہ ادائے کلمۂ شہادت ہے اور حق تعالیٰ کی طرف سے جان و مال کی حفاظت اور اخیر مرتبہ ہماری طرف سے فناء ہے یہاں تک کہ فناء سے بھی فناء ہو جاتا اور حق تعالیٰ کی طرف سے صفات و اسماء کے انوار سے آراستہ ہونا ہے جیسا کہ تفسیر میں جو آثار مختلفہ آئے ہیں وہ بھی مراتب متوسطہ کے ہیں اور وہ بکثرت ہیں اور یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ اول مرتبہ ہماری طرف سے توحید افعال ہے اور اوسط توحید صفات اور آخر توحید ذات اور حق تعالیٰ کی طرف سے وہ معارف و اخلاق ہیں جو ہر مرتبہ میں مناسب اس مرتبہ کے سالک پر فائض کئے جاتے ہیں۔

ملحقات الترجمة: ① قولہ کسی قسم کی ہدایت حملا للتنوین علی الاطلاق والابہام ۱۲۔ ② قولہ میری اس ہدایت کی لکون الاضافة للعهد ۱۲۔ ③ قولہ غم کریں گے دلیله قرینة المقام من مقابلته بقوله فمن تبع وصدور هذا الکلام قبل الایمان والکفر ۱۲۔ ④ قولہ پورے طور پر ڈرو۔ لان التقوی غاية الرهبة کما ان الرهبة مقدمة التقوی بدأ بالمقدمة ثم ترقی الی الغاية ۱۲ من المظهری قلت وجهه ظاهر من اللغة لان التقوی من الوقاية فيختص بالخوف الذی يکون معه الوقاية من المعاصی ولا يکون الالکمال الخوف ۱۲۔

اللغات: قوله فتلقی معنی تلقی الکلمات استقبالها بالاخذ والقبول والعمل بها حين علمها ۱۲ کشاف۔

البلاغة: قوله فتلقی واکتفی بذکر توبة آدم دون توبة حوا لانها کانت تبعا له کما طوی ذکر النساء فی اکثر القرآن والسنة لذلك وقد ذکرها فی قوله قالا ربنا ظلمنا انفسنا ۱۲ کشاف۔ قوله تعالیٰ قلنا اهبطوا فان قلت لم کرر قلنا اهبطوا قلت للتاکید ولمانيط به من زيادة قوله فاما ياتينکم ۱۲ کشاف قلت الا لطف ان يقال ان الاول للقدر والثانی للقضاء کما هو داب الملوك او الاول حکما والثانی حکمة کما اختير فی المتن ۱۲۔ قوله تعالیٰ واياى فارهبون وهو اوکد فی افادة الاختصاص من اياك نعبد ۱۲ کشاف۔ قوله تعالیٰ ولا تشتروا استعارة للاستبدال ۱۲ کشاف۔

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾ اَتَاْمُرُوْنَ
النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا
ع ۵ عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ﴿۴۵﴾ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۴۶﴾ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ
عَلَيْكُمْ وَاَنِّىْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا
يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۸﴾

اور مخلوط مت کرو حق کو ناحق کے ساتھ اور پوشیدہ بھی مت کرو حق کو جس حالت میں کہ تم جانتے بھی ہو اور قائم کرو تم لوگ نماز کو (یعنی مسلمان ہوکر) اور دو زکوٰۃ اور عاجزی کرو عاجزی کرنے والوں کے ساتھ کیا غضب ہے کہ کہتے ہو اور لوگوں کو نیک کام کرنے کو (نیک کام کرنے سے مراد رسول اللہ پر ایمان لانا ہی ہے) اور اپنی خبر نہیں لیتے حالانکہ تم تلاوت کرتے رہتے ہو کتاب کی تو پھر کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے؟ اور (اگر تم کو حب مال و جاہ کے غلبہ سے ایمان لانا دشوار معلوم ہو تو) مدد لو صبر اور نماز سے اور بے شک وہ نماز دشوار ضرور ہے مگر جن کے قلوب میں خشوع ہو۔ ان پر کچھ بھی دشوار نہیں وہ خاشعین وہ لوگ ہیں جو خیال رکھتے ہیں اس کا کہ وہ بے شک ملنے والے ہیں اپنے رب سے وہ اس بات کا بھی خیال رکھتے ہیں کہ وہ بے شک اپنے رب کی طرف واپس جانے والے ہیں۔ اے اولاد یعقوب کی تم لوگ میری اس نعمت کو یاد کرو جو میں نے تم

www.besturdubooks.net

کو انعام میں دی تھی اور اس (بات) کو (یاد کرو) کہ میں نے تم کو تمام دنیا جہان والوں پر (خاص برتاؤ میں) فوقیت دی تھی۔ اور ڈرو تم ایسے دن سے کہ نہ تو کوئی شخص کسی شخص کی طرف سے کچھ مطالبہ ادا کر سکتا ہے اور نہ کسی شخص کی طرف سے کوئی سفارش قبول ہو سکتی ہے اور نہ کسی شخص کی طرف سے کوئی معاوضہ لیا جا سکتا ہے اور نہ ان لوگوں کی طرفداری چل سکے گی ۞

تفسیر: وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ اور مخلوط مت کرو حق کو ناحق کے ساتھ اور پوشیدہ بھی مت کرو حق کو جس حالت میں کہ تم جانتے بھی ہو۔ **ف**: کہ یہ بری بات ہے خودغرض لوگ احکام شرعیہ کی تبدیل دوطرح کیا کرتے ہیں ایک تو یہ اگر قابو چلا تو اس کو ظاہر ہی نہ ہونے دیا یہ کتمان ہے اور اگر ان کے چھپائے نہ چھپ سکا اور ظاہر ہی ہو گیا تو پھر اس میں خلط ملط کرنا چاہتے ہیں کہیں سہو کاتب بتلا دیا کہیں مجاز کا بہانہ پیش کر دیا کہیں محذوف مقدر نکال دیا، یہ لبس ہے حق تعالیٰ نے دونوں سے منع کر دیا۔

ربط: یہاں تک تو ایمان لانے کا اور کفر کی باتیں چھوڑنے کا حکم تھا جو کہ منجملہ اصول ہے اب بعض عظیم الشان فروع اسلامیہ کا حکم فرماتے ہیں تاکہ مجموعہ سے تکمیل اسلام کا مقصود و مامور بہ ہونا حاصل ہو جائے۔

امر بعبادات فرعیہ: وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِينَ اور قائم کرو تم لوگ نماز کو (یعنی مسلمان ہو کر) اور دو زکوٰۃ کو اور عاجزی کرو عاجزی کرنے والوں کے ساتھ۔ **ف**: فروع اسلامیہ یعنی اعمال دو قسم کے ہیں اعمال ظاہری اعمال باطنی پھر اعمالِ ظاہری دو قسم کے ہیں عبادتِ بدنی عبادت مالی تو یہ تین کلیات ہوئیں ان تینوں کلیات میں سے ایک ایک جزئی کو ذکر کر دیا نماز عبادت بدنی ہے زکوٰۃ عبادت مالی ہے خشوع و خضوع عمل باطنی ہے چونکہ تواضع باطنی میں اہل تواضع کی معیت کو بڑا دخل اور تاثیر عظیم ہے اس لئے مع الراکعین کا بڑھانا نہایت برمحل ہوا یہ تینوں عمل علاوہ عظیم الشان ہونے کے بنی اسرائیل کی حالت کے بہت مناسب تھے اس لئے ذکر میں ان کی تخصیص فرمائی کیونکہ نماز سے ان کی حبِ جاہ کم ہوگی زکوٰۃ سے حبِ مال گھٹے گی تواضع باطنی سے حسد وغیرہ میں کمی آوے گی یہی مرض ان میں زیادہ تھے چنانچہ اس کا مستقل علاج بھی آگے ان کو بتلا دیں گے اس آیت میں وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ الآیۃ یہاں تک اسلامی اصول و فروع سب کی تاکید اور ترغیب ان کو دی گئی، اب یہاں موقع ہے کہ کسی کو یہ خیال ہو کہ شاید مخاطبین کو حضور پرنور رسول مقبول ﷺ کی نبوت و رسالت کا ثبوت اور علم ہی نہ ہوا ہو اور اس لئے کسی درجہ میں معذور ہو سکیں اس لئے اس خیال کے رفع کرنے کے واسطے ان لوگوں کا اس مسئلہ صدق دعوائے رسالت سے آگاہ ہونا ظاہر فرماتے ہیں۔ قصہ یہ ہے کہ ان علماء بنی اسرائیل کے بعض اقارب اسلام قبول کر چکے تھے تو ان سے جب کبھی اس مقدمہ میں گفتگو آتی تو خفیہ طور پر ان سے یہی کہتے کہ بیشک حضور پرنور پیغمبر برحق ہیں ہم لوگ تو کسی مصلحت سے اسلام قبول نہیں کر سکتے مگر تم اس مذہب اسلام کو مت چھوڑنا اس سے صاف ثابت ہوا کہ یہ لوگ مسئلہ صدق دعوائے رسالت سے بخوبی آگاہ تھے اللہ تعالیٰ اسی بنا پر فرماتے ہیں۔

زجر عالم بے عمل: أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ (الی قولہ تعالیٰ) أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۔ کیا غضب ہے کہ کہتے ہو اور لوگوں کو نیک کام کرنے کو (نیک کام سے مراد ہی رسول مقبول ﷺ پر ایمان لانا ہے) اور اپنی خبر نہیں لیتے حالانکہ تم تلاوت کرتے رہتے ہو کتاب کی (یعنی توریت کی اور اس میں جابجا ایسے عالم بے عمل کی مذمتیں مذکور ہیں جو تلاوت کے وقت تمہاری نظر سے گزرتی ہیں) تو پھر کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے (کہ ہم بھی ان مذمتوں کے مصداق بنے جاتے ہیں۔

ف: **مسئلہ**: اس سے یہ نہیں نکلتا کہ بے عمل کو واعظ بننا جائز نہیں بلکہ یہ نکلتا ہے کہ واعظ کو بے عمل بننا جائز نہیں ان دونوں باتوں میں زمین اور آسمان کا فرق ہے۔

غرض یہ بات ثابت ہوگئی کہ انکے پاس کوئی معقول عذر ایمان نہ لانے کے باب میں نہیں ہے اور ایمان لانا بلاشبہ ان کے ذمہ واجب ہے اب سمجھنا چاہئے کہ گو انکے پاس کوئی عذر قابل پذیرائی نہ تھا مگر دو خصلتیں ان کو ایمان نہ لانے دیتی تھیں ایک حب جاہ اور دوسرے حب مال دوسرے حب جاہ اور انہیں دو سے حسد پیدا ہو گیا تھا بار بار یہی خیال ہوتا تھا کہ اگر ہم نے رسول مقبول ﷺ کا اتباع اختیار کر لیا سو یہ تو سہل ہے کیونکہ اس میں کچھ مضار نہیں مگر اس کے بعد اس پر دوام بھی کرنا پڑے گا سو یہ اسلئے صعب ہے کہ اگر ایسا ہوا تو پھر کہاں تو یہ آمدنی اور کہاں یہ قدر و منزلت خود آپ کی غلامی کرنی پڑیگی اور چونکہ مال و جاہ کی محبت خوب جی میں گھس گئی تھی آپ کے فتوحات و شوکت کی ترقی کو اپنے تنزل کا سبب سمجھ کر مارے حسد کے جلے مرتے تھے غرض اصل مرض یہ دو تھے اور انکی وجہ سے ایمان لانا دشوار ہو رہا تھا اسلئے اللہ تعالیٰ اس مشکل کے آسان ہو جانے کا طریقہ بتلاتے ہیں۔

علاج حب مال و جاہ: وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ (الی قولہ تعالیٰ) وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رَاجِعُونَ اور مدد لو اگر تم کو حب مال و جاہ کے غلبہ سے ایمان لانا دشوار معلوم ہو جسکے دشوار ہونے کی تقریر اوپر گذر چکی تو) صبر اور نماز سے (یعنی ایمان لا کر صبر اور نماز کا التزام کرو کہ صبر سے حب مال گھٹ جاویگی کیونکہ مال اسی وجہ سے محبوب ہے کہ ذریعہ حصول لذات و شہوات کا ہے جب انہی کے ترک کی ہمت باندھ لوگے تو مال بھی محبوب نہ رہے گا اور نماز سے حب جاہ کم ہوگی کیونکہ نماز میں ہر طرح کی پستی و خاکساری ہی ہے جب یہ عادت پختہ ہو جائے گی تو حب جاہ گھٹے گی یہی مادہ فساد کا تھا اس کی اصلاح سے اب ایمان میں دشواری معلوم نہ ہوگی۔ اب سمجھو کہ صبر میں بعض شہوات کو صرف ترک کرنا پڑتا ہے اور نماز میں بہت سے افعال کا واقع کرنا ہے اور ہمیشہ عقلی و طبعی قاعدہ سے ترک سے فعل دشوار ہوتا ہے خصوص نماز کہ بوجہ انتشار خیالات کے اس کی تقییدات بہت ہی گراں گذرتی ہیں اس لئے صبر میں تو چنداں مشقت نہ ہوگی البتہ نماز میں ضرور دشواری ہوگی اور اس کو معالجہ قرار دیا ہے حب جاہ کا مگر خود اس کی

www.besturdubooks.net

دشواری کا کیا علاج ہونا چاہئے سو اس کی نسبت فرماتے ہیں)

ترجمہ اور بے شک وہ نماز دشوار ضرور ہے مگر جن کے قلوب میں خشوع ہو ان پر کچھ بھی دشوار نہیں۔

طریق سہولت حضور قلب در صلوٰۃ: اس میں تدبیر بتلا دی نماز کے آسان ہونے کی کہ اس کے سبب کی تشخیص کر کے اس کے ازالہ کا طریق بتلا دیا۔ حاصل یہ ہے نماز میں دشواری کا سبب دیکھنا چاہئے کہ کیا ہے سو ظاہر ہے کہ انسان کا قلب خوگر ہے میدان خیال میں آزاد پھرنے کا اور جوارح تابع قلب کے ہیں تو وہ جوارح کے آزاد رہنے کا بھی متقاضی ہوتا ہے اور نماز میں پوری پوری تقیید کہ نہ ہنسو نہ بولو نہ کھاؤ نہ پیو نہ چلو نہ پھرو وغیرہ وغیرہ ان تقییدات سے اول جوارح مقید ہوتے ہیں اور ان کی قید کا اثر قلب پر ہوتا ہے کہ وہ تنگ ہوتا ہے غرض علت اس گرانی و دشواری کی قلب کی حرکت فکریہ ہے تو اس کا علاج سکون سے ہونا چاہئے چنانچہ خشوع کو کہ حقیقت اس کی سکون قلب ہے علت آسانی کی فرمایا گیا اور خود سکونِ قلب کی حقیقت حرکت قلب کے مقابلہ سے معلوم ہوگئی جب فکر یعنی سوچنا اس کی حرکت ہے تو قطع فکر اس کا سکون ہے۔ اب یہ سمجھئے کہ یہ بات تجربہ سے ثابت ہوگئی ہے کہ اگر افکار مختلفہ و خیالات متفرقہ کو کوئی شخص براہِ راست قلب سے نکالنا چاہے قریب بمحال ہے اس کی صرف ایک تدبیر ہے وہ یہ کہ چونکہ نفس ایک آن میں دو طرف متوجہ نہیں ہوسکتا اس لئے اس کو اگر کسی ایک خیال میں مستغرق کر دیا جائے تو دوسرے خیالات و افکار از خود منعدم و فنا ہو جاتے ہیں اس لئے خشوع کے بعد اس خیال کو بتلاتے ہیں جس میں غرق ہو جانے سے دوسرے خیالات دفع ہوں اور ان کے دفع ہونے سے حرکت قلب منقطع ہو اور اس کے انقطاع سے قلب کو سکون ہو اور اس کے سکون سے نماز میں آسانی ہو اور اس میں آسانی ہونے سے وہ ہمیشہ ادا ہوا کرے اور اس کے ہمیشہ پڑھنے سے حب جاہ کم ہو اور اس کی کمی سے مانع ثبات علی الایمان مرتفع ہو اور اس مانع کے مرتفع ہونے سے ثبات علی الایمان کی توفیق ہو سبحان اللہ کیسا باقاعدہ مرتب علاج اور مطب ہے اس لئے اس خیال مذکور کی تعیین کی تعلیم فرماتے ہیں) **ترجمہ**: وہ خاشعین وہ لوگ ہیں جو خیال رکھتے ہیں اس کا کہ وہ بیشک ملنے والے ہیں اپنے رب سے (تو اس وقت اس خدمت کا خوب انعام ملے گا) اور اس بات کا بھی خیال رکھتے ہیں کہ وہ اپنے رب کی طرف واپس جانے والے ہیں (تو اس وقت اس کا حساب و کتاب بھی دینا ہوگا ان دونوں خیالوں سے رغبت اور رہبت پیدا ہوگی اول تو ہر خیال محمود میں غرق ہو جانا قلب کو نیک کام کے لئے مجتمع کر دیتا ہے خصوصاً رغبت اور رہبت کا خیال کہ اس کو تو خاص طور پر دخل ہے نیک کام میں مستعد و سرگرم کر دینے کے لئے)۔

ربط یہی مضمون جس کا بنی اسرائیل کو مخاطب بنایا ہے کہ اپنی نعمتیں یاد دلائیں ان کی ناسپاسیاں جتلائیں یہاں تک بالکل اجمالی ہے اب اسی کو خوب تفصیل سے بیان فرماتے ہیں: يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ (یعنی) اے اولاد یعقوب علیہ السلام کی تم لوگ میری اس نعمت کو یاد کرو (تاکہ شکر اور اطاعت کی تحریک ہو) جو میں نے تم کو انعام میں دی تھی اور اس (بات) کو (یاد کرو) کہ میں نے تم کو (خاص خاص برتاؤ میں) تمام دنیا جہان والوں پر فوقیت دی تھی (اور یہ ترجمہ بھی ہو سکتا ہے کہ) میں نے تم کو ایک بڑے حصے مخلوق پر فوقیت دی تھی (مثلاً اس زمانہ کے لوگوں پر)

ف: ان خاص برتاؤوں کا بیان ایک آیت کے بعد سے شروع ہوا ہے اور زیادہ حصہ ان برتاؤوں کا ان مخاطبین کے باپ دادا کے ساتھ ہوا ہے لیکن یقینی بات ہے کہ باپ کے ساتھ جو احسان کیا جائے ایک گونہ انتفاع اس سے اولاد کو ضرور ہوتا ہے چنانچہ مشاہدہ ہے اور اس آیت میں تو اطاعت کی ترغیب ہے اب اطاعت نہ کرنے پر ترہیب یعنی دھمکی بتلاتے ہیں: وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔـا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ (الی قولہ تعالی) وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ۔ (یعنی) اور ڈرو تم ایسے دن سے کہ (جس میں) نہ تو کوئی شخص کسی شخص کی طرف سے کچھ مطالبہ ادا کر سکتا ہے اور نہ کسی شخص کی طرف سے کوئی سفارش قبول ہو سکتی ہے (جبکہ خود اس شخص میں ایمان نہ ہو جس کی سفارش کرتا ہے) اور نہ کسی شخص کی طرف سے کوئی معاوضہ لیا جا سکتا ہے اور نہ ان لوگوں کی طرف داری چل سکے گی۔ **ف**: یہ دن قیامت کا ہوگا مطالبہ ادا کرنا یہ کہ مثلاً کسی کے ذمہ نماز و روزہ کا مطالبہ ہو دوسرا کہہ دے کہ میرا نماز روزہ لے کر اس کا حساب بے باق کر دیا جائے اور معاوضہ یہ کہ کچھ مال وغیرہ داخل کر کے بچا لاوے سو دونوں باتیں نہ ہوں گی اور بدون ایمان کے سفارش قبول نہ ہونے کو جو فرمایا ہے اور آیتوں سے معلوم ہوا کہ اس کی صورت یہ ہوگی کہ ایسوں کی خود سفارش ہی نہ ہوگی جو قبول کی گنجائش ہو اور طرف داری یہ کہ کوئی زور دار حمایت کر کے نکال لائے مطلب یہ کہ دنیا میں جتنے طریقے مدد کرنے کے ہوتے ہیں بدون ایمان کے کچھ نہ ہوگا۔ اب یہاں سے دور تک ان مذکور خاص برتاؤوں کا بیان چلا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ جب ان کو ترک ضلال و اضلال اور التزام شرائع کا حکم فرمایا اور یہ ان کو شاق تھا چونکہ اس میں ان کا محبوب و مطلوب فوت ہوتا تھا پس ان کے اس مرض کا اس خطاب سے علاج فرمایا اور جلالین میں اس طرح تقریر ہے کہ جب ان کو حرصِ مال اور حب جاہ نے ایمان سے روکا تو ان کو صبر یعنی صوم کا حکم ہوا کہ وہ شہوت کو توڑتا ہے اور صلوٰۃ کا حکم ہوا کہ وہ مورثِ خشوع اور مزیل کبر ہے۔ قولہ تعالی وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۝۔ یہ آیت دال ہے اس پر کہ خشوع سبب ہے سہولت صلوٰۃ کا اور اس پر بھی کہ لقاء و رجوع کا استحضار سبب ہے حصول خشوع کا سو دیکھئے حق تعالیٰ نے کس طرح سے سہولت عبادت و حصولِ خشوع کا خوشگوار طریقہ بتلا دیا ہے۔

www.besturdubooks.net

الحواشی: (۱) لا تحقرن الضعيف لعلك ان : تركع يوما والدهر قد رفعه ۱۲ من ابی السعود۔ قولہ تعالٰی يٰبَنِىٓ اِسْرَآءِيْلَ، وَاتَّقُوْا يَوْمًا الخ۔ اس میں دلالت ہے اس پر کہ محض مقبولین کی طرف منسوب ہونا بدوں ایمان وعمل صالح کے نافع نہیں کیونکہ یہ لوگ انبیاء علیہم السلام کی اولاد تھے پھر دیکھئے ان پر کس قدر لتاڑ ہوئی ہے۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله عاجزی کرو لان الركوع الخضوع قال الاضبط بن قريع السعدی۔ ۲ قوله کیا غضب ہے لان الهمزة للتقرير مع التوبيخ والتعجيب من حالهم ۱۲ كشاف۔ ۳ قوله دشوار ضرور ہے افاده اللام فی لكبيرة ۱۲۔ ۴ قوله سکون قلب ہے هذا هو المعنى اللغوى للخشوع قال تعالٰی ترى الارض خاشعة ۱۲۔ ۵ قوله اور اس بات کا بھی لان قوله اليه راجعون معطوف على انهم ملاقوا ربهم والعطف فی حكم تكرير العامل ۱۲۔ ٦ قوله خاص خاص برتاؤ میں فلا يلزم تفضيلهم فی القرب والقبول عند الله تعالٰی على من ثبت فضله عليهم بالدليل الشرعی كالانبياء والامة المحمدية ولا حاجة الى هذا القيد فی الترجمة الثانية لعدم لزوم محذور عليه وما خذها تفسير الكشاف العالمين بالجم الغفير من الناس يقال رايت عالما من الناس يراد الكثرة كقوله تعالٰی باركنا فيها للعالمين ۱۲۔ ۷ قوله لیکن یقینی بات ہے فاندفع الاشكال بانهم كيف خوطبوا بنعمة انعم بها على غيرهم ۱۲۔

الروايات: عن ابن عباس رضی الله عنهما تلبسوا تخالطوا ۱۲ اتقان عن ابن عباس الخٰشعين المصدقين بما انزل الله ۱۲ اتقان

الكلام: استدل المعتزلة بقوله تعالٰی لا يقبل منها شفاعة على نفی الشفاعة واجيب بان هذا النفی فی حق الكفار خاصة كما اشرت اليه فی الترجمة ۱۲۔

اللغات: قال القفال الاصل فی جزى عند اهل اللغة قضى اه واصل العدل من معادلة الشىء تقول ما اعدل بفلان احدا ای لا ارى له نظيرا ۱۲۱۔

النحو: قوله شيئا مفعول به او مصدر ای قليلا من الجزاء والعائد الى الموصوف محذوف ای فيه. قوله ولاهم ای مادلت عليه النفس المنكرة من النفوس والكثيرة التذكير بمعنى العباد ۱۲ كشاف۔

البلاغة: قوله تعالٰی ولا تلبسوا فان قلت لبسهم وكتمانهم ليسا بفعلين متميزين حتى ينهوا عن الجمع بينهما لانهم اذا لبسوا الحق بالباطل فقد كتموا الحق قلت بل هما متميزان لان لبس الحق بالباطل كتبهم فی التوراة ما ليس منها وكتمانهم الحق ان يقولوا لانجد فی التوراة صفة محمد صلى الله عليه وسلم او حكم كذا او يمحوا ذلك ويكتبوه على خلاف ما هو عليه ۱۲ كشاف۔ قوله نفس الخ معنى التنكير ان انفسا من الانفس لا تجزی عن نفس (كافرة) شيئا من الاشياء وهو الاقناط الكلی ۱۲۔

وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِىْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۴۹﴾ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۱﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۵۳﴾

اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب کہ رہائی دی ہم نے تم کو متعلقین فرعون سے جو فکر میں لگے رہتے تھے تمہاری سخت آزاری کے گلے کاٹتے تھے تمہاری اولاد ذکور کے اور زندہ چھوڑ دیتے تھے تمہاری عورتوں کو۔ اس (واقعہ) میں ایک امتحان تھا تمہارے پروردگار کی جانب سے بڑا بھاری اور جب شق کر دیا ہم نے تمہاری وجہ سے دریائے شور کو۔ پھر ہم نے ڈوبنے سے بچا لیا تم کو اور غرق کر دیا متعلقین فرعون کو (مع فرعون کے) اور تم اس کا معائنہ کر رہے تھے۔ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جبکہ وعدہ کیا تھا ہم نے موسیٰ سے چالیس رات کا۔ پھر تم لوگوں نے تجویز کر لیا گوسالہ کو موسیٰ کے (جانے کے) بعد اور تم نے ظلم پر کمر باندھ رکھی تھی۔ پھر بھی ہم نے (تمہارے توبہ کرنے پر) درگزر کیا۔ تم سے اتنی بڑی بات ہوئے پیچھے اس توقع پر کہ تم احسان مانو گے اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب دی ہم نے موسیٰ کو کتاب (تورات) اور فیصلہ کی چیز اس توقع پر کہ تم راہ پر چلتے رہو ۞

تفسیر: معاملہ اول: وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ. (الی قولہ تعالیٰ) وَفِىْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جبکہ رہائی دی ہم نے تم (لوگوں کے آباؤ اجداد) کو متعلقین فرعون سے جو فکر میں لگے رہتے تھے تمہاری آزاری کے گلے کاٹتے تھے تمہاری اولاد ذکور کے اور زندہ چھوڑ دیتے تھے تمہاری عورتوں کو (یعنی لڑکیوں کو کہ زندہ رہ کر بڑی عورتیں ہو جائیں) اور اس (واقعہ) میں ایک امتحان تھا تمہارے پروردگار کی جانب سے بڑا بھاری۔ ف: کسی نے فرعون سے پیشنگوئی کر دی تھی کہ بنی

www.besturdubooks.net

اسرائیل میں ایک لڑکا ایسا پیدا ہوگا جسکے ہاتھوں تیری سلطنت جاتی رہے گی اس لئے اس نے نوزائیدہ لڑکوں کو قتل کرنا شروع کر دیا اور چونکہ لڑکیوں سے کوئی اندیشہ نہ تھا اس لئے ان سے کچھ تعرض نہیں کیا دوسرے اپنا ایک مطلب بھی تھا کہ ان سے ماماگری اور خدمت گری کا کام لیتا تھا سو یہ عنایت بھی اپنے مطلب کے لئے تھی اور مراد اس واقعہ سے یا تو یہ ذبح و قتل مذکور ہے مصیبت میں صبر کا امتحان ہوتا ہے اور یا رہائی دینا مراد ہے جو کہ ایک نعمت ہے نعمت میں شکر کا امتحان ہوتا ہے اور اس نجات دینے کی تفصیل آئندہ آیت میں ہے۔

معاملہ دوم: وَإِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَأَنجَيْنَاكُمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جبکہ شق کر دیا ہم نے تمہارے (رستہ دینے کی) وجہ سے دریائے شور کو پھر ہم نے (ڈوبنے سے) بچا لیا تم کو اور غرق کر دیا متعلقین فرعون کو (مع فرعون کے) اور تم (اس کا) معائنہ کر رہے تھے۔ **ف**: یہ قصہ اس وقت ہوا کہ موسیٰ علیہ السلام پیدا ہو کر پیغمبر ہو گئے اور مدتوں فرعون کو سمجھاتے رہے جب کسی طرح نہ مانا تو حکم ہوا کہ بنی اسرائیل کو خفیہ لے کر یہاں سے چلے جاؤ راستہ میں سمندر ملا اور اس وقت پیچھے سے فرعون مع لشکر آ پہنچا حق تعالیٰ کے حکم سے دریا شق ہو گیا اور بنی اسرائیل کو راستہ مل گیا۔ یہ تو پار ہو گئے فرعون کے پہنچنے تک دریا اسی طرح رہا وہ بھی تعاقب کی غرض سے اندر گھس گیا اس وقت سب طرف سے پانی سمٹ کر دریا اپنے حال سابق پر ہو گیا اور فرعون اور فرعونی سب وہاں ہی ختم ہو گئے۔

معاملہ سوم: وَإِذْ وَاعَدْنَا مُوسَىٰ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِن بَعْدِهِ وَأَنتُمْ ظَالِمُونَ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جبکہ وعدہ کیا تھا ہم نے موسیٰ علیہ السلام سے (توریت دینے کا ایک مدت[1] گزرنے پر جس میں دس رات کا اضافہ ہو کر) چالیس رات کا (زمانہ ہو گیا تھا) پھر تم لوگوں نے (پرستش کے لئے) تجویز کر لیا گوسالہ کو موسیٰ (علیہ السلام) کے (جانے کے) بعد اور تم نے (اس تجویز میں صریح) ظلم پر کمر باندھ رکھی تھی (کہ ایسی بے جابات کے قائل ہو گئے تھے)۔ **ف**: یہ قصہ اس وقت ہوا جب فرعون کے غرق ہونے کے بعد بنی اسرائیل بقول بعض مصر[2] میں واپس آ کر رہنے لگے یا بقول بعض کسی اور مقام پر ٹھہر گئے تو موسیٰ علیہ السلام سے عرض کیا کہ اب ہم بالکل مطمئن ہو گئے اگر کوئی شریعت ہمارے لئے مقرر ہو تو اس کو اپنا دستور العمل بناویں موسیٰ علیہ السلام کی عرض پر حق تعالیٰ نے وعدہ فرمایا کہ تم کوہ طور پر آ کر ایک مہینہ ہماری عبادت میں مشغول رہو ایک کتاب تم کو دیں گے آپ نے ایسا ہی کیا اور توریت[3] مل گئی مگر دس روزہ عبادت اور عبادت میں مشغول رہنے کا اس لئے حکم ہوا کہ موسیٰ علیہ السلام نے ایک ماہ روزے رکھنے کے بعد افطار فرما لیا تھا اللہ تعالیٰ کو روزے دار کے منہ کا رائحہ (جو کہ خلو معدہ کی تغیر سے پیدا ہو جاتا ہے) پسند ہے اس لئے موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوا کہ دس روزے اور رکھیں تاکہ وہ رائحہ پھر پیدا ہو جائے اس طرح یہ چالیس روز ہو گئے موسیٰ علیہ السلام تو یہاں رہے اور وہاں سامری ایک شخص تھا اس نے چاندی یا سونے کا ایک بچھڑے کا قالب بنا کر اس کے اندر ایک مٹی جو حضرت جبریل علیہ السلام کے گھوڑے کے قدم کے نیچے سے اٹھائی ہوئی اس کے پاس تھی ڈال دی اس میں جان پڑ گئی جہلائے بنی اسرائیل نے اس کی پرستش شروع کر دی۔

معاملہ چہارم: ثُمَّ عَفَوْنَا عَنكُم مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ پھر[4] بھی ہم نے (تمہارے توبہ کرنے پر) درگزر کیا تم سے اتنی بڑی بات ہوئے پیچھے اس توقع پر کہ تم احسان مانو گے۔ **ف**: اس توبہ کا بیان اس آیت سے تیسری آیت میں مذکور ہے اور اس توقع کا یہ مطلب نہیں کہ نعوذ باللہ خدا تعالیٰ کو شک تھا بلکہ مطلب یہ ہے کہ یہ درگزر کرنا ایسی چیز ہے کہ دیکھنے والوں کو مظنہ توقع شکرگزاری کا ہو سکتا ہے۔

معاملہ پنجم: وَإِذْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ اور (اور وہ زمانہ یاد کرو) جب دی ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب (توریت) اور فیصلہ کی چیز اس توقع پر کہ تم راہ[5] پر چلتے رہو۔ **ف**: فیصلہ کی چیز یا تو ان احکام شرعیہ کو کہا جو توریت میں لکھے ہیں۔ شرع سے تمام تر اعتقادی اور عملی اختلافات کا فیصلہ ہو جاتا ہے اور یا معجزوں کو کہا کہ ان سے سچے جھوٹے دعوے کا فیصلہ ہوتا ہے یا خود توریت ہی کو کہہ دیا کہ اس میں کتاب ہونے کی بھی صفت ہے اور فیصل ہونے کی صفت بھی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَإِذْ وَاعَدْنَا مُوسَىٰ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً یہ آیت اہل سلوک کے چلہ کی اصل ہے اور گو یہ موسیٰ علیہ السلام کا قصہ ہے لیکن جب اس کو نقل کر کے اس پر انکار نہیں کیا گیا تو یہ ہمارے لئے حجت ہو گیا خصوص جبکہ اس باب میں حدیث بھی آئی ہے۔

الحواشی: (۱) اور یہ جو مشہور ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک ماہ کے بعد مسواک کر لی تھی اس وجہ سے دس روزے اور رکھنے کا حکم دیا یہ محض بے سند بات ہے گو بعض تفاسیر میں نقل کر دی گئی ہے مگر بلا سند ہونے کی وجہ سے حجت نہیں اور اگر روایت مذکور کسی صحیح سند سے ثابت بھی ہو جائے تب بھی حنفیہ پر اشکال نہیں ہو سکتا کہ وہ مسواک کو روزہ کی حالت میں جائز کیوں کہتے ہیں کیونکہ وہ کراہت مسواک کو شریعت موسویہ کے ساتھ خاص کہہ سکتے ہیں اور حنفیہ کا مستدل وہ حدیث ہے جو بیہقی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً روایت کی ہے خیر خصال الصائم مسواک وسندہ حسن کما فی الجامع الصغیر ۱۲ منہ

ملحقات الترجمۃ: قولہ: ایک مدت گزرنے پر ۔ لقولہ تعالیٰ وواعدنا موسٰی ثلثین لیلة واتممناها بعشر فتم میقات ربه اربعین لیلة ۱۲ ۔ ۲۔ قوله فی مصر میں واپس آ کر ۱۲۔ من معالم التنزیل ۔ ۳۔ قوله توریت مل گئی هکذا نقل المولوی محمد علی المراد آبادی فی کتابه الظفر المبین عن نسخ التوراة ایتانها بعد شهر و علیه فلا یلزم الخلف فی وعد الثلثین لا زالة موسٰی الخلوف ثم رایت فی تفسیر ابی السعود ما نصه و

www.besturdubooks.net

قيل امره الله تعالٰى بان يصوم ثلاثين يوما وان يعمل فيها بما يقربه من الله تعالٰى ثم انزلت عليه التوراة فى العشر وحكم فيها و قال فى عدد الالواح ما نصه فقيل انها كانت عشرة الواح و قيل سبعة الخ فتايد بهذه الاقوال ان ابتداء ايتائها كان بعد ثلثين واكمال ايتائها فى اربعين فسهل الجمع بلا تكلف ۱۲ منه ۔ ؎ قوله پھر بھی وقوله آتی بڑی بات ما خذهما ما فى روح المعانى فى تحقيق البلاغة ۱۲ ؎ قوله راہ پر چلتے رہو مستفاد من صيغة الاستمرار والتجدد ۱۲۔

الرِّوَايَات: اخرج الديلمى عن ابن عباس مرفوعًا لما اتٰى موسٰى ربه واراد ان يكلمه بعد ثلاثين يوما وقد صام ليلهن و نهارهن فكره ان يكلم به و ريح فمه ريح فم الصائم فتناول من نبات الارض فمضغه فقال له ربه لم افطرت وهو اعلم بالذى كان قال اى رب كرهت ان اكلمك الا وفمى طيب الريح قال او ما علمت يا موسٰى ان ريح فم الصائم اطيب من ريح المسك ارجع فصم عشرة ايام ثم ائتنى ففعل موسى الذى امره ربه فلما كلم الله موسٰى قال له ما قال الخ كذا فى الدر المنثور ۱۲ منه۔

اَلْكَلَام: دل فلق البحر على صدور الخوارق من الانبياء عليهم السلام ولا حجة على امتناعها عند المنكر كما انكرها متفلسفوا زماننا تقليدًا للملاحدة الاوربادين ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَة: واعدنا فى قراءة وعدنا والمفاعلة قد تكون من الواحد كقوله عاقبت اللص ۱۲ معالم۔

اللُّغَات: كبير السوم ۔ اصله من سام السلعة اذا طلبها كنه بمعنى يبغونكم السوء القبح والمعن اشده ۱۲ من الكشاف ۔ البلاء اصله الاختبار وهو تارة تكون بالمسار ليشكروها و تارة بالمضار ليصبروا والمراد على الاول النعمة و على الثانى المحنة ۱۲ روح المعانى العفو الدرس والمحو ۱۲ روح المعانى۔

اَلنَّحْو: اتخذتم العجل اى الٰها ۱۲ معالم۔

اَلْبَلَاغَة: قوله يذبحون قدم الذبح لانه اصعب الامور عند الناس وان كان ذلك الاستحياء اعظم من القتل لدى الغيور ۱۲ روح المعانى و يذبحون بيان لقوله يسومونكم و لذلك ترك العاطف ۱۲ كشاف قوله بكم بسببكم ۱۲ جلالين۔ ثم لتفاوت ما بين فعلهم القبيح و لطفه تعالٰى فى شانهم فلا يكون من بعد ذلك تكرار و ذلك موضوع موضع ذلكم و ايثارها لكمال العناية بتمييزه كانه يجعل ظلمهم مشاهد الهم و صيغة البعيد مع قربه لتعظيمه ۱۲ روح المعانى لعل لانشاء توقع امر مترددبين الوقوع و عدمه مع رجحان الاول و ذلك قد يعتبر تحققه بالفعل اما من جهة المتكلم وهو الشائع واما من جهة المخاطب تنزيلا له منزلة المتكلم فى التلبس بالكلام وقد يعتبر تحققه بالقوة بضرب من التجوز ايذانا بان ذلك الامر فى نفسه مئنة للتوقع ۱۲ روح المعانى

الكتٰب والفرقان: يعنى الجامع بين كونه كتابا منزلا و فرقانا يفرق بين الحق والباطل يعنى التوراة كقولك رأيت الغيث والليث تريد الرجل الجامع بين الجود والجرءة ۱۲ كشاف۔

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا
اَنْفُسَكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۴﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ
نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْ
بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ
طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا
مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾

اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب موسیٰ (علیہ السلام نے) فرمایا اپنی قوم سے کہ اے میری قوم بے شک تم نے اپنا بڑا نقصان کیا اپنے اس گئو سالہ (پرستی) کی تجویز سے سو تم اب اپنے خالق کی طرف متوجہ ہو۔ پھر بعض آدمی بعض آدمیوں کو قتل کرو۔ (یہ عملدرآمد) تمہارے لئے بہتر ہوگا۔ تمہارے خالق کے نزدیک پھر حق تعالیٰ تمہارے حال پر (اپنی

www.besturdubooks.net

عنایت سے) متوجہ ہوئے بیشک وہ تو ایسے ہی ہیں کہ توبہ قبول کر لیتے ہیں اور عنایت فرماتے ہیں اور جب تم لوگوں نے (یوں) کہا کہ اے موسیٰ ہم ہرگز نہ مانیں گے تمہارے کہنے سے یہاں تک کہ ہم (خود) دیکھ لیں اللہ تعالیٰ کو علانیہ طور پر سو (اس گستاخی پر) پڑ کڑک بجلی کی اور تم (اس کا آنا) آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔ پھر ہم نے تم کو زندہ کر اٹھایا۔ تمہارے مرجانے کے بعد اس توقع پر کہ تم احسان مانو گے اور سایہ افگن کیا ہم نے تم پر ابر کو (میدان تیہ میں) اور (خزانہ غیب سے) پہنچایا ہم نے تمہارے پاس ترنجبین اور بٹیریں کھاؤ نفیس چیزوں سے جو کہ ہم نے تم کو دی ہیں اور (اس سے) انہوں نے ہمارا کوئی نقصان نہیں کیا لیکن اپنا ہی نقصان کرتے تھے اور جب ہم نے حکم دیا کہ تم لوگ اس کی آبادی کے اندر داخل ہو پھر کھاؤ اس (کی چیزوں میں) سے جس جگہ تم رغبت کرو بے تکلفی سے اور دروازہ میں داخل ہونا (عاجزی سے) جھکے جھکے اور (زبان سے) کہتے جانا کہ توبہ ہے (توبہ ہے) ہم معاف کر دیں گے تمہاری خطائیں اور ابھی ابھی مزید برآں اور دیں گے دل سے نیک کام کرنے والوں کو۞

تفسیر : معاملہ ششم : وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اپنی قوم سے کہ اے میری قوم بیشک تم نے اپنا بڑا نقصان کیا اپنے اس گوسالہ (پرستی) کی تجویز سے سو تم اب اپنے خالق کی طرف متوجہ ہو پھر بعض آدمی (جنہوں نے گوسالہ پرستی نہیں کی) بعض آدمیوں کو (جنہوں نے گوسالہ پرستی کی) قتل کر دیں یہ (عمل درآمد) تمہارے لئے بہتر ہوگا تمہارے خالق کے نزدیک پھر (اس عمل درآمد کرنے سے) حق تعالیٰ تمہارے حال پر (اپنی عنایت سے) متوجہ ہوئے بیشک وہ تو ایسے ہی ہیں کہ توبہ قبول کر لیتے ہیں اور عنایت فرماتے ہیں۔ **ف** : یہ بیان ہے اس طریق کا جو ان کی توبہ کے لئے تجویز ہوا یعنی مجرم لوگ قتل کئے جائیں جیسا ہماری شریعت میں بعض گناہوں کی سزا باوجود توبہ کے بھی قتل و جان ستانی مقرر ہے مثلاً قتل عمد کے عوض میں قتل اور ثبوت زنا بالشہادۃ پر رجم کہ توبہ سے ساقط نہیں ہوتا چنانچہ ان لوگوں نے اس پر عمل کیا اس سے آخرت میں مورد رحمت و عنایت ہو گئے۔

معاملہ ہفتم : وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب تم لوگوں نے (یوں) کہا کہ اے موسیٰ ہم ہرگز نہ مانیں گے تمہارے کہنے سے (کہ یہ کلام اللہ تعالیٰ کا ہے) یہاں تک کہ ہم (خود) دیکھ لیں اللہ تعالیٰ کو علانیہ طور پر سو (اس گستاخی پر) آ پڑی تم پر کڑک بجلی اور تم (اس کا آنا) آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔

ف : یہ قصہ اس طرح ہوا تھا کہ جب موسیٰ علیہ السلام نے کوہ طور سے توریت لا کر پیش کی کہ یہ کتاب ہے اللہ تعالیٰ کی تو بعض گستاخوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ خود ہم سے کہہ دیں کہ یہ ہماری کتاب ہے تو بیشک ہم کو یقین آ جائے موسیٰ علیہ السلام نے باذنِ الٰہی فرمایا کہ چلو کوہ طور پر یہ بات بھی ہو جائے گی بنی اسرائیل نے ستر آدمی اس کام کے لئے منتخب کر کے موسیٰ علیہ السلام کیساتھ کوہ طور پر روانہ کئے وہاں پہنچ کر اللہ تعالیٰ کا کلام ان لوگوں نے خود سنا تو اسوقت اور رنگ لائے کہ ہم کو تو کلام سننے سے قناعت نہیں ہوتی خدا جانے کون بول رہا ہوگا اگر خدا کو دیکھ لیں تو بیشک مان لیں چونکہ دنیا میں کوئی شخص اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کی قوت نہیں رکھتا اس لئے اس گستاخی پر ان پر بجلی آ پڑی اور سب ہلاک ہو گئے جیسا آیت آئندہ میں ہے۔

معاملہ ہشتم : ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ پھر ہم نے (موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے) تم کو زندہ کر اٹھایا تمہارے مرجانے کے بعد اس توقع پر کہ تم احسان مانو گے۔ **ف** : لفظ موت سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ اس بجلی سے مر گئے تھے۔ اور اس کا یہ قصہ ہوا کہ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ بنی اسرائیل یوں ہی بدگمان رہتے ہیں یوں سمجھیں گے کہ کہیں لے جا کر غصہ میں خود میں نے کسی تدبیر سے ان کا کام تمام کرا دیا ہوگا مجھ کو اس تہمت سے محفوظ رکھئے اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے ان لوگوں کو پھر زندہ کر دیا۔

معاملہ نہم : وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ (الی قولہ تعالیٰ) وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ اور سایہ افگن کیا ہم نے تم پر ابر کو میدان تیہ میں اور (خزانہ غیب سے) پہنچایا ہم نے تمہارے پاس ترنجبین اور بٹیریں (اور تم کو اجازت دی کہ) کھاؤ نفیس چیزوں سے جو کہ ہم نے تم کو دی ہیں (مگر وہ لوگ اس میں بھی خلاف بات کر بیٹھے) اور (اس سے) انہوں نے ہمارا کوئی نقصان نہیں کیا لیکن اپنا ہی نقصان کرتے تھے۔ **ف** : یہ دونوں قصے وادئ تیہ میں ہوئے ہیں۔ وادئ تیہ کی حقیقت یہ ہے کہ بنی اسرائیل کا اصلی وطن ملک شام ہے حضرت یوسف علیہ السلام کے وقت میں مصر آئے تھے اور یہاں ہی رہ پڑے اور ملک شام پر ایک قوم تھی عمالقہ ان کا تسلط ہو گیا جب فرعون غرق ہو چکا اور یہ لوگ مطمئن ہو گئے تو اللہ تعالیٰ کا ان کو حکم ہوا کہ عمالقہ سے جہاد کرو اور اپنی اصلی جگہ کو ان کے قبضہ سے چھڑا لو۔ بنی اسرائیل مصر سے اس ارادہ سے چلے ان حدود میں پہنچ کر عمالقہ کے زور و قوت کو تحقیق کر کے ہمت ہار بیٹھے اور جہاد سے صاف انکار کر دیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی یہ سزا دی کہ چالیس برس تک ایک میدان میں سرگرداں پریشان پھرتے رہے گھر بھی پہنچنا نصیب نہ ہوا۔ تیہ کے معنی ہیں سرگردانی اس میدان کو وادئ تیہ کہتے ہیں وہ کھلا میدان تھا۔ نہ عمارت نہ مکان بنی اسرائیل نے دھوپ کی شکایت کی تو اللہ تعالیٰ نے ایک سفید رقیق ابر کا سایہ کر دیا اور بھوک کا تقاضا ہوا تو اللہ تعالیٰ نے درختوں پر ترنجبین جو ایک شیریں چیز ہے بکثرت پیدا کر دی۔ یہ لوگ اس کو جمع کر لیتے اور بٹیریں ان کے پاس جمع ہو جاتیں اور ان سے بھاگتی نہ تھیں یہ ان کو پکڑ لیتے اور دونوں لطیف چیزوں سے پیٹ بھر لیتے چونکہ ترنجبین کی کثرت معمول سے زائد تھی اور

www.besturdubooks.net

بٹیروں کا وحشت نہ کرنا یہ بھی معمول کے خلاف ہے لہٰذا اس حیثیت سے دونوں چیزیں خزانۂ غیب سے قرار دی گئیں اور ان لوگوں کو یہ بھی حکم ہوا تھا کہ بقدر خرچ لے لیا کریں آئندہ کے لئے جمع کر کے نہ رکھیں مگر ان لوگوں نے حرص کے مارے اس میں بھی خلاف کیا تو رکھا ہوا گوشت سڑنا شروع ہوا اسی کو فرمایا ہے کہ اپنا ہی نقصان کرتے تھے۔

معاملۂ دہم: وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ (الی قولہ تعالٰی) وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب ہم نے حکم کیا کہ تم لوگ اس آبادی کے اندر داخل ہو پھر کھاؤ اس (کی چیزوں میں) سے جس جگہ تم رغبت کرو بے تکلفی [۳] سے اور (یہ بھی حکم دیا کہ جب اندر جانے لگو تو) دروازے میں داخل ہونا (عاجزی سے) جھکے [۴] جھکے اور (زبان سے یہ) کہتے جانا کہ توبہ ہے (توبہ ہے) ہم معاف کر دیں گے تمہاری (پچھلی) خطائیں (تم سب کی) اور ابھی ابھی مزید برآں اور دیں گے دل [۵] سے نیک کام کرنے والوں کو۔

ف: بقول شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ یہ قصہ بھی زمانہ وادیٔ تیہ کا ہے کہ جب من وسلوٰی کھاتے کھاتے اُکتا گئے اور اپنے معمولی کھانوں کی درخواست کی جیسا اس آیت سے چوتھی آیت میں آئے گا تو ان کو حکم ہوا تھا ایک شہر میں جانے کا کہ وہاں اور معمولی چیزیں کھانے پینے کی ملیں گی سو یہ حکم اس شہر کے اندر جانے کے متعلق ہے اس میں قولی اور فعلی ادب داخل ہونے کا تعلیم کیا گیا ہے اور اندر جا کر کھانے پینے میں توسیع کی گئی۔ فائدہ متعلقہ تبدیل ترتیب اجزاء قصہ: اس قول پر بہت سے بہت یہ کہنا پڑے گا کہ آگے کا قصہ پیچھے اور پیچھے کا قصہ آگے بیان ہوا سو اس میں اشکال اس وقت ہوتا ہے جب کہ قرآنِ مجید میں خود قصوں کا بیان کرنا مقصودِ اصلی ہوتا اور جبکہ نظر نتائج پر ہے تو اگر ایک قصہ کے اجزاء میں ہر ایک جزو کا جدا نتیجہ ہو اور ان نتائج کے کسی اثر کا اعتبار کر کے جزو مقدم کو متاخر اور جزو متاخر کو متقدم کر دیا جائے تو اس میں کوئی مضائقہ و اشکال نہیں اور دوسرے مفسرین نے اس حکم کو اس شہر کے متعلق سمجھا ہے جس پر جہاد کرنے کا حکم ہوا تھا اور بعد مدت تیہ کے پھر اس پر جہاد ہوا اور وہ فتح ہوا اس وقت یوشع علیہ السلام نبی تھے یہ حکم ان کی معرفت اس شہر کے بارہ میں ہوا تھا اور قول اول پر پچھلی خطاؤں میں وہ درخواست بھی داخل کر لینا مناسب ہے جو کہ من وسلوٰی چھوڑ کر معمولی کھانوں کے متعلق کی گئی تھی مطلب یہ ہوگا کہ یہ درخواست تھی تو گستاخی لیکن خیر اگر اس ادب اور حکم کو بجالانے تو اس کو معاف کر دیں گے اور ہر قول پر یہ معافی تو سب کہنے والوں کے لئے عام ہوگی اور جو اخلاص سے اعمال صالحہ کریں گے ان کا انعام اس کے علاوہ ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ اس میں دلیل ہے کہ حق تعالیٰ کی جناب میں حلول محال ہے ورنہ بنی اسرائیل جو کہ عجل میں حق تعالیٰ کے حلول کے معتقد تھے معذور ہوتے کیونکہ یہ ان کی غلطی موقع غلطی میں ہوتی۔ قولہ تعالیٰ: وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ (الی قولہ تعالٰی) كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ اس میں دلیل ہے کہ باوجود معاصی کے نعمتوں کا جاری رہنا یہ استدراج اور خطر ہے اور بہت سے جاہل صوفی اس بارہ میں دھوکہ میں ہیں کہ وہ کثرت مال وجاہ کو مقبولیت کی علامت سمجھتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] قولہ آپڑی ماخذہ ما فی روح المعانی استولت علیکم واحاطت بکم ۱۲۔ [۲] قولہ خزانۂ غیب سے الخ لان اصل الانزال نقل الشئ من الاعلٰی الی الاسفل کما فی البیضاوی وتوجیھہ ھھنا ان المن فی حدوثہ بکثرتہ والسلوی فی عدم توحشہ الر ان خارقان للعادۃ والخوارق تنسب الی عالم الغیب الذی ھو اعلٰی حسا و معنی کما اشیر الیہ فی ف ۱۲۔ [۳] قولہ بے تکلفی سے لما فی ابی السعود ونصبہ علی المصدریۃ او الحالیۃ من ضمیر المخاطبین ۱۲۔ [۴] قولہ جھکے جھکے ھو احد القولین کما فی ابی السعود متطامنین مخبتین ۱۲۔ [۵] قولہ دل سے نیک کام کرنے والوں کو ماخذہ ما فی الصحیح الاحسان ان تعبداللہ کانک تراہ الخ ۱۲۔

الروایات: روی ابن جریر عن ابن عباس انہ قال فاختبآ الذین عکفوا علی العجل فجلسوا وقام الذین لم یعکفوا علی العجل واخذوا الخناجر بایدیھم واصابتھم ظلمۃ شدیدۃ فجعل یقتل بعضھم بعضا فانجلت الظلمۃ عنھم وقد اجلوا عن سبعین الف قتیل کل من قتل کانت لہ توبۃ وکل من بقی کانت لہ توبۃ اہ۔

الکلام: استدل المعتزلۃ بوقوع الصاعقۃ علیھم علی استحالۃ رؤیۃ اللہ تعالٰی والا لما عوقبوا والجواب انھم عوقبوا علی سوء ادبھم او لکون الرؤیۃ لایتحملھا القوی الدنیویۃ ولم یلزم منہ الاستحالۃ لافی الدنیا ولا فی الآخرۃ کما اشرت الیہ فی ف بقولہ چونکہ ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قولہ نغفرلکم وفی قراءۃ بالیاء وبالتاء مبنیًا للمفعول فیھما فالخطا یانائب الفاعل ۱۲۔

اللغات: حطۃ فعلۃ من الحط کالجلسۃ وھی خبر مبتدأ محذوف ای مسئلتنا حطۃ والاصل النصب وانما رفعت لتعطی معنی الثبات ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ فتوبوا الخ فان قلت ما الفرق بین الفاء ات قلت الاولٰی للتسبیب لا غیر لان الظلم سبب التوبۃ والثانیۃ للتعقیب لان المعنٰی فاعزموا علی التوبۃ فاقتلوا ویجوز ان یکون القتل تمام توبتھم فیکون المعنٰی فتوبوا فاتبعوا التوبۃ القتل تتمۃ لتوبتکم والثالثۃ متعلق

www.besturdubooks.net

بمحذوف ای ففعلتم فتاب علیکم وفی ذکر الباری دون الخالق تقریع بما کان منھم من ترک عبادۃ الحکیم الذی برأھم ابریاء من التفاوت الی عبادۃ البقر التی ھی مثل فی البلادۃ ۱۲ کشاف۔

ع فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۵۹﴾

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۶۰﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ؕ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِيْ هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ ؕ اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ؕ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ ۚ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ

ع ۷ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۶۱﴾

سو بدل ڈالا ان ظالموں نے ایک اور کلمہ جو خلاف تھا اس کلمہ کے جس (کے کہنے) کی ان سے فرمائش کی گئی تھی۔ اس پر ہم نے نازل کی ان ظالموں پر ایک آفت سماوی اس وجہ سے کہ وہ عدول حکمی کرتے تھے۔ اور وہ (زمانہ یاد کرو) جب (حضرت) موسیٰ نے پانی کی دعا مانگی اپنی قوم کے واسطے اس پر ہم نے (موسیٰ کو) حکم دیا کہ اپنے عصا کو فلاں پتھر پر مارو بس فوراً اس سے پھوٹ نکلے بارہ چشمے (اور بارہ ہی خاندان تھے بنی اسرائیل کے۔ چنانچہ) معلوم کر لیا ہر ہر شخص نے اپنے پانی پینے کا موقع۔ کھاؤ اور (پینے کو) پیو اللہ تعالیٰ کے رزق سے اور حد اعتدال سے مت نکلو فساد وفتنہ کرتے ہوئے سرزمین میں۔ اور جب تم لوگوں نے یوں کہا کہ اے موسیٰ (روز کے روز) ہم ایک ہی قسم کے کھانے پر کبھی نہ رہیں گے آپ ہمارے واسطے اپنے پروردگار سے دعا کریں کہ وہ ہمارے لئے ایسی چیزیں پیدا کرے جو زمین میں اُگا کرتی ہیں ساگ (ہوا) ککڑی (ہوئی) گیہوں (ہوا) مسور (ہوئی) پیاز (ہوئی) آپ نے فرمایا کیا تم عوض میں لینا چاہتے ہو ادنیٰ درجہ کی چیزوں کو ایسی چیز کے مقابلہ میں جو اعلیٰ درجے کی ہے۔ کسی شہر میں جا کر اترو (وہاں) البتہ تم کو وہ چیزیں ملیں گی جن کی تم درخواست کرتے ہو۔ اور جم گئی ان پر ذلت اور پستی (کہ دوسروں کی نگاہ میں قدر اور خود ان میں اولوالعزمی نہ رہی) اور مستحق ہو گئے غضب الٰہی کے اول یہ اس وجہ سے ہوا کہ وہ لوگ منکر ہو جاتے تھے احکام الٰہیہ کے اور قتل کر دیا کرتے تھے پیغمبروں کو ناحق (نیز) یہ اس وجہ سے (ہوا) کہ ان لوگوں نے اطاعت نہ کی اور دائرہ (اطاعت) سے نکل نکل جاتے تھے ۞

تفسیر: **معاملۂ یازدہم**: فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا (الی قولہ تعالیٰ) بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ سو بدل ڈالا ان ظالموں نے ایک اور کلمہ جو خلاف تھا اس کلمہ کے جس (کے کہنے) کی ان سے فرمائش کی گئی تھی اس پر ہم نے نازل کی ان ظالموں پر ایک آفت سماوی اس وجہ سے کہ وہ عدول حکمی کرتے تھے۔

ف: یہ تتمہ ہے آیت سابقہ کا اور وہ کلمہ خلاف یہ تھا کہ حطۃ بمعنی توبہ کی جگہ براہ تمسخر حبۃ فی شعیرۃ یعنی غلہ درمیان جو کے کہنا شروع کیا اور وہ آفت سماوی طاعون تھا جو برائے احادیث بے حکموں کے لئے عذاب اور حکم برداروں کے لئے رحمت ہے اس شرارت پر ان میں طاعون پھوٹ پڑا اور بہت آدمی فنا ہو گئے۔

معاملۂ دوازدہم: وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب (حضرت) موسیٰ (علیہ السلام) نے پانی کی دعا مانگی اپنی قوم کے واسطے اس پر ہم نے (موسیٰ علیہ السلام کو) حکم دیا کہ اپنے اس عصا کو فلاں پتھر پر مارو (اس سے پانی نکل آنے گا) بس (مارنے کی دیر تھی) فوراً اس سے پھوٹ نکلے بارہ چشمے (اور بارہ ہی خاندان تھے بنی اسرائیل کے چنانچہ) معلوم کر لیا ہر ہر شخص نے اپنے پانی پینے کا موقع (اور ہم نے یہ نصیحت کی کہ کھانے کو) کھاؤ اور (پینے کو) پیو اللہ تعالیٰ کے رزق سے اور حد (اعتدال) سے مت نکلو فساد (وفتنہ) کرتے ہوئے سرزمین میں۔ **ف**: یہ قصہ بھی وادیٔ تیہ ہوا وہاں پیاس لگی تو پانی مانگا موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی تو ایک خاص پتھر سے صرف عصا کے مارنے سے بارہ چشمے بقدرتِ خداوندی نکل پڑے اور ان کے بارہ خاندان اس طرح تھے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے بارہ فرزند تھے ایک ایک کی اولاد ایک ایک خاندان تھا اور ان کو انتظامی معاملات میں علیحدہ علیحدہ ہی رکھا جاتا تھا اور سب کے افسر بھی جدا جدا تھے اس لئے چشمے بھی بارہ نکلے اور کھانے سے مراد من وسلویٰ کا کھانا ہے اور پینے سے یہی پانی پینا ہے اور فساد وفتنہ فرمایا نافرمانی اور ترکِ احکام کو۔

فوائد ۞ قاضی بیضاوی فرماتے ہیں کہ ایسے خوارق کا انکار کرنا بڑی غلطی ہے جب بعضے پتھروں میں خلاف قیاس وبعید از عقل اللہ تعالیٰ نے یہ تاثیر رکھی ہے کہ لوہے کو

www.besturdubooks.net

جذب کرتا ہے تو اگر اس پتھر میں یہ تاثیر پیدا کر دی ہو کہ اجزائے زمین سے پانی کو جذب کر لے اور اس سے پانی نکلنے لگے تو کیا محال ہے ہمارے زمانے کے عقلاء کو اس تقریر سے منتفع ہونا چاہئے اور یہ نظیر بھی محض سطحی نظر والون کے لئے ہے ورنہ خود اگر اس پتھر کے اجزاء ہی میں پانی پیدا ہو جائے تو بھی کون سا محال لازم آتا ہے جو حضرات ایسے امور کو محال کہتے ہیں خدا کی قسم ہے وہ اب تک محال کی حقیقت ہی نہیں سمجھے۔

معاملۂ سیزدہم: وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ (الی قولہ تعالی) ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب تم لوگوں نے (یوں) کہا کہ اے موسیٰ (روز کے روز) ہم ایک ہی قسم کے کھانے پر کبھی نہ رہیں گے (یعنی من وسلویٰ پر) آپ ہمارے واسطے اپنے پروردگار سے دعا کریں کہ وہ ہمارے لئے ایسی چیزیں پیدا کریں جو زمین میں اگا کرتی ہیں (ساگ ہوا) ککڑی (ہوئی) گیہوں (ہوا) مسور (ہوئی) پیاز (ہوا) آپ نے فرمایا کیا تم عوض میں لینا چاہتے ہو ادنیٰ درجہ کی چیزوں کو ایسی چیز کے مقابلہ میں جو اعلیٰ درجہ کی ہے (اچھا اگر نہیں مانتے تو) کسی شہر میں (جا کر) اترو (وہاں) البتہ تم کو وہ چیزیں ملیں گی جن کی تم درخواست کرتے ہو اور ایسی ایسی گستاخیوں سے ایک زمانہ میں جا کر نقش کی طرح جم گئی ان پر ذلت (کہ دوسروں کی نگاہ میں قدر نہ رہی) اور پستی کہ (خود ان کی طبائع میں اولوالعزمی نہ رہی) اور مستحق ہو گئے غضب الٰہی کے (اور) یہ (ذلت وغضب) اس وجہ سے (ہوا) کہ وہ لوگ منکر ہو جاتے تھے احکام الٰہیہ کے اور قتل کر دیا کرتے تھے پیغمبروں کو (کہ وہ قتل خود ان کے نزدیک بھی ناحق) ہوتا تھا اور (نیز) یہ (ذلت وغضب) اس وجہ سے (ہوا) کہ ان لوگوں نے اطاعت نہ کی اور دائرہ (اطاعت) سے نکل نکل جاتے تھے۔ **ف:** یہ قصہ بھی وادیٔ تیہ کا ہے من وسلویٰ سے اکتا کر ان ترکاریوں اور غلوں کی درخواست کی اس میدان کے داخل حدود[۵] میں کوئی شہر آباد تھا وہاں جا کر رہنے کا حکم ہوا کہ بو جوتو کماؤ کھاؤ اور منجملہ ذلت ومسکنت کے یہ بھی ہے کہ یہودیوں سے سلطنت قرب قیامت تک کے لئے چھین لی گئی البتہ بالکل قیامت کے قریب مختصر لٹیروں کا سا بے ضابطہ تھوڑا زور وشور دجال یہودی کا کل چالیس دن کے ہو جائے گا اس کو کوئی عاقل سلطنت نہیں کہہ سکتا اور ان سے یہ امر موسیٰ علیہ السلام کی معرفت جتلا دیا گیا تھا کہ اگر بے حکمی کرو گے تو ہمیشہ دوسری قوموں کے محکوم رہو گے جیسا سورۂ اعراف میں مذکور ہے۔ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ۔ اور بہت سے پیغمبر مختلف اوقات میں یہودیوں کے ہاتھ سے قتل ہوئے جس کو وہ لوگ بھی دل میں سمجھتے تھے کہ ہمارا یہ فعل ناحق ہے لیکن عناد اور ضد نے اندھا بنا رکھا تھا اور انتزاع سلطنت یہود کے متعلق ایک شبہ کا جواب سورۂ آل عمران کی آیت: اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ [آل عمران: ۵۵] کے تحت میں مذکور ہے وہاں ملاحظہ کر لیا جائے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالی: وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ (الی قولہ تعالی) وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ۔ عارف کو اس قصہ سے یہ حصہ لینا چاہئے کہ ان لوگوں کے حال سے عبرت پکڑے جو قضا پر راضی نہیں ہوئے اور جنہوں نے نعمت پر شکر اور بلا پر صبر نہیں کیا دیکھئے کس طرح ان پر ذلت طغیان لگا دی گئی اور ان کے قلوب میں حب دنیا جما دی گئی اور ان کو درجۂ علیا سے گرا دیا۔ قولہ تعالی: قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِىْ هُوَ اَدْنٰى (الی قولہ تعالی) وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ۔ اس میں دلیل ہے اس پر کہ حق تعالی کے ساتھ جو بندہ کا معاملہ ہے اس کو بدلنا مثلاً متوکل کا کسب کی تلاش کرنا اور صاحب کسب کا بلا ضرورت ترکِ کسب کرنا حق تعالی کی ناخوشی کا سبب ہوتا ہے جیسا ان لوگوں کو بلا کسب رزق ملتا تھا مگر انہوں نے اسباب کو طلب کیا۔ قولہ تعالی: ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ۔ ذٰلِكَ کا مشار الیہ کفر اور قتل ہے جو اپنے ماتقدم کا سبب ہیں اور معنی یہ ہوئے کہ جو امر ان کو کفر بالآیات وقتل انبیاء پر باعث ہوا وہ ان کا عصیان اور تجاوز حدود تھا اور ایک گناہ دوسرے گناہ کا سبب ہو جایا کرتا ہے حتیٰ کہ کفر تک کا بس کسی گناہ کو خفیف نہ سمجھے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ ان ظالموں نے وقولہ ان ظالموں پر وجهه حمل الموصول على العهد ۱۲۔ ۲ قولہ في ترجمة الفاء اس پر وجهه ان هذه الكلمة في لساننا تفيد التعقيب كالفاء ۱۲۔ ۳ قولہ اس عصا کو فلاں پتھر پر افاده العهد من الاضافة واللام ۱۲۔ ۴ قولہ فوراً لان الفاء للتعقيب بلامهلة ۱۲۔ ۵ قولہ داخل حدود میں لما في الكشاف وبلاد التيه ما بين بيت المقدس الى قنسرين وهي اثناء عشر فرسخا في ثمانية فراسخ ۱۲۔

الروایات: روى الترمذي عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم دخلوا متزحفين على اوراكهم وقالوا حبة في شعيرة وفي المشهور من رواية البخاري حبة في شعرة ۱۲۔

اللغات: الرجز في الاصل ما يعاف عنه وكذلك الرجس ۱۲ بيضاوي وهو العذاب والمراد به الطاعون ۱۲ روح المعاني العثى الاعتداء وقد يؤخذ فيه ما ليس بفساد ۱۲ خسرو حاشيه بيضاوي وبه فسر في البيضاوي وروح المعاني وقال ان الحال على هذا غير مؤكدة قلت بل احتراز عما ليس بفساد كمقابلة الظالم المعتدى بفعله ۱۲۔ ضربت لزوم الدرهم المضروبة بسكته ۱۲ جلالين باء وارجعوا به اوصاروا احقاء لغضبه من باء فلان اذا كان حقيقا بان تقيل به واصل البوء المساواة ۱۲ بيضاوي

البلاغۃ: وفي تكرير الذين ظلموا زيادة في تقبيح امرهم وايذان بان انزال الرجز عليهم بظلمهم ۱۲ كشاف وفيه تهويل لظلمهم من

www.besturdubooks.net

حیث وضع الظاهر موضع المضمر ۱۲ انتصاف حاشیة الکشاف فانفجرت الفاء متعلقة بمحذوف ای فضرب فانفجرت او فان ضربت فقد انفجرت وهی علی هذا فاء فصیحة لاتقع الا فی کلام بلیغ ۱۲ کشاف۔ قوله ضربت علیهم ههنا استعارة تبعیة تصریحیة فی ضربت تشبیها للزوم الذلة بضرب السکة علی الدرهم۔ وقیل استعارة مکنیة تشبیه الذلة بالسکة فی اللزوم واثبات الضرب تخییل ۱۲ کما لین۔ قوله اهبطوا الهبوط یستعمل فی الانتقال من شریف الی ما دونه کما فی الروح تحت قوله تعالٰی اخرج منها مذء وما ۱۲۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالنَّصَارَىٰ وَالصَّابِئِينَ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ
أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٦٢﴾ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ خُذُوا
مَا آتَيْنَاكُمْ بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُوا مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿٦٣﴾ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ فَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ
وَرَحْمَتُهُ لَكُنْتُمْ مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِينَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً
خَاسِئِينَ ﴿٦٥﴾ فَجَعَلْنَاهَا نَكَالًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِلْمُتَّقِينَ ﴿٦٦﴾ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ
إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَذْبَحُوا بَقَرَةً قَالُوا أَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا قَالَ أَعُوذُ بِاللَّهِ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْجَاهِلِينَ ﴿٦٧﴾

یہ تحقیقی بات ہے کہ مسلمان اور یہودی اور نصاریٰ اور فرقہ صابئین (ان سب میں) جو شخص یقین رکھتا ہو اللہ تعالیٰ (کی ذات اور صفات) پر اور روز قیامت پر اور کارگزاری اچھی کرے ایسوں کے لئے ان کا حق الخدمت بھی ہے ان کے پروردگار کے پاس اور (وہاں جا کر) کسی طرح کا اندیشہ بھی نہیں ان پر اور نہ وہ مغموم ہوں گے۔ اور جب ہم نے تم سے قول وقرار لیا کہ تورات پر عمل کریں گے اور ہم نے طور پہاڑ کو اٹھا کر تمہارے اوپر (محاذات میں) معلق کر دیا کہ جلدی قبول کرو جو کہ ہم نے کتاب تم کو دی ہے مضبوطی کے ساتھ اور یاد رکھو جو احکام الٰہی اس میں ہیں جس سے توقع ہے کہ تم متقی بن جاؤ پھر تم اس قول وقرار کے بعد بھی اس سے پھر گئے۔ سو اگر تم لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور رحم نہ ہوتا تو ضرور تم (فوراً) تباہ اور ہلاک ہو جاتے۔ اور تم جانتے ہی ہو ان لوگوں کا حال جنہوں نے تم میں سے (شرع سے) تجاوز کیا تھا دوبارہ (اس حکم کے جو) یوم ہفتہ کے متعلق تھا سو ہم نے ان کو کہہ دیا کہ تم بندر ذلیل بن جاؤ پھر ہم نے اس کو ایک (واقعہ) عبرت (انگیز) بنا دیا ان لوگوں کے لئے بھی جو اس قوم کے معاصر تھے اور ان لوگوں کیلئے بھی جو مابعد زمانے میں آتے رہے اور موجب نصیحت (بنایا خدا سے) ڈرنے والوں کے لئے۔ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے فرمایا کہ حق تعالیٰ تم کو حکم دیتے ہیں کہ تم ایک بیل ذبح کرو وہ لوگ کہنے لگے آیا آپ ہم کو مسخرا بناتے ہیں۔ موسیٰ نے فرمایا نعوذ باللہ جو میں ایسی جہالت والوں کا سا کام کروں ۞

تفسیر: ربط: اس مقام میں یہود کی شرارتوں کا حال معلوم کر کے سامعین کو یا خود کسی یہودی کو خیال گزر سکتا ہے کہ اب تو شاید اگر معذرت کر کے ایمان بھی لانا چاہیں تو حق تعالیٰ کے نزدیک غالباً قبول نہ ہو اس خیال کے دفع کے لئے آیت آئندہ میں اس کے متعلق ایک قانون کلی ارشاد فرماتے ہیں۔

قانون: إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالنَّصَارَىٰ (الٰی قولہ تعالٰی) وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ یہ تحقیقی بات ہے کہ مسلمان اور یہودی اور نصاریٰ اور فرقہ صابئین (ان سب میں) جو شخص یقین رکھتا ہو اللہ تعالیٰ (کی ذات وصفات) پر اور روزِ قیامت پر اور کارگزاری اچھی کرے (موافق قانون شریعت کے) ایسوں کے لئے ان کا حق الخدمت بھی ہے ان کے پروردگار کے پاس (پہنچ کر) اور (وہاں جا کر) کسی طرح کا اندیشہ بھی نہیں ان پر اور نہ وہ مغموم ہوں گے۔ **ف**: حاصل قانون کا ظاہر ہے کہ ہمارے دربار میں کسی کی تخصیص نہیں جو شخص پوری اطاعت' اعتقاد اور اعمال میں اختیار کرے گا خواہ وہ پہلے سے کیسا ہی ہو ہمارے یہاں مقبول اور اس کی خدمت مشکور ہے اور ظاہر ہے کہ بعد نزول قرآن کے پوری اطاعت محمدی یعنی مسلمان ہونے میں منحصر ہے مطلب یہ ہوا کہ جو مسلمان ہو جائے گا مستحق اجر ونجات اخروی ہوگا اس میں اس خیال کا جواب ہو گیا یعنی ان شرارتوں کے بعد بھی مسلمان ہو جائیں ہم سب معاف کر دیں گے اور صابئین ایک فرقہ تھا جس کے معتقدات وطرزِ عمل کے باب میں اس وجہ سے کہ کسی کو پورا پتہ نہیں لگا مختلف اقوال ہیں واللہ اعلم اور اس قانون میں مسلمانوں کے ذکر کی ظاہر میں ضرورت نہیں کیونکہ وہ تو مسلمان ہیں ہی لیکن اس سے کلام میں ایک خاص بلاغت اور مضمون میں ایک خاص وقعت پیدا ہو گئی اس کی ایسی ہی مثال ہے کہ کوئی حاکم یا بادشاہ کسی ایسے ہی موقع پر یوں کہے کہ ہمارا قانون عام ہے خواہ کوئی موافق ہو یا مخالف جو شخص اطاعت کرے گا وہ موردِ عنایت ہوگا اب ظاہر ہے کہ موافق تو اطاعت کر ہی رہا ہے سنانا ہے اصل میں مخالف کو لیکن اس میں نکتہ یہ ہوتا ہے کہ ہم کو جو موافقین پر عنایت ہے سو اس کی علت ان سے کوئی ذاتی خصوصیت نہیں بلکہ ان کی صفت موافقت مدار ہے ہماری عنایت کا سو مخالف بھی اگر اختیار کر لے وہ بھی اس موافق کے برابر ہو جائے گا اس لئے مخالف کے ساتھ موافق کو بھی ذکر کر دیا گیا۔ اور ہمارے ترجمہ میں اس قید سے کہ (وہاں جا کر) یہ شبہ بھی رفع ہو گیا کہ مقبول بندے تو اکثر

www.besturdubooks.net

خائف اور حزین رہا کرتے ہیں وجہ رفع کی ظاہر ہے کہ یہ خوف وحزن نہ ہونا قیامت کے دن بوجہ بشارت ملائکہ کے ہوگا جیسا سورۃ انبیاء میں ارشاد ہے: لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ۔[الأنبياء: ۱۰۳] سواگر قبل بشارت کسی وقت کچھ خوف وغیرہ قیامت میں بھی ہو جائے تو اشکال لازم نہیں آتا اور اس آیت کے ربط اور مضمون کی ایک اور تقریر بھی ہو سکتی ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ قرآن مجید میں معمول ہے کہ کفار کے ذکر کے ساتھ تتمیم مضمون اور تسلی مؤمنین کے لئے اہل ایمان کا بھی ذکر کیا جاتا ہے اس لئے بعد ذکر کفار مذکورین کے اہل ایمان کا بیان ہوتا ہے کہ ان مختلف فرقوں میں اپنی اپنی شریعت کے زمانے میں جو شخص دین حق پر علماً وعملاً قائم تھا وہ ماجور اور ناجی ہوگا باقی اب شریعت محمدیہ سے اور سب منسوخ ہو گئے۔ اب بعد بیان قانون یا تتمیم مضمون پھر بنی اسرائیل کے معاملات کا بقیہ مذکور ہوتا ہے۔

معاملۂ چہاردہم: وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۔ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب ہم نے تم سے قول وقرار لیا (کہ تورات پر عمل کریں گے) اور (اس قول وقرار لینے کے لئے) ہم نے طور پہاڑ کو اٹھا کر تمہارے اوپر (محاذات میں) معلق کر دیا (اور اس وقت کہا) کہ (جلدی) قبول کرو جو کتاب ہم نے تم کو دی ہے (یعنی توراۃ) مضبوطی کے ساتھ اور یاد رکھو جو احکام اس (کتاب) میں ہیں جس سے توقع ہے کہ تم متقی بن جاؤ۔ **ف**: جب موسیٰ علیہ السلام کو طور پر کتاب توریت عطا ہوئی اور آپ نے واپس تشریف لا کر قوم کو دکھلائی سنائی تو اس میں ذرا احکام شدید تھے اور ان لوگوں کی حالت کے مناسب بھی تھے ایسے ہی احکام تو اول تو یہی کہا تھا کہ ہم سے خود اللہ تعالیٰ کہہ دیں کہ یہ میری کتاب ہے جب مانیں گے جس کا قصہ اوپر قریب ہی گذرا ہے کہ اس کام کے لئے ستر آدمی منتخب کئے گئے غرض ان ستر آدمیوں نے جب شہادت دی گو اس شہادت میں اتنی آمیزش بھی کر دی کہ اللہ تعالیٰ نے اخیر میں یہ بھی فرمادیا تھا کہ تم سے جس قدر عمل ہو سکے کرنا جو نہ ہو سکے معاف ہے تو کچھ تو جبلی شرارت کچھ احکام کی مشقت کچھ اس آمیزش سے ایک حیلہ ملا غرض صاف کہہ دیا کہ ہم سے تو اس کتاب پر عمل نہیں ہوتا حق تعالیٰ نے فرشتہ کو حکم دیا کہ طور پہاڑ کا ایک بڑا ٹکڑا اٹھا کر ان کے سروں پر معلق کر دو کہ یا تو مانو ورنہ ابھی گرا آخر چاروناچار ماننا پڑا۔

دفع اشکال اکراہ فی الدین وحکمت مشروعیت جہاد: اور یہاں کسی کو یہ شبہ نہ ہو کہ دین میں تو اکراہ نہیں یہاں اکراہ کیسے کیا گیا جواب نہایت واضح ہے کہ دین میں اکراہ نہ ہونے کے معنی تو یہ ہیں کہ ابتداء قبول دین میں اکراہ نہیں یعنی عام کافروں پر یہ اکراہ نہ کریں گے کہ تو مسلمان ہو ورنہ تجھ کو مار ڈالیں گے اس لئے جہاد میں ایک جزو جزیہ بھی ہے کہ اس کے قبول کرنے سے بھی جہاد رک جاتا ہے جس سے معلوم ہوا کہ مقصود بالجہاد قبول اسلام نہیں بلکہ ایک امر مشترک بین الاسلام والجزیہ ہے اور وہ اطاعت قانون عدل شرعی ہے جو مؤمنین اور کفار سب کے حق میں عام ہے اور اس مقام میں یہ لوگ پہلے بطوع ورغبت ایمان لا چکے تھے ایسے شخص کو بقاء علی الایمان اور بجا آوری احکام پر ضرور مجبور کیا جائے گا جس کی نفی پر کوئی دلیل نقلی یا عقلی قائم نہیں۔

معاملۂ پانزدہم: ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ (الی قولہ تعالیٰ) لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ پھر تم اس قول وقرار کے بعد بھی (اس سے) پھر گئے سو اگر تم لوگوں پر خدا تعالیٰ کا فضل اور رحم نہ ہوتا تو (اس عہد شکنی کا مقتضا تو یہ تھا کہ) ضرور تم (فوراً) تباہ (اور ہلاک) ہو جاتے۔ **ف**: مگر ہماری عنایت ورحمت عامہ ہے کہ حیات مستعار کے ختم ہونے تک مہلت دے رکھی ہے لیکن کب تک آخر بعد مرگ وبال اعمال میں مبتلا ہو گے اور یہ رحمت الٰہیہ عامہ دنیا میں مؤمن کافر سب پر ہے جس کا اثر عافیت وراحت دنیوی ہے اور آخرت میں رحمت خاصہ کا ظہور ہوگا جس کا اثر نجات وقرب ہے (اور ظاہراً مخاطب اس آیت کے اخیر جزو کے وہ یہودی ہیں جو حضور ﷺ کے زمانے میں موجود تھے چونکہ حضور پر ایمان نہ لانا بھی منجملہ عہد شکنی ہے اس لئے ان کو بھی عہد شکنوں میں داخل کر کے امتناناً فرمایا گیا کہ اس پر بھی ہم نے تم پر دنیا میں کوئی ایسا عذاب نازل نہیں کیا جیسا پہلے بے ایمانوں پر ہوتا رہا ہے یہ محض خدا کی رحمت ہے اور چونکہ اب ایسے عذابوں کا نہ آنا بروئے احادیث برکت ہے رسول اللہ ﷺ کی اس لئے بعض مفسرین نے فضل ورحمت کی تفسیر بعثت محمدیہ سے کر دی ہے اور اس مضمون کی تائید کے لئے اگلے بے ایمانوں کا ایک واقعہ بطور نظیر کے آیت آئندہ میں پیش کیا جاتا ہے کہ اس کو مستبعد نہ سمجھیں ایسا ہو چکا ہے اور تم کو بھی خبر ہے۔

معاملۂ شانزدہم: وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ اور تم جانتے ہی ہو ان لوگوں کا حال جنہوں نے تم میں سے (شرع سے) تجاوز کیا تھا در بارہ (اس حکم کے جو) یوم ہفتہ کے (متعلق تھا کہ اس روز مچھلی کا شکار نہ کریں) سو ہم نے ان کو (اپنے حکم قہری تکوینی سے مسخ کرنے کے لئے) کہہ دیا کہ تم بندر ذلیل بن جاؤ (چنانچہ وہ بندروں کے قالب میں مسخ ہو گئے) پھر ہم نے اس کو ایک (واقعہ) عبرت (انگیز) بنا دیا ان لوگوں کے لئے بھی جو اس قوم کے معاصر تھے اور ان لوگوں کے لئے بھی جو مابعد زمانہ میں آتے رہے اور (نیز اس واقعہ کو) موجب نصیحت (بنایا خدا سے) ڈرنے والوں کے لئے۔ **ف**: یہ قصہ بھی بنی اسرائیل کا حضرت داؤد علیہ السلام کے وقت میں ہوا بنی اسرائیل کے لئے ہفتہ کا دن معظم اور عبادت کے لئے مقرر تھا اور مچھلی کا شکار بھی اس روز ممنوع تھا۔ یہ لوگ سمندر کے کنارے آباد تھے اور تھے مچھلی کے شوقین۔ ہزار جال ڈال کر شکار کرتا تھا سو کیا اس پر اللہ تعالیٰ کا یہ عذاب شکل کے مسخ کرنے کا نازل ہوا اور تین دن پیچھے وہ سب مر گئے۔

فرق درمیان نکال وموعظۃ: اور دیکھنے سننے والے اس واقعہ کے دو قسم کے لوگ تھے۔ نافرمان تو ان کو یہ واقعہ نافرمانی سے توبہ کرانے والا تھا اس کو نکال فرمایا اور دوسرے فرمانبردار ان کو یہ واقعہ فرمانبرداری پر قائم رکھنے والا تھا اس کو موعظت فرمایا واللہ اعلم اور اس مسخ کو اگر کوئی محال سمجھے دلیل استحالہ کی پیش کرے اور جب فلاسفۂ جدیدہ بندر کا

www.besturdubooks.net

ترقی کر کے آدمی بن جانا ممکن کہتے ہیں تو آدمی کا تنزل کر کے بندر بن جانا کیوں محال ہوگا اور آنی اور زمانی ہونے کا فرق قابل التفات نہیں۔

معاملۂ ہفدہم: وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ (الی قولہ تعالی) قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب (حضرت) موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا کہ حق تعالیٰ تم کو حکم دیتے ہیں کہ (اگر اس لاش کے قاتل کا پتہ لگانا چاہتے ہوتو) تم ایک بیل ذبح کرو وہ لوگ کہنے لگے کہ آیا آپ ہم کو مسخرہ بناتے ہیں (کہاں قاتل کی تحقیق کہاں جانور کا ذبح کرنا) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا نعوذ باللہ جو میں ایسی جہالت والوں کا سا کام کروں (کہ احکام خداوندی میں تمسخر کرنے لگوں)۔

ف: یہ قصہ اس طرح ہوا کہ بنی اسرائیل میں ایک خون ہو گیا تھا جسکی وجہ مرقاۃ شرح مشکوۃ میں یہ لکھی ہے کہ کسی شخص نے اس مقتول سے اس کی لڑکی کے ساتھ درخواست شادی کی تھی اس نے انکار کیا اس نے اس کو قتل کر ڈالا لیکن اس وقت قاتل کا پتہ نہ لگتا تھا معالم میں کلبی کا قول ہے کہ اس وقت تک اس کے متعلق توریت میں کوئی قانون شرعی بھی نازل نہ ہوا تھا اس سے معلوم ہوتا تھا کہ یہ قصہ نزول توراۃ کے قبل کا تھا غرض بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام سے عرض کیا کہ ہم چاہتے ہیں کہ قاتل کا پتہ لگے آپ نے بحکم خداوندی ایک بیل کے ذبح کرنے کا حکم فرمایا جس سے قاتل کے سراغ لگنے کا طریقہ آخر قصہ میں معلوم ہوگا اس پر انہوں نے اپنی جبلت کے موافق حجتیں نکالنا شروع کیں چنانچہ آیات آئندہ میں اس کی تفصیل آتی ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ (الی قولہ تعالی) وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ۔ اس قصہ سے عارف کو یہ سمجھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے عبادات کو خاص اوضاع پر خاص اوقات میں معین فرمایا ہے تاکہ ان کی ظلمات طبعیہ دور ہوں سو جو شخص ان اوضاع کی رعایت نہیں کرتا اس کا نور استعداد زائل ہو جاتا ہے اور وہ اصحاب سبت کی طرح مسخ ہو جاتا ہے اور جس جانور کے اوصاف اس میں راسخ ہوں اسی کی طبیعت اس میں پیدا ہو جاتی ہے (گو اس امت میں مسخ صورت نہ ہو) سو انسان کو ادویہ شرعیہ سے اپنی انسانیت کے محفوظ رکھنے کی کوشش کرنا چاہئے۔

ملحقات الترجمۃ: ؎ قولہ فی ف عام کافروں پر احتراز عن کفار العرب علی مذہب ابی حنیفۃؒ حیث لا یقبل منہم الا الاسلام لدلیل شرعی عندہ یخصص عموم الاکراہ فافہم ۱۲۔ ۲؎ قولہ ایک بیل[1] بقرینۃ قولہ تعالٰی لا ذلول تثیر الارض والبقرۃ فی الاصل یعم الذکر والانثی من ہذا الجنس ۱۲۔ ۳؎ قولہ مسخرہ لما فی الجلالین مہزوا بنا ۱۲۔

اللغات: الصابئین طائفۃ من الیہود والنصارٰی ۱۲ جلالین قوم بین النصارٰی والمجوس وقیل ہم عبدۃ الملائکۃ وقیل عبدۃ الکواکب ۱۲ بیضاوی۔ ومنہم عبدۃ الاصنام ۱۲ روح المعانی۔ وہو ان کان عربیا فمن صبأ اذا خرج و قرأ نافع بالیاء اما لانہ خفف الہمزۃ او لانہ من صبا اذا مال لانہم مالوا من سائر الادیان الی دینہم ۱۲ بیضاوی۔

الحواشی: (۱) یہی قول اور یہی استدلال اکلیل میں امام ابوالمنصور سے منقول ہے اور تفسیر ابن کثیر میں بکر کی تفسیر صغیرۃ لم یلقحہا الفحل کے ساتھ گیارہ علماء سے نقل کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان علماء کی رائے میں وہ گائے بھی ممکن ہے کہ کثرت قائلین سے روایۃً اس قول کو ترجیح دی جائے اور قوت دلیل سے درایۃً پہلے قول کو اقرب سمجھا جائے واللہ اعلم عبارت دونوں کتب کی ذیل میں منقول ہیں فی الاکلیل حاشیۃ المدارک الا ان الامام ابامنصورؒ استدل علی ان البقرۃ المذکورۃ کانت ذکرا لقولہ تعالٰی انہا بقرۃ لا ذلول تثیر الارض ولا تسقی الحرث بناء علی ان اثارۃ الارض وسقی الحرث من عمل الثیران اھ وفی تفسیر ابن کثیر قال انہ یقول انہا بقرۃ لا فارض ولا بکر ای لا کبیرۃ ہرمۃ ولا صغیرۃ لم یلقحہا الفحل کما قالہ ابو العالیۃ والسدی ومجاہد وعکرمۃ وعطیۃ العوفی وعطاء الخراسانی ووہب بن منبہ والضحاک والحسن وقتادۃ وقالہ ابن عباس ایضا اھ۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۭ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ۭ عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ۭ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ۞ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ۭ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاۗءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ۞ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ۭ وَاِنَّآ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ۞ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِى الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ۭ قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ۭ فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ۞ ع ۸

وہ لوگ کہنے لگے کہ آپ درخواست کیجئے ہمارے لئے اپنے رب سے ہم سے بیان کر دیں کہ اس (بیل) کے اوصاف ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ وہ یہ فرماتے ہیں کہ وہ ایسا

www.besturdubooks.net

بیل ہو کہ نہ بالکل بوڑھا ہو نہ بہت بچہ ہو (بلکہ) پٹھا ہو دونوں عمروں کے وسط میں۔ سو اب (زیادہ حجت مت کرو بلکہ) کر ڈالو جو کچھ تم کو حکم ملا ہے۔ کہنے لگے کہ (اچھا یہ بھی) درخواست کر دیجئے ہمارے لئے اپنے رب سے ہم سے یہ بھی بیان کر دیں کہ اس کا رنگ کیسا ہو۔ آپ نے فرمایا حق تعالیٰ یہ فرماتے ہیں کہ وہ ایک زرد رنگ کا بیل ہو جس کا رنگ تیز زرد ہو کہ ناظرین کے لئے فرحت بخش ہو کہنے لگے (اب کی بار اور) ہماری خاطر اپنے رب سے دریافت کر دیجئے کہ ہم سے بیان کر دیں کہ اس کے اوصاف کیا کیا ہوں۔ کیونکہ ہم کو اس بیل میں (قدرے) اشتباہ ہے اور ہم ضرور ان شاء اللہ تعالیٰ (اب کی بار) ٹھیک سمجھ جائیں گے۔ موسیٰ (علیہ السلام) نے جواب دیا کہ حق تعالیٰ یوں فرماتے ہیں کہ وہ نہ تو ہل میں چلا ہوا ہو جس سے زمین جوتی جائے نہ اس سے زراعت کی آبپاشی کی جائے (غرض ہر قسم کے عیب سے) سالم ہو اور اس میں کوئی داغ نہ ہو۔ (یہ سن کر) کہنے لگے اب آپ نے پوری بات فرمائی پھر اس کو ذبح کیا اور (ان کی حجتوں سے تو ظاہراً) کرتے ہوئے معلوم نہ ہوتے تھے ۞

تفسیر: تفتیش بنی اسرائیل: قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ (الی قولہ تعالیٰ) فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ وہ لوگ کہنے لگے کہ آپ درخواست کیجئے ہمارے لئے اپنے رب سے ہم سے بیان کر دیں کہ اس (بیل) کے کیا اوصاف[1] ہیں آپ نے فرمایا کہ وہ (میری درخواست کے جواب میں) یہ فرماتے ہیں کہ وہ ایسا بیل ہو کہ نہ بالکل بوڑھا ہو نہ بہت بچہ ہو (بلکہ) پٹھا ہو دونوں عمروں کے اوسط میں سو اب (زیادہ حجت مت کیجو بلکہ) کر ڈالو جو کچھ تم کو حکم ملا ہے۔ **ف**: حدیث میں ہے کہ اگر وہ حجتیں نہ کرتے تو اتنی قیدیں ان کے ذمہ نہ ہوتیں جو بقرہ ذبح کر دیتے کافی ہو جاتا۔

مکرر تفتیش: قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا (الی قولہ تعالیٰ) فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ۔ کہنے لگے کہ (اچھا یہ بھی درخواست کر دیجئے ہمارے لئے اپنے رب سے ہم سے (یہ بھی بیان کر دیں کہ اس کا رنگ کیسا ہو آپ نے فرمایا کہ اس کے متعلق) حق تعالیٰ یہ فرماتے ہیں کہ وہ ایک زرد رنگ کا بیل ہو جس کا رنگ تیز زرد ہو کہ ناظرین کو فرحت بخش ہو۔

سہ بارہ تفتیش: قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ (الی قولہ تعالیٰ) وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ کہنے لگے کہ (اب کی بار اور) ہماری خاطر اپنے رب سے دریافت کر دیجئے کہ (اول[2] بار کے سوال کا جواب ذرا اور واضح) ہم سے بیان کر دیں کہ اس کے اوصاف کیا کیا ہوں کیونکہ ہم کو اس بیل میں (قدرے) اشتباہ (یہ باقی) ہے کہ وہ معمولی بیل ہوگا یا کوئی اور عجیب وغریب جس میں تحقیق قاتل کا خاص اثر ہو) اور ہم ضرور انشاء اللہ تعالیٰ (اب کی بار) ٹھیک سمجھ جائیں گے۔

جواب تفتیش اخیر: قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ (الی قولہ تعالیٰ) فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا کہ حق تعالیٰ یوں فرماتے ہیں کہ وہ (کوئی عجیب وغریب جانور نہیں ہے یہی معمولی ہے البتہ عمدہ ہونا چاہئے کہ اوصاف مذکورہ کے ساتھ) نہ تو ہل میں چلا ہوا ہو جس سے زمین جوتی جائے اور نہ (کنوئیں میں جوڑا گیا ہو کہ) اس سے زراعت کی آب پاشی کی جائے (غرض ہر قسم کے عیب سے) سالم ہو اور اس میں (کسی طرح کا) کوئی داغ نہ ہو (یہ سن کر) کہنے لگے کہ (ہاں) اب آپ نے پوری[3] (اور صاف) بات فرمائی (القصہ ایسا جانور تلاش کر کے خریدا) پھر اس کو ذبح کیا اور (ان کی حجتوں سے تو ظاہراً) کرتے ہوئے معلوم ہوتے نہ تھے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ الخ صوفیہ نے نفس کو اس بقرہ سے تشبیہ دی ہے اور اس سے اور مناسبت بڑھ جاتی ہے کہ یہ گائے اصفر تھی اور اہل کشف نور نفس کو بھی اصفر بتاتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قولہ کیا اوصاف ہیں لما فی البیضاوی ای ما حالها وصفتها وكان حقه ان يقولوا ای بقرة هي وكيف هي لان ما يسئل به عن الجنس غالبا لكنهم لما راو اما امروا به على حال لم يوجد بها شئ من جنسه اجروه مجرى ما لم يعرفوا حقيقة ولم يروا مثله۱۲۔ [2] قولہ اول بار کے سوال کا جواب لما فی الکشاف والبیضاوی ما هي مرة ثانية تكرير للسوال الاول عن حالها وصفتها واستكشاف زائد۱۲۔ [3] قولہ پوری اور صاف الخ لما فی روح المعانی الحق ههنا بمعنى الحقيقة ولم يريدوا ان ما سبق لم يكن حقا۱۲۔

اللغات: قوله فاقع في الكشاف الفقوع اشد ما يكون من الصفرة والصبغة يقال في التاكيد اصفر فاقع ودارس كما يقال اسود حالك وحانك وابيض بقق ولهق واحمر قاني دور يحي واخضر ناضرو مدهام واورق خطباني وارمك رواني۱۲۔

النحو: ارتفع اللون بفاقع ارتفاع الفاعل۱۲ کشاف۔

البلاغۃ: فی الکشاف فان قلت فهلا قيل صفراء فاقعة واى فائدة في ذكر اللون قلت الفائدة فيه التوكيد لان اللون اسم للهيئة وهي الصفرة فكانه قيل شديد الصفرة صفرتها فهو من قولك جد جده وجنونك مجنون۱۲۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ۭ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ٧٢ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ۭ كَذٰلِكَ

يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ٧٣ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ

www.besturdubooks.net

قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾

اور جب تم لوگوں (میں سے کسی) نے ایک آدمی کا خون کر دیا پھر ایک دوسرے پر اس کو ڈالنے لگے اور اللہ تعالیٰ کو اس امر کا ظاہر کرنا منظور تھا جس کو تم مخفی رکھنا چاہتے تھے۔ اس لئے ہم نے حکم دیا کہ اس کو اس کے کوئی سے ٹکڑے سے چھوا دو۔ اسی طرح حق تعالیٰ (قیامت میں) مردوں کو زندہ کر دیں گے اور اللہ تعالیٰ اپنے نظائر قدرت تم کو دکھلاتے ہیں اس توقع پر کہ تم عقل سے کام لیا کرو۔ ایسے ایسے واقعات کے بعد تمہارے دل پھر بھی سخت ہی رہے (یوں کہنا چاہئے کہ) ان کی مثال پتھر کی سی ہے یا سختی میں (پتھر سے بھی) زیادہ سخت اور بعضے پتھر تو ایسے ہیں جن سے (بڑی بڑی) نہریں پھوٹ کر چلتی ہیں اور انہیں پتھروں میں سے بعضے ایسے ہیں کہ جو شق ہو جاتے ہیں پھر ان سے (اگر زیادہ نہیں تو تھوڑا ہی) پانی نکل آتا ہے اور ان ہی پتھروں میں بعضے ایسے ہیں جو خدا تعالیٰ کے خوف سے اوپر سے نیچے لڑھک آتے ہیں اور حق تعالیٰ تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں ہیں۔ (اے مسلمانو!) کیا اب بھی تم توقع رکھتے ہو کہ یہ یہود تمہارے کہنے سے ایمان لے آئیں گے حالانکہ ان میں سے کچھ لوگ ایسے گزرے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا کلام سنتے تھے اور پھر اس کو کچھ کا کچھ کر ڈالتے تھے (اور) اس کو سمجھنے کے بعد (ایسا کرتے) اور وہ جانتے تھے۞

تفسیر: معاملۂ ہشد ہم تتمہ ہفد ہم: وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا (الی قولہ تعالیٰ) وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب تم لوگوں (میں سے کسی) نے ایک آدمی کا خون کر دیا پھر (اپنی اپنی براءت کے لئے) ایک دوسرے پر اس کو ڈالنے لگے اور اللہ تعالیٰ کو اس امر کا ظاہر کرنا منظور تھا جس کو تم (میں کے مجرم و مشتبہ لوگ) مخفی رکھنا چاہتے تھے اس لئے (ذبح بقرہ کے بعد) ہم نے حکم دیا کہ اس (مقتول کی لاش) کو اس (بقرہ) کے کوئی سے ٹکڑے سے چھوا دو (چنانچہ چھوانے سے وہ زندہ ہو گیا۔ آگے اللہ تعالیٰ بمقابلہ منکرین قیامت کے اس قصہ سے استدلال اور نظیر کے طور پر فرماتے ہیں کہ) اسی طرح حق تعالیٰ (قیامت میں) مردوں کو زندہ کر دیں گے اور اللہ تعالیٰ اپنے نظائر (قدرت) تم کو دکھلاتے ہیں اس توقع پر کہ تم عقل سے کام لیا کرو (اور ایک نظیر سے دوسری نظیر کے انکار سے باز آؤ)۔ **ف**: اس مقتول نے زندہ ہو کر اپنے قاتل کا نام بتلا دیا اور فوراً پھر مر گیا۔ اور جو شخص مضغۂ بے جان میں جان پڑنے کے طریق میں غور کرے گا کہ اس کی کل حقیقت ایک بخار لطیف کا مضغہ سے مس کرنا اور متصل ہو جانا ہے وہ اس طریق خاص مذکور فی القصہ کو کسی طرح قدرتِ حق سے مستبعد نہ سمجھے گا۔ اور دونوں اتصالوں میں کوئی معقول فرق عقلی بیان نہ کر سکے گا۔

جواب شبہ حجیت بیان مقتول: اور اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ محض مقتول کا بیان تعیین قاتل کے باب میں کافی دلیل ہے بلکہ اس موقع خاص پر وحی سے معلوم ہو گیا تھا کہ اس کا بیان مطابق واقع کے ہوگا اور دوسرے مواقع پر یہ مطابقت للواقع کسی دلیل صحیح سے ثابت نہیں۔ فافترقا۔

حکمت انعکاس ترتیب قصہ: اور اس آیت کا مضمون آیات بالا کے قصہ کی ابتداء ہے ترتیب بدلنے میں ایک خاص نکتہ ہے وہ یہ کہ دور سے بنی اسرائیل کی بے عنوانیوں کا ذکر چلا آ رہا ہے اور یہی ذکر مقصود اصلی ہے اور اس قصہ کے ضمن میں دو بدعنوانیوں کا ذکر کرنا مقصود ہے۔ ایک قتل کر کے اخفاء واردات کی کوشش کرنا دوسرے احکام خداوندی میں خواہ مخواہ کی حجتیں نکالنا سو اگر قصہ بالترتیب بیان کیا جاتا ممکن تھا کہ ناظرین جزو اول کو مقصود سمجھتے اور جزو دوم کو محض قصہ کی تتمیم خیال کرتے اور ترتیب بدلنے سے صاف معلوم ہو گیا کہ دونوں ہی جز مقصود ہیں ورنہ دونوں کے مقصود نہ ہونے کی تقدیر پر ترتیب کیوں بدلی جاتی اور کوئی شخص یہ شبہ نہ کرے کہ حق تعالیٰ کو تو ویسے ہی زندہ کرنے کی قدرت تھی یا بے زندہ کئے سوئے قاتل کو بتلا سکتے تھے پھر اس سامان کی کیا ضرورت ہے بات یہ ہے کہ حق تعالیٰ کا کوئی فعل ضرورت اور مجبوری کی وجہ سے نہیں ہوتا بلکہ مصلحت اور حکمت کے لئے ہوتا ہے اور پوری حکمتیں ہر واقعہ کی حق تعالیٰ ہی کے احاطۂ علمی میں آ سکتی ہیں دوسروں کو اس فکر میں پڑنا اضاعت عمر عزیز ہے کیونکہ جو حکمت بیان کی جائے گی وہ بھی ایک فعل ہوگا اور یہی سوال اس میں بھی ہوگا اس لئے طریق اسلم سکوت و تسلیم ہے۔

حدیث از مطرب و مے گو و رازِ دہر کمتر جو ☆ کہ کس نکشود و نکشاید بحکمت ایں معمہ را

آگے ان واقعات سے متاثر نہ ہونے پر شکایت فرماتے ہیں۔

شکایت: ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ۔ ایسے ایسے واقعات کے بعد (چاہئے تھا کہ تم لوگوں کے دل بالکل نرم اور حق تعالیٰ کی عظمت سے پر ہو جاتے لیکن) تمہارے دل پھر بھی سخت ہی رہے تو (یوں کہنا چاہئے کہ) ان کی مثال پتھر کی سی ہے یا (یوں کہیے کہ وہ) سختی میں ان سے (بھی) زیادہ (ہیں) اور (زیادہ سخت اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ) بعضے پتھر تو ایسے ہیں جن سے (بڑی بڑی) نہریں پھوٹ کر چلتی ہیں اور ان ہی پتھروں میں بعضے ایسے ہیں کہ جو شق ہو جاتے ہیں پھر ان سے (اگر زیادہ نہیں تو تھوڑا ہی) پانی نکل آتا ہے اور ان ہی پتھروں میں بعضے ایسے ہیں جو خدا تعالیٰ کے

www.besturdubooks.net

خوف سے اوپر سے نیچے لڑھک آتے ہیں (اور تمہارے قلوب میں کسی قسم کا اثر ہی نہیں ہوتا) اور (اس قساوت سے جو اعمال بد صادر ہوتے ہیں) حق تعالیٰ تمہارے (ان) اعمال سے بے خبر نہیں ہیں۔ (بہت جلد تم کو سزا کو پہنچا دیں گے)۔ ف: پتھروں کے تین اثر اس مقام پر بیان کئے ہیں ایک ان سے زیادہ پانی نکلنا۔ دوسرے کم پانی نکلنا اس میں تو کسی کو شبہ نہیں پڑتا۔ تیسرے خدا تعالیٰ کے خوف سے نیچے آ گرنا اس میں شاید کسی کو شبہ ہو کیونکہ ان کو عقل اور حس نہیں ہے سو سمجھ لینا چاہئے کہ خوف کے لئے عقل کی تو ضرورت نہیں چنانچہ حیوانات لایعقل میں خوف کا مشاہدہ کیا جاتا ہے البتہ حس کی ضرورت ہے لیکن جمادات میں اتنی حس بھی نہ ہونے کی کوئی دلیل نہیں ہے کیونکہ حس موقوف ہے حیات پر اور ممکن ہے کہ ان میں ایسی حیات لطیفہ ہو جس کا ہم کو ادراک نہ ہوتا ہو جیسا جوہر دماغ کے احساس کا بہت عقلاء کو ادراک نہیں ہوا لیکن بہت سے عقلاء دلائل سے اس کے قائل ہوئے تو ظاہر نص قرآن ان دلائل طبعیہ سے دلالت اور قوت میں کم نہیں ہے اور ہم کو اس دعوے کی ضرورت نہیں کہ ہمیشہ پتھر کے گرنے کی علت یہی خوف ہے کیونکہ حق تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ بعضے پتھر اس وجہ سے گر جاتے ہیں سو ممکن ہے کہ گرنے کے اسباب مختلف ہوں ان میں بعض طبعی ہوں اور ایک سبب یہ ہو۔ حسن ترتیب بیان: اور اس مقام پر ان پتھروں کے اقسام سہ گانہ میں ترتیب نہایت لطیف اور افادہ مقصود میں نہایت بلیغ ہے یعنی بعض پتھروں میں ایسا قوی تاثر ہے جس سے انہار جاری ہوتی ہیں جن سے مخلوق کو بڑا نفع پہنچتا ہے ان کے قلوب ایسے بھی نہیں بعض پتھروں میں اس سے کم تاثر ہے جس سے کم نفع پہنچتا ہے تو یہ پتھر بہ نسبت اول قسم کے کم نرم ہوئے لیکن ان کے قلوب ان سے بھی سخت ہیں اور بعض پتھروں میں گو اس درجہ کا اثر نہیں مگر پھر بھی ان میں ایک اثر ہے تو یہ قسم بوجہ اس کے کہ قسمین اولین میں آثار مذکورہ کے ساتھ خوف بھی موجود ہے سب سے اسفل اور ارذل اور انفعال میں اضعف اور اقل ہے مگر ان کے قلوب میں یہ انفعال اضعف بھی نہیں۔ سبحان اللہ حقیقت میں بڑی پاکیزہ ترتیب اور بیان ہے۔ یہاں تک کہ یہود کے حالات دکھلا سنا کے مسلمانوں کو جو ان کے مؤمن بنانے کی فکر و کوشش میں کلفت پیش آتی تھی ان کی اس امید کو قطع کر کے ان کی کلفت دفع کرتے ہیں آیت آئندہ میں۔

معاملۂ نوزدہم متضمن دفع کلفت مؤمنین: اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ یُّؤْمِنُوْا لَكُمْ (الی قولہ تعالٰی) وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ (اے مسلمانو) کیا (یہ سارے قصے سن کر) اب بھی تم توقع رکھتے ہو کہ یہ (یہودی) تمہارے کہنے سے ایمان لے آئیں گے حالانکہ (ان سب مذکورہ قصوں سے بڑھ کر ایک اور بات بھی ان سے ہو چکی ہے کہ) ان میں سے کچھ لوگ ایسے گزرے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا کلام سنتے تھے اور پھر اس کو کچھ کا کچھ کر ڈالتے تھے (اور) اس کو سمجھنے کے بعد (ایسا کرتے) اور (لطف یہ کہ یہ بھی) جانتے تھے (کہ ہم برا کر رہے ہیں محض اغراض نفسانیہ اس کارروائی کا باعث ہوتیں)۔

ف: مطلب یہ کہ جو لوگ ایسے بے باک اور اغراض نفسانیہ کے اسیر ہوں وہ کسی کے کہنے سے کب باز آنے والے اور کسی کی کب سننے والے ہیں اور کلام اللہ سے مراد یا تو توریت ہے اور سماع سے مراد بواسطہ انبیاء علیہم السلام کے اور تحریف سے مراد اس کے بعض کلمات یا تفاسیر یا دونوں کو بدل ڈالنا اور یا کلام سے مراد وہ کلام ہے جو ان ستر آدمیوں نے تصدیق موسیٰ علیہ السلام کے مقدمہ میں طور پر سنا تھا اور سماع سے مراد بلا واسطہ تحریف سے مراد قوم سے یہ نقل کر دینا کہ اخیر میں اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فرما دیا تھا کہ جو حکم تم سے ادا نہ ہو سکے وہ معاف ہے جیسا آیت: وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَكُمْ کی تفسیر میں بیان ہو چکا اور گو بعض امور مذکورہ کا صدور یہود معاصرین پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ ہوا ہو لیکن یہ لوگ بھی اپنے اسلاف کے ان اعمال پر انکار اور نفرت نہ رکھتے تھے اس لئے حکما یہ بھی ویسے ہی ہوئے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا یَهْبِطُ مِنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ۔ اس میں دلیل ہے قول صوفیہ کی کہ جمادات کے لئے اتنا شعور ثابت کرتے ہیں جس سے وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ تم لوگوں میں سے کما فی الکشاف خوطبت الجماعۃ لوجود القتل فیھم ۱۲۔ ۲؎ قولہ ایک دوسرے پر ھو احد الوجھین المذکورین فی الکشاف نصہ او تدافعتم بمعنی طرح قتلھا بعضکم علی بعض فدفع المطروح علیہ الطارح او لان الطرح فی نفسہ دفع او دفع بعضکم بعضاً عن البراءۃ واتھمہ ۱۲۔ ۳؎ قولہ فی ف ترتیب بدلنے میں الخ ماخذہ الکشاف ۱۲۔ ۴؎ قولہ فی ترجمۃ یا یوں کہئے اشارۃ الی ان او لتخییر المبالغ ھکذا فی روح المعانی ۱۲۔ ۵؎ قولہ فی ف اقسام سہ گانہ میں ترتیب ماخذہ روح المعانی ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراءۃ عما تعملون بالیاء والضمیر للیھود ۱۲۔

النحو: قولہ مخرج فان قلت کیف اعمل مخرج وھو فی معنی المضی قلت وقد حکی ما کانت مستقبلا فی وقت التدارء ۱۲ کشاف اضربوہ الضمیر فیہ اما ان یرجع الی النفس والتذکیر علی تاویل الشخص والانسان واما الی القتیل لما دل علیہ من قولہ ما کنتم تکتمون ۱۲۔

العربیۃ: فی البیضاوی ان یؤمنوا لکم ان یصدقوکم او یؤمنوا لاجل دعوتکم فی حاشیۃ الشیروانی علی الاول الایمان بمعناہ اللغوی وھو التصدیق واللام صلتہ بتضمین معنی الاقرار او الاستجابۃ وعلی الثانی بمعناہ الشرعی واللام للتعلیل ۱۲۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ: قوله تعالى اشد قسوة وانما لم يقل اقسى لما في اشد من المبالغة والدلالة على اشتداد القسوتين واشتمال المفضل على زيادة ۱۲ هكذا في البيضاوي۔

وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا ۚ وَإِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ قَالُوا أَتُحَدِّثُونَهُم بِمَا فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَاجُّوكُم بِهِ عِندَ رَبِّكُمْ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝٧٦ أَوَلَا يَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۝٧٧ وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ۝٧٨ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ يَكْتُبُونَ الْكِتَابَ بِأَيْدِيهِمْ ثُمَّ يَقُولُونَ هَٰذَا مِنْ عِندِ اللَّهِ لِيَشْتَرُوا بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۖ فَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا يَكْسِبُونَ ۝٧٩ وَقَالُوا لَن تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّا أَيَّامًا مَّعْدُودَةً ۚ قُلْ أَتَّخَذْتُمْ عِندَ اللَّهِ عَهْدًا فَلَن يُخْلِفَ اللَّهُ عَهْدَهُ ۖ أَمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝٨٠

اور جب ملتے ہیں (منافقین اور یہود) مسلمانوں سے تو (ان سے تو) کہتے ہیں کہ ہم (بھی) ایمان لے آئے ہیں اور جب تنہائی میں جاتے ہیں یہ بعضے دوسرے بعض (علانیہ) یہودیوں کے پاس تو وہ ان سے کہتے ہیں کہ تم کیا مسلمانوں کو وہ باتیں بتلا دیتے ہو جو اللہ تعالیٰ نے تم پر منکشف کردی ہیں تو نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ لوگ تم کو حجت میں مغلوب کردیں گے کہ یہ مضمون اللہ کے پاس سے ہے کیا تم (اتنی موٹی بات) نہیں سمجھتے۔ کیا ان کو اس کا علم نہیں ہے کہ حق تعالیٰ کو سب خبر ہے اُن چیزوں کی بھی جن کو وہ مخفی رکھتے ہیں اور اُن کی بھی جن کا وہ اظہار کردیتے ہیں۔ اور ان (یہودیوں) میں بہت سے ناخواندہ (بھی) ہیں جو کتابی علم نہیں رکھتے لیکن (بلا سند) دل خوش کن باتیں (بہت یاد ہیں) اور وہ لوگ اور کچھ نہیں خیالات پکا لیتے ہیں' تو بڑی خرابی ان کی ہوگی جو لکھتے ہیں (بدل سدل کر) کتاب (توریت) کو اپنے ہاتھوں سے پھر کہہ دیتے ہیں کہ یہ (حکم) خدا کی طرف سے ہے غرض (صرف) یہ ہوتی ہے کہ اس ذریعے سے کچھ نقد قدرے قلیل وصول کرلیں۔ سو بڑی خرابی پیش آئے گی ان کو اس کی بدولت (بھی) جس کو ان کے ہاتھوں نے لکھا تھا اور بڑی خرابی ہوگی ان کو اس کی بدولت (بھی) جس کو وہ وصول کرلیا کرتے تھے اور یہودیوں نے (یہ بھی) کہا کہ ہرگز ہم کو آتش (دوزخ) چھوئے گی (بھی) نہیں مگر (بہت) تھوڑے روز جو (انگلیوں پر) شمار کرلئے جاسکیں۔ آپ یوں فرما دیجئے کیا تم لوگوں نے حق تعالیٰ سے (اس کے متعلق) کوئی معاہدہ لے لیا ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ اپنے معاہدہ کے خلاف نہ کریں گے۔ یا اللہ تعالیٰ کے ذمہ ایسی بات لگاتے ہو جس کی کوئی علمی سند اپنے پاس نہیں رکھتے ۝

تفسیر: **معاملہ بستم متضمن تتمہ دفع کلفت مؤمنین:** وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا (الی قولہ تعالٰی) أَفَلَا تَعْقِلُونَ اور جب ملتے ہیں (منافقین یہود) مسلمانوں سے تو (ان سے تو) کہتے ہیں کہ ہم (بھی) ایمان لے آئے ہیں اور جب تنہائی میں جاتے ہیں یہ بعضے (منافق یہودی) دوسرے بعضے (علانیہ) یہودیوں کے پاس (تو ان کے سے ان کی معیت وہم مشربی کے مدعی ہوتے ہیں اس وقت) وہ (دوسرے یہودی) ان سے کہتے ہیں کہ تم یہ کیا غضب کرتے ہو کہ مسلمانوں کو (خوشامد میں) وہ باتیں بتلا دیتے ہو جو (اُن کے مفید مذہب) اللہ تعالیٰ نے (توریت میں) تم پر منکشف کردی ہیں (مگر ہم بمصلحت پوشیدہ رکھتے ہیں) نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ لوگ تم کو حجت میں مغلوب کردیں گے کہ (دیکھو) یہ مضمون اللہ کے پاس (سے تمہاری کتاب میں آیا) ہے کیا تم (اتنی موٹی بات) نہیں سمجھتے۔ **ف**: منافقین کبھی ایک آدھ بات خوشامد میں اپنا صدقِ ایمان جتلانے کے لئے مسلمانوں سے کہہ دیتے ہیں کہ توریت میں رسول اللہ ﷺ کی بشارت ہے یا قرآن مجید کی خبر ہے و نحو ذلک اس پر دوسرے لوگ ملامت کرتے اس میں توجیہ دفع کلفت کی یہ ہے کہ جو لوگ ایسے چالاک اور چاند پر خاک ڈالنے والے ہیں وہ تمہاری کیا مانیں گے اور منافقین کا یہ قول سورۃ بقرہ کے شروع میں بھی آیا ہے لیکن چونکہ وہاں ان کا برتاؤ مؤمنین کے ساتھ بتلانا منظور تھا اور یہاں قطع اُمید ایمان کرانا مقصود ہے اختلاف مقصود سے تکرار دفع ہوگیا۔ **نکتہ مکررات قرآنی**: اور اکثر جگہ مکررات قرآنی اسی قبیل سے ہیں اور اگر کہیں مقصودِ واحد بھی ہو جب بھی تاکید خود ایک گونہ مقصودِ جدید اور مطمح نظر بلغاء اور مہتم بالشان ہے۔ آیت آئندہ میں اللہ تعالیٰ ان منافقین اور ان ملامت گروں کی حماقت پر تنبیہ فرماتے ہیں اور آیت کی ایک تفسیر یہ بھی ہوسکتی ہے کہ متکلم ومخاطب سب منافقین ہی ہوں جن میں بعضے جو ان مضامین کو مسلمانوں سے بیان نہ کرتے تھے ایسے لوگوں کو ملامت کرتے تھے جو مسلمانوں سے ان مضامین کو بیان کردیتے تھے۔

تحمیق یہود: أَوَلَا يَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ۔ کیا ان کو اس کا علم نہیں ہے کہ حق تعالیٰ کو سب خبر ہے ان چیزوں کی بھی جن کو وہ مخفی رکھتے ہیں اور ان کی بھی جن کا وہ اظہار کردیتے ہیں۔ **ف**: تو اگر ان منافقین نے اپنا کفر مؤمنین سے چھپایا تو کیا اور اگر ان ملامت گروں نے حضور ﷺ کی بشارت وغیرہ کے متعلق مضامین چھپائے تو کیا حق تعالیٰ کو تو سب خبر ہے چنانچہ حق تعالیٰ نے دونوں مضمونوں سے مسلمانوں کو جابجا مطلع فرما دیا۔ ان آیات میں یہود کے خواندہ لوگوں کا ذکر ہو چکا تو

www.besturdubooks.net

آیت آئندہ میں ان کے ناخواندوں کا ذکر فرماتے ہیں۔

حالِ عوام یہود: وَ مِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّاۤ اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ اور ان (یہودیوں) میں بہت سے ناخواندہ (بھی) ہیں جو کتابی علم نہیں رکھتے لیکن (بلاسند) دل خوش کن باتیں (بہت یاد ہیں) اور وہ لوگ اور کچھ نہیں (ویسے ہی بے بنیاد) خیالات پکا لیتے ہیں۔ **ف**: وجہ یہ کہ کچھ تو ان کے علماء کی تعلیم ناقص اور مخلوط اور اوپر سے ان میں فہم کی کمی پھر بجز بے بنیاد خیالات کے حقائق واقعیہ کی تحقیق کہاں نصیب بقول شخصے ''کریلا اور نیم چڑھا'' اس میں شیرینی کہاں اور چونکہ ان کی اس توہم پرستی کا بڑا سبب ان کے علماء کی خیانت ہے اس لئے ان کا شناعت میں ان عوام سے بڑھ کر ہونا آیت آئندہ میں بیان فرماتے ہیں گو پہلے کچھ ان کا حال ابھی آ چکا ہے۔

شناعت علماء یہود: فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ (الی قوله تعالٰی) فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ۔ (جب عوام مذکورین قابل زجر وطرد ہیں اور اصلی سبب ان کے جہل کا ان کے علماء ہیں) تو بڑی خرابی ان کی ہوگی جو لکھتے ہیں (بدل سدل کر) کتاب (توریت) کو اپنے ہاتھوں سے (اور) پھر (عوام سے) کہہ دیتے ہیں کہ یہ (حکم) خدا کی طرف سے (یوں ہی آیا) ہے (اور) غرض (صرف) یہ ہوتی ہے کہ اس ذریعہ سے کچھ نقد قدرے قلیل وصول کرلیں سو بڑی خرابی (پیش) آوے گی ان کو اس (مبدل کتاب) کی بدولت (بھی) جس کو ان کے ہاتھوں نے لکھا تھا اور بڑی خرابی ہوگی ان کو اس (نقد) کی بدولت (بھی) جس کو وہ وصول کرلیا کرتے تھے۔ **ف**: عوام کی رضاجوئی کے واسطے غلط سلط مسئلے بتلا دینے سے ان سے کچھ وصول بھی ہوجاتا تھا اور ان کی نظر میں وقعت اور وجاہت بھی رہتی تھی اسی غرض سے لفظاً یا معنیً توریت میں کچھ پھیر پھار بھی کرتے رہتے تھے اس آیت میں اسی حرکت پر وعید سنائی ہے۔

معاملۂ بست وکیم: وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّاۤ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً (الی قوله تعالٰی) اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ اور یہودیوں نے (یہ بھی) کہا کہ ہرگز ہم کو (آتش دوزخ) چھوئے گی (بھی تو) نہیں (ہاں) مگر (بہت) تھوڑے روز جو (انگلیوں پر) شمار کرلئے جاسکیں (اے محمد ﷺ) آپ (ان سے) یوں فرما دیجئے کہ کیا تم لوگوں نے حق تعالیٰ سے (اس کے متعلق) کوئی معاہدہ لے لیا جس میں اللہ تعالیٰ اپنے معاہدہ کے خلاف نہ کریں گے یا (معاہدہ نہیں لیا بلکہ ویسے ہی) اللہ تعالیٰ کے ذمہ ایسی بات لگاتے ہو جس کی کوئی علمی سند اپنے پاس نہیں رکھتے۔ **ف**: یہود کے اس قول کی مفسرین نے مختلف تقریریں کی ہیں لیکن احقر کے قلب میں یہ تقریر آتی ہے کہ یہ امر محقق ہے کہ مؤمن اگر عاصی ہو تو گو معاصی سے دوزخ میں معذب ہو لیکن ایمان کی وجہ سے خلود نہ ہوگا بعد چندے نجات ہوجائے گی۔ پس حاصل دعویٰ یہود کا یہ تھا کہ چونکہ دین موسوی بزعم ان کے منسوخ نہیں ہے لہٰذا وہ مؤمن ہیں انکار نبوت حضرت عیسیٰ علیہ السلام و جناب رسول اللہ ﷺ سے کافر نہیں ہوئے۔ پس اگر کسی عصیان کے سبب دوزخ میں چلے بھی گئے پھر نکال لئے جائیں گے اور چونکہ یہ دعویٰ محض بناء الفاسد علی الفاسد ہے کیونکہ دعویٰ تابید شریعت موسویہ کا خود غلط ہے اس لئے انکار نبوت مسیحیہ و محمدیہ سے وہ لوگ کافر ہوں گے اور کفار کے لئے بعد چندے نجات ہوجانا کسی کتاب سماوی میں نہیں جس کو حق تعالیٰ نے عہد سے تعبیر فرمایا۔ پس ثابت ہوا کہ دعویٰ بے دلیل بلکہ خلاف دلیل ہے۔ آگے رد کے ساتھ ایک ضابطہ کا بیان ہے جس کی رو سے یہ لوگ خالد فی النار ہوں گے۔

مُلحقاتُ التَّرجَمة: ۱ قوله تو ان سے ان کی معیت الخ قدره لتوقف ظهور نفاقهم عليه والقرينة على التقدير قوله تعالٰى قالوا انا معكم وانما لم يصرح به اقامة للدليل مقام المدلول لان معاتبة المجاهرين اياهم يدل على كونهم جميعا على ملة واحدة ولما كان ذكر هذا الدليل يفيد فائدة جديدة زيادة قطع الطمع في ايمانهم كان ذكره اولى من المدلول المفهوم في ضمنه دن العكس فافهم ۱۲۔ ۲ قوله نتيجه اشارة الى كون اللام للعاقبة ۱۲۔ ۳ قوله بدل سدل کر كما في البيضاوى الكتاب يعني المحرف ۱۲۔

اَلْكَلَام: فويل للذين الآية۔ احتج البعض بالأية على عدم حجية الظن في الشرعيات قلنا قصارىٰ الاية عدم حجية الظن بالمعنى الذى اريد فيها من عدم الاستناد الى دليل صحيح بل وعلى خلاف الدليل القطعي ولا كلام على زهوق هذا الظن فلا يلزم منه عدم حجية حسب القواعد الثابتة في الشرع ۱۲۔ وقالوا لن تمسنا الأية۔ دلت الآية على بطلان الخلف في العهد وعدا كان او وعيدا وما يتوهم من التخلف في بعض الوعيد فلما ان الوعيد مقيد بعدم مشية العفو فبمشيته يرتفع القيد ويرتفع الوعيد فلا وعيد ولا خلف ۱۲۔

اَللُّغَات: اماني جمع امنية واصلها امنوية افعولة وهو في الاصل ما يقدره الانسان في نفسه من منى اذا قدرو لذلك تطلق على الكذب وعلى ما يتمنى وما يقرء ۱۲ (روح المعاني) الظن وقد يطلق الظن على ما يقابل العلم اليقيني عن دليل قاطع سواء قطع بغير دليل او بدليل غير صحيح او لم يقطع فلا ينافى نسبة الظن اليهم ان كانوا جازمين ۱۲ (روح المعاني) الكتب الكتابة او التوراة ۱۲ (بيضاوى) واشرت الى الجمع بينهما في الترجمة ۱۲۔

اَلنَّحْو: ام تقولون في البيضاوى ام معادلة لهمزة الاستفهام بمعنى اى الامرين كائن على سبيل التقرير للعلم بوقوع احدهما او منقطعة

www.besturdubooks.net

بمعنی بل اتقولون علی التقریر والتفریع ١٢۔

العربیۃ: قولہ عند ربکم فی روح المعانی ای فی کتابہ وحکمہ وھو عند عصابۃ بدل من بہ ومعنی کونہ بدلا منہ ان عاملہ الذی ھو نائب عنہ بدل منہ اما بدل الکل ان قدر صیغۃ اسم الفاعل او بدل اشتمال ان قدر مصدر او فائدۃ بیان جھۃ الاحتجاج بما فتح اللہ تعالٰی فان الاحتجاج بہ یتصور علی وجوہ شتی کانہ قیل لیحاجوکم بہ بکونہ فی کتابہ ای یقولوا انہ مذکور فی کتابہ الذی آمنتم بہ ١٢ قولہ اولا یعلمون الو او بعد الھمزۃ للعطف تقدیر الکلام ایفعلون کذا و کذا ولا یعلمون ١٢ استاذی مولانا محمد یعقوبؒ۔

البلاغۃ: قولہ بما فتح اللہ فی روح المعانی والتعبیر عنہ بالفتح ایذان بانہ سر مکتوم وباب مغلق ١٢۔ بایدیھم تاکید کقولھم کتبتہ بیمینی ١٢ (بیضاوی) وفی الانتصاف ان فائدتہ تصویر الحالۃ فی النفس کما وقعت حتی یکاد السامع لذلک ان یکون مشاھد اللھیئۃ ١٢۔

بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـئَتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٨١﴾
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٨٢﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ
اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۟ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ
حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٨٣﴾

کیوں نہیں، جو شخص قصداً بری باتیں کرتا ہے اور اس کو اس کی خطا (اور قصور اس طرح) احاطہ کرلے (کہ کہیں نیکی کا اثر تک نہ رہے) سو ایسے لوگ اہل دوزخ ہوتے ہیں اور وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اور جو لوگ (اللہ اور رسول پر) ایمان لائیں اور نیک کام کریں ایسے لوگ اہل بہشت ہوتے ہیں (اور) وہ اس میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے۔ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب لیا ہم نے (توریت میں) قول و قرار بنی اسرائیل سے کہ عبادت مت کرنا (کسی کی) بجز اللہ تعالیٰ کے اور ماں باپ کی اچھی طرح خدمت گزاری کرنا اور اہل قرابت کی بھی اور بے باپ کے بچوں کی بھی اور غریب محتاجوں کی بھی اور عام لوگوں سے بات اچھی طرح (خوش خلقی سے) کہنا اور پابندی رکھنا نماز کی اور ادا کرتے رہنا زکوٰۃ پھر تم (قول و قرار کرکے) اس سے پھر گئے بجز معدودے چند کے اور تمہاری تو معمولی عادت ہے اقرار کرکے ہٹ جانا۔

تفسیر: ضابطہ بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـئَتُهٗ (الٰی قولہ تعالٰی) هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ۔ (بجز چند روز کے تم کو آتش دوزخ) کیوں نہیں لگے گی بلکہ ابد الآباد تک اس میں رہنا ضرور ہے کیونکہ ہمارا ضابطہ یہ ہے کہ جو شخص قصداً بری باتیں کرتا رہے اور اس کو اس کی خطا (و قصور اس طرح) احاطہ کرلے (کہ کہیں نیکی کا اثر تک نہ رہے) سو ایسے لوگ اہل دوزخ ہوتے ہیں (اور) وہ اس میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے اور جو لوگ (اللہ اور رسولؐ پر) ایمان لاویں اور نیک کام کریں ایسے لوگ اہل بہشت ہوتے ہیں (اور) وہ اس میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے۔ **ف**: معنی احاطت خطیئتہ: خطاؤں کے احاطہ کرنے کے یہ معنی احقر نے ترجمہ میں ظاہر کردیے ہیں احاطہ بایں معنی کفار کے ساتھ مخصوص ہے کیونکہ کفر کی وجہ سے کوئی عمل صالح مقبول نہیں ہوتا بلکہ اگر کچھ کفر کے قبل کے اعمال ہوں وہ بھی حبط اور ضبط ہو جاتے ہیں اس وجہ سے کفار میں سب بدی ہی بدی ہوگی بخلاف اہل ایمان کے کہ اولاً ان کا ایمان خود ایک اعظم اعمال صالحہ ہے ثانیاً اور اعمال فرعیہ بھی ان کے نامۂ اعمال میں درج ہوتے ہیں اس لئے وہ نیکی کے اثر سے خالی نہیں۔ پس یہ احاطہ مذکوران کی حالت پر صادق نہیں آتا خوب سمجھ لو۔ حاصل استدلال، استحقاق یہود للخلود کا اس ضابطہ سے یہ ہوا کہ جب اس ضابطہ کی رو سے کفار کا خالد ہونا ثابت ہے اور موسیٰ علیہ السلام خاتم النبیین نہیں ہیں بلکہ حضرت مسیح علیہ السلام اور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ بھی نبی ہیں اور یہود ان حضرات کی نبوت کے منکر ہیں اور انکار نبوت انبیاء کفر ہے پس یہودی کافر ٹھہرے اس لئے اس ضابطہ کی رو سے خالد فی النار ہونگے تو ان کا دعویٰ مذکور دلیل قطعی سے باطل ٹھہرا۔ **دفع شبہ خلود عاصی:** اور جاننا چاہئے کہ اس مقام پر کافر اور مؤمن نیک عمل کا ضابطہ بیان ہوا ہے اور مؤمن بدعمل کا ضابطہ دوسری آیات و احادیث میں ہے مثلاً: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ۔ [النساء: ٤٨] اور اس مشیت کا وقوع اس آیت میں مذکور ہے: فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ [الزلزال: ٧]۔ اور احادیث تو بہت صریح ہیں اور فی نفسہٖ صحیح ہیں۔

معاملۂ بست و دوم: وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (الٰی قولہ تعالٰی) وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ۔ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب لیا ہم نے (توریت میں) قول و قرار بنی اسرائیل سے کہ عبادت مت کرنا (کسی کی) بجز اللہ تعالیٰ کے اور ماں باپ کی اچھی طرح خدمت گزاری کرنا اور اہل قرابت کی بھی اور بے باپ کے بچوں کی بھی اور غریب محتاجوں کی بھی اور عام لوگوں سے (جب کوئی) بات (کہنا ہو تو) اچھی طرح (خوش خلقی سے) کہنا اور پابندی رکھنا نماز کی اور ادا کرتے رہنا زکوٰۃ پھر تم (قول و قرار کرکے) اس سے پھر گئے بجز معدودے چند کے اور تمہاری تو معمولی عادت ہے اقرار کرکے ہٹ جانا۔ **ف**: یہ معدودے چند وہ ہیں جو توریت کے پورے پابند رہے کہ قبل نسخ

www.besturdubooks.net

توریت شریعت موسویہ پر قائم رہے اور بعد نسخ توریت شریعت محمدیہ کے متبع ہو گئے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ توریت میں هو احد الاقوال المذكورة في روح المعاني ١٢۔

الکلام بلى من كسب الآية استدل المعتزلة بالآية على خلود العاصي في النار لان القسمة ثنائية فمن لم يعمل الصالحات دخل في من كسب الذي يستحق الخلود وانا اشرت الى الجواب بتفسير الاحاطة وجعل القسمة ثلاثية ذكر منها اثنان ولم يذكر الثالث ههنا ١٢۔

العربیۃ: قوله لا تعبدون اخبار في معنى النهي وهو ابلغ من صريح النهي لما فيه من ايهام ان المنهي سارع الى الانتهاء فهو يخبر عنه قوله احسانا متعلق بمضمر تقديره وتحسنون او احسنوا قوله المسكين مفعيل من السكون كان الفقر اسكنه قوله حسنا سماه حسنا للمبالغة ثم توليتم على طريقة الالتفات۔ قوله انتم معرضون قوم عاد حكم الاعراض عن الوفاء والطاعة واصل الاعراض الذهاب عن المواجهة الى جهة العرض اه بيضاوي اي الناحية ١٢۔

وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُونَ دِمَاءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُونَ أَنْفُسَكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ أَقْرَرْتُمْ وَأَنْتُمْ تَشْهَدُونَ ﴿٨٤﴾ ثُمَّ أَنْتُمْ هَٰؤُلَاءِ تَقْتُلُونَ أَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُونَ فَرِيقًا مِنْكُمْ مِنْ دِيَارِهِمْ تَظَاهَرُونَ عَلَيْهِمْ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَإِنْ يَأْتُوكُمْ أُسَارَىٰ تُفَادُوهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ إِخْرَاجُهُمْ ۚ أَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَاءُ مَنْ يَفْعَلُ ذَٰلِكَ مِنْكُمْ إِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يُرَدُّونَ إِلَىٰ أَشَدِّ الْعَذَابِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٨٥﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا بِالْآخِرَةِ ۖ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ ﴿٨٦﴾

ع ١٠

اور (وہ زمانہ بھی) یاد کرو جب ہم نے تم سے یہ قول وقرار (بھی) لیا کہ باہمی خونریزی مت کرنا اور ایک دوسرے کو ترک وطن مت کرانا۔ پھر تم نے اقرار بھی کرلیا اور (اقرار بھی ضمناً نہیں بلکہ ایسا صریح جیسے) تم شہادت دیتے ہو۔ پھر تم یہ آنکھوں کے سامنے موجود ہو (کہ) باہم قتل وقتال بھی کرتے ہو ایک دوسرے کو ترک وطن بھی کراتے ہو (اس طور پر کہ) ان اپنوں کے مقابلہ میں ان کی مخالف قوموں کی امداد کرتے ہو گناہ اور ظلم کے ساتھ اور اگر ان لوگوں میں سے کوئی گرفتار ہو کر تم تک پہنچ جاتا ہے تو ایسوں کو کچھ خرچ کرکرا کر رہا کرا دیتے ہو۔ حالانکہ یہ بات (بھی معلوم) ہے کہ تم کو ان کا ترک وطن کرا دینا نیز ممنوع ہے۔ کیا تو (پس یوں کہو کہ) کتاب (توریت) کے بعض احکام پر تم ایمان رکھتے ہو اور بعض پر ایمان نہیں رکھتے۔ سو اور کیا سزا ہو ایسے شخص کی جو تم لوگوں میں ایسی حرکت کرے بجز رسوائی کے دنیوی زندگانی میں اور روز قیامت کو بڑے سخت عذاب میں ڈال دیئے جاویں گے اور اللہ تعالیٰ (کچھ) بے خبر نہیں ہیں تمہارے اعمال (زشت) سے یہ وہ لوگ ہیں کہ انہوں نے دنیوی زندگی (کے خطوط) کو لے لیا ہے بعوض (نجات) آخرت کے سو نہ تو ان کی سزا میں (کچھ) تخفیف دی جائے گی اور نہ کوئی ان کی طرف داری (پیروی) کرنے پاوے گا ۞

تفسیر: تتمہ میثاقِ مذکور: وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَأَنْتُمْ تَشْهَدُونَ ۔ اور (وہ زمانہ بھی یاد کرو) جب ہم نے تم سے یہ قول وقرار (بھی) لیا کہ (خانہ جنگی کرکے) باہم خونریزی مت کرنا اور ایک دوسرے کو ترکِ وطن مت کرانا پھر (ہمارے اس اقرار لینے پر) تم نے اقرار بھی کرلیا اور اقرار بھی (ضمناً نہیں بلکہ) ایسا جیسے تم (اس پر) شہادت (بھی) دیتے ہو۔ **ف:** چونکہ بعض اوقات کسی کی تقریر سے کسی امر کا اقرار مترشح ومفہوم ہوا کرتا ہے صاف اقرار نہیں ہوتا گو عقلاً وعرفاً وہ بھی اقرار ہی ہوتا ہے لیکن یہاں اس قید اخیر سے اس شبہ کو بھی رفع کر دیا اور بتلا دیا کہ اقرار مذکور ایسا صریح تھا جیسے شہادت واضح ہوا کرتی ہے اور ترکِ وطن کرانے کی ممانعت کے معنی یہ ہیں کہ کسی کو آزار پہنچا کر ایسا تنگ مت کرنا کہ بیچارہ ترک وطن پر مجبور ہو۔ آگے اس حکم خاص کے متعلق انکی عہد شکنی کا ذکر فرماتے ہیں۔

عہد شکنی: ثُمَّ أَنْتُمْ هَٰؤُلَاءِ (الی قولہ تعالیٰ) وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ إِخْرَاجُهُمْ ۔ پھر (اس اقرار صریح کے بعد) تم (جیسے ہو) یہ (آنکھوں کے سامنے) موجود (ہی) ہو کہ باہم قتل وقتال بھی کرتے ہو اور ایک دوسرے کو ترک وطن بھی کراتے ہو (اس طور پر کہ) ان اپنوں کے مقابلہ میں (ان کی مخالف قوموں کی) امداد کرتے ہو گناہ اور ظلم کے ساتھ (سو ان دونوں حکموں کو تو یوں غارت کیا) اور (ایک تیسرا حکم جو سہل سا سمجھا اس پر عمل کرنے کو خوب تیار رہتے ہو کہ) اگر ان لوگوں میں سے کوئی گرفتار ہو کر تم تک پہنچ جاتا ہے تو ایسوں کو کچھ خرچ کر کرا کر رہا کرا دیتے ہو حالانکہ یہ بات (بھی معلوم) ہے کہ تم کو ان کا ترک وطن کرا دینا (اور قتل تو اور بھی بدرجۂ اولیٰ) نیز ممنوع ہے۔ **ف:** اس باب میں ان پر تین حکم واجب تھے اول قتل نہ کرنا دوم اخراج نہ کرنا سوم اپنی قوم میں سے کسی کو گرفتار وبندی دیکھیں تو روپیہ خرچ کرکے چھڑا دینا سو ان لوگوں

www.besturdubooks.net

نے حکم اول ودوم کو تو ضائع کر دیا تھا اور سوم کا اہتمام کیا کرتے تھے اور صورت اس کی یہ ہوئی تھی کہ اہل مدینہ میں دو قومیں تھیں اوس اور خزرج اور ان میں باہم عداوت رہتی تھی اور کبھی کبھی قتال کی نوبت بھی آتی تھی اور مدینہ کے گردونواح میں دو قومیں یہود کی بستی تھی بنی قریظہ اور بنی نضیر اور اوس اور بنی قریظہ باہم دوست تھے اور خزرج اور بنی نضیر باہم یار تھے تو جب اوس اور خزرج کی باہم لڑائی ہوتی تو دوستی کی وجہ سے بنی قریظہ تو اوس کے مددگار ہوتے اور بنی نضیر خزرج کے حامی بنتے تو جہاں اوس وخزرج مارے جاتے اور خانماں آوارہ ہوتے اُن کے دوستوں کو بھی یہ مصیبت پیش آتی اور ظاہر ہے کہ بنی قریظہ کے قتل واخراج میں بنی نضیر کا ضرور اثر اور دخل ہوتا تھا اور بالعکس بھی البتہ یہود کی دونوں جماعتوں میں سے اگر کوئی جنگ میں اسیر ہو جاتا تو ہر جماعت اپنے دوستوں کو مال سے راضی کر کے اس اسیر کو رہائی دلا دیتے اور جو کوئی پوچھتا تو کہتے کہ اسیر کو رہا کرا دینا ہم پر واجب ہے اور اگر قتل واخراج کے معین بننے پر کوئی اعتراض کرتا تو کہتے کیا کریں اپنے دوستوں کا ساتھ نہ دینے سے عار آتی ہے حق تعالیٰ نے اسی کی شکایت فرمائی ہے اور جن مخالف قوموں کی امداد کا ذکر فرمایا ہے مراد ان قوموں سے اوس اور خزرج ہیں کہ اوس بنی قریظہ کی موافقت میں بنی نضیر کے مخالف تھے اور خزرج بنی نضیر کی موافقت میں بنی قریظہ کے مخالف تھے اور گناہ اور ظلم دو لفظ لانے میں اشارہ ہو سکتا ہے کہ اس میں دو حق ضائع ہوتے ہیں حق اللہ بھی کہ حکم الٰہی کی تعمیل نہ کی اور حق العبد بھی کہ دوسرے کو آزار پہنچا آگے اس عہد شکنی کی شکایت وملامت کی مع بیان سزا تصریح ہے۔

ملامت ووبال: اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ۝ ۔ کیا تو (بس یوں کہو کہ) کتاب (توریت) کے بعض (احکام) پر تم ایمان رکھتے ہو اور بعض (احکام) پر ایمان نہیں رکھتے سو اور کیا سزا ہونا (چاہئے) ایسے شخص کی جو تم لوگوں میں سے ایسی حرکت کرے بجز رسوائی کے دنیوی زندگانی میں اور روز قیامت کو بڑے سخت عذاب میں ڈال دیئے جاویں گے اور اللہ تعالیٰ (کچھ) بے خبر نہیں ہیں تمہارے اعمال (زشت) سے۔ **ف**: ہر چند کہ یہ یہودی جن کے قصہ کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے بوجہ انکار نبوت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کافر ہی تھے لیکن اس مقام پر یہ کفر مذکور نہیں تو جیہ **تسمیہ معصیت بکفر**: بلکہ بعضے احکام پر عمل نہ کرنے کو کفر سے تعبیر فرمایا ہے حالانکہ جب تک حرام کو حرام سمجھے آدمی کافر نہیں ہوتا وجہ اس کی یہ ہے کہ جو گناہ بہت شدید ہوتا ہے اس پر محاورات شرعیہ میں تغلیظاً کفر کا اطلاق کر دیا جاتا ہے جس طرح ہمارے محاورات عرفیہ میں کسی ذلیل حرکت کرنیوالے کو کہہ دیں کہ تو بالکل چمار ہے حالانکہ مخاطب یقیناً چمار نہیں مقصود اس سے تنفیر شدید اس امر سے اور اس کی سخت تقبیح ہوتی ہے۔ یہی معنی ہیں ایسی حدیثوں کے من ترك الصلوٰة متعمدًا فقد كفر ونحو ذلك۔ اور اس مقام پر دو سزاؤں کا ذکر ہے ایک دنیوی یعنی رسوائی وذلت سو اس کا وقوع اس طرح ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت ہی میں مسلمانوں کے ساتھ نقض معاہدہ کرنے کے سبب بنی قریظہ قتل وقید کئے گئے اور بنی نضیر ملک شام کی طرف ہزار خواری کے ساتھ نکال دیئے گئے چنانچہ بنی قریظہ کا قصہ سورۂ احزاب کے نصف پر اور بنی نضیر کا قصہ سورۂ حشر کے آغاز میں قرآن ہی میں وارد ہے۔

ف: اور جملہ فما جزاء من يفعل الخ کے متعلق دو اشکال ہیں اول یہ کہ اس جملہ سے اس فعل مذکور فی الآیہ پر خزی دنیوی کا ترتب لازم معلوم ہوتا ہے حالانکہ احیاناً اس کفر پر خزی کا ترتب نہیں ہوتا دوسرے یہ کہ جزاء خزی میں منحصر معلوم ہوتی ہے حالانکہ احیاناً خزی کے ساتھ قتل وغیرہ واقع ہوتا ہے۔ اول کا جواب یہ ہے کہ حقیقت شناسوں کے نزدیک مذموم وملوم ہونا یہ بھی خزی (یعنی رسوائی) ہے اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ کلام سے مقصود استحقاق جزاء کا بیان کرنا ہے نہ کہ وقوع کا۔ دوسرے کا جواب یہ ہے کہ قتل وغیرہ بھی خزی میں داخل ہے اور یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ مقصود حصر سے نفی کمی کی ہے نہ زیادتی کی۔

تتمہ وبال مع علت: اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا (الی قولہ تعالیٰ) وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۔ (اور وجہ اس سزا کی ان کے لئے یہ ہے کہ) یہ وہ لوگ ہیں کہ انہوں نے (احکام کی مخالفت کر کے) دنیوی زندگانی (کے حظوظ) کو لے لیا ہے بعوض (نجات) آخرت کے (جس کا ذریعہ اطاعت ہے) سو نہ تو (مجوزی کی طرف سے) ان کی سزا میں تخفیف دی جائے گی اور نہ کوئی وکیل مختار یا دوست رشتہ دار) ان کی طرفداری (پیروی) کرنے پائے گا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله اقرار بھی ضمناً نہیں لما فی روح المعانی وانتم تشهدون حال مؤكدة رافعة احتمال ان يكون الاقرار ذكر امر آخر لكنه يقتضيه ۱۲۔ ۲؎ قوله آنکھوں کے سامنے الخ اشارة الى التركيب بكون انتم مبتدأ وهؤلاء خبرا و في الكشاف ثم انتم بعد ذلك هولاء المشاهدون يعني انكم قوم آخرون غير اولئك المقرين تنزيلا لتغير الصفة منزلة تغير الذات كما تقول رجعت بغير الوجه الذى خرجت به ۱۲۔ ۳؎ قوله تیسرا حکم الخ فى روح المعانى روى محى السنة عن السدى ان الله تعالىٰ اخذ على بنى اسرائيل فى التوراة ان لا يقتل بعضهم بعضا ولا يخرج بعضهم بعضا من ديارهم وايما عبدا وامة وجدتموه من بنى اسرائيل فاشتروه بما قام من ثمنه فاعتقوه ۱۲۔ ۴؎ قوله یہ بات ہے فى الكشاف ضمير الشان ۱۲۔ ۵؎ قوله اور قتل تو اور بھی الخ اشارة الى حرمة القتل بدلالة النص عما فى روح المعانى وتخصيصه بالتقييد دون القتل الى قوله لكونه اقل خطرا بالنسبة الى القتل فكان مظنة التساهل ۱۲۔ ۶؎ قوله مجوزی کی طرف سے ثم قوله عطفانه کوئی وکیل الخ وبهذا التفسير حصل التغاير بين المفهومين بحيث افاد الترتيب المبالغة والتاكيد لان التخفيف اعلى والنصرة ادنى وهو المناسب لمقام النفى ۱۲۔

الکلام: وبتوجهي للتسمية المعصية كفرا اندفع احتجاج المعتزلة على كون العاصى غير مؤمن والخوارج على كونه كافرا السوال من الرازى كيف يكون عذاب اليهود اشد من الدهرية الجواب من روح المعانى المراد به الخلود فى النار واشديته من حيث لاانقضاء له او

www.besturdubooks.net

المراد اشد جمیع انواع العذاب ولکن بالنسبة الی عذاب من لم یفعل هذا العصیان ویدل علیه قوله تعالیٰ من یفعل ذلک منکم ۱۲۔

اللغات: قوله یردون ای یصیرون الیه فلا یلزم کینونتهم قبل ذلک فی اشد العذاب ۱۲ روح المعانی۔

العربیة: ثم انتم هؤلاء فی البیضاوی ثم استبعاد لما ارتکبوه بعد المیثاق والاقرار ۱۲۔ افتؤمنون الاستفهام للتهدید وهو عطف علی محذوف ای اتفعلون ما ذکر فتؤمنون ولا هم ینصرون وتقدیم المسند الیه لرعایة الفاصلة والتقوی لاللحصر اذ لیس المقام مقامه ولذا لم یقل فلا عنهم یخفف العذاب ۱۲ (روح المعانی)۔

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْکِتٰبَ وَقَفَّیْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ۫ وَاٰتَیْنَا عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ الْبَیِّنٰتِ وَاَیَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰۤی اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِیْقًا كَذَّبْتُمْ ۫ وَفَرِیْقًا تَقْتُلُوْنَ ﴿۸۷﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِیْلًا مَّا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ یَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَی الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ۚۖ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۫ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَی الْكٰفِرِیْنَ ﴿۸۹﴾ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖۤ اَنْفُسَهُمْ اَنْ یَّكْفُرُوْا بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْیًا اَنْ یُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰی غَضَبٍ ؕ وَلِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابٌ مُّهِیْنٌ ﴿۹۰﴾

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب (تورات) دی اور (پھر) ان کے بعد یکے بعد دیگرے پیغمبروں کو بھیجتے رہے اور (پھر) ہم نے عیسیٰ بن مریم کو (نبوت کے) واضح دلائل عطا فرمائے اور ہم نے اُن کو روح القدس سے تائید دی کیا جب کبھی (بھی) کوئی پیغمبر تمہارے پاس ایسے احکام لائے جن کو تمہارا دل نہ چاہتا تھا۔ جب (ہی) تم نے تکبر کرنا شروع کر دیا سو بعضوں کو تو تم نے جھٹلا دیا اور بعضوں کو (بے دھڑک) قتل ہی کر ڈالتے تھے۔ اور وہ (یہودی افتخاراً) کہتے ہیں کہ ہمارے قلوب محفوظ ہیں بلکہ ان کے کفر کے سبب ان پر خدا کی مار ہے سو بہت ہی تھوڑا سا ایمان رکھتے ہیں۔ اور جب ان کو ایک ایسی کتاب پہنچی (یعنی قرآن) جو منجانب اللہ ہے (اور) اس کی (بھی) تصدیق کرنے والی ہے جو پہلے سے ان کے پاس ہے (یعنی تورات) حالانکہ اس کے قبل وہ (خود) بیان کیا کرتے تھے کفار سے پھر جب وہ چیز آ پہنچی جس کو وہ (خوب جانتے) پہچانتے ہیں تو اس کا (صاف) انکار کر بیٹھے سو (بس) خدا کی مار ہو ایسے منکروں پر۔ وہ حالت (بہت ہی) بُری ہے جس کو اختیار کر کے وہ اپنی جانوں کو چھڑانا چاہتے ہیں (اور وہ حالت) یہ (ہے) کہ انکار کرتے ہیں ایسی چیز کا جو حق تعالیٰ نے نازل فرمائی محض (اس) ضد پر کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے جس بندہ پر اس کو منظور ہو نازل فرما دے۔ سو وہ لوگ غضب بالائے غضب کے مستحق ہو گئے اور ان کفر کرنے والوں کو ایسی سزا ہوگی جس میں ذلت بھی ہے ۞

تفسیر: معاملۂ بست وسوم: وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْكِتٰبَ (الی قولہ تعالیٰ) وَفَرِیْقًا تَقْتُلُوْنَ۔ اور ہم نے (اے بنی اسرائیل تمہاری ہدایت کے لئے ہمیشہ سے بڑے بڑے سامان کئے سب سے اول) موسیٰ علیہ السلام کو کتاب (توراۃ) دی اور (پھر) ان کے بعد (درمیان میں) یکے بعد دیگرے (برابر مختلف) پیغمبروں کو بھیجتے رہے اور (پھر اس خاندان کے سلسلہ کے اخیر میں) ہم نے (حضرت عیسیٰ ابن مریم کو نبوت کے) واضح دلائل (انجیل اور معجزات) عطا فرمائے اور ہم نے ان کو روح القدس (جبریل علیہ السلام سے جو) تائید دی (سو الگ جو بجائے خود ایک دلیل واضح تھی تو) کیا (تعجب کی بات نہیں کہ اس پر بھی تم سرکشی کرتے رہے اور) جب کبھی (بھی) کوئی پیغمبر تمہارے پاس ایسے احکام لائے جن کو تمہارا دل نہ چاہتا تھا (جب ہی) تم نے (ان پیغمبروں کی اطاعت سے) تکبر کرنا شروع کر دیا سو (ان پیغمبروں میں سے) بعضوں کو تو (نعوذ باللہ) تم نے جھوٹا بتلایا اور بعضوں کو (بے دھڑک) قتل ہی کر ڈالتے ہے۔ ف: روح القدس قرآن وحدیث میں جا بجا حضرت جبریل علیہ السلام کو کہا گیا ہے جیسے: قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ۔ اور جیسے یہ شعر حضرت حسان کا حدیث میں ؎

و جبریل رسول اللّٰه فینا ☆ و روح القدس لیس له کفاء

اور جبرائیل علیہ السلام کے واسطے سے عیسیٰ علیہ السلام کا مؤید ہونا کئی طور پر ہوا۔ اول وقت ولادت مس شیطان سے حفاظت کی گئی پھر ان کے دم کرنے سے حمل عیسوی قرار پایا۔ پھر یہود کثرت سے آپ کے دشمن تھے جبریل علیہ السلام حفاظت کے لئے ساتھ رہتے حتیٰ کہ آخر میں ان کے ذریعہ سے آسمان پر اُٹھوا لئے گئے اور یہود نے بہت پیغمبروں کی تکذیب کی ہے حتیٰ کہ عیسیٰ علیہ السلام کی بھی اور حضرت یحییٰ وزکریا علیہما السلام کو قتل بھی کیا۔

معاملۂ بست وچہارم: وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ (الی قولہ تعالیٰ) فَقَلِیْلًا مَّا یُؤْمِنُوْنَ اور (یہودی افتخاراً[1]) کہتے ہیں کہ ہمارے قلوب (ایسے) محفوظ ہیں

www.besturdubooks.net

(کہ اس میں مخالف مذہب کا کہ اسلام ہے اثر ہی نہیں ہوتا تو مذہب پر ہم خوب پختہ[2] ہیں حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ محفوظی اور پختگی نہیں ہے) بلکہ ان کے کفر کے سبب ان پر خدا کی مار ہے (کہ اسلام جو مذہب حق ہے اس سے نفور اور مذہب منسوخ پر مصر ہیں) سو بہت ہی تھوڑا سا ایمان رکھتے ہیں (اور تھوڑا ایمان مقبول نہیں پس وہ کافر ہی ٹھہرے) **ف**: یہ تھوڑا سا ایمان ان امور کا ہے جو ان کے مذہب اور اسلام میں مشترک ہیں مثلاً خدا کا قائل ہونا' قیامت کا قائل ہونا کہ ان امور کے وہ بھی قائل تھے لیکن خود نبوت محمدیہ اور قرآن کے کلام الٰہی ہونے کے منکر تھے اس لئے پورا ایمان نہ تھا اور اس تھوڑے ایمان کو لغت کے اعتبار سے ایمان کہہ دیا کہ بمعنی مطلق یقین کے ہے گو بعض ہی اشیاء کے ساتھ متعلق ہو اور شرعاً یہ ایمان نہیں ہے جس کے معنی کل امور واردفی الشرع کا یقین کرنا ہے۔

معاملۂ بست و پنجم: وَ لَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ (الی قولہ تعالی) فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ۔ اور جب ان کو ایک ایسی کتاب پہنچی (یعنی قرآن) جو من جانب اللہ ہے (اور) اس (کتاب) کی (بھی) تصدیق کرنے والی ہے جو (پہلے سے) ان کے پاس ہے (یعنی توراۃ) حالانکہ اس کے قبل (خود) بیان کرتے تھے (اور) کفار سے (یعنی مشرکین عرب سے کہ ایک نبی آنے والے ہیں اور ایک کتاب لانے والے ہیں مگر) پھر جب وہ چیز آ پہنچی جس کو وہ (خوب جانتے) پہچانتے ہیں تو اس کا (صاف) انکار کر بیٹھے سو (بس) خدا کی مار ہو ایسے منکروں پر (کہ جان بوجھ کر محض تعصب کے سبب انکار کریں)

ف: قرآن کو جو مصدق توراۃ فرمایا اس کی وجہ یہ ہے کہ توراۃ میں جو پیشین گوئیاں متعلق بعثت محمدیہ اور نزول قرآن کے تھیں ان سے ان کا صدق ظاہر ہو گیا سو توراۃ کا ماننے والا تو قرآن اور صاحب قرآن کی تکذیب کر ہی نہیں سکتا ورنہ تکذیب توراۃ کی لازم آتی ہے جیسا ظاہر ہے **دفع اشکال تکفیر یہود باوجود معرفت حق**: اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ جب حق کو حق جانتے تھے تو ان کو مؤمن کہنا چاہئے پھر ان کو کافر کیسا کہا گیا۔ جواب یہ ہے کہ جس طرح حق کو باطل جاننا کفر ہے اسی طرح باوجود حق جاننے کے انکار کرنا بھی کفر ہے بلکہ بشہادت عقل و شرع یہ اول سے بھی قبیح تر ہے۔ دوسرے یہ جاننا اضطراری تھا جس سے وہ کارہ تھے اور ایمان تصدیق اختیاری کا نام ہے جس میں طوع و تسلیم ہو کیونکہ مامور بہ ہے اور مامور بہ کا اختیاری ہونا ضرور ہے آگے اس کا بھی بیان ہے کہ جان بوجھ کر پھر امر واقعی کا انکار کرنے کی کیا وجہ حاصل جواب یہ ہے کہ حسد اس کا سبب ہے چنانچہ ارشاد ہے۔

سبب انکار یہود: بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ (الی قولہ تعالی) وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ۔ وہ حالت (بہت ہی) بری ہے جس کو اختیار کر کے (وہ بزعم خود اپنی جانوں کو عقوبت آخرت سے) چھڑانا چاہتے ہیں (اور وہ حالت) یہ (ہے) کہ کفر (وانکار) کرتے ہیں ایسی چیز کا جو حق تعالیٰ نے (ایک سچے پیغمبر پر) نازل فرمائی (یعنی قرآن اور وہ انکار بھی) محض (اس ضد پر کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے جس بندہ پر اس کو منظور ہو یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کچھ) نازل فرماوے سو (اس حسد بالائے کفر سے) وہ لوگ غضب بالائے غضب کے مستحق ہو گئے اور (آخرت میں) ان کفر کرنے والوں کو ایسی سزا ہو گی جس میں تکلیف کے علاوہ ذلت (بھی) ہے۔

ف: ایک غضب تو کفر پر تھا ہی دوسرا غضب ان کے حسد پر ہو گیا اور عذاب میں مہین کی قید سے تخصیص کفار کی ہو گئی کیونکہ مؤمن عاصی کو عذاب تطہیر عن الذنوب کے لئے ہو گا آگے ان کا ایک قول بیان فرماتے ہیں جس سے کفر ثابت ہوتا ہے اور حسد بھی مترشح ہوتا ہے۔

تَرجمہ مَسَائِلُ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ: اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ (الی قولہ تعالی) تَقْتُلُوْنَ اس میں دلیل ہے اس پر کہ کبر اکثر معاصی کی اصل ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے تکذیب اور قتل کو استکبار پر مرتب فرمایا ہے۔ قولہ تعالیٰ: اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ اس میں دلیل ہے اس پر کہ احوال موہوبہ محض فضل و مشیت سے میسر ہوتے ہیں ان میں مجاہدہ کو کچھ دخل نہیں۔

اَلْحَوَاشِیْ: (۱) یہ توجیہ مشہور کے علاوہ توجیہ ہے معنی لغوی تو متحد ہیں ای ھی مغشاة باغشية لا يكاد يصل اليها ما جاء به محمدؐ صرف تفاوت یہ ہے کہ توجیہ مشہور یہ کہنا اعتذاراً تھا کہ ہم کیا کریں ہمارے ذہن ہی میں نہیں پہنچتا یا بعض کے نزدیک استدلالاً علی ابطال الحق تھا کہ ہر علم نافع ہمارے ذہن تک پہنچ جاتا ہے اور یہ پہنچا نہیں ہے اور میری توجیہ یہ کہنا افتخاراً ہے سو غرض کے بدلنے سے تفسیر کی تبدیل لازم نہیں آتی اور تفسیر بالرائے میں داخل نہیں ہوتی مجھ کو ذوقاً اس کے جواب میں (بل لعنهم الله) یا ایک جگہ (بل طبع الله عليها) سے یہ توجیہ زیادہ چسپاں معلوم ہوئی قلت ثم رأيت في العزيزي ما يؤيد تفسير والحمد لله على ذلك ۱۲ منه۔

مُلْحَقَاتُ التَّرجَمَة: ۱؎ قولہ یکے بعد دیگرے لما فی الجلالین ای اتبعنا هم رسولاً فی الر رسول ۱۲۔ ۲؎ قولہ خوب پختہ ہیں صرح بهذا التفسير فی التفسير العزيزی كما نقلته في رسالتی موائد العوائد ۱۲۔

اَللُّغَات: غلف جمع اغلف مستعار من الاغلف الذی لم يختن ای هی مغشاة باغشية لا يكاد يصل اليها ما جاء به محمد صلى الله عليه وسلم الى قوله قال الكلبی يعنون ان قلوبنا لا يصل اليها حديث الا وعته ولو كان فی حديثك خير لوعته ايضا و حاصل الرد ابعدهم من رحمته فلذلك لا يقبلون الحق المؤدی اليها ۱۲ من ابی السعود۔

النحو واللغة: يستفتحون يفتحون عليهم من قوله فتح عليه اذا علمه كما فی قوله اتحدثونهم بما فتح الله عليكم ۱۲ بئسما۔ ما نكرة بمعنی

www.besturdubooks.net

شئ مميزة لفاعل بئس المستكن اشتروا صفته ومعناه باعوا او شروا بحسب ظنهم فانهم ظنوا انهم خلصوا انفسهم من العقاب بما فعلوا۔ ان يكفروا هو المخصوص بالذم بغيا طلبا لما ليس لهم وحسدا وهو علة يكفروا دون اشتروا للفصل ان ينزل الله اے لان ينزل اى حسدوا على ان ينزل۱۲ بيضاوى۔ قلت واخترت فی اشتروا المعنى الثانی وفی حاشية البيضاوى قوله فانهم ظنوا الخ على ما هو ظاهر حالهم من اظهار التصلب وادعاء الحقية فلا يرد انهم ما ظنوا ذلك بدلالة قوله تعالى بغيًا و قوله تعالى ما عرفوا فان عدم ظنهم فی الواقع لا ينافی كون ظاهر حالهم كذلك قوله طلبا لما ليس لهم يعنى ان البغى فی اللغة مطلق الطلب على ما فی الكواشی استعمل ههنا فی الطلب الخاص وهو طلب ما ليس لهم بقرينة المفعول اعنى ان ينزل الله فان طلبهم تنزيل الوحى الذى اختاره لمحمد صلى الله عليه وسلم طلب لما ليس حقالهم فيؤل الى معنى الحسد فلا جل هذا الاستلزام فسر البغى ههنا بالحسد وجعل التنزيل محسودا عليه قوله لان ينزل الله قدر اللام لتقوية امر المصدر اشارة الى انه مفعول لبغيا فيكون محسودا عليه فلذا قال اى حسدوه على ان ينزل الله تعالى۱۲۔

العربية : قفينا يقال قفاه اذا اتبعه وقفاه به اتبعه اياه۱۲بيضاوى واصل الكلام وقفينا موسى بالرسل فترك المفعول واقيم من بعده مقامه۱۲ (حاشية البيضاوى) بروح القدس بالروح المقدسة كقولك حاتم الجود ورجل صدق۱۲ بيضاوى۔ افكلما اى فلم يستقيموا افكلما وقوله استكبرتم اى عن اتباعه وهو جواب كلما وهو محل الاستفهام والمراد به التوبيخ ۱۲ تقتلون المضارع لحكاية الحال الماضية اى قتلتم ۱۲ جلالين لان الامر فظيع فاريد استحضاره فی النفوس وتصويره فی القلوب۱۲ كشاف۔

العربية : والسين فی يستفتحون اذا كان بمعنى يفتحون زائد للمبالغة كانهم فتحوا بعد طلبه من انفسهم۱۲ روح المعانی۔ قوله ولما جاء هم جواب لما محذوف دل عليه جواب لما الثانية۔ قوله على الكفرين اى عليهم واتى بالمظهر للدلالة على انهم لعنوا لكفرهم فيكون اللام للعهد۱۲ (بيضاوى) قلت واشرت الى العهد فی الترجمة ۱۲۔

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ آمِنُوا بِمَآ أَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوا نُؤْمِنُ بِمَآ أُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُونَ بِمَا وَرَآءَهٗ وَهُوَ
الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۗ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ أَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِينَ ۝۹۱ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ
مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَأَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝۹۲ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا
فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۗ خُذُوْا مَآ آتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ۗ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۗ وَأُشْرِبُوْا فِي قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ
بِكُفْرِهِمْ ۗ قُلْ بِئْسَمَا يَأْمُرُكُمْ بِهٖٓ إِيْمَانُكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۹۳ قُلْ إِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْآخِرَةُ عِنْدَ
اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۹۴ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ أَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتْ
أَيْدِيْهِمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۹۵

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم ایمان لاؤ ان (تمام) کتابوں پر جو اللہ تعالیٰ نے (متعدد پیغمبروں پر) نازل فرمائی ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم (تو صرف) اس (ہی) کتاب پر ایمان لائیں گے جو ہم پر نازل کی گئی ہے (یعنی توراۃ) اور جتنی اس کے علاوہ ہیں ان سب کا وہ انکار کرتے ہیں۔ حالانکہ وہ بھی حق ہیں اور تصدیق کرنے والی بھی ہیں اس کی جو ان کے پاس ہے (یعنی توراۃ کی) آپ کہیے کہ (اچھا تو) پھر کیوں قتل کیا کرتے تھے اللہ کے پیغمبروں کو اس کے قبل کے زمانہ میں اگر تم توراۃ پر ایمان رکھنے والے تھے اور حضرت موسیٰ (علیہ السلام) تم لوگوں کے پاس صاف صاف دلیلیں لائے (مگر) اس پر بھی تم لوگوں نے گوسالہ کو (معبود) تجویز کر لیا موسیٰ علیہ السلام کے طور پر جانے کے بعد اور تم ستم ڈھا رہے تھے۔ اور جب ہم نے تمہارا قول و قرار لیا تھا اور طور کو تمہارے سروں کے اوپر لا کھڑا کیا تھا لو جو کچھ (احکام) ہم تم کو دیتے ہیں ہمت (اور پختگی) کے ساتھ اور سنو۔ اس وقت انہوں نے زبان سے کہہ دیا کہ ہم نے سن لیا اور ہم سے عمل نہ ہوگا اور (وجہ اس کی یہ ہے) کہ ان کے قلوب میں وہی گوسالہ پیوست ہو گیا تھا ان کے کفر (سابق) کی وجہ سے۔ آپ فرما دیجئے کہ یہ افعال بہت برے ہیں جن کی تعلیم تمہارا ایمان تم کو کر رہا ہے اگر تم اہل ایمان ہو۔ آپ کہہ دیجئے کہ اگر (بقول تمہارے) عالم آخرت محض تمہارے ہی لئے نافع ہے بلا شرکت غیرے تو تم (اس کی تصدیق کے لئے ذرا) موت کی تمنا کر (کے دکھلا) دو اگر تم سچے ہو اور وہ ہرگز کبھی اس

www.besturdubooks.net

(موت) کی تمنا نہ کریں گے بوجہ (خوف سزا) ان اعمال (کفریہ) کے جو اپنے ہاتھوں سمیٹے ہیں اور حق تعالیٰ کو خوب اطلاع ہے ان ظالموں (کے حال) کی ۞

تفسیر: دلیل کفر و حسد یہود مع رد: وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا (الی قولہ تعالیٰ) اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ اور جب (ان یہودیوں سے) کہا جاتا ہے کہ تم ایمان لاؤ ان تمام کتابوں پر جو اللہ تعالیٰ نے متعدد پیغمبروں پر) نازل فرمائی ہیں (اور ان تمام کتابوں میں قرآن بھی ہے) تو (جواب میں) کہتے ہیں کہ ہم (تو صرف) اس (ہی) کتاب پر ایمان لائیں گے جو ہم لوگوں) پر (بواسطہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے) نازل کی گئی ہے (یعنی توراۃ) اور (باقی) جتنی (کتابیں) اس کے علاوہ ہیں (جیسے انجیل اور قرآن ان سب) کا وہ انکار کرتے ہیں حالانکہ وہ توراۃ کے ماسوا کتابیں بھی فی نفسہ حق (اور واقعی ہیں اور فی نفسہ حق ہونے کے علاوہ) تصدیق کرنے والی بھی ہیں اس (کتاب) کی جو ان کے پاس ہے (یعنی توراۃ کی آپ یہ بھی کہئے کہ اچھا تو) پھر کیوں قتل کیا کرتے تھے اللہ کے پیغمبروں کو اس کے قبل کے زمانے میں اگر تم (توراۃ) پر ایمان رکھنے والے تھے۔ ف: یہود کے اس قول کا کفر ہونا تو صریح ہے کہ اقرار کر لیا کہ ہم صرف توراۃ پر ایمان لائیں گے دوسری کتب پر ایمان نہ لائیں گے اور اس عنوان سے کہ ہم پر نازل کی گئی حسد بھی مترشح ہے جس سے مفہوم ہوتا ہے کہ اور کتابیں چونکہ ہم پر نازل نہیں کی گئیں اس لئے ایمان نہیں لاتے اور اللہ تعالیٰ نے ان پر اس قول میں تین طرح رد فرمایا۔ اول یہ کہ جب اور کتابوں کی حقیقت اور واقعیت بھی دلیل قطعی سے ثابت ہے پھر اس کے انکار کی کیا وجہ البتہ اس دلیل میں اگر کچھ کلام تھا اس کو پیش کر کے تشفی کر لیتے باقی انکار محض کی کیا وجہ۔ دوسرے اور کتابیں مثلاً قرآن ہی کو لو جب توراۃ کی مصدق ہیں تو اس کے انکار و تکذیب سے تو خود توراۃ کا انکار و تکذیب بھی لازم آتا ہے جیسا اوپر عنقریب آیت وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ الخ۔ کی تفسیر میں بھی اس کی تقریر آ چکی ہے۔ تیسرے یہ کہ انبیاء علیہم السلام کو قتل کرنا تمام کتب سماویہ کی رو سے کفر ہے پھر تمہارے گروہ کے لوگوں نے جو بہت نبیوں کو قتل کیا جن کی تعلیم بھی توراۃ ہی کے احکام کے ساتھ خاص تھی اور قاتلین کو تم مقتدیٰ اور پیشوا سمجھتے ہو تو براہ راست توراۃ کے ساتھ کفر ہے اس سے تو دعویٰ ایمان بالتوراۃ کا بھی غلط ٹھہرتا ہے غرض ہر پہلو سے تمہارا یہ قول اور فعل بے ٹھکانے ہے۔ آگے یہود کے اسی قول کو اور وجوہ سے بھی رد فرماتے ہیں۔

تتمہ ردِ دعویٰ ایمان یہود: وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَیِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام تم لوگوں کے پاس صاف صاف دلیل (توحید و رسالت کی) لائے (مگر) اس پر بھی تم لوگوں نے گوسالہ کو (معبود) تجویز کر لیا موسیٰ علیہ السلام کے (طور پر جانے کے) بعد اور تم (اس تجویز میں) ستم ڈھا رہے تھے۔ ف: اس بینات سے مراد وہ دلائل ہیں جو اس قصہ سے پہلے کہ اس وقت تک توراۃ نہ ملی تھی صدقِ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر قائم ہو چکی تھیں مثلاً عصا اور ید بیضا اور فلق بحر و نحو ذلک حاصل تقریر رد کا ظاہر ہے کہ تم دعویٰ کرتے ہو ایمان کا اور یہ فعل صریح شرک تھا جس سے موسیٰ علیہ السلام کی تکذیب خدا کی تکذیب صریحاً لازم آئی جس طرح اوپر کے عمل سے توراۃ کی تکذیب لازم آئی تھی اور چونکہ اس کے قبل اتخاذ عجل کے قصہ سے صرف ان کے معاملات قبیحہ کا بیان کرنا مقصود تھا اور یہاں ان کے دعوے کی تکذیب کرنا لہٰذا تجدد و تعدد فائدے کے سبب تکرار نہیں ہے اور یہی تقریر سمجھو آیت آئندہ میں جس میں اخذ میثاق کا ذکر ہے جو اوپر بھی آ چکا ہے اور حاضرین زمانہ نزول قرآن پر اتخاذ عجل سے رد کرنا اسی بناء مذکور پر ہے کہ یہ لوگ ان کے طرفدار اور حامی رہتے تھے۔ اور خواہ مقصود کی تقریر اس طرح کی جائے کہ جن کے سلف نے کفر بموسیٰ کیا ہے ان کے خلف سے کفر بمحمدؐ چنداں عجیب نہیں۔

تتمہ ردِ مذکور: وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ (الی قولہ تعالیٰ) قُلْ بِئْسَمَا یَاْمُرُكُمْ بِهٖۤ اِیْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ۔ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب ہم نے تمہارا قول و قرار لیا تھا اور (اس قول و قرار لینے کے لئے) طور کو تمہارے (سروں کے) اوپر لا کھڑا کیا تھا (اور اس وقت حکم دیا تھا کہ) لو جو کچھ (احکام) ہم تم کو دیتے ہیں ہمت (اور پختگی) کے ساتھ اور (ان احکام کو دل سے) سنو (اس وقت) انہوں نے (ڈر کے مارے زبان سے تو) کہہ دیا کہ ہم نے (قبول کر لیا اور) سن لیا اور (چونکہ واقع میں یہ بات دل سے نہ تھی اس لئے گویا بزبانِ حال یوں بھی کہہ رہے تھے کہ) ہم سے عمل نہ ہوگا اور (وجہ ان کی اس بد دلی کی یہ تھی کہ) ان کے قلوب (کے ریشہ ریشہ) میں وہی گوسالہ پیوست ہو گیا تھا ان کے کفر (سابق) کی وجہ سے (جب کہ دریائے شور سے اتر کر انہوں نے ایک بت پرست قوم کو دیکھ کر درخواست کی تھی کہ ہمارے لئے کوئی ایسا ہی مجسم معبود تجویز کر دیا جائے) آپ فرما دیجئے کہ (دیکھ لیا تم نے اپنے ایمان مزعوم کے افعال کو سو) یہ افعال تو بہت برے ہیں جن کی تعلیم تمہارا ایمان تم کو کر رہا ہے اگر تم (بزعم خود اب بھی) اہل ایمان ہو (یعنی یہ ایمان نہیں ہے)۔ ف: حاصل ترتیب اسباب و مسببات مندرجہ آیت کا یہ ہوا کہ دریائے شور سے اتر کر ان لوگوں سے ایک کلمہ کفر صادر ہوا ہر چند کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زجر و توبیخ سے توبہ کر لی لیکن توبہ کے مراتب بھی مختلف ہوتے ہیں اعلیٰ درجہ کی توبہ نہ ہونے سے اس کی ظلمت کچھ قلب میں باقی رہ گئی وہ ترقی پا کر گوسالہ پرستی کا سبب ہوا پھر اس کی توبہ میں بعض تو قتل ہی ہو گئے اور شاید بعضوں کی بلا قتل معافی ہو گئی ہو جیسا بعض مفسرین نے نقل کیا ہے ان کی توبہ بھی کچھ ضعیف ہوئی ہو گی اور جو گوسالہ پرستی سے محفوظ رہے تھے ان کو گوسالہ پرستوں سے جس قدر نفرت واجب تھی اس میں کوتاہی ہونے سے ایک گونہ اثر اس معصیت شرکیہ کا بسبب ایک شعبۂ رضا کے ان کے قلب میں باقی تھا۔ بہرحال ضعف توبہ یا بقائے اثر عدم نفرت نے پھر قلوب میں سستی دین پیدا کی جس سے اخذ میثاق میں رفع طور کی نوبت آئی اور قبول میں بھی مقال اور حال موافق نہ ہوئے۔

www.besturdubooks.net

معاملۂ بست و ششم: قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ۔ بعض یہودی دعویٰ کرتے تھے کہ آخرت کی نعمتیں خالص ہمارا ہی حق ہیں حق تعالیٰ نے اس کے باطل کرنے کے لئے فرمایا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ (ان لوگوں سے) کہہ دیجئے کہ اگر (بقول تمہارے) عالم آخرت محض تمہارے ہی لئے نافع ہے بلاشرکت غیرے تو تم (اس کی تصدیق کے لئے ذرا) موت کی تمنا کر کے دکھلا دو اگر تم (اس دعوے میں) سچے ہو اور ہم ساتھ ہی یہ بھی کہے دیتے ہیں کہ وہ خاص مدعی ہرگز کبھی اس (موت) کی تمنا نہ کریں گے بوجہ (خوف سزا) ان اعمال (کفریہ) کے جو اپنے ہاتھوں سمیٹے ہیں اور حق تعالیٰ کو خوب اطلاع ہے ان ظالموں (کا حال) کی (جب تاریخ مقدمہ کی آئیگی فرد قرار داد جرم سنا کر سزا کا حکم کر دیا جائے گا)۔ **ف**: یہود کا یہ دعویٰ ان آیات سے بھی مفہوم ہوتا ہے۔ لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَیَّامًا مَّعْدُوْدَةً [البقرۃ: ۸۰] وَقَالُوْا لَنْ یَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی [البقرۃ: ۱۱۱]۔ وَقَالَتِ الْیَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰی نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ [المائدۃ: ۱۸] اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ یُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ۔ وغیرہا۔

حاصل ان سب دعووں کا یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہم دین حق پر ہیں لہٰذا آخرت میں ہم کو نجات تو ضرور ہو گی پھر جو ہم میں گنہگار ہیں ان کو چندے سزائے دوزخ بھگتنا پڑے گی اور جو تائب یا مرحوم ہیں وہ ابتداء ہی جنت میں داخل ہو جائیں گے اور جو مطیع ہیں مثل ابناء واحباء کے محبوب و مقرب ہیں اور یہ سب دعوے قطع نظر فتح بعض عنوانات کے فی نفسہ کسی شخص کے دین حق پر قائم ہونے کی صورت میں صادق ہیں چونکہ وہ لوگ بوجہ منسوخ ہو جانے ان کے دین کے واقع میں دین حق پر نہ تھے اس لئے حق تعالیٰ نے جابجا مختلف وجوہ وطرق سے ان کی تکذیب فرمائی ہے منجملہ ان طرق کے ایک طریق یہ ہے جو یہاں مذکور ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ تم لوگ اگر طریق معتاد یعنی مناظرہ سے فیصلہ نہیں کر سکتے تو ایک طریق غیر معتاد وخارق عادت سے فیصلہ کر لو جس میں علم وفہم ونظر غائر کی بھی ضرورت نہیں صرف زبان ہلانے کا کام ہے وہ یہ کہ ہم پیشین گوئی کرتے ہیں کہ تم لوگ ہرگز زبان سے اتنا نہیں کہہ سکتے کہ ہم موت کے متمنی ہیں۔ اس پیشین گوئی کے ساتھ اب ہم تم سے درخواست کرتے ہیں کہ بھلا اتنا کلمہ کہہ تو دو اگر کہہ دیا تو ہم ہارے تم جیتے اور اگر نہ کہہ سکے تو پھر تو ہمارا صادق تمہارا کاذب ہونا ثابت ہو جائے گا۔ اور یہ طریق اس تقریر پر اگر شرط وجزا میں مناسبت بھی نہ ہوتی تب بھی کافی تھا لیکن مناسبت سے احتجاج کے علاوہ لطافت اور بلاغت اور مزید ہو گئی وجہ مناسبت ظاہر ہے کہ جس شخص کو آخرت میں قرب یا اقل درجہ نجات ہی کا یقین ہو جیسا دین حق کے ہونے کا مقتضا ہے تو اس کو آخرت میں پہنچانی نفسہ ضرور مرغوب ومحبوب ہونا چاہئے جس کی سڑک صرف موت ہے اس لئے اس سڑک پر پڑ جانا بھی اس اعتبار خاص سے ضرور اس کا متمنی ہو گا گو طبعاً موت سے وحشت کرتا ہو یا سزائے معاصی سے خائف ہو سو اس وحشت طبعیہ یا خوف عقوبت کا اثر اتنا ضرور ہو سکتا ہے کہ بے ضرورت تمنائے موت نہ کرے گا لیکن جب کوئی ایسا ضروری داعی پیش آوے جو کہ اپنی قوت واثر سے طبع پر غالب آ جائے اور اس عقوبت کی طرف ملتفت نہ رہنے دے یا اس معصیت کا کفارہ ہو جانا متوقع ہو تو اس وقت وہ توحش طبعی اور وہ خوف ضرور زائل ہو جائے گا اور اس مرغوبیت ومحبوبیت فی نفسہ کا ظہور ہو پڑے گا۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ جن حضرات پر کوئی کیفیت باطنی مثل شوق وغیرہ کے غالب ہو جاتی ہے تو اس وقت وہ بے دھڑک موت وغیرہ کے آرزومند ہو جاتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ جس کو عین موت کے وقت جب بشارت رحمت ومغفرت رضائے حق کی مکشوف ہوتی ہے اس وقت بھی مشتاق موت کا ہو جاتا ہے جیسا احادیث میں ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایسے اسباب سے تمنائے موت کی شرعاً ممانعت بھی نہیں ہے جیسا حدیثوں میں ممانعت کو لضر نزل به کے ساتھ مقید کرنا صاف اس پر دال ہے جب یہ سب ذہن نشین ہو گیا تو اب سمجھئے کہ یہود اگر بزعم خود حق پر ہیں تو گو موت کی کراہت و وحشت طبعیہ پر وہ قابل الزام نہیں لیکن جب ہی تک کہ کوئی داعی قوی پیش نہ آئے اور اس سے بڑھ کر کیا داعی ہو گا کہ دلائل عقلیہ وسمعیہ سے فیصلہ نہ ہونے پر مدار فیصلہ صرف اتنا امر قرار پایا ہو کہ زبان سے اظہار تمنا کر دو سو اول تو دین جس درجہ اہل دین کو محبوب ہوتا ہے اس کا مقتضا تو یہ ہے کہ اگر اعلائے دین اور اس کے اثبات حقیت اور وجود غلبہ کے لئے سچ مچ جان نذر ہو جائے تو عین سعادت وغایت مطلوب ہے جیسے جان باز ایسے اوقات میں جان بازی کر ہی گزرتے ہیں تو اگر سچ مچ وہ مر بھی جاتے مگر دین کا بول بالا ہو جاتا جب بھی کوئی وجہ پس وپیش کی نہ تھی اور یہاں تو صرف زبان ہی ہلانا پڑتا تھا مگر چونکہ اضطراراً اپنا باطل اور کفر پر اور جناب رسول اللہ ﷺ ومؤمنین کا حق اور ایمان پر ہونا خوب جانتے تھے جیسا کہ بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ میں یہی مراد ہے اس لئے کچھ ایسی ہیبت چھائی کہ زبان ہی نہ اٹھی ورنہ جس درجہ حضور ﷺ سے ان کو عداوت ومخالفت تھی اس کی وجہ سے تو آپ ﷺ کی اس پیشین گوئی پر بڑا جوش آنا چاہئے تھا اور ضرور کہہ ڈالتے لیکن کچھ ایسے کھوئے گئے کہ دیوار بولے تو وہ بولیں درحقیقت یہ بڑا ہی معجزہ ہے جو اثبات حقانیت اسلام کے لئے نہایت کافی ہے اور اس تقریر سے بفضلہ تعالیٰ مقام میں کوئی اشکال نہ رہا۔ مثلاً یہ کہ موت سے تو کراہت طبعیہ ہوتی ہے یا بعد موت خوف سزائے معصیت ہوتا ہے اس لئے تمنا نہ کی ہو یا یہ کہ تمنائے موت تو ممنوع ہے پھر ان سے کیوں درخواست کی گئی سو تقریر بالا سے واضح ہو گیا کہ جو حالت درپیش تھی اس میں نہ طبعی کراہت ہے نہ اس خوف کی طرف التفات ہے نہ شرعی ممانعت ہے۔ اب دو امر اور سمجھ لیجئے ایک تو یہ کہ یہ احتجاج شخاص ان یہودیوں کے ساتھ تھا جو حضور ﷺ کے مخاطب تھے ہر زمانہ کے یہودیوں سے یہ خطاب نہیں ہے اور ابداً انہیں کی عمر کے اعتبار سے فرمایا ہے۔ دوسرے یہ کہ یہ شبہ نہ کیا جائے کہ شاید کسی نے اظہار تمنا کیا ہو مگر خبر نہ پہنچی ہو جواب یہ ہے کہ مخالفین قرآن ہمیشہ ناصرین سے زیادہ رہے ہیں اگر ایسا ہوتا منقول ومشہور ہونا ضرور تھا آگے ان کے تمنا نہ کرنے کے تتمہ مضمون کا ذکر ہے مع اشارۂ ثبوت ان کے کذب دعویٰ کے۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ۝ ۔یہ دلالت کرتا ہے اس پر کہ منجملہ علامات ولایت کے حب موت ہے خواہ طبعاً یا عقلاً حسب تفاوت احوال۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ بزبان حال ماخذہ احد الاقوال المذکورۃ فی روح المعانی۔ ۲ قولہ تعالیٰ درخواست کی الخ کما فی سورۃ الاعراف اجعل لنا آلھا الخ۔ ۳ قولہ نافع ہے لدلالۃ اللام علیہ ۱۲۔ ۴ قولہ زبان سے اتافی روح المعانی والمراد بالتمنی قول الشخص لیت کذا ولیس من اعمال القلب ۱۲۔ ۵ قولہ فی آخر ف یہ احتجاج خاص ان یہودیوں کے ساتھ تھا الخ لما فی روح المعانی فی قصۃ طویلۃ عن ابن عمر رضی اللہ عنھما قال توھم ھذا الکلب اللعین الجاھل ان ھذا لکل یھودی او للیھود فی کل وقت لا انما ھو لاولٰئک الذین کانوا یعاندون ویجحدون بعد ان عرفوا الخ ۱۲۔

اللغات: قولہ اشربوا تداخلھم حبہ ورسخ فی قلوبھم صورتہ بفرط شغفھم بہ کما یتداخل الصبغ الثوب والشراب اعماق البدن ۱۲ بیضاوی۔

النحو واللغۃ: وراء فی الاصل مصدر جعل ظرفا ویضاف الی الفاعل فیراد بہ ما یتواری وھو خلفہ والی المفعول فیراد بہ ما یواریہ وھو قدامہ ولذلک عد من الاضداد ۱۲ بیضاوی۔

العربیۃ: فی قلوبھم بیان لمکان الاشراب کقولہ تعالیٰ یأکلون فی بطونھم نارا ۱۲ بیضاوی۔

وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝ قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰىلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ۝ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

اور آپ (تو) ان کو حیات (دنیویہ) کا حریص (عام) آدمیوں سے (بھی) بڑھ کر پائیں گے اور مشرکین سے بھی ان میں کا ایک ایک (شخص) اس ہوس میں ہے کہ اس کی عمر ہزار برس کی ہو جائے اور یہ امر عذاب سے تو نہیں بچا سکتا کہ (کسی کی بڑی) عمر ہو جائے اور حق تعالیٰ کے سب پیش نظر ہیں اُن کے اعمال (بد)۔ آپ (ان سے) یہ کہئے کہ جو شخص جبریل سے عداوت رکھے سو انہوں نے یہ قرآن آپ کے قلب تک پہنچا دیا ہے۔ خداوندی حکم سے (سو) اسکی (خود) یہ حالت ہے کہ تصدیق کر رہا ہے اپنے سے قبل والی (سماوی) کتابوں کی اور رہنمائی کر رہا ہے اور خوشخبری سنا رہا ہے ایمان والوں کو۔ جو (کوئی) شخص خدا تعالیٰ کا دشمن ہو اور فرشتوں کا (ہو) اور پیغمبروں کا (ہو) اور جبریل کا (ہو) اور میکائیل کا (ہو) تو اللہ تعالیٰ دشمن ہے ایسے کافروں کا۔ اور ہم نے تو آپ کے پاس بہت سے دلائل واضح نازل کئے ہیں اور کوئی انکار نہیں کیا کرتا مگر صرف وہی لوگ جو عدول حکمی کے عادی ہیں۔ کیا اور جب کبھی بھی ان لوگوں نے کوئی عہد کیا ہوگا (ضرور) اس کو ان میں سے کسی نہ کسی فریق نے نظر انداز کر دیا ہوگا بلکہ ان میں زیادہ تو ایسے ہی نکلیں گے جو (میرے اس عہد کا) یقین ہی نہیں رکھتے۔ ۞

تفسیر: تتمہ مضمونِ سابق: وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۔ اور (وہ لوگ موت کی تمنا کیا خاک کرتے) آپ (تو) ان کو حیات (دنیویہ) کا حریص اور (عام) آدمیوں سے (بھی) بڑھ کر پائیں گے اور (اوروں کا تو کیا ذکر حیرت تو یہ ہے کہ بعض) مشرکین سے بھی (بڑھ کر آپ ان کو حریص حیات کا دیکھیں گے اور ان کی یہ کیفیت ہے کہ) ان میں کا ایک ایک (شخص) اس ہوس میں ہے کہ اس کی عمر ہزار برس کی ہو جائے اور (بھلا بالفرض اگر اتنی عمر ہو بھی گئی تو کیا) یہ امر عذاب سے تو بچا نہیں سکتا کہ (کسی کی بڑی) عمر ہو جائے اور حق تعالیٰ کے سب پیش نظر ہیں ان کے اعمال (بد جس پر ان کو عذاب ہونے والا ہے)۔ ف: حیرت اور استبعاد کی وجہ یہ ہے کہ مشرکین عرب آخرت کے منکر تھے اس لئے ان کی بہار اور عیش جو کچھ ہے دنیا ہی ہے وہ اگر طول عمر کی تمنا کریں عجیب نہیں مگر یہود تو آخرت کے قائل اور بزعم خود اس کی نعمت کے خود مستحق پھر دنیا میں ہمیشہ رہنا چاہیں یہ نہایت مستبعد ہے پس باوجود اعتقاد آخرت کے طول عمر کی تمنا صاف دلیل ہے کہ یہ اختصاص استحقاقِ نعمت آخرت کا دعویٰ ہی دعویٰ ہے دل میں خوب سمجھتے ہیں کہ وہاں پہنچ کر جہنم ہی نصیب ہونا ہے اس لئے جب تک بچے رہیں جب ہی تک سہی۔

www.besturdubooks.net

معاملۂ بست وہفتم: قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ (الی قولہ تعالی) فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ۔ بعض یہود نے حضور ﷺ سے یہ سن کر کہ جبریل علیہ السلام وحی لاتے ہیں کہا کہ ان سے تو ہماری عداوت ہے احکام شاقہ اور واقعات ہائلہ ان ہی کے ہاتھوں آیا کئے ہیں میکائیل خوب ہیں کہ بارش اور رحمت ان کے متعلق ہے اگر وہ وحی لایا کرتے تو ہم مان لیتے حق تعالیٰ اس پر رد فرماتے ہیں کہ اے محمد ﷺ آپ (ان سے) یہ کہئے کہ جو شخص جبریل سے عداوت رکھے (وہ جانے لیکن اس امر کو قرآن کے نہ ماننے میں کیا دخل کیونکہ اس میں تو وہ سفیر محض ہیں) سو (سفارت کے طور پر) انہوں نے یہ قرآن آپ کے قلب تک پہنچا دیا ہے خداوندی حکم سے (تو لانے والے کی خصوصیت کیوں دیکھی جاتی ہے البتہ خود قرآن کو دیکھو کہ کیسا ہے سو) اس کی (خود) یہ حالت ہے کہ تصدیق کر رہا ہے اپنے سے قبل والی (سماوی) کتابوں کی اور رہنمائی کر رہا ہے (مصالح ضروریہ کی) اور خوشخبری سنا رہا ہے ایمان والوں کو (اور کتب سماویہ کی یہی شان ہوتی ہے پس قرآن ہر حال میں کتاب سماوی قابل اتباع ٹھہرا پھر جبریل علیہ السلام کی عداوت سے اس کو نہ ماننا پوری حماقت ہے اب رہا خود مسئلہ عداوت جبریل کا سو اس کا فیصلہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ کے نزدیک خود اللہ تعالیٰ سے عداوت رکھنا یا اس کے دوسرے ملائکہ سے یا اس کے رسولوں سے یا خود میکائیل سے جن کی دوستی کا دم بھرتے ہیں ان سب سے عداوت رکھنا اور جبریل سے عداوت رکھنا یہ سب ہم پلہ شمار کئے جاتے ہیں اور ان سب عداوتوں کا قانون یہ ہے کہ) جو (کوئی) شخص خدا تعالیٰ کا دشمن ہو (تو) اور فرشتوں کا (ہو تو) اور پیغمبروں کا (ہو تو) اور میکائیل کا (ہو) تو (ان سب کا وبال یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ دشمن ہے ایسے کافروں کا۔ **ف**: آیت اول کی تقریر کا تتمہ یہ ہے کہ سفارت کے صادق ہونے کے لئے سفیر میں دو صفتوں کا ہونا کافی ہے اول مامور ہو دوسرے امین ہو سو امین ہونے سے تو یہود کو ظاہری انکار بھی نہ تھا صرف عناداً ظاہر میں اس کا انکار کرتے تھے کہ قرآن کی تنزیل من اللہ ہوئی ہو اس لئے یہاں اسی کا اثبات کیا گیا اور نیز ایک دوسرے نکتہ سے بھی یہ تخصیص اس مقام کے مناسب ہے کیونکہ مامور سے کوئی معاملہ کرنا عرفاً آمر تک متعدی ہوتا ہے سو ان کی عداوت کا مستلزم عداوت مع اللہ ہونا خوب موکد ہو گیا اور یہ بھی مقاصد مقام سے ہے اور آیت ثانیہ میں علی قلبك سے کسی کو یہ وسوسہ نہ ہو کہ الفاظ قرآنی منزل من اللہ نہیں صرف معانی ہی منزل ہیں وجہ دفع کی یہ ہے کہ قلب جس طرح معانی کا ادراک کرتا ہے اسی طرح الفاظ کا بھی تو ادراک کرتا ہے بلکہ واقع میں مدرک یہی ہے اور کان وغیرہ حواس تو محض اس کے آلات ہیں جس طرح آنکھ کے سامنے عینک کہ آنکھ کی معین تو ضرور ہے لیکن مدرک تو آنکھ ہی ہے۔ خوب سمجھ لو اور بالخصوص حالت وحی میں کہ بے خودی کے طاری ہونے سے حواسِ ظاہری فاعل نہیں رہتے۔ اس وقت بلا واسطہ گوش کے الفاظ بھی قلب ہی پر وارد ہوں گے۔ جس طرح سے اونگھتے یا سوتے میں کوئی خواب دیکھے اور اس میں کسی سے کچھ سنے تو ظاہر ہے کہ گوش ظاہری معطل محض ہے ورنہ اور باتیں بھی سنائی دیتیں مگر یقینی بات ہے کہ اس میں الفاظ بھی ہوتے ہیں چنانچہ بعض اوقات خواب بیان کرنے کے وقت یہ ظاہر کیا جاتا ہے کہ یہ الفاظ تھے بلکہ بعض اوقات بعض الفاظ غیر معروف المعنی بھی ہوتے ہیں جن کی نسبت پوچھا جاتا ہے کہ خدا جانے اس لفظ کے کیا معنی ہوں گے۔ خواب سے زیادہ کشف و ریاضت والے اس کو سمجھ سکتے ہیں اور وحی کی شان تو ان سب سے ارفع اور اتصال عالم باطن میں وہ سب سے اقویٰ ہے کہ ہم لوگ اس کی پوری حقیقت بھی نہیں سمجھ سکتے پس ایسے امر غریب کے باب میں کسی شئے ثابت بالنص کی نفی محض قیاس یا عدم فہم سے کرنا غلطی عظیم ہے اور قرآن میں خود جا بجا نزول کے ساتھ لسانِ عربی کی قید مذکور ہے اس لئے اس وسوسہ کی ہرگز گنجائش نہیں۔

معاملۂ بست وہشتم: وَلَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكَ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَاۤ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ اور (بعض یہود نے آنحضرت ﷺ سے کہا تھا کہ آپ پر کوئی ایسی دلیل واضح نازل نہ ہوئی جس کو ہم بھی جانتے پہچانتے اس کے جواب میں کہا جاتا ہے کہ وہ تو ایک ہی واضح دلیل کو لئے پھرتے ہیں) ہم نے تو آپ کے پاس بہت سے دلائل واضحہ نازل کئے ہیں (جن کو وہ بھی خوب جانتے پہچانتے ہیں سو ان کا انکار نہ جاننے سے نہیں بلکہ یہ انکار عدول حکمی کی عادت کی وجہ سے ہے) اور (قاعدۂ کلیہ ہے کہ) کوئی انکار نہیں کیا کرتا (ایسے دلائل کا) مگر صرف وہی لوگ جو عدول حکمی کے عادی ہیں۔

معاملۂ بست ونہم: اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۔ (بعض یہود کو جو وہ عہد یاد دلایا گیا جو ان سے رسول اللہ ﷺ پر ایمان لانے کے باب میں توراۃ میں لیا گیا تھا تو انہوں نے خود عہد لینے ہی سے صاف انکار کر دیا اس کے متعلق ارشاد ہوتا ہے کہ) کیا (اس عہد لینے سے ان کو انکار ہے) اور (ان کی تو یہ حالت ہے کہ انہوں نے اپنے مسلم عہدوں کو بھی کبھی پورا نہیں کیا بلکہ) جب کبھی بھی ان لوگوں نے (دین کے متعلق) کوئی عہد کیا ہوگا (ضرور) اس کو ان میں سے کسی نہ کسی فریق نے نظر انداز کر دیا ہوگا بلکہ ان (ان تعمیل عہد نہ کرنے والوں) میں زیادہ تو ایسے ہی نکلیں گے جو (سرے سے اس عہد کا) یقین ہی نہیں رکھتے (سو تعمیل نہ کرنا فسق ہی تھا یہ یقین نہ کرنا اس سے بڑھ کر کفر ہے)۔ **ف**: اور ایک جماعت کی تخصیص اس لئے کی گئی کہ بعضے ان میں کے ان عہود کو پورا کرتے رہے حتیٰ کہ اخیر میں جناب رسول اللہ ﷺ پر بھی ایمان لے آئے آگے ایک خاص عہد شکنی کا ذکر فرماتے ہیں جس میں اس مقام پر کلام تھا یعنی رسول اللہ ﷺ پر ایمان نہ لانا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ (الی قولہ تعالی) فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ۔ اس میں دلالت ہے اس پر کہ اہل اللہ کی عداوت کا سبب بن جاتی ہے۔

ملحقات الترجمۃ: لے قولہ مشرکین عرب وجه التخصيص ان بعض المشركين من مشركى العجم وجدوا يقولون بالثواب والعقاب بعد

www.besturdubooks.net

الموت۔ ۲؎ قوله تعالٰی وہ جانے اشارة الی حذف جزاء من كان وحذف جملة معللة بقوله فانه نزله وهذا هو المرضی عندی ولك ان تعبر باخصر منه وتقول من كان عدوا لجبريل فلا مس لعداوته بمدعاه من تكذيب القرآن فانه نزله الخ وعليه فالمقدر جملة واحدة هی جزاء للشرط ومعللة بقوله فانه نزله فافهم ۱۲۔ ۳؎ قوله جن کو وہ بھی خوب جانتے پہچانتے ہیں لقوله تعالٰی يعرفونه كما يعرفون ابناء هم ۱۲۔ ۴؎ قوله اس عہد لینے سے اشارة الی تقدير المعطوف عليه ای اجحدوا و كلما عاهدوا الخ ۱۲۔

الرِّوَایَات: قوله بعض یہود نے الخ اخرجه فی لباب النقول عن احمد والترمذی والنسائی واسحق بن راهويه وابن جرير بالفاظ مختلفة ۱۲۔ فی لباب النقول اخرج ابن ابی حاتم من طريق سعيد او عكرمة عن ابن عباس قال قال ابن صوريا للنبی صلی اللّٰہ عليه وسلم يامحمدُ ما جئتنا بشیٔ نعرفه وما انزل الله عليك من آية بينة فانزل الله فی ذلك ولقد انزلنا اليك آيات بينات الأية وقال مالك بن صيف حين بعث رسول الله صلی اللّٰہ عليه وسلم و ذكر ما اخذ عليهم من الميثاق وما عهد اليهم فی محمد والله ما عهد الينا فی محمد ولا اخذ علينا ميثاقاً فانزل الله تعالٰی او كلما عاهدوا الأية۔

اللُّغَات: قوله نبذه اصل النبذ الطرح لكنه يغلب فيما ينسی ۱۲ بيضاوی۔

النَّحْو: ومن الذين اشركوا فی الكشاف محمول علی المعنی لان معنی احرص الناس احرص من الناس وما هو قيل الضمير لما دل عليه يعمر من مصدره وان يعمر بدل منه ويجوز ان يكون مبهما وان يعمر موضحه فان قلت يود احدهم ما موقعه قلت هو بيان لزيادة حرصهم علی طريق الاستيناف فان قلت كيف اتصل لو يعمر بيود احدهم قلت هو حكاية لو دادتهم ولو فی معنی التمنی وكان القياس لو اعمر الا انه جری علی لفظ الغلبة لقوله يود احدهم كقولك حلف باللّٰہ ليفعلن ۱۲۔

البَلَاغَة: نزله الضمير للقرآن ونحو هذا الاضمار فيه فخامة لشان صاحبه حيث يجعل لفرط شهرته كانه يدل علی نفسه ۱۲۔ قوله علی قلبك فان قلت كان حق الكلام ان يقال علی قلبی قلت جاء ت علی حكاية كلام الله تعالٰی كما تكلم به كانه قيل قل ما تكلمت به من قولی من كان عدوا لجبريل فانه نزله علی قلبك ۱۲ كشاف۔

وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ اللّٰهِ
وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ
سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ
وَمَارُوْتَ ۭ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۭ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ
بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۭ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا
يَنْفَعُهُمْ ۭ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۭ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ
اَنْفُسَهُمْ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ ع

اور جب ان کے پاس ایک پیغمبر آئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو تصدیق بھی کر رہے ہیں اس کتاب کی جو ان لوگوں کے پاس ہے (یعنی تورات کی) ان اہل کتاب میں کے ایک فریق نے خود اس کتاب اللہ کو ہی پس پشت ڈال دیا۔ جیسے ان کو گویا اصلاً علم ہی نہیں اور انہوں نے ایسی چیز کا (یعنی سحر کا) اتباع کیا۔ جس کا چرچا کیا کرتے تھے شیاطین (یعنی خبیث جن) حضرت سلیمان (علیہ السلام) کے عہد سلطنت میں اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے کفر نہیں کیا مگر (ہاں) شیاطین کفر کیا کرتے تھے اور حالت یہ تھی کہ آدمیوں کو بھی (اس) سحر کی تعلیم کیا کرتے تھے اور اس (سحر) کا بھی جو کہ ان دونوں فرشتوں پر نازل کیا گیا تھا شہر بابل میں' جن کا نام ہاروت اور ماروت تھا اور وہ دونوں کسی کو نہ بتلاتے تھے جب تک یہ (نہ) کہہ دیتے کہ ہمارا وجود بھی ایک امتحان ہے سو تو کہیں کافر مت بن جائیو (کہ اس میں پھنس جاوے) سو بعضے لوگ ان دونوں سے اس قسم کا سحر سیکھ لیتے تھے' جن کے ذریعے سے (عمل کرکے) کسی مرد اور اس کی بیوی میں تفریق پیدا کر دیتے تھے اور یہ ساحر لوگ اس کے ذریعے سے کسی کو بھی ضرر نہیں پہنچا

www.besturdubooks.net

سکتے مگر خدا ہی کے (تقدیری) حکم سے اور ایسی چیزیں سیکھ لیتے ہیں جو (خود) ان کو ضرر رساں ہیں اور ان کو نافع نہیں ہیں اور ضرور یہ (یہودی) بھی اتنا جانتے ہیں کہ جو شخص اس کو اختیار کرے ایسے شخص کا آخرت میں کوئی حصہ (باقی) نہیں اور بے شک بری ہے وہ چیز جس میں وہ لوگ اپنی جان دے رہے ہیں۔ کاش کہ ان کو (اتنی) عقل ہوتی اور اگر وہ لوگ (بجائے اس کے) ایمان اور تقویٰ (اختیار) کرتے تو خدا تعالیٰ کے ہاں کا معاوضہ بہتر تھا کاش ان کو (اتنی) عقل ہوتی۞

تفسیر: تتمہ سابق: وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالیٰ) كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ۔ اور جب ان کے پاس ایک (عظیم الشان) پیغمبر آئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو (رسول ہونے کے ساتھ) تصدیق بھی کر رہے ہیں اس کتاب کی جو ان لوگوں کے پاس ہے (یعنی توراۃ کی کیونکہ اس میں آپ کی نبوت کی خبر ہے تو اس حالت میں آپ پر ایمان لانا عین توراۃ پر عمل تھا جس کو وہ بھی کتاب اللہ جانتے ہیں مگر باوجود اس کے بھی) ان اہل کتاب میں سے ایک فریق نے خود اس کتاب اللہ ہی کو اس طرح پس پشت ڈال دیا جیسے ان کو (اس کے مضمون کا یا کتاب اللہ ہونے کا) گویا اصلاً علم ہی نہیں۔

تاکید تتمہ بیان اتباع یہود سحر را: وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ (الی قولہ تعالیٰ) لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ۔ اس مقام کی خصوصیت مقتضی ہے کہ ترجمہ وتفسیر سے پہلے ایک مضمون بطور مقدمہ کے لکھ دوں تا کہ فہم وتفسیر میں سہولت ہو اور ذہن میں گنجلک پڑنے کی نوبت ہی نہ آئے۔ مقدمہ: ایک زمانہ میں جس کا تعیین کی پوری تحقیق مجھ کو نہیں دنیا میں بالخصوص بابل میں جادو کا زیادہ چرچا ہو گیا تھا اور اس کے آثار عجیبہ کو دیکھ کر جہلاء کو اس کی حقیقت اور معجزاتِ انبیاء علیہم السلام کی حقیقت میں خلط واشتباہ ہونے لگا اور بعضے ساحروں کو مقدس ومتبوع سمجھنے لگے اور بعضے اس کو نیک عمل سمجھ کر سیکھ سیکھ کر اس پر عمل کرنے لگے جیسا بعینہٖ یہ سب معاملے مسمریزم کے مقدمہ میں واقع ہو رہے ہیں اللہ تعالیٰ نے اس خلط اور غلطی کے رفع کرنے کے لئے بابل میں دو فرشتے ہاروت وماروت نام اس کام کے لئے بھیجے کہ لوگوں کو سحر کی حقیقت اور شعبوں سے مطلع کر دیں تا کہ اشتباہ رفع ہو جائے اور سحر پر عمل کرنے سے اور ساحروں کی اتباع کرنے سے اجتناب کر سکیں اور جس طرح انبیاء کی نبوت کو معجزات ودلائل سے ثابت کر دیا جاتا ہے اسی طرح ان کے فرشتہ ہونے پر دلائل قائم کر دیئے گئے تا کہ ان کے ارشاد کی اطاعت ممکن ہو اور یہ کام حضرات انبیاء علیہم السلام سے اس واسطے نہیں لیا گیا کہ اول تو خود ان کا ساحرین سے فصل کرنا مقصود تھا اس حیثیت سے گویا وہ ایک فریق تھے سو حکم علاوہ فریقین کے کوئی ثالث ہونا مناسب تھا۔ دوسرے اس کام کی تکمیل بدون نقل وحکایت ان اقوال وافعال سحریہ کے عادۃً ہو نہ سکتی اور ہر چند کہ نقل کفر کفر نباشد عقلاً ونقلاً مسلم ہے لیکن پھر بھی ان حضرات کا مظہر ہدایت ہونا کسی قدر اس کام لینے سے آبی تھا لہٰذا فرشتے تجویز کئے گئے کیونکہ کارخانہ تکوین میں جو کہ مشتمل ہے خیر وشر سب پر ان سے ایسے کام بھی لئے جاتے ہیں جو مجموعہ عالم کے اعتبار سے تو بوجہ ترتب مصالح عامہ خیر ہوں لیکن فی ذاتہ بوجہ لزوم مفسدہ خاص شر ہوں جیسے کسی ظالم کا نشو ونما دینا یا کسی موذی جانور کا تربیت کرنا کہ تکوینا محمود ہے اور تشریعا مذموم بخلاف انبیاء علیہم السلام کے کہ ان سے خاص تشریعات کا کام لیا جاتا ہے جو خصوصاً وعموماً خیر ہی خیر ہیں اور ہر چند کہ یہ نقل وحکایت غرض مذکور سے ایک تشریعی کام تھا لیکن تاہم بوجہ احتمال قریب اس امر کے کہ اس میں عمل بالسحر کا تسبب نہ ہو جائے جیسا کہ واقع میں ہوا ان حضرات کو سبب بواسطہ بنانا بھی پسند نہیں کیا گیا۔ البتہ کلیاتِ شرعیہ سے حضرات انبیاء علیہم السلام سے بھی اس مقصود کی تکمیل کر دی گئی چنانچہ وہ قواعد کلیہ بعد تفسیر آیت کے سحر کی حلت وحرمت کے بیان میں احقر بھی نقل کرے گا تفصیلِ جزئیات بوجہ احتمال فتنہ کے ان کے ذریعہ سے نہیں کی گئی اس کی ایسی مثال ہے جیسے انبیاء علیہم السلام نے یہ بتلایا ہے کہ رشوت لینا حرام ہے اور اس کی حقیقت بھی بتلا دی لیکن یہ جزئیات نہیں بتلائے کہ ایک طریقہ رشوت کا یہ ہے کہ صاحب معاملہ سے یوں چال کر کے فلاں بات کہے وعلیٰ ہذا کیونکہ اس سے تو لوگ اور ترکیبیں سیکھ سکتے ہیں یا مثلاً اقسام سحر ہی میں مثال فرض کیجئے کہ قواعد کلیہ سے یہ بتلا دیا گیا کہ دست غیب کا عمل جس میں زیر تکیہ یا جیب میں روپیہ مل جائے ناجائز ہے لیکن یہ نہیں بتلایا گیا کہ فلاں عمل اس طرح پڑھنے سے روپے ملنے لگتے ہیں آگے اللہ تعالیٰ صاحب حکمت وقدرت ہیں محض تفہیم کے لئے ظناً اتنا لکھ دیا گیا۔ حاصل یہ کہ انہوں نے بابل میں آ کر اپنا کام کرنا شروع کیا کہ سحر کے اصول وفروع ظاہر کر کے لوگوں کو اس کے عمل بد سے بچنے کی اور ساحرین سے نفرت ودوری رکھنے کی تنبیہ اور تاکید کی جیسے کوئی عالم دیکھے کہ جہلاء اکثر نادانی سے کفر کے کلمات بک جاتے ہیں اس لئے وہ تقریراً یا تحریراً ان کلمات کو جو اس وقت شائع ہیں جمع کر کے عوام کو مطلع کر دے کہ دیکھو یہ کلمات بچنے کے قابل ہیں ان سے احتیاط رکھنا۔ اب وقتاً فوقتاً مختلف لوگوں کی ان کے پاس آمد ورفت شروع ہوئی اور درخواست کرنے لگے کہ ہم کو بھی ان اصول وفروع سے مطلع کر دیجئے تا کہ ناواقفی سے کسی اعتقادی یا عملی فساد میں نہ مبتلا ہو جائیں اس وقت انہوں نے احتیاطاً وارشاداً واصلاحاً یہ التزام کر لیا کہ قبل از اطلاع ان اصول وفروع کے یہ کہہ دیا کرتے کہ دیکھو حق تعالیٰ کو ہماری اس اطلاع کے ذریعہ سے اپنے بندوں کی آزمائش بھی مقصود ہے کہ دیکھیں اس پر مطلع ہو کر کون شخص اپنے دین کی اصلاح اور حفاظت کرتا ہے کہ شر سے آگاہ ہو کر اس شر سے بچے اور کون شخص اپنا دین خراب کرتا ہے کہ اس شر سے مطلع ہو کر خود ہی اس شر کو اختیار اور اس پر عمل کرنے لگے جس کا انجام کفر ہے خواہ اعتقاداً ہو یا عملاً سو دیکھو ہم تم کو نصیحت کئے دیتے ہیں کہ اچھی نیت سے اطلاع حاصل کیجیو اور پھر بھی اس نیت پر ثابت رہنا ایسا نہ کرنا کہ ہم سے تو یہ کہہ کر کہ میں بچنے کی غرض سے مطلع ہونا چاہتا ہوں دریافت اور تحقیق کر لو پھر اس کی خرابی میں خود ہی مبتلا ہو کر ایمان برباد کر لو اور ظاہر ہے کہ وہ اس سے زیادہ اور کیا خیر خواہی کر سکتے تھے۔ غرض جو کوئی اس طرح ان سے عہد و پیمان کر لیتا وہ اس کے روبرو سب اصول وفروع سحر کے بیان کر دیتے اور کام ہی ان کا یہ تھا اب اگر کوئی عہد شکنی کر کے اپنے ارادہ اور اختیار سے فاجر یا کافر بنے وہ

www.besturdubooks.net

جانے۔ چنانچہ بعضے اس عہد پر قائم نہ رہے اور اس سحر کو ذریعہ ایذاء رسانی خلق کا بنالیا جو فسق تو یقیناً ہے اور بعض طریقے اس کے استعمال کے کفر بھی ہیں اس طرح سے فاجر کافر بن گئے اس ارشاد اصلاحی اور پھر مخاطب کے خلاف کرنے کی ایسی مثال ہے جیسے کوئی شخص کسی جامع عالم باعمل کے پاس جائے کہ مجھ کو فلسفہ قدیمہ یا جدیدہ پڑھا دیجئے تا کہ خود بھی شبہات سے محفوظ رہوں اور مخالفین کو جواب دے سکوں اور اس عالم کو یہ احتمال ہو کہ کہیں ایسا نہ کہ مجھ کو مثلاً دھوکہ دے کر پڑھ لے پھر خود ہی تقویت باطل میں اس کا استعمال کرنے لگے اور اس اہتمام کی وجہ سے اس کو نصیحت کرے کہ ایسا مت کرنا اور وہ وعدہ کرلے اور اس لئے اس کو پڑھا دیا جائے لیکن پھر وہ شخص درحقیقت قصداً اسی سوء استعمال محتمل میں مبتلا ہو جائے سو ظاہر ہے کہ اس کے سوء استعمال سے اس معلم پر کوئی ملامت یا قبح عائد نہیں ہوسکتا۔ اسی طرح اس اطلاع سحر سے ان فرشتوں پر کسی شبہ دوسوسہ کی گنجائش نہیں اور اس خدمت کی تکمیل کے بعد غالباً وہ فرشتے آسمان پر بلالئے گئے ہوں **واللّٰہ اعلم بحقیقۃ الحال**۔ اب بعونہ تعالیٰ آیت کی تفسیر لکھتا ہوں۔

تفسیر: اور (یہودی ایسے بے عقل ہیں کہ) انہوں نے (کتاب اللہ کا اتباع تو نہ کیا اور) ایسی چیز کا (یعنی سحر کا) اتباع (اختیار) کیا جس کا چرچا کیا کرتے تھے شیاطین (یعنی خبیث جن) حضرت سلیمان علیہ السلام کے (عہد) سلطنت میں اور (بعضے بے وقوف جو حضرت سلیمان علیہ السلام پر گمان سحر رکھتے ہیں بالکل ہی لغو بات ہے کیونکہ سحر تو اعتقاداً یا عملاً کفر ہے اور) حضرت سلیمان علیہ السلام نے (نعوذ باللہ کبھی) کفر نہیں کیا مگر (ہاں) شیاطین (یعنی خبیث جن بیشک) کفر کی باتیں اور کام یعنی سحر کیا کرتے تھے اور حالت یہ تھی کہ (خود تو کرتے تھے ہی اور) آدمیوں کو بھی (اس) سحر کی تعلیم کیا کرتے تھے (سو وہی سحر متوارث چلا آرہا ہے اس کا اتباع یہ یہودی کرتے ہیں) اور (اسی طرح) اس (سحر) کا بھی (یہ لوگ اتباع کرتے ہیں) جو کہ ان فرشتوں پر (ایک خاص حکمت کے واسطے) نازل کیا گیا تھا (جو شہر) بابل میں (رہتے تھے) جن کا نام ہاروت ماروت تھا اور وہ دونوں (وہ سحر) کسی کو نہ بتلاتے جب تک (احتیاطاً پہلے) یہ (نہ) کہہ دیتے کہ ہمارا وجود بھی (خلق کیلئے) ایک امتحان (خداوندی) ہے (کہ ہماری زبان سے سحر پر مطلع ہو کر کون پھنستا ہے اور کون بچتا ہے) سو تو (اس پر مطلع ہو کر) کہیں کافر مت بن جاؤ (کہ اس میں پھنس جائے) سو (بعضے) لوگوں ان دونوں (فرشتوں) سے اس قسم کا سحر سیکھ لیتے تھے جس کے ذریعہ سے (عمل کر کے) کسی مرد اور اس کی بیوی میں تفریق پیدا کر دیتے تھے اور (اس سے کوئی وہم اور خوف میں نہ پھنس جاوے کیونکہ یہ یقینی بات ہے کہ) یہ (ساحر لوگ اس سحر کے ذریعے سے کسی کو ذرہ برابر) بھی ضرر نہیں پہنچا سکتے مگر خدا ہی کے (تقدیری) حکم سے اور (ایسا سحر حاصل کر کے بس) ایسی چیزیں سیکھ لیتے ہیں جو (خود) ان کو (بوجہ گناہ کے) ضرر رساں ہیں اور (کسی معتد بہ درجہ میں) ان کو نافع نہیں ہیں (تو یہودی بھی اتباع سحر سے بڑے ضرر میں ہوں گے) اور (یہ بات کچھ ہمارے ہی کہنے کی نہیں) بلکہ ضرور یہ (یہودی) بھی اتنا جانتے ہیں کہ جو شخص اس سحر کو (کتاب اللہ کے عوض) اختیار کرے ایسے شخص کا آخرت میں کوئی حصہ (باقی) نہیں اور بے شک بری ہے وہ چیز (یعنی سحر و کفر) جس میں وہ لوگ اپنی جان دے رہے ہیں کاش ان کو (اتنی) عقل ہوتی اور اگر وہ لوگ (بجائے اس کفر و بدعملی کے) ایمان اور تقویٰ (اختیار) کرتے تو خدا تعالیٰ کے یہاں کا معاوضہ (اس کفر و بدعملی سے ہزار درجہ) بہتر تھا کاش (اتنی) عقل ہوتی۔ **ف**: یہ بے وقوف لوگ جو حضرت سلیمان علیہ السلام کی طرف سحر کی نسبت کرتے تھے یہود ہیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے بیچ میں ان کی براءۃ بھی ظاہر فرمادی۔ **ف**: مقصود ان آیتوں سے تقبیح ہے یہود کی کیونکہ ان میں سحر کا بھی چرچا تھا۔

تحقیق قصہ زہرہ: اور ان آیتوں کے متعلق ایک لمبا چوڑا زہرہ کا قصہ مشہور ہے جو کسی معتبر روایت سے ثابت نہیں۔ جن علماء نے اس کو قواعد شرعیہ کے خلاف سمجھا ہے رد کر دیا ہے اور جنہوں نے کسی تاویل سے خلاف نہیں سمجھا رد نہیں کیا۔ احقر کو اس کے صحیح اور غلط ہونے سے اس وقت قصداً کچھ بحث نہیں البتہ اس قدر ضرور کہتا ہے کہ ان آیات کی تفسیر اس قصہ پر موقوف[1] نہیں جیسا ناظرین نے تفسیر مع مضمون مقدمہ پڑھ کر دیکھ لیا ہوگا۔ **ف**: **تفصیل احکام سحر**: اور سحر کے فسق یا کفر وغیرہ ہونے میں تفصیل یہ ہے کہ اگر اس میں کلمات کفریہ ہوں مثلاً استعانت بہ شیاطین یا کواکب وغیرہ تب تو کفر ہے خواہ اس سے کسی کو ضرر پہنچایا جائے یا نفع پہنچایا جائے اور اگر کلمات مباحہ ہوں تو اگر کسی کو خلاف اذان شرعی کسی قسم کا ضرر پہنچایا جائے یا اور کسی غرض ناجائز میں استعمال کیا جائے تو فسق اور معصیت ہے اور اگر ضرر نہ پہنچایا جائے نہ اور کسی غرض ناجائز میں استعمال کیا جائے تو اس کو عرف میں سحر نہیں کہتے بلکہ عمل یا عزیمت یا تعویذ گنڈہ کہتے ہیں اور مباح ہے البتہ لغت میں لفظ سحر اس کو بھی شامل ہے کہ ہر تصرف عجیب کو کہا جاتا ہے اور اگر کلمات مفہوم نہ ہوں تو وہ بوجہ احتمال کفر ہونے کے واجب الاحتراز ہے۔ اور یہی تفصیل ہے تمام تعویذ گنڈوں اور نقش وغیرہ میں کہ غیر مفہوم نہ ہوں اور غیر مشروع نہ ہوں اور غرض ناجائز میں استعمال نہ ہوں اتنی شرطوں سے جائز ہیں ورنہ ناجائز اور کفر عملی کا اطلاق ہر ناجائز میں پر صحیح ہے۔ **ف**: **تحقیق اثر سحر**: اور ان آیات سے بعض لوگ سمجھ گئے کہ سحر میں تفریق زوجین یا اسی کی مثل اور قریب قریب آثار سے زیادہ اثر نہیں ہے اور یہ سمجھنا بالکل غلط ہے کیونکہ تخصیص ذکری سے نفی غیر مذکور کی لازم نہیں۔ تخصیص ذکری کے بہت اسباب اور مرجحات حسب اختلاف مقام ہوا کرتے ہیں چنانچہ ممکن ہے کہ یہ سحر خاص ایسا ہی ہو اور مدعی کے پاس اس پر کوئی عقلی دلیل بھی نہیں۔ **ف**: اور یہود باوجود سب باتوں کو جاننے کے چونکہ عمل خلاف علم کرتے تھے اور تدبر نہ کرتے تھے اس لئے اول ان کے جاننے کی خبر دی پھر آخر میں یہ کہہ کر اس کی نفی بھی کر دی کہ کاش ان کو علم و عقل ہوتا کیونکہ جس علم پر عمل نہ ہو اور تدبر نہ ہو وہ مثل جہل کے ہے۔

الحواشی: (۱) حافظ حدیث علامہ ابن کثیرؒ نے بھی اپنی تفسیر میں بعینہٖ اسی مضمون کو اختیار فرمایا ہے اور عبارت ان کی یہ ہے۔ **وقصھا خلق من المفسرین من**

www.besturdubooks.net

المتقدمين ومن المتاخرين وحاصلها راجع فى تفصيلها الى اخبار بنى اسرائيل اذ ليس منها حديث مرفوع صحيح متصل الاسناد الى الصادق المصدوق المعصوم الذى لا ينطق عن الهوى وظاهر سياق القرآن اجمال هذه القصة من غير بسط واطناب فيها فنحن نؤمن بما ورد فى القرآن على ما اراده الله تعالى والله اعلم بحقيقة الحال انتهى۔ قلت وقد اورد ابن كثير قبل ذلك حديث نافع عن عبدالله بن عمر مرفوعا من مسند احمد بسنده ثم قال ورجاله كلهم ثقات من رجال الصحيحين الا موسى بن جبير (الى قوله تعالى) فهو مستور الحال وقد تفرد به عن نافع مولى بن عمر۔ ثم اورد له طريق اخرىٰ من ابن جرير بسنده الى سالم انه سمع عبدالله يحدث عن كعب الاحبار فذكره ثم قال ابن كثير فهذا اصح واثبت الى عبدالله بن عمر من الاسنادين المتقدمين وسالم اثبت فى ابيه من مولاه نافع فدار الحديث راجع الى نقل كعب الاحبار عن كتب بنى اسرائيل والله اعلم، انتهى۱۲ محمد شفيع الديوبندى غفرله۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله عظیم الشان افاده تنوين رسول۔ ۲ قوله فى ترجمة انما ہمارا وجود بھی لم يترجم بالحصر لاشتمال تعليمهما على حكم اخرىٰ مذكورة فى مقدمة تفسير الأية غير هذه الفتنة وصرح فى روح المعانى فى تفسير انما نحن مصلحون عن البحران الحصر فى انما يفهم من السياق ولم تدل عليه وضعا آه ولو حملت على الحصر صح ايضا لكون الحصر بالاضافة الى تجويز السحر اى لا تظن من تعليمنا جوازه فلا ينفى الحكم المذكورة فافهم۱۲۔ ۳ قوله فى ترجمة فيتعلمون بعضے لان صيغة الجمع ليست بنص فى العموم وحملت على الخصوص بشهادة الواقع۱۲۔ ۴ قوله فى ترجمة باذن الله تقدیری حکم سے الخ لان السحر ليس بما ذون فيه شرعا نعم يتوقف على التكوين كسائر المحدثات۱۲۔

الروایات: اخرج ابن جرير عن شهر بن حوشب قال قالت اليهود انظروا الى محمد يخلط الحق بالباطل يذكر سليمان مع الانبياء انما كان ساحرا يركب الريح فانزل الله تعالى واتبعوا ما تتلوا الشياطين الآية۱۲ لباب۔

الکلام: الا باذن الله دل على ان الاسباب غير مؤثرة بالذات بل بامره تعالى وجعله۱۲ من البيضاوى وبه اتضح غلط متفلسفة زماننا المنتحلين الى الاسلام هداهم الله تعالى۔

اللغات: تتلوا من التلاوة تقرء او من التلو تتبع شروا يحتمل المعنيين البيع والشراء ۱۲ بيضاوى و حاشيته۔

النحو: واتبعوا عطف على نبذ اى نبذوا كتاب الله واتبعوا كتب السحر على ملك سليمان اى عهده وما انزل عطف على السحر والمراد بهما واحد والعطف لتغاير الاعتبار او به نوع آخر اقوى منه او على ما تتلوا ببابل ظرف او حال من ملكين او الضمير فى انزل لمثوبة جواب لو واصله لا يبوا مثوبة ۱۲ (بيضاوى)

البلاغۃ: على ملك بمعنى فى۱۲ الحاشية على البيضاوى تتلوا حكاية حال ماضية لمثوبة حذف الفعل وركب الباقى جملة اسمية ليدل على ثبات المثوبة والجزم بخيريتها و حذف المفضل عليه (مما شروا به) جلالا للمفضل من ان ينسب اليه و تنكير المثوبة لان المعنى شئ من الثواب خير لو كانوا يعلمون جهلهم لترك التدبر او العمل بالعلم۱۲ بيضاوى قوله خير ذهب ابو حبان الى ان خير ههنا للتفضيل لا للافضلية على حد فخير كما لشر كما فداء آه فلا يتوهم الخيرية فيما شروا به۱۲ روح المعانى۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾ مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۰۵﴾ مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۶﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۰۷﴾

www.besturdubooks.net

اے ایمان والوتم (لفظ) راعنا مت کہا کرواور اُنظرنا کہہ دیا کرواور نہ اچھی طرح سن لیجیو اور (ان) کافروں کو (تو) سزائے دردناک ہوگی۔ذرا بھی پسند نہیں کرتے کافر لوگ (خواہ) ان اہل کتاب میں سے (ہوں) اور (خواہ) مشرکین میں سے اس امر کو کہ تم کو کسی طرح کی بہتری (بھی) نصیب ہو تمہارے پروردگار کی طرف سے۔حالانکہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت (وعنایت) کے ساتھ جس کو منظور ہوتا ہے مخصوص فرما لیتے ہیں اور اللہ بڑا فضل (کرنے) والا ہے۔ہم کسی آیت کا حکم جو موقوف کردیتے ہیں یا اس آیت (ہی) کو (ذہنوں سے) فراموش کردیتے ہیں تو ہم اس آیت سے بہتر یا اس آیت ہی کی مثل لے آتے ہیں (اے معترض) کیا تجھ کو یہ معلوم نہیں کہ حق تعالیٰ ہر شے پر قدرت رکھتے ہیں۔کیا تجھ کو یہ معلوم نہیں کہ حق تعالیٰ ایسے ہی ہیں کہ خاص ان ہی کی ہے سلطنت آسمانوں کی اور زمین کی اور (یہ بھی سمجھ رکھو کہ) تمہارا حق تعالیٰ کے سوا کوئی یار و مددگار نہیں۞

تفسیر: معاملہ سی ام: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا (الی قولہ تعالیٰ) وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۔ (بعضے یہودیوں نے ایک شرارت ایجاد کی کہ جناب رسول اللہ ﷺ کے حضور میں آ کر لفظ راعنا سے آپ کو خطاب کرتے جس کے معنی انکی عبرانی زبان میں برے ہیں اور وہ اسی نیت سے کہتے اور عربی میں اس کے معنی بہت اچھے ہیں کہ ہماری مصلحت کی رعایت فرمایئے۔اس لئے عربی دان اس شرارت کو نہ سمجھ سکے اور اس اچھے معنی کے قصد سے بعضے مسلمان بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کلمہ سے خطاب کرنے لگے اس سے ان شریروں کو اور گنجائش ملی۔حق تعالیٰ نے اس گنجائش کے قطع کرنے کو مسلمانوں کو یہ حکم دیا کہ) اے ایمان والوتم (لفظ) راعنا مت کہا کرواور (اگر اس کے ظاہری مطلب عرض کرنے کی ضرورت پڑا کرے تو لفظ) انظرنا کہہ دیا کرو کہ اس کے بھی یہی معنی ہیں کہ ہماری مصلحت پر نظر فرمایئے) اور (اس حکم کو اچھی طرح) سن لیجیو (اور یاد رکھیو) اور (ان) کافروں کو (تو) سزائے دردناک ہوگی (جو پیغمبر ﷺ کی شان میں ایسی گستاخی اور وہ بھی چالاکی کے ساتھ کرتے ہیں)۔**ف**: اس حکم سے یہ مسئلہ معلوم ہوا کہ اگر اپنے کسی فعل مباح سے کسی کو گنجائش گناہ کرنے کی ملے تو وہ فعل خود اس کے حق میں مباح نہیں رہتا جیسے مثلاً عالم کے کسی فعل سے کوئی جاہل سند لے کر خلاف شرع کام کرنے لگے تو اگر وہ فعل ضروری نہ ہوگا تو خود اس عالم کے لئے بھی منع ہو جائے گا۔

ربط رسول اللہ ﷺ کے ساتھ یہود کا برتاؤ بیان کر کے آگے مسلمانوں کے ساتھ ان کا برتاؤ بتلاتے ہیں۔

معاملہ سی ویکم: مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (بعضے یہودی بعض مسلمانوں سے کہنے لگے کہ بخدا ہم دل سے تمہارے خیر خواہ ہیں اور ہزار جان سے پسند کرتے ہیں کہ تم کو دینی احکام ہمارے دینی احکام سے بہتر عنایت ہوں تو ہم بھی ان کو قبول کریں مگر کیا کیا جاوے کہ تمہارا دین ہمارے دین سے اچھا ثابت نہیں ہوا۔حق تعالیٰ اس دعوائے خیر خواہی کی تکذیب فرماتے ہیں کہ) ذرا بھی پسند نہیں کرتے کافر لوگ (خواہ) ان اہل کتاب میں سے (ہوں) اور (خواہ) مشرکین میں سے اس امر کو تم کو تمہارے پروردگار کی طرف سے کسی طرح کی بہتری (بھی) نصیب ہو اور ان کے اس حسد سے کچھ بھی نہیں ہوتا کیونکہ) اللہ تعالیٰ اپنی رحمت و عنایت کے ساتھ جس کو منظور ہوتا ہے مخصوص فرما لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل کرنے والے ہیں۔**ف**: ان کے دو دعوے تھے یہودیت کا بہتر ہونا اسلام سے۔یہ اول تو ثابت نہیں کر سکے اور نرے دعوے سے کیا ہوتا ہے۔دوسرے یہ بھی فضول بات کیونکہ ناسخ کے آنے سے منسوخ چھوڑ دیا جاتا ہے افضل غیر افضل کے فرق پر موقوف نہیں لہٰذا اس کا جواب بوجہ نہایت ظاہر ہونے کے یہاں ذکر نہیں کیا گیا صرف دوسرے دعویٰ خیر خواہی میں کلام کیا گیا اور مشرکین کا یہاں تقویت مضمون کے لئے ذکر کیا کہ جس طرح وہ یقیناً تمہارے خیر خواہ نہیں اسی طرح ان کو سمجھو۔

معاملہ سی ودوم: مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ (یہودؔ نے قبلہ کا حکم بدل جانے پر جس کا ذکر عنقریب آتا ہے طعن کیا تھا۔اور مشرکینؔ بھی بعضے حکموں کے منسوخ ہو جانے پر زبان درازی کرتے تھے حق تعالیٰ اس طعن اور اعتراض کا جواب دیتے ہیں کہ) ہم کسی آیت کا حکم جو موقوف کردیتے ہیں (گو آیت قرآن میں یا ذہنوں میں باقی رہے) یا اس آیت (ہی) کو (ذہنوں سے) فراموش کردیتے ہیں تو (یہ کوئی بات اعتراض کی نہیں کیونکہ اس میں بھی مصلحت ہوتی ہے چنانچہ) ہم اس آیت سے بہتر یا اس آیت ہی کی مثل (بجائے اس کے دوسری چیز) لے آتے ہیں (اے معترض) کیا تجھ کو یہ معلوم نہیں کہ حق تعالیٰ ہر شے پر قدرت رکھتے ہیں (پس ایسے قادر کو رعایت مصالح کیا مشکل ہے اور) کیا تجھ کو یہ معلوم نہیں کہ حق تعالیٰ ایسے ہیں کہ خاص ان ہی کی ہے سلطنت آسمانوں کی اور زمین کی (جب ان کی اس قدرت و سلطنت میں کوئی شریک و سہیم نہیں ہے تو ان مصلحتوں کی رعایت کر کے دوسرا حکم دیدینے میں کون مزاحمت کر سکتا ہے۔غرض حکم ثانی کی تجویز سے بھی کوئی مانع نہیں اور اس حکم کے جاری کردینے میں بھی کوئی مانع ہیں) اور (یہ بھی سمجھ رکھو کہ) تمہارا حق تعالیٰ کے سوا کوئی یار و مددگار بھی نہیں (پس جب وہ یار ہیں تو احکام میں مصلحت کی ضرور رعایت کریں گے اور جب مددگار ہیں تو ان احکام پر عمل کرنے کے وقت تمہارے مخالفین کی ضرر مزاحمت سے بھی محفوظ رکھیں گے البتہ اگر اس ضرر سے بڑھ کر کوئی نفع اخروی ملنے والا ہو تو ظاہراً مخالف کا مسلط ہو جانا اور بات ہے۔**ف**: حکم ثانی کا مصلحت میں بہتر یا مثل ہونا کبھی باعتبار ثواب کے ہوتا ہے کبھی باعتبار آسانی کے کبھی دوسرا حکم یہی تجویز ہوتا ہے کہ بالکل ہی معاف کردیا یہ بھی ایک حکم ہے اگر حدیث سے کوئی حکم قرآنی منسوخ ہو وہ بھی خدا ہی کی دی ہوئی ہے غرض نسخ کی سب قسمیں اس میں آ گئیں۔**ف**: حکم ثانی کے لئے یہ امور عقلاً ضروری ہیں اس کا قرین مصلحت ہونا حاکم کا قادر ہونا دوسرے کسی کا مزاحم نہ

www.besturdubooks.net

ہو سکنا حاکم کا محکومین کے لئے خیر خواہ ہوتا اگر کوئی ان سے مزاحمت کرے تو ان کی امداد کرنا ان آیتوں میں حق تعالیٰ نے سب شرطوں کو جمع فرما دیا واللہ اعلم۔ **ف**: قانون بدلنا گا ہے اس وجہ سے ہوتا ہے کہ اول باقی قانون سے کوئی فروگذاشت ہوگئی تھی ایسی تبدیلی اور نسخ احکام الہیہ میں محال ہے اور گا ہے اس وجہ سے ہوتا ہے کہ محکوم کی حالت بدلنے سے مصلحت بدل گئی جیسے مریض کی حالت کے بدلنے سے نسخہ بدل دیا جاتا ہے ایسا نسخ واقع اور جائز ہے اور کوئی اشکال عقلی یا نقلی اس میں نہیں ہے۔

تَرْجَمہ مَسَائِلُ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا۔ اس آیت میں ادب شیخ کی تعلیم ہے کہ جس امر میں ادب شیخ میں خلل پڑنے کا شبہ بھی ہو اس سے بھی بچنا چاہئے۔ قولہ تعالیٰ: مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰیَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَیْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ۔ اس آیت سے اس طرف بھی اشارہ سمجھا جاتا ہے کہ جو وارد بلا اختیار عبد زائل یا مغلوب ہو جاوے حق تعالیٰ اس سے بہتر یا اس کی مثل عطا فرما دیتا ہے پس بندہ کو اس پر حسرت نہ کرنا چاہئے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَة: ۱؎ قوله بعضے یہودی الخ هكذا في معالم التنزيل ١٢۔ ۲؎ قوله یہود نے الخ دل عليه قوله تعالى سيقول ١٢۔ ۳؎ قوله مشرکین بھی هكذا في المعالم ١٢۔ ۴؎ قوله اے معترض هكذا في روح المعاني ١٢۔ ۵؎ قوله ان ہی کی ہے الخ الافاده تقديم له ١٢۔ ۶؎ قوله معاف ولما كان هذا حكماً مدلولاً عليه بنص ما دخل في الماتي به ولا يتوهم ان غير ماتي فافهم ١٢۔

الرِّوَایَات: في روح المعاني اخرج ابو نعيم في الدلائل عن ابن عباسؓ ان اليهود كانوا يقولون ذلك سر رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو سب قبيح بلسانهم فلما سمعوا اصحابه عليه السلام والصلوٰة يقولون اعلنوا بها فكانوا يقولون ذلك ويضحكون فيما بينهم فانزل الله تعالى هذه الأية ١٢۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَة: قرء ابن عامر ننسخ من النسخ اى نأمرك او جبرنيل او نجدها منسوخة وابن كثير وابو عمر ننساها اى نؤخرها من النساء ١٢ (بيضاوى)

الفقه: نهى المؤمنون سدا للباب و قطعا للالسنة وابعادا عن المشابهة روح المعاني فدلت الآية على ذم امثال هذه الامور مما يجر الى المفاسد كذلك ١٢۔

اللُّغَات: راعنا اى راقبنا وتأن بنا في ما تلقينا حتى نفهمه و سب بالكلمة العبرانية من الرعن والرعونة بمعنى الحمق ١٢ من البيضاوى۔ النسخ في اللغه ازالة الصورة عن الشئ واثباتها في غيره كنسخ الظل للشمس والمعنى الثانى النقل۔ قوله من ولي ولا نصير الفرق بين الولي والنصير ان الولي قد يضعف عن النصرة والنصير قد يكون اجنبيا عن المنصور ١٢ (البيضاوى)

النَّحْو: قوله ما ننسخ ما شرطية جازمة لننسخ منتصبة به على المفعولية ١٢ (بيضاوى) ام تريدون هى منقطعة بمعنى بل للاضراب عن الكلام السابق والهمزة بمعنى الانكار للاحق واشرت اليه بزيادة كلمة هان كما لا يخفى على اهل اللسان ورأيت في المظهرى ان ام قد تكون بمعنى الهمزة المحضة انتهى وهذا الاضراب انتقال لا ابطال ولم تجعل ام متصلة لفقد شرطها كذا في الجمل ١٢

اَمْ تُرِیْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ؕ وَ مَنْ یَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِیْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیْلِ ﴿۱۰۸﴾ وَدَّ كَثِیْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ یَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِیْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚۖ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَیَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَ اصْفَحُوْا حَتّٰى یَاْتِیَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۰۹﴾ وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَ مَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۱۱۰﴾

ہاں تم کیا یہ چاہتے ہو کہ اپنے رسول سے (بے جا) درخواستیں کرو جیسا کہ اس سے قبل حضرت موسیٰ (علیہ السلام) سے بھی (ایسی ہی) درخواست کی جا چکی ہیں اور جو شخص بجائے ایمان لانے کے کفر (کی باتیں) کرے۔ بلاشک وہ شخص راہ راست سے دور جا پڑا۔ ان اہل کتاب (یعنی یہود) میں سے بہتیرے دل سے یہ چاہتے ہیں کہ تم کو تمہارے ایمان لائے پیچھے پھر کافر کر ڈالیں محض حسد کی وجہ سے جو کہ خود ان کے دلوں ہی سے (جوش مارتا) ہے حق واضح ہوئے پیچھے خیر (اب تو) معاف کرو اور درگزر کرو جب تک حق تعالیٰ (اس معاملہ کے متعلق) اپنا حکم (قانون جدید) بھیجیں۔ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے اور (سردست) نمازیں پابندی سے پڑھے جاؤ اور زکوٰۃ دیئے جاؤ اور جو نیک کام بھی اپنی بھلائی کے لئے جمع کرتے رہو گے حق تعالیٰ کے پاس پہنچ کر اس کو پالو گے کیونکہ اللہ تعالیٰ تمہارے سب کئے ہوئے کاموں کو دیکھ بھال رہے ہیں۞

www.besturdubooks.net

تفسیر: معاملہ سی وسوم: **اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ** (الی قولہ تعالیٰ) **فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ** ۔ (بعض یہود[1] نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عناداً عرض کیا کہ جس طرح موسیٰ علیہ السلام پر دفعۃً واحدۃً توریت نازل ہوئی اسی طرح آپ قرآن مجموعی طور پر لایئے اس پر ارشاد ہوتا ہے کہ) ہاں کیا تم یہ چاہتے ہو کہ اپنے رسول[2] (وقت) سے (بیجا بیجا[3]) درخواستیں کرو جیسا کہ اس کے قبل (تمہارے بزرگوں کی طرف سے) حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بھی (ایسی ایسی) درخواستیں کی جا چکی ہیں (مثلاً خدا تعالیٰ کو علانیہ دیکھنے کی درخواست کی تھی جس کا ذکر پہلے آچکا ہے) اور ایسی درخواستیں جس سے صرف رسول پر اعتراض کرنا اور مصالح الٰہیہ میں مزاحمت کرنا ہی مقصود ہو۔ اور ایمان لانے کا پھر بھی ارادہ نہ ہو نری کفر کی باتیں ہیں) اور جو شخص بجائے ایمان لانے کے کفر (کی باتیں) کرے بلاشک وہ شخص راہِ راست سے دور جا پڑا[4]۔ **ف**: یہ درخواست بیجا اس واسطے تھی کہ ہر فعل میں حق تعالیٰ کی حکمتیں جدا ہوتی ہیں پھر بندے کو ان میں تعیین طریق کا کیا استحقاق ہے کہ اس طرح ہو اس طرح نہ ہو بلکہ اس کا فرض تو یہ ہے۔

زباں تازہ کردن باقرارِ تو ☆ نینگیختن علت از کارِ تو

معاملہ سی و چہارم: **وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ** (الی قولہ تعالیٰ) **اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ** ۔ (بعض یہود شب و روز مختلف تدبیروں سے دوستی اور خیر خواہی کے پیرایہ میں مسلمانوں کو اسلام سے پھیرنے کی کوشش کیا کرتے تھے۔ اور باوجود ناکامی کے اپنی دھن سے باز نہ آتے تھے۔ حق تعالیٰ نے مسلمانوں کو اس پر متنبہ فرمادیا کہ) ان اہل کتاب (یعنی یہود) میں سے بہتیرے دل[5] سے یہ چاہتے ہیں کہ تم کو تمہارے ایمان لائے پیچھے پھر[6] کافر کر ڈالیں (اور یہ چاہنا کچھ خیر خواہی سے نہیں جیسا وہ اظہار کرتے ہیں بلکہ) محض حسد کی وجہ سے جو کہ (تمہاری جانب سے کسی امر کے سبب پیدا نہیں ہوا بلکہ) خود ان کے دلوں ہی سے (جوش مارتا) ہے (اور یہ بھی نہیں کہ ان کو حق واضح نہ ہوا ہو بلکہ) حق واضح ہوئے پیچھے (یہ حالت ہے اب اس پر مسلمانوں کو ان پر غصہ آنے کا محل تھا اس لئے ارشاد ہوتا ہے کہ) خیر (اب تو) معاف کرو اور در گزر کرو جب تک حق تعالیٰ (اس معاملہ کے متعلق) اپنا حکم (قانونِ جدید) بھیجیں (اشارۃً بتلادیا کہ ان کی شرارتوں کا علاج قانون انتظام امن عام یعنی قتال و جزیہ سے ہم جلدی کرنے والے ہیں اس پر مسلمانوں کو اپنا ضعف اور ان کی قوت دیکھ کر اس قانون کے اجراء کے متعلق تعجب کا موقع تھا اس لئے ارشاد ہوتا ہے کہ تم تعجب کیوں کرتے ہو) اللہ تعالیٰ ہر چیز پر (خواہ وہ معمولی ہو خواہ عجیب ہو) قادر ہیں اور (سرِ دست صرف) نمازیں پابندی سے پڑھے جاؤ اور (جن پر زکوٰۃ فرض ہے) کہ زکوٰۃ دیئے جاؤ (اور جب وہ قانون آجائے گا ان اعمال کے ساتھ اس کو بھی اضافہ کرلینا) اور (یہ نہ[7] سمجھو کہ جب تک جہاد کا حکم نہ آئے صرف نماز روزہ سے کچھ ثواب میں کمی رہے گی نہیں بلکہ) جو نیک کام بھی اپنی بھلائی کے واسطے جمع کرتے رہو گے حق تعالیٰ کے پاس (پہنچ کر) اس کو (پورا پورا مع صلہ کے) پالو گے کیونکہ اللہ تعالیٰ تمہارے سب کئے ہوئے کاموں کو دیکھ بھال رہے ہیں (ان میں سے ایک ذرہ بھی ضائع نہ ہونے پائے گا)۔ **ف**: اس وقت حالت موجودہ کا یہی مقتضا تھا پھر حق تعالیٰ نے اس وعدہ کو پورا فرمایا اور آیات جہاد نازل فرمادیں جس کے بعد یہود کے ساتھ بھی وہ قانون برتا گیا اور ناشائستہ لوگوں کے ساتھ حسب حیثیت ان کے فساد کے قتل یا اخراجِ وطن یا تقرر محصول کا عملدرآمد کیا گیا۔

ملحقات الترجمۃ: [1] **قولہ** بعض یہود نے کما قال تعالیٰ یسئلك اهل الكتاب ان تنزل عليهم كتابا من السماء الخ وهكذا في المعالم ۱۲۔ [2] **قولہ** اپنے رسول وقت سے فلا یرد انهم لم یؤمنوا به قط فما معنى الاضافة ۱۲۔ [3] **قولہ** بیجا بیجا فالتشبیه في كونهما متجاوزين عن الحد فلا ينافي قوله تعالیٰ فقد سالوا موسىٰ اكبر من ذلك۔ [4] **قولہ** دور جا پڑا كما في البيضاوي الضلال العدول عن الطريق السوي عمدا او خطاءً ۱۲۔ [5] **قولہ** دل سے لدلالة ود عليه ۱۲۔ [6] **قولہ** پھر کافر ..... لدلالة يردونكم عليه ۱۲۔ [7] **قولہ** یہ نہ سمجھو کہ جب تک قيد بهذه الغاية لانه لما نزل الحكم بالقتال فلا بد من العمل به اذا احتيج اليه والا لانتقص الاجر بدونه ۱۲۔

الروایات: في لباب النقول اخرج ابن ابي حاتم من طريق سعيد او عكرمة عن ابن عباس قال كان حيي بن اخطب و ابو ياسر بن اخطب من اشد يهود حسدا للعرب اذ خصهم الله برسوله و كانا جاهدين في رد الناس عن الاسلام ما استطاعا فانزل الله فيهما و د كثير من اهل الكتاب ۱۲۔

اللغات: العفو ترك عقوبة المذنب والصفح ترك تثريبه ۱۲ بيضاوي۔

النحو: لو ينوب عن ان في المعنى دون اللفظ من عند انفسهم يجوز ان يتعلق بحسدا اى حسدا بالغا منبعثا من اصل نفوسهم ۱۲ بيضاوي۔

وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۱﴾

www.besturdubooks.net

بَلٰی ۗ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗٓ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۠ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ع ۱۳

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ ۠ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّهُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ۭ
كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ
يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَاۗىِٕفِيْنَ ڛ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾

اور یہود اور نصاریٰ (یوں) کہتے ہیں کہ بہشت میں ہرگز کوئی نہ جانے پائے گا۔ بجز اُن لوگوں کے جو یہودی ہوں یا اُن کے جو نصاریٰ ہوں' (خالی) دِل بہلانے کی باتیں ہیں۔ آپ کہیے کہ (اچھا) اپنی دلیل لاؤ اگر تم سچے ہو۔ ضرور دوسرے لوگ جاویں گے جو کوئی شخص بھی اپنا رخ اللہ تعالیٰ کی طرف جھکا دے اور وہ مخلص بھی ہو تو ایسے شخص کو اس کا عوض ملتا ہے' اس کے پروردگار کے پاس پہنچ کر ملے گا۔ نہ ایسے لوگوں پر (قیامت میں) کوئی اندیشہ ہے اور نہ ایسے لوگ (اس روز) مغموم ہوں گے اور یہود کہنے لگے کہ نصاریٰ (کا مذہب) کسی بنیاد (پر قائم) نہیں اور اسی طرح نصاریٰ کہنے لگے کہ یہود کسی بنیاد پر نہیں حالانکہ یہ سب (لوگ آسمانی) کتابیں (بھی) پڑھتے ہیں۔ اس طرح یہ لوگ (بھی) جو کہ (محض) بے علم ہیں۔ ان کا سا قول کہنے لگے سو اللہ تعالیٰ ان سب کے درمیان (عملی) فیصلہ کر دیں گے قیامت کے روز ان تمام (مقدمات) میں جن میں وہ باہم اختلاف کر رہے تھے۔ اور اس شخص سے زیادہ اور کون ظالم ہوگا۔ جو خدا تعالیٰ کی مسجدوں میں اُن کا ذکر (اور عبادت) کئے جانے سے بندش کرے اور ان کے ویران (و معطل) ہونے (کے بارے) میں کوشش کرے۔ ان لوگوں کو تو کبھی بے ہیبت ہو کر ان میں قدم بھی نہ رکھنا چاہئے تھا۔ (بلکہ جب جاتے ہیبت اور ادب سے جاتے) ان لوگوں کو دنیا میں بھی رسوائی (نصیب) ہوگی اور ان کو آخرت میں سزائے عظیم ہوگی۝

تفسیر: معاملہ سی و پنجم: باشتراک نصاریٰ: وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ (الی قولہ تعالی) وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ (اس مضمون میں یہود کے ساتھ نصاریٰ بھی شریک تھے اس لئے ان کو بھی ذکر میں لے لیا گیا) اور یہود اور نصاریٰ (یوں) کہتے ہیں کہ بہشت میں ہرگز کوئی نہ جانے پائے گا بجز ان لوگوں کے جو یہودی ہوں (یہ تو یہود کا قول ہے) یا ان لوگوں کے جو نصرانی ہوں (یہ نصاریٰ کا قول ہے۔ حق تعالیٰ رد فرماتے ہیں کہ) یہ (خالی) دل بہلانے کی باتیں ہیں (اور حقیقت کچھ بھی نہیں) آپ (ان سے یہ تو) کہیے کہ (اچھا) اپنی دلیل لاؤ اگر تم (اس دعوے میں) سچے ہو (سو وہ تو کیا دلیل لائیں گے کیونکہ دلیل ہے ہی نہیں۔ اب ہم اس کے خلاف کا اول دعویٰ کرتے ہیں کہ) ضرور دوسرے لوگ جاویں گے (پھر اس پر دلیل لاتے ہیں کہ ہمارا قانون جو باتفاق اہل ملل سماویہ کے پایۂ ثبوت کو پہنچ چکا ہے یہ ہے کہ) جو کوئی شخص بھی اپنا رخ اللہ تعالیٰ کی طرف جھکا دے (یعنی فرمانبرداری اختیار کرے عقائد میں بھی اعمال میں بھی) اور (اس کے ساتھ) وہ مخلص بھی ہو (کہ دل سے فرمانبرداری اختیار کی ہو محض خالی مصلحت سے ظاہرداری نہ ہو) تو ایسے شخص کو اس (کی فرمانبرداری) کا عوض ملتا ہے پروردگار کے پاس پہنچ کر اور نہ ایسے لوگوں پر (قیامت میں) کوئی اندیشہ (ناک واقعہ پڑنے والا) ہے اور نہ ایسے لوگ (اس روز) مغموم ہونے والے ہیں (چونکہ فرشتے ان کو بشارتیں سنا کر بے فکر کر دیں گے)۔ **ف**: حاصل استدلال کا یہ ہوا کہ جب یہ قانون مسلم ہے تو اب صرف یہ دیکھ لو کہ یہ مضمون کس پر صادق آتا ہے سو ظاہر ہے کہ بعد منسوخ ہو جانے کے کسی حکم سابق کے اس پر چلنے والا کسی طرح فرمانبردار نہیں کہا جا سکتا پس یہودی نصرانی فرمانبردار نہ ہوئے بلکہ حکم ثانی پر عمل کرنا فرمانبرداری شمار ہوگی اور یہ شان مسلمانوں کی ہے کہ نبوت و شریعت محمدیہ کو قبول کر لیا پس یہی جنت میں داخل ہونے والے ثابت ہوئے اور مخلص کی قید سے منافقین نکل گئے کہ وہ شرعاً کفار ہی میں داخل اور مستحق نار ہیں۔

معاملہ سی و ششم: ایضاً باشتراک نصاریٰ و مشرکین: وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ (الی قولہ تعالی) فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾۔ اور (ایک بار کچھ یہود کچھ نصرانی جمع ہو کر مذہبی مباحثہ کرنے لگے سو یہود تو اپنے اعتقاد کے موافق نصاریٰ کے دین کو اصل سے باطل بتلاتے تھے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رسول ہونے کا اور انجیل کے کتاب اللہ ہونے کا انکار کرتے تھے مگر نصاریٰ بھی تعصب میں آ کر یہود کے دین کو اصل سے باطل کہنے لگے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے رسول ہونے اور توریت کے کتاب اللہ ہونے کا انکار کرنے لگے۔ خدا بچاوے ایسے تعصب سے اللہ تعالیٰ اس قصہ کو نقل کر کے رد فرماتے ہیں کہ) یہود کہنے لگے کہ نصاریٰ (کا مذہب) کسی بنیاد پر (قائم) نہیں (یعنی سرے ہی سے غلط ہے) حالانکہ یہ سب (فریقین کے لوگ آسمانی) کتابیں (بھی) پڑھتے (پڑھاتے) ہیں (یعنی یہودی توریت کو عیسائی انجیل کو پڑھتے اور دیکھتے ہیں اور دونوں کتابوں میں دونوں رسولوں کی اور دونوں کتابوں کی تصدیق موجود ہے جو کہ دونوں مذہب کی اصل بنیاد ہے گو بوجہ منسوخ ہونے کے وہ معمول بہ نہ ہوں یہ اور بات ہے اور اہل کتاب تو ایسے دعوے کرتے ہی تھے ان کو دیکھ کر مشرکین کو بھی جوش ہوا اور) اسی طرح سے یہ لوگ (بھی) جو کہ (محض

www.besturdubooks.net

ہی) بے علم ہیں ان (ہی اہل کتاب) کا سا قول کہنے لگے (کہ ان یہود و نصاریٰ سب کا دین بے بنیاد ہے ہم ہی حق پر ہیں) سو (یہاں سب اپنی اپنی ہانک لیں) اللہ تعالیٰ اب سب کے درمیان (عملی) فیصلہ کردیں گے قیامت کے روز ان تمام مقدمات میں جن میں وہ باہم اختلاف کررہے تھے۔ **ف**: عملی فیصلہ یہ کہ اہل حق کو جنت میں اور اہل باطل کو دوزخ میں بھیج دیں گے اور یہ قید اس لئے لگائی کہ قولی اور برہانی فیصلہ تو حق و باطل کے درمیان میں دلائل نقلیہ وعقلیہ سے دنیا میں بھی ہو چکا ہے۔

معاملۂ سی و ہفتم: ایضاً باشتراک نصاریٰ ومشرکین : وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ (الی قولہ تعالیٰ) وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ۔ (یہود تو حکم قبلہ بدلنے کے وقت طرح طرح کے اعتراض کرکے کم سمجھ لوگوں کے دلوں میں شبہات پیدا کرتے تھے اگر وہ شبہات عام طور سے قلوب میں اثر کرتے تو نتیجہ لازمی ان کا انکارِ رسالت وترکِ صلوٰۃ ہوتا اور ترکِ صلوٰۃ سے مسجد کی ویرانی ظاہر ہے تو گویا یہ یہودی اس طور پر ترکِ صلوٰۃ اور ویرانی مساجد خصوصاً مسجد نبوی میں بھی ساعی تھے۔ اور بعض سلاطین روم کہ نصاریٰ کے اسلاف تھے اور نصاریٰ ان کے فعل پر انکار نہ کرتے تھے گو وہ نصرانی نہ ہوں کسی وقت یہود شام پر چڑھ آئے تھے قتل وقتال جو ہوا تو بعض جہلاء کے ہاتھ سے مسجد بیت المقدس کی بے حرمتی بھی ہوئی اور بوجہ بدامنی کے نماز وغیرہ کا بھی اس میں اہتمام نہ ہوا اس طور پر نصاریٰ کے اسلاف ترکِ صلوٰۃ وویرانی مسجد کے بانی ہوئے اور نصاریٰ پر بوجہ عدم انکار اس کا الزام دیا گیا اس بادشاہ کا نام طیطس تھا۔ مفصل قصہ اس کا شروع سورۂ بنی اسرائیل کی تفسیر میں آوے گا اور نصاریٰ کو یہ قصہ اس لئے ناگوار نہ تھا کہ اس میں یہود کی تذلیل ہوئی تھی اور یہود سے یہ عداوت رکھتے تھے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبل فتح مکہ جب عمرہ کرنے کے لئے مکہ معظمہ میں داخل ہو کر چاہا کہ مسجد الحرام میں طواف اور نماز ادا فرماویں تو مشرکین مکہ نے آپ کو نہ جانے دیا یہاں تک کہ اس سال آپ واپس تشریف لائے پھر سال آئندہ بوجہ صلح ومعاہدہ کے عمرہ ادا فرمایا تو اس طرح سے مشرکین ویرانی مسجد حرام میں ساعی ہوئے حق تعالیٰ صیغۂ عموم سے اس کی قباحت ظاہر فرماتے ہیں یعنی) اور اس شخص سے زیادہ اور کون ظالم ہوگا جو خدا تعالیٰ کی مسجدوں میں (جس میں مکہ کی مسجد مدینہ کی مسجد بیت المقدس کی مسجد اور سب مسجدیں آگئیں ان کا ذکر (اور عبادت) کئے جانے سے بندش کرے اور ان (مساجد) کے ویران (اور معطل) ہونے (کے بارے) میں کوشش کرے ان لوگوں کو تو کبھی بے ہیبت (اور بے باک) ہو کر ان (مساجد) میں قدم بھی نہ رکھنا چاہئے تھا (بلکہ جب جاتے تو نہایت عظمت وحرمت وادب سے جاتے جب بے باک ہو کر اندر جانے تک کا استحقاق نہیں تو اس کی ہتک حرمت کا تو کب حق حاصل ہے اسی کو ظلم فرمایا گیا) ان لوگوں کو دنیا میں بھی رسوائی (نصیب) ہوگی اور ان کو آخرت میں بھی سزائے عظیم ہوگی۔ **ف**: یہ رسوائی دنیا میں تو یہ ہوئی کہ یہ سب قومیں سلطنت اسلام کی رعایا اور باجگذار ہوئیں اور آخرت میں کافر ہونے کی وجہ سے معذب ہونا ظاہر ہے اور سعی ویرانی مساجد سے وہ عذاب اور شدید ہو جائے گا اور اوپر کی آیت میں جو ان تینوں فرقوں کے دعوے اپنے اپنے حق پر ہونے کے مذکور ہیں اس قصہ سے اس دعوے کا بھی ایک گونہ رد مفہوم ہو گیا کہ ایسے ایسے افعال کرکے صاحب حق ہونے کا دعویٰ کرنا شرم کی بات ہے اور جن نصاریٰ نے ایسا کیا تھا وہ اگرچہ گذر گئے تھے لیکن ان کے خلف ان کے اس فعل سے نفرت وانکار ظاہر نہ کرتے تھے جو ایک طور پر رضا وشرکت رائے کی دلیل ہے اس لئے ملامت کرنا بالکل بجا اور برمحل ہے جیسا یہود کے معاملات کے ضمن میں چند بار یہ مضمون مذکور ہو چکا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ (الی قولہ تعالیٰ) بَلٰى مَنْ اَسْلَمَ اس سے مستنبط ہوتا ہے کہ فلاح اسباب سے ہے انساب سے نہیں کیونکہ بڑا مبنیٰ دعویٰ فریقین کا یہی انتساب تھا جیسے ہمارے زمانہ میں اولادِ مشائخ کی حالت ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ الخ اسی پر قیاس کیا جاتا ہے بعض جہلاء صوفیہ کا ایسی گفتگو کرنا کہ چشتیہ نقشبندیہ کی تنقیص کرتے ہیں اور بالعکس۔

ملحقات الترجمۃ: ① قولہ ضرور دوسرے الخ کما فی البیضاوی بلی اثبات لما نفوہ من دخول غیرھم الجنة ۱۲۔ ② قولہ مخلص بھی ہو لقولہ علیہ السلام فی الصحیحین الاحسان ان تعبدالله کانك تراہ وحاصلہ الاخلاص علی اختلاف مراتبہ وادناہ الاعتقاد القلبی ولاحسان فی اللغة نیکو کردن ولا یتاتی فی العبادة الا بالایمان ۱۲۔ ③ قولہ حاصل استدلال الخ فالمذکور فی القرآن کبری ولما کانت الصغری محسوسة طرحت اعتمادا علی المشاھدة ۱۲۔ ④ قولہ ایسے تعصب تقیید التعصب بھذا القید واقعی زید حفظا لاذھان العوام الذین لا یفرقون بین التعصب والتصلب والاول مذموم والثانی محمود فی الحق ۱۲۔ ⑤ قولہ بنیاد اشار الی ان المراد بالشیٔ الاصل ۱۲۔ ⑥ قولہ پڑھتے پڑھاتے زاد اللفظ الثانی توضیحاً لمعنی یتلون والا فاللفظ الاول یستعمل فی محاوراتنا فی معنی التعلم وھو غیر مراد ۱۲۔ ⑦ قولہ یہود تو حکم قبلہ الخ ذکر امر الیھود وجھا للنزول الامام الرازی فی الکبیر وقصة غزو نصاریٰ الروم یھود الشام بعد رفع عیسیٰ علیہ السلام مولٰنا عبدالعزیز فی تفسیرہ وقصة منع قریش رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عام الحدیبیة فی لباب النقول عن ابن ابی حاتم ۱۲۔ ⑧ قولہ بعض جہلاء وقولہ بوجہ بدامنی کے کماوقع من ھتك حرمة المسجد النبوی بایدی عسکر یزید صحام الحرة مع کونھم مسلمین فلا یرد ما اورد فی الکبیر ان النصاریٰ یعتقدون فی تعظیم بیت المقدس مثل اعتقاد الیھود واکثر فکیف اعانوا علی تخریبہ الخ وایضا قصة النصاریٰ مغایر لغزو بخت نصر بیت المقدس فلا یرد ایضا ما اوردہ ان بخت نصر کان قبل المسیح والنصاریٰ بعد المسیح فافھم وعلی التنزل اقول لو ثبت انتفاء بعض الوجوہ لکفی فی الارتباط ثبوت بعضھا ۱۲۔

www.besturdubooks.net

الروایات: اخرج ابن ابی حاتم من طریق سعید او عکرمة عن ابن عباس قال لما قدم اهل نجران من النصاری علی رسول الله صلی الله علیه وسلم اتتهم احبار یهود فتنازعوا فقال رافع بن خزیمة ما انتم علی شئ وکفر بعیسٰی والانجیل فقال رجل من اهل نجران للیهود ما انتم علی شئ وجحد نبوة موسٰی وکفر بالتوراة فانزل الله فی ذلك وقالت الیهود لیست النصارٰی الآیة۔

الفقه: قال البیضاوی قیل معناه النهی عن تمکینهم من الدخول فی المسجد واختلف الائمة فیه فجوزه ابوحنیفة ومنع مالك و فرق الشافعی بین المسجد الحرام وغیره۲ قال المحشی فجوزه ابو حنیفة بدلیل هذه الآیة فانها تفید جواز دخولهم بخشیة وخشوع۱۲۔

البلاغة: قالوا لف بین القولین ثقة بان السامع یراد الی کل فریق قوله وامنا من الالباس لما علم من التعادی بین الفریقین وتضلیل کل واحد منهما لصاحبه ونحوه وقالوا کونوا هودا او نصارٰی تهتدوا الهود جمع هائد کعائذ وعوذ ووحد الاسم علی لفظ من وجمع الخبر علی معناه فان قلت تلك امنیة واحدة فلم قیل تلك امانیهم قلت اشیر بها الی الامانی المذکورة من ان لا ینزل علی المؤمنین من خیر وان یردوهم کفارا وان لا یدخل الجنة غیرهم او ارید امثال تلك الامنیة علی حذف المضاف وایضا فقائله متعدد وهو باعتبار کل قائل امنیة وباعتبار الجمیع امانی کثیرة۱۲۔قال ابو السعود وانما اوقع المنع علی المساجد وان کان الممنوع هو الناس لما ان فعلهم من طرح الاذی والتخریب ونحوهما متعلق بالمسجد لا بالناس مع کونه علی حاله۱۲۔ قال فی روح المعانی واستشکل بان هذا الترکیب قد تکرر فی القرآن کمن اظلم ممن ذکر بآیات ربه ثم اعرض عنها وکهذه الآیة مثلاً فعلی هذا لزم التناقض ویجاب بان ذلك لا یدل علی نفی التسویة فی الاظلمیة وقصارٰی ما یفهم من الآیات اظلمیة اولئك المذکورین فیها ممن عداهم وان جعلت ذلك الکلام مخرجا مخرج المبالغة فی التهدید والزجر مع قطع النظر عن نفی المساواة او الزیادة فی نفس الامر کما قیل محکما العرف ایضا زال الاشکال وارتفع القیل والقال۱۲۔

وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿١١٥﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ بَلْ لَّهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿١١٦﴾ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿١١٧﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿١١٨﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿١١٩﴾

اور اللہ ہی کی مملوک ہیں (سب جہتیں) مشرق بھی اور مغرب بھی۔ پس تم لوگ جس طرف منہ کرو اُدھر (ہی) اللہ تعالیٰ کا رخ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ (تمام جہات کو) محیط ہیں کامل العلم ہیں۔ اور وہ لوگ کہتے ہیں کہ خدا تعالیٰ اولاد رکھتا ہے سبحان اللہ (کیا مہمل بات ہے) بلکہ خاص اللہ تعالیٰ کے مملوک ہیں جو کچھ بھی آسمانوں اور زمین میں (موجودات) ہیں (وارد) سب ان کے محکوم (بھی) ہیں (حق تعالیٰ) موجد ہیں آسمانوں اور زمین کے اور جب کسی کام کا پورا کرنا چاہتے ہیں تو بس اس کام کی نسبت (اتنا) فرما دیتے ہیں کہ ہو جا۔ بس وہ (اسی طرح) ہو جاتا ہے۔ اور (بعضے) جاہل یوں کہتے ہیں کہ (خود) ہم سے کیوں نہیں کلام فرماتے اللہ تعالیٰ یا ہمارے پاس کوئی اور ہی دلیل آ جاوے اسی طرح وہ (جاہل) لوگ بھی کہتے چلے آئے ہیں جو ان سے پہلے گزرے ہیں۔ ان ہی کا سا (جاہلانہ) قول ان سب کے قلوب (کج فہمی میں) باہم ایک دوسرے کے مشابہ ہیں۔ ہم نے بہت سی دلیلیں صاف صاف بیان کر دی ہیں۔ (مگر وہ) ان لوگوں کے لئے (نافع) ہیں جو یقین (حاصل کرنا) چاہتے ہیں۔ ہم نے آپ کو سچا دین دے کر بھیجا ہے کہ خوشخبری سناتے رہئے اور ڈراتے رہئے اور آپ سے دوزخ میں جانے والوں کی باز پرس نہ ہوگی۞

تفسیر: معاملہ سی و ششم: وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ۔ (یہود نے حکم تبدیل قبلہ پر اعتراض کیا تھا کہ مسلمان اس جہت سے دوسری جہت کی طرف کیوں بدل گئے۔ حق تعالیٰ جواب دیتے ہیں یعنی) اور اللہ ہی کی مملوک ہیں حکمت تعیین قبلہ ودفع اعتراض بر قبلہ: (سب جہتیں) مشرق بھی اور مغرب بھی (اور وہ اس کا مکان نہیں پس جب وہ مالک ہیں جس جہت کو چاہیں قبلہ مقرر کر دیں کیونکہ حکمت تعیین قبلہ میں مثلاً اتفاق ہیئت واجتماع خاطر عابدین ہے اور یہ حکمت ہر جہت سے حاصل ہو سکتی ہے۔ جس کا حکم کر دیں وہ متعین ہو جائے گی۔ البتہ اگر معبود کی ذات نعوذ باللہ کسی جہت خاص کے ساتھ مقید ہوتی تو بالضرورۃ قبلۂ عبادت بننا اسی جہت میں منحصر ہونا زیبا تھا لیکن وہ ذات پاک کسی جہت کے ساتھ مقید ومحدود نہیں جب یہ بات ہے) تو تم لوگ جس طرف بھی منہ کرو ادھر (ہی) اللہ تعالیٰ

www.besturdubooks.net

(کی ذات پاک) کا رخ ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ (خود تمام جہات اور اشیاء کو) محیط ہیں (جس طرح کا احاطہ ان کی شان کے لائق ہے۔ لیکن باوجود محیط وغیر محدود ہونے کے پھر بھی جہت عبادت کو متعین اس لئے فرمایا کہ وہ) کامل العلم ہیں (کہ ہر شئے کے مصالح کو خوب جانتے ہیں چونکہ ان کے علم میں یہ تعیین متضمن مصالح تھی اس لئے اس کا حکم دے دیا۔

ف: ۱ احقر نے جو تعیین قبلہ کی ایک خاص حکمت مثال کے طور پر بیان کی ہے اس سے بعض مخالفین اسلام کا یہ اعتراض کہ مسلمان کعبہ پرست ہیں بالکل اٹھ گیا حاصل جواب یہ ہوا کہ پرستش تو خاص حق سبحانہ وتعالیٰ کی ہے لیکن چونکہ پرستش کے وقت یک سوئی قلب کی ضرورت ہے و نیز عابدین کی ہیئت اجتماعیہ کو بھی اس یک سوئی میں دخل ہے چنانچہ دونوں امر تجربہ و مشاہدہ سے ثابت ہیں اس یکسوئی اور اجتماع ہیئت کی تحصیل کے لئے تعیین جہت مشروع ہوئی پس اس شبہ کی ذرہ برابر گنجائش نہیں اور اگر اس پر کوئی اپنی براءت کے لئے یہ دعویٰ کرے کہ ہم بھی اصنام کو سامنے رکھنے سے یہی قصد رکھتے ہیں سو اول تو اس براءت کے دعوے سے اہل اسلام پر اعتراض مذکور عود نہیں کرتا وہ بحالہ مرتفع رہا جو کہ اس مقام پر مقصود اصلی ہے ثانیاً عام مسلمانوں اور عام کفار کی حالت تفتیش کرنے سے اس عدم پرستش کی نیت کے دعوے میں مسلمانوں کا راست گو اور دوسروں کا دروغ گو ہونا ہر وقت ہر شخص کو معلوم ہو سکتا ہے۔ تیسرے علی سبیل التنزل کہا جاتا ہے کہ بر تقدیر راستی اس دعوے کے پھر بھی اس تعیین اور تقیید کے لئے کسی شریعت غیر منسوخہ کا حکم پیش کرنا لازم ہے اور یہ بجز اہل اسلام کے دوسروں کے پاس مفقود ہے اور احقر نے جو بیان حکمت میں ترجمہ وتفسیر کے ضمن میں لفظ مثلاً اضافہ کیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ احکام خداوندی کی حکمتیں انحصار اور استیعاب کے ساتھ کسی کے ادراک میں نہیں آ سکتیں سو اس حکم میں بھی ہزاروں حکمتیں ہوں گی ایک دو کے سمجھ جانے سے ان میں انحصار اور دوسروں کی نفی نہیں ہو سکتی۔ **ف**: ۲ اور یہ جو فرمایا ہے کہ ادھر ہی اللہ تعالیٰ کا رخ ہے اور اسی طرح یہ جو فرمایا ہے کہ وہ محیط ہیں اور ایسے مضامین جو ہوں ان سب میں زیادہ کھود کرید نہ کرنا چاہئے۔ کیونکہ جیسے حق تعالیٰ کی ذات کا پورا ادراک کسی بندہ سے ممکن نہیں اسی طرح ان کی صفات کی حقیقت فہم سے خارج ہے اجمالاً ان سب پر ایمان لے آوے اس سے زیادہ کا انسان مکلف نہیں۔ آگے اپنے کام میں لگنا چاہئے۔

عنقا شکار کس نشود دام باز چیں ☆ کانجا ہمیشہ باد بدست است دام را

معاملۂ سی ونہم: ایضاً باشتراک نصاریٰ ومشرکین : وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ (الی قولہ تعالیٰ) فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۔ (بعض یہودی حضرت عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کہتے اور نصاریٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اور مشرکین عرب ملائکہ کو خدا کی بیٹیاں جیسا مختلف آیات میں ان اقوال کی خبر دی گئی ہے حق تعالیٰ اس قول کی قباحت اور بطلان کا بیان فرماتے ہیں یعنی) اور یہ لوگ (مختلف عنوان سے) کہتے ہیں کہ خدا تعالیٰ اولاد رکھتا ہے سبحان اللہ! (کیا مہمل بات ہے) بلکہ (ان کے تو اولاد ہونا عقلاً ممکن نہیں کیونکہ دو حال سے خالی نہیں یا تو اولاد غیر جنس ہوگی اور یا ہم جنس ہوگی۔ اگر غیر جنس ہو تب تو ناجنس اولاد ہونا عیب ہے اور حق تعالیٰ عیب سے پاک ہیں عقلاً بھی جیسا مسلم ہے اور نقلاً بھی جیسا سبحانہ مذکور کا بھی مدلول ہے اور اگر ہم جنس ہو تو اس لئے باطل ہے کہ حق تعالیٰ کا کوئی ہم جنس نہیں کیونکہ جو صفات کمال لوازم ذات واجبہ سے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص اور غیر اللہ میں معدوم ہیں اور انتفاء لازم دلیل ہے انتفاء ملزوم کی اس لئے غیر اللہ ذات واجب نہ ہوگا اور وجوب خود عین حقیقت یا لازم حقیقت ہے پس کوئی غیر اللہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ مشارک فی الحقیقت نہ ہوا پس مجانست باطل ہوگئی اب صفات کمال کے حق تعالیٰ کے ساتھ مختص ہونے کی دلیلیں مذکور ہوتی ہیں اول یہ کہ) خاص اللہ تعالیٰ کے مملوک ہیں جو کچھ بھی آسمانوں اور زمین میں (موجودات) ہیں (اور دوسرے یہ کہ مملوک ہونے کے ساتھ) سب ان کے محکوم (بھی) ہیں (بایں معنی کہ ان کے تصرفات قدرت کو جیسے مارنا جلانا بیمار کرنا وغیرہ کوئی نہیں ہٹا سکتا گو احکام شرعیہ کو کوئی ٹال دے اور تیسرے یہ کہ حق تعالیٰ) موجد (بھی) ہیں آسمانوں اور زمین کے اور (چوتھے یہ کہ ایجاد کی بھی قدرت ایسی عظیم اور عجیب ہے کہ) جب کسی کام کا (مثلاً پیدا ہی کرنا ہے) پورا کرنا چاہتے ہیں تو بس (اتنی بات ہے کہ) اس کو (اتنا) فرما دیتے ہیں کہ ہو جا بس وہ (اسی طرح) ہو جاتا ہے (ان کو آلات واسباب اور صناعوں اور معینوں کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اور یہ چاروں امر بجز حق تعالیٰ کے کسی میں نہیں پائے جاتے اور یہ مدعیان اولاد کے بھی مسلمات سے تھا پس دلیل سے مقدمہ اختصاص بھی ثابت ہو کر حجت تمام ہوگئی) **ف**: اس کُن کہنے میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ مجاز ہو سرعت تکوین اور جلدی بنا دینے سے دوسرے یہ کہ حقیقۃً حق تعالیٰ کی یہی عادت ہو۔ اس پر دو شبہے کئے گئے ہیں ایک یہ کہ جب وہ شے موجود نہیں تو کن کس کو کہا۔ جواب یہ ہے کہ علم میں موجود ہے۔ دوسرے یہ کہ خود کن بھی حادث ہے ورنہ قدم مکون کا لازم آوے گا اور اس کے لئے اگر کن ہو تو تسلسل لازم ہے۔ جواب یہ ہے کہ صرف لفظ کن کو بدون کن کے پیدا کر دیا ہو اور اگر قدیم بھی مان لیا جاوے تب بھی تعلق کے حدوث سے مکون محدث رہے گا رہا خود اس تعلق حادث کے ایجاد کے لئے ایک دوسرا تعلق حادث ہونا اس لئے ضرور نہیں کہ تعلق لاموجود ولا معدوم ہے لہٰذا نہ ایجاد کی ضرورت ہے اور نہ علت ایجاد بننے میں کوئی اشکال۔ رہا کلام اس تعلق کے مرجح میں سو وہ ذات حق ہے اور بوجہ وجود صفت ارادہ کے جس کی ذاتیات یا لوازم سے ترجیح وتخصیص متیٰ شاء ہے یہ ترجیح وتخصیص بال مرجح ومخصص بھی نہیں بلکہ وجہ ترجیح کا سوال کرنا تخلل جعل بین الذات والذاتی یا بین الملزوم واللازم کا تجویز کرنا ہے وھو باطل۔

التماس عام: حضرات ناظرین اس مقام پر مجھ کو اس خاص طرز پر طالب علمانہ تحریر میں بوجہ ضرورت تفہیم فلسفی مزاج صاحبوں کے معذور فرما دیں اور خود صرف ترجمہ کے

www.besturdubooks.net

ملاحظہ فرمانے پر قناعت کریں ان الفاظ میں غور نہ کریں۔

ف: اور خاص خاص کاموں پر خاص خاص ملائکہ کا مقرر فرمانا اور اسی طرح اسباب اور مواد اور قویٰ سے کام لینا یہ سب حکمت کے لئے ہے حاجت واستعانت کے لئے نہیں۔ ف: بیضاوی نے کہا ہے کہ پہلی شرائع میں اللہ تعالیٰ کو سبب اول ہونے کی وجہ سے باپ کہا کرتے تھے جاہلوں نے ولادت کے معنی سمجھ لئے اس لئے کفر ٹھہرا اب دفع فساد کے لئے اصلاً اس کی اجازت نہیں۔

معاملۂ چہلم: ایضا باشتراک نصاریٰ و مشرکین: وَقَالَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ أَوْ تَأْتِينَآ اٰيَةٌ (الی قولہ تعالی) قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوقِنُونَ ۔ اور (بعضے) جاہل (یہودی اور نصرانی اور مشرکین رسول اللہ ﷺ کے مقابلہ میں) یوں کہتے ہیں کہ (خود) ہم سے کیوں نہیں کلام فرماتے اللہ تعالیٰ (خواہ بلاواسطہ فرشتوں کے جس طرح خود فرشتوں سے کلام فرماتے ہیں یا بواسطہ فرشتوں کے جس طرح پیغمبروں سے بطور وحی کے کلام فرماتے ہیں اور اس کلام میں یا تو خود ہم کو احکام بتلا دیں تو دوسرے رسول کی ہم کو ضرورت ہی نہ رہے یا کم از کم اتنا ہی کہہ دیں کہ محمد ﷺ ہمارے رسول ہیں تو ہم ان کی ہی رسالت کے قائل ہو کر ان کی اطاعت کرنے لگیں) یا (کلام نہیں کرتے تو) ہمارے پاس کوئی اور ہی دلیل (ثبوت رسالت کی) آ جاوے[۱] (حق تعالیٰ اولا اس بات کا جاہلانہ رسم ہونا بتلاتے ہیں کہ) اسی طرح وہ (جاہل) لوگ بھی کہتے چلے آئے ہیں جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں ان ہی کا سا (جاہلانہ) قول (سو معلوم ہوا کہ یہ قول کوئی باوقعت اور باریک بنی پر مبنی نہیں یونہی ہانک دیا جاتا ہے پھر ثانیاً اس قول کا منشاء اور سبب بیان فرماتے ہیں کہ) ان سب (اگلے پچھلے جاہلوں) کے قلوب (کج فہمی میں) باہم ایک دوسرے کے مشابہ ہیں (اس لئے سب سے بات بھی ایک ہی سی پیدا ہوئی۔ پھر ثالثاً اس قول کا جواب دیتے ہیں اور چونکہ اس قول کا جزو اول حماقت محض تھا کہ اپنے کو اس لیاقت پر ہم پلہ ملائکہ اور انبیاء کا بنانا چاہتے تھے جو بالکل ہی بدیہی البطلان ہے اس لئے بقول مسلم۔ پس جواب احمقی آمد سکوت ☆ اس کا جواب نظر انداز کر کے صرف دوسرے جزو کا جواب ارشاد ہوتا ہے کہ تم تو ایک دلیل کو لئے پھرتے ہو) ہم نے بہت سی دلیلیں (رسالت محمدیہ کے ثبوت میں) صاف صاف بیان کر دی ہیں (مگر وہ) ان لوگوں کے لئے (نافع وکافی ہو سکتی ہیں) جو یقین (اور اطمینان حاصل کرنا) چاہتے ہیں (اور چونکہ معترضین کو محض ضد اور کد ہی مقصود ہے اس لئے نظر حق طلبی سے ان کو تحقیق ہی منظور نہیں سوایسوں کی تسلی وتشفی کا کون ذمہ دار بنے۔ ف: یہود ونصاریٰ کو باوجود اہل کتاب واہل علم ہونے کے جاہل اس لئے کہہ دیا گیا کہ یہ بات جاہلوں کی سی کہی تھی کہ باوجود دلائل قویہ قطعیہ کثیرہ قائم ہو چکنے کے ابھی تک جحود کئے جاتے ہیں۔

ربط: چونکہ یہاں اس کا محل تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی اس جہالت اور عناد سے تنگی ہو جاتی اور ان کے ایمان لانے کی کوئی صورت سمجھ میں نہ آنے سے غم ہوتا اس لئے حق تعالیٰ آیت آئندہ میں آپ کی تسلی فرماتے ہیں۔

تسلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: إِنَّآ أَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَّنَذِيرًا وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ أَصْحٰبِ الْجَحِيمِ ۔ (اے رسول) ہم نے آپ کو ایک سچا دین دے کر (خلق کی طرف) بھیجا ہے کہ (ماننے والوں کو) خوشخبری سناتے رہئے اور نہ ماننے والیوں کو سزا سے ڈراتے رہئے اور آپ سے دوزخ میں جانے والوں کی باز پرس نہ ہوگی (کہ ان لوگوں نے کیوں نہیں قبول کیا اور کیوں دوزخ میں گئے آپ اپنا کام کرتے رہئے آپ کو کسی کے ماننے نہ ماننے کی کیا فکر)۔

ربط: یہاں تک یہود کی چالیس قباحتیں جن میں سے بعض میں نصاریٰ بھی شریک ہیں بیان فرمائی گئیں آگے یہ بتلانا مقصود ہے کہ ایسے ہٹ دھرم لوگوں سے امید ایمان نہ رکھنا چاہئے سو یہ مضمون ماسبق کا نتیجہ بھی ہے جس سے ان کے قبائح مذکورہ کی اور تاکید ہوگئی کہ جو شخص ایسا کج طبع ہو اس کی کجی کم ہو جاتی ہے اور اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ازالہ فکر وغم بھی ہے کہ آپ ان کے عام طور پر ایمان لانے سے مایوس ہو جایئے اور پریشانی اور کلفت دل سے دور کیجئے تو اس مضمون تسلی کی بھی تاکید ہوگئی اور علاوہ ان مضامین کی تاکیدوں کے خود مستقل ان کی ایک قباحت کا اور بھی بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع کرنے کی تو ان کو کیا توفیق ہوتی وہ یہاں تک بلند پروازی کرتے ہیں کہ نعوذ باللہ آپ کو اپنی راہ پر چلانے کی فکر محال میں ہیں اور قالاً یا حالاً ان کی زبان یا معاملہ سے بھی ان کی یہ کوشش ظاہر اور مفہوم ہوتی ہے تو اس تقریر پر یہ ان کا اکتالیسواں معاملہ قبیحہ ہوگا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو بعض امور مباحہ میں اول اول اہل کتاب کی بغرض ان کی ملاطفت وتالیف قلب کے موافقت فرما لیتے تھے۔ اس میں اس پر بھی دلالت ہے کہ آپ اس قصہ کو جانے دیجئے گو اس سے جو آپ کی غرض ہے کہ کچھ نرم ہو کر اسلام لے آویں وہ بخیر ہے بہر حال یہ مضمون آئندہ چند فوائد پر مشتمل ہے اور قدر مشترک مایوس کرنا ہے ان خاص لوگوں کے مسلمان ہونے سے پس ارشاد ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ اس میں دلیل ہے اس پر کہ اللہ تعالیٰ کسی جہت کے ساتھ مقید نہیں۔ قولہ تعالیٰ إِنَّآ أَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَّنَذِيرًا وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ أَصْحٰبِ الْجَحِيمِ یہ آیت اصل ہے ہمارے حضرات صوفیہ کی اس عادت کی کہ جو شخص اپنی اصلاح نہ چاہے اس کے درپے نہیں ہوتے۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] قولہ مملوک ہیں سب جہتیں یرید بذلك تعبیر الجهات كلها بالمشرق والمغرب كما في تفسير البيضاوي يريد بهما

www.besturdubooks.net

ناحيتى الارض اى له الارض كلها۱۲۔ ۲قوله محيط ہیں جس طرح كا احاطه اطلق الاحاطة سواء كانت ذاتا او صفة وماخذ هذا الاطلاق قول البيضاوى واسع باحاطته بالاشياء او برحمته واشار بقوله جس طرح الى ما ذهب اليه المحققون فى المتشابهات من حملها على الحقائق مع وجوب اعتقادها مبهمة مجملة كما وردت۱۲۔ ۳ قوله بعض یہودی فلا يرد ما قيل انه لم يوجد هذا القول فى كتب اليهود لا مكان تقول بعض العامة بذلك على خلاف مذهبهم۱۲۔ ۴ قوله سبحان اللہ يشير الى انه للتعجب ۱۲۔ ۵ قوله سبحانہ مذکور کا بھی مدلول ہے يشير الى كون التنزيه مدلولا باشارة النص اما عبارة النص فللتعجب۱۲۔ ۶ قوله فى ترجمته او تاتينا آية یا ہمارے پاس کوئی اور ہی دلیل آ جاوے۔ هو اخذ بالحاصل والا فحق الترجمة اللفظية لاجل العطف هكذا یا ہمارے پاس کوئی دلیل کیوں نہیں آتی ۱۲۔ ۷ قوله جزو اول حماقت الخ ماخذه روح المعانى۱۲۔

الرِّوَایَات: فى لباب النقول اخرج ابن جرير وابن ابى حاتم من طريق على بن ابى طلحة عن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لما هاجر الى المدينة امره الله ان يستقبل بيت المقدس ففرحت اليهود فاستقبلها بضعة عشر شهرا وكان يحب قبلة ابراهيم وكان يدعو الله وينظر الى السماء فانزل الله فولوا وجوهكم شطره فارتاب فى ذلك اليهود وقالوا ما ولّٰهم عن قبلتهم التى كانوا عليها فانزل الله قل لله المشرق والمغرب وقال فاينما تولوا فثم وجه الله اسناده قوى والمعنى ايضا يساعده فليعتمد ۱۲۔ اقول ولا ينافى هذا السبب ما ورد فيه من روايات اخرى فقد قال فى لباب النزول عن الزركشى قد عرف من عادة الصحابة والتابعين ان احدهم اذا قال نزلت هذه الآية فى كذا فانه يريد بذلك انها تتضمن هذا الحكم لا ان هذا كان السبب فى نزولها فهو من جنس الاستدلال على الحكم بالآية لا من جنس النقل كما وقع آه فافهم فانه نافع جدا۱۲۔ الذين لا يعلمون فى المعالم قال ابن عباسؓ اليهود وقال مجاهد النصارى وقال قتادة مشركوا (العرب)۱۲۔

العربية: قال البيضاوى يوقنون يطلبون اليقين واشرت اليه فى الترجمة فى روح المعانى قد بينا الأيٰت اى نزلنا ها بينة بان جعلنا ها كذلك فى انفسنا فهو على حد سبحان من صغر البعوض و كبر الفيل فى المعالم كل ما فى القرآن لو لا فهو بمعنے هلا الا واحد او هو قوله فلولا انه كان من المسبحين معناه فلو لم يكن۔ ۱۲

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَة: قرأ ابن عامر فيكون بالنصب ۱۲ بيضاوى قال المحشى وهو مشكل لان جواب الامر يقتضى ان يكون للمكون كونان احدهما سبب للأخر فنصبه حملاً على صورة اللفظ وان كان معناه الخبر ۱۲۔ قرأ نافع ولا تسئل على صيغة النهى ايذانا بكمال شدة عقوبة الكفار وتهويلا لها اى انه لغاية فظاعة ما حل به لا يستطاع ان يسمع۱۲ روح المعانى۔

اللُّغَات: قانتون منقادون بديع الابداع اختراع الشئ لا عن شئ دفعة قضٰى اى اراد شيئا واصل القضاء اتمام الشئ قولا كقوله وقضٰى ربك او فعلا كقوله فقضٰهن سبع سمٰوٰت۱۲ بيضاوى۔

وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ

الَّذِیْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ﴿۱۲۰﴾ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ اُولٰٓىِٕكَ

یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ یَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَیْكُمْ وَاَنِّیْ

فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاتَّقُوْا یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْـًٔا وَّلَا یُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

وقف منزل ع ۱۴

اور کبھی خوش نہ ہوں گے آپ سے یہ یہود اور نہ یہ نصاریٰ جب تک کہ آپ (خدانخواستہ) انکے مذہب کے (بالکل) پیرو نہ ہو جائیں (آپ صاف) کہہ دیجئے کہ (بھلائی) حقیقت میں تو ہدایت کا وہی راستہ ہے جس کو خدا نے بتلایا ہے اور اگر آپ اتباع کرنے لگیں ان کے غلط خیالات کا علم (قطعی ثابت بالوحی) آ چکنے کے بعد۔ تو آپ کو کوئی خدا سے بچانے والا نہ یار نکلے اور نہ مددگار جن لوگوں کو ہم نے کتاب (توراتؔ انجیل) دی بشرطیکہ وہ اس کی تلاوت (اس طرح) کرتے رہے جس طرح کہ تلاوت کرنے کا حق ہے ایسے لوگ اس پر ایمان لے آتے ہیں اور جو شخص نہ مانے گا (کس کا نقصان کرے گا) خود ہی ایسے لوگ خسارہ میں رہیں گے۔ اے اولادِ یعقوب (علیہ السلام) میری اُن نعمتوں کو یاد کرو جن کا میں نے تم پر (وقتاً فوقتاً) انعام کیا اور اس کو (بھی) کہ میں نے تم کو بہت لوگوں پر فوقیت دی اور تم ڈرو ایسے دن سے جس میں کوئی شخص کسی شخص کی طرف سے نہ کوئی مطالبہ (حق واجب) ادا کرنے پائے گا اور نہ کسی طرف سے کوئی معاوضہ قبول کیا جائے گا اور نہ کسی کو کوئی سفارش (جبکہ ایمان نہ ہو) مفید ہو گی اور نہ ان لوگوں کو بچا سکے گا۔ ۞

www.besturdubooks.net

تفسیر : **مایوسی کلی از ایمان مخالفین خاص**: وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى (الی قولہ تعالٰی) مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۔ اور کبھی خوش نہ ہونگے آپ سے یہ یہود اور نہ یہ نصاریٰ جب تک کہ آپ (خدانخواستہ) ان کے مذہب کے (بالکل) پیرو نہ ہو جاویں (اور یہ محال ہے پس ان کا راضی ہونا محال ہے اور اگر کبھی اس قسم کی بات ان کی زبان یا حال سے مترشح ہو تو) آپ (صاف) کہہ دیجئے کہ (بھائی) حقیقت میں ہدایت کا تو وہی راستہ ہے جس کو خدا نے (ہدایت کا راستہ) بتلایا ہے (اور دلائل سے ایسا راستہ صرف اسلام ہونا ثابت ہو چکا ہے پس راہ ہدایت وہی رہا) اور (یہ امر کہ آپ نعوذ باللہ ان کے مذہب کے پیرو ہو جاویں محال اس لئے ہے کہ اس سے ایک محال لازم آتا ہے کیونکہ) اگر آپ اتباع کرنے لگیں ان کے غلط خیالات کا (جس کو وہ اپنا مذہب سمجھتے ہیں مگر کچھ تحریف سے اور کچھ منسوخ ہو جانے سے اب وہ محض چند غلط خیالات کا مجموعہ رہ گیا ہے اور پھر اتباع بھی کیسی حالت میں کہ) علم (قطعی ثابت بالوحی) آ چکنے کے بعد تو (ایسی حالت میں تو) آپ کا کوئی خدا سے بچانے والا نہ یار نکلے نہ مددگار[1] (بلکہ توبہ توبہ پنجۂ قہر میں گرفتار ہو جانا لازم آوے اور یہ لازم محال ہے کیونکہ دلائل قطعیہ سے دوام رضائے حق تعالیٰ آپ سے ثابت ہے پس غضب محال۔ اور اتباع مذکور سے یہ لازم آیا تھا اس لئے اتباع مذکور بھی محال اور بدوں اتباع کے انکا راضی ہونا غیر ممکن تو ایسے امر کی امید کرنے کی کوئی گنجائش نہیں اس لئے اس سے دل کو خالی کر لینا چاہئے)۔

ربط : یہاں تک معاندین، اہل کتاب کا ذکر تھا اس کے بعد حسب عادت قرآن منصفین اہل کتاب کا بیان ہے جنہوں نے بعد وضوح حق کے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کی اور آپ کا اتباع اختیار کر لیا پس ارشاد ہے۔

ذکر منصفین اہل کتاب: اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ (الی قولہ تعالٰی) فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۔ جن لوگوں کو ہم نے (توراۃ وانجیل) دی بشرطیکہ وہ اس کی تلاوت (اس طرح) کرتے رہے جس طرح تلاوت کا حق ہے (کہ قوۃ علمیہ کو فہم مضامین میں صرف کیا اور قوۃ ارادیہ کو عزم اتباع حق میں استعمال کیا) ایسے لوگ (البتہ آپ کے) اس (دین حق اور علم وحی) پر ایمان لے آتے ہیں اور جو شخص نہ مانے گا (کس کا نقصان کرے گا) خود ہی ایسے لوگ خسارہ میں رہیں گے (کہ جو ثمرات ایمان پر عطا ہوتے ان سے محروم رہیں گے)۔

ربط اس مقام پر بنی اسرائیل کے متعلق جن مضامین خاصہ کا بیان کرنا مقصود تھا ان کا خاتمہ ہوا اب ان مضامین کی جو آغازی تمہید تھی جس کے اجمال کے یہ سب مضامین تفصیل تھے ختم پر اس کو پھر مکرر لاتے ہیں جس میں اس کا مضمون خاص یعنی ترغیب کے لئے انعام عام وخاص کا یاد دلانا اور ترہیب کے لئے قیامت کا پیش نظر کر دینا بوجہ تکرار کے خوب ذہن نشین ہو جاوے کیونکہ مقصود اعظم کلیات ہوتے ہیں جن کا خود استحضار بوجہ ان کے اختصار کے سہل ہوتا ہے اور بوجہ جامعیت اور انطباق کے ان کے ذریعہ سے ان کے جزئیات کا محفوظ رکھنا آسان ہوتا ہے اور محاورات میں یہ طرز بلیغ بھی اعلیٰ درجہ کا سمجھا جاتا ہے کہ مفصل اور مطول بات کرنے کے قبل اول ایک مجمل عنوان سے اس کی تقریر کر دی جس کا قدر مشترک تمام تفاصیل کے فہم میں معین ہو اور اخیر میں بطور خلاصہ اور نتیجہ تفصیل مذکور کے اسی مجمل عنوان کا پھر اعادہ کر دیا مثلاً یہ کہا جاوے کہ تکبر بڑی مضر خصلت ہے دیکھو اس میں ایک ضرر یہ ہے دوسرا یہ ہے تیسرا یہ ہے دس بیس مضرتوں کی تقریر کر کے پھر آخر میں کہہ دیا کہ غرض تکبر بڑی مضر خصلت ہے اسی طور پر آیت یا بنی اسرائیل کا اعادہ فرمایا جاتا ہے۔

اعادۂ تمہید بطور تلخیص: يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ (الی قولہ تعالٰی) وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۔ اے اولاد یعقوب علیہ السلام میری ان نعمتوں کو یاد کرو جن کا میں نے تم پر (وقتاً فوقتاً) انعام کیا اور اس کو (بھی یاد کرو) کہ میں نے تم کو بہت لوگوں پر (بہت سی باتوں میں) فوقیت دی اور تم ڈرو ایسے دن سے (یعنی روز قیامت سے) جس میں کوئی شخص کسی شخص کی طرف سے نہ کوئی مطالبہ (اور حق واجب) ادا کرنے پاوے گا اور نہ کسی کی طرف سے کوئی معاوضہ (بجائے حق واجب کے) قبول کیا جاوے گا اور نہ کسی کو کوئی سفارش (جبکہ ایمان نہ ہو) مفید ہوگی اور نہ ان لوگوں کو کوئی (بزور) بچا سکے گا۔ **ف**: اس کے متعلق ضروری امور اوپر اس آیت کی تفسیر میں گزر چکے ہیں اگر ضرورت ہو وہاں ملاحظہ فرمائے جاویں۔

ربط : یہاں تک بنی اسرائیل کے قبائح اور بے عنوانیوں کا بیان تھا جن میں سے ایک بے عنوانی یہ بھی تھی کہ بعض احکام کے نسخ پر خصوصاً حکم تحویل قبلہ پر ان کا اعتراض تھا جس کا جواب اوپر کی بعض آیات میں بضمن تقریر معاملہ سی ودوم وسی وہشتم بقدر کافی مذکور بھی ہوا ہے چونکہ اس حکم خاص میں ان لوگوں کا شور وشغب زیادہ تھا نیز ضعیف الاعتقاد لوگوں پر اس مخالفت کا اثر ہو جانا بھی چنداں عجیب نہ تھا اور نماز خود رکن اعظم اسلام کا ہے اس مبحث کو اس سے تعلق تھا اس لئے یہ اسباب مقتضی تھے کہ اس مادۂ خاص میں کسی قدر مفصل ومطول کا کلام کیا جاوے وہ مفصل کلام یہاں سے شروع ہو کر تقریباً چار رکوع تک ممتد ہوا ہے جس کی ترتیب بھی نہایت خوش اسلوب واقع ہوئی ہے کہ اول بانی کعبہ کی فضیلت اور ان کا امام خلق ہونا بیان کیا پھر کعبہ کی فضیلت اور اس کی بناء کا قصہ ذکر فرمایا اور اس کے سیاق وسباق میں بہت سے مضامین اس کے مناسب اور مؤید لائے گئے پھر حاکمانہ اختیار سے اس کعبہ کا قبلہ بنانا بیان کیا اس میں جو حکیمانہ مصالح مرعی ہیں ان کا ذکر فرمایا اور درمیان درمیان میں اور مضامین مناسب مقام ارشاد ہوئے جن میں امام القبلتین صلی اللہ علیہ وسلم کا تعلق وخصوصیت حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ اور آپ کا کافۂ خلق کے لئے نعمت عظمیٰ ہونا بھی بتلا دیا گیا تاکہ ہر مذاق پر ہر

www.besturdubooks.net

پہلو سے مضمون کی تتمیم ہو جاوے۔

الحواشی (۱) وان اقلقك وهم ان الظاهر من انك ان لم تتبع اهواء هم كان لك ولي ونصير يحفظك من الله فازحه بعدم كون مفهوم المخالف معتبرا۔ او يقال ان اصل المراد الوقوع فى القهر فاللازم فى صورة عدم الاتباع عدم الوقوع فى القهر ولا محذور فيه ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمة: ۱؎ قوله یہ یہود اشار الى كون اللام للعهد فلايشكل بايمان كثير من النصارىٰ واليهود ۱۲۔ ۲؎ قوله ان کی زبان یا حال سے ماخذه ما فى روح المعانى ثم ان هذا ليس ابتداء كلام منه تعالىٰ لعدم رضاهم بل هو حكاية لمعنى كلام قالوه بطريق التكلم ليطابقه قوله قل ويحتمل انهم قالوا ذلك فيما بينهم والامر بهذا القول لهم لا يجب ان يكون جوابا لعين تلك العبارة بل جواب ورد لما يستلزم مضمونها او يلزمه من الدعوة الى اليهودية والنصرانية وان الاهتداء فيهما وقيل يصح ان يكون لاقناطهم عما يتمنونه ويطمعونه وليس بجواب ۱۲۔ ۳؎ قوله بشرطیکہ اشارة الى كون الجملة حالية لكنها مقدرة لامحققة وما بعده خبراً للموصول ۱۲۔ ۴؎ قوله اس دین حق هكذا اعاد الضمير الى الحق المذكور فيما قيل فى قوله انا ارسلناك بالحق وقوله بعد الذى جاءك من العلم فى التفسير العزيزى ۱۲۔

الروایات: المتعلقة بربط آیت ولن ترضٰى الخ فى المعالم و ذلك انهم كانوا يسئلون النبى صلى الله عليه وسلم الهداية ويطمعونه ان امهلتهم اتبعوا فانزل الله تعالىٰ هذه الأية معناه انك وان هاويتهم فلا يرضون بها وانما يطلبون ذلك تعللا وقال ابن عباسؓ هذا فى القبلة وذلك ان يهود المدينة ونصارى نجران كانوا يرجون النبى صلى الله عليه وسلم حين كان يصلى الى قبلتهم فلما صرف الله القبلة اى الكعبة ايسوا ان يوافقهم على دينهم فانزل الله تعالىٰ ولن ترضٰى الآية۔ فى روح المعانى روى انه كان يلاطف كل فريق رجاء ان يسلموا فنزلت ۱۲۔

اللغات: فى روح المعانى الملة فى الاصل اسم من امللت الكتاب بمعنى امليته ثم نقلت الى اصول الشرائع باعتبار انها يمليها النبى ويقع على الباطل ايضا ۱۲۔

البلاغة: فى روح المعانى وحدت الملة وان كان لهم ملتان للايجاز او لانها يجمعهما الكفر وهو ملة واحدة ۱۲۔ سئل استاذى رحمة الله عليه عن النكتة فى تقديم الشفاعة فى السابق وتاخيرها ههنا فاجابؒ بان القوم كانوا اولاد الانبياء والائمة فكانوا يثقون بالشفاعة اكثر من الثقة بغيرها فكان الابتداء بنفيها والانتهاء به اولى حسماً لزعمهم والله اعلم۔

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۲۴ وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ؕ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِىَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ۝۱۲۵ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗٓ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۱۲۶

اور جس وقت امتحان کیا حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کا انکے پروردگار نے چند باتوں میں اور وہ اُن کو پورے طور پر بجالائے (اس وقت) حق تعالیٰ نے (اُن سے) فرمایا کہ میں تم کو لوگوں کا مقتدا بناؤں گا۔ انہوں نے عرض کی اور میری اولاد میں سے بھی کسی کسی کو (نبوت دیجئے) ارشاد ہوا کہ میرا (یہ) عہدہ (نبوت) خلاف ورزی کرنے والوں کو نہ ملے گا۔ اور وہ وقت بھی قابل ذکر ہے کہ جس وقت ہم نے خانہ کعبہ کو لوگوں کا معبد اور (مقام) امن (ہمیشہ سے) مقرر رکھا اور مقام ابراہیم کو (کبھی کبھی) نماز پڑھنے کی جگہ بنالیا کرو۔ اور ہم نے حضرت ابراہیم و حضرت اسماعیل کی طرف حکم بھیجا کہ میرے (اس) گھر کو خوب پاک رکھا کرو۔ بیرونی اور مقامی لوگوں (کی عبادت) کے واسطے اور رکوع اور سجدہ کرنے والوں کے واسطے اور جس وقت ابراہیم (علیہ السلام) نے دعا میں عرض کیا کہ اے میرے پروردگار اس کو ایک آباد شہر بنا دیجئے۔ امن (امان والا) اور اسکے بسنے والوں کو پھلوں سے بھی عنایت کیجئے۔ انکو (کہتا ہوں) جو کہ ان میں سے اللہ تعالیٰ پر اور روز قیامت پر ایمان رکھتے ہوں۔ حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اور اس شخص کو جو کافر ہے تو ایسے شخص کو تھوڑے روز تو خوب آرام برتاؤں گا پھر اس کو کشاں کشاں عذاب دوزخ میں پہنچادوں گا اور ایسی پہنچنے کی جگہ تو بہت بری ہے ۞

تفسیر: فضیلت حضرت ابراہیم علیہ السلام بانی کعبہ: وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ (الٰی قولہ تعالیٰ) قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ ۔ اور جس وقت

www.besturdubooks.net

امتحان کیا حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ان کے پروردگار نے چند باتوں میں (اپنے احکام میں سے) اور وہ ان کو پورے طور سے بجالائے (اس وقت) حق تعالیٰ نے (ان سے) فرمایا کہ میں تم کو (اس کے صلہ میں نبوت دے کر یا امت بڑھا کر) لوگوں کا مقتدا بناؤں گا انہوں نے عرض کیا اور میری اولاد میں سے بھی کسی کسی کو (نبوت دیجئے) ارشاد ہوا کہ (آپ کی یہ درخواست منظور ہے مگر اس کا ضابطہ سن لیجئے کہ) میرا یہ عہدہ (نبوت) خلاف ورزی (قانون) کرنے والوں کو نہ ملے گا (سوایسے لوگوں کو تو صاف جواب ہے البتہ اطاعت کرنے والوں میں سے بعض کو نبوت دی جاوے گی)۔ **ف**: امتحان دو غرض سے ہوتا ہے کبھی تو اس واسطے کہ امتحان کرنے والا خود اس شخص کی حالت ولیاقت دریافت کرنا چاہتا ہے۔ سو یہ امتحان لینا تو ذات حق میں محال ہے کیونکہ ان کو سب کچھ پہلے ہی معلوم ہے۔ اور کبھی امتحان لینے والا خود تو جانا کرتا ہے لیکن اور دیکھنے والوں کی نظر میں اس حالت کا پیش کرنا منظور ہوتا ہے تاکہ امتحان دینے والے کی عظمت مثلاً ثابت ہو جاوے اور دوسروں کو شکایت محرومی یا ترجیح کا موقع نہ رہے یا اگر امتحان کسی مجرم کا ہے تو خود وہ بھی اپنے دل میں انصاف کرلے اور دوسرے کو بھی شبہ جور و تعدی کا نہ کرسکیں تو ایسا امتحان لینا حق تعالیٰ کی شان کے خلاف نہیں جہاں کہیں حق تعالیٰ کا بندوں کو امتحان کرنا مذکور ہے وہاں یہی دوسری قسم مراد ہے چنانچہ اس مقام پر بھی یہی دوسری قسم مراد ہے اور وہ باتیں کتابوں میں کئی طرح لکھی ہیں بہرحال کچھ احکام تھے اور یہ امتحان اگر ایسے وقت تھا کہ ہنوز خلقت کو احکام پہنچانے کا کام دیا جاوے گا جو حاصل ہے نبوت کا پس اس قول پر اسی وقت وحی نازل ہوگئی تھی لیکن اس وحی کی تبلیغ کا امر نہ ہوا تھا اور اگر یہ امتحان ایسے وقت تھا کہ تبلیغ وحی کا کام بھی کرنے لگے تھے تو امامت للناس کے معنی یہ ہوں گے کہ اب جتنی امت ہے اس سے اور ترقی دوں گا مثلاً آپ کے زمانہ ہی میں اور لوگ بھی ایمان بکثرت لاویں گے یا یہ کہ آپ کی شریعت آپ کے بعد بھی مدتوں تک رہے گی جو کہ سبب ہے تضاعف اجر و ثواب کا کیونکہ نیک راہ پر چلنے کے ثواب میں اس راہ کا بتلانے والا بھی شریک ہوتا ہے جیسا احادیث میں بھی ہے تو یہ امر بھی اسی نبوت کے آثار سے ہے بہرحال ہر صورت میں حاصل اس کا نبوت کی تکمیل ہے اور اس میں یہ قید لگانا کہ جس کو نبوت ملے گی وہ ظالم نہ ہو دلیل ہے حضرات انبیاء علیہم السلام کے معصوم اور بے گناہ ہونے کی کیونکہ ہر گناہ خلاف ورزی ہے احکام کی اور یہی حقیقت ہے ظلم کی اور دونوں کا جمع نہ ہونا صراحۃً ارشاد ہوا ہے پس جو حضرات نبوت سے مشرف ہو چکے ہیں یقیناً وہ گنہگار نہ تھے نہ قبل نبوت نہ بعد نبوت اور جن قصوں میں ایسے امور مذکور ہیں وہ واقع میں گناہ نہیں ہیں چنانچہ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قصہ کے موقع پر اس کی تفسیر دیکھنے سے معلوم ہوسکتا ہے جن میں ایک قصہ حضرت آدم علیہ السلام کا گزر بھی چکا ہے وہاں دیکھ کر اس کی تصدیق کی جاوے اور لفظ عصیان یا ظلم وغیرہ جو کہیں وارد ہوا ہے اس کے معنی مجازی مراد ہیں کیونکہ یہ قاعدہ مسلمہ ہے کہ جب حقیقی معنی کسی دلیل سے متعذر ثابت ہوں تو مجاز پر محمول کرنا واجب ہے اور دلیل تعذر کی جس سے عصمت انبیاء علیہم السلام ثابت ہے ابھی بیان ہو چکی خوب سمجھ لو۔

ربط: فضیلت بانی کے بعد آگے فضیلت بناء کا بیان فرماتے ہیں۔

فضیلت کعبہ: وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا (الی قولہ تعالی) وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ۔ اور (وہ وقت بھی یاد کرنے کے قابل ہے کہ) جس وقت ہم نے خانہ کعبہ کو لوگوں کا معبد اور (مقام) امن (ہمیشہ سے) مقرر رکھا اور (آخر میں امت محمدیہ کو حکم دیا کہ برکت حاصل کرنے کے لئے) مقام ابراہیم کو (کبھی کبھی نماز پڑھنے کی جگہ بنالیا کرو اور ہم نے (بناء کعبہ کے وقت) حضرت ابراہیم و حضرت اسماعیل علیہما السلام کی طرف حکم بھیجا کہ میرے (اس) گھر کو خوب پاک (صاف) رکھا کرو بیرونی اور مقامی لوگوں کی (عبادت کے) واسطے اور رکوع اور سجدہ کرنے والوں کے واسطے۔ **ف**: مقام امن دو وجہ سے فرمایا ایک تو یہ کہ اس میں حج و عمرہ و نماز و طواف ادا کرنے سے عذاب دوزخ سے امن ہوتا ہے۔ دوسرے اس وجہ سے کہ اگر کوئی خونی حدود کعبہ میں جس کو حرم کہتے ہیں جا گھسے تو وہاں اس کو سزائے موت نہ دیں گے البتہ رسد وغیرہ اس کی بند کر دیں گے یہاں تک کہ باہر نکل آوے پھر پکڑ لیں گے اور سوا خونی کے اور مجرموں کا اور حکم ہے اور یہ مذہب امام ابوحنیفہ کا ہے دوسرے اماموں کے کچھ اور اور قول ہیں تو اس صورت میں اس امن کا وقوع نہیں بتلاتے بلکہ قانون بتلاتے ہیں۔ اور مقامِ ابراہیم ایک خاص پتھر کا نام ہے جس پر کھڑے ہو کر آپ نے کعبہ کی عمارت بنائی ہے وہ کعبہ کے پاس ایک محفوظ جگہ رکھا ہے وہاں نفلیں پڑھنا ثواب ہے اور جب طواف کرے تو اس وقت دو رکعت پڑھنا امام ابوحنیفہ کے نزدیک واجب ہے۔ آگے حدود کعبہ یعنی حرم اور اس کے سکان کے لئے دعائے ابراہیمی کا ذکر ہے کہ وہ بھی دلیل ہے اس کی فضیلت کی۔ **ف**: اور آیت میں جو مقام ابراہیم کو باوجود صغیر ہونے کے مصلیٰ فرمایا ہے سو صغر اس سے مانع نہیں ہے کیونکہ اس پر صرف قدم رکھنے سے بھی مصلیٰ ہونا صادق آتا ہے باقی یہ بات کہ اب اس پر نماز نہیں پڑھی جاتی تو یہ کہا جاسکتا ہے کہ اصل مقصود اسی کو محل صلوٰۃ بنانا ہے باقی اس کا محل مجاور بھی اسی کے تابع ہونے سے اسی کے حکم میں ہے جیسے مسجد حرام یا مسجد نبوی میں جو زائد ہوا ہے وہ اس کے تابع ہے۔

دُعائے ابراہیمی برائے حرم واہلِ حرم: وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا (الی قولہ تعالی) وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۔ اور (وہ وقت بھی یاد کرنے کے قابل ہے کہ) جس وقت ابراہیم علیہ السلام نے (دعا میں) عرض کیا کہ اے میرے پروردگار اس (موقع) کو ایک (آباد) شہر بنا دیجئے (اور شہر بھی کیسا) امن (امان) والا اور اس کے بسنے والوں کو پھلوں (کی قسم) سے (بھی) عنایت کیجئے اور میں سب بسنے والوں کو نہیں کہتا بلکہ خاص) ان کو (کہتا ہوں) جو کہ ان میں اللہ تعالیٰ پر اور روز قیامت پر ایمان رکھتے ہوں (باقیوں کو آپ جانیں) حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا (کہ چونکہ رزق ہمارا خاص نہیں ہے اس لئے ثمرات سب کو دوں گا مؤمن کو بھی) اور اس شخص کو بھی جو کہ کافر ہے (البتہ نجات آخرت چونکہ اہل ایمان کے ساتھ خاص ہے) سو (اس واسطے) ایسے شخص کو جو کہ کافر ہے) تھوڑے روز (یعنی دنیا میں) تو خوب آرام برتاؤں گا (لیکن پھر (بعد مرگ) اس کو کشاں کشاں عذاب دوزخ میں پہنچا دوں گا اور ایسی پہنچنے کی جگہ تو بہت بری ہے (اللہ بچائے) **ف**: شہر ہونے کی دعا اس لئے

www.besturdubooks.net

کی تھی اُس وقت یہ موقع بالکل جنگل تھا پھر اللہ تعالیٰ نے شہر کر دیا اور اس مقام پر امن اور آبادی کے متعلق دعا قبول ہونے کا ذکر تصریحاً نہیں فرمایا کیونکہ قانونِ امن کا منظور ہو جانا تو اس سے اوپر کی آیت میں مذکور ہو چکا ہے اور جب یہ فرمایا کہ یہاں کے رہنے والوں میں جو کافر ہوں گے ان کو بھی ثمرات ملیں گے اس سے خود مفہوم ہو گیا کہ یہ جگہ لوگوں کے رہنے کی ہو گی جو حاصل ہے شہر آباد ہونے کا۔ اور پھلوں کے ملنے کی یہ صورت کر دی کہ دور دور سے ہر قسم کی چیز اس شہر میں آتی ہے اور خاص نزدیک ہی دو منزل پر طائف ہے اس سرزمین کو خوب سرسبز و شاداب بنایا ہے وہاں سے سب طرح کی چیزیں میوے ترکاری بکثرت روز کی روز پہنچتی رہتی ہیں۔ اور ابراہیم علیہ السلام جو کافروں کے لئے دعائے رزق نہیں مانگی غالباً وجہ اس کی یہ ہوئی کہ پہلی دعا کے جواب میں حق تعالیٰ نے ظالمین کو ایک نعمت کی صلاحیت سے خارج فرما دیا تھا اسلئے ادباً اس دعا میں ان کو شامل نہیں کیا کہ مبادا یہ بھی مرضی کے خلاف ہو۔

ربط: آگے بنائے کعبہ اور اس بناء میں بانی کے اخلاص اور اس کے مضمن میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی امت کے اختصاص کا بانی کعبہ کے ساتھ ذکر ہوتا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ إِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا (الی قولہ تعالی) الظّٰلِمِيْنَ۔ اس میں دلالت ہے کہ خلافت ارشادیہ اخلالِ عمل کے ساتھ مجتمع نہیں ہوتی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ترجمة فاتمهن اور الخ لاستعمالها في لساننا موقع الفاء احيانا ۱۲۔ ۲ قوله في ترجمة عهدي عہد لان معنى العهدة في لساننا هو معنى العهد في العربي بعينه ۱۲۔ ۳ قوله في ترجمة الظلم خلاف ورزی لان الظلم وضع الشئ في غير محله وهو حاصل هذه الكلمة ۱۲۔ ۴ قوله في ف نہ قبل نبوت نہ بعد نبوت ثم انتفاء الكبائر وتعمد الصغائر متفق عليه بين اهل الحق نعم اختلفوا في الصغائر قبل النبوة فعلى اى معنى حملت الظلم نفيته وللظلم مراتب ۱۲۔ ۵ قوله في ترجمة مثابة معبد هذه اللفظة جامعة لمعنيي المثابة محل الثواب والمرجع لان المعبد يكون مرجعا للعابدين ۱۲۔ ۶ قوله برکت حاصل اشار الى استحباب الاتخاذ ولا دليل على تخصيصه بركعتي الطواف ليرد النقض بوجوبها على الاستحباب ۱۲۔ ۷ قوله مقام ابراہیم کو اشار الى كون من زائدة كما نقل في روح المعاني عن الاخفش ۱۲۔
۸ قوله پاک صاف رکھا کرو۔ اشار الى ان التطهير كما يطلق على احداثه يطلق على ابقائه كما في قوله تعالىٰ وثيابك فطهر والرجز فاهجر ۱۲۔
۹ قوله في ف قانون بتلاتے ہیں فلا يلزم الكذب لو نقض احد هذا الا من ۱۲۔ ۱۰ قوله پھلوں کی قسم سے كما في روح المعاني اى من انواعها ۱۲۔
۱۱ قوله سب بسنے والوں کو نہیں کہتا اشارة الى ان المقصود ليس اخراجهم عن الدعاء بل المقصود عدم ادخالهم فيه وشتان ما بينهما كما في روح المعاني احترز من الدعاء لمن ليس مرضيا عنده تعالىٰ ۱۲۔

الروایات: في روح المعاني اخرج ابو نعيم من حديث ابن عمران النبي صلى الله عليه وسلم اخذ بيد عمر فقال يا عمر هذا مقام ابراهيم فقال عمر افلا نتخذه مصلى فقال لم اومر بذلك فلم تغب الشمس حتى نزلت هذه الآية وقال الامر فيها للاستحباب اذا المتبادر من المصلى موضع الصلوٰة مطلقا وقرء انه عليه الصلوٰة والسلام هذه الآية حين اداء الركعتين بعد الطواف لا يقتضي تخصيصه بهما وقال في المقام هو الحجر الذى ارتفع عليه ابراهيم عليه السلام حين ضعف من رفع الحجارة التى كان ولده اسماعيلؑ يناوله اياها في بناء البيت وفيه اثر قدميه قاله ابن عباس وجابر و قتادة وغيرهم واخرجه البخارى وهو قول جمهور المفسرين ۱۲۔

الکلام: احتج بعض اهل البدع بالآية على عصمة الائمة من اهل البيت وانت تعلم انه مع تفسير الامامة بالنبوة ولو في مرتبة الاحتمال لا يصح الاستدلال سيما وقد ثبت التفسير ولو تاملت في الفاظ الآية تحققت هذا المعنى لان الله تعالىٰ اسند هذا الجعل الى نفسه خاصة وهو يليق بالنبوة لان الامامة المتنازع فيها مسند الى جعل الناس لانها شورىٰ ۱۲۔

اللغات: قال البيضاوى والكلمٰت قد يطلق على المعانى ذريتى نسل الرجل فعلية وفعولة قلبت راء ها الثالثه ياء كما في تقضيت من الذر بمعنى التفريق او فعولة او فعيلة قلبت همزتها ياء من الذر بمعنى الخلق ۱۲۔ مثابة مرجعا يثوب اليه اعيان الزوار او موضع ثواب يثابون لحجه واعتماره ۱۲ بيضاوى عهدنا العهد الموثق واذا عدى بالى كان معناه التوصية كذا في التاج ولما كان هذا التوصية بطريق الامر فسر بالامر ۱۲ ع الطائفين والعاكفين في روح المعاني احد الاقوال الغرباء الوافدون واهل البلد الحرام المقيمون ۱۲۔

النحو: قال البيضاوى قال الى وان نصب او يتلى يقال فالمجموع جملة معطوفة على ما قبلها ۱۲ قوله من ذريتى عطف على الكاف اى و بعض ذريتى كما تقول و زيدا في جواب سا كرمك آه ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۲۷﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا
مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ
الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۸﴾ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ؕ اِنَّكَ
اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۲۹﴾ وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا ۚ ع ۱۵
وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَوَصّٰى بِهَآ
اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِىَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ؕ

اور جبکہ اُٹھا رہے تھے ابراہیم علیہ السلام دیواریں خانہ کعبہ کی اور اسمٰعیل بھی (اور یہ کہتے جاتے تھے) اے ہمارے پروردگار (یہ خدمت) ہم سے قبول کیجئے بلاشبہ آپ خوب سننے والے اور جاننے والے ہیں۔ اے ہمارے پروردگار اور ہم کو اپنا اور زیادہ مطیع بنا لیجئے اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک ایسی جماعت (پیدا کیجئے) جو آپ کی مطیع ہو اور (نیز) ہم کو ہمارے حج (وغیرہ) کے احکام بھی بتا دیجئے اور ہمارے حال پر توجہ رکھئے اور فی الحقیقت آپ ہی ہیں توجہ فرمانے والے مہربانی کرنے والے۔ اے ہمارے پروردگار اور اس جماعت کے اندر ان ہی میں کا ایک ایسا پیغمبر بھی مقرر کیجئے جو ان لوگوں کو آپ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سنایا کریں اور ان کو (آسمانی) کتاب کی خوش فہمی کی تعلیم دیا کریں اور ان کو پاک کر دیں۔ بلاشبہ آپ ہی ہیں غالب القدرۃ کامل الانتظام والے۔ اور ملت ابراہیمی سے تو وہی روگردانی کرے گا جو اپنی ذات ہی سے احمق ہو اور ہم نے ان (ابراہیم علیہ السلام) کو دنیا میں منتخب کیا اور (اُسی کی بدولت) وہ آخرت میں بڑے لائق لوگوں میں شمار کئے جاتے ہیں جبکہ ان سے ان کے پروردگار نے فرمایا کہ تم اطاعت اختیار کرو۔ انہوں نے عرض کیا میں نے اطاعت اختیار کی رب العالمین کی اسی کا حکم کر گئے ہیں ابراہیم (علیہ السلام) اپنے بیٹوں کو اور (اسی طرح) یعقوب بھی میرے بیٹو اللہ تعالیٰ نے اس دین (اسلام) کو تمہارے لئے منتخب فرمایا ہے۔ سو تم بجز اسلام کے اور کسی حالت پر جان مت دینا۔ ۞

تفسیر: قصۂ بنائے کعبہ واخلاص ودعاء بانی: وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ اور (وہ وقت بھی یاد کرنے کے قابل ہے) جب کہ اُٹھا رہے تھے ابراہیم علیہ السلام دیواریں خانہ کعبہ کی اور (ان کے ساتھ) اسماعیل علیہ السلام بھی (اور یہ کہتے جاتے تھے کہ) اے ہمارے پروردگار (یہ خدمت) ہم سے قبول فرمائیے بلاشبہ آپ خوب سننے والے جاننے والے ہیں (ہماری دعا کو سنتے ہیں ہماری نیتوں کو جانتے ہیں)

ف: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی شرکت دو طرح ہو سکتی ہے یا تو پتھر گارا دیتے ہوں گے یا کسی وقت چنائی بھی کرتے ہوں۔

تتمہ دعائے مذکور: رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ (الی قولہ تعالی) اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ اے ہمارے پروردگار اور (ہم دونوں یہ بھی دعا کرتے ہیں کہ) ہم کو اپنا اور زیادہ مطیع بنا لیجئے اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک ایسی جماعت پیدا کیجئے جو آپ کی مطیع ہو اور (نیز) ہم کو ہمارے حج (وغیرہ) کے احکام بھی بتلا دیجئے اور ہمارے حال پر (مہربانی کے ساتھ) توجہ رکھئے اور فی الحقیقت آپ ہی ہیں توجہ فرمانے والے مہربانی کرنے والے اے ہمارے پروردگار اور (یہ بھی دعا ہے کہ) اس جماعت کے اندر (جس کے پیدا ہونے کی دعا اپنی اولاد میں سے کر رہے ہیں) اُن ہی میں کا ایک ایسا پیغمبر بھی مقرر کیجئے جو ان لوگوں کو آپ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سنایا کریں اور ان کو (آسمانی) کتاب (کے مضامین) کی اور (اس میں) خوش فہمی (کا سلیقہ حاصل کرنے) کی تعلیم دیا کریں اور ان کو (اس تلاوت وتعلیم کے ذریعہ سے جہالت کے خیالات اور اعمال سے) پاک کر دیں بلاشبہ آپ ہی ہیں غالب القدرۃ (کہ سب درخواستیں پوری کر سکتے ہیں) کامل الانتظام (کہ جو کام کرتے ہیں اس میں کوئی فروگذاشت نہیں ہوتی)۔ **ف:** مصداق دعائے ابراہیمی: جس جماعت کا اس آیت میں ذکر ہے وہ صرف بنی اسماعیل ہیں جن میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے پس یہاں جن پیغمبر کے لئے دعا ہے اس سے مراد بھی صرف آپ ہوئے کیونکہ یہ دعا دونوں صاحبوں نے کی ہے وہی جماعت مراد ہو سکتی ہے جو دونوں کی اولاد میں ہو اور پیغمبر کے ذکر میں کہا گیا ہے کہ وہ اس جماعت میں سے ہوں تو وہ جماعت بنی اسماعیل ہوئی اور پیغمبر آپ ہوئے جو کہ بنی اسمٰعیل میں سے ہیں اسی واسطے حدیث صحیح میں ارشاد نبوی ہے کہ میں اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی دعا کا ظہور ہوں اور ہر چند کہ یہ لقب اور صفت مسلم کی تمام امت محمدیہ کے لئے حاصل ہے جیسا مشاہد ہے اور سورۂ انبیاء کے آخر میں: هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ [انبیاء: ۷۸] کی توجیہ بھی یہی ہے لیکن تخصیص اولاد کی اس لئے ہے کہ اور لوگوں میں یہ اسلام ان اولاد کی بدولت شائع ہوگا اس طور پر اس صفت میں یہ اصل ہوئے چنانچہ واقع بھی ایسا ہی ہوا کہ بنی اسماعیل سے اسلام کی اشاعت ہوئی ان کی سعی بدنی سے بھی اور تدبیر انتظامی سے بھی اور یہی حکمت ہے خلافت کے خاص ہونے میں قریش کے ساتھ جو کہ بنی اسماعیل ہیں معنی حکمت: اور خوش فہمی کا سلیقہ یہ ہے کہ بات میں سے بات نکال لیں اصل سے فرع کا حکم

www.besturdubooks.net

سمجھ لیں ایک نظیر کو دوسری نظیر پر برعایت اصول صحیحہ قیاس کر لیں جس کو اصطلاح میں اجتہاد اور تفقہ کہتے ہیں چنانچہ اتباع محمد یہ میں بہت اکابر اس صفت سے ممتاز ہوئے اور ان کی برکات سے آج عامہ مسلمین دین میں منتفع ہو رہے ہیں اور اسی طرح جو پیغمبر میں تخصیص کی گئی کہ ان ہی میں سے ہوں اس میں بھی یہ مصلحت معلوم ہوتی ہے کہ وہ لوگ بہ نسبت دوسرے خاندانوں کے ایسے پیغمبر کی جوان ہی کے خاندان سے ہوں دیانت و امانت و صدق اور نیز دوسرے مآثر جمیلہ و مفاخر جلیلہ کو زیادہ سمجھیں گے ایسوں کی تصدیق اور اتباع کو دوسرے کے اطمینان و یکسوئی خیالات و رفع خلجان و شبہات میں زیادہ اثر اور دخل ہوگا چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ عام عرب قریش کے ایمان کے منتظر تھے انہوں نے جو اطاعت اختیار کی جوق جوق اسلام میں داخل ہونے لگے جس کی طرف سورۂ اذا جاء میں بھی اشارہ ہوا ہے۔

ربط تحقیق ملت ابراہیمی وانحصارش در اتباع محمدی ﷺ: اوپر کی ان آیتوں میں ضمناً حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مذہبی طریقہ بھی معلوم ہو گیا کہ اسلام اور طاعت حق ہے جیسا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ میں منصوص ہے۔ اس مناسبت سے آیت آئندہ میں ان لوگوں کی غلط کاری بیان فرماتے ہیں جو باوجود دعویٰ اتباع ابراہیمی کے ان کے اس مذہبی طریقہ کو چھوڑے بیٹھے ہیں اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبعوث ہونے کے بعد آپ کا اتباع اختیار نہیں کرتے اور اس سے اس طریقہ کا چھوڑنا اس طرح لازم آیا کہ حاصل اس طریقہ کا یہ ہے کہ احکام الٰہیہ کی اطاعت کی جاوے۔ اب جس زمانہ کے لئے جو حکم ہو سو دلائل نقلیہ یعنی شہادت کتب سابقہ وصایاء انبیاء متقدمین اور دلائل عقلیہ براہنیہ جب سب متفق ہیں ثبوت رسالت محمدیہ پر تو اب حکم کی اطاعت یہی ہے کہ آپ کا اتباع اختیار کیا جاوے جب بعد قیام برہان و وضوح حق کے بھی اتباع اختیار نہ کیا ظاہر ہے کہ اس طریقہ کا ترک لازم آیا چنانچہ سبب نزول بھی اس آیت آئندہ کا ایسا ہی قصہ ہے جیسا لباب النقول میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن سلام نے جو کہ یہودی سے مسلمان ہوئے تھے اور بڑے عالم تھے اپنے دو بھتیجوں سے جن کا نام سلمہ اور مہاجر تھا یہ فرمایا کہ تم کو خوب معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے توراۃ میں فرمایا ہے کہ میں بنی اسمٰعیل سے ایک نبی برپا کرنے والا ہوں جن کا نام احمد ہوگا اور جو شخص آپ پر ایمان لاوے گا وہ راہ ہدایت پر ہوگا اور جو ایمان نہ لاوے گا وہ ملعون ہوگا یہ سن کر سلمہ نے تو اسلام قبول کر لیا اور مہاجر نے انکار کر دیا اس باب میں یہ آئندہ آیت نازل ہوئی سو اس اعتبار سے یہاں تک بھی سلسلہ قبائح یہود کے ذکر کا جاری ہے۔

غلط کاری تارک ملت ابراہیمی کہ در اسلام منحصر شدہ: وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ (الی قولہ تعالی) قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اور ملت ابراہیمی سے تو وہی روگردانی کرے گا جو اپنی ذات ہی سے احمق ہو اور (ایسی ملت کے تارک کو کیونکر احمق نہ کہا جاوے جس کی یہ شان ہو کہ اسی کی بدولت) ہم نے ان (ابراہیم علیہ السلام) کو عہدۂ رسالت کے لئے) دنیا میں منتخب کیا اور (اسی کی بدولت) وہ آخرت میں بڑے لائق لوگوں میں شمار کئے جاتے ہیں (جن کے لئے سب ہی کچھ ہے اور یہ انتخاب عہدۂ رسالت کے لئے اس وقت ہوا تھا جبکہ ان سے ان کے پروردگار نے (بطور الہام کے) فرمایا کہ تم (حق تعالیٰ کی) اطاعت اختیار کرو انہوں نے عرض کیا کہ میں نے اطاعت اختیار کی رب العالمین کی (پس اس اطاعت کے اختیار کرنے پر ہم نے ان کو شرف نبوت دے دیا خواہ اسی وقت ہو یا بعد چند ے)۔

ف: جواب اشکال عصیان در انبیاء قبل از اطاعت: اس سے کوئی یہ شبہ نہ کرے کہ جب اس وقت اطاعت اختیار کی تو نعوذ باللہ کیا اس سے پہلے مخالف اور عاصی تھے۔ جواب یہ ہے کہ حضرات انبیاء علیہم السلام پر مخالفت کا تو کسی وقت بھی احتمال نہیں البتہ ایک ایسا زمانہ گزرنا ان پر بھی ممکن ہے جس میں وہ خالی الذہن رہے ہوں مثلاً جس وقت تک ہوش نہ سنبھالا ہو یا دلائل کی طرف التفات نہ فرمایا ہو اور خلو ذہن کو مخالفت و عصیان کہنا سراسر باطل ہے مخالفت کہتے ہیں وضوح حقیقت کے بعد اس پر عمل نہ کرنے کو پھر جب ذہن میں حق کا ورود ہوتا ہے وہ خلو زائل ہو جاتا ہے اور وہ حضرات فوراً اس کو قبول کر لیتے ہیں اس ورود اور قبول کو اطاعت فرمایا گیا ہے پس وقت اطاعت سے قبل غایت ما فی الباب خلو ذہن لازم آیا اور اس میں کوئی اشکال نہیں عصیان و خلاف معاذ اللہ منہ لازم نہیں آیا خوب سمجھ لو۔

ربط جس ملت کا فضل و شرف اوپر مذکور ہوا ہے اسی کے فضل و شرف کی تاکید کے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام و حضرت یعقوب علیہ السلام کا اپنی اولاد کو اسی ملت کی وصیت فرمانا آیت آئندہ میں ارشاد فرماتے ہیں جس میں یہود کی خود ایک تقبیح بھی ہے کہ تم مثل ابراہیم علیہ السلام کے خود یعقوب علیہ السلام کے بھی خلاف کر رہے ہو۔

قصہ وصیت یعقوبیہ باسلام: وَ وَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ (الی قولہ تعالی) فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ۔ اور اسی (ملت موصوفہ پر قائم رہنے) کا حکم کر گئے ہیں ابراہیم علیہ السلام اپنے بیٹوں کو اور (اسی طرح) یعقوب علیہ السلام بھی (اپنے بیٹوں کو جس کا مضمون یہ تھا کہ) میرے بیٹو اللہ تعالیٰ نے اس دین (اسلام و اطاعت حق کو) تمہارے لئے منتخب فرمایا ہے۔ سو تم (دم مرگ تک اس کو مت چھوڑنا اور) بجز اسلام کے اور کسی حالت پر جان مت دینا۔

ربط اوپر ثابت کیا ہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے مثل حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اپنے بیٹوں کو اسلام پر قائم رہنے کی وصیت فرمائی تھی چونکہ یہود بلکہ نصاریٰ بھی ان دونوں حضرات کو اور ان کی وصیت کے موافق ان کی اولاد کو یہودی یا نصرانی بتلاتے تھے جیسا چند آیات کے بعد مذکور ہے اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى۔ اور یہ دعویٰ اس مضمون مذکور اخبار وصیت کے خلاف تھا اسلئے حق تعالیٰ آیت آئندہ میں اس کی نفی ایک خاص طرز سے فرماتے ہیں اور اس میں صرف یعقوب علیہ السلام کی تخصیص ذکر میں بایں وجہ کہ بنی اسرائیل ان کی خاص اولاد ہیں فرماتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ الخ اس میں اصل ہے اس کی جو کہ بعض مشائخ سے منقول ہے کہ اپنے بعد اپنے سلسلہ کے باقی رہنے کی تمنا کرتے

www.besturdubooks.net

ہیں۔ قولہ تعالیٰ وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ۔ اس میں اس قول کی اصل ہے من عرف نفسه فقد عرف ربه اور اس کی تقریر النکت الدقیقہ میں اخیر حدیث کی شرح میں مذکور ہے۔

مُلحقات الترجمۃ: لے قوله زیادہ مطیع کما فی البیضاوی المراد طلب الزیادة فی الاخلاص ۱۲۔ ۲ قوله حج وغیرہ زاد اللفظ الاخیر جمعا بین الاقوال المختلفة فی تفسیر المناسك ۱۲۔ ۳ قوله توجہ رکھئے فلا حاجة الى التاويل بتعليم الامة او لا حمل على التواضع ۱۲۔ ۴ قوله یہی دعا ہے اشار به الى كونه معطوفا على ماقبله من الدعاء۔ ۵ قوله کامل الانتظام کما فی البیضاوی المحکم لما یرید ۱۲۔ ۶ قوله وہی روگردانی الخ استفید من الحصر بالنفی والاستثناء ۱۲۔ ۷ قوله اپنی ذات ہی سے ماخذہ احد الوجهين فی البيضاوی سفه فی نفسه فنصب بنزع الخافض وثانی الوجهين انه متعد ای جعل نفسه مهانة ذليلة ورجحه فی الروح ۱۲۔ ۸ قوله کیونکر احمق نہ کہا جائے قال البیضاوی ولقد اصطفیناه حجة وبیان لذلك ۱۲۔ ۹ قوله لائق لوگوں میں اللیاقة ههنا لیست بمعنی الاستعداد بل تطلق فی لساننا بمعنی الاتصاف بالخير والكمالات بالفعل ولا يخفى ما فيه من التناسب اللغوی والاصطلاحی وافاد کلمة من ترجمته بقوله شمار کما فی روح المعانی انتظامه فی زمرة الصالحين ۱۲۔ ۱۰ قوله بطور الہام فلا يرد انه ان كان قبل النبوة فكيف الخطاب وان كان بعد النبوة فما معناه لان الاسلام يكون قبل النبوة بيقين ۱۲۔ ۱۱ قوله: خواہ اسی وقت لانه يحتمل الوجهين الخطاب به قبيل النبوة او قبلها بكثير كما فی الصبا مثلا ۱۲۔ ۱۲ قوله خلو ذہن لازم آیا فلا حاجة الى ارتكاب المجاز فی الكلام ولا دليل على امتناع حمله على الحقيقة ای احداث الاسلام بناء على عصمة الانبياء عليهم السلام كما قاله فی روح المعانی وجه عدم الاحتياج ان اللازم هو الخلو والذهول الذی لا ينافی العصمة والذی ينا فيها هو الكفر معاذ الله ولم يلزم فافهم ۱۲۔

اللُّغَات: القاعدة هی الاساس ورفعها البناء عليها فانه ينقلها عن هيئة الانخفاض الى هيئة الارتفاع ويحتمل ان يراد بها ساقات البناء فان كل ساق قاعدة ما يوضع فوقه ويرفعها بناء ها ۱۲ بیضاوی۔

الاصطفاء اتخاذ صفوة الشیٔ ای خالصه ۱۲ روح المعانی۔ قال البیضاوی التوصية هو التقدم الى الغير بفعل فيه صلاح وقربة واصلها الوصل يقال وصاه اذا وصله وفصاه اذا فصله كان الموصى يصل فعله بفعل الموصى قال المحشى سوء كان حالة الاحتضار او لا وسواء كان ذلك التقدم بالقول او الدلالة وان كان الشائع فی العرف استعمالها فی القول المخصوص حال الاحتضار ۱۲۔

البَلَاغَة: يرفع حكاية حال ماضية ۱۲ بیضاوی وفی الكشاف فان قلت هلا قيل قواعد البيت وای فرق بين العبارتين قلت فی ابهام القواعد وتبيينها بعد الابهام ما ليس فی اضافتها لما فی الايضاح بعد الابهام من تفخيم لشان المبين ۱۲۔ ولقد اصطفيناه الخ فی روح المعانی ايراد الجملة الاولى ماضوية لمضيها من قت الاخبار والثانية اسمية لعدم تقييدها بالزمان لان انتظامه فی زمرة صالحی اهل الآخرة امر مستمر فی الدارين لا انه يحدث فی الآخرة ۱۲ فلا تموتن معناه فلا يكن موتكم الا على حال كونكم ثابتين على الاسلام فالنهی فی الحقيقة عن كونهم على خلاف حال الاسلام اذا ماتوا كقولك لا تصل الا وانت خاشع فلا تنهاه عن الصلوٰة ولكن عن ترك الخشوع فی حال صلوته فان قلت فای نكتة ادخال حرف النهی على الصلوٰة وليس بمنهی عنها قلت النكتة فيه اظهار ان الصلوٰة التی لا خشوع فيها كلا صلوٰة فكانه قال انهاك عنها اذا لم تصلها على هذه الحالة وكذلك المعنى فی الآية ۱۲ كشاف۔

اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِيْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚۖ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝

www.besturdubooks.net

کیا تم خود (اس وقت) موجود تھے جس وقت یعقوب علیہ السلام کا آخری وقت آیا (اور) جس وقت انہوں نے اپنے بیٹوں سے پوچھا کہ تم لوگ میرے مرنے کے بعد کس چیز کی پرستش کروگے۔ انہوں نے (بالاتفاق) جواب دیا کہ ہم اس کی پرستش کریں گے جس کی آپ اور آپ کے بزرگ (حضرت) ابراہیم اور اسمٰعیل و اسحٰق پرستش کرتے آئے ہیں۔ یعنی وہی معبود جو وحدہ لاشریک ہے اور ہم اسی کی اطاعت پر قائم رہیں گے یہ (ان بزرگوں کی) ایک جماعت تھی جو گزر گئی ان کے کام ان کا کیا ہوا آئے گا اور تمہارا کام کیا ہوا آئے گا اور تم سے ان کے کئے ہوئے کی پوچھ بھی تو نہ ہوگی۔ اور یہ (یہودی و نصرانی) لوگ کہتے ہیں کہ تم لوگ یہودی ہو جاؤ یا نصرانی ہو جاؤ۔ تم بھی راہ پر پڑ جاؤ گے۔ آپ کہہ دیجئے کہ ہم تو ملت ابراہیم (یعنی اسلام) پر رہیں گے جس میں کجی کا نام نہیں اور ابراہیم (علیہ السلام) مشرک بھی نہ تھے۔ (مسلمانوں) کہہ دو کہ ہم ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور اس (حکم) پر جو ہمارے پاس بھیجا گیا ہے اور اس پر بھی جو حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور حضرت اسحٰق علیہ السلام اور حضرت یعقوب علیہ السلام اور اولاد یعقوب کی طرف بھیجا گیا اور (اس حکم و معجزہ پر بھی) جو حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیا گیا اور اس پر بھی جو کچھ اور انبیاء (علیہما السلام) کو دیا گیا ان کے پروردگار کی طرف سے اس کی کیفیت سے ہم ان (حضرات) میں سے کسی ایک میں بھی تفریق نہیں کرتے اور ہم تو اللہ تعالیٰ کے مطیع ہیں ۞

تفسیر: تاکید وصیت مذکورہ: اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ (الی قولہ تعالی) وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ - کیا (تم لوگ کسی معتبر صحیح نقل سے دعویٰ مذکورہ کرتے ہو یا) تم خود (اس وقت) موجود تھے جس وقت یعقوب علیہ السلام کا آخری وقت آیا (اور) جس وقت انہوں نے اپنے بیٹوں سے (تجدید معاہدہ کے لئے) پوچھا کہ تم لوگ (میرے مرنے کے) بعد کس چیز کی پرستش کروگے انہوں نے (بالاتفاق) جواب دیا کہ ہم اس (ذات پاک) کی پرستش کریں گے جس کی آپ اور آپ کے بزرگ (حضرت ابراہیم و اسماعیل و اسحاق علیہم السلام پرستش) کرتے آئے ہیں یعنی وہی معبود جو وحدہ لاشریک ہے اور ہم (احکام میں) اسی کی اطاعت پر (قائم) رہیں گے۔ **ف**: کسی امر منقول کے دعویٰ کی صحت دو ہی طریق سے ہوسکتی ہے یا نقل صحیح یا اپنا مشاہدہ یہاں دونوں مفقود تو دعویٰ محض بلا دلیل بلکہ خلاف دلیل عقلاً بھی نقلاً بھی دلیل عقلی کے خلاف تو اس واسطے کہ یہودیت نصرانیت حضرت موسیٰ علیہ السلام و حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وقت سے شروع ہوئیں اور یہ حضرات سابقین ان دونوں صاحبوں سے بزمانہ دراز متقدم ہیں جیسا آیت: يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ۔ میں یہی مضمون ہے اور دلیل نقلی کے خلاف اسلئے کہ اخبار صادق یعنی قرآن کے خلاف اور جو صادق کے خلاف ہو کاذب ہے چنانچہ آیت قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ۔ میں جو عنقریب آتی ہے یہی مضمون ہے۔

ف: جواب شبہ خصوص معنی اسلام یا عموم معنی یہودیت و نصرانیت: اگر کسی کو شبہ ہو کہ اسی طرح اسلام شروع ہوا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت سے اور آپ ان حضرات سے بہت بعد ہیں پھر اسلام ان حضرات کی ملت کب ہوسکتی ہے جواب اس کا او پر جو اسلام کے معنی اطاعت حق کے کہے گئے ہیں اس سے ظاہر ہے جس سے تمام انبیاء علیہم السلام کا ملت اسلام پر ہونا ثابت ہے بخلاف یہودیت یا نصرانیت کے کہ وہ خاص مذہب توراۃ یا مذہب انجیل کا نام ہے اور اگر اس کو کوئی لغۃً یا اصطلاحاً عام کہنے لگے جس سے مرادف اسلام کا ہو جاوے تو ہم مناقشہ نہیں کرتے لیکن یہ معنی عام اتباع محمدیؐ کے منافی نہ ہونگے پس اس دعویٰ سے ترک اتباع محمدی میں یہود و نصاریٰ کو کچھ نفع نہ ہوگا اور نہ محمدیوں کو وجوب اتباع محمدی کے دعویٰ میں کوئی ضرر ہوگا خوب سمجھ لو۔

ربط: او پر ان سب حضرات انبیاء ممدوحین کا ملت اسلام پر ہونا اور یہود و نصاریٰ کا بوجہ ترک اتباع محمدی اس ملت سے اعراض کرنا ثابت ہو چکا تو اس سے انکا عند اللہ غیر مقبول ہونا بھی لازم آ گیا مگر ان لوگوں کو پیغمبروں کی اولاد میں ہونے کا یا مذہباً ان سے نامزد ہونے کا زعم اور اس پر فخر تھا اور اس انتساب کو باوجود مخالفت طریقہ کے قالاً یا حالاً اپنی تجارت آخرت میں کافی سمجھتے تھے جیسا آیت: وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ [المائدة: ۱۸] کا یہی مدلول ہے اس لئے اس خیال کا غلط ہونا اور انتساب محض کا ناکافی ہونا آیت آئندہ میں ارشاد فرماتے ہیں۔

عدم کفایت انتساب بمقبولین در نجات: تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ (الی قولہ تعالی) وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ - یہ (ان بزرگوں کی) ایک جماعت تھی جو (اپنے زمانہ میں) گذر چکی ان کے کام ان کا کیا ہوا آوے گا اور تمہارے کام تمہارا کیا آوے گا اور تم سے ان کے کئے ہوئے کی پوچھ بھی تو نہ ہوگی (اور خالی تذکرہ بھی تو نہ ہوگا رہا اس سے تم کو نفع پہنچنا یہ تو بڑی دور ہے) **ف**: **تحقیق اعتبار نسب در آخرت یا در دنیا:** انتساب بالمقبولین کا نافع نہ ہونا اس شخص کے لئے ہے جو عقائد قطعیہ میں بھی ان مقبولین کا مخالف ہو گو طبعاً ان حضرات سے محبت بھی رکھتا ہو اور یہود و نصاریٰ ایسے ہی تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت جو عقائد قطعیہ سے ہے اور سب انبیاء اس کے مصدق تھے یہ لوگ اسی میں مخالف تھے اور جو شخص ایسے عقائد میں موافق و متبع ہو گو کسی امر جزئی میں عاصی بھی ہو ایسے شخص کو اس انتساب کا کسی درجہ میں نافع ہونا خواہ شفاعت سے یا محبت سے یا بنا بر معیت کے محض مشیت سے یہ نصوص صحیحہ سے ثابت ہے اور اسی انتساب کو نسب سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے خلاصہ یہ کہ یہ انتساب مؤمنین کو نافع ہوگا نہ کہ کفار کو اور نسب اس معنی کے اعتبار سے نافع ہے نہ کہ شرافت بالمعنی العرفی کے اعتبار سے خوب سمجھ لو، اب سب نصوص و دلائل متطابق و متوافق ہو گئے مثل آیت: وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ (الی قولہ تعالی) و آیت: فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَىِٕذٍ و آیت: اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ وحدیث شفاعت و حدیث: المرء مع من احب وحدیث: یا فاطمة انقذی نفسك من النار لا اغنی عنك من الله شیئا۔ رہا دنیا میں تفاوت انساب اپنے آثار

www.besturdubooks.net

کے اعتبار سے بلاشبہ متضمن مصالح کثیرہ مشاہدہ ہے لیکن اپنا تفاخر اور دوسرے کی تحقیر حرام ہے۔

ربط: اوپر ملت اسلام کا حق ہونا اور یہودیت ونصرانیت کا دورۂ نبوت محمدیہ میں موجب نجات نہ ہونا مذکور ہے آیت آئندہ میں یہودیت ونصرانیت کی طرف بلانے والوں کے قول کا جواب ارشاد ہے۔

جواب داعیان یہودیت ونصرانیت: وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا (الی قولہ تعالٰی) وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔ اور یہ (یہودی ونصرانی) لوگ (مسلمانوں سے) کہتے ہیں کہ تم لوگ یہودی ہو جاؤ (یہ تو یہود نے کہا تھا) یا نصرانی ہو جاؤ (یہ نصاریٰ نے کہا تھا) تم بھی راہ (حق) پر پڑ جاؤ گے (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (جواب میں) کہہ دیجئے کہ ہم تو (یہودی نصرانی کبھی نہ ہونگے بلکہ) ملت ابراہیم (یعنی اسلام) پر رہیں گے جس میں کجی کا نام نہیں (بخلاف یہودیت و نصرانیت کے جس میں علاوہ محرف ہونے کے اس کے منسوخ ہو چکنے کے سبب اب اس میں کجی آ گئی) اور ابراہیم علیہ السلام مشرک بھی نہ تھے۔ **ف**: اس اخیر کے جملہ سے یا تو یہ مقصود ہے کہ علاوہ منسوخ ہونے کے یہودیت ونصرانیت میں ایک خرابی یہ بھی ہے کہ اس میں شرک کی آمیزش ہوگئی جیسا آیت: وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ وَ قَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ [التوبۃ: ۳۰] وغیرہا سے مفہوم ہوتا ہے اور حضرت ابراہیمؑ موحد خالص تھے اس لئے بھی یہودیت ونصرانیت قابل اختیار کرنے کے نہیں رہی اس صورت میں یہ جملہ خود ایک مستقل دعوے کی دلیل ہو جاوے گا اور یا مشرکین عرب پر رد کرنا مقصود ہے جو کہ بعض اعمال ملت ابراہیمی مثل ختنہ وحج وغیرہ کی وجہ سے اپنے کو متبع ملت ابراہیمی کا سمجھتے تھے تو یہود ونصاریٰ کے ساتھ استطراداً ان پر بھی رد فرمایا کہ تم میں اور ان میں جب شرک وتوحید کا تفاوت ہے سو صرف بعض اعمال فرعیہ کی شرکت سے اتباع کا دعویٰ کب صحیح ہو سکتا ہے۔ **ف**: **دفع اشکال امر اتباع ملۃ ابراہیم علیہ السلام**: اور کوئی شخص یہ شبہ نہ کرے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو نبی مستقل صاحب شریعت مستقلہ ہیں پھر آپ کے ملت ابراہیمی پر ہونے کے کیا معنی۔ اور اس سے بڑھ کر بعض آیات میں جو آپ کو امر ہے اتباع ابراہیمؑ کا اس کے کیا معنی۔ جواب یہ ہے کہ ملت ابراہیمؑ کی تفسیر اوپر آ چکی ہے کہ اطاعت حق ہے جو کہ ملت مشترکہ ہے جمیع انبیاء علیہم السلام میں اور اطاعت حق کے خصوصیات ہر شریعت جدیدہ کے زمانہ میں بدلتے رہے حتیٰ کہ اب شریعت محمدیہ میں آ کر منحصر ہو گیا پس ملت ابراہیم ایک لقب ہے شریعت محمدیہ کا سو یہ کہنا کہ ہم ملت ابراہیم پر رہیں گے یا یہ کہنا کہ تم ملت ابراہیم کا اتباع کرو مرادف اور ہم معنی اس کا ہے کہ کہا جاوے کہ ہم شریعت محمدیہ پر رہیں گے اور تم شریعت محمدیہ کا اتباع کرو چنانچہ ایک آیت میں اسی توجیہ سے سب انبیاء کے اتباع کا حکم فرمایا **فبھدا ھم اقتدہ** پس کوئی اشکال نہ رہا۔ رہا یہ امر کہ جب ملت ابراہیم یعنی اسلام ملت مشترکہ بین الانبیاء ہے تو اس کو ملت موسیٰ علیہ السلام اور ملت عیسیٰ علیہ السلام سے بھی ملقب کر سکتے ہیں پھر اس لقب کی تخصیص کیوں کی گئی سو اس کی وجہ دو ہیں ایک یہ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یہود اور نصاریٰ اور مشرکین سب مانتے تھے سو دوسری تعبیر میں بعض کو وحشت ہوتی دوسرے یہ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وحضرت ابراہیم علیہ السلام کا بہت سے فروع عملیہ میں بھی ایک سا طریق ہے بخلاف اور شرائع کے کہ ان سے اصول وعقائد میں تو اتحاد ہے اور فروع میں اکثر تفاوت ہے خوب سمجھ لو۔

ربط: آگے اس ملت ابراہیمی کا خلاصہ بعنوان اقرب الی التسلیم ارشاد فرماتے ہیں۔

خلاصہ ملتِ ابراہیمؑ: قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ (الی قولہ تعالٰی) وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ۔ (مسلمانو یہود ونصاریٰ کے جواب میں جو تم نے اجمالاً کہا ہے کہ ہم ملت ابراہیم پر رہیں گے اس ملت کی تفصیل بیان کرنے کے لئے) کہہ دو کہ اس ملت پر رہنے کا حاصل یہ ہے کہ) ہم ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور اس (حکم) پر جو ہمارے پاس (بواسطہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے) بھیجا گیا اور اس (حکم) پر بھی جو حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحٰق علیہ السلام اور حضرت یعقوب علیہم السلام اور اولاد یعقوبؑ (میں جو نبی گذرے ہیں ان) کی طرف (بواسطہ وحی کے) بھیجا گیا اور اس (حکم اور معجزہ) پر بھی جو حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیا گیا اور اس پر بھی جو کچھ اور انبیاء علیہم السلام کو دیا گیا ان کے پروردگار کی طرف سے (سو ہم ان سب پر ایمان رکھتے ہیں اور ایمان بھی) اس کیفیت سے کہ ہم ان (حضرات) میں سے کسی ایک میں بھی (دوسرے سے ایمان لانے میں) تفریق نہیں کرتے (کہ کسی پر ایمان رکھیں کسی پر نہ رکھیں) اور ہم تو اللہ تعالیٰ کے مطیع ہیں (انہوں نے ہم کو یہ دین بتلایا ہم نے اختیار کر لیا پس یہ حاصل ہے اس ملت کا جس پر ہم قائم ہیں جس میں کسی کو اصلاً انکار وسرتابی کی گنجائش نہیں)۔ **ف**: حکم میں صحیفے اور کتابیں اور خالی وحی سب داخل ہیں سو ان حضرات میں سے بعض تو صاحب کتاب ہیں جیسے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وحضرت موسیٰ وحضرت عیسیٰ علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کچھ صحیفے ملے ہیں جیسا اس آیت میں ہے: صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ الخ [الاعلیٰ: ۱۹] حاصل مضمون یہ ہوا کہ دیکھو ہمارا دین کیسا انصاف اور حق کا ہے کہ سب انبیاء کو مانتے ہیں سب کی کتابوں کو سچا جانتے ہیں سب کے معجزات کو حق پہچانتے ہیں گو بوجہ منسوخ ہونے اکثر احکام کے دوسری مستقل شریعت محمدیہ پر عمل کرتے ہیں لیکن انکار وتکذیب کسی کی نہیں بخلاف یہودیت ونصرانیت کے کہ منسوخ ہونے کے علاوہ اب اس میں کسی کی تصدیق ہے کسی کی تکذیب اور اخیر جملہ میں پھر اس ملت کے عنوان لقبی (اسلام) کی طرف اشارہ کر دیا: وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ۔ سو ایسے حق اور انصاف کا دین تو ہمارے مخاطبین کو بھی قبول کر لینا چاہئے۔

ربط: یہاں تک دین حق کا ملت ابراہیمی میں منحصر ہونا ثابت ہو چکا آگے اس انحصار پر تفریع اور اس کے ساتھ فریق مخالف کے قبول حق نہ کرنے کی صورت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی فرمائی جاتی ہے۔

www.besturdubooks.net

مُلحقاتُ التَّرجمۃ: ۱؎ قوله بزرگ لان الآباء ههنا يعم العم لكون اسماعيل عليه السلام عما ليعقوب عليه السلام ۱۲۔ ۲؎ قوله پرستش کرتے آئے ہیں لان الا له في اللغة المعبود ۱۲۔ ۳؎ قوله قائم رہیں گے افاده الجملة الاسمية للدوام والثبات ۱۲۔ ۴؎ قوله رہیں گے لما في البيضاوى نكون ملة ابراهيم اى اهل ملته ۱۲۔ ۵؎ قوله کجی کا نام نہیں جمع فيه بين المعنيين المذكورين في روح المعاني اى مستقيما او مائلا عن الباطل الى الحق ۱۲۔ ۶؎ قوله جو نبی گزرے ہیں قد فسرت به للتحرز عن الاختلاف في نبوة بني يعقوب الصلبية ۱۲۔ ۷؎ قوله اس کیفیت سے اشرت به الى كونه حالا من آمنا ۱۲۔

اللُّغَات: في روح المعانى الامة تت بمعان والمراد بها ههنا الجماعة من ام بمعنى قصد ۱۲ ۔ الاسباط جمع سبط وهو الحافد بريد به حفدة يعقوب او ابناءه و ذراريهم فانهم حفدة ابراهيم واسحٰق ۱۲۔

الرِّوَایَات: في لباب النقول اخرج ابن ابى حاتم من طريق سعيد او عكرمة عن ابن عباس قال قال ابن صوريا للنبى ﷺ ما الهدى الا ما نحن عليه فاتبعنا يا محمد تهتدوا و قالت النصارٰى مثل ذلك فانزل الله فيهم ۱۲۔

النَّحْو: ام كنتم شهداء قال البيضاوى منقطعة او متصلة آه واخترت المتصلة و قدرت اتستندون الى النقل ام لابل الى المشاهدة ۱۲۔ بل ملة اى نكون ملة ابراهيم اى اهل ملته حنيفا حال من المضاف او المضاف اليه ۱۲ بيضاوى و يجوز مجيئ الحال من المضاف اليه عند صحة اقامته مقام المضاف كما ههنا فانه يصح ۱۲ كمالين۔

البَلَاغَة: الها واحدا فائدته التصريح بالتوحيد و نفى التوهم الناشي من تكرير المضاف الذى وقع لتعذر العطف على المجرور ۱۲ بيضاوى۔ في روح المعانى و تقديم المسند لقصر المسند اليه على المسند ولك ان تحمل الجملة الاولٰى على معنى لها ما كسبته لا يتخطاها الى غيرها والثانية على معنى ولكم ما كسبتموه لا ما كسبه غير كم فيختلف القصر ان لاقتضاء المقام ذلك ۱۲۔ اوتى موسٰى و عيسٰى افردهما بالذكر لان النزاع وقع فيهما احد لوقوعه في سياق النفى عام فساغ ان يضاف اليه بين ۱۲۔

فَإِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا هُمْ فِیْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾ صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِی اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ۗ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ۗ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۗ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۰﴾

سو اگر وہ بھی اسی طریق سے ایمان لے آئیں جس طریق سے تم (اہل اسلام) ایمان لائے ہو تب تو وہ بھی راہ حق پر لگ جائیں گے اور اگر وہ روگردانی کریں تو وہ لوگ تو (ہمیشہ سے) برسر مخالفت ہیں ہی تو (سمجھ لیجئے کہ) آپ کی طرف سے عنقریب نمٹ لیں گے۔ اللہ تعالیٰ سنتے ہیں اور جانتے ہیں۔ ہم (دین کی) اس حالت پر رہیں گے جس میں (ہم کو) اللہ تعالیٰ نے رنگ دیا ہے اور دوسرا کون ہے جس کے رنگ دینے کی حالت اللہ تعالیٰ سے خوب تر ہو اور (اسی لئے) ہم اسی کی غلامی اختیار کئے ہوئے ہیں آپ فرما دیجئے کہ کیا تم لوگ ہم سے (اب بھی) حجت کئے جاتے ہو حق تعالیٰ کے معاملہ میں حالانکہ وہ ہمارا اور تمہارا (سب کا) رب ہے اور ہم کو ہمارا کیا ہوا ملے گا اور تم کو تمہارا کیا ہوا ملے گا اور ہم نے صرف حق تعالیٰ کے لئے اپنے دین کو (شرک وغیرہ سے) خالص کر رکھا ہے یا کہے جاتے ہو کہ ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب اور اولاد یعقوب (میں جو انبیاء گزرے ہیں یہ سب حضرات) یہود یا نصاریٰ تھے۔ (اے محمد ﷺ) کہہ دیجئے کہ تم زیادہ واقف ہو یا حق تعالیٰ اور ایسے شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو ایسی شہادت کا اخفا کرے جو اس کے پاس من جانب اللہ پہنچی ہو اور اللہ تعالیٰ تمہارے کئے ہوئے سے بے خبر نہیں ہیں ۞

تفسیر: تفریع بر مضمونِ سابق: فَإِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا (الى قوله تعالى) وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔ (یعنی جب اوپر طریق اسلام میں دین حق کا منحصر ہونا ثابت ہو چکا) سو اگر وہ (یہود و نصاریٰ) بھی اسی طریق سے ایمان لے آویں جس طریق سے تم (اہل اسلام) ایمان لائے ہو تب تو وہ بھی راہِ (حق) پر لگ جاویں گے اور اگر وہ (اس سے) روگردانی کریں تو تم ان کی روگردانی سے کچھ تعجب ۱؎ نہ کرو کیونکہ) وہ لوگ تو (ہمیشہ ۲؎ سے) برسر مخالفت ہیں ہی (اور اگر ان

www.besturdubooks.net

کی مخالفت سے کچھ اندیشہ ہو) تو (سمجھ لیجئے کہ) آپ کی طرف سے عنقریب ہی نمٹ لیں گے ان سے اللہ تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ (تمہاری اور ان کی باتیں) سنتے ہیں (اور تمہارے اور ان کے برتاوے) جانتے ہیں (تمہاری فکر و غم کی کوئی ضرورت نہیں) **ف**: چنانچہ تھوڑے ہی دنوں میں یہود اور نصاریٰ اور بھی سب کفار کو مغلوب کر دیا جیسا تواریخ متواترہ میں بھی منقول ہے۔

ربط: اس دین حق کا لقب اوپر جو ملت ابراہیمؑ آیا ہے اس میں اضافت ایک نبی کی طرف ہے آگے اس کا مزید شرف ظاہر کرنے کو اس کی اضافت اللہ تعالیٰ کی طرف فرمائی جاتی ہے نیز اس میں توحید کا بھی زیادہ اہتمام ہے کہ دین کا حقیقی مضاف الیہ حق تعالیٰ ہی ہیں اور نبی کی طرف اضافۃ بملابستہ واسطہ تبلیغ ہونے کے ہے۔

مزید اظہار شرف اسلام: صِبْغَةَ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَّ نَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ۔ (اے مسلمانو کہہ دو کہ ہم نے جو اوپر تم لوگوں کے جواب میں کہا ہے کہ ہم ملت ابراہیمؑ پر رہیں گے اس کلام کی حقیقت یہ ہے کہ) ہم (دین کی) اس حالت پر رہیں گے جس میں (ہم کو) اللہ تعالیٰ نے رنگ دیا ہے (اور رنگ کی طرح ہمارے رگ و ریشہ میں بھر دیا ہے) اور (دوسرا) کون ہے جس کے رنگ دینے کی حالت) اللہ تعالیٰ کے رنگ دینے کی حالت سے خوبتر ہو (جب اور کوئی دوسرا ایسا نہیں تو ہم نے اور کسی کا دین بھی اختیار نہیں کیا) اور (اس لئے) ہم اسی کی غلامی اختیار کئے ہوئے ہیں۔

ربط: اوپر کی آیتوں میں یہود و نصاریٰ پر پورے طور پر حجت قائم ہو چکی پھر بھی وہ لوگ وہی دعویٰ بلا دلیل برابر کئے جاتے تھے کہ مسلمان باطل پر ہیں ان کو آخرت میں نجات نہ ہوگی اور ہم حق پر ہیں کیونکہ جس طریق پر ہم ہیں یہ سب انبیاء اسی پر تھے حق تعالیٰ نے پہلے ان دونوں امر کی تحقیق فرما دی ہے اب پھر دوسرے طرز پر جواب کی تعلیم ہوتی ہے۔

تعلیم جواب دعویٰ اہل کتاب: قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِی اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَ رَبُّكُمْ (الی قولہ تعالی) وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ۔ آپ (ان یہود و نصاریٰ سے) فرما دیجئے کہ کیا تم لوگ (اب بھی) ہم سے حجت کئے جاتے ہو حق تعالیٰ کے معاملہ میں (کہ وہ ہم کو قیامت میں نہ بخشیں گے) حالانکہ وہ ہمارا اور تمہارا (سب کا) رب (اور مالک) ہے سو ربوبیت میں تمہارے ساتھ کوئی خصوصیت نہیں جیسا تمہارے بعض دعووں سے اختصاص مفہوم ہوتا ہے مثل نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ) اور ہم کو ہمارا کیا ہوا ملے گا اور تم کو تمہارا کیا ہوا ملے گا (یہاں تک تو تمہارے نزدیک بھی مسلم ہے) اور (اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ) ہم نے صرف حق تعالیٰ (کی خوشنودی) کے لئے اپنے (دین) کو (شرک وغیرہ سے) خالص کر رکھا ہے (بخلاف تمہارے طریقہ موجودہ کے علاوہ منسوخ ہونے کے خود شرک سے بھی مخلوط ہے جیسا ان کے اقوال: عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ اور الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ سے ظاہر ہے اور اس میں ہم کو اللہ نے ترجیح دی ہے پھر ہم کو نجات نہ ہونے کے کیا معنی) یا (اب بھی اپنے حق پر ہونے کے ثابت کرنے کو یہی) کہے جاتے ہو کہ ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ اور اولادِ یعقوبؑ (میں جو انبیاء گذرے ہیں یہ سب حضرات) یہود یا نصاریٰ تھے (اور اس سے بواسطہ موافقت طریق کے اپنا حق پر ہونا ثابت کرتے ہو سو اس کے جواب میں) اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم (ایک اتنی مختصری بات ان سے) کہہ دیجئے کہ (اچھا یہ بتلاؤ کہ) تم زیادہ واقف ہو یا حق تعالیٰ (اور ظاہر ہے کہ خدا ہی زیادہ واقف ہے اور وہ ان انبیاء کا ملت اسلام پر ہونا ثابت کر چکے ہیں جیسا ابھی اوپر گذر چکا ہے) اور (جانتے وہ بھی ہیں مگر چھپاتے ہیں سو) ایسے شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو ایسی شہادت کا اخفاء کرے جو اس کے پاس من جانب اللہ پہنچی ہو اور (اے اہل کتاب) اللہ تعالیٰ تمہارے کئے ہوئے سے بے خبر نہیں ہیں (پس جب یہ حضرات یہود و نصاریٰ نہ تھے سو تم طریقہ دین میں ان کے موافق کب ہوئے پھر تمہارا حق پر ہونا بھی ثابت نہ ہوا۔ **ف**: اخبار اخلاص سے دعویٰ کمال کا مقصود نہیں بلکہ مناظرہ مذہبی میں اپنے طریق دین کا اظہار مقصود ہے جو کہ امر ضروری ہے۔

ربط: اوپر آیات: وَمَنْ يَّرْغَبُ سے اِلٰهًا وَّاحِدًا وَّ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ۔ اول تک جیسا ان حضرات انبیاء علیہم السلام کا ملت اسلام پر ہونا اور یہود و نصاریٰ کا اس ملت سے اعراض کرنا اور اس وجہ سے ان کا عند اللہ غیر مقبول ہونا بیان ہوا تھا اور اس کے بعد ان لوگوں کے اس فخر و زعم کا کہ ان مقبولین سے انتساب نجات آخرت کے لئے کافی ہے جواب دینے کے لئے آیۃ تلک امۃ ارشاد فرمائی گئی تھی وہی مضمون بوجہ اختلاف غرض کہ سابق میں ان کو ابتدائی جواب دینا مقصود تھا اور یہاں آخری جواب جیسا تقریر بالا سے واضح ہوا اس مقام پر بھی وارد ہوا ہے جس پر اسی فخر و زعم مذکور کا پھر موقع تھا اس لئے تاکید اور ان کے اس زعم میں غلط کاری کی تجدید کے لئے وہی آیۃ تِلْكَ اُمَّةٌ مکرر ارشاد فرماتے ہیں۔

تکرار مضمون عدم کفایت انتساب بمقبولین در نجاتِ آخرت: تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ یہ (ان بزرگوں کی) ایک جماعت تھی جو (اپنے زمانہ میں گزر گئی ان کے کام ان کا کیا ہوا آوے گا اور تمہارے کام تمہارا کیا ہوا آوے گا اور تم سے ان کے کئے ہوئے کی پوچھ بھی تو نہ ہوگی (اور جب خالی تذکرہ بھی نہ ہوگا تو اس سے تم کو کچھ نفع پہنچنا تو درکنار) **ف**: اس مضمون کے متعلق فائدہ پہلے مقام پر گذر چکا۔

ربط: احقر نے اوپر آیت: وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ کی وجہ ربط میں بیان کیا ہے کہ اعتراض تحویل قبلہ کا جواب چند اجزاء پر شامل ہے ان میں سے بعض اجزاء تو یہاں تک مع اپنے مضامین متعلقہ کے بیان ہوتے ہوئے آئے اور بعض اجزاء باقی ہیں ان میں سے ایک جزو ہے حاکمانہ جواب سو وہ آیت آئندہ: سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ میں مذکور ہوتا ہے

www.besturdubooks.net

اوراس جواب کی تمہید میں ان کے جاہلانہ اعتراض کی بھی تصریح فرمائی گئی ہے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱؎ قوله تعجب نه کرو اشارة الى حذف الجزاء ۱۲۔ ۲؎ قوله ہمیشہ سے افادہ الجملة الاسمية ۱۲۔ ۳؎ قوله اپنے دین کو اشارة الى تقديره بقوله تعالٰى مخلصين له الدين ۱۲۔ ۴؎ قوله فى ربطها مکرر ارشاد الخ اخترت كون الآية للتاكيد وذكروا فيها وجوها آخر ۱۲۔

اَلرِّوَایَات: فى روح المعانى روى البخارى عن البراء رضى الله تعالٰى عنه قال لما قدم رسول الله صلى الله عليه وسلم المدينة فصلى نحو بيت المقدس ستة عشر شهرا او سبعة عشر شهرا او كان رسول الله ﷺ يحب ان يتوجه الى الكعبة فانزل الله تعالٰى تعالٰى قد نرى تقلب وجهك فى السماء الى آخر الآية فقال السفهاء وهم اليهود ماولّٰهم عن قبلتم الى آخر الاية وفى رواية ابى اسحٰق وعبيد بن حميد وابى حاتم عنه زيادة فانزل الله تعالٰى سيقول السفهاء الخ ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَۃ: سيأتى فى بيان النحو مع الوجه ۱۲۔

اَللُّغَات: الشقاق قال البيضاوى هو المناواة والمخالفة فان كل واحد من المتخالفين فى شق غير شق الآخر ۱۲۔ ولّٰهم صرفهم واصله من الوالى وهو حصول الثانى بعد الاول من غير فصل ۱۲ روح المعانى ولا يخفى ما فى الترجمة من رعاية اصل الماخذ مع الفصاحة محاورة ولله الحمد ۱۲۔

اَلنَّحْو: فى روح المعانى فى الله فى دينه والهمزة للانكار قلت ويلزم من المحاجة فى الدين المحاجة فى امر النجاة۔ قلت ايضا ولم آخذ فى تفسير الآية بما اشتهر من كونهاجوابا لقولهم انك لو كنت نبيا لكنت منا لاصطفائنا بالنبوة الخ لان السيوطى حكم بعدم ثبوته كما فى روح المعانى ام تقولون ام اما متصلة معادلة للهمزة واما منقطعة مقدرة ببل والهمزة دالة على الاضراب والانتقال من توبيخ الى توبيخ وقرأ غير ابن عامر وحمزة والكسائى وحفص ام يقولون وام حينئذ منقطعة وحكى ابو جعفر عن بعض النحاة جواز الاتصال لانك اذا قلت اتقوم يازيد ام يقوم عمر وصح الاتصال الخ من الله قال البيضاوى من للابتداء كما فى قوله براء ة من الله ۱۲ فى روح المعانى عن القفال ان لفظ سيقول مراد منه الماضى وان الآية نزلت بعد تحويل القبلة قلت ويساعده الرواية التى اسوق كما سترى والسين لمجرد التاكيد و او ردت بتوفيقه تعالٰى فى ترجمته ما هو المستقبل لفظا والماضى معنا وللتاكيد زدت لفظ ضرور ۱۲۔

اَلنَّحْو اَلْبَلَاغَۃ: بمثل قال البيضاوى قيل الباء للآلة (وليست صلة للايمان) دون التعدية والمعنى ان تحروا الايمان بطريق يهدى الى الحق مثل طريقكم آه واخترت هذا الوجه فى الترجمة فلا حاجة الى القول بزيادة الباء او المثل وحقيقة هذا الوجه ان المؤمن به متوحد متفرد والايمان به متعدد لانه عرض يتعدد بتعدد المحال الذين هم المؤمنون فايمان زيد مثلا ليس عين ايمان عمرو بل مثله وكذا كيفية كل من الايمانين تتماثلان من غير اتحاد فافهم صبغة الله قال البيضاوى نصبها قيل على البدل من ملة ابراهيم آه قلت واخترت هذا الوجه كما دلت عليه الترجمة ۱۲ فى روح المعانى الصبغة بالكسر فعلة من صبغ وهى الحالة التى يقع عليها الصبغ عبر بها عن التطهير بالايمان بما ذكر على الوجه الذى فصل لانه ظهر اثره عليهم ظهور الصبغ على الصبوغ وتداخل فى قلوبهم تداخله فيه فصار حلية لهم فهناك استعارة تحقيقية تصريحية والقرينة الاضافة والجامع ما ذكر آه قلت وروعى هذا كله فى الترجمة ۱۲۔

تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۱﴾

سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِىْ كَانُوْا عَلَيْهَا ۭ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۭ يَهْدِىْ

مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۴۲﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ

عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ۭ وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِىْ كُنْتَ عَلَيْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ۭ

وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ۭ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ

لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۳﴾

www.besturdubooks.net

یہ (ان بزرگوں کی) ایک جماعت تھی جو گزر گئی۔ ان کے کام ان کا کیا ہوا آئے گا اور تمہارے کام تمہارا کیا ہوا آئے گا اور تم سے ان کے کئے ہوئے کی پوچھ بھی تو نہ ہوگی اب تو (یہ) بیوقوف لوگ ضرور کہیں گے کہ ان (مسلمانوں) کو ان کے (سابق سمت) قبلہ سے کہ بیت المقدس تھا جس طرف پہلے متوجہ ہوا کرتے تھے۔ کس (بات) نے بدل دیا۔ آپ فرمادیجئے کہ سب مشرق اور مغرب اللہ ہی کی ملک ہیں جس کو خدا ہی چاہیں (یہ) سیدھا طریق بتلا دیتے ہیں اور اسی طرح ہم نے تم کو ایسی ہی ایک جماعت بنادی ہے جو (ہر پہلو سے) نہایت اعتدال پر ہے تاکہ تم (مخالف) لوگوں کے مقابلہ میں گواہ ہو اور تمہارے لئے رسول اللہ گواہ ہوں اور جس سمت قبلہ پر آپ رہ چکے ہیں (یعنی بیت المقدس) وہ تو محض اسلئے تھا کہ ہم کو معلوم ہو جائے کہ کون رسول اللہ کا اتباع اختیار کرتا ہے اور کون پیچھے کو ہٹا جاتا ہے اور یہ قبلہ کا بدلنا (منحرف لوگوں پر) ہوا بڑا ثقیل (ہاں) مگر جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت فرمائی ہے اور اللہ تعالیٰ ایسے نہیں کہ تمہارے ایمان کو ضائع (اور ناقص) کردیں (اور) واقعی اللہ تعالیٰ تو (ایسے) لوگوں پر بہت ہی شفیق (اور) مہربان ہیں ۝

تفسیر: جواب حاکمانہ شبہ تحویل قبلہ: سَيَقُولُ السُّفَهَاءُ (الی قوله تعالی) يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ (جب کعبہ قبلہ نماز مقرر ہو کر یہود کا قبلہ متروک ہو گیا تو بوجہ ناگواری کے) اب تو (یہ) بے وقوف لوگ ضرور کہیں ہی گے کہ ان (مسلمانوں) کو ان کے (سابق سمت) قبلہ سے (کہ بیت المقدس تھا) جس طرف پہلے متوجہ ہوا کرتے تھے کس بات نے (دوسری سمت کی طرف) بدل دیا آپ (جواب میں) فرمادیجئے کہ سب (سمتیں خواہ) مشرق (ہو) اور (خواہ) مغرب (ہو) سب اللہ ہی کی ملک ہیں (خدا تعالیٰ کو مالکانہ اختیار ہے جس سمت کو چاہیں مقرر فرمادیں کسی کو منصب علت دریافت کرنے کا نہیں ہے اور سیدھا طریق احکام شرعیہ کے باب میں یہی اعتقاد ہے لیکن بعضوں کو اس راہ کا اختیار کرنے کی توفیق نہیں ہوتی خواہ مخواہ علتیں ڈھونڈتے پھرا کرتے ہیں البتہ) جس کو خدا ہی (اپنے فضل سے) چاہیں (یہ) سیدھا طریق بتلا دیتے ہیں۔ ف: جس امر کو اس مقام پر صراط مستقیم کہا گیا ہے فی الحقیقت سلامتی اور امن اسی طریق میں ہے اس وقت میں اکثر نو خیز طبائع نے اس صراط مستقیم کو چھوڑ دیا ہے اور احکام کی علل کی تفتیش میں لگ گئے ہیں جن میں بعض کی غرض تو نعوذ باللہ احکام شرعیہ کی توہین یا تکذیب اور اس پر اعتراض کرنا ہوتا ہے اور بعض کو اسی بہانہ سے اپنی جان عمل سے بچانا مقصود ہوتا ہے اور بعض کی گو غرض فاسد نہیں ہوتی لیکن فہم عالی اور دقیق و کافی نہ ہونے سے نتیجہ اس کا اکثر بددینی اور بداعتقادی ہوتا ہے اس مقام پر پھر وہ شعر دہراتا ہوں۔

زباں تازہ کردن باقرار تو ☆ نینگیختن علت از کار تو

واللہ الموفق۔ ربط: قبول احکام شرعیہ کے باب میں جس امر کو اوپر صراط مستقیم فرمایا گیا ہے چونکہ جماعت محمدیہ نے بے چون و چرا اس کو اختیار کرلیا اس لئے آیت آئندہ کے آغاز پر بطور جملہ معترضہ کے اس جماعت کی مدح اور فضیلت بیان فرماتے ہیں اور پھر مطلب اصلی کی طرف رجوع فرمائیں گے۔

مدح امت محمدیہ ﷺ: وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِّتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا اور (اے متبعان محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اسی طرح ہم نے تم کو ایسی ہی ایک جماعت بنادی ہے جو (ہر پہلو سے) نہایت اعتدال پر ہے تاکہ (دنیا میں شرف و امتیاز حاصل ہونے کے علاوہ آخرت میں بھی تمہارا بڑا اشرف ظاہر ہو کہ) تم (ایک بڑے مقدمہ میں جس میں ایک فریق حضرات انبیاء علیہم السلام ہوں گے اور فریق ثانی ان کی مخالف قومیں ہوں گی ان مخالف) لوگوں کے مقابلہ میں گواہ (تجویز) ہو اور (شرف بالائے شرف یہ ہو کہ) تمہارے (قابل شہادت اور معتبر ہونے کے) لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گواہ ہوں (اور اس شہادت سے تمہاری شہادت معتبر ہونے کی تصدیق ہو پھر تمہاری شہادت سے اس مقدمہ کا حضرات انبیاء علیہم السلام کے حق میں فیصلہ ہو اور مخالفین مجرم قرار پا کر سزایاب ہوں اور اس امر کا اعلیٰ درجہ کی عزت ہونا ظاہر ہے)

ف: حدیثوں میں اس کی یہی تفسیر آئی ہے کہ امم سابقہ کے کفار حق تعالیٰ سے کہہ دیں گے کہ ہم کو آپ کے احکام ہی کی اطلاع نہیں ہوئی انبیاء علیہم السلام دعویٰ کریں گے کہ ہم نے اطلاع دے دی تھی انبیاء سے گواہ طلب کئے جاویں گے وہ حضرات امت محمدیہ کو اپنا گواہ بتلادیں گے اس امت کو بلا کر پوچھا جاوے گا یہ انبیاء کے موافق گواہی دیں گے ان سے پوچھا جاویگا تم کو کیونکر واقفیت ہوئی یہ کہیں گے کہ ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے اس واقعہ کے ثبوت کے دلائل قطعیہ پہنچے ہم کو اس لئے واقفیت ہے پھر انسداد جرح مدعی علیہ کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بلا کر ان گواہوں کے معتبر ہونے کے متعلق سوال ہوگا آپ ان کے معتبر و قابل شہادت ہونے کی تصدیق فرمادیں گے اس پر اجلاس احکم الحاکمین سے فیصلہ کردیا جاوے گا اس روایت پر جو مثل تفسیر کا ہے بظاہر چند شبہے ہو سکتے ہیں اول یہ کہ امت محمدیہ انبیاء سے زائد معتبر نہیں ہیں پھر ان کے صدق کو ان کی شہادت سے ثابت کرنا کیا معنی۔ جواب یہ ہے کہ زیادہ معتبر تو وہی حضرات ہیں لیکن چونکہ اس مقدمہ میں فریق ہو گئے لہٰذا دوسرے گواہ درکار ہوں گے گو وہ ان سے ادنیٰ ہوں البتہ معتبر ہوں چنانچہ دنیا کی عدالتوں میں شب و روز یہی قصہ ہوتا ہے کہ اگر تحصیل دار جو خود بھی صاحب اجلاس ہوتا ہے کسی گستاخ مخالف چپراسی کا کسی مقدمہ میں فریق بن جاوے تو حاکم اعلیٰ کے اجلاس میں تحصیلدار سے گواہ طلب کئے جاویں گے گو وہ تحصیل دار سے ادنیٰ درجہ کے ہوں۔ دوسرا شبہ یہ کہ وہ لوگ امت محمدیہ کی شہادت پر بھی تو کہہ سکتے ہیں کہ جب ہم انبیاء کو نعوذ باللہ راست گو نہیں سمجھتے تو ان لوگوں کو کیوں راست گو سمجھیں گے۔ جواب یہ ہے کہ یہ امر بھی دنیوی عدالتوں کے معاملہ سے سمجھ میں آسکتا ہے کہ گواہوں پر ایسا اجمالی

www.besturdubooks.net

جرح کرنے کا مدعی علیہ کو اختیار حاصل نہیں مثلاً مثال مفروض میں وہ گستاخ چپراسی حاکم اعلیٰ سے یہ نہیں کہہ سکتا کہ جب میں تحصیل دار صاحب کو سچا نہیں سمجھتا تو انکے اس گواہ کو کیوں سچا مانوں گا بالخصوص اگر وہ گواہ بھی سرکاری ہو جیسا کہ اس روز امت محمدیہ اسی حیثیت سے گواہی میں پیش کئے جاویں گے۔ تیسرا شبہ یہ ہے کہ جب امت محمدیہ نے اس واقعہ کا معائنہ نہیں کیا تو اول تو یہ شہادت کیسے دینگے پھر وہ لوگ اسی بناء پر اچھا خاصہ جرح کر سکتے ہیں۔ جواب یہ ہے کہ مدار شہادت کا طریق صحیح مفید للیقین سے یقین حاصل ہو جاتا ہے چونکہ محسوسات غیر ثابت بالوحی میں وہ طریق منحصر ہے مشاہدہ میں لہٰذا مشاہدہ مدار ہے شہادت کا اور محل نزاع میں گو واقعہ محسوسات سے ہے لیکن غیر ثابت بالوحی ہونے کی وجہ سے بواسطہ طریق وحی کے اس کا یقین حاصل ہے جو اصلی مدار ہے شہادت کا لہٰذا گواہی برمحل ہے اور اس میں مجال جرح نہیں۔ جیسے کوئی ڈاکٹر کسی مردہ کو جس کے بدن پر کوئی ظاہری علامت زخم وغیرہ نہیں ہے دیکھ کر اپنی مہارت فن کے ذریعہ سے اظہار کر دے کہ یہ شخص مرض سے نہیں مرا بلکہ کسی ضرب شدید سے مرا ہے اور اس بناء پر قاتل کی تحقیقات کا سرکاری حکم ہو جاوے سو باوجود یکہ اس مقام پر گواہ ڈاکٹر کی بناء بر معائنہ واقعہ کے نہیں لیکن چونکہ قواعد صحیحہ کے ذریعہ سے ضرب شدید تشخیص کی گئی لہٰذا اسکا اعتبار کیا گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت کا فائدہ معلوم ہو ہی چکا ہے اسمیں کوئی سوال کی بات نہیں رہی۔ اور ہر پہلو سے معتدل جو کہا گیا اس کا مصداق اس حکم خاص تحویل قبلہ میں مثلاً یہ ہے کہ نہ ایسے عامی کہ اگر احکام کی حکمت بتلائی جاوے تب بھی نہ سمجھیں نہ ایسے فلسفی کہ اگر نہ بتلائی جاوے تو بدون اس کے طے کئے ہوئے حکم کو نہ مانیں چنانچہ یہاں حکمت نہیں بتلائی ویسے مان لیا آگے بعض حکمتیں بتلا دیں انکو جان لیا اور جو شخص ایسا معتدل الطبع ہوگا وہ ضرور اچھا ہوگا اس لئے دنیا و آخرت میں صاحب شرف ہوگا۔

رجوع بمطلب سابق بحث قبلہ: وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنْتَ عَلَيْهَا (الی قولہ تعالی) إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ ۝ (اور اصل میں تو شریعت محمدیہ کیلئے ہم نے کعبہ ہی کو قبلہ تجویز کر رکھا تھا) اور جس سمت قبلہ پر آپ (چند روز قائم) رہ چکے ہیں (یعنی بیت المقدس) وہ تو محض اس مصلحت کے لئے تھا کہ ہم کو (ظاہری طور پر بھی معلوم ہو جاوے کہ (اس کے مقرر ہونے سے یا بدلنے سے یہود اور غیر یہود میں سے) کون تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع اختیار کرتا ہے اور کون پیچھے کو ہٹتا جاتا ہے (اور نفرت اور مخالفت کرتا ہے اس امتحان کے لئے اس عارضی قبلہ کو مقرر کیا تھا پھر اصلی قبلہ سے اس کو منسوخ کر دیا) اور یہ قبلہ کا بدلنا (منحرف لوگوں پر) ہوا بڑا ثقیل (ہاں) مگر جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے (سیدھے طریق کی) ہدایت فرمائی ہے (جس کا بیان اوپر آ چکا ہے کہ احکام الٰہیہ کو بے چون و چرا قبول کر لینا ان کو کچھ بھی گراں نہیں ہوا جیسا پہلے اس کو خدا کا حکم سمجھتے تھے اب اس کو سمجھنے لگے) اور (ہم نے جو کہا ہے کہ بیت المقدس قبلہ غیر اصلی تھا اس سے کوئی شخص یہ وسوسہ نہ لاوے کہ بس تو جتنی نمازیں ادھر پڑھی ہیں ان میں ثواب بھی کم ملا ہوگا کیونکہ اصلی قبلہ کی طرف نہ تھیں سو اس وسوسہ کو دل میں نہ لانا کیونکہ) اللہ تعالیٰ ایسے نہیں ہیں کہ تمہارے ایمان (کے متعلق اعمال مثلاً نماز کے ثواب) کو ضائع اور (ناقص) کر دیں (اور) واقعی اللہ تعالیٰ تو (ایسے) لوگوں پر بہت ہی شفیق (اور) مہربان ہیں (تو ایسے شفیق مہربان پر یہ گمان کب ہو سکتا ہے کیونکہ کسی قبلہ کا اصلی یا غیر اصلی ہونا تو ہم ہی جانتے ہیں تم نے تو دونوں کو ہمارا حکم سمجھ کر قبول کیا اس لئے ثواب بھی کسی کا کم نہ ہوگا) **ف:** مفسرینؒ نے لکھا ہے کہ بیت المقدس کا قبلہ بننا بعض عرب پر گراں ہوا تھا کہ وہ کعبہ کو مانتے تھے اور اس کا منسوخ ہونا یہود پر گراں ہوا کہ وہ کعبہ کو نہ مانتے تھے حتیٰ کہ بعضے خام اعتقاد لوگ اسلام سے بھی پھر گئے تھے۔ تفسیر عجیب لنعلم: اور یہ جو کہا گیا کہ ظاہری طور پر وجہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ کو تو سب امور پہلے ہی سے حقیقۃً معلوم ہیں اور اہل حق اجمالاً اس کا اعتقاد بھی رکھتے ہیں لیکن قبل ظہور یا وقوع چونکہ بندوں کو خود اس واقعہ کا علم نہیں ہوتا اس لئے بالتعیین والتفصیل خاص طور پر یہ اعتقاد نہیں ہوتا کہ یہ واقعہ خاصہ علم الٰہی میں تھا اور بعد ظہور و وقوع یہ حکم بھی کر دیا جاتا ہے ظاہری طور پر علم ہونے سے یہ مراد ہے اور ایک تقریر اس کی یہ ہو سکتی ہے جو مظہری میں ہے شیخ ابو منصور کہتے ہیں کہ معنی آیت کے یہ ہیں کہ جس چیز کو ہم پہلے سے اس طرح جانتے تھے کہ وہ موجود کی جاویگی اس کو ہم موجود فی الحال جان لیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کو ازل میں جن چیزوں کو وہ موجود کرنا چاہتا ہے اس طرح تو علم ہے کہ اس کو فلاں وقت میں موجود کروں گا لیکن یہ کہنا صحیح نہیں کہ اس کو ازل میں ایسی چیزوں کا اس طرح علم تھا کہ وہ فی الحال موجود ہے کیونکہ جب وہ واقع میں موجود نہیں تو اس کو خلاف واقع موجود فی الحال کیسے جان سکتا ہے اور یہ تغیر معلوم میں ہوا ہے علم میں نہیں ہوا اھ اب اسمیں کوئی اشکال نہ رہا۔

ربط: حاکمانہ جواب دے کر اب حکیمانہ جواب شروع ہوتا ہے جس میں کئی حکمتوں کی طرف اشارہ ہے۔

الحواشی: (۱) تقریر احتمال ثانی کی یہ ہے کہ ہم نے بیت المقدس کو قبلہ اس لئے مقرر کیا تھا تا کہ مقرر ہونے کے بعد وہ بدلا جاوے اور اس کے بدلنے سے یہ معلوم ہو جاوے کہ کون متبع امر اور کون غیر متبع الخ فافہم ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ یہ حملا للام السفہاء علی العہد وفسرتہ بالیہود لروایۃ البخاری ۱۲۔ ۲ قولہ نہایت اعتدال افادہ کلمۃ الوسط فانہ بتحریك الوسط ساکن وبتسکین الواسط متحرك فافہم ۱۲۔ ۳ قولہ محض اس مصلحت ہذا الحصر اضافی لا حقیقی لان فیما شرعہ اللہ تعالٰی حکما لا تحصی لکن الزی یقرب من الافہام ویناسب ذکرہ للمقام ہو ہذا واعلم ایضا ان ہذہ الحکمۃ

www.besturdubooks.net

لیست للتحویل بل للجعل المنسوخ فلا ینافی دعونا فی تقریر الارتباط المتعلق بآیۃ واذ ابتلی من کون بیان حکمۃ التحویل مبتدیا من قولہ قد نری۱۲۔ ۴؎ قولہ ظاہری طور پر الخ محصل ھذا الوجہ ان المراد بالعلم ھھنا علم یعلم العباد بحصولہ لنا عینا وان کانوا یعلمون بحصولہ لنا اعتقادا کلیا ذلک ان تقرر ھذا الوجہ بما فی المظھری والتحقیق ما قال الشیخ ابو منصور الماتریدی رحمہ اللہ تعالٰی ان المعنی الا لنعلم کائنا موجودا ما قد علمنا انہ یکون ویوجد فاللہ سبحانہ عالم فی الازل بکل ما اراد وجودہ انہ یوجد فی الوقت الذی شاء وجودہ فیھا ولا یجوز ان یقال انہ عالم فی الازل بانہ موجود کائن فی الحال لانہ لیس بموجود فکیف یعلمہ موجودا کائنا علی خلاف الواقع والتغیر علی المعلوم لا علی العلم وان استقریت الوجوہ المذکورۃ فی ھذا لحکمت ان شاء اللہ تعالٰی بکونہ اقرب من سائرھا بای التقریرین اخذت واللہ اعلم۱۲۔ ۵؎ قولہ یہود اور غیر یہود میں سے الی قولہ اختیار کرتا ہے ماخذہ ما فی البیضاوی لما ھاجر امر بالصلوٰۃ الی الصخرۃ تالفا للیھود۱۲۔ ۶؎ قولہ ایمان کے متعلق اشارۃ الی ان فی الکلام مجازا بتسمیۃ الصلوٰۃ ایمانا للملابسۃ۱۲۔ ۷؎ قولہ مفسرین نے نقلہ فی الکبیر ولو اخذت الانقلاب عاما فی الارتداد والبقاء علی الکفر کما یفھم من الکبیر باعتبار ترکہ الذئل کانت الآیۃ عامۃ للمرتدین والثابتین علی الکفر لاسیما الیھود وکان من اجزاء المعنی باعتبار حال ھؤلاء ان ھذا الجعل انما کان لامتحان الیھود ایھم یؤمن بناءً علی الموافقۃ فی اعظم امور الدین فلما لم یوافقوہ لم یرج منھم قبول الاسلام وتبین امرھم فی العناد فحولناہ الی قبلۃ الاصلیۃ۱۲۔

الروایات: فی روح المعانی اخرج الامام احمد وغیرہ عن ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجیئی النبی یوم القیامۃ ومعہ الرجل والنبی ومعہ الرجلان واکثر من ذلک فیدعی قومہ فیقال لھم ھل بلغکم ھذا فیقولون لا فیقال ھل بلغت قومک فیقول نعم فیقال لہ من یشھدلک فیقول محمد وامتہ فیدعی محمد وامتہ فیقال لھم ھل بلغ ھذا قومہ فیقولون نعم فیقال وما علمکم فیقولون جاء نا نبینا صلی اللہ علیہ وسلم فاخبرنا ان الرسل قد بلغوا فذٰلک قولہ تعالٰی وکذلک جعلناکم امۃ وسطا وفی روایۃ فیؤتی بمحمد صلی اللہ علیہ وسلم فیسأل عن حال امتہ فیزکیھم ویشھد بعدالتھم وذلک قولہ عز و جل ویکون الرسول علیکم شھیدا واسند نحوہ فی فتح العزیز عن البخاری وغیرہ قلت ویتعین التفسیر بہ بعد ثبوت الروایۃ۱۲۔ فی لباب النقول عن ابن اسحق عن البراء قال رجال من المسلمین ودونا لو علمنا علم من مات منا قبل ان نصرف الی القبلۃ وکیف بصلاتنا قبل بیت المقدس فانزل اللہ وما کان اللہ لیضیع ایمانکم آہ ۱۲۔

النحو: وکذلک فی روح المعانی اعتراض بین کلامین وقعا خطابا لہ صلی اللہ علیہ وسلم استطراداً لمدح المؤمنین بوجہ آخر وقولہ کذلک کثیرا ما یقصد بھا تثبیت ما بعدھا وذلک لان وجہ الشبہ یکون کثیرا فی النوعیۃ والجنسیۃ کقولک ھذا الثوب کھذا الثوب فی کونہ خزا او بزا وھذا التشبیہ یستلزم وجود مثلہ وثبوتہ فی ضمن النوع فارید بہ علی طریق الکنایۃ مجرد الثبوت لما بعدہ ولما کانت الجملۃ تدل علی الثبوت کان معناھا موجودا بدونھا وھی مؤکدۃ لہ فکانت کالکلمۃ الزائدۃ وھذا معنی قولھم ان الکاف مقحمۃ لا انھا زائدۃ کما یوھمہ کلامھم آہ قلت فھو تحقیق عجیب ینشط منہ الاذھان ولو تاملت فی ترجمتی لوجدتھا مرعیا فیھا ھذا التحقیق والاخصر عندی ان یقال ان المشبہ بہ ھو الجعل الکلی والمشبہ ھو الجعل الجزئی لھذا الکلی تامل۔ اے کما ان جعلا کلیا فی ذھنک حصل ھذا الجعل مثل ذلک بحیث یصدق ذلک الکلی علی ھذا الجزئی کما یقال فی لساننا اب تو ایسا انظام کردیا ہے مکان قولہ یہ انتظام کردیا ہے علیکم فی روح المعانی وکلمۃ الاستعلاء لما فی الشھید من معنی الرقیب او لمشاکلۃ ما قبلہ واخرت صلۃ الشھادۃ او لا وقدمت آخرا لان المراد فی الاول اثبات شھادتھم علی الامم وفی الثانی اختصاصھم بکون الرسول شھیدا علیھم آہ۱۲۔

النحو مع التوجیہ : وما جعلنا القبلۃ فی روح المعانی احد الوجوہ ھی صخرۃ بیت المقدس والتی مفعول ثانی لجعل لاصفۃ القبلۃ والمفعول الثانی محذوف ای قبلۃ آہ فی الکشاف یعنی اصل امرک ان تستقبل الکعبۃ وان استقبالک بیت المقدس کان امرا عارضا لغرض وانما جعلنا القبلۃ الجھۃ التی کنت علیھا قبل وقتک ھذا وھی بیت المقدس لنمتحن الناس وننظر من یتبع الرسول منھم ومن لایتبعہ وینفر عنہ آہ ان کانت لکبیرۃ ھی ان المخففۃ التی تلزمھا اللام الفارقۃ والضمیر فی کانت لما دل علیہ قولہ وما

www.besturdubooks.net

جعلنا القبلة التی کنت علیها من الردة او التحویلة او الجعلة ویجوز ان یکون للقبلة قوله ممن ینقلب فی روح المعانی ومن هذه للفصل کالتی فی قوله تعالی والله یعلم المفسد من المصلح ۱۲۔

البلاغۃ: قدم رء وف علی رحیم لان الرأفة مبالغة فی رحمة خاصة وهی رفع المکروه وازالة الضرر والرحمة اعم منه ومن الافضال ودفع الضرر اهم من جلب النفع روح المعانی ۱۲۔ والکلام من باب الاستعارة التمثیلیة بجامع ان المنقلب یترك ما فی یدیه ویدبر عنه علی اسوء احوال الرجوع ۱۲۔

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۠ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۵﴾

وقف لازم

ہم آپ کے منہ کا (یہ) بار بار آسمان کی طرف اٹھنا دیکھ رہے ہیں۔ اس لئے ہم آپ کو اسی قبلہ کی طرف کی متوجہ کر دیں گے جس کے لئے آپ کی مرضی ہے (لو) پھر اپنا چہرہ (نماز میں) مسجد حرام (کعبہ) کی طرف کیا کیجئے اور تم سب لوگ جہاں کہیں بھی موجود ہو اپنے چہروں کو اسی (مسجد حرام) کی طرف کیا کرو اور یہ اہل کتاب بھی یقیناً جانتے ہیں کہ یہ (حکم) بالکل ٹھیک ہے (اور) وہ ان کے پروردگار ہی کی طرف سے (ہے) اور اللہ تعالیٰ ان کی کارروائیوں سے کچھ بے خبر نہیں ہیں اور اگر آپ (ان) اہل کتاب کے سامنے تمام (دنیا بھر کی) دلیلیں پیش کر دیں۔ جب بھی یہ (کبھی) آپ کے قبلہ کو قبول نہ کریں اور آپ بھی ان کے قبلہ کو قبول نہیں کر سکتے (پھر موافقت کیا کیا صورت) اور ان کا کوئی (فریق) بھی دوسرے (فریق) کے قبلہ کو قبول نہیں کرتا اور اگر آپ ان کے (ان) نفسانی خیالات کو اختیار کر لیں (اور وہ بھی) آپ کے پاس علم (وحی) آئے پیچھے تو یقیناً آپ (نعوذ باللہ) ظالموں میں شمار ہونے لگیں۞

تفسیر ربط: حکمت اول: قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ (الی قولہ تعالی) وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ (آپ جو دل سے کعبہ کے قبلہ ہونے کی خواہش رکھتے ہیں اور امید وحی میں بار بار آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر بھی دیکھتے ہیں کہ شاید فرشتہ حکم لے آوے (سو) ہم آپ کے منہ کا (یہ) بار بار آسمان کی طرف اٹھنا دیکھ رہے ہیں (اور چونکہ ہم کو آپ کی خوشی پوری کرنا منظور ہے) اس لئے ہم (وعدہ کرتے ہیں کہ) آپ کو اسی قبلہ کی طرف متوجہ کر دینگے جس کے لئے آپ کی مرضی ہے (لو) پھر (حکم ہی دیئے دیتے ہیں کہ) اب سے اپنا چہرہ (نماز میں) مسجد حرام (کعبہ) کی طرف کیا کیجئے اور (یہ حکم کچھ تخصیصی نہیں بلکہ قانون عام ہے کہ) تم سب لوگ (پیغمبر بھی امتی بھی) جہاں کہیں موجود ہو (خواہ مدینہ میں یا اور جگہ حتیٰ کہ خود بیت المقدس کے اندر بھی ہر جگہ نماز کے اندر) اپنے چہروں کو اسی (مسجد حرام) کی طرف کیا کرو اور (اس قبلہ کے مقرر ہونے کے متعلق) یہ اہل کتاب بھی (بالعموم اپنی کتابوں کی پیشین گوئی کی وجہ سے کہ نبی آخر الزمان کا قبلہ اس طرح ہوگا) یقیناً جانتے ہیں کہ یہ (حکم) بالکل ٹھیک ہے (اور) ان کے پروردگار ہی کی طرف سے (ہے مگر عناداً مانتے نہیں) اور اللہ تعالیٰ ان کی ان کارروائیوں سے کچھ بے خبر نہیں ہے۔ **ف**: اس آیت سے بیت المقدس کا منسوخ کرنا اور کعبہ کو مقرر کرنا منظور ہے اور باوجودیکہ یہ حکم اس میں موجود بھی ہے پھر بھی اس کے جزو اول میں وعدہ فرمایا گیا تاکہ وعدہ سن کر اول وعدہ کی خوشی ہو اور بعد انتظار کے ساتھ ایفاء ہونے سے پھر دوسری خوشی ہو تو دوگونہ مسرت ہووے اور یہ طرزِ مسرت انگیز اس مقام کے کہ اس میں ایک حکم کی بناء آپ کی رضا پر بیان کی گئی ہے زیادہ مناسب ہے۔ حاصل اس حکمت کا یہ ہوا کہ ہم کو آپ کی خوشی منظور تھی اور آپ کی خوشی کعبہ کے قبلہ مقرر ہونے میں دیکھی اسلئے اسی کو قبلہ مقرر کر دیا۔ رہا یہ کہ آپ کی خوشی اس میں کیوں تھی وجہ اسکی یہ معلوم ہوتی ہے کہ آپ کی علاماتِ نبوت میں سے ایک علامت یہ بھی تھی کہ آپ کے قبلہ کی یہ جہت ہوگی اللہ تعالیٰ نے آپ کے نورانی قلب میں اسی کے موافق خواہش پیدا کر دی۔ ربط: اوپر فرمایا ہے کہ وہ اہل کتاب اس قبلہ کا حق اور من جانب اللہ ہونا دل میں جانتے ہیں آگے ان کا عناداً نہ ماننا بیان فرمایا جاتا ہے۔

عناد اہل کتاب در باب حکم قبلہ: وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ (الی قولہ تعالی) اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ اور (باوجود ان لوگوں کے سب کچھ سمجھنے کے ان کی ضد کی یہ حالت ہے کہ) اگر آپ (ان) اہل کتاب کے سامنے تمام (دنیا بھر کی) دلیلیں (جمع کر کے) پیش کر دیں جب بھی یہ (کبھی) آپ کے قبلہ کو قبول نہ کریں اور (ان کی موافقت کی امید اس لئے نہ رکھنا چاہیے کہ آپ کا قبلہ بھی منسوخ ہونے والا نہیں اس لئے آپ بھی ان کے قبلہ کو قبول نہیں

www.besturdubooks.net

کرسکتے پس کوئی سورت موافقت کی باقی نہیں رہی (اور) جیسا ان اہل کتاب کو آپ سے ضد ہے ان میں باہم بھی موافقت نہیں کیونکہ) ان کا کوئی (فریق) بھی دوسرے (فریق) کے قبلہ کو قبول نہیں کرتا (مثلاً یہود نے بیت المقدس لے[۲] رکھا تھا اور نصاریٰ نے مشرق کی سمت کو قبلہ بنا رکھا تھا) اور (خدانخواستہ آپ تو کسی طرح ان کے قبلہ منسوخہ غیر مشروعہ کو لے ہی نہیں سکتے کیونکہ) اگر آپ ان کے (ان) نفسانی خیالات کو (گو وہ اصل میں حکم آسمانی رہے ہوں لیکن اب بوجہ منسوخ ہونے کے ان پر عمل کرنا محض نفسانی تعصب ہے سو اگر آپ ایسے خیالات کو) اختیار کرلیں (اور وہ بھی) آپ کے پاس علم (قطعی یعنی وحی) آئے پیچھے تو یقیناً آپ (نعوذ باللہ) ظالموں میں شمار ہونے لگیں (جو کہ تارکین حکم ہیں اور آپ کا ظالم ہونا بوجہ معصوم ہونے کے محال ہے اس لئے یہ امر کہ آپ ان کے خیالات کو کہ منجملہ ان کے ان کا قبلہ بھی ہے قبول کرلیں نیز محال ہے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا اس میں اصل ہے مقام مرادیت کی۔

الحواشی: (۱) مراد یہ ہے کہ من جملہ احکام شرعیہ کے ایک حکم اور یہ مراد نہیں کہ یہاں کوئی دوسرا حکم مذکور ہے۔۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ترجمه فاء فلنولینك اس لئے لافادة الفاء الترتیب۱۲۔ ۲ قوله یہ اہل کتاب اشارة الی کون الموصول للعهد وفیهم ورد قوله تعالٰی الأتی ماتبعوا قبلتك فلاینقض بایمان البعض منهم وزدت کلمة بالعموم بقرینة ماسیأتی من قوله وما بعضهم بتابع وهو یشتمل الیهود والنصاری۱۲۔ ۳ قوله لے رکھا تھا الی قوله بنا رکھا تھا یعنی ان هذا کان عملهم واختلفوا هل کان بنص عندهم او اجتهادا منهم۱۲۔

الروایات: فی روح المعانی اخرج النسائی عن ابی سعید بن المعلی قال کنا نغدوا فی المسجد فمررنا یوما ورسول الله صلی الله علیه وسلم قاعد علی المنبر فقلت حدث امر فجلست فقرأ رسول الله صلی الله علیه وسلم قد نری تقلب وجهك فی السماء الآیة فقلت لصاحبی تعال نرکع رکعتین قبل ان ینزل رسول الله صلی الله علیه وسلم فنکون اول من صلی فصلینا هما ثم نزل رسول الله صلی الله علیه وسلم فصلی للناس الظهر یومئذ فما اشتهر من نزولها فی الصلٰوة وتحوله علیه السلام فیها لا یعول علیه کما هو مصرح فی روح المعانی وغیره۔

اللغات: فلنولینك فلنمکننك من استقبالها من قولك ولیته کذا اذا جعلته والیا او فلنجعلنك تلی جهتها دون جهة بیت المقدس من ولیه دنامنه وولیته ایاه ادنیته منه والتولیة اذا کانت متعدیة بنفسها الی تمام المفعولین کانت مستعملة باحد المعنیین المتقدمین واذا کانت متعدیة الی واحد فمعناها الصرف اما عن الشئ او الی الشئ ۱۲ روح المعانی۔

النحو: ولئن اتیت الذین الخ عطف علی وان الذین وما الله بغافل عما یعملون اعتراض بین الکلامین۱۲ روح المعانی۔

البلاغۃ: فلنولینك وجاء هذا الوعد قبل الامر لفرح النفس بالاجابة ثم بانجاز الوعد فیتو الی السرور مرتین۱۲ روح المعانی۔ فی الکشاف فان قلت کیف قال وما انت بتابع قبلتهم ولهم قبلتان کلتا القبلتین مخالفة لقبلة الحق فکانتا بحکم الاتحاد فی البطلان قبلة واحدة۱۲۔

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴۶﴾
اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ ع وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اَيْنَ
مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۴۸﴾ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ
شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۹﴾ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ
فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ
عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ ۗ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ ۗ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ

www.besturdubooks.net

تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾

جن لوگوں کو ہم نے کتاب (توات وانجیل) دی ہے وہ لوگ رسول اللہ کو ایسا پہچانتے ہیں جیسا کہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں اور بعضے ان میں سے امر واقعی کو باوجودیکہ خوب جانتے ہیں (مگر) اخفا کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ امر واقعی من جانب اللہ ثابت ہو چکا ہے۔ سو ہرگز شک وشبہ لانے والوں میں شمار نہ ہونا اور ہر شخص (ذی مذہب) کے واسطے ایک ایک قبلہ رہا ہے جس کی طرف وہ (عبادت میں) منہ کرتا رہا ہے سو تم نیک کاموں میں تگاپو کرو تم خواہ کہیں ہوگے (لیکن) اللہ تعالیٰ تم سب کو حاضر کریں گے۔ بالیقین اللہ تعالیٰ ہر امر پر پوری قدرت رکھتے ہیں اور جس جگہ سے بھی (کہیں سفر میں) آپ باہر جائیں تو (بھی) اپنا چہرہ (نماز میں) مسجد حرام (یعنی کعبہ) کی طرف رکھا کیجئے اور (یہ حکم عام قبلہ کا) بالکل حق ہے (اور) منجانب اللہ (ہے) اور اللہ تعالیٰ تمہارے کئے ہوئے کاموں سے اصلاً بے خبر نہیں اور مکرر کہا جاتا ہے کہ آپ جس جگہ سے بھی (سفر میں) باہر جائیں اپنا چہرہ مسجد حرام کی طرف رکھیئے اور تم لوگ جہاں کہیں (موجود) ہوا اپنا چہرہ اسی کی طرف رکھا کرو تاکہ (ان مخالف) لوگوں کو تمہارے مقابلہ میں گفتگو (کی) مجال نہ رہے۔ مگر ان میں (جو بالکل ہی) بے انصاف ہیں تو ایسے لوگوں سے (اصلا) اندیشہ نہ کرو اور مجھ سے ڈرتے رہو اور تاکہ تم پر جو (کچھ) میرا انعام ہے اس کی تکمیل کر دوں اور تاکہ (دنیا میں) تم راہ (حق) پر رہو۔

تفسیر ربط: (اوپر اہل کتاب کا قبلہ مسلمین کو دل میں حق جاننے اور زبان سے نہ ماننے کا ذکر تھا آگے ان ہی اہل کتاب کا صاحب قبلہ یعنی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح دل میں حق جاننے اور زبان سے نہ ماننے کا مذکور ہے۔

عناد اہل کتاب در باب رسول اللہ ﷺ: اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ (الی قولہ تعالی) فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿﴾ جن لوگوں کو ہم نے کتاب (توریت وانجیل) دی ہے وہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو (بحیثیت رسالت بوجہ بشارات مندرجہ) ایسا (بے شک وشبہ) پہچانتے ہیں جس طرح اپنے بیٹوں کو (ان کی صورت سے) پہچانتے ہیں (کہ بیٹے کی صورت دیکھ کر کبھی شبہ نہیں ہوتا کہ یہ کون شخص ہے مگر پہچان کر بھی سب مسلمان نہیں ہوتے بلکہ بعض تو ایمان لے آئے) اور بعض ان میں سے (ایسے ہیں کہ اس) امر واقعی کو باوجودیکہ خوب جانتے ہیں (مگر) اخفاء کرتے ہیں (حالانکہ) یہ امر واقعی من جانب اللہ (ثابت ہو چکا) ہے سو (ایسے امر واقعی ثابت من اللہ میں ہر ہر فرد کو کہا جا سکتا ہے کہ) ہرگز شک وشبہ لانے والوں میں شمار نہ ہونا۔ **ف**: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہچاننے کو جو بیٹوں کے پہچاننے سے تشبیہ دی ہے اس میں ایک بنا پر اہل علم کو اور ایک بنا پر غیر اہل علم کو ایک شبہ ہو سکتا تھا۔ وہ یہ کہ بعض اوقات کسی وجہ سے بیٹے کے بیٹا ہونے میں شبہ ہو جاتا ہے چنانچہ واقعات اس پر شاہد ہیں چنانچہ حضرت عبداللہ بن سلامؓ نے جو پہلے بڑے علماء یہود سے تھے اور پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحابیت کا شرف حاصل کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ بیوی میں تو احتمال خیانت کا بھی ہے جس سے بیٹا ہونے میں شبہ ہو سکتا ہے اور آپ کی نبوت میں تو اتنا بھی شبہ نہیں اھ پس یہ تشبیہ امر یقینی کی امر محتمل مشتبہ کے ساتھ ہوئی جس سے مشبہ کا یقینی ہونا سست ہو گیا۔ احقر نے اس شبہ کے دفع کرنے کے واسطے بین القوسین اس قید کا (ان کی صورت سے) اضافہ کر دیا جس سے تقریر جواب کی ظاہر ہو گئی کہ تشبیہ میں بیٹے کا بیٹا ہونا ملحوظ نہیں بلکہ بیٹے کی صورت ملحوظ ہے سو چونکہ بیٹا گود میں پرورش پاتا ہے ہر وقت آدمی اس کو دیکھتا ہے اس لئے اس کی صورت میں عادۃً شبہ نہیں ہوتا کہ یہ فلاں لڑکا ہے یا فلاں لڑکا چنانچہ اثنائے تفسیر میں خود اس کی توضیح بھی کر دی گئی اور اسی نکتہ کی وجہ سے بیٹیوں کی معرفت سے تشبیہ نہیں دی کیونکہ عرفاً بیٹا زیادہ پیارا ہوتا ہے اس کو باپ اپنے ساتھ زیادہ رکھتا ہے اور اسی نکتہ سے یہ نہیں فرمایا کہ جیسا اپنی ذات کو جانتے ہیں کیونکہ انسان پر ایسا زمانہ تو گزرتا ہے جس میں اس کو اپنی معرفت حاصل نہیں ہوتی جیسا بالکل بے ہوشی کی عمر بخلاف اپنے بیٹے کے کہ وہاں اس کی نوبت نہیں آتی یہ سب روح المعانی میں ہے۔

حکمت دوم تحویل قبلہ: وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ (الی قولہ تعالی) وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿﴾ اور (دوسری حکمت تحویل قبلہ میں یہ ہے کہ عادۃ اللہ جاری ہے کہ) ہر (مذہب والے) شخص کے واسطے ایک ایک قبلہ رہا ہے جس کی طرف وہ (عبادت میں) منہ کرتا رہا ہے (چونکہ شریعت محمدیہ بھی ایک مستقل دین ہے اس کا قبلہ بھی ایک خاص ہو گیا جب حکمت سب پر ظاہر ہو چکی) سو (مسلمانوں) تم (اب اس بحث کو چھوڑ کر اپنے دین کے) نیک کاموں میں تگاپو کرو (کیونکہ ایک روز اپنے مالک سے سابقہ پڑنا ہے چنانچہ) تم خواہ کہیں ہوگے (لیکن) اللہ تعالیٰ تم سب کو (اپنے اجلاس میں) حاضر کر دینگے (اس وقت نیکیوں پر جزا اور اعمال بد پر سزا ہوگی) اور بالیقین اللہ تعالیٰ ہر امر پر پوری قدرت رکھتے ہیں اور (اس حکمت کا مقتضا بھی یہی ہے کہ جس طرح حضر میں کعبہ کی طرف رخ ہوتا ہے اسی طرح اگر مدینہ سے یا اور کہیں سے) جس جگہ سے بھی (کہیں سفر میں) آپ باہر جاویں تو (بھی) اپنا چہرہ (نماز میں) مسجد حرام (یعنی کعبہ) کی طرف رکھا کیجئے (غرض حضر وسفر سب حالتوں کا یہی قبلہ ہے) اور یہ (حکم عام قبلہ کا) بالکل حق (اور صحیح) ہے (اور) من جانب اللہ (ہے) اور اللہ تعالیٰ تمہارے کئے ہوئے کاموں سے اصلاً بے خبر نہیں۔

حکمت سوم تحویل قبلہ: وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ (الی قولہ تعالی) وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿﴾ اور (مکرر[۵] پھر کہا

www.besturdubooks.net

جاتا ہے کہ) آپ جس جگہ سے بھی (سفر میں) باہر جاویں (اور حضر میں تو بوجہ اس کے کہ تجویز قانون کے وقت آپ مقیم ہی تھے بدرجۂ اولیٰ) اپنا چہرہ (نماز میں) مسجد حرام (یعنی کعبہ) کی طرف رکھئے اور (اسی طرح اور سب مسلمان بھی سن لیں کہ) تم لوگ جہاں کہیں (موجود) ہو اپنا چہرہ (نماز میں) اسی (مسجد حرام) کی طرف رکھا کرو (اور یہ حکم اس لئے مقرر کیا جاتا ہے) تاکہ (ان مخالف) لوگوں کو تمہارے مقابلہ میں (اس) گفتگو (کی مجال) نہ رہے (کہ اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم وہی نبی موعود آخر الزماں ہوتے تو ان کی علامات میں تو یہ بھی ہے کہ ان کا اصلی قبلہ کعبہ ہوگا اور یہ تو بیت المقدس کی طرف نماز پڑھتے ہیں اس حکمت کے واسطے بھی ہم نے تحویل قبلہ کیا ہے ہاں) مگر ان میں جو (بالکل ہی) بے انصاف ہیں (وہ اب بھی کٹ حجتی نکال لیں گے کہ یہ کیسے نبی ہیں جو اتنے[۱] نبیوں کے خلاف کعبہ کی طرف نماز پڑھتے ہیں لیکن جب ایسے مہمل اعتراضوں سے دین حق کو کوئی ضرر نہیں پہنچ سکتا) تو ایسے لوگوں سے (اصلاً) اندیشہ نہ کرو (اور ان کے اعتراضوں کے جواب کی فکر میں مت پڑو) اور مجھ سے ڈرتے رہو (کہ میرے احکام کی مخالفت نہ ہونے پاوے کہ یہ مخالفت البتہ تم کو مضر ہے) اور (ہم نے ان سب احکام مذکورہ پر عمل کرنے کی توفیق[۷] بھی دی) تاکہ تم پر جو (کچھ) میرا انعام (اکرام متوجہ) ہے (تم کو آخرت میں داخل بہشت[۸] کر کے) اس کی تکمیل کر دوں اور[۹] تاکہ (دنیا میں) تم راہ (حق) پر (کہ اسلام ہے قائم رہنے والوں میں) رہو (جس پر وہ تکمیل نعمت مرتب ہوتی ہے) **ف**: چونکہ امر قبلہ نہایت مہتم بالشان تھا اور نیز اس میں مخالفین کا شغب بھی زیادہ تھا اور نیز اس کے بعض جزئیات خاصہ کی تعیین احکام میں تردد بھی ہو سکتا تھا اس لئے کئی کئی پہلوؤں سے بیان کیا اور حکمتیں بھی متعدد ارشاد ہوئیں اور حضر و سفر کیلئے عام عنوان حَيْثُ مَا كُنْتُمْ بھی لائے اور حکم حضر کی تخصیص کا اشارہ الگ کیا اور اس کے ساتھ سفر کے حکم کی الگ تصریح کی تاکہ حضر میں توجہ الی الکعبہ کے حکم سے وہم مقصودیت جہت جنوب کا جس طرف مدینہ سے کعبہ واقع ہے نہ پڑ جاوے اور سفر کا موقع زیادہ شبہ کا تھا کہ شاید راہ کا حکم جدا ہو منزل کا جدا ہو اس لئے اس کو مکرر لائے۔ اور عربی میں کلمہ من ابتداء کے لئے ہے جس کے مدلول سے واضح ہو گیا کہ شروع سفر سے یہی حکم ہے راہ اور منزل سب کا حکم معلوم ہو گیا پھر خطاب خاص الگ کیا اور خطاب عام الگ کیا حضر کے متعلق بھی اس خاص و عام کو لائے اور سفر کے متعلق بھی لائے اور آیہ قَدْ نَرٰى میں ایک بار اس کے حق ہونے کی تصریح فرمائی پھر رکوع کے ختم پر دوبارہ یہی تصریح کی پھر آیہ: وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ موقع اول میں سہ بارہ بھی تصریح فرمائی اور اس حکم کے قبول کرنے والوں کے باہدایت ہونے سے اس مضمون کو شروع بھی فرمایا: يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۤءُ اسی پر ختم بھی فرمایا وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ اور فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ اور لَا تَخْشَوْهُمْ میں مجادلہ و منازعت سے یکسو اور بے غم ہونے کی طرف اشارہ سے دلالت کر کے اس حکم کی غایت وضوح پر بھی دلالت فرمادی جیسا کہ تقریر تفسیر سے معلوم ہوا اور اس کے ضمن میں یہ تعلیم بھی ہوگئی کہ جب معترض کا عناد قرائن سے معلوم ہو جاوے پھر اس کا جواب دینا لاحاصل ہے اگر کسی طالب حق کو اعتراض سے شبہ ہو جاوے اس کی اصلاح ضرور کر دی جاوے۔

ربط: یہاں تک بحث قبلہ کی چلی آرہی ہے اب اس کو ایسے مضمون پر ختم فرمانا چاہتے ہیں جو اس بحث کی تمہید کے آغاز میں بضمن دعائے ابراہیم علیہ السلام بانی کعبہ کے مذکور ہوا تھا یعنی مبعوث ہونا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اولاد ابراہیمؑ میں سے ایک خاص شان کے ساتھ پس آغاز و انجام کے اتحاد میں اشارہ ہو گیا کہ کعبہ کا ان نبی کی شریعت میں قبلہ مقرر ہونا مقام تعجب نہیں کیونکہ کعبہ بنائے ابراہیمؑ ہے اور یہ نبی ابن ابراہیمؑ ہیں اور اس بناء کے قبول ہونے کی اور اس ابن کے رسول ہونیکی انہوں نے دعا بھی کی تھی ہم نے ان کی دونوں دعائیں منظور فرمائیں اور کعبہ کو اس نبی کی شرع مؤبد الی القیامہ میں قبلہ مقرر کر دیا جو کہ منجملہ آثار عظیمہ قبول بناء ہے اور اس اشارہ سے یہ اتحاد آغاز و انجام کا نہایت ہی مستحسن ہو گیا پس ارشاد ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ایسے لوگوں کو خطاب کرنا جو پہلے مہتدی ہیں اس پر دلیل ہے کہ ترقی کی کہیں انتہا نہیں۔ پس سیر الی اللہ کے بعد سیر فی اللہ ہے۔

الحواشی: (۱) بناء اول تو روایت ہے عبداللہ بن سلامؓ کی اور بنائے ثانی خود مظنون ہوتا ہے ابناء کی نبوت کا ۱۲ منہ۔ (۲) اس میں جواب ہے ایک سوال کا کہ ان آیات میں حضر کا حکم دائم مذکور نہیں جواب یہ ہے کہ چونکہ نزول حکم کے وقت آپ حضر میں تھے اس کا حکم بدرجۂ اولیٰ مفہوم ہو گیا اور اس جواب کی جب حاجت ہے جب کہ اول ول کو تولیت حال کے واسطے کہا جاوے اور جب اس کو استقبال کے واسطے بھی لیا جاوے جیسا کہ اس کے ترجمہ میں اس طرف اشارہ ہے تو پھر اس جواب کی حاجت نہیں ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ** بحث کو چھوڑ کر اخذته من روح المعاني۔ ۲ **قولہ** پوری قدرت افاده صيغة المبالغة ۱۲۔ ۳ **قولہ** حکم عام اشار الی عدم التكرار ۱۲۔ ۴ **قولہ** اصلاً افاده الباء في خبر ما ۱۲۔ ۵ **قولہ** مکرر اشارة الى حمله على التكرار للتاكيد للاعتناء بشان القبلة ۱۲۔ ۶ **قولہ** اتنے نبیوں کے قید بهذا لان بعض الانبياء كابراهيم عليه السلام كان قبلته الكعبة وهو يصلح جوابا لهذه الحجة الظلمية فانه عليه السلام اصل هؤلاء الانبياء الذين كان قبلتهم الصخرة ۱۲۔ ۷ **قولہ** توفیق بھی دی اشار الى تقدير عامل في لاتم اى ووفقكم لقبول الحق والعمل به لاتم ۱۲۔ ۸ **قولہ** بہشت لحديث معاذ بن جبل ان تمام النعمة دخول الجنة ذكره في روح المعاني من الادب المفرد

www.besturdubooks.net

للبخاری ۱۲۔ ۹ **قولہ** تا کہ دنیا میں ماخذہ تفسیر البیضاوی بارادتی اھتدائکم باستعارۃ لعل للارادۃ کما صرح بہ عبد الحکیم ۱۲۔

الرِّوَایَات: فی لباب النقول اخرج ابن جریر من طریق السدی باسانیدہ قال لما صرف النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو الکعبۃ بعد صلٰوتہ الی بیت المقدس قال المشرکون من اہل مکۃ تحیر علی محمد دینہ فتوجہ بقبلتہ الیکم وعلم انکم اھدی منہ سبیلا ویوشك ان یدخل فی دینکم فانزل اللہ لئلا یکون الناس علیکم حجۃ الا الذین ظلموا الآیۃ قلت ای فالمراد بالظالمین ھؤلاء وکان ھذا طعنا من المشرکین واما طعن الیھود من ھؤلاء الظالمین فمذکور فی التفسیر ۱۲۔

النَّحو: یعرفونہ الضمیر لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وان لم یسبق ذکرہ لدلالۃ الکلام علیہ والتشبیہ یشھد لہ ویؤیدہ قول عبداللہ بن سلام انا اعلم بہ منی والحق من ربك کلام مستانف والحق مبتدأ خبرہ من ربك واللام للعھد والمراد بالنھی عن الامتراء تحقیق الامر وانہ بحیث لایشك فیہ ناظر ۱۲ من البیضاوی۔ قلت واشرت الی ھذا کلہ فی تقریر التفسیر فافھم۔ ھو مولیھا قال البیضاوی احد المفعولین محذوف ای مولیھا وجھہ ۱۲ ومن حیث خرجت فی روح المعانی من ابتدائیۃ لان الخروج اصل لفعل ممتد وھو المشی ۱۲۔

البَلَاغَۃ: کما یعرفون ابناء ھم فی روح المعانی ھو تشبیہ للمعرفۃ العقلیۃ الحاصلۃ من مطالعۃ الکتب السماویۃ بالمعرفۃ الحسیۃ فی ان کلا منھما یتعذر الاشتباہ فیہ ۱۲۔

كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ
ع ۱۸ ۲ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿۱۵۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا
اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ۭ
بَلْ اَحْيَاۗءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ
وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ۭ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ
رٰجِعُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ اُولٰۗىِٕكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۣ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

جس طرح تم لوگوں میں ہم نے ایک عظیم الشان رسول کو بھیجا تم ہی میں سے ہماری آیات واحکام پڑھ پڑھ کر تم کو سناتے ہیں اور (جہالت سے) تمہاری صفائی کرتے رہتے ہیں اور تم کو کتاب (الٰہی) اور فہم کی باتیں بتلاتے رہتے ہیں اور تم کو ایسی (مفید) باتیں تعلیم کرتے رہتے ہیں جن کی تم کو خبر بھی نہ تھی۔ ان (نعمتوں) پر مجھ کو یاد کرو میں تم کو (عنایت سے) یاد رکھوں گا اور میری (نعمت کی) شکر گزاری کرو اور میری ناسپاسی مت کرو۔ اے ایمان والو! صبر اور نماز سے سہارا حاصل کرو بلاشبہ اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ رہتے ہیں اور نماز پڑھنے والوں کے ساتھ تو بدرجہ اُولیٰ اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کئے جاتے ہیں ان کی نسبت یوں بھی مت کہو کہ وہ (معمولی مردوں کی طرح) مردے ہیں بلکہ وہ تو (ایک ممتاز) حیات کے ساتھ زندہ ہیں لیکن تم (ان حواس سے اس حیات کا) ادراک نہیں کر سکتے اور (دیکھو) ہم تمہارا امتحان کریں گے کسی قدر خوف سے اور فاقہ سے اور مال اور جان اور پھلوں کی کمی سے اور آپ ایسے صابرین کو بشارت سنا دیجئے جن کی یہ عادت ہے کہ جب ان پر کوئی مصیبت پڑتی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم تو مع مال و اولاد حقیقتاً اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہیں اور ہم سب دنیا سے اللہ کے پاس جانے والے ہیں۔ ان لوگوں پر (جدا جدا) خاص خاص رحمتیں بھی ان کے پروردگار کی طرف سے ہوں گی اور (سب پر بالاشتراک) عام رحمت ہوگی اور یہی لوگ ہیں جن کی (حقیقت حال تک) رسائی ہوگئی۔ ۞

تفسیر ربط: اخبار بعثت محمدیہ ﷺ: **كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ** (الی قولہ تعالٰی) **وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ** ﴿۱۵۱﴾ (یعنی ہم نے کعبہ کو قبلہ مقرر کر کے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ایک دعا جو در باب مقبولیت بناء کعبہ تھی اس طرح قبول کی) جس طرح (ان کی دوسری دعا جو در باب بعثت محمدیہ کے تھی قبول کی کہ) تم لوگوں میں ہم نے ایک (عظیم الشان) رسول کو بھیجا (جو کہ) تم ہی میں سے (ہیں اور وہ) ہماری آیات (واحکام) پڑھ پڑھ کر تم کو سناتے ہیں اور (خیالات و رسوم جہالت سے) تمہاری صفائی کرتے رہتے ہیں اور تم کو کتاب الٰہی اور فہم کی باتیں بتلاتے رہتے ہیں اور تم کو ایسی مفید باتیں تعلیم کرتے رہتے ہیں جن کی تم کو خبر بھی نہ تھی (اور نہ کتب سابقہ یا عقل ان کے لئے کافی تھی اور اسی شان کے رسول کے مبعوث ہونے کی ابراہیم علیہ السلام کی دعاء تھی سو اس کا ظہور ہوگیا) **ف**: اس آیت کے اکثر الفاظ پہلی آیت میں ہیں وہاں تفسیر دیکھ لینا چاہئے۔ **ربط**: چونکہ اوپر کی آیات میں حق تعالیٰ کی بڑی بڑی

www.besturdubooks.net

نعمتوں کا مذکور تھا کعبہ کا قبلہ بنانا۔اس وجہ سے ابراہیم علیہ السلام کیساتھ خاص تعلق ہونا۔ملت میں ابراہیم علیہ السلام وجمیع انبیاء علیہم السلام کیساتھ موافقت ہونا۔تحویل قبلہ کے وقت طریق اطاعت پر ثابت رہنا۔ایسے رسول کی امت اور تابع ہونا اسلئے آیت آئندہ میں منعم کے ذکر اور انکی نعمت کے شکر کا حکم فرما کر آیات مذکورہ کے مضمون کی بوجہ احسن تکمیل اور تتمیم فرماتے ہیں۔

حکم ذکر وشکر: فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ۝ ان (مذکورہ نعمتوں پر مجھ کو (منعم ہونے کی حیثیت سے) یاد کرو میں تم کو (عنایت سے) یاد رکھوں گا اور میری (نعمت کی) شکر گذاری کرو اور (انکار نعمت یا ترک اطاعت سے) میری ناسپاسی مت کرو۔

ربط: تحویل قبلہ پر جو مخالفین کی طرف سے اعتراض تھا اس کے دو اثر تھے ایک مذہب اسلام پر کہ اعتراض سے مذہب کی حقانیت میں شبہ پیدا کیا جایا کرتا ہے اوپر کی آیتوں میں اس اعتراض کا جواب دے کر اس اثر کا دفع کرنا مقصود تھا دوسرا اثر طبائع اہل اسلام پر کہ اعتراض سے بالخصوص جواب دینے کے بعد بھی اس پر بے جا اصرار کرنے سے قلب میں رنج اور صدمہ پیدا ہوتا ہے آیت آئندہ میں تخفیف حزن کا طریقہ کہ صبر وصلوٰۃ ہے بتلا کر اس دوسرے اثر کو زائل فرماتے ہیں۔

تعلیم صبر وصلوٰۃ: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ اے ایمان والو (طبیعتوں میں سے غم ہلکا کرنے کے بارہ میں) صبر اور نماز سے سہارا (اور مدد) حاصل کرو بلاشبہ حق تعالیٰ (ہر طرح سے) صبر کرنے والوں کے ساتھ رہتے ہیں (اور نماز پڑھنے والوں کے ساتھ تو بدرجۂ اولیٰ)۔

ف: وجہ یہ کہ نماز سب سے بڑی عبادت ہے جب صبر میں یہ وعدہ ہے تو نماز جو اس سے بڑھ کر ہے اس میں تو بدرجۂ اولیٰ یہ بشارت ہوگی۔

اثر صبر وصلوٰۃ در تخفیف غم: اور صبر کو تخفیف حزن میں دخل اور اثر ہونا تو ظاہر اور مشاہد ہے رہا یہ کہ نماز کو اس میں کیا دخل ہے۔سو اول تو جیسے بعض ادویہ فاعل بالخاصہ ہوتی ہیں اور تجربہ سے اس خاصیت کا حکم کیا جاتا ہے اسی طرح سے اگر بعض اعمال بھی فاعل بالخاصہ ہوں تو اس میں تعجب کیا ہے چنانچہ نماز جو حضور قلب کے ساتھ ہو جس کے بدون نماز مثل دوائے کہنہ کے ہے اس میں جس کا جی چاہے اس خاصیت کا تجربہ کر کے دیکھ لے کہ مشاہدہ کے بعد سوال ہی کی گنجائش نہ رہے گی اور اگر مثل ادویہ فاعلہ بالکیفیۃ کے نماز میں اس اثر کی لم اور علت ہی تحقیق کرنے کا شوق ہو تو اس کی توجیہ بھی سمجھ میں آسکتی ہے کہ مدار تخفیف حزن کا قلب کو دوسری شئے کی طرف متوجہ کر دینے پر ہے اس سے بہت جی بہل جاتا ہے پس جب نماز میں حضور قلب کے ساتھ مشغولی ہوگی اس سے عبادت ومعبود کی طرف یکسوئی اور توجہ ہوگی اور اس عمل کی تکرار سے وہ واقعۂ غم انگیز متخیلہ سے غائب اور اس کا اثر ضعیف ہونا شروع ہوگا۔

ربط: اوپر ایک خاص ناگوار واقعہ میں صبر کی تعلیم اور صابرین کی فضیلت بیان فرمائی تھی آیات آئندہ میں اور بھی بعض واقعات خلاف طبع کی تفصیل اور اس میں صبر کی ترغیب اور فضیلت بیان فرماتے ہیں جن میں قتل وقتال مع الکفار کا مضمون مقدم فرماتے ہیں دو (۲) وجہ سے اول بوجہ اعظم ہونے کے کہ اعظم پر صبر کرنے والا اصغر پر بدرجۂ اولیٰ صبر کرے گا دوسرے خاص طور پر مناسب مقام ہونے کی وجہ سے کیونکہ معترضین مذکورین کے ساتھ یہ معاملہ پیش آتا تھا۔

فضیلت قتل فی سبیل اللہ: وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝ اور جو لوگ اللہ کی راہ میں (یعنی دین کے واسطے) قتل کئے جاتے ہیں ان (کی ایسی فضیلت ہے کہ ان) کی نسبت یوں بھی مت کہو کہ وہ (معمولی مردوں کی طرح) مردے ہیں بلکہ وہ لوگ (ایک ممتاز حیات کے ساتھ) زندہ ہیں لیکن تم (ان) حواس سے) اس حیات کا) ادراک نہیں کر سکتے۔ **ف**: ایسے مقتول کو شہید کہتے ہیں اور اس کی نسبت گو یہ کہنا کہ وہ مر گیا صحیح اور جائز ہے لیکن اس کی موت کو دوسرے مردوں کی سی موت سمجھنے کی ممانعت کی گئی ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ بعد مرنے کے گو برزخی حیات ہر شخص کی روح کو حاصل ہے اور اسی سے جزا وسزا کا ادراک ہوتا ہے لیکن شہید کو اس حیات میں اور مردوں سے ایک گونہ امتیاز ہے اور وہ امتیاز یہ ہے کہ اس کی یہ حیات آثار میں اوروں سے قوی ہے جس طرح انملہ یعنی سر انگشت میں ذکاء حس کہ آثار حیات سے ہے بہ نسبت عقب یعنی پاشنہ کے طباً وحساً قوی ہے حتیٰ کہ شہید کی اس حیات کی قوت کا ایک اثر برخلاف معمولی مردوں کے اس کے جسد ظاہری تک بھی پہنچا ہے کہ اس کا جسد باوجود مجموعہ گوشت وپوست ہونے کے خاک سے متاثر نہیں ہوتا اور مثل جسد زندہ کے صحیح سالم رہتا ہے جیسا کہ احادیث اور مشاہدات شاہد ہیں۔پس اس امتیاز کی وجہ سے شہداء کو احیاء کہا گیا اور ان کو دوسرے اموات کے برابر اموات کہنے کی ممانعت کی گئی اور یہی حیات ہے جس میں حضرات انبیاء علیہم السلام شہداء سے بھی زیادہ امتیاز اور قوت رکھتے ہیں حتیٰ کہ بعد موت ظاہری کے سلامت جسد کے ساتھ ایک اثر اس حیات کا اس عالم کے احکام میں یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ مثل ازواج احیاء کے ان کی ازواج سے کسی کو نکاح جائز نہیں ہوتا اور ان کا مال میراث میں تقسیم نہیں ہوتا پس اس حیات میں سب سے قوی تر انبیاء علیہم السلام ہیں پھر شہداء پھر اور معمولی مردے البتہ بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض اولیاء وصالحین بھی اس فضیلت میں شہداء کے شریک ہیں سو مجاہدہ نفس میں مرنے کو بھی معنی شہادت میں داخل سمجھیں گے اس طور پر وہ بھی شہداء ہوئے یا یوں کہا جاوے کہ تخصیص شہداء کی عام مردوں کے اعتبار سے اضافی ہے ان خواص کے اعتبار سے حقیقی نہیں اور اگر کسی شخص نے کسی شہید کی

www.besturdubooks.net

لاش کو خاک خوردہ پایا ہو تو سمجھ لے کہ ممکن ہے اس کی نیت خالص نہ ہو جس پر مدار ہے قتل کی شہادت ہونے اور صرف قتل شہادت نہیں ہے اور اگر فرضاً ایسا شہید خاک خوردہ پایا جاوے جس کا قتل فی سبیل اللہ اور اس کا جامع شرائط شہادت ہونا دلیل قطعی تواتر وغیرہ سے ثابت ہو (جس کا شبہ صاحب روح المعانی کو ہو گیا ہے) تو اس کی وجہ میں کہا جاوے گا کہ حدیث میں حرمت جسد شہید علی الارض وارد ہے غیر ارض سے غیر متاثر ہونا وارد نہیں چنانچہ دوسرے اجسام مرکبہ مثل اسلحہ و ادویہ اغذیہ و اخلاط و اجسام بسیطہ مثل آب و آتش و باد کی تاثیر انبیاء علیہم السلام کے اجساد میں ثابت ہے اور شہداء کی حیات بعد الممات انبیاء کی حیات قبل الممات سے قوی نہیں اور شہداء بعض حصہ ارض میں بعض اجزائے غیر ارضیہ بھی شامل ہو جاتے ہیں جس طرح دوسرے عناصر میں بھی مخالف عناصر شامل ہو جاتے ہیں سو اگر ان اجزاء غیر ارضیہ سے ان کے اجساد متاثر ہو جاویں تو اس سے ان احادیث پر اشکال نہیں ہوتا جن میں حرمت اجساد علی الارض وارد ہے اور ایک جواب یہ ہے کہ امتیاز اجساد شہداء کے لئے یہ بھی کافی ہے کہ دوسرے اموات سے زیادہ مدت تک ان کے اجساد خاک سے متاثر نہ ہوں گو کسی وقت میں ہو جاویں اور احادیث سے یہی امر مقصود کہا جاوے کہ ان کی محفوظیت اجساد کی خارق عادت ہے اور خرق عادت کی دونوں صورتیں ہیں۔ حفظ مؤبد اور حفظ طویل۔ اور چونکہ برزخ حواس سے مدرک نہیں ہوتا اس لئے لَا تَشْعُرُوْنَ فرمایا گیا۔

ربط: مواقع صبر میں سے بڑے واقعہ کو بیان کر کے اس سے چھوٹے واقعات کا آگے بیان فرماتے ہیں جس سے یہ بھی معلوم ہو جاوے گا کہ ہمارے دربار میں صبر کی اعلیٰ قسم کی طرح اس سے ادنیٰ قسم کی بھی قدر ہے۔

فضیلت صبر و بعضے از مواقع آں: وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَیْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ (الی قولہ تعالی) وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ۝ اور (دیکھو) ہم (صفت رضا و تسلیم میں جو کہ مقتضا ایمان کا ہے) تمہارا امتحان کریں گے کسی قدر خوف سے (جو کہ ہجوم مخالفین یا نزول حوادث و شدائد سے پیش آوے) اور (کسی قدر فقر و فاقہ سے اور (کسی قدر) مال اور جان اور پھلوں کی کمی سے (مثلاً مواشی مر گئے یا کوئی ادمی مر گیا یا بیمار ہو گیا یا پھل اور کھیتی کی پیداوار تلف ہو گئی پس تم صبر کرنا) اور (جو لوگ ان امتحانوں میں پورے اتر آویں اور مستقل رہیں تو) آپ ایسے صابرین کو بشارت سنا دیجئے (جن کی یہ عادت ہے) کہ ان پر جب کوئی مصیبت پڑتی ہے تو وہ (دل سے سمجھ کر یوں) کہتے ہیں کہ ہم تو (مع مال و اولاد حقیقۃً) اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہیں (اور مالک حقیقی کو اپنی ملک میں ہر طرح کے تصرف کا اختیار حاصل ہے اس سے مملوک کو تنگ ہونا کیا معنی) اور ہم سب (دنیا سے) اللہ تعالیٰ ہی کے پاس جانے والے ہیں (سو یہاں کے نقصانوں کو بدلہ وہاں جا کر مل رہے گا اور جو مضمون بشارت کا ان کو سنایا جاوے گا وہ یہ ہے کہ) ان لوگوں پر (جدا جدا) خاص خاص رحمتیں بھی ان کے پروردگار کی طرف سے (مبذول) ہوں گی اور (سب پر بالاشتراک) عام رحمت بھی ہوگی اور یہی لوگ ہیں جن کی (حقیقت حال تک) رسائی ہو گئی (کہ حق تعالیٰ کو مالک اور نقصان کا تدارک کر دینے والا سمجھ گئے)۔ **ف**: اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو بندوں کا امتحان ہوتا ہے اس کی حقیقت آیت: وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ کی تفسیر میں گذر چکی ہے اور قبل وقوع واقعات خبر دیدینے میں یہ فائدہ ہوا کہ صبر آسان ہو جاتا ہے ورنہ دفعۃً کوئی صدمہ پڑنے سے زیادہ پریشانی ہوتی ہے اور یہ خطاب ساری امت کو ہے تو سب کو سمجھ لینا چاہئے کہ دنیا دار المحن ہے یہاں کے حوادث کو عجیب اور بعید نہ سمجھا جاوے تو بے صبری نہ ہوگی اور چونکہ یہ لوگ نفس عمل صبر میں سب مشترک ہیں اس لئے اس کا صلہ مشترکہ تو عام رحمت ہے جو نفس صبر پر موعود ہے اور چونکہ مقدار اور شان اور خصوصیت ہر صابر کے صبر کی جدا ہے اس لئے ان خصوصیات کا صلہ جدا جدا خاص عنایتوں سے ہوگا جو ان خصوصیات پر موعود ہیں جیسے دنیا میں مواقع انعام پر دعوتِ طعام تو عام ہوتی ہے پھر روپے جوڑے ہر ایک کو علی قدر الحیثیت والخدمت دیئے جاتے ہیں اور جو مضمون صابرین کی طرف سے نقل فرمایا ہے حقیقت میں مقصود اس کی تعلیم ہے اور یہ مضمون علاوہ مثمر ثواب ہونے کے اگر دل سے سمجھا جاوے تسکین قلب میں بھی نہایت قوی الاثر ہے۔

ربط: آیات متقدمہ میں وَاِذِ ابْتَلٰٓى سے دور تک خانہ کعبہ کا مفصل مذکور ہوا ہے جن کے اول میں خانہ کعبہ کے معبد ہونے کا بیان تھا اور اس سے آگے دعائے ابراہیمی کی حکایت تھی کہ انہوں نے اس کے متعلق تعلیم مناسک کی درخواست کی تھی اور مناسک میں حج وعمرہ بھی داخل ہے پس بیت اللہ کا معبد ہونا جیسے اس کے قبلہ نماز بننے سے ہے ایسے ہی اس کے مقصد حج وعمرہ ہونے سے بھی پس جب آیات متقدمہ کے آخر میں جو ابھی گذری ہیں اس کے قبلہ ہونے کی بحث مذکور ہوئی اور اسی سلسلہ میں فضائل صابرین کے بیان کر دیئے گئے اب آیت آئندہ میں اس کے مقصد حج وعمرہ بننے کے متعلق ایک مضمون کا بیان ہے وہ یہ کہ صفا و مروہ دو پہاڑیاں مکہ میں ہیں حج وعمرہ میں کعبہ کا طواف کر کے ان کے درمیان میں بھی دوڑتے چلتے ہیں جس کو سعی کہتے ہیں چونکہ زمانۂ جاہلیت میں بھی یہ سعی ہوتی تھی اس لئے بعض مسلمانوں کو شبہ پڑ گیا کہ شاید یہ افعال جاہلیت سے ہو اور موجب گناہ ہو اور بعض جاہلیت میں ہی گناہ سمجھتے تھے ان کو یہ شبہ ہوا کہ شاید اسلام میں بھی گناہ ہو اللہ تعالیٰ کو یہ شبہ دفع فرمانا مقصود ہے پس مضمون سابق کعبہ کے قبلہ نماز ہونے پر اعتراض کفار کا دفع کرنا تھا اور مضمون لاحق کعبہ کے مقصد حج وعمرہ ہونے کے ایک متعلق امر یعنی صفا و مروہ کی سعی پر شبہ مؤمنین کا ازالہ فرمانا ہے یہ وجہ دونوں مضمونوں میں ربط کی ہے۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَيُعَلِّمُكُم مَّا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ﴿﴾ یہ اس پر دال ہے کہ کتاب وحکمت کی تعلیم کے بعد تعلیم کی ایک اور قسم بھی ہے اور وہ صحبت پر موقوف ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ۔ یہ ذکر اللہ کا اصلی ثمرہ ہے کہ اگر اس کو متحضر رکھا جاوے تو کبھی تشویش نہ ہو۔ قولہ تعالیٰ: وَلَنَبْلُوَنَّكُم بِشَيْءٍ الخ اس میں دلالت ہے کہ مجاہدہ اضطراریہ بھی نافع ہوتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ﴿﴾ یہ تمام مصائب کا علاج ہے ان میں سے قبض بھی ہے۔

الحواشی: (۱) گو یہ ترکیب کسی تفسیر میں نہیں دیکھی لیکن اول تو اس مقام کے لکھنے تک میرے پاس زیادہ تفاسیر نہ تھیں بعد میں جمع ہوئیں چنانچہ میں نے اسی جلد کے ٹائیٹل میں اس کو ظاہر بھی کر دیا ہے ممکن ہے کہ اس وقت اگر تفاسیر متعددہ ہوتیں تو کچھ اور رائے ہو جاتی دوسرے میں نے تفاسیر کے آنے کے بعد بھی اس کا التزام تو کیا ہے کہ عربیت اور شریعت کے خلاف نہ ہو اور اسی طرح مواضع منقولہ میں سلف کے خلاف نہ ہو باقی تراکیب وغیرہ کے مواقع میں توسع رکھا ہے اور اپنے شرح صدر وذوق کو اختیار کیا ہے۔ چنانچہ اس مقام پر لِأُتِمَّ نِعْمَتِي اور لَعَلَّكُمْ کا عطف لِئَلَّا يَكُونَ پر اس لئے پسند نہ آیا کہ اس کو تحویل قبلہ کی علیت میں کوئی خاص دخل نہیں تھا اور چونکہ تحویل قبلہ کے مخاطب ایسے لوگ ہیں جن کی شان میں اسی مقام پر فرمایا ہے وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا الآیہ جس سے اطاعت ان کی مفہوم ہوتی ہے جو موقوف ہے توفیق پر اس لئے اس کا عامل وفقکم مقدر مان کر جس کی نظیر قرآن مجید میں بکثرت ہے مضمون کا عطف مضمون پر قرار دیا اور كَمَا أَرْسَلْنَا کا عامل استجبنا فی القبلة الخ باقتضائے مقام مقدر مانا کہ اس سے اوپر کعبہ کے قبلہ بننے کا ذکر تھا اور اس سے اوپر دعائے ابراہیمی ببعث الرسول و بقبول بناء الكعبة بجعلها قبلة مذکور تھی اس مجموعہ کے بعد كَمَا أَرْسَلْنَا کا آنا جو دال ہے ایک دعا کے قبول پر ذوقاً مقتضی ہوا کہ اس قبول دعاء کو تشبیہ دی جاوے دوسری دعاء کے قبول کے ساتھ چنانچہ میری تقریر وجہ ربط میں اس پر دال ہے یا بعنوان دیگر یوں کہو کہ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ تک تحویل قبلہ کا ذکر تھا جس کے مجموعے سے حولنا القبلة لكذا و كذا مفہوم ہوا آگے اسی حولنا کا معمول ہے كَمَا أَرْسَلْنَا یعنی یہ تحویل ہم نے ایسی ہی کی جیسے ارسال رسول کیا اور دونوں میں وجہ جامع ترتب علی دعائے ابراہیم ہے اور ہرچند کہ دعائے ابراہیمی بعنوان تحویل قبلہ الی الکعبہ پر تھی مگر جعل قبلہ کی تو بکنایہ قبول بناء دعا تھی اور وہ موقوف تھا تحویل قبلہ الی الکعبہ پر اور ارسال رسول کی دعاء تو صریح تھی اور چونکہ حاصل اس تشبیہ کا دونوں امر کا ایقاع بدعاء ابراہیم تھا اس لئے میں نے اس عبارت سے تعبیر کر دیا ای استجبنا دعاء ابراهيم الخ۔ یہ عنوان پہلے عنوان سے اسہل واحسن ہے اور رہا یہ اشکال کہ اس صورت میں تَعْلَمُونَ اور تَهْتَدُونَ دونوں پر وقف ہونا چاہئے حالانکہ بعض فقط تَعْلَمُونَ۔ پر وقف کے قائل ہیں اور بعض فقط تَهْتَدُونَ پر سو حقیقت یہ ہے کہ ترکیب وتفسیر تابع نہیں اوقاف کے بلکہ اوقاف خود تابع ہیں تفسیر وترکیب کے چنانچہ یہ اوقاف نہ توقیفی ہیں اور نہ سب کے سب سلف سے منقول ہیں۔ سجاوندی وغیرہ متاخرین نے جو ترکیب سمجھی اس کے موافق تفسیر قرار دے کر وقف لکھ دیئے پس ان کا اتباع واجب نہیں البتہ عوام کے لئے انکا خلاف بوجہ محتمل ہونے فساد ترکیب کے ناجائز ہے لیکن آیات کے غیر توقیفی ہونے کا شبہ نہ کیا جاوے۔ آیات سب توقیفی ہیں اور آیات واوقاف میں تلازم نہیں یعنی نہ ہر آیت پر وقف ہے جیسا کہ اس وقت بعض فرق مستحدثہ نے دعویٰ کیا ہے جس کے بطلان کی ایک مختصر کافی وشافی دلیل یہ ہے کہ سورہ بروج میں ذو العرش المجيد میں دو قراءت ہیں دال کا ضمہ اور کسرہ اور دونوں قراءتیں متواتر ہیں تو اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس آیت پر ہمیشہ وقف فرماتے ہوتے تو یہ دونوں قراءتیں کیسے ثابت ہوتیں اور محض احتمال پر تواتر کا دعویٰ ناجائز ہے پس صاف معلوم ہوا کہ آپ نے کبھی وقف کیا ہے اور کبھی نہیں کیا اور اس صورت میں کبھی ضمہ پڑھا ہے علی انه صفة للمضاف اور کبھی کسرہ پڑھا ہے علی انه صفة للمضاف اليه غرض ہر آیت پر وقف ثابت نہیں اور نہ ہر وقف پر آیت ہی ہے۔ پس اوقاف کی عدم توقیفیت سے آیات کی عدم توقیفیت لازم نہ آئی۔ اسی طرح آیات کی توقیفیت سے اوقات کی توقیفیت لازم نہیں۔ هذا ما عندی والامر واسع فی تركيب الآيتين ولكل وجهة هو موليها۔ وللناس فيما يعشقون مذاهب ۱۲ منه (۲) الضمير الى بدر بمعنى القمر الكامل باعتبار صنعة الاستخدام اے كانوا اربعة عشر ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قولہ اسطرح قبول کی اشار الى تعيين المشبه وهو العامل فى الكاف اى استجبنا دعاء ابراهيم فى قبول بناءه بجعله قبلة مستمرة كما استجبنا دعاءه فى بعثة هذا الرسول الذى هو صاحب تلك القبلة بارسالنا اياه ۱۲۔ ۲ قولہ عظیم الشان افاده تنوين الرسول ۱۲۔ ۳ قولہ ان مذکورہ نعمتوں پر لان محصله الترتيب المستفاد من الفاء۔ ۴ قولہ عنایت سے فاندفع الاشكال باستحالة النسيان عليه تعالىٰ وجه الدفع ظاهر لان انتفاء الذكر المقيد لا يستلزم انتفاء الذكر المطلق وانتفاء المطلق هو النسيان فلم يلزم النسيان ۱۲۔ ۵ قولہ بدرجۂ اولیٰ هكذا فى روح المعانى فلا حاجة الى ادخال الصلوٰة فى الصبر كما هو المشهور ۱۲۔ ۶ قولہ ان کی نسبت فاللام فيه كاللام فى قوله قال الذين كفروا للذين آمنوا لو كان خيرا ۱۲۔ ۷ قولہ خاک خوردہ پایا ہو الخ فاندفع بهذا الجواب نفى

www.besturdubooks.net

صاحب روح المعانی ہذا الاثر من حرمۃ اجسادھم علی الارض الوارد بہ الاحادیث۱۲۔ ۸ قولہ تعالیٰ کی قدر مرارا الان العطف حکمہ تکریر العامل۱۲۔ ۹ قولہ ایسے صابرین فاللام للعہد۱۲۔ ۱۰ قولہ ہم تو مع مال واولاد اشار الی ان المتکلم مع الغیر شمل کل ما ھھنا۱۲۔ ۱۱ قولہ مالک حقیقی فلا یرد ان مع کوننا مالکین لبعض الاشیاء لا یجوز لنا ان نتصرف فیہ کیف نشاء کقتل عبدنا مثلا۱۲۔ ۱۲ قولہ خاص خاص الی قولہ عام فلم یقع التکرار والقرینۃ علی حمل الاول علی خاص خاص حسب استعداد الصابرین والثانی علی العام جمع الصلوات ووحدۃ الرحمۃ ولم یغیر معنی الصلوٰۃ عن الرحمۃ کما علیہ اکثر اھل اللغۃ ان اصل الصلوٰۃ الدعاء ومن اللہ الرحمۃ ولک ان تقول کما قال صاحب الکشاف ان الصلوٰۃ الحنود التعطف فوضعت موضع الرأفۃ وجمع بینھما وبین الرحمۃ کقولہ تعالیٰ رافۃ ورحمۃ رؤف رحیم والمعنی علیھم رأفۃ بعد رأفۃ ورحمۃ ای رحمۃ آہ قلت حاصلہ ان النظر فی الصلوات الی الکمیۃ وفی رحمۃ الی الکیفیۃ۱۲۔

الروایات: فی روح المعانی والآیۃ نزلت کما اخرجہ ابن مندہ عن ابن عباسؓ فی شھداء بدر وکانوا عدۃ لیالیہ ثمانیۃ من الانصار و ستۃ من المھاجرین۔

اللغات: واشکروا لی واشکرونی بمعنی ولی افصح۱۲ روح المعانی الشعور الاحساس ومشاعر الانسان حواسہ واصلہ الشعر ومنہ الشعار۱۲ بیضاوی۔

النحو: اموات ای ھم اموات۱۲ بیضاوی۔ وبشر الصّٰبرین خطاب للنبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو من باب یوسف اعرض عن ھذا واستغفری لذنبک والعطف علی جملۃ محذوفۃ مفہومۃ من قولہ تعالیٰ ولنبلونکم الخ ای فاصبروا۱۲۔

البلاغۃ: فی روح المعانی فیکم متعلق بارسلنا وقدم علی المفعول الصریح تعجیلا بادخال السرور ولما فی صفاتہ من الطول وایثار صیغۃ المتکلم مع الغیر (فی ارسلنا) بعد التوحید (فی اتم) افتنان وجریان علی سنن الکبریاء واشارۃ الی عظمۃ نعمۃ ھذا الارسال وھذا الرسول صلی اللہ علیہ وسلم یتلوا صفۃ رسولا وفیہ اشارۃ الٰی طریق اثبات نبوتہ صلی اللہ علیہ وسلم لان تلاوۃ الامی الآیات الخارجۃ عن طوق البشر باعتبار بلاغتھا واشتمالھا علی الاخبار بالمغیبات والمصالح التی ینتظم بھا امر المعاد والمعاش اقوی دلیل علی نبوتہ آہ۔ فاذکرونی واختتام ھذا الکلام الذی امتد من قولہ واذابتلی بما ختم بہ الکلام السابق علیہ فی خطاب بنی اسرائیل المفتتح بہ ایضا من الامر بالذکر المراد بہ الشکر فیہ من الحسن ما لا یخفی۱۲۔

إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ۗ وَمَنْ
تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَإِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۵۸﴾ إِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا
بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتٰبِ ۙ أُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَأَصْلَحُوْا
وَبَيَّنُوْا فَأُولٰٓئِكَ أَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۰﴾ إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ أُولٰٓئِكَ
عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۱۶۲﴾

تحقیقاً صفا اور مروہ منجملہ یادگار (دین) خداوندی ہیں سو جو شخص حج کرے بیت (اللہ) کا یا (اس کا) عمرہ کرے۔ اس پر ذرا بھی گناہ نہیں۔ ان دونوں کے درمیان آمد و رفت کرنے میں (جس کا نام سعی ہے) اور جو شخص خوشی سے کوئی امر خیر کرے حق تعالیٰ (اسکی بڑی) قدردانی کرتے ہیں (اور اس خیر کرنے والے کی نیت کا خلوص) خوب جانتے ہیں۔ جو لوگ اخفا کرتے ہیں ان مضامین کا جن کو ہم نے نازل کیا ہے جو کہ (اپنی ذات میں) واضح ہیں اور (دوسروں کو) ہادی ہیں۔ اس حالت کے بعد کہ ہم ان کو کتاب (الٰہی توراۃ وانجیل) میں عام لوگوں پر ظاہر کر چکے ہوں ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ بھی لعنت فرماتے ہیں اور دوسرے بہتیرے لعنت کرنے والے بھی ان پر لعنت بھیجتے ہیں۔ مگر جو لوگ توبہ کرلیں اور اصلاح کر دیں اور (ان مضامین کو) ظاہر کر دیں۔ تو ایسے لوگوں پر میں متوجہ ہوتا ہوں اور میری تو بکثرت عادت ہے توبہ قبول کر لینا اور مہربانی فرمانا۔ البتہ جو لوگ (ان میں سے) اسلام نہ لائیں اور اسی حالت غیر اسلام پر مر جائیں ایسے لوگوں پر (وہ) لعنت (مذکورہ) اللہ تعالیٰ کی اور فرشتوں کی اور آدمیوں کی بھی سب

www.besturdubooks.net

کی۔(ایسے طور پر برسا کریگی) کہ وہ ہمیشہ ہمیشہ کو اس (لعنت) میں رہینگے۔ان سے عذاب ہلکا نہ ہونے پائے گا اور نہ (داخل ہونے کے قبل) ان کو مہلت دی جائیگی۞

تفسیر: ربط: ازالہ شبہ بر سعی صفا و مروہ: اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ (صفا و مروہ کی سعی میں کوئی شبہ نہ کرو کیونکہ) تحقیقاً صفا اور مروہ (اور ان کے درمیان میں سعی کرنا) منجملہ یادگارِ (دین) خداوندی ہیں سو جو شخص حج کرے بیت اللہ کا یا (اس کا) عمرہ کرے اس پر ذرا بھی گناہ نہیں (ہوتا جیسا تم کو شبہ ہوگیا) ان دونوں کے درمیان (حسب قاعدۂ معلومہ) آمد و رفت کرنے میں (جس کا نام سعی ہے اور گناہ کیا بلکہ ثواب ہوتا ہے کیونکہ یہ سعی تو شرعاً امر خیر ہے) اور (ہمارے یہاں کا ضابطہ ہے کہ) جو شخص خوشی سے کوئی امر خیر کرے تو حق تعالیٰ (اس کی بڑی) قدردانی[۲] کرتے ہیں (اور اس خیر کرنے والے کی نیت و خلوص) خوب جانتے ہیں (پس اس ضابطہ کی رو سے سعی کرنے والے کو علیٰ قدر الخلوص ثواب عنایت ہوگا۔

ف: حج اور عمرہ اور سعی کا طریقہ فقہ کی کتابوں میں مذکور ہے اور یہ سعی امام احمدؒ کے نزدیک سنت مستحبہ ہے اور مالکؒ و شافعیؒ کے نزدیک فرض ہے اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک واجب ہے کہ ترک سے ایک بکری ذبح کرنا پڑتی ہے۔

ربط: اوپر بحث قبلہ کے ضمن میں صاحب قبلہ کی نبوت کے متعلق اہل کتاب کے کتمان حق کرنے کا مضمون مذکور تھا اس آیت میں: اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ (الی قولہ تعالی) لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ۔ آگے اس مضمون کی تتمیم کے واسطے کتمان حق کرنے والوں کی اور اس پر اصرار کرنے والوں کی وعید اور توبہ کرنے پر معافی کا وعدہ ارشاد فرماتے ہیں۔

وعید کتمانِ حق و اصرار بر آں مع وعدہ عفو تائب: اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ (الی قولہ تعالی) وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ (جو لوگ اخفاء کرتے ہیں ان مضامین کا جن کو ہم نے نازل کیا ہے جو کہ[۳] (اپنی ذات میں) واضح ہیں اور (دوسرے کے لئے) ہادی ہیں (اور اخفاء بھی) اس (حالت) کے بعد کہ ہم ان[۴] (مضامین) کو کتاب (الٰہی توراۃ و انجیل) میں (نازل فرما کر) عام لوگوں پر ظاہر کر چکے ہوں ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ بھی لعنت فرماتے ہیں (کہ اپنی رحمت خاصہ سے ان کو بعید کر دیتے ہیں) اور (دوسرے بہتیرے[۵]) لعنت کرنے والے بھی (جن کو اس فعل سے نفرت ہے) ان پر لعنت فرماتے ہیں (کہ ان پر بد دعا کرتے ہیں ہاں) مگر جو لوگ (ان اخفا کرنے والوں میں اپنی اس حرکت سے) توبہ (یعنی حق تعالیٰ کے روبرو گذشتہ سے معذرت) کرلیں اور جو کچھ ان کے اس فعل سے خرابی ہوگئی تھی آئندہ کے لئے اس کی اصلاح کریں اور (اس اصلاح کا طریقہ[۶] یہ ہے کہ ان اخفا کئے ہوئے مضامین کو عام طور پر) ظاہر کر دیں (تاکہ سب کو اطلاع ہو جاوے اور ان پر بار اضلال نہ رہے اور اظہار معتبر عند الشرع یہ ہے کہ اسلام لے آویں[۷] کیونکہ اسلام نہ لانے میں نبوۃ محمدیہ کے متعلق عوام پر بھی حق مخفی رہے گا وہ یہی سمجھیں گے کہ اگر نبوۃ حق ہوتی تو یہ کتاب جاننے والے لوگ کیوں نہ اعتقاد لاتے خلاصہ یہ کہ یہ لوگ مسلمان ہو جاویں) تو ایسے لوگوں (کے حال) پر میں (عنایت سے) متوجہ ہو جاتا ہوں (اور ان کی خطا معاف کر دیتا ہوں) اور میری تو بکثرت عادت ہے توبہ قبول کر لینا اور مہربانی فرمانا (کوئی توبہ کرنے والا ہونا چاہئے) البتہ جو لوگ (ان میں سے) اسلام نہ لاویں اور اسی حالت غیر اسلام پر مر جاویں ایسے لوگوں پر (وہ) لعنت (مذکورہؒ) اللہ تعالیٰ کی اور فرشتوں اور آدمیوں کی بھی سب ہی (ایسے طور پر برسا کرے گی کہ) وہ ہمیشہ ہمیشہ کو اسی (لعنت) میں رہیں گے (حاصل یہ کہ وہ جہنم میں ہمیشہ کے لئے داخل ہوں گے اور ہمیشہ کا جہنم میں رہنے والا ہمیشہ ہی خدا کی خاص رحمت سے دور بھی رہے گا اور ہمیشہ ملعون رہنا یہی ہے اور ہمیشگی لعنت کے ساتھ یہ بھی ہے کہ داخل ہونے کے بعد کسی وقت) ان (پر) سے (جہنم کا) عذاب ہلکا (بھی) نہ ہونے پاوے گا اور نہ (داخل ہونے کے قبل) ان کو (کسی میعاد تک) مہلت دی جاوے گی (کیونکہ میعاد اس وقت دی جاتی ہے جبکہ مقدمہ میں کچھ گنجائش ہو اور گنجائش نہ ہونے میں اول ہی پیشی میں حکم سزا ہو جاتا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ الخ اس میں دلالت ہے اس شخص کی مذمت پر جو اپنے مریدوں کے سوا دوسروں سے علوم معاملہ کو چھپاوے کیونکہ یہ علوم ما انزل اللہ میں داخل ہیں البتہ علوم مکاشفہ کے چھپانے کا امر کیا جاوے گا کیونکہ وہ منزل نہیں (اور بعض اوقات اس کے اظہار میں فتنہ ہو جاتا ہے)۔ قولہ تعالیٰ: لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ اس میں اصل ہے مراقبہ کی (کیونکہ یہ استدلال بالمصنوعات علی الصانع تامل پر موقوف ہے)۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] **قولہ** ذرا افادہ لا التی لنفی الجنس ۱۲۔ [۲] **قولہ** قدردانی کرتے ہیں حملا لاسم الفاعل علی الحال ۱۲۔ [۳] **قولہ** جو کہ اپنی ذات میں الخ اشار الی الفرق بین البینات والھدی بان الاول صفۃ للکتاب باعتبار نفسہ والثانی باعتبار غیرہ من المکلفین ولما کان الدلائل الواضحۃ طریقا الی الھدی والمقصود یکون واحدا وان تعدد الطرق استحسن وعدۃ الھدی وجمع البینات وبقولہ جو اشار الی کون من بیانیۃ وبقولہ ہادی اشار الی ان المصدر بمعنی اسم الفاعل ۱۲۔ [۴] **قولہ** ان مضامین ترجم ضمیر الواحد فی انزلناہ بالجمع نظرا الی معنی ما ۱۲۔ [۵] **قولہ** بہتیرے اشارۃ الی کون الاستغراق عرفیا ۱۲۔ [۶] **قولہ** طریقہ یہ ہے اشارۃ

www.besturdubooks.net

الی کون العطف تفسیریا ۱۲۔ ۷؎ قوله اسلام لے آویں والقرينة عليه مقابلته بقوله كفروا فيما بعد مع قيام الدلائل الشرعية عليه۱۲۔
۸؎ قوله مذکورہ حملا للاضافة على العهد۱۲۔ ۹؎ قوله سب کی لکون اجمعين مفيدا للجموع لا شاملا لافرادهما وهذا المجموع هو المراد بقوله اللاعنون ومحصل الكلام ان اجمعين لا يراد به كل انسان انسان وكل ملك ملك لان كلهم لا يلعن قال بعض الملٰئكة لا شغل لهم بهم وبعض الانسان هم امثال الملعونين لا انكار لهم عليهم بل المراد مجموع اللاعنين من الفريقين۱۲ منه۔
۱۰؎ قوله ایسے طور پر راعى فيه كونه حالا۱۲۔ ۱۱؎ قوله برسا کریگی حملا للجملة الاسمية على الثبات والدوام۔ ۱۲؎ قوله جہنم کا عذاب لكون اللام للعهد والمعهود هو المدلول بقوله لعنة الله فان اللعنة ملزومة للعذاب۱۲۔

اَلرِّوَایَاتُ: فی لباب النقول عن البخاری قال عاصم بن سليمان سألت انسا عن الصفا والمروة قال كنا نرى انهما من امر الجاهلية فلما جاء الاسلام امسكنا عنهما فانزل الله تعالٰى ان الصفا والمروة وعن البخاری فی حديث طويل عن عائشة ان الانصار قبل ان يسلموا كانوا يهلون لمناة الطاغية وكان من اهل لها يتحرج ان يطوف بين الصفا والمروة فسألوا عن ذلك رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالوا يارسول الله انا كنا نتحرج الى قوله فانزل الله تعالٰى آه قلت واشرت في تقرير الربط الى كلا الوجهين فافهم۱۲۔ فی لباب النقول اخرج ابن جرير وابن ابی حاتم من طريق سعيد او عكرمة عن ابن عباس قال سأل معاذ بن جبل وسعد بن معاذ وخارجة بن زيد نفرا من احبار يهود عن بعض ما فی التوراة فكتموهم اياه وابوا ان يخبروهم فانزل الله فيهم ان الذين يكتمون الأية۱۲۔

الفقه : استدل احمد على الندب بنفی الجناح والمتبادر منه عدم اللزوم وعلم كونه مندوبا لقوله شعائر الله والجواب ان فائدة هذا العنوان نفی ظنهم الجناح فيه وعلم وجوبه بدليل آخر كما اخرج الطبرانی عن ابن عباس قال سئل رسول الله ﷺ فقال ان الله تعالٰى كتب عليكم السعی فاسعوا غير ان الشافعی ومالكا حملاه على الركنية وابو حنيفة لظنية سنده حمله على الوجوب۱۲ من روح المعانی۔

اَلنَّحْوُ : قوله تطوع خيرا قال البيضاوی خيرا نصب على انه صفة مصدر محذوف او بحذف الجار وايصال الفعل اليه او بتعدية الفعل لتضمنه معنى اتى او فعل۱۲۔

ع ۱۹ ۲ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿١٦٣﴾ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ
الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ
الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۪ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ
وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿١٦٤﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ
اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ
وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿١٦٥﴾

اور (ایسا معبود) جو تم سب کا معبود بننے کا مستحق ہے وہ تو ایک ہی معبود (حقیقی) ہے۔ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں (وہی) رحمٰن اور رحیم ہے۔ بلاشبہ آسمانوں کے اور زمینوں کے بنانے میں اور یکے بعد دیگرے رات اور دن کے آنے میں اور جہازوں میں جو کہ سمندر میں چلتے ہیں آدمیوں کے نفع کی چیزیں (اور اسباب) لے کر اور (بارش کے) پانی میں جس کو اللہ تعالیٰ نے آسمان سے برسایا پھر اس سے زمین کو تر و تازہ کیا اس کے خشک ہوئے پیچھے اور ہر قسم کے حیوانات اس میں پھیلا دیئے اور ہواؤں کے بدلنے میں اور ابر میں جو زمین و آسمان کے درمیان (مقید اور معلق) رہتا ہے۔ دلائل (توحید کے موجود) میں ان لوگوں کے لئے جو عقل (سلیم) رکھتے ہیں اور ایک آدمی وہ ہیں جو علاوہ خدا تعالیٰ کے اوروں کو بھی شریک (خدائی) قرار دیتے ہیں۔ ان سے ایسی محبت رکھتے ہیں جیسی محبت اللہ سے (رکھنا) ضروری ہے اور جو مؤمن ہیں ان کو (صرف) اللہ تعالیٰ کے ساتھ نہایت قوی محبت ہے اور کیا خوب ہوتا اگر یہ ظالم (مشرکین) جب (دنیا میں) کسی مصیبت کو دیکھتے تو اس کے وقوع میں غور کر کے یہ سمجھ لیا کرتے کہ سب قوت حق تعالیٰ ہی کو ہے اور یہ (سمجھ لیا کرتے) کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب (آخرت میں اور بھی) سخت ہوگا۔

تَفْسِیْرُ رَبط: (آیت بالا میں کتمان حق پر جو وعید مذکور ہوئی ہر چند کہ ہر امر حق کے باب میں لفظاً عام ہے لیکن بقرینہ جملہ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ

www.besturdubooks.net

اَبْنَآءَ هُمْ اس کی مذکورہ تفسیر کے اعتبار سے باقتضائے خصوصیت مقام زیادہ (مقصود بالنظر مسئلہ رسالت محمدیہ علی صاحبها الف الف سلام وتحیہ) ہے پس اس لحاظ سے آیت بالا میں اثبات ہوا مسئلہ رسالت کا چونکہ اعتقاد توحید و اعتقاد رسالت دونوں اعتبار شرع میں متلازم ہیں اسلئے آیت آئندہ میں مسئلہ توحید کی تقریر فرمائی جاتی ہے۔

تقریر توحید: وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿﴾ اور (ایسا معبود) جو تم سب کے معبود بننے کا مستحق ہے وہ تو ایک ہی معبود (حقیقی) ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں (وہی) رحمٰن ہے رحیم ہے (اور کوئی ان صفات میں کامل نہیں اور بدون کمال صفات معبودیت کا استحقاق باطل پس بجز معبودِ حقیقی کے کوئی اور مستحق عبادت نہ ہوا۔

ربط: مشرکین عرب نے جو یہ آیت: وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ اپنے عقیدہ کے خلاف سنی تو تعجب سے کہنے لگے کہ کہیں سارے جہان کا ایک معبود بھی ہو سکتا ہے اور اگر یہ دعویٰ صحیح ہے تو کوئی دلیل پیش کرنا چاہئے حق تعالیٰ آگے دلیل توحید فرماتے ہیں۔

دلیل توحید: اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (الی قولہ تعالی) لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿﴾ بلاشبہ آسمانوں کے اور زمین کے بنانے میں اور یکے بعد دیگرے رات اور دن کے آنے میں اور جہازوں (کے چلنے) میں جو کہ سمندر میں چلتے ہیں آدمیوں کے نفع کی چیزیں (اور اسباب) لے کر اور (بارش کے) پانی میں جس کو اللہ تعالیٰ نے آسمانوں سے برسایا پھر اس (پانی) سے زمین کو تر و تازہ کیا اس کے خشک ہوئے پیچھے (یعنی اس میں نباتات پیدا کئے) اور (ان نباتات سے) ہر قسم کے حیوانات اس (زمین) میں پھیلا دیئے (کیونکہ حیوانات کی زندگی اور توالد و تناسل اسی غذائے نباتی کی بدولت ہے) اور ہواؤں کی (سمتیں اور کیفیتیں) بدلنے میں کہ کبھی پروا ہے کبھی پچھوا کبھی گرم ہے کبھی سرد) اور ابر (کے وجود) میں جو زمین و آسمان کے درمیان مقید (اور معلق) رہتا ہے (ان تمام چیزوں میں) دلائل (توحید کے موجود) ہیں ان لوگوں کے (استدلال کے) لئے جو عقل (سلیم) رکھتے ہیں۔ **ف**: تقریر دلیل عقلی توحید: اس استدلال عقلی کا مختصر طریق یہ ہے کہ یہ اشیائے مذکورہ سب ممکن الوجود ہیں بعض تو بداہۃً بسبب مشاہدۂ وجود بعد العدم یا تغیر و تبدل احوال کے اور بعض بدلیل ترکیب من الاجزاء یا افتقار بعض الی البعض کے اور ممکن بوجہ تساوی الوجود والعدم ہونے کے محتاج ہوتا ہے کسی مرجح کا وہ مرجح اگر ممکن ہے تو اس میں پھر یہی کلام ہوگا تو قطع تسلسل محال کے لئے انتہاء واجب ہے کسی واجب الوجود کی طرف یہ تو دلیل ہے وجود صانع کی آگے رہا اس کا واحد ہونا سو اس کی تقریر یہ ہے کہ اگر نعوذ باللہ متعدد مثلاً دو فرض کئے جاویں تو ان میں سے کسی کا عاجز ہونا ممکن ہے یا دونوں کا قادر ہونا ضرور ہے شق اول محال ہے کیونکہ عجز منافی ہے وجوب وجود کے اور شق ثانی پر اگر ان میں سے ایک نے کسی امر کا مثلاً ایجادِ زید کا ارادہ کیا تو دوسرا اسکے خلاف کا ارادہ کر سکتا ہے یا نہیں اگر نہیں کر سکتا تو اس کا عجز لازم آوے گا جو منافی وجوب وجود کے ہے اور اگر کر سکتا ہے تو اس پر ترتب مراد کا ضروری ہے یا نہیں اگر ضرور نہیں تو تخلف مراد کا ارادہ قادرِ مطلق سے لازم آوے گا جو کہ محال ہے اور اگر ضروری ہے تو دو مختلف مرادوں کا اجتماع لازم آوے گا کیونکہ ایک واجب کے ارادہ پر ایک مراد مرتب ہوا دوسرے واجب کے ارادہ پر دوسرا امر اور اس مراد اول کی ضد مرتب ہوا تو اجتماع ضدین لازم آیا اور وہ محال اور مستلزم محال کو محال ہے تو تعدد واجب کا محال ہے پس وحدت واجب ہے اور یہی مطلوب تھا خوب سمجھ لو۔

ف: عقلی شدن اصول اسلام: اسلام کے اصول یعنی توحید و رسالت مسائل عقلی ہیں جیسا آیت میں يَعْقِلُوْنَ اس طرف اشارہ ہے اور فروع کا عقلی ہونا ضرور نہیں البتہ کسی دلیل عقلی قطعی کے خلاف نہ ہونا ضرور ہے افسوس ہے آج کل نوخیز طبائع ان دونوں کو مخلوط کر کے عجب چکر میں پڑ جاتے ہیں جس کا اخیر انجام بددینی ہے خوب سمجھ لو۔

ف: وجود آسمان و غلطی منکرین: آسمانوں کا وجود ثابت ہے اور نفی کی دلیل کسی کے پاس نہیں ہاں یہ ممکن ہے کہ نظام طلوع و غروب میں آسمان کو دخل نہ ہو لیکن اس سے نفی وجود کی لازم نہیں آتی۔

ربط: اوپر کی آیات میں توحید کا اثبات تھا آگے مشرکین کی غلطی اور وعید کا بیان فرماتے ہیں۔

ذم مشرکین: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ (الی قولہ تعالی) وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿﴾ اور ایک آدمی وہ بھی ہیں جو علاوہ خدا تعالیٰ کے اوروں کو بھی شریک (خدائی) قرار دیتے ہیں (اور ان کو اپنا کارساز سمجھتے ہیں اور) ان سے ایسی محبت رکھتے ہیں جیسی محبت اللہ سے (رکھنا) ضروری ہے (یہ حالت تو مشرکین کی ہے) اور جو مومن ہیں ان کو (صرف) اللہ تعالیٰ کے ساتھ نہایت قوی محبت ہے کیونکہ اگر کسی مشرک کو یہ ثابت ہو جاوے کہ میرے معبود سے مجھ پر کوئی ضرر پڑے گا تو فوراً محبت منقطع ہو جاوے اور مومن باوجود اس کے کہ نافع و ضار حق تعالیٰ ہی کو اعتقاد کرتا ہے لیکن پھر بھی محبت و رضا اس کی باقی رہتی ہے نیز اکثر مشرکین مصیبت شدیدہ کے وقت اپنے شرکاء کو چھوڑ دیتے تھے اور مومنین من حیث الایمان مصیبت میں بھی خدا کو نہ چھوڑتے تھے اور محاورات میں ایسے قضایا باعتبار حالت غالبہ کے بھی صادق ہوتے ہیں) اور کیا خوب ہوتا اگر یہ ظالم (مشرکین) جب (دنیا میں) کسی مصیبت کو

www.besturdubooks.net

دیکھتے تو (اس کے وقوع میں غور کر کے) یہ سمجھ لیا کرتے کہ سب قوت حق تعالیٰ ہی کو ہے (اور دوسرے سب اس کے سامنے عاجز ہیں چنانچہ اس مصیبت کو نہ کوئی روک سکا نہ ٹال سکا اور نہ ایسے وقت میں اور کوئی یاد رہا) اور (اس مصیبت کی شدت میں غور کر کے) یہ (سمجھ لیا کرتے) کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب (آخرت میں دارالجزاء ہے اور بھی) سخت ہوگا (تو اس طرح غور کرنے سے تراشیدہ معبودوں کا عجز اور حق تعالیٰ کی قدرت وعظمت منکشف ہو کر توحید وایمان اختیار کر لیتے)

ف : غور کرنے کے واسطے جو مصیبت کا وقت ذکر میں خاص کیا گیا اس کی وجہ یہ ہے کہ ایسے ہی وقت میں غیر اللہ کو چھوڑ کر خدا تعالیٰ کی طرف رجوع ہو جاتے تھے اس لئے اس وقت کو یاد دلا کر متنبہ فرماتے ہیں کہ جیسے اس وقت کسی قدر روبراہ ہو جاتے ہو اگر قدرے نظر صحیح سے کام لو تو اس وقت ضرور توحید کا حق ہونا منکشف ہو جاوے اور توحید پر ثبات نصیب ہو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ط اس میں اصل ہے اس کی کہ شرکت فی الحبت پر اطلاق شرک کا کر دیتے ہیں قولہ تعالیٰ : وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔ اس میں دلالت ہے کہ مطلق محبت غیر اللہ کی محبت الٰہیہ کی منافی نہیں (جیسا کہ لفظ اشد سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی درجہ میں دوسرے کی بھی محبت ہے)۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ** تم سب کے معبود بننے کا مستحق قال البیضاوی خطاب عام ای المستحق منکم العبادة واحد الخ قال عبدالحکیم اشارة الی توجیه الحکم بالوحدة مع تعدد الآلهة ۱۲۔ ۲ **قولہ** اور کوئی ان صفات میں الخ اخذا من البیضاوی قال الرحمٰن الرحیم کالحجة علیها ۱۲۔ ۳ **قولہ** تروتازہ کیا حملا علی المجاز ۱۲۔ ۴ **قولہ** جیسی محبت اللہ سے ضروری ہے فمعنی حب الله الحب الذی یجب ان یحصل کما قالوا فی قوله تعالٰی الذین اتخذوا دینهم لهوا ای الدین الذی کان یجب ان یکونوا علیه وهذا التشبیه باعتبار حالة النفع لانهم کانوا لا یذکرون الله فی النفع فلا یرد ان الحب الذی یجب حصوله هو ما ذکر فی تفسیر الاشدیة من الرضاء فی الشدائد ایضا ولم یکونوا محبین الانداد بهذه المثابة فکیف شبه محبتهم للانداد بالحب الذی یجب حصوله وجه عدم الورود ان المشبه به لیس مطلق الحب الواجب بل الحب الواجب فی حالة النفع خاصة فکان المعنی ان المشرکین یحبون اندادهم فی حالة النفع کما یجب ان یحبوا الله تعالٰی فی هذه الحالة واما حالة الضر فلیس فیهم حب لهم وانما هو للمؤمنین خاصة فافهم وامعن ۱۲۔ ۵ **قولہ** کیا خوب ہوتا حملا لکلمة لو علی التمنی الکثیر الاستعمال هکذا فسره استاذی رحمه الله تعالٰی فلا حاجة الی تقدیر فافهم ۱۲۔ ۶ **قولہ** دنیا میں به فسره مولانا عبدالعزیزؒ کما فی قوله ولنذیقنهم من العذاب الادنٰی دون العذاب الاکبر وفی قوله وما کان الله لیعذبهم الآیة فیکون یرون اعم من البصریة ویکون یری قلبیة فافهم ۱۲۔ ۷ **قولہ** کسی مصیبت حملا للام علی الجنس ۱۲۔

الروایات: فی لباب النقول اخرج سعید بن منصور فی سننه والفریابی فی تفسیره والبیهقی فی شعب الایمان عن ابی الضحی قال لمانزلت والٰهکم الٰه واحد لآ اله الا هو الرحمٰن الرحیم تعجب المشرکون وقالوا الٰها واحدا لئن کان صادقا فلیاتنا بآیة فانزل الله ان فی خلق السمٰوٰت والارض الی قوله یعقلون ثم اورد له شاهدین عن ابن ابی حاتم وابی الشیخ وابن مردویه ۱۲۔

النحو: ولو یری الذین ظلموا فی قراء ة ولو تری بالفوقانیة ای تبصر یا محمد الذین ظلموا مفعول اذ یرون بالبناء للفاعل والمفعول یبصرون العذاب لرأیت امرا عظیما واذ بمعنی اذا ان ای لان القوة الخ ۱۲ من الجلالین وقرأ یعقوب ان بالکسر علی الاستیناف او اضمار القول ای قائلین ذلک ۱۲۔

اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ ﴿۱۶۶﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَا هُمْ

ع ۲۰ ۴ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ﴿۱۶۷﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ

لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۶۸﴾ اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶۹﴾

جب کہ وہ لوگ جن کے کہنے پر دوسرے چلتے تھے ان لوگوں سے صاف الگ ہو جائیں جیسا گے جو ان کے کہنے پر چلتے تھے اور سب عذاب کا مشاہدہ کر لیں گے اور باہم ان

www.besturdubooks.net

میں جو تعلقات تھے اس وقت سب قطع ہو جائیں گے اور یہ تابع لوگ یوں کہنے لگیں گے کسی طرح ہم سب کو ذرا ایک دفعہ (دنیا میں) جانا مل جائے تو ہم بھی ان سے صاف الگ ہو جائیں کہ یہ ہم سے صاف الگ ہو بیٹھے۔ اللہ تعالیٰ یوں ہی ان کی بداعمالیوں کو خالی ارمان کرکے ان کو دکھلا دیں گے اور ان کو دوزخ سے نکلنا کبھی نصیب نہ ہوگا۔ اے لوگو جو چیزیں زمین میں موجود ہیں ان میں سے (شرعی) حلال پاک چیزوں کو کھاؤ (برتو) اور شیطان کے قدم بقدم مت چلو فی الواقع وہ تمہارا صریح دشمن ہے۔ وہ تو تم کو انہیں باتوں کی تعلیم کرے گا جو کہ شرعاً بری اور گندی ہیں اور یہ (بھی تعلیم کرے گا) کہ اللہ کے ذمہ وہ باتیں لگاؤ کہ جس کی تم سند بھی نہیں رکھتے۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر عذابِ آخرت کو سخت فرمایا ہے آگے اس سختی کی کیفیت کا بیان فرماتے ہیں۔

شدت عذابِ آخرت: اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِیْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْا (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا هُمْ بِخٰرِجِیْنَ مِنَ النَّارِ ﴿﴾ (وہ سختی عذاب کی اس وقت معلوم ہوگی) جب کہ (ان مشرکین میں سے) وہ (ذی اثر) لوگ جن کے کہنے پر دوسرے (عوام) چلتے تھے ان (عام) لوگوں سے صاف الگ ہو جاوینگے جو ان کے کہنے پر چلتے تھے اور سب (خواص و عوام) عذاب کا مشاہدہ کر لیں گے اور باہم ان میں جو تعلقات تھے (کہ ایک تابع تھا دوسرا متبوع تھا وغیرہ وغیرہ) اس وقت سب قطع ہو جاوینگے (جیسے دنیا میں بھی دیکھا جاتا ہے کہ جرم میں سب شریک و متفق ہوتے ہیں اور تنقیح مقدمہ کے وقت سب الگ الگ بچنا چاہتے ہیں حتیٰ کہ باہم گر شناخت تک کے منکر ہو جاتے ہیں) اور (جب) یہ تابع لوگ (ان معبودوں کی یہ طوطا چشمی دیکھیں گے تو بڑے جھنجھلاویں گے اور تو کچھ ہو نہ سکے گا مگر جھلا کر) یوں کہنے لگیں گے کسی طرح ہم سب کو (دنیا میں بس) ذرا ایک دفعہ جانا مل جاوے تو ہم بھی ان سے (اتنا بدلہ تو لے لیں کہ اگر یہ پھر ہم کو اپنے تابع ہونے کی ترغیب دیں تو ہم بھی ان سے) صاف (ٹکا سا جواب دیکر) الگ ہو جاویں جیسا یہ ہم سے (اس وقت) صاف الگ ہو بیٹھے (اور کہہ دیں کہ جناب آپ وہی ہیں کہ عین موقع پر دیدہ شوئی کی تھی اب ہم سے کیا غرض حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ان تجویزوں اور سوچ بچاروں سے کیا ہاتھ آوے گا فقط) اللہ تعالیٰ یوں ہی ان کی بداعمالیوں کی خالی ارمان (کے پیرایہ میں) کر کے انکو دکھلا دیں گے اور ان (تابعین و متبوعین سب) کو دوزخ سے نکلنا کبھی نصیب نہ ہوگا (کیونکہ شرک کی سزا خلود فی النار ہے) ف: اس عذاب میں کئی طرح کی شدت ثابت ہوئی اول عذاب دوزخ کا خود حساً شدید ہے دوسرے ان متبوعین کے خشک جواب دیدینے سے اور اس وقت تابعین کو بجز غیظ و غضب اور تمنا سے انتقام کے کچھ بن نہ پڑنے کی وجہ سے اور بالاشتراک سب پر حسرت واقع ہونے سے جو کہ روحانی عذاب ہے اس عذاب حسی میں معنوی شدت اور بڑھ گئی۔

ربط: اوپر اہل شرک کے عقیدہ کا بطلان تھا آگے اہل شرک کے بعض اعمال کا بطلان ہے جیسے سانڈ کی تعظیم وغیرہ۔

ابطال تعظیم سوائب: یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ حَلٰلًا طَیِّبًا (الی قولہ تعالیٰ) اَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿﴾ (بعض مشرکین بتوں کے نام پر جانور چھوڑتے تھے اور ان سے منتفع ہونے کو باعتقاد ان کی تعظیم کے حرام سمجھتے تھے اور اپنے اس فعل کو حکم الٰہی اور موجب رضاء حق و وسیلہ تقرب الی اللہ بواسطہ شفاعت ان بتوں کے سمجھتے تھے حق تعالیٰ اس باب میں خطاب فرماتے ہیں کہ) اے لوگو جو چیزیں زمین میں موجود ہیں ان میں سے (شرعی) حلال پاک چیزوں (کی نسبت اجازت ہے کہ ان) کو کھاؤ (برتو) اور (اس نامزد کرنے سے ان کی تحریم کا ارتکاب کر کے یا تحریم بطریق تعظیم کو حکم حق اور موجب قرب و رضائے حق الٰہی اعتقاد کر کے) شیطان کے قدم بقدم مت چلو فی الواقع وہ (شیطان) تمہارا صریح دشمن ہے (کہ ایسے خیالات و جہالات سے تم کو خسران ابدی میں گرفتار کر رکھا ہے اور دشمن ہونے کی وجہ سے) وہ تو تم کو ان ہی باتوں کی تعلیم کرے گا جو کہ (شرعاً) بری اور گندی ہیں اور یہ (بھی تعلیم کرے گا) کہ اللہ کے ذمہ وہ باتیں لگاؤ جس کی تم سند بھی نہیں رکھتے (مثلاً یہی کہ ہم کو خدا تعالیٰ کا اسی طرح حکم ہے۔ ف: سانڈ وغیرہ جو بتوں کے نام چھوڑ دیئے جاتے ہیں یا اور کوئی جانور بکرا، مرغا وغیرہ کسی بزرگ یا اور کسی غیر اللہ کے نامزد کر دیا جاتا ہے اس کا حرام ہونا ابھی چار آیتوں کے بعد مَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ میں آتا ہے اس آیت یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ میں ایسے جانور کے حرام ہونے کی نفی کرنا منظور نہیں جیسا بعضوں کو شبہ ہوگیا ہے بلکہ اس آیت میں ایک خاص طور پر حرام کرنے کی نہی کرنا مقصود ہے یعنی تم جو ایسا فعل کرتے ہو جس سے حرمت ہو جائے یا اس تحریم سے غیر اللہ کی تعظیم کرتے ہو اور اس عمل کو موجب برکت و تقرب سمجھتے ہو اور اس سے منتفع ہونے کو موجب بے ادبی سمجھتے ہو پھر اس تحریم کو غیر قابل رفع یعنی مؤبد جانتے ہو یہ سب ممنوع اور منہی عنہ ہے پس نہ ایسے فعل کا جسے خود سانڈ وغیرہ بتوں کے نام چھوڑنا یا کسی اور غیر اللہ کے نامزد کرنا ارتکاب کرو بلکہ اس کے حال پر رکھ کر کھاؤ پیو اور نہ اس کو مشروع سمجھو اور اگر ایسی حرکت جہالت سے ہو جائے تو ایمان و توبہ و صلاح نیت سے اس تحریم کو مرتفع سمجھو اور ظاہر ہے (کہ تحریم للکرامۃ) سے نہیں اور (تحریم للنجاسۃ) کے اثبات میں کچھ تعارض نہیں احقر نے تفسیر کی جو تقریر کی ہے اسمیں بھی اس کو صاف کر دیا ہے اور ہم نے جو حلال اور گندی چیزوں میں شرعاً کی قید لگا دی ہے اس سے کسی کو قیاس دوڑانے کی گنجائش نہیں رہی۔

ربط: آیت گذشتہ میں بطلان طریق مشرکین کا بیان تھا آگے بطلان اس طریقہ کے برہان کا بیان ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: كَذٰلِكَ یُرِیْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ اس میں بعض تفاسیر کی بناء پر اصل ہے اس کی کہ تمثیل اعمال کے قائل ہوئے ہیں۔

www.besturdubooks.net

قولہ تعالیٰ : كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا طَيِّبًا ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ اس میں ابطال ہے غلوئی المجاہدہ کا۔

الحواشی : (۱) وانظر ما في ملحقات الترجمة لقوله تعالٰى ما جعل الله من بحيرة الآية من سورة المائدة ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمة : ۱ قوله کسی طرح ہی كلمة موضوعة في لساننا للتمنى ۱۲۔ ۲ قوله بھی افاده الباء في خبر ما ۱۲۔ ۳ قوله اجازت ہے حملا للامر على الاباحة لان المقصود النهي عن التحريم وادنى ما يرفعه الا باحة ۱۲۔ ۴ قوله قدم بقدم راعى فيه كون الخطوات جمعا لاعلى ان المراد بالقدمين المذكورين في قوله قدم بقدم هما قدما الشيطان بل على ان هذه الكلمة لاتطلق الا فيما تكرر قدم المتبوع ۱۲۔ ۵ قوله فی الواقع هذه الكلمة مستعملة في لساننا بمعنى التحقيق ۱۲۔ ۶ قوله مثلاً یہی الخ لقوله تعالى واذا فعلوا فاحشة قالوا وجدنا عليها آباء ناوالله امرنا بها ۱۲۔ ۷ قوله في ف تم جوایسا فعل کرتے ہو فالتحريم يستعمل تارة بمعنى مباشرة امر يوجب الحرمة كما في قوله لم تحرم ما احل الله لك وتارة يستعمل بمعنى اعتقاد الحرمة كما في قوله تعالٰى ولا يحرمون ما حرم الله ورسوله فالمراد ههنا ان كان المعنى الاول فلا اشكال ولا يعارض التحريم المستفاد من قوله تعالٰى وما اهل به لغير الله وان كان الثاني فيخصص باعتقاد الحرمة الخاصة التي منشأها التعظيم فلا ينافي اعتقاد الحرمة التي منشأها الاهانة والنجاسة فافهم فان المقام مزلة الاقدام ۱۲۔ ۸ قوله گنجائش نہیں رہی لان الحلة والحرمة شرعيان ۱۲۔

الروايات : في روح المعاني نزلت في المشركين الذين حرموا على انفسهم البحيرة والسائبة والوصيلة والحام كما ذكره ابن جرير وابن عباس ۱۲۔

الكلام : قوله تعالٰى وما هم بخارجين دل تقديم المسند اليه على معنى الفعل متصلا بحرف النفي على تخصيص النفي بالمسند اليه واثباته لغيره على خروج العصاة من النار كما صرحوا في ما انت قلت كذا قال مولانا عبدالعزيز ۱۲۔

الفقه : استدل بقوله اعمالهم كون الكفار مخاطبين بالفروع واجيب بتخصيص الاعمال بالشركية والكفرية۔

اللغات : حلالا طيبا يستطيبه الشرع ۱۲ بيضاوى فهو توضيح للحلال ۱۲ عصام۔ خطوات وهو ما بين قدمي الخاطى ۱۲ بيضاوى۔ ثم استعمل في الاقتداء وان لم يكن ثمه خطوة ۱۲ حاشيه السوء والفحشاء ما انكره العقل واستقبحه الشرع والعطف لاختلاف الوصفين فانه سوء لاغتمام العاقل به وفحشاء لاستقباحه اياه ۱۲ بيضاوى۔

البلاغة : يأمركم استعير الامر لتزيينه وبعثه لهم على الشر ۱۲ بيضاوى۔

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۗ أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ ﴿١٧٠﴾ وَمَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا كَمَثَلِ الَّذِي يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ إِلَّا دُعَاءً وَنِدَاءً ۚ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ﴿١٧١﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَاشْكُرُوا لِلَّهِ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ ﴿١٧٢﴾ إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنزِيرِ وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللَّهِ ۖ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٧٣﴾

اور جب کوئی ان (مشرک) لوگوں سے کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو حکم بھیجا ہے اس پر چلو تو کہتے ہیں کہ (نہیں) بلکہ ہم تو اسی (طریقہ) پر چلیں گے جس پر اپنے باپ دادا کو پایا ہے۔ کیا اگرچہ ان کے باپ دادا (دین کی) نہ کچھ سمجھ رکھتے ہوں اور نہ کسی آسمانی کتاب کی ہدایت رکھتے ہوں اور ان کافروں کی کیفیت (نافہمی میں) اس (جانور کی) کیفیت کے مثل ہے کہ ایک شخص ہے وہ ایسے جانور کے پیچھے چلا جا رہا ہے جو بجز بلانے اور پکارنے کے کوئی بات نہیں سنتا اسی طرح کفار بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں سو سمجھتے کچھ نہیں۔ اے ایمان والو جو (شرع کی رو سے) پاک چیزیں ہم نے تم کو مرحمت فرمائی ہیں۔ ان میں سے (جو چاہو) کھاؤ (برتو) اور حق تعالیٰ کی شکر گزاری کرو۔ اگر تم خاص انکے ساتھ غلامی کا تعلق رکھتے ہو۔ اللہ نے تو تم پر صرف حرام کیا ہے مردار کو اور خون کو (جو بہتا ہو) اور خنزیر کے گوشت کو (اسی طرح کے سب اجزاء کو بھی) اور ایسے جانور کو جو (بقصد تقرب) غیر اللہ کیلئے نامزد کر دیا ہو۔ پھر بھی جو شخص (بھوک سے بہت ہی) بے تاب ہو جائے بشرطیکہ نہ تو طالب لذت ہو اور نہ قدر حاجت سے تجاوز کرنے والا ہو تو اس شخص پر کچھ گناہ نہیں ہوتا۔ واقعی اللہ تعالیٰ ہے بڑا غفور و رحیم۔ ۞

www.besturdubooks.net

تفسیر لطط: بطلانِ دلیل مشرکین: وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ (الی قولہ تعالی) وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ۝ اور جب کوئی ان (مشرک) لوگوں سے کہتا ہے کہ اللہ تعالی نے جو حکم (اپنے پیغمبر کے پاس) بھیجا ہے اس پر چلو تو (جواب میں) کہتے ہیں (کہ نہیں) بلکہ ہم تو اسی (طریقہ) پر چلیں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے (کیونکہ وہ لوگ اس طریقہ کے اختیار کرنے میں امورمن اللہ تھے حق تعالی ان پر رد فرماتے ہیں کہ) کیا (ہر حالت میں یہ لوگ اپنے باپ دادا ہی کے طریقہ پر چلیں گے) اگر چہ ان کے باپ دادا (دین کی) نہ کچھ سمجھ رکھتے ہوں اور نہ کسی (آسمانی کتاب کی) ہدایت رکھتے ہوں۔

ف: مطلب یہ کہ خود وہ باپ دادا ہی متمسک بامر اللہ نہ تھے اور تمسک کی دو صورتیں ہوتی ہیں صریح لفظ کتاب سے جس کو ہدایت سے تعبیر فرمایا اور علت حکم کتاب سے بواسطہ قیاس کے جس کو عقل سے تعبیر فرمایا سو وہ دونوں سے عاری تھے پس ایسے شخص کی تقلید کی کیا گنجائش ہے اور پھر تقلید بھی محل سکوت عنہ میں نہیں بلکہ مورد دلیل میں اور خلاف دلیل کے اور اس سے یہ بھی مفہوم ہو گیا کہ اگر کسی بزرگ کی نسبت دلیل صحیح معتبر سے یہ ثابت ہو جاوے کہ اس کا قول مستند (الی الدلیل الشرعی) ہوتا ہے خواہ وہ دلیل شرعی نص ہو یا قیاس وہ شخص شرعاً اتباع اور تقلید کے قابل ہوتا ہے جب تک کہ اس کے قول کا کسی دلیل صحیح صریح سے معارض ہونا ثابت نہ ہو جاوے پس تقلید ائمہ مجتہدین کی مذمت میں اس آیت کو پڑھ دینا محض بے محل ہے بلکہ اس سے تو اور اس تقلید مجتہدین فی الدین کی تائید اور تقویت ہوتی ہے جیسا ابھی تقریر کر چکا ہوں۔

لطط: اوپر ان مشرکین کی بدفہمی کا بیان تھا جو منشاء ہے حق قبول نہ کرنے کا آگے اس بدفہمی کے باب میں ان کی ایک مثال مذکور ہوتی ہے۔

مثال سوءِ فہم مشرکین: وَمَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ (الی قولہ تعالی) فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ اور ان کافروں کی کیفیت (نافہمی میں) اس (جانور) کی کیفیت کے مثل ہے (جس کا ذکر اس مثال میں کیا جاتا ہے) کہ ایک شخص ہے وہ ایسے (جانور) کے پیچھے چلا رہا ہے جو بجز بلانے اور پکارنے کے کوئی (پرمضمون) بات نہیں سنتا (اسی طرح) یہ کفار (بھی ظاہری بات چیت تو سنتے ہیں لیکن کام کی بات سے بالکل) بہرے ہیں (گویا سنا ہی نہیں) گونگے ہیں (کہ کبھی ایسی بات زبان ہی پر نہیں آتی) اندھے ہیں (کہ نفع نقصان نظر ہی نہیں آتا) سو جب سارے ہی حواس مختل ہیں تو) سمجھتے (سمجھاتے) کچھ نہیں۔

لطط: اوپر اکل طیبات کے امر میں مشرکین کی غلطی ظاہر فرمانے سے ان کی اصلاح مقصود تھی آگے اہل ایمان کو اس غلطی میں ان کفار کی موافقت کرنے سے ممانعت اور اس ضمن میں اسی امر سے اہل ایمان پر اپنا انعام ظاہر فرمانا اور اس انعام پر ان کو ادائے شکر کا حکم فرمانا مقصود ہے۔

اظہار نعمت بر مؤمنین مع حکم شکر: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝ اے ایمان والو! (ہماری طرف سے تم کو اجازت ہے کہ) جو (شرع کی رو سے) پاک چیزیں ہم نے تم کو مرحمت فرمائی ہیں ان میں سے (جو چاہو) کھاؤ (برتو) اور (اس اجازت کے ساتھ یہ حکم ہے کہ) حق تعالی کی شکر گذاری کرو (زبان سے بھی ہاتھ پاؤں سے خدمت واطاعت بجالا کر بھی اور دل سے ان نعمتوں کو منجانب اللہ سمجھ کر بھی) اگر تم خاص ان کے ساتھ غلامی کا تعلق رکھتے ہو (اور یہ تعلق ہونا مسلم اور ظاہر ہے پس وجوب شکر بھی ثابت ہے)

لطط: اوپر تو اس کا بیان تھا کہ حلال کو حرام مت کرو آگے یہ مذکور ہوتا ہے کہ حرام کو حلال مت سمجھو جیسا کہ مشرکین اس میں بھی مبتلا تھے چنانچہ میتہ و مذبوح باسم غیر اللہ وغیرہ کھایا کرتے تھے اور ان حرام چیزوں کے بیان کرنے سے مضمون مذکور کی بھی تائید مقصود ہے کہ دیکھو حرام یہ چیزیں ہیں اپنی طرف سے حلال چیزوں کو حرام مت کرو۔

ماکولات محرمہ: اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ اللہ تعالی نے تو تم پر صرف (ان چیزوں کو) حرام کیا ہے (اور ان چیزوں کو حرام نہیں کیا جن کو تم اپنی طرف سے حرام کر رہے ہو جیسا گذرا یعنی) مردار (جانور) کو (جو باوجود واجب الذبح ہونے کے بلا ذبح شرعی مر جاوے) اور خون کو (جو بہتا ہو) اور خنزیر کے گوشت کو (اسی طرح اس کے سب اجزاء کو بھی) اور ایسے جانور کو جو (بقصد تقرب) غیر اللہ کے نامزد کر دیا گیا ہو (ان سب کو بیشک حرام کیا ہے) پھر بھی (اس میں اتنی آسانی رکھی ہے کہ) جو شخص (بھوک سے بہت ہی بیتاب ہو جاوے بشرطیکہ نہ تو کھانے میں) طالب لذت ہو اور نہ (قدر ضرورت وحاجت سے) تجاوز کرنے والا ہو تو (اس حالت میں ان چیزوں میں سے کھانے میں بھی) اس شخص پر کچھ گناہ نہیں ہوتا واقعی اللہ تعالی ہیں بڑے غفور رحیم (کہ ایسے وقت میں یہ رحمت فرمائی کہ گناہ کی چیز میں گناہ اٹھا دیا۔

ف: اس مقام کے متعلق چند مسائل فقہیہ ہیں:

مسئلہ: جس جانور کا ذبح کرنا شرعاً ضروری ہو اور وہ بلا ذبح ہلاک ہو جائے وہ حرام ہوتا ہے اور جس جانور کا ذبح کرنا ضروری نہیں ہے وہ دو طرح کے ہیں ایک ٹڈی اور مچھلی دوسرے وحشی جیسے ہرن وغیرہ جبکہ اس کے ذبح پر قدرت نہ ہو تو اس کو دور ہی سے تیر یا اور کسی تیز ہتھیار سے اگر بسم اللہ کہہ کر زخمی کیا جاوے تو حلال ہو جاتا ہے البتہ بندوق کا شکار بدون ذبح کئے ہوئے حلال نہیں کیونکہ گولی میں دھار نہیں ہوتی۔ مسئلہ: خون جو بہتا نہ ہو اس سے دو (۲) چیزیں مراد

www.besturdubooks.net

ہیں جگر اور طحال یہ حلال ہیں مَسْئَلَہ: خنزیر کے سب اجزاء اللحم وشحم و پوست واعصاب سب حرام بھی ہیں اور نجس بھی ہیں۔ مَسْئَلَہ: جس جانور کو غیر اللہ کے نامزد اس نیت سے کر دیا ہو کہ وہ ہم سے خوش ہونگے اور ہماری کارروائی کر دینگے جیسا اکثر عام جاہلوں کی عادت ہے کہ اسی نیت سے بکرا مرغا وغیرہ مقرر کر دیتے ہیں وہ حرام ہو جاتا ہے اگر چہ ذبح کے وقت اس پر اللہ تعالیٰ کا نام لیا ہو البتہ اگر اس طرح نامزد کرنے کے بعد اس سے توبہ کر لے پھر وہ حلال ہو جاتا ہے۔

تنبیہ: اس مسئلہ میں بعض خواندہ لوگوں کو غلطی ہوگئی ہے اور وجہ غلطی کی دو ہیں اول یہ کہ آیت سابقہ یَاۤاَیُّهَا النَّاسُ کا شان نزول یہ لکھا ہے کہ جو لوگ سانڈھ وغیرہ کی تحریم کرتے تھے ان کی رد میں یہ آیت نازل ہوئی ہے اس سے معلوم ہوا کہ سانڈھ وغیرہ حلال ہے اس کا جواب یہ ہے کہ ان لوگوں کی تحریم اور اس تحریم مدعیٰ میں چند فرق ہیں۔ اول یہ کہ وہاں تحریم کے معنی ہیں ایسا فعل کرنا جس سے حرمت پیدا ہو جاوے جیسے خود سانڈھ وغیرہ چھوڑنا اور یہاں تحریم کے معنی ہیں کہ جب کوئی ایسا فعل کرے تو حرمت کا حکم ہو جاوے گا۔ دوسرے ان کی تحریم اس جانور کی تعظیم اور ادب کے اعتقاد سے تھی اور یہ تحریم اس جانور کے خبث ونجاست سے ہے۔ تیسرے وہ تحریم ان کے اعتقاد میں مؤبد تھی کہ کسی طرح قابل ارتفاع نہ تھی اور یہ تحریم غیر مؤبد ہے کہ جب توبہ کرو مرتفع ہو جاوے اور یہ مرتفع کر دینا واجب بھی ہے پس اس تحریم کی نفی یا نہی یا انکار سے اس تحریم کی نفی لازم نہیں آتی۔ دوسری وجہ غلطی کی یہ ہے کہ اکثر مفسرین نے اُهِلَّ کی تفسیر ذبح (علی اسم غیر اللہ) کی ہے معلوم ہوا کہ وہی جانور مراد ہے جس کو بجائے بسم اللہ کے غیر اللہ کا نام لے کر ذبح کیا ہو۔ جواب اس کا یہ ہے کہ اس تفسیر سے حصر لازم نہیں آتا بلکہ یوں کہا جاویگا کہ اسی حرام کی ایک فرد یہ بھی ہے چونکہ جاہلیت میں اس کا رواج تھا اس لئے یہ تفسیر کر دی گئی غایت مافی الباب یہ تفسیر مذکور دوسری فرد سے ساکت رہیگی سو اس میں کچھ ضرر نہیں جبکہ اور دلائل حرمت کے موجود ہیں جن میں ایک تو یہی آیت ہے کیونکہ اہلال لغۃً عام ہے مطلق نامزد کر دینے میں خواہ کسی کے نام پر ذبح ہو پھر یہ دوسری آیت اس سے زیادہ صریح ہے سورۂ مائدہ میں کہ بعد مَاۤ اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ کے مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ جدا فرمایا ہے اس سے صاف معلوم ہوا کہ جس ذبح سے تقریب و تعظیم غیر اللہ مقصود ہو وہ حرام ہو جاتا ہے۔ تیسرے صحیح مسلم میں حدیث مرفوع ہے لعن الله من ذبح لغير الله۔ اور ظاہر ہے کہ ایسی ذبح متنازع فیہ پر ذبح لغیر اللہ صادق آتا ہے چنانچہ کتب مذہب میں یہاں تک مصرح ہے کہ اگر کسی حاکم کے آنے پر بطور بھینٹ کے ذبح کرے گو اس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو مگر وہ (مَاۤ اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ) میں داخل ہو کر حرام ہو جاتا ہے کذا فی الدر المختار وغیرہ اور نووی نے بھی حدیث مذکور کی شرح میں ایسے (مذبوح لقدوم الامیر) کی حرمت اسی بناء پر شیخ ابراہیم مروزی شافعی سے نقل کی ہے بعض لوگوں کو تفسیر احمدی کی عبارت سے یہ شبہ ہو گیا ہے کہ اس کا جواب اس کے منہیہ سے ظاہر ہے کہ انہوں نے تاویل ایصال ثواب کی بناء پر حلت کا حکم فرمایا ہے اور بلا تاویل حلال نہیں کہتے جیسا اسی قسم کی تاویل سے نووی نے ابراہیم مروزی کے قول کے بعد رافعی کا قول نقل کیا ہے تو جہاں یہ تاویل یقیناً منفی ہو اس کو کیسے حلال کہا جاوے گا اور عوام کا یہ فعل یقیناً قابل تاویل نہیں دلیل اس کی یہ ہے کہ اگر اس جانور کے بدلے اس سے دونی قیمت کی چیز ان کو دے کر کہا جاوے کہ بجائے اس جانور کے اس چیز سے ایصال ثواب کر دو ہرگز گوارا نہ کریں اور استبدال میں اندیشہ ناراضی ان بزرگوں کا کریں جس سے فساد نیت یقینی ہے اور یہی مدار تھا حرمت کا خوب سمجھ لو۔

ربط: اوپر محرمات حسیہ کا مذکور تھا آیت آئندہ میں محرم معنوی کا بیان ہے جو عادت تھی علماء یہود کی کہ احکام غلط بیان کر کے عوام سے رشوت لیتے اور کھاتے تھے نیز اس میں تعلیم ہے علمائے امت محمدیہ کو کہ ہم نے جو کچھ احکام بیان کئے ہیں کسی نفسانی غرض[۱] اور منفعت سے ان کے بیان و تبلیغ میں کوتاہی مت کرنا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَوَ لَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ شَیْـًٔا وَّ لَا یَهْتَدُوْنَ۝ اس میں دلالت ہے اس پر کہ جس شخص کا صاحب عقل و اہتداء ہونا اجمالاً بھی ثابت ہو جاوے اس کا اتباع مطلقاً جائز ہے اور یہ اصل ہے بلا تردد مشائخ کے اتباع کرنے کی۔ قولہ تعالیٰ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ اس میں مدرکات روحانیہ کا اثبات ہے۔ قولہ تعالیٰ كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَ اشْكُرُوْا لِلّٰهِ یہ دال ہے اس پر کہ طیبات مستلذات کا تناول کرنا کبھی حق تعالیٰ کی محبت اور شکر تک پہنچا دیتا ہے اس طرح وہ مستحسن ہوگا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله کیونکہ وہ لوگ الی قوله مامور من اللہ تھے علله بدليل قوله تعالىٰ فی الاعراف واذا فعلوا فاحشة قالوا وجدنا عليها آباء نا والله امرنا بها وفسرها البيضاوی بعين هذا التفسير فقولهم بل ليس لنفي الاتباع لما انزل الله مطلقا بل لما انزل الله على نبيه صلى الله عليه وسلم خاصة لاسيما اذا كانت الآية في اليهود فانهم كانوا اهل التوراة وانما نفى الله تعالىٰ عن آباء اليهود العقل والاهتداء لعدم تمسكهم في هذه الدعاوى الباطلة والامانی الفارغة بذاك الكتاب لكونها على خلاف سننه لا لكونهم لا كتاب لهم ولو كانت في المشركين يصح حملها على عدم كون الكتاب عندهم رأسًا ۱۲۔ ۲؎ قوله جس کا ذکر اس مثال میں کیا جاتا ہے فيه اشارة الى توجيه الكلام بوجه غريب حاصله هكذا ومثل الذين كفروا كمثل هذا المجموع باعتبار احد اجزائه والمجموع هو رجل ينعق بالبهيمة وذلك الجزء هو البهيمة وهذا كثير ايستعمل في جميع الالسنة فلا يحتاج الى تقدير شيء فتبصر وتشكر ۱۲۔

www.besturdubooks.net

۳ قوله جانور کے پیچھے راعی فیه اصل اللغة ففی روح المعانی النعیق التابع فی التصویت علی البهائم للزجر ۱۲۔ ۴ قوله بے مضمون بات نہیں سنتا فالنفی یکون للمسموع کما هو ظاهر الاستثناء لا للفهم کما تکلفوا ۱۲۔ ۵ قوله سو جب الخ اشارة الی وجه ترتبه بالفاء ۱۲۔ ۶ قوله برتو لما فی روح المعانی کلوا لعموم جمیع وجوه الانتفاع دلالة وعبارة ۱۲۔ ۷ قوله اجازت حملا للامر علی الاباحة ۱۲۔ ۸ قوله حکم ہے حملا للامر علی الایجاب ۱۲۔ ۹ قوله زبان سے بھی الخ لعموم مفهوم الشکر ۱۲۔ ۱۰ قوله اوران چیزوں کو الخ اشارة الی کون الحصر اضافیا لا حقیقیا لیرد المنع بحرمة اشیاء لم تذکر فالمراد ان الله تعالٰی لم یحرم ما حرمتم باهواء کم وآرائکم ۱۲۔ ۱۱ قوله جو باوجود واجب الذبح الخ وقوله بہتا ہو دلیلهما الاجماع المستند الی الحدیث الذی اخرجه ابن ماجة والحاکم من حدیث ابن عمر رضی الله عنهما مرفوعا احلت لنا میتتان ودمان السمك والجراد والکبد والطحال وحمل الصید منصوص علیه فی القرآن وکذا تقیید الدم بالمسفوح ویقید هذا المطلق خاصة بالاجماع ۱۲۔ ۱۲ قوله سب اجزاء للاجماع المستند الی قوله تعالٰی فانه رجس ای عینا وانما خص اللحم بالذکر لکونه معظم المقصود منه ۱۲

۱۳ قوله طالب لذت الخ هکذا فی المدارك وهو مبنی علی مذهب الحنفیة وقال ایضا وقول من قال غیر باغ علی الامام ولا عاد فی سفر حرام ضعیف لان سفر الطاعة لا یلیح بلا ضرورة والحبس بالحضر یلیح بلا سفر ولان بغیه لا یخرج عن الایمان فلا یستحق الحرمان اه قلت ویحتمل تفسیر الحنفیة فسره الحسن وقتادة والربیع ومجاهد وابن زید کذا فی الکبیر ویصح ایضا ان یفسر منطبقا علی المذهب الحنفی بما فسر به صاحب الکشاف غیر باغ علی مضطر آخر بالاستیثار علیه ۱۲۔ ۱۴ قوله فی وجه ربطها غرض اور منفعت اشارة الی جواز الکتمان لخوف ضرر شدید کما هو المقرر فی کتب الفقه ۱۲۔

الروایات: قال البیضاوی نزلت فی المشرکین امروا باتباع القرآن وسائر ما انزل الله من الحجج والآیات مجنحوا الی التقلید وقیل فی طائفة من الیهود اه قلت الاول اوفق بالنظم والثانی اقوی روایة کما فی لباب النقول اخرج ابن ابی حاتم من طریق سعید او عکرمة عن ابن عباس قال دعا رسول الله صلی الله علیه وسلم الیهود الی الاسلام ورغبهم فیه وحذرهم عذاب الله ونقمته فقال رافع بن حرملة ومالك بن عوف بل نتبع یا محمد ما وجدنا علیه آباءنا فهم کانوا اعلم وخیرا منا فانزل الله فی ذلك واذا قیل لهم اتبعوا ما انزل الله الآیة قلت ولا یبعد نزولها فی الفریقین فان اللفظ عام والمحاجة کانت مع الفریقین والله اعلم ۱۲۔

النحو: اولو کان اٰباؤهم لو وصلیة والجملة مقدرة قبلها بعد الهمزة ای ایتبعونهم وان کان آباؤهم الخ وقیل غیر ذلك ۱۲۔

البلاغة: واذا قیل لهم قال البیضاوی الضمیر للناس وعدل عن الخطاب عنهم للنداء علی ضلالتهم کانه التفت الی العقلاء وقال لهم انظروا الی هؤلاء الحمقی ماذا یجیبون اه ۱۲۔ ان کنتم ایاه تعبدون فی روح المعانی بمنزلة التعلیل لطلب الشکر کانه قیل واشکروا له لانکم تخصونه بالعبادة الخ ۱۲۔

إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ الْكِتَابِ وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۙ أُولَٰئِكَ مَا يَأْكُلُونَ فِي
بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٧٤﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ
اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَا أَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿١٧٥﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ نَزَّلَ
الْكِتَابَ بِالْحَقِّ ۗ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِي الْكِتَابِ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ ﴿١٧٦﴾ لَّيْسَ الْبِرَّ أَن تُوَلُّوا ع ۲۱
وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالْكِتَابِ وَالنَّبِيِّينَ
وَآتَى الْمَالَ عَلَىٰ حُبِّهِ ذَوِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَالسَّائِلِينَ وَفِي الرِّقَابِ وَأَقَامَ
الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ

www.besturdubooks.net

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جولوگ ... تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب (کے مضامین) کا اخفا کرتے ہیں اوراس کے معاوضہ میں (دنیا کا) متاع قلیل وصول کرتے ہیں۔ ایسے لوگ اور کچھ نہیں اپنے شکم میں آگ (کے انگارے) بھررہے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان سے نہ تو قیامت میں (لطف کے ساتھ) کلام کریں گے اور نہ (گناہ معاف کرکے) ان کی صفائی کریں گے اوران کوسزائے درد (ناک ہوگی)۔ یہ ایسے لوگ ہیں جنہوں نے (دنیا میں تو) ہدایت چھوڑ کر ضلالت اختیار کی اور (آخرت میں) مغفرت چھوڑ کر عذاب (سر پر لیا) سو دوزخ کے لئے کیسے باہمت ہیں۔ یہ (ساری مذکورہ) سزائیں (ان کو) اس وجہ سے ہیں کہ حق تعالیٰ نے اس کتاب کو ٹھیک ٹھیک بھیجا تھا اور جو لوگ (ایسی) کتاب میں بے راہی کریں وہ بڑی دور کے خلاف میں ہوں گے۔ کچھ سارا کمال اسی میں نہیں (آگیا) کہ تم اپنا منہ مشرق کو کرلو یا مغرب کو لیکن اصلی کمال تو یہ ہے کہ کوئی شخص اللہ تعالیٰ پر یقین رکھے اور قیامت کے دن پر اور فرشتوں پر اور (سب) کتب (سماویہ) پر اور پیغمبروں پر اور مال دیتا ہو اللہ کی محبت میں رشتہ داروں کو اور یتیموں کو اور محتاجوں کو اور بے خرچ مسافروں کو اور سوال کرنے والوں کو اور گردن چھڑانے میں اور نماز کی پابندی رکھتا ہو اور زکوٰۃ بھی ادا کرتا ہو۔

تفسیر: تحریم دین فروشی إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ الْكِتَابِ (الی قولہ تعالیٰ) وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِي الْكِتَابِ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ ۞ اس[1] میں کوئی شبہ نہیں کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب (کے مضامین) کا اخفاء کرتے ہیں اور اس (خیانت) کے معاوضہ میں (دنیا کی) متاع قلیل وصول کرتے ہیں ایسے لوگ اور کچھ نہیں اپنے شکم میں آگ (کے انگارے) بھر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان سے نہ تو قیامت میں (لطف[2] کے ساتھ) کلام کرینگے اور نہ (گناہ معاف کرکے) ان کی صفائی کرینگے اور ان کو سزائے دردناک ہوگی یہ ایسے لوگ ہیں جنہوں نے (دنیا میں تو) ہدایت چھوڑ کر ضلالت اختیار کی اور (آخرت میں) مغفرت چھوڑ کر عذاب (سر پر لیا) سو (شاباش[3] ہے ان کی ہمت کو) دوزخ (میں جانے) کیلئے کیسے باہمت ہیں (اور) یہ (ساری مذکورہ) سزائیں (ان کو) اس وجہ سے ہیں کہ حق تعالیٰ نے (اس کتاب) کو ٹھیک ٹھیک بھیجا تھا اور جو لوگ (ایسی ٹھیک ٹھیک بھیجی ہوئی) کتاب میں بے راہی (اختیار) کریں وہ ظاہر[4] ہے کہ بڑی دور (ودراز) کیخلاف (ورزی) میں (مبتلا) ہونگے (اور ایسی خلاف ورزی پر ضرور ایسی سخت سزاؤں کو استحقاق ہوگا)۔

ربط: شروع سورت سے یہاں تک کہ تقریباً نصف سورہ بقرہ ہے زیادہ روئے سخن منکرین کی طرف تھا کیونکہ سب سے اول قرآن کی حقانیت کا اثبات کیا اس ضمن میں اس کے ماننے نہ ماننے والے فرقوں کا ذکر کیا پھر توحید ورسالت کو ثابت کیا پھر نعم عامہ وخاصہ بنی اسرائیل کا وَإِذِ ابْتَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ۔ تک بیان فرمایا وہاں سے قبلہ کی بحث چلی اور اس کو بیان کرکے صفاومروہ کی بحث پر ختم کیا پھر توحید کے اثبات کے بعد شرک کے اصول وفروع کا ابطال کیا اور یہاں تک یہی بیان ہوا اور ان سب مضامین میں ظاہر ہے کہ منکرین کی زیادہ تنبیہ ہے اور ضمناً کوئی خطاب مسلمانوں کو ہو جانا اور بات ہے اب آیاتِ آئندہ میں کہ بقیہ نصف بقرہ ہے زیادہ مقصود مسلمانوں کو بعض اصول وفروع کی تعلیم کرنا ہے گو ضمناً غیر مسلمین کو کوئی خطاب ہو جاوے اور یہ مضمون ختم سورت تک چلا گیا ہے جس کو شروع کیا گیا ہے ایک مجمل عنوان بر سے جو کہ تمام طاعاتِ ظاہری وباطنی کو عام ہے اور اول آیت میں الفاظ جامعہ سے مثل ایمان بالکتاب وایتاء مال ووفاء عہد وصبر حین الباس جو تمام احکام کتاب وانواع انفاق وعہود ونکاح ومعاملات وجہاد وغیرہا کو شامل ہیں ایک کلی تعلیم کی گئی ہے آگے اس بر کی تفصیل چلی ہے جس میں بہت سے احکام باقتضائے وقت ومقام مثل قصاص ووصیت وصیام وجہاد وحج وانفاق وحیض وایلاء ویمین وطلاق ونکاح وعدت ومہر وتکرار ذکر جہاد وانفاق فی سبیل اللہ وبعض معاملات بیع وشراء وشہادت بقدر ضرورت بیان فرما کر بشارت ووعدہ رحمت ومغفرت پر ختم فرمادیا۔ سبحان اللہ کیا بلیغ ترتیب ہے پس چونکہ ان مضامین کا حاصل بر کا بیان ہے اجمالاً وتفصیلاً اس لئے اگر اس مجموعہ کا لقب ابواب البر رکھا جائے تو نہایت زیبا ہے۔ واللہ الموفق۔

ابواب البر۔ اصول بر: لَّيْسَ الْبِرَّ أَن تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ (الی قولہ تعالیٰ) وَأَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: مَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ اس میں اصل ہے اس کی کہ جس کے حقائق اعمال میں قائل ہوئے ہیں۔ قولہ تعالیٰ لَّيْسَ الْبِرَّ أَن تُوَلُّوا الخ اس میں دلیل ہے اس پر کہ صورتِ محضہ بدون معنی کے معتبر نہیں۔ قولہ تعالیٰ وَآتَى الْمَالَ عَلَىٰ حُبِّهِ الخ اگر حبہ میں ضمیر مال کی طرف مرجع ہو تو آیت دلیل ہے اس کی کہ حب مال مطلقاً مضر نہیں اور اگر اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہو تو آیت دلیل ہے طریق عشاق پر کہ وہ صرف حق تعالیٰ ہی سے محبت رکھتے ہیں (خرچ بھی صرف اسی کی محبت سے کرتے ہیں) غیر اللہ سے محبت (بالذات) نہیں کرتے اگرچہ وہ ثواب ہی ہو۔

ملحقات الترجمۃ: ١ قولہ اس میں کوئی شبہ نہیں هذا اللفظ يستعمل بمعنى التحقيق في لساننا۔ ٢ قولہ لطف کے ساتھ بقرينة المقام والافالكلام الغضبي واقع لقوله تعالىٰ قال اخسئوا فيها ولا تكلمون۔ ٣ قولہ شاباش هذا يستعمل في لساننا للتعجب والتعجيب۔ ٤ قولہ ظاہر ہے هو حاصل معنى اللام المستعمل للتحقيق والتاكيد۔

الروایات: في لباب النقول اخرج الثعلبي من طريق الكلبي عن ابي صالح عن ابن عباس قال نزلت هذه الآية في رؤساء اليهود وعلماء هم كانوا يصيبون من سفلتهم الهدايا والفضل وكانوا يرجون ان يكون النبي المبعوث منهم فلما بعث الله محمدا صلى الله عليه وسلم من غيرهم خافوا ذهاب ماكلتهم وزوال رياستهم فعمدوا الى صفة محمد صلى الله عليه وسلم فغيروها ثم

www.besturdubooks.net

اخرجوها اليهم وقالوا هذه نعت النبی الذی يخرج فی آخر الزمان لا يشبه نعت هذاالنبی فانزل الله ان الذين يكتمون ما انزل الله من الكتٰب الآية۱۲۔ فی لباب النقول قال عبدالرزاق انبأنا معمر عن قتادة قال كانت اليهود تصلی قبل المغرب والنصارٰی قبل المشرق فنزلت ليس البر ان تولوا وجوهكم الآية۱۲۔

اَللُّغَات: اختلفوا فی روح المعانی تخلفوا عن طريق سلوك الحق فيها۱۲۔ قلت وبه ترجمت ۱۲۔ البر كل فعل مرضی۱۲۔

اَلنَّحْو: علی حبه فی موضع الحال۱۲ بيضاوی۔

اَلْبَلَاغَة: الا النار اما فی الحال كما هو اصل المضارع لانهم اكلوا ما يتلبس بالنار وهو الرشی لكونها عقوبة لها فيكون فی الآية استعارة او السببية والمسببية وما فی المآل ای لا يأكلون فی الآخرة الا النار۱۲۔ قوله قبل المشرق والمغرب فی روح المعانی احد الاقوال المراد من ذكر المشرق والمغرب التعميم لاتعيين السمتين وتعريف البر اما للجنس فيفيد القصر والمقصود نفی اختصاص البربشان القبلة مطلقا علی ما يقتضيه الحال من كثرة الاشتغال والاهتمام بذلك والذهول عما سواه واما للعهد ای ليس البر العظيم الذی اكثرتم الخوض فيه الخ ولكن البر علی حذف مضاف ای برمن آمن ابن السبيل وانفراده ليشير ای انهم وان كانوا جمعا ينبغی ان يعتبروا كنفس واحدة فلا يضجر من اعطائهم لعدم معرفتهم وبعد منفعتهم اٰتی الزكٰوة المراد حقوق فی المال غير مقدرة سوی الزكٰوة اخرج الترمذی مرفوعا فی المال حق سوی الزكٰوة ثم قرأ الآية قدمت علی الفريضة مبالغة فی الحث عليها۔ قلت واشرت الی هذا المراد فی ترجمة آتی الزكٰوة۱۲۔

وَ الْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ فِى الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِى الْقَتْلٰى ؕ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ فَمَنْ عُفِىَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَىْءٌ فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ؕ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۸﴾ وَلَكُمْ فِى الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰٓاُولِى الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾

اور جواشخاص (ان عقائد واعمال کے ساتھ یہ اخلاق بھی رکھتے ہوں) کہ اپنے عہدوں کو پورا کرنے والے ہوں جب عہد کرلیں اور وہ لوگ مستقل رہنے والے ہوں۔ تنگ دستی میں اور بیماری میں اور قتال میں یہ لوگ ہیں جو سچے (کمال کے ساتھ موصوف ہیں) اور یہی لوگ ہیں جو (سچے) اور متقی (کہے جاسکتے) ہیں۔ اے ایمان والو تم پر (قانون) قصاص فرض کیا جاتا ہے مقتولین (بقتلِ عمد) کے بارے میں۔ آزاد آدمی آزاد آدمی کے عوض میں اور غلام غلام کے عوض میں اور عورت عورت کے عوض میں ہاں جس کو اس کے فریق کی طرف سے کچھ معافی ہوجائے مگر پوری معافی نہ ہو تو مدعی کے ذمے معقول طور پر (خون بہا کا) مطالبہ کرنا اور (قاتل کے ذمے) خوبی کے ساتھ اس کے پاس پہنچادیا۔ (یہ قانون دیت وعفو) تمہارے پروردگار کی طرف سے (سزا میں) تخفیف ہے اور (شاہانہ) ترحم ہے پھر جو شخص اس کے بعد تعدی کا مرتکب ہو تو اس شخص کو بڑا دردناک عذاب ہوگا اور فہیم لوگو (اس قانون) قصاص میں تمہاری جانوں کا بڑا بچاؤ ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ تم لوگ (ایسے قانون امن کی خلاف ورزی کرنے سے) پرہیز رکھوگے۔

تفسیر: وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ (الی قوله تعالٰی) وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ (کچھ سارا کمال اسی میں نہیں آ (گیا) کہ تم اپنا منہ مشرق کو کرلو یا مغرب کو (کرلو) لیکن اصلی کمال تو یہ ہے کہ کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات) پر یقین رکھے اور (اسی طرح) قیامت کے دن (آنے) پر (بھی) اور فرشتوں (کے وجود) پر (بھی) اور (سب) کتب (سماویہ) پر (بھی) اور (سب) پیغمبروں پر (بھی) اور (وہ شخص) مال دیتا ہو اللہ کی محبت میں (اپنے حاجت مند) رشتہ داروں کو اور (نادار) یتیموں کو (یعنی جن بچوں کو ان کا باپ نابالغ چھوڑ کر مرگیا ہو) اور (دوسرے غریب) محتاجوں کو (بھی) اور (بے خرچ) مسافروں کو اور (لاچاری میں) سوال کرنے والوں کو اور (قیدی اور غلاموں کی) گردن چھڑانے میں (بھی مال خرچ کرتا ہو) اور (وہ شخص) نماز کی پابندی (بھی رکھتا ہو اور (مقررہ) زکوٰۃ بھی ادا کرتا ہو اور جواشخاص (کہ ان عقائد واعمال کے ساتھ یہ اخلاق بھی رکھتے ہوں کہ) اپنے عہدوں کو پورا کرنے والے ہوں جب (کسی امر جائز کا) عہد کرلیں اور (اسی صفت کو خصوصیت کے ساتھ کہوں گا کہ) وہ لوگ (ان مواقع میں) مستقل (مزاج) رہنے والے ہوں (ایک

www.besturdubooks.net

تو) تنگدستی میں اور دوسرے) بیماری میں اور (تیسرے معرکہ) قتال (کفار) میں (یعنی پریشان اور کم ہمت نہ ہوں بس) یہ لوگ ہیں جو سچے (کمال کے ساتھ موصوف) ہیں اور یہی لوگ ہیں جو (سچے) متقی (کہے جا سکتے) ہیں (غرض اصلی مقاصد اور کمالات دین کے یہ ہیں نماز میں کسی سمت کو منہ کرنا انہیں کمالات مذکورہ میں سے ایک کمال خاص یعنی اقامت صلوٰۃ کے توابع اور شرائط میں سے ہے اور اس کے حسن سے اس میں بھی حسن آ گیا ورنہ اگر نماز نہ ہوتی تو کسی خاص سمت کو منہ کرنا بھی عبادت نہ (ہوتا)۔ **ف**: خاص سمتوں کا قصہ یہاں اس لئے مذکور ہوا کہ تحویل قبلہ کے وقت تمام تر بحث یہود و نصاریٰ کی اسی میں رہ گئی تھی اس لئے متنبہ فرمایا کہ اس سے بڑھ کر کام اور ہیں ان کا اہتمام کرو۔ **ف**: شریعت میں کل احکام کا حاصل تین چیزیں ہیں عقائد اعمال اخلاق اور تمام جزئیات ان ہی کلیات کے تحت میں داخل ہیں اور اس آیت میں ان اقسام سہ گانہ کے بڑے بڑے شعبے ارشاد فرمائے گئے ہیں اس اعتبار سے آیت منجملہ جوامع کلم کے ہے۔

ربط: ان اصول بر کے بعد آگے کچھ فروع بر یعنی احکام جزئیہ کا بیان ہوتا ہے حسب ضرورت واقعات کے جو اس وقت پیش آئے تھے۔

فروع بر یعنی بعض احکام جزئیہ: حکم اوّل قصاص: يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ كُتِبَ عَلَيۡكُمُ ٱلۡقِصَاصُ فِي ٱلۡقَتۡلَىۖ ٱلۡحُرُّ بِٱلۡحُرِّ وَٱلۡعَبۡدُ بِٱلۡعَبۡدِ وَٱلۡأُنثَىٰ بِٱلۡأُنثَىٰۚ فَمَنۡ عُفِيَ لَهُۥ مِنۡ أَخِيهِ شَيۡءٞ فَٱتِّبَاعُۢ بِٱلۡمَعۡرُوفِ وَأَدَآءٌ إِلَيۡهِ بِإِحۡسَٰنٖۗ (الی قولہ تعالی) لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُونَ ۝

اے ایمان والو تم پر (قانون) قصاص فرض کیا جاتا ہے مقتولین (بقتل عمد) کے بارہ میں (یعنی ہر) آزاد آدمی (قتل کیا جاوے ہر دوسرے) آزاد آدمی کے عوض میں اور (اسی طرح ہر) غلام (دوسرے ہر) غلام کے عوض میں اور (اسی طرح ہر) عورت (دوسری ہر) عورت کے عوض میں (گو یہ قاتلین بڑے درجہ کے اور مقتولین چھوٹے درجہ کے ہوں جب بھی سب کو برابر سمجھ کر قصاص لیا جاوے گا یعنی قاتل کو سزا میں قتل کیا جاوے گا) ہاں جس (قاتل) کو اس کے فریق (مقدمہ) کی طرف سے کچھ معافی ہو جاوے (مگر پوری معافی نہ ہو) تو (اس سے سزائے قتل سے تو بری ہو گیا لیکن دیت یعنی خون بہا کے طور پر ایک معین مقدار سے مال بذمہ قاتل واجب ہو جاوے گا تو اس وقت فریقین کے ذمہ ان دو امر کی رعایت ضروری ہے مدعی یعنی وارث مقتول کے ذمہ تو) تو معقول طور پر اس مال کا مطالبہ کرنا کہ اس کو زیادہ تنگ نہ کرے اور (مدعا علیہ یعنی قاتل کے ذمہ) خوبی کے ساتھ (اس مال کا) اس (مدعی) کے پاس پہنچا دینا (کہ مقدار میں کمی نہ کرے خواہ مخواہ ٹالے نہیں) یہ (قانون دیت وعفو) تمہارے پروردگار کی طرف سے (سزا میں) تخفیف ہے اور (شاہانہ) ترحم ہے (ورنہ بجز سزائے قتل کے کوئی گنجائش ہی نہ ہوتی) پھر جو شخص اس (قانون) کے (مقرر ہوئے) بعد تعدی کا مرتکب ہو (مثلاً کسی پر جھوٹا یا اشتباہ میں دعویٰ قتل کا کر دے یا معاف کر کے پھر قتل کی پیروی کرے) تو اس شخص کو (آخرت میں) بڑا دردناک عذاب ہوگا اور فہیم لوگو (اس قانون) قصاص میں تمہاری جانوں کا بڑا بچاؤ ہے (کیونکہ اس قانون کے اجراء کے خوف سے ارتکاب قتل سے ڈریں گے تو کئی جانیں بچیں گی) ہم امید کرتے ہیں کہ تم لوگ (ایسے قانون امن کی خلاف ورزی سے) پرہیز رکھو گے۔ **ف**: اس مقام کے متعلق چند مسائل ہیں۔

مسئلہ: قتل عمد وہ ہے کہ ارادہ کر کے کسی کو کسی آہنی سلاح سے یا ایسی چیز سے جس سے گوشت پوست کٹ کر خون بہہ سکے قتل کیا جاوے قصاص یعنی سزائے قتل اسی قتل کے جرم میں خاص ہے۔

مسئلہ: ایسے قتل میں جیسا آزاد آدمی آزاد کے عوض میں قتل کیا جاتا ہے ایسا ہی غلام کے عوض میں بھی اور جس طرح عورت کے عوض میں عورت ماری جاتی ہے اسی طرح مرد بھی عورت کے مقابلہ میں قتل کیا جاتا ہے۔

مسئلہ: اگر قتل عمد میں قاتل کو پوری معافی دے دی جاوے مثلاً مقتول کے وارث صرف اس کے دو بیٹے تھے اور دونوں نے اپنا حق معاف کر دیا تو قاتل پر کوئی مطالبہ نہیں رہا اور اگر پوری معافی نہ ہو مثلاً صورت مذکورہ میں دو بیٹوں میں سے ایک نے معاف کیا دوسرے نے معاف نہیں کیا تو سزائے قصاص سے تو قاتل بری ہو گیا لیکن معاف نہ کرنے والے کو نصف دیت یعنی خونبہا دلایا جاوے گا اور خون بہا شرع میں یہ ہے سو اونٹ یا ہزار دینار یا دس ہزار درہم ایک دینار دس درم کا ہوتا ہے اور درہم کی مقدار سکہ مروجہ حال سے سوا چار آنہ اور ساڑھے چار آنہ کے درمیان میں ہے اور ان اونٹوں کی عمریں وغیرہ کتب فقہ میں مفصلاً مذکور ہیں۔

مسئلہ: جس طرح ناتمام معافی سے مال واجب ہو جاتا ہے اسی طرح اگر باہم کسی مقدار مال پر مصالحت ہو جاوے تب بھی قصاص ساقط ہو کر مال واجب ہو جاتا ہے لیکن اس میں یہ شرط ہے کہ اگر اونٹ یا اشرفیوں یا روپوں پر صلح ٹھہرے تو ان اشیاء کی جو مقدار اوپر مذکور ہوئی اس سے زیادہ پر معاملہ نہ ہو البتہ اگر اور کسی جنس پر صلح ہو جاوے مثلاً کوئی غلہ یا کپڑا یا گھوڑا تو جس قدر قیمت کی بھی ہوں صلح جائز ہے پھر چاہے یہی مقررہ چیزیں لے لے اور چاہے ان مقررہ چیزوں کے عوض برضامندی اشرفیاں یا روپیہ گو یہ اشرفیاں یا روپے اس اوپر والی مقدار سے زیادہ ہوں لے لے سب جائز ہے۔

مسئلہ: قتل عمد میں جو دیت یا صلح سے مال واجب ہو وہ صرف قاتل کے مال میں واجب ہوتا ہے۔

www.besturdubooks.net

مسئلہ: مقتول کے جتنے وارث شرعی ہوں گے ان ہی سہاموں پر قصاص اور اسی طرح مال دیت سب میں مشترک ہوگا یہ سب مسائل ہدایہ میں ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ بعض نے اس تفسیر حیات اخرویہ کے ساتھ کی ہے پس معنی یہ ہوں گے کہ قاتل سے جب دنیا میں قصاص لے لیا جاوے پھر اس سے حق مقتول کا آخرت میں مؤاخذہ نہ ہوگا جمہور کے نزدیک تو مطلقاً اور حنفیہ کے نزدیک قاتل کے تسلیم نفس کے بعد پس اس تفسیر پر یہ آیت دال ہوگی فنا کے اندر بقاء ہونے پر۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله ہاں فی ترجمة فاء فمن فان هذه الكلمة يستعمل تارة في لساننا لمعنى التعقيب الذكرى۱۲۔ ۲ قوله في ترجمة اخيه فریق هو اعد الوجهين المذكورين في الكشاف قال واخوه هو ولى المقتول وقيل له اخوه لانه لابسه من قبل انه ولى الدم ومطالبه به كما تقول للرجل قل لصاحبك كذا لمن بينه وبينه ادنى ملابسة۱۲۔ ۳ قوله بڑا بچاؤ هذا اشارة الى تقدير المضاف اى البقاء بمعنى الحفظ والتفخيم دل عليه التنوين۱۲۔

الروایات: في المعالم عن سعيد بن جبير كانت بين الاوس والخزرج وكان لاحد الحيين على الآخر طول في الكثرة والشرف فاقسموا لنقتلن بالعبد منا الحر منهم وبالمرأة منا الرجل منهم وبالرجل منا الرجلين منهم وبالرجلين منا اربعة رجال منهم الى قوله فانزل الله تعالىٰ هذه الآية وامر بالمساواة فرضوا آه قلت وكان النظر الاصلى الى المساواة نفيا لقولهم بالرجل منا الرجلين الخ لا نفيا للقصاص بين الرجل والمرأة فافهم او يقال لما كان المقصود بقولهم بالعبد منا الحر منهم وبالمرأة منا الرجل منهم ان لا يقتل بالعبد منهم الحر منا وبالمرأة منهم الرجل منا صح نفى هذا القول ايضاً فافهم۱۲۔

الفقه: استدل بعض الشافعية بالآية على ان لا يقتل الحر بالعبد والذكر بالانثى ولقد انصف البيضاوى فيما قال ولا تدل على ان لا يقتل الحر بالعبد والذكر بالانثى كما لا تدل على عكسه فان المفهوم حيث لم يظهر للتخصيص غرض سوى اختصاص الحكم وقد بينا ما كان الغرض اى المنع من التعدى واثبات المساواة بين حرو حرو عبد وعبد ولقد اجاد صاحب روح المعانى في جوابه بقوله ومقتضى هذا ان لا يقتل العبد الا بالعبد ولا تقتل الانثى الا بالانثى والمخالف لم يذهب اليه واستدلت الحنفية بقوله تعالىٰ ان النفس بالنفس وقوله عليه السلام المسلمون تتكافأ دماء هم رواه اصحاب الصحاح۱۲۔

اللغات: الباساء والضراء عن الازهرى الباساء فى الاموال كالفقر والضراء فى الانفس كالمرض آه بيضاوى۱۲۔

العربية: فمن عفى له من اخيه شئ في الكشاف معناه فمن عفى له من جهة اخيه شئ من العفو كقولك سير بزيد بعض السير ولا يصح ان يكون في معنى المفعول به لان عفا لا يتعدى الى مفعول به الا بواسطة ويتعدى بعن الى الجانى والى الذنب فاذا تعدى الى الذنب والجانى معا قيل عفوت لفلان عما جنى كما تقول غفرت له ذنبه فكانه قيل فمن عفى له عن جناية فاستغنى عن ذكر الجناية فاتباع فليكن اتباع الخ ۱۲۔

البلاغة: والموفون لم يقل واوفى كما قبله اشارة الى وجوب استقرار الوفاء والصابرين نصب على المدح بتقدير اخص او امدح وغير سبكه عما قبله تنبيها على فضيلة الصبر ومزية على سائر الاعمال حتى كانه ليس من جنس الاول قلت واشرت الى هذا المعنى في توضيح الترجمة وحين الباس هذا من باب الترقى في الصبر من الشديد الى الاشد لان الصبر على المرض فوق الصبر على الفقر والصبر على القتال فوق الصبر على المرض وعدى الصبر على الاولين بفى لانه لا يعد الانسان من الممدوحين اذا صبر على شئ من ذلك الا اذا صار الفقر والمرض كالظرف له واما اذا اصاباه وقتا ما وصبر فليس فيه كثير مدح اذا كثر الناس كذلك واتى بحين في الاخير لان القتال حالة لا تكاد تدوم في اغلب الاوقات آه۱۲۔

كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِنْ تَرَكَ خَيْرًا ۖ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ
بِالْمَعْرُوفِ ۖ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ ﴿۱۸۰﴾ فَمَنْ بَدَّلَهُ بَعْدَمَا سَمِعَهُ فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى الَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ
سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿۱۸۱﴾ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُوصٍ جَنَفًا أَوْ إِثْمًا فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿۱۸۲﴾ ع ۲۲

www.besturdubooks.net

يَاۤ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۳﴾ اَيَّامًا
مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ
مِسْكِيْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ؕ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۴﴾

تم پر فرض کیا جاتا ہے کہ جب کسی کو موت نزدیک معلوم ہونے لگے بشرطیکہ کچھ مال بھی ترکہ میں چھوڑا ہو تو والدین اور اقارب کے لئے معقول طور پر (کہ مجموعہ ایک ثلث سے زیادہ نہ ہو) کچھ بتلا جائے (اس کا نام وصیت ہے) جن کو خدا کا خوف ہے ان کے ذمہ یہ ضروری ہے پھر جو شخص (اس وصیت کے) سن لینے کے بعد اس کو تبدیل کرے گا تو اس کا گناہ ان ہی لوگوں کو ہوگا جو اس کو تبدیل کر دیں گے۔ اللہ تعالیٰ یقیناً سنتے جانتے ہیں۔ ہاں جس شخص کو وصیت کرنے والے کی جانب سے کسی بے عنوانی کی یا کسی جرم کے ارتکاب کی تحقیق ہوئی ہو۔ پھر یہ شخص ان میں باہم مصالحت کرا دے تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے۔ واقعی اللہ تعالیٰ تو (خود گناہوں کے) معاف کرنے والے اور گنہگاروں پر رحم کرنے والے ہیں۔ اے ایمان والو تم پر روزہ فرض کیا گیا ہے جس طرح تم سے پہلے (امتوں کے) لوگوں پر فرض کیا گیا تھا۔ اس توقع پر کہ تم (روزہ کی بدولت رفتہ رفتہ) متقی بن جاؤ۔ تھوڑے دنوں روزہ رکھ لیا کرو پھر (اس میں اتنی آسانی کہ) جو شخص تم میں (ایسا) بیمار ہو (جس میں روزہ رکھنا مشکل یا مضر ہو) یا (شرعی) سفر میں ہو تو دوسرے ایام کا شمار کر کے ان میں روزہ رکھنا (اس پر واجب ہے اور دوسری آسانی جو بعد میں منسوخ ہوگئی یہ ہے) کہ جو لوگ روزے کی طاقت رکھتے ہوں ان کے ذمہ فدیہ ہے کہ وہ ایک غریب کو کھانا کھلا دینا یا دے دینا ہے اور جو شخص خوشی سے (زیادہ) خیر (خیرات) کرے (کہ زیادہ فدیہ دے) تو اس شخص کے لئے اور بھی بہتر ہے اور تمہارا روزہ رکھنا (اس حال میں) زیادہ بہتر ہے اگر تم (روزے کی فضیلت سے) خبر رکھتے ہو۔

تفسیر: حکم دوم وصیت: كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرًا (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸۲﴾
(شروع اسلام میں جب تک میراث کے حصے شرع سے مقرر نہ ہوئے تھے یہ حکم تھا کہ ترکہ کے ایک ثلث تک مردہ اپنے والدین اور دوسرے رشتہ داروں کو جتنا جتنا مناسب سمجھے بتلا جاوے اتنا تو ان لوگوں کا حق تھا باقی جو کچھ رہتا وہ سب اولاد کا حق ہوتا تھا اس آیت میں یہ حکم مذکور ہے یعنی) تم پر فرض کیا جاتا ہے کہ جب کسی کو (آثار سے) موت نزدیک معلوم ہونے لگے بشرطیکہ کچھ مال بھی ترکہ میں چھوڑا ہو تو (اپنے) والدین اور (دیگر اقارب کے لئے معقول طور پر (کہ مجموعہ ایک ثلث سے زیادہ نہ ہو) کچھ کچھ بتلا جاوے (اس کا نام وصیت ہے) جن کو خدا کا خوف ہے ان کے ذمہ یہ ضروری (کیا جاتا ہے) پھر (جن لوگوں نے اس وصیت کو سنا ہے ان میں سے جو شخص (بھی) سن لینے کے بعد اس (کے مضمون) کو تبدیل کرے گا (اور باہمی تقسیم و فیصلہ کے وقت غلط اظہار دے گا اور اس کے موافق فیصلہ ہونے سے کسی کا حق تلف ہو جاوے گا) تو اس (حق تلفی) کا گناہ ان ہی لوگوں کو ہوگا جو اس (مضمون) کو تبدیل کریں گے (حاکم عدالت یا ثالث کو گناہ نہ ہوگا کیونکہ) اللہ تعالیٰ تو یقیناً سنتے جانتے ہیں (تو تبدیل کرنے والے کے اظہار بھی سنتے ہیں اور حاکم کا بے خبر اور معذور ہونا بھی جانتے ہیں) ہاں (ایک طرح کی تبدیلی کی اجازت بھی ہے وہ یہ کہ) جس شخص کو وصیت کرنے والے کی جانب سے (وصیت کے بارہ میں غلطی سے) کسی بے عنوانی کی یا (قصداً) قانون وصیت کے کسی دفعہ کی خلاف ورزی سے) کسی جرم کے ارتکاب کی تحقیق ہوئی ہو (اور اس بے ضابطہ وصیت کی وجہ سے اس مردے کے پسماندوں یعنی مستحقانِ ترکہ و مستحقانِ مال وصیت میں نزاع کا احتمال یا وقوع معلوم ہو) پھر یہ شخص ان میں باہم مصالحت کرا دے (گو وہ مصالحت اس مضمونِ وصیت کے خلاف ہو جو ظاہراً (تبدیل وصیت ہے) تو اس (شخص) پر کوئی (بار) گناہ نہیں ہے (اور) واقعی اللہ تعالیٰ تو (خود گناہوں کے) معاف فرمانے والے اور (گنہگاروں پر) رحم کرنے والے ہیں (اور یہ شخص تو اس اصلاح میں مطیع حکم ہے تو اس پر تو کیوں نہ رحمت ہوگی)۔

ف: اس حکم کے تین جزو تھے ایک جزو اولاد کے دوسرے ورثہ کے حصص و حقوق ترکہ میں معین نہ ہونا۔ دوم ایسے اقارب کے لئے وصیت کا واجب ہونا۔ تیسرے ثلث مال سے زیادہ وصیت کی اجازت نہ ہونا۔ پس پہلا جزو تو آیت میراث سے منسوخ ہے دوسرا جزو حدیث سے جو کہ مؤید بالاجماع ہے منسوخ ہے اور وجوب کے ساتھ جواز بھی منسوخ ہو گیا یعنی وارث شرعی کے لئے وصیت مالیہ باطل ہے تیسرا جزو اب بھی باقی ہے ثلث سے زائد میں بدونِ رضا ورثہ بالغین کے وصیت باطل ہے۔

حکم سوم صوم: يَاۤ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ (الی قولہ تعالی) وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۴﴾ اے ایمان والو تم پر روزہ فرض کیا گیا جس طرح تم سے پہلے (امتوں کے) لوگوں پر فرض کیا گیا تھا اس توقع پر کہ تم (روزہ کی بدولت رفتہ رفتہ) متقی بن جاؤ (کیونکہ روزہ رکھنے سے عادت پڑے گی نفس کو اس کے متعدد تقاضوں سے روکنے کی اور اسی عادت کی پختگی بنیاد ہے تقویٰ کی سو) تھوڑے دنوں روزہ رکھ لیا کرو (ان تھوڑے دنوں سے مراد رمضان ہے جیسا اگلی آیت میں آتا ہے) پھر (اس میں بھی اتنی آسانی ہے کہ) جو شخص تم میں (ایسا) بیمار ہو (جس کو روزہ رکھنا مشکل یا مضر ہو) یا (شرعی)

www.besturdubooks.net

سفر میں ہو تو (اس کو رمضان میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے اور بجائے ایام رمضان کے) دوسرے ایام کا (اتناہی) شمار (کر کے ان میں روزہ) رکھنا (اس پر واجب) ہے اور (دوسری آسانی جو بعد میں منسوخ ہو گئی یہ ہے کہ) جو لوگ روزے کی طاقت رکھتے ہوں (اور پھر بھی روزہ رکھنے کو دل نہ چاہے تو) تو ان کے ذمہ (صرف روزہ کا) فدیہ (یعنی بدلہ) ہے کہ وہ ایک غریب کا کھانا (کھلا دینا یا دیدینا) ہے اور جو شخص خوشی سے (زیادہ) خیر (خیرات) کرے (کہ زیادہ فدیہ دیدے) تو یہ اس شخص کے لئے اور بھی بہتر ہے اور گو (ہم نے آسانی کے لئے ان حالتوں میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت دے دی ہے لیکن) تمہارا روزہ رکھنا (اس حال میں بھی) زیادہ بہتر ہے اگر تم (کچھ روزے کی فضیلت کی) خبر رکھتے ہو۔ **ف** : پہلی امتوں میں سے نصاریٰ پر روزہ فرض ہونے کا بیان ایک حدیث میں اس طرح آیا ہے کہ نصاریٰ پر ماہ رمضان کا روزہ فرض ہوا تھا ان کا کوئی بادشاہ بیمار ہوا تو اس کی قوم نے نذر مانی کہ اگر بادشاہ کو شفاء ہو جائے تو ہم دس روزے اور اضافہ کر دیں گے پھر اور کوئی بادشاہ بیمار ہوا اور اس کی صحت پر سات کا اور اضافہ ہوا پھر تیسرا بادشاہ ہوا سو اس نے تجویز کیا کہ پچاس میں تین ہی کی کسر رہ گئی ہے لاؤ تین اور بڑھالیں اور ایام ربیع میں سب رکھ لیا کریں۔ (**ذکرہ فی روح المعانی بروایۃ ابن حنظلۃ والنحاس والطبرانی عن معقل بن حنظلۃ مرفوعاً**) اور لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۔ میں روزہ کی ایک حکمت کا بیان ہے جس کی تقریر اثناء ترجمہ میں کر دی گئی۔ **عدم حصر حکمت صوم در تقویٰ** : لیکن حکمت کا اسی میں انحصار نہیں ہو گیا خدا جانے اور کیا کیا ہزاروں حکمتیں ہوں گی پس کسی کو یہ کہنے کی گنجائش نہیں کہ جب مقصود روزہ کا معلوم ہو گیا تو یہ مقصود اگر دوسرے طریق سے حاصل کر لیں تو روزہ کی یا قید رمضان کی کیا ضرورت ہے۔ وجہ گنجائش نہ ہونے کی یہ ہے کہ ممکن ہے کہ روزے میں کچھ خاص حکمتیں اور ثمرات ایسے ہوں کہ وہ بدون ان خاص قیود مقررہ شرعیہ کے حاصل نہ ہو سکیں خوب سمجھ لو اور اس مقام پر چند مسائل ہیں۔

مسئلہ : جس بیماری میں روزہ رکھنا نہایت شاق ہو یا مضر مرض ہو اس میں روزہ نہ رکھنا جائز ہے۔

مسئلہ : سفر شرعی حنفیہ کے نزدیک یہ ہے کہ اپنی جائے قیام سے تین منزل کے قصد سے سفر کرے تو رستہ میں تو یہ مسافر ہو گیا اب منزل مقصود پر پہنچ کر اگر پندرہ روز یا زیادہ قیام کا ارادہ کر لیا تو مسافر نہ رہا اور اگر پندرہ روز سے کم کے قیام کا ارادہ کیا تو پھر بھی مسافر ہے غرض جو شخص شرعی مسافر ہو اس کو جائز ہے کہ باوجود روزہ رکھ سکنے کے روزہ نہ رکھے لیکن ایسی حالت میں زیادہ افضل یہی ہے کہ رکھے۔

مسئلہ : یہ مریض اور مسافر جن کا ذکر کیا گیا اگر اس روز کے روزے کی نیت نہ کر چکے تھے تو روزہ نہ رکھنا درست ہے اور اگر نیت کر چکے ہوں تو بلا تکلیف شدیدہ روزہ توڑنا جائز نہیں۔

مسئلہ : یہ مریض اور مسافر جتنے دن روزہ نہ رکھیں ان دنوں کا شمار یاد رکھیں اور جب مرض اور سفر ختم ہو جاوے بعد رمضان گزر جانے کے اتنے دنوں کا روزہ بہ نیت قضا رکھیں اور یہ قضا کے روزے خواہ ایک دم سے رکھیں اور خواہ ایک ایک دو دو کر کے ہر طرح رکھیں اور بعد ختم ہونے سفر اور مرض کے اگر کچھ رمضان بھی باقی ہے تو یہ بقیہ رمضان کا روزہ ادا کر کے اس کے گزرنے کے بعد یہ قضا روزے رکھ سکتے ہیں۔

مسئلہ : شروع اسلام میں جب لوگوں کو بتدریج روزہ کا خوگر کرنا منظور تھا یہ حکم ہو گیا تھا کہ باوجود استطاعت روزہ کے فدیہ کی اجازت تھی اب یہ حکم منسوخ ہے البتہ جو شخص بہت بوڑھا ہو یا ایسا بیمار ہو کہ اب صحت کی توقع نہیں ایسے لوگوں کے لئے یہ حکم اب بھی ہے کہ فی روزہ یا تو ایک مسکین کو دو وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلا دیں یا خشک جنس دینا چاہیں تو فی روزہ اسی کے سیر سے ایک مسکین کو پونے دو سیر گیہوں دیدیا کریں اگر اتنے گیہوں دو مسکین کو دینگے تو درست نہیں یا ایک تاریخ میں ایک مسکین کو دو دن کا فدیہ دینگے تب بھی درست نہیں اگر فدیہ دینے کے بعد اس شخص میں طاقت آ گئی یا وہ مرض جاتا رہا تو ان روزوں کو پھر قضا کرنا ہو گا اور اس فدیہ کا ثواب الگ ملے گا مگر یہ فدیہ بجائے روزوں کے نہ رہے گا اور اگر کسی کو فدیہ دینے کی بھی وسعت نہ ہو تو بجائے فدیہ کے وہ صرف استغفار کرے اور نیت رکھے کہ جب ہو سکے ادا کروں گا۔

ربط : اوپر ارشاد ہوا تھا کہ تھوڑے دنوں روزہ رکھ لیا کرو آگے ان تھوڑے دنوں کا بیان ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ اِنْ تَرَكَ خَيْرًا اَيْ مَالًا الخ اس تعبیر میں دلالت ہے اس پر کہ مال کا مالک ہونا تقویٰ کامل کے منافی نہیں جب کہ اس کے حقوق ادا ہوتے رہیں۔ قولہ تعالیٰ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ (الی قولہ تعالی) لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۔ اس میں بیان ہے ثمرۂ مجاہدہ کا پس اس میں دو مسئلے ہیں ایک مجاہدہ کا نافع ہونا دوسرا اس کے ثمرات کے بیان کا مشروع ہونا جیسا کہ شیوخ جب مصلحت دیکھتے ہیں اس کو بیان کرتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ : لے **قولہ فی ترجمۃ فانما اثمہ** تو اس حق تلفی کا گناہ **ولما کان التبدیل الذی ہو سبب لہذا الاتلاف مذکورا کان کذکر ہزا السبب وانما قدرت الکلام بہ لکونہ اظہر من کون المرجع المقصود ہو التبدیل لان الحصر یکون لنفی شئ محتمل ہناک ولا یحتمل وقوع اثم التبدیل علی غیر المبدل نعم کان المحتمل وقوع اثم الاتلاف علی الحاکم او الحکم فنفاہ بالحصر**

www.besturdubooks.net

واشرت الی هذا کله فی تقریر الترجمة فافهم ۱۲۔ ۲؎ قوله تحقیق ہوئی ہو الی قوله احتمال یا وقوع ہو راعیت فی خاف معناه المجازی ای علم کما نقله فی الکبیر عن ابن عباسؓ وقتادة والربیع ومعناه الحقیقی تقریره انه لما کان فعل الموصی سببا للنزاع لمخوف علقه بالخوف مع کونه معلوما مقطوعا لما بین السبب والمسبب من الملابسة ۱۲۔ ۳؎ قوله فی آخر الترجمة اس پر کیوں نہ رحمت ہوگی ذکر هذا الوجه من الابلغیة فی روح المعانی ۱۲۔ ۴؎ قوله متقی بن جاؤ اخذ من روح المعانی ان یکون الفعل منزلا منزلة اللازم ای لکے تصلوا بذلك الی رتبة التقوىٰ۔ ۵؎ قوله خیر کرے الی قوله بہتر ہے اخذ للجزء الاول مصدرا او الثانی اسم تفضیل فیفید الحمل بلا مرية ۱۲ کذا فی روح المعانی۔

الرِّوَايَات: فی الکمالین عن البخاری عن ابن عباس قال کان المال للولد والوصية للوالدین فنسخ الله من ذلك ما احب وجعل عز و جل للذکر مثل حظ الانثیین۔ وفی الجلالین عن الترمذی حدیث لا وصية لوارث۔ فی الکمالین قال الشافعی ان هذا المتن متواتر ۱۲۔ اخرج البخاری و مسلم و ابوداؤد والترمذی والنسائی والطبرانی وآخرون عن سلمة بن الاکوع رضی الله تعالیٰ عنه قال لما نزلت هذه الآية وعلی الذین یطیقونه کان من شاء منا صام ومن شاء افطر ویفتدی فعل ذلك حتی نزلت الآية التی بعدها فنسختها فمن شهد منکم الشهر فلیصمه ۱۲ روح المعانی۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَة: قرا نافع وابن عامر باضافة فدية الی طعام وجمع المسکین والاضافة حینئذ من اضافة الشیء الی جنسه کخاتم فضة لان طعام المسکین یکون فدية وغیرها وجمع المسکین لانه جمع فی الذین یطیقونه مقابل الجمع بالجمع ولم یجمع فدية لانها مصدر ۱۲ روح المعانی۔

اللُّغَات: الجنف مطلق المیل والمراد به من غیر قصد بقرینة مقابلة الاثم الخوف بمعنی توقع وعلم و تحقیقه ان الخوف حالةً تعتری عند انقباض من شر متوقع وهو قد یکون معلوم الوقوع فاستعمل فی کلیهما ۱۲ من روح المعانی ۔ الصیام کالصوم مصدر صام ۱۲ روح المعانی۔

النَّحْو: لما کان الوصية مصدر اذا التاء جاز تذکیر الضمائر الراجعة الیه وبالاولی تذکیر الفعل المنسوب الیه حقا قال البیضاوی مصدر مؤکد ای حق ذلك حقا قلت واشرت الی تقدیر الفعل فی الترجمة ولذا کتبته بین الهلالین ۱۲۔ ایاما معدودات فی روح المعانی انتصاب ایاما لیس بالصیام کما قیل لوقوع الفصل بینهما باجنبی بل بمضمر دل هو علیه اعنی صوموا فعدة من ایام اخر ای فعلیه صوم عدة ایام المرض والسفر من ایام اخر ان افطر وحذف الشرط والمضا فان للعلم بها ۱۲ روح المعانی۔

البَلَاغَة: فی روح المعانی خیرا ای الا ولعل (هکذا فی الاصل وظاهر ان لفظة فیلابد منهفی خبرلعلاذا تقدم ۱۲ منه) اختیاره ایذانا بانه ینبغی ان یکون الموصی به حلالا طیبا لا خبیثا لان الخبیث یجب رده الی اربابه ویاثم بالوصية فیه ۱۲۔ کما کتب فیه تاکید للحکم وترغیب فیه وتطییب لانفس المخاطبین فان الامور الشاقة اذا عمت طابت ایاما معدودات قلیلات لان القلیل سهیل عده فیعدوا الکثیر یؤخذ جزا فاعلی سفر راکب سفر مستعل علیه بان اشتغل به قبل الفجر ففیه ایماء الی ان من مسافر فی اثناء الیوم لم یفطر ولهذا المعنی اوثر علی مسافرا ۱۲ روح المعانی۔

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًی لِّلنَّاسِ وَبَیِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْکُمُ الشَّهْرَ فَلْیَصُمْهُ ؕ وَمَنْ کَانَ مَرِیْضًا اَوْ عَلٰی سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ ؕ یُرِیْدُ اللّٰهُ بِکُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِکُمُ الْعُسْرَ ۫ وَلِتُکْمِلُوا الْعِدَّةَ وَ لِتُکَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰی مَا هَدٰىکُمْ وَلَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَاِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ؕ

(وہ تھوڑے ایام) ماہ رمضان ہے جس میں قرآن مجید بھیجا گیا ہے۔ جس کا (ایک) وصف یہ ہے کہ لوگوں کے لئے (ذریعہ) ہدایت ہے اور دوسرا (وصف) واضح الدلالۃ ہے۔ منجملہ ان کتب کے جو کہ (ذریعہ) ہدایت (بھی) ہیں اور (حق و باطل میں) فیصلہ کرنے والی (بھی) ہیں۔ سو جو شخص اس ماہ میں موجود ہو اس کو ضرور اس میں روزہ

www.besturdubooks.net

رکھنا چاہئے اور جو شخص بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے ایام کا (اتنا ہی) شمار (کر کے ان میں روزہ) رکھنا (اس پر واجب) ہے اللہ تعالیٰ کو تمہارے ساتھ (احکام میں) آسانی کرنا منظور ہے اور تمہارے ساتھ (احکام وقوانین مقرر کرنے میں) دشواری منظور نہیں اور تاکہ تم لوگ (ایام ادا یا قضا کی) شمار کی تکمیل کر لیا کرو (کہ ثواب میں کمی نہ رہے) اور تاکہ اللہ تعالیٰ کی بزرگی (وثنا) بیان کیا کرو۔ اس پر کہ تم کو (ایک ایسا طریقہ بتلا دیا جس سے تم برکات وثمرات صیام رمضان سے محروم نہ رہو گے) اور (عذر سے خاص رمضان میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت اس لئے دے دی) تاکہ تم لوگ (اس نعمت کی آسانی پر اللہ کا) شکر ادا کیا کرو اور جب آپ سے میرے بندے میرے متعلق دریافت کریں تو (آپ میری طرف سے فرما دیجئے) میں قریب ہی ہوں۔

تفسیر: تعیین ایام صیام: شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيٓ أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْاٰنُ (الی قولہ تعالی) يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۔ (وہ تھوڑے ایام جن میں روزے کا حکم ہوا ہے) ماہ رمضان ہے جس میں (ایسی برکت ہے کہ اس میں یعنی اس کے ایک خاص حصہ میں کہ شب قدر ہے) قرآن مجید (لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر بھیجا گیا ہے جس کا (ایک وصف یہ ہے کہ لوگوں کے لئے (ذریعہ) ہدایت ہے اور (دوسرا وصف یہ ہے کہ ہدایت کے طریقے بتلانے میں اس کا جزو جزو واضح الدلالۃ ہے (اور ان دونوں وصفوں میں) منجملہ ان کتب (سماویہ) کے (ہے) جو کہ ان ہی دو وصفوں سے موصوف ہیں یعنی ذریعہ) ہدایت (بھی) ہیں اور (وضوح دلالت کی وجہ سے حق و باطل کے درمیان) فیصلہ کرنے والی (بھی) ہیں سو جو شخص اس ماہ میں موجود ہو اس کو ضرور اس میں روزہ رکھنا چاہئے (اور وہ فدیہ کی اجازت جو اوپر مذکور تھی منسوخ و موقوف ہوئی) اور (مریض اور مسافر کے لئے جو اوپر قانون تھا وہ البتہ اب بھی اسی طرح باقی ہے کہ) جو شخص ایسا بیمار ہو (جس میں روزہ رکھنا مشکل یا مضر ہو) یا (شرعی) سفر میں ہو تو (اس کو رمضان میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے اور بجائے ایام رمضان کے) دوسرے ایام کا) (اتنا ہی) شمار (کر کے ان میں روزہ) رکھنا (اس پر واجب) ہے اللہ تعالیٰ کو تمہارے ساتھ (احکام میں) آسانی (کی رعایت) کرنا منظور ہے (اس لئے ایسے احکام مقرر کئے جن کو تم آسانی سے بجا لا سکو چنانچہ سفر اور مرض میں کیسا آسان قانون مقرر کر دیا) اور تمہارے ساتھ (احکام وقوانین مقرر کرنے میں) دشواری منظور نہیں (کہ سخت احکام تجویز کر دیتے) اور (یہ احکام مذکورہ ہم نے خاص خاص مصلحتوں سے مقرر کئے چنانچہ اولاً روزہ ادا رکھنے کا اور کسی شرعی عذر سے رہ جاوے تو اور ایام میں قضا کرنے کا حکم تو اس لئے کیا) تاکہ تم لوگ (ایام ادا یا قضا کی) شمار کی تکمیل کر لیا کرو (تاکہ ثواب میں کمی نہ رہے) اور (خود قضا رکھنے کا حکم اس لئے کیا) تاکہ تم لوگ اللہ تعالیٰ کی بزرگی (اور ثناء) بیان کیا کرو اس پر کہ تم کو (ایک ایسا) طریقہ بتلا دیا (جس سے تم برکات وثمرات صیام رمضان سے محروم نہ رہو ورنہ اگر قضا کا حکم واجب نہ ہوتا تو بہت کم لوگ اس کا اہتمام کرتے) اور (عذر سے خاص رمضان میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت اس لئے دیدی) تاکہ تم لوگ (اس نعمت آسانی پر اللہ تعالیٰ کا) شکر ادا کیا کرو (ورنہ اگر یہ اجازت نہ ہوتی تو سخت مشقت ہوتی)۔

ف: قرآن مجید میں دوسری آیت میں آیا ہے کہ ہم نے قرآن مجید شب قدر میں نازل فرمایا اور یہاں رمضان شریف میں نازل کرنا فرمایا ہے سو وہ شب قدر رمضان کی تھی اسلئے دونوں مضمون موافق ہو گئے اور اگر یہ وسوسہ ہو کہ قرآن مجید تو کئی سال میں تھوڑا تھوڑا کر کے حضور ﷺ پر نازل ہوا ہے پھر رمضان یا شب قدر میں نازل فرمانے کے کیا معنی اس وسوسہ کے جواب کی طرف احقر نے اثناء ترجمہ میں اشارہ کر دیا ہے یعنی لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر دفعۃً رمضان کی شب قدر میں نازل ہو چکا تھا پھر آسمان دنیا سے دنیا میں بتدریج کئی سال میں نازل ہوا پس اس میں بھی تعارض نہ رہا چنانچہ روح المعانی میں حضرت ابن عباس اور ابن جبیر اور حسن رضی اللہ عنہم کا یہ قول نقل کیا ہے انہ نزل فیه جملة الی السماء الدنیا ثم نزل منجما فی ثلث و عشرین۔ ترجمہ اس کا وہی ہے جو احقر اوپر لکھ چکا ہے اور یہی معنی ہیں اس حدیث کے جو امام احمدؒ اور طبرانی نے بروایت واثلہ بن الاسقع کے جناب رسول اللہ ﷺ سے ذکر کی ہے کہ صحف ابراہیم رمضان کی اول شب میں اور توراۃ چھٹی شب میں اور انجیل تیرہویں شب میں اور قرآن مجید چوبیسویں شب میں اسی رمضان کی نازل کئے گئے کذا فی روح المعانی واللہ اعلم۔

ربط: اوپر احکام صوم میں جن مصلحتوں کی رعایت فرمائی گئی ہے اسی طرح آئندہ بھی بعض احکام کے مصالح اور رعایت سہولت کا مذکور ہے ان سب سے حق تعالیٰ کا بندے کے حال پر توجہ اور عنایت فرمانا معلوم ہوتا ہے لہٰذا مضمون قرب واجابت کا ذکر بمناسب مقام فرماتے ہیں۔

قرب واجابت باری تعالیٰ: وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَإِنِّيْ قَرِيْبٌ ۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَإِنِّيْ قَرِيْبٌ اس کا ظاہر احاطہ ذاتیہ وقرب ذاتی پر دلالت کرتا ہے۔

الروایات: فی لباب النقول اخرج ابن جریر وابن ابی حاتم وابن مردویه وابو الشیخ وغیرهم من طرق انه جاء اعرابی الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال اقریب ربنا فنناجیه ام بعید فننادیه فانزل الله تعالٰی واذا سألك عبادی الآیة۔

الکلام: استدل المعتزلة بقوله تعالی یرید الله الخ علی انه قد یقع من العبد ما لا یریده الله تعالٰی وذلك لان المریض والمسافر اذا صاما حتی اجهدهما الصوم فقد فعلا خلاف ما اراد الله تعالٰی ورد بان التیسیر باباحة الفطر وقد حصل من غیر تخلف۔ روح المعانی۔

www.besturdubooks.net

النحو: شهر رمضان خبر مبتدأ محذوف تقديره ذلكم الوقت۱۲ روح المعانى قلت واشرت اليه فى الترجمة هدى وبينات حالان لازمان من القرآن والعامل فيهما انزل ۱۲ روح المعانى واشرت اليه فى الترجمة بقولى وصف الخ۔ ولتكملوا علل لفعل محذوف دل عليه فمن شهد الخ اى وشرع لكم جملة ما ذكر الخ۱۲ روح المعانى قلت واشرت اليه ايضا فى الترجمة۔

البلاغة: شهر رمضان هو المراد بالايام واختار ذلك ابن عباس والحسن وابو مسلمؒ فيكون الله سبحانه قد اخبر اولا انه كتب علينا الصيام ثم بينه بقوله عز و جل اياما معدودات فزال بعض الابهام ثم بينه بقوله عز من قائل شهر رمضان توطيناً للنفس عليه۱۲ روح المعانى قوله هدى للناس وبما ذكرت فى ترجمته لم يلزم التكرار فى الهدى اى مع قوله من الهدى وكذلك فى بينات مع قوله الفرقان فافهم وظهر ان البينات والفرقان متحدان مقصودا وانما غير العنوان واشارة الى ان كون الشئ بينا لا يقصد الا لكونه فرقاناً بخلاف كونه هدى فانه مقصود بنفسه ولذا لم يغير فيه العنوان واشرت الى النكتة فى ايراد البينات جمعا بقولى فى الترجمة ۱۲وقد فسر صاحب الكشاف وروح المعانى الهدى والفرقان بالكتب المتقدمة لقوله تعالٰى وانزل التوراة والانجيل من قبل هدى للناس وانزل الفرقان الذى انزل فيه قال البيضاوى فيه اشعار بان الانزال فيه سبب اختصاصه بوجوب الصوم فيه واوضحه عبدالحكيم بانه لما خص هذا الشهر باعظم النعم كان ذلك صالحا لاختصاصه باحمر انواع العبودية شكرا عليه۱۲ قوله ومن كان مريضا مخصص لمن شهد وتكراره لذلك التخصيص اولئلا يتوهم نسخه كما نسخ قرينه۱۲روح المعانى۔ ولتكملوا فى روح المعانى هذا نوع من اللف لطيف المسلك قلما يهتدى اليه لان مقتضى الظاهر ترك الواو لكونها عللا لما سبق ووجه اختياره لما فيه من مزيد الاعتناء بالاحكام السابقة مع عدم التكلف۔ قلت وجه الاعتناء انه فصل الافعال اولا ثم اجمل ذلك المفصل بالفعل المقدر اى شرع ثم فصل علل تلك الافعال كما هو ظاهر۱۲ لتكبروا الله على فى روح المعانى المراد من التكبير الحمد والثناء مجازا لكونه فردا منه ولذلك عدى بعلى۱۲۔

أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ﴿۱۸۶﴾ أُحِلَّ لَكُمْ
لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَائِكُمْ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ كُنتُمْ
تَخْتَانُونَ أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنكُمْ فَالْآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ وَكُلُوا
وَاشْرَبُوا حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ
وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ
آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿۱۸۷﴾

(اور باستثنا نامناسب درخواست کے) منظور کرلیتا ہوں (ہر) عرضی درخواست کرنے والے کی جبکہ وہ میرے حضور میں درخواست دے۔ سوان کو چاہئے کہ میرے احکام کو قبول کیا کریں اور مجھ پر یقین رکھیں۔ اُمید ہے کہ وہ لوگ رشد (وفلاح) حاصل کرسکیں گے۔ تم لوگوں کیلئے روزہ کی شب میں اپنی بیبیوں سے مشغول ہونا حلال کردیا گیا ہے کیونکہ وہ تمہارے (بجائے) اوڑھنے بچھونے (کے) ہیں اور تم انکے (بجائے) اوڑھنے بچھونے (کے) ہو۔ خدا تعالیٰ کو اس کی خبر تھی کہ تم خیانت (کرکے) کے گناہ میں اپنے کو مبتلا کر رہے تھے۔ مگر خیر اللہ تعالیٰ نے تم پر عنایت فرمائی اور تم سے گناہ دھو دیا۔ سو اب ان سے ملو ملاؤ اور جو (قانون اجازت) تمہارے لئے تجویز کردیا ہے (بلا تکلف) اسکا سامان کرو اور کھاؤ اور پیو (بھی) اس وقت تک کہ تم کو سفید خط (یعنی نور) صبح (صادق) متمیز ہو جائے سیاہ خط سے پھر (صبح صادق سے) رات تک روزہ کو پورا کیا کرو اور ان بیبیوں سے اپنا بدن بھی مت ملنے دو جس زمانہ میں کہ تم لوگ اعتکاف والے ہو مسجدوں میں یہ تو خداوندی ضابطے ہیں سو ان سے نکلنے کے نزدیک بھی مت ہونا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ اپنے (اور) احکام (بھی) لوگوں (کی اصلاح) کے واسطے بیان فرمایا کرتے ہیں اس امید پر کہ وہ لوگ (مطلع) ہو کر خلاف کرنے سے پرہیز رکھیں ۞

تفسیر: أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ﴿۱۸۶﴾ اور (اے محمد ﷺ) جب آپ سے میرے بندے میرے (قرب اور بعد کے متعلق) دریافت کریں تو (آپ میری طرف سے ان سے فرما دیجئے کہ) میں قریب ہی ہوں (اور باستثناء نامناسب درخواست کے) منظور کرلیتا ہوں (ہر) عرضی درخواست کرنے والے کی جب کہ وہ میرے حضور میں درخواست دے سو (جس طرح میں ان کی عرض معروض و

www.besturdubooks.net

منظور کر لیتا ہوں) ان کو چاہئے کہ میرے احکام کو (بجا) آوری کے ساتھ) قبول کیا کریں (اور چونکہ ان احکام میں کوئی حکم نامناسب نہیں اس لئے اس میں استثناء ممکن نہیں) اور مجھ پر یقین رکھیں (میری ہستی پر بھی میرے حاکم ہونے پر بھی میرے حکیم ہونے اور رعایت مصالح پر بھی اس طرح) امید ہے کہ وہ لوگ رشد (وفلاح) حاصل کر سکیں گے۔ **ف**: یہ جو فرمایا کہ جب دریافت کریں سو ایک شخص نے دریافت کیا تھا **معنی قرب حق تعالیٰ**: اور یہ جو فرمایا کہ میں قریب ہوں تو جیسے حق تعالیٰ کی ذات کی حقیقت بے چوں وچگوں ہونے کی وجہ سے ادراک نہیں کی جاسکتی اسی طرح ان کی صفات کی حقیقت بھی معلوم نہیں ہوسکتی لہٰذا ایسے مباحث میں زیادہ تفتیش جائز نہیں اجمالاً اتنا سمجھ لیں کہ جیسی ان کی ذات ہے ان کی شان کے مناسب ان کا قرب بھی ہے۔ **تحقیق اجابت دعا**: اور احقر نے جو باستثناء نامناسب درخواست کی قید ظاہر کر دی اس سے وہ مشہور وسوسہ اجابت دعا کے متعلق دفع ہو گیا کہ بعض اوقات دیکھا جاتا ہے کہ دعا قبول نہیں ہوتی حاصل جواب یہ ہے کہ وہ دعا اس شخص کے مناسب حال نہیں ہوتی اور یہ ضرور نہیں کہ جو چیز واقع میں نامناسب ہو اس کے نامناسب ہونے کی اطلاع خود اس شخص کو بھی ہو جایا کرے اور کسی ملحد کو اس شبہ کے نکالنے کی بھی گنجائش نہیں ہے کہ جیسے وہ ہماری صرف بعض باتیں قبول کرتے ہیں ہم بھی ان کے صرف بعض احکام مان لیں گے، وجہ گنجائش نہ ہونے کی یہ ہے کہ ہماری تو بعض درخواستیں نامناسب ہوتی ہیں اور ان کے احکام تو سب مناسب ہیں چنانچہ احقر نے ترجمہ میں بھی اس کو ظاہر کر دیا ہے۔

حکم چہارم تمتع بمفطرات درشب صیام: اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ (الی قولہ تعالی) حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ تم لوگوں کے واسطے روزہ کی شب میں اپنی بیبیوں سے مشغول ہونا حلال کر دیا گیا (اور پہلے جو اس سے ممانعت تھی وہ موقوف کی گئی) کیونکہ (بوجہ قرب واتصال کے) وہ تمہارے (بجائے) اوڑھنے بچھونے (کے) ہیں اور تم ان کے (بجائے) اوڑھنے بچھونے (کے) ہو خدا تعالیٰ کو اس کی خبر تھی کہ تم (حکم الٰہی میں) خیانت (کر) کے گناہ میں اپنے کو مبتلا کر رہے تھے (مگر) خیر (جب) تم معذرت سے پیش آئے تو) اللہ تعالیٰ نے تم پر عنایت فرمائی اور تم سے گناہ کو دھو دیا سو (جب اجازت ہوگئی تو) اب ان سے ملو ملاؤ اور جو (قانون اجازت) تمہارے لئے تجویز کر دیا ہے (بے تکلف) اس کا سامان کرو اور (جس طرح شب صیام میں بی بی سے ہم بستری کی اجازت ہے اسی طرح یہ بھی اجازت ہے کہ) کھاؤ (بھی) اور پیو (بھی) اس وقت تک کہ تم کو سفید خط (کہ وہ نور ہے) صبح (صادق) کا (جب کہ وہ بالکل شروع ہی شروع میں طلوع ہوتی ہے) متمیز ہو جاوے سیاہ خط سے (کہ عبارت ہے تاریکی کی اس حد فاصل سے کہ جو خط نور صبح سے ملا ہوا محسوس ہوتا ہے مراد متمیز ہونے سے یہ کہ صبح صادق طلوع ہو جاوے) پھر (صبح (صادق سے) رات (آنے) تک روزہ کو پورا کیا کرو۔ **ف**: شروع اسلام میں یہ حکم تھا کہ رات کو ایک دفع نیند آجانے سے آنکھ کھلنے کے بعد کھانا پینا بی بی کے پاس جانا حرام ہو جاتا ہے بعض صحابہ کرامؓ سے غلبہ میں اس حکم کے امتثال میں کوتاہی ہوگئی پھر نادم ہو کر حضور ﷺ سے اطلاع کی انکی ندامت اور توبہ پر حق تعالیٰ نے رحمت فرمائی اور اس حکم کو منسوخ کر دیا اور احقر نے جو خط تاریکی اور خط نور کے ملنے کو محسوس ہونے سے تعبیر کیا ہے وجہ اس تعبیر کی یہ ہے کہ واقع میں وہ دو خط نہیں بلکہ ایک ہی ہے جو سطح نور وسطح ظلمت دونوں کا منتہا اور دونوں کے درمیان مشترک اور فاصل ہے جیسا اہل ریاضی جانتے ہیں۔

حکم پنجم اعتکاف: وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِي الْمَسٰجِدِ اور ان بیبیوں (کے بدن سے) اپنا بدن بھی (شہوت کے ساتھ) مت ملنے دو جس زمانہ میں کہ تم اعتکاف والے ہو (جو کہ) مسجدوں میں (ہوا کرتا ہے)

ف: **مسئلہ**: حالت اعتکاف میں بی بی کے ساتھ صحبت اور اسی طرح بوس وکنار سب حرام ہے پھر اگر بوس وکنار میں انزال بھی ہو گیا تو وہ اعتکاف جاتا رہے گا اور بجائے اس کے دوسرا قضا کرنا ہوگا اور اگر بلا شہوت اس نے اُس کو یا اُس نے اس کو ہاتھ لگا دیا یا بدن دبا دیا تو درست ہے۔

مسئلہ: اعتکاف صرف ایسی مسجدوں میں جائز ہے جس میں پانچوں وقت جماعت سے نماز کا انتظام ہو۔

مسئلہ: جو اعتکاف رمضان میں نہ ہو اس میں بھی روزہ شرط ہے۔

مسئلہ: اعتکاف والے کو مسجد سے کسی وقت باہر نکلنا درست نہیں البتہ جو کام بہت ہی لاچاری کے ہیں جیسے پیشاب پائخانہ یا کوئی اور کھانا لانے والا نہ ہو تو گھر سے کھانا لے آنا یا جامع مسجد میں جمعہ کی نماز کے لئے جانا بس ایسی ضرورت کے لئے باہر جانا درست ہے لیکن گھر میں یا رستہ میں ٹھہرنا درست نہیں۔

مسئلہ: اگر عورت اعتکاف کرنا چاہے تو جو جگہ اس کی نماز پڑھنے کی مقرر ہے اسی جگہ اعتکاف بھی درست ہے۔

تاکید احکام مذکورہ: تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝ یہ (سب احکام مذکورہ) خداوندی ضابطے ہیں سو ان (ضابطوں) سے (نکلنا تو کیسا) نکلنے کے نزدیک بھی مت ہونا (اور جس طرح اللہ تعالیٰ نے یہ احکام بیان کئے ہیں) اسی طرح اللہ تعالیٰ اپنے (اور) احکام (بھی) لوگوں (کی اصلاح) کے واسطے بیان فرمایا کرتے ہیں اس امید پر کہ وہ لوگ (احکام پر مطلع ہو کر ان احکام کے خلاف کرنے سے) پرہیز رکھیں)۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: تو ترجمہ اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اس میں مجاہدہ کی تعدیل ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله میری طرف سے توجیه بعنوان الجواب ۱۲۔ ۲ قوله میرے احکام کو لما كان المقدر كالملفوظ اظهره فی الترجمة ۱۲۔ ۳ قوله رشد وفلاح عطف تفسیری اخذا مما فی روح المعانی ان اصل الباب اصابة الخير ۱۲۔ ۴ قوله معذرت سے كذا فی البيضاوی ۱۲۔ ۵ قوله دھو دیا عما فی العفو من المحو للاثر ويعبر بلساننا بهذه ۱۲۔ ۶ قوله ملو ملاؤ هی اصل لغة المباشرة فانها الزاق البشرة بالبشرة كنى به عن الجماع ۱۲۔ ۷ قوله تمہارے لئے تجویز کیا ہے اخذا عما فی روح المعانی عن قتادة ان المراد ابتغوا الرخصة التی كتب الله تعالى لكم فان الله تعالى يحب ان توتى رخصه كما يحب ان توتى عزائمه اه قلت ويؤيده اللام فی صلة كتب وقد اشرت الى كون الامر للاباحة بقولی بے تکلف ۱۲۔ ۸ قوله مت ملنے دو اولته بالمعنى الحقيقی لعموم الحكم وعلم قيد الشهوة بالاجماع ۱۲۔ ۹ قوله جس زمانہ میں فائدة الجواب عما اورد ان المعتكف اذا خرج من المسجد فباشر خارجا يلزم جوازه لانه حصر المنع من المباشرة حال كونه فيه وجه الجواب ظاهر بالترجمة فحاصل المعنى لاتباشروهن حال ما يقال لكم انكم عاكفون فی المساجد ومن خرج من المسجد لقضاء الحاجة فهذا القول باق ۱۲۔ ۱۰ قوله جو کہ مسجدوں اشرت بهذا الى ان القيد للاشتراط وعليه الاجماع ۱۲۔ ۱۱ قوله فی ترجمة الآيات احکام اطلاقا للدال على المدلول ۱۲۔

الروایات: فی لباب النقول اخرج البخاری عن البراء قال لما نزل صوم شهر رمضان كانوا لا يقربون النساء رمضان كله فكان رجال يخونون انفسهم فانزل الله علم الله انكم الخ واخرج احمد وابن جرير وابن ابی حاتم من طريق عبدالله بن كعب بن مالك عن ابيه قال كان الناس فی رمضان اذا صام الرجل فامسى فنام حرم عليه الطعام والشراب والنساء حتى يفطر من الغد فرجع عمر من عند النبی صلى الله عليه وسلم وقد سمر عنده فاراد امرأته فقالت انی قد نمت قال ما نمتِ[1] ووقع عليها وصنع كعب مثل ذلك فغدا عمر الى النبی صلى الله عليه وسلم فاخبره فنزلت الآية وفی روح المعانی عن ابن جرير قال عمر يا رسول الله انی اعتذر الى الله تعالى واليك من نفسی هذه ۱۲۔ فی لباب النقول اخرج ابن جرير عن قتادة قال كان الرجل اذا اعتكف فخرج من المسجد جامع ان شاء فنزلت ولا تباشروهن وانتم عاكفون فی المساجد ۱۲۔

اللغات: استجاب واجاب واحد ومعناه قطع مسئلة بتبليغه مراده من الجواب بمعنى القطع ۱۲ روح المعانی۔

النحو: قال عبدالحكيم ناصب ليلة الرفث المقدر الدال عليه الرفث المذكور اذا لمصدر لايتقدم معموله عليه قوله وكلوا عطف على باشروهن فالغاية للثلث ۱۲۔

البلاغۃ: قال البيضاوی الرفث كناية عن الجماع لانه لايكاد يخلو من رفث وهو الافصاح والتصريح بما يجب ان يكنى عنه وعدى بالى لتضمنه معنى الافضاء (والا فاصل الرفث يتعدى بالباء) وايثاره ههنا لتقبيح ما ارتكبوه ولذلك سماه خيانة هن لباس قال البيضاوی لما كان الرجل والمرأة يعتنقان ويشتمل كل منهما على صاحبه شبه باللباس او لان كلا منهما يستر حال صاحبه ويمنعه من الفجور اه قلت او لقلة الصبر عنهن لشدة الملابسة قوله الخيط الابيض شبه اول ما يبدو من الفجر المعترض فی الافق وما يمتد معه من الغبش بخيطين واكتفى ببيان الخيط الابيض لدلالته على الأخر وبذلك عدل عن الاستعارة الى التمثيل آه فاندفع ما قيل ان الصبح الصادق مستطير فكيف شبه بالخيط وجه الدفع انه اول ما يبدو يشبه الخيط وكذا ما قيل ان الظلام كثيرة فكيف يشبه الخيط وجه الدفع ان ما يقارن خيط الصبح هو الذی يشبه الخيط ۱۲۔ حدود الله الحد المنع ومن كان فی طاعة الله والعمل بشرائعه فهو متصرف فی حيز الحق فنهى ان يتعداه وان يقرب الحد الذی هو الحاجز بين حيز الحق والباطل لئلا يدانی الباطل وان يكون فی الواسطة متباعدا عن الطرف فضلا عن ان يتخطاه فالمراد الاحكام ويجوز ان يريد بحدود الله محارمه ۱۲ من الكشاف قلت واشرت الى هذا كله فی الترجمة۔

الحواشی: (۱) بصيغة المخاطبة ای انت كاذبة ۱۲ منه۔

وَلَا تَأْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ

ع ۲۳ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ۭ قُلْ هِىَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ۭ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا

www.besturdubooks.net

الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۸۹﴾ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۹۰﴾ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ؕ كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹۱﴾

اور آپس میں ایک دوسرے کے مال ناحق (طور) مت کھاؤ اور ان (کے جھوٹے مقدمہ کو) حکام کے یہاں اس غرض سے رجوع مت کرو (کہ اس کے ذریعہ سے) لوگوں کے مالوں کا ایک حصہ بطریق گناہ (یعنی ظلم) کے کھا جاؤ اور تم کو (اپنے جھوٹ اور ظلم کا) علم بھی ہو۔ آپ سے چاندوں کی حالت تحقیقات کرتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ وہ چاند آلہ شناخت اوقات ہیں لوگوں کے (اختیاری معاملات مثل مدت ومطالب حقوق کے) لئے اور غیر اختیاری عبادات مثل (حج زکوٰۃ روزہ وغیرہ) کے لئے اور اس میں کوئی فضیلت نہیں کہ گھروں میں ان کی پشت کی طرف سے آیا کرو۔ لیکن فضیلت یہ ہے کہ کوئی شخص حرام (چیزوں) سے بچے اور گھروں میں اُن کے دروازوں سے آیا کرو اور خدا تعالیٰ سے ڈرتے رہو امید ہے کہ تم کامیاب ہو جاؤ اور (بے تکلف) تم لڑو اللہ کی راہ میں ان لوگوں کے ساتھ جو (نقض عہد کر کے) تمہارے ساتھ لڑنے لگیں۔ اور (از خود) حد (معاہدہ) سے نہ نکلو۔ واقعی اللہ تعالیٰ حد (قانون شرعی) سے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتے اور (جس حالت میں وہ خود عہد شکنی کریں اس وقت خواہ) ان کو قتل کرو جہاں ان کو پاؤ اور (خواہ) ان کو نکال باہر کرو جہاں سے انہوں نے تم کو نکلنے پر مجبور کیا اور شرارت قتل سے بھی سخت تر ہے اور ان کے ساتھ مسجد حرام کے قرب (ونواح) میں (کہ حرم کہلاتے ہے) قتال مت کرو۔ جب تک کہ وہ لوگ وہاں تم سے خود نہ لڑیں۔ ہاں اگر وہ (کفار) خود ہی لڑنے کا سامان کرنے لگیں تو تم (بھی) ان کو مارو۔ ایسے کافروں کی (جو حرم میں لڑنے لگیں) ایسی ہی سزا ہے۞

تفسیر: حکم ششم منع مال حرام: وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ (الی قولہ تعالی) وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ اور آپس میں ایک دوسرے کے مال ناحق (طور پر) مت کھاؤ اور ان (جھوٹے مقدمہ) کو حکام کے یہاں اس غرض سے رجوع مت کرو کہ (اس کے ذریعہ سے) لوگوں کے مال کا ایک حصہ بطریق گناہ (یعنی ظلم) کے کھا جاؤ اور تم کو (اپنے جھوٹ اور ظلم کا) علم بھی ہو۔

حکم ہفتم اعتبار حساب قمری در حج وغیرہ: يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ (بعضے آدمی) آپ سے (ان) چاندوں کے (ہر مہینے گھٹنے بڑھنے کی) حالت (اور اس میں جو فائدہ ہے اس فائدہ) کی تحقیقات کرتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ (فائدہ اس کا یہ ہے کہ) وہ چاند (اپنے اس گھٹنے بڑھنے کے اعتبار سے لزوماً یا سہولۃً) آلہ شناخت اوقات ہیں لوگوں کے (اختیاری معاملات مثل عدت ومطالبۂ حقوق کے) لئے اور (غیر اختیاری عبادات مثل) حج (وزکوٰۃ وروزہ وغیرہ) کیلئے۔ ف: مطلب یہ ہے کہ سورج تو اپنے تشکل کے اعتبار سے ہمیشہ ایک حالت پر رہتا ہے گو مطالع ومغارب کے اعتبار سے ہر روز وہ بھی مختلف ہوتا رہتا ہے لیکن وہ امر خفی ہے اور ایک مدت تک اس کا فرق ظاہر نہیں ہوتا اور کسوف دائم اور معین نہیں بخلاف چاند کے کہ جلد جلد اس کے تشکلات مختلف ہوا کرتے ہیں پھر ہر ماہ میں ایک ہی ضابطہ پر ہوتے رہتے ہیں اور وہ اختلاف ایسا بین ہے کہ ہر کہ ومہ بے تکلف اس کو محسوس کرتا ہے اس لئے عام طور پر مختلف طبقات اور درجات کے آدمیوں کو جیسا قمری حساب سے اوقات کا انضباط اور انتظام سہل ہے شمسی حساب سے ممکن نہیں لہٰذا شریعت نے بالاصالۃ قمری حساب پر احکام وعبادات کا مدار رکھا ہے کہ سب کا اجتماع واتفاق امور میں سہولت سے ممکن ہو پھر بعض احکام میں تو اس حساب کو لازم کر دیا ہے کہ ان میں دوسرے حساب پر مدار رکھنا جائز ہی نہیں جیسے حج وروزہ رمضان وعیدین وزکوٰۃ وعدت طلاق وامثالہا اور بعض میں گو اختیار دیا ہے جیسے کوئی چیز خریدی اور وعدہ ٹھہرا کہ اس وقت سے ایک سال شمسی گزرنے پر زر ثمن بے باق کریں گے اس میں شرع نے مجبور نہیں کیا کہ سال قمری ہی پر مطالبہ کا حق ہو جاویگا لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ ابتداء قمری پر مدار رکھا جاوے تو عام طور پر پھر سہولت اسی میں ہے احقر نے جو لزوماً یا سہولۃً اثنائے ترجمہ میں لکھ دیا ہے وہ اسی مضمون مفصل کا اجمال ہے اور اختیاری غیر اختیاری جو اثنا ترجمہ میں واقع ہوا ہے اس سے مراد شرعاً ان کا موقت غیر موقت ہونا ہے ورنہ باعتبار فعل کے سب اختیاری ہیں ورنہ شرعاً ان کا امر ہی نہ ہوتا خوب سمجھ لو۔ حکم استعمال حساب شمسی: اور جاننا چاہئے کہ اپنے روزمرہ کے مکاتبات ومخاطبات میں ہر چند کہ شمسی حساب کا استعمال کرنا شرعاً ناجائز تو نہیں ہے لیکن غور کرنے سے اس میں کوئی شبہ نہیں کہ بوجہ خلاف ہونے وضع صحابہ وسلف صالحین کے خلاف اولیٰ ضرور ہے ونیز چونکہ مدار احکام شرعیہ کا حساب قمری پر ہے اس لئے اس کا محفوظ ومنضبط رکھنا یقیناً فرض علی الکفایہ ہے اور سہل طریق انضباط کا یہ ہے کہ روزمرہ اس کا استعمال رکھا جاوے اور ظاہر ہے کہ فرض کفایہ عبادت ہے اور عبادت کی حفاظت کا آلہ یقیناً ایک درجہ میں عبادت ہے پس حساب قمری کا استعمال اس درجہ میں مطلوب شرعی ٹھہرا پس مسلمان سے

www.besturdubooks.net

بہت بعید ہے کہ ایک جانب ایک امر مطلوب شرعی ہو دوسری جانب دوسرا امر کسی درجہ میں مزاحم اس شرعی کا ہو پھر مطلوب کو چھوڑ کر بلا ضرورت اس کے مزاحم کو اختیار کرے خصوصاً اس طور پر کہ اس مطلوب سے کوئی خاص تعلق اور دلچسپی بھی نہ رہے اور غیر مطلوب کو راجح قرار دینے لگے۔

حکم ہشتم اصلاح طریقہ بخانہ درآمدن در احرام: وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا (الی قولہ تعالی) وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۝۱۸۹۔

(بعض لوگ قبل اسلام کے حالت احرام حج میں اگر کسی ضرورت سے گھر جانا چاہتے تو دروازہ سے جانا ممنوع جانتے تھے اس لئے پشت کی دیوار میں نقب دے کر اس میں سے اندر جاتے تھے اور عمل کو فضیلت سمجھتے تھے حق تعالیٰ اس کے متعلق بعد ذکر حج کے ارشاد فرماتے ہیں) اور اس میں کوئی فضیلت نہیں کہ گھروں میں ان کی پشت کی طرف سے آیا کرو ہاں لیکن فضیلت یہ ہے کہ کوئی شخص حرام (چیزوں) سے بچے اور (چونکہ گھروں میں دروازہ کی طرف سے آنا حرام نہیں ہے اس لئے اس سے بچنا بھی ضرور نہیں سو اگر آنا چاہو تو) گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ اور (اصل الاصول تو یہ ہے کہ) خدا تعالیٰ سے ڈرتے رہو (اس سے البتہ) امید ہے کہ تم (دارین میں) کامیاب ہو۔ **ف**: اس سے ایک بڑے کام کی بات معلوم ہوئی کہ جو شئے شرعاً مباح ہو اس کو طاعت وعبادت اعتقاد کر لینا اسی طرح اس کو معصیت اور محل ملامت اعتقاد کر لینا شرعاً مذموم ہے اور بدعت میں داخل ہے چنانچہ گھروں میں دروازے سے آنا مباح تھا اس کو ان لوگوں نے معصیت سمجھا تھا اور دروازہ چھوڑ کر کسی اور طرف سے آنا بھی فی نفسہ مباح ہے اس کو ان لوگوں نے عبادت وفضیلت سمجھا تھا اس پر حق تعالیٰ نے ان پر رد فرمایا اور ان کے اس اعتقاد کو باطل اور مخالف تقویٰ کے ٹھہرایا اور تقویٰ کو واجب فرمایا تو ضرور جس چیز سے واجب کا ترک اور خلاف لازم آوے گا وہ گناہ ہوگی پس ان کے یہ دونوں اعتقاد گناہ ہوئے اس قاعدہ سے ہزاروں اعمال کا حکم معلوم ہوگیا جو کہ عوام بلکہ بعض خواص میں بھی شائع ہیں اللہ تعالیٰ رحم فرماویں۔

حکم نہم متعلق قتال کفار: وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا (الی قولہ تعالی) فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ۔ اس میں اعراض عن الفضول پر دلیل ہے اور اس پر بھی کہ شیخ کو حق ہے کہ بعض سوالات سے منع کر دے خواہ صریحاً خواہ اس طور سے کہ جو اس سے پوچھا گیا ہے اس کا جواب نہ دے، دوسرا جواب دے دے۔ قولہ تعالیٰ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا۔ اس میں مذمت ہے تشبہ باہل باطل کی اگرچہ رسوم وعادات ہی میں ہو۔

الحواشی: (۱) هذا مبنى على المشهور بان السول كان عن العلة والجواب على اسلوب الحكيم ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله ایک دوسرے کے مال فهو على حد ولا تلمزوا انفسكم بدليل قوله سبحانه بينكم فانه بمعنى الواسطة يقتضي ان يكون ما يضاف اليه منقسما الى طرفين بكون الاكل والمال حال الاكل متوسطا بينهما وذلك ظاهر على المعنى المذكور كذا فى روح المعانى قلت وهو بيان لا على البلاغة فى الآية ۱۲۔ ۲؎ قوله بالاصالة زدته لانهم اعتبروا فى اسنين السنة الشمسية فانه بعارض كون الفصول مؤثرة فى المزاج والعلاج ۱۲۔ ۳؎ قوله ایک درجہ میں عبادت المراد به العبادة بالغير ۱۲۔

الروایات: فى لباب النقول اخرج ابن ابى حاتم عن سعيد بن جبير قال ان امرء القيس بن حابس وعبدان بن اشوع الحضرمى اختصما فى ارض واراد امرأ القيس ان يحلف ففيه نزلت ولاتاكلوا اموالكم بينكم الآية۔ فى لباب النقول اخرج ابن ابى حاتم عن ابى العالية قال بلغنا انهم قالوا يا رسول الله لم خلقت الاهلة فانزل الله تعالىٰ يسئلونك عن الاهلة۔ قلت فظهر ان السوال كان عن الحكمة وهو الظاهر من الجواب فلا يحتاج الى التكلف بكون الجواب على اسلوب الحكيم وماروى ان معاذ بن جبل سأل ما بال الهلال يبدو دقيقا ثم يزيد الخ فسنده على ما فى روح المعانى ضعيف على انه يمكن حمله على السوال عن الحكمة كما لا يخفى ۱۲۔ روى البخارى عن البراء قال كانوا اذا احرموا فى الجاهلية اتوا البيت من ظهره فانزل الله وليس البر الخ ۱۲ لباب النقول۔ فى لباب النقول من طريق الكلبى عن ابى صالح عن ابن عباس قال نزلت هذه الآية فى صلح الحديبية وذلك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لما صدعن البيت ثم صالحه المشركون على ان يرجع عامه القابل فلما كان العام القابل تجهز هو و اصحابه عمرة القضاء فخافوا ان لا تفى قريش بذلك وان يصدوهم عن المسجد الحرام ويقاتلوهم وكره اصحابه قتالهم فى الشهر الحرام فانزل الله ذلك ۱۲۔

اللغات: الادلاء فى الاصل ارسال الحبل فى البير ثم استعير للتوصل الى الشئ او الالقاء والباء صلة الادلاء اى لا تتوصلوا او لاتلقوا بحكومتها والخصومة فيها الى الحكام ۱۲ روح المعانى المواقيت جمع ميقات من الوقت صيغة آلة اى ما يعرف به الوقت اه من البيضاوى وعبدالحكيم قلت واشرت اليه فى الترجمة ۱۲۔

النحو: بينكم و بالباطل متعلقان بلا تأكلوا والباء فى بالاثم للسببية ۱۲ من روح المعانى۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ: جمع الاهلة اما لان الهلال كل يوم بزيادة ونقصه كانه هلال آخر غير الاول واما لانه متعدد باعتبار تعدد الشهور واخترت الوجه الثاني في الترجمة لرجحانه عند ذوقي وعطف الحج يمكن ان يبنى على تغاير بينه وبين المعطوف عليه بان يقال ان قوله للناس بيان للمواقيت التي هى باختيارهم وقوله والحج اشارة الى المواقيت التى عينها الله للعبادات الموقتة الا انه خص الحج بالذكر من بينها لكونها ادعى شئ الى الوقت لانه يحتاج اليه اداءً وقضاءً آه من البيضاوى وعبدالحكيم۔ قلت وعطفت فى الترجمة الصوم على الحج مناسبة لخصوص المقام الصوم المتصل به ۱۲۔

فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۲﴾ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا

عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹۳﴾ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ

مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ وَاَنْفِقُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ مع

وَاَحْسِنُوْا ۛ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۹۵﴾

پھر اگر وہ لوگ (اپنے کفر سے) باز آ جائیں (اور اسلام قبول کر لیں) تو اللہ تعالیٰ بخش دیں گے اور مہربانی فرما دیں گے اور ان کے ساتھ اس حد تک لڑو کہ فساد عقیدہ (شرک) نہ رہے اور ان کا دین (خالص اللہ ہی کا ہو جائے) اور اگر وہ لوگ (کفر سے) باز آ جائیں تو سختی کسی پر نہیں ہوا کرتی بجز بے انصافی کرنے والوں کے۔ حرمت والا مہینہ ہے بعوض حرمت والے مہینے کے اور یہ حرمتیں تو عوض معاوضہ کی چیزیں ہیں سو جو تم پر زیادتی کرے تو تم بھی اس پر زیادتی کرو جیسی اس نے تم پر زیادتی کی ہے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور یقین کر لو کہ اللہ تعالیٰ ان ڈرنے والوں کے ساتھ ہوتے ہے اور تم لوگ (جان کے ساتھ مال بھی) خرچ کیا کرو اللہ کی راہ میں اور اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں تباہی میں مت ڈالو اور کام اچھی طرح کیا کرو۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے اچھی طرح کام کرنے والوں کو۔

تفسیر: فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۲﴾ (الی قولہ تعالیٰ) وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ (ذی قعدہ ۶ ہجری میں حضور ﷺ ادائے عمرہ کے قصد سے مکہ معظمہ تشریف لے چلے اس وقت تک مکہ معظمہ مشرکین کے قبضہ اور حکومت میں تھا ان لوگوں نے حضور ﷺ اور آپ کے ہمراہیوں کو مکہ کے اندر نہ جانے دیا اور عمرہ رہ گیا آخر بڑی گفتگو کے بعد یہ معاہدہ قرار پایا کہ سال آئندہ تشریف لا کر عمرہ ادا فرماویں چنانچہ ذیقعدہ ۷ ہجری میں پھر آپ اسی قصد سے تشریف لے چلے لیکن اس کے ساتھ ہی مسلمانوں کو یہ اندیشہ ہوا کہ شاید مشرکین اپنا معاہدہ پورا نہ کریں اور آمادۂ مقابلہ و مقاتلہ نہ ہو جاویں تو ایسی حالت میں نہ تو سکوت مصلحت ہے اور اگر مقاتلہ کیا جاوے تو ذیقعدہ میں کہ اس وقت تک اس میں اور ذی الحجہ اور محرم اور رجب میں قتل وقتال ممنوع تھا اور اس لئے یہ چار مہینے اشہر حُرم کہلاتے تھے قتل لازم آتا ہے غرض مسلمان اس تردد سے پریشان تھے حق تعالیٰ نے یہ آیتیں نازل فرمائیں کہ گو اور کفار کی طرح ان خاص معاہدہ کرنے والوں کے ساتھ بوجہ باہمی معاہدہ کے تم کو اپنی جانب سے ابتداءً قتال کرنے کی اجازت نہیں لیکن اگر وہ لوگ خود عہد شکنی کریں اور تم سے لڑنے کو آمادہ ہو جاویں تو اس وقت تم کسی طرح کا اندیشہ دل میں مت لاؤ) اور (بے تکلف) تم (بھی) لڑو اللہ کی راہ میں (یعنی اس نیت سے کہ یہ لوگ دین کی مخالفت کرتے ہیں) ان لوگوں کے ساتھ جو (نقض عہد کر کے) تمہارے ساتھ لڑنے لگیں اور (از خود) حد (معاہدہ) سے مت نکلو (کہ عہد شکنی کر کے لڑنے لگو) واقعی اللہ تعالیٰ حد (قانونِ شرعی) سے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتے اور (جس حالت میں وہ خود عہد شکنی کریں تو اس وقت دل کھول کر خواہ) ان کو قتل کرو جہاں ان کو پاؤ اور (خواہ ان کو (مکہ سے) نکال باہر کرو جہاں سے انہوں نے تم کو (تنگ کر کے اور ایذائیں پہنچا کر) نکلنے (اور ہجرت کرنے) پر مجبور کیا ہے اور (تمہارے اس قتل و اخراج کے بعد بھی عقلاً الزام ان ہی پر رہے گا کیونکہ عہد شکنی جو ان سے واقع ہوگی بڑی شرارت کی بات ہے اور ایسی) شرارت (ضرر میں) قتل (واخراج) سے بھی سخت تر ہے (کیونکہ اس قتل واخراج کی نوبت اس شرارت ہی کی بدولت پہنچتی ہے پس یہ شرارت اصل اور قتل واخراج اس کی فرع ہے) اور علاوہ معاہدہ کے ان کے ساتھ ابتداء قتال کرنے سے ایک اور امر بھی مانع ہے وہ یہ کہ حرم شریف یعنی مکہ اور اس کا گرداگرد ایک واجب الاحترام جگہ ہے اور اس میں قتال کرنا اس کے احترام کے خلاف ہے اس لئے بھی حکم دیا جاتا ہے کہ) ان کے ساتھ مسجد حرام (یعنی کعبہ) کے قرب (ونواح) میں (کہ حرم کہلاتا ہے) قتال مت کرو جب تک کہ وہ لوگ وہاں تم سے خود نہ لڑیں ہاں اگر وہ (کفار) خود ہی لڑنے کا سامان کرنے لگیں تو (اس وقت پھر تم کو اجازت ہے کہ) تم (بھی) ان کو مارو (دھاڑو) ایسے کافروں کی (جو حرم میں لڑنے لگیں) ایسی ہی سزا ہے پھر اگر (بعد شروع قتال کے بھی) وہ لوگ (اپنے کفر سے) باز آ جاویں (اور اسلام قبول کر لیں) تو (ان کا اسلام بے قدر نہ سمجھا جاوے گا بلکہ) اللہ تعالیٰ (ان کے گزشتہ کفر کو) بخش دینگے اور (مغفرت کے علاوہ انواع نعم دے کر ان پر) مہربانی (بھی)

www.besturdubooks.net

فرماویں گے اور (اگر وہ لوگ اسلام نہ لاویں تو گواور کفار سے جزیہ دینے کے اقرار پر قتال سے دست کش ہونے کا حکم ہے لیکن یہ خاص کفار چونکہ اہل عرب ہیں ان کے لئے قانون جزیہ نہیں ہے بلکہ ان کے لئے اسلام ہے یا قتل اس واسطے) ان کے ساتھ اس حد تک لڑو کہ (ان میں) فسادِ عقیدہ (یعنی شرک) نہ رہے اور (ان کا) دین (خالص) اللہ ہی کا ہو جاوے (اور کسی کے دین و مذہب کا خالصاً اللہ کے لئے ہو جانا موقوف ہے قبول اسلام پر تو حاصل یہ ہوا کہ شرک چھوڑ کر اسلام اختیار کرلیں) اور اگر وہ لوگ (کفر سے) باز آجاویں (جس کا ذکر ابھی ہوا بھی ہے) تو (آخرت میں مغفرت و رحمت کے مستحق ہونے کے ساتھ دنیا میں ان کے لئے تم کو یہ قانون بتلایا جاتا ہے کہ سزا کی) سختی کسی پر نہیں ہوا کرتی بجز بے انصافی کرنے والوں کے (جو براہِ بے انصافی خدائی احسانات کو بھول کر کفر و شرک کرنے لگیں اور جب یہ لوگ اسلام لے آئے تو بے انصاف نہ رہے لہٰذا ان پر سزائے قتل کی سختی نہ رہی اور مسلمانو تم کو جو ان کے نقض عہد کی صورت میں یہ تردد ہے کہ شہر حرام یعنی ذیقعدہ میں لڑنا پڑے گا سو اس سے بھی بے فکر رہو کیونکہ) حرمت والا مہینہ (تم کو قتال کفار سے مانع ہوسکتا) ہے بعوض (اس کے کہ اس) حرمت والے مہینہ کے (سبب وہ بھی تم سے قتال نہ کریں) اور (وجہ یہ ہے کہ) یہ حرمتیں تو عوض معاوضہ کی چیزیں ہیں سو (جو تم سے ان کی رعایت کرے تو تم بھی رعایت رکھو اور) جو تم پر (ایسی حرمتوں کی رعایت نہ کرکے) زیادتی کرے تو تم بھی اس پر زیادتی کرو جیسی اس نے تم پر زیادتی کی ہے اور (ان سب احکام مذکورہ کے برتاؤ میں) اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو (کہ کسی امر میں حد قانونی سے تجاوز نہ ہونے پاوے) اور یقین کرلو کہ اللہ تعالیٰ (اپنی عنایت و رحمت سے) ان ڈرنے والوں کے ساتھ ہوتے ہیں)۔

ف: ان آیتوں کے متعلق چند مسائل ہیں۔

مسئلہ اول: ابتداء بقتال: کفار کے ساتھ جب کہ شرائط جواز کے پائے جاویں ابتداءً قتال شروع کرنا درست ہے اور اس مقام میں جو ابتداءً بالقتال سے ممانعت فرمائی ہے تو وہ صرف بوجہ معاہدہ کے ہے تو معاہدہ میں ابتداء ناجائز ہے البتہ اگر معاہدہ کا باقی رکھنا مصلحت نہ ہو تو صاف اطلاع کردی جاوے کہ ہم وہ معاہدہ باقی نہیں رکھتے پھر قتال جائز ہے اسی طرح اگر وہ لوگ خود معاہدہ توڑ دیں تب بھی قتال جائز ہے چنانچہ جن لوگوں کے باب میں یہ آیات نازل ہوئی ہیں انہوں نے آخر میں جب نقض عہد کردیا تو ان سے یہاں تک قتل و قتال ہوا کہ مکہ فتح ہوکر دار الاسلام بن گیا۔

مسئلہ دوم: استیطان کفار جزیرہ عرب را و قتال در حرم: جزیرہ عرب کے اندر جس میں حرم بھی آ گیا کفار کو وطن بنانے کی اجازت نہیں اور اگر بزور رہنا چاہیں تو غیر حرم میں تو قتال کرکے بھی دفع کردینا جائز ہے اور حد حرم کے اندر اولاً قتال نہ کریں گے بلکہ ان کو دوسری طرح تنگ کریں گے جس میں وہ خود چھوڑ دیں اور اگر کسی طرح نہ چھوڑیں اور دفع کرنے سے آمادۂ قتال ہو جاویں تو اس وقت قتال جائز ہے اور یہی حکم ہے اس کا جو کوئی جرم قتل وغیرہ کا مرتکب ہوکر حرم کے اندر جا گھسے اس کو تنگ کرکے باہر نکال کر قصاص وغیرہ لیں گے اور اس مقام میں جو نقض عہد نہ کرنے کی صورت میں ان سے تعرض نہ کرنے کا حکم مفہوم ہوتا ہے سو اس وقت یہ ممانعت جزیرۂ عرب میں بسنے کی نہ تھی پھر آخر میں یہ حکم مقرر ہو گیا۔

مسئلہ سوم: قتال در اشہر حرم: جمہور ائمہ دین کا اجماع ہے کہ اشہر حرم میں اب قتل و قتال جائز ہے اور جن آیات سے ممانعت معلوم ہوتی ہے وہ منسوخ ہیں لیکن افضل اب بھی یہی ہے کہ اشہر حرم میں ابتداء بالقتال نہ کرے۔

مسئلہ چہارم: عدم قبول جزیہ از کفار عرب: کفار عرب اگر اسلام نہ لاویں تو ان کے لئے صرف قتل کا قانون ہے اگر وہ جزیہ دینا چاہیں نہ لیا جاوے گا یہ سب مسائل در مختار و رد المختار وغیرہما کتب فقہ حنفی سے منقول ہیں۔

حکم و ہم انفاق فی الجہاد: وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَاَحْسِنُوْا ۛ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۝ اور تم لوگ (جان کے ساتھ مال بھی) خرچ کیا کرو اللہ کی راہ (یعنی جہاد) میں اور اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں تباہی میں مت ڈالو (کہ ایسے مواقع میں جان و مال خرچ کرنے سے جبن یا بخل کرنے لگو جس کا نتیجہ تمہارا ضعیف اور مخالف کا قوی ہو جانا ہے جو عین تباہی ہے) اور (جو) کام (کرو) اچھی طرح کیا کرو (مثلاً اس موقع پر خرچ کرنا ہے دل کھول کر خوشی سے اچھی نیت کے ساتھ خرچ کرو) بلاشبہ اللہ تعالیٰ پسند کرتے ہیں اچھی طرح کام کرنے والوں کو۔ **ف**: اور یہ جو فرمایا کہ اپنے ہاتھوں الخ اس قید کا حاصل یہ ہے کہ باختیار خود کوئی امر خلاف حکم نہ کرے اور جو بلا قصد و اختیار کچھ ہو جاوے وہ معاف ہے کذا فی روح المعانی۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ۔ اس کی تفسیر یہ بھی کی گئی ہے کہ غزوہ اور انفاق فی الغزوہ مت چھوڑ و پس یہ دلیل ہے اس پر کہ اعتبار معانی کو صورت پر ترجیح ہے کہ جو چیز صورۃً تہلکہ کی ضد ہے اس کو معنی کا اعتبار کرکے تہلکہ فرمایا گیا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله ان خاص معاہدہ کرنے والوں الخ فلا حاجة الى القول بكون الآية منسوخة بجواز ابتداء القتال مع الكفار بعد ان حملته على المعاهدين فافهم ۱۲۔ ۲؎ قوله في ترجمة والفتنة ایسی شرارت وقوله في ترجمة جزاء الكفرين ایسے کافروں کی للعهد

www.besturdubooks.net

فیهما ۱۲۔ ۳؎ قوله علاوہ معاہدہ فلا یتوهم ان التفسیر یدل علی کون المانع عهدا مع قطع النظر عن کونهم فی الحرم فما معنی مانعیة الحرم ۱۲۔ ۴؎ قوله فی ترجمة عند قرب فاشتمل الحرم کله ۱۲۔ ۵؎ قوله سامان کرنے لگیں حملا علی المجاز بضرورة الاجماع علی عدم توقف جواز قتالهم علی عین القتال منهم ۱۲۔ ۶؎ قوله فی ترجمة لا تکون فتنه فسادِ عقیدہ یعنی شرک کما نقل فی روح المعانی عن قتادة والسدی وهذا ینطبق علی مذهب الحنفیة واما غیرهم فیحملونه علی الاطاعة وترک المقاتلة ولو بقبول الجزیة ۱۲۔ ۷؎ قوله خالص لما یشعر به اللام هکذا فی روح المعانی ۱۲۔ ۸؎ قوله فی ترجمة فان انتهوا الثانی اور حملا للفاء علی مطلق العطف نظرا الی فان انتهوا الاول ویصح التعقیب نظرا الی قاتلوهم ۱۲۔ ۹؎ قوله وجہ یہ ہے قال البیضاوی احتجاج علیه آه ای باندراج الاحتجاج فیه لا انه مقصود بالذات والا لما صح الواو ۱۲ من عبدالحکیم۔ ۱۰؎ قوله اس پر زیادتی کرو من غیر ان یقید بقوله ایسی ہی حملا للباء علی الزیادة کما فی المدارک وتقدیره عدوانا مثل عدوانهم آه ای فی نفس کونه عدوانا لان المراد نفس القتال بقرینة المقام ولا یجب فیه المماثلة اجماعاً فلا تعرض للآیة لمسئلة الضمان او المماثلة فی القصاص بالکیفیة کما ذهب الیه الشافعی فافهم ۱۲۔ ۱۱؎ قوله جان کے ساتھ دلیله العطف علی قاتلوا کما فی روح المعانی وهو الدلیل فی عموم تفسیر قوله تعالٰی لا تلقوا الخ لترک القتال والانفاق فهو متعلق لمجموع المعطوف والمعطوف علیه کما فی روح المعانی ایضا ۱۲۔

الرِّوَایَات: فی لباب النقول روی البخاری عن حذیفة قال نزلت هذه الآیة فی النفقة واخرج ابوداؤد والترمذی وصححه ابن حبان والحاکم وغیرهم عن ابی ایوب الانصاری قال نزلت هذه الآیة فینا معشر الانصار لما اعز الله الاسلام وکثر ناصروه قال بعضنا لبعض سرا ان اموالنا قد ضاعت وان الله اعز الاسلام فلو اقمنا فی اموالنا فاصلحنا ماضاع منها فانزل الله علینا یرد علینا ما قلنا وانفقوا فی سبیل الله ولا تلقوا بایدیکم الی التهلکة فکانت التهلکة الا قامة علی الاموال واصلاحها وترکنا الغزو ۱۲۔

اللُّغَات: الهلاک فی الاصل انتهاء الشیٔ فی الفساد والالقاء طرح الشیٔ وعدی بالی لتضمن معنی الانتهاء ۱۲ بیضاوی۔

النَّحْو: الشهر الحرام بحذف المضاف ومتعلق الجار تقدیره حرمة الشهر الحرام مقابل بالشهر الحرام قوله قصاص بحذف المضاف ای الحرمات ذات قصاص ۱۲۔

البَلَاغَة: الباء مزیدة والمراد بالایدی الانفس ای لا توقعوا انفسکم فی الهلاک وقیل معناه لا تجعلوها اخذة بایدیکم (فالایدی بالمعنی الحقیقی ای لا تجعلوا التهلکة قابضة ایدیکم) اولا تلقوا بایدیکم انفسکم الیها فحذف المفعول ۱۲ بیضاوی۔ قلت واخترت الوجه الآخر فی الترجمة ۱۲۔

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ ۥ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِى الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ

ع ۲۴ ۸ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۱۹۶

اور (جب حج وعمرہ کرنا ہو تو اس) حج وعمرہ کو اللہ تعالیٰ کے واسطے پورا پورا کیا کرو۔ پھر اگر (کسی دشمن یا مرض کے سبب) روک دیئے جاؤ تو قربانی کا جانور جو کچھ میسر ہو (ذبح کرو) اور اپنے سروں کو اس وقت تک مت منڈاؤ جب تک کہ قربانی اپنے موقع پر نہ پہنچ جائے (اور وہ موقع حرم ہے کہ کسی کے ہاتھ جانور بھیج دیا جائے) البتہ اگر کوئی تم میں سے بیمار ہو یا اس کے سر میں کچھ تکلیف ہو (جس سے پہلے ہی سر منڈانے کی ضرورت پڑ جائے) تو (وہ سر منڈوا کر) فدیہ (اس کا شرعی بدلہ) دے دے (تین) روزے سے یا (چھ مسکین کو) خیرات دے دینے سے یا ایک بکری ذبح کر دینے سے۔ پھر جب تم امن کی حالت میں ہو (یا پہلے ہی سے کوئی خوف ومزاحمت پیش آیا ہو یا ہو کر جاتا رہا ہو تو جو شخص عمرہ سے اس کو حج کے ساتھ ملا کر منتفع ہوا ہو (یعنی ایام حج میں عمرہ کو بھی کیا ہو) تو جو کچھ میسر ہو قربانی (ذبح) کرے (اور جس نے صرف عمرہ یا حج کیا اس پر حج وغیرہ کے متعلق کوئی قربانی نہیں) پھر جس شخص کو قربانی کا جانور میسر نہ ہو تو (اس کے ذمہ) تین دن کے روزے ہیں (ایام حج میں) اور سات ہیں جبکہ حج سے تمہارے لوٹنے کا وقت آ جائے یہ پورے دس ہوئے۔ یہ اس شخص کے لئے ہے جس کے اہل (وعیال) مسجد حرام (یعنی کعبہ کے قریب میں نہ رہتے ہوں یعنی قریب کا وطن دار نہ ہو)

www.besturdubooks.net

اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو (کہ کسی امر میں خلاف نہ ہو جائے) اور جان لو کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ (بیبا کی اور مخالفت کرنے والوں کو) سزائے سخت دیتے ہیں۔

تفسیر: حکم یازدہم متعلق حج وعمرہ: وَ اَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۞ اور (جب حج یا عمرہ کرنا ہو تو اس) حج اور عمرہ کو اللہ تعالیٰ کے (خوش کرنے کے) واسطے پورا پورا ادا کیا کرو (کہ افعال وشرائط بھی سب بجالاؤ اور نیت بھی خالص ثواب ہی کی ہو) پھر اگر (کسی دشمن کی جانب سے یا کسی مرض کے سبب سے حج وعمرہ کے پورا کرنے سے روک دیئے جاؤ تو (اس حالت میں یہ حکم ہے کہ) قربانی کا جانور جو کچھ میسر ہو (ذبح کرے اور حج وعمرہ کی جو وضع اختیار کر رکھی تھی موقوف کرے اس کو احرام کھولنا کہتے ہیں جس کا طریقہ شرع میں سر منڈانا ہے اور بال کٹا دینے کا بھی یہی اثر ہے) اور (یہ نہیں کہ فوراً روک ٹوک کے ساتھ ہی تم کو احرام کھولنا درست ہو جاوے بلکہ) اپنے سروں کو (احرام کھولنے کی غرض سے) اس وقت تک مت منڈاؤ جب تک کہ (وہ) قربانی (کا جانور جس کے ذبح کا اس حالت میں حکم تھا) اپنے موقع پر نہ پہنچ جاوے (اور وہ موقع حرم ہے کہ قربانی کا جانور وہاں اگر خود نہ جاسکے تو کسی کے ہاتھ بھیجا جاوے اور ذبح کیا جاوے) البتہ اگر کوئی تم میں سے (کچھ) بیمار ہو یا اس کے سر میں کچھ (زخم یا درد یا جوؤں وغیرہ کی) تکلیف ہو (اور اس بیماری یا تکلیف کی وجہ سے پہلے سر منڈانے کی ضرورت پڑ جاوے) تو (اس کو اجازت ہے کہ وہ سر منڈا کر فدیہ (یعنی اس کا شرعی بدلہ) دیدے (خواہ تین) روزے سے یا (چھ مسکینوں کو فی مسکین صدقہ فطر کی برابر یعنی نصف صاع گیہوں) خیرات (کے طور پر) دیدنے سے یا اقل درجہ ایک بکری) ذبح کر دینے سے پھر جب تم امن کی حالت میں ہو (خواہ تو پہلے ہی سے کوئی خوف ومزاحمت پیش نہیں آیا یا ہو کر جاتا رہا) تو (اس صورت میں حج وعمرہ کے متعلق قربانی کرنا ہر ایک کے ذمہ نہیں ہے بلکہ خاص) جو شخص عمرہ سے اس کو حج کے ساتھ ملا کر متمتع ہوا ہو (یعنی ایام حج میں عمرہ بھی کیا ہو) تو (فقط اس کو ضرور ہے کہ) جو کچھ قربانی میسر ہو (ذبح کرے اور جس نے صرف عمرہ کیا ہو یا صرف حج کیا ہو اس پر حج یا عمرہ کے متعلق کوئی قربانی نہیں) پھر (ایام حج میں حج وعمرہ کو جمع کرنے والوں میں سے) جس شخص کو قربانی کا جانور میسر نہ ہو (مثلاً غریب ہے) تو (اس کے ذمے بجائے قربانی کے) تین دن کے روزے ہیں (ایام) حج میں (کہ آخر ان ایام کا نویں تاریخ ذی الحجہ کی ہے) اور سات (دن کے) ہیں جب کہ حج سے تمہارے لوٹنے کا وقت آجاوے (یعنی حج کر چکو خواہ لوٹنا ہو یا کہ وہاں رہنا ہو) یہ پورے دس (دن کے روزے) ہوئے (اور یہ بھی یاد رکھو کہ ابھی جو حج وعمرہ کے ملانے کا ذکر ہوا ہے) یہ (ملانا ہر ایک کو درست نہیں بلکہ خاص) اس شخص کیلئے (درست) ہے جس کے اہل وعیال مسجد حرام (یعنی کعبہ) کے قرب (ونواح) میں نہ رہتے ہوں (یعنی قریب ہی کا وطن دار نہ ہو) اور (ان سب احکام کی بجا آوری میں) اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو (کہ کسی امر میں خلاف نہ ہو جاوے) اور (خوب) جان لو کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ (بیبا کی اور مخالفت کرنے والوں کو) سزائے سخت دیتے ہیں۔

ف: مسئلہ: جس شخص کو استطاعت ہو اس پر تو حج ابتداءً ہی فرض ہے اور جس شخص کو استطاعت نہ ہو اور وہ شروع کر دے یعنی احرام باندھ لے اس پر پورا کرنا فرض ہو جاتا ہے اور عمرہ کرنا فرض واجب نہیں بلکہ سنت مؤکدہ ہے البتہ شروع کرنے سے اس کا بھی پورا کرنا واجب ہو جاتا ہے اسی واسطے احقر نے آیت کی تفسیر میں کہا ہے (کہ جب حج یا عمرہ کرنا ہو) تا کہ فرض وواجب نہ ہونے کی صورت میں بھی اس میں آجاوے اور حج اور عمرہ اور احرام کا طریق کتب فقہ میں دیکھنے سے معلوم ہو سکتا ہے۔

مسئلہ: اگر حج وعمرہ کسی عذر سے پورا نہ کر سکے خواہ راہ میں بدامنی ہو گئی یا بیماری نے مجبور کر دیا ایسے شخص کو چاہئے کہ کسی معتبر شخص سے کہہ دے کہ فلاں تاریخ حد حرم کے اندر میری طرف سے ایک جانور کہ اقل درجہ ایک بکری ہے اور قران وتمتع میں جن کا ذکر عنقریب آتا ہے دو بکری ذبح کر دینا اور جب وہ تاریخ آوے گو ایام قربانی سے پہلے کی تاریخ ہو اور گمان غالب ہو کہ اب جانور ذبح ہو گیا ہو گا تو سر منڈا دے یا بال کٹا دے اس سے احرام کھل جاوے گا اور جو جو امور احرام باندھنے سے ممنوع ہو گئے تھے سب درست ہو جاوینگے پھر اس حج یا عمرہ کو قضاء کرنا پڑے گا۔

مسئلہ: عورت کو سر منڈانا حرام ہے وہ صرف ایک ایک انگل بال کاٹ ڈالے۔

مسئلہ: اگر حج وعمرہ پورا کرنے سے مجبوری نہیں ہوئی یا نہیں رہی لیکن اور کسی عذر سے سر منڈانے کی ضرورت پڑی تو اس کو تین باتوں کا برابر اختیار ہے خواہ سر منڈا کر تین روزے رکھ لے خواہ چھ مسکینوں کو ہر ہر مسکین کو بقدر صدقہ فطر دیدے یعنی گیہوں پونے دو سیر اسی (۸۰) کے سیر سے یا جس برتن میں اتنے گیہوں سما جاویں اس برتن کو دو بار بھر کر جو دیدے یا ایک بکری ذبح کر کے مسکینوں کو تقسیم کر دے اور گو یہ حکم اس جگہ محصر کے بیان کے ساتھ مذکور ہے مگر عموم لفظ سے عام ہے اور ذبح کے لئے تو حد حرم معین ہے اور روزہ اور صدقہ کے لئے معین نہیں اور ایک مسکین کو ایک ہی حصہ دینا چاہئے اگر دو حصے دئے تو ایک ہی ہو گا۔

مسئلہ: حج تین طرح کا ہوتا ہے افراد کہ ایامِ حج میں صرف حج کیا جاوے اور تمتع اور قران جن میں ایامِ حج میں عمرہ اور حج دونوں کئے جاویں تمتع اور قران میں ایک جانور ذبح کرنا ایام قربانی میں حدِ حرم کے اندر واجب ہوتا ہے اور جس کو مقدور نہ ہو تو اس کے عوض میں دس روزے رکھنے ضروری ہیں تین روزے تو دسویں ذی الحجہ سے پہلے ختم کر دے اور جب حج کر چکے سات اس وقت رکھ لے خواہ وطن آ کر رکھ لے یا وہاں ہی رکھ لے اور اگر دسویں سے پہلے تین روزے

www.besturdubooks.net

نہ رکھ سکا تو اب قربانی ہی کرنا پڑے گی۔

مسئلہ: افراد ہر شخص کو جائز ہے اور تمتع اور قران صرف اُن لوگوں کو جائز ہے جو میقات کی حدود سے باہر رہتے ہوں اور جو لوگ میقات کے اندر رہتے ہیں ان کے لئے تمتع اور قران کی اجازت نہیں ہے، اب میقات کی حقیقت سمجھو اپنے ملکوں سے چل کر جب مکہ کو جاتے ہیں تو راہ میں ہر طرف سے لوگوں کو کچھ معین مقامات ملتے ہیں جن کی نسبت شرعی حکم ہے کہ ان مقامات پر سے حج یا عمرہ کی نیت باندھ کر آگے مکہ کا ارادہ کیا جاوے ان مقامات کا نام میقات ہے آیت میں ان حدود سے باہر کے لوگوں کو اس عنوان سے تعبیر فرمایا گیا ہے کہ ''اس کے اہل وعیال مسجد حرام کے قرب ونواح میں نہ رہتے ہوں''۔ اس قرب ونواح سے مراد یہی میقات ہیں اور یہ سب مسائل فقہ حنفی کے موافق ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔ ذٰلِكَ کا مشار الیہ حنفیہ کے نزدیک تمتع ہے (اور اسی کے حکم میں قران ہے) سو مکی کے لئے قران اور تمتع نہیں ہے وہ دونوں صرف آفاقی کے لئے ہیں بندہ کہتا ہے کہ اگر اس کی حکمت میں یہ کہا جاوے کہ مقصود آفاقیین کے لئے وقت کا باقی رکھنا اور بیت کا خالی رکھنا ہے تو اس بنا پر یہ آیت اس پر دلالت کرے گی کہ جو لوگ شیخ کی خدمت میں پہلے سے حاضر ہیں اُن کو چاہئے کہ اُن مسافرین کی رعایت کریں جو شیخ کے پاس آتے ہیں۔

الروایات: في لباب النقول اخرج ابن ابي حاتم عن صفوان بن امية قال جاء رجل الى النبي صلى الله عليه وسلم متضمخا بالزعفران عليه جبة فقال كيف تأمرني يا رسول الله صلى الله عليه وسلم في عمرتي فانزل الله واتموا الحج والعمرة لله فقال اين السائل عن العمرة قال هاانا ذا فقال له الق عنك ثيابك ثم اغتسل واستنشق ما استطعت ثم ما كنت صانعاً في حجك فاصنعه في عمرتك وروى البخاري عن كعب بن عجرة انه سئل عن قوله ففدية من صيام قال حملت الى النبي صلى الله عليه وسلم والقمل يتناثر على وجهي فقال ما كنت ارى ان الجهد بلغ بك هذا اما تجد شاة قلت لا قال صم ثلثة ايام واطعم ستة مساكين لكل مسكين نصف صاع من طعام واحلق راسك فنزلت في خاصة وهي لكم عامة وفي رواية احمد عنه قال كنا مع النبي صلى الله عليه وسلم بالحديبية ونحن محرمون الى آخره ۱۲۔

الفقه: استدل الشافعية بقوله اتموا على وجوب العمرة كالحج والجواب ان وجوب الاتمام لا يستلزم وجوب الابتداء ثم يمكن ان يجعل الامر فيه متوجها الى القيد اعني تامين بمعنى جعلهما لوجه الله خالصتين له كما في قوله عليه السلام بيعوا سواء قلت واشرت اليه في ترجمتي و دليل الحنفية ما اخرجه الترمذي وصححه كما في روح المعاني ان رجلا سأل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن العمرة اواجبة هي قال لا وان تعتمروا خيرلكم واستدلوا بقوله امنتم على كون هذا الحكم خاصا بالعدو اما المرض فلا بد فيه من الاشتراط بناء على كون المراد ههنا حصر العدو فان الامن لغة في مقابلة الخوف ويراد عند ابي حنيفة ما يعمهما لما اخرج ابوداؤد والترمذي وحسنه والنسائي وابن ماجة والحاكم كما في روح المعاني من حديث الحجاج بن عمرو من كسر او عرج فعليه الحج من قابل واما قوله امنتم فيقال للمريض اذا زال مرضه وبرئ امن كما روى ذلك عن ابن مسعود وابن عباس رضي الله عنهما من طريق ابراهيم هكذا في روح المعاني بل اكثر ما يستعمل الاحصار في المرض كالحصر في العدو انا حديث الامر بالاشتراط فلا يدل على كون الاشتراط شرطا وقوله تعالىٰ حتى يبلغ الهدى محله حمله الشافعي على الزمان لانه صلى الله عليه وسلم ذبح بالحديبية وهو من الحل والحنفية على المكان لقوله ثم محلها الى البيت العتيق ام ذبحه صلى الله عليه وسلم في الحديبية فمسلم واما قوله وهو من الحل فممنوع وقد قال الواقدي كما في الكشاف هي طرف الحرم على تسعة اميال من مكة وقد روى في روح المعاني عن الزهري ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نحر في الحرم اما قوله تعالىٰ والهدى معكوفا ان يبلغ محله يراد المحل المعهود وهو المنى والله اعلم قوله في الحج استدل بعضهم به على صوم ايام التشريق لانها ايام الحج والحنفية عولوا على احاديث النهي وقدموها على روايات الاباحة والجواب عن الاستدلال بالايام ظاهر لان الحج معظمه الوقوف وينتهي يوم التاسع فما بعده ليست ايام الحج الا مجازا فافهم قوله اذا رجعتم استدل الشافعي به على عدم اجزاء هذه الثلثة ما لم يرجع الى وطنه نعم لو نوى الا قامة بمكة فله حكم الراجع قلنا معنى الرجوع كما في الخازن الاخذ في الرجوع وانه وقت الفراغ فلا يتم الاستدلال قوله لمن لم يكن قال الحنفية ذل اللام التي للجواز على ان المشار اليه بذلك التمتع بمعنى الجمع بينهما العام للقران ۱۲۔

www.besturdubooks.net

النحو: قوله ففدية وقوله فما استيسر فى موضعين وقوله فصيام كلها مبتدأ محذوف الخبر اى عليه قوله فمن تمتع اى انتفع بالتقرب الى الله تعالى بالعمرة الى وقت الحج اى قبل الانتفاع بالحج فى اشهره كذا فى روح المعانى ويجوز ان يكون تقديره تمتع بالعمرة مقرونة مضمومة الى الحج وقد اشرت اليه فى الترجمة ۱۲۔

البلاغة: تلك عشرة فان قلت فما فائدة الفذلكة قلت الواو قد تجئى للاباحة فى نحو قولك جالس الحسن وابن سيرين ففذلكت نفيا لتوهم الاباحة وايضا ففائدة الفذلكة فى كل حساب ان يعلم العدد جملة كما علم تفصيلا ليحاط به من جهتين كذا فى الكشاف قوله حاضرى المراد من حضور الاهل حضور المحرم وعبر به لان الغالب على الرجل كما قيل ان يسكن حيث اهله ساكنون ۱۲۔

اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ ۙ وَلَا جِدَالَ فِى الْحَجِّ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى ۫ وَاتَّقُوْنِ يٰۤاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۷﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ فَاِذَاۤ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۠ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّاۤلِّيْنَ ﴿۱۹۸﴾ ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۹﴾

(زمانہ) حج چند مہینے ہیں جو معلوم ہیں (شوال ذی قعدہ اور دس تاریخیں ذی الحجہ کی) سو جو شخص ان میں حج مقرر کرے تو پھر (اس کو) نہ کوئی فحش بات جائز ہے نہ کوئی بے حکمی (درست ہے) اور نہ کسی قسم کا نزاع زیبا ہے اور جو نیک کام کرو گے خدا تعالیٰ کو اس کی اطلاع ہوتی ہے اور (جب حج کو جانے لگو) خرچ ضرور لے لیا کرو کیونکہ سب سے بڑی یا خرچ میں (گداگری سے) بچا رہنا ہے اور اے ذی عقل لوگو مجھ سے ڈرتے رہو۔ تم کو اس میں ذرا بھی گناہ نہیں کہ (حج میں) معاش کی تلاش کرو جو تمہارے پروردگار کی طرف سے ہے پھر جب تم عرفات سے واپس آنے لگو تو مشعر حرام کے پاس (مزدلفہ میں شب کو قیام کرکے) خدا تعالیٰ کی یاد کرو اور اس طرح یاد کرو جس طرح تم کو بتلا رکھا ہے (نہ یہ کہ اپنی رائے کو دخل دو) اور حقیقت میں قبل اس کے تم محض ہی ناواقف تھے۔ پھر تم سب کو ضرور ہے کہ اسی جگہ ہو کر واپس آؤ جہاں اور لوگ جا کر وہاں سے واپس آتے ہیں اور (احکام حج میں پرانی رسموں پر عمل کرنے سے) خدا تعالیٰ کے سامنے توبہ کرو (یقیناً) اللہ تعالیٰ معاف کر دیں گے اور مہربانی فرمائیں گے۔

تفسیر: تمتع سابق وقت حج وتاکید زادِ راہ: اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ (الی قوله تعالیٰ) وَاتَّقُوْنِ يٰۤاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۷﴾ زمانہ افعال) حج (کا) چند مہینے ہیں جو (مشہور و) معلوم ہیں (ایک شوال دوسرا ذیقعدہ تیسرا دس تاریخیں ذی الحجہ کی) سو جو شخص ان (ایام) میں (اپنے ذمہ) حج مقرر کرے (کہ حج کا احرام باندھ لے) تو پھر (اس شخص کو) نہ کوئی فحش بات (جائز) ہے اور نہ کوئی بے حکمی (درست) ہے اور نہ کسی قسم کا نزاع (وتکرار) زیبا ہے (بلکہ اس کو چاہئے کہ ہر وقت نیک ہی کاموں میں لگا رہے) اور جو نیک کام کرو گے خدا تعالیٰ کو اس کی اطلاع ہوتی ہے (سو اس کا ثمرہ تم کو عنایت ہوگا) اور (جب حج کو جانے لگو تو) خرچ ضرور (ساتھ) لے لیا کرو کیونکہ سب سے بڑی بات (اور خوبی) خرچ میں (گداگری سے) بچا رہنا ہے اور اے ذی عقل لوگو (ان احکام کی تعمیل میں) مجھ سے ڈرتے رہو اور کسی حکم کے خلاف مت کرو)۔

ف: مسئلہ: افعال حج شروع ہوتے ہیں احرام سے سو شوال کے مہینے سے احرام باندھ لینا بلا کراہت درست ہے اور اس سے پہلے مکروہ ہے اسی لئے شوال سے حج کے مہینے شروع سمجھے گئے اور افعال حج میں جو چیزیں فرض ہیں ان میں اخیر فعل طوافِ زیارت ہے وہ دسویں تاریخ ذی الحجہ کی ہوتا ہے اس لئے اس تاریخ کو ختم قرار دیا گیا اور بعضے افعال واجب پھر بھی رہ جاتے ہیں جو بعد کی تاریخوں میں ادا ہوتے ہیں۔

مسئلہ: فحش بات دو طرح کی ہے ایک وہ جو پہلے ہی سے حرام ہے وہ حج کی حالت میں زیادہ حرام ہوگی دوسرے وہ کہ پہلے سے حلال تھی جیسے اپنی بی بی سے بے حیائی اور بے حجابی کی باتیں کرنا حج میں یہ بھی درست نہیں اسی طرح بے حکمی دو طرح کی ہے ایک وہ جو پہلے سے بھی حرام ہے جیسے تمام گناہ یہ حج کی حالت میں زیادہ حرام ہو جاوے گی دوسرے وہ امور جو خاص حج کی وجہ سے ممنوع ہو گئے جیسے خوشبو لگانا بال کٹانا وغیرہ سو حج میں یہ امور ناجائز ہوتے ہیں۔ اسی طرح رفیقوں سے لڑنا جھگڑنا یوں بھی برا ہے مگر حج میں اور زیادہ برا ہے۔

مسئلہ: بے خرچ لئے ہوئے حج کو جانا ایسے شخص کو درست نہیں جس کے نفس میں قوت توکل نہ ہو اور اس کو غالب گمان ہو کہ میں شکایت و بے صبری میں مبتلا ہو جاؤں گا اور سوال کرکے لوگوں کو پریشان کروں گا۔

تجارت در حج و وقوفِ عرفات و مزدلفہ: لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ (الی قوله تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۹﴾ (اور اگر حج میں کچھ

www.besturdubooks.net

اسبابِ تجارت ہمراہ لے جانا مصلحت سمجھو تو) تم کو اس میں بھی ذرا گناہ نہیں کہ (حج میں) معاش کی تلاش کرو جو (تمہاری قسمت میں) تمہارے پروردگار کی طرف سے (لکھی) ہے پھر جب تم لوگ عرفات (میں ٹھہر کر وہاں) سے واپس آنے لگو تو مشعر حرام کے پاس (یعنی مزدلفہ میں آ کر شب کو وہاں قیام کر کے) خدا تعالیٰ کی یاد کرو اور (یاد کرنے کے طریقہ میں اپنی رائے کو دخل مت دو بلکہ) اس طرح یاد کرو جس طرح تم کو (اللہ تعالیٰ نے) بتلا رکھا ہے اور حقیقت میں قبل اس (بتلانے) کے تم محض ہی ناواقف تھے پھر (اس میں اور یہ بات بھی یاد رکھو کہ جیسا قریش نے دستور نکال رکھا تھا کہ تمام حجاج تو عرفات ہو کر پھر وہاں سے مزدلفہ کو آتے تھے اور یہ مزدلفہ ہی میں رہ جاتے تھے عرفات نہ جاتے تھے یہ جائز نہیں بلکہ) تم سب کو (خواہ قریش ہوں یا غیر قریش) ضرور ہے کہ اسی جگہ ہو کر واپس آؤ جہاں اور لوگ جا کر وہاں سے واپس آتے ہیں اور (احکام حج میں پرانی رسموں پر عمل کرنے سے) خدا تعالیٰ کے سامنے توبہ کرو یقیناً اللہ تعالیٰ معاف کر دیں گے اور مہربانی فرماویں گے۔ **ف** : حج کے واسطے مکہ سے عرفات کو جا کر نویں کو وہاں ٹھہرتے ہیں راہ میں منیٰ اور مزدلفہ پڑتے ہیں پھر اسی راہ کو لوٹتے ہیں اور شب دہم کو اول مزدلفہ ملتا ہے اس میں صبح تک ٹھہرتے ہیں اور یہاں مغرب و عشاء دونوں نمازیں عشاء کے وقت اکٹھی پڑھی جاتی ہیں اور یہ جمع کرنا واجب ہے آیت میں جو حکم یاد کا فرمایا ہے اس میں یہ نمازیں بھی داخل ہیں پس یہ ذکر تو واجب ہے باقی ذکر جو کچھ کرے مستحب ہے۔ اور یہ جو کہا گیا کہ جس طرح بتلا رکھا ہے اس طرح یاد کرو اس سے یہ فائدہ ہے کہ مثلاً اس جمع کرنے ہی میں کوئی شخص قیاس کو دخل دینے لگتا اس کو روک دیا مشعر حرام اسی مزدلفہ میں ایک پہاڑ ہے اس کے پاس سے مراد سارا مزدلفہ ہے باستثناء ایک خاص میدان کے جس کو وادی محسر کہتے ہیں اور جس جگہ ٹھہر جاویں درست ہے زمانۂ جاہلیت میں قریش چونکہ اپنے کو مجاور حرم سمجھتے تھے اور مزدلفہ حرم میں ہے اور عرفات حرم سے باہر ہے اس لئے یہ لوگ عرفات میں نہ جاتے تھے مزدلفہ ہی میں ٹھہر کر وہاں سے لوٹ آتے تھے اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں ان احکام کا عام ہونا بتلا دیا اور تجارت کی اجازت کی تصریح اس لئے فرمائی کہ قبل اسلام کے ان ایام میں تجارت کیا کرتے تھے بعد اسلام کے شبہ ہوا کہ شاید گناہ ہو اس لئے گناہ نہ ہونا بتلا دیا پس مباح تو یقیناً ہے اب رہی یہ بات کہ اخلاص کے خلاف تو نہیں سو اس میں اس کا حکم مثل اور مباحات کے ہے کہ دارومدار نیت پر ہوتا ہے اگر اصلی مقصود حج سے تجارت ہی ہے یا حج اور تجارت دونوں مساوی درجہ میں ہیں تو بیشک اخلاص کے خلاف ہے اور حج کا ثواب کم ہو جاوے گا اور اگر اصلی مقصود حج ہے اس طور پر کہ اگر سامان تجارت کا نہ رہے تب بھی حج کو ضرور جائے اور تجارت محض تابع ہے تو اخلاص کے خلاف نہیں بلکہ اگر اس کے ساتھ یہ نیت ہو کہ تجارت کے نفع سے حج میں اعانت ہوگی تو اوراوپر سے تجارت میں ثواب ملے گا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ خواص کے ذمہ بعض ایسی چیزیں لازم ہوتی ہیں جو عوام کے ذمہ نہیں ہوتیں جیسے کہ بعض شرم کی باتیں اور اسی طرح فسوق و جدال ان میں حالت حج میں ایسی شناعت ہے کہ غیر حج میں نہیں۔ قولہ تعالیٰ: فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى۔ اس میں ضعفاء کے لئے اسباب کی حکمت کا بیان ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ۝ ۔ یہ امر بالزاد کے لئے مثل مقدمہ ثانیہ کے ہے اور تقریر مطلوب کی یہ ہے کہ زاد سبب ہے تقویٰ کا اور تقویٰ واجب ہے نتیجہ یہ نکلا کہ زاد سبب ہے واجب کا پس وہ بھی واجب ہے اور یہ اس پر موقوف ہے کہ مقدمہ واجب کا واجب ہے پس اس طریق سے آیت اس پر دال ہوئی کہ مقدمہ واجب کا واجب ہے اور یہ تصوف کے مسائل کثیرہ کی اصل ہے جن کی طرف اہل ظاہر کی نظر اس لئے نہیں گئی کہ ان کی نظر دقیق نہیں ہے۔ قولہ تعالیٰ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا۔ اس میں دلالت ہے اس پر کہ دنیا سے دین پر استعانت کرنا بھی طاعت ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله خوب خرچ میں الخ فالتزود بمعناه الحقيقي والتقوى بالمعنى اللغوى كما فى روح المعانى قلت والخير مصدر والمعنى ظاهر ۱۲۔

الروايات: روى البخارى وغيره عن ابن عباس قال كان اهل اليمن يحجون ولا يتزودون ويقولون نحن متوكلون فانزل الله وتزودوا فان خير الزاد التقوى كذا فى لباب النقول ۱۲۔ فى لباب النقول روى البخارى عن ابن عباس قال كانت عكاظ ومجنة وذو المجاز اسواقا فى الجاهلية فتاثموا ان يتجروا فى الموسم فسألوا رسول الله صلى الله عليه وسلم عن ذلك فنزلت ليس عليكم جناح ان تبتغوا فضلا من ربكم فى مواسم الحج آه وفى روح المعانى اخرج البخارى ومسلم عن عائشة رضى الله عنها قالت كانت قريش و من دان دينها يقفون بالمزدلفة وكانوا يسمون الحمس وكانت سائر العرب يقفون بعرفات فلما جاء الاسلام امر الله تعالى نبيه صلى الله عليه وسلم ان ياتى عرفات ثم يقف بها ثم يفيض منها لذلك قوله سبحانه ثم افيضوا الآية ۱۲۔

النحو: الحج اى وقته ۱۲۔ ان كنتم وانكم كنتم فخففت ان وحذف الاسم واهملت عن العمل ولزم اللام فيما بعدها كذا فى روح المعانى ۱۲۔

البلاغة: فى الحج والاظهار فى مقام الاضمار لاظهار كمال الاعتناء بشانه والاشعار بعلة الحكم فان زيارة البيت المعظم من موجبات ترك الامور المدنسة وفى قوله من خير حث على الخير عقيب النهى عن الشر ولهذا خص متعلق العلم مع انه تعالى عالم

www.besturdubooks.net

بجميع ما يفعلونه من خير او شر كذا في روح المعاني ۱۲۔ واذكروه كما هدٰكم والتشبيه لبيان الحال وافادة التقييد اى اذكروه على ذلك النحو ولا تعدلوا عنه وما مصدرية وتحتمل ان تكون كافة وذهب بعضهم الى ان الكاف للتعليل قوله ثم افيضوا ثم اتى بثم ايذانا بالتفاوت بين الافاضتين في الرتبة بان احداهما صواب والاخرى خطأ كذا في روح المعاني قلت ويصح ان يكون للتراخي الذكرى كما حملت عليه في الترجمة۔

فَإِذَا قَضَيْتُم مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَذِكْرِكُمْ آبَاءَكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْرًا ۗ فَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿٢٠٠﴾ وَمِنْهُم مَّن يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿٢٠١﴾ أُولَٰئِكَ لَهُمْ نَصِيبٌ مِّمَّا كَسَبُوا ۚ وَاللَّهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿٢٠٢﴾ وَاذْكُرُوا اللَّهَ فِي أَيَّامٍ مَّعْدُودَاتٍ ۚ فَمَن تَعَجَّلَ فِي يَوْمَيْنِ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ وَمَن تَأَخَّرَ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ لِمَنِ اتَّقَىٰ ۗ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٢٠٣﴾

پھر جب تم اپنے اعمال حج پورے کر چکو تو حق تعالیٰ کا ذکر کیا کرو۔ جس طرح تم اپنے آباء (واجداد) کا ذکر کرتے ہو بلکہ یہ ذکر اس سے (بدرجہا) بڑھ کر ہو بعضے آدمی (جو کافر ہیں) ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو (جو کچھ دنیا میں) دیجئے اور ایسے شخص کو آخرت میں (بوجہ انکار آخرت کے) کوئی حصہ نہ ملے گا اور بعضے آدمی (جو کہ مؤمن ہیں) ایسے ہیں جو کہتے ہیں اے ہمارے پروردگار ہم کو دنیا میں بھی بہتری عنایت کیجئے اور آخرت میں بھی بہتری دیجئے اور ہم کو عذاب دوزخ سے بچائیے۔ ایسے لوگوں کو (دونوں جہان میں) بڑا حصہ ملے گا۔ بدولت ان کے اس عمل کے اور اللہ جلدی ہی حساب لینے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو کئی روز تک پھر جو شخص دو دن میں (مکہ واپس آنے میں) تعجیل کرے اس پر بھی کچھ گناہ نہیں اور جو شخص دو دن میں تاخیر کرے اس پر بھی گناہ نہیں اس شخص کے واسطے جو (خدا سے) ڈرے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور خوب یقین رکھو کہ تم کو خدا ہی کے پاس جمع ہونا ہے۞

تفسیر: وقوف منیٰ واقسام حجاج: فَإِذَا قَضَيْتُم مَّنَاسِكَكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٢٠٣﴾ (جاہلیت میں بعضوں کی عادت تھی کہ حج سے فارغ ہو کر منیٰ میں جمع ہو کر اپنے آباؤ اجداد کے مفاخر و فضائل بیان کیا کرتے حق تعالیٰ بجائے اس بیہودہ شغل کے اپنے ذکر کی تعلیم کے لئے فرماتے ہیں کہ) پھر جب تم اپنے اعمال حج پورے کر چکا کرو تو حق تعالیٰ کا (شکر و عظمت کے ساتھ) ذکر کیا کرو جس طرح تم اپنے آباؤ (اجداد) کا ذکر کیا کرتے ہو بلکہ یہ ذکر اس سے (بدرجہا) بڑھ کر ہونا چاہئے اور بعضوں کی عادت تھی کہ حج میں ذکر تو اللہ تعالیٰ ہی کا کرتے تھے لیکن چونکہ آخرت کے قائل نہ تھے لہٰذا تمام تر ذکر ان کا صرف دنیا کے لئے دعا مانگنا ہوتا تھا حق تعالیٰ صرف دنیا طلبی کی مذمت بیان فرما کر بجائے اس کے خیر دارین طلب کرنے کی ترغیب دینے کے لئے فرماتے ہیں) سو بعضے آدمی (جو کہ کافر ہیں) ایسے ہی جو (دعا میں یوں) کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو (جو کچھ دینا ہو) دنیا میں دے دیجئے (وبس سو ان کو جو کچھ ملنا ہوگا دنیا ہی میں مل رہے گا) اور ایسے شخص کو آخر میں (بوجہ انکارِ آخرت کے) کوئی حصہ نہ ملے گا اور بعضے آدمی (جو کہ مؤمن ہیں) ایسے ہیں جو (دعا میں یوں) کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو دنیا میں بھی بہتری عنایت کیجئے اور آخرت میں بھی بہتری دیجئے اور ہم کو عذاب دوزخ سے بچائیے (سو یہ لوگ اوپر کے لوگوں کی طرح بے بہرہ نہیں بلکہ) ایسے لوگوں کو (دونوں جہان میں) بڑا حصہ ملے گا بدولت ان کے اس عمل (یعنی طلب خیر دارین) کے اور اللہ تعالیٰ جلدی ہی حساب لینے والے ہیں (کیونکہ) قیامت میں حساب ہوگا اور قیامت نزدیک آتی جاتی ہے جب حساب جلدی ہونے والا ہے تو وہاں کی بہتری کو مت بھولو) اور (منیٰ میں خاص طریقہ سے بھی) اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو کئی روز تک (وہ خاص طریقہ کنکریوں کا خاص تین پتھروں پر مارنا ہے اور وہ کئی روز دسویں گیارھویں بارھویں تاریخیں ذی الحجہ کی ہیں یا تیرھویں بھی کہ ان میں کنکریاں ماری جاتی ہیں) پھر جو شخص (کنکریاں مار کر دسویں تاریخ کے بعد) دو دن میں (مکہ واپس آنے میں) تعجیل کرے اس پر بھی کچھ گناہ نہیں اور جو شخص (ان) دو دن میں (واپسی مکہ میں) تاخیر کرے (یعنی بارھویں کو نہ آوے بلکہ تیرہویں کو آوے) اس پر بھی کچھ گناہ نہیں (اور یہ سب باتیں) اس شخص کے واسطے (ہیں) جو (خدا سے) ڈرے (اور نہ ڈرنے والے کو تو گناہ ثواب ہی سے غرض نہیں) اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور خوب یقین رکھو کہ تم سب کو خدا ہی کے پاس جمع ہونا ہے۔ **ف**: اس آیت سے ہمارے زمانہ کے طالبانِ دنیا کو شبہ پڑ گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے طالبان دنیا کی مدح کی ہے جب کہ وہ طالب آخرت کے بھی ہوں اور یہ بڑی غلطی ہے کیونکہ آیت میں 'اتنا' کا مفعول بہ حسنة ہے اور دنیا مفعول فیہ ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ دنیا ظرف طلب ہے خود مطلوب نہیں بلکہ مطلوب حسنہ ہے خلاصہ یہ کہ وہ لوگ اسی کے طالب ہیں کہ ہم کو دنیا میں رہتے

www.besturdubooks.net

ہوئے حسنہ یعنی وہ حالت جو آپ کے نزدیک مستحسن اور پسندیدہ ہو عنایت کی جاوے اور اصل پسندیدہ اعمال حسنہ ہیں پس بالذات وہ مطلوب ہوئے اور دنیا کے جس قدر حصہ کو ان اعمال حسنہ میں دخل ہے خواہ مال ہو یا صحت ہو وہ البتہ اس حسنہ کے تابع ہو کر بالعرض و بالغیر مطلوب ہو جاوے گا بخلاف اس وقت کے علیم و طرزِ عمل کے جس میں دنیا کو مطلوب بالذات اور آخرت کو محض برائے نام قرار دے رکھا ہے حاشا وکلا اس کو آیت سے مس بھی نہیں غایت مافی الباب اگر طلب دنیا میں حلال و حرام کے حدود شکستہ نہ کئے جاویں تو اباحت کا حکم کر دیا جاوے گا لیکن مباح شرعی ہونے سے مطلوب شرعی ہونا لازم نہیں آتا خوب سمجھ لو۔

مَسْئَلَہ: مزدلفہ سے منٰی میں دسویں تاریخ آ کر وہاں تین پتھر ہیں ان میں بڑا پتھر جو جمرۂ عقبہ کہلاتا ہے اس کو سات کنکریاں مارے اور ہر کنکری کے ساتھ اللہ اکبر کہنا مستحب ہے اور اس کنکری مارنے کا وقت طلوع صبح صادق سے شروع ہو جاتا ہے پھر گیارھویں بارھویں تاریخوں میں تینوں پتھروں کو سات سات کنکری مارے اور ان دونوں میں کنکری مارنے کا وقت زوال آفتاب سے شروع ہوتا ہے پھر اگر چاہے مکہ چلا آوے جائز ہے اور اگر وہاں تیرھویں تاریخ کی صبح ہو گئی تو اس روز پھر تینوں پتھروں کو کنکریاں مارنا ضرور ہے البتہ مثل پہلے دن کے اس میں بھی بعد طلوع صبح صادق کے اس کا وقت آ جاتا ہے آیت میں تعجیل اور تاخیر اسی کو فرمایا ہے۔

ربط: اوپر کی آیت میں دعا مانگنے والے آدمیوں کی دو قسمیں ٹھہرائی تھیں ایک کافر کہ منکر آخرت ہے اس لئے صرف دنیا مانگتا ہے دوسرا مومن کہ معتقد آخرت ہے اس لئے دنیا کی بھلائی کے ساتھ آخرت کی بھلائی بھی مانگتا ہے اب اگلی آیت میں اسی طرح کی تقسیم نفاق و اخلاص کے اعتبار سے فرماتے ہیں کہ بعض منافق ہوتے ہیں اور بعض مخلصین۔

تَرجَمۂ مَسَائِلُ السُّلوک: قولہ تعالیٰ: فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اس میں اصل ہے تشبیہ حق بالخلق کی جیسا یہاں ذکر حق کو ذکر خلق سے تشبیہ دی گئی۔ قولہ تعالیٰ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ۔ اس میں رخصت کا عزیمت کے ساتھ مساوی ہونا ہے جب کہ اس میں کچھ مصلحت ہو چنانچہ یہاں تعجیل و تاخیر میں مساوات فرمائی۔

الحَوَاشِی: (۱) اگر شبہ ہو کہ بعض صلحاء کو دنیا کے تمتعات سے محروم دیکھا جاتا ہے جواب یہ ہے کہ حسنہ کی جو تفسیر فائدہ میں کی گئی ہے اس سے یہ شبہ دفع ہو جاتا ہے ۱۲ منہ۔

الرِّوَایَات: في لباب النقول اخرج ابن جرير عن مجاهد قال كانوا اذا قضوا مناسكهم وقفوا عند الجمرة وذكروا آبائهم في الجاهلية فعال آبائهم فنزلت الآية واخرج ابن ابي حاتم عن ابن عباس رضي الله عنهما قال كان قوم من الاعراب يجيئون الى الموقف فيقولون اللهم اجعل لي عام غيث وعام خصبه وعام ولاء وحسن لا يذكرون من امر الآخرة شيئاً فانزل الله فيهم فمن الناس من يقول ربنا آتنا في الدنيا وما له في الآخرة من خلاق ويجئي بعدهم آخرون من المؤمنين فيقولون ربنا آتنا في الدنيا حسنة الخ ۱۲۔

اللُّغَات: الحشر الجمع ۱۲۔

النَّحو: او اشد ذكرا في الانتصاف حاشية الكشاف يحتمل ان يكون من باب ما ذكره سيبويه قال ويقولون هو اشجع الناس رجلا وانتصب الرجل كما انتصب الوجه في قولك هو احسن منه وجها فكانه قال او اشد الاذكار ذكرا كخشية الله او اشد خشية آه قلت وهو احسن الوجوه وهو عطف على الكاف اى اذكروا الله ذكرا اشد الاذكار في كونه ذكرا فافهم قوله واذكرو الله عطف على فاذكروا الله فهو تخصيص بعد تعميم كما اشرت اليه في الترجمة بقولي منى میں خاص طریقہ سے بھی الخ قوله لمن اتقى خبر حذف مبتدأه اى الذى ذكر من الاحكام لمن اتقى لانه الحاج على الحقيقة والمنتفع به ۱۲ من البيضاوى۔

البَلَاغَۃ: اتنا في الدنيا قال البيضاوى اجعل ايتائنا ومنحتنا في الدنيا قال عبدالحكيم يعنى ان المفعول الثانى متروك منزلة اللازم ذهابا الى العموم العقلي آه قلت واشرت اليه في ترجمتي مما كسبوا قال البيضاوى من اجله كقوله مما خطيئٰتهم اغرقوا ۱۲۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ يُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِىْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿۲۰۴﴾
وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِى الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿۲۰۵﴾
وَ اِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۲۰۶﴾ وَمِنَ النَّاسِ
مَنْ يَّشْرِىْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ ۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِى السِّلْمِ

www.besturdubooks.net

كَآفَّةً ۠ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝۲۰۸ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ
الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝۲۰۹ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِىْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِىَ
الْاَمْرُ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۲۱۰ ربع

اور بعض آدمی ایسا بھی ہے کہ آپ کو اس کی گفتگو جو محض دنیوی غرض سے ہوتی ہے مزہ دار معلوم ہوتی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کو حاضر ناظر بتاتا ہے اپنے مافی الضمیر پر حالانکہ وہ (آپ کی) مخالفت میں (نہایت) شدید ہے اور جب پیٹھ پھیرتا ہے تو اس دوڑ دھوپ میں پھرتا رہتا ہے کہ شہر میں فساد کر دے اور (کسی کے) کھیت یا مواشی کو تلف کر دے اور اللہ تعالیٰ فساد کو پسند نہیں فرماتے اور جب اس سے کوئی کہتا ہے کہ خدا کا تو خوف کر تو نخوت اس کو گناہ پر (دونا) آمادہ کر دیتی ہے سو ایسے شخص کی کافی سزا جہنم ہے اور وہ بری ہی آرام گاہ ہے اور بعض آدمی ایسا بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی میں اپنی جان تک صرف کر ڈالتا ہے اور اللہ تعالیٰ ایسے بندوں کے حال پر نہایت مہربان ہے۔ اے ایمان والو اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ اور (فاسد خیالات میں پڑ کر) شیطان کے قدم بقدم مت چلو واقعی وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ پھر اگر تم بعد اس کے کہ تم کو واضح دلیلیں پہنچ چکی ہیں (صراط مستقیم سے) لغزش کرنے لگو تو یقین رکھو کہ حق تعالیٰ (بڑے) زبردست حکمت والے ہیں۔ یہ (کج راہ) لوگ اس امر کے منتظر (معلوم ہوتے ہیں) کہ حق تعالیٰ اور فرشتے بادل کے سائبانوں میں (سزا دینے کے لئے) ان کے پاس آئیں اور سارا قصہ ہی ختم ہو جائے اور یہ سارے مقدمات اللہ تعالیٰ ہی کی طرف رجوع کئے جائیں گے۔

تفسیر بیان منافق: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ (کوئی شخص تھا اخنس بن شریق بڑا فصیح و بلیغ وہ حضور ﷺ کی خدمت میں آ کر قسمیں کھا کھا کر جھوٹا دعویٰ اسلام کا کیا کرتا اور مجلس سے اُٹھ کر جاتا تو فساد و شرارت و ایذارسانی خلق میں لگ جاتا اس منافق کے باب میں فرماتے ہیں) اور بعضا آدمی ایسا بھی ہے کہ آپ کو اس کی گفتگو جو محض دنیوی غرض سے ہوتی ہے (کہ اظہار اسلام سے مسلمانوں کی طرح قرب و خصوصیت کے ساتھ رہوں گا اس کی فصاحت و بلاغت کی وجہ سے) مزہ دار معلوم ہوتی ہے اور وہ (اپنا اعتبار بڑھانے کو) اللہ تعالیٰ کو حاضر ناظر بتاتا ہے اپنے مافی الضمیر (کے راست ہونے) پر حالانکہ (بالکل جھوٹا ہے کیونکہ واقع میں) وہ (آپ کی) مخالفت میں (نہایت) شدید ہے اور (جس طرح آپ کا مخالف ہے اسی طرح اور مسلمانوں کو بھی ایذا پہنچاتا ہے چنانچہ) جب (آپ کی مجلس سے) پیٹھ پھیرتا ہے تو اس دوڑ دھوپ میں پھرتا رہتا ہے کہ شہر میں (کوئی) فساد کر دے اور (کسی کی) کھیت اور مواشی کو تلف کر دے (چنانچہ ایک مسلمان کا اس طرح نقصان کر دیا تھا) اور اللہ تعالیٰ فساد (کی باتوں) کو پسند نہیں فرماتے اور (اس مخالفت و ایذا رسانی کے ساتھ مغرور اس درجہ ہے کہ) جب اس سے کوئی کہتا ہے کہ خدا کا تو خوف کر (تو اس سے نخوت کرتا ہے اور وہ) نخوت اس کو اس گناہ پر (دونا) آمادہ کر دیتی ہے سو ایسے شخص کی کافی سزا جہنم ہے اور وہ بری ہی آرامگاہ ہے۔

بیان مخلص: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِىْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ اور بعضا آدمی ایسا بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی میں اپنی جان تک صرف کر ڈالتا ہے اور اللہ تعالیٰ ایسے بندوں کے حال پر نہایت مہربان ہیں۔

ربط: اوپر مخلص کی مدح تھی بعض اوقات اس اخلاص میں غلطی سے غلو اور افراط ہو جاتا ہے یعنی قصد تو ہوتا ہے زیادہ اطاعت کا مگر وہ اطاعت بنظر غائر حد شریعت و سنت سے متجاوز ہوتی ہے اس کو بدعت کہتے ہیں چنانچہ حضرت عبداللہ بن سلامؓ وغیرہ جو پہلے علماء یہود سے تھے اور اس مذہب میں ہفتہ کا روز معظم تھا اور اونٹ کا گوشت حرام تھا ان صاحبوں کو بعد اسلام کے یہ خیال ہوا کہ شریعت موسوی میں ہفتہ کی تعظیم واجب تھی اور شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اس کی بے تعظیمی واجب نہیں اسی طرح شریعت موسویہ میں اونٹ کا گوشت کھانا حرام تھا اور شریعت محمدیہ میں اس کا کھانا فرض نہیں سو اگر ہم بدستور ہفتہ کی تعظیم کرتے رہیں اور اونٹ کا گوشت باوجود حلال اعتقاد رکھنے کے صرف عملاً ترک کر دیں تو شریعت موسویہ کی بھی رعایت ہو جاوے اور شریعت محمدیہ کے بھی خلاف نہ ہو اور اس میں خدا تعالیٰ کی زیادہ اطاعت اور دین کی زیادہ رعایت معلوم ہوتی ہے اللہ تعالیٰ اس خیال کی اصلاح آیت آئندہ میں کس قدر اہتمام سے فرماتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ اسلام کامل فرض ہے اور اس کا کامل ہونا جب ہے کہ جو امر اسلام میں قابل رعایت نہ ہو اس کی رعایت دین ہونے کی حیثیت سے نہ کی جاوے اور ایسے امر کو دین سمجھنا یہ ایک شیطانی لغزش ہے اور بہ نسبت ظاہری معاصی کے اس کے اشد ہونے کے سبب یہ عذاب کا زیادہ مظنہ ہے۔

اصلاح مبتدع: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِى السِّلْمِ كَآفَّةً (الی قولہ تعالی) وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ اے ایمان والو اسلام میں پورے پورے داخل ہو (یہ نہیں کہ کچھ کچھ یہودیت کی بھی رعایت کرو) اور (ایسے خیالات میں پڑ کر) شیطان کے قدم بقدم مت چلو واقعی وہ تمہارا کھلا دشمن ہے (کہ ایسی پٹی پڑھا دیتا ہے کہ ظاہر میں تو سراسر دین معلوم ہو اور فی الحقیقت بالکل دین کے خلاف) پھر اگر تم بعد اس کے کہ تم کو واضح دلیلیں (احکام و شرائع اسلامی کی) پہنچ چکی

www.besturdubooks.net

ہیں (پھر بھی صراطِ مستقیم سے) لغزش کرنے لگو تو یقین کر رکھو کہ حق تعالیٰ (بڑے) زبردست ہیں (سخت سزا دینگے گو چندے سزا نہ دیں تو اس سے دھوکہ مت کھانا کیونکہ وہ) حکمت والے (بھی) ہیں (کسی حکمت و مصلحت سے کبھی سزا میں دیر بھی کر دیتے ہیں معلوم ہوتا ہے) یہ لوگ (جو کہ بعد وضوح دلائل حق کے کجراہی اختیار کرتے ہیں) صرف⁵ اس امر کے منتظر ہیں کہ حق تعالیٰ اور فرشتے بادل کے سائبانوں میں ان کے پاس (سزا دینے کے لئے) آویں اور سارا⁶ قصہ ہی ختم ہو جاوے (یعنی کیا اس وقت امرِ حق قبول کریں گے جس وقت کا قبول کرنا مقبول بھی نہ ہوگا) اور یہ سارے (جزا وسزا کے) مقدمات اللہ تعالیٰ ہی کی طرف رجوع⁷ کیے جاویں گے (کوئی دوسرا صاحبِ اختیار نہ ہوگا سوایسے زبردست کے ساتھ مخالفت کرنے کا انجام بجز خرابی کے کیا ہوسکتا ہے)

ف: روح المعانی میں بہ سند ابن مردویہ براویت ابن مسعود پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے حدیث نقل کی ہے کہ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ تمام اولین و آخرین کو جمع فرمائیں گے اور سب منتظر حساب کتاب کے ہوں گے اللہ تعالیٰ ابر کے سائبانوں میں عرش سے تجلی فرماویں گے اور ابن عباسؓ کی روایت نقل کی ہے کہ ان سائبانوں کے گرداگرد ملائکہ ہوں گے سو آیت میں اس قصہ کی طرف اشارہ ہے مطلب یہ ہوا کہ قیامت کے منتظر ہیں پھر اس وقت کیا ہوسکتا ہے۔

ف: اللہ تعالیٰ کے لئے آنا وغیرہ جہاں مذکور ہے اس کی تفتیش حقیقت کے درپے ہونا جائز نہیں کیونکہ جس طرح ان کی ذات کی حقیقت کسی کو مدرک نہیں ہوئی اسی طرح ان کی صفات وافعال کی کنہہ معلوم نہیں ہوسکی البتہ وجود اور وقوع پر اجمالاً بلا تعیین کیفیت ایمان لے آنا چاہئے کہ اس سے زیادہ کی فکر میں پڑنا مالا یطاق کا قصد کرنا ہے خوب کہا ہے ؎

عنقا شکار کس نشود دام باز چیں ☆ کاینجا ہمیشہ باد بدست است دام را

ف: آیت کی تفسیر ملاحظہ فرمانے سے معلوم ہوا ہوگا کہ بدعت پر کس درجہ ملامت و مذمت و ردو انکار فرمایا گیا ہے اور حدیثوں میں اس سے زیادہ صاف الفاظ میں سخت سخت وعیدیں آئی ہیں اور واقع میں اگر غور سے کام لیا جاوے تو بدعت ایسی ہی مذموم چیز ہونا چاہئے کیونکہ خلاصہ حقیقت بدعت کا غیر شریعت کو شریعت بنانا ہے اور شریعت کا من اللہ ہونا ضرور اور الزم ہے تو یہ شخص ایسے امر کو جو من اللہ نہیں ہے اپنے اعتقاد میں من اللہ جانتا ہے اور دعویٰ سے من اللہ بتاتا ہے۔ جس کا حاصل اور مرجع افتراء علی اللہ اور ایک گونہ ادعاء نبوت ہے سو اس کے عظیم و ثقیل ہونے میں کیا شبہ ہے یہ تو شناعت ہے اس کی حقیقت کے اعتبار سے اور آثار کے اعتبار سے ایک بڑی شناعت اس میں یہ ہے کہ اس سے توبہ کمتر نصیب ہوتی ہے کیونکہ جب وہ اس کو مستحسن سمجھ رہا ہے تو توبہ کیوں کرے گا البتہ اگر اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس جہل ہی سے نجات بخش دیں کہ اس کی نظر میں وہ استحسان مبدل باستہجان ہو جاوے تو اور بات ہے اور پھر توبہ سہل ہے افسوس ہے جہلائے صوفیہ اس بلائے بدعت میں بکثرت مبتلاء ہیں بہت سے ان میں عابد زاہد تارکِ دنیا بھی ہیں مگر برکاتِ سنت سے محروم ہیں۔

ربط: اوپر فرمایا تھا کہ بعد دلائل واضحہ آجانے کے حق کی مخالفت کرنا موجب سزا ہے آگے اس کی دلیل بیان فرماتے ہیں کہ جیسے بعض بنی اسرائیل کو ایسی ہی مخالفت پر سزا دی گئی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ الخ اس میں اصل ہے متکبرین کو وعظ و نصیحت نہ کرنے کی۔ قولہ تعالیٰ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ الخ اس میں فنائے نفس پر دلالت ہے کیونکہ اس کا حاصل دواعی نفس کا ترک کرنا ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۔ سبب نزول کے لحاظ کرنے کے بعد اس میں اصل ہے صوفیہ کے تشدد کرنے کی اعمال سے زیادہ مناشی اعمال میں۔ قولہ تعالیٰ: هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ اس آیت کی توجیہ میں جو تاویلات مذکور و مشہور میں ظاہر ہے کہ اگر کوئی اس کا قائل ہو جاوے کہ حق تعالیٰ جس طرح چاہے ظہور فرما سکتا ہے اور وہ عین حالت ظہور میں بھی اپنے اطلاق پر باقی ہے یہاں تک کہ قید اطلاق سے بھی مطلق و منزہ ہے جیسا کہ سلف امت کا مذہب تھا اور جیسا کہ حضرات صوفیہ کا مسلک ہے تو وہ شخص ان تاویلات و تکلفات کا محتاج نہ ہوگا پس آیت دلیل ہے مسئلہ مظہریت کے صحیح ہونے پر۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله دنیوی غرض سے ما خذه قوله البيضاوى فى معنى الدنيا فانها مراده من ادعاء الايمان والمحبة وروح المعانى من قبيل قولهم الكلام فى كذا اى المقصود منه ذلك ۱۲۔ ۲ قوله نہایت شدید زاد كلمة نہایت لاقتضاء المحاورة الهندية ذلك لا لكون الالداسم تفضيل فان مؤنثه لداء وجمعه لد كما قال عصام ۱۲۔ ۳ قوله شہر میں حملا للام الارض على العهد اى المدينة ۱۲۔ ۴ قوله جان تک اى فضلا عن المال فحملت الشرى على البيع ومع ذلك طابق شان النزول او يقال ان هذا الافتداء وان كان اشتراء بظاهره لكن كان المقصود منه البدل فى محل آخر من مرضياته تعالىٰ فكان بيعا بهذا المعنى وانما لم احمله على الاشتراء لان الممدوح عليه بذل النفس لاتخليصه فافهم ۱۲۔ ۵ قوله فى ترجمة هل ينظرون صرف اس امر کے افاده النفى المفهوم من الاستفهام والاستثناء ۱۲۔ ۶ قوله سارا قصہ ہی فى لساننا كناية عن الاهلاك ماخذه ما فى الجلالين تم امر اهلاكهم ۱۲۔ ۷ قوله رجوع کیے جاویں

www.besturdubooks.net

گے لما فی الخازن ای الی اللہ تصیر امور العباد فی الآخرۃ والمراد انہ المجازی علی الاعمال بالثواب والعقاب واشرت الی ھذا کلہ فی الترجمۃ واللہ اعلم ۱۲۔

الرِّوَایَاتُ: فی لباب النقول اخرج ابن جریر عن السدی قال نزلت فی الاخنس ابن شریق اقبل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم واظھر لہ الاسلام فاعجبہ ذلک منہ ثم خرج فمر بزرع لقوم من المسلمین وحمرفا حرق الزرع وعقر الحمر فانزل اللہ الآیۃ ۱۲۔ فی لباب النقول اخرج الحراث بن ابی اسامۃ فی مسندہ وابن حاتم عن سعید بن المسیب قال اقبل صھیب مھاجرا الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاتبعہ نفر من قریش فنزل عن راحلتہ وانتثل ما فی کنانتہ ثم قال یا معشر قریش لقد علمتم انی من ارماکم رجلا وایم اللہ لاتصلون الی احتی ارمی کل سھم معی فی کنانتی ثم اضرب بسیفی ما بقی فی یدی منہ شیئ ثم افعلوا ما شئتم وان شئتم دللتکم علی ما لی بمکۃ دخلیتم سبیلی قالوا نعم فلما قدم علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم المدینۃ قال ربح البیع ابا یحیٰی ربح ابا یحیٰی ونزلت ومن الناس من یشری نفسہ الآیۃ فی لباب النقول اخرج ابن جریر عن عکرمۃ قال قال عبداللہ بن سلام و ثعلبۃ وابن یامین واسد واسید ابنا کعب وسعید بن عمرو وقیس بن زید کلھم من الیھود یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم السبت یوم نعظمہ فدعنا فلنسبت فیہ فنزلت یآیھا الذین آمنوا ادخلوا الآیۃ وزاد فی روح المعانی وکرھوا لحمان الابل ۱۲۔

النَّحْوُ: فی روح المعانی کافۃ فی الاصل صفۃ من کف بمعنی منع استعمل بمعنہ الجملۃ بعلاقۃ انھا ما نعۃ للاجزاء عن التفرق والتاء للتانیث او للنقل من الوصفیۃ الی الاسمیۃ کعامۃ وخاصۃ او للمبالغۃ وھوھنا حال من الضمیر فی ادخلوا ای ادخلوا فی الاسلام بکلیتکم ولا تدعوا شیئا من ظاھرکم وباطنکم الا والاسلام یستوعبہ بحیث لا یبقی مکان لغیرہ من شریعۃ موسیٰ علیہ السلام ۱۲۔

العربیۃ: الخصام المخاصمۃ کذا قال البیضاوی اخذتہ العزۃ بالاثم قال البیضاوی حملتہ الانفۃ علی الاثم الذی یؤمر باتقائہ لجاجا من قولک اخذتہ بکذا اذا حملتہ علیہ والزمتہ ایاہ وفی روح المعانی ولبئس المھاد فیہ تھکم ۱۲۔

سَلْ بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ كَمْ ءَاتَيْنَٰهُم مِّنْ ءَايَةٍۭ بَيِّنَةٍ ۗ وَمَن يُبَدِّلْ نِعْمَةَ ٱللَّهِ مِنۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَإِنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلْعِقَابِ ﴿۲۱۱﴾ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا۟ ٱلْحَيَوٰةُ ٱلدُّنْيَا وَيَسْخَرُونَ مِنَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ۘ وَٱلَّذِينَ ٱتَّقَوْا۟ فَوْقَهُمْ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ ۗ وَٱللَّهُ يَرْزُقُ مَن يَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾ كَانَ ٱلنَّاسُ أُمَّةً وَٰحِدَةً فَبَعَثَ ٱللَّهُ ٱلنَّبِيِّـۧنَ مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ وَأَنزَلَ مَعَهُمُ ٱلْكِتَٰبَ بِٱلْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ ٱلنَّاسِ فِيمَا ٱخْتَلَفُوا۟ فِيهِ ۚ وَمَا ٱخْتَلَفَ فِيهِ إِلَّا ٱلَّذِينَ أُوتُوهُ مِنۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ ٱلْبَيِّنَٰتُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۖ فَهَدَى ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لِمَا ٱخْتَلَفُوا۟ فِيهِ مِنَ ٱلْحَقِّ بِإِذْنِهِۦ ۗ وَٱللَّهُ يَهْدِى مَن يَشَآءُ إِلَىٰ صِرَٰطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿۲۱۳﴾

آپ (علما) بنی اسرائیل سے (ذرا) پوچھئے (تو سہی) ہم نے ان کو کتنی واضح دلیلیں دی تھیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی نعمت کو بدلتا ہے اس کے پاس پہنچنے کے بعد تو یقیناً حق تعالیٰ سخت سزا دیتے ہیں دنیوی معاش کفار کو آراستہ پیراستہ معلوم ہوتی ہے اور (اسی وجہ سے) ان مسلمانوں سے تمسخر کرتے ہیں حالانکہ یہ (مسلمان) جو کفر و شرک سے بچتے ہیں ان کافروں سے اعلیٰ درجہ میں ہوں گے قیامت کے روز اور روزی تو اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں بے انداز دیتے ہیں۔ (ایک زمانہ میں) سب آدمی ایک ہی طریق کے تھے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے پیغمبروں کو بھیجا جو کہ خوشی (کے وعدے) سناتے تھے اور ڈراتے تھے اور ان کے ساتھ (آسمانی) کتابیں بھی ٹھیک طور پر نازل فرمائیں۔ اس غرض سے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں میں ان کے امور اختلافیہ (مذہبی) میں فیصلہ فرما دیں اور اس کتاب میں (یہ) اختلاف اور کسی نے نہیں کیا مگر صرف ان لوگوں نے جن کو (اولاً) وہ کتاب ملی تھی بعد اس کے کہ ان کے پاس دلائل واضح پہنچ چکے تھے' باہمی ضد اضدی کی وجہ سے' پھر اللہ تعالیٰ نے (ہمیشہ) ایمان والوں کو وہ امر حق جس میں (مختلفین) اختلاف کیا کرتے تھے بفضلہ تعالیٰ بتلا دیا اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں اس کو راہ راست بتلا دیتے ہیں۔

تفسیر: عقوبت مخالفت حق: سَلْ بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ (الی قولہ تعالیٰ) فَإِنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلْعِقَابِ ﴿۲۱۱﴾ آپ (علماء) بنی اسرائیل سے (ذرا) پوچھئے (تو سہی) ہم نے ان کو (یعنی ان کے بزرگوں کو) کتنی واضح دلیلیں دی تھیں (مگر ان لوگوں نے بجائے اس کے کہ اس سے ہدایت حاصل کرتے اور الٹی گمراہی پر کمر

www.besturdubooks.net

باندھی پھر دیکھو سزائیں بھی بھگتیں مثلاً توراۃ ملی چاہئے تھا اس کو قبول کرتے مگر انکار کیا آخر طور گرانے کی ان کو دھمکی دی گئی اور مثلاً حق تعالیٰ کا کلام سنا چاہئے تھا سر آنکھوں پر رکھتے مگر شبہات نکالے آخر بجلی سے ہلاک ہوئے۔ اور مثلاً دریا کو شگافتہ کر کے فرعون سے نجات دی گئی احسان مانتے مگر گوسالہ پرستی شروع کی سزائے قتل دی گئی۔ اور مثلاً من وسلویٰ نازل ہوا شکر کرنا چاہئے تھا بے حلمی کی وہ سڑنے لگا اور اس سے نفرت ظاہر کی تو وہ موقوف ہو گیا۔ اور کھیتی کی مصیبت سر پڑی اور مثلاً انبیاء علیہم السلام کا سلسلہ ان میں جاری رہا غنیمت سمجھتے اُن کو قتل کرنا شروع کیا انتزاع سلطنت کی سزا دی گئی وعلیٰ ھذا بہت سے معاملات سے اسی سورۂ بقرہ کے شروع میں بھی مذکور ہو چکے ہیں) اور (ہمارا قانون ہی یہ ہے کہ) جو شخص اللہ تعالیٰ کی (ایسی بڑی) نعمت (یعنی دلائل واضحہ) کو بدلتا ہے اس کے پاس پہنچنے کے بعد (یعنی[۳] بجائے اس کے کہ اس سے ہدایت حاصل کرے اور الٹا گمراہ بنتا ہے) تو یقیناً حق تعالیٰ (ایسے[۴] شخص کو) سخت سزا دیتے ہیں۔

ف : یہ سزا کبھی دنیا میں بھی ہو جاتی ہے کبھی آخرت میں ہوگی۔

ربط : اوپر مخالفتِ حق کا بیان تھا آگے اس کی اصلی علت اکثر یہ فرماتے ہیں کہ دنیا کی محبت ہے جس کے آثار میں سے اہل دین کو حقیر سمجھنا بھی ہے کیونکہ حب دنیا کا غلبہ ہوتا ہے دین کی طلب نہیں رہتی بلکہ جب دین کو مخل دنیا دیکھتا ہے تو دین کو بھی ترک کر بیٹھتا ہے اور دوسرے طالبانِ دین پر ہنستا ہے چنانچہ بعض[۵] رؤسائے بنی اسرائیل مثل جہلائے مشرکین کے غرباء مسلمین کے ساتھ باستہزاء پیش آیا کرتے تھے ان لوگوں کا بیان فرماتے ہیں۔

آثار حبِ دُنیا: **زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا** (الی قولہ تعالی) **وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ** ﴿۲۱۲﴾ دنیوی معاش کفار کو آراستہ پیراستہ معلوم ہوتی ہے اور (اسی وجہ سے) ان مسلمانوں[۱] سے تمسخر کرتے ہیں حالانکہ یہ (مسلمان) جو کفر[۲] وشرک سے بچتے ہیں ان کافروں سے اعلیٰ درجہ (کی حالت) میں ہوں گے قیامت کے روز (کیونکہ کفار جہنم میں ہوں گے اور مسلمان جنت میں) اور (آدمی کو محض فراغِ معاش پر مغرور نہ ہونا چاہئے کیونکہ) روزی تو اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں بے انداز (یعنی بکثرت) دیدیتے ہیں (پس اس کا مدار قسمت پر ہے نہ کہ کمال اور مقبولیت پر سو یہ ضرور نہیں کہ جو روزی میں بڑا ہو وہ اللہ کے نزدیک بھی معزز ہو اور بڑی عزت وہی ہے پھر محض اس کے اوپر اپنے کو معزز اور دوسرے کو ذلیل سمجھنا بے وقوفی ہے)

ربط : اوپر دین حق سے اختلاف کرنے کی علت حب دنیا کو بتایا ہے آگے اسی مضمون کی تائید فرماتے ہیں کہ مدت سے یہی قصہ چلا آ رہا ہے کہ ہم دلائل واضحہ دین حق پر قائم کرتے ہیں اور طالبانِ دنیا اپنی دنیوی اغراض کے سبب اس سے خلاف کرتے رہے۔

تائیدِ اثر حبِ دنیا: **كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً** (الی قولہ تعالی) **وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ** ﴿۲۱۳﴾ (ایک زمانہ میں) سب آدمی ایک ہی طریق کے تھے (کیونکہ اول دنیا میں حضرت آدم علیہ السلام مع اپنی بی بی کے تشریف لائے اور جو اولاد ہوتی گئی ان کو دین حق کی تعلیم فرماتے رہے اور وہ ان کی تعلیم پر عمل کرتے رہے ایک مدت اسی حالت میں گذر گئی پھر اختلاف طبائع سے اغراض میں اختلاف ہونا شروع ہوا حتیٰ کہ ایک عرصہ کے بعد اعمال و عقائد میں اختلاف کی نوبت آ گئی) پھر (اس اختلاف کے رفع کرنے کو) اللہ تعالیٰ نے (مختلف) پیغمبروں کو بھیجا جو کہ (حق ماننے والوں کو) خوشی (کے وعدے) سناتے تھے اور (نہ ماننے والوں کو عذاب سے) ڈراتے تھے اور ان (پیغمبروں کی مجموعی جماعت) کیساتھ (آسمانی) کتابیں[۱] بھی ٹھیک طور پر نازل فرمائیں (اور ان پیغمبروں[۲] کا بھیجنا اور کتابوں کا نازل فرمانا) اس[۳] غرض سے (تھا) کہ اللہ تعالیٰ (ان رسل وکتب کے ذریعہ سے اختلاف کرنے والے) لوگوں میں ان کے امور اختلافیہ (مذہبی) میں فیصلہ فرما دیویں (کیونکہ رسل وکتب امر واقعی کا اظہار کر دیتے ہیں اور امر واقعی کے متعین ہونے سے ظاہر ہے کہ غیر واقعی کا غلط ہو جانا معلوم ہو جاتا ہے اور یہی فیصلہ ہے اور ان پیغمبروں کیساتھ کتاب اللہ آنے سے چاہئے تھا کہ اس کتاب کو قبول کرتے اور اس پر مدار کار رکھ کر اپنے سب اختلافات مٹا دیتے مگر بعضوں نے خود اس کتاب ہی کو نہ مانا اور خود اسی میں اختلاف کرنا شروع کر دیا) اور اس[۴] کتاب میں (یہ) اختلاف اور کسی نے نہیں کیا مگر صرف ان لوگوں نے جن کو (اولا) وہ کتاب ملی تھی (یعنی اہل[۵] العلم واہل فہم نے کہ اول مخاطب وہی لوگ ہوتے ہیں دوسرے عوام ان کے ساتھ لگ لیا کرتے ہیں اور اختلاف بھی کیسے وقت کیا) بعد اس کے کہ ان کے پاس دلائل واضحہ پہنچ چکے تھے (یعنی ان کے ذہن نشین ہو چکے تھے اور اختلاف کیا کس وجہ سے صرف) باہمی ضدا ضدی کی وجہ سے (اور اصلی وجہ ضدا ضدی کی حب دنیا ہوتی ہے حب مال ہو یا حب جاہ پس مدار علت مخالفت حق کا وہی حب دنیا ٹھہری اور یہی مضمون تھا سابق میں) پھر (یہ اختلاف کفار کا کبھی اہل ایمان کو مضر نہیں ہوا بلکہ) اللہ تعالیٰ نے (ہمیشہ) ایمان والوں کو وہ امر حق جس میں (مختلفین) اختلاف کیا کرتے تھے بفضلہ[۶] تعالیٰ (رسولوں اور کتابوں پر ایمان لانے کی بدولت) بتلا دیا اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں اس کو راہ راست بتلا دیتے ہیں۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ : ۱ **قولہ** ذرا پوچھئے تو یہی اشارۃ الی کون السوال للتقریع کما قال البیضاوی ۱۲۔ ۲ **قولہ** سزائیں بھی بھگتیں کما فی التفسیر الکبیر تنبیہ لہؤلاء الحاضرین علی انھم لوزلوا عن آیات اللہ لوقعوا فی العذاب کما وقع اولئک المتقدمون ۱۲۔ ۳ **قولہ** فی تفسیر یبدل یعنی بجائے اس کے کہ اس سے ہدایت کما فی البیضاوی بجعلھا سبب الضلالۃ وازدیاد الرجس ۱۲۔ ۴ **قولہ** فی ترجمۃ ان اللہ

www.besturdubooks.net

شدید العقاب ایسے شخص کو کما فی روح المعانی هو الجواب بتقدیر الضمیر ای شدید العقاب له ۱۲۔ ۵؎ قوله فی وجه الربط چنانچہ بعض رؤساء الخ کما فی المعالم قیل نزلت فی مشرکی العرب ابی جهل واصحابه وقال مقاتل نزلت فی المنافقین عبدالله بن ابی واصحابه وقال عطاء نزلت فی رء وساء الیهود من بنی قریظة والنضیر وبنی قینقاع سخروا من فقراء المهاجرین فوعدهم الله ان یعطیهم اموال بنی قریظة والنضیر بغیر قتال ویسخرون من الذین آمنوا لفقرهم ۱۲۔ ۶؎ قوله ان مسلمانوں سے الخ حملا للموصول علی العهد کما فی المعالم عن ابن عباسؓ اراد بالذین آمنوا عبدالله بن مسعود وعمار بن یاسر وصهیبا وبلالا وخبابا وامثالهم ۱۲۔ ۷؎ قوله جو کفر و شرک سے الخ اشارة الی اتحاد المؤمن والمتقی مفهوما وتغییر العنوان للاشارة الی علة الحکم ۱۲۔ ۸؎ قوله مجموعی فلا یرد ان بعضهم لم ینزل علیه الکتاب ۱۲۔ ۹؎ قوله کتابیں اشارة الی کون اللام للجنس ۱۲۔

۱۰؎ قوله فی ترجمة بالحق ٹھیک طور پر اشارة الی تعلقه بانزل ۱۲۔ ۱۱؎ قوله ان پیغمبروں کا بھیجنا الخ اشارة الی دفع ایراد وهو انه لما کان الغرض من بعث الرسل رفع الاختلاف فکیف ارسل بعضهم قبل الاختلاف وجه الجواب ان کون رفع الاختلاف غرضا لبعث النبیین المعهودین لاینا فی بعث بعضهم لمصالح اخر کآدم علیه السلام بعث لئلا یختلفوا ثم لما وقع الاختلاف بعث بعضهم لیرفعوا الاختلاف فافهم ۱۲۔ ۱۲؎ قوله اس غرض سے تھا یراد به فی لساننا المعنی العرفی ای الفائدة لا الحقیقی الراجع الی الفاعل ۱۲۔ ۱۳؎ قوله اس کتاب میں یہ اختلاف الخ اشارة الی دفع ایراد وهو ان المفهوم من اول الآیة ان الاختلاف المقدم علی البعث ومن آخر الآیة ان الاختلاف وقع بعد البعث وجه الجواب ان الاختلاف المقدم کان فی بعض امورهم والاختلاف المتاخر کان فی الکتاب فالاختلاف نوعان کما کان البعث فی الجواب عن الایراد الاول نوعین فافهم وتشکر و تبصر ۱۲۔ ۱۴؎ قوله یعنی اہل علم وفہم ماخذه روح المعانی والحصر فیهم باعتیار کونهم بانین والا فالاختلاف عام لکلهم ۱۲۔ ۱۵؎ قوله بفضلہ تعالیٰ عما فی روح المعانی باذنه بتوفیقه ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: فی الجلالین من بعد ما جاء تهم متعلقة باختلف وهی وما بعدها مقدم علی الاستثناء فی المعنی آه فی الکمالین لاباوتوه ولما کان یرد علیه ان ما قبل الا لا یعمل فیما بعدها دفعه بقوله وهی آه قلت فتقدیر الکلام کما فی الکمالین وما اختلف فی من بعد مجئی البینٰت لاجل البغی احد من الکافرین الا الذین اوتوا الکتاب فلا یقال ان الا لا یستثنی بها شئ ان آه والاقرب ما قاله الشاه ولی اللّٰهؒ فی الفوز الکبیر ادخل وما اختلف فیه الا الذین اوتوه فی تضاعیف الکلام المنتظم بعضه ببعض بیانا لضمیر اختلفوا وایذانا بان المراد من الاختلاف ههنا هو الاختلاف الواقع فی امة الدعوة بعد نزول الکتاب بان آمن بعض و کفر بعض آه ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃُ: قوله من بعد ما جاء ته فی روح المعانی فائدة هذه الزیادة وان کان تبدیل الآیات مطلقا مذموما التعریض بانهم بدلوها بعد ما عقلوها وفیه تقبیح عظیم لهم ونعی علی شناعة حالهم، واستدلال علی استحقاقهم العذاب الشدید حیث بدلوا بعد المعرفة و بهذا یندفع ما یترا ای من ان التبدیل لا یکون الا بعد المجئی فما الفائدة فی ذکره ۱۲۔

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ﴿۲۱۴﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ؕ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۱۵﴾

دوسری بات سنو کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ جنت میں (بے مشقت) جاؤ گے حالانکہ تم کو ہنوز ان (مسلمان) لوگوں کا سا کوئی عجیب واقعہ پیش نہیں آیا جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ ان پر (مخالفین کے سبب) ایسی ایسی تنگی اور سختی واقع ہوئی اور (مصائب سے) ان کو یہاں تک جنبشیں ہوئیں کہ (اس زمانہ کے) پیغمبر تک اور جو ان کے ہمراہ اہل ایمان تھے۔ بول اُٹھے کہ اللہ تعالیٰ کی امداد (موجود) کب ہوگی یاد رکھو بیشک اللہ کی امداد (بہت) نزدیک ہے۔ لوگ آپ سے پوچھتے ہیں کہ کیا چیز خرچ کیا کریں آپ فرما دیجئے کہ جو کچھ مال خرچ کرنا ہو سو ماں باپ کا حق ہے اور قرابت داروں کا اور بے باپ کے بچوں کا اور محتاجوں کا اور مسافر کا اور جونسا نیک کام کرو گے سو اللہ تعالیٰ کو اس کی خوب خبر ہے (وہ اس پر ثواب دیں گے) ۞

www.besturdubooks.net

تفسیر: ربط: اوپر کی آیت میں کفار کا ہمیشہ سے انبیاء مؤمنین کے ساتھ اختلاف اور خلاف کرتے رہنے کا مذکور تھا جس میں ایک گونہ مسلمانوں کو اس طور پر تسلی دینا بھی مقصود تھا جن کو استہزاء کفار سے ایذا ہوتی تھی کہ یہ خلاف تمہارے ساتھ نیا نہیں ہے ہمیشہ سے ہوتا آیا ہے آگے ان کفار مخالفین سے انبیاء و مومنین کو انواع انواع ایذائیں اور شدائد پہنچنے کی حکایت بیان فرماتے ہیں اور اس سے بھی مسلمانوں کو تسلی دلاتے ہیں کہ تم کو بھی کفار سے جو ایذائیں پہنچتی ہیں ان پر صبر کرنا چاہئے کیونکہ کامل راحت آخرت کی محنت ہی اُٹھانے سے ہے۔

ترغیب مسلمانان بر تحمل شدائد: اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ (الی قوله تعالی) اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝ دوسری[1] بات سنو کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ جنت میں (بے مشقت) جا داخل ہو گے حالانکہ (ابھی[2] کچھ مشقت تو اُٹھائی ہی نہیں کیونکہ) تم کو ہنوز ان (مسلمان) لوگوں کا سا کوئی عجیب[3] واقعہ پیش نہیں آیا جو تم سے پہلے ہو گذرے ہیں ان پر (مخالفین کے سبب) ایسی ایسی تنگی اور سختی واقع ہوئی اور (مصائب سے) ان کو یہاں تک جنبشیں ہوئیں کہ (اس زمانہ کے) پیغمبر تک اور جو ان کے ہمراہ اہل ایمان تھے (بیقرار ہو کر) بول اُٹھے کہ اللہ تعالیٰ کی امداد (موعود) کب ہوگی (جس پر ان کو جواب سے تسلی کی گئی کہ) یاد رکھو بے شک اللہ تعالیٰ کی امداد (بہت) نزدیک (ہونے والی) ہے۔ **ف**: انبیاء اور مومنین کا اس طرح کہنا نعوذ باللہ شک کی وجہ سے نہ تھا بلکہ وجہ یہ تھی کہ وقت امداد اور غلبہ کا مقابلہ مخالفین میں ان حضرات کو نہ بتلایا گیا ابہام وقت سے ان کو جلدی ہونے کا انتظار رہتا تھا جب انتظار سے تھک جاتے تب اس طرح عرض معروض کرنے لگتے جس کا حاصل دعا ہے الحاح کیساتھ (توجیہ اجتماع دعا و رضائے کاملین) اور الحاح خلاف رضا و تسلیم کے نہیں ہے بلکہ جب الحاح کا پسندیدہ ہونا اللہ تعالیٰ کے نزدیک ثابت ہے تو الحاح عین رضا حق سے رضا ہے البتہ خلاف رضا وہ دعا ہے جس کے قبول نہ ہونے سے دعا کرنے والا ناراض ہو سو معاذ اللہ اس کا انبیاء و مؤمنین کاملین میں نہ ثبوت ہے نہ احتمال۔ اور یہ جو فرمایا ہے کہ کیا جنت میں بے مشقت چلے جاؤ گے سو مشقت کے درجات مختلف ہیں جس کا ادنیٰ درجہ نفس اور شیطان سے مزاحمت کر کے یا مخالفین دین کے ساتھ خلاف کر کے عقائد کا درست کرنا ہے جو ہر مومن کو حاصل ہے، آگے اوسط اور اعلیٰ درجات ہیں اسی طرح دخول جنت کے مختلف مراتب ہیں پس جس درجہ کی مشقت اسی درجہ کا دخولِ جنت۔ پس آیت میں یہ اشکال نہیں لازم آتا کہ بعضے عاصی محض فضل سے داخل جنت ہو جاویں گے ان پر کوئی مشقت بھی نہ ہوگی تقریر جواب یہ ہے کہ ان کو بھی ادنیٰ درجہ کی مشقت ہوئی ہے البتہ صحابہؓ چونکہ درجاتِ عالیہ کے طالب تھے اور ہر مسلمان کو ہونا چاہئے اس لئے ان درجات کے لئے بڑی مشقتیں جھیلنے کو شرط فرمایا گیا فقط۔ آگے پھر سلسلہ احکام کا شروع ہوتا ہے۔

حکم دوازدہم مصارفِ انفاق: يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۃ (الی قوله تعالی) فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ لوگ آپ سے پوچھتے ہیں کہ (ثواب[4] کے واسطے) کیا چیز خرچ کریں (اور کس[5] موقع پر صرف کیا کریں) آپ فرما دیجئے کہ جو کچھ مال تم کو صرف کرنا ہو سو (اس کی تعیین تو تمہاری ہمت پر ہے مگر ہاں موقع ہم بتلائے دیتے ہیں کہ) ماں باپ کا حق[6] ہے اور قرابت داروں کا اور بے باپ کے بچوں[7] کا اور محتاج کا اور مسافر کا اور جونسا نیک کام کرو گے (خواہ راہ خدا میں خرچ کرنا ہو یا اور کچھ ہو) سو اللہ تعالیٰ کو اس کی خوب خبر ہے (وہ اس پر ثواب دینگے) **ف**: مَسْئَلَہ: ماں باپ کو زکوۃ اور دوسرے صدقات واجبہ دینا درست نہیں اس آیت میں نفل خیرات کا بیان ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ اس آیت میں اس طرف اشارہ ہے کہ بارگاہ قدس تک رسائی بدون ترکِ لذات و تحمل مجاہدات میسر نہیں اور حدیث حفت الجنة بالمكاره سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ قولہ تعالیٰ: حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ۔ اس آیت میں اس پر دلالت ہے کہ امور طبعیہ کاملین میں بھی رہتے ہیں یہاں تک کہ انبیاء کا گھبرا کر استعجال نصرت اس آیت میں مذکور ہے۔

ملحقات الترجمة: ۱ **قوله** دوسری بات اشارة الى كون ام منقطعة بمعنى بل والهمزة وبل للاعراض المفسر بقوله المذكور ۱۲۔ ۲ **قوله** ابھی اشارة الى ما فى الكشاف ان فى لما معنى التوقع وهى فى النفى نظيرة قد فى الاثبات والمعنى ان ذلك متوقع منتظر ۱۲۔ ۳ **قوله** عجیب واقعہ لان المثل الحال العجيب ۱۲۔ ۴ **قوله** ثواب کے واسطے اشارة الى كون الآية فى التطوع ۱۲۔ ۵ **قوله** کس موقع كما دل عليه سبب النزول ۱۲۔ ۶ **قوله** حق ہے حملا للام على الاستحقاق ۱۲۔ ۷ **قوله** بچوں لان اليتيم قبل الاحتلام ۱۲۔

الروايات: قال عبدالرزاق انبأنا معمر عن قتادة قال نزلت هذه الآية (ام حسبتم ان تدخلوا الخ) فى يوم الاحزاب اصاب النبى صلى الله عليه وسلم يومئذ بلاء وحصر كذا فى لباب النقول فيه اخرج ابن جرير عن ابن جريج قال سأل المؤمنون رسول الله صلى الله عليه وسلم اين يضعون اموالهم فنزلت يسئلونك ماذا ينفقون قل ما انفقتم من خير الآية واخرج ابن المنذر عن ابن حبان ان عمرو بن الجموح سال النبى صلى الله عليه وسلم ماذا ننفق من اموالنا واين نضعها فنزلت ۱۲۔

النحو: مثل الذين على حذف المضاف اى مثل الذين بكسر الميم وسكون المثلثة فى الاول والفتحتين فى الثانى ۱۲۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ: یسئلونك ماذا ینفقون قال عبدالحکیم وانما لم یذکر السوال عن المصرف فی الآیة للایجاز فی النظم تعویلا علی الجواب والاقتصار فی بیان المنفق علی البیان الاجمالی الذی تضمنه قوله خیر وهو کونه حلالا فان المنفق انما یطلق خیرا اذا کان حلالا من غیر تعریض للتفصیل کما فی بیان المصرف الاشارة الی کونه اهم فعلی هذا ایضا لا یخرج عن اسلوب الحکیم حیث اجیب عن المتروك صریحا وعن المذکور تبعا ۱۲۔

کُتِبَ عَلَیْكُمُ الْقِتَالُ وَھُوَ کُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰۤی اَنْ تَكْرَھُوْا شَیْـًٔا وَّھُوَ خَیْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰۤی اَنْ تُحِبُّوْا
ع شَیْـًٔا وَّھُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۗ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٢١٦﴾ یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِیْهِ ؕ قُلْ قِتَالٌ
فِیْهِ كَبِیْرٌ ؕ وَصَدٌّ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَاِخْرَاجُ اَھْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ
اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ؕ وَلَا یَزَالُوْنَ یُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰی یَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِیْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ وَمَنْ یَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ
عَنْ دِیْنِهٖ فَیَمُتْ وَھُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُھُمْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ ھُمْ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢١٧﴾

جہاد کو تم پر فرض کیا گیا ہے اور وہ تم کو (طبعاً) گراں (معلوم) ہوتا ہے اور یہ بات ممکن ہے کہ تم کسی امر کو گراں سمجھو اور وہ تمہارے حق میں خیر ہو اور یہ (بھی) ممکن ہے کہ تم کسی امر کو مرغوب سمجھو اور وہ تمہارے حق میں (باعثِ خرابی ہو) اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور تم (پورا پورا) نہیں جانتے۔ لوگ آپ سے شہر حرام میں قتال کرنے کے متعلق سوال کرتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ اس میں خاص طور پر قتال کرنا (یعنی عمداً) جرم عظیم ہے اور اللہ تعالیٰ کی راہ سے روک ٹوک کرنا اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر کرنا اور مسجد حرام (یعنی کعبہ) کے ساتھ اور جو لوگ مسجد حرام کے اہل تھے ان کو اس کے خارج کر دینا۔ جرم عظیم ہیں اللہ تعالیٰ کے نزدیک اور فتنہ پردازی کرنا (اس) قتل (خاص) سے بدرجہا بڑھ کر ہے اور یہ کفار تمہارے ساتھ ہمیشہ جنگ رکھیں گے اس غرض سے کہ اگر (خدا نہ کرے) قابو پائیں تو تم کو تمہارے دین (اسلام) سے پھیر دیں اور جو شخص تم میں سے اپنے دین سے پھر جائے پھر کافر ہی ہونے کی حالت میں مر جائے تو ایسے لوگوں کے (نیک) اعمال دنیا اور آخرت میں سب غارت ہو جاتے ہیں اور ایسے لوگ دوزخی ہوتے ہیں (اور) یہ لوگ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے ۞

تفسیر: حکم سیزدہم فرضیت جہاد: کُتِبَ عَلَیْكُمُ الْقِتَالُ وَھُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ (الی قوله تعالی) وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٢١٦﴾۔ جہاد کرنا تم پر فرض کیا گیا ہے اور وہ تم کو (طبعاً) گراں (معلوم ہوتا) ہے اور یہ بات ممکن ہے کہ تم کسی امر کو گراں سمجھو اور (واقع میں) وہ تمہارے حق میں خیر (اور مصلحت) ہو اور یہ (بھی) ممکن ہے کہ تم کسی امر کو مرغوب سمجھو اور (واقع میں) وہ تمہارے حق میں (باعث) خرابی (کا) ہو اور (ہر شئے کی حقیقت حال کو) اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور تم (پورا پورا) نہیں جانتے (اسلئے اپنی رغبت و کراہت پر کبھی عمل نہ کرو جو کچھ حکم ہو جائے اسی کو اجمالاً مصلحت سمجھ کر اس پر کاربند رہا کرو) **ف**: جہاد فرض ہے جب کہ اس کے شرائط پائے جاویں جو کتب فقہ میں مذکور ہیں اور فرض دو طرح کا ہوتا ہے فرضِ عین اور فرضِ کفایہ سو اعداءِ دین جب مسلمانوں پر چڑھ آویں تب تو فرض عین ہے۔ ورنہ فرض کفایہ اور طبعاً کی قید اس لئے ظاہر کر دی گئی کہ مسلمان کو احکام شرعیہ میں عقلاً کراہت کبھی نہیں ہوتی۔ عدم احاطۂ عبد مصالح احکام را: اس آیت سے ہمارے نوخیز مسلمان فلسفیوں کو سبق لینا چاہئے کہ ہر حکم کی مصلحت باجود واقعیت کے ہمارے احاطہ علمی سے خارج ہے۔

حکم چہاردہم تحقیق قتال در شہر حرام: یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِیْهِ (الی قوله تعالی) وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ (حضور ﷺ کے چند صحابہؓ کا ایک سفر میں اتفاق سے کفار کے ساتھ مقابلہ ہو گیا ایک کافر ان کے ہاتھ سے مارا گیا اور جس روز یہ قصہ ہوا رجب کی پہلی تاریخ تھی مگر صحابہؓ اس کو جمادی الاخریٰ کی تیس سمجھے تھے اور رجب اشہر حرم سے ہے کفار نے اس واقعہ پر طعن کیا کہ مسلمانوں نے شہر حرام کی حرمت کا بھی خیال نہیں کیا مسلمانوں کو اس کی فکر ہوئی اور حضور ﷺ سے پوچھا اور بعض روایات میں ہے کہ خود بعض کفار قریش نے بھی حاضر ہو کر اعتراضاً سوال کیا اس کا جواب ارشاد ہوتا ہے) لوگ آپ سے شہر حرام میں قتال کرنے کے متعلق سوال کرتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ اس میں خاص طور پر (یعنی عمداً) قتال کرنا جرم عظیم ہے (مگر اس طور پر قتال کرنا مسلمانوں سے صادر نہیں ہوا بلکہ تاریخ تحقیق نہ ہونے کے سبب غلطی سے ایسا ہو گیا یہ تو تحقیقی جواب ہے) اور (الزامیؔ جواب یہ ہے کہ کفار و مشرکین کا تو کسی طرح منہ ہی نہیں مسلمانوں پر اعتراض کرنے کا کیونکہ اگرچہ شہرِ حرام میں لڑنا جرم عظیم ہے لیکن ان کفار کی جو حرکتیں ہیں یعنی) اللہ تعالیٰ کی راہ (دینؔ) سے (لوگوں کو) روک ٹوک کرنا (یعنی اسلام پر تکلیفیں پہنچانا کہ ڈر کے مارے لوگ مسلمان نہ ہوں) اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر کرنا اور مسجدؔ حرام (یعنی کعبہ) کے ساتھ (جو کہ اللہ تعالیٰ کا معبد ہے کفر کرنا کہ وہاں بہت سے بت رکھ چھوڑے تھے اور بجائے خدا کی عبادت کے ان کی عبادت اور طواف کرتے تھے) اور جو لوگ مسجد حرام کے اہل تھے

www.besturdubooks.net

(یعنی رسول اللہ ﷺ اور دوسرے مومنین) ان کو (تنگ اور پریشان کر کے) اس (مسجد حرام) سے خارج (ہونے پر مجبور) کر دینا (جس سے نوبت ہجرت یعنی ترک وطن کی پہنچی سو یہ حرکتیں شہر حرام میں قتال کرنے سے بھی زیادہ جرم اعظم ہیں اللہ تعالیٰ کے نزدیک کیونکہ یہ حرکتیں دین حق کے اندر فتنہ پردازی کرنا ہے) اور ایسی فتنہ پردازی کرنا (اس) قتل (خاص) سے (جو مسلمانوں سے صادر ہوا) بدرجہا (قباحت میں) بڑھ کر ہے (کیونکہ اس قتل سے دین حق کو تو کوئی مضرت نہیں پہنچی بہت سے بہت اگر کوئی جائز کرے خود ہی گنہگار ہوگا اور ان حرکتوں سے تو دین حق کو ضرر پہنچتا ہے کہ اس کی ترقی رکتی ہے) **ف**: خلاصہ جواب یہ ہوا کہ اول تو مسلمانوں نے کوئی گناہ نہیں کیا اور علی سبیل الفرض اگر کیا ہے تو معترضین اس سے بڑے بڑے گناہ یعنی کفر و مزاحمت دین حق میں مبتلا ہیں پھر ان کو مسلمانوں پر اعتراض کرنے کا کب منصب ہے۔ **ف**: روح المعانی اور کبیر میں اس آیت کے ذیل میں اور بیضاوی میں سورۂ براءت کے پہلے رکوع کی تفسیر میں اشہر حرم میں حرمت قتال کے منسوخ ہونے پر اجماع امت کا نقل کیا ہے۔

ربط: اوپر دین حق میں ان کی مزاحمت کرنے کا بیان تھا اسی مضمون کی آگے تاکید فرماتے ہیں۔

تاکید مضمون مزاحمت دین: وَلَا يَزَالُونَ يُقَاتِلُونَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوكُمْ عَنْ دِينِكُمْ إِنِ اسْتَطَاعُوا ۔ اور یہ کفار تمہارے ساتھ ہمیشہ جنگ (وجدل کا سلسلہ جاری ہی) رکھیں گے اس غرض سے کہ اگر (خدا نہ کرے) قابو پاویں تو تم کو تمہارے دین (اسلام) سے پھیر دیں (انکے اس فعل سے دین کی مزاحمت ظاہر ہے)

ربط: آگے مسلمانوں کو احتیاطاً متنبہ فرماتے ہیں کہ یہ کفار جو دین حق کی مزاحمت میں سعی کر رہے ہیں اگر اس سعی کا کوئی اتباع کر بیٹھے یعنی دین حق سے پھر جاوے تو اس کا کیا انجام ہے۔

انجام ارتداد: وَمَنْ يَرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِينِهِ (الی قولہ تعالیٰ) هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۞ اور جو شخص تم میں سے اپنے دین (اسلام) سے پھر جاوے پھر کافر ہی ہونے کی حالت میں مر جاوے تو ایسے لوگوں کے (نیک) اعمال دنیا اور آخرت میں سب غارت ہو جاتے ہیں اور ایسے لوگ دوزخی ہوتے ہیں (اور) یہ لوگ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے۔ **ف**: دنیا میں اعمال کا ضائع ہونا یہ ہے کہ اس کی بی بی نکاح سے نکل جاتی ہے اگر اس کا کوئی مورث مسلمان مرے اس شخص کو میراث کا حصہ نہیں ملتا حالت اسلام میں نماز روزہ جو کچھ کیا تھا سب کالعدم ہو جاتا ہے مرنے کے بعد (جنازہ کی نماز نہیں پڑھی جاتی مسلمانوں کے مقابر میں دفن نہیں ہوتا اور آخرت میں ضائع ہونا یہ ہے کہ عبادات کا ثواب نہیں ملتا ابد الآباد کے لئے دوزخ میں داخل ہوتا ہے۔

مسئلہ: اگر یہ شخص پھر مسلمان ہو جاوے تو آخرت میں دوزخ سے بچ جانا اور دنیا میں آئندہ کے لئے احکام اسلام کے جاری ہونا تو یقینی ہے لیکن دنیا میں اگر حج کر چکا تھا تو بشرط وسعت پھر دوبارہ اس کا فرض ہونا نہ ہونا اور آخرت میں پچھلے نماز و روزہ کے ثواب کا عود کرنا نہ کرنا اس میں اختلاف ہے امام ابوحنیفہ دوبارہ حج کو فرض کہتے ہیں اور گزشتہ نماز و روزہ پر ثواب ملنے کے قائل نہیں اور امام شافعیؒ دونوں امر میں اختلاف کرتے ہیں۔

مسئلہ: لیکن جو کافر اصلی ہو اور اس حالت میں کوئی نیک کام کرے اس کا ثواب معلق رہتا ہے اگر کبھی اسلام لے آیا سب پر ثواب ملتا ہے اور اگر کفر پر مر گیا تو سب بیکار جاتا ہے حدیث میں اسلمت علی ما اسلفت من خیر۔ اسی معنی میں وارد ہے۔

مسئلہ: غرض مرتد کی حالت کافر اصلی سے شنیع تر ہے اسی واسطے کافر اصلی سے جزیہ قبول ہو سکتا ہے اور مرتد اسلام نہ لاوے اگر مرد ہے قتل کر دیا جاتا ہے اگر عورت ہے تو دوام حبس کی سزا دی جاتی ہے کیونکہ اس سے اسلام کی اہانت ہوئی ہے سرکاری اہانت اسی سزا کے لائق ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: عَسٰى أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ ۔ یہ لفظ شئے قبض کو بھی عام ہے (پس اس میں بھی منافع ہوتے ہیں)۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قولہ خاص طور پر اخ افادہ النکرة فی موضع الاثبات ولا تتوهم عمومها بالوصف لان الوصف لیس بعام ویتأید تقریری هذا بالکبیر و روح المعانی فافهم فانه عزیز ۱۲۔ ۲ قولہ اور الزامی فالواو فی وصد لعطف جواب علی جواب فافهم۔ ۳ قولہ دین سے روک ٹوک کرنا ولم یحمل علی صد المسلمین عام الحدیبیة لان الحدیبیة بعد بدر وهذه الآیة قبل بدر ۱۲۔ ۴ قولہ اور مسجد حرام کے ساتھ کفر کرنا اخترت عطف المسجد علی الضمیر المجرور فی به العائد الی الله علی خلاف ما اشتهر عن البصریین لما قال ابو حباب والعطف علی ضمیر المجرور وان لم یجز عند البصریین الا باعادة الجار فقد اجاز ذلك الكوفیون و یونس والاخفش وابو علی ولسنا مقلدین لاهل البصرة بل تتبع الدلیل وقد ثبت ذلك فی لسان العرب نظما ونثرًا باختلاف حروف العطف كذا فی الكمالین علی قوله تعالی تسألون به والارحام وایده فی الكبیر ۱۲۔ ۵ قولہ اہل تھے كقوله تعالی ان اولیاه الا المتقون ۱۲۔ ۶ قولہ ایسی فتنہ پردازی حملا للام علی العهد فلا دلالة علی كون كل فتنة اشد من كل قتل ۱۲۔ ۷ قولہ فی ترجمة حتی اس غرض سے كما فی البیضاوی حتی للتعلیل كقولك اعبد الله حتی ادخل الجنة لقوله ان استطاعوا وهو استبعاد لاستطاعتهم كقول الواثق بقوته علی

www.besturdubooks.net

قرنه ان ظفرت بى فلاتبق على وايذان بانهم لا يردونهم آه قلت وقد اشرت الى معنى الاستبعاد بقولى خدا نہ کرے ۱۲ ـ ۸ قوله فى وجه الربط احتياطاً لئلا يعارض الاستبعاد المستفاد من قوله ان استطاعوا ۱۲۔

الروایات: فى لباب النقول اخرج ابن جرير وابن ابى حاتم والطبرانى فى الكبير والبيهقى فى سننه عن جندب بن عبدالله ان رسول الله صلى الله عليه وسلم بعث رهطا وبعث عليهم عبدالله بن جحش فلقوا ابن الحضرمى فقتلوه ولم يدروا ان ذلك اليوم من رجب او من جمادى فقال المشركون للمسلمين قتلتم فى الشهر الحرام فانزل الله تعالىٰ يسئلونك عن الشهر الحرام قتال فيه الآية وفى البيضاوى عن ابن جرير كما قاله عبدالحكيم كان ذلك غرة رجب وهم يظنونه من جمادى الآخرة آه وفى روح المعانى برواية الزهرى عن عروة انه لما بلغ كفار قريش تلك الفعلة ركب وفد منهم حتى قدموا على النبى صلى الله عليه وسلم فقالوا ايحل القتال فى اشهر الحرام فانزل الله تعالىٰ الآية قلت واشرت الى الروايات كلها فى تقرير ترجمة الآية ۱۲۔

اللغات: كره مصدر نعت به للمبالغة او فعل بمعنى مفعول كالخبز ۱۲ بيضاوى۔

الفقه: قال عبدالحكيم حرمة القتال مع المشركين منسوخ بقوله تعالىٰ فى سورة برائة فاذا انسلخ الاشهر الحرم فاقتلوا المشركين حيث وجدتموهم فان المراد الاشهر الحرم المعينة التى ابيح للمشركين السياحة فيها بقوله فسيحوا فى الارض اربعة اشهر والتقييد بها يفيد ان قتلهم بعد انسلاخها مامور به فى جميع الامكنة والازمنة ۱۲۔

مسئلہ اولىٰ احتج الحنفية باطلاق قوله تعالىٰ فى المائدة ومن يكفر الخ فان قيل لما كان مطلق الارتداد سببا لحبط الاعمال فما الفائدة فى التقييد بالموت قلت فائدته ان مجموع الاحباط والخلود مرتب على الموت مرتد الاعلى مطلق الارتداد فافهم۔

مسئلہ ثانية دليله حديث اسلمت على ما اسلفت من خير رواه مسلم ۱۲۔

البلاغۃ: قال البيضاوى وانما قال عسٰى لان النفس اذا ارتاضت ينعكس الامر عليها اكبر عندالله والمفضل عليه محذوف اى مما فعلته السرية خطأ فى الاجتهاد ووجود اصل الفعل فى ذلك الفعل مبنى على الزعم كذا فى روح المعانى ۱۲۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۙ أُولَٰئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ
غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿۲۱۸﴾ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۖ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا
أَكْبَرُ مِنْ نَفْعِهِمَا ۗ وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنْفِقُونَ قُلِ الْعَفْوَ ۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ
تَتَفَكَّرُونَ ﴿۲۱۹﴾ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۗ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْيَتَامَىٰ ۖ قُلْ إِصْلَاحٌ لَهُمْ خَيْرٌ ۖ وَإِنْ تُخَالِطُوهُمْ
فَإِخْوَانُكُمْ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَأَعْنَتَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿۲۲۰﴾

حقیقتاً جو لوگ ایمان لائے ہوں اور جن لوگوں نے راہ خدا میں ترک وطن کیا ہو اور جہاد کیا ہو ایسے لوگ تو رحمت خداوندی کے امیدوار ہوا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ (اس غلطی کو معاف کر دیں گے اور تم پر) رحمت کریں گے۔ لوگ آپ سے شراب اور قمار کی نسبت دریافت کرتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ ان دونوں (کے استعمال) میں گناہ کی بڑی بڑی باتیں بھی ہیں اور لوگوں کو (بعضے) فائدے بھی ہیں اور (وہ) گناہ کی باتیں ان فائدوں سے زیادہ بڑھی ہوئی ہیں اور لوگ آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ (خیر خیرات میں) کتنا خرچ کیا کریں آپ فرما دیجئے کہ جتنا آسان ہو۔ اللہ تعالیٰ اسی طرح احکام کو صاف صاف بیان فرماتے ہیں تاکہ تم دنیا و آخرت کے معاملات میں سوچ لیا کرو اور لوگ آپ سے یتیم بچوں کا حکم پوچھتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ ان کی مصلحت کی رعایت رکھنا زیادہ بہتر ہے اور اگر تم ان کے ساتھ خرچ شامل رکھو تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں اور اللہ مصلحت کے ضائع کرنے والے کو اور مصلحت کی رعایت رکھنے والے کو الگ الگ جانتے ہیں اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو تم کو مصیبت میں ڈال دیتے کیونکہ اللہ تعالیٰ زبردست ہیں حکمت والے ہیں ۞

تفسیر ربط: شہر حرام میں قتال کرنے کے بارہ میں مسلمانوں کو جواب مذکور سن کر گناہ نہ ہونے کا تو اطمینان ہو گیا تھا مگر اس خیال سے دل شکستہ تھے کہ ثواب تو جواہی نہ ہوگا آگے اس میں تسلی کی گئی۔

وعدۂ ثواب بر اخلاص نیت: إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿۲۱۸﴾ ۔ حقیقتاً جو لوگ ایمان لائے ہوں اور جن لوگوں نے راہِ

www.besturdubooks.net

خدا میں ترک وطن کیا ہو اور جہاد کیا ہو ایسے لوگ تو رحمت خداوندی کے امیدوار ہوا کرتے ہیں (اور تم لوگوں میں یہ صفات علی سبیل منع الخلو موجود ہیں چنانچہ ایمان اور ہجرت تو ظاہر ہے رہا (اس جہاد خاص میں شبہ ہوسکتا ہے سو چونکہ تمہاری نیت تو جہاد ہی کی تھی لہٰذا ہمارے نزدیک وہ بھی جہاد ہی میں شمار ہے پھر ان صفات کے ہوتے ہوئے تم کیوں ناامید ہوتے ہو) اور اللہ تعالیٰ (اس غلطی کو) معاف کردینگے اور (ایمان و ہجرت و جہاد سے تم پر) رحمت کریں گے۔

حکم پانزدہم متعلق شراب وقمار: یَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنِ الۡخَمۡرِ وَالۡمَيۡسِرِ ؕ (الی قولہ تعالی) وَاِثۡمُهُمَآ اَكۡبَرُ مِنۡ نَّفۡعِهِمَا ؕ ۔ لوگ آپ سے شراب اور قمار کی نسبت دریافت کرتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ ان دونوں (چیزوں کے استعمال میں گناہ کی بڑی بڑی باتیں بھی (پیدا ہو جاتی ہیں) اور لوگوں کو (بعضے) فائدے بھی ہیں اور (وہ) گناہ کی باتیں ان فائدوں سے زیادہ بڑھی ہوئی ہیں (اس لئے دونوں قابل ترک ہیں)۔

ف: پہلے یہ دونوں چیزیں حلال تھیں سب سے پہلی آیت شراب وقمار کے متعلق یہ نازل کی گئی اور اس کا یہ مطلب نہیں تھا کہ ان دونوں چیزوں کا استعمال خود گناہ ہے بلکہ مطلب یہ تھا کہ ان کے استعمال سے اکثر اوقات دوسری باتیں گناہ کی پیدا ہو جاتی ہیں کیونکہ شراب سے عقل جاتی رہتی ہے اور وہی مانع تھی ارتکاب معاصی سے اور قمار سے مال کی حرص بڑھتی ہے اور حرص سے چوری وغیرہ کی عادت پیدا ہو جاتی ہے اور منافع ان میں تحصیل لذت و تحصیل مال ہیں پس اس آیت سے ان دونوں کی حرمت فی نفسہ کا بیان کرنا مقصود نہیں تھا بلکہ محض بعض عوارض غیر لازمہ سے ان دونوں کے ترک کا مشورہ دینا مطلوب تھا کہ جتنا نقصان ہو جاتا ہے اتنا نفع نہیں ہوتا کیونکہ نفع تو حالی اور غیر باقی اور لازمی ہے اور ضرر مالی اور ممتد اور متعدی ہے یہی وجہ تھی کہ اس آیت کو سن کر بعض نے تو فوراً دونوں کو ترک کر دیا کہ گو حرام نہیں کہا مگر شرور و مفاسد کا ذریعہ ہونا تو ثابت ہوا اور بعض نے کہا کہ جب حرام نہیں ہے تو ان مفاسد کا ہم کچھ انتظام کر کے تحصیل منافع کے لئے استعمال کیا کریں گے اگر یہ عنوان مفید حرمت کا ہوتا تو اہل لسان بکثرت اتنی بڑی غلطی میں نہ پڑتے پھر اس آیت کے بعد بعض نے شراب پی کر نماز پڑھی اور غلط پڑھی تو نماز کے اوقات میں پینا بالکل ممنوع ہو گیا پھر بعد چندے مطلقاً حرام کر دی گئی اور یہی آخری حکم ہے جس نے پہلے احکام کو منسوخ کر دیا۔

حکم شانزدہم مقدارِ انفاق: وَيَسۡـَٔلُوۡنَكَ مَاذَا يُنۡفِقُوۡنَ ؕ (الی قولہ تعالی) فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ ؕ ۔ اور لوگ (آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ (خیر خیرات میں) کتنا خرچ کیا کریں آپ فرما دیجئے کہ جتنا آسان ہو (کہ اس کے خرچ کرنے سے خود پریشان ہو کر دنیوی تکلیف میں یا کسی کا حق ضائع کر کے اخروی تکلیف میں نہ پڑ جاوے) اللہ تعالیٰ اسی طرح احکام کو صاف صاف بیان فرماتے ہیں تاکہ تم (کو ان احکام کا علم حاصل ہو جاوے (اور اس علم کی وجہ سے ہر عمل کے کرنے سے پہلے) دنیا و آخرت کے معاملات میں (ان احکام کو) سوچ لیا کرو (اور سوچ کر ہر معاملہ میں ان احکام کے موافق عمل کیا کرو) ف: مثلاً خرچ ہی کرنے کے باب میں جس کو دنیا و آخرت دونوں کے ساتھ تعلق ہے دنیا کے ساتھ بوجہ آلہ حوائج ہونے کے اور آخرت کے ساتھ بوجہ آلہ ثواب ہونے کے پہلے سوچ لیا کہ یہ خرچ کرنا موافق حکم الٰہی کے ہے یا نہیں اگر ہوا خرچ کیا ورنہ نہ کیا اور اس حکم کی تفصیل یہ ہے کہ اگر کسی معصیت میں خرچ کرتا ہے تو مطلقاً ناجائز اور اگر اطاعت میں خرچ کرتا ہے تو اگر وہ طاعت حد وجوب وفرضیت تک پہنچی ہے مثلاً زکوٰۃ وغیرہ تو خرچ کرنا فرض وواجب ہے، اور اگر حد نفل تک ہے جیسے معمولی خیر خیرات تو اگر کسی عیال وغیرہ کا اس میں حق ضائع ہوتا ہو تو خرچ کرنا ناجائز اور اگر کسی کا حق ضائع نہیں ہوتا لیکن خود پریشان ہو کر صبر نہ کر سکے گا تو بھی ناجائز ورنہ جائز اور اگر وہ محل نہ طاعت ہے نہ معصیت بلکہ مباح ہے جیسے فواکہ ولذائذ میں تو اگر نیت تقویت علی الطاعۃ کی ہے تو ثواب ہے اور اگر نیت تقویت علی المعصیت کی ہے تو گناہ ہے اور اگر محض دل ہی خوش کرنا ہے تو مباح ہے اس آیت میں نفل صدقات کا حکم مذکور ہے اس کی جو شرطیں ہیں احقر نے اثناء ترجمہ میں بھی ان کی طرف اجمالاً اشارہ کر دیا ہے اور اس تقریر میں تفصیلاً لکھ دیا ہے واللہ اعلم۔

ف: اور پہلے جو حکم دوازدہم میں اس قسم کا سوال آ چکا ہے اور جواب میں بیان مصارف کے ساتھ ضمناً اس کا حکم بھی معلوم ہو چکا ہے کہ جو کچھ ہمت ہو صرف کرو اس میں یہ بات پوچھنے کے قابل تھی کہ اگر جوش میں آ کر سب دے ڈالنے کی ہمت ہو تو اس ہمت کا اعتبار ہے یا نہیں یہاں اس کے متعلق تحقیق مقصود ہے۔

حکم ہفدہم مخالطت یتیم: وَيَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنِ الۡيَتٰمٰى ؕ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ ۝ ۔ (چونکہ ابتداء میں مثل ہندوستان کے عرب میں بھی یتیموں کا حق دینے میں پوری احتیاط نہ تھی اس لئے یہ وعید سنائی گئی تھی کہ یتیموں کا مال کھانا ایسا ہے جیسا دوزخ کے انگارے پیٹ میں بھرنا تو سننے والے ڈر کے مارے اتنی احتیاط کرنے لگے کہ ان کا کھانا بھی الگ پکواتے الگ رکھواتے اور اتفاق سے اگر بچہ کم کھاتا تو کھانا بچتا اور سڑتا اور پھینکنا پڑتا اس طرح بالکل علیحدہ اٹھانے رکھنے میں تکلیف بھی ہوتی اور یتیم کے مال کا بھی نقصان ہوتا تو حضور ﷺ کی خدمت میں عرض کیا اس کے متعلق ارشاد ہوتا ہے) اور لوگ آپ سے یتیم بچوں (کے خرچ علیحدہ یا شامل رکھنے) کا حکم پوچھتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ (اصل مقصود ہمارا ان کے اموال کھانے کی ممانعت سے یہ ہے کہ ان کی مصلحت کو ضائع نہ کیا جاوے اور جب خرچ شامل رکھنے میں ان کی مصلحت ہے تو) ان کی مصلحت کی رعایت رکھنا (علیحدہ خرچ رکھنے سے جو کہ خلاف مصلحت ہے) زیادہ بہتر ہے اور اگر تم ان کے ساتھ خرچ شامل رکھو تو (کچھ ڈر کی بات نہیں کیونکہ) وہ (بچے) تمہارے (دینی) بھائی ہیں (اور بھائی بھائی شامل رہا ہی کرتے ہیں)

www.besturdubooks.net

اور اللہ مصلحت کے ضائع کرنے والے کو اور مصلحت کی رعایت رکھنے والے کو (الگ الگ) جانتے ہیں (پس مخالطت اس قسم کی نہ ہونا چاہئے جس میں ان کی مصلحت ضائع ہو جاوے مثلاً برائے نام اپنا تھوڑا سا ملا دیا باقی سب ان ہی کا کھایا جو ایسا کریگا اللہ تعالیٰ سے اس کی بدنیتی مخفی نہیں رہ سکتی اور مخالطت میں ان کی مصلحت کی رعایت رکھے بافرض اگر بلا علم و بلا قصد کچھ کمی بیشی بھی ہو جاوے تو چونکہ اللہ تعالیٰ تو اس کی خوش نیتی معلوم ہے اس لئے اس پر مواخذہ نہ ہوگا) اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو (اسی باب میں سخت قانون مقرر کر کے) تم کو مصیبت میں ڈال دیتے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ زبردست ہیں (جو حکم چاہیں دے سکتے ہیں مگر سہل قانون مقرر فرمایا کیونکہ) حکمت والے (بھی) ہیں (ایسا حکم نہیں دیتے جو ہو نہ سکے) **ف** [۴]: جو چیز سڑنے بسنے والی ہو اس میں اپنے ساتھ یتیم کا خرچ اندازے سے شامل رکھنا درست ہے اور دوسری چیزوں کا حساب الگ رکھنا واجب ہے۔ **ف** [۵] چونکہ اس وقت اکثر مسلمانوں کے پاس مسلمان ہی یتیم تھے اس لئے اخوانکم فرمایا ورنہ اگر دوسرے مذہب کا بچہ بھی اپنی تربیت میں ہو اس کا بھی بعینہٖ یہی حکم ہے اور اس کی دلیل دوسری آیات واحادیث ہیں جو الفاظ عامہ سے وارد ہیں مثلاً: وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ۔ اور احسن ہونا مخالطت کا بشرط رعایت مصلحت ظاہر ہے بلکہ اس کے ساتھ مذہبی رعایت اتنی اور زیادہ ہے کہ اس بچہ پر بعد بلوغ کے قبول اسلام کے لئے جبر نہیں کیا جاتا مذہبی آزادی دی جاتی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قُلِ الْعَفْوَ: اس میں اصل ہے ذخیرہ نہ رکھنے کی (جیسا بہت سے بزرگوں کا مذاق ہوا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ** راہ خدا میں اشارۃ الی ان فی سبیل اللہ متعلق بکلا قولیہ ھاجروا وجاھدوا ۱۲۔ ۲ **قولہ** علی سبیل منع الخلو د زادہ لان فی السریۃ من ھو غیر مھاجر عسٰی ۱۲۔ ۳ **قولہ** گناہ کی بڑی بڑی باتیں الخ اطلاقا للسبب علی المسبب ولذا لم یقل ھما اثم کبیر کما قال قتال فیہ کبیر بل قال فیھما اثم ۱۲ ۴ **قولہ** اور وہ گناہ کی الخ حملا للاضافۃ علی العھد ۱۲۔ ۵ **قولہ** عوارض غیر لازمہ قید بھذا الوصف لان ھذہ العوارض اذا کانت لازمۃ عقلا او عادۃ اثرت فی تحریم المعروض ویسمی ھذا النوع حراما لغیرہ وھو فی الحرمۃ کالحرام لعینہ سواء فافھم ۱۲۔ ۶ **قولہ** ان احکام کو سوچ لیا کرو الخ حاصلہ تتفکرون فی الآیات فی امور الدنیا والآخرۃ فالجار بعد تقدیر المضاف متعلق بتتفکرون بعد تقییدہ بالاول کذا فی روح المعانی فافھم ۱۲۔ ۷ **قولہ** الگ الگ لان مثل ھذا الترکیب یفید التمییز کما قال البیضاوی فی قولہ تعالیٰ لنعلم من یتبع الرسول ممن ینقلب علی عقبیہ انہ وضع العلم موضع التمییز المسبب عنہ ۱۲۔

الروایات: فی لباب النقول تتمۃ ما سبق فقال بعضھم ان لم یکونوا اصابوا وزرا فلیس لھم اجر فانزل اللہ ان الذین آمنوا الی رحیم۔ فی لباب النقول روی احمد عن ابی ھریرۃ قال قدم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المدینۃ وھم یشربون الخمر ویأکلون المیسر فسألوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عنھما فانزل اللہ تعالیٰ ویسئلونک عن الخمر والمیسر الآیۃ فقال الناس ما حرم علینا انما قال فیھما اثم کبیر وکانوا یشربون الخمر حتی کان یوم من الایام صلی رجل من المھاجرین ام اصحابہ فی المغرب فخلط فی قراءتہ فانزل اللہ آیۃ اغلظ منھا یا ایھا الذین آمنوا لا تقربوا الصلوٰۃ وانتم سکاری حتی تعلموا ما تقولون ثم نزلت آیۃ اغلظ من ذلک یا ایھا الذین آمنوا انما الخمر والمیسر الی قولہ فھل انتم منتھون قالوا انتھینا ربنا الحدیث ۱۲۔ فی لباب النقول اخرج ابن ابی حاتم من طریق سعید او عکرمۃ عن ابن عباس ان نفرا من الصحابۃ حین امروا بالنفقۃ فی سبیل اللہ اتوا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالوا لا ندری ما ھذہ النفقۃ التی امرنا فی اموالنا فما ننفق منھا فانزل اللہ ویسئلونک ماذا ینفقون قل العفو۔ واخرج ایضا عن یحیٰی انہ بلغہ ان معاذ بن جبل وثعلبۃ اتیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لنا ارقاء واھلین فما ننفق من اموالنا فانزل اللہ ھذہ الآیۃ (ای ویسئلونک ماذا ینفقون الخ) فی لباب النقول اخرج ابوداؤد والنسائی والحاکم وغیرھم عن ابن عباس قال لما نزلت ولا تقربوا مال الیتیم الا بالتی ھی احسن وان الذین یأکلون اموال الآیۃ انطلق من کان عندہ یتیم فعزل طعامہ من طعامہ وشرابہ من شرابہ فجعل یفضل لہ الشیٔ من طعامہ فیحبس لہ حتی یأکلہ او یفسد فاشتد ذلک علیھم فذکروا ذلک لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانزل اللہ تعالیٰ ویسئلونک عن الیتٰمٰی الایۃ ۱۲

اللغات: العفو قال البیضاوی العفو نقیض الجھد ومنہ یقال للارض السھلۃ وھو ان ینفق ما تیسر لہ بذلہ ولا یبلغ منہ الجھد قال ع خذی العفو منی تستدیمی مودتی۔ آہ قلت وشمل التفسیر بالفضل ایضا۔

وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ

www.besturdubooks.net

حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ۭ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ښ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى

الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝۲۲۱ وَيَسْــَٔـلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ۭ قُلْ هُوَ ع ۲۷ ۵ ۱۱

اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَاۗءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْھُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْھُنَّ مِنْ حَيْثُ

اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّـوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۝۲۲۲ نِسَاۗؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۡ

وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲۲۳ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ

اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۲۲۴

اور نکاح مت کرو کافر عورتوں کے ساتھ جب تک کہ وہ مسلمان نہ ہو جائیں اور مسلمان عورت (چاہے) لونڈی (کیوں نہ ہو وہ ہزار درجہ) بہتر ہے کافر عورت سے گو وہ تم کو اچھی ہی معلوم ہو اور عورتوں کو کافر مردوں کے نکاح میں مت دو جب تک کہ وہ مسلمان نہ ہو جائیں اور مسلمان مرد غلام بہتر ہے کافر مرد سے گو وہ تم کو اچھا ہی معلوم ہو (کیونکہ) یہ لوگ دوزخ (میں جانے کی) تحریک دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ جنت اور مغفرت کی تحریک دیتے ہیں اپنے حکم سے اور اللہ تعالیٰ اس واسطے آدمیوں کو اپنے احکام بتلاتے ہیں تاکہ وہ لوگ نصیحت پر عمل کریں اور لوگ آپ سے حیض کا حکم پوچھتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ وہ گندی چیز ہے تو حیض میں تم عورتوں سے علیحدہ رہا کرو اور ان سے قربت مت کیا کرو جب تک کہ وہ پاک نہ ہو جائیں۔ پھر جب وہ اچھی طرح پاک ہو جائیں تو ان کے پاس آؤ جاؤ جس جگہ سے تم کو اللہ تعالیٰ نے اجازت دی ہے (یعنی آگے سے) یقیناً اللہ تعالیٰ محبت رکھتے ہیں توبہ کرنے والوں سے اور محبت رکھتے ہیں پاک صاف رہنے والوں سے تمہاری بیبیاں تمہارے لئے (بمنزلہ) کھیت (کے) ہیں سو اپنے کھیت میں جس طرح سے ہو کر چاہو آؤ اور آئندہ کے واسطے (بھی) اپنے لئے کچھ کرتے رہو اور اللہ سے ڈرتے رہو اور یقین رکھو کہ بیشک تم اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش ہونے والے ہو اور (اے محمد ﷺ) ایسے ایمانداروں کو خوشی کی خبر سنا دیجئے۔ اور اللہ کو اپنی قسموں کے ذریعہ سے ان امور کا حجاب مت بناؤ کہ تم نیکی اور تقویٰ کے اور اصلاح فیما بین خلق کے کام کرو اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سنتے جانتے ہیں ۝

تفسیر: حکم ہشتم ہم مناکحت کفار: وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ۭ (الی قولہ تعالیٰ) لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝۲۲۱۔ اور نکاح مت کرو کافر عورتوں کے ساتھ جب تک کہ وہ مسلمان نہ ہو جاویں اور مسلمان عورت (چاہے) لونڈی (کیوں نہ ہو وہ ہزار درجہ) بہتر ہے کافر عورت سے (چاہے وہ آزاد بی بی ہی کیوں نہ ہو) گو وہ (کافر عورت بوجہ مال یا جمال کے) تم کو اچھی ہی معلوم ہو (مگر پھر بھی واقع میں مسلمان ہی عورت اس سے اچھی ہے) اور (اسی طرح اپنے اختیار کی) عورتوں کو کافر مردوں کے نکاح میں مت دو جب تک کہ وہ مسلمان نہ ہو جاویں اور مسلمان مرد (چاہے) غلام (ہی کیوں نہ ہو وہ ہزار درجہ) بہتر ہے کافر مرد سے (چاہے وہ آزاد ہی کیوں نہ ہو) گو وہ (کافر مرد بوجہ مال یا جاہ کے) تم کو اچھا ہی معلوم ہو (مگر پھر بھی واقع میں مسلمان ہی مرد اس سے اچھا ہے اور وجہ ان کافروں کے برا ہونے کی اور وہی اصلی سبب ہے ان سے نکاح کرنے کی ممانعت کا یہ ہے کہ) یہ (کافر) لوگ دوزخ (میں جانے) کی تحریک دیتے ہیں (کیونکہ کفر کی تحریک دیتے ہیں اور اس کا انجام دوزخ ہے) اور اللہ تعالیٰ جنت اور مغفرت (کے حاصل کرنے) کی تحریک دیتے ہیں اپنے حکم سے (اور اس حکم کا اس طرح) ظہور ہوا کہ کفار کے باب میں یہ حکم صادر فرما دیا کہ ان سے نکاح نہ کیا جاوے تاکہ ان کی تحریک کے اثر سے پوری حفاظت رہ سکے اور اس سے محفوظ رہ کر جنت اور مغفرت حاصل ہو جاوے) اور اللہ تعالیٰ اس واسطے آدمیوں کو اپنے احکام بتلا دیتے ہیں تاکہ وہ لوگ نصیحت پر عمل کریں (اور مستحق جنت و مغفرت کے ہو جاویں) ف: اس آیت میں دو حکم ہیں ایک یہ کہ کافر مردوں سے مسلمان عورت کا نکاح نہ کیا جاوے سو یہ حکم تو اب بھی باقی ہے حتیٰ کہ مرد کے کافر اور عورت کے مسلمان ہونے کی صورت میں پہلا نکاح جائز بھی قائم نہیں رہ سکتا مثلاً کوئی مسلمان مرد نعوذ باللہ کافر ہو جاوے اور اس کے نکاح میں پہلے سے کوئی مسلمان عورت تھی نکاح فوراً ٹوٹ جاوے گا اور یہ عورت عدت پوری کر کے دوسرے مرد سے نکاح کر سکتی ہے اور مثلاً کوئی کافر عورت بہدایت الٰہی مسلمان ہو جاوے اور وہ پہلے سے کسی کافر مرد کے نکاح میں تھی اور وہ مرد اسلام قبول نہ کرے اسی وقت وہ نکاح ٹوٹ جاوے گا اس میں اتنی تفصیل ہے کہ اگر وہ جگہ دارالاسلام ہے تو مرد سے تصریحاً پوچھیں گے کہ تو اسلام قبول کرتا ہے یا نہیں اگر وہ قبول کر لے تو نکاح نہ ٹوٹے گا اور اگر وہ انکار کر دے تو اب ٹوٹ جاوے گا اور اگر وہ جگہ دارالحرب ہے تو خاوند سے پوچھنے کی کوئی ضرورت نہیں بلکہ عورت کے اسلام لانے کے بعد جب تین حیض گذر جاویں یا اگر اس کو حیض نہ آتا ہو تو جب تین مہینے گذر جاویں اور اگر حاملہ ہو تو جب بچہ پیدا ہو جاوے اس شوہر کے نکاح سے باہر ہو جاوے گی اور ہر صورت میں نکاح ٹوٹنے کے بعد پھر عدت واجب ہو

www.besturdubooks.net

گی کذا فی الدر المختار ورد المحتار بہر حال جس وقت سے نکاح ٹوٹا ہے اس وقت سے عدت طلاق کی پوری کر کے دوسرے مرد سے نکاح کر سکتی ہے اور یہ جو اکثر لوگوں کی عادت ہے کہ ایسی عورت کے مسلمان ہوتے ہی فوراً کسی سے نکاح کر دیتے ہیں اور عدتِ واجبہ کو پورا نہیں کرتے یہ محض ناجائز ہے اور یہ دوسرا نکاح صحیح نہیں ہوتا، غرض یہ کہ ایک حکم تو آیت کا اس طرح باقی ہے۔ دوسرا حکم یہ کہ مسلمان مرد کا کافر عورت سے نکاح نہ کیا جاوے اس حکم میں دو جزو ہیں ایک جزو یہ کہ وہ کافر عورت کتابی یعنی یہودی یا نصرانی نہ ہو اور کوئی مذہب کفر کا رکھتی ہو سو اس جزو میں بھی اس آیت کا حکم باقی ہے چنانچہ ہندو عورت یا آتش پرست عورت سے نکاح مسلمان کا نہیں ہو سکتا۔ دوسرا جزو یہ کہ وہ کافر عورت کتابیہ ہو یعنی یہودیہ یا نصرانیہ ہو اس خاص جزو میں اس آیت کا حکم باقی نہیں بلکہ ایک آیت سورۂ مائدہ میں اس مضمون کی ہے کہ کتابی عورتوں سے نکاح درست ہے سو اس آیت سے اس آیت کا یہ خاص جزو منسوخ ہو گیا چنانچہ یہودیہ یا نصرانیہ سے نکاح درست ہو جاتا ہے بشرطیکہ اسلام سے مرتد ہو کر یہودی یا نصرانی نہ ہوئی ہو۔

مسئلہ: گو کتابی عورت سے نکاح درست ہے لیکن اچھا نہیں حدیث میں دیندار عورت کے حاصل کرنے کا حکم ہے تو بددین عورت کا حاصل کرنا اس درجہ میں ناپسند ہو گا۔

مسئلہ: جو قوم اپنی وضع وطرز سے اہل کتاب سمجھے جاتے ہوں لیکن عقائد تحقیق کرنے سے کتابی ثابت نہ ہوں اس قوم کی عورتوں سے نکاح درست نہیں جیسے آج کل عموماً انگریزوں کو عام لوگ عیسائی سمجھتے ہیں حالانکہ تحقیق سے بعض کے عقائد بالکل ملحدانہ ثابت ہوئے ہیں کہ نہ خدا کے قائل نہ عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کے معتقد نہ انجیل کی نسبت کتاب آسمانی ہونے کا اعتقاد رکھیں سو ایسے لوگ عیسائی نہیں ہیں اور ایسی جماعت میں کی جو عورت ہو اس سے نکاح درست نہیں لوگ بڑی غلطی کرتے ہیں کہ بے تحقیق ولایت سے میمیں بیاہ لاتے ہیں۔

مسئلہ: اسی طرح جو مرد ظاہر حالت سے مسلمان سمجھا جاوے لیکن عقائد اس کے کفر تک پہنچے ہوں اس سے مسلمان عورت کا نکاح درست نہیں اور اگر نکاح ہونے کے بعد ایسے عقائد ہو جاویں تو نکاح ٹوٹ جاتا ہے جیسے آج کل بہت سے آدمی اپنے مذہب سے ناواقف سائنس کے اثر سے اپنے عقائد تباہ کر لیتے ہیں لڑکی والوں پر لازم ہے کہ پیغام آنے کے وقت اول عقائد کی تحقیق کر لیا کریں جب اس سے اطمینان ہو جاوے تب زبان دیں۔ اور عورتوں کو چاہئے کہ اگر بعد نکاح کے ایسے عقائد شوہر کے ثابت ہوں تو ان سے کنارہ کریں اور جس طرح بن پڑے ان کو ہم بستر نہ ہونے دیں اور سرپرستوں کو بھی اس میں عورتوں کی امداد واجب ہے۔

سوال ① جیسا کافروں کا مسلمانوں کو کفر کی طرف بلانا علت ہو سکتا ہے کفار سے مناکحت کی ممانعت کی جس کا اعتبار فرمانا اس آیت سے مفہوم ہوتا ہے اسی طرح مسلمانوں کا کافروں کو اسلام کی طرف بلانا علت ہو سکتی ہے کفار سے مناکحت کی اجازت کی تو اس کا اعتبار کیوں نہیں فرمایا گیا تھا۔

جواب شارع چونکہ علیم وحکیم وقادر ومختار ہے ایک علت کو دوسری پر اعتبار میں ترجیح دینا اسی طرح تمام علل ومصالح کا احاطہ کرنا اور مجموعہ کا جو مقتضاء ہو اس پر حکم کو بنا فرمانا یہ سب ان کے کمالات خاصہ سے ہے کسی کو حق سوال ومقال نہیں پہنچتا اور ثانیاً عقلاً جلب منفعت سے دفع مضرت اہم اور اقدم ہے جہاں دونوں احتمال ہوں وہاں بنسبت دوسرے کی اصلاح کے اپنی حفاظت زیادہ ضروری ہے ثالثاً ایمان مقتضا ہے عقل کا اور کفر مقتضا ہے نفس کا اور عقل جب ضعیف ہوتی ہے نفس اس پر غالب آجاتا ہے اور ابتدائے اسلام میں اکثر قوت عقلیہ ضعیف تھی اس لئے بہ نسبت اصلاح کفار کے افساد مومنین کا احتمال زیادہ تھا اس لئے اکثر کی حالت کے اعتبار سے ممانعت کی گئی اجازت نہیں دی گئی۔

سوال ② اس آیت کا جو جزو منسوخ ہو چکا ہے علت ممانعت تو اب بھی بظاہر باقی ہے یعنی تحریک کفر کرنا پھر بقاء علت کے ساتھ ارتفاع حکم کی کیا صورت ہے۔

جواب علت کا باقی رہنا مسلم نہیں کیونکہ علت صرف تحریک کی نہیں بلکہ اس تحریک سے متاثر ہونے کا احتمال اور اس تاثر کی علت ہے ضعف جب اسلام کے قواعد اصول وفروع خوب گوش زد وذہن نشین ہو گئے تو قوتِ عقلیہ اکثر کی قوی ہو گئی اور اب احتمال نہ رہا کہ نفس اس پر غالب آکر کفر کی طرف مائل کر سکے لہٰذا وہ جزو منسوخ ہو گیا۔

سوال ③ پھر چاہئے تھا کہ عورت مشرکہ سے نکاح جائز ہوتا اسی طرح مسلمان عورت کا کافر مرد سے نکاح جائز ہوتا۔

جواب ایک علت یہ بھی ہے کہ محل نکاح میں شر ہے اور شر میں دو مرتبے ہیں کتابی کے شر کو شرع نے خفیف سمجھا ہے غیر کتابی کے خبث وشر سے اس لئے غیر کتابیہ کو شرف نکاح مسلم کا محل ہی قرار نہیں دیا یہ توجیہ ہے غیر کتابیہ سے نکاح درست نہ ہونے کی اور ضعف جیسا داخلی ہوتا ہے جس کو عقلی کہا گیا ہے اسی طرح خارجی بھی ہوتا ہے اور زوجہ طبعاً وفطرۃً مرد کے زیر حکومت ہے پس یہ ضعف بھی علت تاثر کی ہو سکتا ہے اس لئے مسلمہ کا نکاح کافر سے جائز نہیں کیا گیا اور مسلم کے نکاح میں

www.besturdubooks.net

کافرہ کے ساتھ نہ ضعف مقصود ہے لہٰذا وہ جائز قرار پایا اور چونکہ اکثر کی حالت کا یہ مقتضا تھا اور قانون میں ہمیشہ ایسی ہی حالت کا اعتبار ہوتا ہے لہٰذا قانون اصلی تو یہ مقرر ہوا لیکن اگر کہیں مسلم کو کتابیہ سے نکاح کرنے میں غالب ظن بگڑ جانے کا ہو وہاں لغیرہ کے درجہ میں اس کو بھی شدت کے ساتھ ممنوع کہیں گے۔

حکم نوز دہم حرمت جماع در حیض وشرائط اجازت درپاکی: وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ (الی قولہ تعالی) وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ اور لوگ آپ سے حیض (کی حالت میں صحبت وغیرہ کرنے کا) حکم پوچھتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ وہ (حیض) گندی چیز ہے تو (حالت) حیض میں تم عورتوں (کے ساتھ صحبت کرنے) سے علیحدہ رہا کرو اور (اس حالت میں) ان سے (قربت مت کیا کرو جب تک کہ وہ (حیض سے) پاک نہ ہو جاویں پھر جب وہ (عورتیں) اچھی طرح پاک ہو جاویں (کہ ناپاکی کا شک وشبہ نہ رہے) تو ان کے پاس آؤ جاؤ (یعنی ان سے صحبت کرو) جس جگہ سے تم کو خدا تعالیٰ نے اجازت دی ہے (یعنی آگے سے) یقیناً اللہ تعالیٰ محبت رکھتے ہیں توبہ کرنیوالوں سے (مثلاً اتفاقاً یا بے احتیاطی سے حالت حیض میں صحبت کر بیٹھا پھر متنبہ ہو کر توبہ کر لی) اور محبت رکھتے ہیں صاف پاک رہنے والوں سے (جو حالتِ حیض میں صحبت کرنے سے اور دوسرے منہیات سے بچتے ہیں اور حالت پاکی میں اجازت صحبت کی دینا پھر اس قید سے اجازت دینا کہ آگے کے موقع میں صحبت ہو اس لئے ہے کہ) تمہاری بیبیاں تمہارے لئے (بمنزلہ) کھیت (کے) ہیں (جس میں نطفہ بجائے تخم کے اور بچہ بجائے پیداوار کے ہے) سو اپنے کھیت[۱] میں جس طرف سے ہو کر چاہو آؤ (اور جس طرح کھیتوں میں اجازت ہے اسی طرح بیبیوں کے پاس پاکی کی حالت میں ہر طرف سے آنے کی اجازت ہے خواہ کروٹ سے ہو یا آگے پیچھے بیٹھ کر ہو یا اوپر نیچے لیٹ کر ہو یا جس ہیئت سے ہو مگر آنا ہو ہر حال میں کھیت کے اندر کہ وہ خاص آگے کا موقع ہے کیونکہ پیچھے کا موقع کھیت کے مشابہ نہیں اس میں صحبت نہ ہو) اور (ان لذات میں ایسے مشغول مت ہو جاؤ کہ آخرت ہی کو بھول جاؤ بلکہ) آئندہ کے واسطے (بھی) اپنے لئے کچھ (اعمال صالحہ) کرتے رہو اور اللہ تعالیٰ سے (ہر حال میں) ڈرتے رہو اور یہ یقین رکھو کہ بیشک تم اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش ہونے والے ہو اور اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایسے ایمانداروں کو (جو نیک کام کریں خدا سے ڈریں خدا تعالیٰ کے سامنے جانے کا یقین رکھیں) خوشی کی خبر سنا دیجئے (کہ ان کو آخرت میں ہر طرح کی نعمتیں ملیں گی)

ف : مسئلہ: حالت حیض میں ناف سے گھٹنے تک عورت کے بدن کو دیکھنا اور ہاتھ لگانا بھی درست نہیں۔

مسئلہ: اگر حیض پورے دس دن گزرنے پر موقوف ہو تو فوراً ہی صحبت درست ہے اور اگر دس دن سے پہلے حیض موقوف ہو جاوے مگر عادت کے موافق موقوف ہو تو صحبت جب درست ہوتی ہے کہ عورت یا تو غسل کر لے یا ایک نماز کا وقت ختم ہو جاوے اور اگر دس دن سے پہلے موقوف ہوا اور ابھی عادت کے دن بھی نہیں گزرے مثلاً سات دین حیض آیا کرتا تھا اور چھ ہی دن میں موقوف ہو گیا تو بدون ایام عادت کے گزرے ہوئے صحبت درست نہیں۔

مسئلہ: اگر غلبۂ شہوت سے حالت حیض میں صحبت ہو گئی تو خوب توبہ کرنا واجب ہے اور اگر کچھ خیر خیرات بھی دیدے تو زیادہ بہتر ہے۔

مسئلہ: پیچھے کے موقع میں اپنی بی بی سے بھی صحبت کرنا حرام ہے۔

حکم بستم منع سوگند بر ترکِ خیر: وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ اور اللہ (کے نام) کو اپنی قسموں کے ذریعہ سے ان امور کا حجاب مت بناؤ کہ تم نیکی کے اور تقویٰ کے اور اصلاح فیما بین الخلق کے کام کرو (یعنی اللہ کے نام کی یہ قسم نہ کھاؤ کہ ہم یہ نیک کام نہ کریں گے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سنتے جانتے ہیں (تو زبان کو سنبھال کر بات کرو اور دل میں برے خیالات مت لاؤ) **ف** : جس بات سے آدمی قسم کھالیتا ہے اس سے رک جاتا ہے تو جب اس نے ایسے امور میں اللہ کی قسم کھائی تو گویا قسم کھا کر ان کاموں کا حجاب اللہ کے نام کو بنا دیا حالانکہ اللہ کے نام سے تو نیک کام زیادہ کرنے چاہئیں اس نے الٹا برتاؤ کیا اس لئے ایسی بات پر قسم کھانا اور زیادہ برا ہوا اور یوں نیک کام کا ترک کرنا ویسے بلا قسم بھی برا ہے۔

الحواشی: (۱) قال علیہ السلام فاظفر بذات الدین ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ** فی ترجمۃ المشرکت والمشرکین کافر اعم من الکتابی وغیر الکتابی لیبقی الحکم عاما ثم ینسخ جزء منہ بسورۃ المائدۃ والالاحتیج الی دلیل مستقل لبطلان نکاح المومنۃ مع الکتابی فان قلت کیف یصح ھذا التفسیر مع ان الکتابی لیس بمشرک قلت سماہ مشرکا مجازا بقرینۃ مقابلۃ المؤمن ومقابل المؤمن ھو الکافر مطلقا او ھو مشرک لقولہ تعالیٰ وقالت الیھود عزیر بن اللہ وقالت النصاری المسیح ابن اللہ فالمشرک اذا قسمان بقی الحکم فی القسم الواحد ونسخ فی جزء من القسم الآخر فافھم ۱۲۔ ۲ **قولہ** جب تک کہ وہ مسلمان نہ ہو جاویں زاد کلمۃ النفی لاخذہ فی ترجمۃ حتی بلساننا ۱۲۔ ۳ **قولہ** ہزار درجہ بہتر ہے مستعملۃ فی التفضیل بلساننا وقد افاد خیر التفضیل ۱۲۔ ۴ **قولہ** اپنے اختیار کی ای عرفا فلا یصح الاحتجاج بالآیۃ علی اشتراط الولی فی نکاح النساء مطلقا ۱۲۔ ۵ **قولہ** مال یا جاہ وقال فی النساء مال وجمال لان العرف ھکذا فی النساء والرجال ۱۲۔ ۶ **قولہ** اور اس حکم کا الخ وھذا

www.besturdubooks.net

هو التوفيق والتيسير الذى فسروا به قوله باذنه ۱۲۔ ے قوله فی ترجمة لعل تاکہ ماخذه البيضاوى لكى يتذكروا وفى حاشية ع يعنى ان لعل مستعار بمعنى الطلب آه ۱۲۔ ۸ے قوله اپنے کھیت میں (الی قوله) اسی طرح بیبیوں کے پاس الخ فيه حمل للحرث على المعنى الحقيقى لكن لا لنفسه بل للانتقال الى المجازى فهو كناية وفيه ما لا يخفى من اللطافة ۱۲۔

الرِّوَايَاتُ: فى لباب النقول قوله تعالى ولا تنكحوا الآية اخرج ابن المنذر وابن ابى حاتم والواحدى عن مقاتل قال نزلت هذه الآية فى ابن ابى مرثد الغنوى استأذن النبى صلى الله عليه وسلم فى عناق ان يتزوجها وهى مشركة وكانت ذاحظ من جمال فنزلت قوله تعالى ولامة مؤمنة الآية۔ اخرج الواحدى من طريق السدى عن ابى مالك عن ابن عباس قال نزلت هذه الآية فى عبدالله بن رواحة كانت له امة سوداء وانه غضب اليها فلطمها ثم انه فزع فاتى النبى صلى الله عليه وسلم فاخبره وقال لاعتقنها ولا تزوجنها ففعل فطعن عليه ناس وقالوا ينكح امة فانزل الله هذه الآية واخرجه ابن جرير عن السدى منطلقا آه قلت واورد على الرواية الاولى بان هذه القصة سبب لنزول آية النور الزانى لا ينكح وعلى الرواية الثانية بانها اذا عتقت لم تبق امة ولذا فسر بعضهم الامة بالمرأة مطلقا فانها من اماء الله اقول مجيبا عن الاول بانه لا تعارض فى الروايتين فانه يصح ان تكون القصة الواحدة سببا لنزول الآيتين جميعا وعن الثانى بانها سميت امة باعتبار ما كانت او حسب قول الناس محقرين لها انها امة فافهم ۱۲۔ فى لباب النقول روى مسلم والترمذى عن انس ان اليهود كانوا اذا حاضت المرأة منهم لم يواكلواها ولم يجامعوها فى البيوت فسأل اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم فانزل الله ويسئلونك عن المحيض الآية فقال اصنعوا كل شئ الا النكاح ۱۲۔ روى الشيخان وابوداؤد والترمذى عن جابر قال كانت اليهود تقول اذا جامعها من ورائها جاء الولد احول فنزلت نساء كم حرث لكم فاتوا حرثكم انّٰى شئتم آه فى لباب النقول اخرج ابن جرير من طريق ابن جريج قال حدثت ان قوله تعالٰى ولا تجعلوا الله عرضة لايمانكم الآية نزلت فى ابى بكر فى شان مسطح وفى روح المعانى قال الكلبى نزلت فى عبدالله بن رواحة حين حلف على ختنه بشير بن النعمان ان لا يدخل عليه ابدا ولا يكلمه ولا يصلح بينه وبين امرأته بعد ان كان طلقها و اراد الرجوع اليها والصلح معها آه ۱۲۔

الفقه : حتى يطهرن هى عند الشافعية الاغتسال بعد الانقطاع قالوا ويدل عليه صريحا قراء ة حمزة الكسائى يطَّهرن بالتشديد اى يتطهرن وصيغة المبالغة يستفاد منه الطهارة الكاملة ويدل عليه فاذا تطهرن بالفاء وصيغة المبالغة وقالت الحنفية ان القراء تين بمنزلة الآيتين فحملوا احذهما على ما دون العشرة والاخرى على تمام العشرة والفاء لمجرد الارتباط من غير وجود معنى التاخر فيه وايضا لانسلم ان التطهر ليس الا بالاغتسال فانه يمكن حمله على تيقن الانقطاع وعدم بقاء الريب فيه كما اشرت اليه فى الترجمة وكذا الطهارة لا يدل على الاغتسال كما زعم البعض ففى روح المعانى عن تاج البيهقى طهرت خلاف طمثت وعن شمس العلوم امراة طاهر بغيرهاء وانقطع ومها وعن الاساس امرأة طاهر ونساء طواهر طهرن من الحيض ۱۲۔ قوله فاتوا حرثكم دل على تحريم الاتيان فى الادبار ولا يرد الامناء فى الساق اوالفخذ بناء على انه ليس بحرث لان التقييد بالحرث ليس بمطلق الاستمتاع بل للاتيان فقط والامناء فى الساق او الفخذ ليس اتيانا عرفا بمعنى الوطى۔وما استدلال الخصم بقوله تعالٰى انّٰى شئتم فلا ينتهض مع هزه القرينة المانعة عن حمل انى على تعميم المواضع فهو اذا لتعميم الجهات من القدام والخلف والفوق والتحت واليمين والشمال ومع احتمال كون انى بمعنى كيف ومتى كما روى عن مجاهد والضحاك لا سيما و قد تقدم قبل وجوب الاعتزال فى المحيض وعلل بانه اذى مستقذر والعلة مشتركة ولا يقاس ما فى المحاش من الفضلة بدم الاستحاضة لان التفاوت بين وايضا فى وجوب الاعتزال عن الاستحاضة من الحرج ما ليس فى الحيض والمحاش كما لا يخفى وما روى عن بعض السلف فغير مسموع فى مقابلة النص والاجماع هذا كله من روح المعانى وسانح خاطرى ۱۲۔

اللُّغَاتُ: قال البيضاوى المحيض مصدر كالمجئ والمبيت وفى روح المعانى اصله السيلان آه قلت فالمسئول عنه حقيقة اتيان النساء فى المحيض ولا يحتاج الى حذف المضاف لا فى السوال ولا فى الجواب ۱۲۔ قال فى روح المعانى الحرث القاء البذر فى الارض وهو غير الزرع لانه انباته وهو خبر عما قبله اما بحذف المضاف اى مواضع الحرث او التجوز والتشبيه البليغ ۱۲۔

النَّحْوُ : ولا اعجبتكم قال البيضاوى الواو للحال ولو بمعنى ان وهو كثير قال عبدالحكيم هذا ما اختاره صاحب الكشاف فى الواو

www.besturdubooks.net

الداخلة على ان ولو الوصليتين وكلمة ان ولو لمجرد الفرض مجردة عن معنى الشرطية ولذا لا يحتاج الى الجزاء فالتقدير مفروضا اعجابها لكم بالحسن والشمائل وعند البعض للعطف على مقدر وهو ضد المذكور اى ولو لم تعجبكم ولو اعجبتكم وجواب الشرط محذوف دل عليه الجملة السابقة وعند البعض اعتراضية يقع فى وسط الكلام وآخره وعلى التقادير اثبات للحكم فى نقيض الشرط بطريق الاولى ليثبت فى جميع التقادير آه ملخصا ۱۲۔

العربية : العرضة فعلة بمعنى المفعول كالقبضة والغرفة وهى ههنا من عرض الشئ من باب نصرا وضرب جعله معترضا والايمان على حقيقتها واللام للتعليل وان تبروا فى تقدير لان ويكون صلة للفعل او لعرضة والمعنى لا تجعلوا الله حاجزا لاجل حلفكم به عن البر والتقوىٰ والصلاح آه هكذا فى روح المعانى واشرت الى هذا كله فى الترجمة وفى الآية توجيهات اخر لم اذكرها للاختصار ۱۲۔

البلاغة : فاعتزلوا ولا تقربوا كنايه عن ترك مجامعتهن وانما اسند الفعل الى الذات للمبالغة وانما لم يعتبر ايهامه الاعتزال و عدم القرب مطلقا لان التعليل بالاذى كاف فى عدم كون هذا الاعتزال مرادا فان كل بدنها ليس محلا للاذى فافهم فانه عزيز ۱۲۔
نساء كم حرث لكم فى روح المعانى هذه الجملة مبينة لقوله تعالىٰ فاتوهن من حيث امركم الله آه وقد اشرت الى نحو هذا فى الترجمة ۱۲۔

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ط وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۲۵﴾ لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ج فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲۶﴾ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۷﴾ وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ط وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ط وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ص وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ط وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۸﴾ ع ۲۸ ۷ ۱۲

اللہ تعالیٰ تم پر (آخرت میں) دارو گیر نہ فرمائیں گے تمہاری قسموں میں (ایسی) بیہودہ قسم پر لیکن دارو گیر فرمائیں گے اس (جھوٹی قسم) پر جس میں تمہارے دلوں نے (جھوٹ بولنے کا) ارادہ کیا ہے اور اللہ تعالیٰ غفور ہیں حلیم ہیں۔ جو لوگ قسم کھا بیٹھتے ہیں اپنی بیبیوں (کے پاس جانے) سے ان کے لئے چار مہینے تک کی مہلت ہے سو اگر یہ لوگ (قسم توڑ کر عورت کی طرف) رجوع کریں تو اللہ تعالیٰ معاف کردیں گے رحمت فرمائیں گے اور اگر بالکل چھوڑ ہی دینے کا پختہ ارادہ کرلیا ہے تو اللہ تعالیٰ سنتے ہیں جانتے ہیں اور طلاق دی ہوئی عورتیں اپنے آپ کو (نکاح سے) روکے رکھیں تین حیض تک اور ان عورتوں کو یہ بات حلال نہیں کہ خدا تعالیٰ نے جو کچھ ان کے رحم میں پیدا کیا ہو (خواہ حمل یا حیض) اس کو پوشیدہ کریں اگر وہ عورتیں اللہ تعالیٰ پر اور یوم قیامت پر یقین رکھتی ہیں اور ان عورتوں کے شوہر ان کے (بلا تجدید نکاح) پھر لوٹا (لینے کا حق رکھتے ہیں) اس عدت کے اندر بشرطیکہ اصلاح کا قصد رکھتے ہوں اور عورتوں کے لئے بھی حقوق ہیں جو کہ مثل ان ہی حقوق کے ہیں جو ان عورتوں پر ہیں قاعدہ (شرعی) موافق اور مردوں کا ان کے مقابلہ میں کچھ درجہ بڑھا ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ زبردست (حاکم) ہیں، حکیم ہیں ۞

تفسیر: حکم بست و یکم گناہِ سوگند دروغ: لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ (الی قوله تعالیٰ) وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۲۵﴾ ۔ اللہ تعالیٰ تم پر (آخرت میں) دارو گیر نہ فرماویں گے تمہاری قسموں میں (ایسی) بیہودہ قسم پر (جس میں بلا قصد جھوٹ بولا گیا) لیکن دارو گیر فرماویں گے اس (جھوٹی قسم) پر جس میں تمہارے دلوں نے (جھوٹ بولنے کا) ارادہ کیا ہے اور اللہ تعالیٰ غفور ہیں (کہ ایسی بیہودہ قسم پر دارو گیر نہ فرمائی) حلیم ہیں (کہ قصداً جھوٹی قسم کھانے کی سزا میں آخرت تلک مہلت دی) ف۱: لغو قسم کے دو معنی ہیں ایک تو یہ کہ کسی گزری ہوئی بات پر جھوٹی قسم بلا ارادہ نکل گئی یا نکلی تو ارادہ سے مگر اس کو اپنے گمان میں راست سمجھتا ہے جیسے زید واقع میں آیا تھا مگر اس کو خبر نہ تھی اور قسم کھا بیٹھا کہ وہ نہ آیا تھا یا آئندہ بات پر اس طرح قسم نکل گئی کہ کہنا چاہتا تھا کچھ اور بے ارادہ منہ سے قسم نکل گئی اس میں گناہ نہیں ہوتا اور اس کو اسی واسطے لغو کہتے ہیں کہ مواخذہ اخروی یعنی گناہ کے بارہ میں یہ ساقط الاعتبار ہے اور اس کے مقابلہ میں جس پر مواخذہ ہونے کا ذکر فرمایا ہے یہ وہ قسم ہے جو قصداً جھوٹی سمجھ کر کھائی ہو اس کو غموس کہتے ہیں اس میں گناہ ہوتا ہے مگر امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک کفارہ نہیں آتا اور لغو بالمعنی المذکور میں بدرجۂ اولیٰ کفارہ نہیں اس آیت میں انہی دونوں کا بیان ہے۔ دوسرے معنی لغو کے یہ ہیں جس پر کفارہ نہ ہو اور اس کو لغو اس واسطے کہیں گے کہ مواخذہ دنیوی یعنی کفارہ کے بارہ میں یہ ساقط الاعتبار ہے اور لغو بایں معنی غموس کو بھی شامل ہے کیونکہ اس میں کفارہ نہیں گو گناہ ہو اور اس کے مقابلہ میں وہ قسم ہے

www.besturdubooks.net

جس کا کفارہ آتا ہے اس کو منعقدہ کہتے ہیں حقیقت اس کی یہ ہے کہ قصداً یوں قسم کھائے کہ میں فلانا فعل کروں گا یا فلاں کام نہ کروں گا اس میں خلاف کرنے سے کفارہ آتا ہے ان دونوں کا یعنی لغو بالمعنی الثانی اور منعقدہ کا بیان سورۂ مائدہ میں مع تفصیل کفارہ مذکور ہے پس غموس ہمیشہ امر ماضی پر ہوتا ہے اور لغو بالمعنی الاول کبھی ماضی پر ہوتا ہے کبھی آئندہ پر اور منعقدہ ہمیشہ امر آئندہ پر ہوتی ہے اور لغو بالمعنی الثانی کوئی جدا قسم نہیں اس کی ایک قسم لغو بالمعنی الاول ہے اور دوسری قسم غموس ہے اور ان دونوں کا مفہوم اور حکم معلوم ہو چکا۔

حکم بست و دوم ایلاء: لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ (الی قولہ تعالی) فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۔ جو لوگ (بلا قید مدت یا چار ماہ یا زائد مدت کے لئے) قسم کھا بیٹھتے ہیں اپنی بیبیوں (کے پاس جانے) سے ان کے لئے چار مہینے تک کی مہلت ہے سو اگر (ان چار ماہ کے اندر) یہ لوگ (اپنی قسم کو توڑ کر عورت کی طرف) رجوع کرلیں تب تو (نکاح باقی رہے گا اور) اللہ تعالیٰ (ایسی قسم کے توڑنے کا گناہ کفارہ سے) معاف کر دینگے (اور چونکہ اب بی بی کے حقوق کو ادا کرنے لگا اس پر) رحمت فرماویں گے اور اگر بالکل چھوڑ ہی دینے کا پختہ ارادہ کرلیا ہے (اور اس لئے چار ماہ کے اندر قسم توڑ کر رجوع نہیں کیا) تو (چار ماہ گزرتے ہی قطعی طلاق پڑ جاویگی اور) اللہ تعالیٰ (ان کی اس قسم کو بھی) سنتے ہیں (اور ان کے اس پختہ ارادہ کو) جانتے ہیں (اس لئے اس کے متعلق حکم مناسب ارشاد فرما دیا) **ف** : اگر کوئی قسم کھالے اپنی بی بی سے صحبت نہ کروں گا اس کی چار صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ کوئی مدت معین نہ کرے۔ دوم یہ کہ چار مہینہ کی مدت کی قید لگا دے۔ سوم یہ کہ چار ماہ سے زیادہ کی مدت کی قید لگا دے۔ چہارم یہ کہ چار ماہ سے کم کی مدت کا نام لے۔ پس صورت اول و دوم و سوم کو شرع میں ایلاء کہتے ہیں اور اس کا حکم یہ ہے کہ اگر چار ماہ کے اندر اپنی قسم توڑ ڈالے اور بی بی کے پاس چلا آوے تو قسم کا کفارہ دے اور نکاح باقی ہے اور اگر چار ماہ گذر گئے اور قسم نہ توڑی تو اس عورت پر قطعی طلاق پڑ گئی یعنی بلا نکاح رجوع کرنا درست نہیں رہا البتہ اگر دونوں رضامندی سے پھر نکاح کرلیں تو درست ہے اور حلالہ کی ضرورت نہ ہوگی اور چوتھی صورت کا حکم یہ ہے کہ اگر قسم توڑے تو کفارہ لازم ہوگا اور اگر قسم پوری کرلی جب بھی نکاح باقی ہے۔

حکم بست و سوم و چہارم عدت مطلقہ و مدت رجعت: وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۔ اور طلاق دی ہوئی عورتیں (جن میں اتنی صفتیں ہوں خاوند نے ان سے صحبت یا خلوت صحیحہ کی ہو۔ ان کو حیض آتا ہو آزاد ہوں یعنی شرعی قاعدہ سے لونڈی نہ ہوں) اپنے آپ کو (نکاح سے) روکے رکھیں تین حیض (ختم ہونے) تک (اور اس کو عدت کہتے ہیں) اور ان عورتوں کو یہ بات حلال نہیں کہ خدا تعالیٰ نے جو کچھ ان کے رحم (بچہ دان) میں پیدا کیا ہو (خواہ حمل یا حیض) اس کو پوشیدہ کریں (کیونکہ اس کے پوشیدہ کرنے سے عدت کا حساب غلط ہو جاویگا) اگر وہ عورتیں اللہ تعالیٰ پر اور یوم قیامت پر یقین رکھتی ہیں (بوجہ اس کے کہ اس یقین کا مقتضا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ڈریں کہ قیامت میں نافرمانی پر سزا نہ ہو جاوے) اور ان عورتوں کے شوہر (جبکہ ان کو طلاق رجعی ملی ہو جس کا بیان آگے آوے گا) ان کے (بلا تجدید نکاح) پھر لوٹا لینے کا حق رکھتے ہیں اس عدت کے اندر (اور اس لوٹا لینے کو رجعت کہتے ہیں) بشرطیکہ (رجعت کرنے سے) اصلاح کا قصد رکھتے ہوں (ورنہ تنگ کرنے کے لئے رجعت کرنا لا حاصل ہے گو رجعت تو ہو ہی جاوے گی) اور (یہ حکم اصلاح کا اس لئے کیا گیا کہ) عورتوں کے بھی حقوق ہیں (مردوں پر) جو کہ (نفس وجوب میں) مثل ان ہی حقوق کے ہیں جو ان عورتوں پر ہیں (مردوں کے کہ ان کو) باقاعدہ (شرعی) کے موافق (ادا کیا جاوے) اور (اتنی بات ضرور ہے کہ) مردوں کا ان کے مقابلہ میں کچھ درجہ بڑھا ہوا ہے (اس لئے ان کے حقوق کی نوعیت عورتوں کے حقوق کی نوعیت سے بڑھی ہوئی ہے) اور اللہ تعالیٰ زبردست (حاکم) ہیں (جو احکام چاہیں مقرر کرنے کا حق رکھتے ہیں اور) حکیم (بھی) ہیں (کہ نہایت مصلحت کے ساتھ احکام مقرر فرماتے ہیں) **ف** : ان مطلقات مذکورہ میں جو چند صفتوں کی قید لگائی گئی اس کی وجہ یہ ہے کہ جن میں یہ صفتیں نہ ہونگی ان کا اور حکم ہے چنانچہ ان مسائل سے واضح ہے۔

مسئلہ: جس عورت سے شوہر نے صحبت یا خلوت صحیحہ نہ کی ہو اور اسکو طلاق دیدے اس پر بالکل عدت لازم نہیں اور خلوت صحیحہ کی توضیح کتب فقہ میں مذکور ہے۔

مسئلہ: جس مطلقہ کو حیض نہ آتا ہو اس کی تین صورتیں ہیں یا تو نابالغ ہے اس لئے حیض نہیں آیا یا بہت بوڑھی ہے اس لئے حیض آنا موقوف ہو گیا سو ان دونوں کی عدت تین مہینے ہیں اور یا اس کو حمل ہے اس کی عدت یہ ہے کہ بچہ پیدا ہو جاوے اور جو جوان غیر حاملہ ہو مگر مرض احتباس وغیرہ سے اس کو حیض نہ آتا ہو اس کے حکم کی تفصیل کتب فقہ میں مذکور ہے۔

مسئلہ: جو مطلقہ شرعی قاعدہ سے لونڈی ہو اس کو اگر حیض آتا ہو تو اس کی عدت دو حیض ہے اور اگر عدم بلوغ یا پیرانہ سالی سے حیض نہ آتا ہو تو اس کی عدت ڈیڑھ ماہ ہے۔

مسئلہ: عدت کے اندر نکاح دوسرے شوہر سے درست نہیں۔

مسئلہ: مطلقہ پر واجب ہے کہ اپنے حائضہ یا حاملہ وغیرہ ہونے کی حالت ظاہر کردے تاکہ اس کے موافق عدت کا حساب ہو۔

www.besturdubooks.net

مسئلہ: طلاق کی کئی قسمیں ہیں ایک ان میں رجعی ہے یعنی خاوند ایک بار یا دو بار صریح لفظ سے طلاق دے اس کا بیان اگلی آیت میں آوے گا اس کا حکم یہ ہے کہ اگر شوہر اس عورت سے صحبت یا خلوتِ صحیحہ کر چکا تھا تو عدت گذرنے سے پہلے اس عورت سے رجعت کرے یعنی زبان سے کہہ دے کہ میں نے تجھ سے رجعت کی یا اس سے ہم بستری یا بوس وکنار کرے اس رجعت سے پہلا ہی نکاح قائم رہتا ہے۔

مسئلہ: مرد پر خاص حقوق عورت کے یہ ہیں۔ اپنی وسعت کے موافق اس کو کھانا، کپڑا، رہنے کا گھر دے، مہر دے، اُس کو تنگ نہ کرے۔ اور عورت پر مرد کے خاص حق یہ ہیں اس کی اطاعت کرے، اس کی خدمت کرے۔ اس قاعدۂ شرعی سے یہی تفصیل مراد ہے۔ پس صرف اتنے امر میں تو مرد وعورت دونوں برابر ہیں کہ اس کا حق اس پر واجب اور اُس کا حق اُس پر واجب۔ احقر نے جو نفس وجوب کہا ہے اس کا یہی مطلب ہے لیکن حقوق کے نوع میں اور ان کے چھوٹے بڑے ہونے میں فرق ہے چنانچہ تفصیل مذکور سے دونوں امر ظاہر ہیں احقر نے تفاضل نوعیت اسی کو کہا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَإِنْ فَآءُوْ الخ مراد رجوع الی النکاح ہے پس یہ دال ہوا اس پر کہ نکاح منافی نہیں درویشی کے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ف بلا ارادہ نکل گئی ذكره فی روح المعانی ولا بدمنه وان لم یتعرضوا به فی کتب الفقه ولم ینفوه وتقتضيه القواعد وكذا قوله یا آئندہ بات پر الى قوله بے ارادہ ذكر فی فتح القدير بحثا ولا بد منه ۱۲۔ ۲ قوله فی وجه تسمية اللغو ساقط الاعتبار ذكره فى الكشاف ۱۲۔ ۳ قوله اس آیت میں ان ہی دونوں کا الخ ولم ادخل المعقودة فی ما كسبت لانه لا ضرورة فيه فالاقرب ان يراد بالمواخذة الاثم بقرينة عدم تقييده بالكفارة كالمائدة والمطلق ينصرف الى الكامل وهو الاخروى وهو فى الغموس دون اللغو بالمعنى الاول وعلى هذا التقدير لم يصح ادخال المعقودة فيما كسبت لانها بنفسها غير موثمة وانما للاثم فيها يكون بعد الحنث بخلاف الغموس فانها بنفسها موثمة ۱۲۔ ۴ قوله چار مہینے تک کی اشارة الى وجه تقدير العبارة اى التربص الى اربعة اشهر بان يكون الغاية خارجة ولو سلم تقديره بالتربص فی اربعة اشهر لما اضر الحنفية لانه لا دلالة على الاستيعاب ويدل على عدم الاستيعاب قراءة ابن مسعود فان فاء وا فيهن والناطق مقدم على الساكت ۱۲۔ ۵ قوله سو اگر الخ اشار به الى كون الفاء للتعقيب الذكرى وتفصيل الحكم لا التعقيب الوقوعى ۱۲۔ ۶ قوله اس لئے اس کے متعلق اشار الى تقدير الجزاء اى فان عزموا الطلاق فان الله يبين حكمه لان الله سميع عليم فاقام مقام الجزاء علته ۱۲۔ ۷ قوله فی ترجمة ولا يحل لهن ان عورتوں يعود الضمير الى الطلقات ۱۲۔ ۸ قوله بوجہ اس کے کہ اس یقین کا مقتضا الخ اشارة الى فائدة التقييد بالشرط من التنبيه على انه بنا فى الايمان لا تقييد نفى الحل بالايمان كذا قال البيضاوى ۱۲۔ ۹ قوله ورنہ تنگ کرنے کے لئے الخ ايضا فيه اشارة الى ان فائدة التقييد هو التحريض عليه والمنع من قصد الفرار وليس الغرض ان الاصلاح شرط لصحة الرجعة ۱۲۔ ۱۰ قوله فی المسئلة الاخيرة فی ف خاص حقوق زاده لان الحقوق المشتركة من قصد النصح والاعانة على الدين ونحوهما مما لا يجرى فيه التفاضل ۱۲

الروایات: فى لباب النقول اخرج ابو داؤد وابن ابى حاتم عن اسماء بنت يزيد بن السكن الانصارية قالت طلقت على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم ولم يكن للمطلقة عدة فانزل الله العدة للطلاق والمطلقات يتربصن بانفسهن الا اية ۱۲۔

الفقه: اختلف الشافعیؒ فى معنى اللغو ودليله ما روى عن عائشةؓ مرفوعا انه قول الرجل كلا والله وبلى والله ودليل الحنفية ما رواه مالك فى المؤطا احسن ما سمعت فى هذا ان اللغو الحلف على الشئ يستيقن انه كذلك ثم يوجد على غير ذلك وبه قال احمد ونسبه فى الكمالين الى عائشة رضى الله عنها وابن عباس رضى الله عنهما ومجاهد والزهرى والحسن والنخعى رحمهم الله ومعنى الحديث المرفوع حمله على الخاطى الذى سبق على لسانه من غير التقابل كما فى فتح القدير او تقييده بالماضى جمعا بين الادلة فافهم ۱۲ تعبير عدم الفئى على ما يقتضيه التقابل بعزم الطلاق بمعنى القطع والجزم لا القصد دليل على ان عدم الفئى تطليق وبه قالت الحنفية ونقله فى فتح القدير بسند عبد الرزاق و ابن ابى شيبة والدار قطنى عن عثمان وزيد بن ثابت وعلى وابن مسعود وابن عباس وابن عمر و كثير من التابعين ۱۲۔

اللغات: فى القاموس فاء من امراته كفر عن يمينه ورجع الى امرأته آه قلت يتعدى بعن والى كقوله تعالیٰ يتفيئو ظلاله عن اليمين وقوله تفئى الى امر الله واخذت فى ترجمته معنى كليهما ۱۲۔ البعولة جمع بعل والهاء زائدة والامثلة سماعية ۱۲ كذا فى روح المعانى۔

البلاغة: اصل باب الرجال القوة والغلبة واتى بالمظهر بدل المضمر للتنويه بذكر الرجولية التى بها ظهرت المزية للرجال على

www.besturdubooks.net

النساء كذا فى روح المعانى احق بمعنى حقيق عبر عنه بصيغة التفضيل للمبالغة و الظاهر كما فى الكمالين ما قال التفتاز انى انهم احق بالرجعة منهن بالاباء وبعولتهن الضمير بعد اعتبار قيد الرجعي اخص من المرجوع اليه ولا امتناع فيه كما اذا كرر الظاهر ۱۲۔

اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ؕ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْـًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝۲۳۰

وہ طلاق دو مرتبہ (کی) ہے پھر خواہ رکھ لینا قاعدہ کے موافق خواہ چھوڑ دینا خوش عنوانی کے ساتھ اور تمہارے لئے یہ بات حلال نہیں کہ (چھوڑنے کے وقت) کچھ بھی لو (گو) اس میں سے (سہی) جو تم نے ان کو (مہر میں) دیا تھا۔ مگر یہ کہ میاں بیوی دونوں کو احتمال ہو کہ اللہ تعالیٰ کے ضابطوں کو قائم نہ کر سکیں گے۔ سو اگر تم لوگوں کو یہ احتمال ہو کہ دونوں ضوابط خداوندی کو قائم نہ کر سکیں گے تو کوئی گناہ نہ ہو گا اس (مال کے لینے دینے) میں جس کو دے کر عورت اپنی جان چھڑا لے یہ خدائی ضابطے ہیں سو تم ان سے باہر مت نکلنا اور جو شخص خدائی ضابطوں سے بالکل باہر نکل جائے (ایسے ہی لوگ اپنا نقصان کرنے والے ہیں) پھر اگر کوئی (تیسری) طلاق دے دے عورت کو تو پھر وہ اس کے لئے حلال نہ رہے گی اس کے بعد یہاں تک کہ وہ اس کے سوا ایک اور خاوند کے ساتھ (عدت کے بعد) نکاح کر لے۔ پھر اگر وہ اس کو طلاق دے دے تو ان دونوں پر اس میں کچھ گناہ نہیں کہ بدستور پھر مل جائیں۔ شرطیکہ دونوں غالب گمان رکھتے ہیں کہ (آئندہ) خداوندی ضابطوں کو قائم رکھیں گے اور یہ خداوندی ضابطے ہیں۔ حق تعالیٰ ان کو بیان فرماتے ہیں ایسے لوگوں کے لئے جو دانش مند ہیں ۝

تفسیر: حکم بست و پنجم عدد طلاقِ رجعی: اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ؕ۔ وہ طلاق (جس میں رجوع کرنا درست ہے) دو مرتبہ (کی) ہے پھر (دو مرتبہ طلاق دینے کے بعد دو اختیار ہیں) خواہ (رجعت کر کے عورت کا) رکھ لینا قاعدہ کے موافق خواہ (تیسری طلاق آئندہ طہر میں دے کر یا عدت کے اندر رجعت نہ کر کے اس کا) چھوڑ دینا خوش عنوانی کے ساتھ ف: اس طلاق کو رجعی کہتے ہیں کہ دو مرتبہ سے زائد نہ ہو اور اس میں یہ بھی قید ہے کہ صاف لفظوں سے ہو اور قاعدہ سے مراد یہ ہے کہ طریقہ بھی اس کا شرع کے موافق ہو جیسے اس سے پہلے کی آیت میں بضمن مسائل مذکور ہوا ہے اور نیت بھی اس میں شرع کے موافق ہو یعنی رجعت سے یہ قصد ہو کہ اس کے حقوق ادا کریں گے یہ مقصود نہ ہو کہ بی بی کو رکھ کر تنگ کریں گے اور خوش عنوانی سے بھی مراد یہ ہے کہ طریقہ اس کا شرع کے موافق ہو جیسا کہ اثناء ترجمہ میں بیان ہوا یعنی یا تو اور طلاق نہ دے حتیٰ کہ عدت گذر جاوے وہ خود نکاح سے نکل جاوے گی یا تیسری طلاق اس طرح دے کہ دو طلاقوں کے بعد جب حیض آ کر پاک ہو جاوے اور اس کو طہر کہتے ہیں اس وقت تیسری طلاق دیدے بلکہ یہ دونوں طلاق بھی اسی طرح ہونا مسنون ہے کہ اول طہر میں ایک طلاق دے پھر اگر دوسری طلاق دینا چاہے تو دوسرے طہر کا انتظار کرے اور اگر ایک ہی طلاق دے کر پھر دوسری تیسری نہ دے تو سب سے احسن ہے اور نیز خوش عنوانی سے چھوڑنے کے لئے ضرور ہے کہ نیت بھی شرع کے موافق ہو یعنی دفع نزاع مقصود ہو یہ قصد نہ ہو کہ اس کی دل شکنی کریں اس کو ذلیل کریں اس لئے نرمی و دل جوئی کی رعایت ضروری ہے۔

حکم بست و ششم خلع: وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْـًٔا (الی قولہ تعالیٰ) فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ اور تمہارے لئے یہ بات حلال نہیں کہ (بیبیوں کو چھوڑنے کے وقت ان سے) کچھ بھی لو (گو وہ لیا ہوا) اس (مال) میں سے (کیوں نہ ہو) جو تم (ہی) نے ان کو (مہر میں) دیا تھا مگر (ایک صورت میں البتہ حلال ہے وہ) یہ کہ (کوئی) میاں بی بی (ایسے ہوں کہ) دونوں کو احتمال ہو کہ اللہ تعالیٰ کے ضابطوں کو (جو در بارہ ادائے حقوق زوجیت ہیں) قائم نہ کر سکیں گے سو اگر تم لوگوں کو (یعنی میاں بی بی کو) یہ احتمال ہو کہ وہ دونوں ضوابط خداوندی کو قائم نہ کر سکیں گے تو دونوں پر کوئی گناہ نہ ہو گا اس (مال کے لینے دینے) میں جس کو دے کر عورت اپنی جان چھڑا لے (بشرطیکہ مہر سے زیادہ نہ ہو) یہ (سب احکام) خدائی ضابطے ہیں سو تم ان سے باہر مت نکلنا اور جو شخص خدائی ضابطوں سے باہر نکل جاوے سو ایسے ہی لوگ اپنا نقصان کرنے والے ہیں۔ ف: عورت سے مال ٹھہرا کر چھوڑنا اس کی دو صورتیں ہیں۔ ایک خلع دوسرا

www.besturdubooks.net

طلاق علی مال۔ خلع یہ کہ عورت کہے کہ تو اتنے مال پر مجھ سے خلع کرلے اور مرد کہے مجھ کو منظور ہے اس کے کہتے ہی گو لفظ طلاق نہ کہے طلاق بائن واقع ہوجاوے گی جس کو مسائل ایلاء میں قطع طلاق کے عنوان سے بیان کیا گیا ہے اور اسی قدر مال عورت کے ذمہ واجب ہوجاوے گا۔ اور طلاق علیٰ مال یہ کہ مرد عورت سے کہے کہ تجھ کو اس قدر مال کے عوض طلاق ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ اگر عورت منظور نہ کرے تو طلاق واقع نہیں ہوتی اور اگر منظور کرلے منظور کرتے ہی طلاق بائن واقع ہوجاوے گی اور اس قدر مال عورت کے ذمہ واجب ہوجاوے گا۔

مَسْئَلَہ: اگر ناموافقت زوجین میں قصور عورت کا ہے اور خود ہی درخواست خلع کی کرتی ہے گنہگار ہوگی اور مرد مال لینے میں گنہگار نہ ہوگا البتہ مہر سے زیادہ لینا مکروہ ہوگا۔

مَسْئَلَہ: اور اگر ناموافقت میں قصور مرد کا ہے تو خلع کا مال مطلقاً لینے سے مرد گنہگار ہوگا جیسا کہ احقر نے مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ میں اشارہ بھی کردیا ہے کہ مہر لینا بھی مکروہ ہے چہ جائے کہ اتنا مال لینے لگے کہ اس نے دیا بھی نہیں اور عورت مال دینے سے گناہ گار نہ ہوگی۔

مَسْئَلَہ: اور اگر مرد تو عورت کا قصور سمجھتا ہے اور عورت مرد کا قصور سمجھتی ہے اور ہر شخص اپنی رائے میں اپنے کو مظلوم اور دوسرے کو ظالم سمجھتا ہے تو نہ مرد کو لینے میں گناہ ہوگا لیکن مہر سے زیادہ لینا مکروہ ہے جیسا احقر نے اثناء ترجمہ میں ظاہر بھی کردیا ہے اور نہ عورت کو خلع کی درخواست میں گناہ ہوگا اور اس آیت میں دونوں کے احتمال کے معنی احقر کے نزدیک یہی ہیں کیونکہ یہ احتمال مظلوم ہی کو ہوا کرتا ہے اس سبب سے کہ دوسرے کا ظلم دفع کرنا اختیار سے خارج ہوتا ہے اور اس میں احتمال ہوتا ہے کہ شاید یہ ظلم سے باز نہ آوے اور انتقام لینے میں مجھ سے کوئی زیادتی نہ ہوجاوے بخلاف ظالم کے کہ اس کو اس احتمال کی نوبت نہیں آتی اس سبب سے کہ ظلم کا ترک کردینا ہر وقت اختیاری ہے پھر حقوق زوجیت کے ضائع ہونے کے اندیشہ کے کچھ معنی نہیں اسی واسطے اللہ تعالیٰ نے اس صورت میں فرمایا کہ دونوں پر گناہ نہ ہوگا بخلاف پہلے دو مسئلوں کے کہ ان میں ایک ایک کو گناہ ہوتا ہے اور یہ جو فرمایا ہے کہ البتہ ایک صورت میں حلال ہے وہ یہ کہ دونوں کو ایسا احتمال ہو اس سے مقصود نفی حلت کی مرد کے ظالم ہونے کی صورت میں ہے نہ کہ عورت کے ظالم ہونے کی صورت میں کہ اس میں تو بدرجۂ اولیٰ حلال ہے پس حصر اضافی ہے حقیقی نہیں خوب سمجھ لو۔

مَسْئَلَہ: اور مال کے لینے میں گناہ ہونا یا نہ ہونا اس میں طلاق علیٰ مال کا حکم بھی مثل خلع کے ہے۔

مَسْئَلَہ: جس صورت میں مرد گناہ گار ہو یا عورت گناہ گار ہو خلع جب بھی صحیح و نافذ ہوجاوے گا گو گناہ کے ساتھ سہی۔

حکم بست و ہفتم حلالہ در طلاق ثالث: فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ الی قولہ تعالیٰ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ ۔ پھر اگر (دو طلاقوں کے بعد) کوئی (تیسری طلاق (بھی) دیدے عورت کو تو پھر وہ (عورت) اس (تیسری طلاق دینے والے) کے لئے حلال نہ رہے گی اس کے بعد یہاں تک کہ وہ اس (خاوند) کے سوا ایک اور خاوند کے ساتھ (عدت کے بعد) نکاح کرے (اور اس سے ہم بستری بھی ہو) پھر اگر یہ (دوسرا خاوند) اس (عورت) کو طلاق دیدے (اور عدت بھی گذر جائے) تو ان دونوں پر اس میں کچھ گناہ نہیں کہ (دوبارہ نکاح کرکے) بدستور پھر مل جاویں بشرطیکہ دونوں غالب گمان رکھتے ہوں کہ (آئندہ) خداوندی ضابطوں کو قائم رکھیں گے (ورنہ پھر دوبارہ منازعت و اتلاف حقوق کے گناہ میں مبتلا ہونا کیا فائدہ) اور یہ خداوندی ضابطے ہیں حق تعالیٰ ان کو بیان فرماتے ہیں ایسے لوگوں کے (کار آمد کے) لئے جو دانشمند ہیں (کیونکہ دانشمند ہی عمل کرتے ہیں اور جو بے دانشی سے عمل نہیں کرتے ان کے لئے یہ ضوابط الٹے ثبوت جرم کے دلائل ہوجاتے ہیں) **ف**: اس کو حلالہ کہتے ہیں۔ جب کوئی شخص اپنی بی بی کو تین طلاق دے گا پھر دوبارہ اس کے ساتھ نکاح کرنے کے لئے یہی حلالہ کا طریق شرط ہے اور جن دو طلاق کے ساتھ یہ تیسری طلاق ہوگی۔ خواہ وہ دونوں طلاق رجعی ہوں یا بائن یا ایک رجعی ایک بائن پھر یہ تیسری بھی خواہ صریح لفظ سے ہو یا غیر صریح لفظ سے جس کو کنایہ کہتے ہیں اور اس میں عند اللہ نیت کی ضرورت ہے پھر یہ تینوں طلاق خواہ بدفعات ہوں یا دفعۃً ہوں اور ایک ہی کلمہ سے ہوں یا متعدد کلمات سے سب کا حکم یہی ہے۔

ربط: اوپر آیہ: اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ میں اِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اور تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ کا ذکر فرمایا ہے آیت آئندہ میں اس کو مکرر اس لئے ذکر فرماتے ہیں کہ ایام جاہلیت میں اس میں بہت کوتاہی کرتے تھے پس تکرار سے اہتمام اور تاکید اور مبالغہ حاصل ہوگیا اور نیز ایک مقصود مستقل بھی ہے وہ یہ کہ آیت بالا میں گو امساک اور تسریح مذکور ہے مگر وہ ذکر تبعاً ہے اور مقصود اصلی بیان کرنا عدد طلاق رجعی کا ہے اور آیت آئندہ میں مقصود اصلی امساک اور تسریح کا مقید کرنا ہے معروف کے ساتھ پس مقصود متغائر ہوگیا پس ارشاد ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ای مرۃ بعد مرۃ اس میں اس پر دلالت ہے کہ ترک تعلقات میں تعجیل کرنا خلاف مصلحت ہے کیونکہ اس میں کبھی ندامت ہوتی ہے۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ١ قوله وہ طلاق حملا للام على العهد والمعهود الرجعي ١٢۔ ٢ قوله رجعت نہ کرکے لا ينافي ما رواه ابو داؤد ان رجلا قال يا رسول الله صلى الله عليه وسلم اين الثالثة فقال التسريح باحسان هو الثالثة آه لانه لا دليل على الحصر بل التسريح عام احد نوعيه الطلقة الثالثة والآخر عدم الرجعة ١٢۔ ٣ قوله صاف لفظوں میں يمكن ان يستدل على هذا القيد بقوله الطلاق المتبادر منه الصريح ١٢۔ ٤ قوله بیبیوں کے چھوڑنے کے وقت عبر بالعنوان العام ليشمل الخلع والطلاق على مال ١٢۔ ٥ قوله تم لوگوں کو یعنی میاں بی بی کو اشارة الى ان الخطاب للازواج واتى بصيغة الجمع المذكر تغليبا كما في ما قبله ايضا الخطاب للازواج لا الحكام كذا في الجلالين فلا يحتاج کی توجیہات بعيدة ١٢۔ ٦ قوله في ترجمة لا جناح گناہ نہ ہوگا ترجم بالمستقبل لكونه جزاء ١٢۔ ٧ قوله اتلاف حقوق کے گناہ میں الخ اشار الى ان الاشتراط لنفي الاثم فانه ان لم يوجد الشرط يلزم الاثم لا لنفي صحة النكاح ١٢۔ ٨ قوله ثبوت جرم الخ اشار الى ان اللام في لقوم للفائدة لا للصلة فان التبيين عام لكل احد لكن فائدته تختص باولي العلم ١٢۔

الروایات: في لباب النقول اخرج الترمذی والحاكم وغيرهما عن عائشة قالت كان الرجل يطلق امرأته ما شاء ان يطلقها وهي امراته اذا ارتجعها وهي في العدة وان طلقها مائة مرة واكثر حتى قال رجل لامرأته والله لا اطلقك فتبيني مني ولا آويك ابدا قالت وكيف ذلك قال اطلقك فكلما همت عدتك ان تنقضي راجعتك فذهب المرأة فاخبرت النبي صلى الله عليه وسلم فسكت حتى نزل القرآن الطلاق مرتان الآية ١٢۔ في لباب النقول اخرج ابن جرير عن ابن جريج قال نزلت هذه الآية في ثابت بن قيس وفي حبيبة وكانت اشتكته الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال اتردين عليه حديقته قالت نعم فدعاه فذكر ذلك له قال وتطيب لي بذلك قال نعم قال قد فعلت فنزلت ولا يحل لكم الآية ١٢۔ في لباب النقول اخرج ابن المنذر عن مقاتل بن حبان نزلت هذه الآية في عائشة بنت عبدالرحمان كانت عند رفاعة فطلقها بائنا فتزوجت عبدالرحمن بن الزبير فطلقها فاتت النبي صلى الله عليه وسلم فقالت انه طلقني قبل ان يمسني افارجع الى الاول قال لا حتى يمس ونزل فيها فان طلقها الآية ١٢۔

اختلاف القراءۃ: في قراءة يخافا بالبناء للمفعول فان لا يقيما بدل اشتمال من الضمير آه جلالين ١٢۔

الفقه: الخلع فسخ عندالشافعيؒ واحتج بقوله تعالى فان طلقها فان تعقيبه للخلع بعد ذكر الطلقتين يقتضي ان يكون طلقة رابعة لو كان الخلع طلاقا والاظهر انه طلاق واليه ذهب اصحابنا وهو قول للشافعية فحينئذ يكون فان طلقها متعلقا بقوله سبحانه الطلاق مرتان تفسيرا لقوله تعالى او تسريح باحسان لا متعلقا بآية الخلع ليلزم المحذور ويكون ذكر الخلع اعتراضا لبيان ان الطلاق يقع مجانا تارة وبعوض اخرى والمعنى فان طلقها بعد الثنتين او بعد الطلاق الموصوف بما تقدم آه روح المعاني قلت اى مع قيد كونه ثنتين ايضا وقلت قد روى عبدالرزاق عن سعيد بن المسيب ان النبي صلى الله عليه وسلم جعل الخلع تطليقة قاله صاحب فتح القدير في حاشية الهداية قوله فيما افتدت به قلت مادة الفداء وهو الموضوع للمساوات يدل على كون بدل الخلع مساويا للنفس وقيمة النفس هو المهر شرعا فدل على كراهة الزيادة على المهر فافهم وهو من سوانح خاطرى والله اعلم ١٢۔

وَاِذَا طَلَّقۡتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغۡنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمۡسِكُوۡهُنَّ بِمَعۡرُوۡفٍ اَوۡ سَرِّحُوۡهُنَّ بِمَعۡرُوۡفٍ ۪ وَلَا تُمۡسِكُوۡهُنَّ

ضِرَارًا لِّتَعۡتَدُوۡا ۚ وَمَنۡ يَّفۡعَلۡ ذٰلِكَ فَقَدۡ ظَلَمَ نَفۡسَهٗ ؕ وَلَا تَتَّخِذُوۡۤا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۫ وَّاذۡكُرُوۡا نِعۡمَتَ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ

وَمَاۤ اَنۡزَلَ عَلَيۡكُمۡ مِّنَ الۡكِتٰبِ وَالۡحِكۡمَةِ يَعِظُكُمۡ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿۲۳۱﴾ وَاِذَا طَلَّقۡتُمُ

النِّسَآءَ فَبَلَغۡنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعۡضُلُوۡهُنَّ اَنۡ يَّنۡكِحۡنَ اَزۡوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوۡا بَيۡنَهُمۡ بِالۡمَعۡرُوۡفِ ؕ ذٰلِكَ يُوۡعَظُ بِهٖ

مَنۡ كَانَ مِنۡكُمۡ يُؤۡمِنُ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمۡ اَزۡكٰى لَكُمۡ وَاَطۡهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ وَاَنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۳۲﴾

اور جب تم نے عورتوں کو (رجعی) طلاق دی (ہو) پھر وہ اپنی عدت گزرنے کے قریب پہنچ جائیں تو (یا تو) تم ان کو قاعدہ کے موافق رجعت کرکے نکاح میں رہنے دو یا قاعدہ کے موافق کو رہائی دو اور ان کو تکلیف پہنچانے کی غرض سے مت رکھو اس ارادے سے کہ ان پر ظلم کیا کرو گے اور جو شخص ایسا (برتاؤ) کرے گا سو وہ اپنا ہی نقصان کرے گا اور حق تعالیٰ کے احکام کو لہو ولعب (کی طرح بے وقعت) مت سمجھو اور حق تعالیٰ کی جو تم پر نعمتیں ہیں ان کو یاد کرو اور (خصوصاً) اس کتاب اور (مضامین) حکمت کو جو اللہ تعالیٰ

www.besturdubooks.net

نے تم پر اس حیثیت سے نازل فرمائی ہیں کہ تم کو ان کے ذریعہ سے نصیحت فرماتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں اور جب تم میں سے ایسے لوگ پائے جائیں کہ وہ اپنی بیبیوں کو طلاق دے دیں۔ پھر وہ عورتیں اپنی میعاد (عدت بھی) پوری کر چکیں تو تم ان کو مت روکو اس امر سے کہ وہ اپنے شوہر سے نکاح کر لیں جب کہ باہم سب رضامند ہو جائیں قاعدے کے موافق اس مضمون سے نصیحت کی جاتی ہے اس شخص کو جو کہ تم میں سے اللہ پر اور روز قیامت پر یقین رکھتا ہو۔ اس نصیحت کو قبول کرنا تمہارے لئے زیادہ صفائی اور زیادہ پاکی کی بات ہے اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور تم نہیں جانتے۞

تفسیر: **حکم بست و ہشتم تتمہ مضمون حکم بست و پنجم مع نہی از لعب بالا حکام:** وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ (الی قولہ تعالی) وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اور جب تم نے عورتوں کو (رجعی) طلاق دی ہو پھر وہ اپنی عدت گذرنے کے قریب پہنچ جاویں (اور عدت ختم نہ ہوئی ہو) تو تم (پر واجب ہے کہ یا تو) ان کو قاعدے کے موافق (رجعت کر کے) نکاح میں رہنے دو یا قاعدہ کے موافق ان کو رہائی دو اور ان کو تکلیف پہنچانے کی غرض سے مت رکھو اس ارادہ سے کہ ان پر ظلم کیا کرو گے اور جو شخص ایسا (برتاؤ) کرے گا سو وہ (آخرت میں) اپنے ہی نقصان کرے گا (کیونکہ ظلم کی سزا بھگتے گا) اور حق تعالیٰ کے احکام کو لہو و لعب (کی طرح بے وقعت) مت سمجھو (کہ جس طرح چاہا کر لیا اور چاہے نہ کیا) اور حق تعالیٰ کی جو تم پر نعمتیں ہیں ان کو یاد کرو اور (خصوصًا) اس کتاب اور حکمت (کی باتوں) کو جو اللہ تعالیٰ نے تم پر اس حیثیت سے نازل فرمائی ہیں کہ تم کو ان کے ذریعہ سے نصیحت فرماتے ہیں (اور یہ سب سے بڑی نعمت ہے پس ان نعمتوں کے یاد کرنے سے احکام منعم کی وقعت قلب میں ہوگی) اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں (جب یہ خوف اور یقین ہوگا تو احکام پر عمل ہوگا) **ف:** قاعدے کے موافق رکھنا اور قاعدہ کے موافق چھوڑنا اس کا بیان آیہ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ کی تفسیر میں آ چکا ہے ملاحظہ فرما لیا جاوے اور احکام پر عمل نہ کرنے کو جو لہو و لعب بنانا فرمایا ہے یہ مجاز ہے جو کہ صرف معصیت ہے گو شدید ہے اور اگر حقیقۃً کوئی شخص احکام الٰہیہ کے ساتھ استہزاء کرے وہ کافر ہو جاتا ہے خواہ عقیدہ بھی فاسد ہو یا عقیدہ صحیح رہے کیونکہ دین کی تحقیر تو دونوں حالتوں میں کی اور یہی علت ہے اس کے کفر ہونے کی اور بعض مفسرین نے لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا۔ کی اور طور پر تفسیر کی ہے وہ یہ کہ بعض لوگ ایسا کرتے تھے کہ طلاق دیدی پھر کہہ دیا کہ ہم نے یوں ہی دل لگی میں کہہ دیا تھا اسی طرح غلام آزاد کر دیا پھر کہہ دیا کہ ویسے ہی براہ ہزل کہہ دیا تھا اس کی ممانعت اللہ تعالیٰ نے فرمائی یعنی یہ احکام محل ہزل نہیں ہیں حدیث میں اس کو زیادہ مفصل فرما دیا گیا کہ طلاق اور بھی بعضے امور فرمائے یہ ایسے ہیں کہ اگر ان کو کوئی براہ ہزل بھی زبان سے کہہ دے گا تو سچ مچ واقع ہو جاوینگے پھر غیر واقع سمجھنا اور بدستور سابق اس عورت سے برتاؤ رکھنا گناہ ہوگا۔ اسی واسطے آگے اتَّقُوا اللّٰهَ وغیرہ فرمایا پس اس تفسیر پر مناسب ہے کہ حکم بست و ہشتم اس کو کہا جاوے اور تفسیر سابق پر حکم بست و ہشتم بیان امساک و تسریح استقلالاً ہو جاوے گا اسی واسطے احقر نے عنوان اس مضمون کا ذو وجہین لکھا ہے۔

مسئلہ: ہزل اس کو کہتے ہیں کہ لفظ تو کہے ارادہ سے لیکن اس کے ساتھ یہ مقصود ہو کہ اس لفظ کا اثر واقع نہ ہو سو بعض تصرفات ایسے ہیں کہ ان میں اس مقصود کا ارادہ بیکار ہے اور وہ تصرفات محض تکلم سے واقع ہو جاوینگے ان میں سے طلاق بھی ہے اور ایک صورت خطا کی ہے وہ یہ کہ منہ سے کہنا چاہتا تھا کچھ اور نکل گیا طلاق، فتح القدیر میں لکھا ہے کہ اس میں عند اللہ طلاق واقع نہ ہوگی۔

حکم بست و نہم نہی منع زن از نکاح ثانی: وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ (الی قولہ تعالی) وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۔ اور جب تم میں ایسے لوگ پائے جاویں کہ وہ اپنی بیبیوں کو طلاق دیدیں پھر وہ عورتیں اپنی میعاد (عدت) بھی پوری کر چکیں (اور عدت پوری کر کے کسی سے نکاح کرنا چاہیں خواہ پہلے ہی شوہر سے یا کسی دوسری جگہ) تو تم ان کو اس امر سے مت روکو کہ وہ اپنے (تجویز کیے ہوئے) شوہروں سے (خواہ وہ اول ہو یا ثانی ہو) نکاح کر لیں جب کہ باہم سب رضامند ہو جاویں قاعدہ کے موافق اس مضمون سے نصیحت کی جاتی ہے اس شخص کو جو تم میں سے اللہ تعالیٰ اور روز قیامت پر یقین رکھتا ہو (یعنی ماننے کی ان ہی سے امید ہے اور یوں تو نصیحت سب ہی کو ہے) اس نصیحت کا قبول کرنا تمہارے لئے زیادہ صفائی اور زیادہ پاکی کی بات ہے اور اللہ تعالیٰ (مصلحتوں کو) جانتے ہیں اور تم نہیں جانتے (اس لئے اللہ تعالیٰ کے حکم کے سامنے اپنی رائے پر عمل مت کیا کرو)

ف: بعضی جگہ تو خود شوہر ہی طلاق دینے کے بعد جب وہ کہیں دوسری جگہ نکاح کرنا چاہتی تو اپنی ذلت سمجھ کر نکاح نہ کرنے دیتا اور بعضی جگہ عورت کے اور عزیز و قریب اپنی کسی دنیوی غرض سے اس کو نکاح نہ کرنے دیتے اور ایک جگہ ایسا ہوا کہ وہ عورت اور اس کا پہلا شوہر پھر نکاح کرنے پر رضامند ہو گئے تھے مگر اس عورت کے بھائی نے غصہ میں آ کر روکا تھا اس آیت میں سب صورتیں داخل ہیں اور ہر صورت میں روکنے کو منع فرمایا ہے اور یہ جو فرمایا کہ رضامندی قاعدہ کے موافق ہو اس قاعدہ کی تفصیل ان مسائل سے معلوم ہوگی۔

مسئلہ: جس شخص سے عورت نے نکاح تجویز کیا ہے وہ غیر کفو نہ ہو مہر مثل سے کم مہر مقرر نہ ہو ورنہ عورت کے ولی کو روکنے کا حق حاصل ہے اور اگر عورت

www.besturdubooks.net

نے اس طرح نکاح کر لیا تو ولی کو یہ حق حاصل ہے کہ قاضی یعنی مسلمان حاکم سے رجوع کرے اور وہ حاکم اس نکاح کو توڑ دے اور یہی ظاہر روایت ہے و لیکن متاخرین نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ نکاح ہی صحیح نہ ہوگا۔

مسئلہ: اگر بدون شرعی گواہوں کے کوئی نکاح کرنے لگے یا نابالغہ بدون ولی کے نکاح کرے یا کسی ایسے شخص سے نکاح کرے جس سے نکاح جائز نہیں یہ سب نکاح باطل ہیں ہر مسلمان کو خواہ وہ شوہر اول ہو یا عورت کے عزیز و قریب ہوں یا محض اجنبی ہوں شرعاً اس نکاح سے روکنے کا حق حاصل ہے۔

مسئلہ: پہلے شوہر سے نکاح جب درست ہے جب کہ اس نے تین طلاق نہ دی ہوں ورنہ بدون حلالہ درست نہیں اور اس میں بھی سب کو روکنے کا حق حاصل ہے۔

مسئلہ: دوسرے نکاح کے لئے عدت کا گذرنا اس وقت شرط ہے جب کہ کسی دوسری جگہ نکاح کرنا چاہے اور اگر پہلے ہی شوہر سے نکاح کرنا چاہتی ہے تو عدت کے اندر بھی درست ہے اور اللہ تعالیٰ نے جو عدت گذرنے کی قید لگائی ہے یا تو دوسرے خاوند کے ساتھ نکاح کرنے کے اعتبار سے ہے اور اگر پہلے ہی خاوند کے اعتبار سے کہا جاوے تو وجہ یہ ہے کہ اس قصہ میں اتفاق سے عدت گذر چکی تھی اس لئے واقعہ کے طور پر بیان فرما دیا اور یہ جو فرمایا کہ اس میں پاکی اور صفائی زیادہ ہے اس کی وجہ عموماً تو یہ ہے کہ احکام الٰہیہ کا ماننا سبب ہے گناہوں سے پاک ہونے اور پاک رہنے کا اور خصوصاً وجہ یہ ہے کہ ایسے موقع پر کہ مرد و عورت ہر گاہ ایک دوسری کی طرف راغب ہوں وہاں صفائی اور پاکی اسی میں ہے کہ نکاح سے نہ روکا جاوے ورنہ خرابی اور فتنہ اور آلودگی کا اندیشہ ہے البتہ اگر بے قاعدہ نکاح ہوتا ہو تو وہ نکاح ہی نہیں اس سے روکنا نکاح سے روکنا نہیں ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ اس میں اس پر دلالت ہے کہ جو امر مفضی الی المذموم ہو وہ مذموم ہے چنانچہ امساک بغرض اعتداء سے نہی فرمائی اور یہ تصوف کی فروع کثیرہ کی اصل ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ (الی قولہ تعالی) ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ ۔ اس میں اس پر دلالت ہے کہ امر مباح سے منع کرنے میں تشدد نہ کیا جاوے جب اس مباح میں کوئی مفسدہ نہ ہو در خصوص جب کہ اس کے ترک میں کوئی مفسدہ ہو۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله** آخرت میں لان الامر في الدنيا كونه ظالما غيره لا لنفسه ۱۲۔ ۲ **قوله** خصوصاً اشار الى ان عطف ما انزل على النعمة من الخاص على العام ۱۲۔ ۳ **قوله** في ف التفسير الثاني للهزو۔ یہ احکام محل ہزل نہیں اشارة الى ان الاضافة للعهد فان البيع والشراء وغيرهما مما يؤثر فيه الهزل ۱۲۔ ۴ **قوله** تم میں...... ایسے لوگ الخ اشارة الى اتحاد المخاطبين في طلقتم ولا تعضلوهن لئلا يلزم انتشار الضمائر والوجه انه خطاب لجميع الناس اى اذا وجد فيكم التطليق فلا يوجد فيكم العضل كذا يفهم من كلام الزمخشرى ۱۲۔ ۵ **قوله** عدت بھی پوری کر چکیں فالبلوغ ههنا محمول على الحقيقة كما في ما قبله على المجاز كما نقل الزمخشرى عن الشافعيؒ دل سياق الكلامين على افتراق البلوغين ۱۲۔ ۶ **قوله** اس نصیحت کا قبول کرنا فالمشار اليه بذلكم هو المشار اليه بذلك على حذف المضاف اى العمل بما ذكر ۱۲۔ ۷ **قوله** صفائی اور زیادہ پاکی كذا اختاره الزمخشرى ويكون فائدته التوكيد واخذه بعضهم من الزكاء بمعنى النمو لا بمعنى التزكية اى انفع ۱۲۔

الروايات: في لباب النقول اخرج ابن جرير عن السدى قال نزلت في رجل من الانصار يدعي ثابت بن يسار طلق امرأته حتى اذا انقضت عدتها الا يومين او ثلاثة راجعها ثم طلقها مضارة فانزل الله ولا تمسكوهن ضرارا الآية واخرج ابن ابي عمر في مسنده وابن مردويه عن ابي الدرداء قال كان الرجل يطلق ثم يقول لعبت ويعتق ثم يقول لعبت فانزل الله ولا تتخذوا آيات الله هزوا ۱۲۔ في لباب النقول روى البخارى وابوداؤد والترمذى وغيرهم عن معقل بن يسار انه زوج اخته برجل من المسلمين فكانت عنده ثم طلقها تطليقة ولم يراجعها حتى انقضت العدة فهو يها وهويته فخطبها مع الخطاب فقال له يالكع اكرمتك بها وزوجتكها فطلقتها والله لا ترجع اليك ابدا فعلم الله حاجته اليها وحاجتها اليه فانزل الله واذا طلقتم النساء الآية فلما سمعها معقل قال سمعا لربي وطاعة ثم دعاه قال ازوجك واكرمك آه قلت هذا الفعل من اولياء ها عن الزوج الاول واما العضل من الزوج الاول فذكره في روح المعاني عن الامام حيث كانوا يعضلون مطلقاتهم ظلما وحمية الجاهلية واما العضل من غير الازواج الاولين عن الازواج الآخرين فيشهد له قوله تعالى ولا تعضلوهن لتذهبوا ببعض ما آتيتموهن الآية۔

الفقه: استدل الشافعية باسناد العضل الى الاولياء على توقف نكاحها عليهم واجابت الحنفية بانه لادليل على كون هذا العضل شرعيا بل ربما يكون حسيا بالظلم والخدع خصوصا مع اسناد النكاح اليهن في ينكحن فانه بحقيقة يقتضي كون امر النكاح اليهن لا

www.besturdubooks.net

الی الاولیاء فافهم ۱۲۔

البلاغۃ: قوله بلغن قال البيضاوى البلوغ هو الوصول الى الشئ وقد يقال للدنو منه على الاتساع وهو المراد فى الآية ليصح ان يترتب عليه فامسكوهن لتعتدوا اللام متعلقة بالفرار اذ المراد تقييده ۱۲۔ بيضاوى اذ الامساك والضرار للاصلاح ليس بمنهى عنه بل امرنا بذلك ۱۲ عف۔ قوله من كان خصصه لانه المتعظ به والمنتفع واشرت اليه فى الترجمة ويمكن ان يبنى على عدم كون الكفار مخاطبين بالفروع فافهم قوله ذلك يوعظ قال البيضاوى الخطاب للجمع على تأويل القليل او لكل واحدو ان الكاف لمجرد الخطاب والفرق بين الحاضر والمنقضى دون تعيين المخاطبين او لرسول الله صلى الله عليه وسلم للدلالة على ان حقيقة المشار اليه امر لايكاد يتصوره كل احد آه اى بالاستقلال وانما يفهم من الشارع ۱۲۔

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ ۢبِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۗ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ؕ وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۳﴾

اور مائیں اپنے بچوں کو دو سال کامل دودھ پلایا کریں یہ مدت اس لئے ہے جو کوئی شیر خوارگی کی تکمیل کرنا چاہے اور جس کا بچہ (یعنی باپ) اس کے ذمہ ہے ان (ماؤں) کا کھانا اور کپڑا قاعدہ کے موافق کسی شخص کو حکم نہیں دیا جاتا مگر اس کی برداشت کے موافق کسی ماں کو تکلیف نہ پہنچانا چاہئے اس کے بچہ کی وجہ سے اور نہ کسی باپ کو تکلیف دینی چاہئے اس کے بچہ کی وجہ سے اور طریق مذکور کے اس ذمہ ہے جو وارث ہو پھر اگر دونوں دودھ چھڑانا چاہیں اپنی رضامندی سے اور مشورہ سے تو دونوں پر کسی قسم کا گناہ نہیں اور اگر تم لوگ اپنے بچوں کو کسی اور انا کا دودھ پلوانا چاہو تب بھی تم پر کوئی گناہ نہیں۔ جب کہ ان کے حوالہ کر دو جو کچھ ان کو دینا کیا ہے قاعدے کے موافق اور حق تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور یقین رکھو کہ حق تعالیٰ تمہارے کئے ہوئے کاموں کو خوب دیکھ رہے ہیں۞

تفسیر: حکم سی ام رضاع: وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ (الی قولہ تعالی) وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ﴿۲۳۳﴾ اور مائیں اپنے بچوں کو دو سال کامل دودھ پلایا کریں (خواہ نکاح باقی ہو یا طلاق ہو چکی ہو) یہ مدت اس کے لئے ہے جو کوئی شیر خوارگی کی تکمیل کرنا چاہے (اور جو تکمیل نہ کرنا چاہے دو سال سے کم میں بھی چھڑا دینا درست ہے جیسا عنقریب آتا ہے) اور جس کا (شرعاً نسب کے اعتبار سے) بچہ ہے (یعنی باپ) اس کے ذمہ ہے ان (ماؤں) کا کھانا اور کپڑا قاعدہ کے موافق (جب کہ وہ نکاح یا عدت میں ہوں اور زوجہ کے نان ونفقہ کا قاعدہ اور مسئلے مشہور ہیں) کسی شخص کو (خدا کی طرف سے کوئی) حکم نہیں دیا جاتا مگر اس کی برداشت کے موافق (سو عورتوں کو دودھ پلانا سہل تھا ان کو اس کا حکم دیا گیا اور مردوں کو خرچ کرنا آسان ہے اس لئے ان کو اس کا حکم دیا گیا) کسی ماں کو تکلیف نہ پہنچانا چاہئے اس کے بچہ کی وجہ سے اور نہ کسی باپ کو تکلیف دینی چاہئے اس کے بچہ کی وجہ سے (یعنی بچہ کے ماں باپ آپس میں کسی بات پر ضد اضدی نہ کریں مثلاً ماں دودھ پلانے سے معذور ہو اور باپ اس پر یہ سمجھ کر زبردستی کرے کہ آخر اس کا بھی تو بچہ ہے جھک مارے گی اور پلاوے گی یا کہ باپ مفلس ہے اور ماں کو کوئی معذوری بھی نہیں پھر دودھ پلانے سے یہ سمجھ کر انکار کرے کہ اس کا بھی تو بچہ ہے جھک مار کر کسی سے پلوائے گا) اور (اگر باپ زندہ نہ ہو تو) مثل طریق مذکور کے (بچہ کی پرورش کا انتظام) اس (محرم قرابت دار) کے ذمہ ہے جو (شرعاً بچہ کے) وارث ہونے کا حق رکھتا ہو) (عنقریب اس کی تفصیل ف میں آتی ہے) پھر یہ سمجھ لو کہ) اگر دونوں (ماں باپ دو سال سے کم میں) دودھ چھڑانا چاہیں اپنی رضامندی اور مشورہ سے تو (بھی دونوں پر کسی قسم کا گناہ نہیں (مشورہ کی یہ ضرورت ہے کہ بچہ کی مصلحت میں نظر کرلیں) اور اگر تم لوگ (ماں کے ہوتے ہوئے بھی کسی مصلحت ضروریہ سے مثلاً یہ کہ ماں کا دودھ اچھا نہیں بچہ کو ضرر ہوگا) اپنے بچوں کو کسی اور انا کا دودھ پلوانا چاہو تب بھی تم پر کوئی گناہ نہیں جبکہ ان کے حوالہ کر دو (خواہ پیشگی یا بعد میں جس طرح معاہدہ ٹھہر جائے) جو کچھ ان کو دینا کیا ہے قاعدہ کے موافق (اور اگر اجرت نہ آگے دے نہ پیچھے تو یہ بات نہ رہے گی کہ تم پر کوئی گناہ نہیں ہے بلکہ اجرت نہ دینے کا گناہ لازم رہے گا) اور حق تعالیٰ سے (ان سب احکام کے بارہ میں) ڈرتے رہو اور یقین رکھو کہ حق تعالیٰ تمہارے کئے ہوئے کاموں کو خوب دیکھ رہے ہیں۔

ف: مسئلہ: ماں اگر کسی وجہ سے معذور نہ ہو تو اس کے ذمہ دیانۃً یعنی عنداللہ واجب ہے کہ بچہ کو دودھ پلاوے جب کہ وہ منکوحہ ہو یا عدت میں ہو اور اجرت لینا درست نہیں۔ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ۔ میں یہی مسئلہ مذکور ہے اور اگر طلاق کے بعد عدت گزر چکی ہے تو اس پر بلا اجرت دودھ پلانا واجب نہیں چنانچہ

www.besturdubooks.net

دونوں صورتوں میں اجرت مانگنے کا حکم آگے آتا ہے اور وَالْوَالِدٰتُ اگرچہ لفظا اس دوسری صورت کو بھی عام ہے مگر اگلے جملہ : وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ کے سبب سے یہ وجوب ارضاع مقید ہو گیا وجوب رزق وکسوت کے ساتھ اور وجوب رزق وکسوت دو حالت میں ہے نکاح میں اور عدت میں لہٰذا یہ وجوب ارضاع بھی نکاح اور عدت کی حالت میں ہوگا کذا فی فتح القدیر۔

مسئلہ: اگر ماں دودھ پلانے سے انکار کرے تو ہم یوں سمجھیں گے کہ یہ غالباً معذور ہوگی اس لئے اس پر جبر نہ کیا جاوے گا لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ میں یہ مسئلہ بھی ہے البتہ اگر بچہ کسی کا دودھ نہیں لیتا نہ اوپر کا دودھ پیتا ہے تو ماں کو مجبور کیا جاوے گا لَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ میں یہ مسئلہ بھی داخل ہے۔

مسئلہ: ماں دودھ پلانا چاہتی ہے اور اُس کے دودھ میں کوئی خرابی بھی نہیں تو باپ کو جائز نہیں کہ اُسکو نہ پلانے دے اور دوسری انا کا دودھ پلوادے اور یہ مسئلہ بھی لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ میں داخل ہے۔

مسئلہ: ماں دودھ پلانے پر رضا مند ہے لیکن اس کا بچہ دودھ کو مضر ہوگا باپ کو جائز ہے کہ اس کو دودھ نہ پلانے دے اور کسی انا کا پلوادے وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا میں یہی مسئلہ ہے۔

مسئلہ: ماں دودھ پلانے کی اجرت مانگتی ہے سو اگر ابھی شوہر کے نکاح میں ہے یا یہ کہ طلاق ہوگئی لیکن عدت نہیں گذری ان دونوں حالت میں اجرت لینا جائز نہیں بلکہ قضاء بھی مجبور کی جاوے گی کہ دودھ پلاوے۔ وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ میں یہ مسئلہ داخل ہے۔

مسئلہ: اور اگر طلاق کے بعد عدت گذر گئی پھر اجرت مانگتی ہے تو باپ کو اجرت دینا پڑے گی۔

مسئلہ: اسی صورت میں یعنی جب کہ طلاق کے بعد عدت گذر جاوے اور وہ اجرت مانگتی ہے اگر باپ دوسری انا سے اتنی ہی اجرت پر پلوانا چاہے تب تو ماں مقدم ہے دوسری انا سے پلوانے کا حق نہیں ہے لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ میں یہ مسئلہ بھی داخل ہے اور اگر دوسری انا اس ماں سے کم اجرت پر راضی ہے تو ماں کو یہ حق حاصل نہیں کہ خود پلاوے اور زیادہ اجرت لے لَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ میں یہ مسئلہ بھی ہے البتہ اگر ماں درخواست کرے تو اپنا حق رکھتی ہے کہ اس انا کو اس کے پاس رکھا جاوے گا تاکہ بچہ سے جدائی نہ ہو۔

مسئلہ: باپ کے ہوتے ہوئے بچہ کی پرورش کا خرچ صرف باپ کے ذمہ ہے اور جب باپ مر جاوے اس میں تفصیل یہ ہے کہ اگر بچہ مالک مال کا ہے تب تو اسی مال میں اس کا خرچ ہوگا اور اگر مالک مال کا نہیں تو اس کے مالدار عزیزوں میں جو اس کے محرم ہیں یعنی اس بچہ سے ان کا ایسا رشتہ ہے کہ اگر اس رشتہ دار اور بچہ میں سے ایک کو مرد ایک کو عورت فرض کریں تو باہم نکاح درست نہ ہو اور محرم ہونے کے علاوہ شرعاً اس کے مستحق میراث بھی ہیں یعنی اگر یہ بچہ مر جاوے تو محرم رشتہ داروں میں دیکھا جاوے کہ اس کا مال میراث میں کس کس کو کتنا کتنا پہنچتا ہے پس ایسے محرم وارث رشتہ داروں کے ذمہ اس کا خرچ واجب ہوگا اور ان رشتہ داروں میں ماں بھی داخل ہے مثلاً ایک ایسے بچہ کی ایک ماں ہے ایک دادا ہے تو اس کے خرچ کا ایک ثلث ماں کے ذمہ ہے اور دو ثلث دادا کے ذمہ کیونکہ دونوں محرم بھی ہیں اور بچہ کی میراث اسی نسبت سے پاسکتے ہیں۔

مسئلہ: کھانے کپڑے پر کسی کو نوکر رکھنا درست نہیں لیکن دودھ پلائی کو اس طرح نوکر رکھنا درست ہے لیکن پھر بھی کھانے کپڑے کی حیثیت اچھی طرح کھول کر ٹھہرالے اور حیثیت کی تصریح نہ کرنے میں اوسط درجہ کا واجب ہوگا اور اگر نقد ٹھہرا ہے تو اسکی مقدار اور آگے پیچھے دینے کی شرط خوب صاف صاف بیان کردے۔ بالمعروف کا یہی مطلب ہے یہ سب مسئلے ہدایہ و درمختار میں ہیں بجز مسئلہ مستنبط آیت وَاِنْ اَرَدْتُّمْ کے کہ کبیر سے ہے مگر ہمارے قواعد بھی اس سے آبی نہیں۔

مسئلہ: اکثر کا فتویٰ اسی پر ہے کہ مدت رضاع دو سال ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ خوب دیکھ رہے ہیں لان الصیغة للمبالغة ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قرأ ابن كثير اتيتم من اتى اليه احسانا اذا فعله كذا في روح المعاني۔

الفقه : قوله فان اراد لما استدل ابو حنيفةؒ على كون مدة الرضاع حولين ونصفا بقوله تعالى وحمله وفصاله ثلثون شهرا لا على التقرير المشهور بل على تفسير الحمل بالحمل بالاكف الذى يكون فى زمان الرضاع الى الفصال صح عنده كون الفاء للتعقيب اى عن الرضاع حولين كما هو الظاهر واما قوله يتم الرضاعة فكون الحولين تاما لا ينافى كون الحولين والنصف اتم وقال بعضهم ان الحولين للارضاع بلا اجرة وعند الجمهور الفاء لتفصيل الحكم المذكور اجمالا فى قوله يتم الرضاعة قوله وعلى الوارث استدل الحنفية به على وجوب الانفاق على فقر ذى رحم بقدر الارث بشرط كونه محرما لقراءة ابن مسعود على الوارث ذى الرحم المحرم مثل ذلك كذا فى التفسير المظهرى والهداية ۱۲۔

www.besturdubooks.net

النحو: ان تسترضعوا اولادکم بحذف المفعول الاول ای المراضع اولادکم کذا فی روح المعانی قلت ولما کان المحذوف کالملفوظ اظهرته فی الترجمة۱۲۔

البلاغۃ: اٰتیتم ای ضمنتم والتزمتم ففیه مجاز ۱۲۔

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۳۴﴾ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاۗءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ڛ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۳۵﴾ ع ۳۰ / ۱۴

اور جو لوگ تم میں سے وفات پا جاتے ہیں اور بیبیاں چھوڑ جاتے ہیں وہ بیبیاں اپنے آپ کو (نکاح وغیرہ سے) روکے رکھیں چار مہینے اور دس دن پھر جب اپنی میعاد (عدت) ختم کر لیں تو تم کو کچھ گناہ نہ ہوگا۔ ایسی بات میں کہ وہ عورتیں اپنی ذات کے لئے کچھ کارروائی (نکاح کی) کریں قاعدہ کے موافق اور اللہ تعالیٰ تمہارے تمام افعال کی خبر رکھتے ہیں اور تم پر کوئی گناہ نہیں ہوگا جو ان مذکورہ عورتوں کو پیغام (نکاح) دینے کے بارے میں کوئی بات اشارۃً کہو یا اپنے دل میں (ارادہ نکاح کو) پوشیدہ رکھو۔ اللہ تعالیٰ کو یہ بات معلوم ہے کہ تم ان عورتوں کا (ضرور) ذکر مذکورہ کرو گے لیکن ان سے نکاح کا وعدہ (اور گفتگو) مت کرو مگر یہ کہ کوئی بات قاعدے کے موافق کہو اور تم تعلق نکاح (فی الحال) کا ارادہ بھی مت کرو یہاں تک کہ عدت مقررہ اپنی ختم کو پہنچ جائے اور یقین رکھو اس کا کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے دلوں کی بات کی اطلاع ہے۔ سو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہا کرو اور یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ معاف بھی کرنے والے ہیں۔ حلیم بھی ہیں ۞

تفسیر: حکم سی و کیم عدت وفات زوج: وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ (الی قوله تعالی) وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۳۴﴾ اور جو لوگ تم میں وفات پا جاتے ہیں اور بیبیاں چھوڑ جاتے ہیں وہ بیبیاں اپنے آپ کو (نکاح وغیرہ سے) روکے رکھیں چار مہینے اور دس دن پھر جب اپنی (عدت کی) میعاد ختم کر لیں تو تم کو (بھی) کچھ گناہ نہ ہوگا ایسی بات (کے جائز رکھنے) میں کہ وہ عورتیں اپنی ذات کے لئے کچھ کارروائی (نکاح کی) کریں قاعدہ کے موافق (البتہ) اگر کوئی بات خلاف قاعدہ شرع کے کریں اور تم باوجود روک سکنے کے نہ روکو تو تم بھی شریک گناہ ہو گے) اور اللہ تعالیٰ تمہارے تمام افعال کی خبر رکھتے ہیں۔ **ف**: یہ عدت اس بیوہ کی ہے جس کو حمل نہ ہو اور اگر حمل ہو تو بچہ پیدا ہونے تک اس کی عدت ہے خواہ جنازہ لے جانے سے پہلے ہی پیدا ہو جاوے یا چار مہینے دس دن سے بھی زیادہ میں ہو یہ مسئلہ سورۂ طلاق میں آوے گا۔

مسئلہ: جس کا خاوند مر جاوے اس کو عدت کے اندر خوشبو لگانا، سنگار کرنا، سرمہ اور تیل بلا ضرورتِ دوا لگانا، مہندی لگانا، رنگین کپڑے پہننا درست نہیں اور صریح گفتگوئے نکاح ثانی بھی درست نہیں جیسا اگلی آیت میں آتا ہے اور رات کو دوسرے گھر میں رہنا بھی درست نہیں ترجمہ میں نکاح کے ساتھ جو وغیرہ کہا گیا ہے اس سے یہی امور مراد ہیں اور یہی حکم ہے اس عورت کا جس پر طلاق بائن واقع ہو یعنی جس میں رجعت درست نہیں مگر اس کو اپنے گھر سے دن کو بھی بدون سخت مجبوری کے نکلنا درست نہیں۔

مسئلہ: اگر چاند رات کو خاوند کی وفات ہوئی تو تب تو یہ مہینے خواہ انتیس کے ہوں خواہ تیس کے چاند کے حساب سے پورے کئے جاویں گے اور اگر چاند رات کے بعد وفات ہوئی ہے تو یہ سب مہینے تیس تیس دن کے حساب سے پورے کئے جاویں گے پس کل ایک سو تیس دن پورے کریں گے اس مسئلہ سے بہت لوگ غافل ہیں اور جس وقت وفات ہوئی ہو جب یہ مدت گزر کر وہی وقت آوے گا عدت ختم ہو جاوے گی اور یہ جو فرمایا کہ اگر عورتیں قاعدہ کے موافق کچھ کریں تو تم کو بھی گناہ نہ ہوگا اس سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص کوئی کام خلاف شرع کرے تو اوروں پر بھی واجب ہوتا ہے کہ بشرطِ قدرت اس کو روکیں ورنہ یہ لوگ بھی گنہگار ہوتے ہیں اور قاعدہ کے موافق سے یہ مراد ہے کہ جو نکاح تجویز ہو وہ شرعاً صحیح اور جائز ہو تمام شرائط حلت کے وہاں جمع ہوں۔

حکم سی و دوم پیغام نکاح در عدت: وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاۗءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ (الی قوله تعالی) وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۳۵﴾ اور تم پر کوئی گناہ نہیں ہوگا جو ان مذکورہ عورتوں کو (جو کہ عدتِ وفات میں ہیں) پیغام (نکاح) دینے کے بارہ میں کوئی بات اشارۃً کہو (مثلاً یہ کہ

www.besturdubooks.net

مجھ کو ایک نیک عورت سے نکاح کی ضرورت ہے اور مثل اس کے) یا اپنے دل میں (آئندہ نکاح کر لینے کے ارادہ کو) پوشیدہ رکھو (جب بھی گناہ نہیں اور وجہ اس اجازت کی یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ کو یہ بات معلوم ہے کہ تم ان عورتوں کا (ضرور) ذکر مذکور کرو گے (سو خیر ذکر مذکور کرو) لیکن ان سے (صاف) لفظوں میں نکاح کا وعدہ (اور گفتگو) مت کرو مگر یہ کہ کوئی بات قاعدہ کے موافق کہو (تو مضائقہ نہیں اور وہ بات قاعدہ کے موافق یہی ہے کہ اشارۃً کہو) اور تم تعلق نکاح (فی الحال) کا ارادہ بھی مت کرو یہاں تک کہ عدت مقررہ اپنے ختم کو پہنچ جاوے اور یقین رکھو اس کا کہ اللہ تعالیٰ کو اطلاع ہے تمہارے دلوں کی بات کی سو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہا کرو (اور ناجائز امر کا دل میں ارادہ بھی مت کیا کرو) اور (یہ بھی) یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ معاف بھی کرنے والے ہیں (سو اگر کسی ناجائز امر کا ارادہ کیا تھا پھر توبہ کر لی تو معاف کر دیتے ہیں اور) حلیم بھی ہیں (سو اگر توبہ نہ کرنے والے کو سردست سزا نہ دیں تو اس کی وجہ حلم سمجھو دھوکا مت کھاؤ) **ف** : یہاں عدت کے اندر چار فعل مذکور ہیں دو زبان کے اور دو دل کے اور ہر ایک کا جدا حکم ہے۔ اول زبان سے تصریحاً پیغام دینا یہ حرام ہے لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا میں اس کا ذکر ہے۔ دوم زبان سے اشارۃً کہنا یہ جائز ہے لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اور قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۚ۔ میں اس کا ذکر ہے۔ سوم دل سے یہ ارادہ کرنا کہ ابھی عدت کے اندر ہی نکاح کر لیں گے یہ بھی حرام ہے کیونکہ عدت کے اندر نکاح کرنا حرام ہے اور ارادہ حرام کا حرام ہے۔ لَا تَعْزِمُوْا میں اس کا ذکر ہے۔ چہارم دل سے یہ ارادہ کرنا کہ عدت[۳] کے بعد نکاح کریں گے یہ جائز ہے اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ میں اس کا ذکر ہے۔

مسئلہ: جو عورت طلاق بائن کی عدت میں ہو اس کا بھی یہی حکم ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ اس میں اس پر دلالت ہے کہ امر بالمجاہدہ میں طالب کے ضعف کی رعایت ضروری ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ مذکورہ عورتوں کو حملا للام فی النساء علی العهد ۱۲۔ ۲ قولہ فی ف لا جناح علیکم اور قولا معروفا وانما ذكر مرتين للتاكيد لان المحل لاجل تعلق حق الزوج السابق كان ضيقا فناسب ذكر الا باحة بالتكرير وايضًا في التقييد بالتعريض مرة وبالمعروف مرة تنبيه على وجوب الاحتياط البالغ في هذا الامر فان التعريض نفي الاذن في التصريح والمعروف دل على كون التصريح غير معروف هذا ماسنح لي والله اعلم وفي روح المعاني ما نصه وفي الكلام اي الا ان تقولوا قولا معروفا تصريح بما فهم من ولا جناح على وجه يؤكد ذلك الرفع وهو نوع من الطرد والعكس حسن آه لكني لم افهم هذا الكلام حق الفهم فمن فهم فليحمد الله ولينتفع به ثم سنح لي تقرير لحل المقام فاذكره تتميما للفائدة وهو هذا العكس ان تقدم في الكلام جزأ ثم تعكس فتقدم ما اخرت وتؤخر ما قدمت كما هو المذكور في علم البديع وفائدة التاكيد وهذا الصنعة وان لم تذكر هنا لفظا لكن ذكر معنى وتقريره ان نفي الجناح في التعريض بدء به الكلام وبه ختم وكان اكنان في الانفس مؤخرا اول الكلام وذكرهن في الانفس الذى هو عين الاكنان المذكور مقدما آخر الكلام فحصل الطرد والعكس معنى بهذا النهج ۱۲۔ ۳ قولہ عدت کے بعد نکاح کریں گے وانما صرح بنفي الجناح فيه مع انه لا يحتمل ظاهرا لزوم الجناح فيه لان المحل لما كان ضيقا كان غير بعيد ان يحسب احد ان الكلام النفسي علٰى ان يكون في حكم الكلام اللفظي وهذا لا يجوز بالصيغة الصريحة فلعل ذلك لا يجوز ايضا فافهم ۱۲۔

اللغات: سرا نكاحا فانه عبر به اولا عن الوطي لانه يسر ثم عن العقد لانه سبب فيه اه بيضاوی الكتب ما كتب من العدة ۱۲ بيضاوى العقدة موضع العقد وهو ما يعقد عليه ۱۲ روح المعاني قلت فالاضافة بيانية ۱۲۔

النحو: الذين يتوفون مبتدأ ويتربصن خبره والرابط محذوف اى لهم اربعة اشهر وعشر ذكر ابو حيان ان قاعدة تذكير العدد وتانيثه انما اذا ذكر المعدود اما عند حذفه فيجوز الامران مطلقاً كذا في روح المعاني ۱۲ تقدير الكلام ستذكرونهن فاذكروهن ولكن لا تواعدوهن سرا مواعدة الا مواعدة معروفة مذكورة بقوله ان تقولوا قولا معروفا ۱۲۔

لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۚۖ وَّمَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ۝۲۳۶ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۭ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۭ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۲۳۷

www.besturdubooks.net

تم پر (مہر کا) کچھ مواخذہ نہیں اگر بیبیوں کو ایسی حالت میں طلاق دے دو کہ نہ انکو تم نے ہاتھ لگایا ہے اور نہ انکے لئے کچھ مہر مقرر کیا ہے اور صرف انکو ایک جوڑا دے دو۔ صاحب وسعت کے ذمہ اسکی حیثیت کے مطابق اور تنگدست کے ذمہ اسکی حیثیت کے موافق ہے۔ جوڑا دینا قاعدہ کے موافق واجب ہے خوش معاملہ لوگوں پر اور اگر تم ان بیبیوں کو طلاق دو قبل اس کے کہ ان کو ہاتھ لگاؤ اور ان کے لئے کچھ مہر بھی مقرر کر چکے تھے تو جتنا مہر تم نے مقرر کیا ہو اس کا نصف (واجب) ہے مگر یہ کہ وہ عورتیں (اپنا نصف) معاف کر دیں یا وہ شخص رعایت کر دے جس کے ہاتھ میں نکاح کا تعلق (رکھنا اور توڑنا) ہے اور تمہارا معاف کر دینا (بہ نسبت وصول کرنے کے) تقویٰ کے قریب ہے اور آپس میں احسان کرنے میں غفلت مت کرو۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں کو خوب دیکھتے ہیں ﴿﴾

تفسیر: **حکم سی و جوب یا عدم وجوب مہر در طلاق قبل الدخول:** **ف:** طلاق قبل الدخول کی دو صورتیں ہیں یا تو اس نکاح کے وقت مہر مقرر نہیں ہوا یا ہوا ہے صورتِ اولیٰ کا حکم اولاً مذکور ہے لَاجُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ (الی قولہ تعالی) حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ۝ ۔ تم پر (مہر کا) کچھ مواخذہ نہیں اگر بیبیوں کو ایسی حالت میں طلاق دے دو کہ نہ ان کو تم نے ہاتھ لگایا ہے اور نہ ان کے لئے کچھ مہر مقرر کیا ہے (سو اس صورت میں مہر اپنے ذمہ مت سمجھو) اور (صرف) ان کو (ایک) فائدہ پہنچاؤ۔ صاحب وسعت کے ذمہ اس کی حیثیت کے موافق ہے اور تنگدست کے ذمہ اس کی حیثیت کے موافق ہے ایک خاص قسم کا فائدہ پہنچانا جو قاعدہ کے موافق واجب ہے۔ خوش معاملہ لوگوں پر (یعنی سب مسلمانوں پر کیونکہ خوش معاملگی کا بھی سب ہی کو حکم ہے مراد اس سے ایک جوڑا دینا ہے)

ف: مسئلہ: اگر نکاح کے وقت مہر مقرر نہ کیا جاوے نکاح ہو جاتا ہے۔

مسئلہ: اگر ایسی عورت کو قبل صحبت اور خلوت صحیحہ کے طلاق دیدے تو مہر کچھ دینا نہیں پڑتا بلکہ ایک جوڑا تین کپڑوں کا جس میں ایک کرتہ ہو ایک سر بند اور ایک اتنی بڑی چادر ہو جس میں سر سے پاؤں تک لپٹ سکے واجب ہوتا ہے قال الزیلعی فی نصب الرایۃ اخرجه البیهقی عن ابن عباس۔

مسئلہ: ہدایہ میں صحیح اسی قول کو کہا ہے کہ اس جوڑا میں حیثیت مرد کی معتبر ہے عورت کی حیثیت کا لحاظ نہیں اور کرخی نے عورت کے حال کا اعتبار کیا ہے تو وہ آیت کو وصول بالفعل پر محمول کرتے ہیں اور باقی کو دَین رکھتے ہیں۔

مسئلہ: ایسی عورت کو ایسا جوڑا دینا واجب اور قائم مقام مہر کے ہے۔

مسئلہ: یہ جوڑا قیمت میں پانچ درہم سے کم نہ ہو اور ایسی عورت کے مہر مثل کے نصف سے زیادہ نہ ہو۔

تمہ حکم مذکور: صورت ثانیہ کا حکم یہ مذکور ہے: وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ ۔ اور اگر تم ان بیبیوں کو طلاق دو قبل اس کے کہ ان کو ہاتھ لگاؤ اور ان کے لئے کچھ مہر بھی مقرر کر چکے تھے تو (اس صورت میں) جتنا مہر تم نے مقرر کیا ہو اس کا نصف (واجب) ہے (اور نصف معاف ہے) مگر (دو صورتیں اس مجموعی حکم سے مستثنیٰ ہیں ایک صورت تو) یہ کہ وہ عورتیں (اپنا نصف) معاف کر دیں (تو اس صورت میں نصف بھی واجب نہ رہا) یا (دوسری صورت) یہ (ہے) کہ وہ شخص رعایت کر دے جس کے ہاتھ میں نکاح کا تعلق (رکھنا اور توڑنا) ہے (یعنی خاوند پورا مہر اس کو دیدے تو اس صورت میں نصف کو معاف نہیں کرایا) اور (اہل حقوق) تمہارا (اپنے حقوق کو) معاف کر دینا (بہ نسبت وصول کرنے کے) تقویٰ سے زیادہ قریب ہے (کیونکہ معاف کرنے سے) ثواب ملتا ہے اور ثواب کا کام کرنا ظاہر ہے کہ تقویٰ کی بات ہے) اور آپس میں احسان (اور رعایت) کرنے سے غفلت مت کرو (بلکہ ہر شخص دوسرے کے ساتھ رعایت کرنے کا خیال رکھا کرے) بلاشبہ اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں کو خوب دیکھتے ہیں (تو تم اگر کسی کے ساتھ رعایت و احسان کرو گے اللہ تعالیٰ اس کی جزائے خیر تم کو دینگے)

ف: مسئلہ: جس عورت کا مہر نکاح کے وقت مقرر ہوا ہو اور اس کو قبل صحبت و خلوت صحیحہ کے طلاق دیدی ہو تو مقرر کئے ہوئے مہر کا نصف مرد کے ذمے واجب ہوگا البتہ اگر عورت معاف کر دے یا مرد پورا دیدے تو اختیاری بات ہے۔

مسئلہ: کسی کے ساتھ سلوک و احسان کرنا یا کسی کو اپنا حق معاف کر دینا اس کا فی نفسہٖ موجب اجر ہونا ظاہر اور معلوم ہے البتہ کسی خاص عارض کی وجہ سے رعایت نہ کرنے کو ترجیح ہو جاوے وہ اور بات ہے مثلاً یہ کہ رعایت کرنے والا خود مفلس ہے اور رعایت کر کے پھر تنگدستی پر صبر نہ کر سکے گا اور خود کسی معصیت میں مبتلا ہو جاوے گا سو کسی شے کا فی نفسہٖ مستحسن ہونا اور کسی عارض سے غیر مستحسن ہونا ان میں باہم تعارض و منافات نہیں۔

حکم سی و چہارم محافظتِ صلوٰۃ: اس سے آگے پیچھے طلاق وغیرہ کے احکام ہیں درمیان میں نماز کے احکام بیان فرمانا اشارہ اس طرف ہے کہ مقصود اصلی توجہ الی الحق ہے اور معاشرات و معاملات کے احکام سے علاوہ اور مصلحتوں کے اس توجہ کی حفاظت اور ترقی بھی مقصود ہے چنانچہ جب ان کو خدائی احکام سمجھ کر عمل کیا جاوے گا توجہ لازم ہوگی پھر یہ کہ ان احکام میں ادائے حقوق عباد بھی ہے اور حقوق عباد کے اتلاف سے درگاہِ الٰہی سے دوری ہوتی ہے جس کے لوازم میں سے حق و عبد دونوں کی طرف سے بے توجہی ہے چونکہ نماز میں یہ توجہ زیادہ ظاہر ہے اس لئے اس کے درمیان میں لانے سے اس توجہ کے مقصود ہونے پر زیادہ دلالت ہو

www.besturdubooks.net

گئی تا کہ عبد اس توجہ کو ہر وقت پیش نظر رکھے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى اس میں تعلیم ہے علو ہمت اور ترک اشراف کی (کہ مردوں کو ترغیب دی تکمیل مہر کی اور یہ کہ عورتوں کے معاف کرنے کا انتظار نہ کریں)۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله مہر کا کچھ مواخذہ فالجناح دنيوى كما صرح به المفسرون بقرينة مقابلته لقوله نصف ما فرضتم ۱۲۔ ۲ قوله مہر اپنے ذمہ مت سمجھو اشارة الى التقدير المعطوف عليه ۱۲۔

الروایات: الذى بيده عقدة النكاح هو الزوج المالك لعقد النكاح وحله (عند ابى حنيفةؒ وكثير من العلماء) وهو التفسير الماثور عن رسول الله صلى الله عليه وسلم كما اخرجه ابن جرير وابن ابى حاتم والطبرانى فى الاوسط والبيهقى بسند حسن عن ابن عمر مرفوعا وبه قال جمع من الصحابة ۱۲۔

الفقه: استدل مالك على استحباب هذه المتعة بقوله المحسنين سماها احسانا ونحن نقول ان الامر وكلمة على ومتاعاً مصدراً مؤكدًا وحقا تدل على الوجوب فيؤل المحسنين بما اولت به فى الترجمة ۱۲۔

اللغات: فريضة بمعنى مفعول والتاء لنقل اللفظ من الوصفية الى الاسمية ويحتمل المصدر ۱۲ بيضاوى۔ الفضل التفضيل والاحسان ۱۲۔

النحو: او تفرضوا اى اولم تفرضوا آه جلالين عطف على الفعل المجزوم ولم لنفى احد الامرين لا بعينه وهو نكرة فى سياق النفى فيفيد العموم اى ما لم يكن منكم مسيس ولا فرض على احد ولا تطع منهم آثما او كفورا ولا حاجة الى القول بان او بمعنى الو او آه روح المعانى قلت قد اخذت بحاصله فى الترجمة قوله متاعا اى تمتيعا مفعول مطلق و مشار بترجمته الى ان تنوينه للتنويع كما صرح بوقوعه فى المطول ۱۲ فنصف ما فرضتم اى فلهن او فالواجب ۱۲ بيضاوى قوله الا ان يعفون الخ مرجع الاستثناء الى منع النقصان فى احدما و منع الزيادة فى الا اى فلهن هذا المقدار بلا زيادة ولا نقصان فى جميع الاحوال الا الخ فنصف غير ملاحظ فيه الوجوب واما على تقدير الوجوب فالاستثناء منقطع لان فى صورة عفو الزوج لا يتصور الوجوب آه من روح المعانى ۱۲۔

البلاغۃ: او يعفو الذى تسمية عفوا اما على المشاكلة واما لانهم يسوقون المهر الى النساء عند التزوج فمن طلق قبل المسيس استحق استردادا لنصف فاذا لم يسترده فقد عفا عنه آه بيضاوى وان تعفوا هذا خطاب للرجال والنساء جميعا وغلب المذكر لشرفه وكذا فيما بعد آه روح المعانى ۱۲۔

حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۚ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ﴿۲۳۸﴾ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ
رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ
وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۚۖ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ
عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۴۰﴾ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۗ
ع ۱۵ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۴۱﴾ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۴۲﴾ ع

محافظت کرو سب نمازوں کی (عموماً) اور درمیان والی نماز کی (خصوصاً) اور کھڑے ہوا کرو اللہ کے سامنے عاجز بنے ہوئے۔ پھر اگر تم کو اندیشہ ہو تو تم کھڑے کھڑے یا سواری پر چڑھے چڑھے پڑھ لیا کرو۔ پھر جب تم کو اطمینان ہو جائے تو تم خدا تعالیٰ کی یاد اس طریق سے کرو کہ جو تم کو سکھایا ہے۔ جس کو تم نہ جانتے تھے۔ اور جو لوگ وفات پا جاتے ہیں تم میں سے اور چھوڑ جاتے ہیں بیبیوں کو وہ وصیت کر جایا کریں اپنی ان بیبیوں کے واسطے ایک سال تک منتفع ہونے کی اس طور پر کہ وہ گھر سے نکال جائیں ہاں اگر وہ خود نکل جائیں تو تم کو کوئی گناہ نہیں اس قاعدہ کی بات میں جس کو اپنے بارہ میں کریں اور اللہ تعالیٰ زبردست ہیں حکمت والے ہیں اور سب طلاق دی ہوئی عورتوں کے لئے کچھ کچھ فائدہ پہنچانا قاعدہ کے موافق اور (یہ) مقرر ہوا ہے ان پر جو (شرک و کفر سے) پرہیز کرتے ہیں۔ اسی طرح حق تعالیٰ تمہارے لئے اپنے احکام بیان فرماتے ہیں اس توقع پر کہ تم سمجھو (اور عمل کرو)۞

www.besturdubooks.net

تفسیر: حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ (الی قولہ تعالی) مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ۝ - محافظت کرو سب نمازوں کی (عموماً) اور درمیان والی نماز (یعنی عصر) کی (خصوصاً) اور (نماز میں کھڑے ہوا کرو اللہ تعالی کے سامنے عاجز بنے ہوئے پھر اگر تم کو (با قاعدہ نماز پڑھنے میں کسی دشمن وغیرہ کا) اندیشہ ہو تو تم کھڑے کھڑے یا سواری پر چڑھے چڑھے (جس طرح بن سکے خواہ قبلہ کی طرف بھی منہ نہ ہو اور گو رکوع وسجود صرف اشارہ ہی سے ممکن ہو) پڑھ لیا کرو (اس حالت میں بھی اس پر محافظت رکھو اس کو ترک مت کرو) پھر جب تم کو (بالکل اطمینان ہو جاوے (اور اندیشہ جاتا رہے) تو تم خدا تعالی کی یاد (یعنی ادائے نماز) اس طریق سے کرو جو تم کو (اطمینان کی حالت میں) سکھایا ہے جس کو تم (پہلے سے) نہ جانتے تھے۔ **ف**: کثرت سے علماء کا قول بعض احادیث کی دلیل سے یہ ہے کہ بیچ والی نماز عصر ہے کیونکہ اس کے ایک طرف دو نمازیں دن کی ہیں فجر اور ظہر اور ایک طرف دو نمازیں رات کی ہیں مغرب اور عشاء اس کی تاکید خصوصیت کے ساتھ اس لئے کی کہ اکثر لوگوں کو یہ وقت کام کی بھیڑ بھاڑ کا ہوتا ہے۔ اور عاجزی کی تفسیر حدیث میں خاموشی کے ساتھ آئی ہے اسی آیت سے نماز میں باتیں کرنے کی ممانعت ہوئی پہلے درست تھا اور یہ نماز کھڑے کھڑے اشارہ سے جب صحیح ہوگی جب ایک جگہ کھڑا ہو سکے اور اس میں سجدہ کا اشارہ ذرا زیادہ پست کرے اور چلنے سے نماز نہیں ہوگی البتہ جب ایسا ممکن نہ ہو مثلاً عین لڑائی کا وقت ہے تو نماز کو قضا کر دیا جاوے گا دوسرے وقت پڑھ لیں گے۔

حکم سی وپنجم وصیت سکونت برائے بیوہ: وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ۝ - اور جو لوگ وفات پا جاتے ہیں تم میں سے اور چھوڑ جاتے ہیں بیبیوں کو (ان کے ذمہ لازم ہے کہ) وہ وصیت کر جایا کریں اپنی ان بیبیوں کے واسطے ایک سال تک (نان ونفقہ اور گھر میں سکونت رکھنے سے) منتفع ہونے کی اس طور پر کہ وہ گھر سے نکالی نہ جاویں ہاں اگر (چار مہینہ دس دن) کے بعد یا وضع حمل کے بعد عدت گزار کر) خود نکل جاویں تو تم کو کوئی گناہ نہیں اس قاعدہ کی بات میں جس کو اپنے بارہ میں (تجویز) کریں (جیسے نکاح وغیرہ) اور اللہ تعالی زبردست ہیں (ان کے خلاف حکم مت کرو) اور حکمت والے ہیں (کہ تمام احکام میں تمہاری مصلحتیں ملحوظ رکھی ہیں گو تمہاری فہم میں نہ آسکیں)

ف: جاہلیت میں وفات زوج کی عدت ایک سال تھی اسلام میں بجائے ایک سال کے چار مہینہ دس دن مقرر رہوئے جیسا حکم سی وکیم میں مذکور ہو چکا مگر اس میں عورت کی اتنی رعایت رکھی گئی تھی کہ چونکہ اس وقت تک میراث کا حکم نازل نہ ہوا تھا اور بی بی کا کوئی حصہ میراث میں مقرر نہ ہوا تھا بلکہ اوروں کے حق کا مدار محض مردہ کی وصیت پر تھا آیت: كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ کی تفسیر میں معلوم ہو چکا ہے اس لئے یہ حکم ہو گیا تھا کہ اگر عورت اپنی مصلحت سے خاوند کے ترکہ کے گھر میں رہنا چاہے تو سال بھر تک اس کو رہنے کا حق حاصل ہے اور اسی کے ترکہ سے اس مدت میں اس کو نان ونفقہ بھی دیا جاوے اس آیت میں اسی کا بیان ہے اور خاوندوں کو حکم ہے کہ اس طرح کی وصیت کر جایا کریں اور چونکہ یہ حق عورت کا تھا اس کو اس کے وصول کرنے نہ کرنے کا اختیار حاصل تھا اس لئے وارثوں کو تو گھر سے نکالنا جائز نہ تھا لیکن خود اس کو جائز تھا کہ اس گھر میں نہ رہے اور اپنا حق ورثہ کو چھوڑ دے بشرطیکہ عدت پوری ہو چکے اور نکاح وغیرہ سب درست تھا اور یہی مراد ہے قاعدہ کی بات سے البتہ عدت کے اندر نکلنا اور نکاح کرنا وغیرہ سب گناہ تھا عورت کے لئے بھی اور جو منع کر سکے اور نہ روکے اس کے لئے بھی پھر جب آیت میراث کی نازل ہوگئی گھر یا ہر سب ترکہ میں سے عورت کا حق مل گیا سوا اپنے حصہ میں رہے اور اپنے حصہ سے خرچ کرے یہ آیت منسوخ ہوگئی۔

تتمہ حکم متاع مذکور در شماری وسوم وسی وپنجم: ایک متاع کا بیان سی وسوم میں ہوا ہے اور ایک متاع کا سی وپنجم میں اب بعض اقسام متاع کے اور باقی ہیں ان کا بیان فرماتے ہیں: وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ (الی قولہ تعالی) لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۝ - اور سب طلاق دی ہوئی عورتوں کے لئے کچھ کچھ فائدہ پہنچانا (کسی درجہ میں مقرر ہے) قاعدہ کے موافق (اور یہ) مقرر ہوا ہے ان پر جو (شرک وکفر سے) پرہیز کرتے ہیں (یعنی مسلمانوں پر خواہ یہ مقرر ہونا وجوب کے درجہ میں ہو یا استحباب کے مرتبہ میں) اسی طرح حق تعالی تمہارے (عمل کرنے کے) لئے اپنے احکام بیان فرماتے ہیں اس توقع پر کہ تم (ان کو) سمجھو (اور عمل کرو)۔

ف: سی وسوم میں دو قسم کے مطلقات کا بیان تھا جن کو قبل دخول طلاق ہوئی تھی ایک کو فائدہ پہنچانا یہ تھا کہ جوڑا دیا دوسری کو فائدہ پہنچانا یہ تھا کہ آدھا مہر دیا اب وہ طلاق والیاں رہ گئیں جن کو دخول کے بعد طلاق دی جاوے سو ان میں جس کا مہر مقرر کیا گیا ہو اس کو فائدہ پہنچانا یہ ہے کہ پورا مہر دینا چاہئے اور جس کا مہر مقرر نہ کیا جاوے اس کے لئے بعد دخول کے مہر مثل واجب ہے یہ متاع بمعنی مطلق فائدہ پہنچانا اس تفصیل سے تو واجب ہے اور اگر متاع سے مراد فائدہ خاص یعنی جوڑا ہی دینا ہو تو ایک مطلقہ کو تو دینا واجب ہے جس کا ذکر سی وسوم کے شروع میں ہے اور باقی سب اقسام میں مستحب اور اگر متاع سے مراد نفقہ لیا جاوے تو جس طلاق میں عدت ہے اس میں عدت گزرنے تک واجب ہے خواہ طلاق رجعی ہو یا بائن غرض آیت اپنے الفاظ عامہ سے سب صورتوں کو شامل ہے اور قاعدہ سے مراد یہی تفصیل ہو جاوے گی اور ہر صورت کے وجوب واستحباب کا فرق دوسرے دلائل سے ثابت کیا جاوے گا اور حقاً کو واجب کے معنی میں نہ لیں گے بلکہ ثابت کے معنی میں لیں گے اور علی الزام کے لئے نہ ہوگا بلکہ محض تاکد کے لئے ہوگا گو درجہ استحباب میں ہی سہی۔

www.besturdubooks.net

فـ :احکام نکاح وطلاق وغیرہ میں جا بجا **اتقوا الله** اور **حدود الله** اور **سمیع علیم** اور **عزیز حکیم** اور **بصیر** اور **خبیر** اور **هم الظالمون** اور **فقد ظلم نفسه** وغیرها کا آنا جو کہ مشعر ہیں مخالفت کی حالت میں وعید پر دلیل قطعی ہے کہ یہ سب احکام شریعت میں مقصود اور واجب ہیں بطور مشورہ کے نہیں جن میں ترمیم وتبدیل کرنے کا یا عمل نہ کرنے کا ہم کو نعوذ باللہ اختیار حاصل ہو۔

ربط : منجملہ ابواب البر کے یہاں تک پینتیس (۳۵) حکم مختلف انواع کے مذکور ہوئے بعض ان میں متعلق بعبادات ہیں گو بضمن سیاست ہوں جیسا قصاص اور روزہ اور جہاد اور انفاق فی سبیل اللہ اور حج وحرمت خمر وقمار ونماز اور مثل ان کے اور بعض متعلق بمعاشرت ہیں جیسے احکام یتامی ونکاح، رضاع وطلاق ومہر وغیرہ کے اور بعض احکام متعلق بمعاملات مثل ربوا ودین وشہادت ورہن کے ختم سورت کے قریب آویں گے اور ان سب سے جیسا کہ بذیل حکم سی و چہارم بیان ہوا مقصود اصلی توجہ الی الحق ہے اور یہ معنی عبادات میں زیادہ صراحت کے ساتھ موجود ہیں لہٰذا زیادہ مطمع نظر احکام متعلق بعبادات ٹھہرے اور پھر عبادات بھی دو طرح کے ہیں ایک وہ جن کا نفع لازمی ہو دوسرے وہ جن کا نفع متعدی ہو اور ثانی اول سے زیادہ انفع ہے اور ان عبادات مذکورہ میں سے دو عبادتیں اس معنی میں زیدہ اکمل واقوی ہیں جیسا کہ ظاہر ہے ایک جہاد کہ بذل نفس ہے سبیل اللہ میں دوسرے انفاق فی الخیر کہ بذل مال ہے سبیل اللہ میں اس لئے ان دو مضمونوں کے بیان کا اہتمام اس سورت میں اسی طرح اور مواقع میں بھی بہ نسبت اور مضامین کے بہت زیادہ کیا گیا ہے چنانچہ گذشتہ آیات میں بھی متعدد مواقع پر مختلف عنوانات سے سب احکام کے درمیان درمیان میں کہ سب جگہ پھیلے ہوئے معلوم ہوں بیان ہوا ہے جیسا وَالصّٰبِرِیْنَ الی قولہ وَحِیْنَ الْبَاْسِ میں اور وَقَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ میں اور کُتِبَ عَلَیْکُمُ الْقِتَالُ الی قولہ یَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰہِ میں صراحۃً اور فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا میں ضمناً جہاد کا بیان ہوا ہے اور وَاٰتَی الْمَالَ میں اور اَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ۲؎ میں اور دو۳؎ موقع پر یَسْئَلُوْنَکَ مَاذَا یُنْفِقُوْنَ میں انفاق کا بیان ہوا ہے اسی اہتمام کی وجہ سے آئندہ آیات میں بھی ان دونوں کا بیان پھر تفصیل کے ساتھ ہوتا ہے چنانچہ آیت وَقَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ میں جو ذرا آگے آتی ہے جہاد کا حکم مصرحاً مذکور ہے اور اسی کی تمہید کے لئے سباق کی آیت: اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ خَرَجُوْا جو ابھی آتی ہے اور اس کی تکمیل کے لئے سیاق کی آیتیں اَلَمْ تَرَ اِلَی الْمَلَاِ الخ جس میں طالوت وجالوت کا قصہ مذکور ہے نیز لائی گئی ہیں اور آیت: مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ میں جو وَقَاتِلُوْا کے بعد آتی ہے اور چار رکوعوں کی ابتداء میں جو کہ قصہ مذکور کے ختم کے بعد ہیں انفاق کی تاکید اور فضیلت اور اس کے آداب ظاہری وباطنی وغیرہ وغیرہ مضامین مذکور ہیں یہ توجیہ ہے ارتباط مضامین آیات کی۔ واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَرِجَالًا اَوْ رُکْبَانًا اس میں اصل ہے تخفیف اعمال کی عدداً بھی اور ہیئۃً بھی (کہ سفر میں قصر ہوا اور ہیئت میں توسع ہو گیا)۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله** پڑھ لیا کرو **اشارة الى تقدير عامل رجالا والمقدر كالملفوظ فصرح به فى الترجمة ۱۲۔**

الروایات: **فى لباب النقول اخرج احمد والبخارى فى تاريخه وابوداؤد والبيهقى وابن جرير عن زيد بن ثابت ان النبى صلى الله عليه وسلم كان يصلى الظهر بالهاجرة وكانت اثقل الصلوات على اصحابه فنزلت حافظوا على الصلوات والصلوٰة الوسطٰى واخرج الائمة الستة وغير هم عن زيد بن ارقم قال كنا نتكلم على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فى الصلوٰة يكلم الرجل منا صاحبه وهو الى جنبه فى الصلوٰة حتى نزلت وقوموا لله قانتين فامرنا بالسكوت ونهينا عن الكلام آه قلت ولا جل الرواية الاولٰى ذهب الشافعى الى انها الظهر واجابت الحنفية بانه ظن من الراوى انها سبب النزول فلا ينتهض حجة مع قوله عليه السلام كما اخرجه مسلم من حديث على يوم الاحزاب شغلونا عن الصلوٰة الوسطٰى صلوٰة العصر الحديث ويمكن ان يجاب عنه بانه لعله يكون مدرجا من الراوى ولم يشتغل يوم الاحزاب عن صلوٰة العصر فقط بل عن الظهر ايضا والله اعلم۔ فى لباب النقول اخرج اسحٰق بن راهويه فى تفسيره عن مقاتل بن حيان ان رجلا من اهل الطائف قدم المدينة وله اولاد رجال ونساء معه ابوه وامرأته فمات بالمدينة فرفع ذلك الى النبى صلى الله عليه وسلم فاعطى الوالدين واعطى اولاده بالمعروف ولم يعط امرأته شيئا غير انهم امروا ان ينفقوا عليها من تركة زوجها الى الحول وفيه نزلت والذين الآية وروى البخارى عن مجاهد والذين يتوفون منكم ويذرون ازواجا يتربصن الآية قال كانت هذه العدة تعتد عند اهل زوجها واجبا فانزل الله والذين يتوفون منكم ويذرون ازواجا وصية الآية قال جعل الله لها تمام السنة سبعة اشهر وعشرين ليلة وصية ان شاء ت سكنت فى وصيتها وان شاء ت خرجت فالعدة كما هى واجب عليها آه فى الحاشية هذا يدل على ان مجاهدا لا يرى نسخ الآية اه قلت اى نسخ الآية آللاحقة تلاوة بالسابقة فى العدة وان كانت منسوخة بالميراث فى الوصية ۱۲۔ فى لباب النقول اخرج ابن جرير عن ابن زيد قال لما نزلت ومتعوهن الى المحسنين قال رجل ان احسنت فعلت وان لم ارد لم افعل فانزل الله وللمطلقات اى المتقين آه قلت والتقوٰى واجب فلم يبق ما توهم وقلت ايضا لا ينافى خصوص السبب عموم**

www.besturdubooks.net

الحکم کما تقرر ۱۲۔

الفقه : استدل الشافعية برجالا على صحة صلوٰة الخائف ما شيا فلما صح يفترض عنده وقت المسايفة ايضا واجاب علمائنا انه جمع راجل بمعنى الكائن على رجليه ولو واقفا فانه مشترك معنوى بين الماشي والواقف ولما كان المشي عملا كثيرا و لم يدل نص على تجويزه كان مفسدا للصلوٰة للاطلاق ولما لم يصح ما شيا توخر وقت العجز والمسايفة كما اخر عليه السلام يوم الاحزاب وقد نزلت صلوٰة الخوف قبل ذلك في ذات الرقاع كما نقله في روح المعاني عن ابن اسحق وغيره من اهل السير ۱۲۔

اَلنَّحْوُ : كما علمكم ما لم تكونوا يشهد ذوقي بان في مالم تكونوا وضع المظهر موضع المضمر اى اذكروا الله كالذى علمكموه في الامن من الركوع والسجود والاستقبال ونحوها وصية تقديره يوصون وصية والجملة خبر الذين يتوفون وفي قراءة وصية بالرفع اى وصية الذين الخ قوله متاعا نصب بيوصون ان اضمرت والا بالوصية قوله غير اخراج حال من ازواج اى غير مخرجات ۱۲ بيضاوى۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِھِمْ وَھُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ۠ فَقَالَ لَھُمُ اللّٰہُ مُوْتُوْا ۟ ثُمَّ اَحْیَاھُمْ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَی النَّاسِ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْکُرُوْنَ ﴿۲۴۳﴾ وَقَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۲۴۴﴾ مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَہٗ لَہٗٓ اَضْعَافًا کَثِیْرَۃً ؕ وَاللّٰہُ یَقْبِضُ وَیَبْصُۜطُ ۠ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۴۵﴾

(اے مخاطب کیا) تجھ کو ان لوگوں کا قصہ تحقیق نہیں ہوا جو کہ اپنے گھروں سے نکل گئے تھے اور وہ لوگ ہزاروں ہی تھے موت سے بچنے کیلئے سواللہ تعالیٰ نے ان کیلئے (حکم) فرمادیا کہ مرجاؤ (سب مر گئے) پھر ان کو جلا دیا۔ بے شک اللہ تعالیٰ بڑا فضل کرنے والا ہے (لوگوں کے حال) پر مگر اکثر لوگ شکر نہیں کرتے۔ (اس قصہ میں غور کرو) اور اللہ کی راہ میں قتال کرو اور یقین رکھو اس بات کا کہ اللہ تعالیٰ خوب سننے والے (اور) خوب جاننے والا ہے۔ کون شخص ایسا ہے جو اللہ تعالیٰ کو قرض دے اچھے طور پر قرض دینا۔ پھر (اللہ تعالیٰ اس کے ثواب) کو بڑھا کر بہت سے حصے کر دے اور اللہ کمی کرتا ہے اور فراخی کرتا ہے اور تم اسی کی طرف (بعد مرنے کے) لے جائے جاؤ گے ﴿۲۴۵﴾

تفسیر: قصہ گریزندگاں از موت بغرض تمہید تشجیع بر قتال: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِھِمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْکُرُوْنَ ﴿۲۴۳﴾ (اے مخاطب) کیا تجھ کو ان لوگوں کا قصہ تحقیق نہیں ہوا جو کہ اپنے گھروں سے نکل گئے تھے اور وہ لوگ ہزاروں ہی تھے موت سے بچنے کے لئے سو اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے (حکم) فرمادیا کہ مرجاؤ (سب مر گئے) پھر ان کو جلا دیا بیشک اللہ تعالیٰ بڑا فضل کرنے والے ہیں لوگوں (کے حال) پر مگر اکثر لوگ شکر نہیں کرتے۔ ف : یہ پہلی امتوں سے کسی کا قصہ ہے کسی ایسے حادثہ سے بھاگے تھے جس میں موت کا اندیشہ تھا مشہور یہ ہے کہ بنی اسرائیل کی ایک جماعت تھی اور طاعون یا جہاد سے بھاگے تھے خدا تعالیٰ نے ان کو یہ بات دکھلا دی کہ موت و حیات سب خدا کے قبضہ قدرت میں ہے چنانچہ ان کو ایک دم سے موت آ گئی پھر خدا تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے اور مشہور یہ ہے کہ حضرت حزقیل علیہ السلام پیغمبر کی دعا کے بعد ان کو زندہ کر دیا تا کہ بلا سبب موت اور بلا سبب حیات دونوں کا ان کو مشاہدہ ہو جاوے اور فضل سے یا تو یہی مراد ہے خواہ زندہ کرنا یا اعتقاد درست کر دینا اور یا امت محمد یہ ﷺ کو اس قصہ کا سنانا مراد ہے کیونکہ ایسی بات بتلا دینا جس سے اصلاح عقیدہ اور عمل کی ہو بلا شبہ بڑا فضل ہے چنانچہ یہ قصہ اسی لئے سنا گیا ہے کہ جہاد وغیرہ سے بسبب خوف موت کے پسپا نہ ہوں اور موت و حیات سب قبضہ الٰہی میں سمجھیں۔

مسئلہ: فرار من الطاعون: جس طرح سے جہاد سے بھاگنا حرام ہے اسی طرح طاعون سے بھاگنا حرام ہے۔ ف : (دفع وہم تناسخ و دفع تعارض بعض آیات) مر کر زندہ ہو جانے سے تناسخ کا شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ وارد فی الشرع اس دعویٰ کا باطل کرنا ہے کہ حیات سابقہ کی جزا و سزا کی غرض سے موت کے بعد دوسرا بدن دیا جاوے اور یہاں دوسری حیات بغرض جزا و سزا نہ تھی اور مسخ کی صورت میں موت کا تخلل درمیان میں نہیں ہوتا اس لئے اس پر بھی شبہ نہیں ہو سکتا اور یہ حیات ثانیہ ان آیات کے بھی منافی نہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ مر کر قیامت سے پہلے دنیا میں آنا نہیں ہوتا کیونکہ ان آیات میں نفی عادت کی مقصود ہے اور یہ حیات بطور خرق عادت کے احیا نا ہوئی ہے لہٰذا کوئی تعارض نہیں۔

ربط : آگے اس تمہید سے جو مقصود تھا اس کی تصریح فرماتے ہیں اور یہ مقصود پہلے بھی چند جگہ آ چکا ہے۔ لیکن غرض ہر موقع کی جدا ہے چنانچہ: وَقَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ

www.besturdubooks.net

اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ میں خاص حرم اور حرام میں قتال جائز ہونے کا شبہ رفع کرنا تھا اور كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ میں قتال کی فرضیت بیان کرنا تھا اور یہاں تشجیع اور ہمت دلانا بقرینہ سباق وسیاق مقصود ہے پس اس میں اور بقیہ مقامات میں فرق ظاہر ہے۔

تشجیع بر قتال: وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ (اس قصہ مذکورہ میں غور کرو) اور اللہ کی راہ میں قتال کرو اور یقین رکھو اس بات کا کہ اللہ تعالیٰ خوب سننے والے اور خوب جاننے والے ہیں (جہاد کرنے اور نہ کرنے والوں کی باتیں سنتے ہیں اور ہر ایک کی نیت جانتے ہیں اور سب کو جزائے مناسب دینگے)۔

ربط: جہاد میں جان خرچ کرنے کے ساتھ آگے مال خرچ کرنے کا بیان فرماتے ہیں اور گو انفاق کا بیان اوپر بھی آ چکا ہے اور آگے بھی آوے گا لیکن ہر مقام کا مقصود بالبیان جداگانہ امر ہے چنانچہ ذرا غور سے معلوم ہو سکتا ہے۔

ترغیب انفاق در خیر جہاد وغیرہ: مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا (الی قولہ تعالی) وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ ۔ کون شخص ہے (ایسا) جو اللہ تعالیٰ کو قرض دے اچھے طور پر قرض دینا (یعنی اخلاص کیساتھ) پھر اللہ تعالیٰ اُس (قرض کے ثواب) کو بڑھا کر بہت سے حصے کر دیوے اور (اس کا اندیشہ مت کرو کہ خرچ کرنے سے مال کم ہو جاوے گا کیونکہ یہ تو) اللہ (ہی کے قبضہ میں ہے وہی) کمی کرتے ہیں اور (وہی) فراخی کرتے ہیں (کچھ خرچ کرنے نہ کرنے پر اس کا اصلی مدار نہیں) اور تم اسی کی طرف (بعد مرنے کے) لیجائے جاؤ گے (سو اُس وقت نیک کام میں خرچ کرنے کی جزا اور واجب موقع پر خرچ نہ کرنے کی سزا تم کو ملے گی۔

ف: قرض مجازاً کہہ دیا ورنہ سب خدا ہی کی ملک ہے مطلب یہ کہ جیسے قرض کا عوض ضروری دیا جاتا ہے اسی طرح تمہارے انفاق کا عوض ضرور ملے گا اور بڑھانے کا بیان ایک حدیث میں آیا ہے کہ ایک خرما اللہ کی راہ میں خرچ کیا جاوے تو خدا تعالیٰ اُس کو اتنا بڑھاتے ہیں کہ وہ احد پہاڑ سے بڑا ہو جاتا ہے آہ اور ہر شخص جانتا ہے کہ اگر احد پہاڑ کے ٹکڑے خرما کے برابر کئے جاویں بیشمار ہوں گے تو اس حساب سے افزونی کی حد سات سو تک نہیں رہی اور شان نزول سے بھی یہی بات معلوم ہوتی ہے چنانچہ حدیث میں ہے کہ جب وہ سات سو والی آیت نازل ہوئی تو پیغمبر ﷺ نے دعا کی کہ اے رب میری امت کو اور زیادہ دیجئے اس پر یہ آیت نازل ہوئی لباب النقول میں بسند ابن حبان وابن ابی حاتم وابن مردویہ بروایت حضرت ابن عمرؓ اس کو نقل کیا ہے۔

ربط: مقصود مقام میں زیادہ ترغیب قتال کی ہے اوپر کا قصہ اسی کی تمہید ہے انفاق کا مضمون اسی کی تائید ہے آگے طالوت وجالوت کا قصہ اسی کی تاکید ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُطُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ۔ اس میں اس طرف بھی رمز ہے کہ مرجع قبض اور بسط دونوں میں حق تعالیٰ ہے کیونکہ دونوں موصل الی اللہ اور اس کے ظہور تجلیات کے آئینے ہیں پس دونوں محمود ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ بڑا فضل حملا للتنوين على التفخيم اى لذو فضل كبير ۱۲۔ ۲ قولہ غور کرو اشارة الى تقدير المعطوف عليه ۱۲۔ ۳ قولہ اخلاص کے ساتھ كذا فى البيضاوى ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فيضاعفه قرأ عاصم بالنصب على جواب الاستفهام حملا على المعنى فان من ذا الذى يقرض الله فى معنى ايقرض الله احد وفى قراءة بالرفع عطفا على يقرض وفى قراءة يضعفه بالتشديد من التفعيل ۱۲ من البيضاوى الا قصة العطف۔

اللغات: الضعف المثل كذا فى روح المعانى ۱۲۔

النحو: قرضا حسنا اى اقراضا مفعول مطلق فيضاعفه له اى جزاءه على حذف المضاف اضعافا حال من الضمير المنصوب او المفعول الثانى لتضمن المضاعفة معنى التصيير من البيضاوى ۱۲۔

البلاغۃ: قال البيضاوى تعجيب وتقرير لمن سمع لقصتهم من اهل الكتاب وارباب التواريخ وقد يخاطب به من لم يسمع فانه صار مثلا فى التعجيب ۱۲۔ يضاعفه اخرجه على صورة المغالبة للمبالغة ۱۲ بيضاوى۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنْ بَعْدِ مُوْسٰى اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا

نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَمَا لَنَآ

اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ

www.besturdubooks.net

تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۴۶﴾ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ؕ قَالُوْٓا اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِى الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤْتِىْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۷﴾

(اے مخاطب) کیا تجھ کو بنی اسرائیل کی جماعت کا قصہ جو موسیٰ علیہ السلام کے بعد ہوا ہے تحقیق نہیں ہوا۔ جب کہ ان لوگوں نے اپنے ایک پیغمبر سے کہا کہ ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر کر دیجئے کہ ہم اللہ کی راہ میں (جالوت سے) قتال کریں۔ ان پیغمبروں نے فرمایا کہ کیا یہ احتمال ہے کہ اگر تم کو جہاد کا حکم دیا جائے کہ تم (اس وقت) جہاد نہ کرو وہ لوگ کہنے لگے کہ ہمارے واسطے ایسا کون سا سبب ہوگا کہ ہم اللہ کی راہ میں جہاد نہ کریں حالانکہ ہم اپنی بستیوں اور اپنے فرزندوں سے بھی جدا کر دیئے گئے ہیں۔ پھر جب ان لوگوں کو جہاد کا حکم ہوا تو باستثنا ایک قلیل تعداد کے (باقی) سب پھر گئے اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو خوب جانتے ہیں اور ان لوگوں سے ان کے پیغمبر نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر طالوت کو بادشاہ مقرر فرمایا کہنے لگے ان کو ہم پر حکمرانی کا کیسے حق حاصل ہو سکتا ہے حالانکہ بہ نسبت ان کے ہم حکمرانی کے زیادہ مستحق ہیں اور ان کو تو کچھ مالی وسعت بھی نہیں دی گئی ان پیغمبر نے (جواب دیا) فرمایا کہ (اول تو) اللہ تعالیٰ نے تمہارے مقابلہ میں ان کو منتخب فرمایا ہے اور (دوسرے) علم اور جسامت میں ان کو زیادتی دی ہے اور (تیسرے) اللہ تعالیٰ اپنا ملک جس کو چاہیں دیں اور (چوتھے) اللہ تعالیٰ وسعت دینے والا ہے جاننے والا ہے۔

تفسیر: قصہ طالوت و جالوت: اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۴۶﴾ (اے مخاطب) کیا تجھ کو بنی اسرائیل کی جماعت کا قصہ جو موسیٰ علیہ السلام کے بعد ہوا ہے تحقیق نہیں ہوا (جس سے پہلے ان پر جالوت کافر غالب آ چکا تھا اور ان کے کئی صوبے اس نے دبا لئے تھے) جب کہ ان لوگوں نے اپنے ایک پیغمبر سے کہا کہ ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر کر دیجئے کہ ہم (اس کے ساتھ ہو کر) اللہ کی راہ میں (جالوت سے) قتال کریں اس پیغمبر نے فرمایا کہ کیا یہ احتمال ہے اگر تم کو جہاد کا حکم دیا جاوے کہ تم (اس وقت) جہاد نہ کرو وہ لوگ کہنے لگے کہ ہمارے واسطے ایسا کون سبب ہوگا کہ ہم اللہ کی راہ میں جہاد نہ کریں حالانکہ (جہاد کے لئے ایک اور محرک بھی ہے وہ یہ کہ) ہم (ان کافروں کے ہاتھوں) اپنی بستیوں اور اپنے فرزندوں سے بھی جدا کر دیئے گئے ہیں (کیونکہ ان کی بعض بستیاں بھی ان کافروں نے دبا لی تھیں اور ان کی اولاد کو بھی قید کر لے گئے تھے) پھر جب ان لوگوں کو جہاد کا حکم ہوا تو باستثناء ایک قلیل مقدار کے (باقی) سب پھر گئے (جیسا کہ آگے جہاد کی غرض سے بادشاہ کے مقرر ہونے کا اور ان لوگوں کے پھر جانے کا تفصیلاً بیان آتا ہے) اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو (یعنی خلاف حکم کرنے والوں کو) خوب جانتے ہیں (سب کو مناسب سزا دینگے) **ف:** ان بنی اسرائیل نے حق تعالیٰ کے احکام کو چھوڑ دیا تھا کفار عمالقہ ان پر مسلط کر دیئے گئے اس وقت ان لوگوں کو فکر اصلاح ہوئی اور اس پیغمبر کا نام شمویل مشہور ہے۔

بقیہ قصہ: وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ؕ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۷﴾۔ اور ان لوگوں سے ان کے پیغمبر نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر طالوت کو بادشاہ مقرر فرمایا کہنے لگے ان کو ہم پر حکمرانی کا کیسے حق حاصل ہو سکتا ہے حالانکہ بہ نسبت ان کے ہم حکمرانی کے زیادہ مستحق ہیں اور ان کو کچھ مالی وسعت بھی نہیں دی گئی (کیونکہ طالوت غریب آدمی تھے) ان پیغمبر نے (جواب میں) فرمایا کہ (اول تو) اللہ تعالیٰ نے تمہارے مقابلہ میں ان کو منتخب فرمایا ہے (اور انتخاب کی مصلحتوں کو اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں) اور (دوسرے) علم (سیاست) اور جسامت میں اس کو زیادتی دی ہے (اور بادشاہ ہونے کے لئے اس علم کی زیادہ ضرورت ہے تاکہ ملکی انتظام پر قادر ہو اور جسامت بھی بایں معنی مناسب ہے کہ موافق و مخالف کے قلب میں وقعت و ہیبت ہو) اور (تیسرے) اللہ تعالیٰ (مالک الملک ہیں) اپنا ملک جس کو چاہیں دیں (ان سے کوئی سوال کا منصب نہیں رکھتا) اور (چوتھے) اللہ تعالیٰ وسعت دینے والے ہیں (ان کو مال دیدینا کیا مشکل ہے جس کے اعتبار سے تم کو شبہ ہے اور جاننے والے ہیں (کہ کون لیاقت سلطنت کی رکھتا ہے۔

اللغات: الملا جماعة يجتمعون للتشاور لا واحد له كالقوم ١٢ بيضاوى فى القاموس وسع ككرم وساعة وسعة واللهم سع علينا اى وسع آه فسعة مصدر وواسع بمعنى موسع بالتشديد١٢۔

النحو: هل عسيتم فصل بين عسى وخبره بالشرط والمعنى اتوقع جبنكم من القتال ان كتب عليكم فادخل هل على فعل التوقع مستفهما عما هو المتوقع عنده تقريرًا وتثبيتًا آه بيضاوى واعترض بان هل لمّا دخل على التوقع كان الاستفهام عنه لا عن المتوقع

www.besturdubooks.net

وھوخلاف المقصود واجیب کما فی روح المعانی ان الاستفھام دخل علی جملة مشتملة علی توقع ومتوقع لا سبیل الی الاول لان الرجل لا یستفھم عن توقعه فتعین ان یکون عن المتوقع آه قوله وما لنا فی روح المعانی ای ما الداعی لنا الی ان لا نقاتل وھو خبر عن ما والشائع فی مثل ھذا الترکیب ما لنا نفعل او لا نفعل علی ان الجملة حال والاخفش ادعی زیادة ان ۱۲۔

البلاغة: وانما ذکر فی معرض الشرط کتابة القتال دون ما التمسوہ مع انه اظھر تعلقا بکلامھم مبالغة فی بیان تخلفھم عنه فانھم اذا لم یقاتلوا عند فرضیة القتال علیھم بایجاب الله تعالی فلان لا یقاتلوا عند عدم فرضیة اولی آه روح المعانی ۱۲۔

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ
ع ٣٢ ١٦ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۴۸﴾ فَلَمَّا فَصَلَ
طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّىْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ
فَاِنَّهٗ مِنِّىْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةًۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ
مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۲۴۹﴾ وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ
وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾
فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۣۙ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا
يَشَاۗءُ ۭ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ ۙ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى
الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۵۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۵۲﴾

اور ان سے ان کے پیغمبر نے فرمایا کہ ان کے (منجانب اللہ) بادشاہ ہونے کی یہ علامت ہے کہ تمہارے پاس وہ صندوق آ جائے گا۔ جس میں تسکین (اور برکت کی چیز) ہے تمہارے رب کی طرف سے اور کچھ بچی ہوئی چیزیں ہیں جن کو حضرت موسیٰ وہارون (علیہما السلام) چھوڑ گئے ہیں۔ اس صندوق کو فرشتے لے آئیں گے اس میں تم لوگوں کے لئے پوری نشانی ہے اگر تم یقین لانے والے ہو۔ پھر جب طالوت فوجوں کو لے کر (بیت المقدس سے عمالقہ کی طرف) چلے تو انہوں نے کہا کہ حق تعالیٰ تمہارا امتحان کریں گے ایک نہر سے سو جو شخص (افراط کے ساتھ) اس سے پانی پئے گا تو وہ میرے ساتھیوں میں نہیں اور جو اس کو زبان پر بھی نہ رکھے وہ میرے ساتھیوں میں ہے لیکن جو شخص اپنے ہاتھ سے ایک چلو بھر لے۔ سو جب سب نے اس سے (بے تحاشا) پینا شروع کر دیا مگر تھوڑے آدمیوں نے ان میں سے سو جب طالوت اور جو مومنین ان کے ساتھ تھے نہر سے پار اتر گئے کہنے لگے کہ آج تو ہم میں جالوت اور اس کے لشکر کے مقابلہ کی طاقت نہیں معلوم ہوتی۔ (یہ سن کر) ایسے لوگ جن کو یہ خیال تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے روبرو پیش ہونے والے ہیں' کہنے لگے کہ کثرت ہے بہت سی چھوٹی چھوٹی جماعتیں بڑی بڑی جماعتوں پر خدا کے حکم سے غالب آ گئی ہیں اور اللہ تعالیٰ استقلال والوں کا ساتھ دیتا ہے اور جب جالوت اور اس کی فوجوں کے سامنے میدان میں آئے تو کہنے لگے اے ہمارے پروردگار ہم پر استقلال (غیب سے) نازل فرمایئے اور ہمارے قدم جمائے رکھے اور ہم کو اس کافر قوم پر غالب کیجئے۔ پھر طالوت والوں نے جالوت والوں کو خدا کے حکم سے شکست دی اور داؤد علیہ السلام نے جالوت کو قتل کر ڈالا اور ان کو (یعنی داؤد) کو اللہ تعالیٰ نے سلطنت اور حکمت عطا فرمائی اور بھی جو جو منظور ہوا ان کو تعلیم فرمایا اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ اللہ تعالیٰ بعضے آدمیوں کو بعضوں کے ذریعہ سے دفع کرتے رہا کرتے ہیں۔ تو سرزمین (تمام تر) فساد سے پُر ہو جاتی لیکن اللہ تعالیٰ بڑے فضل والے ہیں جہان والوں پر یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو صحیح صحیح طور پر ہم تم کو پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں اور (اس سے ثابت ہوا کہ) بلاشبہ پیغمبروں میں سے ہیں ۞

تفسیر: بقیہ: وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ (الی قوله تعالیٰ) اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۴۸﴾۔ اور (جب ان لوگوں نے پیغمبر سے یہ درخواست کی کہ اگر کوئی ظاہری

www.besturdubooks.net

حجت بھی ان کی من جانب اللہ بادشاہ ہونے کی ہم مشاہدہ کرلیں تو اور زیادہ اطمینان ہو جاوے اس وقت) ان سے ان کے پیغمبر نے فرمایا کہ ان کے (من جانب اللہ) بادشاہ ہونے کی یہ علامت ہے کہ تمہارے پاس وہ صندوق (بدون تمہارے لائے ہوئے) آ جاوے گا جس میں تسکین (اور برکت) کی چیز ہے تمہارے رب کی طرف سے (یعنی توراۃ اور توراۃ کا من جانب اللہ ہونا ظاہر ہے) اور کچھ بچی ہوئی چیزیں ہیں جن کو حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام چھوڑ گئے ہیں (یعنی ان حضرت کے کچھ ملبوسات وغیرہ غرض) اس صندوق کو فرشتے لے آویں گے اس (طرح سے صندوق کے آ جانے) میں تم لوگوں کے واسطے پوری نشانی ہے اگر تم یقین لانے والے ہو۔ ف: اس صندوق میں تبرکات تھے جالوت جب بنی اسرائیل پر غالب آیا تھا یہ صندوق بھی لے گیا تھا جب اللہ کو اس صندوق کا پہنچانا منظور ہوا تو یہ سامان کیا کہ جہاں اس صندوق کو رکھتے وہاں ہی سخت سخت بلائیں نازل ہوتیں آخر ان لوگوں نے ایک گاڑی پر اس کو لاد کر بیلوں کو ہانک دیا فرشتے اس کو ہانک کر یہاں پہنچا گئے جس سے بنی اسرائیل کو بڑی خوشی ہوئی اور طالوت بادشاہ مسلم ہو گئے۔

بقیہ: فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوتُ بِالْجُنُودِ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۔ پھر جب (بنی اسرائیل نے طالوت کو بادشاہ تسلیم کر لیا اور جالوت کے مقابلہ کے لئے لوگ جمع ہو گئے اور) طالوت فوجوں کو لے کر (اپنے مقام یعنی بیت المقدس سے عمالقہ کی طرف) چلے تو انہوں نے (ہمراہی پیغمبر کی وحی سے دریافت کر کے ساتھیوں سے) کہا کہ حق تعالیٰ (استقلال و بے استقلالی میں) تمہارا امتحان کریں گے ایک نہر سے (جو راہ میں آوے گی اور شدت تشنگی کے وقت اس پر گذر و گے) سو جو شخص اس سے (افراط کے ساتھ) پانی پیوے گا وہ تو میرے ساتھیوں میں سے نہیں اور جو اس کو زبان پر بھی نہ رکھے (اصل حکم یہی ہے) وہ میرے ساتھیوں میں ہے لیکن جو شخص اپنے ہاتھ سے ایک چلو بھر لے (تو اتنی رخصت ہے غرض وہ نہر راستہ میں آئی پیاس کی تھی شدت) سو سب نے اس سے (بے تحاشا) پینا شروع کر دیا مگر تھوڑے سے آدمیوں نے ان میں سے (احتیاط کی کسی نے بالکل نہ پیا ہو گا کسی نے چلو سے زیادہ نہ پیا ہو گا) سو جب طالوت اور جو مومنین ان کے ہمراہ تھے نہر سے پار اتر گئے (اور اپنے مجمع کو دیکھا کہ تھوڑے سے آدمی رہ گئے اس وقت بعضے آدمی آپس میں) کہنے لگے کہ آج تو (ہمارا مجمع اتنا کم ہے کہ اس حالت سے) ہم میں جالوت اور اس کے لشکر کے مقابلہ کی طاقت نہیں معلوم ہوتی (یہ سن کر) ایسے لوگ جن کو یہ خیال (پیش نظر) تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے روبرو پیش ہونے والے ہیں کہنے لگے کہ کثرت سے (ایسے واقعات ہو چکے ہیں کہ) بہت سے چھوٹی چھوٹی جماعتیں بڑی بڑی جماعتوں پر خدا کے حکم سے غالب آ گئی ہیں۔ (اصل چیز استقلال ہے) اور اللہ تعالیٰ استقلال والوں کا ساتھ دیتے ہیں۔ ف: اس امتحان کی حکمت اور توجیہ احقر کے ذوق میں یہ معلوم ہوتی ہے کہ ایسے مواقع پر جوش و خروش میں بھیڑ بھڑ کا بہت ہو جایا کرتا ہے لیکن وقت پر جمنے والے کم ہوتے ہیں اور اس وقت ایسوں کا اکھڑ جانا باقی لوگوں کے پاؤں بھی اکھاڑ دیتا ہے اللہ تعالیٰ کو ایسے لوگوں کا علیحدہ کرنا منظور تھا اس کا یہ امتحان مقرر کیا گیا جو کہ نہایت ہی مناسب ہے کیونکہ قتال میں ضرورت استقلال و جفاکشی کی ہوتی ہے سو شدت پیاس کے وقت بے منت پانی ملنے پر ضبط کرنا دلیل استقلال کی اور اندھے باؤلوں کی طرح جا گرنا دلیل بے استقلالی کی ہے آگے خرق عادت ہے کہ زیادہ پانی پینے والے غیبی طور پر بھی زیادہ بیکار اور از کار رفتہ ہو گئے جیسا روح المعانی میں بسند ابن ابی حاتم حضرت ابن عباسؓ سے روایت کیا ہے اور اس قصہ میں جو احوال و اقوال مذکور ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں تین قسم کے لوگ تھے ناقص الایمان جو امتحان میں پورے نہ اُترے اور کامل جو امتحان میں پورے اترے مگر اپنی قلت کی فکر ہوئی اور اکمل جن کو یہ بھی فکر نہیں ہوئی۔

بقیہ: وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ (الی قولہ تعالی) وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ اور جب (دیارِ عمالقہ میں پہنچے اور) جالوت اور اس کی فوجوں کے سامنے میدان میں آئے تو (دعا میں حق تعالیٰ سے) کہنے لگے کہ اے ہمارے پروردگار ہم پر (یعنی ہمارے قلوب پر) استقلال (غیب سے) نازل فرمایئے اور (مقابلہ کے وقت) ہمارے قدم جمائے رکھئے اور ہم کو اس کافر قوم پر غالب کیجئے۔ ف: اس دعا کی ترتیب بڑی پاکیزہ ہے کہ غلبہ کے لئے چونکہ ثبات قدمی کی ضرورت ہے اس لئے پہلے اس کی دعا کی اور ثابت قدم کا مدار ثبات قلب پر ہے اس لئے اس سے پہلے ثبات قلب کی دعا کی۔

بقیہ: فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۔ پھر طالوت والوں نے جالوت والوں کو خدا تعالیٰ کے حکم سے شکست دے دی اور داؤد علیہ السلام نے (جو کہ اس وقت طالوت کے لشکر میں تھے اور اس وقت تک نبوت وغیرہ نہ ملی تھی) جالوت کو قتل کر ڈالا اور مظفر و منصور واپس آئے) اور (اس کے بعد) ان کو (یعنی داؤد علیہ السلام کو) اللہ تعالیٰ نے سلطنت اور حکمت (کہ یہاں عبارت نبوت سے ہے) عطا فرمائی اور بھی جو جو منظور ہوا ان کو تعلیم فرمایا (جیسے بلا آلات زرہ بنانا اور جانوروں کی بولی سمجھنا آگے اس واقع کی مصلحت عامہ فرماتے ہیں) اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ اللہ

www.besturdubooks.net

تعالیٰ بعضے آدمیوں کو (جو کہ مفسد ہوں) بعضوں کے ذریعہ سے (جو کہ مصلح ہوں وقتاً فوقتاً) دفع کرتے رہا کرتے ہیں (یعنی اگر مصلحین کو مفسدین پر غالب نہ کرتے رہتے) تو سرزمین (تمام تر) فساد سے پر ہو جاتی ولیکن اللہ تعالیٰ بڑے فضل والے ہیں جہان والوں پر (اس لئے وقتاً فوقتاً اصلاح فرماتے رہتے ہیں)

ف: اور کبھی اس کا عکس جو ہو جاتا ہے اس میں کچھ اور مصلحتیں ہوتی ہیں لیکن اصلی مقصود غلبہ اہل حق کا ہوتا ہے چنانچہ آخرانجام اسی پر قرار پاتا ہے جیسا کہ حدیث اور مشاہدہ دونوں شاہد ہیں۔ ف: قصہ میں عیسائیوں نے کچھ شبہات کئے ہیں ان کا جواب مع تقریر شبہات تفسیر حقانی میں مذکور ہے۔

ربط: چونکہ قرآن کے اعظم مقاصد سے اثبات نبوت محمدیہ بھی ہے اس لئے اکثر جس جگہ مضمون کے ساتھ مناسبت ہونے سے موقع ہوتا ہے وہاں اس کا اعادہ کیا جاتا ہے چنانچہ اس مقام پر اس قصہ کی صحیح خبر دینا ایسے طور پر ہے کہ نہ آپ نے کہیں پڑھا نہ کسی سے سنا نہ آپ نے دیکھا بوجہ معجزہ ہونے کے صریح دلیل ہے صدق دعوائے نبوت کی اس لئے آگے رسول اللہ ﷺ کی نبوت پر استدلال فرماتے ہیں۔

استدلال بر نبوت محمدیہ ﷺ: تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ یہ (آیتیں جن میں یہ قصہ مذکور ہوا) اللہ تعالیٰ کی آیتیں ہیں جو صحیح صحیح طور پر ہم تم کو پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں اور (اس سے ثابت ہوتا ہے کہ) آپ بلاشبہ پیغمبروں میں سے ہیں۔

ربط: چونکہ اوپر کی آیت میں ضمناً پیغمبروں کا مجملاً ذکر آ گیا تھا اس لئے اگلی آیت میں کسی قدر تفصیل ان میں سے بعض حضرات کے احوال و کمالات کی اور پھر ان کے ذکر کی مناسبت سے ان کے امم کی ایک حالت خاصہ اور اس حالت کے واقع فی الوجود ہونے کی متضمن حکمت و مصلحت الٰہیہ ہونے کی طرف اشارہ یہ سب مضامین مذکور ہوتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: يَاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ اس میں اصل ہے آثار صالحین سے برکت حاصل کرنے کی۔

ملحقات الترجمۃ: ١ قوله اور اصل حکم الی قوله رخصت تنبيه على ان عدم الطعم عزيمة والاغتراف رخصة فلا تعارض فيهما فافهم ١٢ـ ٢ قوله پیش نظر تھا فالظن ههنا محصله العرفان الكامل الذى يسمى مشاهدة والظن مشترك معنوى هذا وادناه الزعم بلا دليل او خلاف دليل ١٢ـ

اللغات: التابوت الصندوق فعلوت من التوب فانه لا يزال يرجع اليه ما يخرج منه ١٢ بيضاوى الطعم ما يؤديه الذوق وليس هو نفس الذوق فمن فسره به على هذا فقد توسع وعلى التقديرين استعمال طعم الماء بمعنى ذاق طعمه مستفيض لا يعاب وما استعماله بعمنى شربه واتخذه طعاما فقبيح الا ان يقتضيه المقام كذا فى روح المعانى الفئة قال البيضاوى الفرقة من الناس من فاء ت رأسه اذا اشققته او من فاء اذا رجع فوزنها فعة او فلة آه ١٢ـ برزوا قال الجلبى الارض الفضاء التى لا حجاب فيها يقال لها البراز فكان البروز الحضور فى الارض البراز آه الافراغ الصب كذا فى القاموس ١٢ـ

النحو: مما عندى من للبيان فالبقية هى ما ترك آل موسىٰ وآل هارون سماها البقية لبقائها عنهما ١٢ـ

البلاغۃ: الأل مقحم لتفخيم شانهما ١٢ بيضاوى تحمله اما حقيقة او مجازا على حد حمل زيد متاعى الى مكة ١٢ روح المعانى قلت واخترت المجاز لمساعدة القصة المنقولة قوله فليس منى فى روح المعانى اى من اشياعى او ليس بمتصل بى ومتحد معى فمن اتصالية وهى غير التبعيضية عند بعض وكانها بيانية عنده وعينها عند آخرين قوله الا من اغترف استثناء من الموصول الاول او ضميره فى الخبر وفائدة تقديم الجملة الثانية الايذان بانها من تتمة الاولىٰ وان الغرض منها تاكيدها وتتميمها نهيا عن الشرب من كل وجه وافادة ان المغترف ليس بذائق حكما فيوكد ترخيص الاغتراف ولو اخرت لم تفد هذه الفوائد ولا ختل النظم لدلالة الاستثناء اذ ذاك على ان المغترف متحد معه دلالة الجملة الثانية بمفهومها على انه غير متحد معه كذا فى روح المعانى ١٢ـ قوله مما يشاء ظاهر المقام مما شاء ولعل اختيار المضارع لافادة التجدد اى شاء شيئا اولا فاعطاه ثم شاء شيئًا فاعطاه ثم و ثم ١٢ـ

www.besturdubooks.net

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ

مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا

جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۫ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۲۵۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِىَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا

خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۵۴﴾

یہ حضرات مرسلین ایسے ہیں کہ ہم نے ان میں سے بعضوں کو بعضوں پر فوقیت بخشی ہے (مثلاً) بعضے ان میں سے وہ ہیں جن سے اللہ تعالیٰ ہمکلام ہوئے ہیں (یعنی موسیٰ علیہ السلام) اور بعضوں کو اس نے بہت سے درجوں میں سرفراز کیا اور ہم نے عیسیٰ بن مریم (علیہما السلام) کو کھلے کھلے دلائل عطا فرمائے اور ہم نے ان کی تائید (روح القدس یعنی جبریل) سے فرمائی اور اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو (امت کے) جو لوگ ان کے بعد ہوئے ہیں باہم قتل وقتال نہ کرتے بعد اس کے کہ ان کے پاس (امر حق) کے دلائل پہنچ چکے تھے لیکن وہ لوگ باہم (دین میں) مختلف ہوئے سو ان میں کوئی تو ایمان لایا اور کوئی کافر رہا (اور نوبت قتل وقتال کی پہنچی) اور اگر اللہ کو منظور ہوتا تو وہ لوگ قتل وقتال نہ کرتے لیکن اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے وہی کرتا ہے۔ اے ایمان والو خرچ کرلو ان چیزوں سے جو تم کو دی ہیں قبل اس کے کہ وہ دن (قیامت کا) آ جائے جس میں نہ تو خرید و فروخت ہوگی اور نہ دوستی ہوگی اور نہ (بلا اذنِ الٰہی) کوئی سفارش ہوگی اور کافر ہی لوگ ظلم کرتے ہیں (تو تم ایسے مت بنو)۞

تفسیر: **فصیل احوال بعض انبیاء وامم:** تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۲۵۳﴾ یہ حضرات مرسلین (جن کا ذکر ابھی اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ میں آیا ہے) ایسے ہیں کہ ہم نے ان میں سے بعضوں کو بعضوں پر فوقیت بخشی ہے (مثلاً) بعضے ان میں وہ ہیں جن سے اللہ تعالیٰ (بلا واسطہ فرشتہ کے) ہم کلام ہوئے ہیں (مراد موسیٰ علیہ السلام) اور بعضوں کو ان میں بہت سے درجوں میں (اعلیٰ مقام سے) سرفراز کیا اور ہم نے حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کو کھلے کھلے دلائل (یعنی معجزات) عطا فرمائے اور ہم نے ان کی تائید روح القدس (یعنی جبرئیل علیہ السلام) سے فرمائی (کہ ہر وقت یہود سے ان کی حفاظت کرنے کے لئے ساتھ رہتے تھے) اور اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو (امت کے) جو لوگ ان (پیغمبروں) کے بعد ہوئے ہیں (کبھی دین میں اختلاف کر کے) باہم قتل وقتال نہ کرتے بعد اس کے کہ ان کے پاس (امر حق کے) دلائل پیغمبروں کی معرفت) پہنچ چکے تھے (جن کا مقتضا تھا دین حق کے قبول پر متفق رہنا) لیکن (چونکہ اللہ تعالیٰ کو بعض حکمتیں منظور تھیں اس لئے ان میں اتفاق دینی نہیں پیدا کیا بلکہ) وہ لوگ باہم (دین میں) مختلف ہوئے سو ان میں کوئی تو ایمان لایا اور کوئی کافر رہا (پھر اس اختلاف میں نوبت بہ قتل وقتال بھی پہنچ گئی) اور اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو وہ لوگ باہم قتل وقتال نہ کرتے لیکن اللہ تعالیٰ (اپنی حکمت سے) جو چاہتے ہیں (اپنی قدرت سے) وہی کرتے ہیں۔ **ف:** احقر کے ذوق میں اس مضمون میں ایک گونہ تسلی دینا ہے جناب رسول اللہ ﷺ کو یعنی جب آپ کی رسالت دلیل سے ثابت تھی جس کو اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ میں بھی بیان فرمایا ہے اور پھر بھی منکرین نہ مانتے تھے تو یہ محل تھا آپ کے رنج وافسوس کا اس لئے اللہ تعالیٰ نے یہ بات سنادی کہ اور بھی پیغمبر مختلف درجوں کے گذرے ہیں لیکن ایمان عام کسی کی امت میں نہیں ہوا کسی نے موافقت کی کسی نے مخالفت اور اس میں بھی حق تعالیٰ کی حکمتیں ہوتی ہیں گو ہر شخص پر منکشف نہ ہوں مگر اجمالاً اتنا عقیدہ ضروری الثبوت والتسلیم ہے کہ کوئی حکمت ضرور ہے اور زیادہ تفصیل اس مسئلہ تقدیر کی شروع سورۃ آیت: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا الخ وآیت خَتَمَ اللّٰهُ الخ میں مذکور ہو چکی ہے اور موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہم کلامی گو بلا واسطہ فرشتے کے ہو مگر بے حجاب نہ تھی پس سورۂ شوریٰ میں جو آیت ہے: مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ الخ اس سے کچھ تعارض نہیں البتہ بعد موت کے بے حجاب ہونا بھی شرعاً ممکن ہے پس وہ آیت دنیا کے اعتبار سے ہے۔

ربط: اوپر آیت: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا کے ذیل میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے کہ ابواب البر میں سے دو امر کا بیان زیادہ اہتمام سے ہوا ہے ان میں سے ایک انفاق فی سبیل اللہ ہے چنانچہ آئندہ رکوع اور اس سے تیسرا رکوع اور اس سے آگے کا اور پھر اس سے آگے کا سب اسی مضمون سے شروع ہوئے ہیں اور مقصود سب جگہ جداگانہ ہے چنانچہ یہاں طرزِ کلام میں غور کرنے سے زیادہ مقصود ترغیب دینا معلوم ہوتا ہے تعجیل فی الانفاق کی اور گنجائش مال اور وقت کو غنیمت سمجھنے کی۔

تعجیل انفاق فی سبیل اللہ: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا (الی قولہ تعالیٰ) وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۵۴﴾ اے ایمان والو خرچ کرلو ان چیزوں سے جو ہم نے

www.besturdubooks.net

تم کو دی ہیں قبل اس کے کہ وہ دن آ جاوے (یعنی قیامت کا دن) جس میں (کوئی چیز اعمال خیر کا بدل نہ ہو سکے گی کیونکہ اس میں) نہ تو خرید و فروخت ہوگی (کہ کوئی چیز دے کر اعمال خیر خرید کرلو اور نہ ایسی دوستی ہوگی کہ کوئی تم کو اپنے اعمال خیر ؒ دیدے) اور نہ (بلا اذنِ الٰہی کسی کی) کوئی سفارش ہوگی (جس سے اعمال خیر کی تم کو حاجت نہ رہے) اور کافر ہی لوگ ظلم کرتے ہیں (کہ اعمال اور مال کو بے موقع استعمال کرتے ہیں اس طرح کہ طاعات بدنیہ و مالیہ کو ترک اور معصیت مالیہ و بدنیہ کو اختیار کرتے ہیں تو تم ایسے مت بنو۔ **ف**: مطلب یہ ہے کہ جو عمل خیر دنیا میں فوت ہو جاوے گا پھر وہاں اس کا کچھ تدارک قدرت سے خارج ہو جاوے گا چنانچہ تدارک کے طریقوں میں سے بعض طریقے تو خود نہ ہونگے جیسے بیع اور بعضے عام نہ ہوں گے جیسا دوستی بعضے اختیاری نہ ہوں گے جیسے شفاعت کیونکہ داخل تحت القدرۃ ہونے کے لئے تو یہ سب امور ضروری ہیں خود اس طریقہ کا وجود پھر عموم یعنی اکثری ہونا پھر اختیاری ہونا پس اس سے نہ تو مطلق دوستی کی نفی لازم آئی چنانچہ قرآن مجید میں: اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ سے وجود خلت کا اور اگلی ہی آیت میں: مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ۔ سے وجود شفاعت کا خود مفہوم و منصوص ہے لیکن اس خلت و شفاعت پر بھی اعمال خیر کی کسی درجہ میں تو حاجت ہوگی اقل درجہ ایمان ہی سہی اور مقصود اس سے قیامت کے دن ثمرات اعمال خیر کے اکتساب پر قادر نہ ہونے کا یاد دلانا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ مقصود وعید سنانا ہے ترکِ انفاق پر اس لئے انہوں نے اس انفاق سے زکوۃ مراد لی ہے اور فرض کا ترک موجب وعید ہوتا ہے اور کافر کی تفسیر تارکِ زکوۃ سے بناءً علی الزجر کی ہے واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: تِلْكَ الرُّسُلُ الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ بعض اولیاء کو بعض پر رائے محض سے ترجیح دینا نہ چاہئے البتہ ان کے واقعات ذکر کر دینا جائز ہے جیسا کہ یہاں مذکور ہے مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ الخ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ خرچ کرلو اشار بهذا العنوان الى كون محط الفائدة تعجيله لا ايجابه فيدخل فيه الفرض والنفل كما عزاه فى روح المعانى الى ابن جريج والبلخى وقال وجعل الامر لمطلق الطلب وليس فيما بعد سوى الاخبار باهوال يوم القيامة وشدائد ها ترغيبا فى الانفاق وليس فيه وعيد على تركه ليتعين الوجوب ۱۲۔ ۲ قولہ اعمال خیر دے اى عموما وعادة فلا يعارض ما ورد ان بعضهم يبقى فى ميزان حسناته نقص حسنة فيعثر عليه بعض اهل الموقف ولا يكون عنده الا حسنة واحدة فيهبها له فيغفران آه لان النادر كالمعدوم هذا لو ثبت رواية كما هو فى ذكرى اجمالا والا فلا اشكال راسا والله اعلم ۱۲۔

النحو: درجات قيل انتصابه على المصدر لان الدرجة بمعنى الرفعة وقيل التقدير على او الى اوفى درجات فلما حذف حرف الجر وصل الفعل بنفسه كذا فى روح المعانى قلت وقد اخترت تقدير فى ۱۲۔

البلاغۃ: فى الكشاف فان قلت فلم خص موسٰى وعيسٰى من بين الانبياء بالذكر قلت لما او تيا من الآيات العظيمة والمعجزات الباهرة قوله ولو شاء الله ما اقتتلوا فى الانتصاف قال محمود كرر للتاكيد قال احمد و وراء التاكيد سرا خص منه وهو ان العرب متى بنت اول كلامها على مقصد ثم اعترضها مقصد آخر وارادت الرجوع الى الاول قصدت ذكره اما بتلك العبارة او بقريب منها وفى كتاب الله مواضع فى هذا المعنى منها قوله تعالٰى من كفر بالله من بعد ايمانه الى صدرا۔ ومنها قوله ولو لا رجال مؤمنون الى قوله كفروا منهم وهذه الآية من هذا النمط لما صدر الكلام بان اقتتالهم كان على وفق المشية ثم طال الكلام واريد بيان ان مشية الله تعالٰى كما نفذت فى هذا الامر الخاص وهو اقتتال هؤلاء فهى نافذة فى كل فعل واقع ذكر تعلق المشية بالاقتتال لينسلوه عموم تعلق المشية لتناسب الكلام وتعرف كل بشكله فهذا سر ينشرح لبيانه الصدر ويرتاح السر ۱۲۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ڐ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

www.besturdubooks.net

اللہ تعالیٰ (ایسا ہے) کہ اس کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں۔ زندہ ہے۔ سنبھالنے والا ہے (تمام عالم کا) نہ اس کو اونگھ دبا سکتی ہے اور نہ نیند اسی کے مملوک ہیں سب جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں۔ ایسا کون شخص ہے جو اس کے پاس (کسی کی) سفارش کر سکے بدون اس کی اجازت کے۔ وہ جانتا ہے ان کے تمام حاضر اور غائب حالات کو اور وہ موجودات اس کی معلومات میں سے کسی چیز کو اپنے احاطہ علمی میں نہیں لا سکتے۔ مگر جس قدر (علم دینا وہی) چاہے۔ اس کی کرسی نے سب آسمانوں اور زمین کو اپنے اندر لے رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ کو ان دونوں کی حفاظت کچھ گراں نہیں گزرتی اور وہ عالی شان عظیم الشان ہے۔ دین میں زبردستی (کافی نفسہ کوئی موقع) نہیں (کیونکہ) ہدایت یقیناً گمراہی سے ممتاز ہو چکی ہے۔ سو جو شخص شیطان سے بد اعتقاد ہو اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ خوش اعتقاد ہو (یعنی اسلام قبول کرے) تو اس نے بڑا مضبوط حلقہ تھام لیا۔ جس کو کسی طرح شکستگی نہیں (ہو سکتی) اور اللہ تعالیٰ خوب سننے والا (اور) خوب جاننے والا ہے۞

تفسیر: ربط: اوپر کی آیت میں شفاعت بلا اذن کی نفی سے جس طرح قیامت کے دن اعمال خیر پر قدرت نہ ہونا ثابت ہوتا ہے اسی طرح حق تعالیٰ کی عظمت شان بھی مفہوم ہوتی ہے کہ ان کے روبرو کسی کو مجال دم زدن نہیں ہے اس مناسبت سے اگلی آیت میں کہ ملقب بہ آیۃ الکرسی ہے توحید ذات و کمال صفات کا ذکر فرماتے ہیں کہ عظمت شان کی خوب توضیح و تاکید ہو جاوے۔

توحید ذات وصفات: اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (الی قولہ تعالی) وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ۞ اللہ تعالیٰ (ایسا ہے کہ) اس کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں زندہ ہے (جس کو کبھی موت نہیں آ سکتی) سنبھالنے والا ہے (تمام عالم کا) نہ اُس کو اُونگھ دبا سکتی ہے اور نہ نیند (دبا سکتی ہے) اسی کے مملوک ہیں سب جو کچھ (بھی) آسمانوں میں (موجودات) ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں ایسا کون شخص ہے جو اس کے پاس (کسی کی) سفارش کر سکے بدون اس کی اجازت کے وہ جانتا ہے ان (موجودات) کے تمام حاضر اور غائب حالات کو اور وہ موجودات اس کے معلومات میں سے کسی چیز کو اپنے احاطہ علمی میں نہیں لا سکتے مگر جس قدر (علم دینا وہی) چاہے اس کی کرسی (اتنی بڑی ہے کہ اس) نے سب آسمانوں اور زمین کو اپنے اندر لے رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ کو ان دونوں (آسمان اور زمین) کی حفاظت کچھ گراں نہیں گزرتی اور وہ عالی شان عظیم الشان ہے ف: قیامت میں انبیاء و اولیاء گناہ گاروں کی شفاعت کریں گے وہ اول حق تعالیٰ کی مرضی پالیں گے جب شفاعت کریں گے اور کرسی ایک جسم ہے عرش سے چھوٹا اور آسمان سے بڑا جیسا روح المعانی وسند ابن جریر اور ابو الشیخ اور ابن مردویہ بروایت حضرت ابوذر مروی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے کرسی کی نسبت پوچھا آپ نے فرمایا اے ابوذر ساتوں آسمان اور ساتوں زمین کرسی کے سامنے ایسے ہیں جیسے ایک حلقہ یعنی چھلا ایک بڑے میدان میں پڑا ہو اور عرش اس کرسی سے اتنا بڑا ہے جیسے وہ میدان اس چھلے سے بڑا ہے۔ اور بسند دار قطنی وخطیب براویت حضرت ابن عباسؓ مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے اس کی تفصیل پوچھی گئی آپ نے کرسی کو بتلا کر فرمایا کہ عرش کی کوئی حد ہی نہیں بتلا سکتا اور علو کا حاصل نفی ہے صفات نقص کی اور عظمت کا حاصل اثبات ہے صفات کمال کا۔

ربط: اوپر آیت وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ میں رسالت پیغمبر ﷺ کی اور آیۃ الکرسی میں توحید حق سبحانہ و تعالیٰ کی مذکور ہوئی ہے اور یہی دو امر اصل الاصول ہیں دین اسلام کے تو ان کے اثبات سے دین اسلام کی حقانیت بھی لازمی طور پر ثابت ہو گئی آیتِ آئندہ میں اس پر تفریع کر کے اسلام کا محل اکراہ نہ ہونا ارشاد فرماتے ہیں۔

نفی اکراہ فی الدین: لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ۔ دین (اسلام کے قبول کرنے) میں زبردستی (کافی نفسہ کوئی موقع) نہیں (کیونکہ) ہدایت یقیناً گمراہی سے ممتاز ہو چکی ہے (یعنی اسلام کی خوبی دلائل قطعیہ سے فی نفسہ واضح ہے اور اکراہ اس امر میں ہوتا ہے جس کی خوبی واضح نہ ہو اور اسی سے تو ضرورت اکراہ کی ہوتی ہے اس لئے اسلام فی نفسہ محل اکراہ نہیں ہو سکتا جب اسلام ایسی چیز ہے جس کی خوبی یقیناً ثابت ہے) سو جو شخص شیطان سے بد اعتقاد ہو اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ خوش اعتقاد ہو (یعنی اسلام قبول کرے) تو اس نے بڑا مضبوط حلقہ تھام لیا جس کو کسی طرح شکستگی نہیں (ہو سکتی) اور اللہ تعالیٰ خوب سننے والے ہیں (اقوال ظاہری کے) اور خوب جاننے والے ہیں (احوال باطنی کے سو اگر کوئی صرف زبان سے اسلام لے آوے گا اور دل میں کفر رکھے گا تو وہ ہم سے نہیں چھپ سکتا ہم آپ ہی اس سے سمجھیں گے اس لئے جو اسلام قبول کرے صدق دل سے کرے) ف: اسلام کو مضبوط پکڑنے والا چونکہ ہلاکت وخسران سے محفوظ رہتا ہے اس لئے اس کو ایسے شخص سے تشبیہ دی جو کسی مضبوط رسی کا حلقہ ہاتھ میں مضبوط تھام کر گرنے سے مامون رہتا ہے اور جس طرح ایسی رسی کے ٹوٹ کر گرنے کا خطرہ نہیں اور یوں کوئی رسی ہی چھوڑ دے تو اور بات ہے اسی طرح اسلام میں بطلان کا احتمال نہیں جو مفضی الی الہلاک ہو اور خود کوئی اسلام ہی کو چھوڑ دے وہ اور بات ہے اور مقصود آیت کا اسلام کی خوبی کا واضح و ثابت بالدلیل ہونا ہے جس کو اس عنوان خاص سے بیان فرمایا گیا اسی لئے نفی اکراہ میں فی نفسہ کی قید ظاہر کر دی ہے سو اگر مرتد پر یا کافر حربی پر بوجہ خفائے دلیل کے اکراہ کیا جاوے جیسا شریعت میں حکم ہے تو یہ نفی اکراہ فی نفسہ کے معارض نہیں اور یہ اکراہ بھی صورت دین پر ہوگا نہ کہ حقیقت دین پر کیونکہ قلب پر اطلاع کا کوئی یقینی طریق نہیں اور جہاد میں صورت دین پر بھی اکراہ کا شبہ نہ کیا

www.besturdubooks.net

جاوے کیونکہ مشروعیت جزیہ دلیل صریح ہے کہ مقصود جہاد سے اسلام کا غالب رہنا ہے خواہ مخالف کے اسلام سے ہو یا صرف رعیت بننے سے ہو اور اس نفی اکراہ سے نہی عن الاکراہ بھی لازم آ گئی اس لئے بعض نے نہی کے ساتھ اس کی تفسیر کی ہے یعنی دین میں اکراہ مت کرو خوب سمجھ لو۔

ربط : اوپر اسلام کے حق ہونے کا اور کفر کے باطل ہونے کا بیان کرنا مقصود تھا گو استطر اداً یعنی تبعاً مومن کی خوبی بھی ذکر کر دی گئی تھی اب آیت آئندہ میں خود صاحب ایمان کی خوبی اور کافر کی مذمت وشناعت کا بیان مقصوداً فرماتے ہیں۔

مدح مؤمن وذم کافر: اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الی قولہ تعالیٰ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۔ اللہ تعالیٰ ساتھی ہے ان لوگوں کا جو ایمان لائے ان کو (کفر کی) تاریکیوں سے نکال کر یا بچا کر نور (اسلام) کی طرف لاتا ہے اور جو لوگ کافر ہیں ان کے ساتھی شیاطین ہیں (انسی یا جنی) وہ ان کو نور (اسلام) سے نکال کر یا بچا کر (کفر کی) تاریکیوں کی طرف لے جاتے ہیں ایسے لوگ (جو اسلام کو چھوڑ کر کفر کو اختیار کریں) دوزخ میں رہنے والے ہیں (اور) یہ لوگ اس میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے ف: بعضے تو پہلے ہی سے مسلمان یا کافر ہوتے ہیں اور بعضے ایک کو چھوڑ کر دوسرے کو اختیار کر لیتے ہیں اس لئے احقر نے دونوں جگہ دو لفظ لکھ دیئے ہیں نکال کر یا بچا کر۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: لَا انْفِصَامَ لَهَا اس میں دلیل ہے اس پر کہ نسبت مع اللہ (جو کہ عروۃ وثقیٰ ہے حصول کے بعد منقطع نہیں ہوتی۔

الحواشی: (۱) قولہ سو اگر الخ یعنی خفاء عارضی منافی نہیں ہے ثبوت ووضوح فی نفسہ کے رہا یہ کہ اکراہ میں ان دونوں کی کیا تخصیص ہے۔ سو دوسری مستقل دلیلیں اس پر قائم ہیں ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ حاضر کذا فی جامع البیان ۱۲۔ ۲ قولہ فی ف فارقا بین العلو والعظمۃ ماخذہ قول البیضاوی والروح العلی المتعالی عن الانداد والاشباہ وعن امارات النقص الخ ۱۲۔ ۳ قولہ فی الموضعین ساتھی اخذتہ من الولی بمعنی القرب مع قطع النظر عن المحبۃ لیبقی الاتحاد فی التفسیرین مع عدم لزوم التکلف فی ولایۃ الطاغوت لانھم لیسوا باولیاء حقیقۃ بل اعداء کما یدل علیہ الآیات صریحا ۱۲۔ ۴ قولہ نکال کر یا بچا کر ماخذہ ما فی روح المعانی قیل ان الاخراج قد یکون بمعنی المنع وھو لا یقتضی سابقیۃ الدخول آہ قلت فلا حاجۃ الی التکلفات ۱۲۔

الروایات: فی لباب النقول روی ابو داؤد والنسائی وابن حبان عن ابن عباسؓ قال کانت المرأۃ تکون مقلاۃ فتجعل علی نفسھا ان عاش لھا ولدان تھودہ فلما اجلیت بنو النضیر کان فیھم من ابناء الانصار فقالوا لا ندع ابنائنا فانزل اللہ لا اکراہ فی الدین۔ واخرج ابن جریر من طریق سعید او عکرمۃ عن ابن عباسؓ قال نزلت لا اکراہ فی الدین فی رجل من الانصار من بنی سالم بن عوف یقال لہ الحصین کان لہ ابنان نصرانیان وکان ھو مسلما وقال للنبی صلی اللہ علیہ وسلم الا استکرھھما فانھما قد ابیا الا النصرانیۃ فانزل اللہ الآیۃ ۱۲۔

اللغات: القیوم قال البیضاوی من قام بالامر اذا حفظہ قلت فھو لازم وترجمت بالمتعدی اخذا بالحاصل الا حاطۃ بالشئی علما علمہ کما ھو کذا فی روح المعانی الکرسی منسوب الی الکرس وھو الملبد ای المجتمع بعضھا علی بعض ۱۲ من البیضاوی ولا یؤدہ فی روح المعانی لا یثقلہ ماخوذ من الاود بمعنی الاعوجاج لان الثقیل یمیل لہ ما تحتہ ۱۲۔ الطاغوت الشیطان فعلوت من الطغیان قلبت (قلبا مکانیا) عینہ ولامہ ۱۲ بیضاوی قلت فاصلہ طغیوت ثم طیغوت ثم طاغوت وھو مصدر او اسم جنس یستعمل مفردا وجمعا ومذکرا ومؤنثا العروۃ من الدلو والکوز المقبض ۱۲ ق من حاشیۃ البیضاوی ۱۲۔

البلاغۃ: لا تأخذہ فی روح المعانی وتقدیم السنۃ علیہ وقیاس المبالغۃ یقتضی التاخیر مراعاۃ للترتیب الوجودی فلتقدمھا علی النوم فی الخارج قدمت علیہ فی اللفظ وقال بعض المحققین ھذا کلہ انما یحتاج الیہ اذا اخذ الاخذ بمعنی العروض والاعتراء واما لو اخذ بمعنی القھر والغلبۃ کما ذکرہ الراغب من ائمۃ اللغۃ ومنہ قولہ تعالیٰ اخذ عزیز مقتدر فالترتیب علی مقتضی الظاھر اذ یکون المعنی لا تغلبہ السنۃ ولا النوم الذی ھو اکثر غلبۃ منھا قلت وقد اخذتہ فی الترجمۃ بمعنی الغلبۃ یعلم ما بین ایدیھم فی روح المعانی ضمیر الجمع یعود الی ما فی السمٰوات الخ الا انہ غلب من یعقل علی غیرہ آہ قلت وبالتغلیب ترجمت ۱۲۔ فقد استمسک بالعروۃ یجوز ان یجعل الکلام تمثیلا مبنیا علی تشبیہ الھیئۃ العقلیۃ المنتزعۃ من ملازمۃ الحق الذی لا یحتمل النقیض بوجہ اصلا لثبوتہ بالبراھین النیرۃ القطعیۃ بالھیئۃ الحسیۃ المنتزعۃ من التمسک بالحبل المحکم المامون انقطاعہ من غیر تعرض للمفردات واختار ذلک بعض

www.besturdubooks.net

المحققین ولا یخلو عن حسن ۲ روح المعانی۔

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۬ۗ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓــُٔــهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَاۗجَّ اِبْرٰھٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰھٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُـحْيٖ وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ۭ قَالَ اِبْرٰھٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵۸﴾

۳۴ ع ۲

الله تعالیٰ ساتھی ہے ان لوگوں کا جو ایمان لائے ان کو (کفر کی تاریکیوں) سے نکال کر یا بچا کر نور (اسلام) کی طرف لاتا ہے اور جو لوگ کافر ہیں ان کے ساتھی شیاطین ہیں (انسی یا جنی) وہ ان کو نور (اسلام) سے نکال کر یا بچا کر (کفر کی) تاریکیوں کی طرف لے جاتے ہیں۔ ایسے لوگ دوزخ میں رہنے والے ہیں (اور) یہ لوگ اس میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے۔ (اے مخاطب) کیا تجھ کو اس شخص کا قصہ تحقیق نہیں ہوا (یعنی نمرود کا) جس نے حضرت ابراہیم سے مباحثہ کیا تھا اپنے پروردگار کے (وجود کے) بارہ میں۔ اس وجہ سے کہ خدا تعالیٰ نے اس کو سلطنت دی تھی۔ جب ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ میرا پروردگار ایسا ہے کہ وہ جلاتا ہے اور مارتا ہے۔ کہنے لگا میں بھی جلاتا ہوں اور مارتا ہوں۔ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آفتاب کو (روز کے روز) مشرق سے نکالتا ہے تو (ایک ہی دن) مغرب سے نکال دے۔ اس پر متحیر رہ گیا وہ کافر (اور کچھ جواب نہ بن آیا) اور اللہ تعالیٰ کی عادت ہے کہ ایسے بیجا راہ پر چلنے والوں کو ہدایت نہیں فرماتے ۞

تفسیر ربط: اوپر ذکر تھا اہل ایمان کے نور اور اہل کفر کے ظلمات کا آگے اس کی تائید اور تنظیر میں تین قصے بیان فرماتے ہیں جن میں حضرت ابراہیم اور ایک اور بندۂ خدا کو نور ہدایت وقوت ایمان عطا ہونا اور نمرود کا ظلمت ضلالت وکفر میں گرفتار رہنا مذکور ہے۔

قصہ اول: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَاۗجَّ اِبْرٰھٖمَ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۔ (اے مخاطب) کیا تجھ کو اس شخص کا قصہ تحقیق نہیں ہوا یعنی نمرود کا جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے مباحثہ کیا تھا اپنے پروردگار کے (وجود کے) بارہ میں (یعنی تو بہ تو وہ خدا کے وجود کا منکر تھا) اس وجہ سے کہ خدا تعالیٰ نے اس کو سلطنت دی تھی (یعنی چاہیے تو یہ تھا کہ نعمت سلطنت پر احسان مانتا اور ایمان لاتا اس نے برعکس انکار اور کفر شروع کر دیا اور یہ مباحثہ اُس وقت ہوا تھا) جب ابراہیم علیہ السلام نے (اس کے پوچھنے پر کہ خدا کیسا ہے جواب میں) فرمایا کہ میرا پروردگار ایسا ہے کہ وہ جلاتا ہے اور مارتا ہے (یعنی یہ اُس کے خواص صفات سے ہیں وہ کوڑھ مغز جلانے اور مارنے کی حقیقت تو سمجھا نہیں) کہنے لگا کہ (یہ کام تو میں بھی کر سکتا ہوں کہ) میں بھی جلاتا ہوں اور مارتا ہوں (چنانچہ جس کو چاہوں قتل کر دوں یہ تو مارنا ہے اور جس کو چاہوں قتل سے معاف کر دوں یہ جلانا ہے) ابراہیم علیہ السلام نے (جب دیکھا کہ بالکل ہی بھدی عقل کا ہے کہ اس کو جلانا اور مارنا سمجھتا ہے حالانکہ جلانے کی حقیقت یہ ہے کہ بے جان چیز میں جان ڈال دے نہ یہ کہ اس کو چھوڑ دے اسی طرح مارنا یہ ہے کہ اس کی جان اپنے اختیار سے نکالے نہ یہ کہ مثلاً اس کی گردن الگ کر دے اور جان بدوں اس کے اختیار کے نکل جاوے ورنہ یہ اختیار بھی ہونا چاہئے تھا کہ گردن الگ کر دے اور جان نہ نکلنے دے اور قرائن سے معلوم ہوا کہ یہ جلانے اور مارنے کی حقیقت تو سمجھے گا نہیں اس ضرورت سے دوسرے جواب کی طرف متوجہ ہوئے اور) فرمایا کہ (اچھا) اللہ تعالیٰ آفتاب کو (روز کے روز) مشرق سے نکالتا ہے تو (ایک ہی دن) مغرب سے نکال (کر دکھلا) دے اس پر متحیر رہ گیا وہ کافر (اور کچھ جواب بن نہ آیا اب اس کا مقتضا یہ تھا کہ طریق ہدایت کو قبول کر لیتا مگر وہ اپنی اسی بے جا راہ پر جما رہا اس لئے ہدایت نہ ہوئی اور اللہ تعالیٰ کی عادت ہے کہ) ایسے بے جا راہ پر چلنے والوں کو ہدایت نہیں فرماتے (بلکہ عادت یہ ہے کہ اول) کوئی ارادہ قبول حق کا کرے پھر ہدایت پیدا کر دیتے ہیں اور افعال اختیار میں جو ارادہ نہ کرے اللہ تعالیٰ اس فعل کو پیدا نہیں کرتے) **ف**: اگر کہا جاوے کہ ارادہ بھی تو ان ہی کے پیدا کرنے پر موقوف ہے جواب یہ ہے کہ یہ راز قدر ہے اس کی تحقیق آیت: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا شروع سورت میں دیکھ لیا جاوے۔

ف: بعضوں کو یہ شبہ ہوا ہے کہ اس کو اس کہنے کی گنجائش تھی کہ اگر خدا موجود ہے تو وہی مغرب سے نکالے دفع اس شبہ کا یہ ہے کہ اس کے قلب میں بلا اختیار یہ بات پڑ گئی کہ خدا ضرور ہے اور یہ مشرق سے نکالنا اسی کا فعل ہے اور وہ مغرب سے بھی نکال سکتا ہے اور یہ شخص پیغمبر ہے اس کے کہنے سے ضرور ایسا ہو جاوے گا اور ایسا ہونے سے انقلاب عظیم عالم میں پیدا ہوگا کہیں اور لینے کے دینے نہ پڑ جاویں مثلاً لوگ اس خارق عادت کو دیکھ کر مجھ سے منحرف ہو کر ان کی راہ پر ہو لیں ذرا

www.besturdubooks.net

سی حجت میں سلطنت جاتی رہے یہ جواب تو اس لئے نہ دیا اور کوئی دوسرا جواب تھا ہی نہیں اس لئے حیران منہ دیکھ کر رہ گیا خوب سمجھ لو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس میں اثبات ہے ولایت عامہ کا۔ قولہ تعالیٰ: اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ مباحثہ کرنا جب کہ ضرورت دینیہ واقع ہو تجرید و تفرید کے منافی نہیں خصوص کامل کے لئے و نیز اس میں ابطال ہے مداہنت کا۔

ملحقات الترجمۃ: ١ قولہ اس کے خواص الخ اشارة الى حاصل الاستدلال وهو الاستدلال بخواص الشئى على وجوده لان التابع لا يوجد بدون المتبوع ولا متبوع الا ذاك الشئ فاذا ثبت التابع ثبت ذاك الشئ وهذا ظاهر جدا او حاصل النقض اثبات تلك الخواص لنفسه ان كان مبطلا فيه ۱۲۔ ٢ قولہ جب دیکھا اشارة الى جواز الانتقال من دليل الى آخر لضرورة غيره اى المخاطب من كونه ضعيف الفهم وما اشتهر من عدم جوازه انما هو لضرورة نفسه من العجز عن اثبات الاول فافهم ۱۲۔ ٣ قولہ اچھا يستعمل فى موضع الانتقال ۱۲۔

اللغات: البهت الغلبة كقوله فتبهتهم اى تغلبهم والمبهوت المغلوب المتحير ۱۲۔

البلاغۃ: افرد النور وجمع الظلمات لان الباطل متعدد والحق واحد هو نفى جميع انواع الباطل ۱۲۔ ان الله اى حاج لاجله شكرا له على طريقة العكس كقولك عاديتنى لانى احسنت اليك ۱۲۔

اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۵۹﴾

یا تم کو اس طرح کا قصہ بھی معلوم ہے جیسے ایک شخص تھا کہ ایک بستی پر ایسی حالت میں اس کا گزر ہوا کہ اس کے مکانات اپنی چھتوں پر گر گئے تھے کہنے لگا کہ اللہ تعالیٰ اس بستی (کے مردوں) کو اس کے مرے پیچھے کس کیفیت سے زندہ کر دیں گے۔ سو اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو سو برس تک مردہ رکھا پھر اس کو زندہ کر اٹھایا اور پھر پوچھا کہ تو کتنے دنوں اس حالت میں رہا۔ اس شخص نے جواب دیا کہ ایک دن رہا ہوں گا یا ایک دن سے بھی کم۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ نہیں بلکہ تو سو برس رہا ہے۔ تو اپنے کھانے (کی چیز) اور پینے (کی چیز) کو دیکھ لے کہ نہیں سڑی گلی اور (دوسرے) اپنے گدھے کی طرف نظر کر اور تاکہ ہم تجھ کو ایک نظیر لوگوں کے لئے بنا دیں اور (اس گدھے کی) ہڈیوں کی طرف نظر کر ہم ان کو کس طرح ترکیب دیتے ہیں۔ پھر ان پر گوشت چڑھاتے ہیں پھر جب یہ سب کیفیت اس شخص پر واضح ہو گئی تو کہہ اٹھا کہ میں یقین رکھتا ہوں کہ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ۞

تفسیر: قصہ دوم: اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۚ (الی قولہ تعالیٰ) قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۵۹﴾ یا تم کو اس طرح کا قصہ بھی معلوم ہے جیسے ایک شخص تھا کہ (چلتے چلتے) ایک بستی پر ایسی حالت میں اس کا گزر ہوا کہ اس کے مکانات اپنی چھتوں پر گر گئے تھے (یعنی پہلے چھتیں گریں پھر ان پر دیواریں گر گئیں مراد یہ کہ کسی حادثہ سے وہ بستی بالکل ویران ہو گئی تھی اور سب آدمی مر مرا گئے تھے وہ شخص یہ حالت دیکھ کر براہِ حیرت) کہنے لگا کہ (معلوم نہیں) اللہ تعالیٰ اس بستی کو (یعنی اس کے مُردوں کو) اس کے مَرے پیچھے کس کیفیت سے (قیامت میں) زندہ کریں گے (یہ تو یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ قیامت میں مردوں کو جلا دینگے مگر اس وقت کے جلانے کا جو خیال غالب ہوا تو بوجہ امر عجیب ہونے کے ایک حیرت سی دل پر غالب ہو گئی اور چونکہ خدا تعالیٰ ایک کام کو کئی طرح کر سکتے ہیں اس لئے طبیعت اس کی جویاں ہوئی کہ خدا جانے جلانا کس صورت سے ہوگا اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا کہ اس کا تماشا اس دنیا ہی میں دکھلا دیں تاکہ ایک نظیر کے واقع ہو جانے سے لوگوں کو زیادہ ہدایت ہو) سو (اس لئے) اللہ تعالیٰ نے اُس شخص (کی جان قبض کر کے اس) کو سو برس تک مردہ رکھا پھر (سو برس کے بعد) اس کو زندہ کر اُٹھایا (اور پھر) پوچھا کہ تو کتنی مدت اس حالت میں رہا اس شخص نے جواب دیا کہ ایک دن رہا ہوں گا یا ایک دن سے بھی کم (کنایہ ہے مدت قلیل سے) اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ نہیں بلکہ تو (اس حالت میں) سو برس رہا ہے (اور اگر اپنے بدن کے اندر تغیر نہ ہونے سے تعجب ہو)

www.besturdubooks.net

تو اپنے کھانے پینے (کی چیز) کو دیکھ لے کہ (ذرا) نہیں سڑی گلی (ایک قدرت تو ہماری یہ ہے) اور (دوسری قدرت دیکھنے کے واسطے) اپنے (سواری کے) گدھے کی طرف نظر کر (کہ گل سڑ کر کیا حال ہو گیا ہے اور ہم عنقریب اس کو تیرے سامنے زندہ کئے دیتے ہیں) اور (ہم نے تجھ کو اس لئے مار کر زندہ کیا ہے) تاکہ ہم تجھ کو (اپنی قدرت کی) ایک نظیر لوگوں کے لئے بنا دیں (کہ اس نظیر[1] سے بھی قیامت کے زندہ ہونے پر استدلال کر سکیں) اور (اب اس گدھے کی) ہڈیوں کی طرف نظر کر کہ ہم ان کو کس طرح ترکیب دیئے دیتے ہیں پھر ان پر گوشت چڑھائے دیتے ہیں (پھر اس میں جان ڈالے دیتے ہیں غرض یہ سب امور یوں ہی کر دیئے گئے) پھر جب یہ سب کیفیت اس شخص کو (مشاہدہ سے) واضح ہو گئی تو (بے اختیار جوش میں آ کر) کہہ اٹھا کہ میں (دل سے) یقین رکھتا ہوں کہ بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں۔ **ف**: روح المعانی میں بروایت حاکم حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اور بروایت اسحٰق بن بشیر حضرت ابن عباسؓ وعبداللہؓ سے نقل کیا ہے کہ یہ شخص حضرت عزیر علیہ السلام ہیں اسی واسطے احقر نے اثناء ترجمہ میں تصریح کر دی کہ ان کو بعث کا یقین تھا اور پھر اس حیرت کا محل بھی ظاہر کر دیا کہ منجملہ کیفیات ممکنہ مختلفہ کسی خاص کیفیت کی تعیین تھی اور اس سے ہی یہ بھی سمجھ میں آ گیا ہوگا کہ آخر میں جو کہا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کا یقین کرتا ہوں یہ ایک طبعی اور اضطراری حالت ہے کہ نئی بات کو دیکھ کر اقرار قدرت کو تازہ کیا جاتا ہے اور اعتقاد قدرت پہلے سے بھی ہوتا ہے جیسے سبحان اللہ یا لا الٰہ الا اللہ یا اللہ اکبر ایسے موقع پر ہمارے محاورات میں بھی عادت ہے حالانکہ ان کے مضامین کا پہلے سے بھی عقیدہ ہوتا ہے اور ان کی اس حیرت کا جواب اس مجموعی کیفیت سے دینا اس کی وجہ احقر کے ذوق میں یہ ہے کہ محل حیرت یعنی احیاء یوم البعث مشتمل ہے چند اجزاء پر اول خود زندہ کرنا دوسرے مدت طویل کے بعد زندہ کرنا۔ تیسرے خاص کیفیت سے زندہ کرنا۔ چوتھے اس مدت تک روح کا باقی رکھنا۔ پانچویں بعد بعث کے برزخ میں رہنے کی مدت معلوم نہ ہونا جزو اول پر خود ان کے زندہ کرنے اور ان کے گدھے میں جان ڈالنے سے دلالت کی گئی اور دوسرے جزو کے اثبات کے لئے ان کو سو برس تک مردہ رکھا۔ تیسرا جزو خود گدھا ان کے سامنے زندہ کر کے دکھا دیا۔ چوتھے جزو کا نمونہ طعام وشراب کا باقی رکھنا اور خود ان کے بدن کا باقی رکھنا دکھلایا جو بالاولیٰ امکان بقاء روح پر دال ہے کیونکہ بدن وطعام وشراب بوجہ اشتمال عناصر کے بہ نسبت روح کے تغیر وفساد کے زیادہ قابل ہیں۔ اور پانچویں امر کی نظیر ان کا جواب میں یوماً او بعض یوم کہنا ہے جیسا بعینہ یہی جواب بعض اہل محشر دیں گے۔ رہی یہ بات کہ جب دوسروں نے دیکھا نہیں تو لوگوں کے لئے نمونہ قدرت کس طرح ہوگا وجہ اس کی یہ ہے کہ قرائن خارجیہ قطعیہ سے ان کا صدق بیان لوگوں کو بطور علم ضروری کے معلوم ہو جاوے گا جیسا خود ان کو ایسے ہی قرائن سے نیز اپنا مردہ رہنا مدت طویل تک معلوم ہو جاوے گا واللہ اعلم۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قولہ اس نظیر سے بھی زاد مراد ف ایضاً لعدم توقف الاستدلال علیہ بعد قیام البراھین القطعیۃ ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قال البیضاوی قرأ حمزۃ والکسائی قال اعلم علی الامر والآمر مخاطبہ او ھو نفسہ خاطبھا بہ علی طریقۃ التبکیت ۱۲۔

اللغات: لم یتسنہ فی روح المعانی لم یتغیر اشتقاقہ من السنۃ وفی لامھا اختلاف فقیل ھاء بدلیل سانھت فلانا فھو مجزوم بسکون الھاء و قیل واو بدلیل الجمع علی سنوات فھو مجزوم بحذف الاخر والھاء ھاء سکت و قیل اصلہ لم یتسنن و سنہ الحما المسنون وا بدلت الاخیرۃ یا' لم الفالم حذفت للجازم قولہ کیف ننشزھا زفع بعضا الی بعض ونرکبہ علیہ و قرأ ابن کثیر و نافع و ابو عمرو و یعقوب ننشر ھا (ھا بالراء المحملۃ من نشر اللہ الموتی (فی القاموس والنشر احیاء الموتی کالنشور والانشاء) کذا قال البیضاوی والعصام ۱۲۔

النحو و البلاغۃ: او کالذی عطف علی سابقہ والکاف اسمیۃ بمعنی مثل معمولۃ لا رأیت ای او ارایت مثل الذی مرو الی ذلک ذھب الکسائی والفراء وابو علی واکثر النحویین وحذف ارأیت لدلالۃ الم تر علیہ علی انہ قد قیل ان مثال ھذا النظم کثیرا ما یحذف منہ فعل الرؤیۃ کقولہ قال لھاکلابھا اسرعی ○ کالیوم مطلوبا ولا طالبا۔ وجئی بھذہ الکاف للتنبیہ علی تعدد الشواھد وعدم انحصارھا فی ما ذکر کما فی قولک الفعل الماضی مثل نصر وتخصیص ھذا بذلک علی ما قیل لان منکر الاحیاء کثیر والجاھل بکیفیۃ اکثر من ان یحصی بخلاف مدعی الربوبیۃ وانما لم یجعل الکاف اصلیۃ والعطف علی الذی نفسہ فی الآیۃ السابقۃ لا ستلزامہ دخول الی علی الکاف ولا یدخل علیھا من الحروف الا ما ثبت فی کلامھم وھو عن آہ روح المعانی قولہ یوما او بعض یوم فی روح المعانی قالہ بناء علی التقریب والتخمین او استقصار المدۃ لبثہ واعترض علی الوجہ المشھور وھو ما فی الجلالین انہ نام اول النھار فقبض واحیی عند الغروب فظن انہ یوم النوم آہ بانہ لا وجہ للجزم بتمام الیوم ولو بناہ علی حسبان الغروب لتحقق النقصان فی اولہ قولہ فانظر المفرع علیہ لبث المأۃ من غیر تغیر فی جسمہ حتی ظنہ زمانا قلیلا ففرع علیہ ما ھو اظھر منہ وعدم تغیر الطعام والشراب

www.besturdubooks.net

آہ روح المعانی قوله اعلم فی روح المعانی ایثار صیغة المضارع للدلالة علی ان علمه بذلك مستمر نظرا الی ان اصله لم یتغیر بل انما تبدل بالعیان وصفه وفیه اشعار بانه انما قال ما قال بناء علی الاستبعاد العادی واستعظاما للامر قلت وبترجمتی بمادة رکھتا ہوں اشرت الی دوامه ۱۲۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِیْ كَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی ؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰی وَلٰكِنْ لِّیَطْمَىِٕنَّ قَلْبِیْ ؕ
قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَیْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰی كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ یَاْتِیْنَكَ
سَعْیًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۲۶۰﴾ مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ ۳۵ ع ۳
حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ﴿۲۶۱﴾
اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا یُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًی ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ
عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۲۶۲﴾ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَیْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ یَّتْبَعُهَآ
اَذًی ؕ وَاللّٰهُ غَنِیٌّ حَلِیْمٌ ﴿۲۶۳﴾

اور اس وقت کو یاد کرو جبکہ ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے میرے پروردگار مجھے دکھلا دیجئے کہ آپ مردوں کو کس کیفیت سے زندہ کریں گے۔ ارشاد فرمایا کیا تم یقین نہیں لائے۔ انہوں نے عرض کیا یقین کیوں نہ لاتا لیکن اس غرض سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ میرے قلب کو سکون ہو جائے۔ ارشاد ہوا کہ اچھا تو تم چار پرندے لو۔ پھر (ان کو) اپنے لئے ہلا لو پھر ہر پہاڑ پر ان کا ایک ایک حصہ رکھ دو (اور) پھر ان سب کو بلاؤ دیکھو تمہارے پاس سب دوڑے چلے آئیں گے اور خوب یقین رکھو اس بات کا کہ حق تعالیٰ زبردست ہیں حکمت والے ہیں۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہیں۔ ان کے خرچ کئے ہوئے مالوں کی حالت (عند اللہ) ایسی ہے جیسے ایک دانہ کی حالت جس سے (فرض کرو) سات بالیں جمیں (اور) ہر بالی کے اندر سو دانے ہوں اور یہ افزونی خدا تعالیٰ جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والے ہیں۔ جاننے والا ہے۔ جو لوگ اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں پھر خرچ کرنے کے بعد نہ تو (اس پر) احسان جتلاتے ہیں اور نہ (برتاؤ سے) اس کو آزار پہنچاتے ہیں۔ ان لوگوں کو ان کے اعمال کا ثواب ملے گا ان کے پروردگار کے پاس اور نہ ان پر کوئی خطرہ ہوگا اور نہ یہ مغموم ہوں گے۔ مناسب بات کہہ دینا اور درگزر کرنا ہزار درجہ بہتر ہے ایسی خیرات (دینے) سے جس کے بعد آزار پہنچایا جائے اور اللہ تعالیٰ غنی ہیں حلیم ہیں۞

تفسیر: قصہ سوم: وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِیْ كَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی ؕ (الی قوله تعالی) وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۲۶۰﴾۔ اور اس وقت (کے واقعہ) کو یاد کرو جب کہ ابراہیم علیہ السلام نے (حق تعالیٰ سے) عرض کیا کہ اے میرے پروردگار مجھ کو (یہ) دکھلا دیجئے کہ آپ مردوں کو (قیامت میں مثلاً) کس کیفیت سے زندہ کریں گے (یعنی زندہ کرنے کا تو یقین ہے مگر عقلاً اس کی مختلف کیفیتیں ممکن ہیں ان میں سے معلوم نہیں کون سی کیفیت ہوگی چونکہ اس درخواست کا قصہ سن کر احتمال تھا کہ کسی کم سمجھ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نعوذ باللہ یقین نہ رکھنے کا گمان ہو جاتا اس لئے حق تعالیٰ نے ان سے اس کا سوال کر کے اور ان کا جواب نقل فرما کر اس کو صاف کر دیا چنانچہ ان سے) ارشاد فرمایا کہ کیا تم (اس پر) یقین نہیں لائے انہوں نے (جواب میں) عرض کیا کہ یقین کیوں نہ لاتا و لیکن اس غرض سے یہ درخواست کرتا ہوں تا کہ میرے قلب کو (تعیین کیفیت کے بارہ میں مشاہدہ کرنے سے) سکون ہو جاوے (اور بہت سے احتمالات میں ذہن کو حرکت نہ ہو) ارشاد ہوا کہ اچھا تو تم چار پرندے لو پھر ان کو (پال کر) اپنے لئے ہلا لو (تا کہ ان کی خوب شناخت ہو جاوے) پھر (سب کو ذبح کر کے اور مع استخوان و پر وغیرہ کے ان کا خوب قیمہ سا کر کے اس کے کئی حصے کر کے اور کئی پہاڑ اپنے اختیار سے تجویز کر کے) ہر پہاڑ پر ان میں کا ایک ایک حصہ رکھ دو (اور) پھر ان سب کو بلاؤ (دیکھو) تمہارے پاس سب (زندہ ہو کر) دوڑے دوڑے چلے آویں گے اور خوب یقین رکھو اس بات کا کہ حق تعالیٰ زبردست (قدرت والے) ہیں سب کچھ کر سکتے ہیں مگر پھر جو بعضی باتیں نہیں کرتے اس کی وجہ یہ ہے کہ) حکمت والے (بھی) ہیں۔ **ف**: روح المعانی میں بسند ابن المنذر حضرت حسنؓ سے روایت کیا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسی طرح حصے پارچے کر کے ان کو پکارا فوراً ہی ہڈی سے ہڈی پر سے پر خون سے خون سب مل ملا کر سب اپنی اصلی ہیئت پر ہو کر ان کے پاس زندہ ہو کر آ گئے حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اے ابراہیم اسی طرح قیامت کے روز سب اجزاء اجساد کو جمع کر کے

www.besturdubooks.net

ایک دم سے جان ڈال دوں گا فقط اس واقعہ کو دکھلا کر اللہ تعالیٰ نے کیفیت احیاء یوم قیامت کی بتلا دی کہ اسی طرح اول اجزاء بدنیہ مختلف مقامات سے جمع ہو کر اجساد تیار ہوں گے پھر ان میں روح پڑ جاوے گی۔ اور کوئی یہ شبہ نہ کرے کہ حضرت علیؓ کا قول مشہور ہے کہ اگر حجاب اُٹھ جاوے جب بھی میرے یقین میں بیشی نہ ہو یعنی جتنی بیشی ممکن ہے وہ بدون رفع حجاب ہی حاصل ہے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اس قصہ میں یقین بڑھنا معلوم ہوتا ہے جس سے شبہ ہوتا ہے کہ پہلے سے یہ مرتبہ حاصل نہ تھا تو اس سے حضرت علیؓ کی افضلیت کا وسوسہ ہوتا ہے جواب بر تقدیر ثبوت اس قول کے یہ ہے کہ اولاً یہی مسلم نہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی یقین میں بیشی ہوگئی تھی بلکہ صرف کیفیت کے مشاہدہ سے ایک کیفیت متعین ہوگئی جس کو یقین کی بیشی میں کوئی دخل نہیں اور اگر اس بیشی کو تسلیم بھی کر لیا جاوے تو جواب یہ ہے کہ کمال یقین نبوت کے مرتبہ کا جدا ہے اور ولایت کا جدا اور ولایت کا مرتبہ کمال یقین نبوت کے مرتبہ کمال یقین بلکہ اصل یقین سے بھی کمتر اور ضعیف ہوتا ہے پس اگر حضرت علیؓ کو کمال مرتبہ یقین مناسبہ مقام ولایت حاصل ہو جس سے ابراہیم علیہ السلام کا مرتبہ نفس یقین بھی بڑھا ہوا ہے تو اس سے افضلیت حضرت علیؓ کی لازم نہیں آئی خوب سمجھ لو۔

ربط : آگے پھر عود ہے مضمون انفاق فی سبیل اللہ کی طرف جس کے تکرار ذکر کی وجہ تقریر آیۃ : اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا میں بیان ہو چکی ہے چنانچہ اس مقام سے پھر دوسرے اغراض کے لئے اس کا ذکر چلا ہے چنانچہ عنوانوں کو ترجمہ پر منطبق کرنے سے معلوم ہو سکتا ہے۔

فضیلت انفاق فی سبیل اللہ: مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ۝ ۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں (یعنی امور خیر میں) اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہیں ان کے خرچ کئے ہوئے مالوں کی حالت (عند اللہ) ایسی ہے جیسے ایک دانہ کی حالت جس سے (فرض کرو) سات بالیں جمیں (اور) ہر بال کے اندر سو دانے ہوں (اسی طرح خدا تعالیٰ ان کا ثواب سات سو (٧٠٠) حصہ تک بڑھاتا ہے) اور یہ افزونی خدا تعالیٰ جس کو چاہتا ہے (بقدر اس کے اخلاص اور مشقت کے) عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والے ہیں (ان کے یہاں کسی چیز کی کمی نہیں وہ سب کو یہ افزونی دے سکتے ہیں مگر ساتھ ہی) جاننے والے (بھی) ہیں (اس لئے (اخلاص نیت وغیرہ کو دیکھ کر عطا فرماتے ہیں) ف: نیک کام میں خرچ کرنا باعتبار نیت کے تین قسم کا ہے۔ ایک نمائش کیساتھ اس کا کچھ ثواب نہیں جیسا عنقریب آتا ہے۔ دوسرے ادنیٰ درجہ کے اخلاص کیساتھ اس کا ثواب دس حصہ ملتا ہے : مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا۔ میں اس ادنیٰ ہی کا بیان ہے۔ تیسرے زیادہ اخلاص یعنی اس کے اوسط یا اعلیٰ درجہ کے ساتھ اس کے لئے اس آیت میں وعدہ ہے دس سے زیادہ سات سو تک علی حسب تفاوت المراتب اور اوپر ایک آیت : مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا۔ میں بیان ہو چکا ہے کہ اس سات سو کے وعدہ کے بعد اور زیادہ کا بھی وعدہ ہو گیا ہے اسی طرح تفاوت ہو جاتا ہے مشقت کی قلت و کثرت سے مثلاً دس روپیہ والے کو ایک روپیہ دینا کم مشقت ہے اور دس پیسہ والے کو ایک پیسہ دینا زیادہ مشقت۔

ربط : آگے انفاق فی الخیر کے مقبول ہونے کے اور بعض شرائط بیان فرماتے ہیں۔

بعض شرائط قبول انفاق فی الخیر: يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۝ ۔ جو لوگ اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں پھر خرچ کرنے کے بعد نہ تو (جس کو دیا ہے اس پر زبان سے) احسان جتلاتے ہیں اور نہ (برتاؤ سے اس کو) آزار پہنچاتے ہیں ان لوگوں کو ان (کے عمل) کا ثواب ملے گا ان کے پروردگار کے پاس (جاکر) اور نہ (قیامت کے دن) ان پر کوئی خطرہ ہو گا اور نہ یہ مغموم ہوں گے۔ ف: برتاؤ سے آزار پہنچانا یہ کہ مثلاً اپنے احسان کی بنا پر اس کے ساتھ تحقیر سے پیش آوے اس سے دوسرا آزار پاتا ہے۔

ربط : آگے مذمت احسان اور ایذا رسانی کی فرماتے ہیں : قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ۝ نا داری کے وقت جواب میں معقول و مناسب بات کہہ دینا اور اگر سائل بدتمیزی سے غصہ دلاوے یا اصرار سے تنگ کرے تو اس سے) درگذر کرنا (ہزار درجہ) بہتر ہے ایسی خیرات (دینے) سے جس کے بعد آزار پہنچایا جاوے اور اللہ تعالیٰ (خود) غنی ہیں (کسی کے مال کی ان کو حاجت نہیں جو کوئی خرچ کرتا ہے اپنے واسطے پھر آزار کس بناء پر پہنچایا جاوے اور آزار دینے پر جو فوراً سزا نہیں دے دیتے اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ) حلیم (بھی) ہیں۔ ف: ناداری کی قید اس لئے لگائی کہ استطاعت کے وقت حاجتمند کی اعانت نہ کرنا خود برا ہے اس کو بہتر کیوں کہا جاتا ہے البتہ ناداری کے وقت نرمی سے جواب دے دینا اور سائل کی سختی کو ٹال دینا چونکہ موجب ثواب ہے اس لئے اس کو خیر فرمایا گیا اور آزار پہنچانا حرام اور موجب عذاب ہے گو بظاہر اس میں بوجہ اس کے کہ اس میں دینا تو پایا گیا گونہ خیریت معلوم ہوتی تھی لیکن اس سے خیریت کی نفی فرمائی گئی اور اس آیت میں آزار پہنچانے سے مراد عام ہے احسان جتلانا بھی اس میں آ گیا۔

ربط : آگے من و اذی کا اور ان کے ساتھ ریا کا موجب بطلان ثواب انفاق ہونا مع ایک مثال کے بیان فرماتے ہیں جس سے مقصود ان امور سے منع فرمانا ہے۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ قَالَ بَلٰی وَلٰکِنْ لِّیَطْمَىِٕنَّ قَلْبِیْ ط اس میں یہ مسئلہ مذکور ہے کہ عدم سکون کو ایمان وعرفان سے منافات نہیں اور طمانیت مقام نبوت کے مناسب تھی اور یہ اس طمانیت سے فوق ہے جو کہ مقام صدیقیت وولایت کے مناسب ہے جو ان سے مفقود نہ تھی اور نہ پہلی طمانیت صدیقین کو کبھی میسر ہے پس جس بزرگ کا قول ہے: **لو کشف لی الغطاء ما ازددت یقینا ای طمانیۃً۔** اس قائل کا حضرت خلیل علیہ السلام سے افضل ہونا لازم نہیں آتا کیونکہ وہ یہ طمانیت ہے جو مقام صدیقیت کے مناسب ہے اور حضرت خلیل علیہ السلام نہ اس کے فاقد تھے اور نہ اس کے طالب۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قولہ** کئی پہاڑ اپنے اختیار سے **ماخذہ ما فی روح المعانی کل جبل یمکنک الوضع علیہ ولم یعین لہ ذلک ۱۲۔**
۲؎ **قولہ فی ف جوابا للشبھۃ ماخذہ روح المعانی ۱۲۔** ۳؎ **قولہ** یہ افزونی **ماخذہ تفسیر البیضاوی وقال یضاعف تلک المضاعفۃ ۱۲۔**

الکلام: **قولہ ادعھن استشکل بان دعاء الجماد غیر معقول واجیب بانہ من قبیل دعاء التکوین ۱۲ روح المعانی۔**

اللغات: **قال البیضاوی المن ان یعتد باحسانہ والاذی ان یتطاول علیہ ای یتفاخر ۱۲۔**

النحو: **مثل الذین علی حذف المضاف ای نفقات الذین ولما کان المحذوف کالملفوظ اظھرتہ فی الترجمۃ ما انفقوا مصدریۃ ۱۲۔**

البلاغۃ: **قولہ اولم تؤمن فی الانتصاف اما سوال الخلیل علیہ السلام بقولہ کیف تحیی الموتٰی فلیس عن شک ولکنہ سوال عن کیفیۃ الاحیاء ولا یشترط فی الایمان الاحاطۃ بصورتھا ویدل علی ذلک کیف وموضوعھا السوال عن الحال ونظیرہ ان یقول القائل کیف یحکم زید فی الناس فھو لا یشک انہ یحکم فیھم ولکنہ سأل عن کیفیۃ حکمہ فان قلت اذا کان السوال مصروفا الی الکیفیۃ التی لا یضر عدم تصورھا بالایمان فما موقع قولہ تعالٰی اولم تؤمن قلت ان ھذہ الصیغۃ تستعمل ظاھرا فی السوال عن الکیفیۃ کما مر وقد تستعمل فی الاستعجاز مثالہ ان یدعی مدع انہ یحمل ثقلا وانت جازم بعجزہ فتقول لہ ارنی کیف تحمل ھذا فلما علم اللہ تعالٰی بان ابراھیم مبرأ منہ اراد بقولہ اولم تؤمن ان ینطق ابراھیم بقولہ بلی لیدفع عنہ ذلک۔ فان قلت فما موقع قول ابراھیم ولکن لیطمئن قلبی وذلک یشعر ظاھرا بانہ کان عندالسوال فاقدا للطمانینۃ قلت معناہ ولکن لیزول عن قلبی الفکر فی کیفیۃ الحیٰوۃ بانی اذا شاھدتھا سکن قلبی عن الجولان فی کیفیاتھا المتخیلۃ وتعینت عندی بالتصویر المشاھد آہ قلت وللہ در ھذا المحقق فما احسن تحقیقہ وما ابدع تدقیقہ ۱۲۔ قولہ سعیا انما لم یقل طیرانا لانہ اذا کانت ساعیۃ کان البت لنظرہ علیھا من ان تکون طائرۃ واللہ اعلم ۱۲ انتصاف۔ قال البیضاوی وھو تمثیل لا یقتضی وقوعہ وقد یکون فی الذرۃ والدخن والاراضی المغلۃ آہ ۱۲ فی الانتصاف ما حاصلہ ان ثم فی اصل وضعھا لتراخی المعطوف عن المعطوف علیہ اعم من ان یکون حدوثا او بقاء ومعناھا باعتبار البقاء دوام وجود الفعل وتراخی زمن بقائہ وعلیہ حمل قولہ تعالٰی ثم استقاموا وکذلک قولہ تعالٰی ثم لا یتبعون وقریب من ھذا اومثلہ ان السین یصحب الفعل لتراخی زمان وقوعہ ابتداءً او بقاءً وعلیہ ورد قولہ تعالٰی انی ذاھب الی ربی سیھدین ۱۲ قولہ اذی وانما لم یذکرا لمن لان الاذی یشملہ وغیرہ وذکرہ فیما تقدم اھتماما بہ لکثرۃ وقوعہ من المتصدقین وعر تحفظھم عنہ آہ ۱۲ روح المعانی۔**

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى لا كَالَّذِىْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ط لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَىْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ط وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶۴﴾ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ج فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۶۵﴾

اے ایمان والو تم احسان جتلا کر یا ایذا پہنچا کر اپنی خیرات کو برباد مت کرو۔ جس طرح وہ شخص جو اپنا مال خرچ کرتا ہے (محض) لوگوں کے دکھلانے کی غرض سے اور ایمان

www.besturdubooks.net

نہیں رکھتا اللہ پر اور یوم قیامت پر سو اس شخص کی حالت ایسی ہے جیسے ایک چکنا پتھر ہو جس پر کچھ مٹی آ گئی ہو پھر اس پر زور کی بارش پڑ جائے سو اس کو بالکل صاف کر دے ایسے لوگوں کو اپنی کمائی ذرا بھی ہاتھ نہ لگے گی اور اللہ تعالیٰ کافر لوگوں کو (جنت کا) راستہ نہ بتلا دیں گے۔ اور ان لوگوں کے خرچ کیے ہوئے مال کی حالت جو اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کی غرض سے اور اس غرض سے کہ اپنے نفسوں (کو اس عمل شاق کا خوگر بنا کر ان میں) پختگی پیدا کریں' مثل حالت ایک باغ کے ہے جو کسی ٹیلے پر ہو کہ اس پر زور کی بارش پڑی ہو پھر وہ دونا (چوگنا) پھل لایا ہو اور اگر ایسے زور کا مینہ نہ پڑے تو ہلکی پھوار بھی اسکو کافی ہے اور اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں کو خوب دیکھتا ہے۞

تفسیر: بطلانِ ثواب بہ من واذیٰ وریا: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَ الْاَذٰیۙ (الی قولہ تعالیٰ) وَ اللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْكٰفِرِیْنَ۝ اے ایمان والو تم احسان جتلا کر یا ایذا پہنچا کر اپنی خیرات کے ثواب بڑھنے) کو برباد مت کرو جس طرح وہ شخص (خود خیرات کے اصل ثواب ہی کو برباد کر دیتا ہے) جو اپنا مال خرچ کرتا ہے (محض) لوگوں کو دکھلانے کی غرض سے اور ایمان نہیں رکھتا اللہ پر اور یوم قیامت پر (مراد اس سے بقرینہ نفی ایمان کے منافق ہے) سو اس شخص کی حالت ایسی ہے جیسے ایک چکنا پتھر (فرض کرو) جب کچھ مٹی (آ گئی ہو) اور اس مٹی میں کچھ گھاس پھوس جم آیا ہو) پھر اس پر زور کی بارش پڑ جاوے سو اس کو (جیسا تھا ویسا ہی) بالکل صاف کر دے (اسی طرح اس منافق کے ہاتھ سے اللہ کی راہ میں کچھ خرچ ہو گیا جو ظاہر میں ایک نیک عمل جس میں امید ثواب ہو معلوم ہوتا ہے لیکن اس کے نفاق نے اس شخص کو ویسا ہی کورا ثواب سے خالی چھوڑ دیا چنانچہ قیامت میں) ایسے لوگوں کو اپنی کمائی ذرا بھی ہاتھ نہ لگے گی (کیونکہ کمائی نیک عمل ہے اور اس کا ہاتھ لگنا ثواب کا ملنا ہے اور ثواب ملنے کی شرط ایمان اور اخلاص ہے اور ان لوگوں میں یہ مفقود ہے کیونکہ ریا کار بھی ہیں اور کافر بھی ہیں) اور اللہ تعالیٰ کافر لوگوں کو (قیامت کے روز ثواب کے گھر یعنی جنت کا) راستہ نہ بتلاوینگے (کیونکہ کفر کی وجہ سے ان کا کوئی عمل مقبول نہیں ہوا جس کا ثواب آخرت میں ذخیرہ ہوتا اور وہاں حاضر ہو کر اس کے صلہ میں جنت میں پہنچائے جاتے) **ف**: جاننا چاہئے کہ طاعات کی صحت و بقا کیلئے جس طرح ایمان شرط ہے حتیٰ کہ کافر کی کوئی طاعت صحیح و مقبول نہیں اور اطاعت کے بعد کافر ہو جاوے وہ طاعت باقی نہیں رہتی جس کو اصطلاح شرع میں حبط کہتے ہیں اسی طرح نصوص سے ثابت ہے کہ علاوہ ایمان کے اور بھی بعض شرطیں صحت یا بقا کی بعض طاعات میں ہوتی ہیں جیسے نماز کے لئے وضو کی شرط صحت ہے اور شفعہ کی پہلی رکعت کے لئے دوسری رکعت کی شرط بقاء ہے پس یہاں بھی اس آیت اور آیت سابقہ میں لَا یُتْبِعُوْنَ کی قید سے معلوم ہوتا ہے کہ انفاق کے لئے ایمان کے ساتھ کی شرط صحت و نیز شرط بقا ہے ایک اخلاص بھی شرط صحت ہے اور ترک من و اذی شرط بقا ہے اسی لئے منافق اور مرائی کے انفاق کو باطل کہا گیا کہ اسمیں شرط صحت مفقود ہے اور من و اذی کو بھی مبطل کہا گیا کہ اس میں شرط بقا مفقود ہے اور چونکہ بطلان اول اظہر ہے بطلان ثانی سے اس لئے ثانی کو اول کے ساتھ تشبیہ دی گئی اور مشبہ بہ میں جو دو قیدیں لگائی گئیں ایک نفاق کی دوسری ریا کی یہ محض تقویت مشبہ بہ کیلئے ہے ورنہ ہر دو امر فرداً فرداً بھی موجب بطلان ہیں اور تقویت سے یہ فائدہ ہوا کہ من و اذی سے نفرت دلانے میں مبالغہ ہو گیا اس تحقیق کے بعد آیت سے معتزلہ کا یہ شبہ کرنا کہ سیئات بھی مثل کفر کے موجب حبط طاعات ہوتے ہیں محض غلط ٹھہرا کیونکہ کسی خاص سیئہ کا کسی خاص حسنہ کے اعتبار سے نافی شرط بقا ہونا مستلزم اس کو نہیں کہ ہر سیئہ ہر حسنہ کے لئے موجب حبط ہو جاوے کیونکہ یہ بطلان بوجہ سیئہ ہونے کے نہیں بلکہ بوجہ نفی شرط بقاء کے ہے خوب سمجھ لو۔ و نیز مثل شرائط صحت و بقا کے طاعات میں ان کے انوار و برکات کی بھی کچھ شرطیں ہوتی ہیں آیت ایود کے ذیل میں اس کا بیان بھی آتا ہے۔

ربط: صدقاتِ باطلہ غیر مقبولہ کی مثال بیان فرما کر آگے صدقات مقبولہ کی مثال بیان فرماتے ہیں۔

مثال نفقات مقبولہ: وَمَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ۝ اور ان لوگوں کے خرچ کیے ہوئے مال کی حالت جو اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کی غرض سے (جو کہ خاص اس عمل سے حاصل ہوگی) اور اس غرض سے کہ اپنے نفسوں (کو اس عمل شاق کا خوگر بنا کر ان) میں پختگی پیدا کریں (تا کہ دوسرے اعمال صالحہ سہولت سے صادر ہوا کریں پس ان لوگوں کے نفقات و صدقات کی حالت) مثل حالت ایک باغ کے ہے جو کسی ٹیکرے پر ہو کہ (اس جگہ کی ہوا لطیف اور بارآور ہوتی ہے اور) اس پر زور کی بارش پڑی ہو پھر وہ (باغ لطافت ہوا اور بارش کے سبب اور باغوں سے یا اور دفعوں سے) دونا (چوگنا) پھل لایا ہو (اور اگر ایسے زور کا مینہ نہ پڑے تو ہلکی پھوار (یعنی خفیف بارش) بھی اس کو کافی ہے (کیونکہ زمین اور موقع اس کا اچھا ہے) اور اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں کو خوب دیکھتے ہیں (اس لئے جب وہ اخلاص دیکھتے ہیں ثواب بڑھا دیتے ہیں)

ف: اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کا مطلب ہر عمل میں تو ظاہر ہے اور تثبیت کی توضیح یہ ہے کہ یہ بات تجربہ سے ثابت ہوئی ہے اور اہل سلوک کے برتاؤ میں ہے کہ جس کام میں نفس کو قدرے مشقت ہو اس کے بار بار کرنے سے نفس کے اندر بسبب عادت کے ایک ملکۂ راسخہ پیدا ہو جاتا ہے جس سے دوسرے اعمال میں بھی پس و پیش نہیں کرتا اور اس کی صفت مزاحمت کی مغلوب ہو جاتی ہے تو اس آیت میں ان کی ترغیب ہے کہ ہر عمل میں یہ نیت بھی کر لینا اچھا ہے کہ دوسرے اعمال کے لئے نفس میں آمادگی ہو اور یہی حاصل ہوتا ہے مجاہدہ کا و نیز خود اس عمل انفاق کا بھی اس سے جب ملکہ پیدا ہوگا تو اس عمل کو جو کہ موجب مرضات الٰہیہ ہے بار بار

www.besturdubooks.net

کرے گا جس سے مرضات الٰہیہ ہمیشہ حاصل ہوں گی پس حاصل نیت کا یہ ہوگا کہ اس وقت بھی اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہو اور ایسی عادت ہو جاوے کہ آئندہ بھی ہمیشہ رضائے الٰہی حاصل کیا کریں پس اس تقریر پر دونوں غایت کا حاصل رضائے الٰہی ٹھہری حالاً بھی اور مآلاً بھی خوب سمجھ لو اور اس تشبیہ میں جو دو طرح کی بارش فرض کی گئی ہے اس سے مقصود تفاوت مراتب اخلاص کا بیان کرنا ہے کہ چونکہ یہ انفاق ایمان کے ساتھ مقرون ہے من واذی وریا اس میں مفقود ہے اخلاص اس میں موجود ہے تو ضرور ہی مقبول ہو کر موجب تضاعف اجر وثواب ہو جاتا ہے خواہ اخلاص اعلیٰ درجہ کا ہو یا اوسط یا ادنیٰ درجہ کا ہو نفس قبول وتضاعف کے لئے ہر حال میں کافی ہے گو تفاوت مراتب اخلاص سے مراتب قبول وتضاعف میں بھی تفاوت ہو جاوے گا۔

ربط: اس مقام پر تین قسم کے صدقات کا بیان ہے۔

قسم اول: جس میں شرائط صحت وبقا پائے جاویں۔ یہ اس رکوع کے اول کی دو آیتوں میں اور اس آیت: وَمَثَلُ الَّذِيْنَ الخ میں دو مثالوں کے ضمن میں مذکور ہے: كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ الخ اور كَمَثَلِ جَنَّةٍۢ بِرَبْوَةٍ الخ۔

قسم دوم: جس میں شرط صحت ہی نہ پائی جاوے یعنی ایمان واخلاص انفراداً یا اجتماعاً اس کو كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ الخ میں اس مثال کے ساتھ بیان فرمایا كَمَثَلِ صَفْوَانٍ الخ۔

قسم سوم: جس میں شرط صحت تو پائی گئی مگر شرط بقا نہ پائی گئی یعنی ترک من واذی اس کو اگلی آیت میں ایک مثال کیساتھ بیان فرماتے ہیں اور قسم اول کی دو مثالیں لانے میں شاید اس کے مقبول ہونے کی وجہ سے زیادہ اہتمام شان مقصود ہو واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَ الْاَذٰى لا اس میں بالحاق افادہ بالتصدیق دلالت ہے کہ مرید پر بلا مصلحت احسان جتلانا مذموم ہے۔ قولہ تعالیٰ: رِئَآءَ النَّاسِ اس میں مذمت ہے ریا کی۔ قولہ تعالیٰ: وَ تَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ اس میں دلیل ہے اس کی کہ اعمال صالحہ سے جس طرح اجر مقصود ہوتا ہے اسی طرح اصلاح نفس بھی ان سے مقصود ہے۔

الحواشی: (۱) لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ کی تقریر اصل تفسیر میں مشعر ہے ابطال وصف تضاعف مراد ہونے کو اور فائدہ میں مشعر ہے ابطال نفس عمل مراد ہونے کو تحریر فائدہ کے وقت اصل تفسیر پر نظر نہ رہی تھی مگر اس اتفاقی ذہول سے خدا ساز ایک نفع ہو گیا کہ مجموعہ تقریرین سے ایک تحقیق حاصل ہو گئی وہ یہ کہ اس ابطال کی تفسیر کہیں منصوص نہیں اس لئے دونوں نوع فی نفسہ محتمل ہیں بدون دلیل کے حکم قطعی کسی کا بالتعیین نہیں ہو سکتا ۱۲ منہ عفی عنہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في ترجمة والاذى يا ايذا اشارة الى ان المراد كلو احد منهما لا مجموعهما لان المجموع ليس شرطا للابطال كما هو ظاهر ۱۲۔

اللغات: صفوان حجرا ملس وابل مطر عظيم القطر صلدا املس نقيا عن التراب كذا قال البيضاوى الاكل الشنى الماكول والمراد ثمرها وقرأ ابو عمرو وابن كثير ونافع بسكون الكاف تخفيفا كذا فى روح المعانى ۱۲۔

النحو: كالذى كابطال الذى لا يقدرون الضمير للذى ينفق باعتبار المعنى لان المراد به الجنس او الجمع رئاء نصب على المفعول له كذا قال البيضاوى ۱۲۔ فطل اى يكفيها فالسند محذوف ۱۲۔

البلاغۃ: قوله لا تبطلوا الخ ههنا ابطالان الاول افساده بعد صحته والثانى اتيانه باطلا من الرأس ۱۲ من روح المعانى۔ فى حاشية البيضاوى بر مزف فالمنافق كالصفوان ونفقته كالتراب ورياه كالوا بل وقال فى روح المعانى لو جعل مركبا صح قيل وهذا هو الا وجه ۱۲۔ بربوة فى روح المعانى للطافة هوائها من انفسهم جوازان تكون بمعنى اللام والمعنى توطينا لانفسهم على طاعة الله تعالىٰ ضعفين اى ضعفا بعد ضعف فالتثنية للتكثير۔ او مثلى ما كانت تثمر فى سائر الاوقات بسبب ما اصابها من الوابل اواربعة امثاله بناء على الخلاف فى ان الضعف هل هو المثل او المثلان كذا فى روح المعانى ۱۲۔

اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ اَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ

كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَ اَصَابَهُ الْكِبَرُ وَ لَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۚ فَاَصَابَهَاۤ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ؕ

ع۳۶ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۶۶﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا

كَسَبْتُمْ وَ مِمَّاۤ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۪ وَ لَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَ لَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ

www.besturdubooks.net

اِلَّآ اَنۡ تُغۡمِضُوۡا فِيۡهِ‌ؕ وَاعۡلَمُوۡٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِىٌّ حَمِيۡدٌ ﴿۲۶۷﴾ اَلشَّيۡطٰنُ يَعِدُكُمُ الۡفَقۡرَ وَيَاۡمُرُكُمۡ بِالۡفَحۡشَآءِ‌ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمۡ مَّغۡفِرَةً مِّنۡهُ وَفَضۡلًا ‌ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيۡمٌ ۖ‌ۙ ﴿۲۶۸﴾ يُّؤۡتِى الۡحِكۡمَةَ مَنۡ يَّشَآءُ ‌‌ۚ وَمَنۡ يُّؤۡتَ الۡحِكۡمَةَ فَقَدۡ اُوۡتِىَ خَيۡرًا كَثِيۡرًا ‌ؕ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّاۤ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ ﴿۲۶۹﴾

بھلاتم میں سے کسی کو یہ بات پسند ہے کہ اس کا ایک باغ ہو کھجوروں اور انگوروں کا۔ اس کے (درختوں کے) نیچے نہریں چلتی ہوں اس شخص کے ہاں اس باغ میں اور بھی ہر قسم کے (مناسب) میوے ہوں اور اس شخص کو بڑھاپا آ گیا ہو اور اس کے اہل وعیال بھی ہوں جن میں (کمانے کی) قوت نہیں۔ سو اس باغ پر ایک بگولا آیا جس میں آگ (کا مادہ) ہو۔ پھر وہ باغ جل جائے اللہ تعالیٰ اسی طرح نظائر بیان فرماتا ہے تمہارے لئے تاکہ تم سوچا کرو۔ اے ایمان والو (نیک کام میں) خرچ کیا کرو عمدہ چیز کو اپنی کمائی میں سے اور اس میں سے جو کچھ ہم نے تمہارے لئے زمین سے پیدا کیا ہے اور ردی (ناکارہ) چیز کی طرف نیت مت لے جایا کرو کہ اس میں سے خرچ کرو حالانکہ تم کبھی اس کے لینے والے نہیں۔ ہاں مگر چشم پوشی کر جاؤ (تو اور بات ہے) اور یہ یقین کر رکھو کہ اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہیں تعریف کے لائق ہے۔ شیطان تم کو محتاجی سے ڈراتا ہے اور تم کو بری بات (یعنی بخل) کا مشورہ دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ تم سے وعدہ کرتا ہے اپنی طرف سے گناہ معاف کر دینے کا اور زیادہ دینے کا اور اللہ تعالیٰ وسعت والے ہیں خوب جاننے والے ہیں۔ دین کا فہم جس کو چاہے دے دیتے ہیں اور (سچ تو ہے) کہ جس کو دین کا فہم مل جائے اس کو بڑی خیر کی چیز مل گئی اور نصیحت وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو عقل والے ہیں (یعنی جو عقل صحیح رکھتے ہیں) ۞

تفسیر: مثال نفقات وطاعات فاسدہ بعد الصحۃ: اَيَوَدُّ اَحَدُكُمۡ اَنۡ تَكُوۡنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنۡ نَّخِيۡلٍ (الی قولہ تعالی) لَعَلَّكُمۡ تَتَفَكَّرُوۡنَ
بھلاتم میں سے کسی کو یہ بات پسند ہے کہ اس کا ایک باغ ہو کھجوروں کا اور انگوروں کا (یعنی زیادہ درخت اس میں ان کے ہوں اور) اس (باغ) کے (درختوں کے) نیچے نہریں چلتی ہوں (جس سے وہ خوب سرسبز وشاداب ہوں اور) اس شخص کے یہاں اس باغ میں (علاوہ کھجوروں اور انگوروں کے) اور بھی ہر قسم کے (مناسب) میوے ہوں اور اس شخص کا بڑھاپا آ گیا ہو (جو کہ زمانہ زیادہ احتیاج کا ہوتا ہے) اور اس کے اہل وعیال بھی ہوں جن میں (کمانے کی) قوت نہیں (اس صورت میں) اہل وعیال سے بھی اس کو توقع خبر گیری کی نہیں ہوگی بس وجہ معاش وہی باغ ہوا) سو (ایسی حالت میں یہ قصہ ہو کہ) اس باغ پر ایک بگولہ آوے جس میں آگ (کا مادہ) ہو پھر (اس سے) وہ باغ جل جاوے (ظاہر بات ہے کہ کسی کو اپنے لئے یہ بات پسند نہیں آ سکتی پھر اسی کی مشابہ تو یہ بات بھی ہے کہ اول صدقہ دیا یا اور کوئی نیک کام کیا جس کے قیامت میں کارآمد ہونے کی امید ہو جو کہ وقت ہوگا غایت احتیاج کا اور زیادہ مدار قبول ہوگا ان ہی طاعات پر پھر ایسے وقت میں معلوم ہوگا کہ ہمارے من واذیٰ یا اور معاصی سے ہماری طاعات باطل یا بے برکت ہو گئیں اس وقت کیسی سخت حسرت ہوگی کہ کیسی کیسی آرزوؤں کا خون ہو گیا پس جب تم مثال کے واقعہ کو پسند نہیں کرتے تو ابطال طاعات کو کیسے گوارا کرتے ہو) اللہ تعالیٰ اسی طرح نظائر بیان فرماتے ہیں تمہارے (سمجھانے کے) لئے تاکہ تم سوچا کرو (اور سوچ کر اس کے موافق عمل کیا کرو)۔ **ف**: توجیہ مثال کی تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے البتہ اتنی بات اور سمجھ لینا چاہئے کہ روح المعانی میں حضرت ابن عباسؓ سے اس کی تفسیر میں بروایت بخاری اور حاکم اور ابن جریر وعبد بن حمید منقول ہے جس کو حضرت عمرؓ نے بھی پسند فرمایا کہ یہ آیت اپنے مضمون میں تمام طاعات کو عام ہے جن کے بعد آدمی معاصی میں منہمک ہو کر ان طاعات کو خراب کر دے اس عموم میں نفقات بھی آ گئے اور تحقیق اس خراب کرنے کی یہ ہے کہ جیسا آیہ: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تُبۡطِلُوۡا صَدَقٰتِكُمۡ کے تحت میں اجمالاً مذکور ہوا ہے کہ اعمال میں کچھ شرطیں ان کے انوار و برکات کی بھی ہوا کرتی ہیں سو وہ شرط مطلقاً سیئات میں مشغول ہونے سے پرہیز کرنا ہے اور جب طاعات کے بعد معاصی میں مشغول ومستغرق ہو جاتا ہے تو ان طاعات کے انوار و برکات سلب ہو جاتے ہیں جس کا اثر اس عالم میں تو یہ ہوتا ہے کہ جو حلاوت طاعت کی قلب میں پیدا ہوئی تھی وہ زائل ہو جاتی ہے اور ایک طاعت سے دوسری طاعت کا سلسلہ چلا کرتا ہے اور ویسا ہی سامان جمع ہونے لگتا ہے جس کو توفیق کہتے ہیں یہ توفیق بند ہو جاتی ہے بلکہ طاعات معمولہ میں بھی کمی اور ناغہ اور سستی ہونے لگتی ہے اور ان امور فائتہ پر جو ثمرات آخرت میں ملتے ہیں اس سے محروم رہے گا یہ اثر اس عالم میں ہوگا اور اس نور و برکت کے سلب ہونے کو بھی کہیں کہیں آیات واحادیث میں حبط وغیرہ الفاظ سے تعبیر کیا گیا ہے پس یہ حبط مشہور اصطلاحی نہیں خوب سمجھ لو۔

ربط: انفاق میں جن امور کی رعایت ضروری ہے ان میں سے بعض تو مذکور ہو چکے جیسے ترک من واذیٰ اور ریا وغیرہ اور ایک ان میں یہ بھی ہے کہ وہ چیز ردی اور خراب نہ ہو اس کو آگے بیان فرماتے ہیں۔

رعایت جودت مال: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡٓا اَنۡفِقُوۡا مِنۡ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبۡتُمۡ (الی قولہ تعالی) وَاعۡلَمُوۡٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِىٌّ حَمِيۡدٌ ﴿۲۶۷﴾ اے ایمان والو (نیک کام میں) خرچ کیا کرو عمدہ چیز کو اپنی کمائی میں سے اور (عمدہ چیز کو) اس میں سے جو کہ ہم نے تمہارے (کام میں لانے کے) لئے زمین سے پیدا کیا

www.besturdubooks.net

ہے اور ردی (ناکارہ) چیز کی طرف نیت مت لے جایا کرو کہ اس میں سے خرچ کر دو حالانکہ (ویسی ہی چیز اگر کوئی تم کو تمہارے حق واجب کے عوض یا سوغات میں دینے لگے تو) تم کبھی اس کے لینے والے نہیں ہاں مگر چشم پوشی (اور رعایت) کر جاؤ (تو اور بات ہے) اور یہ یقین کر رکھو کہ اللہ تعالیٰ کسی کے محتاج نہیں (جو ایسی ناکارہ چیزوں سے خوش ہوں) تعریف کے لائق ہیں (یعنی ذات وصفات میں کامل ہیں تو ان کے دربار میں چیز بھی کامل تعریف کے لائق ہی پیش کرنا چاہئے) **ف**: شانِ نزول سے طیب کے معنی عمدہ کے لئے گئے کیونکہ بعضے لوگ خراب چیزیں لے آتے تھے اس پر یہ آیت نازل ہوئی تھی اور بعض نے عموم لفظ سے طیب کی تفسیر حلال کی کی ہے کیونکہ پوری عمدہ جب ہی ہے جب حلال بھی ہو پس اس بناپر آیت میں اس کی بھی تاکید ہوگی اور پہلی تفسیر پر دوسرے دلائل سے اس تاکید کو ثابت کیا جاوے گا اور یاد رکھو کہ یہ اس شخص کیلئے ہے جس کے پاس عمدہ چیز ہو اور پھر وہ بری نکمی چیز خرچ کرے جیسا مَا كَسَبْتُمْ میں اَخْرَجْنَا اس کے موجود ہونے پر اور : وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ عمداً نکمی چیز کے خرچ کرنے پر دلالت کر رہا ہے اور جس کے پاس اچھی ہو ہی نہیں وہ اس ممانعت سے بری ہے اور اس کی وہ بری بھی مقبول ہے۔ بعض علماء نے اس سے یہ مسئلے مستنبط کئے ہیں۔

مَسْئَلَه: مال تجارت میں زکوٰۃ فرض ہے لقولہ مَا كَسَبْتُمْ۔

مَسْئَلَه: عشری زمین میں عشر واجب ہے لقولہ اَخْرَجْنَا اور عشری مزارع پر ہے نہ کہ مالک ارض پر لقولہ لَكُمْ خلافا لابی حنیفة وہ لَكُمْ کا مخاطب مجموع کو کہہ دیں گے تفصیل عشر کی کتب فقہ میں ہے اس بناپر یہ آیت انفاق واجب کے بارہ میں ہوگی۔

ربط: آگے متنبہ فرماتے ہیں کہ ہم نے جو تم کو انفاق کی اور اس میں عمدگی کی رعایت کی ترغیب دی ہے اس میں شیطان اغوا کیا کرتا ہے تم اس پر عمل مت کرنا۔

تنبیہ بر مزاحمت شیطان: اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ الی قولہ تعالی وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ۲۶۹۔ شیطان تم کو محتاجی سے ڈراتا ہے (کہ اگر خرچ کرو گے یا اچھا مال خرچ کرو گے تو محتاج ہو جاؤ گے) اور تم کو بری بات (یعنی بخل کا مشورہ دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ تم سے وعدہ کرتا ہے (خرچ کرنے پر اور اچھی چیز خرچ کرنے پر) اپنی طرف سے گناہ معاف کر دینے کا اور زیادہ دینے کا (یعنی چونکہ نیک جگہ خرچ کرنا طاعت ہے اور طاعت [۵] سے معصیت کا کفارہ ہو جاتا ہے لہٰذا اس سے گناہ بھی معاف ہوتے ہیں اور حق تعالیٰ کسی کو دنیا میں بھی اور کسی کو آخرت میں خرچے کا عوض بھی زیادہ کر کے دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ وسعت والے ہیں (وہ سب کچھ دے سکتے ہیں) خوب جاننے والے ہیں (نیت کے موافق ثمرہ دیتے ہیں اور یہ سب مضامین بہت ظاہر ہیں لیکن ان کو وہی شخص سمجھتا ہے جس کو دین کا فہم ہو اور اللہ تعالیٰ) دین کا فہم جس کو چاہتے ہیں دے دیتے ہیں اور (سچ تو یہ ہے کہ) جس کو دین کا فہم مل جاوے اس کو بڑی خیر کی چیز مل گئی (کیونکہ دنیا کی کوئی نعمت اس کے برابر نافع نہیں) اور نصیحت وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو عقل والے ہیں (یعنی جو عقل صحیح رکھتے ہیں)

ف: یہاں ڈرانے سے مراد دور دراز کے اوہام ہیں جو نیک کام میں خرچ کرنے کے وقت باوجود گنجائش مالی کے بھی گاہ گاہ متخیلہ میں آیا کرتے ہیں اور دلیل اس تخصیص کی يَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ہے کیونکہ بخل تو وسعت ہی کے وقت معتبر ہوتا ہے سو ایسے وہم میں ڈالنا یہ شیطان کا فعل ہے اور بخیل لوگ ان وہموں میں غلطاں و پیچاں رہتے ہیں آیت میں اس پر عمل کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ جب گنجائش ہے تو مناسب مقدار کے خرچ کرنے سے یہ محتاجی کا احتمال ہی غلط ہے پس حاصل آیت کا یہ ہوا کہ ایسے انفاق میں ضرر تو بالکل نہیں اور نفع ہر طرح کا کہ مغفرت بھی ملے اور فضل بھی پس مقتضائے فہم یہی ہے کہ ایسی حالت میں شیطانی وسوسہ کو ہرگز قبول نہ کرے اور اگر ظاہراً اور یقیناً محتاجی کے اسباب وقرائن موجود ہوں تو شریعت خود ایسے شخص کو تطوعات صدقات وتبرعات سے روکتی ہے اور ایسے شخص کے خرچ نہ کرنے کو بخل بھی نہیں کہہ سکتے خوب سمجھ لو اور دین کی فہم سب سے زیادہ نافع اس لئے ہے کہ اس سے عقائد درست ہوتے ہیں اعمال کی توفیق ہوتی ہے اور عقائد واعمال پر آخرت میں نجات اور ثواب ہے اور دنیا کی کوئی نعمت ثواب اور نجات کی برابری نہیں کر سکتی۔

ربط: اوپر کی آیتوں میں انفاق کے متعلق جن شرائط کی رعایت کا حکم فرمایا ہے آگے اس رعایت کی تاکید ایک پیرایہ میں فرماتے ہیں کہ ہم کو سب خبر رہا کرتی ہے ہر کام کو درستی کے ساتھ کیا کرو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ (الی قولہ تعالی) وَمَنْ يُّؤْتَ الخ۔ اس میں بخل کا علاج ہے علم سے جیسا اس کے ماقبل میں علاج ہے عمل سے۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] **قولہ** فی العنوان نفقات وطاعات زاد المعطوف لعموم الآیة کما نقل عن ابن عباسؓ وارتضاہ عمرؓ ۱۲۔ [۲] **قولہ** زیادہ درخت الخ فلا یرد ان الجنة لما کان من نخیل واعناب فما معنی قولہ من کل الثمرات وانما خصهما بالذکر لانهما اکرم الاشجار عند العرب ۱۲۔ [۳] **قولہ** مناسب زادہ للاشارة الی ان الاستغراق عرفی لا حقیقی ۱۲۔ [۴] **قولہ** یا سوغات فیه اشارة الی عموم الآیة للفرض والنافلة فناسب اخذ العموم فی قولہ لستم بآخذیه بل الهدیة اکثر ما یکون انفس عادةً ۱۲۔ [۵] **قولہ** طاعت سے معصیت کا

www.besturdubooks.net

کفارہ الخ لقوله تعالٰى ان الحسنات يذهبن السيئات والمراد الصغائر بالاجماع ۱۲۔

الرِّوَایَاتُ: فی لباب النقول روى الحاكم والترمذى وابن ماجة وغيرهم عن البراء قال نزلت هذه الآية فينا معشر الانصار كنا اصحاب نخل وكان الرجل يأتى من نخله على قدر كثرته وقلته وكان ناس ممن لا يرغب فى الخير يأتى الرجل بالقنو فيه الصيص والحثف والقنو قد انكسر فيعلقه فانزل الله يآيها الذين آمنوا انفقوا من طيبات ما كسبتم الآية ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: الذرية ولد الرجل والنساء كذا فى القاموس ۱۲۔ قال البيضاوى الوعد فى الاصل شائع فى الخير والشر فى الحاشية برمزسع قال الفراء يقال وعده خيرا او وعده شرا فاذا اسقطوا الخير والشر (اى المفعول) قالوا فى الخير الوعد وفى الشر الوعيد والايعاد الفحشاء قال البيضاوى العرب يسمى البخيل فاحشا ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله مما اخرجنا على حذف المضاف اى من طيبات ما اخرجنا منه تنفقون يحتمل ان يتعلق منه به ويحتمل ان يتعلق بالنهى قوله الا ان تغمضوا المستثنٰى منه مقدر اى فى وقت من الاوقات الاوقت الاغماض ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃُ: قوله مما اخرجنا تخصيصه بذلك لان التفاوت فيه اكثر ۱۲ بيضاوى قوله تغمضوا فى روح المعانى استعير ههنا كما قال الراغب للتغافل والتساهل آه يؤتى الحكمة قال البيضاوى من يشاء مفعول اول اخر للاهتمام بالمفعول الثانى ومن يؤت الحكمة بناءه للمفعول لانه المقصود ۱۲۔

وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۲۷۰﴾
اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۷۱﴾
لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۲﴾

اورتم لوگ جو کسی قسم کا خرچ کرتے ہو یا کسی طرح کی نذر مانتے ہو سو حق تعالیٰ کو سب کی یقیناً اطلاع ہے اور بے جا کام کرنے والوں کا کوئی ہمراہی (اور حمایتی) نہ ہوگا اگر تم ظاہر کر کے دو صدقوں کو تب بھی اچھی بات ہے اور اگر اخفا کرو اور فقیروں کو دے دو تو یہ اخفا تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ (اس کی برکت سے) تمہارے کچھ گناہ بھی دور کر دیں گے اور اللہ تعالیٰ تمہارے کئے ہوئے کاموں کی خوب خبر رکھتا ہے۔ ان (کافروں) کی ہدایت پر لے آنا کچھ آپ کے ذمہ (فرض واجب) نہیں لیکن خدا تعالیٰ جس کو چاہیں ہدایت پر لے آئیں اور (اے مسلمانوں) جو کچھ تم خرچ کرتے ہو اپنے فائدہ کی غرض سے کرتے ہو اور تم اور کسی غرض کے لئے خرچ نہیں کرتے بجز رضا جوئی ذات پاک حق تعالیٰ اور (نیز) جو کچھ مال خرچ کر رہے ہو یہ سب (یعنی اس کا ثواب) پورا پورا تم کو مل جائے گا اور تمہارے لئے اس میں کمی نہ کی جائے گی۔

تَفْسِیْر: تاکید رعایت شرائط انفاق: وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ (الی قوله تعالٰی) وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ۔ اور تم لوگ جو کسی قسم کا خرچ کرتے ہو یا کسی طرح کی نذر مانتے ہو سو حق تعالیٰ کو سب کی یقیناً اطلاع ہے اور بے جا کام کرنے والوں کا (قیامت میں کوئی) ہمراہی (حمایتی) نہ ہوگا۔ **ف**: کسی قسم کے خرچ کرنے میں سب خرچ آ گئے وہ بھی جس میں سب شرائط مذکورہ کی رعایت ہو اور وہ بھی جس میں کل کی یا بعض کی رعایت نہ ہو مثلاً فی سبیل اللہ نہ ہو بلکہ معصیت میں ہو یا انفاق میں ریا ہو یا اس کے بعد من واذی ہو یا حلال یا عمدہ مال نہ ہو۔ اسی طرح نذر کے عموم میں سب نذریں آ گئیں مثلاً عبادات مالیہ کی نذر ہو اور اسی مناسبت سے انفاق کے ساتھ نذر کو لائے ہیں یا عبادتِ بدنیہ کی نذر ہو پھر وہ مطلق ہو یا کسی امر پر معلق ہو پھر یہ کہ اس کا ایفاء کیا گیا ہو یا نہ کیا گیا ہو اور مقصود اس کہنے سے کہ اللہ تعالیٰ کو اس کی اطلاع ہے یہ ہے کہ ہم اس کی جزا دینگے یہ اس لئے سنایا تا کہ رعایت کی ترغیب اور عدم رعایت سے ترہیب ہو اور بیجا کام کرنے والوں سے وہ لوگ مراد ہیں جو ضروری شرائط کی رعایت نہیں کرتے بلکہ احکام کی مخالفت کرتے ہیں ان کو تصریحاً وعید سنا دی۔

رَبط: آگے انفاق کے متعلق اس کی تحقیق ہے کہ اس کا اظہار افضل ہے یا اخفاء۔

تحقیق افضلیت اظہار یا اخفاء انفاق: اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ (الی قوله تعالٰی) وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۷۱﴾ اگر تم ظاہر کر کے

www.besturdubooks.net

دوصدقوں کو تب بھی اچھی بات ہے اور اگر ان کا اخفاء کرو اور (اخفاء کے ساتھ) فقیروں کو دیدو تو یہ اخفاء تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ (اس کی برکت سے) تمہارے کچھ گناہ بھی دور کر دیں گے اور اللہ تعالیٰ تمہارے کئے ہوئے کاموں کی خوب خبر رکھتے ہیں۔ ف: اس مقام میں اقوال مختلف ہیں مگر احقر کے ذوق میں حسب شہادت ظاہر قران وحدیث امام حسن بصری کا قول جو کہ کبیر میں منقول ہے راجح معلوم ہوتا ہے وہ یہ کہ یہ آیت فرض اور نفل سب صدقات کو شامل ہے اور سب میں اخفاء ہی افضل ہے اس میں دینی مصلحت بھی ہے کہ ریا سے ابعد ہے لینے والا بھی نہیں شرماتا اور دنیوی مصلحت بھی ہے کہ اپنے مال کی مقدار عام لوگوں پر ظاہر نہیں ہوتی اور مراد افضلیت اخفاء سے آیت میں افضلیت فی نفسہ ہے پس اگر کسی مقام پر کسی عارض سے مثلاً رفع تہمت یا امید اقتداء وغیر ذالک اظہار کو ترجیح ہو جاوے تو افضلیت فی نفسہ کے منافی نہیں اور کفارۂ سیئات کچھ اخفاء کے ساتھ خاص نہیں۔ لیکن تخصیص[1] ذکری جبکہ وہ مرجع ضمیر یا ترکیب میں جزاء ہوا اس نکتہ کے لئے ہے کہ نفس اخفاء میں کوئی ظاہری فائدہ نہیں دیکھتا اس لئے منقبض ہوتا ہے پس ایک فائدہ عظیمہ پر تنبیہ کر دی جو باعتبار اعلان کے زیادہ متوقع الحصول ہے اور اس لئے وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ بڑھایا یعنی خدا کو تو خبر ہے پھر اور کسی کو خبر نہ ہو تو کیوں منقبض ہوتے ہو اور یہ جو کہا کچھ گناہ وجہ اس کی یہ ہے کہ ایسے حسنات سے صرف صغیرہ گناہ معاف ہوتے ہیں اور کبیرہ کی معافی کے دو طریق ہیں ایک توبہ بشرائطہا دوسرے فضل ورحمت۔

ربط: آگے یہ بات بتلاتے ہیں کہ صدقہ وخیرات دینے میں کچھ مسلمان کی تخصیص نہیں ہے اگر کافر بھی حاجت مند ہو اس کے ساتھ احسان کرنے سے دریغ مت کرو بشرطیکہ اہل اسلام کو ضرر پہنچانے پر آمادہ نہ رہتا ہو۔

عموم احسان بمسلم وکافر: لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ (الی قولہ تعالی) وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ۔ (چونکہ بہت سے صحابہ کفار کو بایں مصلحت خیرات نہ دیتے تھے کہ شاید اسی تدبیر سے کچھ لوگ مسلمان ہو جاویں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی یہی رائے دی تھی اس لئے اس آیت میں دونوں طرح کے خطاب کر کے ارشاد فرماتے ہیں کہ اے محمد ﷺ) ان (کافروں) کو ہدایت پر لے آنا کچھ آپ کے ذمہ (فرض واجب) نہیں (جس کے لئے اتنے دور دراز اہتمام کئے جاویں) ولیکن (یہ تو) خدا تعالیٰ کا کام ہے) جس کو چاہیں ہدایت پر لے آویں (آپ کا کام صرف ہدایت کا پہنچا دینا ہے خواہ کوئی ہدایت پر آوے یا نہ آوے اور ہدایت کا پہنچا دینا کچھ اس ممانعت پر موقوف نہیں) اور (اے مسلمانو) جو کچھ تم خرچ کرتے ہو اپنے فائدہ کی غرض سے کرتے ہو اور (اس فائدہ کا بیان یہ ہے کہ) تم اور کسی غرض سے خرچ نہیں کرتے بجز رضا جوئی ذات پاک حق تعالیٰ کے (کہ ثواب اس کے لوازم سے ہے اور یہ غرض ہر حاجتمند کی رفع حاجت کرنے سے حاصل ہوتی ہے پھر مسلمان فقیر کی تخصیص کیوں کی جاوے) اور (نیز) جو کچھ مال خرچ کر رہے ہو یہ سب (یعنی اس کا عوض اور ثواب) پورا پورا تم (ہی) کو (آخرت میں) مل جاوے گا اور تمہارے لئے اس میں ذرا کمی نہ کی جاوے گی (سو تم کو اپنے عوض سے مطلب رکھنا چاہئے اور عوض ہر حال میں ملے گا پھر تم کو اس سے کیا بحث کہ ہمارا صدقہ مسلمان ہی کو ملے کافر کو نہ ملے) ف: خلاصہ یہ کہ نیت بھی تمہاری اصل میں اپنے ہی نفع حاصل کرنے کی ہے اور واقع میں بھی حاصل خاص تم ہی کو ہوگا پھر ان زوائد پر کیوں نظر کی جاتی ہے کہ یہ نفع خاص اسی طریق سے حاصل کیا جاوے کہ مسلمان ہی کو صدقہ دیں کافر کو نہ دیں شیخ سعدیؒ کا شعر گویا اسی آیت کی تفسیر ہے۔

گرا و می برو پیش آتش سجود ☆ تو واپس چرامی کشی دست جود

اور جاننا چاہئے کہ حدیث میں جو آیا ہے کہ تیرا کھانا خاص متقی کھایا کریں مراد اس سے طعام دعوت ہے اور آیت میں طعام حاجت پس تعارض کا شبہ نہ کیا جاوے۔

مَسْئَلَه: حربی کافر کو کسی قسم کا صدقہ وغیرہ دینا جائز نہیں۔

مَسْئَلَه: کافر ذمی یعنی غیر حربی کو صرف زکوٰۃ وعشر دینا جائز نہیں اور دوسرے صدقات واجبہ ونفل سب جائز ہیں اور آیت میں زکوٰۃ داخل نہیں۔

تَرْجَمَهٔ مَسَائِلُ السُّلُوْك: قولہ تعالی: اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ (الی قولہ تعالی) خَيْرٌ لَّكُمْ۔ اس میں یہ مسئلہ ہے کہ عمل کے اعلان واخفاء میں اختیار ہے اور ساتھ ہی اخفاء کی افضلیت بھی ہے جب اعلان میں کوئی خاص مصلحت نہ ہو۔ قولہ تعالی لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ اس میں اس پر دلالت ہے کہ کسی کے زیادہ درپے نہ ہو اور تدبیر میں زیادہ مبالغہ نہ کرے کیونکہ عدم تصدق علی الکفار کا بطور تدبیر کے حضور ﷺ نے امر فرمایا تھا۔ قولہ تعالی: وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ اس میں دلیل ہے اس پر کہ ثواب کا قصد کرنا خلوص للہ کے منافی نہیں جیسا بعض جہلاء صوفیہ نے سمجھا ہے چنانچہ آیت میں دونوں قصد کو جمع فرمایا ہے۔

اَلْحَوَاشِيْ: (۱) قولہ لیکن تخصیص ذکری الخ توضیح اس کی یہ ہے کہ اگر یکفر کی ضمیر حق تعالیٰ کی طرف راجع ہو اور یکفر جملہ مستقلہ ہو تب تو یہ تکفیر ابداء واخفاء ہر دو کے متعلق ہو سکتی ہے اخفاء کے ساتھ ذکراً بھی تخصیص نہیں اور اگر مرجع ضمیر اخفاء ہو یا یکفر جزاء ہو ان تخفوہا کی جیسا کہ ایک قرأت میں یکفر بالجزم ہے تو

www.besturdubooks.net

ان دونوں صورتوں میں تخصیص ذکری ہے جس کی آگے توجیہ ہے فقط ۱۲منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى وجه الربط تخصیص نہیں تقريره ان حاصل نهيه صلى الله عليه وسلم كان سلبا كليا و حاصل الآية الايجاب الجزئى المحقق ببعض الصدقات فلا يرد ان الآية عامة فى كل الصدقات فان محط الفائدة عموم المصرف لا عموم المصروف ولعل نهيه صلى الله عليه وسلم كان فى غير الزكوة و قرينته على محصل قول عصام ان الزكوة كان صرفها من بيت المال لامن المزكين والخطاب للمتصدقين فدل على ان الكلام فى غير الزكوة وايضا قوله عليه السلام فى الزكوة لمعاذ خذها من اغنيائهم وردها فى فقرائهم اخرج الزكوة من هذا العموم الظاهرى فبقى غيرها على الجواز ويؤيده قوله عليه السلام تصدقوا على اهل الاديان كلها اخرجه العينى عن مصنف ابن شيبة مرسلا وفى الهداية لو لا حديث معاذ لقلنا بالجواز فى الزكوة اما استثناء الحربى فلقوله تعالىٰ انما ينهاكم الله عن الذين قاتلوكم فى الدين ۱۲۔ ۲ قوله اس فائدہ کا بیان اشارة الى كون العطف تفسيريا ۱۲۔ ۳ قوله خلاصہ اشار بهذا التقرير الى تغاير مفهومى فلانفسكم ويوف اليكم فتدبر وتشكر ۱۲۔ ۴ قوله نیت لان اللام فى لانفسكم للنفع والغرض والحامل على العمل نيته وتصوره لا وقوعه كما هو ظاهر ۱۲۔

الروایات: فى روح المعانى اخرج ابن ابى حاتم وغيره عن ابن عباسؓ ان النبى صلى الله عليه وسلم كان يأمرنا ان لا نتصدق الا على اهل الاسلام حتى نزلت هذه الآية واخرج ابن جرير عنه قال كان اناس من الانصار لهم انسباء وقرابة وكانوا يتقون ان يتصدقوا عليهم ويريدونهم ان يسلموا فنزلت آه۔

اختلاف القراءۃ: قوله ويكفر عنكم قرأه نافع والحمزة والكسائى به (اى بالنون) مجزوما (معطوفة) على محل الفاء وما بعده كذا قال البيضاوى۔

النحو: ما انفقتم مبتدأ ومن بيان له والخبر فان الله يعلمه بعمنى يجازيكم عليه۔ قال البيضاوى فنعم شيئا ابداء ها فى الحاشية يعنى ان هى هو المخصوص لكن على حذف المضاف ليحسن ارتباط الجزاء بالشرط ويدل على هذا تذكير الضمير فى فهو خير لكم اى اخفائها۔

البلاغۃ: انما صرح بذكر الفقراء فى الاخفاء دون الابداء لانه كان فيه مظنة ان يقدم عليه غنى لاياخذ بمنظر من الناس او يوثر العطى احبابه واصدقائه ولا يفتش عن فقرهم ولم تكن تلك الاحتمالات فى الابداء خشية لوم الناس فافهم كذا قالوا ۱۲۔

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِى الْاَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْـَٔلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۷۳﴾ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۴﴾ اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِىْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْۤا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ؕ وَاَمْرُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷۵﴾ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِى الصَّدَقٰتِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ﴿۲۷۶﴾

ع ۳۷ ربع — وقف لازم — وقف منزل

(صدقات) اصل حق ان حاجتمندوں کا ہے جو مقید ہو گئے ہوں اللہ کی راہ میں (اور اسی وجہ سے) وہ لوگ کہیں ملک میں چلنے پھرنے کا (عادۃً) امکان نہیں رکھتے اور ناواقف ان کو تونگر خیال کرتا ہے۔ ان کے سوال سے بچنے کے سبب سے (البتہ) تم ان کو ان کے طرز سے پہچان سکتے ہو (کہ فقر وفاقہ سے چہرہ پر اثر ضرور آ جاتا ہے) اور لوگوں سے لپٹ کر مانگتے نہیں پھرتے اور جو مال خرچ کرو گے بے شک حق تعالیٰ کو اس کی خوب اطلاع ہے۔ جو لوگ خرچ کرتے ہیں اپنے مالوں کو رات میں اور دن میں

www.besturdubooks.net

(یعنی بلا تخصیص اوقات) پوشیدہ اور آشکارا (یعنی بلا تخصیص حالات) سوان لوگوں کوان کا ثواب ملے گا ان کے رب کے پاس اور نہ ان پر کوئی خطرہ ہے اور نہ وہ مغموم ہوں گے۔ اور جو لوگ سود کھاتے ہیں نہیں کھڑے ہوں گے (قیامت کے دن قبروں سے) مگر جس طرح کھڑا ہوتا ہے ایسا شخص جس کو شیطان خبطی بنا دے لپٹ کر (یعنی حیران و مدہوش) یہ (سزا) اس لئے ہوگی کہ ان لوگوں نے کہا تھا کہ بیع بھی تو مثل سود کے ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال فرمایا ہے اور سود کو حرام کر دیا ہے۔ پھر جس شخص کو اس کے پروردگار کی طرف سے نصیحت پہنچی اور وہ باز آ گیا تو جو کچھ پہلے (لینا) ہو چکا ہے وہ اسی کا رہا اور (باطنی) معاملہ اس کا خدا کے حوالے رہا اور جو شخص پھر عود کرے تو یہ لوگ دوزخ میں جائیں گے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ سود کو مٹاتے ہیں اور صدقات کو بڑھاتے ہیں اور اللہ پسند نہیں کرتے کسی کفر کرنے والے کو (اور) کسی گناہ کے کام کرنے والے کو۞

تفسیر ربط: اوپر صدقات میں جو مومن کی تخصیص نہ ہونے کا بیان فرمایا تھا آگے اصل مستحق کا بیان فرماتے ہیں یعنی حاجت کے وقت سب کو دینا چاہئے لیکن اصل استحقاق ان لوگوں کا ہے جن میں خاص صفتیں ہوں یعنی اپنی طرف سے تو ایسوں ہی کو تفتیش کر کے دے اور یوں بلا تفتیش جس کی حاجت پر اطلاع ہو جاوے اس کو دے دیا کرے پس کچھ تعارض نہ رہا۔

اصل مستحقین صدقات: لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ۞ (صدقاتؕ) اصل حق ان حاجتمندوں کا ہے جو مقید ہو گئے ہوں اللہ کی راہ (یعنی دین کی خدمت) میں (اور اسی خدمت دین میں مقید اور مشغول رہنے سے) وہ لوگ (طلب معاش کیلئے) کہیں ملک میں چلنے پھرنے کا (عادۃً) امکان نہیں رکھتے (اور) ناواقف ان کو تونگر خیال کرتا ہے ان کے سوال سے بچنے کے سبب سے (البتہ) تم ان لوگوں کو ان کے طرز (وہیئت) سے پہچان سکتے ہو (کیونکہ فقر و فاقہ سے چہرہ اور بدن میں گونہ اضمحلال ضرور آ جاتا ہے اور یوں) وہ لوگوں سے لپٹ کر مانگتے نہیں پھرتے (جس سے کوئی ان کو حاجتمند سمجھے یعنی مانگتے ہی نہیں کیونکہ اکثر جو لوگ مانگنے کے عادی ہیں وہ لپٹ کر ہی مانگتے ہیں) اور (ان لوگوں کی خدمت کرنے کو) جو مال خرچ کرو گے بیشک حق تعالیٰ کو اس کی خوب اطلاع ہے (اور لوگوں کو دینے سے ان کی خدمت کا فی نفسہٖ زیادہ ثواب دینگے) **ف**: فی نفسہٖ کی قید لگانے کی وجہ تقریر ربط سے معلوم ہو چکی ہے یعنی اصل میں تو زیادہ اسی میں ثواب ہے لیکن کسی عارض کی وجہ سے ان کے غیر میں ثواب کا زیادہ ہونا ممکن ہے مثلاً ان لوگوں کی حاجت سے زیادہ دوسروں کو حاجت ہو یا یہ توقع ہو کہ ان کی تو خدمت کوئی اور بھی کر دے گا اور دوسرے بالکل محروم ہی رہ جاوینگے اور جہاں یہ عوارض نہ ہوں وہاں یہ لوگ خدمت کے لئے افضل ہیں اور یہ تطبیق بھی ہو سکتی ہے اوپر کی آیت کے مضمون اور اس حدیث میں جو اس کے تحت میں لکھی گئی ہے یعنی فی نفسہٖ تقی کی خدمت افضل ہے اور عارض کی وجہ سے غیر تقی بلکہ غیر مومن کے ساتھ احسان کرنے میں بھی افضلیت ممکن ہے اور جاننا چاہئے کہ ہمارے ملک میں اس آیت کے مصداق سب سے زیادہ وہ حضرات ہیں جو علوم دینیہ کی اشاعت میں مشغول ہیں پس اس بنا پر سب سے اچھا مصرف طالب علم ٹھہرے اور ان پر جو بعض ناتجربہ کاروں کا یہ طعن ہے کہ ان سے کمایا نہیں جاتا اس کا جواب قرآن میں دے دیا گیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ایک شخص ایسے دو کام نہیں کر سکتا جن میں سے ایک میں یا دونوں میں پوری مشغولی کی ضرورت ہو اور جس کو علم دین کا کچھ مذاق ہوگا وہ مشاہدہ سے سمجھ سکتا ہے کہ اس میں غایت مشغولی وانہماک کی حاجت ہے اس لئے اس کے ساتھ اکتساب مال کا شغل جمع نہیں ہو سکتا اور اس کے کرنے سے علم دین کی خدمت ناتمام رہ جاتی ہے چنانچہ ہزاروں نظائر پیش نظر ہیں۔

ربط: آگے یہ بتلانا مقصود ہے کہ انفاق فی الخیر میں کسی زمانہ اور کسی حالت کی تخصیص نہیں جب موقع ہو خرچ کرنا چاہئے سب مقبول ہے۔

عدم تخصیص اوقات و حالات در انفاق: اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ (الی قولہ تعالی) وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۞۔ جو لوگ خرچ کرتے ہیں اپنے مالوں کو رات میں اور دن میں (یعنی بلا تخصیص اوقات) پوشیدہ اور آشکارا (یعنی بلا تخصیص حالات) سوان لوگوں کو ان کا ثواب ملے گا (قیامت کے روز) ان کے رب کے پاس (جا کر) اور نہ (اس روز) ان پر کوئی خطرہ (واقع ہونے والا) ہے اور نہ وہ مغموم ہونگے **ف**: اس تعمیم سے بھی یہ بات معلوم ہوگئی کہ پوشیدہ خرچ کرنا اسی وقت افضل ہے جب تک آشکارا خرچ کرنے میں کسی عارض سے ترجیح نہ ہو مثلاً اس وقت مجمع میں ایک شخص کا دم نکلا جاتا ہے اور ہم اس کو نفع پہنچا سکتے ہیں اب وہاں یہ انتظار کرنا کہ جب سب ہٹ جاویں اس وقت اس کی خبر گیری کرینگے اس مثل کا مصداق ہو جاتا ہے تا تریاق از عراق آوردہ شود مار گزیدہ مردہ شود اور یہ جو کہا گیا کہ ان پر کوئی خطرہ واقع ہونے والا نہیں اس سے یہ شبہ جاتا رہا کہ قیامت کے روز تو خاص بندے بھی بڑے خوف اور خطر میں مشغول ہونگے وجہ دفع شبہ ظاہر ہے کہ گو ان کو خود خطرہ ہو مگر جس امر کا خطرہ ہے وہ ان کو پیش نہ آوے گا۔

ربط: تفصیل مضامین انفاق سے پہلے منجملہ ابواب البر کے پینتیس حکموں کا بیان ہوا ہے بعض احکام کا یہاں سے بیان ہوتا ہے اور ان بقیہ احکام کا ارتباط مضمون انفاق کے ساتھ اس سے اور زیادہ ہو گیا کہ یہ سب احکام مثل انفاق کے مال ہی کے ساتھ متعلق ہیں چنانچہ ربوا ظاہر ہے کہ مال سے متعلق ہے اسی طرح مدیون کو مہلت دینا۔ دین کے معاملات کو لکھوا لینا۔ ان معاملات میں شاہد بنانا۔ ان شاہدوں کاتبوں کو بے وجہ عذر نہ کرنا۔ رہن رکھنا رکھانا۔

www.besturdubooks.net

حکم سی و ششم تحریم وذم ربوا: اَلَّذِیۡنَ یَاۡکُلُوۡنَ الرِّبٰوا (الی قولہٖ تعالٰی) وَاللّٰہُ لَا یُحِبُّ کُلَّ کَفَّارٍ اَثِیۡمٍ۔ جو لوگ سود کھاتے ہیں (یعنی لیتے ہیں) نہیں کھڑے ہوں گے (قیامت میں قبروں سے) مگر جس طرح کھڑا ہوتا ہے ایسا شخص جس کو شیطان خبطی بنا دے لپٹ کر (یعنی حیران مدہوش) یہ سزا اس لئے ہوگی کہ ان (سود خوار) لوگوں نے (سود کے حلال ہونے پر استدلال کرنے کے لئے) کہا تھا کہ بیع بھی تو مثل سود کے ہے (کیونکہ اس میں بھی مقصود نفع حاصل کرنا ہوتا ہے اور بیع یقیناً حلال ہے پھر سود بھی جو کہ اس کا مثل ہے حلال ہونا چاہئے) حالانکہ (دونوں میں کھلا فرق ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے (جو کہ مالک ہیں احکام کے) بیع کو حلال فرمایا ہے اور سود کو حرام کر دیا ہے (اس سے زیادہ اور کیا فرق ہوگا) پھر جس شخص کو اس کے پروردگار کی طرف سے (اس بارہ میں) نصیحت پہنچی اور وہ (اس سود کے فعل سے اور اس کفر کے قول سے یعنی حلال کہنے سے) باز آ گیا (یعنی حرام سمجھنے لگا اور لینا بھی چھوڑ دیا) تو جو کچھ (اس حکم کے آنے سے) پہلے (لینا ہو چکا ہے وہ اسی کا رہا (یعنی ظاہر شرع کے نزدیک اس کی یہ توبہ قبول ہوگئی اور لیا ہوا مال اسی کی ملک ہے) اور (باطنی) معاملہ اس کا (کہ وہ دل سے باز آیا ہے یا منافقانہ توبہ کر لی ہے یہ) خدا کے حوالہ رہا (اگر دل سے توبہ کی ہوگی عند اللہ نافع ہوگی ورنہ کالعدم ہوگی تم کو بدگمانی کا کوئی حق نہیں) اور جو شخص (نصیحت مذکور سن کر بھی اسی قول اور اسی فعل کی طرف) پھر عود کرے تو (بوجہ اس کے کہ ان کا یہ فعل خود گناہِ کبیرہ ہے) یہ لوگ دوزخ میں جاوینگے (اور بوجہ اس کے کہ ان کا یہ قول کفر ہے اس لئے) وہ اس (دوزخ) میں ہمیشہ رہیں گے (اور گو سود لینے سے فی الحال مال بڑھتا نظر آتا ہے لیکن مآل کار) اللہ تعالیٰ سود کو مٹاتے ہیں (کبھی تو دنیا ہی میں سب برباد ہو جاتا ہے ورنہ آخرت میں تو یقینی بربادی ہے کیونکہ وہاں اس پر عذاب ہوگا) اور (برخلاف اس کے صدقہ دینے میں گو فی الحال مال گھٹتا معلوم ہوتا ہے لیکن مآلِ کار اللہ تعالیٰ صدقات کو بڑھاتے ہیں (کبھی تو دنیا میں بھی ورنہ آخرت میں تو یقیناً بڑھتا ہے کیونکہ وہاں اس پر بہت سا ثواب ملے گا جیسا اوپر آیات میں مذکور ہوا) اور اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتے (بلکہ مبغوض رکھتے ہیں) کسی کفر کرنے والے کو (جو کہ قول مذکور کے مثل کلمات کفر منہ سے بکے اور اسی طرح پسند نہیں کرتے) کسی گناہ کے کام کرنے والے کو (جو کہ فعل مذکور یعنی سود کے مثل کبائر کا مرتکب ہو) **ف**: آخرت میں جنون کی سی حالت ہونا قرآن سے تو اس فعل اور اس قول کے مجموعہ پر مرتب معلوم ہوتا ہے اور حدیث سے صرف سود لینے کے فعل پر بھی اس کا ترتب ثابت ہوتا ہے جیسا روح المعانی میں طبرانی سے بروایت عوف بن مالک حدیث مرفوع منقول ہے جس کے بعض الفاظ یہ ہیں **فمن اکل الربوا بعث یوم القیمة مجنونا یتخبط ثم قرأ الآیة** آہ۔ **ف**: قیامت میں سود خور کی حالت جنون کو جو تشبیہ دی گئی ہے اس شخص کی حالت سے جس کو شیطان نے لپٹ کر خبطی کر دیا ہو اس سے معلوم ہوا کہ آسیب کا لپٹ جانا امر ممکن ہے اور حقیقت اس کی یہ ہے کہ جنات میں بعضے خبیث ہوتے ہیں اور بعضی دفعہ کسی شخص کو تکلیف پہنچاتے ہیں اور ان کے تسلط سے انسان بدحواس ہو جاتا ہے چونکہ جنات کا وجود قرآن سے ثابت ہے اور اس کی انگلی چھونے کے اثر سے بچہ کا رونا حدیث سے ثابت ہے لہٰذا آیت میں اس تاویل کی ضرورت نہیں کہ بناء علی زعم العرب ایسا کہہ دیا گیا ہے اور چونکہ آیت میں یہ کہیں نہیں ہے کہ بدحواسی کی علت ہمیشہ آسیب زدگی ہی ہے اس لئے اس شبہ کی گنجائش ہی نہیں کہ بدحواسی اور جنون امراض کی ایک قسم ہے وجہ دفع شبہ ظاہر ہے کہ اگر جنون کبھی جن کے اثر سے ہو اور کبھی مرض کے اثر سے یا دونوں کے اثر سے اس طرح ہو کہ اول جن کا اثر ہو اور اس سے اخلاط میں تعفن اور تبخیر پیدا ہو جاوے یا کبھی اول اخلاط میں فساد پیدا ہو اور ان سے ریاح متعفنہ پیدا ہوں اور ان ریاح کے ساتھ ارواحِ خبیثہ شیطانیہ متعفن ہو جاویں جس طرح بعض فصول میں مواد بخاریہ میں جان پڑ کر ہوام موذیہ اور حشرات الارض پیدا ہو جاتے ہیں تو ان سب صورتوں میں کوئی وجہ استبعاد کی نہیں ہے پس اس قسم کے آثار کا انکار کرنا نری دہریت اور الحاد ہے اور بعضوں کو جو قرآن مجید کی اس آیت سے شبہ ہو گیا: وَمَا کَانَ لِیَ عَلَیۡکُمۡ مِّنۡ سُلۡطٰنٍ اِلَّاۤ اَنۡ دَعَوۡتُکُمۡ [ابراهیم: ۲۲] سو یہاں حصر باعتبار اس کے ہے کہ شیطان جبراً معصیت نہیں کرا سکتا باقی اس اثر متکلم فیہ کی نفی لازم نہیں آتی البتہ یہ بات اب تک ثابت نہیں کہ مردوں کی ارواح آ کر ستاتی ہیں بلکہ ظاہراً یہ امر اس لئے غلط معلوم ہوتا ہے کہ اگر وہ صلحاء سے تھا تو نعیم میں مشغول ہے اس کو یہاں ایذا رسانی کے لئے آنے کی کیا ضرورت اور اگر وہ اشقیاء میں سے تھا تو اس کو اس کی کب مہلت۔ **ف**: اور قیامت میں جو یہ سزا دی جاوے گی مناسبت اس کی جرم کے ساتھ یہ معلوم ہوتی ہے کہ اس شخص کا یہ کہنا اِنَّمَا الۡبَیۡعُ مِثۡلُ الرِّبٰوا ناشی ہے اس شخص کی بے عقلی سے در بارہ دین کے اس لئے اس کو سزا زوال عقل کی دی جاوے گی اسی طرح یہ فعل بھی خود دلیل ہے بے عقلی مذکور کی کیونکہ جس علم پر عمل نہ ہو وہ گویا علم اور عقل ہی نہیں۔ **ف**: حق تعالیٰ نے اُن کے استدلال مذکور کا جو جواب دیا ہے وہ حاکمانہ جواب ہے جو تقریر قوانین کے وقت بالکل کافی اور نہایت مناسب ہوتا ہے باقی حکیمانہ جواب آیہ: وَلَا تَاۡکُلُوۡۤا اَمۡوَالَکُمۡ بَیۡنَکُمۡ بِالۡبَاطِلِ۔ سے بوجہ اس کے کہ باطل میں سود بھی داخل ہے مفہوم ہوتا ہے جس کا حاصل اجمالاً یہ ہے کہ اس میں ناحق دوسرے کے مال کا ضائع کرنا ہے باقی مفصل حکمتیں اور احکام اصول اور فقہ میں مذکور ہیں۔

ربط: اوپر سود کے باب میں بداعتقاد اور بدعمل لوگوں کا ذکر تھا آگے حسب عادت قرآنیہ خوش اعتقاد اور نیک عمل لوگوں کا ذکر فرماتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اُحۡصِرُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ الخ اس میں دلیل ہے کہ فقیر مشتغل بالآخرۃ کو اسباب معیشت کا ترک کرنا اولیٰ ہے اگرچہ اس اشتغال

www.besturdubooks.net

وکسب میں کچھ تنافی بھی نہیں۔ قولہ تعالیٰ : یَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ الخ اس میں اصل ہے اس کی کہ ایسی کوئی خاص وضع نہ بنائے جس سے عوام اہل دنیا سے ممتاز ہو۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله صدقات اصل حق اشار به الى حذف المبتدأ والى كون اللام للاستحقاق ۱۲۔ ۲ قوله عادة يعنى ان المراد نفى الاستطاعة العادية لا العقلية ۱۲۔ ۳ قوله یعنی مانگتے ہی نہیں فى روح المعانى وهو المروى عن ابن عباسؓ واليه ذهب الفراء والزجاج واكثر ارباب المعانى وعليه يكون النفى متوجها لامرين على حد قول الاعشى۔

لا يغمز الساق من اين ولا وصب ☆ ولا يعض على شرسوفة الصفر

واعترض بان هذا انما يحسن اذا كان القيد لازما للمقيد او كاللازم حتى يلزم من نفيه نفيه بطريق برهانى واما هنا ليس كذلك اذ الالحاف ليس لازما للسوال ولا كلازمه اه ثم اجاب بما ليس بمرضى عندى وانما الجواب عندى ما اشرت فى تقرير الترجمة من كون الالحاف لازما للسوال فى الاكثر كما هو مشاهد ۱۲۔ ۴ قولہ یعنی لیتے ہیں ماخذه البيضاوى قال وانما ذكر الاكل لانه اعظم منافع المال ۱۲۔ ۵ قوله بیع بھی تو مثل سود کے ہے۔ هذا التقرير للاستدلال افهمنى الله ذوقا ثم رايته لصاحب الانتصاف فلا يحتاج الى ارتكاب تكلف المبالغة وحاصل الاستدلال انهما متماثلان والمثل يقاس على المثل فيقاس الربوا على البيع فى الحل قلت واسهل منه ان يقال ان هذه حجة الزامية اى لو كان الربوا حراما لزم ان يكون البيع حراما لان البيع مثل الربوا واللازم باطل فالملزوم مثله ۱۲ منه۔ ۶ قوله تم کو بدگمانی کا الخ هذا التقرير لجملة وامره الى الله مما خصنى الله تعالىٰ به بعد فكر طويل فيما علمت بعد ان راجعت التفاسير ولم يطمئن قلبى بما فيها والحمد لله وهو كمثل قوله عليه السلام هلا شققت قلبه ۱۲۔

الروایات: فى لباب النقول اخرج عبدالرزاق وابن جرير وابن ابى حاتم والطبرانى بسند ضعيف عن ابن عباسؓ قال نزلت هذه الآية فى على بن ابى طالب كانت معه اربعة دراهم فانفق بالليل درهما وبالنهار درهما وسرا درهما وعلانية درهما واخرج ابن المنذر عن ابن المسيب قال الآية نزلت فى عبدالرحمٰن بن عوف وعثمان بن عفان فى نفقتهم فى جيش العسرة ۱۲۔

النحو: الباء بمعنى فى سر او علانية مصدر اى انفاقا سرا ۱۲۔

البلاغۃ: انما قدم الليل والسر لافضلية الاخفاء فى نفسه ۱۲

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷۸﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۹﴾

بیشک جو لوگ ایمان لائے ہیں اور انہوں نے نیک کام کئے اور (بالخصوص) نماز کی پابندی کی اور زکوٰۃ دی ان کیلئے انکا ثواب ہوگا انکے پروردگار کے نزدیک اور (آخرت میں) اُن پر کوئی خطر نہیں ہوگا اور نہ وہ مغموم ہونگے۔ اے ایمان والوں اللہ سے ڈرو اور جو کچھ سود کا بقایا ہے اس کو چھوڑ دو۔ اگر تم ایمان والے ہو پھر اگر تم اس پر عمل نہ کروگے تو اشتہار سن لو جنگ کا اللہ کی طرف سے اور اس کے رسول کی طرف سے (یعنی تم پر جہاد ہوگا) اور اگر تم توبہ کرلوگے تو تم کو تمہارے اصل اموال مل جائیں گے۔ نہ تم کسی پر ظلم کرنے پاؤ گے اور نہ تم پر کوئی ظلم کرنے پائے گا۞

تفسیر: مدحِ مؤمنین عاملین: اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (الى قوله تعالى) وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۷﴾ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے اور (بالخصوص) نماز کی پابندی کی اور زکوٰۃ دی ان کے لئے ان کا ثواب ہوگا ان کے پروردگار کے نزدیک اور (آخرت میں) ان پر کوئی خطرہ (واقع ہونے والا) نہیں ہوگا اور نہ وہ (کسی مقصود کے فوت ہونے سے) مغموم ہونگے۔ **ف:** اوپر کی آیت میں سود خواروں کا قول: اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ان کے کفر پر دلالت کرتا تھا اس کے مقابل اس آیت میں اٰمَنُوْا لایا گیا اور وہاں ان کی بدعملی سود کی مذکور تھی جس سے ان لوگوں کا راغب الی الدنیا ہونا بھی مفہوم ہوتا تھا یہاں ان کی خوش عملی اجمالاً عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سے اور تفصیلاً راغب الی اللہ ہونا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ سے اور بجائے مالِ سود حاصل کرنے کے بالعکس مال کا خرچ کرنا اٰتَوُا الزَّكٰوةَ سے مذکور ہے اور ظاہر ہے کہ ان مقابلوں کی رعایت سے کلام میں کس قدر حسن وخوبی آگئی۔

ربط: اوپر ممانعت تھی آئندہ سود لینے سے آگے حکم بتلاتے ہیں پچھلا چڑھا ہوا سود وصول کرنے کا۔

www.besturdubooks.net

نہی از وصول بقایا سود: يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللهَ (الی قولہ تعالی) وَلَا تُظْلَمُونَ ۝ اے ایمان والو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور جو کچھ سود کا بقایا ہے اس کو چھوڑ دو اگر تم ایمان والے ہو (کیونکہ ایمان کا مقتضا اطاعت کرنا ہے پھر اگر تم (اس پر عمل) نہ کرو گے تو اشتہار سن لو جنگ کا اللہ کی طرف سے اور اُس کے رسول کی طرف سے (یعنی تم پر جہاد ہوگا) اور اگر تم توبہ کرلو گے تو تم کو تمہارے اصل اموال مل جاویں گے (اس قانون کے بعد) نہ تم کسی پر ظلم کرنے پاؤ گے (کہ تم اصل مال سے زیادہ لینے لگو) اور نہ تم پر کوئی ظلم کرنے پاوے گا (کہ تمہارا اصل مال بھی نہ دلایا جاوے) **ف**: آیت میں جو جہاد کے لئے فرمایا ہے اس میں حسب ذیل تفصیل ہے۔

مسئلہ: سود نہ چھوڑنا اگر اس طرح ہے کہ اس کو حلال نہیں سمجھتا تو وجہ جہاد یہ ہے کہ قاعدہ کلیہ ہے کہ جو مسلمان کسی خاص حکم شرعی کے خلاف کرے اور امام کے کہنے سے باز نہ آوے تو اس پر تو جبر کرنا چاہئے سود دچار پر تو جبر چل جاوے گا اور اگر وہ جبر کو نہ مانے بلکہ گروہ بنا کر بمقابلہ پیش آوے تو ان پر جہاد کرنا چاہئے گو وہ امر سنت ہی کیوں نہ ہو اسی لئے فقہاء نے ترک اذان یا ترک ختان پر قتال کا حکم دیا ہے اور ایسے لوگوں کا حکم باغیوں کا سا ہوگا۔ اور اس آیت میں جو یہ فرمایا ہے کہ اگر تم توبہ کرو تو تمہارا راس المال ملے گا اس سے مفہوم ہوتا ہے کہ توبہ نہ کرنے کی صورت میں راس المال بھی نہ ملے گا اس میں یہ تفصیل ہے۔

مسئلہ: اگر یہ توبہ نہ کرنا اس طرح ہے کہ سود کو حلال سمجھنے لگا تو چونکہ اس کے قبل یہ شخص مسلمان ہے جیسا کہ: يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اس کا قرینہ بھی ہے اور سود کو حلال سمجھنا کفر ہے اور اسلام کے بعد کفر کرنا ارتداد ہے اس لئے یہ شخص مرتد ہو جاوے گا کہ اگر از سر نو اسلام قبول نہ کرے تو اس کو قتل کر دیا جاتا ہے اور اس کا تمام مال اس کی ملک سے زائل ہو جاتا ہے پھر اس میں جتنا ارتداد سے پہلے کا حاصل کیا ہوا ہے وہ تو اس کے مسلمان وارثوں کو تقسیم ہو جاتا ہے اور جو ارتداد کی حالت میں حاصل کیا ہے وہ بیت المال میں داخل کر دیا جاتا ہے۔

مسئلہ: اور اگر یہ توبہ نہ کرنا اس طرح ہے کہ اس کو حلال نہیں سمجھا مگر ترک نہیں کیا تو اوپر مذکور ہوا ہے کہ اگر یہ بمقابلہ پیش نہ آیا تب تو جبر کر کے ترک کرا ہی دیں گے تو بہ نہ کرنے کی شق میں یہ صورت داخل ہی نہیں اور اگر بمقابلہ پیش آیا تو باغی ہے اور باغی کے احکام میں سے یہ ہے کہ ان میں جو قتل سے بچا رہے اس کا مال اس کی ملک سے تو زائل نہیں ہوتا مگر اس کے قبضہ سے نکال لیا جاتا ہے یعنی چھین کر اپنے قبضہ میں امانت کے طور پر رکھا جاتا ہے وہ لوگ جس وقت توبہ کر لیں ان کے اموال ان کو واپس کر دیئے جاویں گے یہ سب مسائل ہدایہ میں موجود ہیں۔

مسئلہ: جو احقر[1] نے اس آیت سے سمجھا ہے دار الحرب میں حربی سے سود لینا حرام ہے کیونکہ یہ بقایا سود زمانۂ جاہلیت کا تھا جبکہ مکہ دار الحرب تھا اگر یہ معاملہ حلال ہوتا تو حلال معاملہ سے جو حق واجب ہو اس کا مطالبہ ہر حال میں درست ہے گو مطالبہ کے وقت وہ معاملہ ناجائز ہو مثلاً اگر نصرانی نے دوسرے نصرانی سے ایک روپیہ کی شراب خریدی ان کے لئے معاملہ حلال تھا پھر دونوں مسلمان ہو گئے باوجودیکہ اب ایسی بیع وشرا درست نہیں مگر پچھلا روپیہ وصول کرنا درست ہے پس جبر ربوا میں پچھلا بقایا لینے کی اجازت نہ ہوئی معلوم ہوا کہ اس وقت بھی حلال نہ تھا پھر حربی حربی میں درست نہ ہوا تو مسلم اور حربی میں کیسے درست ہوگا رہا لیا ہوا واپس نہ ہونا یہ تخفیف تھی بعد ورود علم تحریم کے واسطے دفع حرج کثیر کے اور فقہی روایت جو اس کے متعلق مشہور ہے احقر کے نزدیک اس کی خاص تفسیر ہے جس سے سود کی حلت لازم نہیں آتی باقی تفصیل کا یہ مقام نہیں۔

الحواشی: (۱) یہ مسلک کی صفت ہے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ کیونکہ الخ علم منہ ان الشرط للترغیب لا للتعلیق ۱۲۔

الروایات: اخرج ابن ابی حاتم عن مقاتل قال نزلت ھذہ الآیۃ فی بنی عمرو بن عمیر بن عوف الثقفی ومسعود بن عمرو بن عبدیالیل بن عمر وربیعۃ بن عمرو وحبیب بن عمیر کلھم اخوۃ وھم الطالبون والمطلوبون بنو المغیرۃ من بنی مخزوم وکانوا یداینون بنو المغیرۃ فی الجاھلیۃ بالربوا وکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صالح ثقیفا فطلبوا رباھم ای بنی المغیرۃ وکان مالا عظیما فقال بنو المغیرۃ واللہ لا نعطی الربوا فی الاسلام وقد وضعہ اللہ تعالیٰ ورسولہ عن المسلمین فعرفوا شانھم معاذ بن جبل ویقال عتاب بن اسید فکتب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان بنی عمرو وعمیر یطلبون رباھم عند بنی المغیرۃ فانزل اللہ تعالیٰ یاایھا الذین آمنوا الخ فکتب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی معاذ بن جبل ان اعرض علیھم ھذہ الآیۃ فان فعلوا فلھم رؤس اموالھم وان ابو افاذنھم بحرب من اللہ ورسولہ۔ وفی روح المعانی عن ابی یعلی عن ابن عباس لما نزلت قال ثقیف لایدی لنا بحربہ ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قال البیضاوی قرأ حمزۃ وعاصم فی روایۃ ابن عباس رضی اللہ عنھما فاذنوا ای فاعلموا بھا غیرکم من الاذن وھو الاستماع فانہ من طرق العلم وفی حاشیتہ برمزف واذا امروا باعلام غیرھم علموہ لا محالۃ آہ او یقال کما فی روح المعانی اعلمو

www.besturdubooks.net

انفسکم و غیرکم ۱۲۔

البلاغۃ: التنوین فی حرب للتعظیم ۱۲۔

وَ اِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ؕ وَ اَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸۰﴾ وَ اتَّقُوْا يَوْمًا
تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۗ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَ هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۸۱﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا ۳۸ ع ۶
تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ وَ لْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۪ وَ لَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ
كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَ لْيُمْلِلِ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَ لْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَ لَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ
فَاِنْ كَانَ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ؕ

اور اگر تنگ دست ہو تو مہلت دینے کا حکم ہے آسودگی تک اور یہ (بات) کہ معاف ہی کر دو اور زیادہ بہتر ہے تمہارے لئے اگر تم کو اس کے ثواب کی خبر ہو اور اس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ تعالیٰ کی پیشی میں لائے جاؤ گے۔ پھر ہر شخص کو اس کا کیا ہوا (نیکی کا بدلہ) پورا پورا ملے گا اور ان پر کسی قسم کا ظلم نہ ہوگا۔ اے ایمان والوں جب معاملہ کرنے لگو ادھار کا ایک میعاد (معین تک کے لئے) تو اس کو لکھ لیا کرو اور یہ ضرور ہے کہ تمہارے آپس میں (جو) کوئی لکھنے والا ہو انصاف کے ساتھ لکھے اور لکھنے والا لکھنے سے انکار بھی نہ کرے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو (لکھنا) سکھلا دیا اس کو چاہئے کہ لکھ دیا کرے اور وہ شخص لکھوا دے۔ جس کے ذمے وہ حق واجب ہو اور ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ سے جو اس کا پروردگار ہے اور اس میں سے ذرہ برابر (بتلانے میں) کمی نہ کرے۔ پھر جس شخص کے ذمے حق واجب تھا وہ اگر خفیف العقل ہو یا ضعیف البدن ہو یا خود لکھانے کی قدرت نہ رکھتا ہو تو اس کا رکن ٹھیک ٹھیک طور پر لکھوا دے ۞

تفسیر: حکم سی و ہفتم وجوب امہال مفلس: ۔ اور اس حکم کو باوجود عام ہونے کے ماقبل کے ساتھ ایک خاص مناسبت بھی ہے وہ یہ کہ سودخوروں کا قاعدہ تھا کہ میعاد پر مطالبہ کرنے پر اگر مدیون مہلت مانگتا تو مہلت کے عوض اور سود لیتے تھے اس آیت آئندہ سے اس رسم بد کو بھی مٹاتا ہے۔ وَ اِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ (الی قولہ تعالی) اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اور اگر (مدیون) تنگدست ہو (اور اس لئے میعاد پر نہ دے سکے) تو (اس کو) مہلت دینے کا حکم ہے آسودگی تک (یعنی جب اس کے پاس ادا کی گنجائش ہو) اور یہ (بات) کہ (بالکل) معاف ہی کر دو اور زیادہ بہتر ہے تمہارے لئے اگر تم کو (اس کے ثواب کی) خبر ہو۔

ف: مسئلہ: مفلس کو مہلت دینا واجب ہے۔

مسئلہ: جب اس کو گنجائش ہو پھر مطالبہ کی اجازت ہے۔

مسئلہ: البتہ اگر ہنوز مفلس ہی ہونا تحقیق نہ ہو بلکہ شبہ ہو کہ شاید اپنی گنجائش کا اخفاء کرتا ہے اور قصداً ٹالتا ہے تو حاکم کو دائن کی درخواست پر چاہئے کہ مدیون کو حوالات کر دے اور جب قرائن سے یہ یقین ہو جاوے کہ اب اس قدر تنگ ہو چکا ہے کہ اگر اس کے پاس مال ہوتا تو ضرور دے دیتا اس وقت رہا کر دے۔

ربط: اوپر کے احکام میں چونکہ ظاہراً کسی قدر مالی نفع کم معلوم ہوتا ہے چنانچہ ربوا میں آمدنی کا کم ہونا اور مہلت میں آمدنی کا بدیر ہونا ظاہر ہے اس لئے مکلفین کا بوجہ حب طبعی مال کے ان احکام میں کوتاہی کرنا بعید نہ تھا لہٰذا اس مقام میں احکام میں کوتاہی کرنے پر کسی قدر ترہیب مناسب معلوم ہوئی جو آیت آئندہ میں ارشاد فرمائی جاتی ہے: وَ اتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۗ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَ هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۸۱﴾ اور (مسلمانو) اس دن سے ڈرو جس میں تم (سب) اللہ تعالیٰ کی پیشی میں لائے جاؤ گے پھر ہر شخص کو اس کا کیا ہوا (یعنی اس کا بدلہ) پورا پورا ملے گا اور ان پر کسی قسم کا ظلم نہ ہوگا (تو تم پیشی کے لئے اپنی کارگذاری درست رکھو اور کسی قسم کی خلاف ورزی مت کرو)۔

حکم سی و ہشتم متعلق دین: ۔ اور اس حکم میں کئی جزو ہیں:

جزو اول مشورہ کتابت دستاویز: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا (الی قولہ تعالی) وَ لْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۪۔

جزو دوم نہی کاتب از انکار کتابت: وَ لَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ۔

جزو سوم بودن دستاویز از جانب مدیون: وَ لْيُمْلِلِ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ (الی قولہ تعالی) اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ اے ایمان والو جب معاملہ کرنے لگو ادھار کا (خواہ دام ادھار ہوں یا جو چیز خریدنا ہے وہ ادھار ہو جیسے بیع سلم میں) ایک میعاد معین تک

www.besturdubooks.net

(کیلئے) تو اس (یادداشت ودستاویز) کو لکھ لیا کرو اور یہ ضرور ہے کہ تمہارے آپس میں (جو) کوئی لکھنے والا (ہو وہ) انصاف کیساتھ لکھے (یعنی کسی کی رعایت کر کے مضمون میں کمی بیشی نہ کرے) اور لکھنے والا لکھنے سے انکار بھی نہ کرے جیسا کہ خدا نے اس کو (لکھنا) سکھلا دیا اس کو چاہئے کہ لکھ دیا کرے (کاتب کو) وہ شخص (بتلا دے اور) لکھوا دے جس کے ذمہ وہ حق واجب ہو (کیونکہ دستاویز کا حاصل اقرار حق کا ہوتا ہے تو جس کے ذمہ حق ہے اسی کا اقرار ضرور ٹھہرا) اور (لکھاتے وقت) اللہ تعالیٰ سے جو اس کا پروردگار ہے ڈرتا رہے اور اس (حق) میں سے ذرہ برابر (بتلانے میں) کمی نہ کرے پھر جس شخص کے ذمہ حق واجب تھا وہ اگر خفیف العقل (یعنی معتوہ یا مجنون) ہو یا ضعیف البدن (یعنی نابالغ یا پیر فرتوت) ہو یا (اور کسی اتفاقی امر سے) خود (بیان کرنے کی اور) لکھانے کی قدرت نہ رکھتا ہو (مثلاً گونگا ہے اور لکھنے والا اس کا اشارہ نہیں سمجھتا یا مثلاً دوسرے ملک کا رہنے والا ہے اور زبان غیر رکھتا ہے اور لکھنے والا اس کی بولی نہیں سمجھتا) تو (ایسی حالت میں) اس کا کارکن ٹھیک ٹھیک طور پر لکھوا دے۔

ف **مسئلہ**: دام ادھار یہ کہ روپیہ کے گیہوں خریدے یا ہزار روپے کا مکان خریدا اور وعدہ ٹھہرا کہ چھ ماہ کے بعد دام دینگے یا سو روپیہ فی الحال کسی کو دیئے اور یہ معاہدہ ٹھہرا کہ چھ ماہ کے بعد مثلاً فلاں غلہ اس قدر لیں گے اس کو اصطلاح شرع میں سلم کہتے ہیں یہ دونوں صورتیں شرعاً جائز ہیں البتہ ان کے جائز ہونے کے لئے بہت سی شرطیں ہیں جو کہ کتب فقہ میں مذکور ہیں۔

مسئلہ: منجملہ ان شرائط کے ایک شرط وہ بھی ہے جس کی طرف آیت میں یہ اشارہ ہے یعنی وہ میعاد پورے طور سے معین ہو جس سے گنجائش اختلاف ونزاع کی باقی نہ رہے مثلاً ماہ رمضان کی پندرہ تاریخ اور یوں نہ کہے کہ مثلاً جب فصل کٹنے لگے گی کیونکہ فصل کے کٹنے کی ابتدا اور انتہا میں تفاوت ہوا کرتا ہے۔

مسئلہ: یہ لکھنا جمہور علماء کے نزدیک مستحب ہے اگر کوئی نہ لکھے لکھاوے گنہگار نہیں صرف مصلحت ہے کہ احتمال اختلاف کا اصلاً نہ رہے۔

مسئلہ: یہ لکھنا چونکہ اس مصلحت کے لئے ہے اس لئے دین کے ساتھ مخصوص نہیں اگر دونوں طرف سے لینا دینا بالفعل ہی ہو جاوے اور پھر بھی اس میں لکھنا مصلحت ہو تو مضائقہ نہیں مثلاً کوئی گاؤں خریدا اور اس کا بیع نامہ لکھوالیا تا کہ آئندہ چل کر کوئی منکر نہ ہو جاوے۔

مسئلہ: کاتب کو لکھنے کا حکم اور انکار سے ممانعت یہ بھی استحباب کے لئے ہے اسی واسطے اگر کاتب لکھنے پر اجرت لے جائز ہے۔

مسئلہ: خفیف العقل سے مراد مجنون یا معتوہ ہے جو بالکل پاگل نہ ہو مگر مختلط العقل ہو اور ضعیف البدن سے مراد نابالغ یا بوڑھا ہے ان میں نابالغ اور معتوہ و مجنون کی بیع وشراء واقرار تو شرعاً ناقابل اعتبار ہے بلکہ ان لوگوں کو ایسے معاملات کے صحیح ونافذ ہونے کے لئے ولی شرعی کی اجازت درکار ہے اور ایسا ولی جس کا تصرف ان کے مال میں نافذ ہو سکے صرف یہ ہیں۔ باپ، دادا، باپ کا وصی، دادا کا وصی، قاضی یعنی حاکم شرعی ان کا ہر معاملہ یا تو ولی کرے یا اگر یہ کریں تو ولی مطلع ہو کر کہہ دے کہ میں جائز رکھتا ہوں اور اگر ولی کرے گا تو تب بھی عوض اس معاملے کا جیسے دام ان ہی کے مال میں واجب ہوگا گو مطالبہ ولی سے ہوگا مگر وہ ان کے مال سے دے گا پس مدیون یہی رہیں گے اور بوڑھا اگر بدحواس ہو جاوے تب تو اس کا بھی یہی حکم ہے ورنہ وہ خود معاملہ کر سکتا ہے یا کسی کو اپنے آرام کیلئے اپنی طرف سے مختار کر دے اس کو وکیل کہتے ہیں اور گونگے یا دوسرا لغت بولنے والے کے لئے مفہم اور مترجم کی ضرورت ہے وہ ہر معتبر آدمی ہو سکتا ہے پس قرآن میں وَلِی بمعنی کارکن کا لفظ ان سب کو یعنی ولی اصطلاحی اور وکیل اور مترجم اور مفہم کو شامل اور عام ہے۔

مسئلہ: اس کتابت کے امر کے بعد استشہاد کا امر دلیل ہے کہ معاملات میں خط حجت نہیں وبہ صرح الفقهاء اور دیانات میں خط کا حجت ہونا اس سے ثابت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے سلاطین کے نام فرامین بھیجے اور ان کے ساتھ شہود نہیں بھیجے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَاكْتُبُوهُ۔ اس میں ثبوت ہے اس کا کہ معاشرت وعادات کے نظام کی اصلاح طریق کے منافی نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله خفیف العقل فالسفيه ههنا ليس بالمعنى الاصطلاحي عند الفقهاء بمعنى المبذر فلا يصح الاحتجاج بالآية على ابي حنيفة في قوله ان المبذر ليس بمحجور عن التصرف ۱۲۔ ۲؎ قوله في المسئلة الاخيرة ولی بمعنی کارکن لان الولی متولی الامور ۱۲۔

اللغات: في روح المعاني الا ملال بمعنى الا لقاء على الكاتب ما يكتبه وفعله امللت وقد يبدل احد المضاعفين ياء ويتبعه المصدر فيه وتبدل همزة بعد الف زائدة فيقال املاء ۱۲۔

النحو: كان تامة فنظرة اى الحكم نظرة فالمبتدأ مقدر الى اجل متعلق بقوله تداينتم قوله **كاتب بالعدل** الجار والمجرور متعلق عندى بقوله وليكتب قوله كما **علمه الله** متعلق بقوله لا ياب على حد قوله تعالى احسن كما احسن الله ۱۲۔ **لا يستطيع** معطوف على مفرد بعد تأويله بغير مستطيع ۱۲۔

البلاغۃ: **تداينتم** جرد عن معنى الدين اى تعاملتم بقرينة قوله بدين وانما زاد بدين ولم يقتصر على قوله تداينتم للاهتمام فانه كان

www.besturdubooks.net

محتملا للمجاز بمعنى مطلق المعاملة قوله ولا يبخس انما نفى فى املاء من عليه الحق النقصان فقط وقال فى الكاتب والولى بالعدل نفيا للزيادة والنقصان لان في من عليه الحق لم يكن احتمال الزيادة للتضرر به۔

وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ؕ وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ؕ وَلَا تَسْئَمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۪ وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ۬ؕ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۸۲﴾

اور دو شخصوں کو اپنے مردوں میں سے گواہ بھی کر لیا کرو پھر اگر وہ دو گواہ مرد (میسر) نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں (گواہ بنائی جائیں) ایسے گواہوں میں سے جن کو پسند کرتے ہو۔ تاکہ ان دونوں عورتوں میں سے کوئی ایک بھی بھول جائے تو ان میں ایک دوسری کو یاد دلائے اور گواہ بھی انکار نہ کرے جب (گواہ بننے کے لئے) بلائے جایا کریں اور تم اس (دین) کے (بار بار) لکھنے سے اُکتایا مت کرو خواہ وہ معاملہ چھوٹا ہو یا بڑا ہو یہ لکھ لینا انصاف کا زیادہ قائم رکھنے والا ہے۔ اللہ کے نزدیک اور شہادت کا زیادہ درست رکھنے والا ہے اور زیادہ سزاوار ہے اس بات کا کہ تم (معاملہ کے متعلق) کسی شبہ میں نہ پڑو مگر یہ کہ کوئی سودا دست بدست ہو جس کو باہم لیتے دیتے ہو تو اس کے نہ لکھنے پر بھی کوئی الزام نہیں اور (اتنا اس میں ضرور کیا کرو کہ) خرید و فروخت کے وقت گواہ کر لیا کرو اور کسی کاتب کو تکلیف نہ دی جائے اور نہ کسی گواہ کو اور اگر تم ایسا کرو گے تو اس میں تم کو گناہ ہوگا خدا تعالیٰ سے ڈرو اور اللہ تعالیٰ (کا تم پر احسان ہے کہ) کہ تم کو تعلیم فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ سب چیزوں کے جاننے والے ہیں۝

تفسیر: جزو چہارم استشہاد: وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى۔

جزو پنجم نہی شہداء از انکار شہادت: وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا اور (اس معاملہ دین پر علاوہ دستاویز لکھنے کے معاملہ کی پختگی کے لئے) دو شخصوں کو اپنے مردوں میں سے گواہ (بھی) کر لیا کرو (اور شرعاً اصل مدار ثبوت دعویٰ کا یہی گواہ ہیں گو دستاویز نہ ہو اور خالی دستاویز بدون گواہوں کے ایسے معاملات میں حجت اور معتبر نہیں دستاویز لکھنا صرف یادداشت کی آسانی کے لئے ہے کہ اس کا مضمون دیکھ کر سن کر طبعی طور پر اکثر تمام واقعہ یاد آ جاتا ہے جیسا عنقریب قرآن ہی میں آتا ہے) پھر اگر وہ دو گواہ مرد (میسر) نہ ہو تو ایک مرد اور دو عورتیں (گواہ بنالی جاویں) ایسے گواہوں میں سے جن کو تم (ان کے معتبر ہونے کی وجہ سے) پسند کرتے ہو (اور ایک مرد کی جگہ دو عورتیں اس لئے تجویز کی گئیں) تاکہ ان دونوں عورتوں میں سے کوئی ایک بھی (شہادت کے کسی حصہ کو خواہ ذہن سے یا شہادت کے وقت بیان کرنے سے) بھول جاوے تو ان میں ایک دوسرے کو یاد دلا دے (اور یاد دلانے کے بعد شہادت کا مضمون مکمل ہو جاوے) اور گواہ بھی انکار نہ کیا کریں جب (گواہ بننے کے لئے) بلائے جایا کریں (کہ اس میں اعانت ہے اپنے بھائی کی) **ف**: گواہی کے احکام میں بہت تفصیل ہے لیکن جن حقوق کا یہاں ذکر ہے یعنی عقود مالیہ ان کے متعلق چند مسائل مرقوم ہوتے ہیں۔

مسئلہ: ان گواہوں میں یہ صفات ہونے چاہئیں۔ اسلام، عقل، بلوغ، آزادی، یعنی غلام نہ ہونا۔ عدالت یعنی بوجہ دینداری کے معتبر ہونا اور یہ سب صفات اس آیت سے بھی مفہوم ہوتے ہیں کیونکہ رجالکم وغیرہ میں مخاطب وہی ہیں جو اوپر يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ۔ میں ہیں ایمان تو صاف مذکور ہے اور معاملات واقع ہوا کرتے ہیں عقل بالغ آزاد لوگوں میں ان صفات کا شرط ہونا اس سے مفہوم ہوا۔ اور عدالت مِمَّنْ تَرْضَوْنَ سے معلوم ہوئی البتہ اس میں اختلاف ہے کہ عدالت ظاہری کافی ہے یا خاص طور پر تفتیش بھی کی جاوے۔

مسئلہ: گواہ بننے کے لئے بلانے پر چلا جانا مستحب ہے البتہ گواہ بن جانے کے بعد گواہی ادا کرنے کے لئے جانا یہ بعض صورتوں میں فرض ہے جیسا عنقریب بعد کی آیت میں آوے گا۔

مسئلہ: کلمہ فَتُذَكِّرَ سے صاف مفہوم ہوا کہ مدار گواہی کا یاد پر ہے پس اگر دستاویز دیکھ کر واقعہ یاد نہ آیا تو گواہی دینا درست نہیں۔

مسئلہ: چونکہ مدار ثبوت کا گواہی پر ہے لہٰذا نہ خود دستاویز لکھنا ضروری ہے اور اگر لکھی جاوے تو ضرور نہیں کہ اس پر گواہوں کے دستخط بھی ہوں صرف ان کا سن

www.besturdubooks.net

لینا دستاویز کو یا واقعہ کا مشاہدہ کر لینا جو دستاویز نہ ہو کافی ہے اول صورت میں گواہی اس طرح دینگے کہ ہم کو فلاں شخص نے اپنا اقرار سنایا یا دوسرے نے سنایا اور فلاں نے اس کی صحت کا اقرار کیا اور دوسری صورت میں کہیں گے کہ ہمارے روبرو یہ معاملہ ہوا البتہ دستاویز پر دستخط کر دینا گواہوں کا اور زیادہ موجب سہولت یادداشت وقرین احتیاط ومصلحت ہے کیونکہ اکثر دستاویز پر اپنے دستخط دیکھ کر وہ واقعہ یاد آ جاتا ہے مگر بدون مشاہدہ واقعہ یا مقر کی زبان سے اقرار سنے ہوئے گواہی لکھنا جیسا کہ اب رسم ہے ناجائز ہے۔

تتمہ جزو اول: وَلَا تَسْـَٔمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ (الی قولہ تعالی) فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ ۔

تتمہ جزو چہارم: وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۔

تتمہ جزو دوم وپنجم: وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّ لَا شَهِيْدٌ ؕ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اور تم اس (دین) کے (بار بار) لکھنے سے اکتایا مت کرو خواہ وہ (معاملہ دین کا) چھوٹا ہو یا بڑا ہو یہ لکھ لینا انصاف کا زیادہ قائم رکھنے والا ہے اللہ کے نزدیک اور شہادت کا زیادہ درست رکھنے والا ہے اور زیادہ سزاوار ہے اس بات کا کہ تم (معاملہ کے متعلق) کسی شبہ میں نہ پڑو (اس لئے لکھ ہی لینا اچھا ہے) مگر یہ کہ کوئی سودا دست بدست ہو جس کو باہم لیتے دیتے ہو تو اس کے نہ لکھنے میں تم پر کوئی الزام (اور مضرت) نہیں اور (اتنا اس میں بھی ضرور کیا کرو کہ اس کے) خرید وفروخت کے وقت گواہ کر لیا کرو (شاید کل کو کوئی بات نکل آوے مثلاً بائع کہنے لگے کہ مجھ کو دام ہی وصول نہیں ہوئے یا یہ چیز میں نے فروخت ہی نہیں کی یا مشتری کہنے لگے کہ میں نے تو واپسی کا اختیار بھی لے لیا تھا یا ابھی تو مبیع پوری میرے پاس نہیں پہنچی) اور (جس طرح ہم نے اوپر کاتب اور گواہ کو منع کیا ہے کہ کتابت اور شہادت سے انکار نہ کریں اسی طرح ہم تم کو بھی تاکید کرتے ہیں کہ تمہاری طرف سے بھی) کسی کاتب کو تکلیف نہ دی جاوے اور نہ کسی گواہ کو (مثلاً اپنی مصلحت کے لئے ان کی کسی مصلحت میں خلل ڈالا جاوے) اور اگر تم ایسا کرو گے تو اس میں تم کو گناہ ہوگا اور خدا تعالیٰ سے ڈرو (اور جن کاموں سے اس نے منع کر دیا ہے وہ مت کرو) اور اللہ تعالیٰ (کا تم پر احسان ہے کہ) تم کو (احکام مفیدہ کی) تعلیم فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ سب چیزوں کے جاننے والے ہیں (تو وہ مطیع اور عاصی کو بھی جانتے ہیں ہر ایک کو مناسب جزا دینگے۔

ف: لکھنے میں تین فائدے فرمائے۔ اول کا حاصل یہ ہے کہ ایک کا حق دوسرے کے پاس نہ جائے گا نہ رہے گا حقوق العباد سے حفاظت رہے گی۔ دوسرے کا حاصل یہ ہے کہ گواہوں کو آسانی ہوگی۔ تیسرے کا حاصل یہ ہے کہ اہل معاملہ کا جی صاف رہے گا طبیعت کو راحت رہے گی دوسرے سے قلب میں کدورت نہ ہوگی تینوں فائدوں کا الگ الگ ہونا ظاہر ہے۔ اور ان فوائد کا اس طرح بیان کرنا قرینہ ہے کتابت کے مستحب ہونے کا اسی طرح گواہ کرنا بھی مستحب ہے البتہ ضرر پہنچانا کاتب اور گواہ کو حرام ہے فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ؕ اس کا صریح قرینہ ہے اور اگر کاتب اجرت مانگے یا گواہ کو آمد ورفت کے خرچ کی ضرورت ہو تو ان کو مفت کام کرنے پر مجبور کرنا یہ بھی ضرر پہنچانے میں داخل ہے اور حرام ہے۔ اور یہ جو فرمایا کہ نہ لکھنے میں الزام نہیں مراد یہ ہے کہ دنیا کی مضرت نہیں ورنہ گناہ تو کسی معاملہ کے نہ لکھنے میں نہیں ہے اور تجارت حاضرہ میں لکھنے کا اہتمام نہ فرمانا دفع حرج کے لئے ہے کیونکہ ایسے معاملات بکثرت ہوتے ہیں اور اکثر خفیف بھی ہوتے ہیں اور دست بدست ہونے سے احتمال اختلاف ونزاع کا ضعیف ہوتا ہے اس سے یہ بھی مستنبط ہو سکتا ہے کہ اگر کسی تجارت حاضرہ میں یہ امور نہ ہوں مثلاً وہ معاملہ بڑا ہو اور کم ہوا کرتا ہو اور اختلاف آئندہ احتمال ہو وہاں ترک اہتمام کی علت نہ ہونے سے کتابت کا اہتمام مطلوب ہوگا جیسے عادت بھی ہے کہ بڑے بڑے معاملات کی دستاویزیں برابر لکھی جاتی ہیں گو ادھار نہ ہو۔

مُلحقاتُ التَّرجَمة: ١ قوله پختگی کے لئے اشارة الى بيان الحكمة وهى الحكمة فى الكتابة فى الرهن الآتى حكمه فالمقصود بها كلها الاستيثاق ١٢۔ ٢ قوله ایسے معاملات میں حجت اور معتبر نہیں۔ احترز بهذا القيد عن الديانات المخصصة كالرواية والفتوى وعن السجلات للقاضى ومثله فان المكتوب فيها حجة اذا امن التزوير۔ ٣ قوله ایک مرد کی جگہ دو عورتیں اس لئے تجویز کی گئیں اشارة الى تقدير العامل فى ان تضل اى شرط او شرع التعدد الخ وعلى هذا لا يجب ان يكون قوله ممن ترضون من الشهداء قيدا لقوله فرجل وامراتان فقط كما قال بعضهم ان كونه قيد اللشهيدين يستلزم الفصل وكذا تعلقه باستشهدوا ليكون قيدا فى الجميع يستلزم الفصل بين اشتراط المراتين وتعليله وهو كما ترى لم بين النكتة فى تخصيص رجل وامراتين بهذا التقييد مع تحقق اعتباره فى كل شهيد لقلة اتصاف النساء به انتهى قول البعض ولما قدرنا ذلك العامل لم يلزم الفصل بين الحكم وتعليله بل هما متصلان احدهما مقدر والآخر مذكور فافهم ١٢۔ ٤ قوله ذہن سے یا شہادت کے وقت بیان کرنے سے بھول جاوے فاندفع ما يتوهم ان النساء بعضهن يحفظن الواقعات الطويلة البعيدة الزمان وجه الدفع اولا بان العبرة للاكثر واكثرهن لغلبة الرطوبة فى امزجتهن يغلب عليهن النسيان وثانيا بما زدت من المعطوف فانا تتبعنا كثيرا فلم نجد مادة التخلف ان النساء كلهن تكون قاصرة البيان ما يأتين بحديث قط يكون اتم مستوعبا لاجزائه جميعا بل كثيرا ما يذكرن

www.besturdubooks.net

الحشوو یترکن ما لا بدمنه نعم اذا کان فیهن تعدد فاحداهن تأتی بجزء والاخرٰی تأتی بجزء فیتم الحدیث بذاك النهج فافهم والیه الاشارة فی قوله تعالٰی او من ینشؤا فی الحلیة وهو فی الخصام غیر مبین الآیة۱۲۔ ۵ قوله گواہ بننے کے لئے بلائے جایا کریں هو الراجح عندی وان لزم فیه مجاز المشارفة لان فیه التحرز عن التکرر وایض هو مؤید بما فی الروح المعانی عن الربیع ان الآیة نزلت حین کان الرجل یطوف فی القوم الکثیر فیدعوهم ای الشهادة فلا یتبعه احد منهم۱۲۔

۶ قوله اکتایا مت کرو حمل السام علی الحقیقة کما قال البیضاوی ولا تملوا من کثرة مداینانکم وقیل کما فی حاشیة المرموزة بسع ان السامة والملالة انما یکون بعد الشروع فیه والاکثار منه والمراد ههنا النهی عن الکسل من ان یکتب ابتداءً فکنی عنه بالسامة لکونها من لوازمه ورو ادفه آه قلت لما لم یمتنع الحقیقة لا یصار الی المجاز۱۲۔ ۷ قوله خواہ وہ معاملہ فالضمیر فی صغیرا او کبیرا الی الحق۱۲۔ ۸ قوله زیادہ سزاوار ہے ماخذه الخازن فسره باقرب واحری الی ان لا ترتابوا الخ ۹ قوله اس لئے لکھ لینا اچھا ہے اشارة الی تقدیر العامل المرتب علی ما ذکر قبله من المصالح فی الکتابة ای لما کان الکتابة مشتملة علی هذه المصالح الجمة فاکتبوا کل حق دینا کان او عینا الا ان تکون فالاستثناء متصل بلا تکلف وبعضهم ربط هذا الاستثناء بقوله فاکتبوه المذکور صریحا فی اول الآیة ولما کان الضمیر فیه راجعا الی الدین حملوا الاستثناء علی الانقطاع۱۲۔ ۱۰ قوله کسی کاتب کو تکلیف نہ دی جاوے فالفعلان مبنیان للمفعول وهو الاولی عندی من بنائهما للفاعل لان فیه تکرارا لان الاضرار من کاتب بتحریفه فی الکتابة قد نفی بقوله کاتب بالعدل والاضرار من الشاهد بالتغییر فی الشهادة ینفی بقوله ولا تکتموا الشهادة واما کونه تتمة للجزء الثانی والخامس علی ما اخترت فلانهما کانا ساکتین عن هذا وکانا محتملین للوجوب فاتضح به کونا للاستحباب فلم یبق ریب فی کونه تتمة لهما فافهم۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَة: فی البیضاوی قرأ حمزة ان تضل علی الشرط فتذکر بالرفع وابن کثیر فتذکر من الاذکار۱۲۔

اَلنَّحْو: فرجل وامرأتن ای فلیستشهد مبنیا للمفعول ان تضل ای لاجل ان تضل الخ۱۲۔ الی اجله فی روح المعانی حال من الهاء فی تکتبوه ای مستقرا فی ذمة المدین الی وقت حلوله الذی اقربه قوله اقسط واقوم قال البیضاوی هما مبنیان من اقسط واقام علی غیر قیاس فی الحاشیة برمزسع لان قسط یقسط قسوطا معناه الجور والعدول عن الحق والمعنی ههنا علی العدل والفعل منه اقسط یقسط فلزم ان یکون اقسط من المزید لقصد الزیادة فی القسط ان الله یحب المقسطین لامن المجرد لان معناه الزیادة فی القاسط وهو الجائر وما القاسطون فکانوا لجهنم حطبا وکذا اقوم معناه اشد اقامة لا قیاما آه قوله تجارة نصب عاصم تجارة علی انه الخبر والاسم مضمر تقدیره الا ان یکون التجارة تجارة حاضرة ورفعها الباقون علی انه الاسم والخبر تدیرونها او علی کان التامة۱۲ بیضاوی قوله فسوق بکم ای لاحق بکم۱۲ بیضاوی اشارة الی ان الظرف مستقر صفة لفسوق۱۲ عصام۔

اَلْبَلَاغَة: ان تضل قال البیضاوی العلة فی الحقیقة التذکیر ولکن لما کان الضلال سببا له نزل منزلته کقولهم اعددت السلاح ان یجئی عدو فادفعه وکانه قیل ارادة ان تذکر احدهما الاخرٰی ان ضلت۔ النکتة فی تکرار احدهما دون الاقتصار علی الضمیر ما فی روح المعانی نظما۔

تضل احدهما فالقول محتمل ☆ کلیهما فهی للاظهار مفتقرة
ولو اتی بضمیر کان مقتضیا ☆ تعیین واحدة للحکم معتبرة

قلت توضیحه انه لو اکتفی بالضمیر لعاد الی احدی المذکور وهی الضالة فکیف تکون مذکرة۱۲۔ واتقوا الله الخ قال البیضاوی کرر لفظة الله فی الجمل الثلث لاستقلالها فان الاولی حث علی التقوٰی والثانیة وعد بانعامه والثالثة تعظیم لشانه ولانه ادخل فی التعظیم من الکنایة ای الضمیر قلت فالجملة الثانیة استقبالیة عنده لان الوعد استقبال واخترت کونها بدلیة ولکل وجهة۱۲۔

وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِى اؤْتُمِنَ
ع ۳۹ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۲۸۳
لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِىْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ

www.besturdubooks.net

وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۸۴﴾

اور اگر تم کہیں سفر میں ہو اور (وہاں) کوئی کاتب نہ پاؤ سو رہن رکھنے کی چیزیں (ہیں) جو قبضہ میں دے دی جائیں اور اگر ایک دوسرے کا اعتبار کرتا ہو تو جس شخص کا اعتبار کر لیا گیا ہو (یعنی مدیون) اس کو چاہئے کہ دوسرے کا حق پورا پورا ادا کر دے اور اللہ تعالیٰ سے جو کہ اس کا پروردگار ہے ڈرے رہو اور شہادت کا اخفامت کرو اور جو شخص اس کا اخفا کرے اس کا قلب گنہگار رہو گا اور اللہ تعالیٰ تمہارے گئے ہوئے کاموں کو خوب جانتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہیں سب جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں اور جو باتیں تمہارے نفسوں میں ہیں ان کو اگر تم ظاہر کرو گے یا کہ پوشیدہ رکھو گے حق تعالیٰ تم سے حساب لیں گے۔ پھر (بجز کفر و شرک کے) جس کے لئے منظور ہو گا بخش دیں گے اور جس کو منظور ہو گا سزا دیں گے اور اللہ تعالیٰ ہر شے پر پوری قدرت رکھنے والا ہے ۞

تفسیر: حکم سی ونہم رہن: اور اس کو ماقبل کے ساتھ خاص تعلق بھی ہے چنانچہ ترجمہ سے ظاہر ہے۔ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ اور اگر تم (دین کا معاملہ کرنے کے وقت) کہیں سفر میں ہو اور (دستاویز لکھنے کے واسطے وہاں) کوئی کاتب نہ پاؤ سو (ایسی حالت میں اطمینان کا ذریعہ) رہن رکھنے کی چیزیں (ہیں) جو (مدیون کی طرف سے صاحب حق کے) قبضہ میں دے دی جاویں اور اگر (ایسے وقت میں بھی) ایک دوسرے کا اعتبار کرتا ہو (اور اس لئے رہن کی ضرورت نہ سمجھے تو جس شخص کا اعتبار کر لیا گیا ہے (یعنی مدیون) اس کو چاہئے کہ دوسرے کا حق (پورا پورا) ادا کر دے اور اللہ تعالیٰ سے جو کہ اس کا پروردگار ہے ڈرے اور (اس کا حق نہ مارے) **ف**: جمہور علماء کا اتفاق ہے کہ رہن جس طرح سفر میں جائز ہے حضر میں بھی جائز ہے یہاں ذکر میں تخصیص سفر کی اس وجہ سے ہے کہ سفر میں اس کی ضرورت بہ نسبت حضر کے زیادہ پڑے گی کیونکہ حضر میں اور بھی ذرائع اطمینان کے ہیں مثلاً کتابت اور اشہاد جو اکثر اوقات سفر میں میسر ہونا دشوار ہے۔

مَسْئَلَہ: جو چیز رہن رکھی جاوے اس پر جب تک مرتہن کا قبضہ نہ ہو جاوے وہ رہن نہیں ہوتا۔

حکم چہلم حرمت اخفاء شہادت: اس کو بھی ماقبل سے خاص تعلق ہے جیسا ظاہر ہے اور یہ حکم عام ہے حقوق مالیہ وغیر مالیہ مثل طلاق و نکاح وغیرہ کو اس لئے احقر نے اس کو من کل الوجوہ مضمون سابق کے تابع نہیں سمجھا بلکہ مستقل حکم قرار دیا ہے: وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸۳﴾ اور شہادت کا اخفاء مت کرو اور جو شخص اس کا اخفاء کرے گا اس کا قلب گنہگار ہو گا اور اللہ تعالیٰ تمہارے کیئے ہوئے کاموں کو خوب جانتے ہیں سو اگر کوئی اخفاء کرے گا اللہ تعالیٰ کو اس کا علم ضرور ہے سو وہ سزا دینگے)

ف: **مَسْئَلَہ**: شہادت کا اخفاء دو طرح سے ہے ایک یہ کہ بالکل بیان نہ کرے دوسرے یہ کہ غلط بیان کرے دونوں میں اصل واقعہ مخفی ہو گیا اور دونوں صورتیں حرام ہیں۔

مَسْئَلَہ: جب کسی حقدار کا حق بدون اس کی شہادت کے ضائع ہونے لگے اور وہ درخواست بھی کرے اس وقت ادائے شہادت سے انکار کرنا حرام ہے۔

مَسْئَلَہ: اور اگر صاحب معاملہ کو علم نہ ہو کہ اس شخص کو میرا واقعہ معلوم ہے تو اس کے حق ضائع ہونے کی صورت میں اس پر ظاہر کر دینا واجب ہے البتہ اگر بعد علم کے وہ اس شخص سے شہادت کی درخواست نہ کرے تو اس کے ذمہ واجب نہیں کہ خود جا کر گواہی دیتا پھرے۔

مَسْئَلَہ: چونکہ ادائے شہادت واجب ہے لہٰذا اس پر اُجرت لینا جائز نہیں البتہ آمد و رفت کا خرچ اور خوراک بقدرِ حاجت صاحب معاملہ کے ذمہ ہے اگر زیادہ آ جاوے تو بقیہ واپس کر دے۔

فوائد ۞ دل کو اس لئے گنہگار فرمایا کہ کوئی شخص اس کو خالی زبان ہی کا گناہ نہ سمجھ لے کیونکہ اول ارادہ تو دل ہی سے ہوتا ہے۔

ربط: اوپر کتمان شہادت کو قلب کا گناہ بتلایا تھا اس لئے اگلی آیتوں میں اس مسئلہ کی تحقیق فرماتے ہیں کہ قلب کے بدنما افعال میں کس فعل پر گناہ ہے کس فعل پر نہیں۔ جس کا خلاصہ یہ ہوگا کہ ان افعال میں جو اختیاری ہیں جیسے عقائد فاسدہ و اخلاق ذمیمہ و عزم معصیت اُن پر گناہ ہے اور اضطراری پر جیسے وساوس و خطرات گناہ نہیں یہ مضمون وَاِنْ تُبْدُوْا سے شروع ہو کر عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ پر ختم ہو گیا اور شروع سے پہلے لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ میں اس کی تمہید ہے اور ختم سے پیچھے دعا میں اس کی تائید ہے پس یہ مضمون اپنے عموم کی وجہ سے من وجہ مستقل بھی ہے اس لئے اس کو اگر حکم چہل و یکم کہا جاوے تو صحیح ہو سکتا ہے اور من وجہ ماقبل کی تکمیل ہے لہٰذا ماقبل کی توضیح و تفصیل بھی کہہ سکتے ہیں حسن اتفاق ہے کہ معاملات بنی اسرائیل کا عدد بھی چالیس تک پہنچا تھا اور ان کے آخر میں بھی ایک مضمون ایسا تھا جس کو چہلم کا متمم بھی کہہ سکتے تھے اور چہل و یکم بھی کہنا ممکن تھا یہی عدد اور یہی حالت آخری حکم کی یہاں ابواب البر میں بھی واقع ہوئی اور براعتبار اس سورت کا یہی دو مضمون ہیں اور یہ بھی کلام الٰہی کے محاسن میں سے ہے۔

تحقیق مواخذہ برافعال قلوب: لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۸۴﴾ اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہیں سب

www.besturdubooks.net

(مخلوقات) جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہیں (جیسے خود زمین و آسمان بھی اسی کی ملک ہیں جب وہ مالک الکل ہیں تو اگر وہ اپنے مملوک بندوں کے لئے کوئی قانون مقرر کریں جیسا آگے ایک قانون آتا ہے تو کچھ عجیب و بعید نہیں) اور (وہ قانون یہ ہے کہ) جو باتیں (از قسم عقائد فاسدہ و اخلاق ذمیمہ وعزم معاصی) تمہارے نفسوں میں ہیں ان کو اگر تم (زبان و جوارح سے) ظاہر کرو گے (مثلاً زبان سے کلمہ کفر کا کہہ دیا یا زبان سے ذمیمہ تکبر کو ظاہر کر کے کہہ دیا کہ میں فلاں سے اچھا ہوں یا جس معصیت کا عزم تھا اس کو کر ڈالا) یا کہ (دل ہی میں) پوشیدہ رکھو گے (دونوں حالت میں) حق تعالیٰ تم سے (مثل دیگر معاصی کے ان کا) حساب لیں گے پھر (حساب لینے کے بعد بجز کفر و شرک کے) جس کے لئے (بخشنا) منظور ہوگا بخش دینگے اور جس کو (سزا دینا) منظور ہوگا سزا دینگے اور اللہ تعالیٰ ہر شئے پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں (تو دل کے اندر کی چھپی ہوئی بات پر مطلع ہو کر اس پر حساب لینا تعجب نہیں) **ف**: حاصل مسئلہ کا تقریر ربط میں لکھ چکا ہوں کہ مراد مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ سے امور قلبیہ اختیاریہ ہیں پس جس طرح زبان اور جوارح کے افعال دو قسم کے ہیں اختیاری جیسا ارادہ سے بولنا اور ارادہ سے کسی کو مارنا اور غیر اختیاری جیسا زبان سے کہنا چاہتا تھا کچھ اور بلا ارادہ نکل گیا کچھ یا رعشہ سے ہاتھ کو حرکت ہو رہی ہے اور ان میں افعال اختیاریہ پر ثواب وعذاب ہوگا اور غیر اختیاری پر نہ ہوگا۔ اسی طرح افعال قلوب میں بھی دو قسم ہیں اختیاری جیسا کفر کا عقیدہ جس کو جان کر جمایا ہے یا سوچ کر اپنے کو بڑا سمجھنا اور اس خیال کو قائم رکھنا یا پختہ ارادہ کرنا کہ شراب پیونگا اور غیر اختیاری جیسے برے برے وسوسے کفر یا معصیت کے آنا اور اسی طرح اس میں بھی اختیاری پر مواخذہ ہے اور غیر اختیاری پر نہیں اور جس طرح افعال لسان و جوارح میں بجز کفر کے بقیہ محتمل مغفرت وعذاب غیر دائم کے ہیں اسی طرح افعال قلوب بھی محتمل دونوں کے ہیں پس آیت میں اسی کا بیان ہے کہ معاصی اختیاریہ پر گو وہ افعال قلوب ہوں مواخذہ کیا جاوے گا مگر چونکہ اس آیت میں صراحۃً قید اختیاری ہونے کی مذکور نہ تھی اس لئے صحابہ ظاہر الفاظ کا عموم دیکھ کر اس آیت کو افعال اختیاریہ و غیر اختیاریہ دونوں میں عام سمجھ کر گھبرا گئے اور عرض کرنے لگے یا رسول اللہ اب تک تو ہم ایسے افعال کے مکلف تھے جو ہماری طاقت و اختیار میں تھے جیسے نماز، روزہ و زکوٰۃ و جہاد اب یہ آیت آئی ہے یہ تو ہماری طاقت سے خارج ہے ہر چند کہ حضور ﷺ اس آیت کا صحیح مطلب جانتے تھے لیکن غایت خشیہ کے غلبہ سے آپ کی نظر بھی الفاظ کے عموم ظاہری کی طرف پہنچی جس طرح آپ نے ایک منافق کے جنازہ کی نماز بعد نزول آیۃ: اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ کے پڑھی اور حضرت عمر کے عرض کرنے پر آپ نے جواب دیا کہ مجھ کو استغفار و عدم استغفار میں اختیار دیا گیا ہے میں نے ایک جانب کو اختیار کر لیا سو اس کی بناء بھی غایت رحمت کے غلبہ سے ظاہری صیغہ تخییر پر نظر فرمانا تھی اسی طرح یہاں واقع ہوا اس لئے انتظار وحی میں آپ نے از خود آیت کی تفسیر ظاہر نہیں فرمائی بلکہ تعلیم ادب و انقیاد کے لئے ارشاد فرمایا کہ کیا تم چاہتے ہو کہ اہل کتاب کی طرح سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا کہو بلکہ یوں کہنا چاہئے: سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ۔ چنانچہ صحابہ نے اسی طرح کہا لیکن جو معنی ان کو مفہوم ہوئے تھے اس کی بنا پر عہد اطاعت کرتے ہوئے زبان لڑکھڑاتی تھی اس کہنے پر اللہ تعالیٰ نے اگلی دو آیتیں نازل فرمائیں جن میں سے ایک میں مسلمانوں کی مدح اور دوسری میں آیت بالا کی تفسیر ارشاد فرمادی جس کو بعض روایتوں میں نسخ سے تعبیر کیا گیا ہے سلف میں توضیح مراد کو بھی نسخ کہہ دیا کرتے تھے اسی تقریر سے ربط بھی ظاہر ہو گیا۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاِنَّهٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ اس میں دلالت ہے اس پر کہ اصل مدار قلب پر ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ الخ اس میں تحقیق ہے حکم اعمال قلوب کی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ کہیں سفر میں افادہ التنوین ۱۲۔ ۲ قولہ فی ترجمة فاء فان امن اور اشار الی ان الفاء ليست للتعقيب بل للتفصيل ۱۲۔

اللغات: الرهان في روح المعاني جمع رهن والرهن في الاصل مصدر ثم اطلق على المرهون من باب اطلاق المصدر على اسم المفعول امن في حاشية البيضاوي بر مزسع يقال امنته اى كنت في امن منه ۱۲۔

النحو: فرهن اى فالذى يستوثق به رهان او فعليكم رهان۔ او فليؤخذ رهان۔ او فالمشروع رهان آه بيضاوى وروح المعانى امانته الضمير لرب الدين او المديون باعتبار انه عليه ۱۲ روح المعاني۔ وان تبدوا الو او عندى للاستيناف ۱۲۔

البلاغة: قوله اثم قلبه فى روح المعانى اضاف الاثم الى القلب مع انه لو قيل فانه آثم لتم المعنى مع الاختصار لان الاثم بالكتمان وهو ما يقع بالقلب واسناده الفعل الى الجارحة التى يعمل بها ابلغ الاتراك تقول اذا اردت التوكيد هذا مما ابصرته عيني ومما سمعته اذنى ومما عرفه قلبى ولان هذا الجزء اشرف الاجزاء وفعله اعظم من سائر الجوارح فيكون فى الكلام تنبيه على ان الكتمان من اعظم الذنوب وقيل اسند الاثم اى القلب لئلا يظن ان كتمان الشهادة من الآثام المتعلقة باللسان فقط وليعلم ان القلب اصل متعلقه ومعدن

www.besturdubooks.net

آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ ۚ كُلٌّ آمَنَ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِنْ رُسُلِهِ ۚ وَقَالُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۗ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ ۖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا ۚ أَنْتَ مَوْلَانَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ﴿۲۸۶﴾ ع

اعتقاد رکھتے ہیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس چیز کا جو ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے نازل کی گئی ہے اور مؤمنین بھی سب کے سب عقیدہ رکھتے ہیں اللہ کے ساتھ اور اس کے فرشتوں کے ساتھ اور اس کی کتابوں کے ساتھ اور اس کے پیغمبروں کے ساتھ کہ ہم اس کے سب پیغمبروں میں سے کسی کو تفریق نہیں کرتے اور ان سب نے یوں کہا کہ ہم نے (آپ کا ارشاد) سنا اور خوشی سے مانا۔ ہم آپ کی بخشش چاہتے ہیں اے ہمارے پروردگار اور آپ ہی کی طرف (ہم سب کو) لوٹنا ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی شخص کو مکلف نہیں بناتا مگر اسی کا جو اس کی طاقت اور اختیار میں ہو۔ اس کو ثواب بھی اسی کا ہوتا ہے جو ارادہ سے کرے اور اس پر عذاب بھی اسی طرح کا ہوگا جو ارادہ سے کرے اے ہمارے رب ہم پر دارو گیر نہ کر اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں۔ اے ہمارے رب اور ہم پر کوئی سخت حکم نہ بھیجئے جیسے کہ ہم سے پہلے لوگوں پر آپ نے بھیجے تھے اور اے ہمارے رب اور ہم پر کوئی ایسا بار (دنیا و آخرت کا) نہ ڈالئے جس کی ہم کو سہار نہ ہو اور درگزر کیجئے ہم سے اور بخش دیجئے ہم کو اور رحم کیجئے ہم پر آپ ہمارے کارساز ہیں اور کارساز طرفدار ہوتا ہے سو آپ ہم کو کافر لوگوں پر غالب کیجئے ۞

تفسیر: مدح مؤمنین: آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ (الی قولہ تعالی) وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ اعتقاد رکھتے ہیں رسول (ﷺ) اس چیز (کے حق ہونے) کا جو ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے نازل کی گئی ہے (یعنی قرآن) اور (دوسرے) مؤمنین بھی (اس کا اعتقاد رکھتے ہیں آگے قرآن پر اعتقاد رکھنے کی تفصیل ہے کہ کس کس چیز کے عقیدہ رکھنے کو قرآن پر اعتقاد رکھنا کہا جاوے گا) سب کے سب (رسول بھی اور دوسرے مؤمنین بھی) عقیدہ رکھتے ہیں اللہ کے ساتھ (کہ وہ موجود ہے اور واحد ہے اور ذات و صفات میں کامل ہے) اور اس کے فرشتوں کے ساتھ (کہ وہ موجود ہیں اور گناہوں سے پاک ہیں اور مختلف کاموں پر مقرر ہیں) اور اس کی کتابوں کے ساتھ (کہ اصل میں سب سچی ہیں) اور اس کے سب پیغمبروں کے ساتھ (کہ وہ پیغمبر ہیں اور سچے ہیں اور پیغمبروں پر عقیدہ رکھنا ان کا اس طور پر ہے کہ یہ کہتے ہیں) کہ ہم اس کے پیغمبروں میں سے کسی میں (عقیدہ رکھنے میں) تفریق نہیں کرتے (کہ کسی کو پیغمبر سمجھیں کسی کو نہ سمجھیں) اور ان سب نے یوں کہا کہ ہم نے (آپ کا ارشاد) سنا اور (اس کو) خوشی سے مانا ہم آپ کی بخشش چاہتے ہیں اے ہمارے پروردگار اور آپ ہی کی طرف (ہم سب کو) لوٹنا ہے۔ **ف**: احقر نے کے ذوق میں مقصود مقام مدح فرمانا ہے صرف مؤمنین کی لیکن ان کی تقویت مدح کے لئے ان کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کو بھی شامل کر دیا جس میں اشارہ اس طرف ہو گیا کہ رسول اللہ ﷺ کے ایمان کا کامل ہونا تو بلاشبہ یقینی ہے اسی طرح ان کا ایمان بھی کامل ہونے کی وجہ سے اس قابل ہے کہ ایمان رسول کے ذیل میں اس کا ذکر کیا جاوے گو دونوں کا کامل ہونا ایک مرتبہ میں نہ ہو صحابہ کا کامل ہے اور آپ کا اکمل یعنی بہت ہی کامل ہے ناقص کسی کا نہیں۔ یہ مدح تو جملہ معترضہ کے طور پر تھی آگے آیت بالا کی تفسیر و توضیح مطلوب ہے۔

توضیح مضمون بالا وَإِنْ تُبْدُوا الخ: لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ (یعنی ہم نے جو پہلی آیت میں کہا ہے کہ نفوس کی پوشیدہ باتوں پر بھی محاسبہ ہوگا اس سے مراد امور غیر اختیاری نہیں بلکہ صرف امور اختیاریہ ہیں کیونکہ) اللہ تعالیٰ کسی شخص کو (احکام شرعیہ میں) مکلف نہیں بناتا (یعنی ان امور کو واجب یا حرام نہیں فرماتا مگر اسی کا جو اس کی طاقت (اور اختیار) میں ہو اس کو ثواب بھی اسی کا ہوتا ہے جو ارادہ سے کرے اور اس پر عذاب بھی اسی کا ہوگا جو ارادہ سے کرے (اور جو وسعت سے باہر ہے اس کا مکلف نہیں کیا گیا اور جس کے ساتھ قصد اور ارادہ متعلق نہیں اس کا نہ ثواب ہے نہ عذاب اور وساوس طاقت سے خارج ہیں تو ان کے آنے کو حرام اور ان کے نہ آنے دینے کو واجب نہیں کیا اور نہ ان پر عذاب رکھا) **ف**: اس سے اوپر کے مضمون کی اچھی طرح توضیح ہو گئی اور وہ شبہ بالکل زائل ہو گیا اور حدیث سے اس کی اور توضیح ہو گئی حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ حق تعالیٰ نے میری امت سے ان باتوں سے درگزر فرمایا ہے جو دل میں خیالات پیدا ہوں جب تک عمل نہ کرے یا تکلم نہ کرے فقط رواہ البخاری۔ اور عمل فعل اختیاری کو کہتے ہیں اس میں افعال قلبیہ اختیاریہ

www.besturdubooks.net

بھی داخل ہو گئے۔ اور یاد رکھو کہ یہاں جو ثواب وعقاب کا مدار کسب واکتساب پر رکھا مراد اس سے ثواب وعقاب ابتداءً ہے نہ بواسطہ تسبب یا ہبہ کیونکہ دوسرے نصوص سے ثابت ہے کہ نیک یا بد کام کے بانی کو آئندہ کرنے والوں کے عمل سے بھی ثواب وعقاب ہوگا اور یہ بھی ثابت ہے کہ طاعت کر کے دوسرے کو ثواب بخش دے تو ثواب ملے گا لیکن دونوں صورتوں میں یہ ثواب وعقاب ابتداءً یعنی بلا واسطہ نہیں بلکہ بواسطہ سبب اور بانی بن جانے کے یا بواسطہ ہبہ کر دینے کے ہے پس اس شبہ کی گنجائش نہیں رہی کہ ان صورتوں میں دوسرے کے اکتساب سے ثواب یا عقاب کیسے ہو گیا خصوصاً تسبب تو درحقیقت خود بھی اختیاری ہے البتہ ہبہ کے بعد مل جانا یہ موہوب لہ کا اختیاری نہیں لیکن ابتدائً نہیں ہے یہاں سے آیہ سورۃ النجم: لَّیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی کا اشکال بھی جاتا رہا یعنی وہ حصر بھی ثواب ابتداءً کے اعتبار سے ہے اور اس مقام میں تو یہ بھی جواب ہو سکتا ہے کہ محط فائدہ نفی عقاب کی ہے نہ کہ نفی ثواب کی پس بلا اکتساب ثواب مل جانے میں چار جواب ہوئے۔ دو تسبب میں اول قید ابتداء ہے دوسرے تسبب کا اختیاری ہونا۔ اور دو ہبہ ثواب میں اول قید جو یہاں اور نجم میں عام ہے۔ دوسرے خصوصیت محط فائدہ جو اس مقام کے ساتھ خاص ہے۔ اور بلا اکتساب عذاب ہونے کے دو جواب ہو گئے یعنی قید ابتداء۔ یا تسبب کا اختیاری ہونا **ف**: مدلول جملہ: لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ و جملہ لَھَا مَا کَسَبَتْ الخ سے قاعدہ کلیہ ثابت ہوا کہ امر غیر اختیاری کی نہ تکلیف ہے اور نہ اس پر عذاب ومواخذہ اخروی ہے اور جس طرح اس قاعدہ میں امور قلبیہ غیر اختیاریہ داخل ہیں اسی طرح افعال ظاہریہ غیر اختیاریہ بھی داخل ہیں مثل ان افعال کے جو خطا یعنی بلا قصد یا نسیاناً یعنی بدون یاد کے صادر ہو جاویں کیونکہ بوجود اہتمام کے یاد نہ رہنا بھی اختیار سے خارج ہے پس اس قاعدہ کے تحت میں دونوں داخل ہوئیں نوع اول کا ذکر تو جزئیاً بوجہ مقصود مقام ہونے کے اور کلیاً بسبب کلیت قاعدہ کے دونوں طرح ہو چکا اور نوع ثانی کا ذکر صرف کلیاً بسبب کلیت قاعدہ کے ہوا ہے اس لئے جزئیاً بھی اس کا ذکر فرماتے ہیں اور اس کے ساتھ اور چند مناسب مضامین بھی ملا دیئے ہیں اور ان سب کو دعا کے پیرایہ میں وارد کیا ہے سو ان میں سے جن چیزوں کا پہلے سے وعدہ نہیں ہوا اور ان کے وقوع وعدم وقوع دونوں کا احتمال ہے ان کو تو صورت دعا میں لانے کی وجہ ظاہر ہے اور جن چیزوں کا وقوع یقینی ہے جیسا خطا ونسیان پر مواخذہ نہ ہونا کہ اوپر قاعدہ کلیہ سے اور حدیث میں عنوان صریح سے اس کا وعدہ ہو چکا ہے چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ میری امت سے خطا ونسیان اور جس فعل پر اکراہ ہو سب مرفوع ہے یعنی اس پر گناہ نہیں ہوتا اور دہ فی روح المعانی عن الطبرانی وقال قال النووی حسن ان کو صورت دعا میں لانے کی وجہ احقر کے ذوق میں زمانہ نبوت تک تو یہ ہے کہ گو وعدہ تجاوز کا ظاہراً مطلق ہے مگر بنا اس کی صرف یہی ہے کہ عبد اس کا مکلف نہیں کیا گیا اور مکلف ہونا نہ ہونا یہ حکم شرعی ہے اور حکم شرعی میں احتمال نسخ کا ہر وقت ہے پس اس دعا کا حاصل یہ ہوگا کہ یا اللہ جس طرح اب تک اس کا مکلف نہیں بنایا آئندہ بھی مکلف نہ بنایئے اور اس حکم کو منسوخ نہ فرمایئے۔ رہا یہ شبہ کہ اگر منسوخ ہوگا تو تکلیف مالا یطاق لازم آوے گی اور وہ عقلاً جائز نہیں۔ جواب اس کا یہ ہے کہ تکلیف مالا یطاق کا عقلاً ممتنع ہونا غیر مسلم ہے خدا تعالیٰ قادر اور مالک ہے البتہ شرعاً ممتنع ہے سو نسخ سے وہ امتناع رفع ہو جاتا۔ رہا یہ شبہ کہ جب وہ کام ہو ہی نہیں سکے گا تو مکلف کرنے سے کیا فائدہ پس حکمت کے خلاف ہوا گو قدرت میں داخل ہے جواب یہ ہے کہ اول تو حکمت کچھ عمل میں منحصر نہیں ممکن ہے کہ جس طرح دنیا میں خطا ونسیان کو بعض آثار کے اعتبار سے کالعدم نہیں قرار دیا گیا چنانچہ قتل خطا پر کفارہ ہے تکلم نسیاناً سے نماز فاسد ہو جاتی ہے اسی طرح آخرت میں اس پر بعض آثار مرتب ہوتے مثلاً اس لئے محاسبہ ہوتا کہ عبد کو اپنا مملوک محض ہونا ظاہر ہو جاوے پھر بعد معذرت معاف کر دیتے سو افادۂ علم خود یہ فائدہ اور حکمت معتد بہا ہے اور اگر عمل ہی کو فائدہ سمجھا جاوے تو بھی ممکن ہے کہ جتنے مراتب خطا ونسیان کے اور اسی طرح وساوس وخطرات کے معاف کئے گئے ہیں ان میں بعض اختیاری ہوں چنانچہ تامل سے یہی معلوم بھی ہوتا ہے اس لئے ان کا مکلف بنانے میں کوئی اشکال نہ تھا اور حدیثوں میں عن امتی کی قید سے امم سابقہ کا بعض مراتب میں مکلف ہونا مفہوم بھی ہوتا ہے ورنہ محض تکلیف مالا یطاق کی نفی تو لفظاً نفساً سے عام معلوم ہوتی ہے سب امم کو یہ وجہ تو زمانہ نبوت میں معلوم ہوتی ہے اور بعد زمانہ نبوت کے محض تذکیر ہے نعمت سابقہ کی کہ دیکھو ہم نے اس طرح فضل کیا تھا کہ دعا سکھلائی اور پھر اس کو قبول کیا تھا اور اپنا حکم سابق منسوخ نہ کیا تھا جس کی بدولت وہ آسانی مستمر اور دائم ہے واللہ اعلم۔

تعلیم دعا: رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا (الی قولہ تعالٰی) فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۞ ۔ اے ہمارے رب ہم پر دارو گیر نہ فرمایئے اگر ہم بھول جاویں یا چوک جاویں اے ہمارے رب اور (ہماری یہ بھی درخواست ہے کہ) ہم پر کوئی سخت حکم نہ بھیجئے جیسے ہم سے پہلے لوگوں پر آپ نے بھیجے تھے اے ہمارے رب اور (ہم یہ بھی درخواست کرتے ہیں کہ) ہم پر کوئی ایسا بار (تکلیف کا دنیا یا آخرت میں) نہ ڈالئے جس کی ہم کو سہار نہ ہو اور درگذر کیجئے ہم سے اور بخش دیجئے ہم کو اور رحم کیجئے ہم پر آپ ہمارے کارساز ہیں (اور کارساز طرفدار ہوتا ہے) سو آپ ہم کو کافر لوگوں پر غالب کیجئے۔

ف: ان جملوں میں نسیان وخطا کا جملہ تو اوپر کے مضمون کا ظاہراً متمم ہے جیسا اوپر **ف**: میں تقریر گذر چکی ہے اور جملہ لَا تُحَمِّلْ عَلَیْنَآ بھی دلالۃ النص کے مرتبہ میں لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ کا تامل سے متمم معلوم ہوتا ہے کیونکہ امم سابقہ کے سے احکام شاقہ جبکہ داخل وسعت بشریہ ہیں جیسا کہ مشاہدہ ونیز وجوب صدق مضمون لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ اس کی دلیل ہے اور اس کے مکلف نہ بنانے کی دعا کی گئی تو مالا یطاق کے مکلف نہ بنانے کی دعا بدرجہ اولیٰ لازم آ گئی یہ مذکورہ جملے تو باعتبار

www.besturdubooks.net

تکلیف تشریعی کے ہوئے اب آگے جملہ وَلَا تُحَمِّلْنَا میں تکوینی تکلیف سے بچنے کی دعا ہے جس میں دنیا اور آخرت کے سب مصائب وعقوبات داخل ہو گئے جب دونوں قسم کی تکلیف کے متعلق دعا ہو چکی آگے ہر مضمون کے مقابلہ میں ایک ایک دعا لائی گئی چنانچہ وَاعْفُ عَنَّا سے اشارہ ہے تجاوز عن الخطا والنسیان وغیرہ کی طرف جیسا کہ ظاہر ہے اور وَاغْفِرْ لَنَا سے اشارہ ہے عدم التکلیف بالاصر کی طرف کیونکہ ایسے احکام کے لوازم عادیہ سے ہوگا عمل نہ ہوسکنا اور عمل نہ ہونے کا مقتضا تھا عاصی ومعذب ہونا جو ایک گونہ محل مغفرت ہے پس درخواست مغفرت سے بواسطۂ عدم التحمل لازم آ گیا اور وَارْحَمْنَا سے اشارہ ہے عدم التحمیل بمالا طاقۃ کی طرف کیونکہ رحم کا یہی مقتضا ہے پھر اپنے ذاتی مصالح کے ختم کے بعد اپنے اعداء پر غلبہ کی دعا ہے جس کی درخواست پر سب معاملات کی درستی کی تکمیل ہوگئی یعنی محبوب کے ساتھ جو تعلق ہے وہ بھی درست ہو گیا اور عدو کے ساتھ جو معاملہ ہے وہ بھی دل خواہ ہو گیا۔ **ف**: حدیث میں ہے کہ یہ سب دعائیں قبول ہوئیں بعض میں ظاہر ہے اور بعض میں اگر شبہ ہو تو اس کے لئے یہ سمجھ لینا چاہئے کہ اگر عدم قبول میں کسی وقت قبول سے زیادہ مصلحت ومنفعت ظاہری یا باطنی ہو تو وہ عدم قبول بھی قبول ہے کیونکہ قبول مقصود بالذات نہیں بلکہ مقصود للمصلحت ہے اور تفسیر اجیب دعوۃ الداع کو بھی ملاحظہ کر لیا جاوے۔

الحمدللہ کہ آج ۳۰ ربیع الاول یوم دوشنبہ وقت چاشت مقام تھانہ بھون میں سورۂ بقرہ کی تفسیر ختم ہوئی اب ان شاء اللہ تعالیٰ آگے سورۂ آل عمران شروع ہوتی ہے اور میرے نزدیک وہ تمام سورت جملہ : فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ سے مرتبط ہے کیونکہ اس سورت کے زیادہ اجزاء میں کفار کے ساتھ مجاہدہ باللسان وبالسنان مذکور ہے جیسا تتبع سے معلوم ہوتا ہے۔ واللہ اعلم۔

تَرْجَمَہ مَسَائِلِ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ: لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ اسی پر قیاس کیا جاتا ہے کہ اولیاء میں بھی تفریق نہ کرے (کہ ایک سے اعتقاد رکھے دوسرے کا انکار کرے) قولہ تعالیٰ: لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا اس میں دلالت ہے کہ مجاہدہ میں حال طالب کی رعایت رکھنا چاہئے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱؎ **قوله في** ترجمة آمن اعتقاد رکھتے ہیں اشارة الى قصدا اثبات الايمان من غير اعتبار الزمان لئلا يلزم التجدد باعتبار الرسول صلى الله عليه وسلم فانه صلى الله عليه وسلم احرى بالايمان من اول الزمان من عيسٰى عليه السلام وقد اقر فى المهد بالايمان ولا يشكل عليك قوله تعالٰى ما كنت تدرى ماالكتاب ولا الايمان فانه نفى للعلم التفصيلى فلا يعارض اثبات العلم الاجمالى ۱۲۔ ۲؎ **قوله في** ترجمة لا يكلف الله احکام شرعیہ میں لان فى الاحكام التكوينية ربما يكلف العبد فوق الوسع كالبليات الصعبة فانتفاء تكليف مالا يطاق مخصوص بالاحكام الشرعية والسرفية ان الفائدة فى الاحكام الشرعية العمل۔ ولا يمكن العمل بما لا يطاق فيلزم المعصية وهى ضرر محض والضرر منتف بفضله وكرمه بخلاف الاحكام التكوينية من المصائب والبليات فان الفائدة فيها تكفير السيئات ورفع الدرجات وهو نفع محض فلا ينافى فضله وكرمه ۱۲۔ ۳؎ **قوله فى ف**: مرفوع ہے یعنی اس پر گناہ نہیں ہوتا فالرفع باعتبار احكام الآخرة لا الدنيا كما فصله فيما بعد من وجوب الكفارة فى القتل خطأ وفساد الصلٰوة بالتكلم نسيانا والسرفيه ان فى عدم الرفع فى الآخرة حرجا اى عقوبة وعذابا وفى عدم الرفع فى الدنيا لا حرج بل بوجوب بعض العبادات فى الكفارة تحصل حسنات فافهم ۱۲۔

اَلرِّوَايَات: فى روح المعانى عن احمد ومسلم عن ابى هريرة قال لما نزلت على رسول الله صلى الله عليه وسلم وان تبدوا ما فى انفسكم الآية اشتد ذلك على اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم فاتوا رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم جثوا على الركب فقالوا يا رسول الله صلى الله عليه وسلم كلفنا من الاعمال ما نطيق الصلٰوة والصوم والجهاد والصدقة وقد انزل الله عليك هذه الآية ولا نطيقها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتريدون ان تقولوا كما قال اهل الكتابين من قبلكم سمعنا وعصينا بل قولوا سمعنا واطعنا غفرانك ربنا واليك المصير فلما اقترأها القوم وزلت بها السنتهم انزل الله تعالٰى فى اثرها آمن الرسول الآية فلما فعلوا ذلك نسخها الله تعالٰى فانزل سبحانه لا يكلف الله نفسا الا وسعها آه۔

اَللُّغَات: اطعنا قبلنا عن طوع ۱۲ روح المعانى الوسع قال البيضاوى مايسعه قدرتها او ما دون مدى طاقتها بحيث يتسع فيه طوقها ويتسر عليها۔ فى الحاشية للمظهر فعلى الاول وسعها من الوسع بمعنى الطاقة وعلى الثانى من السعة ۱۲۔

اَلنَّحْو: لا نفرق فى روح المعانى فى حيز النصب بقول مقدر آه اى قائلين وقالوا عطف على آمن ۱۲ روح۔

اَلْبَلَاغَۃ: فى روح المعانى لها ما كسبت الكلام على حذف مضاف هو ثواب فى الاول وعقاب فى الآخر ومبين ما الاولى الخير لدلالة اللام الدالة على النفع عليه ومبين ما الثانية الشر لدلالة على الدالة على الضرر عليه وايرد الاكتساب فى جانب الاخير لما فيه

www.besturdubooks.net

من زيادة المعنى وهو الاعتمال والشر تشتهيه النفس وتنجذب اليه فكانت اجد في تحصيله ففيه اشارة الى ما جبلت عليه النفوس ولما لم يكن مثلاً ذلك في الخير استعمل الصيغة المجردة عن الاعتمال آھ۔

رسالہ رفع البناء فی نفع السماء

بسم الله الرحمن الرحيم۔ ونحمده ونصلى على رسوله الكريم وعلى آله وصحبه اولى الفضل العظيم

اما بعد! مجھ سے آیت: اَلَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً کے دوسرے جزو کے متعلق سوال کیا گیا کہ آسمان کے بناء یعنی سقف ہونے کو انسان کے نفع میں کیا دخل ہے جیسے ارض کے فراش ہونے کو دخل ہے۔ جس کو مفسرینؒ نے بیان بھی کیا ہے اس وقت مجمل جواب دیدیا گیا جو کہ ایک درجہ میں کافی ہو گیا مگر مجھ کو خود محسوس ہوتا تھا کہ شافی نہیں ہوا اور سائل کے لئے کیا شافی ہوتا خود مجھ کو شافی نہیں ہوا اسی لئے جواب کے بعد بھی اس سوال کا خیال رہا اور دیر تک خیال رہنے سے کسی قدر وہ مجمل ذہن میں مفصل بھی ہوتا رہا جس کے زبانی بیان کر دینے کا ارادہ تھا مگر اس طرح سے کہ سائل کو ضبط کرنے کا بھی مشورہ دیتا پھر سہل یہ معلوم ہوا کہ خود ہی ضبط کر دوں اور چونکہ اس کی ایک معتد بہ مقدار ہونے کی امید تھی اس لئے اس کا ایک خاص نام بھی رکھ دوں چنانچہ اس جواب کو ایک مقدمہ اور چند فصول اور ایک خاتمہ کی شکل میں لکھتا ہوں۔ **وباللہ التوفیق وھو خیر معین ورفیق فی کل مقصود وطریق۔**

مقدمہ: سوال مذکور متوجہ ہونا چند مقدمات پر موقوف ہے ایک یہ کہ یہ جعل مرکب ہے جس کے دو مفعول السماء اور بناء دوسرے یہ کہ **لکم** کی قید اس جملہ میں بھی ہے یعنی۔ جَعَلَ لَکُمُ السَّمَآءَ بِنَآءً **ای لنفعکم**۔ تیسرے یہ کہ نفع سے مراد نفع عاجل ہے یعنی فی الدنیا ان مقدمات کے بعد معنی ہونگے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے نفع عاجل کے لئے آسمان کو سقف بنایا اب اس پر یہ سوال ہوگا کہ ہمارا وہ کونسا نفع فی الحال ہے جو آسمان کے سقف ہونے سے متعلق ہے جب سوال کا ان مقدمات پر موقوف ہونا معلوم ہو گیا تو ظاہر ہے کہ جواب چند وجوہ سے ہو سکتا ہے یعنی ہر مقدمہ پر منع وارد کرنے سے جواب ہو سکتا ہے چنانچہ ایک جواب یہ ہوگا کہ اس جعل کو بسیط لیا جاوے بمعنی خلق جو ایک مفعول کی طرف متعدی ہوگا اور وہ سماء ہے اور بناء کو حال کہا جاوے گا معنی یہ ہونگے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے نفع کے لئے آسمان کو پیدا کیا اور ایسی حالت میں پیدا کیا کہ وہ سقف بھی ہے خواہ اس نفع میں سقف ہونے کو دخل نہ ہو اس وقت اس کے متعلق منافع کی تحقیق ضروری ہوگی جو فی الحال ہماری طرف عائد ہوں گو اس کے سقف ہونے کے وصف کو ان میں دخل نہ ہو البتہ حال ہونے کی وجہ سے اس کے سقف ہونے کا اس کے نافع ہونے کے ساتھ اقتران ضروری ہوگا یعنی سقف ہونے کی حالت میں وہ ہمارے لئے نافع بھی ہے گو سقفیت دخیل فی النفع نہ ہو جیسے کوئی حاکم کہے کہ ہم نے تمہارے انعام کے لئے دس ہزار روپے سر بمہر ہونے کی حالت میں بھیجے۔

دوسرا جواب: یہ ہوگا کہ لَکُمْ کی قید اس جملہ نہ ہو اور عطف سے اس کی ضرورت کا شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ عطف تکریر عامل کو مستلزم ہوتا ہے نہ کہ تکریر معمول کو یعنی جَعَلَ کا اعتبار تو یہاں بھی لازم ہے مگر لَکُمْ کا اعتبار لازم نہیں چنانچہ اس کلام کا صحیح ہونا متفق علیہ ہے **رأیت امس زیداً فی السوق والیوم عمرواً فی المسجد** تو اگر عطف کے لئے امس کی تقدیر دوسرے جزو میں بھی ضروری ہوتی تو الیوم سے متعارض ہو کر یہ کلام غلط ہوتا۔ پس معنی یہ ہونگے کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان کو پیدا کیا یا چھت بنایا اس میں اس سے تعرض نہیں کہ تمہارے نفع فی الحال یا فی المآل کے لئے بنایا گو دوسرے مستقل دلائل سے اس کا نافع ہونا بھی ثابت ہے مگر اس آیت میں یہ سوال نہیں ہوگا بلکہ مسوق لہ الکلام صرف بیان قدرت ہوگا کہ وہ ایسا قادر ہے تاکہ اس پر توحید کو متفرع فرمایا جاوے چنانچہ بعد میں فاء تفریع کے ساتھ ارشاد ہے: فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا الایۃ اور دوسری بعض آیات میں نظر کرنے سے یہ احتمال قریب ہوا جاتا ہے چنانچہ ارشاد ہے: هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَکُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ثُمَّ اسْتَوٰۤی اِلَی السَّمَآءِ الایہ یہاں لَکُمْ کو ارضیات کے ساتھ خاص فرمایا اور تسویہ سموات کا اس کے بعد ذکر فرمایا اور ارشاد ہے: هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا الایۃ یہاں بھی لَکُمْ کو ارض کے ساتھ فرمایا اور سموات کیساتھ جو لکم کہیں وارد ہوا ہے تو وہاں وصف سقفیت کا ذکر نہیں جیسے سَخَّرَ لَکُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ۔

تیسرا جواب: یہ ہوگا کہ نفع سے مراد مطلق نفع ہے خواہ فی الدنیا ہو یا فی الاخرۃ ہو تو ممکن ہے کہ اس کی تخلیق یا سقفیۃ کے متعلق ایسے منافع ہوں جو آخرت میں ہم کو حاصل ہونگے۔ جیسے جنت اس وقت پیدا کی ہوئی ہے اور اس کے منافع آخرت میں حاصل ہوں گے۔ تین جواب تو ان تینوں مقدمات پر منع وارد کرنے کی صورت میں ہوں گے۔ چوتھا جواب وہ ہے جو ان تینوں مقدمات کی تسلیم کی تقدیر پر دیا جاوے یعنی اگر ہم تینوں مقدمات کو بھی مان لیں تب بھی جواب ہو سکتا ہے تو اس صورت میں بیشک ان منافع عاجلہ کے تحقیق کی ضرورت ہوگی جن میں آسمان کی سقفیت کو دخل ہو اور اس تقریر سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ ان مذکورہ جوابوں پر چند اقسام کے نفع کی تحقیق کی ضرورت ہوگی ایک قسم وہ منافع جو ہم کو فی الحال حاصل ہوں اور ان کی سقفیت کو دخل نہ ہو اور یہ قسم مبنی ہے جواب اول کا دوسری قسم وہ منافع جو فی

www.besturdubooks.net

الحال حاصل ہوں خواہ سقفیت کو ان میں دخل ہو یا نہ ہو اور یہ قسم مبنی ہے جواب ثالث کا تیسری قسم وہ منافع ہیں جو فی الحال حاصل ہوں اور ان میں سقفیت کو دخل ہو اور یہ قسم مبنی ہے جواب رابع کا اور جواب ثانی میں منافع کی تحقیق ہی ضروریات مقام سے نہیں اور جو نفع کہ مستقل دلائل سے ثابت ہے وہ ان ہی اقسام ثلاثہ میں سے کوئی قسم ہوگا اس کے مستقل تحقیق کی حاجت نہیں۔ پس اقسام منافع کے تین ہی رہے ان تینوں قسموں کو ایک ایک فصل میں بیان کیا جاتا ہے۔

فصل اول نفع کی اقسام اول کے بیان میں: اس نفع کا بیان قرآن مجید میں جابجا مذکور ہے کہیں اجمالاً کہیں تفصیلاً مثلاً [1] وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ۔ اور مثلاً [2] اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ۔ اور مثلاً [3] ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ بَنٰهَا۔ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰهَا۔ وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ ضُحٰهَا الاٰية۔ اور مثلاً [4] وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ۔ ان میں بعض کا حاصل استدلال علی التوحید ہے جو ایک نفع دینی ہے اور بعض کا حاصل نفع دنیوی ہے جیسا آیت ثالثہ ورابعہ میں ہے اور یہ سب منافع حاصل فی الحال ہیں۔ نیز ارشاد ہے: وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۔ ای طرقا للملائكة والكواكب۔ جب سموات کواکب کیلئے مسافت سیر ہے اور سیر کواکب کا نفع مشاہد ہے اور سیر کے لئے مسافت شرط عادی ہے تو بواسطہ کواکب کے ان منافع میں سماوات کو بھی دخل ہوا۔

فصل دوم نفع کی قسم ثانی کے بیان میں: چونکہ اس میں تحقق فی الآخرۃ محتمل ہے۔ اگر وہاں جا کر معلوم نہ ہوں تب تحقیق کی ضرورت ہوگی فی الحال اس کے انتفاء پر دلیل نہ ہونا کافی ہے مگر بسبیل احتمال کے تقریب افہام کے لئے اگر کچھ ذکر کر دیا جاوے مضائقہ نہیں۔ مثلاً ارشاد ہے: اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ (الی قولہ تعالی) نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ۔ اور ارشاد ہے: لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ۔ اور مثلاً بعد موت کے مومن کی روح کو آسمان کی طرف لے جانا حدیث میں وارد ہے تو آسمان ان ارواح کا بھی مسکن ہے اور ملائکہ کا بھی اور جب ملائکہ انکے لئے نافع ہیں اور ان کا مسکن ان کے لئے نافع تو ان کے لئے بھی بواسطہ نافع ہوئے اور اپنے مسکن ہونے کے اعتبار سے بلاواسطہ بھی نافع ہوئے نیز شیخ اکبر کے مکشوفات میں ہے کہ مقعر سماء سے لطیف لطیف حرارت جنت میں پہنچے گی جس سے ثمار جنت پختہ ہو کر اہل جنت کی غذا بنیں گے اگر سماء کی حیلولۃ نہ ہو تو حرارت میں اعتدال نہ رہے تو یہ نفع سماء کا ظاہر ہے نیز جنت کے حالات میں ارشاد ہے: وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ۔ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ الاٰية اور آیت: وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ اپنے اطلاق سے دال ہے کہ آخرت میں بھی سماوات ہی ان کا مسکن رہے گا اور ابھی ذکر ہو چکا ہے کہ نافع للنافع بھی نافع ہے اور ان منافع میں وصف سقفیت کو بھی اس طرح دخل ہو سکتا ہے کہ ہر سماء فوقانی سماء تحتانی کی سقف ہو اور اکثر سماوات ایسے ہی ہیں اور للاکثر حکم الکل اور اسماء میں الف لام جنس کا ہونے سے سب سماوات کو شامل ہو جاوے گا اور اگر اس عادت پر نظر کیا جاوے کہ کبھی سقف کے اوپر بھی سکونت اختیار کر لی جاتی ہے تو سماء تحتانی بھی اس سے مستثنیٰ نہ رہے گا۔ اور یہ سب مبنی ہے اس پر کہ نفخہ ثانیہ کے بعد سب زمین وآسمان پھر بن جاویں گے اور حدیثوں میں حساب کا زمین پر ہونا اور حساب کے وقت ملائکہ کا آسمانوں کا آسمانوں سے زمین پر اترنا صریح اس پر دال ہے۔ نیز قرآن مجید میں: ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى کے بعد وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ۔ بھی اس پر دال ہے اور بننے کے بعد فنا ہونا کہیں وارد نہیں پس ظاہر بقا ہے شیخ اکبر نے ان سب کی تصریح کی ہے اور يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ الاٰية سے شبہ اس کے خلاف کا نہ کیا جاوے کیونکہ یہ تبدیل وصف ہے۔

فصل سوم نفع کی قسم ثالث کے بیان میں: اس نفع کی حقیقت سمجھنے کے لئے اول سقف کی حقیقت سمجھنا ضروری ہے سو حقیقت اس کی ہر شخص جانتا ہے کہ صرف یہ ہے کہ اپنے مسکن کے اوپر کوئی ایسی چیز سایہ افگن ہو جو اس سے اوپر اور باہر کی ناقابل تحمل آثار سے محفوظ رکھ سکے جیسا گرمی وسردی و بارش یا برف وژالہ یا اوپر سے اینٹ پتھر آ پڑے مثلاً تو ان سب چیزوں سے وہ حفاظت کر سکے اب یہ دیکھئے کہ آیا آسمان سے باہر اور اوپر کچھ ایسی چیزیں ہیں کہ اگر آسمان نہ ہوتا تو ان کا اثر انسان تک پہنچتا اور یہ اس کا تحمل نہ کر سکتا سو نصوص میں نظر کرنے سے ایسی اشیاء کا وجود یقینی ہے مثلاً قرآن مجید میں ہے: وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا۔ ای کواکب عظیمۃ۔ اور دوسری آیت سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ اجرام علویہ بھی اپنے ثقل سے مائل الی الاسفل ہیں چنانچہ ارشاد ہے: وَيُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ۔ تو اس بنا پر اگر آسمان نہ ہوتا تو یہ کواکب اہل ارض کو تباہ کر ڈالتے اب آسمان میں تھمے ہوئے ہیں چنانچہ فِي السَّمَآءِ سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ وہ آسمان کے ثخن میں ہیں گو مرکوز نہ ہوں جیسا یونانیین کا زعم ہے بلکہ آسمانوں کو خرق کرتے ہوئے چلتے ہوں یا ان میں راستے بنے ہوئے ہوں جیسا ارشاد ہے: وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ۔ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ۔ فلک سے مراد دائرہ ہے یعنی سماوات کے اندر ان کی حرکت دائرہ پر ہے خواہ دائرہ حقیقی ہو یا حسی ہو اور ارشاد ہے: وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ۔ باقی یہ کہ جس طرح آسمان قدرت سے تھما ہوا ہے اسی طرح کواکب بھی تھم سکتے تھے سو یہ کوئی معقول سوال نہیں اللہ تعالیٰ اس پر بھی قادر تھے مگر ایسا نہیں کیا اور مثلاً قرآن مجید میں ہے۔ وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ الاٰية اور حدیث میں ہے: اطت السموات وحق لها ان تاط اور اس کی وجہ ارشاد ہوتی ہے کہ ذرا سی بھی جگہ باقی نہیں جہاں کوئی

www.besturdubooks.net

فرشتہ سجدہ میں نہ پڑا ہو اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ ملائکہ گو نوری ہیں مگر ان میں کچھ ثقل بھی ہے جس سے ان کا میلان الی الاسفل ہے تو اگر سماوات حائل نہ ہوں تو اہل ارض کا کیا حشر ہو۔ اور مثلاً ارشاد ہے وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آسمان میں پانی ہے تو اگر سماوات حائل نہ ہوتے تو اس پانی سے ہماری کیا حالت ہوتی۔ اور مثلاً ملائکہ آسمانوں میں اپنی اصلی صورت میں ہیں اور اصلی صورت پر ملائکہ کا دیکھنا طاقت بشری سے خارج ہے۔ چنانچہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کے دیکھنے کا قصہ احادیث میں ہے۔ نیز حوروں کے حسن کے باب میں وارد ہے: ان امراۃ من نساء اھل الجنۃ اطلعت الی الارض لاضاءت ما بینھما اور وارد ہے: ان علیھا (ای الحور) من التیجان ادنی لؤلؤۃ منھا لتضیء ما بین المشرق والمغرب۔ اور سدرۃ المنتہٰی کے باب میں وارد ہے: فما احد من خلق اللہ یستطیع ان ینعتھا من حسنھا اور یہ سب اشیاء وراء السماء ہیں تو اگر سماء کی حیلولۃ نہ ہوتی تو ان انوار کے دیکھنے کی کون تاب لا سکتا تھا اور بجز زہوق روح کے کیا انجام ہوتا تو سماوات جس طرح سقف محفوظ ہیں سقف حافظ بھی ہیں نیز سقف اس غرض سے بناتے ہیں کہ اس میں اسباب زینت مکان کو معلق کریں جیسے شامیانہ میں قنادیل لٹکاتے ہیں گو حر و برد دفع کرنے کی ضرورت نہ ہو اور آسمان میں مصابیح کا زینت ارض کے لئے ہونا منصوص ہے: ھذا ما حضرنی الآن۔ اور اس سب تحریر کے بعد ایک جواب یہ سمجھ میں آیا کہ اگر آسمان کو بناء مجازاً و استعارۃً کہا جاوے تو یہ معنی ہوں گے کہ آسمان کو مثل سقف کے بنادیا یعنی فوق ہونے میں جیسا ارشاد ہے: وَبَنَیْنَا فَوْقَکُمْ سَبْعًا شِدَادًا اور ارشاد ہے: اَفَلَمْ یَنْظُرُوْٓا اِلَی السَّمَآءِ فَوْقَھُمْ تو فراش کا حاصل تحت ہوگا اور بناء کا حاصل فوق ہوگا تو پھر کوئی سوال ہی نہیں رہتا۔ واللہ اعلم۔

خاتمہ: اس میں غزالی ؒ کا مضمون ہے جو رسالہ کتاب الحکمۃ میں حکمت سماوات کے باب میں لکھا ہے اسکا ترجمہ بعینہٖ رسالہ لباب النعمۃ سے نقل کیا جاتا ہے۔

آسمان: اللہ تعالیٰ نے آسمان کو پیدا فرمایا اور اس کے رنگ کو تمام رنگوں سے گہرا اور نگاہ کے موافق قوت دینے والا بنایا ہے اگر آسمان کا رنگ شعاع یا انوار کو لئے ہوئے ہوتا تو وہ دیکھنے والے کی نگاہ کو مضر ہوتا اور اب نافع ہے اس واسطے کہ سبزی اور نیلگونی قوت باصرہ کے موافق ہے اور آسمان کی وسعت کو دیکھنے سے نفس کو راحت اور لذت حاصل ہوتی ہے خصوصاً اس وقت جب کہ ستارے نکل آویں اور چاند کا نور چمکنے لگے۔ اور سلاطین کی عادت ہے کہ اپنے مجالس کی چھتوں کو ایسا منقش و مزین کیا کرتے ہیں کہ جس سے دیکھنے والے کو راحت اور انبساط ہو ایسے ہی آسمان کو بھی اللہ تعالیٰ نے مزین فرمایا ہے لیکن بندوں کی زینت دی ہوئی چھت کو بار بار اور بہت دیر دیکھنے سے آدمی اکتا جاتا ہے اور جو انشراح اور تازگی اس کو نظر اول سے ہوئی تھی وہ جاتی رہتی ہے بخلاف آسمان اور اس کی زینت کے کہ اس کے تماشہ سے کسی وقت طبیعت سیر نہیں ہوتی چنانچہ سلاطین تک بھی جب مشاغل دنیویہ سے تنگ دل ہوتے ہیں تو میدانوں کی وسعت میں جہاں آسمان کا حصہ زیادہ بے منظر ہو کر چلے جاتے ہیں اور اپنا دل بہلاتے ہیں اور حکماء نے کہا ہے کہ گھر میں بھی راحت اور عیش اسی قدر ہوتی ہے جس قدر کہ آسمان کا حصہ اس میں ہے (اسی واسطے تنگ مکانوں میں دل منقبض ہوتا ہے) اور نیز آسمان نجوم مرصعہ اور قمر کے حامل ہیں اور آسمانوں ہی کی حرکت سے کواکب چلتے ہیں اور کواکب سے تمام جہان والے رستہ پاتے ہیں اور نیز آسمانوں میں کہکشاں ہے جو مشابہ راستوں کے ہے کہ جن کے آثار مشرق سے مغرب تک ہمیشہ پائے جاتے ہیں اور یہ کہکشاں ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے نور کی ایک لمبی صورت ہو اور بعض نے کہا ہے کہ یہ چھوٹے چھوٹے ستارے ہیں جو ایک جگہ مجتمع اور ایک دوسرے سے مل گئے ہیں جو شخص راستہ بھول بھٹک جاوے تو اپنے مقصد میں وہ اس سے راہ یاب ہو جاوے اور بعض نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آیہ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُکِ میں اس کی طرف اشارہ فرمایا ہے چنانچہ الحبک کی تفسیر بعض مفسرین نے طرق سے کی ہے اور بعض نے الحبک کے معنی ذات الزینۃ یعنی زینت والے سے کی ہے بہرحال یہ آسمان صانع عالم کے دلائل واضحہ ہیں اور ایک بڑے مضبوط صنعت ہیں اپنے خالق کی وسعت علم اور ارادہ پر دال ہیں پس وہ پاک ذات قادر علیم مرید ہے اور بعض حکماء نے کہا ہے کہ آسمان کی طرف دیکھنے سے دس فائدے ہیں۔ اول غم کا کم ہونا۔ دوسرے وسواس کی تقلیل اور تیسرے وہم و خوف کا ازالہ اور چوتھے اللہ کی یاد اور پانچویں قلب میں اللہ کی عظمت کا پھیل جانا چھٹے افکار ردیہ کا جاتا رہنا ساتویں سوداوی مرض کے لئے نافع ہے۔ آٹھویں مشتاق کی تسلی۔ نویں محبین کا مونس ہونا۔ دسویں دعا کرنے والوں کا قبلہ ہے فقط انتہی ما قالہ الغزالی۔ **وبانتھآء ہ تمت الکراسۃ فی جلسۃ واحدۃ فی ثلث ساعات وکلہ ھذا من فضل ربی والیوم یوم الاثنین منتصف رجب فی الخانقاہ الامدادیہ من تھانہ بھون ۱۳۴۲ھ۔**

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ ٣ مَدَنِيَّةٌ ٨٩	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اٰيَاتُهَا ٢٠٠	رُكُوْعَاتُهَا ٢٠

سورۂ آل عمران مدینہ میں نازل ہوئی شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے اور اس میں دوسو آیتیں ہیں اور بیس رکوع

الٓمّٓ ۝۱ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝۲ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ
التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۝۳ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ
وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝۴ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۝۵ هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي
الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۶ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ
هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ
الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ ۚ وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ
رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝۷

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ تعالیٰ ایسے ہیں کہ ان کے سوا کوئی قابل معبود بنانے کے نہیں وہ زندہ (جاوید) ہیں۔ سب چیزوں کے سنبھالنے والے ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کے پاس قرآن بھیجا ہے واقعیت کے ساتھ اس کیفیت کے ساتھ کہ وہ تصدیق کرتا ہے ان (آسمانی) کتابوں کی جو اس سے پہلے نازل ہو چکی ہیں اور (اسی طرح) بھیجا تھا تورات اور انجیل کو اس کے قبل لوگوں کی ہدایت کے واسطے اور اللہ تعالیٰ نے بھیجے معجزات۔ بے شک جو لوگ منکر ہیں اللہ تعالیٰ کی آیتوں کے ان کے لئے سزائے سخت ہے اور اللہ تعالیٰ غلبہ (اور قدرت) والا ہے بدلا لینے والا ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز چھپی ہوئی نہیں ہے نہ (کوئی چیز) زمین میں اور نہ (کوئی چیز) آسمان میں وہ ایسی ذات (پاک) ہے کہ تمہاری صورت (شکل) بناتا ہے ارحام میں جس طرح چاہتا ہے کوئی عبادت کے لائق نہیں بجز اس کے وہ غلبہ والا ہے حکمت والا ہے۔ وہ ایسا ہے جس نے نازل کیا تم پر کتاب کو جس میں ایک حصہ وہ آیتیں ہیں جو کہ اشتباہ مراد سے محفوظ ہیں اور یہی آیتیں اصلی مدار ہیں۔ اس پر کتاب کا اور دوسری آیتیں ایسی ہیں جو مشتبہ المراد ہیں۔ سو جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے وہ اس کے اسی حصہ کے پیچھے ہو لیتے ہیں جو مشتبہ المراد ہیں (دین میں) شورش ڈھونڈنے کی غرض سے اور اس کے غلط مطلب ڈھونڈنے کی غرض سے حالانکہ ان کا (صحیح) مطلب بجز حق تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا۔ جو لوگ علم (دین) میں پختہ کار (اور فہیم) ہیں وہ یوں کہتے ہیں کہ ہم اس پر (اجمالاً) یقین رکھتے ہیں (یہ) سب ہمارے پروردگار کی طرف سے ہیں اور نصیحت وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو کہ اہل عقل ہیں ۝

تفسیر: سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ وَّاٰيَاتُهَا مِائَتَانِ: ربط: اس سورت کا ماقبل کے ساتھ ختم سورۂ بقرہ پر گزر چکا چونکہ محاجۂ لسانی وسنانی جو کہ وجہ ارتباط ہے۔

بوجہ اختلاف فی التوحید کے ہے لہٰذا اس سورت کو مضمون توحید سے آغاز کیا ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

توحید: الٓمّٓ۔ اس کے معنی تو اللہ ہی کو معلوم ہیں اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ اللہ تعالیٰ ایسے ہیں کہ ان کے سوا کوئی قابل معبود بنانے کے نہیں اور وہ

www.besturdubooks.net

زندہ (جاوید) ہیں سب چیزوں کے سنبھالنے والے ہیں۔ ف: حی قیوم کے صفات لانے میں اشارہ ہے معبودانِ باطلہ کے معبود نہ ہونے کی دلیل عقلی کی طرف کیونکہ ان میں یہ صفتیں نہیں ہیں اور جو چیز ازلاً وابداً موجود نہ ہو اور اپنی حفاظت میں خود دوسرے کا محتاج ہو وہ معبود بننے کے لائق نہیں ہوسکتا کیونکہ عبادت غایت تذلل ہے اور غایت تذلل اس کا حق ہے جس کو غایت عزت حاصل ہو اور غایت عزت اس کے لئے مخصوص ہے جو غایت درجہ کا کامل ہو اور حیات و بقا میں دوسرے کا محتاج ہونا غایت نقص ہے جو منافی غایت عزت کے ہے پس غایت تذلل یعنی عبادت اس کا حق نہیں ہوسکتا۔

ربط: آگے توحید کی دلیل نقلی مذکور ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ تمام کتب الٰہیہ جو منزل من اللہ ہیں واخبار انبیاء جن کا نبی ہونا معجزات سے ثابت ہے متفق ہیں توحید پر اور ضمن استدلال مذکور میں نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ سے اثبات نبوت محمدیہ کی طرف بھی اشارہ ہوگیا۔

اثبات حقانیت کتب وانبیاء علیہم السلام: نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ (الی قولہ تعالی) وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ؕ اللہ تعالیٰ نے آپ کے پاس قرآن بھیجا ہے واقعیت کے ساتھ اس کیفیت سے کہ وہ تصدیق کرتا ہے ان (آسمانی) کتابوں کی جو اس سے پہلے ہوچکی ہیں اور (اسی طرح) بھیجا تھا توریت اور انجیل کو اس کے قبل لوگوں کی ہدایت کے واسطے (اور اسی سے قرآن کا ہدایت ہونا بھی لازم آگیا کیونکہ ہدایت کا مصداق ہدایت ہے) اور اللہ تعالیٰ نے (انبیاء کی تصدیق کے واسطے) بھیجے معجزات۔

ربط: آگے منکرین توحید کی شان میں وعید ارشاد فرماتے ہیں: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۞ بیشک جو لوگ منکر ہیں اللہ تعالیٰ کی (ان آیتوں کے) (جو توحید پر دلالت کرتی ہیں) ان کے لئے سزائے سخت ہے اور اللہ تعالیٰ غلبہ (اور قدرت) والے ہیں (کہ بدلہ لے سکتے ہیں اور) بدلہ لینے والے (بھی) ہیں ف: یعنی انتقام کا امکان و وقوع دونوں امر ثابت ہیں۔

ربط: آگے تتمہ توحید کا مذکور ہے۔

تتمہ توحید: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ (الی قولہ تعالی) لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۔ بیشک اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز چھپی ہوئی نہیں ہے (نہ کوئی چیز) زمین میں اور نہ (کوئی چیز) آسمان میں (پس ان کا علم بھی نہایت کامل ہے) وہ ایسی ذات (پاک) ہے کہ تمہاری صورت (شکل) بناتا ہے جس طرح چاہتا ہے (کسی کی کیسی صورت اور کسی کی کیسی صورت پس ان کی قدرت بھی کامل ہے پس حیات اور قیومیت اور علم اور قدرت جو امہات صفات سے ہیں ان میں کامل طور سے بلا شرکت موجود ہیں جس سے ثابت ہوا کہ) کوئی عبادت کے لائق نہیں بجز اس (ذات پاک) کے (اور) وہ غلبہ والے ہیں (منکر توحید سے انتقام لے سکتے ہیں لیکن) حکمت والے (بھی) ہیں (کہ بمصلحت دنیا میں ڈھیل دے رکھی ہے) ف: روح المعانی میں بروایت ابن جریر ربیع سے منقول ہے کہ کچھ نصاریٰ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور مذہبی گفتگو شروع کی آپ نے اپنی تقریر مفصل میں ابطال تثلیث پر اللہ تعالیٰ کی صفت حیات دائمہ و قیومیت کاملہ وعلم محیط وقدرت تخلیق میں متفرد ہونے سے استدلال فرمایا اور یہ سب مقدمات ان کو تسلیم کرنا پڑے۔

ربط: جب توحید ثابت ہوچکی جس سے تثلیث کا بھی ابطال ہوگیا اور بعض منکرین توحید کا بعض کلمات موہمہ خلاف توحید سے استدلال ہوسکتا تھا چنانچہ قصہ مناظرہ مذکورہ میں بعض نصاریٰ نے لفظ روح اللہ اور کلمۃ اللہ سے جو کہ قرآن میں واقع ہوا ہے اپنے مدعا پر الزامی طور پر استدلال کیا تھا کذا نقلہ فی روح المعانی عن الدر المنثور عن ابن ابی حاتم وابن جریر عن الربیع اگلی آیت میں اس شبہ کا جواب ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ایسے کلمات خفی المراد سے احتجاج درست نہیں بلکہ مدار عقائد کا نصوص واضحہ ہیں اور خفی المراد پر جبکہ ان کی تفسیر معلوم نہ ہو اجمالاً ایمان لے آنا واجب ہے زیادہ تفتیش کی اجازت نہیں۔

تقسیم کتاب بہ محکم ومتشابہ مع تقسیم سامعین: هُوَ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ (الی قولہ تعالی) وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّاۤ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۞ وہ (اللہ تعالیٰ) ایسا ہے جس نے نازل کیا تم پر کتاب کو جس میں کا ایک حصہ وہ آیتیں ہیں جو کہ اشتباہ مراد سے محفوظ ہیں (یعنی ان کا مطلب ظاہر ہے) اور یہی آیتیں اصلی مدار ہیں (اس) کتاب (یعنی قرآن) کا (یعنی غیر ظاہر المعنی کو بھی ان ہی ظاہر المعنی کے موافق بنایا جاتا ہے) اور دوسری آیتیں ایسی ہیں جو کہ مشتبہ المراد ہیں (یعنی ان کا مطلب خفی ہے خواہ بوجہ مجمل ہونے کے خواہ کسی نص ظاہر المراد کے ساتھ معارض ہونے کے) سو جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے وہ تو اس کے اسی حصہ کے پیچھے ہولیتے ہیں جو مشتبہ المراد ہے (دین میں) شورش ڈھونڈنے کی غرض سے اور اس (مشتبہ المراد) کے (غلط) مطلب ڈھونڈنے کی غرض سے (تاکہ اپنے غلط عقیدہ میں اس سے مدد حاصل کرے) حالانکہ اسکا (صحیح) مطلب بجز حق تعالیٰ کے کوئی اور نہیں جانتا (یا اگر وہ خود قرآن یا حدیث کے ذریعہ سے صراحۃً یا اشارۃً بتلادیں جیسے لفظ صلوٰۃ کی مراد صراحۃً معلوم ہوگئی اور اِسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وغیرہ کی تاویل بعض کی رائے پر قواعد کلیہ سے معلوم ہوگئی تو بس اسی قدر دوسروں کو بھی خبر ہوسکتی ہے زیادہ معلوم نہیں ہوسکتا جیسے مقطعات کے معنی کسی کو معلوم نہیں ہوئے اور بعض کی رائے پر اِسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وغیرہ کے معنی بھی معلوم نہیں ہوئے) اور (اسی واسطے) جو لوگ علم (دین) میں پختہ کار (اور فہیم) ہیں وہ (ایسی آیتوں کے متعلق) یوں کہتے ہیں کہ ہم اس پر (اجمالاً) یقین رکھتے ہیں سب

www.besturdubooks.net

(آیتیں ظاہر المعنی بھی خفی المعنی بھی) ہمارے پروردگار کی طرف سے ہیں (پس ان کے جو کچھ معنی اور مراد واقع ہوں وہ حق ہیں) اور نصیحت (کی بات کو) وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو کہ اہل عقل ہیں (یعنی عقل کا مقتضا بھی یہی ہے کہ مفید اور ضروری بات میں مشغول ہو مضر اور فضول قصہ میں نہ لگے) **ف**: پس روح اللہ اور کلمۃ اللہ بھی فی نفسہٖ لغۃً ایسے ہی کلمات متشابہ سے ہے لیکن قواعد شرعیہ وعقلیہ کی مساعدت سے ثابت ہو گیا کہ حاصل مراد اس سے علی سبیل المجاز یہ ہے: ذو روح مسبب وجوده عن امر الله و كلمته۔ پس یہ تاویل حق ہوگی اور اس کے خلاف جیسا کہ مخالفین نے مناظرۂ مذکورہ میں سمجھا باطل ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ سے كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا تک اس آیت سے ایسے کلام کے ساتھ معاملہ کرنے کی کیفیت معلوم ہوتی ہے جس کا صادق ہونا ثابت ہو مگر مراد اس کی واضح نہ ہوئی ہو اور وہ معاملہ یہ ہے کہ ایسے کلام کی اجمالاً تصدیق کی جاوے اور تفصیلاً اس کی کاوش نہ کریں اور محققین نے یہی حکم کیا ہے ان اہل اسرار کے کلام کے باب میں جن کا صدق ان کے احوال سے معلوم ہو اور انکی مراد معلوم نہ ہوئی ہو پس سلامتی اسی میں ہے کہ نہ ان پر انکار کیا جاوے اور نہ اس کلام کے ظاہر پر اعتقاد کیا جاوے۔۱۲

الحواشی: (۱) قولہ مشتبہ المراد ہیں یعنی الخ پس اس متشابہ کا مفہوم متشابہ اصطلاحی سے عام ہے یعنی متشابہ اصطلاح اس کی ایک فرد ہے اور اس فرد خاص کے اقسام اور احکام میری ایک مختصر تحریر میں جو بشکل رسالہ کے ہوگئی ہے نہایت جامعیت کے ساتھ مذکور ہیں مفید سمجھ کر اس کو ذیل میں نقل کیا جاتا ہے وهو يجئ في هذه الصفحة۔ (۲) بدل من الدعاء۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ سنبھالنے والے مر فی آیۃ الکرسی۱۲ ۲ فی ترجمۃ الفرقان معجزات ہو احد الوجوه المذكورة في البيضاوي ۱۲۔ ۳ وفيه اما قوله احكمت آياته فمعناه انها حفظت من فساد المعنى وركاكة اللفظ وقوله كتاباً متشابهاً فمعناه انه يشبه بعضه بعضاً في صحة المعنى وجزالة اللفظ ۱۲۔ ۴ قوله جو کہ اشتباہ مراد سے محفوظ ہیں كذا في البيضاوي۔ ۵ قوله خواہ بوجہ مجمل ہونے کے الخ فالمتشابه ههنا ليس اصطلاحيا۔ ۶ قوله غلط مطلب الخ افاده العهد المستفاد من اضافة تاويله وكذا في قوله صحيح مطلب واعلم ان المراد بالتاويل ههنا تعيين المراد لا احتماله فانه يجوز بشرط عدم اباء العربية والشرع عنه ۱۲۔ ۷ قوله بعض کی رائے پر مر بيان هذا الاختلاف في حواشي الخطبة ۱۲۔

الروایات: في روح المعاني عن ابن جرير عن الربيع قال ان النصارى اتوا رسول الله صلى الله عليه وسلم فخاصموه في عيسى بن مريم وقالوا له من ابوه وقالوا على الله تعالى الكذب والبهتان فقال لهم النبي صلى الله عليه وسلم الستم تعلمون انه لا يكون ولد الا وهو يشبه اباه قالوا بلى قال الستم تعلمون ان ربنا حي لا يموت وان عيسى ياتي عليه الفناء قالوا بلى قال الستم تعلمون ان ربنا قيم على كل شيء يكلؤه ويحفظه ويرزقه قالوا بلى قال فهل يملك عيسى من ذلك شيئا قالوا لا قال الستم تعلمون ان الله تعالى لا يخفى عليه شيء في الارض ولا في السماء قالوا بلى قال فهل يعلم عيسى من ذلك شيئا الا ما علم قالوا لا قال الستم تعلمون ان ربنا صور عيسى في الرحم كيف شاء وان ربنا لا يأكل الطعام ولا يشرب الشراب ولا يحدث الحدث قالوا بلى قال الستم تعلمون ان عيسى حملته امه كما تحمل المرأة ثم وضعته كما تضع المرأة ولدها ثم غذى كما يغذى الصبي ثم كان يأكل الطعام ويشرب الشراب ويحدث الحدث قالوا بلى قال فكيف يكون هذا كما زعمتم فعرفوا ثم ابوا الا جحودا فانزل الله الٓمّٓ الله لا اله الا هو الحي القيوم الخ۔ وفي روح المعاني وقيل ان الوفد قالوا الرسول الله صلى الله عليه وسلم الست تزعم ان عيسى كلمة الله تعالىٰ وروح منه قال بلى قاله فحسبنا ذلك فنعى سبحانه عليهم زيغهم وفتنتهم (في قوله تعالى هو الذى انزل عليك الكتاب) اخرجه في الدر المنثور عن ابن ابي حاتم وابن جرير عن الربيع وفي لباب النقول عن ابن ابي حاتم وابن اسحق بتخريج البيهقي في آخر القصة فانزل الله الى بضع و ثمانين آية او الى رأس الثمانين ۱۲۔

الکلام: قال البيضاوي فيه اى في قوله انك انت الوهاب دليل على ان الهدى والضلال من الله تعالى وانه متفضل بما ينعم على عباده لا يجب عليه شئ ۱۲۔

النحو: في الارض صفة لقوله شئ ۱۲۔

البلاغۃ: انتقام التنكير للتعظيم ۱۲۔

www.besturdubooks.net

رسالة التواجه بما تعلق بالتشابه

بعد الحمد والصلوٰة والدعاء اللّٰهم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعه والباطل باطلا وارزقنا اجتنابه عرض کرتا ہوں کہ نفس متشابہ کی تعریف یہ ہے کہ اس کی مراد بجز اللہ تعالیٰ کے (اور بقول بعض بجز اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے) کسی کو جزماً معلوم نہ ہو اور جس کی مراد بنا بر شیوع مجاز یا کنایہ کے معلوم ہو وہ متشابہ نہیں اگرچہ اس کے حقیقی معنی میں کوئی استحالہ لازم آتا ہو پھر اس متشابہ کی دو قسمیں ہیں۔ایک وہ کہ اس کا مدلول لغوی بھی کسی کو معلوم نہ ہو جیسے مقطعات اور ایک وہ کہ اس کا مدلول لغوی معلوم ہو مگر کسی محذور عقلی یا نقلی کے لزوم کے سبب مراد نہ لے سکیں پھر اس قسم اخیر کی دو قسمیں ہیں ایک یہ کہ اس کا مدلول لغوی واحد ہو جیسے سمع و بصر و کلام اور ایک یہ کہ اس کا مدلول لغوی متعدد ہو یعنی وہ مشترک اور محتمل وجوہ متعددہ کو ہو پھر اس کی دو قسمیں ہیں ایک یہ کہ ان معانی و وجوہ میں کسی دلیل سے کسی ایک کو ترجیح نہ دی گئی ہو ایک یہ ان میں کسی ایک کو ترجیح دی گئی ہو خواہ دلیل قطعی سے یا دلیل ظنی سے یہ بیان ہوا اقسام کا آگے احکام کا بیان کیا جاتا ہے۔مقطعات میں سب کا مذہب یہی ہے کہ اس میں تفویض واجب ہے اور سمع و بصر و کلام میں سب کے نزدیک تفسیر جائز ہے مگر اس قید کے ساتھ کہ لا کسمعنا ولا کبصرنا ولا ککلامنا اور ذات معانی متعددہ میں اگر کسی معنی کو ترجیح نہ دی گئی ہو نہ قطعاً نہ ظناً اس میں بھی سکوت واجب ہے اس کی کوئی مثال ذہن میں نہیں آئی ایک نظیر فقہی تنویر کے لئے لکھتا ہوں کہ امام صاحبؒ نے اسی وجہ سے فرمایا ہے لا ادری ما الدہر اور جس میں کسی ایک معنی کو ترجیح دی گئی ہو اگر اس کو لفظ منصوص ہی سے تعبیر کریں تب تو کوئی اختلاف ہی نہیں جیسے استواء جبکہ اس کا نہ ترجمہ کیا جاوے نہ اس سے اشتقاق کیا جاوے البتہ دفع ایہام معنی متبادر متعارف مستحیل کے لئے اس قید کا بڑھا دینا احتیاط ہے استواءً یلیق بہ جیسا جمہور مفسرین کا صنیع ہے اور یہی محمل ہے قول ائمہ کا الاستواء معلوم والکیف مجهول والایمان به واجب والسوال عنه بدعة اور اگر لفظ غیر منصوص سے تفسیر کی جاوے تو اس میں دو مسلک ہیں ایک سلف کا وہ یہ کہ اس کو معنی حقیقی ہی پر محمول کیا جاوے خواہ اس معنی کی تعیین دلیل قطعی سے ہو خواہ دلیل ظنی سے مثلاً کسی نے اس کی استقرار سے تفسیر کی کسی نے علو سے کسی نے استیلاء سے کسی نے اقبال سے یہ سب معنی حقیقیہ لغویہ ہیں كما يظهر من كتب اللغة وتفسير الطبرى فى قوله تعالٰى ثم استوىٰ الى السماء اور یہ سب تفسیریں مسلک سلف پر منطبق ہیں گو تعیین ظنی ہے لیکن ہر قول میں محمل حقیقی معنی ہیں اور یہی حاصل ہے مسلک سلف کا اور ان سب تفسیروں میں سے ہر تفسیر کا حکم تفسیر سمع و بصر کا سا ہوگا یعنی ہر ایک میں اس قید کا اعتبار واجب ہوگا لا كاستقرار نا المستلزم للمادية ولا كعلونا المقتضى للجهة ولا كاستيلائنا المسبوق بالعجز ولا كاقبالنا المسبوق بالادبار اور ان سب معانی حقیقیہ لغویہ کے مسلک سلف پر منطبق ہونے کی دلیل یہ ہے کہ مضامین قرآن مجید کی تبلیغ عام مامور بہ ہے اور ظاہر ہے کہ عجم کو تبلیغ بدون ترجمہ کے نہیں ہو سکتی اگر ترجمہ قائم مقام اصل کلمہ کے نہ ہو تو لازم آتا ہے کہ مسلک سلف پر ان اجزاء کی تبلیغ ممکن نہ ہو حالانکہ وہ اصل مسلک ہے پس ترجمہ کو قائم مقام اصل کے کہنا لازم ہے اور استویٰ کا جب ترجمہ ہوگا وہ ان ہی معانی حقیقیہ لغویہ میں سے کسی کا ترجمہ ہوگا پس ان سب معانی سے تعبیر کرنا بھی بجائے استویٰ لا کاستوائنا بالاتفاق مسلک سلف کا ہے اسی طرح دوسری تفاسیر مذکورہ مع القید بھی البتہ خود لفظ استویٰ کا محفوظ رکھنا اسلم واحکم ہے جب کہ مخاطب کو ترجمہ کی احتیاج نہ ہو غرض مترادفات سب ایک حکم میں ہیں لیکن لازم بحکم مرادف نہیں کیونکہ ممکن ہے کہ وہ لزوم حادث میں ہو قدیم نہ ہو مثلاً اتیان کے ثبوت سے حرکت کا اطلاق جائز نہ ہوگا۔دوسرا مسلک خلف کا ہے وہ یہ کہ اصل تو مسلک سلف ہی کا ہے لیکن ضعفاء العقول کے تحمل و دفع تشویش کی مصلحت سے مجاز یا کنایہ پر محمول کر لیا جائے گا پھر اس مجاز یا کنایہ میں مختلف وجوہ ہو سکتے ہیں یہ خلاصہ ہے مبحث کا اب تین تنبیہوں پر اس مبحث کو ختم کرتا ہوں ایک یہ کہ بعض کلمات کے متشابہ ہونے میں اقوال مختلف بھی ہوئے ہیں منشاء اس کا اسباب مختلفہ ہے جن کا مرجع قواعد شرعیہ و عربیہ ہیں اختلاف بے رائے و اجتہاد کا دوسرے یہ کہ تفصیل مذکور کی بنا پر بعضے دوسرے متشابہات بھی استواء کے حکم میں ہیں پھر خصوصیت کے ساتھ خود سلف سے بھی زیادہ حکم استواء ہی کے متعلق کیوں منقول ہے اس کی وجہ میری رائے میں یہ معلوم ہوتی ہے کہ اس زمانہ میں کسی وجہ سے اہل بدعت نے اسی میں زیادہ تشکیک کی ہوگی دوسری ج تنبیہ یہ کہ آج کل بعض لوگ جن پر ظاہریت غالب ہے جب متشابہات کی تفسیر کرتے ہیں تو درجۂ اجمال میں تو مسلک سلف پر رہتے ہیں مگر چار غلطیاں کرتے ہیں ایک یہ کہ تفسیر ظنی کی قطعیت کے مدعی ہو جاتے ہیں دوسرے یہ کہ جب تفصیل کرتے ہیں تو عنوانات موہمۂ تکیف و تجسیم اختیار کرتے ہیں تیسرے یہ کہ مسلک تاویل کو علی الاطلاق باطل کہہ کر ہزاروں اہل حق کی تضلیل کرتے ہیں حالانکہ اہل حق کے پاس ان کے مسلک کی صحت کے لئے احادیث بھی بناء ہیں اور قواعد شرعیہ بھی قاعدہ کا بیان تو اسی تحریر میں مذکور ہے اور احادیث رسالہ تمہید الفرش میں مذکور ہیں چوتھے یہ کہ تفسیر بالاستقرار کو تو سلف کے مسلک پر سمجھتے ہیں اور دوسری تفاسیر لغویہ کو تاویل خلف سمجھتے ہیں حالانکہ سب کا مساوی ہونا اوپر ظاہر ہو چکا البتہ دوسری آیات غیر متشابہ میں معنی استقرار میں کثرت سے استعمال ہونا تفسیر بالاستقرار کے لئے ایک گونہ مرجح ہے وههنا فليكتف القلم وليتنه الرقم ونكرر الدعاء اللّٰهم ارنا الحق حقًا وارزقنا اتباعهٗ والباطل باطلاً وارزقنا اجتنابه وصلى الله تعالٰى على خير خلقه محمد وآله وصحبه اجمعين۔

www.besturdubooks.net

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝٨ رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ
النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ۝٩ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِیَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ع
مِّنَ اللّٰهِ شَیْــًٔا ؕ وَاُولٰٓىِٕكَ هُمْ وَقُوْدُ النَّارِ ۝١٠ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا ۚ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ
بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ۝١١ قُلْ لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰی جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ
الْمِهَادُ ۝١٢ قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰیَةٌ فِیْ فِئَتَیْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰی كَافِرَةٌ یَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَیْهِمْ رَاْیَ
الْعَیْنِ ؕ وَاللّٰهُ یُؤَیِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِی الْاَبْصَارِ ۝١٣

اے ہمارے پروردگار ہمارے دلوں کو کج نہ کیجئے بعد اس کے کہ آپ ہم کو ہدایت کر چکے ہیں اور ہم کو اپنے پاس سے رحمت (خاصہ) عطا فرمائیے بلاشبہ آپ بڑے عطا فرمانے والے ہیں اے ہمارے پروردگار آپ بلاشبہ تمام آدمیوں کو (میدان محشر میں) جمع کرنے والے ہیں۔ اس دن میں جس میں ذرا شک نہیں (اور) بلاشبہ اللہ تعالیٰ خلاف کرتے نہیں وعدے کو۔ بالیقین جو لوگ کفر کرتے ہیں ہرگز ان کے کام نہیں آسکتے ان کے مال (دولت) اور نہ ان کی اولاد اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں ذرہ برابر بھی اور ایسے لوگ جہنم کا سوختہ ہوں گے جیسا کہ معاملہ تھا فرعون والوں کا اور ان سے پہلے (کافر) لوگوں کا کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو جھوٹا بتلایا اس پر اللہ تعالیٰ نے ان پر دارو گیر فرمائی ان کے گناہوں کے سبب اور اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والا ہے۔ آپ ان کفر کرنے والوں سے فرما دیجئے کہ عنقریب تم (مسلمانوں کے ساتھ) مغلوب کئے جاؤ گے اور (آخرت میں) جہنم کی طرف جمع کر کے لے جائے جاؤ گے اور وہ جہنم ہے برا ٹھکانا ہے۔ بیشک تمہارے لئے بڑا نمونہ ہے دو گروہوں (کے واقعہ) میں جو کہ باہم ایک دوسرے کے مقابل ہوئے تھے۔ ایک گروہ تو اللہ کی راہ میں لڑتے تھے۔ (یعنی مسلمان) اور دوسرا گروہ کافر لوگ تھے۔ یہ کافر اپنے کو دیکھ رہے تھے کہ ان مسلمانوں سے کئی حصہ زیادہ ہیں کھلی آنکھوں دیکھنا اور اللہ تعالیٰ اپنی امداد سے جس کو چاہتے ہیں قوت دے دیتے ہیں۔ (سو) بلاشبہ اس میں بڑی عبرت ہے (دانش) بینش والے لوگوں کو۔

آگے ان حق پرستوں کا دوسرا کمال مذکور ہے کہ باوجود وصول الی الحق کے اس پر نازاں نہیں بلکہ حق تعالیٰ سے استقامت علی الحق کی دعا کرتے ہیں۔

دعا: رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ۝ ۔ اے ہمارے پروردگار ہمارے دلوں کو کج نہ کیجئے بعد اس کے کہ آپ ہم کو (حق کی طرف) ہدایت کر چکے ہیں اور ہم کو اپنے پاس سے رحمت (خاصہ) عطا فرمائیے (وہ رحمت یہ ہے کہ راہ مستقیم پر ہم قائم رہیں) بلاشبہ آپ بڑے عطا فرمانے والے ہیں۔ اے ہمارے پروردگار (ہم یہ دعا کجی سے بچنے کی اور حق پر قائم رہنے کی کسی دنیوی غرض سے نہیں مانگتے بلکہ محض آخرت کی نجات کے واسطے کیونکہ ہمارا عقیدہ ہے کہ) آپ بلاشبہ تمام آدمیوں کو (میدان محشر میں) جمع کرنے والے ہیں اس دن میں جس (کے آنے) میں ذرا شک نہیں (یعنی قیامت کے دن میں اور شک نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اس کے آنے کا اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے اور) بلاشبہ اللہ تعالیٰ خلاف کرتے نہیں وعدہ کو (اس لئے قیامت کا آنا ضرور اور اس واسطے ہم کو اس کی فکر ہے)۔

ربط: یہاں تک محاجہ باللسان کا بیان تھا آگے محاجہ بالسنان کا بیان اور لقمہ شمشیر وزیر نگین ہونے کی وعید ہے جو صراحۃً اس آیت میں مذکور ہے۔ قُلْ لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوْا الی اخرہا اور اس سے پہلے کی آیت بطور تمہید کے ہے۔

وعید منکرین بہ خذلانِ دارین: اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِیَ عَنْهُمْ (الی قولہ تعالی) وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰی جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ بالیقین جو لوگ کفر کرتے ہیں ہرگز ان کے کام نہیں آسکتے ان کا مال (و دولت) اور نہ ان کی اولاد اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں ذرہ برابر بھی اور ایسے لوگ جہنم کا سوختہ ہوں گے (ان لوگوں کا معاملہ ایسا ہے) جیسا معاملہ تھا فرعون والوں کا اور ان سے پہلے والے (کافر لوگوں کا (وہ معاملہ یہ تھا) کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو (یعنی اخبار و احکام کو) جھوٹا بتلایا اس پر اللہ تعالیٰ نے ان پر دارو گیر فرمائی ان کے گناہوں کے سبب اور اللہ تعالیٰ (کی دارو گیر بڑی سخت ہے کیونکہ ان کی شان یہ ہے کہ وہ) سخت سزا دینے والے ہیں (اسی طرح ان لوگوں کا معاملہ ہوا کہ انہوں نے ہماری آیتوں کی تکذیب کی سو ان کو بھی ایسی ہی سزا ہوگی اور) آپ ان کفر کرنے والے لوگوں سے (یوں بھی) فرما دیجئے کہ (تم یہ نہ سمجھنا کہ یہ دارو گیر صرف آخرت میں ہوگی بلکہ یہاں اور وہاں دونوں جگہ ہوگی چنانچہ دنیا میں) عنقریب تم (مسلمانوں کے ہاتھ سے) مغلوب کئے جاؤ گے اور (آخرت میں) جہنم کی طرف جمع کر کے لیجائے جاؤ گے اور (جہنم) ہے برا ٹھکانا۔ **ف**: مقابلہ میں کام آنے کے دو معنی ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت و عنایت کی ضرورت نہ ہو اس کے عوض صرف مال و اولاد نافع اور کافی ہو جاوے دوسرے یہ کہ مال و

www.besturdubooks.net

اولاد اللہ تعالیٰ کے مقابل ہو کر ان کے عذاب سے بچا لیوے مقابلہ کا لفظ دونوں جگہ بولا جاتا ہے سو آیت میں دونوں معنی کی نفی کر دی گئی۔ اور مراد کفار سے آیت میں خاص کفار ہیں جن سے یہ خطاب ہوا تھا چنانچہ مشرکین پر قتل اور قید کی مصیبت اور یہود پر قتل وقید کے ساتھ جزیہ اور اخراج وطن کی بھی عقوبت واقع ہوئی پس یہ شبہ نہ کرنا چاہئے کہ سب کفار تو دنیا میں مغلوب نہیں پائے جاتے اور رہی سزائے آخرت وہ سب کفار کو عام ہے۔

ربط: اوپر کفار کے مغلوب ہونے کی خبر دی گئی ہے آگے اس کی ایک کافی نظیر بطور دلیل کے ارشاد فرماتے ہیں: قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ۭ (الی قولہ تعالی) اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ بیشک تمہارے (استدلال کے) بڑا نمونہ ہے دو گروہوں (کے واقعہ) میں جو کہ باہم (بدر کی لڑائی میں) ایک دوسرے سے مقابل ہوئے تھے ایک گروہ تو (یعنی مسلمان) اللہ کی راہ میں لڑتے تھے اور دوسرا گروہ کافر لوگ تھے (اور کافر اس قدر زیادہ تھے کہ) یہ کافر اپنے (گروہ) کو دیکھ رہے تھے کہ ان مسلمانوں سے کئی حصے (زیادہ) ہیں (اور دیکھنا بھی کچھ وہم اور خیال کا نہیں بلکہ) کھلی آنکھوں دیکھنا (جس کے واقع ہونے میں شبہ نہیں تھا لیکن باوجود اس قدر زیادہ عدد ہونے کے پھر اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو غالب کیا) اور (غالب مغلوب کرنا محض قبضۂ خداوندی میں ہے) اللہ تعالیٰ اپنی امداد سے جس کو چاہتے ہیں قوت دیدیتے ہیں (سو) بلاشک اس (واقعہ) میں بڑی عبرت (اور نمونہ) ہے (دانش) بینش والے لوگوں کو۔

ف: روایتوں میں آیا ہے اس روز مسلمان تین سو تیرہ تھے اور کفار ایک ہزار تھے گویا کفار مسلمانوں سے تین حصے تھے اس آیت میں اسی کثرت کو بیان فرمایا ہے کہ کفار آنکھوں سے مشاہدہ کرتے تھے کہ ہمارا گروہ زیادہ ہے مگر پھر بھی انجام دیکھ لیا کہ مسلمان ہی غالب رہے اس سے ہر منصف عاقل استدلال کر سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جب اپنے دین کو غالب کرنا چاہتے ہیں تو کفار کی کثرت اور ثروت اس کو روک نہیں سکتی اور سورۂ انفال میں یہ بھی مذکور ہے کہ اول اللہ تعالیٰ نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب میں کفار کا عدد کم دکھلایا تھا کہ آپ مسلمانوں سے خواب بیان فرما دیں تو مقابلہ کی جرأت بڑھے پھر جب دونوں گروہ مقابل ہوئے تو مسلمانوں کو کفار کم معلوم ہوئے اور کفار کو مسلمان کم معلوم ہوئے تاکہ مقابلہ ہو جاوے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو غالب کر دیا۔ پس اس مقام پر دو امر قابل تحقیق ہیں۔ اول یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب خلاف واقع کیوں ہوا اور اسی طرح مسلمانوں کا کفار کو کم دیکھنا بھی خلاف واقع تھا۔ تحقیق اس کی یہ ہے کہ اگر ہزار میں سے مثلاً سو دو سو دکھلا دیئے جاویں اور آٹھ نو سو پوشیدہ کر لئے جاویں تو اس کو خلاف واقع دیکھنا نہیں کہہ سکتے خلاف واقع کہتے ہیں غلط دیکھنے کو اور یہاں تو بعض کو نہ دیکھنا تھا غلط دیکھنا نہ تھا۔ دوسری تحقیق یہ ہے کہ کفار کو مسلمانوں کا کم معلوم ہونا جو انفال میں مذکور ہے اور کفار کا اپنی جماعت کو مسلمانوں سے کئی حصہ دیکھنا جو اس مقام پر مذکور ہے ان دونوں کا ایک ہی مطلب ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: يَرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ الخ اس میں خوارق عادات کا اثبات ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) وهذا كقوله تعالى انی ارانی اعصر خمرا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله رحمت خاص حملا للتنوين على التنويع ۱۲۔ ۲ قوله یہ کافر في ترجمة يرونهم مثليهم هذا ما ادى اليه ذوقي ان المرفوع في يرون راجع الى الكفار والمنصوب ايضًا الى الكفار والمجرور الى المؤمنين والتثنية للتكرير وفي الآية اقوال اخر كثيرة شتى ولو اشكل عليك ان الرواية على هذا بصرية وكون الفاعل والمفعول كليهما ضميراً من خواص افعال القلوب يجاب ان الرواية قلبية بقرينة تعديتها الى مفعولين فالمراد العلم ولو بواسطة البصر واما رای العين فاما مفعول مطلق من حيث دلالة العلم على البصر بقرينة المقام فالمعنى يرونهم مثليهم بان نشاهدوهم كذلك رای العين او منصوب بنزع الخافض ای برای العين فالامر سهل وفي قراءة ترونهم بتاء الخطاب فمعناه مطابقاً للتفسير المذكور ترون ايها الكفار فئتكم مثلي المؤمنين فالمنصوب الغائب راجع الى الفئة الكافرة فلا يرد ان مقتضاه كان ترونكم ويرونهم صفة للفئة الكافرة او يقال الخطاب لليهود ای ترون ايها اليهود مشركي مكة مثلي المؤمنين على ان الرؤية علمية لان اليهود لم يحضروا الواقعة ۱۲۔

الروایات: في لباب النقول روى ابو داؤد في سننه والبيهقي في الدلائل من طريق ابن اسحق عن محمد بن ابی محمد عن سعيد او عكرمة عن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لما اصاب من اهل بدر ما اصاب ورجع الى المدينة جمع اليهود في سوق بني قينقاع وقال يا معشر يهود اسلموا قبل ان يصيبكم الله بما اصاب قريشا فقالوا يا محمد لا يغرنك من نفسك ان قتلت نفرا من قريش كانوا اغمارا لا يعرفون القتال انك والله لو قاتلتنا لعرفت انا نحن الناس وانك لم تلق مثلنا فانزل الله قل للذين كفروا ستغلبون الى قوله لاولي الابصار آه وفي تفسير البيضاوی احد الوجهين قل لمشركي مكة ستغلبون يعني يوم بدر ۱۲۔

الکلام: في روح المعاني عن الانتصاف التزيين للشهوات يطلق ويراد به خلق حبها في القلوب وهو بهذا المعنى مضاف اليه تعالى

www.besturdubooks.net

حقیقة فلانه لا خالق الا هو ویطلق ویراد به المحض علی تغاطی الشهوات المحظورة وهذا مضاف الی الشیطان تنزیلا لوسوسة منزلة الامر بها۱۲۔

اللغات: قوله لن تغنی معنی تغنی عنهم تجزیٔ عنهم وحاصله لانکفیهم بدل الرحمة والطاعة فشینا مفعول مطلق ۱۲ حد عصام علی البیضاوی او من قولهم اغن عنیٔ وجهك ای غیبه عنی وشینا مفعول به آه منهیه علی البیضاوی قوله کداب هو مصدر داب فی العمل اذا کدح فیه فنقل الی معنی الشان ۱۲۔

البلاغة: فی روح المعانی کذبوا الخ تفسیر لدابهم قوله الی جهنم فی روح المعانی هی غایة حشرهم ومنتهاه فالی علی معناها المتبادر ۱۲۔

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۱۵﴾ اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۶﴾ اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ ﴿۱۷﴾

خوشنما معلوم ہوتی ہے (اکثر) لوگوں کو محبت مرغوب چیزوں کی (مثلاً) عورتیں ہوئیں بیٹے ہوئے لگے ہوئے ڈھیر ہوئے سونے اور چاندی کے نمبر (یعنی نشان) لگے ہوئے گھوڑے ہوئے (یا دوسرے) مواشی ہوئے اور زراعت ہوئی لیکن یہ سب استعمالی چیزیں ہیں دنیاوی زندگانی کی اور انجام کار کی خوبی تو اللہ ہی کے پاس ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ میں تم کو ایسی چیز بتلادوں جو (بدرجہا) بہتر ہوان چیزوں سے (سوسنو) ایسے لوگوں کے لئے جو (اللہ سے) ڈرتے ہیں ان کے مالک (حقیقی) کے پاس ایسے ایسے باغ ہیں جن کے پائیں میں نہریں جاری ہیں ان میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے اور (ان کے لئے) ایسی بیبیاں ہیں جو صاف ستھری کی ہوئی ہیں اور (ان کے لئے) خوشنودی ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور اللہ تعالیٰ خوب دیکھتے بھالتے ہیں بندوں کو۔ (یہ) ایسے لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ ہمارے پروردگار ہم ایمان لے آئے سو آپ ہمارے گناہوں کو معاف کر دیجئے اور ہم کو عذاب دوزخ سے بچائیے اور وہ لوگ صبر کرنے والے ہیں اور راست باز ہیں اور (اللہ کے سامنے) فروتنی کرنے والے ہیں اور (مال) خرچ کرنے والے ہیں اور گناہوں کی معافی چاہنے والے ہیں اخیر شب میں (اُٹھ اُٹھ کر)۔

تفسیر ربط: اوپر آیت: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ میں اموال واولاد کا آخرت میں کام نہ آنا بیان فرمایا تھا جس سے ان چیزوں کا بے قدر رہنا لازم آیا تھا اب آگے اسی لازم کو تصریحاً بیان فرماتے ہیں اور اس کے بعد نعمائے آخرت کا قابل قدر ورغبت ہونا اور ان نعمتوں کا بدولت تقویٰ حاصل ہونا ذکر فرمایا ہے اور اس کے بعد کسی قدر تفصیل تقویٰ کی اس کے بعد شعبے مثل ایمان ومناجات وصبر وصدق وقنوت وانفاق واستغفار ذکر فرما کر ارشاد فرمائی ہے یہ چند مضمون اس ترتیب سے بیان ہوتے ہیں۔

بے قدری لذاتِ دنیاویہ: زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ (الی قوله تعالی) وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ خوشنما معلوم ہوتی ہے (اکثر) لوگوں کو محبت مرغوب چیزوں کی (مثلاً) عورتیں ہوئیں، بیٹے ہوئے لگے ہوئے ڈھیر ہوئے سونے اور چاندی کے نشان لگے ہوئے گھوڑے ہوئے (یا دوسرے) مواشی ہوئے اور زراعت ہوئی (لیکن) یہ سب استعمالی چیزیں ہیں دنیوی زندگانی کی اور انجام کار کی خوبی (کی چیز) تو اللہ ہی کے پاس ہے (جو بعد موت کے کام آوے گی جس کی تفصیل اگلی آیت میں آتی ہے) ف: یہ جو فرمایا کہ ان چیزوں کی محبت خوشنما معلوم ہوتی ہے اس کا حاصل میرے ذوق میں یہ ہے کہ یہ محبت ومیلان غالب حالات میں موجب فتنہ ہو جانے کی وجہ سے ذرکی چیز تھی مگر اکثر لوگ اس کو سبب ضرر نہیں جانتے بلکہ اس میلان کو علی الاطلاق اچھا سمجھتے ہیں واللہ اعلم۔

نفاست نعمائے آخرت: قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ (الی قوله تعالی) وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ آپ (ان لوگوں سے یہ) فرما دیجئے کیا میں تم کو ایسی چیز بتلادوں جو (بدرجہا) بہتر ہو ان (مذکورہ) چیزوں سے (سوسنو) ایسے لوگوں کے لئے جو (اللہ تعالیٰ سے) ڈرتے ہیں ان کے مالک (حقیقی) کے پاس ایسے ایسے باغ ہیں (یعنی بہشت) جن کی پائیں میں نہریں جاری ہیں ان (بہشتوں) میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے (اور ان کے لئے) ایسی بیبیاں ہیں جو

www.besturdubooks.net

(ہرطرح) صاف ستھری کی ہوئی ہیں اور (ان کیلئے) خوشنودی ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور اللہ تعالیٰ خوب دیکھتے (بھالتے) ہیں بندوں (کے حال) کو (اسلئے ڈرنے والوں کو یہ نعمتیں دیں گے آگے ان ڈرنے والوں کی بعض تفصیلی صفات ذکر کی جاتی ہیں)۔

بعضے اوصاف متقین: اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا (الى قوله تعالى) وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ (یہ) ایسے لوگ (ہیں) جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لے آئے سو آپ ہمارے گناہوں کو معاف کر دیجئے اور ہم کو عذاب دوزخ سے بچا لیجئے (اور وہ لوگ) صبر کرنے والے ہیں اور راستباز ہیں اور (اللہ تعالیٰ کے سامنے) فروتنی کرنے والے ہیں اور (نیک کاموں میں مال کے) خرچ کرنے والے ہیں اور اخیر شب میں (اٹھ اٹھ کر) گناہوں کی معافی چاہنے والے ہیں۔ **ف:** یہ جو کہا کہ ایمان لے آئے سو آپ ہمارے گناہوں کو معاف کر دیجئے یہ اس وجہ سے ہے کہ بدون ایمان کے مغفرت نہیں ہوتی پس حاصل یہ ہوا کہ کفر جو مانع ابدی مغفرت کا ہے اس کو ہم مرتفع کر چکے اب معاف کر دیجئے خواہ اولیٰ ہو یا غیر اولیٰ اور اخیر شب کی تخصیص اس لئے ہے کہ اس وقت اُٹھنے میں مشقت بھی ہے اور وہ وقت قبولیت کا بھی ہے۔

ربط: شروع سورت میں نصاریٰ کے مقابلہ ومناظرہ میں توحید کا اثبات اور تثلیث کا ابطال کیا گیا ہے اور درمیان کے مضامین اسی کی مناسبت سے لائے گئے تھے۔ اب اسی مضمون توحید کی طرف عود کرتے ہیں اور اس کے بعد کی آیتوں میں اسلام کے حق ہونے کی تصریح اور اہل کتاب کے ساتھ محاجہ کی تقریر پھر حق کے قبول نہ کرنے والوں کی مذمت پھر استطراداً اہل اسلام کے غلبہ کی پیشین گوئی اور اس کے استبعاد کو اثبات قدرت کاملہ سے دفع کرنا پھر مومنین کو کفار کی دوستی سے ممانعت پھر توحید کا بدون اتباع رسول کے معتبر نہ ہونا پھر رسول اللہ ﷺ کی رسالت ومحبوبیت کی تائید کے لئے چند مقبولین کے قصے یہ سب مضامین پارہ کے تین ماؤ تک بالترتیب بیان فرمائے گئے ہیں اور اس تقریر سے دور تک کا ربط معلوم ہو گیا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ سے اس قول تک قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ قول اول میں الناس سے مراد جنس ناس ہے اور تزین اللہ تعالیٰ ہیں روح المعانی میں ابن ابی حاتم کی روایت سے حضرت عمرؓ سے اس کی تائید نقل کی ہے پس اس تفسیر پر یہ قول اس پر دلالت کرتا ہے کہ انسان اس محبت کے ازالہ کا بوجہ اس کے طبعی ہونے کے مکلف نہیں ہے اور دوسرے قول میں بیان ہے آخرت کی حب عقلی کا اور اس کے مکلف ہونے کا اس طرح کہ اس کو عملاً حب اول پر ترجیح دے اور باب اخلاق میں یہ ایک اصل عظیم ہے یعنی اخلاق میں جو مجبول وطبعی ہیں وہ غیر مقدور ہیں اور جو مکسوب ہیں وہ مقدور ہیں بعض سالکین قسم اول کے پیچھے پڑ جاتے ہیں وہ ہمیشہ مشوش رہتے ہیں ان لوگوں کو محقق ہدایت کرتا ہے کہ عقلی کی تحصیل کرو اور طبعی کے درپے مت ہو۔ سوان محققین کا اتباع کرنے والا راحت میں رہتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ اَلصّٰبِرِيْنَ الآیہ اس میں اولیاء اللہ کی صفات کا بیان ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ معلوم ہوتی ہے راعی فی لفظ المعلوم کون الصیغة مبنیاً للمفعول واشار بلفظ ہوتی ہے الی عدم ارادة خصوصیة معنی المضی کما هو ظاهر ۱۲۔ ۲ قولہ اکثر اشار الی کون اللام للجنس الصادق بالبعض ۱۲۔ ۳ قولہ مرغوب اشار الی کون الشہوات بمعنی المشتهيات ۱۲۔ ۴ قولہ بدرجہا لکون خیر للتفضیل ۱۲۔ ۵ قولہ ہرطرح ای من کل ما یستقذر من النساء ۱۲۔

اللغات: قال البيضاوی القنطار المال الكثير فعلال او فنعال والمقنطرة ماخوذ منه للتاكيد كقولهم بدر مبدرة والانعام الابل والبقره والغنم ۱۲۔

النحو: الذين يقولون صفة للذين اتقوا او للعباد وكذا قوله الصابرين ۱۲۔

البلاغۃ: قال البيضاوی سماها شهوات مبالغة وايماء على انهم انهمكوا فی محبتها حتی احبوا شهوتها كقوله احببت حب الخير فی روح المعانی كما قيل لمريض ما تشتهی فقال اشتهی ان اشتهی او تنبيها على خستها لان الشهوات خسيسة عند الحكماء والعقلاء ۱۲۔ قال البيضاوی يريد به ای بقوله قل اونبئكم تقرير ان ثواب الله خير من مستلذات الدنيا قال عصام حيث ذكره بعد الاخبار بان الله عنده حسن المآب ثم شوقهم الى بيان خير مما عندهم بقوله اونبئكم بخير من ذلكم واكد بكونه خيرا كونه حسن مآب ثم جعله من النعم الخاصة لمن هم علم فی التقرب الى الله ثم فصله ووصف كلا بما يفيد كونه خيراً من الدنيا وما فيها آه قال البيضاوی توسيط الواو بينها للدلالة على استقلال كل واحدة منها وكما لهم فيها او لتغاير الموصوفين بها ۱۲۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًاۢ بِالْقِسْطِؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُؕ ﴿۱۸﴾

اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ۫ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْؕ

www.besturdubooks.net

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹﴾ فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ
وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ
ع ۲/۱۱/۱۰ الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰﴾

گواہی دی ہے اللہ نے اس کی کہ بجز اس ذات کے کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں اور فرشتوں نے بھی اور اہل علم نے بھی اور معبود بھی وہ اس شان سے ہیں کہ اعتدال کے ساتھ انتظام رکھنے والے ہیں۔ ان کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں۔ وہ زبردست ہیں حکمت والے ہیں۔ بلاشبہ دین (حق اور مقبول) اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف اسلام ہی ہے اور اہل کتاب نے جو اختلاف کیا (کہ اسلام کو باطل کہا) تو ایسی حالت کے بعد کہ ان کو دلیل پہنچ چکی تھی محض ایک دوسرے سے بڑھنے کے وجہ سے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے احکام کا انکار کرے گا تو بلاشبہ اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کا حساب لینے والے ہیں۔ پھر بھی اگر یہ لوگ آپ سے حجتیں نکالیں تو آپ فرما دیجئے کہ (تم مانو یا نہ مانو) میں تو اپنا رخ خاص اللہ کی طرف کر چکا اور جو میرے پیرو تھے وہ بھی اور کہئے اہل کتاب سے اور مشرکین عرب سے کہ کیا تم بھی اسلام لاتے ہو؟ سو اگر وہ اسلام لے آئیں تو وہ لوگ بھی راہ پر آ جائیں گے اور اگر وہ لوگ روگردانی رکھیں تو آپ کے ذمے صرف پہنچا دینا ہے اور اللہ تعالیٰ خود دیکھ اور سمجھ لیں گے بندوں کو ۞

تفسیر: رجوع بسوئے مضمون توحید: شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (الی قولہ تعالی) لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ گواہی دی ہے اللہ تعالیٰ نے (کتب سماویہ میں) اس (مضمون) کی کہ بجز اس ذات (پاک) کے کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں اور فرشتوں نے بھی (اپنے ذکر و تسبیح میں اس کی گواہی دی ہے کیونکہ ان کے اذکار توحید سے بھرے ہوئے ہیں) اور (دوسرے) اہل علم نے بھی (اپنی تقریرات و تحریرات میں اس کی گواہی دی ہے جیسا کہ ظاہر ہے) اور معبود بھی وہ اس شان سے ہیں کہ (ہر چیز کا) اعتدال کے ساتھ انتظام رکھنے والے ہیں (اور پھر کہا جاتا ہے کہ) ان کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں وہ زبردست ہیں حکمت والے ہیں۔

ف: قَآئِمًا بِالْقِسْطِ کی صفت غالباً اس لئے بڑھا دی کہ وہ ایسے نہیں کہ صرف اپنی تعظیم و عبادت ہی کراتے ہوں بلکہ وہ سب کے کام بھی بناتے ہیں اور یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ یہ دلیل تو نقلی ہے جو اس کو نہیں مانتے ان پر کیسے حجت ہوگی جواب یہ ہے کہ یہ دلیل خاص اہل کتاب کے مقابلہ میں ہے وہ دلیل نقلی کے منکر نہ تھے اور دلائل عقلیہ دوسرے مواقع پر موجود ہیں۔

ربط: آیت شَهِدَ اللّٰهُ سے پہلے دیکھ لیجئے۔

تصریح حقانیت اسلام: اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ (الی قولہ تعالی) فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹﴾ بلاشبہ دین (حق اور مقبول) اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف اسلام ہی ہے اور اس کے حق ہونے میں اہل اسلام کے ساتھ) اہل کتاب نے جو اختلاف کیا (اس طرح سے کہ اسلام کو باطل کہا) تو ایسی حالت کے بعد کہ ان کو (اسلام کے حق ہونے کی) دلیل پہنچ چکی تھی محض ایک دوسرے سے بڑھنے کی وجہ سے (یعنی اسلام کے حق ہونے میں کوئی وجہ شبہ کی نہیں ہوئی بلکہ ان میں مادہ دوسروں سے بڑا بننے کا ہے اور اسلام لانے میں یہ سرداری جوان کو اب عوام پر حاصل ہے فوت ہوتی تھی اس لئے اسلام کو قبول نہیں کیا بلکہ الٹا اس کو باطل بتلانے لگے) اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے احکام کا انکار کرے گا (جیسا ان لوگوں نے کیا) تو بلاشبہ اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کا حساب لینے والے ہیں (اور ظاہر ہے کہ ایسے شخص کے حساب کا انجام عذاب ہوگا)

ربط: آگے ان منکرین اہل کتاب اور ان کے ساتھ مشرکین عرب کے انکار اور محاجہ کا جو عناد سے پیدا ہوا ہے جواب مذکور ہے۔

جواب محاجۂ معاندین: فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ؕ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ (اسلام کے حق ہونے پر دلیل قائم ہونے کے بعد) پھر بھی اگر یہ لوگ آپ سے (خواہ مخواہ کی) حجتیں نکالیں تو آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ (تم مانو یا نہ مانو) میں تو اپنا رخ خاص اللہ کی طرف کر چکا اور جو میرے پیرو تھے وہ بھی (اپنا اپنا رخ خاص اللہ کی طرف کر چکے یہ کنایہ ہے اس سے کہ ہم سب اسلام اختیار کر چکے جس میں اعتقاد الوہیت کے اعتبار سے قلب کا رخ خاص اللہ ہی کی طرف ہوتا ہے کیونکہ دوسرے مذاہب میں کچھ کچھ شرک ہو گیا تھا) اور (اس جواب کے بعد دریافت کرنے کے طور پر) کہئے اہل کتاب سے اور (مشرکین) عرب سے کہ کیا تم بھی اسلام لاتے ہو سو اگر وہ لوگ اسلام لے آویں تو وہ لوگ بھی (راہ راست) پر آ جاویں گے اگر وہ لوگ (اس سے بدستور) روگردانی رکھیں سو (آپ اس کا بھی غم نہ کیجئے کیونکہ) آپ کے ذمہ صرف (احکام خداوندی کا) پہنچا دینا ہے اور (آگے) اللہ تعالیٰ خود دیکھ (اور سمجھ) لیں گے (اپنے) بندوں کو (آپ سے کوئی باز پرس نہیں ہے)۔ **ف:** کوئی شخص یہ شبہ نہ کرے کہ منکرین کے مقابلہ میں اتنا کہہ دینا کب کافی ہو سکتا ہے کہ تم نہ مانو تو میں تو مان گیا جواب یہ ہے کہ یہ ہر منکر کے مقابلہ میں نہیں فرمایا گیا بلکہ خاص ان منکرین کے مقابلہ میں جن کا انکار کسی

www.besturdubooks.net

شبہ سے نہ تھا بلکہ بعد اقامت دلائل کے محض عناد و عداوت سے تھا جب ان کو کوئی شبہ نہیں تو ان کے سامنے مکرر دلائل بیان کرنا بیکار ہے اس وقت یہی آخری جواب ہے کہ خیر بھائی مت مانو ہم تو مان چکے خوب سمجھ لو۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَإِنْ حَاجُّوكَ فَقُلْ أَسْلَمْتُ وَجْهِيَ الخ اس میں دلالت ہے اہل طریق کی اس عادت پر کہ جب حق بالکل واضح ہو جاوے مگر مخاطب کی حالت سے معلوم ہو کہ یہ قبول نہیں کرتا تو اس وقت مباحثہ ترک کر دیتے ہیں اور یہ استنباط اس آیت کی مشہور تفسیر پر ہے کہ یہ قول أَسْلَمْتُ وَجْهِيَ الخ مجادلہ سے اعراض ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ** حق اور مقبول مستفاد من لام العہد ۱۲۔ ۲ **قولہ** صرف اسلام ہی ہے کما فی روح المعانی تعریف الجزئین للحصر ای لا دین مرضی عند اللہ تعالٰی سوی الاسلام ۱۲۔ ۳ **قولہ** بہت جلد اس کا حساب لینے والے ہیں کما فی روح المعانی ای یاتی حسابه عن قریب ۱۲۔ ۴ **قولہ** خواہ مخواہ اشارة الی ان هذه المعاجة لیست علی حقیقتها بل سمی المجادلة محاجة مجازاً کما فی قوله لئلا یکون للناس علیکم حجة الا الذین ظلموا ۱۲۔

الروایات: فی روح المعانی وقیل نزلت (ای آیة شهد الله الخ) فی نصاریٰ نجران لما حاجوا فی امر عیسیٰ علیه السلام وهو الذی یشعر به ما اشرنا الیه قبل من الآثار ویمیل الیه کلام محمد بن جعفر بن زبیر ۱۲۔

اللغات: قوله اسلمت وجهی قال عبدالحکیم علی البیضاوی اخلص ای لا یشرك به غیره فاسلم من سلم الشیء لفلانٍ خلص ومنه رجل سلم لرجل والوجه مستعار للذات ۱۲۔

النحو: قوله قائما بالقسط فی روح المعانی بعد سرد الا وجه الاربعة الخامس ولعله الا وجه ان یکون حالا من الضمیر والعامل فها معنی الجملة ای تفرد ۱۲۔ قوله ومن اتبعن عطف علی التاء وحسن للفعل او مفعول معه کذا قال البیضاوی ۱۲۔

إِنَّ الَّذِينَ يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَيَقْتُلُونَ الَّذِينَ يَأْمُرُونَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٢١﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِينَ ﴿٢٢﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ أُوتُوا نَصِيبًا مِّنَ الْكِتَابِ يُدْعَوْنَ إِلَىٰ كِتَابِ اللَّهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلَّىٰ فَرِيقٌ مِّنْهُمْ وَهُم مُّعْرِضُونَ ﴿٢٣﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لَن تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّا أَيَّامًا مَّعْدُودَاتٍ وَغَرَّهُمْ فِي دِينِهِم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٢٤﴾ فَكَيْفَ إِذَا جَمَعْنَاهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٢٥﴾

بے شک جو لوگ کفر کرتے ہیں اللہ کی آیات کے ساتھ اور قتل کرتے ہیں پیغمبروں کو ناحق اور قتل کرتے ہیں ایسے شخصوں کو جو (افعال و اخلاق کے) اعتدال کی تعلیم دیتے ہیں۔ سو ایسے لوگوں کو خبر سنا دیجئے ایک سزائے دردناک کی (اور) یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کے سب اعمال صالحہ غارت ہو گئے دنیا میں اور آخرت میں اور (سزا کے وقت) ان کا کوئی حامی مددگار نہ ہوگا۔ (اے محمدؐ) آپ نے ایسے لوگ نہیں دیکھے جن کو کتاب (توراۃ) کا ایک (کافی) حصہ دیا گیا اور اسی کتاب اللہ کی طرف اس غرض سے ان کو بلایا بھی جاتا ہے کہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کر دے پھر (بھی) ان میں سے بعض لوگ انحراف کرتے ہیں بے رخی کرتے ہوئے (اور) یہ اس سبب سے ہے کہ وہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ ہم کو صرف گنتی کے تھوڑے دنوں تک دوزخ کی آگ لگے گی اور ان کو دھوکہ میں ڈال رکھا ہے۔ ان کی تراشی ہوئی باتوں نے سو ان کا کیا (برا) حال ہوگا جبکہ ہم انکو اس تاریخ میں جمع کر لینگے جسکے آنے میں ذرا شبہ نہیں اور (اس تاریخ میں) پورا پورا بدلہ مل جائیگا ہر شخص کو جو کچھ اُس نے (دُنیا میں) کیا تھا اور ان شخصوں پر ظلم نہیں کیا جائیگا۔

تفسیر ربط: شروع سورت میں روئے سخن زیادہ نصاریٰ کی طرف تھا پھر آیت بالا میں الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ کا عنوان نصاریٰ اور یہود دونوں کو شامل تھا اب آیت آئندہ میں یہود کے بعض خاص احوال بیان فرماتے ہیں چنانچہ روح المعانی میں روایت ابن ابی حاتم اس آیت کی تفسیر میں خود حضور ﷺ سے مروی ہے کہ بنی اسرائیل نے تینتالیس نبیوں کو ایک وقت میں قتل کیا ان کی نصیحت کے لئے ایک سو ستر بزرگ کھڑے ہوئے اس دن ان کا بھی کام تمام کیا فقط اور بنی اسرائیل اکثر یہودی تھے۔

تقبیح بعض حالات یہود: إِنَّ الَّذِينَ يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ (الی قوله تعالیٰ) وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِينَ بیشک جو لوگ کفر کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی آیات کے ساتھ (جیسے یہود کہ انجیل اور قرآن کو نہیں مانتے تھے) اور قتل کرتے ہیں پیغمبروں کو (اور وہ قتل کرنا خود ان کے خیال میں بھی) ناحق

www.besturdubooks.net

(ہوتا ہے) اور (نیز) قتل کرتے ہیں ایسے شخصوں کو جو افعال واخلاق کے) اعتدال کی تعلیم دیتے ہیں سو ایسے لوگوں کو خبر سنا دیجئے ایک سزائے دردناک کی (اور) یہ وہ لوگ ہیں کہ (مجموعۂ افعال مذکورہ کے سبب سے) ان کے سب اعمال (صالحہ) غارت ہوگئے دنیا میں (بھی) اور آخرت میں (بھی) اور (سزا کے وقت) ان کا کوئی حامی ومددگار نہ ہوگا۔

ف: دنیا میں غارت ہونا یہ کہ ان کے ساتھ معاملہ اہل اسلام کا سا نہ ہوگا اور آخرت میں یہ کہ ان کی مغفرت نہ ہوگی اور ہر چند کہ محض ناصحین کا قتل کفر نہیں ہے جس سے اعمال حبط ہوں البتہ گناہ کبیرہ ہے لیکن چونکہ اس مجموعہ میں دوسرے اجزاء کفر ہیں اسلئے حبط کا ترتب صحیح ہوا اور چونکہ زمانہ نبوت محمدیہ کے یہود اپنے اسلاف کے قبائح پر انکار نہ رکھتے تھے اس لئے ان پر بھی الزام صحیح ہوا۔

ربط: آیات آئندہ میں یہود کی ایک خاص حالت اور ایک خاص قول کی تقبیح ہے۔

تتمۂ تقبیح یہود: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ (الی قولہ تعالٰی) وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَ هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ (اے محمد ﷺ) کیا آپ نے ایسے لوگ نہیں دیکھے جن کو کتاب (سماوی یعنی توراۃ) کا ایک (کافی) حصہ دیا گیا (کہ اگر ہدایت کے طالب ہوتے تو وہ حصہ اس غرض کی تکمیل کے لئے کافی تھا) اور اسی کتاب اللہ کی طرف اس غرض سے ان کو بلایا بھی جاتا ہے کہ وہ ان کے درمیان (مذہبی اختلاف کا) فیصلہ کردے پھر (بھی) ان میں سے بعض لوگ انحراف کرتے ہیں بے رخی کرتے ہوئے (اور) یہ (بے اعتنائی) اس سبب سے ہے کہ وہ لوگ یوں کہتے ہیں (اور یہی ان کا اعتقاد ہے) کہ ہم کو صرف گنتی کے تھوڑے دنوں تک دوزخ کی آگ لگے گی (پھر مغفرت ہو جاوے گی) اور ان کو دھوکہ میں ڈال رکھا ہے ان کی تراشی ہوئی باتوں نے (جیسے اسی تراشے ہوئے عقیدہ نے ان کو دھوکہ دیا اور کتاب اللہ سے بے اعتنائی کرنے لگے) سو (ان احوال افعال واقوال کفریہ کے سبب) ان کا کیا (برا) حال ہوگا جب کہ ہم ان کو اس تاریخ میں جمع کرلیں گے جس (کے آنے) میں ذرا شبہ نہیں اور (اس تاریخ میں) پورا پورا بدلا مل جاوے گا۔ ہر شخص کو جو کچھ اس نے (دنیا میں) کیا تھا اور ان شخصوں پر (بدلہ کے وقت اصلاً) ظلم نہ کیا جاویگا (کہ بے جرم یا زیادہ از جرم سزا ہو جاوے)

ف: ان کے قول لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ کی تحقیق پارۂ الم کے نصف پر گزر چکی ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ وہ قتل کرنا ان کے خیال میں بھی الخ فقولہ تعالٰی بغیر حق لم یکن مؤکدًا بل مفیدًا فائدۃ جدیدۃ۱۲۔ ۲؎ قولہ کافی حصہ کما فی ابی السعود والتنوین للتفخیم۱۲۔ ۳؎ قولہ اور اسی کتاب اللہ کی طرف زاد حرف العطف للحال لان الجملۃ حال ویزاد فی لساننا فی امثالہ واو الحال واشار الی کون الاضافۃ للعھد وھذا ابلغ فی التقبیح حیث استنفروا من الذی اوتوہ وزاد لفظ بھی للاشارۃ الی زیادۃ التقبیح حیث دعوا ولم یکن حاجۃ الی الدعوۃ ثم استنفروا۱۲۔ ۴؎ قولہ بعض فائدتہ ان بعضھم کانوا قد آمنوا ۱۲۔ ۵؎ قولہ بے رخی اشارۃ الی زیادۃ التقبیح حیث لم یتولوا عن شبھۃ۱۲۔ ۶؎ قولہ فی ترجمۃ فکیف کیا برا اشارۃ الی کون الاستفھام للتفظیع۱۲۔ ۷؎ قولہ ذرا شبہ افادہ عموم النکرۃ تحت النفی۱۲۔

الروایات: فی روح المعانی اخرج ابن جریر وابن ابی حاتم عن ابی عبیدۃ بن الجراح قال قلت یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای الناس اشد عذابا یوم القیٰمۃ قال رجل قتل نبیًا او رجلا امر بالمعروف ونھی عن المنکر ثم قرأ الآیۃ ثم قال صلی اللہ علیہ وسلم یا ابا عبیدۃ قتلت بنو اسرائیل ثلثۃ واربعین نبیا اول النھار فی ساعۃ واحدۃ فقام مائۃ رجل وسبعون رجلًا من عباد بنی اسرائیل فامروا من قتلھم بالمعروف ونھوھم عن المنکر فقتلوا جمیعًا من آخر النھار من ذلک الیوم فھم الذین ذکر اللہ تعالٰی۔ فی لباب النقول اخرج ابن ابی حاتم وابن المنذر عن عکرمۃ عن ابن عباس قال دخل رسول اللہ صلی اللہ علہ وسلم بیت المدراس علی جماعۃ من الیھود فدعاھم الی اللہ فقال لہ نعیم بن عمرو والحارث بن زید علی ای دین انت یا محمدٌ قال علی ملۃ ابراھیم ودینہ قالا فان ابراھیم کان یھودیا فقال لھما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فھلما الی التوراۃ فھی بیننا وبینکم فابیا علیہ فانزل اللہ الم تر الی الذین اوتوا نصیبًا من الکتاب یدعون الی قولہ یفترون۱۲۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ؗ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ

بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ؗ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ

وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ؗ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ

www.besturdubooks.net

دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ

نَفْسَهٗ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸﴾

(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (اللہ تعالیٰ سے) یوں کہئے کہ اے اللہ مالک تمام ملک کے آپ ملک جس کو چاہیں دے دیتے ہیں اور جس سے چاہیں ملک لے لیتے ہیں اور جس کو آپ چاہیں غالب کر دیتے ہیں اور جس کو آپ چاہیں پست کر دیتے ہیں۔ آپ ہی کے اختیار میں ہے سب بھلائی بلاشبہ آپ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں۔ آپ رات (کے اجزاء) کو دن میں داخل کر دیتے ہیں اور بعض فصلوں میں دن (کے اجزا) کو رات میں داخل کر دیتے ہیں اور آپ جاندار چیز کو بے جان سے نکال لیتے ہیں (جیسے بیضہ سے بچہ) اور بے جان چیز کو جاندار سے نکال لیتے ہیں (جیسے پرندے سے بیضہ) اور آپ جس کو چاہتے ہیں بے شمار رزق عطا فرماتے ہیں۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ کفار کو (ظاہراً یا باطناً) دوست نہ بنائیں مسلمانوں (کی دوستی) سے تجاوز کر کے اور جو شخص ایسا (کام) کرے گا سو وہ شخص اللہ کے ساتھ دوستی رکھنے کے کسی شمار میں نہیں مگر ایسی صورت میں کہ تم ان سے کسی قسم کا اندیشہ رکھتے ہو اور اللہ تعالیٰ تم کو اپنی ذات سے ڈراتا ہے اور خدا ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے ﴿۲۸﴾

تفسیر ربط: چونکہ اوپر کی آیات میں محاجہ کی تقریر ہے بعض میں بالسان بعض میں بالسنان جیسا اس آیت میں: قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا الخ۔ آیت آئندہ میں اس کی مناسبت سے امت محمدیہ کے کفار پر غالب آنے کی پیشین گوئی کی طرف تعلیم مناجات کے عنوان میں اشارہ ہے جیسا شانِ نزول سے ثابت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے روم و فارس فتح ہو جانے کا وعدہ فرمایا تو منافقین و یہود نے استبعاد اور استہزاء کیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی کما فی روح المعانی عن الواحدی عن ابن عباسؓ وانسؓ۔

بشارت غلبۂ مومنین بعنوان مناجات: قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاۗءُ (الی قوله تعالی) وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (اے محمد ﷺ) آپ (اللہ تعالیٰ سے) یوں کہئے کہ اے اللہ مالک تمام ملک کے آپ ملک (کا جتنا حصہ چاہیں) جس کو چاہیں دے دیتے ہیں اور جس (کے قبضے) سے چاہیں ملک (کا حصہ) لے لیتے ہیں اور جس کو چاہیں آپ غالب کر دیتے ہیں اور جس کو آپ چاہیں پست کر دیتے ہیں آپ ہی کے اختیار میں ہے سب بھلائی بلاشبہ آپ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں آپ (بعض فصلوں میں) رات (کے اجزاء) کو دن میں داخل کر دیتے ہیں (جس سے دن بڑا ہونے لگتا ہے) اور (بعض فصلوں میں) دن (کے اجزاء) کو رات میں داخل کر دیتے ہیں (جس سے دن بڑا ہونے لگتا ہے) اور (بعض فصلوں میں) دن (کے اجزاء) کو رات میں داخل کر دیتے ہیں) جس سے رات بڑھنے لگتی ہے اور آپ جاندار چیز کو بے جان سے نکال لیتے ہیں (جیسے بیضہ سے بچہ) اور بے جان چیز کو جاندار سے نکال لیتے ہیں جیسے پرندے سے بیضہ اور آپ جس کو چاہتے ہیں بے شمار رزق عطا فرماتے ہیں **ف**: یعنی ہر طرح کی قدرت ہے سو ضعفا کو قوت و سلطنت دیدینا کیا مشکل ہے۔ اس دعا میں ایک قسم کا استدلال ہے اس کے امکان پر اور دفع ہے استبعادِ کفار کا۔ اور خیر کی تخصیص اس لئے مناسب ہوئی کہ یہاں مقصود خیر کا مانگنا ہے جیسے کوئی امیدوار کہے کہ نوکر رکھنا آپ کے اختیار میں ہے اگرچہ نوکر کا موقوف کر دینا بھی اختیار میں ہوتا ہے۔

ربط: اوپر کفار کی مذمت مذکور تھی آئندہ آیت میں بطور تفریع کے ان کے ساتھ دوستی کرنے کی ممانعت کا بیان فرماتے ہیں۔ حاصل یہ ہے کہ جب کفار کے قبائح مثل انکار آیات و عداوت اللہ و رسول وغیرہ معلوم کر چکے تو ایسے قبیح و منکر و دشمنان خدا اور سول سے دوستی کب زیبا ہے۔

نہی موالات کفار: لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ (الی قوله تعالی) وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ. مسلمانوں کو چاہئے کہ (ظاہراً یا باطناً) کفار کو دوست نہ بناویں مسلمانوں (کی دوستی) سے تجاوز کر کے (یہ تجاوز دو صورت سے ہوتا ہے ایک یہ کہ مسلمانوں سے بالکل دوستی نہ رکھیں۔ دوسرے یہ کہ مسلمانوں کے ساتھ کفار سے بھی دوستی رکھیں دونوں صورتیں ممانعت میں داخل ہیں) اور جو شخص ایسا کام کرے گا سو وہ شخص اللہ کے ساتھ دوستی رکھنے کے کسی شمار میں نہیں (کیونکہ جن دو شخصوں میں باہم عداوت ہو ایک سے دوستی کر کے دوسرے سے دوستی کا دعویٰ قابل اعتبار نہیں ہو سکتا) مگر ایسی صورت میں (ظاہری دوستی کی اجازت ہے) کہ تم ان سے کسی قسم کا (قوی) اندیشہ رکھتے ہو (وہاں دفع ضرر کی ضرورت ہے) اور اللہ تعالیٰ تم کو اپنی ذات (عظیم الشان) سے ڈراتا ہے (کہ اس کی ذات سے ڈر کر احکام کی مخالفت مت کرو) اور خدا ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (اُس وقت کی سزا کا خوف کرنا ضرور ہے)۔ **ف**: کفار کے ساتھ تین قسم کے معاملے ہوتے ہیں۔ ۱۔ موالات یعنی دوستی۔ ۲۔ مدارات یعنی ظاہری خوش خلقی۔ ۳۔ مواسات یعنی احسان و نفع رسانی ان معاملات میں تفصیل یہ ہے کہ موالات تو کسی حال میں جائز نہیں اور آیت: لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَاۗءَ ڊ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ اور آیت لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَاۗءَ۔ میں یہی مراد ہے۔ اور مدارات تین حالتوں میں درست ہے۔ ایک دفع ضرر کے واسطے۔ دوسرے اس کافر کی مصلحت دینی یعنی توقع ہدایت کے واسطے۔ تیسرے اکرام ضیف کے لئے اور اپنی مصلحت و منفعت مال یا جاہ کے لئے درست نہیں اور بالخصوص جب کہ ضرر دینی کا بھی

www.besturdubooks.net

خوف ہو تو بدرجۂ اولیٰ یہ اختلاط حرام ہوگا اس مقام کی آیت میں اسی دفع ضرر کی حالت کو مستثنیٰ کیا ہے اور مراد اس سے مدارات ہے جس کو صورتاً موالاۃ میں داخل کر کے موالات کو مستثنیٰ منہ قرار دے دیا گیا۔ اور آیت بالا میں چونکہ موالات حقیقیہ مراد ہے لہٰذا استثناء نہیں کیا گیا اور توقع ہدایت کے لئے مداراۃ کرنا سورۂ عبس کی آیت: فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى میں مذکور ہے۔ اور ضیف ہونے کی وجہ سے مداراۃ کرنا اس حدیث میں ہے جس میں بنی ثقیف کو آپ نے مسجد میں ٹھہرایا تھا اور وجہ شکایت ۱؎ تقدیم کافر کی مومن پر ہے اور اپنی مصلحت مالی یا جاہی کے لئے اس کی ممانعت آیت: اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ میں مذکور ہے اور مواسات کا حکم یہ ہے کہ اہل حرب کے ساتھ ناجائز ہے اور غیر اہل حرب کے ساتھ جائز سورۂ ممتحنہ کی آیت لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ (الی قولہ تعالی) هُمُ الظّٰلِمُوْنَ میں اس کی تصریح ہے اور اس آیت میں اس مواسات کو مجازاً تولّی سے تعبیر کر دیا گیا ہے۔ اور یہی حکم ہے فساق و اہل بدعت کا جیسا روایات سے ظاہر ہے اور تقاۃ کے ترجمہ میں اندیشہ میں قوی کی قید اس لئے لگائی کہ توہم کا اعتبار نہیں چنانچہ آیت: يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ۔ میں اسی پر انکار ہے اسی طرح امراء کی صحبت سے ممانعت آئی ہے۔

دفع شبہ: بعضوں کو اس آیت میں تقیہ متعارفہ شیعہ کے جواز کا شبہ ہو جاتا ہے اس کا دفع یہ ہے کہ اس آیت کو اس تقیہ سے اصلاً مس نہیں کیونکہ آیت ہذا میں خوفِ ضرر کے وقت دوستی کے اظہار اور عداوت کے اخفاء کا ذکر ہے اور تقیہ متعارفہ میں کفر کا اظہار و ایمان کا اخفاء ہوتا ہے۔ اگر کہا جاوے کہ اگر یہاں مذکور نہیں تو دوسری آیت میں بعنوان اکراہ مذکور ہے جواب یہ ہے کہ تقیہ متعارفہ اور اکراہ میں بھی دو فرق ہیں۔ اول اکراہ صرف دفع ضرر کے خوف سے ہے اور تقیہ مذکورہ جلب منفعت کے لئے بھی۔ دوسرے اکراہ میں اس ضرر کا شدید اور خوف کا قوی ہونا ضرور ہے اور تقیہ میں ضرر کا خفیف اور خوف کا درجۂ وہم میں ہونا کافی ہے پس تقیہ اصطلاحی کو قرآن سے کچھ مس نہ ہوا اور کوئی شخص اصطلاح بدل کر لفظ تقاۃ سے اخذ کر کے اجازتِ موالات کی صورت کو تقیہ کہنے لگے تو اس سے مناقشہ نہیں لیکن اس کو مفید نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: بِيَدِكَ الْخَيْرُ الخ یہاں موقعہ اس کہنے کا تھا ''بیدک الخیر والشر'' کیونکہ اوپر اعزاز و اذلال دونوں کا ذکر ہوا ہے تو اس پر اکتفاء کرنا یا تو مراعات ادب کی ہے اگر مراد کلام میں یہ ہو کہ والشر ایضاً یعنی آپ کے قبضہ میں دونوں چیزیں ہیں یا اشارہ اس طرف ہے کہ جو چیز ظاہر میں شر معلوم ہوتی ہے چونکہ اس میں اللہ تعالیٰ نے بہت سی مصلحتیں و حکمتیں رکھی ہیں وہ بھی واقع میں خیر ہی ہے پس اس میں اس امر کی تعلیم ہے کہ جس چیز میں عبد کی صنع کو مطلق دخل نہ ہو وہ محض خیر ہے اس کو ناگوار نہ سمجھے اور اس سے خذلان پر استدلال نہ کرے جیسا بہت سے سالکین جب ذرا اپنے احوال میں تغیر پاتے ہیں گو ان کے فعل کو اس میں ذرا دخل نہ ہو اس خذلان کا توہم کرنے لگتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ۔ الأية روح المعانی میں ہے اور اسی جگہ سے اہل اللہ نے مریدین کو منکرین کے ساتھ تعلق دوستی رکھنے سے منع کیا ہے کیونکہ انکار کی ظلمت کفر کی ظلمت کے مشابہ ہے اور بعض اوقات مجتمع ہو کر طریق ایمان کو بند کر دیتی ہے۔ البتہ اگر ان سے کچھ اندیشہ ہو تو اس وقت ظاہراً دوستی جائز ہے اور یہ بھی ضعفاء کی نسبت ہے لیکن جس کا یقین قوی ہو وہ خدا تعالیٰ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ تمام ملک الی قولہ جتنا حصہ کما فی البیضاوی فالملك الاول عام والاخیران بعضان منه ۱۲۔ ۲؎ قولہ ظاہراً یا باطناً افاده اطلاق لفظ اولیاء مع استثناء حال التقاة والالم یصح الاستثناء لان الخوف لا یجوز الموالاة الحقیقة القلبیة لعدم الضرورة فیها فان القلب لا یطلع علیه من یخاف منه فکان الاصل فی الموالاة الحظر والضروری یتقدر بقدر الضرورة وقد ارتفعت الضرورة بصورة الموالات فلا بد لصحة الاستثناء ان یکون المستثنى منه شاملا للصورة والمعنی فافهم ۱۲۔ ۳؎ قولہ یہ تجاوز دو صورت سے الخ ماخذه ابو السعود ۱۲۔ ۴؎ قولہ اللہ کے ساتھ دوستی رکھنے الخ اشارة الی حذف المضاف ای من ولایة الله ومن هذه بیانیة لقوله شیء ولما کان المحذوف کالملفوظ اظهرة فی الترجمة ۱۲۔ ۵؎ قولہ فی ف اور بالخصوص جبکہ الخ داعی فیه سبب النزول وعموم اللفظ فافهم ۱۲۔

الروایات: فی روح المعانی روي الواحدی عن ابن عباس وانس بن مالك انه لما افتتح رسول الله صلى الله عليه وسلم مكة وعدامته ملك فارس و الروم قالت المنافقون واليهود هيهات هيهات من اين لمحمد ملك فارس والروم هم اعزوا منع من ذلك الم يكف محمدا مكة والمدينة حتى يطمع فى ملك فارس والروم فانزل الله تعالىٰ هذه الآية (ای قل اللهم الخ) وفی لباب النقول اخرج ابن ابی حاتم عن قتادة قال ذكر لنا ان رسول الله ﷺ وسأل ربه ان يجعل ملك الروم وفارس فى امته فانزل الله قل اللهم مالك الملك الآية ۱۲۔ فی لباب النقول اخرج ابن جرير من طريق سعيد او عكرمة عن ابن عباس قال كان الحجاج بن عمرو حلف كعب بن الاشرف بن ابی الحقيق وقيس بن زيد قد بطنوا بنفر من الانصار ليفتنوهم عن دينهم فقال رفاعة بن المنذر وعبدالله بن جبير وسعيد

www.besturdubooks.net

بن خیثمة لاولئك النفر اجتنبوا هؤلاء النفر من يهود واحذروا مباطنتهم لا يفتنوكم عن دينكم فابوا فانزل الله فيهم لا يتخذ المؤمنون الى قوله والله على كل شيء قدير ۱۲۔

فائدہ جلیلہ: قال ابو السعود عن ابى العباس المقرئ ورد لفظ الحساب فى القرآن على ثلثة اوجه بمعنى التعب قال تعالىٰ ترزق من تشاء بغير حساب۔ وبمعنى العدد قال تعالىٰ انما يوفى الصابرون اجرهم بغير حساب وبمعنى المطالبة قال تعالىٰ فامنن او امسك بغير حساب ۱۲۔

الفقه: فى روح المعانى وعد قوم من هذا الباب مداراة الكفار والفسقة والظلمة والانة الكلام لهم والتبسم فى وجوههم والانبساط معهم واعطاء هم لكف اذا هم وقطع لسانهم وصيانة العرض عنهم ولا يعد ذلك من باب الموالاة المنهى عنها بل هى سنة وامر مشروع ثم سرد روايات واحاديث الى ان قال لا تنبغى المداراة الى حيث يخدش الدين ويرتكب المنكر وتسيء الظنون اه ۱۲۔

اللغات: فى روح المعانى واصل اللهم يا الله فحذفت يا وعوض عنها الميم واوثرت تقربها من الواو التى هى حرف علة وشددت لكونها عوضا عن حرفين وجمعها مع ياشاذ ۱۲۔ قال ابو السعود اصل تقاة وقية ابدلت الواو تاء كتخمة وتهمة وقلبت الياء القاف ۱۲ فى روح المعانى الامد غاية الشيء ومنتهاه و ذهب بعضهم الى ان المراد بالامد البعيد المسافة البعيدة ولعله الاظهر ۱۲۔

النحو: قوله بغير حساب فى روح المعانى احد الوجوه وجوز ان يكون نعتا لمصدر محذوف او مفعول محذوف اى رزقاً غير قليل اه قلت واخترت هذا الوجه ۱۲۔ يوم منصوب بتو وكذا قال البيضاوى قوله وما عملت من سوء عطف على ما عملت وتقدير محضرا فى النظم وحذفه للاقتصار بقرينة ذكره فى الاول مما قاله الاكثرون كذا فى روح المعانى ۱۲۔

قُلْ إِنْ تُخْفُوا مَا فِي صُدُورِكُمْ أَوْ تُبْدُوهُ يَعْلَمْهُ اللَّهُ ۗ وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝٢٩ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُحْضَرًا وَمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوءٍ تَوَدُّ لَوْ أَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهُ أَمَدًا بَعِيدًا ۗ وَيُحَذِّرُكُمُ اللَّهُ نَفْسَهُ ۗ وَاللَّهُ رَءُوفٌ بِالْعِبَادِ ۝٣٠ قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝٣١ قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ ۖ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ ۝٣٢ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَىٰ آدَمَ وَنُوحًا وَآلَ إِبْرَاهِيمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝٣٣ ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝٣٤

آپ فرما دیجئے اگر تم پوشیدہ رکھو گے اپنا مافی الضمیر یا اس کو ظاہر کرو گے اللہ تعالیٰ اس کو (ہر حال) جانتے ہیں اور وہ تو سب کچھ جانتے ہیں جو کچھ کہ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت بھی کامل رکھتے ہیں۔ جس روز (ایسا ہوگا) کہ ہر شخص اپنے اچھے کئے ہوئے کاموں کو سامنے لایا ہوا پائے گا اور اپنے برے کئے ہوئے کاموں کو (بھی اور) اس بات کی تمنا کرے گا کہ کیا خوب ہوتا جو اس شخص کے اور اس روز کے درمیان دور دراز کی مسافت (حائل) ہوتی اور خدا تعالیٰ تم کو اپنی ذات (عظیم الشان) سے ڈراتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نہایت مہربان ہیں بندوں پر۔ آپ فرما دیجئے کہ اگر تم خدا تعالیٰ سے محبت رکھتے ہو تو تم لوگ میرا اتباع کرو خدا تعالیٰ تم سے محبت کرنے لگیں گے اور تمہارے سب گناہوں کو صاف کر دیں گے اور اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے بڑی عنایت فرمانے والے ہیں۔ (اور) آپ (یہ بھی) فرما دیجئے کہ تم اطاعت کیا کرو اللہ کی اور اس کے رسول کی پھر (اس پر بھی) اگر وہ لوگ اعتراض کریں سو (سن رکھیں) کہ اللہ کافروں سے محبت نہیں کرتے۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے (نبوت کے لئے) منتخب فرمایا (حضرت) آدم علیہ السلام کو اور (حضرت) نوح علیہ السلام اور (حضرت) ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں بعضوں کو اور عمران کی اولاد میں سے بعضوں کو تمام جہان پر بعضے ان میں سے بعضوں کی اولاد ہیں اور اللہ تعالیٰ خوب سننے والے ہیں خوب جاننے والے ہیں۝

تفسیر ربط: اوپر کی آیت میں کفار کے ساتھ دوستی کرنے کی ممانعت فرمائی تھی آگے اس نہی کے عام ہونے کو ارشاد فرماتے ہیں کہ نہ بلا ضرورت ظاہراً ان سے دوستی جائز ہے اور نہ باطناً اصلاً دوستی جائز ہے اور اس مضمون کو ایسے عام عنوان سے ارشاد فرمایا ہے جس سے سب معاصی ظاہرہ و باطنہ سے تحذیر ہو جاوے۔

تعمیم نہی موالات کفار: قُلْ إِنْ تُخْفُوا مَا فِي صُدُورِكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ آپ (ان سے) فرما دیجئے کہ اگر تم (دل ہی دل میں) پوشیدہ رکھو گے اپنا مافی الضمیر یا اس کو (زبان و جوارح سے) ظاہر کرو گے اللہ تعالیٰ اس کو (ہر حال میں) جانتے ہیں اور (اسی کی کیا تخصیص ہے) وہ تو سب کچھ جانتے ہیں جو کچھ کہ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (کوئی چیز ان سے مخفی نہیں) اور (علم کے ساتھ) اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت بھی

www.besturdubooks.net

کامل رکھتے ہیں (سو اگر تم کسی امر قبیح کا ارتکاب کرو گے خواہ ظاہراً یا باطناً تو وہ تم کو سزا دے سکتے ہیں)۔ ربط: آگے مضمون بالا کی تاکید کے لئے قیامت کا آنا اور اس میں بلا تخصیص کسی عمل کے سب اعمال کا پیش نظر ہو جانا اور اس وقت عاصیوں کا پچھتانا بیان فرماتے ہیں۔

تاکید مزید مضمون سابق: يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ جس روز (ایسا ہوگا) کہ ہر شخص اپنے اچھے کئے ہوئے کاموں کو سامنے لایا ہوا پائے گا اور اپنے برے کئے ہوئے کاموں کو (بھی پائے گا اس روز) اس بات کی تمنا کرے گا کہ کیا خوب ہوتا جو اس شخص کے اور اس روز کے درمیان میں دور دراز کی مسافت (حائل) ہوتی (تاکہ اپنے اعمال بد کا معائنہ نہ کرنا پڑتا) اور (تم سے پھر مکرر کہا جاتا ہے کہ) خدا تعالیٰ تم کو اپنی ذات (عظیم الشان) سے ڈراتے ہیں اور (یہ ڈرانا اس وجہ سے ہے کہ) اللہ تعالیٰ نہایت مہربان ہیں (اپنے) بندوں (کے حال) پر (اس مہربانی سے یوں چاہتے ہیں کہ یہ سزائے آخرت سے بچے رہیں اور بچنے کا طریقہ ہے اعمال بد کا ترک کرنا اور ترک کرنا عادۃً بدون ڈرانے کے ہوتا نہیں اس لئے ڈراتے ہیں۔ پس یہ ڈرانا عین شفقت و رحمت ہے) ف: جن لوگوں کے نیک اور بد دونوں قسم کے عمل اس روز پیش ہونگے ان کی نسبت یہ فرمانا کہ وہ لوگ اس یوم کے نہ آنے کی تمنا کریں گے نہایت بلاغت ہے کہ باوجودیکہ کچھ اعمال ان کے خیر بھی ہوں گے مگر ان کے ہونے کی ذرا خوشی نہ ہوگی اعمال بد سے رنج ہوگا تو جس کے پاس شر ہی شر ہو اس کا کیا پوچھنا اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ جن کے اعمال صرف خیر ہوں وہ بھی اس تمنا میں شریک ہوں۔

ربط: اوپر کی آیتوں میں توحید کا وجوب اور کفر کی مذمت مذکور تھی آگے اعتقاد رسالت و اتباع رسول کا وجوب فرماتے ہیں تاکہ معلوم ہو جاوے کہ جس طرح انکار توحید کفر ہے انکار رسالت بھی کفر ہے۔

وجوب اعتقاد و اتباع رسول: قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ (الی قولہ تعالی) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ آپ (لوگوں سے) فرما دیجئے کہ اگر تم (بزعم خود) خدا تعالیٰ سے محبت رکھتے ہو (اور محبت رکھنے کی وجہ سے یہ بھی چاہتے ہو کہ خدا تعالیٰ بھی تم سے محبت کرے) تو تم لوگ (اس مقصود کے حاصل کرنے کے طریقوں میں) میرا اتباع کرو (کیونکہ میں خاص اسی تعلیم کے لئے مبعوث ہوا ہوں جب ایسا کرو گے تو) خدا تعالیٰ تم سے محبت کرنے لگیں گے اور تمہارے سب گناہوں کو معاف کر دیں گے (کیونکہ میں اس معافی کا طریقہ بھی تعلیم کرتا ہوں اس پر عمل کرنے سے لامحالہ حسب وعدہ گناہ معاف ہو جائیں گے مثلاً ذنوب محضہ سے توبہ کر لینا حقوق فائتہ الٰہیہ کا قضا کر لینا حقوق العباد کا ادا کر دینا یا ابراء کرا لینا) اور اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے بڑے عنایت فرمانے والے ہیں (اور) آپ یہ (بھی فرما دیجئے کہ تم اطاعت کیا کرو اللہ تعالیٰ کی (کہ اصل مقصود تو وہی ہے) اور (اطاعت کیا کرو) رسول کی (یعنی میری اطاعت اس حیثیت سے کرنا ضروری ہے کہ میں اللہ کا فرستادہ ہوں میری معرفت اپنی اطاعت کے طریقے بتلائے ہیں) پھر (اس پر بھی) اگر وہ لوگ (آپ کی اطاعت سے کہ ادنیٰ اس کا اعتقاد رسالت ہے) اعراض کریں (سو وہ لوگ سن رکھیں کہ) اللہ تعالیٰ کافروں سے محبت نہیں کرتے (اور اس صورت میں یہ لوگ کافر ہونگے سو ان کو دعویٰ محبت کرنا یا ہوس محبوبیت رکھنا محض باد پیمائی ہے)۔

ربط: بعض معاندین کو باوجود وضوح دلائل عقلیہ و نقلیہ کے مسئلہ رسالت میں استبعاد و استنکار تھا اس لئے آیات آئندہ میں اس مسئلہ کی تائید کے لئے تاکہ ان نظائر سے وہ استبعاد دفع ہو جاوے اولاً چند مشہور انبیاء علیہم السلام کا اجمالاً منتخب و مقبول ہونا پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت زکریا علیہ السلام اور حضرت یحییٰ علیہ السلام کا کسی قدر مفصل قصہ ارشاد فرماتے ہیں وجہ تخصیص ان حضرات کی قرب زمانہ نبوی ہے۔

اصطفائے بعض انبیاء علیہم السلام: اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۚ بے شک اللہ تعالیٰ نے (نبوۃ کے لئے) منتخب فرمایا ہے (حضرت) آدم (علیہ السلام) کو اور (حضرت) نوح (علیہ السلام) کو اور (حضرت) ابراہیم (علیہ السلام) کی اولاد (میں سے بعضوں) کو (جیسے حضرت اسماعیل علیہ السلام حضرت اسحٰق علیہ السلام حضرت یعقوب علیہ السلام اور تمام انبیاء بنی اسرائیل کہ اولاد یعقوب علیہ السلام کی ہیں اور ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کہ اولاد اسمٰعیل علیہ السلام سے ہیں) اور عمران کی اولاد (میں سے بعضوں) کو (اگر یہ عمران حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد ہیں تو اولاد سے مراد حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام ہیں اور اگر یہ عمران حضرت مریم علیہا السلام کے والد ہیں تو اولاد سے مراد حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں غرض ان سب حضرات کو نبوت کے لئے) تمام جہان (کی مخلوقات) پر منتخب کیا فرمایا ہے) بعضے ان میں بعضوں کی اولاد ہیں (جیسے آدم علیہ السلام کی اولاد سب ہیں اسی طرح نوح علیہ السلام کی اولاد سب ہیں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں اولاد عمران بھی ہے) اور اللہ تعالیٰ خوب سننے والے ہیں خوب جاننے والے ہیں (کہ سب کے اقوال کو سنتے ہیں سب کے احوال کو جانتے ہیں پس جس کے اقوال و احوال مناسب شان نبوت کے دیکھے ان کو نبی بنا دیا) ف: اس میں اکثر انبیاء علیہم السلام کا بالخصوص انبیاء اولوالعزم کا ذکر آ گیا باقی خود حضرت ابراہیم کی نبوت اس میں اس لئے مذکور نہیں ہوئی کہ ان کا نبی ہونا تمام اہل ملل سماویہ میں مشہور و مسلم تھا اور آل ابراہیم میں باوجودیکہ آل عمران بھی داخل ہے لیکن بطور تخصیص بعد تعمیم کے اہتمام کے لئے مکرر ذکر فرما دیا اگر حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام مراد ہیں

www.besturdubooks.net

تب تو وجہ اہتمام حضرت موسیٰ علیہ السلام کا انبیاء اولوالعزم میں سے ہونا ہے اور اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام مراد ہیں تو علاوہ اولوالعزم میں سے ہونے کے خود مناسبت مقام کی اس تکریر کو مقتضی ہے کیونکہ آگے اس کے متصل ہی قصہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مذکور ہے جس کو حضرت مریم علیہا السلام کی والدہ کے ذکر سے شروع فرمایا ہے اور یہ جو فرمایا ہے کہ ایک دوسرے کی اولاد ہے شاید مقصود اس سے ان سب حضرات کا اتحاد یا شرف ذاتی کے ساتھ شرف نسب کا بیان فرمانا ہو یا اس امر کا جتلانا ہو کہ رسول اللہ ﷺ کے آباء واجداد میں نبوت رہی ہے اگر آپ کو نبوت مل گئی تو بعید کیا ہے واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ اس میں اس پر دلالت ہے کہ خدا تعالیٰ کا محب ہونا جو کہ محبوبیت کو مستلزم ہے بدون اس کے کہ محب حق کا اتباع کرے میسر نہیں ہوسکتا ۱۲۔

الحواشی: (۱) یہ جواب ہے سوال مقدر کا جو کہ قول بالا تو قع ہدایت کے لئے الخ پر وارد ہوتا ہے یعنی جب اللہ تعالیٰ نے اس تصدی پر انکار فرمایا ہے تو اس سے استدلال جواز مدارات پر کس طرح صحیح ہوگا جواب کی تقریر یہ ہے کہ انکار و شکایت کی وجہ تقدیم الکافر ہے نہ کہ مدارا ۃ الکافر ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في توضيح ترجمة تحبون الله اور محبت رکھنے کی وجہ سے الخ زوته ليظهر وجه ترتب قوله يحببكم الله وماخذه التفسير الكبير ولما كان ارادة المحبوبية لازمه لارادة المحبة قام ذكر الملزوم مقام ذكر اللازم فافهم وقال بعضهم ان معناه ان كنتم تحبون ثواب الله فاتبعوني يحببكم الله اى يثبكم وقيل ان كنتم تحبون الله اى تريدون عبادته فاتبعوني اعلمكم طرق عبادته فاذا اتبعتموني وعبدتموه حسب تلك الطرق يحببكم الله الآية ۱۲۔ ۲ قوله اگر یہ عمران الخ في الانتصاف قال احمد ومما يرجح هذا القول الثاني (ان عمر ان هو ابو مريم) ان السورة تسمى آل عمران ولم تشرح قصة عيسٰى ومريم في سورة البسط من شرحها في هذه السورة واما موسٰى وهارون فلم يذكر من قصتهما في هذه السورة فدل ذلك على ان عمران المذكور ههنا هو ابو مريم والله اعلم اه في روح المعاني وايضًا يرجح كون المراد به ابا مريم ان الله تعالٰى ذكر اصطفاء ها بعد ونصّ عليه اه قال البيضاوى وكان بين العمرانين الف وثمان مائة سنة ۱۲۔

الروایات: في لباب النقول اخرج ابن المنذر عن الحسن قال قال اقوام على عهد نبينا والله يا محمد انا لنحب ربنا فانزل الله قل ان كنتم تحبون الله فاتبعوني الآية ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: في روح المعاني قرأ ابن عامر وابوبكر عن عاصم ويعقوب بما وضعت (بالتكلم) على انه من كلامها قالته اعتذارا الى الله تعالى حيث وضعت مولودًا لا يصلح للغرض او تسلية لنفسها اى ولعل لله تعالى سرًّا وحكمة ولعل هذه الانثى خير من الذكر اه قلت فعلى هذا يكون قوله وليس الذكر كالانثٰى من جملة كلامها ويكون معناه على ما يقتضيه المقام من التحزن ان الذكر ليس كالانثٰى بل له الترجيح عليها ولا يرد ان العادة في مثله ان ينفي عن الناقص شبهه بالكامل لا العكس وجه عدم الورود انه لم يثبت تعيين ما قالوه الا ترى الٰى قوله تعالٰى لستن كاحد من النساء فنفى عن الكامل شبه الناقص ۱۲۔

اللغات: ذرية قال البيضاوى الذرية الولد يقع على الواحد والجمع فعلية من الذراد فعولة من الذراء ابدلت همزتها ياء ثم قلبت الواو ياء وادغمت ۱۲۔

النحو: قوله ذرية الخ قال البيضاوى حال او بدل من الألين او منهما ومن نوح ۱۲ محررًا انتصابه على الحالية من ما والعامل فيه نذرت اه روح المعاني۔ قال البيضاوى الضمير (في وضعتها بالغيبة ووضعتها بالتكلم) لما في بطنها وتانيثه لانه كان انثٰى ۱۲۔

البلاغۃ: في روح المعاني وفي قوله محضرا من التهويل ما ليس في حاضرا وكذا في روح المعاني ما قررته من ارجاع الضمير في بينه الى يوم لنكتة المبالغة فافهم۔ قال البيضاوى الآية (اى قل ان تخفوا الخ) بيان لقوله ويحذركم الله نفسه الاول فكانه قال ويحذركم نفسه لانها متصفة بعلم ذاتي محيط بالمعلومات كلها وقدرة ذاتية تعم المقدورات باسرها فلا تجسروا على عصيانه اه قلت وقررت وجه ربط الآية بنهج آخر كما يظهر من تقريرى في التفسير ۱۲۔ في روح المعاني اللام في لك للتعليل والمراد لخدمة بيتك (فهو متعلق لمحررًا) وتقديم الجار والمجرور لكمال الاعتناء به اه قلت ويحتمل تعلقه بنذرت اى نذرت لعبادتي اياك فان النذر يكون بالعبادة واخترته في الترجمة لقرب العامل وبقاء الترتيب على الاصل قوله وليس الذكر الخ بيان لقوله والله اعلم اى وليس الذكر الذين طلبت كالانثى التي وهبت واللام فيهما للعهد اه بيضاوى ۱۲۔

www.besturdubooks.net

إِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّي ۚ إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا
قَالَتْ رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا أُنثَىٰ ۖ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ۖ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنثَىٰ ۖ وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّي
أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ﴿٣٦﴾ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۖ
كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِندَهَا رِزْقًا ۖ قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا ۖ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ ۖ إِنَّ
اللَّهَ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٧﴾

جبکہ عمران (پدر مریم علیہ السلام) کی بی بی نے (حالت حمل میں) عرض کیا کہ اے میرے پروردگار میں نے نذر مانی ہے آپ کے لئے اس بچہ کی جو میرے شکم میں ہے کہ وہ آزاد رکھا جائے گا سو آپ مجھ سے (بعد ولادت) قبول کر لیجئے بے شک آپ خوب سننے والے خوب جاننے والے ہیں۔ پھر جب لڑکی جنی (حسرت) سے کہنے لگیں کہ اے میرے پروردگار میں نے تو وہ حمل لڑکی جنی۔ حالانکہ خدا تعالیٰ زیادہ جانتے ہیں اس کو جو انہوں نے جنی اور وہ لڑکا (جو انہوں نے چاہا تھا) اس لڑکی کے برابر نہیں اور میں نے اس لڑکی کا نام مریم رکھا اور میں اس کو اور اس کی اولاد کو (اگر کبھی اولاد ہو) آپ کی پناہ میں دیتی ہوں شیطان مردود سے۔ پس ان (مریم علیہا السلام) کو ان کے رب نے بوجہ احسن قبول فرما لیا اور عمدہ طور پر ان کو نشو ونما دیا اور (حضرت) زکریا علیہ السلام کو ان کا سرپرست بنایا۔ سو جب کبھی زکریا (علیہ السلام) ان کے پاس عمدہ مکان میں تشریف لاتے تو ان کے پاس کچھ کھانے پینے کی چیزیں پاتے (اور) یوں فرماتے کہ اے مریم علیہا السلام یہ چیزیں تمہارے واسطے کہاں سے آئیں۔ وہ کہتیں کہ اللہ تعالیٰ کے پاس سے آئیں بیشک اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں بے استحقاق رزق عطا فرماتے ہیں۞

تفسیر: قصہ حضرت مریم علیہا السلام وعیسیٰ علیہ السلام: إِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّي ۚ إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٣٥﴾ (وہ وقت بھی یاد کرنے کے قابل ہے) جبکہ عمران (پدر مریم) کی بی بی نے (حالت حمل میں جناب باری میں) عرض کیا کہ اے میرے پروردگار میں نے نذر (یعنی منت) مانی ہے آپ (کی عبادت) کے لئے اس بچہ کی جو میرے شکم میں ہے کہ وہ (خانۂ خدا کی خدمت کے واسطے) آزاد (فارغ) رکھا جاوے گا (اور میں اس کو اپنے کام میں نہ لگاؤں گی) سو آپ (اس کو) مجھ سے قبول کر لیجئے بیشک آپ خوب سننے والے خوب جاننے والے ہیں (کہ میری عرض کو سن رہے ہیں اور میری نیت کو جان رہے ہیں) **ف**: اس زمانہ میں ایسی نذر ماننا مشروع تھا مگر صرف اولاد ذکور کیساتھ مخصوص تھا سوانہوں نے اسی گمان سے نذر مانی تھی کہ شاید لڑکا پیدا ہو۔

تتمہ قصہ: فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا أُنثَىٰ (الی قولہ تعالی) وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ﴿٣٦﴾ پھر جب (ان بی بی نے) لڑکی جنی (حسرت سے) کہنے لگیں کہ اے میرے پروردگار میں نے تو وہ حمل لڑکی جنی (حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ وہ اپنے خیال سے حسرت کر رہی تھیں) حالانکہ خدا تعالیٰ زیادہ جانتے ہیں اس (لڑکی کی شان کو) جو انہوں نے جنی اور (کسی طرح بھی) وہ لڑکا (جو انہوں نے چاہا تھا) اس لڑکی کے برابر نہیں (ہو سکتا تھا بلکہ یہ لڑکی ہی افضل ہے کہ اس کے کمالات وبرکات عجیب وغریب ہوں گے یہ ارشاد خداوندی بطور جملہ معترضہ کے تھا آگے پھر ان بی بی کا قول ہے) اور میں نے اس لڑکی کا نام مریم رکھا اور میں اس کو اور اس کی اولاد کو (اگر کبھی اولاد ہو) آپ کی پناہ (اور حفاظت) میں دیتی ہوں شیطان مردود سے۔ **ف**: چنانچہ ان کی یہ عرض بھی قبول ہوئی جیسا حدیث صحیحین میں آیا ہے کہ ہر بچہ کو ولادت کے وقت شیطان چھیڑتا ہے اور اس کے چھیڑنے سے بچہ چلاتا ہے بجز حضرت مریم اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے فقط اور چونکہ یہ عرض معاً ولادت کے ساتھ تھی اس لئے اس وقت تک شیطان کا مس واقع نہ ہوا تھا اس لئے اس میں یہ اشکال نہیں کہ شیطان تو ولادت کے وقت مس کرتا ہے تو دعاء سے پہلے مس کر چکا ہوگا اور اس حدیث سے یہ لازم نہیں آتا کہ اور انبیاء علیہم السلام کو بھی شیطان مس کرتا ہو باقی رہی تخصیص ذکر حضرت مریم اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سو وہ اس وجہ سے ہے کہ ان بی بی کی دعا تصریحاً منقول ہے اس لئے اجابت دعاء کو تصریحاً ظاہر فرما دیا اور بعض نے شبہ کیا ہے کہ اگر شیطان کو ایسی قوت ہو تو سب کو ہلاک کر دے جواب یہ ہے کہ جتنی قدرت دی گئی ہے اس سے زیادہ نہیں نیز ملائکہ نگہبان بھی ہیں اور مریم بمعنی عابدہ نام رکھنے کی تصریح میں یہ اشارہ ہے کہ میں اپنی نذر پر حتی الامکان قائم ہوں اس لڑکی کو بھی مسجد کے لئے فارغ کر دوں گی اگر خدمت کے لئے نہیں تو عبادت کے لئے ہی واللہ اعلم۔

فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا (الی قولہ تعالی) إِنَّ اللَّهَ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٧﴾ غرض حضرت مریم علیہا السلام کی

www.besturdubooks.net

والدہ ان کو لے کر مسجد بیت المقدس میں پہنچیں اور وہاں کے مجاورین و عابدین سے کہ ان میں حضرت زکریا علیہ السلام بھی تھے جا کر کہا کہ اس لڑکی کو میں نے خاص خدا کے لئے مانا ہے اس لئے میں اپنے پاس نہیں رکھ سکتی سو اس کو لائی ہوں آپ لوگ لے کر رکھئے سو چونکہ حضرت عمران اس مسجد کے امام تھے اور حالت حمل میں ان کی وفات[۷] ہو چکی تھی ورنہ سب سے زیادہ مستحق ان کے لینے کے وہ تھے بوجہ باپ ہونے کے بھی اور بوجہ[۸] امام ہونے کے بھی اس لئے ہر شخص ان کے لینے اور پالنے کی خواہش رکھتا تھا چنانچہ حضرت زکریا علیہ السلام نے اپنی ترجیح کی یہ وجہ بیان فرمائی کہ میرے گھر میں ان کی خالہ ہیں اور خالہ بمنزلہ ماں کے ہوتی ہے اس لئے بعد ماں کے وہی رکھنے کی مستحق ہیں مگر اور لوگ اس ترجیح پر راضی و متفق نہیں[۹] ہوئے آخر قرعہ پر اتفاق قرار پایا اور صورت قرعہ کی بھی عجیب و غریب خلاف عادت ٹھہری جس کا بیان آگے آوے گا اس میں بھی حضرت زکریا علیہ السلام کامیاب ہوئے چنانچہ ان کو وہ مل گئیں اور انہوں نے بنا بر بعض[۱۰] روایات ایک انا نوکر رکھ کر دودھ پلوایا اور بعض روایات میں دودھ پینے کی ان کو حاجت نہیں ہوئی غرض وہ خود بیٹھنے اٹھنے لگیں۔ ان کو مسجد کے متعلق ایک عمدہ مکان میں لا کر رکھا جب جاتے باہر سے قفل[۱۱] لگا جاتے آ کر کھول لیتے اسی قصہ کا مختصراً آگے مذکور ہے یعنی) پس ان مریم علیہا السلام) کو ان کے رب نے بوجہ احسن قبول فرمالیا اور عمدہ طور پر ان کو نشو و نما دیا اور (حضرت) زکریا (علیہ السلام) کو ان کا سرپرست بنایا (سو) جب کبھی (حضرت) زکریا (علیہ السلام) ان کے پاس (اسی) عمدہ مکان میں (جس میں ان کو رکھا تھا) تشریف لاتے تو ان کے پاس کچھ کھانے پینے کی چیزیں پاتے (اور) یوں فرماتے کہ اے مریم یہ چیزیں تمہارے واسطے کہاں سے آئیں وہ کہتیں کہ اللہ تعالیٰ کے پاس (جو خزانہ غیب ہے اس میں) سے آئیں بیشک اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں بے استحقاق رزق عطاء فرماتے ہیں (جیسا اس موقع پر محض فضل سے بے مشقت عطاء فرمایا) **ف**: یہ جو فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے ان کو قبول کر لیا اس کی ظاہری علامت یہ تھی کہ اس قرعۂ عجیبہ میں جو بطور معجزہ تھا حضرت زکریا علیہ السلام غالب آئے جس سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ کی مرضی تھی کہ یہ ان کے پاس رہیں اور پلیں اسی بنا پر قبول کی نسبت اور نیز حضرت زکریا علیہ السلام کو کفیل بنانے کی نسبت اپنی طرف فرمائی اور یہ جو فرمایا کہ عمدہ طور پر ان کو نشو و نما دیا اس کے دو معنی ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ ابتدا سے عبادت و طاعت میں مشغول رکھا۔ دوسرے یہ کہ اور بچوں کی معمولی نشو و نما سے ان کا ظاہری نشو و نما زائد تھا اور حضرت زکریا علیہ السلام جو ان سے پوچھتے تھے کہ یہ کہاں سے آیا تو وجہ اس کی یہ تھی کہ بجز ان کے اس مکان میں کوئی نہ آ سکتا تھا خود قفل لگا جاتے اور خود آ کر کھولتے دوسرے وہ چیزیں بھی بے فصل میوے ہوتے تھے اس لئے تعجب ہوتا تھا سو وہ رزق محض عالم غیب سے آتا تھا اور یہ قصہ کرامت تھی حضرت مریم علیہا السلام کی جس کا ثابت ہونا اولیاء اللہ کے لئے مذہب اہلسنت والجماعت کا اور ان اللہ یرزق کا مضمون ممکن ہے کہ حضرت مریم علیہا السلام ہی کا قول ہو اور ممکن ہے کہ نقل قصہ کے بعد خود حق تعالیٰ کا ارشاد ہو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ روح المعانی میں ہے اس آیت سے اولیاء کیلئے صحت کرامات پر استدلال کیا گیا ہے کیونکہ قول مشہور پر مریم علیہا السلام ولی ہیں نبی نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] **قوله** یاد کرنے کے قابل ہو حاصل معنی اذكر العامل فی اذ۱۲۔ [۲] **قوله فی ف** مشروع تھا بخلاف ما فی شرعنا لقوله عليه السلام لا نذر فيما لا يملك الحديث وليس فی اختيار الناذر ان يفعل غيره فعلا فلما ينعقد النذر فافهم۱۲۔ [۳] **قوله** حسرت سے هكذا فی روح المعانی فلا يشكل ان الاخبار اما للفائدة او للازمها والله محيط بهما۱۲۔ [۴] **قوله** حالانکہ الخ اشار به الى ما فی روح المعانی ان الجملة اعتراضية سيقت لتعظيم المولود الذی وخسته وتفخيم شانه والتجهيل لها بقدره ای والله اعلم بالشیء الذی وضعته وما علق به من عظائم الامور ودقائق الاسرار وواضح الآيات وهی غافلة عن ذلك كله۱۲۔ [۵] **قوله** یہ لازم نہیں آتا الخ هذا بناء على ان الحصر باعتبار الا غلب كما فی روح المعانی۱۲۔ [۶] **قوله** لے کر پہنچیں ای عقيب الولادة ملفوفة فی الخرقة كذا فی روح المعانی۔ [۷] **قوله فی تمهيد الترجمة** وفات ہو چکی تھی كذا فی روح المعانی۱۲۔ [۸] **قوله** بوجہ امام ہونے کے كذا فی روح المعانی۱۲۔ [۹] **قوله** راضی و متفق نہیں ہوئے لعله لم يكن شرعًا لهم كما انه ليس بشرع لنا والا لاستبعد اختلاف السدنة فيه ثم الرجوع الى القرعة مع وجود الشرع۱۲۔ [۱۰] **قوله** بنا بر بعض روایات والروايتان فی روح المعانی ونسب عدم الرضاعة الى الجل وروى استيجار الظهر لها۔ عن ابن عباس برواية ابن بشر۱۲۔ [۱۱] **قوله** قفل لگا جاتے نقله فی روح المعانی برواية ابن جرير عن الربيع۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قوله كفلها فی البيضاوی شدد الفاء حمزة والكسائی وعاصم وخفف الباقون۱۲۔

اللغات: المحراب اشرف المواضع لتنافس الناس عليه وهو اسم مكان اه من روح المعانی والمراد الغرفة فلا يشكل بمنع الهواء عنها بالغلق لجواز وصوله من الخوخات فافهم۱۲۔

النحو: قوله بقبول حسن فی روح المعانی الباء مثلها فی كتبت بالقلم والقبول ما يقبل به الشئ كالسعوط ما يسعط به ای تقبلها

www.besturdubooks.net

بوجه حسن وهو اختصاصه اياها ولم يقبل قبلها انثٰى اه قلت ومن ثم ترجمته بقولي وجه احسن نباتا مصدر على غير لفظ الفعل المذكور وقيل التقدير فنبتت نباتا قوله ان الله يرزق الخ يحتمل كونه من كلامها وهو الاولى اومن كلامه تعالٰى كذا في روح المعاني ۱۲۔

البلاغۃ: قوله انى سميتها في روح المعاني والغرض من عرض التسمية على علام الغيوب الاولٰى فيه ان يقال ان الغرض من ذلك اظهار انها غير راجعة عن نيتها وان كان ما وضعتها انثٰى وانها وان لم تكن خليقة لسدانة بيت المقدس فلتكن[1] من العابدات فيه واستقلالها بالتسمية لكون ابيها قدمات وامها حامل فتقديم المسند اليه للتخصيص يعني التسمية مني لا يشاركني فيها ابو ها ۱۲۔

الحواشی: (۱) فان مريم في لغتهم بمعنى العابدة ۱۲ بيضاوی۔

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾ فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًۢا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۳۹﴾ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ﴿۴۰﴾ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ۭ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿۴۱﴾ ع ۱۱/۱۲

اس موقع پر دعا کی (حضرت) زکریا (علیہ السلام) نے اپنے رب سے عرض کیا اے میرے رب عنایت کیجئے مجھ کو خاص اپنے پاس سے کوئی اچھی اولاد بے شک آپ بہت سننے ہیں دعا کے۔ بس پکار کے کہا ان سے فرشتوں نے اور وہ کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔ محراب میں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو بشارت دیتے ہیں کہ یحییٰ کی جن کے احوال یہ ہوں گے کہ وہ کلمۃ اللہ کی تصدیق کرنے والے ہوں گے اور مقتدا ہوں گے اور اپنے نفس کو بہت روکنے والے ہوں گے اور نبی بھی ہوں گے اور اعلیٰ درجہ کے شائستہ ہوں گے۔ زکریا نے عرض کیا کہ اے میرے پروردگار میرے ہاں لڑکا کس طرح ہوگا حالانکہ مجھ کو بڑھاپا آ پہنچا ہے اور میری بی بی بھی بچہ جننے کے قابل نہیں رہی۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اسی حالت میں لڑکا ہو جائے گا (کیونکہ) اللہ تعالیٰ جو کچھ ارادہ کریں کر دیتے ہیں۔ انہوں نے عرض کیا کہ اے میرے پروردگار میرے واسطے کوئی نشانی مقرر کیجئے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تمہاری نشانی یہی ہے کہ تم لوگوں سے تین روز تک باتیں نہ کر سکو گے بجز اشارہ کے اور اپنے رب کو (دل سے) بکثرت یاد کرنا (زبان سے بھی) تسبیح (وتقدیس) کرنا دن ڈھلے بھی اور صبح کو بھی (کہ اس کی قدرت رہے گی) ۞

تفسیر: قصہ دعائے زکریا علیہ السلام: هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ اس موقع پر دعا کی (حضرت) زکریا (علیہ السلام) نے اپنے رب سے عرض کیا کہ اے میرے رب عنایت کیجئے مجھ کو خاص[1] اپنے پاس سے کوئی اچھی اولاد بیشک آپ بہت سننے والے ہیں دعاء کے۔

ف: اس موقع کا مطلب[1] یہ ہے کہ جب زکریا علیہ السلام نے بے فصل میوے آتے ہوئے دیکھے تو سمجھے کہ گو میں اور میری بی بی اسبابِ عادیہ کے اعتبار سے قابل توالد کے نہیں رہے جیسا اگلی ہی آیت میں ہے: وَقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ۔ لیکن ان میووں کی طرح کہ خلاف عادت آتے ہیں اگر میرے بھی خلاف عادت اولاد ہو جائے تو بعید نہیں اور گو قدرت خداوندی کے پہلے سے بھی معتقد تھے کیونکہ نبی تھے اور عقائد حقہ لوازم نبوت سے ہیں لیکن خلاف عادت ہونے کی وجہ سے درخواست کی جرأت نہ کرتے تھے اب چونکہ میوے کے واقعہ کو مکرر[2] مشاہدہ کرنے سے اس خاص وقت میں ایک گونہ عادت معلوم ہوئی جس سے مانع سوال کا مرتفع ہو گیا اس لئے درخواست پیش کی اور اچھی کا مطلب یہ ہے کہ بابرکت ہو اور نیک کردار ہو اور حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا چند جگہ مختلف مضامین سے منقول ہے سو ممکن ہے کہ اس دعا میں سب مضامین ہوں حسب مناسبت مقام کہیں کوئی نقل کر دیا کہیں کوئی۔

اجابت دعائے زکریا علیہ السلام: فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ (الی قولہ تعالی) وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۳۹﴾ پس پکار کے کہا ان سے فرشتوں نے اور وہ کھڑے نماز پڑھ رہے تھے محراب میں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو بشارت دیتے ہیں یحییٰ (نام اولاد عطا ہونے) کی جن کے احوال یہ ہونگے کہ وہ کلمۃ اللہ (یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت) کی تصدیق کرنے والے ہونگے اور (دوسرے) مقتدا[1] (دین کے) ہونگے اور (تیسرے) اپنے نفس کو (لذات سے) بہت روکنے[2] والے ہونگے اور (چوتھے) نبی بھی ہونگے اور (پانچویں) اعلیٰ درجہ[3] کے شائستہ بھی ہوں گے ف: محراب

www.besturdubooks.net

سے مراد یا تو مسجد بیت المقدس کی محراب ہے یا مراد اس سے وہ مکان ہے جس میں حضرت مریم علیہا السلام کو رکھا کرتے تھے کیونکہ اس جگہ محراب کے معنی عمدہ مکان کے ہیں اور کلمۃ اللہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اس لئے کہتے ہیں کہ وہ محض خدا تعالیٰ کے حکم سے خلافِ عادت بلا واسطہ باپ کے پیدا کئے گئے ان کی تصدیق کا اس لئے ذکر کیا کہ دونوں صاحب ایک زمانہ میں تھے البتہ یحییٰ علیہ السلام ان سے کچھ بڑے تھے اور لذات سے روکنے میں سب مباح خواہشوں سے بچنا داخل ہوگیا۔ اچھا کھانا اچھا پہننا نکاح کرنا وغیرہ وغیرہ اس صفت کو موقع مدح میں فرمانے سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ افضل طریقہ یہی ہے حالانکہ احادیث سے نکاح کی فضیلت معلوم ہوتی ہے۔ سو تحقیق یہ ہے کہ جس شخص کی حالت حضرت یحییٰ علیہ السلام کی سی ہو کہ ان پر شغل آخرت اس قدر غالب تھا کہ ان کو ادائے حقوق اہل کی طرف ملتفت نہ ہونے دیتا ایسے شخص کے لئے یہی افضل ہے اسی وجہ سے جن احادیث میں فضیلت نکاح کی آئی ہے اس میں یہ بھی قید ہے من استطاع منکم الباءۃ الخ اور شائستگی کے اعلیٰ درجہ سے مراد وہ درجہ ہے جس کا نہ ہونا بھی منافی نبوت نہیں پاس وصف نبوت کے بعد اسکا ذکر کرنا غیر مفید نہ ہوا خوب سمجھ لو۔ اور فرشتوں کا ان کی نماز میں باتیں کرنا باوجودیکہ باتوں سے حضور قلب فوت ہو جاتا ہے اسلئے مضائقہ نہ تھا کہ وہ پیغام خدا تعالیٰ کا تھا اسکی طرف توجہ عین حضور قلب ہے۔ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ (الی قولہ تعالی) وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۝ (حضرت) زکریا (علیہ السلام) نے (جناب باری میں) عرض کیا کہ اے میرے پروردگار میرے لڑکا کس طرح ہوگا حالانکہ مجھ کو بڑھاپا آ پہنچا اور میری بی بی بھی (کبرسن کی وجہ سے) بچہ جننے کے قابل نہیں ہے اللہ تعالیٰ نے (جواب میں) ارشاد فرمایا کہ اسی حالت میں لڑکا ہو جاوے گا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ جو کچھ ارادہ کریں کر دیتے ہیں انہوں نے عرض کیا کہ اے پروردگار (تو پھر) میرے واسطے کوئی (نشانی مقرر کر دیجئے (جس سے مجھ کو معلوم ہو جاوے کہ اب حمل رہ گیا) اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تمہاری نشانی یہی ہے کہ تم لوگوں سے تین روز تک باتیں نہ کر سکو گے بجز (ہاتھ یا سر وغیرہ کے) اشارہ کے (جب یہ نشانی دیکھو تو سمجھ جانا کہ اب گھر میں امید ہے) اور (اس زمانہ میں جب آدمیوں سے گفتگو کرنے پر قدرت نہ رہے ذکر اللہ پر قادر ہو گے سو) اپنے رب کو (دل سے بھی) بکثرت یاد کیجیو اور (زبان سے بھی) تسبیح (وتقدیس) کیجیو دن ڈھلے بھی اور صبح کو بھی (کہ اس کی قدرت رہے گی) ف: باوجودیکہ قدرتِ خداوندی کے معتقد بھی تھے اور نمونہ کا مکرر مشاہدہ بھی کر چکے تھے اور خود ہی درخواست کی تھی اور اجابت کا علم بھی ہو گیا تھا۔ پھر اس کہنے کے کیا معنی کہ کس طرح لڑکا ہوگا بات یہ ہے کہ یہ کہنا بطور استبعاد کے نہیں کہ شبہ کی گنجائش ہو بلکہ مقصود کیفیت دریافت کرنا ہے کہ آیا ہم دونوں میاں بی بی کی جو حالت موجودہ ہے کہ دونوں خوب بوڑھے ہیں یہی حالت رہے گی یا کچھ اس میں تبدیلی کی جاوے گی۔ پس حاصل جواب یہ ہوا کہ نہیں بوڑھے ہی رہو گے۔ پھر اولاد ہوگی اب اس میں کوئی اشکال نہ رہا اور یہ جو فرمایا کہ لڑکا کیسے ہوگا لڑکا ہونا یحییٰ نام سے معلوم ہو گیا اور نشانی کی جو درخواست کی اس کی وجہ یہ ہے کہ خوشی جلدی ہو جاوے دوسرے پہلے ہی سے شکر میں مشغول ہوں اور نشانی جو مقرر کی گئی کہ آدمیوں کے ساتھ کلام کرنے کی قدرت نہ رہے گی اس میں لطافت یہ ہے کہ نشانی کی درخواست سے جو ان کا مقصود تھا کہ ادائے شکر کریں نشانی ایسی تجویز کی گئی کہ بجز اس مقصود کے دوسرے کام ہی کے نہ رہیں گے سو نشانی کی نشانی ہوگئی اور مقصود کا مقصود بدرجۂ اتم حاصل ہو گیا۔ پس یہ عدمِ کلام اضطراری تھا اور نشانی بننے کی صلاحیت اسی میں واضح ہے بخلاف عدم کلام اختیار کے کہ اس کا محتاج بننا محتاج تکلف ہے جس کے ارتکاب کی کوئی ضرورت نہیں پھر اس کی کوئی دلیل بھی نہیں اور بعضی آیتوں میں تین رات آیا ہے مراد تین دن اور تین رات ہیں پس دونوں آیتیں صحیح ہیں اور گو ان ایام میں وہ خود ہی ذکر و تسبیح میں مشغول رہتے کیونکہ مقصود نشان پوچھنے سے یہی تھا لیکن اظہار شان ذکر کے لئے اور ان کے مقصود کے اظہار استحسان کے لئے حق تعالیٰ نے بھی اس کا ذکر فرمایا۔ اور صبح و شام سے یا تو کنایہ جمیع اوقات سے ہے یا صرف دن دن مراد ہے پس شب کو بوجہ وقت خواب ہونے کے تمام شب ذکر کا امر نہیں ہوگا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ اس میں دو مسئلے ہیں جو سورۂ مریم میں بھی مذکور ہوئے ہیں اول یہ کہ اولاد کی خواہش کرنا زہد کے منافی نہیں ثانی یہ کہ مسبب کا اسباب بعیدہ سے سوال کرنا ادب کے منافی نہیں اور مسئلہ اولیٰ میں کہتا ہوں کہ خصوص جبکہ کسی دینی غرض سے ہو جیسا زکریا علیہ السلام نے خود ہی فرمایا وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ الآیۃ اور اس سے ایک اور مسئلہ ماخوذ ہوتا ہے وہ یہ کہ بقاء سلسلہ کی تمنا کرنا حضرات انبیاء علیہم السلام کے سنن میں سے ہے جیسا کہ روح المعانی میں بھی اس مسئلہ کو مستنبط کیا ہے کہ حضرت زکریا بوڑھے تھے مگر لوگوں کے مرشد تھے پس جب انہوں نے صورتِ حال دیکھی تو غیرت نبوت کو حرکت ہوئی اور اپنے رب تعالیٰ سے ایسے فرزند صدق کی درخواست کی جو لوگوں کی تربیت میں ان کے قائم مقام ہو سکے اور یہ دعا کی رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً۔ یعنی جو ماسوی کے اشتغال سے مطہر ہو اور شہوات سے مقدس ہو آہ۔ میں کہتا ہوں کہ قید طیبہ کی دعاء سے دعا کرنا اس پر دال ہے کہ خلیفہ بنانے کی شرائط میں سے یہ صفات ہیں نہ کہ محض اولاد ہونا یا مرید ہونا اور بعض بزرگوں سے جو اس تمنا کی ضد منقول ہے تو وہ غلبہ حال سے ہے یا محمول ہے تفویض پر جبکہ عند اللہ مقدر نہ ہو اور زکریا علیہ السلام کی یہ دعا کہ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً۔ اس پر دال ہے کہ طمانیت کے لئے سوال کرنا یقین کے منافی نہیں جیسا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی تھی کہ احیاء موتی کی کیفیت دکھلا دیجئے۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله خاص لان فی لدی ولدن من زیادة القرب ما لیس فی عند۱۲۔ ۲ قوله فی ف مطلب یہ ہے الخ کما اورده فی روح المعانی عن ابن بشر وابن عساکر عن الحسن نحوه۱۲۔ ۳ قوله مکرر کما یدل علیه قوله تعالٰی کلما۱۲۔ ۴ قوله مقتدا لما فی روح المعانی جوز ان یراد ما هو اصل معناه غایة الامر ان تلك ریاسة شرعیة۱۲۔ ۵ قوله روکنے والے کما فی روح المعانی الحصور المبالغ فی حصر النفس وحبسها عن الشهوات مع القدرة۱۲۔ ۶ قوله اعلٰی درجہ کے شائستہ کما فی روح المعانی المراد من الصلاح ما فوق الصلاح الذی لابد منه فی منصب النبوة من اقاصی مراتبه وعلیه مبنی دعاء سلیمان علیه السلام وادخلنی برحمتك فی عبادك الصالحین۱۲۔ ۷ قوله فی ف بلکہ مقصود کیفیت کما فی روح المعانی انی بمعنی کیف۱۲۔ ۸ قوله دونوں خوب بوڑھے فهذا العقر انما هو لکبر السن فلا یلزم الاشکال فی قوله کذلك علی ما قررت بان العقر لما کان منافیا للولادة فکیف یجتمع المتنافیان لاسیما مع قوله تعالٰی واصلحنا له زوجه فانه یدل بظاهره علی زوال عقرها وقد روی فی عمره مائة وعشرون وفی عمرها ثمان و تسعون۱۲۔ ۹ قوله اضطراری تھا کذا فی روح المعانی۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قوله ان الله بالفتح ای بان الله وقرأ نافع وحمزة وابن عامر بالکسر علی ارادة القول اولان النداء نوع منه۱۲۔

اللغات: قوله هنالك فی روح المعانی هنا ظرف مکان واللام للبعد (کما فی ذلك) والکاف للخطاب ای فی ذلك المکان حیث هو قاعد عند مریم فی المحراب وجوز ان یراد بها الزمان مجازا اه قلت وانا بترجمتی بقولی اس موقع پر راعیت کلا المعنیین واشرت ایضًا الی کونه للبعد فافهم۱۲۔ قوله ذریة طیبة الذریة فی المشهور النسل تقع علی الواحد والجمع والذکر والانثی والتانیث والتذکیر تارة یجیئان علی اللفظ واخریٰ علی المعنی وهذا فی اسماء الاجناس۱۲۔

النحو: قوله فنادته فی روح المعانی ظاهر قوله تعالٰی فی مریم انا نبشرك اعتقاب التبشیر الدعاء لا تاخره عنه اه قلت فالفاء للتعقیب بلامهلة واثر ان بین الدعاء والاجابة اربعین سنة لم یوجد له اثر فی الصحاح کما فی روح المعانی وایضا فیه ان هذا الدعاء کما یمکن ان یکون فی مباد الامر یمکن ان یکون فی اواخره قبل حمل مریم اه قلت وهو اقرب لما یدل علیه کلمة کلما من تکرار المشاهدة الظاهر منه کون الدعاء بعد مشاهدات کثیرة قوله مصدقا حال مقدرة من یحییٰ قوله کذلك به تم الجواب وعامله مقدر ای یکون لك غلام وانت کذلك من الشیخوخة وکون امرأتك عجوزا وقوله الله یفعل علة له دقا صرحت بوجه الترکیب فی الترجمة۱۲۔

البلاغۃ: قوله الملئکة ای جبرئیل وحده کما اخرجه ابن جریر عن ابن مسعود فالجمع هٰهنا مجاز عن الواحد للتعظیم وقیل الجمع علی حاله والمنادی کان جملة من الملائکة قوله بلغنی الکبر فی روح المعانی اسند البلوغ الی الکبر توسعًا فی الکلام کان الکبر طالب له وهو المطلوب۔ قلوله تعالٰی ایٰتك الخ فی روح المعانی واحسن الجواب ما اخذ من السوال کما قیل لابی تمام لم تقول ما لانفهم فقال لم لانفهم ما یقال کانه قیل آیة حصول النعمة ان تمنع عن الکلام الا لشکرها وهذا مبنی علی ان سوال الآیة منه علیه السلام انما کان لتلقی النعمة بالشکر۱۲۔

وَإِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِينَ ﴿۴۲﴾ يٰمَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِي وَارْكَعِي مَعَ الرّٰكِعِينَ ﴿۴۳﴾ ذٰلِكَ مِنْ أَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يُلْقُونَ أَقْلَامَهُمْ أَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۖ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يَخْتَصِمُونَ ﴿۴۴﴾ إِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ إِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيهًا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿۴۵﴾ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَمِنَ الصّٰلِحِينَ ﴿۴۶﴾ قَالَتْ رَبِّ أَنّٰى يَكُونُ لِي وَلَدٌ وَلَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ ۖ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ إِذَا قَضٰى أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ﴿۴۷﴾

اور (وہ وقت) قابل ذکر ہے جبکہ فرشتوں نے کہا کہ اے مریم بلاشک اللہ تعالیٰ نے تم کو منتخب (یعنی مقبول) فرمایا ہے اور پاک بنایا ہے اور تمام جہان بھر کی بیبیوں کے مقابلہ

www.besturdubooks.net

میں منتخب فرمایا ہے۔ اے مریم اطاعت کرتی رہو اپنے پروردگار کی اور سجدہ کیا کرو اور رکوع کیا کرو ان لوگوں کے ساتھ جو رکوع کرنے والے ہیں۔ یہ قصے منجملہ غیب کی خبروں کے ہیں ہم ان کی وحی بھیجتے ہیں آپ کے پاس اور آپ ان لوگوں کے پاس نہ تو اس وقت موجود تھے جبکہ وہ (قرعہ کے طور پر) اپنے اپنے قلموں کو (پانی میں) ڈالتے تھے کہ ان سب میں کون شخص (حضرت مریم کی) کفالت کرے اور نہ آپ ان کے پاس اس وقت موجود تھے جبکہ باہم اختلاف کر رہے تھے۔ (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ فرشتوں نے (یہ بھی) کہا کہ اے مریم بے شک اللہ تعالیٰ تم کو بشارت دیتے ہیں ایک کلمہ کی جو منجانب اللہ ہوگا۔ اس کا نام (ولقب) مسیح عیسیٰ بن مریم ہوگا۔ باآبرو ہوں گے دنیا میں اور آخرت میں اور منجملہ مقربین کے ہوں گے اور آدمیوں میں کلام کریں گے گہوارہ میں اور بڑی عمر میں اور شائستہ لوگوں میں سے ہوں گے۔ (حضرت مریم علیہا السلام) بولیں اے میرے پروردگار کس طرح ہوگا میرے بچہ۔ حالانکہ مجھ کو کسی بشر نے ہاتھ نہیں لگایا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ویسے ہی (بلا مرد کے) ہوگا کیونکہ اللہ تعالیٰ جو چاہیں پیدا کر دیتے ہیں۔ جب کسی چیز کو پورا کرنا چاہتے ہیں تو اس کو کہہ دیتے ہیں کہ ہوجا بس وہ ہوجاتی ہے ۞

تفسیر ربط: اوپر سے قصہ حضرت مریم علیہا السلام کا چلا آتا ہے درمیان میں بوجہ مناسبت کے قصہ حضرت زکریا علیہ السلام کا آ گیا تھا آگے پھر حضرت مریم علیہا السلام کا قصہ پورا فرماتے ہیں۔

اتمام قصہ حضرت مریم علیہا السلام: وَ اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ (الی قولہ تعالی) وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ۔ (اور وہ وقت بھی یاد کرنے کے قابل ہے) جب کہ فرشتوں نے (حضرت مریم علیہا السلام سے) کہا کہ اے مریم بلاشک اللہ تعالیٰ نے تم کو منتخب (یعنی مقبول) فرمایا ہے اور (تمام ناپسندیدہ افعال واخلاق سے) پاک بنایا ہے اور (مقبول فرمانا کچھ ایک دو عورتوں کے اعتبار سے نہیں بلکہ اس زمانہ کی) تمام جہان بھر کی بیبیوں کے مقابلہ میں منتخب فرمایا ہے (اور فرشتوں نے یہ بھی کہا کہ) اے مریم اطاعت کرتی رہو اپنے پروردگار کی اور سجدہ (یعنی نماز ادا) کیا کرو اور (نماز میں) رکوع (بھی) کیا کرو ان لوگوں کے ساتھ جو رکوع کرنے والے ہیں۔ **ف**: بعض مفسرین نے نقل کیا ہے کہ بعض یہود نے نماز میں رکوع چھوڑ دیا تھا جیسے بعضے ہم میں قومہ چھوڑ دیتے ہیں اور بعضے رکوع کرتے تھے اس لئے حکم فرمایا کہ نماز کے طریقہ میں ان لوگوں کے ساتھ رہنا جو رکوع بھی کیا کرتے ہیں پس مقصود اہتمام ہے رکوع کا۔ میں کہتا ہوں کہ اگر یہ امر منقول کسی کے نزدیک ثابت نہ ہو تو عمدہ وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ فرائض صلوٰۃ میں قیام وسجود کی ہیئت میں عادۃً خلل کم ہوسکتا ہے بخلاف رکوع کے کہ اس کی ہیئت میں خلل زیادہ محتمل ہے جیسا کہ اکثر مشاہدہ ہے کہ رکوع میں لوگ کم جھکتے ہیں جس سے وہ اقرب الی القیام رہتا ہے اور چونکہ اس ہیئت میں معائنہ کو ایک خاص دخل ہے اس لئے مَعَ الرّٰكِعِيْنَ بڑھا دیا کہ جس طرح سے کامل راکعین کیا کرتے ہیں ویسا کیا کرنا دوسرے بات قابل تحقیق یہ ہے کہ فرشتوں کا کلام کرنا خواص نبوت سے نہیں جیسا صحیح مسلم میں حضرت عمران بن حصینؓ کو فرشتوں کا سلام کرنا مروی ہے۔ نبوت کا خاصہ وہ کلام ہے کہ ایسے شخص سے کیا جاوے جو مامور بالتبلیغ ہو گو اس کلام خاص کی تبلیغ کا امر نہ ہو اور لفظ نساء سے جو کہ خاص ہے بالغہ کے ساتھ ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ یہ کہنا فرشتوں کا حضرت مریم علیہا السلام کے جوان ہونے کے بعد تھا اور اس بنا پر اصطفاء کے مکرر لانے کی یہ توجیہ بھی ہوسکتی ہے کہ پہلا اصطفاء بچپن کا ہو مثلاً ان کا نذر میں مقبول ہونا ان کی کرامت بے فصل میووں کے آنے میں ظاہر ہونا وغیرہ وغیرہ اور اصطفاء ثانی جوانی کا ہو جس میں فرشتوں کا کلام کرنا اور بے شوہر کے بچہ پیدا ہونے کی کرامت پھر ان بچہ ہی کی زبان سے ان کی براءت ثابت ہونے کی کرامت وغیرہ وغیرہ۔

ربط: اوپر اور آگے حضرت زکریا علیہ السلام اور حضرت مریم علیہا السلام دونوں کے قصے کچھ کچھ مذکور ہیں اور چونکہ واقعاتِ ماضیہ کی اس طور پر خبر دینا کہ نہ کسی سے سنا ہو نہ خود دیکھا ہو نہ کسی کتاب میں پڑھا ہو جیسے حضور ﷺ کی شان تھی منجملہ خوارقِ عادات کے ہے جو بشرائطہ دلیل ہے نبوت کی اس لئے اگلی آیت میں آپ کی نبوت پر ان قصوں کے اخبار سے استدلال فرماتے ہیں۔

استدلال بقصہائے مذکورہ بر نبوت محمدیہ ﷺ: ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ (الی قولہ تعالی) وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ۞ یہ قصے (جو اوپر مذکور ہوئے جناب رسول اللہ ﷺ کے اعتبار سے بوجہ اس کے کہ آپ کے پاس کوئی ذریعہ ظاہری ان کے معلوم کرنے کا نہ تھا) منجملہ غیب کی خبروں کے ہیں ہم ان کی وحی بھیجتے ہیں آپ کے پاس (اس کے ذریعہ سے آپ یہ خبریں معلوم کر کے اوروں کو بتلاتے ہیں) اور (ظاہر ہے کہ جو لوگ حضرت مریم علیہا السلام کے رکھنے میں اختلاف کر رہے تھے جس کا فیصلہ اخیر میں قرعہ پر قرار پایا تھا) آپ لوگوں کے پاس نہ تو اس وقت موجود تھے جبکہ وہ (قرعہ کے طور پر) اپنے اپنے قلموں کو (پانی میں) ڈالتے تھے (اور صورت قرعہ نکلنے کی یہ قرار پائی تھی کہ جس کا قلم پانی کی حرکت کے خلاف اُلٹا بہہ جاوے وہ مستحق سمجھا جاوے سو قرعہ سے غرض اس امر کا طے کرنا تھا) کہ ان سب میں کون شخص حضرت مریم علیہا السلام کی کفالت (پرورش کی) کرے (پس آپ نہ تو اس وقت موجود تھے) اور نہ آپ ان کے پاس اس وقت موجود تھے جبکہ وہ لوگ (قبل قرعہ اس مقدمہ میں) باہم اختلاف کر رہے تھے (جس کے رفع کی ضرورت کے لئے یہ قرعہ قرار پایا اور ان خبروں کے دریافت ہونے کے لئے دوسرے وسائط کا نہ ہونا بھی یقیناً معلوم ہے پس ایسی حالت میں یہ اخبار آپ کی نبوت کی دلیل ہے) **ف**: اوپر جو ایک آیت میں وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا فرمایا تھا اس میں اس قصہ قرعہ کی طرف اشارہ تھا جس کی تفصیل بیان کرنے کا وعدہ اس آیت کے ترجمہ کے ذیل میں کیا گیا تھا اور یہ

www.besturdubooks.net

صورت قرعہ کی خارق عادت تھی جس میں حضرت زکریا علیہ السلام کا کامیاب ہونا ان کا معجزہ تھا۔ **ف**: شریعت محمدیہ میں حنفیہ کے مسلک پر قرعہ کا یہ حکم ہے کہ جن حقوق کے اسباب شرع میں معلوم ومتعین ہیں ان میں قرعہ ناجائز وداخل قمار ہے مثلاً شئی مشترک میں جس کا نام نکل آوے وہ سب لے لے یا جس بچہ کے نسب میں اختلاف ہو اس میں جس کا نام نکل آوے وہی باپ سمجھا جاوے اور جن حقوق کے اسباب مفوض الی الرای ہوں ان میں قرعہ جائز ہے۔ مثلاً دارِ مشترکہ کی تقسیم میں قرعہ سے زید کو شرقی حصہ دے دینا اور عمرو کو غربی حصہ دے دینا کہ بلا قرعہ اتفاق شریکین یا قضائی قاضی سے بھی جائز تھا۔

ربط: اوپر کی آیت بطور جملہ معترضہ کے تھی جو اثبات نبوت کے لئے لائی گئی تھی آگے پھر حضرت مریم علیہا السلام کا قصہ مذکور ہے جس میں زیادہ مقصود حضرت عیسٰی علیہ السلام کا قصہ بیان کرنا ہے۔

تتمہ کلام ملائکہ علیہم السلام با حضرت مریم علیہا السلام وآغاز قصہ عیسٰی علیہ السلام: اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ (الی قولہ تعالٰی) وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ فرشتوں نے (حضرت مریم علیہا السلام سے یہ بھی) کہا کہ اے مریم بیشک اللہ تعالیٰ تم کو بشارت دیتے ہیں ایک کلمہ کی جو من جانب اللہ ہوگا (یعنی ایک بچہ پیدا ہونے کی جو بلاواسطہ باپ کے پیدا ہونے کے سبب کلمۃ اللہ کہلاوے گا) اس کا نام (ولقب) مسیح عیسٰی بن مریم ہوگا (ان کے یہ حالات ہونگے کہ) باآبرو ہوں گے (خدا تعالیٰ کے نزدیک) دنیا میں (بھی کہ ان کو نبوت عطاء ہوگی) اور آخرت میں (بھی کہ اپنی امت کے مؤمنین کے باب میں مقبول الشفاعت ہوں گے) اور (جیسے ان میں نبوت وشفاعت کی صفت ہوگی جس کا تعلق دوسروں سے بھی ہے اسی طرح ذاتی کمال کے ساتھ بھی موصوف ہوں گے) منجملہ مقربین (عند اللہ) ہوں گے اور (صاحب معجزہ بھی ہوں گے کہ) آدمیوں سے (دونوں حالت میں یکساں) کلام کریں گے گہوارہ میں (یعنی بالکل بچپن میں بھی) اور بڑی عمر میں (بھی دونوں کلاموں میں تفاوت نہ ہوگا) اور (اعلیٰ درجہ کے) شائستہ لوگوں میں سے ہوں گے۔ **ف**: اس شائستگی کی حقیقت ابھی اوپر لفظ صالحین کی تفسیر میں گزر چکی جہاں حضرت یحیٰی علیہ السلام کے لئے یہ لفظ آیا ہے اور اس بشارت کا دینا سورۂ مریم میں حضرت جبرائیل کی طرف بعنوان دیگر منسوب ہے اس لئے بعض علماء نے تو یہ کہا ہے کہ یہاں بھی ملائکہ سے مراد صرف حضرت جبرئیل علیہ السلام ہیں ان کو جمع کے لفظ سے تعبیر کرنا باعتبار معنی جنسی کے ہے جیسے محاورہ ہے کہ اس مسئلہ میں علماء یہ کہتے ہیں خواہ ایک ہی عالم سے سنا ہو اور یہ بھی احتمال ہے کہ جبرئیل علیہ السلام کے ساتھ اور فرشتے بھی ہوں اور انہوں نے بھی خواہ تفصیلاً خواہ تصدیق بشارت جبرئیلی کر کے اجمالاً یہ بشارت دی ہو اور کلمۃ اللہ اور ابن مریم دونوں میں اشارہ ہے ان کے بے باپ پیدا ہونے کی طرف ورنہ باپ کی طرف نسبت ہوتی اور بچپن میں بولنے کا قصہ سورۂ مریم میں آوے گا۔

تعجب حضرت مریم علیہا السلام از بشارت تولد عیسٰی علیہ السلام بدون پدر وجواب تعجب: قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ (الی قولہ تعالٰی) اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ۔ حضرت مریم علیہا السلام بولیں اے میرے پروردگار کس طرح ہوگا میرے بچہ حالانکہ مجھ کو کسی بشر نے (صحبت کے طور پر) ہاتھ نہیں لگایا (نہ جائز طریق سے نہ ناجائز طریق سے اور عادۃً بچہ بدون مرد کے پیدا نہیں ہوتا تو معلوم نہیں کہ ویسے ہی محض قدرت خداوندی سے بچہ ہوگا یا مجھ کو نکاح کا حکم کیا جاوے گا) اللہ تعالیٰ نے (جواب میں فرشتہ کے واسطہ سے) فرمایا کہ ویسے ہی (بلا مرد کے) ہوگا (کیونکہ) اللہ تعالیٰ جو چاہیں پیدا کر دیتے ہیں (یعنی کسی چیز کے پیدا ہونے کے لئے صرف ان کا چاہنا کافی ہے کسی واسطہ وسبب خاص کی ان کو حاجت نہیں اور ان کے چاہنے کا طریقہ یہ ہے کہ) جب کسی چیز کو پورا کرنا چاہتے ہیں تو اس کو کہہ دیتے ہیں کہ (موجود) ہو جا بس وہ چیز (موجود) ہو جاتی ہے (پس اگر اسباب ووسائط کے بعد موجود ہونے کو حکم فرما دیا وہ اسی طرح ہو جاتی ہے اور اگر وسائط واسباب کے قبل موجود ہونے کو کہہ دیا وہ اسی طرح ہو جاتی ہے) **ف**: اس کی دلیل عقلی یہ ہے کہ اسباب ووسائط بھی آخر شئی ہیں اگر ان کے لئے بھی اسباب ووسائط کی حاجت ہو تو ان میں بھی یہی کلام ہوگا جس سے تسلسل محال لازم آوے گا اور اگر حاجت نہ ہو تو وسائط ودیگر اشیاء اس میں متساوی ہیں دیگر اشیاء کا ایجاد بھی بلاوسائط ممکن ہوگا اور اس ممکن کی خبر مخبر صادق نے دی ہے پس اعتقاد اسکے وقوع کا لازم ہوگا۔ خوب سمجھ لو۔ كُنْ فَيَكُوْنُ کی تحقیق پارۂ الم کے ختم کے قریب گزر چکی ہے احتیاج تکرار نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ الخ اس سے غیر انبیاء کیساتھ ملائکہ کا ہمکلام ہونا ثابت ہوتا ہے اور جو کلام ملائکہ مخصوص بالانبیاء ہے وہ وہ ہے جو تبلیغ کے لئے ہو ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قولہ** اس زمانہ کے فلیس بنص فی تفضیلها مطلقاً والمسئلة مسکوت عنها ۱۲۔ ۲؎ **قولہ فی الفائدۃ** ان لوگوں کے ساتھ رہنا الخ فالمعیة کهی فی قولہ کونوا مع الصادقین لا المعیة الحسیة فلا یکفی للدلالة علی الجماعة ۱۲۔ ۳؎ **قولہ** صورت قرعہ الی قولہ سمجھا جاوے کذا فی تفسیر الجلالین ۱۲۔ ۴؎ **قولہ فی** ف داخل قمار لانه تعلیق الملك علی الخطر ۱۲۔ ۵؎ **قولہ** مقبول الشفاعۃ لا یبعد ان یکون قول عیسٰی علیه السلام وان تغفرلهم شفاعة ویکون قولہ تعالٰی ینفع الصادقین اخباراً عن قبولها فی حق المؤمنین ۱۲۔ ۶؎ **قولہ** صحبت کے طور پر اشارة الی

www.besturdubooks.net

ان المسیس کنایة عن الوطی کما فی روح المعانی ۱۲۔ ۷؎ قوله تو معلوم نہیں الخ اشارة الی ان کلمة انی بمعنی کیف للسوال عن الکیفیة لا للاستبعاد وان امکن بالتأویل ۱۲۔ ۸؎ قوله فرشتہ کے واسطے سے بدلیل ما فی سورة مریم من قوله بعد مخاطبتها جبرئیل قال کذلك قال ربك هو علی هین ۱۲۔ ۹؎ قوله ان کے چاہنے کا طریقہ اشارة الی وجه تعلق المشیة بالحوادث فلا یلزم الاشکال بقدم المشیة لان التعلق حادث ۱۲۔ ۱۰؎ قوله فی ف اور اگر حاجت نہ ہو وبهذا اجابت مریم القبول علیها السلام لیوسف النجار کما فی روح المعانی عن اسحق بن بشر وابن عساکر عن وهب ان اول من اطلع علی حملها ابن خال لها یقال له یوسف واهتم لذلك وخشی البلیةمنه لانه کان یخدمها فقال معرضاً لها هل یکون زرع من غیر بذر قالت ان الله تعالٰی خلق البذر الاول من غیر نبات وانبت الزرع الاول من غیر بذر قال قد صدقت اه مختصراً ۱۲۔

اللغات: فی روح المعانی الکهل ما بین الشاب والشیخ اه قلت وتخصیصه بالذکر لکونه زمان کمال عقل واعتدال کلام ولما خص الکهل بما بعد الاربعین کما فی روح المعانی وقد رفع علیه السلام قبل الکهولة کما قال فی روح المعانی انه ذهب سعید بن المسیب وزید بن اسلم الٰی انه علیه السلام رفع الی السمآء وهو ابن ثلث وثلثین سنة کما رواه ابن جریر بسند صحیح عن کعب الاحبار ویؤیده ما اخرج ابن جریر عن ابن زید فی الآیة قال قد کلمهم فی المهد وسیکلمهم الی قتل الدجال وهو یومئذ کهل آه دلت الآیة علی نزوله الی الارض فافهم المسیح قال البیضاوی اصله بالعبریة مشیحًا ومعناه المبارك وعیسٰی معرب الشیوع معناه السید ۱۲۔

النحو: قال البیضاوی ایهم یکفل متعلق بمحذوف دل علیه یلقون ای یلقونها لیعلموا او یقولوا ایهم یکفل ۱۲۔ فی روح المعانی والبیضاوی نصب وجیها علی انه حال مقدرة من کلمة وسوغ مجئی الحال عنها مع انه نکرة لوصفها بما بعدها والتذکیر باعتبار المعنی ومن المقربین معطوف علی وجیها ای مقرباً من جملة المقربین۔ ویکلم عطف علی الحال بتأویله بالاسم وقوله فی المهد وکهلا هذا المجموع حال لاکل علی الاستقلال لان المقصود التسویة ومن الصّٰلحین حال ثالث من کلمة اه قلت واشرت الٰی کونها احوالاً بقولی فی اثناء الترجمة یہ حالات ہوں گے اسمه مبتدأ والمسیح خبر اول وعیسٰی خبرثان وابن مریم صفة وانما سمی المسیح اسما مع انه لقب لان الاسم علامة المسمٰی والممیز له ممن سواه فعَمّ العلم واللقب کما اشرت الی عمومه فی اثناء الترجمة ۱۲۔

البلاغة: قوله وما کنت لدیهم قال البیضاوی المراد تقریر کونه وحیاً علی سبیل التهکم بمنکریه فان طریق معرفة الوقائع المشاهدة والسماع وعدم السماع معلوم لا شبهة فیه عندهم فیقی ان یکون الاتهام باحتمال العیان ولا یظن به عاقل ۱۲۔

وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿۴۸﴾ وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِیْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ اَنِّیْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّیْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًاۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْیِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِیْ بُيُوْتِكُمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۴۹﴾ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَیَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِیْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۫ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۵۰﴾ اِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۵۱﴾

اور اللہ تعالیٰ ان کو تعلیم فرمائیں گے (آسمانی) کتابیں اور سمجھ کی باتیں اور (بالخصوص) توریت اور انجیل اور ان کو تمام بنی اسرائیل کی طرف بھیجیں گے (پیغمبر بنا کر) کہ میں تم لوگوں کے پاس (اپنی نبوت پر) کافی دلیل لے کر آیا ہوں وہ یہ ہے کہ میں تم لوگوں کے لئے گارے سے ایسی شکل بناتا ہوں جیسے پرندہ کی شکل ہوتی ہے۔ پھر اس کے اندر پھونک مار دیتا ہوں جس سے وہ (جاندار) پرندہ بن جاتا ہے خدا کے حکم سے اور میں اچھا کرتا ہوں مادر زاد اندھے کو اور برص (جذام) کے بیمار کو اور زندہ کر دیتا ہوں مردوں کو خدا کے حکم سے اور میں تم کو بتلا دیتا ہوں جو کچھ اپنے گھروں میں کھا (کر) آتے ہو اور جو کچھ رکھ آتے ہو بلاشبہ ان میں (میری نبوت کی) کافی دلیل ہے تم لوگوں کے لئے اگر تم ایمان لانا چاہو اور میں اس طور پر آیا ہوں کہ تصدیق کرتا ہوں اس کتاب کی جو مجھ سے پہلے تھی یعنی تورات کی اور اس لئے آیا ہوں کہ تم لوگوں کے واسطے بعضی ایسی چیزیں حلال کر دوں جو تم پر حرام کر دی گئی تھیں اور میں تمہارے پاس دلیل (نبوت) لے کر آیا ہوں۔ حاصل یہ کہ تم لوگ اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میرا کہنا مانو۔ بے شک اللہ تعالیٰ میرے بھی رب ہیں اور تمہارے بھی رب ہیں سو تم لوگ اس کی عبادت کرو۔ بس یہ ہے راہ راست ۞

www.besturdubooks.net

تفسیر: بشارت فضائل عیسیٰ علیہ السلام: وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ اور (اے مریم اس مولود مسعود کی یہ فضیلتیں ہوں گی کہ) اللہ تعالیٰ ان کو تعلیم فرماویں گے (آسمانی) کتابیں اور سمجھ کی باتیں اور (بالخصوص) توریت اور انجیل اور ان کو (تمام) بنی اسرائیل کی طرف (پیغمبر بنا کر یہ مضمون دے کر) بھیجیں گے کہ (اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ تا مُّسْتَقِيْمٌ یعنی) میں تم لوگوں کے پاس (اپنی نبوت پر) کافی دلیل لے کر آیا ہوں وہ یہ ہے کہ میں تم لوگوں کے (یقین لانے کے) لئے گارے سے ایسی شکل بناتا ہوں جیسی پرندہ کی شکل ہوتی ہے پھر اس (مصنوعی شکل) کے اندر پھونک مار دیتا ہوں جس سے وہ (سچ مچ کا جاندار) پرندہ بن جاتا ہے خدا کے حکم سے (ایک معجزہ تو یہ ہوا) اور میں اچھا کر دیتا ہوں مادرزاد اندھے کو اور برص کے بیمار کو اور زندہ کر دیتا ہوں مردوں کو خدا کے حکم سے (یہ دوسرا تیسرا معجزہ ہوا) اور میں تم کو بتلا دیتا ہوں جو کچھ اپنے گھروں میں کھا کر آتے ہو اور جو (گھروں میں) رکھ آتے ہو (یہ چوتھا معجزہ ہوا) بلاشبہ ان (معجزات مذکورہ) میں (میرے نبی ہونے کی) کافی دلیل ہے تم لوگوں کے لئے اگر تم ایمان لانا چاہو اور میں اس طور پر آیا ہوں کہ تصدیق کرتا ہوں اس کتاب کی جو مجھ سے پہلے (نازل ہوئی) تھی یعنی توراۃ کی اور اس لئے آیا ہوں کہ تم لوگوں کے واسطے بعضی ایسی چیزیں حلال کر دوں جو (شریعت موسیٰ علیہ السلام میں) تم پر حرام کر دی گئی تھیں (سو ان کی حرمت میری شریعت میں منسوخ ہو گئی) اور (میرا یہ دعویٰ نسخ بلا دلیل نہیں ہے بلکہ میں ثابت کر چکا ہوں کہ) میں تمہارے پاس (نبوت کی) دلیل لے کر آیا ہوں (اور صاحب نبوت کا قول دعویٰ نسخ میں حجت ہے) حاصل یہ کہ (جب میرا نبی ہونا دلائل سے ثابت ہو چکا تو میری تعلیم کے موافق) تم لوگ اللہ تعالیٰ (کی مخالفت حکم) سے ڈرو اور (دین کے باب میں) میرا کہنا مانو (اور خلاصہ میری دینی تعلیم کا یہ ہے کہ) بیشک اللہ تعالیٰ میرے بھی رب ہیں اور تمہارے بھی رب ہیں (یہ تو حاصل ہے تکمیل عقیدہ کا) سو تم لوگ اس رب کی عبادت کرو (یہ حاصل ہوا تکمیل عمل کا) بس یہ ہے راہ راست (دین کی جس میں عقائد و اعمال دونوں کی تکمیل ہو اسی سے نجات و وصول الی اللہ میسر ہوتا ہے)۔

ف: پرندہ کی شکل بنانا تصویر تھا جو اس شریعت میں جائز تھا ہماری شریعت میں اس کا جواز منسوخ ہو گیا۔ اور ابراء اکمہ و ابرص کا امکان اگر اسباب طبعیہ سے ثابت ہو جاوے تو وجہ اعجاز یہ تھی کہ بلا اسباب طبعیہ ابراء واقع ہو جاتا تھا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ الخ اس میں ان اقوال کی اصل ہے جو بعض سے غلبہ حال میں منقول ہیں جن میں انہوں نے مجازاً اپنی طرف بعضے ایسے افعال کی نسبت کی ہے جو حق تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہیں (جیسا احیا) اور ان میں جو اہل ادب ہیں وہ ان میں مثل مسیح علیہ السلام کے باذن اللہ کی قید لگاتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ ومصدقا لما بین یدی من التورة ولاحل لکم بعض الذی حرم علیکم الخ اسی پر قیاس کیا جاتا ہے ایک شیخ کا دوسرے کسی شیخ کی (جو گزر گیا ہو یا دور ہو) مرید کو تربیت کرنا اس طرح کہ اصول میں اس کی موافقت کرے اور بعض فروع میں کچھ تغیر و تبدل کرے جیسا حالت مرید کا مقتضا ہو ۱۲۔

ملحقات الترجمة: ۱ **قوله** تمام بنی اسرائیل **فهو يفيد تعميمهم لانفي غيرهم فلا يشكل الامر بالحواريين ان لم يكونوا من بني اسرائيل ولا يلزم عموم بعثة الخاص نبينا صلى الله عليه وسلم لان المراد بهذا العموم كونها الى كافة الخلق ولم يلزم فلا يبعد ان يقال ان من كان في زمان احد الانبياء ولم يبعث اليهم نبي غيره يجب عليه اتباع ذلك النبي وان بعث اليهم غيره لم يجب بخلاف نبينا صلى الله عليه وسلم فانه بعث وكان في الخلق من بعث فيهم انبياء ثم كان اتباعه واجبا عليهم ونسخ ما كان بايديهم فافهم ولعل غيري يعثر على احسن منه في هذا الباب والله اعلم بآية بمضمون قوله لاحل واشار بقوله** ثابت کر چکا ہوں **الى كون قوله جئتكم تكرارا وفائدته اختلاف الغرض في الموضعين دليل النبوة في الاول ودليل النسخ في الثاني ۱۲۔** ۳ **قوله** حاصل **اشارة الى كون الفاء لترتب وجوب الاتقاء والاطاعة على ثبوت النبوة ۱۲** ۴ **قوله** خلاصہ **فالجملة استيناف بيان لقوله فاتقوا الله ۱۲۔**

اختلاف القراءة: قوله يعلمه وفي قرأة نعلمه ۱۲۔

النحو: قوله يعلمه كلام مبتدأ ذكر تطنيبا لقلبها وازاحة لما اهمها من خوف اللوم قوله ورسولا منصوب بمضمر يجر اليه المعنى معطوفا على يعلمه اي ويجعله رسولا وهو الذي اختياره ابو حيان۔ قوله اني قد جئتكم اي باني۔ قوله بأية اي متلبساً بآية قوله اني اخلق لكم بدل من قوله آية وقرأ نافع اني بكسر الهمزة استيناف قوله كهيئة الطير اي هيئة بحذف مضاف اي ذات هيئة كائنة كهيئة الطير فالكاف حرف متعلق بمحذوف وقع نعتا لمحذوف مفعول لاخلق۔ قوله ومصدقا عطف على المضمر الذي تعلق به قوله تعالى بآية اي قد جئتكم متلبسا بآية ومصدقا۔ قوله ولاحل معطوف على مصدقا ويلزم التاويل لما يجعلها من باب واحد وان كان الاول

www.besturdubooks.net

حالا والثانی مفعولاً فکانہ قیل جئتکم لا صدق ولاحل اھ قلت واشرت فی الترجمۃ الی کون الاول حالاً بقولی اسطورپر والی کون الثانی مفعولا لہ بقولی اس لئے ھذا کلہ من البیضاوی وروح المعانی ۱۲۔

البلاغۃ: الکتٰب اللام للجنس ودخل فیہ الزبور والصحف وخص الکتابان لفضلھما قولہ جئتکم بایۃ التنوین للتعظیم واشرت الیہ بقولی کافی۔ قولہ بما تأکلون تخصیصھما لان علمھما یقینی للاٰکل والمدخر لایرتاب فیھما۔ قولہ مؤمنین فیہ مجاز ای مریدین للایمان ۱۲۔

فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ
بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۵۲﴾ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ۭ
ع ۱۳ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۵۴﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ
الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۵۵﴾

سو جب حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) نے ان سے انکار دیکھا تو آپ نے فرمایا کوئی ایسے آدمی بھی ہیں جو میرے مددگار ہو جائیں اللہ کے واسطے۔ حوارئین بولے کہ ہم ہیں مددگار اللہ (کے دین) کے ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں اور آپ اس کے گواہ رہئے کہ ہم فرمانبردار ہیں۔ اے ہمارے رب ہم ایمان لے آئے ان چیزوں پر (یعنی احکام) پر جو آپ نے نازل فرمائیں اور پیروی اختیار کی ہم نے (ان) رسول کی سو ہم کو ان لوگوں کے ساتھ لکھ دیجئے جو تصدیق کرتے ہیں اور ان لوگوں نے خفیہ تدبیر کی اور اللہ تعالیٰ نے خفیہ تدبیر فرمائی اور اللہ تعالیٰ سب تدبیریں کرنے والوں سے اچھے ہیں۔ جبکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے عیسیٰ (کچھ غم نہ کرو) بے شک میں تم کو وفات دینے والا ہوں اور (فی الحال) میں تم کو اپنی طرف اُٹھائے لیتا ہوں اور تم کو ان لوگوں سے پاک کرنے والا ہوں جو منکر ہیں اور جو لوگ تمہارا کہنا ماننے والے ہیں ان کو غالب رکھنے والا ہوں ان لوگوں پر جو کہ (تمہارے) منکر ہیں روز قیامت تک۔ پھر میری طرف ہوگی ان سب کی واپسی سو میں تمہارے درمیان (عملی) فیصلہ کردوں گا ان امور میں جن میں تم باہم اختلاف کرتے تھے ۞

تفسیر: مآلِ معاملہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام با قوم خود: فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ (الی قولہ تعالی) وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ غرض بشارت، مذکورہ کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسی شان سے پیدا ہوئے اور بنی اسرائیل سے مضمون مذکور کی گفتگو ہوئی اور معجزات ظاہر فرمائے مگر بنی اسرائیل آپ کی نبوت کے منکر رہے) سو جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ان سے انکار دیکھا (اور انکار کے ساتھ درپے ایذا بھی پایا اور اتفاقاً کچھ لوگ ان کو ایسے ملے جو حوارئین کہلاتے تھے) تو (ان حوارئینؓ سے) آپ نے فرمایا کوئی ایسے آدمی بھی ہیں جو (دین حق میں بمقابلہ مخالفین ومنکرین کے) میرے مددگار ہو جاویں اللہ کے واسطے (جس سے دعوتِ دین میں مجھ کو کوئی ایذا نہ پہنچاوے) حوارئین بولے کہ ہم ہیں مددگار اللہ کے (دین کے) ہم اللہ تعالیٰ پر (حسب دعوت آپ کے) ایمان لائے اور آپ اس (بات) کے گواہ رہئے کہ ہم (اللہ تعالیٰ کے اور آپ کے) فرمانبردار ہیں (پھر زیادتِ اہتمام وتوثیق کے لئے اللہ تعالیٰ سے مناجات کی کہ) اے ہمارے رب ہم ایمان لے آئے ہیں ان چیزوں (یعنی ان احکام) پر جو آپ نے نازل فرمائیں اور پیروی اختیار کی ہم نے (انؑ) رسول کی سو (ہمارا ایمان قبول فرما کر) ہم کو ان لوگوں کے ساتھ لکھ دیجئے جو مضامین مذکورہ کی) تصدیق کرتے ہیں (یعنی مومنین کاملین کے زمرہ میں ہمارا بھی شمار فرمایئے) ف: اٰمَنَّا بِاللّٰهِ کے ترجمہ میں جو ہم نے یہ قید ظاہر کر دی ہے (حسب دعوت آپ کے) اس سے یہ ایمان باللہ متضمن ہو گیا ایمان بالرسول کو بھی جس کی مناجات یعنی رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ میں تصریح ہو گئی ہے۔ ف: ازالہ اشکال عموم بعثت: یہاں یہ امر تحقیق کے قابل ہے کہ اوپر کی آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کی طرف مبعوث ہوئے ہیں اور اس آیت سے معلوم ہوا کہ حوارئین کو بھی دعوت دین کی فرمائی احقر کے نزدیک اس کا حل یہ ہے کہ اگر حوارئین بھی بنی اسرائیل میں سے ہوں تب تو کچھ اشکال ہی نہیں اور اگر بنی اسرائیل میں سے نہ ہوں تو یوں کہا جا سکتا ہے کہ جن انبیاء علیہم السلام کی دعوت عام نہیں ہے ان کے زمانہ میں علاوہ اس قوم کے جن کی بعثت ہوئی ہے باقی اور لوگوں پر بشرطیکہ ان تک خبر پہنچے اصول دینیہ میں تو اتحاد اصول جمیع شرائع کی وجہ سے اتباع اس نبی کا واجب ہوتا ہے اور فروع میں یہ تفصیل ہے کہ ان بقایا ناس میں جن کی طرف اور کوئی نبی مبعوث ہوں ان پر تو صرف اس خاص نبی کا اتباع واجب ہوتا ہے اور جن کی طرف کوئی نبی مبعوث نہ ہوں ان پر اسی نبی جدید کا اتباع ضروری ہوتا ہے۔ پس حوارئین کی طرف چونکہ کوئی خاص نبی مبعوث نہیں ہوئے تھے اس لئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اتباع ان پر واجب تھا اس لئے ان کو دعوتِ دین فرمائی اور اس سے عموم بعثت لازم نہیں آیا

www.besturdubooks.net

کیونکہ مراد عموم بعثت سے یہ ہے کہ اس دعوت سے کوئی شخص فروع میں بھی مستثنیٰ نہ ہو سو یہ خاص ہے ہمارے رسول اکرم ﷺ کے ساتھ اور اسی طرح حضرت نوح
1 علیہ السلام کے زمانہ میں طوفان عام ہونے سے عموم بعثت کا شبہ نہ کرنا چاہئے کیونکہ وہ سزا تھی مخالفت کرنے کی توحید میں جو کہ اصول واجب الاتباع سے ہے پھر بعد تحریر اس مقام کے روح المعانی میں بضمن قصہ نزول مائدہ ایک روایت ملی جس کو ابوالشیخ نے ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے جس کا مضمون یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے کہا کہ تمیں روزے رکھ کر اللہ تعالیٰ سے جو درخواست کرو قبول ہوگی انہوں نے روزے رکھ کر نزول مائدہ کی درخواست کی الخ اور قرآن میں منصوص ہے کہ یہ درخواست کنندہ حواری تھے۔ اس مجموعہ سے معلوم ہوا کہ حوارین بنی اسرائیل میں سے تھے اب شبہ مذکورہ کی بنا ہی منہدم ہوگئی۔ وللہ الحمد اور سورۂ صف میں: فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ کا آنا بعد قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ کے بھی ظاہراً اسی کا مؤید ہے۔

بیان مکر یہود و حفاظت حق تعالیٰ: وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝ (الی قولہ تعالی) ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ اور ان لوگوں نے (جو کہ بنی اسرائیل میں سے آپ کے منکر نبوت تھے آپ کے اضرار و اہلاک کے لئے) خفیہ تدبیر کی (چنانچہ مکر و حیلہ سے آپ کو گرفتار کر کے سولی دینے پر آمادہ ہوئے) اور اللہ تعالیٰ نے (آپ کے محفوظ رکھنے کے لئے) خفیہ تدبیر فرمائی (جس کی حقیقت کا ان لوگوں کو پتہ بھی نہ لگا کیونکہ ایک اور شخص کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شکل کا بنا دیا اور عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر اُٹھا لیا جس سے وہ محفوظ رہے اور وہ ہمشکل سولی دیا گیا ان لوگوں کو اس تدبیر کا علم تک بھی نہ ہوسکا اور دفع پر تو کیا قدرت ہوتی) اور اللہ تعالیٰ سب تدبیریں کرنے والوں سے اچھے ہیں (کیونکہ اوروں کی تدبیریں ضعیف ہوتی ہیں اور کبھی قبیح اور بے موقع بھی ہوتی ہیں اور حق تعالیٰ کی تدبیریں قوی بھی ہوتی ہیں اور ہمیشہ خیر محض اور موافق حکمت کے ہوتی ہیں اور وہ تدبیر اللہ تعالیٰ نے اس وقت فرمائی) جبکہ اللہ تعالیٰ نے (حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے جبکہ وہ گرفتاری کے وقت متردد اور پریشان ہوئے) فرمایا اے عیسیٰ (کچھ غم نہ کرو) بیشک میں تم کو (اپنے وقت موعود پر طبعی موت سے) وفات دینے والا ہوں (پس جب تمہارے لئے موت طبعی مقدر ہے تو ظاہر ہے کہ ان دشمنوں کے ہاتھوں دار پر جان دینے سے محفوظ رہو گے) اور (فی الحال) میں تم کو اپنے (عالم بالا کی) طرف اُٹھائے لیتا ہوں اور تم کو ان لوگوں (کی تہمت) سے پاک کرنے والا ہوں جو (تمہارے) منکر ہیں اور جو لوگ تمہارے کہنا ماننے والے ہیں ان کو غالب رکھنے والا ہوں ان لوگوں پر جو کہ (تمہارے) منکر ہیں روز قیامت تک (گو اس وقت یہ منکرین غلبہ اور قدرت رکھتے ہیں) پھر (جب قیامت آجاوے گی اس وقت) میری طرف ہوگی سب کی واپسی (دنیا و برزخ سے) سو میں (اس وقت) تمہارے (سب کے) درمیان (عملی) فیصلہ کردوں گا ان امور میں جن میں تم باہم اختلاف کرتے تھے کہ منجملہ ان امور کے مقدمہ ہے عیسیٰ علیہ السلام کا **ف**: اس آیت میں چند وعدے مذکور ہیں جو اس وقت عیسیٰ علیہ السلام سے فرمائے گئے۔ ایک وقت موعود پر طبعی وفات دینا جس سے مقصود بشارت دینا تھا حفاظت من الاعداء کا یہ وقت موعود اس وقت آوے گا جب قرب قیامت کے زمانہ میں عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے زمین پر تشریف لاویں گے جیسا کہ احادیث صحیحہ میں آیا ہے۔ دوسرا وعدہ عالم بالا کی طرف فی الحال اُٹھا لینے کا چنانچہ یہ وعدہ ساتھ کے ساتھ پورا کیا گیا جس کے ایفاء کی خبر سورۂ نساء میں دی گئی ہے۔ رفعه الله اليه۔ اب زندہ آسمان پر موجود ہیں اور اگرچہ پہلا وعدہ پیچھے پورا ہوگا لیکن مذکور پہلے ہے کیونکہ یہ مثل دلیل کے ہے وعدۂ دوم کے لئے اور دلیل رتبۃً مقدم ہوتی ہے اور واو چونکہ ترتیب کے لئے موضوع نہیں لہٰذا اس تقدیم و تاخیر میں کوئی اشکال نہیں۔ تیسرا وعدہ تہمت سے پاک کرنا اس کا ایفاء یہ ہوا کہ جناب رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور یہود کے سب بیجا الزامات اور افتراؤں کو جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ذمہ لگاتے تھے مثل نعوذ باللہ ان کے نسب کو مطعون کرنا ان کو مدعی الوہیت بتانا ان سب کو صاف کردیا چنانچہ قرآن مجید میں جابجا یہ مضامین صراحۃً مذکور ہیں جس سے آپ کی نزاہت نسب و عقیدہ کی ظاہر ہے۔ چوتھا وعدہ آپ کے متبعین کا آپ کے منکرین پر قیامت تک غالب رہنا۔ یہاں اتباع سے مراد خاص اتباع ہے یعنی اعتقادِ نبوت۔ پس مصداق متبعین کے وہ لوگ ہیں جو آپ کی نبوت کے معتقد ہیں۔ سو اس میں نصاریٰ اور اہل اسلام دونوں داخل ہیں گو اس وقت نصاریٰ کا اتنا اتباع نجات آخرت کے واسطے اس لئے کافی نہیں کہ ایک دوسرے ضروری جزو میں وہ اتباع نہیں کرتے یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام جناب رسول اللہ ﷺ پر ایمان لانے کے لئے بھی فرما گئے لیکن یہاں اتباع کامل مراد ہی نہیں اور منکرین سے مراد یہود ہیں۔ جو منکر نبوت عیسویہ تھے۔ پس حاصل آیت کا یہ ہوا کہ امت محمدیہ اور نصاریٰ ہمیشہ یہود پر حاکم اور غالب رہیں گے۔ چنانچہ جلدی یہ وعدہ پورا ہوا۔ اور یہود ذلیل و خوار ہوئے۔ اور سلطنت ان کی برباد ہوئی۔ پھر آج تک جہاں کہیں یہ لوگ ہیں یا تو نصاریٰ کی رعایا ہیں یا اہل اسلام کی۔ اور قیامت کے قریب تک ایسے ہی رہے گا۔ صرف چالیس دن کے لئے دجال کا جو کہ یہود کا سرگروہ ہے ایک گونہ شر و فساد پھیلے گا۔ لیکن اول تو وہ فوراً مٹ جاوے گا پھر کوئی باضابطہ امن و اطمینان سے حکومت نہ ہوگی اور محض ایسی عارضی شورش کو سلطنت نہیں کہہ سکتے۔ اسی طرح بعض نے جو مسعودی مؤرخ سے بعض عباسین کے زمانہ میں یہود کی کچھ چھوٹی چھوٹی حکومتیں نقل کی ہیں وہ مسلمانوں اور عیسائیوں کی سلطنتوں کے مقابلہ میں اس قابل نہیں کہ اس کو ان دونوں کے مساوات یا ان پر غلبہ کہا جاسکے گا بلکہ اس حالت میں بھی ان دونوں کو غالب اور یہود کو مغلوب ہی کہا جاوے گا جس کا اس آیت میں وعدہ کیا گیا ہے۔ پانچواں وعدہ قیامت کے روز ان

www.besturdubooks.net

مذہبی اختلافات کے فیصلہ فرمانے کے متعلق ہے سو قیامت آوے گی اور یہ واقع ہوگا اور عملی کی قید کا یہ فائدہ ہے کہ دلیل شرعی سے تو فیصلہ یہاں ہی ہو گیا ہے چنانچہ یہود کہتے تھے کہ عیسیٰ علیہ السلام مصلوب ہو کر دفن ہوئے اور پھر زندہ نہیں ہوئے۔ اور عیسائی کہتے تھے کہ بعد صلب و دفن کے زندہ ہو کر آسمان پر گئے قرآن مجید نے اس قول مَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ سے دونوں کی نفی فرما دی اور ان کے منشاء اشتباہ پر وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ میں تنبیہ فرما دی۔ اگر کوئی منکر و مدعی تواتر کا ہو تو جواب صاف ظاہر ہے کہ وہاں موافقین تو خوف کے مارے مجتمع تھے نہیں صرف مخالف یہودی تھے سو اولاً وہ قلیل جو تواتر کے لئے کافی نہیں ثانیاً تصرف الٰہی سے کہ ایک شخص ان کا ہم شکل بنا دیا گیا ان کو خود اشتباہ ہو گیا اور بقول بعض علماء حاضرین کے غلط خبر از دینے سے غائبین پر امر مشتبہ ہوا۔ بہر حال مشاہدہ نہ رہا ثالثاً ان کا عدو ہونا خود مجوز توافق علی الکذب کو ہے پس شرائط تواتر کے مفقود ہوئے۔

تنبیہ ضروری: تقریر تفسیر سے بعض ان لوگوں کی غلطی ظاہر ہو گئی جو آج کل دعویٰ بلا دلیل کرتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات ہو گئی اور آپ مدفون ہو گئے اور پھر قیامت کے قریب تشریف نہ لاویں گے اور اس بناء پر جو احادیث عیسیٰ علیہ السلام کی تشریف آوری کے متعلق آئی ہیں ان میں تحریف کی ہے کہ مراد اس سے مثیل عیسیٰ ہے اور پھر اس مثیل کا مصداق اپنے کو قرار دیا ہے اھ اور مبنی اس مدعی کے کل شبہات کا دو امر ہیں ایک نقلی دوسرا عقلی۔ نقلی یہ کہ حق تعالیٰ نے آپ کے بارہ میں لفظ مُتَوَفِّيْكَ فرمایا ہے۔ عقلی یہ کہ جسد عنصری کا آسمان پر جانا محال ہے۔ اور اس بناء پر قصۂ معراج میں تاویل کی ہے نقلی دلیل کا جواب ظاہر ہو گیا کہ اگر مُتَوَفِّيْكَ کے معنی وفات کے بھی لئے جاویں تب بھی یہ وعدہ باعتبار وقت نزول مِنَ السَّمَآءِ ہے اس سے وقوع موت کا یا نفی رفع یا حیات فی الحال کی لازم نہیں آتی اور دوسرے دلائل سے رفع و حیات ثابت ہے۔ پس اس کا قائل ہونا واجب ہے رفع تو آیت رَفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ۔ سے جو اپنے حقیقی معنی کے اعتبار سے نص ہے رفع مع الجسد میں اور بلا تعذر معنی حقیقی کے مجازی لینا ممتنع ہے اور دلیل تعذر مفقود ہے اور حیات احادیث و اجماع سے ثابت ہے چنانچہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے۔ **ان عیسٰی لم یمت وانہ راجع الیکم قبل یوم القیمۃ اوردہ السیوطی فی الدر المنثور واخرج ابن کثیر من آل عمران وقال ابن ابی حاتم حدثنا ابی حدثنا احمد بن عبدالرحمٰن حدثنا عبداللہ بن ابی جعفر عن ابیہ حدثنا الربیع بن انس عن الحسن آہ فذکر اثرا عنہ ثم قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للیہود ان عیسٰی لم یمت وانہ راجع الیکم قبل یوم القیٰمۃ وذکرہٗ فی النساء من طریق آخر موقوفا علیہ فھو مرفوع وموقوف عند الحسن وعلیہ وکذا اخرجہ ابن جریر مرفوعا عنہ کذا فی رسالۃ التصریح بما تواتر فی نزول المسیح۔** (ص ۶۱) اور اجماع نہایت ظاہر ہے کہ کسی مستند عالم سے سلفاً و خلفاً اس کے خلاف منقول نہیں اور اگر وفات کے معنی نہ لئے جاویں جیسے اور علماء اس طرف گئے ہیں کہ توفی کے معنی پورا لے لینے کے ہیں۔ مراد اس سے یہ کہ میں تم کو آسمان پر پورا یعنی مع الجسد لے لوں گا تو جواب میں استدلال کی بنا ہی منہدم ہو جاوے گی۔ یا وفات کے معنی لیں اور پھر بعد حیات رفع کے قائل ہوں جیسا بعض اس طرف بھی گئے ہیں تو بھی حیات فی الحال کی نفی لازم نہیں آتی اور عقلی دلیل کے جواب کے لئے اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ کافی ہے البتہ جو امور ممتنع بالذات ہیں وہ عموم شئے سے مستثنیٰ ہیں یا جو ممتنع شرعاً ہیں ان کا عدم وقوع یقینی ہے اور رفع الجسد کا امتناع نہ ثابت ہوا اور نہ ثابت ہو سکے پس دعویٰ مدعی کا محض باطل اور گمراہی ہے اور تحریف احادیث کی بناء الفاسد علی الفاسد ہے۔ پھر تعیین مصداق ترجیح بلا مرجح ہے کیا دوسرا شخص ایسے مثیل ہونے کا اپنے لئے دعویٰ نہیں کر سکتا۔ یہ تقریر اس مبحث میں اجمالی ہے مگر ان شاء اللہ تعالیٰ کافی ہے اور مفصل بحث میں بہت سے رسالے اور کتابیں ہمارے زمانے کے علماء اہل حق نے شائع فرما دیئے ہیں اگر شوق ہو مطالعہ فرمایا جاوے لیکن ذہین آدمی اس اجمالی تقریر سے سب شبہات کا جواب سمجھ سکتا ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ۔ الخ اس آیت میں دو مسئلے ہیں ایک اہل دین سے دین کے بارہ میں مدد طلب کرنے کا جواز اور اس کا منافی توکل نہ ہونا کیونکہ وہ مدد طلب کرنا اس حیثیت سے ہوتا ہے کہ وہ نصرتِ الٰہیہ کے مظاہر ہیں اور دوسرا کہ اہل اللہ کے ساتھ کوئی معاملہ کرنا ایسا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کرنا چنانچہ انہوں نے مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ۔ کے جواب میں بجائے نَحْنُ اَنْصَارُكَ اِلَى اللّٰهِ کے یوں کہا: نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ اس میں اس پر دلالت ہے کہ یہ بات ممکن ہے کہ ایک ہی امر حق تعالیٰ کے اعتبار سے حسن ہو اور بندوں کے اعتبار سے قبیح ہو۔ اور راز اس میں یہ ہے کہ بعض اشیاء میں بالذات قبح نہیں ہوتا بلکہ کسی مفسدہ کے سبب اور مصلحت کے خالی ہونے کے سبب ہوتا ہے تو وہ امر بندہ سے جو صادر ہوتا ہے ایسا ہی ہوتا ہے یعنی مقرون بالمفسدہ و خالی از مصلحت اس لئے قبیح ہوتا ہے اور حق تعالیٰ سے جو واقع ہوتا ہے اس میں حکمت ہوتی ہے اس لئے حسن ہوتا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قولہ** کہلاتے تھے **ای قبل الایمان کما قال بعضھم لانھم کانوا یبیضون الثیاب او بعد الایمان کما قال بعضھم لصفاء قلوبھم** ۱۲۔ ۲؎ **قولہ** ان حواریین سے **دلیلہ ما فی الصف کما قال عیسٰی ابن مریم للحواریین الخ ولا یشکل بقولہ تعالیٰ فیما بعد**

www.besturdubooks.net

فآمنت طائفة من بنى اسرائيل وكفرت طائفة حيث يفهم مما ههنا كون غير الحواريين كلهم كافرين وبدل ما فى الصف على كون بعضهم بنى اسرائيل المؤمنين ايضا لان كون هذا البعض مؤمنا يمكن ان يكون بعد هذا القول بزمان فلا يتعارضان فافهم ۱۲۔ ۳؎ قوله فى ترجمة اتبعنا الرسول ان رسول اشارة الى العهد ۱۲۔ ۴؎ قوله تصديق بعلاقة الشهادة تصديق لقول المدعى ۱۲۔

اللُّغَاتُ: قال البيضاوى حوارى الرجل خالصة من الحور (كانه نسبة الى الحور وزيادة الالف من تغيرات النسب ۱۲ سع) وقيل كانوا ملوكا يلبسون البيض استنصر بهم عيسٰى عليه السلام من اليهود وقيل قصارون يحورون الثياب اى يبيضونها اھ ۱۲۔ قوله مكر الله فى روح المعانى ونقل عن الامام ان المكر ايصال المكروه الى الغير على وجه يخفى فيه وانه يجوز صدوره عنه تعالٰى حقيقة وقال غير واحد انه عبارة عند التدبير المحكم وهو ليس بممتنع عليه تعالٰى ۱۲۔

النَّحْوُ: قوله اذ قال فى روح المعانى ظرف لمكر او لمحذوف نحو وقع ذلك ولو قدر اذكر كما فى امثاله لم يبعد اھ قلت واخترت الاولين فى الترجمة لاقتضاء المقام ذلك ومن لم جمعت بين الآيتين فى الترجمة ۱۲۔

البَلَاغَةُ: قوله احس قال البيضاوى تحقق كفرهم عنده تحقق ما يدرك بالحواس اھ اذ الكفر لا يحس قوله انصارى الى الله قيل بمعنى اللام كذا فى البيضاوى واخترته لقلة التكلف فى ترجمته وان كان الا بلغ كما فى روح المعانى ان يحمل على معنى من ينصرنى منتهيا نصره الى الله تعالٰى كما يقتضيه حرف الانتهاء دون تضمين كانه عليه السلام طلب منهم ان ينصروه لله تعالٰى لا لغرض آخر مدمجا ان نصرة الله تعالٰى فى نصرة رسوله وجوابهم شديد الطباق له اھ قلت وعلى كل فنصرة الله ونصرة رسول و نصرة دينه كلها متحدة فى المعنى فانطبق الجواب على السوال على كل تقدير ۱۲۔

فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۞ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۞ ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ۞ اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ۭ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۞ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۞ فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ۣ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ۞

تفصیل (فیصلہ کی) یہ ہے کہ جو لوگ (ان اختلاف کرنے والوں میں) کافر تھے۔ سو ان کو سخت سزا دوں گا دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اور ان لوگوں کا کوئی حامی (طرفدار) نہ ہوگا اور جو لوگ مؤمن تھے اور انہوں نے نیک کام کئے تھے۔ سو ان کو اللہ تعالیٰ ان کے (ایمان اور نیک کاموں کے) ثواب دیں گے اور اللہ محبت نہیں رکھتے ظلم کرنے والوں سے یہ ہم کو پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں جو کہ (آپ کے) منجملہ دلائل (نبوت) کے ہے اور منجملہ حکمت آمیز مضامین کے ہیں۔ بیشک حالتِ عجیبہ (حضرت) عیسیٰ کی اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشابہ حالت عجیبہ (حضرت) آدم کے ہے کہ ان (کے قالب) کو مٹی سے بنایا۔ پھر ان کو حکم دیا کہ (جاندار) ہو جا بس وہ (جاندار) ہو گئے۔ یہ امر واقعی آپ کے پروردگار کی طرف سے (بتلایا گیا) سو آپ شبہ کرنے والوں میں سے نہ ہو جائیے۔ پس جو شخص آپ سے عیسیٰ علیہ السلام کے باب میں (اب بھی) حجت کرے آپ کے پاس علم (قطعی) آئے پیچھے تو آپ فرما دیجئے کہ آ جاؤ ہم (اور تم) بلالیں اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو اور اپنی عورتوں کو اور تمہاری عورتوں کو خود اپنے تنوں کو اور تمہارے تنوں کو پھر ہم (سب مل کر) خوب دل سے دعا کریں اس طور پر کہ اللہ کی لعنت بھیجیں ان پر جو (اس بحث میں) ناحق پر ہوں ۞

تفسیر ربط: اوپر کی آیت میں مذکور تھا کہ میں ان اختلاف کرنے والوں کے درمیان قیامت کے روز عملی فیصلہ کروں گا۔ آیت آئندہ میں اس فیصلہ کا بیان ہے۔

فیصلہ اہل حق و اہل باطل روزِ جزاء: فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ تفصیل؎ (فیصلہ کی) یہ ہے کہ جو لوگ (ان اختلافات کرنے والوں میں) کافر تھے سو ان کو (ان کے کفر پر) سخت سزا دوں گا (مجموعہ دونوں جہان میں) دنیا میں بھی (کہ وہ تو ہو چکی) اور آخرت میں بھی (کہ وہ باقی رہی) اور ان لوگوں کا کوئی حامی (طرف دار) نہ ہوگا اور جو لوگ مومن تھے اور انہوں نے نیک کام کئے تھے سو ان کو اللہ تعالیٰ ان کے (ایمان اور نیک کاموں کے) ثواب دیں گے اور (کفار کو سزا ملنے کی وجہ یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ محبت نہیں رکھتے (ایسے؎) ظلم کرنے والوں سے (جو

www.besturdubooks.net

خدا تعالیٰ یا پیغمبروں کے منکر ہوں یعنی چونکہ یہ ظلم عظیم ہے معافی کے قابل نہیں اس لئے مبغوض شدید ہو کر سزایاب ہو جاتا ہے) **ف**: اس آیت کے مضمون میں ایک خفیف سا اشکال ہے کہ قیامت کے فیصلہ کے بیان میں اس کے کہنے کے کیا معنی کہ میں دنیا و آخرت میں سزا دوں گا کیونکہ اس وقت تو سزائے دنیوی نہیں ہو گی۔ حل اس کا یہ ہے کہ اس کہنے کی ایسی مثال ہے جیسے کوئی حاکم کسی مجرم کو یہ کہے کہ اس وقت تو ایک سال کی قید کرتا ہوں اگر جیل خانہ میں کوئی شرارت کی تو دو سال کی کردوں گا فقط اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ یہ دو سال آج کی تاریخ سے شروع ہوں گے پس اس بنا پر یہ یقینی ہے کہ شرارت کے بعد دو سال مراد نہیں بلکہ اس شرارت کے وقت اگرچہ کچھ مدت گزر چکی ہو مگر پھر بھی یہ کہا جاتا ہے کہ شرارت کے بعد دو سال کا حکم ہو جاوے گا حاصل یہ ہوتا ہے کہ شرارت پر اس مجموعہ کی تکمیل بطور انضمام ایک سال زائد کے مرتب ہو جاوے گی اسی طرح یہاں سمجھنا چاہئے کہ دنیا میں تو سزا ہو چکی اس کے ساتھ سزائے آخرت منضم ہو کر یہ مجموعہ قیامت کے روز مکمل کر دیا جاوے گا یعنی سزائے دنیا کفارہ نہ ہو گا سزائے آخرت کے لئے بخلاف اہل ایمان کے کہ اگر ان پر دنیا میں کوئی مصیبت وغیرہ آتی ہے تو گناہ معاف ہوتے ہیں اور آخرت کی عقوبت خفیف یا دفع ہو جاتی ہے اور اس کی وجہ کی طرف لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیْنَ میں اشارہ فرمایا گیا ہے یعنی اہل ایمان بسبب ایمان کے محبوب ہیں محبوب کے ساتھ ایسے معاملات ہوا کرتے ہیں اور اہل کفر بسبب کفر کے مبغوض ہیں مبغوض کے ساتھ ایسا معاملہ نہیں ہوتا اور کفار میں دو احتمال ہیں یا تو خاص کفار یعنی یہودی یا مطلق کفار جس میں اور فرقے بھی داخل ہو جاویں گے سب کی سزائے آخرت تو ظاہر ہے اور دنیوی سزا یہود کے لئے تو یہی کافی ہے جس کا اوپر ذکر ہے یعنی ہمیشہ مغلوب رہیں گے اور دیگر کفار کی سزا بھی مختلف اوقات میں ہوتی رہتی ہے کبھی مسلمانوں کے جزیہ گذار ہوتے ہیں کبھی ہلاک کئے جاتے ہیں کبھی دوسرے امراض و مصائب میں مبتلا ہوتے ہیں اور گو یہ واقعات اہل اسلام کو بھی پیش آتے ہیں مگر ان کے لئے وہ بطور سزائے مبغوضیت کے نہیں ہوتے بلکہ ان کے لئے رحمت اور کفارۂ سیئات ہوتا ہے فقط۔

ربط: یہ قصہ یہاں تک ختم ہو گیا آگے اس اخبار کا دلیل نبوت محمدیہ ہونا بوجہ خارق عادت ہونے کے بیان فرماتے ہیں جیسے اوپر آیت ذٰلِکَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ۔ میں اس کی تقریر گزر چکی اور آگے بھی آتی ہے۔

استدلال بر نبوتِ محمدیہ بقصۂ مذکورہ: ذٰلِکَ نَتْلُوْهُ عَلَیْکَ مِنَ الْاٰیٰتِ وَالذِّکْرِ الْحَکِیْمِ﴿۵۸﴾ یہ (قصہ مذکورہ) ہم تم کو (بذریعہ وحی کے) پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں جو کہ (آپ کے) منجملہ دلائل (نبوت) کے ہے اور منجملہ حکمت آمیز مضامین کے ہے **ف**: یعنی فی نفسہ بھی مشتمل ہے علم و حکمت کی باتوں پر بوجہ اس کے کہ دال ہے قدرتِ الٰہیہ اور دیگر علوم پر اور آپ کے اعتبار سے بھی دلیل ہے صدقِ دعویٰ نبوت پر کیونکہ آپ کو یہ قصہ مثل دیگر قصص ماضیہ کے اور کسی ذریعہ سے دریافت نہیں ہوا پس ایسی حالت میں خبر دینا خارقِ عادت ہے جو کہ دلائل ثبوت نبوت سے ہے۔

ربط: بعد ختم قصہ کے آگے عود ہے محاجہ اہل کتاب کی طرف جیسے شروع سورت میں نصاریٰ پر نفی الوہیت عیسیٰ علیہ السلام پر دلائل قائم کئے تھے آگے بھی اسی مضمون کا بیان ہے چونکہ منجملہ شبہات نصاریٰ کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بے باپ پیدا ہونا تھا جس سے ان کو آپ کی الوہیت یا ابن اللہ ہونے کا شبہ ہو گیا اس لئے اس استدلال کا ناکافی ہونا بتلاتے ہیں۔

جواب استدلال نصاریٰ بولادتِ عیسیٰ علیہ السلام بے پدر: اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ﴿۵۹﴾ بیشک حالت عجیبہ (حضرت) عیسیٰ (علیہ السلام) کی اللہ تعالیٰ کے نزدیک (یعنی ان کی تجویز ازلی میں) مشابہ حالت عجیبہ (حضرت) آدم (علیہ السلام) کے ہے کہ ان (آدم علیہ السلام) کو یعنی ان کے قالب کو (مٹی سے بنایا پھر ان (کے قالب) کو حکم دیا کہ (جاندار) ہو جا بس وہ (جاندار) ہو گئے۔ **ف**: حاصل تقریر کا یہ ہوا کہ عیسیٰ علیہ السلام کے بے باپ پیدا ہونا قدرتِ الٰہیہ سے کوئی بعید نہیں چنانچہ ان کے قبل حضرت آدم علیہ السلام بے باپ اور بے ماں کے محض مٹی ہی سے پیدا ہو چکے ہیں پس بے باپ کے پیدا ہونے میں دونوں شریک ہیں اور بے ماں کے پیدا ہونے میں مشبہ بہ زیادہ عجیب ہیں کیونکہ آدمی کا صرف ماں کے خون سے بننا اتنا عجیب نہیں جتنا مٹی سے بننا زیادہ عجیب ہے پھر جب آدم علیہ السلام کی عدم الوہیت سب کے نزدیک مسلم ہے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی الوہیت کا شبہ اس بنا پر کیسے ہو سکتا ہے۔ اور تجویز ازلی کا مطلب یہ ہے کہ پیدا کرنے کے قبل علم الٰہی میں یوں ہی مقدر تھا کہ ان حضرات کی پیدائش اس کیفیت سے ہو گی۔

ربط: آگے مضمون مذکور کے حق ہونے کو مؤکد فرماتے ہیں۔

تاکید مضمون مذکور: اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّکَ فَلَا تَکُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِیْنَ﴿۶۰﴾ یہ امر واقعی (جو اوپر مذکور ہوا) آپ کے پروردگار کی طرف سے (بتلایا گیا) ہے سو آپ شبہ کرنے والوں میں سے نہ ہو جایئے۔

ف: اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ نعوذ باللہ آپ میں احتمال شبہ کرنے کا تھا اصل یہ ہے کہ مطمح فائدہ کبھی خصوصیت مخاطب کی ہوتی ہے کہ تم ایسا کام نہ کرنا جب کہ احتمال ہو اس کام کے کرنے کا اور کبھی اس سے قطع نظر کر کے نفس مضمون کا مؤکد اور مہتم بالشان ہونا مقصود ہوتا ہے جیسے کوئی بادشاہ اپنے وفادار وزیر سے کہیں

www.besturdubooks.net

جانے کے وقت اپنے پرانے احکام و معمولات کی جن کو ایسے موقع پر پہلے سے بھی وہ وزیر برتتا آیا ہے تاکید کرے گو یہ بھی اطمینان ہو کہ یہ بے تاکید کے بھی حسب معمول عمل کرے گا وہاں یہی مقصود ہوتا ہے۔ پس آیت میں یہی امر ثانی مراد ہے خوب سمجھ لو۔

ربط: اوپر کی تقریر تو طالبانِ حق کی تفہیم کے لئے تھی آگے معاندین کے ساکت کرنے کا طریقہ بتلاتے ہیں۔

طریق اسکات معاندین: فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ (الی قولہ تعالی) فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ﴿۶۱﴾ پس جو شخص آپ سے عیسیٰ علیہ السلام کے باب میں (اب بھی) حجت کرے آپ کے پاس علم (واقعی) آئے پیچھے تو آپ (جواب میں یوں) فرما دیجئے کہ (اچھا اگر دلیل سے نہیں مانتے تو پھر) آ جاؤ ہم (اور تم) بلا (کر جمع کر) لیں اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو اور اپنی عورتوں کو اور تمہاری عورتوں کو اور خود اپنے تنوں کو اور تمہارے تنوں کو پھر ہم (سب مل کر) خوب دل سے دعا کریں اس طور پر کہ اللہ کی لعنت بھیجیں ان پر جو (اس بحث میں) ناحق پر ہوں ف۱: مطلب یہ کہ دلیل سے گفتگو ختم نہ ہو تو یوں کر لو کہ سب مل کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرو کہ جو اس امر میں باطل پر ہو اس پر خدا تعالیٰ کی طرف سے وبال اور ہلاکت پڑے کیونکہ لعنت کے معنی رحمت حق سے بعید ہو جانا اور رحمت سے بعید ہونا قہر سے قریب ہونا ہے پس حاصل معنی اس کا یہ ہوا کہ جھوٹے پر قہر نازل ہو سو جو شخص جھوٹا ہوگا وہ اس کا خمیازہ بھگتے گا اس وقت پوری تعیین صادق کاذب کی اہل عناد کے نزدیک بھی واضح ہو جاوے گی اس طور پر بددعا کرنے کو مباہلہ کہتے ہیں اور اس میں اصل خود مباحثہ کرنے والوں کا جمع ہو کر بمضمون مذکور بددعا کرنا ہے اپنے اعزہ و اقارب کو جمع کرنے کی ضرورت نہیں لیکن اس سے اور اہتمام بڑھ جاتا ہے۔ کیونکہ ایسے لوگوں کے ضرر یا ہلاکت سے خود طبعاً انسان کو رنج ہوتا ہے پاس اس مضمون سے کہ جو ہم میں جھوٹا ہو اس کے یہ لوگ بھی ہلاک ہو جاویں اور مصیبت میں مبتلا ہوں اپنے دعویٰ کی راستی کا اور زیادہ کامل یقین ہونا ثابت ہوتا ہے یہ آیت اس وقت نازل ہوئی تھی کہ حضور ﷺ نے نجران کے رہنے والے نصاریٰ کو دعوتِ اسلام کا فرمان لکھا تھا اور اس کا خلاصہ مضمون تین امروں میں ترتیب تھی یا اسلام یا جزیہ یا قتال انہوں نے باہم مشورہ کر کے شرحبیل اور عبداللہ بن شرحبیل اور حیار بن قفص کو حضور ﷺ کی خدمت میں بھیجا ان لوگوں سے آپ کی مذہبی گفتگو ہوئی یہاں تک کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مقدمہ میں کلام کی نوبت پہنچی اس وقت یہ آیت نازل ہوئی آپ نے ان کو اس مضمون کی خبر دی خود مع حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا و حضرت علی رضی اللہ عنہ و امام حسن رضی اللہ عنہ و امام حسین رضی اللہ عنہ کے تشریف لا کر مباہلہ کے لئے مستعد ہوئے شرحبیل نے یہ دیکھ کر اپنے دونوں ہمراہیوں سے کہا کہ تم کو ان کا نبی ہونا معلوم ہے نبی سے مباہلہ کر کے فلاح نہیں ہو سکتی ہم سب بلاشبہ ہلاک ہو جاویں گے۔ ان دونوں نے کہا جیسی رائے ہو شرحبیل بولا کہ رائے یہی ہے کہ ان ہی کی رائے کے موافق ان سے صلح کر لو چنانچہ آپ سے عرض کیا گیا آپ نے ان پر جزیہ مقرر فرما دیا اور انہوں نے منظور کیا۔ اوردہ فی روح المعانی عن دلائل البیهقی الا مجیء علی والجزم بالنبوة فانه عن دلائل ابی نعیم۔ اور صحیحین میں اور دو شخصوں کا آنا مذکور ہے عاقب اور سید ممکن ہے کہ سب ہوں۔

ف: آیت میں اپنے تن سے مراد تو خود اہل مباحثہ ہیں اور نساء سے خاص زوجہ مراد نہیں بلکہ اپنے گھر کی جو عورتیں ہوں جس میں دختر بھی داخل ہے چنانچہ آپ بوجہ اس کے کہ حضرت فاطمہ سب اولاد میں زیادہ عزیز تھیں ان کو لائے اسی طرح ابناء نا سے خاص صلبی اولاد مراد نہیں بلکہ عام ہے اولاد کی اولاد کو بھی اور جو مجازاً اولاد کہلاتے ہوں یعنی عرفاً مثل اولاد کے سمجھے جاتے ہوں اس مفہوم میں نواسے اور داماد بھی داخل ہیں چنانچہ آپ حضرت حسنین اور حضرت علی رضی اللہ عنہم کو لائے۔ پس بعض شیعہ کا اس سے یہ سمجھنا کہ حضرت علی نسائنا میں تو یقیناً داخل نہیں کیونکہ داماد بیٹا نہیں ہوتا۔ پس انفسنا میں داخل ہوں گے تو عین رسول ہوئے اس لئے خلافت بلافصل کے مستحق ہوئے انتہیٰ بالکل بناء الفاسد علی الفاسد ہے، اول تو ہم نے ان کا ابناء میں داخل ہونا صحیح ثابت کر دیا دوسرے اگر انفسنا میں بھی داخل مان لیا جاوے تو محاورہ میں اپنے متعلقین پر گو وہ تعلق کسی درجہ کا ہو انفسنا کا اطلاق صحیح ہے خود قرآن میں تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ آیا ہے اور مراد تقتلون قومکم ہے۔

ف: رد المحتار باب الرجعة بحث حلالہ میں بحر سے بحوالہ غایۃ البیان کے نقل کیا ہے کہ مباہلہ اب بھی حاجت کے وقت جائز اور مشروع ہے میں کہتا ہوں کہ لعان کا مشروع ہونا مشروعیت مباہلہ کی کافی دلیل ہے واخرج عبد بن حمید عن قیس بن سعد ان ابن عباسؓ کان بینه وبین آخر شئی فدعاه الی المباهلة وقرأ الآية ورفع يديه فاستقبل الركن وكأنه يشير بذلك رضی الله عنه الى كيفية المباهلة وان الايدى ترفع فيه وفيما اخرجه الحاكم تصريح بذلك وانها ترفع حذو المناكب كذا فی الروح۔ اور رد المحتار باب اللعان بحث صفۃ اللعان میں جواز کے لئے یہ شرط بھی لگائی ہے کہ مباہلہ کرنے والا صادق ہو میں کہتا ہوں کہ صدق سے مراد صدق قطعی ہے ظنی نہیں تو مسائل اختلافیہ ظنیہ میں ناجائز ہوگا۔ اور مباہلہ کا انجام کہیں تصریحاً تو نظر سے نہیں گزرا مگر حدیث میں قصہ مذکورہ کے متعلق اتنا مذکور ہے کہ اگر وہ لوگ مباہلہ کر لیتے تو ان کے اہل اور اموال سب ہلاک ہو جاتے اور ایک روایت میں ہے کہ وہ جل جاتے اوردہ فی الجلالین بروایۃ احمد عن ابن عباسؓ اس سے قیاساً یہ معلوم ہوتا ہے کہ اب بھی اس کا اثر یہی ہلاکت یا ضرر عظیم و صریح ہو لیکن لحوقِ ضرر میں

www.besturdubooks.net

توقف کرنا یا ظہور نہ ہونا موجب اشتباہ نہ ہونا چاہئے کیونکہ تعیین حق و باطل کے لئے دلائل شرعیہ بس ہیں مباہلہ پر موقوف نہیں زیادہ غرض اس کی نزاع لسانی کا ختم کرنا ہے واللہ اعلم۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله تفصیل افاد هذا مفهوم الفاء واما قوله مجموعه فصله في الفائدة وماخذه الذوق والحمدلله وتأيد بالوجه الرابع من الوجوه المذكورة فى روح المعانى ۱۲۔ ۲ قوله ایسے اشارة الى كون الظالمين بالمعنى الخاص وهو الظلم العظيم المذكور فى القرآن بمعنى الشرك والكفر وان اريد العهد بارادة اليهود كفى كلمة (ایسے) ايضاً ۱۲۔ ۳ قوله مجملہ هو ترجمة من كرره للعطف ۱۲۔ ۴ قوله یہ امرواقعی اشارة الى ان اللام للعهد ۱۲۔ ۵ قوله فى ترجمة ندع اورتم مبناه كون الصيغة للمتكلم مع الغير ۱۲۔ ۶ قوله فى ترجمة فنجعل اس طور پر کہ مبناه ما فى روح المعانى انه معطوف على نبتهل مفسر للمراد منه ۱۲۔ ۷ قوله فى ف جمع کرنے کی الخ ماخذه روح المعانى ۱۲۔

الروايات: اورد فى لباب النقول عن ابن ابى حاتم من طريق العوفى عن ابن عباسؓ وايضا عن البيهقى من طريق سلمة بن عبد يوشع عن ابيه عن جده وايضا عن طبقات ابن سعد عن الازرق بن قيس روايات متقاربة فى نزول قوله تعالٰى ان مثل عيسٰى عند الله الى قوله وان الله لهو العزيز الحكيم ولما ذكرت ملخصها فى المتن لم اعدها فى الحواشى ۱۲۔

اللغات: فى القاموس الابتهال الاجتهاد فى الدعاء واخلاصه اه وفيه البهل المال القليل واللعن اه قلت واتم منه ما فى المدارك البهلة بالفتح والضم اللغة واصل الابتهال هذا ثم يستعمل فى كل دعاء يجتهد فيه وان لم يكن التعانا اه ۱۲۔

النحو: ذلك مبتدأ ونتلوه خبره ومن الأيٰت حال من الضمير المنصوب كذا فى روح المعانى قلت واشرت الى كونه حالاً بقولى جو کہ قوله خلقه قال البيضاوى جملة مفسرة للتمثيل مبنية لما له الشبه ۱۲۔

البلاغة: قوله فاعذبهم بالتكلم ويوفيهم بالغيبة فى روح المعانى للايذان بان توفية الاجر مما لا يقتضى لها نصب نفس لانها من آثار الرحمة الواسعة ولا كذلك العذاب اه ۱۲۔ قوله ذلك نتلوه الايات بما يدل على البعد للاشارة الى عظم شان المشار اليه وبعد منزلته فى الشرف والمراد تلوناه الا انه عبر بالمضارع استحضارا للصورة الحاصلة اعتناء بها كذا فى روح المعانى قوله الحكيم۔ فى الكشاف الذكر الحكيم القرآن وصف بصفة من هو من سببه او كانه ينطق بالحكمة لكثرة حكمه اه قوله فيكون قال البيضاوى وحكاية حال ماضية۔ فى روح المعانى التعبير فى المضارع مع ان المقام مقام الماضى لتصوير ذلك الامر الكامل بصورة المشاهد الذى يقع الآن ايذانا بانه من الامور المستغربة العجيبة الشان وجوز ان يكون التعبير بذلك لما ان الكون مستقبل بالنظر الى ما قبله ۱۲۔ قوله نساء نا المراد الجنس فلا يشكل بكون فاطمةؓ واحدة ۱۲۔

إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا اللَّهُ ۚ وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٦٢﴾ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّ

ع ٦ ١٤ اللَّهَ عَلِيمٌ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٦٣﴾ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَىٰ كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ وَلَا

نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللَّهِ ۚ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ ﴿٦٤﴾

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تُحَاجُّونَ فِي إِبْرَاهِيمَ وَمَا أُنْزِلَتِ التَّوْرَاةُ وَالْإِنْجِيلُ إِلَّا مِنْ بَعْدِهِ ۚ

أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٦٥﴾ هَا أَنْتُمْ هَٰؤُلَاءِ حَاجَجْتُمْ فِيمَا لَكُمْ بِهِ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَاجُّونَ فِيمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهِ عِلْمٌ ۚ

وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ﴿٦٦﴾

بے شک یہ (جو کچھ) مذکور (ہوا) وہی ہے سچی بات اور کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں بجز اللہ تعالیٰ کے اور بلا شک اللہ تعالیٰ ہی غلبہ والے ہیں حکمت والے ہیں پھر (بھی) اگر سرتابی کریں تو بے شک اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے ہیں فساد والوں کو۔ آپ فرما دیجئے کہ اے اہل کتاب آؤ ایک ایسی بات کی طرف جو کہ ہمارے اور تمہارے درمیان (مسلم ہونے میں) برابر ہے یہ کہ بجز اللہ تعالیٰ کے ہم کسی اور کی عبادت نہ کریں اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں اور ہم میں سے کوئی کسی دوسرے کو رب نہ قرار

www.besturdubooks.net

دے خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر پھر اگر وہ لوگ (حق سے) اعراض کریں تو تم لوگ کہہ دو کہ تم (ہمارے) اس (اقرار) کے گواہ رہو کہ ہم تو ماننے والے ہیں۔ اے اہل کتاب کیوں حجت کرتے ہو ابراہیم کے بارے میں حالانکہ نہیں نازل کی گئی توارت اور انجیل مگر انکے (زمانہ کے) بہت بعد۔ کیا پھر سمجھتے نہیں ہو ہاں تم ایسے ہو کہ ایسے بات میں تو حجت کر ہی چکے تھے جس سے تم کو کسی قدر تو واقفیت تھی سو ایسی بات میں کیوں حجت کرتے ہو جس سے تم کو اصلاً واقفیت نہیں اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور تم نہیں جانتے۞

تفسیر: ربط: اوپر عیسیٰ علیہ السلام کے بے باپ ہونے سے ان کی الوہیت پر استدلال کرنے کا ابطال اور جواب پورا ہو گیا۔ آگے اہتمام کے لئے اس مضمون کا حق ہونا اور نتیجہ کے طور پر حق تعالیٰ کا الٰہ واحد ہونا بیان فرماتے ہیں۔

تاکید حقیقت مضمون مذکور بآیات توحید: اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۞ بے شک یہ (جو کچھ) مذکور (ہوا) وہی ہے سچی بات اور کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں بجز اللہ تعالیٰ کے (یہ توحید ذاتی ہوئی) اور بلا شک اللہ تعالیٰ ہی غلبہ والے حکمت والے ہیں (یہ توحید صفاتی ہوئی)۔

ربط: آگے فساد و عناد والوں سے جو کہ اتنی حجتوں کے بعد بھی نہ مانیں گفتگو کرنے سے باز رکھتے ہیں اور ان کا معاملہ اپنے حوالہ ہونا بتلاتے ہیں۔

انجام اہل فساد: فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِالْمُفْسِدِيْنَ پھر (ان سب حجتوں کے بعد بھی) اگر (حق قبول کرنے سے) سرتابی کریں تو (آپ ان کا معاملہ حوالہ بخدا کیجئے کیونکہ) بے شک اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے ہیں فساد والوں کو)۔

ربط: اوپر تو اہل کتاب سے محاجہ تھا جس کو باحسن وجوہ ختم کر دیا گیا۔ آگے ملاطفت کے ساتھ ان کو پھر دعوت الی الحق کی جاتی ہے اور اوپر روئے سخن زیادہ نصاریٰ کی طرف تھا اور آگے بوجہ عموم الفاظ یہود و نصاریٰ دونوں کی طرف عام ہے۔

دعوت اہل کتاب بلطف: قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ (الی قولہ تعالی) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ۞ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ فرما دیجئے کہ اے اہل کتاب آؤ ایک ایسی بات کی طرف جو کہ ہمارے اور تمہارے درمیان (مسلم ہونے میں) برابر ہے (وہ) یہ (ہے) کہ بجز اللہ تعالیٰ کے ہم کسی اور کی عبادت نہ کریں اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں اور ہم میں سے کوئی کسی دوسرے کو رب نہ قرار دے خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر پھر اگر (اسکے بعد بھی) وہ لوگ (حق سے) اعراض کریں تو تم (مسلمان) لوگ کہہ دو کہ تم (ہمارے) اس (اقرار) کے گواہ رہو کہ ہم تو (اس بات کے) ماننے والے ہیں (اگر تم نہ مانو تم جانو)

ف: اس مضمون کو مسلم اس لئے کہا گیا کہ سب شرائع میں اس کی تعلیم ہوئی ہے اور اجمالاً اور کلیاً اہل کتاب بھی اس کو مانتے ہیں کہ توحید فرض ہے اور شرک کفر ہے اور کسی مخلوق کو رب قرار دینا شرک ہے لیکن باوجود اس کے وہ لوگ شرک میں اس لئے مبتلا تھے کہ وہ اس کو شرک اور خلاف توحید نہ سمجھتے تھے پس اس تقریر میں لطف یہ ہوا کہ ان کو کلیات مسلمہ یاد دلانے کے بعد جزئیات مختلف فیہا کا ان کلیات میں داخل ہونے کا اثبات سہل رہ گیا اور وجہ ان کے مشرک ہونے کی یہ تھی کہ وہ لوگ بعض صفات خاصۂ حق تعالیٰ کو جیسے الوہیت ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام یا حضرت عزیر علیہ السلام کے لئے ثابت کرتے تھے جس کو آیت میں عبادت غیر اللہ کہا گیا اسی طرح مطاع علی الاطلاق ہونے کو جو کہ خواص باری تعالیٰ سے ہے اپنے احبار اور رہبان کے لئے مانتے تھے جس کو آیت میں ربوبیت من دون اللہ فرمایا گیا کیونکہ ان کی تحلیل و تحریم کو گو کہ وہ نصوص قطعیہ محکمہ معمولہ بالا جماع کے بھی خلاف ہو حجت واجب العمل سمجھتے تھے اور حقیقت شرک کی یہی ہے کہ خواص واجب کو ممکن کے لئے ثابت مانا جاوے لیکن ان کو اشتباہ اس سے ہو گیا تھا کہ وہ بالذات اور بالعرض کا فرق کرتے تھے حالانکہ یہ فرق صفات غیر مختصہ میں صحیح اور صفات مختصہ میں غیر صحیح اور غیر دافع شرک ہے۔ اور یہ جو فرمایا کہ خدا کو چھوڑ کر اول تو اس وجہ سے کہ احبار و رہبان کی ایسی اطاعت میں خدا تعالیٰ کے احکام متروک ہو ہی جاتے تھے دوسرے اس لئے کہ مراد یہ ہے کہ خدا کی توحید کو چھوڑ کر اور ظاہر ہے کہ شرک کے ساتھ توحید چھوٹ ہی جاتی ہے اور چونکہ ظاہر میں مشرک خدا اور غیر خدا دونوں کو مانتا ہے اس لئے بعض جگہ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً فرما دیا۔ اور یہ کہنے کو جو فرمایا کہ تم گواہ رہو اس میں تعلیم ہے کہ جب وضوح کے بعد بھی کوئی حق کو نہ مانے تو اتمام حجت کے لئے اپنا مسلک ظاہر کر کے کلام ختم کر دینا چاہئے۔

تنبیہ: اس آیت سے ایسی تقلید کا ابطال ہوتا ہے جیسی اہل کتاب کرتے تھے جس کا ابھی بیان ہوا اور جو تقلید جمہور اہل اسلام میں اب شائع ہے وہ مشروع ہے اور اس آیت کے مضمون میں داخل نہیں جس کا محل مسائل ظنیہ محتملۃ الطرفین ہیں جب تک کہ نص قطعی محکم مجمع علیہ یا اجماع کے خلاف ہونا ثابت نہ ہو ورنہ نص و اجماع کو مقدم رکھا جاتا ہے۔

ربط: اوپر کے محاجہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق گفتگو تھی کہ نصاریٰ ان کے خوارق سے ان کی الوہیت کا اثبات کرتے تھے اس کو بدلائل باطل کر دیا کہ گو خوارق حق ہیں مگر یہ دلیل الوہیت کی نہیں ہو سکتی آگے محاجہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے متعلق گفتگو ہے جس کا سبب یہ ہوا کہ ایک بار نصاریٰ نجران کے اور کچھ علماء یہود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جمع ہو گئے اور ہر فریق حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنے طریق پر بتلانے لگا اور وہ فی لباب النقول عن

www.besturdubooks.net

ابن اسحاق وعن البیہقی بروایۃ ابن عباسؓ جس سے مقصود اپنے اپنے طریق کی حقانیت وبقائے مشروعیت ثابت کرنا تھا اور ان کے اس مقصود باطل سے رسالت محمدیہ میں قدح لازم آتا تھا کیونکہ آپ کی شریعت دوسرے طرق کو منسوخ بتلا رہی ہے اور ناسخ ومنسوخ مشروعیت میں مجتمع نہیں ہو سکتے اس لئے حق تعالیٰ ان کے قول کو باطل فرماتے ہیں اور گو بفرضِ تقدیر مطابقت ملت ابراہیمی ویہودیت ونصرانیت بھی بوجہ تاخر شریعت محمدیہ ناسخ کے بقاء مشروعیت یہودیت ونصرانیت لازم نہیں لیکن چونکہ خود دعویٰ مطابقت ہی غلط تھا اس لئے سرے سے اسی کی تغلیط فرمائی پس اس تقریر پر محاجہ سابقہ میں احقاق ہے مسئلہ توحید کا اور اس محاجہ میں احقاق ہے مسئلہ رسالت کا۔

ردِ دعویٰ اہل کتاب در باب ملتِ ابراہیم علیہ السلام: يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾

ملحقاتُ الترجمۃ: ۱؎ **قولہ آپ ان کا معاملہ الخ اشارۃ الی کون الجزاء محذوفا ای فاعرض عنهم وكل امرهم الى الله والمذكور هو علة المحذوف۱۲۔ ۲؎ قولہ تم نہ مانو تم جانو حملا لقوله اشهدوا على معنى الاعراض ويتايد بما فى البيضاوى من قوله اعرض عن ذلك وقال اشهدوا بانا مسلمون اه وحمل غيره على الوجوه الأخر۱۲۔**

الروایات: **فى روح المعانى (قل يٰاهل الكتب الآية) نزلت فى وفد نصارىٰ نجران قال السدى والحسن وابن زيد و محمد بن جعفر بن الزبير وروى عن قتادة والربيع وابن جريج انها نزلت فى يهود المدينة و ذهب ابو على الجبائى انها نزلت فى الفريقين من اهل الكتاب واستظهره بعض المحققين لعمومه وروى الترمذى وحسنه انه لما نزلت اتخذوا احبارهم ورهبانهم اربابا من دون الله قال عدى بن حاتم ما كنا يعبدهم يارسول الله صلى الله عليه وسلم قال اليس كانوا يحلون لكم ويحرمون افتأخذون بقولهم قال نعم قال هو ذاك۱۲۔ مر فى وجه الربط فانظر۱۲۔**

اللغات: **قوله القصص فى روح المعانى القصص هو الخبر اى ان هذا هو الحق لا ما يدعيه النصارىٰ من كون المسيح عليه السلام آلها وابن الله تعالوا هلموا سواء مصدر بمعنى مستوية لا اختلاف فيها بكل الشرائع۱۲۔**

النحو: **قوله افلا تعقلون الهمزة داخلة على مقدر اى اتدعون للحال فلا تعقلون وراعيت معناه فى الترجمة واخذت كونه محالا خلاف العقل من البيضاوى۔ قوله هانتم هؤلاء فى البيضاوى هآ حرف تنبيه وانتم مبتدأ وهؤلاء خبره وحاججتم جملة اخرى مبنية للاولى اه قلت وراعيت كل هذا فى الترجمة۱۲۔**

مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۶۷﴾ اِنَّ
اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَھٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۸﴾
وَدَّتْ طَّاۗىِٕفَةٌ مِّنْ اَھْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ۭ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَھُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۹﴾ يٰٓاَھْلَ الْكِتٰبِ
لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿۷۰﴾ يٰٓاَھْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۱﴾ ع ۷/۸ ۱۵

ابراہیم (علیہ السلام) نہ تو یہودی تھے اور نہ نصرانی تھے (البتہ) طریق مستقیم والے (یعنی) صاحب اسلام تھے مشرکین اور میں سے (بھی) نہ تھے۔ بلاشبہ سب آدمیوں میں زیادہ خصوصیت رکھنے والے (حضرت) ابراہیم کے ساتھ البتہ وہ لوگ تھے جنہوں نے ان کا اتباع کیا تھا اور یہ نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں اور یہ ایمان والے اور اللہ تعالیٰ حامی ہیں ایمان والوں کے۔ دِل سے چاہتے ہیں لوگ اہل کتاب میں سے اس امر کو کہ تم کو (دین حق سے) گمراہ کر دیں اور وہ کسی کو گمراہ نہیں کر سکتے مگر خود اپنے آپ کو اور اس کی اطلاع نہیں رکھتے اے اہل کتاب کیوں کفر کرتے ہو اللہ تعالیٰ کی آیتوں کے ساتھ حالانکہ تم اقرار کرتے ہو۔ اے اہل کتاب کیوں مخلوط کرتے ہو واقعی (مضمون یعنی نبوت محمدیہ) کو غیر واقعی سے اور چھپاتے ہو واقعی بات کو حالانکہ تم جانتے ہو۞

تفسیر: مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا (الی قولہ تعالیٰ) وَھٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۸﴾ اے اہل کتاب کیوں حجت کرتے ہو (حضرت) ابراہیم (علیہ السلام) کے بارہ میں (کہ وہ طریق یہودیت پر تھے یا نصرانیت پر تھے) حالانکہ نہیں نازل کی گئی توراۃ اور انجیل مگر ان کے (زمانہ کے بہت) بعد (اور یہ دونوں طریق ان دونوں کتابوں کے نزول کے بعد سے ظاہر ہوئے پہلے سے ان کا وجود ہی نہ تھا۔ پھر حضرت ابراہیم ان طریقوں پر کس طرح ہو سکتے ہیں) کیا (ایسی خلاف عقل بات منہ سے نکالتے ہو اور) پھر سمجھتے نہیں ہو ہاں تم ایسے

www.besturdubooks.net

ہو کہ ایسی بات میں تو حجت کر ہی چکے تھے جس سے تم کو کسی قدر تو واقفیت تھی (گو اس میں ایک غلط مقدمہ لگا کر نتیجہ غلط نکالتے تھے مراد اس سے خوارق ہیں عیسیٰ علیہ السلام کے کہ یہ مطابق واقع کے ہے البتہ اس میں یہ مقدمہ غلط ملا لیا گیا کہ ایسے خوارق والا الٰہ یا ابن الالٰہ ہوگا لیکن ایک مقدمہ منشاء اشتباہ تو تھا اس لئے اس کو نا کافی واقفیت کہیں گے جب اسی میں تمہاری غلطی ظاہر ہوگئی) سو ایسی بات میں (پھرؔ) کیوں حجت کرتے ہو جس سے تم کو اصلاً واقفیت نہیں (کیونکہ اس دعویٰ کے لئے تو کوئی منشاء اشتباہ کا بھی تمہارے پاس نہیں کیونکہ ان کے اور ابراہیم علیہ السلام کے فروع شریعت میں موافقت بھی نہ تھی) اور اللہ تعالیٰ (ابراہیم علیہ السلام کے طریق کو خوب) جانتے ہیں اور تم نہیں جانتے (جب تو ایسے بے سروپا دعویٰ کرتے ہو جس ؔسے علم بھی مثل عدم علم کے سمجھا جاتا ہے تو اب اللہ تعالیٰ سے ان کا طریق سنو کہ) ابراہیم علیہ السلام نہ تو یہودی تھے اور نہ نصرانی تھے لیکن (البتہ) طریق مستقیم والے (یعنی) صاحب اسلام تھے اور مشرکین میں سے (بھی) نہ تھے (سو یہود و نصاریٰ کو تو مذہبی طریق کے اعتبار سے ان کے ساتھ کوئی مناسبت نہ ہوئی ہاں) بلاشبہ سب آدمیوں میں زیادہ خصوصیت رکھنے والے (حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کے ساتھ البتہ وہ لوگ تھے جنہوں نے (ان کے وقت میں) ان کا اتباع کیا تھا اور یہ نبی (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں اور یہ ایمان والے (جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہیں) اور اللہ تعالیٰ حامی ہیں ایمان والوں کے (کہ ان کو ان کے ایمان کا ثواب دینگے) **ف**: اگر ان یہود و نصاریٰ کا یہ دعویٰ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسبت بلا تاویل تھا خواہ براہ جہل یا براہ عناد تب تو رد ظاہر ہے اور ان کی غلطی بدیہی اور اگر اس تاویل سے تھا کہ ان کا جو طریق تھا وہی ہماری شریعت میں مقرر ہوا تو حاصل تقریر رد کا یہ ہے کہ موافقت فی الفروع نہ ہونا تو ظاہر ہے اور اگر موافقت فی الاصول مراد ہے تو یہودیت کی حقیقت اصول مع الفروع المخصوصہ ہے اسی طرح نصرانیت کی بھی اور یہ مجموعہ عہد ابراہیمی میں متحقق نہ تھا اس لئے یہ دعویٰ بالمعنی المتبادر غلط ہوا اور اگر جدید اصطلاح مقرر کی جاوے تو اول تو الفاظ شرعیہ کو معانی لغویہ پر محمول کرنا غلط دوسرے ایہام باطل کی وجہ سے منہی عنہ اور موہم غلط اس تقدیر پر غلطی نظری ہوگی۔ رہا یہ اشکال کہ اسی طرح اسلام بھی متاخر ہے زمانہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پھر وہ صاحب اسلام کیسے ہوئے۔ اس کا جواب سورۂ بقرہ آیت: اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ کی تفسیر میں جو پارہ الم کے آخر رکوع میں ہے مفصل گزر چکا ہے اور یہاں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی امت کی زیادہ خصوصیت حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ ثابت کی گئی وجہ اس کی مطابقت فی الاصول وکثیر من الفروع ہے چنانچہ یہ مضمون بھی سورۂ بقرہ کے مقام مذکورہ آیت: وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا کی تفسیر میں گزر چکا ہے وہیں یہ اشکال بھی رفع کر دیا گیا ہے کہ اس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے استقلال نبوت میں قدح نہیں پڑتا اور اس سے یہ بھی مفہوم ہو جاوے گا کہ اَلَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُ کی خصوصیت بطور امت ہونے کے ہے اور مابعد کی بطور موافقت کے اور جملہ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ کی تقریر بھی اسی جگہ گزر چکی ہے دیکھ لیا جاوے پس گویا یہ اخیر کا مضمون تتمہ ہے جواب محاجہ کا کہ موافقت طریق ابراہیمی کا دعویٰ یہود و نصاریٰ نہیں کر سکتے البتہ امت محمدیہ کوزیبا ہے۔

ربط: اوپر کی آیتوں میں اہل کتاب کے ضلال یعنی گمراہی کا بیان تھا کہ اس درجہ گمراہ ہو گئے ہیں کہ باوجود ایسی حجتوں کے الزام و اتمام کے حق کو قبول نہیں کرتے آگے ان کے اضلال کا ذکر فرماتے ہیں یعنی خود تو گمراہ تھے ہی مزید برآں یہ ہے کہ اوروں کے بھی گمراہ کرنے کی فکر میں ہیں۔

بیان اضلال اہل کتاب: وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ (الی قولہ تعالی) وَمَا یَشْعُرُوْنَ دل سے چاہتے ہیں بعضے لوگ اہل کتاب میں سے اس امر کو کہ تم کو (دین حق سے) گمراہ کر دیں اور وہ کسی کو گمراہ نہیں کر سکتے مگر خود اپنے آپ کو (وبال اضلال میں گرفتار کر رہے ہیں) اور اس کی اطلاع نہیں رکھتے۔

ف: اگر مخاطب ضمیر خطاب یُضِلُّوْنَكُمْ کے خاص صحابہ ہیں تب تو یہ فرمانا کہ کسی کو گمراہ نہیں کر سکتے بالکل ظاہر ہے کیونکہ یہاں بھی مراد یہی ہوگی کہ تم میں سے کسی کو گمراہ نہیں کر سکتے سو بفضلہٖ تعالیٰ ان خاص حضرات میں سے کسی کو گمراہ نہ کر سکے اور اگر مراد مطلق اہل اسلام ہیں تو اس فرمانے کے یہ معنی ہونگے کہ یہ امر ان کے اختیار و قدرت سے خارج ہے اور یوں خود ہی کوئی گمراہ ہو جاوے تو اور بات ہے مَا یُضِلُّوْنَ بالمعنی المذکور کے منافی نہیں۔ اور یہ جو فرمایا کہ اس کی اطلاع نہیں رکھتے اس کا مطلب یہ ہے کہ اس طرف التفات نہیں کرتے ورنہ ان میں جو علماء تھے وہ چونکہ اسلام کی حقانیت کا علم رکھتے تھے جیسا آگے ہی تَشْهَدُوْنَ وَ تَعْلَمُوْنَ سے مفہوم ہوتا ہے اس لئے اضلال کے وبال سے بھی آگاہ تھے اور اگر طائفہ سے جہلا مراد ہوں تو یَشْعُرُوْنَ میں کوئی اشکال نہیں۔

ربط: آگے ان کے ضلال و اضلال پر ان کو ملامت فرماتے ہیں۔

ملامت بر ضلال و اضلال اہل کتاب: یٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اے اہل کتاب کیوں کفر کرتے ہو اللہ تعالیٰ کی (انؔ) آیتوں کے ساتھ (جو کہ توراۃ و انجیل میں) نبوت محمدیہ پر دلالت کرتی ہیں کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا انکار کرنا ان آیات کی تکذیب کرنا ہے اور آیات اللہ کی تکذیب کفر ہے) حالانکہ تم (اپنی زبان سے) اقرار کرتے ہو (کہ وہ آیات حق ہیں یہ تو ملامت ہوئی ان کے ضلال پر آگے اضلال پر ملامت فرماتے ہیں کہ) اے اہل کتاب کیوں مخلوط کرتے ہو واقعی (مضمون یعنی نبوت محمدیہ) کو غیر واقعی (مضمون یعنی عبارت تحریف شدہ یا تفسیر فاسد) سے اور (کیوںؔ) چھپاتے ہو واقعی بات کو حالانکہ تم جانتے ہو (کہ حق بات کو چھپا رہے ہو) **ف**: دونوں جگہ جو تَشْهَدُوْنَ اور

www.besturdubooks.net

تَعْلَمُوْنَ فرمایا اس کی یہ وجہ نہیں ہے کہ عدم اقرار اور عدم علم کی حالت میں کفر وغیرہ جائز ہے قبح ذاتی تو کسی حال میں جائز ہو ہی نہیں سکتا بلکہ وجہ یہ ہے کہ اقرار اور علم کے وقت کفر اور زیادہ قبیح اور قبل ملامت ہے اور لبس وکتمان کی حقیقت کا حاصل پارہ الم کے ربع کے قریب جہاں اسی قسم کی آیت ہے بیان ہو چکا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في ترجمة فيما لكم به علم وفيما ليس لكم به علم کسی قدر واصلا بناء على ان النكرة تختص في الاثبات وتعم في النفى ۱۲۔ ۲؎ قوله في ترجمة فلم تحاجون پھر کیوں حجت کرتے ہو بعد قوله غلطی ظاہر اشارة الى وجه الترتب بالفاء حاصله ترتب انكار المحاجة على ظهور الغلط۔ ۳؎ قوله تحت ترجمة لا تعلمون جس سے علم بھی فاندفع بهذا التوجيه ان نفى العلم عنهم اذا كانوا احبارا مشكل ۱۲۔ ۴؎ قوله في ترجمة اولى خصوصیت رکھنے والے كما في روح المعانى اى اقرب الناس واخصهم بابراهيم آه ۱۲۔ ۵؎ قوله في ترجمة الذين آمنوا یہ ایمان والے اشارة الى العهد ۱۲۔ ۶؎ قوله گمراہ نہیں کر سکتے نفى للاحتمال لا لامكان فان هذه المادة فى الهندية مستعملة لكلا المعنيين فاحفظ فانه ينفعك فى كثير من المباحث كمسئلة امكان الكذب المتنازع فيه في عصرنا فان المقدورية صحيحة والاحتمال باطل فياليتهم يصالحون ۱۲۔ ۷؎ قوله وبال اضلال الخ ففى الكلام مجاز مشاكلة فلا يرد انهم كانوا ضالين فكيف يصح تحصيل الحاصل ۱۲۔ ۸؎ قوله في ترجمة ايٰت الله اُن اشارة الى العهد ۱۲۔ ۹؎ قوله اقرار كذا فى حاشية البيضاوى ۱۲۔ ۱۰؎ قوله یعنی عبارت تحریف شدہ الخ فى الترديد اشارة الى كونهم محرفين بكلا الطريقين ۱۲۔ ۱۱؎ قوله في ترجمة تكتمون اور کیوں عطفا على تلبسون فيكرر كلمة لِمَ ۱۲۔

الروایات: فى لباب النقول روى ابن اسحق عن ابن عباس قال قال ...... عبدالله بن الصيف وعدى بن زيد والحرث بن عوف بعضهم لبعض تعالوا نومن بما انزل على محمد واصحابه غدوة ونكفر به عشية حتى نلبس عليهم دينهم لعلهم يصنعون كما نصنع فيرجعون عن دينهم فانزل الله فيهم يا اهل الكتاب لم تلبسون الحق بالباطل الٰى قوله واسع عليم ۱۵۔

اللغات: فى القاموس الخنف الاستقامة الخ ۱۲۔

النحو: قوله لو بمعنى ان المصدرية ۱۲۔ قوله ان يؤتى اى لان يؤتى والظرف متعلق بالمحذوف فهو من كلام الله تعالٰى ويؤيده قراءة ابن كثير ان يؤتى على الاستفهام للتقريع تقديره احسدتم ودبرتم لان يؤتى ۱۲۔

البلاغۃ: قال العصام فى لمن تبع جعل الايمان بمعنى الاقرار توجيها للام لمن تبع فان الايمان متعد بنفسه وليس المقام مقام لام التعدية والحاصل لا تصدقوا عن قلب الا لمن تبع دينكم ۱۲۔ وقوله احد الى يحاجوكم قال احمد على الكشاف فى هذا اشكال وهو وقوع احد فى الموجب لان استفهام الانكار فى مثله اثبات ويمكن ان يقال روعيت صيغة الاستفهام وان لم يكن المراد حقيقة فحسن لذلك دخول احد فى سياقه والضمير فى يحاجوكم لاحد لانه فى معنى الجمع حيث كان نكرة فى سياق النفى ۱۵ اى فى بعض الوجوه حقيقة وفى بعضها سورة ۱۲۔

وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِیْٓ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ ﴿۷۲﴾

وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِیْنَكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ یُّؤْتٰۤى اَحَدٌ مِّثْلَ مَاۤ اُوْتِیْتُمْ اَوْ یُحَآجُّوْكُمْ

عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ ۚ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ﴿۷۳﴾ ۚۙ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ

یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ﴿۷۴﴾

اور بعضے لوگوں نے اہل کتاب میں سے کہا کہ ایمان لے آؤ اسی پر جو نازل کی گئی ہے مسلمانوں پر (یعنی قرآن) شروع دن میں اور (پھر) انکار کر بیٹھو آخر دن میں (یعنی شام کو) عجب کیا ہے کہ وہ پھر جائیں اور (صدق دل سے) کسی کے روبرو اقرار مت کرنا مگر ایسے شخص کے روبرو جو تمہارے دین کا پیرو ہو۔ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کہہ دیجئے کہ یقیناً ہدایت تو ہدایت اللہ کی ہے ایسی باتیں اس لئے کرتے ہیں کہ کسی اور کو بھی ایسی چیز مل رہی ہے جیسی تم کو ملی تھی۔ یا وہ اور لوگ تم پر غالب آ جائیں تمہارے رب کے نزدیک۔ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کہہ دیجئے کہ بیشک فضل تو خدا کے قبضہ میں ہے وہ اس کو جسے چاہیں عطا فرمائیں اور اللہ بڑی وسعت والے ہیں۔ خوب جاننے والے ہیں خاص کر دیتے ہیں اپنی رحمت (وفضل) کے ساتھ جس کو چاہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والے ہیں ۞

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: اوپر مذکور تھا کہ بعض اہل کتاب مسلمانوں کے اضلال کی فکر میں رہتے ہیں آگے ان کی ایک تدبیر کا بیان فرماتے ہیں جس کو اضلال مومنین لے کے لئے انہوں نے تجویز کیا تھا۔

بیان خدعہ اہل کتاب برائے تشکیک نومسلمانان: وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِیْٓ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ﴿۷۴﴾ اور بعضے لوگوں نے اہل کتاب میں سے (بطور مشورۂ باہم) کہا کہ (مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی ایک تدبیر ہے کہ ظاہراً) ایمان لے آؤ اس (کتاب) پر جو نازل کی گئی ہے (بواسطہ رسول اللہ ﷺ کے) مسلمانوں پر (مراد یہ کہ قرآن پر ایمان لے آؤ) شروع دن میں (یعنی صبح کے وقت) اور (پھر) انکار کر بیٹھو آخر دن میں (یعنی شام کو) عجب کیا (اس تدبیر سے مسلمانوں کو بھی قرآن اور اسلام کے حق ہونے میں شبہ پڑ جاوے اور) وہ (اپنے دین سے) پھر جاویں (اور یہ خیال کریں کہ یہ لوگ علم والے ہیں اور بے تعصب بھی ہیں کہ اسلام قبول کر لیا اس پر بھی جو پھر گئے تو ضرور اسلام کا غیر حق ہونا ان کو دلائل علمیہ سے ثابت ہو گیا ہوگا اور ضرور انہوں نے اسلام میں کوئی خرابی دیکھی ہوگی جب تو اس سے پھر گئے اور اہل کتاب نے یہ بھی باہم کہا کہ مسلمانوں کے دکھلانے کو صرف ظاہری ایمان لانا) اور (صدق دل سے) کسی کے روبرو (دین کا) اقرار مت کرنا مگر ایسے شخص کے روبرو جو تمہارے دین کا پیرو ہو (اس کے روبرو تو اپنے قدیم دین کا اقرار خلوص سے کرنا چاہئے باقی غیر مذہب والوں کے یعنی مسلمانوں کے روبرو ویسے ہی بمصلحت مذکورہ زبانی اسلام کا اقرار کر لینا حق تعالیٰ ان کی اس تدبیر کے لچر ہونے کا اظہار فرماتے ہیں کہ) اے محمد ﷺ آپ کہہ دیجئے کہ ان چالاکیوں سے کچھ نہیں ہوتا کیونکہ) یقیناً ہدایت (جو بندوں کو ہوتی ہے وہ) ہدایت اللہ کی (طرف سے ہوتی) ہے (پس جب ہدایت قبضہ خداوندی میں ہے تو وہ جس کو ہدایت پر قائم رکھنا چاہیں اس کو کوئی مغوی کسی تدبیر سے نہیں بچا سکتا آگے ان کے اس مشورہ و تدبیر کی علت بتلاتے ہیں کہ اے اہل کتاب تم) ایسی باتیں اس لئے کرتے ہو کہ کسی اور کو بھی ایسی چیز مل رہی ہے جیسی تم کو ملی تھی (یعنی کتاب اور دین آسمانی) یا وہ اور لوگ تم پر غالب آ جاویں (اس دین حق کی تعیین میں جو) تمہارے رب کے نزدیک (ہے حاصل علت کا یہ ہوا کہ تم کو مسلمانوں پر یہ حسد ہے کہ ان کو آسمانی کتاب کیوں مل گئی یا یہ لوگ ہم پر مذہبی مناظرہ میں کیوں غالب آ جاتے ہیں اس حسد کی وجہ سے اسلام اور اہل اسلام کے تنزل کی کوشش کر رہے ہو آگے اس حسد کا رد ہے کہ) اے محمد ﷺ آپ کہہ دیجئے کہ بیشک فضل تو خدا کے قبضہ میں ہے وہ اس کو جسے چاہیں عطا فرماویں اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والے ہیں (ان کے یہاں فضل کی کمی نہیں اور) خوب جاننے والے ہیں (کہ کس وقت کس کو دینا مناسب ہے اس لئے) خاص کر دیتے ہیں اپنی رحمت [3] (وفضل) کے ساتھ جس کو چاہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والے ہیں (پس اس وقت برعایت حکمت مسلمانوں پر فضل رحمت فرما دیا اس میں حسد کرنا فضول اور جہل ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ (الی قولہ تعالی) وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِیْنَكُمْ اسی کی نظیر ہے بعض مدعیان طریقت کا یہ طرز کہ جو شخص ان کے سلسلہ میں نہ ہو اس سے طریق کو مخفی کرتے ہیں اور ان پر اسی مضمون سے رد ہوگا جس سے ان کے ہم مسلک اہل کتاب پر رد کیا گیا ہے یعنی: قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ اور قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ الخ۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قوله فی وجه الربط مومنین کے لئے اعم من مطلق المؤمنين او من آمن منهم كما يدل عليه تفسير بعضهم لقوله تعالى لمن تبع دينكم قوله عند ربكم ای فی دينه كما يقال عند الله كذا ای فی شرعه وراعيته فی الترجمة فانظر ۱۲۔ [2] قوله فی ترجمة ان يؤتى ایسی باتیں اشارة الى العامل ای دبرتم المحذوف او قلتم المدلول عليه بقوله وقالت طائفة كانه التفات من الغيبة الى الخطاب ولما كان المحذوف والمدلول عليه بالمذكور كالمذكور جعله جزء للترجمة ۱۲۔ [3] قوله فی ترجمة يختص برحمته اپنی رحمت وفضل اشار بالمسطوف الى ان المراد بالرحمة هو الفضل المذكور فی السباق والسياق ۱۲۔

وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ یُّؤَدِّهٖٓ اِلَیْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِیْنَارٍ لَّا یُؤَدِّهٖٓ اِلَیْكَ اِلَّا

مَا دُمْتَ عَلَیْهِ قَآئِمًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَیْسَ عَلَیْنَا فِی الْاُمِّیّٖنَ سَبِیْلٌ ۚ وَیَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ

وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ ﴿۷۶﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَیْمَانِهِمْ

ثَمَنًا قَلِیْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ وَلَا یُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا یَنْظُرُ اِلَیْهِمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَلَا یُزَكِّیْهِمْ ۪ وَلَهُمْ

www.besturdubooks.net

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۷﴾

اور اہل کتاب میں سے بعض شخص ایسے ہیں کہ (اے مخاطب) اگر تم اس کے پاس انبار کا انبار مال بھی امانت رکھ دو تو وہ مانگنے کے ساتھ ہی اس کو تمہارے پاس لا رکھے اور ان ہی میں سے بعض وہ شخص ہے کہ اگر تم اس کے پاس ایک دینار بھی امانت رکھ دو تو وہ بھی تم کو ادا نہ کرے مگر جب تک کہ تم اس کے سر پر کھڑے رہو۔ یہ (امانت کا ادا نہ کرنا) اس سبب سے ہے کہ وہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم پر غیر اہل کتاب کے (مال کے بارے میں) کسی طرح کا الزام نہیں ہے اور وہ لوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ لگاتے ہیں اور (دل میں) وہ بھی جانتے ہیں کہ (خائن پر) الزام کیوں نہ لگا ہوگا۔ جو شخص اپنے عہد کو پورا کرے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرے تو بے شک اللہ تعالیٰ محبوب رکھتے ہیں (ایسے) متقیوں کو یقیناً جو لوگ معاوضہ حقیر لے لیتے ہیں بمقابلہ اس عہد کے جو اللہ تعالیٰ سے (انہوں نے) کیا ہے اور (بمقابلہ) اپنی قسموں کے ان لوگوں کو کچھ حصہ آخرت میں (وہاں کی نعمت کا) نہ ملے گا اور نہ خدا تعالیٰ ان سے (لطف کا) کلام فرمائیں گے اور نہ ان کی طرف (نظر محبت سے) دیکھیں گے قیامت کے روز اور نہ ان کو پاک کریں گے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا۔

تفسیر: ربط: اوپر کی آیتوں میں اہل کتاب کی خیانت فی الدین کا ذکر تھا یعنی ان کا کفر کرنا آیات اللہ کے ساتھ اور خلط کرنا حق اور باطل کا اور کتمان حق کا اور تدبیر کرنا اضلال مومنین کی آیت آئندہ میں ان کی خیانت فی الاموال کا ذکر ہے اور چونکہ بعضے امین بھی تھے اس لئے دونوں قسموں کا ذکر فرمایا۔

بیان اہل امانت و اہل خیانت از اہل کتاب: وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ۭ (الی قولہ تعالیٰ) وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ اور اہل کتاب میں سے بعض شخص ایسا ہے کہ (اے مخاطب) اگر تم اس کے پاس انبار کا انبار مال بھی امانت رکھ دو تو وہ (مانگنے کے ساتھ ہی) اُس کو تمہارے پاس لا رکھے اور ان ہی میں سے بعض وہ شخص ہے کہ اگر تم اس کے پاس ایک دینار بھی امانت رکھ دو تو وہ بھی تم کو ادا نہ کرے (بلکہ امانت رکھانے کا بھی اقرار نہ کرے) مگر جب تک کہ تم (امانت رکھ کر) اس کے سر پر (برابر) کھڑے رہو (اس وقت تک خیر مکرے نہیں اور جہاں الگ ہوئے پھر ادا کرنے کا تو کیا مذکور ہے سرے سے امانت ہی سے مکر جاوے) یہ (امانت کا ادا نہ کرنا) اس سبب سے ہے کہ وہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم پر غیر اہل کتاب کے (مال کے) بارہ میں (اگرچہ اچھپا لیا جاوے مذہباً) کسی طرح کا الزام نہیں یعنی غیر اہل کتاب مثلاً قریش کا مال چرا لینا چھین لینا سب جائز ہے اللہ تعالیٰ آگے ان کے اس دعوے کی تکذیب فرماتے ہیں) اور وہ لوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ لگاتے ہیں (کہ اس فعل کو حلال سمجھتے ہیں) اور (دل میں) وہ بھی جانتے ہیں (اللہ تعالیٰ نے اس کو حلال نہیں کیا محض تراشیدہ دعویٰ ہے) ف: جس بعض کی امانت کی مدح کی گئی ہے اگر اس بعض سے وہ لوگ مراد ہیں جو اہل کتاب میں سے ایمان لے آئے تھے (جیسا معالم میں بروایت ضحاک حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ اس بعض سے مراد عبداللہ بن سلامؓ ہیں کہ کسی شخص نے ان کے پاس بارہ سو اوقیہ سونا امانت رکھا تھا اور انہوں نے بعینہٖ ادا کر دیا جیسا کہ دوسرے بعض سے فنحاص بن عازوراء یہودی مراد ہے کہ کسی قریشی نے ایک دینار امانت رکھا اور اس نے خیانت کی آھ) تب تو مدح میں کوئی اشکال نہیں اور اگر خاص مومن مراد نہ ہوں بلکہ مطلقاً اہل کتاب میں امین اور خائن دونوں کا ہونا بیان کرنا مقصود ہے تو مدح باعتبار قبول عنداللہ کے نہیں کیونکہ بدون ایمان کے کوئی عمل صالح مقبول نہیں ہوتا نہ اس پر ثواب ملتا ہے لقولہ تعالیٰ فی سورۃ ہود: مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ (الی قولہ تعالیٰ) يَعْمَلُوْنَ۔ بلکہ مدح اس اعتبار سے ہے کہ اچھی بات گو کافر کی ہو کسی درجہ میں اچھی ہے جس کا اثر دنیا میں نیک نامی وغیرہ اور آخرت میں اس عذاب کی کمی ہے جو اس کے ضد کے ارتکاب سے ہوتا ہے اور عدم ثواب جو آیت ہود سے معلوم ہوتا ہے منافی عدم عذاب کے نہیں اور اس تقدیر پر اسلام کی غایت بے تعصبی ثابت ہوتی ہے کہ مخالف کے ہنر کی بھی بقدر واقعی داد دی جاتی ہے۔

ربط: اوپر وَيَقُوْلُوْنَ میں ان کے دعوے کی تکذیب تھی آگے اسی تکذیب کی تاکید اور وفائے عہد کی فضیلت اور نقض عہد کی مذمت کی تصریح ہے۔

ردِ قول اہل کتاب و فضل وفائے عہد و قبح عذر: بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى (الی قولہ تعالیٰ) وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (خائن پر) الزام کیوں نہ ہوگا (ضرور ہوگا کیونکہ اس کے متعلق ہمارے یہ دو قانون ہیں ایک یہ کہ) جو شخص اپنے عہد کو (خواہ وہ عہد اللہ تعالیٰ سے ہوا ہو یا بشرطِ جواز کسی مخلوق سے) پورا کرے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرے تو بے شک اللہ تعالیٰ محبوب رکھتے ہیں (ایسے) متقیوں کو (اور دوسرا قانون یہ ہے کہ) یقیناً جو لوگ معاوضہ حقیر (یعنی نفع دنیوی) لے لیتے ہیں بمقابلہ اس عہد کے جو (انہوں نے) اللہ تعالیٰ سے کیا ہے (مثلاً انبیاء علیہم السلام پر ایمان لانا) اور (بمقابلہ) اپنی قسموں کے (مثلاً حقوق العباد و معاملات کے باب میں قسم کھا لینا) ان لوگوں کو کچھ حصہ آخرت میں (وہاں کی نعمت کا) نہ ملے گا اور خدا تعالیٰ ان سے (لطف کا) کلام فرماویں گے اور نہ ان کی طرف (نظر محبت سے) دیکھیں گے قیامت کے روز اور نہ ان کو (گناہوں سے) پاک کریں گے اور ان کے لئے دردناک عذاب (تجویز) ہوگا۔ ف: عہد مخلوق میں احقر نے بشرطِ جواز اس لئے کہا کہ اگر وہ عہد ناجائز ہے تو اس کا ایفاء حرام ہے اور عہد اللہ کی مثال میں ایمان بالانبیاء علیہم السلام کو اس لئے ذکر کیا کہ

www.besturdubooks.net

یہود ہمارے رسول اللہ ﷺ کی رسالت کے منکر تھے۔ باقی یہ تخصیص تمثیلاً ہے ورنہ عہد اللہ میں سب احکام آ گئے جس کے عموم میں عہد مالی بھی داخل ہے اور ایمانھم میں زیادہ تصریح ہوگئی اور یزکیھم کا ایک [1] ترجمہ صحیح اور بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی تعریف نہ کریں گے جیسے مومنین کی کریں گے اور یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ وفائے عہد پر جو محبت کی بشارت ہے اس میں ایمان بھی شرط نہیں بات یہ ہے کہ عہد اللہ کے عموم میں ایمان بھی داخل ہے اور واتقی کے عموم سے اور زیادہ تاکید ہوگئی اور یہ جو کہا گیا کہ کچھ حصہ نعمت کا نہ ملے گا الخ اگر یہ آیت کفار کے حق میں لی جاوے تو یہ سب وعیدیں ابد الاباد کے لئے ہیں اور اگر فجار کے لئے بھی عام کہا جاوے تو معنی یہ ہیں کہ چندے وہ ان وعیدوں کے مستحق ہوں گے نہ ابدیت ہے نہ یقیناً وقوع ہے کیونکہ اہل سنت کے نزدیک عفو بلا عقوبت بھی صحیح ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَیْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِیْلًا اس میں اس شخص کی حالت کی طرف بھی اشارہ ہے جو زینت دنیا کی طرف مائل ہو اور اس کو حضرت حق کے مشاہدہ پر ترجیح دیتا ہو اور اپنے ظاہر کو شعارِ مقربین کے ساتھ آراستہ رکھتا ہو مگر اس میں حب جاہ کی آمیزش بھی کرتا ہو پس ایسا شخص لقائے حقیقی اور مخاطبت حق کے درجہ سے دنیا اور آخرت دونوں میں ساقط ہو جاوے گا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ترجمة تامنه ای مخاطب اشار به الی عدم تعيين المخاطب وقولہ تم ہو محاورة لسانا يراد به الواحد ۱۲۔ ۲ قوله في آخر ف نیک نامی وغيره هو المراد لقوله تعالٰی نوف اليهم اعمالهم واراد بالغير في قوله وغيره سعة العيش والكثرة في المال والولد ۱۲۔ ۳ قوله ایسے متقیوں اشارة الى كون اللام للعهد والى دخول الوفاء بالعهد في عموم التقوى فلا يشكل الاكتفاء بذكر المتقين دون الموفين والى وضع المظهر موضع المضمر ۱۲۔ ۴ قوله في ترجمة عهد الله جو اللہ تعالیٰ سے کیا ہے جعل المصدر مضافاً الى المفعول ليناسب ما قبله من قوله بعهده فان الظاهر فيه عود الضمير الى من فالمعاهد في الموضعين هو العبد فافهم ۱۲۔ ۵ قوله لطف و محبت قيد بهما لان مطلق الكلام انتفاء ه غير واقع ومطلق النظر انتفاء ه غير ممكن ۱۲۔ ۶ قوله ایک ترجمہ اور بھی ہے آثر المذكور على هذا لزيادة شهرته ۱۲۔

الروایات: في روح المعاني اخرج ابن جرير عن ابن جريج قال بائع اليهود رجال من المسلمين في الجاهلية فلما اسلموا تقاضوهم عن بيوعهم فقالوا ليس علينا امانة ولا قضاء لكم عندنا لانكم تركتم دينكم الذى كنتم عليه وادعوا انهم وجدوا ذلك في كتابهم فقال الله تعالٰى ويقولون الخ في روح المعاني اخرج الستة وغيرهم عن ابن مسعودؓ في قصة الاشعث بن قيس مع يهودى قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لليهودى احلف فقال الاشعث اذا يحلف فيذهب مالي فانزل الله تعالٰى ان الذين يشترون واخرج البخارى وغيره عن عبدالله بن ابى اوفٰى ان رجلا اقام سلعة له في السوق فحلف بالله لقد اعطى بها مالم يعطه ليوقع فيها رجلا من المسلمين فنزلت هذه الآية۔ واخرج ابن جرير عن عكرمة قال نزلت هذه الآية في ابى رافع۔ ولبابة بن ابى الحقيق وكعب بن الاشرف وحيى ابن اخطب حرفوا التوراة وبدلوا نعت النبى صلى الله عليه وسلم وحكم الا مانات وغيرهما واخذوا على ذلك رشوة وروى غير ذلك ولا مانع من تعدد سبب النزول كما حققوه اه في لباب النقول قال الحافظ ابن حجر والآية محتملة لكن العمدة في ذلك ما ثبت في الصحيح اه قلت نعم لكن الا لصق بالسياق والسباق ما اخرجه ابن جرير وقد سمعت عن روح المعانى ان لا مانع من تعدد سبب النزول ونقل في اللباب ايضا عن الحافظ انه لا مناف بين الحديثين بل يحمل على ان النزول كان بالسببين معاً اه قلت والا حسن في ذلك ما قال استاذى رحمه الله تعالٰى انه قد يكون السبب واحد لكن رسول الله صلى الله عليه وسلم قد تلا تلك الآية في مقام آخر مناسب فيزعم الراوى نزولها في ذاك اه ۱۲۔

فائدة: لا يرضيك ما سمعت من اباحة مال الحربى ولو بعقد فاسد لانه مشروط برضاه وعدم الغدر فشتان ما بينهما ولا كون الغنيمة حلالا لانه لا استيمان ولا عهد بخلاف اليهود حيث غدر وامع الا من والعهد فافهم ۱۲۔

اللغات: القنطار في القاموس وزن اربعين اوقية من ذهب او الف ومائتا دينار او الف ومائتا اوقية او سبعون الف دينار او ثمانون الف دهم او مائة رطل من ذهب او فضة او الف دينار او ملامسك ثور ذهبا وفضة قوله تأمنه في روح المعانى من امنته بمعنى ائتمنته والباء قيل بمعنى على وقيل بمعنى في اى في حفظ قنطار ۱۲۔ سبيل في روح المعانى عتاب وذم اه قلت هذا حاصل المعنى لانها مطلق الطريق لغة فاريد به طريق العتاب عرفا اطلاقاً للمطلق على المقيد ۱۲۔

النحو: الاما دمت استثناء من مقدر اى وانكره المدلول عليه بقوله لا يؤده لان الاداء آني لا يتجدد بالزمان بخلاف الاقرار ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَاِنَّ مِنۡهُمۡ لَفَرِيۡقًا يَّلۡوٗنَ اَلۡسِنَتَهُمۡ بِالۡكِتٰبِ لِتَحۡسَبُوۡهُ مِنَ الۡكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ الۡكِتٰبِ ۚ وَ يَقُوۡلُوۡنَ هُوَ مِنۡ
عِنۡدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ۚ وَيَقُوۡلُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ وَهُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۷۸﴾ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنۡ يُّؤۡتِيَهُ اللّٰهُ
الۡكِتٰبَ وَالۡحُكۡمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوۡلَ لِلنَّاسِ كُوۡنُوۡا عِبَادًا لِّىۡ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَلٰـكِنۡ كُوۡنُوۡا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنۡتُمۡ تُعَلِّمُوۡنَ
الۡكِتٰبَ وَبِمَا كُنۡتُمۡ تَدۡرُسُوۡنَ ﴿۷۹﴾ وَلَا يَاۡمُرَكُمۡ اَنۡ تَتَّخِذُوا الۡمَلٰٓـئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرۡبَابًا ‌ؕ اَيَاۡمُرُكُمۡ
بِالۡكُفۡرِ بَعۡدَ اِذۡ اَنۡتُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ ﴿۸۰﴾ ع ۸ ۹ ۱۶

اور بے شک ان میں سے بعضے ایسے ہیں کہ کج کرتے ہیں اپنی زبانوں کو کتاب (پڑھنے) میں تا کہ تم لوگ اس (ملائی ہوئی چیز) کو بھی کتاب کا جز سمجھو حالانکہ وہ کتاب کا جز نہیں اور کہتے ہیں کہ یہ (لفظ مطلب) خدا کے پاس سے ہے حالانکہ وہ (کسی طرح) خدا تعالیٰ کے پاس سے نہیں اور اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولتے ہیں اور وہ جانتے ہیں۔ کسی بشر سے یہ بات نہیں ہوسکتی کہ اللہ تعالیٰ اسے کتاب اور فہم اور نبوت عطا فرمائیں پھر وہ لوگوں سے کہنے لگے کہ میرے بندے بن جاؤ خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر وہ لیکن کہے گا کہ تم لوگ اللہ والے بن جاؤ بوجہ اس کے کہ تم کتاب سکھاتے ہو اور بوجہ اس کے کہ تم پڑھتے ہو اور نہ یہ بات بتلادے گا کہ تم فرشتوں کو اور نبیوں کو رب قرار دے لو کیا وہ تم کو کفر کی بات بتلائے گا بعد اس کے کہ تم مسلمان ہو۔

تفسیر ربط: اوپر خیانت کی مذمت کا بیان تھا آگے ان کی خیانت کی ایک عادت کہ ایک خاص طریق سے تحریف کتاب اللہ سے بیان فرماتے ہیں۔

بیان عادتِ اہل کتاب مرکسی را از تحریف: وَاِنَّ مِنۡهُمۡ لَفَرِيۡقًا يَّلۡوٗنَ اَلۡسِنَتَهُمۡ بِالۡكِتٰبِ (الی قولہ تعالی) وَيَقُوۡلُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ وَهُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۷۸﴾ اور بیشک ان میں سے بعضے ایسے ہیں کہ کج کرتے ہیں اپنی زبانوں کو کتاب (پڑھنے) میں (یعنی اس میں کوئی لفظ یا کوئی تفسیر غلط ملا دیتے ہیں اور غلط پڑھنا کج زبانی کہلاتا ہے) تا کہ تم لوگ (جو اس کو سنو تو) اس (ملائی ہوئی چیز) کو (بھی) کتاب کا جزو سمجھو حالانکہ وہ کتاب کا جزو نہیں اور (صرف دھوکہ دینے کے لئے اس عملی طریق ہی پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ زبان سے بھی) کہتے ہیں کہ یہ (لفظ یا مطلب) خدا تعالیٰ کے پاس سے (الفاظ یا قواعد نازل ہوئے ہیں ان سے ثابت) ہے حالانکہ وہ (کسی طرح) خدا تعالیٰ کے پاس سے نہیں (پس ان کا جھوٹا ہونا لازم آ گیا آگے تاکید کے لئے اس کی پھر تصریح ہے) اور اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولتے ہیں اور (اپنا جھوٹا ہونا دل میں خود بھی وہ جانتے ہیں۔ **ف**: ممکن ہے کہ تحریف لفظی کرتے ہوں اور ممکن ہے کہ تفسیر غلط بیان کرتے ہوں۔ تحریف لفظی میں تو دعویٰ ہوتا ہے کہ یہ لفظ ہی مُنَزَّلٌ مِنَ اللّٰهِ ہے اور غلط تفسیر میں یہ تو نہیں ہوتا لیکن یہ دعویٰ ہوتا ہے کہ یہ تفسیر قواعد شرعیہ سے ثابت ہے اور قواعد شرعیہ کا من جانب اللہ ہونا ظاہر ہے ایک صورت میں صورۃً جزو ہونے کا دعویٰ ہوگا ایک صورت میں معنیً جزو کتاب ہونے کا دعویٰ ہوگا بایں معنی کہ جزو ماثبت بالشرع ہے اور ہر ثابت بالشرع حقیقۃً ثابت بالکتاب ہے کیونکہ دوسرے دلائل شرعیہ مظہر احکام ہوتے ہیں نہ کہ مثبت احکام اس لئے احقر نے ترجمہ میں دونوں احتمالوں کی رعایت رکھی۔ ملحدوں نے اس امت میں بھی حدیث میں تحریف لفظی بھی اور قرآن میں صرف تحریف معنوی کی ہے کیونکہ الفاظ قرآنیہ نصاً محفوظ من اللہ ہیں۔

ربط: اوپر کی آیتوں میں اہل کتاب کے افعال واقوال پر اعتراض تھا اگلی آیت میں اہل کتاب کے ایک لغو اعتراض کا ابطال ہے جو انہوں نے جناب رسول اللہ ﷺ پر کیا تھا جیسا کہ لباب النقول میں بروایت ابن اسحٰق وبیہقی کے حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں جب یہود اور نجران کے نصاریٰ جمع ہوئے اور آپ ﷺ نے اُن کو اسلام کی طرف بلایا تو ابو رافع قرظی یہودی نے کہا کہ کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ ہم آپ کی عبادت کریں جیسا نصاریٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عبادت کرتے ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا معاذ اللہ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

نفی احتمال معبودیت خویش از انبیاء علیہم السلام: مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنۡ يُّؤۡتِيَهُ اللّٰهُ الۡكِتٰبَ وَالۡحُكۡمَ وَالنُّبُوَّةَ (الی قولہ تعالی) اَيَاۡمُرُكُمۡ بِالۡكُفۡرِ بَعۡدَ اِذۡ اَنۡتُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ کسی بشر سے یہ بات نہیں ہوسکتی کہ اللہ تعالیٰ (تو) اس کو کتاب اور (دین کی) فہم اور نبوت عطا فرماویں (جن میں ہر ایک کا مقتضا ہے کفر وشرک سے ممانعت اور) پھر وہ لوگوں سے (یوں) کہنے لگے کہ میرے بندے (یعنی عبادت کرنے والے) بن جاؤ خدا تعالیٰ (کی توحید کو) چھوڑ کر (یعنی نبوت اور امر بالشرک جمع نہیں ہوسکتے) ولیکن (وہ نبی یہ تو) کہے گا کہ تم لوگ اللہ والے بن جاؤ (یعنی صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو) بوجہ اس کے کہ تم کتاب (الٰہی اوروں کو بھی) سکھاتے ہو اور بوجہ اس کے کہ (خود بھی اس کو) پڑھتے ہو (اور اس کتاب میں تعلیم ہے توحید کی) اور نہ (وہ بشر موصوف بالنبوۃ) یہ بات بتلاوے گا کہ تم فرشتوں کو اور (یا دوسرے) نبیوں کو رب قرار (دے لو بھلا) وہ تم کو کفر کی بات بتلاوے گا۔ بعد اس کے کہ تم (اس عقیدۂ خاص میں خواہ فی

www.besturdubooks.net

الواقع یا بزعم خود) مسلمان ہو۔ **ف**: شاید اُس معترض نے براہ عناد اطاعت اور عبادت میں فرق نہ کیا ہو اس لئے اعتراض کر دیا ہو جواب میں تصریح فرمادی کہ نبی سے امر بعبادت غیر اللہ شرعاً منفی ومحال ہے اور عبادت واطاعت کا فرق ظاہر تھا۔ اور یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ علت موحد ہونے کی تعلیم و درس کتاب کو فرمایا حالانکہ عوام میں یہ مفقود ہے اور امر بالتوحید موجود ہے۔ جواب یہ ہے کہ یہ علت محض مقتضی ہے شرط نہیں سو عوام میں دوسرا مقتضی یعنی علم موجود ہونا کافی ہے اور تخصیص اس کی بوجہ اس کے اتم ہونے کے اور دوسرے بوجہ اقتضائے مقام کے کہ مخاطب ذی علم تھا تیسرے بوجہ اس کے کہ اکثر عوام مقلد خواص کے ہوتے ہیں پس ان کے ایمان کا مقتضی ان کے لئے بھی عادۃً مقتضی ہو جاتا ہے اور انبیاء وملائکہ کے ذکر سے تاکید مضمون مقام کی ہوگئی کہ اس میں کسی کی تخصیص نہیں بلکہ عموم علت یعنی منافات نبوت وامر بالشرک کی وجہ سے یہ مضمون عام ہے نیز دوسرے مشرک فرقوں پر بھی تعریض ہوگئی کہ سب کا عقیدہ خلاف تعلیم نبوت ہے اور احقر نے جو یہ تخصیص کی کہ اس عقیدۂ خاص الخ وجہ یہ کہ مخاطب بالجواب یہود ہیں نہ کہ مسلمان اور اعتراض کے وقت وہ مدعی توحید کے تھے اس خاص امر کو لغۃً اسلام کہہ دیا پھر خواہ وہ معترض واقع میں بھی موحد ہو یا نرا زعم ہی زعم ہو کیونکہ بعض یہود شرک کے عقیدے بھی رکھتے تھے واللہ اعلم۔

ربط: اوپر وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ سے اہل کتاب کی ان کارروائیوں کا ذکر تھا جو اسلام کے خلاف واضرار میں ان سے صادر ہوتی تھیں آگے ترقی کر کے یہ بتلاتے ہیں کہ مخالفت ومضارت کی تو ان کو کب اجازت ہو سکتی ہے ان پر تو خود اسلام کا قبول کرنا واجب تھا کیونکہ اس مضمون کا عہد سب انبیاء علیہم السلام تک سے لیا گیا ہے ان کی امم پر تو بدرجۂ اولیٰ واجب ہوگا اور اسی سلسلہ میں ترک اسلام پر زجر آیت: اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ میں اور اسلام کی حقیقت کا خلاصہ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ میں اور غیر اسلام کا مقبول نہ ہونا آیۃ وَمَنْ يَّبْتَغِ میں اور مذمت وعقوبت معترضین عن الاسلام کی باستثناء تائبین کے آیت: كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ میں مِنْ نّٰصِرِيْنَ تک مذکور فرماتے ہیں اور یاد رکھنا چاہئے کہ اسلام کی حقیقت اطاعت ہے احکامِ الٰہیہ کی ہر زمانہ میں جیسا کہ آیت: اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ واقعہ آخر پارہ الم کی تفسیر میں اس معنی کے اعتبار سے تمام حضرات انبیاء علیہم السلام کا ملت اسلام پر ہونا ثابت کیا گیا ہے اور ظاہر ہے کہ وہ اطاعت اب منحصر ہوگئی ہے اتباع رسول اللہ ﷺ میں کیونکہ آپ کا نبی ناسخ الشرائع ہونا دلائل صحیحہ سے ثابت ہے پس آپ کا انکار ضرور منافی اطاعت الٰہیہ کے ہے اس لئے اب لفظ اسلام کا اطلاق صرف دین محمدیؐ پر ہوتا ہے اس تقریر سے تمام اشکالات وشبہات جو اس مقام پر ظاہر نظر میں واقع ہو سکتے تھے دفع ہو گئے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ اس میں اہل باطن کے طریق اور ان کے علوم واعمال واحوال خاصہ کی اور دوسروں پر طریق کے فائق کرنے کی تصریح ہے جیسا کہ ربانی کی تفسیر کا مجموعہ اس پر دال ہے چنانچہ روح المعانی میں حضرت علیؓ اور حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ ربانی وہ ہے جو فقیہ عالم ہو اور قتادہ وسدی سے ہے کہ وہ ہے جو عالم حکیم ہو اور ابن جبیر سے ہے کہ جو حکیم متقی ہو اور ابن زید سے ہے جو لوگوں کے امر دین کی تدبیر کرتا ہو اور یہ سب اقوال متقارب ہیں اور شبلی سے ہے کہ وہ شخص ہے جو علوم کو خاص حضرت حق سے اخذ کرتا ہو اور کسی شئے میں غیر حق کی طرف رجوع نہ کرتا ہو اور سہل سے ہے کہ وہ شخص ہے جو علماً وعملاً اخلاقِ ربانیہ سے موصوف ہو اور بعض نے کہا ہے کہ وہ شخص ہے جو اپنے رب پر کسی شئے کو ترجیح نہ دیتا ہو اور قاسم سے ہے کہ وہ شخص ہے جو اپنے شہود سے اس کے وجود میں محو ہو گیا ہو اور بعض نے کہا ہے کہ وہ شخص ہے کہ اس میں حوادث مؤثر نہ ہوں اور دوسرے اقوال بھی ہیں اور سب ایک گھاٹ کے پانی پینے والے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا۔ اس میں ان لوگوں پر رد ہے جو شیوخ کے انقیاد یا تعظیم میں خواہ وہ احیاء ہوں یا اموات ہوں غلو کرتے ہیں گو یہ حضرات حق کے مظاہر کامل ہیں چنانچہ ترمذی نے قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ (الی قولہ تعالی) لَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ۔ کی تفسیر میں روایت کیا ہے اور روایت کی تحسین بھی کی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو عدی بن ابی حاتم نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ ہم تو ان کی عبادت نہ کرتے تھے آپ نے فرمایا کیا یہ بات نہ تھی کہ وہ لوگ بہت سی اشیاء کو تمہارے لئے حلال کر دیتے تھے اور بہت سی اشیاء کو حرام کر دیتے تھے (یعنی بلا دلیل شرعی) پھر تم ان کے قول کو قبول کرتے تھے عرض کیا ہاں یہ تو تھا فرمایا بس اس کا یہی مطلب ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ** ملائی ہوئی چیز کو اشارۃ الی کون الضمیر للمحرف المدلول علیه بقوله یلوٗن ۱۲۔ ۲ **قولہ** جزو سمجھو اشارۃ الی کون من للتبعیض ۱۲۔ ۳ **قولہ فی ترجمۃ ما کان لبشر** کسی بشر سے یہ بات نہیں ہو سکتی بناء علی انه نفی لا نهی ولذا اخذت بالحاصل فی ترجمة اللام ۱۲۔ ۴ **قولہ فی ترجمۃ دون اللہ** توحید کو چھوڑ کر لان التجاوز یعم ما کان اشراکاً او افراداً ۱۲۔

الروایات: قد ذکرت روایة فی وجه الربط والاخری ما فی لباب النقول اخرج عبدالرزاق فی تفسیره عن الحسن قال بلغنی ان رجلا قال یا رسول الله نسلم علیك کما یسلم بعضنا علی بعض افلا نسجد لك قال لا ولکن اکرموا نبیکم واعرفوا الحق لاهله فانه لا ینبغی ان یسجد لاحد من دون الله فانزل الله ما کان لبشر الٰی قوله بعد اذ انتم مسلمون اه قلت وعلی هذا الاشکال فی قوله انتم مسلمون حتی قال بعضهم تبعین هذا سببا للنزول لکنه ضعیف بعد توجیهه بما اخترت فی ترجمته وبما فی روح المعانی ای منقادون

www.besturdubooks.net

مستعدون للدين الحق ارخاء للعنان و استدراجا ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی روح المعانی قرأ نافع وابن كثير ويعقوب وابو عمرو ومجاهد تعلمون بمعنى عالمين ۱۲۔

اللغات: اللی عطف الشئی ورده عن الاستقامة الى الاعو جاج يقال لويت يده والتوى الشئی او انحرف والتوى فلان على اذا غير خلافه عن الاستواء الى ضده ولوى لسانه عن كذا اذا غيره اه كبير ۱۲۔ الربانی فی روح المعانی هو لفظ عربی لاسریانی علی الصحيح وهو منسوب الى الرب كالهی والالف والنون يزادان فی النسب للمبالغة كثيرا كلحياتی لعظيم اللحية ورقبانی بمعنی غليظة الرقبة ۱۲۔

النحو والبلاغة: ما كان لبشر المعنى ما يصح لاحدو عبر بالبشر ايذانا بعلة الحكم فان البشرية منافية للامر الذی اسنده الكفرة الی اولئك الكرام عليهم السلام وعطف الفعل على منصوب ان بثم تعظيمًا لهذا القول فانه اذا انتفى بعد مهلة كان انتفاء ه بدونها اولى واحرى فكانه قيل ان هذا الايتاء العظيم لا يجامع هذا القول اصلا وان كان بعد مهلة من هذا الانعام (قلت ولو حمل على الاستبعاد كان اوجه ۱۲) ولكن كونوا على تقدير القول ای لكن يقول كونوا ولا يأمركم بالنصب عطفا على يقول ای ولا كان له ان يؤتيه الله ثم يامر ای انهما متنافيان كالسابق ۱۲) وفی قراء ة لا يامركم بالرفع على الاستيناف وقدم التعليم على الدراسة لو فور شرفه عليها اولان الخطاب الاول لرؤسائهم والثانی لمن دونهم اه من روح المعانی ۱۲۔

فائدہ: اثبت صاحب روح المعانی التحريف اللفظی فی الكتب المتقدمة تحت هذه الآية (ای ان منهم لفريقًا الخ) ۱۲۔

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝۸۱ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝۸۲ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝۸۳ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِیَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۪ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۫ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝۸۴

اور جب کہ اللہ تعالیٰ نے عہد لیا انبیاء سے کہ جو کچھ میں تم کو کتاب اور علم دوں پھر تمہارے پاس کوئی پیغمبر آئے جو مصداق ہو اس کا جو تمہارے پاس ہے اور تم ضرور اس رسول پر اعتقاد بھی لانا اور اس کی طرفداری بھی کرنا۔ فرمایا کہ آیا تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا عہد قبول کیا۔ وہ بولے ہم نے اقرار کیا ارشاد فرمایا تو گواہ رہنا اور میں اس پر تمہارے ساتھ گواہوں میں سے ہوں۔ سو جو شخص روگردانی کرے گا بعد اسکے تو ایسے ہی لوگ بے حکمی کرنے والے ہیں۔ کیا پھر دین خداوندی کے سوا اور کسی طریقہ کو چاہتے ہیں حالانکہ حق تعالیٰ کے سامنے سب سرافگندہ ہیں جتنے آسمانوں اور زمینوں میں ہیں خوشی سے اور بے اختیاری سے اور سب خدا ہی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔ آپ فرما دیجئے کہ ہم ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور اس پر جو ہمارے پاس بھیجا گیا اور اس پر جو ابراہیم اور اسمٰعیل و اسحٰق و یعقوبؑ اور اولادِ یعقوب کی طرف بھیجا گیا اور اس پر بھی جو موسیٰ و عیسیٰ اور دوسرے نبیوں کو دیا گیا۔ اُن کے پروردگار کی طرف سے اس کیفیت سے کہ ہم ان میں سے کسی ایک میں بھی تفریق نہیں کرتے اور ہم تو اللہ تعالیٰ ہی کے مطیع ہیں۔

تفسیر: ذکر اخذ میثاق از انبیاء علیہم السلام بتصدیق دیگر رسل: وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ اور (وہ وقت بھی قابل ذکر ہے) جبکہ اللہ تعالیٰ نے عہد لیا (حضرات انبیاء (علیہم السلام) سے کہ جو کچھ میں تم کو کتاب اور علم (شریعت) دوں (اور) پھر تمہارے پاس کوئی (اور) پیغمبر آوے جو مصداق (اور موافق) ہو اس (علامت) کو جو تمہارے پاس (کی کتاب اور شریعت میں) ہے یعنی دلائل معتبرہ عند الشرع سے اس کی رسالت ثابت ہو) تو تم ضرور اس رسول (کی رسالت) پر (دل سے) اعتقاد بھی لانا اور (ہاتھ پاؤں) سے اس کی طرفداری بھی کرنا (پھر یہ عہد بیان کر کے ارشاد) فرمایا کہ آیا تم نے اقرار کیا اور اس (مضمون) پر میرا عہد (اور حکم) قبول کیا وہ بولے ہم نے اقرار کیا اور ارشاد فرمایا تو (اپنے اس اقرار کے) گواہ (کے طور پر) رہنا (کہ گواہی سے پھرنے کو برا سمجھتا ہے بخلاف مقر کے کہ بوجہ صاحب غرض ہونے کے اس کا پھر جانا چنداں مستبعد نہیں ہوتا اسی طرح تم اس اقرار سے مت پھرنا) اور میں (بھی) اس (مضمون) پر تمہارے ساتھ گواہوں میں سے (یعنی واقعہ کی اطلاع اور علم رکھنے والا)

www.besturdubooks.net

ہوں۔ **ف**: انبیاء علیہم السلام سے تو اس عہد کا لیا جانا قرآن مجید میں مصرح ہے باقی ان کی امم سے یا تو اسی وقت لیا گیا ہوگا یا انبیاء علیہم السلام کے ذریعہ سے لیا گیا ہو اور چونکہ اس کا واجب عام ہونا بہت ظاہر ہے اس لئے ذکر نہ کرنا مضر نہیں اور محل اس عہد کا یا تو اول عالم ارواح ہو یا صرف دنیا میں وحی سے لیا گیا ہو حاصل اس عہد کا ظاہر ہے کہ ہر رسول ثابت الرسالۃ بالدلیل کی تصدیق ونصرت کی فرضیت ہے آخر میں اس کے مصداق جناب رسول اللہ ﷺ ہیں بس اہل کتاب کو یہ عہد اس لئے سنایا کہ جب حضور ﷺ کی رسالت دلائل سے ثابت ہے تو لامحالہ اس عہد کے مضمون میں داخل ہیں پھر تم پر یقیناً آپ کی تصدیق اور نصرت فرض ہے اور یہی حاصل ہے اسلام کا۔ اور کتاب اور حکمت جو دو چیزیں ارشاد فرمائیں شاید یہ وجہ ہو کہ بعض انبیاء صاحب کتاب اصالۃً نہیں ہوئے البتہ صاحب علم سب تھے اور اگر اصالۃً کی قید نہ لگاویں تو یہ مفہوم بھی عام ہوگا۔ اور یہ وسوسہ کہ عالم ارواح کا عہد تو یاد نہیں بدیں طور مدفوع ہے کہ عہد کرنے کو اگر کوئی معتبر شخص بیان کردے وہ مثل اپنی یاد کے واجب الایفاء ہوتا ہے اور یہاں دلائل قطعیہ نے بیان کردیا ہے۔

ربط: اوپر عہد کا بیان تھا اب نقض عہد پر وعید ہے۔

وعید مخالفت عہد مذکور: فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ سو جو شخص (امم میں سے) روگردانی کرے گا (اس عہد سے) بعد اس کے (کہ انبیاء تک سے عہد لیا گیا اور امم تو کس شمار میں ہیں) تو ایسے ہی لوگ (پوری) بے حکمی کرنے والے (یعنی کافر) ہیں **ف**: چونکہ روگردانی کرنے والے امم ہی کے لوگ تھے اور صیغہ خطاب وغیرہ بھی نہیں اس لئے آیت کو عام لینے کی ضرورت نہیں۔

ربط: اوپر عہد اسلام کے وفا کا وجوب اور اس کے نقض کی حرمت مذکور تھی آگے اس نقض پر زجر ہے۔

زجر بر ترکِ اسلام: اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ۔ کیا (دین اسلام سے جس کا عہد لیا گیا ہے روگردانی کرکے) پھر (اس) دین خداوندی کے سوا اور کسی طریقہ کو چاہتے ہیں حالانکہ حق تعالیٰ (کی یہ شان ہے کہ ان) کے (حکم کے) سامنے سب سرافگندہ ہیں جتنے آسمانوں میں (ہیں) اور (جتنے) زمین میں ہیں (بعضے) خوشی (اور اختیار سے) اور (بعضے) بے اختیاری سے اور (اول تو اس عظمت ہی کا مقتضا یہ تھا کہ کوئی ان کے عہد کی مخالفت نہ کرے خاص کر جب کہ آئندہ سزا کا بھی ڈر ہو چنانچہ) سب خدا ہی کی طرف (قیامت کے روز) لوٹائے (بھی) جاویں گے (اور اس وقت مخالفین کو سزا ہوگی)

ف: حق تعالیٰ کے احکام دو قسم کے ہیں۔ تکوینی یعنی جن پر آثار مرتب ہونا باختیار عبد نہیں جیسا جلانا مارنا بیمار کرنا ونحو ذلک اور تشریعی یعنی جن کے آثار باختیار عبد ہیں جیسے نماز پڑھنے کو فرمانا کہ اس کا اثر امتثال یعنی نماز پڑھنا ہے اور وہ باختیار عبد ہے پس حاصل مقام یہ ہوا کہ حق تعالیٰ کے احکام تکوینیہ کے تو سب مسخر ہیں اور کرہ سے یہی مراد ہے اور بہتیرے احکام تشریعیہ کے بھی مطیع ہیں اور طوع کا یہی مطلب ہے تو ایک قسم حکم کی تو سب ہی پر جاری ہے اور دوسری قسم کو بھی بہتوں نے قبول کر رکھا ہے جس سے حاکم کی عظمت نمایاں ہے اب بعضے جو دوسری قسم میں خلاف کرتے ہیں تو کیا کوئی اور اس عظمت کا ہے جس کی موافقت کے لئے یہ مخالفت کرتے ہیں۔

ربط: اوپر اسلام کی حقیقت کا بیان تھا آگے حضور ﷺ کو اس کی حقیقت کا حاصل ظاہر کردینے کا ارشاد ہے۔

حاصل حقیقت اسلام: قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا (الی قولہ تعالی) لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (حاصل دین اسلام کے اظہار کے لئے) فرمادیجئے کہ ہم ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور اس (حکم) پر جو ہمارے پاس بھیجا گیا اور اس حکم پر جو (حضرت) ابراہیم واسمٰعیل واسحٰق ویعقوب (علیہم السلام) اور اولاد یعقوب (میں جو نبی گزرے ہیں ان) کی طرف بھیجا گیا اور اس (حکم ومعجزہ) پر بھی جو (حضرت) موسیٰ وعیسیٰ (علیہما السلام) اور دوسرے نبیوں کو دیا گیا ان کے پروردگار کی طرف سے (سو ہم ان سب پر ایمان رکھتے ہیں اور ایمان بھی) اس کیفیت سے کہ ہم ان (حضرات) میں سے کسی ایک میں بھی (دوسرے سے ایمان لانے میں) تفریق نہیں کرتے (کہ کسی پر ایمان رکھیں اور کسی پر نہ رکھیں) اور ہم تو اللہ ہی کے مطیع ہیں (انہوں نے یہ دین ہم کو بتلایا ہم نے اختیار کرلیا)

ف: بعینہٖ اسی مضمون کی آیت آخری رکوع پارہ الم میں گزر چکی ہے جو بعنوان خلاصہ ملت ابراہیم شروع ہوئی ہے اس کے ضروری متعلقات وہاں لکھ دیئے ہیں ملاحظہ کرلیا جاوے مقصود یہ ہے کہ اسلام کی اس حقیقت ہی سے اس کی خوبی ظاہر ہے پھر اس کو ترک کرنا سخت بددینی و بے انصافی ہے۔

تَرْجَمۂ مَسَائِلُ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ: وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ (الی قولہ تعالی) لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ۔ اس میں یہ بھی اشارہ ہے کہ شیوخ پر لازم ہے کہ جو علم وعمل میں ان سے فوق ہو بلکہ جو ان کا مساوی بھی ہو ان سے استنکاف وعار نہ کریں وجہ اشارہ یہ ہے کہ لفظ رسول کی تفسیر میں مفسرین کے دو قول ہیں اکثر مفسرین نے تو کہا ہے کہ مراد رسول اللہ ﷺ ہیں (تو فوق سے عار نہ کرنا ثابت ہوا) اور بعض نے کہا ہے کہ مراد یہ ہے کہ کسی رسول کے زمانہ

www.besturdubooks.net

میں دوسرا کوئی رسول بھی آ جاوے (تو مساوی عارنہ کرنا ثابت ہوا) ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا۔ روح المعانی میں ہے کہ اس آیت کے معنی میں کئی قول ہیں۔ اول یہ کہ اسلام طوعاً سے مراد وہ اسلام ہے جو علم سے ناشی ہو خواہ وہ علم استدلالی ہو جیسا ہم میں سے اکثر کو یہی حاصل ہے اور خواہ غیر استدلالی ہو جیسا ملائکہ کو ہے اور اسلام کرہاً سے مراد یہ ہے جو سیف سے اور ایسے امور کے معائنہ سے حاصل ہو جو اسلام کی طرف مضطر کردیں آہ اور اسی کے قریب وہ ہے جس کو روح ہی میں بعض صوفیہ سے نقل کیا ہے کہ اسلام طوعاً وہ ہے کہ اوامر حق تعالیٰ کا بدون معارضہ ظلمت نفسانیت اور بدون حیلولۃ حجت انانیت کے امتثال وانقیاد ہو اور اسلام کرہاً وہ ہے کہ مع توسط معارضہ ووساوس وحیلولۃ حجت وتعلق بالوسائط کے انقیاد ہو اول اسلام ملائکہ اور بعض مقبولین اخیار اہل ارض کے ہے اور ثانی مثل اسلام ایسے لوگوں کے جن کو شکوک پہلو بہ پہلو الٹ پلٹ کرتے رہتے ہیں آہ احقر کہتا ہے کہ اس تفسیر مذکور پر آیت میں اس امر پر دلالت ہے کہ دونوں قسم کے ایمان کافی ہیں سو جس شخص پر وساوس کا ہجوم ہو وہ بارگاہ مقصود حقیقی تک پہنچنے سے مایوس نہ ہو جیسا ایسے لوگوں کو یہ امر بکثرت پیش آ جاتا ہے اور دیا سلائی میں چنگاری بعض مدعیان مشیخت کی یہ حرکت ہو جاتی ہے کہ ان کو مقصود سے ناامید کر دیتے ہیں۔

الحواشی: (۱) یعنی ایسا واجب جو انبیاء وامم سب پر بالعموم واجب ہو ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی ترجمة** میثاق النبیین انبیاء سے **اشارة الى الاضافة الى المفعول ۱۲۔** ۲ **قوله فی ترجمة مصدق مصداق اشارة لى اكتفاء التصديق الحالى من غير توقف على المقالى ولا يخفى لطفه واورده فى الكبير ايضا وبهذا اندفع ما يتوهم من ان مجرد تصديق رجل بما بين يديه من الكتب لا يكفى لا ثبات نبوة فيحتاج الى انضمام مقدمات غير مذكورة سواء كان المراد برسول مطلق الرسول كما حملته عليه او الرسول ﷺ كما اختاره غيرى ولا منافاة لاحتمال التخصيص الذكرى تمثيلاً لاقتضاء المقام ۱۲۔** ۳ **قوله** یعنی دلائل معتبرہ **عند الشرع دخل فيه العقلى الذى يجب انتهاء النقلى اليه فى باب اثبات الرسالة واعتباره عند الشرع ثابت فلا يشكل انه كيف يكون ح مصداقا لما معهم من الشرع فافهم ۱۲۔** ۴ **قوله** طرفداری **لم يكرر ترجمة اللام للاكتفاء على المعطوف ۱۲۔** ۵ **قوله** عہد وحکم **عطف تفسيرى ۱۲۔** ۶ **قوله** گواہ کے طور پر **ليكون موافقا لقوله تعالى فى الاعراف واشهدهم على انفسم ۱۲۔** ۷ **قوله** اول عالم ارواح الخ **زاد كلمة اول لا عادة التذكير ثانيا فى الدنيا فيراد فى قسيمه عدم كونه فى عالم الارواح ومن ثم زيد لفظ صرف ۱۲۔** ۸ **قوله** ام میں سے **فبهذا القيد لا يضطر الى توجيه صحة الشرطية بدون وقوع المقدم كما فى بعض الأيات التى لا محيص منه فيها وفى روح المعانى والمشهور عدم دخول الانبياء عليهم السلام فى حكم هذه الشرطية او ما هى فى حكمها بل هذا الحكم بالنسبة الى اتباعهم وجوز ان يراد العموم والآية من قبيل لئن اشركت ليحبطن عملك الآية ۱۲۔** ۹ **قوله** پوری **بناء على ارادة الكامل بالمطلق فصح تفسيره بالكافر فان خصوصية المقام تقتضى هذا لا مطلق العصيان ۱۲۔** ۱۰ **قوله فى ترجمة افغير** روگردانی کر کے **اشارة الى تقدير المعطوف عليه اى يتولون فغير دين الله اه ۱۲۔**

الروایات: **اورد فى روح المعانى برواية ابن جرير عن علىؓ قال لم يبعث الله تعالى نبياً آدم فمن بعده الا اخذ عليه العهد فى محمد ﷺ لئن بعث وهو حى ليؤمنن به ولينصرنه و يامره فيأخذ العهد على قوله ثم تلا الآية اه قلت ولا ينافى تفسيرى بالعام كما قررته فى توضيحى لقولى مصداق ويتايد العموم بما فى روح المعانى تحت آية قل امنا اخرج عبدالرزاق وغيره عن طاؤس انه قال اخذ الله تعالى ميثاق النبيين ان يصدق بعضهم بعضًا ويمكن توجيه التخصيص بذكره ﷺ لمزيته على غيره باخذ العهد له من كل نبى لتاخره ﷺ عن الجميع واما غيره فالظاهر ان هذا العهد لم يوخذ من المتاخر للمتقدم كما يدل عليه قوله تعالى ثم جاء كم وظاهر ان المتقدم لا يحتمل المجئ ثانيا فافهم فانه لطيف واما اخذ هذا العهد له ﷺ مع علمه تعالى بانهم لا يدركون وقته فجوابه على ما فى روح المعانى ان فيه تعظيما له ﷺ اما على تقدير العموم فلا ظهار اهتمام شان الايمان بكل رسول ۱۲۔**

اللغات: **الامر العهد والذنب والثقل كذا فى القاموس ۱۲ فى القاموس بغيته طلبته ۱۲۔ ايت قل امنا بالله اذ قد مر مثلها فى البقرة لا نعيدها ۱۲۔**

النحو مع اختلاف القراءۃ: **فى الجلالين لما بفتح اللام للابتداء وتوكيد معنى القسم الذى فى اخذ الميثاق وكسرها متعلقة باخذ وما موصولة على الوجهين اتيتكم اياه وفى قراءة آتينا لتؤمنن جواب القسم اه فى الكمالين على اياه يشير الى ان العائد الى الموصول محذوف وفيه على قول الجلالين مصدق لما معكم من الكتب والحكمة يشير الى ان ههنا اقامة المظهر مقام المضمر فى روح**

www.besturdubooks.net

المعانی عن الروض الانف للامام السهيلي ان الجملة المعطوفة لما كانت مشتملة على ما هو بمعنى المبتدأ الموصول ولذلك استغنى عن ضميره فيها مع لزومه فى الصلتين المتعاطفتين فى المشهور وكان ضمير به راجعاً الى الرسول مع ملاحظة مصدق لما معكم القائم مقام الضمير العائد على ما اكتفى بمجرد ذلك عن ضمير فى خبرها لارتباط الكلام بعضه ببعض اه وبه اندفع ما يردان الجملة التى هى خبر خالية عن العائد۱۲۔

وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝۸۵ كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا
كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۸۶
اُولٰۗىِٕكَ جَزَاۗؤُھُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝۸۷ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ
الْعَذَابُ وَلَا ھُمْ يُنْظَرُوْنَ ۝۸۸ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۣ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ۝۸۹ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُھُمْ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ ھُمُ
الضَّاۗلُّوْنَ ۝۹۰ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَھُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا
ع ۹/۱۱/۱۷ وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝۹۱

اور جو شخص اسلام کے سوا کسی دوسرے دین کو طلب کرے گا وہ اس سے مقبول نہ ہوگا اور وہ آخرت میں تباہ کاروں میں سے ہوگا۔ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو کیسے ہدایت کریں گے جو کافر ہو گئے بعد اپنے ایمان لانے کے اور بعد اپنے اس اقرار کے رسول سچے ہیں اور بعد اس کے کہ ان کو واضح دلائل پہنچ چکے تھے اور اللہ ایسے بے ڈھنگے لوگوں کو ہدایت نہیں کرتے۔ ایسے لوگوں کی سزا یہ ہے کہ ان پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہوتی ہے اور فرشتوں کی بھی اور آدمیوں کی بھی سب کی اور وہ ہمیشہ کو اسی میں رہیں گے۔ ان پر عذاب ہلکا بھی نہ ہونے پائے گا اور نہ ان کو مہلت ہی دی جائے گی۔ ہاں مگر جو لوگ توبہ کر لیں اس کے بعد اور اپنے کو سنواریں سو بے شک خدا تعالیٰ بخش دینے والے رحمت والے ہیں۔ بے شک جو لوگ کافر ہوئے اپنے ایمان لانے کے بعد پھر بڑھتے رہے کفر میں۔ ان کی توبہ ہرگز قبول نہ ہوگی اور ایسے لوگ پکے گمراہ ہیں۔ بے شک جو لوگ کافر ہوئے اور وہ مر بھی گئے حالت کفر ہی میں سو ان میں سے کسی کا زمین بھر سونا بھی نہ لیا جائے گا اگر وہ معاوضہ میں اس کا دے دینا بھی چاہے۔ ان لوگوں کو سزائے دردناک ہوگی اور ان کے کوئی حامی بھی نہ ہوں گے ۝

تفسیر ربط: آگے دین اللہ یعنی اسلام کے غیر کسی دوسرے طریقہ کا عند اللہ مقبول نہ ہونا بتلاتے ہیں۔

عدم قبول غیر اسلام: وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ اور جو شخص اسلام کے سوا کسی دوسرے دین کو طلب کرے گا تو وہ (دین) اس (شخص) سے (خدا تعالیٰ کے نزدیک) مقبول (ومنظور) نہ ہوگا اور وہ (شخص) آخرت میں تباہ کاروں میں سے ہوگا (یعنی نجات نہ پاوے گا)

ربط: آگے معترضین عن الاسلام میں سے ان لوگوں کا بیان ہے جو اسلام کو قبول کر کے پھر اس سے پھر گئے پھر ان میں بھی دو طرح کے ہیں بعضے تو اس کفر پر قائم رہے اور بعض پھر تائب ہو کر اسلام لے آئے دونوں کا بیان آتا ہے۔

بیان مرتدین: كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ (الى قوله تعالى) فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (اول ان مرتدین کا بیان ہے جو کفر پر قائم رہ کر اس کو ہدایت سمجھتے رہے چونکہ ان کا اعتقاد یا دعویٰ یہ تھا کہ خدا تعالیٰ نے ہم کو اب ہدایت فرمائی لہٰذا ان کی مذمت میں اس کی نفی بھی فرماتے ہیں کہ بھلا) اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو کیسے ہدایت کریں گے جو کافر ہو گئے بعد اپنے ایمان لانے کے (دل سے) اور بعد اپنے اس اقرار کے (زبان سے) کہ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم دعویٰ رسالت میں) سچے ہیں اور بعد اس کے کہ ان کو واضح دلائل (حقانیت اسلام کے) پہنچ چکے تھے۔ اور اللہ تعالیٰ ایسے بے ڈھنگے لوگوں کو ہدایت نہیں کیا کرتے (یہ مطلب نہیں کہ ایسوں کو کبھی توفیق اسلام کی نہیں دیتے بلکہ مقصود ان کے اسی دعویٰ مذکورہ بالا کی نفی کرنا ہے کہ وہ کہتے تھے کہ ہم نے جو اسلام چھوڑ کر یہ طریق اختیار کیا ہے ہم کو خدا نے ہدایت دی ہے۔ خلاصہ نفی کا یہ ہوا کہ جو شخص کفر کا بے ڈھنگا راستہ اختیار کرے وہ ہدایت خداوندی پر نہیں اس لئے وہ یہ نہیں کہہ سکتا کہ مجھ کو خدا نے ہدایت دی ہے کیونکہ کفر ہدایت کا راستہ نہیں بلکہ ایسے لوگ یقیناً گمراہ ہیں اور) ایسے لوگوں کی سزا یہ ہے کہ ان پر اللہ تعالیٰ کی بھی لعنت ہوتی

www.besturdubooks.net

ہے اور فرشتوں کی بھی (اور بہتیرے) آدمیوں کی بھی (غرض) سب کی (اور پھر وہ لعنت بھی ایسے طور پر رہے گی کہ) ہمیشہ ہمیشہ کو اسی (لعنت) میں رہیں گے (اور چونکہ اس لعنت کا اثر جہنم ہے حاصل یہ ہوا کہ وہ جہنم میں ہمیشہ رہیں گے اور) ان پر سے عذاب ہلکا بھی نہ ہونے پاوے گا اور نہ (داخل ہونے کے قبل) ان کو (کسی میعاد تک) مہلت دی جاوے گی (آگے ان کا بیان ہے جو پھر مسلمان ہو گئے ان کو اس حکم سے مستثنیٰ فرماتے ہیں یعنی) ہاں مگر جو لوگ توبہ کر لیں اس (کفر) کے بعد (یعنی مسلمان ہو جاویں) اور اپنے (دل کو (بھی) سنواریں (یعنی منافقانہ طور پر صرف زبان سے توبہ کافی نہیں) سو بے شک ایسوں کے لئے) خدا تعالیٰ بخش دینے والے رحمت کرنے والے ہیں۔ ف: ایسی ہی آیت پارہ سیقول کے تیسرے رکوع میں گزری ہے اس کی ضروریات کی تفسیر وہاں دیکھ لی جاوے۔ اور کیفیت یھدی اور لا یھدی میں جو نفی ہدایت مزعومہ کی فرمائی اس کی مثال ہمارے محاورات میں ایسی ہے جیسے کسی بدمعاش کو کوئی حاکم اپنے ہاتھ سے سزا دے اور وہ کہے کہ مجھ کو حاکم نے اپنے ہاتھ سے خصوصیت عنایت فرمائی ہے اور اس کے جواب میں کہا جاوے کہ ایسے بدمعاش کو ہم خصوصیت کیوں دینے لگے یعنی یہ امر خصوصیت ہی نہیں۔ اور یہ مطلب نہیں ہوتا کہ ایسا شخص کسی طرح قابل خصوصیت نہیں ہو سکتا اگرچہ شائستہ بن جاوے پس اس سے یہ اشکال جاتا رہا کہ بسا اوقات ارتداد کے بعد بھی ہدایت ہو جاتی ہے۔

ربط: اوپر توبہ کرنے والوں کو سزا سے مستثنیٰ فرمایا تھا اور ظاہر ہے کہ حقیقت اس توبہ خاص کی اسلام قبول کرنا ہے چونکہ لفظ توبہ کو سن کر اور اس کی اس حقیقت میں غور نہ کر کے احتمال تھا کہ کوئی مرتد کہنے لگے کہ میں بھی توبہ کیا کرتا ہوں یعنی ان امور سے جو اس کی ملت کفریہ میں قبیح ہیں تو میں بھی مستحق نجات ہوں گا اس لئے اگلی آیت میں بدون اسلام کے محض توبہ عن الذنوب کا مقبول نہ ہونا بیان فرماتے ہیں۔

عدم قبول توبہ بدون ایمان: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ (الی قولہ تعالی) وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ بیشک جو لوگ کافر ہوئے اپنے ایمان لانے کے بعد پھر بڑھتے رہے کفر میں (یعنی کفر پر دوام رکھا ایمان نہیں لائے) ان کی توبہ (جو کہ اور گناہوں سے کرتے ہوں) ہرگز مقبول نہ ہوگی (کیونکہ توبہ عن المعاصی ایک طاعت فرعیہ ہے۔ اور طاعات فرعیہ کے مقبول ہونے کی شرط ایمان ہے) اور ایسے لوگ (اس توبہ کے بعد بھی بدستور) پکے گمراہ ہیں۔

ف: جو کافر اصلی ہو اس کا بھی شرع میں یہی حکم ہے۔

ربط: اوپر کی آیت میں ازدیاد کفر آیا ہے جس کی تفسیر دوام علی الکفر الی الموت یعنی موت علی الکفر ہے آیت آئندہ میں اس تفسیر کی تصریح ہے اور نیز اوپر کی آیت ظاہراً مرتد کے باب میں تھی حالانکہ حکم مذکور عام ہے اس لئے آیت آئندہ میں عام لفظوں میں اس کو بیان فرماتے ہیں۔ نیز اوپر کی آیت میں نفی قبول توبہ کی تھی احتمال باقی رہا کہ شاید خالی توبہ قبول نہ ہو کچھ فدیہ یعنی معاوضہ منظور ہو جاوے آیت آئندہ میں اس کی بھی نفی ہے پس آیت آئندہ تین جدید امر کو مفید ہوئی۔

عدم قبول فدیہ از مطلق کافر الی الموت: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ (الی قولہ تعالی) وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ بیشک جو لوگ کافر ہوئے اور وہ بھی مر گئے حالت کفر ہی میں سو ان میں سے کسی کا زمین بھر سونا بھی نہ لیا جائے گا اگرچہ وہ معاوضہ میں اس کا دینا بھی چاہے (اور بے دیئے تو کون پوچھتا ہے) ان لوگوں کو سزائے دردناک ہوگی اور ان کے کوئی حامی (مددگار) بھی نہ ہوں گے۔ ف: لفظ اگرچہ مبالغہ کے لئے ہوتا ہے وجہ مبالغہ کی یہ ہے کہ خود دینے کی درخواست کرنے میں ایک گونہ معنی معذرت و ندامت کے بھی ہوتے ہیں جس میں عادۃً احتمال زیادت قبول کا ہوتا ہے بخلاف اس حالت کے کہ جرمانہ کے طور پر بدون مجرم کی درخواست کے جبراً اس سے لے لیا جاوے اس میں تو کوئی دلیل معذرت کی بھی نہیں اور یہ نفع میں ابعد ہے۔ پس حاصل یہ ہوا کہ جب اس کافر کی برأت کے لئے بذل مال کا طریق اقرب بھی نافع و مقبول ہوگا خوب سمجھ لو۔ اور یہ جو فرمایا کہ زمین بھر سونا بھی نہ لیا جاوے گا مطلب یہ کہ اگر بالفرض اس کے پاس ہو جیسا دوسری آیت میں ہے: وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ الخ اور وہاں نہ ہونا تو معلوم ہی ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ روح المعانی میں ہے کہ وہ توبہ ہی نہیں کرتے تا کہ قبول ہو کیونکہ ان کو اس کی توفیق ہی نہیں ہوتی آہ احقر کہتا ہے کہ یہی عادۃ اللہ ہے اس شخص کے بارہ میں جو اہل اللہ کے طریق کی طرف متوجہ ہوا ہو پھر تعطل یا انکار کی راہ سے اس سے اعراض کر لے تو اکثر پھر اس کی طرف عود کرنے کی اس کو توفیق نہیں ہوتی بلکہ وہ مخذول رہتا ہے پھر بعض اوقات یہ اس سے اشد کی طرف منجر ہو جاتا ہے کہ اہل طریق سے عداوت و نفرت رکھنے لگتا ہے پھر وہ دین کے بڑے جزو سے خارج ہو جاتا ہے۔ نعوذ باللہ منہ ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قولہ فی ترجمة ایمانھم** دل سے **لیحصل التغایر بین الایمان والشھادۃ** ۱۲۔ ۲؎ **قولہ فی ترجمة الظلمین** ایسے بے ڈھنگے **اشارة الی کون اللام للعھد وکون الظلم بمعنی وضع الشئی فی غیر محله وبین ادناہ واعلاہ بعد شاسع وبون واسع** ۱۲۔ ۳؎ **قولہ فی ترجمة اصلحوا** دل کو **ماخذہ الکبیر حیث قال اصلحوا باطنھم** ۱۲۔ ۴؎ **قولہ فی تفسیر ازدادوا دوام الخ کما فی الکبیر ان المرتد**

www.besturdubooks.net

يكون فاعلا للزيادة بان يقيم ويصر فيكون الاصرار كالزيادة ۱۲۔ ۵ قوله فی ترجمة توبتهم جو کہ اور گناہوں سے الخ ماخذه روح المعانی حيث قال وقيل ان هذه التوبة لم يكن عن الكفر وانما هی عن ذنوب كانوا يفعلونها معه فتابوا عنها مع اصرارهم على الكفر فردت عليهم لذلك ويؤيده ما اخرجه ابن جرير عن ابی العالية قال هؤلاء اليهود والنصارٰی كفروا بعد ايمانهم ثم ازدادوا كفرا بذنوب اذنبوها ثم ذبوا يتوبون من تلك الذنوب فی كفرهم فلم تقبل توبتهم ولو كانوا على الهدى قبلت ولكنهم على ضلالة اه قلت فزال توهم التعارض بين القبول المفهوم مما قبله وبين عدم القبول هذا ۱۲۔ ۶ قوله فی ترجمة لضالون توبہ کے بعد بھی آپ کے الخ ماخذه كله ما فی البيضاوی من قوله الثابتون على الضلال وما فی روح المعانی الحصر باعتبار انهم كاملون فی الضلال فلا ينافی وجود الضلال فی غيرهم ۱۲۔ ۷ قوله لتقرير المبالغة فی قوله ولو افتدٰی به ماخذه ما نقل فی روح المعانی عن ابن المنير وابی حيان فی عبارة طويلة لكن ما ذكرته فی وجه اولوية المسكوت عنه من المذكور كما هو مقتضٰی هذا التركيب هو غير منقول بل هو من مواهب الله تعالٰی لی وله الحمدفقط ۱۲۔

الرِّوَايَاتُ: فی لباب النقول روی النسائی وابن حبان والحاكم عن ابن عباس قال كان رجل من الانصار اسلم ثم ارتد ثم ندم فارسل الى قومه ارسلوا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم هل لی من توبة فنزلت كيف يهدی الله قوما كفروا الى قوله فان الله غفور رحيم فارسل الٰی قومه فاسلم ونقل عن مسدد فی مسنده وعبدالرزاق عن مجاهد فی قصة الحرث بن سويد ما يقاربه وفی الكبير تحت هذه الآية عن ابن عباسؓ نزلت هذه الآية فی عشر رهط كانوا آمنوا ثم ارتدوا و لحقوا بمكة ثم اخذوا يتربصون به ريب المنون فانزل الله تعالٰی فيهم هذه الآية و كان فيهم من تاب فاستثنى التائب منهم بقوله الا الذين تابوا اه قلت وراعيت رواية الكبير فی تقرير ترجمتی ۱۲۔

اَلْكَلَامُ: ومن يبتغ الخ استدل بعضهم بها على اتحاد الاسلام والايمان لانه لو كان غير الاسلام لزم كونه غير مقبول وهو كما ترٰی قلت المراد بالغير فی الآية المعارض لا مطلق لامغاير مفهومًا او مصداقا والا لزم ان تكون الصلٰوة والزكٰوة وغيرهما غير مقبولين وهو كما ترے فلم يثبت بها الاتحاد فافهم فانه لطيف ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: اجمعين تاكيد لجميع المعطوفات لا الناس وحده فلا حاجة الى التكلف لصحة لغة جميع الناس قوله وشهدوا فی البيضاوی عطف على ما فی ايمانهم من معنى الفعل ونظيره فاصدق واكن او حال باضمار قد اه قلت واخترت الاول لظهور معناه ۱۲۔ فی روح المعانی كفرا تمييز محول عن فاعل اه قلت فالازدياد لازم متعد الى المفعول ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: كيف يهدی الله قد ذكرت وجه البلاغة فيه فی المتن وهو ما شهد به ذوقی ثم تأيد بما فی روح المعانی من قوله وقيل ان الآية على طريق التبعيد كما يقال كيف اهدبك الى الطريق وقد تركته ای لا طريق يهديهم به الى الايمان الا من الوجه الذی هداهم به ولا طريق غيره اه ۱۲۔

www.besturdubooks.net

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ؕ۬ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ۝۹۲ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِیْۤ

اِسْرَآءِیْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِیْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَاۤ اِنْ

كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝۹۳ فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۹۴ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۫ قف

فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝۹۵ اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ

بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝۹۶ فِیْهِ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِیْمَ ۚ۬ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى

النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْهِ سَبِیْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ ۝۹۷

تم خیر کامل کو کبھی نہ حاصل کر سکو گے یہاں تک کہ اپنی پیاری چیز کو خرچ نہ کرو گے اور جو کچھ بھی خرچ کرو گے اللہ تعالیٰ اس کو خوب جانتے ہیں۔ سب کھانے کی چیزیں (نزول توارت کے قبل) باستثناء اس کے جس کو یعقوبؑ نے اپنے نفس پر حرام کر لیا تھا بنی اسرائیل پر حلال تھیں فرما دیجئے کہ پھر تورات لاؤ پھر اس کو پڑھو اگر تم سچے ہو۔ سو جو شخص اس کے بعد اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بات کی تہمت لگائے سو ایسے لوگ بڑے بے انصاف ہیں آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ نے سچ کہہ دیا سو تم ملت ابراہیم کا اتباع کرو جس میں ذرا کجی نہیں اور وہ مشرک نہ تھے۔ یقیناً وہ مکان جو سب سے پہلے لوگوں کے واسطے مقرر کیا گیا وہ مکان ہے جو کہ مکہ میں ہے جس کی حالت یہ ہے کہ وہ برکت والا ہے اور جہان بھر کے لوگوں کا رہنما ہے اس میں کھلی نشانیاں ہیں منجملہ ان کے ایک مقام ابراہیم ہے اور جو شخص اس میں داخل ہو جائے وہ امن والا ہو جاتا ہے اور اللہ کے واسطے لوگوں کے ذمہ اس مکان کا حج کرنا ہے یعنی اس شخص کے جو کہ طاقت رکھے وہاں تک کی سبیل کی اور جو شخص منکر ہو اللہ تعالیٰ تمام جہان والوں سے غنی ہیں۔ ۞

تفسیر: **ربط**: اوپر افتداء کا کفار کے لئے نافع نہ ہونا مذکور ہوا تھا آگے بتلاتے ہیں کہ البتہ مؤمنین کو دنیا میں انفاق فی سبیل اللہ نافع فی الآخرۃ ہو سکتا ہے اور اس میں یہ بھی اشارہ ہو گیا کہ اگر کفار اپنے اموال سے آخرت میں منتفع ہونا چاہیں تو مسلمان ہو کر یہاں دنیا میں بھی فی سبیل اللہ خرچ کریں۔

ترغیب انفاق و آداب آں: لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ (الی قولہ تعالیٰ) فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ۝۹۲ (اے مسلمانو) تم خیر کامل (یعنی اعظم ثواب) کو کبھی نہ حاصل کر سکو گے یہاں تک کہ اپنی (بہت) پیاری چیز کو (اللہ کی راہ میں) خرچ نہ کرو گے۔ اور (یوں) جو کچھ بھی خرچ کرو گے (گو غیر محبوب چیز ہو) اللہ تعالیٰ اس کو بھی خوب جانتے ہیں (مطلق ثواب اس پر بھی دے دیں گے لیکن کمال ثواب حاصل کرنے کا وہی طریقہ ہے)۔

ف: آیت سے معلوم ہوا کہ ثواب تو ہر خرچ کرنے سے ہوتا ہے جو اللہ کی راہ میں کیا جاوے مگر زیادہ ثواب محبوب چیز کے خرچ کرنے سے ہوتا ہے۔

ربط: اوپر کی آیتوں میں اہل کتاب سے محاجہ چلا آتا ہے کہیں یہود سے کہیں نصاریٰ سے کہیں دونوں سے۔ ایک محاجہ کا آگے بیان ہوتا ہے جس کا قصہ روح المعانی میں بروایت واحدی کے کلبی سے منقول ہے کہ جب حضور ﷺ نے اپنا ملت ابراہیمی پر ہونا باعتبار اصول شریعت بتمامہا اور اکثر فروع کے بیان فرمایا تو یہود نے اعتراضاً کہا کہ آپ اونٹ کا گوشت اور دودھ کھاتے ہیں حالانکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر حرام تھا جناب رسول اللہ ﷺ نے جواب دیا کہ نہیں ان پر یہ حلال تھا یہود نے کہا جتنی چیزیں ہم حرام سمجھتے ہیں یہ سب حضرت نوح و حضرت ابراہیم علیہما السلام کے وقت سے حرام چلی آتی ہیں یہاں تک کہ ہم تک وہ تحریم پہنچی اللہ تعالیٰ نے آیت آئندہ تکذیب یہود کے لئے نازل فرمائی۔

تکذیب یہود در دعویٰ تحریم لحوم ابل بر ابراہیم علیہ السلام و آلِ شاں: كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ (الی قولہ تعالیٰ) فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (جن کھانے کی چیزوں میں گفتگو ہے یہ) سب کھانے کی چیزیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے وقت سے ہرگز حرام نہیں چلی آ رہی ہیں بلکہ یہ چیزیں) نزول توراۃ کے قبل باستثناء اس کے (یعنی گوشت شتر کے) جس کو (حضرت) یعقوب (علیہ السلام) نے (ایک خاص وجہ سے) اپنے نفس پر حرام کر لیا تھا (اور پھر وہ انکی اولاد میں بھی حرام چلا آیا باقی سب چیزیں خود) بنی اسرائیل (تک) پر (بھی) حلال تھیں (تو ابراہیم علیہ السلام کے وقت سے ان کی تحریم کا دعویٰ کب صحیح ہو سکتا ہے اور نزول توراۃ کے قبل اس واسطے فرمایا کہ نزول توراۃ کے بعد ان مذکورہ حلال چیزوں میں سے بھی بہت سی چیزیں حرام ہو گئی تھیں جس کی کچھ تفصیل سورۂ انعام کی اس آیت میں ہے وَعَلَى الَّذِیْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِیْ ظُفُرٍ الی اخرھا۔ اور اگر اب بھی یہود کو تحریم کی قدامت مذکورہ کا دعویٰ ہے تو اے محمد ﷺ ان سے) فرما دیجئے کہ (اچھا تو) پھر توراۃ لاؤ پھر اس کو (لا کر) پڑھو اگر تم (دعویٰ مذکورہ میں) سچے ہو (تو اس میں کوئی آیت وغیرہ اس مضمون کی نکال دو کیونکہ امور منقولہ میں نص کی ضرورت ہے اور دوسری نصوص یقیناً منفی ہیں صرف توراۃ باقی ہے سو اسی میں دکھلا دو چنانچہ اس میں نہ دکھلا سکے تو کذب ان کا اس

www.besturdubooks.net

دعویٰ میں ثابت ہوگیا آگے اس پر مرتب کر کے فرماتے ہیں) سو جو شخص اس (ظہور کذب بالدلیل) کے بعد (بھی) اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بات کی تہمت لگائے (جاوے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے وقت سے گوشت شتر وغیرہ کو حرام فرمایا ہے) تو ایسے لوگ بڑے بے انصاف ہیں **ف**: وہ خاص وجہ یہ ہوئی تھی کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کو عرق النساء کا مرض تھا آپ نے نذر مانی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ اس سے شفاء دیں تو سب میں زیادہ جو کھانا مجھ کو محبوب ہو اُس کو چھوڑ دوں ان کو شفا ہوگئی اور سب میں زیادہ محبوب آپ کو اونٹ کا گوشت تھا اس کو ترک فرمادیا **اخرجه الحاکم وغیرہ بسند صحیح عن ابن عباس كذا في روح المعاني واخرجه الترمذی فی سورة الرعد مرفوعًا**۔ پھر یہی تحریم جو نذر سے ہوئی تھی بنی اسرائیل میں بھی بحکم وحی رہی اور معلوم ہوتا ہے کہ ان کی شریعت میں نذر سے تحریم بھی ہوجاتی ہوگی جس طرح ہماری شریعت میں مباح کا ایجاب ہوجاتا ہے مگر تحریم کی نذر جو درحقیقت یمین ہے ہماری شریعت میں جائز نہیں بلکہ اس میں حنث پھر اس حنث کا کفارہ واجب ہے کما قال اللہ تعالیٰ: لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ الآیة اسی طرح تفسیر کبیر میں ہے۔

ربط: اوپر دعویٰ یہود کا کذب ثابت ہوگیا اور قرآن اس کا مناقض ہے تو اس کا صدق عقلاً ثابت ہوا آیت آئندہ میں اس صدق کی تصریح اور اس پر ایک تفریع مذکور ہے۔

ترتب دعوتِ اسلام بر ظہور صدق قرآن: قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۗ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ نے سچ کہہ دیا سو (اب) تم (کو چاہئے کہ بعد ثبوت حقیقت قرآن کے) ملتِ ابراہیم (یعنی اسلام) کا اتباع (اختیار) کرو جس میں ذرا کجی نہیں اور وہ (ابراہیم علیہ السلام) مشرک نہ تھے۔

ف: آخر پارہ الم میں ایسی آیت آچکی ہے وہاں تفسیر لکھ دی ہے۔

ربط: اوپر سے محاجہ چلا آتا ہے منجملہ ان محاجوں کے ایک محاجہ یہ تھا کہ یہود نے بیت المقدس کو خانہ کعبہ سے افضل بتایا تھا مسلمان کعبہ کو افضل کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے مناظرہ میں مسلمانوں کا حق پر ہونا بیان فرمایا **اوردہ فی روح المعانی بروایة ابن المنذر وغیرہ عن ابن جریج فی بلاغاته** اور کبیر میں یہود کے اس کہنے کی غرض یہ لکھی ہے کہ تحویل قبلہ پر اعتراض کرنا مقصود تھا کہ افضل قبلہ کو چھوڑ کر غیر افضل کو اختیار کیا۔

افضلیت بیت اللہ بر دیگر معابد: اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ (الی قولہ تعالی) فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ۔ یقیناً وہ مکان جو سب (مکانات عبادت) سے پہلے لوگوں (کی عبادت گاہ بننے) کے واسطے (من جانب اللہ) مقرر کیا گیا وہ مکان ہے جو کہ (شہر) مکہ میں ہے (یعنی خانہ کعبہ) جس کی حالت یہ ہے کہ وہ برکت والا ہے (یعنی اس میں دینی نفع یعنی ثواب ہے) اور (عبادت خاص یعنی نماز کا رخ بتلانے میں) جہان بھر کے لوگوں کا رہنما ہے (مطلب یہ کہ حج وہاں ہوتا ہے اور مثلاً نماز کا ثواب بروئے تصریح حدیث وہاں بہت زیادہ ہوتا ہے دینی برکت تو یہ ہوئی اور جو وہاں نہیں ہیں ان کو اس مکان کے ذریعہ سے نماز کا رخ معلوم ہوتا ہے یہ راہنمائی ہوئی غرض) اس میں (کچھ تشریعی کچھ تکوینی) کھلی نشانیاں (اس کی فضیلت کی موجود) ہیں (چنانچہ تشریعی نشانیوں میں اس کا مبارک اور ہدیٰ بتفسیر مذکور ہونا تو بیان ہوچکا اور کچھ مقام ابراہیم علیہ السلام کے بعد مذکور ہیں یعنی اس میں داخل ہونے والے کا مستحق امن ہوجانا اور اس کا حج بشرائط فرض ہونا جو کہ مطلق مشروعیت حج مذکورہ سابق پر زائد مفہوم ہے یہ چار نشانیاں تو تشریعی اس جگہ مذکور ہیں اب درمیان میں تکوینی کا ذکر فرماتے ہیں کہ) منجملہ ان (نشانیوں) کے ایک مقام ابراہیم (نشانی) ہے اور (ایک تشریعی نشان یہ ہے کہ) جو شخص اس (کے حدود متعلقہ) میں داخل ہوجاوے وہ (شرعاً) امن والا ہوجاتا ہے اور (ایک تشریعی نشان یہ ہے کہ) اللہ کے (خوش کرنے کے) واسطے لوگوں کے ذمہ اس مکان کا حج کرنا (فرض) ہے (مگر سب کے ذمہ نہیں بلکہ خاص خاص کے) یعنی اس شخص کے جو کہ طاقت رکھے وہاں تک (پہنچنے) کی سبیل کی اور جو شخص (احکام خداوندی کا) منکر ہو تو (خدا تعالیٰ کا کیا ضرر کیونکہ) اللہ تعالیٰ تمام جہان والوں سے غنی ہیں (کسی کے ماننے پر ان کا کوئی کام اٹکا نہیں پڑا بلکہ خود اس منکر ہی کا ضرر ہے)

ف: سب عبادت گاہوں سے پہلے اس کے مقرر ہونے سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ بیت المقدس سے بھی پہلے بنا ہے چنانچہ حدیث صحیحین میں اس کی تصریح بھی ہے اور لِلنَّاسِ اور لِّلْعٰلَمِيْنَ کا عموم اس طرح ہے کہ شرائع سابقہ میں بھی بابرکت اور مقصود بالزیارت رہا ہے۔ اور مقام ابراہیم ایک پتھر ہے جس پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ کی تعمیر کی تھی اور اس پتھر میں آپ کے قدموں کا نشان بن گیا **اوردہٗ فی روح المعانی عن سعید بن جبیر** سو اس کا نشان عجیب ہونا تو ظاہر ہے لیکن اس نشان کا کعبہ کی طرف منسوب ہونا بدیں وجہ ہے کہ یہ بات عمارت کعبہ کے تعلق سے اس میں پیدا ہوئی اور اب وہ پتھر خانہ کعبہ سے ذرا فاصلہ پر ایک محفوظ مکان میں رکھا ہے اور ان آیات مذکورہ میں اس مقام ابراہیم کا نشان ہونا تو محسوس ہے باقی احکام تشریعیہ کا نشان فضیلت ہونا باوجود ان کے غیر محسوس ہونے کے اس لئے ہے کہ وہ احکام دلائل صحیحہ سے ثابت ہیں۔ پس حاصل استدلال یہ ہوا کہ دیکھو یہ احکام شرعیہ خانہ کعبہ کے متعلق ہیں جن کا متعلق ہونا دلائل سے ثابت ہے اور ایسے احکام بیت المقدس کے متعلق مشروع نہیں کئے گئے پس افضلیت ثابت ہوگئی۔ اور امن کے متعلق تفسیر پارہ الم کے

www.besturdubooks.net

آخری رکوع سے پہلے رکوع میں گزر چکی ہے اور سبیل کی تفسیر حدیث میں زاد وراحلہ کے ساتھ آئی ہے۔ رواہ الحاکم وغیرہ اور صحت بدن وسلامت بصر اور عقل و اسلام وحریت وغیرہ اور دلائل سے ثابت ہیں اور جاننا چاہئے کہ ہر چند کہ سوا مقام ابراہیم کے باقی آیات یہاں تشریعی ہیں لیکن ان کا اثر تکوینا بھی قلوب پر ایسا تھا کہ جاہلیت میں بھی ان کے آثار ظاہر ہوتے تھے مثلاً دور دراز سے حج کو آنا۔ طواف کرنا۔ حد حرم میں امن قائم رکھنا۔ جیسا کہ تواریخ میں منقول ہے اور قرآن میں بھی بعض امور بعض جگہ مذکور ہیں کقولہ تعالیٰ: وَقَالُوٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ الخ وقولہ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۚ اور اس کے ساتھ ایک مقدمہ بدیہیہ منضم کر لیا جاوے اور وہ یہ کہ سب سے زیادہ محبوب چیز طبعاً انسان کو اپنی جان ہے تو آیت دال ہوئی اس پر کہ اپنی ہستی کو محبوب حقیقی کے لئے بذل کرنا موقوف علیہ ہے بر اور قرب الٰہی کا۔ قولہ تعالیٰ: كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ۔ روح المعانی میں ہے کہ بعض نے کہا ہے کہ فائدہ اس حکایت کے بیان فرمانے سے اہل محبت کو اس کی تعلیم دینا ہے کہ جو چیزیں ان کو محبوب ہیں جیسے مرغوب کھانے اور دنیوی لذائذ حق تعالیٰ کی حقیقی نعمتوں کی طلب میں ان کو ترک کر دیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ** اللہ کی راہ میں قید به لقرينة المقام ۱۲۔ ۲ **قولہ** خرچ نہ کرو گے زاد كلمة النفى لعدم مساعدة محاورتنا بدونها ۱۲۔ ۳ **قولہ** گو غیر محبوب الخ اخذت ذلك من البيضاوى اى من اى شئ محبوب او غيره ۱۲۔ ۴ **قولہ** فى ترجمة كل الطعام گفتگو ہے صرح به لان جميع ما عدا المستثنىٰ لم يكن حلالاً كالميتة ومثلها اخذت ذلك من الكبير ۱۲۔ ۵ **قولہ** فى ترجمة حرم اسرائيل ان کی اولاد میں الخ كما فى الكبير ظاهره هذه الآية تدل على ان الذى حرمه اسرائيل على نفسه فقد حرمه الله على بنى اسرائيل وذلك لانه تعالىٰ قال كل الطعام كان حلا لبنى اسرائيل فحكم بحل كل انواع المطعومات لبنى اسرائيل ثم استثنىٰ منه ما حرمه اسرائيل على نفسه فوجب بحكم الاستثناء ان يكون ذلك حراما على بنى اسرائيل والله تعالىٰ اعلم ۱۲۔ ۶ **قولہ** اور نزول توراۃ کے قبل اس لئے فرمایا الخ كما فى الكبير اما قوله تعالىٰ من قبل ان تنزل التوراة فالمعنى ان قبل نزول التوراة كان حلا لبنى اسرائيل كل انواع المطعومات سوى ما حرمه اسرائيل على نفسه اما بعد التوراة فلم يبق كذلك بل حرّم الله تعالىٰ عليهم انواعًا كثيرة ۱۲۔ ۷ **قولہ** بعد ترجمة صٰدقين کوئی آیت وغیرہ الخ وفى الكبير فطلب الرسول عليه السلام احضار التوراةِ يستخرج منها المسلمون من علماء اهل الكتاب اٰية موافقة لقول الرسول آه وفى الحقانى ما تعريبه واذ تنسبون ذلك الى التوراة فاتوها وارده فيها اه قلت حاصلهما واحد ۱۲۔ ۸ **قولہ** قبل قوله فيه ايات غرض اشار بهذا الى ان قوله فيه آيات كانه تفريع مما قبله وبما فسرت الآيات لم يبق مساغ للاشكال فيه كالاشكال فى بعض ما ذكروا فى تفسيره من نحوِ ان لا تعلوه الطير مثلا وتأيد تفسيرى بما فى روح المعانى تحت قوله آمنا اى ومنها او ثانيها اٰمن من دخله فافهم ۱۲۔ ۹ **قولہ** مستحق امن ہو جانا لانه تشريعية لا تكوينية ويمكن كونها تكوينية بحمل الا من على امن الآخرة ولما كان الاخبار به صحيحًا ثابتًا بالدليل صلح كونه آية كالآياتَ التشريعية ۱۲۔ ۱۰ **قولہ** فى ترجمة من استطاع یعنی الخ كذا فى روح المعانى فى جملة الاقوال ۱۲۔

الروایات: فى لباب النقول اخرج سعيد بن منصور عن عكرمة قال لما نزلت ومن يبتغ غير الاسلام دينا الآية قالت اليهود فنحن مسلمون فقال لهم النبى صلى الله عليه وسلم ان الله فرض على المسلمين حج البيت فقالوا لم يكتب علينا وابوان يحجوا فانزل الله ومن كفر فان الله غنى عن العلمين۔

نکتۃ: المذكور فى الآية خمسُ آيات اربع تشريعية و واحد تكوينى فما احسن ايراد التكوينية فى عين وسط التشريعيات كانه اشارة الى كون التشريعية اهم واعظم حيث ابتدأ منها الكلام وختم عليها ۱۲۔

اللغات: فى القاموس البر الخير ۱۲۔ بكة فى الجلالين لغة فى مكة سميت بذلك لانها تبك اعناق الجبابرة اى تدقها ۱۲۔

النحو: مما تحبون قال البيضاوى يحتملِ التبئين اه فيكون المفعول المحذوف شيئا واخترته لروايات السلف فى ذلك انهم انفقوا لما سمعوا هذه الآية احب ما عندهم لا بعضًا منه۔ قوله من قبل ان تنزل متعلق بقوله كان حلا وتقريره ما فى ملحقات الترجمة حيث ذكر فائدة هذا القيد لا بقوله حرم اسرائيل لعدم ظهور فائدة فيه ۱۲۔

فائدۃ: قد وقع التقديم والتاخير فى اجزاء الترجمة ههنا تحصيلا للسهولة واعلم ان الكبير قد فاق ههنا على الكل فى تحرير المقام ۱۲۔

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ۝۹۸ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

www.besturdubooks.net

تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّ اَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٩﴾ يٰۤاَيُّهَا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿١٠٠﴾ وَكَيْفَ

تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿١٠١﴾ ع ١٠ ١

آپ فرمادیجئے کہ اے اہل کتاب تم کیوں انکار کرتے ہو اللہ تعالیٰ کے احکام کا حالانکہ اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں کی اطلاع رکھتے ہیں آپ فرمادیجئے اے اہل کتاب کیوں ہٹاتے ہو اللہ تعالیٰ کی راہ سے ایسے شخص کو جو ایمان لا چکا اس طور پر کہ کجی ڈھونڈتے ہو اس راہ کے لئے حالانکہ تم بھی اطلاع رکھتے ہو اور اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں سے بے خبر نہیں۔ اے ایمان والو اگر تم کہنا مانو گے کسی فرقے کا ان لوگوں میں سے جن کو کتاب دی گئی ہے تو وہ لوگ تم کو تمہارے ایمان لائے پیچھے کافر بنادیں گے اور تم کفر کیسے کر سکتے ہو حالانکہ تم کو اللہ تعالیٰ کے احکام پڑھ کر سنائے جاتے ہیں اور تم میں اللہ کے رسول موجود ہیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ کو مضبوط پکڑتا ہے تو ضرور راہ راست کی ہدایت کیا جاتا ہے ○

تفسیر ربط: اوپر سے اہل کتاب پر ان کے اقوال کا رد چلا آتا ہے آگے ان کے ایک فعل پر رد و ملامت ہے، جس کا خلاصہ قصہ یہ ہوا تھا کہ ایک یہودی تھا شماس بن قیس مسلمانوں سے بہت کینہ رکھتا تھا اس نے ایک مجلس میں انصار کے دو قبیلوں یعنی اوس اور خزرج کو ایک جگہ مجتمع و متفق دیکھا حسد کے سبب سخت ناگوار ہوا اور ان میں تفریق ڈالنے کی فکر میں لگا آخر یہ تجویز کیا کہ ایک شخص سے کہا کہ ان دونوں قبیلوں میں اسلام سے پہلے جو ایک ممتد لڑائی ہو چکی ہے اور اس کے متعلق فریقین کے فخریہ اشعار ہیں وہ اشعار ان کی مجلس میں جا کر پڑھ دیئے جائیں چنانچہ اشعار کا پڑھنا تھا کہ فوراً ایک آگ سی بھڑک اٹھی اور آپس میں چنان چنیں ہونے لگی یہاں تک کہ موقع اور وقت لڑائی کا پھر مقرر ہو گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جو اطلاع ہوئی آپ ان کے پاس تشریف لائے اور فرمایا یہ کیا اندھیرا ہے میرے ہوتے ہوئے پھر مسلمان ہونے کے اور باہم متفق و متالف ہونے کے بعد یہ واہیات کیا اسی حالت کفر کی طرف عود کرنا چاہتے ہو؟ سب متنبہ ہوئے اور سمجھا کہ یہ شیطانی حرکت تھی اور ایک دوسرے کے گلے لگ کر بہت روئے اور توبہ کی اس واقعہ میں یہ آیتیں نازل ہوئیں **ذکرہ في روح المعاني بروایة ابن اسحاق و جماعة عن زيد بن اسلم**۔ یہ مضمون کئی آیتوں تک چلا گیا ہے جس میں اول ملامت ہے ان اہل کتاب پر جنہوں نے یہ کارروائی کی تھی اور یہ ملامت بڑی بلاغت سے کی گئی کہ اس فعل پر ملامت سے پہلے ان کو کفر پر بھی ملامت کی جس کا حاصل یہ ہوا کہ چاہیے تو یہ تھا کہ خود بھی مسلمان ہو جاتے نہ یہ کہ دوسروں کے گمراہ کرنے کی فکر میں لگ رہے ہوں پھر خطاب و فہمائش ہے مسلمانوں کو۔

ملامت بر اہلِ کتاب کفر و اغوا: قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ (الی قولہ تعالی) وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (ان اہل کتاب سے) فرمادیجئے کہ اے اہل کتاب تم (بعد ظہور حجت حقانیت اسلام کے) کیوں انکار کرتے ہو اللہ تعالیٰ کے احکام کا (اس میں اصول و فروع سب آ گئے) حالانکہ اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں کی اطلاع رکھتے ہیں (تم کو اس سے بھی ڈر نہیں لگتا اور اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان سے یہ بھی) آپ فرمادیجئے کہ اے اہل کتاب کیوں (ہٹانے کی کوشش کرتے) ہو اللہ کی راہ (یعنی اس کے دین حق) سے ایسے شخص کو جو (اس دین کے حق ہونے پر) ایمان لا چکا اس طور پر کہ کجی (کی باتیں) ڈھونڈھتے ہو اس راہ کے (اندر پیدا کرنے کے لئے (جیسا کہ قصہ مزکورہ میں کوشش کی تھی کہ اس کارروائی سے ان کے دین کے اندر بوجہ نااتفاقی کہ گناہ بھی ہے اور مزیل قوت و ترقی بھی ہے خلل پڑ جاوے گا اور ان بکھیڑوں میں پڑ کر دین حق سے ان کو بعد ہو جاوے گا) حالانکہ تم خود بھی (اس حرکت کے قبیح ہونے کی) اطلاع رکھتے ہو اور اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں سے بے خبر نہیں (وقت معین پر اس کی سزا دیں گے)

ف: ہر چند کہ سبب نزول خاص ہے لیکن الفاظ کے عام ہونے سے اہل کتاب میں نصاریٰ بھی آ گئے اور اللہ تعالیٰ کی راہ سے باز رکھنے کے مضمون میں ان لوگوں کا بشارات محمدیہ کو چھپانا یا بدلنا بھی داخل ہو گیا چنانچہ حسن اور قتادہ اور سدی نے یہی تفسیر اختیار کی ہے ہکذا فی روح المعانی

ربط: آگے واقعہ مذکورہ کے متعلق مسلمانوں کو فہمائش ہے۔

تفہیم مسلمانان: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِيْعُوْا (الی قولہ تعالی) فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿١٠١﴾ اے ایمان والو اگر تم کہنا مانو گے کسی فرقہ کا ان لوگوں میں سے جن کو کتاب دی گئی ہے (یعنی اہل کتاب میں سے) تو وہ لوگ تم کو تمہارے ایمان لائے پیچھے (اعتقاداً یا عملاً) کافر بنادیں گے اور (بھلا) تم کفر کیسے کر سکتے ہو (یعنی تمہارے لئے کب روا ہو سکتا ہے) حالانکہ (اسباب مانع کفر کے پورے جمع ہیں کیونکہ) تم کو اللہ تعالیٰ کے احکام (قرآن میں) پڑھ کر سنائے جاتے ہیں اور (پھر) تم میں اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) موجود ہیں (اور دونوں قوی ذرائع ہیں ایمان پر قائم رہنے کے پس تم کو چاہئے کہ ان دونوں ذریعوں کی تعلیم و تلقین کے موافق ایمان پر اور ایمان کی باتوں پر قائم رہو) اور (یاد رکھو کہ) جو شخص اللہ تعالیٰ کو مضبوط پکڑتا ہے (یعنی ایمان پر پورا قائم

www.besturdubooks.net

رہتا ہے کیونکہ اللہ کو مضبوط پکڑنا یہی ہے کہ اسکی ذات وصفات کی تصدیق کرے اس کے احکام مانے کسی دوسرے مخالف کی موافقت نہ کرے) تو (ایسا شخص) ضرور راہ راست کی ہدایت کیا جاتا ہے (یعنی وہ راہِ راست پر ہوتا ہے اور راہ راست پر ہونا اصل ہے ہر صلاح وفلاح کی پس اس میں ایسے شخص کے لئے ہر صلاح وفلاح کی بشارت و وعدہ ہے) **ف**: اثناء ترجمہ میں تعمیم کفر کے لئے جو اعتقاداً و عملاً کہا گیا اس کا حاصل یہ ہے کہ ایک معنی کفر کے تو متعارف ہیں اور وہ کفر اعتقادی ہے اور ایک معنی یہ ہیں کہ اعتقاداً تو مومن ہو مگر کام کافروں کے سے کرے اس[۴] کو بھی مجازاً کفر کہہ دیتے ہیں کفر عملی سے یہی مراد ہے قرآن وحدیث میں اس کا بھی استعمال بہت آیا ہے پس مطلب آیت کا یہ ہے کہ اہل کتاب کی اطاعت سے کفر کا ڈر ہے اگر اطاعت عقائد میں کی جاوے تو کفر اعتقادی ہوگا اور اگر اطاعت اعمال ومعاصی میں کی جاوے جیسے ان کے اشتعال سے لڑنے کو تیار ہو گئے تو یہ عمل کافروں کا سا ہوگا اور یہ آیت اگر خاص صحابہ کو خطاب ہو جیسا قصہ سے معلوم ہوتا ہے تب تو فیکم رسولہ میں کوئی تکلف نہیں اور اگر عام ہو جیسا مضمون کا عموم مقتضی ہے تو آپ کی نبوت کے آثار وشواہد کا قیامت تک موجود رہنا بمنزلہ آپ ہی کے تشریف رکھنے کے ہے۔ کیونکہ زمانہ رونق افروزی ظاہری میں بھی آپ کا ہادی ہونا اسی وصف کے اعتبار سے تھا پس اصل مؤثر وصف ٹھہرا فقط۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَنْ يَعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۝ روح المعانی میں ہے کہ اس اعتصام کی حقیقت بعض کے نزدیک یہ ہے کہ اسباب جو کہ اصنام معنویہ ہیں ان سے قلب کا کشیدہ ہو جانا اور اپنے دعوے حول وقوت سے حق تعالیٰ کی طرف یکسو ہو جانا اور بعض نے کہا ہے کہ عشاق کا اعتصام یہ ہے کہ ماسوی کو ترک کر کے اس کی پناہ لیں اور اہل حقائق کا اعتصام یہ ہے کہ یہ مشاہدہ کر کے کہ ہم قبضہ میں اعتصام کو بھی مرتفع وفنا کر دیا جاوے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] قوله فی ترجمة قل ان اہل کتاب سے اشارة الى العهد بقرينة سبب النزول ۱۲۔ [۲] قوله فی ترجمة من امن دین کے حق ہونے پر كما فی روح المعانی فی جملة اقوال او من صدق بتلك السبيل و آمن بذلك الدين بالفعل او بالقوة القرينة منه ۱۲۵۱۔ [۳] قوله کسی فرقہ کا ای غير معين فشمل شماس بن قيس وغيره وفيه مبالغة ای ان كل واحد منهم متشابه فی الاضلال فضلا عن جميعهم ۱۲۔ [۴] قوله فی ف اس کو بھی مجازاً فيكون فی الآية عموم المجاز فلا يرد الجمع بين الحقيقة والمجاز ۱۲۔

الروایات: فی لباب النقول اخرج الفريابی وابن ابی حاتم عن ابن عباس قال كانت الاوس والخزرج فی الجاهلية بينهم شر فبينهما هم جلوس ذكروا ما بينهم حتى غضبوا وقام بعضهم الى بعض ما بسلاح فنزلت وكيف تكفرون الآية والآيتان بعدها اه ای الى قوله تعالٰى لعلكم تهتدون ۱۲۔

اللغات: شهيد مطلع ۱۲ روح تصدون فی القاموس صده منعه وصرفه اه قلت لو اخذ الايمان بالفعل ناسب الثانی ولو اخذ بالقوة بمعنى من اراد الايمان ناسب الاول ۱۲۔

النحو: تبغونها عوجا مستانفة جئی بها كالبيان لذلك الصد كذا فی روح المعانی۔ قلت وراعيت هذا فی الترجمة۔ وفيه عوجا احد مفعولی تبغون فان بغی يتعدى لمفعولين احدهما بنفسه والآخر باللام كما صرح به اللغويون وتعديته للهاء من باب الحذف والايصال ای تبغون لها ۱۲۵۱۔

البلاغة: فی روح المعانی قيل لما كان كفرهم ظاهرًا ناسب ذكر الشهادة مع فی الآية السابقة لانها تكون لما يظهر ويعلم او ما هو بمنزلته وصدهم عن سبيل الله وما معه لما كان بالمكر والخديعة الخفية التی تروج على الغافل ناسب ذكر الغفلة معه فی هذه الاية فلهذا ختم كلا من الآيتين بما ختم۔ قوله يٰاهل الكتب قلت صيغة العموم وكان المحرش واحدا او اثنين كما يظهر من سبب النزول بناء على معنى الجنس او انه كان هذا التحريش مرضيا عند جميعهم ۱۲ فی روح المعانی خاطبهم الله تعالٰى بنفسه بعد ما امر رسوله صلى الله عليه وسلم بخطاب اهل الكتاب اظهارا لجلالة قدرهم واشعارا بانهم هم الاحقاء بان يخاطبهم الله تعالٰى وفيه وايراده ای قوله بعد ايمانكم مع عدم الحاجة اليه (لان الرد انما يكون بعد الايمان) وتوسيطه بين المفعولين لاظهار كمال شناعة الكفر وغاية بعده من الوقوع كانه قيل بعد ايمانكم الراسخ۔ وفيه وقدم توبيخ الكفار لان الكفار كانوا كالعلة الداعية اليه وفيه قوله تعالٰى وكيف قيل المراد التعجيب ای لا ينبغی لكم ان تكفروا فی سائر الاحوال لا سيما فی هذه الحال اه قلت وعليه ترجمت۔ وفيه ولم يسند سبحانه التلاوة الى رسول الله صلى الله عليه وسلم اشارة الى استقلال كل من الامرين فی الباب وايذانا بان التلاوة كافية فی الغرض من ای تال كانت۔ فی الكشاف فقد هدى فقد حصل له الهدى لا محالة كما تقول اذا جئت فلانا فقد افلحت كان الهدى قد حصل

www.besturdubooks.net

فہو یخبر عنہ حاصلا اہ قلت فالجزاء فلیتیقن او نحوہ ۱۲۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ ﴿١٠٢﴾ وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا ۚ وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُم بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا وَكُنتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَأَنقَذَكُم مِّنْهَا ۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٠٣﴾

وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿١٠٤﴾

اے ایمان والو اللہ سے ڈرا کرو جیسا ڈرنے کا حق ہے اور بجز اسلام کے اور کسی حالت پر جان مت دینا اور مضبوط پکڑے رہو اللہ تعالیٰ کے سلسلہ کو اس طور پر کہ باہم سب متفق بھی رہو اور باہم نااتفاقی مت کرو اور تم پر جو اللہ کا انعام ہے اس کو یاد کرو جب کہ تم دشمن تھے پس اللہ تعالیٰ نے تمہارے قلوب میں الفت ڈال دی سو تم خدا تعالیٰ کے انعام سے آپس میں بھائی بھائی ہو گئے اور تم لوگ دوزخ کے گڑھے کے کنارے پر تھے۔ سو اس سے خدا تعالیٰ نے تمہاری جان بچائی اسی طرح اللہ تعالیٰ تم لوگوں کو اپنے احکام بیان کر کے بتلاتے رہتے ہیں تاکہ تم لوگ راہ پر رہو۔ اور ان میں ایک جماعت ایسی ہونا ضرور ہے کہ خیر کی طرف بلایا کریں اور نیک کاموں کے کرنے کو کہا کریں اور بُرے کاموں سے روکا کریں اور ایسے لوگ پورے کامیاب ہوں گے ۞

تفسیر ربط: اوپر مسلمانوں کو فہمائش تھی آگے بھی اس کا تتمہ بیان ہوتا ہے۔

تتمہ تفہیم مذکور: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ (الی قولہ تعالی) كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ اے ایمان والو اللہ تعالیٰ سے (ایسا) ڈرا کرو (جیسا) ڈرنے کا حق (ہے کامل ڈرنے کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح شرک و کفر سے بچے ہو کل معاصی سے بھی بچا کرو اور بلا وجہ شرعی لڑنا معصیت ہے تو اس سے بھی بچنا فرض ہے) اور بجز اسلام (کامل) کے (جس کا حاصل وہی ہے جو کامل ڈرنے کا حاصل تھا) اور کسی حالت پر جان مت دینا (یعنی اسی کامل تقویٰ اور کامل اسلام پر تا دمِ مرگ قائم رہنا) اور مضبوط پکڑے رہو اللہ تعالیٰ کے سلسلہ کو (یعنی اللہ کے دین کو جس میں اصول اور فروع سب آ گئے) اس طور پر کہ باہم سب متفق بھی رہو (جس کی اسی دین میں تعلیم بھی ہے) اور باہم نااتفاقی مت کرو (جس کی اسی دین میں ممانعت بھی ہے) اور تم پر جو اللہ تعالیٰ کا انعام (ہوا) ہے اس کو یاد کرو جب کہ تم (باہم) دشمن تھے (یعنی قبل اسلام کے چنانچہ اوس و خزرج میں ایک مدت طویل سے جنگ چلی آتی تھی اور عام طور پر اکثر عرب کے لوگوں کی یہی حالت تھی) پس اللہ تعالیٰ نے (اب) تمہارے قلوب میں (ایک دوسرے کی) الفت ڈال دی سو تم خدا تعالیٰ کے (اس) انعام (تالیف بین القلوب) سے (اب) آپس میں بھائی بھائی (کی طرح) ہو گئے اور (ایک انعام جو کہ انعام مذکور کی بھی اصل ہے یہ فرمایا کہ) تم لوگ (بالکل) دوزخ کے گڑھے کے کنارہ (ہی) پر (کھڑے) تھے (یعنی بوجہ کافر ہونے کے دوزخ سے اتنے قریب تھے کہ بس دوزخ میں جانے کے لئے صرف مرنے کی دیر تھی) سو اس (گڑھے) سے خدا تعالیٰ نے تمہاری جان بچائی (یعنی اسلام نصیب کیا جس سے دخول جہنم کی علت زائل ہو گئی سو تم ان انعاموں کی قدر کرو اور آپس کے جدال و قتال سے جو کہ معصیت ہے ان انعاموں کو ضائع مت کرو کیونکہ اس جدال و قتال سے انعام تالیف تو بالکل ہی زائل ہو جاوے گا اور انعام اسلام مختل اور ناقص ہو جاوے گا یہ بھی ایک گونہ ضائع ہونا ہے۔ اور جس طرح اللہ تعالیٰ نے یہ حکم واضح طور پر بیان فرمایا ہے) اسی طرح اللہ تعالیٰ تم لوگوں کو اپنے (اور) احکام (بھی) بیان کر کے بتلاتے رہتے ہیں تاکہ تم لوگ راہ (راست) پر (قائم رہو)۔ **ف**: ڈرنے کے حق کا یہ مطلب نہیں کہ جیسی حق تعالیٰ کی عظمت کا حق ہے کیونکہ یہ تو کسی سے ہو نہیں سکتا بلکہ مطلب یہ ہے کہ جتنا تمہارے ذمہ حق مقرر اور واجب ہے جس کی تفسیر اثناء ترجمہ میں لکھ دی گئی اس کے مقابل ایک تقویٰ ادنیٰ درجہ کا ہے یعنی کفر و شرک سے بچ جانا گو معصیت میں مبتلا رہے پس آیت کا مطلب یہ ہے کہ ادنیٰ تقویٰ پر اکتفا مت کرو بلکہ اعلیٰ اور کامل درجہ کا تقویٰ اختیار کرو جس میں معاصی سے بھی بچنا آ گیا۔

ربط: اوپر کی آیتوں میں مسلمانوں کو ہدایت پر قائم رہنے کا حکم تھا آگے حکم ہے کہ دوسروں کو بھی ہدایت کرنے کی کوشش کرو جیسا کہ اس مجموعہ کے قبل کفار کو اول خود گمراہ ہونے پر ملامت تھی پھر دوسروں کو گمراہ کرنے کی برائی تھی۔

امر بہدایت ناس: وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ (الی قولہ تعالی) وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ اور تم میں ایک جماعت ایسی ہونا ضرور ہے کہ (اور لوگوں کو بھی) خیر کی طرف بلایا کریں اور نیک کاموں کے کرنے کو کہا کریں اور برے کاموں سے روکا کریں اور ایسے لوگ (آخرت میں ثواب سے) پورے کامیاب ہوں گے۔

www.besturdubooks.net

ف: تفصیل اس مسئلہ کی یہ ہے کہ جو شخص امر بالمعروف و نہی عن المنکر پر قادر ہو یعنی قرائن سے غالب گمان رکھتا ہے کہ اگر میں امر و نہی کروں گا تو مجھ کو کوئی ضرر معتد بہ لاحق نہ ہوگا اس کے لئے امور واجبہ میں امر و نہی کرنا واجب ہے اور امور مستحبہ میں مستحب مثلاً نماز پنجگانہ فرض ہے تو ایسے شخص پر واجب ہوگا کہ بے نماز کو نصیحت کرے اور نوافل مستحب ہیں اس کی نصیحت کرنا مستحب ہوگا اور جو شخص بالمعنی المذکور قادر نہ ہو اس پر امر و نہی کرنا امور واجبہ میں بھی واجب نہیں البتہ اگر ہمت کرے تو ثواب ملے گا پھر امر و نہی قادر کے لئے امور واجبہ میں یہ تفصیل ہے کہ اگر قدرت ہاتھ سے ہو تو ہاتھ سے اس کا انتظام واجب ہے جیسے حکام محکومین کے اعتبار سے یا ہر شخص خاص اپنے اہل و عیال کے اعتبار سے اور اگر صرف زبان سے قدرت ہو تو زبان سے کہنا واجب ہے اور غیر قادر کے لئے صرف اتنا کافی ہے کہ تارک واجبات و مرتکب محرمات سے دل سے نفرت رکھے۔ پھر قادر کے لئے منجملہ شرائط کے ایک ضروری شرط یہ ہے کہ اس امر کے متعلق شریعت کا پورا حکم اس کو معلوم ہو اور منجملہ آداب کے ایک ضروری ادب یہ ہے کہ مستحبات میں مطلقاً نرمی کرے اور واجبات میں اولاً نرمی اور نہ ماننے پر سختی کرے۔ اور ایک تفصیل قدرت میں یہ ہے کہ دستی قدرت میں تو کبھی اس امر و نہی کا ترک جائز نہیں اور زبانی قدرت میں مایوسی نفع کے وقت ترک جائز ہے لیکن موت و مخالطت کا بھی ترک واجب ہے مگر بضرورت شدیدہ۔ پھر قادر کے ذمہ اس کا وجوب علی الکفایہ ہے اگر اتنے آدمی اس کام کو کرتے ہوں کہ بقدر حاجت کام چل رہا ہو تو دوسرے اہل قدرت کے ذمہ سے ساقط ہو جاوے گا۔ یہ کل چھ مسئلے اس مقام پر ذکر کئے گئے اور علم کی شرط ہونے سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ آج کل جو اکثر جاہل یا کالجاہل وعظ کہتے پھرتے ہیں اور بے دھڑک روایات و احکام بلا تحقیق بیان کرتے ہیں سخت گناہگار ہوتے ہیں اور سامعین کو بھی ان کا وعظ سننا جائز نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: ۱۲ قولہ تعالیٰ: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ الخ یہ آیت طریق قوم کی مطلوبیت میں صریح ہے اس لئے کہ اس طریق کا حاصل یہی حق تقویٰ ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ الخ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل طریق میں سے جو اہل ارشاد ہیں وہ غیر اہل ارشاد سے افضل ہیں چنانچہ حق تعالیٰ نے مفلحین سے ان کی مدح فرمائی اور اُمَّةٌ کے عموم میں داخل ہونا ظاہر ہی ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ترجمة حبل سلسلہ روعي فيه كما ترى المعنى الحقيقي والمجازي معا لانه يطلق هذا اللفظ في محاوراتنا بمعنى العلاقة والوصلة ولا يخفى لطفه ۱۲۔ ۲ قوله في ترجمة تهتدون قائم رہو وجهه ان الخطاب للمؤمنين الذين كانوا على الهدىٰ ۱۲۔ ۳ قوله في ف ڈرنے کے حق کا الخ فلا يلزم النسخ في الآية وما ورد في بعض الروايات من نسخها بقوله فاتقوا الله ما استطعتم فلعلهم فهموا المعنى الاول للحق الذى نفيته ففرت بالأية الاخرىٰ اى المراد حق استطاعتكم لا حق عظمته تعالىٰ فسمى التفسير بالنسخ كما كان عادة السلف من اطلاق النسخ على معنى اعم من الاصطلاحى فافهم وفي روح المعاني من حق الشئ بمعنى وجب وثبت والاضافة من باب اضافة الصفة الى موصوفها وان الاصل اتقوا الله اتقاء حقا اى ثابتا وواجبا على حد ضربت زيدًا شديدًا الضرب تريد الضرب الشديد اه وهذا مؤيد كما ترى لما قلت ۱۲۔

اللغات: فى روح المعانى الامة الجماعة التى تؤم اى تقصد لامر ما وتطلق على اتباع الانبياء لاجتماعهم على مقصد واحد وعلى القدوة ومنه ان ابراهيم كان امة۔ وعلى الدين والملة ومنه انا وجدنا اٰبائنا على امة۔ وعلى الزمان ومنه وادكر بعد امة الىٰ غير ذلك من معانيها ۱۲۔

النحو: منكم قيل من تبعيضية لوجوب هذا الامر والنهى على الكفاية وقيل تبيينية ولا يعارض وجوبه على الكفاية لان عموم الخطاب لا يقتضى الوجوب على العين كما ان خطابات الجهاد عامة ومع هذا فهو واجب على الكفاية وايضا المخاطب جميع المؤمنين ويدخل فيهم الاوس والخزرج دخولا اولياء ۱۲۔

البلاغۃ: قوله يآيها الذين امنوا فى روح المعانى كرر الخطاب بهذا العنوان تشريفًا لهم ولا يخفى ما فى تكراره من اللطف بعد تكرار خطاب الذين اوتوا الكتاب قوله بحبل الله قال البيضاوى استعار له الحبل من حيث ان التمسك به سبب النجاة عن الروى كما ان التمسك بالحبل سبب السلامة عن التروى واستعار للوثوق به والاعتماد عليه الاعتصام ترشيحًا للمجاز آه فى روح المعانى شبهت حالة المؤمنين بحالة تمسك المتدلى من مكان رفيع بحبل وثيق اه قوله منها فى روح المعانى عود الضمير الى الحضرة اتم لانها التى يمتن بالانقاذ منها حقيقة۔ فيكون الانقاذ من الشفا انقاذا من الحضرة التى يتوقع الهوىٰ فيها فاضافة المنة الى الانقاذ من الحضرة ابلغ واوقع اه ۱۲۔ يدعون الى الخير عام ومجمل والامر بالمعروف والنهى عن المنكر تفصيل له المفلحون الكاملون فلا يلزم نفى الفلاح عن غيرهم نعم هم فائقون على غيرهم فى الاجر لان خير الناس من ينفع الناس ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ لَھُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ١٠٥
يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْھُھُمْ ۣ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ
بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ١٠٦ وَاَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْھُھُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ۭ ھُمْ فِيْھَا خٰلِدُوْنَ ١٠٧ تِلْكَ اٰيٰتُ
اللّٰهِ نَتْلُوْھَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ١٠٨

اورتم لوگ ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے باہم تفریق کرلی اور باہم اختلاف کرلیا۔ان کے پاس احکام واضح پہنچنے کے بعداوران لوگوں کے لئے سزائے عظیم ہوگی۔اس روز بعضے چہرے سفید ہو جائیں گے اور بعضے چہرے سیاہ ہو گئے ہوں گے سو جن کے چہرے سیاہ ہوگئے ہونگے ان سے کہا جائے گا کیا تم لوگ کافر ہوئے تھے اپنے ایمان لانے کے بعد' تو سزا چکھو بسبب اپنے کفر کے اور جن کے چہرے سفید ہوگئے ہونگے وہ اللہ کی رحمت میں ہوں گے وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے یہ اللہ تعالیٰ کی آیتیں ہیں جو صحیح طور پر ہم تم کو پڑھ کی سناتے ہیں اور اللہ تعالیٰ مخلوقات پر ظلم کرنا نہیں چاہتے ۞

تفسیر ربط :اوپر بعد امر بالتقویٰ کے باہم اتفاق فی الدین کا حکم تھا اور تفرق سے نہی تھی آگے اسی مضمون کی تفصیل ہے۔

نہی عن التفرق ووعید برآں: وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا (الی قولہ تعالی) ھُمْ فِيْھَا خٰلِدُوْنَ اورتم لوگ اُن لوگوں کی طرح مت ہو جانا جنہوں نے (دین میں) باہم تفریق کرلی اور (نفسانیت سے) باہم اختلاف کرلیا ان کے پاس احکام واضحہ پہنچنے کے بعد اوران لوگوں کے لئے سزائے عظیم ہوگی اس روز (یعنی قیامت کے روز جس میں) کہ بعضے چہرے سفید (روشن) ہو جائیں گے اور بعضے چہرے سیاہ (اور تاریک) ہوں گے سو جن کے چہرے سیاہ ہو گئے ہوں گے ان سے کہا جاوے گا کیا تم (ہی) لوگ کافر ہوئے تھے اپنے ایمان لانے کے بعد تو (اب) سزا چکھو بسبب اپنے کفر کے اور جن کے چہرے سفید ہو گئے ہوں گے وہ اللہ کی رحمت (یعنی جنت) میں (داخل) ہوں گے (اور) وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ **ف**: آیت میں جو تفریق واختلاف کی مذمت ہے مراد اس سے وہ تفریق ہے جو اصول دین میں ہو یا فروع میں براہ نفسانیت ہو جیسا اہل اہواء نے اہلسنّت کے ساتھ اختلاف کیا چنانچہ آیت میں خود یہ قید کہ احکام واضحہ آئے پیچھے اس کا قرینہ موجود ہے کیونکہ اصول سب واضح ہوتے ہیں اور فروع بھی بعضے ایسے واضح ہوتے ہیں کہ اگر نفسانیت نہ ہو تو اختلاف کی گنجائش نہیں ہوتی پس جو فروع غیر واضح ہیں یا تو بوجہ عدم نص صریح کے یا بوجہ ظاہری تعارض نصوص کے جن میں وجہ تطبیق صریح نہ ہو ایسے فروع میں اختلاف ہو جانا اس آیت میں داخل نہیں اور مذموم نہیں بلکہ امت مرحومہ میں واقع ہے اور یہ حدیث اس کی اجازت کے لئے کافی ہے جس کو شیخین نے عمرو بن عاصؓ سے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ جب کوئی حاکم حکم شرعی اپنے اجتہاد سے کرے اور وہ حکم ٹھیک ہو تو اس کو دو اجر ملتے ہیں اور جب حکم اجتہاد سے کرے اور وہ غلط ہو جاوے تو اس کو ایک اجر ملتا ہے اور اس اختلاف کی مشروعیۃ پر امت کا اجماع ہی کافی ہے اور روح المعانی میں بیہقی سے قاسم بن محمد کا قول اور مدخل سے عمر بن عبدالعزیز کا قول اس مضمون کا نقل کیا ہے کہ صحابہ کا اختلاف لوگوں کے لئے موجب رحمت ورخصت ہوگیا۔اور اَلَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا۔ کے مصداق میں بوجہ اَكَفَرْتُمْ کے مفسرین کے اقوال مختلف منقول ہیں جامع تر یہ ہے کہ کفر سے مراد عام ہے انکار توحید ہو یا انکار رسالت یا اعتقاد بدعت یہ سب بعد وضوح دلائل کے ہوتا ہے پس معنی یہ ہوں گے کہ اے صحابہ یا اے سب مسلمانو تم ان اہل تفریق واہل کفر واہل عذاب کے مشابہ مت بننا گو مشبہ میں معصیت عملی تھی اور مشبہ بہ میں معصیت اعتقادی مگر تشبیہ کے لئے یہ تفاوت قادح نہیں اور جتنا تفاوت وجہ تشبیہ میں ہے اتنا ہی تفاوت وعید میں بھی ضرور ہے پس مماثلت طرفین من کل الوجوہ لازم نہیں آئی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ف مفسرین کے اقوال مختلف الخ كما فی روح المعانی والظاهر من السياق والسباق ان هؤلا الكتاب وكفرهم بعد ايمانهم كفرهم برسول الله صلى الله عليه وسلم بعد الايمان به قبل مبعثه واليه ذهب عكرمة وقيل هم جميع الكفار لاعراضهم عما وجب عليهم من الاقرار بالتوحيد حين اشهدهم على انفسهم وروى ذلك عن ابى بن كعب وقال الحسن انهم المنافقون وروى عن على كرم الله وجهه وابى امامةؓ وابن عباسؓ وابى سعيد الخدریؓ انهم اهل البدع وفى البيضاوى وهم المرتدون الخ ۱۲۔

البلاغۃ: واما الذين ابيضت قال البيضاوى كان حق الترتيب ان يقدم ذكرهم ولكن قصد ان يكون مطلع الكلام ومقطعه حلية المؤمنين وثوابهم اه رحمة الله اى الجنة فهو من التعبير بالحال عن المحل اه روح المعانى ۱۲۔

www.besturdubooks.net

ع وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۭ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّھُمْ ۭ مِنْھُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُھُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى ۭ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۣ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَاۗءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّھُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَاۗءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

اور اللہ ہی کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے اور اللہ ہی کی طرف سب مقدمات رجوع کیے جائیں گے۔ تم لوگ اچھی جماعت ہو کہ وہ جماعت لوگوں کے لئے ظاہر کی گئی ہے۔ تم لوگ نیک کاموں کو بتلاتے ہو اور بری باتوں سے روکتے ہو اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتے ہو اور اگر اہل کتاب ایمان لے آتے تو ان کے لئے زیادہ اچھا ہوتا۔ ان میں سے بعض تو مسلمان ہیں اور زیادہ حصہ ان میں سے کافر ہیں۔ وہ تم کو ہرگز کوئی ضرر نہ پہنچا سکیں گے مگر ذرا خفیف سی اذیت اور اگر وہ تم سے مقاتلہ کریں تو تم کو پیٹھ دکھا کر بھاگ جائیں گے۔ پھر کسی کی طرف سے ان کی حمایت بھی نہیں کی جائے گی جما دی گئی ان پر بے قدری جہاں کہیں بھی پائے جائیں گے مگر ہاں ایک تو ایسے ذریعے کے سبب جو اللہ کی طرف سے ہے اور ایک ایسے ذریعہ کے سبب جو آدمیوں کی طرف سے ہے اور مستحق ہو گئے غضب الٰہی کے اور جما دی گئی ان پر پستی اور یہ اس وجہ سے ہوا کہ وہ لوگ منکر ہو جاتے تھے احکام الٰہیہ کے اور قتل کر دیا کرتے تھے پیغمبروں کو ناحق اور یہ اس وجہ سے ہوا کہ ان لوگوں نے اطاعت کی اور دائرہ سے نکل نکل جاتے تھے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر مرحوم اور مغضوب دونوں کی جزا و سزا کا بیان تھا آگے اس جزا و سزا کی خبر کا صحیح ہونا جملہ نَتْلُوْھَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ میں اور اس جزا و سزا کا مناسب ہونا جملہ مَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا میں اور ان لوگوں کا مملوک خداوندی ہونا جس کا مقتضا وجوب اطاعت ہے جملہ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ الخ میں اور کسی غیر کا بالکل مختار نہ ہونا جملہ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ میں بیان فرماتے ہیں اور وعدہ اور وعید کا باوقعت ہونا ان ہی امور کے اثبات پر موقوف ہوتا ہے جیسا کہ ظاہر ہے۔

صادق و حکیم و منفرد بودن حق تعالیٰ در حکم بالا: تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْھَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾ یہ (جو اوپر مذکور ہوئیں) اللہ تعالیٰ کی آیتیں ہیں جو صحیح صحیح طور پر ہم تم کو پڑھ کر سناتے ہیں (اس سے تو مضمون بالا کا صحیح ہونا معلوم ہوا) اور اللہ تعالیٰ مخلوقات پر ظلم کرنا نہیں چاہتے (پس جو کچھ کسی کے لئے جزا و سزا تجویز کی ہے وہ بالکل مناسب ہے اس سے تجویز مذکور کا مناسب ہونا معلوم ہوا) اور اللہ ہی کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے (پس جب سب ان کی ملک ہے تو ان سب کے ذمہ اطاعت واجب تھی اس سے ان کا مملوک ہونا اور وجوب اطاعت ثابت ہوا) اور اللہ ہی کی طرف سب مقدمات رجوع کئے جاویں گے (کوئی دوسرا صاحب اختیار نہ ہوگا) **ف**: جاننا چاہئے کہ ظلم سے مراد یہاں معنی حقیقی نہیں کیونکہ خدا تعالیٰ تو جو کچھ بھی کریں وہ ظلم ہو نہیں سکتا تو اس کی نفی سے جو مقصود ہے مقام کا یعنی اعمال پر جزائے مذکور کا مرتب ہونا وہ حاصل نہیں ہو سکتا کیونکہ مرتب نہ ہونے کی تقدیر پر بھی بالمعنی المذکور ظلم نہ ہونا صادق آتا ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ عقلاً و شرعاً بندوں کے افعال میں جو ظلم کہلاتا ہے وہ بھی وہاں نہ ہوگا اس سے مقصود مقام کا بخوبی حاصل ہو گیا۔

ربط: اوپر کی آیات میں مسلمانوں کی ثبات علی الایمان اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا حکم فرمایا تھا آگے اسی کو مؤکد کرنے کے لئے یہ بتلاتے ہیں کہ تم لوگوں کی وجہ خیریت میں امور مذکورہ بھی ہیں پس ان میں کمی نہ آنے پاوے۔

بیانِ خیریت امتِ محمدیہ: كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ (الی قولہ تعالی) مِنْھُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُھُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ (اے امت محمدیہ) تم لوگ (سب اہل مذاہب سے) اچھی جماعت ہو کہ وہ جماعت (عام) لوگوں کے (نفع ہدایت پہنچانے کے) لئے ظاہر کی گئی ہے (اور نفع پہنچانے کی صورت کہ وہی وجہ سب سے اچھی ہونے کی بھی ہے یہ ہے کہ) تم لوگ (بمقتضائے شریعت زیادہ اہتمام کے ساتھ) نیک کاموں کو بتلاتے ہو اور بری باتوں سے روکتے ہو اور (خود بھی) اللہ تعالیٰ پر ایمان (لانے پر دوام کرتے) ہو (اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے میں ساری دین کی باتوں پر ایمان لانا آ گیا کیونکہ وہ سب اللہ کی بتلائی ہوئی ہیں جس سے انکار کیا اس کا ایمان اللہ پر بھی نہ ہوا) اور اگر (یہ) اہل کتاب (بھی جو تم سے مخالفت کر رہے ہیں تمہاری طرح) ایمان لے

www.besturdubooks.net

آتے تو ان کے لئے (انکی حالت موجودہ سے جس کو بزعم خود اچھی سمجھتے ہیں) زیادہ اچھا ہوتا (کیونکہ پھر یہ بھی اسی مذکورہ اچھی جماعت میں داخل ہو جاتے مگر وائے برحال ایشاں کہ سب مسلمان نہ ہوئے بلکہ) ان میں سے بعضے تو مسلمان ہیں (اور اچھی) جماعت میں داخل ہیں) اور زیادہ حصہ اُن میں سے کافر ہیں (اور اس جماعت سے خارج اور طرفہ یہ کہ جو بیچارے اسلام لے آئے ہیں ان کے اضرار دینی و دنیوی کی فکر میں ہیں) **ف**: یہ خطاب تمام امت محمد یہ کو عام ہے جیسا کمالین میں حضرت علی کی روایت مرفوعاً بسند احمد بن حنبل منقول ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ میری امت خیر الامم ہے پھر ان میں سے صحابہ اول اور اشرف مخاطبین ہیں پس اوس وخزرج کے قصہ سے مناسبت بھی ظاہر ہوگئی اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر میں جو زیادہ اہتمام کی قید نکال دی گئی مراد اس سے امر ونہی بالید ہے جو اعلیٰ درجہ اس کا ہے یہ درجہ اس امت میں اور امم سے دو وجہ سے زیادہ ہے اولاً جہاد کا مشروع ہونا جس سے دفع کفر ودفع فساد مقصود ہے۔ ثانیاً بوجہ عموم دعوت محمد یہ اس کا سب اقوام کے لئے عام ہونا جیسا للناس میں عام کا لفظ نکال دیا گیا ہے بخلاف شرائع سابقہ کے کہ بعض میں جہاد نہ تھا اور بعض میں بوجہ خصوص بعثت انبیاء سابقین کے سب اقوام کے لئے عام نہ تھا اور ظاہر ہے کہ زیادہ عمل سے زیادہ اجر ہے بلکہ صرف وجہ ثانی بھی کافی ہے پس یہ بھی منجملہ اسباب خیریت اس امت کے ہوا اور اس میں منحصر نہ سمجھا جاوے اور وجوہ بھی خیریت کے وارد ہوئے ہیں چنانچہ وجہ ربط میں احقر نے اس عبارت میں کہ امور مذکورہ بھی ہیں اس عدم انحصار کی طرف اشارہ بھی کر دیا ہے۔ رہا ثبات علی الایمان کا وجہ خیریت ہونا حالانکہ یہ بظاہر سب شرائع والوں میں مشترک معلوم ہوتا ہے اس کی توجیہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ یہ شریعت دوسرے شرائع سے اکمل ہے اور اکمل پر ایمان لانا اور اس پر قائم رہنا ظاہر ہے کہ اکمل ہوگا پس اس اعتبار سے اشتراک نہ رہا اور یہ جو فرمایا کہ بعضے مسلمان ہیں ان سے وہ لوگ مراد ہیں جو ہمارے پیغمبر ﷺ پر ایمان لے آئے تھے۔

ربط: پہلی آیت میں اہل کتاب کا مسلمانوں کے ساتھ اعتقاداً مخالف ہونا اور اس سے پہلے ان کا مسلمانوں کو دینی ضرر پہنچانے کی تدبیر کرنا مذکور تھا آگے ان کا مسلمانوں کو دنیوی ضرر پہنچانے کی فکر کرنا اور اس کے ساتھ ان کی ناکامی کی پیشین گوئی سے تسلی کر دینا مذکور ہوتا ہے۔

خبر ناکامی اہل کتاب در اضرار مسلمین: لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى ۭ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۣ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝ وہ (اہل کتاب) تم کو (اے مسلمانو) ہرگز کوئی ضرر نہ پہنچا سکیں گے مگر ذرا خفیف سی اذیت (یعنی زبانی برا بھلا کہہ کر دل دکھانا) اور اگر وہ (اس سے زیادہ کی ہمت کریں اور) تم سے (مقابل ہو کر) مقاتلہ کریں تو تم کو پیٹھ دکھا کر بھاگ جائیں گے پھر (اس سے بڑھ کر یہ ہوگا کہ) کسی کی طرف سے ان کی حمایت بھی نہ کی جاوے گی۔ **ف**: بڑھ کر اس لئے کہا گیا کہ خالی حمایت وطرفداری کیا جانا بہ نسبت غالب آ جانے کہ سہل ہے کیونکہ غالب آنے کے لئے بڑا سامان چاہئے اور خالی حمایت کے لئے صرف زبان ہلانا یا ذرا دوڑ دھوپ کر لینا پڑتا ہے۔ پس جب وہ لوگ ایسے مخذول ہیں کہ زبانی بھی کوئی ان کا ساتھ نہیں دیتا تو غالب آنا تو بدرجہ اولیٰ منفی ہوگا۔ یہ ایک پیشین گوئی ہے جو اسی طرح واقع ہوئی چنانچہ اہل کتاب زمانہ نبوت میں کسی موقع میں بھی صحابہؓ پر جو کہ بقرینہ مقام اس مضمون کے خاص مخاطب ہیں غالب نہ آئے خصوص یہود جن کے قبائح خصوصیت سے اس جگہ مذکور ہیں چنانچہ اوپر وہ قصہ صحابہؓ میں رنج ڈلوانے کا ان ہی کی کارروائی تھی یہ بہت ذلیل وخوار کئے گئے بعضوں پر جزیہ ہوا بعضے قتل ہوئے بعض نکالے گئے چنانچہ آیت آئندہ میں یہی مضمون تھا مجملاً مذکور ہے۔

ربط: ابھی تقریر بالا کے آخر میں مذکور ہوا۔

بیان ذلت یہود: ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا (الی قولہ تعالی) ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ (نقش بکہ کی طرح) جما دی گئی ان پر (خاص) بے قدری (یعنی بے امنی جان کی) جہاں کہیں بھی پائے جاویں گے مگر ہاں (دو ذریعوں سے امن میسر ہو جاتا ہے) ایک تو ایسے ذریعہ کے سبب جو اللہ کی طرف سے ہے اور ایک ایسے ذریعہ سے جو آدمیوں کی طرف سے ہے (اللہ کی طرف کا ذریعہ یہ کہ کوئی کتابی اللہ تعالیٰ کی عبادت میں ایسا مشغول ہو کہ مسلمانوں سے لڑتا بھڑتا نہ ہو وہ جہاد میں قتل نہیں کیا جاتا گو عبادات اس کی آخرت میں نافع نہ ہو اور اللہ کی طرف کے ذریعہ میں یہ بھی آ گیا کہ وہ کتابی نابالغ یا عورت ہو یہ صفت غیر مکتسبہ بھی جو محض من جانب اللہ ہے فی نفسہٖ موجب امن عن القتل ہے اور آدمیوں کی طرف کے ذریعہ سے مراد معاہدہ صلح جو مسلمانوں کے ساتھ ہو جاوے چنانچہ ذمی ومصالح بھی مامون ہے یا کسی قوم کا ان سے لڑنے کا قصد نہ کرنا جیسا بعض زمانوں میں واقع ہوا یا ہوگا جس کا ذکر آیت اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ کی تفسیر میں ہوا ہے یہ امن بھی آدمیوں ہی کی جانب سے ہے باقی اور کسی کو امن نہیں) اور مستحق ہو گئے (یہ لوگ) غضب الٰہی کے اور جما دی گئی ان پر پستی (کہ ان کے طبائع میں بھی اولوالعزمی نہ رہی اور جزیہ واخراج وطن بھی داخل مسکنت ہے) یہ (ذلت وغضب) اس وجہ سے ہوا کہ وہ لوگ منکر ہو جاتے تھے احکام الٰہیہ کے اور قتل کر دیا کرتے تھے پیغمبروں کو (اس طرح سے کہ وہ قتل خود ان کے نزدیک بھی) ناحق (ہوتا تھا) اور (نیز) یہ (ذلت وغضب) اس وجہ سے ہوا کہ ان لوگوں نے اطاعت نہ کی اور دائرہ (اطاعت سے) نکل نکل جاتے تھے۔ **ف**: اسی کی مثل ایک آیت پارہ الم کے نصف سے ذرا پہلے گزر چکی ہے اس کی تفسیر کے ضروری متعلقات وہاں دیکھ لیں اور اس ذلت ومسکنت کی تفصیل پارہ الم کے نصف کے بعد رکوع وَاِذْ اَخَذْنَا

www.besturdubooks.net

مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَآءِيْلَ کے ختم پر بیان ہو چکی ہے وہاں دیکھ لیا جاوے اور روح المعانی میں آیت بالا کے ذیل میں ہے کہ اس اخبار بالغیب میں دلیل نبوت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چنانچہ یہود بنی قینقاع و بنی قریظہ و نضیر و خیبر مسلمانوں کے محاربہ میں نا کام رہے اور پھر روز بروز ذلیل ہی ہوا کئے آہ۔

مُلحقاتُ الترجمة: ۱؎ قوله فی ف معنی حقیقی نہیں کیونکہ الخ ولان قوله یرید قرینة علی ان المراد نفی المعنی الذی یصلح کونه متعلقًا للارادة ولما لم یکن الظلم الحقیقی صالحا لتعلق الارادة لاستحالته لا یصح ان یکون مرادا فی الآیة بخلاف المعنی الثانی فانه لا مکانه یصلح بکونه مرادًا للمشیة فصح کونه مرادًا فی العبارة فافهم۱۲۔ ۲؎ قوله فی ف زیادہ اہتمام کی قید الخ اخذ ذلك التفسیر عن الکبیر ویتاید بما فی روح المعانی اخرج ابن المنذر وغیره عن ابن عباس فی الآیة ان المعنی تأمرونهم ان یشهدوا ان لا اله الا الله ویقرو بما انزل الله وتقاتلونهم علیه ولا اله الا الله هو اعظم المعروف وتنهونهم عن المنکر والمنکر هو التکذیب وهو انکر المنکر آه۱۲۔ ۳؎ قوله دفع کفر ودفع فساد الاول فی بعض کالمرتدین و کفار العرب والثانی فی سائرهم والکفر والفساد کلا هما متکر ۱۲۔ ۴؎ قوله کوئی ضرر دلیله عموم المستثنیٰ منه المقدر ای شیئا۱۲۔ ۵؎ قوله خفیف یدل علیه التنکیر للتقلیل وکونه ایذاء قولیًا منقول عن قتادة وغیره کذا فی روح المعانی واذی رؤسائهم مثل کعب وابی رافع وابی یاسر وکنانة وابن صوریا مؤمنیهم کعبد الله بن سلام واصحابه هذا الایذاء ونزلت فیه الآیة کما قال مقاتل اه من روح المعانی۔ ۶؎ قوله کسی طرف سے ای لا من الله ولا من الناس یدل علی العموم ایراد الفعل مجهولا غیر مذکور فیه الفاعل۱۲۔ ۷؎ قوله فی ترجمة الذلة خاص بقدری اه فلا یرد انهم یکونهم ذمیین لم ینالو غرا وعدم الورود ظاهر لان مراد الاستثناء رفع ذل خاص رفعه لا یستلزم رفع العام۔ ۸؎ قوله فی تفسیر حبل من الله کوئی کتابی الخ هذا مما استحسنه ذوقی واطمانت به لعدم مخالفته العربیة والشرع وللمفسرین فیه وجوه اخر کالذمة او کتابه الذی اتاهم وغیر ذلك وللناس فیما یعشقون مذاهب ویمکن ان یستانس لما فسرت به بتفسیر بعضهم بکتابه الذی اتاهم فان الاشتغال بالعبادة کما امرهم کتابهم داخل فی الاعتصام بالکتاب والله اعلم وفی الکبیر ان العهد انما سمی بالحبل لان الانسان کان الخوف مانعا له من الوصول الی مطلوبه فصار ذلك العهد شبیها بالحبل الذی من تمسك به تخلص من خوف الضرر۱۲۔ ۹؎ قوله تحت تفسیر حبل من الله فی نفس فائدته الاشارة الی زوال کونه سببا للامن للعارض کان یقاتلوا او یشیروا ویحرضوا علیه کما صرح فی الکتب الفقهیة۱۲۔

البلاغة: قوله کنتم فی روح المعانی قد تستعمل للزوم الشئ وعدم انفکاکه نحو وکان الانسان اکثر شئ جدلا قوله اخرجت صفة لامة تامرون استیناف مبین لکونهم خیر امة لکان خیرا فالخیریة انما هی باعتبار زعمهم اه قلت واشرت الی کونها بزعمهم فی الترجمة۱۲۔

لَيْسُوْا سَوَآءً ۭ مِنْ اَھْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَاۗىِٕمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَاۗءَ الَّيْلِ وَھُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِىَ عَنْھُمْ اَمْوَالُھُمْ وَلَآ اَوْلَادُھُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَـيْـــًٔـا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ ھُمْ فِيْھَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْھَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ فَاَھْلَكَتْهُ ۭ وَمَا ظَلَمَھُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَھُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

اور یہ سب برابر نہیں ان اہل کتاب میں سے ایک جماعت وہ بھی ہے جو قائم ہیں، اللہ کی آیتیں اوقات شب میں پڑھتے ہیں اور وہ نماز بھی پڑھتے ہیں۔ اللہ پر اور قیامت والے دن پر ایمان رکھتے ہیں اور نیک کام بتلاتے ہیں اور بُری باتوں سے روکتے ہیں اور نیک کاموں میں دوڑتے ہیں اور یہ لوگ شائستہ لوگوں میں ہیں اور یہ لوگ جو نیک کام کریں گے اس سے محروم نہ کئے جائیں گے اور اللہ تعالیٰ اہل تقویٰ کو خوب جانتے ہیں۔ جو لوگ کافر ہے ہرگز ان کے کام نہ آئیں گے ان کے مال اور نہ ان کی اولاد اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں ذرا بھی اور لوگ دوزخ والے ہیں اور وہ ہمیشہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔ وہ جو کچھ خرچ کرتے ہیں اس دنیوی زندگانی میں اس کی حالت کے مثل ہے کہ۔

www.besturdubooks.net

ایک ہوا ہو جس میں تیز سردی ہو وہ لگ جائے ایسے لوگوں کی کھیتی کے جنہوں نے اپنا نقصان کر رکھا ہو پس وہ اس کو برباد کر ڈالے اور اللہ تعالیٰ نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی اپنے آپ کو ضرر پہنچا رہے تھے ۞

تفسیر: ربط: اوپر اہل کتاب کے قبائح کے ذکر میں مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ میں اجمالاً ان لوگوں کو مستثنیٰ فرمایا تھا جو اہل کتاب میں سے مسلمان ہو گئے تھے جیسے عبداللہ بن سلام اور ان کے بھائی اور ثعلبہ بن شعبۃ (کذا فی روح المعانی) آگے اسی استثنائے اجمالی کی تفصیل ہے۔

مدح مؤمنین اہل کتاب: لَيْسُوْا سَوَآءً ۭ مِنْ اَھْلِ الْكِتٰبِ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ یہ (اہل کتاب سب برابر نہیں (بلکہ) ان ہی اہل کتاب میں سے ایک جماعت وہ بھی ہے جو (دین حق پر) قائم ہیں (اور) اللہ کی آیتیں (یعنی قرآن) اوقات شب میں پڑھتے ہیں اور وہ نماز بھی پڑھتے ہیں (اور) اللہ پر اور قیامت والے دن پر (پورا پورا) ایمان رکھتے ہیں اور (دوسروں کو) نیک کام بتلاتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں اور نیک کاموں میں دوڑتے ہیں اور یہ لوگ (اللہ کے) نزدیک شائستہ لوگوں میں (شمار کئے جاتے) ہیں اور یہ لوگ جو نیک کام کریں گے اس (کے ثواب) سے محروم نہ کئے جاویں گے اور (محروم ہونے کا احتمال کب ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ اہل تقویٰ کو خوب جانتے ہیں (اور یہ لوگ اہل تقویٰ ہیں پس ان کے اعمال و اخلاص کی خوب اطلاع ہے اور وعدہ ہو ہی چکا پس وعدہ اور علم کے بعد نہ خفا کا احتمال نہ تخلف کا احتمال) ف: یہ ضرور نہیں کہ اس مقام پر جتنے امور مذکور ہیں سب فرض ہی ہوں بلکہ ظاہر یہ ہے کہ بعض امور ان میں نفل بھی ہیں جیسے شب بیدار رہ کر قرآن کی تلاوت کرنا یا تہجد کی نماز پڑھنا جو خصوصاً یا عموماً يَسْجُدُوْنَ سے مراد ہے اور فائدہ اس کا یہ ہوگا کہ جب وہ لوگ نفل تک کے پابند ہیں تو فرائض اعمال وعقائد کو تو کیوں ضائع کریں گے حاصل آیت کا مدح ہے ان لوگوں کی کہ انہوں نے ان صفات کو اختیار کیا ہے جو کہ اس امت کی خیریت کے اسباب سے ہیں اس لئے یؤمنون اور یامرون کو تخصیص کے ساتھ لائے جس کی وہاں وجہ خیریت میں تصریح تھی ورنہ قائمۃ کے عموم میں یہ سب امور داخل ہو گئے تھے۔

ربط: اوپر مدح تھی ان کی جو اہل کتاب میں سے مسلمان ہو گئے تھے آگے مذمت ہے ان کی جو اہل کتاب میں سے مسلمان نہیں ہوئے۔

ذم مصرین علی الکفر: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِىَ عَنْھُمْ (الی قولہ تعالی) ھُمْ فِيْھَا خٰلِدُوْنَ۔ بیشک جو لوگ کافر رہے ہرگز ان کے کام نہ آویں گے ان کے مال اور نہ ان کی اولاد اللہ تعالیٰ کے (عذاب کے) مقابلہ میں ذرا بھی اور وہ لوگ دوزخ (میں رہنے) والے ہیں (اور) وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے (کبھی نجات نہ ہوگی)۔

ف: ایسی ہی ایک آیت آل عمران کے دوسرے رکوع کے سرے پر آ چکی ہے اور چونکہ الفاظ عام ہیں اس لئے سب کفار کا یہی حکم ہے۔

ربط: اوپر فرمایا ہے کہ کفار کے اموال و اولاد کام نہ آویں گے چونکہ بعض کفار بزعم خود طاعات میں بھی خرچ کیا کرتے ہیں خواہ وہ طاعت اتفاقی ہو جیسے اطعام مساکین یا اختلافی ہو جیسے اپنے مذہب کی نصرت اور ظاہر نظر میں اس کے بعض مواقع محتمل قبول ونفع کے تھے اس لئے آگے عام الفاظ سے اس احتمال کو قطع فرماتے ہیں کہ ان کا کوئی انفاق عنداللہ معتد بہ نہیں خواہ کسی طرح ہو اور وجہ اس کی ظاہر ہے کیونکہ اگر وہ مصرف واقع ہی میں طاعت نہیں تب تو ظاہر ہے اور اگر واقع میں طاعت ہے تو اس کے لئے ایمان شرط تھا اور وہ مفقود ہے اور اولاد کا نافع نہ ہونا دوبارہ بیان نہیں فرمایا کیونکہ اس میں انفاق فی الطاعۃ کا سا احتمال نہیں تھا وجہ یہ کہ اگر وہ اولاد بھی کفار ہیں تو خود ہی ہالک ہیں اور اگر مومن ہیں تو اور زیادہ دشمن ہوں گے اور یہ دونوں امر بہت بدیہی تھے بخلاف انفاق فی الطاعۃ کے کہ اس کا نافع نہ ہونا ذرا خفی ہے جس پر فقدان شرط سے استدلال کیا جاتا ہے۔

بیان ضیاع انفاق کفار: مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ ھٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (الی قولہ تعالی) وَلٰكِنْ اَنْفُسَھُمْ يَظْلِمُوْنَ وہ (کفار) جو کچھ خرچ کرتے ہیں اس دنیوی زندگانی میں اس کی حالت (برباد و ضائع ہونے میں) اس حالت کے مثل ہے کہ ایک ہوا ہو جس میں تیز سردی (یعنی پالا) ہو (اور) وہ لگ جاوے ایسے لوگوں کی کھیتی کو جنہوں نے (بددینی سے) اپنا نقصان کر رکھا ہو پس وہ (ہوا) اس (کھیتی) کو برباد کر ڈالے (اسی طرح ان لوگوں کا خرچ کرنا آخرت میں سب ضائع ہے) اور (اس ضائع کرنے میں) اللہ تعالیٰ نے ان پر (کوئی) ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی (کفر کے ارتکاب سے جو کہ مانع قبول ہے) اپنے آپ کو ضرر پہنچا رہے تھے (نہ کہ وہ کفر کرتے تھے اور نہ ان کے سب نفقات ضائع ہو جاتے)

ف: ظاہراً صحت تشبیہ کے لئے مشبہ بہ) کی جانب میں اس قید کی حاجت نہ تھی ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ کیونکہ جو شخص ظالم اور بددین نہ ہو ایسی ہوا سے نقصان تو اُس کی کاشت کو بھی پہنچ سکتا ہے اور غرض تشبیہ کی حاصل ہو سکتی ہے سو نکتہ اس تقیید میں یہ ہے کہ یہاں مقصود ہے تشبیہ دینا ضیاع محض میں اور ضیاع محض بددین آدمی کے ساتھ مخصوص ہے۔ کیونکہ دنیا میں ضائع ہو گیا اور آخرت میں کچھ بدلا بھی نہ ملے گا بخلاف مسلمان کے کہ اس کا دنیا میں جو کسی قسم کا نقصان ہوتا ہے اس کو اس کے عوض میں ثواب اور گناہوں کی معافی عطا ہوتی ہے جیسا حدیثوں میں تصریح ہے۔

www.besturdubooks.net

ربط: اوپر اہل کتاب کے خصوص یہود کے مختلف قبائح وذمائم مذکور ہوئے ہیں آگے اہل ایمان کو خطاب کرتے ہیں کہ یہ جب ایسے ہیں تو ان سے دوستی یا دوستانہ برتاؤ مت رکھو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : كَمَثَلِ رِيحٍ فِيهَا صِرٌّ أَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوٓا أَنفُسَهُمْ روح المعانی میں ہے کہ ظَلَمُوٓا أَنفُسَهُمْ کی قید اس لئے لگائی گئی کہ مقصود کلام سے تو یہ بتلانا ہے کہ نہ دنیا میں فائدہ ہے نہ آخرت میں سو یہ بات صرف مال کافر کے ہلاک ہونے میں ہے رہا غیر کافر تو اس کو صبر کے سبب مال کے ہلاک ہونے پر اجر تو ملتا ہے آہ احقر کہتا ہے پس آیت اس پر دال ہوئی کہ مقبولین کی مصیبت حقیقی مصیبت نہیں محض صوری مصیبت ہے۔١٢

ملحقات الترجمۃ: لے قوله بعد ترجمة يظلمون سب نفقات آه فائدة حرف العموم ان ضياع بعض النفقات مشترك بين المسلم وغيره مثلا اذا كان فى غير وجه الشرع ١٢۔

الروایات: اخرج ابن اسحق والطبرانی والبيهقی وغيرهم عن ابن عباس قال لما اسلم عبدالله بن سلام و ثعلبة بن شعبة واسيد بن شعبة واسيد بن عبيد ومن اسلم من اليهود معهم فآمنوا وصدقوا ورغبوا فى الاسلام قالت احبار يهود واهل الكفر منهم ما آمن بمحمد وتبعه الا شرارنا ولو كانوا من خيارنا ما تركوا دين آبائهم وذهبوا الى غيره فانزل الله تعالىٰ ليسوا الى الصلحين وروى النسائى عن ابن مسعودؓ نزولها فى تاخير رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلة صلوٰة العشاء وانتظار الناس له فخرج صلى الله عليه وسلم وانزلت هذه الآية آه روح المعانى۔ قلت والظاهر هو الاول ويحتمل الثانى وقرأته صلى الله عليه وسلم اذ ذاك لاقتضاء المقام ١٢۔

اختلاف القراءۃ: فى قراءة يفعلوا ويكفروا بالغيبة وفى قراءة بالخطاب ١٢۔

اللغات: قائمة من قام اللازم بمعنى استقام اى مستقيمة على طاعة الله ثابتة على امره لم تنزع عنه ولم تتركه كما تركه آخرون آناء ساعاته واحده انا بوزن عصا وقيل كمعا وقيل بفتح فسكون يسارعون المبادرة وتستعمل بمعنى الرغبة والمفاعلة للمبالغة قيل ولم يعبر بالعجلة للفرق بينها وبين السرعة فان السرعة التقدم فيما يجوز ان يتقدم فيه وهى محمودة وضدها الابطاء والعجلة التقدم فيما لا ينبغى ان يتقدم فيه وهى مذمومة وضدها الاناة كله فى روح المعانى لن يكفروه اصله الستر ولتضمينه معنى المنع والحرمان عدى الى مفعولين ١٢ من الكبير والبيضاوى۔ فى القاموس اغنى عنه ناب عنه واجزا مجزاه۔ فى روح المعانى اى لن يجزى عنهم ذلك من عذاب الله تعالىٰ شيئا من الاجزاء ومن للبدل او الابتداء اه قلت وعليه ترجمت الفعل والمفعول المطلق۔ فى القاموس ابعرة بالكسر شدة البرد او البرد كالصر فيهما واشد الصياح ريح صر وصرصر شديد الصوت او البرد اه قلت فالصر يطلق على البرد نفسه وعلى الريح البارد كليهما وفيه الحرث الزرع۔

البلاغۃ: فى الآية استغناء بذكر احد الفريقين على الآخر على عادة العرب اى ومنهم من ليسوا كذلك قوله فى الخيرات ايثارها على الى للايذان بانهم مستقرون فى اصل الخير متقلبون فى فنونه لا انهم خارجون منتهون اليها روح المعانى قوله من الصلحين رد لقول اليهود ما آمن به الاشرارنا كما فى بيان الروايات ١٢ روح المعانى۔ قوله كمثل الخ فى روح المعانى وهذا من التشبيه المركب الذى توجد فيه الزبدة من الخلاصة والمجموع ولا يلزم فيه ان يكون ما يلى الاداة هو المشبه به كقوله تعالىٰ انما مثل الحيٰوة الدنيا كماء انزلناه والاقال كمثل حرث لانه المشبه به للمنفق آه قلت وكن على ذكر مما ذكرت فى الآية الواقعة على ربع جزء سيقول من قوله تعالىٰ مثل الذين كفروا كمثل الذى ينعق الخ فتبصر وتشكر ١٢۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَتَّخِذُوا۟ بِطَانَةً مِّن دُونِكُمْ لَا يَأْلُونَكُمْ خَبَالًا وَدُّوا۟ مَا عَنِتُّمْ قَدْ بَدَتِ ٱلْبَغْضَآءُ
مِنْ أَفْوَٰهِهِمْ وَمَا تُخْفِى صُدُورُهُمْ أَكْبَرُ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ ٱلْءَايَٰتِ إِن كُنتُمْ تَعْقِلُونَ ﴿١١٨﴾ هَٰٓأَنتُمْ أُو۟لَآءِ تُحِبُّونَهُمْ
وَلَا يُحِبُّونَكُمْ وَتُؤْمِنُونَ بِٱلْكِتَٰبِ كُلِّهِۦ وَإِذَا لَقُوكُمْ قَالُوٓا۟ ءَامَنَّا وَإِذَا خَلَوْا۟ عَضُّوا۟ عَلَيْكُمُ ٱلْأَنَامِلَ مِنَ ٱلْغَيْظِ
قُلْ مُوتُوا۟ بِغَيْظِكُمْ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِيمٌۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ ﴿١١٩﴾ إِن تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ وَإِن تُصِبْكُمْ
ع ١٢ سَيِّئَةٌ يَفْرَحُوا۟ بِهَا وَإِن تَصْبِرُوا۟ وَتَتَّقُوا۟ لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا إِنَّ ٱللَّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ﴿١٢٠﴾

www.besturdubooks.net

اے ایمان والو اپنے سوا کسی کو صاحب خصوصیت مت بناؤ۔ وہ لوگ تمہارے ساتھ فساد کرنے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھتے۔ تمہاری مضرت کی تمنا رکھتے ہیں۔ واقعی بغض ان کے مُنہ سے ظاہر ہو پڑتا ہے اور جس قدر ان کے دلوں میں ہے وہ تو بہت کچھ ہے ہم علامات تمہارے سامنے ظاہر کر چکے ہیں۔ اگر تم عقل رکھتے ہو۔ ہاں تم ایسے ہو کہ ان لوگوں سے محبت رکھتے ہو اور یہ لوگ تم سے اصلاً محبت نہیں رکھتے حالانکہ تم تمام کتابوں پر ایمان رکھتے ہو اور یہ لوگ جب تم سے ملتے ہیں کہہ دیتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے اور جب الگ ہوتے ہیں تو تم پر اپنی انگلیاں کاٹ کاٹ کھاتے ہیں مارے غیظ کے۔ آپ کہہ دیجئے کہ تم مر رہے ہو اپنے غصہ میں۔ بے شک خدا تعالیٰ خوب جانتے ہیں دلوں کی باتوں کو۔ اگر تم کو اچھی حالت پیش آتی ہے تو ان کے لئے موجب رنج ہوتی ہے اور اگر تم کو کوئی ناخوشگوار حالت پیش آتی ہے تو اس سے خوش ہوتے ہیں اور اگر تم استقلال اور تقویٰ کے ساتھ رہو تو ان لوگوں کی تدبیر تم کو ذرا بھی ضرر نہ پہنچا سکے گی بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان کے اعمال پر احاطہ رکھتے ہیں ۞

تفسیر: نہی مومنین از اختصاص با کفار: يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ اے ایمان والو اپنے (لوگوں کے) سوا (اور مذہب والوں میں سے) کسی کو (محبت میں برتاؤ میں) صاحب خصوصیت مت بناؤ (کیونکہ) وہ لوگ تمہارے ساتھ فساد کرنے میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھتے (اور دل سے بھی) تمہاری مضرت (دنیوی و دینی) کی تمنا رکھتے ہیں (دلوں میں تمہاری طرف سے اس قدر بغض بھرا ہے کہ) واقعی (وہ) بغض (بعض اوقات) ان کے منہ سے (بے اختیار بات چیت میں) ظاہر ہو پڑتا ہے اور جس قدر ان کے دلوں میں ہے وہ تو بہت کچھ ہے (چنانچہ) ہم (ان کی عداوت کے) علامات (اور قرائن) تمہارے سامنے ظاہر کر چکے ہیں اگر تم عقل رکھتے ہو (تو ان یقینی علامات سے دیکھ لو) ہاں (سمجھو) تم تو ایسے ہو کہ ان لوگوں سے محبت (کا برتاؤ) رکھتے ہو اور یہ لوگ تم سے اصلاً محبت نہیں رکھتے (نہ دل سے نہ برتاؤ سے) حالانکہ تم تمام (آسمانی) کتابوں پر ایمان رکھتے ہو (اس میں ان کی کتابیں بھی آ گئیں اور وہ تمہاری کتاب یعنی قرآن پر ایمان نہیں رکھتے مگر وہ تو باوجود اس تمہارے ایمان کے بھی تم سے محبت نہیں رکھتے اور تم باوجود ان کے اس عدم ایمان کے بھی ان سے محبت رکھتے ہو) اور (تم ان کے اس ظاہری دعویٰ ایمان سے شبہ مت کرنا کہ وہ بھی تو ہماری کتاب پر ایمان رکھتے ہیں کیونکہ) یہ لوگ جب تم سے ملتے ہیں (صرف تمہارے دکھانے کو منافقانہ طور پر) کہہ دیتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے اور جب (تم سے) الگ ہوتے ہیں تو تم پر اپنی انگلیاں کاٹ کاٹ کھاتے ہیں مارے غیظ (وغضب) کے (یہ کنایہ ہے شدت غضب سے جو مجبوری کے وقت ہو) آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ تم مر رہے ہو اپنے غصہ میں (مراد یہ کہ اگر تم مر بھی جاؤ گے تب بھی تمہاری مراد پوری نہ ہوگی) بیشک خدا تعالیٰ خوب جانتے ہیں دلوں کی باتوں کو (اسی لئے ان لوگوں کے دلوں میں جو رنج و غبار اور عداوت تمہاری طرف سے بھری ہے سب بتلا دی اور ان کا یہ حال ہے کہ) اگر تم کو کوئی اچھی حالت پیش آتی ہے (مثلاً تم میں باہم اتفاق ہو غیروں پر غلبہ ہو جاوے) تو ان کے لئے موجب رنج ہوتی ہے (جس کا سبب اشد درجہ کا حسد ہے) اور اگر تم کو کوئی ناگوار حالت پیش آتی ہے (تو جو اس اچھی حالت کی ضد ہو) تو اس سے (بڑے) خوش ہوتے ہیں (جس سے ان کی شماتت ثابت ہے سو ان کے جب یہ حالات ہیں تو وہ اس قابل کب ہیں کہ ان سے دوستی یا دوستی کا برتاؤ کیا جاوے یہ تقریر سننے والے کے دل سے دوستی کا خیال حک کرنے کے لئے تو بس ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ان مخالفات پر آگاہ ہو کر اس فکر میں پڑ سکتا ہے کہ جب یہ ایسے دشمن ہیں تو کہیں ہم کو کسی طرح کا ضرر نہ پہنچا دیں اس لئے آگے اس کے متعلق تسلی ہے) اور اگر تم استقلال اور تقویٰ کے ساتھ رہو تو ان لوگوں کی تدبیر تم کو ذرا بھی ضرر نہ پہنچا سکے گی (تم اس سے بے فکر رہو تو دنیا میں تو ان کو یہ ناکامی نصیب ہوگی اور آخرت میں سزائے دوزخ ہوگی کیونکہ) بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان کے اعمال پر (علمی) احاطہ رکھتے ہیں (کوئی عمل ہم سے مخفی نہیں اس لئے وہاں سزا سے بچنے کے لئے کسی حیلہ حوالہ کی گنجائش نہیں) **ف**: یہاں پر جو غیر مذہب والوں سے خصوصیت کی ممانعت فرمائی ہے اس میں یہ بھی داخل ہے کہ ان کو اپنا ہمراز بنایا جاوے چنانچہ روح المعانی میں حضرت حسن کا تائید کرنا ایک حدیث کی جو براویت بیہقی مشرکین کو ہمراز بنانے کی ممانعت میں آئی ہے اس آیت سے منقول ہے اور اس میں یہ بھی داخل ہے کہ اپنے خاص امور انتظامی میں اس کو دخل دیا جاوے۔ چنانچہ کبیر[1] میں حضرت عمرؓ کا انکار فرمانا ایک نصرانی کو منشی بنانے سے اسی آیت کی بنا پر مذکور ہے اور گو شانِ نزول خاص ہے مگر عموم الفاظ سے حکم عام ہے چنانچہ سلف کا استدلال اس کا مؤید بھی ہے اور باقی تفصیل ضروری اس مسئلہ کی پارہ تلک الرسل کے نصف کے بعد آیت: لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ کی تفسیر میں گزر چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے اور مَا عَنِتُّمْ کے ترجمہ میں جو احقر نے مضرت دینی و دنیوی لکھی ہے دینی مضرت تو وہ ہے جس کو اس پارہ کے اول رکوع میں فرمایا ہے۔ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ اور دنیوی مضرت بہت سے امور ہیں اور یہود نے جو مومنین میں تفرق پیدا کرنا چاہا تھا اس میں دونوں مضرتیں ہیں۔ اور یہ جو فرمایا گیا کہ بات چیت میں بغض ظاہر ہو پڑتا ہے سو یہ امر مشاہد ہے کہ جب دل میں بہت غبار ہوتا ہے کتنا ہی زبان کو سنبھالے مگر کچھ نہ کچھ منہ پر آ ہی جاتا ہے۔ اور یہ کہنے کو جو فرمایا مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ اس میں ایک فن اخلاق کے متعلق ایک عظیم فائدہ بھی ہے وہ یہ کہ جب کسی سے علائق قطع کرنا کسی مصلحت واجب الرعایۃ سے ضروری ہو تو کوئی دلخراش بات اس شخص کو کہہ دینا قطع

www.besturdubooks.net

علائق میں نہایت مؤثر ہے مگر یہ ایذاء حد اباحت شرعیہ سے متجاوز نہ ہو تو یہاں یہ نفع بھی ہے۔ اور ہر چند کہ یہاں کہنے کا حکم ظاہراً صرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے مگر آپ کے تابعین اس خطاب میں بھی تابع رہیں گے اور یہ جو اخیر میں فرمایا کہ ان کے کید سے کچھ ضرر نہ ہوگا اگر اس خطاب کی خصوصیت پر نظر کی جاوے تب تو کوئی اشکال ہی نہیں کیونکہ یہ یہود صحابہ کو کوئی ضرر نہ پہنچا سکے اور اگر عام لیا جاوے جیسا صبر و تقویٰ کے ساتھ اس کو معلل فرمانا عموم کے مناسب بھی ہے تو اگر کہیں صبر و تقویٰ کی کمی سے مخالف کو غلبہ ہو گیا ہے تب بھی اشکال نہیں اور اکثر ایسا ہی ہوا ہے اور اگر باوجود استقلال اور تقویٰ کے گاہے غلبہ ہوا ہے تو ایسا قلیل ہوا ہے اور وہ بھی بمصلحت ابتلاء تو دفع اشکال کی یہ تقریر ہے کہ نفی ضرر حقیقی کی ہے نہ ضرر صوری کی سو چونکہ مومنین کو اس میں منافع دنیویہ مثل تہذیب اخلاق وغیرہ و منافع دینیہ مثل ثواب و قرب اس ضرر ظاہری سے زائد ملتے ہیں اور نیز اس سے بوجہ رضا و توکل کے ان کے قلوب مشوش نہیں ہوتے اور تشویش قلب ہی روح ضرر ہے اس لئے وہ ضرر معتد بہ اور حقیقی نہیں محض صورۃً ضرر ہے جس کا حقیقت کے مقابلہ میں اعتبار نہیں جیسا کہ کسی جماعت کا ایک شخص قتل ہو جاوے باقیوں کو فتح ہو جاوے عرف میں اس کو اسی بناء پر ضرر نہیں کہتے خوب سمجھ لو۔

ربط: یہاں تک محاجہ باللسان کا مضمون تھا آگے محاجہ بالسنان کا مضمون مذکور ہوتا ہے جس کے ضمن میں تین قصوں کی طرف اشارہ ہے۔ غزوۂ احد اور یہی زیادہ ہے اور غزوۂ بدران آیات میں وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ الخ اور غزوۂ حمراء الاسد اس رکوع میں اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ الخ اور علاوہ مناسبت مذکورہ مقابلہ کے ایک خاص مناسبت اگلے مضمون کی اوپر والے مضمون سے یہ بھی ہے کہ اوپر فرمایا ہے وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا آگے کا مضمون بطور اس کی دلیل کے ہے کہ تم اپنے قصے مقاتلہ کفار کے یاد کر لو جہاں صبر و تقویٰ پورا پورا کیا جیسے بدر وہاں کید کفار سے کچھ ضرر نہ پہنچا اور تم غالب رہے اور جہاں اس میں کسی قدر کمی آ گئی تھی وہاں ضرر ہو گیا جیسے احد میں مغلوب ہو گئے پھر حمراء الاسد میں باوجودیکہ واقعۂ احد سے تازہ زخم خوردہ تھے لیکن استقلال و تقویٰ سے کام لیا پھر کامیاب ہوئے اس مضمون بالا کی پوری تائید ہو گئی۔

قصہ غزوۂ احد: ۱۷رمضان یوم جمعہ ۲ ہجری میں جب غزوۂ بدر میں جو کہ اول جہاد ہوا ہے کفار قریش کو شکست ہوئی تو نصف شوال ۳ ہجری میں پھر بدلہ لینے کی غرض سے مدینہ پر چڑھ آئے۔ تین ہزار آدمیوں کا مجمع تھا رسول صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہزار آدمیوں کو لے کر میدان میں مقابلہ کے لئے تشریف لائے میدان میں پہنچنے کے بعد عبداللہ بن ابی منافق جو باد بایا ساتھ ہو لیا تھا اپنے تین سو آدمیوں[2] کو لے کر میدان سے واپس ہو گیا۔ بعض صحابہؓ نے سمجھایا بھی مگر وہ کہنے لگا کہ اگر لڑائی کا موقع ہوتا تو ہم شریک ہوتے بے فائدہ کون اپنی جان دے۔ بنی سلمہ اور بنی حارثہ دو قبیلے ہیں انصار کے ان کو واپس ہوتے دیکھ کر ان کی ہمت میں بھی کچھ سستی پیدا ہونے لگی اور واپسی کا وسوسہ گزرنے لگا لیکن اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا اور اس وسوسہ کو دفع کیا۔ غرض سات سو آدمی رہ گئے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے سب کی موقع سے میدان میں احد پہاڑ کے قریب صف آرائی کی اور عبداللہ بن جبیر صحابیؓ کو پچاس تیر اندازوں پر افسر کر کے ایک مورچہ پر پشت لشکر کی طرف مقرر فرمایا کہ اس مورچہ کی حفاظت رکھو تا کہ ہماری پشت کی طرف سے غنیم نہ آ جاوے اور یہاں ہی سے تیر اندازی کرتے رہو۔ چنانچہ بڑے موقع سے لڑائی شروع ہوئی اور مسلمان غالب آ گئے۔ عبداللہ بن جبیر کے ساتھی یہ سمجھ کر کہ یہاں پر ٹھہرنا معلل تھا خوف ضرر کے ساتھ اب تو ہمارے بھائی غالب ہو گئے اب کیا اندیشہ رہا اس لئے وہ حکم ختم ہو گیا۔ باستثناء بارہ آدمیوں کے سب اس جگہ سے جدا ہو کر کفار کے تعاقب میں چلے اور غنیمت کے جمع کرنے میں مشغول ہو گئے۔ کفار نے موقع پر کر مورچہ پر قبضہ کر لیا اور مسلمانوں کے پیچھے سے حملہ کیا۔ اب آگے بھی کفار پیچھے بھی کفار اور اسی حالت میں حضور کا دندان مبارک بھی یعنی اس کا ایک ریزہ شہید ہو گیا اور کسی کافر نے اس میں پکار دیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم قتل ہو گئے ان ناگہانی حوادث اور پریشانیوں سے اس وقت مسلمان سراسیمہ ہو کر باستثناء ایک جماعت کے سب کے پاؤں اکھڑ گئے جو کہ ان اسباب قویہ پر نظر کر کے چنداں مستبعد نہیں۔ یہ قصہ اتنا ہی لکھا گیا جس کی ضرورت تفسیر میں واقع ہو گئی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا۔ چونکہ بعض اوقات باوجود صبر و تقویٰ کے عدو کی جانب سے ضرر پہنچنا مشاہد ہوتا ہے پس آیت ضرر حقیقی کی نفی پر محمول کی ہوگی نہ مطلق ضرر پر جو صوری کو بھی شامل ہو پس اس آیت کا بھی وہی مدلول ہوگا جو آیت سابقہ کا مدلول ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) وقد اورده العلامة ابن تيمية الحرانی فی اقتضاء الصراط المستقيم عن مسند الامام احمد ثم قال سنده حسن ۱۲۔ محمد شفيع الديوبندی غفر له۔ (۲) قولہ تین سو آدمیوں کو الخ منافقین ان تین سو ہی میں منحصر نہ تھے۔ اب اس پر یہ شبہ وارد نہیں ہوتا کہ یہاں سے لے کر دور تک قصہ احد چلا گیا ہے اور جابجا منافقین کا ذکر آتا گیا ہے اور شروع ہی میں یہ مضمون ہے کہ سردار منافقین مع اپنے تین سو ساتھیوں کے میدان جنگ سے واپس ہو گیا۔ اس سے یہی متبادر ہوتا ہے کہ اب کوئی منافق لشکر میں نہ تھا محض مومنین مخلصین ہی تھے۔ لیکن آگے چل کر بار بار منافقین کا ذکر خاص میدان جنگ ہی کے سلسلہ میں آتا ہے تو یہ تعارض ہوا۔ تقریر جواب کی یہ ہے کہ منافقین کا تین سو ہی میں منحصر ہونا نہایت مستبعد ہے یہ منافقین اکثر یہود تھے اور مدینہ میں ان کی کثرت معلوم ہے تو تین سو کا جدا ہو جانا مستلزم اس کو نہیں کہ کوئی منافق موجود نہ رہا ہو۔ چنانچہ قطع نظر روایات کے خود قرآن مجید کی بعض آیات سے ان کی شرکت معلوم ہوتی ہے کقولہ تعالیٰ: ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ

www.besturdubooks.net

امنةً نعاسا یغشی طآئفةً منکم وطآئفةٌ قد اھمتھم انفسھم۔ الآیۃ باقی یہ کہ یہ لوگ جدا کیوں نہیں ہوئے یا تو ان کو اتفاقاً موقع نہ ملا ہو یا عمداً اس مصلحت سے رہ گئے ہوں کہ مسلمانوں کو موقع بموقع برے مشورے دیں یا ان کے اشرار اپنی جماعت کو پہنچا دیں جیسا دوسری آیتوں میں ایسے مواقع میں ان کی معیت بھی اور معیت کی یہ مصلحت بھی مصرح ہے۔ قال تعالیٰ فی سورۃ النساء: اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ الآیۃ وقال تعالیٰ فی سورۃ التوبۃ: وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ اس لئے اجزائے قصہ میں کوئی تعارض نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ترجمة الانامل انگلیاں هذا اخذ بحاصل المحاورة وهی فی الاصل رؤس الاصابع ۱۲۔ ۲ قوله فی ترجمة الحسنة اچھی حالت فالمراد بالحسنة ما فی الدنیا لا الاخرویة من الطاعات صرح به فی الکبیر ۱۲۔ ۳ قوله فی ف عموم الفاظ سے ولا یخالجنك ان آخر الآیة خاص بالمنافقین لقوله تعالیٰ اذا لقوکم قالوا آمنا ونحوه لما فی الکبیر انه ثبت فی اصول الفقه ان اول الآیة اذا کان عاما وآخرها خاصا لم یکن خصوص آخر الآیة مانعا من عموم اولها ۱۲۵۔ ۴ قوله ریزہ کذا فی حاشیة البخاری عن المجمع ۱۲۔

الروایات: فی روح المعانی اخرج ابن اسحق وغیره عن ابن عباس قال کان رجال من المسلمین یواصلون رجالا من یهود لما کان بینهم من الجوار والحلف فی الجاهلیة فانزل الله تعالیٰ فیهم عن مباطنتهم تخوف الفتنة علیهم هذه الآیة واخرج عبد بن حمید انها نزلت فی المنافقین من اهل المدینة نهی المؤمنون ان یتولوهم آه قلت والجمع بینهما ممکن ولا یذهب علیك ان سبب النزول اوضح دلیل علی ان الموالاة واتخاذ البطانة وان لم یکن عن قلب فانه منهی عنه مطلقا کالصداقة ونحوها اللهم الا عن ضرورة یعتبرها الشرع ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قرأ ابن کثیر ونافع وابو عمرو ویعقوب لا یضرکم بکسر الضاد وجزم الراء علی انه جواب الشرط من ضاره یضیره بمعنی ضره یضره ۱۲۔

اللغات: فی القاموس البطانة بالکسر السریرة ووسط الکورة والصاحب الولیجة۔ ومن الثوب خلاف ظهارته الا لو فی روح المعانی التقصیر وهو لازم یتعدی الی المفعول بالحرف وقد یستعمل متعدیاً الی مفعولین فی قولهم لا آلوك نصحا ولا آلوك جهدا علی تضمین معنی المنع اولخبل الفساد ۱۲۔

النحو: فی الروح هانتهم اؤلاء قیل انتم مبتدأ واؤلاء خبره والجملة بعد مستانفة اه ای للبیان قلت وهاللتنبیه علی خطأ المخاطبین فی اتخاذهم بطانة وراعیت کل ذلك فی الترجمة ۱۲۔

البلاغۃ: عضوا علیکم فی روح المعانی عض الانامل عادة النادم الآسف الفاجر ولهذا اشیر به الی حال هؤلاء ولیس المراد ان هناك عضا بالفعل ۱۲۔

وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۱۲۱ اِذْ هَمَّتْ
طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۲۲ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ
اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۱۲۳ اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ
الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ۝۱۲۴ بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ
بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ۝۱۲۵ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ۭ وَمَا النَّصْرُ
اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۱۲۶ لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ ۝۱۲۷

اور جب کہ آپ صبح کے وقت اپنے گھر سے چلے مسلمانوں کو مقاتلہ کرنے کے لئے مقامات پر جما رہے تھے اور اللہ تعالیٰ سب سن رہے تھے سب جان رہے تھے۔ جب تم میں سے دو جماعتوں نے دل میں خیال کیا کہ ہمت ہار دیں اور اللہ تعالیٰ تو ان دونوں جماعتوں کا مددگار تھا اور بس مسلمانوں کو تو اللہ ہی پر اعتماد کرنا چاہیے اور یہ بات محقق ہے کہ

www.besturdubooks.net

حق تعالیٰ نے تم کو بدر میں منصور فرمایا حالانکہ تم بے سروسامان تھے سو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہا کرو تا کہ تم شکرگزار رہو۔ جب کہ آپ مسلمانوں سے یوں فرمار ہے تھے کہ کیا تم کو یہ امر کافی نہ ہوگا کہ تمہارا رب تمہاری امداد کرے تین ہزار فرشتوں کے ساتھ جو اتارے جاویں گے۔ ہاں کیوں نہیں اگر مستقل رہو گے اور متقی رہو گے اور وہ لوگ تم پر ایک دم سے آ پہنچیں گے تو تمہارا رب تمہاری امداد کرے گا پانچ ہزار فرشتوں کے ساتھ جو کہ ایک خاص وضع بنائے ہوئے ہوں گے اور اللہ تعالیٰ نے یہ امداد محض اس لئے کی کہ تمہارے لئے بشارت ہو اور تا کہ تمہارے دلوں کو قرار ہو جائے اور نصرت صرف اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے جو کہ زبردست ہیں حکیم ہیں۔ تا کہ کفار میں سے ایک گروہ کو ہلاک کردے یا ان کو ذلیل وخوار کردے پھر وہ ناکام لوٹ جائیں۞

تفسیر: شروع قصۂ احد: وَ اِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ (الی قولہ تعالی) وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ۞ اور (وہ وقت بھی یاد کرنے کے قابل ہے) جب کہ آپ صبح کے وقت (تاریخ قتال سے پہلے) اپنے گھر سے (اس غرض سے) نکلے (کہ) مسلمانوں کو (کفار سے) مقاتلہ کرنے کے لئے (مناسب) مقامات پر جمانے (کیلئے آمادہ کر) رہے تھے (پھر اسی تجویز کے موافق سب کو ان مقامات پر جما دیا) اور اللہ تعالیٰ (اس وقت کی باتیں) سب سن رہے تھے (اور اس وقت کے حالات) سب جان رہے تھے جب (اسی کے ساتھ یہ قصہ بھی ہوا کہ) تم (مسلمانوں) میں سے دو جماعتوں نے (کہ وہ بنی سلمہ و بنی حارثہ ہیں) دل میں خیال کیا کہ ہمت ہار دیں (اور ہم بھی عبداللہ بن ابی کی طرح اپنے گھر جا بیٹھیں) اور اللہ تعالیٰ تو ان دونوں جماعتوں کا مددگار تھا (بھلا ان کو کب ہمت ہارنے دیتا چنانچہ خدا تعالیٰ نے ان کو اس خیال پر عمل کرنے سے محفوظ رکھا) اور (ہم آئندہ کے لئے ان جماعتوں کو اور سب کو بھی نصیحت کرتے ہیں کہ جب تم مسلمان ہو) پس مسلمانوں کو تو اللہ تعالیٰ ہی پر اعتماد کرنا چاہئے (اور ایسی کم ہمتی کبھی نہ کرنا چاہئے) **ف:** صحابہؓ پر خدا تعالیٰ کی کیسی عنایت ہے کہ بیان جرم کے ساتھ ان کو بشارت ولایت بھی سنا دی جس میں وعدۂ معافی مفہوم ہوتا ہے اور جرم بھی کتنا خفیف بتلایا کہ واپسی نہیں صرف کم ہمتی پھر اس کا بھی وقوع نہیں بلکہ خیال پس یا تو صدور اتنا ہی ہوا ہو یا بعض صادر کو ذکر نہیں فرمایا اور تقدیر اول پر عتاب کی وجہ ان حضرات کا غایت تقرب ہے ''نزدیکاں را بیش بود حیرانی'' اور اس بشارت کی وجہ سے ان میں سے بعض صحابہ کا یہ قول صحاح میں آیا ہے کہ ہم باوجود اظہار عتاب کے اس آیت کے نازل نہ ہونے کے متمنی نہیں کیونکہ عتاب کے ساتھ عنایت کا کلمہ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا بھی تو ہے۔ خوب کہا گیا ''اگر یکبار گوید بندۂ من ☆ از عرش بگزرد خندۂ من''۔ فقط۔

ربط: تقریر ربط اوپر آیت: وَ اِذْ غَدَوْتَ کی تمہید میں مذکور ہو چکی اب قصۂ بدر کی نصرت کا صبر و تقویٰ کی بدولت ہونا بیان فرماتے ہیں۔

قصۂ نصرت بدر: وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّ اَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ۞ اور یہ بات محقق ہے کہ حق تعالیٰ نے تم کو (غزوۂ) بدر میں منصور فرمایا حالانکہ تم (محض) بے سروسامان تھے (کیونکہ مجمع بھی کفار کے مقابلہ میں کم تھا وہ ایک ہزار تھے اور مسلمان کل تین سو تیرہ تھے اور ہتھیار وغیرہ بھی بہت کم تھے) سو (چونکہ یہ منصور ہونا بدولت تقویٰ کے تھا جس میں استقلال و صبر بھی داخل ہے تو تم پر لازم ہے کہ آئندہ بھی) اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہا کرو (اسی کا نام تقویٰ ہے) تا کہ تم (اس نعمت نصرت کے) شکرگزار رہو (کیونکہ شکرگزاری صرف زبان کے ساتھ خاص نہیں بلکہ پورا شکر یہ ہے کہ زبان و قلب بھی مشغول ہو اور طاعات کی بھی پابندی ہو بالخصوص جب کہ اس طاعت کا اس نعمت میں دخیل ہونا بھی ثابت ہو جاوے) **ف:** بدر اصل میں ایک کنوئیں کا نام ہے جو بدر بن قریش نے کھودا تھا۔ کذا فی القاموس۔ یہ لڑائی اس کے قرب میں ہوئی تھی۔ آگے اس نصرت کی کسی قدر تفصیل ہے۔

تتمہ قصہ بدر: اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ (الی قولہ تعالی) مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ۞ (یہ نصرت اس وقت ہوئی تھی) جب کہ آپ (اے محمد ﷺ) مسلمانوں سے (جبکہ وہ یہ خبر سن کر کہ مشرکین کی اور مدد آ رہی ہے پریشان تھے بوحی الٰہی) یوں فرمار ہے تھے کہ کیا تم کو (تقویت قلب کے لئے) یہ امر کافی نہ ہوگا کہ تمہارا رب تمہاری امداد کرے تین ہزار فرشتوں کے ساتھ جو (اسی کام کے لئے آسمان سے اتارے جاویں گے (جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بڑے درجہ کے فرشتے ہوں گے۔ ورنہ جو فرشتے پہلے سے زمین پر موجود تھے ان سے بھی یہ کام لیا جا سکتا تھا اور اس کے قبل مسلمانوں کی دعا و استغاثہ پر ایک ہزار ملائکہ کے بھیجنے کا وعدہ ہو چکا تھا جیسا سورۂ انفال میں ہے تو یہ مکرر وعدۂ زیادت اور زیادہ تقویت قلب میں مؤثر ہے چنانچہ اوپر کے استفہام کا جواب خود ہی ارشاد ہوا کہ) ہاں کیوں نہیں (کافی ہوگا یعنی کافی ہوگا اب آگے ایک زیادت کا اور وعدہ ہے ایک خاص شرط سے وہ یہ کہ) اگر (مقابلہ کے وقت) مستقل رہو گے اور متقی (بنے) رہو گے (یعنی کوئی امر خلاف اطاعت نہ کرو گے) اور (اگر) وہ لوگ تم پر ایک دم سے (بھی) آ پہنچیں گے (جس میں عادۃً خلق سے مدد پہنچنا مشکل ہوتا ہے) تو (جب بھی) تمہارا رب تمہاری امداد فرماوے گا پانچ ہزار فرشتوں سے جو کہ ایک خاص وضع بنائے ہوں گے (جیسی عادت متعارفہ ہے کہ فوج کی کوئی خاص وردی ہوتی ہے اس میں اشارہ ہے کہ وہ فرشتے خاص اسی کام کے لئے بھیجے جاویں گے۔ اس خبر دینے سے یہ فائدہ ہے کہ جو شخص کسی خاص کام کے لئے آتا ہے عادۃً اس کام کی اس سے زیادہ امید ہوتی ہے اس مکرر در مکرر وعدہ سے اور زیادہ قلوب کی تقویت کا فائدہ ہوا) **ف:** یہ تین وعدے تھے اول ایک ہزار کا دوسرا تین ہزار کا تیسرا پانچ ہزار کا سو اول کا سبب تو آیت انفال میں استغاثہ و دعا کا ہونا مصرح ہے دوسرے کا سبب مشرکین کے لئے امداد آنے کی خبر سن کر پریشان ہونا روایات

www.besturdubooks.net

سے معلوم ہوتا ہے چنانچہ روح المعانی میں ہے کہ ابن ابی شیبہ اور ابن المنذر وغیرہما نے شعبی سے روایت کیا کہ مسلمانوں کو بدر کے دن یہ خبر پہنچی کہ کرز بن جابر محاربی مشرکین کی امداد کرنے کا ارادہ رکھتا ہے یہ خبر بہت شاق معلوم ہوئی۔اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔اور گو سبب قریب یہ پریشانی ہے لیکن اصلی سبب جیسا کہ اس آیت کی وجہ ارتباط سے آیاتِ بالا یعنی : اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ کے ساتھ جس کی تقریر شروع تمہید اِذْ غَدَوْتَ میں گزر چکی ہے مفہوم ہوتا ہے یہ ہے کہ صبر وتقویٰ جس کے ساتھ یہ حضرات پہلے سے موصوف تھے وہ سبب ہوا ان پر رحمت متوجہ ہونے کا اور پریشانی رفع کرنے کا بلکہ اگر وعدۂ اول کا سبب اصلی بھی اسی صبر وتقویٰ سابق کو کہا جاوے واز بس مناسب ہے کیونکہ تقویٰ کی برکت قبول دعا میں بھی ظاہر ہوتی ہے۔اور تیسرے وعدہ کا سبب خود اس آیت میں مذکور ہے یعنی صبر وتقویٰ ووقت قتال کا پس ظاہراً تینوں وعدوں کا سبب متعدد ہے اور اسی سے وعدے بھی متعدد ہوئے مگر حقیقت میں سب کا سبب ایک تقویٰ ہے۔جس کے اثبات کے لئے یہ آیات لائی گی ہیں اور اس میں اختلاف ہوا ہے کہ آیا یہ تیسرا وعدہ واقع ہوا یا نہیں۔تو شعبیؒ کا قول تو یہ ہے کہ اس میں ایک شرط وَيَأْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ بھی تھی اور وہ واقع نہیں ہوئی۔چنانچہ کرز مذکور کا گروہ نہیں آیا۔اس لئے فوت شرط سے مشروط بھی فوت ہو گیا تو واقع میں بدوں اس شرط کے وعدہ ہی نہ ہوا تھا اور بعض نے کہا ہے کہ وہ وعدہ وَيَأْتُوْكُمْ کے ساتھ مشروط نہیں بلکہ مقصود اس سے تاکید ومبالغہ وعدہ کا ہے جیسا تقریر ترجمہ میں احقر نے اشارہ کر دیا ہے اس لئے یہ وعدہ بھی واقع ہوا۔اور اس میں بھی اختلاف ہے کہ ہر وعدہ لاحقہ کا عدد مع عدد وعدۂ سابقہ کے ہے یا اس کے علاوہ ہے۔یہ دونوں اختلاف روح المعانی سے نقل کئے ہیں اور اسی میں ابن عباس کا قول ابن اسحٰق وطبرانی سے منقول ہے کہ یہ وضع ملائکہ کی یوم بدر میں سفید عمامے تھے جن کا شملہ کمر پر پڑا تھا اور یوم حنین میں سرخ عمامے تھے فقط اور احد کے قصے میں نصرتِ بدر کا قصہ یاد دلانا بقرینہ مقابلہ اشارہ ہے کہ احد میں عدم نصرت بسبب اختلال تقویٰ کے ہوا اور یہ اختلال ایک تو واقعہ سے پہلے ہوا کہ بدر میں کفار کو فدیہ لے کر چھوڑ دیا جس کا قصہ سورۂ انفال میں ہے اور بعض مفسرین نے بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا کی جو کہ اس پارہ کے نصف پر واقع ہے یہی تفسیر کی ہے اور مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ کی تفسیر میں حسنؓ سے منقول ہے کمافی روح المعانی اور دوسرا اختلال مورچہ سے ہٹ جانا ہے پس اس بناء پر حاصل مضمون کا یہ ہوا کہ واقعۂ بدر میں تقویٰ سابق ولاحق دونوں کی برکت سے نصرت ہوئی اور احد میں تقویٰ کے اختلال سابق ولاحق کے اثر سے بے نصرتی ہوئی اور احد میں نزول ملائکہ کا قول کسی قوی دلیل پر مبنی نہیں اور یوں ملائکہ معین طور پر ساتھ رہتے ہی ہیں لیکن کلام اس غرض کے لئے نزول میں ہے اور اس امداد بالملائکہ کی نسبت جو شبہ کیا گیا ہے اس کا جواب عنقریب آتا ہے اور نکتہ اس عدد میں یہ ممکن ہے کہ کافر ایک ہزار تھے اس لئے ایک ہزار فرشتے آئے۔پھر جیسے کافر مسلمانوں سے تین گونہ تھے اس لئے فرشتے تین ہزار ہو گئے کہ کافروں سے تین گونہ ہیں پھر پانچ ہزار میں یہ رعایت ہے کہ لشکر کے پانچوں حصوں کے ساتھ ایک ایک ہزار ہیں واللہ اعلم۔

ربط : آگے امداد ونصرت مذکور کی حکمت کا بیان ہے۔

حکمت واقعۂ بالا: وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ اور اللہ تعالیٰ نے یہ امداد (مذکور جو ملائکہ سے ہوئی) محض اس (حکمت) کے لئے کی کہ تمہارے لئے (غلبہ کی) بشارت ہو (یعنی غلبہ کی توقع سے خوشی ہو جاوے اور تاکہ تمہارے دلوں کو اضطراب سے) قرار ہو جاوے (پس) ایک فائدہ جلب منفعت ہوا دوسرا دفع مضرت چونکہ طبعاً اسباب سے تسلی ہوتی ہے اس لئے اس سبب کا سامان کیا گیا) اور (واقع میں تو) نصرت (اور غلبہ) صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے جو کہ زبردست ہیں (کہ ویسے بھی غالب کر سکتے ہیں لیکن) حکیم (بھی) ہیں (جب وہ چاہیں اسباب سے غلبہ دیتے ہیں یہ تو حکمت ہوئی امداد بالملائکہ کی آگے حکمت ہے منصور ومظفر فرمانے کی کہ اللہ تعالیٰ نے بدر میں تم کو غلبہ اس لئے دیا) تاکہ کفار میں سے ایک گروہ کو (جان سے) ہلاک کر دے (چنانچہ ستر کافر رئیس قتل کئے گئے) یا ان (میں سے بعض) کو ذلیل وخوار کر دے (یعنی شکست دے دے) پھر وہ ناکام لوٹ جاویں (یعنی ان میں سے کوئی نہ کوئی بات ضرور ہو جاوے اور اگر دونوں ہو جاویں تو اور بھی بہتر چنانچہ دونوں باتیں ہوئیں بلکہ تیسری ایک اور ہوئی کہ ستر قید ہوئے) **ف:** یہاں امداد کی حکمت نہایت تصریح کے ساتھ فرمائی جس میں غور کرنے سے اس مضمون پر کوئی شبہ باقی نہیں رہتا کیونکہ حاصل اس کا یہ ہوا کہ ان فرشتوں کے نزول سے اصلی مقصود یہ تھا کہ مسلمان کے قلب کو سکون ہو۔باقی طریق سکون کا کیا تھا سو سورۂ انفال میں اس قصہ میں ہے: فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اور منجملہ وجوہ تثبیت کے یہ بھی ہے کہ اپنے روحانی تصرف سے قلوبِ مومنین میں قوت پہنچا دیں جیسا کہ مشائخ اہل تصرف کیا کرتے ہیں اور جیسا کہ ابتداء نزولِ وحی میں جناب رسول اللہ ﷺ کو حضرت جبرئیل علیہ السلام کے دبانے کی یہی توجیہ کی جاتی ہے۔پس اس بنا پر نہ تو فرشتوں کا نظر آنا ضروری ہے اور نہ یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ ایک ہی فرشتہ سب کفار کو ہلاک کر سکتا تھا پھر کئی ہزار کی کیا ضرورت تھی اور پھر کئی ہزار نے بھی سب کفار کو ہلاک نہ کیا۔وجہ دفع یہ ہے کہ اصلی کام ان کا قتال نہ تھا جیسا کہ حنین اور احزاب میں بھی ملائکہ آئے اور قتال اُن کا منقول نہیں۔گو آیت انفال فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ الخ کی ایک تفسیر میں ملائکہ کو خطاب کہا گیا ہے اور بعض روایات میں آیا بھی ہے کہ بعض مشرکین کو قتل کا ارادہ کیا مگر اس کا سر از خود جدا ہو گیا اور دہٗ فی الکمالین عن سہل بن حنیف بروایۃ الحاکم وتصحیح البیہقی جس سے کچھ قتال کرنا بھی

www.besturdubooks.net

معلوم ہوتا ہے مگر یہ اصلی کام نہ تھا بلکہ اس میں یہ حکمت ہو سکتی ہے کہ ایک آدھ واقعہ ایسا ہو جاوے تو صحابہؓ کو آثار خارجیہ سے معیت ملائکہ کا اور زیادہ یقین ہو کر زیادہ قوت قلب کو پہنچے چنانچہ بعض صحابہؓ نے اقدم حیزوم حضرت جبرئیل علیہ السلام کی آواز بھی سنی اور بعض نے خود بعض ملائکہ کو دیکھا بھی رواہ مسلم۔ اور گو اس مقصود یعنی تصرف روحانی کا حاصل ہونا اس پر موقوف نہ تھا کہ ان کے نزول کی خبر بھی دی جاوے لیکن ظاہر ہے کہ اس سے اور زیادہ تقویت قلب کو ہوتی ہے خوب سمجھ لو اور اوپر بیان تھا سبب نصرت کا کہ تقویٰ ہے اور یہاں بیان ہے حکمت کا کہ بشریٰ ہے۔ پس باہم کچھ تعارض نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا روح المعانی میں ہے کہ یہ هَمَّ بمرتبہ عزم میں نہ تھا چنانچہ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا اس کا قرینہ ہے کیونکہ حمایت الٰہیہ میں ہوتے ہوئے ایسا امر مستبعد ہے بلکہ یہ محض حدیث النفس اور وسوسہ تھا آہ ملخصاً۔ احقر کہتا ہے کہ پس آیت صریح ہے اس میں کہ حدیث النفس بالمعصیۃ اور ولایت میں کوئی تنافی نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ آمادہ الخ اشار الی کون تبوی حال مقدرة ای مقدر اللتوبة بالتهنية كيلاتعارض مع روايات القصة التي فيها الخروج الى احد وراحابسطها ابن جرير ۱۲۔ ۲ قولہ جس میں صبر و استقلال بھی داخل ہے اشار به الى وجه الاكتفاء بقوله فاتقوا الله والمقام يقتضي واصبروا ايضا ۱۲۔ ۳ قولہ بڑے درجہ کے فرشتے الخ اخذته من روح المعاني ۱۲۔ ۴ في قولہ ترجمة اويكبتهم اور اگر دونوں اشارة الى كونها مانعة الخلو ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: مسومين قرأ ابن كثير وابو عمرو و عاصم بكسر الواو والباقون بفتحها اى معلمين انفسهم او معلمين من الله تعالىٰ من روح المعاني قلت وترجمت بما يصلح لكليهما

اللغات: تبوئ في القاموس بواه منزلا وفيه انزله مقاعد محل القعود ثم توسع فيه فاطلق بطريق المجاز على المكان مطلقًا وان لم يكن فيه قعود كالمقام لا يلزم ان يكون فيه قيام من روح المعاني تفشلا في القاموس فشل كفرح فهو فشل كسل وضعف وتراخى وجبن اه قلت الظاهر في الآية ان تتراخيا كما في روح المعاني وكان المراد به هنا لازمه لانه الفعل الاختياري الذي يتعلق الهم به لكنه لم يكن عن عزم ۱۲۔ في روح المعاني الفور مصدر من فارت القدر اذا اشتد غليانها ويطلق على الغضب لانه يشبه فور القدر وعلى اول كل شيء ثم استعير للسرعة ثم اطلق على الحال التي لابطاء فيها ولا تراخي والمعنى يأتوكم في الحال قوله مسومين في القاموس السومة بالضم والسيمة والسيماء والسيمياء بكسرهن العلامة ۱۲۔ في القاموس الطرف الطائفة من الشئ والرجل الكريم في روح المعاني القطع لا هلاك قوله يكبتهم في القاموس كبت رد العدو بغيظه واذ له ۱۲۔

النحو: تبوئ حال لكن لا يحتاج الى القول بانها مقدرة لكون المقصود تذكير الزمان المتسع لابتداء الخروج والتبوية وما يترتب عليها اذا هو المذكور القصة من روح المعاني للقتال في روح المعاني متعلق بالفعل قبله (اى تبوئ) او بمحذوف وقع صفة المقاعد لا بالمقاعد لان المكان لا يعمل اذ همت في روح المعاني قيل بدل من اذ غدوت مبين لما هو المقصود بالتذكير ۱۲۔ بشرىٰ مفعول له والاستثناء مفرغ من اعم العلل اى لشئ من الاشياء الا للبشارة بانكم تنصرون قوله ولتطمئن معطوف على البشرىٰ باعتبار الموضع وقوله ليقطع متعلق بقوله تعالىٰ ولقد نصركم الله وما بينهما تحقيق لحقيقته ۱۲۔

البلاغۃ: قوله اذلة جمع قلة لذليل واختير على ذلائل ليدل على قلتهم مع ذلتهم والمراد بها عدم العدة لا الذل المعروف فلا يشكل دخول النبي صلى الله عليه وسلم في هذا الخطاب ان قلنا به كذا في روح المعاني قوله الن يكفيكم في روح المعاني اتى بلن لتاكيد النفي بناء على ما ذهب اليه البعض وفيه اشعار بانهم كانوا كالآيسين من النصر لقلة عددهم وعددهم ۱۲ قوله لكم الخ لا لك في روح المعاني وجه الخطاب نحو المؤمنين تشريفًا لهم وايذانا بانهم هم المحتاجون لما ذكرو اما رسول الله صلى الله عليه وسلم فغني عنه بما من به عليه من التائيد الروحاني والعلم الرباني قوله او يكبتهم قلت فيه استخدام لان المقتول غير المنهزم ۱۲۔

لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

ع ۱۳ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا

الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَاَطِيْعُوا

www.besturdubooks.net

اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾

آپ کو کوئی دخل نہیں یہاں تک کہ خدا تعالیٰ ان پر یا تو متوجہ ہو جائیں یا ان کو کوئی سزا دے دیں کیونکہ وہ ظلم بھی بڑا کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے وہ جس کو چاہیں بخش دیں اور جس کو چاہیں عذاب دیں اور اللہ تعالیٰ تو بڑے مغفرت کرنے والے بڑے رحمت کرنے والے ہیں۔ اے ایمان والو سود مت کھاؤ (یعنی نہ لو اصل سے) کئی حصے زائد (کر کے) اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو امید ہے کہ تم کامیاب ہو اور اس آگ سے بچو جو کافروں کے لئے تیاری کی گئی ہے اور خوشی سے کہنا مانو اللہ تعالیٰ کا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا امید ہے کہ تم رحم کئے جاؤ گے۔ ○

تفسیر: ربط: آگے پھر عود ہے قصۂ اُحد کی طرف۔ درمیان میں مجملاً قصہ بدر کا بمناسبت مقام کے مذکور ہو گیا تھا اور سبب اس کے نزول کا یہ ہوا کہ اس غزوۂ اُحد میں حضور اقدس ﷺ کا دندان مبارک جو کہ سامنے کے دو اوپر دو نیچے کے دانتوں کی کروٹوں میں چار دانت ہوتے ہیں دو اوپر داہنے بائیں اور نیچے داہنے بائیں ان چاروں میں نیچے داھنی طرف کا دانت تھا شہید ہو گیا اور چہرۂ مبارک مجروح ہو گیا تو آپ ﷺ نے یہ فرمایا کہ ایسی قوم کو کیسے فلاح ہو گی جنھوں نے اپنے نبی کے ساتھ ایسا کیا۔ حالانکہ وہ نبی ان کو خدا کی طرف بلا رہا ہے۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی اخرجہ فی لباب النقول عن احمد و مسلم عن انس اور بخاری سے ایک قصہ اور بھی نقل کیا ہے کہ آپ نے بعض کفار کے لئے بددعا فرمائی تھی اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور وہ سب مسلمان ہو گئے۔ یہ دونوں قصے تو احد کے واقعہ کے متعلق ہوئے اور ایک روایت مسلم سے نقل کی ہے کہ رعل و ذکوان اور عصیہ قبائل کفار کے لئے یہ بددعا فرمایا کرتے تھے اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔ پھر اس میں یہ اشکال کیا ہے کہ رعل و ذکوان کا واقعہ بعد احد کے ہوا ہے تو تطبیق نہیں ہو سکتی۔ پھر خود جواب دیا ہے کہ اس روایت میں اتنا مضمون مدرج منقطع ہے کہ یہ آیت نازل ہوئی۔ پس پہلی روایات صحیح ہیں اھ لیکن یہ اشکال باقی رہا کہ پھر آپ نے کیوں بددعا فرمائی۔ اس لئے جواب صحیح یہ ہے کہ ممکن ہے آپ نے بقرینہ تخصیص ضمائر اس حکم کو اہل احد کے ساتھ خاص سمجھا ہو بالخصوص یَتُوْبَ عَلَیْھِمْ سے اشارہ ان کے احتمال ایمان کا بھی معلوم ہوتا ہے۔ رعل و ذکوان میں یہ موانع ظاہر نہ تھے اس لئے بددعا فرمادی اور وہی آیت دوبارہ وحی سے یاد دلائی گئی ہو تا کہ آپ کو حکم کا عموم معلوم ہو جاوے باشتراک علت یعنی احتمال ایمان اگرچہ غیر ناشی عن دلیل ہو اور جاننا چاہئے کہ آپ کا بددعا فرمانا یا اس کا قصد کرنا اجتہاداً تھا نہ وحی سے اذن ثابت تھا نہ ممانعت پس عصمت کے متعلق کوئی اشکال لازم نہیں آتا۔

عود بقصۂ احد: لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ اَوْ یَتُوْبَ عَلَیْھِمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿﴾ (اے محمد ﷺ) آپ کو (کسی کے مسلمان ہونے یا کافر رہنے کے متعلق خود) کوئی دخل نہیں (خواہ علم کا دخل ہو یا قدرت کا بلکہ یہ سب خدا تعالیٰ کے علم اور قبضہ میں ہے کہ آپ کو صبر کرنا چاہئے) یہاں تک کہ خدا تعالیٰ ان پر یا تو (رحمت سے) متوجہ ہو جاویں (یعنی ان کو اسلام کی توفیق دیدیں تو اس وقت صبر مبدل بفرح و سرور ہو جاوے گا) اور یا ان کو (دنیا ہی میں) کوئی سزا دیدیں (تو اس وقت صبر مبدل بہ تشفی قلب ہو جاوے گا اور سزا دینا کچھ بے جا بھی نہیں) کیونکہ وہ ظلم بھی بڑا کر رہے ہیں (مراد اس سے کفر و شرک ہے جیسا فرمایا: اِنَّ الشِّرْکَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ۔ آگے اس مضمون کی تاکید ہے) اور اللہ ہی کی ملک ہے جو کچھ بھی آسمانوں میں ہے اور جو کچھ کہ زمین میں ہے وہ جس کو چاہیں بخش دیں (یعنی اسلام نصیب کر دیں جس سے مغفرت ہوتی ہے) اور جس کو چاہیں عذاب دیں (یعنی اسلام نصیب نہ ہو اور اس وجہ سے عذاب دائمی ہو) اور اللہ تعالیٰ تو بڑے مغفرت کرنے والے (اور) بڑے رحمت کرنے والے ہیں (تو بخشنے کا تو ذرا بھی تعجب نہیں کیونکہ رحمت تو ان کی سابق ہی ہے اسی لئے عذاب دینے کی وجہ اوپر بیان فرمائی فَاِنَّھُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿﴾)۔

ف: صبر کی حد اور انتہا دو چیزوں کو فرمایا ان کا مسلمان ہو جانا یا کسی ہلاکت و وبال میں مبتلا ہو جانا، کیونکہ دونوں حالتوں میں صبر ختم ہو جاتا ہے۔ وجہ یہ کہ صبر ناگوار حالت پر ہوتا ہے اور یہ دونوں حالتیں موافق طبیعت کے ہیں اور مطلب نفی دخل کا یہ ہے کہ بدون اعلام الٰہی علم نہیں۔ اس لئے احتمال مسلمان ہونے کا رہا پھر بددعا کب مناسب ہے چنانچہ بعضے مسلمان ہوئے اور بدون مشیت الٰہی تدبیر میں اثر نہیں اس لئے اس کی فکر بھی نہ چاہئے اور اس فکر اصلاح ہی سے غصہ و غم پیدا ہو جاتا تھا فقط۔

ربط: بذیل آیہ: اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ عنوان فائدہ میں لکھا گیا ہے کہ احد میں عدم نصرت بسبب اختلال تقویٰ کے ہوا ایک اختلال قبل واقعہ کے دوسرا عین واقعہ میں الخ اس سے تو ثابت ہوا کہ بعض اوقات خطایائے سابقہ دوسری اور خطاؤں کے صدور اور بعض طاعات میں خلل ہو جانے کا سبب ہو جاتی ہیں چنانچہ روح المعانی میں بھی تحت آیہ: انما استزلھم کے اس کی تصریح ہے اور تجربہ بھی ہے اس لئے آگے تقویٰ کی تاکید اور اس کے بعض فروع مہمہ کی تصریح اور بعض بڑے معاصی سے مثل ربو کے اجتناب کا حکم فرماتے ہیں تا کہ پابند حدود شرعیہ رہیں تو آئندہ پھر کسی موقع پر کوئی مضرت پیش نہ آوے۔

امر ببعض شعب تقویٰ و نہی از بعضے معاصی: یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْکُلُوا الرِّبٰوٓا (الی قولہ تعالیٰ) لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ اے ایمان والو سود

www.besturdubooks.net

مت کھاؤ (یعنی مت لو اصل سے) کئی حصے زائد (کر کے) اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو امید ہے کہ تم کامیاب ہو (یعنی جنت نصیب ہو اور دوزخ سے نجات ہو) اور اس آگ سے بچو جو (دراصل) کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے (یعنی سود وغیرہ گناہ مت کرو جو دوزخ میں لے جانے والے ہیں) اور خوشی سے کہنا مانو اللہ کا اور (اس کے) رسول ﷺ کا امید ہے کہ تم رحم کئے جاؤ گے (یعنی قیامت میں) **ف**: یہ جو فرمایا کہ اصل سے کئی حصے زائد کر کے الخ سود کے حرام ہونے کی قید نہیں کیونکہ سود قلیل ہو یا کثیر سب حرام ہے بلکہ اس زمانہ کا دستور اسی طرح تھا چنانچہ شان نزول سے معلوم ہوتا ہے جو لباب النقول میں بتخریج فریابی مجاہد سے مروی ہے کہ لوگ باہم معاملہ بیع کا ایک میعاد معین پر دام دینے کے وعدے سے کیا کرتے۔ جب وہ میعاد معین آ جاتی اور دام نہ ادا ہوتے تو دام بڑھا کر اور مہلت دے دیا کرتے اور نیز بسند مذکور عطا سے مروی ہے کہ جاہلیت میں قبیلہ ثقیف بنی نضیر سے معاملہ دین کا کرتے جب میعاد آ جاتی تو کہتے کہ ہم تم کو بڑھا کر دے دیں گے تم اور مہلت دے دو اس پر یہ آیت نازل ہوئی اھ غرض اسی طرح بار بار کرتے چنانچہ روح المعانی میں یہ لفظ بھی ہے وھکذا عند کل اجل اھ اس لئے اس آیت میں اسی کا بیان کر دیا اور دوسری آیت میں مطلقاً بلا کسی قید کے حرام فرما دیا جیسے سورۂ بقرہ کی آیت وحرم الربوا گزر چکی ہے پس دونوں آیتوں کے ملانے سے معلوم ہوا کہ یہ صورت بھی حرام ہے اور دوسری صورتیں جو اس کے علاوہ ہوں وہ بھی حرام ہیں۔ خوب سمجھ لو آج کل بعضے ہوا پرست اس قید سے جو کہ واقعی ہے احترازی نہیں ہیں عام مسلمانوں کو دھوکہ میں ڈالنا چاہتے ہیں اور دراصل [۲] اس لئے کہا کہ گناہوں کی وجہ سے بعضے مسلمان بھی جاویں گے لیکن ان کا اصل مسکن نہیں ہے یہی وجہ ہے کہ بعد از سزا کے آخر میں ببرکت ایمان کے اس سے نکل آویں گے۔ **ربط**: آگے بھی تتمہ ہے مضمون سابق کا جس میں ترغیب ہے تحصیل شعب تقویٰ کی مع وعدۂ ثمرۂ تقویٰ کے کہ مغفرت اور جنت ہے۔ پس اوپر دوزخ سے بچنے کو فرمایا تھا یہاں جنت لینے کو فرماتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] **قوله في ترجمة ليس لك خود فائده هذا القيد مذكور في ف بقوله بدون اعلام وقوله بدون مشيت ۱۲۔ [۲] قوله في ف** دراصل اس لئے کہا الخ **يؤيده ما في روح المعاني عن الامام الاعظم رحمه الله انه كان يقول ان هذه الأية هي اخوف آية في القرآن حيث اوعد الله تعالى المؤمنين بالنار المعدة للكافرين ان لم يتقوه في اجتناب محارمه ۱۲۔**

النحو: قوله اذ يتوب بمعنى الا ان او الى ان ۱۲۔

وَسَارِعُوٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۠ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ڞ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰي مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ اُولٰۗىِٕكَ جَزَاۗؤُھُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾

اور دوڑو طرف مغفرت کی جو تمہارے پروردگار کی طرف سے ہو اور طرف جنت کے جس کی وسعت ایسی ہے جیسے سب آسمان اور زمین وہ تیار کی گئی ہے خدا سے ڈرنے والوں کیلئے ایسے لوگ جو خرچ کرتے ہیں فراغت میں اور تنگی میں اور غصہ کے ضبط کرنے والے ہیں اور لوگوں سے درگزر کرنے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ ایسے نیکو کاروں کو محبوب رکھتا ہے اور ایسے لوگ کہ جب کوئی کام کر گزرتے ہیں جس میں زیادتی ہو یا اپنی ذات پر نقصان اٹھاتے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ کو یاد کر لیتے ہیں۔ پھر اپنے گناہوں کی معافی چاہنے لگتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے سوا اور ہے کون جو گناہوں کو بخشتا ہو اور وہ لوگ اپنے فعل پر اصرار نہیں کرتے اور وہ جانتے ہیں کہ ان لوگوں کی جزا بخشش ہے۔ ان کے رب کی طرف سے اور ایسے باغ ہیں کہ ان کے نیچے سے نہریں چلتی ہونگی۔ ان میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہونگے اور یہ اچھا حق الخدمت ہے ان کام کرنے والوں کا۔

تفسیر: امر بہ شعب تقویٰ و وعدہ جزائے او: وَسَارِعُوٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ (الی قولہ تعالٰی) وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ اور دوڑو طرف مغفرت کے جو تمہارے پروردگار کی طرف سے (نصیب) ہو اور (دوڑو) طرف جنت کی (مطلب یہ کہ ایسے نیک کام اختیار کرو جس سے پروردگار تمہاری مغفرت کر دیں اور تم کو جنت عنایت ہو اور وہ جنت ایسی ہے) جس کی وسعت ایسی (تو) ہے (ہی) جیسے سب آسمان اور زمین (اور زیادہ کی نفی نہیں چنانچہ واقعہ میں زائد ہونا ثابت ہے اور) وہ تیار کی گئی ہے خدا سے ڈرنے والوں کے لئے (یعنی مسلمانوں کے لئے جن میں ایک تو اعلیٰ درجہ کے مسلمان) ایسے لوگ (ہیں) جو کہ (نیک کاموں میں) خرچ کرتے ہیں (ہر حال میں) فراغت میں (بھی) اور تنگی میں (بھی) اور غصہ کے ضبط کرنے والے اور لوگوں (کی تقصیرات) سے درگزر

www.besturdubooks.net

کرنیوالے اور اللہ تعالیٰ ایسے نیکو کاروں کو (جن میں یہ خصال ہوں بوجہ اکمل) محبوب رکھتا ہے اور (ایک ان مذکورین کے اعتبار سے دوسرے درجہ کے مسلمان) ایسے لوگ (ہیں) کہ جب کوئی ایسا کام کرگزرتے ہیں جس میں (دوسروں پر) زیادتی ہو یا (کوئی گناہ کر کے خاص) اپنی ذات پر نقصان اُٹھاتے ہیں تو (معاً) اللہ تعالیٰ (کی عظمت اور عذاب) کو یاد کر لیتے ہیں پھر اپنے گناہوں کی معافی چاہنے لگتے ہیں (یعنی اس طریقہ سے جو معافی کے لئے مقرر ہے کہ دوسروں پر زیادتی کرنے میں ان اہل حقوق سے بھی معاف کرائے اور خاص اپنی ذات کے متعلق گناہ میں اس کی حاجت نہیں اور اللہ تعالیٰ سے معاف کرانا دونوں میں مشترک ہے) اور (واقعی) اللہ تعالیٰ کے سوا اور ہے کون جو گناہوں کو بخشتا ہو (رہا اہل حقوق کا معاف کرنا سو وہ لوگ اس کا اختیار تو نہیں رکھتے کہ عذاب سے بھی بچالیں اور حقیقی بخشش اسی کا نام ہے) اور وہ لوگ اپنے فعل (بد) پر اصرار اور (ہٹ) نہیں کرتے اور وہ (ان باتوں کو) جانتے (بھی) ہیں (فلاں کام ہم نے گناہ کا کیا اور یہ کہ توبہ ضرور ہے اور یہ کہ خدا تعالیٰ غفار ہے۔ مطلب یہ کہ اعمال کی بھی درستی کر لیتے ہیں اور عقائد بھی درست رکھتے ہیں) ان لوگوں کی جزا بخشش ہے ان کے رب کی طرف سے اور (بہشت کے) ایسے باغ ہیں کہ ان کے (درختوں اور مکانوں کے) نیچے سے نہریں چلتی ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہوں گے (اور اسی مغفرت اور جنت کی تحصیل کا شروع آیتوں میں حکم تھا بیچ میں طریقہ اس کا بتلایا ختم پر اس کا وعدہ فرمایا) اور (یہ) اچھا حق الخدمت ہے ان کام کرنے والوں کا (وہ کام استغفار اور حسن اعتقاد ہے اور استغفار کا متمم آئندہ طاعات کی پابندی ہے جس پر عدم اصرار دلالت کرتا ہے) **ف**: ان آیتوں میں دو درجوں کے مسلمانوں کا بیان ہے ایک اعلیٰ درجہ کے ایک ان سے کم اور خدا سے ڈرنے والوں میں سب آگئے کیونکہ توبہ بھی خدا کے ڈر ہی سے ہوتی ہے۔ اور یحب کے ترجمہ میں بوجہ اکمل اس لئے قید لگائی کہ نفس محبوبیت سب اہل اسلام میں مشترک ہے۔ البتہ اعلیٰ درجہ کے لوگوں کے لئے اکمل درجہ کی محبوبیت خاص ہے۔ باقی ضروری قیود اور فوائد خود تقریر ترجمہ سے واضح ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ الخ اس سے ثابت ہوا کہ غیظ طبعی کمال کے منافی نہیں چنانچہ کظم کا موقوف غیظ پر ہونا ظاہر ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا (الی قولہ تعالی) وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا الخ روح میں ہے کہ حسن سے روایت ہے کہ یہ بھی صفت اسی کی ہے جس کی صفت اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ الخ ہے اور اس سے معلوم ہوا کہ گناہ ہو جانا جب کہ توبہ کر لیں اور اصرار نہ کریں محسن ہونے کے منافی نہیں کیونکہ محسنین بھی انہیں کو فرمایا ہے۔ اگر احسان کے وہ معنی متعارف یعنی دوسرے کو نفع پہنچانا ہو تب تو ظاہر ہے۔ اور اگر احسان کے وہ معنی ہوں جو حدیث میں ہے: ان تعبد الله كانك تراه فان لم تكن تراه فانه يراك تب اس لئے کہ اگر ان میں منافات ہو تو لازم آتا ہے کہ محسن اسی شخص پر صادق آوے جو معصوم کے درجہ کا ہو اور اس شخص پر صادق نہ آوے جس نے ایک مدت دراز تک نہایت خوبی اور شائستگی کے ساتھ حق تعالیٰ کی عبادت اور طاعت کی ہو پھر ایک لحظہ کے لئے اس سے کوئی معصیت ہوگئی ہو۔ پھر وہ اس پر اشد درجہ نادم بھی ہوا ہو اور اہتمام سے استغفار کر لیا ہو اور میرا خیال نہیں کہ کوئی اس کا قائل ہو سکے۔ آھ ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ١ **قوله فی** ترجمة سارعوا الی مغفرة ایسے نیک کام الخ فالتقدیر الی موجبات المغفرة کذا صرحوا ۱۲۔ ٢ **قوله فی** ترجمة السموٰت سب آسمان فاللام للاستغراق ۱۲۔ ٣ **قوله فی** ترجمة عرضها زیادہ کی نفی الخ فالتخصیص للتفهیم۔ ٤ **قوله فی** ترجمة المتقین یعنی مسلمانوں الخ لان کل مؤمن خائف بتفاوت المراتب ۱۲۔ ٥ **قوله فی** ترجمة المحسنین ایسے الخ اشارة الی کون اللام العهد ۱۲۔ ٦ **قوله فی** ترجمة الفاحشة زیادتی ہو الخ هذا الفرق فی البیضاوی ۱۲۔ ٧ **قوله فی** توضیح ومن یغفر الذنوب اس کا اختیار نہیں رکھتے محصله ان ابراء العباد شرط للمغفرة لا مغفرة فانها خاصةً بالله تعالیٰ ۱۲۔ ٨ **قوله فی** ترجمة نعم یہ الخ اشارة الی حذف المخصوص بالمدح ای ذلك كذا فی البیضاوی ۱۲۔ ٩ **قوله فی** ترجمة یعلمون حسن اعتقاد فالحال مفیدة لذلك فالتقیید احتراز لان التوبة لا یقبل الا من حسن الاعتقاد ۱۲۔

اللغات: العرض السعة وخلاف الطول كذا فی القاموس ۱۲۔

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١٣٧﴾ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿١٣٨﴾ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٩﴾ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ۭ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٤٠﴾ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ

www.besturdubooks.net

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۖ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۴۳﴾ ع ۱۴ / ۵

بالتحقیق تم سے قبل مختلف طرق گزر چکے ہیں تو تم روئے زمین پر چلو پھرو اور دیکھ لو کہ آخیر انجام تکذیب کرنے والوں کا کیسا ہوا یہ بیان کافی ہے تمام لوگوں کے لئے اور ہدایت اور نصیحت ہے خدا سے ڈرنے والوں کے لئے اور تم ہمت مت ہارو اور رنج مت کرو اور غالب تم ہی رہو گے اور تم پورے مؤمن رہے۔ اگر تم کو زخم پہنچ جائے تو اس قوم کو بھی ایسا ہی زخم پہنچ چکا ہے اور ہم ان ایام کو ان لوگوں کے درمیان ادلتے بدلتے رہا کرتے ہیں اور تا کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو جان لیں اور تم میں سے بعضوں کو شہید بنانا تھا اور اللہ تعالیٰ ظلم کرنے والوں سے محبت نہیں رکھتے اور تا کہ میل کچیل سے صاف کر دے ایمان والوں کو اور مٹا دے کافروں کو ہاں کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ جنت میں داخل ہو گے حالانکہ ہنوز اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو دیکھا ہی نہیں جنہوں نے تم میں سے جہاد کیا ہو اور نہ ان کو دیکھا جو ثابت قدم رہنے والے ہوں اور تم تو مرنے کی تمنا کر رہے تھے موت کے سامنے آنے سے پہلے ہی سو اس کو تو کھلی آنکھوں دیکھ لیا تھا۔

تفسیر ربط: آگے پھر عود ہے قصۂ غزوۂ احد کی طرف بطور تسلی وہی مسلمانوں کے کہ ہمیشہ سے طریق الٰہی چلا آیا ہے کہ انجام کار کفار ہی خائب و خاسر ہوتے ہیں سو تم اگر اس وقت اپنی بے عنوانیوں سے مغلوب ہو گئے لیکن اگر اپنے مقتضیات ایمان یعنی ثبات وتقویٰ پر قائم رہے تو آخیر میں کفار ہی مغلوب ہوں گے۔

عود بسوئے قصۂ احد وتسلیہ مسلمانان: قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ (الی قولہ تعالی) اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ بالتحقیق تم سے قبل (زمانوں میں) مختلف طرق (کے لوگ) گزر چکے ہیں (ان میں مسلمان بھی تھے کفار بھی تھے اور ان میں اختلاف ومقابلہ ومقاتلہ بھی ہوا لیکن انجام کار کفار ہی ہلاک ہوئے چنانچہ اگر تم آثار کا مشاہدہ کرنا چاہو) تو تم روئے زمین پر چلو پھرو اور دیکھ لو کہ اخیر انجام تکذیب کرنے والوں کا (یعنی کفار کا) کیسا ہوا (یعنی ہلاک وبرباد ہوئے چنانچہ ان کی ہلاکت کے آثار اس وقت تک بھی باقی تھے جس کو دوسری آیات میں فرمایا ہے: فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةً (الی قولہ تعالی) فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ الخ وَ اِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ۔ الخ یہ (مضمون مذکور) بیان کافی ہے تمام لوگوں کے لئے (کہ اگر اس میں غور کریں تو عبرت حاصل کر سکتے ہیں) اور ہدایت اور نصیحت ہے خاص خدا سے ڈرنے والوں کے لئے (یعنی ہدایت اور نصیحت بھی لوگ حاصل کرتے ہیں ہدایت یہ کہ حق و باطل کو سمجھیں اور نصیحت یہ کہ اس کے موافق عمل کریں) اور تم (اور اگر اس وقت مغلوب ہو گئے تو کیا ہوا) ہمت مت ہارو اور رنج مت کرو اور (آخر کو) غالب تم ہی رہو گے اور اگر تم پورے مومن رہے (یعنی اس کے مقتضیات پر ثابت رہے) ف: بقیہ تقریر مضمون آیت کی بیان ربط میں لکھی جا چکی ہے دیکھ لیا جاوے۔

ربط: آگے بھی تسلی ہے دوسرے طور پر جس کی تقریر ترجمہ ہی سے معلوم ہو جاوے گی۔

تسلی مسلمانان بتقریر دیگر: اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ۭ (الی قولہ تعالی) وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ اگر تم کو زخم (وصدمہ) پہنچ جاوے (جیسا احد میں ہوا) تو (کوئی گھبرانے کی بات نہیں کیونکہ اس میں چند حکمتیں ہیں ایک تو یہ کہ) اس قوم کو بھی (جو کہ تمہارے مقابل تھی یعنی کفار) ایسے ہی زخم (وصدمہ) پہنچ چکا ہے (چنانچہ گذشتہ سال بدر میں وہ صدمہ اٹھا چکے ہیں) اور (ہمارا معمول ہے کہ) ہم ان ایام کو (یعنی غالب ومغلوب ہونے کے زمانہ کو) ان لوگوں کے درمیان ادلتے بدلتے رہا کرتے ہیں (یعنی کبھی ایک قوم کو غالب اور دوسری کو مغلوب کر دیا کبھی اس کا عکس کر دیا۔ سو اسی معمول کے موافق پارسال مغلوب ہوئے تھے اب کے تم ہو گئے ایک حکمت تو یہ ہوئی) اور (دوسری حکمت یہ ہے) تا کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو (ظاہری طور پر بھی) جان لیویں (کیونکہ مصیبت کے وقت مخلص اور منافق کا امتحان ہو جاتا ہے) اور (تیسری حکمت یہ ہے کہ) تم میں سے بعضوں کو شہید بنانا تھا (بقیہ حکمتیں آگے آتی ہیں درمیان میں جملۂ معترضہ کے طور پر فرماتے ہیں) اور اللہ تعالیٰ ظلم (یعنی کفر وشرک) کرنے والوں سے محبت نہیں رکھتے (پس اسکا احتمال نہ کیا جاوے کہ شاید ان کو محبوب ہونے کی وجہ سے غالب فرما دیا ہو ہرگز نہیں) اور (چوتھی حکمت یہ ہے) تا کہ (گناہوں کے) میل کچیل سے صاف کر دے ایمان والوں کو (کیونکہ مصیبت سے اخلاق واعمال کا تصفیہ ہو جاتا ہے) اور (پانچویں حکمت یہ ہے کہ) مٹا دیوے کافروں کو (یہ دو طور پر ہے ایک یہ کہ غالب آ جانے سے جرأت بڑھے گی پھر مقابلہ میں آویں گے اور ہلاک ہوں گے دوسرے یہ کہ مسلمانوں پر ظلم کرنے سے قہر خداوندی میں مبتلا ہو کر ہلاک ہوں گے) ف: اس اخیر وجہ کا مضمون خوب ادا کیا گیا ہے۔

دیدی کہ خونِ ناحق پروانہ شمع را ☆ چنداں امان نداد کہ شب را سحر کند

اور اول حکمت جو تدا ول کو فرمایا خود اس تداول میں بہت سے مصالح وحکم ہیں جن میں سے ایک بڑی حکمت یہ معلوم ہوتی ہے کہ اس عالم میں مکلف کا ابتلاء باقی رہے اور ہمیشہ مسلمان ہی غالب رہتے تو ایمان لانا کچھ بھی کمال اور مبنی بر بصیرت نہ ہوتا اور عکس میں بھی ضعفاء فتنۂ شدیدہ میں پڑ جاتے جیسا سورۂ زخرف میں

www.besturdubooks.net

فرمایا وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ..... وَزُخْرُفًا الآیۃ اور وَلِيَعْلَمَ کے ترجمہ میں جو یہ قید لگائی کہ ظاہری طور پر اس کی توضیح پارہ سیقول کے رکوع اول تفسیر لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ کے فائدہ میں گزر چکی ہے۔

ربط: اوپر کی آیتوں میں تسلی تھی گذشتہ مصائب کے بارہ میں آگے تقویت قلوب مومنین کی فرماتے ہیں آئندہ مشقتوں کے وقوع پر۔

تقویت قلوب بر مشاق: اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ہاں (اور سنو) کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ جنت میں (خصوصیت کے ساتھ) جا داخل ہو گے حالانکہ ہنوز اللہ تعالیٰ نے (ظاہری طور پر) ان لوگوں کو تو دیکھا ہی نہیں جنہوں نے تم میں سے (خوب) جہاد کیا ہو اور نہ ان کو دیکھا جو (جہاد میں) ثابت قدم رہنے والے ہوں ف: ظاہری طور پر کی قید کا موقع بیان تو ابھی اوپر کی آیت کے فائدہ میں مذکور ہو چکا ہے اور خصوصیت کے ساتھ داخل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اول ہی چلا جاوے اور درجات عالیہ پر بھی پہنچ جاوے سو یہ بدوں مشقت کے نہیں ہوتا جیسا کہ دوسرے نصوص سے معلوم ہوتا ہے اور باقی نفس دخول بعض مومنین کے بے محض فضل و کرم سے بھی ہو سکتا ہے جیسا يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ سے اہل حق نے سمجھا ہے اور جہاد میں خوب کی قید اس لئے لگائی کہ تھوڑا بہت تو جہاد ہوا ہی تھا اور نا تمام ثبات بھی رہا۔ مطلب آیت کا یہ ہوا کہ ابھی تم سے زیادہ جہاد اور ثبات قدم واقع نہیں ہوا اور خصوصیت کے ساتھ جنت میں جانا اس پر موقوف ہے پس آئندہ کے لئے اس میں کوشش کرنا پر ضرور ہے۔

ربط: اوپر نصیحت تھی آگے ایک گونہ ملامت ہے انہزام پر۔

ملامت برانہزام: وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۖ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ اور تم تو (شہید ہو کر) مرنے کی (بڑی) تمنا کر رہے تھے موت کے سامنے آنے کے پہلے سے سو (تمنا کے بعد) اس (کے سامان) کو تو کھلی آنکھوں دیکھ لیا تھا (پھر اس کو دیکھ کر کیوں بھاگنے لگے اور وہ تمنا کہاں بھول گئے)

ف: شان نزول اس آیت کا یہ ہے کہ سال گزشتہ بعض صحابہ جو بدر میں شہید ہوئے اور ان کے بڑے فضائل معلوم ہوئے تو بعض نے تمنا کی کہ کاش ہم کو بھی کوئی ایسا موقع پیش آوے کہ اس دولت شہادت سے مشرف ہوں۔ آخر یہ احد کا غزوہ واقع ہوا تو پاؤں اکھڑ گئے اس پر یہ آیت نازل ہوئی کذا فی لباب النقول بسند ابن ابی حاتم عن ابن عباس۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ الْاٰيَةَ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اس پر انکار فرمایا کہ تم سے اس تمنی کے خلاف افعال کیوں صادر ہوئے مگر نفس تمنی پر انکار نہیں فرمایا اس سے معلوم ہوا کہ مطلق تمنی موت مذموم نہیں بلکہ وہ جب سعادت اخرویہ کے اشتیاق میں ہو جس کی توقع شہادت میں ہوتی ہے تو جائز ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ؎ **قوله في ترجمة فيسروا** اگر تم آثار کا مشاہدہ کرنا چاہو **في روح المعاني قيل المعنى على الشرط اي ان اشككم اه فليس المراد النظروا لا محالة كذا في الكبير ۱۲۔** ۲؎ **قوله** بیان کافی **فالتنوين للتعظيم ۱۲۔** ۳؎ **قوله** ہدایت یہ کہ **الخ به حصل الفرق بين كل من الثلاثة ۱۲۔** ۴؎ **قوله** وصدمہ **عطف تفسيری لان الواقع امور الجرح والقتل والانهزام ويزيده ما في روح المعاني عن البعض تفسير القرح بالانهزام وفيه ان المثلية باعتبار كثرة القتل في الجملة من غير مساوات في العدد ۱۲۔** ۵؎ **قوله** گھبرانے کی بات نہیں **اشارة الى حذف الجزاء اى تسلوا كذا في روح المعاني ۱۲۔** ۶؎ **قوله** اور دوسری حکمت **الخ اشارة الى كونه معطوفا على ما تضمنه الجزاء المحذوف فتقدير الكلام تسلوا مان عادتنا المداولة وليعلم وليتخذ وليمحق ۱۲۔** ۷؎ **قوله في ترجمة منكم** بعضوں کو **اشارة الى كون من تبعيضية ۱۲۔** ۸؎ **قوله في ترجمة ام** ہاں **الخ اشارة الى كون ام منقطعه بمعنى بل للانتقال من كلام الى كلام والهمزة للاستفهام الانكارى فان كلمة هان في لساننا يفيد الانتقال ۱۲۔** ۹؎ **قوله في ترجمة لما يعلم** دیکھا ہی نہیں **مبناه على ان الرؤية القلبية يرادف العلم ولما كان مادة جاننا موحشا عند العامة تركه ۱۲۔** ۱۰؎ **قوله في ترجمة رأيتموه** اس کے سامان **الخ لان الموت ليس بمرئي ففي الكلام مجاز ۱۲۔**

الکلام: **وبما قررت معنى دخول الجنة لم يبق مساغ للمعتزلة ان يتمسكوا بالآية على امتناع دخول الجنة بدون العمل ۱۲۔**

الفقه: في روح المعاني المقصود من هذا الكلام لو مهم على تمنيهم الشهادة في الحرب ثم جبنهم لا على تمني الشهادة نفسها لان ذلك مما لا غتاب عليه كما وهم ۱۲۔

اللغات: **في القاموس دالت الايام دارت۔ والله يداولها بين الناس وفيه محص الذهب بالنار اخلصه مما يشوبه ۱۲۔**

www.besturdubooks.net

النحو والبلاغة: قوله ان يمسسكم في روح المعاني ان قد تجئ لمجرد التعليق من غير نقل من الماضى الى المستقبل قوله تعالى وتلك الايام فى روح المعانى اسم الاشارة مشار به الى ما بعد كما فى الضمائر المبهمة التى يفسرها ما بعدها نحو ربه رجلا و مثله يفيد التفخيم والتعظيم والايام بمعنى الاوقات لا الايام العرفية وتعريفها للعهد اشارة الى اوقات الظفر والغلبة الجارية فيما بين الامم الماضية والآتيه ويوما بدر واحد داخلان فيها دخولاً اوليا واسم الاشارة مبتدأ والايام صفة ونداولها هو الخبر وبين الناس ظرف لنداولها ١٢۔ قوله ويعلم الصٰبرين فى روح المعانى نصب باضمار ان وقيل بوا والصرف والكلام من باب لا تأكل السمك وتشرب اللبن اى ام حسبتم والحال انه لم يتحقق منكم الجمع بينهما اه قلت نفى الجمع قد يكون بنفى كل واحد من الجزئين وقد يكون بنفى احدهما والمقام يحتمل كليهما فان الثبات لم يتحقق واما الجهاد فقد وقع لكن لو نظر الى الغاية صح الانتفاء ١٢۔ قوله تعالى لما يعلم فى روح المعانى فى اختيار لما على لم اشارة الى ان الجهاد متوقع منهم فيما يستقبل بناء على ما يفهم من كلام سيبويه ان لما تدل على توقع الفعل المنفى بها وايثار الصابرين على الذين صبروا للاهذان بان المعتبر هو الاستمرار على الصبر وللمحافظة على رؤس الآى اه قلت بخلاف الجهاد فانه ينكشف عن قريب اما عن الفرح او عن الترح وانتم تنظرون اى رائيتموه معائنين له وهذا على حد قولك رايته وليس فى عينى علة اى رايته رؤية حقيقة لا خفاء فيها ولا شبهة ١٢۔

وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ أَفَإِنْ مَاتَ أَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ
وَمَنْ يَنْقَلِبْ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَضُرَّ اللَّهَ شَيْئًا وَسَيَجْزِي اللَّهُ الشَّاكِرِينَ ﴿١٤٤﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أَنْ تَمُوتَ
إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ كِتَابًا مُؤَجَّلًا وَمَنْ يُرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَنْ يُرِدْ ثَوَابَ الْآخِرَةِ
نُؤْتِهِ مِنْهَا وَسَنَجْزِي الشَّاكِرِينَ ﴿١٤٥﴾ وَكَأَيِّنْ مِنْ نَبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ فَمَا وَهَنُوا لِمَا
أَصَابَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَمَا ضَعُفُوا وَمَا اسْتَكَانُوا وَاللَّهُ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ ﴿١٤٦﴾ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ
إِلَّا أَنْ قَالُوا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِي أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ
ع ١٥ ٦ الْكَافِرِينَ ﴿١٤٧﴾ فَآتَاهُمُ اللَّهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْآخِرَةِ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ﴿١٤٨﴾ يَا أَيُّهَا
الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تُطِيعُوا الَّذِينَ كَفَرُوا يَرُدُّوكُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوا خَاسِرِينَ ﴿١٤٩﴾ بَلِ
اللَّهُ مَوْلَاكُمْ وَهُوَ خَيْرُ النَّاصِرِينَ ﴿١٥٠﴾

اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم رسول ہی تو ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے اور بھی بہت رسول گزر چکے ہیں سو اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہو جائے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہی ہو جائیں تو کیا تم لوگ الٹے پھر جاؤ گے اور جو شخص الٹا پھر بھی جائے گا تو خدا تعالیٰ کا کوئی نقصان نہ کرے گا اور خدا تعالیٰ جلد ہی عوض دے گا حق شناس لوگوں کو اور کسی شخص کو موت آنا ممکن نہیں بدوں حکم اور خدا تعالیٰ کے اس طور سے کہ اس کی میعاد معین لکھی ہوئی رہتی ہے اور جو شخص دنیاوی نتیجہ چاہتا ہے تو ہم اس کو دنیا کا حصہ دے دیتے ہیں اور جو شخص اُخروی نتیجہ چاہتا ہے تو ہم اس کو آخرت کا حصہ دیں گے اور ہم بہت جلد عوض دیں گے حق شناسوں کو اور بہت نبی ہو چکے ہیں' جن کے ساتھ ہو کر بہت بہت اللہ والے لڑے ہیں۔ سو نہ تو ہمت ہاری انہوں نے ان مصائب کی وجہ سے جو ان پر اللہ کی راہ میں واقع ہوئیں اور نہ ان کا زور گھٹا اور نہ وہ دبے اور اللہ تعالیٰ کو ایسے مستقل مزاجوں سے محبت ہے اور ان کی زبان سے بھی تو اس کے سوا کچھ نہیں نکلا کہ انہوں نے عرض کیا اے ہمارے پروردگار ہمارے گناہوں کو اور ہمارے کاموں میں ہمارے حد سے نکل جانے کو بخش دیجئے اور ہم کو ثابت قدم رکھیے اور ہم کو کافر لوگوں پر غالب کیجئے سو ان کو اللہ تعالیٰ نے دنیا کا بھی بدلہ دیا اور آخرت کا بھی عمدہ بدلہ دیا اور اللہ تعالیٰ کو ایسے نیکو کاروں سے محبت ہے۔ اے ایمان والو اگر تم کہنا مانو گے کافروں کا تو وہ تم کو الٹا پھیر دیں گے پھر تم ناکام ہو جاؤ گے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ تمہارا دوست ہے اور وہ سب سے بہتر مدد کرنے والا ہے۞

تفسیر ربط: جب اس غزوۂ احد میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دندان مبارک شہید ہوا اور سر مبارک زخمی ہوا اس وقت کسی دشمن نے پکار دیا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) قتل

www.besturdubooks.net

کئے گئے۔ مسلمان لڑائی بگڑ جانے سے بدحواس اور منتشر ہو ہی رہے تھے اس خبر سے اور بھی کمر ٹوٹ گئی۔ کسی نے تو یہ تجویز کیا کہ اب کفار سے امن لے لینا چاہئے۔ بعضے ہمت ہار کر بیٹھ رہے اور ہاتھ پاؤں چھوڑ دیئے اور بعض بھاگ کھڑے ہوئے بعضے منافق بولے کہ اگر محمد ﷺ نہیں رہے تو پھر اپنا پہلا ہی دین کیوں نہ اختیار کر لیا جاوے۔ بعض نے کہا کہ اگر نبی ہوتے تو قتل کیوں ہوتے۔ اور بعض نے کہا کہ اگر آپ ہی نہ رہے تو ہم رہ کر کیا کریں گے جس پر آپ نے جان دی اس پر ہم کو بھی جان دے دینا چاہئے اور اگر آپ قتل ہو گئے تو کیا ہے اللہ تو قتل نہیں ہوئے۔ اس پریشانی میں اول آپ کو حضرت کعب بن مالک نے دیکھ کر پہچانا اور پکار کر کہا اے مسلمانو یہ ہیں رسول اللہ ﷺ زندہ صحیح سلامت۔ غرض اس وقت پھر مسلمان مجتمع ہوئے آپ نے ان کو ملامت فرمائی۔ عرض کیا یا رسول اللہ یہ خبر سن کر ہمارے دلوں میں ہول بیٹھ گئی۔ اس لئے ہمارے پاؤں اکھڑ گئے۔ اس موقع پر یہ آیت آئندہ نازل ہوئی۔ کذا فی روح المعانی ولباب النقول عن ابن ابی حاتم وغیرہ۔

تتمہ ملامت برانہزام: وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ (الی قولہ تعالی) وَ سَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ اور محمد (ﷺ) نرے رسول ہی تو ہیں (خدا تو نہیں جس پر موت یا قتل ممتنع ہو) آپ سے پہلے بہت سے رسول گزر چکے ہیں (اسی طرح آپ بھی ایک روز آخر گزر ہی جاویں گے) سو اگر آپ کا انتقال ہو جاوے یا آپ شہید ہی ہو جاویں تو کیا تم لوگ (جہاد یا اسلام سے) اُلٹے پھر جاؤ گے (چنانچہ اس واقعہ میں بعضے مسلمان میدان جنگ سے بھاگ پڑے تھے اور منافقین ترغیب ارتداد کی دے رہے تھے) اور جو شخص (جہاد سے خواہ اسلام سے) اُلٹا پھر بھی جاوے گا تو خدا تعالیٰ کا کوئی نقصان نہ کرے گا (بلکہ اپنی ہی کچھ کھو دے گا) اور خدا تعالیٰ جلدی ہی (نیک) عوض دے گا حق شناس لوگوں کو (جو ایسے مواقع پر اللہ تعالیٰ کے انعامات کو یاد رکھ کر اس کی اطاعت پر قائم و مستقل رہتے ہیں اور قیامت کو ملنا جلدی ہی ملنا ہے کیونکہ روزانہ قریب ہی ہو رہی ہے) اور (نیز کسی کے مرنے سے اتنا گھبرانا بھی فضول ہے کیونکہ اول تو) کسی شخص کو موت آنا ممکن نہیں (خواہ طبعاً خواہ قتلاً) بدوں حکم خدا کے پھر جب خدا کے حکم سے ہے تو اس پر راضی رہنا ضرور ہے دوسرے یہ کہ جس کی موت آتی بھی ہے تو) اس طور سے کہ اس کی میعاد معین لکھی ہوئی رہتی ہے (جس میں تقدیم و تاخیر نہیں ہو سکتی تو پھر ارمان اور حسرت محض بیکار ہے وہ تو وقت پر ضرور ہو گی اور وقت سے پہلے ہرگز نہ ہو گی) اور (پھر یہ کہ اس توحش پر بھاگنے کا آخر نتیجہ کیا بجز اس کے کہ یہ ایک ناکافی تدبیر ہے چندے اور زندگی دنیوی کی سو اس کی تدبیر کا اثر سن لو کہ) جو شخص (اپنے اعمال و تدابیرات میں) دنیوی نتیجہ چاہتا ہے تو ہم اس کو دنیا کا حصہ (بشرطِ اپنی مشیت کے) دے دیتے ہیں (اور آخرت میں اُس کے لئے کچھ حصہ نہیں) اور جو شخص (اپنے اعمال و تدابیرات میں) اخروی نتیجہ چاہتا ہے (مثلاً جہاد میں اس لئے ثابت قدم رہا کہ یہ تدبیر ہے ثوابِ آخرت کی) تو ہم اس کو آخرت میں حصہ (وعدہ اور ذمہ کر کے) دیں گے اور ہم بہت جلد (نیک) عوض دیں گے (ایسے) حق شناسوں کو (جو اپنے اعمال میں آخرت کی نعمت کہ رضا و لقا ہے چاہیں)

ف: پہلی جگہ اعمال نیک پر قائم رہنے کو شکر کہا تھا یہاں ان اعمال میں آخرت کی نیت کرنے کو شکر کہا تو کلام میں تکرار نہیں ہے۔

فائدہ: قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ عیسیٰ علیہ السلام کے انتقال فرما چکنے پر استدلال کرنا محض باطل ہے۔ کیونکہ آسمان پر زندہ اُٹھ جانا یہ بھی دنیا سے گزر جانا ہے رسول اللہ ﷺ اگر اس طرح بھی اُٹھ جاتے تب بھی صحابہ کو صدمہ موت ہی کا سا ہوتا اس لئے تسلی میں اس کو دخل تام ہے۔

ربط: آگے بھی تتمہ ہے ملامت کا مخلصین امم سابقہ کا حال یاد دلا کر کہ دیکھو وہ کیسے مستقل رہے تم کو بھی ایسا ہی چاہئے تھا۔

ذکر استقلال مخلصین امم سابقہ: وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ (الی قولہ تعالی) وَ اللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ اور بہت نبی ہو چکے ہیں جن کے ساتھ بہت اللہ والے (کفار کیساتھ) لڑے ہیں سو نہ تو (کام سے) ہمت ہاری انہوں نے ان مصائب کی وجہ سے جو ان پر اللہ کی راہ میں (یعنی جہاد میں) واقع ہوئیں اور نہ ان (کے قلب یا بدن) کا زور گھٹا اور نہ وہ (دشمن کے سامنے) دبے (کہ ان سے عاجزی اور خوشامد کی باتیں کرنے لگے ہوں) اور اللہ تعالیٰ کو ایسے مستقل مزاجوں سے محبت ہے (جو دین کے کام میں ایسے ثابت رہیں) اور (افعال میں تو ان کی کیا لغزش ہوتی) ان کی زبان سے بھی تو اس کے سوا اور کچھ نہیں نکلا کہ انہوں نے (جناب باری میں) عرض کیا کہ اے ہمارے پروردگار ہمارے گناہوں کو اور ہمارے کاموں میں ہمارے حد سے نکل جانے کو بخش دیجئے اور ہم کو (کفار کے مقابلہ میں) ثابت قدم رکھئے اور ہم کو کافر لوگوں پر غالب کیجئے سو (اس استقلال اور دعا کی برکت سے) ان کو اللہ تعالیٰ نے دنیا کا بھی بدلا دیا (یعنی فتح و ظفر) اور آخرت کا بھی عمدہ بدلہ (دیا یعنی ثواب و جنت) اور اللہ تعالیٰ کو ایسے نیکوکاروں سے محبت ہے۔ ف: اس میں تعلیم ہے کہ مصیبت آوے ظاہری تدبیر کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے بھی دعا کرے اور اپنے گناہ بخشوائے کہ اکثر مصیبت کا سبب گناہ ہوتا ہے۔

غم چو بینی زود استغفار کن ☆ غم بامر خالق آمد کار کن

اور اس میں تعریض ہے کہ احد میں مصیبت بوجہ عدول حکمی کے ہوئی اور اگر یہ اشکال ہو کہ وہ لوگ تو اللہ والے تھے پھر ان کے گناہ کیا ہوں گے۔ جواب یہ ہے کہ کچھ نہ کچھ تو انسان سے ہو ہی جاتا ہے اور ایسے اتفاقیات سے اللہ والے ہونے میں خلل نہیں پڑتا۔ خصوص اس وجہ سے کہ وہ فوراً معذرت کر لیتے ہیں۔ اور فتح و

www.besturdubooks.net

ظفر کو ثبات و دعا پر مرتب فرمانا مشعر ہے کہ یہ امور دراصل اس کے اسباب سے ہیں اور کسی عارض سے تخلف ہو جانا منافی سببیت کے نہیں خوب سمجھ لو۔

ربط: چونکہ لڑائی بگڑنے کے وقت بعض منافقین مسلمانوں سے کہنے لگے تھے کہ جب آپ ہی نہ رہے تو اپنا پہلا ہی دین کیوں نہ اختیار کر لیا جاوے اور اس سے ان منافقین کی خباثت اور ان کا دشمن بدخواہ ہونا ظاہر ہے۔ اس لئے اگلی آیت میں مسلمانوں کو کسی امر میں ان کے مشورے کے اتباع سے ترہیب ہے جیسا اوپر مخلصین سابقین کی اتباع کی ترغیب تھی۔

ترہیب مؤمنین از قبول مشورہ کفار و منافقین: يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِن تُطِيعُوا۟ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ (الی قولہ تعالی) وَهُوَ خَيْرُ ٱلنَّٰصِرِينَ

اے ایمان والو اگر تم کہنا مانو گے کافروں کا تو وہ تم کو (کفر کی طرف) الٹا پھیر دیں گے (یعنی ان کا اصل مطلب یہ ہے سو کبھی وہ صراحۃً اس کی طرف بلاتے ہیں اور کبھی ظاہر میں کوئی خیر خواہی کی بات سمجھاتے ہیں لیکن اس میں بھی پیچ ایسا ہی رکھتے ہیں کہ شدہ شدہ وہ تمہید اسی کی ہو جاوے) پھر تم (ہر طرح) ناکام ہو جاؤ گے۔ غرض کسی طرح وہ تمہارے دوست نہیں ہیں) بلکہ اللہ تعالیٰ تمہارا دوست ہے اور وہ سب سے بہتر مدد کرنے والا ہے (پس اسی کی دوستی پر اکتفا کرو اور اسی کو مددگار سمجھو دوسرا مخالف اگر نصرت کی بھی تدبیر بتلاوے خلاف حکم خداوندی عمل مت کرو)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: أَفَإِي۟ن مَّاتَ أَوْ قُتِلَ ٱنقَلَبْتُمْ عَلَىٰٓ أَعْقَٰبِكُمْ الآیۃ ظاہر ہے کہ یہاں صحابہ سے انقلاب کا وقوع نہ ہوا تھا البتہ انقلاب والوں کا سا کچھ عمل ہو گیا تھا جیسے ہزیمت اور جزع فزع شدید اس بناء پر آیت سے معلوم ہوا کہ کسی پیر کے مر جانے پر فزع شدید اور سخت رنج کرنا جیسا کہ اکثر معتقدین عوام بلکہ خواص کا بھی طرز ہے مذموم ہے اور اسی طرح یہ توہم کرنا کہ اب کوئی دین کا حامی و خادم نہ رہا یہ بھی مذموم ہے اور روح میں ہے کہ اس میں اس شخص کے عتاب کی طرف اشارہ ہے جو درمیان میں سے واسطہ کے فوت ہو جانے سے متزلزل ہو جاوے کیونکہ یہ مشاہدہ حق کے منافی ہے آھ)۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله** في ترجمة الا رسول خدا تو نہیں اشارة الى ان القصر اضافي لنفي الالوهية المقصود منه نفي خواصها من وجوب الخلود وامتناع الموت ۱۲۔ ۲؎ **قوله** طبعاً خواہ قتلاً اشارة الى ان الموت يراد به الاعم في قوله ان تموت لدلالة قرينة المقام عليه ۱۲۔ ۳؎ **قوله** في تمهيد ترجمة قوله ومن يرد ثواب الدنيا ناكافي قيد به لان الحذر لا يدفع القدر ۱۲۔ ۴؎ **قوله** في ترجمة منها في الموضعين حصہ اشارة الى ان من تبعيضية لانه لا يوتى احد جميع الدنيا ولا جميع الآخرة وقوله في ترجمة منها بشرط مشیت في الاول ووعده او رذمه في الثاني دليله قوله تعالى من كان يريد العاجلة عجلنا له فيها ما نشاء الخ بتقييده بالمشية الى قوله ومن اراد الآخرة وسعى لها سعيها وهو مومن فاولئك كان سعيهم مشكوراً الآية بلا مثنوية ۱۲۔ ۵؎ **قوله** في الفائدة محض باطل تحقيقه ان الخلو لا يختص بالموت بل يطلق على معنى المضي ايضا كما في القاموس مات ومضى فهو مشترك والمضى عام فانهم يقولون مضيت على بيعي كما في القاموس ايضا وظاهر ان البائع لم يمت ۱۲۔ ۶؎ **قوله** في ترجمة قولهم زبان سے بھی اه لاخذ مفهوم اللسان في مفهوم القول وصرح به ليكون ابلغ باعتبار محاورتنا ۱۲۔ ۷؎ **قوله** في ترجمة اسرافنا حد سے الخ لم يفرق بين الذنب والاسراف تفسيراً لانه ليس عندي الا لتقنن ۱۲۔ ۸؎ **قوله** في ترجمة ثواب الدنيا یعنی فتح وظفر فسر به لا بالغنيمة لما ورد في الاحاديث ان الغنائم لم تحل للامم السابقة بل تاكله النار ومن فسربها اجاب بان الحيوان لم تكن النار تأكله قلت وضعف الجواب ظاهر لان علم اكل النار لها لا يستلزم كونه للغانمين لاحتمال وجوب التصدق به على الفقراء فافهم ۱۲۔ ۹؎ **قوله** کہنا مانو گے لم نخصصه كما خصصه غيرنا فانظرا الى قوله يردوكم المفسر بالكفر لانا حققنا بقولنا یعنی ان کا مطلب الخ صحة ترتبه على مطلق الاطاعة فافهم ۱۲۔ ۱۰؎ **قوله** تمہارے دوست نہیں اشارة الى تقديره لتوجيه معنى بل فافهم ۱۲۔

اللغات: في روح المعاني ربيون منسوب الى الرب كرباني على خلاف القياس واخرج سعيد بن منصور عن الحسن انهم العلماء الفقهاء واخرجه ابن جبير عن ابن عباس او جموع وعليه فهو منسوب الى الربة بكسر الراء وهي الجماعة اه وفي البيضاوي ان الكسر من تغيرات النسب استكانوا في البيضاوي اصله استكن من السكون لان الخاضع يسكن لصاحبه ليفعل به ما يريده والالف من اشباع الفتحة او استكون من الكون لانه يطلب من نفسه ان تكون لمن يخضع له اه في القاموس الوهن الضعف في العمل الضعف ويضم ضد القوة اه قلت ومر استكانوا وبذلك حصل الفرق بين الثلثة فان الوهن كترك الجهاد والضعف سلب القوة عن اركان العمل الناشي عن الجبن والاستكانة بحضرة العدد وروعي هذا في ترجمتي ۱۲۔

النحو: قاتل اسناده الى ربيون او ضمير النبي ومعه ربيون حال عنه واخترت الاول في الترجمة لان ابن كثير ونافعاً وابا عمرو

www.besturdubooks.net

ویعقوب قرء وا قتل مجردا مجهولا والاصل فی القراء ت ان تتوافق ولا ینبغی اسناد المقتولیة الی النبی لما اخرجه ابن المنذر عن ابن جبیر انه کان یقول ما سمعنا قط ان نبیا قتل فی القتال ویقول الحسن وجماعة لم یقتل نبی فی الحرب قط نقل هذه الروایات فی روح المعانی وفیه ثم ان من ادعی اسناد القتل الی النبی وانه فی الحرب ایضا علی ما لشعربه المقام حمل النصرة الموعود بها فی قوله تعالی ان لننصر رسلنا علی النصرة باعلاء الکلمة ونحوه لاعلی الاعداء مطلقًا لئلا متنافی الایتان ۱۲۔

البلاغۃ: وانما جعل قولهم خبر الان ان قالوا اعرف لدلالته علی جهة النسبة وزمان الحدث وخص ثواب الآخرة بالحسن اشعارًا بفضله وانه المعتد به عنده کذا فی البیضاوی قوله ربنا اغفرلنا وفی زیادة لنا اشعار بوفورا لرغبة من روح المعانی فی آخر آل عمران ۱۲۔

سَنُلْقِىْ فِىْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰىٓ اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِى الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ۭ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓي اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّۢا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰي مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵۳﴾

ہم ابھی ڈالے دیتے ہیں ہول کافروں کے دلوں میں بسبب اس کے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کا شریک ایسی چیز کو ٹھیرایا ہے جس پر کوئی دلیل اللہ تعالیٰ نے نازل نہیں فرمائی اور ان کی جگہ جہنم ہے اور وہ بری جگہ ہے بے انصافوں کی اور یقیناً اللہ تعالیٰ نے تو تم سے اپنے وعدہ کو سچا کر دکھلایا تھا جس وقت کہ تم ان کفار کو بحکم خداوندی قتل کر رہے تھے۔ یہاں تک کہ تم جب خود ہی کمزور ہو گئے اور باہم حکم میں اختلاف کرنے لگے اور تم کہنے پر نہ چلے بعد اس کے کہ تم کو تمہاری دلخواہ بات دکھلا دی تھی تم میں سے بعض تو وہ شخص تھے جو دنیا کو چاہتے تھے اور بعض تم میں سے وہ تھے جو آخرت کے طلبگار تھے اس لئے اللہ تعالیٰ نے آئندہ کے لئے اپنی نصرت کو بلند کر لیا اور پھر تم کو ان کفار سے ہٹا دیا تاکہ خدا تمہاری آزمائش فرمادے اور یقین سمجھو کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو معاف کر دیا اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والے ہیں مسلمانوں پر۔ وہ وقت یاد کرو کہ جب تم چڑھے چلے جاتے تھے اور کسی کو مڑ کر بھی نہ دیکھتے تھے اور رسول تمہارے پیچھے کی جانب سے تم کو پکار رہے تھے سو خدا تعالیٰ نے تم کو پاداش میں غم دیا بسبب غم دینے کے تاکہ مغموم نہ ہوا کرو نہ اس چیز پر جو تمہارے ہاتھ سے نکل جائے اور نہ اس چیز پر جو تم پر مصیبت پڑے اور اللہ تعالیٰ سب خبر رکھتے ہیں تمہارے سب کاموں کی۞

تفسیر: ربط: اوپر اللہ تعالیٰ کا مولیٰ اور ناصر ہونا مذکور تھا آگے ایک واقعہ سے اس کا اثبات ہے۔

اثبات نصرتِ الٰہیہ: سَنُلْقِىْ فِىْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ (الی قولہ تعالی) وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ہم ابھی ڈالے دیتے ہیں ہول (وہیبت) کافروں کے دلوں میں بسبب اس کے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کا شریک ایسی چیز کو ٹھہرایا ہے جس (کے قابل شرکت ہونے) پر کوئی دلیل اللہ تعالیٰ نے (لفظاً یا معنیً) نازل نہیں فرمائی اور ان (کافروں) کی جگہ جہنم ہے اور وہ بری جگہ ہے (ایسے) بے انصافوں کی (جو خدا کا حق الوہیت دوسرے کے لئے سمجھیں)

ف: چنانچہ اس القائے رعب کا ظہور اس طرح ہوا کہ اول تو باوجود مسلمانوں کے شکست کھا جانے کے مشرکین بلا کسی سبب ظاہری کے مکہ کو لوٹ گئے کذا فی البیضاوی پھر جب کچھ راستہ قطع کر چکے اپنے اس طرح آ جانے پر بہت افسوس کیا کہ جب بالکل مسلمانوں میں دم نہ رہا تھا اس وقت آنا کیا ضرور تھا اور پھر ارادہ واپسی مدینہ کا کیا مگر کچھ ایسا رعب چھایا کہ پھر نہ آ سکے اور راہ میں کوئی اعرابی مل گیا اس سے کہا کہ ہم تجھ کو اتنا مال دیں گے تو مسلمانوں کو ذرا دبا دینا یہاں وحی سے معلوم ہو گیا آپ ان کے تعاقب میں حمراء الاسد تک پہنچے یہ آیت اس باب میں نازل ہوئی ہے۔ کذا فی روح المعانی بروایۃ ابن جریر عن السدی اور دلیل کا لفظاً ہونا تو ظاہر ہے۔ معنیً کا مطلب یہ ہے کہ شرع نے اس دلیل کی صحت کا اعتبار کیا ہو اس میں دلیل عقلی قطعی داخل ہو گئی۔

ربط: آگے اس غزوہ میں مغلوب ہو جانے کی وجہ بیان فرماتے ہیں۔

سبب مغلوبیت مؤمنین: وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ اور یقیناً اللہ تعالیٰ نے تو تم سے اپنے وعدہ (نصرت) کو سچا کر دکھایا تھا جس وقت کہ تم (ابتدائے قتال میں) ان کفار کو بحکم خداوندی قتل کر رہے تھے (اور یہ غلبہ تمہارا وقتاً

www.besturdubooks.net

فو قاً بڑھتا گیا) یہاں تک کہ جب تم خود ہی (رائے میں) کمزور ہوگئے (اس طرح کہ جو تجویز رسول اللہ ﷺ نے فرمائی تھی کہ مورچہ پر پچاس آدمی اور ایک افسر برابر بیٹھے رہیں بعض نے غلطی فہم سے اس کے خلاف رائے دی کہ اب ہم کو بھی کفار کا تعاقب کرنا چاہئے جیسا اوپر شروع قصہ میں گزر چکا) اور باہم (رسول اللہ ﷺ کے) حکم میں اختلاف کرنے لگے (کہ بعض تو اسی پر ثابت رہے اور بعضے دوسری تجویز کرنے لگے اور انکار و ملامت اسی جزو پر ہے) اور تم (رسول اللہ ﷺ کے) کہنے پر نہ چلے بعد اس کے کہ تم کو تمہاری دلخواہ بات (آنکھوں سے) دکھلا دی تھی (یعنی مسلمانوں کا غلبہ دکھلا دیا تھا اور تمہاری اس وقت یہ حالت تھی کہ) تم میں سے بعضے تو وہ شخص تھے جو دنیا (کا لینا) چاہتے تھے (یعنی کفار کا تعاقب کر کے غنیمت جمع کرنا چاہتے تھے) اور بعضے تم میں وہ تھے جو (صرف[۲]) آخرت کے طلبگار تھے (اور چونکہ بعض سے رائے کی کمزوری اور خلاف حکم رسول ﷺ دوسری تجویز اور آپ کے کہنے پر نہ چلنا اور طلب دنیا ایسے امور صادر ہوئے اس لئے اللہ تعالیٰ نے آئندہ کے لئے اپنی[۳] نصرت کو بند کرلیا اور) پھر تم کو ان کفار (پر غالب آنے) سے ہٹا دیا (اور باوجودیکہ یہ مغلوبیت تمہارے فعل کا نتیجہ تھا مگر پھر بھی یہ بطور سزا نہیں ہوا بلکہ اس مصلحت سے) تاکہ خدا تعالیٰ تمہاری آزمائش (ایمان کی) فرماوے (چنانچہ اس وقت منافقین کا نفاق کھل گیا اور مخلصین کی قدر بڑھ گئی) اور یقین سمجھو کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو معاف کر دیا (اب آخرت میں مواخذہ نہ ہوگا) اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والے ہیں مسلمانوں (کے حال) پر **ف**: اس آیت سے صحابہ رضی اللہ عنہم کے حال پر بڑی عنایت معلوم ہوئی کہ عتاب میں بھی چند در چند تسلیاں فرمائیں ایک یہ کہ یہ سزا نہ تھی بلکہ اس میں بھی تمہاری مصلحت تھی پھر مواخذۂ آخرت سے بے فکر کر دیا چونکہ ظاہر ہے کہ ایسے حضرات جو ایسی عنایات کے مورد ہوں طالب دنیا نہیں ہو سکتے۔ اس لئے یُرِیْدُ الدُّنْیَا میں دنیا کا مراد بالذات ہونا مراد نہیں ہو سکتا اور اس پر قرینہ عقلی بھی ہے وہ یہ کہ اگر یہ حضرات غنائم کو جمع نہ بھی کرتے تب بھی حسب قانون شریعت شریک و مستحق غنیمت یقیناً تھے اس سے معلوم ہوا کہ اس میں بھی آخرت ہی مقصود تھی کہ حفاظت مورچہ کا ثواب حاصل کر کے اب ترہیب و تخریب کفار کا ثواب بھی لیں اسی لئے بعض اقطاب نے اس آیت میں فرمایا: یُرِیْدُ الدُّنْیَا لِلْاٰخِرَةِ وَمِنْكُمْ مَّنْ یُّرِیْدُ الْاٰخِرَةَ الصرفة مگر چونکہ یہ طریق ثواب کا نص کے خلاف تھا اسلئے محمود نہ ہوا گو خطائے اجتہادی سے مخالفت نص کے مجرم نہ کہے جاویں گے اور آزمانے کے معنی کی تحقیق آخر پارہ الٓمّٓ آیت: وَاِذِ ابْتَلٰٓی اِبْرٰهٖمَ میں دیکھ لی جاوے۔

ربط: آگے بھی تتمہ اسی مغلوبیت کے قصہ کا ارشاد ہے۔

تتمہ قصہ مغلوبیت: اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓی اَحَدٍ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ وہ وقت یاد کرو کہ جب تم (بھاگنے میں جنگل کو) چڑھے چلے جاتے تھے اور کسی کو مڑ کر بھی تو نہ دیکھتے تھے اور رسول اللہ (ﷺ) تمہارے پیچھے کی جانب سے تم کو پکار رہے تھے (کہ ادھر آؤ ادھر آؤ مگر تم نے سنا ہی نہیں) سو خدا تعالیٰ نے تم کو پاداش میں غم دیا بسبب (تمہارے) غم دینے کے (رسول اللہ ﷺ کو) تاکہ (اس پاداش و مصیبت سے تم میں پختگی[۴] پیدا ہو جاوے جس سے پھر) تم مغموم نہ ہوا کرو نہ اس چیز پر جو تمہارے ہاتھ سے نکل جاوے اور نہ اس پر جو تم پر مصیبت پڑے اور اللہ تعالیٰ سب[۵] خبر رکھتے ہیں تمہارے سب کاموں کی (اس لئے جیسا کام کرتے ہو اس کے مناسب پاداش تجویز فرماتے ہیں)

ف: آیت: وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ کی تمہید میں گزر چکا ہے کہ حضرت کعب بن مالکؓ نے پکارا تو مسلمان جمع ہوگئے اور یہاں رسول اللہ ﷺ کا پکارنا مذکور ہے اور مسلمانوں کا نہ سننا مفہوم[۶] ہے سو صاحب روح المعانی نے بہت اچھا جواب دیا ہے کہ اول رسول اللہ ﷺ نے پکارا صحابہؓ نے نہ سنا اور دور نکلے چلے گئے اس وقت حضرت کعبؓ نے پکارا اور سن کر سب جمع ہوگئے اھ میں کہتا ہوں کہ اصل وجہ گھبراہٹ کی خبر قتل رسول اللہ ﷺ کی تھی سو آپ کے پکارنے میں اس خبر سے تعرض نہ تھا اور آپ کی آواز کو پہچانا نہ ہوگا۔ حضرت کعبؓ کے پکارنے میں اس خبر کی تکذیب تھی اس سے تسلی ہوگئی باقی عتاب اللہ تعالیٰ کا آپ ﷺ کے پکارنے سے نہ آنے پر اس لئے ہو سکتا ہے کہ استقلال سے ادھر توجہ کرتے تو آواز پہچان سکتے اور رسول اللہ ﷺ کو اس امر سے غم ہوا ہوگا اللہ تعالیٰ نے اس وجہ سے ان کو غم دیا۔ اور یہاں بھی لِّكَیْلَا تَحْزَنُوْا میں صحابہ کے حال پر عنایت مترشح ہوتی ہے کہ اس سے مقصود تربیت تھی اخلاق کی تاکہ ایسے مصائب کے عادی ہو کر استقلال و ثبات پیدا ہو اور خواص عباد پر جو مصائب آتے ہیں ان میں یہی حکمتیں ہوتی ہیں ع ایں بلائے دوست تطہیر شماست۔

چونکہ قبض آمد تو دروی بسط بیں ☆ تازہ باش و چیں میفگن برجبیں

چونکہ قبضے آیدت اے راہ رو ☆ آں صلاح تست آیس دل مشو

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ترجمة ماوى و مثوى جگہ اشارة الى التفنن في العبارة ويمكن ان يفرق بينهما بان الماوى ما يرجع اليه والمثوى ما يستقر فيه وعلى هذا كان تقديم الماوى على المثوى من الحسن بمكان ۱۲۔ ۲ قوله في ترجمة الآخرة صرف فائدته تظهر من تقرير قوله يريد الدنيا في آخر فائدة التفسير ۱۲۔ ۳ قوله قبل ترجمة ثم صرفكم اپنی نصرت کو بند کرلیا هو جواب اذا كما اختاره الزمخشري وعطف عليه ثم صرفكم وبه وضح معنى الغاية في حتى لان الوعد كان بالنصر فالمعنى نصركم حتى اذا كان كذا و كذا

www.besturdubooks.net

لم ينصركم ۱۲۔ ؎۴ قوله پختگی پیدا ہو جاوے فی روح المعانی لتتمرنوا على الصبر فی الشدائد فلا تحزنوا على نفع فات او ضر آت اه قلت فلا غير زائدة وقدر لتتمرنوا لان المجازاة بالغم انما تكون سببا للحزن لا لعدمه ظاهراً ۱۲۔ ؎۵ قوله فی ترجمة خبير سب وترجمة ما سب وجهه كون الفعيل للمبالغة وكون ما للعموم ۱۲۔ ؎۶ قوله فی الفائدة مفہوم ہے لم يقل مذكور اى لانه ليس بمنصوص نعم يفهم من العتاب ۱۲۔

الروایات: فی روح المعانی اخرج الامام احمد وجماعة عن ابن عباس انه قال ما نصر الله تعالٰى نبيه فی موطن كما نصره يوم احد فانكروا ذلك فقال ابن عباس بينی و بين من انكر ذلك كتاب الله تعالٰى ان الله تعالٰى يقول يوم احد ولقد صدقكم الله وعده اه قلت وهذا الوعدا ما كان بلسان الرسول صلى الله عليه وسلم واما اريد به قوله تعالٰى يوم بدر ان تصبروا وتتقوا ويأتوكم من فورهم هذا يمددكم الخ فان السبب وان كان خاصًا لكن صح عموم الوعد بعموم العلة وعليه يحمل ما فی روح المعانی اخرج البيهقی فی الدلائل عن عروة قال كان الله تعالٰى وعدهم على الصبر والتقوىٰ ان يمدهم بخمسة الآلاف من الملائكة مسومين وكان قد فعل (اى يوم بدر) فلما عصوا امر الرسول (اى فی احد) وتركوا مصافهم وتركت الرماة عهد الرسول صلى الله عليه وسلم ان لا يبرحوا منازلهم وارادوا الدنيا رفع الله عنهم مدد الملائكة اه ويجوز ان عروة حمل آية الامداد على قصة احد ۱۲۔ فی روح المعانی الاصعاد الذهاب والابعاد فی الارض لوى بمعنى عطف وكثير اما يستعمل بمعنى وقف وفسر ايضا بلا ترجعون اه قلت وفسرت بالاول وفيه فی اخركم من ورائكم فانه يقال جاء فلان فی آخر الناس وآخرتهم واخراهم اذا جاء خلفهم ۱۲۔

اللغات: الحس القتل والاستيصال۔ قاموس وفيه فشل كسل وضعف و تراخی و جبن اه قلت وحملته على الضعف فی الرائی موافقًا للبيضاوی وقال عصام الفشل الجبن وضعف الراى اه وفيه صرف يصرف رده يرده ۱۲۔

البلاغة: وصرح بسبب الرعب ايذانا بانه ما دام هذه الصفة فيهم لا يزالون مرعوبين ففيه تبشير دائمی للمؤمنين وفيه اشارة الى ان الكفر سبب الضعف فی القلب ولا ينافی التخلف بعارض السببية او يقال كان سببا فی الماضی واعلم ان الآية لا تدل على ان من سماه كافرا وقت النزول لا يزال كافرًا فان ابا سفيان وغيره اسلموا بعد قوله سنلقی السين فيه للاستقبال ان كانت الآية نزلت قبل الرعب وان كانت نزلت بعده فهی لمجرد التاكيد مجردًا عن التسويف ونلقی لحكاية الحال الماضية ذكره عصام۔ قوله مالم ينزل هذا من باب انتفاء المقيد لانتفاء قيده اللازم وهذا كقولهم السالبة لا تقتضی وجود الموضوع ۱۲۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۵۵﴾ ع ۱۶ / ۷ / ۷

پھر اللہ تعالیٰ نے اس غم کے بعد تم پر چین بھیجی یعنی اونگھ کہ تم میں سے ایک جماعت پر تو اس کا غلبہ ہو رہا تھا اور ایک جماعت وہ تھی کہ ان کو اپنی جان ہی کی فکر پڑ رہی تھی۔ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے ساتھ خلاف واقع خیالات کر رہے تھے۔ جو کہ محض حماقت کا خیال تھا۔ وہ یوں کہہ رہے تھے کیا ہمارا کچھ اختیار چلتا ہے آپ فرما دیجئے کہ اختیار تو سب اللہ ہی کا ہے۔ وہ لوگ اپنے دلوں میں ایسی بات پوشیدہ رکھتے ہیں جس کو آپ کے سامنے ظاہر نہیں کرتے کہتے ہیں کہ اگر ہمارا کچھ اختیار چلتا تو ہم یہاں مقتول نہ ہوتے۔ آپ فرما دیجئے کہ اگر تم لوگ اپنے گھروں میں بھی رہتے تب بھی جن لوگوں کے لئے قتل مقدر ہو چکا تھا وہ لوگ ان مقامات کی طرف نکل پڑتے جہاں وہ گرے ہیں اور یہ جو کچھ ہوا اس لئے ہوتا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے باطن کی بات کی آزمائش کرے اور تاکہ تمہارے دِلوں کی بات کو صاف کر دے اور اللہ تعالیٰ سب باطن کی باتوں کو خوب جانتے

www.besturdubooks.net

ہیں۔ یقیناً تم میں جن لوگوں نے پشت پھیر دی تھی جس روز کہ دونوں جماعتیں باہم مقابل ہوئیں اس کے سوا اور کوئی بات نہیں ہوئی کہ ان کو شیطان نے لغزش دے دی ان کے بعض اعمال کے سبب سے اور یقین سمجھو کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف فرما دیا۔ واقعی اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت کرنے والے ہیں بڑے علم والے ہیں۞

تفسیر ربط: اوپر غم کا بیان تھا آگے اس کے ازالہ کا بیان ہے ظاہراً بھی راحت بدنی نعاس سے حاصل ہوئی اور باطناً بھی کہ راحت روحانی بشارت معافی سے حاصل ہوئی اور اس کے ضمن میں منافقین کی بدحالی اور اس بدحالی کی وجہ سے ان راحتوں سے محروم رہنا مذکور ہے۔

عفو و عافیت مؤمنین: ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ پھر اللہ تعالیٰ نے اس غم (مذکور) کے بعد تم پر چین (اور راحت) بھیجی یعنی اونگھ (جب کہ کفار میدان سے واپس ہو گئے اس وقت غیب سے مسلمانوں پر اونگھ غالب ہوئی جس سے سب غم غلط ہو گیا) کہ تم میں سے ایک جماعت پر (یعنی مسلمانوں پر) تو اس کا غلبہ ہو رہا تھا اور ایک جماعت وہ تھی (یعنی منافقین) کہ ان کو اپنی جان ہی کی فکر پڑ رہی تھی (کہ دیکھئے یہاں سے بچ کر بھی جاتے ہیں) وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے ساتھ خلاف واقع خیالات (تجویز) کر رہے تھے جو کہ محض حماقت کا خیال تھا (وہ خیال آگے ان کے قول سے معلوم ہوتا ہے اور اس کا ناشی عن الحماقت ہونا اس قول کے جواب سے اس قول کا بیان یہ ہے کہ) وہ یوں کہہ رہے تھے کیا ہمارا کچھ اختیار چلتا ہے (یعنی کچھ نہیں چلتا اس اختیار سے مراد یہ ہے کہ قبل قتال یہ لوگ جہاد سے جی چراتے تھے اور دوسروں کو بھی روکتے تھے۔ مطلب یہ کہ ہماری کسی نے نہ سنی خواہ مخواہ مصیبت میں پھنسے) آپ فرما دیجئے کہ اختیار تو سب اللہ ہی کا (چلتا) ہے۔ (مطلب یہ کہ اگر تمہاری رائے پر عمل بھی ہوتا جب بھی قضائے الٰہی غالب رہتی اور جو افتاد آنے والی تھی آ کر رہتی چنانچہ آگے ان کے قول کا مطلب اور جواب کا مطلب مفصل آتا ہے) وہ لوگ اپنے دلوں میں ایسی بات پوشیدہ رکھتے ہیں جس کو آپ کے سامنے (صراحۃً) ظاہر نہیں کرتے (کیونکہ ظاہر میں تو اس کہنے کا کہ کیا ہمارا اختیار الخ یہ ہو سکتا ہے کہ تقدیر الٰہی کے سامنے بندہ کی تدبیر نہیں چلتی تو عین ایمان کی بات ہے اور جواب بھی ایسا لطیف ہے کہ اس میں اس معنی کی تصدیق ہے کہ واقعی اختیار اللہ ہی کا غالب ہے مگر ان کا مطلب یہ نہیں تھا بلکہ وہ اس معنی کر کہتے ہیں کہ اگر ہمارا کچھ اختیار چلتا (یعنی ہماری رائے پر عمل ہوتا) تو ہم (میں جو لوگ مقتول ہوئے وہ) یہاں مقتول نہ ہوتے (چونکہ ان کے قول کا یہ مطلب تھا آگے جواب کی تفصیل ہے جس سے ان کے قول کی تکذیب ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ) آپ فرما دیجئے کہ اگر تم لوگ اپنے گھروں میں بھی رہتے تب بھی جن لوگوں کے لئے قتل مقدر ہو چکا تھا وہ لوگ ان مقامات کی طرف (آنے کے لئے) نکل پڑتے جہاں وہ (قتل ہو ہو کر) گرے ہیں (غرض یہ ظاہری جس قدر مضرت ہوئی وہ تو ٹلنے والی نہ تھی) اور (منافع تھے اس میں عظیم کیونکہ) یہ جو کچھ ہوا اس لئے ہوا تا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے باطن کی بات (یعنی ایمان) کی آزمائش کرے (کیونکہ اس مصیبت کے وقت منافقین کا نفاق کھل گیا اور مؤمنین کا ایمان اور زیادہ مؤکد اور محقق ہو گیا) اور تا کہ تمہارے دلوں کی بات (یعنی اسی ایمان) کو (شوائب و وساوس سے) صاف کر دے (کیونکہ مصیبت سے مومن توجہ الی غیر اللہ سے منزہ ہو جاتا ہے اور اس سے ایمان و عقیدہ کا تصفیہ ہونا ظاہر ہے) اور (یوں) اللہ تعالیٰ سب باطن کی باتوں کو خوب جانتے ہیں (ان کو آزمائش کی حاجت نہیں مگر اس لئے کہ عام طور پر اس کا انکشاف ہو جاوے ایسے امور کو واقع کر دیتے ہیں) یقیناً تم میں جن لوگوں نے (میدان جنگ سے) پشت پھیر دی تھی جس روز کہ دونوں جماعتیں (مسلمانوں اور کفار کی) باہم مقابل ہوئیں (یعنی احد کے روز) اس کے سوا اور کوئی بات نہیں ہوئی کہ ان کو شیطان نے لغزش دے دی ان کے بعض اعمال (گذشتہ) کے سبب سے (یعنی ان سے کچھ خطا و قصور ایسے ہو گئے تھے جس سے شیطان کو ان سے اور معصیت کرا دینے کی بھی طمع ہو گئی اور اتفاق سے وہ طمع پوری ہو گئی) اور یقین سمجھو کہ (اب) اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف فرما دیا واقعی اللہ تعالیٰ بڑے مغفرت کرنے والے ہیں (کہ اخیر میں بخش دیا) بڑے حلم والے ہیں (کہ صدور خطا کے وقت بھی کوئی عقوبت نہیں دی)

ف: چند امور سمجھنے کے قابل ہیں اول یہ کہ ابتلاء اور تمحیص اور عفو کا ذکر پہلے بھی آ چکا اور یہاں پھر کیا گیا۔ سو اس تکرار کی وجہ یہ ہے کہ اوپر تو مسلمانوں کی تسلی کرنا منظور تھا اور یہاں منافقین کے اس خیال کا ابطال ہے کہ ہماری رائے پر عمل نہ کرنے سے کیسے نقصان اٹھائے، تو جتلا دیا کہ نقصان میں یہ منافع تھے تو وہ نقصان نہ تھے اور جو حقیقی نقصان تھا گناہ وہ معاف ہو گیا پس اختلاف غرض سے تکرار نہ رہا دوسرے یہ کہ لِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ الخ سے معلوم ہوتا ہے کہ مصیبت کی وجہ یہ امور تھے اور اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ سے معلوم ہوتا ہے کہ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا وجہ تھی۔ سو بات یہ ہے کہ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا تو سبب ہے فرار کا اور وہ امور حکمتیں ہی ہیں مصائب کی پس مسبب بدل گیا اگر کہا جاوے کہ فرار سبب تھا مصائب کا اور سبب السبب سبب ہے تو بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا سبب ہوا مصائب کا بھی۔ تو جواب یہ ہے کہ سبب مصائب کا بَعْضِ مَا كَسَبُوْا ہوا اور حکمت وہ امور ہوں تو تعارض نہیں کیونکہ سبب وجوداً مقدم ہوتا ہے اور حکمت وجوداً مؤخر۔ تیسرے یہ کہ حلیم سے مفہوم ہوتا ہے کہ عقوبت نہیں ہوئی حالانکہ اَثَابَكُمْ وغیرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ پاداش ہوئی۔ جواب یہ ہے کہ عقوب قہر یہ نہیں ہوئی پاداش اصلاحی ہوئی۔

فائدہ: صحابہ کے بعض معاندین نے اس واقعہ سے صحابہؓ پر خصوصاً حضرت عثمانؓ پر طعن کیا ہے اور اس سے عدم صلاحیت خلافت کی مستنبط کی ہے لیکن محض مہمل بات ہے جب اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیا اب دوسروں کو مواخذہ کرنے کا کیا حق رہا۔ چنانچہ حضرت ابن عمر نے ایک شخص کو یہی جواب دیا تھا رواہ البخاری۔ ربا

www.besturdubooks.net

قصہ خلافت کا سو اہل حق کے نزدیک خلافت کے لئے عصمت شرط نہیں ہے پس شبہ ساقط ہے۔

فَائِدَہ: اور بِبَعْضِ مَا کَسَبُوْا سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک گناہ سے دوسرا گناہ پیدا ہوتا ہے جیسا کہ ایک طاعت سے دوسری طاعت کی توفیق بڑھتی جاتی ہے۔

رَبط: اوپر منافقین کا قول نقل کیا تھا: لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا۔ جس کا حاصل وہی تھا جس کو آگے اس عبارت سے نقل کیا ہے لَوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا۔ چونکہ ایسے اقوال کے سننے سے احتمال ہوسکتا ہے کہ مسلمانوں کے دلوں میں اس قسم کے وساوس پیدا ہونے لگیں اس لئے حق تعالیٰ آیت آئندہ میں مسلمانوں کو ایسے اقوال اور ایسے احوال سے ممانعت فرماتے ہیں۔

تَرجمہ مَسَائِلُ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ: وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ یعنی تمہاری استعداد میں جو صدق و اخلاص و توکل وغیرہ ہے اس کا اس طرح امتحان فرماوے کہ اس کو قوت سے فعل کی طرف لاوے اور قلب میں جو کچھ وساوس و خواطر نفس کا میل کچیل ہے اس کو دور کرے کیونکہ بلاء میں یہ خاصیت ہے کذا فی الروح۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا وجہ یہ کہ ذنوب سے ظلمت پیدا ہوتی ہے اور شیطان کا قابو اسی وقت ہوتا ہے جب قلب میں ظلمت پاتا ہے اور روح المعانی میں زجاج سے نقل کیا ہے کہ شیطان نے ان کو بعضے وہ گناہ یاد دلائے جن کو لے کر حق تعالیٰ سے ملنا ان کو خوش معلوم نہ ہوا اس لئے وہ جہاد سے ہٹ گئے تاکہ وہ اپنی حالت کی درستی کر کے پسندیدہ حالت پر جہاد کریں اور خدا تعالیٰ سے ملیں آہ احقر کہتا ہے کہ زجاج کی تفسیر پر آیت اصل ہے اس مقولہ کی جو شیخ اکبرؒ سے مشہور ہے کہ تکمیل توبہ کے بعد پھر گناہوں کو یاد کرنا مناسب نہیں کیونکہ وہ بندہ کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان حجاب ہو جاتے ہیں۔

الرِّوَایَات: فی روح المعانی اخرج ابن جریر عن السدی ان المشرکین انصرفوا یوم احد بعد الذی کان من امرهم وامر المسلمین فلما ابصرهم رسول الله صلی الله علیه وسلم نادی باعلی صوته بذهابهم فلما رای المؤمنون ذلك صدقوا نبی الله صلی الله علیه وسلم فناموا وبقی اناس من المنافقین یظنون ان القوم یأتونهم فذلك قوله تعالیٰ ثم انزل علیکم الخ مختصرا وفی روح المعانی ذکر ابو قاسم البلخی انه لم یبق مع النبی صلی الله علیه وسلم یوم احد الا ثلثة عشر نفسا خمسة من المهاجرین ابوبکر وعلی وطلحة وعبدالرحمٰن بن عوف وسعد بن ابی وقاص والباقون من الانصار رضی الله عنهم اجمعین اه وفیه واما سائر المنهز مین فقد اجتمعوا فی ذلك الیوم علی الجبل وعمر بن الخطاب رضی الله عنه من هذا الصنف کما فی خبر ابن جریر۔ وفی الترمذی عن ابی الطلحة قال رفعت راسی یوم احد فجعلت انظر وما منهم یومئذ احد الا یمید تحت حجفته من النعاس وعنه فی روایة اخریٰ قال فجعل سیفی یسقط من یدی و آخذه ویسقط من یدی و آخذه الحدیث۔ ۱۲

لطفه هذه الآية جامعة لجميع حروف الهجاء وكذا آية محمد رسول الله الخ في سورة الفتح ويختص به هاتان الآيتان ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَۃ: قرأ ابو عمرو ویعقوب کله بالرفع علی الابتداء ولله خبره والمجموع خبران ۱۲۔

اللُّغَات: مضاجعهم فی روح المعانی جمع مضجع فان کان بمعنی المرقد فهو استعارة للمصرع وان کان بمعنی محل امتداد البدن مطلقًا للحی والمیت فهو حقیقة ۱۲۔

النَّحْو: قوله امنة مفعول له وقوله نعاسًا بدل۔ قوله طائفة قد اهمتهم فی روح المعانی طائفة مبتدأ وجملة قد اهمتهم خبره وجاز ذلك مع کونها نکرة لو قوعها موقع التفصیل یظنون فی روح المعانی حال من ضمیر اهمتهم لا من طائفة وان تخصصت لما فی مجئی الحال من المبتدأ من المقال قوله ولیبتلی الله فی روح المعانی اللام للتعلیل لفعل مقدر کانه قیل فعل ما فعل لمصالح جمة ولیبتلی ۱۲۔

البَلَاغَۃ: قوله من بعد الغم فی روح المعانی والتصریح بتاخر الانزال عن الغم مع دلالة ثم علیه وعلی تراخیه عنه لزیادة البیان وتذکیر عظم المنة به قوله ولیمحص فی روح المعانی وانما عبر بالقلوب ههنا کما قیل لان التمحیص متعلق بالاعتقاد علی ما اشرنا الیه وقد شاع استعمال القلب مع ذلك فیقال اعتقد بقلبه ولا تکاد تسمعهم یقولون اعتقد بصدره نعم یذکر الصدرُ مع الاسلام کما فی قوله افمن شرح الله صدره للاسلام وربما یقال عبر بذلك للتفنن بناء علی ان المراد بالجمعین واحد قوله اهمتهم انفسهم فی روح المعانی ان العرب تطلق هذا اللفظ علی الخائف الذی شغله هم نفسه عن غیره ۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِي الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى

لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا ۚ لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۗ وَاللّٰهُ

www.besturdubooks.net

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿١٥٦﴾ وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿١٥٧﴾ وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِ۟لَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿١٥٨﴾ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِى الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿١٥٩﴾

اے ایمان والوتم ان لوگوں کی طرح مت ہو جانا جو کہ کافر ہیں اور کہتے ہیں اپنے بھائیوں کی نسبت جب کہ وہ لوگ کسی سرزمین میں سفر کرتے ہیں یا وہ لوگ کہیں غازی بنتے ہیں کہ اگر یہ لوگ ہمارے پاس رہتے تو نہ مرتے اور نہ مارے جاتے تا کہ اللہ تعالیٰ اس بات کو ان کے قلوب میں موجب حسرت کر دیں اور مارتا جلاتا تو اللہ ہی ہے اور اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کرتے ہو سب کچھ دیکھ رہے ہیں اور اگر تم اللہ کی راہ میں مارے جاؤ یا کہ مر جاؤ تم بالضرور اللہ تعالیٰ کے پاس کی مغفرت اور رحمت ان چیزوں سے بہتر ہے جن کو یہ لوگ جمع کرتے ہیں اور اگر تم لوگ مر گئے یا مارے گئے بالضرور اللہ ہی کے پاس جمع کئے جاؤ گے۔ بعد اس کے خدا ہی کی رحمت کے سبب آپ ان کے ساتھ نرم رہے اور اگر آپ تندخو سخت طبیعت ہوتے تو یہ آپ کے پاس سے سب منتشر ہو جاتے۔ سو آپ ان کو معاف کر دیجئے اور آپ ان کے لئے استغفار کر دیجئے اور ان خاص باتوں میں مشورہ لیتے رہا کیجئے۔ پھر جب آپ رائے پختہ کر لیں تو خدا تعالیٰ پر اعتماد کیجئے۔ بیشک اللہ تعالیٰ ایسے اعتماد کرنے والوں سے محبت فرماتے ہیں ۞

تفسیر: نہی مومنین از تقلید اقوال منافقین: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا (الی قولہ تعالیٰ) وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِ۟لَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ اے ایمان والوتم ان لوگوں کی طرح مت ہو جانا (یعنی ان لوگوں کی سی بات مت کرنا) جو کہ (حقیقت میں) کافر ہیں (گو ظاہراً اسلام کا دعویٰ کرتے ہوں یعنی منافق ہیں) اور کہتے ہیں اپنے (ہم نسب یا ہم مشرب) بھائیوں کی نسبت جب کہ وہ لوگ کسی سرزمین میں سفر کرتے ہیں (اور وہاں اتفاقاً مر جاتے ہیں) یا وہ لوگ کہیں غازی بنتے ہیں (اور اس میں قضاءً قتل ہو جاتے ہیں تو وہ منافقین کہتے ہیں) کہ اگر یہ لوگ ہمارے پاس رہتے (اور سفر اور غزوہ میں نہ جاتے) تو نہ مرتے اور نہ مارے جاتے (یہ بات ان کے دل و زبان پر اس واسطے آتی ہے) تا کہ اللہ تعالیٰ اس بات کو (بنا بر اس خیال کے جس سے یہ بات ان کی زبان پر آئی) ان کے قلوب میں موجب حسرت کر دیں (یعنی نتیجہ اس کا بجز حسرت کے کچھ نہیں) اور مارتا جلاتا تو اللہ ہی ہے (خواہ سفر ہو یا حضر خواہ لڑائی ہو یا امن) اور اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کرتے ہو سب کچھ دیکھ رہے ہیں (سو اگر تم بھی ایسی باتیں کرو گے یا دل میں سمجھو گے اللہ تعالیٰ سے مخفی نہ رہے گا) اور اگر تم لوگ اللہ کی راہ میں مارے جاؤ یا کہ (اللہ کی راہ میں) مر جاؤ تو (خوب نفع میں رہو کیونکہ) بالضرور اللہ تعالیٰ کے پاس کی مغفرت اور رحمت دنیا کی) ان چیزوں سے (بدرجہا) بہتر ہے جن کو یہ لوگ جمع کر رہے ہیں اور اسی کے لالچ میں زندگی کو محبوب رکھتے ہیں) اور اگر تم (ویسے بھی) مر گئے یا مارے گئے (تب بھی) بالضرور اللہ ہی کے پاس جمع کئے جاؤ گے (پس اول تو قضا نہیں ٹلتی دوسرے اللہ کے پاس جانے سے کسی حال میں بچتے نہیں اور دین کی راہ میں مرنا یا مارا جانا موجب مغفرت و رحمت ہے تو ویسے مرنے سے دین کی راہ میں جان دینا ہی بہتر ٹھہرا پھر ایسے اقوال محض بے کار اور عاجلاً موجب حسرت اور آجلاً موجب نار) **ف**: اس مقام پر ان کے قول کے دو جواب ہیں اول: وَاللّٰهُ يُحْيٖ الخ اور دوسرا وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ الخ یہ جو فرمایا کہ جب وہ سفر کرتے ہیں میرے نزدیک اس سفر سے دینی کام کے لئے سفر کرنا مراد ہے جیسا کہ جواب میں اس فرمانے سے معلوم ہوتا ہے وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ الخ کیونکہ وہاں مطلق سفر مراد لیا جاوے تو اس جواب میں ان کے قول کے ایک جزو سے تعرض نہ ہوگا گو پہلا جواب وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ اس سے معترض ہے لیکن اگر اس دوسرے جواب میں بھی دونوں جزو سے تعرض ہو تو زیادہ بلیغ ہے اور اگر وسوسہ ہو کہ جواب میں تو مطلق متم فرمایا ہے فی سبیل اللہ کی اس میں قید نہیں ہے۔ جواب یہ ہے کہ مغفرت و رحمت کا ترتب قرینہ ہے۔ اس تقیید کا پس جب موت کا فی سبیل اللہ کی قید سے مقید ہونا اور دونوں جوابوں میں دونوں جزؤں سے تعرض مناسب ہونا ثابت ہو گیا تو معلوم ہوا کہ سفر سے مراد دینی سفر ہے واللہ اعلم اور اِخْوَانِهِمْ کے ترجمہ میں جو تعمیم کی ہے کہ ہم مشرب یا ہم نسب بھائی الخ مراد ہم مشرب سے منافقین ہیں اور ہم نسب مسلمان بھی تھے۔ پس اگر مراد ثانی ہے تو ان کا سفر دینی اور ان کا غزوہ اور ان کے لئے مغفرت و رحمت کا وعدہ سب ظاہر ہے لیکن یہ بات قابل تحقیق ہے کہ ان کے مرنے یا مارے جانے سے منافقین کو حسرت کیا ہوئی۔ جواب یہ ہے کہ یا تو حسرت اس لئے ہوئی کہ آخر قرابت سے کچھ اضطراری تعلق تو ہوتا ہی ہے اور یا یوں کہا جاوے کہ مومنین کی موت یا قتل حسرت نہ ہوئی۔ لیکن اس قول اور اس قول کے منشاء یعنی اعتقاد فاسد سے یہ امر متیقن ہوا کہ وہ اسباب عادیہ کو مؤثر حقیقی سمجھتے ہیں تو ایسا شخص اگر کسی وجہ سے ایک واقعہ میں نہیں تو دوسرے واقعات کثیرہ میں ہمیشہ متحسر رہا کرے گا۔ اور اسی درجہ اعتقاد تاثیر میں تو کہنا حدیث میں ممنوع آیا ہے اور اگر مراد اول ہے تو حسرت کی توجیہ بہت ظاہر ہے لیکن اور امور قابل تحقیق ہوں گے سو کبیر میں کہا ہے شاید اتفاقاً کوئی منافق مقتول ہو گیا ہو گا اھ میں

www.besturdubooks.net

کہتا ہوں اسی طرح کوئی دینی سفر میں دباد بایا چلا گیا ہوگا اور ترتب مغفرت ورحمت کی تقریر یوں ہوگی کہ ان اقوال کو چھوڑ کر اگر ایمان واعتقاد درست کرلیں تو ان کے کام بھی فی سبیل اللہ ہونے سے موجب مغفرت ورحمت ہونے لگیں۔

ربط: اوپر ذکر ہو چکا ہے بعض مسلمانوں کی لغزش کا جو احد کے روز صادر ہوگئی تھی کہ میدان سے بھاگ گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاں بٹھلا دیا تھا وہاں نہ بیٹھے رہے چونکہ اس قصہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوفت وغم پہنچا جیسا کہ فَاَثَابَكُمْ غَمًّا بِغَمٍّ کی تفسیر مذکور بھی اس پر دال ہے۔ گو آپ اپنے وسعت اخلاق سے اور ان کی دل شکنی کے خیال سے ان حضرات کے ساتھ سختی وملامت سے پیش نہیں آئے لیکن اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا کہ ان صاحبوں کی طرف سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب مبارک پر بھی انقباض نہ رہے اور نیز ان صاحبوں کے دل سے بھی یہ کلفت ڈھل جائے اس لئے اول آیات گذشتہ میں اپنی معافی کی بشارت سنا کر آئندہ آیت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو چند امور کا حکم فرماتے ہیں جن سے غرض مذکور حاصل ہو جاوے۔

خطاب برسول اللہ ﷺ بابت عفواز صحابہ: فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ بعد اس ؓ کے (کہ ان صاحبوں سے ایسی لغزش ہوئی کہ آپ کو ان پر حق ملامت حاصل تھا) خدا ہی کی رحمت کے سبب (جو کہ آپ پر ہے) آپ ان کے ساتھ نرم رہے (اس نرم اخلاقی کو رحمت کے سبب اس لئے فرمایا کہ خوش اخلاقی عبادت ہے اور عبادت کی توفیق خدا تعالیٰ کی رحمت سے ہوتی ہے) اور اگر آپ (خدانخواستہ) تندخو سخت طبیعت ہوتے تو یہ (بیچارے) آپ کے پاس سے سب منتشر ہو جاتے (پھر ان کو یہ فیوض وبرکات کیسے میسر ہوتے) سو (جب آپ نے ان کا افاضہ کے لئے ان کے ساتھ برتاؤ میں ایسی نرمی اختیار فرمائی تو آپ ؐ کے حکم میں جو ان سے کوتاہی ہوئی اس کو) آپ (دل سے بھی) ان کو معاف کر دیجئے اور (جو کچھ ان سے خدا تعالیٰ کے حکم میں کوتاہی ہوگئی اس میں) آپ ان کے لئے (حق تعالیٰ سے) استغفار کر دیجئے (گو اللہ تعالیٰ نے اس لغزش کو معاف فرما دیا ہے مگر آپ کا استغفار فرمانا یہ علامت ہوگی آپ کی زیادہ شفقت کی جس سے ان کی اور زیادہ تسلی ہوگی) اور (بدستور) ان سے خاص ؒ خاص باتوں میں مشورہ لیتے رہا کیجئے (تاکہ اس سے اور دونا ان کا جی خوش ہو) پھر (مشورہ لینے کے بعد) جب آپ (ایک جانب) رائے پختہ کرلیں (خواہ وہ انکے مشورہ کے موافق ہو یا مخالف ہو) سو خدا تعالیٰ پر اعتماد (کر کے اس کام کو کر ڈالا کیجئے) بیشک اللہ تعالیٰ ایسے اعتماد کرنے والوں سے (جو خدا تعالیٰ پر اعتماد رکھیں) محبت فرماتے ہیں۔ **ف**: یہ جو کہا گیا کہ خاص خاص باتوں مراد ان سے وہ امور ہیں جن میں آپ پر وحی نازل نہ ہوئی ہو ورنہ بعد وحی کے پھر مشورہ کی کوئی گنجائش نہیں اور

ف: فوائد مشورہ نبویہ باصحابہ ؓ: یہ جو کہا گیا کہ اس سے اور دونا ان کا جی خوش ہو یہ اس مقام کے مناسب ایک حکمت ہے منجملہ فوائد مشورہ کے۔ ابن جریر نے اس کو قتادہ سے نقل کیا ہے اور دوسری حکمتیں بھی ہیں مثلاً یہ کہ آپ کی امت کے لئے یہ سنت قرار پاوے۔ اس کو بیہقی نے حسن سے نقل کیا ہے اور اس کی تائید میں ابن عدی اور بیہقی نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ ورسول کو تو اس مشورہ کی حاجت نہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کو میری امت کے لئے ایک رحمت بنائی ہے اھ یا یہ کہ کسی امر میں ممکن ہے کہ مشورہ سے تقویت رائے کی بھی حاصل ہو جاوے جیسا ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما سے فرمایا کہ اگر تم دونوں کسی مشورہ پر متفق ہو جاؤ تو میں اس کے خلاف نہ کروں اخرجه الامام احمد عن عبدالرحمٰن بن غنم اه هذه الروايات كلها مذكورة فی روح المعانی اور یہ غرض تقویت عدم حاجت الی المشورۃ کے منافی نہیں کیونکہ ممکن ہے کہ عدم حاجت باعتبار غالب کے اور یہ تقویت باعتبار بعض احباب کے ہو۔ **ف ابطال اعتبار کثرت رائے** اور یہ جو کہا گیا کہ خواہ وہ ان کے مشورہ کے موافق ہو یا مخالف ہو دلیل اس کی یہ ہے کہ لفظ عزم میں کوئی قید نہیں لگائی۔ اور اس سے معلوم ہوا کہ امور انتظامیہ متعلقہ بالرائے والمشورہ میں کثرت رائے کا ضابطہ محض بے اصل ہے ورنہ یہاں عزم میں قید ہوتی کہ بشرطیکہ آپ کا عزم کثرت رائے کے خلاف نہ ہو اور مشورہ عزم کے بعد جو توکل کا حکم فرمایا اس سے ثابت ہوا کہ تدبیر منافی نہیں توکل کے کیونکہ مشورہ عزم کا داخل تدبیر ہونا ظاہر ہے۔ **ف: احکام ومراتب توکل**: اور جاننا چاہئے کہ یہ مرتبہ توکل کا کہ باوجود تدبیر کے اعتقاد واعتماد رکھے اللہ تعالیٰ پر یہ ہر مسلمان کے ذمہ فرض عین ہے۔ اور توکل بمعنی ترک تدبیر کے اس میں تفصیل یہ ہے کہ اگر وہ تدبیر دینی ہے تو اس کا ترک مذموم۔ اور اگر دنیوی یقینی عادۃً ہے تو اس کا ترک بھی ناجائز۔ اور اگر ظنی ہے تو قوی القلب کو جائز۔ اور اگر وہمی ہے تو اس کا ترک مامور بہ ہے فقط۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَىِٕنْ قُتِلْتُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ اس میں قتل وموت فی سبیل اللہ کی جزاء میں مغفرت ورحمت کو فرمایا ہے وَلَىِٕنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ۔ اس میں موت وقتل کی جزا میں حشر الی اللہ کو فرمایا ہے اس تفاوت کی وجہ میں بعض نے بطریق تاویل نہ کہ بطریق تفسیر یہ کہا ہے کہ اول آیت میں ان کا ذکر ہے جو نار وجنت کے سبب عبادت کرتے ہیں اور دوسری آیت میں ان کا ذکر ہے جو خاص اس کی ذات ہی کو مقصود سمجھتے ہیں تو اس پر خاص تجلی ہوگی۔ کذا فی الروح۔ قولہ تعالیٰ وَشَاوِرْهُمْ فِی الْاَمْرِ۔ روح میں ہے کہ فائدہ اس مشورہ لینے کا ان

www.besturdubooks.net

کی رائے سے مدد اور قوت لینا ہے اھ احقر کہتا ہے تو اس بنا پر آیت اس پر بھی دال ہے کہ بعض احوال میں بعض نفع تابع سے متبوع کو پہنچ جاتا ہے۔

ملحقات الترجمة: ١ **قوله** في ترجمة ضربوا او كانوا غزى مرجاتے ہیں قتل ہو جاتے ہیں نقله الكبير عن الواحدى ١٢۔ ٢ **قوله** في توضيح ترجمة ليجعل یعنی نتیجہ اشارة الى ان اللام للعاقبة ١٢۔ ٣ **قوله** في ترجمة خير بدرجہا لان خيرا اسم تفضيل ١٢۔ ٤ **قوله** في ترجمة فبما بعد اس کے الخ اشار به الى كون الفاء الترتيب مضمون الكلام على ما ينبئ عنه السياق من استحقاق الفارين الملامة والتعنيف منه صلى الله عليه وسلم كما في روح المعانى ١٢۔ ٥ **قوله** في ترجمة فاعف واستغفر آپ کے حکم میں اشار به الى وجه الفرق بين العفو والاستغفار كما في روح المعانى ١٢۔ ٦ **قوله** في ترجمة الامر خاص خاص اشار به الى كون اللام للعهد كما اوضحه في الفائدة ١٢۔

اللغات: الحشر الجمع ١٢ قاموس۔ الفظ في القاموس الغليظ الجانب الينى الخلق القاسى الخشن الكلام ١٢۔

النحو: فبما ما زائدة ١٢۔

البلاغة: قوله يجمعون فيه التفات وفى قراءة يجتمعون بالخطاب فالمآل واحد قوله لئن قتلتم الخ قدم فى الآية الاولى القتل وفى الثانية الموت لان الغالب فى الجهاد كما يدل عليه فى سبيل الله القتل والغالب فى غير الجهاد الموت ١٢۔

فائدة: الالف فى لا الى الله بين اللام والى مرسومة فى الخط للدلالة على فتح اللام ١٢۔

إِنْ يَنْصُرْكُمُ اللَّهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَإِنْ يَخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِي يَنْصُرُكُمْ مِنْ بَعْدِهِ ۗ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿١٦٠﴾

وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَغُلَّ ۚ وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ وَهُمْ

لَا يُظْلَمُونَ ﴿١٦١﴾ أَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللَّهِ كَمَنْ بَاءَ بِسَخَطٍ مِنَ اللَّهِ وَمَأْوَاهُ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿١٦٢﴾ هُمْ دَرَجَاتٌ

عِنْدَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ﴿١٦٣﴾ لَقَدْ مَنَّ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ إِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولًا مِنْ أَنْفُسِهِمْ يَتْلُو

عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِنْ كَانُوا مِنْ قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ﴿١٦٤﴾

اگر حق تعالیٰ تمہارا ساتھ دیں۔ تب تو تم سے کوئی نہیں جیت سکتا اور اگر تمہارا ساتھ نہ دیں تو اس کے بعد ایسا کون ہے جو تمہارا ساتھ دے اور غالب کر دے اور صرف اللہ تعالیٰ پر ایمان والوں کو اعتماد رکھنا چاہئے اور نبی کی یہ شان نہیں کہ وہ خیانت کرے۔ حالانکہ جو شخص خیانت کرے گا وہ شخص اپنی اس خیانت کی ہوئی چیز کو قیامت کے دن حاضر کرے گا۔ پھر ہر شخص کو اس کے کئے کا پورا عوض ملے گا اور ان پر بالکل ظلم نہ ہوگا۔ سو ایسا شخص جو کہ رضائے حق کا تابع ہو گیا وہ اس شخص کے مثل ہو جائے گا جو کہ غضب الٰہی کا مستحق ہو اور اس کا ٹھکانہ دوزخ ہو اور وہ جانے کی بری جگہ ہے یہ مذکورین درجات میں مختلف ہوں گے اللہ تعالیٰ کے نزدیک اور اللہ تعالیٰ خوب دیکھتے ہیں ان کے اعمال کو۔ حقیقت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر احسان کیا جبکہ ان میں ان ہی کی جنس سے ایک ایسے پیغمبر کو بھیجا کہ وہ خود ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں اور ان لوگوں کی صفائی کرتے رہتے ہیں اور ان کو کتاب اور فہم کی باتیں بتلاتے رہتے ہیں اور بالیقین یہ لوگ اس سے پہلے صریح غلطی میں تھے ۞

تفسیر ربط: اوپر ان حضرات کی تسلی کے لئے حضور ﷺ کو چند اوامر کا حکم ہوا تھا جس سے رسول اللہ ﷺ کی ناخوشی کا دغدغہ تو زائل ہو گیا لیکن چونکہ ان حضرات کو اس واقعۂ مغلوبیت سے حسرت بھی تھی اس لئے آئندہ آیت میں ان کی حسرت کو دل سے اتارتے ہیں۔

ازالۂ حسرتِ مغلوبیت از قلوبِ صحابہ رضی اللہ عنہم: إِنْ يَنْصُرْكُمُ اللَّهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ اگر حق تعالیٰ تمہارا ساتھ دیں تب تو تم سے کوئی نہیں جیت سکتا اور اگر تمہارا ساتھ نہ دیں تو اس کے بعد ایسا کون ہے جو تمہارا ساتھ دے (اور تم کو غالب کر دے) اور صرف اللہ تعالیٰ پر ایمان والوں کو اعتماد رکھنا چاہئے۔ **ف:** حاصل ازالۂ حسرت کا یہ ہوا کہ غالب مغلوب کرنا خدا تعالیٰ کے قبضہ میں ہے مثلاً بدر میں اپنی رحمت سے غالب کر دیا احد میں اپنی حکمت سے مغلوب کر دیا پس جب پورا پورا یہ امر تمہاری قدرت میں نہیں تو اس قدر اس کے پیچھے اپنے جی کو نہ ڈالو جو ہو گیا ہو گیا۔ اس میں جو آفت معصیت سے آئی اس سے توبہ کر لو آئندہ کے لئے اللہ تعالیٰ پر نظر رکھو یعنی اس سے توفیق مانگو کہ معصیت سے محفوظ رکھیں اور پھر جو مصیبت نازل ہو اس کو کارساز کی طرف سے خیر اور مصلحت سمجھو فقط۔

www.besturdubooks.net

ربط: آیت آئندہ کا شان نزول حسب روایت ترمذی گو خاص ہے وہ یہ کہ بدر کے روز مال غنیمت میں ایک چادر گم ہوگئی بعض (کم سمجھ یا منافق) لوگوں نے کہا کہ شاید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لے لی ہو (اگر یہ قول منافقین کا تھا تب تو ان کی بیہودگی تھی اور اگر کسی مسلمان کا قول تھا تو اس بنا پر ہوگا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس تصرف کا اختیار حاصل ہے) اس پر یہ آیت نازل ہوئی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ امر حقیقۃً یا صورۃً خیانت ہے نبی کی شان اس سے منزہ ہے لیکن چونکہ لفظ غلول بمعنی خیانت عام ہے خواہ حقیقۃً یا بطور عموم مجاز کے فصح علی کلا القولین فی القاموس اس لئے ہر قسم کی خیانت کو شامل ہے اس عموم معنی کے اعتبار سے وجہ ربط ظاہر ہے کہ اوپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی مخالفت کا مذموم اور موجب وبال ہونا بیان فرمایا تھا اس آیت میں آپ کا امین کامل ہونا مذکور فرمایا تا کہ ثابت ہو جاوے کہ آپ جو کچھ حکم فرماتے ہیں اس میں آپ کی کوئی نفسانی غرض نہیں ہوتی کیونکہ یہ ایک قسم کی خیانت ہے اور آپ اس سے مبرا ہیں لہٰذا ایسے حکم کی مخالفت ضرور موجب وبال و مذموم ہوگی۔ اس ارتباط سے ترتیب آیات میں جو کہ توقیفی ہے اس آیت کا اس موقع پر ہونا مناسب ہوا۔

اثبات امین بودن حضرت نبویہ ﷺ: وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ۚ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ۝ اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ اور نبی کی یہ شان نہیں کہ وہ (نعوذ باللہ) خیانت کرے حالانکہ (خائن تو قیامت میں فضیحت ہوگا کیونکہ) جو شخص خیانت کرے گا وہ شخص اپنی اس خیانت کی ہوئی چیز کو قیامت کے دن (میدان حشر میں) حاضر کرے گا (تا کہ سب خلائق مطلع ہوں اور سب کے روبرو فضیحت ہو) پھر (میدانِ قیامت کے بعد) ہر شخص کو (ان خائنوں میں سے) اس کے کئے کا (دوزخ میں) پورا عوض ملے گا اور ان پر بالکل ظلم نہ ہوگا (کہ جرم سے زائد سزا ہونے لگے۔ غرض خائن تو مغضوب اور مستحق جہنم ہوا اور انبیاء علیہم السلام بوجہ رضا جوئی حق کے قیامت میں سر بلند ہوں گے پس دونوں امر جمع کیسے ہوں گے جیسا آگے ارشاد ہے) سو ایسا شخص جو کہ رضائے حق کا تابع ہو (جیسے نبی) کیا وہ اس شخص کے مثل ہو جاوے گا جو کہ غضب الٰہی کا مستحق ہوا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہو (جیسے خائن) اور وہ جانے کی بری جگہ ہے (ہرگز دونوں برابر نہیں ہوں گے بلکہ) یہ مذکورین (یعنی متبعان رضائے حق اور مغضوبین) درجات میں مختلف ہوں گے اللہ تعالیٰ کے نزدیک (کہ متبع محبوب اور جنتی ہے اور مغضوب دوزخی ہے) اور اللہ خوب دیکھتے ہیں ان کے اعمال کو (اس لئے ہر ایک کے مناسب معاملہ فرماویں گے) **ف**: انبیاء علیہم السلام کا امین ہونا یہاں دلیل سے ثابت کیا گیا تقریر استدلال ترجمہ سے ظاہر ہے اور یہ جو فرمایا کہ خیانت کی چیز کو قیامت میں حاضر کرے گا حدیث میں اس کی شرح آئی ہے چنانچہ صحیحین میں حضرت ابی ہریرہؓ سے مروی ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دیکھو قیامت میں کسی کو اس حال میں نہ دیکھوں کہ اس کی گردن پر ایک اونٹ لدا ہوا اور بولتا ہوا اور مجھ سے آ کر طالب امداد ہو اور میں صاف جواب دے دوں کہ میں اب کچھ نہیں کر سکتا۔ میں حکم پہنچا چکا تھا اور ایسا ہی مضمون گھوڑے اور کپڑے اور روپیہ پیسہ کے بارہ میں فرمایا اور روح المعانی میں ابن ابی حاتم سے منقول ہے کہ کسی نے حضرت ابو ہریرہؓ سے بطور استبعاد کے کہا کہ اگر کسی نے سو اونٹ چرائے ہوں گے وہ سب کو گردن پر کیسے لادے گا آپ نے جواب دیا کہ جس شخص کی داڑھ احد پہاڑ کے برابر ہو اور ربذہ سے مدینہ تک کے برابر بیٹھنے کی جگہ ہو کیا وہ اتنی چیز کو نہیں اٹھا سکتا اھ۔ آج کل جن صاحبوں کو ایسے شبہات واقع ہوتے ہیں وہ اس جواب سے اپنا اطمینان کر لیں اور قدرتِ الٰہیہ کے نزدیک بدن کے بڑے ہونے کی بھی ضرورت نہیں اور کوئی عقلی دلیل اس کے خلاف پر قائم نہیں۔ اور جاننا چاہئے کہ اگر وہ خیانت کی چیز اجسام میں سے نہ ہو تو اس کا لانا دو طرح ممکن ہے یا تو محض اظہار و اعلان کو لانا کہا جاوے جیسے بولتے ہیں کیا خبر لائے اور یا اس عالم میں معانی بشکل اجسام متمثل ہو جاویں جیسا بہت سی حدیثوں سے پتہ لگتا ہے مثلاً موت بشکل دُنبہ لا کر ذبح کر دی جاوے گی اور عمل نیک حسین آدمی کی شکل میں آوے گا۔ اس توجیہ پر اگر وہ بھی گردن پر لدا ہو بعید نہیں واللہ اعلم۔

ربط: اوپر جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی منقبت امانت کا اور وسوسہ اخذ ردا کے غلط ہونے کا بیان تھا آگے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود باوجود کا نعمت عظمیٰ ہونا اور آپ کی بعثت کا منتِ کبریٰ ہونا بیان فرماتے ہیں تا کہ اس نعمت کی قدر کریں اور آپ کی تعظیم کریں اور بار دیگر کسی ایسے امر کا وسوسہ نہ لاویں جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شان رفیع کے مناسب نہ ہو۔

منت بر مومنین بہ بعثت حضور پرنور ﷺ: لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ (الی قولہ تعالی) لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ حقیقت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر (بڑا) احسان کیا جب کہ ان میں انہی کی جنس سے ایک ایسے (عظیم الشان) پیغمبر کو بھیجا کہ وہ ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی آیتیں (اور احکام) پڑھ پڑھ سناتے ہیں اور (خیالات و رسوم جہالات سے) ان لوگوں کی صفائی کرتے رہتے ہیں اور ان کو کتاب (الٰہی) اور فہم کی باتیں بتلاتے رہتے ہیں اور بالیقین یہ لوگ (آپ کی بعثت کے) قبل سے صریح غلطی (یعنی شرک و کفر) میں (مبتلا) تھے۔ **ف**: اس آیت کے اکثر الفاظ اس کے قبل دو آیتوں میں آ چکے ہیں ایک اخیر پارہ الم میں دوسری شروع پارہ سیقول میں وہاں ان کی تفسیر ملاحظہ فرمالی جاوے اور یہ جو فرمایا کہ ان ہی کی جنس سے اس میں مفسرین کے کئی قول ہیں بعض نے کہا ہے کہ ان کے نسب سے یعنی قریشی۔ اس تفسیر پر اس صفت کا فائدہ اخیر پارہ الم میں احقر لکھ چکا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ عرب سے اس تفسیر پر اس صفت کا فائدہ بھی قریب

www.besturdubooks.net

قریب تفسیر اول کے ہے ملاحظہ فرمانے سے واضح ہوگا۔ بعض نے کہا کہ بنی آدم سے اور یہی زیادہ مناسب ہے کیونکہ لفظ مُؤْمِنِيْنَ اس جگہ عام ہے اور اَنْفُسِهِمْ کی ضمیر اسی طرف عائد ہے۔ پس صفت عام کے ساتھ تفسیر کرنا اوفق ہے۔ اس تفسیر پر اس صفت کا حسب تقریر روح المعانی یہ فائدہ ہوگا کہ آدمی کو آدمی سے بہ نسبت فرشتہ اور جن کے انس زیادہ ہوتا ہے تو فیض علم لینے میں زیادہ سہولت ہوئی اور خلاف جنس ہونے میں وحشت کا احتمال تھا آہ اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ پھر جنات کو آپ سے فیض لینے میں دشواری ہوگی۔ جواب یہ ہے کہ چونکہ انسان جامع ترین خلق ہے اس لئے اس کو جن سے بھی مناسبت ہے پس اس لئے انسان جن کو بسہولت فیض دے سکتا ہے بخلاف جن کے کہ وہ جامع نہیں ہے اس لئے انسان کو بسہولت فیض نہیں دے سکتا اور یہ مناسبت[1] استفادۂ انسان من الجن میں اس لئے کافی نہیں کہ مفیض اقویٰ ہونا چاہئے مستفیض سے۔ دوسرے اگر سہولت سے قطع نظر کی جاوے تب بھی انسانوں کے مصالح کو مصالح جن پر مقدم رکھنے میں کوئی مصلحت وحکمت ہوگی۔ پس اس صورت میں مُؤْمِنِيْنَ کو مُؤْمِنِيْنَ انس کے ساتھ خاص کہنا ہوگا جیسا اکثر جگہ خطاب بنی آدم کو ہے اور یہ منافی نہیں ہے عموم بعثت کے کیونکہ اس پر دوسرے دلائل قائم ہیں۔ اور اگر مُؤْمِنِيْنَ کو جمیع مکلفین کے لئے عام کہا جاوے تو جو لفظ جنس مِنْ اَنْفُسِهِمْ کے ترجمہ میں ہے اس سے جنس قریب منطقی مراد لے لیا جاوے گا چنانچہ انسان اور جن دونوں حیوان کے تحت میں داخل ہیں بخلاف ملائکہ کے کہ وہ ان کی طرح مکلف ہی نہیں خواہ حیوان میں داخل ہوں یا نامی کی قید سے خارج ہوں کیونکہ ان کا نمو ثابت نہیں۔ اور روح المعانی میں ہے کہ آیت : وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ۔ سے ثابت ہے کہ آپ کی تشریف آوری رحمت عامہ ہے جس سے کفار بھی دنیا میں بہرہ یاب ہیں چنانچہ امم سابقہ کے سے عذاب نہیں آتے۔ جواب یہ ہے کہ چونکہ زیادہ نفع مومنین نے حاصل کیا اور وہ نفع اخروی ہے اس لئے اس آیت میں مُؤْمِنِيْنَ کی تخصیص کی گئی جیسا اس آیت میں هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ۔ باوجودیکہ هُدًى لِّلنَّاسِ ہونا بھی ثابت ہے فقط۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ مجموع آیت میں ایک تو علم اسرار کا اثبات ہے اور نیز بعض طرق سلوک کی تعلیم ہے جیسا کہ روح میں ہے کہ تلاوت سے مراد آیات توحید ونبوت کی تبلیغ ہے اور تزکیہ سے مراد کلمہ طیبہ کی طرف بلانا جو توحید ورسالت پر دال ہے (کہ وہ سبب ہے شرک سے پاک ہونے کا) اور تعلیم کتاب سے مراد الفاظ قرآن کی تعلیم ہے اور تعلیم حکمت سے مراد اسرار قرآنیہ پر واقف بنانا ہے پس اول تلاوت ہے کیونکہ وہ تمہید ہے پھر تزکیہ جس کے ساتھ سب سے اول مومن موصوف ہوتا ہے پھر تعلیم جس کی حاجت بعد ایمان کے ہوگی پس اس سے تخلیہ کی (تزکیہ اس کا ایک فرد ہے) تقدیم تحلیہ پر (کہ تعلیم اس کا ایک فرد ہے) مفہوم ہوئی۔ اب یہ بات رہ گئی کہ آیت بقرہ میں تزکیہ پر تعلیم کو کیوں مقدم فرمادیا سو شاید اس میں تنبیہ ہو تحلیہ کے شرف پر اہ اور احقر کہتا ہے کہ ممکن ہے کہ اس میں اشارہ اس طرف ہو کہ گاہے کسی مقتضی کے سبب تحلیہ کو تخلیہ پر مقدم کردیا جاتا ہے اور قوم میں دونوں طریقے معمول بہ ہیں۔

الحواشی: (۱) یہ جواب ہے سوال مقدر کا تقریر سوال کی یہ ہے کہ جو مناسبت بین الانس والجن افادہ انس للجن کے لئے کافی ہے وہی مناسبت استفادہ انس من الجن کے لئے بھی کافی ہوسکتی ہے پس جن اگر انسان کی طرف نبی بنا کر مبعوث کیا جاوے تو کیا حرج ہے تقریر جواب ظاہر ہے ۱۲منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ یہ جملہ معترضہ ہے جس میں ایک فائدہ زائدہ کی طرف اشارہ ہے اور حاصل فائدہ یہ ہے کہ قاموس میں معنی غلول میں دو قول ہیں ایک مطلق خیانت دوسرے خیانت فی مال الغنیمت۔ پہلی صورت میں اس مقام پر غلول مطلق خیانت حقیقۃً ہوا اور دوسری میں مجازاً پس چاہے غلول کے معنی مطلق خیانت ہوں اور چاہے خیانت خاصہ دونوں تقدیروں پر اس جگہ غلول بمعنی مطلق خیانت صحیح ہوگا ۱۲منہ۔ ۲؎ **قوله في ترجمة كل نفس ان خائنوں میں قیدت به لقرينة المقام واكثر المفسرين عمموها فيكون المعنى اذا كان كل كاسب مجز يا بعمله وان كان جرمه في غاية القلة فالغال مع عظم جرمه بذلك اولى ۱۲۔ ۳؎ قوله في ترجمة افمن سو (الى قوله) کیا قدم ترجمة الفاء على ترجمة الهمزة لما في حاشية البيضاوى هذه الفاء مقدمة في الحقيقة على همزة الاستفهام وقد مر توضيحه في قوله تعالىٰ افان مات او قتل اه قلت افادة الفاء كون الغال مفتضحا يوم القيٰمة سببًا لعدم التماثل بينه وبين النبي الذى يكون في غاية الرفعة وقد فصل هذا المعنى في هذه الآية ۱۲۔ ۴؎ قوله في ترجمة هم درجٰت درجات میں الخ اشار الى حذف ذو مضافًا والى وصف الدرجات بالتفاوت لاقتضاء المقام وهذا المعنى ما في روح المعانى هم ذو ودرجات اى منازل او احوال متفاوتة اه ۱۲۔ ۵؎ قوله في ترجمة لقد حقیقت میں هو حاصل الرجمة المشهورة مرعيا فيها المحاورة والبلاغة ۱۲۔ ۶؎ قوله في قوله من الله بڑا هذا القيد يدل عليه مقصود المقام ۱۲۔ ۷؎ قوله في ترجمة من انفسهم ان ہی کی جنس سے بعد قوله ان میں في هذا الترتيب اشارة الى كون من معمولا لبعث ويمكن ان يكون صفة لرسولا بعد تعلقها بالمقدر ۱۲۔ ۸؎ قوله في ترجمة رسولًا عظیم الشان حملا للتنوين على التعظيم ۱۲۔ ۹؎ قوله في ف مومنین انس کے ساتھ خاص کہنا ہوگا فيكون اللام للعهد او يحصيص بالقرينة ۱۲۔**

www.besturdubooks.net

اَلْکَلَام : اعلم ان هذه الآيات من قوله تعالٰی وما كان الخ وامثالها مماوردت فی وعيد العصاة معناها على الاستحقاق لا على الوقوع لا محالة فانه متوقف على المشية فلا حجة للمعتزلة فيها فافهم ۱۲۔

اَللُّغَات : فی روح المعانی اصل المن القطع وسميت النعمة منه لانه يقطع بها عن البلية وكذا الاعتداد بالصنيعة منا لانه قطع لها عن وجوب الشكر عليها اه قلت المراد انه قطع لها اذا كان من المخلوق لا من الخالق والسر فيه ان المخلوق لا يملك ايصال النفع حقيقة ولهذا نهى عن المن واما الخالق فيملكه حقيقة ولهذا كان المن حقا له واذا ثبت هذا فالآية تحتمل كلا المعنيين فتبصر وتشكر ۱۲۔

اَلنَّحْو : ومن يغلل فی روح المعانی جواز ان يكون حالًا ويكون التقدير فی حال علم الغال بعقوبة الغلول قلت واشرت الى ذلك فی الترجمة نعم لم احمله على العلم بل على عدم التماثل بينهما بقرينة ما بعده من قوله افمن اتبع الخ ۱۲۔ فی روح المعانی اذ ظرف لمن وهو وان كان بمعنى الوقت لكن وقع فی معرض التعليل كما نص عليه معظم المحققين قوله وان كانوا فی البيضاوی وان هی المخففة واللام هی الفارقة اه ای الفارقة بين المخففة وبين النافية والشرطية ۱۲۔

البلاغة والعربية: قوله فلا غالب لكم فی روح المعانی المفهوم من ظاهر النظم وان كان نفی مغلوبيتهم من غير تعرض لنفی المساوات ايضا لكن المفهوم منه فهمًا قطعيًا هو نفی المساوات واثبات الغالبية للمخاطبين فاذا قلت لا اكرم من فلان فالمفهوم منه حتمًا انه اكرم من كل كريم وهذا امر مطرد فی جميع اللغات اه قلت قوله فهما قطعيًا لان من نصره الله تعالٰی كيف يساويه احد ممن لم ينصره الله تعالٰی قوله من بعده فی روح المعانی ای من بعد خذلانه قلت واشرت اليه فی الترجمة ۱۲۔

اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ۭ قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٦٥﴾ وَمَآ اَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٦٦﴾ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ۚ وَقِيْلَ لَھُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوِ ادْفَعُوْا ۭ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّاتَّبَعْنٰكُمْ ۭ ھُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَىِٕذٍ اَقْرَبُ مِنْھُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ﴿١٦٧﴾ اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ۭ قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٦٨﴾

اور جب تمہاری ایسی ہار ہوئی جس سے دو حصے تم جیت چکے تھے۔ تو کیا ایسے وقت میں تم یوں کہتے ہو کہ یہ کدھر سے ہوئی آپ فرما دیجئے کہ یہ ہار خاص تمہاری طرف سے ہوئی۔ بیشک اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر پوری قدرت ہے اور جو مصیبت تم پر پڑی جس روز کہ وہ دونوں گروہ باہم مقابل ہوئے سو اللہ تعالیٰ کی مشیت سے ہوئی اور تاکہ اللہ تعالیٰ مؤمنین کو بھی دیکھ لیں اور ان لوگوں کو بھی دیکھ لیں جنہوں نے نفاق کا برتاؤ کیا اور ان سے یوں کہا کہ آؤ اللہ کی راہ میں لڑنا یا دشمنوں کا دفعیہ بن جانا۔ وہ بولے اگر ہم کوئی ڈھنگ کی لڑائی دیکھتے تو ضرور تمہارے ساتھ ہو لیتے۔ یہ منافقین اس روز کفر سے نزدیک تر ہو گئے بہ نسبت اس حالت سے کہ وہ ایمان کے نزدیک تھے۔ یہ لوگ اپنے منہ سے ایسی باتیں کرتے ہیں۔ جو ان کے دل میں نہیں اور اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں جو کچھ یہ اپنے دل میں رکھتے ہیں۔ یہ ایسے لوگ ہیں کہ اپنے بھائیوں کی نسبت بیٹھے ہوئے باتیں بناتے ہیں کہ اگر ہمارا کہنا مانتے تو قتل نہ کئے جاتے۔ آپ فرما دیجئے کہ اچھا تو اپنے اوپر سے موت کو ہٹاؤ اگر تم سچے ہو۔

تفسیر ربط : اوپر کئی مواقع پر ہزیمت مؤمنین کی علت اور حکمت مذکور ہو چکی ہے مثلاً اس آیت میں اِنْ یَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ الخ اور اس آیت میں وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ الخ اور ان آیتوں میں وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ۔ چونکہ مؤمنین کو ہزیمت کی سخت کلفت تھی اس لئے اگلی آیت میں اور عنوان سے اسی مضمون کی پھر تاکید و تقریر فرماتے ہیں اور اس کے ضمن میں منافقین کی تشنیع بھی اور گو پہلے بھی ان کی تشنیع ہو چکی ہے لیکن یہاں دوسرے طور پر ہے۔

تقریر علت وحکمت ہزیمت احد وتشنیع منافقین: اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ (الی قولہ تعالی) وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ...... قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ۔ اور جب (احد میں) تمہاری ایسی ہار ہوئی جس سے دو حصے تم (بدر میں) جیت چکے تھے (کیونکہ احد

www.besturdubooks.net

میں ستر مسلمان شہید ہوئے اور بدر میں ستر کافروں کو قید اور ستر کو قتل کیا تھا (تو کیا ایسے وقت میں تم (تعجب نہ کہ اعتراضاً) یوں کہتے ہو کہ (باوجود ہمارے مسلمان ہونے کے) یہ (ہار) کدھر سے ہوئی (یعنی کیوں ہوئی) آپ فرما دیجئے کہ یہ ہار خاص تمہاری طرف سے ہوئی (نہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے کے خلاف کرتے اور نہ ہارتے کیونکہ اس قید کے ساتھ وعدۂ نصرت ہو چکا تھا) بیشک اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر پوری قدرت ہے (جب تم نے اطاعت کی اپنی قدرت سے تم کو غالب کر دیا اور جب خلاف کیا اپنی قدرت سے تم کو مغلوب کر دیا) اور جو مصیبت تم پر پڑی جس روز کہ دونوں گروہ (مسلمان اور کفار کے) باہم (مقاتلہ کے لئے) مقابل ہوئے (یعنی احد کے دن) سو (وہ مصیبت) خدا تعالیٰ کی مشیت سے ہوئی (چونکہ اس میں چند در چند حکمتیں تھیں جن کا بیان اوپر آ چکا ہے) اور (ان میں سے ایک حکمت یہ تھی) تاکہ اللہ تعالیٰ مؤمنین کو بھی دیکھ لیں (کیونکہ مصیبت کے وقت اخلاص وغیر اخلاص ظاہر ہو جاتا ہے جیسا گزر بھی چکا ہے) اور ان لوگوں کو بھی دیکھ لیں جنہوں نے نفاق کا برتاؤ کیا اور ان سے (شروع کام کے وقت جب کہ تین سو آدمیوں نے ان میں مسلمانوں کا ساتھ چھوڑ دیا جیسا پہلے آ چکا ہے) یوں کہا گیا کہ (میدان جنگ میں) آؤ (پھر ہمت ہو تو) اللہ کی راہ میں لڑنا یا (ہمت نہ ہو تو گنتی ہی پوری کر کے) دشمن کا دفعیہ بن جانا (کیونکہ بہت سی بھیڑ دیکھ کر کچھ تو ان پر رعب ہوگا اور اس سے شاید ہٹ جاویں) وہ بولے کہ اگر ہم کوئی ڈھنگ کی لڑائی دیکھتے تو ضرور تمہارے ساتھ ہو لیتے (لیکن یہ کوئی لڑائی ہے کہ وہ لوگ تم سے تین چار حصے زیادہ پھر ان کے پاس سامان بھی زیادہ ایسی حالت میں لڑنا ہلاکت میں پڑنا ہے لڑائی اس کو نہیں کہتے حق تعالیٰ اس پر ارشاد فرماتے ہیں کہ) یہ منافقین اس روز (جب کہ ایسا خشک جواب دیا تھا) کفر سے (ظاہراً بھی) نزدیک تر ہو گئے بہ نسبت اس حالت کے کہ وہ (پہلے سے ظاہراً) ایمان سے (کسی قدر) نزدیک تھے (کیونکہ پہلے سے گو وہ دل سے تو مؤمن نہ تھے مگر مسلمانوں کے سامنے موافقت کی باتیں بناتے رہتے تھے اس روز ایسی طوطا چشمی غالب ہوئی کہ کھلم کھلا مخالفت کی باتیں منہ سے نکلنے لگیں اس لئے وہ پہلا قرب الی الایمان بھی مبدل بہ قرب الی الکفر ہو گیا اور یہ قرب اس قرب سے زیادہ اس لئے ہے کہ موافقت کی باتیں دل سے نہ تھیں اس لئے زوردار نہ تھیں اور یہ دل سے تھیں اس لئے عبارت بھی زوردار تھی) یہ لوگ اپنے منہ سے ایسی باتیں کرتے ہیں جو ان کے دل میں نہیں (یعنی دل میں تو یہ ہے کہ ان مسلمانوں کا کبھی ساتھ نہ دیں گو لڑائی ڈھنگ ہی کی کیوں نہ ہو) اور اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں جو کچھ یہ اپنے دل میں رکھتے ہیں (اس لئے ان کے اس قول کا غلط ہونا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے) یہ ایسے لوگ ہیں کہ (خود تو جہاد میں شریک نہ ہوئے اور) اپنے (ہم نسب) بھائیوں کی نسبت (جو کہ مقتول ہو گئے گھروں میں) بیٹھے ہوئے باتیں بناتے ہیں کہ اگر ہمارا کہنا مانتے (یعنی ہمارے منع کرنے پر نہ جاتے) تو (بے فائدہ) قتل نہ کئے جاتے۔ آپ فرما دیجئے کہ اچھا تو اپنے اوپر سے موت کو ہٹاؤ اگر تم (اس خیال میں) سچے ہو (کہ میدان میں جانے سے ہی ہلاکت ہوتی ہے کیونکہ قتل سے بچنا تو موت ہی سے بچنے کے لئے مقصود ہے جب وقت مقدر پر موت گھر بیٹھے بھی آ جاتی ہے تو قتل بھی مقدر وقت پر نہیں ٹل سکتا)۔ **ف**: اس واقعۂ ہزیمت میں جو صحابہؓ کی عتاب کے بعد جا بجا تسلی کی گئی اس سے نافرمانی کرنے والے دھوکہ نہ کھاویں کہ ہم سے جو گناہ ہوتے ہیں اس میں بھی مشیت و حکمت الٰہیہ ہوتی ہے پھر غم کی کوئی بات نہیں بات یہ ہے کہ اول تو صحابہ سے خطاء ایسا ہوا تو قصد مخالفت نہ تھا دوسرے ان پر ندامت اور غم کا بے انتہا غلبہ تھا جو اعلیٰ درجہ ہے توبہ کا اس لئے ان کی تسلی کی گئی اور جو قصداً گناہ کرے پھر اس پر کرے جرأت وہ مستحق تسلی نہیں بلکہ مستحق تخویف ووعید ہے خوب سمجھ لو اور هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ کے ترجمہ میں جو کہا گیا کہ اس قید کے ساتھ وعدۂ نصرت ہو چکا تھا مراد قید سے استقلال علی الطاعۃ ہے جیسا ابن جریر نے سدی سے نقل کیا ہے وقد وعدهم الفتح ان صبروا الخ کذا فی روح المعانی تحت ہذہ الآیۃ اور میں نے اس کی تصریح اس لئے کی تاکہ یہ شبہ نہ رہے کہ جب وعدۂ فتح تھا پھر کیوں شکست ہوئی اور یہ شبہ بھی مندفع رہے کہ بعض جگہ باوجود استقلال واطاعت احکام کے مسلمان مغلوب ہو جاتے ہیں۔ یہ شبہ اس لئے دفع ہو گیا کہ موعودلہم خاص حضرات تھے اس وعدۂ خاص کا مطرد اور کلیہ ہونا لازم نہیں آتا۔ اور اس مقام پر مسلمانوں کے اس قول کے اَنّٰى هٰذَا کئی جواب دیئے اور چند وجوہ سے تسلی فرمائی۔ اول اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا کی قید بڑھائی اس میں اشارہ ہے کہ جس شخص کی دونی جیت ہو چکی ہو اگر ایک بار آدھی ہار ہو جاوے تو تعجب نہ چاہئے۔ ہار جیت تو لوازم انقلاب ایام سے ہے یہ مضمون قریب قریب اس کے ہے تِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ دوسرا جواب مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ میں ہے جو حاصل ہے حَتّٰۤى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ اور اِسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ کا تیسرا جواب فَبِاِذْنِ اللّٰهِ میں ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ اس میں حکمت تھی اس لئے مشیت متعلق ہوئی جس میں ایک حکمت کا بیان بھی مابعد میں فرما دیا: وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا جو حاصل تھا ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ کا اور بعض حکمتوں کو مجمل چھوڑ دیا جن میں سے بعض اوپر مذکور ہو چکی تھیں مثلاً وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ اور جاننا چاہئے کہ اس آیت میں جو وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا آیا ہے اس کے معنی کی تحقیق شروع پارہ سیقول میں بذیل اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ الخ اور اس پارہ کے رکوع پنجم میں بذیل آیت: وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ۔ گزر چکی ہے ضرور ملاحظہ فرما لیا جاوے اور اخوانہم کے ترجمہ جو صرف ہم نسبت کہا گیا بخلاف سابق کے کہ وہاں تعمیم کی گئی وجہ اس کی یہ ہے کہ وہاں لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً قرینہ مجوزہ تھا ہم

www.besturdubooks.net

مشرب بھائیوں کے مراد لینے کے لئے جیسا کہ وہاں اس کی تقریر گزر چکی۔ بخلاف یہاں کے کہ آیت مابعد جس میں شہداء کی فضیلت مذکور ہے قرینہ مانعہ ہے اس احتمال مذکور سے تو اس صورت میں منافقین کا یہ کہنا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا تاسفانہ ہوگا بلکہ مقتولین کی تسفیہ و تحمیق و تخسیر کی غرض سے ہوگا۔ اس لئے اگلی آیت میں ان کے اعلیٰ درجہ کی کامیابی بیان کر کے جواب دیا جاتا ہے اور جنہوں نے اخوانھم میں تعمیم لی ہے وہ آیت آئندہ کو اس پر محمول کریں گے کہ منافقین سے مقتولین گو شہداء نہ تھے لیکن چونکہ ان کے قول سے یہ بھی لازم آتا تھا کہ شہداء خسارہ میں پڑتے ہیں اس لئے اس آیت میں اس کا ابطال کیا گیا۔ اور نیز تعریض کو بھی مفید ہے کہ ان کے اخوان المشرب فی سبیل اللہ مقتول نہیں اگر ہوتے تو ان کو یہ فضائل نصیب ہوتے واللہ اعلم۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في وجه الربط اور عنوان سے الخ اشار بهذا الى عدم لزوم التكرار المحض لان خصوصيات كل من العنوانات مختلفة تظهر بالتامل ۱۲۔ ۲؎ قوله في ترجمة اولما اور جب کیا ایسے الخ قدم ترجمة لو او على ترجمة الهمزة لما في روح المعاني ان الجمهور على ان الهمزة مقدمة من تاخير والو او اصلها التقديم وهو مذهب سيبويه اه قلت فلا حاجة الى تقدير المعطوف عليه او حمل الو او على الاستيناف ۱۲۔ ۳؎ قوله في ترجمة عند انفسكم خاص روعى فيه النفس والضمير ۱۲۔ ۴؎ قوله في ترجمة لو نعلم اگر ہم ہلاکت ماخذه ما في روح المعاني يحتمل انهم جعلوا نفي علم القتال كناية عن ان ما هم فيه ليس قتالاً بناء على نفي العلم بنفي المعلوم لان القتال يستدعي التكافو من الجانبين مع رجاء مدافعة او مغالبة ومن لم يتحقق ذلك كان القاء الانفس الى التهلكة اه قلت ومن ثم قيدت ترجمة القتال بقولي۔ ڈھنگ کی لقرينة المقام فالتنوين للتنويع ۱۲۔ ۵؎ قوله في ترجمة وقعدوا گھروں میں بیٹھے حملته على الحال ويقدر قد كما جوزه في روح المعاني وايضا اشرت بقولي فيما قبل جہاد میں شریک نہ ہوئے الى معنى القعود هو التثبط عن الجهاد فافهم ۱۲۔ ۶؎ قوله في الفائدة تسفیہ اه واشرت الى هذا المعنى بقولي في ترجمة ما قتلوا بے فائدہ آہ ۱۲۔

الروایات: في لباب النقول اخرج ابن ابي حاتم عن عمر بن الخطاب قال عوقبوا يوم احد بما صنعوا يوم بدر من اخذهم الفداء فقتل منهم سبعون وفر اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وكسرت رباعيته وهشمت البيضة على رأسه وسال الدم على وجهه فانزل الله اولما اصابتكم مصيبة الآية اه قلت والذى اخترته لا ينافي هذا لانه لا تعارض في الاسباب المتعددة لمسبب واحد فافهم ۱۲۔

النحو: وليعلم المؤمنين في حاشية البيضاوى عطف على معنى فباذن الله عطف سبب على سبب اه قلت لكن المعطوف عليه سبب علة والمعطوف سبب حكمة ويحتمل ان يكون المعطوف عليه مقدر او يجعل حكمة للاذن فتقدير الكلام فباذن الله ليكون كذا من التمحيص واتخاذ الشهداء مثلاً وليعلم المؤمنين الخ واشرت الى هذا الوجه في الفائدة بقولي مجمل چھوڑ دیا فافهم ۱۲۔ قوله وقيل عطف على نافقوا قوله قالوا لو نعلم في روح المعاني استيناف بياني كانه قيل فما صنعوا حين قيل لهم ذلك فقيل قالوا الخ قوله الذين قالوا لاخوانهم في روح المعاني او خبر لمبتدأ محذوف اى هم الذين او نعت للذين نافقوا او بدل منه اه قلت واحمل ترجمتي على اى وجه شئت وان كان ظاهره الوجه الاول لكنه يكون اخذا بالحاصل على الوجهين لا عين الترجمة ولا بأس به ۱۲۔

البلاغۃ: قوله فباذن الله سمي الارادة اذنا لانها من لوازمه من البيضاوى ۱۲۔ وليعلم الذين نافقوا في روح المعاني واعادة الفعل لتشريف المؤمنين وتنزيههم عن الانتظام في قرن المنافقين قوله لا تبعنكم لم يعبروا به (اى بالقتال او الدفع) لان السنتهم لكمال تثبط قلوبهم عنه لا تساعدهم على الافصاح به من روح المعاني۔ قلت ولو تاملت في ترجمتي لذقت فيه هذا۔ قوله قاتلوا في سبيل الله المقصود فيه عندى الجزء الاول اى قاتلوا واما قيد في سبيل الله فواقعي باعتبار البعض او المجموع كناية عن الجهاد مطلقاً باعتبار ان اصله يكون لوجه الله تعالى لان المنافقين يستبعد منهم ارادتهم وجه الله ۱۲۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ
مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ يَسْتَبْشِرُوْنَ
بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ ع ۱
اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۲﴾ اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا

www.besturdubooks.net

لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّ قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ

يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۷۴﴾ اِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَآءَهٗ ۠ فَلَا

تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۵﴾

اور (اے مخاطب) جولوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے ان کو مردہ مت خیال کرو بلکہ وہ لوگ زندہ ہیں اپنے پروردگار کے مقرب ہیں ان کو رزق بھی ملتا ہے۔ وہ خوش ہیں اس چیز سے جوان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے عطا فرمائی ہے اور جولوگ ان کے پاس نہیں پہنچے ان سے پیچھے رہ گئے ہیں انکی بھی اس حالت پر وہ خوش ہوتے ہیں کہ ان پر بھی کسی طرح کا خوف واقع ہونے والا نہیں اور نہ وہ مغموم ہوں گے وہ خوش ہوتے ہیں بوجہ نعمت وفضل خداوندی کے اور بوجہ اس کے کہ اللہ تعالیٰ اہل کا اجر ضائع نہیں کرتے۔ جن لوگوں نے اللہ اور رسول کے کہنے کو قبول کرلیا بعد اس کے کہ ان کو زخم لگا تھا ان لوگوں میں جو نیک اور متقی ہیں ان کے لئے ثواب عظیم ہیں یہ ایسے لوگ ہیں کہ لوگوں نے ان سے کہا کہ ان لوگوں نے تمہارے لئے سامان جمع کیا ہے سوتم کو ان سے اندیشہ کرنا چاہئے تو اس نے ان کے ایمان کو اور زیادہ کردیا اور کہہ دیا کہ ہم کو حق تعالیٰ کافی ہے اور وہی سب کام سپرد کرنے کیلئے اچھا ہے۔ پس یہ لوگ خدا کی نعمت اور فضل سے بھرے ہوئے واپس آئے کہ انکو کوئی ناگواری ذرا پیش نہ آئی اور وہ لوگ رضائے حق کے تابع رہے اور اللہ بڑا فضل والا ہے۔ اس سے زیادہ کوئی بات نہیں کہ یہ شیطان ہے کہ وہ اپنے دوستوں سے ڈراتا ہے سوتم ان سے مت ڈرنا اور مجھ ہی سے ڈرنا اگر تم ایمان والے ہو۔

تفسیر ربط: اوپر کی آیتوں میں منافقین کے اس قول سے لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ؕ دو امر مفہوم ہوئے تھے ایک یہ کہ گھروں میں بیٹھا رہنا ہلاکت سے نجات کا سبب ہے اس کا جواب تو قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ میں ارشاد فرمایا گیا دوسرا امر یہ کہ وہ ان شہداء کی موت کو موجب ناکامی و حرمان عن الحیوۃ واللذات بتلاتے تھے اس کے جواب کے لئے اگلی آیت میں ان حضرات کی اعلیٰ درجہ کی کامیابی اور حیوۃ حقیقیہ وتمتعات باقیہ کا اثبات فرماتے ہیں۔

اثبات حیات وتلذذ شہداء: وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ (الی قولہ تعالی) اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (الی قولہ تعالی) يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اور (اے مخاطب) جولوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں (یعنی دین کے واسطے) قتل کئے گئے ان کو (اور مردوں کی طرح) مردہ مت خیال کرو بلکہ وہ لوگ (ایک ممتاز حیات کے ساتھ) زندہ ہیں (اور) اپنے پروردگار کے مقرب (یعنی مقبول ہیں) ان کو رزق بھی ملتا ہے (اور) وہ خوش ہیں اس چیز سے جوان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل (وکرم) سے عطا فرمائی (مثلاً درجات قرب وغیرہ یعنی رزق حسی بھی ملتا ہے اور رزق معنوی یعنی مسرت بھی) اور (جس طرح وہ اپنے حال پر خوش ہیں اسی طرح) جولوگ (ابھی دنیا میں زندہ ہیں اور اس کی وجہ سے) ان کے پاس نہیں پہنچے (بلکہ) ان سے پیچھے (دنیا میں) رہ گئے ہیں ان کی بھی اُس حالت پر وہ (شہداء) خوش ہوتے ہیں کہ (اگر وہ بھی شہید ہوجائیں تو ہماری طرح) ان پر بھی کسی طرح کا خوف (ناک سانحہ) واقع ہونے والا نہیں اور نہ وہ (کسی طرح) مغموم ہوں گے (غرض ان کو دو خوشیاں ہیں اپنی بھی اور اپنے تعلق والوں کی بھی آگے ان دونوں خوشیوں کا سبب بتلاتے ہیں) وہ (اپنی حالت پر تو) خوش ہوتے ہیں بوجہ نعمت وفضل خداوندی کے (جو ان کے ساتھ مبذول ہے) اور (دوسروں کی حالت پر خوش ہوتے ہیں) بوجہ اس کے کہ (وہاں جا کر آنکھوں سے دیکھ لیا کہ) اللہ تعالیٰ اہل ایمان (کے اعمال) کا اجر ضائع نہیں فرماتے (بلکہ جس درجہ کا عمل ہوتا ہے اس درجہ کا اجر دیتے ہیں پس شہادت کہ افضل الاعمال ہے اس پر افضل اجور ملے گا جس کے لوازم میں سے ہے کہ اصلاً خوف وحزن نہ ہو) ف: حیات شہداء کی تحقیق شروع سیقول رکوع سوم میں گزر چکی ہے وہاں ملاحظہ کرلیا جاوے۔ اور رزق ملنے کی کیفیت احادیث صحیحہ میں وارد ہے کہ ان کی ارواح قنادیل عرش میں رہتی ہیں اور جنت کی انہار سے پانی پیتی ہیں اور اس کے اثمار سے کھاتی ہیں رواہ احمد وابوداؤد والحاکم عن ابن عباس مرفوعاً کذا فی لباب النقول میں کہتا ہوں کہ یہ حصہ انہار وثمار کا کسی ایسے مقام سے مل جاتا ہوگا جو جنت کے متعلق ہوگا پس یہ اشکال لازم نہیں آتا کہ جنت میں جا کر پھر حشر کے وقت کیسے نکالے جاویں گے۔

ربط: اوپر غزوۂ احد کا قصہ مذکور ہو چکا آگے اسی کے متعلق ایک دوسرے غزوہ کا ذکر ہے جو غزوۂ حمراء الاسد کے نام سے مشہور ہے جس کے ابتدائی جزو کی طرف اس پارہ کے نصف کے ذرا قبل آیت: سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ الخ میں اشارہ تھا کہ وہ یہ کہ جب کفار میدان سے مکہ کو واپس ہوئے تو راستہ میں جا کر اس پر افسوس کیا کہ ہم باوجود غالب آ جانے کے ناحق لوٹ آئے سو اب چل کر سب کا استیصال کردیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا اور پھر وہ مکہ ہی کی طرف ہو لئے لیکن بعض راہ گیروں سے کہہ گئے کہ کسی تدبیر سے مسلمانوں کے دل میں ہمارا رعب جما دیا جائے آپ کو وحی سے یہ امر معلوم ہوگیا اور آپ ان کے تعاقب میں مقام حمراء الاسد تک پہنچے اخرجہ ابن جریر عن السدی کذا فی روح المعانی بقیہ قصہ اس کا یہ ہے کہ حمراء الاسد مدینہ سے آٹھ میل کے فاصلہ پر ہے وہاں آپ نے تین روز ۱۷، ۱۸، ۱۹ شوال یوم دوشنبہ، سہ شنبہ و چہار شنبہ قیام فرمایا اور کفار مکہ کو راستہ میں اول معبد خزاعی مسلمانوں کے قیام

www.besturdubooks.net

گاہ کی طرف سے جاتے ہوئے مقام روحاء میں ملے۔ اس وقت تک معبد اسلام نہ لائے تھے لیکن رسول اللہ ﷺ کے خیر خواہ تھے کفار مکہ نے ان سے مسلمانوں کی خبر پوچھی انہوں نے مسلمانوں کی خداداد شان وشوکت کو پورے الفاظ میں ادا کیا اس سے کفار مکہ کے حوصلے بالکل پست ہو گئے اور بدستور مکہ ہی جانے کے عزم پر قائم رہے پھر اتفاق سے ان کو ایک قافلہ قبیلہ عبدالقیس کا مل گیا جو مدینہ کو آتا تھا ان لوگوں سے کفار مکہ نے کہا کہ تم اتنا کام کرنا کہ محمد ﷺ سے مل کر ان لوگوں کے دلوں میں ہمارا خوف بٹھلا دینا اور کہہ دینا کہ انہوں نے یعنی ہم نے مسلمانوں کے استیصال کے لئے بڑا سامان جمع کیا ہے اور عنقریب آ کر ان کا کام تمام کر دیں گے چنانچہ جس وقت ان لوگوں نے یہ خبر مسلمانوں کو پہنچائی سب نے بالاتفاق نہایت استقلال کے ساتھ کہا: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ یعنی ان کے سامان و جمعیت سے کچھ اندیشہ نہیں ہمارے لئے اللہ تعالیٰ بس ہے پھر خیریت سے مدینہ آ گئے اور دہ فی روح المعانی عن ابن اسحٰق اور اتفاق سے اس مقام پر ایک قافلہ تجار کا گزرا رسول اللہ ﷺ نے اُن سے مال تجارت خرید فرما لیا اللہ تعالیٰ نے اس میں نفع دیا حضور ﷺ نے وہ نفع ہمراہی مسلمانوں کو تقسیم فرما دیا رواہ البیہقی عن ابن عباس کذا فی روح المعانی آیات آئندہ میں اس قصہ کی طرف اشارہ ہے چنانچہ: اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ میں ان ہمراہیوں کے تازہ زخمی ہونے کی طرف اور قَالَ لَهُمُ النَّاسُ میں عبدالقیس کی تخویف کی طرف اور اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ میں کفار مکہ کے مضمون مجوز کی طرف اور فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا الخ میں مسلمانوں کے استقلال کی طرف اور فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ الخ میں ثواب و نفع تجارت کی طرف اشارہ ہے۔ اور بعض مفسرین نے ان آیات کے متعلق دوسرا قصہ ذکر کیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ احد سے لوٹتے وقت کفار مکہ کہہ گئے تھے کہ سال آئندہ پھر بدر میں لڑائی ہو گی جہاں سال گزشتہ بھی ہو چکی تھی لیکن پھر ان کی ہمت نہ پڑی ایک اور اعرابی کو کچھ روپیہ دینا کیا کہ تو مسلمانوں کو ڈرا دے تاکہ وہ ڈر کر نہ آویں تو الزام ان کے سر رہے لیکن مسلمان نہ ڈرے اور وقت پر پہنچ گئے اور کفار نہ آئے۔ وہاں بازار لگا کرتا تھا مسلمانوں نے خوب خرید و فروخت کیا جس میں نفع بھی ملا پھر صحیح سلامت اپنے گھر آ پہنچے اس غزوہ کا نام بدر صغریٰ مشہور ہے اور بعض نے اس بدر صغریٰ کے قصہ کو غزوۂ احد کے ایک ماہ بعد واقع کہا ہے باقی قصہ بحالہا کہا ہے اھ لیکن احقر نے پہلے قصہ کو اس لئے اختیار کیا کہ روح المعانی میں کہا ہے والیٰ ہذا ذہب اکثر المفسرین۔ دوسرے مِنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ سے متبادر زخموں کی تکلیف کا اس وقت تک باقی رہنا ہے گو دوسری تفسیر پر یہ معنی ہو سکتے ہیں کہ باوجودیکہ سال گذشتہ تکلیف اُٹھائی تھی جس سے احتمال تھا خوفزدہ ہو جانے کا الخ واللہ اعلم اور اس تفسیر کے اختیار کرنے والے غزوہ بدر صغریٰ کا انکار نہیں کرتے لیکن اس کو مدلول آیات قرآنیہ نہ کہیں گے۔

قصہ غزوہ حمراء الاسد: اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ (الی قولہ تعالی) فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۔ جن لوگوں نے اللہ ورسول کے کہنے کو (جبکہ تعاقب کفار کے لئے بلائے گئے) قبول کر لیا بعد اس کے کہ ان کو (ابھی تازہ) زخم (لڑائی میں) لگا تھا ان لوگوں میں جو نیک اور متقی ہیں (اور واقع میں سب ہی ایسے ہیں) ان کے لئے (آخرت میں) ثواب عظیم ہے یہ ایسے (مخلص) لوگ ہیں کہ (بعض) لوگوں نے (یعنی عبدالقیس والوں نے جو) ان سے (آ کر) کہا کہ ان لوگوں نے (یعنی اہل مکہ نے) تمہارے مقابلہ کے لئے (بڑا) سامان جمع کیا ہے سو تم کو ان سے اندیشہ کرنا چاہئے تو اس (خبر) نے ان کے (جوش) ایمان کو اور زیادہ کر دیا اور (نہایت استقلال سے یہ) کہہ (کر بات کو ختم کر دیا) کہ ہم کو حق تعالیٰ (سب مہمات میں) کافی ہے اور وہی سب کام سپرد کرنے کے لئے اچھا ہے (یہی سپرد کرنا توکل ہے) پس یہ لوگ خدا کی نعمت اور فضل سے (یعنی ثواب اور نفع تجارت سے) بھرے ہوئے واپس آئے کہ ان کو کوئی ناگواری ذرا پیش نہیں آئی اور وہ لوگ (اس واقعہ میں) رضائے حق کے تابع رہے (اسی کی بدولت مجموع نعم سے سرفراز ہوئے) اور اللہ تعالیٰ بڑا فضل والا ہے (مسلمانو) اس سے زیادہ کوئی (قابل اندیشہ) بات نہیں کہ یہ (مخبر فعلاً) شیطان ہے کہ اپنے (ہم مذہب) دوستوں سے (تم کو) ڈرانا (چاہتا) ہے تو سو تم ان سے (کبھی) مت ڈرنا اور (صرف) مجھ سے ڈرنا اگر تم ایمان والے ہو۔ **ف**: شرح مضمون کی تقریر ربط میں مفصل گزر چکی ہے اور یہ جو فرمایا کہ اللہ ورسول کے کہنے کو حالانکہ ظاہراً صرف رسول اللہ ﷺ نے تعاقب کے لئے فرمایا تھا وجہ اس کی یہ ہے کہ آپ کا فرمانا خدا کے فرمانے سے ہوتا تھا اس لئے اللہ ورسول کی طرف نسبت صحیح ہوئی اور یہ جو فرمایا کہ ان میں جو نیک اور متقی ہیں حالانکہ نصوص واخبار سے ان سب حضرات کا اس صفت کے ساتھ موصوف ہونا یقینی ہے اور خود آیت میں بھی جب سب کے لئے استجابت ثابت کی پھر ان کے محسن اور متقی ہونے میں کیا شبہ رہا پس مقصود اس فرمانے سے تقیید نہیں بلکہ ان کی مدح اور ان کے لئے کئی وصفوں کا ثابت کرنا اور اجر عظیم کی علت بیان کرنا ہے کہ یہ مستجیبین جو مستحق اجر عظیم ہوئے اس کی علت ان کا محسن و متقی ہونا چاہئے کیونکہ استجابت بھی احسان اور تقویٰ کا اثر ہے خوب سمجھ لو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا (الی قولہ تعالی) وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۝ حاصل یہ ہے کہ جن لوگوں کو شہداء کے مارے جانے پر حسرت تھی انکو سنایا جاتا ہے کہ تم اس کی تمنا مت کرو کہ وہ دنیا میں رہتے بلکہ خود وہ شہداء تمہاری نسبت یہ خوشی منا رہے ہیں کہ اگر تم شہید ہو جاؤ تو تم بھی انہیں کی طرح نعیم سے فائز ہو فی الروح والیٰ ہذا ذہب ابن جریر وقتادہ پس یہ اسی کی نظیر ہے جو اہل جہاد اکبر میں اور مجوبین میں واقع ہو رہا ہے کہ ہر ایک دوسرے کے

www.besturdubooks.net

لئے اپنی حالت پر ہونے کی تمنا کر رہا ہے۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَآءَهٗ فَلَا تَخَافُوْهُمْ اس میں اس مقولہ کی اصل ہے جو بعض بزرگوں سے منقول ہے کہ انہوں نے اعوذ باللہ پڑھی پھر شیطان سے خطاب کیا کہ تو میرے استعاذہ سے یہ نہ سمجھنا کہ میں تجھ سے ڈرتا ہوں یا میں تجھ کو اپنے دل میں کچھ باوقعت سمجھتا ہوں میں نے محض امتثالاً لامر اللہ استعاذہ پڑھ لیا ہے ورنہ تو میری آنکھ میں اتنی قدر نہیں رکھتا کہ میں تجھ سے استعاذہ کروں۔

مُلحقاتُ الترجمۃ: ١ قوله ای مخاطب اشار بهذا العنوان الى عمومه۱۲۔ ٢ قوله مقرب حمله على القرب الرتبى كما فى روح المعانى۱۲۔ ٣ قوله وکرم اشار به الى ان من للسببية وفى مثله تطلق هذه العبارة۱۲۔ ٤ قوله ان کی بھی اس حالت پر اشار به الى كون قوله الا خوف بدل اشتمال من الذين لم يلحقوا۱۲۔ ٥ قوله اگر وہ بھی شہید تقييد للنص المطلق بقرينة المقام لان المقام مقام فضل الشهادة۱۲۔ ٦ قوله اپنے تعلق والوں المراد به الاخوة فى الايمان۱۲۔ ٧ قوله فى ختم الترجمة اصلاً خوف وحزن نہ ہو زاد اصلا ليثبت اختصاص الشهداء من بين المؤمنين بعد اشتراكهم جميعًا فى مطلق انتفاء الحزن والخوف كما وردت فيه آيات عديدة۱۲۔ ٨ قوله فى ترجمة قال لهم الناس بعض لوگوں نے اشارة الى ان اللام للجنس الشامل للقليل والكثير فصح ارادة واحد او متعدد من نعيم بن مسعود او غيره على اختلاف الاقوال۱۲۔ ٩ قوله فى ترجمة ان الناس ان لوگوں نے اشارة الى ان اللام للعهد۱۲۔ ١٠ قوله فى ترجمة فاخشوهم اندیشہ کرنا چاہئے اتبع فيه المحاورة فى مثل ذاك المحل۱۲۔ ١١ قوله فى ترجمة فزادهم ايمانا جوشِ ایمان اشارة ان المراد بالايمان بعض آثاره لانفس التصديق لانه لم يوجد اذ ذاك شئ مما يجب تصديقه كالصلوٰة والصوم۱۲۔ ١٢ قوله فى ترجمة ونعم الوكيل وہی سب کام الخ اخذ الحصر من المقام و ترجمة الوكيل من اللغة لان الوكيل بمعنى الموكول اليه۱۲۔ ١٣ قوله فى ترجمة قوله سوء کوئی ناگواری افاد العموم التنكير تحت النفى۱۲۔ ١٤ قوله بعد ترجمة رضوان الله مجموع نعم سے الخ دفع بقوله مجموع ما عسى ان يتوهم ان بعض غير المتبعين لا يمسهم سوء وجه الدفع ظاهر فان المجموع لا يترتب الا على الاتباع واما توهم ان بعض المتبعين يمسهم بعض سوء فاندفاعه اظهر لان هذا الاتباع سبب لا علة تامة فلا يضر التخلف لعارض فافهم۱۲۔ ١٥ قوله فى ترجمة ذلكم مسلمانوں افاد هذا ضمير الخطاب۱۲۔ ١٦ قوله فى ترجمة انما الخ قابل اندیشہ اشار الى فائدة انما من القصد الى نفى الامر المخوف وانما هو حكاية لا محكى عنه لها۱۲۔ ١٧ قوله فى ترجمة الشيطن فعلا اشار الى المجازية فان الشيطان علم لابليس وبهذا لا يلزم اسلام بعض منهم اشكالا ان اسلموا لان الشيطنة علتها الفعل فانتفت بانتفائه وكذا تسميتهم اولياء الشيطان لانها انتفت ايضا بالاسلام۱۲۔ ١٨ قوله فى ترجمة اولياء ہم مذہب فلا يتوقف على اثبات الصداقة الظاهرة بينهم لاسيما اذا اريد بالشيطان ابليس كما ذهب الله بعض ولا يذهب الوهم ح الى التنافى بينه وبين قوله تعالىٰ ان الشيطان للانسان عدو مبين فان العداوة طبعى والولاية اتفاقهم فى الضلال۱۲۔ ١٩ قوله فى ترجمة يخوف تم کو فهو على نحو قوله تعالىٰ لينذر بأسًا شديدًا من حذف احد المفعولين۱۲۔ ٢٠ قوله فى ترجمة خافون صرف افادة لا تخافون۱۲۔ ٢١ قوله فى الفائدة خدا کے فرمانے سے الخ المراد به اعم من الجزئى والكلى فلا ينافى اجتهاده صلى الله عليه وسلم لانه كان باذنه تعالىٰ كليا۱۲۔

الرِّوَایَات: فى لباب النقول روى احمد وابو داؤد والحاكم عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لما اصيب اخوانكم باحد جعل الله ارواحهم فى اجواف طير خضر ترد انهار الجنة وتأكل من ثمارها وتاوى الى قناديل من ذهب فى ظل العرش فلما وجدوا طيب ماكلهم ومشربهم وحسن مقيلهم قالوا يا ليت اخواننا يعلمون ما صنع الله لنا لئلا يزهدوا فى الجهاد ولا ينكلوا عن الحرب فقال الله انا ابلغهم عنكم فانزل الله هذه الآيات ولا تحسبن الذين قتلوا الآية وما بعدها۱۲۔

اَلکَلَام: قوله اجر المؤمنين دل على ان الايمان شرط قبول الاعمال ولذا لم يقل المقتولين مع ان المرادهم بقرينة المقام بل ذكر ما هو شرط لقبول القتل۱۲۔

اَلنَّحو: قوله من خلفهم متعلق بيلحقوا ويجوز ان يكون حالاً من فاعل يلحقوا كذا فى الروح۱۲۔ الذين استجابوا مبتدأ والخبر للذين احسنوا وضعًا للمظهر موضع المضمر اى لهم۱۲۔

البَلَاغَۃ: يرزقون تاكيد لحيٰوتهم اى انها حقيقة بحيث ياكلون بها ويشربون۱۲۔ قوله بنعمة وفضل لعله تفنن للتاكيد ولك ان يحتمل ايهما شئت على النعمة الحسية والآخر على المعنوية۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ ۚ اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۭ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُمْ
عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۷﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ۭ اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ
الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰي مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ۭ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَي الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ
اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾

اور آپ کے لئے وہ لوگ موجب غم نہ ہونے چاہئیں جو جلدی سے کفر میں جا پڑتے ہیں۔ یقیناً وہ لوگ اللہ تعالیٰ کو ذرہ برابر بھی ضرر نہیں پہنچا سکتے۔ اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہے کہ آخرت میں ان کو اصلاً بہرہ نہ دے اور ان لوگوں کو سزائے عظیم ہوگی۔ یقیناً جتنے لوگوں نے ایمان کی جگہ کفر کو اختیار کر رکھا ہے یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو ذرہ برابر ضرر نہیں پہنچا سکتے اور ان کو دردناک سزا ہوگی اور جو لوگ کفر کر رہے ہیں۔ وہ یہ خیال ہرگز نہ کریں کہ ہمارا ان کو مہلت دینا ان کے لئے بہتر ہے۔ ہم ان کو صرف اس لئے مہلت دے رہے ہیں تاکہ جرم میں ان کو اور ترقی ہو جائے اور ان کو توہین آمیز سزا ہوگی۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اس حالت پر رکھنا نہیں چاہتا جس پر تم اب ہو جب تک کہ ناپاک کو پاک سے متمیز فرما دے اور اللہ تعالیٰ ایسے امور غیبیہ پر تم کو مطلع نہیں کرتے ولیکن ہاں جس کو خود چاہیں اور وہ اللہ تعالیٰ کے پیغمبر ہیں ان کو منتخب فرما لیتے ہیں۔ پس اب اللہ پر اور اس کے سب رسولوں پر ایمان لے آؤ اور اگر تم ایمان لے آؤ اور پرہیز رکھو پھر تم کو اجر عظیم ملے ۞

تفسیر ربط: اوپر منافقین کی بے وفائی اور بدخواہی کا مذکور ہو چکا ہے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب مبارک پر ان کی ان حرکات سے رنج ہوا ہوگا حق تعالیٰ آیت آئندہ میں آپ کو تسلی دیتے ہیں اور اس کے ساتھ ضمناً وتبعاً جمیع کفار کے معاملہ کے متعلق خواہ کوئی ہو آپ کی تسلی فرماتے ہیں تاکہ آپ کے قلب پر اب یا آئندہ ان کی اور دوسروں کی طرف سے کبھی صدمہ غالب نہ ہو۔

تسلیہ قلب رسول مقبول ﷺ درمعاملہ منافقین وکفار: وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ (الی قولہ تعالی) وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ اور آپ کے لئے وہ لوگ موجب غم نہ ہونے چاہئیں جو جلدی سے کفر (کی باتوں) میں جا پڑتے ہیں (جیسے منافقین کہ ذرا مسلمانوں کا پلہ ہلکا دیکھا فوراً ہی کفر کی باتیں کھلم کھلا کرنے لگتے ہیں جیسا ان کے اقوال واحوال مذکورہ بالا سے معلوم ہوا) یقیناً وہ لوگ اللہ تعالیٰ (کے دین) کو ذرہ برابر بھی ضرر نہیں پہنچا سکتے (اور آپ کو زیادہ رنج اس سے ہوتا ہے کہ ان لوگوں کی مخالفت سے دین اسلام کی قوت وترقی میں کچھ ضعف وخلل نہ آ جاوے پس جب یہ یقیناً معلوم ہوگیا کہ دین کو اس سے کچھ ضرر نہیں ہو سکتا پھر آپ کیوں رنج کریں اور اگر وجہ رنج کی یہ ہے کہ گو دین کو ضرر نہیں مگر خود ان کا تو ضرر ہے پھر یہ ایسے کام کیوں کرتے ہیں جس سے ان کی عاقبت برباد ہو تب بھی رنج نہ کیجئے کیونکہ) اللہ تعالیٰ کو (تکویناً) یہ منظور ہے کہ آخرت میں سے ان کو اصلاً بہرہ نہ دے (جب یہ امر مقدر ہو چکا تو پھر ان سے امید موافقت کی بیکار ہے اور رنج امید کے خلاف سے ہوتا ہے جب ان سے امید ہی نہ رکھی جاوے پھر رنج بھی نہ ہوگا) اور (صرف یہی نہیں کہ آخرت میں نعمتوں سے خالی محروم ہی رہیں مگر سزا نہ ہو بلکہ حرمان کے ساتھ) ان لوگوں کو سزائے عظیم (بھی) ہوگی (اور جیسا یہ گروہ خاص دین اسلام کو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتے اسی طرح) یقیناً جتنے لوگوں نے ایمان (کو چھوڑ کر اس) کی جگہ کفر کو اختیار کر رکھا ہے (خواہ منافق ہوں خواہ کافر مجاہر ہوں خواہ پاس کے ہوں خواہ دور کے ہوں) یہ لوگ (بھی) اللہ تعالیٰ (کے دین) کو ذرہ برابر ضرر نہیں پہنچا سکتے (پس آپ کو کسی کی طرف سے فکر ورنج نہ چاہئے) اور ان (سب) کو (پہلوں کی طرح[1]) دردناک سزا ہوگی۔ ف: اگر کسی کی طبیعت میں اس جگہ مسئلہ تقدیر کے متعلق خلجان پیدا ہو تو شروع سورۂ بقرہ آیت: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (الی قولہ تعالی) عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۔ کی تفسیر ملاحظہ فرمالیں۔

ربط: اوپر کی آیتوں میں اہل کفر کو مستحق عذاب عظیم والیم فرمایا ہے چونکہ وہ لوگ اس کے منکر تھے اور یہ استدلال کیا کرتے کہ جب ہم یہاں آرام وآسائش میں ہیں تو معلوم ہوا کہ ہم سے اللہ تعالیٰ ناخوش نہیں ہیں۔ پس وہاں بھی اگر آخرت کوئی چیز ہے تو آرام میں رہیں گے ورنہ یہاں عذاب سے کیوں چھوڑے جاتے جیسا یہ مضمون ان آیات سے معلوم ہوتا ہے: لَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا لَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ وَلَىِٕنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى۔ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَاۗءِ الخ وَغَیْرَھَا حق تعالیٰ آیت آئندہ میں اس خیال کا ابطال فرماتے ہیں۔

www.besturdubooks.net

ابطال زعم اہل کفر در باب امہال از عذاب در دنیا: وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا (الی قولہ تعالیٰ) وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ اور جو لوگ کفر کر رہے ہیں وہ یہ خیال ہرگز نہ کریں کہ ہمارا ان کو (عذاب سے) مہلت دینا (کچھ) ان کے لئے بہتر (اور مفید) ہے (ہرگز نہیں بلکہ) ہم ان کو صرف اس لئے مہلت دے رہے ہیں جس میں (زیادت عمر کی وجہ سے) جرم (کفر) میں ان کو اور ترقی ہو جاوے (تاکہ یکبارگی پوری سزا ملے) اور (دنیا) میں اگر سزا نہ ہوئی تو کیا ہے آخرت میں ضرور) ان کو توہین آمیز سزا ہوگی۔

ف: اس آیت سے کوئی یہ شبہ نہ کرے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اسی لئے مہلت دی ہے کہ اور زیادہ جرم کریں تو پھر زیادہ جرم کرنے سے عذاب کیوں ہوگا۔ اصل یہ ہے کہ یہ فرمانا ایسا ہے جیسے کوئی لڑکا مکتب میں بیٹھا کھیلتا رہے اور استاد کے کئی بار سمجھانے سے نہ مانے استاد غصہ میں آ کر خاموش ہو جاوے کہ جب سبق سننے کا وقت آوے گا اس وقت اکٹھا سمجھاؤں گا اور اس پر وہ نادان لڑکا فخر اً کہے کہ استاد مجھ کو اس لئے نہیں مارتا کہ مجھ کو بہت چاہتا ہے اور اس وقت اس لڑکے سے کہا جاوے کہ نہ مارنا اس لئے نہیں بلکہ اس لئے ہے تاکہ تو خوب بیٹھا کھیلتا رہے اور وقت پر سبق یاد نہ نکلے اور خوب پیٹا جاوے۔ پس عدم عقوبت فی الحال کا اصل سبب تو ارادہ سزائی المآل ہے مگر نہ پڑھنا جو کہ سبب السبب ہے کلام میں قائم مقام سبب کے کر دیا گیا اسی طرح اصل سبب امہال کا ارادہ زیادہ عقوبت ہے لیکن اس سبب کے سبب یعنی ازدیاد اثم کو جو باختیار عبد ہے قائم مقام سبب بغرض افادۂ بلاغت کلام کر دیا گیا اور جاننا چاہئے کہ امہال کے غیر نافع ہونے میں جو تخصیص کفار کی گئی۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ مسلمان کو جس قدر عمر زیادہ ملتی ہے اس میں باقتضائے اسلام یہ فائدہ ہے کہ زیادہ طاعت کرے اور زیادہ مستحق درجات ہو البتہ اگر اسلام کے اس اقتضا ہی پر کوئی عمل نہ کرے تو اور بات ہے مؤمن کو بحیثیت ایمان فائدہ ہی ہے بخلاف کافر کے کہ اس کو بحیثیت کفر کے ضرر ہے البتہ اگر کفر کے اس اقتضا پر عمل نہ کرے اور توبہ وایمان سے مشرف ہو جاوے تو اور بات ہے۔

ربط: جیسا اہل کفر پر عذاب نہ آنے سے شبہ ہوتا تھا کہ یہ لوگ مردود نہ ہوں گے ورنہ عذاب آ جاتا اور اوپر کی آیت میں اس کو رفع فرمایا اسی طرح مسلمانوں پر بعضی سختیاں آنے سے جیسا احد میں آئیں وسوسہ ہو سکتا تھا کہ یہ مقبول ہوتے تو ان پر سختیاں کیوں آتیں اگلی آیت میں ان شدائد کی حکمتیں اور مصلحتیں بیان کرنے سے اس وسوسہ کو دفع فرماتے ہیں

حکمت شدائد بر مومنین در بعض احیان: مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ (الی قولہ تعالیٰ) فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اس حالت (اختلاط وعدم امتیاز منافقین ومخلصین) پر رکھنا نہیں چاہتے جس پر تم (سب) اب (موجود) ہو (بلکہ واقعات وشدائد کا نازل ہونا اس وقت تک ضرور ہے) جب تک کہ ناپاک (یعنی منافق) کو پاک (یعنی مومن مخلص) سے متمیز نہ فرماوے (اور یہ تمیز شدائد سے خوب ظاہر ہو جاتا ہے جیسا کئی بار اس کی تقریر گزر چکی ہے) اور (اگر تم کو یہ وسوسہ ہو کہ بلا نزول شدائد بھی نزول وحی الی الرسول سے یہ تمیز سہل ہے کہ بتلا دیا جاتا فلاں فلاں منافق ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ (بمقتضائے حکمت) ایسے امور غیبیہ پر تم کو (بلا واسطہ وقوع حوادث وغیرہ) مطلع نہیں (کرنا چاہتے) ولیکن ہاں جس کو (اس طرح مطلع کرنا خود چاہیں اور (ایسے حضرات) وہ اللہ تعالیٰ کے پیغمبر ہیں ان کو (اس طرح مطلع کرنے کے لئے اپنے بندوں میں سے) منتخب فرما لیتے ہیں (اور تم پیغمبر ہو نہیں سو تم کو ہم اس طرح ایسے امور کی کیوں اطلاع دے دیں۔ البتہ واقعات ایسے نازل فرماتے ہیں جس کے واسطہ سے بطور استدلال کے یہ تمیز ظاہر ہو جاوے اور جب کفار پر دنیا میں عذاب نازل نہ ہونے کی اور مومنین پر بعض شدائد نازل ہونے کی حکمت معلوم ہوگئی اور ثابت ہو گیا کہ یہ امور دلیل رد وقبول کے نہیں ہیں) پس اب (ایمان کے پسندیدہ اور کفر کے ناپسندیدہ ہونے میں اے اہل باطل کوئی شبہ مت کرو بلکہ) اللہ پر اور اس کے سب رسولوں پر (اخلاص کے ساتھ) ایمان لے آؤ اور اگر تم ایمان لے آؤ اور (کفر ومعاصی) سے پرہیز رکھو تو پھر تم کو (بجائے عَذَابٌ عَظِيْمٌ و اَلِيْمٌ کے جو اوپر کفر پر موعود تھا ایمان وتقویٰ کے بدولت آخرت میں) اجر عظیم ملے۔ ف: لِيُطْلِعَكُمْ کے ترجمہ میں جو کہا گیا ہے بمقتضائے حکمت گو حکمتیں بے شمار ہیں اور ان کی تفتیش کی ضرورت نہیں لیکن ظاہراً یہ حکمت بھی معلوم ہوتی ہے کہ صرف وحی سے معلوم ہونے سے ظاہری اختلاط تو رہتا اور غیر متجانسین کا اختلاط ظاہری سبب ہوتا ہے اکثر مفاسد کا اور اگر مسلمان ان کو جدا کرنا چاہتے تو ان پر کوئی وجہ احتجاج کی نہ تھی وہ کہتے ہم تو مخلصین ہیں بخلاف اس صورت کے کہ واقعات پیش آئے اور کم ہمتی سے وہ نکل بھاگے پھر خود ہی ان کا منہ نہ رہا کہ دعویٰ اخلاص کریں اور مفاسد اختلاط سے اس طرح نجات ہوگئی۔ اور اس آیت سے کسی کو شبہ نہ ہو کہ جو علم غیب خصائص باری تعالیٰ سے ہے اس میں رسل کی شرکت ہوگئی کیونکہ خواص باری تعالیٰ سے دو امر ہیں اس علم کا ذاتی ہونا اور اس کا محیط بالکل نہ ہونا۔ یہاں ذاتی اس لئے نہیں کہ وحی سے ہے اور محیط اس لئے نہیں کہ بعض امور خاص مراد ہیں۔ پس یہ بالمعنی الاعم غیب ہے نہ کہ بالمعنی الاخص خوب سمجھ لو اور یہ جو اخیر میں فرمایا سب رسولوں پر ایمان لاؤ حالانکہ مقام مقتضی ہے ذکر ایمان محمد ﷺ کو وجہ اس کی یہ ہے کہ آپ پر بھی ایمان جب ہی متحقق ہوگا جب سب کو مانے کیونکہ ایک کی تکذیب سب کی تکذیب ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۔ اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ

www.besturdubooks.net

اگر معیشت کے ساتھ بسط رہے تو اس پر مغرور نہ ہو بلکہ اس حالت میں خیر قبض ہی میں ہے جس سے متنبہ ہو کر توبہ کرے کیونکہ احتمالاً اسباب قبض میں سے معصیت بھی ہے۔

الحواشی: (۱) یہاں امم مراد نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ جن کا پہلے اوپر بھی ذکر ہوا ہے: وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِينَ الآية میں ۱۲منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله بعد ترجمة يسارعون جیسے منافقین اشارة الى ان المسارعين لا ينحصرون فيهم لقوله تعالى على بعض التراكيب فى المائدة لا يحزنك الذين يسارعون فى الكفر من الذين قالوا آمنا بافواههم ولم تومن قلوبهم ومن الذين هادوا وانما خصصهم للمقال لان المقام يرجح كونهم مراداً۱۲۔ ۲ قوله فى ترجمة لن يضروا الله دین کو اشارة الى ان المراد باضرار الله تعالى اضرار دينه اما مجازاً واما حذفاً۱۲۔ ۳ قوله فى ترجمة شيئا ذرہ برابر بھی ضرر اشارة الى انه مفعول مطلق اى ضررا شيئا والى ان التنكير افاد العموم۱۲۔ ۴ قوله بعد ترجمة لن يضروا الله آپ کو زیادہ رنج اشار به الى سبب حزنه صلى الله عليه وسلم ليرتبط الكلام بعضه ببعض۱۲۔ ۵ قوله فى ترجمة يريد تکوینا قيد به لان لفظ منظور فى لساننا قد يطلق على المرضى وليس محتملاً هناك۱۲۔ ۶ قوله فى ترجمة حظًا اصلاً لوقوع النكرة تحت النفى۱۲۔ ۷ قوله فى ترجمة اشتروا چھوڑ کر اس کی جگہ اشارة الى حاصل معنى الاشتراء هناك من عدم قبولهم الايمان واختيارهم الكفر ولو من اول الامر فلا يختص بالمرتدين۱۲۔ ۸ قوله فى ترجمة عذاب اليم پہلوں کی طرح اشارة الى امرين الى التفنن فى عظيم واليم والى ان فائدة هذه الجملة هى فائدة الجملة السابقة من كون عذابهم مقدرا فلا محالة يصدر منهم موجبات العذاب ولكن باختيارهم فلا يلزم الجبر۱۲۔ ۹ قوله فى ترجمة خير اور مفید اشارة الى ان خيرا ليس للتفضيل والاقلال افيد۱۲۔ ۱۰ قوله فى ف اسلام کے اس اقتضاء پر ثم قوله کفر کے اس اقتضاء پر اندفع بهذا ان الامهال يكون شر البعض المؤمنين حيث يرتدون وكذا هو يكون خيرا لبعض الكافرين حيث يسلمون۱۲۔ ۱۱ قوله فى وجه الربط جیسا احد میں دليلة ايلاء الآية بتلك القصة فالكلام كله متسق۱۲۔ ۱۲ قوله قبل حتى بلکہ واقعات و شدائد اشارة الى ان حتى للغاية لكن لا للمذكور لفساد المعنى فانه يلزم انه بعد الميز يذركم على الاختلاط ولا يخفى فساده بل لغير المذكور الذى دل عليه المذكور وهو المعبر عنه بقوله بلکہ الخ فصح كونه غاية له لان اللازم ح انه بعد الميز لا ينزل الشدائد بعنى ينقطع النزول الذى فيه تلك الحكمة وهو معنى صحيح ولا ينافى نزولها لحكمة اخرى فافهم حق الفهم۱۲۔ ۱۳ قوله فى ترجمة الغيب ایسے امور غیبیہ اشارة الى كون اللام للعهد بقرينة المقام فلا يشكل اطلاعه تعالى اياهم على مغيبات كثيرة منها احكام الشرع المنصوصة۱۲۔ ۱۴ قوله بعد ترجمة الغيب بلاواسطہ...... وغیرہ اشار الى امرين الاول جواب انه لما رتب الاسباب من الحوادث فقد اطلعهم على تلك الامور المبطنة من نفاقهم و كفرهم وجه الجواب ظاهر والثانى جواب انه قد يكشف بعض الخفيات بواسطة الكشف وجه الجواب يفهم من زيادة قوله وغيره فحصل من هذه القيود انتفاء الاطلاع بواسطة الوحى الى الرسول صلى الله عليه وسلم فافهم۱۲۔ ۱۵ قوله فى ترجمة من رسله اور وہ پیغمبر ہیں اشارة الى ان من للبيان لمن يشاء فالموصول ليس بعضًا من الرسل ليلزم كون المجتبى بعض الرسول بل هو بعض من سائر الخلق كما اشرت اليه بقولى اپنے بندوں میں سے قبل ترجمة يجتبى فافهم۱۲۔ ۱۶ قوله قبل ترجمة فآمنوا اور جب کفار پر...... پس اب اشار به الى وجه الترتب الذى افادته الفاء فافهم۱۲۔ ۱۷ قوله فى ترجمة اجر عظيم بجائے عذاب عظیم کے اشارة الى ان فى الكلام حسن مقابلة۱۲۔

اختلاف القراءۃ: يحزنك من الافعال وحزن واحزن هما بمعنى واحد۱۲۔

فائدۃ: اعلم ان الظاهر من بيان حكمة ابتلاء المؤمنين فى الآية من قصد الميز التكرار فى الكلام لكنه بما قررت فى وجه الربط اندفع هذا لانه كان المقصود بما سبق تسلية المؤمنين وبهذا دفع سوسه كون المؤمنين غير مقبولين ليتم ما ذكر من دفع شبهة كون الكفار غير مردودين فافهم۱۲۔

اللغات: فى روح المعانى الاملاء فى الاصل اطالة المدة والملاء الحين الطويل ومنه الملون الليل والنهار بطول تعاقبهما۱۲۔

النحو: الذين كفروا فاعل ليحسبن وما فى انما المفتوحة مصدرية وهى مع خبرها اى خير ساد مسد المفعولين والتقدير ولا يحسب الكافرون ان املائنا خير لهم وفى قراءة ولا تحسبن بالخطاب اما لرسول الله صلى الله عليه وسلم الا ان المقصود التعريض بهم اذ حسبوا ما ذكروا اما لكل سامع فالفاعل ضمير الخطاب والذين مفعول له وانما نملى الخ بدل اشتمال منه وحيث كان

www.besturdubooks.net

المقصود بالذات هو البدل وكان ههنا مما يسد مسد المفعولين جاز الاقتصار على مفعول واحد وكلمة انما الثانية بالكسر هي للحصر ۱۲۔ واللام في ليذر متعلقة بمحذوف هو الخبر لكان والفعل منصوب بان مضمرة بعدها كما ذهب اليه البصريون اى ما كان الله مريدا لان يذر المؤمنين وقال الكوفيون اللام مزيدة للتاكيد وناصبة للفعل بنفسها والخبر هو الفعل ولا يقدع فى عملها زيادتها اذا الزائد قد يعمل كما فى حروف الجر المزيدة فلا ضعف فى مذهبهم من هذه الحيثية كما وهم ۱۲۔

البلاغۃ: فى روح المعانى ولتضمن معنى المسارعة معنى الوقوع تعدت بفى دون الى الشائع تعديتها بها كما فى سارعوا الى مغفرة والنر ذلك للاشعار باستقرار هم فى الكفر ودوام ملابستهم له فى مبدء المسارعة ومنتها ها كما فى قوله تعالى فى المؤمنين يسارعون فى الخيرات واما ايثار الى فى آيتها فلان المغفرة والجنة منتهى المسارعة وغايتها الخ ۱۲۔ فى روح المعانى تعليق الميز بالخبيث مع ان المتبادر مما سبق من عدم ترك المؤمنين على الاختلاط تعليقه بهم وافرازهم عن المنافقين لما ان الميز الواقع بين الفريقين انما هو بالتصرف فى المنافقين وتغييرهم من حال الى حال اخرىٰ مع بقاء المؤمنين على ما كانوا عليه من اصل الايمان وان ظهر مزيد اخلاصهم لا بالتصرف فيهم وتغييرهم من حال الى حال مع بقاء المنافقين على ما هم عليه من الاستتار وانما لم ينسب عدم الترك اليهم لما انه مشعر بالاعتناء بشان من نسب اليه فان المتبادر منه عدم الترك على حالة غير ملائمة كما يشهد به الذوق السليم قاله بعض المحققين آه قلت وهو حرى بان يكتب بسواد العين وقلم شعاعها واشرت الى عدم الترك هذا بقول فى ترجمة يذر کہنا نہیں چاہتے فهذا هو المراد بالترك لا عدم الفعل وقلت ان المخاطب فى انتم كلا الفريقين ففى الكلام تغليب فافهم ۱۲۔

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا
بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾ لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ ع ۱۸ ۹
قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ
ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۸۲﴾ اَلَّذِيْنَ
قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ
مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾

اور ہرگز نہ خیال کریں ایسے لوگ جو ایسی چیز میں بخل کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل سے دی ہے کہ یہ بات کچھ انکے لئے اچھی ہوگی۔ بلکہ یہ بات ان کیلئے بہت ہی بری ہے۔ وہ لوگ قیامت کے روز طوق پہنا دیئے جائیں گے۔ اس کا جس میں انہوں نے بخل کیا تھا اور اخیر میں آسمان اور زمین اللہ ہی کا رہ جائے گا اور اللہ تعالیٰ تمہارے سب اعمال کی پوری خبر رکھتے ہیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے سن لیا ہے ان لوگوں کا قول جنہوں نے یوں کہا کہ اللہ تعالیٰ مفلس ہے اور ہم مالدار ہیں ہم انکے کہے ہوئے کو لکھ کر رہیں گے اور انکا انبیاء کو ناحق قتل کرنا بھی اور ہم کہیں گے کہ چکھو آگ کا عذاب یہ ان اعمال کی وجہ سے ہے جو تم اپنے ہاتھوں سمیٹتے ہو اور یہ امر ثابت ہی ہے کہ اللہ تعالیٰ بندوں پر ظلم کرنے والے نہیں۔ وہ ایسے لوگ ہیں کہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو حکم فرمایا تھا کہ ہم کسی پیغمبر پر اعتقاد نہ لائیں گے جب تک وہ ہمارے سامنے معجزہ نذر و نیاز خداوندی کا ظاہر نہ کرے کہ اسکو آگ کھا جائے۔ آپ فرما دیجئے کہ بالیقین بہت سے پیغمبر مجھ سے پہلے بہت دلائل لے کر آئے اور خود یہ معجزہ بھی جس کو تم کہہ رہے ہو سو تم نے ان کو کیوں قتل کیا تھا اگر تم سچے ہو۞

تفسیر ربط: اوپر قصہ کے ختم پر اس کے متعلقات کا بیان ہو چکا جن کی وجہ تعلق کی تقریر آیت وَلَا يَحْزُنْكَ (الى قوله تعالى) اَجْرٌ عَظِيْمٌ کے عنوانات ربط میں مذکور ہوئی ہے۔ اب پھر عود ہے اس مضمون کی طرف جو کہ قصہ کے قبل بیان ہو رہا تھا یعنی قبائح و شنائع اہل کتاب بالخصوص یہود کے جن کا ایراد بمناسبت مضمون محاجہ کفار تھا جو خلاصہ ہے اس سورت کا سو منجملہ ان کے شنائع کے ایک امر یہ تھا کہ قرآن مجید میں جو ترغیب انفاق فی سبیل اللہ کے لئے اس قسم کی آیات نازل ہوئیں: مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا و نحو ہا تو بعض یہود خدمت اقدس حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر بکنے لگے کہ نعوذ باللہ آپ کا رب مفلس ہو گیا کہ اپنے بندوں سے قرض مانگنے لگا۔ ان کی اس بیہودگی پر اللہ تعالیٰ نے آیت آئندہ کے بعد والی آیت یعنی لَقَدْ سَمِعَ الخ نازل فرمائی کذا فی لباب النقول

www.besturdubooks.net

پس اصل مقصود اس مقام پر تو وہ آیت ہے اور آیت آئندہ یعنی وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ الآیۃ اس مقصود کی تمہید ہے اس لئے کہ ان کی بیہودگی کے سبب کا ایک جزو ان کا بخل بھی تھا جیسا کہ دوسرا جزو ان لوگوں کا بے ادب و معاند ہونا بھی تھا اس لئے اول کی آیت میں بخل کی مذمت بیان فرماتے ہیں مع وعید تطویق کے اور دوسری آیت میں ان کی گستاخی کا اظہار فرماتے ہیں مع وعید عذاب حریق کے۔

مذمت بخل: وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ اور ہرگز خیال نہ کریں ایسے لوگ جو (ضروری موقعوں پر) ایسی چیز (کے خرچ کرنے) میں بخل کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اُن کو اپنے فضل سے دی ہے کہ یہ بات ان کے لئے کچھ اچھی ہوگی (ہرگز نہیں) بلکہ یہ بات ان کے لئے بہت ہی بری ہے (کیونکہ انجام اس بخل کا یہ ہوگا کہ) وہ لوگ قیامت کے روز طوق پہنا دیئے جاویں گے اس (مال) کا (سانپ بنا کر) جس میں انہوں نے بخل کیا تھا اور (بخل کرنا ہے بڑی حماقت کیونکہ) اخیر میں (جب سب مرجاویں گے) آسمان و زمین (اور جو کائنات ان کے اندر ہیں سب) اللہ ہی کا رہ جاوے گا (لیکن وہ تمہارے بلا اختیار ہوگا جس میں اجر نہیں اس سے اگر بالاختیار دیدو تو اجر ہی ملے) اور اللہ تعالیٰ تمہارے سب اعمال (کے باطن تک) کی پوری خبر رکھتے ہیں (پس جو خرچ کرو خلوص دل سے خرچ کرنا) **ف**: اس طوق پہنائے جانے کی کیفیت حدیث بخاری میں آئی ہے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کو خدا تعالیٰ مال دے اور وہ اس کی زکوٰۃ ادا نہ کرے تو وہ اس کا مال قیامت کے روز ایک زہری سانپ کی شکل بنا کر اس کے گلے میں ڈال دیا جاوے گا اور وہ اس شخص کی باچھیں پکڑے گا اور کہے گا کہ میں تیرا مال ہوں تیرا سرمایہ ہوں پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی آھ یہ احقر کہتا ہے کہ ترجمہ میں جو قید لگائی گئی کہ ضروری موقعوں پر ان سے ایسے ہی حقوق واجبہ زکوٰۃ وغیرہ مراد ہیں پس حدیث میں تخصیص زکوٰۃ کی تمثیلاً ہے حصراً نہیں چنانچہ روح المعانی میں ایک حدیث نقل کی ہے جس میں ایسی ہی وعید ذی رحم کو نہ دینے پر آئی ہے کیونکہ ذی وسعت پر ذی رحم عاجز کی اعانت بھی واجب ہے اور کوئی شخص یہ شبہ نہ کرے کہ گو آیت بوجہ عموم الفاظ کے یہود کو شامل ہو سکتی ہے لیکن کفار کا مکلف بالفروع نہ ہونا قرینہ مانعہ ہے۔ جواب یہ ہے کہ جو علماء اس کے قائل ہیں ان کے قول پر یہ توجیہ ہو سکتی یہ کہ یہود کا یہ بخل ناشی تھا ان کے کفر بالآیات و تکذیب وعدۂ جزا سے پس یہ وعید معنیً کفر پر ہے جس کے ترک کے وہ مکلف ہیں خوب سمجھ لو۔

ربط: اس تمہید کے بعد آگے مقصود مقام کا بیان ہے۔

بیان گستاخی یہود: لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ (الی قولہ تعالی) وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ بیشک اللہ تعالیٰ نے سن لیا ہے ان (گستاخ) لوگوں کا قول جنہوں نے (استہزاءً) یوں کہا کہ (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ مفلس ہے اور ہم مالدار ہیں (اور صرف سننے پر اکتفا نہیں کیا جاوے گا بلکہ) ہم ان کے کہے ہوئے کو (ان کے نامۂ اعمال میں) لکھ کر رہیں گے اور (اسی طرح) ان کا (حضرات) انبیاء (علیہم السلام) کو ناحق قتل کرنا بھی (ان کے نامۂ اعمال میں لکھا جاویگا) اور ہم (ان پر سزا جاری کرنے کے وقت بطور جتلانے کے) کہیں گے کہ (لو) چکھو آگ کا عذاب (اور ان کو روحانی الم دینے کے لئے یہ بھی اس وقت ان سے کہا جاوے گا کہ) یہ (عذاب) ان اعمال (کفریہ) کی وجہ سے ہے جو تم نے اپنے ہاتھوں سمیٹے ہیں اور یہ امر ثابت ہی ہے کہ اللہ تعالیٰ بندوں پر ظلم کرنے والے نہیں (سو اللہ تعالیٰ نے بے جرم تم کو سزا نہیں دی) **ف**: ظاہر یہ ہے کہ یہود کا اس بیہودہ قول کے موافق اعتقاد تو نہ ہوگا لیکن یہ بات انہوں نے استہزاءً کہی اور مقصود اس سے تکذیب تھی آیات قرآنیہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چنانچہ آگے آیت فَاِنْ كَذَّبُوْكَ سے اس کی تائید بھی ہوتی ہے پس ان کا مطلب یہ ہوگا کہ ان آیتوں کا مضمون اگر صحیح ہو تو اس سے خالق کا فقیر اور مخلوق کا غنی ہونا لازم آتا ہے اور یہ لازم باطل ہے پس ان آیتوں کا مضمون صحیح نہیں۔ خود یہ تکذیب قرآن بھی کفر ہے پھر اس کی بصورت استہزاءً تقریر کرنا یہ اور کفر پر مزید کفر ہے کیونکہ خود استہزاء بلا تکذیب بھی کفر ہوتا ہے سو دونوں کا جمع ہونا اور اشد ہو گیا اور گو مناظرات میں اہل حق کے کلام میں بھی ایسی تقریرات سے لوازم کے ابطال سے ملزومات کا ابطال کیا جاتا ہے لیکن وہاں تکذیب یا استہزائے امر باطل کے ساتھ متعلق ہوتا ہے لہٰذا وہ موجب محذور نہیں اور یہاں تکذیب و استہزاء امر حق کا تھا لہٰذا محل وعید ہوا خوب سمجھ لو۔ اور نامۂ اعمال میں درج کرا دینے میں یہ حکمت ہے کہ عادۃً مجرم پر زیادہ حجت ہو جاتا ہے ورنہ حق تعالیٰ کو احتیاج نہیں پس ایسے امور کا انکار یا تاویل کرنا محض کفر یا بدعت ہے اور انبیاء علیہم السلام کے قتل کا مضمون اس کے ساتھ ذکر فرمانا اس امر کے بتلانے کے لئے ہے کہ اس قول میں تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صرف تکذیب ہی کی ہے یہ تو جرائم میں ایسے بیباک ہیں کہ تکذیب سے گزر کر انبیاء کو قتل تک کر چکے ہیں سو ایسوں سے نری تکذیب یا استہزاء کا کیا تعجب ہے۔ اور یہ شبہ کہ قتل تو ان کے بڑوں نے کیا تھا انہوں نے تو نہیں کیا اس کا جواب پارہ الم کے نصف پر معاملہ نوزدہم کے ذیل میں گزر چکا ہے۔ اور بے جرم سزا دینا گو حق تعالیٰ کے مالک اور مختار ہونے کے اعتبار سے واقع میں ظلم نہیں لیکن اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ میں صورت ظلم بھی منفی ہے۔ اور جاننا چاہئے کہ اس مقام پر ان کی گستاخی پر صرف وعید فرمائی ہے اور ان کے اعتراض کے مقدمات کے جواب کی تصریح نہیں فرمائی گئی۔ کیونکہ وہ مقدمات بدیہی البطلان ہیں اور وہ اعتراض محض مغالطۂ ظاہر الفساد ہے چنانچہ ظاہر ہے کہ حق تعالیٰ کا ترغیب انفاق فرمانا

www.besturdubooks.net

ہمارے ہی نفع کیلئے ہے نہ کہ اپنے نفع کے لئے تاکہ اس کو سوال متعارف کہا جاوے اور اس کو قرض وغیرہ کہہ دینا مجازِ محض ہے مبالغہ ایفاء جزا کیلئے۔

ربط: اوپر کی آیت میں شنائع یہود میں سے ایک امر مذکور تھا دوسرا امر ان ہی شنائع میں سے آگے مذکور ہوتا ہے۔

افترائے یہود: اَلَّذِیْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَیْنَآ (الی قولہ تعالی) اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝ وہ (یہود) ایسے لوگ ہیں کہ (بالکل جھوٹ تراش کر) کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو (بواسطۂ انبیائے سابقین) حکم فرمایا تھا کہ ہم کسی پیغمبری (کے مدعی) پر اعتقاد (اس کے پیغمبر ہونے کا) نہ لاویں جب تک کہ ہمارے سامنے معجزہ (خاص) نذرٰ ونیاز خداوندی کا ظاہر نہ کرے کہ اس کو (آسمانی) آگ کھا جاوے (پہلے بعض انبیاء علیہم السلام کا یہ معجزہ ہوا ہے کہ کوئی چیز جاندار یا غیر جاندار اللہ کے نام کی نکال کر کسی میدان میں یا پہاڑ پر رکھ دی غیب سے ایک آگ نمودار ہوئی اور اُس چیز کو جلا دیا مطلب یہ کہ آپ نے یہ معجزہ ظاہر نہیں فرمایا اس لئے آپ پر ایمان نہیں لاتے۔ حق تعالیٰ اس کا جواب تعلیم فرماتے ہیں کہ) آپ فرما دیجئے کہ بالیقین بہت سے پیغمبر مجھ سے پہلے بہت سے دلائل (معجزات وغیرہ) لے کر آئے اور خود یہ معجزہ بھی جس کو تم کہہ رہے ہو سو تم نے ان کو کیوں قتل کیا تھا اگر تم (اس امر میں) سچے ہو (جو کہ تمہارے اس قول کا مطلب اور اس سے لازم آتا ہے) ف: ان یہود کے اس دعویٰ کے دو جزو ہیں ایک صریح اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَیْنَا دوسرا اس سے لازم آتا ہے وہ یہ کہ اگر آپ یہ معجزہ ظاہر فرماتے تو ضرور آپ پر ایمان لے آتے پس جزو اوّل کا جواب تو یہ ہے کہ تم مدعی ہو مدعی پر اپنے دعویٰ کا اثبات ضرور ہے ورنہ دعویٰ بلا دلیل غیر مسلم ہے اور یہود کے پاس اس کی کوئی دلیل نہ تھی افتراء محض تھا البتہ بعض انبیاء سے یہ معجزہ ظاہر ضرور ہوا ہے لیکن اس سے یہ تو لازم نہیں آتا کہ سب انبیاء پر ایمان لانے کے لئے یہ شرط بھی ہو البتہ مطلق معجزہ یا کسی نبی ثابت النبوت کی علامت کا مصداق ہونا واقعی شرط ہے سو حضور اقدس ﷺ کی ذات مبارک میں یہ دونوں امر علیٰ وجہ الکمال والوضوح مجتمع تھے لیکن یہ جواب اس لئے ذکر نہیں کیا گیا کہ بہت ظاہر تھا اس لئے صرف دوسرے جزو کے جواب پر اکتفاء کیا گیا۔ جس کی تقریر آیت آئندہ میں موجود ہے حاصل اس کا یہ ہے کہ اگر تم اس امر میں صادق ہو تو جن انبیاء میں یہ معجزہ موجود تھا ان پر کیوں نہ ایمان لائے یہاں تک کہ تکذیب سے گزر کر قتل تک کر دیا خصوصاً ایسی حالت میں کہ ان میں اور معجزات بھی تھے جن سے اقتضائے وجوب ایمان کا اور بڑھ گیا تھا اور یہ شبہ کہ قتل ان کے بڑوں نے کیا اس کا جواب اوپر کی آیت کے ذیل میں دیکھ لیا جاوے اور یہ شبہ کہ پھر حضور ﷺ کے ہاتھ پر یہ معجزہ بھی ظاہر ہو جاتا اس کا جواب یہ ہے کہ یہ درخواست محض عناداً تھی دل سے انکا قصد نہ تھا کہ ایسا ہونے سے ایمان لے آویں گے۔ دوسرے مدعی کے ذمہ مطلق دلیل ہے دلیل خاص نہیں ہے پارہ الم میں معاملہ سی وسوم وچہلم دیکھ لینے سے اسکی اور توضیح ہو سکتی ہے فقط۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله في ترجمة من فضله اپنے فضل سے اشارة بالنظر الى محاورتنا الى كون من تعليلية ويمكن ان تكون مبينة لما فيفسر الفضل بالرزق ١٢۔ ۲ قوله في ترجمة خيرا اچھی اشارة الى ان خيرا ليس للتفضيل كما في روح المعاني صفة حسنة ١٢۔ ۳ قوله بہت ہی بری اشارة الى ان التنوين في شر للتعظيم ١٢۔ ۴ قوله کیونکہ انجام اشارة الى ان قوله سيطوقون بيان لكيفية كونه شرا لهم ١٢۔ ۵ قوله في ترجمة سيطوقون۔ طوق پہنا دیئے جاویں گے الخ من غير اخذ المعنى التقريب فيه مبناه ما في روح المعاني السين مزيدة للتاكيد ١٢۔ ۶ قوله اخیر میں راعى فيه معنى الميراث تقريره انه يفني اهل السمٰوٰت والارض وتبقى الاملاك ولا مالك الا الله فجرى هذا مجرى الوراثة اذ كان الخلق يدعون الاملاك فلما ماتوا عنها ولم يخلفوا احدا كان هو الوارث لها والمقصود من الآية انه يبطل ملك جميع المالكين الا ملك الله سبحانه وتعالى فيصير كالميراث هكذا في الكبير قلت و على هذا يكون مجاز في معنى الميراث ١٢ ۷ قوله في ترجمة وان الله اور امر ثابت ہی ہے الخ اشارة الى انه في محل الرفع على انه خبر لمبتدأ محذوف والجملة اعتراض تذئيلي مقرر لمضمون ما قبلها اى والامر انه تعالى ليس بمعذب لعبيده من غير ذنب منهم نقله في روح المعاني عن شيخ الاسلام واخترته على تركيب العطف وان لم يكن فيه حذف لاني رأيته اسهل وابعد من الايرادات والجوابات التي نقلت في روح المعاني ١٢۔ ۸ قوله وہ ایسے لوگ ہیں اشارة الى ان الموصول مرفوع باضمار المبتدأ هم ١٢۔ ۹ قوله في ترجمة رسول پیغمبری کے مدعی فسره به لئلا يشكل بانه لما سماهم رسولا فكيف لم يومنوا ١٢۔ ۱۰ قوله نذر ونیاز لم يخصصه بالانعام لما في روح المعاني وهو ما يتقرب به الى الله تعالى من نعم وغيرها كما قاله غير واحد ١٢۔ ۱۱ قوله في ترجمة البينٰت دلائل ...... وغیرہ لم يفسر بالمعجزات خاصةً لما سياتي من فائدة قوله یا کسی نبی کی علامت ١٢۔ ۱۲ قوله في ف لازم نہیں آتا کہ سب انبیاء الخ زاد لفظ سب لانه يمكن ان يكون شرطًا للبعض كما في روح المعاني نقل عن السدى ان هذا الشرط جاء في التوراة هكذا من جاء يزعم انه رسول الله تعالى فلا تصدقوه حتى يأتيكم بقربان تأكله النار الا المسيح ومحمدا عليهما السلام فاذا اتياكم فأمنوا بهما فانهما يأتيان بغير قربان اه ويمكن ان لا يكون شرطا اصلا كما في روح

www.besturdubooks.net

المعاني بعد العبارة المذكورة والظاهر عدم ثبوت هذا الشرط اصلا اه وعين هذا الثاني في الحقاني بما تعريبه اما قولهم هذا فكذب محض لم يعهد اليهم في زمان ولم يوجد هذا من المسيح عليه السلام اه وبالجملة فعنواني صادق في كل صورة ۱۲۔ ۱۳؎ **قوله** یا کسی نبی کی علامت کا الخ زاد هذا الشق على سبيل منع الخلو لانه قائم مقام المعجزة فلو وجد الامر الثاني في نبي دون الاول لم يضر فلو فسر البينة بالمعجزة في قول عاد لهود عليه السلام ما جئتنا ببينة وفرض صدق هذا القول لم يقدح في نبوة عليه السلام اصلا لا مكان ثبوتها بالامر الثاني فافهم حق الفهم ۱۲۔ ۱۴؎ **قوله** خصوص ایسی حالت میں اشار به الى النكتة في زيادة قوله بالبينات مع كفاية قوله بالذى قلتم في الجواب ولعل تقديم قوله بالبينات اما على تقدير ان هذا الشرط لم يعهد به اصلا فللا شارة الى ان الشرط مطلق البينات لا خصوص هذه المعجزة فالتقديم افاد هذا واما على تقدير اشتراطه لبعض الانبياء نقل عن السدى فالوجه ان يدخل هذه المعجزة في البينات وقوله بالذى قلتم يكون تخصيصًا بعد تعميم اهتماما بشانه لكون الكلام فيه ۱۲۔

اللغات: في روح المعاني الميراث مصدر كالميعاد والمراد به ما يتوارث ۱۲۔

النحو: الذين يبخلون فاعل والمفعول الاول محذوف اى بخلهم والصحيح ان مدار صحة الحذف على القرينة فمتى وجدت القرينة جاز الحذف ومتى لم توجد لم يجز وهو ضمير الفصل بين المفعولين وخيرا مفعول ثان واما على قراءة الخطاب فالمفعول الاول هو الذين يبخلون بحذف المضاف اى بخل الذين ۱۲ من روح المعاني۔

البلاغة: وايراد ما بخلوا به بعنوان ايتاء الله تعالىٰ اياه من فضله للمبالغة في بيان سوء صنيعهم فان ذلك موجبات بذله سبحانه۔ وفي قوله تعالىٰ بل هو شر لهم التنصيص على ذلك مع علمه مما تقدم للمبالغة هكذا في روح المعاني ۱۲۔ قوله لقد سمع الله تخصيص هذا القول بالسماع مع انه تعالىٰ سميع لجميع المسموعات كناية تلويحية عن الوعيد لان السماع لازم العلم بالمسموع وهو لازم الوعيد في هذا المقام اه قلت اما تخصيص مادة السماع فلانه يناسب القول۔ قوله سنكتب اى في الصحائف فالاسناد مجازى لان الكاتبين هم الملائكة والكتابة حقيقية او سنحققه في علمنا ولا نهمله فالاسناد حقيقية والكتابة مجاز والسين للتاكيد۔ قوله عذاب الحريق والحريق بمعنى المحرق والاضافة بيانية او الاضافة للسبب لتنزيله منزلة الفاعل قوله ذوقوا هو وجود الطعم في الفم واصله في تناول القليل كا لاكل في الكثير ثم اتسع فيه فاستعمل لمطلق الادراك لسائر المحسوسات والحالات والنكتة فيه لان العذاب على بخلهم في المال وغالب حاجة الانسان اليه لتحصيل المطاعم كله من روح المعاني قوله ذلك بما قدمت قلت واتى بالاشارة الحسية لان العذاب اذا ذاك يكون مشاهدًا محسوسًا قوله ليس بظلام وصيغة المبالغة لتاكيد معنى كمال نزاهته تعالىٰ عن ذلك بابراز التعذيب بغير ذنب في صورة المبالغة في الظلم اخذته من روح المعاني وتقريره ان كثرة الظلم قبيح يقينا ومنتف عنه تعالىٰ لقبحه ولما كان تعالىٰ كاملا في التنزه فنفس الظلم منه ككثرته فانتفىٰ بانتفائها فافهم حق الفهم۔ ويوجه كما في روح المعاني ايضًا بان ظلاما للنسبة كعطار اى لا ينسب اليه الظلم اصلاً ۱۲۔

فَإِنْ كَذَّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿١٨٤﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۗ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۖ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ۗ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿١٨٥﴾ لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ أَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ ۖ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ أَشْرَكُوْٓا أَذًى كَثِيْرًا ۗ وَإِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُوْرِ ﴿١٨٦﴾ وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ ۫ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۖ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ﴿١٨٧﴾

سو اگر یہ لوگ آپ کی تکذیب کریں تو بہت سے پیغمبروں کی جو آپ سے پہلے گزرے ہیں (تکذیب کی جا چکی ہے) جو معجزات لے کر آئے تھے اور صحیفے لے کر اور روشن

www.besturdubooks.net

کتاب لے کر۔ ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے اور تم کو پوری پاداش تمہاری قیامت ہی کے روز ملے گی تو جو شخص دوزخ سے بچالیا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا سو پورا کامیاب وہ ہوا اور دنیاوی زندگی تو کچھ بھی نہیں صرف دھوکے کا سودا ہے البتہ آگے اور آزمائے جاؤ گے اپنے مالوں میں اور اپنی جانوں میں اور البتہ آگے کو اور سنو گے بہت سی باتیں دل آزاری کی ان لوگوں سے جو تم سے پہلے کتاب دیئے گئے ہیں اور ان لوگوں سے جو کہ مشرک ہیں اور اگر صبر کرو گے اور پرہیز رکھو گے تو یہ تاکیدی احکام میں سے ہے اور جب کہ اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب سے یہ عہد لیا کہ اس کتاب کو عام لوگوں کے روبرو ظاہر کر دینا اور اس کو پوشیدہ مت کرنا سو ان لوگوں نے اس کو اپنی پس پشت پھینک دیا اور اس کے مقابلہ میں کم حیثیت معاوضہ لے لیا۔ سو بری چیز ہے جس کو وہ لوگ لے رہے ہیں ۞

تفسیر: ربط: چونکہ اوپر یہود کے دو قول جو مذکور ہیں: قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ الخ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ الخ ان سے مقصود ان کا تکذیب کرنا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جس سے طبعاً آپ کو رنج ہوتا تھا۔ نیز اور کفار بھی اس تکذیب میں شریک تھے جس سے اور رنج بڑھتا تھا لہٰذا آیت آئندہ میں جناب رسول اللہ ﷺ کی تسلی فرماتے ہیں۔

تسلیہ رسول اللہ ﷺ در تکذیب کفار: فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ۝ سو اگر یہ (کفار) لوگ آپ کی تکذیب کریں تو (غم نہ کیجئے کیونکہ) بہت سے پیغمبروں کی جو آپ سے پہلے گزرے ہیں تکذیب کی جاچکی ہے۔ جو معجزات لے کر آئے تھے اور (چھوٹے چھوٹے) صحیفے لے کر اور روشن کتاب لے کر (جب اوروں کی بھی تکذیب ہو چکی ہے تو آپ کی تکذیب کوئی نئی بات نہیں پھر غم کیا) ف: یعنی بعضے صرف معجزے لائے بعضے چھوٹی کتابیں بعضے بڑی کتاب جیسے توراۃ وانجیل اور چونکہ کتاب سے بڑی کتاب مراد ہے اور بڑی کتاب شان اور مضامین میں زیادہ ہوگی اس لئے اس کی صفت میں منیر بڑھایا کہ اس میں شان ومضامین دونوں کے اعتبار سے معنی ظہور کے زیادہ ہوں گے۔

ربط: اوپر مکذبین کا بیان تھا آگے مکذبین کی وعید ایک عام عنوان سے مذکور ہے جس میں مصدقین کے لئے بشارت بھی آ گئی۔

وعید مکذبین ووعد مصدقین: كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ (الی قولہ تعالیٰ) اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ (تم میں) ہر جان دار کو موت کا مزا چکھنا (ضرور) ہے اور (مرنے کے بعد) تم کو پوری پاداش تمہاری (بھلائی برائی کی) قیامت ہی کے روز ملے گی (سو دنیا میں اگر اس کا ظہور نہ ہوا تو مکذب مامون نہ ہو اور مصدق مایوس نہ ہو آگے اس پاداش کی تفصیل ہے) تو (قیامت کے روز) جو شخص دوزخ سے بچالیا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا سو پورا کامیاب وہ ہوا (علی ہذا القیاس جو جنت سے جدا رہا اور دوزخ میں بھیجا گیا پورا ناکام وہ ہوا) اور دنیوی زندگی تو کچھ بھی نہیں صرف (ایسی چیز ہے جیسے) دھوکے کا سودا (ہوتا) ہے (جس کی ظاہری آب وتاب کو دیکھ کر خریدار پھنس جاتا ہے بعد چندے اس کی قلعی کھل جاتی ہے۔ اسی طرح دنیا کی چمک دمک سے دھوکا کھا کر آخرت سے غافل نہ ہونا چاہئے) ف: تقریر آیت کی ظاہر ہے اتنا جان لینا چاہئے کہ یہ جو فرمایا ہے کہ جو شخص دوزخ سے بچالیا گیا مراد اس سے عام ہے خواہ ابتداءً بچالیا جاوے یا بعد سزا کے اس میں سب مسلمان آ گئے اور ان کے پورے کامیاب ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جنت میں ہمیشہ کے لئے ہر طرح کی نعمتیں پاویں گے پس اس بنا پر اس کے مقابلہ میں جو واقع ہے کہ جو جنت سے جدا رہا اس سے مراد یہ ہوگی کہ ہمیشہ کے لئے جدا رہا پس یہ خاص ہوگا کفار کے ساتھ اور اس کا پورا ناکام ہونا اس لئے ہے کہ کبھی تکلیف سے نجات نہ ہوگی اور کبھی راحت نصیب نہ ہوگی۔ اور یہ جو فرمایا کہ دھوکہ کا سودا اس سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ دنیوی زندگی سب کے لئے مضر ہے مطلب تشبیہ سے صرف یہ ہے کہ یہ اصلی مقصود بنانے کے قابل نہیں بلکہ اگر کوئی کریم قصداً یہ سودا عمدہ داموں کو خریدنے لگے تو اس سودے سے محبت نہ کرے بلکہ غنیمت سمجھ کر بیچ ڈالے چنانچہ اہل حق اس حیات اور اس کے تمتعات کے عوض اللہ تعالیٰ سے اعمال صالحہ اور جنات عالیہ لے لیتے ہیں: قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ۔

ربط: اوپر یہود کی گستاخی کا بیان تھا جس کا قصہ تقریر ربط آیت: وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ میں مذکور ہوا اس قصہ میں یہ بھی ہے کہ یہی گفتگو فنحاص یہودی نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے روبرو کی تھی آپ کو سخت غصہ آیا اور اس کے ایک طمانچہ بھی مارا اس قصہ میں یہ اگلی آیت نازل ہوئی جس میں خبر دے دی ہے کہ ایسی ایسی اور بہت سے سنو گے تحمل کرنا چاہئے اور وہ فی لباب النقول بروایۃ ابن ابی حاتم وابن المنذر عن ابن عباس اور لباب ہی میں ایک اور شان نزول بھی مذکور ہے کہ کعب بن اشرف یہودی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات صحابہؓ کی شان میں ہجو کے اشعار کہا کرتا تھا اس پر یہ اگلی آیت نازل ہوئی کذا ذکرہ عبدالرزاق عن عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک میں کہتا ہوں کہ دونوں قصوں میں امر مشترک ایک ہی ہے کہ آیت میں قبائح یہود کا بیان ہے اور مسلمانوں کو تعلیم صبر اور چونکہ یہود کے ساتھ ایذائے مسلمین میں مشرکین بھی شریک تھے ان کا بھی ساتھ میں ذکر بڑھا دیا اور چونکہ صبر وثبات کچھ ایذا ہی کے ساتھ خاص نہیں بلکہ جمیع حوادث میں مامور بہ ہے لہٰذا اموال والنفس کا ذکر بھی ملا دیا اور اس میں بالخصوص اس لئے لطافت اور بڑھ گئی کہ واقعہ احد میں جس پر بڑا حصہ سورت کا مشتمل ہے مسلمانوں کو جانی اور مالی نقصان بہت پہنچا تھا قتل بھی ہوئے زخمی بھی ہوئے غنائم بھی فوت ہوئے۔

www.besturdubooks.net

تعلیم صبر بمسلمانان در تاذی از یہود: لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ (الی قولہ تعالی) فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ۝ (ابھی کیا ہے) البتہ آگے (آگے) اور آزمائے جاؤ گے اپنے مالوں (کے نقصان) میں اور اپنی جانوں (کے نقصان) میں اور البتہ آگے کو اور سنو گے بہت سی باتیں دل آزاری کی ان لوگوں سے (بھی) جو تم سے پہلے (آسمانی) کتاب دیئے گئے ہیں (یعنی اہل کتاب سے) اور ان لوگوں سے (بھی) جو کہ مشرک ہیں اور اگر (ان مواقع پر) صبر کرو گے اور (خلاف شرع امور سے) پرہیز رکھو گے تو (تمہارے لئے اچھا ہوگا کیونکہ) یہ (صبر وتقویٰ) تاکیدی احکام میں سے ہے (اور تاکیدی احکام پر عمل کرنا ہی اچھا ہے)۔

ف: آزمانے کا مطلب یہ ہے کہ ایسے حوادث تم پر وقتاً فوقتاً واقع ہوا کریں گے اس کو مجازاً آزمانا کہہ دیا ورنہ اللہ تعالیٰ آزمانے کے حقیقی معنی سے پاک ہے کیونکہ وہ عالم الغیب ہے اور صبر کرنے کا یہ مطلب نہیں کہ تدبیر نہ کرو یا مواقع انتقام میں انتقام نہ لو یا مواقع قتال میں قتال نہ کرو بلکہ حوادث سے دل تنگ نہ ہو کیونکہ اس میں تمہارے لئے منافع ومصالح ہیں اور تقویٰ یہ کہ خلاف شرع امور سے بچو گو تدبیر بھی کی جاوے پس آیات صبر آیات قتال کے معارض نہیں کہ احتیاج نسخ ہو اسی طرح حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا غضب وتادیب بھی خلاف صبر نہیں تھا اور پہلے سے اس لئے ان حوادث کی خبر دے دی کہ پہلے سے آمادہ رہیں تاکہ وقوع کے وقت پریشان نہ ہوں فقط۔

ربط: جیسا اوپر کی آیت میں یہود کے قبائح کا بیان ہے اگلی آیت میں بھی ان کی ایک خصلت قبیحہ کا ذکر ہے کہ وہ نقض ہے معاہدۂ اظہار احکام وعدم کتمان حق کا۔

مذمت اہل کتاب در کتمان حق: وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ (الی قولہ تعالی) فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ اور (یہ حالت بھی قابل ذکر ہے) جب کہ اللہ تعالیٰ نے (کتب سابقہ میں) اہل کتاب سے یہ عہد لیا (یعنی ان کو حکم فرمایا اور انہوں نے قبول کر لیا) کہ اس کتاب (کے سب مضامین) کو عام لوگوں کے روبرو ظاہر کر دینا اور اس (کے کسی مضمون) کو (دنیوی غرض سے) پوشیدہ مت کرنا سو ان لوگوں نے اس (عہد) کو اپنے پس پشت پھینک دیا (یعنی اس پر عمل نہ کیا) اور اس کے مقابلہ میں (دنیا کا) کم حقیقت معاوضہ لے لیا سو بری چیز ہے جس کو وہ لوگ لے رہے ہیں (کیونکہ) انجام اس کا سزائے دوزخ ہے) ف: الم کے ربع پر اول پارہ یابنی اسرائیل میں اس عہد کا اور ان لوگوں کے دنیا اختیار کرنے کا مضمون مذکور ہو چکا ہے اور دنیوی غرض کی قید اس لئے لگائی گئی کہ اگر کسی دقیق مسئلہ کو کسی دینی مصلحت سے کسی بدفہم کے روبرو ذکر نہ کیا جائے تاکہ اس کے لئے افتتان کا باعث نہ ہو جاوے اور اس کی حاجت بھی نہ ہو تو یہ جائز بلکہ ضروری ہے اور جن مضامین کو یہ اہل کتاب پوشیدہ کرتے تھے ان میں سے بڑا امر پیشین گوئی تھی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت چونکہ خود ان کو ایمان لانا منظور نہ تھا اس لئے اوروں سے بھی اس کو چھپاتے تھے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ۔ اس میں اس شخص پر رد ہے جو معتقد ہونے کا معیار خوارق وکرامات کو قرار دے۔ قولہ تعالیٰ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ۔ حق تعالیٰ کا اس کو فوز فرمانا اس شخص کے بطلان پر دلیل ہے جو جنت ونار سے استغناء کا دعویٰ کرے البتہ مغلوب الحال معذور سمجھا جاوے گا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ غم نہ کیجئے اشارۃ الی حذف الجزاء لان المذکور لا یصلح ان یکون جزاء ۱۲۔ ۲ قولہ تم میں زادہ للاشارۃ بان الکلام فی الثقلین فلا یفر استثناء من شاء اللہ من الصعق عموم النفس فافہم ۱۲۔ ۳ قولہ تمہاری بھلائی برائی اشارۃ الی ان الاجور فی الآیۃ عام بمعنی الاجزیۃ کما فی روح المعانی ۱۲۔ ۴ قولہ قیامت ہی الحصر مستفاد من انما ومعناہ ان الجزاء لا یوفی قبل القیامۃ عملا نعم قد یوجد من الجزاء لبعضہ اما فی الدنیا واما فی القبر ۱۲۔

اللغات: البر فی القاموس الزبر المنع والمنہی وبالکسر المکتوب الزبور الکتاب بمعنی المزبور اھ قلت وقال بعضہم سمی الکتاب بہا لانہ یزجر وینہی بما فیہ من المواعظ عن القبیح وفسر ھھنا بالصحف بقرینۃ المقابلۃ ویؤیدہ القراءۃ بالزبر باعادۃ الجار فانہ اقطع لاحتمال الاتحاد منیر فی القاموس نار نورا وانار واستنار اھ فکلہا لازم۔ فی روح المعانی المتاع ما یتمتع بہ وینتفع بہ مما یباع ویشتری وقد شبہہا سبحانہ بذلک المتاع الذی یدلس بہ علی المستام ویغیر حتی یشتریہ اشارۃ الی غایۃ رؤیتہا عند من امعن النظر منہا والغرور مصدر اھ قلت وقد اوضحت المراد من کونہا متاع غرور وقلت لو قدر المضاف قبل الحیوٰۃ ای شہواتہا ونقید بالمذموم مہا لم یحتج الی توجیہ ما یوہمہ الظاہر من کونہا مضرۃ بل یلتزم ہذا الظاہر لان الشہوات المذمومۃ مضرۃ لا محالۃ وانما لم اخر ہذا الوجہ فی الترجمۃ لما فیہ من تکلف الحذف الذی ہو خلاف الاصل وہذا معنی قول من قال ان ہزا التشبیہ بالنسبۃ لمن

www.besturdubooks.net

آثرها الى الآخرة واما من طلب بها الآخرة فهى له متاع البلاغ وفى الخبر نعم المال الصالح للرجل الصالح كذا فى روح المعانى۔ قلت كان هذه القائل اشار الى ما ذكر اى تقدير المضاف وتخصيصها بالمذموم فتدبر۱۲۔ عزم الامور۔ ما من العزم بمعنى توطين النفس وعقد القلب فالمعنى من الامور التى ينبغى ان يعزمها كل احد واما من العزم بمعنى الارادة والايجاب فالمعنى من الامور التى عزمها الله تعالىٰ واخترت الثانى۱۲۔

النحو : لتبيننه جواب ميثاق لتضمنه معنى القسم وقرأ ابن كثير وابو عمرو ليبيننه بياء الغيبة وقد قرر علماء العربية انك اذا اخبرت عن يمين حلف بها فلك فى ذلك ثلثة اوجه۔ احدها ان يكون بلفظ الغائب كانك تخبر عن شئ كان تقول استحلفته ليقومن الثانى ان تأتى بلفظ الحاضر تريد اللفظ الذى قيل له فتقول استحلفته لتقومن كانك قلت قلت له لتقومن الثالث لتقومن ان تأتى بلفظ المتكلم فتقول استحلفته لاقومن كذا فى روح المعانى۱۲۔

البلاغة : ذائقة الموت۔ المراد به فانزل بها وعبر بالذوق مبالغة۱۲۔ اوتوا الكتٰب التعبير عنهم بذلك اما للاشعار بمدار الشقاق والايذان بان ما يسمعونه منهم مستند على زعمهم الى الكتاب واما للاشارة الى عظم صدور ذلك المسموع منهم وشدة وقعه على الاسماع حيث انه كلام صدر ممن لا يتوقع صدوره منه لوجود زاجر عنه معه وهو ايتاءه الكتاب كما قيل۱۲ كذا فى روح المعانى۱۲۔

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ
ع الْعَذَابِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸۸﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۸۹﴾ اِنَّ فِيْ
خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ
اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰي جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا
بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ
مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ڰ رَبَّنَا
فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰي رُسُلِكَ
وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾

جولوگ ایسے ہیں کہ اپنے کردار پر خوش ہوتے ہیں اور جو کام نہیں کیا اس پر چاہتے ہیں کہ اُنکی تعریف ہو۔ سو ایسے شخص کو ہرگز ہرگز مت خیال کرو کہ وہ خاص طور کے عذاب سے بچاؤ میں رہیں گے اور انکو دردناک سزا ہوگی اور اللہ ہی کیلئے سلطنت آسمانوں کی اور زمین کی اور اللہ تعالیٰ ہر شے پر پوری قدرت رکھتے ہیں۔ بلاشبہ آسمانوں کے اور زمین کے بنانے میں اور یکے بعد دیگرے رات اور دن کے آنے جانے میں دلائل ہیں اہل عقل کے لئے جن کی حالت یہ کہ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی یاد کرتے ہیں کھڑے بھی اور بیٹھے بھی اور لیٹے بھی اور آسمانوں اور زمین کے پیدا ہونے میں غور کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار آپ نے اس کو لایعنی پیدا نہیں کیا ہم آپ کو منزہ سمجھتے ہیں سو ہم کو عذاب دوزخ سے بچائیے اے ہمارے پروردگار بےشبہ آپ جس کو دوزخ میں داخل کریں اس کو واقعی رسواہی کر دیا اور ایسے بے انصافوں کا کوئی بھی ساتھ دینے والا نہیں۔ اے ہمارے پروردگار ہم نے ایک پکارنے والے کو سنا کہ وہ ایمان لانے کے واسطے اعلان کر رہے ہیں کہ تم اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ سو ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے پروردگار پھر ہمارے گناہوں کو معاف فرما دیجئے اور ہماری بدیوں کو بھی ہم سے زائل کر دیجئے اور ہم کو نیک لوگوں کے ساتھ موت دیجئے۔ اے ہمارے پروردگار اور ہم کو وہ چیز بھی دیجئے جس کا ہم سے اپنے پیغمبروں کی معرفت آپ نے وعدہ فرمایا اور ہم کو قیامت کے روز رسوا نہ کیجئے یقیناً آپ وعدہ خلافی نہیں کرتے ۞

تفسیر ربط : اوپر یہود کے کتمانِ حق کا بیان تھا چونکہ ان لوگوں کو اپنی اس حرکت شنیعہ پر بجائے ندامت وخجالت کے اور برعکس فرحت اور فخر تھا۔ اگلی آیت میں اس کی وعید مذکور ہوتی ہے۔

وعید فرح بر معصیت : لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ (الی قولہ تعالی) وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (اے مخاطب) جولوگ ایسے ہیں کہ اپنے کردار (بد) پر خوش

www.besturdubooks.net

ہوتے ہیں اور جو (نیک) کام نہیں کیا اس پر چاہتے ہیں کہ ان کی تعریف ہو سو ایسے شخصوں کو ہرگز ہرگز مت خیال کرو کہ وہ (دنیا میں) خاص طور کے عذاب سے بچاؤ (اور حفاظت) میں رہیں گے (ہرگز نہیں بلکہ دنیا میں بھی کچھ سزا ہوگی) اور (آخرت میں بھی) ان کو دردناک سزا ہوگی۔ ف: کردار بد یہی کہ احکام حقہ کو چھپاتے تھے اور جو نیک کام نہیں کیا اس سے مراد اظہار حق جس کو وہ نہ کرتے تھے لیکن دوسروں کو یہ یقین دلانا چاہتے تھے کہ ہم اظہار حق کرتے ہیں تاکہ ان کا خداع معلوم نہ ہو چنانچہ جناب رسول اللہ ﷺ کے روبرو بھی یہود نے یہ حرکت کی رواہ البخاری اور اکثر یہود میں جو منافقین تھے وہ بھی مواقع غزوات پر جھوٹے عذر کر کے ایسا ہی فریب دینا چاہتے تھے رواہ الشیخان یہ آیت ان سب افعال پر نازل ہوئی اور آیت بوجہ عموم الفاظ کے دوسروں کو بھی شامل ہے جو ایسی حرکت کرے لیکن مراد اس فرح سے فرح علی المعصیت اور حب حمد سے اہتمام حمد ہے اور فرح علی الحسنہ بھی اگر بالاہتمام ہو تو قواعد شرعیہ کی رو سے وہ بھی مذموم ہے البتہ جو فرح علی الحسنہ طبعاً ہو اسی طرح حب حمد بما لم یفعل طبعاً ہو وہ معصیت نہیں خوب سمجھ لو۔ دنیا کی سزا ان یہود کو یہ ہوئی کہ بعضے قتل ہوئے بعضے جلاوطن ہوئے اور منافقین کو یہ ہوئی کہ رسوا و فضیحت ہوئے۔ ربط: اوپر اہل کفر کی سزا کا ذکر تھا چونکہ سزا دینے کے لئے اختیار اور قدرت لازم ہے اس لئے آیت آئندہ میں اس کا اثبات ہے۔

اثبات سلطنت وقدرت الہیہ: وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اور اللہ ہی کے لئے (خاص) ہے سلطنت آسمانوں کی اور زمین کی اور اللہ تعالیٰ ہر شئے پر پوری قدرت رکھتے ہیں۔ ف: پس چونکہ وہ سلطان حقیقی ہیں سب پر ان کا حکم ماننا ضروری ہے اور نافرمانی جرم ہے اور چونکہ وہ قادر ہیں اس لئے جرم کی سزا دے سکتے ہیں اور چونکہ انہوں نے اس سزا کی خبر دی ہے اس لئے ضرور سزا دیں گے اور چونکہ یہ صفات ان کے ساتھ خاص ہیں لہٰذا ان کے سزا دیئے ہوئے کو کوئی بچا نہیں سکتا۔ پس ان مقدمات سے اوپر کے مضمون کی تاکید ہوگئی۔

ربط: چونکہ اوپر اختصاص سے توحید مفہوم ہوئی اگلی آیت میں توحید پر دلیل لاتے ہیں اور اس کے ساتھ توحید کے کامل اقتضاء پر عمل کرنے والوں کی فضیلت بیان فرماتے ہیں جس میں اشارۃً دوسروں کو بھی ترغیب ہے اس اقتضاء پر عمل کرنے کی اوپر جو کفار سے ایذائیں پہنچنے کا مضمون تھا آیت آئندہ کو اس سے بھی مناسبت ہے اس طرح کہ مشرکین نے رسول اللہ ﷺ سے عناداً یہ درخواست کی کہ صفا پہاڑ کو سونے کا بنادیں۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ حق کے دلائل تو بہت ہیں ان میں کیوں فکر نہیں کرتے اور دہ فی لباب النقول براویۃ الطبرانی وابن ابی حاتم عن ابن عباسؓ سورۂ بقرہ کے معاملہ سی وسوم و چہلم کا بھی ملاحظہ کرلیا جاوے اس سے یہ شبہ رفع ہوجاوے گا کہ پھر ان کی یہی درخواست کیوں نہ پوری کردی گئی۔ خلاصہ اس کا یہ ہے کہ یہ درخواست تحقیق حق کے لئے نہ تھی بلکہ عناداً تھی جس سے درخواست پورا ہونے پر بھی ایمان نہ لاتے فقط۔

دلیل توحید وفضل موحدین کاملین: اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (الی قولہ تعالی) اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ بلاشبہ آسمانوں کے اور زمین کے بنانے میں اور یکے بعد دیگرے رات اور دن کے آنے جانے میں دلائل (توحید کے موجود) ہیں اہل عقل (سلیم) کے (استدلال کے لئے) جن کی حالت یہ ہے (جو آگے آتی ہے اور یہی حالت ان کے عاقل ہونے کی علامت بھی ہے کیونکہ عقل کا اقتضا دفع مضرت وتحصیل منفعت ہے اور اس حالت کا مجموعہ اس پر دال ہے وہ حالت یہ ہے) کہ وہ لوگ (ہر حال میں دل سے بھی اور زبان سے بھی) اللہ تعالیٰ کی یاد کرتے ہیں کھڑے بھی بیٹھے بھی لیٹے بھی اور آسمانوں اور زمین کے پیدا ہونے میں (اپنی قوت عقلیہ سے) غور کرتے ہیں (اور غور کا جو نتیجہ ہوتا ہے یعنی حدوث ایمان یا تجدید وتقویت ایمان اس کو اس طرح ظاہر کرتے ہیں) کہ اے ہمارے پروردگار آپ نے اس (مخلوق) کو لایعنی پیدا نہیں کیا (بلکہ اس میں حکمتیں رکھی ہیں جن میں ایک بڑی حکمت یہ بھی ہے کہ اس مخلوق سے خالق تعالیٰ کے وجود وتوحید پر استدلال کیا جاوے) ہم آپ کو (لایعنی پیدا کرنے سے) منزہ سمجھتے ہیں (اسی لئے ہم نے استدلال کیا اور توحید کے قائل ہوئے) سو ہم کو (موحد ومومن ہونے کی وجہ سے) عذاب دوزخ سے بچالیجئے (جیسا کہ شرعاً اس کا یہ مقتضی ہے گو کسی عارض سے یہ اقتضا ضعیف ہوجاوے اور چندے عذاب ہونے لگے ایک عرض تو ان لوگوں کی یہ تھی اور وہ اسی مضمون وایمان کے مناسب اور معروضات بھی کرتے ہیں جو آگے آتے ہیں۔

معروض دوم: اے ہمارے پروردگار (ہم اس لئے عذاب دوزخ سے پناہ مانگتے ہیں کہ) بیشک آپ جس کو (بطور اصلی جزا کے) دوزخ میں داخل کریں اس کو واقع رسوا ہی کردیا (مراد اس سے کافر ہے) اور ایسے بے انصافوں کا (جن کی اصلی جزا دوزخ تجویز کی جاوے) کوئی بھی ساتھ دینے والا نہیں (اور آپ کا وعدہ ہے اہل ایمان کے لئے رسوا نہ کرنے کا بھی اور نصرت کرنے کا بھی لما قال: لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وقَالَ اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ۔ الآیۃ پس ایمان لا کر اس لئے ہماری درخواست ہے کہ کفر کی اصلی جزاء سے بچایئے ایمان کا اصلی مقتضا نجات عن النار مرتب فرمایئے اور اس اقتضاء کے موانع کا ارتفاع اس سے آگے معروض چہارم میں آتا ہے۔

معروض سوم: اے ہمارے پروردگار ہم نے (جیسے مصنوعات کی دلالت سے عقلی استدلال کیا اسی طرح ہم نے) ایک (حق کی طرف) پکارنے والے کو

www.besturdubooks.net

(مراد اس سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں بواسطہ یا بلاواسطہ) سنا کہ وہ ایمان لانے کے واسطے اعلان کررہے ہیں کہ (اے لوگو) تم اپنے پروردگار (کی ذات وصفات) پر ایمان لاؤ سو ہم (اس دلیل نقلی سے استدلال کرکے بھی) ایمان لے آئے (اس معروض کے مضمون میں ایمان بالرب کیساتھ ایمان بالرسول بھی ضمناً آ گیا پس ایمان کے دونوں جزو اعتقادِ توحید واعتقادِ رسالت کامل ہوگئے۔

معروض چہارم: اے ہمارے پروردگار پھر[۱] (اس کے بعد ہماری یہ درخواست ہے کہ) ہمارے (بڑے) گناہوں کو بھی معاف فرما دیجئے اور ہماری (چھوٹی) بدیوں کو بھی ہم سے (معاف کرکے) زائل کردیجئے اور (ہمارا انجام بھی جس پر مدار ہے درست کیجئے اس طرح کہ) ہم کو نیک لوگوں کے ساتھ (شامل رکھ کر) موت دیجئے (یعنی نیکی پر خاتمہ ہو)۔

معروض پنجم: اے ہمارے پروردگار اور (جس طرح ہم نے اپنی مضرتوں سے محفوظ رہنے کے لئے عرض کیا ہے جیسے دوزخ و رسوائی اور ذنوب وسئیات اسی طرح ہم اپنے منافع کی دعا کرتے ہیں کہ) ہم کو وہ چیز (یعنی ثواب وجنت) بھی دیجئے جس کا ہم سے اپنے پیغمبروں[۲] کی معرفت آپ نے وعدہ فرمایا ہے (کہ مؤمنین وابرار کو اجر عظیم ملے گا) اور (یہ ثواب وجنت ہم کو اس طرح دیجئے کہ ثواب ملنے سے پہلے بھی) ہم کو قیامت کے روز رسوا نہ کیجئے (جیسا کہ بعض کو اول سزا ہوگی پھر جنت میں جاویں گے مطلب یہ کہ اول ہی سے جنت میں داخل کردیجئے اور) یقیناً آپ (تو) وعدہ خلافی نہیں کرتے (لیکن ہم کو یہ خوف ہے کہ جن کے لئے وعدہ ہے یعنی مؤمنین وابرار کہیں ایسا نہ ہو کہ خدانخواستہ ہم ان صفات سے موصوف نہ رہیں جن پر وعدہ ہے اس لئے ہم آپ سے یہ التجائیں کرتے ہیں کہ ہم کو اپنے وعدہ کی چیزیں دیجئے یعنی ہم کو ایسا کردیجئے اور ایسا ہی رکھئے جس سے ہم وعدہ کے مخاطب ومحل ہوجاویں) **ف[۱]:** السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وغیرہ سے توحید پر استدلال کی تقریر شروع پارہ سیقول رکوع اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ کے ذیل میں مفصل مرقوم ہوچکی ہے اور سَمِعْنَا کے ترجمہ میں جو احقر نے بواسطہ یا بلاواسطہ بڑھا دیا ہے وہ اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ندا کو صحابہ رضی اللہ عنہم نے تو بلاواسطہ سنا اور ہم نے بواسطہ اور مضمون دعا کا سب مسلمانوں کو عام ہے اس لئے تعمیم سماع کی کردی گئی اور یہ جو فرمایا کہ پیغمبروں کی معرفت حالانکہ صرف یہ کافی تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت۔ وجہ یہ کہ سب انبیاء کا مضمون اس وعدے میں ایک ہے اور اس سے تاکید ہوگئی وعدہ کی یعنی بار بار ہر زمانہ میں اس وعدہ کی تجدید ہوتی رہی۔ **ف[۲]:** ان دعاؤں کا مضمون جمیع مقاصد مطلوبہ کو جامع ہے کیونکہ منتہی مقاصد کا دو امر ہیں جنت ملنا اور دوزخ سے بچنا اور دونوں کے لئے دو شرط ہیں طاعات کا وجود اور معاصی کا عدم کل چار چیزیں ہوئیں فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ میں امر ثانی اور فَاغْفِرْ لَنَا الخ میں امر رابع اٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا میں امر اوّل وثالث کی درخواست ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ یَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّیُحِبُّوْنَ اَنْ یُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ یَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ اس میں زمانہ کے مدعیان تصوف کی اس عادت کی مذمت ہے کہ ان کی مجالس کے تذکروں کا زیادہ حصہ ان کی مدح ایسے کمالات کے ساتھ ہوتی ہے جن سے وہ کورے ہیں اور یہ بِمَا لَمْ یَفْعَلُوْا اس ذم کی قید نہیں کیونکہ کمال موجودہ سے مدح بھی مذموم ہے یہ قید خصوصیت قصہ نزول کے سبب ہے۔ قولہ تعالیٰ: اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِهِمْ وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اس آیت میں دو مسئلے ہیں ایک یہ کہ فکر بھی مثل ذکر کے عبادت ہے۔ دوسرا یہ کہ فکر کا محل خلق ہے نہ کہ خالق کی ذات۔ قولہ تعالیٰ: مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا۔ چونکہ باطل میں معدوم بھی داخل ہے اور اس آیت میں اس کی نفی ہے اس سے معلوم ہوا کہ بعض اکابر کا یہ مقولہ کہ ممکنات نے وجود کی بو بھی نہیں سونگھی ماؤل ہے اور تاویل یہ ہے کہ مراد اتصاف حقیقی کا مرتبہ ہے جو واسطہ فی الثبوت میں ہوتا ہے نہ کہ اتصاف مجازی جو واسطہ فی العروض میں ہوتا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ** خاص طور کے عذاب سے بناء علی کون اللام للعهد وما فسرته به هو الذی اختاره فی الخازن وعلیه فیکون الواو فی ولهم للعطف ۱۲۔ ۲ **قولہ** رواه البخاری لفظه عن ابن عباس ان رسول الله صلی الله علیه وسلم سألهم عن شیء فکتموه اياه واخبروه بغیره فخرجوا وقدار وه ان قد اخبروه بما سألهم عنه واستحمدوا بذلك الیه وفرحوا بما اتوا من کتمان ما سألهم عنه کذا فی روح المعانی ۱۲۔ ۳ **قولہ** رواه الشیخان لفظ عن ابی سعید الخدری رضی الله عنه ان رجالا من المنافقین کانوا اذا خرج رسول الله صلی الله علیه وسلم الی الغز وتخلفوا عنه وفرحوا بمقعدهم خلاف رسول الله صلی الله علیه وسلم فاذا قدم رسول الله صلی الله علیه وسلم من الغزو اعتذروا الیه وحلفوا واحبوا ان یحمدوا بما لم یفعلوا فنزلت هذه الآیة کذا فی روح المعانی قلت ولا تنافی بین الروایتین ۱۲۔ ۴ **قولہ** لیکن مراد اس فرح سے الی آخر الفائدة قلت علیه یحمل قول ابن عباس رضی الله عنه مالکم ولهذه الآیة انما انزلت هذه الآیة فی اهل الکتاب ثم تلا واذا خذ الله میثاق الذین اوتوا الکتاب الآیة مجیبا لمروان اذ قال لبوابه اذهب یا رافع الی ابن عباس فقل لئن کان کل امرا منا فرح بما اوتی واحب ان یحمد بما لم یفعل معذبا لنعذبن اجمعون رواه الشیخان وغیرهما کما فی روح المعانی ۱۲۔

www.besturdubooks.net

۵ قوله اللہ ہی کے لئے افاد تقديم الجار والمجرور وفروع عليه قوله چونکہ یہ صفات ان کے ساتھ خاص ہیں اما السلطنة فبالتقديم واما القدرة فلا قتضاء المقام ۱۲۔ ۶ قوله سلیم زاده لئلا يرد ان كثيرا من اولى الالباب لا يهتدون بهذه الآيات وجه الدفع ظاهر وايضاً يدفعه زيادة قوله استدلال الخ فهذه الآيات موضوعة لاستدلالهم سواء استدلوا ولم يستدلوا اولو استدلوا لاهتدوا فافهم ۱۲۔ ۷ قوله ہر حال میں اشار به الى ان خصوصية القيام وغيره ليس بمقصود بل هو كناية عن الاستمرار بمعنى غالب الاحوال لا عدم الذهول اصلا فانه ليس مداراً للمدح نعم هو سبب له ۱۲۔ ۸ قوله دل سے بھی الخ يدل عليه اطلاق الذكر المفهوم منه للعموم ۱۲۔ ۹ قوله غور کا جو نتیجہ الخ اشارة الى ان قوله ربنا معمولا ليقولون استيناف لاحال لان هذا نتيجه ولو كان حالا لكان كالعامل من المبادى واذ ليس فليس فافهم ۱۲۔ ۱۰ قوله یعنی حدوث الخ ليعم من آمن من قبل او فى الحال ۱۲۔ ۱۱ قوله فى ترجمة هذا اس مخلوق اشار الى ان المشار اليه السموٰت والارض بتاويل المخلوق ۱۲۔ ۱۲ قوله منزہ سمجھتے ہیں اشار الى بن العامل مقدر وهو نسبح ۱۲۔ ۱۳ قوله فى توضيح فقنا اس کا یہ مقتضیٰ ہے الخ فلا يشكل بدخول بعض المؤمنين النار فلا دليل فيه للمرجئة ۱۲۔ ۱۴ قوله فى ترجمة من تدخل النار بطور اصلی جزاء کے الخ آى بخلاف المومن فان النار ليس جزائه اصالة به لعارض وللتطهير فلا دليل فيه للمعتزلة ۱۲۔ ۱۵ قوله فى ترجمة فاغفرلنا پھر اس کے بعد اشارة الى ان الفاء للتعقيب لا للترتيب فان المغفرة والتكفير بلا عقوبة ما هو الظاهر من المقام ليس بمرتب لا محالة على الايمان بل لا على الاعمال مطلقاً ۱۲۔ ۱۶ قوله پیغمبروں کی معرفت فالتقدير على السنة رسلك ۱۲۔ ۱۷ قوله فى ترجمة قوله ولا تخزنا ثواب ملنے سے پہلے الخ فلا تكرار فى مضمون الخزى واعلم ان حقيقة الخزى والسوء على الكافرين وصورة وشئ من اثره قد يكون للعصاة فلا يتوهم التنافى بين الخزيين المذكورين فى الآيتين ههنا ۱۲۔

اللغات: فى روح المعانى المفازة۔ مصدر ميمى بمعنى الفوز والتاء ليست للوحدة لبناء المصدر عليه ومن العذاب متعلق به اى متلبسين بنجاة منه ۱۲۔ الذنوب والسيأت عن ابن عباس فى الاول الكبائر وفى الثانى الصغائر وايد بان الذنب ماخوذ من الذنب بمعنى الذيل فاستعير فيما تستوخم عاقبته ولذلك تسمى تبعة واما السيئة فمن السوء وهو المستقبح فتكون اخف ثم المفهوم من كثير من عبارات اللغويين عدم الفرق بين الغفران والتكفير والابرار جمع بر كارباب جمع رب كذا فى روح المعانى ۱۲۔

النحو: لا تحسبنّ فى الجلالين بالتاء والياء فلا تحسبنهم بالوجهين ومفعولا يحسب الاول دل عليهما مفعولا يحسب الثانية على قراءة التحتانية وعلى الفوقانية حذف الثانى فقط قلت ومن قرأ بالتحتانية فتح الباء فى الفعل الاول وضم الباء فى الثانى ۱۲ هكذا فى روح المعانى۔

البلاغة: قوله فلا تحسبنهم فى روح المعانى قال الزجاج اذا طالت القصة تعيد حسبت وما اشتبهها اعلاما بان الذى جرى متصل بالاول وتوكيد له فتقول لا تظنن زيدا اذا جاءك وكلمك بكذا وكذا فلا تظنه صادقا والفاء زائدة ۱۲ تكرير ربنا للابتهال ۱۲۔

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّىْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِىْ سَبِيْلِىْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾ لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِى الْبِلَادِ ﴿۱۹۶﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۟ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾

سو منظور کرلیا ان کی درخواست کو ان کے رب نے اس وجہ سے کہ میں کسی شخص کے کام کو جو کہ تم میں سے کام کرنے والا ہو اکارت نہیں کرتا۔ خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو۔ تم آپس میں ایک دوسرے کے جزو ہو سو جن لوگوں نے ترک وطن کیا اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور تکلیفیں دیئے گئے میری راہ میں اور جہاد کیا اور شہید ہوگئے ضرور ان لوگوں کی تمام خطائیں معاف کردوں گا اور ضرور ان کو ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی یہ عوض ملے گا اللہ کے پاس سے اور اللہ ہی کے پاس اچھا عوض ہے۔ تجھ کو ان کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا مغالطہ میں نہ ڈال دے چند روزہ بہار ہے پھر ان کا ٹھکانہ دوزخ ہوگا اور وہ بری آرامگاہ ہے ۞

تفسیر ربط: اوپر ان لوگوں کی دعاؤں کا بیان تھا جو دلائل عقلیہ و نقلیہ میں نظر کرکے ایمان لے آئے آگے ان کی ان دعاؤں کا قبول ہونا: فَاسْتَجَابَ لَهُمْ

www.besturdubooks.net

میں اور اس قبول کی علت اَنِّیْ لَآ اُضِیْعُ میں پھر اس علت پر کہ درحقیقت ایک قاعدہ کلیہ ہے ایک تفریع مناسب مضمون مقصود سورت ہذا کے کہ مجاہدہ وصبر علی الجہاد وایذاء الکفار ہے مذکور ہے۔

قبول ادعیہ مذکورہ مع علت وتفریع بر علت : فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَآ اُضِیْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ سو منظور کیا ان کی درخواست کو ان کے رب نے اس وجہ سے کہ (میری عادت مستمرہ[1] ہے کہ) میں کسی شخص کے (نیک) کام کو جو کہ تم میں سے کام کرنے والا ہو اکارت نہیں کرتا (کہ اس کا صلہ نہ[2] دوں) خواہ وہ (کام کرنے والا) مرد ہو یا عورت ہو (دونوں کے لئے یکساں قانون ہے کیونکہ) تم (دونوں) آپس میں ایک دوسرے کے جزو ہو (اس لئے حکم بھی دونوں کا ایک سا ہے پس جب ان لوگوں نے ایمان کہ ایک عمل نیک ہے قبول کر کے اس کے ثمرات کی درخواست کی تو میں نے اپنی عادت مستمرہ کے موافق اس کو منظور کر لیا اور جب ایمان پر بحسب اس کے اصل اقتضا کے ہم ایسے ثمرات عطا فرماتے ہیں) سو جن لوگوں نے (ایمان کے ساتھ اور اعمال شاقہ بھی کئے ہیں مثلاً ہجرت یعنی) ترک وطن کیا اور (وہ بھی ہنسی خوشی سیر وسیاحت کے لئے نہیں بلکہ اس طرح کہ) اپنے گھروں سے (تنگ کر کے) نکالے گئے (یعنی کفار نے وطن میں پریشان کیا بیچارے گھر چھوڑ چھوڑ کر پردیس کو نکل کھڑے ہوئے) اور[3] (اس کے سوا اور طرح طرح کی) تکلیفیں (بھی) دیئے گئے (اور یہ باتیں یعنی ہجرت واخراج وایذاء سب) میری راہ میں (یعنی میرے دین کے سبب ان کو پیش آئیں اور ان سب کو انہوں نے برداشت[4] کیا) اور (اس سے بڑھ کر انہوں نے یہ کام کیا کہ) جہاد (بھی) کیا اور (بہتیرے[5] ان میں) شہید (بھی) ہو گئے (اور آخر تک جہاد[6] سے نہ ہٹے تو ایسے اعمال پر تو ثمرات کیوں نہ دوں گا) ضرور ان لوگوں کی تمام خطائیں[7] (جو میرے حقوق کے متعلق ہو گئی ہوں) معاف کر دوں گا اور ضرور ان کو (بہشت کے) ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن کے (محلات کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی (ان کو) یہ عوض ملے گا اللہ کے پاس سے اور اللہ تعالیٰ ہی کے پاس (یعنی ان کے قبضہ قدرت میں) اچھا عوض ہے (وہ اچھا عوض اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو دیں گے) ف: تمام خطائیں اس لئے کہا گیا کہ یہاں ہجرت اور جہاد وشہادت کی فضیلت مذکور ہے اور حدیثوں سے ان اعمال کا تمام ذنوب سابقہ کا کفارہ ہونا معلوم ہوتا ہے اور آیات دعا میں تکفیر کو جو کہ استجابت سے مفہوم ہے خواہ اسلام پر مرتب کیا جاوے کہ اس کا بھی علی الاطلاق مکفر ہونا وارد ہے اور خواہ اس دعائے تکفیر کو صلہ استغفار کا کہا جاوے تو بہ کے مکفر ہونے میں کوئی خفا ہی نہیں اور یہ قید جو لگائی کہ میرے حقوق کے متعلق الخ وجہ اس کی یہ کہ حدیث میں دین کا استثناء آیا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله عادة مستمره اشار به الى عدم الوجوب عليه تعالى وانما هو تفضل ۱۲۔ ۲ قوله صلہ نہ دوں تحقيق لمعنى الضياع لان نفس العمل قد وجد فيكف يضاع ۱۲۔ ۳ قوله مع ترجمة اوذوا اور اس کے سوا لان العطف اصله التغاثر ۱۲۔ ۴ قوله فى ترجمة سبيلى سب الخ اشاره به الى ان فى سبيلى قيد للكل من الهجرة والاخراج والايذاء بل للقتال والقتل ايضًا بقرينة العطف ۱۲۔ ۵ قوله برداشت کیا قدره لان الاخراج والايذاء ليس من اعمالهم والمقام لبيان فضل الاعمال ۱۲۔ ۶ قوله بہتیرے اشار به الىٰ ان المرجع فى قتلوا لا يلزم ان يكون عين المرجع فى قاتلوا لان فضل القتال لا يتوقف شرعًا على القتل ۱۲۔ ۷ قوله نہ ہٹے اى حتى قتلوا وحتى قتل اخوانهم فالعائد الى ضمير قاتلوا وقتلوا وزاده لعين ما ذكر فى فائدة قوله برداشت کیا فان كونهم مقتولين ليس من اعمالهم ۱۲۔ ۸ قوله فى ترجمة السيئات تمام خطائیں فالسيئات ههنا لا يختص بالصغائر للدليل الذى سيأتى فى الفائدة وذكر فى روح المعانى هكذا وربما يقال ان حمل السيئات ههنا على ما يعم الكبائر سائغ اه قلت فهذه الاعمال مخصوصة من عموم ان الحسنات والقربات تكفر الصغائر لا غير ۱۲۔

الروایات: فى روح المعانى اخرج ابن جرير ابو الشيخ والبيهقى وغيرهم عن ابن عمر قال سمعت رسول الله ﷺ الحديث الطويل وفيه ان الله تعالىٰ يدعوا يوم القيامة الجنة فتأتى بزخرفها وزينتها فيقول اين عبادى الذين قاتلوا فى سبيلى واوذوا فى سبيلى وجاهدوا فى سبيلى ادخلوا الجنة فيدخلونها بغير عذاب ولا حساب اه قلت وبهذا الحديث تأيد امر ان الاول ان هذاه الاعمال تكفر السيئات كما ذكرت فى الفائدة وقد ورد فى الصحاح ان الاسلام يهدم ما كان قبله وان الهجرة تهدم ما كانت قبلها وان القتل فى سبيل الله يكفر كل ذنب الا الدين والثانى ما اوصيته فى ترجمة سبيلى من تعلقه بالكل فتذكر وفى روح المعانى اخرج الترمذى وخلق كثير عن ام سلمة قلت يا رسول الله لا اسمع الله تعالىٰ ذكر النساء فى الهجرة بشئ فانزل الله تعالىٰ فاستجاب لهم الىٰ آخر الآية ولعل المراد انها نزلت تتمة لما قبلها اه قلت ولا بد من هذا المراد لان الآية ليست منقطعة عما قبلها ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اللغات: فی القاموس تقلب فی الامور تصرف فیها کیف شاء اه قلت والظاهر من التصرف الحل والعقد ولا یلزمه النقل المکانی فمحله الامورمن الحظوظ الکسب او التلذذ ویکون فی البلاد حالًا ای کائنین فی البلاد ولو حمل التصرف علی السیر فمحله یکون فی البلاد کما قال الامام ابن جریر الطبری فی تفسیر التقلب لیسنی تصرفهم فی الارض وضربهم فیها واستدل علیه بقول السدی فی تفسیره ضربهم فی البلاد ۱۲۔

النحو: قوله بعضکم جملة معترضة ومن اتصالیة اما بحسب اتحاد الاصل او الاتحاد فی الدین من روح المعانی وحملتها علی التبعیضیة لظهوره ۱۲۔ ثوابًا قال البیضاوی ای الیهم فهو مصدر مؤکد وقال العصام الاظهر ان یکون ثوابًا من عند الله حالًا من جنات ۱۲۔

البلاغة: قوله اتی بانی والخطاب فی منکم والتکلم فی انی من باب الالتفات والنکتة الخاصة فیه اظهار کمال الاعتناء بشان الاستجابة وتشریف الداعین بشرف الخطاب والتعرض لبیان السبب لتاکید الاستجابة والاشعار بان مدارها اعمالهم التی قدموها علی الدعاء لا مجرد الدعاء کذا فی روح المعانی قلت والی هذا السبب اشرت بقولی بعد ترجمة بعضکم ایمان کہ ایک عمل نیک ہے الخ فافهم وتشکر ۱۲۔ قوله عنده حسن الثواب فی روح المعانی قول الرجل عندی ما ترید یرید اختصاصه به و تملکه له وان لم یکن عنده فلیس معنی عنده حسن الثواب ان الثواب بحضرته وبالقرب منه بل مثل هناك کونه بقدرته وفضله بحیث لا یقدر علیه غیره بحال الشئ یکون بحضرة احد لا یدعیه لغیره والاختصاص مستفاد من هذا التمثیل حتی لو لم یجعل حسن الثواب مبتدأ مؤخرا کان الاختصاص بحاله اه قلت ومن لم ترجمت بالحصر ۱۲۔ قال البیضاوی جعل ای النهی للتقلب تنزیلًا للسبب منزلة المسبب للمبالغة ۱۲۔

لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ
نصف خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾ وَاِنَّ مِنْ اَھْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ
لِلّٰهِ ۙ لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَھُمْ اَجْرُھُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾ يٰٓاَيُّھَا
ع ۲۰ ۱۱ ۱۲ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۣ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾ۧ

لیکن جولوگ اللہ سے ڈریں ان کیلئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی۔ وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے یہ مہمانی ہوگی اللہ کی طرف سے اور جو چیزیں اللہ کے پاس ہیں وہ نیک بندوں کیلئے بدرجہا بہتر ہیں۔ اور بالیقین بعض لوگ اہل کتاب میں سے ایسے بھی ضرور ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ اعتقاد رکھتے ہیں اور اس کتاب کے ساتھ بھی جو تمہارے پاس بھیجی گئی اور اس کتاب کے ساتھ بھی جو ان کے پاس بھیجی گئی اس طور پر کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی آیات کے مقابلہ میں کم حقیقت معاوضہ نہیں لیتے ایسے لوگوں کو ان کا نیک عوض ملے گا ان کے پروردگار کے پاس' بلاشبہ اللہ تعالیٰ جلدی حساب کردیں گے۔ اے ایمان والو! خود صبر کرو اور مقابلہ میں صبر کرو اور مقابلہ کے لئے مستعد رہو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو تا کہ تم پورے کامیاب ہو۞

تفسیر ربط: اوپر کی آیت میں مسلمانوں کی کلفتوں کا بیان اور انجام نیک مذکور تھا آگے کافروں کی عیش و آرام کا بیان اور ان کا انجام بد مذکور ہے تا کہ مسلمانوں کو اپنا انجام سن کر جو تسلی ہوئی تھی اپنے دشمنوں کا انجام سن کر اور زیادہ تسلی ہو اور اُن کی عیش و آرام کی طرف حرصًا یا حزنًا یا غیظًا التفات نہ کریں۔ پھر اس انجام بد کو دریافت کر کے اگر کسی کو ان میں سے توبہ کی توفیق ہو اور کفر و معاصی سے باز آوے اور انجام بد سے محفوظ رہنا اور اس کو بھی انجام نیک کا نصیب ہو جانا ساتھ کے ساتھ بیان فرما دیا۔

انجام بد کفار مع استثناء تائبین عن الکفر: لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ۭ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۣ ثُمَّ مَاْوٰىھُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ ...... وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ (اے طالب حق) تجھ کو ان کافروں کا (حظوظ دنیا کے لئے) شہروں میں چلنا پھرنا مغالطہ میں نہ ڈال دے (کہ اس حالت کی کچھ وقعت کرنے لگے یہ) چندروزہ بہار ہے (کیونکہ مرتے ہی اس کا نام ونشان بھی نہ رہے گا) پھر (انجام یہ ہوگا کہ) ان کا ٹھکانا (ہمیشہ کیلئے) دوزخ ہوگا اور وہ برا ہی آرام گاہ ہے لیکن (ان میں سے بھی) جو لوگ خدا سے ڈریں (اور مسلمان و مطیع ہو جاویں) ان کے لئے (بہشت کے) باغات ہیں جن کے (محلات کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی وہ ان (باغوں میں) ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے یہ (ان کی) مہمانی ہوگی اللہ کی طرف۔

www.besturdubooks.net

سے اور جو چیزیں خدا کے پاس ہیں (جن کا ابھی ذکر ہوا یعنی جنات اور انہار وغیرہا) یہ نیک بندوں کے لئے بدر جہا (کفار کے حظوظ دنیوی سے) بہتر ہیں (کمیت میں بھی اور کیفیت میں بھی)۔

ربط: آیات دعا کے قبل اور متصل شنائع (اہل کتاب کا بیان تھا چونکہ بعضے ان میں جو مسلمان ہو گئے تھے اچھے بھی تھے اس لئے حسبِ عادت قرآنیہ ان کے قبائح کے بعد ان کے مدائح آگے بیان فرماتے ہیں جیسے شروع پارہ کے رکوع سوم میں آیت یہ آئی تھی لیسوا سواء اور چونکہ اشہر روایات شان نزول کی رو سے وہ آیت نومسلم یہودیوں کے باب میں تھی اور یہ آیت نومسلم نصاریٰ کے بارہ میں اس لئے تکرار بھی لازم نہیں آیا اور اہل کتاب کا لفظ دونوں کو شامل ہے اور سورت میں دونوں ہی سے محاجہ تھا اور اگر دونوں آیتوں کا مصداق ایک ہی مذہب کے نومسلم ہوں تو اختلاف عنوان سے تکرار نہ رہا یا تکرار سے تاکید ہوئی۔

مدح مؤمنین اہل کتاب: وَ اِنَّ مِنْ اَھْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ یُّؤْمِنُ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ اور بالیقین بعضے لوگ اہل کتاب میں سے ایسے بھی ضرور ہیں جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ اعتقاد رکھتے ہیں) اور اس کتاب کے ساتھ بھی (اعتقاد رکھتے ہیں) جو تمہارے پاس بھیجی گئی (یعنی قرآن) اور اس کتاب کے ساتھ بھی (اعتقاد رکھتے ہیں) جو ان کے پاس بھیجی گئی (یعنی توراۃ) اور انجیل اور خدا کے ساتھ بھی اعتقاد رکھتے ہیں تو) اس طور پر کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے (بھی) ہیں اس لئے اس اعتقاد میں حدودِ شرعیہ سے تجاوز نہیں کرتے اور توراۃ وانجیل کے ساتھ جو اعتقاد رکھتے ہیں تو اس طور پر اللہ تعالیٰ کی آیات (واحکام) کے مقابلہ میں (دنیا کا) کم حقیقت معاوضہ نہیں لیتے ایسے لوگوں کو ان کا نیک عوض ملے گا ان کے پروردگار کے پاس (اور اس میں کچھ دیر بھی نہ لگے گی کیونکہ) بلاشبہ اللہ تعالیٰ جلدی ہی حساب (کتاب) کر دیں گے (اور حساب وکتاب کرتے ہی سب کا دینا لینا بیباق کر دیں گے) **ف**: خاشعین اور لا یشترون کی قید لگانے سے بنا بر تقریر ترجمہ احقر کے یہ سوال واقع نہیں ہوتا کہ اللہ کو اور توراۃ وانجیل کو تو سب اہل کتاب مانتے تھے پھر اس میں اسلام قبول کرنے والوں کی کیوں تخصیص کی وجہ واقع نہ ہونے کی ان قیود سے معلوم ہو گئی کیونکہ دوسرے اہل کتاب کا اعتقاد اللہ کے ساتھ بلا خشوع تھا اسی سبب سے اس میں حدودِ شرعیہ سے تجاوز کرتے تھے۔ مثلاً اللہ تعالیٰ پر اولاد کی تہمت لگاتے تھے کہیں احکام میں افتراء کرتے تھے اسی طرح توراۃ وانجیل کے ساتھ اعتقاد مع الاشتراء تھا اس لئے تخصیص کی گئی اور قرآن پر چونکہ دوسرے اہل کتاب کا مطلق اعتقاد نہ تھا اس لئے اس میں کوئی قید نہیں لگائی کہ نفس اعتقاد ہی دونوں میں ممیز ہے۔ اور یہ جو فرمایا کہ جلدی حساب کتاب کر دیں گے اس کا یہ مطلب نہیں کہ ان لوگوں کا بھی ضرور حساب ہو گا کیونکہ بہت سے مقبولین کا بلا حساب جنت میں جانا احادیث میں آیا ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اکثر جو جلدی حساب کتاب کر دیتا ہے وہ جلدی ہی مزدوری بھی دے دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ حساب جلدی کر دیں گے تو سمجھ لو کہ ایمان واعمال صالحہ کا بدلہ بھی جلدی ہی دے دیں گے۔ خصوص اس لئے کہ قیامت بھی قریب ہے پس یہ کلام بطور کنایہ کے ہے۔

ربط: سورت ختم پر آئی چونکہ اصل مضمون سورت کا محاجہ کفار ہے بالسنان بھی باللسان بھی اور اس کے ضمن میں بہت سے معاملات قولیہ وفعلیہ کفار کے ایسے مذکور ہوئے جن سے مسلمان متاذی ہوتے تھے ایسے مواقع میں چند حالتیں پیش آتی ہیں ایک مقاتلہ ایک مصالحہ ایک یہ کہ نہ صلح کا عہد ہوا ہو اور نہ بالفعل مقاتلہ ہو لیکن احتمال ہو۔ پھر حالت مصالحہ میں بوجہ اس کے کہ کفار کو عناد تھا خاموش نہ رہتے تھے بلکہ مختلف پہلوؤں سے قولاً وفعلاً مسلمانوں کو ایذا پہنچاتے رہتے تھے جن میں بعضے امور تو قابل مباحثہ کے تھے ان میں تو محاجہ باللسان ہو سکتا تھا اور بعضے امور محض آزار دہی کی غرض سے کئے جاتے تھے پس یہ کل چار قسم کے امور ہوئے۔ ایک مقاتلہ دوسرے احتمال مقاتلہ، تیسرے مباحثہ، چوتھے محض ایذاء رسانی امر چہارم میں بطور خود صبر واستقلال کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور امر اول میں مصابرت یعنی دوسرے کے مقابلہ میں صبر وثبات کی حاجت ہوتی ہے۔ امر دوم میں مرابطت یعنی مقابلہ کے لئے مستعد رہنے کی ضرورت ہے اور امر سوم میں تقویٰ کی حاجت ہے تاکہ جوش اور غصہ میں خصم کے ساتھ شدت یا کسی معظم کی شان میں سوءِ ادب نہ ہو جاوے۔ جیسا اکثر مناظرات میں دیکھا جاتا ہے اور تقویٰ کو صرف امر سوم کے ساتھ خصوصیت نہیں بلکہ امور چہارگانہ میں اس کی احتیاج ہے تاکہ کسی حالت میں حدود شرعیہ سے تجاوز نہ ہو جاوے اس لئے ختم کی حالت میں انہی امور چہارگانہ کا حکم اور اس حکم کی تعمیل کا ثمرہ کہ جامع ثمرات ہے ارشاد فرماتے ہیں۔

امر بصبر ومصابرہ ومرابطہ وتقویٰ مع وعدہ ثمرہ: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا (الی قولہ تعالی) لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۟ اے ایمان والو (تکالیف پر) خود صبر کرو اور (جب کفار سے مقاتلہ ہو تو) مقابلہ میں صبر کرو اور (احتمال مقاتلہ کے وقت) مقابلہ کے لئے مستعد رہو اور (ہر حال میں) اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو (اور حدودِ شرع سے نہ نکلو) تاکہ تم پورے کامیاب ہو (آخرت میں تو ضرور ہی اور اکثر اوقات دنیا میں بھی) **ف**: قاموس میں مرابطت اور رباط کے دو معنی لکھے ہیں ایک ملازمت ثغر العدو یعنی مابین دار الاسلام ودار الکفر کے سرحد کے موقع پر قیام کرنا تاکہ کفار سے دار الاسلام کی حفاظت رہے۔ احقر نے یہی معنی لئے ہیں۔ دوسرے معنی مواظبت علی الامر یعنی مطلق احکام کی پابندی کرنا بیضاوی نے یہ معنی بھی لئے ہیں اور حدیث میں انتظار الصلوٰۃ بعد الصلوٰۃ کو رباط فرمایا ہے اس میں دونوں معنی کا احتمال ہے یا تو معنی اول کے اعتبار سے تشبیہاً اس کو رباط فرما دیا کہ یہ بھی نفس وشیطان کے مقابلہ میں مستعد رہنا ہے۔ یا معنی ثانی کے اعتبار سے

www.besturdubooks.net

حقیقۃ فرمادیا ہے کہ یہ انتظار خود علامت ہے دوام کی جیسا ظاہر ہے واللہ اعلم۔ الحمد للہ آج تاریخ ۲۴ شوال ۱۳۲۳ھ یوم پنج شنبہ وقت چاشت مقام تھانہ بھون میں تفسیر سورۂ آل عمران کی اختتام کو پہنچی آگے انشاء اللہ سورۂ نساء کی تفسیر آتی ہے اور دونوں سورتوں کا ربط بہت ظاہر ہے کہ یہ سورت امر بالتقوی پر ختم ہوئی ہے اور وہ اسی سے شروع ہوئی ہے باقی مفصل تقریر اپنے موقع پر آجاوے گی ان شاء اللہ تعالیٰ اللھم ربنا لك الحمد يا ذاالجلال والاكرام وعلى رسولك الصلوٰة و السلام الٰى يوم القيام۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا﴾ الخ رباط کی تفسیر مرابطہ ثغر سے ظاہر ہے اور حدیث میں اسباغ وضوء انتظار صلوٰۃ وغیرہ کو رباط فرمایا ہے جو کہ مرابطہ نفس ہے پس مجموعہ آیت وحدیث سے جہاد نفس پر جہاد کے اطلاق کی اصل نکلی۔ ا

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله** چندروزه فالقلة باعتبار قصر المدة وان كثر ويمكن ان يكون باعتبار المقدار فى جنب ما اعد الله للمومنين من البيضاوى قلت واشرت اليه فى قوله اخيرا کیست میں الخ ۱۲۔ ۲؎ **قوله** بہار يطلق فى لساننا على ما يتمتع به فهو بهذا المعنى مرادف للمتاع فلم يترك الترجمة اللفظية ۱۲۔ ۳؎ **قوله** وغیرہا من الخلو والمذكور والرؤية التى دلت عليه نصوص اخر ولا يدل المقام على الحصر ۱۲۔ ۴؎ **قوله فى تقرير الربط** اشہر روایات هو ما فى لباب النقول روى النسائى عن انس قال لما جاء نعى النجاشى قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوا عليه قالوا يا رسول الله نصلى على عبد حبشى فانزل الله وان من اهل الكتاب لم يومن بالله وروى ابن جرير نحوه عن جابر وفى المستدرك عن عبدالله بن الزبير قال نزلت فى النجاشى وان من اهل الكتاب اه قلت وفى رواية ابن جرير عن جابر فقال المنافقين انظروا الى هذا يصلى على علج نصرانى لم يره قط كذا فى روح المعانى فبين هذا ان ما فى النسائى قالوا فاعله فى الاصل المنافقون ۱۲۔ ۵؎ **قوله فى تقرير الربط** ايضا دونوں آیتوں کا مصداق ایک ہی مذہب كما ورد فى رواية غير مشهورة ذكرها فى روح المعانى هكذا وروى عن ابن جريج وابن زيد وابن اسحق انها نزلت فى جماعة من اليهود اسلموا منهم عبدالله بن سلام ومن معه اه قلت وكون الاولٰى اشهر لكونها عن النسائى ۱۲۔ ۶؎ **قوله فى** الفائدة بطور کنایہ كما فى روح المعانى واما كناية عن قرب الاجر الموعود فان سرعة الحساب تستدعى سرعة الجزاء وحينئذ تكون الجملة تكميلا لما قبلها فانه فى معنى الوعد ۱۲۔ ۷؎ **قوله** ملازمت ثغر العدد سمى به لان فيه ربط الخيول عادة وقوله ملازمة الامر سمى به لان فيه ربط النفس وحبسها ۱۲۔

فائدۃ: عدد آياتها (اى آل عمران) فى المصاحف مائتين لكن اقوال القراء فيها مختلفة فلذا صار فى تعديدنا مائة وتسعًا وتسعين آية نبهنا عليه كيلا تقع فى الحيرة ۱۲۔

اللغات: النزل بضم الزاء وسكونها فى القاموس ما هى للضيف ان ينزل عليه وقال غيره اول ما ينزل فتسمية الجنة نزلًا على هذا يكون للاشارة الٰى انها اول ما يعطون لا يقاسون الانتطار او يقال كبعضهم ان الجنة اول ما اعدوا للقاء والرؤية بعده ايذان بشرفهم لان الضيف مكرم خاشعين قال ابن زيد خائفين متذللين وقال الحسن الخشوع الخوف اللازم للقلب من الله تعالٰى ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ النِّسَاءِ

سُوْرَۃُ النِّسَاءِ مَدَنِیَّۃٌ ۹۲ | بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیَاتُہَا ۱۷۶ | رُکُوْعَاتُہَا ۲۴

سورۂ نساء مدینہ میں نازل ہوئی — شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے — اور اس میں ایک سو چھہتر آیتیں اور چوبیس رکوع ہیں

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَ بَثَّ مِنْهُمَا
رِجَالًا كَثِیْرًا وَّ نِسَآءً ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَ الْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَیْكُمْ رَقِیْبًا ①
وَ اٰتُوا الْیَتٰمٰۤى اَمْوَالَهُمْ وَ لَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِیْثَ بِالطَّیِّبِ ۪ وَ لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَهُمْ اِلٰۤى اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ
كَانَ حُوْبًا كَبِیْرًا ② وَ اِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِی الْیَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى
وَ ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَلَّا تَعُوْلُوْا ③

اے لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو جس نے تم کو ایک جاندار سے پیدا کیا اور اس جاندار سے اس کا جوڑا پیدا کیا اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلائیں اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس کے نام سے ایک دوسرے سے مطالبہ کیا کرتے ہو اور قرابت سے بھی ڈرو۔ بالیقین اللہ تعالیٰ سب کی اطلاع رکھتے ہیں اور جن بچوں کا باپ مر جائے ان کے مال انہی کو پہنچاتے رہو اور تم اچھی چیز سے بری کو مت بدلو اور ان کے مال مت کھاؤ۔ اپنے مالوں (کے رہنے) تک ایسی کارروائی کرنا بڑا گناہ ہے پس اگر تم کو اس بات کا احتمال اس کا ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کر سکو گے اور عورتوں سے جو تم کو پسند ہوں نکاح کر لو دو دو عورتوں سے اور تین تین عورتوں سے اور چار چار عورتوں سے۔ پس اگر تم کو احتمال ہو کہ عدل نہ رکھو گے تو پھر ایک ہی بی بی پر بس کرو یا جو لونڈی تمہاری ملک میں ہو وہی سہی اس امر مذکور میں زیادتی نہ ہونے کی توقع قریب تر ہے ۞

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

تفسیر: سورۃ النساء مدنیۃ وھی مائۃ و خمس وسبعون آیۃ۔ **ربط:** اوپر کی سورت مضمون تقویٰ پر ختم ہوئی ہے اس سورت کو اسی مضمون سے شروع کیا ہے لیکن اوپر کی سورت میں اس تقویٰ کے محل میں زیادہ تر وہ معاملات مذکور ہوئے تھے جو مخالفین کے ساتھ واقع ہوتے ہیں جیسا بوجہ اوضح اس کی تفصیل گزر چکی ہے اور اس سورت میں ایک محل تو وہی معاملات ہیں دوسرا محل معاملات باہمی تیسرا محل معاملات فی ما بین اللہ والعبد یعنی دیانات پس اس سورت میں تین قسم کے مضامین ہیں۔ معاملاتِ باہمی جیسے احکام یتامیٰ وازواج ومیراث وسیاسیات وتفصیل محرمات وحدود وحقوق ودیگر احکام متعلقہ زوجین ووالدین ویتامیٰ ومساکین وجیران واقارب واصحاب ومسافرین ومممالیک ورد امانات واطاعت حکام اسلام وعدل فی الحکم واحکام سلام وشفاعت وامثالہا۔ اور دیانات جیسے بعض احکام توبہ وصلوٰۃ وجنابت وطہارت وتیمم وہجرت اور معاملات مع المخالفین جیسے احکام جہاد واحوال منافقین واہل کتاب وابطال عقائد مشرکین اور یہ سب مضامین بوجہ اس کے کہ ہر ایک حکم میں دوسرے احکام پر نظر رکھنا مطلوبات شرع سے ہے مختلط طور پر مذکور ہیں اور اکثر ایک مضمون کے ضمن میں دوسرے مضامین آ گئے ہیں جیسے احکام جہاد میں صلوٰۃ الخوف اور مثل اس کے اور خود ایک حکم بھی کئی کئی حکموں پر مشتمل ہے جس طرح میراث ومحرمات وغیرہما میں کتنی کتنی صورتیں ہیں چنانچہ تدبر وامعانِ نظر سے یہ سب مضامین اسی ہیئت سے مجموعہ سورت میں ملیں گے اب سب سے اول تقویٰ کا یعنی اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کا حکم فرماتے ہیں اور اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی ایسی صفت لائے ہیں یعنی اَلَّذِیْ خَلَقَكُمْ الخ جس میں تقویٰ کے ساتھ ہی اکثر باہمی حقوق وتعلقات انسانیہ کی مراعات کی طرف اشارہ ہو جاوے پھر اس اشارہ کے بعد ارحام کی رعایت کی تصریح کر دی گئی۔

www.besturdubooks.net

امر بالتقویٰ وحفظ حقوق باہمی در ضمن آن: یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَیْكُمْ رَقِیْبًا۝ اے لوگو اپنے پروردگار (کی مخالفت) سے ڈرو جس نے تم کو ایک جاندار (یعنی آدم علیہ السلام) سے پیدا کیا (کیونکہ سب آدمیوں کی اصل وہی ہیں) اور اس (ہی) جاندار سے اس کا جوڑا بنایا (یعنی اس کی زوجہ حوا کو) پیدا کیا اور (پھر) ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں (دنیا میں) پھیلائیں اور (تم سے مکرر تاکید کے لئے کہا جاتا ہے کہ) تم خدا تعالیٰ سے ڈرو جس کے نام سے ایک دوسرے سے (اپنے حقوق کا) مطالبہ کیا کرتے ہو (جس مطالبہ کا حاصل یہ ہوتا ہے کہ خدا سے ڈر کر میرا حق دے دے سو جب دوسروں کو خدا کی مخالفت سے ڈرنے کو کہتے ہو تو معلوم ہوا کہ تم اس ڈرنے کو ضروری سمجھتے ہو تو تم بھی ڈرو) اور (اول تو تمام احکام الٰہیہ میں مخالفت سے بچنا اور ڈرنا ضرور ہے لیکن اس مقام پر ایک حکم خصوصیت کے ساتھ ذکر کیا جاتا ہے کہ) قرابت (کے حقوق ضائع کرنے) سے بھی ڈرو بالیقین اللہ تعالیٰ تم سب (کے حالات) کی اطلاع رکھتے ہیں (اگر مخالفت کرو گے مستحق سزا ہو گے) ف: اس آیت میں پیدائش کی تین صورتوں کا بیان ہے۔ ایک تو جاندار کا بے جان سے پیدا کرنا کیونکہ آدم علیہ السلام مٹی سے پیدا ہوئے ہیں۔ دوسرے جاندار کا جاندار سے بلا طریقہ توالد متعارف پیدا ہونا کیونکہ حضرت حوا حضرت آدم علیہ السلام کی پسلی سے پیدا ہوئی ہیں جیسا حدیث شیخین وغیرہما میں ہے: انهن خلقن من ضلع وان اعوج شیء من ضلع اعلاه اور تیسرے جاندار کا جاندار سے بطریق توالد متعارف پیدا ہونا جیسا اور آدمی آدم وحوا سے اس وقت تک پیدا ہوتے آ رہے ہیں اور فی نفسہ عجیب ہونے میں اور قدرت کے سامنے عجیب نہ ہونے میں تینوں صورتیں برابر ہیں۔ پس بعد ثبوت بالدلیل کے کسی صورت کا محض بنا بر توہم پرستی کے انکار کرنا جیسا کہ بعضے صورت ثانیہ کے منکر ہیں نہایت ہی ظلم ہے۔ رہا یہ سوال کہ اس صورت کے اختیار کرنے سے کیا فائدہ ہوا بدیں وجہ مدفوع ہے کہ اول تو ہم تعیین فوائد واسرار کا دعویٰ نہیں کرتے نہ اس کی کچھ ضرورت۔ دوسرے ممکن ہے کہ ایک حکمت یہ بھی ہو کہ اللہ تعالیٰ کا سب طرح کی پیدائش پر قادر ہونا محقق ہو جاوے۔ تیسرے ہم پوچھ سکتے ہیں کہ جو صورت اس وقت متعارف ہے اس میں کیا اسرار و فوائد ہیں جب یہ معلوم نہیں وہ بھی نہ سہی۔ اور یہ شبہ کہ پھر آدم علیہ السلام کی وہ پسلی بدن سے غائب ہو گئی ہوگی تو اول تو یہ ضرور نہیں کیا اس کہنے سے کہ کوئی چیز مٹی سے بنی کسی عاقل کے نزدیک لازم آتا ہے کہ پھر مٹی عالم سے غیب ہو گئی ہوگی بلکہ ہر شخص کے نزدیک مطلب اس کا یہ ہوتا ہے کہ مٹی کے بعض اجزاء سے وہ چیز بنائی گئی پس اگر اسی طرح یہاں بھی کہا جاوے کہ کسی جزو خاص نہایت قلیل المقدار کو لے کر اس کو اصل قرار دیا اور اپنی قدرت سے اس کو بڑھا کر ایک خاص صورت بنا دی تو اس میں کیا اشکال ہے۔ دوسرے اگر بلا دلیل اس لازم کو کوئی مان لے تو اس میں کون سا محال لازم آتا ہے کہ آدم علیہ السلام کے بدن میں ایک ہڈی کم ہو گئی ہو۔ رہا یہ کہ اس کے نکالنے سے ان کو تکلیف ہوئی ہوگی محض طفلانہ وہم ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اور یہ حکم حفاظت حقوق رحم کا بالتخصیص اس لئے بیان کیا گیا کہ آگے اس قسم کے احکام آتے ہیں گویا یہ بطور تمہید کے ہو گیا۔

ربط: اوپر تقویٰ کا حکم تھا اور اس کے ضمن میں مراعات حقوق انسانیہ ورحمیہ کا ارشاد تھا آگے اس تقویٰ کے مواقع کا کہ حقوق مذکورہ ہیں مفصلاً ذکر فرماتے ہیں اور وہ چند احکام ہیں۔

حکم اول عدم اضرار یتامیٰ: وَاٰتُوا الْیَتٰمٰۤى اَمْوَالَهُمْ (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِیْرًا اور جن بچوں کا باپ مر جاوے ان کے (مملوک) مال ان ہی کو پہنچاتے رہو (یعنی ان ہی کے خرچ میں لگاتے رہو) اور (جب تک تمہارے قبضہ میں ہیں) تم (ان کے مال میں شامل کرنے کے لئے ان کی) اچھی چیز سے بری چیز کو مت بدلو (یعنی ایسا مت کرو کہ ان کی اچھی چیز تو نکال لی جاوے اور بری چیز ان کے مال میں ملا دی جاوے) اور ان کے مال مت کھاؤ اپنے مالوں (کے رہنے) تک (البتہ جب تمہارے پاس کچھ نہ رہے تو بقدر حق الخدمت اپنے گذارے کیلئے ان کے مال سے لینا درست ہے جیسا آگے آوے گا وَمَنْ كَانَ فَقِیْرًا) ایسی کارروائی کرنا (کہ بری چیز ان کے مال میں شامل کر دی یا بلا ضرورت ان کے مال سے منتفع ہوا) بڑا گناہ ہے (جس کی وعید آگے آوے گی اِنَّ الَّذِیْنَ یَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْیَتٰمٰى الخ)

ف: ایسے بچوں کو شرعاً یتیم کہتے ہیں جاہلیت میں یتیموں کے حقوق بالکل ضائع کئے جاتے تھے بعضے ان کی اچھی چیز نکال کر بری چیز ان کے مال میں ڈال دیتے بعضے ویسے ہی کھاتے اڑاتے ان سب سے ممانعت کی گئی۔

ربط: اوپر یتامیٰ کے ضرر پہنچانے کے بعض طریقوں سے منع فرمایا ان کے سوا بعضے اور امور بھی تھے جن میں یتامیٰ کا ضرر تھا مثلاً ایک یہ کہ کسی شخص کی پرورش میں کوئی یتیم مالدار لڑکی ہوئی اور صورت شکل کی بھی اچھی ہے اس کے مال و جمال کی وجہ سے اس شخص نے چاہا کہ میں خود ہی اس سے نکاح کر لوں لیکن چونکہ ہر طرح اپنے قابو میں ہوتی تھی اور کوئی دوسرا شخص اس کے حقوق کا احیاء ومطالبہ کرنے والا نہ ہوتا تھا اس لئے اس کو مہر اتنا نہ دیتے تھے جتنا دوسرا شخص دیتا اللہ تعالیٰ آئندہ حکم دوم میں اس امر کا انتظام فرماتے ہیں رواہ الشیخان عن عائشۃ رضی اللہ عنہا حاصل انتظام کا یہ ہے کہ اگر تم سے ان کا مہر مناسب پورا نہ دیا جائے تو تم اور عورتوں سے نکاح کر لو ان سے مت کرو۔

www.besturdubooks.net

حکم دوم اکتفاء برنکاح غیر یتامیٰ بوقت تنقیص مہر یتامیٰ: وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَاۗءِ مَثْنٰى وَ ثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ اور اگر تم کو اس بات کا احتمال (بھی) ہو (اور یقین میں تو بدرجہ اولیٰ) کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارہ میں (بابت ان کے مہر کے) انصاف (کی رعایت) نہ کر سکو گے تو (ان سے نکاح مت کرو بلکہ) اور (حلال) عورتوں سے جو تم کو (اپنی کسی مصلحت کے اعتبار سے) پسند ہوں نکاح کر لو (کیونکہ وہ مجبور نہیں آزادی سے اپنی رضا ظاہر کر سکتی ہیں اور یہ نکاح اس قید کے ساتھ ہو کہ جو ایک عورت سے زیادہ کرنا چاہے تو ان صورتوں میں سے کوئی صورت ہو ایک صورت یہ کہ ایک ایک مرد) دو دو عورتوں سے (نکاح کر لے) اور (دوسری صورت یہ کہ ایک ایک مرد) تین تین عورتوں سے (نکاح کر لے) اور (تیسری صورت یہ کہ ایک ایک مرد) چار چار عورتوں سے (نکاح کر لے)۔ **ف**: مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ترکیب نحوی میں حال ہے مَا طَابَ سے اور حال قید ہوتا ہے کلام میں اور اپنے مفہوم[1] میں بوجہ تکرار معنی کے موضوع ہیں انقسام کے لئے پس مجموعہ دونوں امروں کا مفید ہوا تقیید الحکم بہذہ الاقسام کو نہ کہ اطلاق کو اور حکم فَانْكِحُوْا جو عامل ہے حال میں اباحت کے لئے ہے پس اباحت مقید ہوگئی ان اقسام کے ساتھ جب یہ قید نہ ہوگی مثلاً چار سے زائد ہو تو اباحت بھی نہ ہوگی کیونکہ جہاں قید کا کوئی فائدہ نہ ہو احترازی ہوتی ہے اور بعض کا یہ کہنا کہ رباع تک کہنا اس لئے ہے کہ اس سے آگے استعمال نہیں آتا بایں وجہ غیر مسموع ہے کہ متنبی کے قصائد میں ہے۔ احاد ام سداس فی احاد۔ اور یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ ایک عورت سے نکاح کرنا علاوہ ان اقسام کے ہے۔ وجہ دفع یہ ہے کہ سیاقاً اور اجماعاً اس قید سے اقل کی نفی مقصود نہیں کیونکہ مقام توسع کا ہے تاکہ یتامیٰ کے نکاح سے استغناء ثابت ہو جاوے جو ایک میں حاصل ہے پس ایک کی نفی سے تعرض نہیں۔ البتہ اس توسع سے یہ شبہ صحیح نہیں کہ مافوق الاربع بھی جائز ہوگا وجہ دفع یہ کہ جو غرض ہے اس توسع سے کہ استغناء نکاح یتامیٰ سے حاصل ہو جائے تو وہ توسع اس صورت میں بھی حاصل ہے کہ اس کو اربع کے اندر اندر محدود رکھا جاوے۔ بخلاف آیہ سورۂ فاطر کے درباب ملائکہ کے اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى الخ کہ وہاں تقیید کی کوئی دلیل نہیں اس کی ایسی مثال ہے کہ جیسے ایک جماعت کو ایک خوان روٹیوں کا دے کر کہا جاوے کہ سب آدمی تین تین چار چار بانٹ لو۔ یقیناً جو شخص زیادہ مانگے گا وہ اپنے کو اذن جدید کا محتاج سمجھے گا۔ اور اس کلام سے زائد کی نفی سمجھے گا بخلاف اس کے کہ کسی سے کہا جاوے بازار جاؤ مدرسہ جاؤ باغ جاؤ جہاں جا ہو جاؤ اس میں ما سوا کی نفی اس لئے نہیں کہ یہ کلام تقسیم کے لئے موضوع نہیں خوب سمجھ لو۔ اور حدیثوں میں صاف مصرح ہے کہ بعضے نومسلموں کے پاس چار سے زائد بیبیاں تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چار سے زیادہ جدا کرا دیں اور امت حقہ کا اس پر اجماع بھی ہے اور جن لوگوں سے خلاف منقول ہے اول تو وہ اجماع ان اہل خلاف کے قول سے پہلے ہو چکا تھا پس ایسا خلاف قادح نہیں دوسرے ان کے پاس کوئی دلیل معتد بہ نہیں اور دعویٰ محض بلا دلیل صحیح مخل اجماع نہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا زائد سے نکاح فرمانا یہ آپ کی خصوصیات سے ہے: اخذت اکثرہ من روح المعانی وان شئت البسط فراجعہ واجاب ایضا عن شبہات الرازی۔

مسئلہ: یہ حکم چار تک کا آزادوں کے لئے ہے اس کا قرینہ آیت میں بھی ہے: اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ کیونکہ مخاطب اس میں اور ماسبق میں ایک ہیں اور غلام مالک نہیں ہوتا اور جو شرعاً غلام ہو اس کو دو تک درست ہے۔

مسئلہ: یتیم لڑکی کا نکاح قبل بلوغ باذن ولی جائز ہے آیت میں نکاح یتامیٰ کے احکام بیان کرنا اس کا قرینہ بھی ہے۔

ربط: شروع آیت میں کثرت ازواج کی اجازت دی ہے جس کی وجہ یہی تھی کہ یتامیٰ کے حق میں خلاف عدل نہ ہو چونکہ عدل مطلقاً ہر موقع میں واجب ہے اس لئے آگے اس صورت کا حکم فرماتے ہیں کہ جب کثرت ازواج میں اندیشہ خلاف عدل کا ہو۔

اکتفا بر واحدہ یا جاریہ وقت خوفِ عدم عدل بین الازواج: فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا ۝ۭ پس اگر تم کو (غالب) احتمال اس کا ہو کہ (کئی بیبیاں کر کے) عدل نہ رکھو گے (بلکہ کسی بی بی کے حقوق واجبہ ضائع ہوں گے) تو پھر ایک ہی بی بی پر بس کر و یا (اگر دیکھو کہ ایک کے حقوق بھی ادا نہ ہوں گے تو) جو لونڈی (حسب قاعدہ شرعیہ) تمہاری ملک میں ہو وہی سہی اس امر مذکور میں (یعنی ایک بی بی کے رکھنے یا صرف لونڈی پر بس کرنے میں) زیادتی (و بے انصافی) نہ ہونے کی توقع قریب تر ہے (کیونکہ ایک صورت میں تو تعدد نہیں جس میں برابری کرنا پڑے دوسری صورت میں بی بی کے حقوق سے بھی کم حقوق ہیں مثلاً مہر نہیں صحبت کا حق نہیں تو اندیشہ اور کم ہے)

ف: **مسئلہ**: اگر عدل نہ ہو سکنے کا غالب احتمال ہو تو کئی بیبیوں سے نکاح کرنا بایں معنی ممنوع ہے کہ یہ شخص گنہگار ہوگا نہ بایں معنی کہ نکاح صحیح نہ ہوگا نکاح یقیناً ہو جاوے گا۔

مسئلہ: جو لونڈیاں ہندوستان میں پائی جاتی ہیں یہ شرعی لونڈی نہیں ان سے بلا نکاح صحبت حرام ہے اسی طرح جبر فی الخدمت اور بیع وغیرہ سب حرام ہے۔

تنبیہ: بعض ہوا پرستوں نے دنیوی غرض سے آیات الٰہیہ کے مضمون میں تحریف کی ہے اور کہا ہے کہ یہ آیت بالکل کثرتِ ازواج کی نفی کر رہی ہے اس طرح سے کہ یہاں فرمایا کہ جب عدل نہ ہو سکے تو ایک پر اکتفاء کرو اور دوسری آیت میں فرما دیا کہ تم سے کبھی عدل ہو ہی گا نہیں۔ وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ

www.besturdubooks.net

النِّسَاۗءِ دونوں آیتوں کے ملانے سے معلوم ہوا کہ ایک سے زیادہ جائز نہیں فقط اور یہ محض مغالطہ باطلہ ہے کیونکہ دونوں آیتوں میں عدل جدا جدا معنوں میں ہے اس آیت میں تو عدل فی الحقوق الواجبہ ہے جیسا احقر نے تصریح بھی کر دی اور یہ قدرت میں ہے اور اسی کے اعتبار سے واحد اور کثیر کے اختیار کرنے میں تفصیل فرمائی ہے اور اس آیت میں عدل فی المحبة ہے اور وہ عادۃً قدرت میں نہیں اس لئے اس کی نفی فرمائی بس اس ہوا پرست کے دعویٰ سے اس کو اصلاً مس نہیں بلکہ اس آیت میں نفی عدل کے ارشاد ہے فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ جس کا حاصل یہ ہوا کہ یہ تو ہم جانتے ہیں عدل فی المحبة نہ ہو سکے گا بلکہ قلب کو ایک طرف میلان رہے گا۔ اور اس میلان پر ملامت نہیں لیکن بالکلیہ میلان تو نہ ہو کہ قلب سے بھی اور معاملات وحقوق میں بھی۔ پس دونوں آیتوں کے مجموعہ سے یہ حاصل ہوا کہ عدل فی المحبت واجب نہیں لیکن عدل فی المعاملہ واجب ہے۔

ربط: اوپر نکاح کا بیان تھا چونکہ نکاح کے لوازم شرعیہ سے مہر ہے اور اس کا دینا اکثر طبائع پر گراں ہوتا ہے اس لئے حکم سوم میں اس کا انتظام فرماتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ مباحات سے لذت حاصل کرنا اور اس میں کسی قدر کثرت بھی کرنا اور اس میں سے اچھی اچھی کو منتخب کرنا جب کہ افراط نہ ہو زہد کے منافی نہیں البتہ جس شخص کو افراط یا تفریط کا اندیشہ ہو اس کے لئے اسلم یہی ہے کہ قدر ضرورت پر اکتفاء کرے اور اسی واسطے ایسے شخص کے لئے اقتصار کرنے کی طرف اس قول میں اشارہ فرمایا ہے: فَوَاحِدَةً اور ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا۝ میں اس کی ایسی ہی حکمت کی طرف اشارہ بھی فرمایا ہے۔

الحواشی: (۱) مطلب یہ کہ مثنیٰ وثلث وربع اپنے مفہوم کے اعتبار سے انقسام کے موضوع ہیں کیونکہ معنی میں تکرار ہے: لان معناه اثنين اثنين و ثلثة ثلثة واربعة اربعة ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ترجمة واتقوا الله تم سے مکرر الخ اشارة الى فائدة التكرير من التاكيد ۱۲۔ ۲ قوله بعد ترجمة تساءلون به جس مطالبہ کا حاصل یہ ہے الخ اخذته من روح المعانی ففيه تعليق الحكم بما فی حيز الصلة ۱۲۔ ۳ قوله قبل ترجمة والارحام ایک حکم خصوصیت کے ساتھ الخ علم منه فائدة ذكر الارحام تخصيصاً بعد تعميم التقوىٰ ۱۲۔ ۴ قوله بعد ترجمة رقيباً مستحق الخ فسقط قول المبتدعة من وجوب العقاب على الله تعالىٰ ۱۲۔ ۵ قوله لگاتے رہو دل بهذا على ان الآية فيمن لم يبلغ كما ان الآية الآتية فی من بلغ فلا تكرار وبهذا رجحه فی روح المعانی وقواه بقوله تعالىٰ ولا تتبدلوا لان التبدل لا يكون الا فی حالة القبض فافهم وبنى عليه النكتة فی التعبير بالايتاء ههنا وبالدفع هناك ۱۲۔ ۶ قوله ان کے مال میں شامل الى قوله مت بدلو اشارة الىٰ تحقيق انيق وهو ان التبدل والاستبدال يستعملان ابدا بافضائهما الى الحاصل بانفسها والى الزائل بالباء كما فی قوله تعالىٰ ومن يتبدل الكفر بالايمان وقوله تعالىٰ تستبدلون واما التبديل فيستعمل تارة كذلك واخرىٰ بالعكس وتارة بافضائه الى مفعولية بنفيه ومرة الى مفعول واحد و ههنا اورد التبدل فلا محالة يكون الطيب متروكا والخبيث ماخوذ او الظاهر ان كونه خبيثًا او طيبًا باعتبار الجودة والردائة لا الحل والحرمة بدليل التبادر فعلىٰ هذا يشكل كون الطيب متروكا والخبيث ماخوذا لان الظاهر بالعكس فالتوجيه انه اريد التبدل لليتيم لان الاوصياء هم المتصرفون فی اموال اليتمٰى فنهوا عن بيع بوكس من انفسهم ومن غيرهم وماضاهاه فهو آخذ للخبيث اى لليتيم وتارك الطيب اى له ايضا فافهم اخذته من روح المعانی ۱۲۔ ۷ قوله اپنے مالوں کے رہنے تک كذا فی روح المعانی عن الكشف لكن صاحب الكشف حمله على المبالغة وانى حملته على الافادة التقييدية كما اوضحته بقولى البته الخ فكلمة الىٰ على هذا على اصلها للغاية والمشهور انها بمعنى مع فالمنهى عنه امران اكل مالهم بعد التبديل واكله بلا تبديل ۱۲۔ ۸ قوله احتمال بھی ہو اشارة الى النكتة فی ايراد الخوف مع ان شان النزول يدل على تحققه ۱۲۔ ۹ قوله اور حلال عورتوں سے فان المحرمات مستثناة ۱۲۔ ۱۰ قوله کسی مصلحت الخ اشار الى ان الطيب لا يتوقف على النظر الىٰ جمالها فلا دلالة فی الآية عليه نعم دال الحديث على جوازه الى الوجه اذا اراد الخطبة ۱۲۔

اللغات: الرقيب فی روح المعانی المطلع ومنه المرقب للمكان العالی الذی يشرف عليه ليطلع على ما دونه ومن هنا فسره ابن زيد بالعالم فهو فعيل بمعنى الفاعل وقال مجاهد حفيظ ۱۲۔ الاقساط العدل لانه زوال القسوط اى الظلم ومنه قوله تعالىٰ واما القاسطون فكانوا لجهنم حطبا واما القسط فيأتی بمعنى العدل وان حكمت فاحكم بينهم بالقسط اليتمٰى يطلق على المذكر والمؤنث كله من روح المعانی. العول الميل وهو الجور ۱۲۔

النحو واختلاف القراءۃ: الارحام بالنصب وهو معطوف على محل المجرور والكلام على حد مررت بزيد وعمرو فالمعنى

www.besturdubooks.net

تساء لون بالارحام وكانوا يقولون اسألك بالله وبالرحم واما معطوف على الاسم الجليل اى اتقوا الله واتقوا لارحام وصلوها فان قطعها مما يجب ان يتقى وقرأ حمزة بالجر عطفًا على المجرور ويكون المعنى ما مر فى الوجه الاول من العطف على المجرور ولا يسمع تشنيع من شنع عليه بعد ثبوت القراء ة تواترا وما استندوا اليه من امتناع العطف على الضمير المجرور هو مذهب البصريين ولسنا متعبدين باتباعهم وادعى ابو حيان ان الصحيح ما ذهب اليه الكوفيون من الجواز وكذا لا يعتد بما استندوا اليه ايضًا ان فى ذكر الارحام تقرير التسائل بها والقسم بحرمتها فان هذا القول لا يراد به القسم وانما يراد الاستعطاف وليس هو كقول القائل والرحم لافعلن كذا وقد خرج ابن جنى هذه القراء ة على حذف الباء لدلالة المقام عليها وقد مشى على ذلك ايضا الزمخشرى فى احاجيه اه من روح المعانى ۱۲۔

البلاغة: فى روح المعانى لايفهم من خلق بنى آدم من نفس واحدة خلق زوجها منه ولا خلق الرجال والنساء من الاصلين جميعًا والمعطوف متكفل ببيان ذلك وقد ذكر غير واحد ان اللازم فى العطف تغاير المعطوفات ولو من وجه وما هو ههنا محقق بلا ريب كما لا يخفى اه قلت فلا تكرار فى الآية وفيه وليس المراد بالرجال والنساء البالغين والبالغات بل الذكور والاناث مطلقًا تجوز او لعل ايثارهما على الذكور والاناث لتاكيد الكثرة والمبالغة فيها بترشيح كل فرد من الافراد المبثوثة لمبدية غيره وقيل ذكر الكبار منهم لانه فى معرض المكلفين بالتقوىٰ ۱۲۔ فى روح المعانى والمراد بايتائهم اموالهم تركها سالمة غير متعرض لها بسوء فهو مجاز مستعمل فى لازم معناه لانها لا توتى الا كذالك والنكتة فى هذا التعبير الاشارة الى انه ينبغى ان يكون الغرض من ترك التعرض ايصال الاموال الىٰ من ذكر لا مجرد ترك التعرض لها وعلى هذا يصح ان يراد باليتامى الصغار على ما هو المتبادر ولا يرد عليه ان ابن ابى حاتم اخرج عن سعيد بن جبير ان رجلًا من غطفان كان معه مال كثير لابن اخ له يتيم فلما بلغ طلب المال الىٰ قوله فنزلت وآتوا اليتامىٰ فان ذلك يدل على ان المراد بالايتاء الا عطاء بالفعل لا سيما وقد روى الثعلبى ان العم لما سمعها قال نعوذ بالله من الحوب الكبير لما انهم قالوا العبرة لعموم اللفظ لا لخصوص السبب ولعل العم لم يفهم الامر بالاعطاء حقيقة بطريق العبارة بل لشئ آخر فقال ما قال اه۔ فى روح المعانى واوثرت ما على من ذهابا الى الوصف من البكر او الثيب مثلًا وما يختص او تغلب فى غير العقلاء فيما اذا اريد الذات واما اذا اريد الوصف فلا كما تقول ما زيد فى الاستفهام اى افاضل ام كريم ۱۲۔

وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِیْٓـًٔا مَّرِیْٓـًٔا ۝ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِیْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِیٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِیْهَا وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝ وَابْتَلُوا الْیَتٰمٰی حَتّٰۤی اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْۤا اِلَیْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَاۤ اِسْرَافًا وَّبِدَارًا اَنْ یَّكْبَرُوْا ؕ وَمَنْ كَانَ غَنِیًّا فَلْیَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ فَقِیْرًا فَلْیَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَیْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَیْهِمْ ؕ وَكَفٰی بِاللّٰهِ حَسِیْبًا ۝ لِلرِّجَالِ نَصِیْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۠ وَلِلنِّسَآءِ نَصِیْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ؕ نَصِیْبًا مَّفْرُوْضًا ۝

اورتم لوگ بیبیوں کوانکے مہر خوشدلی سے دے دیا کرو۔ ہاں اگر وہ بیبیاں خوشدلی سے چھوڑ دیں تم کو اس مہر کا کوئی حصہ تو تم اس کو کھاؤ مزہ دار خوشگوار سمجھ کر اور تم کم عقلوں کو اپنے وہ مال مت دو جن کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے مایۂ زندگانی بنایا ہے اور ان مالوں میں سے ان کو کھلاتے رہو پہناتے رہو اور ان سے معقول بات کہتے رہو اور تم یتیموں کو آزمالیا کرو یہاں تک کہ جب وہ نکاح کو پہنچ جاویں پھر اگر ان میں ایک گونہ تمیز دیکھو تو ان کے اموال ان کے حوالے کردو اور ان اموال کو ضرورت سے زائد اٹھا کر اور اس خیال سے کہ یہ بالغ ہو جاویں گے جلدی جلدی اڑا کر مت کھا ڈالو اور جو شخص مستغنی ہو سو وہ اپنے آپ کو بالکل بچائے اور جو شخص حاجت مند ہو تو وہ مناسب مقدار سے کھالے پھر جب ان کے اموال ان کے حوالے کرنے لگو تو ان پر گواہ بھی کر لیا کرو اور اللہ تعالیٰ ہی حساب لینے والا کافی ہیں۔ مردوں کے لئے بھی حصہ ہے اس چیز میں سے جس کو ماں باپ اور بہت نزدیک کے قرابتدار چھوڑ جاویں اور عورتوں کے لئے بھی حصہ ہے اس چیز میں سے جس کو ماں باپ اور بہت نزدیک کے قرابتدار چھوڑ جاویں خواہ

www.besturdubooks.net

وہ چیز قلیل ہو یا کثیر حصہ قطعی ۞

تفسیر: حکم سوم تسلیم مہر: وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ۚ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِیْٓـًٔا مَّرِیْٓـًٔا اور تم لوگ بیبیوں کو ان کے مہر خوشدلی سے دے دیا کرو ہاں اگر وہ بیبیاں خوشدلی سے چھوڑ دیں تم کو اس مہر میں کا کوئی جزو (اور یہی حکم کل کا بھی ہے) تو (اس حالت میں) تم اس کو کھاؤ (برتو) مزہ دار خوش گوار سمجھ کر۔ ف: مسئلہ: اگر مہر لے کر واپس کر دیں تو یہ ہبہ ہے اور اگر بے لئے معاف کر دیں تو یہ ابراء ہے اور دونوں جائز ہیں اور آیت دونوں کو شامل ہے۔ مسئلہ: جو کسی جبر سے معاف کرے وہ عند اللہ معاف نہیں ہوتا۔ مسئلہ: عموم الفاظ سے معلوم ہوا کہ عورت[1] کے رشتہ دار بھی بدون اس کی مرضی کے مہر میں تصرف نہیں کر سکتے۔

ربط: اوپر حکم اول میں یتیموں کے مال کی حفاظت کا ذکر تھا اب حکم چہارم میں یہ بتلاتے ہیں کہ ان کے وہ اموال ان کو کب سپرد کر دیئے جاویں اور سپرد کرنے کی تاکید فرماتے ہیں۔

حکم چہارم تفصیل تفویض مال بہ یتامیٰ: وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِیْ (الی قولہ تعالی) قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۞ وَابْتَلُوا الْیَتٰمٰی حَتّٰۤی اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْۤا اِلَیْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ اور (اگر یتیم بالغ ہو جاویں جس کا مقتضیٰ مال کا سپرد کر دینا ہے جیسا آگے آتا ہے لیکن کم عقل ہوں تو) تم (ان) کم عقلوں کو اپنے (یعنی جو ان کے) وہ مال مت دو جن کو خدا تعالیٰ نے (ایسے کام کا پیدا کیا ہے کہ ان کو) تمہارے (سب کے) لئے مایۂ زندگانی بنایا ہے (مطلب یہ کہ مال قدر کی چیز ہے ان کو ابھی مت دو کہ بے قدری کر کے اڑا دیں گے) اور ان مالوں میں (سے) ان کو کھلاتے رہو پہناتے رہو اور ان سے معقول بات کہتے رہو (یعنی ان کی تسلی کرتے رہو کہ مال تمہارا ہے تمہاری خیر خواہی کی وجہ سے ابھی تمہارے ہاتھ میں نہیں دیا ذرا سمجھ دار ہو جاؤ گے تو تم ہی کو دے دیا جاوے گا) اور (جب مال سپرد کرنے کے لئے ہوشیاری دیکھنا ضرور ہے تو) تم یتیموں کو (بالغ ہونے سے پہلے ہوشیاری و تمیز داری کی باتوں میں) آزما لیا کرو (کیونکہ بالغ ہونے کا وقت تو سپردگی مال کا وقت ہے تو آزمائش پہلے سے چاہئے مثلاً کچھ کچھ سودا سلف اس سے منگا لیا اور دیکھا کہ کیسے سلیقہ سے خرید کر لائے یا کوئی چیز فروخت کی دے دی اور دیکھا کہ اس کو کس طرح فروخت کیا) یہاں تک (ان کو آزمایا جاوے) کہ جب وہ نکاح (کی عمر) کو پہنچ جاویں (یعنی بالغ ہو جاویں کیونکہ پوری قابلیت بلوغ سے ہوتی ہے) پھر (بعد بلوغ و آزمائش) اگر ان میں ایک گونہ تمیز دیکھو (یعنی حفاظت و رعایت مصالح مال کا سلیقہ اور انتظام ان میں پاؤ) تو ان کے اموال ان کے حوالے کر دو (اور اگر ہنوز سلیقہ یا انتظام نہ معلوم ہو تو چندے اور حوالہ نہ کیا جاوے جیسا ف میں آتا ہے۔

ف: مسئلہ: قبل بلوغ آزمائش کا جو طریقہ بتلایا گیا اس سے معلوم ہوا کہ نابالغ اگر خرید و فروخت کرے باذن ولی جائز ہے۔ مسئلہ: ایک گونہ تمیز کی جو تفسیر کی گئی اس تمیز نہ ہونے کو سفہ کہتے ہیں جو مانع تفویض مال ہے خواہ سلیقہ نہ ہو خواہ سلیقہ ہو مگر اس سلیقہ سے کام نہ لیتا ہو یعنی انتظام نہ کرتا ہو بلکہ مال کو اڑاتا ہو دونوں صورتوں میں ابھی مال نہ دیا جاوے گا اور اوپر جو کہا ہے ذرا سمجھ دار اس ذرا سے بھی یہی خاص تمیز مراد ہے۔

مسئلہ: یہ جو کہا ہے کہ چندے اور حوالہ نہ کیا جاوے اس سے مراد پچیس سال کی عمر سے کم کم ہے اور جب پچیس سال کا پورا ہو جاوے گو یہی حالت رہے تو اس کا مال اس کو دیدینگے۔

مسئلہ: سفیہ کے ایسے تصرفات باطل ہیں جن میں یہ ضرورت ہے کہ دوسرے کے ہاتھ میں چیز دیدی جاوے جیسے ہبہ و صدقہ وغیرہ اور جو تصرفات زبانی نافذ ہو جاتے ہیں جیسے بیع و نکاح و طلاق وغیرہ سب صحیح ہیں اور ولی یعنی جس کے قبضہ میں مال ہے اسکو ان تصرفات کی تکمیل کا مثل تسلیم بیع و زرِ ثمن و مہر حکم کیا جاویگا۔

مسئلہ: علامت بلوغ کی انزال اور حیض ہے اور یہ نہ ہو تو مرد کی عمر ۱۸ سال کی اور عورت کی ۱۷ سال کی اور بقول بعض علماء مفتی بہ پندرہ سال دونوں میں وهو مذهب الصاحبين ووافقهما الامام فی رواية عنه۔

مسئلہ: البتہ اگر اس کے دماغ میں ایسا فتور ہو جس کو جنون یا عتہ کہتے ہیں اس کا حکم تمام عمر مثل نابالغ کے رہے گا یہ سب مسائل ہدایہ میں ہیں۔

دفع شبہ: امام صاحبؒ کے اس مسئلہ پر کہ بعد پچیس سال کے اس کا مال دے دیا جاوے۔ شبہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تو رشد پر مدار رکھا ہے اور ابھی رشد ہوا نہیں جواب یہ کہ یہاں رشد مقابل سفہ کے ہے اور سفہ سے مراد مطلق سفہ نہیں بلکہ وہ سفہ جو اثر صبا یعنی طفولیت کا ہے چنانچہ نابالغوں کا ذکر اس کا قرینہ ہے اور احقر نے ترجمہ سفہاء میں لفظ ان سے اس طرف اشارہ کر دیا ہے۔ پس ابتدائے بلوغ میں تو اس کی عمر سابق کا بقیہ اثر سمجھیں گے اور جب پچیس سال کی عمر ہو گئی جس میں آدمی دادا بن سکتا ہے اب طفولیت کا اثر قطعاً نہیں رہا اس وقت کی بے عقلی دوسری قسم کی ہے پس وہ سفہ نہ رہا تو اس کا مقابل یعنی رشد آ گیا جس کو بوجہ تنکیر کے ایک گونہ رشد سے تفسیر کیا گیا ہے اور رشد پر تفویض مال کا حکم منصوص ہے پس مال دے دیا جاوے گا۔ اور ایک شبہ اس مسئلہ پر ہے کہ اس کے بعض تصرفات نافذ ہو جاویں گے شبہ یہ ہے کہ پھر مال نہ دینے سے کیا فائدہ ہوا جواب یہ ہے کہ اکثر اتلاف مال تبرعات میں ہوتا ہے اور وہ نافذ نہیں ہوتے یہی فائدہ کافی ہے یہ

www.besturdubooks.net

سب تقریر ہدایہ سے ماخوذ ہے۔

ربط: اوپر حکم فرمایا ہے کہ بعد بلوغ کے بشرط رشد، یتامی کا مال ان کے حوالے کر دو۔ آگے ان اموال کے کھانے سے کہ مخل ہے تفویض مذکور میں روکتے ہیں اور بعضی ضرورت سے کھانے کی اجازت کو مستثنیٰ کرتے ہیں کہ حکم پنجم ہے اور حوالہ کرنے کا ایک مستحب طریقہ بھی بتلاتے ہیں۔

تتمہ حکم چہارم واستیناف حکم پنجم درمیان اجزاء تتمہ: وَلَا تَأْكُلُوهَآ إِسْرَافًا وَبِدَارًا أَن يَكْبَرُوا (الی قولہ تعالی) وَكَفَىٰ بِاللَّهِ حَسِيبًا اور ان اموال (یتامی) کو ضرورت سے زائد اٹھا کر اور اس خیال سے کہ یہ بالغ ہو جاویں گے (پھر ان کو حوالہ کرنا پڑے گا) جلدی جلدی اڑا کر مت کھا ڈالو اور (اگر اس طرح نہ اڑاویں بلکہ تھوڑا تھوڑا کھانا چاہیں تو اس کا یہ حکم ہے کہ) جو شخص (اس مال سے) مستغنی ہو (یعنی اس کے پاس بھی بقدر کفایت موجود ہے گو صاحب نصاب نہ ہو) سو وہ تو اپنے کو بالکل[1] (تھوڑا کھانے سے بھی) بچائے اور جو شخص حاجتمند ہو تو وہ مناسب مقدار سے (یعنی جن میں حاجات ضروریہ رفع ہو جاویں) کھالے (برت لے) پھر جب (بعد وجود شرائط یعنی بلوغ و رشد مذکور کے) (ان کے اموال انکے حوالے کرنے لگو تو (بہتر ہے کہ) ان (کے مال ان کو دے دینے) پر گواہ بھی کر لیا کرو (شاید کسی وقت کچھ اختلاف واقع ہو تو گواہ کام آ دیں) اور (یوں تو) اللہ تعالیٰ ہی حساب لینے والے کافی ہیں (اگر خیانت نہ کی ہو تو گواہوں کا نہ ہونا بھی مضر نہیں کیونکہ اصل حساب جن کے متعلق ہے وہ تو اس کی صفائی جانتے ہیں اور اگر خیانت کی ہے تو گواہوں کا ہونا کوئی نافع نہیں کیونکہ جن سے حساب کا سابقہ ہے وہ اس کا ملوث ہونا جانتے ہیں صرف ظاہری انتظام کیلئے گواہوں کا ہونا مصلحت ہے)

ف: مسئلہ: یتیم کے حاجتمند کارکن کو بقدر حوائج ضروریہ صرف کرنا بوجہ اپنے حق الخدمت کے جائز ہے۔ فی الهداية وهذا لان الحبس من اسباب النفقة كما في الوصي الخ۔

مسئلہ: یہ گواہ کرنا بمصلحت مذکورہ مستحب ہے۔

ربط: اوپر یتامی کو ضرر پہنچانے سے ممانعت فرمائی ہے ایک ضرر یتامی کو جاہلیت میں یہ بھی پہنچایا جاتا تھا کہ ان کو میراث میں مستحق نہ سمجھتے تھے اس لئے آگے حکم ششم میں ایک قاعدہ کلیہ سے اس رسم کا ابطال فرماتے ہیں۔

حکم ششم اثبات حقوق ورثہ در ترکہ: لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ (الی قولہ تعالی) نَصِيبًا مَّفْرُوضًا مردوں کے لئے بھی (خواہ وہ چھوٹے ہوں یا بڑے) حصہ (مقرر) ہے اس چیز میں سے جس کو (ان عورتوں کے) ماں باپ اور (یا دوسرے) بہت نزدیک کے قرابت دار (اپنے مرنے کے وقت) چھوڑ جاویں اور (اسی طرح) عورتوں کے لئے بھی (خواہ چھوٹی ہوں یا بڑی) حصہ (مقرر) ہے اس چیز میں سے جس کو ان عورتوں کے ماں باپ اور (یا دوسرے) بہت نزدیک کے قرابت دار (اپنے مرنے کے وقت) چھوڑ جاویں خواہ وہ (چھوڑی ہوئی) چیز قلیل ہو یا کثیر ہو (سب میں سے ملے گا اور) حصہ (بھی ایسا جو) قطعی[2] (طور پر مقرر ہے)۔ ف: یہاں صرف استحقاق حصہ میراث کو اجمالاً بتلایا ہے۔ تھوڑی دور آگے حصص ورثہ کی تفصیل آتی ہے اور نزدیک کے رشتہ سے مطلب یہ ہے کہ شرع میں جو ترتیب وارثوں میں مقرر و ثابت ہے اس ترتیب میں نزدیک ہو اور ظاہر ہے کہ نزدیکی دونوں جانب سے ہوتی ہے پس اس سے لازم آ گیا کہ جو رشتہ دار اقرب ہوگا وہ میراث پاوے گا پھر جہاں شرع نے سب کو اقرب سمجھا ہے گو وجوہ اقربیت متفاوت ہوں وہاں سب کو وارث بنایا ہے اور جہاں ایک کو اقرب ایک کو ابعد سمجھا ہے اقرب کو وارث کیا ہے ابعد کو نہیں اس قاعدہ کے عموم میں ذوی الفروض وعصبات وذوی الارحام جو حنفیہ کے نزدیک وارث ہیں سب آ گئے۔ البتہ عصبات میں میراث کا مقرر ہونا اور ذوی الارحام میں اس کا قطعی ہونا جیسا کہ ترجمہ سے متوہم[3] ہوتا ہے کسی قدر شاید موجب خلجان ہو لیکن مقرر سے مراد یہ لیا جاوے کہ رائے مورث پر مدار نہیں شرع نے قواعد مقرر کر دیئے ہیں اور قطعی سے مراد یہ لیا جاوے کہ جو عمل میں مثل قطعی کے ہو جس کو فرض عملی کہتے ہیں اب کچھ خلجان نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَإِن طِبْنَ لَكُمْ عَن شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوهُ۔ اس میں اس پر دلالت ہے کہ اپنے سے کم رتبہ شخص کے ہدیہ لینے سے استنکاف نہ کرے۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ أَمْوَالَكُمُ الخ اس سے یہ قاعدہ مستنبط ہوتا ہے کہ کوئی چیز غیر اہل کو سپرد نہ کی جاوے اور اموال پر مناصب کو بھی قیاس کریں گے اور منجملہ مناصب کے طالبین کی تعلیم و تربیت کی خدمت ہے سو کسی کو ماذون (خلیفہ) بنانے میں نہایت احتیاط چاہئے اور جس طرح اموال کے بارہ میں وَابْتَلُوا الْيَتَامَىٰ میں جانچ کرنے کا حکم ہے اسی قیاس پر اس کے منصب کے بارہ میں بھی بدرجۂ اولیٰ امتحان کرنا ضروری ہوگا۔

الحواشی: (۱) مطلب یہ کہ گو سیاق و سباق سے یہاں خطاب ازواج کو ہے مگر عموم الفاظ و نیز عموم علت اور لوگ بھی جن میں عورت کے اقارب بھی داخل ہو گئے اس کے مامور ہیں کہ عورتوں کے مہر عورتوں ہی کو دیا کریں خود ان میں بلا اذن تصرف نہ کیا کریں ۱۲ منہ۔ (۲) قولہ قطعی یہ فقہ کی اصطلاح پر نہیں ہے بلکہ محاورہ پر ہے یعنی ضروری اور لازمی ۱۲ منہ۔ (۳) قولہ متوہم کیونکہ حاشیہ سابقہ سے اس کا غیر مراد ہونا ظاہر ہو چکا ہے اس صورت میں خود اشکال ہی وارد نہیں ہوتا ۱۲ منہ۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله سمجھ کر هو کجزء الترجمة لا جزء الترجمة وحاصله التقليد بمقدر اى عندكم والقرينة عليه المقام ويمكن تائيد الاشارة اليه بما فى روح المعانى من قوله يكون قوله سبحانه ذلك عبارة عن التحليل والمبالغة فى الاباحة وازالة التبعة ۱۲۔
۲؎ قوله مسلم عموم الخ وعليه يحمل ما فى لباب النقول عن ابن ابى حاتم قال ابو صالح قال كان الرجل اذا زوج ابنته اخذ صداقها دونها فنهاهم الله عن ذلك فانزل واتوا النساء الخ ۱۲۔ ۳؎ قوله فى ترجمة اموالكم یعنی ان کے وانما اضافها الى ضمير المخاطب مبالغة فى حملهم على المحافظة عليها كانها اموالكم التى تبالغون فى حفظها ۱۲۔ ۴؎ قوله فى ترجمة جعل الله لكم جن کو الی سب کے فيه اشارتان الاول حذف المفعول الاول لجعل والثانى كون ضمير الخطاب عاما دخل فيه اليتامى وهو برى عن التكلف ۱۲۔ ۵؎ قوله مایہ زندگانی فالقيام معناه به القيام اى التعيش ۱۲۔ ۶؎ قوله فى ترجمة فيها ان مالوں میں سے ففى بمعنى من التبعيضية كما جوزه فى الروح ۱۲۔ ۷؎ قوله تحت ترجمة بلغوا پوری الخ المراد به صلاحية التوالد فان الجماع ربما يقع من غير البالغ لكنه لا ينزل فلا يتوالد ۱۲۔ ۸؎ قوله مستغنی ہو اشار بهذا ان الغنى ههنا ليس غنى نصاب اصطلاحًا بل هو لغوى وكذا الفقر ۱۲۔ ۹؎ قوله فى ترجمة فليستعفف بالکل بچائے لان فيه من المبالغة ما ليس فى العطف ومعناه الكف فيتعدى الى المفعول هو نفسه ۱۲۔ ۱۰؎ قوله فى ترجمة فلياكل برت لے اشارة الى المجازليعم اللباس وغيره ۱۲۔ ۱۱؎ قوله رشد مذکور اشارة الى ما ذكر فى الفائدة المتعلقة بالسابق من تحقيق المذهب الحنفى فى تفسير الرشد ۱۲۔ ۱۲؎ قوله بہتر ہے اشارة الى استحباب الاشهاد ۱۲۔

الروایات: فى لباب النقول اخرج ابو الشيخ وابن حبان فى كتاب الفرائض من طريق الكلبى عن ابى صالح عن ابن عباس قال كان اهل الجاهلية لا يورثون البنات والا الصغار الذكور حتى يدركوا فمات رجل من الانصار يقال له اوس بن ثابت وترك ابنتين وابنا صغيرًا فجاء ابناعمه خالد وعرفطة وهما عصبة فاخذا ميراثه كله فاتت امرأته رسول الله ﷺ فذكرت له ذلك فقال ما ادرى ما اقول فنزلت للرجال نصيب الآية اه قلت وبهذه الرواية ثبت ما ذكران فى تقرير ربط الآية بقولى ایک ضرر الخ وبها علم وجه تعميم الرجال للصغار والكبار وكذا النساء فافهم ۱۲۔

الفقه: استدلوا بالآية على ان الوارث لو اعرض عن نصيبه لم يسقط حقه وهو مذهب ابى حنيفة ۱۲۔ كذا فى روح المعانى۔

اللغات: الصدقة المهر والنحلة يقال نحله اذا اعطاه اياه عن طيب نفس بلا توقع عوض الهنئ ما يلذه الانسان المرئ ما يحمد عاقبته كذا فى البيضاوى قلت وراعيت هذه المعانى كلها فى ترجمتى والمراد بقولى خوشگوار ما ينهضم بسهولة وهو معناه اللغوى فى الفارسية والباقى ظاهر السفه۔ الخفة۔ ويراد خفة۔ العقل ۱۲۔

النحو: نحلة مفعول مطلق بمعنى ايتاء ومنه الضمير للصداق ونفسًا تميز عن النسبة وهنيئًا مريئًا حالان من ضمير المفعول ۱۲۔ اذا فى اذا بلغوا شرطية وجوابه الشرطية التى تليها من قوله فان آنستم الخ ۱۲۔ قوله اسرافًا وبدارًا حال اى مسرفين ومبادرين كبرهم والمبادرة المسارعة وهى لاصل الفعل ههنا ويصح المفاعلة بان يبادر الولى اخذ مال اليتيم واليتيم يبادر نزعه منه كذا فى روح المعانى قوله ولا تأكلوا الخ معطوف على ابتلوا لا على ادفعوا لعدم تقييده بايناس الرشد وفاعل كفى الاسم الجليل والباء زائدة ليدل على معنى الامر فالتقدير اكتفوا بالله وحسيبا حال مما قل بدل من ما ترك باعادة العال نصيبا حال اذا لمعنى ثبت لهم مفروضا مقطوعًا واجبًا لهم بيضاوى قلت وراعيت فى ترجمة المفروض كلا معنى القطع والوجوب ۱۲۔

البلاغۃ: فان طبن الخ اى فان وهبن عن طيب لكن جعل العمدة طيب النفس للمبالغة وعداه بعن لتضمين معنى التجافى والتجاوز وقال منه بعثا لهن على تقليل الموهوب كذا فى البيضاوى فليس التقليل شرطًا للجواز واشرت اليه بقولى یہی حکم کل کا بھی ہے اما البعث على التقليل فارشاد ومشورة لئلا تبقى مفلسة لا مال لها ۱۲۔ فى روح المعانى وايراد حكمهن اى فى قوله تعالى والنساء الخ على الاستقلال للاعتناء بامرهن والايذان باصالتهن فى الاستحقاق والمبالغة فى ابطال حكم الجاهلية مع الارشاد من اول الامر الى تفاوت ما بين نصيبى الفريقين قوله للرجال والنساء اقول التعبير بالرجال والنساء المتبادر منه البالغون مع كون المراد اعم لعله لنكتة الاشارة الى ان الصغار فى هذا الحكم كانهم الكبار فافهم ۱۲۔

وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُولُوا الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينُ فَارْزُقُوهُم مِّنْهُ وَقُولُوا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوفًا ⑧

www.besturdubooks.net

وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۠ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا
قَوْلًا سَدِيْدًا ۝۹ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ؕ
وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ۝۱۰ؑ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْۤ اَوْلَادِكُمْ ۗ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ ع۱ ۱۱ ۱۲
فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ؕ

اور جب (وارثوں میں ترکہ کے) تقسیم ہونے کے وقت آموجود ہوں رشتہ دار (دور کے) اور یتیم اور غریب لوگ تو ان کو بھی اس (ترکہ) میں جس قدر بالغوں کا ہے اس میں سے کچھ دیدو اور ان کے ساتھ خوبی سے بات کرو اور ایسے لوگوں کو ڈرنا چاہئے کہ اگر اپنے بعد چھوٹے چھوٹے بچے چھوڑ جائیں تو ان کی ان کو فکر ہو سو ان لوگوں کو چاہئے کہ اللہ تعالیٰ سے ڈریں اور موقع کی بات کہیں۔ بلاشبہ جو لوگ یتیموں کا مال بلا استحقاق کھاتے (برتتے) ہیں اور کچھ نہیں اپنے شکم میں آگ بھر رہے ہیں اور عنقریب جلتی آگ میں داخل ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ تم کو حکم دیتا ہے تمہاری اولاد کے باب میں لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے برابر اور اگر صرف لڑکیاں ہی ہوں گو دو سے زیادہ ہوں تو ان لڑکیوں کو دو تہائی ملے گا اس مال کا جو کہ مورث چھوڑ مرا ہے اور اگر ایک ہی لڑکی ہو تو اس کو نصف ملے گا۞

تفسیر: ربط: اور پرورش مستحقین ترکہ کا بیان تھا آگے حکم ہفتم میں غیر مستحقین ترکہ کے ساتھ بھی ایک گونہ مراعات کا استحبابًا حکم فرماتے ہیں۔

حکم ہفتم مراعات غیر ورثہ: وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى (الی قولہ تعالی) قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝ اور جب (وارثوں میں ترکہ کے) تقسیم ہونے کے وقت (یہ لوگ) آموجود ہوں (یعنی دور کے) رشتہ دار (جن کا میراث میں حق نہیں) اور یتیم اور غریب لوگ (اس توقع سے کہ شاید ہم کو بھی کچھ مل جاوے رشتہ دار تو ممکن ہے کہ گمانِ استحقاق سے اور دوسرے لوگ بامید خیر خیرات کے) تو ان کو بھی اس (ترکہ) میں (جس قدر بالغوں کا ہے اس میں) سے کچھ دیدو اور ان کے ساتھ خوبی (اور نرمی) سے بات کرو (وہ بات رشتہ داروں سے تو یہ ہے کہ سمجھا دو کہ تمہارا حصہ شرع سے اس میں نہیں ہے ہم معذور ہیں اور دوسروں سے یہ کہ دے کر احسان نہ جتلاؤ)

ف: مسئلہ: یہ حکم واجب نہیں مستحب ہے اور اگر ابتداء میں واجب ہوا ہو تو وجوب منسوخ ہے۔

مسئلہ: اور بالغوں کی قید اس لئے لگائی کہ نابالغوں کے حصہ میں سے خیر خیرات یا کسی کی مراعات بالکل جائز نہیں۔

ربط: یہاں تک اصل مضمون یتیموں کو ضرر نہ پہنچانے کا تھا اور دوسرے مضامین اسی کی مناسبت سے مذکور ہوئے ہیں آگے اسی اصل مضمون کی تاکید کے لئے ایک واقعہ دنیویہ فرض کرتے ہیں جس سے یتیموں کی ہمدردی پیدا ہو اور ایک واقعہ آخرت کا یقین دلاتے ہیں تاکہ خوف پیدا ہو اور دونوں واقعوں میں فکر کر کے یتامیٰ کے اضرار کی جرأت نہ کریں۔

تاکید رعایت حق یتامیٰ: وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ (الی قولہ تعالی) وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا اور (یتامیٰ کے معاملہ میں) ایسے لوگوں کو ڈرنا چاہئے کہ اگر اپنے بعد چھوٹے چھوٹے بچے چھوڑ (کر مر) جاویں تو ان (بچوں) کی ان (لوگوں) کو فکر ہو (کہ دیکھئے ان کو کوئی آزار دے تو ایسا ہی دوسرے کے بچوں کے لئے بھی خیال رکھنا چاہئے کہ ہم ان کو آزار نہ دیں) سو (اس بات کو سوچ کر) ان لوگوں کو چاہیے کہ (یتامیٰ کے معاملہ میں) خدا تعالیٰ (کے حکم کی مخالفت) سے ڈریں (یعنی فعلاً آزار و ضرر نہ پہنچاویں) اور (قولاً بھی ان سے) موقع کی بات کہیں (اس میں تسلی اور دلجوئی کی بات بھی آگئی اور تعلیم اور تادیب کی بات بھی آگئی غرض ان کے مال اور جان دونوں کی اصلاح کریں) بلاشبہ جو لوگ یتیموں کا مال بلا استحقاق کھاتے (برتتے) ہیں اور کچھ نہیں اپنے شکم میں (دوزخ کی) آگ (کے انگارے) بھر رہے ہیں (یعنی انجام اس کھانے کا یہ ہونے والا ہے) اور (اس انجام کے مرتب ہونے میں کچھ زیادہ دیر نہیں کیونکہ) عنقریب (ہی دوزخ کی) جلتی آگ میں داخل ہوں گے (وہاں یہ انجام نظر آوے گا)

ف: پہلے مضمون کا حاصل یہ ہے کہ آنچہ برخود نہ پسندی بر دیگراں مپسند اور قول سدید کی جو تفسیر کی گئی اس میں اس کی تہذیب کے متعلق اگر بقدر ضرورت تشدد کرنا پڑے وہ بھی داخل ہو گیا ایسی نرمی کا حکم نہیں جس میں وہ بگڑ جاوے مطلب یہ ہے کہ ہر امر میں اس کی مصلحت مرعی ہو اپنی مصلحت پر نظر نہ ہو پس تادیب میں بھی اپنے غیظ کی شفا مقصود نہ ہونا چاہئے اور بلا استحقاق کی جو قید لگائی گئی اس سے یہ فائدہ ہوا کہ باستحقاق کھانے کی اجازت ہے جس کا بیان ابھی حکم پنجم میں وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا کی تفسیر میں گزر چکا ہے دیکھ لیا جاوے۔

مسئلہ: جس طرح مال یتیم کا خود کھانا حرام ہے اسی طرح کسی کو کھلا دینا گو بطور خیر خیرات ہی کے کیوں نہ ہو نیز حرام ہے اسی لئے ترجمہ میں لفظ برتنے کا ظاہر

www.besturdubooks.net

کردیا گیا ہے اور ہر نابالغ کا حکم یہی ہے گویتیم نہ ہو خوب یاد رکھو اس میں بہت بے پروائی کی جاتی ہے۔

ربط: حکم ششم میں ورثہ کا استحقاق حصص اجمالاً مذکور ہے آگے ان حصص کی کچھ تفصیل یہاں ارشاد ہے اور کچھ ختم سورت پر اور پوری تفصیل ان احکام کی دوسرے دلائل شرعیہ سے اخذ کر کے کتب فرائض میں موجود ہے اور اس تفصیل میں کئی قسم کے ورثہ کا حصہ بیان فرمایا ہے اور ان ورثہ کی تخصیص ذکری کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ حضور ﷺ سے اولاد اور بھائی بہنوں کے متعلق سوال کیا گیا تھا کما سیذکر فی الحواشی العربیة اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں جن کے اول میں حصص اولاد کے مذکور ہیں اور آخر میں بھائی بہن کے اور پھر اس دوسرے مضمون کا تمہ ختم سورت میں مذکور ہے اور درمیان میں ماں باپ اور زوجین کے حصص اس لئے آ گئے کہ ماں باپ اور زوجین کے ہونے نہ ہونے سے اولاد کے حصے بدل جاتے ہیں پس اصل مقصود ان ہی دو سوال کا جواب ہے اور اگر یہ دیکھا جاوے کہ پہلے استفتاء میں اولاد کے ساتھ زوجہ بھی تھی تو ذکر زوجہ کو اور زیادہ ربط بڑھ جاوے گا۔

حصہ اولاد: يُوصِيكُمُ اللَّهُ فِي أَوْلَادِكُمْ (الی قولہ تعالی) وَإِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ اللہ تعالیٰ تم کو حکم دیتا ہے تمہاری اولاد کے میراث پانے کے) باب میں (وہ یہ کہ) لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے برابر (یعنی اگر لڑکا لڑکی ایک ایک یا کئی ملی جلی ہوں تو ان کے حصوں میں باہم یہ نسبت ہوگی کہ ہر لڑکے کو دوہرا اور ہر لڑکی کو اکہرا) اور اگر (اولاد میں) صرف لڑکیاں ہی ہوں گو دو سے زیادہ ہوں تو ان لڑکیوں کو دو تہائی ملے گا اس مال کا جو کہ مورث چھوڑ مرا ہے (اور اگر دو لڑکیاں ہوں تب تو دو تہائی ملنا بہت ہی ظاہر ہے کیونکہ اگر ان میں ایک لڑکی کی جگہ لڑکا ہوتا تو اس لڑکی کا حصہ باوجودیکہ بھائی سے کم ہے ایک تہائی سے نہ گھٹتا پس جب دوسری بھی لڑکی ہے تب تو تہائی سے کسی طرح گھٹ ہی نہیں سکتا اور دونوں لڑکیاں یکساں حالت میں ہیں پس اس کا بھی ایک تہائی ہوگا دونوں کا مل کر دو تہائی ہوا البتہ تین لڑکیوں میں یہ شبہ تھا کہ شاید ان کو تین تہائی یعنی کل مل جاوے اس لئے فرما دیا کہ گو لڑکیاں دو سے زیادہ ہوں مگر دو تہائی سے نہ بڑھے گا) اور ایک ہی لڑکی ہو تو اس کو (کل ترکہ کا) نصف ملے گا (اور پہلی صورت میں ایک ثلث بچا ہوا ہوا اور دوسری صورت کا ایک نصف بچا ہوا دوسرے خاص اقارب کا حق ہے یا اگر کوئی نہ ہو تو پھر اسی کو دے دیا جاوے گا جیسا کہ کتب فرائض میں مذکور ہے)

ف: مسئلہ: اور یہ سب تقسیم بعد تجہیز و تکفین و ادائے دیون و تنفیذ وصیت من الثلث کے ہوگی جیسا عنقریب واضح ہوگا۔

ف: اولاد کے وارث ہونے کی چار صورتیں آیت سے معلوم ہوئیں ایک یہ کہ لڑکے لڑکیاں سب ہوں۔ دوسرے یہ کہ ایک لڑکی ہو تیسرے یہ کہ دو لڑکیاں ہوں چوتھے یہ کہ دو لڑکیوں سے زائد ہوں۔

ف: حدیث اور اجماع اہل حق سے اس آیت کا حکم انبیاء علیہم السلام کے لئے نہیں اسی واسطے حضرت صدیق اکبرؓ نے فدک وغیرہ کو میراث میں تقسیم نہیں فرمایا اور اگر اس حدیث کو خبر واحد تسلیم کر لیا جاوے تب بھی حضرت صدیق اکبر ؓ نے چونکہ بلاواسطہ آپ سے سنی تھی ان کے اعتبار سے مثل قرآن کے قطعی ہے یا یہ کہا جاوے کہ اس حدیث سے مال انبیاء کا وقف ہونا ثابت ہے اور وقف خبر واحد سے ثابت ہو جاتا ہے اور وقف میں بالاجماع میراث نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلْيَخْشَ الَّذِينَ لَوْ تَرَكُوا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعَافًا خَافُوا عَلَيْهِمْ اس میں باب اخلاق کی اصل عظیم ہے کہ آنچہ برخود نہ پسندی بر دیگراں مپسند۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله مسئلہ فی روح المعانی امر ندب كلف به البالغون من الورثة تطيباً لقلوب المذكورين وتصدقاً عليهم وقيل امر وجوب واختلف فی نسخه فعن ابن عباس انه لا نسخ واخرج ابو داؤد فی ناسخه وابن ابی حاتم من طريق عطاء عن ابن عباس نسختها آية الميراث آه قلت يحمل النسخ علی الوجوب وعدمه علی الندب فلا تعارض بين القولين ۱۲۔ ۲ قوله فی ترجمة وليخش ڈرنا الخ لم يظهر المترجم مفعول ليخش اشارة الی انه نزل منزلة اللازم لان المعنی يخافوا عليهم كما يخافون علی اولادهم فافهم ۱۲۔ ۳ قوله چھوٹے چھوٹے بچے الجزء الثانی ترجمة لذرية والاول لضعاف فافهم ۱۲۔ ۴ قوله فی ذيل ترجمة ليتقوا آزار و ضرر نہ پہنچاویں اشارة الی ان الاصل فی الترتب بالفاء علی الخشية هو هذا ای عدم الاضرار وانما الامر بالتقوی تعبير عنه فظهر ارتباط اجزاء الكلام بعضها ببعض ۱۲۔ ۵ قوله بھر رہے ہیں راعی فيه مع المحاورة ما قالوا فيه ای ملئوا بطونهم وشاع هذا التعبير فی ذلك والاسهل ان يكون ذكر البطون للتاكيد والمبالغة كما فی قوله تعالی يقولون بافواههم وقوله تعالی القلوب التی فی الصدور وقوله طائر يطير بجناحيه ۱۲۔ ۶ قوله یعنی انجام اشار الی ان النار يراد به ما يجر اليها ۱۲۔ ۷ قوله میراث پانے کے باب میں اشار الی حذف المضاف ای توريث اولادكم ۱۲۔ ۸ قوله وہ یہ کہ اشارة الی ان الجملة بيان لا محل لها من الاعراب كذا فی روح المعانی ۱۲۔ ۹ قوله فی ترجمة فان كن اور اگر اولاد الخ اشار بكلمة العطف الی ان الفاء للتعقيب الذكری وهو اسهل ومطرد فی جميع الآية وان امعن النظر يصح كونها

www.besturdubooks.net

للترتیب باعتبار نفس الاستحقاق مع قطع اللحظ عن خصوصیة الثلثین تقریره ان الانثی لما لم یمنعها وجود الذکر عن المیراث فبالاولیٰ لاتمنعها الانثی الاخریٰ فیرثن لا محالة ولم یدل دلیل علی کون ارثها مشروطا بوجود الذکر کما فی بنت الابن السفلی مع بنت الابن العلیا تکون عصبة بشرط وجود الغلام بحذائها وهو منتف ههنا فافهم واشار بکلمة الاولاد الی ان المرجع لضمیر کن هو الاولاد تانیثه باعتبار الخبر۱۲۔ ۱۰؎ قوله گودو سے اشار الیٰ ان فوق لیس للاحتراز بل للترقی والمبالغة ففهم حکم البنتین بطریق الدلالة کما قررته باوضح وجه۱۲۔

الروایات: فی روح المعانی اخرج ابن جریر عن ابن عباس انه قال فی الآیة یعنی بذلك الرجل یموت وله اولاد صغار ضعاف یخاف علیهم العیلة والضیعة فان ولی مثل ذریته ضعافا یتامیٰ فلیحسن الیهم اه واخرج ابن ابی حاتم والبیهقی عن ابن عباس انه قال فی الآیة یعنی الرجل یحفره الموت فیقال له تصدق من مالك واعتق واعط فی سبیل الله فنهوا ان یأمروا بذلك الخ فالمعنی ح یکون علی من حضر المریض فکما لا یرضی احدکم ان یترك ذریته بغیر مال فلا ینبغی ان یأمر غیره بذلك وقیل فی الوصیة بما زاد علی الثلث انتهی مختصرا ومغیرًا بیسیر قلت ظاهر المقام یقتضی التفسیر الاول وما عداه فمبنی علی ان اللفظ بعمومه شمل الجمیع فافهم کیلایهم التعارض بین الجمیع لاسیما بین قولی ابن عباسؓ۱۲۔روی احمد والترمذی وابو داوٗد وابن ماجة عن جابرؓ قال جاء ت امرأة سعد بن لربیع الی رسول الله صلی الله علیه وسلم فقالت یا رسول الله هاتان ابنتا سعد قتل ابوهما یوم احد وان عمهما اخذ مالهما ولم یدع لهما مالا ولا تنکحان الاولهما مال فقال صلی الله علیه وسلم یقضی الله تعالیٰ فی ذلك فنزلت آیة المیراث فبعث رسول الله صلی الله علیه وسلم الیٰ عمهما فقال اعط لابنتی سعد الثلثین واعط امهما الثمن وما بقی فهو لك کذا فی روح المعانی۱۲۔

اللغات: السعیر فعیل بمعنی مفعول من سعرت النار او قدته ۱۲ من روح المعانی۔ یوصیکم الوصیة ان یقدم الی الغیر ما یعمل فیه مقترنا بوعظ وهی فی الحقیقة امر له بعمل ما اعهد الیه فالمراد یأمرکم روح المعانی۱۲۔

البلاغة: القسمة مفعول به وقدمت لانها المبحوث عنها ولان فی الفاعل تعدد فلو روعی الترتیب یفوت تجاذب اطراف الکلام وقیل قدمت لتکون امام الحاضرین فی اللفظ کما انها اما لهم فی الواقع کذا فی روح المعانی فی حاشیة البیضاوی وجعل ترکوا علی معنی شارفوا ولیصح وقوع خافوا اجزاء له ضرورة ان لا خوف بعد حقیقة الموت وترك الذریة وفی البیضاوی وفی ترتیب الامر علیه ای علی انهم لو ترکوا الخ اشارة الی المقصود منه ای من الامر والعلة فیه بعث علی الترحم وان یحب لاولادغیره ما یحب لاولاده وتهدید للمخالف بحال اولاده اه قلت ولا یلزم بحال اولاد بعد ما قررت الآیة بما هو مذکور فی الملحقات فی فائدة ترجمة قوله لیتقوا فافهم۱۲۔ عدل عن الامر الی الایصاء لانه ابلغ واول علی الاهتمام وطلب الحصول بسرعة روح المعانی۱۲۔

وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗۤ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗۤ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَاۤ اَوْ دَيْنٍ ؕ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۱﴾ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَاۤ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَاۤ اَوْ دَيْنٍ ؕ

اور ماں باپ یعنی دونوں میں سے ہر ایک کے لئے میت کے ترکہ میں سے چھٹا حصہ ہے اگر میت کی کچھ اولاد ہے اور اگر اس میت کے کچھ اولاد نہ ہو اور اس کے ماں باپ ہی اس کے وارث ہوں تو اس کی ماں کا ایک تہائی ہے اور اگر میت کے ایک سے زیادہ بھائی یا بہن ہوں تو اس کی ماں کو چھٹا حصہ ملے گا اور باقی باپ کو ملے گا۔ وصیت نکال لینے کے بعد کہ میت اس کی وصیت کر جائے یا دین کے بعد تمہارے اصول وفروع جو ہیں تم پورے طور پر یہ نہیں جان سکتے ہو کہ ان میں کون سا شخص تم کو نفع پہنچانے میں نزدیک تر ہے یہ حکم منجانب اللہ مقرر کر دیا گیا۔ بالیقین اللہ تعالیٰ بڑے علم والے اور حکمت والے ہیں اور تم کو آدھا ملے گا اس ترکہ کا جو تمہاری بیبیاں چھوڑ جائیں اگر ان کے کچھ اولاد نہ ہو اور اگر ان بیبیوں کے کچھ اولاد ہو تو تم کو ان کے ترکہ سے ایک چوتھائی ملے گا۔ وصیت نکالنے کے بعد کہ وہ اس کی وصیت کر جائیں یا دین کے بعد اور ان

www.besturdubooks.net

بیبیوں کو چوتھائی ملے گا اس ترکہ کا جس کو تم چھوڑ جاؤ اگر تمہاری کچھ اولاد نہ ہو اور اگر تمہارے کچھ اولاد ہو تو ان کو تمہارے ترکہ میں سے آٹھواں حصہ ملے گا وصیت نکالنے کے بعد کہ تم اس کی وصیت کر جاؤ یا دین کے بعد۔

تفسیر: حصہ والدین: وَلِأَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ (الی قولہ تعالی) فَإِن كَانَ لَهُ إِخْوَةٌ فَلِأُمِّهِ السُّدُسُ اور ماں باپ (کو میراث ملنے میں تین صورتیں ہیں ایک صورت میں تو ان) کے لئے یعنی دونوں میں سے ہر ایک کے لئے میت کے ترکہ میں سے چھٹا چھٹا حصہ (مقرر) ہے اگر میت کے کچھ اولاد ہو (خواہ مذکر یا مؤنث خواہ ایک یا زیادہ اور بقیہ میراث اولاد اور دوسرے خاص خاص ورثہ کو ملے گی اور پھر بھی بچ جاوے تو پھر سب کو دی جاوے گی) اور اگر اس میت کے کچھ اولاد نہ ہو اور (صرف) اس کے ماں باپ ہی اس کے وارث ہوں (یہ دوسری صورت ہے اور صرف اس لئے کہا کہ بھائی بہن بھی نہ ہوں جیسا آگے آتا ہے) تو (اس صورت میں) اس کی ماں کا ایک تہائی ہے (اور باقی دو تہائی باپ کا اور چونکہ صورت مفروضہ میں یہ ظاہر تھا اس لئے تصریح کی حاجت نہیں ہوئی) اور اگر میت کے ایک سے زیادہ بھائی یا بہن (کسی قسم کے) ہوں (خواہ ماں باپ دونوں میں شریک جس کو عینی کہتے ہیں خواہ صرف باپ ایک ماں الگ الگ جس کو علاتی کہتے ہیں خواہ صرف ماں ایک باپ الگ الگ جس کو اخیافی کہتے ہیں غرضیکہ کسی طرح کے بھائی بہن ایک سے زیادہ ہوں اور اولاد نہ ہو اور ماں باپ ہوں اور یہ تیسری صورت ہے) تو (اس صورت میں) اس کی ماں کو (ترکہ کا) چھٹا حصہ ملے گا (اور باقی باپ کو ملے گا) **ف**: تیسری صورت میں ان بھائی بہنوں کی وجہ سے ماں کا حصہ بمقابلہ دوسری صورت کے کم ہو گیا لیکن باپ کی وجہ سے بھائی بہنوں کو بھی نہ ملے گا۔

حقوق متقدمہ علی المیراث: مِنۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِي بِهَا أَوْ دَيْنٍ (یہ سب حصے) وصیت (کے قدر مال) نکال لینے کے بعد کہ میت اس کی وصیت کر جاوے یا دین (اگر ہو تو اس کے بھی نکال لینے) کے بعد (تقسیم ہوں گے)

ف: مسئلہ: اور اس دونوں سے پہلے تجہیز وتکفین ضروری ہے۔

مسئلہ: اور وصیت سے مراد وہ ہے جو شرع کے موافق ہو مثلاً وارث کو وصیت میں کچھ نہ دے اور بعد تجہیز وتکفین وادائے دیون کے جو مال بچے اس کے ایک ثلث سے زائد کی وصیت نہ کرے ورنہ وہ وصیت میراث سے مقدم نہ ہوگی۔ اور جاننا چاہئے کہ دین اور وصیت میں دین مقدم ہے گو قرآن میں لفظاً پہلے مذکور ہے جس میں یہ نکتہ بیان کیا گیا ہے کہ دین کے تو مطالبہ کرنے والے آدمی ہیں وہ خود ہی وصول کر لیں گے اس میں کوتاہی کا احتمال کم ہے البتہ وصیت چونکہ اصل میں تبرع ہے اس لئے اس میں کوتاہی کا احتمال زیادہ ہے اس لئے اہتمام وتاکید کی غرض سے ذکر میں پہلے لے آئے واللہ اعلم۔

ربط: آگے اس کی حکمت بتلاتے ہیں کہ میراث کا قصہ میت کی رائے پر نہیں رکھا گیا بلکہ خود حق تعالیٰ نے سب قواعد مقرر فرما دیئے۔

حکمت عدم تفویض تقسیم مال باختیار مورث: آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ (الی قولہ تعالی) إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا۝ تمہارے اصول وفروع جو ہیں تم (ان کے متعلق) پورے طور پر یہ نہیں جان سکتے ہو کہ ان میں کا کونسا شخص تم کو (دنیوی یا اخروی) نفع پہنچانے میں (باعتبار توقع کے) نزدیک تر ہے (یعنی اگر تمہاری رائے پر یہ قصہ رکھا جاتا تو بلغالب احوال تم لوگ تقسیم میں مدار ترجیح وتفضیل کا اس شخص کے نفع رسانی پر رکھتے اور اس مدار کے تیقن کا خود کوئی طریقہ کسی کے پاس نہیں ہے تو اس کا مدار تجویز ٹھہرانا ہی صحیح نہ تھا پس جب نفع میں مدار بننے کی قابلیت نہ تھی اس لئے دوسرے مصالح اور اسرار کو گو وہ تمہارے ذہن میں نہ آویں اس حکم کا مبنیٰ اور مدار ٹھہرا کر) یہ حکم منجانب اللہ مقرر کر دیا گیا (اور یہ امر) بالیقین (مسلم ہے کہ) اللہ تعالیٰ بڑے علم اور حکمت والے ہیں (پس جو حکمتیں انہوں نے اپنے علم سے اس میں مرعی رکھی ہیں وہی قابل اعتبار ہیں اس لئے تمہاری رائے پر نہ رکھا)

ف: دنیوی نفع مثلاً یہ کہ فلاں وارث ہماری خوب خدمت کرے گا اکثر اوقات وہ دغا دے جاتا ہے اور دوسرا مخلص حسبۃً للہ یا محبت کی وجہ سے زیادہ خدمت کیا کرتا ہے۔ اور اخروی نفع یہ کہ ہم کو یہ ثواب بخشا کرے گا آخرت میں شفاعت کرے گا اس لئے اس کو زیادہ دینا چاہئے کبھی اس کے بھی خلاف ہوتا ہے۔ بعض بد دینوں نے مسئلہ میراث میں کچھ دنیوی مضرتوں کا دعویٰ کیا ہے اول تو خود بھی وہ مضرتیں ہی ثابت نہیں ہوئیں پھر ان مضرتوں کے مقابلہ میں اہل عقل نے ان سے زیادہ منفعتیں اور میراث نہ ملنے میں ان سے زیادہ مضرتیں ثابت کر کے دکھلا دی ہیں۔ چنانچہ رسائل وخطبات واخبار میں ناظرین نے دیکھا ہوگا اور اگر ان سب سے قطع نظر کی جاوے تو قرآن مجید کا یہ مضمون اس شبہ کے جواب کے لئے کافی ہے پس ہم کہیں گے کہ ساری مضرتیں مسلم مگر اس کا دارومدار نفع ومضرت پر نہیں ہے کسی اور حکمت پر ہے جس کے نہ تو جاننے کا ہم دعویٰ کریں اور نہ بتلانے کا ذمہ کریں اور نہ ہم کو اس کی ضرورت اگر طبیب حاذق مریض کے لئے کوئی نسخہ تجویز کرے اور بنائے تجویز نہ بتلاوے اور ظاہراً اس سے مریض کو تکلیف بھی ہو تو کیا اس کا صرف حاذق ہونا اس کے لئے کافی نہ ہوگا کہ اس مریض پر اس کے استعمال کو واجب کہا جاوے گا۔ اور بعض نے اس جزو آیت کی اور توجیہ کی ہے کہ تم مردہ کی وصیت کو اپنے لئے مضر اور اس مردہ کو ضرر رساں نہ سمجھو کہ ہمارا حصہ وصیت کے سبب گھٹ گیا اور ایسا سمجھ کر تنفیذ وصیت میں کوتاہی نہ کرو کیونکہ تم کو کیا معلوم کون شخص انفع ہے یعنی اگر وصیت نہ کرتا تو باعتبار دنیا کے وہ انفع تھا لیکن

www.besturdubooks.net

اب وہ موصی باعتبار آخرت کے تمہارے لئے انفع بن گیا کہ تم اس کو جاری کر کے ثواب لو گے اور ابتدائے اسلام میں جب میراث نہ تھی سب کا حصہ موصی کی رائے پر تھا اس وقت یہی امر قرین حکمت تھا اور ممکن ہے کہ اصل مقصود تو یہی میراث کا قانون ہو لیکن دفع توحش کے لئے بتدریج اس کا حکم کیا گیا ہو پہلے موصی کی رائے پر ایک مصلحت سے رکھ دیا ہو۔

حصہ زوجین: وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُنَّ وَلَدٌ (الی قولہ تعالی) مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِينَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ اور تم کو آدھا ملے گا اس ترکہ کا جو تمہاری بیبیاں چھوڑ جاویں اگر ان کے کچھ اولاد نہ ہو (نہ مذکر نہ مؤنث نہ واحد نہ کثیر) اور اگر ان بیبیوں کے کچھ اولاد ہو (خواہ تم سے ہو یا پہلے شوہر سے) تو (اس صورت میں) تم کو ان کے ترکہ سے ایک چوتھائی ملے گا (یہ کل دو صورتیں ہوئیں اور دونوں صورتوں میں بقیہ دوسرے ورثہ کو ملے گا لیکن ہر صورت میں یہ میراث) وصیت (کے قدر مال) نکالنے کے بعد کہ وہ اس کی وصیت کر جائیں یا دین (اگر ہو تو اس کے بھی نکالنے) کے بعد (ملے گی) اور بیبیوں کو چوتھائی ملے گا اس ترکہ کا جس کو تم چھوڑ جاؤ (خواہ وہ ایک ہوں یا کئی ہوں تو چوتھائی سب میں برابر بٹ جاوے گا) اگر تمہارے کچھ اولاد نہ ہو (نہ مذکر نہ مؤنث نہ واحد نہ کثیر) اور اگر تمہارے کچھ اولاد ہو (خواہ ان بیبیوں سے یا اور عورت سے) تو (اس صورت میں) ان کو (خواہ وہ ایک ہو یا کئی) تمہارے ترکہ سے آٹھواں حصہ ملے گا (یہ بھی دو صورتیں ہوئیں اور دونوں صورتوں میں بقیہ دوسرے ورثہ کو ملے گا لیکن یہ میراث) وصیت (کے قدر مال) نکالنے کے بعد کہ تم اس کی وصیت کر جاؤ یا دین (اگر ہو تو اس کے بھی نکالنے) کے بعد (ملے گی)۔

ملحقات الترجمۃ: ١ **قوله** کچھ اولاد ہو فالولد اعم من الذكر والانثى والواحد والكثير فهو اسم جنس ١٢۔ ٢ **قوله** بھائی بہن کسی قسم کے الخ فالاخوة جمع بمعنى ما فوق الواحد دليله الاجماع وفيه تغليب للمذكر على المؤنث ١٢۔ ٣ **قوله** اصول وفروع ففی الكلام مجاز قرينة ذكرهم فيما سبق ذكور او اناثا ١٢۔ ٤ **قوله** فی ترجمة فان كان لكم ولد یا اور عورت سے لم يقل زوجه سے لان الحكم عام فيما كان الولد من الزوجة او المملوكة ١٢۔ ٥ **قوله** بقیہ دوسرے ورثہ کو ملے گا لم يزد الرد كما فی قبله وما بعده لان الزوجين لا يرد عليهما۔

النحو: من بعد وصية متعلق بمحذوف ای استقر ذلك الانصباء من بعد وصية ای اخراج قدر ما وقع به الوصية وفائدة الوصف لتعميم ای وصية صدق عليها انه اوصٰى بها ويخص من هذا العموم ما فيه الجور قوله او دين او للتساوی فی نفس الوجوب ١٢۔ آبائكم مبتدأ خبره لا تدرون الخ قوله فريضة مصدر لعامل محذوف ای فرض ذلك بالبناء للمفعول وراعيت ذلك فی الترجمة ١٢۔

فائدۃ: وبما ذكرت من تقرير قوله تعالٰى لا تدرون من الوجهين لم يبق مساغ لما يتوهم من ان المفهوم من ظاهر الآية انكم لا تدرون وانما نحن ندری ايهم اقرب لكم فلذلك فرض ما فرض ثم يورد عليه ان اللازم من ذلك ان من قدم او رجح فی الميراث يلزم ان يكون اقرب فی النفع وهو بعيد وجه عدم التوهم ان ذلك غير معلل بالنفع كما ذكرت بل هو رد للتعليل به بان مدار الارث عندكم الا نفعية مع عدم كونه مدارًا بل مداره الحكم والمصالح التی هی محجوبة عن عقولكم بالمرة ولا تصل اليه اذهانكم اخذت هذا من روح المعانی وهو كما ترى من الحسن بمكان والله اعلم ١٢۔

وَإِنْ كَانَ رَجُلٌ يُورَثُ كَلَالَةً أَوِ امْرَأَةٌ وَلَهُ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَإِنْ كَانُوا أَكْثَرَ مِنْ ذَٰلِكَ

فَهُمْ شُرَكَاءُ فِي الثُّلُثِ ۚ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصَىٰ بِهَا أَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَارٍّ ۚ وَصِيَّةً مِنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَلِيمٌ ﴿١٢﴾

تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ ۚ وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ

الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿١٣﴾ وَمَنْ يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَتَعَدَّ حُدُودَهُ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيهَا وَلَهُ

عَذَابٌ مُهِينٌ ﴿١٤﴾ وَاللَّاتِي يَأْتِينَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِسَائِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوا عَلَيْهِنَّ أَرْبَعَةً مِنْكُمْ ۖ فَإِنْ شَهِدُوا ع

فَأَمْسِكُوهُنَّ فِي الْبُيُوتِ حَتَّىٰ يَتَوَفَّاهُنَّ الْمَوْتُ أَوْ يَجْعَلَ اللَّهُ لَهُنَّ سَبِيلًا ﴿١٥﴾

اور اگر کوئی میت جس کی میراث دوسروں کو ملے گی خواہ وہ میت مرد ہو یا عورت ایسا ہو جس کے نہ اصول ہوں نہ فروع ہوں اور اس کے ایک بھائی یا ایک بہن ہو تو ان دونوں میں سے ہر ایک کو چھٹا حصہ ملے گا اور اگر یہ لوگ اس سے زیادہ ہوں تو یہ سب تہائی میں شریک ہوں گے۔ وصیت نکالنے کے بعد جس کی وصیت کر دی جائے یا دین کے بعد

www.besturdubooks.net

بشرطیکہ کسی کو ضرر نہ پہنچائے۔ یہ حکم کیا گیا ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے ہیں اور حلیم ہیں۔ یہ سب احکام مذکورہ خداوندی ضابطے ہیں اور جو شخص اللہ اور رسول کی پوری اطاعت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو ایسی بہشتوں میں داخل کر دیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہ ہمیشہ ہمیشہ ان میں رہیں گے اور یہ بڑی کامیابی ہے اور جو شخص اللہ اور رسول کا کہنا نہ مانے گا اور بالکل ہی اس کے ضابطوں سے نکل جائے گا اس کو آگ میں داخل کریں گے اس طور سے کہ وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہے گا اور اس کو ایسی سزا ہوگی جس میں ذلت بھی ہے اور جو عورتیں بے حیائی کا کام کریں تمہاری بیبیوں میں سے سو تم لوگ ان عورتوں پر چار آدمی اپنوں میں سے گواہ کر لو سو اگر وہ گواہی دے دیں تو تم ان کو گھروں کے اندر مقید رکھو یہاں تک کہ موت ان کا خاتمہ کر دے یا اللہ تعالیٰ ان کے لئے کوئی اور راہ تجویز فرما دیں ﴿﴾

تفسیر: حصہ برادر و خواہر اخیافی: وَإِنْ كَانَ رَجُلٌ يُورَثُ كَلَالَةً (الی قولہ تعالی) وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَلِيمٌ ﴿﴾ اور اگر کوئی میت جس کی میراث دوسروں کو ملے گی خواہ وہ میت مرد ہو یا عورت ایسا ہو جس کے نہ اصول ہوں (یعنی باپ دادا) اور نہ فروع ہوں (یعنی اولاد اور بیٹے کی اولاد) اور اس (میت) کے ایک بھائی یا ایک بہن (اخیافی) ہو تو ان دونوں میں سے ہر ایک کو چھٹا حصہ ملے گا اور اگر یہ لوگ اس سے (یعنی ایک سے) زیادہ ہوں (مثلاً دو ہوں یا اور زیادہ) تو وہ سب تہائی میں (برابر کے) شریک ہوں گے (اور ان میں مذکر و مؤنث کا برابر حصہ ہے اور بقیہ میراث دوسرے ورثہ کو اور اگر کوئی اور نہ ہو تو پھر انہیں کو دی جاوے گی یہ دو صورتیں ہوئیں اور دونوں صورتوں میں یہ میراث) وصیت (کے قدر مال) نکالنے کے بعد جس کی وصیت کر دی جائے یا (اگر) دین (ہو تو اس کے بھی نکالنے) کے بعد (ملے گی) بشرطیکہ (وصیت کرنے والا) کسی (وارث) کو ضرر نہ پہنچاوے (نہ ظاہراً نہ ارادۃً ظاہراً یہ کہ مثلاً ثلث سے زیادہ وصیت کرے تو وہ وصیت میراث پر مقدم نہ ہوگی اور ارادۃً یہ کہ رہے ثلث کے اندر لیکن نیت یہ ہو کہ وارث کو کم ملے یہ ظاہراً نافذ ہو جاوے گی لیکن گناہ ہوگا) یہ (جس قدر یہاں تک مذکور ہوا) حکم کیا گیا ہے خدا تعالیٰ کی طرف سے اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے ہیں (کہ کون مانتا ہے کون نہیں مانتا اور نہ ماننے والوں کو جو فوراً سزا نہیں دیتے تو وجہ یہ کہ) حلیم (بھی) ہیں۔ **ف**: اخیافی کی قید پر اجماع ہے اور سعد بن ابی وقاصؓ اور ابیؓ اس کے ساتھ من الام بھی پڑھتے تھے کذا فی روح المعانی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ قید بطور تفسیر کے سنی[1] ہوگی اور نیز خود اس مقام میں غور کرنے سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کیونکہ ان بھائی بہنوں کو سدس اور ثلث کا مستحق ٹھہرایا ہے اور یہی دو حصے ماں کے اوپر مذکور ہو چکے ہیں اس مناسبت سے یہ بھائی بہن وہی معلوم ہوتے ہیں جو ماں میں شریک ہوں۔ اور عینی اور علاتی بھائی بہنوں کا حکم اس سورت کے ختم پر آوے گا اور یہ امر بالاتفاق قطعی ہے اس سے بھی ثابت ہوا کہ یہاں ان کے علاوہ اور قسم مذکور ہے اور شاید یہاں سدس اور ثلث کے قرینہ سے من الام کی قید چھوڑ دی ہو اور وہاں للذکر مثل حظ الانثیین کے قرینہ سے من الابوین یا من الاب کی قید چھوڑ دی ہو کیونکہ اس قید سے مفہوم ہوا کہ کسی ایسے کا ذکر ہے جو بنفسہ یا بغیرہ عصبہ بن جاتا ہے اور اخیافی کبھی عصبہ نہیں ہوتا واللہ اعلم۔ اور اصول کی تفسیر جو باپ دادا کے ساتھ کی گئی یہ مذہب امام صاحب کا ہے پس دادا سے سب طرح کے بھائی بہن ساقط ہو جاتے ہیں اور دوسرے علماء وائمہ کے نزدیک ساقط نہیں ہوتے اور یہ مسئلہ صحابہؓ میں بھی مختلف فیہ تھا۔

ربط: ان احکام کو بیان کر کے آگے ان کے اعتقاداً و عملاً ماننے کی تاکید اور فضیلت اور نہ ماننے پر وعید ارشاد فرماتے ہیں۔

تاکید اطاعت در احکام مذکورہ: تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ (الی قولہ تعالی) وَلَهُ عَذَابٌ مُّهِينٌ یہ سب احکام مذکورہ (متعلقہ میراث یا مع احکام یتامیٰ کے) خداوندی ضابطے ہیں اور جو شخص اللہ اور رسول کی پوری اطاعت کرے گا (یعنی ان ضابطوں کی پابندی کرے گا) اللہ تعالیٰ اس کو ایسی بہشتوں میں (فوراً) داخل کر دیں گے جن کے (محلات کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی ہمیشہ ہمیشہ ان میں رہیں گے اور یہ بڑی کامیابی ہے اور جو شخص اللہ اور رسول کا کہنا نہ مانے گا اور بالکل ہی اس کے ضابطوں سے نکل جاوے گا (یعنی پابندی کو ضروری بھی نہ سمجھے گا اور یہ حالت کفر کی ہے) اس کو (دوزخ کی) آگ میں داخل کریں گے اس طور سے کہ وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہے گا اور اس کو ایسی سزا ہوگی جس میں ذلت بھی ہے۔

ف: يُطِعِ اور وَيَتَعَدَّ حُدُودَهُ کی جو تفسیر کی گئی ہے اس بناء پر اس آیت میں دو قسم کے لوگوں کا مذکور ہے ایک مطیع کامل۔ دوسرا عاصی کامل اور ایک قسم اس میں غیر مذکور ہے یعنی اعتقاداً مطیع ہو اور عملاً تقصیروار ہو اس کا حکم دوسری آیتوں میں موجود ہے کہ مستحق سزا ہے لیکن اخیر میں نجات ہے اور خود یہاں بھی غور کرنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ جب اس کی حالت بین بین ہے تو جزا بھی بین بین ہوگی یعنی کچھ عذاب کچھ ثواب اور ظاہر ہے کہ ثواب کا مقدم اور عذاب کا مؤخر ہونا تو احتمال باطل ہے پس عکس متعین ہو گیا پس آخر میں نجات ثابت ہوئی۔ اور فوراً کے معنی یہ ہیں کہ بلا عذاب جنت میں جاوے گا اور بالکل نکل جانا کفر کے ساتھ خاص اس لئے ہے کہ اعتقاد رکھنا بھی تو ایک ضابطہ ہے جو معتقد ہے وہ بالکل خارج نہیں۔ اور یہ احتمال باطل ہے کہ کوئی عمل کرے اور اعتقاد نہ کرے کیونکہ قبول عمل کے لئے اعتقاد شرط ہے پس وہ عمل بھی منفی رہے گا وہ بھی بالکلیہ خروج رہا۔

ربط: جاہلیت میں جیسا یتامیٰ اور مواریث کے معاملہ میں بہت سی بے اعتدالیاں تھیں جن کی اصلاح اوپر کی آیات میں مذکور ہوئی اسی طرح عورتوں کے معاملہ میں بھی طرح طرح کی رسوم قبیحہ اور بے عنوانیاں شائع تھیں مثلاً ان کو طرح طرح سے ایذائیں پہنچاتے تھے ان کو تنگ کرتے تھے جن سے نکاح حرام ہے ان

www.besturdubooks.net

سے نکاح کرلیا کرتے تھے وعلیٰ ہذا۔ آگے اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ تک ان معاملات کی اصلاح فرماتے ہیں اور جو خطا و قصور شرعاً معتبر ہو اس پر تادیب کی اجازت دیتے ہیں اور یہ مضمون تادیب ہی سے شروع ہوا ہے اور تادیب و اصلاح ہی پر ختم ہوا ہے۔ ان جملوں میں وَاضْرِبُوْهُنَّ اور اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا الخ۔

حکم ہشتم سیاست زانیہ: وَالّٰتِىْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ (الی قولہ تعالی) اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا۞

الحواشی: (۱) اور اگر اس کا تفسیر ہونا اس لئے مستبعد سمجھا جاوے کہ اصل اور تفسیر میں امتیاز نہ رہے گا تو اس کا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ امتیاز کے لئے تغیر لہجہ یا درمیان میں قدرے وقفہ کافی ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله یعنی باپ دادا الجد فی حکم الاب عند ابی حنیفةؒ وانظر ما فی آخر ف من ذکر الاختلاف ومن ثم کان تردد عمرؓ فیه اشد کما فی الاحادیث ۱۲۔ ۲ قوله اخیافی الخ اشار به الی ان التنوین فی اخ واخت للتنویع ۱۲۔ ۳ قوله نظاہر ارادۃ فالمنع فی غیر المضار عام للنفی فی الاول والمنهی فی الثانی فافهم ۱۲۔ ۴ قوله بالکل ہی لان الحدود عام بصیغته لکونه جمعًا معرفًا بالاضافة ولصحة الاستثناء منه فلا دلیل فی الآیة للمعتزلة کما اوضحته فی ف باوضح بیان فافهم ۱۲۔

الروایات: فی لباب النقول اخرج الائمة الستة عن جابر بن عبدالله قال عادنی رسول الله صلی الله علیه وسلم وابو بکر فی بنی سلمة ماشیین فوجدنی النبی صلی الله علیه وسلم لا اعقل شیئًا فدعا بماء فتوضأ ثم رش علی فافقت فقلت ما تأمرنی ان اصنع فی مالی فنزلت یوصیکم الله فی اولادکم اه قلت وتقدم نزولها فی قصة سعد بن الربیع والجواب کما فی لباب النقول انه یحتمل ان یکون نزول اولها فی قصة البنتین وآخرها وهو قوله وان کان رجل فی قصة جابر ویکون مراد جابر بقوله فنزلت یوصیکم الله ای ذکر الکلالة المتصل بهذه الآیة ۱۲۔

اللغات: فی روح المعانی کلالة هی فی الاصل مصدر بمعنی الکلال وهو الاعیاء ثم استعیرت واستعملت استعمال الحقائق للقرابة من غیر جهة الوالد والولد لضعفها بالنسبة الی قرابتها وتطلق علی من لم یخلف والدا ولا ولدا (وهذا هو المراد فی الآیة) وعلی من لیس بوالد ولا ولد من المخلفین بمعنی ذی کلالة کما تطلق القرابة علی ذوی القرابة ۱۲۔

النحو: کان مرجعه المیت قوله رجل و معطوفه امرأة اسم کان وکلالة خبرها وقوله یورث صفة رجل والمعنی یورث منه لتعدیته بمن وربما تحذف وقوله غیر مضار حال من فاعل یوصی المذکور فی قراءة یوصی معروفا والمدلول علیه بقوله یوصی فی قراءته مجهولا وراعی کونه حالا فی ترجمة بقوله بشرطیکہ وقوله وصیة هو عندی مفعول مطلق عامله محذوف ای وصی بها وصیة من الله۔ قوله وله اخ الضمیر لرجل وتوحید الضمیر لوجوبه فیما وقع بعد او حتی ان ما ورد علی خلاف ذلك مؤل واتی به مذکرا للخیار بین ان یراعی المعطوف علیه او المعطوف والتذکیر للتغلیب۔ قوله اکثر من ذلك ای المذکور من اخ واحد او اخت واحدة ۱۲۔

وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۞۱۶ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۞۱۷ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّىْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۭ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۞۱۸

اور جو نسے دو شخص بھی وہ بے حیائی کا کام کریں تم میں سے تو ان دونوں کو اذیت پہنچاؤ پھر اگر وہ دونوں توبہ کرلیں اور اصلاح کرلیں تو ان دونوں سے کچھ تعرض نہ کرو۔ بلا شبہ اللہ تعالیٰ توبہ قبول کرنے والے ہیں رحمت کرنے والے ہیں۔ توبہ جس کا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے وہ تو ان ہی کی ہے جو حماقت سے کوئی گناہ کر بیٹھتے ہیں پھر قریب ہی وقت میں توبہ کرلیتے ہیں سو ایسوں پر تو اللہ تعالیٰ توجہ فرماتے ہیں اور اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں اور حکمت والے ہیں اور ایسے لوگوں کی توبہ نہیں جو گناہ کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کے سامنے موت ہی آ کھڑی ہوئی تو کہنے لگا کہ میں اب توبہ کرتا ہوں اور نہ ان لوگوں کی جن کو حالت کفر پر موت آجاتی ہے ان لوگوں کے لئے ہم نے ایک دردناک سزا تیار کر رکھی ہے۞

تفسیر: وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا اور جو عورتیں بے حیائی کا کام (یعنی زنا) کریں تمہاری

www.besturdubooks.net

(منکوحہ) بیبیوں میں سے سوتم لوگ ان عورتوں (کے اس فعل) پر چار آدمی اپنوں میں سے (یعنی آزاد عاقل بالغ مذکر) گواہ کرلو (تاکہ ان کی گواہی پر حکام سزائے آئندہ جاری کریں) سو اگر وہ گواہی دے دیں تو (ان کی سزا یہ ہے کہ) تم ان کو (بحکم حاکم) گھروں کے اندر (سیاسۃً) مقید رکھو یہاں تک کہ (یا تو) موت ان کا خاتمہ کردے (اور) یا اللہ تعالیٰ ان کے لئے کوئی اور راہ (یعنی حکم ثانی) تجویز فرماویں (چنانچہ بعد میں جو حکم ثانی تجویز ہو وہ **ف** میں آوے گا) اور (سزائے زنا میں کچھ زنِ منکوحہ کی تخصیص نہیں بلکہ) جون سے دو شخص بھی وہ بے حیائی کا کام (یعنی زنا) کریں تم میں سے (یعنی بالغ عاقل مسلمانوں میں سے) تو ان دونوں کو اذیت پہنچاؤ پھر (بعد اذیت پہنچانے کے) اگر وہ دونوں (گذشتہ سے) توبہ کرلیں اور (آئندہ کے لئے اپنی) اصلاح کرلیں (یعنی پھر ایسا فعل ان سے سرزد نہ ہو) تو ان دونوں سے کچھ تعرض نہ کرو) (کیونکہ) بلاشبہ اللہ تعالیٰ توبہ قبول کرنے والے ہیں رحمت والے ہیں (اس لئے اپنی رحمت سے اللہ تعالیٰ نے ان کی خطا معاف کردی پھر تم کو بھی ان کے درپے نہ ہونا چاہئے) **ف**: یہ جو کہا گیا جون سے دو شخص بھی اس میں نکاح اور بے نکاح والی عورت اور نکاح اور بے نکاح والا مرد سب آگئے پس چاروں کا حکم مذکور ہوگیا ان کا یہ حکم ابتداء میں تھا کہ اذیت تو سب کو پہنچائی جاوے جس کا طریقہ صرف منکوحہ عورت کیلئے تو بیان فرمایا کہ ان کو مقید رکھو اور باقیوں کے لئے طریقہ بیان نہیں فرمایا ظاہر یہ ہے کہ حکام اسلامی کی رائے پر تھا جس طریق سے مصلحت زجر حاصل ہو جاوے خواہ زبان سے یا ہاتھ سے پھر وہ حکم ثانی بعد میں نازل ہوا جس کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے وہ سبیل ارشاد فرمادی ہے تو تم لوگ سمجھ لو یاد کرلو کہ نا کتخدا کے لئے سو درے اور کتخدا کے لئے سنگساری کمافی الصحاح پس اس آیت کا حکم منسوخ ہے۔

مَسْئَلَہ: زنا کے گواہ چار مرد مسلمان عاقل بالغ آزاد شرط ہیں اور منکم میں اس طرف اشارہ بھی ہے کیونکہ مخاطب ایسے ہی لوگ ہیں۔

مَسْئَلَہ: بدوں حکام کے دوسرا شخص یہ سزائیں جاری نہیں کرسکتا المسلتان من الہدایہ۔ اور سیاسۃً کو واضح کردینے سے یہ شبہ دفع ہوگیا کہ گھروں میں محفوظ رکھنا تو شوہر کا منصب اور حق ہے پھر یہ سزا کیا ہوئی وجہ دفع یہ کہ وہ رکھنا سیاست کے لئے نہیں۔ اور بعد توبہ کے جو فرمایا کہ تعرض مت کرو اس کا مطلب یہ نہیں کہ سزا نہ دو کیونکہ یہ توبہ سزا کے بعد مذکور ہے لدلالۃ الفاء علیہ بلکہ سزا کے بعد پھر ملامت مت کرو اور زیادہ سزا مت دو بخلاف غیر تائب کے کہ ملامت اس پر درست ہے جیسا کہ عائد پر دوبارہ پھر سزا ہے۔

رَبط: اوپر کی آیت میں توبہ کا مذکور تھا آگے اس توبہ کے قبول وعدم قبول کی صورتیں مذکور ہیں۔

شرط قبولِ توبہ: اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا توبہ جس کا (قبول کرنا حسب وعدہ) اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے وہ تو ان ہی کی ہے جو حماقت سے کوئی گناہ (صغیرہ ہو یا کبیرہ ہو) کر بیٹھتے ہیں پھر قریب ہی وقت میں (یعنی قبل حضور موت جس کے معنی آگے آتے ہیں) توبہ کرلیتے ہیں سو ایسوں پر تو خدا تعالیٰ (قبول توبہ کے ساتھ) توجہ فرماتے ہیں (یعنی توبہ قبول کرلیتے ہیں) اور اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں (کہ کس نے دل سے توبہ کی) حکمت والے ہیں (کہ دل سے توبہ نہ کرنے والے کو فضیحت نہیں کرتے) اور ایسے لوگوں کی توبہ (قبول) نہیں جو (برابر) گناہ کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کے سامنے موت ہی آ کھڑی ہوئی) (حضور موت کا مطلب یہ ہے کہ اس دوسرے عالم کی چیزیں نظر آنے لگیں) تو کہنے لگا کہ میں اب توبہ کرتا ہوں (پس نہ تو ایسوں کی توبہ مقبول) اور نہ ان لوگوں کی (توبہ یعنی ایمان ایسے ہی وقت کا مقبول) جن کو حالتِ کفر پر موت آجاتی ہے ان (کافر) لوگوں کے لئے ہم نے ایک دردناک سزا (یعنی عقوبت دوزخ) تیار کر رکھی ہے۔ **ف**: برابر گناہ کرنے کا یہ مطلب نہیں کہ بار بار کرتے ہیں بلکہ ایک بار بھی گناہ کرکے اس سے توبہ نہ کی تو بوجہ اس کے کہ یہ اصرار ہے اور اصرار حکم عود میں ہے اس لئے اس کو بھی مثل بار بار گناہ کرنے کے کہا جاوے گا یہ مطلب ہے برابر کرنے کا۔ اور جاننا چاہئے کہ قریب کی دو حالتیں ہیں ایک یہ کہ زندگی سے ناامیدی ہو جاوے لیکن اب تک اس عالم کے احوال و اہوال نظر نہیں آئے اس حالت کو یاس یائے تحتانی سے کہنا مناسب ہے اور دوسرے یہ کہ احوال بھی نظر آنے لگیں اس کو حالت باس بائے موحدہ سے کہنا زیبا ہے پس پہلی حالت یعنی یاس بالتحتانیہ میں تو کافر کا ایمان لانا اور عاصی کی توبہ کرنا دونوں مقبول ہیں اور دوسری حالت یعنی باس بالموحدہ میں دونوں غیر مقبول محققین کا یہی مذہب ہے اور ظاہر قرآن سے یہ مفہوم ہوتا ہے کذا فی الکبیر۔ اور جن کے دوسرے اقوال ہیں وہ آیت کی توجیہ اور طور پر کرلیں گے واللہ اعلم۔ اور جاننا چاہئے کہ یہ جو فرمایا کہ حماقت سے الخ یہ قید واقعی ہے احترازی اور شرطی نہیں کیونکہ ہمیشہ گناہ حماقت ہی سے ہوتا ہے جس کو اپنے نفع وضرر کی پرواہ نہ ہو اس سے بڑھ کر کیا حماقت ہوگی اور جاننا چاہئے کہ سوء اور سیئات دونوں جگہ اپنے عموم سے ہر عمل بد حتی کہ کفر کو بھی شامل ہے اور قانون کلی سے ایمان کا مقبول یا نامقبول ہونا معلوم ہوگیا تھا لیکن کفار کے ایمان عند الباس کا نامقبول ہونا پھر تصریحاً شاید اس لئے بیان فرمایا ہو کہ اہل کفر کی تسویف وتاخیر کی تقبیح اچھی طرح واضح ہو جاوے واللہ اعلم اور عاصی کے حق میں جو فرمایا کہ توبہ وقت حضور موت کے مقبول نہیں یعنی وعدۂ مغفرت اس پر مرتب نہیں اور ویسے اگر مشیت سے فضل ہو جاوے کوئی امر مانع نہیں اور بعض محققین نے وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ کی اور تقریر کی ہے کہ جو شخص ساری عمر کفر پر رہا حتیٰ کہ اسی پر اس کا خاتمہ ہوگیا اور وہ کسی جزو عمر میں دوسرے گناہوں سے توبہ کرے لیکن

www.besturdubooks.net

مسلمان نہ ہوتو اس کی وہ توبہ جو گناہوں سے کی ہے مقبول نہیں کیونکہ ایمان منجملہ شرائط قبول توبہ ہے جیسا تعجیل قبل الحضور بھی شرط ہے۔

ترجمہ مسائل السلوك: قولہ تعالیٰ: فَإِنْ تَابَا وَأَصْلَحَا فَأَعْرِضُوا عَنْهُمَا اس میں دلالت ہے اس پر کہ تائب پر طعن وتشنیع نہ چاہئے کہ یہ ایذا پہنچانا ہے بلا ضرورت بلکہ بھی اس میں دروازہ شر کا مفتوح کرنا ہے قولہ تعالیٰ: إِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللَّهِ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السُّوءَ بِجَهَالَةٍ ایسے امر کے ارتکاب کا جو عاقل کی شان کے لائق نہ ہو جہالت سے تعبیر کرنا اگرچہ عمداً اور عمد ہی سے اس کا صدور ہوا ہو دلیل ہے صوفیہ کی اس تفسیر کی کہ وہ یقین کے معنی کہتے ہیں اعتقاد جازم مطابق واقع مع غلبہ حال کہ قرآن مجید میں اس کے فقدان کو جہالت کہا گیا۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله گواہ کرلو اشار به الى ان الخطاب كما قال بعضهم للازواج وقال بعضهم هو للحكام فيكون معنى الاستشهاد اطلبوا الشهود من الزوج القاذف فقط ۱۲۔ ۲ قوله قبل ترجمة واللذن سزائے زنا میں لم يقل اس سزا میں لان الرجال لم يجعل لهم امساك بل ايذاء وقوله هناك تخصيص نہیں اشار الى ان المراد باللذان هما الزانى والزانية تغليباً وفائدته التعميم بعد التخصيص ولم يحمل على اللواطة لان الصحابة كما فى روح المعانى لم يتمسكوا بالآيةلما اختلفوا فى حكمها ۱۲۔ ۳ قوله عاقل بالغ مسلمانوں فالمراد من ضمير المخاطب هؤلاء هناك ۱۲۔ ۴ قوله جس کا قبول کرنا اشارة الى تقدير الكلام هكذا انما قبول التوبةعلى اللهالخ فعلى الله متعلق بالتوبة والذين يصلون خبر التوبة ۱۲۔ ۵ قوله حسب وعده فلا دليل فيه للمعتزلة ۱۲۔ ۶ قوله فى ترجمة السوء کوئی گناه فاللام للجنس ۱۲۔ ۷ قوله یعنی قبل حضور موت دليل هذا التفسير ما سيأتى من قوله حتى اذا حضر احدهم الموت ۱۲۔ ۸ قوله فى ترجمة ولا الذين ايمان ایسے ہی وقت کا اشارة الى ان قيد حضور الموت مرعى ايضًا فى توبة هؤلاء الكفار الذين رتب عدم النفع على موتهم على الكفر ۱۲۔ ۹ قوله فى ترجمة اولئك کافرالخ فاندفع به تمسك الوعيدية على تعذيب العصاة لا محالة بتخصيصها بالكافر ۱۲۔ ۱۰ قوله فى ف محققين ولا ليشكل كونه مخالفًا لما فى بعض كتب الفقه لان محل التقليد هى الاحكام الفقهية المتعلقة بالدنيا لا غير ۱۲۔ ۱۱ قوله گناه حماقت سے فالجهل بمعنى السفه لا عدم العلم فلو اذنب مع العلم كانت التوبة عنه مقبولة وانما كان حماقة للذهول عن كنه ما فيه من العقوبة كما فى الشاعر۔ ؎ الا لاء يجهلن احد علينا ○ فنجهل فوق جهل الجاهلينا وفى روح المعانى اخرج عبدالرزاق وابن جرير عن قتادة قال اجتمع اصحاب محمد صلى الله عليه وسلم فرأوا ان كل شيء عصى به فهو جهالة عمدا كان او غيره۔ ۱۲ قوله بعض محققين ويلتزم على هذا كون الكافر مكلفًا بالفروع كما ذهب اليه بعض اصحابنا فى المنهى عنه وعندى انه مكلف لجميع الفروع فى احكام الآخرة لا فى احكام الدنيا والنزاع لفظى والله اعلم ۱۲۔

النحو: من قريب فى روح المعانى من تبعيضية جعل ما بين وجود المعصية وحضور الموت زمانًا قريبًا ففى اى جزء من اجزاء هذا الزمان فهو تائب فى بعض اجزاء زمان قريب و حتى حرف ابتداء والجملة الشرطية بعدها غاية لما قبلها اى ليست التوبة لقوم يعملون الى حضور موتهم وقولهم كيت وكيت ۱۲۔

البلاغة: فى الروح وفى الاتيان بثم فى قوله ثم يتوبون ايذان بسعة عفوه تعالىٰ اه فتفكر يتوب الله هذا وعد بالوفاء بما وعد به سبحانه او لا فلا تكرار۔ قوله السيئات جمعت باعتبار تكرر وقوعها فى الزمان المديد لا لان المراد بها جميع انواعها اه قلت لكن التكرير اعم من الحقيقى والحكمى اى الاصرار كما اوضحته فى اول ف قوله قال انى تبت الأن اى هذا الوقت الحاضر وذكر لمزيد تعيين الوقت وايثار قال على تاب لا سقاط ذلك عن درجة الاعتبار والتحاشى عن تسميته توبة ۱۲۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَرِثُوا النِّسَاءَ كَرْهًا ۖ وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ لِتَذْهَبُوا بِبَعْضِ مَا آتَيْتُمُوهُنَّ إِلَّا أَنْ
يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۚ فَإِنْ كَرِهْتُمُوهُنَّ فَعَسَىٰ أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَيَجْعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا
كَثِيرًا ﴿١٩﴾ وَإِنْ أَرَدْتُمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَكَانَ زَوْجٍ وَآتَيْتُمْ إِحْدَاهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَأْخُذُوا مِنْهُ شَيْئًا ۚ
أَتَأْخُذُونَهُ بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُبِينًا ﴿٢٠﴾ وَكَيْفَ تَأْخُذُونَهُ وَقَدْ أَفْضَىٰ بَعْضُكُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ وَأَخَذْنَ مِنْكُمْ مِيثَاقًا غَلِيظًا ﴿٢١﴾

اے ایمان والو! تم کو یہ بات حلال نہیں کہ عورتوں کے جبراً مالک ہو جاؤ اور ان عورتوں کو اس غرض سے مقید مت کرو کہ جو کچھ تم لوگوں نے ان کو دیا ہے اس میں کا کوئی حصہ

www.besturdubooks.net

وصول کر لو مگر یہ کہ وہ عورتیں کوئی صریح ناشائستہ حرکت کریں اور عورتوں کے ساتھ خوبی کے ساتھ گزران کیا کرو اور اگر وہ تم کو ناپسند ہوں تو ممکن ہے تم ایک شے کو ناپسند کرو اور اللہ تعالیٰ اس کے اندر کوئی بڑی منفعت رکھ دے اور اگر تم بجائے ایک بی بی کے دوسری بی بی کرنا چاہو اور تم اس ایک کو انبار کا انبار مال دے چکے ہو تو تم اس میں سے کچھ بھی مت لو کیا تم اس کو لیتے ہو بہتان رکھ کر اور صریح گناہ کے مرتکب ہو کر اور تم اس کو کیسے لیتے ہو حالانکہ تم باہم ایک دوسرے سے بے حجابانہ مل چکے ہو اور وہ عورتیں تم سے ایک گاڑھا اقرار لے چکی ہیں ○

تفسیر ربط: حکم ہشتم کے قبل بیان ہو چکا ہے کہ یہاں سے ان رسوم قبیحہ کا ابطال ہے جو عورتوں کے باب میں متعارف تھیں سو منجملہ ان رسوم کے ایک رسم یہ تھی کہ جب کوئی شخص مرجاتا تو اس کا وارث جس طرح اس کا مال لیتا اسی طرح اس کی بیوی کو بھی اپنی میراث اور ملک سمجھتا اگر دل چاہتا اس سے جبراً خود نکاح کر لیتا اور اگر چاہتا دوسرے سے نکاح کر دیتا اور کبھی بے رغبتی کے سبب نہ خود نکاح کرتا اور نہ دوسرے سے اس لئے نکاح کرنے دیتا کہ اپنا مال دولت اپنے ساتھ لے جاوے گی غرض یوں ہی اس کو مجبور و محبوس رکھتا یا تو وہ اپنا مال و متاع اس کو دے دیتی تب اس کی جان چھوٹتی اور یا وہ اسی کے گھر مرجاتی تو اس کے مرے پیچھے اس کی چیز پر قبضہ کرتا اور میت کے مال سے بھی عورت کو حصہ نہ دیتے یہ تو کارروائی وارث کیا کرتے اور کبھی خود شوہر بلاقصور اپنی عورت کے ساتھ بے عنوانی کرتا کہ نہ تو اس کے حقوق زوجیت ادا کرتا اور نہ مفت اس کو طلاق دیتا کہ دوسرے ٹھکانے لگے بلکہ اس کو اس امر پر مجبور کرتا کہ وہ اس کو کچھ مال دے جب یہ اس کو چھوڑے چنانچہ اس کو ایسا کرنا پڑتا تھا بلکہ کبھی طلاق دے دینے کے بعد بھی اس کو نکاح نہ کرنے دیتا جب تک وہ اس کو کچھ مال نہ دیتی اگلی آیت میں بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ تک عام الفاظ میں جس میں یہ سب امور آ جاویں ان رسوم کی ممانعت فرماتے ہیں پھر عَاشِرُوهُنَّ سے صرف شوہروں کو ادائے حقوق زوجات کے متعلق خطاب فرماتے ہیں۔

حکم نہم نہی از ظلم بر نساء: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَرِثُوا النِّسَاءَ كَرْهًا (الی قولہ تعالیٰ) وَيَجْعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا كَثِيرًا اے ایمان والو تم کو یہ بات حلال نہیں کہ عورتوں کے (مال یا جان کے) جبراً مالک ہو جاؤ (مال کا مالک ہونا تین طرح ہے ایک یہ کہ اس عورت کا جو حق شرعی میراث میں ہے اس کو خود لے لیا جاوے اس کو نہ دیا جاوے اور دوسرے یہ کہ اس کو نکاح نہ کرنے دیا جائے یہاں تک کہ وہ یہاں ہی مرجاوے پھر اس کا مال لے لیں یا اپنے ہاتھ سے کچھ دے تیسرے یہ کہ خاوند اس کو بے وجہ مجبور کرے کہ وہ اس کو کچھ مال دے تب یہ اس کو چھوڑے۔ اول اور تیسری صورت میں جبر کی قید سے یہ فائدہ ہے کہ اگر یہ امور بالکل عورت کی خوشی سے ہوں جائز اور حلال ہیں اور دوسری صورت میں یہ جبر واقع میں نکاح سے روکنے میں ہے جس سے غرض مال لینا تھا اس لئے لفظوں میں اس سے متعلق کر دیا اس سے بھی وہی فائدہ ہوا یعنی اگر وہ اپنی خوشی سے نکاح نہ کرے تو ان لوگوں کو گناہ نہیں اور جان کا مالک ہونا یہ تھا کہ مردہ کی عورت کو مثل مال مردہ کے اپنی میراث سمجھتے تھے اس صورت میں جبر کی قید واقعی ہے کہ وہ ایسا کرتے تھے یہ نہیں کہ عورت اگر راضی ہو تو وہ سچ مچ میراث اور ملک ہو جاوے گی) اور ان عورتوں کو اس غرض سے مقید مت کرو کہ جو کچھ تم لوگوں نے (یعنی خود تم نے یا تمہارے عزیز نے) ان کو دیا ہے اس میں کا کوئی حصہ (بھی ان سے) وصول کر لو (اس مضمون میں بھی تین صورتیں آ گئیں ایک یہ کہ میت کا وارث اس میت کی بیوی کو نکاح نہ کرنے دیتا تاکہ ہم کو کچھ دے۔ دوسرے یہ کہ خاوند اس کو مجبور کرتا کہ مجھ کو کچھ دے تب چھوڑوں۔ تیسرے یہ کہ خاوند طلاق دینے کے بعد بھی بدون کچھ لئے اس کو نکاح نہ کرنے دیتا۔ یہاں کی پہلی صورت اوپر کی دوسری صورت کا ایک جزو ہے اور یہاں کی دوسری صورت اوپر کی تیسری صورت ہے اور وہاں کی پہلی صورت اور یہاں کی تیسری صورت الگ الگ ہے) مگر (بعض صورتوں میں ان سے مال لینا یا ان کو مقید کرنا جائز ہے وہ) یہ کہ وہ عورتیں کوئی صریح ناشائستہ حرکت کریں (اس میں بھی تین صورتیں آ گئیں ایک یہ کہ ناشائستہ حرکت نافرمانی شوہر کی اور بدخلقی ہو تو خاوند کو جائز ہے کہ اس کو بدون مال لئے ہوئے جو مہر سے زیادہ نہ ہو اس کو نہ چھوڑے۔ دوسرے یہ کہ ناشائستہ حرکت زنا ہو تو ابتدائے اسلام میں قبل نزول حدود خاوند کو جائز تھا کہ اس جرمانہ میں اس سے اپنا دیا ہوا مال واپس کر لے اور اس کو نکال دے اب یہ حکم منسوخ ہے زنا سے مہر کا وجوب ساقط نہیں ہوتا ان دو صورتوں میں تو مال لیا جاوے گا۔ اور تیسری صورت یہ کہ ناشائستہ حرکت زنا ہو تو خاوند کو اور نیز دوسرے ورثہ کو جیسا کہ شروع رکوع میں مذکور ہے بطور سزا کے بحکم حاکم عورتوں کو گھروں کے اندر مقید رکھنا جائز تھا پھر یہ حکم بھی منسوخ ہو گیا پس یہ مقید رکھنا بطور سزا کے ہوگا بغرض وصول مال کے نہ ہوگا پس استثناء مطلق عضل سے ہوگا نہ عضل مقید بغرض از ہاب سے آگے خاص شوہروں کو حکم ہے) اور ان عورتوں کے ساتھ خوبی کے ساتھ گزران کیا کرو (یعنی خوش اخلاقی اور نان و نفقہ کی خبر گیری) اور اگر بمقتضائے طبیعت) وہ تم کو ناپسند ہوں (اور ان کی طرف سے کوئی امر ناپسندیدگی کا موجب واقع نہ ہو) تو (تم بمقتضائے عقل یہ سمجھ کر برداشت کرو کہ) ممکن ہے کہ تم ایک شئے کو ناپسند کرو اور اللہ تعالیٰ اس کے اندر کوئی بڑی منفعت (دنیوی یا دینی) رکھ دے (مثلاً وہ تمہاری خدمت گذار اور آرام رساں اور ہمدرد ہو دنیا کی منفعت ہے یا اس سے کوئی اولاد پیدا ہو کر بچپن میں مرجاوے یا زندہ رہے اور صالح ہو جو ذخیرۂ آخرت ہو جاوے۔ یا اقل درجہ ناپسند چیز پر صبر کرنے کی فضیلت تو ضرور ہی ملے گی)

ربط: اوپر کی آیت میں استثناء إِلَّا أَنْ يَأْتِينَ کی عموم و اطلاق سے یہ معلوم ہوا تھا کہ اگر عورت کی جانب سے کوئی خرابی ہو تو چھوڑنے میں اس سے مال لینا جو کہ

www.besturdubooks.net

مہر سے زائد نہ ہو جائز ہے اور حالتوں میں درست نہیں ان میں ایک حالت یہ تھی کہ پہلی منکوحہ سے رغبت نہ رہی دوسری عورت سے رغبت ہوئی اس سے نکاح کرنا چاہا اور اس کے مہر دینے کی یہ تجویز سوچی کہ پہلی بیوی سے دیا ہوا روپیہ کسی طرح وصول کر کے یا اگر نہ دیا ہو تو اس سے معاف کرا کر وہی اس دوسری کو دے دیں تا کہ مطلوب حاصل ہو جاوے اور گرہ سے مہر نہ دینا پڑے اس غرض کے حاصل کرنے کے لئے کبھی تو زوجہ سابقہ کو کچھ تہمت لگا دیتے ہیں تا کہ اس سے مال لینے میں اپنے اوپر کوئی الزام نہ آوے اور کبھی ویسے ہی پریشان کرتے تا کہ وہ اپنی جان بچانے کے لئے اس کو روپیہ دے یا معاف کرے آئندہ میں اس کی ممانعت ہے پس اس کا مضمون ماقبل کا گویا تتمہ ہے۔

عدم استرداد مہر بلانشوز زوجہ: وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ (الی قولہ تعالی) وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا اور اگر تم (خود اپنی رغبت کی وجہ سے) بجائے ایک بیوی کے (یعنی پہلی کے) دوسری بیوی کرنا چاہو (اور پہلی بیوی کا کوئی قصور نہ ہو) اور تم اُس ایک کو (مہر میں یا ویسے ہی بطور ہبہ کے) انبار کا انبار مال دے چکے ہو (خواہ ہاتھ میں یا خاص مہر صرف معاہدہ میں دینا کیا ہو) تو تم (اس دیئے ہوئے یا معاہدہ کئے ہوئے) میں سے (عورت کو تنگ کر کے) کچھ بھی (واپس) مت لو (اور معاف کرانا بھی حکماً واپس لینا ہے) کیا تم اس کو (واپس) لیتے ہو (اس کی ذات پر نافرمانی یا بدکاری کا) بہتان رکھ کر اور (اس کے مال میں) صریح گناہ (یعنی ظلم) کے مرتکب ہو کر (خواہ بہتان صراحۃً ہو یا کہ اس طور پر دلالۃً ہو کہ اوپر صرف نافرمانی و بدکرداری کی صورت میں اس سے مال لینے کی اجازت تھی پس جب اس سے مال لیا تو گویا اس کو نافرمان و بدکردار دوسروں کے ذہن میں تصور کرایا اور ظلم مالی کی وجہ ظاہر ہے کہ بلا طیب خاطر عورت نے دیا اور ہبہ کی صورت میں ظلم یہی ہے کہ زوجیت موانع رجوع ہبہ سے ہے اور بہتان بھی اسی سے لازم آتا ہے کیونکہ واپس لینا گویا یہ کہنا ہے کہ یہ میری زوجہ نہ تھی اس کا بہتان ہونا ظاہر ہے کہ اس کو دعوے زوجیت میں کاذبہ اور معاشرت میں فاسقہ ٹھہراتا ہے) اور تم اس (دیئے ہوئے) کو (حقیقۃً یا حکماً) کیسے لیتے ہو حالانکہ (علاوہ بہتان و ظلم کے اس لینے سے دو امر اور بھی مانع ہیں ایک یہ کہ) تم باہم ایک دوسرے سے بے حجابانہ مل چکے ہو (یعنی صحبت ہو چکی ہے یا خلوتِ صحیحہ کہ وہ بھی حکم صحبت میں ہے بہرحال انہوں نے اپنی ذات تمہارے تمتع و تلذذ کے لئے تمہارے سپرد کر دی ہے اور مہر بدل تسلیم ہے پس مبدل منہ کو حاصل کر کے بدل کو واپس لینا یا کہ شئیاً عقل سلیم کے بالکل خلاف ہے اور اگر وہ مال موہوب تھا تو یہ افضاء اثر زوجیت ہونے کی وجہ سے مانع ہے اور اصل مانع زوجیت ہے) اور (دوسرا مانع یہ کہ) وہ عورتیں تم سے ایک گاڑھا اقرار (یعنی عہد مستحکم) لے چکی ہیں (وہ عہد وہ ہے کہ نکاح کے وقت تم نے مہر اپنے ذمہ رکھا تھا اور عہد کر کے خلاف کرنا یہ بھی عقل کے نزدیک مذموم ہے اور اگر وہ شئے موہوب ہے تو مثل افضاء کے یہ عہد بھی اثر زوجیت ہونے کی وجہ سے مانع ہے۔ غرض چار موانع کے ہوتے ہوئے واپسی نہایت ہی مذموم ہے)

ف: مَسْئَلَہ: اگر عورت کی جانب سے کوئی بدمزاجی وغیرہ واقع ہو تو اس کو ردِ مہر پر مجبور کرنا اس طرح کی بدون ردِ مہر اس کو نہ چھوڑے جائز ہے اور اگر مرد کی جانب سے ناموافقت ہو تو جائز نہیں اردتم کی تفسیر سے حکم ثانی اور مانع اول کی تقریر سے حکم اول مفہوم ہوتا ہے۔

مَسْئَلَہ: اگر کسی طرف سے کوئی بے عنوانی نہیں ہوئی محض آئندہ کی احتیاط کی وجہ سے کہ قرائن سے موافقت کی امید معلوم نہیں ہوتی خلع کرنا چاہیں اور عورت بطیب خاطر ردِ مہر کر دے جائز ہے مانع ثانی کی تقریر سے یہ حکم مفہوم ہوتا ہے۔ مَسْئَلَہ: اگر نکاح کے بعد نہ صحبت ہوئی نہ خلوتِ صحیحہ ہوئی تو پورا مہر مؤکد نہیں ہوا۔ پس اگر ایسی حالت میں طلاق واقع کیا جائے تو نصف مہر دینا پڑے گا اور نصف ساقط ہو جاوے گا اور یہ حکم مانع ثالث سے مفہوم ہوتا ہے کیونکہ افضاء کو مانع ردِ مہر فرمایا ہے کہ اس مانع کے ہوتے ہوئے کوئی جز ورد نہ کرو پس جب یہ مانع نہ پایا گیا یہ حکم بھی نہ ہوگا۔ پس بعض جز و واپس ہو سکے گا اور خلع حکم طلاق میں ہے پس اگر اس حالت میں خلع ہو انصف مہر تو طلاق قبل الدخول سے ساقط ہوا اور نصف خلع سے۔

مَسْئَلَہ: اگر نکاح کے وقت مہر بالکل مقرر نہیں ہوا تو اس صورت میں مہر مثل لازم آتا ہے لیکن صرف نکاح سے اس کا کوئی جز و مؤکد نہیں ہوا سو اگر اس حالت میں طلاق ہو تو اصلاً مہر نہ دینا پڑے گا۔ البتہ ایک جوڑا دینا پڑتا ہے جس کی تفصیل پارہ سیقول کے حکم سی وسوم میں گزر چکی ہے یہ عدم وجوب مانع رابع سے مفہوم ہوتا ہے۔

مَسْئَلَہ: اور زوجہ کو کوئی شے ہبہ مع القبض کر کے کسی حال میں رجوع نہیں ہو سکتا کیونکہ وہاں قدر مشترک موانع اربعہ میں زوجیت ہے اور وہ غیر مرتفع ہے فقط اور خلوتِ صحیحہ کی تفصیل کتب فقہ میں ہے اور تاخذونہ کی تفسیر میں جو حقیقۃً یا حکماً کہا گیا ہے حقیقۃً سے مراد واپسی حسی ہے اور حکماً سے معاف کرانا۔

رفع شبہ: اگر کسی کو شبہ ہو کہ حدیث میں تاکید آئی ہے مہر کم مقرر کرنے کی اور اس آیت سے زیادہ کا جواز معلوم ہوتا ہے اس کا دفع یہ ہے کہ یہ جواز مفہوم من القرآن بمعنی صحت ونفاذ ہے اور حدیث میں جواز بمعنی اباحت مطلقہ وعدم کراہت کی نفی ہے پس کچھ تعارض نہیں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ایک واقعہ میں زیادہ مہر کے جواز کو مان لینا اس لئے تھا کہ سامعین اس کو حرام نہ سمجھنے لگیں پس اس سے کراہت کا عدم ثابت نہیں ہوتا نہ حضرت عمرؓ پر کوئی اعتراض لازم آتا ہے۔

www.besturdubooks.net

ربط: منجملہ ان رسوم قبیحہ جاہلیت کے جن کا ذکر شروع رکوع سے چلا ہے ایک یہ رسم تھی کہ بعضے حرام عورتوں سے نکاح کرلیا کرتے مثلاً اپنی سوتیلی ماں یعنی باپ کی بیوی سے یا ایک بہن کے نکاح میں ہوتے ہوئے دوسری بہن سے اور بعضے حلال عورتوں کو حرام سمجھتے جیسے متبنٰی کی بیوی آگے حکم دہم میں اس کا ابطال فرماتے ہیں اور بمناسبت مقام اور محرمات کی تفصیل بھی ارشاد فرماتے ہیں اور بعض حلال عورتوں کی حلت میں مسلمانوں کو شبہ ہوا تھا جیسے مملوکہ شرعیہ جس کا پہلا شوہر حربی دارالحرب میں ہو ان کی حلت کا بیان بھی فرمادیا کما سیظهر من الروایات فی الحواشي۔ اور نکاح کے بعض شرائط اور اس کے دوسرے متعلقات مہر وغیرہ بھی مذکور فرمائے ہیں ایک رکوع سے زیادہ میں یہی مضامین ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا حق تعالیٰ کی تجویز کے سامنے اپنی رائے کو فنا کر دینے کی اس میں اصل ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْئًا اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا اوپر اللہ تعالیٰ نے لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ میں یہ ذکر فرمایا ہے کہ زوجہ سے دی ہوئی چیز واپس لینا مخصوص ہے عورت کی نالائقی کے ساتھ اور جب واقع میں وہ اس عیب سے مبرا ہو محض اپنے شوق سے دوسرا نکاح کرنا چاہتا ہو اس وقت اس سے کچھ لینا قاعدہ بالا کی موافق دیکھنے والوں کو شبہ میں ڈالے گا کہ عورت نے کوئی نالائق حرکت کی ہوگی اور واقع میں وہ بری ہے اسلئے اس لینے کو بہتان فرمایا ہے پس بہتان جیسا کبھی صراحۃً ہوتا ہے یہ دلالۃً ہوا اور اسکو بھی ممنوع فرمایا گیا تو اس میں طریق قوم کی اصل ہے کہ وہ جس طرح موجب سے بچتے ہیں موہم سے بھی بچتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی التمهيد عام الفاظ میں ففی اکثر الالفاظ عموم المجاز فالخطاب عام للاولياء والازواج والارث عام فی مطلق الملك ثم الملك عام فی المال والنفس ثم هو عام لما فی حيٰوة المرأة او بعد موتها والكره عام للكره علی اعطاء المال او عضلهن عن النكاح ليرثوا اذا متن والايتاء عام فيما آتاهن ازواجهن او اقارب المكرهين باعتبار ان اعطاء اخباسهم كاعطائهم والفاحشة عام فی النشوز والزنا والكل منتشر فی التفاسير وانما انقل ما خفی منه ففی الخازن لترثوا اموالهن وهن كارهات اه فقايد بهذا كون الارث بمعنی الملك ولو فی الحيٰوة فان كراهتهن انما هی مؤثرة فی هذه الحالة لا بعد الموت فان الارث اضطراری سواء رضی المورث او كره وفی روح المعانی والخطاب فی المتعاطفين اما للورثة غير الازواج واما للازواج وجوز ان يكون الخطاب الاول للورثة وهذا الخطاب للازواج اه قلت ولا مانع من كون الكل للكل وفيه الفاحشة النشوز وسوء الخلق واخرج ابن جرير عن الحسن ان المراد بها الزنا وراعيت هذه المعانی كلها فی الترجمة تامل تعقل ۱۲۔ ۲؎ قوله فی معنی ارث النفس یہ نہیں کہ عورت الخ لان الحرة لا تملك فهذا القيد الواقعی فائدته التقبيح والتشنيع بانكم تفعلون بالاكراه هذه الفعلة القبيحة التی لا يحل ولو كان بالرضا فضلا عن الاكراه ۱۲۔ ۳؎ قوله فی ترجمة اٰتيتموهن یا تمہارے عزیز نے واشرت الی كون الخطاب عاما بقولی تم لوگوں نے لانها تطلق للعموم فی امثال هذه المواقع ۱۲۔ ۴؎ قوله فی ترجمة بعض ما کوئی حصہ بھی اشار به الی ان عدم الاذهاب بالكل منفی بالاولیٰ ۱۲۔ ۵؎ قوله فی الفرق بين الثلثة الاولیٰ والاخریٰ جزو ہے وبهذا القدر حصل الفرق لان الجزء والكل متغائران ۱۲۔ ۶؎ قوله ہنا دوسری صورت اوپر کی تیسری وانما لم يلزم التكرار لاختلاف العنوانين فظهر قبح شئ واحد من الحيثيين لكونه كرها ولكونه منافيا للمروة حيث ان القوی يطمع من ضعيف وهی المرأة مثلاً ۱۲۔ ۷؎ قوله بعد ترجمة الفاحشة نافرمانی ... مہر سے زیادہ لان الجاء ها الی الخلع اذا كان النشوز منها يجوز واما الزيادة علی المهر فلا يجوز مطلقاً ۱۲۔ ۸؎ قوله خاوند کو الخ فيكون الخطاب بقوله تعالیٰ فامسكوهن فی ابتداء الركوع عاما للازواج وغيرهم بان يمسكوهن ويكون المراد بقوله فی الفائدة المتعلقة بقوله تعالیٰ والتی الآية منكوحة فی قوله صرف منکوحہ عورت کے لئے بیان فرمایا المرأة التی قد نكحت مرة ولو لم يبق منكوحة بان توفی عنها زوجها او طلقت ۱۲۔ ۹؎ قوله جیسا شروع رکوع میں الخ نقل هذا التفسير فی روح المعانی عن بعضهم فالعلل علی هذا بمعنی الحبس والامساك عن غير تعرض له باخذ المال ۱۲۔ ۱۰؎ قوله قبل ترجمة عسٰی یہ سمجھ کر برداشت کرو اشارة الی حذف الجزاء من قوله فاعقلوا واصبروا والمذكور علته ۱۲۔ ۱۱؎ قوله فی التمهيد یہ تجویز سوچی الخ فی الكبير المسئلة الاولی روئے ان الرجل منهم اذا مال الی التزوج بامرأة اخریٰ رمی زوجة نفسه بالفاحشة حتی يلجئها الی الافتداء منه بما اعطاها ليصرفه الی تزوج المرأة التی التی يريدها اه قلت ويشير اليه القرآن فلا يضر عدم حجية الرواية بلا سند ۱۲۔ ۱۲؎ قوله فی ترجمة احداهن اس ایک کو العهد بقرينة المقام ۱۲۔ ۱۳؎ قوله فی ترجمة آتيتم خواہ ہاتھ میں الخ كما فی الروح والمراد من الايتاء كما قال الكرخی الالتزام والضمان كما فی قوله اذا سلمتم ما آتيتم وفی الكبير المسئلة الثالثة لافرق بين ما اذا آتاها الصداق جساد بين ما اذا لم يؤتها قلت فالايتاء عام من الحسی والحكمی وافاد بقوله خاص مهر الخ ان الالتزام انما يعتبر فی المهر

www.besturdubooks.net

خاصة لا في الهبة لتوقفها على القبض ۱۲۔ ۱۴؎ قوله في ترجمة لا تأخذوا معاف کرانا بھی الخ فلا يرد ان الابراء ليس باخذ ۱۲۔ ۱۵؎ قوله في ترجمة بهتانا بہتان رکھ کر اشار الى ان بهتانا واثما حالان بمعنى اسم الفاعل اى باهتين وآثمين ۱۲۔ ۱۶؎ قوله في توضيح البهتان تصور کرایا اخذته من الكبير الوجه الرابع من المسئلة الثالثة ۱۲۔ ۱۷؎ قوله في تفسير الافضاء یعنی صحبت یا خلوت نقله في الروح عن الفراء وبرواية الكلبي عن ابن عباسؓ ۱۲۔ ۱۸؎ قوله في توضيح افضى یا کرنہ دینا زاد لان الاخذ عام من الرد الحسي والابراء كما يفهم من تقرير آيتهم المذكور انفاً ۱۲۔ ۱۹؎ قوله هناك اصل مانع زوجیت الخ ولا تكرار لاختلاف العنوان ولو اتحد المعنون اى الزوجية فافاد اختلاف العنوان ان الزوجية مانعة لان اثرها هذا وهذا وهذا ۱۲۔ ۲۰؎ قوله في توضيح الميثاق وہ عہد وہ ہے اخذته من الكبير عبارته قال ابن عباس ومجاهد الميثاق الغليظ كلمة النكاح المعقودة على الصداق ۱۲۔ ۲۱؎ قوله قبيل ف غرض چار موانع الخ اعلم ان المؤثر في بعض الصور المجموع وفي بعضها لان الافضاء واخذ الميثاق الغليظ لا يوجد ان باعتبار المهر فيما فارقها قبل الخلوة او قبل التسمية ولا يضر عدم وجود المجموع في بعض الصور لان غاية ما في الباب ان هذا الباب من الصور لا يكون ذكره مقصودا بذاته فاى محذور في ذلك فانه يمكن ان يكون عادة اهل الجاهلية الاخذ مع الموانع كلها فحصل الرد عليهم وكفى في غرض المقام فافهم ۱۲۔ ۲۲؎ قوله في آخر المسئلة الثالثة خلع ہوا تتمة المسئلة انه لايلزمها شئى استحسانا ومقتضى القياس ان يجب عليها النصف لان نصف المهر سقط بالطلاق قبل الدخول وقد التزمت المرأة المهر كله فيجب عليها النصف تتميما لما الزمته ووجه عدم اللزوم الذى هو مقتضى الاستحسان انه يراد بالخلع عادة حاصل ما يلزم لها وليس هو الا النصف كذا في آخر باب الخلع من العناية والهداية في حكم المرأة اذا اختلعت قبل الدخول على الف و مهرها الف ۱۲۔

الروایات: في روح المعاني اخرج ابن جرير وابن ابى حاتم من طريق على عن ابن عباسؓ قل كان الرجل اذا مات وترك جارية (معناه عندى شابة) القى عليها حميمه ثوبه فمنعها من الناس فان كانت جميلة تزوجها وان كانت دميمة حبسها حتى تموت فيرثها۔ وفي رواية البخارى وابى داؤد كانوا اذا مات الرجل كان اولياء احق بامرأته ان شاء بعضهم تزوجها وان شاء وأزوجوها وان شاؤا لم يزوجوها فهم احق بها من اهلها فنزلت هذه الآية في ذلك واخرج ابن المنذر عن عكرمة قال نزلت هذه الآية في كبيشة ابنة معن بن عاصم من الاوس كانت عند ابى قيس بن الاسلت فتوفى عنها فجنح عليها ابنه فجائت النبى صلى الله عليه وسلم فقالت لا انا ورثت زوجى ولا انا تركت فانكح فنزلت وفي المعالم قال ابن عباسؓ في قوله تعالىٰ ولا تعضلوهن هذا في الرجل تكون له المرأة وهو كاره لصحبتها ولها عليه مهر فيضارها لتفتدى وترد اليه ما ساق اليها من المهر فنهى الله تعالىٰ عن ذلك۔ وفي روح المعاني اخرج ابن جرير عن ابن زيد قالت كانت قريش بمكة ينكح الرجل منهم المرأة الشريفة فلعلها ماتوا فقه فيفارقها على ان لا تتزوج الا باذنه فيأتى بالشهود فيكتب ذلك عليها فاذا خطبها خاطب فان اعطته اذن لها والاعضلها۔ واخرج عبدالرزاق وغيره عن عطاء كان الرجل اذا اصابت امرأته فاحشة اخذ ما ساق اليها واخرجها فنسخ ذلك الحدود آه فيا اخى تامل في الروايات تجدها ان شاء الله تعالىٰ متطابقة على ما في التمهيد ۱۲۔

اللغات: في المعالم اصل الافضاء الوصول الى الشيء من غير واسطة اه قلت لا ريب في صدق هذا المعنى على الخلوة الصحيحة فان الوصول بمفهومه اللغوى لا يتوقف على الوصول الخاص لان العام لا يستلزم الخاص ۱۲۔

العربية والبلاغة النساء اما مفعول ثان لترثوا على ان يكن هن الموروثات اے ترثوا من الميت النساء واما مفعول اول له والمعنى لا يحل لكم ان تأخذوا المال بطريق الارث اى ترثوا من النساء فافهم والمراد من قوله تعالىٰ لتذهبوا ان يدفعن اليكم بعض ما آتيتموهن وتأخذوه منهن وانما لم يتعرض لفعلهن لكونه لصدوره عن اضطرار منهن بمنزلة العدم وعبر عن ذلك بالذهاب به لا بالاخذ والاذهاب للمبالغة في تقبيحه ببيان تضمنه لامرين كل منهما محظور شنيع الاخذ والاذهاب لانه عبارة عن الذهاب مصطحبابه وذكر البعض ليعلم منه انّ الذهاب بالكل اشنع شنيع ومبينة على صيغة الفاعل من بين اللازم بمعنى تبين او المتعدى اى مبينة حال صاحبها وقرأ ابن كثير وابوبكر عن عاصم مبينة على صيغة المفعول اه كله من روح المعاني ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۲۲﴾ حُرِّمَتْ ع۳ ۱۱
عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِیْۤ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ
مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ الّٰتِیْ فِیْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَاِنْ
لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ ۙ وَاَنْ تَجْمَعُوْا
بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا
مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ
مُسٰفِحِيْنَ ؕ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ
بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ
فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ؕ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ
بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ
فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ؕ

اور تم ان عورتوں سے نکاح مت کرو جن سے تمہارے باپ (دادا' یا نانا) نے نکاح کیا ہو مگر جو بات گزر گئی گزر گئی بیشک یہ (عقلاً بھی) بڑی بے حیائی ہے اور نہایت نفرت کی بات ہے اور (شرعاً بھی) بہت برا طریقہ ہے۔ تم پر حرام کی گئی ہیں تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں اور تمہاری پھوپھیاں اور تمہاری خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا ہے اور تمہاری وہ بہنیں جو دودھ پینے کی وجہ سے ہیں اور تمہاری بیبیوں کی مائیں اور تمہاری بیبیوں کی بیٹیاں جو کہ تمہاری پرورش میں رہتی ہیں اور ان بیبیوں سے کہ جن کے ساتھ تم نے صحبت کی ہو اور اگر تم نے ان بیبیوں سے صحبت نہ کی ہو تو تم کو کوئی گناہ نہیں اور تمہارے ان بیٹوں کی بیبیاں جو کہ تمہاری نسل سے ہوں اور یہ کہ تم دو بہنوں کو ایک ساتھ رکھو لیکن جو پہلے ہو چکا۔ بیشک اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑی رحمت والے ہیں اور وہ عورتیں جو کہ شوہر والیاں ہیں مگر جو کہ تمہاری مملوک ہو جائیں اللہ تعالیٰ نے ان احکام کو تم پر فرض کر دیا ہے اور ان عورتوں کے سوا اور عورتیں تمہارے لئے حلال کی گئی ہیں یعنی یہ کہ تم ان کو اپنے مالوں کے ذریعہ سے چاہو اس طرح سے کہ تم بیوی بناؤ صرف مستی ہی نہ نکالنا ہو پھر جس طریق سے تم ان عورتوں سے منتفع ہوئے ہو سو ان کو ان کے مہر دو جو کچھ مقرر ہو چکے ہیں اور مقرر ہوئے بعد بھی جس پر تم باہم رضامند ہو جاؤ۔ اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے ہیں بڑی حکمت والے ہیں اور جو شخص تم میں پوری وسعت اور گنجائش رکھتا ہو آزاد مسلمان عورتوں سے نکاح کرنے کی تو وہ اپنے آپس کی مسلمان لونڈیوں سے جو کہ تم لوگوں کی مملوکہ ہیں نکاح کرے اور تمہارے ایمان کی پوری حالت اللہ ہی کو معلوم ہے تم سب آپس میں ایک دوسرے کے برابر ہو۔ سو ان سے نکاح کر لیا کرو ان کے مالکوں کی اجازت سے اور ان کی ان کے مہر قاعدہ کے موافق دے دیا کرو اس طور پر کہ وہ منکوحہ بنائی جائیں نہ تو علانیہ بدکاری کرنے والی ہوں اور نہ خفیہ آشنائی کرنے والی ہوں۔ پھر جب وہ لونڈیاں منکوحہ بنائی جائیں پھر اگر وہ بڑی بے حیائی کا کام (زنا) کریں تو ان پر اس سزا سے نصف سزا ہوگی جو کہ آزاد عورتوں پر ہوتی ہے ۞

تفسیر: حکم دہم تفصیل محرمات و دیگر احکام متعلقہ نکاح: وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۲۲﴾ اور تم ان عورتوں سے نکاح مت کرو جن سے تمہارے باپ (یا دادا یا نانا) نے نکاح کیا ہو مگر (خیر) جو بات گزر گئی گزر گئی (آئندہ بھی ایسا نہ ہو) بیشک یہ (بات عقلاً بھی) بڑی بے حیائی ہے اور (اہل طبائع سلیمہ کے عرف میں بھی) نہایت نفرت کی بات ہے اور (شرعاً بھی) بہت برا طریقہ ہے۔

ف: گذر گئی کا مطلب یہ کہ جاہلیت میں بعض لوگ ایسا کرتے تھے مگر شائستہ لوگ اس زمانہ میں بھی اس کو برا جانتے تھے اور اس کو نکاح مقت کہتے تھے اور جو اس نکاح سے اولاد ہوتی تھی اس کو مقتی کہا کرتے تھے کذا فی الکشاف اسی لئے احقر نے اس میں عرف بڑھا دیا ہے کیونکہ ان کے عرف میں اس کا لقب مقت مشہور تھا

www.besturdubooks.net

اور عقلاً بے حیائی ہونا اور شرعاً بوجہ منہی عنہ ہونے کے اس کا برا طریقہ ہونا ظاہر ہے حتیٰ کہ اگر کوئی ایجاب قبول کر بھی لے وہ نکاح منعقد ہی نہ ہوگا پس باطل محض ہے اسی طرح نساء محرمات آئندہ بھی۔ اس کے اعلیٰ درجہ کے قبح ظاہر کرنے کے لئے وجوہ اس کی مذمت کی ارشاد فرمائیں۔

مسئلہ: نکاح شرعاً حکم وطی میں ہے جب باپ کی موطوءہ حکمیہ سے نکاح حرام ہے تو جو اس کی موطوءہ حقیقیہ ہو گو بلا نکاح ہو اس سے بدرجہ اولیٰ نکاح حرام ہے اور یہی مذہب ہے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا کہ جس عورت سے باپ نے زنا کیا ہو اس سے بیٹا نکاح نہیں کرسکتا۔ اسی طرح جہاں جہاں نکاح سے تحریم مؤبد ہو جاتی ہے زنا سے بھی ہو جاتی ہے۔

تتمہ حکم دہم: حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ تم پر (یہ عورتیں) حرام کی گئی ہیں (یعنی اُن سے نکاح کرنا حرام اور باطل ہے اور ان کی کئی قسم ہیں۔

اول محرمات نسبیہ: (وہ یہ ہیں) تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں (اور ان میں سب اصول وفروع بواسطہ و بلا واسطہ سب داخل ہیں) اور تمہاری بہنیں (خواہ عینی ہوں یا علاتی یا اخیافی) اور تمہاری پھوپھیاں (اس میں باپ کی اور سب مذکر اصول کی تینوں قسم کی بہنیں آ گئیں) اور تمہاری خالائیں (اس میں ماں کی سب مؤنث اصول کی تینوں قسم کی بہنیں آ گئیں) اور بھتیجیاں (اس میں تینوں قسم کے بھائیوں کی اولاد بواسطہ و بلا واسطہ سب آ گئیں) اور بھانجیاں (اس میں تینوں قسم کی بہنوں کی اولاد بواسطہ و بلا واسطہ سب آ گئیں) اور (**قسم دوم محرمات رضاعیہ** (وہ یہ ہیں) تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا ہے (یعنی انا) اور تمہاری وہ بہنیں جو دودھ پینے کی وجہ سے ہیں (یعنی تم نے ان کی حقیقی یا رضاعی ماں کا دودھ پیا ہے یا اس نے تمہاری حقیقی یا رضاعی ماں کا دودھ پیا ہے۔ گو مختلف وقت میں پیا ہو) اور (**قسم سوم محرمات بالمصاہرۃ** (وہ یہ ہیں) تمہاری بیبیوں کی مائیں (اس میں زوجہ کے سب مؤنث اصول آ گئے) اور تمہاری بیبیوں کی بیٹیاں اس زوجہ کے سب مؤنث فروع آ گئے جو کہ (عادۃً) تمہاری پرورش میں رہتی ہیں (مگر اس میں ایک قید بھی ہے وہ یہ کہ وہ لڑکیاں) ان بیبیوں سے (ہوں) کہ جن کے ساتھ تم نے صحبت کی ہو (یعنی کسی عورت کے ساتھ صرف نکاح کرنے سے اس کی لڑکی حرام نہیں ہوتی بلکہ جب اس عورت سے صحبت بھی ہو جائے تب لڑکی حرام ہوتی ہے) اور اگر (ہنوز) تم نے ان بیبیوں سے صحبت نہ کی ہو (گو نکاح ہو چکا ہو) تو (ایسی بی بی کی لڑکی کے ساتھ نکاح کرنے میں) تم کو کوئی گناہ نہیں اور تمہارے ان بیٹوں کی بیبیاں (بھی حرام ہیں) جو کہ تمہاری نسل سے ہوں (اس میں سب مذکر فروع کی بیبیاں آ گئیں اور نسل کی قید کا مطلب[۵] یہ ہے کہ منہ بولے یعنی لے پالک جس کو متبنیٰ کہتے ہیں اس کی بی بی حرام نہیں) اور یہ (امر بھی حرام ہے) کہ تم دو بہنوں کو (رضاعی ہوں یا نسبی اپنے نکاح میں) ایک ساتھ رکھو لیکن جو (اس حکم سے) پہلے ہو چکا (وہ معاف[۶] ہے) بیشک اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے رحمت والے ہیں (کہ رحمت سے گناہ معاف کر دیتے ہیں) اور (**قسم[۷] چہارم**) وہ عورتیں جو کہ شوہر والیاں ہیں مگر (اس قسم میں وہ مستثنیٰ ہیں) جو کہ (شرعاً) تمہاری مملوک[۸] ہو جاویں (اور ان کے حربی شوہر دار الحرب میں موجود ہوں اور بعد ایک حیض آ جانے یا وضع حمل کے حلال ہیں کذا فی الہدایہ) اللہ تعالیٰ نے ان احکام کو تم پر فرض کر دیا ہے۔ **ف**: اور زیادہ تفصیل محرمات کی جن[۹] میں اکثر تو ان ہی مذکورات کے عموم میں داخل ہیں جن کے ادخال کی تقریر بوجہ غموض کے نہیں کی گئی اور بعض احادیث و آثار میں مذکور ہیں اور بعض پر اجماع امت کا ہے۔ اور اسی طرح مملوکات کی حلت کے شرائط یہ سب کتب فقہ میں بسط کے ساتھ موجود ہے بخیال تطویل کے نہیں لکھا اور اس تقریر سے ایک اشکال بھی دفع ہو گیا وہ یہ کہ آگے جو ان مذکورات کے ماوراء کو حلال فرمایا ہے سو یہاں تو چند صورتیں مذکور ہیں جن کے ماسوا اور بھی حرام صورتیں ہیں پھر اس کے کیا معنی کہ ان کے ماسوا سب حلال ہیں وجہ دفع یہ کہ ان حرام صورتوں میں بہت سے تو ان مذکورات کے عموم ہی میں لغۃً یا عرفاً داخل ہیں وہ تو ماسوا میں داخل ہی نہیں جیسا احقر نے ابھی لکھا ہے اور بعض صورتیں جو ان مذکورات کے عموم میں بھی داخل نہیں وہ واقعی ماسوا میں داخل ہوں گی لیکن چونکہ لفظ ماوراء بوجہ دوسرے دلائل شرعیہ کے مثل احادیث و اجماع پھر آثار و قیاس کے اپنے عموم پر باقی نہیں اس لئے بقیہ محرمات اس ماوراء سے مستثنیٰ و مخصوص ہو جاوے گا یعنی لفظ میں داخل ہونے کے بعد حکم حلت سے خارج ہو جاوے گا۔ پس کوئی اشکال نہ رہا اور تحلیل حرام یا تحریم حلال لازم نہ آئی۔

ربط: یہاں تک محرمات کا بیان تھا اس کے بعد ان کے ماسوا کی حلت نکاح کا مع بعض شرائط حلت کے بیان ہے۔

تتمہ سابق: وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا اور ان عورتوں کے سوا اور (باقی) عورتیں تمہارے لئے حلال کی گئی ہیں یعنی یہ کہ تم اُن کو اپنے مالوں کے ذریعہ سے (نکاح[۱۰] میں لانا) چاہو (یعنی مہر ہونا نکاح میں ضرور[۱۱] ہے اور) اس طرح کہ تم (ان کو) بیوی[۱۲] بناؤ (جس کی شرطیں شرع میں مشہور ہیں مثلاً گواہ بھی ہوں وہ نکاح موقت بھی نہ ہو وغیرہ ذالک) صرف مستی[۱۳] ہی نکالنا نہ ہو (اس کے عموم میں زنا اور متعہ سب داخل ہو گیا گو اس[۱۴] میں بھی مال خرچ کیا جاتا ہے) پھر (نکاح ہو جانے کے بعد) جس طریق سے (منجملہ ترک شرعیہ معتبرہ[۱۵] کے) تم ان عورتوں سے متمتع ہوئے ہو سو ان کو (اس کے عوض) ان کے مہر[۱۶] دو جو کچھ مقرر ہو چکے ہیں اور (یہ نہ سمجھو کہ اس مقررہ میں کسی طرح مثل نماز و روزہ کہ کمی بیشی ممکن نہ ہو بلکہ) مقرر ہوئے بعد بھی جس

(مقدار) پر تم (میاں بیوی) باہم رضامند ہو جاؤ اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں (مثلاً خاوند نے اور مہر بڑھا دیا یا عورت نے کم کر دیا یا معاف ہی کر دیا ہر طرح درست ہے) بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑے جاننے والے ہیں (تمہاری مصلحتوں کو خوب جانتے ہیں) بڑے حکمت والے ہیں (ان مصلحتوں کی رعایت سے احکام مقرر فرمائے ہیں گو کہیں تمہاری فہم میں نہ آوے) ف: یہاں وجوب ادائے مہر مقرر شدہ کی دو شرطیں فرمائیں ایک اس کا مقرر ہونا مِنۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ۚ میں دوسرے استمتاع صحبت سے یا خلوتِ صحیحہ سے اسْتَمْتَعْتُمْ میں پس اگر ایک شرط بھی مفقود ہوگی یہ حکم نہ ہوگا مثلاً مہر مقرر ہوا استمتاع نہ ہوا اور طلاق ہو جاوے تو نصف مہر لازم ہے اور مثلاً مہر مقرر نہ ہوا اور استمتاع ہوا ہو تو مہر مثل لازم ہے اور اگر نہ مہر مقرر ہو نہ استمتاع ہوا اور طلاق ہو جاوے تو ایک جوڑا جس کا بیان آخر پارہ سیقول میں آ چکا ہے دینا پڑے گا اور مہر کی کمی بیشی میں جو فرمایا کہ گناہ نہیں وجہ یہ کہ کم یا معاف ہونے میں مرد کو شبہ ہو سکتا ہے کہ پرایا مال قبول کرنا شاید اچھا نہ ہو اور زیادہ ہونے میں یہی شبہ عورت کو ہو سکتا تھا اس لئے ایسا فرمایا اور اس آیت میں مسافحین کی تفسیر سے متعہ کا حرام ہونا بھی مفہوم ہو گیا اور حدیثوں میں اس کی پوری تصریح ہے خصوص صحیح مسلم میں حرمت مؤبدہ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ کی تنصیص موجود ہے البتہ اس حرمت مؤبدہ سے پہلے حضور ﷺ کے عہد مبارک میں یہ خیبر سے پہلے حلال تھا پھر خیبر میں حرام ہو گیا پھر زمان فتح مکہ میں یوم اوطاس کو حلال کیا گیا پھر تین روز کے بعد ابداً حرام ہو گیا اور بعض سلف سے جو منقول ہے اس وقت تک ان کو نسخ کی خبر نہ پہنچی ہوگی اور بعض سے جو اس آیت میں اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى منقول ہے وہ بطور تفسیر کے ہے جس کو قبل بلوغ نسخ کہہ دیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف جو تحریم منسوب ہے بمعنی اظہار حرمت ہے نہ اثبات حرمت اور ابن عباسؓ سے جو منقول ہے اول تو وہ قول مقید بالاضطرار تھا پھر خود ترمذی نے ان سے مطلقاً حرمت نقل کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اس سے بھی رجوع فرمایا پھر اہل حق کا اب اجماع ہے۔

ربط: اوپر سے احکام نکاح کے چلے آتے ہیں آگے شرعی لونڈیوں کے ساتھ نکاح کرنے کا ذکر ہے۔

حکم نکاح با کنیزاں: وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ (الى قوله تعالى) وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ اور جو شخص تم میں پوری مقدرت اور گنجائش نہ رکھتا ہو آزاد مسلمان عورتوں سے نکاح کرنے کی تو وہ اپنے آپس (والوں) کی مسلمان لونڈیوں سے جو کہ تم لوگوں کی (شرعاً) مملوکہ ہیں نکاح کر لے (کیونکہ اکثر لونڈیوں کا مہر وغیرہ کم ہوتا ہے اور ان کو غریب کے ساتھ بیاہ دینے میں عار بھی نہیں کرتے) اور (لونڈیوں سے نکاح کرنے میں عار نہ کرے کیونکہ دین کی رو سے تو ممکن ہے کہ وہ تم سے بھی افضل ہو وجہ یہ کہ مدارِ فضیلت دین کا ایمان ہے اور) تمہارے ایمان کی پوری حالت اللہ ہی کو معلوم ہے (کہ اس میں کون اعلیٰ ہے کون ادنیٰ ہے کیونکہ وہ متعلق قلب کے ہے جس کی پوری اطلاع اللہ ہی کو ہے اور دنیا کی رو سے زیادہ وجہ عار کی تفاوت نسب ہے تو اس میں جو انساب کا اصل مبدأ ہے یعنی حضرت آدم وحوا علیہما السلام اس میں مشارکت کے اعتبار سے) تم سب آپس میں ایک دوسرے کے برابر ہو (پھر عار کی کیا وجہ ہے) سو (جب عدم عار کی وجہ معلوم ہو گئی تو ضرورت مذکورہ کے وقت) ان سے نکاح کر لیا کرو (مگر شرط یہ بھی ہے کہ) ان کے مالکوں کی اجازت سے (ہو) اور ان (کے ان مالکوں) کو ان کے مہر قاعدہ (شرعیہ) کے موافق دے دیا کرو (اور یہ مہر دینا) اس طور پر (ہو) کہ وہ منکوحہ بنائی جاویں نہ تو اعلانیہ بدکاری کرنے والی ہوں اور نہ خفیہ آشنائی کرنے والی ہوں (یعنی وہ مہر مقابلہ نکاح ہو بطور اجرت زنا کے دینے سے وہ حلال نہ ہوگی)۔ ف: لونڈی کے ساتھ نکاح کرنے میں دو قیدیں لگائیں ایک یہ کہ وہ ایسی عورت سے نکاح نہ کر سکے جس میں دو صفتیں ہوں ایک حریت دوسرے ایمان دوسری قید یہ کہ یہ مسلمان لونڈی ہو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک ان قیود کی رعایتِ اولیٰ ہے اور اگر بلا رعایت ان قیود کے لونڈی سے نکاح کیا نکاح ہو جاوے گا لیکن کراہت ہوگی کذا فی روح المعانی عن البدائع اور وجہ کراہت کی یہ ہے کہ اس میں بلا ضرورت اپنی اولاد کو غلام بنانا ہے کیونکہ حریت ورقیت میں اولاد تابع ماں کے ہے دوسرے یہ بھی ہے کہ لونڈی دوسرے کی مملوک ہے اور بالکل اسی کے قبضہ کی ممکن ہے کہ کسی وقت شوہر اس کو اپنے پاس رکھنا چاہے اور اسی وقت اس کا مالک اس سے خدمت لینا چاہے تو ضرور بے لطفی ہوگی یا وہ کسی پردیسی کے ہاتھ فروخت کر ڈالے تو اور مصیبت ہے تیسرے یہ کہ پورا پردہ اس سے نباہ نہیں ہو سکتا غیور آدمی کو اس کی بھی کوفت ہوگی پھر غالباً اس کو خانہ داری کا نہ زیادہ سلیقہ ہوتا ہے نہ اس کو شوہر کے گھر اور چیز کا درد ہوتا ہے ان مصالح کو کراہت میں شرعاً دخل ہو سکتا ہے اور آگے فَاِذَآ اُحْصِنَّ اور ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ بھی اس طرف مشیر ہیں جیسا عنقریب اس کی تقریر بذیل فائدہ متعلقہ ان اجزاء کے آتی ہے پس کراہت عرفیہ یعنی عار کی وجہ سے اجتناب کرنے کی تو ممانعت ہے اور کراہت شرعیہ جس کا ابھی بیان ہوا ملحوظ رکھ کر بے ضرورت ارتکاب نہ کرنا اولیٰ ہے اور امام شافعی نے ان دو قیدوں کو احترازی فرمایا ہے لیکن قید اول کی صفت ثانیہ کو احترازی نہیں کہا پس حرہ غیر مومنہ کے مستطیع کو بھی نکاح کنیز کی اجازت نہیں دی حنفیہ کہتے ہیں کہ آپ کے نزدیک جیسی یہ ایک صفت ہے ایسے ہمارے نزدیک تینوں امر ہیں اور یہ جو فرمایا کہ قاعدہ کے موافق یعنی جو عام دین کا حکم ہے کہ وسعت کے وقت ٹالے نہیں پریشان نہ کرے وعدہ خلافی نہ کرے اس کی تصریح مفید ہوگئی دین مہر کے وجوب کو کیونکہ اکثر عادت ہے اس کو ہلکا سمجھنے کی اور اس سے بے پروائی برتنے کی اس لئے ادا بھی کم بلکہ شاذ و نادر کیا جاتا ہے۔ اس میں بھی اکثر جب کہ کوئی جبر اور دباؤ حکومت سے پڑے۔ مسئلہ: لونڈی کا نکاح بدوں اذن مولیٰ کے صحیح نہیں۔

www.besturdubooks.net

ربط : اوپر لونڈیوں سے شادی کرنے کا ذکر تھا آگے ان لونڈیوں کے متعلق ایک حکم باب سیاست سے ارشاد فرماتے ہیں اور ہر چند کہ وہ حکم غلام کے لئے بھی اور غیر منکوحہ لونڈی کے لئے بھی عام ہے لیکن اس مقام پر لونڈیوں کی تخصیص پھر ان میں سے بھی منکوحات کی تخصیص ذکر میں اس نادان کے ذوق میں جیسا کہ ابھی حق تعالیٰ نے قلب میں القاء فرمایا وَلِلّٰهِ الْحَمْد یہ ہے کہ اس مقام میں باوجود اباحت نکاح کے لونڈیوں کے ساتھ اس میں قیود لگانے سے بلاضرورت اس کی کراہت للعوارض کا بتلانا مقصود تھا اسی مقصود کی تاکید کے لئے جملہ آئندہ میں ان کی حد زنا کی تصریح فرما دی تاکہ اس فعل کا احتمال وقوع بسبب اجتماع اس کے اسباب قریبہ مثلاً عادۃً اس کے پردہ میں نہ رہ سکنے کے اکثر بغرض خدمت مولی اس کے بازار وغیرہ میں آمد و رفت رکھنے کے سامع کی نظر میں متحضر ہو جاوے اور ایک گونہ ایسی بے رغبتی پیدا ہو جاوے کہ بلاضرورت اس کا ارتکاب نہ کرے یہ وجہ ہے اماء منکوحہ کے تخصیص ذکری کی یعنی بعد شادی کے بھی ان سے یہ امر اتنا مستبعد نہیں جتنا حرائر سے ہے۔

حکم یازدہم حد زنا کنیزاں: فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ۔ پھر جب وہ لونڈیاں منکوحہ بنالی جاویں پھر اگر وہ بڑی[3] بے حیائی کا کام (یعنی زنا) کریں تو (بعد ثبوت بشرطیکہ مسلمان ہوں) ان پر اس سزا سے نصف سزا (جاری) ہوگی جو کہ (غیر منکوحہ) آزاد عورتوں پر ہوتی ہے (جیسا کہ نکاح کے قبل بھی لونڈیوں کی یہی سزا تھی اور اسی طرح غلاموں کی بھی) **ف**: وہ سزا یہ ہے کہ ان کے پچاس درے لگائے جاویں گے کیونکہ غیر منکوحہ آزاد عورت کے اور اسی طرح آزاد کنوارے مرد کے سو درے لگائے جاتے ہیں، جیسا سورۂ نور میں ہے کہ مراد وہاں کنوارا اور کنواری ہے اور جب آزاد مرد و عورت کی شادی ہو چکے اور کچھ شرطیں اور بھی ہیں اس وقت اس فعل کی سزا سنگسار کرنا ہے جیسا احادیث میں متواتر ہے اور حدیث صحیحین میں زید بن خالد جہنی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے غیر منکوحہ لونڈی کی حد کا سوال کیا گیا آپ نے تازیانے فرمائے اور غلام کی حد پر جمہور آئمہ کا اجماع ہے پس حدیث و اجماع سے معلوم ہوا کہ یہ تخصیص تقییدی واحترازی نہیں ہے اور نصف فرمانے سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مملوک پر رجم نہیں کیونکہ رجم کی انتہاء ازہاق روح ہے اور اس میں تنصیف ناممکن ہے اور چونکہ اوپر ذکر اماء محصنہ یعنی منکوحہ کا تھا اس لئے فَاِنْ اَتَيْنَ فرمانے سے بھی ضمیر ادھر ہی راجع ہو جاتی ہے لیکن فَاِذَآ اُحْصِنَّ کی تصریح مفید تکریر سے اس نکتہ مذکورہ کی اور تقویت ہوگئی خوب سمجھ لو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ۔ اہل تربیت کی اس سیرت کی اصل ہے کہ تائب پر خطائے ماضی کی بنا پر تشدد نہیں کرتے اور اس کی تحقیر نہیں کرتے اور اس خطاء کے ذکر کا اعادہ نہیں کرتے۔ قولہ تعالیٰ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ جملہ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ میں کبر و نخوت کی جڑ قطع کی گئی ہے اور اس میں صوفیہ کا اہتمام معلوم ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ۔ اس سے معلوم ہوا کہ درجات کے تفاوت سے سیاست میں بھی تفاوت ہوتا ہے اور یہی شان ہوتی ہے حکماء مصلحین کی کہ ہر طالب کے ساتھ اس کی خصوصیت کے موافق معاملہ کرتے ہیں۔

الحواشی: (۱) ہو مفعول لا تنکح ۱۲ منہ۔ (۲) ای دضعًا للتوحش عن نکاح الاماء ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله باپ دادا الخ اشاره الى ان المراد بالآباء الاصول وعليه الاجماع ۱۲۔ ۲ قوله جو گزر گئی گزر گئی الخ اشار الى توجيه الكلام بالجملة الخبرية تقديره لا تنكحوا ولا يوجد من هذا النكاح شئ الا ما قد مضى واما فى ما يستقبل فلا يوجد والخبريه لدلالتها على النفى ابلغ من الانشاء والدال على النهى كما قالوا فى لا تعبدون الا الله مع ان الظاهر لا تعبدوا وهذا الوجه اخذته من الانتصاف حاشية الكشاف وهو ابدع من كل ما عداه من الوجوه المشهورة فى هذا الاستثناء فان حمله على معنى من مات وكونه تعليقا بالمحال لان من مات لا يمكن نكاحه تكلف وحمله على معنى تستحقون العقاب الا ما قد سلف فلا تعاقبون عليه لا يلائم ذكره كون هذا النكاح مقتاً وفاحشة لان هذا التقدير مما يهون امره واما ما زعم بعضهم ان المعنى لكن ما قد سلف فانتم مقرون عليه فما لا دليل عليه لانه لم يثبت انه صلى الله عليه وسلم اقر احدا على هذا النكاح فافهم ۱۲۔ ۳ قوله بڑی بے حیائی اشار الى ان التنوين للتفخيم ويمكن ان يقال ان النفس هذه المادة تدل على الفظاعة والبشاعة ۱۲۔ ۴ قوله فى آخر ف بدرجہ اولیٰ الى قوله جہاں جہاں فالحرمة فى الاول لدلالة النص وفى غيره لعدم القائل بالفصل وهذا الوجه من الاستدلال من متفرداتى ولله الحمد وقيد بالمؤبد لئلا ينتقض بان النكاح مع اخت محرم لنكاح اختها مع ان الزنا معها لا يحرم بنة المزنية ولا يحرمها النكاح مالم يدخل او يمس لقوله تعالى فان لم تكونوا دخلتم بهن فافهم فانه عزيز ولما كان الدليل ظنيا لم تقدح فيه شبهة ۱۲۔ ۵ قوله یعنی ان سے نکاح کرنا قدره لان

www.besturdubooks.net

الحرمة لا تتعلق بالاعيان۱۲۔ ۶ قوله عادۃً اشار الى ان هذا القيد خرج مخرج الغالب والعادة لا كالقيد الآتى من قوله اللاتى دخلتم بهن فانه يراد به التقييد اليه ذهب الجمهور وهو المذهب المنصور ولهذا اكتفى فى موضع الاحلال بنفى الدخول ولو كان القيد الاول كالثانى شرطًا كان مقتضى السياق ان يقول فان لم تكونوا دخلتم بهن او لم تكن فى حجركم ولما لم يتعرض للحجر علم ان الشرط ليس الا الدخول و فائدة الوصف بهذا القيد العادى تقوية علة الحكم لا بيان علة الحكم نظير ذلك قوله تعالٰى اضعافًا مضاعفة كما انها النكتة فى ايرادهن باسم الربائب دون بنات النساء وصرح فى قوله فان لم تكونوا الخ بما اشعر به ما قبله لدفع توهم ان قيد الدخول كقيد الكون فى الحجور من الهداية و روح المعانى۱۲۔ ۷ قوله فى ترجمة فان لم تكونوا دخلتم صحبت نہ کی ہو لم يزد الخلوة لانها ليست كالوطئ فى هذا الحكم كما فى الدر المختارنعم المس بشهوة له حكم الوطئ۱۲۔ ۸ قوله فى توضيح اصلابكم مطلب یہ ہے اشار الى انه ليس المقصود اخرج حليلة ابن الرضاعى فانها حرام۱۲۔ ۹ قوله وہ معاف ہے قدر به ههنا بخلاف ما سبق لان قوله غفورًا رحيما قرينة على هذا التقدير وقوله انه كان فاحشةً قرينة على ذلك التقدير ولعل النكتة فى هذا التفاوت بين القرينتين ان نكاح المقت كما قالوا لم يبحه الله تعالٰى فى شرع قط بخلاف الجمع بين الاختين فانه قد ابيح فى بعض الشرائع كما ذكروا عن يعقوب عليه السلام ولا عجب فان نكاح اخت نفسه ابعد منه وكان مباحا فى شرع آدم عليه السلام۱۲۔ ۱۰ قوله قسم چہارم ولم يجعل الجمع بين الاختين قسماً رابعاً لدخوله فى المصاهرة عند التامل الا ان ما قبله كان حراما ابدا و الاخت تحرم ما دامت اختها فى النكاح ولكن العلة هى نكاح اختها ۱۲۔ ۱۱ قوله فى ترجمه ما ملكت مملوک ہو جاویں لم يقل مملوک ہوں اشارة الى تاخر الملك عن كونها ذات زوج حربى ليفيد ان هذا الحكم من الحل مخصوص بالتى تزوجت قبل السبى بالحربى ولا تحل اذا زوجت باذن المولٰى فانها تحرم على المولٰى بعده ۱۲۔ ۱۲ قوله فى ف جن میں اکثر وبه اندفع مايوسوس انه لم خصص بعض المحرمات بالذكر وجه الاندفاع ان المذكور ليس البعض القليل بل هو الاكثر الذى له حكم الكل ۱۲۔ ۱۳ قوله فى آخر ف تحليل حرام یا تحریم حلال الخ اى لو لم يعتبر هذا التقرير يلزم من قوله تعالٰى احل تحليل الحرام ان كان بعض ماوراء ذلك حرامًا او يلزم من الاحاديث و الآثار تحريم الحلال ان كان حلالاً فافهم۱۲۔ ۱۴ قوله فى ترجمة تبتغوا ان کو اشار الى حذف المفعول اى تبتغوهن۱۲۔ ۱۵ قوله هناك نکاح میں لانا چاہو ولم يعمم النساء ما ملكت ايمانهم لان المقام لبيان حكم النكاح اما الاماء فيعلم حكمها بدلائل اخرٰى ولما كان العادة فى الاكثر قبل النكاح الابتناء والخطبة صح تفسيره۱۲۔ ۱۶ قوله ضرور ہے اى من لوازمه لا من شرائط نعم هذا اللزوم مقيد بشرائط معروفة ومن ثم لا يلزم اصلًا فى بعض الصور۱۲۔ ۱۷ قوله بیوی بناؤ حملته على ذوى الازواج كما قبله وحمل غيرى على معنى العفة ثم فسروها بما ترجمت به فما اخترته فيه قصر مسافة۱۲۔ ۱۸ قوله مستی اى عملا لانية فالطريق الذى هو موضوع لصب الماء مناف لصحة النكاح لانية صب الماء فانه ليس بمناف لها۱۲۔ ۱۹ قوله گواس میں بھی مال خرچ اشار الٰى انه مقيد للابتغاء او مع الابتغاء لان مطلق الابتغاء بالمال يكون ايضا فى السفاح۱۲۔ ۲۰ قوله شرعیہ معتبرہ خرج به نحو النظر فى غير الخلوة فانه استمتاع وتلذذ لكن لا يعتبر شرعًا۱۲۔ ۲۱ قوله فى ترجمة الاجور مہر سماها اجورًا صورة لكونها مقابلًا للنكاح۱۲۔ ۲۲ قوله فى آخر الترجمة نہیں وبه اندفع ما تقول الملاحدة المنتحلون الى الاسلام ان ما لا نعقل فيه المصلحة ليس بحكم شرعى ومن ثم نفوا كثيرًا من الاحكام نعوذ بالله منه۱۲۔ ۲۳ قوله فى ترجمة على المحصنت آزاد فسر به ههنا اجماعًا بقرينة مقابلة ما ملكت ايمانكم وجه الصحة انهن منعهن الحرية عن نقص الاماء۱۲۔
۲۴ قوله بڑی بے حیائی دل عليه التنوين فصح تفسيره بالزنا من غير تكلف لان الفاحشة كان عامًا لكل قبيح۱۲۔

الرِّوَایَات: فى روح المعانى اخرج ابن سعد عن محمد بن كعب قال كان الرجل اذا توفى عن امرأته كان ابنه احق بها ان ينكحها ان شاء ان لم تكن امه الى قوله فنزلت ولا تنكحوا۱۲۔ فى روح المعانى عن عطاء انها (اى الآية المشتملة على قوله من اصلابكم) نزلت حين تزوج النبى صلى الله عليه وسلم امرأة زيد بن حارثة رضى الله عنه فقال المشركون فى ذلك۔ وفيه اخرج احمد وابو داؤد والترمذى وحسنه وابن ماجة عن فيروز الديلمى انه ادركه الاسلام وتحته اختان فقال النبى ﷺ طلق ايتهما شئت۔ وفيه اخرج مسلم عن ابى سعيد رضى الله عنه۔ قال اصبنا سبيا يوم اوطاس ولهن ازواج فكرهنا ان نقع عليهن فسألنا النبى صلى الله عليه وسلم فنزلت الآية۔ اه قلت وانما ذكرت رواية فيروز مع انها ليست من اسباب النزول لاثبات قول فى تمهيد الحكم العاشر ایک بہن کے ہوتے

www.besturdubooks.net

ہوئے الخ كما كنت وعدت هناك بايراد الروايات في الحواشي۱۲۔ في لباب النقول اخرج ابن جرير عن معمر بن سليمان عن ابيه قال زعم حضرمي ان رجالا كانوا يفرضون المهر ثم عسى ان تدرك احدهم العسرة فنزلت ولا جناح عليكم فيما تراضيتم به من بعد الفريضة۱۲۔

الفقه: احتج اصحابنا بقوله تعالىٰ باموالكم ان غير المال لا يصلح مهر او ما ورد من التزويج بالقرآن فالباء سببية وكان المهر غير هذا لم يذكر لكونه معلومًا ضرورة۱۲۔ دلت الآية على حرمة المتعة وان المراد بالاستمتاع فيما قبل ليس هو هذه المتعة والا لما اكتفى على قوله ومن لم يستطع ان ينكح الخ بل قال ومن لم يستطع النكاح ولا الاستمتاع او قال ومن لم يستطع النكاح فليستمتع او لينكح الفتيات۱۲۔

اللغات: قوله المقت البغض۱۲۔ الربيب ولد المرأة من آخر سمى به لانه يربه غالبًا كما يرب ولده قلت وبالحاصل ترجمت الحجور لان الربيب الاصل فيه التربية لا كونه في خصوص الحجر دخلتم بهن الباء للتعدية وفيها معنى المصاحبة او بمعنى مع اى دخلتم معهن الستر وهو كناية عن الجماع كبنى عليها وبنى بها ۔۔۔ الحليلة سميت الزوجة بذلك لانها تحل مع زوجها في فراش واحد او لانها تحل معه حيث كان وكذا يقال للزوج الحليل المحصنٰت ذوات الازواج احصنهن التزوج او الازواج او الاولياء اى منعهن عن الوقوع في الاثم۔ هذه اللغات كلها من الروح۱۲ السفح صب الماء۱۲۔

النحو: سبيلا۔ في الكبير قال الليث ساء فعل لازم و فاعله مضمر و سبيلا منصوب تفسير الذلك الفاعل كما قال وحسن اولئك رفيقا۱۲۔ كتب الله۔ اى كتب الله ذلك كتابا واظهرته في الرجمة۱۲۔ ان تبتغوا بدل او مفعول له اى لان وقدرته في ترجمتى بان والنكاح مقدر قبل ما بقرينة المقام وتقديرى اياه في لكم اخذ بالحاصل۔ قوله فما استمتعتم شرطية او موصولة عبارة عن النساء او عما يتعلق بهن من الافعال كما في روح المعاني واخترت الثاني لئلا يكون منهن كالتاكيد واشرت بقولى اس کے عوض الى تقدير العائد يعنى فاتوهن اجورهن لاجله اى بما استمتعتم به منهن كذا في روح المعاني۱۲۔ ههنا امور الاول ان طولا بمعنى السعة والغنى عندى مفعول مطلق ليستطيع والثاني ان مما ملكت معمول لينكح المقدر۔ والثالث ان اتوهن فيه مضاف محذوف اى اتوا اهلن والرابع ان محصنٰت حال من مفعول آتوا وراعيت ذلك كله في الترجمة۔ وجه اختيار الاول الاشارة الى ان الشرط لعدم كراهة نكاح الامة هو عدم الاستطاعة الكاملة المفسرة بنكاح الحرة المرضية فان استطاع الحرة لكن غير مرضية انتفى كراهة نكاح الامة فلا ينكح والحالة هذه الحرة۔ وجه اختيار الثاني ظاهر لان الكلام في النكاح۔ وجه الثالث ان المهور حق الموالي وانما لم يقل آتوهم مع كونه اخصر اشارة الى ان المهر في الاصل كان حق المنكوحة لكونه بمقابلة النكاح لكن بعارض كونها ملك يمين استحقه المولىٰ فافاد تاكد شان المهر ابطالا لما عليه الجهلاء من عدم اعتدادها لهن كما نشاهده ايضا في زماننا۔ وجه الرابع بقاء المحصنٰت على ما كان في محصنين لان قرينة المقابلة مع المسافحة يؤيد ذلك ولو فسر بالعفائف لما افاد قيدا احترازيا والاصل في القيد هو الاحتراز الا لصارف وانما صرح به وكُرر والمقام لكون الكلام في النكاح مغن عن ذلك ليفيد تاكيد الهذا الخطب ابطالًا لما كان عليه اهل الجاهلية من عدم عد الزنا عيبا فكرر وقرر قوله والله اعلم الخ معترضة اتى بها تانيسا[۳] بما اوضحته في الترجمة بما لا مزيد عليه۱۲۔

البلاغة: المقت مصدر بمعنى الممقوت للمبالغة۱۲۔ اتى بالفتيات بعد قوله ما ملكت ايمانكم وكذا اتى فانكحوهن بعد قوله فمما المقدر فيه النكاح للتقييد بقوله المؤمنات وبقوله باذن اهلن ولو لم يكرر فيهما لما دل على كون القيدين مقصودين ندبا في الاول ووجوبا في الثاني فافهم۱۲۔

فائدة: في روح المعاني وانما خص هذا النكاح بالنهي ولم ينظم في سلك نكاح المحرمات الآتية مبالغة في الزجر عنه حيث كان ذلك ويدنالهم في الجاهلية وهذا هو الوجه في تصريح الاستثناء في الموضعين بقوله الا ما قد سلف۱۲۔ اعلم ان الاحصان يأتى على معان متبعين بعضها حسب المقام۔ الحرية والعفة والتزوج وقال بعضهم الاسلام ايضاً كما قيل في قراء ة احصن بينا المفاعل ومن لم يفسر به زاد قيد الايمان لكونه شرطًا للحد عند الحنفية والقرينة عليه كون الكلام في الفتيات المؤمنات۱۲۔

ع ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۚ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ

www.besturdubooks.net

وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۞ ٢٦ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ
عَلَيْكُمْ ۣ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ۞ ٢٧ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ
وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ۞ ٢٨ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ
تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۣ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ۞ ٢٩ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا فَسَوْفَ
نُصْلِيْهِ نَارًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۞ ٣٠

یہ اس شخص کے لئے ہے جو تم میں زنا کا اندیشہ رکھتا ہو اور تمہارا ضبط کرنا زیادہ بہتر ہے (بہ نسبت نکاح کنیز کے) اور اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے ہیں بڑے رحمت والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہے کہ تم سے بیان کر دے اور تم سے پہلے لوگوں کے احوال تم کو بتا دے اور تم پر توجہ فرمائے اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے ہیں بڑے حکمت والے ہیں اور اللہ تعالیٰ کو تو تمہارے حال پر توجہ فرمانا منظور ہے اور جو لوگ شہوت پرست ہیں وہ یوں چاہتے ہیں کہ تم بڑی بھاری کجی میں پڑ جاؤ اللہ تعالیٰ کو تمہارے ساتھ تخفیف منظور ہے اور آدمی کمزور پیدا کیا گیا ہے۔ اے ایمان والو! آپس میں ایک دوسرے کے مال ناحق طور پر مت کھاؤ لیکن کوئی تجارت ہو جو باہمی رضامندی سے ہو تو مضائقہ نہیں اور تم ایک دوسرے کو قتل بھی مت کرو۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ تم پر بڑے مہربان ہیں اور جو شخص ایسا فعل کرے گا اور اس طور پر کہ حد سے گزر جائے اور اس طور پر کہ ظلم کرے تو ہم عنقریب اس کو آگ میں داخل کریں گے اور یہ امر اللہ تعالیٰ کو آسان ہے ۞

تفسیر: ربط: آگے پھر عود ہے بیان حکم نکاح اماء کی طرف۔

تتمہ حکم نکاح با کنیزان: ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۭ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ یہ (لونڈیوں سے نکاح کرنا) اس شخص کے لئے (مناسب) ہے جو تم میں (بوجہ غلبۂ شہوت اور آزاد منکوحہ میسر نہ ہونے کے) زنا (میں مبتلا ہو جانے کا) اندیشہ رکھتا ہو (اور جس کو یہ اندیشہ نہ ہو اس کیلئے مناسب نہیں) اور (اگر اس اندیشہ کی حالت میں بھی اپنے نفس پر قادر ہو تو) تمہارا ضبط کرنا زیادہ بہتر ہے (بہ نسبت نکاح کنیز کے) اور (یوں) اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے ہیں (اگر صورت کراہت میں بھی نکاح کر لیا ہم مواخذہ نہ کریں گے اور) بڑی رحمت والے ہیں (کہ حرمت کا حکم نہیں فرمایا) ف: اس قید کی بھی وجہ وہی کراہت ہے جس کی علت آیہ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ کے ذیل میں مذکور ہوئی ہے غرض اللہ تعالیٰ نے ہماری مصلحت کے واسطے یہ امر مشورۃً فرمایا ہے اس کو اصطلاحِ اصول میں امر ارشادی کہتے ہیں اور غفور کی تفسیر میں جو کہا گیا ہے یہ اسی حکم کے ساتھ خاص نہیں بلکہ ہر مکروہ تنزیہی کا یہی حکم ہے کہ اس میں عدم مواخذہ موعود ہے پس وہ مانع نجات نہیں لیکن خلاف شان اہل قرب کے ہے اور شافعیہ چونکہ بعض صورتوں میں نکاح اماء کو ناجائز کہتے ہیں وہ غفور کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ صورتِ جواز میں اس امر پر مواخذہ نہیں فرمایا جو اصل میں معصیت تھا۔

ربط: اوپر احکامِ مخصوصہ کی تفصیل تھی آگے اپنا انعام و احسان اور ان احکام میں ہمارے منافع و مصالح کی رعایت رکھنا گو بالتفصیل ہم نہ سمجھیں اور اتباع کی ترغیب اور ان امور میں مغویوں کی بدخواہی پر تنبیہ ارشاد فرماتے ہیں۔

ترغیب اتباع با متنان و تحذیر از افتتان: يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ (الی قولہ تعالی) وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا اللہ تعالیٰ کو (ان مضامین مذکورہ کے ارشاد فرمانے سے اسی طرح دوسرے مضامین سے اپنا کوئی نفع مقصود نہیں کہ یہ محال عقلی ہے بلکہ تم کو نفع پہنچانے کے لئے) یہ منظور ہے کہ (آیاتِ احکام میں تو) تم سے (تمہاری مصلحت کے احکام) بیان کر دے اور (آیاتِ قصص میں) تم سے پہلے لوگوں کے احوال تم کو بتلا دیے (تاکہ تم کو اتباع کی رغبت اور مخالفت سے خوف ہو) اور (خلاصہ مشترک مقصود یہ ہے کہ) تم پر (رحمت کے ساتھ) توجہ فرماوے (اور وہ توجہ یہی بیان فرمانا اور بتلانا ہے جس میں سرتاسر بندوں ہی کا نفع ہے جیسا مذکور ہوا) اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے ہیں (کہ بندوں کی مصلحت کو جانتے ہیں) بڑے حکمت والے ہیں (کہ بلا وجوب ان مصلحتوں کی رعایت فرماتے ہیں) اور اللہ تعالیٰ کو تو (بیان احکام و قصص سے جیسا ابھی مذکور ہوا) تمہارے حال پر (رحمت کے ساتھ) توجہ فرمانا منظور ہے اور جو لوگ (کفار و فجار میں سے) شہوت پرست ہیں وہ یوں چاہتے ہیں کہ تم (راہ راست سے) بڑی بھاری کجی میں پڑ جاؤ (اور ان ہی جیسے ہو جاؤ چنانچہ وہ اپنے فاسد خیالات مسلمانوں کے کانوں میں ڈالتے رہتے تھے اور اللہ تعالیٰ کو احکام میں جس طرح تمہاری مصلحت پر نظر ہے اسی طرح تمہاری آسانی پر بھی نظر ہے جیسا ارشاد ہے کہ) اللہ تعالیٰ کو (احکام میں) تمہارے ساتھ تخفیف (یعنی آسانی بھی) منظور ہے اور (وجہ اس کی یہ ہے کہ) آدمی (بہ نسبت اور مکلفین کے بدن اور ہمت دونوں میں) کمزور پیدا کیا گیا ہے (اس لئے اس کے ضعف کے مناسب احکام مقرر فرمائے ہیں ورنہ باعتبار رعایت مصلحت کے اعمال شاقہ کا تجویز کیا جانا بھی مضائقہ نہ تھا

www.besturdubooks.net

مگر ہم دونوں نے امر کا مجموعاً لحاظ فرمایا اور یہ بڑے حکمت اور نیز رحمت وشفقت پر موقوف ہے) **ف**: شہوت پرست لوگوں سے بقول ابن زید مراد فساق ہیں اور بقول ابن عباس مراد زانی ہیں اور بقول سدی مراد یہود ونصاریٰ ہیں اور بقول بعض مراد صرف یہود ہیں کہ ان میں سے بعض نے کہا تھا کہ علاتی بہن حلال ہے اور بقول بعض مراد مجوس ہیں کہ مسلمانوں سے کہتے تھے کہ خالہ اور پھوپھی کی بیٹی کو تو حلال کہتے ہو اور بہن اور بھائی کی بیٹی کو حرام کہتے ہو حالانکہ اصول ان کے یعنی پھوپھی اور خالہ اور بہن کو حرام کہتے ہو اس پر یہ آیت نازل ہوئی کذا فی روح المعانی ونحوہ فی الکبیر۔ اور بڑی بھاری کجی کے دو مطلب ہیں کہ یہ کہ بیباکانہ حرام کا مرتکب ہونا' دوسرے یہ کہ حرام کو حلال سمجھ جانا تو فساق پہلے امر کی کوشش کرتے ہوں گے اور کفار دوسرے امر کی جیسا کہ مشاہدہ ہے کہ بے راہ لوگ دوسروں کو بھی بے راہ کرنا چاہا کرتے ہیں۔ اور اس کے مقابلہ میں ہلکی کجی یہ ہے کہ گناہ کو گناہ سمجھے اور اتفاقاً اس کا صدور ہو جاوے اس آیت میں اس میل غیر عظیم کی اجازت نہیں ہے بلکہ بیان کرنا ہے ان بدخواہوں کے حال کا کہ وہ میل عظیم کی سعی میں ہیں۔ اور انسان کے سوا دوسرے مکلفین جن اور ملائکہ ہیں گو عذاب ملائکہ کے لئے نہیں مگر مامور ومنہی تو ہیں۔ اگر شبہ ہو کہ جن تو اتنے ضعیف نہیں پھر ان کے لئے یہی احکام کیوں مقرر ہیں جیسا کہ عموم بعثت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یقینی ہے جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ ان احکام میں اصل رعایت انسان کی آسانی کی ہو طفیل میں جن بھی اس آسانی سے منتفع ہو گئے ہوں واللہ اعلم۔ اور جاننا چاہئے کہ یہاں شہوت پرستی کی مذمت میں شہواتِ مباحہ سے منتفع ہونا داخل نہیں کیونکہ مراد اس سے وہ ہے جس سے خدا پرستی فوت ہو جاوے اور اباحت میں جب وہ باذن خدا ہے پس خدا پرستی فوت نہیں ہوئی یہ شہوت پرستی نہیں۔

ربط: یہاں تک یتامیٰ ومواریث ومہور کے متعلق اموال سے منتفع ہونے کے بعضے طریقوں کو اور عورتوں کے نفوس یعنی ان کی ذات میں تصرف کرنے کے بعضے طریقوں کو جیسے ان پر ظلم کرنا یا ان کو تنگ کرنا یا ان میں جو محرمات ہیں ان سے نکاح کرنا منع فرمایا تھا آگے اس مضمون کی تعمیم ہے کہ اموال ونفوس میں تصرفاتِ مذکورہ کی کچھ تخصیص نہیں بلکہ جو تصرف کسی کے مال اور نفس میں بطریق غیر مشروع ہو وہ ممنوع ہے۔

حکم دوازدہم نہی از تصرف غیر مشروع در مال یا نفس کسے: یَاۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ (الی قولہ تعالی) وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ یَسِیْرًا اے ایمان والو آپس میں ایک دوسرے کے مال ناحق (یعنی غیر مباح) طور پر مت کھاؤ (برتو) لیکن (مباح طور پر ہو مثلاً[۱]) کوئی تجارت ہو جو باہمی رضامندی سے واقع ہو (بشرطیکہ[۲] اس میں اور بھی سب شرائط شرعیہ ہوں) تو مضائقہ نہیں (یہ تو مالی تصرف تھا آگے تصرف نفسی کو فرماتے ہیں) اور تم ایک[۳] دوسرے کو قتل بھی مت کرو بلاشبہ اللہ تعالیٰ تم پر بڑے مہربان ہیں (اس لئے ضرر رسانی کی صورتوں کو منع فرما دیا بالخصوص جب کہ اس میں یہ اثر ہو کہ دوسرا شخص پھر تم کو ضرر پہنچاوے گا تو یہ اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہے کہ تم کو بھی ضرر سے بچا لیا) اور (چونکہ قتل ان دونوں امروں میں اشد ہے اس لئے اس پر بالخصوص[۴] وعید سناتے ہیں کہ) جو شخص ایسا[۵] فعل (یعنی قتل) کرے گا اس طور پر کہ حد (شرع) سے گذر جاوے اور (وہ گذرنا بھی خطاء فعل یا خطاء رای سے نہ ہو بلکہ) اس طور پر کہ (قصداً) ظلم کرے تو ہم عنقریب (یعنی بعد الموت) اس کو (دوزخ کی) آگ میں داخل کریں گے اور یہ امر (یعنی ایسی سزا دینا) خدا تعالیٰ کو (بالکل) آسان ہے (کچھ اہتمام کی حاجت نہیں جس میں اس احتمال کی گنجائش ہو کہ شاید کسی وقت اہتمام وسامان جمع نہ ہوا تو سزا ٹل جاوے گی) **ف**: عدوان کی تفسیر کا حاصل یہ ہے کہ وہ شخص واقع میں مستحق قتل نہ ہو اس کو قتل کیا جاوے۔ اور ظلم کی تفسیر کا حاصل یہ ہے کہ غیر مستحق للقتل کا قتل ہو جانا تین طور پر ہو سکتا ہے ایک یہ کہ فعلاً خطا ہوئی یعنی مثلاً گولی شکار پر چلائی اور وہ کسی آدمی کے لگ گئی۔ دوسرے یہ کہ قاضی وحاکم سے اجتہاداً خطا ہوئی یعنی تنقیح مقدمہ کے بعد روئداد سے ثبوت ہو گیا اور گواہوں کو اپنے نزدیک معتبر سمجھا اور واقع میں وہ معتبر نہ تھے۔ تیسرے یہ کہ حقیقت حال یعنی اس کا غیر مستحق ہونا معلوم ہے پھر بھی عمداً اس کو قتل کر ڈالا پس ظلم کہنے سے پہلی دو صورتیں خارج ہو گئیں کہ اس میں یہ وعید نہیں بلکہ دوسری میں تو کچھ بھی گناہ نہیں پہلی میں کچھ گناہ ہے جس کا کفارہ بعد نصف پارہ کے مذکور ہے اور عدوان کی قید سے معلوم ہو گیا کہ جو شخص واقع میں مستحق قتل ہو مثلاً اس پر قصاص واجب ہے اس کا قتل کرنا ممنوع نہیں بلکہ ولی کی درخواست پر واجب ہے اور ولی کو جائز ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِیَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۚ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَیْرٌ لَّكُمْ یعنی کنیزوں کے نکاح سے صبر کرنا بہتر ہے دو وجہ سے ایک یہ کہ وہ خدمت مولیٰ کے سبب ازواج کے لئے خالص نہ ہو سکیں گی جو ایک قسم کی بے لطفی ہے دوسری اولاد غلام لونڈی ہوں گی تو اس سے معلوم ہوا کہ اگر مصلحت دینیہ فوت نہ ہو تو دنیوی مصالح کی رعایت کرنا بھی زہد کے منافی نہیں اور یہی مسلک ہے محققین جامعین بین العقل والشرع کا لیکن شرط یہ ہے کہ اس رعایت کا سبب حب مال وجاہ نہ ہو بلکہ محض اصلح وانسب کا اختیار کرنا۔ قولہ تعالیٰ: یُرِیْدُ اللّٰهُ اَنْ یُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا اس میں تشدد فی المجاہدہ کا رد ہے خصوص جب اس کا منشاء دعویٰ قوت جس سے عجب پیدا ہو۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ مناسب فتقدیر الکلام ذلک انما یصلح لمن وعند الشافعی ذلک انما یجوز لمن الخ ۱۲۔ ۲ قولہ تم سے ای اللام للصلۃ وکذا عن ومن ثم لم یترجما بکلمۃ لئے وے ۱۲۔ ۳ قولہ تمہاری مصلحت وقولہ تا کہ تم کو اشار الی ان محط الفائدۃ ہو ھاتان

www.besturdubooks.net

الغايتان فلا يرد ان الفعل وغاية متحد ان لان الفعل هو التبيين والهداية في انفسهما والغاية هما من حيث اشتمالهما على هاتين فافهم۱۲۔ ۴؎ قوله في ترجمة سنن احوال اعم من المحمود والمذموم كما في حديث لتركبن سنن من قبلكم اريد به المذموم۱۲۔ ۵؎ قوله في ترجمة ويتوب خلاصہ الى قولہ: وه توجہ بھی الخ وبما فسرت التوبة لا يرد ان تخلف المراد عن الارادة لا يجوز وقد لزم لان كثيرًا من الناس لا يتوبون اولا يتاب عليهم اذا فقدوا شرائطها وجه عدم الورود ان التوبة ههنا بالمعنى اللغوى هو الارشاد الى مصالحهم ولم يتخلف لان التبيين والارشادقد وقع واشار باول هذه العبارة الى ان عطف التوبة كعطف المجمل على المفصل لضبط الكثرة في الوحدة وانما حملت التوبة على ما حملت مع امكان التوجيه بالارادةالتشريعية التي لا يمتنع تخلف المراد الشرعي عنها الارادة التشريعية انما بفعل العبد لا بفعل البارى فانها تكوينية ابدا وان تعلق ظاهرًا بالاحكام الشرعية لان متعلقه حقيقة هو الحكم بالاحكام لا الاحكام من الوجوب والاباحة وغيرهما مما هو من صفات افعال المكلفين۱۲۔ ۶؎ قوله بلاوجوب فسقط به قول المعتزلة۱۲۔ ۷؎ قوله جيسا ابھی مذکور ہوا اشار الى ان التوبة في الموضعين بمعنى واحد وكرر للمقابلة مع قوله يريد الذين۱۲۔ ۸؎ قوله غیر مباح لا غير الواجب لان حل المال لا يتوقف على كون الحق واجبا كما استدل به بعض اهل الزيغ۱۲۔ ۹؎ قوله برتو اشار الى ان المراد بالاكل مطلق الانتفاع والتخصيص لكونه اعظم المنافع ۱۲۔ ۱۰؎ قوله مثلاً کوئی تجارت اشار به الى ان تخصيص التجارة بطريق المثال لا للحصر وجه التخصيص كونها اكثر وقوعًا وكونها انفع۱۲۔ ۱۱؎ قوله بشرطیکہ الخ لم يذكره تصريحًا لكونه معلومًا ضرورةً ومشارا اليه باطلاق الباطل فانه لو فقد شرط ما دخل في الباطل و تخصيص التراضي لكونه اعظم عار للحل۱۲۔ ۱۲؎ قوله ایک دوسرے کو قتل نقل هذا التفسير عن الحسن وعطاء وسدى والجبائى هكذا في روح المعانى۱۲۔ ۱۳؎ قوله بالخصوص فاندفع به ما يتوهم ان هذا النهى انما هو رحمة للمظلوم لا للظالم مع ان الخطاب عام وان اريد به الرحمة الاخروية لم يتوجه التوهم لان العمل بالشرع يعصم عن العقوبة۱۲۔ ۱۴؎ قوله ایسا فعل یعنی قتل فسر به عطاء كذا في الروح قلت وما استدلال عمرو بن العاص بالآية في التيمم على ما رواه ابو داؤد فمبناه عموم اللفظ او دلالة النص لان قتل غيره قد يباح لا قتل نفسه۱۲۔ا

اللّغات: العنت الاثم والمشقة كذا في الروح۱۲۔

النّحو: ليبين اللام زائدة ويبين بتقدير ان مفعول۱۲ بينكم حال او ظرف من اموال الا استثناء منقطع بمعنى لكن والخبر مقدر اى غير منهى عنه ولكون المقدر كالملفوظ جعلته جزء الترجمة تجارة على القرأة بالنصب خبر ليكون الناقصة واسمها الضمير العائد الى الجهة التي ترجمتها بقولي طور وعلى القراءة بالرفع تكون تامة اى تقع عن تراض صفة تجارة عدوانا و ظلما حال او مفعول له۱۲۔

اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ
بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ؕ وَ لِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ؕ وَ سْـَٔلُوا اللّٰهَ مِنْ
فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۳۲﴾ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَ الْاَقْرَبُوْنَ ؕ وَ الَّذِيْنَ
ع عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۳۳﴾ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ
بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ

جن کاموں سے تم کو منع کیا جاتا ہے ان میں جو بھاری بھاری کام ہیں اگر تم ان سے بچتے رہو تو ہم تمہاری خفیف برائیاں تم سے دور فرما دیں گے اور ہم تم کو ایک معزز جگہ میں داخل کر دیں گے اور تم ایسے کسی امر کی تمنا مت کیا کرو جس میں اللہ تعالیٰ نے بعضوں کو بعضوں پر فوقیت بخشی ہے۔ مردوں کے لئے ان کے اعمال کا حصہ ثابت ہے اور عورتوں کے لئے ان کے اعمال کا حصہ ثابت ہے اور اللہ تعالیٰ سے اس کے فضل کی درخواست کیا کرو۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں اور ہر ایسے مال کے لئے جس کو والدین اور رشتہ دار چھوڑ دیں ہم نے وارث مقرر کر دیئے ہیں اور جن لوگوں سے تمہارے عہد بندھے ہوئے ہیں ان کو ان کا حصہ دے دو۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر مطلع ہیں۔ مرد حاکم ہیں عورتوں پر اس سبب سے کہ اللہ تعالیٰ نے بعضوں کو بعضوں پر فضیلت دی ہے اور اس سبب سے کہ مردوں نے اپنے مال خرچ کئے ہیں ﴿﴾

تفسیر ربط: اوپر جن معاصی کا ذکر ہے ان میں اکثر گناہ کبیرہ ہیں سو یہاں تک تو ان کے کرنے پر ترہیب تھی مضرت عقوبت کی آگے ان کے نہ کرنے کی

www.besturdubooks.net

ترغیب ہے کہ اگر ان سے بچو گے تو اس بچنے میں یہ منفعت ہے کہ تمہارے خفیف خفیف معاصی کا کفارہ تمہاری طاعات سے کر دیں گے اور چونکہ اور کبائر بھی مثل ان ہی مذکورہ کبائر کے ہیں اس لئے آیت میں لفظ عام سے لائے ہیں تا کہ مذکورہ وغیر مذکورہ سب کو شامل ہو جاوے۔

تکفیر صغائر برائے مجتنب کبائر: اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا جن کاموں سے تم کو (شروع میں) منع کیا جاتا ہے (یعنی گناہ کے کام) ان میں جو بھاری بھاری کام ہیں (یعنی بڑے بڑے گناہ ہیں) اگر تم ان سے بچتے رہو تو اس بچنے پر ہم وعدہ کرتے ہیں کہ تمہارے اعمالِ حسنہ کے کرنے سے جب کہ وہ مقبول ہو جاویں) ہم تمہاری خفیف برائیاں (یعنی چھوٹے چھوٹے گناہ جو کہ دوزخ میں لے جا سکتے ہیں) تم سے دور (یعنی معاف) فرما دیں گے (پس دوزخ سے محفوظ رہو گے) اور ہم تم کو ایک معزز جگہ (یعنی بہشت) میں داخل کر دیں گے۔ ف: گناہ کبیرہ کی تعریف میں بہت اقوال ہیں جامع تر قول وہ ہے جس کو روح المعانی میں شیخ الاسلام بارزی سے نقل کیا ہے کہ جس گناہ پر کوئی وعید ہو یا حد ہو یا اس پر لعنت آئی ہو یا اس میں مفسدہ کسی ایسے ہی گناہ کے مفسدہ کے برابر یا زیادہ ہو جس پر وعید یا حد یا لعنت آئی ہو یا وہ براہِ تعاون فی الدین صادر ہو وہ کبیرہ ہے اور اس کا مقابل صغیرہ اور حدیثوں میں جو عدد وارد ہے مقصود حصر نہیں بلکہ مقتضائے وقت ان ہی کا ذکر ہو گا پس صدور صغیرہ کے بعد چند حالتیں ہیں ایک حالت تو یہ کہ کبیرہ سے بچے اور طاعاتِ ضروریہ کا پابند ہو اس حالت میں وعدہ ہے کہ صغائر معاف ہو جاویں گے اور آیت میں یہی صورت مذکور ہے چنانچہ کبیرہ سے بچنے کی شرط تو خود آیت میں مصرح ہے اور طاعاتِ ضروریہ کی پابندی پر چند دلائل اور قرائن ہیں ایک دلیل تو خود آیت میں ہے کیونکہ طاعاتِ ضروریہ کی پابندی نہ کرنا مثل ترک نماز وغیرہ یہ خود کبیرہ ہے پس اجتناب عن الکبائر اس صورت میں صادق نہ آوے گا پس شرط اول مستلزم ہے شرط ثانی کو دوسرا قرینہ آیت :اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ کہ حسنات کو موجب ذہاب فرمایا۔ تیسرا قرینہ مسلم کی حدیث :الصَّلٰوةُ الْخَمْسُ مكفرة لما بينها ما اجتنبت الكبائر کہ اس حدیث میں تصریح ہے کہ دخل مجموعہ امرین کو ہے اور اگر صرف اجتناب کافی ہوتا تو اعمال کے دخل کے کوئی معنی نہ ہوتے پس یہ حدیث تفسیر ہو گئی اس آیت کی اور جاننا چاہئے کہ مقصود اس مجموع کا ایک اثر بیان کرنا ہے نہ کہ اس اثر میں حصر بیان کرنا پس اگر اس مجموعہ کے وجود کے وقت صغائر موجود نہ ہوں تو رفع درجات اس کا اثر ہونا منافی حکم مذکور کے نہیں اور دلیل اس کی کہ اس آیت میں سیئات سے مراد صغائر ہیں خود سیئات کا کبائر کے مقابلہ میں لانا ہے اور اسی سے آیت ان الحسنات میں سیئات کو صغائر کے ساتھ تفسیر کیا جاوے گا اور حدیث میں بھی ما بینھا کو صغائر کے ساتھ خاص کہا جاوے گا دوسری حالت یہ کہ کبیرہ سے نہ بچے گو طاعاتِ ضروریہ کا پابند ہو۔ تیسری حالت یہ کہ طاعاتِ ضروریہ کا پابند نہ ہو گو اور کبائر سے بچتا ہو، پھر خواہ اس کو دوسرے کبائر کے اعتبار سے مجتنب عن الکبائر کہا جاوے یا ترک طاعاتِ ضروریہ کے کبیرہ ہونے کے اعتبار سے اس کو مجتنب نہ کہا جاوے۔ ان دونوں حالتوں میں وعدہ نہیں ہے تکفیر صغائر کا اسی واسطے حدیث میں بھی اس کی قید لگائی گئی اور فضل کی دوسری بات ہے کہ وہ خود کبیرہ کے ساتھ بھی متعلق ہو سکتا ہے جب وعدہ نہیں تو ممکن ہے کہ اس پر آخرت میں سزا ہو کیونکہ اگر سزا کا احتمال نہ ہو بلکہ معافی یقینی ہو تو کبائر سے بچنا نہ بچنا دونوں مساوی ہو گئے حالانکہ قرآن سے اجتناب عن الکبائر کا دخل صراحۃً معلوم ہوتا ہے اور یہی مذہب ہے اہل سنت کا یعنی صغیرہ پر احتمال عذاب جیسا کہ کبیرہ پر فضل کا احتمال بھی خاص اہل سنت کا مذہب ہے واللہ اعلم۔ اور حسنات کے مقبول ہونے کی قید اس لئے لگائی کہ غیر مقبولہ تو بمنزلہ عدم کے ہیں اور چونکہ مقبول ہونا جو کہ شرط ہے متیقن نہیں اس لئے مشروط یعنی تکفیر بھی متیقن نہیں اسی لئے علمائے اہل سنت نے فرمایا ہے کہ باوجود اجتناب عن الکبائر کے صغیرہ پر عتاب محتمل ہے کیونکہ رافع عقاب یعنی تکفیر خود غیر معلوم ہے پس یہ قول قرآن کے خلاف نہیں ہے۔

ربط: اوپر حکم ششم کی تفصیل میں مرد و عورت کے حصہ میں جب کہ ان کو میت کے ساتھ یکساں قرب ہو نصف اور ضعف کا تفاوت معلوم ہو چکا ہے جس میں شاید یہ حکمت ہو کہ مردوں کے ذمہ خرچ زیادہ ہوتا ہے یا جو کچھ بھی ہو اللہ تعالیٰ ہی کو خبر ہے اور دوسری آیات سے اور بھی مردوں کے فضائل خاصہ ثابت ہیں حضرت ام سلمہؓ نے اس پر ایک بار حضور ﷺ سے عرض کیا کہ ہم کو آدھی میراث ملتی ہے اور بھی فلاں فلاں فرق ہم میں اور مردوں میں ہیں۔ مطلب اعتراض نہ تھا بلکہ یہ تھا کہ اگر ہم بھی مرد ہوتے تو اچھا ہوتا کما صرح بروایۃ فی الجلالین اس پر یہ اگلی آیت نازل ہوئی اور دوسرا سبب نزول اور بھی ہے کہ ایک عورت نے حضور ﷺ سے عرض کیا کہ یا نبی اللہ مرد کو میراث میں دوہرا حصہ ملتا ہے اور عورت کی شہادت بھی مرد سے نصف ہے کیا اسی طرح عبادات و اعمال میں ہم کو ثواب بھی نصف ہی ملے گا اس پر آیت نازل ہوئی جس میں دونوں قولوں کا جواب ہے یعنی حضرت ام سلمہؓ کے قول کا بھی لَا تَتَمَنَّوْا میں اور اس عورت کے سوال کا جواب لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ الخ میں اور دونوں قصوں کے وقوع کے بعد نازل ہونا عجب نہیں پس مجموعہ روایتین سے اس کا ربط مضمون میراث سے بھی ہے اور اوپر کی متصل آیت سے بھی جس میں اطاعت اور اجتناب عن المعصیت کی فضیلت مذکور تھی۔

حکم سیزدہم نہی از تمنی متعات عادیہ: وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا اور تم (سب مردوں اور عورتوں کو حکم ہوتا ہے کہ فضائل وہبیہ میں سے) ایسے کسی امر کی تمنا مت کیا کرو جس میں اللہ تعالیٰ نے بعضوں کو (مثلاً مردوں کو) بعضوں پر (مثلاً

www.besturdubooks.net

عورتوں پر بلا دخل ان کے کسی عمل کے) فوقیت بخشی ہے (جیسے مرد ہونا یا مردوں کا دونا حصہ ہونا یا ان کی شہادت کا کامل ہونا وغیرہ ذلک کیونکہ) مردوں کے لئے ان کے اعمال (کے ثواب) کا حصہ (آخرت) میں ثابت ہے اور عورتوں کے لئے ان کے اعمال (کے ثواب) کا حصہ (آخرت میں) ثابت ہے (اور مدار نجات کا قانوناً یہی اعمال ہیں اور ان میں کسی کی تخصیص نہیں تو اگر دوسروں سے فوقیت حاصل کرنے کا شوق ہے تو اعمال میں جو کہ فضائل کسبیہ ہیں کوشش کر کے دوسرے سے زیادہ ثواب حاصل کرلو باوجود اس پر قادر ہونے کے فضائل خاصہ مذکورہ کی تمنا محض ہوس اور فضول ہے) اور (اگر فضائل وہبیہ میں ایسے فضائل کی رغبت ہے جن میں اعمال کو بھی دخل ہے مثلاً احوال و کمالات باطنیہ وامثالہا تو مضائقہ نہیں لیکن اس کا طریقہ یہ بھی نہیں کہ خالی تمنائیں کیا کرو بلکہ یہ چاہئے کہ) اللہ تعالیٰ سے اس کے فضل (خاص) کی درخواست (یعنی دعا) کیا کرو بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں (اس میں سب چیزیں آگئیں یعنی فضائل وہبیہ قسم اول کی وجہ تخصیص بھی اور فضائل کسبیہ پر ثواب دینا بھی اور فضائل وہبیہ قسم دوم کی درخواست بھی، پس یہ جملہ سب کے متعلق ہے۔

ف: بَعۡضَكُمۡ عَلٰى بَعۡضٍ کے عموم میں خالی مرد بھی داخل ہیں پس نبوت وغیرہ کی تمنا بھی اسی نہی میں داخل ہے اور فضائل وہبیہ قسم دوم میں اعمال کو دخل اس لئے ہے کہ عادۃ اللہ یوں جاری ہے کہ استقامت علی الشرع سے ایسے کمالات جس کو چاہیں عطا فرما دیتے ہیں۔ عبد کا حصول میں اختیار نہیں پس فضائل کی تین قسمیں ہوئیں۔ وہبیہ قسم اول ان کا تو سوال بھی ممنوع۔ وہبیہ قسم دوم ان میں بعد وجوب شرط یعنی اعمال کے سوال کرے۔ کسبیہ ان میں سعی کرے اور دعا یہاں بھی عبادت ہے واللہ اعلم۔ اگر کسی کو شبہ ہو کہ آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ فضائل کسبیہ میں دونوں مساوی ہیں حالانکہ حدیث میں عورتوں کا نقصانِ دین نماز وغیرہ جو فضائل کسبیہ سے ہے مصرح ہے۔ جواب یہ ہے کہ مساوات بایں معنی ہے کہ عمل کرنے پر دونوں کو برابر ثواب ملتا ہے اور تفاوت دین میں بایں معنی ہے کہ بلا کسب کے عورتوں میں ایک مانع نفس عمل سے ہے اور عمل کا کم ہونا اور جب ہو تو ثواب برابر ہونا ان میں باہم کچھ تنافی نہیں۔

ربط: اس سے اوپر کی آیت میں مردوں کے حصہ میراث کے زائد ہونے پر ایک بے کار خیال کا انسداد مذکور تھا آگے بھی میراث کے متعلق ایک مضمون ہے اتصال کلامین کے لئے اس قدر مناسبت کافی ہے اور اگر یوں کہا جاوے کہ شروع سورت سے مختلف احکام مذکور ہوتے چلے آئے ہیں جن میں میراث کے کچھ احکام بھی مذکور ہو چکے ہیں اسی باب کا ایک مضمون اس مقام پر مذکور ہے تو یہ توجیہ ربط کی زیادہ بے تکلف ہے۔ بہرحال یہ تتمہ ہے حکم ششم کا۔

حکم چہاردہم ترمیم میراث مولی الموالاۃ: وَلِكُلٍّ جَعَلۡنَا مَوَالِيَ (الی قولہ تعالیٰ) عَلٰى كُلِّ شَيۡءٍ شَهِيۡدًا اور ہر ایسے مال کے لیے جس کو والدین اور (دوسرے) رشتہ دار لوگ (اپنے مرنے کے بعد) چھوڑ جاویں ہم نے وارث مقرر کر دیئے ہیں اور جن لوگوں سے تمہارے عہد (پہلے سے) بندھے ہوئے ہیں (اسی کو مولی الموالاۃ کہتے ہیں) ان کو (اب جب کہ شرع سے رشتہ دار لوگ وارث مقرر ہو گئے ساری میراث مت دو بلکہ صرف) ان کا حصہ (یعنی ایک ششم) دے دو بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر مطلع ہیں (پس ان کو ساری میراث نہ دینے کی حکمت اور ششم حصہ مقرر کر دینے کی مصلحت اور یہ کہ یہ ششم ان کو کون دیتا ہے کون نہیں دیتا ان سب کی ان کو خبر ہے) **ف**: جن دو شخصوں میں باہم اس طرح قول وقرار ہو جاوے کہ ہم ایک دوسرے کے اس طرح مددگار رہیں گے کہ اگر ایک شخص کے ذمہ کوئی دیت لازم آوے تو دوسرا اس کا متحمل ہو اور جب مر جاوے تو دوسرا اس کی میراث لے یہ عہد عقد موالات ہے اور ان میں سے ہر شخص مولی الموالاۃ کہلاتا ہے یہ رسم عرب میں اسلام سے پہلے بھی تھی اس میں وہ لوگ قسم بھی کھایا کرتے تھے جو کہ اس کا جز و نہیں اور اس میں اسی عہد کے موافق احکام جاری کئے جاتے تھے۔ ابتدائے اسلام میں جب تک کہ اکثر مسلمانوں کے رشتہ دار مسلمان نہ ہوئے تھے اور اس وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے باہم انصار و مہاجرین میں عقدِ اخوت جس کا اثر اسی موالات کا سا تھا منعقد فرما دیا تھا اس وقت میں اسی رسم قدیم کے موافق حکم رہا کہ انصار و مہاجرین میں باہم میراث جاری ہوتی تھی پھر جب لوگ بکثرت مسلمان ہو گئے اس میں اول ترمیم وہ ہوئی جو اس آیت میں مذکور ہے یعنی چھٹا حصہ اس مولی الموالاۃ کو اور باقی دوسرے ورثہ کو لایا جاتا تھا پھر بعد چندے سورۂ احزاب کی آیت: وَاُولُوا الۡاَرۡحَامِ بَعۡضُهُمۡ اَوۡلٰى بِبَعۡضٍ۔ سے بالکل ہی اس مولی الموالاۃ کا حصہ منسوخ ہو گیا شاید تدریج نسخ کی حکمت سے اول چھٹا رکھا ہو پس یہ آیت منسوخ ہے بخاری اور قسطلانی و روح المعانی میں حضرت ابن عباسؓ سے اور بروایت طبری قتادہ سے اور بروایت ابن جریر نیز قتادہ سے لفاً ونشراً یہ آیات مذکور ہیں جن کے مجموعہ سے یہ تقریر اخذ کی گئی ہے یہاں تک تو تمام آئمہ امت کے متفق ہیں کہ دوسرے ورثہ کے ہوتے ہوئے خواہ وہ ذوی الفروض نسبیہ ہوں یا عصبہ ہوں یا ذوی الارحام ہوں اس مولی الموالاۃ کو کچھ میراث نہیں ملتی لیکن جب کوئی نہ ہو اور ایسا شخص ہو تو اس میں اختلاف ہے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک اس کو کل میراث ملے گی البتہ اگر قبل اس کے کہ اس کی طرف سے دوسرا دیت ادا کرے اس عہد کو فسخ کر دے تو فسخ ہو جاوے گا اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ عہد ایک طرف سے ہو دوسری طرف سے نہ ہو اس وقت یہ احکام ایک طرف سے ہو جاویں گے کذا فی الہدایہ اور ابن عباسؓ سے نصیب کی ایک تفسیر خیر خواہی یا استحباباً وصیت منقول ہے پس یہ ایتائے نصیب منسوخ نہ ہوگا۔

ربط: عورتوں کے متعلق جو احکام اوپر آ چکے ہیں ان میں عورتوں کے حقوق تلف کرنے کی ممانعت فرمائی تھی لیکن وَالّٰتِيۡ يَاۡتِيۡنَ الۡفَاحِشَةَ میں سیاست کی

www.besturdubooks.net

اجازت تھی اب آگے مردوں کے حقوق جو عورتوں پر ہیں ان کے مطالبہ کی اجازت اور ان کے فوت کرنے پر تادیب کی اجازت جس کے وقوع پر یہ آیت نازل ہوئی اور حقوق کے متعلق باہم اختلاف واقع ہونے کی صورت میں اس کے تصفیہ کا طریق اور اس ضمن میں حقوق ادا کرنے والیوں کی فضیلت بتلاتے ہیں و نیز اس مضمون کے ضمن میں مردوں کی فضیلت کی تصریح سے ایک گونہ اس خیال کے جواب کی بھی تقویت ہے جو مردوں کے حصہ میراث کے مضاعف ہونے کے متعلق اوپر آ چکا پس اپنے ماقبل متصل سے بھی اس کو خاص ارتباط حاصل ہے۔

حکم ِنازدہم متعلق معاشرت زوجین: اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ (الی قولہ تعالی) مِنْ اَمْوَالِهِمْ ۔

تَرجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالی : وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ؕ وَ لِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ؕ وَ سْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا وَلَا تَتَمَنَّوْا میں نہی ہے اس سے کہ فضائل غیر اختیاریہ کے در پے ہو کہ اس سے سخت تشویش پیدا ہوتی ہے جو کہ توجہ الی المقصود سے مانع ہوتی ہے اور نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ؕ اور مِّمَّا اكْتَسَبْنَ کے بعد وَ سْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ کے لانے میں اس سے نہی ہے کہ مجاہدات پر نظر اور عجب ہو (وبسط الاستدلال فی الاصل)۔

مُلحقاتُ الترجمۃ: ١ قوله في ترجمة لا تتمنوا مردوں اور عورتوں ففيه تغليب ١٢۔ ٢ قوله في ترجمة ما کسی امر لعموم ما ١٢۔ ٣ قوله في صدر للرجال کیونکہ اشارة الى انه تعليل للسابق بما قررته بما لا مزيد عليه ١٢۔ ٤ قوله قانوناً لان العلة الحقيقية هي الرحمة كما ورد في حديث ١٢۔ ٥ قوله في ترجمة فضله خاص ہو الكمال الموهوب المطلوب ١٢۔ ٦ قوله في ف دعا یہاں بھی ففائدة التقسيم عدم كون القسم الاول من الوهبي محلًا للتمني والسوال لا عدم كون غيره محلا للسوال فقط او السعي فقط ١٢۔ ٧ قوله في ف ذوی الفروض نسبیہ لان السببية لا يحجب مولي الموالاة حرمانا بل له الباقي بعد فرضه كذا في الدر المختار جزئيا ١٢۔

الرِّوَایَات: ذكرنا في المتن اورد الاولى في لباب النقول عن الترمذی والحاکم والثانية عن ابن ابی حاتم عن ابن عباس ١٢۔ قد ذكر منها ما يتعلق بقوله ولكل جعلنا في نفس المتن وسنذكر ههنا ما يتعلق بقوله الرجال قوامون وهو ما في لباب النقول اخرج ابن ابی حاتم عن الحسن قال جاء ت امرأة الى النبی ﷺ ستعدی علی زوجها انه لطمها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم القصاص فانزل الله تعالى الرجال قوامون على النساء الآية فرجعت بغير قصاص اه قلت واشرت اليها بقولي في التمهيد جس کے وقوع پر الخ ١٢۔

اللُّغَات: المدخل طرف ١٢۔ اليمين بمعنى اليد اليمنٰى واضافة العقد اليها لوضعهم الايدی في العقود او بمعنى القسم كذا في الروح ١٢۔

تنبيه: وقد فرغ بحمد الله تعالى عن اكثر مهمات هذه الآية في نفس المتن ١٢۔

النَّحْو: في روح المعاني الخامس معناه لكل مال او تركة مما ترك الوالد ان والاقربون جعلنا موالي ای وارثا يلونه ويحوزونه ويكون لكل متعلقا بجعل ومما ترك صفة لكل والذين عقدت وفي قراء ة وعاقدت المفعول في جميع القراء ت محذوف ای عهودهم والموصول (ای الذين) مبتدأ فاتوهم خبره واعترض على هذا الخامس بان فيه الفصل بين الصفة والموصوف بجملة عاملة في الموصوف۔ واجيب بانه جائز كما في قوله تعالٰى قل اغير الله اتخذ وليا فاطر السمٰوات والارض ففاطر صفة الاسم الجليل وقد فصل بينهما باتخذ العامل في غير فهذا اولٰى اه قلت وانما اخترت هذا الخامس من بين الوجوه لبقاء كل على عمومه فيه وما ترجمت به عقدت هو اخذ بالحاصل ١٢۔

البَلاغۃ: لم يقل مما ترك الوالدان والاولاد والاقربون لان الاولاد دخلوا في الاقارب لغة والوالدان وان كانا دخلا فيه ايضاً الا ان الناس كانوا يظلمون الاولاد فيما تركة الوالدان فصرح باستحقاق الارث من تركة الوالدين وما كانوا يظلمون الوالدين فيما تركه الاولاد فافهم ١٢۔

فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ

فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿٣٤﴾ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا

حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿٣٥﴾

www.besturdubooks.net

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّ بِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ۙ۝ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ۝

سو جو عورتیں نیک ہیں اطاعت کرتی ہیں مرد کی عدم موجودگی میں بحفاظت الٰہی نگہداشت کرتی ہیں اور جو عورتیں ایسی ہوں کہ تم کو انکی بد دماغی کا احتمال ہو تو انکو زبانی نصیحت کرو اور انکو انکے لیٹنے کی جگہ میں تنہا چھوڑ دو اور انکو مارو۔ پھر اگر وہ تمہاری اطاعت کرنا شروع کر دیں تو ان پر بہانہ مت ڈھونڈو بلا شبہ اللہ تعالیٰ بڑے رفعت اور عظمت والے ہیں اور اگر تم اوپر والوں کو ان دونوں میاں بیوی میں کشاکش کا اندیشہ ہو تو تم لوگ ایک آدمی جو تصفیہ کرنے کی لیاقت رکھتا ہو مرد کے خاندان سے اور ایک آدمی جو تصفیہ کرنے کا لیاقت رکھتا ہو عورت کے خاندان سے بھیجو۔ اگر ان دونوں آدمیوں کو اصلاح منظور ہوگی تو اللہ تعالیٰ ان میاں بی بی کے درمیان اتفاق فرما دیں گے۔ بیشک اللہ تعالیٰ بڑے علم اور بڑے خبر والے ہیں اور تم اللہ تعالیٰ کی عبادت اختیار کرو اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک مت کرو اور والدین کے ساتھ اچھا معاملہ کرو اور اہل قرابت کے ساتھ بھی اور یتیموں کے ساتھ بھی اور غریب غربا کے ساتھ بھی اور پاس والے پڑوسی کے ساتھ بھی اور دور والے پڑوسی کے ساتھ بھی اور ہم مجلس کے ساتھ بھی اور راہگیر کے ساتھ بھی اور ان کے ساتھ بھی جو تمہارے مالکانہ قبضہ میں ہیں۔ بیشک اللہ تعالیٰ ایسے شخصوں سے محبت نہیں رکھتے جو اپنے کو بڑا سمجھتے ہوں شیخی کی باتیں کرتے ہوں۔ جو کہ بخل کرتے ہیں اور دوسرے لوگوں کو بھی بخل کی تعلیم کرتے ہوں اور وہ اس چیز کو پوشیدہ رکھتے ہوں جو اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل سے دی ہے اور ہم نے ایسے ناسپاسوں کیلئے اہانت آمیز سزا تیار کر رکھی ہے اور جو لوگ کہ اپنے مالوں کو لوگوں کے دکھانے کیلئے خرچ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ پر اور آخری دن پر اعتقاد نہیں رکھتے اور شیطان جس کا مصاحب ہو اسکا برا مصاحب ہے ۞

تفسیر: فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا مرد حاکم ہیں عورتوں پر (دو وجہ سے ایک تو اس سبب سے کہ اللہ تعالیٰ نے بعضوں کو (یعنی مردوں کو) بعضوں پر (یعنی عورتوں پر قدرتی) فضیلت دی ہے (یہ تو وہبی امر ہے) اور (دوسرے) اس سبب سے کہ مردوں نے (عورتوں پر) اپنے مال (مہر میں نان ونفقہ میں) خرچ کئے ہیں (اور خرچ کرنے والے کا ہاتھ اونچا اور بہتر ہوتا ہے اس سے کہ جس پر خرچ کیا جاوے اور یہ امر مکتسب ہے) سو جو عورتیں نیک ہیں (وہ مرد کے ان فضائل وحقوق کی وجہ سے) اطاعت کرتی ہیں (اور) مرد کی عدم موجودگی میں (بھی) بحفاظت (وتوفیق) الٰہی (اس کی آبرو و مال کی) نگہداشت کرتی ہیں اور جو عورتیں (اس صفت کی نہ ہوں بلکہ) ایسی ہوں کہ تم کو (قرائن سے) ان کی بد دماغی کا احتمال (قوی) ہو تو ان کو (اول) زبانی نصیحت کرو اور (نہ مانیں تو) ان کو ان کے لیٹنے کی جگہوں میں تنہا چھوڑ دو (یعنی ان کے پاس مت لیٹو) اور (اس سے بھی نہ مانیں تو) ان کو (اعتدال کے ساتھ) مارو پھر اگر وہ تمہاری اطاعت کرنا شروع کر دیں تو ان پر (زیادتی کرنے کے لئے) بہانہ (اور موقع) مت ڈھونڈو (کیونکہ) بلا شبہ اللہ تعالیٰ بڑے رفعت اور عظمت والے ہیں (ان کے حقوق اور قدرت اور علم سب بڑے ہیں اگر تم ایسا کرو گے پھر وہ بھی تم پر اپنے حقوق کے متعلق ہزاروں الزام قائم کر سکتے ہیں) اور اگر (قرائن سے) تم اوپر والوں کو ان دونوں میاں بی بی میں ایسی کشاکش کا) اندیشہ ہو (کہ اس کو وہ باہم نہ سلجھا سکیں گے) تو تم لوگ ایک آدمی جو تصفیہ کرنے کی لیاقت رکھتا ہو مرد کے خاندان سے اور ایک آدمی جو (ایسا ہی) تصفیہ کرنے کی لیاقت رکھتا ہو عورت کے خاندان سے (تجویز کر کے اس کشاکش کے رفع کرنے کے لئے ان کے پاس) بھیجو (کہ وہ جا کر تحقیق حال کریں اور جو بے راہی پر ہو یا دونوں کا کچھ کچھ قصور ہو سمجھا دیں) اگر ان دونوں آدمیوں کو (سچے دل سے) اصلاح (معاملہ کی) منظور ہوگی تو اللہ تعالیٰ اُن میاں بی بی میں (بشرطیکہ وہ اُن دونوں کی رائے پر بھی عمل کریں) اتفاق فرما دیں گے بلا شبہ اللہ تعالیٰ بڑے علم اور بڑے خبر والے ہیں (جس طریق سے ان میں باہم مصالحت ہو سکتی ہے اس کو جانتے ہیں جب حکمین کی نیت ٹھیک دیکھیں گے وہ طریق ان کے قلب میں القاء فرما دیں گے) ف: ان دونوں حکمین کا اصل کام اتنا ہی ہے البتہ اگر زوجین اپنے اپنے حکم کو طلاق یا خلع کا اختیار بھی دے دیں تو وکالۃً وہ اس کے مختار بھی ہو جاویں گے مگر اس آیت میں اس سے تعرض نہیں۔ اور بشرطیکہ الخ میں جس امر کو احقر نے شرط کہا ہے خود آیت میں اس پر دلالت ہے اس لئے کہ ان حکمین کی تجویز زوجین کے افعال اختیاریہ کے متعلق ہوگی جن کا صدور موقوف ہے اصداء پر پس حکمین کے اس ارادہ اصلاح اور زوجین کے اختیار اصلاح میں باہم نسبت مثل فعلین مطاوعین کے ہوگی پس اس اعتبار سے اس ارادہ کا تحقق معتد بہ اصداء زوجین پر موقوف ہوگا اب توفیق بینہما

www.besturdubooks.net

کا ترتب حسب عادتِ الٰہیہ کہ کسب کے ساتھ خلق ہوتا ہے ضروری ہوگا خوب سمجھ لو یہاں یہ شبہ ہوسکتا ہے کہ انفاقِ مال چونکہ معاوضۃ ہے لہٰذا وہ سبب تفضیل نہیں ہوسکتا۔ جواب یہ ہے کہ وہ معاوضہ اسی کا ہے کہ عورت ماتحت رہے گی پس یہ معاوضہ منافی تفضیل نہ ہوا بلکہ مؤکد اور عین دلیل ہوا خوب سمجھ لو۔

مسئلہ: یہ فیصلہ واجب ہے اگر زوجین حکام سے رجوع کریں اور دوسروں کے لئے مستحب ہے اور قید من اھلہ و اھلھا کی سب کے لئے مستحب ہے۔

ربط: اوپر زوجین کے حقوق کا ذکر تھا اور اس کے قبل بھی شروع سورت سے یتامیٰ اور نساء اور ورثہ کے کچھ حقوق کا بیان چلا آ رہا ہے اب آگے اور لوگوں کے حقوق اور ان کے ساتھ معاملہ اور معاشرت کا طریق مذکور ہوتا ہے اور چونکہ ان حقوق کو علیٰ سبیل الکمال ادا کرسکتا ہے جو اللہ تعالیٰ اور رسول اور قیامت کے ساتھ عقیدہ درست رکھتا ہو۔ و نیز بخل و کبر و ریا سے مبرا ہو ورنہ یہ امور بھی ادائے حقوق سے مانع ہوتے ہیں اس لئے اس مضمون کے اول میں اللہ تعالیٰ کی توحید اور درمیان میں انکارِ توحید اور انکارِ قیامت کی مذمت اور آخر میں ترغیب توحید و ترہیب احوال قیامت کے ساتھ عصیان رسول کی مذمت بھی ارشاد فرمادی اور ان اخلاقِ ذمیمہ مذکورہ کی تقبیح بھی فرمادی اور مذمت بخل میں عام لفظ کے ساتھ منکرین رسالت پر بھی تعریض فرمادی کہ دلائل رسالت کا کتمان کرتے تھے۔

حکم شانز دہم حسن معاملہ با خلق مع تصحیح اعتقادِ مبدأ و معاد: وَ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا (الی قولہ تعالٰی) وَ مَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا اور تم اللہ تعالیٰ کی عبادت اختیار کرو (اس میں توحید بھی آ گئی) اور اس کے ساتھ کسی چیز کو (خواہ وہ انسان ہو یا غیر انسان عبادت میں یا ان کی خاص صفات کے اعتقاد میں شریک مت کرو اور (اپنے) والدین کے ساتھ اچھا معاملہ کرو اور دوسرے) اہل قرابت کے ساتھ بھی اور یتیموں کے ساتھ بھی اور غریب غرباء کے ساتھ بھی اور پاس والے پڑوسی کے ساتھ بھی اور دُور والے پڑوسی کے ساتھ بھی اور ہم مجلس کے ساتھ بھی (خواہ وہ مجلس دائمی ہو جیسے سفر طویل کی رفاقت اور کسی مباح کام میں شرکت یا عارضی ہو جیسے سفر قصیر یا اتفاقی جلسہ میں شرکت) اور راہ گیر کے ساتھ بھی (خواہ وہ تمہارا خاص مہمان ہو یا نہ ہو) اور ان (غلام لونڈیوں) کے ساتھ بھی جو (شرعاً) تمہارے مالکانہ قبضہ میں ہیں (غرض ان سب سے خوش معاملگی کرو جس کی تفصیل شرع نے دوسرے موقع پر بتلا دی ہے اور جو لوگ ان حقوق کو ادا نہیں کرتے اکثر اس کے کئی سبب ہیں یا تو ان کے مزاج میں تکبر ہے کہ کسی کو خاطر میں نہیں لاتے اور کسی کی طرف التفات ہی نہیں کرتے اور یا ان کی طبیعت میں بخل غالب ہے کہ کسی کو دیتے دلاتے جان نکلتی ہے اور یا ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اعتقاد نہیں کہ آپ کے احکام کو اور ادائے حقوق کے ثواب کے وعدوں کو اور اتلاف حقوق کے عذاب کی وعیدوں کو صحیح نہیں سمجھتے اور یہ کفر ہے۔ اور یا ان کی عادت نمود کی ہے اس لئے جہاں نمود ہو وہاں دیتے دلاتے ہیں گو حق نہ ہو، اور جہاں نمود نہ ہو وہاں ہمت نہیں ہوتی گو حق ہو، اور یا ان کو سرے سے خدا تعالیٰ ہی کے ساتھ عقیدہ نہیں یا وہ قیامت کے قائل نہیں اور یہ بھی کفر ہے اس لئے اسی ترتیب سے جو ان امور کا انفراداً یا اجتماعاً ارتکاب کرتے ہیں ان کا حال بھی سن لو کہ) بیشک اللہ تعالیٰ ایسے شخص سے محبت نہیں رکھتے جو (دل میں) اپنے کو بڑا سمجھتے ہوں (زبان سے) شیخی کی باتیں کرتے ہوں جو کہ بخل کرتے ہوں اور دوسرے لوگوں کو بھی بخل کی تعلیم کرتے ہوں (خواہ زبان سے یا اس طرح کہ ان کو دیکھ کر دوسرے یہی تعلیم پاتے ہیں) اور وہ اس چیز کو پوشیدہ رکھتے ہوں جو اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل سے دی ہے (اس سے مراد یا تو مال و دولت ہے جب کہ بلا مصلحت حفاظت کے محض بخل کی وجہ سے کہ اہل حقوق توقع نہ کریں۔ چھپاوے اور یا مراد علم دین ہے کہ یہود اخبارِ رسالت کو چھپایا کرتے تھے پس بخل بھی عام ہو جاوے گا پس اس میں بخلاء و منکرین رسالت دونوں آ گئے) اور ہم نے ایسے ناسپاسوں کے لئے (جو نعمت مال یا نعمت بعثت رسول کی حق شناسی نہ کریں) اہانت آمیز سزا تیار کر رکھی ہے اور جو لوگ کہ اپنے مالوں کو لوگوں کو دکھانے کے لئے خرچ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ پر اور آخری دن (یعنی قیامت کے دن) پر اعتقاد نہیں رکھتے (ان کا بھی یہی حال ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ان سے محبت نہیں) اور (بات یہ ہے کہ) شیطان جس کا مصاحب ہو (جیسا ان مذکور لوگوں کا ہوا ہے) اس کا برا مصاحب ہے (کہ ایسا مشورہ دیتا ہے جس میں انجام کار سخت ضرر ہو) **ف**: شرک کی دوسری صورت کا حاصل یہ ہے کہ جن صفات کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ خالص ہونا ثابت ہو چکا ہے جیسے علم محیط قدرت عامہ وغیرہما ان کا کسی کے لئے اعتقاد کرنا شرک ہے اور یتیموں کا باوجودیکہ اوپر ذکر آ چکا ہے لیکن مکرر لانے سے اور اہتمام ہو گیا کیونکہ جاہلیت میں ان پر ظلم بہت ہوتا تھا جیسا اب بھی ان پر مالی ظلم اکثر لوگ کرتے ہیں اور پاس والے پڑوسی کا مطلب یہ کہ جس کا گھر اپنے گھر کے پاس ہو اور دور والا جس کا گھر فاصلہ سے ہو مگر محلہ ایک ہو اور یہ اہل حقوق اگر کافر بھی ہوں تب بھی ان کے ساتھ احسان کرے البتہ مسلمان کا حق اسلام کی وجہ سے ان سے زائد ہوگا۔ اور بخل کو جو عام لیا گیا وجہ اس کی سبب نزول کا تعدد ہے چنانچہ لباب میں ابن ابی حاتم کی روایت سے سعید بن جبیر کا یہ قول منقول ہے کان علماء بنی اسرائیل یبخلون بما عندھم من العلم فانزل اللّٰہ الذین یبخلون اور روح المعانی میں عبد ابن حمید کی روایت سے قتادہ کے قول میں اتنا اور زیادہ کیا ہے کتموا الاسلام و محمدا صلی اللّٰہ علیہ و سلم الخ اور لباب میں ابن جریر کی روایت سے ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول نقل کیا ہے کہ فلاں فلاں اشخاص انصار کو نیک راہ میں خرچ کرنے سے روکتے اور سمجھاتے اس میں نازل ہوا: اَلَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ الخ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا اس میں اس کی مذمت ہے کہ محض بغض نفسانی کے سبب سزا دینے کے لئے کوئی

www.besturdubooks.net

حیلہ ڈھونڈا جاوے کہ جو امر واقع میں سبب سزا کا نہ ہو اس کو سبب قرار دے۔ قولہ تعالیٰ: وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ صاحب جب اپنی تفاسیر سے عام ہے پیر بھائی کو بھی پس آیت میں پیر بھائی کے حق کا بیان ہے۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا اس کے عموم میں وہ بھی داخل ہو گیا جو اپنی سعی فی السلوک پر عجب اور اپنے احوال و مقامات پر فخر کرتا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله حاكم من قيام الولاة بالامر على الرعية كذا في التفاسير قلت ويتايد بسبب النزول فانظر في الروايات ۱۲۔ ۲؎ قوله في ترجمة على بعض یعنی عورتوں پر ففي ضمير المذكر تغليب ۱۲۔ ۳؎ قوله في ترجمة انفقوا عورتوں پر اشار الى حذف عليهن ۱۲۔ ۴؎ قوله خرچ کئے ہیں حسًا او التزامًا اذا كان المهر مثلًا دينًا ۱۲۔ ۵؎ قوله في ترجمة فالصلحت مرد کے فضائل الخ اشار الى كون الفاء للترتيب ۱۲۔ ۶؎ قوله عدم موجودگی فاللام بمعنى في واللام عوض عن المضاف اليه اى في غيبتهم عنهن ومفعول حافظات محذوف اى اموالهم وفروجهن التي هي عرضهم ۱۲۔ ۷؎ قوله بھی لئلا يتخصص بحالة الغيبة ووجه التخصيص الذكرى كونها مظنة للخيانة ۱۲۔ ۸؎ قوله في ترجمة تخافون قوی لان الاحتمال الغفل لا يعتبر فانه لا يخلو عنه وقت ما ۱۲۔ ۹؎ قوله في ترجمة واهجروهن اور نہ مانیں تو لا يستفاد هذا الترتيب من الواو هل من العقل من ترتيب الاشد فالاشد ۱۲۔ ۱۰؎ قوله في ترجمة في المضاجع لیٹنے کی جگہ میں تنہا اشار الى التركيب اى اهجروهن حال كونهن مفردات في مضاجعهن ۱۲۔ ۱۱؎ قوله اعتدال لما جاء في حديث غير مبرح ۱۲۔ ۱۲؎ قوله في ترجمة لا تبغوا عليهن زیادتی الخ فتقدير الكلام لا تبغوا للتعدى عليهن لسبيلا ۱۲۔ ۱۳؎ قوله في ترجمة خفتم اوپر والوں کو وهذا هو الظاهر ۱۲۔ ۱۴؎ قوله في ترجمة بينهما میاں بی بی وهما وان لم يجر ذكرهما صريحًا فقد دل النشوز عليه ۱۲۔ ۱۵؎ قوله في ترجمة حكمًا لیاقت لانه وقت البعث لا يكون حكمًا الا بالقوة ۱۲۔ ۱۶؎ قوله في ترجمة ابعثوا بھیجو كذا في الروح ۱۲۔ ۱۷؎ قوله في ترجمة الجار الجنب دور والے حملته(۱) على القرب والبعد المكانيين لان قوله بذى القربى مغن عن حملها على القرب والبعد النسبى لعل النكتة في تفصيل الجار دفع توهم اكثر الناس تخصيص الجار بالجار القريب ۱۲۔ ۱۸؎ قوله مالکانہ قبضہ اخذ في هذه الترجمة معنى الملك ومعنى اليمين من اليد ۱۲۔ ۱۹؎ قوله في ترجمة يأمرون خواہ زبان سے الخ فالامر عام للقالي والحالي هكذا فردًا ۱۲۔ ۲۰؎ قوله في ترجمة الكفرين نعمت مال یا نعمت بعثت فعم الكفر الاصطلاحي واللغوى لان المذكور فيما قبل كلاهما ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: في قراة بالبخل بالفتحتين ۱۲۔

اللغات: الجنب بضمتين من هو من غير قومك من الجنابة ضد القرابة ويستعمل في المكاني والنسبى ۱۲۔

النحو: قوله احسانا عامله مقدر اى احسنوا قوله بالجنب متعلق بالصفة المقدرة هي الكائن قوله الذين بدل من من قوله والذين معطوف على الذين قبله وبدل مثله فساء قرينا في الفعل ضمير مبهم هو فاعله يفسره المنصوب والمخصوص محذوف اى الشيطان فالتقدير فسار قرينه هو كذا في حاشية البيضاوى ۱۲۔

الحواشی: (۱) اى قوله تعالىٰ الجار ذى القربىٰ والجار الجنب فلا يرد رجوع ضمير الواحد الى المثنىٰ ۱۲ منه۔

وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾
فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍۢ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰي هٰٓؤُلَاۗءِ شَهِيْدًا ﴿۴۱﴾ يَوْمَىِٕذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا
الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ۭ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ﴿۴۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا
الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ۭ وَاِنْ كُنْتُمْ
مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰي سَفَرٍ اَوْ جَاۗءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَاۗىِٕطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَاۗءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَاۗءً فَتَيَمَّمُوْا

وقف النبي صلى الله عليه وسلم ع ۳/۵

www.besturdubooks.net

صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَ اَيْدِيْكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ۝

اوران پر کیا مصیبت نازل ہو جانے گی اگر وہ لوگ اللہ تعالیٰ پر اور آخری دن پر ایمان لے آئیں اور اللہ تعالیٰ نے جو انکو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے رہا کریں اور اللہ تعالیٰ انکو خوب جانتے ہیں۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ایک ذرہ برابر بھی ظلم نہ کریں گے اور اگر نیکی ہوگی تو اس کو کئی گنا کر دیں گے اور اپنے پاس سے اجر عظیم دیں گے۔ سو اس وقت کیا حال ہوگا جب کہ ہم ہر ہر امت میں سے ایک ایک گواہ کو حاضر کریں گے اور آپ کو بھی ان لوگوں پر گواہی دینے کے لئے حاضر کریں گے۔ اس روز جن لوگوں نے کفر کیا ہوگا اور رسول کا کہنا نہ مانا ہوگا وہ اس بات کی آرزو کریں گے کہ کاش ہم زمین کے پیوند ہو جاویں اور اللہ تعالیٰ سے کسی بات کا اخفانہ کر سکیں گے۔ اے ایمان والو! تم نماز کے پاس بھی ایسی حالت میں مت جاؤ کہ تم نشہ میں ہو۔ یہاں تک کہ تم سمجھنے لگو کہ منہ سے کیا کہتے ہو اور حالت جنابت میں بھی باستثنا تمہارے مسافر ہونے کی حالت کے یہاں تک غسل کرلو اور اگر تم بیمار ہو یا حالت سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی شخص استنجے سے آیا ہو یا تم نے بیبیوں سے قربت کی ہو پھر تم کو کوئی پانی نہ ملے تو تم پاک زمین سے تیمم کرلیا کرو یعنی اپنے چہرے اور ہاتھوں پر پھیر لیا کرو۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے بڑے بخشنے والے ہیں۔ ۝

تفسیر ربط: اوپر کفر باللہ و بالرسول و بالقیامۃ اور بخل اور ریاء اور کبر کی مذمت فرمائی ہے۔ آگے ان کے اضداد کی ترغیب دیتے ہیں پس وہ تتمہ ہے ماقبل کا اور گو لفظاً صرف ایمان باللہ والقیامۃ اور انفاق ہی مذکور ہیں جو مقابل کفر باللہ والقیامۃ اور بخل کا ہے لیکن ایمان باللہ مستلزم ہے ایمان بالرسول کو بھی جو مقابل ہے کفر بالرسول کے اور انفاق سے مراد قرینہ مقام سے انفاق لوجہ اللہ ہے جو مقابل ہے ریاء کے اور یہی ابتغائے وجہ اللہ کا علاج ہے کبر کا بھی کیونکہ کبر میں طلب جاہ ہوتی ہے اور وہ طلب وجہ اللہ کے ساتھ جمع نہیں ہوتی پس طالب وجہ اللہ طالب جاہ نہ ہوگا۔ پس یہی مقابل ہوگیا کبر کا بھی اس طرح سب اضداد کی ترغیب آگئی۔

تتمہ مضمون سابق: وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَ يُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ اور ان پر کیا مصیبت نازل ہو جاوے گی اگر وہ لوگ اللہ تعالیٰ پر اور آخری دن (یعنی قیامت) پر ایمان لے آویں اور اللہ نے جو ان کو دیا ہے اس میں سے کچھ (اخلاص کے ساتھ) خرچ کرتے رہا کریں (یعنی کچھ بھی ضرر نہیں ہر طرح نفع ہی نفع ہے) اور اللہ تعالیٰ ان (کے نیک و بد) کو خوب جانتے ہیں (پس ایمان وانفاق پر ثواب دیں گے اور کفر وغیرہ پر عذاب) بلاشبہ اللہ تعالیٰ ایک ذرہ برابر بھی ظلم نہ کریں گے (کہ کسی کا ثواب مار لیں یا بے وجہ عذاب دینے لگیں جو کہ ظاہراً ظلم ہے) اور (بلکہ وہ تو ایسے رحیم ہیں کہ) اگر ایک نیکی کی ہوگی تو اس کو کئی گنا کر (کے ثواب دیں گے) جیسا کہ دوسری آیت میں وعدہ مذکور ہے) اور (اس ثواب موعود کے علاوہ اپنے پاس سے) بلا معاوضہ عمل بطور انعام اور اجر عظیم (الگ) دیں گے۔ ف: ظلم میں ظاہراً کی قید اس واسطے لگائی کہ اگر ایسا کرتے تو واقع میں تو یہ بھی ظلم نہ ہوتا کیونکہ وہ مالک ہیں ہر چہ آں خسرو کند شیریں بود ☆ اور لفظ اپنے پاس سے محاورہ میں اس پر دال ہے کہ یہ علاوہ اجر مقرر کے ہوگا اور پھر اس کو اجر اس لئے کہہ دیا کہ گو مقابلہ عمل میں نہیں مگر ظاہر امسبب عن العمل تو ہے کیونکہ انعام بھی عادۃً عامل ہی کو ملتا ہے۔

ربط: اوپر جن امور کی ترغیب تھی آگے ان کے نہ کرنے پر ترہیب ہے پس یہ بھی تتمہ ہوا ماسبق کا۔

تتمہ دیگر مضمون سابق: فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍۭ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ۝ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ۭ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ۝ سو اس وقت بھی کیا حال ہوگا جب کہ ہم ہر ہر امت میں سے ایک ایک گواہ کو حاضر کریں گے اور آپ کو ان لوگوں پر (جن کا آپ سے سابقہ ہوا ہے) گواہی دینے کے لئے حاضر لاویں گے (یعنی جن لوگوں نے خدائی احکام دنیا میں نہ مانے ہوں گے ان کے مقدمہ کی پیشی کے وقت بطور سرکاری گواہ کے انبیاء علیہم السلام کے اظہارات سنے جاویں گے جو جو معاملات انبیاء کی موجودگی میں پیش آئے تھے سب ظاہر کر دیں گے۔ اس شہادت کے بعد ان مخالفین پر جرم ثابت ہو کر سزا دی جاوے گی۔ اوپر فرمایا تھا کہ اس وقت کیا حال ہوگا آگے اس حال کو خود بیان فرماتے ہیں کہ) اس روز یہ حال ہوگا کہ) جن لوگوں نے (دنیا میں) کفر کیا ہوگا اور رسول کا کہنا نہ مانا ہوگا وہ اس بات کی آرزو کریں گے کہ کاش (اس وقت) ہم زمین کے پیوند ہو جاویں) تا کہ اس رسوائی اور آفت سے محفوظ رہیں) اور (گواہی کے علاوہ خود وہ اقراری مجرم بھی ہوں گے کیونکہ) اللہ تعالیٰ سے کسی بات کا (جو ان سے دنیا میں صادر ہوئی تھیں) اخفاء نہ کر سکیں گے (پس دونوں طور پر فرد قرارداد جرم ان پر لگا دی جاوے گی) ف: ظاہراً آیت کے الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کفار کے باب میں ہے کیونکہ مطلق کفر اور عصیان رسول قرآن میں اسی پر اطلاق کیا جاتا ہے پس اور معاصی بخل وریا و کبر جو اوپر مذکور تھے ان پر گو وعید اس درجہ کی نہ ہوگی لیکن جب علت وعید کی منہی عنہ ہونا ہے، تو عاقل آدمی اس سے ان کی وعید بھی سمجھ سکتا ہے کہ جس درجہ کے وہ منہی عنہ ہیں اس درجہ کی وعید ان پر بھی ہے باقی چونکہ اس وقت زیادہ ان معاصی کے ساتھ بھی کفار ہی موصوف تھے اس لئے ذکر میں کفار کی تخصیص کی گئی۔ اور جاننا چاہئے کہ وہ جو قرآن میں آیا ہے کہ کفار کہیں گے وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ۔ تو یہ اول اول ہوگا پھر جب اللہ تعالیٰ ان کے منہ پر مہر خاموشی کی لگا کر ان کے دست و پا کو بولنے کی اجازت دیں گے وہ سب اپنا کیا ہوا کہہ ڈالیں گے۔ یہ عدم اخفاء اس حالت کے اعتبار سے فرمایا پس دونوں میں کچھ تعارض نہیں چنانچہ روح المعانی میں بروایت وتصحیح حاکم حضرت ابن عباسؓ

www.besturdubooks.net

سے بعینہٖ یہی مضمون منقول ہے اور اس کے آخر میں یہ بھی ہے فیتمنون ان تسوی بهم الارض اور جو جرائم انبیاء علیہم السلام کی غیبت یا بعد وفات ہوئے ہیں ان کے اثبات کے دوسرے طرق ہوتے ہوئے اگر نبی کی شہادت نہ ہو مفوت مقصود نہیں چنانچہ سورہ مائدہ کے اخیر میں عیسیٰ علیہ السلام کا ان کے معاصر مخالفین پر شہید و گواہ ہونا وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ میں بیان کر کے بعد کی حالت کے لئے دوسرے طریق ثبوت کو كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ میں مصرح فرمایا ہے۔

ربط: شروع سورت میں گزر چکا ہے کہ اس سورت میں مختلط طور پر تین قسم کے مضامین کہ محل تقویٰ میں مذکور ہیں منجملہ ان کے ایک قسم دیانات یعنی معاملات فیما بین العبد والرب ہیں اوپر اکثر معاملات باہمی کا بیان ہوا ہے آگے اس مقام پر بعض احکام دیانات کے مذکور ہوتے ہیں اور خاص شانِ نزول کے اعتبار سے ایک مناسبت اور بھی زائد ہے کہ اوپر آیت وَاعْبُدُوا اللّٰهَ الخ میں شرک کی ممانعت فرمائی تھی آگے اس کا انتظام فرمایا کہ بلا قصد بھی صورت شرک صادر نہ ہو جیسا کہ ابتدائے اسلام میں شراب حلال ہونے کے وقت حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے دعوت میں مہمانوں کو شراب پلائی اس میں مغرب کا وقت آ گیا حضرت علیؓ کو امام بنایا انہوں نے مدہوشی میں سورۂ قل یا ایہا الکافرون میں اس طرح پڑھ دیا اعبد ما تعبدون لفظ لا رہ گیا جو کہ لفظاً توحید کے خلاف تھا لیکن بلا قصد تھا۔ اس پر آیت آئندہ نازل ہوئی جس میں حالتِ سکر میں نماز پڑھنے کو اور حقیقت میں نمازوں کے وقت مسکر کے استعمال کو منع فرمایا رواہ الترمذی اور نماز کے اس مسئلہ کے ساتھ اور مسائل بھی اس کے متعلق بیان فرما دیئے۔

حکم ہفدہم متعلق طہارت وصلوٰۃ: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِىْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ۚ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا اے ایمان والو تم نماز کے پاس بھی ایسی حالت میں مت جاؤ (یعنی ایسی حالت میں نماز مت پڑھو) کہ تم نشہ میں ہو یہاں تک کہ تم سمجھنے لگو کہ منہ سے کیا کہتے ہو (اس وقت تک نماز مت پڑھو مطلب یہ ہے کہ ادائے نماز تو اپنے اوقات میں فرض ہے اور یہ حالت ادائے نماز کی منافی ہے پس اوقاتِ صلوٰۃ میں نشہ کا استعمال مت کرو کہیں تمہارے منہ سے نماز میں کوئی کلمہ خلاف نہ نکل جاوے) اور حالت جنابت میں بھی (یعنی جب کہ غسل فرض ہو) باستثنائے تمہارے مسافر ہونے کی حالت کے (کہ اس کا حکم عنقریب آتا ہے نماز کے پاس مت جاؤ) یہاں تک کہ غسل کر لو (یعنی غسل عن الجنابۃ شرائط صحت نماز سے ہے اور یہ حکم یعنی جنابت کے بعد بدوں غسل نماز نہ پڑھنا حالت عدم عذر میں ہے) اور اگر تم (کچھ عذر رکھتے ہو مثلاً) بیمار ہو (اور پانی کا استعمال مضر ہے جیسا کہ آگے آتا ہے) یا حالت سفر میں ہو (جو اوپر مستثنیٰ ہوا ہے کہ اس کا حکم آگے آ دے گا یعنی اور پانی نہیں ملتا جیسا آگے آتا ہے تو ان عذروں سے تیمم کی اجازت آتی ہے اور جواز تیمم کچھ ان ہی مذکورہ عذروں یعنی سفر و مرض کے ساتھ خاص نہیں بلکہ خواہ تم کو خاص یہ عذر ہوں) یا (کہ عذر خاص نہ ہوں یعنی نہ تم مریض ہو نہ مسافر بلکہ ویسے ہی کسی کا وضو یا غسل ٹوٹ جاوے اس طرح سے کہ مثلاً) تم میں سے کوئی شخص (پیشاب یا پاخانہ کے) استنجے سے (فارغ ہو کر) آیا ہو (جس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے) یا تم نے بیبیوں سے قربت کی ہو (جس سے غسل ٹوٹ گیا ہو اور) پھر ان ساری صورتوں میں خواہ مرض و سفر کے عذر کی صورت ہو یا نہ مرض ہو نہ سفر ویسے ہی وضو اور غسل کی ضرورت ہو) تم کو پانی (کے استعمال کا موقع) نہ ملے (خواہ تو اس وجہ سے کہ مرض میں ضرر ہوتا ہے خواہ اس لئے کہ پانی ہی موجود نہیں خواہ سفر ہو یا نہ ہو) تو (ان سب حالتوں میں) تم پاک زمین سے تیمم کر لیا کرو یعنی (اس زمین پر دوبار ہاتھ مار کر) اپنے چہروں اور ہاتھوں پر (ہاتھ پھیر لیا کرو بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے بڑے بخشنے والے ہیں (اور جس کی ایسی عادت ہوتی ہے وہ آسان حکم دیا کرتا ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے ایسے ایسے آسان حکم دے دیئے کہ تم کو تکلیف و تنگی نہ ہو)

ف: اس آیت کے شروع کا حکم اس وقت تھا جب شراب حلال تھی پھر شراب حرام ہوگئی نہ نماز کے وقت درست ہے نہ غیر نماز کے وقت پس آیت کا جزو اول منسوخ ہے۔

مسئلہ: جس مرض میں پانی کے استعمال سے مرض کے اشتداد یا امتداد کا ڈر ہو اس میں تیمم درست ہے مرضی میں یہ دونوں صورتیں داخل ہیں۔

مسئلہ: جس شخص سے پانی ایک میل شرعی یا اس سے زیادہ دور ہو خواہ وہ شخص مسافر ہو یا غیر مسافر اس کو تیمم درست ہے اور میل شرعی میل انگریزی سے تقریباً ۸/۱ زیادہ[1] ہوتا ہے۔

مسئلہ: اگر پانی دور نہیں لیکن بوجہ ڈول رسی نہ ہونے کے یا کسی آدمی یا جانور کے خوف سے اس کو نہ لا سکے تو بھی تیمم جائز ہے لم تجدوا میں بطور عموم مجاز کے یہ اور دو اس سے اوپر والے تینوں مسئلے آ گئے ہکذا افسروا۔

مسئلہ: تیمم ہر ایسی چیز سے جائز ہے جو جنس زمین سے ہو اور جنس زمین وہ ہے جو آگ میں نہ جلے اور نہ گلے لیکن چونہ اس سے مستثنیٰ ہے کہ وہ باوجود یکہ آگ میں جل جاتا ہے لیکن اس سے تیمم درست ہے اور راکھ اسی طرح مستثنیٰ ہے کہ باوجود یکہ وہ بھی آگ میں نہ جلتی ہے نہ گلتی ہے مگر پھر بھی اس سے تیمم جائز

www.besturdubooks.net

نہیں۔

مسئلہ: تیمم وضو اور غسل کا ایک ہی طرح ہے صرف نیت الگ الگ ہے کہ اس میں وضو کے قائم مقام ہونے کا خیال کر لے اور اس میں غسل کے قائم مقام ہونے کا۔

مسئلہ: تیمم میں دو ضربیں ہیں ایک دفعہ دونوں ہاتھ مار کر تمام چہرے پر مل لیوے۔ دوسری دفعہ دونوں ہاتھ مار کر ہاتھوں پر کہنیوں سمیت پھیر لے کوئی جگہ اس کی دانست میں ایسی نہ رہ جاوے جہاں ہاتھ نہ پہنچا ہو۔ من الہدایۃ والدر المختار۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: یَاۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰی حَتّٰی تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ اگر سکر کو عام لیں تب تو لفظاً اور اگر عام نہ لیں تو اشتراک علت کے سبب قیاساً اس سے مفہوم ہوا کہ سکر حالی کے آثار جب محسوس ہونے لگیں ذکر کو قطع کر دے نیز اگر قطع نہ کیا وہ خود منقطع ہو جاوے گا اور ترقی کا سبب تھا عمل جب عمل منقطع ہو گیا ترقی بھی متوقف ہو جاوے گی چنانچہ تصریح بھی کی گئی ہے کہ استغراق میں ترقی رک جاتی ہے۔ قولہ تعالیٰ بعد ذکر التیمم اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا اس میں ضعفاء فی الاعمال کا علاج ہے جن کو اپنے ضعف کی وجہ سے عمل کے کامل نہ کر سکنے کے سبب یہ وسوسہ ہوتا ہے کہ جب ہمارے عمل میں یہ ظاہری نقص ہے تو وہ آثار مقصودہ کے لئے کافی نہ ہوگا پس اس قطع وسوسہ کی تدبیر کی طرف اشارہ ہے کہ یوں سوچ لیا کریں کہ اگر فرضاً وہ غیر کافی بھی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے نقص کو معاف فرما کر اس کو کافی بنا دیں گے۔

الحواشی: (١) وجه قيد الحلال ان السكر ان من الحرام يمكن ان يخاطب زجراً كما انه يصح طلاقه فى السكر ١٢ منه۔ (٢) کیونکہ انگریزی میل تین ہزار یا نسو بیس ہاتھ کا ہوتا ہے اور شرعی میل چار ہزار ہاتھ کا ١٢ منہ۔

ملحقات الترجمة: ١ قوله فى ذيل ترجمه لا تقربوا مطلب یہ کہ الخ فلا يردان السكر ان لا سيما اذا كان من الحلال[1] كيف صح خطابه وجه عدم الورود ان الخطاب للمفيق بان لا يشرب المسكر فى هذه الاوقات ١٢۔

الروايات: ذكر احدهما فى تمهيد الآية والاخرٰى فى الفائدة العظيمة المذكورة فى حاشية ١٢۔

اللغات: المثقال مفعال من الثقل ويطلق على المقدار المعلوم وعلى مطلق المقدار والذرة هى التملة الحمراء وجزء من اجزاء الهباء فى الكوة وقيل هى الخردلة ١٢۔ تسوٰى بهم اے معهم ١٢۔ الغائط المكان المنخفض اطلق على الحدث مجازاً الصعيد وجه الارض الجنب سمى به لبعده عن الطهارة او المسجد ١٢۔

النحو: ان تك حسنة بالنصب فالاسم الضمير العائد الى العمل وانث باعتبار الخبر وبالرفع فى قراءة فكان تامة يضعفها بحذف المضاف اى يضاعف ثوابها كيف محلها الرفع على انها خبر لمبتدأ محذوف اى فكيف حال هؤلاء ١٢۔ جنباً عطف على محل ما قبله اى لا تقربوها سكارٰى ولا جنبا۔ قوله الا عابرى استثناء من مقدر اى فى حال ما الخ ١٢۔

البلاغة: فى روح المعانى قوله وماذا عليهم الخ ليس المراد السوال عن الضرر اذ لا ضرر ليكل عن ذلك بل المراد توبيخهم على الجهل بمكان المنفعة وتحريضهم على صرف الفكر لتحصيل الجواب لعله يؤدى بهم الى العلم وانما قدم الايمان ههنا واخر فى الآية المتقدمة لانه ثمه ذكر لتعليل ما قبله من وقوع مصارفهم فى غير محلها وهنا للتحريض فينبغى ان يبدأ فيه بالاهم فالاهم ١٢۔ قوله او جاء لم يقل او جئتم لان العادة الانفراد فى هذه الحالة وكنى بالملامة الاستحياء من ذكر الصريح عادة ١٢۔

فائدة عظيمة جسيمة: وصلت اليها بعونه تعالىٰ بعد ان غصت كثيرا فى لجج الافكار فخذها بلا شئ اعلم ان ههنا سوالات **الاول:** ما وجه تخصيص ذكر الجنب فى اول الآية مع عدم جواز الصلوٰة لغير المتوضى ايضا **والجواب:** لكونه مغيا بالاغتسال ولو قيل لاجنبا ولا غير متوضيين حتى تغتسلوا لما صح الكلام فان قيل فما وجه تخصيص الغاية والمغيا قلت لكون حكم الوضوء مذكور فى المائدة ولو ثبت ما ذكر فى اللباب عن الفريابى وابن ابى حاتم وابن المنذر وابن مردويه والطبرانى وابن جرير من نزول الآية فى الجنابة لظهر وجه آخر للتخصيص۔ **الثانى:** ما وجه تخصيص المسافر بالاستثناء مع كون حكم المريض بل وغير المريض والمسافر اذا لم يجد الماء كذلك۔ **والجواب:** لكونه غالب الوقوع بالنسبة الى المرض ولكون تيمم المسافرين سببا لنزول الآية كما رواه البخارى وغيره عن عائشة رضى الله عنها حين فقدت القلادة فى غزوه المريسيع **الثالث:** وهو اعسر السوالات ما توجيه عطف قوله جاء احد ولا مستم اللذين هما موجبان على المرض والسفر اللذين هما مرخصان ولابد من التناسب بين المتعاطفين

www.besturdubooks.net

والجواب : ليس المقصود عطف الموجبين على المرخصين بل عطف محذوف يدل على غير المعذورين على المعذورين تقدير الكلام وان كنتم مرضٰى او مسافرين او غير مرضى وغير مسافرين حال كونكم فى جميع هذه الصور محدثين بالاصغر او الاكبر وحال كونكم فى جميعها عاجزين عن الماء حقيقة كما فى الفقد او حكمًا كما اذا خيف الضرر فالصور ستة۔ كون الرجل مريضا ومحدثا بالاصغر۔ وكونه مريضا و محدثا بالاكبر وكونه مسافر او محدثًا بالاصغر. و كونه مسافرًا ومحدثا بالاكبر۔ وكونه غير مريض ولا مسافر مع الحدث الاصغر ۔ وكونه غير مريضا ولا مسافر مع الحدث الاكبر وعدم وجد ان الماء بالتفسير المذكور شرط الاباحة التيمم فى جميع الستة فقوله لم تجدوا قيد فى جميع ما قبله وانما لم يصرح فى المرخصين بالموجبين وفى الموجبين بالمرخصين ولم يذكر غير السفر والمرض راسًا لان القصد هو صب الفائدة الى بيان كونهما مرخصين فى الاول وموجبين فى الثانى نعم كونهما مرخصين مشروط بالعجز عن الماء الذى هو اصل المدار للرخصة ومن ثم لم يذكر غير السفر والمرض لان فى ذكر اصل المدار كفاية فتبصر و تشكر وبحمد الله تعالىٰ ترجمتى مفيده و مشيرة الى اكثر هذه الامور ۱۲۔

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ أُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ أَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿٤٤﴾ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ
بِأَعْدَآئِكُمْ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿٤٥﴾ مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ
وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا بِأَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي الدِّيْنِ ۚ وَلَوْ أَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا
وَأَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَأَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ إِلَّا قَلِيْلًا ﴿٤٦﴾
يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ أَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى
أَدْبَارِهَآ أَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ أَصْحٰبَ السَّبْتِ ۚ وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿٤٧﴾

کیا تو نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب کا ایک بڑا حصہ ملا ہے وہ لوگ گمراہی کو اختیار کر رہے ہیں اور یوں چاہتے ہیں کہ تم راہ سے بے راہ ہو جاؤ اور اللہ تعالیٰ تمہارے دشمنوں کو خوب جانتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کافی رفیق ہے اور اللہ تعالیٰ کافی حامی ہے یہ لوگ یہودیوں میں سے ہیں کلام کو اس کے مواقع سے دوسری طرف پھیر دیتے ہیں اور یہ کلمات کہتے ہیں سمعنا وعصینا اور اسمع غیر مسمع اور راعنا اس طور پر کہ اپنی زبانوں کو پھیر کر اور دین میں طعنہ زنی کی نیت سے اور اگر یہ لوگ یہ کلمات کہتے سمعنا واطعنا اور اسمع اور انظرنا تو یہ بات ان کے لئے بہتر ہوتی اور موقع کی بات تھی۔ مگر ان کو اللہ تعالیٰ نے ان کے کفر کے سبب اپنی رحمت سے دور پھینک دیا اب وہ ایمان نہ لائیں گے ہاں مگر تھوڑے سے آدمی۔ اے وہ لوگو جو کتاب دیئے گئے ہو تم اس کتاب پر ایمان لاؤ جس کو ہم نے نازل فرمایا ہے ایسی حالت پر کہ وہ سچ بتلاتی ہے اس کتاب کو جو تمہارے پاس ہے اس سے پہلے پہلے کہ ہم چہروں کو بالکل مٹا ڈالیں اور ان کو ان کی الٹی جانب کی طرح بنا دیں۔ یا ان پر ہم ایسی لعنت کریں جیسی لعنت ان ہفتہ والوں پر کی تھی اور اللہ تعالیٰ کا حکم پورا ہی ہو کر رہتا ہے۞

تفسیر ربط : یہاں تک مواقع تقویٰ میں سے زیادہ بیان معاملات باہمی اور بعض دیانات کا ہوا ہے آگے معاملات مع المخالفین کا ذکر شروع ہوتا ہے منجملہ ان کے اظہار ہے احوال مکر وقبائح یہود کا بغرض موالاۃ ان کے اور تحذیر مومنین کے اور مجملاً وضمناً یہ مضمون يَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ میں آ چکا ہے اس سے بھی اس کو ارتباط ہے کہ وہاں کتمانِ نعت کا ذکر تھا یہاں کتمان کے ساتھ تحریف کتاب وعداوت منعوت وتابعین منعوت کا ذکر ہے۔

ذکر بعض قبائح یہود : أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ أُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ (الی قولہ تعالی) فَلَا يُؤْمِنُوْنَ إِلَّا قَلِيْلًا (اے مخاطب) کیا تو نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا (یعنی دیکھنے کے قابل ہیں دیکھو تو تعجب کرو) جن کو کتاب (اللہ یعنی توراۃ کے علم) کا ایک بڑا حصہ ملا ہے (یعنی توریت کا علم رکھتے ہیں باوجود اس کے) وہ لوگ گمراہی (یعنی کفر) کو اختیار کر رہے ہیں اور (خود تو گمراہ ہوئے ہی تھے) مگر وہ) یوں چاہتے ہیں کہ تم (بھی) راہ (راست) سے (علیحدہ ہو کر) بے راہ ہو جاؤ (یعنی طرح طرح کی تدبیریں اس کی کرتے ہیں جیسا کہ پارہ تلك الرسل کے اخیر میں اور لن تنالوا کے شروع میں کچھ بھی آ چکا ہے) اور (تم کو اگر ان لوگوں کی اب تک خبر نہ ہو تو کیا ہوا) اللہ تعالیٰ (تو) تمہارے ان دشمنوں کو خوب جانتے ہیں (اس لئے تم کو بتلا دیا سو تم ان سے بچتے رہو) اور (ان کا حال مخالفت کا سن کر زیادہ فکر میں بھی نہ پڑ جانا کیونکہ) اللہ تعالیٰ (تمہارا) کافی رفیق ہے (کہ تمہاری مصلحتوں کی رعایت رکھے گا) اور اللہ تعالیٰ (تمہارے لئے)

www.besturdubooks.net

کافی حامی ہے (کہ ان مضرتوں سے تمہاری حفاظت کرے گا اور) یہ لوگ (جن کا ذکر ہو چکا ہے) یہودیوں میں سے ہیں (اور ان کا گمراہی کو اختیار کرنا جو اوپر آ چکا ہے یہ ہے کہ کلام (الٰہی یعنی توریت) کو اس کے مواقع (اور محل) سے (لفظاً یا معنیً) دوسری طرف پھیر دیتے ہیں اور (ایک گمراہی ان کی جس میں دھوکہ سے دوسرے سادہ ذہن شخص کا پھنس جانا بھی ممکن ہے یہ ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ سے بات چیت کرتے وقت) یہ کلمات کہتے ہیں (جو آگے مذکور ہوتے ہیں ان کلمات کے دو دو معنی میں ایک اچھے ایک برے وہ لوگ برا مطلب لیتے تھے اور دوسروں پر ظاہر کرتے تھے کہ ہم اچھے مطلب سے کہتے ہیں اور اس سے کسی مسلمان کا دھوکہ میں آ کر بعضے ایسے ہی کلمات سے حضور ﷺ سے خطاب کر لینا بعید نہ تھا چنانچہ بقرہ کے معاملہ ہی ام میں مؤمنین کو لفظ راعنا سے ممانعت فرمائی گئی ہے پس اس اعتبار سے یہود کا ان کلمات کو کہنا ایک گونہ اضلال غیر بھی ہے گو لفظاً ہی ہو پس اس میں یُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا کا جو کہ اوپر آیا ہے بیان بھی ہو گیا جیسا کہ مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا میں بیان تھا اُوْتُوْا نَصِيْبًا کا اور يُحَرِّفُوْنَ میں بیان تھا يَشْتَرُوْنَ کا ان کلمات میں سے ایک یہ ہے) سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا (اس کا ترجمہ تو یہ ہے کہ ہم نے سن لیا اور مانا نہیں اس کا اچھا مطلب تو یہ ہے کہ آپ کا ارشاد سن لیا اور کسی آپ کے مخالف کا قول جو کہ ہم کو بہکاتا تھا نہیں مانا اور برا مطلب ظاہر ہے کہ ہم نے آپ کی بات کو سن تو لیا مگر ہم عمل نہ کریں گے) اور (دوسرا کلمہ یہ ہے) وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ اس کا ترجمہ لفظی یہ ہے کہ تم ہماری بات سنو اور خدا کرے تم کو کوئی بات سنائی نہ جاوے اس کا اچھا مطلب تو یہ ہے کہ تم کو کوئی مخالف اور رنج دہ بات نہ سنائی جاوے بلکہ آپ کا ایسا اقبال ہے کہ آپ جو بات فرما دیں سب اس کے جواب میں موافق ہی بات آپ کو سنا دیں اور برا مطلب یہ ہے کہ تم کو کوئی موافق اور مسرت بخش بات نہ سنائی جاوے بلکہ آپ جو بات کہیں اس کا جواب مخالف ہی آپ کے کان میں پڑے) اور (تیسرا کلمہ یہ ہے) راعنا (اس کے دونوں اچھے اور برے مطلب بقرہ کے معاملہ ہی ام میں گزر چکے ہیں کہ اچھے معنی تو یہ ہیں کہ ہماری رعایت کیجئے اور برے معنی لغت یہود میں یہ دشنام ہے غرض ان کلمات کو اسطور پر (کہتے ہیں) کہ اپنی زبانوں کو (لہجہ تحقیر سے لہجہ توقیر کی طرف) پھیر کر اور (دل سے) دین میں طعنہ زنی (اور تحقیر ہی) کی نیت سے (وجہ یہ کہ نبی کے ساتھ طعن واستہزاء عین دین کے ساتھ طعن وتمسخر ہے) اور اگر یہ لوگ (بجائے ان ذومعنیین الفاظ کے) یہ کلمات کہتے (بجائے سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا کے) سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا (جس کے معنی یہ ہیں کہ ہم نے سن لیا اور مان لیا) اور (بجائے) اِسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ کے صرف اِسْمَعْ (جس کے معنی خالی یہ ہیں کہ آپ سن لیجئے) اور (بجائے راعنا کے) انظرنا (جس کے معنی یہ ہیں کہ ہماری مصلحت پر نظر فرمایئے جیسا کہ بقرہ کے معاملہ ہی ام میں بھی اس لفظ کی تعلیم فرمائی ہے اور یہ کلمات معنی شرارت سے پاک ہیں تو اگر یہ کلمات کہتے) تو یہ بات ان کے لئے بہتر (اور نافع بھی) ہوتی اور (فی نفسہ بھی) موقع کی بات تھی مگر (انہوں نے تو ایسے نفع اور موقع کی بات کہی ہی نہیں بلکہ وہی ناشائستہ بیہودہ بات بکتے رہے اس لئے ان کو یہ مضرت پہنچی کہ) ان کو خدا تعالیٰ نے ان کے کفر کے سبب (جس میں یہ کلمات بھی آ گئے اور بھی ان کے سب اقوال وافعال کفریہ داخل ہو گئے پس ان سب کفریات کے سبب اللہ تعالیٰ نے ان کو) اپنی رحمت (خاصہ) سے دور پھینک دیا اب وہ ایمان نہ لاویں گے ہاں مگر تھوڑے سے آدمی (بوجہ اس کے کہ وہ ایسی حرکتوں سے دور رہے وہ دوری رحمت خاصہ سے مستثنیٰ ہیں اور وہ ایمان بھی لے آئے جیسے عبد اللہ بن سلام وغیرہ) **ف:** یہ لَا يُؤْمِنُوْنَ انہی کی نسبت فرمایا جو علم الٰہی میں کفر پر مرنے والے تھے پس نو مسلموں کے ایمان لانے سے کوئی شبہ نہیں ہو سکتا اور جو ایمان لے آتا ہے اگر وہ کسی وقت میں بے ادبی و نافرمانی بھی کر چکا ہو لیکن اس سے جب باز آ گیا وہ کالعدم ہو گیا پس بے ادبی کا لعنت کے لئے سبب بن جانا اور لعنت کا کفر کے لئے سبب بن جانا اس میں کوئی قدح و تخلف لازم نہیں آیا کیونکہ ارتفاع علت کے بعد معلول کا مرتفع ہو جانا محل اشکال نہیں اور یہ جو فرمایا ہے کہ ان دوسرے کلمات کا کہنا بہتر ہوتا اگر اس کے ساتھ ایمان لانے کا بھی اعتبار کیا جاوے تب تو بہتر ہونا ظاہری ہے کہ اعمال صالحہ پر مومن کو آخرت میں ثواب ملے گا اور اگر اس کی قید نہ لگائی جاوے تب بہتر ہونا یا تو دنیا کے اعتبار سے ہے کہ تہذیب وشائستگی اچھی چیز ہے خلق کے نزدیک اس سے ممدوح و مرضی سمجھا جاتا ہے اور اگر آخرت کے اعتبار سے لیا جاوے تو باعتبار ثواب کے نہیں ہے بلکہ باعتبار تخفیف عذاب کے ہوگا کیونکہ قرآن وحدیث سے یہ امر یقیناً مفہوم معلوم ہے کہ باہم کفار کے عذاب میں تفاوت ہوگا چنانچہ ماہر پر مخفی نہیں واللہ اعلم۔

ربط: اوپر کی آیت میں یہود کے کفر وتکذیب بالاسلام کا جو کہ تحریف وتمسخر کے لوازم سے ہے بیان تھا آگے ان کو بطور خطاب کے ایمان وتصدیق کا حکم فرماتے ہیں اور خلاف ورزی کی تقدیر پر ڈراتے ہیں۔

خطاب بایمان اہل کتاب را: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا (الی قولہ تعالٰی) وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝ اے وہ لوگ جو کتاب (توارت) دیئے گئے ہو تم اس کتاب (یعنی قرآن) پر ایمان لاؤ جس کو ہم نے نازل فرمایا ہے (اور تم کو اس پر ایمان لانے سے وحشت نہ ہونا چاہئے کیونکہ ہم نے اس کو) ایسی حالت پر (نازل فرمایا ہے) کہ وہ سچ بتلاتی ہے اس کتاب کو جو تمہارے پاس ہے (یعنی تمہاری اصل کتاب کے لئے وہ مصدق ہے باقی تحریف کا حصہ اس سے الگ ہے سو تم قرآن پر) اس (امر محتمل کے وقوع) سے پہلے پہلے (ایمان لے آؤ) کہ ہم (تمہارے) چہروں (پر کے نقش ونگار یعنی آنکھ ناک) کو بالکل مٹا

www.besturdubooks.net

ڈالیں اور ان (چہروں) کو ان کی الٹی جانب (یعنی گدی) کی طرح (صفاچٹ) بنا دیں یا اُن (ایمان نہ لانے والوں) پر ہم ایسی (خاص طور کی) لعنت کریں جیسی لعنت ان ہفتہ والوں پر کی تھی (جو یہود میں گزر چکے ہیں جن کا ذکر سورۂ بقرہ کے معاملہ شانزدہم میں آ چکا ہے یعنی ان کی طرح ان کو بھی بندر کی شکل بنا دیں) اور اللہ تعالیٰ کا (جو) حکم (صادر ہو جاتا ہے وہ (پورا ہی ہو کر رہتا ہے (سو اللہ تعالیٰ تمہارے ایمان نہ لانے پر اگر اس طمس ولعن یعنی مسخ کا حکم کر دیں گے پھر یہ ضرور ہی ہو جاوے گا سو تم کو ڈرنا چاہئے اور ایمان لے آنا چاہئے) **ف**: یہاں کتب تفسیر میں ایک سوال کیا گیا ہے کہ یہ طمس ومسخ کب ہوا ہے اور پھر طمس ومسخ کی مختلف توجیہات کر کے اور بعض نے وجوہ میں تاویل کر کے اور بعض نے اور اور قیود وشروط لگا کر جواب دیا ہے پھر ان جوابوں کو مخدوش کر کے پھر ان خدشات کو دفع کیا احقر کے نزدیک سرے سے وہ سوال ہی واقع نہیں ہوتا کیونکہ اس میں اس پر کہیں دلالت نہیں کہ اگر ایمان نہ لاؤ گے تو طمس ومسخ ہو جاوے گا بلکہ حاصل صرف اتنا ہے کہ اس کا احتمال ہے مقتضی اس احتمال کا اس جرم کا عظیم ہونا ہے پس بمقتضائے رحمت واقع نہ ہونا کچھ محل اشکال نہیں اور لفظ قبل کا استعمال اس معنی میں خود قرآن میں آیا ہے سورۂ منافقون میں ہے: وَاَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ الخ یہاں قبل دو چیز پر داخل ہوا ہے اتیان موت اور قول خاص حالانکہ بعض محتضرین کو جو محض بیہوش ہو جاویں اصلاً اس قول کی نوبت نہیں آتی نہ زبان سے نہ دل سے لیکن تصحیح کلام کے لئے احتمال کافی ہے اسی سورۂ نساء کے اول میں ہے بدارًا ان یکبروا جو معنی مرادف قبل کے ہے ای من قبل ان یکبروا حالانکہ بعض یتامیٰ کو بلوغ کی نوبت نہیں آتی کہ مر جاتے ہیں۔ اور حدیث میں ہے قال رسول اللہ ﷺ اغتنم خمسًا قبل خمس شبابك قبل هرمك وصحتك قبل سقمك وغناك قبل فقرك وفراغك قبل شغلك وحيوتك قبل موتك رواہ الترمذی حالانکہ اربع اولیٰ میں قبل کا مضاف الیہ محض محتمل ہے۔ اور جیسا کہ دوسری آیت میں ہے قبل ان اذن لکم حالانکہ اذن واقع نہیں ہوا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ۝ اعداء چونکہ شیاطین کو بھی عام ہے تو آیت دلیل ہے اس پر کہ متوکلین کو شیطان سے خوف نہ کرنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے اعداء سے کفایت کا وعدہ فرمایا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فى ترجمة** الم تر تعجب کرو اشار الى كون الاستفهام للتعجيب اورد هذه الكلمة الم تر فى هذه السورة فى خمس مواضع متقاربة لاظهار كون هذه الامور عجيبة وعديت بانى اشارة الى ان هذه الروية مع كونها قلبية كالنظر البصرى الذى صلته الى ۱۲۔ ۲ **قوله فى ترجمة** نصيباً بڑا حصہ اشار الى كون التنوين للتفخيم وبذلك ازداد التشنيع ۱۲۔ ۳ **قوله فى ترجمة** وليا و نصيرا مصلحتوں مضرتوں فالولى اشارة الى معطى المنافع والنصير الى الحافظ من المضاور ۱۲۔ ۴ **قوله فى ترجمة** من الذين هادوا یہ لوگ الخ اشارة الى حذف المبتدأ اى هم الذين ولما كان المقدر كالملفوظ اظهره فى الترجمة ويكون قوله يحرفون استينا فاكما قبله من قوله يشترون وما قررت من كون الذين هادوا بيانما فى العنى للذين اوتوا نصيباً وكذا التحريف بيانا للاشتراء مذكور فى الكبير وزدت عليه كون قوله و يقولون الخ بيانا من وجهٍ لقوله يريدون ان تضلوا السبيل ۱۲۔ ۵ **قوله فى ترجمة** يحرفون لفظاً یا معنیً فالتقدير على الاول يحرفون اى يزيلون الكلمات عن المحل الذى وضعها الله تعالىٰ عليه و يقيمون غيرها فى ذاك المحل و على الثانى يحرفون الكلم عن المعانى التى وضع الله تعالىٰ تلك الكلم عليها اى وضعها للدلالة عليها وانظر فى الحقانى اثبت فيه التحريف اللفظى وانما ترجمة الكلم بالكلام لان الكلم جنس يعم المفرد والمركب ۱۲۔ ۶ **قوله فى ترجمة** الكلمات دو دو معنی ہیں هذه كلها ماخوذة من الروح وغيره ومعنى اسمع غير مسمع حال لا اسمعك احد جوابا يوافقك او يخالفك والباقى ظاهر ۱۲۔ ۷ **قوله فى ترجمة** ليا لہجہ اخذته من الكشاف منضما اليه الذوق لان لهجة التوقير غير لهجة التحقير ويمننا زان على اللسان فصدق معنى اللى ۱۲۔ ۸ **قوله فى ترجمة** طعنا دل سے اخذة من مقابلة السنتهم اى يلوون السنتهم خداعا لانه امر ظاهر ولا يلوون قلوبهم بل يريدون التحقير من صميم القلب لانه امر مبطن ۱۲۔ ۹ **قوله فى** نفسه بھی موقع کی فالخبر اضافى والاعدلية باعتبار الذات واقوم بمعنى اعدل ۱۲۔ ۱۰ **قوله بعد ترجمة** ولكن مگر انہوں نے الخ قدره فى روح المعانى وهو احسن تقدير زال به اشكال لاجبر وفيه حذف السبب واقامة المسبب مقامه وهو كثير فى الكلام ۱۲۔ ۱۱ **قوله فى ترجمة** لعنهم خاصہ لان الرحمة العامة قريب من الكل ۱۲۔ ۱۲ **قوله فى ترجمة** فلاآب تدل هذه الكلمة على الترتب ۱۲۔ ۱۳ **قوله فى ترجمة** الا قليلا وہ دوری الخ اشار الى ان الاستثناء من ضمير المفعول فى لعنهم اى لم يلعن هؤلاء القليلون فلا يلزم ايمان من لعنهم الله ۱۲۔ ۱۴ **قوله فى ترجمة** وجوها تمہاری اشار الى ان التنوين عوض عن المضاف اليه اى وجوهكم ۱۲۔ ۱۵ **قوله** نقش ونگار كما فى التفاسير عن ابن عباس تخطيط وجوه ۱۲۔ ۱۶ **قوله فى ترجمة** فنردها اور اشارة الى ان الفاء للتفصيل بعد الاجمال

www.besturdubooks.net

وللتسبيب لا للتعقيب ۱۲۔ ۷؎ قوله في ترجمة على ادبارها طرح كما في التفاسير اى على هيئة ادبارها ۱۲۔ ۸؎ قوله في ترجمة نلعنهم ان الخ ففيه التفات عن الخطاب الى الغيبة فمرجع هم هو مرجع كم فلا اشكال في عود الضمير ۱۲۔ ۹؎ قوله في هذه الترجمة خاص طور لان المراد به المسخ ۱۲۔

الرِّوَایَات: في لباب النقول اخرج ابن اسحق عن ابن عباس قال كان رفاعة بن زيد ابن التابوت من عظماء اليهود واذا كلم رسول الله صلى الله عليه وسلم لوى لسانه وقال ارعنا سمعك يا محمد حتى نفهمك في الاسلام دعابه فانزل الله فيه الم ترا الى الذين اوتوا نصيباً كما في الكبير ۱۲۔ في الروح اخرج البيهقي في الدلائل وغيره عن ابن عباس رضي الله عنهما قال كلم رسول الله صلى الله عليه وسلم رؤساء من احبار يهود منهم عبدالله بن صوريا وكعب بن اسد فقال لهم يا معشر يهود اتقوا الله واسلموا فوالله انكم لتعلمون ان الذين جئتكم به لحق فقالوا ما نعرف ذلك يا محمد فانزل الله تعالى فيهم الآية ۱۲۔

اللُّغَات: اللى العطف والثنى ويستعمل بالباء وبغيرها كما في القاموس ۱۲۔

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى
إِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾ اَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ أَنْفُسَهُمْ ۭ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۴۹﴾ اُنْظُرْ
ع ۸ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَكَفٰى بِهٖٓ إِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۰﴾ اَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ
الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَآءِ أَهْدٰى مِنَ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿۵۲﴾

بیشک اللہ تعالیٰ اس بات کو نہ بخشیں گے کہ ان کے ساتھ کسی کو شریک قرار دیا جائے اور اس کے سوا اور جتنے گناہ ہیں جس کے لئے منظور ہوگا وہ گناہ بخش دیں گے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہراتا ہے وہ بڑے جرم کا مرتکب ہوا۔ کیا تو نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اپنے کو مقدس بتلاتے ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں مقدس بتلا دیں اور ان پر تاگے برابر بھی ظلم نہ ہوگا۔ دیکھ تو یہ لوگ اللہ پر کیسی جھوٹی تہمت لگاتے ہیں اور یہ بات صریح مجرم ہونے کے لئے کافی ہے۔ کیا تو نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب کا ایک حصہ ملا ہے وہ بت اور شیطان کو مانتے ہیں اور وہ لوگ کفار کی نسبت کہتے ہیں کہ یہ لوگ بہ نسبت ان مسلمانوں کے زیادہ راہ راست پر ہیں۔ یہ لوگ وہ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے ملعون بنا دیا ہے اور اللہ تعالیٰ جن کو ملعون بنا دے اس کا کوئی حامی نہ پاؤ گے ۞

تفسیر لربط: اوپر کی آیت میں ایمان نہ لانے پر وعید فرمائی تھی چونکہ بعض مستحقین وعید آخر میں مغفور بھی ہو جاتے ہیں جس سے احتمال ہوا کہ شاید یہ مذکورین بھی مغفور ہو جاویں اس لئے آگے بتلاتے ہیں کہ یہ لوگ بوجہ کفر کے مغفور نہ ہوں گے اور اس میں رد بھی ہے یہود پر اس قول میں سیغفر لنا۔

عدم مغفرت شرک وکفر: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ (الی قوله تعالی) وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا بیشک اللہ تعالیٰ اس بات کو (سزا دیکر بھی) نہ بخشیں گے کہ ان کے ساتھ کسی کو شریک قرار دیا جاوے (بلکہ سزائے دائمی میں مبتلا رکھیں گے) اور اس کے سوا اور جتنے گناہ ہیں (خواہ صغیرہ یا کبیرہ) جس کے لئے منظور ہوگا (بلا سزا) وہ گناہ بخش دیں گے (البتہ اگر وہ مشرک مسلمان ہو جاوے تو پھر مشرک ہی نہ رہا اب وہ سزائے دائمی بھی نہ رہے گی) اور وجہ اس شرک کے نہ بخشنے کی یہ ہے کہ) جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ (کسی کو) شریک ٹھہراتا ہے وہ بڑے جرم کا مرتکب ہوا (جو اپنے عظیم ہونے کی وجہ سے قابل مغفرت نہیں)۔

ف: قرآن وحدیث واجماع سے یہ مسئلہ ضروریات شرع سے ہے کہ شرک اور کفر دونوں غیر مغفور ہیں اور یہاں صرف شرک کا ذکر فرمایا ہے حالانکہ کفر بھی قابل ذکر ہے خصوصاً مقام کا بھی مقتضا ہے کیونکہ اوپر سے یہود کے کفر کا ذکر ہو رہا ہے پس اس کی چند توجیہیں کہ سب لطیف ہیں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ شرک اپنے ظاہری معنی پر ہے جو پہلے رکوع آیت : واعبدوا الله کے ذیل میں مذکور ہے اور اس آیت میں صرف شرک مذکور ہو۔ دوسری آیات میں کفر کو مذکور کہا جاوے اور بعض میں دونوں مذکور ہوں اور ضرورت نہیں کہ ہر آیت میں مذکور ہوا کریں پس مجموعہ آیات سے دونوں کا غیر مغفور ہونا ثابت ہو جاوے گا۔ رہا یہود کے حال کے مناسب ہونا ان آیات کا اس طرح ہو سکتا ہے کہ وہ لوگ اس اعتبار سے مشرک بھی تھے کہ حضرت عزیر کو خدا بیٹا کہتے تھے۔ دوسری توجیہ یہ کہ شرک اپنے معنی پر رہے اور دونوں کے معنی ادنیٰ اور کمتر کے لئے جاویں یعنی شرک سے کم جتنے گناہ ہیں وہ مغفور ہو سکتے ہیں اور کفر کی بعض صورتیں تو شرک ہی ہیں ان کی نسبت تو

www.besturdubooks.net

سوال ہی نہیں ہوسکتا اور باقی صورتیں مثل انکار صانع وغیرہ جو شرک نہیں ہیں وہ چونکہ شرک سے بڑھ کر ہیں کیونکہ مشرک صانع کو تو مانتا ہے گو دوسرے کو بھی مانتا ہے اس طرح تمام افراد کفر کے اگر غور کیا جاوے سب شرک سے اشد ہیں اس لئے ان کا غیر مغفور ہونا بدلالۃ النص ثابت ہو گیا کہ جب شرک معاف نہیں ہوگا تو جو اس سے بڑھ کر جرم ہو وہ تو کیوں معاف ہوگا اس توجیہ پر آ کر اعتقادِ یہود کو شرک نہ بھی کہا جائے تو بھی بوجہ اس کے کہ ان کے کفر کا غیر مغفور ہونا مدلول کلام ہو گیا اقتضائے مقام کے خلاف نہ رہا۔ تیسری توجیہ یہ کہ شرک کے دو معنی ہوں ایک معنی حقیقی جو مذکور ہوئے دوسرے معنی مطلق کفر و شرک کو بھی شامل ہے روح المعانی میں حضرت ابن عباسؓ سے اس احتمال ثالث کو نقل کیا ہے اور یہ بہت سہل ہے اس بنا پر انطباق حال یہود کا بہت ہی واضح ہے اور بلا سزا کی قید اس لئے لگائی کہ بعد سزا کے مومن کے سب گناہوں کا بخشا جانا تو موعود اور یقینی ہے اور اس کے ساتھ تعلق مشیت کا ثابت ہو چکا ہے پھر اس آیت میں جو تعلیقاً و اشتراطاً فرمایا اور تعلق کو علی سبیل الجزم نہیں فرمایا یہ دلیل ہے کہ مراد مغفرت بلا سزا ہے خوب سمجھ لو۔

ربط: اوپر یہود کا کفر اور اس پر وعید عدم مغفرت کی ارشاد ہوئی ہے چونکہ یہود اپنے کو اللہ کا مقبول و مومن خالص و مغفور بلا سزا بتلاتے تھے جیسا کہ قرآن میں بھی ان کے ایسے اقوال ہیں: نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ آگے اس کا رد فرماتے ہیں۔

رد دعویٰ یہود تقدس خود را: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ (الی قولہ تعالٰی) وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا مُّبِيْنًا (اے مخاطب) کیا تو نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا (یعنی تعجب کے قابل ہیں) جو اپنے کو مقدس بتلاتے ہیں (ان کے بتلانے سے کچھ نہیں ہوتا) بلکہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں مقدس بتلا دیں (یہ البتہ قابل اعتبار ہے اور اللہ تعالیٰ قرآن میں مومن کو مقدس بتلا چکے ہیں جیسے سبح اسم میں اشقی یعنی کافر کے مقابلہ میں مومن کی نسبت فرمایا قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى پس وہی مقدس ہوگا نہ کہ کفر کرنے والے جیسے یہود ہیں) اور (ان یہود کو قیامت میں اس دعویٰ کاذبہ کا جس کا منشاء کفر کو ایمان سمجھنا ہے جو سزا ہوگی اس سزا میں) ان پر تاگے برابر بھی ظلم نہ ہوگا (یعنی وہ سزا ان کے جرم سے زیادہ نہیں ہے بلکہ ایسے جرم پر ایسی ہی سزا لائق ہے ذرا دیکھ تو (اس دعویٰ میں) یہ لوگ اللہ پر کیسی جھوٹی تہمت لگاتے ہیں (کیونکہ جب باوجود کفر کے مقبولیت کے مدعی ہیں تو کفر کو عنداللہ پسندیدہ اور مقبول بتانا صاف لازم آیا اور یہ محض تہمت ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے تمام شرائع میں اس کی تصریح فرما دی ہے کہ کفر ہمارے نزدیک سخت ناپسند اور مردود ہے) اور یہی بات (کہ خدا پر تہمت لگائی جاوے) صریح مجرم ہونے کے لئے کافی ہے (پھر کیا ایسی صریح بڑی بات پر ایسی سزا کچھ ظلم و زیادتی ہے) ف: اگر کسی کو شبہ ہو کہ جب مومن کو اللہ تعالیٰ نے مقدس بتلایا ہے تو پھر اپنے کو یا دوسرے کو حسن ظن سے مقدس کہنے سے شریعت میں کیوں ممانعت ہے جواب یہ ہے کہ یہ ممانعت تین وجہ سے ہے ایک تو اکثر اپنی مدح کا منشا کبر ہوتا ہے تو حقیقت میں ممانعت کبر سے ہوئی۔ دوسرے خاتمہ کا حال اللہ کو معلوم ہے کہ تقدس پر ہوگا یا نہیں اس لئے ایسا دعویٰ علی الاطلاق کرنا خلاف خوف ہے۔ تیسرے یہ کہ اکثر اوقات اس دعوے سے سامع کو اس کا ایہام ہوتا ہے کہ یہ بالکل تمام عیوب و نقائص سے پاک ہے اور بہمہ وجوہ مقبول عنداللہ ہے حالانکہ غالباً کچھ نہ کچھ ادناس وار جاس میں بندہ گرفتار ہوتا ہے اور اسی قدر اس کے قرب و قبول میں عنداللہ کمی ہوتی ہے پس یہ کذب ہوا اور کبھی دوسرے کو اس سے عجب بھی ہو جاتا ہے اور اگر یہ عوارض نہ ہوں تو تحدیث بالنعمۃ کی اجازت ہے۔

ربط: اوپر آیت: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ الخ سے قبائح یہود کا بیان چلا آ رہا ہے اگلی آیت میں بھی بعض قبائح کا ذکر ہے کہ انہوں نے مشرکین کے طریق دین کو مومنین کے طریق دین سے احسن بتلایا تھا جیسا کہ لباب میں بروایت احمد و ابن ابی حاتم و ابن عباس رضی اللہ عنہما کے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ علمائے یہود مکہ میں آئے تو قریش نے پوچھا کہ ہمارا دین اچھا ہے یا پیروانِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اور سوال میں اپنی خدمات حجاج و کعبہ کی بھی ذکر کر دیئے انہوں نے جواب دیا کہ تمہارا دین ان کے دین سے اچھا ہے اور تم ان سے زیادہ ہدایت یافتہ ہو۔

ذم یہود بر حکم شان بترجیح مشرکین بر مومنین: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ (الی قولہ تعالٰی) وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا (اے مخاطب) کیا تو نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب (الٰہی یعنی توراۃ کے علم) کا ایک حصہ ملا ہے (پھر باوجود اس کے) وہ بت اور شیطان کو مانتے ہیں (کیونکہ مشرکین کا دین بت پرستی اور شیطان کی پیروی تھا جب ایسے دین کو اچھا بتلایا تو بت اور شیطان کی تصدیق صاف لازم آئی) اور وہ لوگ (یعنی اہل کتاب) کفار (یعنی مشرکین) کی نسبت کہتے ہیں کہ یہ لوگ بہ نسبت ان مسلمانوں کے زیادہ راہِ راست پر ہیں (چنانچہ یہ تو انہوں نے صراحۃً ہی کہا تھا) یہ لوگ (جنہوں نے کفر کے طریقہ کو اسلامی طریقہ سے افضل بتلایا) وہ ہیں جن کو خدا تعالیٰ نے ملعون بنایا ہے) اسی ملعون ہونے کا تو اثر ہے کہ ایسے بیباک ہو کر کفریات بک رہے ہیں) اور خدا تعالیٰ جس کو ملعون بنا دے اس کا (عذاب کے وقت) کوئی حامی نہ پاؤ گے (مطلب یہ کہ اس پر ان کو آخرت میں یا دنیا میں بھی سخت سزا ہوگی چنانچہ دنیا میں بعضے قتل بعضے قید بعضے جلاوطن بعضے ذلیل رعایا ہوئے اور آخرت میں جو ہونے والا ہے وہ ہو ہی گا) ف: ظاہراً یہ معلوم ہوتا ہے کہ دین مشرکین کو علی الاطلاق حق کہنا مقصود نہ تھا ورنہ عین جواب کے وقت ہی سائل کو اس جواب کی صحت پر یہ شبہ ہوتا ہے کہ جب یہ اس

www.besturdubooks.net

دین کو حق بتلاتے ہیں تو خود کیوں نہیں قبول کر لیتے تو اس صورت میں یہ جواب چل نہیں سکتا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا مقصود یہ تھا کہ حق مطلق تو کوئی طریق بھی نہیں مگر اس سے یہ اچھا ہے سو اس میں بھی دو وجہ سے کفر لازم آتا ہے ایک تو یہ کہ طریق حق و اسلام کو من وجہ باطل سمجھا دوسرے یہ کہ طریق باطل و کفر کو من وجہ حق سمجھا گو سیاق کلام سے بشہادۃ ذوق یہاں زیادہ مدار مذمت کا وجہ ثانی ہے اگر کہا جاوے کہ ممکن ہے کہ باعتبار خدمات حجاج و بیت اللہ کے طریق قریش کا اچھا کہا ہو جس کا حاصل ان امور کو اچھا کہنا ہے سو ان کے اچھے ہونے میں کوئی شبہ نہیں جواب یہ ہے کہ اگر تاویل فرض بھی کر لی جاوے تب بھی بعض اجزاء کے خیر ہونے سے مجموعہ کا جس میں بعض اجزائے شر و کفر بھی ہوں خیر ہونا لازم نہیں آتا اور مقصود سائل کا مجموعہ کا پوچھنا تھا اور سوال پر جواب کا انطباق ضرور ہے اس لئے کلماتِ کفر میں ایسی تاویل دافع کفر نہیں ہو سکتی مثلاً کوئی شخص دو خدا کو مانتا ہو اور وہ شخص کسی سے پوچھے کہ خدا ایک ہے یا دو اور مجیب کہے کہ دو ہیں اور نیت یہ کرے کہ ایک حق ایک باطل تو کیا جواب کلمۂ کفر نہ ہوگا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اس میں دعوی تقدس پر انکار ہے اور اس میں بجز اہل فناء کے بہت مشائخ مبتلا ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله فی التمهيد** یہ لوگ بوجہ کفر کے الخ **ولا ينافي كون الآية ناعية على اليهود ما في لباب النقول عن ابن ابی حاتم والطبراني من نزول آلاية في شان مسلم مرتكب للحرام وما فی الروح عن ابن المنذر من نزولها جوابا عمن سأل عن المشركين اذ نزل قوله تعالٰی قل يا عبادی الذين اسرفوا الآية لان اللفظ عام احتمل نزول الأية في الواقعتين ثم وضعت ههنا لكون اليهود داخلين في عمومها فافهم ١٢۔** ۲؎ **قوله** جتنے گناہ **هذه ترجمة كلمة ما نعم صارت طويلة للتوضيح ١٢۔** ۳؎ **قوله في ترجمة افترى الخ** وہ بڑے جرم الخ **فالجرم ترجمة الاثم و** بڑا **ترجمة عظيم و** مرتکب **هو ترجمة افترى بطريق التجريد لان معناه ارتكب الفرى ولما كان معموله مراد فاللفرى استعمل بمعنى ارتكب نعم افاد تاكيد او اصله كما في الروح الفرى بمعنى القطع ولكون قطع الشئ مفسداً له استعمل بمعنى الافساد واختلاق الكذب فالمعنى كما في الكبير اى اختلق ذنباً غير مغفور يقال افترٰى فلان الكذب اذا احتمله واختلقه اه ١٢۔**
۴؎ **قوله في التمهيد** قرآن میں بھی **فی زيادة الكلمة الاخيرة اشارة الى عدم الحصر في القرآن كما في الروح عن الكلبي قال نزلت في رجال من اليهود اتوا رسول الله صلى الله عليه وسلم باطفالهم فقالوا يا محمد هل على اولادنا هؤلاء من ذنب فقال لا فقالوا والذى يحلف به ما نحن فيه الا كهيئتهم الخ و قريبا منه نقل في اللباب عن ابن ابي حاتم ١٢۔** ۵؎ **قوله** مقدس بتلاتے ہیں **الى قوله** مقدس بتلا دین **كذا في البيضاوي وفيه اصل التزكية نفي ما يستقبح فعلًا او قولًا۔** ۶؎ **قوله قبل ترجمة لا يظلمون** جس کا منشا **فلا يرون الكافر مكلفًا بالاعمال لان هذه لمنشأ عقيدة كفرية ١٢۔** ۷؎ **قوله** تاگے برابر **من الفتل** تافتن **فالفعيل بمعنى المفعول وفي القاموس الحبل وخيط النواة وما يفتل من الوسخ ١٢۔** ۸؎ **قوله بعد ترجمة يفترون** صاف **فلا يرد ان لازم المذهب ليس بمذهب وجه عدم الورود ان هذا في غير البين وهذا لازم بين ١٢۔** ۹؎ **قوله في ترجمة اثما** مجرم ہونا **اختار التطويل رعاية للمحاورة وهو منصوب على التميز ١٢۔** ۱۰؎ **قوله في ترجمة يؤضون** مانتے ہیں **فسروا الايمان ههنا بالتصديق والطاعة والموافقة وما ترجمت به يشمل جميع المفهومات ١٢۔** ۱۱؎ **قوله** صاف **اشار الى كون اللازم بينا يصح الحكم به على من اتصف بالملزوم ولو ثبت ما في روح المعاني بلا ذكر السند ان كعبا سجد للصنمين وامن بهما لما احتيج الٰى هذا التقرير ١٢۔** ۱۲؎ **قوله لعنهم الله** ای ملعون ہونے الخ **اشار الٰى ان اللعن المذكور في الآية هو ما اتصفوا به قبل ان تصدر منهم هذه الكلمة من ارادة هذا القول او اعتقاده او من كفريات اخر كانت تصدر منهم دفنا بعد وقت وجاز ان يراد اللعن بسبب هذه الكلمة لكن لا يشهد به ذوقی ١٢۔**

اللغات: **في القاموس الجبت الصنم وكل ما عبد من دون الله قوله للذين لاجلهم واللام ليست صلة ١٢۔**

البلاغۃ: **من الذين امنوا في روح المعاني وايراد النبي صلى الله عليه وسلم واتباعه بعنوان الايمان ليس من قبل القائلين بل من جهة الله تعالٰى تعريفًا لهم بالوصف بجميل وتخطئة لمن رجح عليهم المتصفين باشنع القبائح ١٢۔**

اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿٥٣﴾ اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿٥٤﴾ فَمِنْهُمْ مَّنْ

www.besturdubooks.net

اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ؕ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿٥٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ؕ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿٥٦﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۡ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿٥٧﴾

ہاں کیا ان کے پاس کوئی حصہ ہے سلطنت کا سوایسی حالت میں تو اور لوگوں کو ذرا سی چیز بھی نہ دیتے یا دوسرے آدمیوں سے ان چیزوں کی وجہ سے جلتے ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل سے عطا فرمائی ہیں۔ سو ہم نے ابراہیم کے خاندان کو کتاب بھی دی ہے اور علم بھی دیا ہے اور ہم نے ان کو بڑی بھاری سلطنت بھی دی ہے سو ان میں سے بعضے تو ان پر ایمان لائے اور بعضے ایسے تھے کہ اس سے روگرداں ہی رہے اور دوزخ کی یہ آتش سوزاں کافی ہے۔ بلاشک جو لوگ ہماری آیات کے منکر ہوئے ہم ان کو عنقریب ایک سخت آگ میں داخل کریں گے۔ جب ایک دفعہ ان کی کھال جل چکے گی تو ہم اس کی پہلی کھال کی جگہ فوراً دوسری کھال پیدا کریں گے تاکہ عذاب ہی بھگتتے رہیں۔ بلاشک اللہ تعالیٰ زبردست ہیں حکمت والے ہیں اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے ہم ان کو عنقریب ایسے باغوں میں داخل کریں گے کہ ان کے نیچے نہریں جاری ہوں گی ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے ان کے واسطے ان میں پاک صاف بیبیاں ہوں گی اور ہم ان کو نہایت گنجان سایہ میں داخل کریں گے ۞

تفسیر ربط: آگے بھی یہود کے بعض قبائح کا ذکر ہے جیسا کہ لباب میں بروایت ابن ابی حاتم حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ اہل کتاب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر بیہودہ اعتراض کیا کہ آپ اپنے کو متواضع فرماتے ہیں حالانکہ آپ کے نکاح میں نو بیبیاں ہیں یہ اچھی خاصی سلطنت ہے فقط۔ اس اعتراض کا بیہودہ ہونا تو ظاہر ہے کیونکہ اول تو نو بیبیوں کا ہونا جو آپ کو باذنِ الٰہی حلال تھیں مستلزم سلطنت کو نہیں اور اگر استلزام کو مان لیا جاوے تو سلطنت منافی تواضع کے نہیں کیونکہ اگر باوجود حکومت کے کوئی متکبر نہ ہو تو کیا محال ہے اور بیہودگی کے ساتھ اصل منشاء اس اعتراض کا حسد تھا اسی واسطے آیت میں اس کی بیہودگی سے تعرض نہیں فرمایا بلکہ ان کا حاسد ہونا اور اس حسد کا دو وجہ عقلی سے قبیح و نامعقول ہونا بیان فرمایا ہے اور قبح شرعی حسد کا تو معلوم ہی ہے۔

تقبیح حسد یہود: اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ (الی قولہ تعالی) وَ اٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ہاں کیا ان کے پاس کوئی حصہ ہے سلطنت کا سو ایسی حالت میں تو اور لوگوں کو ذرا سی چیز بھی نہ دیتے یا دوسرے آدمیوں سے (جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے) ان چیزوں پر جلتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل سے عطا فرمائی ہیں سو (آپ کو ایسی چیز مل جانا کوئی نئی بات نہیں کیونکہ) ہم نے (پہلے سے) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خاندان (والوں) کو کتاب (آسمانی) بھی دی ہے اور علم بھی دیا ہے اور ہم نے ان کو بڑی بھاری سلطنت بھی دی ہے (چنانچہ بنی اسرائیل میں بہت سے انبیاء گزرے بعض انبیاء سلاطین بھی ہوئے جیسے حضرت یوسف و حضرت داؤد و حضرت سلیمانؑ، اور حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہ السلام کا کثیر الازواج ہونا معلوم و مشہور ہے۔ اور یہ سب اولادِ ابراہیم میں ہیں۔ سو جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اولاد ابراہیم سے ہیں تو آپ کو اگر یہ نعمتیں و عطیات مل گئیں تو تعجب کی کیا بات ہے) **ف**: حسد کے نامعقول ہونے کی ایک وجہ تو ذکر حسد کے قبل ہے اور دوسری ذکر حسد کے بعد اور ان کو بطور تشقیق و تردید کے بیان فرمایا حاصل دونوں وجہوں کا یہ ہے کہ حسد کس بات پر ہے اگر اس پر ہے کہ تم صاحب سلطنت ہو کہ تمہاری سلطنت ان کو ملنے لگی تب تو خدا نے تم کو ٹھکانے ہی سے رکھا کہ سلطنت تم کو نہیں ملی ورنہ تم ایک کوڑی بھی کسی کو نہ دیتے اور اگر اس پر ہے کہ گو ہمارے پاس سے ان کے پاس نہیں گئی مگر پھر بھی کیوں ان کو ملی ان کو سلطنت سے کیا علاقہ، تو اس کا جواب یہ دیا کہ علاقہ یہ ہے کہ یہ بھی شاہی خاندان سے ہیں کسی اجنبی جگہ سلطنت نہیں آئی۔ ربط: اوپر یہود کے حسد کا ذکر تھا چونکہ طبعاً جس پر حسد کیا جاوے اس کو رنج بھی ہوتا ہے اس لئے آیت آئندہ میں رسول اللہ ﷺ کو تسلی فرماتے ہیں۔

تسلیہ رسول اللہ ﷺ: فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ؕ وَ كَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا سو (ان انبیاء علیہم السلام کے زمانہ میں بھی جو کہ خاندان ابراہیم علیہ السلام سے گذر چکے ہیں جو لوگ موجود تھے) ان میں سے بعضے تو اس (کتاب و حکمت) پر ایمان لائے اور بعضے ایسے تھے کہ اس سے روگرداں ہی رہے (پس اگر آپ کی رسالت و قرآن پر بھی آپ کے زمانہ کے بعضے لوگ ایمان نہ لاویں کوئی رنج کی بات نہیں) اور (ان کفار و معرضین کو اگر دنیا میں سزا کم بھی ہو یا نہ ہو تو کیا ہوا ان کے لئے آخرت میں دوزخ کی آتش سوزاں (سزائے) کافی ہے۔

ربط: آیت مذکورہ میں خاص مومنین اور غیر مومنین کا ذکر تھا آگے مطلق مومن و غیر مومن کی جزا و سزا بطور قاعدہ کلیہ کے ارشاد فرماتے ہیں۔

سزائے کافر و جزائے مومن: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ؕ (الی قولہ تعالی) وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا بلاشبہ جو لوگ ہماری

www.besturdubooks.net

آیات (واحکام) کے منکر ہوئے ہم ان کو عنقریب ایک سخت آگ میں داخل کریں گے (اور وہاں ان کی برابر یہ حالت رہے گی کہ) جب ایک دفعہ ان کی کھال (آگ سے) جل چکے گی تو ہم اس پہلی کھال کی جگہ فوراً دوسری (تازی) کھال پیدا کر دیں گے تاکہ (ہمیشہ) عذاب ہی بھگتتے رہیں (کیونکہ پہلی کھال میں جلنے کے بعد شبہ ہوسکتا تھا کہ شاید اس میں ادراک نہ رہے اس لئے شبہ قطع کرنے کے لئے یہ سنادیا) بلاشبہ اللہ تعالیٰ زبردست ہیں (کہ وہ ایسی سزا دے سکتے ہیں اور) حکمت والے ہیں (اس کے باوجود اس قدرت کے کہ جلی ہوئی کھال کو تکلیف پہنچا سکتے ہیں پھر بھی کسی حکمت سے بدل دیا جیسا کہ ایک حکمت کا بیان بھی ہوا ہے) اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے ہم ان کو عنقریب ایسے باغوں میں داخل کریں گے کہ ان کے (محلات کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے ان کے واسطے ان (باغوں) میں پاک وصاف بیبیاں ہوں گی اور ہم ان کو نہایت گنجان سایہ (کی جگہ) میں داخل کرینگے۔

ف: یعنی دنیا کے اشجار کا سا سایہ نہ ہوگا کہ خود سایہ کے اندر بھی دھوپ چھنتی ہے وہ بالکل متصل ہوگا۔ اور یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ وہاں آفتاب وغیرہ تو ہوگا نہیں جیسے ارشاد فرمایا ہے لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا پھر سایہ کے کیا معنی کیونکہ سایہ کے لئے مطلق کسی جسم نورانی کا ہونا کافی ہے اور وہاں اس کا ہونا عجیب نہیں۔ رہا یہ شبہ کہ پھر جب گرمی نہیں تو سایہ کا کیا فائدہ یہ محض ضعیف ہے اس لئے کہ فائدہ کا اس میں منحصر کر لینا خود بے دلیل ہے ممکن ہے کہ کسی تیز نور کا لطیف بنانا ہو جیسے ماہتاب پر ابر رقیق آجاتا ہے یا خود اس سایہ کی حقیقت نور ہی ہو جیسا گو ہر شب چراغ کا سایہ۔ یا یوں کہا جاوے کہ نرا سایہ ہی ہو بلا ظلمت جیسے طلوع آفتاب سے ذرا پہلے حالت ہوتی ہے۔ ایک آیت میں اس کو مشہور تفسیر پر ظل سے تعبیر فرمایا ہے اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ اور سایہ کی معرفت دھوپ پر موقوف ہونے سے خود سایہ کے وجود کا توقف دھوپ پر لازم نہیں آتا واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَ اٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا اس میں دلالت ہے کہ کمال باطنی اور سلطنت ظاہری میں کوئی تنافی نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ترجمة ام الاولیٰ بال کیا وام الثانية یا اشار الی کون الاولیٰ منقطعة والثانية متصلة وانظر ما حررت في البقرة في قوله ام تريدون ان تسئلوا الخ ۱۲۔ ۲ قوله سخت آگ افاده التنكير ۱۲۔ ۳ قوله برابر افاده عموم كلما ۱۲۔ ۴ قوله تاکہ ہمیشہ حملاً ليذوقوا على معنى ليدوم ذوقهم ولا ينقطع بقرينة المقام كقولك للعزيز اعزك الله ۱۲۔ ۵ قوله في ترجمة ظلا سایہ کی جگہ میں لان الادخال في الظل هو بالادخال في محل الظل ۱۲۔

اللغات: ام لهم اللام للتمليك كما في قولهم ان له لا بلاد ان له لغنما النقير النقرة التي في ظهر النواة كناية عن القلة لقلتها ولذا ترجمت بالقليل يحسدون الناس اللام للجنس يراد به رسول الله صلى الله عليه وسلم ۱۲۔ صدا عرض نضجت احترقت وتلاشت وتهرت من نضج اللحم الظليل صفة مشتقة من لفظ الظل للتاكيد كما هو عادتهم في نحو يوم اليوم وليل اليل وقال الامام المرزوقي انه مجرد لفظ تابع لما اشتق منه وليس له معنى وضعي بل هو كقولك حسن بسن كذا في الروح ۱۲۔

النحو: اذن لم تعمل لانه قد شرط في اعمالها الصدارة فبالنظر الى العطف وكونها تابعة لغيرها اهملت ولو نظر الى كونها في صدر جملتها اعملت كما قرئ اذا لا يؤتوا الناس ۱۲۔ فمنهم الضمير لمن كان موجودا في زمن انبياء آل ابراهيم عليه السلام من اممهم المدلول عليه بقوله تعالى فقد آتينا آل ابراهيم الخ لان وجود الانبياء يستلزم عادة وجود الامم قوله امن به الضمير للكتاب والحكمة الذين محصلهما الايمان بالنبوة ولعله هو النكتة في تكرير آتيناهم لان الكتاب والحكمة من جنس المؤمن به والملك العظيم ليس من جنسه فافهم۔ قوله سعيرا اه بمعنى مسعورة حال من جهنم الفاعل بزيادة الباء۔ وما ترجمت به هو اخذ بالحاصل ۱۲۔

البلاغة: قدم حال الكفرين لان الكلام فيهم۔ قوله ليذوقوا في الروح التعبير بالذوق للاشعار بمرارة العذاب مع ايلامه او للتنبيه على شدة تاثيره من حيث ان الذائقة اشد الحواس ادراكا قوله ندخلهم ظلا الاد خالان متغايران بالعنوان لا بالذات كما في قوله تعالى ولما جاء امرنا نجينا هودا الى قوله نجيناهم من عذاب غليظ۔

إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا
يَعِظُكُمْ بِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ
ع ۵ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝

www.besturdubooks.net

بے شک اللہ تعالیٰ تم کو اس بات کا حکم دیتے ہیں کہ اہل حقوق کو ان کے حقوق پہنچا دیا کرو اور یہ کہ جب لوگوں کا تصفیہ کیا کرو تو عدل سے تصفیہ کیا کرو۔ بیشک اللہ تعالیٰ جس بات کی تم کو نصیحت کرتے ہیں وہ بات بہت اچھی ہے بیشک اللہ تعالیٰ خوب سنتے ہیں خوب دیکھتے ہیں۔ اے ایمان والو تم اللہ کا کہنا مانو اور رسول کا کہنا مانو اور تم میں جو لوگ اہل حکومت ہیں ان کا بھی پھر اگر کسی امر میں تم باہم اختلاف کرنے لگو تو اس امر کو اللہ اور رسول کے حوالے کر دیا کرو۔ اگر تم اللہ پر اور یوم قیامت پر ایمان رکھتے ہو یہ امور سب بہتر ہیں اور ان کا انجام خوش تر ہے ۝

تفسیر ربط: ذکر قبائح یہود سے پہلے احکام کا بیان جو کہ محل تقویٰ میں چلا آ رہا ہے منجملہ ان احکام کے قسم اول یعنی معاملات باہمی کے ایک حکم یہ ہے کہ حکام محکومین میں عدل و امانت سے کام کریں اور محکومین حکام کے ساتھ امور مشروعہ میں اطاعت سے پیش آویں اور پھر دونوں گروہوں کو اللہ و رسول کے حکم کو اصل سمجھنے کا حکم دیا آگے ان ہی مضامین کا ذکر ہے اور اس کے متصل مذمت منافقین کی اس امر پر مذکور فرمائی کہ وہ اللہ و رسول کے احکام کو دل سے پسند نہیں کرتے یہی مضمون رکوع آئندہ کے ختم تک چلا گیا ہے اور اس ربط کے علاوہ خاص ربط قبائح یہود کے مضمون سے بھی اس طرح ہے کہ یہود کے عوام و خواص یعنی رؤساء دینی و دنیوی کا خائن فی الدین و ہوا پرست ہونا بضمن قبائح اوپر معلوم ہو چکا ہے اور ان میں سے منافقین کی یہی حالت آگے آتی ہے درمیان میں مؤمنین کو اس سے روک کر عدل و اطاعت کا حکم فرماتے ہیں۔

حکم ہشدہم ادائے حقوق محکوم و حاکم مسلم: اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا (الی قولہ تعالی) ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝ (اے اہل حکومت خواہ تھوڑوں پر حکومت ہو خواہ بہتوں پر) بیشک تم کو اللہ تعالیٰ اس بات کا حکم دیتے ہیں کہ اہل حقوق کو ان کے حقوق (جو تمہارے ذمہ ہیں) پہنچا دیا کرو اور (تم کو) یہ (بھی حکم دیتے ہیں) کہ جب (محکوم) لوگوں کا تصفیہ کیا کرو (ایسے حقوق میں جو ان میں باہم ایک دوسرے کے ذمہ ہیں) تو عدل (و انصاف) سے تصفیہ کیا کرو، بیشک اللہ تعالیٰ جس بات کی تم کو نصیحت کرتے ہیں وہ بات بہت اچھی ہے) (دنیا کے اعتبار سے بھی کہ اس میں بقائے حکومت ہے اور آخرت کے اعتبار سے بھی کہ موجب قرب و ثواب ہے) بلاشک اللہ تعالیٰ (تمہارے اقوال کو جو در بارہ امانت و تصفیہ کے تم سے صادر ہوتے ہیں) خوب سنتے ہیں (اور تمہارے افعال کو جو اس باب میں تم سے واقع ہوتے ہیں) خوب دیکھتے ہیں (تو اگر کمی و کوتاہی کرو گے مطلع ہو کر تم کو سزا دیں گے یہ خطاب تو حکام کو ہوا آگے محکومین کو ارشاد ہے کہ) ایمان والو! کہ تم اللہ تعالیٰ کا کہنا مانو اور رسول اللہ (ﷺ) کا کہنا مانو (اور یہ حکم تو تمہارے اور حکام سب کے لئے عام ہے) اور تم (مسلمانوں) میں جو لوگ اہل حکومت ہیں ان کا بھی (کہنا مانو اور یہ حکم خاص ہے تم محکومین کے ساتھ) پھر (اگر ان احکام کا اللہ و رسول کے کہے ہوئے کے خلاف نہ ہونا محکوم و حاکم دونوں کے اتفاق معتبر سے ثابت ہو تو خیر اس میں تو حکام کی اطاعت کرو ہی گے اور) اگر (ان کے احکام میں سے) کسی امر میں تم باہم اختلاف کرنے لگو (کہ یہ اللہ و رسول کے کہے ہوئے کے خلاف ہے یا نہیں) تو (رسول اللہ ﷺ کی حیات میں تو آپ سے پوچھ کر اور بعد آپ کی وفات کے آئمہ مجتہدین و علمائے دین سے رجوع کر کے) اس امر کو (کتاب) اللہ اور (سنت) رسول اللہ (ﷺ) کی طرف حوالہ کر لیا کرو (اور ان حضرات سے جیسا فتویٰ ملے اس پر سب محکوم و حکام عمل کیا کرو) اگر تم اللہ پر اور یوم قیامت پر ایمان رکھتے ہو (کیونکہ اس ایمان کا مقتضا یہی ہے کہ یوم قیامت میں اللہ تعالیٰ کی دار و گیر سے جو کہ مخالفت کرنے پر ہونے والی ہے (ڈریں) یہ امور (جو مذکور ہوئے اطاعت اللہ کی رسول کی اولی الامر کی۔ حوالہ کرنا تنازعات کو کتاب و سنت کی طرف) سب (دنیا میں بھی) بہتر ہیں اور (آخرت میں بھی) ان کا انجام خوش تر ہے (کیونکہ دنیا میں امن و راحت و آخرت میں نجات و سعادت) ف: اس آیت کے سبب نزول میں جو روایت مشہور ہے کہ حضور ﷺ نے فتح مکہ کے روز عثمان بن ابی طلحہ کلید بردار خانہ کعبہ سے کلید کعبہ لی تھی اور حضرت عباسؓ نے درخواست کی کہ یہ اب سے مجھ کو دے دی جاوے اور اس پر آیت نازل ہوئی اور وہ فی لباب عن ابن عباس بروایۃ ابن مردویہ اس دعوے کے منافی نہیں کہ اس کے مخاطب حکام ہیں کیونکہ اولاً الفاظ کے عموم میں وہ خالص سبب بھی داخل ہو سکتا ہے و روی العموم فی الروح عن ابن عباس و ابیّ و ابن مسعود و البراء بن عازب و ابی جعفر و ابی عبداللہ رضی اللہ عنہم اجمعین۔ دوسرے سہل تر یہ ہے کہ اس وقت حضور ﷺ من حیث الحکومت مخاطب ہو سکتے ہیں اور امانات سب حقوق کو شامل ہے اس میں حقوق اللہ بھی آ گئے۔ اسی لئے اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ کا مفہوم اس میں ادا ہو گیا پس یہ شبہ نہ رہا کہ محکومین کو اطاعت اللہ و رسول کا حکم فرمایا اور حکام کو نہیں فرمایا البتہ عنوان امانت کا اختیار کرنے میں یہ لطیفہ معلوم ہوتا ہے کہ حکام چونکہ خود بالا دست ہوتے ہیں اور ان سے اپنے حقوق کا کوئی مطالبہ کرتا نہیں اس لئے احتمال تھا اس میں کوتاہی ہو جانے کا اس عنوان میں اس کی تاکید زیادہ ہو گئی اور کلید کعبہ کو امانت فرمایا اس سے یہ مسئلہ معلوم ہوا کہ ایسے اوقات کا جو شخص برضائے اہل حل و عقد منتظم ہو اور وہ اس کا اہل بھی ہو تو اس سے انتزاع نہ کیا جاوے یعنی متولی صالح کو معزول نہ کیا جاوے اور اتفاق میں معتبر کی قید اس لئے لگائی کہ مطلق اتفاق مدار جواز یا وجوب اطاعت نہیں جب تک کہ قواعد شرعیہ پر منطبق نہ ہو البتہ اگر کسی امر شرعی پر ایک زمانہ کے جمیع اہل حق متفق ہو جاویں اور اجماع ہو جاتا ہے پھر اس کی سند کا نہ ملنا بھی مضر نہیں اور اگر کوئی حدیث اس کے خلاف ہو تو یہ اجماع علامت ہو گا اس حدیث کے منسوخ ہونے کی اور سمجھا جاوے گا کہ اہل اجماع کے پاس ماخذ شرعی تھا مگر ہم تک نہیں پہنچا۔ اور رُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ الخ کی تفسیر میں جو استفتاء کا واسطہ ذکر کیا گیا ہے و دلیل اس کی تنازعتم ہے کیونکہ احکام منصوصہ مشہورہ میں

www.besturdubooks.net

محکومین کا نزاع جب کہ وہ مؤمن بھی ہوں جیسا کہ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اس پر دال ہے حکام کے ساتھ جب کہ وہ بھی مومن ہوں جیسا کہ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اور نیز منکم اس پر دال ہے عادۃً ممتنع ہے اس سے معلوم ہوا کہ وہ احکام جو محل اختلاف بنے ہیں منصوص ومشہور نہیں ہیں تا کہ بلا واسطہ کتاب وسنت کی طرف رجوع کر سکیں پس لامحالہ وہ خفی اور دقیق ہیں جن کا مدلول کتاب وسنت ہونا محل اختلاف ونزاع ہو گیا اس لئے کسی واسطہ کی ضرورت ہوگی جب تک رسول اللہ ﷺ تشریف رکھتے تھے جب تک تو آپ ہی کا واسطہ کافی تھا لیکن بعد آپ کی وفات کے وہ واسطہ، بجز استفتاء کے کیا ہو سکتا ہے۔ پھر جب بعض احکام خفی و دقیق بھی ہیں تو ضرور ان کے مصادیق نصوص ہونے کے لئے فکر واستدلال درکار ہوگا یہی شرع میں قیاس کہلاتا ہے اور ممکن ہے کہ بعض طرق استدلال کے فریقین مختلفین کی فہم سے عالی ہوں کیونکہ ہر حاکم اور ہر محکوم کا قادر علی الاستدلال ہونا یا عالم بالاستدلال ہونا ضروری نہیں چنانچہ مشاہد ہے پھر بجز اسکے کہ فریقین ان علماء کے افتاء کے بعد بے انتظار علم دلیل عمل کر لیں اور کیا صورت ہو سکتی ہے ایسے ہی عمل کو تقلید کہتے ہیں البتہ اگر حاکم خود بھی حسب شرائط معتبرہ قوت قیاس کی رکھتا ہو تو خود اس کا قیاس واجتہاد اس واسطہ کا قائم مقام ہو جاوے گا۔ پس یہ آیت قیاس یا تقلید شرعی کی نفی نہیں کرتی بلکہ حسب تقریر ہذا اثبات کر رہی ہے اور اس تقریر سے یہ بھی معلوم ہو گیا ہوگا کہ اولوالامر کی تفسیر اگر خاص حکام کے ساتھ ہی کی جاوے جیسا متبادر یہی ہے اور علماء کو اس میں داخل نہ کہا جاوے تب بھی دوسرے جزو یعنی فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ میں علماء کے اتباع کا وجوب آ گیا بلکہ حکام کی اطاعت سے بھی زیادہ کیونکہ علماء کو خود حکام کا متبوع بھی قرار دیا پس یہ متبوع المتبوع ہو گئے اور چونکہ حکم آیت کا ہر زمانہ کے لئے عام تھا اس لئے اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ کے ترجمہ میں رسول کے ساتھ لفظ سنت کا اظہار کر دیا کیونکہ بعد وفاتِ نبویؐ یہی ممکن ہے البتہ اس رد کے لئے یہ ضرور نہیں کہ استدلال ہمیشہ ہر زمانہ میں تازہ ہوا کرے بلکہ جو استدلال مدون ہو چکے ہیں ان پر عمل کرنا یہ بھی رد میں داخل ہے پس اس سے اہل اجتہاد کا ہر وقت میں موجود رہنا لازم نہیں آتا اور اتفاق واختلاف میں جو یہ عنوان اختیار کیا گیا ہے اللہ ورسول کے کہے ہوئے کے خلاف ہونا یا نہ ہونا اور سہل عنوان یہ اختیار نہیں کیا کہ اللہ ورسول کے کہے ہوئے کے موافق ہونا یا نہ ہونا وجہ اس کی یہ ہے کہ موافقت سے شبہ ہوتا کہ خدا اور رسول نے بھی اس کا حکم کیا ہو تو اس سے متبادر معنی وجوب کے ہوتے ہیں حالانکہ اطاعت حکام اسلام کی مباحات میں بھی ضروری ہے اس لئے وہ عنوان اختیار کیا کیونکہ مباح پر یہ صادق آتا ہے کہ وہ خلاف نہیں یعنی حرام نہیں اور موافق کہ موہم وجود ہے صادق نہیں آتا۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤى اَهْلِهَا۔ اگر امانت کو عام لے لیا جائے تو آیت میں مشائخ کو بھی امر ہوگا کہ برکات کو ان کے اہل تک پہنچادیں اور جو شخص خلافت ارشادیہ کا اہل ہو اس کو اجازت دیں۔

ملحقات الترجمۃ: ١ قوله قبل ترجمة ان الله يأمركم اے اہل حکومت..... خواہ تھوڑوں پر فدخل فيه الحكمان والحكام والملوك ممن لهم ولاية خاصة او عامة والقرينة على انه خطاب للحكام قوله اذا حكمتم ١٢۔ ٢ قوله فى ترجمة اطيعوا الله یہ حکم..... عام ہے وهو مذكور فيما قبل ايضا لكن بعنوان اداء الامانات ١٢۔

الروایات: ذكر احدى الروايات فى نفس المتن من قصة عثمان بن ابى طلحة والاخرى للآية الاخرىٰ ما روى البخارى وغيره عن ابن عباس قال نزلت هذه الآية فى عبدالله بن حذافة بن قيس اذ بعثه النبى صلى الله عليه وسلم فى سرية اه مختصرًا معناه نزولها فى قصة لا فى اطاعة لانه امر فى حالة الغضب ان يقتحموا النار فبين القرآن انه لا طاعة فى امثال ذلك واخرج ابن جرير انها نزلت فى قصة جرت لعمار بن ياسر مع خالد بن الوليد وكان خالد اميرا فتخاصما فنزلت اه كذا فى اللباب ١٢۔

اللغات: الامانة مصدر سمي به المفعول تعم الحقوق تاويلا من آل يؤل رجع يرجع معناه تاويله بمعنى عاقبته احسن ١٢۔

النحو: قوله نعما ماموصولة فاعل نعم والمخصوص محذوف اى الاداء والعدل قوله واذا حكمتم الظرف متعلق بما بعد ان وهو معطوف على ان تؤدوا والجار متعلق به او بمقدر وقع حالا من فاعله ١٢۔

البلاغۃ: قوله يامركم ذكر فيه الحقوق المتعلقة بذممهم ثم فى قوله ان تحكموا الحقوق التى متعلق بذمم غيرهم وقوله نعما ذكره ترغيبا كما فى الآية التى تليه ذكر خير واحسن تاويلا فلذلك لم ادخل فى اشارة ذلك اداء الامانات۔ قوله اطيعوا الله واطيعوا الرسول فى الروح اعاد الفعل وان كانت طاعة الرسول مقترنة بطاعة الله تعالىٰ اعتناءً بشانه عليه الصلوٰة والسلام وقطعًا لتوهم انه لا يجب امتثال ما ليس فى القرآن وايذانا بان له صلى الله عليه وسلم استقلالا بالطاعة لم يثبت لغيره ومن ثم لم يعد فى اولى الامر ١٢۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ یَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَاۤ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ یُرِیْدُوْنَ اَنْ

www.besturdubooks.net

يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَ قَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ۝۶۰ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَ اِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ۝۶۱ فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۖ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا وَّ تَوْفِيْقًا ۝۶۲ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَ عِظْهُمْ وَ قُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًۢا بَلِيْغًا ۝۶۳

کیا آپ نے ان لوگوں کونہیں دیکھا جو دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو آپ کی طرف نازل کی گئی اور اس کتاب پر بھی جو آپ سے پہلے نازل کی گئی اپنے مقدمے شیطان کے پاس لے جانا چاہتے ہیں حالانکہ ان کو یہ حکم ہوا ہے کہ اس کو نہ مانیں اور شیطان ان کو بھٹکا کر بہت دور لے جانا چاہتا ہے اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ آؤ اس حکم کی طرف جو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے اور رسول کی طرف تو آپ منافقوں کی یہ حالت دیکھیں گے کہ آپ سے پہلو تہی کرتے ہیں پھر کسی جان پر بنتی ہے جب ان پر کوئی مصیبت پڑتی ہے ان کی اس حرکت کی بدولت جو کچھ وہ پہلے کر چکے تھے پھر آپ کے پاس آتے ہیں اللہ کی قسمیں کھاتے ہوئے کہ ہمارا اور کچھ مقصود نہ تھا سوا اس کے کہ کوئی بھلائی نکل آئے اور باہم موافقت ہو جائے یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے جو کچھ ان کے دلوں میں ہے سو آپ ان سے تغافل کر جایا کیجئے اور ان کی نصیحت فرماتے رہئے اور ان سے خاص ان کی ذات کے متعلق کافی مضمون کہہ دیجئے ۝

تفسیر: لربط: اوپر کی آیت میں اپنے جمیع معاملات کو اللہ ورسول کے احکام کی طرف رجوع کرنے کا حکم تھا آگے غیر شریعت کی طرف رجوع کرنے کی مذمت ہے اور اس میں منافقین کی تفضیح ہے کہ وہ ایسا کیا کرتے تھے۔

ذم رجوع بسوئے غیر حکم شریعت: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ (الی قولہ تعالی) وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًۢا بَلِيْغًا (ان آیتوں میں ایک قصہ کی طرف اشارہ ہے کہ ایک شخص تھا منافق بشر اس کا نام تھا اس کا کسی یہودی سے جھگڑا ہوا یہودی نے کہا چل محمد (ﷺ) کے پاس ان سے فیصلہ کرا دیں منافق نے کہا کہ کعب بن اشرف کے پاس چل یہ یہود کا ایک سردار تھا ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس معاملہ میں یہودی حق پر ہوگا اس نے جانا کہ رسول اللہ ﷺ کسی کی رعایت نہ فرماویں گے وہاں حق فیصلہ ہوگا گو میں آپ سے مذہبی مخالفت رکھتا ہوں منافق چونکہ باطل پر تھا اس نے سمجھا رسول اللہ ﷺ کے یہاں تو میری بات چلے گی نہیں گو میں ظاہراً مسلمان ہوں مگر کعب بن اشرف خود کوئی حق پرست نہیں وہاں میرا مقدمہ سرسبز ہو جاوے گا پھر آخر دونوں رسول اللہ ﷺ ہی کے پاس مقدمہ لے گئے آپ نے یہودی کو غالب کیا وہ منافق راضی نہ ہوا اس یہودی سے کہا کہ چلو حضرت عمرؓ کے پاس غالباً وہ یہ سمجھا ہوگا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کفار پر خوب سخت ہیں اس یہودی پر سختی فرماویں گے یہودی کو اطمینان تھا کہ گو سخت ہیں مگر وہ سختی حق پرستی ہی کی وجہ سے تو ہے جب میں حق پر ہوں تو مجھ کو ہی غالب رکھیں گے اس لئے اس نے انکار نہیں کیا جب وہاں پہنچے تو یہودی نے سارا قصہ بیان کر دیا کہ یہ مقدمہ رسول اللہ ﷺ کے اجلاس سے فیصل ہو چکا ہے مگر یہ شخص (یعنی منافق) اس پر راضی نہیں ہوا آپ نے اس منافق سے پوچھا کیا یہی بات ہے اس نے کہا ہاں حضرت عمرؓ نے فرمایا اچھا ٹھہرو آتا ہوں اور گھر سے ایک تلوار لے کر آئے اور منافق کا کام تمام کیا اور کہا جو شخص رسول اللہ ﷺ کے فیصلہ پر راضی نہ ہو اس کا یہ فیصلہ ہے اور دہ فی الروح برواية الثعلبی وابن ابی حاتم عن ابن عباسؓ اور عامہ مفسرین نے یہ بھی لکھا ہے کہ پھر اس منافق مقتول کے ورثاء نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر دعویٰ کیا اور اس منافق کے کفر قولی وفعلی کی تاویل کی۔ اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں اصل حقیقت ظاہر فرما دی، اور لباب میں ابن ابی حاتم وطبرانی وابن جریر کی روایات ابن عباس وشعبی سے جن میں تین قصے کاہنوں کے پاس مقدمات لے جانے کے مذکور ہیں نقل کی ہیں سب کا وقوع ممکن ہے اور سب قصوں میں مصیبت کے وقت ایسے ہی عذر کرنا ہوسکتا ہے اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا پس بطور تعجب کے ارشاد فرماتے ہیں کہ اے محمد ﷺ) کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو (زبان سے تو) دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ (یعنی ہم) اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو آپ کی طرف نازل کی گئی (یعنی قرآن) اور اس کتاب پر بھی جو آپ سے پہلے نازل کی گئی (یعنی تورات کیونکہ اس میں منافقین کا بیان ہے اور اکثر منافقین یہود میں سے تھے مطلب یہ کہ زبان سے دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم جس طرح تورات کو مانتے ہیں اسی طرح قرآن کو بھی مانتے ہیں یعنی اسلام کے مدعی ہیں پھر اس پر حالت یہ ہے کہ) اپنے مقدمے شیطان کے پاس لے جانا چاہتے ہیں (کیونکہ غیر شرع کی طرف مقدمہ لے جانے کے لئے شیطان سکھلاتا ہے پس اس پر عمل کرنا ایسا ہے جیسے شیطان ہی کے پاس مقدمہ لے گئے) حالانکہ (اس سے دو امر مانع موجود ہیں ایک یہ کہ) ان کو (شریعت کی جانب سے) یہ حکم ہوا ہے کہ اس (شیطان) کو

www.besturdubooks.net

نہ مانیں (یعنی اعتقاداً وعملاً اس کی مخالفت کریں) اور (دوسرا مانع یہ کہ) شیطان (ان کا ایسا دشمن اور بدخواہ ہے کہ) ان کو (راہِ حق سے) بھٹکا کر بہت دور لے جانا چاہتا ہے (پس باوجود ان دونوں امروں کے جن کا مقتضا یہ ہے کہ شیطان کے کہنے پر عمل نہ کریں پھر بھی اس کی موافقت کرتے ہیں) اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ آ ؤ اس حکم کی طرف جو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے اور (آ ؤ) رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف (کہ آپ اس حکم کے موافق فیصلہ فرمادیں) تو آپ (اس وقت) منافقین کی یہ حالت دیکھیں گے کہ آپ (کے پاس آنے) سے پہلوتہی کرتے ہیں۔ پھر کیسی جان کو بنتی ہے جب ان پر مصیبت پڑتی ہے ان کی اس حرکت کی بدولت جو کچھ وہ (اس مصیبت سے) پہلے کر چکے تھے (مراد اس حرکت سے شرع کو چھوڑ کر دوسری جگہ مقدمہ لے جانا اور مصیبت سے مراد جیسے قتل یا خیانت و نفاق کا کھل جانا اور باز پرس ہونا یعنی اس وقت سوچ پڑتی ہے کہ اس حرکت کی کیا تاویل کریں جس میں پھر سرخرو رہیں) پھر (تاویل سوچ کر) آپ کے پاس آتے ہیں خدا کی قسم کھاتے ہوئے کہ (ہم جو دوسری جگہ چلے گئے تھے) ہمارا اور کچھ مقصود نہ تھا سوا اس کے کہ (معاملہ کے دونوں فریق کی) کوئی بھلائی کی (صورت) نکل آوے اور (ان میں) باہم موافقت (ومصالحت) ہوجاوے (مطلب یہ کہ قانون تو شرع ہی کا حق ہے ہم دوسری جگہ شرع کو ناحق سمجھ کر نہیں گئے تھے لیکن یہ بات ہے کہ قانونی فیصلہ میں تو صاحبِ حق کو حاکم رعایت کرنے کے لئے نہیں کہہ سکتا اور باہمی فیصلہ میں اکثر رعایت کرادی جاتی ہے یہ وجہ تھی ہمارے دوسری جگہ جانے کی اور قصہ قتل میں یہ تاویل اس مقتول کے فعل کی ہوگی جس سے مقصود اپنی براءت یا حضرت عمرؓ پر دعویٰ قتل بھی ہوگا اللہ تعالیٰ ان کی اس تاویل کی تکذیب فرماتے ہیں کہ) یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے جو کچھ (نفاق وکفر) ان کے دلوں میں ہے (کہ اس کفر ونفاق وعدم رضا بحکم شرع ہی کی وجہ سے یہ لوگ دوسری جگہ جاتے ہیں اور وقت معین پر اس کی سزا بھی پالیں گے) سو (مصلحت یہی ہے کہ) آپ (علم خداوندی ومواخذۂ خداوندی پر اکتفا فرما کر) ان سے تغافل کر جایا کیجئے (یعنی کچھ مواخذہ نہ فرمایئے) اور (ویسے اپنے منصب رسالت کے اقتضا سے) ان کو نصیحت فرماتے رہئے (کہ ان حرکتوں کو چھوڑ دو) اور ان سے خاص ان کی ذات (کی اصلاح) کے متعلق کافی مضمون کہہ دیجئے (تاکہ ان پر حجت الٰہی قائم اور تمام ہوجاوے پھر نہ مانیں وہ جانیں)

ف: اس تغافل کے مصلحت ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ان کا کفر مشہور تو تھا نہیں اگر ان کے ساتھ مثل کفار ومجاہدین کے معاملہ جہاد کا ہوتا تو دور والوں کو ان کی خفیہ شرارتوں کی تو خبر پہنچتی نہیں اور قتل وغارت مشہور ہی ہوتا تو اسلام سے لوگوں کو ایک گونہ توحش ہوتا کہ اسلام میں نہایت ہی تجبر وبدنظمی ہے اس توحش سے اسلام کی ترقی رک جاتی ایک حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ: دعه فان الناس يتحدثون ان محمدا يقتل اصحابه او كما قال۔ اس مصلحت کی طرف مشیر ہے واللہ اعلم۔ البتہ چونکہ اس منافق کا قتل حضرت عمرؓ کے ہاتھ سے واقع ہو چکا تھا اور واقع میں وہ محترم النفس نہ تھا اس لئے وہ خون ہدر ہوگیا اس پر کوئی قصاص یا دیت واجب نہیں کی گئی چنانچہ اس قتل پر ضمان کا ہونا کسی روایت میں منقول نہیں اور اگر وسوسہ ہو کہ اس میں بھی اسلام کی بدنامی اور اس سے توحش کا احتمال ہوسکتا ہے اس کا قطعی جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اختیار ہے کہ کسی قاعدۂ عامہ میں کسی خاص واقعہ کو مخصوص کردیں اور اس قاعدہ کے متعلق جو حکمت تھی اس سے زیادہ اس تخصیص میں حکمت رکھ دیں چنانچہ خاص اس مقام پر یہ کہہ سکتے ہیں کہ چونکہ منافق ظاہر میں مسلمان تھا اور اس کا معاملہ تھا ایک مجاہر کافر کے ساتھ اور اس معاملہ میں اس منافق کو یہ سزا دی گئی اور خون اس کا ہدر ہوا تو وہ یہودی اس قصہ کو اپنے ہم مشربوں میں بیان کرے گا تو اہل عقل وانصاف اسلام کی حق پرستی کی اعلیٰ درجہ کی داد دے سکتے ہیں کہ غیر قوموں کے مقابلہ میں بھی اپنی قوم کو امرِ حق قبول کرنے پر ایسا مجبور کرتے ہیں کہ نہ ماننے پر ان کی جان کی بھی رعایت نہیں کرتے واللہ اعلم باسرارہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله في** ترجمة الم تر اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم لم يجعل الخطاب عاماً بقرينة كون الخطاب الرسول خاصة فيما بعد۱۲۔ ۲؎ **قوله في** ترجمة يزعمون دعویٰ اشار الى ان المراد ههنا مجرد الا دعاء وقد يستعمل فى مطلق القول حقا او باطلا كما فى القاموس۱۲۔ ۳؎ **قوله في** يريدون حالت یہ ہے اشار الٰى انه حال من ضمير يزعمون ۱۲۔ ۴؎ **قوله في** امروا ويريد حالانکہ اشار الٰى كون المتعاطفين حالين۱۲۔ ۵؎ **قوله في** يكفروا اعتقاداً الخ بان يعتقدوه باطلا ولا يوافقوه۱۲۔ ۶؎ **قوله في** قيل کہا جاتا ہے اشارة الى ان اذا لمطلق الظرفية لا للاستقبال لان القصة قد كانت وقعت۱۲۔ ۷؎ **قوله في** رايت اس وقت اشار الٰى كونه عاملا فى اذا۔ ۸؎ **قوله في** يحلفون کھاتے ہوئے اشار الٰى كون يحلفون حالا۱۲۔ ۹؎ **قوله في** توفيقا مصالحت عطف تفسيرى وكذا توفيقاً لقوله احسانا۱۲۔ ۱۰؎ **قوله في** اخر توضيح توفيقا جس سے مقصود اپنی براءت ولكونه هو المقصود الاصلى لا يتوقف التفسير على ثبوت دعوى المنافقين القصاص فانه لم ار له سنداً۱۲۔ ۱۱؎ **قوله في** يعلم سزا بھی الخ اكثر ما يكون فى القرآن ان اثبات العلم كناية عن العقاب وبهذا ظهر وجه الفاء فى قوله فاعرض۱۲۔ ۱۲؎ **قوله في** بليغ کافی اشار ان البليغ ما يطابق مدلوله المقصود به۱۲۔ ۱۳؎ **قوله في** ف خاص اس مقام پر اشار بزيادة لفظ خاص الى ان فى غيرها من الحكمة كما روى ابو داؤد من قتل اعمى جارية له تسب رسول الله صلى الله عليه وسلم ولعل الحكمة فيه

www.besturdubooks.net

ان لا یسقط مھابۃ الاسلام من اعین المخالفین وان لا یجترء وا علی مثل ذلک کما انہ ھو القانون فی اکثر الحکومات ان شتم الملک یعد جرما ۱۲۔

الروایات: ذکرت فی المتن واحد الاقوال فی الایۃ نزولھا فی غزوۃ مر یسیع حین نزلت سورۃ المنافقین فیکون قولھم ان اردنا الخ ما اردنا بالکلام بین الفریقین المتنازعین فی تلک الغزوۃ الا الخیر والمصیبۃ ما اصابھم من الذل والخزی ۱۲۔

اللغات: الصد لازم ومتعد کما فی القاموس ۱۲۔

النحو: ثم جاء وک عطف علی اصابتھم ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ یریدون لم یقل یتحاکمون اشارۃ الی ان ھذا الامر یعنی التحاکم قبیح بحیث لا یجوز ارادتہ فضلا عن التحاکم نفسہ قولہ ضلالا وصدودا مصدران للتاکید قولہ رأیت المنفقین فیہ وضع المظہر موضع المضمر لان الکلام فی المنافقین فکان الظاہر رأیتھم قولہ عنک الظاہر عنھما اشار الی ان الصد عن الرسول ھو عین الصد عن اللہ ۱۲۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ
وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝۶۴ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ
ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝۶۵ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ
اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ
خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ۝۶۶ وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝۶۷ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝۶۸
وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ
وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۝۶۹

اور ہم نے تمام پیغمبروں کو خاص اسی واسطے مبعوث فرمایا ہے کہ بحکم خداوندی ان کی اطاعت کی جائے اور اگر جس وقت اپنا نقصان کر بیٹھے تھے اس وقت آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے' پھر اللہ تعالیٰ سے معافی چاہتے اور رسول بھی ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے معافی چاہتے تو ضرور اللہ تعالیٰ کو توبہ کا قبول کرنے والا اور رحمت کرنے والا پاتے۔ پھر قسم ہے آپ کے رب کی یہ لوگ ایماندار نہ ہوں گے جب تک یہ بات نہ ہو کہ ان کے آپس میں جو جھگڑا واقع ہو اس میں یہ لوگ آپ سے تصفیہ کرائیں گے پھر اس آپ کے تصفیہ سے اپنے دلوں میں تنگی نہ پاویں اور پورا پورا تسلیم کرلیں اور ہم اگر لوگوں پر یہ بات فرض کر دیتے کہ تم خودکشی کیا کرو یا اپنے وطن سے بے وطن ہو جایا کرو تو بجز معدودے چند لوگوں کے اس حکم کو کوئی بھی بجا نہ لاتا اور اگر یہ لوگ جو کچھ ان کو نصیحت کی جاتی ہے اس پر عمل کیا کرتے تو ان کے لئے بہتر ہوتا اور ایمان کو زیادہ پختہ کرنے والا ہوتا اور اس حالت میں ہم ان کو خاص اپنے پاس سے اجر عظیم عنایت فرماتے اور ہم ان کو سیدھا راستہ بتلا دیتے اور جو شخص اللہ اور رسول کا کہنا مان لے گا تو ایسے اشخاص بھی ان حضرات کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ہے یعنی انبیاء اور صدیقین اور شہداء اور صلحاء اور یہ حضرات بہت اچھے رفیق ہیں۔

تفسیر ربط: اوپر منافقین کے عذر نامعقول کا غلط ہونا بیان فرمایا ہے آگے ارشاد فرماتے ہیں کہ بجائے اس تاویل باطل کے اگر استغفار اور ندامت بشرائط اختیار کرتے تو البتہ اس جرم کی تلافی ہو جاتی۔

تخطیہ منافقین در استغفار: وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ (الی قولہ تعالی) لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا اور ہم نے تمام پیغمبروں کو خاص اسی واسطے مبعوث فرمایا ہے کہ بحکم خداوندی (جو کہ اطاعت رسل کے باب میں فرمایا ہے ان کی اطاعت کی جاوے (پاس اول تو ان لوگوں کو شروع ہی سے اطاعت کرنا واجب تھی) اور اگر (خیر شامت نفس سے حماقت ہی ہو گئی تھی تو) جس وقت (یہ گناہ کر کے) اپنا نقصان کر بیٹھے تھے اس وقت (ندامت کے ساتھ) آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے پھر (حاضر ہو کر) اللہ تعالیٰ سے (اپنے اس گناہ کی) معافی چاہتے اور رسول اللہ ﷺ یعنی آپ بھی ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے معافی چاہتے تو ضرور اللہ تعالیٰ کو توبہ کا قبول کرنے والا (اور) رحمت کرنے والا پاتے (یعنی اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے توبہ قبول فرما لیتے) **ف:** یہ مطلب نہیں کہ منافق رہ کر توبہ کر لینا کافی تھا کیونکہ خود قبول توبہ کے شرائط میں سے ایمان ہے۔ پس خلاصہ یہ ہوا کہ نفاق چھوڑ کر ایمان لے آتے چونکہ استغفار موقوف تھا ایمان

www.besturdubooks.net

پر اس لئے ان کا ذکر اس کو مستلزم ہوگیا اس کی تصریح کی حاجت نہیں ہے۔ تقدیر کلام یہ ہے کہ ثم جاء وك فآمنوا و استغفروا پس ایک شرط تو اس قبول توبہ کی یہ ہے اور دو شرطیں اور بھی آیت میں مذکور ہیں ایک تو حاضری خدمت نبویؐ دوسرے آپ کا بھی استغفار فرمانا حالانکہ ظاہراً توبہ کرنے کے یا مسلمان ہونے کیلئے صرف بندہ کا عرض معروض کرلینا کافی ہے۔ سو شرط اول کی وجہ چند ہیں۔ ایک تو یہ کہ ایمان کا اظہار بھی ضروری ہے اور جو شخص آپ سے مکاناً قریب ہو اس کے اظہار کا عادۃً اس وقت یہی طریق تھا کہ حضور ﷺ کی خدمت میں آ کر مسلمان ہوا جاوے۔ دوسرے توبہ بحسب معصیت ہوتی ہے تدارک میں بھی جو امر کہ قابل تدارک ہو اور اعلان کی ضرورت وعدم ضرورت میں بھی چنانچہ ترک نماز سے توبہ کیلئے ضرور ہے کہ نمازیں قضاء کرے اور عاصی معلن کیلئے توبہ کا اعلان ضرور ہے۔ چونکہ یہ گناہ غیر حاضری کا تھا اس لئے تدارک حاضری سے ہوگا اور جیسا اس کی اطلاع سب کو ہوئی تھی اس توبہ کا بھی اظہار ضرور ہے جس کا طریقہ اس وقت آپ کی خدمت میں حاضری تھی۔ تیسرے غیر حاضری سے آپ کے قلب مبارک کو تاذی ہوئی تھی اور ایذائے رسول کفر ہے حاضری سے تطییب ہوگی اور دوسری شرط کی وجہ ایک یہ ہوسکتی ہے کہ آپ کا استغفار ناشی ہوگا انشراح وطیب قلب سے اور اس کی ضرورت اوپر مذکور ہو چکی۔ دوسرے اس سے ان تائبین کی توفیق صمیم قلب سے توبہ کرنے کی بڑھ جاوے گی اور توبہ کا صمیم قلب سے ہونا ضرور ہے۔ پس اصل شرائط مقصودہ یہ امور ہیں۔ ایمان، تدارک امور قابلہ، تدارک مثل ادائے حقوق عباد نو مسلم کو بھی۔ اعلان در محل، اعلان، اخلاص، ندامت اور امور مدلولہ آیت ان امور مقصودہ کے لئے طرق تھے اور اصل سوال کے جواب میں یہ بھی کہنا ممکن ہے کہ ان امور کا شرائط توبہ بتلانا مقصود نہیں بلکہ مکمل توبہ کہنا مقصود ہے یعنی اس طریق سے توبہ کریں تو خوب کامل ہو پس یہ نفس توبہ کا طریق نہیں بلکہ کمال توبہ کا ہے۔ ربط: اوپر شریعت کی طرف رجوع کرنے کو واجب اور غیر شریعت کی طرف رجوع کرنے کو حرام فرمایا تھا آگے فرماتے ہیں کہ شریعت کی طرف محض ظاہراً رجوع کرنا کافی نہیں بلکہ باطناً بھی اس پر راضی ہونا ضرور ہے اور تسلیم کامل شرط ایمان ہے۔

وجوب تسلیم حکم شرع ظاہراً و باطناً: فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ (الی قولہ تعالی) وَ يُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا پھر قسم ہے آپ کے رب کی یہ لوگ (جو صرف زبانی ایمان ظاہر کرتے پھرتے ہیں عند اللہ) ایمان دار نہ ہوں گے جب تک یہ بات نہ ہو کہ ان کے آپس میں جو جھگڑا واقع ہو اس میں یہ لوگ آپ سے (اور آپ نہ ہوں تو آپ کی شریعت سے) تصفیہ کرادیں پھر (جب آپ تصفیہ کردیں تو) اس آپ کے تصفیہ سے اپنے دلوں میں (انکار کی) تنگی نہ پاویں اور (اس فیصلہ کو) پورا پورا (ظاہر سے باطن سے) تسلیم کرلیں۔ ف: اگر یہ شبہ ہو کہ آپ تو حاکم ہی تھے پھر کسی کے حکم بنانے کے کیا معنی۔ جواب یہ ہے کہ میں نے جو ترجمہ کیا ہے اس میں اس کی گنجائش نہیں رہی کیونکہ تحکیم اصطلاحی شرعی مراد نہیں بلکہ تحکیم حسی یعنی مقدمہ لانا مراد ہے اور یہ امر ان ہی کے فعل پر موقوف ہے اور اگر یہ شبہ ہو کہ ظاہر آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص دوسرے قانون کی طرف اس کو باطل سمجھ کر رجوع کرتے ہیں وہ مسلمان نہیں حالانکہ حرام کا مرتکب جب کہ اعتقاد حلت نہ رکھتا ہو مومن ہے گو فاسق ہو اسی طرح اگر کسی کے دل میں شرعی فیصلہ سے تنگی پیدا ہو مگر اس فیصلہ کو حق سمجھے وہ بھی مسلمان نہ ہونا چاہئے حالانکہ تنگی پر انسان کا اختیار نہیں اور غیر اختیارات کا مکلف نہیں اسی طرح اگر اس فیصلہ پر کوئی عمل نہ کرے تو یہ بھی عدم تسلیم ہے تو وہ بھی مسلمان نہ رہے حالانکہ ترکِ عمل سے ایمان نہیں جاتا۔ ان شبہات کا جواب یہ ہے کہ تحکیم اور عدم جرح اور تسلیم کے مراتب تین ہیں اعتقاد سے اور زبان سے اور عمل سے اعتقاد سے یہ کہ قانونِ شریعت کو حق اور موضوع للتحکیم جانتا ہے اور اس میں مرتبہ عقل میں ضیق نہیں اور اسی مرتبہ میں اس کو تسلیم کرتا ہے اور زبان سے یہ کہ ان امور کا اقرار کرتا ہے کہ حق اسی طرح ہے اور عمل سے یہ کہ مقدمہ لے بھی جاتا ہے اور طبعی ضیق بھی نہیں اور اس فیصلہ کے موافق کارروائی بھی کرلی سو اول مرتبہ تصدیق وایمان کا ہے اس کا نہ ہونا عند اللہ کفر ہے اور منافقین میں خود اس کی کمی تھی چنانچہ تنگی کے ساتھ لفظ انکار اسی کی توضیح کے لئے ظاہر کردیا ہے اور دوسرا مرتبہ اقرار کا ہے اس کا نہ ہونا عند الناس کفر ہے۔ تیسرا مرتبہ تقویٰ واصلاح کا ہے اس کا نہ ہونا فسق ہے اور طبع تنگی معاف ہے پس آیت میں بقرینہ ذکر منافقین مرتبہ اولیٰ مراد ہے اب کوئی اشکال نہیں۔ ربط: اوپر کامل اطاعت کا وجوب ذکر فرمایا ہے آگے اس کا خیر ونافع ہونا اس درجہ کی اطاعت کرنے والوں کا قلیل ہونا مذکور فرماتے ہیں۔

فضیلت اطاعتِ کاملہ و تقلیل اہل آں: وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ (الی قولہ تعالی) وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۞ اور ہم اگر لوگوں پر یہ بات (بطور احکام مقصود کے) فرض کردیتے کہ تم خودکشی کیا کرو یا اپنے وطن سے بے وطن ہوجایا کرو تو بجز معدودے چند لوگوں کے (جو مومن کامل ہوتے) اس حکم کو کوئی بھی نہ بجالاتا، (اس سے ثابت ہوا کہ کمال اطاعت کرنے والے کم ہوتے ہیں) اور اگر یہ (منافق) لوگ جو کچھ ان کو (اطاعت رسول بجان ودل کی) نصیحت کی جاتی ہے اس پر عمل کیا کرتے تو ان کے لئے (دنیا میں تو بوجہ استحقاق ثواب کے) بہتر ہوتا اور (نیز باعتبار تکمیل دین کے ان کے) ایمان کو زیادہ پختہ کرنے والا ہوتا (کیونکہ تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ دین کا کام کرنے سے خود باطنی کیفیت اعتقاد ویقین کو ترقی ہوتی ہے) اور اس حالت میں (جب کہ عمل سے خیریت وتثبیت دین حاصل ہوجاتی تو آخرت میں) ہم ان کو خاص اپنے پاس سے اجر عظیم عنایت فرماتے اور ہم ان کو (جنت کا) سیدھا راستہ بتلا دیتے (کہ بے روک ٹوک جنت میں جا داخل ہوں جو کہ اجر عظیم ملنے کا مقام ہے۔) ف: اس معدودے چند میں تمام صحابہ ومومنین کاملین داخل ہیں

www.besturdubooks.net

جو کہ بمقابلہ کفار و فجار کی تعداد کے قلیل ہیں اور یہ مطلب نہیں کہ اس وقت کے مؤمنین میں ایسے لوگ دو چار ہوتے اسی لئے علیہم کی ضمیر کا مرجع مطلق ناس کو قرار دیا ہے نہ تو صحابہ کو کہ بلا دلیل ہے اور نہ منافقین کو کہ خلاف دلیل ہے کیونکہ ان میں تو ایسا ایک بھی نہ تھا جو اقل قلیل ہے اور جب اس میں صحابہ و مؤمنین سب داخل ہیں تو اب بنی اسرائیل کا افضل ہونا اس امت سے لازم نہیں آیا کہ ان میں ستر ہزار کا مقتول ہونا سیر میں منقول ہے اور یہ جو قید لگائی ہے کہ بطور احکام مقصودہ کے وجہ اس کی یہ ہے کہ جہاد و ہجرت جن میں قتل و خروج ہے اب بھی مشروع ہوا ہے لیکن حکم مقصود اعلائے کلمۃ اللہ وصون الاسلام عن اعداء اللہ ہے حتیٰ کہ اگر یہ علو وصون حاصل ہو جاوے پھر ہجرت و جہاد ختم ہو جاتا ہے اور یہ مضمون قتل نفس کا بطور جملہ معترضہ کے ہے واسطے افادہ تقلیل مخلصین کے جس سے ایک گونہ تسلی بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہوگئی کہ منافقین کی حالت پر غمزدہ نہ ہوں اور اس مضمون کے سیاق و سباق میں منافقین کا تذکرہ ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في ظلموا یہ گناہ لان الكلام في المعصية الخاصة التي هي تحاكمهم الى غير الرسول الله صلى الله عليه وسلم۱۲۔ ۲؎ قوله في فاستغفروا پھر حمله على التعقيب لا في البت كون المجنى شرطًا ولا بد من تقدم الشرط۱۲۔ ۳؎ قوله في فلا پھر عندى هذا التعقيب ذكرى اى سمعت امرا فاسمع آخر في القاموس وتفيد اى الفاء الترتيب وهو نوعان معنوى كقام يد فعمرو وذكرى وهو عطف مفصل على مجمل نحو فازلهما الشيطان عنها فاخرجهما مما كانا فيه اه فكذا ههنا ذكر تقبيح عدم التحكيم فيما قبل مجملًا وفي هذه الآية مفصلًا۱۲۔ ۴؎ قوله في يحكموك آپ نہ ہوں الخ اشار الى ان المقصود يحكموا شريعتك۱۲۔ ۵؎ قوله في ثم لا يجدوا جب آپ تصفیہ الخ اشارة الى انه معطوف على مقدر ينساق اليه الكلام اى فتحكم بينهم ثم لا يجدوا كذا في الروح۱۲۔ ۶؎ قوله في تسليمًا پورا پورا افاده التاكيد بالمفعول المطلق وقوله ظاہر سے الخ بيان له۱۲۔ ۷؎ قوله في اشد تثبيتا کیونکہ تجربہ سے هذا التفسير اخذته من البيضاوى والعصام۱۲۔ ۸؎ قوله في صراطا جنت كذا في الروح۱۲۔

الروایات: في اللباب عن الائمة الستة نزولها في قصة الزبير ورجل من الانصار خاصما في شراج من الحرة۔ وفيه قال الزبير فما احسب هذه الآيات الا نزلت في ذلك فلا وربك الخ وفيه اخرج ابن ابى حاتم وابن مردويه عن الاسود قال اختصم رجلان الى النبى صلى الله عليه وسلم فقضٰى بينهما وسرد مثل ما مضٰى من قصة بشر المنافق وقتل عمر اياه فانزل الله تعالٰى وربك الخ قلت والرواية الثانية او فق بالمقام والاولٰى ليست نصًا في كونها سبب النزول ففيها فما احسب هذه الآيات من غير جزم۱۲۔ في اللباب اخرج ابن جرير عن السدى قال لما نزلت ولو انا كتبنا افتخر ثابت بن قيس بن شماس ورجل من اليهود فقال اليهودى والله لقد كتب الله علينا انفسكم ان اقتلوا انفسكم فقتلنا انفسنا فقال ثابت والله لو كتب الله علينا لقتلنا انفسنا فانزل الله ولو انهم فعلوا الخ في اللباب اخرج الطبرانى وابن مردويه عن عائشة عن رجل واخرج ابن ابى حاتم عن مسروق عن اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم وعن عكرمة عن فتى ما معناه المشترك قالوا للنبى صلى الله عليه وسلم كيف نراك في الجنة وكيف نصبر ان لم نرك فنزلت (اى ومن يطع الله الخ)۱۲۔

اختلاف القراءۃ: في قراءة الا قليلا بالنصب على الاستثناء۱۲۔

اللغات: في القاموس شجر بينهم الامر شجورا تنازعوا فيه اه فالمراد بما الامر وضمير شجر راجع اليه وبين صلة له شجر اختلط فان في التنازع يختلط الامر ويختلف بين المتنازعين۱۲۔

النحو: لا مزيدة لتاكيد القسم وقيل مزيدة لمظاهرة لا في لا يؤمنون۱۲۔ قوله ما فعلوه اى المكتوب المدلول عليه بقوله انا كتبنا۔ قوله اذا في الروح مقحمة۔ للدلالة على ان هذا الجزاء الاخير بعد ترتب التالى السابق على المقدم(۱) قوله فاولئك جمع باعتبار المعنى رفيقا حال او تميز استوى فيه الواحد والجمع۱۲۔

البلاغۃ: استغفرلهم الرسول في العدول عن استغفرت كما هو مقتضى الظاهر فخامة لشانه ﷺ كما هو ظاهر۱۲۔ وربك فيه من فخامة شان الرسول ﷺ ما لا يخفٰى۱۲۔ قوله النبيين لم يقل النبى او الرسول المراد به محمد ﷺ اشارة الٰى ان معيته ﷺ ومعيتهم عليهم السلام۱۲۔

الحواشی: (۱) قوله على المقدم متعلق بقوله ترتب ۱۲ منه۔

ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا ع
جَمِيْعًا ۝ وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ۝۷۲

www.besturdubooks.net

وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝ فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝

فضل ہے اللہ تعالیٰ کی جانب سے اور اللہ تعالیٰ کافی جاننے والے ہیں۔ اے ایمان والو! اپنی تو احتیاط رکھو پھر متفرق طور پر یا مجتمع طور پر نکلو اور تمہارے مجمع میں بعض بعض شخص ایسا ہے جو ہٹتا ہے۔ پھر اگر تم کو کوئی حادثہ پہنچ گیا تو کہتا ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھ پر بڑا فضل کیا کہ میں ان لوگوں کے ساتھ حاضر نہیں ہوا اور اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل ہو جاتا ہے تو ایسے طور پر کہ گویا تم میں اور اس میں کچھ تعلق ہی نہیں۔ کہتا ہے کہ ہائے کیا خوب ہوتا کہ میں بھی ان لوگوں کا شریک حال ہوتا۔ تو مجھ کو بھی بڑی کامیابی ہوتی۔ تو ہاں اس شخص کو چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں ان لوگوں سے لڑے جو آخرت کے بدلے دنیوی زندگی کو اختیار کئے ہوئے ہیں اور جو شخص اللہ کی راہ میں لڑے گا پھر خواہ جان سے مارا جائے یا غالب آ جائے تو ہم اس کو اجر عظیم دیں گے ۝

تفسیر ربط: اوپر اللہ و رسول کی اطاعت پر خاص مخاطبین سے وعدہ تھا آگے بطور قاعدہ کلیہ کے اللہ و رسول کی اطاعت پر عام وعدہ ہے اور قطع نظر وعدہ کے خصوص اور عموم سے اجر عظیم جو مذکور ہوا ہے آگے اس کی گویا تفسیر بھی ہو گئی ہے یہ بھی مناسبت کی وجہ ہے۔

وعدہ فضل عظیم بر اطاعت احکام: وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۝ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ۝ اور جو شخص (ضروری احکام میں بھی) اللہ و رسول کا کہنا مان لے گا (گو تکثیر طاعات سے کمال حاصل نہ کر سکے) تو ایسے اشخاص بھی (جنت میں) ان حضرات کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ تعالیٰ نے (کامل) انعام (دین و قرب و قبول کا) فرمایا ہے یعنی انبیاء (علیہم السلام) اور صدیقین (جو کہ انبیاء کی امت میں سب سے زیادہ رتبہ کے ہوتے ہیں جن میں کمال باطنی بھی ہوتا ہے جن کو عرف میں اولیاء کہا جاتا ہے) اور شہداء (جنہوں نے دین کی محبت میں اپنی جان تک دے دی) اور صلحاء (جو شریعت کے پورے متبع ہوتے ہیں واجبات میں بھی اور مستحبات میں بھی جن کو نیک بخت دیندار کہا جاتا ہے) اور یہ حضرات (جس کے رفیق ہوں) بہت اچھے رفیق ہیں (اور مطیع کے ساتھ معیت و رفاقت ثابت ہے پس حاصل یہ ہوا کہ اطاعت کا یہ ثمرہ ہوا کہ اس کو ایسے رفیق ملے) یہ (معیت و رفاقت ان حضرات کے ساتھ محض) فضل ہے اللہ تعالیٰ کی جانب سے (یعنی یہ عمل کا اجر نہیں ہے کیونکہ اس کا مقتضا تو یہ تھا کہ جو درجہ اس عمل کا مقتضا تھا وہاں سے آگے نہ جا سکتا پس یہ بطور انعام کے ہے) اور اللہ تعالیٰ کافی جاننے والے ہیں (ہر ایک کے عمل کو اور اس کے مقتضا کو اور اس مقتضا سے زیادہ مناسب انعام کی مقدار کو خوب جانتے ہیں کیونکہ اس انعام میں بھی تفاوت ہو گا کسی کو ان حضرات سے بار بار قرب ہو گا کسی کو گاہ گاہ وعلیٰ ہذا واللہ اعلم) ف: ساتھ ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ وہ اشخاص جنت میں جاویں گے کیونکہ یہ مطلب قرینہ مقام کے کہ مقام مدح و فضل ہے خلاف ہے اور یہ مطلب بھی نہیں کہ یہ اشخاص خاص ان حضرات کے درجہ میں چلے جاویں گے کیونکہ ھم درجات عند اللہ وغیرہ آیات میں یہ تفاوت ثابت ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ اپنے درجہ سافلہ سے ان کے درجہ عالیہ میں پہنچ کے مشرف بزیارت و برکات اس درجہ کے ہوا کریں گے اور جاننا چاہئے کہ ضروری احکام کے مدارج بھی مختلف ہیں اولیٰ درجہ وہ ہے جس سے آدمی مومن ہو جاتا ہے اور اس سے اعلیٰ وہ ہے جس سے لقب عاصی سے بچ جاتا ہے پس جس درجہ کے احکام ضروریہ میں اطاعت ہو گی اس درجہ کی معیت ہو گی۔ اور اس سے اعلیٰ یہ ہے کہ تطوعات ظاہری و باطنی کو بھی بجا لاوے یہاں مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ میں یہ درجہ اس لئے مراد نہیں کہ اس سے تو صدیقیت و شہادت و صلاح کے ساتھ متصف ہوتا ہے جن کے ساتھ معیت کا ذکر ہے ورنہ مع کے متعلقین متحد ہو جاویں گے حالانکہ ان کا متعدد ہونا ضرور ہے۔

ربط: تین رکوع کے قریب سے منجملہ معاملات مع المخالفین کے جو کہ ایک محل ہے تقویٰ کا قبائح کفار کا اظہار چلا آتا ہے اور مقابلہ کے لئے بیچ بیچ میں اہل ایمان کی فضیلت کا بھی ذکر آ گیا تھا منجملہ ان معاملات مع المخالفین کے احکام جہاد ہیں آگے اس کا ذکر شروع ہوتا ہے۔ یہاں سے چھ رکوع تک یعنی اس پارہ کے تین پاؤ کے قریب تک اسی مضمون کے متعلقات چلے گئے ہیں۔

حکم نوزدہم وجوب جہاد و فضل آں و ذم تقاعد ازاں: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا (الی قولہ تعالیٰ) يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا۔ اے ایمان والو (کافروں کے مقابلہ میں) اپنی تو احتیاط رکھو (یعنی ان کے داؤ گھات سے بھی ہوشیار رہو اور مقاتلہ کے وقت سامان ہتھیار ڈھال تلوار سے بھی درست رہو) پھر (ان سے مقاتلہ کے لئے) متفرق طور پر یا مجتمع طور پر (جیسا موقع ہو) نکلو اور تمہارے مجمع میں (جس میں کہ بعضے منافقین بھی شامل ہو رہے ہیں) بعضا بعضا شخص ایسا

www.besturdubooks.net

ہے (مراد اس سے منافق ہے) جو (جہاد سے) ہٹتا ہے (یعنی جہاد میں شریک نہیں ہوتا) پھر اگر تم کو کوئی حادثہ پہنچ گیا (جیسے شکست وغیرہ) تو (اپنے نہ جانے پر خوش ہو کر) کہتا ہے بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھ پر بڑا فضل کیا کہ میں ان لوگوں کے ساتھ (لڑائی میں) حاضر نہیں ہوا (نہیں تو مجھ پر بھی مصیبت آتی) اور اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل ہو جاتا ہے (یعنی فتح وغنیمت) تو ایسے طور پر (خود غرضی کے ساتھ) کہ گویا تم میں اور اس میں کچھ تعلق ہی نہیں (مال کے فوت ہونے پر تاسف کر کے) کہتا ہے ہائے کیا خوب ہوتا کہ میں بھی لوگوں کا شریک حال ہوتا (یعنی جہاد میں جاتا) تو مجھ کو بھی بڑی کامیابی ہوتی (کہ مال دولت لاتا اور خود غرضی اور بے تعلقی اس کہنے سے ظاہر ہے ورنہ جس سے تعلق ہوتا ہے اس کی کامیابی پر بھی تو خوش ہوتے ہیں یہ نہیں کہ اپنا افسوس کرنے بیٹھ جاوے اور اس کی خوشی کا نام بھی نہ لے، اللہ تعالیٰ اس شخص کے حق میں فرماتے ہیں کہ بڑی کامیابی مفت شفت نہیں ملتی اگر اس کا طالب ہے) تو ہاں اس شخص کو چاہئے کہ اللہ کی راہ میں (یعنی اعلائے کلمۃ اللہ کی نیت سے جو کہ موقوف ہے ایمان واخلاص پر یعنی مسلمان ومخلص بن کر) ان (کافر) لوگوں سے لڑے جو آخرت (کو چھوڑ کر اس) کے بدلے دنیوی زندگی کو اختیار کئے ہوئے ہیں (یعنی اس شخص کو اگر فوز عظیم کا شوق ہے تو دل درست کرے ہاتھ پاؤں ہلائے مشقت جھیلے تیغ وسنان کے سامنے سینہ سپر بنے دیکھو فوز عظیم ہاتھ آتا ہے یا نہیں اور یوں کیا کوئی دل لگی ہے پھر جو شخص اتنی مصیبت جھیلے سچی کامیابی اس کی ہے کیونکہ دنیا کی کامیابی اول تو حقیر پھر کبھی ہے کبھی نہیں کیونکہ اگر غالب آ گئے تو ہے ورنہ نہیں) اور (آخرت کی کامیابی جو کہ ایسے شخص کے لئے موعود ہے ایسی ہے کہ عظیم بھی اور پھر ہر حالت میں کیونکہ اس کا قانون یہ ہے کہ) جو شخص اللہ کی راہ میں لڑے گا پھر خواہ (مغلوب ہو جاوے حتیٰ کہ) جان (ہی) سے مارا جاوے یا غالب آ جاوے ہم (ہر حالت میں) اس کو (آخرت کا) اجر عظیم دیں گے (جو کہ فوز عظیم کہنے کے لائق ہے جس کو تاکد وعدہ وتیقن ترتب کے لئے اجر فرما دیا گیا۔ اور یہ بھی ایک فرق ہے دنیا کی کامیابی میں کہ وہ موعود نہیں اور آخرت کی کامیابی میں کہ وہ موعودیت میں مشابہ اجرت کے ہے) **ف**: یہاں دو حکم فرمائے ہیں سامان بچاؤ کا کرنا اور جہاد اور مقصود اصلی مقام کا دوسرا حکم ہے جو انفراد کا بطور کنایہ کے مدلول ہے۔ مگر حکم اول کو تقدیم اور تصریح کے ساتھ فرمایا رحمت وشفقت الٰہیہ پر دلیل ہے کہ حفاظت کا زیادہ اہتمام فرمایا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا آیت میں ان مقامات باطنیہ کا اثبات ہے اور اس پر بھی دلالت ہے کہ ان مقامات والوں میں ادنیٰ کو اعلیٰ کے ساتھ معیت ورفاقت ممکن ہے اور یہی حقیقت ہے اس کی جو بعضوں کو مکشوف ہوا ہے کہ وہ اعلیٰ مقام میں پہنچا ہے (تو یہ پہنچنا اصالۃً نہیں ہوتا تبعاً ہوتا ہے) اور جس شخص کو حقیقت معلوم نہیں ہوتی وہ دعوی نبوت وغیرہ کر کے گمراہی میں واقع ہو جاتا ہے (نعوذ باللہ)۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی یطع ضروری قید بہ لان المقام یدل علی کون ھذا الرجل ادون ممن بعدہ۱۲۔ ۲ قولہ فی من النبیین یعنی اشارۃ الی ان من بیانیۃ۱۲۔ ۳ قولہ فی رفیقا پس حاصل یہ ہوا الخ وبھذا اندفع ان المقصود مدح المطیعین لا اولئک الرفقاء۱۲۔ ۴ قولہ فی خذوا حذرکم یعنی ان کے داؤ الخ اشار الی التفسیرین ای یتقظوا وقیل ما یحذر بہ کالسلاح فجمع بینھما لعموم اللفظ ودخل فی عمومہ مثل الجن والسلاح لان لکلیھما دخلا فی الحفظ۱۲۔ ۵ قولہ فی اوانفروا جیسا موقع اشار الی ان او للتخییر۱۲۔ ۶ قولہ فی منکم مجمع الخ فالخطاب لیس للمؤمنین خاصۃ فانہ لم یکن منھم مبطئی بل لمجموع المؤمنین والمنافقین۱۲۔ ۷ قولہ فی لیبطئن ہٹتا ہے اخذہ بمعنی التاخر وبعضھم بمعنی التثاقل کذا فی الروح وبطأ قد یکون لازما کابطا۱۲۔ ۸ قولہ فی کان لم یکن ایسے طور پر اشار الی انہ حال۱۲۔ ۹ قولہ فی مودۃ تعلق فاندفع بہ ما یترآ ای ورودہ من ان التشبیہ یشعر بثبوتھا وقد علم انتفاء ھا قطعًا وجہ الاندفاع ظاھر بتسمیتہ صورۃ المودۃ مودۃ ویمکن ان یقال ان ھذا علی زعمھم المودۃ نفاقا۱۲۔ ۱۰ قولہ فی فلیقاتل اگر اس کا طالب الخ اشار الی ان الفاء فصیحۃ۱۲۔ ۱۱ قولہ فی سبیل اللہ جو کہ موقوف ہے لان النیۃ عبادۃ لا تقبل بدون الایمان یرید بہ دفع ما یتوھم من السوال عن فائدۃ قتال ھذا المنافق بدون الایمان۱۲۔ ۱۲ قولہ فی الذین یشترون لوگوں سے الی قولہ اختیار جعلت الموصول مفعولاً وبہ یشھد ذوقی والمفسرون جعلوہ فاعلا وحملت الشراء علی الاشتراء فانہ مشترک کما فی القاموس وما اخترتہ یرجع الی ما قالوا من ان الموصول فاعل والمراد بہ المنافقون ای لیقاتلوا او المفعول محذوف الا ان فیہ وضع المظھر موضع المضمر فافھم۱۲۔ ۱۳ قولہ فی اجرًا آخرت کا لم اقل آخرت میں اشارۃ الی حصولہ بمجرد الموت۱۲۔

اللغات: ثبات جمع ثبۃ وھی الجماعۃ فوق العشرۃ وقیل فوق الاثنین ووزنھا فی الاصل فعلۃ کحطمۃ حذفت لامھا وعوض عنھا ھاء التانیث وھل ھی واو من ثابثبو ای اجتمع او یاء من ثبیت علی فلان بمعنی اثنیت علیہ بذکر محاسنہ وجمعھا قولان کذا فی

www.besturdubooks.net

الروح۴۔قوله يليتنى قال ابو على تدخل يا خاصة على الفعل والحرف لمجرد التنبيه كذا فى الروح۴۔

البلاغۃ: فی حاشية البيضاوى يقال اخذ حذره اذا يتقظ واحترز من الخوف كانه جعل الحذر آلته التى يقى بها نفسه ويعصم بها روحه والمعنى احذروا واحترزوا من العدو ولا تمكنوه من انفسكم۴۔ فيقتل او يغلب لم يقل فيغلب مبنيا للمفعول او يغلب مبنيا للفاعل اشارة الى انه ينبغى ان لا يحدث نفسه بالهرب اصلا بل يثبت حتى يكون مقتولا او غالبا ولم يقل فيقتل مبنيا للمفعول او يقتل مبنيا للفاعل اشارة الى انه ينبغى ان لا يكون هم المجاهد بالذات قتل الناس بل اما الشهادة واما الظفر واما القتل فبالضرورة۴۔ قوله الولدان زاده دلالة على تناهى ظلم المشركين حيث يظلمون من يترحمهم العدو۔ قوله المستضعفين السين للمبالغة والمراد الضعفاء قوله الظالم اهلها لم يقل الظالمة لتوقيرها من نسبة الظلم اليها۔ البلاغة من قوله تعالىٰ الولدان كلها من الروح۴۔

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ أَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا أَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ إِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ۝ ع ۱۰

اور تمہارے پاس کیا عذر ہے کہ تم جہاد نہ کرو اللہ کی راہ میں اور کمزوروں کی خاطر سے جن میں کچھ مرد ہیں اور کچھ عورتیں ہیں اور کچھ بچے ہیں جو دعا کر رہے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو اس بستی سے باہر نکال جس کے رہنے والے سخت ظالم ہیں اور ہمارے لئے غیب سے کسی دوست کو کھڑا کیجئے اور ہمارے لئے غیب سے کسی کو حامی بھیجئے جو لوگ پکے ایمان والے ہیں وہ تو اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں اور جو لوگ کافر ہیں وہ شیطان کی راہ میں لڑتے ہیں تو تم شیطان کے ساتھیوں سے جہاد کرو واقع میں شیطانی تدبیر لچر ہوتی ہے ۝

تفسیر ربط: آگے بھی جہاد کی تاکید ہے تکریر سے اور اس کے ایک داعی کے بیان سے اور وہ داعی ستم رسیدہ ہونا ہے کمزور مسلمانوں کا، اور اشارۃً وعدہ نصرت سے کہ یہ سب امور مقتضی ہیں جہاد کو پس یہ تتمہ ہے ماقبل کا۔

تتمہ وتاکید سابق: وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا أَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ إِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا اور تمہارے پاس کیا عذر ہے کہ تم جہاد نہ کرو (باجودیکہ اس کا قوی داعی موجود ہے کیونکہ یہ جہاد) اللہ کی راہ میں (ہوتا ہے یعنی اعلائے کلمۃ اللہ کے لئے موضوع ہے جس کا اہتمام ضروری ہے) اور (اس اعلائے دین کے آثار میں سے ایک خاص اثر کی ضرورت بھی در پیش ہے وہ یہ کہ) کمزور (ایمانداروں) کی خاطر سے (بھی لڑنا ضرور ہے تاکہ کفار کے پنجۂ ستم سے رہائی پاویں) جن (بے چاروں) میں کچھ مرد ہیں اور کچھ عورتیں ہیں اور کچھ بچے ہیں جو (کفار سے تنگ و پریشان ہو ہو کر) دعا کر رہے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو (کسی طرح) اس بستی سے (یعنی مکہ سے جو ہمارے لئے مثل زندان کے ہے) باہر نکال جس کے رہنے والے سخت ظالم ہیں کہ ہم پر آفت ڈھا رکھی ہے) اور ہمارے لئے غیب سے کسی دوست کو کھڑا کیجئے اور ہمارے لئے غیب سے کسی حامی کو بھیجئے (کہ ہمارے ساتھ حمایت اور دوستی کر کے ان ظالموں کے پنجہ سے چھڑا دے) جو لوگ پکے ایماندار ہیں وہ تو (ان احکام کو سن کر) اللہ کی راہ میں (یعنی غلبۂ اسلام کے قصد سے) جہاد کرتے ہیں اور جو لوگ (ان کے مقابلہ میں) کافر ہیں وہ شیطان کی راہ میں (یعنی غلبۂ کفر کے قصد سے) لڑتے ہیں (اور ظاہر ہے کہ ان دونوں میں نصرت اللہ کی طرف سے ایمان داروں کو ہوگی جب ایماندار منصور من اللہ ہیں) جہاد کرو (اور گو وہ بھی غلبہ کی مختلف تدبیریں کرتے ہیں لیکن) واقع میں (وہ شیطانی تدبیریں ہیں کہ شیطان ان کفری تدبیروں کا امر کرتا ہے اور) شیطانی تدبیر (خود) لچر ہوتی ہے (کیونکہ اس میں غیبی امداد نہیں ہوتی اور گاہے غلبہ ہو جانا یہ استدراج ہے تو غیبی امداد ونصرت جو مومنین کے ساتھ ہے وہ تدبیر اس کا کیا مقابلہ کرے گی خلاصہ یہ کہ داعی بھی ہے اور وعدہ نصرت بھی ہے پھر کیا عذر ہے اس لئے مکرر تاکید کی گئی) **ف**: مکہ میں ایسے کمزور مسلمان رہ گئے تھے کہ اپنی ضعفِ جسمانی وکم سامانی کی وجہ سے ہجرت نہ کر سکے پھر کافروں نے بھی نہ جانے دیا اور طرح طرح سے ان کو ستاتے تھے چنانچہ احادیث وتفاسیر میں بعضوں کے نام بھی آئے ہیں۔ جیسے حضرت ابن عباسؓ اور ان کی والدہ اور سلمہ بن ہشام اور ولید بن الولید اور ابو جندل بن سہیل۔ آخر حق تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمائی۔ اور بعضوں کی رہائی کا تو پہلے ہی سامان ہو گیا اور پھر مکہ معظمہ فتح ہو گیا جس سے سب کو امن اور اعزاز حاصل ہو گیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر حضرت عتابؓ بن اسید کو عامل وحاکم

www.besturdubooks.net

مقرر فرمایا۔ پس ولی ونصیر کا مصداق خواہ رسول اللہ ﷺ کو کہا جاوے اور یہی اچھا معلوم ہوتا ہے اور یا حضرت عتاب رضی اللہ عنہ کو کہا جاوے کہ انہوں نے اپنے زمانۂ حکومت میں سب کو خوب آرام پہنچایا۔ اور اگر کسی کو وسوسہ ہو کہ جب ان کی دعا کا مستجاب ہونا مقدر ہو چکا تھا تو پھر مسلمانوں کو اس حکم دینے کے کیا معنی کہ تم ان کی خاطر سے لڑو کیونکہ نصرتِ خالق کے ہوتے ہوئے نصرتِ مخلوق کی کیا ضرورت ہے؟ جواب یہ ہے کہ مطلب آیتوں کا یہ ہے کہ ان کی دعا تو ضرور ہی ہم قبول کریں گے، اور ضرور عالمِ اسباب میں کسی نہ کسی سے یہ کام لیں گے۔ خواہ تم کرو یا نہ کرو یہ کام تو ضرور ہی ہو کر رہے گا لیکن تمہاری خیر خواہی سے کہتے ہیں کہ مفت کی دولت ہاتھ آتی ہے گو تمہاری شرکت کی کوئی ضرورت تو ہے نہیں لیکن شرکت کرو گے تو تم کو بھی ثواب مل جاوے گا ورنہ دوسری جگہ فرما ہی دیا ہے وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ الآیۃ [محمد : ۳۸] اور یہاں ایمان داروں سے جو وعدۂ نصرت فرمایا ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ ایمان دار ہونے کا یہ مقتضا ہے اور ممکن ہے کہ کسی مانع کی وجہ سے کسی وقت اقتضاء مؤثر نہ ہو۔ خواہ وہ مانع ابتلاء ہو یا اختلال اطاعت ہو یا دونوں ہوں جیسا احد میں ہوا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا اس میں اسی مضمون پر دلالت ہے جس پر وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ دال تھا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ما لكم کیا عذر كذا في الروح ۱۲۔ ۲ قوله في لا تقاتلون قوی داعی هذه القوة من عطف قوله والمستضعفين مع كونه داخلا في سبيل الله عطفا للخاص على العام وهو يفيد القوة وما قررت في تفسير الآية مبناه على ان محط الفائدة هو القتال ولو جعل المجموع كان تقريره انكم كيف لا تفعلونه مع انه ضروری ۱۲۔ ۳ قوله في والمستضعفين خاطر اشار الى عطف المستضعفين على اسم الله اى وسبيل المستضعفين فترجم السبيل بهذه الكلمة ۱۲۔ ۴ قوله في اخرجنا زندان اظهره للدلالة على ان هذا الاخراج اعزاز لا اذلال كما يتبادر من لفظ الاخراج ۱۲۔ ۵ قوله في لدنك غیب سے اخذ بالحاصل للمحاورة ۱۲۔ ۶ قوله في اجعل الثاني بھیجئے وغیرہ رعاية للمحاورة ۱۲۔ ۷ قوله في الذين امنوا پکے يدل عليه المقام ۱۲۔ ۸ قوله ههنا سن کر وبه تاكد الربط واصل الربط بيان داع آخر انهم المنصورون ۱۲۔ ۹ قوله بعد الطاغوت اور ظاہر ہے الخ والى هذا اشار في التمهيد بقوله اشارةً وعده الخ ۱۰ قوله قبل فقاتلوا جب ایماندار اشارة الى كون الفاء فصيحة ۱۲۔ ۱۱ قوله قبل ان عيد امر الخ وليس المعنى انه يعلمهم هذه التدابير لان اكثر التدابير يحصل بفكر الانسان لكنه آمر ولهذا التلبس اضافة اليه ۱۲۔ ۱۲ قوله في ضعيفا خود اشار بهذا ان في الكلام مبالغة اى ان كيده لما كان ضعيفًا في نفسه فكيف بالقياس الى قدرة الله تعالى كذا في الروح ۱۲۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ
مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ
اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۭ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۣ وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿٧٧﴾ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا
يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ۭ وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ
تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ۭ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ فَمَالِ هٰٓؤُلَاۗءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ
حَدِيْثًا ﴿٧٨﴾ مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۡ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ۭ وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ۭ
وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿٧٩﴾ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ﴿٨٠﴾
وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۡ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَاۗىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِيْ تَقُوْلُ ۭ وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ
فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿٨١﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۭ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ
لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿٨٢﴾

www.besturdubooks.net

کیا تو نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا کہ ان کو یہ کہا گیا تھا کہ اپنے ہاتھوں کو تھامے رہو اور نمازوں کی پابندی رکھو اور زکوۃ دیتے رہو۔ پھر جب ان پر جہاد کرنا فرض کر دیا گیا۔ تو قصہ کیا ہوا کہ ان میں سے بعض بعض آدمی لوگوں سے ایسا ڈرنے لگے جیسا کوئی اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہو بلکہ اس سے بھی زیادہ ڈرنا اور یوں کہنے لگے کہ اے ہمارے پروردگار! آپ نے ہم پر جہاد کیوں فرض فرما دیا ہم کو اور تھوڑی مدت مہلت دے دی ہوتی۔ آپ فرما دیجئے کہ دنیا کا نفع محض چند روز ہے اور آخرت ہر طرح سے بہتر ہے اس شخص کے لئے جو اللہ کی مخالفت سے بچے اور تم پر تاگہ برابر ظلم نہ کیا جائے۔ تم چاہے کہیں بھی ہو وہاں بھی موت تم کو آ دبائے گی۔ اگر چہ تم قلعی چونے کے قلعے ہی میں ہو اور اگر ان کو کوئی اچھی حالت پیش آتی ہے تو کہتے ہیں کہ یہ منجانب اللہ تعالیٰ ہوگئی اور اگر ان کو کوئی بری حالت پیش آتی ہے تو کہتے ہیں کہ یہ آپ کے سبب سے ہے آپ فرما دیجئے کہ سب کچھ اللہ ہی کی طرف سے ہے تو ان لوگوں کو کیا ہوا کہ بات سمجھنے کے پاس کو بھی نہیں نکلتے۔ اے انسان تجھ کو کوئی خوش حالی پیش آتی ہے تو وہ محض اللہ کی جانب سے ہے اور جو کوئی بدحالی پیش آئے وہ تیرے ہی سبب سے ہے اور ہم نے آپ کو تمام لوگوں کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا ہے اور اللہ تعالیٰ گواہ کافی ہیں۔ جس شخص نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی اور جو شخص روگردانی کرے سو ہم نے آپ کو ان کا نگران کر کے نہیں بھیجا اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہمارا کام اطاعت کرنا ہے پھر جب آپ کے پاس سے باہر جاتے ہیں تو شب کے وقت مشورے کرتے ہیں ان میں کی ایک جماعت برخلاف اس کے جو کچھ کہ زبان سے کہہ چکے تھے اور اللہ تعالیٰ لکھتے جاتے ہیں جو کچھ وہ راتوں کو مشورے کیا کرتے ہیں سو آپ ان کی طرف التفات نہ کیجئے اور اللہ تعالیٰ کے حوالہ کیجئے اور اللہ تعالیٰ کافی کارساز ہے۔ تو کیا پھر قرآن میں غور نہیں کرتے اور اگر یہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو اس میں بکثرت تفاوت پاتے ۝

تفسیر ربط: اوپر جہاد کا وجوب اور اس کے فضائل بیان کر کے اس کی ترغیب تھی آگے دوسرے طور پر اس کی ترغیب ہے یعنی جہاد میں بعض مسلمانوں کے مستعد نہ ہونے پر ان کی ایک لطف آمیز شکایت بھی ہے جس کی بناء یہ ہوئی کہ مکہ میں کفار بہت ستاتے تھے، اس وقت بعض اصحابؓ نے جہاد کی اجازت اصرار سے چاہی مگر اس وقت حکم تھا عفو وصفح کا بعد ہجرت کے جب جہاد کا حکم نازل ہوا تو طبعاً بعض کو دشوار ہوا اور وہ فی لباب النقول عن النسائی اس پر شکایت فرمائی گئی اور چونکہ بطور انکار یا اعتراض علی الحکم کے نہ تھا بلکہ محض تمنا تھی اور چندے اس حکم کے نہ آنے کی اس لئے توبیخ نہیں ہے۔ محض لطف آمیز شکایت ہے اور اس تمنا کا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ عادۃً محرک کے وقت کام زیادہ آسان ہوتا ہے تو مکہ میں کفار کی ایذاؤں سے جوش اٹھتا تھا ہجرت کے بعد جو امن ہوا اتنا جوش نہ رہا، اب طبعی مصلحتیں خیال میں آنے لگیں۔ اور اس شکایت کے ساتھ دنیا کی ناپائیداری اور آخرت کا بقاء اور موت سے کسی حال میں نہ بچ سکنا مذکور ہے اور ان سب مضامین کا ترغیب میں داخل ہونا ظاہر ہے۔

شکایت متاخر عن الجہاد وتزہید فی الدنیا: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ (الی قولہ تعالی) وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا

عدم اغنائے حذر عن الموت: اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ (اے مخاطب) کیا تو نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا کہ (قبل نزول حکم جہاد تو ایسا تقاضا تھا کہ) ان کو (منع کرنے کے لئے) یہ کہا گیا تھا کہ (ابھی اپنے ہاتھوں کو (لڑنے سے) تھامے (اور روکے) رہو اور (جو جو حکم تم کو ہو چکے ہیں اس میں لگے رہو مثلاً) نمازوں کی پابندی رکھو اور زکوۃ دیتے رہو (یا تو یہ حالت تھی اور یا) پھر ان پر جہاد کرنا فرض کر دیا گیا تو قصہ کیا ہوا کہ ان میں سے بعض بعض آدمی (مخالف) لوگوں سے (طبعاً) ایسا ڈرنے لگے (کہ ہم کو قتل کر دیں گے) جیسا (کوئی) اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہو بلکہ اس سے بھی زیادہ ڈرنا (زیادہ ڈرنے کے دو معنی ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ اکثر اللہ تعالیٰ سے ڈرنا عقلاً ہوتا ہے اور قاعدہ ہے کہ طبعی حالت عقلی حالت سے شدید ہوتی ہے دوسرے یہ کہ خدا تعالیٰ سے جیسا خوف ہے ویسی امید رحمت بھی تو ہے اور کافر دشمن سے تو ضرر کا خوف ہی خوف ہے اور چونکہ یہ خوف طبعی تھا اس لئے گناہ نہیں ہوا) اور (بطور تمناء التوا حکم جہاد برائے چندے) یوں کہنے لگے (خواہ زبان سے یا دل سے اور خدا تعالیٰ کے علم میں قول نفسی قول لسانی کے برابر ہے) کہ اے ہمارے پروردگار آپ نے (ابھی سے) ہم پر جہاد کیوں فرض فرما دیا ہم کو (اپنی عنایت سے) اور تھوڑی مدت مہلت دے دی ہوتی (ذرا بے فکری سے رہ لیتے اور چونکہ یہ عرض کرنا بطور اعتراض یا انکار کے نہ تھا اس لئے گناہ نہیں ہوا آگے جواب ارشاد ہے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ فرما دیجئے کہ دنیا کا تمتع (جس کے لئے تم متمنی التواء ہوتے ہو محض چند روزہ ہے اور آخرت (جس کے حصول کا اعلیٰ ذریعہ جہاد ہے) ہر طرح سے بہتر ہے (یعنی بقاء میں بھی لذت میں بھی مگر وہ) اس شخص کے لئے (ہے) جو اللہ تعالیٰ کی مخالفت سے بچے (کیونکہ اگر کفر کے طور پر مخالفت کی تب تو اس کے لئے تمتع آخرت کچھ بھی نہیں اور اگر معصیت کا مرتکب ہوا تو اعلیٰ درجہ سے محروم رہے گا) اور تم پر تاگے برابر بھی ظلم نہ کیا جاوے گا (یعنی جتنے اعمال ہوں گے ان کا پورا پورا ثواب ملے گا پھر جہاد جیسے عمل کے ثواب سے کیوں خالی رہتے ہو اور اگر جہاد بھی نہ کیا تو کیا وقت معین پر موت سے بچ جاؤ گے ہرگز نہیں کیونکہ موت کی تو یہ حالت ہے کہ) تم چاہے کہیں بھی ہو وہاں ہی موت آ دباوے گی اگر چہ تم قلعی چونہ کے قلعوں ہی میں (کیوں نہ) ہو (غرض جب موت اپنے وقت پر ضرور آوے گی اور مر کر دنیا چھوڑنی ہی پڑے گی تو آخرت میں خالی ہاتھ کیوں جاؤ بلکہ ع چند روزے جہد کن باقی بخند) ف: ان صاحبوں کا یہ تمنائی قول اگر زبان سے تھا تب تو اس کی توجیہ معصیت نہ ہونے کی معلوم ہوگئی اور اگر دل میں بطور حدیث النفس وسوسہ کے تھا تو وسوسہ کا معصیت نہ ہونا قرآن وحدیث میں وارد ہے کوئی تردد ہی نہیں اور لفظ قالوا سے صدور معصیت نہیں بلکہ جو بلسان انکار یا

www.besturdubooks.net

بالاعتقاد ہو، اور یہ ثابت نہیں اور وجہ اس تمنا یا وسوسہ کی تمہید میں ذکر کر چکا ہوں۔

ربط: اوپر ترغیب جہاد میں یہ مذکور ہوا ہے کہ وقت پر موت نہیں ٹلتی خواہ جہاد میں جاؤ یا نہ جاؤ چونکہ بعض منافقین جہاد میں جانے کو موت میں مؤثر اور نہ جانے کو حیات میں مؤثر سمجھتے اور کہتے تھے جیسا پارہ لن تنالوا کے نصف پر ان کا یہ قول آیا ہے: لَوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا اور یہ قول لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا پس جب کبھی جہاد میں قتل و موت واقع ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر الزام لگاتے کہ آپ ہی کے کہنے سے جہاد میں گئے اور شکار موت ہوئے دیکھو جہاد کا مؤثر فی الموت ہونا ثابت ہو گیا اور اگر کبھی باوجود اسباب ظاہری کے کمی کے کفار پر فتح ہوتی ہے اور اس سے استدلال کیا جاتا تھا کہ دیکھو جہاد اگر مؤثر فی الموت ہے تو اب وہ اثر کہاں گیا؟ تو کہتے کہ یہ محض اتفاقی بات منجانب اللہ ہے۔ غرض کام بگڑتا تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر الزام اور سنورتا تو اتفاقی بات اس پر آگے گفتگو فرماتے ہیں، ہذا تفصیل ما اوردہ مجملاً فی روح المعانی عن ابن عباس وقتادہ بلاسند لکن کون القولین مذکورین فی القرآن کاف لارتباط ما سیاتی بما قد اتی فان[1] ذکر الجہاد قد جرالی ذکر من کان ینکر علیہ فافہم۔

تحقیق اسباب مؤثرہ فی الحوادث: وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ (الی قولہ تعالٰی) وَمَاۤ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ۔ اور اگر ان (منافقین) کو کوئی اچھی حالت پیش آتی ہے (جیسے فتح و ظفر) تو کہتے ہیں کہ یہ منجانب اللہ (اتفاقاً) ہو گئی (ورنہ مسلمانوں کی بے تدبیری میں تو کوئی کسر تھی ہی نہیں) اور اگر ان کو کوئی بری حالت پیش آتی ہے (جیسے جہاد میں موت و قتل) تو (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم نعوذ باللہ آپ کی نسبت) کہتے ہیں کہ یہ آپ (کی اور مسلمانوں کی بے تدبیری) کے سبب سے ہے (ورنہ چین سے گھروں میں بیٹھے رہتے تو کیوں اس مصیبت میں پڑتے) آپ فرما دیجئے کہ (میرا تو اس میں ذرا بھی دخل نہیں بلکہ) سب کچھ (نعمت و نقمت) اللہ ہی کی طرف سے ہے (گو ایک بلاواسطہ ہے اور ایک بواسطہ جیسا عنقریب اس کی تفصیل آتی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ نعمت تو محض ان کے فضل سے بلاواسطہ اعمال ہے اور نقمت ان کے عدل سے بواسطہ اعمال سیئہ عبادت کے ہے پس تم جو مصیبت میں میرا دخل سمجھتے ہو واقع میں عباد کے اعمال سیئہ کا اس میں دخل ہے جیسا احد میں شکست کے وجوہ گذر چکے ہیں اور یہ بات نہایت ہی ظاہر ہے، اگر آدمی ذرا بھی غور کرے تو خوشحالی کے قبل کوئی نیک عمل اس درجہ کا نہ پاوے گا محض فضل ہی ثابت ہوگا اور بدحالی کے قبل ضرور کوئی عمل بد جس کی سزا اس سے زیادہ ہوتی پاوے گا۔ جب ایسی ظاہر ہے) تو ان (حماقت شعار) لوگوں کو کیا ہوا کہ بات سمجھنے کے پاس کو بھی نہیں نکلتے (اور سمجھیں گے تو کیا اور وہ تفصیل اس اجمالی جواب مذکور کی یہ ہے کہ) اے انسان تجھ کو جو کوئی خوشحالی پیش آتی ہے وہ محض اللہ تعالیٰ کی جانب سے (فضل) ہے اور جو کوئی بدحالی پیش آوے وہ تیرے ہی (اعمال بد کے سبب سے ہے) پس (اس بدحالی کو عمل بالاحکام الشرعیہ یا شارع کی طرف نسبت کرنا پوری جہالت ہے جیسا منافقین جہاد اور امام الجہاد کی طرف اس کی نسبت کرتے ہیں) **ف**: جاننا چاہئے کہ اس مقام کی جو تقریر کی گئی اس سے معلوم ہو جاوے گا کہ یہاں مسئلہ خلق افعال کا مذکور نہیں بلکہ یہاں محض بیان فضل و عدل کا مقصود ہے اور مَاۤ اَصَابَكَ الخ ماقبل کا بیان ہے، اب اس پر کسی قسم کا اشکال ان شاء اللہ تعالیٰ واقع نہیں ہوگا اور جاننا چاہئے کہ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ اور مَاۤ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ میں منافقین کے قول کا جو کہ حسنہ کے باب میں تھا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ تسلیم لازم نہیں آتا کیونکہ ان کی مراد حمد نہ تھی بلکہ بطور محاورہ کے تھا جیسے خلاف توقع امور کو کبھی اللہ کی طرف، کبھی تقدیر کی طرف نسبت کر دیتے ہیں ان کا مقصود زیادہ اس سے یہ تھا کہ لیس من عندك و ببركة رأيك۔ اور جاننا چاہئے کہ بدحالی کو جو ثمرہ اعمال کا فرمایا یہ ہر ایک کے لئے نہیں بلکہ بدعمل آدمی کے لئے ہے۔ ورنہ ابرار کے لئے حوادثات و بلیات خود رحمت و تربیت ہے، خوب سمجھ لو۔ اور جاننا چاہئے کہ خوشحالی میں جو کہا گیا کہ کوئی نیک عمل اس درجہ کا نہ پاوے گا وجہ اس کی ظاہر ہے کیونکہ اول تو ان اعمال حسنہ سے پہلے خود بہت سی نعمتیں اتنی ہوں گی کہ ان اعمال کو ان کا مکافی نہیں کہہ سکتے تو ثمرہ جدیدہ کا کیا حق ہے؟ دوسرے خود ان اعمال میں پورے شرائط قبول کے نہیں پائے جاتے اور بعض جگہ جو اچھے ثمرات کو اعمال حسنہ کا عوض فرما دیا گیا تھا، وہ محض صورۃً ہے۔ ورنہ حقیقۃً اصلی سبب فضل ہے۔

ربط: اوپر منافقین کے اس قول سے جس میں بدحالی کو نعوذ باللہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف براہ اعتراض و سوئے ادب منسوب کرتے تھے انکار آپ کی رسالت کا بھی لازم آتا تھا آگے اس لازم کا ابطال ہے جس سے ملزوم کا ابطال دوسرے طرز پر بھی ہو گیا اور رسالت کا اثبات ہے مع اشارہ کے دلیل رسالت کی طرف۔

اثبات رسالت مع اشارہ بسوئے دلیل: وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا اور ہم نے آپ کو تمام لوگوں کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا ہے، اور (اگر کوئی منافق کافر انکار کرے تو اس کے انکار سے نفی نبوت کی کب ہو سکتی ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ (آپ کی رسالت کے) گواہ کافی ہیں (جنہوں نے قولی و فعلی شہادت دی ہے قولی تو مثلاً یہی جملہ وارسلناک اور فعلی یہ کہ معجزات جو دلیل اثبات نبوت ہیں آپ کو عطا فرمائے) **ف**: تمام لوگوں میں جن اور انسان دونوں آ گئے جیسا مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ کو بیان کیا گیا ہے الناس کا جو صدور الناس میں ہے پاس اس میں بیان ہے) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت عامہ کا جو قرآن و

www.besturdubooks.net

حدیث میں اور جگہ بھی مذکور و منصوص اور عقیدہ قطعی ہے۔

ربط: اوپر اثبات تھا رسالت کا آگے رسالت کے حق کا کہ وجوب اطاعت ہے بیان فرماتے ہیں اور مخالفین کی عدم اطاعت پر آپ کی تسلی بھی فرماتے ہیں۔

ایجاب اطاعت مع تسلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا جس شخص نے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اطاعت کی اس نے خدا تعالیٰ کی اطاعت کی (اور جس نے آپ کی نافرمانی کی خدا تعالیٰ کی نافرمانی کی اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت عقلاً بھی واجب ہے پس آپ کی اطاعت بھی واجب ہوئی) اور جو شخص (آپ کی اطاعت سے) روگردانی کرے سو (آپ کچھ غم نہ کیجئے کیونکہ) ہم نے آپ کو (بطور ذمہ داری کے) ان کا نگران کر کے نہیں بھیجا (کہ آپ ان کو کفر نہ کرنے دیں جس سے احتمال آپ سے باز پرس ہونے کا ہو بلکہ محض پیغام پہنچا کر آپ سبکدوش ہو جایئے) اس میں تسلی فرما دی گئی کیونکہ آپ کو بہت غم ہوا کرتا تھا) **ف**: بطور ذمہ داری کے قید اس لئے لگائی کہ شفقۃً تو آپ خدام کی نگرانی رکھتے تھے اور ان کے معاش و معاد کی اصلاح فرماتے رہتے تھے۔ **ربط**: اوپر اطاعتِ رسول کا وجوب مذکور تھا آگے بعض منافقین کا معاملہ مذکور ہے جو اس واجب کے تارک تھے۔

ذکر معاملہ منافقین در باب اطاعت رسول مع تسلیہ: وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۡ (الی قولہ تعالی) وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝ اور یہ (منافق) لوگ (آپ کے احکام سن کر آپ کے سامنے زبان سے تو) کہتے ہیں کہ ہمارا کام (آپ کی اطاعت کرنا ہے پھر جب آپ کے پاس سے (اٹھ کر) باہر جاتے ہیں تو شب کے وقت (پوشیدہ) مشورے کرتے ہیں ان میں کی ایک جماعت (یعنی ان کے سرداروں کی جماعت) برخلاف اس کے جو کچھ کہ زبان سے کہہ چکے تھے (اور چونکہ وہ سردار ہیں اصل مشورہ وہ کرتے ہیں باقی ان کے تابع رہتے ہیں تو اس خلاف میں سب کی ایک حالت ہے) اور اللہ تعالیٰ (سرکاری روزنامچہ میں) لکھتے جاتے ہیں جو کچھ وہ راتوں کو مشورے کیا کرتے ہیں (موقع پر سزا دیں گے) سو آپ ان کی (بیہودگی کی) طرف التفات (اور خیال) نہ کیجئے اور (نہ کچھ فکر کیجئے بلکہ سارا قصہ) اللہ تعالیٰ کے حوالے کیجئے اور اللہ تعالیٰ کافی کارساز ہیں (وہ خود مناسب طور پر اس کا دفعیہ فرما دیں گے چنانچہ کبھی ان کی شرارت سے کوئی ضرر نہیں پہنچا)۔ **ربط**: اوپر اثبات تھا رسالت کا جس کے وہ منکر تھے آگے ایک خاص اور عجیب طرز پر جو کہ مقام کے نہایت مناسب ہے اثبات ہے قرآن کی حقانیت کا جو اعظم دلائل رسالت ہے کہ انکار رسالت میں اس کا بھی انکار لازم آتا تھا۔ نیز وہ بالذات بھی اس کے منکر تھے۔

اثبات حقانیت قرآن: اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۭ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا کیا (قرآن کا اعجاز فصاحت و بلاغت میں اور اخبار عن الغیب میں دیکھ رہے ہیں اور) پھر قرآن میں غور نہیں کرتے (تا کہ اس کا کلام الٰہی ہونا واضح ہو جاوے) اور اگر یہ اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو اس (کے مضامین) میں (بوجہ ان کے کثیر ہونے کے واقعات سے اور حد اعجاز سے) بکثرت تفاوت پاتے (کیونکہ ہر ہر مضمون میں ایک ایک اختلاف و تفاوت ہوتا تو مضامین کثیرہ ہوتے حالانکہ ایک مضمون میں بھی اختلاف نہیں پس لامحالہ یہ غیر اللہ کا کلام نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے)

ف: حاصل مقام یہ ہے کہ کلام اللہ کے وجوہ اعجاز میں سے اس کی فصاحت و بلاغت کا بے مثل ہونا اور اس کے اخبارات کا جن پر مطلع ہونے کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی ذریعہ نہ تھا بالکل صحیح و مطابق واقع کے ہونا ہے مثلاً اسی جگہ جس مشورہ کا بیان ہے کہ رؤسائے منافقین کسی طرح اخفائے راز کرتے تھے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی خبر دیتے تھے اور یہی جزو ہے جس کی وجہ سے تمہید میں اس اثبات و استدلال کو مقام کے مناسب کہا گیا ہے اور بھی بہت سے اخبارِ ماضیہ و مستقبلہ کی حکایت و پیشین گوئی باوجود عدم اقتباس کے کسی کتاب یا اہل کتاب سے صحیح اور واقع کے موافق نکلتی تھیں نہ آپ نے کسی اور ایسے فن کی مشق کی تھی جس سے کشف وغیرہ ہو جاوے نہ کوئی مخالف معاصر اس کا دعویٰ کر کے ثابت کر سکا۔ دوسرے حسب سنت الٰہیہ جہاں احتمال تلبیس کا ہو مدعی نبوت کاذب سے ایسے خوارق باوجود حذاقت ایسے فنون کے بھی واقع نہیں ہوتے اور فصاحت و بلاغت کا اعجاز تمام فصحاء و بلغاء کے عاجز ہو جانے سے ثابت ہو چکا تھا پس معلوم ہوا کہ یہ کلام خالق تعالیٰ کا ہے منکرین میں جو مشرک تھے ان کے اعتبار سے فصاحت و بلاغت سے استدلال واضح ہے اور جو اہل کتاب تھے جن میں منافق بھی تھے ان کے اعتبار سے اخبار عن المغیبات سے استدلال اظہر ہے ہر ہر مضمون میں یہ استدلال جاری ہو سکے گا جب ہر مضمون منجانب اللہ ہوا تو مجموعہ قرآن بھی کلام اللہ ہو گیا اور اختلاف سے مراد اختلاف نسخوں کا بھی ہو سکتا ہے کہ مؤلفات بشر کے لئے لوازم عادیہ سے ہے اس کی زیادہ تفصیل سورۂ حجر کی آیت اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ میں آوے گی۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالی: يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۭ چونکہ یہ فریق مؤمنین مخلصین سے تھے تو ان کا یہ خوف طبعی تھا نہ کہ عقلی اور یہ قول تمنی تھا یا وسوسہ نہ کہ انکار و اعتقاد پس آیت میں دلالت ہوئی کہ امور طبعیہ اور وساوس پر مواخذہ نہیں کیونکہ یہ سب غیر اختیاری ہیں باقی خدا تعالیٰ کا ان پر رد اور نکیر سو ایک لطیف شکایت ہے نہ کہ توبیخ)۔ قولہ تعالی: قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ مع قولہ تعالی: مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۡ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ۭ حاصل مقام یہ ہے کہ نعمت خدا تعالیٰ کی طرف

www.besturdubooks.net

سے فضل ہے بلاواسطہ اعمال صالحہ اور قسمت خدا تعالیٰ کی طرف سے عدل ہے بواسطۂ اعمال غیر صالحہ پس جمع اور تقسیم دونوں صحیح ہو گئے یعنی کل من عند اللہ میں جمع اور ما اصابک الخ میں تقسیم۔ اور تقسیم کے اعتبار سے قسمت کی نسبت کا قطع خدا تعالیٰ کی طرف سے صحیح ہوا اور جمع کے اعتبار سے اس کا نسبت کرنا اس کی طرف صحیح ہوا اور اس سے عارفِ شیرازی کے قول کی توجیہ کی توضیح ہو گی گناہ گرچہ نبود اختیار ما حافظ: تو در طریق ادب کوش کین گناہ من است۔ قولہ تعالیٰ: مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا جملہ اولیٰ اس پر دال ہے کہ مقبول مقرب کے ساتھ کوئی معاملہ کرنا ایسا ہے جیسا حق تعالیٰ کے ساتھ معاملہ کرنا اور جملہ ثانیہ اس پر دال ہے کہ جس کی اصلاح کی توقع نہ ہو اس کے درپے نہ ہو۔

الحواشی: (۱) قوله فان ذكر الجهاد الخ دليل لصحة الارتباط الذى قد ذكر اى لما ذكر الجهاد فى الآية السابقة الى ذكر من ينكر على الجهاد ولا يعتقده وهم المنافقون فيما بعد من قوله تعالىٰ وان تصبهم الخ علم منه ان هذا الآية اللاحقة متعلقة ايضا بمضمون الجهاد فثبت به صحة ما قرر فى وجه الربط ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمة: ۱؎ قوله فى الم ترا یا تقاضا تھا دل عليه لفظ الكف فان الكف يكون لمن يريد الاقدام وبه تاكد امرا لتعجيب وبيانه على ما فى الروح فلما كتب عطف على قيل لهم باعتبار معناه الكنائى من كمال رغبتهم فى القتال وكونهم بحيث احتاجوا الى النهى عنه اذ حينئذ بتحقيق التباين بين مدلوتى بالمعطوفين و عليه يدور امر التعجيب۔ ۲؎ قوله فى اقيموا مثلاً الخ اشار الى ان خصوصيتهما ليست مقصودة بل ذكرتا تمثيلا والمقصود اشتغلوا بما امرتم وتخصيصهما بالذكر بفضلهما ۱۲۔ ۳؎ قوله فى اذا قصہ کیا ہوا هذه ترجمة اذا المفاجاتية فى لساننا ۱۲۔ ۴؎ قوله فى وقالوا برابر ہے اى فى العلم لا فى الاثر من العقاب فان الوسوسة معفو عنها ۱۲۔ ۵؎ قوله فى اجل قريب تھوڑی مدت فالمراد بالاجل مطلق الوقت اطلاقا للمقيد على المطلق كذا يفهم من ابى السعود ولم احمله على معنى العمر لانه بعيد عن المؤمنين ۱۲۔ ۶؎ قوله فى لو لا اخرتنا دیدی ہوتی هو اخذ بالحاصل ۱۲۔ ۷؎ قوله هناك ذرا بےفکری اشارة الى انهم لم يتمنوا الحيوٰة بل الامن ۱۲۔ ۸؎ قوله فى التمهيد کافِ لارتباط الخ وقال بعضهم ان الحسنة الخصب والسيئة القحط كان اليهود يطيرون به صلى الله عليه وسلم لما ابتلوا به من القحط وغيره لما امسكوا عن طاعته صلى الله عليه وسلم فينبون ذلك اليه صلى الله عليه وسلم فرد الله تعالىٰ عليهم ذكره فى الروح عن الحسن وابن زيد ايضا بلا سند وعليه فوجه الارتباط ان المذكور كان فيما قبل ان الموت لا يدفعه احد ثم ذكر حكم المنايا انها كذلك لا يدفعها احد ولغى على من يعتقد الاسباب الغير المؤثرة مؤثرة فى نزولها او عدم نزولها فافهم ۱۲۔ ۹؎ قوله فى من عندك اور مسلمانوں کی الخ لان المسلمين كانوا اصحاب مشورته صلى الله عليه وسلم فالنسبة اليه صلى الله عليه وسلم نسبة اليهم رضى الله تعالىٰ عنهم وانما خصوه صلى الله عليه وسلم بالذكر لكونه اصلا وراسًا ۱۲۔ ۱۰؎ قوله قبل فمال هؤلاء جب ایسی ظاہر ہے وبه ظهر معنى الترتب فى الفاء ۱۲۔ ۱۱؎ قوله فى لا يكادون بات سمجھنے کے الخ افاد امرين الاول ان المراد بالحديث مطلق الحديث عدوا بما لم يتأملوا فى حقيقة الامر من البهائم لا تفقه حديثا ما والثانى او ضح معنى لا يكادون من المبالغة ۱۲۔ ۱۲؎ قوله قبل وما اصابة اورده تفصيل مجملة فما لهؤلاء الخ معترضة بين المبين والبيان ۱۲۔ ۱۳؎ قوله فى ما اصابك اے انسان فالمخاطب فيه غير المخاطب فيما قبل ۱۲۔ ۱۴؎ قوله فى فمن الله فضل ہے وفى من نفسك اعمال بد کے سبب فمن ابتدائية فى الموضعين والمسبب يكون ابتدائه من السبب فالسبب فى الاول هو الله اى فضـ ـه وفى الثانى العبد اى علمه ولعله هو النكتة فى اختيار من ههنا واختيار عند فيما قبل لان عند للقرب وهو اعم فيما يكون بواسطة او بلا واسطة فالواسطة فى قول المنافقين تدبير الرسول و قضاء الله وفى قول الله تعالىٰ قل كل من عند الله يراد كون الحسنة بلا واسطة والسيئة بواسطة الاعمال فصح كون قوله ما اصابك الخ بيانا لذلك الاعم فافهم ۱۲۔ ۱۵؎ قوله فى التمهيد جس سے ملزوم کا ابطال الخ والملزوم كون السيئة منسوبا اليه صلى الله عليه وسلم وقد ابطل قبل هذا بقوله قل كل الخ وان شئت قررت المقام بان الرسول لا بدوان يكون مباركا وانت رسول فلا يصح كونك مشوما فهم كاذبون وعلى هذا يكون رسالته ملزومًا وابطال قولهم لازمًا ۱۲۔ ۱۶؎ قوله فى الناس تمام فاللام للاستغراق ۱۲۔ ۱۷؎ قوله فعلی یہ کہ الخ وهو المراد فى التمهيد مع اشارة الخ ۱۲۔ ۱۸؎ قوله فى من يطع الرسول اور جس نے آپ کی نافرمانی الخ دل عليه قوله ومن تولى وبهذا ثبت الوجوب والافقوله تعالىٰ ومن يطع الرسول غاية كون اطاعة الله لازمًا لا طاعة الرسول ونفى الملزوم لا يدل على نفى اللازم ۱۲۔ ۱۹؎ قوله فى حفيظًا نگران ودخل فيه معنى علىٰ فى لساننا وفسر حفيظا بهذا فى الكبير ۱۲۔ ۲۰؎ قوله فى يقولون منافق كذا روى عن ابن عباس والحسن وسدى

www.besturdubooks.net

كما في الروح۱۲۔ ۲۱ قوله في طاعة ہمارا كما في الروح امرنا طاعة۱۲۔ ۲۲ قوله في تقول کہہ چکے تھے لان قولهم قد مضى وانما عدل الى المضارع دلالة الاستمرار ۱۲۔ ۲۳ قوله بعد تقول باقی ان کے تابع الخ وهذا هو الوجه للتخصيص لا لانهم ثابتون على الطاعة۱۲۔
۲۴ فائدة اعلم اني لما فسرت هذا المقام سنح لي اشكال عويص وهو ان المفهوم من الآية ان الاختلاف الكثير من لوازم كون الكلام من المخلوق ومعلوم ان انتفاء اللازم يستلزم انتفاء الملزوم فيلزم ان الكلام الذى يكون فيه الاختلاف القليل لا يكون من المخلوق بل من الخالق مع ان بين كلام الله تعالى وبين مطلق الاختلاف ولو كان قليلاً منافاة كما هو ظاهر۔ ولحله تفرعت الى الله تعالى فالقى في روعى ما ذكرته في فائدة المتن حاصله ان اللازم لكون الكلام من المخلوق مطلق الاختلاف ولو كان قليلا وهو محط الفائدة في الآية ولا محذور في استلزام انتفاء مطلق الاختلاف كون الكلام من الخالق فان الواقع كذلك كما حصل في المتن من اعتبار الاعجاز في البلاغة والاخبار عن المغيب من مدعي النبوة مع فقدان آلات اطلاعه عليه العادية واما التقييد بالكثير فليس للاحتراز عن القليل ابل لان المضامين كثيرة ولو كان من عند غير الله لوقع في كل منها اختلاف واحد فيحصل في المجموع القرآني لا محالة الاختلاف الكثير بهذا الوجه دل على تقرير هذا الحل قوله في فادة المتن ہر ہر مضمون میں یہ استدلال جاری ہو سکے گا الخ فتبصر و تشكر ۱۲۔ ۲۵ قوله في لوجدوا ہر ہر مضمون میں ایک ایک اختلاف فالاختلاف طرفاه كل جزء وجزء من القرآن ووجه الاعجاز لا الاجزاء بعضها مع بعض فالجملة في قوة قولنالوجدوا فيه الاختلاف بين احد الجهل ووجه الاعجاز وكذا بين الاخرى ووجه الاعجاز فافهم اى كان كل جزء منه مخالفا لوجه الاعجاز فعلى هذا كون الاختلاف القليل في الكتاب الكبير تقدير محال لا يستحيل استلزامه لمحال آخر مما يقرض من ان الكلام الذى فيه الاختلاف القليل يلزم ان لا يكون من المخلوق۱۲۔ ۲۶ قوله في ف مدعی نبوت..... واقع نہیں ہوتے حتى ولا اتفاقا فيما يحتمل فيه التلبيس فلا يرد ان هذا المدعى لو تفوه بقضايا متناقضة لابد ان يصدق بعضها وجه عدم الورود ان هذا لا يحتمل فيه التلبيس لوجود ليس الكذب في نفس كلامه۱۲۔

اللغات: البروج الحصون والقلاع كذا في الروح عن ابن عباس الشيد الجص۱۲۔ بيت من البيتوتة لانه تدبير الفعل ليلًا والعزم عليه ومنه تبييت نية الصيام كذا في الروح قلت عليه ترجمت هذه الكلمة موافقة للشاه عبدالقادرؒ واكثرهم فسروا بمطلق التدبير ۱۲۔

النحو: قوله واشد خشية معطوف على ما قدر قبل الخشية من المفعول المطلق اى خشية كخشية الله واشد صفة مقدمة فالتقدير يخشون الناس خشية كخشية الله او خشية اشد واو بمعنى بل كذا في الروح۔ قوله ولو كنتم في الروح والجملة معطوفة على اخرى مثلها اى لو لم تكونوا في بروج ولو كنتم في بروج وقد طرد الحذف في مثل ذلك لوضوح الدلالة۱۲۔

البلاغة: قوله اذا فريق في الروح وتوجيه التعجيب الى الكل مع ان الكراهية انما كانت من البعض للايذان بانه ما كان ينبغي ان يصدر من احدهم ما ينافي حالته الاولى۱۲۔

وَإِذَا جَآءَهُمْ أَمْرٌ مِّنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوا بِهِۦ ۖ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَىٰٓ أُولِى الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنۢبِطُونَهُۥ مِنْهُمْ ۗ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُۥ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطَٰنَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿۸۳﴾ فَقَٰتِلْ فِى سَبِيلِ اللَّهِ لَا تُكَلَّفُ إِلَّا نَفْسَكَ ۚ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ ۖ عَسَى اللَّهُ أَن يَكُفَّ بَأْسَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ وَاللَّهُ أَشَدُّ بَأْسًا وَأَشَدُّ تَنكِيلًا ﴿۸۴﴾ مَّن يَشْفَعْ شَفَٰعَةً حَسَنَةً يَكُن لَّهُۥ نَصِيبٌ مِّنْهَا ۖ وَمَن يَشْفَعْ شَفَٰعَةً سَيِّئَةً يَكُن لَّهُۥ كِفْلٌ مِّنْهَا ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ مُّقِيتًا ﴿۸۵﴾

اور جب ان لوگوں کو کسی امر کی خبر پہنچتی ہے خواہ امن ہو یا خوف تو اس کو مشہور کر دیتے ہیں اور اگر یہ لوگ اس کو رسول کے اور جو ان میں ایسے امور کو سمجھتے ہیں ان کے اوپر حوالہ رکھتے تو اس کو وہ حضرات تو پہچان ہی لیتے جو ان میں اس کی تحقیق کر لیا کرتے ہیں اور اگر تم لوگوں پر اللہ کا فضل اور رحمت نہ ہوتی تو تم سب کے سب شیطان کے پیرو ہو جاتے تھوڑے سے آدمیوں کے۔ پس آپ اللہ کی راہ میں قتال کیجئے آپ کو بجز آپ کے ذاتی فعل کے کوئی حکم نہیں اور مسلمانوں کو ترغیب دے دیجئے اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ کافروں کے زور جنگ کو روک دیں گے اور اللہ تعالیٰ زور جنگ میں زیادہ شدید ہیں اور سخت سزا دیتے ہیں جو شخص اچھی سفارش کرے اس کو اس کی وجہ سے حصہ ملے گا اور جو شخص بری سفارش کرے اس کو اس کی وجہ سے حصہ ملے گا اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے ۞

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: اوپر منافقین کی بدعنوانی مذہبی مذکور تھی آگے بدعنوانی انتظامی مذکور ہے جس سے اہل اسلام پر اثر ضرر پہنچتا تھا۔

25 جنایت انتظامیہ منافقین: وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ۗ (الی قولہ تعالی) لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۸۳ اور جب ان لوگوں کو کسی امر (جدید) کی خبر پہنچتی ہے خواہ (وہ امر موجب) امن ہو یا (موجب) خوف (مثلاً کوئی لشکر مسلمانوں کا کسی جگہ جہاد کے لئے گیا اور ان کے غالب ہونے کی خبر آئی یہ امن کی خبر ہوئی یا ان کے مغلوب ہونے کی خبر آئی یہ خوف کی خبر ہے) تو اس (خبر) کو (فوراً) مشہور کر دیتے ہیں (حالانکہ بعض اوقات وہ غلط نکلتی ہے اور اگر صحیح بھی ہوئی تب بھی بعض اوقات اس کا مشہور کرنا خلاف مصلحت انتظامیہ ہوتا ہے) اور اگر (بجائے خود مشہور کرنے کے) یہ لوگ اس (خبر) کو رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اور جو (حضرات اکابر صحابہ) ان میں ایسے امور کو سمجھتے ہیں اُن کی (رائے کے) اوپر حوالہ رکھتے (اور خود کچھ دخل نہ دیتے) تو اس (خبر کی صحت و غلط اور قابل تشہیر ہونے نہ ہونے) کو وہ حضرات تو پہچان ہی لیتے جو ان میں اس کی تحقیق کر لیا کرتے ہیں۔ (جیسا ہمیشہ پہچان ہی لیتے ہیں پھر جیسا یہ حضرات عمل در آمد کرتے ویسا ہی ان خبر اُڑانے والوں کو کرنا چاہئے تھا ان کو دخل دینے کی کیا ضرورت ہوئی اور نہ دخل دیتے تو کون سا کام اٹک رہا تھا آگے احکام مذکورہ سنانے کے بعد جو سر تا سر متضمن مصالح دنیویہ و اخرویہ ہیں بطور منت کے مسلمانوں کو ارشاد ہے) اور اگر تم لوگوں پر خدا تعالیٰ کا (یہ خاص) فضل اور رحمت (کہ تم کو قرآن دیا اپنا پیغمبر بھیجا یہ اگر) نہ ہوتا تو تم سب کے سب (ضرر دنیوی اور اخروی اختیار کر کے) شیطان کے پیرو ہو جاتے بجز تھوڑے سے آدمیوں کے (جو بدولت عقل سلیم خداداد کے کہ وہ بھی ایک خاص فضل و رحمت ہے اس سے محفوظ رہتے ورنہ زیادہ تباہی میں پڑتے پس تم کو ایسے پیغمبر اور ایسے قرآن کو جن کی معرفت ایسے مصالح کے احکام آتے ہیں برخلاف منافقین مذکورین کے غنیمت سمجھنا چاہئے اور پوری اطاعت کرنا چاہئے) **ف**: اس سے کوئی یوں شبہ نہ کرے کہ جب قلیل مستثنیٰ ہیں تو ان پر اس رحمت خاصہ بعثت و قرآن سے کوئی منت نہ ہوئی کیونکہ وہ تو بدوں اس کے بھی اتباع شیطان سے محفوظ رہتے۔ جواب یہ ہے کہ عقل سے بعض احکام مجملاً مدرک ہو سکتے ہیں اس قدر تفصیل ابواب سعادت کی کب عقل سے معلوم ہو سکتی ہے تو اول تو بعض امور نظریہ دقیقہ مشتبہ عند العقل میں خود یہ اتباع بھی محتمل تھا دوسرے اگر ضرر سے بچے بھی رہتے تب بھی منافع و سعادات سے جن کا ادراک وحی پر موقوف ہے تو ضرور محروم رہتے تو ان پر کیا منت تھوڑی ہے جس کو دوسری آیت میں صاف فرمادیا ہے: لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ الآیہ [آل عمران: ۱٦٤] اور جاننا چاہئے کہ اولی الامر اور مستنبطین کو جو منھم فرمادیا حالانکہ مؤمنین و منافقین مغایر ہیں یہ بحسب دعویٰ منافقین کے ہے کہ وہ مومنین میں اپنے کو داخل و شامل کیا کرتے تھے ھکذا فی الکبیر۔ ربط: بہت اوپر سے مضمون جہاد کا شروع ہوا تھا بیچ بیچ میں اس کی مناسبت سے اور اور مضامین آ گئے تھے آگے پھر عود ہے خاص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب بنا کر اسی مضمون کی طرف ایک خاص عنوان سے جس میں ان بیچ کے مضامین کے بڑے حصوں سے بھی گونہ تعرض ہے چنانچہ بلا تکلف سے مترشح ہوتا ہے کہ بعضوں نے سستی کی تھی جس کی وجہ منافقین میں بداعتقادی تھی اور بعض مومنین میں خوف طبعی اور ضعف ہمت جو کہ اوپر بھی مذکور ہو چکے ہیں۔

خطاب خاص برائے جہاد: فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ۸۴ (جب جہاد کی ضرورت معلوم ہوگئی) پس آپ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کی راہ میں (کفار سے) قتال کیجئے (اور اگر فرضاً کوئی آپ کے ساتھ نہ ہو تو کچھ فکر نہ کیجئے کیونکہ) آپ کو بجز آپ کے ذاتی فعل کے (دوسرے شخص کے فعل کا کوئی حکم نہیں اور (اس کے ساتھ) مسلمانوں کو (صرف) ترغیب دے دیجئے (پھر اگر کوئی ساتھ نہ دے تو آپ بری الذمہ ہیں نہ تو باز پرس کی فکر کیجئے جس کی وجہ مذکور ہو چکی اور نہ تمہارہ جانے کا غم کیجئے جس کی وجہ یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ سے امید ہے (اور یہ امید دلانا وعدہ ہے) کہ کافروں کے زور جنگ کو روک دیں گے (اور ان کو مغلوب کر دیں گے) اور (گو یہ بڑے زور دار نظر آتے ہیں لیکن) اللہ تعالیٰ زور جنگ میں (ان سے بمدارج بے شمار) زیادہ شدید (اور قوی) ہیں اور (مخالف کو) سخت سزا دیتے ہیں۔ **ف**: ممکن ہے کہ اَشَدُّ بَاْسًا باعتبار دنیا کے ہو اور اَشَدُّ تَنْكِيْلًا باعتبار آخرت کے اور اللہ تعالیٰ کے زور جنگ سے مراد کفار کو مغلوب کرنے کا سامان فرما دینا ہے جو نتیجہ ہوتا ہے زور جنگ کا یا مراد باس سے مطلق زور لے لیا جاوے اور قوت کے معنی صادق آنے میں کوئی خفاء ہی نہیں اطلاقاً للمقید علی المطلق اور اس پیشین گوئی کا وقوع ظاہر ہے اگر خاص کفار سے قریش مراد ہوں جب بھی اور اگر ساری دنیا کے کفار مراد ہوں جب بھی کیونکہ چند ہی روز میں تمام سلطنتیں مسلمانوں نے فتح کر لیں اور بعض نے ان آیات کو خاص ایک قصہ پر محمول کیا ہے جس کا خلاصہ لباب سے تخریج ابن جریر بروایت ابن عباس ؓ یہ ہے کہ جب غزوۂ احد شوال میں ہو چکا تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذیقعدہ میں کفار کے وعدہ کے موافق بدر میں مقابلہ کے لئے جانا چاہا اس وقت بعض لوگوں نے تازہ زخمی ہونے کی وجہ سے اور بعض نے افواہی خبروں کی وجہ سے قدرے تامل کیا چنانچہ اس روایت میں یہ لفظ ہیں فابی علیہ الناس ان یتبعوہ آپ نے فرمایا انی ذاهب و ان لم یتبعنی احد یعنی گو میرے ساتھ کوئی نہ چلے مگر میں ضرور جاؤں گا چنانچہ آپ ستر آدمیوں کو لے کر چل کھڑے ہوئے مگر کفار قریش کے نہ آنے کی وجہ سے اس موقع پر قتال نہیں ہوا اھ مختصراً روح المعانی میں اس آیت کے متعلق ابن عباس ؓ سے اس قصہ میں نقل کیا ہے فنزلت اس وقت اس پیشین گوئی کا وقوع اظہر ہے کہ کفار مرعوب ہو گئے اور مقابلہ کے لئے نہ آئے چنانچہ آیت اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا واقعہ آل عمران کی تفسیر

www.besturdubooks.net

میں بھی اس کا کچھ بیان آ چکا ہے پس کفار خاص مراد ہوں گے اور میرے نزدیک تقریر آیت میں یہ اولیٰ ہے کہ یہ وعدہ عَسَی اللّٰہُ درصورت تنہا قتال فرمانے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تھا چونکہ یہ صورت واقع نہیں ہوئی اس لئے اس پیشین گوئی کے وقوع کی تحقیق اس مقام پر بالکل ضروری نہیں۔ 25 25

ربط: اوپر کی آیت میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم تھا کہ مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب دیں آگے بضمن حکم بستم امر مشروع میں شفاعت کرنے کی جس کو شفاعت حسنہ کہا ہے فضیلت اس مناسبت سے فرماتے ہیں کہ اس میں بھی ترغیب ہے ایک کو کہ دوسرے کے ساتھ احسان کرے پس دونوں میں ترغیب خیر ہوئی اور اگر ان ترغیبوں پر اثر رغبت بھی مرتب ہوگیا تو دونوں عمل تسبیب للخیر میں بھی شریک ہیں۔ اور اس شفاعت حسنہ کے مقابلہ کے لئے شفاعت سیئہ کا بیان بھی فرمادیا مقابلہ خود ایک مناسبت ہے اگر یوں کہا جاوے کہ اوپر منافقین کے اقوال واحوال مذکور تھے جو اوروں کے لئے بھی سبب ضرر ہو سکتے تھے اور شفاعت سیئہ بھی سبب ضرر ہے تو اس تقریر سے اوپر کے مضمون کے ساتھ ایک مستقل مناسبت نکل آوے گی۔

حکم بستم ترغیب شفاعت حسنہ وتحذیر از شفاعت سیئہ: وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً (الی قولہ تعالٰی) وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا جو شخص اچھی سفارش کرے (یعنی جس کا طریق ومقصود دونوں مشروع ہوں) اس کو اس (سفارش) کی وجہ سے (ثواب کا) حصہ ملے گا اور جو شخص بری سفارش کرے (یعنی جس کا طریق یا غرض غیر مشروع ہو) اس کو اس (سفارش) کی وجہ سے (گناہ کا) حصہ ملے گا اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھنے والے ہیں (وہ اپنی قدرت سے نیکی پر ثواب اور بدی پر عذاب دے سکتے ہیں) **ف**: طریق غیر مشروع ہونا اس طرح کہ مثلاً کسی غریب کی امداد کے لئے کسی امیر سے کہا مگر اس طرح کہ اس کو مجبور کیا اور اس پر گراں ہوا گو غرض بری نہیں مگر طریقہ برا ہے کہ ایذائے مسلم معصیت ہے اور مقصود غیر مشروع یہ کہ کسی ظالم کی اعانت کے لئے کہا کہ غرض ہی حرام ہے جو سفارش دونوں سے منزہ ہو وہ عبادت ہے کہیں واجب کہیں مستحب۔

مسئلہ: اور بوجہ عبادت ہونے کے اس پر عوض لینا حرام ہے کہ عبادت محل اجرت نہیں اور شفاعت سیئہ پر بوجہ معصیت ہونے کے اجرت لینا حرام ہے اور اگر بمقابلہ کوشش کے اجرت سمجھی جاوے تو غلط ہے کیونکہ اگر کوئی غیر ذی اثر آدمی اس سے زیادہ کوشش کرے اس کو اجرت نہیں دی جاتی اس سے معلوم ہوا کہ وہ بمقابلہ جاہ کے ہے اور جاہ غیر متقوم ہے اس لئے وہ بھی حرام ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ۚ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِي الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ۭ اسی طرح اثنائے سلوک میں جو اسرار واحوال پیش آتے ہیں ان کا عوام کے یا غیر شیخ محقق کے سامنے ظاہر کرنا باطناً مضر ہے اور یہ بھی نظر سے مدلول آیت کی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی الامن موجب اشارة الی حذف المضاف ای جاء هم امر من موجبات الخوف او الامن وهو عام فما فی مسلم من نزول الاية فی قصة خبر الطلاق فهو عندی من دخول الخاص فی العام۱۲۔ ۲ قوله فی اولی الامر ایسے امور کو سمجھتے ہیں فاللام للعهد او للجنس والمضاف محذوف ای الی اولی البعيرة بامثال هذه الامور۱۲۔ ۳ قوله فی علمه خبر کی صحت پہچان ہی لیتے اشار الی ان العلم بمعنى المعرفة والمضاف محذوف ای لعرفوا کون هذا الخبر كذا و كذا او يقال العلم قلبی والمفعول الثانی بل هو كذا و كذا وفی زيادة كلمة تو كلمة ہی اشارة الی دفع ايراد وهو ان المتبادر من التركيب ان علم المستنبطين متوقف على الرد۔ وجه الدفع ان المرتب على الرد ليس هو العلم بل هو المقدر نحو ای ضرر كان عليهم وجملة لعلمه الخ كالدليل عليه وهی واقعة لا محالة ردوه اولم يردوه وفی هاتين الكلمتين وقوله تحقیق کرلیا کرتے ہیں وقولہ جیسا ہمیشہ الخ اشارة الی ذلك كلمه وفيما سيأتی من قوله کونسا کام الخ تصريح به فافهم۱۲۔ ۴ قوله فی فضل الله یہ خاص وبه اندفع ايراد آخر وهو انه يلزم من الاستثناء ان القليل لا يحتاجون فی الاهتداء الی فضل الله ورحمته۔ وجه الدفع ان انتفاء الخاص لا يستلزم انتفاء العام فلو لم يكن الفضل بالارسال لكان باعطاء العقل نعم لو لم يوجد فضل ما لم يهتد احد۱۲۔ ۵ قوله فی لا تكلف دوسرے شخص کے فعل کا افاد ان المكلف به هو الفعل لا الذات وافاد ايضا ان مقصود الحصر نفی كونه صلى الله عليه وسلم مكلفا بفعل غيره فلا يلزم نفی التحريض لانه ايضا فعله صلى الله عليه وسلم فالحصر اضافی لا حقيقی ليلزم نفی كل فعل سوى القتال۱۲۔ ۶ قوله فی عسى اور یہ امید دلانا كما فی الكبير عسى اطماع واطماع الكريم ايجاب۱۲۔ ۷ قوله سفارش کی وجہ حملت من على التعليل وحملت النصيب على الثواب وكذا الكفل على العذاب فدل على الاجر والوزر ولولم تترتب على الشفاعة الثمرة من ايصال النفع او الضرر۱۲۔

اللغات: فی البيضاوی اصل الاستنباط اخراج النبط وهو الماء يخرج من البير الاول ما يحفر۔ وفی الروح ثم تجوز به فاطلق

www.besturdubooks.net

على كل اخذ وتلق۔ قلت فحاصله اخذ الخبر من مواقعه واخذ المصالح محالها وهذا هو التحقيق وبهذا المعنى يطلق على اخذ الحكم من مورده اذا عوا به الباء مزيدة ۱۲۔ بيضاوى۔ النصيب والكفل مترادفان والتخصيص للتفنن من روح المعانى ۱۲۔ قوله مقيتا فى البيضاوى مقتدرا من اقات على الشئ اذا قدر ۱۲۔

وَ اِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَاۤ اَوْ رُدُّوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ حَسِیْبًا ﴿۸۶﴾ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ

لَیَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ لَا رَیْبَ فِیْهِ ؕ وَ مَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِیْثًا ﴿۸۷﴾ فَمَا لَكُمْ فِی الْمُنٰفِقِیْنَ فِئَتَیْنِ وَ اللّٰهُ ع

اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِیْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَ مَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِیْلًا ﴿۸۸﴾

وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِیَآءَ حَتّٰى یُهَاجِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ

تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَ اقْتُلُوْهُمْ حَیْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۪ وَ لَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِیًّا وَّ لَا نَصِیْرًا ﴿۸۹﴾ اِلَّا الَّذِیْنَ یَصِلُوْنَ

اِلٰى قَوْمٍۭ بَیْنَكُمْ وَ بَیْنَهُمْ مِّیْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ اَنْ یُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ یُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ؕ

اور جب تم کو کوئی (شروع طور پر) سلام کرے تو تم اس سلام سے اچھے الفاظ میں سلام کرو۔ یا ویسے ہی الفاظ کہہ دو۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر حساب لیں گے۔ اللہ ایسے ہیں کہ ان کے سوا کوئی معبود ہونے کے قابل نہیں۔ وہ ضرور تم سب کو جمع کریں گے قیامت کے دن میں اس میں کوئی شبہ نہیں اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ کس کی بات سچی ہوگی۔ پھر تم کو کیا ہوا کہ ان منافقوں کے باب میں تم دو گروہ ہوگئے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو الٹا پھیر دیا ان کے عمل کے سبب کیا تم لوگ اس کا ارادہ رکھتے ہو کہ ایسے لوگوں کو ہدایت کرو جن کو اللہ تعالیٰ نے گمراہی میں ڈال رکھا ہے اور جس شخص کو اللہ تعالیٰ گمراہی میں ڈال دیں اس کیلئے کوئی سبیل نہ پاؤ گے وہ اس تمنا میں ہیں کہ جیسے وہ کافر ہیں تم بھی کافر بن جاؤ جن میں تم اور وہ سب ایک طرح کے ہو جاؤ سو ان میں سے کسی کو دوست مت بنانا جب تک کہ وہ اللہ کی راہ میں ہجرت نہ کریں اور اگر وہ اعراض کریں تو ان کو پکڑو اور قتل کرو جس جگہ ان کو پاؤ اور نہ ان میں سے کسی کو دوست بناؤ اور نہ مددگار بناؤ مگر جو لوگ ایسے ہیں جو کہ ایسے لوگوں سے جا ملتے ہیں کہ تمہارے اور ان کے درمیان عہد ہے یا خود تمہارے پاس اس حالت میں آویں کہ ان کا دل تمہارے ساتھ اور نیز اپنی قوم کے ساتھ لڑنے سے منقبض ہو۔

تفسیر ربط: اوپر شفاعتِ حسنہ کا بیان تھا آگے سلام کے جواب دینے کا طریق اس مناسبت سے بیان فرماتے ہیں کہ دونوں میں دوسرے کی تطییب قلب ہے اور احکام جہاد کے اثناء میں اس کا آنا اس وجہ سے لطیف ہوگیا کہ مجاہدین جیسے تلفظ بکلمة الاسلام کو شمشیر سے حفاظت کرنے والا سمجھتے ہیں اسی طرح تکلم بلفظ سلام کو بھی علامت اسلام کی سمجھ کر ایسے شخص سے ہاتھ روک لیا کریں جہاں کہیں شعار خاص اہل اسلام کا ہو دوسرے اقوام میں مستعمل نہ ہو جیسا عنقریب ایک قصہ بھی آوے گا اس آیت کی تفسیر میں وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰۤى اِلَیْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا۔

حکم بست ونہم تعلیم جواب سلام: وَ اِذَا حُیِّیْتُمْ بِتَحِیَّةٍ فَحَیُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَاۤ اَوْ رُدُّوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ حَسِیْبًا اور جب تم کو کوئی (شروع طور پر) سلام کرے تو تم اس (سلام) سے اچھے الفاظ میں سلام کرو (یعنی جواب دو) یا (جواب میں) ویسے ہی الفاظ کہہ دو (تم کو دونوں اختیار دیئے جاتے ہیں) بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر (یعنی ہر عمل پر) حساب لیں گے (یعنی ان کا قانون یہی ہے اور یوں اپنے فضل سے معاف کردیں وہ اور بات ہے)

ف: مسئلہ: امر کے صیغہ سے اور حسیب سے اس حکم کا ظاہر او جوب معلوم ہوتا ہے اور یہی مذہب ہے فقہاء کا۔ مسئلہ: یہ جو قید لگائی گئی کہ مشروع طور پر اس سے وہ سلام نکل گئے جو مکروہ ہیں مثلاً پائخانہ پھرنے والے کو سلام کرے یا اور کسی گناہ میں مبتلا ہونے کی حالت میں یا جو کسی طاعت میں مثلاً نماز و تلاوت میں مشغول ہو اور زیادہ تفصیل درمختار میں مذکور ہے۔ ایسی حالت میں جواب دینا اس کے ذمہ نہیں بلکہ بعض حالات میں جواب مکروہ ہے۔ مسئلہ: یہ وجوب جواب سلام کا علی الکفایہ ہے اگر جماعت میں ایک نے بھی جواب دے دیا تو سب کے ذمہ سے اتر جاوے گا۔ مسئلہ: نفس جواب واجب ہے باقی ویسے ہی الفاظ یا ان سے احسن اور بعض صورتوں میں ان سے کم یہ سب اختیار میں ہے آیت میں جو لفظ او تخییر کے لئے ہے وہ اسی کے اعتبار سے ہے اور صیغۂ امر سے جو وجوب مستفاد ہوتا ہے وہ باعتبار نفس تحیت کے ہے پس مقید واجب ہے اور قید مخیر فیہ مثلاً ایک صیغہ یہ ہے السلام علیکم دوسرا جس میں ورحمة الله زیادہ ہو۔ تیسرے جس میں وبرکاته بھی ہو۔ اسی طرح جواب میں سمجھ لینا چاہئے۔ ان سب صیغوں میں اختیار ہے چنانچہ بمثلہ اور احسن میں اختیار ہونا تو منصوص ہے رہا کم کا اختیار ہونا اجماعی ہے کما فی الکبیر مثلاً کسی نے کہا السلام علیکم ورحمة الله اور جواب میں کہہ دیا گیا وعلیکم السلام تو یہ اتفاقاً کافی ہے

www.besturdubooks.net

اورآیت میں بھی اگر ردو ھا کو بقرینہ مقابلہ اس طرح مفسر کیا جاوے کہ اولا تحیوا باحسن اور تخصیص ردتمثیلاً کہی جاوے تو معارضہ کی صورت بھی نہ رہے۔

مسئلہ: حُیِّیۡتُمۡ فعل مجہول ہے مگر اجماعاً اس کا فاعل مسلم ہے قطعاً یا احتمالاً پس اگر یقینی کافر سلام کرے تو جواب دینا واجب نہیں گو جائز ہے اور حدیث میں اس کے جواب کا خاص صیغہ آیا ہے کہ صرف علیکم کہے تو وہ جب ہے جب احتمال ہو کہ اس نے شرارت سے سلام کیا ہے ورنہ جائز ہے بلکہ حاجت کے وقت ابتداء بھی درست ہے نقلہ فی الروح عن الحسن وعن الشعبی وقتادہ وابن عباس رضی اللہ عنہم۔ **ربط**: اوپر بہت سے احکام مذکور ہوئے ہیں آگے ان کی تاکید و اہتمام کیلئے اپنی عظمت اور قیامت کا ذکر فرماتے ہیں تاکہ حاکم کی عظمت سے اور ان کے دربار میں حاضری وحساب سے احکام پر عمل کرنے میں اہتمام بڑھ جاوے۔

توحید ومعاد: اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ (الی قولہ تعالی) وَمَنۡ اَصۡدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيۡثًا اللہ ایسے ہیں کہ ان کے سوا کوئی معبود ہونے کے قابل نہیں وہ ضرور تم سب کو جمع کریں گے قیامت کے دن اس میں کوئی شبہ نہیں اور خدا تعالیٰ سے زیادہ کس کی بات سچی ہوگی (جب وہ خبر دے رہے ہیں تو بالکل ٹھیک ہی ہے) **ف**: یہ ترکیب جیسے اصدق ہونے کی نافی ہے ایسے ہی محاورہ کے اعتبار سے مساوی فی الصدق ہونے کو بھی نافی ہے پس اصدقیت کلام اللہ تعالیٰ کے لئے مفید ہے اور یہ اصدقیت باعتبار کمیت کے بھی ہے اور باعتبار کیفیت کے بھی اول بایں معنی کہ مخلوق اخبار میں بوجہ عدم علم غیب کے محکی عنہ کی مطابقت وعدم مطابقت پر مطلع نہیں ہوتا اور مدار صدق مطابقت محکی عنہ پر ہے۔ اور مواعید میں بوجہ عدم قدرت کاملہ کے ایفاء سے عاجز ہوتا ہے الا بتعلیم اللہ تعالیٰ وتمکینہ اور حق تعالیٰ کا علم وقدرت دونوں کامل ہیں اس لئے ہر خبر بھی صادق ہے اور ہر وعدہ بھی صادق ہے۔ اور ثانی بایں معنی کہ دوسروں کا صدق لوازم کلام سے نہیں کہ عقلاً انفکاک ممتنع ہو اور کلام اللہ میں لوازم سے ہے کہ انفکاک ممتنع ہے گو یہ لازم بوجہ اس کے کہ خود ملزوم مقدور ہے داخل تحت القدرت ہو اور اس کی مقدوریت سے اس کی ضد کی مقدوریت بھی ضرور ہے لان القدرۃ تعلق بالضدین جیسے ضاحک بالقوۃ باوجود اس کے لوازم انسان میں سے ہونے کے بوجہ اس کے کہ انسان مقدور ہے نیز داخل تحت القدرت ہے اسی طرح صدق کو سمجھنا چاہئے لیکن مراد اس کلام کا صدق ہے جو کہ افعال میں سے ہے یعنی کلام لفظی بخلاف اس کلام کے جو صفات ذاتیہ سے ہے یعنی کلام نفسی کہ وہ صدق لوازم ذات واجبہ سے ہے اور وہ اور اس کی ضد مقدوریت سے منزہ ہے بوجہ وجوب وامتناع عقلی کے۔ **ربط**: اوپر احکام جہاد وقتال مذکور تھے اگلے رکوع میں بھی کفار کے بعض خاص خاص احوال کے اعتبار سے قتل وعدم قتال کے بعض بعض احکام مذکور ہیں مگر اس رکوع کی تفسیر کا سمجھنا موقوف ہے بعض روایات کے نقل کرنے پر اس لئے ان کو نقل کرتا ہوں۔

پہلی روایت: عبد بن حمید نے مجاہد سے روایت کیا کہ بعض مشرکین مکہ سے مدینہ آئے اور ظاہر کیا کہ ہم مسلمان اور مہاجر ہو آئے ہیں پھر مرتد ہو گئے اور حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے اسباب تجارت لانے کا بہانہ کر کے پھر مکہ چل دیئے اور پھر نہ آئے ان کے بارہ میں مسلمانوں کی رائے مختلف ہوئی بعض نے کہا یہ کافر ہیں بعض نے کہا یہ مؤمن ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کا کافر ہونا آیت فَمَا لَكُمۡ فِى الۡمُنٰفِقِيۡنَ میں بیان فرمادیا اور ان کے قتل کا حکم دیا اھ احقر کہتا ہے ان کا منافق کہنا بایں معنی ہے کہ جب اسلام کا دعویٰ کیا تھا جب بھی منافق تھے دل سے ایمان نہ لائے تھے اور منافقین کو قتل نہ کئے جاتے تھے لیکن جب ہی تک کہ اپنا کفر چھپاتے تھے اور ان لوگوں کا ارتداد ظاہر ہو گیا تھا اور جنہوں نے مسلمان کہا شاید بناء علی حسن الظن ان کے دلائل ارتداد میں کچھ تاویل کر لی ہوگی۔ اور اس تاویل کا مستند رائے محض ہوگا مؤید بدلیل شرعی نہ ہوگی اس لئے معتبر نہیں رکھی گئی۔

دوسری روایت: ابن ابی شیبہ نے حسن سے روایت کیا کہ سراقہ بن مالک مدلجی نے بعد واقعۂ بدر واحد کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں آ کر درخواست کی کہ ہماری قوم بنی مدلج سے صلح کر لیجئے آپ نے حضرت خالد کو تکمیل صلح کے لئے وہاں بھیج دیا مضمون صلح یہ تھا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ وسلم کے مقابل کی مدد نہ کریں گے اور قریش مسلمان ہو جاویں گے تو ہم مسلمان ہو جاویں گے اور جو قومیں ہم سے متحد ہوں گی وہ بھی اس معاہدہ میں ہمارے شریک ہیں اس پر آیت وَدُّوۡا ..... اِلَّا الَّذِيۡنَ يَصِلُوۡنَ الخ نازل ہوئی اھ۔

تیسری روایت: کلبی نے بطریق ابی صالح حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ آیت: سَتَجِدُوۡنَ اٰخَرِيۡنَ الخ میں جن کا ذکر ہے مراد ان سے اسد اور غطفان ہیں کہ مدینہ میں آتے اور ظاہراً اسلام کا دعویٰ کرتے اور اپنی قوم سے کہتے کہ ہم تو بندر اور عقرب پر ایمان لائے ہیں اور مسلمانوں سے کہتے کہ ہم تمہارے دین پر ہیں اور ضحاک نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہی حالت بنی عبد الدار کی نقل کی ہے اھ پہلی اور دوسری روایت روح المعانی میں اور تیسری معالم میں ہے احقر کہتا ہے کہ اس تیسری روایت والوں کی حالت مثل پہلی روایت والوں کے ہوئی کہ دلیل سے ان کا پہلے ہی سے مسلمان نہ ہونا ثابت ہو گیا اسی لئے ان کا حکم مثل عام کفار کے ہے یعنی مصالحت کی حالت میں ان سے قتال نہ کیا جاوے اور عدم مصالحت میں قتال کیا جاوے چنانچہ پہلی روایت والوں کے باب میں آیت ثانیہ میں اخذ وقتل کا حکم اور آیت ثالثہ میں مصالحت کی حالت میں ان کا استثناء موجود ہے جن کی مصالحت کا ذکر روایت ثانیہ میں ہے اور تاکید استثناء کے

www.besturdubooks.net

لئے فان اعتزلوکم کی تصریح ہے اور یہ استثناء بوجہ اس کے کہ یہ مرتدین بسبب لحوق بدار الحرب کے مثل دیگر کفار کے ہو گئے استثناء متصل ہے گو مستثنیٰ ان مرتدین کا غیر کیوں نہ ہو۔ اور تیسری روایت والوں کے باب میں آیت رابعہ میں عدم اعتزال و عدم الکف عن القتال کی حالت میں ان کے اخذ وقتل کا حکم مصرح ہے اور قرینہ مقابلہ سے صلح کی حالت میں عدم قتال مفہوم ہوتا ہے۔ پس کل فرقے جو یہاں مذکور ہیں تین ہیں ایک ایک روایت والے۔ ایک کا ذکر پہلی دوسری آیت میں۔ ایک کا تیسری میں ایک کا چوتھی میں اور حکم کل دو ہیں عدم صلح میں قتال اور صلح میں عدم قتال۔ رہی یہ بات کہ جو منافقین مدینہ میں رہتے تھے باوجود یکہ دلائل سے ان کا کفر بھی ثابت تھا پھر ان کے لئے امن کا حکم کیوں تھا اس کے دو جواب ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ ان کی حالت بھی عام کفار کی سی تھی چونکہ وہ صلح سے رہتے تھے اس لئے مثل کفار مصالحین کے ان سے جنگ نہ کی جاتی تھی البتہ روح المعانی میں تحت آیت: فَإِنِ اعْتَزَلُوكُمْ ابن عباسؓ سے ان آیات کا منسوخ ہونا آیت براءۃ فَإِذَا انْسَلَخَ الْأَشْهُرُ الْحُرُمُ [براءۃ: ۵] سے نقل کیا ہے حالانکہ مصالحین سے جنگ نہ کرنے کا حکم اب بھی باقی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان آیات کے نزول کے وقت خواہان صلح کی درخواست کا منظور کرنا واجب ہوگا اس اعتبار سے نسخ ہو سکتا ہے چنانچہ اب امام کا مخیر ہونا شرعی مسئلہ ہے یا اعلان نقض صلح ایک معین میعاد کے بعد کو صورۃ نسخ کہہ دیا پس تخییر امام جب بھی تھی گو بناء علی الظہور مذکور نہیں۔ دوسرا جواب یہ کہ اس وقت اسلام کے لئے مثل اقرار کے بشرط قدرت وتمکن ہجرت بھی فرض اور مدار قبول واجراء احکام کا تھا جیسا اب یہی حالت اقرار کی ہے۔ چنانچہ روح المعانی میں تیسیر سے اس کی فرضیت کی تصریح کی ہے پس جو منافقین مدینہ میں رہتے تھے جو کہ دار الاسلام تھا وہ ظاہرا اس فرض کے عامل تھے اس لئے مثل مقر کے ان سے تعرض نہ ہوتا تھا بخلاف روایت اولیٰ و ثالثہ والوں کے کہ تارک ہجرت وقیام دار الاسلام تھے اسلئے ان کا حکم عام کفار کا سا ہوا اسی لئے آیت ثانیہ میں عدم اتخاذ اولیا کیلئے جو کہ مرادف عدم قبول ایمان ہے کیونکہ ایمان منجملہ شرائط جواز ولایت ہے حَتّٰى يُهَاجِرُوْا کو غایت فرمایا ہے اور معالم سے معلوم ہوتا ہے کہ روایت اولیٰ والوں کو جنہوں نے مسلمان کہا تھا اس کی وجہ یہ بیان کی تھی کہ کیا صرف اپنا وطن نہ چھوڑنے سے ان کو کافر کہا جاوے گا اھ لیکن جب اس وقت ہجرت کی حالت مثل اقرار باللسان کے تھی تو اس وجہ کا جواب ظاہر ہے کہ ہاں مثل تارک اقرار کے اس کو کافر کہا جاوے گا۔ احقر نے جو روایت اولیٰ کے ذیل میں تاویل کو اس کے غیر معتبر ہونے کو مجملا لکھا تھا اس سے دونوں کی تعیین وتبیین بھی ہو سکتی ہے اور یہ تمہید بوجہ موقوف علیہ ہونے کے گو آیتوں سے پہلے لکھ دی گئی لیکن بعد مطالعہ تفسیر آیات بھی اس کو مکرر دیکھ لینا مفید ہے۔

بعض احکام خاصہ جہاد در بعضے احوال خاصہ۔ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا (الی قولہ تعالیٰ) اَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَإِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا۔ اس میں مکارم اخلاق اور محاسن اعمال کی تعلیم ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في اخر التمهيد ہو سکتی ہے لم يجزم به لاني ما ظفرت بالتصريح بان فرض الهجرة كان بمنزلة فرض الاقرار وانما فهمته من الروايات والفهم يحتمل الخطأ والله اعلم ۱۲۔

الروایات: ذكرت في المتن واخرى ما في الصحاح ان نزول الآية في من رجع من المنافقين من احد لكنها لا يساعدها ظاهر الآية ومن اختارها حمل قوله حتى يهاجروا على هجرة خاصة وهي الخروج الى الجهاد فان صاحب الروح نقل ان لها ثلث استعمالات والمشهور ترك المنهيات والخروج للقتال ۱۲۔

اللغات: في البيضاوي التحية في الاصل مصدر حياك الله تعالى على الاخبار من الحيوة ثم استعمل للحكم والدعاء بذلك ثم قيل لكل دعاء فغلب في السلام اه قلت فانه من الدعاء ۱۲۔ الحصر۔ الضيق ۱۲۔

النحو: لاريب فيه في البيضاوي حال من يوم ۱۲۔

فائدۃ: وبما قررت في فائدة المتن من الاصدقية في الكيف ارتفع النزاع في المسئلة التي افترق فيها علماء عصرنا المعنونة بامتناع الكذب فان الكلام كلامان لفظي من الافعال ونفسي من الصفات ففي الاول الحق الا متناع العادي اى الانتفاع مع دخول المنتفى تحت القدرة ولو اصطلح احد بتسميته امتناعًا عقليًا بالغير لا تنازعه بعد وضوح المراد وفي الثاني الحق الا متناع العقلي اى الانتفاء مع عدم دخول المنتفي تحت القدرة لا لنقصان القدرة بل لعدم صلاحية المحل لتعلقها فافهم فانه من المواهب اللدنية ۱۲۔

البلاغۃ: قوله الى قوم عدى بالى لتضمن يصلون لمعنى الانتهاء ۱۲۔

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ۝٩٠ سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ۭ

www.besturdubooks.net

كُلَّمَا رُدُّوٓا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ

ع ۱۲/۹ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ۚ وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۹۱﴾

اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو ان کو تم پر مسلط کر دیتا پھر وہ تم سے لڑنے لگتے پھر اگر وہ تم سے کنارہ کش رہیں۔ یعنی تم سے نہ لڑیں تم سے سلامت روی رکھیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے تم کو ان پر کوئی راہ نہیں دی۔ بعضے ایسے بھی تم کو ضرور ملیں گے کہ وہ یہ چاہتے ہیں کہ تم سے بھی بے خطر ہو کر رہیں اور اپنی قوم سے بھی بے خطر ہو کر رہیں۔ جب کبھی ان کو شرارت کی طرف متوجہ کیا جاتا ہے تو وہ اس میں جا گرتے ہیں سو یہ لوگ اگر تم سے کنارہ کش نہ ہوں اور نہ تم سے سلامت روی رکھیں اور نہ اپنے ہاتھوں کو روکیں تو تم ان کو پکڑو اور قتل کرو جہاں کہیں ان کو پاؤ اور ہم نے تم کو ان پر صاف حجت دی ہے ۞

تفسیر: وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ (الی قولہ تعالیٰ) وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا۔

پہلے فرقہ کا بیان: (جب تم ان مرتدین کی حالت دیکھ چکے) پھر تم کو کیا ہوا کہ ان منافقین کے باب میں تم (اختلاف رائے کر کے) دو گروہ ہو گئے (کہ ایک گروہ ان کو اب بھی مسلمان کہتا ہے) حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو (ان کے علانیہ کفر کی طرف الٹا پھیر دیا ان کے (بد) عمل کے سبب (وہ بد عمل ارتداد دار الاسلام کو باوجود قدرت کے چھوڑ دینا ہے جو کہ مثل ترک اقرار بالاسلام کے علامت کفر کی تھی اور واقع میں تو وہ پہلے بھی مسلمان نہ ہوئے تھے اور اسی وجہ سے ان کو منافق کہا) کیا تم وہ لوگ (اے وہ گروہ جن کو اس ترک دار الاسلام کا علامت کفر ہونا معلوم نہیں) اس کا ارادہ رکھتے ہو کہ ایسے لوگوں کو ہدایت کرو جن کو اللہ تعالیٰ نے (جب کہ ان لوگوں نے گمراہی اختیار کی) گمراہی میں ڈال رکھا ہے (جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی عادت ہے کہ عزم فعل کے وقت اس فعل کو پیدا کر دیتے ہیں مطلب یہ کہ گمراہ کو جو مومن کہتے ہو اور مومن وہ ہے جس میں ایمان ہو اور اس وقت تک ایمان ہے نہیں تو کیا اب ایمان پیدا کرو گے جو اس کو مومن کہہ سکو اور یہ محال ہے پس ان کا مومن و مہتدی ہونا معلق بالمحال ہے اس لئے ان کو مومن کہنا مثل حکم بالمحال کے ہے) اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہی میں ڈال دیں اس کے (مومن ہونے کے) لئے کوئی سبیل (یعنی راہ) نہ پاؤ گے (پس ان لوگوں کو مومن نہ کہنا چاہئے اور بھلا وہ خود تو کیا مومن ہوں گے ان کے غلو فی الکفر کی تو یہ حالت ہے کہ) وہ اس تمنا میں ہیں کہ جیسے وہ کافر ہیں تم بھی (خدا نہ کرے) کافر بن جاؤ جس میں تم اور وہ سب ایک طرح کے ہو جاؤ سو (ان کی جب یہ حالت ہے) ان میں سے کسی کو دوست مت بنانا (یعنی کسی کے ساتھ مسلمانوں کا سا برتاؤ مت کرنا کیونکہ دوستی کے جواز کیلئے اسلام شرط ہے) جب تک وہ اللہ کی راہ میں (یعنی تکمیل اسلام کے لئے) ہجرت نہ کریں (کیونکہ اس وقت ہجرت کا وہ حکم تھا جو اب اقرار بالشہادتین کا ہے اور تکمیل اسلام کی قید اس لئے ہے کہ خالی دار الاسلام میں آنا کافی نہیں یوں تو کفار اہل تجارت بھی آ جاتے ہیں بلکہ اسلامی حیثیت سے آ دیں یعنی اسلام بھی ظاہر کریں تا کہ جامع اقرار و ہجرت کے ہو جاویں اور رہی تصدیق وہ صرف عند اللہ شرط ہے اس کی تفتیش ضرور نہیں) اور اگر وہ (اسلام سے) اعراض کریں (اور کافر ہی رہیں) تو ان کو پکڑو اور قتل کرو جس جگہ ان کو پاؤ (یہ پکڑنا یا تو قتل کے لئے ہے یا غلام بنانے کے لئے) اور نہ ان میں کسی کو دوست بناؤ اور نہ مددگار بناؤ (مطلب یہ کہ کسی حالت میں ان سے کوئی تعلق نہ رکھو نہ امن میں دوستی نہ خوف میں استعانت بلکہ بالکل الگ تھلگ رہو۔

دوسرے فرقہ کا بیان: مگر (ان کفار میں) جو لوگ ایسے ہیں جو کہ (تمہارے ساتھ مصالحت سے رہنا چاہتے ہیں جس کے دو طریقے ہیں ایک تو یہ کہ بواسطہ صلح ہو یعنی) ایسے لوگوں سے جا ملتے ہیں (یعنی ہم عہد ہو جاتے ہیں) کہ تمہارے اور ان کے درمیان عہد (صلح) ہے (جیسے بنو مدلج کہ ان سے صلح ہوئی تو ان کے ہم عہد بھی اس استثناء میں آ گئے تو بنی مدلج بدرجہ اولیٰ مستثنیٰ ہوں گے) یا (دوسرا طریق یہ ہے کہ بلا واسطہ صلح ہو اس طرح سے کہ) خود تمہارے پاس اس حالت سے آ دیں کہ ان کا دل تمہارے ساتھ اور نیز اپنی قوم کے ساتھ لڑنے سے منقبض ہو (اس لئے نہ تو اپنی قوم کے ساتھ ہو کر تم سے لڑیں اور نہ تمہارے ساتھ ہو کر اپنی قوم سے لڑیں بلکہ ان سے بھی صلح رکھیں اور تم سے بھی۔ پس دونوں طریقوں میں جس طریق سے کوئی مصالحت رکھے وہ حکم مذکور اخذ اور قتل سے مستثنیٰ ہے) اور (تم ان لوگوں کی درخواست صلح میں اللہ تعالیٰ کا احسان مانو کہ ان کے دل میں تمہاری ہیبت ڈال دی ورنہ) اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو ان کو تم پر مسلط (اور دلیر) کر دیتا پھر وہ تم سے لڑنے لگتے (مگر خدا تعالیٰ نے تم کو اس پریشانی سے بچا لیا) پھر اگر (صلح کر کے) وہ تم سے کنارہ کش رہیں یعنی تم سے نہ لڑیں اور تم سے سلامت روی رکھیں (ان سب الفاظ کا مطلب یہ کہ صلح سے رہیں کئی لفظ تاکید کیلئے فرما دیئے) تو (اس حالت صلح میں) اللہ تعالیٰ نے تم کو ان پر (قتل یا قید وغیرہ کی) کوئی راہ نہیں دی (یعنی اجازت نہیں دی۔

تیسرے فرقہ کا بیان: بعضے ایسے بھی تم کو ضرور ملیں گے (یعنی ان کی یہ حالت معلوم ہو گی) کہ (براہ خداع) وہ (یہ بھی) چاہتے ہیں کہ تم سے بے خطر ہو کر رہیں اور اپنی قوم سے بھی بے خطر ہو کر رہیں (اور ساتھ ہی اس کے) جب کبھی ان کو (صریح مخالفین کی طرف سے) شرارت (و فساد) کی طرف متوجہ کیا جاتا ہے (یعنی

اُن سے مسلمانوں سے لڑنے کے لئے کہا جاتا ہے) تو وہ (فوراً) اُس (شرارت) میں جا گرتے ہیں (یعنی مسلمانوں سے لڑنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں اور وہ خداع کی صلح توڑ دیتے ہیں سو یہ لوگ اگر (صلح توڑ دیں اور) تم سے (یعنی تمہاری لڑائی سے) کنارہ کش نہ ہوں اور نہ تم سے سلامت روی رکھیں اور نہ اپنے ہاتھوں کو (تمہارے مقابلہ سے) روکیں (سب کا مطلب مثل سابق کے ایک یہی ہے کہ صلح توڑ دیں) تو تم (بھی) ان کو پکڑو اور قتل کرو جہاں کہیں ان کو پاؤ اور ہم نے تم کو ان پر صاف حجت دی ہے (جس سے ان کا مباح الدم ہونا ظاہر ہے اور وہ حجت ان کا نقض عہد ہے)

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله فی فما لکم** جب تم **فالفاء یصح کونها فصیحة وقوله** کیا ہوا **اشار الی تقدیر ای شئ کائن لکم** ۱۲۔ ۲؎ **قوله فی فئتین** اختلاف رائے کرکے **اشار الی ان التقدیر تفرقتم فئتین فالتفرق فی الرائے لا فی المسلك الدینی** ۱۲۔ ۳؎ **قوله فی ارکسهم** الٹا الٹا **اشار بالاول الی انهم لم یؤمنوا بقلوبهم قط و من ثمه سموا منافقین وبالثانی الی معنی ارکس ای ردهم مقلوبین کما فی القاموس۔** ۴؎ **قوله بما کسبوا** ارتداد **احترز عن الانتقال من دار الاسلام للسفر الضروری** ۱۲۔ ۵؎ **قوله هناك** باوجود قدرت **فلا یرد حال المستضعفین اشکالا کما ان الاقرار یسقط بالعجز** ۱۲۔ ۶؎ **قوله هناك** اسی وجہ سے ان کو منافقین **فالوصف للتشنیع لا للتعریف لانهم لم یشتهروا بالنفاق** ۱۲۔ ۷؎ **قوله فی من اضل** جو مؤمن کہتے ہو **لانهم کانوا یحکمون بایمانهم لا انهم یریدون ایمانهم ففی الکلام کنایة** ۱۲۔ ۸؎ **قوله فی خذوهم** یہ پکڑنا **کذا فی روح المعانی** ۱۲۔ ۹؎ **قوله فی بینکم** بدرجہ اولیٰ **فلا یرد ان الفرقة الثانیة لم یدخل فیه بنو مدلج وادعیت دخولهم فیها** ۱۲۔ ۱۰؎ **قوله فی او یقاتلوا** و نیز **اشار الی ان او بمعنی الواو بقرینة المقام** ۱۲۔ ۱۱؎ **قوله قبل ولو شاء اخذ** اور قتل سے مستثنیٰ **اشار الی ان الاستثناء لیس من اتخاذهم اولیاء لانه حرام ما لم یؤمن** ۱۲۔ ۱۲؎ **قوله فی فلم یقتلوکم** یعنی **اشار الی ان الفاء للتفصیل والتفسیر** ۱۲۔ ۱۳؎ **قوله فی ستجدون** ضرور و معلوم **اشار الی ان السین للتاکید والاستقبال باعتبار العلم بحالتهم والافحالهم قد وجد من قبل** ۱۲۔ ۱۴؎ **قوله هناك** براہ خداع **یدل علیه المقام ومقابلته بمن حصرت صدورهم فهم لم تحصر صدورهم عن القتال بل کان فیها بسط له فحصل معنی الخداع** ۱۲۔ ۱۵؎ **قوله فی کلما** اور ساتھ ہی اس کے **اشارة الی ان کلما صفة ثانیة لآخرین وبالمجموع تمیزوا ممن قبلهم والافنفس ارادة الا من مشترك صورة وان لم یبق مشترکا بعد اعتبار مفهوم الخداع فیه کما بینا من قبل** ۱۲۔ ۱۶؎ **قوله فی ویلقوا** نہ تم سے **اشار الی ان العطف علی المنفی لا علی النفی** ۱۲۔

البلاغۃ: **قوله یلقوا الیکم السلم فی الروح هو استعارة لان من سلم شیئا القاه وطرحه عند المسلم له قوله فما جعل الله فی الروح فیه مبالغة فی عدم التعرض لهم لان من لا یمر بشئی کیف یتعرض له** ۱۲۔

فائدة بدیعیة: من الروح فی الآیتین الاخریین مفهومات متقابلات۔ قوله اعتزلوکم مع لم یعتزلوکم و قوله لم یقاتلوکم مع و یکفوا ای لم یکفوا۔ قوله القوا الیکم مع ویلقوا الیکم السلم وقوله ما جعل الله مع قوله اولئکم جعلناکم۔ قلت ففیه صنعة التقابل من انواع البدیع ۱۲۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا إِلَّا خَطَأً ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَأً فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ إِلَىٰٓ أَهْلِهٖٓ إِلَّآ أَنْ يَّصَّدَّقُوْا ۚ فَإِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۖ وَإِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۭ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ إِلَىٰٓ أَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۫ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾

اور کسی مؤمن کی شان نہیں کہ وہ کسی مومن کو قتل کرے لیکن غلطی سے اور جو شخص کسی مؤمن کو غلطی سے قتل کر دے۔ تو اس پر ایک مسلمان غلام یا لونڈی کا آزاد کرنا ہے اور خون بہا ہے جو اس کے خاندان والوں کو حوالہ کر دی جائے مگر یہ کہ وہ لوگ معاف کر دیں اور اگر وہ ایسی قوم سے ہے جو تمہارے مخالف ہے اور وہ شخص خود مؤمن ہے تو ایک غلام یا لونڈی مسلمان آزاد کرے اور اگر وہ ایسی قوم سے ہو کہ تم میں اور ان میں معاہدہ ہو تو خون بہا ہے جو اس کے خاندان والوں کے حوالہ کر دی جائے اور ایک غلام یا لونڈی مسلمان کا آزاد کرنا پھر جس شخص کو نہ ملے تو متواتر دو ماہ کے روزے ہیں بطریق توبہ کے جو اللہ کی طرف سے مقرر ہوئی ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے علم اور حکمت والے ہیں ﴿۹۲﴾

تفسیر ربط: اوپر سے قتل وقتال کا ذکر چلا آ رہا ہے اور کل صورتیں ابتداءً قتل کی آٹھ ہیں کیونکہ مقتول چار حال سے خالی نہیں یا مومن ہے یا ذمی ہے یا مصالح ومستامن ہے یا حربی ہے اور قتل دو طرح کا ہے یا عمداً یا خطاءً پس اس اعتبار سے کل صورتیں قتل کی آٹھ ہوئیں۔ اول مومن کا قتل عمد۔ دوم مومن کا قتل خطا۔ سوم ذمی کا قتل عمد۔ چہارم ذمی کا قتل خطا۔ پنجم مصالح کا قتل عمد۔ ششم مصالح کا قتل خطا۔ ہفتم حربی کا قتل عمد۔ ہشتم حربی کا قتل خطا۔ ان صورتوں میں بعض کا حکم تو اوپر معلوم

www.besturdubooks.net

ہو چکا ہے بعض آگے مذکور ہے اور بعض کا حدیث میں موجود ہے چنانچہ صورت اولیٰ کا حکم دنیوی یعنی وجوب قصاص سورۂ بقرہ میں مذکور ہے اور حکم اخروی آگے آیت وَمَنْ يَّقْتُلْ میں آتا ہے اور صورت دوم کا بیان قول اللہ تعالیٰ: وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ (الی قولہ تعالی) وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ میں آتا ہے۔ صورت سوم کا حکم حدیث دارقطنی میں ہے کہ ذمی کے عوض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمان سے قصاص لیا اخرجہ الزیلعی فی تخریج الھدایۃ۔ صورت چہارم کا ذکر قول اللہ تعالیٰ: وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ میں آتا ہے صورت پنجم کا ذکر اوپر کے رکوع قول اللہ تعالیٰ: فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا میں آ چکا ہے۔ صورت ششم کا حکم صورت چہارم کے ساتھ ہی مذکور ہے کیونکہ میثاق عام ہے مؤبد اور موقت کو پس ذمی و مستامن دونوں آ گئے درمختار کی کتاب الدیات کے شروع میں مستامن کی دیت کے وجوب کی تصحیح کی ہے۔ صورت ہفتم و ہشتم کا حکم خود جہاد کی مشروعیت سے اوپر معلوم ہو چکا کیونکہ جہاد میں اہل حرب قصداً مقتول ہوتے ہیں اور خطاء کا جواز بالاولیٰ ثابت ہوگا۔

حکم بست و دوم تفصیل احکام بعض صور قتل: وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ (الی قولہ تعالی) وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ (الی قولہ تعالی) وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا اور کسی مومن کی شان نہیں کہ وہ کسی مومن کو (ابتداءً) قتل کرے لیکن غلطی سے (ہو جاوے تو اور بات ہے) اور جو شخص کسی مومن کو غلطی سے قتل کر دے تو اس پر (شرعاً) ایک مسلمان غلام یا لونڈی کا آزاد کرنا (واجب) ہے اور خون بہا (بھی واجب) ہے جو اس (مقتول) کے خاندان والوں کو (یعنی ان میں جو وارث ہیں بقدر حصص میراث) حوالہ کر دی جاوے (اور جس کے کوئی وارث نہ ہو بیت المال قائم مقام ورثہ کے ہے) مگر یہ کہ وہ لوگ (اس خون بہا کو) معاف کر دیں (خواہ کل یا بعض اتنی ہی معاف ہو جاوے گی) اور اگر وہ (مقتول خطاءً) ایسی قوم سے ہو جو تمہارے مخالف ہیں (یعنی حربی ہیں اور ان ہی میں کسی وجہ سے رہتا تھا) اور وہ شخص خود مومن ہے تو (صرف) ایک غلام یا لونڈی مسلمان آزاد کرنا (پڑے گا اور دیت اس لئے نہیں کہ اگر ورثہ اس مقتول کے مسلمان ہیں تب تو وہ تحت ولایت حاکم مسلم نہ ہونے کے باعث مستحق نہیں **لا يقضى لهم ولا يقضى عليهم** اور اگر کافر ہیں تو اس صورت میں دیت بیت المال کا حق ہوتی اور دار الحرب سے بیت المال میں ترکہ لایا نہیں جاتا) اور اگر وہ (مقتول خطاءً) ایسی قوم سے ہو کہ تم میں اور ان میں معاہدہ (صلح یا ذمہ کا) ہو (یعنی ذمی یا مصالح و مستامن ہو) تو خون بہا (بھی واجب ہے) جو اس (مقتول) کے خاندان والوں کو (یعنی ان کے جو وارث ہیں) حوالہ کر دی جاوے (کیونکہ کافر کافر کا وارث ہوتا ہے) اور ایک غلام یا لونڈی مسلمان کا آزاد کرنا (پڑے گا) پھر جن صورتوں میں غلام لونڈی کا آزاد کرنا واجب ہے) جس شخص کو (غلام لونڈی) نہ ملے (اور نہ اتنے دام ہوں کہ خرید سکے) تو اس کے ذمہ بجائے اس آزاد کرنے کے) متواتر (یعنی لگاتار) دو ماہ کے روزے ہیں (یہ آزاد کرنا اور وہ نہ ہو سکے تو روزے رکھنا) بطریق توبہ کے (ہے) جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر ہوئی ہے (یعنی اس کا یہ طریقہ مشروع ہے) اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے حکمت والے ہیں (اپنے علم و حکمت سے مصلحت کے مناسب احکام مقرر فرماتے ہیں گو ہر جگہ حکمت بندہ کو معلوم نہ ہو) **ف**: یہاں چند مسائل لکھنا ضروری ہیں۔

مسئلہ: قتل کی تین قسمیں ہیں۔ عمد جو ظاہراً قصد سے ایسے آلہ کے ذریعہ سے واقع ہو جو آہنی یا تفریق اجزاء میں بجائے آہنی کے ہو جیسے دھار والا بانس یا دھار والا پتھر یا آگ۔ دوسرے شبہ عمد جو قصداً تو ہو مگر ایسے آلہ سے نہ ہو۔ تیسرے خطاء یا تو قصد و ظن میں کہ دور سے آدمی کو شکاری جانور یا کافر حربی سمجھ کر نشانہ لگا دیا یا فعل میں کہ نشانہ تو جانور ہی کو لگایا لیکن آدمی کے جا لگا۔ اس آیت میں خطاء سے مراد غیر عمد ہے پس دوسری تیسری دونوں قسمیں اس میں آ گئیں دونوں میں دیت بھی ہے اور گناہ بھی مگر ان دونوں امر میں دونوں قسمیں متفاوت ہیں۔ دیت دوسری قسم کی سو اونٹ ہیں چار قسم کے یعنی ایک قسم کے پچیس پچیس اور دیت تیسری قسم کی سو اونٹ ہیں پانچ قسم کے یعنی ایک ایک قسم کے بیس بیس۔ البتہ اگر دیت میں نقد دیا جاوے تو دونوں قسموں میں ایک ہزار دینار شرعی یا دس ہزار درہم شرعی ہیں اور گناہ دوسری قسم میں زیادہ ہے بوجہ قصد کے اور تیسری قسم میں کم ہے صرف بے احتیاطی کا کذا فی الھدایہ چنانچہ **تحریر رقبۃ** کا وجوب و نیز لفظ توبہ بھی اس پر دال ہے۔ اور یہ حقیقت ان تینوں قسموں کی باعتبار وجوب احکام شرعیہ فی الدنیا کے ہے اور گناہ کے اعتبار سے عمد و غیر عمد ہونا اس کا مدار عند اللہ قلب پر ہے جس پر وعید آئندہ کا مدار ہے وہ خدا کو معلوم ہے ممکن ہے کہ اس اعتبار سے قسم اول غیر عمد ہو جاوے اور قسم ثانی عمد ہو جاوے اسی لئے احقر نے تعریفات میں ظاہراً کی قید لگائی: **كذا يفهم من الهداية وايضا هو ظاهر**۔

مسئلہ: یہ مقدار مذکور دیت کی جب ہے کہ مقتول مرد ہو اور اگر عورت ہو تو اس کی نصف ہے کذا فی الھدایہ۔ دلیل اس کی حدیث بیہقی کی ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دية المرأة على النصف من دية الرجل کذا فی شرح النقایۃ اور قرآن مجید میں دیت مجمل ہے پس حدیث سے یہ تفصیل و تفاوت مذکور مفسر ہو گئی مجمل اور مفصل یا مبہم اور مفسر میں تعارض لازم نہیں آتا۔

مسئلہ: دیت مسلم اور ذمی کی برابر ہے دلیل اس کی حدیث ہے قال علیہ السلام دية كل ذي عهد في عهده الف دينار کذا فی الھدایہ اخرجہ ابوداؤد فی

www.besturdubooks.net

مراسیلہ عن سعید بن المسیب کذا فی شرح النقایۃ اور ظاہراً قرآن مجید سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کیونکہ دونوں جگہ دیت کو ایک ہی عنوان سے ذکر فرمایا ہے اور ظاہراً کی قید اس لئے لگائی کہ قائلین بالتفاوت کہہ سکتے ہیں کہ دوسرے دلائل سے ہم کو معلوم ہوا کہ دونوں عنوانوں کا معنون مختلف ہے۔

مَسْئَلَہ: کفارہ یعنی تحریر رقبہ یا صیام خود قاتل کو ادا کرنا پڑتا ہے اور دیت قاتل کے اہل نصرت پر ہے جن کو شرع کی اصطلاح میں عاقلہ کہتے ہیں تفصیل اس کی کتب فقہ میں ہے دلیل اس کی یہ حدیث ہے قال علیه السلام لاولیاء الجانی قوموا فدوه کذا فی الهدایۃ رواہ الطبرانی فی معجمہ کذا قال علی القاری اور قرآن مجید سے یہ معارض نہیں کیونکہ اصل وجوب قاتل ہی پر ہے لیکن بوجہ اس کے کہ اس قاتل کا جرم خطا میں باعتبار خطا ہونے کے اور شبہ عمد میں بنظر آلہ کے کہ موضوع قتل کے لئے نہیں خفیف ہے اس لئے اتنی بڑی رقم اس کے ذمہ ڈالنا مناسب نہیں۔ اور عاقلہ کی تخصیص اس لئے ہے کہ آدمی اپنے انصار کے زور پر ایسی بے احتیاطی کیا کرتا ہے آئندہ کو وہ لوگ بھی اس کا انسداد رکھیں گے۔ اور اس کی حفاظت میں کوتاہی نہ کریں گے پس یہ انصار وجوب میں اس کے قائم مقام ہیں اور یہ نہیں کہ اس پر وجوب نہیں چنانچہ قاتل بھی اس چندہ میں داخل ہوتا ہے کذا فی الہدایۃ۔ اور اگر آیت میں علیہ مقدر نہ کریں صرف فالواجب مقدر ہو تو علیہ و علیہم دونوں کو شامل ہو جاوے گا۔ پس معارضہ کا شبہ بھی نہ رہے گا۔ رہا آیت: لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی سے تعارض کا شبہ وہ اس تقریر سے رفع ہو گیا کہ ان کی جانب سے ایک گونہ حفاظت میں تقصیر رہی یا لَا تَزِرُ کو گناہ کے ساتھ خاص کہا جاوے تو سرے سے شبہ نہ پڑے گا۔

مَسْئَلَہ: کفارہ میں لونڈی غلام برابر ہیں لفظ رقبہ عام ہے البتہ صحیح الاعضاء ہو کیونکہ مطلق سے مراد کامل ہوتا ہے کذا فی الکتب الفقہیۃ۔

مَسْئَلَہ: دیت مقتول کی شرعی ورثہ میں تقسیم ہوگی اور جو اپنا حصہ معاف کر دے گا اس قدر معاف ہو جاوے گی اگر سب نے معاف کر دیا سب معاف ہو جاوے گی کذا فی الکتب الفقہیۃ۔

مَسْئَلَہ: جس مقتول کا کوئی وارث شرعی نہ ہو اس کی دیت بیت المال میں داخل ہوگی۔ کیونکہ دیت ترکہ ہے اور ترکہ کا یہی حکم ہے۔

مَسْئَلَہ: ☐ اِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ کے ترجمہ میں صرف کہنے کی وجہ اسی جگہ مذکور ہے کہ اس صورت میں دیت نہیں اس کی دلیل بھی وہاں مذکور ہے ایسے شخص کا ترکہ بیت المال میں لانا کہیں نظر سے نہیں گزرا اور ظاہراً منفی ہے لانقطاع الولایۃ اور اسی میں یہ قید کہ "وہاں رہتا تھا" اس لئے لگائی کہ اگر یہ شخص دارالاسلام میں ہو تو اس کا ترکہ چونکہ بیت المال کا حق ہے لہٰذا اس کی دیت واجب ہوگی کذا یفهم من الدر المختار اسی طرح اگر ایسے مقتول کا کوئی وارث دارالحرب میں مسلمان ہو تو ظاہر یہ ہے کہ اس وقت بھی دیت واجب ہوگی۔ کذا یفهم من الدر کیونکہ یہ مسلمین ان اہل میثاق کفار سے جو آگے مذکور ہیں کم نہیں اور وہاں دیت تھی لیکن اس کے بعد روح المعانی سورۂ فتح آیۃ: هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا الخ کے ذیل میں یہ مسئلہ کافی سے منقول نظر سے گذرا کہ جو مسلمان دارالحرب میں رہتا ہو اور اس کو کوئی قتل کر دے اور اس کے وارث مسلمان بھی ہوں تو عمد میں صرف گناہ ہے اور خطا میں صرف کفارہ ہے دیت نہیں پھر درمختار قبیل فصل استیمان میں بھی یہ مسئلہ دیکھا گیا۔

مَسْئَلَہ: اہل میثاق کے باب میں جو دیت واجب ہے ظاہر یہ ہے کہ اہل کے وجود کے وقت ہے اور اگر اہل نہ ہوں یا وہ اہل مسلمان ہوں کہ بجائے نہ ہونے کے ہے تو اگر وہ ذمی ہے تو دیت ہوگی اور بیت المال میں آوے گی کیونکہ ذمی کا ترکہ جس میں دیت داخل ہے بیت المال میں آتا ہے کما فی الدرالمختار ورنہ واجب نہ ہوگی لعدم صدق مسلمۃ الی اہلہ۔

مَسْئَلَہ: ہندوستان میں رقبہ نہیں ملتا ظاہر یہ ہے کہ لم یجد صادق آوے گا عرب میں دام بھیجنا واجب نہیں لما فیه من الحرج ومثله کفارات اخرٰی من الیمین والظهار پس صیام جائز ہے۔

مَسْئَلَہ: صیام میں اگر مرض وغیرہ کی وجہ سے تتابع نہ رہا از سر نو رکھنے پڑیں گے البتہ عورت کا حیض قاطع تتابع نہیں کذا فی الکتب الفقہیۃ۔

مَسْئَلَہ: اگر کسی عذر سے صیام پر قدرت نہ ہو تو قدرت تک توبہ کیا کرے۔

مَسْئَلَہ: قتل عمد میں یہ کفارہ نہیں توبہ کرنا چاہئے۔ کذا فی الکتب الفقہیۃ۔

تنبیہ: یہاں جن مسائل میں عموماً یا خصوصاً حوالہ مذکور نہیں ہے وہ بوجہ اس کے کہ میرے پاس کتابیں کم ہیں میری نظر سے نہیں گذرے محض قواعد کی بناء پر لکھا ہے اگر کسی کو غلطی کی اطلاع ہو تو درست فرما دیا جاوے اور لکھنے کی ضرورت کو مقام مقتضی تھا کہ تکمیل شقوق اس پر موقوف تھی واللہ اعلم۔

مُلحقاتُ التّرجمۃ: ۱ قوله فی التمهید میثاق عام ہے صرح به فی روح المعانی ۱۲۔ ۲ قوله فی ما کان شان نہیں کما فی التفاسیر ما کان وما صح ۱۲۔ ۳ قوله هناك ابتداءً احتراز عن القصاص ونحوه ۱۲۔ ۴ قوله فی خطأ غلطی سے اشار الی ما فی الروح انه حال ای فی حال الا فی حال الخطأ ویجوز ان یکون مفعولاً مطلقاً ای قتلا خطأ ویصح حمل ترجمتی علیه فعلی هذا التقدیر لا یلزم جواز قتل

www.besturdubooks.net

الخطاء لان معنى الكلام ليس انه ما يجوز لمؤمن الخ ۱۲۔ ۵؎ قوله فى فتحرير اس پر اى عليه تحرير او فالواجب ۱۲۔ ۶؎ قوله فى يصدقوا اس خون بہا کو اشارة الى انصراف الاستثناء الى الدية خاصة لا تحرير رقبة فانه واجب بكل حال ۱۲۔ ۷؎ قوله فى فان كان من قوم عدو اور اشار الى كون الفاء للتفصيل لا التعقيب ۱۲۔ ۸؎ قوله هناك کی وجہ سے لان القيام بين اظهرهم لا يجوز لكن الظاهر ان حكمها سواء وما ورد من تنصيف ديتهم فى الحديث فلعله زجر لهم وان ثبت كون الهجرة بمنزلة الاقرار كان قولى هذا احتراز الان التارك للهجرة بلا عذر لا يستحق الدية ح ولو ثبت التنصيف لهم كان فيه مصلحة والافهم لا يستحقون شيئا فافهم او كان امر تمكنهم من الهجرة مشتبهًا او محتملًا فكان لاستحقاهم الدية مساغ والله اعلم ۱۲۔ ۹؎ قوله فى وهو مؤمن فتحرير صرف لان الظاهر من السكوت عن الدية عدم وجوبها ۱۲۔ ۱۰؎ قوله فى وان كان من قوم بينكم وہ مقتول اشار الى ان العائد الى المقتول خطأ لا المقتول المؤمن لاندراجه فى حكم ما سبق من قوله تعالىٰ ومن قتل مؤمنا خطأ الخ والقرنية على ما اخترته ان قيد الايمان قد ذكر فيما قبله ولم يصرح به هناك فالظاهر ان هذا ليس بمؤمن ثم لو اعيد الى المقتول المؤمن خاصة المذكور فى صدر الآية كان ينبغى الاكتفاء فيما قبل هذا فالتصريح فى احد الموضعين وعدمه فى الآخر دليل ظاهر على ما اخترت ومن اختار عوده الى المؤمن ذكر النكتة فى افراده مع اندراجه فيما سبق انه لبيان ان كونه فيما بين المعاهدين لا يمنع وجوب الدية كما منعه كونه بين المحاربين ثم تكلف فى توجيه استحقاق قومه ديته مع كونهم غير مسلمين فقال تارة انه مقيد بما اذا كانوا مسلمين وتارة بانه ليس بطريق الميراث بل لعهدهم والله اعلم ۱۲۔ ۱۱؎ قوله فى كان من قوم بينكم یعنی ذمی لان الظاهر من عدم زيادة قوله تعالىٰ وهو مؤمن انه ليس بمؤمن بل كالقوم الذى هو منهم ۱۲۔ ۱۲؎ قوله فى فصيام بجائے اس آزاد افاد بقاء الدية بحالها ۱۲۔ ۱۳؎ قوله فى توبة یہ آزاد لان الكفارة هو الذى شرع حقا لله تعالىٰ واما الدية فليس من التوبه فى شئى لانه حق العبد ولاجله يسقط باسقاطه ۱۲۔ ۱۴؎ قوله هناك مشروع ہوا ہے۔ اشارة الى ان من ابتدائية صفة الموصوف فالتقدير توبة مشروعية من جانب الله تعالىٰ ۱۲۔

الروایات: فى الروح اخرج ابن جرير وابن المنذر عن السدى ان عياش بن ربيعة المخزومى اسلم وهاجر الى النبى صلى الله عليه وسلم وساق الحديث۔ وفيه فخرج عياش فلقى الكنانى وقد اسلم وعياش لا يعلم باسلامه فضربه حتى قتله فاخبر بعد بذلك فاتى رسول الله صلى الله عليه وسلم فاخبره الخبر فنزلت واخرج ابن جرير عن ابن زيد انها نزلت فى رجل قتله ابو الدرداء قال لا اله الا الله فبدر فضربه اه اى ظانا انه يتقى بذلك وليس مؤمنا وقريبا منه اخرج فى اللباب عن ابن جرير عن عكرمة ومجاهد والسدى وعن ابن اسحق وابى يعلى والحرث بن اسامة وابى مسلم عن القاسم وعن ابن ابى حاتم عن ابن عباس وفى الروح فى قوله تعالىٰ فان كان من قوم عدولكم والآية كما قال ابن جبير نزلت فى مرداس بن عمرو ولما قتله خطأ اسامة بن زيد ۱۲۔ فى اللباب اخرج ابن جرير من طريق ابن جريج ان رجلا من الانصار قتل اخامقيس بن ضبابة فاعطاه النبى صلى الله عليه وسلم الدية فقبلها ثم وثب على قاتل اخيه فقتله فقال النبى صلى الله عليه وسلم لا اومنه فى حل ولا حرم فقتل يوم الفتح قال ابن جريج وفيه نزلت هذه الآية ومن يقتل مؤمنا اه وفى الروح اخرج ابن ابى حاتم عن ابن جبير نحوه وزاد فيه ان هذا القاتل ارتد عن الاسلام اه۔

رواية مفسرة للآية ناصرة لاهل الحق: فى الروح اخرج ابن المنذر عن اسمٰعيل بن ثوبان قال جالست الناس قبل الداء الاعظم فى المسجد الاكبر فسمعتهم يقولون لما نزلت ومن يقتل مؤمنا الآية قال المهاجرون والانصار وجبت لمن فعل هذا النار حتى نزلت ان الله لا يغفر ان يشرك به الخ فقال المهاجرون والانصار يصنع الله تعالىٰ ما شاء ۱۲۔

اللغات: الرقبة النسبة مجازاً اطلاقاً للجزء على الكل لكنه متعارف فى المماليك خاصة ۱۲۔

النحو: قوله الا ان يصدقوا منصوب على الاستثناء اى فى جميع الاحيان الا حين التصدق ۱۲۔

وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ﴿۹۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰۤى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۹۴﴾ لَا يَسْتَوِى

www.besturdubooks.net

الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ غَیْرُ اُولِی الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ

الْمُجٰهِدِیْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِیْنَ دَرَجَةً ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِیْنَ عَلَى الْقٰعِدِیْنَ

۱۳ ع ۵ ۱۰ اَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۹۵﴾ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۹۶﴾

اور جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کر ڈالے تو اس کی سزا جہنم ہے کہ ہمیشہ ہمیشہ کو اس میں رہنا اور اس پر اللہ تعالیٰ غضب ناک ہوں گے اور اس کو اپنی رحمت سے دور کر دیں گے اور اس کے لئے بڑی سزا کا سامان کریں گے۔ اے ایمان والو! جب تم اللہ کی راہ میں سفر کیا کرو تو ہر کام کو تحقیق کر کے کیا کرو اور ایسے شخص کو جو کہ تمہارے سامنے اطاعت ظاہر کرے یوں مت کہہ دیا کرو تو مسلمان نہیں ہے۔ اس طور پر کہ تم دینوی زندگی کے سامان کی خواہش کرتے ہو۔ کیونکہ اللہ کے پاس بہت غنیمت کے مال ہیں۔ پہلے تم بھی ایسے ہی تھے پھر اللہ تعالیٰ نے تم پر احسان کیا سو غور کرو۔ بے شک اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کی پوری خبر رکھتے ہیں۔ برابر نہیں وہ مسلمان جو بلا کسی عذر کے گھر میں بیٹھے رہیں اور وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کریں اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کا درجہ بہت زیادہ بنایا ہے جو اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرتے ہیں بہ نسبت گھر میں بیٹھنے والوں کے اور سب سے اللہ تعالیٰ نے اچھے گھر کا وعدہ کر رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کو بمقابلہ گھر میں بیٹھنے والوں کے بڑا اجر عظیم دیا ہے یعنی بہت سے درجے جو اللہ کی طرف سے ملیں گے اور مغفرت اور رحمت اور اللہ تعالیٰ بڑے مغفرت والے بڑے رحمت والے ہیں ○

تفسیر ربط: اوپر کی آیت کی تمہید میں جو آٹھ صورتیں مذکور ہیں ان میں کی پہلی صورت کا آگے بیان ہوتا ہے پس یہ تتمہ ماقبل کا ہے۔

تتمہ سابق: وَمَنْ یَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا (الی قولہ تعالی) وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِیْمًا اور جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کر ڈالے تو اس کی (اصلی) سزا (تو) جہنم (میں اس طرح رہنا) ہے کہ ہمیشہ ہمیشہ کو اس میں رہنا (لیکن اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ یہ اصلی سزا جاری نہ ہوگی بلکہ ایمان کی برکت سے آخر نجات ہو جاوے گی) اور اس پر (ایک میعاد معین تک کے واسطے) اللہ تعالیٰ غضبناک ہوں گے۔ اور اس کو اپنی رحمت (خاصہ) سے دور کریں گے اور اس کے لئے بڑی سزا (یعنی سزائے دوزخ) کا سامان کریں گے۔ **ف**: تمام اہل حق متفق ہیں کہ بجز کفر و شرک کے کوئی امر موجب خلود فی النار نہیں ہے اس دعوے پر بے شمار آیات و احادیث دال ہیں اس آیت کے بعض ظاہری لفظوں سے اس کے خلاف کا شبہ ہوتا تھا لیکن اس کا صحیح مطلب ترجمہ سے ظاہر ہونے کے بعد وہ شبہ رفع ہو گیا۔ البتہ صرف حضرت ابن عباسؓ کا مذہب ان ظاہری الفاظ کے موافق مشہور ہے اور ان کا قول سورۂ فرقان کی آیت میں جو بعد ذکر قتل کے اِلَّا مَنْ تَابَ آیا ہے اس کے تعارض کے جواب میں یہ منقول ہے کہ سورۂ فرقان مکیہ ہے اور سورۂ نساء مدنیہ پس وہ استثناء اس اطلاق متاخر سے مرتفع ہو گیا اور دوسرا جواب یہ منقول ہے کہ وہ قبول توبہ مشرکین کے لئے ہے جو بعد میں مسلمان ہو جائیں لیکن روح المعانی میں بروایت ابن حمید اور نحاس کے سعید بن عبیدہ سے منقول ہے کہ حضرت ابن عباسؓ قاتل مومن کے قبول توبہ کے قائل تھے ایک بار ایک شخص نے آ کر ان سے پوچھا کہ کیا اس کی توبہ مقبول ہو جاتی ہے آپ نے فرمایا نہیں بس اس کے لئے دوزخ ہی ہے جب وہ شخص اٹھ کر چلا گیا تو حاضرین نے اس پر جوان کے پہلے فتوے کے خلاف تھا تعجب ظاہر کر کے سبب پوچھا آپ نے فرمایا کہ مجھ کو ایسا گمان ہوا کہ وہ غصہ میں کسی مومن کو قتل کرنا چاہتا ہے چنانچہ کسی کو تحقیق کے لئے اس کے پیچھے دوڑایا تو یہی بات نکلی اھ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابن عباسؓ کا قول مشہور بناء بر مصلحت تھا اصل مذہب جمہور کے موافق تھا چنانچہ روح میں سفیان سے بھی نقل کیا ہے کہ اہل علم سے اس کو جب کوئی ابتداءً پوچھتا تو جواب میں یہی کہتے کہ اس کی توبہ مقبول نہیں لیکن جب کوئی مبتلا ہو جاتا تو اس کو توبہ کا حکم فرماتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ابن عباسؓ کے سوا اور بزرگوں کی بھی یہ عادت تھی۔ یہ تو تحقیق تھی ان کے مذہب کی۔ رہ گیا سورۂ فرقان کے استثنا کا تقدم سو نسائی میں حضرت زید سے دو روایتیں پاس پاس منقول ہیں ایک کا مضمون یہ ہے کہ یہ آیت سورۂ فرقان کی آیت سے آٹھ مہینے پیچھے نازل ہوئی اور دوسری کا مضمون یہ ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو ہم بہت ڈرے اس کے بعد سورۂ فرقان کی آیت نازل ہوئی چونکہ رواۃ دونوں حدیثوں کے ثقہ ہیں تو صحیح حدیثوں میں تعارض ہو نہیں سکتا۔ اس لئے تطبیق میں کہا جاوے کہ سورۂ فرقان کی آیت کا جو حصہ استثناء سے پہلے ہے وہ تو پہلے نازل ہوا اور اسی کی تائید کے لئے یہ آیت نازل ہوئی چونکہ اس آیت میں صرف قتل پر وعید ہے بخلاف آیت فرقان کے کہ اس میں قتل کے ساتھ شرک بھی مذکور ہے کہ خلود اس مجموعہ پر محتمل ہے اس لئے اس آیت سے زیادہ خوف ہوا اس وقت سورۂ فرقان کا حصہ استثناء نازل ہوا جس میں وعدہ قبول توبہ کا ہے مگر چونکہ استثنا محتاج ہے مستثنیٰ منہ اور عامل کا اس لئے شائد پہلا حصہ مکرر نازل ہوا ہو پس سورۂ فرقان کی آیت کا تقدم و تاخر نزول میں ہر دو حکم صحیح ہو گئے اور استثناء کا تاخر قائم رہا البتہ بر عمل کے توبہ کے شرائط جداگانہ ہیں بہر حال عدم خلود جو اصل مقصود ہے ثابت ہو گیا۔ رہا مشرکین کے باب میں نازل ہونا سو چونکہ اعتبار عموم الفاظ کا ہے اس لئے خصوص مورد مضر نہیں۔

ربط: اوپر قتل مومن پر سخت وعید فرمائی ہے آگے یہ فرماتے ہیں کہ احکام شرعیہ کے جاری ہونے میں مومن کے مومن ہونے کیلئے صرف ظاہری اسلام کافی ہے جو

www.besturdubooks.net

شخص اسلام کا اظہار کرے اس کے قتل سے دست کش ہو جانا واجب ہے قرائن سے باطن کی تفتیش کرنا اور احکام اسلامیہ کے جاری کرنے میں اس کے ثبوت کا منتظر رہنا جائز نہیں جیسا بعض صحابہؓ سے بعض غزوات میں براہ غلطی واقع ہوا کہ بعضے لوگوں کے اظہار علامات اسلام کو تقیہ و کذب پر محمول کر کے قتل کر ڈالا اور مقتول کا مال غنیمت میں لے لیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کا انسداد فرمایا اور چونکہ اس وقت تک صحابہؓ کو یہ مسئلہ مصرحاً معلوم نہ تھا اس لئے صرف فہمائش پر اکتفاء کیا۔

حکم بست و سوم وجوب اکتفاء بر اظہار اسلام: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ (الی قوله تعالی) اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا اے ایمان والو جب تم اللہ کی راہ میں (یعنی جہاد کیلئے) سفر کیا کرو تو ہر کام کو (قتل ہو یا اور کچھ ہو) تحقیق کر کے کیا کرو اور ایسے شخص کو جو کہ تمہارے سامنے (علامات) اطاعت (کی) ظاہر کرے (جیسے کلمہ پڑھنا یا مسلمانوں کے طرز پر سلام کرنا) یوں مت کہہ دیا کرو کہ تو (دل سے) مسلمان نہیں (محض اپنی جان بچانے کو جھوٹ موٹ اظہار اسلام کرتا ہے) اس طور پر کہ تم دنیوی زندگی کے سامان کی خواہش کرتے ہو کیونکہ خدا کے پاس (یعنی ان کے علم و قدرت میں تمہارے لئے) بہت غنیمت کے مال ہیں (جو کہ تم کو بطریق مرضی حق ملیں گے اور یاد تو کرو کہ) پہلے (ایک زمانہ میں) تم بھی ایسے ہی تھے (کہ تمہارے اسلام کے قبول کا مدار صرف تمہارا دعویٰ و اظہار تھا) پھر اللہ تعالیٰ نے تم پر احسان کیا (کہ اس ظاہری اسلام پر اکتفاء کیا گیا اور تفتیش باطن پر موقوف نہ رکھا) سو (ذرا) غور (تو) کرو بیشک اللہ تمہارے اعمال کی پوری خبر رکھتے ہیں (کہ بعد اس حکم کے کون اس پر عمل کرتا ہے کون نہیں کرتا) **ف**: یہ حکم سفر کے ساتھ خاص نہیں لیکن چونکہ یہ غلطی اتفاق سے سفر میں ہوئی تھی اس لئے ذکر میں تخصیص سفر کی ہوگئی اور اسلام میں مسلمانوں کے طرز کی قید اس لئے ہے کہ اس وقت میں کفار کا سلام اور طور پر تھا جیسے انعم صباحا اور حیاک اللہ۔ اور منجملہ ان علامات کے اذان اور نماز بھی ہے جو اس میں مشغول ہو اس کو مسلمان سمجھنا چاہئے اور ایک معنی احسان کرنے کے یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ تمہارا اسلام اب مشہور و معلوم عندالناس ہو گیا مگر اول سے تو ایسے نہ تھے کذا فی الکشاف اور دوسرے فَتَبَیَّنُوْا کے ایک معنی وہ بھی ہو سکتے ہیں جو پہلے فَتَبَیَّنُوْا کے تھے پس اس صورت میں اسی کا اعادہ ہوگا پہلے بطور دعوے کے تھا دوسری جگہ بطور نتیجہ کے ہوگا۔

ربط: اوپر جہاد کی فرضیت مذکور تھی آگے یہ فرماتے ہیں کہ گو بوجہ اس کے کہ فی نفسہٖ فرض عین نہیں ہے اور اس لئے اگر بعضے نہ جاویں تو گناہ نہیں جیسے وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى سے معلوم ہوگا و نیز مَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِیَنْفِرُوْا كَآفَّةً میں مصرح ہے لیکن پھر بھی اسکے جو فضائل مخصوصہ ہیں وہ کرنے ہی پر موقوف ہیں۔

تفصیل مجاہدین بر قاعدین: لَا یَسْتَوِی الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ (الی قوله تعالی) وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا (ثواب میں) برابر نہیں وہ مسلمان جو بلا کسی عذر کے گھر میں بیٹھے رہیں (یعنی جہاد میں نہ جاویں) اور وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور جانوں سے (یعنی مالوں کو خرچ کر کے اور جانوں کو حاضر کر کے) جہاد کریں (بلکہ) اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کا درجہ بہت زیادہ بنایا ہے جو اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرتے ہیں بہ نسبت گھر میں بیٹھنے والوں کے اور (یوں بوجہ فرض عین نہ ہونے کے گناہ ان بیٹھنے والوں پر نہیں بلکہ بوجہ ایمان اور دوسرے فرائض عین کے بجالانے کے) سب سے (یعنی مجاہدین سے بھی قاعدین سے بھی) اللہ تعالیٰ نے اچھے گھر کا (یعنی جنت کا آخرت میں وعدہ کر رکھا ہے) اور (اوپر جو ابہاماً کہا گیا ہے کہ مجاہدین کا بڑا درجہ ہے اس کی تعیین یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے مجاہدین (مذکورین) کو بمقابلہ گھر بیٹھنے والوں کے بڑا اجر عظیم دیا ہے (وہ درجہ یہی اجر عظیم ہے اس اجر عظیم اجمالی کی تفصیل فرماتے ہیں) یعنی (بوجہ اعمال متعددہ کے جو مجاہد سے صادر ہوتے ہیں ثواب کے) بہت سے درجے جو خدا کی طرف سے ملیں گے اور (گناہوں کی) مغفرت اور رحمت (یہ سب اجر عظیم کی تفصیل ہوئی اور اجمال اور تفسیر سب مل کر اس ابہام کی تفسیر ہے) اور اللہ تعالیٰ بڑے مغفرت والے بڑے رحمت والے ہیں۔ **ف**: وہ اعمال متعددہ سورۂ براءت کے اخیر میں مذکور ہیں اس آیت میں ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا یُصِیْبُهُمْ ظَمَاٌ (الی قوله تعالی) یَعْمَلُوْنَ۔ اور مغفرت کی وجہ اس آیت میں ہے اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ چونکہ اس سے اعمال عظیمہ سرزد ہوئے سیئات بھی زیادہ اور کیا عجب کہ کل سیئات بجز دین کے معاف ہوئے اور رحمت کا سبب اس آیت میں ہے: اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ غرض تفصیل کی دلیل عقلی مذکور ہے کہ چونکہ اس سے اعمال عظیمہ صادر ہوئے اور ہر عمل موجب درجہ ثواب موجب مغفرت و موجب رحمت ہے اس لئے تفصیل ثابت ہے اور بلا عذر کی قید اس لئے کہ حدیثوں میں مصرح ہے کہ اگر نیک کام کا عزم ہو اور کسی عذر سے نہ کر سکے تو اس کام کا اجر ملتا پس فاعل اور عازم کمیت ثواب میں مساوی ہیں جو یہاں زیادہ مقصود بالذکر ہے اور کیفیت میں تفاوت بعید نہیں بَلْ عَسٰٓی اَنْ یَّكُوْنَ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قوله تعالی: وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓی اِلَیْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۔ تَبْتَغُوْنَ حال ہے جس میں لَا تَقُوْلُوْا عامل ہے پس آیت دال ہوئی اخلاص فی الدین پر خصوص کفر کا فتویٰ دینے میں کہ غرض نفسانی اس کی باعث نہ ہو۔ قوله تعالی: لَا یَسْتَوِی الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ غَیْرُ اُولِی الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ قاعدین میں غیر اولی الضرر کی قید لگانا اس پر دال ہے کہ ضعیف کا مجاہدہ اور درجہ کا ہے اور قوی کا اور درجہ کا اور یہ کہ ضعیف کو مجاہدہ ضعیفہ وہی نفع دیتا ہے جو قوی کو مجاہدہ قویہ نفع بخشتا ہے ۱۲۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ : ۱؎ **قوله** اس کی اصلی سزا اخترت الجواب بقوله جزاء واجاب بعضهم بان الخلود هو المكث الطويل ويخدشه ان فتح باب هذا التاويل يرفع الامن عن آيات اخر وعد فيها للمؤمنين الخلود فى الجنة وللكافر الخلود فى النار۔ وان امكن الجواب بان الخلود ثمه تاكد بالتابد فلا يرتفع الا من و بعضهم بان التعمد ان يقتل مؤمنا من حيث الايمان وحاصله الاستحلال لكن على هذا يفوت التقابل بين هذا القتل المذكور فى هذه الأية السابقة وهو الخطأ الصرف واجاب بعضهم بان نزولها فى الكافر الذى قتل المؤمن لكن قد تقرر فى محله ان العبرة لعموم اللفظ لا لخصوص السبب فالاحسن الخالى عن التكلف ما اخترته لا يقال فعلى هذا لا فرق بين قوله جزاء ه جهنم وقوله تعالٰى من يعمل سوء يجزيه فيرتفع منه الامان لانى اقول فرق بينهما فان قوله يجز به معناه اثبات وقوع هذا الجزاء ومعنى قوله جزاء ه اثبات كون هذا جزاء لااثبات الوقوع اى لو وقع لم يستعبد كما فى قوله تعالٰى جزاء سيئة سيئة مثلها اى هى مقتضية لذلك كذا ههنا وفرق بين كون الجزاء جزاء وبين وقوع الجزاء فان قيل فقوله تعالٰى اولئك جزاء هم مغفرة هو مماثل لقوله جزاء ه جهنم فيرتفع الامان منه قلت هذا يخاف فلا بعد فى الامن وذلك اطماع والاطماع من الكريم وعدو هولا يخلف الميعاد ثم ان الوعد بالجنة لم ينحصر فى آية واحدة بل وردت فيه آيات ليس فيه كلمة الجزاء بخلاف القتل حيث لا يدل على الخلود لمباشره غير هذه الآية فافهم ۱۲۔ ۲؎ **قوله** فى غضب الله ایک میعاد لما ثبت من عدم الخلود ۱۲۔ ۱؎ **قوله** فى لعنه رحمت خاصہ اى التى تخص بالفائزين المقربين الذين لم يباشروا هذا القتل ۱۲۔ ۳؎ **قوله** فى التمهيد مصرحاً لان العلم بالقواعد كان حاصلًا ومن ثم عوتبوا لكن لعدم التصريح لم يشنعوا فافهم فكان خطائهم اجتهادياً لكن ناشياً عن العجلة والالايثبوا فافهم ۱۲۔ ۵؎ **قوله** فى تبينوا ہر کام کو لا طلاق اللفظ ۱۲۔ ۶؎ **قوله** فى القى اطاعت ظاہر کرے اى لله تعالٰى وحاصله اظهار الاسلام وما مر فى الركوع السابق كان معناه الاطاعة لكم وحاصله الصلح ومن ثم ترجمت هناك سلامت روی اخذا من الكبير حيث قال اصله السلامة فان المنقاد يطلب السلامة اه بحاصله ولم احمل على معنى السلام لان الروايات التى ذكروها سببا للنزول ذكر فى بعضها السلام وفى بعضها التكلم بالشهادتين فرأيت تطابقها احرٰى ومن فسر بالسلام يجوز له ان يحمل تخصيصه على التمثيل اى من سلم مثلًا وهو ادنى علامات الاسلام فمن تلفظ بالشهادة فهو اولى بالحكم ولو ثبت كون الهجرة بمنزلة الاقرار فالامر بعدم التعرض لهؤلاء لاحتمال عدم تمكنهم منها وفى هذه الحالة يسقط الاشتراط لاسيما اذا اسلم فى عين القتال لان عدم تمكنهم منها مقطوع به ۱۲۔ ۷؎ **قوله** فى التمهيد فی نفسہ افاد به انه يكون فرض عين عند عارض النفير العام ۱۲۔ ۸؎ **قوله** فى الضرر عذر كذا فى روح المعانى اعم من المرض وغيره ۱۲۔ ۹؎ **قوله** فى درجة ان لوگوں کا درجہ بہت زیادہ اشارة الٰى ان درجة تمئيز محول عن المفعول وهو فى الاصل مضاف الى المجاهدين وقوله بہت وزیادہ احدهما لمادة التفضيل والآخر لفخامة درجة ۱۲۔ ۱۰؎ **قوله** فى الحسنى جنت كذا فى الروح عن قتادة ۱۲۔ ۱۱؎ **قوله** فى المجاهدين الثانى مذکورین اى باموالهم وانفسهم اكتفى باللام عن هذا القيد كما اكتفى فى المجاهدين الاول باللام عن قيد فى سبيل الله وكما اكتفى فى القاعدين فى الموضعين عن قيد من المؤمنين وقيد غير اولى الضرر وفى هذا تدرج فى ترك القيود شيئا فشيئا وهو اكمل درجات البلاغة انما لم يتدرج فى قيدى القاعدون بان يترك احدهما فى القاعدين الاول ثم كلاهما فى الثانى لان القيدين غير مقصودين وانما المقصود قيد واحد وهو من المؤمنين لانه هو الذى نزل اولا ولا يمكن التدرج فى الواحد وانما زيد قيد اولى الضرر بعد السوال فلم يعتبر فيما بعده لظهوره من اول الامر بخلاف قيود المجاهدين فان كلها مقصودة مذكورة من اول الامر۔ **فائدة** : والتقييد بالمؤمنين لان غير المؤمنين لاعمل له يقبل واما تركه فى المجاهدين فلان المقام مقام التفضيل فهذا كاف فى الدلالة على كون المجاهدين مؤمنين وانما الضرورى بيان ما فيهم من الزيادة وهو الجهاد ۱۲۔ ۱۲؎ **قوله** اجر عظیم دیا ہے كما فى البيضاوى مفعول ثان لتضمن التفضيل معنى الاعطاء كانه قيل واعطاهم زيادة اجرا عظيمًا ودرجات الخ كل واحدة منها بدل من اجرا اه وكل هذا روعى فى ترجمتى وايضاً اتضح به نكتة التكرار ۱۲۔ ۱۳؎ **قوله** فى درجت ثواب کے وهو بهذا التخصيص جزء من درجة سبقت كما ان بقية اجزائها مغفرة ورحمة فلا يلزم اتحاد الكل مع الجزء ۱۲۔ ۱۴؎ **قوله** فى منه جو خدا کی طرف اشارة الى كونه صفة لدرجات ۱۲۔ ۱۵؎ **قوله** فى ف وہ اعمال الخ نسبه فى الروح الى عبدالله بن زيد ۱۲۔ ۱۶؎ **قوله** کیا عجب الخ لان كون الشهادة مكفرة الذنوب كلها مصرح فى الاحاديث وظاهر ان التكفير للغزو ولانه هو الاختيارى وكونه مقتولا لا اختيار فيه والله اعلم ۱۲۔

www.besturdubooks.net

الروایات: اورد فی اللباب عن البخاری والترمذی والحاکم وغیرهم عن ابن عباس قصة رجل سلم علی نفر من الصحابة فقالوا ما سلم علینا الا لیتعوذ فقتلوه واتوا بغنمه الی النبی صلی اللہ علیه وسلم وعن البزار عن ابن عباس قصة رجل قال اشهد ان لا اله الا اللہ فقتله المقداد۔ وعن احمد والطبرانی عن عبداللہ بن ابی حدرد قصة عامر سلم علیهم فقتله محلم وعن ابن جریر عن ابن عمر نحوه وعن الثعلبی عن ابن عباس ان اسم المقتول مرداس قال لا اله الا اللہ محمد رسول اللہ واسم القاتل اسامة وعن ابن جریر من طریق السدی نحوه وعن ابن ابی حاتم عن جابر فی مرداس وعن ابن مندة عن جزء قصة فداء قال للسریة انا مؤمن وقتلوه وفیه ان النبی صلی اللہ علیه وسلم اعطا اخاه دیته اه قلت واعطاء الدیة لقوله تعالٰی فدیة مسلمة الی اهله وفی الروح الروایة التی مرت فی قوله وما کان لمؤمن من قتل ابی الدرداء اه قلت ولا تنافی بین الجمیع وقلت وما ورد فی بعض الروایات ان بعض القاتلین من غیر ما ذکروا لم یجعلوا معذورین فاجاب عنه صاحب الروح بعد سرد تلک الروایات ان هؤلاء لم یقتلوا خطأً واجتهاداً بل لضغائن کانت بینهم من قبل واثبت ذلک بالنقل فانظر فیه ان اشتقت۱۲۔ فی اللباب روی البخاری عن البراء قال لما نزلت لا یستوی القاعدون وخلف النبی صلی اللہ علیه وسلم ابن ام مکتوم فقال یا رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم وانا ضریر فنزلت غیر اولی الضرر اه مختصراً قلت ولما کان هذا بیان تفسیر لم یضر فصله لان اولی الضرر مقعدون لا قاعدون او یقال ان الحکم کان ظاهرا باعتبار الکلیات الشرعیة وما ورد فی بعض الروایات من قوله علیه السلام لا ادری فهو علی الاحتیاط وقت نزول الوحی الذی یتوقع فیه النص فافهم۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراء ة السلم بلا الف ومعناهما قیل مختلف ای الانقیاد والسلام وقیل واحد ای الانقیاد وقیل ای السلام وهذا الاخیر من الخازن۔ وفی قراء ة تثبتوا بالثاء۱۲۔

اللغات: فتبینوا ای فاطلبوا بیان الامر فی کل ماتاتون وتذرون ولا تعلموا فیه من غیر رؤیة وتدبر وتثبتوا ای فاطلبوا اثبات الامر ولا تعجلوا فیه وهما متقاربان۱۲۔

النحو والبلاغۃ: فی الروح قوله ولا تقولوا والمراد النهی عما هو نتیجة لترک المامور به وتعیین مادة مهمة من المواد التی یجب فیها التبیین والتثبیت قوله تبتغون فی موضع الحال من فاعل تقولوا مشعربما هو الحامل لهم علی العجلة والنهی راجع الی القید والمقید وقوله فعنداللہ تعلیل للهنی عن القید کانه قیل لا تبتغوا الخ قوله کذلک الآیة تعلیل للنهی عن المقید آه قلت ولا یلزم ابتغاء الصحابة الدنیا لان النهی راجع الی المجموع فکان المعنی لا تقولوا ولا تبتغوا والانشاء لا یدل علی الخبر ولو قدر حرف الاستفهام قبل تبتغون کان اظهر فی هذا المعنی بطریق الاستفهام الانکاری بمعنی عدم الوقوع ای لستم مبتغین لانکم تعلمون ان اللہ عنده مغانم الخ ولما لم یذهب احد من المفسرین الیه لم اختره فی الترجمة۱۲۔

إِنَّ الَّذِينَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيٓ أَنْفُسِهِمْ قَالُوا فِيمَ كُنْتُمْ ۖ قَالُوا كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي الْأَرْضِ ۚ قَالُوٓا أَلَمْ
تَكُنْ أَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا فِيهَا ۚ فَأُولٰٓئِكَ مَأْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَسَآءَتْ مَصِيرًا ﴿۹۷﴾ إِلَّا الْمُسْتَضْعَفِينَ
مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيعُونَ حِيلَةً وَّلَا يَهْتَدُونَ سَبِيلًا ﴿۹۸﴾ فَأُولٰٓئِكَ عَسَى
اللّٰهُ أَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُورًا ﴿۹۹﴾ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْأَرْضِ
مُرٰغَمًا كَثِيرًا وَّسَعَةً ۚ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا إِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ
أَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿۱۰۰﴾ ع

بے شک جب ایسے لوگوں کی جان فرشتے قبض کرتے ہیں جنہوں نے اپنے کو گنہگار کر رکھا تھا تو وہ ان سے کہتے ہیں کہ تم کس کام میں تھے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سرزمین میں محض مغلوب تھے۔ وہ کہتے ہیں کیا اللہ تعالیٰ کی زمین وسیع نہ تھی۔ تم کو ترک وطن کر کے اس میں چلا جانا چاہئے تھا۔ سو ان لوگوں کا ٹھکانہ جہنم ہے اور جانے کے لئے وہ بری جگہ ہے لیکن جو مرد اور عورتیں اور بچے قادر نہ ہوں کہ نہ کوئی تدبیر کر سکتے ہوں اور نہ راستہ سے واقف ہوں سو ان کے لئے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ معاف کر دیں اور اللہ تعالیٰ

www.besturdubooks.net

بڑے معاف کرنے والے اور بڑے مغفرت والے ہیں اور جو شخص اللہ کی راہ میں ہجرت کرے گا تو اس کو روئے زمین پر جانے کی بہت جگہ ملے گی اور بہت گنجائش اور جو شخص اپنے گھر سے اس نیت سے نکل کھڑا ہو کہ اللہ اور رسول کی طرف ہجرت کروں گا۔ پھر اس کو موت آ پکڑے تب بھی اس کا ثواب ہو گیا اللہ تعالیٰ کے ذمہ اور اللہ تعالیٰ بڑے مغفرت کرنے والے ہیں بڑے رحمت والے ہیں ۞

تفسیر ربط: اوپر وجوب جہاد کا ذکر تھا آگے وجوب ہجرت کا ذکر ہے مناسبت دونوں میں ظاہر ہے کہ دونوں سے غرض اقامت دین ہے البتہ ایک میں شر کفار کا دفع عام ہے یعنی سب اہل دین سے دوسرے میں شر کفار کا دفع خاص ہے یعنی اپنی ذات سے۔

حکم بست و چہارم وجوب ہجرت: اِنَّ الَّذِیْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِیْٓ اَنْفُسِهِمْ (الی قولہ تعالٰی) وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا بیشک جب ایسے لوگوں کی جان فرشتے قبض کرتے ہیں جنہوں نے (باوجود قدرت ہجرت کے پھر ہجرت کے تارک ہو کر) اپنے کو گناہ گار کر رکھا تھا تو (اس وقت) وہ (فرشتے) ان سے کہتے ہیں کہ تم (دین سے) کس (کس) کام میں تھے (یعنی دین کے کیا کیا ضروری کام کیا کرتے تھے) وہ (جواب میں) کہتے ہیں کہ ہم (اپنی بود و باش کی) سرزمین میں محض مغلوب تھے (اس لئے بہت سے ضروریات دین پر عمل نہ کر سکتے تھے یعنی ان فرائض کے ترک میں معذور تھے) وہ (فرشتے کہتے ہیں (اگر اس جگہ نہ کر سکتے تھے تو) کیا خدا تعالیٰ کی زمین وسیع نہ تھی تم کو ترک وطن کر کے اس (کے کسی دوسرے حصہ) میں چلا جانا چاہئے تھے (اور وہاں جا کر فرائض کو ادا کر سکتے تھے اس سے وہ لاجواب ہو جاویں گے اور جرم ان کا ثابت ہو جاوے گا) سو ان لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے اور جانے کے لئے وہ بری جگہ ہے لیکن جو مرد اور عورتیں اور بچے (واقع میں ہجرت پر بھی) قادر نہ ہوں کہ نہ کوئی تدبیر کر سکتے ہیں نہ راستہ سے واقف ہیں سو ان کے لئے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ معاف کر دیں اور اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے بڑے مغفرت کرنے والے ہیں۔ ف: ابتدائے اسلام میں ہجرت کی فرضیت کا بیان تمہید رکوع فَمَا لَكُمْ فِی الْمُنٰفِقِیْنَ میں گذر چکا۔ یہ تبکیت و تعذیب اسی فرض کے ترک پر مذکور ہے اور یہاں جان قبض کرنے کو فرشتوں کی طرف منسوب فرمایا جیسا ایک اور آیت میں بھی ہے تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا اور ایک آیت میں ملک الموت کی طرف یَتَوَفّٰىكُمْ مَلَكُ الْمَوْتِ اور ایک آیت میں اپنی طرف اَللّٰهُ یَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ سو وجہ جمع یہ ہے کہ قابض حقیقی اللہ تعالیٰ اور ظاہری ملک الموت اور دوسرے ملائکہ ان کے معین و شریک اور یہاں دو شبہے ہوا کرتے ہیں۔ ایک یہ کہ جب یہ مستثنیٰ لوگ گنہگار ہی نہیں تو معافی کے کیا معنی۔ دوسرے معافی میں امید کیسی جس سے تردد مترشح ہے پہلے شبہ کا جواب یہ ہے کہ معافی اس لئے کہا کہ فی نفسہ تو وہ فعل قبیح اور گناہ ہے گو کسی خاص شخص کے حق میں گناہ نہ لکھا جاوے کسی جگہ اس نہ لکھنے کو گناہ نہ ہونا قرار دے دیا اور کہیں معافی کے لفظ سے اس کے فی نفسہ گناہ ہونے کو بتلا دیا۔ اسی تقریر سے یہ شبہ رفع ہو گیا کہ بچے کو تو بالکل گناہ ہی نہیں ہوتا وجہ رفع ظاہر ہے کہ گو اس کو گناہ نہ ہو لیکن وہ فعل تو حد ذات میں قبیح ہے اور بعض نے کہا ہے کہ ولدان اس لئے ملا دیا تاکہ اشارہ اس طرف ہو کہ مثل ولدان کے عجز ہونا چاہئے تب مستثنیٰ ہوں گے۔ دوسرے شبہ کا جواب یہ ہے کہ کریم کا اطماع یعنی امید دلانا وعدہ ہے جیسے آیت: فَقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ میں عسیٰ کے ترجمہ کے ساتھ اس کا بیان آ چکا ہے۔ باقی اس عنوان میں اشارہ اس طرف ہے کہ یہ گناہ اس درجہ سخت ہے کہ باوجود عذر ہونے اور گناہ نہ ہونے کے مشابہ اسی کے ہے کہ جیسا گناہ ہوا ہو گو معاف ہو گیا ہو۔

ربط: اوپر ترک ہجرت پر وعید تھی آگے ہجرت کی ترغیب اور اس پر سعادت دارین کا وعدہ ہے۔

ترغیب و فضیلت ہجرت: وَمَنْ یُّهَاجِرْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ یَجِدْ فِی الْاَرْضِ (الی قولہ تعالٰی) وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا اور (جن لوگوں کے لئے ہجرت مشروع ہے ان میں سے) جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں (یعنی دین کے لئے) ہجرت کرے گا تو اس کو روئے زمین پر جانے کی بہت جگہ ملے گی اور (اظہار دین کی) بہت گنجائش (ملے گی پس اگر ایسی جگہ پہنچ گیا تب تو دنیا میں بھی اس سفر اور اظہار سے کامیابی ظاہر ہے) اور (اگر اتفاق سے یہ مذکور کامیابی نہ ہوئی تب بھی آخرت کی کامیابی میں تو کوئی تردد نہیں کیونکہ ہمارا قانون ہے کہ) جو شخص اپنے گھر سے اس نیت سے نکل کھڑا ہو کہ اللہ و رسول (کے دین کے ظاہر کر سکنے کے موقع) کی طرف ہجرت کروں گا پھر (وصول الی المقصد سے پہلے) اس کو موت آ پکڑے تب بھی اس کا ثواب (جو ہجرت پر موعود ہے) ثابت ہو گیا (جو بوجہ وعدہ کے ایسا ہے جیسے) اللہ کے ذمہ (گو ابھی اس سفر کو ہجرت نہیں کہہ سکتے لیکن صرف اچھی نیت سے اس کے شروع کر دینے پر پورا صلہ عطاء ہو گیا) اور اللہ تعالیٰ بڑے مغفرت کرنے والے ہیں (اس ہجرت کی برکت سے گو وہ ناتمام رہے بہت سے گناہ معاف فرما دیں گے جیسا حدیث میں ہجرت کا مکفر ذنوب سابقہ ہونا آیا ہے اور) بڑے رحمت والے ہیں (کہ شروع فی العمل کو حسن نیت کی وجہ سے کمال عمل کے برابر ثواب میں فرما دیا) ف: روح المعانی میں ہجرت کی فرضیت کا منسوخ ہونا نقل کیا ہے البتہ مستحب اب بھی ہے اور مسلم کی حدیث میں حضور ﷺ کے ایک اعرابی کو جس نے اجازت ہجرت کی چاہی یہ فرمانے سے ان شان الهجرة لشديد اور وطن میں رہنے کے لئے ارشاد فرمانے سے نیز اس کی تائید ہوتی ہے کیونکہ اس کے عزم ہجرت سے ظاہراً یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ دار اسلام میں نہ تھا۔

ف: ان تین رکوع گزشتہ میں ہجرت کی بحث چند مواقع میں آئی ہے اس لئے اس کے متعلق ایک جامع مختصر تقریر جس سے سب مواقع کی زیادہ توضیح ہو جاوے

www.besturdubooks.net

لکھی جاتی ہے جس کا ماخذ روایات وقواعد واقوال علماء واشارات نصوص ہیں ان دلائل کے مجموع سے یہ مستفاد ہوتا ہے کہ ہجرت ابتدائے اسلام میں فرض تھی اور فرضیت کے ساتھ وہ ظاہراً شعار لازم وموقوف علیہ ثبوت اسلام کی بھی تھی لیکن حالت عذر میں اس کی فرضیت اور شعاریت ساقط ہو جاتی تھی جیسا کہ تلفظ بالشہادتین کی اب بھی یہی شان ہے اور عہدِ نبویؐ میں صحابہ کے اقوال سے نماز کی یہی شان معلوم ہوتی ہے اور اس شعار ہونے کی وجہ سے اس سے بلا عذر رجوع کرنا علامت ارتداد کی تھی اسی بناء پر رکوع اول کے شروع میں ان راجعین عن الهجرة کے مسلمان سمجھنے سے صحابہ کو منع فرمایا گو وہ راجعین واقع میں بھی مرتد ہو گئے تھے لیکن صحابہؓ سے تو اسی بناء مذکور پر کلام ہے اور دل کی تحقیق کا حکم نہیں ہے اور عذر میں بلکہ احتمال عذر میں بھی شعاریت ساقط ہونے کی بناء پر مومن مقتول فی دارالحرب کی دیت کے وجوب کا اور مَنْ اَلْقٰى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ کے قتل کی حرمت کا حکم رکوع ثانی میں فرمایا اور صرف دوسرے علامات پر مثل اقرار وغیرہ اکتفا واجب کیا گیا اور بناء بر فرضیت تارکین ہجرت پر رکوع ثالث میں وعید فرمائی اور عذر میں فرضیت کے سقوط پر اسی رکوع میں مستضعفین کو مستثنیٰ کیا گیا پس رکوع اول کا مضمون بناء بر رجوع ہے اور رکوع ثانی کے مضمون بنا شعاریت وعدم شعاریت ہیں اور رکوع ثالث کے مضمون بنا بر فرضیت وعدم فرضیت ہیں اور چونکہ یہ شعاریت محتاجِ تدبر ہے اس لئے بعض صحابہؓ کو اشتباہ ہو گیا تھا اور چونکہ تدبر سے خود رفع ہو سکتا تھا اس لئے تنبیہ کر دی گئی جیسا مانعین زکوٰۃ کے باب میں شیخین کا مناظرہ حدیثوں میں وارد ہے اور شعاریت کے لزوم میں تبدل ہو سکتا ہے۔ اسی بنا پر فقہاء نے بعض اوضاع لباسیہ کو کفر فرمایا ہے فقط۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ اس پر دال ہے کہ جو سالک قبل تمام سلوک مر جاوے وہ رتبہ اور قبول میں اس کے برابر ہے جس کا سلوک تمام ہو جاوے۔

ملحقات الترجمۃ: ١ **قوله في توفهم** قبض کرتے ہیں حملته على المضارع ويجوز ان يكون ماضيا وذكر الفعل ح للتقديم ١٢۔ ٢ **قوله في قالوا فيم** ان سے اشار الى ان الموصول اسم ان وخبرها قالوا والرابط مقدر اى لهم وما بعده استيناف ١٢۔ ٣ **قوله في فيم كنتم** کیا کیا ضروری کام الخ تقرير السوال والجواب ثم العذر ثم الرد كله شهد به ذوقي ثم رأيت ما في الروح ما يؤيده وبه تطابق الكلام بسهولة ١٢۔ ٤ **قوله هناك** لیکن الخ اشار الى ان الاستثناء منقطع في قوة المبتدأ وخبره فاولئك عسى الخ لانهم غير ظالمين لكن لو اريد بقوله تعالٰى ظالمى انفسهم تاركوا الهجرة وقيل ان تسمية الترك ظلما باعتبار خصوص حالهم فصح الاستثناء متصلا بلا تكلف وهو مما خصني الله تعالٰى بفهمه فالتقدير ان الذين يتوفون تاركين الهجر فلهم كذا وكذا الا التاركين الذين استضعفوا فهم مستثنون من حكم الصدر ١٢۔ ٥ **قوله في المستضعفين** الثانی ہجرت پر بھی وبه غوير في الاستضعافين فان الاول عن العمل لا عن الهجرة والثاني عن الهجرة ايضا ١٢۔ ٦ **قوله في لا يستطيعون** کہ الخ اشارة الى كون الجملة صفة للمستضعفين لانه في معنى النكرة لان المراد به الجنس ١٢۔ ٧ **قوله في ومن يهاجر** جن لوگوں کے لئے الخ والمشروعية انما يكون اذا كان في الارض محل يهاجر اليه وح فالوجد ان يقيني لانه لا يتوقف على الوصول اليه بالفعل كما في قوله تعالٰى لم تجدوا ماء اى لا يكون الماء موجود ابقرب منكم فلا يرد ان في بعض المهاجرين لا يصدق عليه انه وجد مراغما اذا لم يكن في الارض دار الاسلام او كان لكنه لم يصل اليه ١٢۔ ٨ **قوله في سعة** دین کی گنجائش اخذته من البيضاوى لانه يقيني بخلاف الرزق ١٢۔ ٩ **قوله الى الله** دین کے ظاہر الخ وهذا كما فسروا به قوله تعالٰى انى ذاهب الى ربى سيهدين ١٢۔ ١٠ **قوله في يدركه** وصول الى المقصد ومن ثم اولم يخرج على يهاجر فافهم ١٢۔

الروایات: في اللباب اخرج الطبراني عن ابن عباس قال كان قوم بمكة قد اسلموا فلما هاجر رسول الله صلى الله عليه وسلم كرهوا ان يهاجروا او خافوا فانزل الله تعالٰى ان الذين توفهم الملئكة الخ ما روى البخارى عن ابن عباس ان ناسا من المسلمين كانوا مع المشركين يكثرون سواد المشركين على رسول الله صلى الله عليه وسلم الخ فلعلهم اخرجوا مكرهين كما في اللباب عن ابن المنذر وابن جرير عن ابن عباس كانوا يخفون الاسلام فاخرجهم مشركون الى قوله فاكرهوا۔ وما في الروح عن الضحاك نزولها في المنافقين في مكة۔ وعن عكرمة في اناس اسلموا فقتلوا هناك كفار او تفسير بعضهم المقام على منوال هذه الرواية فيابى عنه السياق ظاهراً لانه لو كان في الكفار والمنافقين لم يكن في استثناء المستضعفين كثير فائدة لانه لامساغ لاحتمال دخول المستضعفين في الكفار وهم لم يكفروا قط نعم لو كان في التاركين الهجرة وهو عمل مشترك بين الجميع استحسن الاستثناء لقطع احتمال الاشتراك في الاثم لاشتراكهم في الفعل فافهم واما الروايات المصرحة بنزولها فيهم فاقول لا يبعد ان يكون المراد دلالة الآية على حكم هؤلاء بالاولى لان ترك الهجرة لما كان بهذه المثابة فما بال ترك الايمان فعن هذه الدلالة عبر بالنزول والله اعلم۔ وفي الروح عن كتاب

www.besturdubooks.net

الناسخ والمنسوخ ان فرضيتها نسخت وبقي ندبها۱۲۔ في اللباب اخرج ابن ابي حاتم وابو يعلي بسند جيد قال خرج ضمرة بن جندب من بيته مهاجرا فقال لاهله احملوني فاخرجوني من ارض المشركين الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فمات في الطريق قبل ان يصل الى النبي صلى الله عليه وسلم فنزل الوحي ومن يخرج من بيته مهاجراً الآية وفيه عن ابن ابي حاتم في ابي ضمرة الزرقي وسمي في بعض الروايات ضمرة بن العيص او العيص بن ضمرة وفي بعضها جندب بن ضمرة الجندعي وغير ذلك اه قلت ولا تعارض في ذلك۱۲۔

اللغات: في القاموس المراغم المذهب والمهرب اه وفسرت بالاول۱۲۔

فائدة: وبما قررت في ف۲ اتضح ايضا ما يتعلق بالمقامات الخمسة من الحواشي فانظر۱۲۔

البلاغة: لا يهتدون سبيلا تاكيد والالكفي لا يستطيعون فلا تتوهم اشتراط المجموع بل الشروط هو الاول ويدخل فيه الثاني۱۲۔

وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ إِنَّ الْكٰفِرِينَ كَانُوا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِينًا ﴿۱۰۱﴾ وَإِذَا كُنْتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَائِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْيَأْخُذُوا أَسْلِحَتَهُمْ ۚ فَإِذَا سَجَدُوا فَلْيَكُونُوا مِنْ وَّرَائِكُمْ وَلْتَأْتِ طَائِفَةٌ أُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوا فَلْيُصَلُّوا مَعَكَ وَلْيَأْخُذُوا حِذْرَهُمْ وَأَسْلِحَتَهُمْ ۚ وَدَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ تَغْفُلُونَ عَنْ أَسْلِحَتِكُمْ وَأَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيلُونَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ كَانَ بِكُمْ أَذًى مِّنْ مَّطَرٍ أَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰى أَنْ تَضَعُوا أَسْلِحَتَكُمْ ۖ وَخُذُوا حِذْرَكُمْ ۗ إِنَّ اللّٰهَ أَعَدَّ لِلْكٰفِرِينَ عَذَابًا مُّهِينًا ﴿۱۰۲﴾

اور جب تم زمین میں سفر کرو سو تم کو اس میں کوئی گناہ نہ ہوگا کہ تم نماز کو کم کر دو اگر تم کو یہ اندیشہ ہو کہ تم کو کافر لوگ پریشان کریں گے۔ بلا شبہ کافر لوگ تمہارے صریح دشمن ہیں اور جب آپ ان میں تشریف رکھتے ہوں پھر آپ ان کو نماز پڑھانا چاہیں تو یوں چاہئے کہ ان میں سے ایک گروہ تو آپ کے ساتھ کھڑا ہو جائے اور وہ لوگ ہتھیار لے لیں پھر جب یہ لوگ سجدہ کر چکیں تو یہ لوگ تمہارے پیچھے ہو جائیں اور دوسرا گروہ جنہوں نے ابھی نماز نہیں پڑھی آ جائے اور آپ کے ساتھ نماز پڑھ لیں اور یہ لوگ بھی اپنے بچاؤ کا سامان اور ہتھیار لے لیں۔ کافر لوگ یوں چاہتے ہیں کہ اگر تم اپنے ہتھیاروں اور سامانوں سے غافل ہو جاؤ تو تم پر یکبارگی حملہ کر بیٹھیں اور اگر تم کو بارش کی وجہ سے تکلیف ہو یا تم بیمار ہو تو تم کو اس میں کچھ گناہ نہیں کہ ہتھیار اتار رکھو اور اپنا بچاؤ لے لو۔ بلا شبہ اللہ تعالیٰ نے کافروں کے لئے سزا اہانت آمیز مہیا کر رکھی ہے ۞

تفسیر ربط: اوپر جہاد اور ہجرت کا ذکر تھا چونکہ غالب احوال میں جہاد اور ہجرت کے لئے سفر کرنا پڑتا ہے اور نیز ایسے سفر میں مخالف کی طرف سے اندیشہ بھی اکثر ہوتا ہے اس لئے سفر اور خوف کی رعایت سے جو نماز میں بعض خاص سہولتیں اور تخصیص کی گئی ہیں آگے ان کا ذکر فرماتے ہیں۔

حکم بست و چہارم صلوٰۃ السفر: وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ (الی قولہ تعالی) إِنَّ الْكٰفِرِينَ كَانُوا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِينًا اور جب تم زمین میں سفر کرو (جس کی مقدار تین منزل ہو) سو تم کو اس میں کوئی گناہ نہ ہوگا (بلکہ ضروری ہے) کہ تم (ظہر و عصر و عشاء کے فرض) نماز (کی رکعات) کو کم کر دو (یعنی چار کی جگہ دو پڑھا کرو) اگر تم کو یہ اندیشہ ہو کہ تم کو کافر لوگ پریشان کریں گے (اور اس اندیشہ کی وجہ سے ایک جگہ زیادہ دیر تک ٹھہرنا خلاف مصلحت سمجھا جاوے کیونکہ) بلا شبہ کافر لوگ تمہارے صریح دشمن ہیں۔

ف مسئلہ: جو سفر تین منزل سے کم ہو اس سفر کی نماز پوری پڑھی جاتی ہے یہ آیت مجمل ہے حدیث سے مفسر ہو گئی۔

مسئلہ: اور جب سفر ختم کر کے منزل پر جا پہنچے تو اگر وہاں پندرہ روز سے کم ٹھہرنے کا ارادہ ہو تب تو وہ حکم سفر میں ہے فرض نماز چارگانہ کی آدھی پڑھی جاوے گی اور اس کو قصر کہتے ہیں اور اگر پندرہ روز سے زیادہ کا قصدِ قیام ہو تو وطن اقامت ہو جاوے گا وہاں اور نیز وطن اصلی میں قصر نہیں ہوگا۔

مسئلہ: قصر صرف تین وقت کے فرض میں ہے اور مغرب اور فجر میں اور سنن و وتر میں نہیں ہے۔

مسئلہ: اگر سفر میں خوف نہ ہو تب بھی قصر مشروع ہے بالاجماع اور خوف کی قید جو آیت میں ہے وہ باعتبار حالت زمانہ نزولِ آیت کے ہے کہ وہ زمانہ خوف کا تھا پھر حدیثوں سے عموم ثابت ہو گیا۔

www.besturdubooks.net

مسئلہ: قصر واجب ہے اور قرآن میں جو اس طرح فرمایا گیا کہ تم کو گناہ نہ ہوگا جس سے شبہ ہوتا ہے کہ نہ کرنا بھی جائز ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پوری نماز کی جگہ نصف پڑھنے میں ظاہر اً وسوسہ گناہ کا ہوتا تھا اس لئے اس کی نفی فرما دی سو یہ منافی وجوب کے نہیں جو کہ دوسری دلیل سے ثابت ہے۔

مسئلہ: دریا کا سفر بھی زمین ہی کا سفر ہے اس میں بھی قصر ہوتا ہے۔ اعتدال ہوا کی حالت میں تین دن میں کشتی جتنا سفر کر سکے اس کا اعتبار ہے۔

ربط: اوپر والی آیت کی تمہید میں وجہ مناسبت مذکور ہو چکی۔

حکم بست وپنجم صلوٰۃ الخوف: وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا اور جب آپ ان میں تشریف رکھتے ہوں (اور اسی طرح آپ کے بعد اور جو امام ہو) پھر آپ ان کو نماز پڑھانا چاہیں (اور اندیشہ ہو کہ اگر سب نماز میں لگ جاویں گے تو کوئی دشمن موقع پا کر حملہ کر بیٹھے گا) تو (ایسی حالت میں) یوں چاہئے کہ (جماعت کے دو گروہ ہو جاویں پھر) ان میں سے ایک گروہ تو آپ کے ساتھ (نماز میں) کھڑے ہو جاویں (اور دوسرا گروہ نگہبانی کے لئے دشمن کے مقابل کھڑے ہو جاویں تا کہ دشمن کو دیکھتے رہیں) اور وہ لوگ (جو آپ کے ساتھ نماز میں شامل ہیں وہ بھی مختصر مختصر) ہتھیار لے لیں (یعنی نماز سے پہلے لے کر ہمراہ رکھیں شاید مقابلہ کی ضرورت پڑ جاوے تو ہتھیار لینے میں دیر نہ لگے فوراً قتال کرنے لگیں گو نماز قتال سے ٹوٹ جاوے گی لیکن گناہ نہیں) پھر جب یہ لوگ (آپ کے ساتھ) سجدہ کر چکیں (یعنی ایک رکعت پوری کر لیں) تو یہ لوگ (نگہبانی کیلئے) تمہارے پیچھے ہو جاویں (یعنی رسول اللہ ﷺ کے اور دوسرے گروہ کے جو کہ اب نماز میں شامل ہوں گے جن کا بیان آگے آتا ہے یہ پہلا گروہ ان سب کے پیچھے ہو جاوے) اور دوسرا گروہ جنہوں نے ابھی نماز نہیں پڑھی (یعنی شروع بھی نہیں کی وہ بجائے اس پہلے گروہ کے امام کے قریب) آ جاوے اور آپ کے ساتھ نماز (کی ایک رکعت جو باقی رہی ہے اس کو) پڑھ لیں اور یہ لوگ بھی اپنے بچاؤ کا سامان اور اپنے ہتھیار لے لیں (اور سامان اور ہتھیار ہمراہ لینے کا اس لئے سب کو حکم کیا ہے کہ) کافر لوگ یوں چاہتے ہیں کہ اگر تم اپنے ہتھیاروں اور سامانوں سے (ذرا) غافل ہو جاؤ تو تم پر ایک بارگی حملہ کر بیٹھیں (سو ایسی حالت میں احتیاط اور ہوشیاری ضروری ہے) اور اگر تم کو بارش (وغیرہ) کی وجہ سے (ہتھیار لے کر چلنے میں) تکلیف ہو یا تم بیمار ہو (اور اس وجہ سے ہتھیار باندھ نہیں سکتے) تو تم کو اس میں (بھی) کچھ گناہ نہیں کہ ہتھیار اُتار رکھو اور (پھر بھی) اپنا بچاؤ (ضرور) لے لو (اور یہ خیال نہ کرو کہ کفار کی عداوت کا صرف (دنیا ہی میں علاج کیا گیا ہے بلکہ آخرت میں اس سے بڑھ کر ان کا علاج ہوگا کیونکہ) بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے کافروں کے لئے سزائے اہانت آمیز مہیا کر رکھی ہے۔

ف: مسئلہ: صلوٰۃ الخوف باجماع ائمہ اربعہ بعد رسول اللہ ﷺ کے بھی مشروع ہے اور یہ جو ارشاد فرمایا کہ جب آپ ان میں ہوں یہ باعتبار اس وقت کی حالت کے فرمایا کہ آپ تشریف رکھتے تھے اب جو امام ہو وہ اس میں آپ کا قائم مقام ہے جیسا آیت میں خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً حالانکہ جمیع ائمہ وخلفاء کے لئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ: جیسے آدمی سے خوف کے وقت یہ نماز مشروع ہے ایسے ہی اگر کسی شیر یا اژدہا وغیرہ کا خوف ہو اور نماز کا وقت تنگ ہو اس وقت بھی جائز ہے کذا فی الدر المختار۔

مسئلہ: یہ جب ہے کہ ایک امام کے ساتھ سب نماز پڑھنا چاہیں ورنہ دونوں گروہ دو اماموں کے ساتھ پڑھ لیں کذا فی الدر المختار اور عجب نہیں کہ اِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ کی تقیید میں یہی نکتہ ہو کیونکہ آپ کے ساتھ سب کو نماز پڑھنا محبوب تھا تو یہ کلام کنایہ اس سے ہوگا۔ **اذا کان فیهم من تنازعوا فی الصلوٰۃ خلفه وحده۔**

مسئلہ: یہ نماز صرف اتنے خوف کے وقت ہے کہ اس کا انتظام ممکن ہو اور اگر انتظام نہ ہو سکے تو اس کا حکم سورۂ بقرہ کے حکم سی وچہارم میں مذکور ہو چکا اور عین قتال کے وقت نماز کو قضاء کر دیا جاوے۔

مسئلہ: آیت میں دونوں گروہ کے ایک ایک رکعت پڑھنے کا تو ذکر فرمایا دوسری رکعت کا طریقہ حدیث میں آیا کہ رسول اللہ ﷺ نے جب دو رکعت پر سلام پھیر دیا تو دونوں گروہ نے اپنی ایک ایک رکعت بطور خود پڑھ لی اخرجه الشیخان وابو داؤد والترمذی والنسائی وابن ماجة وغیرهم عن سالم عن ابیه کذا فی الروح اور ابوداؤد میں یہ بھی زائد ہے کہ آگے پیچھے دونوں گروہ نے یہ باقی رکعت پڑھی اور یہ سب حنفیہ کا مذہب ہے۔

مسئلہ: یہ صورت جب ہے کہ امام مسافر ہو جیسا کہ غزوات میں غالب ہے۔ ورنہ ہر گروہ کو دو دو رکعت پڑھا دے اور بعد فراغ امام دو دو اپنے طور پر پڑھیں کذا فی الهدایة ورواه ابو داؤد مرفوعًا کذا فی الفتح۔

مسئلہ: اور مغرب میں ایک گروہ امام کے ساتھ دو رکعت پڑھے اور دوسرا گروہ ایک رکعت۔ مسئلہ: احادیث میں اور طریقے بھی آئے ہیں جس طرح ممکن ہو پڑھے سب جائز ہے۔ کذا فی رد المحتار۔

www.besturdubooks.net

مسئلہ: ہتھیار وغیرہ ہمراہ رکھنے کا استحباب حنفیہ کے نزدیک تفسیر احمدی وشامی میں ہے پس یہ لَا جُنَاحَ ایسا ہوگا جیسا سورۂ بقرہ کے تین پاؤ پر ہے :لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ ...... اے لامؤنۃ اسی طرح یہاں عدم اخذ سلاح میں مؤنت وخطرہ جان کا ہے اور حمل میں اتنا نہیں فقط۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ :وَ اِذَا ضَرَبْتُمْ فِی الْاَرْضِ فَلَیْسَ عَلَیْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ آیت سے سفر کا تقصیر فی الاوراد کے باب میں عذر ہونا بدرجۂ اولیٰ معلوم ہوتا ہے اسی طرح صلوٰۃ الخوف کے مشروع ہونے سے عذر کا التزامات وردیہ کے باب میں موجب تخفیف ہونا معلوم ہوتا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى فاقمت پڑھانا چاہیں فالمعنى فاردت ان تقيم الصلوٰة لهم ۱۲۔ ۲ قوله هناك اور اندیشہ لم يقيد به لدلالة المقام عليه مما سياتى فيميلون الخ ۱۲۔ ۳ قوله بعد فلتقم طائفة اور دوسرا گروہ تركه للظهور ۱۲۔ ۴ قوله فى ليأخذوا وہ بھی مختصر اشار بكلمة بھی الى ان الطائفة الحارسة يأخذون بالاولىٰ وانما ذكر فى المصلية لكون الصلوٰة مظنة عدم الاخذ وقيد بالمختصر اى القليل لئلا يمنع من الصلوٰة ۱۲۔ ۵ قوله هناك نماز سے پہلے لا ان يأخذوا فى حال الصلوٰة فانه عمل كثير ۱۲۔ ۶ قوله هناك گو قتال سے لانه عمل كثير وللعذر لا يأثم ۱۲۔ ۷ قوله فى روانكم ان سب کے پیچھے ففى الكلام تغليب كذا فى البيضاوى ۱۲۔ ۸ قوله قبل ود الذين اس لئے سب کو فالخطاب فى تغفلون للفريقين ۱۲۔

الروایات: المتعلقة بهذه (اے واذا كنت الخ) والسابقة فى اللباب اخرج ابن جرير عن على قال سأل قوم من بنى النجار رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالوا يا رسول الله انا نضرب فى الارض فكيف نصلى فانزل الله واذا ضربتم فى الارض فليس عليكم جناح ان تقصروا من الصلوٰة ثم انقطع الوحى فلما كان بعد ذلك بحول غزا النبى صلى الله عليه وسلم فصلى الظهر فقال المشركون لقد امكنكم محمد واصحابه من ظهورهم هلا شددتم عليه فقال قائل منهم ان لهم اخرىٰ مثلها فى اثرها فانزل الله بين الصلوٰتين ان خفتم ان يفتنكم الذين كفروا الى قوله عذابا مهينا واخرج احمد والحاكم فنزل جبرئيل بهذه الآيات واذا كنت فيهم اه قلت والظاهر هو الرواية الثانية لما ورد فى الصحاح من سوال عمر رضى الله عنه عن القصر مع زوال الخوف فثبت بهذا من قوله ان خفتم متصل مع قوله واذا ضربتم ويجوز ان جبرئيل كرر تلاوته ليدل على اجتماع امرين ح السفر والخوف فيشرع القصر ايضا وفى الروح على الرواية الاولىٰ ان الجزاء محذوف اى ان خفتم فصلوا كما سيأتى كما انه على الرواية الثانية صلوا قاصرين ۱۲۔ اخرج البخارى عن ابن عباس قال انزلت ان كان بكم اذىً من مطرًا وكنتم مرضى فى عبدالرحمن بن عوف كان جريحًا ۱۲

اللغات: قوله من الصلوٰة من زائدة والصلوٰة اللام فيه للجنس والفتنة كما فى القاموس المحنة۔

البلاغۃ: قوله ولتأت طائفة۔ فى الروح نكرها لانها لم تذكر قبل قوله و ليأخذوا حذرهم واسلحتهم فى الروح ولعل زيادة الامر بالحذر كما قال الشيخ الاسلام فى هذه المرة لكونها مظنة لوقوف الكفرة على كون الطائفة القائمة مع النبى صلى الله عليه وسلم فى شغل شاغل واما قبلها فربما يظنونهم قائمين للحرب وقيل حذرهم اى احترازهم ومشبه بما يتحصن به من الآلات والبت له الاخذ تخييلاً ۱۲۔

فَاِذَا قَضَیْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِیٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ

اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿۱۰۳﴾ وَ لَا تَهِنُوْا فِی ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ

فَاِنَّهُمْ یَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَ تَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا یَرْجُوْنَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ﴿۱۰۴﴾ ع ۱۵ / ۱۲

پھر جب تم اس نماز کو ادا کر چکو تو اللہ تعالیٰ کی یاد میں لگ جاؤ کھڑے بھی اور بیٹھے بھی اور لیٹے بھی پھر جب تم مطمئن ہو جاؤ تو نماز قاعدہ کے موافق پڑھنے لگو۔ یقیناً نماز مسلمانوں پر فرض ہے اور وقت کے ساتھ محدود ہے اور ہمت مت ہارو اس مخالف قوم کے تعاقب کرنے میں۔ اگر تم الم رسیدہ ہو تو وہ بھی تو الم رسیدہ ہیں جیسے تم الم رسیدہ ہو اور تم اللہ تعالیٰ سے ایسی ایسی چیزوں کی امید رکھتے ہو کہ وہ لوگ امید نہیں رکھتے اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے ہیں بڑے حکمت والے ہیں۞

تفسیر ربط: اوپر صلوٰۃ السفر وصلوٰۃ الخوف کا بیان تھا جن میں من وجہ نماز کی اصلی ہیئت سے تغیر ہو گئی ہے آگے ذکر میں گا ہے تغیر نہ ہونا اور سفر وخوف کے انقطاع وزوال کے بعد اس تغیر صلوٰۃ کا بھی زائل ہو جانا اور خاص احوال میں اس تغیر کی گوارائی کا سبب بیان فرماتے ہیں۔

ذکر دوام اور اقامتِ صلوٰۃ وتوقیت آں: فَاِذَا قَضَیْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ (الى قوله تعالىٰ) كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا پھر جب تم اس نماز (خوف) کو

www.besturdubooks.net

اداء کر چکو تو (بدستور[۲]) اللہ تعالیٰ کی یاد میں لگ جاؤ کھڑے بھی اور بیٹھے بھی اور لیٹے بھی[۳] (یعنی ہر حالت میں حتیٰ کہ عین قتال کے وقت بھی دل سے بھی اور احکام کے اتباع سے بھی کہ وہ بھی ذکر ہے چنانچہ قتال میں خلافِ[۴] شرع کوئی کارروائی کرنا ناجائز ہے۔ غرض نماز تو ختم ہوئی ذکر ختم نہیں ہوتا نماز میں تو تخفیف ہوگئی تھی لیکن یہ بحالہ ہے) پھر جب تم مطمئن ہو جاؤ (یعنی[۵] سفر ختم کر کے مقیم ہو جاؤ اور اسی طرح زوالِ خوف کے بعد مامون ہو جاؤ) تو نماز کو (اصلی) قاعدہ کے موافق پڑھنے لگو (یعنی قصر اور نماز میں مشی وغیرہ چھوڑ دو کیونکہ وہ بوجہ عارض کے اس لئے جائز رکھا گیا تھا کہ) یقیناً نماز مسلمانوں پر فرض ہے اور وقت کے ساتھ محدود ہے (پس فرض ہونے کی وجہ سے اداء کرنا ضرور اور موقت ہونے کی وجہ سے وقت ہی پر ادا کرنا ضرور اس لئے کچھ کچھ اس کی ہیئت تبدیل کر دی گئی تھی ورنہ ہیئت مقصودہ وہی اصلی ہیئت ہے پس زوالِ عارض کے بعد وہ ہیئت واجب الحفظ ہوگی) **ف**: اگر کسی کو شبہ ہو کہ اس تعلیل کا مقتضا یہ ہے کہ عین قتال کے وقت بھی مؤخر نہ کی جاتی کوئی اور آسان طریقہ مقرر ہو جاتا جو اس وقت بھی ممکن ہوتا۔ جواب یہ ہے کہ تمام احکام مشروط ہوتے ہیں امکانِ عادی کے ساتھ اور وہ عین قتال کے وقت مفقود ہے کیونکہ نماز کی ہیئت جو اس کا ادنیٰ مقتضا ہے شرعاً وہی معتبر ہے جو سورۂ بقرہ کے حکم سی و چہارم میں مذکور ہو چکا جب اتنا بھی نہ ہو سکے تو اس سے کم صلوٰۃ ہی نہیں اس لئے مؤخر کی گئی۔

ربط: اوپر اصل مقصود ذکر جہاد کا تھا اور دوسرے مضامین اس کی مناسبت سے مذکور ہو گئے تھے آگے پھر جہاد ہی کے متعلق مضمون ارشاد ہے کہ جہاد میں سستی ناجائز ہے۔ روح میں عکرمہ سے اور معالم میں اس کا نزول غزوۂ حمراء الاسد کے بارہ میں نقل کیا ہے جس کا قصہ آل عمران آیت اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا میں مذکور ہوا ہے اس وقت کی حالت آیت میں مذکور ہے۔

منع از کم ہمتی در جہاد: وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ؕ (الی قولہ تعالٰی) وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۟ اور ہمت مت ہارو اس[۶] مخالف قوم کے تعاقب کرنے میں (جبکہ[۷] اس کی ضرورت ہے) اگر تم (زخموں سے) الم رسیدہ ہو تو (کیا ہوا) وہ بھی تو الم رسیدہ ہیں جیسے تم الم رسیدہ ہو (تو وہ تم سے زیادہ قوت نہیں رکھتے پھر کاہے کو ڈرتے ہو) اور (تم میں ایک بیشی ان سے یہ ہے کہ) تم اللہ تعالیٰ سے ایسی ایسی چیزوں کی (جیسے ثواب وغیرہ) امید رکھتے ہو کہ وہ لوگ (ان کی) امید نہیں رکھتے (تو دل کی قوت میں تم زیادہ ہوئے اور ضعفِ بدن مشترک تو تم کو زیادہ مستعد ہونا چاہئے) اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے ہیں (ان کو کفار کا ضعف بدن اور ضعف قلب معلوم ہے) بڑے حکمت والے ہیں (تمہارے تحمل سے زیادہ حکم نہیں فرمایا)۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ اطمینان کی تفسیر خواہ اقامت عن السفر کے ساتھ کی جاوے خواہ امن من الخوف کے ساتھ کی جاوے دونوں تقدیر پر اس پر دال ہے کہ بعد زوال عذر کے اوراد کا اکمال کرنا چاہئے۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] **قوله في قضيتم** اس نماز **فاللام للعهد**۱۲۔ [۲] **قوله في اذكروا** بدستور لگ جاؤ **اشار بهذا العنوان الى دوامه في الماضي والمستقبل**۱۲۔ [۳] **قوله في جنوبكم** لیٹے **اشار الى انه كناية وان لم يكن الاضطجاع على الجنب بل مستلقيا**۱۲۔ [۴] **قوله في توضيح اذكروا الله** خلاف شرع کوئی کارروائی الخ **اشار الى ان الذكر لا يختص بالمتعارف بل كل مطيع لله فهو ذاكر كما في الحصن وصرح به في قوله تعالى اذا لقيتم فئة فاثبتوا واذكروا الله**۱۲۔ [۵] **قوله في اطمانتم** یعنی سفر الخ **اشار الى ان الاطمينان هو السكون سواء كان للجسم كما في القيام او للقلب كما في الامن واشار الى ان هذا يتعلق بكلا آيتي القصر والخوف**۱۲۔ [۶] **قوله في القوم** اس مخالف قوم **اشارة لى ان اللام للعهد**۱۲۔ [۷] **قوله قوله** جبکہ اس کی **اشار الى ان الآية في الواقعة الخاصة فلا يلزم صحته في كل قتال لان التعاقب يحتاج اليه مرة ولا يحتاج اليه اخرى وكذا فيما بعده من قوله يالمون الخ**۱۲۔

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ۙ۝۱۰۵

وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۚ۝۱۰۶ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ۚ۝۱۰۷ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى

مِنَ الْقَوْلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ۝۱۰۸ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۟ فَمَنْ

يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۝۱۰۹ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ

www.besturdubooks.net

اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿١١٠﴾ وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١١١﴾ وَمَنْ يَّكْسِبْ
خَطِيْٓئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓـًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿١١٢﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ ١٦ ع ٨ ١٣
طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ
وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿١١٣﴾ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ نصف
اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۭ بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ
فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿١١٤﴾ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ
سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿١١٥﴾ ١٧ ع ٤ ١٤

بے شک ہم نے آپ کے ساتھ یہ نوشتہ بھیجا ہے واقع کے موافق تاکہ آپ ان لوگوں کے درمیان اس کے موافق فیصلہ کریں جو کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بتلا دیا ہے اور آپ ان خائنوں کی طرفداری کی بات مت کیجئے اور آپ استغفار فرمائیے بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑے مغفرت والے بڑے رحمت والے ہیں اور آپ ان لوگوں کی طرف سے کوئی جواب دہی کی بات نہ کیجئے جو کہ اپنا ہی نقصان کر رہے ہیں۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو نہیں چاہتے جو بڑا خیانت کرنے والا بڑا گناہ کرنے والا ہو جن لوگوں کی یہ کیفیت ہے کہ آدمیوں سے تو چھپاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے نہیں چھپاتے۔ حالانکہ وہ اس وقت ان کے پاس ہے جبکہ وہ خلاف مرضی الٰہی کے گفتگو کے متعلق تدبیریں کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کے سب اعمال کو اپنے احاطہ میں لئے ہوئے ہیں۔ ہاں تم ایسے ہو کہ تم نے دنیوی زندگی میں تو ان کی طرف سے جواب دہی کی باتیں کر لیں۔ سو اللہ تعالیٰ کے روبرو قیامت کے روز ان کی طرف سے کون جوابدہی کرے گا یا وہ کون شخص ہوگا جو ان کا کام بتانے والا ہوگا اور جو شخص کوئی بُرائی کرے یا اپنی جان کا ضرر کرے پھر اللہ تعالیٰ سے معافی چاہے تو اللہ تعالیٰ کو بڑی مغفرت والا بڑا رحمت والا پائے گا اور جو شخص کچھ گناہ کا کام کرتا ہے تو وہ فقط اپنی ذات پر اس کا اثر پہنچاتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے اور حکمت والے ہیں اور جو شخص کوئی چھوٹا گناہ کرے یا بڑا گناہ پھر اس کی تہمت کسی بے گناہ پر لگائے سو اس نے تو بڑا بھاری بہتان اور صریح گناہ کیا' اپنے اوپر لادا اور اگر آپ پر اللہ کا فضل اور رحمت نہ ہوں تو ان لوگوں میں سے ایک گروہ نے تو آپ کو غلطی ہی میں ڈال دینے کا ارادہ کر لیا تھا اور غلطی میں نہیں ڈال سکتے لیکن اپنی جان کو اور آپ کو ذرہ برابر ضرر نہیں پہنچا سکتے اور اللہ تعالیٰ نے آپ پر کتاب اور علم کی باتیں نازل فرمائیں اور آپ کو وہ باتیں بتلائی ہیں جو آپ نہ جانتے تھے اور آپ پر اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل ہے۔ عام لوگوں کی اکثر سرگوشیوں میں خیر نہیں ہوتی۔ ہاں مگر جو لوگ ایسے ہیں کہ خیرات کی یا اور کسی نیک کام کی یا لوگوں میں باہم اصلاح کر دینے کی ترغیب دیتے ہیں اور جو شخص یہ کام کرے گا حق تعالیٰ کی رضا جوئی کے واسطے سو ہم اس کو عنقریب اجر عظیم عطا فرمائیں گے اور جو شخص رسول کی مخالفت کرے گا بعد اسکے اس کو امر حق ظاہر ہو چکا تھا اور مسلمانوں کا رستہ چھوڑ کر دوسرے رستہ ہو لیا تو ہم اس کو جو وہ کچھ کرتا ہے کرنے دیں گے اور اس کو جہنم میں داخل کریں گے اور وہ بُری جگہ ہے جانے کی ۞

تفسیر ربط: اوپر کفار مجاہرین کے معاملات کے ضمن میں چند جگہ منافقین کا ذکر آیا ہے کہ کفر دونوں میں مشترک ہے آگے بھی بعض منافقین کے ایک خاص قصہ کے متعلق مضمون مذکور ہوتا ہے جس کا خلاصہ حسب روایت ترمذی و حاکم یہ ہے کہ بنو ابیرق ایک خاندان تھا اس میں ایک شخص بشیر نام منافق تھا اس نے حضرت رفاعہ کی بخاری میں نقب دے کر کچھ آٹا اور کچھ ہتھیار جو اس میں رکھے تھے چرا لئے صبح کو پاس پڑوس میں تلاش کیا اور بعض قرائن قویہ سے بشیر پر شبہ ہوا بنو ابیرق نے جو کہ بشیر کے شریک حال تھے اپنی براءت کے لئے حضرت لبید کا نام لے دیا۔ غرض حضرت رفاعہ نے اپنے برادرزادہ حضرت قتادہ کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیج کر اس واقعہ کی اطلاع دی آپ نے وعدہ تحقیق کا فرمایا بنو ابیرق کو جو یہ خبر ہوئی ایک شخص جو اسی خاندان کا تھا اسیر نام سب اس کے پاس آئے اور سب نے مشورہ کر کے جمع ہو کر مع بعض اہل محلہ کے جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حضرت قتادہ اور حضرت رفاعہ کی شکایت کی کہ بدون گواہوں کے ایک مسلمان اور دیندار گھرانے پر چوری کی تہمت لگاتے ہیں اور مقصود ان کا یہ تھا کہ رسول اللہ ﷺ اس مقدمہ میں ان کی طرفداری کریں آپ نے یہ تو نہیں کیا لیکن اتنا ہوا کہ حضرت قتادہ جو حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ تم ایسے لوگوں پر بے سند کیوں تہمت لگاتے ہو انہوں نے آ کر اپنے چچا حضرت رفاعہ سے کہا وہ اللہ پر بھروسہ کر کے خاموش ہو گئے اس پر یہ اگلی آیتیں دو رکوع کے قریب تک نازل ہوئیں۔ غرض چوری ثابت ہوئی اور مال برآمد ہوا اور مالک کو دلایا گیا تو بشیر ناخوش ہو کر مرتد ہو گیا اور مکہ جا کر مشرکوں میں جا ملا اس پر آخر کی آیتیں نازل ہوئیں ومن یشاقق الرسول الخ۔

www.besturdubooks.net

قصہ بعض منافقین مع احکام متعلقہ آں اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ (الی قولہ تعالی) وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا (الی قولہ تعالی) وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۟ بیشک ہم نے آپ کے پاس یہ نوشتہ بھیجا ہے (جس سے) واقع کے موافق (حال معلوم ہوگا) تا کہ آپ (اس واقعہ میں) ان لوگوں کے درمیان اس کے موافق فیصلہ کریں جو کہ اللہ تعالیٰ نے (وحی کے ذریعہ سے) آپ کو (اصل حال) بتلا دیا ہے (وہ وحی یہ ہے کہ واقع میں بشیر سارق ہے اور بنو ابیرق جو اس کے حامی ہیں کاذب ہیں) اور (جب اصل حال معلوم ہوگیا تو) آپ ان خائنوں کی طرفداری کی بات نہ کیجئے (جیسا بنو ابیرق کی اصل خواہش یہی تھی چنانچہ دوسرے رکوع میں آتا ہے: لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ مگر آپ نے ایسا کیا نہ تھا چنانچہ خود اسی جملہ سے نہ کرنا بھی معلوم ہوتا ہے کیونکہ اس کا حاصل یہ ہے کہ فضل الٰہی نے غلطی سے بچا لیا جس سے ہر غلطی کی نفی ہوگئی اور نہی فرمانے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ فعل ماضی میں واقع ہوا ہو بلکہ اصل فائدہ نہی کا یہ ہے کہ آئندہ کے لئے حقیقت حال سے آگاہ کر کے اس کے ارتکاب کا انسداد کرتے ہیں پس آپ کی حالت اور نہی کے مجموع کا حاصل یہ ہوگا کہ جیسے اب تک طرفداری نہیں کی آئندہ بھی نہ کیجئے اور یہ انتظامات بھی تکمیل عصمت نبویہ کے ہیں اور ایک خائن کے ساتھ سب کو خائن اس لئے فرمایا کہ خائن کی شرکت واعانت بلکہ اخفاء باوجود علم کے نیز خیانت ہے پس شرعاً سب خائن ہوئے) اور (لوگوں کے کہنے سے بناءً علیٰ حسن الظن جو بنی ابیرق کو آپ نے دیندار سمجھ لیا گو بلا دلیل صحیح وسند معتبر کسی کو دیندار سمجھنا گناہ نہیں بلکہ عجب نہیں کہ فی نفسہ بوجہ حسن ظن کے حسنہ ہو لیکن چونکہ اس موقع پر اتنا فرما دینے سے اہل حق کا اپنے حق کو چھوڑ بیٹھنا محتمل تھا چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ حضرت رفاعہؓ خاموش ہو کر بیٹھ رہے پس لغیرہ وبواسطہ یہ امر نامناسب ہوا اس لئے اس سے) آپ استغفار فرمائیے (کہ آپ کی شان عظیم ہے اتنا امر بھی آپ کے لئے قابل استغفار ہے) بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑے مغفرت کرنے والے بڑے رحمت والے ہیں اور آپ ان لوگوں کی طرف سے کوئی جوابدہی کی بات نہ کیجئے (جیسا وہ لوگ آپ سے چاہتے تھے) جو کہ (لوگوں کی خیانت اور نقصان کر کے باعتبار وبال وضرر کے درحقیقت) اپنا ہی نقصان کر رہے ہیں بلاشبہ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو نہیں چاہتے (بلکہ اس کو مبغوض رکھتے ہیں) جو بڑا خیانت کرنے والا بڑا گناہ کرنے والا ہو (جیسا کہ تھوڑے خیانت کرنے والے کو بھی محبوب نہیں رکھتے چونکہ بشیر کا بڑا خائن ہونا بتلانا مقصود ہے اس لئے یہ صیغہ لایا گیا) جن لوگوں کی یہ کیفیت ہے کہ (اپنی خیانت کو) آدمیوں سے تو (شرما کر) چھپاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے نہیں شرماتے حالانکہ وہ (مثل ہر وقت کے) اس وقت (بھی) ان کے پاس ہے جب کہ وہ خلاف مرضی الٰہی گفتگو کے متعلق تدبیریں کیا کرتے ہیں (جیسا اسیر کے پاس جمع ہو کر مشورہ کیا گیا تھا کہ حضور سے یوں گفتگو کریں گے) اور اللہ تعالیٰ ان کے سب اعمال کو اپنے (علمی) احاطہ میں لئے ہوئے ہیں ہاں (جو بشیر وغیرہ کی حمایت میں بعض اہل محلہ جمع ہو کر آئے تھے وہ سن لیں کہ) تم ایسے ہو کہ تم نے دنیوی زندگی میں تو ان کی طرف سے جوابدہی کی باتیں کر لیں سو (یہ تو بتلاؤ کہ) خدا تعالیٰ کے روبرو قیامت کے روز ان کی طرف سے کون جوابدہی کرے گا یا وہ کون شخص ہوگا جو ان کا کام بنانے والا ہوگا (یعنی نہ کوئی زبانی جوابدہی کر سکے گا نہ کوئی عملی درستی مقدمہ کی کر سکے گا) اور (یہ خائنین اگر اب بھی توبہ موافق قاعدۂ شرعیہ کے کر لیتے تو معافی ہو جاتی کیونکہ ہمارا قانون یہ ہے کہ) جو شخص کوئی (متعدی) برائی کرے یا (صرف) اپنی جان کا ضرر کرے (یعنی غیر متعدی گناہ کرے اور) پھر اللہ تعالیٰ سے (حسب قاعدۂ شرعیہ) معافی چاہے (مثلاً حقوق العباد میں ادا یا ابراء بھی ضرور ہے) تو وہ اللہ تعالیٰ کو بڑی مغفرت والا بڑی رحمت والا پاوے گا اور (ضرور گنہگاروں کو اس کی کوشش کرنا چاہئے کیونکہ) جو شخص کچھ گناہ کا کام کرتا ہے تو وہ فقط اپنی ذات پر اثر پہنچاتا ہے (وہ اثر گناہ اور سزا ہے جب انجام گناہ کے کام کا یہ ہے تو توبہ کر لینا بہت ضرور ہے) (اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے ہیں (سب کے گناہوں کی ان کو خبر ہے) بڑے حکمت والے ہیں مناسب مناسب سزا تجویز فرماتے ہیں) اور (یہ تو خود گناہ کرنے کا انجام ہوا اور جو کر کے دوسروں پر لگا دے اس کا حال سنو کہ) جو شخص کوئی چھوٹا گناہ کرے یا بڑا گناہ پھر (بجائے اس کے کہ خود ہی توبہ کرنا چاہئے تھا اُس نے یہ طرہ کیا کہ) اس (گناہ) کی تہمت کسی بے گناہ پر لگا دی سو اس نے تو بڑا بھاری بہتان اور صریح گناہ اپنے (سر کے) اوپر لادا (جیسا بشیر نے کیا کہ خود تو چوری کی اور ایک نیک بخت بزرگ آدمی لبید کے ذمہ رکھ دی) اور اگر (اس مقدمہ میں) آپ پر (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کا فضل اور رحمت نہ ہو (جو کہ ہمیشہ آپ پر رہتا ہے) تو ان (چالاک) لوگوں میں سے ایک گروہ نے تو آپ کو غلطی ہی میں ڈال دینے کا ارادہ کر لیا تھا (لیکن خدا کے فضل سے ان کی رنگ آمیز باتوں کا آپ پر کوئی اثر نہیں ہوا اور آئندہ بھی نہ ہوگا چنانچہ فرماتے ہیں) اور (کبھی آپ کو) غلطی میں نہیں ڈال سکتے لیکن (ارادہ سے) اپنی جانوں کو (مبتلائے گناہ و مستحق عقوبت بنا رہے ہیں) اور آپ کو ذرہ برابر (اس قسم کا) ضرر نہیں پہنچا سکتے اور (آپ کو غلطی کا ضرر پہنچانا کب ممکن ہے جب کہ) اللہ تعالیٰ نے آپ پر کتاب اور علم کی باتیں نازل فرمائیں (جس کے ایک حصہ میں اس قصہ کی حقیقت کی اطلاع بھی دے دی) اور آپ کو وہ (مفید اور عالی) باتیں بتلائی ہیں جو آپ (پہلے سے) نہ جانتے تھے اور آپ پر اللہ کا بڑا فضل ہے (پھر اللہ کے فضل کے ساتھ کس کا قابو چل سکتا ہے) عام لوگوں کی اکثر سرگوشیوں میں خیر (یعنی ثواب اور برکت) نہیں ہوتی (جیسا اسیر کے پاس جمع ہو کر خفیہ مشورہ کیا گیا تھا) ہاں مگر جو لوگ ایسے ہیں کہ (خیر) خیرات کی یا اور کسی نیک کام کی یا لوگوں میں باہم اصلاح کر دینے کی ترغیب دیتے ہیں (اور اس تعلیم و ترغیب کی تکمیل وانتظام کے لئے خفیہ تدبیریں اور

www.besturdubooks.net

مشورے کرتے ہیں یا خود ہی صدقہ وغیرہ کی دوسروں کو خفیہ ترغیب دیتے ہیں کیونکہ بعض اوقات خفیہ ہی کہنا مصلحت ہوتا ہے ان کے مشوروں میں البتہ خیر یعنی ثواب اور برکت ہے) اور جو شخص یہ کام کرے گا (یعنی ان اعمال کی ترغیب دے گا) حق تعالیٰ کی رضا جوئی کے واسطے (نہ کہ ریاست وشہرت کی غرض سے) سو ہم اس کو عنقریب اجر عظیم عطا فرمادیں گے (یعنی آخرت میں لیکن ان خائنوں کے تو ایسے مشورے ہیں نہیں اس لئے ناپسندیدہ ہیں) اور جو شخص رسول (مقبول صلی اللہ علیہ وسلم) کی مخالفت کرے گا بعد اس کے کہ اس کو امر حق ظاہر ہو چکا تھا اور مسلمانوں کا (دینی) رستہ چھوڑ کر دوسرے رستہ ہولیا (جیسا بشیر مرتد ہوگیا حالانکہ اسلام کا حق ہونا اور نیز اس خاص واقعہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ کا خود اس کے معاملہ میں بھی حق ہونا معلوم تھا پھر بھی بدبختی نے گھیرا) تو ہم اس کو (دنیا میں) جو کچھ وہ کرتا ہے کرنے دیں گے اور (آخرت میں) اس کو جہنم میں داخل کریں گے اور وہ بری جگہ ہے جانے کی۔ **ف**: نیک کام میں جو کہ معروف کا ترجمہ ہے تمام وہ امور آگئے جو نافع ہوں خواہ دینی ہوں یا دنیوی مگر مشروع ہوں اور گو اس میں صدقہ بھی داخل تھا لیکن نفس پر شاق ہونے کی وجہ سے اس کا زیادہ اہتمام فرمایا اور خاص اس مقام میں اس لئے بہت ہی مناسب ہوا کہ بشیر نے چوری کر کے غیر کا مال لیا تھا اس لئے مقابلہ میں اپنا مال غیر کو دینے کی فضیلت بیان فرمادی اور اسی طرح لوگوں میں صلح کرادینا بھی معروف میں داخل ہے لیکن چونکہ نا اتفاقی سبب ہے مضرات عظیمہ کثیرہ کا اور صلاح میں اس کا انسداد ہے اس لئے اس کو بھی تصریحاً ذکر فرمایا پس صدقہ جالب منافع عظیمہ تھا اور اصلاح دافع مضار عظیمہ ان دونوں کو باوجود عموم معروف کے مصرح فرمادیا پس اصلاح کا فاعل اور الناس کا مصداق ایک ہی ہے جیسے اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ میں اور معنی یہ ہیں کہ اوامر الناس باصلاحهم ما بينهم بطريق وضع مظہر موضع مضمر کے اور يُشَاقِقِ الرَّسُوْلَ باوجودیکہ دلالت علی المقصود میں کافی ہے مگر يَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ کے زائد کرنے میں یہ فائدہ ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کی علامت جس کو دلیل انی کہتے ہیں بتلادی کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ کا علم مشاہدۃً تو ہر وقت متعذر ہے اس وقت بھی بوجہ اکثروں کے غائب ہونے کے اور بعد میں بوجہ وفات کے رہا روایۃً منصوص میں اور درایۃً یعنی اجتہاداً غیر منصوص میں وہ محتاج توسط رواۃ وہداۃ مسلمین ہے پس زیادہ معرف موافقت ومخالفت طریقہ رسول کا اتباع وعدم اتباع سبیل مؤمنین کا ہوا فافهم فانه من المواهب لا من المكاسب واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ مع قولہ تعالیٰ: وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ باوجود اس کے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی امر موجب استغفار کا صدور نہیں ہوا جیسا جملہ ثانیہ اس پر دال ہے پھر استغفار کا حکم ہونا جیسا جملہ اولیٰ اس پر دال ہے اصل ہے اس قول کی حسنات الابرار سيئات المقربين اور نیز اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ خواہ کیسا ہی کمال حاصل ہو جاوے مگر تکالیف شرعیہ کسی حال میں ساقط نہیں ہوتیں وقولہ تعالیٰ: وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ اس پر دال ہے کہ کسی کو اپنے علم یا عمل پر اعتماد جائز نہیں۔ قولہ تعالیٰ: لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ الخ جو تعلیم خفی موافق کتاب وسنت کے نہ ہو جیسا بہت سے جاہل صوفی اس کو حق سمجھتے ہیں کہ طریقت مفاد شریعت کی تعلیم سینہ بسینہ جاری ہے یہ آیت اس کے بطلان پر دلالت کرتی ہے وقولہ تعالیٰ: وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا یہ آیت منطوقاً اس پر دلالت کرتی ہے کہ جو مخلص ثواب کا قصد نہ کرے محض رضا کا قصد کرے اس کو ثواب بھی ملتا ہے اور مفہوماً اس پر دلالت کرتی ہے کہ تمام ثمرات اعمال کے رضا کے تابع ہیں جب رضا کا قصد کرتا ہے دوسرے ثمرات بلا قصد ادا ہو جاتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في انا انزلنا اليك الكتاب یہ نوشتہ حملته على التخصيص مناسبة للمقام ويجوز العموم وكذا القول في ترجمة الناس ۱۲۔ ۲ قوله في توضيح لا تكن لازم نہیں آتا وصرح به في الروح تحت قوله تعالى ولا تجادل بقوله والنهي عن الشئ لا يقتضي كون المنهي مرتكباً للمنهي عنه واعلم ان ما ورد في الاحاديث من تفسير الآية هكذا ولا تكن للخائنين خصيما بني ابيرق واستغفر الله مما قلت لقتادة لم يبق مشكلا بعد ما قررت۔ وما ورد في بعضها فهم صلى الله عليه وسلم ان يفعل فهو ظن من الراوي لا يقوم حجة على غيره لا سيما وقد نفى الله تعالى همه بقوله لهمت المقصود منه المبالغة في نفي همه بحيث لم يعتد بهمهم مع وقوعه لعدم ترتب همه عليه ۱۲۔ ۳ قوله في استغفر الله اس سے الخ ولم يقل هٰهنا ان الامر بالاستغفار في المستقبل لا يستلزم مباشرة ما منه الاستغفار كما قال في لا تكن لان الامر بالاستغفار ولو في المستقبل يقتضي محلا له والا لبقي خاليا عن معناه فلذا قرره بطريق آخر ۱۲۔ ۴ قوله في لا يحب مبغوض اشار الى ان المقصود من نفي الحب هو البغض ۱۲۔ ۵ قوله في يستخفون یہ کیفیت اشارة الى ان الجملة صفة لخوانًا اثيمًا وافرد في محل وجمع في آخر رعاية للفظ من ومعناه ۱۲۔ ۶ قوله في لا يستخفون نہیں شرماتے ماخذه الروح حيث قال انما فسر الاستخفاء منه تعالى بالاستحياء لان الاستتار عنه عز شانه محال فلا فائدة في نفيه ولا معنى للزم في عدمه وذكر بعض المحققين ان التعبير بذلك من باب المشاكلة ۱۲۔ ۷ قوله في وهو معهم مثل بروقت کے اشار الى ان التخصيص انما هو اهتماماً

www.besturdubooks.net

للمقصود لا للحصر کما هو ظاهر ۱۲۔ ۸؎ قوله فی ها انتم ہاں تم ایسے ہو اشار الی ان ها تنبیه وانتم مبتدا واولاء موصول بمعنی الذین مع صلته خبر ۱۲۔ ۹؎ قوله فی یستغفر الله حسب قاعدہ لان حقوق العباد لا یعفی عنها بمجرد الاستغفار القولی ۱۲۔ ۱۰؎ قوله فی خطیئة چھوٹا الخ ماخذه الروح قلت وانما اورد الاثم فی الاول والخطیئة والاثم فی الثانی لان اکتساب الخطیئة من غیر رمی غیره به صغیرة یرجی عفوها فاکتفی بالاثم واما الرمی فیستوی فیه الرمی بالصغیرة او بالکبیرة فکلاهما کبیرة لان الرمی کذب وایذاء ومن ثم اکد امره بقوله بهتانا واثما مبینا واعلم ان وصف الاثم بما ذکر بمنزلة وصف البهتان به لانهما عبارة عن امر واحد هو رمی البری بجنایة نفسه و عبر عنه بهما تهویلا لامره وکونه بهتانا ظاهرا وکونه اثما لانه کذب ۱۲۔ ۱۱؎ قوله فی لهمت اثر نہیں ہوا اشار الی ان المقصود بالنفی هو التاثیر لان الهم منهم قد وقع وانما تعلق النفی بهمهم ایذانا بانتفاء تاثیره بالکلیة حتی کانه مع وقوعه لم یقع فالجملة جواب لو لا وجوز ابو البقاء ان یکون الجواب محذوفا والتقدیر لا ضلوك ثم استانف ای لقد همت اخذته من الروح ویصح حمل قولی ارادہ کرلیا تھا علی هذا التجویز فافهم ۱۲۔ ۱۲؎ قوله فی ما یضرونك اس قسم کا اشاره الی ان المقصود لیس هو نفی الضرر مطلقا لوقوع بعضه یقینا کما یدل علیه قوله تعالیٰ لن یضروکم الا اذی ۱۲۔ ۱۳؎ قوله فی نجواهم عام لوگوں اشار الی ان المرجع مطلق الناس وعلیه فیکون الاستثناء متصلا بحذف المضاف ای الا نجوی من امر الخ ولو اعید الیهم خاصة کان الاستثناء منقطعا لخروجهم عمن امر الخ ۱۲۔ ۱۴؎ قوله فی من امر ایسے ہیں لانه جمع معنی ۱۲۔ ۱۵؎ قوله فی من یفعل ذلك ترغیب دے گا اشار الی ان ذلك یشار به الی الامر ودل بالاولی علی کون نفس الصدقة۔ والمعروف والاصلاح موجبا للاجر العظیم لانها لو لم یکن کذلك لم یکن فی الامر بها فضل ۱۲۔ ۱۶؎ قوله قبل ومن یشاقق ناپسندیدہ اختار خصوص هذه المادة لدلالة قوله تعالیٰ مالا یرضی من القول علیها ۱۲۔ ۱۷؎ قوله فی تبین له اس کے معاینہ میں افاد به ان حکمه صلی الله علیه وسلم فی قضیة وان لم یطابق باطنها لیس خلاف الهدی لان الهدی فیما لم یوح الیه هو العمل بالقواعد الکلیة لکن هذه الواقعة ازدادت بمطابقة حکمه باطنها فالمشاقة بعد هذه المعاینة اشد واشنع ۱۲۔ ۱۸؎ قوله فی قوله ما تولی جو کچھ وہ کرتا ہے الخ کما فی البیضاوی نجعله والیا لما تولی من الضلال ونخلی بینه وبین ما اختاره ۱۲۔

الروایات: فی الروح اخرج الثعلبی عن ابن عباسؓ ان شیخا من العرب جاء الی رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال انی شیخ منهمك فی الذنوب الا انی لم اشرك بالله تعالیٰ منذ عرفته وامنت به ولم اتخذ من دونه ولیا ولم اوقع المعاصی جرأة وما توهمت طرفة عین انی اعجز الله تعالیٰ هربا وانی لنادم تائب فما تری حالی عندالله تعالیٰ فنزلت ان الله لا یغفر الخ ۱۲۔

فائدة: قوله ومن یشاقق الرسول الخ قال البیضاوی الآیة تدل علی حرمة مخالفة الاجماع لانه تعالیٰ رتب الوعید الشدید علی المشاقة واتباع غیر سبیل المؤمنین وذلك اما لحرمة کل واحد منهما او احدهما او الجمع بینهما ثم ابطل الثانی والثالث وعین الاول لکن بما قررت به الآیة لا یصح الحصر فی الثلاثة بل ههنا احتمال رابع وهو ان المشاقة هو عین اتباع غیر سبیل المؤمنین فلم یکن المذکور فی الآیة اذن الا المشاقة فافهم لکن لا یلزم من عدم دلیل خاص عدم المدلول لجواز ان یدل علیه دلیل آخر صحیح ۱۲۔

إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ ۚ وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا
بَعِيدًا ﴿۱۱۶﴾ إِنْ يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ إِلَّا إِنَاثًا وَإِنْ يَدْعُونَ إِلَّا شَيْطَانًا مَرِيدًا ﴿۱۱۷﴾ لَعَنَهُ اللَّهُ ۘ وَقَالَ
لَأَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيبًا مَفْرُوضًا ﴿۱۱۸﴾ وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْأَنْعَامِ
وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللَّهِ ۚ وَمَنْ يَتَّخِذِ الشَّيْطَانَ وَلِيًّا مِنْ دُونِ اللَّهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُبِينًا ﴿۱۱۹﴾
يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيهِمْ ۖ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا ﴿۱۲۰﴾ أُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَلَا يَجِدُونَ عَنْهَا مَحِيصًا ﴿۱۲۱﴾

بے شک اللہ تعالیٰ اس بات کو نہ بخشیں گے کہ ان کے ساتھ کسی کو شریک قرار دیا جائے اور اس کے سوا اور جتنے گناہ ہیں جس کے لئے منظور ہوگا وہ گناہ بخش دیں گے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہراتا ہے وہ بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑا۔ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر صرف چند زنانی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں اور صرف شیطان کی عبادت کرتے ہیں جو کہ حکم سے باہر ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے دور ڈال رکھا ہے اور جس نے یوں کہا تھا کہ ضرور میں تیرے بندوں سے اپنا مقرر حصہ اطاعت کا لوں گا

www.besturdubooks.net

اور میں ان کو گمراہ کروں گا اور میں ان کو ہوسیں دلاؤں گا اور میں ان کو تعلیم دوں گا۔ جس سے وہ چار پاؤں کے کانوں کو تراشا کریں گا اور میں ان کو تعلیم دوں گا جس سے وہ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی صورت کو بگاڑا کریں گے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر شیطان کو اپنا رفیق بنادے گا وہ صریح نقصان میں واقع ہوگا۔ شیطان ان لوگوں سے وعدے کیا کرتا ہے اور ان کو ہوسیں دلاتا ہے اور شیطان ان سے وعدے کرتا ہے ایسے لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے اور اس سے کہیں بچنے کی جگہ نہ پائیں گے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر ذکر جہاد میں گو سب مخالفین داخل ہیں لیکن بیان احوال میں یہود اور منافقین کے احوال کا بیان ہوا ہے مخالفین میں ایک جماعت بلکہ اوروں سے بڑی مشرکین کی تھی آگے کچھ ان کے عقائد کی حالت اور طریقہ مذمت اور اس کی سزا کا مذکور ہے اور اس مقام پر یہ اس لئے اور زیادہ مناسب ہوگیا کہ اوپر اس سارق کے مرتد ہونے کا مذکور ہے پس اس سے اس کی دائمی سزا کا حال معلوم ہوگیا و نیز اوپر ترغیب تھی توبہ کی یہاں شرک کفر کے سوا اور ذنوب کا مغفور ہونے کے بیان سے توبہ کی اور ترغیب ہوگئی۔

عقوبت وذم طریقہ مشرکین: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَ يَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا (الی قولہ تعالی) وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا بیشک اللہ تعالیٰ اس بات کو (سزا دے کر بھی) نہ بخشیں گے کہ ان کے ساتھ کسی کو شریک قرار دیا جاوے (بلکہ سزائے ابدی میں مبتلا رکھیں گے) اور اس کے سوا اور جتنے گناہ ہیں (خواہ صغیرہ یا کبیرہ) جس کے لئے منظور ہوگا (بلا سزا) وہ گناہ بخش دیں گے (البتہ اگر وہ مشرک مسلمان ہو جاوے تو پھر مشرک ہی نہ رہا اب وہ سزائے دائمی بھی نہ رہے گی) اور (وجہ اس شرک کے نہ بخشنے کی یہ ہے کہ) جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ (کسی کو) شریک ٹھہراتا ہے وہ (امر حق سے) بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑا (وہ امر حق توحید ہے جو عقلاً بھی واجب اور تعظیم صانع کے حقوق سے ہے پس مشرک نے حضرت صانع کی اہانت کی اس لئے ایسی سزا کا مستحق ہوگا بخلاف دوسرے گناہوں کے کہ کچھ تو ضلال ہے مگر توحید کے خلاف اور اس سے بعید نہیں اس لئے قابل مغفرت قرار دیا گیا اور شرک کے غیر مغفور ہونے کی علت کفر میں بھی مشترک ہے کیونکہ اس میں بھی انکار ہوتا ہے صانع کی کسی بتلائی ہوئی بات کا پس وہ اس کی صفت صدق کی نفی کرتا ہے اور کوئی کافر خود ذات کا بھی منکر ہے اور صفت اور ذات دونوں میں سے جس کی نفی ہو توحید کا انکار اور اس سے بعد ہے پس کفر و شرک دونوں غیر مغفور ہیں آگے مشرکین کی تحمیق ان کے مذہبی طریقہ میں بیان فرماتے ہیں کہ) یہ (مشرک) لوگ خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر (ایک تو) صرف چند زنانی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں اور (ایک صرف شیطان کی عبادت کرتے ہیں جو کہ (خدا تعالیٰ کے) حکم سے باہر ہے (اور) جس کو (اس بے حکمی کی وجہ سے) خدا تعالیٰ نے اپنی رحمت (خاصہ) سے دور ڈال رکھا ہے اور جس نے (جس وقت کہ رحمت خاصہ سے دور اور ملعون ہونے لگا) یوں کہا تھا (جس سے اس کی عداوت صاف مترشح ہے) کہ میں (پوری کوشش کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں کہ) ضرور تیرے بندوں سے اپنا مقرر حصہ اطاعت کا لوں گا اور (اس حصہ کی تفصیل یہ ہے کہ) میں ان کو (عقائد میں) گمراہ کروں گا اور میں ان کو (خیالات میں) ہوسیں دلاؤں گا (جس سے معاصی کی طرف میلان ہو اور ان کی مضرت نظر میں نہ رہے) اور میں ان کو (اعمال بد کفریہ و فسقیہ کرنے کی) تعلیم دونگا جس سے وہ (بتوں کے نام پر) چار پاؤں کے کانوں کو تراشا کرینگے (اور یہ اعمال کفریہ سے ہے) اور میں ان کو (اور بھی) تعلیم دوں گا جس سے وہ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی صورت کو بگاڑا کریں گے (اور یہ اعمال فسقیہ سے ہے جیسے داڑھی منڈانا بدن گدانا وغیرہ) اور جو شخص خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر شیطان کو اپنا رفیق بناوے گا (یعنی خدا تعالیٰ کی اطاعت نہ کرے اور شیطان کی اطاعت کرے) وہ (شخص) صریح نقصان (وزیاں) میں واقع ہوگا (وہ زیاں جہنم میں جانا ہے) شیطان ان لوگوں سے (عقائد کے متعلق جھوٹے) وعدے کیا کرتا ہے (کہ تم بے فکر رہو نہ کہیں حساب ہے نہ کتاب ہے) اور (خیالات میں) ان کو ہوسیں دلاتا ہے (کہ اس گناہ میں ایسی لذت ہے۔ اس حرام ذریعہ میں ایسی آمدنی ہے اور اعمال شیطانیہ کا وجود اور لغویت اور مضرت خود ظاہر ہے) اور شیطان ان سے صرف جھوٹے (فریب آمیز) وعدے کرتا ہے (کیونکہ واقع میں حساب و کتاب حق ہے اور اس کی ہوسوں کا فریب ہونا تو بہت جلدی کھل جاتا ہے) ایسے لوگوں کا (جو کہ شیطان کی راہ پر چلتے ہیں) ٹھکانا جہنم ہے (اور وہ خسرانِ مبین یہی ہے) اور اس جہنم سے کہیں بچنے کی جگہ نہ پاویں گے۔ (کہ وہاں جا کر پناہ لے لیں) ف: شرک کے متعلق ایک مفید بحث اس پارہ کے ربع کے ایک رکوع قبل اس آیت کے ذیل میں جس کے الفاظ اس مقام کی آیت کے مثل ہیں گزر چکی ہے دیکھ لی جاوے اور زنانی چیزوں سے مراد بعضے بت ہیں جن کے نام اور صورتیں عورتوں کی سی تھیں اور ان کو زیور وغیرہ بھی پہناتے تھے جیسا کہ روح میں حسن سے منقول ہے کہ ہر قبیلہ میں ایسے بت تھے اور ان کو انثٰی بنی فلاں کے لقب سے مشہور کرتے تھے اور اس کا یہ مطلب نہیں کہ ان کے سوا اور کی عبادت نہیں کرتے تھے چنانچہ بعضے بت نام اور شکل میں مردوں کی طرح بھی تھے بلکہ یہاں مستثنیٰ دو چیزیں ہیں اور حصر مجموعہ کے اعتبار سے ہے جس کا دوسرا جزو یعنی شیطان سب معبودات غیر اللہ کو بایں معنی شامل ہے کہ شیطان کے کہنے سے عبادت کرنا گویا شیطان کی عبادت کرنا ہے جیسے محاورات میں کہتے ہیں کہ میں نے زید کے کہنے سے فلاں شخص کو روپیہ دیا ہے تو میں نے تو زید ہی کو دیا ہے۔ اس عام میں سے اناث کو منفرد کر کے لئے آنا اور ان کی زیادت تحمیق کے لئے ہے کہ ایسے ناقص الاوصاف کی بھی عبادت کرتے ہیں پس کوئی معبود باطل ایسا نہیں ہے جو اس حصر فی المجموع سے خارج ہو بلکہ جزو ثانی میں تو سب داخل ہیں اور بعضے جزو اول میں بھی پس نہ حصر پر شبہ ہے اور نہ دونوں حصروں میں تنافی ہے کیونکہ مقصود حصر واحد ہے گو یدعون عامل مکرر ہے پس تقدیر کلام

www.besturdubooks.net

اس طرح ہے اِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّآ اِنٰثًا وَاِلَّا شَيْطٰنًا جیسے ما جاء نی الا زید والا عمرو اور شیطان کی چند صفتیں تاکید مقصود کے لئے لائے یعنی ایسے شیطان کی اطاعت کرتے ہیں جو اولاً متمرد ہے ثانیاً تمرد کی وجہ سے ملعون ہے ثالثاً انسان کا عدو ہے جیسا اس کے اقوال سے مترشح ہے آگے وہ اقوال اس کی عداوت پر دلالت کرنے کے لئے نقل فرمائے پس یہ لازم نہیں کہ یہاں جتنے امور مذکور ہیں وہ سب شرک وکفر ہی ہوں چنانچہ بعض امور صرف فسق ہیں اور یہاں جو تغییر کی مذمت مذکور ہے وہ ہر تغییر نہیں بلکہ جس میں افساد ہو اور جس میں افساد نہ ہو وہ مذموم نہیں بلکہ عدم افساد کے ساتھ اگر اصلاح بھی ہو جیسے ختان و تقلیم اظفار وہ مؤکد ہے اور جس میں دونوں نہ ہوں جیسے خصاء بہائم اور مقدار مسنون سے زائد ریش کا تراشنا یہ جائز[1] ہے اور افساد کے وجود وعدم کا مدار اعتبار شریعت ہے نہ کہ عرف جس میں علاوہ اس کے کہ شارع کے برابر اس کی نظر نہیں خود باہم عرف عرف میں تعارض بھی ہوا کرتا ہے خوب سمجھ لو۔ اور خَلْقَ اللّٰهِ کی تفسیر یہ بھی ہو سکتی ہے الخلق الذی امر الله ان یکون الانسان علیه یعنی حق تعالیٰ کی پسندیدہ وضع پس تفسیر متین میں خلق تکوینی ہے اور تفسیر پر خلق تشریعی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ اس میں داڑھی منڈانا بھی داخل ہے پس یہ دال ہے اس پر کہ جس طریق میں داڑھی منڈانا شعار ہو وہ طریق شیطان ہے اگر اس کا جہلاء نے طریقہ قلندریہ نام رکھا ہے۔

الحواشی: (۱) بلکہ زائد ریش تراشنا سنت ہے اور مؤکد یا غیر مؤکد ہونا کہیں نظر سے نہیں گزرا ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی مریداً الخ جو کہ اور جس کو اور جس نے اشارة الى ان هذه صفات للشيطان وقال بعضهم ان جملة اللعن اعتراض وقال مستانفة ۱۲۔ ۲ قوله فی لا تخذن کوشش فلا يتوجه انه كيف علم ان الانسان يكون كذا و كذا ليحتاج الى التكلف فی الجواب نقله فی الخازن عن ابن الانباری بقوله المعنى لاجتهدن ولا عرضهن فی ذلك لا انه كان يعلم الغيب ۱۲۔ ۳ قوله فی نصيباً اطاعت ماخذه الخازن حيث قال فكل ما اطيع فيه ابليس فهو نصيبه ومفروضه ۱۲۔ ۴ قوله فی ولاضلنهم تفصیل اشار الى كونه من عطف المفصل على المجمل وما فسر به التمنية فی التفصيل مذكور فی الخازن فحوى التفصيل الامور الثلثة الاول العقائد والثانی حديث النفس من لذات المعاصی وترجية ادراك الجنة مع المعاصی لسعة رحمة ربه ووعد التوبة وتسويفها۔ والثالث الاعمال ۱۲۔ ۵ قوله فی يعدهم عقائد اشارة الى ان مواده ومؤدى الاضلال واحد واشار بقوله اور اعمال الخ الى وجه الاقتصار ههنا على الاضلال والتمنية وعدم الاعادة للامر بالاعمال واشار فيما بعد فی قوله وما يعدهم اور اس کی ہوس الخ الى وجه الاقتصار على مجرد الاضلال وعدم الاعادة للتمنية حاصله فی الاقتصار الاول ان الوعد والتمنية من الامور الباطنة دون الاعمال۔ وفی الاقتصار الثانی ان كون الوعد باطلًا يظهر فی الآخرة اما بطلان التمنية وكذا الاعمال فيظهر فی الدنيا ايضا لان هذه الامانی وهذه الاعمال كثيرًا ما يشاهد ضرره۔

اللغات: المريد۔ من مريد هو الخروج والتجرد البتك القطع الحيص الهرب والعدول ۱۲۔

النحو: فی الروح المعانی وعدهم وعدًا واحقه حقا اه واشرت الى التركيب فی الترجمة ۱۲۔

البلاغۃ: فی الروح انما جعل الجزاء ههنا فقد ضل وفيما تقدم فقد افترى اثمًا عظيما لما ان تلك فی اهل الكتاب وهم مطلعون على ما لا يشكون فی صحته ومع ذلك اشركوا وكفروا فصار ذلك افتراء وجراة على الله تعالىٰ وهذه فی اناس لم يعلموا كتابًا فاشركوا وضلوا مع وضوح الحجة فكان ضلالهم بعيدًا ۱۲۔ فی قوله تعالىٰ ومن اصدق معارضة مواعيد الشيطان الكاذبة لقرنانه بوعد الله لاوليائه ۱۲۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ
حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا (۱۲۲) لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ
وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا (۱۲۳) وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ
مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا (۱۲۴) وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ
لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا (۱۲۵) وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

www.besturdubooks.net

۱۸ ع ۱۱ ۱۵ الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطًا ﴿۱۲۶﴾

اور جو لوگ ایمان لے آئے اور اچھے کام کئے ہم ان کو عنقریب ایسے باغوں میں داخل کریں گے کہ ان کے نیچے نہریں جاری ہوں گی وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کا وعدہ فرمایا ہے اور وہ سچا وعدہ فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ کس کا کہنا صحیح ہوگا۔ نہ تمہاری تمناؤں سے کام چلتا ہے نہ اہل کتاب کی تمناؤں سے جو شخص کوئی برا کام کرے گا وہ اس کے عوض میں سزا دیا جائے گا اور اس شخص کو اللہ کے سوا نہ کوئی یار ملے گا نہ مددگار ملے گا اور جو شخص کوئی نیک کام کرے گا خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو بشرطیکہ مؤمن ہو سو ایسے لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ان پر ذرا بھی ظلم نہ ہوگا اور ایسے شخص سے زیادہ اچھا کس کا دین ہوگا جو کہ اپنا رخ اللہ کی طرف جھکا دے اور وہ مخلص بھی ہو اور وہ ملت ابراہیم کا اتباع کرے۔ جس میں کجی کا نام نہیں اور اللہ تعالیٰ نے ابراہیم کو اپنا دوست خاص بنایا تھا اور اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہے جو کچھ بھی آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ تعالیٰ تمام چیزوں کو احاطہ فرمائے ہوئے ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر کفار مشرکین کے لئے وعید تھی آگے مؤمنین کے لئے وعدہ اور بشارت ہے جیسا اکثر قرآن مجید کا طرز ہے۔

ثوابِ مؤمنین: وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِیْلًا اور جو لوگ ایمان لائے اور (انہوں نے) اچھے کام کئے ہم ان کو عنقریب ایسے باغوں میں داخل کریں گے کہ ان کے (محلات کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ خدا تعالیٰ نے اس کا وعدہ فرمایا ہے اور سچا وعدہ فرمایا ہے اور خدا تعالیٰ سے زیادہ کس کا کہنا صحیح ہوگا۔

ف: نصف پارہ پر وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِیْثًا میں جو کچھ لکھا گیا ہے یہاں بھی ملاحظہ کر لیا جاوے۔

ربط: اوپر ہوس نا کی خیالات کا شیطانی دھوکا اور غیر معتبر ہونا یَعِدُهُمْ وَیُمَنِّیْهِمْ ؕ الخ میں اور ایمان و اعمال کا قابل اعتبار ہونا وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا میں مذکور تھا آگے بھی یہی دو مضمون ہیں۔ پہلی آیت میں پہلا مضمون اور بعد کی آیتوں میں دوسرا مضمون۔ اور اہل کتاب کا ذکر اس مضمون میں اسلئے آیا کہ ان میں اور مسلمانوں میں ایک بار دین کے باب میں تفاخر ہوا تھا کذا فی اللباب۔

الغاءِ طمع خام و اعتبار اعمال و اسلام: لَیْسَ بِاَمَانِیِّكُمْ وَلَآ اَمَانِیِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ (الی قولہ تعالی) وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطًا. نہ تمہاری تمناؤں سے کام چلتا ہے اور نہ اہل کتاب کی تمناؤں سے (کہ خالی خولی زبان سے اپنے فضائل بیان کیا کریں بلکہ مدارِ کار اطاعت پر ہے پس) جو شخص (اطاعت میں کمی کرے گا اور) کوئی برا کام کرے گا (خواہ از قسم عقائد ہو یا از قسم اعمال) وہ اس کے عوض میں سزا دیا جاوے گا (اگر وہ برائی عقیدۂ کفریہ تک ہے تو سزائے دائمی اور حتمی اور اگر اس سے کم ہے تو سزائے غیر دائمی اور مقید بعدم توبہ و عدم عفو) اور اس شخص کو خدا کے سوا نہ کوئی یار ملے گا نہ مددگار ملے گا (کہ خدا تعالیٰ سے اسے چھڑا لے) اور جو شخص کوئی نیک کام کرے گا خواہ وہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ مومن ہو سو ایسے لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ان پر ذرا بھی ظلم نہ ہوگا (کہ ان کی کوئی نیکی ضائع کر دی جاوے) اور (اوپر جو مومن کی قید لگائی گئی اس کا مصداق ہر فرقہ نہیں بلکہ صرف وہ فرقہ جس کا دین خدا تعالیٰ کے نزدیک مقبول ہونے میں سب سے اچھا ہو اور ایسا فرقہ صرف اہل اسلام ہیں جس کی دلیل یہ ہے کہ ان میں یہ صفات ہیں اطاعت تامہ، اخلاص، اتباع ملت ابراہیم اور) ایسے شخص (کے دین) سے زیادہ اچھا کس کا دین ہوگا جو کہ اپنا رخ اللہ تعالیٰ کی طرف جھکا دے (یعنی فرمانبرداری اختیار کرے عقائد میں بھی اعمال میں بھی) اور (اس کے ساتھ) وہ مخلص بھی ہو (کہ دل سے فرمانبرداری اختیار کی ہو خالی مصلحت سے ظاہر داری نہ ہو) اور وہ ملتِ ابراہیم (یعنی اسلام) کا اتباع کرے جس میں کجی کا نام نہیں اور (ملتِ ابراہیمی ضرور قابل اتباع ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے ابراہیم کو اپنا خالص دوست بنایا تھا (تو ظاہر ہے کہ دوست کے طریقہ پر چلنے والا بھی محبوب و مقبول ہو گا۔ پس طریقہ اسلام مقبول ہوا پس اہل اسلام ہی مصداق ٹھہرے لقبِ مومن کے اور دوسرے فرقوں نے اتباع ابراہیمی چھوڑ دیا کہ اسلام نہ لائے اس لئے صرف مسلمان ہی ایسے ثابت ہوئے کہ محض امانی پر ان کا استناد نہیں بلکہ اطاعت گزار ہیں۔ پس کام ان ہی کا چلے گا) اور (اللہ تعالیٰ کی اطاعت تامہ کرنا تو ضروری ہے کیونکہ ان کی سلطنت ان کی اطلاع دونوں تام ہیں اور یہی امور مدار ہیں وجوبِ اطاعت کے چنانچہ) اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہے جو کچھ بھی آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (یہ تو کمال سلطنت ہوا) اور اللہ تعالیٰ تمام چیزوں کو (اپنے علم میں) احاطہ فرمائے ہوئے (یہ کمال علمی) ہوا۔

ف: خلاصہ یہ ہوا کہ نری تمناؤں سے کام نہیں چلتا مگر مسلمان نری تمناؤں پر نہیں ہیں بلکہ کام کرتے ہیں اور دوسرے فرقے جب اسلام نہ لائے جس پر سارا کام موقوف ہے تو بس نری تمناؤں پر ہوئے اور ملتِ ابراہیمی کی تحقیق اور اس کا مصداق اسلام ہونا اور اتباع کے معنی یہ سب پارہ الم کے آخر میں مذکور ہیں۔ ف: خلیل ہونا اعلیٰ درجے کا تقرب و مقبولیت ہے اور روح میں بسند و تصحیح حاکم حضرت جندبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو بھی خلیل بنایا ہے جیسا ابراہیم علیہ السلام کو بنایا۔ اور مسلم میں ہے وقد اتخذ اللہ صاحبکم خلیلا اور حبیب اللہ ہونا مزید برآں ہے۔ رواہ الترمذی۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ یہ اپنے عموم مضمون سے اس پر دال ہے کہ بعضے لوگ جو دعویٰ کیا کرتے ہیں کہ چونکہ ہم اصحاب حال یا منسوب الی اہل الکمال ہیں ہم پر اعمال بد سے مواخذہ نہ ہوگا۔ یہ دعویٰ باطل محض ہے کیونکہ ایسے دعاوی اکاذیب مردودہ عند الشریعت ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّ اتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا حاصل طریق صوفیہ کا یہ امور ہیں انقیادِ ظاہری و باطنی جو تفسیر ہے اسلام کی اور احسان جس کی تفسیر حدیث میں ہے اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ اور حنیفیت یعنی غیر اللہ سے یکسو ہو کر اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کرنا اور آیت میں اس مجموعہ کو احسن طرق کہا گیا ہے تو آیت اس پر دال ہوئی کہ صوفیہ کا طریق احسن طرق ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی يعمل سو از قسم عقائد الخ عممه ليعم اهل الكتاب فان سوء هم الاصلی عقائدهم الزائغة ۱۲۔ ۲ قوله فی الصٰلحٰت کوئی نیک الخ افادته من التبعيضية ۱۲۔

الروایات: فی اللباب اخرج ابن جرير عن مسروق قال تفاخر النصارٰی واهل الاسلام فقال هؤلاء نحن افضل منكم وقال هؤلاء نحن افضل منكم فانزل الله ليس بامانيكم وفی لفظ جلس ناس من اليهود وناس من النصارٰی وناس من المسلمين الخ قلت وقد ذكرت هذه الرواية فی المتن وايضا فی اللباب اخرج ابن ابی حاتم عن ابن عباس قال قالت اليهود والنصارٰی لا يدخل الجنة غيرنا وقالت قريش انا لا نبعث فانزل الله تعالٰی ليس بامانيكم الآية قلت ومن ثم قال بعض المفسرين ان الخطاب فی الآية للمشركين وايدوه بانه لم يجر للمسلمين ذكر فی الامانی لكن الذی رواه الترمذی ومسلم من كون الآية شاقة علی ابی بكر الصديقؓ والمسلمين وجوابه صلی الله عليه وسلم لهم يكون المصائب كفارة لهم فی الدنيا دليل علی كون الخطابِ للمسلمين فالتوجيه ان يقال ان المقصود هو الخطاب للمسلمين وتدل الآية علی بطلان امانی المشركين بالاولی لان الامانی اذ لم يعتد بها وقد كانت من اهل العلم فما بالها اذا كانت من اهل الجهل فكان الخطاب للمشركين بهذا النمط۔ واما ما ايدوه به فان الامانی۔ بالتفسير الذی اخترته تكون عامة للمشركين وغيرهم فافهم وفی اللباب اخرج ابن جرير عن مسروق قال لما نزلت ليس بامانيكم ولا امانی اهل الكتاب قال اهل الكتاب نحن وانتم سواء فنزلت هذه الآية ومن يعمل من الصٰلحٰت من ذكر او انثی وهو مومن آه قلت وقد اعتبرت هذا فی تقرير آية ومن احسن دينا لتوضيح تعيين مصداق المؤمن فافهم ۱۲۔

النحو: فی الروح الباء فی ابامانيكم مثلها فی زيد بالباب وليست زائدة واسم ليس مستتر فيها عائد علی الامر المتحاور فيه بقرينة سبب النزول۔ وفی الجلالين اوضح من هذا حيث قال ليس الامر منوطا ۱۲۔

البلاغۃ: فی الروح قوله وهو مؤمن فيه دفع توهم ان العمل الصالح ينفع الكافر حيث قرن بذكر العمل السوء المفر للمؤمن والكافر۔ قوله لا يظلمون فيه ويعلم من نفی تنقيص ثواب المطيع نفی زيادة عقاب العاصی من باب الاولٰی لان الاذی فی زيادة العقاب اشد منه فی تنقيص الثواب فاذا لم يرض بالاول وهو ارحم الرحمين فيكف يرضی بالثانی ۱۲۔

وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِى النِّسَآءِ ۭ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِى الْكِتٰبِ فِىْ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِىْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ۭ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ۝۱۲۷ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ۭ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ۭ وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ۭ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝۱۲۸

اور لوگ آپ سے عورتوں کے بارے میں حکم دریافت کرتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ اللہ تعالیٰ ان کے بارے میں حکم دیتے ہیں اور وہ آیات بھی جو کہ قرآن کے اندر تم کو پڑھ کر سنائی جایا کرتی ہیں جو کہ ان یتیم عورتوں کے باب میں ہیں جن کو جو ان کا حق مقرر ہے نہیں دیتے ہو اور ان کے ساتھ نکاح کرنے سے نفرت کرتے ہو اور کمزور بچوں کے بارے میں اور اس باب میں کہ یتیموں کی کارگزاری انصاف کے ساتھ کرو اور جو نیک کام کرو گے سو بلاشبہ اللہ تعالیٰ اس کو خوب جانتے ہیں اور اگر کسی عورت کو اپنے شوہر سے غالب احتمال بد دماغی یا بے پروائی کا ڈر ہو سو دونوں کو اس امر میں کوئی گناہ نہیں کہ دونوں باہم ایک خاص طور پر صلح کرلیں اور یہ صلح بہتر ہے اور نفوس کو حرص کے ساتھ اقتران

www.besturdubooks.net

ہوتا ہے اور اگر تم اچھا برتاؤ رکھو اور احتیاط رکھو تو بلاشبہ حق تعالیٰ تمہارے اعمال کی پوری خبر رکھتے ہیں۔

تفسیر: ربط: شروع سورت میں احکام یتامیٰ ونساء میں ان کے ادائے حقوق کا وجوب مذکور تھا کیونکہ جاہلیت میں بعضے ان کو میراث ہی نہ دیتے تھے بعضے جو مال میراث میں یا اور کسی طور سے ان کو ملتا اس کو کھا جاتے بعضے ان سے نکاح کر کے مہر پورا نہ دیتے اوپر ان سب کی ممانعت کی گئی تھی اس پر مختلف واقعات پیش آئے۔ بعض کو تو یہ خیال ہوا کہ عورتیں اور بچے فی نفسہٖ قابل میراث کے نہیں کسی مصلحت سے یہ حکم برائے چندے ہو گیا ہے امید ہے کہ منسوخ ہو جاوے گا چندے اس کے منتظر رہے جب نسخ نہ ہوا تو یہ مشورہ ٹھہرا کہ خود پوچھنا چاہئے اور حاضر ہو کر پوچھا ابن جریر اور ابن المنذر نے ابن جبیر سے آیت آئندہ کا سبب نزول اسی سوال کو نقل کیا ہے اور بعض کو یہ اتفاق ہوا کہ ان کی پرورش میں بدصورت یتیم دختر تھی بدصورتی کی وجہ سے تو خود نکاح نہیں کیا اور دوسرے سے اس لئے نکاح کو ٹالا کہ مال بھی اس کے ساتھ جاوے گا اور اس باب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا كذا فی اللباب بروایة ابن ابی حاتم عن السدی فی قصة جابر۔ غالباً غرض سوال کی یہ ہوگی کہ کوئی حکم آسان آ جاوے مثلاً یہی کہ حق پرورش میں اتنا حصہ مال کا سائل کو مل سکتا ہے اور بعض نے جب یہ حکم سنا کہ یتامیٰ سے نکاح کرنے میں مہر کم کرنا درست نہیں تو پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اس پر یہ آیت نازل ہوئی جس سے مقصود یہ ہے کہ جیسے ان کی بدصورتی میں اپنی غرض فاسد کے لئے ان سے نکاح نہیں کرتے ان کے مرغوب وزیبا ہونے کی صورت میں بھی نکاح کیوں کرتے ہو ہاں مہر پورا دو مضائقہ نہیں۔ رواہ البخاری عن عائشة۔ غالباً مقصود اس سوال سے یہ ہوگا کہ شاید اکمال مہر اس صورت میں معاف ہو جاوے جب کہ وہ عورت خود کمی پر رضامند ہو جاوے لیکن چونکہ اپنے ہاتھ تلے دبے ہوئے شخص کی ایسی زبانی رضامندی معتبر نہیں اس لئے حکم نہیں بدلا پس اس آیت کا ربط شروع سورت کی آیتوں کے ساتھ ہوا اور درمیان میں اور اور مضامین مختلفہ مختلطہ آتے گئے۔ کبیر میں ہے کہ یہ طرز کہ ایک حکم ذکر کر دیا پھر وعدہ وعید آ گیا پھر عظمتِ الٰہیہ کا بیان ہونے لگا نہایت وقعت اور تاثیر قلوب میں رکھتا ہے کہ حکم کے ساتھ ساتھ ترغیب وترہیب بھی ہوتی رہے۔ حاکم حقیقی کا مراقبہ بھی ہوتا رہے۔ قرآن مجید کا یہی طرز ہے۔ واللہ اعلم۔

عود بسوئے بعضے احکام نساء ویتامیٰ: وَيَسْتَفْتُونَكَ فِي النِّسَآءِ (الی قولہ تعالی) فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا اور لوگ آپ سے عورتوں (کی میراث اور مہر) کے باب میں حکم دریافت کرتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ اللہ تعالیٰ ان عورتوں کے بارہ میں تم کو (وہی سابق) حکم دیتے ہیں اور وہ آیات بھی (تم کو حکم دیتی ہیں) جو کہ (اس سے قبل نازل ہو چکی ہیں اور) قرآن کے اندر تم کو پڑھ کر سنائی جایا کرتی ہیں (کیونکہ قرآن کی تلاوت میں ان کی تلاوت بھی ظاہر ہے کہ ہوا ہی کرتی تھی) جو کہ ان یتیم عورتوں کے باب میں (نازل ہو چکی) ہیں جن (کے ساتھ تمہارا یہ معاملہ ہے کہ اگر وہ صاحبِ مال وصاحبِ جمال ہوئیں تو ان سے نکاح کرتے ہو مگر ان) کو جو (شرع سے) ان کا حق (میراث ومہر کا) مقرر ہے نہیں دیتے ہو اور (اگر صاحبِ جمال نہ ہوئیں صرف صاحب مال ہوئیں تو) ان کے ساتھ (بوجہ خوش جمال نہ ہونے کے) نکاح کرنے سے نفرت کرتے ہو (لیکن بوجہ صاحب مال ہونے کے اس خوف سے کہ یہ مال کہیں اور نہ چلا جاوے اور کسی سے بھی نکاح نہیں کرنے دیتے) اور (جو آیات کہ) کمزور بچوں کے باب میں (ہیں) اور (جو آیات کہ) اس باب میں (ہیں) کہ یتیموں کی (تمام) کارگزاری (عام اس سے کہ مہر ومیراث کے متعلق ہو یا اور کچھ ہو) انصاف کے ساتھ کرو (یہ مضمون ہے ان آیاتِ سابقہ کا پس وہ آیتیں اپنا مضمون اب بھی تمہارے ذمہ واجب کر رہی ہیں اور ان کا حکم بعینہٖ باقی ہے تم ان ہی کے موافق عمل رکھو) اور جو نیک کام کرو گے (نساء ویتامیٰ کے بارہ میں یا اور امور میں بھی) سو بلاشبہ اللہ تعالیٰ اس کو خوب جانتے ہیں (تم کو اس کی جزائے خیر دیں گے) اور جانتے تو ہیں غیر خیر کو بھی لیکن یہاں ترغیب خیر کی مقصود ہے اس لئے تخصیص کی گئی)۔ ف: خلاصہ مطلب یہ ہوا کہ جو آیتیں اس بارہ میں پہلے آ چکی ہیں جن کو تم وقتاً فوقتاً سنتے رہتے ہو وہ ان احکام کے باب میں اب بھی واجب العمل ہیں کوئی حکم جدید نہیں دیا جاتا۔ چنانچہ یتامیٰ نساء کے باب میں یہ آیت ہے وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوا فِي الْيَتٰمٰى الآیة جس کی وجہ نزول یہی بے انصافی مہر کی تھی جس کو لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ فرمایا اور اسی کے مقابلہ سے غیر مرغوبہ کے ساتھ نکاح نہ کرنا بھی مفہوم ہو سکتا ہے جس کو یہاں تَرْغَبُوْنَ میں فرمایا پس دونوں کا حوالہ اس آیت پر صحیح ہوا اور مستضعفین کے باب میں وہ آیت ہے وَآتُوا الْيَتٰمٰى أَمْوَالَهُمْ الخ اور قیام بالقسط اس سے بھی مفہوم ہوا اور آگے اور بھی تصریح ہے وَلَا تَأْكُلُوْهَا إِسْرَافًا الخ اور ان سب کی میراث مجملاً لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ الخ میں اور مفصلاً اس کے بعد يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ میں مذکور ہے اور اس کے بعد نکاح سے روکنے کے لئے آیت وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ میں مصرح ہے جس کے عموم میں صورت مسئول عنہا بھی آ گئی اور اسبابِ نزول کے سب سوالات کا جواب اس تقریر سے مفہوم ہو گیا۔

ربط: اوپر کی آیت میں عود تھا سابق کی طرف جس میں احکام نساء بھی تھے آگے بھی بعض احکام متعلق خاص نساء یعنی ازواج کی طرف عود ہے جس کا بیان حکم پانزدہم میں بعنوان اصلاح ہو چکا ہے پس گویا یہ اس کا تتمہ اور اصلاح کے بعض طرق کی تعیین ہے اور بینہما میں اشارہ ہے کہ حکمین کا ہونا شرائط میں سے نہیں۔

جواز صلح بین الزوجین: وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا (الی قولہ تعالی) فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا اور اگر کسی عورت کو (قرائن سے)

www.besturdubooks.net

اپنے شوہر سے غالب احتمال بد دماغی (اور کج ادائی) یا بے پروائی (اور بے رخی) کا ہو سو (ایسی حالت میں) دونوں کو اس امر میں کوئی گناہ نہیں کہ دونوں باہم ایک خاص طور پر صلح کرلیں (یعنی عورت اگر ایسے شوہر کے پاس رہنا چاہے جو اس کے پورے حقوق ادا کرنا نہیں چاہتا اور اس لئے اس کو چھوڑنا چاہتا ہے تو عورت کو جائز ہے کہ اپنے حقوق چھوڑ دے مثلاً نان ونفقہ معاف کردے یا مقدار کم کردے اور اپنی باری معاف کردے تاکہ وہ چھوڑے نہیں اور شوہر کو جائز ہے کہ اس معافی کو قبول کرلے) اور (نزاع یا فراق سے تو) یہ صلح (ہی) بہتر ہے اور (ایسی صلح ہو جانا کچھ بعید نہیں کیونکہ) نفوس کو (طبعاً) حرص کے ساتھ اقتران (واتصال) ہوتا ہے (جب اس کی حرص پوری ہو جاتی ہے راضی ہو جاتا ہے پس شوہر جب دیکھے گا کہ میری مالی اور جانی آزادی میں جس کی کہ طبعی حرص ہے کچھ خلل نہیں آتا اور مفت میں عورت ملتی ہے تو وہ غالباً نکاح میں رکھنے پر راضی ہو جاوے گا۔ اور عورت کی حرص نکاح میں رہنے پر خواہ کسی وجہ سے ہو ظاہر ہے کہ سبب اصلی ہے صلح کا پس جانبین کی خاص خاص حرص نے اس صلح کی تکمیل کردی) اور (اے مردو) اگر تم (خود عورتوں کے ساتھ) اچھا برتاؤ رکھو (اور ان سے حقوق معاف کرانے کے خواہاں نہ ہو) اور ان کے ساتھ (کج ادائی اور بے رخی کرنے سے) احتیاط رکھو تو (تم کو بڑا ثواب ملے کیونکہ) بلاشبہ حق تعالیٰ تمہارے اعمال کی پوری خبر رکھتے ہیں (اور اعمال نیک پر ثواب دیا کرتے ہیں) **ف**: اور وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ کی تقریر اس طرح بھی ہو سکتی ہے کہ اور (گو یہ صلح تو ہو گئی لیکن اکثر ایسی صلح کا بقاء کم ہوتا ہے کیونکہ) نفوس کو حرص کے ساتھ اقتران ہے (اس لئے بعد چندے پھر عجب نہیں کہ عورت کو اپنے حقوق کی حرص کا جوش اٹھے اور ادھر مرد کو اپنی آزادی کی حرص ہی ہے اس لئے عورت پھر اپنے حقوق کا مطالبہ کرے جیسا کہ اس کو شرعاً اجازت بھی ہے اور مرد ادا کرنا نہ چاہے اور نزاع پیدا ہو جس کا انجام وہی مفارقت) اور یہ فرمانا کہ گناہ نہیں اس لئے ہے کہ ظاہر نظر میں اس صلح میں شبہ ہوتا تھا کہ مشابہ رشوت کے ہے جس میں دونوں شخص گنہگار ہوتے ہیں اس لئے دونوں سے نفی گناہ کی کردی۔

مسئلہ: اگر صلح میں کوئی ایسا امر شرط ٹھہرایا جو شرعاً ناجائز ہے تو صلح بھی ناجائز ہوگی مثلاً عورت سے کہا کہ اس شرط پر تجھ کو نکاح میں رکھتا ہوں کہ تیری بہن بھی میرے نکاح میں رہے گی یہ حرام اور باطل ہے اس لئے احقر نے صلح کے ترجمہ میں خاص طور کی قید لگادی ہے۔

مسئلہ: نان ونفقہ اور باری کے قبیل سے جو حقوق عورت نے معاف کئے ہیں عورت کو ہر وقت اختیار ہے کہ آئندہ کے لئے ان حقوق کا پھر مطالبہ کرنے لگے اگر شوہر نکاح میں رکھنا چاہے گا تو ان حقوق کا ادا کرنا واجب ہوگا۔ حق ماضی کے سقوط سے مستقبل میں سقوط لازم نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ انفس کے عموم سے آیت اس پر دال ہے کہ امور طبعیہ کاملین سے بھی زائل نہیں ہوتے سو اگر کسی کامل میں ان کے کچھ آثار عود کر آویں تو یہ منافی کمال نہیں جب کہ اس پر اصرار نہ ہو۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ما يتلي وه آيات وما ورد من تخصيص آية وان خفتم عن عائشةؓ فلا ينفي غيرها لانه لامنافاة بين تعدد اسباب النزول ۱۲۔ ۲ قوله في نشوزا او اعراضا اور کج ادائی اور بے رخی عطف تفسيری وبهذه الترجمة ظهر ان الاعراض اخف من النشوز ۱۲۔ ۳ قوله في صلحا خاص طور اشار الى ان صلحا مفعول مطلق من غير باب الفعل والتنوين فيه للتنويع وتفسيره الصلح المشروع ۱۲۔ ۴ قوله قبل احضرت بعید نہیں ففي هذه الجملة تقرير عادی للصلح كما ان في السابقة تقريرا شرعيا له ۱۲۔ ۵ قوله في احضرت طبعًا ولا ينافي كونه مغلوباً بامر غالب عليه كما في المرتاضين ۱۲۔ ۶ قوله في تحسنوا اے مردو فليس فيه تغليب خصهم بالخطاب لان المذكور فيما قبل نشوزهم واعراضهم ۱۲۔ ۷ قوله قبل ان الله ثواب اشار الى حذف الجزاء واقامة سببه مقامه ۱۲۔

الروایات: ذكرت في المتن ۱۲۔ في اللباب روى ابو داؤد والحاكم عن عائشةؓ والترمذی مثله عن ابن عباسؓ قال فرقت سودة ان يفارقها رسول الله صلى الله عليه وسلم حين اسنت فقالت يومى لعائشة فانزل الله تعالىٰ وان امرأة خافت واخرج سعيد بن منصور عن سعيد بن المسيب ان ابنته محمد بن مسلمة كانت عند رافع بن خديج فكره منها امرا اما كبرا او غيره فاراد طلاقها فقالت لا تطلقني واقسم لي ما بدالك فانزل الله تعالىٰ وان امرأة۔ واخرج الحاكم عن عائشةؓ قالت نزلت هذه الآية والصلح خير في رجل كانت تحته امرأة قد ولدت منه اولادا فاراد ان يستبدل لها فراضته على ان تقر عنده ولا يقسم لها۔ واخرج ابن جرير عن سعيد بن جبير قال جائت امرأة حين نزلت هذه الآية وان امرأة خافت قالت اني اريد ان تقسم لي من نفقتك وقد كانت رضيت ان يدعها فلا يطلقها ولا يأتيها فانزل الله واحضرت الانفس الشح قلت وعلى الرواية الاخيرة فالظاهر ان يحمل قوله تعالىٰ واحضرت على تمهيد العذر في المماكسة والمشاقة كما فسر به بعضهم لكن يجوز ان يحمل على التنبيه للمرأة وتذكيرها ان الانفس قد حضرها الشح فلا جله كان بعلك قد رضى فلو عدت لعاد فبقي حمله على تقرير الصلح على حاله ولو حمل الآية على المماكسة دون التقرير لا يحتاج الى هذا التوجيه الذى ارتكب تطبيقا للآية على

www.besturdubooks.net

الرواية بل يترك على هذا الظاهر ولم توجب حمل الآية على التقرير رواية ۱۲۔

اللغات: فی الروح يفتيكم ای يبين لكم حكمه والافتاء اظهار المشكل على السائل ۱۲۔

النحو: وما يتلى عليكم معطوف على الله ولا يرد الجمع بين الحقيقة والمجاز فی معنى الافتاء لجوازه فی المجاز العقلی كذا فی الروح فی يتمى النساء متعلق بقوله يتلى۔ قوله ان تنكحوهن عن ان كذا عن عائشةؓ قوله والمستضعفين عطف على يتمٰى وكذا ان تقوموا فالمعنى ويتلى فی المستضعفين ويتلى فی قيامكم لليتامٰى فافهم ۱۲۔ قوله احضرت فی الروح متعد لاثنين الاول هو الانفس القائم مقام الفاعل والثانی الشح والمعنى احضر الله تعالٰى الانفس الشح اه قلت وعليه ترجمت وفيه يحتمل العكس ۱۲۔

البلاغة: قوله فی النساء ولعل تخصيص النساء مع ان السوال كما ورد فی سبب النزول وقع عن الولدان ايضا لان السوال عن النساء كان اهم لجمعهن امرين مقصودين المال والجمال۔ قوله يفتيكم لم يذكر معموله لاغناء ما نزل من الأيات السابقة عنه ۱۲۔

وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَاۗءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْھَا كَالْمُعَلَّقَةِ ۭ وَاِنْ تُصْلِحُوْا
وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾ وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾
وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَاِنْ
تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ﴿۱۳۱﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّھَا النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ۭ وَكَانَ
اللّٰهُ عَلٰي ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَكَانَ
۱۹ ع ۸ ۱۶ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾ ع

اور تم سے یہ تو کبھی نہ ہو سکے گا کہ سب بیبیوں میں برابری رکھو تمہارا کتنا ہی جی چاہے تو تم بالکل تو ایک ہی طرف نہ ڈھل جاؤ جس سے اس کو ایسا کر دو جیسے کوئی ادھر میں لٹکی ہو اور اگر اصلاح کر لو اور احتیاط رکھو تو بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں اور اگر دونوں میاں بی بی جدا ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ اپنی وسعت سے ہر ایک کو بے احتیاج کر دے گا اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والے اور بڑی حکمت والے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی ملک ہیں جو چیزیں کہ آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں زمین میں ہیں اور واقعی ہم نے ان لوگوں کو بھی حکم دیا تھا جن کو تم سے پہلے کتاب دی تھی اور تم کو بھی کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اگر تم ناسپاسی کرو گے تو اللہ تعالیٰ کو ملک ہیں جو چیزیں کہ آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں کہ زمین میں ہیں اور اللہ تعالیٰ کسی کے حاجتمند نہیں خود اپنی ذات میں محمود ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہیں جو چیزیں کہ آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں کہ زمین میں ہیں اور اللہ تعالیٰ کافی کارساز ہیں اگر ان کو منظور ہو تو اے لوگو! تم سب کو فنا کر دیں اور دوسروں کو موجود کر دیں اور اللہ تعالیٰ اس پر پوری قدرت رکھتے ہیں۔ جو شخص دنیا کا معاوضہ چاہتا ہو تو اللہ تعالیٰ کے پاس تو دنیا اور آخرت دونوں کا معاوضہ ہے اور اللہ تعالیٰ بڑا سننے والا اور بڑا دیکھنے والا ہے ۞

تفسیر ربط: اوپر نشوز واعراض زوج کے متعلق مضمون مذکور تھا اور اس کے بعد چند صورتیں محتمل ہیں۔ ایک یہ کہ تصالح ہو جاوے جو آیت بالا کا اصل مقصود تھا دوسرے یہ کہ مرد اپنے نشوز واعراض سے باز آجاوے جس کی ترغیب وَاِنْ تُحْسِنُوْا میں تھی۔ تیسرے یہ کہ نہ تصالح ہو اور نہ مرد باز آوے بلکہ تفریق ہو جاوے پس آگے ان بقیہ اخیر کے دونوں احتمالوں کے متعلق مضمون ہے۔ احتمال ثانی کے متعلق تو آیہ: وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا الخ میں کہ اگر رغبت قلبی پر اختیار نہیں تو حقوق اختیاریہ تو ادا کرنا ضرور ہے اور چونکہ اکثر بے رغبتی کا سبب دوسری بی بی کا غلبۂ محبت ہوتا ہے۔ اس لئے آیت میں اس کا ذکر ہوا ہے ورنہ حکم مذکور عام ہے۔ اور احتمال ثالث کے متعلق آیہ: وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا الخ میں۔

ایجابِ حقوق شرعیہ زوجہ: وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَاۗءِ (الی قولہ تعالی) فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا اور (عادۃً) تم سے یہ تو کبھی نہ ہو سکے گا کہ سب بیبیوں میں (ہر طرح سے) برابری رکھو (حتیٰ کہ رغبت قلب میں بھی) گو (اس برابری کو) تمہارا کتنا ہی جی چاہے (اور تم کتنی ہی اس میں کوشش کرو لیکن چونکہ قلب کا میلان غیر اختیاری ہے اس لئے اس پر قدرت نہیں گو اتفاقاً بلا اختیار کہیں برابری ہو ہی جاوے تو اس کی نفی آیت میں مقصود نہیں۔ غرض جب یہ اختیار میں نہیں تو تم اس کے مکلف نہیں لیکن اس کے غیر اختیاری ہونے سے یہ تو لازم نہیں آتا کہ ظاہری حقوق بھی اختیاری نہ رہیں بلکہ وہ تو

www.besturdubooks.net

اختیاری ہیں جب وہ اختیاری ہیں) تو (تم پر واجب ہے کہ) تم بالکل تو ایک ہی طرف نہ ڈھل جاؤ (بالکل کا مطلب یہ کہ باطن سے بھی جس میں معذور تھے اور ظاہر سے بھی جس میں مختار ہو یعنی حقوق شرعیہ میں اس سے نشوز و اعراض نہ کرو) جس سے اس (مظلومہ) کو ایسا کر دو جیسے کوئی ادھر (یعنی بیچ) میں لٹکی ہو (یعنی نہ تو اس کے حقوق ادا کئے جاویں کہ خاوند والی سمجھی جاوے اور نہ اس کو طلاق دی جاوے کہ بے خاوند والی کہی جاوے بلکہ رکھو تو اچھی طرح رکھو) اور (رکھنے کی صورت میں جو زمانہ ماضی میں کچھ ناگوار معاملات ان سے کئے گئے) اگر (ان معاملات کی فی الحال) اصلاح کر لو اور (آئندہ زمانہ میں ایسے معاملات سے) احتیاط رکھو تو (وہ امور گزشتہ معاف کر دیئے جاویں گے کیونکہ) بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑے مغفرت والے بڑے رحمت والے ہیں (چونکہ اصلاح ذنوب متعلقہ بحقوق العباد کی ان عباد کے معاف کرنے سے ہوتی ہے۔ پس اصلاح میں یہ معافی بھی آ گئی۔ اس کے وقوع کے بعد تو یہ شرعاً صحیح ہوگی اس لئے مقبول ہوگئی) **ف**: اس آیت کے متعلق سورۂ نساء کے شروع میں زیر آیت فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا الخ کچھ بحث گزر چکی ہے اس کو ملاحظہ فرمالیا جاوے۔

ربط: آیت بالا کی تمہید میں مذکور ہو چکا ہے۔

انجام تفریق: وَاِنْ یَّتَفَرَّقَا یُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِیْمًا اور اگر دونوں میاں بی بی (میں کسی طرح بھی موافقت نہ ہوئی اور دونوں) جدا ہو جاویں (یعنی خلع یا طلاق ہو جاوے) تو (کوئی ان میں سے خواہ مرد اگر اس کی زیادتی ہے یا عورت اگر اس کی کوتاہی ہے یوں نہ سمجھے کہ بدون میرے اس دوسرے کا کام ہی نہ چلے گا کیونکہ) اللہ تعالیٰ اپنی وسعت (قدرت) سے (دونوں میں سے) ہر ایک کو (دوسرے سے) بے احتیاج کر دے گا (یعنی ہر ایک کا مقدر کام بے دوسرے کے چل جاوے گا) اور اللہ تعالیٰ بڑے وسعت والے اور بڑے حکمت والے ہیں (ہر ایک کے لئے مناسب سبیل نکال دیتے ہیں)

ربط: یہاں تک احکام مختلفہ کا بیان فرما کر آگے ان احکام کی بجا آوری کی تاکید خاص اہتمام سے فرماتے ہیں کہ اول موافقت کا حکم فرمایا اِتَّقُوا اللّٰهَ میں اور اس کی تسہیل کے لئے مِنْ قَبْلِكُمْ کو یاد دلایا پھر مخالفت سے روکا اِنْ تَكْفُرُوْا بحذف جزاء میں۔ پھر غیر اللہ کا اندیشہ کہ بعض اوقات احکام میں کوتاہی کا وہ بھی سبب ہوتا ہے دل سے دور کیا۔ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِیْلًا میں اور تینوں مضمونوں پر استدلال فرمایا اپنے مالک سماوات والارض ہونے سے کیونکہ ایسا مالک واجب الموافقت بھی ہوگا محرم المخالفت بھی ہوگا اور واجب التوکل بھی ہوگا۔ اور ان تکفروا کے مضمون جزاء محذوف پر غنیا حمیدا سے دلالت فرمائی گئی۔ پھر دین کی خدمت کو غنیمت سمجھنا بصورت امتنان ارشاد فرمایا۔ اِنْ یَّشَاْ الخ میں تاکہ اس خوف سے کہ کہیں دوسرے سے یہ کام نہ لے لیا جاوے دوڑیں گے۔ پھر دین کا اصلی ثمرہ آخرت میں ملنا ارشاد فرمایا مَنْ كَانَ یُرِیْدُ میں کیونکہ بعض اوقات دنیا میں ثمرہ نہ ملنے سے بھی احکام میں سستی ہو جاتی ہے پس یہ کل پانچ مضمون ختم رکوع تک ہوئے جن سے نہایت اہتمام کے ساتھ بجا آوری احکام کی تاکید ہوگئی۔

اہتمام تبلیغ و تاکید امتثال احکام: وَلِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ (الی قوله تعالٰی) وَكَانَ اللّٰهُ سَمِیْعًۢا بَصِیْرًا اور اللہ تعالیٰ کی ملک ہیں جو چیزیں کہ آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں کہ زمین میں ہیں) (تو ایسے مالک کے احکام کا ماننا بہت ہی ضروری ہے) اور (بجا آوری احکام کا خطاب خاص تم ہی کو نہیں ہوا بلکہ) واقعی ہم نے ان لوگوں کو بھی حکم دیا تھا جن کو تم سے پہلے کتاب (آسمانی یعنی توراۃ و انجیل) ملی تھی اور تم کو بھی (حکم دیا ہے) کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو (جس کو تقویٰ کہتے ہیں جس میں تمام احکام کی موافقت داخل ہے اسی لئے اس سورت کو تقویٰ سے شروع کر کے اس کی تفصیل میں مختلف احکام لائے ہیں) اور (یہ بھی ان کو اور تم کو سنایا گیا کہ) اگر تم ناسپاسی کرو گے (یعنی مخالفت احکام کی کرو گے) تو (خدا تعالیٰ کا کوئی ضرر نہیں ہاں تمہارا ہی ضرر ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ کی (تو) ملک ہیں جو چیزیں کہ آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں کہ زمین میں ہیں (ایسے بڑے سلطان کا کیا ضرر ہوگا البتہ ایسے بڑے سلطان کی مخالفت بلاشک مضر ہے) اور اللہ تعالیٰ کسی (کی اطاعت) کے حاجتمند نہیں (اور) خود اپنی ذات میں محمود (وکامل الصفات) ہیں (پس کسی کی مخالفت سے ان کی صفات میں کوئی نقص لازم نہیں آتا) اور اللہ ہی کی ملک ہیں جو چیزیں کہ آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں کہ زمین میں ہیں اور (جب وہ ایسے قادر مختار ہیں تو اپنے اطاعت گزار بندوں کے لئے وہ) اللہ تعالیٰ کافی کارساز ہیں (پس ان کی کارسازی کے ہوتے ہوئے ان کے مطیعوں کو کون ضرر پہنچا سکتا ہے پس کسی سے ڈرنا نہ چاہئے اور اللہ تعالیٰ جو تم کو دین کے کام بتلا رہے ہیں تو تمہاری ہی سعادت کے لئے ورنہ وہ دوسروں سے بھی کام لے سکتے ہیں کیونکہ ان کی ایسی قدرت ہے کہ) اگر ان کو منظور ہو تو اے لوگو تم سب کو فنا کر دیں اور دوسروں کو موجود کر دیں (اور ان سے کام لے لیں جیسا دوسری آیت میں ہے اِنْ تَتَوَلَّوْا یَسْتَبْدِلْ الخ) اور اللہ تعالیٰ اس پر پوری قدرت رکھتے ہیں (پھر ایسا جو نہیں کیا تو ان کی عنایت ہے امتثال امر کو غنیمت سمجھ کر سعادت حاصل کرو اور دیکھو دین کے کام کا اصلی ثمرہ آخرت میں ہے دنیا میں نہ ملنے سے بددل نہ ہونا بلکہ) جو شخص (دین کے کام میں) دنیا کا معاوضہ چاہتا ہو تو (وہ بڑی غلطی میں ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ کے پاس (یعنی ان کی قدرت میں) تو دنیا اور آخرت دونوں کا معاوضہ (موجود) ہے (جب ادنیٰ اعلیٰ دونوں پر ان کی قدرت ہے تو اعلیٰ ہی چیز کیوں نہ مانگی جاوے) اور اللہ تعالیٰ

www.besturdubooks.net

بڑے سننے والے بڑے دیکھنے والے ہیں (سب کے اقوال اور درخواستوں کو دنیا کی ہوں یا دین کی سنتے ہیں اور سب کی نیتوں کو دیکھتے ہیں۔ پس طالبانِ آخرت کو ثواب دیں گے اور طالبانِ دنیا کو آخرت میں محروم رکھیں گے پس آخرت ہی کی نیت اور درخواست کرنا چاہئے البتہ دنیا کی حاجت مستقل طور پر مانگنا مضائقہ نہیں لیکن عبادت میں یہ قصد نہ کرے)

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَاۗءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ الخ آیت سے معلوم ہوا کہ اگر عمل کے اعلیٰ درجہ پر قدرت نہ ہو اس کے ادنیٰ ہی درجہ پر عمل کر لے اعلیٰ پر قادر ہونے کے انتظار میں نہ رہے۔ بعض لوگوں کی عمر اسی انتظار میں فنا ہو جاتی ہے اور ادنیٰ سے بھی محروم رہتے ہیں۔ (قولہ تعالیٰ) مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ دنیا اپنے عموم و مفہوم سے ہر عاجلہ غیر ماموره بالحصول کو شامل ہے اور اس عموم میں ثمرات باطنیہ عاجلہ بھی داخل ہو گئے تو آیت ان ثمرات کے مقصود و مراد بالعمل ہونے پر انکار کرتی ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في العنوان ايجاب لم يعنون بعد الحكم لذكره في فان خفتم ان لا تعدلوا وكذا ما بعده لانه ليس بانشاء بل اخبار من الاغناء ۱۲۔ ۲؎ قوله في حرصتم مقصود نہیں فلا يرد المساواة في المحبة لو وجد ۱۲۔ ۳؎ قوله في الميل ایک طرف اى الى المرغوبة اخذته من الخازن وقيد عن المرغوب عنها ويمكن اعتباره في ترجمتي لان احد الميلين يستلزم الآخر ۱۲۔ ۴؎ قوله في فتذروها جس سے هو مدلول الفاء ۱۲۔ ۵؎ قوله هناك مظلومہ اشارة الى ان العائد هي الممال عنها ۱۲۔ ۶؎ قوله في يتفرقا خلع یا طلاق والاول فعل المرأة والثاني فعل الرجل ومن ثم استحسن الاسناد اليهما ۱۲۔ ۷؎ قوله بعده یوں نہ سمجھے حملته على الزجر عن المفارقة وحمل بعضهم على التسلية فيكون تقرير الترجمة هكذا یوں نہ سمجھے کہ بدون اس کے میرا کام نہ چلے گا والاول كما ترى اولىٰ بالمقام ۱۲۔ ۸؎ قوله في سعته قدرت كذا في الروح ۱۲۔ ۹؎ قوله في يغن الله ہر ایک کا الخ ويتايد بروح المعاني۔ ومن فسر الغنى بالزوجة له والزوج لها قيد بالمشية ۱۲۔ ۱۰؎ قوله في ان تكفروا اور یہ بھی ان کو اور تم کو الخ اشارة الى انه معطوف على وصينا بتقدير قلنا اى وصينا وقلنا لكم ولهم كذا في الروح ۱۲۔ ۱۱؎ قوله هناك ناسپاسی لمجيئه في مقابلة التقوى الذي يعم الاصول والفروع فكذا مقابله ۱۲۔ ۱۲؎ قوله في فعند الله بڑی غلطی میں ہے اشارة الى حذف جزاء من كان اى من كان يريد ففي رأيه فساد والمذكور دليل عليه اى لان عند الله كلا الطلبتين فما له يؤثر الادنى على الذي هو خير ۱۲۔

البلاغۃ: قوله لله ما في السمٰوٰت فيه تكرار لفظا لا معنىً لان له في كل محل فائدة اخرىٰ بينتها باحسن تفصيل ۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَاۗءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓي اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا
اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۣ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
خَبِيْرًا ۝۱۳۵ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰي رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ
مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝۱۳۶

اے ایمان والو! انصاف پر خوب قائم رہنے والے اللہ کے لئے گواہی دینے والے رہو اگرچہ اپنی ہی ذات کے لئے ہو یا والدین یا دوسرے رشتہ داروں کے مقابلہ میں ہو۔ وہ شخص اگر امیر ہے تو اور غریب ہے تو دونوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو زیادہ تعلق ہے سو تم خواہش نفس کا اتباع مت کرنا کہ کبھی تم حق سے ہٹ جاؤ دونوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو زیادہ تعلق ہے سو تم خواہش نفس کا اتباع مت کرنا اور اگر تم کج بیانی کرو گے یا پہلوتہی کرو گے تو بلاشبہ اللہ تعالیٰ تمہارے سب اعمال کی پوری طرح خبر رکھتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم اعتقاد رکھو اللہ کے ساتھ اور اس کے رسول کے ساتھ اور اس کتاب کے ساتھ جو اس نے اپنے رسول پر نازل فرمائی اور ان کتابوں کے ساتھ جو کہ پہلے نازل ہو چکی ہیں اور جو شخص اللہ کا انکار کرے اور اس کے فرشتوں کا اور اس کی کتابوں کا اور اس کے رسولوں کا اور روز قیامت کا تو وہ شخص گمراہی میں بڑی دور جا پڑا ۝۱۳۶

تفسیر ربط: اوپر احکام مختلفہ کا بیان ہوا ہے جن میں بعض معاملات بھی تھے جس میں صاحبِ معاملہ کو بھی اور اگر کبھی اختلاف پڑے تو فیصل کنندہ کو بھی عدل کی رعایت کی اور دوسرے جو اس کی حقیقت پر مطلع ہیں ان کو شہادت میں اظہارِ حق کے لحاظ کی ضرورت ہے۔ اس لئے آگے قیام بالعدل اور شہادت بالحق کو واجب فرماتے ہیں پس گویا یہ مضمون تمام احکام سابقہ کا مؤکد اور مکمل ہے و نیز یتامیٰ کے باب میں قسط اور حکم بین الناس کے وقت عدم اور یتامیٰ کے اموال سپرد کرنے کے وقت اشہاد اور قصہ بنی ابیرق میں بعض لوگوں کی ناحق طرفداری کے مضامین مذکور ہو چکے ہیں ان مضامین کے ساتھ آیت کو خاص مناسبت ہے۔

www.besturdubooks.net

ایجاب عدل و اظہارِ حق: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ بِالْقِسْطِ (الی قولہ تعالی) فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا اے ایمان والو (تمام معاملات میں ادا کے وقت بھی اور فیصلہ[1] کے وقت بھی) انصاف پر خوب قائم رہنے والے (اور اقرار یا شہادت کی نوبت آوے تو) اللہ (کی خوشنودی) کے لئے (سچی[2]) گواہی (اور اظہار[3]) دینے والے رہو اگر چہ (وہ گواہی اور اظہار) اپنی ہی ذات پر ہو (جس کو اقرار کہتے ہیں) یا کہ والدین اور دوسرے رشتہ داروں کے مقابلہ میں ہو (اور گواہی کے وقت یہ خیال نہ کرو کہ جس کے مقابلہ میں ہم گواہی دے رہے ہیں یہ امیر ہے اس کو نفع پہنچانا چاہئے تاکہ اس سے بے مروتی نہ ہو یا یہ کہ یہ غریب ہے اس کا کیسے نقصان کردیں تم کسی کی امیری غریبی کو نہ دیکھو کیونکہ) وہ شخص (جس کے خلاف[4] گواہی دینی پڑے گی) اگر امیر ہے تو اور غریب ہے تو دونوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو زیادہ تعلق ہے (اتنا تعلق تم کو نہیں کیونکہ تمہارا تعلق جس قدر ہے وہ بھی ان ہی کا دیا ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ کا جو تعلق ہے وہ تمہارا دیا ہوا نہیں پھر جب باوجود تعلق قوی کے اللہ تعالیٰ نے ان کی مصلحت اسی میں رکھی کہ اظہارِ حق کیا جاوے تو تم تعلق ضعیف پر ان کی ایک عارضی مصلحت کا کیوں خیال کرتے ہو) سوتم (اس شہادت میں) خواہش نفس کا اتباع مت کرنا کبھی تم حق سے ہٹ جاؤ اور اگر تم کج بیانی کرو گے (یعنی غلط اظہار کرو گے) یا پہلو تہی کرو گے (یعنی شہادت کو ٹالو گے) تو (یادرکھنا کہ[5]) بلاشبہ اللہ تعالیٰ تمہارے سب اعمال کی پوری خبر رکھتے ہیں۔

ربط: اوپر زیادہ حصہ احکام فرعیہ کا مذکور ہوا ہے اور ایمان وکفر کے مباحث کہیں کہیں معاملات مع المخالفین کے ضمن میں آ گئے ہیں آگے یہ مباحث قدرے تفصیل سے مذکور ہوتے ہیں اور ختم سورت کے بالکل قریب تک چلے گئے ہیں۔ ترتیب بیان میں اول ایمان معتبر عندالشرع کا بیان ہے پھر کفار کے مختلف فرقوں کی مذمت عقائد میں بھی اور بعض اعمال میں بھی جو کہ فساد عقائد پر دال ہیں۔

ایمان معتبر عندالشرع: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (الی قولہ تعالی) فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِیْدًا اے ایمان والو (یعنی جو مجملاً ایمان لا کر اس زمرۂ مؤمنین میں داخل ہو چکے ہیں) تم (عقائد ضروریہ کی تفصیل سن لو کہ) اعتقاد رکھو اللہ کی (ذات وصفات کے) ساتھ اور اس کے رسول (محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت) کے ساتھ اور اس کتاب (کے حق ہونے) کے ساتھ جو اس نے (یعنی اللہ تعالیٰ نے) اپنے رسول (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر نازل فرمائی اور ان کتابوں (کے حق ہونے) کے ساتھ (بھی) جو کہ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے) پہلے (اور نبیوں پر) نازل ہو چکی ہیں (اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کتب سابقہ پر ایمان لانے میں ملائکہ اور باقی انبیاء علیہم السلام اور یوم قیامت پر ایمان رکھنا بھی داخل ہوگیا) اور جو شخص اللہ تعالیٰ (کی ذات یا صفات) کا انکار کرے اور اسی طرح جو) اس کے فرشتوں کا (انکار کرے) اور (اسی طرح جو) اس کی کتابوں کا (جس میں قرآن بھی آ گیا انکار کرے) اور (اسی طرح جو) اس کے رسولوں کا (جن میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم بھی داخل ہیں انکار کرے) اور (اسی طرح جو) روزِ قیامت کا (انکار کرے) تو وہ شخص گمراہی میں (حق یعنی علم واقعی سے اور مقصد یعنی نجات سے بھی) بڑی دور جا پڑا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓی اَنْفُسِكُمْ آیت اپنے اطلاق سے اس پر دال ہے کہ قبول حق سے اور اپنی غلطی کا اعتراف کرنے سے استنکاف نہ کرے اگر چہ اپنے سے کم رتبہ شخص کے متنبہ کرنے سے ہو علماء قشر ومشائخ رسم کی طرح تمویہ وتاویل نہ کرے کہ منشا اس کا کبر ہے۔ قولہ تعالیٰ: اِنْ یَّكُنْ غَنِیًّا اَوْ فَقِیْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰی بِهِمَا یہ آیت اس شخص کے طریق پر بھی رد کرتی ہے جو مطلقاً فقیر کو غنی پر ترجیح دینے پر فخر کرتے ہیں حالانکہ بہت سے غنی متواضع اور تابع حق ہوتے ہیں اور بہت سے فقیر ظالم متکبر ہوتے ہیں سو حق تعالیٰ دونوں کے بارہ میں عدل ہی کو پسند کرتے ہیں جیسا کہ ارشاد ہے: فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓی اَنْ تَعْدِلُوْا قولہ تعالیٰ: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا الآیۃ آیت دال ہے اس پر کہ یقین کے مراتب غیر متناہی بمعنی لاتقف عند حد ہیں ہر مرتبہ والا آئندہ مرتبہ کے تحصیل کا مامور ہے۔ اسی سے کہا گیا ہے ؎

اے برادر بے نہایت در گہیست ☆ ہر چہ بروئے میرسی بروئے مایست

الحواشی: (۱) قولہ فی الکتب الذی انزل من قبل ان اشارۃ الی کون اللام للجنس ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ فی قوامین اور فیصلہ لانہ عام لصاحب المعاملۃ والحکام کما اشیر الیہ فی التمہید ۱۲۔ ۲؎ قولہ فی شہداء اور اشارۃ الی کونہ خبر ابعد خبر ۱۲۔ ۳؎ قولہ فی شہداء سچی یدل علیہ للہ ۱۲۔ ۴؎ قولہ ہناک اظہار زادہ توضیحًا وموافقۃ لمحاورۃ الزمان ۱۲۔ ۵؎ قولہ قبل ان یکن اس کو نفع پہنچانا چاہئے الخ فان اثر ہذہ الشہادۃ ہو ایصال النفع الی الغنی بالذات واما الانتفاع برضاہ فہو اثر بالعرض وان کان الامر باعتبار القصد بعکسہ فان الاثر بالعرض وہوا لمقصود بالذات وبالعکس وانما احتیج الی ہذا التقریر لئلا یشکل توجیہ ظاہر قولہ تعالیٰ فاللہ اولی بہما فانہ یفہم منہ ان الشاہد راعی نفع الغنی فیما اذا کان المشہود علیہ غنیا والحال انہ راعی نفسہ فی رضاہ وبتقریری ہذا لم یبق اشکال فافہم وبقولی فی ہذا التمہید یہ خیال نہ کرو الخ اشارۃ الی حذف الجزاء ای فلا تراعوا نفعہما فان

www.besturdubooks.net

اللہ اولیٰ بہما ۱۲۔ ٦ قولہ فی ان یکن جس کے خلاف الخ اشار الی ان المرجع ہو المشہود علیہ ۱۲۔ ٧ قولہ فی تعدلوا کبھی الخ اشارۃ الی انہ من العدول وہو علۃ للنہی ای لئلا تعدلوا فان مؤدی کلمۃ کبھی فی لساننا ہو ہذا ۱۲۔ ٨ قولہ فی فان اللہ یادرکھنا اشارۃ الی حذف الجزاء۔ ٩ قولہ فی اٰمنوا اٰمِنوا مجملاً وتفصیلاً فلا یلزم تحصیل الحاصل ۱۲۔ ١٠ قولہ بعد من قبل اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم...... ہو گیا فلا یفوت المقابلۃ بین اجزاء المؤمن بہ والمکفور بہ ولا ظہار المقابلۃ قال فی کتبہ جس میں قرآن وفی رسلہ جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الخ اما نکتۃ اختلاف العنوان فی الموضعین فالاوجہ ان یقال انہ من باب التفنن فی الاسالیب والزیادۃ لمجرد المبالغۃ ۱۲۔ ١١ قولہ فی ملٰئکتہ وما بعدہ اور اسی طرح الخ اشارۃ الی ان المعنی ومن یکفر بشئی من ذلک لان الکفر لا یتوقف علی انکار کل واحد ۱۲۔

الرِّوَایَات: فی الروح اخرج ابن جریر عن السدی نزلت (ای آیۃ یٰایہا الذین آمنوا کونوا قوامین الخ) فی النبی صلی اللہ علیہ وسلم اختصم الیہ رجلان غنی وفقیر فکان خلقہ مع الفقیریری ان الفقر لا یظلم الغنی فابی اللہ تعالیٰ الا ان یقول بالقسط۔ قلت اما النزول فی الواقعۃ فلیس بمنکر واما حکایۃ الرؤیۃ فلعلہ ظن من غیر مستندو ان سلم فلا یلزم انہ لو لم تنزل الآیۃ لم یقسط وحاشاہ عن ذلک واما فائدۃ النزول فلا ینحصر فی التنبیہ علیٰ ما لم یتنبہ لہ بل یمکن ان یکون لتاکید التنبہ فافہم ۱۲۔

البَلَاغَۃ: اتی بکلمۃ اوفی او الوالدین وبکلمۃ الواوفی والاقربین للمقابلۃ فی الاول وعدمہا فی الثانی ۱۲۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللَّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيلًا ﴿۱۳۷﴾
بَشِّرِ الْمُنَافِقِينَ بِأَنَّ لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿۱۳۸﴾ الَّذِينَ يَتَّخِذُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۚ أَيَبْتَغُونَ
عِندَهُمُ الْعِزَّةَ فَإِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا ﴿۱۳۹﴾ وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ أَنْ إِذَا سَمِعْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ يُكْفَرُ بِهَا
وَيُسْتَهْزَأُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوا مَعَهُمْ حَتَّىٰ يَخُوضُوا فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ ۚ إِنَّكُمْ إِذًا مِّثْلُهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ جَامِعُ الْمُنَافِقِينَ
وَالْكَافِرِينَ فِي جَهَنَّمَ جَمِيعًا ﴿۱۴۰﴾ الَّذِينَ يَتَرَبَّصُونَ بِكُمْ فَإِن كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللَّهِ قَالُوا أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ
وَإِن كَانَ لِلْكَافِرِينَ نَصِيبٌ قَالُوا أَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُم مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ ۚ فَاللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ
وَلَن يَجْعَلَ اللَّهُ لِلْكَافِرِينَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ سَبِيلًا ﴿۱۴۱﴾ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَإِذَا قَامُوا ع ۲۰ ۱۷
إِلَى الصَّلَاةِ قَامُوا كُسَالَىٰ يُرَاءُونَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿۱۴۲﴾ مُّذَبْذَبِينَ بَيْنَ ذَٰلِكَ
لَا إِلَىٰ هَٰؤُلَاءِ وَلَا إِلَىٰ هَٰؤُلَاءِ ۚ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَن تَجِدَ لَهُ سَبِيلًا ﴿۱۴۳﴾

بلاشبہ جو لوگ مسلمان ہوئے پھر کافر ہو گئے پھر مسلمان ہوئے پھر کافر ہو گئے پھر کفر میں بڑھتے چلے گئے اللہ تعالیٰ ایسوں کو ہرگز نہ بخشیں گے اور نہ ان کو راستہ دکھائیں گے۔ منافقین کو خوشخبری سنا دیجئے اس امر کی کہ ان کے واسطے بڑی دردناک سزا ہے جس کی حالت یہ ہے کہ کافروں کو دوست بناتے ہیں مسلمانوں کو چھوڑ کر۔ کیا ان کے پاس معزز رہنا چاہتے ہیں سو اعزاز تو سارا اللہ کے قبضہ میں ہے اور اللہ تعالیٰ تمہارے پاس یہ فرمان بھیج چکا ہے کہ جب احکام الٰہیہ کے ساتھ کفر اور استہزاء ہوتا ہوا سنو تو ان لوگوں کے پاس مت بیٹھو جب تک کہ وہ کوئی اور بات شروع نہ کر دیں کہ اس حالت میں تم بھی ان ہی جیسے ہو جاؤ گے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ منافقوں کو اور کافروں کو سب کو دوزخ میں جمع کر دیں گے۔ وہ ایسے ہیں کہ تم پر افتاد پڑنے کے منتظر رہتے ہیں۔ پھر اگر تمہاری فتح منجانب اللہ ہو گئی تو باتیں بناتے ہیں کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے اور اگر کافروں کو کچھ حصہ مل گیا تو باتیں بناتے ہیں کہ ہم تم پر غالب نہ آنے لگے تھے اور کیا ہم نے تم کو مسلمانوں سے بچا نہیں لیا۔ سو اللہ تعالیٰ تمہارا اور ان کا قیامت میں فیصلہ فرما دیں گے اور ہرگز اللہ تعالیٰ کافروں کو مسلمانوں کے مقابلہ میں غالب نہ فرمائیں گے۔ بلاشبہ منافق لوگ چالبازی کرتے ہیں اللہ سے حالانکہ اللہ تعالیٰ اس چال کی سزا ان کو دینے والے ہیں اور جب نماز کو کھڑے ہوتے ہیں تو بہت ہی کاہلی کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں صرف آدمیوں کو دکھلاتے ہیں اور اللہ کا ذکر بھی نہیں کرتے مگر بہت ہی مختصر۔ معلق ہو رہے ہیں دونوں کے درمیان نہ ادھر نہ اُدھر اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہی میں ڈال دیں ایسے شخص کے لئے کوئی سبیل نہ پاؤ گے۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: اوپر اہل کفر کی مذمت اجمالاً مذکور ہوئی ہے آگے تفصیل ہے سو ان میں ایک فرقہ مرتدین کا ہے جس کا اول بیان ہوتا ہے۔

ذم مرتدین: إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا (الی قولہ تعالی) وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيلًا بلاشبہ جو لوگ (پہلے تو) مسلمان ہوئے پھر کافر ہو گئے پھر مسلمان ہوئے (اور اس بار بھی اسلام پر قائم نہ رہے ورنہ پہلا ارتداد معاف ہو جاتا بلکہ) پھر کافر ہو گئے پھر (مسلمان ہی نہ ہوئے ورنہ پھر بھی ایمان مقبول ہو جاتا بلکہ) کفر میں بڑھتے چلے گئے (یعنی کفر پر دم مرگ تک ثابت اور دائم رہے) اللہ تعالیٰ ایسوں کو ہرگز نہ بخشیں گے اور نہ ان کو (منزل مقصود یعنی بہشت کا) رستہ دکھائیں گے (کیونکہ مغفرت اور جنت کے لئے موت علی الایمان شرط ہے)

ف: جو ایک بار مرتد ہوا اس کا بھی یہی حکم ہے کہ اس پر قائم رہنے سے مغفرت و جنت سے محروم ہے یہاں ارتداد ثانی کا ذکر بطور قید کے نہیں بلکہ بعض لوگوں نے نزول آیت کے زمانہ میں ایسا کیا تھا اس لئے اس عنوان سے ذکر کیا گیا۔

ربط: اوپر مرتدین کا ذکر تھا ایک فرقہ اہل کفر میں منافقین کا تھا آگے ان کا ذکر ہے۔

ذم منافقین: بَشِّرِ الْمُنَافِقِينَ بِأَنَّ لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا (الی قولہ تعالی) فَإِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا منافقین کو خوشخبری سنا دیجئے اس امر کی کہ ان کے واسطے (آخرت میں) بڑی دردناک سزا (تجویز کی گئی) ہے جن کی یہ حالت ہے کہ (عقائد تو اہل ایمان کے نہ رکھتے تھے مگر وضع بھی اہل ایمان کی نہ رکھ سکے چنانچہ) کافروں کو دوست بناتے ہیں مسلمانوں کو چھوڑ کر کیا ان کے پاس (جا کر) معزز رہنا چاہتے ہیں سو (خوب سمجھ لو کہ) اعزاز تو سارا خدا تعالیٰ کے قبضہ میں ہے (وہ جس کو چاہیں دیں پس اگر خدا تعالیٰ ان کو یا جن سے جا جا کر دوستی کرتے ہیں ان کو اعزاز نہ دیں تو کہاں سے معزز بن جاویں گے) ف: چنانچہ اللہ تعالیٰ نے جلدی ہی مسلمانوں کے ہاتھوں سب کو ذلیل و خوار فرما دیا منافقین کا ملنا کفار سے اس غرض سے تھا کہ مسلمانوں کے اس طرح غالب آنے کی ان کو توقع نہ تھی۔ یہ سوچتے تھے کہ ہمیشہ تو رہنا ہوگا ان یہود یا مشرکین کے ساتھ ان سے کیوں بگاڑ کیا۔

ربط: اوپر کی آیت میں منافقین کا کفار سے دوستی کرنا مذکور تھا آگے مسلمانوں کو کفار کے ساتھ دوستی رکھنے سے علی الاطلاق آیت: لَا تَتَّخِذُوا الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ میں اور ان کے کفریات کے مشغلہ کے وقت ظاہری مجالست سے بھی جو کہ زیادہ موجب معصیت ہے آیت: فَلَا تَقْعُدُوا مَعَهُمْ میں ممانعت فرماتے ہیں اور مجاہرین کے ساتھ منافقین کو بھی فحوای آیت: إِنَّ اللَّهَ جَامِعُ الْمُنَافِقِينَ وَالْكَافِرِينَ سے شامل فرماتے ہیں اور ساتھ ساتھ منافقین کے قبائح کا اظہار بھی فرماتے جاتے ہیں جس سے مقصود مقام اور مؤکد ہو جاوے۔

نہی از مجالست کفار بہنگام تذکرۂ کفریات: وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ أَنْ إِذَا سَمِعْتُمْ (الی قولہ تعالی) وَ نَمْنَعْكُمْ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فَاللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَنْ يَجْعَلَ اللَّهُ لِلْكَافِرِينَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ سَبِيلًا اور (اے مسلمانو دیکھو تم منافقین کی طرح کفار کے ساتھ خصوصیت مت رکھنا خاص کر جس وقت وہ کفریات کا تذکرہ کرتے ہوں چنانچہ اس سورت مدنیہ کے قبل بھی) اللہ تمہارے پاس یہ فرمان (سورۂ انعام میں جو مکیہ ہے) بھیج چکا ہے (جس کا حاصل یہ ہے) کہ جب (کسی مجمع میں) احکام الٰہیہ کے ساتھ استہزاء اور کفر ہوتا ہوا سنو تو ان لوگوں کے پاس مت بیٹھو جب تک کہ وہ کوئی اور بات شروع نہ کریں (اور مضمون اس آیت کا حاصل ہے: وَإِذَا رَأَيْتَ الَّذِينَ يَخُوضُونَ الخ سو یہ استہزاء کرنے والے مکہ میں مشرکین تھے اور مدینہ میں یہود تو علانیہ اور منافقین صرف غرباء و ضعفاء مسلمین کے روبرو پس جس طرح وہاں مشرکین کی مجالست ایسے وقت میں ممنوع تھی۔ یہاں یہود اور منافقین کی مجالست سے نہی ہے اور یہ ممانعت ہم اس لئے کرتے ہیں کہ) اس حالت میں تم بھی (گناہ میں) ان ہی جیسے ہو جاؤ گے (گو دونوں کی خصوصیت میں فرق ہو کہ ایک گناہ کفر کا ہے دوسرا فسق کا اور اس ممانعت مجالست میں مجاہر کفار اور منافقین سب برابر ہیں کیونکہ علت اس کی خوض فی الکفر ہے اور اس خوض کا منشاء کفر ہے اور اس میں دونوں برابر ہیں چنانچہ سزائے کفر یعنی کندہ دوزخ ہونے میں بھی دونوں برابر ہوں گے کیونکہ) یقیناً اللہ تعالیٰ منافقوں کو اور کافروں کو سب کو دوزخ میں جمع کر دیں گے (اور) وہ (منافقین) ایسے ہیں کہ تم پر افتاد پڑنے کے منتظر (اور آرزومند) رہتے ہیں پھر (ان کے اس انتظار کے بعد) اگر تمہاری فتح من جانب اللہ ہو گئی تو (تم سے آکر) باتیں بناتے ہیں کہ کیا ہم تمہارے ساتھ (جہاد میں شریک) نہ تھے (کیونکہ نام چارہ کو تو مسلمانوں میں گھسے ہی رہتے تھے مطلب یہ کہ ہم کو بھی غنیمت کا حصہ دو) اور اگر کافروں کو (غلبہ کا) کچھ حصہ مل گیا (یعنی وہ اتفاق سے غالب آئے) تو (ان سے جا کر) باتیں بناتے ہیں کہ کیا ہم تم پر غالب نہ آنے لگے تھے (مگر ہم نے قصداً تمہارے غالب کرنے کے لئے مسلمانوں کی مدد نہ کی اور ایسی تدبیر کی کہ لڑائی بگڑ گئی) اور کیا ہم نے (جب تم مغلوب ہونے لگے تھے تو) تم کو مسلمانوں سے بچا نہیں لیا (اس طرح کہ ان کی مدد نہ کی اور تدبیر سے لڑائی بگاڑ دی۔ مطلب یہ کہ ہمارا احسان مانو اور جو کچھ تمہارے ہاتھ آیا ہے ہم کو بھی کچھ دلواؤ غرض دونوں طرف سے ہاتھ مارتے ہیں) سو (دنیا میں گو اظہار اسلام کی برکت سے مسلمانوں کی طرح زندگی بسر کر رہے ہیں لیکن) اللہ تعالیٰ تمہارا اور ان کا قیامت میں (عملی) فیصلہ فرماویں گے اور (اس فیصلہ میں) ہرگز اللہ تعالیٰ کافروں کو مسلمانوں کے مقابلہ میں غالب نہ فرماویں گے (بلکہ کفار مجرم قرار پا کر دوزخ

www.besturdubooks.net

میں جاویں گے اور مسلمان اہل حق ثابت ہو کر جنت میں جاویں گے اور فیصلہ عملی یہی ہے)

ف: اس کو فیصلہ فرمایا حالانکہ فیصلہ اختلاف کی صورت میں ہوتا ہے سو وہ اختلاف گو بوجہ نفاق کے گفتگو میں کم آتا تھا لیکن عقائد و مسلک تو مختلف تھے ہی اور وہ اس مسلک پر اس لئے نازاں تھے کہ دنیا میں بھی امن اور آخرت میں بھی نجات اس کا عملی فیصلہ وہاں ہو جاوے گا اور عملی کی قید اس لئے ہے کہ دلائل حق و باطل کے تو یہاں بھی واضح ہیں اور لَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ میں یہ قید ظاہر کر دی کہ اس فیصلہ میں اس سے یہ شبہ دفع ہو گیا کہ دنیا میں تو کفار گاہے مسلمانوں پر غالب ہو جاتے ہیں۔ ف: مسئلہ اہل باطل کے ساتھ مجالست کی چند صورتیں ہیں۔ اول ان کے کفریات پر رضا کے ساتھ یہ کفر ہے۔ دوم اظہارِ کفریات کے وقت کراہت کے ساتھ مگر بلا عذر یہ فسق ہے۔ سوم کسی ضرورتِ دنیوی کے واسطے یہ مباح ہے۔ چہارم تبلیغ احکام کے لئے یہ عبادت ہے۔ پنجم اضطرار و بے اختیاری کے ساتھ اس میں معذور ہے۔

ربط: آگے بھی تتمہ ہے قبائح منافقین کا۔

تتمہ قبائح منافقین: اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ (الی قولہ تعالی) وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا بلاشبہ منافق لوگ (اظہار ایمان میں) چالبازی کرتے ہیں اللہ تعالیٰ سے پوشیدہ نہیں رہ سکتی اور (گو ان کا یہ اعتقاد نہ ہو مگر ان کی یہ کارروائی مشابہ اسی کے ہے کہ جیسا یہی اعتقاد ہو) حالانکہ اللہ تعالیٰ اس چال کی سزا ان کو دینے والے ہیں اور (چونکہ دل میں ایمان تو ہے نہیں اور اس لئے نماز کو نہ فرض سمجھیں نہ اس میں ثواب کا اعتقاد رکھیں اس لئے) جب نماز کو کھڑے ہوتے ہیں تو بہت ہی کاہلی کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں (کیونکہ نشاط اعتقاد اور امید سے پیدا ہوتا ہے) صرف آدمیوں کو (اپنا نمازی ہونا) دکھلاتے ہیں (تاکہ مسلمان سمجھیں) اور (چونکہ محض نماز کی نام ہی کرنا ہے اس لئے اس نماز میں) اللہ تعالیٰ کا ذکر (زبانی) بھی نہیں کرتے مگر بہت ہی مختصر (یعنی محض تصورت نماز کی بنا لیتے ہیں جس میں نماز کا نام ہو جاوے اور عجب نہیں کہ صرف اُٹھنا بیٹھنا ہی ہوتا ہو کیونکہ جہر کی ضرورت تو بعض نمازوں میں امام کو ہوتی ہے امامت تو ان کو کہاں نصیب ہوتی مقتدی ہونے کی حالت میں اگر کوئی بالکل نہ پڑھے فقط لب ہلاتا رہے تو کسی کو کیا خبر ہو تو ایسے بداعتقادوں سے کیا بعید ہے کہ زبان بھی نہ ہلتی ہو) معلق ہو رہے ہیں دونوں کے (یعنی کفار و مومنین کے) درمیان میں نہ (پورے) اِدھر نہ (پورے) اُدھر (کیونکہ ظاہر میں مومن تو کفار سے الگ اور باطن میں کافر تو مومنین سے الگ) اور جس کو خدا تعالیٰ گمراہی میں ڈال دیں (جیسا ان کی عادت ہے کہ عزم فعل کے وقت اس فعل کو پیدا کر دیتے ہیں) ایسے شخص کے (مومن ہونے کے) لئے کوئی سبیل (یعنی راہ) نہ پاؤ گے (مطلب یہ کہ ان منافقین کے راہ پر آنے کی امید مت رکھو اس میں منافقین کی تشنیع ہے اور مومنین کی تسلی کہ ان کی شرارتوں سے رنج نہ کریں)

ف: جس کسل کی یہاں مذمت ہے وہ اعتقادی کسل ہے اور جو باوجود اعتقاد صحیح کے کسل ہو وہ اس سے خارج ہے پھر اگر کسی عذر سے ہو جیسا مرض و تعب و غلبۂ نوم تب تو قابل ملامت بھی نہیں اور اگر بلا عذر ہو تو قابل ملامت ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا روح المعانی میں ہے کہ یہ مقصود نہیں کہ اگر اخلاص کے ساتھ ایمان لاویں تب بھی مقبول نہیں۔ بلکہ مقصود اس نفی سے اس کے وقوع کا استبعاد ہے کہ بار بار ارتداد کرنے سے اور اس پر اصرار کرنے سے عادۃً قلب مسخ ہو جاتا ہے جس کے بعد اکثر ایمان کی توفیق نہیں ہوتی تاکہ اس پر مغفرت اور ہدایت طریق جنت کی مرتب ہو آہ اور اس پر قیاس کیا جاتا ہے کہ جو شخص طریق قوم کو اختیار کر کے اس سے اعراض کرے اور اس طرح بار بار اختیار اور اعراض کیا کرے اور اس کو ایک ملعبہ بنا لے تو مشاہدہ میں آیا ہے کہ اکثر ایسے شخص کو خذلان ہوتا ہے اور خیر و صلاح کی توفیق نہیں ہوتی۔ نعوذ باللہ من الحور بعد الکور (قولہ تعالیٰ) اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا۔ اس میں طلب وجاہ کے مذموم ہونے پر صریح دلالت ہے۔

قولہ تعالیٰ: فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ اس پر دال ہے کہ مخالف طریق کے ساتھ مجالست کرنا قبیح ہے خصوص جس وقت میں وہ خلاف کا اظہار بھی کرے۔ قولہ تعالیٰ: اِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى يُرَآءُوْنَ النَّاسَ۔ کسل کا ریا کے ساتھ مقید کرنا اس پر دال ہے کہ کسی سے مراد کسل اعتقادی ہے نہ کہ کسل طبعی سو طبعی پر ملامت نہیں اور جس کو اس کی تحقیق نہیں وہ تشویش کو بڑھا لیتا ہے جس سے اس کے باطن کو مضرت پہنچتی ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی آمنوا الثانی اور اس بار الخ اشار به الی فائدة التکرار حاصله الایمان سبب للمغفرة ولو وجد بعد الارتداد لا ان لارتداد مرة یکون مانعًا للایمان عن تاثیره ۱۲۔ ۲؎ قوله فی کفروا لثانی پھر مسلمان نہ ہوئے اشارة ایضا الی فائدة التکرار حاصله ان المانع فی الاصل هو عدم العود الی الایمان لا الارتداد مرة اخری فان من ارتد الف مرة ثم آمن یکون مغفوراً ۱۲۔ ۳؎ قوله فی لم یکن ہرگز افاده التاکید باللام ۱۲۔ ۴؎ قوله فی الذین یتخذون جن کی یہ حالت الخ فاندفع به ما یوهم ظاهره ان هذا العذاب الالیم

www.besturdubooks.net

باتخاذهم فانكشف القناع بهذا التقرير عن وجه فائدة هذا الوصف فافهم ۱۲۔ ۵؎ **قوله** قبضہ میں فاللام للملك فعندى ان هذه العزة غيرها فى قوله تعالٰى ولله العزة ولرسوله الخ لانه اثبت كون جميعها لله تعالٰى المستلزم نفى كونها لغيره والتفرد انما هو للعزة التى لا يصح اتصاف غيره بها وليس هو الا هذا المعنى لا العزة التى يصح اتصاف غيره بها ۱۲۔ ۶؎ **قوله فى التمهيد** جوکہ زیادہ موجب معصیت اشارة الى ان النهى عن القعود معهم ليس مخصوصًا بوقت الخوض هل هو مستكره مطلقًا لا بضرورة وللدلالة على هذا زاد قبل ترجمة نزول خاص کر ۱۲۔ ۷؎ **قوله فى نزول عليكم** اے مسلمانو اشارة الى ان الخطاب للمؤمنين ويتايد بقرائن قوية الاول قوله تعالٰى نزل لان هذا النهى انما نزل على المؤمنين لا المنافقين لعدمهم فى مكة۔ الثانى قوله تعالٰى كما فى الخازن انكم اذا مثلهم مرتبا للمماثلة على القعود وظاهر ان مماثلة المنافقين لا يتوقف على القعود بل هم مثلهم سواء قعدوا او لم يقعدوا الثالث التحرز عن الانتشار فى الضمائر لان ضمير الخطاب فى يتربصون بكم لا شك فى كونه للمؤمنين ۱۲۔ ۸؎ **قوله فى ان اذا سمعتم** جس کا حاصل یہ ہے لان هذه الالفاظ بعينها لم تنزل قبل بل هو رواية بالمعنى والخطاب فى الانعام وان كان للنبى صلى الله عليه وسلم لكن القصد الى العموم ۱۲۔ ۹؎ **قوله هناك** منافقين صرف غرض فلا يرد ان النفاق كيف يجتمع مع الاستهزاء الكاشف لنفاقهم ونظيره قوله تعالٰى انؤمن كما آمن السفهاء ۱۲۔ ۱۰؎ **قوله فى مثلهم** یہ ممانعت اس لئے الخ اشارة الى انه تعليل للنهى عنه لان هذا لم ينزل فى الآية المكية ۱۲۔ ۱۱؎ **قوله هناك** گناہ میں الى قوله خصوصیت میں لان القعود مع الكفار ليس بكفر ۱۲۔ ۱۲؎ **قوله فى الذين يتربصون** فى الموصول اور اشارة الى كون الموصول خبر المبتدأ مقدر وهو اسهل ۱۲۔ ۱۳؎ **قوله فى يتربصون** تم پر آفات اشارة الى ان تقدير الكلام هكذا يتربصون نزول الحادثة بكم ۱۲۔ ۱۴؎ **قوله فى يحكم** تمہارا اور ان کا ففى بينكم تغليب او يقدر بينهم ۱۲۔ ۱۵؎ **قوله فى هو خادمهم** سزا اشارة الى تسمية جزاء الخدع خدعا مشاكلة كما فى قوله تعالٰى وجزاء سيئة سيئة ۱۲۔ ۱۶؎ **قوله فى قليلا** یعنی محض صورت الخ وهذا التفسير من اسهل التفاسير وبديعها ولم اره منقولاً ۱۲۔

۱۷؎ **قوله فى بين ذلك** یعنی کفار و مؤمنین والقرينة عليه هؤلاء وهؤلاء الذان اشير بهما الى المؤمنين والكافرين المذكورين فى ما قبل ۱۲۔

اللغات: نستحوذ هو الاستيلاء وهو فصيح من غير تعليل ۱۲۔ قوله مذبذبين فى القاموس رجل مذبذب ويفتح متردد بين امرين ۱۲۔

النحو: قوله لا الى هؤلاء العامل فيه صائرون او مثله۔ بين ذلك لما اشير به الى متعدد كان فى حكم المتعدد الذى يقتضيه اضافة بين ۱۲۔

البلاغۃ: يكفر و يستهزء لعل ايرادهما مبنين للمفعول لعموم الفاعل من المنافقين والمجاهرين وفى اختلاف كلمتى الفتح والنصيب تعظيم لشان المؤمنين وتحقير للكافرين وان ظفر المؤمنين حرى بان يسمى فتحا بخلاف ما للكافرين فانه يزول عن قريب ۱۲۔ قوله واذا قاموا ذكر امر الصلوة بعد ذكر نفاقهم الذى كان كافيا فى تشنيعهم تفريعًا وترتيبًا للآثار على المؤثر ۱۲۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَتَّخِذُواْ ٱلْكَٰفِرِينَ أَوْلِيَآءَ مِن دُونِ ٱلْمُؤْمِنِينَ ۚ أَتُرِيدُونَ أَن تَجْعَلُواْ لِلَّهِ عَلَيْكُمْ سُلْطَٰنًا مُّبِينًا ﴿١٤٤﴾ إِنَّ ٱلْمُنَٰفِقِينَ فِى ٱلدَّرْكِ ٱلْأَسْفَلِ مِنَ ٱلنَّارِ وَلَن تَجِدَ لَهُمْ نَصِيرًا ﴿١٤٥﴾ إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُواْ وَأَصْلَحُواْ وَٱعْتَصَمُواْ بِٱللَّهِ وَأَخْلَصُواْ دِينَهُمْ لِلَّهِ فَأُوْلَٰٓئِكَ مَعَ ٱلْمُؤْمِنِينَ ۖ وَسَوْفَ يُؤْتِ ٱللَّهُ ٱلْمُؤْمِنِينَ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿١٤٦﴾ مَّا يَفْعَلُ ٱللَّهُ بِعَذَابِكُمْ إِن شَكَرْتُمْ وَءَامَنتُمْ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ شَاكِرًا عَلِيمًا ﴿١٤٧﴾

اے ایمان والو! تم مؤمنین کو چھوڑ کر کافروں کو دوست مت بناؤ کیا تم چاہتے ہو کہ اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کی حجت صریح قائم کرلو۔ بلاشبہ منافقین دوزخ کے سب سے نیچے کے طبقے میں جاویں گے اور تو ہرگز ان کا کوئی مددگار نہ پاوے گا۔ لیکن جو لوگ توبہ کرلیں اور اصلاح کرلیں اور اللہ تعالیٰ پر وثوق رکھیں اور اپنے دین کو خالص اللہ کے لئے کیا کریں تو یہ لوگ مؤمنین کے ساتھ ہوں گے اور مؤمنین کو اللہ تعالیٰ اجر عظیم عطا فرمائیں گے۔ اللہ تعالیٰ تم کو سزا دے کر کیا کریں گے اگر تم سپاس گزاری کرو اور ایمان لے آؤ اللہ تعالیٰ بڑی قدر کرنے والے خوب جاننے والے ہیں۔

تفسیر ربط: آگے تتمہ ہے مضمون ممانعت خصوصیت وتعلق رکھنے کا کفار سے جو کہ آیت قَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ کا مدلول تھا۔

حکم بست وششم نہی از موالات کفار: يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَتَّخِذُواْ ٱلْكَٰفِرِينَ أَوْلِيَآءَ مِن دُونِ ٱلْمُؤْمِنِينَ ۚ أَتُرِيدُونَ أَن تَجْعَلُواْ

www.besturdubooks.net

لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا اے ایمان والو! تم مومنین کو چھوڑ کر کافروں کو (خواہ منافق ہوں خواہ مجاہر ہوں) دوست مت بناؤ (جیسا منافقین کا شیوہ ہے کیونکہ تم کو ان کی حالت کفر و عداوت کی معلوم ہو چکی) کیا تم (ان سے دوستی کر کے) یوں چاہتے ہو کہ اپنے اوپر (یعنی اپنے مجرم و مستحق عذاب ہونے پر) اللہ تعالیٰ کی حجت صریح قائم کر لو (حجت صریحہ یہی ہے کہ ہم نے جب منع کر دیا تھا پھر کیوں کیا۔ ف: تحقیق احکام موالات و مدارات کی آل عمران کے رکوع سوم کے آخر میں گزر چکی ہے۔

ربط: و پر منافقین کے قبائح و شنائع کا بیان مقصود تھا گو ایک مضمون کے ضمن میں ان کی سزائے جہنمیت کا بھی مذکور آ گیا تھا آگے ان کی سزا کا بیان مقصود ہے اور چونکہ بیان سزا کا اثر فی نفسہ یہ ہے کہ سلیم المزاج آدمی کو خوف پیدا ہو جاتا ہے جو سبب ہو جاتا ہے توبہ کا اس لئے سزا سے تائبین کا استثناء اور ان کی جزائے نیک کا بیان بھی فرمایا۔

سزائے منافقین و جزائے تائبین: اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِى الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ (الی قوله تعالی) وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا بلاشبہ منافقین دوزخ کے سب سے نیچے کے طبقہ میں جاویں گے اور (اے مخاطب) تو ہرگز ان کا کوئی مددگار نہ پاوے گا (جو ان کو اس سزا سے بچا سکے) لیکن (ان میں سے) جو لوگ (نفاق سے) توبہ کر لیں اور (مسلمانوں کے ساتھ جو ان کے ایذا رساں معاملات تھے ان کی) اصلاح کر لیں (یعنی پھر ایسی باتیں نہ کریں) اور (کفار سے جو بغرض ان کی پناہ میں رہنے کے دوستی کرتے ہیں اس کو چھوڑ کر) اللہ تعالیٰ پر وثوق اور توکل رکھیں) اور (یا چھوڑ کر) اپنے دین (کے اعمال) کو خالص اللہ ہی (کی رضا) کے لئے کیا کریں (غرض اپنے عقائد کی معاملات کی اخلاق باطنی کی اعمال کی سب کی درستی کر لیں) تو یہ (تائب) لوگ (ان) مؤمنین کے ساتھ (درجات جنت میں) ہوں گے (جو کہ پہلے سے کامل ایمان رکھتے ہیں) اور (ان) مومنین کو اللہ تعالیٰ (آخرت میں) اجر عظیم عطا فرماویں گے (پس جب یہ مومنین کے ساتھ ہوں گے تو ان کو بھی اجر عظیم ملے گا اور اے منافقو) اللہ تعالیٰ تم کو سزا دے کر کیا کریں گے اگر تم (ان نعمتوں کی جو تم پر ہیں) سپاس گزاری کرو اور (اس سپاس گزاری کا طریقہ ہمارا پسندیدہ یہ ہے کہ تم) ایمان لے آؤ (یعنی خدا تعالیٰ کا کوئی کام اٹکا نہیں پڑا جو تم کو سزا دیئے سے چل جاوے صرف تمہارا کفر جو اشد درجہ کا کفران نعمت ہے سبب ہے تمہارے عقوبت کا اگر اس کو چھوڑ دو تو پھر رحمت ہی رحمت ہے) اور اللہ تعالیٰ (تو خدمت کی) بڑی قدر کرنے والے (اور خدمت گزار کے خلوص وغیرہ کو) خوب جاننے والے ہیں۔ (پس جو شخص اطاعت و اخلاص سے رہے اس کو بہت کچھ دیتے ہیں)

ف: توبہ کے ساتھ جو اصلاح و اعتصام و اخلاص کو اضافہ فرمایا جو تفسیر احقر نے اختیار کی ہے اس کے اعتبار سے یہ قیدیں معیت تامہ مومنین کے لئے ہیں کیونکہ ان کا اخلال گناہ ہے جس میں معیت ناقص ہو جاتی ہے اور اگر ایسی تفسیر کی جاوے کہ ان سب کا حاصل مفہوم ایمان ہی ہو تو یہ قیدیں نفس معیت یعنی نجات کی قید موقوف علیہ ہوں گی فقط۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى يٰايها الذين امنوا اے ایمان والو فالكلام على الحقيقة وضعف ما فسر به بعضهم من كون الخطاب بالمنافقين ۱۲۔ ۲ قوله فى لا تتخذوا جیسا منافقین کا اشارة الى نكتة خطاب المؤمنين اثر ذكر المنافقين من نهيهم عن التشبه بالمنافقين ۱۲۔ ۳ قوله فى التمهيد ضمن میں فى قوله تعالى جامع المنافقين والكافرين المقصود به اثبات المماثلة بينهم ۱۲۔ ۴ قوله فى بعذابكم اے منافقو بقرينة آمنتم ۱۲۔ ۵ قوله فى آمنتم سپاس گزاری کا طریقہ اشار الى كون العطف تفسيريا ۱۲۔

اللغات: الدرك كالدرج لكن الاول هبوطا والثانى صعودا وظاهر الآية حملها على الحقيقة ولا استبعاد فى كونها ذات طبقات ۱۲۔

النحو: الا الذين تابوا استثناء من منصوب ان قوله يؤت مرفوع لكنه لم تكتب الياء لسقوطها بالتقاء الساكنين فكان رسل الخط تابعا للتلفظ۔ قوله بعذابكم الباء سببية اى ماذا يفعل الله من التشفى لغيظه واستجلاب نفع او استدفاع ضر بسبب عذابكم حاشا عن ذلك ۱۲۔

البلاغۃ: قوله تعالى الا الذين تابوا الخ فيه صنعة المقابلة فالتوبة مقابل للايمان والاصلاح مقابل لمعاملتهم مع المسلمين والاعتصام بمعنى الوثوق كما فى الروح مقابل لاتخاذهم الكفار اولياء والاخلاص مقابل لريائهم المذكور فى يراء ون وكونهم مع المؤمنين فى الجنة مقابل لكونهم فى الدرك الاسفل۔ قوله شكرتم وآمنتم زاد الشكر مع كون الايمان كافيا لان كون الشكر حسنا عقليا اظهر ففيه تقريب الايمان الى ذهنهم ۱۲۔

فائدتان: الاولى حكم بكون المنافقين فى الدرك الاسفل بعد كون الجميع مجتمعين فى النار والوجه ان النار اسم للمجموع فصح الحكمان الثانية ما معنى كون التائبين مع المؤمنين مع كونهم مؤمنين ۔ والجواب ان المعية فى الدرجات لا فى نفس الايمان ويفهم هذا من ترجمتى ۱۲۔

www.besturdubooks.net

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۸﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا
عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿۱۴۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ
اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۵۰﴾ اُولٰٓئِكَ
هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۵۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ
ع ٢١ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۵۲﴾ يَسْـَٔــلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ
عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَاۗءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ
ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾

اللہ تعالیٰ بری بات زبان پر لانے کو پسند نہیں کرتے بجز مظلوم کے۔ اللہ تعالیٰ سنتے ہیں خوب جانتے ہیں۔ اگر نیک کام علانیہ کرو یا اس کو خفیہ کرو یا کسی برائی کو معاف کر دو تو اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے ہیں پوری قدرت والے ہیں۔ جو لوگ کفر کرتے ہیں اللہ کے ساتھ اور اس کے رسولوں کے ساتھ اور یوں چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان فرق رکھیں اور کہتے ہیں کہ ہم بعضوں پر تو ایمان لاتے ہیں اور بعضوں کے منکر ہیں اور یوں چاہتے ہیں کہ بین بین ایک راہ تجویز کریں۔ ایسے لوگ یقیناً کافر ہیں اور کافروں کے لئے ہم نے اہانت آمیز سزا تیار کر رکھی ہے اور جو لوگ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں اور اس کے سب رسولوں پر بھی اور ان میں سے کسی میں فرق نہیں کرتے ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ ضرور ان کو ثواب دیں گے اور اللہ تعالیٰ بڑے مغفرت والے ہیں بڑے رحمت والے ہیں۔ آپ سے اہل کتاب یہ درخواست کرتے ہیں کہ آپ ان کے پاس ایک خاص نوشتہ آسمانی منگوا دیں سو انہوں نے موسیٰ سے اس سے بھی بڑی بات کی درخواست کی تھی اور یوں کہا تھا کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کو کھلم کھلا دکھلا دو جس پر ان کی اس گستاخی کے سبب ان پر کڑک بجلی آ پڑی پھر انہوں نے گوسالہ کو تجویز کیا تھا۔ بعد اس کے کہ بہت سے دلائل ان کو پہنچ چکے تھے۔ پھر ہم نے اس سے درگزر کر دیا تھا اور موسیٰ کو ہم نے بڑا رعب دیا تھا۔

تفسیر ربط: اوپر منافقین و کفار کے احوال میں ان کا مسلمانوں کے ساتھ عداوت کرنا مذکور تھا چونکہ عداوت میں اکثر ایذا رسانی کی نوبت بھی آتی رہتی ہے اور جس کو ایذا پہنچتی ہے اکثر اس کی زبان سے شکایت حکایت بھی نکل جاتی ہے اس مناسبت سے آگے اس کے جواز و ناجواز کی تحقیق مع فضیلت عفو کے فرماتے ہیں۔

حکم بست و ہفتم تحقیق جواز و ناجواز شکایت و فضل عفو: لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ (الی قولہ تعالیٰ) فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا اللہ تعالیٰ بری بات زبان پر لانے کو (کسی کے لئے) پسند نہیں کرتے بجز مظلوم کے (کہ اپنے ظالم کی نسبت کچھ حکایت شکایت کرنے لگا تو وہ گناہ نہیں) اور اللہ تعالیٰ (مظلوم کی) بات خوب سنتے ہیں (اور ظالم کے ظلم کی حالت) خوب جانتے ہیں (اس میں اشارہ ہے کہ مظلوم کو خلاف واقع کہنے کی اجازت نہیں اور ہر چند کہ ایسی شکایت جائز تو ہے لیکن) اگر نیک کام علانیہ کر دیا اس کو خفیہ کرو (جس میں معاف کرنا بھی آ گیا) یا (بالخصوص) کسی (کی) برائی کو معاف کر دو تو (زیادہ) افضل ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ (بھی) بڑے معاف کرنے والے ہیں۔ (باوجودیکہ پوری قدرت والے ہیں (کہ اپنے مجرموں سے ہر طرح انتقام لے سکتے ہیں مگر پھر بھی اکثر معاف ہی کر دیتے ہیں پس اگر تم ایسا کرو تو اول تو تخلق باخلاق الٰہیہ ہے پھر تمہارے ساتھ ایسا ہی معاملہ کرنے کی امید ہوگی) **ف**: نفی و استثناء سے جو حصر ہوا ہے یہ حصر اضافی ہے اس شخص کے اعتبار سے جو بلا کسی مصلحت معتبرہ شرعیہ کے دوسرے کی شکایت کرے حصر حقیقی نہیں کیونکہ سوا ظالم کے اور بھی بعض کی برائی کا اظہار جائز ہے مثلاً وہ شخص جس سے کوئی دینی یا دنیوی مضرت پہنچنے کا اندیشہ ہو اس کے حال سے لوگوں کو مطلع کر دینا درست بلکہ واجب ہے۔ خلاصہ مسئلہ کا یہ ہے کہ بلا مصلحت و ضرورت کے کسی کی عیب گوئی جائز نہیں۔

ربط: یہاں تک منافقین کا بیان ہو چکا کفار میں ایک فرقہ یہود کا ہے آگے ان کا بیان ہوتا ہے۔ اس تقسیم کا بیان آیت بشر المنفقین اور اس سے پہلے دو آیتوں کی تمہید میں دیکھ لیا جاوے۔ سو یہود کے چند قبائح کا اس جگہ ذکر ہوتا ہے۔

ذم اول یہود: اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ (الی قولہ تعالیٰ) وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا جو لوگ کفر کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ساتھ (جیسا ان کے عقیدہ و قول آئندہ سے صاف لازم آتا ہے) اور (کفر کرتے ہیں) اس کے رسولوں کے ساتھ (یعنی بعض کے ساتھ تو صراحۃً کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام و حضور صلی اللہ علیہ وسلم

www.besturdubooks.net

کی نبوت کے منکر تھے اور کل کے ساتھ لزوماً جیسا آگے آتا ہے) اور یوں چاہتے ہیں کہ اللہ کے اور اس کے رسولوں کے درمیان میں (باعتبار ایمان لانے کے) فرق رکھیں اور (اپنے اس عقیدہ کو زبان سے بھی) کہتے ہیں کہ ہم (پیغمبروں میں سے) (بعضوں پر تو ایمان لاتے ہیں اور بعضوں کے منکر ہیں (اس قول اور اس عقیدہ سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ بھی کفر لازم آ گیا اور سب رسولوں کے ساتھ بھی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اور ہر رسول نے سب رسولوں کو رسول کہا ہے جب بعض کا انکار ہوا تو اللہ تعالیٰ کے اور بقیہ رسولوں کی تکذیب ہوگئی جو کہ ضد ہے تصدیق اور ایمان کی) اور یوں چاہتے ہیں کہ بین بینؒ ایک راہ تجویز کریں (کہ نہ سب پر ایمان ہے جیسے مسلمان سب پر ایمان رکھتے ہیں اور نہ سب کا انکار ہے جیسا مشرکین کرتے تھےؒ) ایسے لوگ یقیناً کافر ہیں (کیونکہ کفر بالبعض بھی کفر ہے اور ایمان اور کفر کے درمیان کوئی واسطہ نہیں جب ایمان بالجمیع نہ ہوا تو کفر ہی ہوا) اور کافروں کے لئے ہم نے اہانت آمیز سزا تیار کر رکھی ہے (وہی ان کے لئے بھی ہوگی) اور جو لوگ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں اور اس کے سب رسولوں پر بھی اور ان میں سے کسی میں (ایمان لانے کے اعتبار سے) فرق نہیں کرتے ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ ضرورؒ ان کے ثواب دیں گے اور (چونکہ) اللہ تعالیٰ بڑے مغفرت والے ہیں (اس لئے ایمان لانے سے پہلے جتنے گناہ ہو چکے ہیں سب بخش دیں گے اور چونکہ وہ) بڑے رحمت والے ہیں (اس لئے ایمان کی برکت سے ان کے حسنات کو مضاعف کر کے خوب ثواب دیں گے) **ف**: بعض مفسرین نے اس آیت کو یہود و نصاریٰ دونوں کی شان میں کہا ہے کیونکہ نصاریٰ رسول اللہ ﷺ کو نہیں مانتے اخرجہ عبد بن حمید وابن جریر عن قتادۃ لیکن سیاق وسباق میں یہود کا ذکر مقتضی اس کو ہے کہ آیت کا شان یہود میں ہونا زیادہ مہتم بالشان ہو گو تبعاً نصاریٰ بھی عموم لفظ میں داخل ہو جاویں۔

ربط: اوپر یہود کی مذمت تھی آگے اور مذمت ہے۔

ذم دیگر یہود: يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ (الی قولہ تعالی) وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا (اے محمد ﷺ) آپ سے اہل کتاب (یہود) یہ درخواست کرتے ہیں کہ آپ ان کے پاس ایک خاصؒ نوشتہ آسمان سے منگوا دیں سو (آپ ان لوگوں سے) اس کو عجیبؒ نہ سمجھئے کیونکہ یہ فرقہ ایسا معاند ہے کہ) انہوں نے (یعنی اس فرقہ میں جو اس وقت تھے) موسیٰ علیہ السلام سے اس سے بھی بڑیؒ بات کی درخواست کی تھی اور یوں کہا تھا کہ ہم کو اللہ تعالیٰ کو کھلم کھلا (بلاحجاب) دکھلا دو جس پر ان کی گستاخی کے سبب ان پر کڑک بجلی آ پڑی پھر (اسؒ سے بڑھ کر ان کی یہ حرکت ہو چکی ہے کہ) انہوں نے گوسالہ کو (پرستش کیلئے) تجویز کیا تھا بعد اس کے کہ بہت سے دلائل (تعیین حق و باطل کے) ان کو پہنچ چکے تھے۔ (مراد ان دلائل سے معجزات ہیں موسیٰ علیہ السلام کے جن میں سے غرق فرعون تک بہتوں کا مشاہدہ ہو چکا تھا) پھر ہم نے اس سے درگزر کر دیا تھا اور موسیٰ علیہ السلام کو ہم نے بڑا رعبؒ دیا تھا۔ (اس رعب پر اور ہمارے درگزر اور عنایت پر ان لوگوں کی یہ کیفیت تھی کہ نہ عنایت سے متاثر ہوتے تھے اور نہ رعب سے) **ف**: روح المعانی میں ہے ابن جریر نے ابن جریج سے روایت کی ہے کہ یہود نے حضور ﷺ سے (براہ عناد) یہ درخواست کی کہ ہم آپ سے جب بیعت کریں کہ ہمارے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نوشتہ اس مضمون کا آوے کہ از جانب خدا تعالیٰ بنام فلاں یہودی آنکہ محمد ﷺ رسول ہیں اسی طرح ہر ہر یہودی کے نام یہ خطوط ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کی تسلی فرمائی ہے کہ یہ لوگ ہمیشہ سے ایسی جہالتیں کرتے آئے ہیں آپ دل شکستہ نہ ہوں۔ اور رویت الٰہیہ کی درخواست اس سے بڑھ کر اس لئے ہے کہ کتب الٰہیہ تو دنیا میں نازل ہوتی آئی ہیں گو غیر انبیاء علیہم السلام کے پاس نہیں آئیں جیسا وہ چاہتے تھے مگر رویت الٰہیہ تو دنیا میں کبھی واقع ہی نہیں ہوئی اور عبادت عجل اس سے بڑھ کر اس لئے ہے کہ رویت الٰہیہ گو دنیا میں نہیں ہوئی مگر آخرت میں تو بعض کو ہوگی لیکن غیر اللہ کا معبود ہونے کے قابل ہونا محالات عقلیہ سے ہے کہ کسی مکان و زمان میں وقوع ہی نہیں ہو سکتا اور یہ قصہ عبادت عجل کا مشہور روایات میں اس سوال رویت سے پہلے ہو چکا تھا لیکن یہاں لفظ پھر کا جو کہ ترجمہ ثم کا ہے تاخر زمانی کے لئے نہیں بلکہ استبعاد کے لئے ہے جیسا لفظ بڑھ کر سے ظاہر ہے اور ان قصوں کی تفصیل یعنی سوال رویت اور اخذ صاعقہ اور اتخاذ عجل اور عفو کی اور اسی طرح بعض قصص مذکور فیما بعد کی جیسے رفع طور اور دخول باب اور اعتداء فی السبت اور قتل انبیاء علیہم السلام اور ان کے میثاق اور ان کے مقولہ قلوبنا غلف کی تفصیل و تفسیر پارہ الم کے ربع ثانی و ثالث میں مذکور ہو چکی ہے اس لئے یہاں اعادہ نہیں کیا گیا اور بعض اقوال متعلقہ عیسیٰ علیہ السلام اور مریم علیہا السلام کا ذکر مجملاً سورۃ آل عمران پارہ تلک الرسل کے ربع رابع پر آ چکا ہے اور کچھ تفصیل آگے آ جاوے گی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ (مع قولہ تعالی) اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا۔ پہلی آیت جواز انتقام پر دال ہے کہ شکایت بھی اس کی ایک فرد ہے اور دوسری آیت صبر اور عفو کے محبوب ہونے پر دال ہے اور اول ضعفاء کی شان ہے اور اس میں یہ مصلحت ہے کہ قلب کینہ سے صاف ہو جاتا ہے اور دوسری شان ہے اہل ہمت اور اس میں مصلحت عروج الی القرب ہے۔ قولہ تعالیٰ: يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ اس میں قیاساً اس شخص کی ذم پر دلالت ہے جو افاضہ برکات سماویہ کو شیخ کے اختیار میں سمجھ کر اس سے درخواست کرے۔ قولہ تعالیٰ: فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً اس میں اس شخص پر انکار ہے جو نشاۃ دنیویہ میں وقوع رویت کا اعتقاد رکھے۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى الجهر زبان پر لانے اشار الى ان المراد ههنا الاظهار وان لم يكن برفع صوت كذا فى الروح ۱۲۔ ۲ قوله فى الا من ظلم حکایت شکایت اشار الىٰ حذف المضاف اى جهر من ظلم بالسوء ۱۲۔ ۳ قوله هناك گناہ نہیں اشارة الى ان عدم الحب كناية عن البغض ۱۲۔ ۴ قوله فى سميعا مظلوم کی بات اشارة الىٰ نكتة التخصيص لان القول نسب الى المظلوم وفعل الظلم الى الظالم ۱۲۔ ۵ قوله فى تبدوا معاف کرنا بھی اشارة الىٰ ان المقصود هو العفو المذكور فيما بعد وانما ذكر الابداء والاخفاء توطيته كما ينبئ عنه قوله تعالىٰ عفوا قديرا فان ايراد العفو فى معرض جواب الشرط يدل على ان العمدة العفو مع القدرة ولو كان الابداء والاخفاء ايضا مقصودا بالشرط لم يحسن الاقتصار فى الجزاء على كونه تعالىٰ عفوا قديرا كذا فى الروح ۱۲۔ ۶ قوله فى توضيح عفوا اکثر لانه قد يوقع الانتقام ايضا ۱۲۔ ۷ قوله فى يكفرون جیسا ان کے عقیدہ الخ افاد به امور الاول ان المقصود فى الكلام هو ما صرحوا به من قولهم نؤمن الخ وذكر الكفر بالله والرسول لكونه لازمًا من قولهم وذكر الارادة الاولىٰ لكونه منشأً لهذا القرآن فان العقد اصل والقول فرع والارادة الثانية تفريع على القول وهذا هو وجه الارتباط بين هذه الاجزاء والثانى ما افاده بلفظ لازم انهم لم تيفوهوا بالكفر بالله۔ والثالث ما افاده بلفظ صاف ان هذا للازم بين كالملتزم فلا يرد ان اللازم غير الملتزم كما اذا قلت زيد قائم ويقول مخاطبك انه ليس بقائم ويصر على ذلك لا شك ان هذا كقوله لك انك كاذب لا يرتاب فيه احد ۱۲۔ ۸ قوله فى بين ذلك بیچ بیچ حذف المضاف اليه اتباعًا للمحاورة ودلالة للقرينة والمشار اليه بذلك هو الكفر والايمان بتاويل ما ذكر ۱۲۔ ۹ قوله فى اولئك هم سو اشارة الىٰ كونه خبرا لان ۱۲۔ ۱۰ قوله فى سوف ضرور كما فى الروح ان الاتيان بسوف لتاكيد الموعود والدلالة على انه كائن لا محالة وان تاخر لا الاخبار بانه متاخر الى حين وايده بكلام الزمخشرى ۱۲۔ ۱۱ قوله فى كتابًا خاص فالتوين للتنويع ۱۲۔ ۱۲ قوله فى تنزل منگوا دیں اشارة الى ان الاسناد الى السبب ۱۲۔ ۱۳ قوله فى فقد عجیب نہ سمجھئے۔ اشارة الى وجه تقدير الكلام هكذا فلا تستكبره عنهم لانهم من عنادهم على درجة قصوى حيث سألوا الخ فالفاء سببية للنهى عن الاستكبار ولعنادهم ۱۲۔ ۱۴ قوله فى اكبر بڑی بات اشارة الىٰ تقدير موصوف اى شيئاً او سوالاً ۱۲۔ ۱۵ قوله فى ثم اس سے بڑھ کر فالتراخى للاستبعاد لان المشهور والظاهر تقدم الاتخاذ على سوال الرؤية والله اعلم ۱۲۔ ۱۶ قوله فى سلطانا رعب كما فى قوله نجعل لكما سلطانا فلا يصلون اليكما ۱۲۔

الروایات: فى الروح اخرج ابن جرير عن مجاهد ان رجلا ضاف قومًا فلم يطعموه فاشتكاهم فعوتب عليه (اى من الناس) فنزلت اه ولعل هذه الضيافة كانت واجبة لمقتضٍ وانت تعلم ان العبرة لعموم اللفظ لا لخصوص السبب اى فالآية عام فى كل من ظلم وفى الخازن عن مقاتل نزلت فى ابى بكر الصديقؓ نال رجل منه والنبى صلى الله عليه وسلم حاضر فسكت عنه ابو بكر مراراً ثم رد عليه فقام النبى صلى الله عليه وسلم فقال ابوبكر يارسول الله ﷺ شتمنى فلم تقل له شيئا حتى اذا رددت عليه قمت قال ان ملكا كان يجيب عنك فلما رددت عليه ذهب الملك وجاء الشيطان فقمت ونزلت هذه الآية آه قلت اما القصة فمذكور فى الصحاح واما كونها سببا للنزول فلم اظفر بسنده ولو ثبت لكان الصق بقوله تعالىٰ ان تبدوا خيرًا الخ فيكون المقصود بالنزول تقرير ما قاله صلى الله عليه وسلم من ايثار العفو والله اعلم ۱۲۔

النحو: جهرة صفة لمصدر محذوف هو الرؤية لا الا رائة فيقال ارنا الله حتى نراه رؤية جهرة ۱۲۔

البلاغۃ: يؤتيهم فيه التفات عن التكلم فى اعتدنا ۱۲۔

ف: ذم اليهود على ما صدر عن اسلافهم لان المقصود ذم هذا انواع للاتحادهم فى الوتيرة والسيرة وقد سبق هذا منا مرارا فى المتن ۱۲۔

وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّ قُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِی السَّبْتِ وَ

اَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ

قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾ وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا

عَظِيْمًا ﴿۱۵۶﴾ وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ

www.besturdubooks.net

الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ۭ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًۢا ﴿۱۵۷﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۵۸﴾ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ﴿۱۵۹﴾ۚ

اور ہم نے ان لوگوں سے قول وقرار لینے کے واسطے کوہ طور کو اٹھا کر ان کے اوپر معلق کر دیا تھا اور ہم نے ان کو یہ حکم دیا تھا کہ دروازہ میں عاجزی سے داخل ہونا اور ہم نے ان کو یہ حکم دیا تھا کہ یوم ہفتہ کے بارے میں تجاوز مت کرنا اور ہم نے ان سے قول وقرار نہایت شدید لئے۔ سو ہم نے سزا میں مبتلا کیا ان کی عہد شکنی کی وجہ سے اور ان کے کفر کی وجہ سے احکام الٰہیہ کے ساتھ اور ان کے قتل کرنے کی وجہ سے انبیاء کو ناحق اور ان کے اس مقولہ کی وجہ سے کہ ہمارے قلوب محفوظ ہیں بلکہ ان کے کفر کے سبب ان قلوب پر اللہ تعالیٰ نے بند لگا دیا ہے۔ سو ان میں ایمان نہیں مگر قدرے قلیل اور ان کے کفر کی وجہ سے اور حضرت مریم پر ان کے بڑا بھاری بہتان دھرنے کی وجہ سے اور ان کے اس کہنے کی وجہ سے کہ ہم نے مسیح عیسیٰ بن مریم کو جو کہ رسول ہیں اللہ تعالیٰ کے قتل کر دیا حالانکہ انہوں نے نہ ان کو قتل کیا اور نہ ان کو سولی پر چڑھایا لیکن ان کو اشتباہ ہو گیا اور جو لوگ ان کے بارہ میں اختلاف کرتے ہیں وہ غلط خیال میں ہیں ان کے پاس اس پر کوئی دلیل نہیں تخمینی باتوں پر عمل کرنے اور انہوں نے ان کو یقینی بات ہے کہ قتل نہیں کیا۔ بلکہ ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف اٹھا لیا اور اللہ تعالیٰ بڑے زبردست حکمت والے ہیں اور کوئی شخص اہل کتاب سے نہیں رہتا مگر وہ عیسیٰ کی اپنے مرنے سے پہلے ضرور تصدیق کر لیتا ہے اور قیامت کے روز وہ ان پر گواہی دیں گے ۞

تفسیر ربط: اوپر یہود کے بعض جہالات وعناد کا بیان تھا آگے بعض اور جہالات کا بیان ہے جس سے ان کی تشنیع بھی مقصود ہے اور رسول اللہ ﷺ کی اور زیادہ تسلی بھی منظور ہے اور اس مزید فائدہ سے ان قصص میں تکرار نہ رہا۔

بعض احوال واقوال جہالت یہود: وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ (الی قولہ تعالی) فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾ اور ہم نے ان لوگوں سے (توراۃ پر عمل کرنے کے) قول وقرار لینے کے واسطے کوہِ طور کو اُٹھا کر ان کے اوپر (محاذات میں) معلق کر دیا تھا اور ہم نے ان کو یہ حکم دیا تھا کہ دروازہ میں عاجزی سے داخل ہونا اور ہم نے ان کو یہ حکم دیا تھا کہ یوم ہفتہ کے بارہ میں (جو حکم تم کو ملا ہے کہ اس میں شکار نہ کریں اس میں حد شرع سے) تجاوز مت کرنا اور (اس کے علاوہ اور بھی) ہم نے ان سے قول وقرار نہایت شدید لئے (جس کا بیان وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ میں مذکور ہے لیکن ان لوگوں نے باوجود اس قدر اہتمام کے پھر اپنے عہدوں کو توڑ ڈالا) سو ہم نے (ان کی ان حرکتوں کی وجہ سے) سزائے (لعنت وغضب وذلت ومسخ وغیرہ) میں مبتلا کیا (یعنی) ان کی عہد شکنی کی وجہ سے اور ان کے کفر (وانکار) کی وجہ سے احکامِ الٰہیہ کے ساتھ اور ان کے قتل کرنے کی وجہ سے انبیاء (علیہم السلام) کو (جو کہ ان کے نزدیک بھی) ناحق (تھا) اور ان کے اس مقولہ کی وجہ سے کہ ہمارے قلوب (ایسے) محفوظ[1] ہیں (کہ ان میں مخالف مذہب کا کہ اسلام ہے اثر نہیں ہوتا تو مذہب پر ہم خوب پختہ ہیں۔ حق تعالیٰ اس پر رد فرماتے ہیں کہ یہ مضبوطی اور پختگی نہیں ہے) بلکہ ان کے کفر کے سبب ان کے قلوب پر اللہ تعالیٰ نے بند لگا دیا ہے (کہ حق بات کی ان میں تاثیر نہیں ہوتی) سو ان میں ایمان نہیں مگر قدرے قلیل (اور قدرِ قلیل ایمان مقبول نہیں پس کافر ہی ٹھہرے) **ف**: نقض میثاق میں سب مابعد کا مضمون داخل ہے لیکن زیادہ تشنیع کے لئے سب معاملات کو الگ الگ بھی بیان فرما دیا کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ان کا یہ معاملہ ہے کہ ان کے احکام کے منکر ہیں۔ انبیاء علیہم السلام کے ساتھ یہ برتاؤ ہے کہ ان کی تکذیب سے گزر کر قتل کرتے تھے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ یہ معاملہ ہے کہ آپ کے سامنے اپنے حق پر ہونے کے مدعی ہیں۔ اور یہ سب اقسام کفر کے ہیں۔

ربط: اوپر یہود کے لعن وغیرہ کے کچھ وجوہ بیان فرمائے ہیں بعض وجوہ آگے مذکور ہیں۔

تتمہ سابق: وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰي مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا (الی قولہ تعالی) وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا۔ اور[1] (ہم نے ان کو سزائے لعنت وغیرہ میں ان وجوہ سے بھی مبتلا کیا یعنی) ان کے (ایک خاص[2]) کفر کی وجہ سے اور (تفصیل[3] اس کی یہ ہے کہ) حضرت مریم علیہا السلام پر ان کے بڑا بھاری بہتان دھرنے کی وجہ سے (جس سے) تکذیب عیسیٰ علیہ السلام کی بھی لازم آتی ہے کیونکہ عیسیٰ علیہ السلام اپنے معجزہ سے ان کی براءت ظاہر فرما چکے ہیں) اور[4] (نیز بطور تفاخر کے) ان کے اس کہنے کی وجہ سے کہ ہم نے مسیح عیسیٰ ابن مریم کو کہ رسول ہیں اللہ تعالیٰ کے قتل کر دیا (یہ کہنا دلیل ہے عداوت کی اور عداوت انبیاء کے ساتھ کفر ہے نیز اس میں دعویٰ ہے قتل کا اور قتل نبی کفر ہے اور دعویٰ کفر کا بھی کفر ہے) حالانکہ (علاوہ کفر ہونے کے خود دعویٰ بھی غلط ہے کیونکہ) انہوں نے (یعنی یہود نے) نہ ان کو (عیسیٰ علیہ السلام کو) قتل کیا اور نہ اُن کو سولی چڑھایا لیکن ان کو (یعنی یہود کو) اشتباہ[5] ہو گیا اور جو لوگ (اہل کتاب میں سے) ان کے (یعنی عیسیٰ علیہ السلام کے) بارہ[6] میں اختلاف کرتے ہیں وہ غلط خیال[7] میں (مبتلا) ہیں ان کے پاس اس پر کوئی (صحیح) دلیل (موجود) نہیں بجز[8] تخمینی باتوں پر عمل کرنے کے اور انہوں نے (یعنی یہود نے) ان کو (یعنی عیسیٰ علیہ السلام کو) یقینی[9] بات ہے کہ قتل نہیں کیا (جس کا وہ دعویٰ کیا کرتے ہیں) بلکہ ان کو خدا تعالیٰ نے اپنی طرف (یعنی آسمان[10] پر) اُٹھا لیا (اور ایک اور شخص کو ان کا ہم شکل بنا دیا اور وہ مصلوب ومقتول ہوا اور یہی سبب ہوا یہود کے اشتباہ کا اور اس اشتباہ[11] سے اہل کتاب میں اختلاف پیدا ہو

www.besturdubooks.net

گیا) اور اللہ تعالیٰ بڑے زبردست (یعنی قدرت والے) حکمت والے ہیں (کہ اپنی قدرت وحکمت سے عیسیٰ علیہ السلام کو بچالیا اور اٹھالیا اور یہود کو بوجہ تشبیہ کے پتہ بھی نہ لگا) اور (یہود کو اپنا کذب و بطلان انکار نبوتِ عیسویہ میں بہت جلد دنیا ہی میں ظاہر ہو جاتا ہے کیونکہ وقت نزول آیت سے لے کر کسی زمانہ میں) کوئی شخص اہل کتاب (یعنی یہودؐ میں) سے (باقی) نہ رہے گا مگر وہ عیسیٰ علیہ السلام (کی نبوت) کی اپنے مرنے سے (ذرا) پہلے (جبکہ عالم برزخ نظر آنے لگتا ہے) ضرور تصدیق کر لے گا (گو اس وقت کی تصدیق نافع نہیں مگر ظہور بطلان کے لئے تو کافی ہے تو اس سے اگر اب ہی ایمان لے آویں تو نافع ہو جاوے) اور (جب دُنیا اور برزخ دونوں ختم ہو چکیں گی یعنی) قیامت کے روز وہ (یعنی عیسیٰ علیہ السلام) ان (منکرین کے انکار پر) گواہی دیں گے۔

ف: عیسیٰ علیہ السلام کے رفع کے متعلق بحث اور اہل کتاب کے اقوال مختلفہ کا بیان پارہ **تِلْكَ الرُّسُلُ** کے تین پاؤ پر اور انبیاء کا گواہی دینا پارہ **وَالْمُحْصَنٰتُ** کے اول سے ذرا آگے آیت **فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا** میں اور قربِ موت میں ایمان نافع نہ ہونا پارہ لن تنالوا کے اخیر کے قریب مذکور ہو چکا ہے ضرور ملاحظہ کر لیا جاوے۔ اور حیات و موت عیسویہ کی بحث میں کتاب سیف چشتیائی قابل مطالعہ ہے۔ اور عیسیٰ علیہ السلام کے نام کے ساتھ جو رسول اللہ آیا ہے یہ یہود کا قول نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے بڑھا دیا ہے کہ دیکھو ایسے کی نسبت ایسا کہتے ہیں **فهو من الحكاية لا المحكى عنه**۔ **ف**: **ليؤمنن** میں جو حکم مستقبل لیا گیا ہے وہ وقوع کے وقت حال ہو جاتا ہے پس یہ دونوں تو مدلول آیت کے ہو گئے اور ماضی اس میں مسکوت عنہ ہے مگر بوجہ عدم فارق اس میں بھی یہی حکم ایمان بعیسیٰ کا ثابت ہوگا۔

الحواشی: (۱) انظر ما مر فی الحاشية على نظيره فی سورة البقرة ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله** فی بميثاقهم لینے کے واسطے فالباء افادت معنى اللام كما فی الكبير لاجل ان يعطوا الميثاق ۱۲۔ ۲ **قوله** فی ميثاقها غليظًا اس کے علاوہ اور بھی افاد به التغاير بين الميثاقين بالخصوص والعموم ۱۲۔ ۳ **قوله** فی فبما نقضهم سو ہم نے سزا میں الخ اشارة الى حذف العامل المذكور فی آية اخرىٰ فبما نقضهم ميثاقهم لعناهم الخ وكل من اللعنة والغضب والذلة والمسكنة والمسخ اى جعلهم القردة والخنازير مذكور فی آيات من القرآن او للعن يشمل الجميع فلا يرد ان العامل لعناهم وانت ذكرت معه غيره ۱۲۔ ۴ **قوله** فی لا يؤمنون مقبول نہیں لانه ايمان لغوى لا شرعی ۱۲۔ ۵ **قوله** قوله فی وبكفرهم اور ہم نے الخ اشارة الى عطفه على فبما نقضهم ۱۲۔ ۶ **قوله** هناك خاص کفر ليحصل التغاير بينه وبين السابق كالخاص مع العام ۱۲۔ ۷ **قوله** هناك تفصیل اشار الى كون العطف تفسيريا ۱۲۔ ۸ **قوله** فی قولهم انا اور نیز اشارة الى عطفه على قولهم لا على كفرهم لانه ايضا تفسير للكفر كقولهم الاول ۱۲۔ ۹ **قوله** فی صلبوه چڑھایا لم يقل سولی دیا لان الاول لدلالة على الصورة فيه مبالغة اقتضاها المقام والا لكفى نفى القتل الذى البتوه ۱۲۔ ۱۰ **قوله** فی شبه اشتباہ فالمسند اليه هو الحدث اى وقع التشبيه لهم كذا فی الكشاف ۱۲۔ ۱۱ **قوله** فی فيه بارہ میں اشارة الى حذف المضاف اى شانه وهو المرجع للمجرور فی به ۱۲۔ ۱۲ **قوله** فی شك غلط خیال كما فسره البيضاوى بالجهل اشارة الى عدم ارادة المعنى الاصطلاحى فانه كالظن مستعمل فی هذا المعنى اى قول بلا دليل كقوله تعالىٰ ان نظن الاظنا وظاهر انهم لم يكونوا ظانين اصطلاحاً فعلى هذا لا يرده انه كيف يصح الحكم بالظن بعد الحكم بالشك وروعى هذا فی ترجمة الظن ايضا ۱۲۔ ۱۳ **قوله** فی الا اتباع بجز تخمینی الاستثناء منقطع لان الظن غير العلم ۱۲۔ ۱۴ **قوله** فی يقيناً یقینی بات ہے فالمنصوب تاكيد لقوله كما لو قيل ما قتلوه حقا كذا فی الكشاف ۱۲۔ ۱۵ **قوله** فی اليه آسمان اشارة الى حذف المضاف اى الى سمائه ۱۲۔ ۱۶ **قوله** اس اشتباہ سے اختلاف لان احد اجزائه قول اليهود وهو الذى نشأ من الاشتباه فصح جعل الاشتباه سببا للاختلاف لان قول النصارىٰ ليس فيه دخل لهذا التشبيه وانما هو دعوى مستقلة غير صحيحة ۱۲۔ ۱۷ **قوله** فی ان من اهل الكتاب یہود اخرجه ابن جرير عن ابن عباس كذا فی الروح ۱۲۔ ۱۸ **قوله** فی موته اپنے فالمرجع احد المقدر فی قوله وان من اهل الكتاب اى وان احد من اهل الكتاب اخرجه ابن المنذر عن ابن عباس كذا فی الروح ۱۲۔ ۱۹ **قوله** فی قبل موته نافع ہو جاوے فالمقصود بهذا الاخبار وعيدهم وتحريض على الايمان وتسجيل على بطلانهم ۱۲۔ ۲۰ **قوله** فی يوم القيٰمة جب دنیا الخ فالعوالم الثلثة اشير اليها فی الآية فتامل فی التفسير ۱۲۔

النحو : بهتانا مفعول به للقول وما قتلوه حال ۱۲۔

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿۱۶۰﴾ وَّ اَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶۱﴾ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِى

www.besturdubooks.net

الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

۲۲ ع ۲ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۶۲﴾

سو یہود کے ان ہی بڑے بڑے جرائم کے سبب ہم نے بہت سی پاکیزہ چیزیں جو ان کے لئے حلال تھیں ان پر حرام کردیں اور بسبب اس کے کہ وہ بہت آدمیوں کو اللہ تعالیٰ کی راہ سے مانع بن جاتے تھے اور بسبب اس کے کہ وہ سود لیا کرتے تھے۔ حالانکہ ان کو اس سے ممانعت کی گئی تھی اور بسبب اس کے کہ وہ لوگوں کے مال ناحق طریقہ سے کھا جاتے تھے اور ہم نے ان لوگوں کے لئے جو ان میں کافر ہیں دردناک سزا کا سامان کر رکھا ہے۔ لیکن ان یہود میں جو لوگ علم (دین) میں پختہ ہیں اور جو ان میں ایمان لے آنے والے ہیں کہ اس (کتاب) پر بھی ایمان لاتے ہیں جو آپ کے پاس بھیجی گئی اور اس پر بھی (ایمان رکھتے ہیں) جو آپ سے پہلے بھیجی گئی اور جو (ان میں) نماز کی پابندی کرنے والے ہیں اور جو (ان میں) زکوٰۃ دینے والے ہیں اور جو (ان میں) اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر اعتقاد رکھنے والے ہیں سو ایسے لوگوں کو ہم ضرور (آخرت میں) ثواب عظیم عطا فرمائیں گے۞

تفسیر ربط: اوپر یہود کی بعض شرارتیں اور کچھ سزائیں وغیرہ جو کہ از قسم امور تکوینیہ اور واقع فی الدنیا میں بیان فرمائی ہیں آگے بھی ان کی بعض شرارتوں کا مع ذکر بعض عقوبات واقعہ فی الدنیا از قبیل امور تشریعیہ کہ تحریم طیبات ہے اور مع ذکر عقوبت اخرویہ کہ عذاب الیم ہے بیان ہے اور چونکہ اصل سزا یہی ہے اس لئے ذکر یہود کے شروع پر بھی عذاب مہین کے عنوان سے اس کو فرمایا تھا پس طرفین میں ہونے سے زیادہ تاکید ہوگئی۔

ایضاً تتمہ سابق: فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ (الی قولہ تعالی) وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا سو یہود کے ان ہی بڑے بڑے جرائم کے سبب (جن میں سے بہت سے امور سورۂ بقرہ میں مذکور ہیں) ہم نے بہت سی پاکیزہ (یعنی حلال و نافع و لذیذ) چیزیں جو (پہلے سے) ان کے لئے (بھی) حلال تھیں (جیسا آیہ: كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ میں ہے) ان پر (شریعت موسویہ میں) حرام کردیں (جن کا بیان سورۂ انعام کی آیت: وَعَلَي الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ الخ میں ہے اور تحریم کا مسبب بالمعصیت ہونا وہاں بھی مذکور ہے ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ الخ) اور (انبیاء شریعت موسویہ میں بھی وہ سب حرام ہی رہیں کوئی حلال نہ ہوئی) بسبب اس کے کہ (وہ آئندہ بھی ایسی حرکتوں سے باز نہ آئے مثلاً یہی کہ) وہ (احکام میں تحریف و کتمان کر کے) بہت آدمیوں کو اللہ تعالیٰ کی راہ (یعنی دین حق کے قبول کرنے) سے مانع بن جاتے تھے (کیونکہ ان کی اس کارروائی سے عوام کو خواہ مخواہ التباس ہو جاتا تھا گو طلبِ صادق سے وہ التباس رہ نہ سکتا) اور بسبب اس کے کہ وہ سود لیا کرتے تھے حالانکہ ان کو (توریت میں) اس سے ممانعت کی گئی تھی اور بسبب اس کے کہ وہ لوگوں کے مال ناحق طریقہ (یعنی غیر مشروع ذریعہ) سے کھا جاتے تھے (پس اس مانعیت اور اخذ اور اکل کی وجہ سے اس شریعت کے بقا تک تخفیف نہ ہوئی البتہ شریعت جدیدہ عیسویہ میں کچھ احکام بدلے تھے جیسا: وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ سے معلوم ہوتا ہے اور شریعت محمدیہ میں بہت تخفیف ہوگئی جیسا يُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ الخ سے ثابت ہے یہ تو دنیوی سزا تھی) اور (آخرت میں) ہم نے ان لوگوں کے لئے جو ان میں سے کافر ہیں دردناک سزا کا سامان کر رکھا ہے (البتہ جو موافق قاعدہ شرعیہ کے ایمان لے آوے اس کی پچھلی جنایتیں سب معاف ہو جاویں گی)

ف: جرائم سے جو تحریم ہوئی وہ تحریم عام تھی گو جرائم سے بعضے صلحاء محفوظ بھی تھے کیونکہ بہت سے حکمتوں کے اقتضا سے عادۃ اللہ یوں ہی جاری ہے جیسا قرآن میں اس کی طرف اشارہ بھی ہے: وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَاۗصَّةً اور حدیث میں بھی ہے کہ بڑا مجرم وہ ہے جس کے بے ضرورت سوال کرنے سے کوئی شئے سب کے لئے حرام ہو جاوے یعنی زمانۂ وحی میں رواہ فی المشکوٰۃ عن الشیخین۔ ف: اور شریعت محمدیہ علیہا الصلوٰۃ والتسلیم میں جو چیزیں حرام ہیں وہ کسی مضرت جسمانی یا روحانی کی وجہ سے حرام ہیں کہ اس حیثیت سے غیر طیب ہیں پس تحریم طیبات نافعہ عقوبت و سیاست ہے اور تحریم غیر طیبات ضارۃ رحمت و حفاظت ہے۔

ربط: اوپر کفار یہود کا ذکر تھا آگے ان میں سے جو ایمان لے آئے تھے ان کا بیان ہے اور گو یسئلك سے پہلے بھی اس کا ذکر آچکا ہے لیکن یہاں دوسرے عنوان سے اور کسی قدر مفصل ہے۔

مدح و جزاء مؤمنین: لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ (الی قولہ تعالی) اُولٰۗىِٕكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا لیکن ان (یہود) میں جو لوگ علم (دین) میں پختہ (یعنی اس کے موافق عمل کرنے پر مضبوط) ہیں (اور اسی آمادگی نے ان پر حق کو واضح اور قبول حق کو سہل کر دیا جو آگے اصالۃً فرعاً مذکور ہے) اور جو (ان میں) ایمان لے آنے والے ہیں کہ اس کتاب پر بھی ایمان لاتے ہیں جو آپ کے پاس بھیجی گئی اور اس کتاب پر بھی (ایمان رکھتے ہیں) جو آپ سے پہلے (نبیوں کے پاس) بھیجی گئی (جیسے توریت و انجیل) اور جو (ان میں) نماز کی پابندی کرنے والے ہیں اور جو (ان میں) زکوٰۃ دینے والے ہیں اور جو (ان میں) اللہ تعالیٰ پر اور

www.besturdubooks.net

قیامت کے دن پر اعتقاد رکھنے والے ہیں (سو) ایسے لوگوں کو ہم ضرور (آخرت میں) ثواب عظیم عطا فرماویں گے **ف**: مراد ان سے یہ حضرات اور ان کے امثال ہیں عبداللہ بن سلامؓ واسیدؓ وثعلبہؓ اور آیت کا یہی شان نزول ہے (اخرجه البیهقی فی الدلائل عن ابن عباس کذا فی الروح) اور آیت میں اجر کامل کی تعلیق ان امور مذکورہ پر مقصود ہے اور نفس اجر و مطلق نجات صرف عقائد ضروریہ کی تصحیح سے وابستہ ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ اسی کے مشابہ ہے معاصی کے سبب سالک سے واردات کا قبض۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی فبظلم ان ہی افاد الحصر تقدیم الجار والمجرور وفائدۃ الحصر مذکور فی المتن ف۲۔ ۲ قوله هناك بڑے افادہ التنوین التفخیمی ۱۲۔ ۳ قوله هناك جرائم لان الظلم یراد به الجنس ۱۲۔ ۴ قوله قبل بعدهم حرام ہی رہیں المقصود به دفع ایراد تقریرہ ان التحریم فی التوراۃ کیف یصح کونه مسببا عما تاخر منه من التحریف والاخذ والاکل وجه الدفع ان التحریم عام للحدوث والاستمرار بطریق عموم المجاز فالحدوث مسبب عن بعض ماهم علیه والاستمرار عن بعضه ۱۲۔ ۵ قوله فی کثیرا آدمیوں اشارۃ الی کون کثیرا صفة لمقدر ای ناسًا وقیل صدا کثیرًا ۱۲۔ ۶ قوله هناك گوطلب صادق فلا یلزم کون هؤلاء الناس معذورین ۱۲۔ ۷ قوله فی والمؤمنون هکذا ما بعده اورجوان میں سے اشارۃ الی ان کلا منها معطوف علی الراسخون عطف صفة علی صفة والموصوف واحدهم مؤمنو اهل الکتاب فیقدر فی کل موضع منهم والکل مبتدأ خبره جملة اولئك الخ ۱۲۔**

النحو : قوله والمقیمین فی الکشاف نصب علی المدح لبیان فضل الصلوٰۃ وهو باب واسع قد کسره سیبویه علی امثلة وشواهد یؤمنون حال من المؤمنون مبینة لکیفیة ایمانهم ۱۲۔

البلاغۃ: **فی الروح اعیدت الباء فی الصد ولم تعد فی الاخذ لانه فصل بین المعطوف والمعطوف علیه بما لیس معمولا للمعطوف علیه وحیث فصل بمعموله لم تعد ۱۲۔ قوله الراسخون فی العلم الخ فی الآیة صنعة التقابل مع ما قبلها الرسوخ فی العلم مع اتباع الظن۔ والایمان مع الکفر۔ والخشوع المدلول علیه بالصلوٰۃ مع الاستکبار المدلول علیه بسوالهم کتابا۔ ایتاء الزکوٰۃ مع اخذهم واکلهم والاجر العظیم مع العذاب الالیم ۱۲۔**

اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ

وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝١٦٣ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ

مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۚ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ۝١٦٤ رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ

لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝١٦٥ لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ

بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝١٦٦ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝١٦٧ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ

طَرِيْقًا ۝١٦٨ اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝١٦٩

ہم نے آپ کے پاس وحی بھیجی ہے جیسے نوح کے پاس بھیجی تھی اور ان کے بعد اور پیغمبروں کے پاس اور ہم نے ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب اور اولاد یعقوب اور عیسیٰ اور ایوب اور یونس اور ہارون اور سلیمان کے پاس وحی بھیجی تھی اور ہم نے داؤد کو زبور دی تھی اور ایسے پیغمبروں کو صاحب وحی بنایا جن کا حال اس کے قبل ہم آپ کو بیان کر چکے ہیں اور پیغمبروں کو جن کا حال ہم نے آپ سے بیان نہیں کیا اور موسیٰ سے اللہ تعالیٰ نے خاص طور پر کلام فرمایا ان سب کو خوشخبری دینے والے اور خوف سنانے والے پیغمبر بنا کر اسلئے بھیجا تاکہ لوگوں کے پاس اللہ تعالیٰ کے سامنے ان پیغمبروں کے بعد کوئی عذر باقی نہ رہے اور اللہ تعالیٰ پورے زور والے ہیں بڑی حکمت والے ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ بذریعہ اس کتاب کے جس کو آپ کے پاس بھیجا ہے اور بھیجا بھی اپنے علمی کمال کے ساتھ شہادت دے رہے ہیں اور فرشتے تصدیق کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی کی شہادت کافی ہے جو لوگ منکر ہیں اور خدائی دین سے مانع ہوتے ہیں بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑے ہیں بلاشبہ جو لوگ منکر ہیں اور دوسروں کا بھی نقصان کر رہے ہیں۔ اللہ

www.besturdubooks.net

تعالیٰ انکو کبھی نہیں بخشیں گے اور نہ انکو سوا جہنم کی راہ کے کوئی راہ دکھلائیں گے اس طرح پر کہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہا کریں گے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ سزا معمولی بات ہے ۞

تفسیر ربط: اوپر یہود کے اس سوال کا جو کہ يَسْئَلُكَ أَهْلُ الْكِتَابِ میں منقول ہے منشاء کہ جہل وعناد ہے مذکور تھا اور اسی کے اثبات کے لئے بعد کے مضامین تھے آگے اس سوال کا جواب ارشاد ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ اثباتِ نبوت کے لئے یہ درخواست محض لغو ہے ان نبی سے پہلے اور بھی اہل وحی یعنی انبیاء علیہم السلام گزرے ہیں جن کی نبوت تمہارے نزدیک بھی مسلم ہے اگر اثباتِ نبوت اسی پر موقوف ہے تو سب انبیاء میں اس کا اثبات لازم آوے گا اور لازم منتفی ہے پس توقف بھی باطل ہے سو جیسے دلیل سے اوروں کی نبوت ثابت ہے ویسی ہی دلیل یہاں بھی موجود ہے یعنی معجزات پھر ایسی فرمائش اگر عناد نہیں تو اور کیا ہے۔ اس جواب کے لئے بہت سے انبیاء علیہم السلام کی نبوت کی خبر دیتے ہیں اور اس ضمن میں حکمت بعثتِ رسل کی لِئَلَّا يَكُوْنَ میں اور ختم پر تصریح مقصود یعنی نبوت محمدیہ کی جو کہ نتیجہ مقام ہے لٰكِنِ اللّٰهُ میں اور اس کے بعد باوجود قیام دلائل و وضوح حق کے بھی انکار کرنے والوں کی بدحالی اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا الی يَسِيْرًا۔ میں مذکور ہے۔

اخبار از نبوت کثیر از انبیاء علیہم السلام و اثبات نبوت محمدیہ و وعید منکر: اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ (الی قولہ تعالیٰ) ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ہم نے (کچھ آپ کو انوکھا رسول نہیں بنایا جو ایسی واہی تباہی فرمائشیں کرتے ہیں بلکہ) آپ کے پاس (بھی ایسی ہی) وحی بھیجی ہے جیسی (حضرت) نوح (علیہ السلام) کے پاس بھیجی تھی اور ان کے بعد اور پیغمبروں کے پاس بھیجی تھی اور (ان میں سے بعضوں[1] کے نام بھی بتلائے دیتے ہیں کہ) ہم نے (حضرت) ابراہیم و اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب اور اولادِ یعقوب (میں جو نبی گزرے ہیں) اور عیسیٰ اور ایوب اور یونس اور ہارون اور سلیمان (علیہم الصلوٰۃ والسلام) کے پاس وحی بھیجی تھی اور (اسی طرح) ہم نے داؤد (علیہ السلام کے پاس بھی وحی بھیجی تھی چنانچہ ان) کو (کتاب) زبور دی تھی اور (ان کے علاوہ) اور (بعضے) ایسے پیغمبروں کو (بھی) صاحب وحی بنایا جن کا حال اس کے قبل (سورۂ انعام وغیرہ مکی سورتوں میں) ہم آپ سے بیان کر چکے ہیں اور (بعضے) ایسے پیغمبروں کو (صاحبِ وحی بنایا) جن کا حال (ابھی تک) ہم نے آپ سے بیان نہیں کیا اور (حضرت) موسیٰ (علیہ السلام کو بھی صاحب وحی بنایا چنانچہ ان) سے اللہ تعالیٰ نے خاص[2] طور پر کلام[(1)] فرمایا (اور) ان سب کو (ایمان پر) خوشخبری (نجات کی) دینے والے اور (کفر پر عذاب کا) خوف سنانے والے پیغمبر بنا کر اس لئے بھیجا تا کہ لوگوں کے پاس اللہ تعالیٰ کے سامنے ان پیغمبروں کے (آنے کے) بعد کوئی عذر (ظاہراً بھی) باقی نہ رہے (ورنہ قیامت میں یوں کہتے کہ بہت سے اشیاء کا حسن وقبح عقل سے معلوم نہ ہو سکتا تھا پھر ہماری کیا خطا) اور (یوں) اللہ تعالیٰ پورے زور (اور اختیار) والے ہیں (کہ بلا ارسال رسل بھی سزا دیتے تو بوجہ اس کے کہ مالک حقیقی ہونے میں متفرد ہیں ظلم نہ ہوتا اور حقیقت عذر کا حق کسی کو نہ تھا لیکن چونکہ) بڑے حکمت والے (بھی) ہیں (اس لئے حکمت ہی ارسال کو مقتضی ہوئی تا کہ ظاہری عذر بھی نہ رہے۔ یہ بیان حکمت درمیان میں تبعاً آ گیا تھا آگے اثبات نبوت محمدیہ کر کے جواب کی تکمیل فرماتے ہیں کہ گو وہ اپنے اس شبہ کے رفع ہونے پر بھی نبوت کو تسلیم نہ کریں) لیکن (واقع میں تو ثابت ہے اور اس کے ثبوت پر دلیل صحیح قائم ہے چنانچہ) اللہ تعالیٰ بذریعہ اس کتاب کے جس کو آپ کے پاس بھیجا ہے اور بھیجا بھی (کس طرح) اپنے علمی کمال کے ساتھ (جس سے وہ کتاب معجزۂ عظیمہ ہوگئی جو کہ نبوت کی دلیل قاطع ہے ایسی کتاب معجز کے ذریعہ سے آپ کی نبوت کی) شہادت دے رہے ہیں (یعنی دلیل قائم کر رہے ہیں جیسا کہ ابھی معلوم ہوا کہ کتاب معجز نازل فرمائی اور اعجاز دلیل نبوت ہے پس دلیل سے تو واقع میں نبوت ثابت ہے رہا کسی کا ماننا نہ ماننا تو اول تو اس کا خیال ہی کیا) اور (اگر طبعاً اس کو جی ہی چاہتا ہو تو ان سے افضل مخلوق یعنی) فرشتے (آپ کی نبوت کی) تصدیق کر رہے ہیں (اور مومنین کی تصدیق مشاہد ہی تھی پس اگر چند احمقوں نے نہ مانا نہ سہی) اور (اصل بات وہی ہے کہ) اللہ تعالیٰ ہی کی شہادت (یعنی اقامتِ دلیل فی الواقع) کافی ہے (کسی کی تصدیق وتسلیم کی آپ کو حاجت ہی نہیں) جو لوگ (ان حجج قاطعہ کے بعد بھی) منکر ہیں اور (طرہ یہ کہ اوروں کو بھی) خدائی دین سے مانع ہوتے ہیں (حق سے) بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑے ہیں (یہ تو دنیا میں ان کے مذہب کا حاصل ہے اور اس کا ثمرہ آخرت میں آگے سنو کہ) بلاشبہ جو لوگ (حق کے) منکر ہیں اور (حق سے مانع بن کر) دوسروں کا بھی نقصان کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو کبھی نہ بخشیں گے اور نہ ان کو سوا جہنم کی راہ کے اور کوئی راہ (یعنی جنت کی راہ) دکھلاویں گے اس طرح پر کہ اس (جہنم) میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہا کریں گے اور اللہ کے نزدیک یہ سزا معمولی بات ہے۔ (کچھ سامان نہیں کرنا پڑتا)

الحواشی: (۱) خاص اس لئے کہا کہ مطلق کلام تو سب انبیاء علیہم السلام سے ہوا ہے پھر تخصیص کیوں کی گئی اور مراد اس خاص سے کلام کی وہ قسم ہے جس کو سورۂ شوریٰ کے اخیر میں منجملہ اقسام کلام کے من وراء حجاب فرمایا ہے مفصل بحث اس کے متعلق وہاں آوے گی۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قوله فی ابراهيم الخ بعضوں کے نام اشارة الى ان هذا التعداد تخصيص بعد تعميم للتوضيح كما ان تخصيص نوح قبل النبيين لكونه ابا لهم فكانه آدم الثانی ١٢۔ [2] قوله فی اتينا و كلم الله و رسلا الاول وحی بھیجی وصاحب وحی بنایا اشارة الى ان المقصود

www.besturdubooks.net

بالجميع واحد هو الايحاء ليبقى التناسب وتجاذب الاطراف وعليه فيقدر قبل رسلا ارسلنا الذى يدل على الايحاء۱۲۔ ۳؎ قوله فى
تكليما خاص طور پر اشارة الى ان المصدر وتنوينه للتنويع لانه نوع عجيب لا يدرك كنهه۱۲۔ ۴؎ قوله فى رسلا الثانى ان سب کوالخ اشارة
الى نفى كونه بدلا من رسلاً الاول لان التبشير والانذار لا يختصان بالبعض المدلول عليه برسلا الاول بل هو حال عندى من الموحٰى
اليهم فانه وان كان مجرورا لكنه فى حكم المنصوب لان حاصله انا جعلنا هم اى كل من ذكر رسلا كما سيأتى فى اول المائدة من
كون غير حالا من الضمير فى لكم واما ترجمتى فاخذ بالحاصل ويقارب منه ما قدر غيرى ارسلنا اى ارسلنا رسلا من جميع من
ذكروا۱۲۔ ۵؎ قوله فى بما انزل بذریعہ ماخذ هذا المعنى ما فى الروح من قوله اى يشهد بنبوتك بسبب ما انزل اليك الخ۱۲۔ ۶؎ قوله فى
انزله الثانى بھیجا بھی کس طرح اشارة الى كون الثانية تفسير الاولٰى كما فى البيضاوى۱۲۔ ۷؎ قوله فى بعلمه علمی کمال اشارة الى ما فى
الروح ان يكون المعنى انزله بعلمه الخاص به الذى لا يعلمه غيره سبحانه وهو تاليفه على نظم واسلوب يعجز عنه كل بليغ وصاحب
بيان واختاره جماعة من المفسرين وفيه بعد اسطر وجعل عليه العلم معناه المصدرى والباء للآية كما يقال فعله بعلمه اذا كان منقاد
على ما ينبغى فيكون وصفا للقرآن بكمال الحسن والبلاغة۱۲۔ ۸؎ قوله يشهدون اس کا خیال ہی کیا......اگر چہ حقاالخ كل هذا مبنى على
حملى للحملة على التسلية۱۲۔ ۹؎ قوله فى ظلموا نقصان ترجمة به ليكون كا عادة صدد اليتعد الفعلان كلاهما فى الموضعين بيان
مشربهم وبيان عقوبتهم۱۲۔

الروایات: فى الروح اخرج ابن اسحق وغيره عن ابن عباس رضى الله تعالٰى عنهما قال قال سكين وعدى بن زيد يا محمد ما نعلم الله
تعالٰى انزل على بشر من شىء بعد موسٰى عليه السلام فانزل الله تعالٰى هذه الآية اه قلت لما كان اصل مقصوده انكار نبوة نبينا صلى الله
عليه وسلم استحسن قصده تعالٰى باثباتها بقوله انا اوحينا اليك۔ وفى الروح اخرج البيهقى فى الدلائل وغيره عن ابن عباس رضى الله
تعالٰى عنهما قال دخل جماعة من اليهود على رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال عليه الصلوٰة والسلام والله اعلم انكم تعلمون انى
رسول الله تعالٰى فقالوا ما نعلم ذلك فنزلت لكن الله يشهد وفى رواية ابن جرير عنه انه لما نزل انا اوحينا اليك قالوا ما نشهد لك فنزل لكن
الله يشهد۱۲۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ قَدۡ جَآءَكُمُ ٱلرَّسُولُ بِٱلۡحَقِّ مِن رَّبِّكُمۡ فَـَٔامِنُواْ خَيۡرٗا لَّكُمۡۚ وَإِن تَكۡفُرُواْ فَإِنَّ لِلَّهِ
مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۚ وَكَانَ ٱللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمٗا ۝١٧٠ يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ لَا تَغۡلُواْ فِي دِينِكُمۡ وَلَا تَقُولُواْ
عَلَى ٱللَّهِ إِلَّا ٱلۡحَقَّۚ إِنَّمَا ٱلۡمَسِيحُ عِيسَى ٱبۡنُ مَرۡيَمَ رَسُولُ ٱللَّهِ وَكَلِمَتُهُۥٓ أَلۡقَىٰهَآ إِلَىٰ مَرۡيَمَ وَرُوحٞ مِّنۡهُۖ
فَـَٔامِنُواْ بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦۖ وَلَا تَقُولُواْ ثَلَٰثَةٌۚ ٱنتَهُواْ خَيۡرٗا لَّكُمۡۚ إِنَّمَا ٱللَّهُ إِلَٰهٞ وَٰحِدٞۖ سُبۡحَٰنَهُۥٓ أَن يَكُونَ لَهُۥ
وَلَدٞۘ لَّهُۥ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلۡأَرۡضِۗ وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ وَكِيلٗا ۝١٧١ لَّن يَسۡتَنكِفَ ٱلۡمَسِيحُ أَن يَكُونَ ع ۲۳ ۹ وقف لازم
عَبۡدٗا لِّلَّهِ وَلَا ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ ٱلۡمُقَرَّبُونَۚ وَمَن يَسۡتَنكِفۡ عَنۡ عِبَادَتِهِۦ وَيَسۡتَكۡبِرۡ فَسَيَحۡشُرُهُمۡ إِلَيۡهِ جَمِيعٗا ۝١٧٢
فَأَمَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ فَيُوَفِّيهِمۡ أُجُورَهُمۡ وَيَزِيدُهُم مِّن فَضۡلِهِۦۖ وَأَمَّا ٱلَّذِينَ ٱسۡتَنكَفُواْ
وَٱسۡتَكۡبَرُواْ فَيُعَذِّبُهُمۡ عَذَابًا أَلِيمٗا وَلَا يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ وَلِيّٗا وَلَا نَصِيرٗا ۝١٧٣ يَٰٓأَيُّهَا
ٱلنَّاسُ قَدۡ جَآءَكُم بُرۡهَٰنٞ مِّن رَّبِّكُمۡ وَأَنزَلۡنَآ إِلَيۡكُمۡ نُورٗا مُّبِينٗا ۝١٧٤ فَأَمَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ بِٱللَّهِ وَ
ٱعۡتَصَمُواْ بِهِۦ فَسَيُدۡخِلُهُمۡ فِي رَحۡمَةٖ مِّنۡهُ وَفَضۡلٖ وَيَهۡدِيهِمۡ إِلَيۡهِ صِرَٰطٗا مُّسۡتَقِيمٗا ۝١٧٥

www.besturdubooks.net

اے تمام لوگو تمہارے پاس یہ رسول سچی بات لے کر تمہارے پروردگار کی طرف سے تشریف لائے ہیں۔ سو تم یقین رکھو یہ تمہارے لئے بہتر ہوگا اور اگر تم منکر رہے تو اللہ تعالیٰ کی ملک ہے یہ سب جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے اور اللہ تعالیٰ پوری اطلاع رکھتے ہیں۔ کامل حکمت والے ہیں۔ اے اہل کتاب تم اپنے دین میں حد سے مت نکلو اور اللہ تعالیٰ کی شان میں غلط بات مت کہو۔ مسیح عیسیٰ ابن مریم تو اور کچھ بھی نہیں البتہ اللہ کے رسول ہیں اور اللہ تعالیٰ کے ایک کلمہ ہیں جس کو اللہ تعالیٰ نے مریم تک پہنچا دیا اور اللہ کی طرف سے ایک جان ہیں۔ سو اللہ پر اور اس کے تمام رسولوں پر ایمان لاؤ اور یوں مت کہو کہ تین ہیں۔ باز آ جاؤ تمہارے لئے بہتر ہوگا۔ معبود حقیقی تو ایک ہی معبود ہے۔ وہ صاحب اولاد ہونے سے منزہ ہے جو کچھ آسمانوں میں زمین میں موجودات ہیں۔ سب اسی کی ملک ہیں اور اللہ تعالیٰ کارساز ہونے میں کافی ہے۔ مسیح ہرگز خدا کے بندے بننے سے عار نہیں کریں گے اور مقرب فرشتے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی بندگی سے عار کرے گا اور تکبر کرے گا تو اللہ تعالیٰ ضرور سب لوگوں کو اپنے پاس جمع کریں گے پھر جو لوگ ایمان لائے ہوں گے اور انہوں نے اچھے کام کئے ہوں گے تو ان کو تو ان کا پورا ثواب دیں گے اور ان کو اپنے فضل سے اور زیادہ دیں گے اور جن لوگوں نے عار کیا ہوگا اور تکبر کیا ہوگا تو ان کو سخت دردناک عذاب دیں گے اور وہ لوگ کسی غیر اللہ کو اپنا یار اور مددگار نہ پاویں گے۔ اے لوگو! یقیناً تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک دلیل آ چکی ہے اور ہم نے تمہارے پاس ایک صاف نور بھیجا ہے سو جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور انہوں نے اللہ کو مضبوط پکڑا۔ سو ایسوں کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت میں داخل کریں گے اور اپنے فضل میں اور اپنے تک ان کو سیدھا راستہ بتلا دیں گے ۝

تفسیر ربط : اوپر یہود کے شبہ کا جو کہ نبوت محمدیہ کے متعلق تھا جواب اور نبوت کا اثبات مع وعید منکرین نہایت بلاغت اور وضوح سے مذکور ہو چکا آگے عام خطاب سے تصدیق نبوت کا وجوب فرماتے ہیں۔

خطاب عام بوجوب تصدیق رسالت محمدیہ ﷺ : یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَكَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَكِیْمًا۔ اے تمام (جہان کے) لوگو تمہارے پاس یہ رسول (ﷺ) سچی بات (یعنی سچا دعویٰ سچی دلیل) لے کر تمہارے پروردگار (جل شانہ) کی طرف سے تشریف لائے ہیں سو (مقتضا اثبات دعویٰ بالدلیل الصحیح کا یہ ہے کہ) تم (ان پر اور جو جو یہ فرماویں سب پر) یقین رکھو (جو پہلے سے یقین لائے ہوئے ہیں وہ اس پر قائم رہیں اور جو نہیں لائے اب اختیار کرلیں) یہ تمہارے لئے بہتر ہوگا (کیونکہ نجات ہوگی) اور اگر تم منکر رہے تو (تمہارا ہی نقصان ہے خدا تعالیٰ کا کوئی نقصان نہیں کیونکہ) خدا تعالیٰ کی (تو) ملک ہے یہ سب جو کچھ (بھی) آسمانوں میں اور زمین میں (موجود) ہے (تو ایسے بڑے عظیم الشان مالک قادر کو کیا نقصان پہنچا سکتے ہو مگر اپنی خیر منالو) اور اللہ تعالیٰ (سب کے ایمان و کفر کی) پوری اطلاع رکھتے ہیں (اور دنیا میں جو پوری سزا نہیں دیتے تو اس لئے کہ) کامل حکمت والے (بھی) ہیں (وہ حکمت اسی کو مقتضی ہے)۔

ربط : اوپر یہود کو خطاب تھا آگے نصاریٰ کو ہے۔

خطاب بنصاریٰ : یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِیْحُ عِیْسَى ابْنُ مَرْیَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ (الی قولہ تعالیٰ) وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِیْلًا اے اہل کتاب (یعنی انجیل والو) تم اپنے دین (کے بارہ) میں (عقیدۂ حقہ کی) حد سے مت نکلو اور خدا تعالیٰ کی شان میں غلط بات مت کہو (کہ نعوذ باللہ وہ صاحب اولاد ہے جیسا بعض کہتے تھے اَلْمَسِیْحُ ابْنُ اللّٰهِ یا وہ مجموعہ آلہہ کا ایک جزو ہے جیسے بعض کہتے تھے اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ اور بقیہ دو جزو ایک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کہتے تھے اور ایک حضرت جبرئیل علیہ السلام کو جیسا آیت آئندہ میں وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ کے بڑھانے سے معلوم ہوتا ہے۔ اور بعضے حضرت مریم کو جیسا اتَّخِذُوْنِیْ وَاُمِّیَ سے معلوم ہوتا ہے۔ یا وہ عین مسیح ہے جیسا بعض کہتے تھے اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِیْحُ ابْنُ مَرْیَمَ۔ (غرض یہ سب عقیدے باطل ہیں) مسیح عیسیٰ بن مریم تو اور کچھ بھی نہیں البتہ اللہ کے رسول ہیں اور اللہ تعالیٰ کے ایک کلمہؑ (کی پیدائش) ہیں جس کو اللہ تعالیٰ نے (حضرت) مریم تک (حضرت جبرئیل علیہ السلام کے واسطہ سے) پہنچایا تھا اور اللہ کی طرف سے ایک جان (دار چیز) ہیں (کہ اس جان کو حضرت مریم کے جسم میں بواسطہ نفخ حضرت جبرئیل علیہ السلام کے پہنچا دیا تھا باقی نہ وہ ابن اللہ ہیں نہ اللہ ہیں نہ تین میں کے ایک ہیں جیسا عقائد مذکور میں لازم آتا ہے) سو (جب یہ سب باتیں غلط ہیں تو سب سے توبہ کرو اور) اللہ پر اور اس کے سب رسولوں پر (حسب ان کی تعلیم کے) ایمان لاؤ (اور وہ موقوف ہے توحید پر پس توحید کا عقیدہ رکھو) اور یوں مت کہو کہ (خدا) تین ہیں (مقصود منع کرنا ہے شرک سے اور وہ سب اقوال مذکورہ میں مشترک ہے اس شرک سے) باز آ جاؤ تمہارے لئے بہتر ہوگا (اور توحید کے قائل ہو جاؤ کیونکہ) معبود حقیقی تو ایک ہی معبود ہے (اور) وہ صاحب اولاد ہونے سے منزہ ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں موجودات ہیں سب اس کی ملک ہیں (اور ان کا منزہ اور مالک علی الاطلاق ہونا دلیل ہے توحید کی جس کی تقریر سورۂ بقرہ کے معاملہ سی وٹم میں گذر چکی) اور (ایک دلیل یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ کارساز ہونے میں کافی ہیں (اور ان کے سوا سب کارسازی میں ناکافی محتاج الی الغیر اور ایک حد پر جا کر عاجز ہیں اور یہ کفایت صفات کمال سے ہے اور صفات کا کمال لوازم الوہیت سے ہے جب وہ غیر اللہ میں منتفی ہے پس الوہیت بھی منفی ہے پس توحید ثابت ہے) **ف** : روح المعانی میں نصاریٰ کے اقوال مع رد خوب بسط سے لکھے ہیں اور اس میں یہ بھی لکھا ہے کہ ان اقوال میں سے بعض کا اس وقت نصاریٰ کو انکار ہے سو یا تو وہ قائلین اس

www.besturdubooks.net

وقت ہوں گے آگے سلسلہ منقطع ہوگیا۔ اور یا ان کے اقوال سے یہ عقائد لازم آتے ہیں اور لازم بین مثل ملتزم کے ہوتا ہے۔

ربط: اوپر حق تعالیٰ کی تنزیہ کا اثبات اور الوہیت عیسیٰ علیہ السلام کا ابطال کیا ہے۔ آگے اسی مضمون کی تقریر و تاکید کے لئے عیسیٰ علیہ السلام و ملائکہ کا خود عبدیت کا اقرار کرنا مع وعید منکرین و وعدہ مقرین بیان فرماتے ہیں کہ جن کو شریک الوہیت کہا جاتا ہے وہ خود عبدیت کے مقر ہیں۔

اقرار عیسیٰ و ملائکہ بعبدیت و جزاء اقرار و انکار: لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ (الی قولہ تعالی) فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا (نصاریٰ خواہ مخواہ حضرت مسیح علیہ السلام کو الٰہ یا جزو الٰہ بنا رہے ہیں خود حضرت) مسیح (کی یہ کیفیت ہے کہ سکونت ارض کی حالت میں تو ان کا اقرار عبدیت جو کہ مبطل الوہیت ہے مشہور اور سب کو معلوم ہی ہے لیکن اب بھی سکونت سماء کی حالت میں کہ سکونت ارض سے ارفع اور مظنہ تعلی کا ہے یا قیامت تک وہ جس حالت میں ہوں ان سے کوئی پوچھ دیکھے اس حالت میں بھی) ہرگز خدا کے بندے بننے سے عار (اور انکار) نہیں کریں گے اور نہ مقرب فرشتے (کبھی عار کریں گے جن میں حضرت جبرئیل علیہ السلام بھی ہیں جن کو الٰہ کا ایک جزو مانتے ہیں خود ان سے کوئی پوچھ دیکھے) اور (وہ عار کریں کیسے اس عار کرنے کا تو ایسا برا انجام ہے کہ) جو شخص خدا تعالیٰ کی بندگی سے عار کرے گا اور تکبر کرے گا تو (اس کا انجام سن لو) خدا تعالیٰ ضرور سب لوگوں کو اپنے پاس (یعنی حساب کے موقع پر) جمع کریں گے پھر جو لوگ (دنیا میں) ایمان لائے ہوں گے اور انہوں نے اچھے کام کئے ہوں گے (یعنی عبد بنے رہے ہوں گے کیونکہ حاصل عبدیت کا یہی ایمان اور اعمال ہیں) تو ان کو تو ان کا پورا ثواب (بھی) دیں گے (جو کہ ایمان اور اعمال پر منصوص ہے) اور (اس کے علاوہ) اُن کو اپنے فضل سے اور زیادہ (بھی) دیں گے (جس کی تفصیل منصوص نہیں) اور جن لوگوں نے (عبد بننے سے) عار کیا ہوگا اور تکبر کیا ہوگا تو ان کو سخت دردناک سزا دیں گے اور وہ لوگ کسی غیر اللہ کو اپنا یار اور مددگار نہ پاویں گے۔ **ف**: ظاہراً ایک شبہ ہوتا ہے کہ ان لوگوں کو خدا تعالیٰ کی عبادت سے نہ عار تھا نہ استکبار بلکہ خود اس مضمون مذکور کے جزو عبادت اور من اللہ ہونے میں کلام تھا جواب یہ ہے کہ ان کے مجموعۂ احوال سے یہ امر ثابت ہے کہ ان پر حق واضح ہوگیا تھا: يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ مگر رسول اللہ ﷺ کا اتباع ناگوار تھا اور آپ کا اتباع مامور بہ ہے اور ہر مامور بہ عبادت ہے پس آپ کے اتباع سے عار ہونا یقیناً عبادت الٰہیہ سے عار ہے۔ **ف**: لَنْ يَّسْتَنْكِفَ کا ترجمہ جو استقبال سے کیا گیا ہے یہ باعتبار معنی حقیقی کے ہے اگر یہ کہا جاوے کہ مقصود ماضی ہے جس کو مجازاً استقبال سے تعبیر کر دیا گیا تو بھی گنجائش ہے اور نکتہ اس میں مبالغہ ہوگا یعنی ان کو اس استنکاف سے اس قدر بعد ہے کہ جس زمانہ میں عدم وقوع محقق ہو چکا ہے یعنی ماضی اس میں تو وقوع کا کیا احتمال ہوتا جس میں عدم وقوع کا بھی تحقق نہیں ہوا اس میں بھی احتمال نہیں ہے۔ فافہم۔

ربط: اوپر عقائد نصاریٰ کا ابطال مع جزا و سزا مقرین و منکرین مذکور ہو چکا آگے خطاب عام سے ان مضامین کا اور ان مضامین کے تعلیم فرمانے والے رسول اور یہ قرآن کا صدق اور مصدقین کی فضیلت بیان فرماتے ہیں جس طرح محاجہ یہود کے ختم پر اسی طور پر خطاب عام فرمایا تھا: يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ الخ۔

خطاب عام بتصدیق رسول و قرآن: يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ (الی قولہ تعالی) وَيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا اے (تمام) لوگو یقیناً تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک (کافی) دلیل آچکی ہے (وہ ذات مبارک ہے رسول اللہ ﷺ کی) اور ہم نے تمہارے پاس ایک صاف نور بھیجا ہے (وہ قرآن مجید ہے پس رسول اللہ ﷺ اور قرآن کے ذریعہ سے جو کچھ تم کو بتلایا جاوے وہ سب حق ہے جن میں مضامین مذکورہ بھی داخل ہیں) سو جو لوگ اللہ پر ایمان لائے (جس کے لئے توحید و تنزیہ کا اعتقاد لازم ہے) اور انہوں نے اللہ (کے دین) کو (یعنی اسلام کو) مضبوط پکڑا (جس کے لئے رسول اور قرآن کی تصدیق لازم ہے) سو ایسوں کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت میں (یعنی جنت میں) داخل کریں گے اور اپنے فضل میں (لے لیں گے یعنی دخول جنت کے علاوہ اور بھی نعمائے عظمٰی دیں گے جن میں دیدار الٰہی بھی داخل ہے) اور اپنے تک (پہنچنے کا) اُن کو سیدھا راستہ بتلا دیں گے (یعنی دنیا میں ان کو طریق رضا پر قائم و ثابت رکھیں گے اور اسی سے تارکین ایمان و اعمال صالحہ کی حالت معلوم ہوگئی کہ ان کو یہ ثمرات نہ ملیں گے) **ف**: اگر کسی کو شبہ ہو کہ وہ طریق رضا یہی ایمان و اعمال ہیں پھر اسی کو ثمرہ کہنا تحصیل حاصل ہے۔ جواب یہ ہے کہ ایمان و عمل ماضی سبب ہے اور ایمان و عمل مستقبل مسبب ہے پس تحصیل حاصل لازم نہ آیا حاصل یہ ہے کہ اطاعت کی برکت سے ثبات علی الاطاعت کی توفیق عطا ہوتی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ حلول و اتحاد کے بطلان پر صریح دال ہے جیسا بعض جہلاء و صوفیہ معتقد ہیں۔ قولہ تعالی: لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ جیسا سورۂ مریم میں مباہاۃً عیسیٰ علیہ السلام کا قول ہے: اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ عبدیت مراتب شرف میں اعلیٰ مرتبہ ہے۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمہ: ١ قوله في الرسول یہ رسول فاللام للعهد ١٢۔ ٢ قوله في بالحق لے کر فالباء للتلبيس ای متلبسا على انه حال ١٢۔ ٣ قوله في امنوا تقتضا فالفاء لسببية ما قبلها لما بعدها ١٢۔ ٤ قوله هناك رکھو هو شامل في لساننا للحدوث والاستمرار ١٢۔ ٥ قوله في خيرًا ہوگا في الروح عن الكسائي وابي عبيد ان كان مقدر وما ردوه به اجاب عنه في الروح ١٢۔ ٦ قوله في ان تكفروا نقصان نہیں اشارة الى حذف الجزاء اى ان تكفروا فلا يتضرر الله تعالى به۔ ٧ قوله اے انجیل والو نقله في الروح عن كثير من المفسرين ١٢۔ ٨ قوله في كلمة وروح منه کلمہ کی پیدائش و جاندار كما في روح المعاني معنى كونه كلمةً انه حصل بكلمة كن من غير مادة معتادة والى ذلك ذهب الحسن وقتادة ونقل عن الغزالي ان الكلمة سبب بعيد ولما كان القريب يعني النطفة منتضيا اضافه الى البعيد وفيه ذوروح على حذف المضاف او استعمال الروح في معنى ذى الروح والاضافة الى الله تعالى للتشريف ١٢۔ ٩ قوله في لن يستنكف عار نہیں کریں گے حملته على المعنى الحقيقي وشرحته بما لا يحتاج الى ازيد منه واقراره بالعبودية مذكور ايضا في القرآن قال انى عبدالله ولما كان عليه السلام حيا في هذا الحين في السماء وينزل حيا في وقته الى الارض لم يبقى موصونا بالحيٰوة البرزخية بعد وفاته صح كونه عليه السلام اهلا للسوال في كل حالة وهذا من المواهب الالهية ١٢۔ ١٠ قوله في الملئكة جن میں حضرت جبرئیل علیہ السلام الخ اشار الى وجه زيادة المعطوف من انهم يجعلون بروح القدس احدا الاقانيم فنفاه بهذا الزيادة فعلى هذا لا دلالة له على تفضيل الملائكة على الانبياء عليهم السلام ولا حاجة الى الجواب عنه فهو كقولنا ما جاء في زيد ولا عمر ولا كقولنا لا يعرض عنى وزير ولا سلطان فافهم ١٢۔ ١١ قوله في يحشرهم انجام سن لو اشارة الى ان الحشر ليس مقصودا بالجزاء فانه وان كان متاخرا لكنه ليس بمرتب على الشرط ١٢۔ ١٢ قوله في هناك سب لوگوں کو فالمرجع الناس وان لم يصرح بذكره لكن قرينة الحشر المتعلق لجميع الناس كاف فسقط سوال ان المفصل فيه شئى واحد والتفصيل فيه شيئان فلم يتطابقا ١٢۔ ١٣ قوله في برهان كافی افاده التنوين ١٢۔ ١٤ قوله في آخر الترجمة اور اسی سے تارکین فلا يرد ان التفصيل فيه شيء واحد والمفصل كان عامًا مشتملًا على شيئين لعموم الناس المصدقين والمكذبين على عكس ما مر في يحشرهم ١٢۔

اللغات: في الروح عن الاساس استنكف ونكف امتنع وانقبض انفا وحمية ونقل عن الزجاج كونه فوق الاستكبار ١٢۔

البلاغة: زيادة الاستكبار الذى هو دون الاستنكاف لعله للمبالغة فالواو مفيدة لمعنى او ولعل عدم زيادة مع لن يستنكف لان الذى وقع من النصارى لعيسٰى عليه السلام هو الاستنكاف لعلو شانه بخلاف غيره من الامم فانه يتحقق فيه الاستنكاف تارةً والاستكبار تارةً والله اعلم ١٢۔ في الروح وتقديم ذكر الوعد بالجنة على الوعد بالهداية (التي في الدنيا) المسارعة الى التبشير بما هو المقصد الاصلى ١٢۔

يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ؕ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗۤ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا
تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَاۤ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ؕ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ؕ وَاِنْ كَانُوْۤا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّ
٢٤ ع٥ نِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١٧٦﴾

لوگ آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ اللہ تعالیٰ تم کو کلالہ کے باب میں حکم دیتا ہے۔ اگر کوئی شخص مر جائے جس کے اولاد نہ ہو (اور نہ ماں باپ) اور اس کی ایک (عینی یا علاتی) بہن ہو تو اس کو اس کے تمام ترکہ کا نصف ملے گا اور وہ شخص اس اپنی بہن کا وارث ہوگا۔ (وہ بہن مر جائے اور) اس کے اولاد نہ ہو اور والدین بھی نہ ہوں اگر ایسی چند بہنیں دو ہوں (یا زیادہ) تو ان کو اس کے کل ترکہ میں سے دو تہائی ملیں گے اور اگر وارث بھائی بہن ہوں مرد اور عورت تو ایک مرد کو دو عورتوں کے حصہ کے برابر ملے گا اللہ تعالیٰ تم سے (دین کی باتیں) اس لئے بیان کرتے ہیں کہ تم گمراہی میں نہ پڑو اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں ○

تفسیر ربط: شروع سورت کے ذرا بعد میراث کے احکام مذکور تھے پھر وہاں سے تقریباً ایک پارہ کے بعد دوسرے احکام کے ساتھ حکم میراث کی طرف پھر عود ہوا تھا اب ختم سورت پر پھر عود ہے اس کی طرف شاید تین جگہ اس کے متفرق کر دینے میں یہ حکمت ہو کہ اسلام سے پہلے میراث کے باب میں بہت جور ہوتا تھا۔ پس سورت کے اول میں وسط میں آخر میں اس کے ذکر فرمانے سے مخاطبین کو اہتمام بلیغ واعتناء مزید اس باب میں مفہوم ہوگا جس سے وہ بھی اس کا زیادہ اہتمام کریں۔ واللہ اعلم اور سبب اس کے نزول کا استفتاء حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا ہے کہ اس وقت صرف ان کی بہنیں وارث تھیں رواہ النسائی اور لباب میں ابن مردویہ سے حضرت عمرؓ کا سوال کرنا بھی سبب نزول میں نقل کیا ہے۔

www.besturdubooks.net

عود بسوئے میراث: یَسۡتَفۡتُوۡنَكَ ؕ قُلِ اللّٰهُ یُفۡتِیۡكُمۡ فِی الۡكَلٰلَةِ ؕ (الی قولہ تعالی) مِثۡلُ حَظِّ الۡاُنۡثَیَیۡنِ ؕ لوگ آپ سے (میراث کلالہ کے باب میں یعنی جس کے نہ اولاد ہو نہ ماں باپ ہوں) حکم دریافت کرتے ہیں آپ (جواب میں) فرمادیجئے کہ اللہ تعالیٰ تم کو کلالہ کے باب میں حکم دیتا ہے (وہ یہ ہے کہ) اگر کوئی شخص مرجاوے جس کے اولاد نہ ہو (یعنی نہ مذکر نہ مؤنث اور نہ ماں باپ ہوں) اور اس کے ایک (عینی یا علاتی) بہن ہو تو اس (بہن) کو اس کے تمام ترکہ کا نصف ملے گا (یعنی بعد حقوقِ متقدمہ اور بقیہ نصف اگر کوئی عصبہ ہو اس کو دیا جاوے گا ورنہ پھر اسی پر رد ہو جاوے گا) اور وہ شخص اس (اپنی بہن) کا وارث (کل ترکہ کا) ہوگا اگر (وہ بہن مرجاوے اور) اس کے اولاد نہ ہو (اور والدین بھی نہ ہوں) اور اگر (ایسی) بہنیں دو (یا زیادہ) ہوں تو ان کو اس کے کل ترکہ میں سے دو تہائی ملیں گے (اور ایک تہائی عصبہ کو ورنہ بطور رد کے ان ہی کو مل جاوے گا) اور اگر (ایسی میت کے جس کے نہ اولاد ہے نہ والدین خواہ وہ میت مذکر ہو یا مؤنث) وارث چند (یعنی ایک سے زیادہ ایسے ہی) بھائی بہن ہوں مرد اور عورت تو (ترکہ اس طرح تقسیم ہوگا کہ) ایک مرد کو دو عورتوں کے حصہ کے برابر (یعنی بھائی کو دوہرا بہن کو اکہرا لیکن عینی بھائی سے علاتی بھائی بہن سب ساقط ہو جاتے ہیں اور عینی بہن سے کبھی وہ ساقط ہو جاتے ہیں کبھی حصہ گھٹ جاتا ہے جس کی تفصیل کتبِ فرائض میں ہے)۔

ربط: چونکہ سورت ہذا میں یہاں تک اصول وفروع کثیرہ کی تفصیل ہے اس لئے آخر میں ایک مجمل عنوان سے تمام تر تفصیل کو مکرر یاد دلا کر اپنی منت اور احسان کو بیان شرائع میں اور رعایت حکمت ان شرائع میں ذکر فرما کر سورت کو ختم فرماتے ہیں۔

اظہار منت وحکمت در شرائع: یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَكُمۡ اَنۡ تَضِلُّوۡا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ۝ اللہ تعالیٰ تم سے (دین کی باتیں) اس لئے بیان کرتے ہیں کہ تم (ناواقفی سے) گمراہی میں نہ پڑو (یہ تو تذکیر واحسان ہے) اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں (پس احکام کی مصلحتوں سے بھی مطلع ہیں اور احکام میں ان کی رعایت کی جاتی ہے یہ حکمت کا بیان ہے) الحمد للہ والمنۃ وہو العلیم ذو الحکمۃ کہ تفسیر سورۂ نساء کی پندرھویں ذی الحجہ الحرام روز شنبہ وقت چاشت مقام تھانہ بھون میں اتمام واختتام کو پہنچی۔ آگے ان شاء اللہ سورۂ مائدہ کی تفسیر آتی ہے۔ اللهم فكما اتممت تفسير هذه الاجزاء من قرانك۔ على يد هذا العبد الفقير الى رضوانك۔ كذلك اتمم تفسير كله على يده بفضلك واحسانك۔ وافض عليه من شآء بيب فيضانك۔ اللهم امين ببركة سيدنا محمد صلى الله عليه وسلم وعلى اله واصحابه اجمعين ابد الآبدين ودهر الداهرين فقط۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى يستفتونك كلالہ کے باب میں استغنى عن ذكره لو ردوه فيما بعد ۱۲۔ ۲ قوله فى ليس له ولد نہ ماں باپ اورده فى الكمالين براوية ابن ابى شيبة عن ابى بكر الصديقؓ وحكاه عن جمهور الصحابة والتابعين ولم يذكر فى القرآن ثقه بظهور الامر ۱۲۔ ۳ قوله فى اخت عینی یا علاتی لان اولاد الام قد مر حكمهم فى اول السورة وعليه وقع الاجماع ۱۲۔ ۴ قوله فى ان تضلوا اس لئے کہ تم ...... نہ پڑو اشارة الى وجه التقدير هكذا لئلا تضلوا كما نقله فى الروح عن الكسائى والفراء وقال البصريون كراهة ان تضلوا وبه صرح المبرد ۱۲۔

الروايات: فى الاتقان قال الواحدى انزل الله تعالى فى الكلالة آيتين احدهما فى الشتاء وهى التى فى اول النساء والاخرى فى الصيف وهى التى فى آخرها ۱۲۔

وجوہ المثانی متعلقہ جلد اول بیان القرآن

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد لله الذى كرمنا بالقرآن العظيم ۝ ومنّ علينا بتيسير تلاوته وحفظه بفضله العميم ۝ والصلوٰة والسلام على رسوله سيدنا محمد الواسطة فى هذه البركات ۝ وعلى عترته ورفقته وائمة امته الذين بذلوا جهدهم فى هذه الخدمات ۝ اما بعد فلطالما كان يختلج فى قلبى ان اجمع رسالة وجيزة تكفل القراءة السبعة المتواترة مع توجيه معانيها واعاريبها لكون الكتب الدرسية فى الهند خالية عن مثل هذا الكتاب ۝ ولكون الكتب الكافلة لهذا الخطب اما متفرقة او مطنبة غاية الاطناب ۝ وعلى الله اتوكل وبه اعتصم ۝ فى هذا المهم وفى كل مهم مقدمة مشتملة على امور الاول لا اجتنب فيه عن التكرر ۝ لما فيه من التيسر ۝ الا ما كثر دوره كالمد والقصر ۝ الثانى اقدم الكلمة القرآنية ثم اذكر الوجوه فيها مع ذكر اسم كل شيخ اوراو ثم اذكر توجيه ما يحتاج الى توجيهه صرفا ونحوًا او تفسيرًا الثالث اسماء القراء السبعة ورواتهم هذه ...... فاولهم نافع المدنى وراوياه قالون وورش والثانى ابن كثير المكى وراوياه عن اصحابه البزى وقنبل الثالث ابو عمرو البصرى وراوياه الدورى والسوسى عن اليزيدى عنه الرابع ابن عامر الشامى وراوياه عن اصحابه هما هشام وابن ذكوان الخامس عاصم الكوفى وراوياه شعبة وحفص المشهور روايته بالهند

www.besturdubooks.net

السادس حمزة الكوفى وراوياه خلف وخلاد عن سليم عنه السابع الكسائى الكوفى وراوياه ابو الحارث والدورى الراوى عن ابن عمر ايضه الرابع ماخذ هذه الرسالة الكتاب المكور فى القراء ات وتفسير روح المعانى فى التوجيهات فى الاكثر وغيرهما فى الاقل الاندر الخامس لما فرعت عن الاختلاف فى الفرش الحقت باخره قدراً ضرورياً من الاصول عن الكافى فى كثير وعن غيره فى اليسير○ ومن اراد الزيادة فعليه بكتب الفن وسميته بوجوه المثانى مع توجيه الكلمات والمعانى ○ الفرش ○ سورة الفاتحة قوله تعالٰى ملك يوم الدين۔ فيه قراء تان الاولى مالك بالف بعد الميم لعاصم والكسائى والثانية ملك بغير الف للباقين وتوجيه الكل ظاهر۔ قوله تعالٰى الصراط۔ فيه قراء ات الاولى بالاشمام وهو ان ينطق القارى بحرف متولد بين الصادو الزاى لخلف والثانية بالسين لقنبل والثالثة بالصاد الخالصة للباقين واصل اللغة بالسين من السرط وهو اللقم والصاد لغة قريش والزاى الخالصة لغة لعذرة وكعب وبهذا اتضح توجيه القراء ات قوله تعالٰى عليهم۔ فيه قراء ات الاولى بضم الهاء وسكون الميم وقفا وو صلا لحمزة والثانية بوا وبعد الميم وصلا وسقوط الواو وقفا لابن كثير والثالثة التخيير بين الواو وسقوطها لقالون والرابعة بالسكون للباقين۔

سورۃ البقرۃ

قوله تعالٰى فيه هدى۔ فيه قراء تان الاولى وصل الهاء بالياء فى الوصل لابن كثير والثانية عدم الصلة للباقين قوله تعالٰى: يؤمنون بالغيب۔ فيه قراء تان الاولى بابدال الهمزة الساكنة واوًا لورش والسوسى و كذ الحمزة فى الوقف الثانية ابقائها للباقين قوله تعالٰى: يقيمون الصلوٰة فيه قراء تان الاولى تغليظ اللام لورش وترقيقها للباقين قوله تعالٰى بالأُخرة۔ فيه قراء ات الاولى نقل حركة الهمزة الى الساكن قبلها لورش وكذا الحمزة فى الوقف بخلاف عنه الثانية عدمه للباقين۔ قوله تعالٰى ء أنذرتهم۔ فيه قراء ات الاولى تسهيل الثانية بين الهمزة والالف وادخال الف بينهم القالون وابى عمرو وهو وجه لهشام الثانية تسهيل الثانية وعدم ادخال الف بينهما لورش وابن كثير والثالثة تبديل الثانية حرف مد وهو وجه لورش الرابعة تحقيق الهمزة الثانية وادخال الف بينهما لهشام فى وجه الخامسة التحقيق والقصر للباقين واما الهمزة الاولٰى فالكل متفقون على تحقيقها قوله تعالٰى على ابصارهم۔ فيه قراء ات الاولى امالة الالف قبل الراء المكسورة المتطرفة امالة محضة لابى عمرو والدورى عن الكسائى الثانية الامالة بين الامالة المحضة والفتح وتكون الى الفتح اقرب لورش الثالثة الفتح للباقين قوله تعالٰى غشاوة۔ وقفا۔ فيه قراء تان الاولى الا مالة للكسائى والثانية عدمها للباقين۔ قوله تعالٰى من يقول۔ فيه قراء تان الاولى ادغام النون فى الياء بغير غنة لخلف والثانية بغنة للباقين قوله تعالٰى وَمَا يَخْدَعُوْنَ۔ فيه قراء تان الاولى بضم الياء وفتح الخاء والف بعدها وكسر الدال لنافع وابن كثير وابى عمرو والثانية بفتح الياء وسكون الخاء ولا الف بعدها وفتح الدال للباقين وهو على الاول من المخادعة وعلى الثانية من الخدع قوله تعالٰى بما كانوا يكذبون۔ فيه قراء تان الاولى بضم الياء وفتح الكاف وتشديد الذال لنافع وابن كثير وابى عمرو وابن عامر والثانية بفتح الياء وسكون الكاف وتخفيف الذال للباقين وكلاهما ظاهر توجيهه قوله تعالٰى واذا قيل لهم۔ فيه قراء تان الاولى باشمام القاف قبل الياء لهشام والكسائى والثانية بلا اشمام للباقين والاشمام ههنا ان تضم القاف قبل الياء قوله تعالٰى خلقكم۔ فيه قراء تان الاولى بادغام القاف فى الكاف لابى عمرو بخلاف عنه والثانية بلا ادغام للباقين قوله تعالٰى وهو۔ فيه قراء تان الاولى بسكون الهاء لقالون وابى عمرو والكسائى والثانية بضمها للباقين قوله تعالٰى انى اعلم فى الموضعين۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الياء لنافع وابن كثير وابى عمرو والثانية بسكونها للباقين قوله تعالٰى فازلهما۔ فيه قراء تان الاولى بالف بعد الزاى وتخفيف اللام لحمزة والثانية بغير الف بعد الزاى وتشديد اللام للباقين والاول من الازالة والثانى من الازلال قوله تعالٰى ادم من ربه كلمات۔ فيه قراء تان الاولى بنصب الميم من ادم ورفع التاء من كلمٰت لابن كثير والثانية برفع الميم وكسر التاء للباقين وتوجيه الاول فاعلية كلمات ومفعولية ادم والثانى على العكس وكلاهما ظاهر المعنى لان التلقى يكون من الجانبين قوله تعالٰى ولا تقبل منها شفاعة فيه قراء تان۔

الحواشی: وقد صدر منی الغلط فی تنشیط الطبع حیث جعلته اثنین ١٢ منه۔

الاولى بالتاء على التانيث لابن كثير وابى عمرو والثانية بالياء على التذكير للباقين قوله تعالٰى واعدنا۔ فيه قراء تان الاولى بغير الف بين الواو والعين لابى عمرو والثانية بالف بينهما للباقين والاول من الوعد والثانى من المواعدة قوله تعالٰى نغفرلكم خطاياكم۔ فيه قراء ات الاولى بياء

www.besturdubooks.net

مضمومة على التذكير مع فتح الفاء لنافع والثانية بتاء مضمومة على التانيث مع فتح الفاء ايضا لابن عامر والثالثة بنون مفتوحة مع كسر الفاء للباقين وتوجيه الاولين كون الخطايا مفعول ما لم يسم فاعله والثالث كونه مفعولا به قوله تعالى بغافل عما تعملون۔ فيه قرء ات الاولى بالياء على الغيبة لابن كثير والثانية بالتاء على الخطاب للباقين قوله تعالى احاطت به خطيئته۔ فيه قراء تان الاولى بالجمع لنافع والثانية بالتوحيد للباقين قوله تعالى لا يعبدون فيه قراء تان الاولى بالياء على الغيبة لابن كثير وحمزة والكسائي والثانية بالتاء على الخطاب للباقين قوله تعالى للناس حسنا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الحاء والسين لحمزة والكسائي والثانية بضم الحاء وسكون السين للباقين والاول صفة والثاني مصدر بمعنى الصفة بالمبالغة قوله تعالى تظاهرون۔ فيه قرأتان الاولى بتخفيف الظاء لعاصم وحمزة والثانية بتشديدها للباقين والاول بحذف احدى التائين والثاني بابدالها ظاء وادغامها في الظاء قوله تعالى اسرى۔فيه قراء تان الاولى بفتح الهمزة وسكون السين ولا الف بعد السين لحمزة والثانية بضم الهمزة وفتح السين والف بعدها للباقين۔ قوله تعالى تفدوهم۔ فيه قراء تان الاولى بضم التاء وفتح الفاء بعدها الف لنافع وعاصم والكسائي والثانية بفتح التاء وسكون الفاء ولا الف بعدها للباقين قوله تعالى عما يعملون۔ فيه قراء تان الاولى بالياء على الغيبة لنافع وابن كثير وشعبة والثانية بالتاء على الخطاب للباقين قوله تعالى بروح القدس فيه قراء تان الاولى بسكون الدال حيث جاء لابن كثير والثانية بضمها للباقين قوله تعالى ان ينزل۔ فيه قراء تان الاولى بسكون النون وتخفيف الزاى لابن كثير وابن عمر والثانية بفتح النون وتشديد الزاى للباقين قوله تعالى واذا قيل لهم۔ فيه قراء ات ثلث الاولى بالاشمام لهشام والكسائي والثانية بالادغام لابى عمرو والثالثة بلا اشمام والا ادغام للباقين قوله تعالى ثم اتخذتم۔ فيه قراء تان الاولى باظهار الذال عند التاء لابن كثير وحفص والثانية بادغامها للباقين قوله تعالى لجبريل۔ فيه قراء ات اربعة الاولى بفتح الجيم والراء وهمزة بعد الراء مكسورة ممدودة اى بعدها ياء خفية لحمزة والكسائي والثانية كذلك لكن بحذف الياء بعد الهمزة لشعبة والثالثة بفتح الجيم وكسر الراء من غير همزة لابن كثير والرابعة بكسر الجيم والراء من غير همزة بعد الراء للباقين قوله تعالى وميكال۔ فيه قراء ات ثلث الاولى بغير همزة ولا ياء بين الالف واللام لابى عمرو وحفص والثانية بهمزة بعد الالف ولا ياء بعد الهمزة لنافع والثالثة بهمزة بعد الالف وياء للباقين قوله تعالى ولكن الشياطين۔ فيه قراء تان الاولى بكسر النون من لكن مخففة ورفع نون الشياطين لابن عامر وحمزة والكسائي والثانية بفتح النون من لكن مشددة ونصب نون الشياطين للباقين قوله تعالى ان ينزل فيه كما في ينزل المذكور بعد روح القدس قوله تعالى ما ننسخ۔ فيه قراء تان الاولى بضم النون الاولى وكسر السين لابن عامر والثانية بفتح النون والسين للباقين قوله تعالى ننسها۔ فيه قراء تان الاولى بفتح النون الاولى وبفتح السين وهمزة ساكنة بعد السين لابن كثير وابى عمرو والثانية بضم النون وكسر السين ولا همزة بعد السين للباقين والاول من نسأ بمعنى اخرى نوخرا نزالها فلا ننزلها او نؤخرها ونبعدها عن الذهن بحيث لا يتذكر لفظها ولا معناها والثاني افعال من النسيان قوله تعالى واسع عليم وقالوا فيه قراء تان الاولى بغير واو قبل القاف لابن عامر والثانية بواو للباقين۔ قوله تعالى كن فيكون۔ فيه قراء تان الاولى بنصب النون من فيكون لابن عامر على جواب الامر صورة وبرفعها للباقين على الاستيناف قوله تعالى ولا تسئل۔ فيه قراء تان الاولى بفتح التاء وسكون اللام على النهى لنافع والثانية بضم التاء واللام على النفى للباقين قوله تعالى ابراهيم۔ فيه قراء تان ابراهام لابن عامر و ابراهيم للباقين قوله تعالى عهدى۔ فيه قراء تان الاولى بسكون الياء لحفص وحمزة والثانية بفتحها للباقين ومن اسكن الياء اسقطها في الوصل قوله تعالى واتخذوا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الخاء لنافع وابن عامر على المضى والثانية بكسرها للباقين على الامر قوله تعالى بيتى۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الياء لنافع وهشام وحفص والثانية بسكونها للباقين قوله تعالى فامتعه۔ فيه قراء تان الاولى بسكون الميم وتخفيف التاء لابن عامر والثانية بفتح الميم وتشديد التاء واما الهمزة بعد التاء فالجميع اتفقوا على ضمها والاول من الافعال والثاني من التفعيل قوله تعالى ارنا۔ فيه ثلث قراء ت الاولى بسكون الراء لابن كثير والسوسى والثانية باختلاس حركة الراء للدورى عن ابى عمرو والثالثة بالحركة الكاملة للباقين وتوجيه الاول انه شبه فيه المنفصل بالمتصل فعومل معاملة فخذ في اسكانه للتخفيف۔

قوله تعالى ووصى۔ فيه قراء تان الاولى اوصى من الايصاء لنافع وابن عامر والثانية وصى من التوصية للباقين قوله تعالى ام تقولون۔ فيه قراء تان الاولى بالتاء على الخطاب لابن عامر وحفص وحمزة والكسائي والثانية بالياء على الغيبة للباقين قوله تعالى عن قبلتهم التي۔ فيه ثلث قراء ت الاولى بكسر الهاء والميم لابى عمرو والثانية بضمها لحمزة والكسائي والثالثة بكسر الهاء وضم الميم للباقين هذا كله في حال الوصل واما في

www.besturdubooks.net

الوقف فالجمیع علی کسر الهاء وسکون المیم قوله تعالیٰ الی صراط مستقیم۔ ذکر الاشمام لخلف والسین لقنبل قوله تعالیٰ لرؤف۔ فی قراء تان الاولیٰ بقصر الحمزة لابی عمرو وشعبة وحمزة والکسائی والثانیة بمدها للباقین قوله تعالیٰ عما یعملون ولئن۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالتاء علی الخطاب لابن عامر وحمزة والکسائی والثانیة بالیاء علی الغیبة للباقین۔ قوله تعالیٰ هو مولیها فیه قراء تان الاولیٰ بفتح اللام والف بعدها لابن عامر والثانیة بکسر اللام وياء بعدها للباقین۔ قوله تعالیٰ عما تعملون ومن حیث خرجت۔ فیه قراء تان بالیاء علی الغیبة لابی عمرو والثانیة بالتاء علی الخطاب للباقین قوله تعالیٰ ومن تطوع۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالیاء علی الغیبة وتشدید الطاء والواو وجزم العین لحمزة والکسائی والثانیة بالتاء علی الحضور وتخفیف الطاء وفتح العین للباقین قوله تعالیٰ وتصریف الریح۔ فیه قراء تان الاولی بالتوحید لحمزة والکسائی والثانیة بالجمع للباقین قوله تعالیٰ ولو یری الذین ظلموا۔ فیه قراء تان الاولی بالتاء علی الخطاب لنافع وابن عامر والثانیة بالیاء علی الغیبة والموصول علی الاول مفعول والجواب لرأیت امرا فظیعا وعلی الثانی فاعل والجواب لوقعوا فی حسرة عظیمة قوله تعالیٰ اذ یرون۔ فیه قراء تان الاولیٰ بضم الیاء لابن عامر والثانیة بفتحها للباقین قوله تعالیٰ خطوات۔ فیه قراء تان الاولیٰ بضم الطاء لابن عامر قنبل وحفص والکسائی والثانیة بسکونها للباقین وهما لغتان فی جمع خطوة قوله تعالیٰ فمن اضطر۔ فیه قراء تان الاولی فی الوصل الاولی بکسر النون لابی عمرو وعاصم وحمزة والثانیة بضمها للباقین اتباعًا للطاء قوله تعالیٰ ولکن البر فیه قراء تان الاولی بنصب الراء لحفص و حمزة والثانیة برفعها للباقین وهو علی الاول خبر للیس و علی الثانی اسم لها قوله تعالیٰ ولکن البر من امن۔ فیه قراء تان الاولی بکسر النون مخففة ورفع الراء لنافع وابن عامر والثانیة بنصب النون مشددة ونصب الراء للباقین قوله تعالیٰ من موص۔ فیه قراء تان الولی بفتح الواو من موص وتشدید الصاد لشعبة وحمزة والکسائی والثانیة بسکون الواو وتخفیف الصاد للباقین والاول من التفعیل والثانی من الافعال قوله تعالیٰ فدیة طعام۔ فیه قراء تان الاولیٰ بغیر تنوین فی فدیة وخفض المیم من طعام لنافع وابن ذکوان والثانیة بتنوین فدیة ورفع المیم من طعام وتوجیه الاول اضافة فدیة الی طعام والثانی بدلیة طعام من فدیة قوله تعالیٰ طعام مسکین۔ فیه قراء تان الاولیٰ مساکین بفتح المیم والسین والف بعد السین وفتح النون علی الجمعیة لنافع وابن عامر والثانیة بکسر المیم وسکون السین ولا الف بعدها وخفض النون منونة علی الافراد للباقین قوله تعالیٰ فمن تطوع۔ فیه عین ما ذکر قریبا فی قوله تعالیٰ ومن تطوع خیرًا فان الله شاکر علیم قوله تعالیٰ ولتکملوا العدة۔ فیه قراء تان الاولیٰ بفتح الکاف وتشدید المیم لشعبة والثانیة بسکون الکاف وتخفیف المیم للباقین والاول من التفصیل والثانی من الافعال قوله تعالیٰ البیوت۔ فیه قرأتان الاولی بضم الباء حیث جاء لورش وابی عمرو وحفص والثانیة بکسرها للباقین قوله تعالیٰ ولکن البر من تقی۔ فیه ما مر قریبًا فی قوله تعالیٰ ولکن البر من امن قوله تعالیٰ ولا تقتلوهم عند المسجد الحرام حتی یقتلوکم فان قتلوکم فیه قراء تان الاولی بکون الصیغ الثلث من نصر ینصر لحمزة والکسائی والثانی بکونها من المفاعلة للباقین قوله تعالیٰ فلا رفث ولا فسوق۔ فیه قراء تان الاولی برفع الفاء والقاف والتنوین لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بفتحهما للباقین ولا خلاف فی کون لا جدال بالفتح قوله تعالیٰ مناسککم۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالادغام لابی عمرو بخلاف عنه ولم یدغم مثلین من کلمة فی القرآن الا هنا وفی سورة المدثر وهو قوله تعالیٰ ما سلککم فی سقر والثانیة بلا ادغام للباقین قوله تعالیٰ فی السلم۔ فیه قراء تان الاولی بفتح السین لنافع وابن کثیر والکسائی والثانیة بکسرها للباقین وهما لغتان مشهورتان فیه قوله تعالیٰ والی الله ترجع۔ فیه قراء تان الاولی بفتح التاء وکسر الجیم لابن عامر وحمزة والکسائی والثانیة بضم التاء وفتح الجیم للباقین قوله تعالیٰ حتی یقول الرسول۔ فیه قراء تان الاولیٰ برفع اللام لنافع والثانیة بنصبها للباقین وتوجیه الاول انه حکایة حال ماضیة والثانی بتقدیران قوله تعالیٰ الم کبیر۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالثاء المثلثة لحمزة والکسائی والثانیة بالباء الموحدة للباقین۔

قوله تعالیٰ قل العفو۔ فیه قراء تان الاولیٰ برفع الواو لابی عمرو والثانیة بالنصب للباقین وتوجیه الاول تقدیراً لمبتدأ علی ان ما ذا ینفقون مبتدأ وخبر و توجیه الثانی تقدیر الفعل وما ذا مفعول ینفقون لیطابق الجواب السوال قوله تعالیٰ حتی یطهرن۔ فیه قراء تان الاولی بتشدید الطاء والهاء لشعبة وحمزة والکسائی والثانیة بسکون الطاء وضم الهاء مخففة للباقین قوله تعالیٰ الا ان یخافا۔ فیه قرائتان الاولی بضم الیاء لحمزة مبنیا للمفعول والخائف علی هذا هو المخاطب فی خفتم والثانیة بفتحها للباقین مبنیا للفاعل قوله تعالیٰ لا تضار والدة فیه قراء تان الاولی بضم الراء لابن کثیر وابی عمر والثانیة بالفتح للباقین والاول نفی والثانی نهی قوله تعالیٰ تمسوهن۔ فیه قراء تان الاولی بضم التاء والف بعد المیم فی الموضعین لحمزة

www.besturdubooks.net

والکسائی من المماسلة والثانیة بفتح التاء ولا الف بعد المیم فیهما للباقین من المس قوله تعالی قدره۔ فیه قراء تان الاولی بفتح الدال لابن ذکوان وحفص وحمزة والکسائی والثانیة بسکونها للباقین وهما لغتان فیه قوله تعالی وصیة لازواجهم۔ فیه قراءتان الاولی برفع التاء لنافع وابن کثیر والثانیة بالنصب للباقین وتوجیه الاول حکم الذین یتوجون وصیة او نحوه وتوجیه الثانی لیوصوا او یوصون او نحوه قوله تعالی فیضعفه۔ فیه اربع قراء ت الاولی بنصب الفاء من التضعیف لابن عامر والثانیة برفع الفاء من التضعیف لابن کثیر والثالثة بنصب الفاء من المضاعفة لعاصم والرابعة برفع الفاء من المضاعفة لنافع وابی عمرو وحمزة والکسائی وتوجیه النصب بکونه جواب الاستفهام وتوجیه الرفع بتقدیر هو قوله تعالی یبسط۔ فیه قراء تان الاولی بالسین لقنبل وابی عمرو وابن عامر وحفص وحمزة بخلاف عن ابن ذکوان وخلاد والثانیة بالصاد للباقین والرسم بالصاد قوله تعالی هل عسیتم۔ فیه قراء تان الاولی بکسر السین لنافع والثانیة بالنصب للباقین قوله تعالی غرفة۔ فیه قراء تان الاولی بفتح الغین لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة لبضمها للباقین وهو بالضم ما یغرف وبالفتح مصدر وقیل هما مصدر ان والضم والفتح لغتان قوله تعالی دفع الله۔ فیه قراء تان الاولی بکسر الدال وفتح الفاء والف بعدها کقتال لنافع والثانیة بفتح الدال وسکون الفاء ولا الف بعدها للباقین قوله تعالی بروح القدس۔ فیه ما قد ذکرو من قبل قوله تعالی لا بیع فیه ولا خلة ولا شفاعة۔ فیه قراء تان الاولی بالفتح فی بیع وخلة وشفاعة ولا تنوین لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالرفع والتنوین للباقین قوله تعالی کیف ننشزها۔ فیه قراء تان الاولی بالراء لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالزای للباقین ومعناه بالراء الاحیاء وبالذی الرفع ای نرفعها من الارض فنردها الی اما کنها من الجسد۔ قوله تعالی قال اعلم۔ فیه قراء تان الاولی بوصل الهمزة قبل العین وسکون المیم علی الامر لحمزة والکسائی والثانیة بقطع الهمزة ورفع المیم علی التکلم وفاعل قال علی الاول هو الله تعالی وعلی الثانی هو المار علی القریة قوله تعالی فصرهن۔ فیه قراء تان الاولی بکسر الصاد لحمزة والثانیة بضمها للباقین من صاره یصوره و یصیره لغتان بمعنی قطعة او اماله و قیل الکسر بمعنے القطع والضم بمعنے الامالة قوله تعالی جزء فیه قراء تان الاولی بضم الزای لشعبة والثانی بسکونها للباقین لغتان قوله تعالی والله یضعف۔ قراء تان الاولی بتشدید العین ولا الف قبلها لابن کثیر وابن عامر والثانیة بتخفیفها والف قبهلا للباقین من التضعیف والمضاعفة قوله تعالی بربوة۔فیه قراء تان الاولی بفتح الراء لابن عامر وعاصم والثانیة بضمها للباقین لغتان قوله تعالی فاتت اکلها۔ فیه قراءتان الاولی بسکون الکاف لنافع وابن کثیر والثانیة بضمها للباقین واصل اللغة هو الثانی والاول تخفیف قوله تعالی فنعما هی۔ فیه قراء تان الاولی بفتح النون لابن عامر وحمزة والکسائی والثانیة بکسرها للباقین والاول علی الاصل کعلم والثانی علی الاتباع قوله تعالی ونکفر عنکم۔ فیه ثلث قراء ات الاولی بالیاء ورفع الراء لابن عامر وحفص والثانیة بالنون ورفع الراء لابن کثیر وابی عمرو وشعبة والثالثة بالنون وجزم الراء لنافع وحمزة والکسائی والرفع علی کون الجملة مبتدأة والجزم علی العطف جواب الشرط قوله تعالی یحسبهم۔ فیه قراء تان الاولی بفتح السین لابن عامر وعاصم وحمزة والثانیة بکسرها للباقین قوله تعالی فاذنوا۔ فیه قراء تان الاولی بفتح الهمزة ومدها وکسر الذال لشعبة وحمزة من الایذان والثانیة بسکون الهمزة وفتح الذال للباقین من الاذن قوله تعالی الی میسرة۔ فیه قراء تان الاولی بضم السین لنافع والثانیة بفتحها للباقین لغتان قوله تعالی وان تصدقوا۔ فیه قراء تان الاولی بتخفیف الصاد لعاصم والثانیة بالتشدید للباقین والاصل تتصدقوا فحذفت احدی التائین علی الاول وادغمت فی الصاد علی الثانی قوله تعالی یوما ترجعون۔ فیه قراء تان الاولی بفتح التاء وکسر الجیم لحمزة والثانیة بضم التاء وفتح الجیم للباقین قوله تعالی ان تضل۔فیه قراء تان الاولی بکسر الهمزة لحمزة فان شرطیة والثانیة بفتحها للباقین فان مصدریة قوله تعالی فتذکر۔ فیه ثلث قراء ات الاولی بسکون الذال وتخفیف الکاف مع نصب الراء لابن کثیر و ابی عمرو والثانیة بفتح الدال و تشدید الکاف مع نصب الراء لنافع وابن عامر وعاصم والکسائی والثالثة بالفتح و التشدید مع رفع الراء لحمزة والنصب علی العطف والرفع علی الجواب من الشرط وهو علی التخفیف من لذکر وعلی التشدید من التذکیر قوله تعالی تجارة حاضرة۔ فیه قراء تان الاولی بنصب التاء فیهما العاصم والثانیة بالرفع فیهما للباقین فکان علی الاول ناقصة وعلی الثانی تامة قوله تعالی فرهن۔ فیه قراء تان الاولی بضم الراء والهاء والا الف بعدها لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بکسر الراء وفتح الهاء والف بعدها وکلاهما جمع رهن قوله تعالی فیغفر ویعذب فیه قراء تان الاولی برفع الراء والباء لابن عامر وعاصم والثانیة بالجزم للباقین والجزم للعطف علی جواب الشرط قوله تعالی وکتبه۔ فیه قراءتان الاولی بکسر الکاف وفتح التاء والف بعدها علی التوحید لحمزة والکسائی والثانیة بضم الکاف والتاء علی الجمع للباقین وقد تمت بحمد الله سورة البقرة

www.besturdubooks.net

للحادی والعشرین من المحرم ۱۳۲۶ھ

سورة ال عمران

قوله تعالٰی ستغلبون و تحشرون۔ فیه قراء تان الاولی بالیاء فیهما علی الغیبة لحمزة والکسائی والثانیة بالتاء علی الخطاب للباقین والفرق بین القراء تین بان المعنی علی تقدیر تاء الخطاب امر النبی صلی الله علیه وسلم ان یخبرهم من عند نفسه بمضمون الکلام حتی لو کذبوا کان التکذیب راجعا الیه وعلی تقدیر یاء الغیبة امره بان یؤدی ما اخبر الله تعالٰی به من الحکم بانهم سیغلبون بحیث لو کذبوا کان التکذیب راجعا الی الله تعالٰی قوله تعالٰی یرونهم مثلیهم۔ فیه قراء تان الاولی بالتاء علی الخطاب لنافع والثانیة بالیاء علی الغیبة للباقین وتوجیه الاول ترون ایها الکفار المومنین مثلی المومنین خرقا للعادة وتوجیه الثانی یری الفئة الکافرة الفئة المؤمنة مثلی عدد الرائین او المرئیین او بالعکس ویصح مجیع ذلک باختلاف الاحوال والاوقات کما یعلم بالمراجعة الی التفاسیر قوله تعالٰی رضوان۔ فیه قراء تان الاولی بضم الیاء لشعبة والثانیة بکسرها للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی یقتلون الذین۔ فیه قراء تان الاولی بضم الیاء المثناة تحت وفتح القاف والف بعدها وکسر التاء المثناة فوق لحمزة من القتال والثانیة بفتح الیاء و سکون القاف ولا الف بعدها وضم التاء للباقین من القتل قوله تعالٰی من المیت ویخرج المیت۔ فیه قراء تان الاولی بسکون الیاء لابن کثیر وابی عمرو وابن عامر وشعبة والثانیة بکسر الیاء مشددة للباقین والاول تخفیف للثانی قوله تعالٰی بما وضعت۔ فیه قراء تان الاولی بسکون العین وضم التاء لابن عامر وشعبة والثانیة بفتح العین وسکون التاء وهو علی الاول من مقول امرأة عمران وعلی الثانی من مقول الله تعالٰی قوله تعالٰی کفلها۔ فیه قراء تان الاولی بتشدید الفاء لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بتخفیفها للباقین وزکریا علی الاوّل مفعول به لکفلها والفاعل هو الله تعالٰی وعلی الثانی فاعل له۔ قوله تعالٰی فی المحراب ان الله۔ فیه قراء تان بکسر الهمزة من ان لابن عامر وحمزة والثانیة بفتحها للباقین وتوجیه الاول اضمار القول او اجراء النداء مجری القول وتوجیه الثانی ظاهر۔ قوله تعالٰی یبشرك فی الموضعین بشارة زکریا وبشارة مریم۔ فیه قراء تان الاولی بفتح الیاء وسکون الباء الموحدة وضم الشین مخففة لحمزة والکسائی والثانیة بضم الیاء وفتح الباء الموحدة وکسر الشین مشددة والاول من الثلاثی المجرد والثانی من التفعیل قوله تعالٰی کن فیکون فیه ما مر فی سورة البقرة ایة بدیع السمٰوٰت قوله تعالٰی ویعلمه۔ فیه قراء تان الاولی بالیاء لنافع وعاصم والثانیة بالنون للباقین قوله تعالٰی فیکون طیرا۔ فیه قراء تان الاولی بالف بعد الطاء بعدها همزة مکسورة والثانیة بیاء ساکنة بعد الطاء من غیر الف قوله تعالٰی فی بیوتکم فیه ما تقدم فی البقرة ایة یسئلونك عن الاهلة قوله تعالٰی فیوفیهم۔ فیه قراء تان الاولی بالیاء لحفص والثانیة بالنون للباقین قوله تعالٰی لتحسبوه۔ فیه قراء تان الاولی بفتح السین لابن عامر وعاصم وحمزة والثانیة بکسرها للباقین قوله تعالٰی تعلمون الکتٰب۔ فیه قراء تان الاولی بفتح التاء وسکون العین ووفتح اللام مخففة لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة بضم التاء وفتح العین وکسر اللام مشددة للباقین والاول من الثلاثی المجرد والثانی من التفعیل قوله تعالٰی لما۔ فیه قراء تان الاولی بکسر اللام لحمزة والثانیة بالفتح للباقین واللام علی الاول جارة وعلی الثانی موطئة للقسم قوله تعالٰی اتیتکم۔ فیه قراء تان الاولی بنون مفتوحة بعد الیاء بعدها الف لنافع علی الجمعیة والثانیة بتاء مضمومة للباقین علی الافراد قوله تعالٰی یبغون۔ فیه قراء تان الاولی بالیاء علی الغیبة لابی عمرو وحفص و بالتاء علی الخطاب للباقین قوله تعالٰی الیه یرجعون۔ فیه قراء تان بالیاء علی الغیبة لحفص وبالتاء علی الخطاب للباقین قوله تعالٰی من قبل ان تنزل۔ فیه قراء تان الاولی بسکون النون وتخفیف الزای من الانزال والثانیة بفتح النون وتشدید الزای من التنزیل قوله تعالٰی حج البیت۔ فیه قراء تان الاولی بکسر الحاء لحفص وحمزة والکسائی والثانیة بالفتح للباقین والکسر لغة نجد قوله تعالٰی ترجع الامور۔ فیه قراء تان الاولی بفتح التاء وکسر الجیم لابن عامر و حمزة والکسائی والثانیة بضم التاء وفتح الجیم للباقین قوله تعالٰی وما یفعلوا من خیر فلن یکفروه۔ فیه قراء تان الاولی بالتاء فیهما علی الغیبة لحفص و حمزة والکسائی والثانیة بالتاء علی الخطاب للباقین قوله تعالٰی لا یضرکم کیدهم۔ فیه قراء تان الاولی بکسر الضاد و جزم الراء لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة بضم الضاد ورفع الراء مشددة للباقین والاول من ضاره یضیره والجزم علی انه جواب الشرط والثانی من ضره یضره والضم لاتباع ضمة الضاد کما فی الامر المضاعف المضموم العین کمد والجزم مقدر وجوز وافی مثله الفتح والکسر قوله تعالٰی منزلین۔ فیه قراء تان الاولی بفتح النون وتشدید الزای من التنزیل لابن عامر والثانیة بسکون النون وتخفیف الزای من الانزال للباقین قوله تعالٰی مسومین۔ فیه قراء تان الاولی بکسر الواو لابن کثیر وابی عمرو وعاصم والثانیة بفتحها للباقین ومعنی الاول معلمین انفسهم ومعنی الثانی معلمین من جهة الله تعالٰی قوله تعالٰی مضعفة۔ فیه

www.besturdubooks.net

قراء تان الاولی بتشدید العین ولا الف قبلها من التضعیف لابن کثیر وابن عامر والثانیة بتخفیف العین والف قبلها من المضاعفة للباقین قوله تعالٰی وسارعوا۔ فیه قراء تان الاولی بغیر واو قبل السین لنافع وابن عامر والثانیة بالواو قبل السین للباقین قوله تعالٰی قرح فی الموضعین۔ فیه قراء تان الاولی بضم القاف لابی بکر شعبة وحمزة والکسائی والثانیة بفتحها للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی قتل معه۔ فیه قراء تان الاولی بضم القاف وکسر التاء ولا الف بین القاف والتاء لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة بفتح القاف والتاء والف بین القاف والتاء والاول مبنی للمفعول من القتل والثانی مبنی للفاعل من القتال قوله تعالٰی الرعب۔ فیه قراء تان الاولی بضم العین لابن عامر والکسائی والثانیة بالسکون للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی یغشٰی۔ فیه قراء تان الاولی بالتاء علی التانیث لحمزة والکسائی والثانیة بالیاء علی التذکیر للباقین قوله تعالٰی کله لله۔ فیه قراء تان الاولی برفع اللام بعد الکاف لابی عمرو والثانیة بالنصب للباقین وهو علی الاول مبتدا ولله خبره والجملة خبر لان وعلی الثانی تاکید لاسم ان ولله خبرها قوله تعالٰی فی بیوتکم فیه ما تقدم قوله تعالٰی بما تعملون بصیر۔ فیه قراء تان الاولی بالیاء علی الغیبة لابن کثیر وحمزة والکسائی والثانیة بالتاء علی الخطاب للباقین قوله تعالٰی متم۔ فیه قراء تان الاولی بکسر المیم لنافع وحمزة والکسائی والثانیة بالضم للباقین وهو علی الاول من مات یمات مثل خفتم من خاف یخاف وعلی الثانی من مات یموت مثل کنتم من کان یکون قوله تعالٰی یجمعون۔ فیه قراء تان الاولی بیاء الغیبة لحفص والثانیة بتاء الخطاب للباقین قوله تعالٰی ان یغل۔ فیه قراء تان الاولی بفتح الیاء وضم الغین مبنیا للفاعل لابن کثیر وابی عمرو وعاصم والثانیة بضم الیاء وفتح الغین مبنیا للمفعول ای ما صح لنبی ان ینسبه احد الی الغلول او یوجد غالا قوله تعالٰی رضوان فیه ما مر فی اول السورة قوله تعالٰی ماقتلوا۔ فیه قراء تان الاولی مشددة لهشام والثانیة مخففة للباقین قوله تعالٰی الذین قتلوا۔ فیه قراء تان الاولی مشددة لابن عامر والثانیة مخففة لباقین قوله تعالٰی و ان الله لا یضیع۔ فیه قراء تان الاولی بکسر الهمزة للکسائی علی انه تذییل لما قبله والثانیة بفتحها للباقین عطفا علی فضل او نعمة قوله تعالٰی القرح قد مر قوله تعالٰی خافون۔ فیه قراء تان الاولی باثبات الیاء وصلا وحذفها وقفا لابی عمرو والثانیة بالحذف وقفا ووصله للباقین قوله تعالٰی لا یحزنک۔ فیه قراء تان الاولی بضم الیاء وکسر الزای من الافعال لنافع والثانیة بفتح الیاء وضم الزای للباقین قوله تعالٰی حتی یمیز۔ فیه قراء تان الاولی بضم الیاء وفتح المیم وتشدید الیاء بعد المیم مع کسرها من التفعیل لحمزة والکسائی والثانیة بفتح الیاء وکسر المیم وسکون الیاء بعد المیم من ماز للباقین قوله تعالٰی بما تعملون خبیر۔ فیه قراء تان الاولی بالیاء علی الغیبة لابن کثیروابی عمرو والثانیة بالتاء علی الخطاب للباقین قوله تعالٰی سنکتب ما قالوا (الی) نقول۔ فیه قراء تان الاولی سیکتب بیاء مضمومة وفتح التاء وقتلهم برفع اللام یقول بالیاء لحمزة والثانیة سنکتب بنون مفتوحة وضم التاء وقتلهم بنصب اللام ونقول بالنون قوله تعالٰی والزبر۔ فیه قراء تان الاولی وبالزبر لابن عامر والبزی والثانیة والزبر للباقین قوله تعالٰی والکتٰب المنیر۔ فیه قراء تان الاولی وبالکتٰب لهشام والثانیة والکتاب للباقین قوله تعالٰی لتبیننه للناس ولا تکتمونه۔ فیه قراء تان بیاء الغیبة فیهما لابن کثیر وابی عمرو وشعبة والثانیة بتاء الخطاب للباقین قوله تعالٰی لا تحسبن الذین۔ فیه قراء تان الاولی بتاء الخطاب لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بیاء الغیبة للباقین والفاعل علی الثانی هو الموصول والمفعول مقدر ای انفسهم قوله تعالٰی فلا تحسبنهم۔ فیه قراء تان الاولی بالیاء علی الغیبة وضم الباء الموحدة لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالتاء علی الخطاب وفتح الباء الموحدة للباقین قوله تعالٰی وقٰتلوا وقُتلوا۔ فیه قراء تان الاولی بتقدیم فعل المفعول علی فعل الفاعل لحمزة والکسائی والثانیة ضد ذلك للباقین وفی فعل المفعول قراء تان الاولی بالتشدید لابن کثیر وابن عامر والثانیة بالتخفیف للباقین۔

تمت سورة ال عمران غرة صفر ۱۳۲۶ھ

سورة النساء

قوله تعالٰی تساء لون به۔ فیه قراء تان الاولی بتخفیف السین لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بتشدیدها للباقین وتوجیه الاولٰی حذف التائین والثانیة ادغامها فی السین قوله تعالٰی والارحام۔ فیه قراء تان الاولی بخفض المیم لحمزة والثانیة بنصبها للباقین وهو علی الاول معطوف علی الجلالة والثانی علی الضمیر المجرور علی رأی الکوفیین او هو مجرور بتقدیر الباء علی رأی البصریین علی نحو والله لافعلن قوله تعالٰی سیصلون۔ فیه قراء تان الاولٰی بضم الیاء علی البناء للمفعول لابن عامر و شعبة والثانیة بالفتح علی البناء للفاعل للباقین قوله تعالٰی وان کانت واحدة۔ فیه قراء تان الاولی برفع واحدة لنافع والثانیة بالنصب للباقین وکانت علی الاولٰی تامة وعلی الثانیة ناقصة قوله تعالٰی فلامه الثلث قوله تعالٰی فلامه السدس۔ فیه قراء تان الاولی بکسرة الهمزة لحمزة والکسائی والثانیة بضمها للباقین والکسر اتباع لکسرة اللام وقیل اتباع لکسرة المیم وضعف بان فیه

www.besturdubooks.net

اتباع حركة اصلية لحركة عارضة وهى الاعرابية وقيل انها لغة فى الام قوله تعالٰى يوصى بها فى الموضعين فى المجموع ثلث قراء ا ت الاولٰى بفتح الصاد والف بعدها فيهما لابن كثير وابن عامر وشعبة والثانية بالفتح والالف فى الاول وبكسر الصاد وياء ساكنة بعدها فى الثانى لحفص والثالثة بالكسر والياء فيهما للباقين قوله تعالٰى يدخله جنات قوله تعالٰى يدخله نارا۔ فيه قراء تان الاولى بالنون لنافع وابن عامر والثانية بالياء للباقين قوله تعالٰى واللذان۔ فيه قراأتان الاولٰى بتشديد النون لابن كثير والثانية بالتخفيف للباقين وتشديد النون لغة وهو عوض عن ياء الذى المحذوف اذ قياسه اللذيان قوله تعالٰى كرها۔ فيه قراء تان الاولى ضم الكاف لحمزة والكسائى والثانية بالفتح للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى مبينة۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الياء المثناة تحت لابن كثير وشعبة والثانية بالكسر للباقين على صيغة الفاعل من بين اللازم بمعنى تبين او المتعدى والمفعول محذوف اى مبينة حال صاحبها قوله تعالٰى والمحصنٰت قرا الكسائى جميع ما فى القرآن من لفظ المحصنات ومحصنات بكسر الصاد الا هذا الحرف فانه فتح الصاد موافقا للجميع قوله تعالٰى واحل لكم۔ فيه قراء تان الاولى بضم الهمزة وكسر الحاء لحفص وحمزة والكسائى على البناء للمفعول والثانية بفتحهما للباقين على البناء للفاعل قوله تعالٰى فاذا احصن۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الهمزة والصاد لشعبة و حمزة والكسائى على البناء للفاعل والثانية بضم الهمزة وكسر الصاد على البناء للمفعول قوله تعالٰى تجارة۔ فيه قراء تان الاولى بالنصب لعاصم وحمزة والكسائى والثانية بالرفع للباقين والوجه ظاهر قوله تعالٰى مدخلا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الميم لنافع والثانية بالضم للباقين ويحتملان المصدر والظرف قوله تعالٰى عقدت۔ فيه قراء تان الاولى بغير الف بين العين والقاف لعاصم وحمزة والكسائى والثانية بالالف للباقين۔ قوله تعالٰى بالبخل۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الباء والخاء لحمزة والكسائى والثانية بضم الباء وسكون الخاء للباقين هما لغتان قوله تعالٰى ان تك حسنة۔ فيه قراء تان الاولى برفع التاء لنافع وابن كثير والثانية بالنصب للباقين والكون على الاولى تامة وعلى الثانية ناقصة قوله تعالٰى يضاعفها۔ فيه قراء تان الاولى بتشديد العين ولا الف قبلها من التضعيف لابن كثير وابن عامر والثانية بتخفيف العين والف قبلها من المضاعفة للباقين قوله تعالٰى لو تسوى۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بضم المثناة فوق من التفعيل لابن كثير وابى عمرو و عاصم والثانية بفتح المثناة و تشديد السين من التفعل وادغام المثناة فى السين لنافع وابن عامر والثالثة بالفتح بلا ادغام على حذف احدى التائين لحمزة والكسائى قوله تعالٰى او لٰمستم۔ فيه قراء تان الاولى بغير الف بين اللام والميم من اللمس لحمزة والكسائى والثانية بالف من الملامسة للباقين قوله تعالٰى نعما يعظكم به۔ فيه ما ذكر فى قوله تعالٰى فنعما هى فى سورة البقرة جزء تلك الرسل قوله تعالٰى الا قليل منهم۔ فيه قراء تان الاولى قليلًا بالنصب لابن عامر والثانية بالرفع للباقين والنصب على الاستثناء والرفع على البدلية من الضمير المرفوع فى فعلوه قوله تعالٰى كان لم تكن۔ فيه قراء تان الاولى بالتاء فى تكن على التانيث لابن كثير وحفص والثانية بالياء على التذكير للباقين قوله تعالٰى ولا تظلمون فتيلًا۔ فيه قراء تان الاولى بالغيبة لابن كثير وحمزة والكسائى والثانية بالخطاب للباقين قوله تعالٰى فتبينوا فى الموضعين فيهما قراء تان الاولٰى بالثاء المثلثة والباء الموحدة والتاء المثناة من فوق لحمزة والكسائى من التثبت والثانية بالباء الموحدة والياء المثناة من تحت والنون من البيان للباقين قوله تعالٰى القى اليكم السلم۔ فيه قراء تان الاولى بغير الف بعد اللام من السلم بمعنى الانقياد لنافع وابن عامر وحمزة والثانية بالالف للباقين قوله تعالٰى غير اولى الضرر۔ فيه قراء تان الاولى بنصب الراء من غير لنافع وابن عامر والكسائى على الحالية او الاستثناء والثانية بالرفع للباقين على انه صفة للقاعدون قوله تعالٰى فسوف نؤتيه۔ فيه قراء تان الاولى بالياء لابى عمرو والثانية بالنون للباقين قوله تعالٰى يدخلون الجنة۔ فيه قراء تان الاولى بضم الياء وفتح الخاء لابن كثير وابى عمرو وشعبة على البناء للمفعول والثانية بفتح الياء و ضم الخاء للباقين على البناء للفاعل قوله تعالٰى ان يصلحا۔ فيه قراء تان الاولى بضم الياء وسكون الصاد ولا الف بعدها و كسر اللام من الاصلاح لعاصم وحمزة والكسائى والثانية بفتح الياء وفتح الصاد مع التشديد والف بعدها وفتح اللام من الاصلاح الذى اصله تصالح قوله تعالٰى والكتٰب الذى نزل على رسوله والكتاب الذى انزل من قبل۔ فيه قراء تان بضم النون من نزل والهمزة من انزل وكسر الزاى فيهما لابن كثير وابى عمرو وابن عامر والثانية بفتح النون والهمزة وفتح الزاى فيهما للباقين قوله تعالٰى وقد نزل۔ فيه قراء تان الاولى بفتح النون والزاى لعاصم والثانية بضم النون وكسر الزاى للباقين قوله تعالٰى فى الدرك۔ فيه قراء تان الاولى بسكون الراء لعاصم وحمزة والكسائى والثانية بفتحها للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى اولٰٓئك سوف يؤتيهم۔ فيه قراء تان الاولى بالياء لحفص والثانية بالنون للباقين۔قوله تعالٰى ان تنزل۔ فيه قراء تان الاولى من الانزال لابن كثير وابى عمرو والثانية من التنزيل للباقين قوله تعالٰى زبورا۔ فيه قراء تان الاولى بضم الزاى لحمزة والثانية بالفتح للباقين والمفتوح فعول بمعنى مفعول كالحلوب والركوب والمضموم جمع كفلس وفلوس او مصدر كالقعود والجلوس تمت سورة النساء للثامن والعشرين من جمادى الاولٰى ۱۳۲۶ھ

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ

رکوعاتھا	آیاتھا	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	سورۃ المآئدۃ
۱۶	۱۲۰		۵ مدنیۃ ۱۱۲

سورۂ مائدہ مدینہ میں نازل ہوئی   شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے   اور اس میں ایک سو بیس آیتیں اور سولہ رکوع ہیں

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۭ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ
حُرُمٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ① يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَاۗىِٕرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَاۗىِٕدَ
وَلَآ اٰۗمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ۭ وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ۭ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ
اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَي الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۠ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَي الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۠
وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ②

اے ایمان والو عہد کو پورا کرو تمہارے لئے تمام چوپائے جو مشابہ انعام (یعنی اونٹ بکری گائے) کے ہوں حلال کئے گئے ہیں۔ مگر جن کا ذکر آگے آتا ہے لیکن شکار کو حلال مت کرنا جس حالت میں کہ تم احرام میں ہو بے شک اللہ جو چاہیں حکم کریں۔ اے ایمان والو بے حرمتی نہ کرو خدا تعالیٰ کی نشانیوں کی اور نہ حرمت والے مہینے کی اور نہ حرم میں قربان ہونے والے جانور کی اور نہ ان جانوروں کی جن کے گلے میں پٹے پڑے ہوں اور نہ اُن کی جو بیت الحرام میں قصد سے جا رہے ہوں۔ اپنے رب کے فضل اور رضامندی کے طالب ہوں اور جس وقت تم احرام سے باہر آ جاؤ تو شکار کیا کرو اور ایسا نہ ہو کہ تم کسی قوم سے جو اسی سبب سے افضل ہے کہ انہوں نے مسجد حرام سے روک دیا تھا وہ تمہارے لئے اس کا باعث ہو جائے کہ تم حد سے نکل جاؤ اور نیکی اور تقویٰ میں ایک دوسرے کی اعانت کرتے رہو اور گناہ اور زیادتی میں ایک دوسرے کی اعانت مت کرو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرا کرو بلاشبہ اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والے ہیں۞

تفسیر: **سورة المائدة مدنية وهي مائة وعشرون آية۔** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اوپر کی سورت کے ختم پر فرمایا تھا کہ شرائع کو تم سے بیان کرتے ہیں اس سورت کے شروع پر اس کا امر ہے کہ تم ہمارے ان بیان کئے ہوئے شرائع کی پوری پوری بجا آوری کرو یہ مناسبت تو دونوں سورتوں کے انجام اور آغاز میں ہے باقی پوری پوری سورتوں میں بھی دونوں کے اشتمال علی الشرائع سے ربط ظاہر ہے اور خود اس سورت کی اجزاء میں ایک ارتباط بدیع ہے کہ اس کے اول کی آیت بمنزلہ متن کے ہے اور تمام سورت بمنزلہ اس کی شرح کے کیونکہ لفظ عقود بقول ابن عباس رضی اللہ عنہما جو کہ روح میں منقول اور قاموس کے قول العقد العہد سے مؤید ہے تمام شرائع کو عام اور شامل ہے اور سورت میں ان ہی شرائع کی تفصیل ہے پس اولاً اجمالی اور کلی عنوان سے امتثال شرائع کا حکم فرماتے ہیں۔

ایجاب امتثالِ شرائع: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۭ اے ایمان والو تمہارے ایمان کا مقتضاء یہ ہے کہ اپنے عہدوں کو (جو کہ ایمان کے ضمن میں تم نے خدا تعالیٰ سے کئے ہیں) پورا کرو (یعنی احکام شرعیہ کو بجا لاؤ کیونکہ ایمان لانے سے سب کا التزام ہو گیا اور التزام کا مقتضاء ایفاء ہے)

ربط: اوپر اجمالی اور کلی عنوان سے امتثال شرائع کا امر تھا آگے مامور بہ کی جزئیات کی تفصیل ہے جس میں بعض احکام فرعیہ ہیں۔ اور بعض مضامین مشتمل احوال مخالفین ہیں اور بعض ان کے مقدمات و متممات ہیں۔

www.besturdubooks.net

حکم اول تحلیل وتحریم بہائم: اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ (الی قولہ تعالٰی) اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ تمہارے لئے تمام چوپائے جو مشابہ (ان) انعام (یعنی اونٹ بکری گائے) کے ہوں (جن کی حلت اس کے قبل سورۂ انعام میں جو کہ مکیہ ہے معلوم ہوچکی ہے پس ان کے مشابہ جتنے چوپائے ہیں سب) حلال کئے گئے ہیں (جیسے ہرن نیل گائے وغیرہ کہ اونٹ بکری گائے کے مشابہ ہیں اس بات میں کہ درندے اور شکاری نہیں بجز ان بہائم کے جو کہ دوسرے دلائل شرعیہ حدیث وغیرہ سے مخصوص ومستثنیٰ ہو چکے ہیں جیسا گدھا خچر وغیرہ ان مستثنیات کے سوا اور سب بہائم اہلی و وحشی حلال ہیں) مگر جن کا ذکر آگے (آیت حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ میں) آتا ہے (کہ وہ باوجود بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ میں داخل ہونے اور مخصوص بالحدیث وغیرہ سے خارج ہونے کے بھی حرام ہیں اور باقی تم کو حلال ہیں) لیکن (ان میں جو) شکار (ہیں ان) کو حلال مت سمجھنا جس حالت میں کہ تم احرام (یا حرم) میں ہو (مثلاً حج وعمرہ کا احرام باندھے ہو گو حرم سے خارج ہو یا یہ کہ حرم کے اندر ہو کہ غالباً شکار بھی حرم کے اندر ہوگا کیونکہ اصل مدار حکم کا شکار کا حرم کے اندر ہونا ہے گو احرام نہ باندھے ہو دونوں حالتوں میں شکار یعنی بری وحشی کا حرام ہے) بیشک اللہ تعالیٰ جو چاہیں حکم کریں (یعنی وہی مصلحت ہوتا ہے پس جس جانور کو چاہا ہمیشہ کے لئے فی نفسہٖ غیر اوقات اضطرار میں حرام کر دیا جس کو چاہا ہمیشہ کے لئے حلال کر دیا جس کو چاہا کسی حالت میں حلال کر دیا کسی حالت میں حرام کر دیا تم کو ہر حالت میں امتثال واجب ہے) **ف**: اور حلال طیور کا یہاں ذکر نہیں ان کی حلت دوسری دلیل شرعی سے مثل انعام کے ثابت ہے پس خلاصہ آیت اور اس کی تفسیر کا یہ مسائل ہیں۔

مسئلہ ①: اونٹ گائے بھینس بکری بھیڑ فی نفسہٖ حلال ہیں البتہ موت طبعی وانخناق وغیرہ کی حالت میں حرام ہیں جیسا آگے آوے گا۔

مسئلہ ②: خنزیر حرام ہے جیسا آگے آوے گا۔

مسئلہ ③: گدھا خچر وغیرہ حرام ہے حدیث میں آیا ہے۔

مسئلہ ④: ہرن نیل گائے گھوڑا وغیرہ جو انعام کے مشابہ ہیں حلال ہیں۔

مسئلہ ⑤: لیکن ہرن وغیرہ جو وحشی جانور ہیں حرم اور احرام میں ان کا شکار کرنا اسی طرح ان کا ذبح کرنا حرام ہے یعنی جب کہ وہ جانور حرم کے اندر ہو اگرچہ شکاری خارج ہو یہی حکم ہے طیور وحشیہ کا۔

مسئلہ ⑥: دریائی شکاری یعنی مچھلی حرم واحرام میں بھی حلال ہے۔

مسئلہ ⑦: درندہ حرام ہے۔

ربط: اوپر غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ کی قید میں ایک امر کو جو کہ محل تعظیم احرام وحرم ہے حرام فرمایا ہے آگے اور چند امور کی جو کہ محل تعظیم شعائر یعنی اشیائے معظمہ فی الدین ہیں تحریم فرماتے ہیں۔

حکم دوم تحریم ترک تعظیم شعائر: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالٰی) اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ اے ایمان والو بے حرمتی نہ کرو خدا تعالیٰ (کے دین) کی نشانیوں کی یعنی جن چیزوں کے ادب کی حفاظت کے واسطے خدا تعالیٰ نے کچھ احکام مقرر کئے ہیں ان احکام کے خلاف کر کے ان کی بے ادبی نہ کرو مثلاً حرم اور احرام کا یہ ادب مقرر کیا ہے کہ اس میں شکار نہ کرو تو شکار کرنا بے ادبی اور حرام ہوگا) اور نہ حرمت والے مہینے کی (بے ادبی کرو کہ اس میں کافروں سے لڑنے لگو) اور نہ حرم میں قربانی ہونے والے جانور کی (بے ادبی کرو کہ اس سے تعرض کرنے لگو) اور نہ ان جانوروں کی (بے ادبی کرو) جن کے گلے میں (اس نشانی کے لئے) پٹے پڑے ہوں (کہ یہ اللہ کی نیاز ہیں حرم میں ذبح ہوں گے) اور نہ ان لوگوں کی (بے حرمتی کرو) جو کہ بیت الحرام (یعنی بیت اللہ) کے قصد سے جا رہے ہوں (اور) اپنے رب کے فضل اور رضامندی کے طالب ہوں (یعنی ان چیزوں کے ادب سے کافروں کے ساتھ بھی تعرض مت کرو) اور (اوپر کی آیت میں جو احرام کے ادب سے شکار کو حرام فرمایا گیا ہے وہ احرام ہی تک ہے ورنہ) جس وقت تم احرام سے باہر آ جاؤ تو (اجازت ہے کہ) شکار کیا کرو (بشرطیکہ وہ شکار حرم میں نہ ہو) اور (اوپر جن چیزوں کے تعرض سے منع کیا گیا ہے اس میں) ایسا نہ ہو کہ تم کو کسی قوم سے جو اس سبب سے بغض ہے کہ انہوں نے (تم کو سال حدیبیہ میں) مسجد حرام میں (جانے سے) روک دیا تھا (مراد کفار قریش ہیں) وہ (بغض) تمہارے لئے اس کا باعث ہو جاوے کہ تم (شرع کی) حد سے نکل جاؤ (یعنی احکام مذکورہ کے خلاف کر بیٹھو ایسا نہ کرنا) اور نیکی اور تقویٰ (کی باتوں میں) ایک دوسرے کی اعانت کرتے رہو (مثلاً یہ احکام ہیں ان میں دوسروں کو بھی عمل کرنے کی ترغیب دو) اور گناہ اور زیادتی (کی باتوں) میں ایک دوسرے کی اعانت مت کرو (مثلاً یہی احکام ہیں اگر کوئی ان کے خلاف کرنے لگے تم اس کی اعانت مت کرو) اور اللہ تعالیٰ سے ڈرا کرو (کہ اس سے سب احکام کی پابندی سہل ہو جاتی ہے) بلاشبہ اللہ تعالیٰ (احکام کی مخالفت کرنے والے) کو سخت سزا دینے والے ہیں۔ **ف**: حدیبیہ کا قصہ اور اشہر حرم کا منسوخ ہونا سورۂ بقرہ کے حکم نہم کے مسائل میں گزر چکا ہے اور حکم یازدہم هَدْيَ کے معنی گزر چکے اور قَلَآئِدَ کے معنی یہاں ترجمہ سے واضح ہو گئے اور وَلَا الْهَدْيَ سے آٰمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ تک یہ احکام اس وقت تھے جب کفار حج وعمرہ کے لئے جانے پاتے تھے اب

www.besturdubooks.net

خودان کا حج وعمرہ کے لئے جانے دینا منسوخ ہے نقله البيضاوى عن ابى حنيفة تحت قوله تعالى فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا اورشعائر اللہ کو عام ہے مگراس کے بعض خاص افراد کا ذکر اہتمام کے لئے ہے جیسا کہ هدى کے بعد قَلَآئِدَ کا ذکر بھی اسی غرض سے ہے کیونکہ هَدْیَ کبھی ذی قلادہ ہوتی ہے کبھی نہیں اور آٰمِّیْنَ کا عطف تغایر کے لئے ہے کیونکہ بعض قاصدین حرم ہدی نہیں لے جاتے اور کفار کو جو طالب فضل ورضوان فرمایا یہ بنا بران کے زعم کے کنایہ ہے حج وعمرہ سے جو سبب ہے فضل ورضوان کا اور شروع آیت لَا تُحِلُّوْا حطم بن ہند البکری کے باب میں نازل ہوا کہ اسلام کے بعد مرتد ہو گیا اور ذیعقدہ میں مکہ کو اس کا جانا سن کر مسلمانوں نے ارادہ اس سے تعرض کا کیا اور آخر آیت کا وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ بعض مشرکین کے باب میں نازل ہوا کہ بعد واقعہ حدیبیہ کے ان کا مکہ کو بقصد عمرہ جانا مسلمانوں کو معلوم ہوا اور ان کو روکنا چاہا اخرج الاول ابن جرير عن عكرمة والثانى ابن ابى حاتم عن زيد بن سلم كذا فى اللباب۔

مَسْئَلَۃٌ: اور جس طرح احرام سے خارج ہو کر شکار کرنا درست ہے جس کا بیان وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا میں گزر چکا ہے اسی طرح حرم سے باہر کا شکار غیر محرم کو حلال ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السُّلُوْکِ: قولہ تعالیٰ اِنَّ اللّٰهَ الخ اس میں اسرار احکام کی تفتیش کی ممانعت کی طرف اشارہ ہے۔ قولہ تعالیٰ: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا الخ اس سے تبرکات کی تعظیم بوجہ تعلق ذات واجب التعظیم کے مفہوم ہوتی ہے۔ قولہ تعالیٰ وَلَآ اٰمِّيْنَ الخ حسن نے فرمایا کہ مراد اس سے خاص مشرکین ہیں اور فضل سے مراد تجارت کا نفع اور رضوان سے مراد ان کے زعم کے موافق رضوان تھا پس اس سے معلوم ہوا کہ طالب رضائے حق قابل رعایت ہے اگرچہ اس کے طریق میں اس نے خطا ہی کی ہو اور مِنْ رَّبِّهِمْ میں اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے نہ صرف رب المسلمین ہے پس اس میں وسعت رحمت اللہ کا بیان ہے قولہ تعالیٰ وَاِذَا حَلَلْتُمْ الخ باوجود اصطیاد کے مباح ہونے کے اس میں صیغہ امر کا وارد ہونا دال ہے اس پر کہ جس مباح کے ترک سے اس کے ممنوع ہونے کا شبہ ہونے لگے اس مباح کا کرنا مطلوب ہے اس سے سمجھ لیا جاوے کہ بعض متشددین جو بعض مباحات کے ترک میں مثل حرام کے مبالغہ وتشدد کرتے ہیں اس میں کیا طرز عمل ہونا چاہئے۔ قولہ تعالیٰ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ الخ اس سے معلوم ہوا کہ اگر کسی سے بغض فی اللہ بھی ہوتا ہم اس کے معاملات میں حدود شرعیہ سے تجاوز جائز نہیں۔ قولہ تعالیٰ وَتَعَاوَنُوْا الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ مقدمات کو حسن وقبح میں مقاصد کا حکم دیا جاتا ہے اور اس قاعدہ کو مشائخ اہل تربیت بہت زیادہ استعمال کرتے ہیں اور امر کو نہی پر مقدم کرنے میں تحلیہ کی تقدیم ہے تخلیہ پر ۱۲۔

اَلْحَوَاشِیْ: (۱) مفسرین نے اس اضافت کو اضافۃ العام الی الخاص مانا ہے لیکن مصنف دام بالفضل والفیض نے اضافۃ المشبہ بالمشبہ بہ کو اس وجہ سے ترجیح دی کہ اگر اضافۃ العام الی الخاص لی جاتی تو تقیید غير محلى الصيد بیکار ہوتی ہے وجہ یہ ہے کہ اس صورت میں صرف ازواج ثمانیہ ہی آیت میں داخل ہوں گے کہ انہیں پر انعام کا اطلاق عرف میں ہوتا ہے اور صید داخل ہی نہ ہوں گے پس ان کے اخراج کی بھی ضرورت نہیں اور اگر اضافۃ تشبیہی لی جاوے تو چونکہ وجہ شبہ مذکور فی التفسیر کے سبب صیود بھی داخل ما احلت ہوں گے اس لئے ان کے اخراج کی ضرورت ہوگی ۱۲ اتبیان۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃِ: ل قوله فى الذين آمنوا۔ مقتضایہ ہے كما نبينه عنقريب وفيه الاشارة الى وجه الخطاب بهذا العنوان ۱۲۔ ۲ قوله فى بهيمة الانعام تمام چوپائے الخ اشار الى فوائد الاول معنے البهيمة كل ذات اربع كما فى القاموس الثانى الانعام كما فى البيضاوى سورة النحل الابل والبقر والغنم وفى المائدة منه ثمانية ازواج قلت لكن اصل معناه الابل او هور الشاء كما فى القاموس وتعورف فى الازواج الثمانية وهى المراد فى الآية للعرف الثالث الاضافة فى بهيمة الانعام للمشبه الى المشبه به رواه فى الروح عن الكلبى والفراء الرابع فائدة الاضافة الاشعار بعلة الحكم المشتركة بين المتضايفين كانه قيل احلت لكم البهيمة المشبهة بالانعام التى بين احلالها فيما سبق كذا فى الروح الخامس ان الآية مخصوصة بما عدا البهائم التى تشابه الانعام لكنها محرمة كالحمار والبغل نبّه عليه بقوله بجز ان بہائم کے الخ السادس ان الاستثناء بالا متصل نبه عليه بقوله باوجود بہیمۃ الانعام میں داخل ہونے الخ السابع غير حال من الضمير فى لكم عبر عنه بقوله لكن اتباعًا للمحاورة واخذا بحاصل الحال من تقييد الحكم بها ونقض اطلاقه وتفيد لكن هذا المعنے فى لساننا۔ الثامن فائدة التقييد بالحال ان بهيمة الانعام شامل للصيود فخرجت بالتقييد نبه عليه بقوله ان میں جو شکار ہیں فلا يرد ان بهيمة الانعام حلال وان اصل الصيود محرم فما معنى هذا التقييد حاصلها معنى قوله انها حلال لان جميعها ليس بحلال لخروج الصيود عنه التاسع وانتم حرم حال مما استكن فى محلى اشار اليه بقوله جس حالت العاشر قوله انتم حرم عام للاحرام والكون فى الحرم صرح به فى حاشية البيضاوى عن التيسير فى سورة الانعام وانما ترجمت باحدهما لانه كالمشترك ولا تجوز فيه العموم ولان قوله حللتم فيما

www.besturdubooks.net

بعد لم یثبت لی عمومه بل انه مخصوص بمقابل الاحرام فترجح ما ترجمت به بهذا الوجه نعم حرمة الجرم ثابت بالاحادیث الصحیحة فائدة فی القاموس القول الثانی فی البهیمة کل حی لا یمیز فلو فسر علیه لما احتیج الی ما قال فی ف حلال طیور کا یہاں ذکر نہیں فانها تدخل فی البهیمة لکن یخص منه بقیة المحرمات الحیوانیة بدلیل آخر نعم لو فسر المشابهة بمفهوم خاص یخرج به سائر المحرمات لم یحتج الی التخصیص ۱۲۔ والله اعلم وعلمه اتم واحکم۔ ۳؎ قوله فی لا تحلوا ان احکام کے خلاف کرکے اشارة الی المراد بالادب لا ما یتبادر الی الذهن من تعظیم المتعارف فانه یحتاج الی اثباته الی دلیل مستقل ۱۲۔ ۴؎ قوله فی توضیح رضوانا۔ کافروں کے ساتھ بھی دل علی نزولها فی المشرکین روایات اسباب النزولها وقوله فیما بعد شنان قوم الخ۔ ۵؎ قوله فی حللتم احرام سے فی القاموس حل من احرار واماحکم غیر الحرم لغیر المحرم فقد ذکره فی آخر ف بعنوان المسئلة تتمیماً لمقابلة وجهی قوله انتم حرم۔ ۶؎ قوله فی اصطادوا اجازت اشارة الی کون الامر للاباحة ۱۲۔ ۷؎ قوله تعاونوا مثلاً الخ بقوله یا احکام الی وجه ایراد هذا الامر ههنا واشار بقوله مثلاً الی کون المراد عاما ۱۲۔

اللُّغَاتُ: قوله لا یجرمنکم لا یحملنکم او لا یکسبنکم و اکثر ما یستعمل فی کسب الشر کذا فی الروح ۱۲۔ الشنان مصدر معناه البغض ۱۲۔

النَّحْوُ: الشنان مضاف الی المفعول کذا فی الروح اه وبه ترجمت ۱۲۔

(۲) وهو قوله ما بین القوسین فی توضیح ترجمة اوفوا کیونکہ ایمان لانے سے الخ ۱۲ تبیان (۳) ای لو فسر البهیمة علی طبق هذا القول بکل حی لا یمیز فیدخل فیه الطیور لکن یخص منه بقیة المحرمات الحیوانیة بدلیل آخر الحدیث وغیره کما خصصت فی التفسیر الاول المختار فی المتن ایضًا بذلك الدلیل ۱۲ تبیان۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَآ أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيحَةُ وَمَآ أَكَلَ السَّبُعُ إِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَأَن تَسْتَقْسِمُوا بِالْأَزْلَامِ ذَٰلِكُمْ فِسْقٌ الْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن دِينِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا فَمَنِ اضْطُرَّ فِي مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّإِثْمٍ فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ③ يَسْأَلُونَكَ مَاذَآ أُحِلَّ لَهُمْ قُلْ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَمَا عَلَّمْتُم مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِينَ تُعَلِّمُونَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللَّهُ فَكُلُوا مِمَّآ أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهِ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ④

تم پر حرام کیے گئے مردار اور خنزیر کا گوشت اور جو جانور کہ غیر اللہ کے لئے نامزد کر دیا گیا ہو اور گلا گھٹنے سے مر گیا ہو اور جو کسی ضرب سے مر جائے اور جو اونچے سے گر کر مر جائے اور جو کسی کی ٹکر سے مر جائے اور جس کو کوئی درندہ کھانے لگے لیکن جس کو ذبح کر ڈالو اور جو جانور پرستش گاہوں پر ذبح کیا جائے اور یہ کہ تقسیم کرو بذریعہ قرعہ کے تیروں کے یہ سب گناہ ہیں۔ آج کے دن نا اُمید ہو گئے کافر لوگ تمہارے دین سے سو ان سے مت ڈرنا اور مجھ سے ڈرتے رہنا۔ آج کے دن تمہارے لئے تمہارے دین کو میں نے کامل کر دیا اور میں نے تم پر اپنا انعام تمام کر دیا اور میں نے اسلام کو تمہارا دین بننے کے لئے پسند کر لیا پس جو شخص شدت کی بھوک میں بے تاب ہو جائے بشرطیکہ کسی گناہ کی طرف اس کا میلان نہ ہو تو یقیناً اللہ تعالیٰ معاف کرنے والے ہیں رحمت والے ہیں لوگ آپ سے پوچھتے ہیں کہ کیا کیا جانور اُن کے لئے حلال کئے گئے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ تمہارے لئے کل حلال جانور حلال رکھے گئے ہیں اور جن شکاری جانوروں کو تم تعلیم دو اور تم ان کو چھوڑو بھی اور ان کو اس طریقہ سے تعلیم دو جو تم کو اللہ تعالیٰ نے تعلیم دیا ہے تو ایسے شکاری جانور جس شکار کو تمہارے لئے پکڑیں اسکو کھاؤ اور اس پر اللہ کا نام بھی لیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہا کرو بے شک اللہ تعالیٰ جلدی حساب لینے والے ہیں ۞

تفسیر ربط: اوپر تحلیل بَهِيمَةُ الْأَنْعَامِ میں اجمالاً بعض کا استثناء فرمایا آگے ان بعض کی تفصیل ہے۔

حکم سوم اسباب تحریم حیوانات: حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ (الی قوله تعالی) ذَٰلِكُمْ فِسْقٌ تم پر (یہ جانور وغیرہ) حرام کئے گئے ہیں مردار جانور (جو کہ باوجود واجب الذبح ہونے کے بلا ذبح شرعی مر جاوے) اور خون (جو بہتا ہو) اور خنزیر کا گوشت (اسی طرح اس کے سب اجزاء) اور جو جانور کہ (بقصدِ قربت)

www.besturdubooks.net

غیر اللہ کے نامزد کر دیا گیا ہو اور جو گلا گھٹنے سے مر جاوے اور جو کسی ضرب سے مر جاوے اور جو اونچے سے گر کر مر جاوے (مثلاً پہاڑ سے یا کنوئیں میں) اور جو کسی کی ٹکر سے مر جاوے اور جس کو کوئی درندہ (پکڑ کر) کھانے لگے (اور اس کے صدمہ سے مر جاوے) لیکن (منخنقة سے ما اکل السبع تک جن کا ذکر ہے ان میں سے) جس کو (دم نکلنے سے پہلے قاعدۂ شرعیہ کے مطابق) ذبح کر ڈالو (وہ اس حرمت سے مستثنیٰ ہے) اور (نیز) جو جانور (غیر اللہ کی) پرستش گاہوں پر ذبح کیا جاوے (حرام ہے گو زبان سے غیر اللہ کے نامزد نہ کرے کیونکہ مدار حرمت کا نیت خبیثہ پر ہے اس کا ظہور کبھی قول سے ہوتا ہے کہ نامزد کر دے کبھی فعل سے ہوتا ہے کہ ایسے مقامات پر ذبح کرے) اور یہ (بھی حرام ہے) کہ گوشت وغیرہ) تقسیم کرو بذریعہ قرعہ کے تیروں کے یہ سب گناہ (اور حرام) ہیں۔ **ف**: میتہ اور دم اور لحم خنزیر اور مَآ اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ کے متعلق مسائل پارہ سیقول کے ربع کے قریب مذکور ہو چکے ہیں ملاحظہ فرما لیا جاوے اور زمانہ جاہلیت میں ان چیزوں کی اور منخنقه وغیرہ کی بھی کھانے کی عادت تھی اس لئے ان کی تصریح فرمائی اور زیادہ تفصیل بھی اسی لئے فرمائی ورنہ بہت سی چیزیں خود میتہ کے عموم میں داخل ہیں۔ اور شرعی قاعدے کے موافق ذبح کرنے کی تفصیل کتب فقہ میں ہے اور بعد ان صدمات کے دم نکلنے سے پہلے ذبح کرنے کے اس وقت حلت ہوتی ہے جب علامات سے اس کی حیات معلوم ہو جاوے تفصیل ان علامات کی کتب فقہ میں ہے اور احکام متردیہ کی تفصیل بھی کتب فقہ میں ہے اور یہ بھی اس وقت ایک رسم تھی کہ شرکت میں مثلاً ایک اونٹ خرید کر ذبح کیا لیکن اس کے گوشت کو جو کہ داموں کی نسبت سے شرکاء کا مملوک ہوتا تھا اس نسبت سے تقسیم نہ کرتے تھے بلکہ دس عدد تیر اسی غرض سے مقرر تھے کہ ان میں سات پر کچھ لکیریں بنی تھیں بعضے سادہ تھے اور اس کے متعلق کچھ اصطلاح ٹھہرا رکھی تھی پھر مثلاً ایک کے نام پر اول ایک تیر تھیلی میں سے نکالا اور اس اصطلاح کے موافق اس کا جس قدر حصہ ہوا اتنا گوشت اس کو دے دیا اور اگر اس اصطلاح کے موافق کچھ حصہ نہ ہو محروم کر دیا اسی طرح سب شرکاء کے واسطے یہی عمل کرتے تھے پس یہ ایک صورت قمار کی تھی جس کی حرمت حکم پانزدہم سورۂ بقرہ میں گزر چکی ہے جیسے آج کل چٹھی ڈالنے کی رسم ہے اور قرعہ جو شریعت میں ثابت ہے وہ اس صورت میں ہے کہ جہاں بلا قرعہ بھی اس پر باہم اتفاق جائز ہو جیسے مکان کی تقسیم کر کے یہ جائز ہے کہ دونوں اپنی رضامندی سے ایک شریک ایک طرف کا لے لے دوسرا دوسری طرف کا لے لے تو اس میں قرعہ بھی جائز اور کئی شخص گوشت کے خرید کرنے کو برابر روپیہ دیں پھر اتفاق کر لیں کہ ایک کو ایک ثلث گوشت دیا جاوے دوسرے کو دو ثلث یہ حرام ہے اور ربوا ہے پس یہ عمل اس صورت میں قرعہ سے بھی حرام ہے خوب سمجھ لو۔

تنبیہ: ہر چند کہ اوپر ذکر بہائم کا ہے لیکن یہ استثناء باعتبار خصوصیت بہیمیت کے نہیں بلکہ بعلت موت وانخناق وغیرہ کے ہے جو کہ بہائم وغیر بہائم سب کو شامل ہے اور استثناء کی صحت کے لئے یہ عموم مضر نہیں کیونکہ استثناء بعنوان عام بھی جائز ہے جیسا جاء نی القوم الا العمیان۔ اگرچہ عمیان قوم کے عمیان سے عام ہے پس طیور مخنقہ بھی حرام قطعی ہیں۔ لا کما زعم بعض المحرفین۔

ربط: جن چیزوں کو اوپر حرام فرمایا ہے حالت اضطرار میں ان کا حلال ہونا آگے فمن اضطر میں مذکور ہوگا درمیان میں بطور جملہ معترضہ کے اکمال دین کی بشارت دینے میں اہتمام ہے امتثال جمیع اوامر ونواہی کا جن میں یہ محرمات ومحللات بھی داخل ہیں۔

بشارتِ اکمال دین: اَلْیَوْمَ یَىِٕسَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ (الی قولہ تعالی) وَرَضِیْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا

تمہ حکم سوم: فَمَنِ اضْطُرَّ فِیْ مَخْمَصَةٍ غَیْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

آج کے دن (یعنی اب) ناامید ہو گئے کافر لوگ تمہارے دین (کے مغلوب وگم ہو جانے) سے (کیونکہ ماشاء اللہ اسلام کا خوب شیوع ہو گیا) سو ان (کفار) سے مت ڈرنا (کہ تمہارے دین کو گم کر سکیں) اور مجھ سے ڈرتے رہنا (یعنی میرے احکام کی مخالفت مت کرنا) آج کے دن تمہارے لئے تمہارے دین کو میں نے (ہر طرح) کامل کر دیا (قوت میں بھی جس سے کفار کو مایوسی ہوئی اور احکام وقواعد میں بھی) اور (اس اکمال سے) میں نے تم پر اپنا انعام تام کر دیا (دینی انعام بھی کہ احکام کی تکمیل ہوئی اور دنیوی انعام بھی کہ قوت حاصل ہوئی اور اکمال دین میں دونوں آ گئے) اور میں نے اسلام کو تمہارا دین بننے کے لئے (ہمیشہ کو) پسند کر لیا (یعنی قیامت تک تمہارا یہی دین رہے گا اس کو منسوخ کر کے دوسرا دین تجویز نہ کیا جاوے گا پس تم کو چاہئے کہ میری نعمت کا شکر کر کے اس دین پر پورے پورے قائم رہو) پھر (اشیائے مذکورہ بالا کی حرمت دریافت کر لینے کے بعد یہ بھی معلوم کر لو کہ) جو شخص شدت کی بھوک میں بیتاب ہو جاوے (اور اس وجہ سے اشیائے بالا کو کھا لے) بشرطیکہ کسی گناہ کی طرف اس کا میلان نہ ہو (یعنی نہ قدر ضرورت سے زیادہ کھاوے اور نہ لذت مقصود ہو جس کو سورۂ بقرہ میں غَیْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ سے تعبیر فرمایا ہے) تو یقیناً اللہ تعالیٰ معاف کرنے والے ہیں (اگر قدر ضرورت کا پورا اندازہ نہ ہوا اور ایک آدھ لقمہ زیادہ بھی کھا گیا اور) رحمت والے ہیں (کہ ایسی حالت میں اجازت دے دی) **ف**: یہ آیت جیسا کہ شیخین نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا عصر کے وقت جمعہ کے روز ذی الحجہ کی نویں تاریخ حجۃ الوداع میں جو کہ ۱۰ھ ہجری میں تھا نازل ہوئی ہے اور اس کے نزول کے بعد قریب تین ماہ کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم زندہ رہے اور آج کے دن سے مراد خاص

www.besturdubooks.net

وہی دن نہیں بلکہ وہ زمانہ متصل ماقبل و مابعد کے مراد ہے پس اگر اس کے بعد بھی کسی حکم کا نازل ہونا ثابت ہو تو اکمال بمعنی تکمیل احکام پر اعتراض لازم نہیں آتا اور وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ کی تفسیر میں جو نسخ نہ ہونا کہا گیا ہے یہ عام ہے حضور ﷺ کی حیات میں بھی اس طرح کہ کوئی دین جو اس کا ناسخ ہو وحی نہ کریں گے اور بعد وفات اس طرح کہ کوئی نبی من حیث النبوۃ نہ آوے گا کوئی شبہ نہ کرے کہ بہت سے احکام دوسرے دلائل سے بھی ثابت ہیں تو اکمال کہاں رہا۔
جواب یہ ہے کہ حدیث تو ما بہ الاکمال میں داخل ہی ہے اور احکام قیاسیہ اجماعیہ یا غیر اجماعیہ ان کے ماخذ استنباط یہی قران و حدیث ہیں پس اکمال کے معارض نہ ہوا اسی لئے احقر نے ترجمہ میں احکام کے ساتھ لفظ قواعد بھی توضیحاً کہہ دیا اور حکم اضطرار کا سورۂ بقرہ کے ربع کے قریب بھی مفصل گزر چکا ہے دیکھ لیا جاوے۔

ربط: اوپر بعض محرمات فی غیر الاضطرار کا ذکر تھا آگے بعض محللات کا ذکر ہے جو من وجہ تحلیل مذکور فی الحکم الاول کی تفصیل ہے اور سبب نزول اس کا یہ ہے کہ بعض صحابہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے حکم شکاری کتے اور باز کے شکار کا دریافت کیا تھا اس کا جواب اس آیت میں مذکور ہے۔

حکم چہارم اسباب حلت بعضے حیوانات: يَسْأَلُونَكَ مَاذَا أُحِلَّ لَهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ لوگ آپ سے پوچھتے ہیں کہ (کتے اور باز کے شکار کئے ہوئے جانوروں میں سے) کیا کیا جانور ان کے لئے (یعنی ہمارے لئے) حلال کئے گئے ہیں (یعنی جتنے حلال شکار ذبح سے حلال ہو جاتے ہیں کیا کتے اور باز کے ذریعہ سے شکار کرنے سے بھی سب حلال رہتے ہیں یا ان میں کچھ مخصوص جانور حلال ہوتے ہیں یا مطلقاً حلال نہیں ہوتے اور جو حلال ہوتے ہیں ان کی کچھ شرط بھی ہے) آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ تمہارے لئے کل حلال جانور (جو از قسم شکار پہلے سے حلال ہیں وہ سب کتے اور باز کے ذریعہ سے شکار کرنے سے بھی) حلال رکھے گئے ہیں۔ (یہ تو جواب ہو گیا غرض سوال کے ایک جزو کا آگے دوسرے جزو کا جواب ہے وہ یہ کہ شرط حلت کی یہ ہے کہ) جن شکاری جانوروں کو (جس میں کتا اور باز وغیرہ بھی آ گئے) تم (خاص طور پر جس کا بیان آگے آتا ہے) تعلیم دو (یہ ایک شرط ہے) اور تم ان کو (شکار پر) چھوڑو بھی (یہ دوسری شرط ہے) اور ان کو (جو تعلیم دو جس کا اوپر ذکر آیا ہے تو) اس طریقہ سے تعلیم دو جو تم کو اللہ تعالیٰ نے (شریعت میں) تعلیم دیا ہے (وہ طریقہ یہ ہے کہ کتے کو تو یہ تعلیم دی جاوے کہ شکار کو پکڑ کر کھائے نہیں اور باز کو یہ تعلیم دی جاوے کہ جب اس کو بلاؤ گو شکار کے پیچھے جا رہا ہو فوراً چلا آوے یہ شرط اول کا بیان ہے) تو ایسے شکاری جانور جس شکار کو تمہارے لئے پکڑیں اس کو کھاؤ (یہ تیسری شرط ہے جس کی علامت طریقہ تعلیم میں بیان ہو چکی۔ سو اگر کتا اس شکار کو کھانے لگے یا باز بلانے سے نہ آوے تو سمجھا جاوے گا کہ جب اس کے کہنے میں نہیں تو اس نے شکار بھی اس کے لئے نہیں پکڑا بلکہ اپنے لئے پکڑا ہے) اور (جب شکار پر جانور چھوڑنے لگو تو) اس (جانور) پر (یعنی اس کے چھوڑنے کے وقت) اللہ کا نام بھی لیا کرو (یعنی بسم اللہ کہہ کر چھوڑو یہ چوتھی شرط ہے) اور (تمام امور میں) اللہ سے ڈرتے رہا کرو (مثلاً شکار میں ایسے منہمک نہ ہو کہ نماز وغیرہ سے غافل ہو جاؤ یا اتنی حرص مت کرو کہ شرائط حلت کی نہ پائے جاویں جب بھی شکار کو کھاؤ) بیشک اللہ تعالیٰ جلدی حساب لینے والے ہیں (جس کے بعد سب کو جزا و سزا مل جاوے گی اس لئے ڈرنا چاہئے)

ف: مسئلہ: ایک پانچویں شرط امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک یہ بھی ہے کہ وہ جانور اس شکار کو زخمی بھی کر دے جوارح کا مادہ جرح اس کا مشعر ہے۔
مسئلہ: ایک طریق شکار کا تیر یا بھالہ وغیرہ بھی ہے یہ بھی بشرائط حلال ہے۔
مسئلہ: جو حلال جانور وحشی نہیں ہیں وہ بدون ذبح حلال نہیں ہوتے یہاں صرف وحشی جانور کا ذکر ہے اسی طرح اگر شکاری جانور کے پکڑنے کے بعد مہلت ذبح کی ملی وہ بھی بدون ذبح کے حلال نہ ہوگا باقی تفصیل شکار کے احکام و مسائل کی کتب فقہ میں ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ فقہاء ظاہر و باطن نے نصوص سے جو مستنبط کیا ہے سب دین ہے ورنہ بعد اکمال دین کے اس کی اجازت نہ ہوتی کہ اس میں غیر دین کی اجازت دینا یا دین کا غیر مکمل ہونا لازم آتا ہے پس آیت دال ہوئی مجتہدین و مشائخ کے اتباع کے وجوب پر۔ قولہ تعالیٰ: فَمَنِ اضْطُرَّ الخ اس کی تفسیر دوسری آیتوں میں آئی ہے۔ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ اور غیر باغی کی تفسیر حسن سے آئی غیر متناول للذۃ اھ اس سے معلوم ہوا کہ جس چیز کی بضرورت اجازت دی جاوے اس سے حظ نفس کا قصد جائز نہیں جیسے طبیب یا گواہ عورت کو یا اس کے بدن کو بضرورت دیکھے تو بقصد شہوت حرام ہے اور اس سے قلب کی حفاظت کا خاص اہتمام مفہوم ہوتا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ① قولہ فی حرمت جانور وغیرہ للذکر الدم والاستقسام فیما بعد وان کانا من متعلقات الحیوانات ومن ثم ذکرھما معھا ۱۲۔ ② قولہ فی الا ما ذکیتم ان میں سے اشارۃ الی ان الاستثناء راجع الی الکل لا الی خصوص ما اکل السبع نقلہ فی الروح عن علی وابن عباسؓ ۱۲۔ ③ قولہ فی النصب نامزد نہ کرے فلا تکرار فیہ مع ما اھل الخ ۱۲۔ ④ قولہ فی ذلکم یہ سب کذا فی الروح عن ابن عباسؓ۔ ⑤ قولہ فی اخر ف سب کو شامل ہے ولو فسر البھائم کما نقل فی الفائدۃ من الحاشیۃ المتعلقۃ بآیۃ احلت لکم (بقولہ لغم لو فسر المشابھۃ الخ) کان شاملا للطیور لفظا فلم یکن مساغ لقول بعض المحرفین اصلا ۱۲۔ ⑥ قولہ فی لا تخشوھم تم کر کیں فھو بشارۃ

www.besturdubooks.net

لکل مسلم الی قرب یوم القیٰمة لان الاسلام لا یستاصل ابدا وان صار اھله مغلوبین احیانا۱۲۔ ۷ قوله فی ترجمت رضیت تمہارا دین بننے کے لئے فیه اشارة الی توجیه ترکیبه بان الجار صفة لدین قدم علیه فانتصب والاسلام ودینا مفعولا رضیت ان ضمن معنی صیرا ودینا منصوب علی الحالیة من الاسلام کذا فی الروح۱۲۔ ۸ قوله فی تفسیر رضیت یعنی قیامت تک وبه ظهر وجه صحة التقیید بقوله الیوم فان کون التقیید مشکلا لان الاسلام کان مرضیا قبل الیوم ایضا تقریر الصحة ان الرضا بمعنی عدم النسخ لم یخبر عنه قبل ذلك فهذا هو وجه التقیید واجاب بعضهم انه مستانف لیس معطوفا علی ما قبله لیلزم التقیید۔ ۹ قوله هناك تم کو چاہئے هذا هو الفائدة فی هذه الجملة المعترضة بین الاحکام والیه اشیر فی تقریر التمهید بقوله اہتمام ہے امتثال الخ۱۲۔ ۱۰ قوله فی فمن اضطر دریافت کرلینے کے بعد فالفاء للتعقیب الذکری۱۲۔ ۱۱ قوله فی لهم یعنی ہمارے کما اقسم زید لیضربن۱۲۔ ۱۲ قوله فی احل لهم یعنی جتنے حلال شکار وبهذا التقریر ظهر فائدة قوله احل لکم الطیبٰت فافهم فانه من المواهب الخاصة۱۲۔ ۱۳ قوله فی احل لکم از قسم شکار قرینة التخصیص سوالهم۱۲۔ ۱۴ قوله هناك حلال رکھے گئے فسر به لئلا یلزم تحصیل الحاصل۱۲۔ ۱۵ قوله فی مکلبین اور تم یصرح بالعطف فی لساننا اذا کانت الحال متعددة کما فی الآیة فالاول من الجوارح من ضمیر المفعول المقدر فی علمتم والثانی مکلبین من فاعل علمتم والثالث تعلمونهن۱۲۔

۱۶ قوله فی علمکم الله شریعت میں دلیله ما رواه محمد فی کتاب الآثار عن ابن عباس بهذا التفصیل کذا فی حاشیة الهدایة وروی مرفوعاً فی الکلب عن عدی بن حاتم فی السنن۱۲۔ ۱۷ قوله فی امسکن علیکم تمہارے لئے فعلی بمعنی اللام۱۲۔ ۱۸ قوله فی اذکروا اسم الله علیه اس جانور پر المرجع مدلول بما علمتم وارجاع ضمیر امسکن الیه رعایة للمعنی۱۲۔ ۱۹ قوله فی آخر ف حلال نہ ہوگا لانه مما اکل السبع الذی من شرط حله ما فی قوله تعالیٰ الا ما ذکیتم۱۲۔

الرِّوَایَات: فی اللباب فی روایات عدیدة اخرج ابن ابی حاتم ان سعید بن جبیر ان عدی بن حاتم وزید ابن المهلهل الطائیین سألا رسول الله صلی الله علیه وسلم فقالا ان قوم نصید بالکلاب والبزاة وان کلاب ال ذریح تصید البقر والحمیر والظباء وقد حرم الله المیتة فماذا یحل لنا فنزلت یسئلونك ماذا احل الآیة قلت وفی هذه الروایة تائید صریح لما قررت فی تفسیر جملة احل لکم الطیبٰت الذی حاصله السوال عن الامرین ما هو الحلال وما به الحل فافهم۔

اللُّغَات: وقد ضرب قوله النصب جمع نصاب بمعنی منصوب کحمار وحمر وقد کانت الاصنام والاحجار تنصب فتعبد ویدخل فیه الاشجار بالهند وما ترجمت به فهو اخذ بالحاصل وعلی اما بعمناه او بمعنی اللام۱۲۔ الاستقسام طلب معرفة ما قسم لهم دون ما لم یقسم وهو عام لما فسر به ولغیره من التفاول بالقداح فالقسمة فی الاول حسی عینی وفی الثانی خفی غیبی وانما آثرت الاول لکونه انسب للمقام والحرمة شامل لکلیهما وهذا التفاول غیر لتفاول الثابت بالسنة فان هذا انما هو رجاء من الله تعالیٰ لا اعتقاد حکم او خبر بخلاف ذلك فانه کان فیه ذلك۱۲۔ قوله الازلام جمع زلم کجمل القداح۱۲۔ الاضطرار الوقوع فی الضرورة من تناول هذه المحرمات۱۲ قوله مخمصة مجاعة تخمص لها البطون ای تضمر یخاف معها الموت او مبادیه۱۲ التکلیب تعلیم الکلاب فی الاصل ثم تناول الکل کما فی الهدایة لکن لما کان التادیب غالباً فی الکلاب اشتق منه کذا فی حاشیتها ومن اجل عدم کون التکلیب خاصا بالکلاب فسر فی الجلالین ما لا سلیال الذی هو عام للکلب وغیره علیه ترجمت والقرینة علی السوال عن الامرین الجوارح الکواسب من سباع البهائم والطیور۱۲۔

فَائِدَہ: فی الروح سریع الحساب ای سریع اتیان حسابه او سریع اتمامه اذا شرع فیه وفیه ما علمتم مبتدأ وقوله فکلوا الخ خبر وفیه مما علمکم الله من اجلیة ای للتعلیل وفیه ما معناه ان قوله یسئلونك فی معنی یقولون لك فصح وقوع الجملة بعده وعدم تعدیته بعن۱۲۔

اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۭ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۠ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۡ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ

الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ

ع مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۡ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ

www.besturdubooks.net

وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ۭ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ۭ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰي سَفَرٍ اَوْ جَاۗءَ اَحَدٌ

مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَاۗىِٕطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَاۗءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَاۗءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ

وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ۭ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ

عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ ۙ اِذْ

قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

آج تمہارے لئے حلال چیزیں حلال رکھی گئیں اور جو لوگ کتاب دیئے گئے ہیں ان کا ذبیحہ تم کو حلال ہے اور تمہارا ذبیحہ ان کو حلال ہے اور پارسا عورتیں بھی جو مسلمان ہوں اور پارسا عورتیں ان لوگوں میں سے بھی جو تم سے پہلے کتاب دیئے گئے ہیں جب کہ تم ان کو ان کا معاوضہ دے دو اس طرح سے کہ تم بیوی بناؤ نہ تو علانیہ بدکاری کرو اور نہ خفیہ آشنائی کرو اور جو شخص ایمان کے ساتھ کفر کرے گا تو اس شخص کا عمل غارت ہو جائیگا اور وہ شخص آخرت میں بالکل غارت ہو جائے گا اے ایمان والو! جب تم نماز کو اٹھنے لگو تو اپنے چہروں کو دھوؤ اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں سمیت اور اپنے سروں پر ہاتھ پھیر لو اور اپنے پیروں کو ٹخنوں سمیت دھوؤ اور اگر تم جنابت کی حالت میں ہو تو سارا بدن پاک کرو اور اگر تم بیمار ہو یا حالت سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی شخص استنجے سے آیا ہو یا تم نے بیبیوں سے قربت کی ہو پھر تم کو پانی نہ ملے تو تم پاک زمین سے تیمم کر لیا کرو۔ یعنی اپنے چہروں اور ہاتھوں پر ہاتھ پھیر لیا کرو۔ اس زمین پر سے اللہ تعالیٰ کو یہ منظور نہیں کہ تم پر کوئی تنگی ڈالیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہے کہ تم کو پاک صاف رکھے اور یہ کہ تم پر انعام تمام فرما دے تاکہ تم شکر کرو اور تم لوگ اللہ تعالیٰ کے انعام کو جو تم پر ہوا ہے یاد کرو اور اس کے عہد کو بھی جس کا تم سے معاہدہ کیا ہے جب کہ تم نے کہا تھا کہ ہم نے سنا اور مان لیا اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ دلوں تک کی باتوں کی پوری خبر رکھتے ہیں ۝

تفسیر ربط: اوپر شکاری جانوروں کے شکار کا حلال ہونا مذکور تھا آگے ذبائح اہل کتاب کے حلال ہونے کا بیان ہے اور ساتھ میں ایک اور حکم بھی اہل کتاب کے متعلق یعنی کتابیات سے نکاح کرنے کا جواز ارشاد ہے کہ اہل کتاب سے متمتع ہونا ہر دو حکم میں مشترک فیہ ہے گو ایک متعلق بنفس ہے ایک متعلق بمال۔

حکم پنجم تحلیل ذبائح کتابی و حکم ششم حلت نکاح کتابیہ: اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۭ (الی قولہ تعالی) وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ آج (تم پر ہر دینی ابدی انعام ہوا کہ اکمال دین سے مشرف کیے گئے اسی طرح ایک معتد بہ دنیوی ابدی انعام بھی ہوا بلکہ) تمہارے لئے حلال چیزیں (کہ اس سے پہلے حلال کر دی گئی ہیں ہمیشہ کے لئے) حلال رکھی گئیں (کہ کبھی منسوخ نہ ہوں گی) اور جو لوگ (تم سے پہلے آسمانی) کتاب دیئے گئے ہیں (یعنی یہود و نصاریٰ) ان کا ذبیحہ بھی تم کو حلال ہے اور اس کا حلال ہونا ایسا ہی یقینی ہے جیسا تمہارا ذبیحہ ان کو حلال ہے اور پارسا عورتیں بھی جو مسلمان ہوں (تم کو حلال ہیں) اور (جیسا مسلمان عورتوں کا حلال ہونا یقینی ہے اسی طرح) پارسا عورتیں ان لوگوں میں سے بھی جو تم سے پہلے کتاب (آسمانی) دیئے گئے ہیں (تم کو حلال ہیں) جب کہ تم ان کو ان کا معاوضہ دے دو (یعنی مہر دینا گو شرط نہیں مگر واجب ہے اور یہ عورتیں مذکورہ جو حلال کی گئی ہیں تو) اس طرح سے کہ تم (ان کو) بیوی بناؤ (یعنی نکاح میں لاؤ جس کی شرطیں شرع میں معلوم ہیں) نہ تو علانیہ بدکاری کرو اور نہ خفیہ آشنائی کرو (یہ سب احکام شرعیہ ہیں جن پر ایمان لانا فرض ہے) اور جو شخص ایمان (لانے کی چیزوں) کے ساتھ کفر کرے گا (مثلاً حلال قطعی کی حلت کا یا حرام قطعی کی حرمت کا انکار کرے گا) تو اس شخص کا (ہر نیک) عمل غارت (اور اکارت) جاویگا اور وہ شخص آخرت میں بالکل زیاں کار ہوگا (بس حلال کو حلال سمجھو اور حرام کو حرام سمجھو) **ف**: حبط عملہ کی تحقیق سورۂ بقرہ حکم پانزدہم کے قبل گزر چکی ہے اور احقر کے نزدیک وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ کا اس مقام پر ایک اور فائدہ بھی ہو سکتا ہے وہ یہ کہ اوپر مرد یا عورت کتابی کے ذبائح اور عورت کتابیہ کے نکاح کا حلال ہونا مذکور ہے چونکہ بعضے مسلمان نصرانی یا یہودی ہو جاتے ہیں تو شبہ ہو سکتا تھا کہ ان کا حکم بھی اہل کتاب کا سا ہوگا اس لئے اس جملہ میں اس شبہ کے رفع کی طرف اشارہ کر دیا جو شخص اپنے ایمان سابق کی حقیقت کا انکار کرے یعنی اسلام حق نہ سمجھ کر مرتد ہو جاوے اس کا عمل مثلاً نکاح یا ذبح بے اثر ہو جاوے گا۔ یعنی اس پر حلت مرتب نہ ہوگی اور آخرت کا خسارہ تو ظاہر ہی ہے اور بعض نے یہ فائدہ فرمایا ہے کہ اتنی سی بات عزت کی اہل کتاب کو دنیا میں دے دی ہے آخرت میں کفر سے خراب ہوں گے۔

مسئلہ: کتابی کا ذبیحہ حلال ہے دو شرط سے ایک یہ کہ اصلی کتابی ہو یعنی مرتد نہ ہو اور اگر کوئی غیر مسلم نصرانی ہو جاوے تو اس کا حکم نصرانی کا سا ہوگا اور دوسری شرط یہ کہ ذبح کے وقت اللہ کے سوا اور کا نام نہ لے ورنہ حرام ہوگا درمختار۔ اور یاد رکھنا چاہئے کہ ہمارے زمانہ میں اکثر نصاریٰ برائے نام ہیں ایسوں کا حکم نصاریٰ

www.besturdubooks.net

کا سانہیں ہے اور یہی سب تقریر نکاح میں بھی سمجھو۔

مسئلہ: کتابیہ مسلمہ اگر پارسا نہ ہو جب بھی نکاح حلال ہے لیکن مناسب نہیں پس آیت میں جو پارسا کی تخصیص ہے بیان اولویت کے لئے ہے اور سورۂ بقرہ حکم ہشدہم میں گزر چکا کہ مسلمان عورت کا نکاح کتابی مرد سے اسی طرح غیر کتابی سے بھی درست نہیں۔

مسئلہ: نکاح میں مہر اگر مذکور نہ ہو یا ادا نہ ہو نکاح ہو جاوے گا آیت میں وجوب کا بیان فرمانا مقصود ہے اشتراط مقصود نہیں۔

تنبیہ: بعضے لوگ شبہ کرتے ہیں کہ جب اہل کتاب کا ذبیحہ تک درست ہے اور دوسرا اطعام مطلق کفار کا بھی درست ہے تو کفار کے ساتھ مواکلت سے کیوں منع کیا جاتا ہے جواب یہ ہے کہ مواکلت فی نفسہٖ کو ممنوع نہیں کہا جاتا بلکہ بوجہ دوسرے مفاسد کے مثلاً مخالطت بلاضرورت وموالات یا شبہ قوی خلط نجاسات ومحرمات کے ممنوع کیا جاتا ہے اور کیا ضرورت ہے اگر منع کی ایک دلیل مرتفع ہو جاوے تو دوسری ادلہ بھی مرتفع ہو جاویں خوب سمجھ لو۔

ربط: اوپر بعض شرائع متعلقہ بالدنیا کا ذکر تھا آگے بعض شرائع متعلقہ بالدین کا ذکر ہے۔

حکم ہفتم فرضیت وضو: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا (الی قولہ تعالی) وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَیْنِ ؕ اے ایمان والو جب تم نماز کو اٹھنے لگو[1] (یعنی نماز پڑھنے کا ارادہ کرو اور تم کو اس وقت وضو نہ ہو تو (وضو کر لو یعنی) اپنے چہروں کو دھوؤ اور اپنے ہاتھوں کو بھی کہنیوں سمیت[2] (دھوؤ) اور اپنے سروں پر (بھیگا) ہاتھ پھیرو اور اپنے پیروں کو بھی ٹخنوں سمیت (دھوؤ) **ف**: یہ چار چیزیں فرض ہیں وضو میں باقی امور مسنون ومستحب ہیں جن کی تفصیل کتب فقہ میں ہے اور ایک قراءت میں اَرْجُلِكُمْ مجرور ہے جس سے بعضوں کو شبہ ہو گیا ہے کہ پاؤں کا بھی مثل سر کے مسح ہے لیکن چونکہ دو قراءتوں کا مثل دو آیتوں کے متوافق ہونا بلکہ اس سے بھی زیادہ متحد المعنی ضرور ہے اور ان میں تعارض محال ہے اس لئے لامحالہ غسل ارجل اور مسح ارجل سے ایک ہی معنی مراد ہوں گے اور ابوزیدؒ انصاری وغیرہ اہل لغت نے تصریح کی ہے کہ مسح بمعنی غسل آتا ہے چنانچہ متوضی کو متمسح کہتے ہیں اور مسح الارض المطر بولتے ہیں کہ جب کہ بارش سے زمین دھل جاوے پھر احادیث صحیحہ غسل ارجل پر متفق ہیں اور حدیث شیخین میں ایڑیاں خشک رہ جانے پر ویل للاعقاب سے نار کی وعید فرمانا مصرح ہے جس سے عدم جواز مسح کالشمس فی النہار واضح ہے پھر اہل حق کا اس پر اجماع بھی ہے اس لئے مسح ارجل کو غسل پر محمول کیا جاوے گا اور ایک امسحوا مقدر کر لیا جاوے گا تا کہ امسحوا الملفوظ میں جمع بین الحقیقت والمجاز لازم نہ آوے اور اس صورت میں نکتہ لفظ مسح لانے میں یہ اشارہ ہو گا کہ پاؤں دھونے میں جیسا عادت ہے اسراف پانی کا نہ کریں یا جر جوار کہا جاوے اور یہ کہنا کہ عطف میں جر جوار[2] نہیں ہوتا غیر مسلم ہے چنانچہ نابغہ کے شعر میں موثق اسیر پر معطوف ہے اور پھر بھی مجرور ہے۔

لم یبق الا اسیر غیر منفلت ☆ وموثق فی حبال القد مجنوب

خوب سمجھ لو۔ اور پوری بحث اس کی روح المعانی میں ہے لیکن منصف کو اس قدر بھی بس ہے۔

ربط: اوپر فرضیت وضو کا بیان تھا آگے فرضیت غسل کا بیان ہے۔

حکم ہشتم فرضیت غسل: وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ اور اگر تم جنابت کی حالت میں ہو تو (نماز سے پہلے[3]) سارا بدن پاک کرو۔ **ف**: اس کے مسائل بھی کتب فقہ میں ہیں۔

ربط: اوپر وضو وغسل کا ذکر ہو چکا ہے آگے تیمم کا بیان ہے۔

حکم نہم مشروعیت تیمم: وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى (الی قولہ تعالی) فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَیْدِیْكُمْ اور اگر تم بیمار ہو (اور پانی کا[4] استعمال مضر ہو) یا حالت سفر میں ہو (اور پانی نہیں ملتا جیسا آگے آتا ہے یہ تو عذر کی حالت ہوئی) یا (اگر مرض وسفر کا عذر بھی نہ ہو بلکہ ویسے ہی وضو یا غسل ٹوٹ جاوے اس طرح سے کہ مثلاً) تم میں سے کوئی شخص (پیشاب یا پاخانہ کے) استنجے سے (فارغ ہو کر) آیا ہو (جس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے) یا تم نے بیبیوں سے قربت کی ہو (جس سے غسل ٹوٹ گیا ہو اور) پھر (ان ساری صورتوں میں) تم کو پانی (کے استعمال کا[5] موقع) نہ ملے (خواہ بوجہ ضرر کے یا پانی نہ ملنے کے) تو ان سب حالتوں میں) تم پاک زمین سے تیمم کر لیا کرو یعنی اپنے چہروں اور ہاتھوں پر ہاتھ پھیر لیا کرو اس زمین (کی جنس) پر سے (ہاتھ مار کر) **ف**: اس کی تفسیر اور مسائل سورۂ نساء کے حکم ہفدہم[6] میں گزر چکے ہیں یہاں مکرر شاید اس لئے آیا ہو کہ سب انواع طہارت کے یعنی وضو غسل وتیمم سب ایک جگہ جمع ہو جاویں تا کہ آئندہ جو منت کا مضمون ہے وہ واقع فی النفس ہو کہ منت بعد بقدر نعمت ہے۔

ربط: اوپر احکام طہارت کے مذکور ہیں جن میں رعایت سہولت ومصلحت عباد کی ملحوظ ہے آگے اس طہارت اور رعایت پر منت ظاہر فرماتے ہیں اور تحریک شکر کی دیتے ہیں:۔

منت بر تشریع حکم سابق: مَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیَجْعَلَ عَلَیْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ (الی قولہ تعالی) لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ اللہ تعالیٰ کو (ان احکام کے مقرر فرمانے

www.besturdubooks.net

سے) یہ منظور نہیں کہ تم پر کوئی تنگی ڈالیں (یعنی یہ منظور ہے کہ تم پر کوئی تنگی نہ رہے چنانچہ احکام مذکورہ میں خصوصاً اور جمیع احکام شرعیہ میں عموماً رعایت سہولت و مصلحت کی ظاہر ہے) لیکن اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہے کہ تم کو پاک صاف رکھے ۔ (اس لئے طہارت کے قواعد اور طرق مشروع کئے اور کسی ایک طریق پر بس نہیں کیا کہ اگر وہ نہ ہو تو طہارت ممکن ہی نہ ہو مثلاً صرف پانی کو مطہر رکھا جاتا تو پانی نہ ہونے کے وقت طہارت حاصل نہ ہو سکتی یہ طہارت ابدان تو خاص احکام طہارت ہی میں ہے اور طہارت قلوب تمام طاعات میں عام ہے پس تطہیر دونوں کو شامل ہے اور اگر یہ احکام نہ ہوتے تو کوئی طہارت حاصل نہ ہوتی) اور یہ (منظور ہے کہ) تم پر اپنا انعام تام فرما دے (اس لئے احکام کی تکمیل فرمائی تا کہ ہر حال میں طہارت[7] بدنی و قلبی کو جس کا ثمرہ رضا و قرب ہے جو اعظم نعم ہے حاصل کر سکو) تا کہ تم (اس عنایت کا) شکر ادا کرو (شکر میں[8] امتثال بھی داخل ہے)

ربط :اوپر احکام متعددہ کا مشروع ہونا اور ان کا نعمت ہونا بیان فرمایا ہے آگے ان کے امتثال کی تاکید چند طرق سے ہے ۔ تذکیر نعمت مخاطبین کا عہد و التزام یاد دلانا مخالفت سے ڈرانا۔

تاکید امتثال احکام شرعیہ: وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۝ اور تم لوگ اللہ تعالیٰ کے انعام کو جو تم پر ہوا ہے یاد کرو (جس میں بڑا انعام یہ ہے کہ تمہاری فلاح کے طریقے تمہارے لئے مشروع کر دیئے) اور اس کے اس عہد کو بھی (یاد کرو) جس کا تم سے معاہدہ کیا ہے جب کہ تم نے (اس کا التزام[9] بھی کر لیا تھا کہ عہد لینے کے وقت تم نے) کہا تھا ۔ کہ ہم نے (ان احکام کو) سنا اور مان لیا (کیونکہ اسلام[10] لانے کے وقت ہر شخص اسی مضمون کا عہد کرتا ہے) اور اللہ تعالیٰ (کی مخالفت[11]) سے ڈرو بلاشبہ اللہ تعالیٰ دلوں تک کی باتوں کی پوری خبر رکھتے ہیں (اس☆ لئے جو کام کرو اس میں اخلاص و اعتقاد بھی ہونا چاہئے صرف منافقانہ امتثال کافی نہیں مطلب یہ کہ ان احکام میں اول تو تمہارا ہی نفع پھر تم نے اپنے سر بھی رکھ لیا ہے پھر مخالفت میں ضرر ان وجوہ سے امتثال ہی ضروری ہوا اور وہ بھی دل سے ہونا چاہئے ورنہ مثل عدم امتثال ہی کے ہے)

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ الخ اس سے معلوم ہوا کہ رخص شرعیہ میں نقص کے شبہ سے تنگدل ہونا جیسا کہ عمل میں غلو کرنے والے سمجھتے ہیں حق کی مزاحمت ہے ۱۲۔

الحواشی : (۱) مفسرین نے آیت میں قیام سے قیام فی الصلوٰۃ مراد لیا ہے اور جب اس پر شبہ ہوا کہ وضو اس قیام سے مؤخر نہیں تو اردتم القیام کے ساتھ تاویل کی مولانا نے اُٹھنے لگو کے لفظ سے یہ بتلا دیا کہ یہاں قیام صلوٰۃ مراد ہی نہیں بلکہ وہ قیام مراد ہے جو تہیۂ صلوٰۃ کے لئے ہوتا ہے پس اب قیام اپنے معنی پر ہے اور اس میں تاویل کی ضرورت نہیں رہی نیز آیت میں لفظ الی اس کا قرینہ ہے کہ قیام سے تہیۂ صلوٰۃ ہی کا قیام مراد ہے ورنہ قیام فی الصلوٰۃ اونحوہ فرمایا جاتا ۱۲ تبیان ۔ (۲) اور جر جوار کے لئے یہ شرط ہے کہ وہاں التباس سے امن ہو وہ یہاں متحقق ہے کیونکہ ارجلکم کے بعد الی الکعبین فرمانا اس کا قرینہ ہے اس لئے کہ تحدید غسل ہی میں ضروری ہے اور شریعت میں دوسری جگہ اس کا وقوع بھی ہوا ہے چنانچہ ایدیکم الی المرافق اس پر شاہد ہے اور مسح میں قائلین بالمسح کے نزدیک اس کی ضرورت نہیں ۔ دوسرے مسح بالاجماع ظہر رجل پر ہوتا ہے تو اس کی تحدید میں الی الساق ہو سکتا تھا نہ کہ الی الکعبین اور ممکن ہے کہ یوں کہا جائے کہ ارجلکم لفظ رء وسکم پر معطوف ہے مگر اس کا حکم غسل ہے کیونکہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک لفظ کو دوسرے پر عطف کر دیا جاتا ہے اور حکم ہر دو کا مختلف ہوتا ہے جیسے عربی کا یہ شعر ۔

یا لیت بعلک قد غدا ☆ متقلدا سیفا ورمحا

☆ لفظ رمحا سیفا پر معطوف ہے حالانکہ حکم متقلد اس پر صحیح نہیں بلکہ حاملا رمحا بولا جاتا ہے ۱۲ تبیان ۔ (۳) یہ لفظ بڑھا کر اس بات کو بتلانا مقصود ہے کہ یہ آیت بھی آیت سابقہ اذا قمتم الی الصلوٰۃ کے ساتھ مرتبط ہے کہ اس میں نماز کے لئے وضو کا حکم تھا اور یہاں نماز کے لئے غسل کا حکم ہے اور دونوں نماز سے قبل ہیں ۱۲ تبیان ۔ (۴) یہ عبارت اس لئے بڑھا دی کہ مطلق مرض سے اجازت تیمّم نہیں ہوتی بلکہ اس کے لئے یہ بھی شرط ہے کہ استعمال پانی سے ضرر کا اندیشہ ہو ۱۲ تبیان ۔ (۵) لم تجدوا ماء کی یہ تفسیر اس لئے کی گئی تا کہ حالت مرض کا عذر بھی اس میں شامل ہو جاوے کیونکہ ظاہر الم تجدوا تمام متعاطفات کی قید ہے اس صورت میں اگر لم تجدوا کا ترجمہ پانی نہ پاؤ کیا جاتا تو حالت مرض میں جواز تیمّم مفہوم نہ ہوتا کیونکہ مرض میں پانی تو ہوتا ہے البتہ استعمال نہیں ہو سکتا ۱۲ تبیان ۔ (۶) اس آیت میں غسل اور تیمّم دونوں کا ذکر تھا وضو کا ذکر نہ تھا یہاں سب کو جمع کر دیا گیا یہ فرق ہے دونوں مقام میں پس تکرار محض نہ ہوا ۱۲ تبیان ۔ (۱☆) ہذا متعلق بقولہ موضوعا وقولہ کما نقلہ فی الانتصاف عن الزجاج اعتراض فتنبہ لہ ۱۲ ۔ (۲☆) غالباً یہ توجیہ جامع کی بڑھائی ہوئی ہے ۱۲ منہ ۔ (۷) مطلب یہ کہ آیت میں لیطھر کم سے بطور عموم مجاز کے طہارت بدنی و قلبی دونوں مراد ہیں کیونکہ اتمام نعمت کو تطہیر پر مرتب فرمایا ہے اور یہ اتمام نعمت اس وقت ہے کہ ظاہری بدن کے ساتھ قلب بھی پاک ہو ورنہ نعمت تام نہ ہوگی کیونکہ تلوث قلبی کے ساتھ رضا کا حصول ممکن نہیں اور بڑی نعمت یہ ہے اور جب یہ نہیں تو نعمت تام کہاں ۱۲ تبیان ۔ (۸) مطلب یہ کہ لعلکم تشکرون سے یہی مراد نہیں کہ زبان سے الحمد للہ الشکر للہ کہا کرو بلکہ احکام پر عمل کرنا بھی شکر میں ضروری ہے ۱۲ تبیان ۔ (۹) مطلب یہ کہ قلتم سمعنا اسی التزام

www.besturdubooks.net

عہد ہی کا بیان ہے اس میں اسکا جواب دینا منظور ہے کہ میثاق تو بدون التزام کے متحقق نہیں ہوتا اور اسکی کوئی دلیل نہیں ۱۲ تبیان۔ (۱۰) مطلب یہ کہ یہ ضروری نہیں ہے کہ لفظ سمعنا ہی کہا ہو بلکہ اسلام لانا یہ خود سمعنا کہنا ہے اور مولانا مدظلہ کی اس تقریر کے بعد ابھی کوئی ضرورت نہیں رہی کہ اس سمعنا سے یوم میثاق کا سمعنا مراد لیا جاوے جیسا کہ بعض مفسرین نے کہا ہے تا کہ بعد نزول کتاب کے سمعنا کہنے پر دلیل قائم کرنا ضروری نہ ہو ۱۲ تبیان۔ (۱۱) اس لفظ کو بڑھانے سے یہ بتانا مقصود ہے کہ اتقوا اللہ کو ماقبل سے کیا ربط ہے کہ پہلے امتثال کا امر تھا یہاں خلاف سے نہی ہے۔ ۱۲ تبیان (۳ ☆) اس عبارت سے ان اللہ علیم الخ کے ربط کو ظاہر فرمایا ہے ماقبل سے ۱۲ تبیان۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَة: ۱؎ **قوله في** يكفر حلال قطعی ای دلالة و ثبوتا فلا يدخل فيه ما اختلفوا فيه بالادلة الشرعية فهذا الاختلاف رحمة ۱۲۔ ۲؎ **قوله في** قمتم اور تم کو اس وقت وضو نہ ہو وقع الاجماع عليه وقرينة اشتراط الحدث في البدل ای التيمم ۱۲۔ ۳؎ **قوله في** الى سميت للاجماع عليه ۱۲۔ ۴؎ **قوله في** ف ابوزيد نقله في الروح ۱۲۔ ۵؎ **قوله** سارا بدن دليله ما في روح المعاني انه اضاف التطهير الى مسمى الواو وهو جملة بدن كل مكلف فيدخل كل ما يمكن الايصال الا ما فيه حرج الخ قلت وقد وقع الاشارة الى استثناء بقوله فيما بعد ما يريد الله يجعل عليكم من حرج فافهم فانه عزيز ۱۲۔ ۶؎ **قوله في** ما يريد الله یعنی یہ منظور ہے الخ اشارة الى ان المقصود ارادة عدم الحرج الذى يستلزمه عدم ارادة الحرج لانه لا يكفى لعدم وقوع شيء عدم ارادة بل لا بد من تعلق ارادته بعدمه كما هو ظاهر عند التامل ۱۲۔ ۷؎ **قوله في** توضيح ليطهركم دونوں کو شامل ہے بطريق عموم المجاز۔ ۸؎ **قوله** هناك اور اگر یہ احکام نہ ہوتے اشارة الى توجيه الاستدراك بلكن تقريره انه لما قال ما يريد الله الخ نشاء عنه توهم ان الاحكام لو لم تشرع اصلا لكان فيه انتفاء الحرج باتم وجه فدفعه بما حاصله ان السهولة مقصوده لكن الطهارة مقصودة ايضا فاقتضى هذا المجموع شرع الاحكام مع السهولة ولو لم يوجه به لكان الظاهر بل ۱۲۔ ۹؎ **قوله في** توضيح سمعنا اسی مضمون کا اشارة الى انه لا يلزم ان يكون هذا اللفظ بعينه منقولا بل هو اخذ بالحاصل ۱۲۔

اَلرِّوَايَات: في البخاری عن ابن عباس رضی الله عنهما فی قوله طعام الذين ان المراد به الذبائح اه لان غيرها لم يختلف في حله وعليه اكثر المفسرين كذا في الرّوح ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَة: ارجلكم بالجر قرأ به ابن كثير وحمزة وغيرهما ۱۲۔

اَلنَّحْو: قوله والمحصنٰت عطف على الطيبٰت كذا في الروح قلت فهو ايضا مقيد باليوم ومن ثم ذكرت النكاح مع الطيبٰت فى السوال الرابع من الفوائد الآتية قوله اذا اٰتيتموهن ظرف لاحل۔ قوله ليجعل الخ اللام زائدة لتاكيد المفعول وان مقدرة قال في الروح هو الاسهل ۱۲۔ قوله اذا قلتم ظرف لو اثقكم به كذا في الروح ۱۲۔ تنبيهان متعلقات بالروايات عن اللباب الاول روى البخارى في قصة سقوط القلادة عن عائشة فنزلت يايها الذين آمنوا اذا قمتم آه وهو الصواب لا ما قيل انها آية النساء الثانى ان الوضوء كان واجباً عليهم قبل نزول الآية لانها مدنية والصلوٰة فرضت بمكة ولم يصل رسول الله صلى الله عليه وسلم الا بوضوء والحكمة في نزول الوضوء ليكون فرضه متلوا بالتنزيل ولذا استعظموا (اى استثقلوا) نزولهم على غير ماءٍ كما في اللباب ۱۲۔

اَلْبَلَاغَة: في قوله اذا اٰتيتموهن اهتمام بابطال ما كان عليه اهل الجاهلية من اضاعة حقوق النسوة ولو اعيد ضمير اجورهن الى الكتابيات خاصة كان فيه تنبيه على انها وان كانت كافرة لكن لا يسقط به حقها من المهر ۱۲۔

فوائد شتى: شتى ههنا سوالات الاول ما معنى قوله اليوم مع ان التحليل قد وقع قبل ذلك والجواب ان المراد والاخبار عن ابقاء الحل وعدم نسخه وهذا لم يقع قبل ذلك الثانى ما فائدة تكرار الاخبار عن الحل والجواب ان الذى قبله لم يكن اخبارا عن عدم النسخ وهذا اخبار عنه كما مر فلا تكرار۔ الثالث ما المناسبة بين الاخبار عن الاكمال وعن الاحلال والجواب ان كليهما اتمام للنعمة احدهما للدنيا والآخر للدين الرابع ما وجه تخصيص احلال الطيبات لو النكاح بالذكر دون سائر النعم والجواب ان التخصيص لكونه معتدا به من حيث ان اكل الطيبات قوام للبدن والنكاح سبب لبقاء النوع ولهما دخل اى دخل في القيام باقامة الدين وهذا هو النكتة في تقديم هذه الاحكام على احكام الطهارة الخامس ما فائدة قوله طعامكم حل لهم لانه لم يكن فيه شبهة والجواب ان الفائدة التنبيه على كون حل دبائح الكتابى يقينيا بايراده مقترنا بما هو معلوم من قبل و هذا هو الفائدة في قوله والمحصنٰت من المؤمنات ويدل ما قررت من الترجمة على كل من هذه الفوائد ۱۲۔

فَائِدَة: قوله وان كنتم مرضى فس سبق ما يتعلق به في سورة النساء نعم بقي امر وهو انه قد استدل بقوله منه الراجع الى الصعيد

www.besturdubooks.net

اشتراط الغبار حملا لمن علی التبعیض والجواب بحمل من علی الابتدائیۃ وبکون الصعید موسوعًا کما نقلہ فی الانتصاف عن الزجاج لوجہ" الارض ترابا کان او ھجرا او بکون الضمیر راجعًا الی الحدث المدلول علیہ بذکر اسبابہ فیما سبق یقال تیمم من الجنابۃ فافھم۴۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۡ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى
اَلَّا تَعْدِلُوْا ۭ اِعْدِلُوْا ۣ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۸ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۹ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ
اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۱۰ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ
اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَي اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۱۱ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ ع
مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۭ لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ
الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا
لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ
ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاۗءَ السَّبِيْلِ ۱۲

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کے لئے پوری پابندی کرنے والے انصاف کے ساتھ شہادت ادا کرنے والے رہو اور کسی خاص گروہ کی عداوت تم کو اس پر باعث نہ ہو جائے کہ تم عدل نہ کرو۔ عدل کیا کرو کہ وہ تقویٰ سے زیادہ قریب ہے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو بلاشبہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب اعمال کی پوری اطلاع ہے اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں سے جو ایمان لے آئے اور انہوں نے اچھے کام کئے وعدہ کیا ہے کہ ان کے لئے مغفرت اور ثواب عظیم ہے اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہمارے احکام کو جھوٹا بتلا دیا ایسے لوگ دوزخ میں رہنے والے ہیں۔ اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کے انعام کو یاد کرو جو تم پر ہوا ہے جب کہ ایک قوم اس فکر میں تھی کہ تم پر دست درازی کریں سو اللہ تعالیٰ نے ان کا قابو تم پر نہ چلنے دیا اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اہل ایمان کو حق تعالیٰ پر اعتماد رکھنا چاہئے اور اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا تھا اور ہم نے ان میں بارہ سردار مقرر کئے اور اللہ تعالیٰ نے یوں فرما دیا کہ میں تمہارے پاس ہوں اگر تم نماز کی پابندی رکھو گے اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو گے اور میرے سب رسولوں پر ایمان لاتے رہو گے اور ان کی مدد کرتے رہو گے اور اللہ تعالیٰ کو اچھے طور قرض دیتے رہو گے تو میں ضرور تمہارے گناہ تم سے دور کر دوں گا اور ضرور تم کو ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے کو نہریں جاری ہوں گی اور جو شخص بعد اس کے بھی کفر کرے تو وہ بے شک راہ راست سے دور جا پڑا ۱۲

تفسیر ربط: یہاں تک وہ احکام مذکور ہوئے ہیں جو مکلّف کی ذات خاص کے متعلق ہیں آگے ایسا حکم مذکور ہوتا ہے جس میں غیر سے بھی تعلق ہے کیونکہ شہادت اور عدل کا تعلق غیر سے ظاہر ہے پس عبادات و معاملات دونوں جمع کر دیئے گئے۔

حکم وہم ایجاب عدل واظہار حق: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ۔ اے ایمان والو اللہ تعالیٰ (کی خوشنودی[1]) کے لئے (احکام کی) پوری پابندی کرنے والے (اور شہادت[2]) کی نوبت آوے تو انصاف کی شہادت ادا کرنے والے رہو اور کسی خاص گروہ کی عداوت تم کو اس پر باعث نہ ہو جاوے کہ تم (ان[3] کے معاملات میں) عدل نہ کرو (ضرور[4] ہر معاملہ میں) عدل کیا کرو کہ وہ (یعنی عدل کرنا) تقویٰ سے زیادہ قریب ہے (یعنی اس سے تقویٰ کے ساتھ موصوف کہلاتا ہے) اور (تقویٰ[5] اختیار کرنا تم پر فرض ہے چنانچہ حکم ہوا ہے کہ) اللہ تعالیٰ (کی مخالفت) سے ڈرو (یہی حقیقت ہے تقویٰ کی پس عدل جو کہ اس فرض تقویٰ کا موصوف علیہ ہے نیز فرض ہوگا) بلاشبہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب اعمال کی پوری اطلاع ہے (پس مخالفین احکام کو سزا ہو جاوے تو بعید نہیں)

ف: ایسی آیت ختم پارۂ والمحصنٰت کے قریب بھی آ چکی ہے اور دونوں میں فرق یہ ہے کہ بے انصافی کی وجہ دو چیزیں ہوتی ہیں یا تو ایک فریق کی رعایت یا کسی فریق کی عداوت وہاں اول سبب مذکور ہے یہاں دوسرا سبب چنانچہ وہاں یہ الفاظ: وَلَوْ عَلٰٓي اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا اور یہاں لفظ شناٰن اس کی صاف دلیل ہے پس اس فرق کے بعد تکرار نہ رہا۔

www.besturdubooks.net

ربط : اوپر احکام مذکور تھے آگے امتثال کرنے والوں کو وعدہ اور خلاف کرنے والوں کو وعید سناتے ہیں۔

وعدہ ووعید بر اطاعت ومخالفت : وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالٰی) اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ۔ اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں سے جو ایمان لے آئے اور (انہوں نے) اچھے کام کئے وعدہ کیا ہے کہ ان کیلئے مغفرت اور ثواب عظیم ہے اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہمارے احکام کو جھوٹا بتلایا ایسے لوگ دوزخ میں رہنے والے ہیں۔

ف : اس آیت میں تو پوری مخالفت کرنے والوں کا حال ہے اور جو تھوڑا خلاف کرنے والے ہیں یعنی اٰمَنُوْا کے تو مصداق ہیں مگر عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کے مصداق نہیں ان کا حال دوسری نصوص میں ہے۔

ربط : تین چار آیتیں اوپر احکام شرعیہ کا نعمت ہونا بیان کر کے تاکید امتثال کے لئے اس نعمت کی یاد دہانی فرمائی تھی جو کہ نعمت دینیہ تھی اب آگے ایک نعمت دنیویہ کی یاد دہانی فرماتے ہیں اور مقصود اس سے بھی وہی تاکید امتثال ہے کیونکہ نعمت کا خیال کرنا منعم کی اطاعت کا محرک ہوتا ہے۔

تذکیر بعض نعم : يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالٰی) وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ اے ایمان والو اللہ تعالیٰ کے انعام کو یاد کرو جو تم پر ہوا ہے جب کہ ایک قوم (یعنی کفار قریش ابتدائے اسلام میں جب کہ مسلمان ضعیف تھے) اس فکر میں تھے کہ تم پر (اس طرح) دست درازی کریں (کہ تمہارا خاتمہ ہی کردیں) سو اللہ تعالیٰ نے ان کا قابو تم پر (اس قدر) نہ چلنے دیا (اور آخر میں تم کو غالب[1] کردیا پس اس نعمت کو یاد کرو) اور (احکام کے امتثال میں) اللہ تعالیٰ سے ڈرو (کہ اس نعمت[2] کا یہ شکریہ ہے) اور (آئندہ بھی) اہل ایمان کو حق تعالیٰ ہی پر اعتماد رکھنا چاہئے (جس نے پہلے بھی تمہارے سب کام بنائے ہیں آئندہ بھی آخرت تک امید رکھو اِتَّقُوا اللّٰهَ میں خوف دلایا اور امر بالتوکل میں امید اور یہ ہی دو عمل معین امتثال ہیں) ف : اور قابو میں جو اس قدر کی قید لگائی وجہ یہ کہ کچھ کچھ مضرتیں تو کفار سے پہنچ ہی جاتی تھیں۔ ف : شروع سورت سے یہاں تک اکثر آیتوں میں حق تعالیٰ سے ڈرنے کا حکم فرمایا ہے ایک جگہ لفظ خشیت سے باقی جگہ لفظ تقوی سے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کو امتثال میں بہت دخل ہے چنانچہ ظاہر بھی ہے۔

ربط : اوپر آیت : وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ میں تصریحاً اور مابعد کی آیتوں میں دلالۃً احکام شرعیہ کے جو کہ معاہدۂ الٰہیہ ہے امتثال وایفاء کا امر فرمایا ہے آگے زیادہ اہتمام کے لئے بنی اسرائیل سے معاہدہ لینے کی اور ان کے نقض عہد سے جو ان کو وبال اور ضرر پہنچا اس کی حکایت فرماتے ہیں تاکہ اطاعت کی ترغیب اور معصیت سے ترہیب زیادہ ہو۔

حکایت اخذ میثاق از بنی اسرائیل : وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (الی قولہ تعالٰی) فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ اور اللہ تعالیٰ نے (حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واسطے سے) بنی اسرائیل سے (بھی) عہد لیا تھا (جس کا بیان عنقریب آتا ہے) اور (ان عہود[8] کی تاکید کے لئے) ہم نے ان میں سے (موافق عدد ان کے قبائل کے) بارہ سردار مقرر کئے (کہ ہر ہر قبیلہ پر ایک ایک سردار رہے جو اپنے ماتحتوں پر ہمیشہ ایفائے عہود کی تاکید رکھے) اور (مزید تاکید عہد کے لئے ان سے) اللہ تعالیٰ نے یوں (بھی) فرمادیا کہ میں تمہارے پاس ہوں (تمہارے سب بھلے برے کی مجھ کو خبر رہے گی مطلب یہ کہ عہد لیا پھر اس کی تاکید در تاکید فرمائی اور اس عہد کا خلاصہ مضمون یہ تھا کہ) اگر تم نماز کی پابندی رکھو گے اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو گے اور میرے سب رسولوں پر (جو آئندہ بھی نئے نئے آتے رہیں گے) ایمان لاتے رہو گے اور (دشمنوں کے مقابلہ میں) ان کی مدد کرتے رہو گے اور (علاوہ زکوٰۃ کے اور مصارف خیر میں بھی صرف کر کے) اللہ تعالیٰ کو اچھے طور پر (یعنی اخلاص کے ساتھ) قرض دیتے رہو گے تو میں ضرور تمہارے گناہ تم سے دور کردوں گا اور ضرور تم کو (بہشت کے) ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن کے (محلات کے) نیچے کو نہریں جاری ہوں گی اور جو شخص اس (عہد و پیمان لینے) کے بعد بھی کفر کرے گا تو وہ بیشک راہ راست سے دور جا پڑا۔ ف : خیر میں صرف کرنے کو مجازاً اس لئے قرض فرمادیا کہ جس طرح قرض لازم الاداء ہوتا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ اس کا بدلہ ضرور دیں گے اور یہاں اس شخص کا حال بیان نہیں فرمایا جو کفر تو نہ کرے لیکن اعمال کی پوری پابندی بھی نہ کرے اور اکثر جگہ قرآن مجید میں یہی عادت ہے کہ اطاعت میں جو کامل ہو اور مخالفت میں جو کامل ہو زیادہ ذکر ان ہی کا ہوتا ہے وجہ یہ کہ طرفین کے حال سے بین بین کا حال عقلاء کو خود مقائسہ سے معلوم ہو جاتا ہے کہ نہ ان کی ایسی جزا ہوگی نہ ایسی سزا ہوگی پھر حدیثوں میں پوری تفصیل معلوم ہوگئی اور چونکہ بنی اسرائیل میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد بہت انبیاء ہونے والے تھے اس لئے وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ خصوصیت کے ساتھ عہد میں ذکر کیا گیا۔

ترجمہ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ الخ اس میں معاملات میں طبعیات پر عمل کرنے کی ممانعت ہے اور یہ منجملہ مجاہدات ہے۔ قولہ تعالیٰ : يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا الخ اس میں اس شخص پر رد ہے جو خدا تعالیٰ کی دنیوی نعمتوں کو حقیر سمجھتا ہے جیسا اکثر جاہل افراد کرتے ہیں قولہ تعالیٰ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ الخ اس میں اصل ہے مشائخ اہل تربیت کی اس عادت کی کہ مریدین پر اپنے نائبوں کو اس غرض سے مسلط کردیتے ہیں کہ وہ ان کی اصلاح وتعلیم کی نگرانی کریں اور ان کو ایسوں کے سپرد کرتے ہیں جن میں باہم مناسبت ہو ۱۲۔

الحواشی : (۱) اس لفظ کے بڑھانے سے یہ بتلانا ہے کہ مصنف سلمہٗ کے نزدیک لله قوامین کے متعلق ہے ۱۲ تبیان۔ (۲) یہ عبارت بڑھا کر بتلا دیا کہ لفظ

www.besturdubooks.net

شہداء خبر بعد خبر ہے حال وغیرہ نہیں نیز یہ بھی بتلا دیا کہ قرآن کا مطلب یہ نہیں کہ خواہ مخواہ شہادت دیتے پھرا کرو بلکہ مطلب یہ ہے کہ اگر تم کو ایسا موقع پیش آ جاوے تو اس میں عدل سے کام لو ۱۲ تبیان۔ (۳) کیونکہ کسی قوم سے عداوت کا اثر عدل پر اگر پڑے گا تو انہیں کے معاملات میں پڑے گا نہ کہ مطلق عدل پر اگر چہ دوسروں کے معاملہ میں ہو ۱۲ تبیان۔ (۴) اس عبارت سے ایک تو اعدلوا کا ارتباط ظاہر کرنا ہے دوسرے یہ بتلانا ہے کہ یہ حکم عام ہے خواہ دشمن کا معاملہ ہو جس کا اوپر ذکر تھا یا دوست کا ۱۲ تبیان۔ (۵) اس عبارت کو بڑھا کر یہ بتلا دیا کہ اتقوا اللہ کو ما قبل سے کیا ربط ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اِعْدِلُوْا ۟ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۫ سے یہ شبہ ہوتا تھا کہ عدل کا شرط ہونا اس کے وجوب اور ضروری العمل ہونے کو کیسے مستلزم ہوا جو کہ مقتضی تعلیل کا ہے کہ اِعْدِلُوْا ۟ هُوَ اَقْرَبُ سے مفہوم ہوتی ہے واتقوا اللہ میں اس کا جواب ہے مگر چونکہ تم پر تقویٰ واجب ہے اور وہ موقوف ہے عدل پر اس لئے وہ بھی واجب ہوگا ۱۲ تبیان (۶) یعنی یہ بھی منجملہ نعم مقصودہ ہے بلکہ مذکور فی المقام سے اکمل ہے مگر اس کو بوجہ ظہور ذکر نہیں فرمایا ۱۲ تبیان۔ (۷) اس سے اتقوا اللہ کا ارتباط ظاہر ہو گیا ما قبل سے ۱۲ تبیان۔ (۸) یہ عبارت اس لئے بڑھائی ہے کہ وبعثنا کا ربط اخذ اللہ سے ظاہر ہو جائے ۱۲ تبیان۔

ملحقات الترجمۃ: قوله فی توضیح اقرب کہلاتا ہے یعنی ان العدل سبب للحکم بالتقوی علی العادل لان العدل من جملة التقوی فمن عدل اتقی والسبب حقیقی قریب من المسبب و مراتب القرب متفاوتة لکن الجزء الاخیر من العلة اقرب والعدل و کذا کل ما هو فرد للتقوی کذلك فصح الحکم بکونه اقرب للتقوی ولذا عدی باللام کما فی قوله هو قریب لزید والا فالظاهر تعدیة بالی او من فالحاصل ان العدل مفض الی التقوی کافضاء السبب الی السبب التقطته من الروح ۱۲۔ ۲ قوله فی توضیح خبیر۔ بعید نہیں اشارة الی جوز العفو کما یقوله اهل السنة اما بنفسه واما بعد ارضاء صاحب الحق فی حقوق العباد ۱۲۔ ۳ قوله فی توضیح قوم قریش ابتدائے اسلام الخ هو الوجه من الوجهین المذکورین فی الکبیر اخترته لکونه اوفق بحال الفریقین و بعضهم اختار ولا لوجه الثانی من الحوادث الخاصة التی لعفها فی بنی النضیر و بعضها فی بنی ثعلبة و بنی محارب او رجل منهم یقاله له غورث ارادوا الفتك بالنبیؐ اوردها فی اللباب لکن قوله الکیم یرجع ما اخترته فان فی هذه الحوادث اراد من اراد بسط الید الی النبی ﷺ وما اختار بعضهم من نزولها فی الغزوات التی فیها صلٰوة الخوف فلیس علی کونها سبب النزول دلیل مصرح بالسببية فلذا رأیت ما اخترته اولٰی ولا یعارض الروایات لانانؤو لها بان معنی قولهم نزلت فی کذا ای نزلت فی مثل کذا ۱۲ ۴ قوله فی یبسطوا او کف خاتمہ واس قدر انه اندفع ما یتوهم من تمکن الکفار من المسلمین غیر مرة فما معنی الهم وما بمعنی الکف ۱۲۔ ۵ قوله فی میثاق خلاصہ لان هذا المیثاق ذکر فی البقرة بعنوان آخر فلا یتوهم التخالف ۱۲۔ ۶ قوله فی رسلی آئندہ وهو النکتة فی تاخیر الایمان عن الصلٰوة لان الصلٰوة یجب اقامتها فی الحال والایمان بهؤلاء الرسل یکون واجبا فی المال ۱۲۔ ۷ قوله فی غررتموهم دشمنوں کے الخ وهو من الواجبات ان لا یسلم النبی فی ایدی العدد ۱۲۔ ۸ قوله فی لا کفرن دور کردوں گا۔ لان الحسنات یذهبن السیئات ولو عممم التکفیر للتطهیر ای العقاب الذی یکون للتطهیر کان شاملا للجمیع ای لجمیع الذنوب کبیرة کانت او صغیرة بخلاف المعنی الاول للتکفیر فانه مخصوص بالسیئات ای الصغائر لانها لاتکفر الکبائر الا بالفضل او التوبة او العقاب فافهم۔ ۹ قوله فی فمن اور اشارة الی ارادة معنی العطف مطلقا الترتیب انما هو فی البیان کذا یفهم من الروح ۱۲۔ ۱۰ قوله فی بعد ذلك عہد الخ کذا فی الخازن ۱۲

الروایات: فی الروح اخرج ابن حمید و ابن جریر عن ابی العالیة انه قال فی الآیة اخذ الله تعالٰی میثاق بنی اسرائیل ان یخلصوا له وما یعبدوا غیره و بعث منهم اثنی عشر کفیلا کفلوا علیهم بالوفاء الله تعالٰی بما واتقوه علیه من العهود فیما امرهم او انها هم عنه قلت و علیه فسرت الآیة لم ارتض ما فسرت بامرهم بالقتال مع الجبارین فان السیاق یاباه کل الاباء لان مضمون المیثاق المذکور نصًّا ۔ ۱۲

اللغات: فی الروح العزر کالازر التقویة والمنع حقیقة والنصرة مجاز النقیب فی الروح من النقب بمعنی التفتیش سمی بذلك لتفتیشه عن احوال القوم واسرارهم۔ ۱۲

النحو: قوله علیکم متعلق بنعمة و کذا الطرف ۱۲ من الروح۔

البلاغۃ: فی الروح ولم یؤت بالجملة فی سیاق الوعید کما اتی بالجملة قبلها فی سیاق الوعد (حیث قال وعد ولم یقل فیما (بعد) قطعا لرجائهم ۱۲) قوله یسطوا فی الروح هو کنایة یقال بسط الیه یده اذا بطش به ولسانه اذا شتمه ۱۲۔ قوله فکف ای من المد لابعد ان مدوا من الروح ۱۲۔ قوله فمن کفر فی الروح لیس المراد بالکفر احداثه بعد الایمان بل ما یعم الاستمرار علیه ایضا کانه قبل فمن اتصف بالکفر بعد ذلك الا انه قصد بایراد ما یدل علی الحدوث بیان ترقیهم فی مراتب الکفر فان الاتصاف بشئی بعد ورود ما یوجب الا فلاح عنه وان کان استمرارًا علیه لنك بحسب العنوان فعل جدید وصنع حادث اه ۔

www.besturdubooks.net

فَبِمَا نَقۡضِهِمۡ مِّيۡثَاقَهُمۡ لَعَنّٰهُمۡ وَجَعَلۡنَا قُلُوۡبَهُمۡ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوۡنَ الۡكَلِمَ عَنۡ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوۡا حَظًّا
مِّمَّا ذُكِّرُوۡا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنۡهُمۡ اِلَّا قَلِيۡلًا مِّنۡهُمۡ فَاعۡفُ عَنۡهُمۡ وَاصۡفَحۡ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿۱۳﴾ وَمِنَ الَّذِيۡنَ قَالُوۡۤا اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذۡنَا مِيۡثَاقَهُمۡ
فَنَسُوۡا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوۡا بِهٖ ۖ فَاَغۡرَيۡنَا بَيۡنَهُمُ الۡعَدَاوَةَ وَالۡبَغۡضَآءَ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ ؕ
وَسَوۡفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوۡا يَصۡنَعُوۡنَ ﴿۱۴﴾ يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ قَدۡ جَآءَكُمۡ رَسُوۡلُنَا
يُبَيِّنُ لَكُمۡ كَثِيۡرًا مِّمَّا كُنۡتُمۡ تُخۡفُوۡنَ مِنَ الۡكِتٰبِ وَيَعۡفُوۡا عَنۡ كَثِيۡرٍ ؕ قَدۡ جَآءَكُمۡ مِّنَ اللّٰهِ
نُوۡرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۱۵﴾ يَّهۡدِىۡ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضۡوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخۡرِجُهُمۡ
مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوۡرِ بِاِذۡنِهٖ وَيَهۡدِيۡهِمۡ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿۱۶﴾

تو صرف ان کی عہد شکنی کی وجہ سے ہم نے ان کو اپنی رحمت سے دور کر دیا اور ہم نے ان کے قلوب کو سخت کر دیا وہ لوگ کلام کو اسکے مواقع سے بدلتے ہیں اور وہ لوگ جو کچھ ان کو نصیحت کی گئی تھی۔ اس میں سے اپنا ایک بڑا حصہ فوت کر بیٹھے اور آپ کو آئے دن کسی نہ کسی خیانت کی اطلاع ہوتی رہتی ہے جو ان سے صادر ہوتی ہے۔ الجز ان میں سے معدودے چند شخصوں کے سو آپ ان کو معاف کیجئے اور ان سے درگزر کیجئے بلاشبہ اللہ تعالیٰ خوش معاملہ لوگوں سے محبت کرتا ہے اور جو لوگ کہتے ہیں ہم انصاری ہیں ہم نے ان سے بھی ان کا عہد کیا تھا سو وہ بھی جو کچھ ان کو نصیحت کی گئی تھی اس میں اپنا ایک بڑا حصہ فوت کر بیٹھے۔ تو ہم نے ان میں باہم قیامت تک کے لئے بغض و عداوت کو ڈال دیا اور ان کو اللہ تعالیٰ ان کا کیا ہوا جتلا دیں گے۔ اے اہل کتاب تمہارے پاس ہمارے یہ رسول آئے ہیں۔ کتاب میں سے جن امور کا تم اخفا کرتے ہو ان میں سے بہت سی باتوں کو تمہارے سامنے صاف صاف کھول دیتے ہیں اور بہت سے امور کو واگزاشت کرتے ہیں۔ تمہارے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک روشن چیز آئی ہے اور ایک کتاب واضح کہ اس کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ ایسے شخصوں کو جو رضائے حق کے طالب ہوں سلامتی کی راہیں بتلاتے ہیں اور ان کو اپنی توفیق سے تاریکیوں سے نکال کر نور کی طرف لے آتے ہیں اور ان کو راہ راست پر قائم رکھتے ہیں ۞

تفسیر ربط: اوپر میثاق بنی اسرائیل کا بیان تھا آگے ان کے نقض میثاق کا اور اس کے وبال کا بیان ہے۔

حکایت وبال نقض بنی اسرائیل میثاق را: فَبِمَا نَقۡضِهِمۡ مِّيۡثَاقَهُمۡ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الۡمُحۡسِنِيۡنَ (لیکن[۱] بنی اسرائیل نے عہد مذکور کو توڑ ڈالا اور توڑنے کے بعد طرح طرح کے عقوبات میں جیسے مسخ اور ذلت وغیرہ گرفتار ہوئے پس یہ جو ان کو عنایت و الطاف الٰہیہ سے بعد ہوا) تو صرف[۲] ان کی عہد شکنی کی وجہ سے ہم نے ان کو اپنی رحمت (یعنی اس کے آثار) سے دور کر دیا اور (یہی حقیقت لعنت کی) اور (اسی[۳] لعنت کے آثار سے یہ ہے کہ) ہم نے ان کے قلوب کو سخت کر دیا (کہ حق بات کا ان پر اثر ہی نہیں ہوتا اور اسی سخت دِلی کے آثار سے یہ ہے کہ) وہ لوگ (یعنی ان میں کے علماء) کلام (الٰہی یعنی توریت) کو اس کے (الفاظ یا مطالب کے) مواقع سے بدلتے ہیں (یعنی تحریف لفظی یا تحریف معنوی کرتے ہیں) اور (اس تحریف کا اثر یہ ہوا کہ) وہ لوگ جو کچھ ان کو (توریت میں) نصیحت کی گئی تھی اس میں سے اپنا ایک بڑا حصہ (نفع کا جو کہ ان کو عمل کرنے سے نصیب ہوتا) فوت[۴] کر بیٹھے (کیونکہ زیادہ مشق ان کی اس تحریف کے مضامین متعلقہ بتصدیق رسالت محمدیہ میں ہوئی تھی اور ظاہر ہے کہ ایمان سے زیادہ بڑا حصہ کیا ہوگا غرض نقض میثاق پر لعنت مرتب ہوئی اور لعنت پر قساوت وغیرہ اور قساوت پر تحریف اور تحریف پر فوت حظ عظیم اور وجہ ترتیب ظاہر ہے) اور (پھر یہ بھی تو نہیں کہ جتنا کر چکے اسی پر بس کریں بلکہ حالت یہ ہے کہ) آپ کو آئے دن (یعنی ہمیشہ دین کے باب میں) کسی نہ کسی (نئی) خیانت کی اطلاع ہوتی رہتی ہے جو ان سے صادر[۵] ہوتی رہتی ہے بجز ان کے معدودے چند شخصوں کے (جو کہ مسلمان ہو گئے تھے) سو آپ ان کو معاف کیجئے اور ان سے درگزر کیجئے (یعنی جب[۶] تک شرعی ضرورت نہ ہو ان کی خیانتوں کا اظہار اور ان کو فضیحت نہ کیجئے) بلاشبہ اللہ تعالیٰ خوش معاملہ لوگوں سے محبت کرتا ہے (اور بلا ضرورت فضیحت نہ کرنا خوش معاملگی ہے)۔ ف: نئی خیانت یہ کہ ایک بار مثلاً رجم کے حکم کو چھپا لیا ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دریافت فرمانے پر توراۃ کا ایک مضمون غلط بیان کر دیا جس پر آیت: لَا تَحۡسَبَنَّ الَّذِيۡنَ يَفۡرَحُوۡنَ [آل عمران: ۱۸۸] نازل ہوئی تھی اور جیسے تحریم طیبات کے قدیم ہونے کا ایک بار غلط دعویٰ کیا تھا جس پر شروع لن تنالوا میں قل فَاۡتُوۡا بِالتَّوۡرٰىةِ نازل ہوئی اور تمام تر وہ غلط بیانیاں جس کی

www.besturdubooks.net

حکایت مع ان کے ابطال کے قرآن مجید میں جا بجا مذکور ہے اس میں داخل ہیں جیسے: لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اور لَنْ یَّدْخُلَ الْجَنَّۃَ اِلَّا مَنْ کَانَ ھُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی اور نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰہِ وَاَحِبَّآؤُہٗ و امثال ذلک۔ ربط: اوپر یہود کا حال تھا آگے کچھ نصاریٰ کا بیان فرماتے ہیں۔

ذکر بعض ذمائم نصاریٰ: وَمِنَ الَّذِیْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓی (الی قولہ تعالیٰ) وَسَوْفَ یُنَبِّئُھُمُ اللّٰہُ بِمَا کَانُوْا یَصْنَعُوْنَ اور جو لوگ (نصرتِ دین کے دعوے سے) کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں ہم نے ان سے بھی ان کا عہد (مثل عہد یہود کے) لیا تھا سو وہ بھی جو کچھ ان کو (انجیل وغیرہ میں) نصیحت کی گئی تھی اس میں سے اپنا ایک بڑا حصہ (نفع کا جو کہ ان کو عمل کرنے سے نصیب ہوتا) فوت کر بیٹھے (کیونکہ وہ امر جس کو فوت کر بیٹھے توحید ہے اور ایمان ہے جناب رسول اللہ ﷺ پر جس کا حکم ان کو بھی ہوا تھا اور اس کا حظ عظیم ہونا ظاہر ہے جب توحید کو چھوڑ بیٹھے) تو ہم نے اُن میں باہم قیامت تک کے لئے بغض وعداوت ڈال دیا (یہ تو دنیوی عقوبت ہوئی) اور عنقریب (آخرت میں) کہ وہ بھی قریب ہی ہے ان کو اللہ تعالیٰ ان کا کیا ہوا جتلا دیں گے (پھر سزا دیں گے) ف: حاشیہ بیضاوی میں تیسیر سے نقل کیا ہے کہ نصاریٰ میں اصل تین فرقے تھے ایک نسطوریہ جو عیسیٰ علیہ السلام کو ابن اللہ کہتے تھے دوسرا یعقوبیہ جو عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ متحد مانتے تھے تیسرا ملکائیہ جو عیسیٰ علیہ السلام کو تین الٰہ میں کا ایک جزو مانتے تھے اھ اور یہ افتراق ترکِ توحید سے ہوا تھا اور ظاہر ہے کہ اتنے بڑے اختلاف عقائد کے ساتھ باہم عداوت ضروری ہے البتہ جو شخص ان میں ان عقائد ہی کا پابند نہ ہو وہ مبحث ہی سے خارج ہے پس اگر ان میں اتفاق ہو جائے تو محل اعتراض نہیں پس آج کل کے عیسائیوں کے جو واقع میں عیسائی ہی نہیں اتفاق پر شبہ نہیں ہو سکتا البتہ مذہبی لوگوں میں مذہبی عداوت اب بھی ہے اور ہمیشہ رہے گی اور دنیوی سلطنتوں میں بھی اکثر تو اختلاف ونزاع ہی سنا جاتا ہے لیکن قرآن میں اس کا ذکر ہی نہیں نہ اثباتاً نہ نفیاً۔ ربط: اوپر یہود ونصاریٰ کا الگ الگ ذکر تھا آگے دونوں کو جمع کر کے نصیحت کا خطاب فرماتے ہیں۔

خطاب بجمیع اہل کتاب بترغیب تصدیق رسالت محمدیہ ﷺ: یٰٓاَھْلَ الْکِتٰبِ قَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلُنَا یُبَیِّنُ لَکُمْ کَثِیْرًا مِّمَّا کُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْکِتٰبِ وَیَعْفُوْا عَنْ کَثِیْرٍ ؕ قَدْ جَآءَکُمْ مِّنَ اللّٰہِ نُوْرٌ وَّکِتٰبٌ مُّبِیْنٌ ⑮ یَّھْدِیْ بِہِ اللّٰہُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَہٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَیُخْرِجُھُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ بِاِذْنِہٖ وَیَھْدِیْھِمْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔ اے اہل کتاب (یعنی یہود ونصاریٰ) تمہارے پاس ہمارے یہ رسول (محمد ﷺ) آئے ہیں (جن کے علم کی تو یہ شان ہے کہ) کتاب (کے مضامین) میں سے جن امور (علمیہ) کا تم اخفاء کرتے ہو ان میں سے بہت سی باتوں کو (جن کے اظہار میں کوئی مصلحت شرعی بھی ہوتی ہے باوجود ظاہراً (تحصیل علوم نہ فرمانے کی محض وحی سے مطلع ہو کر) تمہارے سامنے صاف صاف کھول دیتے ہیں اور (خوش اخلاقی کی جو کہ شعبہ ہے لطافت قوت عملیہ کا یہ حالت ہے کہ جن امور کا تم اخفا کرتے ہو ان میں سے) بہت سے امور کو (باوجود اطلاع کے اظہار سے) درگزاشت کر دیتے ہیں (جن کے اظہار میں بجز تمہاری تفضیح کے کوئی شرعی ضرورت نہیں ہوتی اور ایسا علم دلیل نبوت ہے اور ایسا عمل مؤکد اس دلیل کا ہے غرض تمہاری دینی خیانت ہی کے متعلق جو آپ کا برتاؤ ہے وہی دلالت علی النبوۃ کے لئے بس ہے پھر ضرور تصدیق کرنا چاہیے اور ان رسول کے ذریعہ سے) تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک روشن چیز آئی ہے اور (وہ) ایک کتاب واضح (ہے یعنی قرآن مجید جو کہ علاوہ دلیل نبوت ہونے کے خود ان اوصاف ذاتی سے موصوف ہے) کہ اس کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ ایسے شخصوں کو جو کہ رضائے حق کے طالب ہوں سلامتی کی راہیں بتلاتے ہیں (یعنی جنت میں جانے کے طریقے کہ عقائد واعمال خاصہ ہیں تعلیم فرماتے ہیں کیونکہ پوری سلامتی بدنی وروحانی جنت ہی میں نصیب ہوگی) اور ان کو اپنی توفیق (اور فضل) سے (کفر ومعصیت کی) تاریکیوں سے نکال کر (ایمان وطاعت کے) نور کی طرف لے آتے ہیں اور ان کو (ہمیشہ) راہِ راست پر قائم رکھتے ہیں۔ ف: سلامتی کی راہیں بتلانا قرآن کے ذریعہ سے عام ہے لیکن یہاں تخصیص طالبان رضائے حق کی اس وجہ سے کی گئی کہ اس سے منتفع وہی لوگ ہوتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَبِمَا الخ چونکہ بعض اقسام قبض سے یہ قساوت بھی ہے آیت سے معلوم ہوا کہ معاصی سے بھی قبض ہوتا ہے اور یُحَرِّفُوْنَ الْکَلِمَ سے (جو کہ جرأت علی التحریف پر دال ہے) اور نَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُکِّرُوْا بِہٖ سے (جس کی تفسیر بعض نے یہ کی ہے اس معصیت کی نحوست سے بہت سے مضامین توریت کے ان کے حافظہ سے ساقط ہو گئے تھے) یہ معلوم ہوا کہ ایسے قبض سے معاصی بھی ہوتے ہیں پس قبض معاصی کا منشا بھی ہے اور معاصی اس سے ناشی بھی ہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ فَنَسُوْا الخ دال ہے اس پر کہ معاصی جیسا عقاب آخرت کا سبب ہیں اسی طرح عتاب دنیا کا بھی کیونکہ خانہ جنگی یقیناً دنیا میں عتاب ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَیَعْفُوْا الخ روح میں اس کی تفسیر یہ ہے کہ تمہارے بہت سے مخفی کئے ہوئے مضامین کو ظاہر نہیں فرماتے جبکہ اس کا کوئی دینی قوی داعی نہ ہوتا کہ تمہاری فضیحت نہ ہو اھ۔ اس سے معلوم ہوا کہ اہل اللہ عداوت میں بھی محض شفاء غیظ نفسانی کا قصد نہیں کرتے یعنی جب اس میں مصلحت دینی نہ ہو تو غیظ پر عمل نہیں کرتے۔ قولہ تعالیٰ یَھْدِیْ بِہِ اللّٰہُ مَنِ اتَّبَعَ الخ اس پر دال ہے کہ اصل مقصود طلب رضا ہے اور دخول جنت اس کے تابع ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: اقول قبل الترجمۃ یکن الی قولہ ہوئی لم یذکر فی القرآن اشارۃ الی انہ جلی غنی عن البیان وانما المحتاج الیہ ما

www.besturdubooks.net

بينهما من السببية والمسببية ١٢۔ ٢ قوله في فبما نقضهم صرف افاده تقديم الجار واكده ما فصار المعنى ان المؤثر في اللعن ليس غير النقض لا استقلالا ولا انضمامًا ١٢۔ ٣ قوله قبل جعلنا قلوبهم ای لعنت کے آثار سے دفع بهذا العنوان ما يتوهم من ان المفهوم مما قبل الترجمة ان اثر اللعن هو المسخ و نحوه والمفهوم منه خلافه وجه الدفع ظاهر فانه لا تنافی بين الآثار ولذا زاد قوله وغيره في تقرير الترتيب فيما بينهما الذی سيأتي في توضيح الترجمة ١٢۔ ٤ قوله في نسوا فوت اشارة الى ان النسيان بمعنى الترك والتفخيم مستفاد من التنوين و فسر بعضهم بالمعنى اللغوی و قالوا انه مشعر بان المعصية ينسی العلوم حقيقة روی ذلك عن ابن مسعود۔ ٥ قوله في خائنة منهم صادر اشارة الى تقدير الكلام هكذا ای خائنة صادرة منهم ١٢۔ ٦ قوله في فاعف یعنی جب تک الی قوله فضیحت نہ کیجئے والقرينة على هذا التفسير ما سيأتي من قوله يعفوا مقابلا لقوله يبين و بقوله جب تک اشار الى ان النبيين حيث بين ما كان للمصلحة الدينية لا قصدا الى تفضيحهم كآية الرجم و نحوها فانها كانت من الاحكام الشرعية اما ما كان من خياناتهم و جناياتهم بحيث لم يتعلق به حكم شرعی فلم يظهر فافهم ١٢۔ ٧ قوله في قالوا نصرت دین الخ وهو النكتة كما قال المفسرون في هذا العنوان اشارة الى ان فعلهم دون قولهم وهو النكتة في تخصيص هذا الموضع به لان المقام ذكر للميثاق ولم يفوا بما واثقوا عليه من دعوى النصرة ١٢۔ ٨ قوله في ذكروا انجیل وغیرہ لانهم ما كانوا ينكرون التوراة ايضًا۔ ٩ قوله في ف اصل تین الخ فلا يرد انه ورد في الحديث ان فرقهم ثنتان و سبعون ١٢۔ ١٠ قوله في اهل الكتاب یعنی یہود و نصاریٰ فالكتاب للجنس ١٢۔ ١١ قوله في رسولنا ناشارة الى كون الاضافة للعهد ١٢۔ ١٢ قوله شرعی بھی زاد بھی لان حكمة الدلالة على النبوة حاصل مع قطع النظر عن مصلحة اخرى في التبيين ١٢۔ ١٣ قوله في يبين باوجود الخ اشار بهذا الى فائدة الجملة من قصد الدلالة على النبوة التي يكون انكارهم بعدها اشنع ١٢۔ ١٤ قوله بعد يعفوا في العلم انه دليل و في العمل انه مؤكد لان الدليل الصريح انما هو المعجزة و حسن الخلق بهذه المثابة ليس بمعجز صريح فهو مؤكد ١٢۔ ١٥ قوله في كتب اوروہ اشارة الى كون عطف الكتاب للتفسير فهما متغائر ان بالصفة متحدان بالذات ولذا حسن افراد الضمير في به و بهذا التفسير حسن اسناد الهداية ههنا الى الله تعالى و جعل الكتب والنور سببا واسناد التبيين فيما قبل الى رسول الله ﷺ واما اذا فسر النور بالرسول لا يحصل هذا الحسن و مويدی تفسيری هذا قوله تعالى انزلنا اليكم نورا مبينًا واريد به الكتٰب قطعا ١٢۔ ١٦ قوله في اتبع طالب فتقدير الكلام من اراد ان يتبع رضوانه كما في الروح او يراد بالاتباع الارادة مجاز او اوردت في ترجمة من لفظة الجمع لعمومه وجمع الضمير فيما بعد من قوله يخرجهم ١٢۔ ١٧ قوله في السلام یعنی جنت في الخازن بحذف المضاف ای دار الاسلام ١٢۔ ١٨ قوله في باذنه توفیق كذا في الروح ١٢۔ ١٩ قوله في ايديهم قائم فالهداية مجاز في التثبيت عليها كما قيل في اهدنا الصراط المستقيم وبه غوير المتعاطفات ١٢۔

الرِّوَایَات: في اللباب اخرج ابن جرير عن عكرمة قال ان نبی الله ﷺ اتاه اليهود و يسئلونه عن الرجم فقال ايكم اعلم فاشاروا الى ابن صور يافنا شده بالذی انزل التوراة على موسٰى والذی رفع الطور والمواثيق التي اخذت عليهم حتى اخذه الكل (ای ارتعد) فقال انه لما كثر غينا جلدنا مائة و حلقنا الرؤس فحكم عليهم بالرجم فانزل الله يا اهل الكتاب الى قوله صراط مستقيم ١٢۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَة: قراحمزة والكسائی قسية على وزن فعلية مبالغة في قابسة ١٢۔

اللُّغَات: الخائنة مصدر على وزن الفاعلة ٢١ في القاموس غری لزق اغری بينهم العداوة القاها كانه الزقها بهم ١٢۔

النَّحْو: قوله الا قليلا استثناء من المجرور في خائنة منهم ١٢۔ من متعلق باخذنا ١٢ قوله يبين حال يهدی صفة لكتاب۔

البَلَاغَة: قوله فاغرينا الفاء للترتيب على نسيانهم خطا كما قررته في الترجمة و صرحت به في ف بعد تقرير التيسير فافهم۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑰ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ

www.besturdubooks.net

اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۫ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ۫ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۹﴾

بلاشبہ وہ لوگ کافر ہیں جو یوں کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ عین مسیح ابن مریم ہے۔ آپ یوں پوچھئے اگر ایسا ہے تو یہ بتلاؤ کہ اگر اللہ تعالیٰ مسیح ابن مریم اور ان کی والدہ کو اور جتنے زمین میں ہیں ان سب کو ہلاک کرنا چاہے تو کون ایسا شخص ہے جو خدا تعالیٰ سے ان کو ذرا بھی بچا سکے اور اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے حکومت آسمانوں پر اور زمین پر اور جتنی چیزیں ان دونوں کے درمیان ہیں اور وہ جس چیز کو چاہیں پیدا کر دیں اور اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر پوری قدرت ہے اور یہود اور نصاریٰ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے محبوب ہیں۔ آپ یہ پوچھئے کہ اچھا تو پھر تم کو تمہارے گناہوں کے عوض عذاب کیوں دیں گے۔ بلکہ تم بھی منجملہ اور مخلوقات کے ایک معمولی آدمی ہو۔ اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں گے بخشیں گے اور جس کو چاہیں گے سزا دیں گے اور اللہ تعالیٰ ہی کے لئے سب حکومت آسمانوں میں بھی اور زمین میں بھی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور اللہ ہی کی طرف سب کو لوٹ کر جانا ہے۔ اے اہل کتاب تمہارے پاس ہمارے یہ رسول آ پہنچے ہیں جو کہ تم کو صاف صاف بتلاتے ہیں ایسے وقت میں کہ رسولوں کا سلسلہ موقوف تھا تاکہ تم یوں کہنے لگو کہ ہمارے پاس کوئی بشیر اور نذیر نہیں آیا سو تمہارے پاس بشیر اور نذیر آ چکے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں ۝

تفسیر ربط: اوپر آیت وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى میں نصاریٰ کے نقض میثاق کا اجمالاً بیان تھا آگے ان کے بعض عقائد کی تعیین ہے کہ وہ اخلال بالتوحید ہے۔

ابطال عقیدۂ الوہیت مسیح علیہ السلام: لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ بلاشبہ وہ لوگ کافر ہیں جو یوں کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ عین مسیح ابن مریم ہے (یعنی دونوں میں اتحاد کے قائل ہیں وجہ کفر ظاہر ہے کہ توحید کا انکار ہے) آپ (اس قول کے ابطال کے لئے ان سے) یوں پوچھئے کہ اگر ایسا ہے تو یہ بتلاؤ کہ اگر اللہ تعالیٰ حضرت مسیح ابن مریم (جن کو تم اللہ تعالیٰ کا عین کہتے ہو) اور ان کی والدہ (حضرت مریم) کو اور (بلکہ) جتنے زمین میں (آباد) ہیں ان سب کو (موت سے) ہلاک کرنا چاہیں تو (کیا) کوئی شخص ایسا ہے جو خدا تعالیٰ سے ان کو ذرا بھی بچا سکے (یعنی آپ تم بھی مانتے ہو کہ ایسا کوئی نہیں اور یہ ظاہر ہے کہ خدائی کے لوازم سے ہے کہ اس کے ساتھ دوسرے کی قدرت کا تعلق پھر وہ بھی افناء واہلاک کے ساتھ محال ہو اور یہ لازم یہاں مفقود ہے پس الوہیت مسیح کی بھی باطل ہے یہ شان تو حضرت مسیح کی ہوئی) اور اللہ تعالیٰ (کی یہ شان ہے کہ ان) ہی کیلئے خاص ہے حکومت آسمانوں پر اور زمین پر اور جتنی چیزیں ان دونوں کے درمیان (موجود) ہیں ان پر اور وہ جس چیز کو (جس طرح) چاہیں پیدا کر دیں اور اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر پوری قدرت ہے (اور) یہ صفات کمال خواص الوہیت سے ہیں (پس حق تعالیٰ کی الوہیت ثابت ہے اور مسیح کی الوہیت منفی ہو چکی تھی اس مجموعہ سے توحید ثابت ہوگئی) **ف:** یہاں گو ظاہر انصاریٰ کے ایک ہی قول کا ابطال ہے لیکن جو دلیل قائم کی گئی ہے وہ ہر منکر توحید کے مقابلہ میں چل سکتی ہے اس لئے معنیٰ تمام منکرین توحید کا جواب اور ان کے مسلک کا ابطال ہے اور حضرت مریم کے ذکر کے متعلق دو امر قابل تحقیق ہیں ایک یہ کہ ان کا ذکر کیوں کیا گیا اس کی وجہ دو ہو سکتی ہیں یا تو تاکید ہے عجز مسیح علیہ السلام کی کہ وہ نہ اپنے کو بچا سکتے ہیں اور نہ اپنی ماں کو جن کی ہر طرح خدمت اور حفاظت کرتے تھے اور ماں کی حمایت طبعی امر بھی ہے دوسری وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ بعضے ان کو بھی الوہیت کے اجزائے ثلاثہ کا ایک جزو جانتے تھے اس کے بڑھانے سے ان کے قول کی بھی نفی ہوگئی۔ دوسرا امر یہ کہ حضرت مریم کی موت تو متحقق ہو چکی پھر اس کے فرض کرنے کے کیا معنی اس کی وجہ دو ہو سکتی ہیں یا تو مبنی تغلیب پر ہے یا مضمون کا اس طرح مؤکد کرنا ہے کہ دیکھو اس مضمون کا ایک نمونہ ہم تم کو دکھلاتے ہیں کہ حضرت مریم پر موت کو ہم مسلط کر چکے ہیں اسی طرح بقایا پر مسلط کر سکتے ہیں اور مَنْ فِي الْاَرْضِ کا جو ذکر آیا ہے اس کی دو وجہ ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ تمام آلہہ باطلہ کی الوہیت کا ابطال تصریحاً ہو جائے۔ دوسری وجہ یہ کہ حضرت مسیح کے عجز کی اور تاکید ہو جائے کہ وہ اور تمام اہل عالم صفت عجز میں برابر ہیں کچھ تفاوت نہیں اور يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ میں ایک فائدہ تو وہی ہے جو اثنائے ترجمہ میں بیان کیا گیا کہ مقصود استدلال ہے توحید پر۔ دوسرا فائدہ جیسا روح المعانی میں ہے ایک یہ بھی ہے کہ اس میں اشارہ ہے ان عقیدہ والوں کی منشاء اشتباہ کے رفع کی طرف جیسا آیۂ اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ میں مصرح تھا یعنی اگر کسی کو ان کے بے باپ پیدا ہونے سے یا ان کے احیائے موتیٰ ونفخ فی الطیر سے شبہ ہو تو یہ سمجھ لو کہ یہ سب صورتیں اللہ تعالیٰ ہی کے پیدا کرنے کی ہیں کہ وہ جس طرح چاہیں پیدا کر سکتے ہیں۔ مثلاً کبھی وہ بلا مادہ پیدا کرتے ہیں جیسے زمین و آسمان بنائے اور کبھی مادۂ غیر جنس سے جیسے آدم علیہ السلام مٹی سے

www.besturdubooks.net

بنے یا اکثر مرکبات جمادیہ ونباتیہ بسائط غیر مجانس سے بنتے ہیں اور کبھی مادۂ ہم جنس سے پھر اس میں کبھی صرف مذکر سے جیسے آدم علیہ السلام سے حوا پیدا ہوئیں کبھی صرف مؤنث سے جیسے حضرت مریم سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے کبھی دونوں سے جیسے اکثر حیوانات پھر کبھی بلا توسط کسی مخلوق کے تصرف کے جیسے اکثر مخلوقات اور کبھی بتوسط کسی مخلوق کے تصرف کے جیسے احیائے موتیٰ ونفخ فی الطیر کہ عیسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ پر ہوتا تھا غرض ان صورتوں میں کوئی صورت منشاء اشتباہ کسی غیر کی الوہیت کا نہ ہونا چاہیے۔ **ربط**: اوپر یہود ونصاریٰ کے بعض بعض قبائح مذکور تھے ان میں سے ایک امر مشترک کا مع اس کے ابطال کے آگے بیان ہے یعنی دونوں فریق باوجود کفر ومعصیت کے اپنے مقرب اور مقبول عند اللہ ہونے کے مدعی تھے۔

ابطال دعویٰ اہل کتاب مرقرب خوردا: وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ (الی قولہ تعالی) وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ۔ یہود اور نصاریٰ (دونوں فریق) دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے محبوب ہیں (یعنی مثل اولاد اور معشوقوں کے مقبول ہیں مطلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہم کو بوجہ اس کے کہ انبیاء کی اولاد واشیاع ہیں بہ نسبت دوسرے لوگوں کے گو کہ وہ ہمارے ہی مذہب کے کیوں نہ ہوں اللہ تعالیٰ کے ساتھ یہ زیادہ خصوصیت ہے کہ ہم سے باوجود عصیان کے بھی اوروں کے برابر ناخوش نہیں ہوتے جیسے باپ کے ساتھ اولاد کو خصوصیت ہوتی ہے کہ اگر وہ نافرمانی بھی کرے تب بھی اس کے قلب پر وہ اثر نہیں ہوتا جیسا کوئی غیر آدمی اسی باپ کی نافرمانی کرے اور اس کا اثر ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کا رد فرماتے ہیں کہ اے محمد ﷺ آپ (ان سے) یہ پوچھئے کہ اچھا تو پھر تم کو تمہارے گناہوں کے عوض (آخرت میں) عذاب کیوں دیں گے (جس کے تم بھی قائل ہو جیسا یہود کا قول تھا: لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً اور حضرت مسیح کا ارشاد اس آیت میں منقول ہے: اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۔ جو بوجہ التزام کے مثل اقرار نصاریٰ کے ہے غرض یہ کہ پھر تم دونوں فرقوں کو تعذیب کیوں ہوگی کیونکہ باپ بیٹے کو اور محب اپنے محبوب کو تعذیب نہیں کرتا گو تادیب کرتا ہے لیکن آخرت میں تادیب کا احتمال ہی نہیں کیونکہ تادیب میں یہ فائدہ ہوتا ہے کہ پھر نہ کرے آخرت میں جب پھر کرنے کا احتمال ہی نہیں پھر تادیب کی کیا گنجائش ہے۔ پس وہاں جو سزا ہوگی لامحالہ تعذیب ہی ہے جس سے جرم پر تکلیف پہنچانا ہی مقصود ہوتا ہے اس سے ثابت ہوا کہ تمہارا یہ دعویٰ محض بیہودہ ہے کہ تم کو دوسرے لوگوں کی نسبت کوئی امتیاز اور خصوصیت نہیں) بلکہ تم بھی منجملہ اور مخلوقات کے ایک معمولی آدمی ہو (جیسے اور ہیں اور بلا امتیاز تم سب اس ایک قاعدہ میں داخل ہو کہ) اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں گے بخشیں گے جس کو چاہیں گے سزا دیں گے (اور کتب الٰہیہ سے ثابت ہو چکا ہے کہ مغفرت کی شرط ایمان ہے اور کافر کو ابدی عذاب ہے اور تم تکذیب نبوت محمدیہ کی کر کے کافر بن چکے تو ہمیشہ معذب رہو گے اور جب مطلق تعذیب تمہارے دعوے کی مبطل ہے پس تعذیب ابدی تو بدرجۂ اولیٰ مبطل ہے پس خصوصیت تو گئی گزری معمولی مؤمنین کے برابر بھی نہ رہے) اور اللہ ہی کی ہے سب حکومت آسمانوں میں بھی اور زمین میں بھی اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے ان میں بھی (تو ان کو تعذیب سے کون روک سکتا ہے جس کے لئے سزا تجویز کر لی ہے ضرور سزا دیں گے پھر ایسی حالت میں ایسے بیہودہ دعوے عبث ہیں) اور اللہ ہی کی طرف کو لوٹ کر جانا ہے (کسی سفارشی وغیرہ کی کوئی پناہ بھی نہیں جو بچ سکیں)۔ **ف**: یہ دعویٰ مذکورہ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسا ہمارے زمانہ کے جاہل پیرزادوں کا انتساب تولد یا اتصال سلسلہ کی بناء پر گھمنڈ ہے کہ ہمارے ساتھ حق تعالیٰ کو ایک گونہ ذاتی خصوصیت اور نسبت ہے جو معاصی وغیرہ سے قطع نہیں ہوتی اور ہم کیسے ہی ہوں مگر اس انتساب یا اتصال کے زور سے کھڑے جنت میں جائیں گے۔ **ربط**: اوپر یہود ونصاریٰ کے طریقہ کا اصلاً وفرعاً بطلان کر دیا آگے اتمام حجت وقطع عذر کے لئے دونوں فرقوں کو مخاطب بنا کر رسالت محمدیہ کا اظہار فرماتے ہیں جیسا اس سے پہلے دو آیت اوپر بھی ایسا ہی خطاب عام تھا اس دوسرے خطاب میں علاوہ تاکید کے جو تکریر سے مستفاد ہے عنوان قطع عذر کا زیادہ ہے۔

خطاب عام با اہلِ کتاب با اتمام حجت در باب رسالت محمدیہ علیہ الصلوٰۃ والسلام: يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اے اہل کتاب تمہارے پاس یہ ہمارے رسول (محمد ﷺ) آپہنچے جو کہ تم کو (شریعت کی باتیں) صاف صاف بتلاتے ہیں ایسے وقت میں کہ رسولوں (کے آنے) کا سلسلہ (مدت سے) موقوف تھا (اور بوجہ حوادث[1] کے شرائع سابقہ مفقود ہو گئی تھیں اور فترتِ رسل سے ان کے علم کا کوئی ذریعہ نہ تھا اور اس لئے کسی رسول کے آنے کی بہت ضرورت تھی تو ایسے وقت آپ کی تشریف آوری کو نعمت عظمیٰ وغنیمت کبریٰ سمجھنا چاہیے) تاکہ تم (قیامت میں) یوں نہ کہنے لگو کہ (ہم دین[2] کے باب میں کوتاہی کرنے میں اس لئے معذور ہیں کہ) ہمارے پاس کوئی (رسول جو کہ) بشیر اور نذیر (ہو جس سے ہم کو دین کے باب میں صحیح علم مع تنبہ کے ہوتا) نہیں آیا (اور پہلی شرائع[3] ضائع ہو چکی تھیں اس لئے ہم سے کوتاہیاں ہو گئیں) سو (سمجھ رکھو کہ اب عذر کی گنجائش نہیں رہی کیونکہ) تمہارے پاس بشیر اور نذیر (یعنی محمد ﷺ) آ چکے ہیں (اب ماننا نہ ماننا اس کو تم دیکھ لو) اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں (پس مدت[4] تک رسولوں کا سلسلہ موقوف رہا اس پر بھی قادر تھے اور اب نیا رسول بھیج دیا اس پر بھی قادر ہیں کسی کا یہ شبہ کہ جب سلسلہ موقوف ہو گیا اب کیا پیغمبر آتے اور اس بناء پر آپ کی رسالت کا انکار جہل محض ہے اس لئے کہ انبیاء ماضیین میں سے کسی پر نبوت کا ختم ہونا تو ثابت نہیں ہوا بلکہ حضور ﷺ کی نسبت پیشینگوئیاں فرماتے رہے پھر آپ

www.besturdubooks.net

کی رسالت میں کون چیز مانع ہے)ف: عیسیٰ علیہ السلام کے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان میں جو زمانہ ہے وہ زمانہ فترت کا کہلاتا ہے امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ یہ زمانہ چھ سو سال کا ہے اور اس درمیان میں کوئی نبی مبعوث نہیں ہوئے جیسا حدیث مشکوۃ میں ہے: انا اولی الناس بعیسی الی قولہ و لیس بیننا نبی متفق علیہ اور سورۂ یٰسین میں جن رسولوں کا ذکر ہے وہ عیسیٰ علیہ السلام کے فرستادہ[۱۳] تھے جن کو آپ نے اس قریہ میں بھیجا تھا اور حضرت خالد بن سنان عربی کو جو بعض نے اس زمانہ میں کہا ہے تو روح میں شہاب کی تصحیح نقل کی ہے کہ وہ نبی تھے مگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے قبل تھے اور بعض تواریخ میں جو مذکور ہے کہ ان کی صاحبزادی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں تھیں مراد اس سے بنت صلبی نہیں بلکہ بنت بواسطہ اور اس زمانہ مذکور کے قبل کبھی اتنا بڑا زمانہ انبیاء سے خالی نہیں ہوا۔ کذا نقلوا و اللہ اعلم فقط اور یہاں ایک سوال ہے وہ یہ کہ اہل کتاب کے پاس تو اس زمانہ فترت میں بھی توریت وانجیل موجود تھی اور وہی ان کی شریعت تھی پھر اہل کتاب کے اس قول کی نوبت آنے کا کیونکر احتمال ہے مَا جَآءَنَا مِنۡۢ بَشِيۡرٍ وَّلَا نَذِيۡرٍ ۔ جواب یہ ہے کہ حسب تحریر اظہار الحق مولانا رحمۃ اللہ صاحب ومقدمہ صاحب تفسیر حقانی علماء محققین کی نقل سے یہ بات ثابت ہے کہ اصلی توریت وانجیل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے قبل گم ہو چکی تھیں اور اس وقت جس کا نام توریت وانجیل تھا وہ مجموعہ تھا روایاتِ صحیحہ اور کاذبہ کا اور ظاہر ہے کہ غیر شریعت پر عمل کرنے سے شریعت کے اصلی احکام ادا نہیں ہوتے اور خواہ علماء اہل کتاب اس امر کو مانتے ہوں یا نہ مانتے ہوں لیکن آخرت میں تو بلا شبہ عام طور پر ظاہر ہو جاتا کہ ہم اصلی شریعت کے عامل نہ تھے اس وقت اپنی اس غلط کاری اور اس ترکِ عمل کا ثمرہ کہ مراتب کمال سے حرمان ہے معائنہ کر کے عذر میں یہ قول پیش کر سکتے تھے گو قواعد شرعیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسے امور میں دارو گیر نہ ہوتی کہ جس کے علم پر انسان قادر نہ ہو اور اسی لئے امید ہے کہ قبل بعثت محمدیہ جو اہل کتاب اپنی شریعت موجودہ پر بہ گمانِ صحت عامل تھے ان کو نجات ہو جائے اور مضامین شرکیہ و کفریہ اس سے اس لئے خارج ہیں کہ ان پر گمانِ صحت کی گنجائش نہیں مگر جب آپ مبعوث ہو چکے اور احکام دوسری شریعت کے واجب ہو گئے اب ترک کرنا شریعت کا باوجود قدرت کے ہوا اس لئے عذر کی گنجائش نہ رہی اور اس شریعت کی حفاظت کا وعدہ خود قرآن وحدیث میں منصوص ہے حوادث سے کبھی اس میں اختلال نہ آئے گا اس لئے اب جدید نبی کی ضرورت نہیں اگر شبہ ہو کہ جو لوگ زمانہ فترت میں مر گئے گو ان کو نجات ہو مگر وہ یہ قول کہہ سکتے ہیں۔

جواب یہ ہے کہ اصل میں اس مضمون سے مقصود امتنان ہے جیسا کہ احقر کے اس جملہ میں اس کو ظاہر کر دیا گیا ہے کہ آپ کی تشریف آوری کو الخ اور اللہ تعالیٰ و اختیار ہے کہ نعمت عظمیٰ جس کو چاہیں دیں البتہ عذاب بدوں ارسالِ رسل نہیں ہوتا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: لَقَدۡ كَفَرَ الَّذِيۡنَ قَالُوۡۤا اِنَّ اللّٰهَ الخ ان لوگوں پر صریح رد ہے جو حق اور خلق کے اتحاد کے قائل ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَقَالَتِ الۡيَهُوۡدُ الخ اس میں اس شخص پر رد ہے جو خدا تعالیٰ کے ساتھ ایسے قرب کا دعویٰ کرتا ہو کہ اس میں معصیت پر بھی مواخذہ نہ ہوگا اور ان کی یہی مراد تھی قُلۡ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمۡ بِذُنُوۡبِكُمۡ سے رد کرنا اس پر دلالت کر رہا ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) یہ عبارت اس لئے بڑھائی کہ مقصود آیت سے امتنان ہے کہ رسول کا آنا تمہارے لئے نعمت ہے اور یہ ارسال نعمت اس وقت ہو سکتا ہے کہ جب ان کو ضرورت ہو نبی کی جس کو علی فترۃ میں ظاہر کیا گیا ہے اور صرف فترت سے یہ ضرورت ثابت نہیں ہوتی کیونکہ احتمال یہ رہے گا کہ گو انقطاع سلسلہ کا ہو جائے لیکن ممکن ہے کہ شرائع ان کے باقی رہیں پھر کیا ضرورت ہوگی تو اس عبارت سے علی فترۃ کا مقصود ظاہر ہو گیا ۱۲ تبیان۔ (۲) اس کو بڑھا کر یہ جتلا دیا کہ ......الخ خود مقصود نہیں بلکہ عذر مقصود کی دلیل ہے ۱۲ تبیان۔ (۳) مطلب یہ ہے کہ صرف مَا جَآءَنَا مِنۡۢ بَشِيۡرٍ وَّلَا نَذِيۡرٍ کہنا عذر کے لئے کافی نہیں کیونکہ اگر شرائع باقی ہوں تو عدم مجیئی کیا مضر ہے بلکہ اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ پہلی شرائع محفوظ نہ رہی ہوں ۱۲ تبیان۔ (۴) اس عبارت کے بڑھانے سے اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ کا رابط اور مقصود ظاہر ہو گیا کہ قدرت علی ارسال الرسل والانقطاع بعد الارسال والارسال بعد الانقطاع یہ سب مقدور ہیں یہ تو ربط تھا والمقصود وہو ما صرح بہ المصنف بقولہ تو کسی کا یہ شبہ ۱۲ تبیان۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] قولہ فی قل پوچھئے کہ اگر ایسا ہے ترجمۃ بهذه المادة بقرينة الاستفهام فيما بعد و قدرت الشرط المتعلق به الفاء اخذا من الروح ۱۲۔ [۲] قولہ فی یهلك موت سے اشارة الى ان هذا الاهلاك من اماتة عن سخط و غضب۔ [۳] قولہ فی توضيح الجواب اس کو الخ هذه مقدمة و قوله ظاہر ہے مقدمة اخرى ۱۲ ۔ [۴] قوله فی قالت دعویٰ ترجمة بالحاصل و عسى ان يكون فی ذلك الوقت من يقول كذا كما ورد فی بعض الروايات و يمكن ان يكون هذا من اللوازم البينة لبعض اقوالهم كقولهم لن يدخل الجنة الخ۔ [۵] قوله فی توضيح ابناء الله انبیاء کی اولاد و اشیاع ہیں اشار الى ما فسر به بعضهم ابناء اللّٰه من اشياع انبيائه۔ [۶] قوله فی فلم اچھا اشارة باعتبار محاورتنا الى محذوف ای ان كان الامر كذا فلم ۱۲ ۔ [۷] قوله فی آخر توضيح فلم يعذبكم وہاں جو سزا ہوگی ولو كان المعاقب مؤمنا لان التعذيب الى مدة محدودة لا يمتنع فی المؤمن و كون غاية الثانية هو التطهير لا ينافی كون غاية الاولى هو التعذيب

www.besturdubooks.net

فافهم بخلاف ما يكون غاية الاولى هو التاديب فانه يختص بالدنيا لا يكون فى الآخرة ۱۲ ۔ ۸؎ قوله قبل بل خصوصیت نہیں اشارة الى مقدر مفهوم من السابق اى لستم ابناؤه و ليس الامر كذلك الخ۔ ۹؎ قوله فى بشر ایک معمولی اشارة الى محط الفائدة هو القيد فى ممن خلق لابشر۔ ۱۰؎ قوله فى قد جآء کم آ پہنچے اشار به الى معنى التوقع فى قد ۱۲۔ ۱۱؎ قوله فى على فترة ایسے وقت میں اشار الى تقدير الكلام هكذا على حين فترة كقوله على ملك سليمان ۱۲ ۔ ۱۲؎ قوله فى ما جاء نا علم مع متنبہ فالعلم مرتب على مجيئى الرسول والتنبه على صفة كونه بشيرًا و نذيرًا ۱۲۔ ۱۳؎ قوله فى فقد جاء کم عذر کی الخ اشارة الى مقدر اى فالآن لم يبق لكم عذر ۱۲ ۔ ۱۴؎ قوله فى ف فرستادہ فالاسناد فى ارسلنا مجازى ۱۲۔

الرِّوَایَاتُ : فى اللباب روى ابن اسحق عن ابن عباس قال اتى رسول الله ﷺ نعمانؔ بن آصى و بحر بن عمرو و شاش بن عدى فكلموه و كلمهم و دعاهم الى الله و حذرهم نقمته فقالوا ما تخوفنا يا محمد نحن والله ابناء الله واحباؤه كقول النصارٰى فانزل الله فيهم و قالت اليهود والنصارٰى الخ واوردها فى الروح عن ابن جرير و دلائل البيهقى عن ابن عباس نهوه وفيها و قالت النصرٰى ذلك قبلهم آه ۱۲ ۔ فى هذه الاسماء اختلاف ۱۲ مصحح غفرله۔ فى اللباب و روى (اى ابن اسحق) عنه (اى عن ابن عباس) قال دعا رسول الله ﷺ اليهود الى الاسلام و رغبهم فيه فابوا عليه فقال لهم معاذ بن جبل و سعد بن عبادة يا معشر اليهود اتقوا الله انكم لتعلمون انه رسول الله لقد كنتم تذكرونه لنا قبل مبعثه و تصفونه لنا بصفته فقال رافع بن حرملة ووهب ابن يهوذا ما قلنا لكم هذا وما انزل الله من كتاب بعد موسٰى ولا ارسل بشير او لا نذيرا بعده فانزل الله يا اهل الكتاب قد جاء كم رسولنا يبين لكم الآية ۱۲۔

اللُّغَاتُ : الملك الضبط والحفظ والمراد ههنا الحفظ بمعنى المنع ۱۲۔

النَّحْوُ : قوله من الله متعلق بيملك۱۲۔ قوله شيئا مفعول مطلق ۱۲۔ قوله على فترةٍ متعلق بجاء و كذا و قوله ان تقولوا قوله من الرسل صفة اى كائنة من الرسل ۱۲۔

وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَعَلَ فِيكُمْ أَنْبِيَاءَ وَجَعَلَكُمْ مُلُوكًا وَآتَاكُمْ مَا لَمْ يُؤْتِ أَحَدًا مِنَ الْعَالَمِينَ ﴿٢٠﴾ يَا قَوْمِ ادْخُلُوا الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِي كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوا عَلَىٰ أَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوا خَاسِرِينَ ﴿٢١﴾ قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِنَّ فِيهَا قَوْمًا جَبَّارِينَ وَإِنَّا لَنْ نَدْخُلَهَا حَتَّىٰ يَخْرُجُوا مِنْهَا فَإِنْ يَخْرُجُوا مِنْهَا فَإِنَّا دَاخِلُونَ ﴿٢٢﴾ قَالَ رَجُلَانِ مِنَ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوا عَلَيْهِمُ الْبَابَ فَإِذَا دَخَلْتُمُوهُ فَإِنَّكُمْ غَالِبُونَ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَتَوَكَّلُوا إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿٢٣﴾ قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِنَّا لَنْ نَدْخُلَهَا أَبَدًا مَا دَامُوا فِيهَا فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُونَ ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّي لَا أَمْلِكُ إِلَّا نَفْسِي وَأَخِي فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ﴿٢٥﴾ قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ أَرْبَعِينَ سَنَةً ۛ يَتِيهُونَ فِي الْأَرْضِ ۚ فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ﴿٢٦﴾ ع ۷

اور وہ وقت بھی ذکر کے قابل ہے جب موسیٰ نے اپنی قوم سے فرمایا کہ اے میری قوم تم اللہ تعالیٰ کے انعام کو جو کہ تم پر ہوا ہے یاد کرو جب کہ اللہ تعالیٰ نے تم میں بہت سے پیغمبر بنائے اور تم کو صاحب ملک بنایا اور تم کو وہ چیزیں دیں جو دنیا جہان والوں میں سے کسی کو نہیں دیں۔ اے میری قوم اس متبرک ملک میں داخل ہو کہ اس کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے حصے میں لکھ دیا ہے اور پیچھے واپس مت چلو کہ پھر بالکل خسارے میں پڑ جاؤ گے۔ کہنے لگے: اے موسیٰ ! وہاں تو بڑے بڑے زبردست آدمی ہیں اور ہم تو وہاں ہرگز قدم نہ رکھیں گے جب تک کہ وہ وہاں سے نہ نکل جائیں۔ ہاں اگر وہ وہاں سے کہیں اور جگہ چلے جائیں تو ہم بیشک جانے کو تیار ہیں۔ ان دو شخصوں نے جو کہ ڈرنے والوں میں سے تھے جن پر اللہ نے فضل کیا تھا کہ تم ان پر دروازہ تک تو چلو۔ سو جس وقت تم دروازہ میں قدم رکھو گے اسی وقت غالب آ جاؤ گے اور اللہ تعالیٰ پر نظر رکھو اگر تم ایمان رکھتے ہو۔ کہنے لگے: اے موسیٰ ! ہم تو ہرگز کبھی بھی وہاں قدم نہ رکھیں گے۔ جب تک وہ لوگ وہاں موجود ہیں تو آپ اور آپ کے اللہ میاں چلے جایئے اور دونوں نہ

www.besturdubooks.net

بھڑ لیجئے ہم تو یہاں سے سرکتے نہیں۔ موسیٰ دعا کرنے لگے: اے میرے پروردگار! اپنی جان اور اپنے بھائی پر البتہ اختیار رکھتا ہوں سو آپ ہم دونوں کے اور اس بے حکم قوم کے درمیان فیصلہ فرما دیجئے۔ ارشاد ہوا تو یہ ملک انکے ہاتھ چالیس برس تک نہ لگے گا۔ یوں ہی زمین میں سر مارتے پھرتے رہیں گے۔ سو آپ اس بے حکم قوم پر غم نہ کیجئے ۞

تفسیر: ربط: اوپر یہود و نصاریٰ کی عہد شکنی کا بیان تھا آگے خاص یہود کی ایک عہد شکنی کا قصہ مذکور ہے کہ انہوں نے جہاد سے کہ فرض تھا انکار کیا اور فرض کے ترک یا انکار میں ظاہر ہے کہ عہد ملتزم کا نقض ہے اور یہ قصہ اس طرح ہوا کہ جب فرعون کے غرق ہونے کے بعد بنی اسرائیل اس کی سلطنت اور املاک پر بفراغِ خاطر قابض ہو گئے تو اب اللہ کو منظور ہوا کہ ان کا آبائی وطن ملک شام جہاں ابراہیم علیہ السلام اوّل ہجرت فرما کر آ رہے تھے ان کو دیں اور وہاں قوم عمالقہ کی حکومت تھی اس لئے ان سے جہاد کرنے کا ان کو حکم ہوا اور یہ سب حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہمراہ بارادۂ جہاد شام کی طرف چلے جب قریب پہنچے ان ہی بارہ سرداروں کو جن کا ذکر اوپر کے رکوع کے شروع میں آیا ہے تحقیق حال کے لئے جاسوسی کے طور پر وہاں بھیجا عمالقہ نہایت تنومند اور زورآور دکھائی دیئے سب نے باہم عہد کیا کہ اس کا اظہار لشکر میں چل کر نہ کرنا چاہیے مگر بجز دو شخصوں کے جن میں ایک کا نام یوشع بن نون اور دوسرے کا کالب بن یوقنا تھا کہ وہ تو اس عہد پر ثابت رہے باقی سب نے یہاں واپس آ کر ان کو ڈرا دیا ان کی ہمتیں ہار گئیں اور مصر کو واپس جانے کا ارادہ کیا۔ اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جو کچھ فرمایا اور جو کچھ انہوں نے جواب دیا اور جو نتیجہ ہوا اس کا تذکرہ ان آیات میں ہے۔

قصۂ مکالمت موسیٰ علیہ السلام و بنی اسرائیل در باب جہاد با عمالقہ: وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ (الی قولہ تعالی) فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ اور وہ وقت[1] بھی ذکر کے قابل ہے جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم (یعنی بنی اسرائیل) سے (اوّل ترغیب[2] جہاد کی تمہید میں یہ) فرمایا کہ اے میری قوم تم اللہ تعالیٰ کے انعام کو جو کہ تم پر ہوا ہے یاد کرو جبکہ اللہ تعالیٰ نے تم میں بہت سے پیغمبر بنائے (جیسے حضرت یعقوب علیہ السلام اور حضرت یوسف علیہ السلام اور خود حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام وغیرہم اور کسی قوم میں پیغمبروں کا ہونا ان کی دنیوی اور دینی شرف ہے یہ تو نعمت معنوی دی) اور (حسی نعمت یہ دی کہ) تم کو صاحب[1] ملک بنایا (چنانچہ فرعون کے ملک پر ابھی قابض ہو چکے ہو) اور تم کو (بعض بعض[3]) وہ چیزیں دیں جو دنیا جہان والوں میں سے کسی کو نہیں دیں (جیسا دریا میں راستہ دینا دشمن کو عجیب طور پر غرق کرنا جس کے بعد دفعۃً غایت ذلت و زحمت سے نہایت رفعت و راحت پر پہنچ گئے یعنی اس میں تم کو خاص امتیاز[1] دیا پھر اس تمہید کے بعد اصلی مقصود کے ساتھ خطاب فرمایا کہ) اے میری قوم (ان نعمتوں اور احسانوں کا مقتضا یہ ہے کہ تم کو جو اس جہاد کے متعلق حکم خداوندی ہوا ہے اس پر آمادہ رہو اور) اس متبرک ملک[2] (یعنی شام کے دارالحکومت) میں (جہاں یہ عمالقہ حکمران ہیں جہاد[4] کے ارادہ سے) داخل ہو کہ اس کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے حصہ[3] میں لکھ دیا ہے (اس لئے[5] قصد کرتے ہی فتح ہوگی) اور پیچھے (وطن کی[5] طرف) واپس مت چلو کہ پھر بالکل خسارے میں پڑ جاؤ گے (دنیا میں بھی کہ توسیع ملک سے محروم رہو گے اور آخرت میں کہ ترک فریضۂ جہاد سے گنہگار ہو گے) کہنے لگے اے موسیٰ وہاں تو بڑے بڑے زبردست آدمی (رہتے) ہیں اور ہم تو وہاں ہرگز قدم نہ رکھیں گے جب تک کہ وہ (کسی طرح) وہاں سے نہ نکل جائیں ہاں اگر وہ وہاں سے کہیں اور چلے جائیں تو ہم بے شک جانے کو تیار ہیں (موسیٰ علیہ السلام[6] کی تائید قول کے لئے) ان دو شخصوں نے (بھی) جو کہ (اللہ سے) ڈرنے والوں (یعنی متقیوں) میں سے تھے (اور) جن پر اللہ تعالیٰ نے فضل کیا تھا (کہ اپنے عہد[7] پر ثابت رہے تھے ان کم ہمتوں کو سمجھانے کے طور پر) کہا کہ تم ان پر (چڑھائی کر کے[8] اس شہر کے) دروازہ تک تو چلو سو جس وقت تم دروازہ میں قدم رکھو گے اسی وقت غالب آ جاؤ گے (مطلب[6] یہ کہ جلدی فتح ہو جائے گا خواہ تو رعب سے بھاگ جائیں یا تھوڑا ہی مقابلہ کرنا پڑے) اور اللہ پر نظر رکھو اگر تم ایمان رکھتے ہو (یعنی ان کی تنومندی پر نظر مت کرو مگر ان لوگوں[9] پر فہمائش کا اصلاً اثر نہ ہوا بلکہ ان دو بزرگوں کو تو انہوں نے قابل خطاب بھی نہ سمجھا بلکہ موسیٰ علیہ السلام سے نہایت لاابالی پن اور گستاخی کے ساتھ) کہنے لگے کہ اے موسیٰ ہم تو (ایک بات کہہ چکے کہ ہم) ہرگز کبھی بھی وہاں قدم نہ رکھیں گے جب تک وہ لوگ وہاں موجود ہیں (اگر ایسا[10] ہی لڑنا ضرور ہے) تو آپ اور آپ کے اللہ میاں چلے جایئے اور دونوں (جا کر) لڑ بھڑ لیجئے ہم تو یہاں سے سرکتے[8] نہیں، موسیٰ (علیہ السلام نہایت زچ اور پریشان ہوئے اور تنگ آ کر) دعا کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار (میں کیا کروں ان پر کچھ بس نہیں چلتا ہاں) اپنی جان پر اور اپنے بھائی پر البتہ (پورا) اختیار رکھتا ہوں سو آپ ہم دونوں (بھائیوں) کے اور اس بے حکم قوم کے درمیان (مناسب[11] فیصلہ فرما دیجئے (یعنی جس کی حالت کا جو مقتضا ہو ہر ایک کے لئے تجویز فرما دیجئے) ارشاد ہوا (بہتر) تو (ہم فیصلہ یہ کرتے ہیں کہ) یہ ملک ان کے ہاتھ چالیس برس تک نہ لگے[9] گا (اور گھر جانا بھی نصیب نہ ہوگا راستہ ہی نہ ملے گا) یوں ہی (چالیس برس تک) زمین میں سر مارتے پھرتے رہیں گے (حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جو یہ فیصلہ سنا جس کا گمان نہ تھا خیال یہ تھا کہ کوئی معمولی تنبیہ ہو جائیگی تو طبعاً مغموم[1] ہونے لگے ارشاد ہوا کہ اے موسیٰ! جب ان سرکشوں کے لئے ہم نے یہ تجویز کیا تو یہی مناسب ہے) سو آپ اس بے حکم قوم (کی اس حالت زار) پر (ذرا) غم نہ کیجئے۔ ف: چنانچہ چالیس برس تک ایک محدود حصہ زمین میں حیران پریشان پھرا کئے حتیٰ کہ سب وہاں ہی ختم ہو چکے اس مدت میں جو ان کے اولاد پیدا ہوئی ان کو رہائی حاصل ہوئی حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان سے ذرا مدت پہلے حضرت ہارون علیہ السلام بھی اسی وادی میں جسے وادیٔ تیہ کہتے ہیں انتقال فرما گئے اور

www.besturdubooks.net

حضرت یوشع علیہ السلام جن کا ذکر اوپر آ چکا پیغمبر ہوئے اور پھر ان کی معرفت اس نئی نسل بنی اسرائیل کو اس ملک کے فتح کا حکم ہوا چنانچہ سب نے ان کے ہمراہ ہو کر جہاد کیا اور فتح ہوئی۔ اب یہاں چند سوال ہیں: اوّل: جب اس وادئ تیہ میں رہنا سزا تھا تو موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام اس میں کیوں رکھے گئے خصوصاً دعائے فَافْرُقْ کے بعد **جواب** یہ ہے کہ اصل عقوبت قلب کی تنگی اور پریشانی تھی اور یہ خاص بنی اسرائیل کے ساتھ تھی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام و ہارون علیہ السلام اس سے محفوظ تھے ان حضرات کا وہاں تشریف رکھنا قوم کی اصلاح و ہدایت کیلئے تھا جو کہ ان کا منصبی کام اور عین سرمایۂ راحت تھا جیسا دوزخ کے اندر دوزخیوں کا ہونا اور طور پر ہے اور ملائکہ عذاب کا ہونا اور طور پر دوسرا **سوال** یہ بات قیاس سے بعید ہے کہ دن میں سورج اور رات کو ستارے یہ علامات تو علوی ہیں اور خود زمین پر درخت اور پہاڑ وغیرہ علاماتِ سفلی یہ علامات موجود ہوں اور پھر بنی اسرائیل ان نشانیوں سے نکلنے کی راہ نہ پاسکیں اگر کسی ستارہ ہی کی سیدھ باندھ کر چلتے کبھی نہ کبھی نکل ہی جاتے **جواب** یہ ہے کہ کسی علامت کا علامت ہونا یہ موقوف ہے قویٰ مدرکہ کے سلامت اور صحت پر جس میں امراض سے گاہ گاہ فتور آ جانا مشاہد ہے سو اگر قہر خداوندی سے یہ قوائے مدرکہ ماؤف ہو جائیں تو محل تعجب کیا ہے۔ تیسرا **سوال** حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعا میں اپنے اور اپنے بھائی کو مستثنیٰ فرمایا حالانکہ ان دونوں بزرگوں پر بھی بوجہ ان کے مطیع ہونے کے آپ کو اختیار حاصل تھا **جواب** یہ ہے کہ یہ کلام آپ نے تنگدلی میں فرمایا اور تنگدلی کے وقت کلام بھی لفظاً تنگ اور مختصر ہوتا ہے گو دلالت اس میں عموم اور توسیع ہو پس چونکہ وہ دونوں بزرگ بھی تابع تھے اس لئے معنیً استثناء میں ان کو تبعاً داخل سمجھ لینا کافی ہے یا یوں کہا جائے کہ چونکہ ان بارہ میں سے دس کی حالت خلاف توقع نامحمود پائی غایت رنج میں یہ احتمال ہوا گو بعید ہی سہی کہ گو یہ اس وقت تو تابع ہی مگر آئندہ عین وقت پر کیا بھروسہ اور یہ احتمال ہارون علیہ السلام میں اس لئے نہیں ہو سکتا کہ نبی کے لئے عصمت لازم ہے چوتھا **سوال** كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ کے جو لوگ مخاطب تھے ان کو تو وہ ملک نہیں ملا جو کہ تخلف وعد کو موہم ہے **جواب** یہ ہے کہ اگر لَكُمْ میں مخاطب خاص اشخاص کو کہا جائے تو كَتَبَ اللّٰهُ مشروط تھا جہاد کے ساتھ **فاذا فات الشرط فات المشروط** اور اگر قوم کو مخاطب کہا جائے تو ان کی اولاد بھی قوم میں داخل ہے اور ان کو وہ ملک عنایت ہو گیا۔ پس تخلف وعدہ کسی صورت میں لازم نہیں آیا۔
پانچواں **سوال** کہ وہ اشکال نہیں بلکہ تحقیق ہے یعنی بنی اسرائیل کا یہ قول فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ الخ کفر ہے یا نہیں؟ **جواب** یہ ہے کہ اگر تاویل نہ کی جائے تو کفر ہے اور اگر اس تاویل سے کہا ہو کہ آپ لڑیئے اور اللہ تعالیٰ مدد کریں اور مجازاً اس کو بھی ذہاب کہہ دیا تو کفر نہیں البتہ معصیت مخالفت امر کی ظاہر ہے اور بہر حال میں غالباً ان سے توبہ بھی کرائی ہوگی گو مذکور نہیں باقی اس شریعت کے قواعد و فروع جزئیہ کا پورا احاطہ نہیں کہ اس کے کیا حکم موافق ہوگا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ یٰقَوْمِ اذْكُرُوْا الخ اس سے مفہوم ہوتا ہے کہ کسی شخص کا اہل اللہ کے خاندان سے ہونا بھی ایک نعمت ہے جس پر شکر واجب ہے کیونکہ اس تعلق سے اس پر دین سہل ہو جاتا ہے البتہ اس پر تفاخر و عجب جائز نہیں قولہ تعالیٰ وَلَا تَرْتَدُّوْا الخ اس سے معلوم ہوا کہ معصیت سے کبھی دنیوی مضرتیں بھی پیدا ہو جاتی ہیں قولہ تعالیٰ قَالَ رَبِّ اِنِّیْ الخ اخی کے بڑھانے سے معلوم ہوا کہ شیخ اپنے مخلص تابع میں وہی حاکمانی تصرف کر سکتا ہے جو اپنے نفس میں کر سکتا ہے اور اہل طریق کی یہ عادت شائع ہے۔

الحواشی: (۱) یعنی لفظ اذ اذکروا مقدر کے متعلق ہے ۱۲۔ (۲) یہ ایک شبہ کا جواب ہے شبہ یہ ہوتا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو جہاد کے لئے لے چلے تھے چاہیے تھا کہ اوّل اس کا حکم فرماتے مگر اس کو چھوڑ کر دوسری باتیں فرمانے لگے مصنف سلمہ کی اس تقریر سے یہ شبہ زائل ہو گیا کیونکہ یہ باتیں بھی جہاد کے متعلقات سے ہیں ۱۲۔ (۳) حضرت مولانا نے مالم یؤت میں ما کو عام مخصوص البعض لیا ہے اور عالمین کو عام لیا ہے سارے جہان کو اور اس تقریر سے فضیلت کلی یا فضیلت دین کا شبہ جاتا رہا ۱۲ تبیان۔ (۴) یہ عبارت بڑھا کر بتلا دیا کہ دخول سے مراد مطلق دخول نہیں ہے بلکہ جہاد کرنے کی غرض سے داخل ہونا مراد ہے ۱۲ تبیان۔ (۵) کیونکہ جب تکوینی طور پر وہ تمہارے ہی لئے ہے تو صرف تمہارے ہاتھ پاؤں ہلانے کی دیر ہے نیز یہ بھی بتلا دیا کہ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ فرمانے سے بنی اسرائیل کی ہمت بڑھانا ہے کہ دشمن سے ہارو نہیں وہ مقام تم کو ضرور ملے گا اور تم بہت جلد غالب آؤ گے ۱۲ تبیان۔ (۶) اس سے قَالَ رَجُلٰنِ کا ربط ماقبل سے ظاہر ہو گیا ۱۲ تبیان (۷) انعام و فضل کا بیان کر دیا کہ وہ انعام یہ تھا ۱۲ تبیان۔ (۸) اس عبارت سے ایک شبہ جاتا رہا شبہ یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے تو بنی اسرائیل کو شہر میں داخل ہونے کا حکم کیا تھا اور ان دونوں حضرات نے دروازہ تک جانے کا حکم کیا تو اس سے حضرت موسیٰ کی تائید کہاں ہوئی مولانا کی اس تقریر سے اس شبہ کا ازالہ ہو گیا یعنی مقصود ان حضرات کا وہی تھا جو موسیٰ علیہ السلام کا تھا مگر اُدْخُلُوا الْبَابَ اس لئے فرمایا کہ یہ لوگ کچھ تو ہمت کریں ۱۲ تبیان۔ (۹) یہ عبارت اس لئے بڑھائی گئی ہے کہ اس موقع پر خطاب تو ان دو شخصوں نے کیا تھا اور بنی اسرائیل ان کو چھوڑ کر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے خطاب کرنے لگے اس کی کیا وجہ پس وجہ بتلا دی کہ ان کو قابل خطاب نہ سمجھ کر ادھر متوجہ ہوئے ۱۲۔ (۱۰) یہ عبارت اس لئے بڑھائی کہ بنی اسرائیل کو اذہب کہنے سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ذہاب کی فرمائش کرنا مستقلاً مقصود نہ تھا بلکہ اذہب ایک شرط کے ساتھ معلق ہے اگر آپ کے قول کے موافق لڑنا ضروری ہی ہے تو اس کی یہ صورت ہے ۱۲ تبیان۔ (۱۱) اس ترجمہ سے یہ شبہ زائل ہو گیا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے تو فافرق یعنی جدائی کی دعا کی تھی اور خدا تعالیٰ نے اجابت میں فرمایا اِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَیْهِمْ اور اس کا اجابت

www.besturdubooks.net

ہونا فَاِنَّھَا کی فا سے ظاہر ہے وجہ زوال شبہ کی ظاہر ہے کہ افرق کے معنی احکم بیننا کے ہیں نہ کہ جدائی کے جس کی تصریح مولانا سلمہٗ نے اس عبارت میں فرما دی کہ جس کی حالت کا جو مقتضا ہو الخ اب احکم پر اِنَّھَا مُحَرَّمَۃٌ کا چسپاں ہونا ظاہر ہے ۱۲ (ما) یہ عبارت اس لئے بڑھائی گئی کہ ظاہراً اِنَّھَا مُحَرَّمَۃٌ پر یتیھون کا ترتب نہیں ہوتا کیونکہ مُحَرَّمَۃٌ کا تحقق اس طرح بھی ممکن تھا کہ وہ لوگ اپنے گھروں کو واپس چلے جاتے اگرچہ ملک نصیب نہ ہوتا سو اس مقدر کے ملانے سے اب یہ شبہ جاتا رہا ۱۲ تبیان۔ (۱۲) اور اگر کسی روایت سے حضرت یوشع اور کالب کا رہنا بھی ثابت ہو تو اس کی بابت یہ کہا جائے گا کہ ان حضرات کا رہنا بھی بطور معین اصلاح وہدایت موسوی کے تھا نہ کہ ان پر عذاب کرنے کے لئے ۱۲ تبیان وَجَعَلَکُمْ مُّلُوْکًا قولہ صاحب ملک۔ یہ ترجمہ اس قول پر ہے کہ مصر پر فتح شام سے پہلے قابض ہوگئے تھے اور دوسرے قول پر جو اس کا نافی ہے اس ترجمہ میں لفظ صاحب ملک سے پہلے یا پیچھے جس طرح فصیح ہو لفظ جیسے جو تشبیہ کے لئے ہے بڑھا دیا جائے اور اس کے بعد تفسیر میں بین القوسین یہ عبارت لکھ دی جائے (یعنی کسی کی رعیت ہونے سے آزاد) ۱۲ منہ۔

مُلحقاتُ التَّرجَمَۃ : ۱ قوله فی ملوکا صاحب ملک لان اهل لاعرف ينسبون الملك الى القوم جميعًا بخلاف النبوة فانهم يكون واحد من القوم لا يعدون القوم انبياء فلذا غاير بين العنوانين حيث قال فی الانبياء فيكم وفی الملوك جعلكم هذا من الافادات استاذی مولانا محمد يعقوب النانوتوی رحمه الله تعالیٰ ۱۲ ـ ۲ قوله فی توضیح اتکم خاص امتیاز فلا یلزم الفضل الکلی ولا الفضل الدینی ۱۲ ـ ۳ قوله فی المقدسة متبرك وجود اكثر الانبياء فيها ولذا سميت مقدسة و علم به ان كون ارض مسكنا للعصاة لا يزيل تقدسها السابق ۱۲ ـ ۴ قوله فی کتب حصر فالكتب تكوينی ۱۲ ـ ۵ قوله فی فتنقلبوا وطن کی طرف ھوا سهل التفاسير واقرب من حالهم ۱۲ ـ ۶ قوله فی انا داخلون تیار اشار الی ان المعنی فانا نريد بعد ذلك الدخول لان الدخول لابد ان يكون مسبوقا بالارادة ۱۲ ـ ۷ قوله فی انكم غلبون مطلب الخ ففيه مجاز و مبالغة قالوه نظرا الی قوله كتب الله لكم وقوله فتنقلبوا خاسرين المرتب علی الارتداد المستلزم لنفی الخسران لو جاهدوا والقتل الفاشی فی قوم نوع من خسرانهم فاذا انتفی ثبت وعد النصر بدون القتل الفاشی سواء لم يقع القتل ووقع لكن قليلاً فافهم ۱۲ ـ ۸ قوله فی قاعدون سرکتے نہیں اشار الی ان هذا القعود عن الجهاد لا القعود اللغوی ۱۲ ـ ۹ قوله فی محرمة نہ لگے گا فالتحريم تكوينی ۱۲ ـ ۱۰ قوله قبل لاتأس مغموم ہونے لگے دليله ما فی الروح اخرج ابن جرير عن المنذری قال ان موسٰی عليه السلام غضب حين قال له القوم ما قالوا فدعا و كان ذلك عجلة منه عليه السلام عجلها فلما ضرب عليهم التيه ندم فاوحی الله تعالیٰ عليه فلا تأس علی القوم الفٰسقين۔ ۱۲

اللُّغَات : قوله جبارين فی الكبير فعال من جبره علی الامر بمعنی اجبره عليه وهو العاتی الذی يجبر الناس علی ما يريد و هذا اختيار الفراء والزجاج ۱۲۔

النَّحْو : قوله ابدا تفسيره ما داموا فيها ۱۲۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ
لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۷﴾ لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَاۤ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ
لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْۤ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنِّيْۤ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ
النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَبَعَثَ
اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ؕ قَالَ يٰوَيْلَتٰۤى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ
هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ﴿۳۱﴾

اور آپ ان اہل کتاب کو آدم کے دو بیٹوں کا قصہ صحیح طور پر پڑھ کر سنایئے۔ جب کہ دونوں نے ایک ایک نیاز پیش کی اور ان میں سے ایک کی تو قبول ہوگئی اور دوسرے کی مقبول نہ ہوئی۔ وہ دوسرا کہنے لگا میں تجھ کو ضرور قتل کردوں گا۔ اس ایک نے جواب دیا کہ خدا تعالیٰ متقیوں کا عمل قبول کرتے ہیں۔ اگر تو مجھ پر میرے قتل کرنے کیلئے دست درازی کرے گا تب بھی میں تجھ پر تیرے قتل کرنے کیلئے ہرگز دست درازی نہ کروں گا۔ میں تو خدائے پروردگار عالم سے ڈرتا ہوں۔ میں یوں چاہتا ہوں کہ تو میرے گناہ اور

www.besturdubooks.net

اپنے گناہ سب اپنے سر پر رکھ لے پھر تو دوزخیوں میں شامل ہو جائے اور یہی سزا ہوتی ہے ظلم کرنے والوں کی۔ سو اسکے جی نے اس کو اپنے بھائی کے قتل پر آمادہ کر دیا۔ پھر اسکو قتل ہی کر ڈالا۔ جس سے بڑے نقصان اُٹھانے والوں میں شامل ہو گیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ایک کوا بھیجا کہ وہ زمین کریدر ہا تھا۔ تاکہ وہ اسکو تعلیم کر دے کہ اپنے بھائی کی لاش کو کس طریقہ سے چھپادے۔ کہنے لگا افسوس میری حالت پر کیا میں اس سے بھی گیا گزرا ہوں کہ اس کوے کے ہی برابر ہوتا اور اپنے بھائی کی لاش کو چھپا دیتا' سو بڑا شرمندہ ہوا۔

تفسیر ربط: اوپر منجملہ شنائع اہل کتاب کے ان کا یہ قول نقل فرمایا تھا نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ جس کا منشاء انبیاء علیہم السلام کی اولاد میں ہونے پر فخر تھا حق تعالیٰ اس گھمنڈ کو توڑنے کے لئے آگے ہابیل وقابیل کا قصہ بیان فرماتے ہیں کہ آدم علیہ السلام کے صلبی بیٹے ہونے میں ان مدعیوں سے بڑھ کر تھے اور باہم دونوں برابر تھے مگر ان میں بھی مقبول وہی ہوا جو مطیع حکم رہا یعنی ہابیل اور دوسرے نے عدول حکمی کی مردود ہو گیا اور آدم علیہ السلام کا بیٹا ہونا کچھ کام نہ آیا خلاصہ قصہ کا یہ ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے جولڑکا پیدا ہوتا اس کے ساتھ ایک لڑکی بھی پیدا ہوتی اسی طرح دوسرے بطن میں بھی ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہوتی اور ایک بطن کا لڑکا دوسرے پہلے بطن کی لڑکی سے اور دوسرے بطن کا لڑکا پہلے بطن کی لڑکی سے بیاہ دیا جاتا (آدم علیہ السلام کی شریعت میں حسب ضرورت وقت یہ افتراق[1] بطون بمنزلہ افتراق نسب کے قرار دیا گیا تھا) اسی سلسلہ میں دولڑکے پیدا ہوئے ایک کا نام ہابیل رکھا دوسرے کا نام قابیل اور دونوں کے ساتھ ایک ایک لڑکی پیدا ہوئی اور حسب معمول ہابیل کا نکاح قابیل کی بہن سے قابیل کا نکاح ہابیل کی بہن سے تجویز ہوا۔ قابیل کی بہن زیادہ حسین تھی قابیل اس کا خواستگار ہوا حضرت آدم علیہ السلام نے سمجھایا مگر اس نے نہ مانا آخر آدم علیہ السلام نے قطع حجت کے لئے یہ فیصلہ فرمادیا کہ دونوں اللہ کے نام کی کچھ نیاز کرو جس کی قبول ہو جائے وہ عورت اس کی رہی (حضرت آدم علیہ السلام کو وحی سے کامل یقین تھا کہ ہابیل حق پر ہے اس کی نیاز قبول ہوگی اس لئے یہ فیصلہ فرمایا تاکہ قابیل کو پھر بحث وتکرار کی گنجائش نہ رہے اور یہ مطلب نہ تھا کہ قابیل کے لئے اس عورت کے حلال ہونے کا احتمال تھا) غرض دونوں نے اپنی اپنی نیاز حاضر کی۔ ہابیل تو ایک عمدہ دُنبہ لایا اور قابیل چند خوشے کسی غلہ کے لایا اور لا کر کہیں رکھ دیا آسمان سے ایک آگ آئی اور ہابیل کی نیاز کو کھا گئی اس وقت یہی علامت قبولیت کی تھی جب قابیل اس فیصلہ میں بھی ہارا تو بقول۔ چو حجت نماند جفا جوئے را پر خاش در ہم کشد روئے را۔ بیچارے ہابیل کی جان کا لاگو ہوا یہاں تک کہ اس کو قتل کر ڈالا لیکن یہ نہ سمجھ میں آیا کہ اس کی لاش کو کیونکر چھپاؤں کہ آدم علیہ السلام کو اطلاع نہ ہو یہاں تک کہ کوے کے ذریعہ سے اس کو دفن کا طریقہ بتلایا گیا اور اس وقت ہابیل کی عمر بیس سال تھی اخرجہ ابن جریر عن ابن مسعود و ناس من الصحابة رضی الله تعالیٰ عنهم اجمعین کذا فی روح المعانی اگلی آیتوں میں اس کا ذکر ہے۔

قصہ ہابیل وقابیل: وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ (الی قوله تعالی) فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ اور (اے محمد ﷺ) آپ ان اہل کتاب[1] کو (حضرت آدم (علیہ السلام)) کے دو بیٹوں کا (یعنی ہابیل وقابیل کا) قصہ صحیح طور پر پڑھ کر سنایئے (تاکہ ان کو انتساب[2] بالصالحین کا گھمنڈ جاتا رہے جس کا نحن ابنؤا الله میں اظہار ہو رہا ہے اور وہ قصہ اس وقت[3] ہوا تھا) جب کہ دونوں نے (اللہ تعالیٰ کے نام کی) ایک[3] ایک نیاز پیش کی اور ان میں سے ایک کی (یعنی ہابیل کی) تو مقبول ہوگئی اور دوسرے کی (یعنی قابیل کی) مقبول نہ ہوئی (کیونکہ جس معاملہ کے فیصلہ کے لئے یہ نیاز چڑھائی گئی تھی اس میں ہابیل[4] حق پر تھا اس لئے اس کی نیاز قبول ہوگئی اور قابیل حق پر نہ تھا اس کی قبول نہ ہوئی ورنہ پھر فیصلہ نہ ہوتا بلکہ اور خلط واشتباہ ہو جاتا جب) وہ دوسرا (یعنی قابیل[5] اس میں بھی ہارا تو جھلا کر) کہنے لگا کہ میں تجھ کو ضرور قتل کروں گا اس ایک نے (یعنی ہابیل نے) جواب دیا (کہ تیرا[6] ہارنا تو تیری ہی ناحق پرستی کی وجہ سے ہے میری کیا خطا کیونکہ) خدا تعالیٰ متقیوں ہی کا عمل قبول کرتے ہیں (میں نے تو تقویٰ اختیار کیا اور خدا کے حکم پر رہا خدا تعالیٰ نے میری نیاز قبول کی تو نے تقویٰ کو چھوڑ دیا اور خدا کے حکم سے منہ موڑا تیری نیاز قبول نہیں کی سو اس میں تیری خطا ہے یا میری انصاف تو کر لیکن[7] اگر پھر بھی تیرا یہی ارادہ ہے تو تو جان میں نے تو پختہ قصد کر لیا ہے کہ) اگر تو مجھ پر میرے قتل کرنے کے لئے دست درازی کرے گا تب بھی میں تجھ پر تیرے قتل کرنے کے لئے ہرگز دست درازی کرنے والا نہیں (کیونکہ) میں تو خدائے پروردگار عالم سے ڈرتا ہوں (کہ باوجود یکہ تیرے جواز قتل کا ظاہرا ایک سبب موجود ہے یعنی یہ کہ تو مجھ کو قتل کرنا چاہتا ہے مگر اس وجہ سے کہ یہ جواز اب تک کسی نص جزئی سے مجھ کو محقق نہیں ہوا اس لئے اس کے ارتکاب کو احتیاط کے خلاف سمجھتا ہوں اور اس شبہ کی وجہ سے خدا سے ڈرتا ہوں اور یہ ہمت تجھی کو ہے کہ باوجود یکہ میرے جواز قتل کا کوئی امر مقتضی نہیں بلکہ مانع موجود ہے لیکن پھر بھی خدا سے نہیں ڈرتا) میں یوں چاہتا ہوں کہ (مجھ سے کوئی گناہ کا کام نہ ہو گو تو مجھ پر کتنا ہی ظلم کیوں نہ کرے جس سے کہ) تو میرے گناہ اور اپنے گناہ سب اپنے سر رکھ لے پھر تو دوزخیوں میں شامل ہو جائے اور یہی سزا ہوتی ہے ظلم کرنے والوں کی سو (یوں ہی تو پہلے ہی[8] سے قتل کا ارادہ کر چکا تھا یہ جو سنا کہ یہ مدافعت بھی نہ کرے گا چاہیے تو تھا کہ گداختہ ہو جاتا مگر بے فکر ہو کر اور بھی) اس کے جی نے اس کو اپنے بھائی کے قتل پر آمادہ کر دیا (پھر) آخر اس کو قتل ہی کر ڈالا جس سے (کمبخت) بڑے نقصان اٹھانے والوں میں شامل ہو گیا (دنیا میں تو یہ نقصان کہ اپنا قوت بازو وراحت روح گم کر بیٹھا اور آخرت میں یہ نقصان کہ سخت عذاب میں مبتلا ہوگا اب جب قتل سے فارغ ہوا تو اب حیران ہے کہ لاش کو کیا کروں جس سے یہ راز پوشیدہ رہے جب کچھ سمجھ میں نہ آیا تو) پھر (آخر) اللہ تعالیٰ نے ایک کوا (وہاں) بھیجا کہ وہ (چونچ اور پنجوں سے) زمین کو کھودتا تھا (اور کھود کر ایک دوسرے

www.besturdubooks.net

کوئے کو کہ وہ مرا ہوا تھا اس گڑھے میں دھکیل کر اس میں مٹی ڈالتا تھا) تا کہ وہ (کوّا) اس (قابیل) کو تعلیم دے کر کہ اپنے بھائی (ہابیل) کی لاش کو کس طریقہ سے چھپاوے (قابیل یہ واقعہ دیکھ کر اپنے جی میں[۹] بڑا ذلیل ہوا کہ مجھ کو کوے کے برابر بھی فہم نہیں اور غایت سے حسرت سے) کہنے لگا کہ افسوس میری حالت پر کیا میں اس سے بھی گیا گزرا ہوں کہ اس کوّے ہی کے برابر ہوتا اور اپنے بھائی کی لاش کو چھپا دیتا (سو اس بدحالی پر) بڑا شرمندہ ہوا۔ **ف**: شروع قصہ کی سند تو تمہید میں مذکور ہے اور کوّے کے کھودنے کی حکایت بطریق مذکور عبد بن حمید اور ابن جریر نے عطیہ سے نقل کی ہے ہکذا فی الروح اور تمہ قصہ کا نعیم بن حماد نے عبدالرحمن بن فضالہ سے نقل کیا ہے کہ اس کے بعد قابیل کی عقل مسخ ہوگئی اور دل اس کا قابو میں نہ رہا مخبوط الحواس ہوگیا اسی بدحواسی اور پریشانی میں مرگیا ہکذا فی الروح یہ حالت بھی خسرانِ دُنیا میں داخل ہوسکتی ہے اور خسرانِ آخرت کا ذکر حدیث صحیحین میں ابن مسعودؓ سے اس طرح آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ قیامت تک جتنے خون ناحق ہوتے ہیں قاتل کے برابر اس کا گناہ اس (قابیل) کے نامۂ اعمال میں بھی بوجہ اس کے بانیٔ قتل ہونے کے لکھا جاتا ہے آھ۔ پس یہ آخرت کا خسران بھی مضاعف ہوا اور اِنِّیْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ میں جس مسئلہ کی تقریر کی گئی اس کے متعلق اس شریعت میں حکم یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اس کو قتل کرنا چاہے اور یہ شخص قرائن قویہ سے سمجھے کہ میں بدوں اس کے کہ اس کو قتل کردوں بچ نہیں سکتا تو اس کو قتل کردینا جائز ہے اور اگر اس حیص بیص میں یہ مارا گیا تو شہید ہوگا اور اگر یہ مدافعت نہ کرے اور بے ہاتھ پاؤں ہلائے مارا جائے تب بھی جائز ہے بلکہ بعض احادیث سے کہ ابوداؤد و ترمذی میں مروی ہیں اس کا افضل ہونا ثابت ہوتا ہے یہ سب مضامین احادیث میں ہیں البتہ جہاں انتقام و مدافعت میں اسلامی مصلحت وضرورت ہو وہاں مدافعت و انتقام واجب ہے جیسے کافروں اور باغیوں سے قتال کرنا حدود و قصاص جاری کرنا اور اس تقریر سے تمام نصوص و دلائل جمع ہو جاتے ہیں اور ہابیل نے جو اپنے کو متقیوں میں داخل کہا تفاخراً نہیں بلکہ بطور تحدیث بالنعمۃ کے بضرورت سبب قبول بتلانے کے اور یہ جو کہا کہ میرا گناہ بھی تیرے ہی اوپر رہے سو وجہ اس کی وہ ہے کہ جو حدیثوں میں آیا ہے کہ قیامتؔ کے روز مظلوم کے گناہ ظالم پر ڈالے جاویں گے کہ اس کا عذاب شدید اور مظلوم ہلکا ہو جاوے اور کسی روایت میں قابیل کے کفر و ایمان کے متعلق مصرحاً نظر سے نہیں گزرا لیکن روح المعانی تفسیر سورہ حٰم السجدہ تحت آیت: ربنا ارنا الذین اضلّنا الخ کے لکھا ہے کہ قابیل مؤمن عاصی ہے واللہ اعلم اور آخر آیت میں جو اس کی ندامت مذکور ہے یہ ندامت بقول مفسرین قتل پر نہیں تا کہ توبہ کا شبہ ہو بلکہ قتل پر جو مضرتیں مرتب نظر آئیں جیسے نعش کے دفن میں حیران رہنا اور کوّے کی تعلیم کا محتاج ہونا اور بدحواس ہو جانا یا بعض مفسرین نے لکھا ہے بدن سیاہ ہو جانا اور آدم علیہ السلام کا ناراض ہو جانا اس پر نادم ہوا۔ احقر کہتا ہے کہ اگر قتل ہی پر ندامت ہو تب بھی شبہ توبہ کا نہیں ہوسکتا کیونکہ ہر ندامت توبہ نہیں بلکہ جس ندامت کے بعد معذرت و انکسار و فکر تدارک بھی ہو اور یہ ندامت طبعی تھی جو محض عقل کے اقتضاء سے پیدا ہو جاتی ہے اس میں شرع اور تقویٰ کا کچھ دخل نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ الخ اس میں دلالت ہے کہ اپنا کمال دینی ظاہر کرنا شکراً جائز ہے نہ کہ فخراً ۱۲ قولہ تعالیٰ لَئِنْۢ بَسَطْتَّ الخ چونکہ اس وقت تک کوئی ایسی نص نہ تھی جس سے قتل مدافعت کی اجازت ہو اس لئے ہابیل نے اس کے ارتکاب سے احتیاط کی پس اس سے شبہات سے بچنے کا مطلوب ہونا ثابت ہوا ۱۲ قولہ تعالیٰ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِیْنَ حدیث سے ہر خون ناحق کا قابیل پر بھی لکھا جانا معلوم ہوتا ہے اس سے ثابت ہوا کہ یہ ندامت نافع نہیں ہوئی تو اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ ہر ندامت توبہ نہیں بلکہ وہی ندامت توبہ ہے جس کے بعد عذر و انکسار اور تدارک کا اہتمام ہو ۱۲۔

الحواشی: (۱) اس تقریر کے بعد علی الاطلاق اس کا قائل ہونا بلا دلیل ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی شریعت میں بہن سے نکاح جائز تھا بلکہ بہن سے نکاح میں یہ بھی قید تھی کہ دوسرے بطن سے ہو پس یہ افتراق ایسا تھا جیسا آج کل خالہ کی لڑکی سے نکاح جائز ہے حالانکہ ماں کی لڑکی اور خالہ کی لڑکی میں چنداں فرق نہیں کیونکہ نانی میں یہ دونوں ایک ہی ہو جاتی ہیں کہ دونوں کی ماں اس ایک ہی سے پیدا ہوئی ہیں ۱۲ تبیان (۲) اس سے آیت کا ربط نحن ابناء اللہ سے ظاہر کرنا مقصود ہے کما صرح المصنف ۱۲ تبیان۔ (۳) لفظ ایک کو مکرر اس لئے کیا کہ یہ معلوم ہو جاوے کہ قُرْبَانًا میں تنکیر افراد کی کل واحد کے اعتبار سے ہے یہ کہ نہیں کہ دونوں کی نیاز صرف ایک ہی چیز تھی ۱۲ تبیان۔ (۴) اس لفظ کو بڑھا کر اس شبہ کا جواب دیا ہے کہ جب خدا ہی نے نیاز قبول نہ کر کے قابیل کو ہرا دیا تو قابیل کا نذر قبول نہ ہونے میں کیا قصور وجہ رفع ظاہر ہے کہ یہ عدم قبول بوجہ ناحق پر ہونے کے ہوا پس اب وہ معذور نہیں سمجھا جاسکتا ۱۲۔ (۵) قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ کا ترتب ماقبل پر ظاہر فرمایا ہے ۱۲ تبیان۔ (۶) مقصود یہ ہے کہ اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰهُ کا علت جواب ہے اصل جواب یہ ہے کہ تیرا مارنا الخ اور مقصود اس سے اپنا بے خطا ہونا ظاہر کرنا ہے جس کی علت یہ بیان کی کہ اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰهُ الخ ۱۲ تبیان۔ (۷) بہ ظہر ارتباط لَئِنْۢ بَسَطْتَّ بما قبلہ ۱۲ تبیان۔ (۸) یہاں شبہ ہوتا ہے کہ تطویع نفس تو قابیل میں پہلے سے تھی پھر ہابیل کے اس جواب پر طوعت کو بذریعہ فا کیسے مرتب فرمایا حاصل جواب ظاہر ہے کہ اس جواب سے بالکل بے دھڑک ہوگیا لہٰذا تفریع بہت صحیح ہے ۱۲۔ (۹) یہ اس لئے بڑھایا کہ اظہار ندامت جو مدلول ہے: قال یا ویلتی کا موقوف ہے اوّل دل میں ندامت پیدا ہونے پر اس لئے اس کو کالمقدر مانا جاوے گا ۱۲ تبیان۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ : ١ قوله في اتل عليهم اہل کتاب هكذا في المدارك ١٢ ـ ٢ قوله في بالحق صحیح طور پر فتقديره متلبسا بالحق ١٢ ـ ٣ قوله في إِذْ اس وقت اشارة الى كون اذ معمولا لنبا لكونه مصدرا في الاصل ١٢ ـ ٤ قوله في انى اخاف کیونکہ اشارة الى كون الجملة تعليلا لما قبله و هذا التقرير احسن من كل ما يوجد في التفاسير ولا فخر و نقل الفخر عن مجاهد ان المدافعة لم تكن جائزة في تلك الشريعة والله اعلم ١٢ـ ٥ قوله هناك نہیں ڈرتا اشار الى ان في الجملة تعريضا باخيه انه لا يخاف ١٢ ـ ٦ قوله في انى اريد مجھ سے گناہ کا کام نہ ہو اشارة الى ان متعلق الارادة بالذات انما هو عدم مفارقته اخيه الذنب فلا يشكل ان ارادة كفر غيره او معصيته كيف جاز و قريب منه ما في الخازن عن الزمخشرى انه ليس ذلك بحقيقة الارادة لكنه لما اعلم انه يقتله لا محالة ووطن نفسه على الاستسلام للقتل طلبا للثواب فكانه صار مريدا مجازا وان لم يكن مريدا حقيقة ١٢ ـ ٧ قوله في تبوء سر رکھ لے فيه مراعاة للغة فان معناه تلزم و ترجع وفي المدارك تحتمل ١٢ ـ ٨ قوله في فطوعت مگر بے فکر ہو کر و بهذا المعنى صح ترتب التطوع على مقالة هابيل والافارادته محقق من قبل ١٢ ـ ٩ قوله في ف لتقرير اثمی قیامت کے روز هذا احسن التفاسير وابعدها من التكلف وما رأيته منقولاً ١٢.

اللغات : فطوعت في الروح سهلة له ذو وسعة من طاع له المرتع اذا تسع ١٢ . قوله سوءة جسد الميت ١٢ـ

النحو : قوله سوءة اخيه الضمير راجع الى القاتل لا الى الباحث كذا في الروح و حسرحت به في الترجمة ١٢ـ

البلاغۃ : قوله قربانا وحده مع تعدده لما انه في الاصل مصدر قوله فطوعت له اللام للتاكيد والنبيين كما في الم نشرح لك قوله من الخسرين لم يقل خاسرا للمبالغة قوله يويلتى و يلة كالويل الهلكة كان المتحسر ينادى هلاكه و يطلب حضوره والالف بدل من ياء المتكلم كذا في الروح وفي الترجمة اشرت الى هذا الابدال بقولي میری ١٢ـ

مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۚ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ
النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَاۤ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا
مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ۝٣٢ اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي
الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْۤا اَوْ يُصَلَّبُوْۤا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ
الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝٣٣ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ
قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٣٤ ع ٥ ٨

اسی وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل پر لکھ دیا کہ جو شخص کسی شخص کو بلا معاوضہ دوسرے شخص کے یا بدوں کسی فساد کے جو زمین میں اس سے پھیلا ہو قتل کر ڈالے تو گویا اس نے تمام آدمیوں کو قتل کر ڈالا اور جو شخص کسی شخص کو بچا لے تو اس نے تمام آدمیوں کو بچالیا اور بنی اسرائیل کے پاس ہمارے بہت سے پیغمبر بھی دلائل واضح لے کر آئے پھر اس کے بعد بھی بہتیرے ان میں سے دنیا میں زیادتی کرنے والے ہی رہے اور جو لوگ اللہ سے اور اس کے رسول سے لڑتے ہیں اور ملک میں فساد پھیلاتے پھرتے ہیں ان کی یہی سزا ہے کہ قتل کیے جائیں یا سولی دیئے جائیں یا انکے ہاتھ اور پاؤں مخالف جانب سے کاٹ دیئے جائیں یا زمین پر سے نکال دیئے جائیں۔ یہ ان کیلئے دنیا میں سخت رسوائی ہے اور ان کو آخرت میں عذاب عظیم ہوگا ہاں مگر جو لوگ قبل اس کے کہ تم ان کو گرفتار کرو توبہ کرلیں تو جان لو کہ بے شک اللہ تعالیٰ بخش دے گے مہربانی فرمائیں گے ۝

تفسیر ربط : قصہ مذکور کا ایک جزو تو وہ تھا جس کے اعتبار سے وہ ماقبل کی دلیل ہے جس کی تقریر تمہید قصہ میں مذکور ہو چکی ہے کہ انتساب پر قناعت کر لینا بیہودہ بات ہے قابیل کو اس کا انتساب کچھ کام نہ آیا اور ایک جزو اس کا یہ بھی ہے کہ بے خطا قتل کرنا نہایت امر شنیع ہے جس سے قابیل کیسے خسران در خسران میں پڑ گیا اس جزو کے اعتبار سے اس پر مابعد کے ایک مضمون کو متفرع فرماتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ چونکہ ناحق قتل کرنا نہایت مضر چیز ہے اسلئے ہم نے اس کی ممانعت شرائع میں جس میں بنی اسرائیل کی شریعت بھی داخل ہے جن کا اوپر سے ذکر چلا آ رہا ہے اور آگے بھی عنقریب وہ عود کرے گا بہت اہتمام سے فرمائی۔

اخبار از تشدید قتل حرام : مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ (الی قولہ تعالیٰ) ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ اسی (واقعہ کی) وجہ سے (جس سے قتل ناحق کے مفاسد ثابت ہوتے ہیں) ہم نے (تمام مکلفین پر عموماً اور) بنی اسرائیل پر (خصوصاً) یہ (حکم) لکھ دیا (یعنی مقرر کر دیا) کہ (قتل ناحق اتنا بڑا

www.besturdubooks.net

گناہ ہے کہ) جو شخص کسی شخص کو بلا معاوضہ دوسرے شخص کے (جو ناحق مقتول ہوا ہو) یا بدوں کسی (شرو) فساد کے جو زمین میں اس سے پھیلا ہو (خواہ مخواہ) قتل کر ڈالے تو (اس کو بعض اعتبار سے ایسا گناہ ہوگا کہ) گویا اس نے تمام آدمیوں کو قتل کر ڈالا (وہ بعض اعتبار یہ ہے کہ اس نے گناہ پر جرأت کی خدا تعالیٰ کی نافرمانی کی خدائے تعالیٰ اس سے ناراض ہوئے دنیا میں مستحق قصاص ہوا آخرت میں مستحق دوزخ ہوا یہ امور ایک کے اور ہزار کے قتل کرنے میں مشترک ہیں گو شدت واشدیت کا تفاوت ہو اور یہ دو قیدیں اس لئے لگائیں کہ قصاص میں قتل کرنا جائز ہے اسی طرح دوسرے اسباب جوازِ قتل سے بھی جس میں قطع طریق جو آگے مذکور ہے اور کفر حربی جس کا ذکر احکامِ جہاد میں آچکا ہے سب داخل ہے قتل کرنا جائز بلکہ بعض صورتوں میں واجب ہے) اور (یہ بھی لکھ[1] دیا تھا کہ جیسا ناحق قتل کرنا گناہِ عظیم ہے کہ) جو شخص کسی شخص کو بچالے تو (اس کو ایسا ثواب ملے گا کہ) گویا اس نے تمام آدمیوں کو بچالیا (غیر واجب کی قید اس لئے لگائی کہ جس شخص کا قتل شرعاً واجب ہو اس کی امداد یا سفارش حرام ہے اور اس مضمون احیاء کے لکھنے سے بھی تشدید قتل کی ظاہر ہوگئی کہ جب احیاء ایسا محمود ہے تو ضرور قتل مذموم ہوگا اس لئے اس کا ترتب وتسبب بھی بواسطہ عطف کے مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ پر صحیح ہوگیا) اور بنی اسرائیل کے پاس (اس مضمون[2] کے لکھ دینے کے بعد) ہمارے بہت سے پیغمبر بھی دلائل واضحہ (نبوت کے) لے کر آئے (اور وقتاً فوقتاً اس مضمون کی تاکید کرتے رہے) مگر پھر اس (تاکید واہتمام) کے بعد بھی بہتیرے ان میں سے دنیا میں زیادتی کرنے والے ہی رہے (اور ان پر کچھ اثر نہ ہوا حتیٰ کہ بعض نے خود ان انبیاء ہی کو قتل کر دیا) ف: اور بہتیرے اس لئے فرمایا کہ بعضے مطیع و فرمانبردار بھی تھے اور احیاء میں تشبیہ کو بعض وجوہ کے ساتھ مقید نہیں کیا گیا کیونکہ تضاعف حسنہ سے کوئی دلیل مانع نہیں اور تضاعف سیۂ کا شرعاً منفی ہے اور اگر یہ شبہ ہو کہ پھر ایک کا بچانے والا اور ہزار کا بچانے والا چاہئے برابر رہیں جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ دوسرے شخص کو جمیع ناس کے مضاعف عدد کا ثواب مل جائے یا عمل حقیقی وعمل حکمی میں باوجود مساوات فی الکم کے کیفاً تفاوت ہو اوّل شخص کا عمل حقیقی ایک ہے دوسرے کے عمل حقیقی دو ہیں بہر حال برابری لازم نہیں آئی خوب سمجھ لو۔ ربط: اوپر قتل ناحق کی جو بلا معاوضہ کسی شخص کے قتل یا فساد فی الارض کے ہو شناعت وقباحت بیان فرمائی تھی آگے قتل اور[3] اس کے توابع مثل قطع اطراف اور تعزیر کا جو کہ بالحق ہو یعنی بسبب فساد فی الارض وجنایت کے ہو مشروع اور مطلوب فی الشرع ہونا بیان فرماتے ہیں اس لئے اوّل قطاع الطریق کا حکم پھر سارق کا حکم مذکور ہوتا ہے اور اس کے درمیان اور مضمون بوجہ خاص مناسبت کے جس کی تقریر اس کی تمہید میں ہوگی لایا گیا ہے۔

حکم یازدہم حد قطع طریق: اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ (الی قولہ تعالی) فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ جو لوگ اللہ تعالیٰ سے اور اس کے رسول (ﷺ) سے لڑتے ہیں اور (اس لڑنے کا مطلب یہ ہے کہ) ملک میں فساد (یعنی بدامنی) پھیلاتے پھرتے ہیں (مراد اس سے رہزنی یعنی ڈکیتی ہے ایسے شخص پر جس کو اللہ نے قانونِ شرعی سے جس کا اظہار رسول اللہ ﷺ کے ذریعہ سے ہوا ہے امن دیا ہو یعنی مسلمان پر اور ذمی پر اور اسی لئے اس کو اللہ اور رسول سے لڑنا کہا گیا ہے کہ اس نے اللہ کے دیئے ہوئے امن کو توڑا اور چونکہ رسول کے ذریعہ سے اس کا ظہور ہوا اس لئے رسول کا تعلق بھی بڑھا دیا غرض جو لوگ ایسی حرکت کرتے ہیں) ان کی یہی سزا ہے کہ (ایک حالت میں تو) قتل کئے جاویں (وہ حالت یہ ہے کہ ان رہزنوں نے کسی کو صرف قتل کیا ہو اور مال لینے کی نوبت نہ آئی ہو) یا (اگر دوسری حالت ہوئی ہو تو) سولی دیئے جاویں (یہ وہ حالت ہے کہ انہوں نے مال بھی لیا ہو اور قتل بھی کیا ہو) یا (اگر تیسری حالت ہوئی ہو تو ان کے ہاتھ اور پاؤں مخالف جانب سے (یعنی داہنا ہاتھ بایاں پاؤں) کاٹ دیئے جائیں (یہ وہ حالت ہے کہ صرف مال لیا قتل نہ کیا ہو) یا (اگر چوتھی حالت ہوئی ہو تو) زمین پر (آزادانہ آباد رہنے) سے نکال (کر جیل خانہ میں بھیج) دیئے جائیں (یہ وہ حالت ہے کہ نہ مال لیا ہو نہ قتل کیا ہو قصد کرنے کے بعد ہی گرفتار ہو گئے ہوں) یہ (سزائے مذکور تو) ان کے لئے دنیا میں سخت رسوائی (اور ذلت) ہے اور ان کو آخرت میں (جو) عذاب عظیم ہوگا (سو الگ) ہاں مگر جو لوگ قبل اس کے کہ تم ان کو گرفتار کرو توبہ کر لیں تو (اس حالت میں) جان لو کہ بے شک اللہ تعالیٰ (اپنے حقوق) بخش دیں گے (اور توبہ قبول کرنے میں) مہربانی فرماویں گے (مطلب یہ ہے کہ اوپر جو سزا مذکور ہوئی ہے وہ حد اور حق اللہ کے طور پر ہے جو کہ بندہ کے معاف کرنے سے معاف نہیں ہوتی قصاص وحق العبد کے طور پر نہیں جو کہ بندہ کے معاف کرنے سے معاف ہو جاتا ہے۔ پس جب قبل گرفتاری کے ان لوگوں کا تائب ہونا ثابت ہو جاوے تو حد ساقط ہو جاوے گی جو کہ حق اللہ تھا البتہ حق العبد باقی رہے گا پس اگر مال لیا ہوگا اس کا ضمان دینا پڑے گا اور اگر قتل کیا ہوگا تو اس کا قصاص لیا جاوے گا لیکن اس[5] ضمان وقصاص کے معاف کرنے کا حق صاحب مال اور ولی مقتول کو حاصل ہوگا) ف: اس آیت میں سزایابی کی جو چار حالتیں بیان کی گئی ہیں مقسم ان کا اخذ مال اور قتل نفس کا وجود یا عدم مع عدم توبہ ہے سو اس مقسم کا انحصار ان اقسام میں عقلی ہے کیونکہ عقلاً یہ چار احتمال ہیں کہ یا دونوں موجود یا دونوں معدوم یا قتل موجود اور اخذ مال معدوم یا اس کا عکس اور حد اسی مقسم کے ساتھ خاص ہے اور استثناء کی حالت اس مقسم کا مقابل ہے اب چند مسائل متعلقہ مقام لکھے جاتے ہیں۔ مسئلہ: پہلی حالت میں اور اسی طرح دوسری میں بھی جنایت قتل سے مراد عام ہے خواہ آلہ جارحہ سے یا غیر جارحہ سے۔ مسئلہ: دوسری حالت میں حاکم اسلام کو چار اختیار ہیں۔ ایک صرف سولی دینا دوسرے صرف قتل کرنا تیسرے ہاتھ پاؤں کو کاٹ کر سولی دینا چوتھے ہاتھ پاؤں کو کاٹ کر قتل کرنا پہلا ایک تو قرآن مجید میں منصوص ہے اور پچھلے تین اور دلائل

www.besturdubooks.net

سے ثابت ہے۔ **مسئلہ**: اس حالت میں اگر سولی دی جاوے تو اس کا طریق یہ ہے کہ زندہ دار پر کھینچا جاوے پھر برچھی سے اس کا پیٹ چاک کر دیا جاوے یہاں تک کہ مر جاوے۔ **مسئلہ**: تیسری حالت میں ہاتھ گٹے پر سے اور پاؤں ٹخنے سے کاٹا جاوے پھر اس کو داغ دیا جاوے تاکہ سارا خون بدن کا نہ نکل جاوے۔ **مسئلہ**: چوتھی حالت میں جس سے پہلے تعزیر بھی ہے اور حد حبس کی وہ توبہ ہے جس کا صادق ہونا قرائن سے معلوم ہو۔ **مسئلہ**: چاروں حالتوں میں وہ مال یا وہ جان جس پر جنایت واقع ہوئی ہے محترم و مامون عند الشرع ہو یعنی مسلم و ذمی کا مال و جان ہو اور یُحَارِبُوْنَ کی تفسیر میں اس طرف اشارہ بھی کر دیا گیا ہے۔ **مسئلہ**: ان چاروں حالتوں کی سزائیں حق اللہ اور حدود ہیں اگر مالک مال یا ولی مقتول معاف کرے معاف نہیں ہو سکتا اور اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا میں اس طرف اشارہ بھی کر دیا گیا ہے۔ **مسئلہ**: یہ سزا جو رہزنوں پر جاری ہوگی اس کا یہ مطلب نہیں کہ ان میں سے ہر ہر شخص کی تعیین جرم کا جدا جدا ثبوت لیا جائے بلکہ اگر ان چاروں حالتوں کی جنایت کا ان میں ایک بھی مرتکب ہوا تو سب کی وہی سزا ہوگی غرض[۶] اس گروہ میں اس جنایت کا پایا جانا کافی ہے کیونکہ ایک شخص نے بھی جو کچھ کیا ہے سب کی قوت پر کیا ہے۔ **مسئلہ**: اگر اخذ مال یا قتل نہیں پایا گیا لیکن زخمی کر دیا تو حد کی چاروں حالتوں سے خارج ہونے کی وجہ سے اس کا حکم مثل عام زخموں کے ہے جس میں قصاص یا ارش یعنی ضمان لازم ہوگا اور حق العبد ہونے کی وجہ سے عفو کا بھی اختیار ہوگا۔ **مسئلہ**: اگر حق اللہ اور حق العبد دونوں جمع ہو جاویں مثلاً اخذ مال بھی ہوا جو کہ موجب حد ہے اور جرح بھی ہوا جو کہ موجب قصاص ہے تو صرف موجب حد پر حکم جاری کیا جاوے گا۔ **مسئلہ**: ڈکیتی شہر یا قرب شہر میں معتبر نہیں اس میں صرف تعزیر اور قصاص ہوگا حد نہ ہوگی اور بعض مسائل ضمن ترجمہ میں آگئے جیسے کاٹنے میں داہنا ہاتھ اور بایاں پاؤں یہ سب مسائل ہدایہ میں ہیں۔ صرف ایک مسئلہ کہ ایک کا فعل سب کا فعل سمجھا جاوے گا درمختار سے لکھا ہے۔ **مسئلہ**: اس حد کے سوا اور باقی حدود جیسے حد شراب، حد قذف، حد زنا، حد سرقہ توبہ سے ساقط نہیں ہوتے کذا فی البنایہ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ الخ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اور مسلمین کے ساتھ محاربہ کرنے کو محاربہ مع اللہ تعالیٰ فرمانے سے اس پر دلالت ہوئی کہ اہل اللہ کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا گویا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کرنا ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) اس سے مَنْ اَحْیَاهَا کا عطف مَنْ قَتَلَ پر ظاہر کر کے یہ بتلا دیا کہ یہ بھی کَتَبْنَا کا معمول اور مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ کی علت سے معلل ہے اور چونکہ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ کو ظاہراً مَنْ قَتَلَ نَفْسًا میں تو دخل ہے لیکن مَنْ اَحْیَاهَا میں نہیں اس لئے تقریر تعلیل کو اس عبارت سے ظاہر کیا اور اس مضمون احیاء کے لکھنے سے بھی ۱۲ بیان۔ (۲) اس عبارت سے لَقَدْ جَآءَتْهُمْ کا ربط ماقبل سے ظاہر ہو گیا کما صرح بہ فی قولہ اور وقتاً فوقتاً اس کی تاکید الخ ۱۲ بیان۔ (۳) مفسرین نے اس موقع پر دو ربط لکھے ہیں ایک تو یہ کہ اوپر قتل ناحق کو بیان کیا تھا اس کی مناسبت سے یہاں بھی ایک قتل ناحق کو بیان کرتے ہیں جو قطاع الطریق سے سرزد ہوا اور دوسرا وہ ربط ہے جو مولانا نے بیان کیا ہے: وهو احسن كما يدل عليه بدء الآية بلفظ الجزاء ۱۲ بیان۔ (۴) یہی حدیث شریف میں مصرح ہے اور اس کے خلاف جائز نہیں کہ بایاں ہاتھ اور داہنا پاؤں کاٹ دیا جائے پس من خلاف کا اجمال مفسر بہ حدیث سے ۱۲ بیان۔ (۵) یہاں یہ شبہ ہوتا ہے کہ جب حق العبدان سے ساقط نہ ہوا کہ قتل فی القصاص اور ضمان ہے تو قبل القدرۃ توبہ کرنے سے مطلق معافی نہ ہوئی جو مقتضا تھا استثناء کا پس اس سے ان کو کیا نفع ہوا اس کا جواب دیا ہے کہ نفع یہ ہوا کہ اگر صاحب حق معاف کر دے تو معاف ہو جاوے گا برخلاف توبہ قبل القدرۃ نہ کرنے کی صورت کے کہ معاف کرنے سے معاف نہ ہوگا نیز یہ بھی نفع ہوا کہ مثلاً دوسری صورت میں جبکہ صرف مال ہوا گر قبل القدرت توبہ نہ کرتے تو قطع ایدی وارجل ہوتا اور اس توبہ کے بعد صرف ضمان لیا جاوے گا پس استثناء مطلق عقوبت کے اعتبار سے نہیں بلکہ صرف عقوبت حق اللہ کے اعتبار سے ہے ۱۲ بیان۔ (۶) اسی طرح اگر جنایتیں مختلف صادر ہوئی ہوں مثلاً بعض شدید بعض خفیف تو سارے گروہ کو مرتکب جنایت شدیدہ سمجھا جاوے گا اور اس کے موافق سزا ہوگی۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] قوله في اجل ای وجہ سے فجعله متعلقا بكتبنا و بعضهم جعله معمولا لما قبله و يكون كتبنا استينافا لكن التعليل يكون مقصودًا معنے ۱۲۔ [۲] قوله في بني اسرائيل خصوصاً اشار الى ان تخصيصهم باعتبار ذكرهم في المقام و كونهم اكثر جرءة على القتل حتى قتلوا الانبياء ۱۲۔ [۳] قوله في نفسه شخص اشار الى ان المراد هو النفس الانسانية لاغيرها ۱۲۔ [۴] قوله في بغير بلا معاوضہ اشار الى ان الباء للمقابلة ۱۲۔ [۵] قوله في احياها بچالیا اشار الى ان الاسناد مجازى والاحياء يراد به ابقاء الحيوة ۱۲۔ [۶] قوله في يسعون مطلب یہ ہے اشارة الى ان العطف تفسيرى فائدته التعليل يعني ان الله و رسوله لا يتضرر ان بهذا الفعل وانما حكم بهذا الجزاء لكونه ضرار اباهل الارض ۱۲۔ [۷] قوله في توضيح يسعون مراد رہزنی اشارة الى سقوط قول من قال ان الآية في المرتدين لاغير بناءً على ان محاربة الله و رسوله انما تستعمل في الكفار ولما اخرج الشيخان في قصة نفر من عكل عوقبوا بالقتل والسمل حتى ماتوا و فيه فانزل الله تعالىٰ انما جزاؤا الذين الخ وجه السقوط كونه مخالفا لاجماع من يعتد به من السلف والخلف و دعوىٰ

www.besturdubooks.net

ان المحاربة الخ يردها اطلاقها على المعاصى فى الحديث و سبب النزول لا يصلح مخصصا خصوصًا و يدل على ان المراد قطاع الطريق قوله تعالىٰ الا الذين تابوا الخ و معلوم ان المرتدين لا يختلف حكمهم فى زوال العقوبة عنهم بالتوبة بعد القدرة او قبل القدرة و قد فرق الله تعالىٰ بينهما و ايضا ان الاسلام لا يسقط الحد عمن وجب عليه وايضا ليست عقوبة المرتدين كذلك وايضا يحتمل ان يكون نزول هذه الآية فى المرتدين للنهى فيما يستقبل عن عقوبتهم بمثل هذا ببيان انحصار هذا الجزاء فى القطاع فافهم كذا فى الروح الا بعضا فانه مما سمح به الخاطر بفضل الله القادر ۱۲۔ ۸ قوله فى او يصلبوا یا گردوسری الخ اشارة الى ان اَوْ للتقسيم لا للتخيير دليله ما سيأتى من مسند الشافعیؒ۔ ۹ قوله فى ينفوا جیل خانہ لانه نفى من عمارة الارض تشيطا واشرت اليه فى تقرير الترجمة وهذا التوجيه من بدائع الموهوبات ۱۲۔

الرِّوَايَات : نقل الشيخ عبدالحى رحمه الله فى حاشية الهداية هكذا اخرج الشافعى فى مسنده والامام و محمد وغيرهما عن ابن عباسؓ ان النبى ﷺ وادع ابا بردة لا يعينه ولا يعين عليه فجاء اناس يريدون الاسلام فقطع عليهم اصحاب ابى بردة ونقضوا الوعد فنزل جبرئيل بالحد فيهم ان من قتل فاخذ المال صلب ومن قتل ولم يأخذ المال قتل ومن اخذ المال ولم يقتل قطعت يده و رجله ومن اخاف الطريق ولم يأخذ ولم يقتل نفى اه قال فى نور الانوار لكن ابا حنيفةؒ حمل قوله من قتل واخذ صلب على اختصاص الصلب بهذه الحالة لا على اختصاص هذه الحالة بالصلب بل اثبت الامام الخيار فى الاربعة لان الجناية يحتمل الاتحاد ولتعدد فيراعى كلتا الجهتين فيه آه ۱۲۔

الفقه : دلت الآية على ان الحدود ليست بكفارات واليه ذهب ابو حنيفةؒ واما حديث فعوقب به كان كفارته فالوجه عندى والله اعلم ان يقال ان الجناية تسقط بالعقوبة والحد لكن الجسارة لا يسقط بالحد كما نرى اهل السياسيات فى الدنيا اذا غرر واجابنا و يقوم هو كما هو يزيدون فى التعزير قائلين انك لجرى لا تتاثر ولا تنفعل بهذه العقوبة والسياسة فعلى هذا ينطبق الآية والحديث ولو حملنا قول ابى حنيفةؒ عليه كان اولى والله اعلم ۱۲۔

اللُّغَات : فى الروح الاجل فى الاصل الجناية يقال اجل عليهم شرا اذا جنى عليهم ثم استعمل فى تعليل الجنايات ثم اتسع فيه فاستعمل لكل سبب اه۔

النَّحْو : قوله الا الذين تابوا۔ استثناء راجع الى الخزى الدال على الحد المذكور والى العذاب الاخروى فبالتوبة يسقط الحدود والعذاب جميعًا فلا يرد ان ارجاعه الى انما جزاء الذين ارجاع الى البعيد لانا لا نرجعه الى البعيد ولا يتوقف عليه الحكم بسقوط الحد عن التائب فان سقوط الخزى يستلزم سقوط الحد لاتحاد هما ۱۲۔

البَلَاغَة : قوله ولقد جاء تهم الخ فى الروح ولم يقل ارسلنا اليهم للتصريح بوصول الرسالة اليهم فانه ادل على تناهيهم فى العتو ثم للتراخى فى الرتبة والاستبعاد ولما كان اسرافهم فى امر القتل مستلزما لتفريطهم فى شان الاحياء وجودًا وعدما وكان هو اقبح الامرين واقطعهما اكتفى بذكره فى مقام التشنيع المسوق له الآتى و ذكر الارض مع ان الاسراف لا يكون الا فيها للايذان بان اسرافهم ليس امرا مخصوصا بهم بل انتشر شره فى الارض و سرى الى غيرهم ۱۲ ۔ فى الروح يقتّلوا الاتيان بصيغة التفعيل لما فيه من الزيادة على القصاص من انه لكونه حق الشرع لا يسقط بعفو الولى و كذا التصليب اه قلت و كذا التقطيع و فيه قوله ذلك لهم خزى اقتصر فى الدنيا على الخزى مع ان لهم فيها عذابا ايضا وفى الآخرة على العذاب مع ان لهم فيها خزيا ايضا لان الخزى فى الدنيا اعظم من عذابها والعذاب فى الآخرة اشد من خزيها اه۔ فائدة بديعة :ولو حمل اللام فى الناس على العهد و يراد به الناس الذين صار قتل هذه النفس المقتولة او المبقاة سببًا لقتلهم وابقاء هم خاصة كان توجيه الكلام اظهر لان من سنّ سنة حسنة فله اجره واجر من عمل بها و كذلك من سن سنة سيئة فله وزره ووزر من عمل بها كما فى الحديث ۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ

www.besturdubooks.net

وْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٣٦﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ
بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ۫ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٣٧﴾ وَ السَّارِقُ وَ السَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا
نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٣٨﴾ فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ
عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣٩﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ
لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٤٠﴾

اے ایمان والو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اللہ تعالیٰ کا قرب ڈھونڈو اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرو۔ امید ہے کہ تم کامیاب ہو جاؤ گے یقیناً جو لوگ کافر ہیں اگر ان کے پاس تمام دنیا بھر کی چیزیں ہوں اور ان چیزوں کے ساتھ اتنی چیزیں اور بھی ہوں تا کہ وہ اس کو دے کر روز قیامت کے عذاب سے چھوٹ جاویں جب بھی وہ چیزیں ان سے ہرگز قبول نہ کی جاویں گی اور ان کو دردناک عذاب ہوگا اس بات کی خواہش کریں گے کہ دوزخ سے نکل آویں اور وہ اس سے کبھی نہ نکلیں گے اور ان کو عذاب دائمی ہوگا اور جو مرد چوری کرے اور جو عورت چوری کرے سو ان دونوں کے (داہنے) ہاتھ (گٹے پر سے) کاٹ ڈالو ان کے کردار کے عوض بطور سزا کے اللہ کی طرف سے اور اللہ تعالیٰ بڑے قوت والے (جو سزا چاہیں مقرر فرمائیں) بڑے حکمت والے ہیں (کہ مناسب ہی سزا مقرر فرماتے ہیں) پھر جو شخص توبہ کرے اپنی اس زیادتی کرنے کے بعد اور اعمال کی درستی رکھے تو بے شک اللہ تعالیٰ اس پر توجہ فرمائیں گے بے شک خدا تعالیٰ بڑے مغفرت والے ہیں (کہ اس کا گناہ معاف کر دیا) بڑے رحمت والے ہیں کہ (آئندہ بھی مزید عنایت کی) کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ ہی کے لئے ثابت ہے حکومت آسمانوں کی اور زمین کی وہ جس کو چاہیں سزا دیں اور جس کو چاہیں معاف کر دیں اور اللہ کو ہر چیز پر پوری قدرت ہیں ○

تفسیر ربط: اوپر اس مقام میں بعض معاصی سے نہی کی گئی تھی جیسے قتل اور فساد فی الارض اور اس پر جو عقوبت مرتب ہوتی ہے اس کے بیان سے نہی اور مؤکد ہو گئی اور بعض طاعات کا امر تھا جیسے احیائے نفس مَنْ اَحْيَاهَا میں اور دفع فساد اِنَّمَا جَزٰٓؤُا میں اور توبہ استغفار اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا میں آگے عام عنوان سے جملہ اِتَّقُوا اللّٰهَ میں تمام معاصی سے اجتناب اور وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ میں تمام ضروری طاعات کے ارتکاب کا حکم فرماتے ہیں اور طاعات میں جہاد کی تصریح فرماتے ہیں تا کہ کوئی شخص جہاد کو فساد میں داخل گمان نہ کرے۔

امر بطاعات و نہی از معاصی عموماً: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالی) تُفْلِحُوْنَ۔ اے ایمان والو اللہ تعالیٰ (کے احکام کی مخالفت) سے ڈرو (یعنی معاصی چھوڑ دو) اور (طاعات[۲] کے ذریعہ سے) خدا تعالیٰ کا قرب ڈھونڈو (یعنی طاعاتِ ضروریہ کے پابند رہو) اور (طاعات میں[۳] سے بالخصوص) اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا کرو امید ہے کہ (اس طریق سے) تم (پورے) کامیاب ہو جاؤ گے (اور کامیابی اللہ تعالیٰ کی رضامندی کا حاصل ہونا اور دوزخ سے نجات ہے)۔ ربط: اوپر طاعات کا امر اور معاصی سے نہی ہے طاعات میں سب سے بڑا عمل ایمان اور معاصی میں سب سے بدتر عمل کفر ہے سو گویا اوپر عام عنوان میں ان کا امر و نہی بھی آ گیا لیکن اہتمام شان کے لئے آگے بالتخصیص کفر کا ضرر بتلاتے ہیں جس سے ایمان کا نفع بھی خود معلوم ہو جاوے گا اور اہتمام شان کی وجہ ظاہر ہے کہ سب سے اعظم ہے اور تبلیغ انبیاء میں سب سے مقدم و نیز مجموعہ آیتین سے یہ ثابت کرنا ہے کہ اصل وسیلہ طاعات ہیں بلا طاعات تمام دنیا بھر کے خزائن بھی وسیلہ نہیں بن سکتے۔

ضررِ کفر: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (الی قولہ تعالی) وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ۔ یقیناً جو لوگ کافر ہیں اگر (بالفرض[۱]) ان (میں سے ہر ایک[۲]) کے پاس دنیا بھر کی تمام چیزیں ہوں (جس میں تمام دفائن[۳] و خزائن بھی آ گئے) اور (ان ہی چیزوں پر کیا منحصر ہے بلکہ) ان چیزوں کے ساتھ اتنی چیزیں اور بھی ہوں تا کہ وہ اس کو دے کر روزِ قیامت کے عذاب سے چھوٹ جائیں تب بھی وہ چیزیں ہرگز ان سے قبول نہ کی جائیں گی (اور[۴] عذاب سے نہ بچیں گے بلکہ) ان کو دردناک عذاب ہوگا (پھر بعد عذاب میں داخل ہو جانے کے) اس بات کی خواہش (و تمنا[۵]) کریں گے کہ دوزخ سے (کسی طرح) نکل آویں اور (یہ خواہش کبھی پوری نہ ہوگی اور) وہ اس سے کبھی نہ نکلیں گے اور ان کو عذابِ دائمی ہوگا (یعنی کسی تدبیر سے نہ سزا ٹلے گی نہ دوام سزا ٹلے گا)۔ ربط: دو آیت اوپر قطع طریق کا بیان تھا جو کہ سرقۂ کبریٰ کہلاتا ہے آگے سرقۂ صغریٰ یعنی چھپ کر چوری کرنے کا اور اس کی سزا کا بیان ہے۔

حکم دوازدہم حد سرقہ: وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ اور جو مرد چوری کرے اور (اسی طرح) جو عورت چوری کرے سو (ان کا

www.besturdubooks.net

حکم یہؒ ہے کہ اے حکامؒ) ان دونوں کے داہنے ہاتھ (گٹے پر سے) کاٹ ڈالوان کے (اس) کردار کے عوض میں (اور یہ عوض) بطور سزا کے (ہے) اللہ کی طرف سے اور اللہ تعالیٰ بڑی قوت والے ہیں (جو سزا چاہیں[۵] مقرر فرمائیں اور) بڑی حکمت والے ہیں (کہ مناسب ہی سزا مقرر فرماتے ہیں) **ف**: اب چند مسائل لکھے جاتے ہیں: **مَسْئَلَہ**: اقل مقدار مال کی جس میں ہاتھ کاٹا جاتا ہے دس درہم ہیں: **اخرجه عبد الرزاق فی مصنفه عن ابن مسعود مرفوعا لا تقطع الید الا فی دینار او عشرة دراهم و مثله روی الطبرانی و احمد فی مسنده و اسحق بن راهویه و ابن ابی شیبة کذا فی حاشیة الهدایة**۔ **مَسْئَلَہ**: چور کا داہنا ہاتھ **(کذا اخرجه ابو نعیم فی معرفة الصحابة عن الحرث بن ابی عبد بن ابی ربیعة من فعله علیه السلام کما فی الروح)** گٹے پر سے **(کذا نقل العینی عن کامل ابن عدی)** کاٹا جاتا ہے پھر اس کو داغ دیتے ہیں تاکہ سارے بدن کا خون نہ نکل جاوے **(کذا نقله العینی عن مستدرك الحاکم)** **مَسْئَلَہ**: یہ سزا حد ہے اس میں معافی نہیں ہو سکتی اور مِّنَ اللّٰهِ میں بھی اس طرف اشارہ ہے۔ **مَسْئَلَہ**: اگر دوبارہ چوری کرے بایاں پاؤں ٹخنے پر سے قطع کیا جاوے گا حدیث دارقطنی وطبرانی میں آیا ہے کذا فی تخریج الزیلعی۔ **مَسْئَلَہ**: اگر پھر چوری کرے اب بقیہ ہاتھ پاؤں قطع نہ کریں گے **رواه محمد بن الحسن فی کتاب الآثار و ابن ابی شیبة عن علیؓ** بلکہ جب تک توبہ نہ کرے جس کا صادق ہونا قرائن سے معلوم ہو جاوے قید خانہ میں رکھیں گے یہ سب مسائل ہدایہ میں ہیں باقی اور مسائل اس باب کے متعلق کتب فقہ میں ملیں گے۔ **ربط**: اوپر چوری کی سزا کا دنیا میں بیان تھا آگے توبہ سے سزائے آخرت سے بچ جانے کا ذکر فرماتے ہیں جیسے قطع طریق میں بھی بعد بیان سزا کے توبہ کا ذکر آیا تھا۔

حکم توبۂ سارق: فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ (الی قوله تعالی) اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ پھر جو شخص (موافق قاعدہ[۱] شریعت کے) توبہ کر لے اپنی اسؒ زیادتی (یعنی چوری) کرنے کے بعد اور (آئندہ کے لئے) اعمال کی درستی رکھے (یعنی چوری وغیرہ نہ کرے اپنی توبہ پر قائم رہے) تو بے شک اللہ تعالیٰ اس (کے حال) پر (رحمت کے ساتھ) توجہ فرماویں گے (کہ توبہؒ سے پچھلا گناہ معاف فرماویں گے اور استقامت علی التوبہ سے مزید عنایت فرماوینگے) بے شک خدا تعالیٰ بڑی مغفرت والے ہیں (کہ اس کا گناہ معاف کر دیا) بڑی رحمت والے ہیں (کہ آئندہ بھی مزید عنایت کی) **ف**: توبہ میں جو قید لگائی گئی کہ موافق قاعدہ شریعت کے اس میں یہ امر بھی آ گیا کہ جو چیز چرائی ہے یا مالک کو واپس کرے اور اگر تلف ہو گئی ہو ضمان دے اگر ضمان نہ دے سکے معاف کرائے کہ یہ شرائط تکمیل توبہ سے ہے۔ **ربط**: اوپر حکم یازدہم ودوازدہم میں چونکہ سزا میں قتل وقطع اطراف انسانی تجویز فرمایا ہے جو کہ قبل اس کی حکمت میں نظر کرنے کے نوع انسانی کی شرافت سے گونہ مستبعد معلوم ہو سکتا تھا اس لئے آگے حق تعالیٰ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ میں اپنا مالک حقیقی اور قدیر میں اپنا قادرِ تحقیقی ہونا بیان فرماتے ہیں اور درمیان میں يُعَذِّبُ کے ساتھ يَغْفِرُ کو اور دونوں کے ساتھ ان کے معمول اور مفعول کو جن کا ذکر اوپر ضمن عقوبت وتوبہ میں آ چکا ہے ذکر فرما کر مالک اور قادر ہونے کے ساتھ اپنے حکیم ہونےؒ کی طرف اشارہ بھی فرماتے ہیں کہ ہم صرف تعذیب ہی نہیں کرتے بلکہ معافی بھی کرتے ہیں مگر جو جس کے لائق ہو جس کی لیاقت کا حال اوپر ان لوگوں کی حالت میں غور کرنے سے معلوم ہو سکتا ہے۔

اثبات ملک ومشیت وقدرت برائے حق تعالیٰ: اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ (الی قوله تعالی) وَعَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (اےؒ مخاطب) کیا تم نہیں جانتے (یعنی سب جانتے ہیں) کہ اللہ ہی کے لئے ثابت ہے حکومت سب آسمانوں کی اور زمین کی وہ جس کو چاہیں سزا دیں اور جس کو چاہیں معاف کر دیں اور اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر پوری قدرت ہے۔ **ف**: چنانچہ سرقۂ کبریٰ اور صغریٰ کی سزا دُنیا میں بھی دی اور اگر اس پر اصرارؒ رہا تو آخرت میں بھی ہوگی جیسا کہ کبریٰ میں لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ کی تصریح ہے اور صغریٰ میں فَمَنْ تَابَ پر مغفرت کو مرتب کرنے میں اس طرف اشارہ قریب بصراحت ہے اور توبہ کرنے سے آخرت میں دونوں جگہ معافی ہوئی اور کبریٰ میں توبہ قبل القید سے دنیا میں بھی معافی ہو گئی۔ **ربط**: سورت کے تیسرے رکوع سے اہل کتاب کا ذکر چلا آ رہا تھا درمیان میں قدر قلیل اور بعض مضامین خاص خاص مناسبات سے آ گئے تھے اب آگے پھر اسی ذکر اہل کتاب کی طرف عود ہوتا ہے جن میں یہود اور ان یہود میں جو منافق تھے اور نصاریٰ سب داخل ہیں اہل کتاب کے ان ہی تینوں فرقوں کا ذکر مخلوط طور پر یہاں سے دور تک یعنی ختم پارہ تک چلا گیا ہے پھر ختم سورت کے قریب خاص نصاریٰ کے متعلق کچھ بیان آوے گا آیاتِ آئندہ کے سبب نزول کا ملخص یہ ہے کہ یہود مدینہ کی ایک جماعت والے کے ہاتھ سے دوسری جماعت کا ایک آدمی قتل ہو گیا انہوں نے حسب معاہدۂ زمانہ قدیم خون بہا کم دینا چاہا دوسری جماعت نے اس معاہدہ کے مبنی پر مجبوری ہونے سے اور اب بوجہ سلطنت اسلام کے اس مجبوری کے رفع ہو جانے سے پورا خون بہا لینا چاہا۔ آخر مقتول کے فریق نے جناب رسول اللہ ﷺ سے فیصلہ کرانے کی درخواست کی چونکہ قاتل کا فریق جانتا تھا کہ آپ ﷺ حق کرینگے اس لئے اس درخواست کو منظور کرنے سے پہلے چند آدمیوں کو جو کہ منافق تھے حضور ﷺ کی خدمت میں اس اَمر کے تجسس کے لئے بھیجا کہ کسی طور پر تذکرہ کر کے آپ ﷺ کی رائے اور مسلک کی تحقیق کرنا چاہئے اگر شاید ہمارے موافق ہوا تو آپ (ﷺ) سے فیصلہ کرانے کی درخواست منظور کر لیں گے ورنہ منظور نہ کریں گے غرض وہ منافقین اس غرض سے یہاں حاضر ہوئے تھے اور دوسرا واقعہ یہ ہوا کہ یہود فدک میں ایک مرد وعورت نے زنا کی

www.besturdubooks.net

شریعت موسویہ میں اگر دونوں کنوارے نہ ہوں تو رجم کا حکم تھا مگر یہود نے اس حد کو چھوڑ کر اس کی جگہ اور خفیف تعزیر مقرر کر لی تھی ان لوگوں نے یہودِ مدینہ کے پاس لکھ بھیجا اور بعض الفاظِ روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ مجرم کو بھی ساتھ بھیجا کہ اس باب میں رسول اللہ ﷺ سے استفتاء کرو اگر رجم کا حکم دیں تو عمل نہ کرنا اور اگر ہماری رسم کے موافق کچھ تعزیر بتلادیں تو عمل کر لینا غرض وہ یہود اس غرض سے یہاں حاضر ہوئے تھے ان واقعات کی اطلاع کے واسطے یہ اگلی آیتیں نازل ہوئیں جن میں منافقین اور حاضرین وغیرہ حاضر یہود کی مذمت ہے۔ **اخرج الاول کما فی الروح احمد و ابوداؤد و ابن جریر عن ابن عباس و اورده فی اللباب باخصر مما فی الروح واخرج الثانی کما فی الروح الحمیدی فی مسنده و ابوداؤد و ابن ماجة عن جابر بن عبدالله** اور چونکہ یہ حرکتیں موجب رنج تھیں اس لئے وحی کے شروع میں تسلی بھی فرمادی اور ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہود نے ایک زانی پر وہی تعزیر جاری کی تھی اور آپ کو اطلاع ہوئی تو بعد مناظرہ واثبات رجم کے آپ نے رجم کا حکم دیا **اخرجه مسلم** اگر یہ وہی زانی تھا تو ممکن ہے کہ یہود نے اوّل خود ہی قصہ ختم کر دینا چاہا ہو پھر اطلاع ہو جانے پر سوال و جواب ہوا ہو اور بعض روایات میں ہے کہ آپ نے ان کو بلایا اور بعض میں ہے کہ آپ ان کے مدرسہ میں تشریف لے گئے لیکن ہوسکتا ہے کہ اوّل ان کو بلایا ہو چونکہ یہاں بعض بعض آئے تھے اس لئے پھر آپ مدرسہ میں تشریف لے گئے ہوں تاکہ خوب محقق ہو جاوے کہ سارا مجمع بھی عہدہ برانہ ہوسکا اور اس سے حق خوب واضح ہو جاوے اور باقی یہ کہ وہ یہود آپ کی خدمت میں کیوں آئے تھے وجہ یہ ہوئی کہ انہوں نے شریعت محمدیہ کے اکثر احکام کو دیکھا کہ بہت آسان ہیں ان کو توقع ہوئی کہ شاید اس میں بھی کوئی خفیف حکم ہو تو کام بن جاوے رجم سے بھی بچ جاویں اور ایک آڑ بھی مل جاوے قائلین نبوت کے سامنے تو یہ کہ یہ بھی ایک نبی کا فتویٰ ہے اور منکرین کے سامنے یہ کہ سلطان کا حکم ہے کیونکہ آپ صاحب سلطنت بھی تھے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَابْتَغُوْٓا الخ وسل بمعنی تقرب ہے جس کا ذریعہ طاعات کا کرنا اور معاصی کا چھوڑنا ہے اور توسل بالصالحین کے مسئلہ کو اس آیت سے کوئی مس نہیں (من روح المعانی) ۱۲ قولہ تعالیٰ: فَمَنْ تَابَ الخ اس سے معلوم ہوا کہ توبہ کا معتبر ہونا اصلاح پر موقوف ہے مثلاً بشرط امکان سرقہ وغیرہ کا مال واپس کر دینا ورنہ مالک سے معاف کرانا یا مالک معلوم نہ ہو تو ایسے موقع پر فی سبیل اللہ تصدق کرنا ۱۲۔

الحواشی: (۱) مطلب یہ کہ نرا خوف مقصود نہیں بلکہ اس کا اثر (کہ ترکِ معاصی ہے) مقصود ہے (۲) ابتغائے وسیلہ کی صورت بیان فرمائی ۱۲ تبیان۔ (۳) مطلب یہ ہے کہ جاھدوا تخصیص بعد تعمیم ہے ۱۲ (۴) یہ عبارت اس لئے بڑھائی کہ فدیہ دینے کا مقصود یہی ہوگا کہ عذاب سے نجات پاویں پس مقصود نفی تقبل سے نفی نجات ہے ۱۲۔ (۵) یہ عبارت بڑھا کر عزیز حکیم کی مناسبت اس موقع کے ساتھ ظاہر کر دی نیز عزیز سے اس طرف اشارہ کرنا ہے کہ ہماری تجویز پر کسی کو مجالِ اعتراض نہیں اور حکیم فرما کر یہ بتلادیا کہ وہ فی نفسہٖ قابل اعتراض نہیں ۱۲ تبیان۔ (۶) آیت سے شبہ ہوتا ہے کہ جب توبہ کرنے سے گناہ معاف ہو جاوے گا تو اس کو تلف کردہ مال کے ضمان دینے کی بھی ضرورت شاید نہ ہو حالانکہ وہ حق العبد ہے تقریر ازالہ یہ ہے کہ توبہ سے بے شک گناہ معاف ہو جاویگا اور اس پر پھر کوئی مطالبہ نہ رہے گا لیکن یہ اس وقت ہوگا جبکہ توبہ بقاعدۂ شریعت ہو اور توبہ بقاعدۂ شریعت میں ضمان دینا بھی داخل ہے کما صرح بہ فی ف ۱۲ تبیان۔

حکایة لطیفة: فی الروح و اعترض الملحد المعری علی وجوب قطع الید بسرقة القلیل فقال ؎ ید بخمس مئین عسجد و دیت ○ ما بالها قطعت فی ربع دینار ○ تحکم مالنا الا السکوت له ○ وان نعوذ بمولانا من النار ○ فاجابه و لله دره علم الدین السخاوی بقوله ؎ عز الامانة اغلاها وارخصها ○ ذل الخیانة فافهم حکمة الباری۔ قلت عدم سقوط النون فی مئین واشباعها لضرورة الشعر۔ ۱۲

ملحقات الترجمة: ۱؎ **قوله فی لو بالفرض لانه ح لا یکون لهم ما فی الواقع ۱۲ ۔** ۲؎ **قوله فی لهم** ہرایک **کذا فی الروح ۱۲ ۔** ۳؎ **قوله فی ما** دفائن **لکون المقصود هذه ۱۲ ۔** ۴؎ **قوله فی یریدون و** تمنا **اشارة الی تفسیر الارادة بالتمنی کذا فی الروح ۱۲ ۔** ۵؎ **قوله فی فاقطعوا** حکم یہ ہے **اشار الی تقدیر الکلام هکذا السارق والسارقة حکمهما فیما سیتلی علیکم وهو مشهور ۱۲ ۔** ۶؎ **قوله هنالك ای** حکام **اشارة الی ان الخطاب لولاة امر فان امر الحدود والقصاص الیهم ۱۲ ۔** ۷؎ **قوله فی ظلمه** اس زیادتی **اشارة الی کون الاضافة للعهد ۱۲ ۔** ۸؎ **قوله فی یتوب علیه** توبہ سے **الی** مزید عنایت **لم افسره بقبول التوبة بل باعم منه لان قبول التوبة لا یتوقف علی الاصلاح بالمعنی الذی فسربه من الاستقامة فانه لو عاد الی الذنب اخرٰی لم ینهدم به التوبة الاولی کما هو متقرر ۱۲ ۔** ۹؎ **قوله فی التمهید** حکیم ہونے کی طرف بھی **اشارة ویمکن ان یکون النکتة فی اثبات الملك والقدرة صراحة واثبات الحکمة اشارة ان الحکمة قد سبق اثباتها صریحا فی ذکر العقوبات یدل علیها عنوانات احوال المعاقبین وانما القاطع لعرق الاستبعاد الذی قصد ههنا قطعه هو اثبات الملك والقدرة فناسب ان یؤتی بهما صریحًا والله اعلم ۱۲ ۔** ۱۰؎ **قوله فی الم تعلم** اے مخاطب **اشارة الی عدم خصوصیة المخاطب فلا یرد خطاب**

www.besturdubooks.net

المعصوم اشکالا ۱۲۔ ۱۱ قوله فی ف اصرار راعی فی هذا اللفظ مذهب من یقول بکون الحدود کفارات فالاصرار عندنا هو عدم التوبة و عنده هو العود مرة اخری ۱۲۔

الروایات : فی اللباب اخرج احمد وغیره عن عبداللہ بن عمرو ان امرأة سرقت علی عهد رسول اللہ ﷺ فقطعت یدها الیمنیٰ فقالت هل لی من توبة یا رسول اللہ فانزل اللہ تعالٰی فی سورة المائدة فمن تاب من بعد ظلمه واصلح الآیة۔

الفقه : الآیة کالصریح فیما ذهب الیه اما منا ابوحنیفة من ان الحدود لیست بکفارات واللہ اعلم ۱۲۔

اللغات : فی تفسیر البیضاوی وسل الی کذا اذا تقرب الیه من فعل الطاعات و ترک المعاصی ۱۲۔

النحو : قوله لو ان لهم ما الخ الموصول اسم ان والظرف خبرها بعد تعلقه باستقر وجمیعًا حال من الوصول و مثله معطوف علی الموصل و لیفتدوا متعلق باستقر المذکور ۱۲ ۔ قوله جزاء مفعول له او مطلق من معنی فاقطعوا او فعل مقدر من لفظه و نکالا مفعول له علی انه بدل من جزاء فالعلتان لامر واحد او یکون الجزاء علة للقطع والنکال علة للجزاء فیکون مفعولا متداخلاً کالحال المتداخلة ۱۲۔

البلاغة : قوله معه فی الروح فائدة التصریح بفرض کینونتهما لهم بطریق المعیة لا بطریق التعاقب تحقیقًا لکمال فظاعة الامر وفیه فی قوله تعالٰی ما تقبل و ترتیبه علی کون ذلک لهم لاجل افتدائهم به من غیر ذکر الافتداء بان یقال وافتدوا به مع ان الرد والقبول انما یترتب علیه لا علی مبادیه للایذان بانه امر محقق الوقوع غنی عن الذکر وانما المحتاج الی الفرض قدرتهم علی ما ذکر او للمبالغة فی تحقیق الرد و تخییل انه وقع قبل الافتداء ۱۲۔ فی الروح لم تدرج السارقة فی السارق تغلیبا کما هو المعروف فی امثاله لمزید الاعتناء بالبیان والمبالغة فی الزجر قال مولائی واستاذی الشیخ یعقوب النانوتوی رحمة اللہ علیه ان النکتة فی تقدیم السارق ههنا و تقدیم الزانیة فی النور ان السرقة من الرجل اقبح لانه ینافی علو الهمة الذی لابدان یتصف بالرجال وان الزنا من المرأة اشنع لکونه منافیا للحیاء الذی یجب ان تتحلی به النساء والمقام مقام التشنیع فافهم فانه عزیز لا یرجی ان یسمع بمثله ۱۲۔ قوله من بعد ظلمه فی الروح والتصریح بذلک ای ظلمه لبیان عظم نعمته تعالٰی بتذکیر عظم جنایة ۱۲ ۔ فی الروح و کان الظاهر لحدیث سبقت رحمتی علی غضبی تقدیم المغفرة علی التعذیب وانما عکس ههنا لان التعذیب للمصر عن السرقة والمغفرة للتائب منها وقد قدمت السرقة فی الآیة اولا ثم ذکرت التوبة بعدها فجاء هذا اللاحق علی ترتیب السابق اولان المراد بالتعذیب القطع و بالمغفرة التجاوز عن حق اللہ تعالٰی والاول فی الدنیا والثانی فی الآخرة فجنیی به علی ترتیب الوجود او لان المقام مقام الوعید او لان المقصود وصفه تعالٰی بالقدرة والقدرة فی تعذیب من یشاء اظهر من القدرة فی مغفرته لانه لا اباء فی المغفرة من المغفور وفی التعذیب اباء بین اه قلت و هذه الوجوه کلها حلوة بعضها احلی من بعض فللّٰه دره و علیه اجره وبره و ذکر البیضاوی وجها آخر حسنا ان استحقاق التعذیب مقدم علی المغفرة آه ۱۲۔

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلرَّسُولُ لَا يَحْزُنكَ ٱلَّذِينَ يُسَـٰرِعُونَ فِى ٱلْكُفْرِ مِنَ ٱلَّذِينَ قَالُوٓا۟ ءَامَنَّا بِأَفْوَٰهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِن

قُلُوبُهُمْ ۛ وَمِنَ ٱلَّذِينَ هَادُوا۟ ۛ سَمَّـٰعُونَ لِلْكَذِبِ سَمَّـٰعُونَ لِقَوْمٍ ءَاخَرِينَ لَمْ يَأْتُوكَ ۖ يُحَرِّفُونَ

ٱلْكَلِمَ مِنۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهِۦ ۖ يَقُولُونَ إِنْ أُوتِيتُمْ هَـٰذَا فَخُذُوهُ وَإِن لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَٱحْذَرُوا۟ ۚ وَمَن يُرِدِ

ٱللَّهُ فِتْنَتَهُۥ فَلَن تَمْلِكَ لَهُۥ مِنَ ٱللَّهِ شَيْـًٔا ۚ أُو۟لَـٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ لَمْ يُرِدِ ٱللَّهُ أَن يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمْ ۚ لَهُمْ

فِى ٱلدُّنْيَا خِزْىٌ ۖ وَلَهُمْ فِى ٱلْـَٔاخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٤١﴾ سَمَّـٰعُونَ لِلْكَذِبِ أَكَّـٰلُونَ لِلسُّحْتِ ۚ فَإِن

جَآءُوكَ فَٱحْكُم بَيْنَهُمْ أَوْ أَعْرِضْ عَنْهُمْ ۖ وَإِن تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَن يَضُرُّوكَ شَيْـًٔا ۖ وَإِنْ حَكَمْتَ فَٱحْكُم

الوقف علی الاول الجزء ۱۲ معنٰ ۳

www.besturdubooks.net

بَيۡنَهُمۡ بِالۡقِسۡطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الۡمُقۡسِطِيۡنَ ﴿۴۲﴾

اے رسول! جو لوگ کفر میں دوڑ دوڑ کر گرتے ہیں آپ کو مغموم نہ کریں خواہ وہ ان لوگوں میں سے ہوں جو اپنے منہ سے تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اور ان کے دل یقین لائے نہیں اور خواہ وہ ان لوگوں میں سے ہوں جو یہودی ہیں۔ یہ لوگ یوں غلط باتوں کے سننے کے عادی ہیں آپ کی باتیں دوسری قوم کی خاطر سے کان دھر دھر سنتے ہیں۔ جس قوم کے یہ حالات ہوں کہ وہ آپ کے پاس نہیں آئے کلام کو بعد اس کے کہ وہ اپنے موقع پر ہوتا ہے بدلتے رہتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اگر تم کو یہ حکم ملے تب تو اس کو قبول کر لیں اور اگر تم کو یہ حکم نہ ملے تو احتیاط رکھنا اور جس کا خراب ہونا خدا ہی کو منظور ہو تو اس کے لئے اللہ سے تیرا کچھ زور نہیں چل سکتا۔ یہ لوگ ایسے ہیں کہ خدا تعالیٰ کو ان کے دلوں کا پاک کرنا منظور نہیں ہوا ان لوگوں کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں ان کے لئے سزائے عظیم ہے یہ لوگ غلط باتوں کے سننے کے عادی ہیں بڑے حرام کھانے والے ہیں تو اگر یہ لوگ آپ کے پاس آئیں تو خواہ آپ ان میں فیصلہ کر دیجئے یا ان کو ٹال دیں اور اگر آپ ان کو ٹال ہی دیں تو ان کی مجال نہیں کہ آپ کو ذرا بھی ضرر پہنچا سکیں اور اگر آپ فیصلہ کریں تو ان میں عدل کے موافق فیصلہ کریں۔ بے شک اللہ تعالیٰ عدل کرنے والوں سے محبت کرتے ہیں ۞

تفسیر: تسلیہ نبی ﷺ در معاملاتِ یہود و منافقین و ذم شاں: يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوۡلُ لَا يَحۡزُنۡكَ الَّذِيۡنَ (الی قولہ تعالیٰ) عَذَابٌ عَظِيۡمٌ۔ اے رسول (ﷺ) جو لوگ کفر (کی باتوں) میں دوڑ دوڑ کر گرتے ہیں (یعنی بے تکلف رغبت سے ان باتوں کو کرتے ہیں) آپ کو وہ مغموم نہ کریں (یعنی آپ ان کے کفریات سے مغموم و متاسف نہ ہوں) خواہ وہ ان لوگوں میں سے ہو جو اپنے مُنہ سے تو (جھوٹ موٹ) کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اور ان کے دِل یقین (یعنی ایمان) لائے نہیں (مراد منافقین ہیں جو کہ ایک واقعہ میں حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے) یہ (دونوں قسم کے) لوگ (پہلے سے دین کے باب میں اپنے علمائے محرفین سے) غلط باتوں کے سننے کے عادی ہیں (اور اُن ہی غلط باتوں کی تائید کی جستجو میں یہاں آ کر) آپ کی باتیں دوسری قوم کی خاطر سے کان دھر دھر سنتے ہیں جس قوم کے یہ حالات ہیں کہ (ایک تو) وہ آپ کے پاس (فرطِ تکبر و عداوت سے خود) نہیں آئے (بلکہ دوسروں کو بھیجا دوسرے بھیجا بھی تو طلب حق کے لئے نہیں بلکہ شاید اپنے احکام محرفہ کے موافق کوئی بات مل جاوے کیونکہ پہلے سے) کلام (الٰہی) کو بعد اس کے کہ وہ (کلام) اپنے (صحیح) موقع پر (قائم) ہوتا ہے (لفظاً یا معنیً یا دونوں طرح) بدلتے رہتے ہیں (چنانچہ اسی عادت کے موافق خون بہا اور رجم کے حکم کو بھی اپنے رسم مخترع سے بدل دیا پھر اس احتمال سے کہ شاید شریعت محمدیہ سے کچھ اس رسم کو سہارا لگ جاوے یہاں اپنے جاسوسوں کو بھیجا تیسرے صرف یہی نہیں کہ اپنی رسم محرّف کے موافق بات کی تلاش ہی تک رہتے بلکہ مزید یہ ہے کہ جانے والوں سے) کہتے ہیں کہ اگر تم کو (وہاں جا کر) یہ حکم (محرف) ملے تب تو اس کو قبول کر لینا (یعنی اس کے موافق عملدرآمد کرنے کا اقرار کر لینا) اور اگر تم کو یہ حکم (محرف) نہ ملے تو (اس کے قبول کرنے سے) احتیاط رکھنا (پس اس بھیجنے والی قوم میں جن کی جاسوسی کرنے یہ لوگ آئے ہیں چند خرابیاں ہوئیں اوّل تکبر و عداوت جو سبب ہے خود حاضر نہ ہونے کا۔ دوسرے طلب حق نہ ہونا بلکہ حق کو محرف کر کے اس کی تائید کی فکر ہونا تیسرے اوروں کو بھی قبولِ حق سے روکنا یہاں تک کہ آنے والوں کی اور بھیجنے والوں کی الگ الگ مذمت تھی آگے ان سب کی مذمت ہے) اور (اصل یہ ہے کہ) جس کا خراب (اور گمراہ) ہونا خدا ہی کو منظور ہو (گو یہ تخلیقی منظوری اس گمراہ کی عزم گمراہی کے بعد ہوتی ہے) تو اس کے لئے اللہ سے (اے عام مخاطب) تیرا کچھ زور نہیں چل سکتا (کہ اس گمراہی کو نہ پیدا ہونے دے یہ تو ایک عام قاعدہ ہوا اب یہ سمجھو کہ) یہ لوگ ایسے (ہی) ہیں کہ یہ خدا تعالیٰ کو ان کے دِلوں کا (کفریات) سے پاک کرنا منظور نہیں ہوا (کیونکہ یہ عزم ہی نہیں کرتے اس لئے اللہ تعالیٰ تطہیر تخلیقی نہیں فرماتے بلکہ ان کے عزمِ گمراہی کی وجہ سے تخلیقاً ان کا خراب ہی ہونا منظور ہے پس قاعدۂ مذکور کے موافق کوئی شخص ان کو ہدایت نہیں کر سکتا مطلب یہ کہ جب یہ خود خراب رہنے کا عزم رکھتے ہیں اور عزم کے بعد اس فعل کی تخلیق عادتِ الٰہیہ ہے اور تخلیق الٰہی کو کوئی روک نہیں سکتا پھر ان کے راہ پر آنے کی توقع کیا کی جاوے اس سے رسول اللہ ﷺ کو زیادہ تسلی ہو سکتی ہے جس سے کلامِ شروع بھی ہوا تھا پس آغاز و انجام کلام کا مضمون تسلی سے ہوا آگے ان اعمال کا ثمرہ فرماتے ہیں کہ) ان (سب) لوگوں کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں ان (سب) کے لئے سزائے عظیم ہے (یعنی دوزخ چنانچہ منافقین کی یہ رسوائی ہوئی کہ مسلمانوں کو ان کا نفاق معلوم ہو گیا اور سب نظر ذلت سے دیکھتے تھے اور یہود کے قتل و قید و جلاوطنی کا ذکر روایات میں مشہور ہے اور عذابِ آخرت ظاہر ہی ہے) ف: تمہید میں مذکور ہوا ہے کہ آپ نے اس دوسرے واقعہ میں رجم کا حکم دیا چنانچہ اس حکم کے بعد رجم کیا گیا اس میں حنفیہ یوں کہتے ہیں کہ یہ حکم یعنی کفار کو زنا سے رجم کرنا منسوخ ہے کیونکہ رجم کے لئے احصان اجماعاً شرط ہے اور حدیث میں ہے: من اشرك بالله فليس بمحصن رواه اسحق بن راهويه عن ابن عمرؓ كذا قال العيني اور یہود کے افعالِ شرکیہ قرآن میں منقول ہیں پس وہ بھی من اشرك میں داخل ہیں اور اگر مشرک متعارف کے ساتھ من اشرك کو خاص کیا جاوے تب بھی رجم میں مشرک و غیر مشرک سب کفار کا ایک حکم ہونا خواہ رجم یا عدم رجم اجماعِ مرکب سے ثابت ہے پس بناءً علیہ احصان کے لئے اسلام کا شرط ہونا ثابت ہو گیا اور یہ رجم مذکور اس بناء پر ہوا تھا کہ ان کا فیصلہ ان ہی کی مسلمہ شریعت کے موافق کیا گیا یا تو اس وقت آپ اسی طرح فیصلہ کرنے کے مامور ہوں یا اس واقعہ کی خصوصیت ہو کیونکہ بہت سے واقعات اور

www.besturdubooks.net

ان کے احکام میں خصوصیت منقول ہے۔ **ربط**: اوپر مجموعہ قوم کے اوصاف ذمیمہ کا حاصل دو وصف تھے ایک آنے والوں کا سَمّٰعُوْنَ لِلْکَذِبِ جو کہ عوام پر غالب تھا یعنی غلط مسئلے خوشی سے سن لینا اور ایک نہ آنے والوں کا یُحَرِّفُوْنَ الْکَلِمَ جو ان کے علماء میں پایا جاتا تھا یعنی غلط مسئلے بتلا دینا اور باقی اوصاف ان ہی دو صفوں کے تابع تھے اور ان دو صفوں میں اوّل وصف تو عوام سے کچھ مستبعد نہیں اس کی علت کی جستجو سامع کو نہیں ہوتی دوسرا وصف البتہ علماء سے ظاہراً مستبعد ہے طبیعت اس کی علت کی جویاں ہوتی ہے اس لئے آگے وصف اوّل کا تو بعینہ تاکید کے لئے اعادہ اور تکرار اور وصف ثانی کی علت کی تحقیق فرماتے ہیں جس کا حاصل کمائی کی حرص ہے گو حرام ہو چونکہ اس تحریف سے ان کو دنیاداروں سے کچھ وصول ہوتا تھا اس لئے یہ عادت پڑ گئی اور اس اعادہ اور تعلیل پر ایک مضمون کو متفرع فرماتے ہیں۔

تاکید وتعلیل ذم سابق مع تفریع: سَمّٰعُوْنَ لِلْکَذِبِ اَکّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ۔ یہ لوگ (دین کے باب میں) غلط باتوں کے سننے کے عادی ہیں (جیسا[1] پہلے آ چکا) بڑے حرام (مال) کے کھانے والے ہیں (اسی حرص نے ان کو احکام میں غلط بیانی کا جس کے عوض کچھ نذرانہ وغیرہ ملتا ہے خوگر کر دیا جب[2] ان لوگوں کی یہ حالت ہے) تو اگر یہ لوگ[3] (اپنا کوئی مقدمہ لے کر) آپ کے پاس (فیصلہ کرانے) آویں تو (آپ مختار ہیں) خواہ آپ ان (کے معاملہ) میں فیصلہ کر دیجئے یا ان کو ٹال دیجئے اور اگر آپ (کی یہی رائے قرار پاوے کہ آپ) ان کو ٹال ہی دیں تو (یہ اندیشہ[4] نہ کیجئے کہ شاید ناخوش ہو کر عداوت نکالیں کیونکہ) ان کی[5] مجال نہیں کہ آپ کو ذرا بھی ضرر پہنچا سکیں (کیونکہ اللہ تعالیٰ آپ کے نگہبان ہیں) اور اگر (فیصلہ کرنے پر رائے قرار پاوے اور) آپ فیصلہ کریں تو ان میں عدل (یعنی قانونِ اسلام[6]) کے موافق فیصلہ کیجئے بے شک حق تعالیٰ عدل کرنے والوں سے محبت کرتے ہیں (اور وہ عدل اب منحصر ہو گیا ہے قانونِ اسلام میں پس وہی لوگ محبوب ہوں گے جو اس قانون کے موافق فیصلہ کریں) **ف**: ابن حزم کی کتاب ناسخ ومنسوخ میں ہے کہ یہ تخییر یعنی فیصلہ کرنے نہ کرنے کا اختیار رہنا منسوخ ہے ناسخ اس کا رکوع آئندہ میں آتا ہے۔ اُحْکُمْ بَیْنَھُمْ الخ علامہ بیضاوی نے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا یہی مذہب نقل کیا کہ اگر دو حربی بھی شریعت کے فیصلہ پر رضامند ہوں تو حاکم اسلام کو اس مقدمہ کی سماعت اور فیصلہ واجب ہے اور اگر ایک یا دونوں فریق ذمی یا مسلمان ہوں تب تو وجوبِ فیصلہ پر اجماع ہے اور اگر وہ یہودی اس وقت قاعدۂ شرعی سے ذمی ہو چکے تھے تو پھر سب علماء اس تخییر کو منسوخ کہیں گے اور تخییر کو بدلالت حرف فاء جو اس پر مرتب فرمایا کہ جب ان لوگوں کی یہ حالت ہے الخ جس سے مراد سماع کذب واکل سحت مع توابع ان کے کہ تحریف وعدم قصد حق وغیرہ اوصاف مذکورۂ آیت سابقہ ہیں سو وجہ اس مرتب فرمانے کی یہ معلوم ہوتی ہے کہ ان اوصاف واحوال سے یہ معلوم ہوا کہ ان کو واقع میں فیصلہ کرانا مقصود نہ ہوگا بلکہ محض امتحان رائے اور آپ کا عندیہ لینا ایسی حالت میں اہل معاملہ غالباً فیصلہ پر عمل نہ کریں گے اور اس سے فیصل کنندہ کو بہت کوفت ہوتی ہے پس حاصل یہ ہوا کہ آپ کیوں کوفت اٹھاویں پھر منسوخ ہونے کے وقت غالب ہے کہ اسلام کا تسلط زیادہ ہو گیا ہو کہ فیصلہ کے امضاء پر جبر ہو سکتا تھا اس لئے علت تخییر کی مرتفع[7] ہو گئی اور تخییر منسوخ ہو گئی واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ یٰۤاَیُّھَا الرَّسُوْلُ الخ اس میں اہل طریق کی اس عادت کی اصل ہے کہ اہل اعراض کی بدحالی کا زیادہ اہتمام نہیں کرتے۔ قولہ تعالیٰ یُحَرِّفُوْنَ الخ روح میں ہے یعنی قوانین شریعت کو تمویہات طبیعت سے متغیر کرتے ہیں جیسے کوئی قرآن وحدیث کو اپنی ہوائے نفسانی کے موافق ماول کرے اور صوفیہ محققین کی تاویل اس قبیل سے نہیں کیونکہ وہ ظاہر معنی کے مراد ہونے سے انکار نہیں کرتے کہ وہ کفر صریح ہے بلکہ ظاہر کے مراد ہوتے ہوئے اس میں اور اشارات بھی مانتے ہیں اھ ملخصاً۔ قولہ تعالیٰ یَقُوْلُوْنَ الخ اس میں اس شخص کی مذمت ہے جو علماء کی طرف عمل کرنے کے لئے رجوع نہ کرے بلکہ اس امید سے رجوع کرے کہ شاید اس کی غرض کے موافق کوئی بات نکل آوے تو ان کے قول کو بدنامی کی سپر بنالے قولہ تعالیٰ وَمَنْ یُّرِدْ الخ اس میں دلالت ہے کہ شیخ کی شفقت اور توجہ بدوں فضل وتوفیق الٰہی کے کچھ نفع نہیں دیتی ۱۲ قولہ تعالیٰ سَمّٰعُوْنَ لِلْکَذِبِ الخ اس میں خدا تعالیٰ کی بڑی رحمت پر دلیل ہے کہ مذمت کو اکثار واصرار پر مرتب فرمایا سرسری خطا پر مذمت نہیں فرمائی جس سے عادۃً کوئی خالی نہیں ہوتا اور یہی شان ہوتی ہے مشائخ اہل تربیت کی کہ خفیف امور سے تسامح کرتے ہیں جب تک کہ جرأت اور استخفاف نہ ہو ۱۲۔

الحواشی: (۱) اس عبارت کو بڑھا کر یہ بتلا دیا کہ سمّٰعون لقوم اٰخرین کو سمّٰعون للکذب سے کیا تعلق ہے کہ اس کے بعد متصل ذکر کیا گیا یعنی دونوں وصف جدا جدا نہیں ہیں بلکہ باہم متلازم ہیں ۱۲ ابتیان۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قولہ فی الکفر کفر کی باتوں الخ فاندفع بہ ما یتوھم انھم کانوا کافرین من قبل فما معنی مسارعتھم فی الکفر وجہ الدفع ظاھر بعد ارادۃ اعمال الکفر بالکفر ۱۲۔ [2] قولہ فی یسارعون بے تکلف رغبت سے ھکذا فی الروح ۱۲۔ [3] قولہ فی لا یحزنک مغموم نہ ہوں اشار الی ان المقصود لا تحزن ۱۲۔ [4] قولہ فی من الذین خواہ الخ اشار الی امرین احدھما کون من للبیان والثانی الی کون قولہ ومن الذین ھادوا معطوفہ علی من الذین قالوا ۱۲۔۱۲۔ [5] قولہ فی بافواھم منہ سے کہتے ہیں اشار الی کون الظرف متعلقا

www.besturdubooks.net

لقالوا الا بآمنا لفساد المعنى ۱۲۔ ۶ قوله قبل سمّعون للكذب دونوں قسم اشار الى امرين احدهما تقدير المبتدأ هم والثانى كون مرجعه كلا المتعاطفين ۱۲۔ ۷ قوله فى سمّعون لقوم۔ آپکی ماخذه قول البيضاوى سماعون منك لكن هذا السماع كسماع الجواسيس كذا فى حاشية البيضاوى واشرت اليه بقولى هنا جستجو ۱۲۔ ۸ قوله قبل لم يأتوك جس قوم كے الخ اشار الى ان قوله لم يأتوك و قوله يحرفون و قوله يقولون كلها صفات لقوم آخرين واوضحه بقوله فيما بعد ايک دوسرے تيسرے ۱۲ ۔ ۹ قوله فى لم يأتوك تكبر كذا فى حاشية البيضاوى ۱۲۔ ۱۰ قوله بعد يحرفون خون بہا الى قوله رسم مخترع اندفع به ما اورده فى روح المعانى اشكالا على كون القصة الاولى سببا لنزول الآية بقوله و على هذا يكون امر التحريف غير ظاهر الدخول فى القصة اه وجه الاندفاع ظاهر فان ترك حكم من الشرع واخذ رسم مخترع مكانه مستحسنا لذلك لا شك فى كونه نوعا من التحريف والتغيير فى الشرع ۱۲ ۔ ۱۱ قوله فى فخذوه اقرار كرلينا لم افسر بالعمل خاصة كما صنعه غيرى لان هؤلاء كما يتضح من اسباب المنزول انما جاء واليسمعوا ما يحكم به رسول الله ﷺ و قصارى امر من حاله كذلك القبول اللسانى وما كانوا موكلين بانفاذ الامر واتمامه فلذا فسرت بما ليس هو مقتضيا للعمل ولا منافيا له۔ ۱۲ قوله قبل ومن يرد مذمت اشار الى ان الجمل هذه مسوقة لذمهم و قال بعضهم للتعليل بقوله لا يحزنك ۱۲۔ ۱۳ قوله فى من يرد اصل اشار الى ان هذه كلية لا تختص بمن جرى ذكرهم ثم درج فيها حالهم اجزئى فتغائر المقصود من الجملتين ۱۲۔ ۱۴ قوله فى فتنة گمراه كذا فى القاموس الفتنه الضلال ۱۲۔ ۱۵ قوله هناك كو يہ تخليق الخ اشار فيه وفى ما بعده الى تحقق مسئلة الكسب والخلق والى رفع ما يترأ اى انه اذا اراد الله تعالىٰ شيئا فما ذا عليهم من التبعة بل هم معذورون البتة ۱۲۔ ۱۶ قوله فى لن تملك عام مخاطب فثبت العموم فى انتفاء الملك ۱۲۔ ۱۷ قوله هناك نہ پيدا ہونے دے اشارة الى ان تقدير الكلام لن تملك له من الله شيئا فى دفعها كذا قال البيضاوى ۱۲۔ ۱۸ قوله فى لم يرد بلكہ ان كے عزم گمراہى الخ اشار الى ان فى الكلام كناية اريد بعدم ارادة التطهير ارادة عدم التطهير دل عليه قوله ومن يرد الله فتنته ۱۲۔ ۱۹ قوله فى لهم فى الدنيا سب اشار الى ان المرجع جميع من ذكر من الآيتين اليهود والمنافقين ومن غير الاتين ۱۲۔ ۲۰ قوله فى التمهيد تاكيد و تعليل وبه علم فائدة الجملتين ۱۲۔ ۲۱ قوله فى سمّعون جيسا پہلے اشار الى كونه تاكيدا لانه يكون فيه اعادة ما سبق ۱۲۔ ۲۲ قوله قبل فان جاؤك جب ان لوگوں الخ فى الروح وفى الفاء فصيحة انى اذا كان حالهم كما شرح فان جاؤك الخ ۱۲۔ ۲۳ قوله فى جاؤك اپنا مقام و لانه اذا تحاكم الينا مع غير الحربى يجب الحكم كما فى ف ۱۲۔ ۲۴ قوله فى فلن يضروك يہ انديشہ ماخذه الروح ۱۲۔ ۲۵ قوله هناك مجال نہيں افادة تاكيد الفعل بمن اتباعًا للمحاورة ۱۲۔ ۲۶ قوله فى القسط قانونِ اسلام اندفع به ما عسى ان يتوهم انه ﷺ لا يحتمل ان يحكم بغير القسط وجه الاندفاع ظاهر فانه احترز به عن الحكم بالشرائع السابقة زعما ان المتحاكمين من اهل تلك الشرائع ۱۲۔

الرِّوَايَاتُ: اخرج ابن جرير بسنده و فيه فلما كان النبى ﷺ قالوا سلوه لعلكم تجدون عنده رخصة الحديث ۱۲ منه۔

اللُّغَاتُ: السحت من سحته اذا استاصله لان الحرام يعقب عذاب الاستيصال او لكونه لا بركة فيه يهلك هلاك الاستيصال او لان فى طريق كسبه عارا فهو يسحت مروة الانسان كذا فى الروح ۱۲۔

الْبَلَاغَةُ: قوله مِنۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ فيه مبالغة فوق مافى قوله عن مواضعه فانه يدل صريحا على ان الكلم قد وضع قبل تحريفهم فى مواضعه بخلاف قوله عن مواضعه فانه ليس بصريح فى ذلك لانه يصدق وان لم يكن مرادا على ما اذا قارب وضعه فى مواضعه وان لم يوضع فيه بعد و هذا التقرير من متفرد اتى وقد قرر غيرى بتقريرات اخر وللناس فيما يعشقون مذاهب۔ قوله سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اللام للتقوية والتاكيد كما فى قوله فعال لما يريد و فى قوله سماعون لقوم اجلية اى لاجل الا نهاء اليهم. فى الروح تقديم حال الاعراض للمسارعة الى بيان انه لا ضرر فيه حيث كان مظنة لترتب العداوة المقتضية للتصدى للضرر ۱۲۔ فائده: فيما ذكر فى التمهيد من المناظرة فى الرجم اورد فى الروح عن ابن اسحٰق و ابن جرير و ابن المنذر والبيهقى فى سننه عن ابى هريرة فى قصة اتيانه ﷺ فى بيت المدارس وجمعه علماء هم مانصه قالوا لعبد الله بن صوريا هذا اعلم من بقى بالتوراة فخلابه رسول الله ﷺ الى انه قال اللّٰهم نعم اما والله يا ابا القاسم انهم ليعرفون انك نبى مرسل ولكنهم يحسدونك اه قلت و يدل على ان المناظرة قد يكون فى الخلوة انجع وانفع فكن على ذكر منه كے تلخط الى ما هو الانفع والاصلح ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ ع ۹ / ۱۰

بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ

هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ

وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۴﴾

وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ

وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ

اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾

اور وہ آپ سے فیصلہ کیسے کراتے ہیں۔ حالانکہ ان کے پاس توراۃ ہے جس میں اللہ کا حکم ہے۔ پھر اس کے بعد ہٹ جاتے ہیں اور یہ لوگ ہرگز اعتقاد والے نہیں ہم نے توراۃ نازل فرمائی تھی جس میں ہدایت تھی اور وضوح تھا۔ انبیاء جو کہ اللہ تعالیٰ کے مطیع تھے اس کے موافق یہودیوں کو حکم دیا کرتے تھے اور اہل اللہ اور علماء بھی بوجہ اس کے کہ ان کو اس کتاب اللہ کی نگہداشت کا حکم دیا گیا تھا اور وہ اس کے اقراری ہو گئے تھے۔ سو تم بھی لوگوں سے اندیشہ مت کرو اور مجھ سے ڈرو اور میرے احکام کے بدلہ میں متاع قلیل مت لو اور جو شخص خدا کے نازل کئے ہوئے کے موافق حکم نہ کرے سو ایسے لوگ بالکل کافر ہیں اور ہم نے ان پر اس میں یہ بات فرض کی تھی کہ جان بدلے جان کے اور آنکھ بدلے آنکھ کی اور ناک بدلے ناک کے اور کان بدلے کان کے اور دانت بدلے دانت کے اور خاص زخموں کا بھی بدلہ ہے۔ پھر جو شخص اس کو معاف کر دے تو وہ اس کے لئے کفارہ ہو جائے گا اور جو شخص خدا کے نازل کئے ہوئے کے موافق حکم نہ کرے سو ایسے لوگ بالکل ستم ڈھا رہے ہیں ۞

تفسیر ربط : اوپر مذکور ہوا کہ آپ کے پاس ان کا کوئی مسئلہ یا فیصلہ لے کر آنا معرفت حق کی غرض سے نہیں بلکہ کوئی آسان بات اپنے مطلب کے موافق تلاش کرنا مقصود ہے آگے اس پر استدلال ہے صیغۂ تعجب سے کہ ظاہر ہے کہ کسی شخص کا اپنی ایسی کتاب کو جس پر وہ ایمان رکھنے کا اقرار رکھتا ہو چھوڑ کر ایسے شخص کے پاس جس پر ایمان لانے سے اس کو انکار ہو کوئی مسئلہ و فیصلہ لانا نہایت عجیب اور بعید ہے کوئی شخص بے مطلب سچے دل سے ایسا نہیں کر سکتا اس سے وہی بات ثابت ہوگئی کہ تحقیق حق کے لئے نہیں آتے بلکہ اپنا مطلب نکالنے کو پھرتے ہیں جس کا کھلا قرینہ مطلب نہ نکلنے کی صورت میں اس شخص کے فتوے پر عمل نہ کرنا ہے۔

تقریر و تاکید مضمون سابق : وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ (الی قولہ تعالی) وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ اور (تعجب کی بات ہے کہ) وہ (دین کے معاملہ میں) آپ سے کیسے فیصلہ کراتے ہیں حالانکہ ان کے پاس توراۃ (موجود) ہے جس میں اللہ کا حکم (لکھا) ہے (جس کے ماننے کا ان کو دعویٰ ہے اول تو یہی بات بعید ہے) پھر (یہ تعجب اس سے اور پختہ ہو گیا کہ) اس (فیصلہ لانے) کے بعد (جب آپ کا فیصلہ سنتے ہیں تو اس فیصلہ سے بھی) ہٹ جاتے ہیں (یعنی اول تو اس حالت میں فیصلہ لانے ہی سے تعجب ہوتا تھا لیکن اس احتمال سے رفع ہو سکتا تھا کہ شاید آپ کا حق پر ہونا ان پر واضح ہو گیا ہو اس لئے آ گئے ہوں لیکن جب اس فیصلہ کو نہ مانا تو وہ تعجب پھر تازہ ہو گیا کہ اب تو وہ احتمال بھی نہ رہا پھر کیا بات ہوگی جس کے واسطے یہ فیصلہ لائے ہیں) اور (اسی سے ہر عاقل کو اندازہ ہو گیا) کہ یہ لوگ ہرگز اعتقاد والے نہیں (یہاں اعتقاد سے نہیں آئے اپنے مطلب کے واسطے آئے تھے اور جب نہ ماننا عدم اعتقاد کی دلیل ہے تو اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جیسے حضرت ﷺ کے ساتھ ان کو اعتقاد نہیں اسی طرح اپنی کتاب کے ساتھ بھی پورا اعتقاد نہیں ورنہ اس کو چھوڑ کر کیوں آتے غرض دونوں طرف سے گئے کہ جس سے انکار ہے اس سے بھی اعتقاد نہیں اور جس سے دعویٰ اعتقاد ہے اس سے بھی نہیں) ف: حُكْمُ اللّٰهِ کی توضیح میں جو یہ کہا گیا کہ جس کے ماننے کا ان کو دعویٰ ہے اس سے یہ شبہ جاتا رہا کہ توراۃ محرف نہ ہوئی تھی کیونکہ بنا بر ان کے زعم کے یہ گفتگو ہے یا یہ کہ ان واقعاتِ خاصہ مذکورہ کے احکام توراۃ میں محفوظ ہوں۔ ربط اوپر بہت سی آیتوں میں یہود کی نسبت اور بعض آیتوں میں نصاریٰ کی نسبت ان کا احکام و مواثیق الٰہیہ کو چھوڑ دینا اور توڑ دینا اور اس کی مذمت مذکور ہے آگے پورے رکوع میں ان احکام الٰہیہ کا ہر زمانہ میں واجب العمل رہنا اور اس کے ترک کا حرام اور موردِ وعید ہونا جن کا ظہور کبھی توراۃ کے واسطے سے ہوا اور کبھی انجیل کے واسطے سے اور اب قرآنِ مجید کے واسطہ سے ہے بیان فرماتے ہیں جس سے ان ناقضین کی مذمت زیادہ ظاہر ہو و نیز

www.besturdubooks.net

عمل بالتوراۃ والانجیل سبب ہو جاوے تصدیق رسالت محمدیہ کا جو کہ دونوں کتابوں میں مبشر بہ ہے۔ چنانچہ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ میں اس کی تصریح بھی ہے اور بعض قراءت وتفاسیر پر وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ میں بھی یہ مضمون ہے ونیز ذکر انجیل میں یہود پر تعریض ہے کہ وہ اس کی تکذیب کرتے تھے اور ذکر قرآن میں یہود و نصاریٰ دونوں پر تعریض ہے کہ دونوں اس کی تکذیب کرتے تھے اور ذکر توراۃ کے ضمن میں بعض احکام قصاص کے شاید اس لئے فرمادیئے ہوں کہ آیت سابقہ: يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ کا ایک سبب نزول واقعۂ قصاص بھی تھا جس کو یہود نے ایک رسم مخترع سے بدل لیا تھا اور گو رجم کو بھی بدلا تھا لیکن شاید اس کی تخصیص ذکر میں اس لئے ہو کہ اس کے اخلال میں عباد پر ظلم ہوتا تھا اور یہ اخلال فی الرجم سے جو کہ حق اللہ ہے اشد تھا واللہ اعلم۔

ذکر وجوبِ عمل بتوراۃ در زمانِ او: اِنَّاۤ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ (الی قولہ تعالٰی) فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ہم نے (موسیٰ علیہ السلام پر) توریت نازل فرمائی تھی جس میں (عقائد صحیحہ کی بھی) ہدایت تھی اور (احکام عملیہ کا بھی) وضوح تھا انبیاء (بنی اسرائیل) جو کہ (باوجود لاکھوں آدمیوں کے مقتدا و مطاع ہونے کے) اللہ تعالیٰ کے مطیع تھے اس (توراۃ) کے موافق یہود کو حکم دیا کرتے تھے اور (اسی طرح ان میں کے) اہل اللہ اور علماء بھی (اسی کے موافق کہ وہی اس وقت کی شریعت تھی حکم دیتے تھے) بوجہ اس کے ان (اہل اللہ وعلماء) کو اس کتاب اللہ (پر عمل کرنے اور کرانے) کی نگہداشت کا حکم (حضرات انبیاء علیہم السلام کے ذریعہ سے) دیا گیا تھا اور وہ اس کے (یعنی اس پر عمل کرنے کرانے کے) اقراری ہو گئے تھے (یعنی چونکہ ان کو اس کا حکم ہوا تھا اور انہوں نے اس حکم کو قبول کر لیا تھا اس لئے ہمیشہ اس کے پابند رہے) سو (اے اس زمانہ کے رؤسا و علمائے یہود جب ہمیشہ سے تمہارے سب مقتداء توراۃ کو مانتے آئے ہیں تو) تم بھی (تصدیق رسالت محمدیہ کے باب میں جس کا حکم توریت میں ہے) لوگوں سے (یہ) اندیشہ مت کرو (کہ ہم تصدیق کرلیں گے تو عام لوگوں کی نظر میں ہماری جاہ میں فرق آوے گا) اور (صرف) مجھ سے ڈرو (کہ تصدیق نہ کرنے پر سزا دونگا) اور میرے احکام کے بدلہ میں (دنیا کی) متاع قلیل (جو کہ تم کو اپنے عوام سے وصول ہوتی ہے) مت لو (کہ یہی حب جاہ و مال تم کو باعث ہوتی ہیں تصدیق نہ کرنے پر) اور (یاد رکھو کہ) جو شخص خدا تعالیٰ کے نازل کئے ہوئے کے موافق حکم نہ کرے (بلکہ غیر حکم شرعی کو قصداً حکم شرعی بتلا کر اس کے موافق حکم کرلے) سو ایسے لوگ بالکل کافر ہیں (جیسا اے یہود تم کر رہے ہو کہ عقائد میں بھی مثل عقیدۂ رسالت محمدیہ اور اعمال میں بھی جیسے حکم رجم وغیرہ اپنے مخترعات کو حکم الٰہی بتلا کر ضلال و اضلال میں مبتلا ہو رہے ہو) ف: كَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ کی تفسیر مذکور باعتبار اس کے اسْتُحْفِظُوْا پر معطوف ہونے کے ہے اور اگر يَحْكُمُ پر عطف کیا جاوے تو كَانُوْا کی ضمیر کا مرجع سب مذکورین ہوں اور تفسیر بہت سہل ہو جاوے حاصل معنی یہ ہوں کہ اس توراۃ کے موافق انبیاء و احبار و ربانیین بوجہ استحفاظ کے حکم کرتے تھے اور یہ سب حضرات اس حکم یا اس توراۃ ما دل بعنوان الکتاب المذکور فی الآیۃ پر یا اس کتاب مذکور متحد مع التوراۃ پر اس کے حق اور صدق ہونے کے گواہ اور مصدق تھے یا كَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ کو حال اور اسْتُحْفِظُوْا کو عامل کہا جاوے تو كَانُوْا کا دخل سبب میں ہونا ضرور نہ ہوگا۔ ربط: آیت اولیٰ کی تمہید میں مذکور ہو چکا اور چونکہ اصول فقہ میں متقرر ہو چکا ہے کہ شرائع سابقہ جب قرآن و حدیث میں بلانکیر مذکور ہوں تو وہ ہمارے لئے بھی حجت ہوتا ہے اس لئے یہ مضمون آئندہ ہماری شریعت کا بھی حکم ہے۔

حکایت مسئلۂ قصاص از توراۃ کہ حکم سیزدہم باشد از سورت: وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ (الی قولہ تعالٰی) فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ اور ہم نے ان (یہود) پر اس (توراۃ) میں یہ بات فرض کی تھی کہ (اگر کوئی کسی کو ناحق عمداً قتل یا زخمی کرے اور صاحب حق دعویٰ کرے تو) جان بدلے جان کے اور آنکھ بدلے آنکھ کے اور ناک بدلے ناک کے اور کان بدلے کان کے اور دانت بدلے دانت کے اور (اسی طرح دوسرے) خاص زخموں کا بھی بدلہ ہے پھر جو شخص (اس قصاص یعنی بدلہ لینے کا مستحق ہو کر بھی) اس (قصاص) کو معاف کر دے تو وہ (معاف کرنا) اس (معاف کرنے والے) کیلئے (اس کے گناہوں کا) کفارہ (یعنی گناہوں کے دُور ہونے کا سبب) ہو جاوے گا (یعنی معاف کرنا موجب ثواب ہے) اور (چونکہ یہود نے ان احکام کو چھوڑ رکھا تھا اس لئے مکرر وعید سناتے ہیں کہ) جو شخص خدا تعالیٰ کے نازل کئے ہوئے کے موافق حکم نہ کرے (جس کے معنی اوپر گزرے) سو ایسے لوگ بالکل ستم ڈھا رہے ہیں (یعنی بہت برا کام کر رہے ہیں)

ف: چند مسائل ضروری: مسئلہ: قصاص اس قتل یا جرم میں ہے جب ناحق ہو ورنہ بحق قتل کرنا درست ہے اور عمداً ہو کیونکہ خطا میں دیت ہے جس کے مسائل سورۂ نساء کے رکوع وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ میں گزر چکے۔ مسئلہ: اَلنَّفْسَ بِالنَّفْسِ میں آزاد اور غلام اور مسلمان اور کافر اور ذمی اور مرد اور عورت اور کبیر اور صغیر اور شریف اور رذیل اور بادشاہ اور رعیت سب داخل ہیں البتہ خود اپنے مملوک غلام اور اپنی اولاد کے قصاص میں نہ مارا جانا اجماع و حدیث سے ثابت ہے۔ مسئلہ: قطع اعضاء و جراحات میں باہم مرد و عورت میں اسی طرح باہم آزاد اور غلام میں قصاص نہیں البتہ مسلمان اور ذمی کافر میں ان صورتوں میں بھی ہے لیکن درمختار میں آزاد و غلام اور مرد و عورت کے مسئلہ میں ہے کہ ناقص سے کامل کا قصاص لیا جاوے گا۔ مسئلہ: خاص زخموں سے مراد وہ ہے جن میں مساوات کے ساتھ بدلہ لینا ممکن ہو ورنہ حکومت عدل ہے جس کی تفصیل کتب فقہ میں ہے اسی طرح قطع اعضاء میں بھی جیسے آدھا کان کاٹ لیا مثلاً۔ مسئلہ: قتل میں ولی مقتول اور باقی صورتوں میں خود مقطوع و مجروح کو معاف کرنے کا حق حاصل ہے۔ مسئلہ: اگر ولی مقتول کئی شخص ہوں اور ایک معاف کر دے

www.besturdubooks.net

تو قصاص ساقط ہو کر بقیہ اولیاء اگر چاہیں دیت لے سکتے ہیں یہ سب مسائل ہدایہ میں ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَمَنْ تَصَدَّقَ الخ حدیث مرفوع میں یہ تفسیر ہے کہ کسی کا دانت توڑ دیا جاوے یا بدن میں زخم کر دیا جاوے اور وہ معاف کر دے تو بقدر اس کے عفو کے اس کی خطائیں عفو کر دی جاتی ہیں سو اس میں ترغیب ہے عفو کی کذا فی الروح اور اس قسم کا عفو اہل اللہ کے اخلاق میں سے ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) و کیف یحکمونك پر بظاہر یہ شبہ ہوتا تھا کہ دین اسلام تو ناسخ ادیان ہے اس کے آنے کے بعد توریت و انجیل وغیرہ سب منسوخ ہو چکی ہیں پس اس بناء پر ان لوگوں نے یہ تحکیم کی یہ تو ان پر لازم ہی نہ تھی یعنی یہ کہ وہ آپ سے فیصلہ کراتے پھر اس پر تعجب کیوں فرمایا گیا لیکن تقریر ربط اور تفسیر سے یہ شبہ بالکل زائل ہو گیا فافهم و اشکر المفسر ۱۲ تبیان۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی اخرف مرتفع ہو گئی فلا یرد ان التخییر مرتب علی ما شرح من حالهم و حالهم باقیة كذلك فمع بقاء العلة كيف ارتفع التخيير ويمكن ان يقال ان العلة كان سببا محضا لاعلة حقيقة ولا تلازم بينهما وجودًا و عدمًا ۱۲ ـ ۲ قوله فی آخر التمهيد عمل نہ کرنا ہے دل عليه ثم يتولون ۱۲ ـ ۳ قوله فی کیف تعجب کی بات اشارة الى ان الكلام ليس للتعجب المستحيل على الله تعالى بل لاظهار كون هذا الامر عجيبًا وهو الذى يعبر عنه بالتعجب۔ ۴ قوله فی يحكمون دین کے معاملہ فالتحكيم على هذا التفسير يعم الاستفتاء ـ ۴ قوله فی ثم اس سے اور پختہ اشارة الى ان ثم للتراخى فى الرتبة و تاكيد الاستبعاد ۱۲۔ ۵ قوله قبیل ف پورا اعتقاد اشارة الى النفى فى التذئيل يعم الايمان بالكتاب و بالرسول و اشار ايضا الى ان نفى الايمان بالكتاب باعتبار نفى العمل الذى هو ثمرة اصلية للعلم ۱۲ ـ ۶ قوله فی فيها هدى جس میں الخ اشارة الى كون الجملة حالا من التوراة ۱۲۔ ۷ قوله فی هدى و نور عقائد واحکام القرينة عليه كون الاصل فى العطف هو التغاير و كون العقائد اهم مستحقا للتقديم فافهم ۱۲ ـ ۸ قوله فی النبيون بنی اسرائیل اشار الى ان اللام للعهد والقرينة اللفظية على التخصيص قوله للذين هادوا والقرينة الشرعية مشهورة و عدم الاتيان بالرابط فى ترجمة يحكم بها اشارة الى كون الجملة استينافًا ۱۲ ـ ۹ قوله فی اسلموا باوجود اشار الى دفع سوال وهو ان الاسلام لو كان من الامور العظام لكنه مشترك بين احاد المسلمين فما فائدة هذا الوصف فى مدح النبيين فاشار الى الفائدة التى تقريرها ظاهر و كان فيه تعريضًا باليهود المتكبرين الجاحدين و قال بعضهم كما انه قد يقصد بالمدح مدح الموصوف كذلك قد يقصد مدح الوصف فيقال ههنا المقصود تنويه الاسلام بانه شئ يتصف به هؤلاء الاكابر كما وصف الملائكة بالايمان فى آية ـ ۱۰ قوله فی بما استحفظوا بوجہ اس کے اشار الى كون الباء سببية و كون ما مصدرية و كون من زائدة ۱۲ ـ ۱۱ قوله هناك انبیاء علیہم السلام کے ذریعہ اشار الى ان الضمير فى استحفظوا عائد الى الاقرب من الربانيين والاحبار ۱۲۔ ۱۲ قوله فی شهداء اقراری حمله على ما حمله بعض المفسرين كما فى البيضاوى وغيره فى قوله تعالى فى البقرة ثم اقررتم وانتم تشهدون من انه لتاكيد للاقرار فانه يدل على ان الشهادة قد تكون بمعنى الاقرار وهما كما يستعملان للاخبار عن الماضى كذلك تستعملان الالتزام فى المستقبل و على هذا صار تقرير سببية الاستحفاظ والشهادة اسهل فكان حاصل معناه العهد والالتزام قلت و تعدية بعلى لتضمنه معنے الحفظ والمراقبة ۱۲۔ ۱۳ قوله فی فلا تخشوا جب ہمیشہ سے اشار الى كون الفاء فصيحة ولو عطف على يحكم كما ذكرته فى ف كان الشهادة على معناها المتبادر من الاخبار عن اعتقاده اى التصديق كما فى قوله تعالى الست بربكم قالوا بلى شهدنا فافهم۔ ۱۴ قوله فی واخشون صرف دل عليه لاتخشوا الناس ۱۲۔ ۱۵ قوله فی کتبنا فرض کذا فی الروح۔ ۱۶ قوله بعده اگر کوئی الخ هذه الشرائط كلها معلومة بدلائل اخر ۱۲۔ ۱۷ قوله فی النفس بالنفس بدلے اشارة الى تعلق الجار بمقتصته و يجوز تعلقه بكائنة ۱۲۔ ۱۸ قوله فی الجروح خاص فاللام للعهد ۱۲۔ ۱۹ قوله فی من لم يحكم مکرر اشارة الى انه تاكيد الاولى فعلى هذا لا يكون المقصود كون الجملة فى التوراة ۱۲۔

الروایات: فى الروح عن الضحاك لم يجعل فى التوراة دية فى نفس ولاجرح وانما كان العفو والقصاص وهو الذى يقتضيه ظاهر الآية آه قلت ولما قام الدليل عليها فى شرعنا خص هذا القدر من الحجية فى الروح اخرج الديلمى عن ابن عمر رضى الله عنهما ان الرسول وقرأ الآية فقال هو الرجل يكسر سنّه او يجرح من جسده فيعفو فيحطّ عنه من خطاياه بقدر ما عفا عنه من جسده ان كان نصف الدية فنصف خطاياه الى قوله وان كان الدية كلها فخطاياه كلها اه قلت هو نص فى ما اخترته من التفسير و قال فى الروح اخرج ابن ابى شيبة عن الشعبى و عليه اكثر المفسرين اه قلت و لعل مبنى كونه كفارة قوله تعالى ان الحسنات

www.besturdubooks.net

يذهبن السيئات فقط۔

العربية :في الروح انثت التوراة معاملة معها بعد التعريب معاملة الاسماء العربية الموازنة لها كمومات و دودات ۱۲۔

الفقه : اشكل على بعضهم الآية الدالة على كون من لم يحكم الخ كافر او الحال انه معصية دون الكفر على اصول اهل السنة لكن الذى فسرت به عدم الحكم اتضح وجه الآية واندفع الاشكال فان انكار كون الشرع شرعًا ولو باللسان كفر قوله والمرء يكفر بقول الكفر البتة وافاد بقوله قصدا الى وضع الخطأ والجهل فى غير ضروريات الدين والقرينة على هذا التفسير كون علماء اليهود كذلك واما الامر فى قوله الظالمون والفاسقون فسهل لانهما ليس نصًّا فى الكفر ولو حملتهما على الكفر فقد علمت توجيهه ۱۲۔

اللغات : قوله لِلَّذِيْنَ هَادُوْا اللام بمعنى لاجل فلا يردان الحكم كما كان لهم كذلك كان عليهم الربانى منسوب الى الرب والالف والنون المبالغة ولذا ترجمته باهل الله الذين يقال لهم فى عرفنا مشائخ ودرویش لانهم يعلمون ايضا الاحكام الشرعية فان اصلاح الباطن و طرقها جزء من الشريعة و فيه دلالة على ان الذى لا يحفظ الشرع لا يكون ربانيا و شيخا ۱۲۔

النحو : قوله قصاص خبر بتقدير ذات ۱۲۔

البلاغة : فى الروح قوله والربانيون الخ توسيط المحكوم لهم اى للذين هادوا بين المتعاطفين اى النبيون والربانيون للايذان بان الاصل فى الحكم بها وحمل الناس على مافيها هم النبيون وانما الربانيون والاحبار خلفاء و نواب لهم فى ذلك كما ينبئ عنه قوله بما استحفظوا اى من جهة النبيين اھ۔ قوله فمن تصدق فى التعبير بالتصدق ترغيب فى العفو۔

وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۠ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ
وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ (٤٦) وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ
اللّٰهُ فِيْهِ ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ (٤٧) وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا
لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَهُمْ عَمَّا جَاۗءَكَ مِنَ الْحَقِّ ۭ
لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا
الْخَيْرٰتِ ۭ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ (٤٨) وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا
تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ
يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ (٤٩) اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ۭ وَمَنْ اَحْسَنُ
مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ (٥٠) ع ۷ / ۱۱

اور ہم نے ان کے پیچھے عیسیٰ بن مریم کو اس حالت میں بھیجا کہ وہ اپنے سے قبل کی کتاب یعنی تورات کی تصدیق فرماتے تھے اور ہم نے انجیل دی جس میں ہدایت تھی اور نور تھا اور اپنے سے قبل کی کتاب یعنی تورات کی تصدیق کرتی تھی اور وہ سراسر ہدایت اور نصیحت تھی خدا سے ڈرنے والوں کے لئے اور انجیل والوں کو چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ اس میں نازل فرمایا ہے اس کے موافق حکم کیا کریں اور جو شخص خدا کے نازل کئے ہوئے کے موافق حکم نہ کرے تو ایسے لوگ بالکل بے حکمی کرنے والے ہیں اور ہم نے یہ کتاب آپ کے پاس بھیجی ہے جو خود بھی صدق کے ساتھ موصوف ہے اور اس سے پہلے جو کتابیں ہیں ان کی بھی تصدیق کرتی ہے اور ان کتابوں کی محافظ ہے تو ان کے باہمی معاملات میں اسی بھیجی ہوئی کتاب کے موافق فیصلہ فرمایا کیجئے اور یہ جو سچی کتاب آپ کو ملی ہے اس سے دور ہو کر ان کی خواہشوں پر عملدرآمد نہ کیجئے۔ تم میں سے ہر ایک کے لئے خاص شریعت اور خاص طریقت تجویز کی تھی اور اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو تم سب کو ایک ہی اُمت میں کر دیتے۔ لیکن ایسا نہیں کیا تا کہ جو دین تم کو دیا ہے اس

www.besturdubooks.net

میں تم سب کا امتحان فرمادیں۔ تو مفید باتوں کی طرف دوڑو تم سب کو خدا ہی کی طرف جانا ہے پھر وہ تم سب کو جتلا دے گا جس میں تم اختلاف کیا کرتے تھے اور ہم (مکرر) حکم دیتے ہیں کہ آپ ان کے باہمی معاملات میں اس بھیجی ہوئی کتاب کے موافق فیصلہ فرمایا کیجئے اور ان کی خواہشوں پر عملدرآمد نہ کیجئے اور ان سے یعنی ان کی بات سے احتیاط رکھئے کہ وہ آپ کو خدا تعالیٰ کے بھیجے ہوئے کسی حکم سے بھی بچلادیں۔ پھر اگر یہ لوگ اعراض کریں تو یہ یقین کر لیجئے کہ بس خدا ہی کو منظور ہے کہ ان کے بعضے جرموں پر ان کو سزا دیں اور اکثر آدمی تو بے حکم ہی ہوتے ہیں۔ یہ لوگ پھر کیا زمانہ جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں اور فیصلہ کرنے میں اللہ سے کون اچھا ہوگا یقین رکھنے والوں کے نزدیک ○

تفسیر ربط: اوپر توراۃ کا اپنے زمانہ میں حجت ہونا مذکور تھا آگے انجیل کی یہی صفت مذکور ہے جیسا تمہید آیت اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ میں مفصل تقریر اس کی گزر چکی ہے۔

ذکر وجوب عمل بانجیل در زمان او: وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ (الی قولہ تعالی) فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ اور ہم نے ان (نبیوں) کے پیچھے (جن کا ذکر یَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ میں آیا ہے) عیسیٰ ابن مریم (علیہ السلام) کو اس حالت میں (پیغمبر بنا کر) بھیجا کہ وہ اپنے سے قبل کی کتاب یعنی توریت کی تصدیق فرماتے تھے (جو کہ لوازم رسالت سے ہے کہ تمام کتب الٰہیہ کی تصدیق کرے) اور ہم نے ان کو انجیل دی جس میں (توریت ہی کی طرح عقائد صحیحہ کی بھی) ہدایت تھی اور (احکام عملیہ کا بھی) وضوح تھا اور وہ (انجیل) اپنے سے قبل کی کتاب یعنی توریت کی تصدیق (بھی) کرتی تھی (کہ یہ لوازم کتاب الٰہی سے ہے) اور وہ سراسر ہدایت اور نصیحت تھی خدا سے ڈرنے والوں کے لئے اور (ہم نے انجیل دے کر حکم کیا تھا کہ) انجیل والوں کو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ اس میں نازل فرمایا ہے اس کے موافق حکم کیا کریں اور (اے اس زمانہ کے نصاریٰ سن رکھو کہ) جو شخص خدا تعالیٰ کے نازل کئے ہوئے کے موافق حکم نہ کرے (اور اس کے معنی اوپر گزر چکے ہیں) تو ایسے لوگ بالکل بے حکمی کرنے والے ہیں (اور انجیل رسالت محمدیہ کی خبر دے رہی ہے تم اس کے خلاف کیوں چل رہے ہو)

ربط: اوپر توریت و انجیل کا اپنے اپنے دورہ میں واجب العمل ہونا بیان فرمایا تھا آگے قرآن مجید کا اپنے دورہ میں جو کہ زمان نزول سے قیام قیامت تک ہے واجب العمل ہونا بیان فرماتے ہیں اور ان آیات کے ضمن میں اشارۃً ایک قصہ سے بھی تعرض ہے جس کو ابن اسحٰق نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ چند علماء و رؤسائے یہود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آکر ملتمس ہوئے کہ ہماری قوم سے ہمارا کچھ مقدمہ ہے اگر آپ ہمارے موافق فیصلہ فرمادیں تو ہم آپ کا اتباع اختیار کرلیں جس سے بقیہ یہود بھی متبع ہو جاویں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صاف انکار کر دیا جس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویب کے لئے وَاَنِ احْكُمْ الخ نازل ہوا كذا في اللباب واخرج نحوه كما في الروح ابن ابی حاتم والبيهقي في الدلائل۔

ذکر وجوب عمل بالقرآن علی التابید: وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ (الی قولہ تعالی) وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ اور (توراۃ و انجیل کے بعد) ہم نے یہ کتاب (مسمیٰ بقرآن) آپ کے پاس بھیجی ہے جو خود بھی صدق (و راستی) کے ساتھ موصوف ہے اور اس سے پہلے جو (آسمانی) کتابیں (آچکی) ہیں (جیسے توراۃ و انجیل و زبور) ان کی بھی تصدیق کرتی ہے (کہ وہ نازل من اللہ ہیں) اور (چونکہ وہ کتاب مسمیٰ بقرآن قیامت تک محفوظ و معمول بہ ہے اور اس میں ان کتب سماویہ کی تصدیق موجود ہے اس لئے وہ کتاب) ان کتابوں) کے صادق ہونے کے مضمون) کی (ہمیشہ کے لئے) محافظ ہے (کیونکہ قرآن میں ہمیشہ یہ محفوظ رہے گا کہ وہ کتب نازل من اللہ ہیں جب قرآن ایسی کتاب ہے) تو ان (اہل کتاب) کے باہمی معاملات میں (جب کہ آپ کے اجلاس میں پیش ہوں) اسی بھیجی ہوئی کتاب کے موافق فیصلہ فرمایا کیجئے اور یہ جو سچی کتاب آپ کو ملی ہے اس سے دور ہو کر ان کی (خلاف شرع) خواہشوں (اور فرمائشوں) پر آئندہ بھی عملدرآمد نہ کیجئے (جیسا کہ اب تک باوجود ان کی درخواست والتماس کے آپ نے صاف انکار فرمادیا یعنی یہ آپ کی رائے نہایت ہی درست ہے اسی پر ہمیشہ قائم رہئے اور اے اہل کتاب تم کو اس قرآن کے حق جاننے سے اور اس کے فیصلہ ماننے سے کیوں انکار ہے کیا دین جدید کا آنا کچھ تعجب کی بات ہے آخر) تم میں سے ہر ایک (امت) کیلئے (اس کے قبل) ہم نے خاص شریعت اور خاص طریقت تجویز کی تھی (مثلاً یہود کی شریعت و طریقت توراۃ تھی اور نصاریٰ کی شریعت و طریقت انجیل تھی پھر اگر امت محمدیہ کے لئے شریعت و طریقت قرآن مقرر کیا گیا جس کا حق ہونا بھی دلائل سے ثابت ہے تو وجہ انکار کیا) اور اگر اللہ تعالیٰ کو (سب کا ایک ہی طریقہ رکھنا) منظور ہوتا (تو وہ اس پر بھی قدرت رکھتے تھے) کہ تم سب (یہود و نصاریٰ و اہل اسلام) کو (ایک ہی شریعت دے کر) ایک ہی امت میں کر دیتے (اور شرع جدید نہ آتی جس سے تم کو توحش ہوتا ہے) لیکن (اپنی حکمت سے) ایسا نہیں کیا (بلکہ ہر امت کو جدا جدا طریقہ دیا) تاکہ جو دین تم کو (ہر زمانہ میں نیا نیا) دیا ہے اس میں تم سب کا (تمہارے اظہار اطاعت کے لئے) امتحان فرمادیں (کیونکہ اکثر طبعی امر ہے کہ نئے طریقہ سے وحشت اور مخالفت کی طرف حرکت ہوتی ہے لیکن جو شخص عقل صحیح و انصاف سے کام لیتا ہے تو اس کی ظہور حقیقت کے بعد اپنی طبیعت کو موافقت پر مجبور کر دیتا ہے اور یہ ایک امتحان عظیم ہے پس اگر سب کی ایک ہی شریعت ہوتی تو اس شریعت کے ابتداء کے وقت جو لوگ ہوتے ان کا امتحان تو ہو جاتا لیکن دوسرے جوان کے مقلد اور اس طریق سے مالوف ہوتے ان کا امتحان نہ ہوتا اور اب ہر امت کا امتحان ہو گیا اور امتحان کی ایک یہ صورت ہوتی ہے کہ انسان کو جس چیز سے روکا

www.besturdubooks.net

جاوے خواہ معمول ہو یا متروک اس پر حرص ہوتی اور یہ امتحان شرائع کے تعدد میں اقویٰ ہے کہ منسوخ سے روکا جاتا ہے اور شریعت کے اتحاد میں گو معاصی سے روکتے لیکن ان میں حقیت کا تو شبہ نہیں ہوتا اس لئے امتحان اس درجہ کا نہیں ان دونوں امتحانوں کا مجموعہ ہر امت کے سلف اور خلف سب کو عام ہو گیا جیسا کہ صورتِ اولیٰ کو صرف سلف سے خصوصیت ہے پس[۱۵] جب شرع جدید میں یہ حکمت ہے) تو (تعصب کو چھوڑ کر) مفید[۱۶] باتوں کی طرف (یعنی ان عقائد و اعمال و احکام کی طرف جن پر قرآن مشتمل ہے) دوڑو (یعنی قرآن پر ایمان لا کر اس پر چلو ایک روز) تم سب کو خدا ہی کے پاس جانا ہے پھر وہ تم سب کو جتلا دے گا جس میں تم (باوجود وضوح حق کے دنیا میں خواہ مخواہ) اختلاف کیا کرتے تھے (اس لئے اس اختلاف بے جا کو چھوڑ کر حق کو جو کہ اب منحصر ہے قرآن میں قبول کر لو) اور (چونکہ[۱۷] ان اہل کتاب نے ایسی بلند پردازی کی کہ آپ سے درخواست اپنے موافق مقدمہ طے کر دینے کی کرتے ہیں جہاں کہ اس کا احتمال ہی نہیں اس لئے ان کے حوصلے پست کرنے کو اور اس کو سنا کر ہمیشہ ہمیشہ ان کے نا امید کر دینے کو) ہم (مکرر) حکم دیتے ہیں کہ آپ ان (اہل کتاب) کے باہمی معاملات میں (جبکہ آپ کے اجلاس میں پیش ہوں) اس بھیجی ہوئی کتاب کے موافق فیصلہ فرمایا کیجئے اور ان کی (خلافِ شرع) خواہشوں (اور فرمائشوں) پر (آئندہ بھی) عملدرآمد نہ کیجئے (جیسا اب تک بھی نہیں کیا) اور ان سے یعنی[۱۸] ان کی اس بات سے (آئندہ بھی مثل سابق) احتیاط رکھئے کہ وہ آپ کو خدا تعالیٰ کے بھیجے ہوئے کسی حکم[۱۹] سے بھی بچلا دیں (یعنی گو اس کا احتمال نہیں لیکن اس کا قصد بھی رہے تو موجب[۲۰] ثواب بھی ہے) پھر (باوجود وضوحِ قرآن اور اس کے فیصلہ کے حق ہونے کے بھی) اگر یہ لوگ (قرآن سے اور آپ کے فیصلہ سے جو موافق قرآن کے ہوگا) اعراض کریں تو یہ یقین کر لیجئے کہ بس[۲۱] خدا ہی کو منظور ہے کہ ان کے بعضے جرموں پر (دنیا ہی میں) ان کو سزا دیدیں (اور وہ بعض جرم فیصلہ کو نہ ماننا ہے اور حقانیت قرآن کے نہ ماننے کی سزا پوری آخرت میں ملے گی کیونکہ پہلا جرم ذمی ہونے کے خلاف ہے اور دوسرا جرم ایمان کے خلاف ہے حربیت کی سزا دنیا ہی میں ہوتی ہے اور کفر کی سزا آخرت میں چنانچہ یہود کی سرکشی اور عہد شکنی جب حد تسامح سے متجاوز ہوئی تو ان کو سزائے قتل اور قید اور اخراجِ وطن کی دی گئی) اور (اے محمد ﷺ ان کے یہ حالات سن کر آپ ﷺ کو رنج ضرور ہوگا لیکن آپ ﷺ زیادہ[۲۲] غم نہ کیجئے کیونکہ) زیادہ آدمی تو (دنیا میں ہمیشہ سے) بے حکم ہی ہوتے (آئے) ہیں یہ لوگ فیصلہ قرآنی سے جو کہ عین عدل ہے اعراض کر کے) پھر کیا زمانۂ جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں (جس کو انہوں نے برخلاف شرائع سماویہ کے خود مخترع کر لیا تھا جس کا ذکر دو واقعوں کے ضمن میں اس رکوع سے پہلے رکوع آیت: یٰٓاَیُّهَا الرَّسُوْلُ کی تمہید میں گزر چکا ہے حالانکہ وہ سراسر عدل اور دلیل کے خلاف ہے یعنی اہل علم[۲۳] ہو کر علم سے اعراض کرنا اور جہل کا طالب ہونا عجب[۲۴] در عجب ہے) اور فیصلہ کرنے میں اللہ سے کون اچھا (فیصلہ کرنے والا) ہوگا (بلکہ کوئی مساوی[۲۵] بھی نہیں پس خدائی فیصلہ کو چھوڑ کر دوسرے کے فیصلہ کا طالب ہونا عین جہل نہیں تو کیا ہے لیکن یہ بات بھی یقین (و ایمان) رکھنے والوں (ہی) کے نزدیک[۲۶] (ہے کیونکہ اس کا سمجھنا موقوف ہے قوتِ عقلیہ کی صحت پر اور وہ کفار اس سے بے نصیب ہیں) **ف**: اگر کسی کو یہ شبہ ہو کہ یہاں سے مفہوم ہوتا ہے کہ ہر امت کا طریقۂ دین جدا ہے اور دوسری آیت سے واحد ہونا معلوم ہوتا ہے جیسے سورۂ شوریٰ میں ہے شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ الخ (شوریٰ: ۱۳) جواب یہ ہے کہ جدا ہونا باعتبار فروع و اعمال کے ہے اور واحد ہونا باعتبار اصول و عقائد کے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في مصدقا في الموضعين لوازم الخ اشارة الى كون الحال مؤكدة اما فائدتها ههنا فالذى عندى ان اليهود كانوا يكذبون الانجيل و صاحبه عليه السلام فنوه بهذا التاكيد شانهما و عرض باليهود انكم تكذبون ما يصدق كتابكم واما النصارىٰ فانهم لا يكذبون التوراة فلم يوت ثمه بما اتى به ههنا و هذا هو الفائدة عندى فى تكرير هدى و زيادة موعظة والله اعلم ۱۲۔ ۲ قوله في فيه هدى توریت کی طرح اشارة الى ان المراد التماثل بين الكتابين ۱۲۔ ۳ قوله في نوراً احکام عملیہ بناءً على كون الانجيل شرعًا مستقلا كما يدل عليه قوله تعالىٰ و ليحكم كما استدل به المفسرون۔ ۴ قوله فيه وليحكم دیکر حکم کیا فیه رعاية لمن قدر قلنا التى شاع تقديرها عند القرينة كما فى قوله والملائكة يدخلون عليهم من كل باب سلام عليكم ولمن قرأ بلام کے وقدر آتينا ۱۲۔ ۵ قوله في ومن لم يحكم اس زمانہ قرينة تذئيل نظيره لقوله فلا تخشوا الناس الذى خوطب به اليهود المعاصرون واستحسان التناسب فى النظائر وانما خوطب النصارى مرة واليهود مرتين كما قدرت قبل من كون الثانية تاكيد اللاولى لما ان اليهود كانوا اظلم واطغى فعلى هذا لا يكون الحكم بكونه جزء من الانجيل مقصودا ۱۲۔ ۶ قوله بالکل افاده ضمير الفصل و تعريف المسند ۱۲ ۷ قوله في بالحق موصوف اشار الى كونه حالا من الكتاب اى متلبسا بالحق ۱۲۔ ۸ قوله في مصدقاً اور اوضح بحرف العطف كونه حالاً ثانية ۱۲ ۔ ۹ قوله في من الكتب کتابیں فاللام للجنس ۱۲۔ ۱۰ قوله في هناك نازل فلا يلزم نفى التحريف عنه ولا يلزم جوب العمل به ۱۲۔ ۱۱ قوله في مهيمناً چونکہ الخ كذا فى الخازن والكبير. و قوله ہمیشہ ماخوذ من عدم اعتبار زمان خاص فى الصفة

www.besturdubooks.net

هنا نعم الازمنة مكها ۱۲۔ ۱۲ قوله قبل فاحكم جب اشارة الى كون الفاء فصيحة ۱۲۔ ۱۳ قوله فى بينهم اہل کتاب لكون الكلام السابق فيهم ۱۲۔ ۱۴ قوله فى هناك پیش ہوں باختيارهم ان كانوا غير ذميين و بلا اختيارهم فى بعض الامور لو كانوا ذميين ۱۲۔ ۱۵ قوله فى لا تتبع آئندہ الخ فالمقصود تصويب رايه ﷺ فلا اشكال ۱۲۔ ۱۶ قوله فى ما انزل الله ای اشارة الى ان فيه وضع المظهر موضع المضمر ۱۲۔ ۱۷ قوله فى لكل امت لان عدم كون شرع جديد لكل فرد مشاهد ۱۲۔ ۱۸ قوله فى شرعة ومنهاجا شریعت طریقت نقله فى الكبير عن المبرد وايضا يساعده اللغة ولما كان اصل الطريقة تدبير رسوخ الملكات التى تصدر منها الاعمال فلا جرم تختلف التدبير باختلاف الاعمال فلا يرو ان الاعمال يجرى فيها النسخ الا لاخلاق التى هى الطريقة ثم ان الشريعة والطريقة متحد ان ذاتا مختلفان اعتبار فعلى هذا يكونان متلازمين نسخا و بقاء ۱۲۔ ۱۹ قوله فى جعلنا تجویز کی تھی اشارة الى كون جعل اخبار بالا انشائيا۔ ۲۰ قوله فى لوشاء سب کا الخ اشار الى حذف مفعول شاء وهو الاكثر الشائع فيه ۱۲۔ ۲۱ قوله فى جعلكم و اہل اسلام ادخلوا فى الخطاب مع اهل الكتاب تغليبا ۱۲۔ ۲۲ قوله فى لكن ایسا نہیں کیا جعله جزء للترجمة لان المقدر كالملفوظ ۱۲۔ ۲۳ قوله فى ليبلوكم اظہار اشارة الى التجوز فى معنى الابتداء ۱۲۔ ۲۴ قوله هناك کیونکہ هذا من المواهب المختصة ولله الحمد ۱۲۔ ۲۵ قوله فى فاستبقوا پس جب اشار الى كون الفاء فصيحة ۱۲۔ ۲۶ قوله فى خيرات مفيد كما فى قوله تعالى ذلكم خير لكم عند بارئكم ۱۲۔ ۲۷ قوله فى وان احكم چونکہ الى قوله مكرر حكم افاد فيه اموراً احدها انه معطوف على انزلنا بتقدير امرناك ثانيها انه تاكيد ثالثها بيان فائدة التكرير والتاكيد وهى مفهومة من المدارك واعلم انه لما كان معنى الفتنة والعدول المعتبر فى عما جاءك واحد اتمائل الموضعان مفهوما بلا زيادة ولا نقصان ۱۲۔ ۲۸ قوله فى ان يفتنوك یعنی اشارة الى كونه بدلا ۱۲۔ ۲۹ قوله فى عن بعض کسی حکم سے بھی اشار بكلمة بھی الى فائدة كلمة بعض وهى المبالغة ۱۲۔ ۳۰ قوله بعد يفتنوك موجب ثواب بھی ہے اشار الى فائدة الامر بالحذر لمن لا يحتمل عنه ضده تقريرها ان الثواب لا يكون بمحض الحذر بل يتوقف على قصدة فلذا امر صلى الله عليه وسلم به واشار بكلمة بھی الى عدم الحصر فى الفائدة المذكورة بل فيه قطع لا طماعهم كما ذكر و فيه تنبيه للولاة والعلماء من الامة على وجوب هذا الحذر و فيه نعى على الكفار بانهم فاتنون ۱۲۔ ۳۱ قوله فى انما يريد بس داد بس لافادة ما افاده انما ۱۲۔ ۳۲ قوله قبل ان كثيرا غم نہ کیجئے صرح بكونه تسلية فى الروح ۱۲۔ ۳۳ قوله فى الجاهلية اہل علم ہو کر كذا فى الكبير ۱۲۔ ۳۴ قوله بعد يبغون عجب در عجب الاول التولى والثانى البغى وافاد التعجب مع التوبيخ كلمة الاستفهام التى قدر بعدها التولى و ذكر صريحا البغى ۱۲۔ ۳۵ قوله فى من احسن مساوی افاد الاستعمال والمحاورة ۱۲۔ ۳۶ قوله فى لقوم نزدیک فاللام بمعنے عند كذا فى الروح و حقيقة ان اللام للبيان كما فى هيت لك اى تبين مضمون هذا الاستفهام الانكارى تقوم كذا فى الروح و هذا الاستفهام لقوم يوقنون كذا فى الكبير ۱۲۔

اللغات: فى الكبير الشريعة المشرعة التى يشرعها الناس فيشربون منها والمنهاج فهو الطريق الواضح و فيه قال الخليل و ابو عبيدة يقال قد يمن الرجل بهيمن اذا كان رقيبا على الشئى و شاهدا عليه حافظًا۔

النحو: مصدقا الاول من عيسٰى او جملة فيه هدى و نور حال من الانجيل و كذا مصدقا الثانى حال منه و صرح فى الروح بجواز عطف الحال المفرد على الحال الجملة و كذا هدى و موعظة ۱۲۔

البلاغة: تخصيص المتقين مع عموم كون الكتاب الآلهى موعظة باعتبار الانتفاع ۱۲۔ قوله عما جاءك عدى الاتباع بعن لتضمنه معنے العدول ۱۲۔ قوله الكتٰب اى القرآن لم يسم به كالتوراة والانجيل اشارة الى فخامة شانه بانه حقيق بانه يفهم من لفظ الكتب لا غيره۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤى اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَتَرَى الَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِىَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَاۤ اَسَرُّوْا فِىْۤ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ۝

www.besturdubooks.net

وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوا أَهَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ ۙ إِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ۚ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَأَصْبَحُوا خَاسِرِينَ ﴿٥٣﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَن يَرْتَدَّ مِنكُمْ عَن دِينِهِ فَسَوْفَ يَأْتِي اللَّهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِينَ يُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَائِمٍ ۚ ذَٰلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ﴿٥٤﴾ إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ ﴿٥٥﴾

اے ایمان والو! تم یہود ونصاریٰ کو دوست مت بنانا' وہ ایک دوسرے کے دوست ہیں اور جو شخص تم میں سے ان کے ساتھ دوستی کرے گا وہ ان ہی میں سے ہوگا یقیناً اللہ تعالیٰ سمجھ نہیں دیتے ان لوگوں وک جو اپنا نقصان کر رہے ہیں اسی لئے تم ایسے لوگوں کو کہ جن کے دل میں مرض ہے دیکھتے ہو کہ دوڑ دوڑ کر ان میں گھستے ہیں۔ کہتے ہیں کہ ہم کو خدشہ ہے کہ ہم پر کوئی حادثہ پڑ جائے۔ سو عنقریب اُمید ہے کہ اللہ تعالیٰ کامل فتح ظہور فرما دے یا کسی اور بات کا خاص اپنی طرف سے پھر اپنے پوشیدہ دلی خیالات پر نادم ہوں گے اور مسلمان لوگ کہیں گے ارے کیا یہ وہی لوگ ہیں کہ بڑے بڑے مبالغہ سے قسمیں کھایا کرتے تھے کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں ان لوگوں کی ساری کاروائیاں غارت ہو گئیں جس سے ناکام رہے۔ اے ایمان والو جو شخص تم میں سے اپنے دین سے پھر جائے تو اللہ تعالیٰ بہت جلد ایسی قوم پیدا کر دے گا جن سے اللہ تعالیٰ کو محبت ہوگی اور ان کو اللہ تعالیٰ سے محبت ہوگی۔ مہربان ہوں گے وہ مسلمانوں پر تیز ہوں گے کافروں پر جہاد کرتے ہوں گے اللہ کی راہ میں اور وہ لوگ کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے اندیشہ کریں گے۔ یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہیں عطا کریں اور اللہ تعالیٰ بڑے وسعت والے ہیں بڑے علم والے ہیں۔ تمہارے دوست تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اور ایماندار لوگ ہیں جو کہ اس حالت نماز کی پابندی کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں کہ ان میں خشوع ہوتا ہے ۞

تفسیر لربط: اوپر یہود ونصاریٰ کے قبائح مذکور ہوئے ہیں اور بعض منافقین جو کہ ظاہراً اسلام کے مدعی تھے ان سے بعض وہمی مصلحتوں کی بنا پر دوستی رکھتے تھے اس لئے آگے اہل ایمان کو ان کے ساتھ دوستی کرنے سے بطور تفریع مضمون مذکور کے منع فرماتے ہیں کہ جب ان لوگوں کے یہ حالات ہیں تو ان کا مقتضا تو یہی ہے کہ ان سے منافقوں کی طرح ہرگز دوستی مت کرو پھر اہل ایمان کے منع کرنے کے بعد ان منافقین کی مذمت اور ان مصلحتوں کا ابطال اور انجام کار ان کا ندامت اٹھانا بطور پیشینگوئی کے مذکور ہے اور قصہ اس دوستی کا یہ ہوا تھا کہ جب غزوۂ احد میں اہل اسلام کو ظاہراً شکست ہوئی تو منافقین سخت اندیشہ میں پڑے اور باہم مشورہ کرنے لگے کہ مسلمانوں کے غالب آنے کی تو کچھ امید نہیں رہی اپنی کہیں پناہ لگائے رکھنا چاہیے کہ وقت پر کام دے کسی نے کہا کہ میں فلانے یہودی سے امان لے لیتا ہوں اور ایسے وقت پر یہودی بن جاؤں گا کسی نے کہا کہ میں فلانے نصرانی سے پناہ لئے لیتا ہوں اور ایسے وقت پر نصرانی بن جاؤں گا۔ اخرجہ کمافی الروح ابن جریر وابن ابی حاتم عن السدی اور نیز جب یہود بنی قینقاع مسلمانوں سے محاربہ پر آمادہ ہوئے تو عبداللہ بن ابی منافق نے ان سے ساز کر لیا اور ان کی حمایت میں کھڑا ہوا اور حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بھی مثل عبداللہ کے اس قوم کے حلیف لیکن انہوں نے صاف طور پر ان سے علاقہ منقطع کر دیا۔ اخرجہ کمافی اللباب ابن اسحٰق وابن جریر وابن ابی حاتم والبیہقی عن عبادۃ اور عبداللہ بن ابی نے یہ بھی کہا کہ انی رجل اخاف الدوائر یعنی مجھ کو تو حوادثِ دہر کا اندیشہ ہے میں ان سے علاقہ قطع نہیں کرتا۔ اخرجه كما في الروح ابن ابی شیبة عن عطية ان واقعات میں یہ آیت آئندہ نازل ہوئی۔

حکم چہارم دہم منع مؤمنین از موالاۃِ کفار وذم منافقین بدیں موالاۃ: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا (الى قوله تعالى) فَأَصْبَحُوا خَاسِرِينَ اے ایمان والو! تم (منافقوں کی طرح) یہود ونصاریٰ کو (اپنا) دوست مت بنانا وہ (خود ہی) ایک دوسرے کے دوست ہیں (یعنی یہودی یہودی باہم اور نصرانی نصرانی باہم مطلب یہ کہ دوستی ہوتی ہے مناسبت سے سو ان میں باہم تو تناسب ہے مگر تم میں اور ان میں کیا مناسبت) اور (جب جملہ مذکورہ) سے معلوم ہوا کہ دوستی ہوتی ہے تناسب سے تو) جو شخص تم میں سے ان کے ساتھ دوستی کرے گا بے شک وہ (کسی خاص مناسبت کے اعتبار سے) ان ہی میں سے ہوگا (اور گو یہ امر بہت ہی ظاہر ہے لیکن یقیناً اللہ تعالیٰ (اس امر کی) سمجھ ہی نہیں دیتے ان لوگوں کو جو (کفار سے دوستی کر کے) اپنا نقصان کر رہے ہیں (یعنی دوستی میں منہمک ہونے کی وجہ سے یہ بات ان کی سمجھ ہی میں نہیں آتی اور چونکہ ایسے لوگ اس امر کو نہیں سمجھتے) اسی لئے (اے دیکھنے والے) تم ایسے لوگوں کو کہ جن کے دِل میں (نفاق کا) مرض ہے دیکھتے ہو کہ دوڑ دوڑ کر ان (کفار) میں گھستے ہیں (اور کوئی ملامت کرے تو حیلہ بازی اور سخن سازی کیلئے یوں) کہتے ہیں کہ (ہمارا ملنا ان کے ساتھ دِل سے نہیں بلکہ دِل سے تو تمہارے ساتھ ہیں صرف ایک مصلحت سے ان کے ساتھ ملتے ہیں وہ یہ کہ) ہم کو اندیشہ ہے کہ (شاید انقلاب زمانہ سے)

www.besturdubooks.net

ہم پر کوئی حادثہ پڑ جاوے (جیسے قحط ہے تنگی ہے) اور یہ یہودی ہمارے ساہوکار ہیں ان سے قرض ادھار مل جاتا ہے اگر ظاہری میل جول قطع کر دیں گے تو وقت پر ہم کو تکلیف ہوگی۔ ظاہراً نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ کا یہ مطلب لیتے تھے لیکن دل میں اور مطلب لیتے کہ شاید آخر میں مسلمانوں پر کفار کے غالب آ جانے سے پھر ہم کو ان کی احتیاج پڑے (اس لئے ان سے دوستی رکھنا چاہیے) سو قریب امید (یعنی وعدہ) ہے کہ اللہ تعالیٰ (مسلمانوں کی) کامل فتح (کا دن ان کفار کے مقابلہ میں جن سے یہ دوستی کر رہے ہیں) ظہور فرماوے (جس میں مسلمانوں کی کوشش کا بھی دخل ہوگا) یا کسی اور بات کا خاص اپنی طرف سے (ظہور فرماوے یعنی ان کے نفاق کا علی التعیین بذریعہ وحی کے عام اظہار فرماویں جس میں مسلمانوں کی تدبیر کا اصلاً دخل نہیں مطلب یہ کہ مسلمانوں کی فتح اور ان کی پردہ دری دونوں امر قریب ہونے والے ہیں) پھر (اس وقت) اپنے (سابق) پوشیدہ دلی خیالات پر نادم ہوں گے (کہ ہم کیا سمجھتے تھے کہ کفار غالب آویں گے اور یہ کیا برعکس ہوگیا ایک ندامت تو اپنے خیال کی غلطی پر کہ امر طبعی ہے دوسری ندامت اپنے نفاق پر جس کی بدولت آج رسوا ہوئے مَآ اَسَرُّوْا میں یہ دونوں داخل ہیں اور یہ تیسری ندامت کفار کے ساتھ دوستی کرنے پر کہ رائیگاں ہی گئی اور مسلمانوں سے بھی برے بنے چونکہ یہ دوستی مَآ اَسَرُّوْا پر مبنی تھی لہٰذا ان دو ندامتوں کے ذکر سے یہ تیسری بلا ذکر صریح خود مفہوم ہوگئی) اور (جب اس زمانہ فتح میں ان لوگوں کا نفاق بھی کھل جاویگا تو آپس میں) مسلمان لوگ (تعجب سے) کہیں گے ارے کیا یہ وہی لوگ ہیں کہ بڑے مبالغہ سے (ہمارے سامنے) قسمیں کھایا کرتے تھے کہ ہم (دل سے) تمہارے ساتھ ہیں (یہ تو کچھ اور ہی ثابت ہوا اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ) ان لوگوں کی ساری کارروائیاں (کہ دونوں فریق سے بھلا رہنا چاہتے تھے سب) غارت گئیں جس سے (دونوں طرف سے) ناکام رہے (کیونکہ کفار تو خود مغلوب ہوگئے ان کا ساتھ دینا محض بیکار ہے اور مسلمانوں کے سامنے قلعی کھل گئی ان سے اب بھلا بننا دشوار وہی مثل ہوگئی از یں سو راندہ و از اں سو ماندہ)۔ ف: چنانچہ یہ پیشینگوئی صادق ہوئی ان منافقوں کی زیادہ دوستی مدینہ کے یہود اور مکہ کے مشرکین سے تھی کہ مکہ فتح ہوگیا اور یہود خستہ و خراب ہوئے جس کا ذکر کئی بار آ چکا ہے اور قرائن اور واقعات سے تو اکثر اوقات منافقین کا نفاق کھلتا رہتا تھا مگر عموم فتوحات کے بعد تصریحاً تعیینًا معلوم کرا دیا گیا اور یہ جو فرمایا کہ یہ نادم ہونگے اگر کسی کو شبہ ہو کہ ندامت تو توبہ ہے تو اس سے تو ان کا تائب ہونا لازم آتا ہے اور اس کے بعد متصل ہی ان کے حبط اعمال اور خسران کے ذکر سے ان پر ملامت مفہوم ہوتی ہے اور تائب پر ملامت نہیں ہوتی اس سے لازم آتا ہے کہ وہ تائب نہیں قرار دیئے گئے۔ جواب یہ ہے کہ ہر ندامت توبہ نہیں بلکہ وہ ندامت جس کے ساتھ معذرت اور اعتراف اپنی خطا کا اور کوشش تلافی و تدارک کی بھی ہو ان لوگوں نے ایسا نہیں کیا اور نہ دل سے مسلمان ہو جاتے اس لئے شرعاً تائب نہیں ہوئے۔ ربط: اوپر کفار کے ساتھ دوستی کرنے سے خود دوستی کرنے والوں کے ضرر کا بیان تھا آگے مرتدین کے ذکر سے اس دوستی مذکور کا اسلام کو ضرر نہ پہنچنا مبالغہ کے ساتھ مذکور ہے کہ جب ارتداد سے جو کہ بالکل کافر ہی بن جانا ہے اسلام کو کوئی ضرر نہیں پہنچتا تو کفار کے ساتھ کسی کے دوستی کرنے سے تو اسلام کا کیا ضرر ہوگا خود دوستی کرنے والے ہی کا ضرر ہے)۔

عدم تضرر اسلام از مرتدین: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ (الى قوله تعالى) وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ اے ایمان والو! (یعنی جو لوگ وقت نزول اس آیت کے ایمان والے ہیں) جو شخص تم میں سے اپنے (اس) دین سے پھر جاوے تو (اسلام کا کوئی نقصان نہیں کیونکہ اسلامی خدمات انجام دینے کے لئے) اللہ تعالیٰ بہت جلد (ان کی جگہ) ایسی قوم کو پیدا کر دے گا جن سے اللہ تعالیٰ کو محبت ہوگی اور ان کو اللہ تعالیٰ سے محبت ہوگی مہربان ہونگے وہ مسلمانوں پر تیز ہونگے کافروں پر (کہ ان سے) جہاد کرتے ہونگے اللہ کی راہ میں اور (دین اور جہاد کے مقدمہ میں) وہ لوگ کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کا اندیشہ نہ کرینگے (جیسا منافقین کا حال ہے کہ دبے دبائے جہاد میں جاتے تھے مگر اندیشہ لگا رہتا تھا کہ کفار جن سے دل میں دوستی ہے ملامت کرینگے یا اتفاق سے جن کے مقابلہ میں جہاد ہے وہی اپنے دوست یا عزیز ہوں تو سب دیکھتے سنتے طعن کریں گے کہ ایسوں کو مارنے گئے تھے) یہ (صفات مذکورہ) اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہیں عطا فرماویں اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والے ہیں (کہ اگر چاہیں سب کو یہ صفات دے سکتے ہیں لیکن) بڑے علم والے (بھی) ہیں (ان کے علم میں جس کو دینا مصلحت ہوتا ہے اس کو دیتے ہیں)۔ ف: چنانچہ بعضے لوگ مرتد ہوگئے تھے لیکن خدا تعالیٰ نے اپنی پیشینگوئی کے موافق مؤمنین مخلصین کے ہاتھوں عہد صدیقی میں ان کا استیصال فرما دیا بعض نے توبہ کر لی تھی بہر حال اسلام کو کوئی ضعف یا ضرر نہیں پہنچا اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ ارتداد سے اسلام کو ضرر نہ پہنچنے کی جو علت بیان کی گئی ہے وہ اس صورت میں جاری نہیں ہوتی جب خدانخواستہ سب مرتد ہو جاویں تو یہ حکم عام نہ رہا۔ جواب یہ ہے کہ اول تو دوسرے نصوص سے معلوم ہوا کہ یہ تقدیر ممتنع ہے دوسرے اگر اس سے قطع نظر کی جاوے تو مقصود اصلی اسلام کو حقیقی ضرر نہ پہنچنا ہے اور جو علت مذکور ہے وہ محض اس کا ایک طریق ہے اور حقیقی ضرر نہ پہنچنا دونوں صورتوں میں امر مشترک ہے کیونکہ اسلام کی مثال فن طب کی سی ہے اگر تمام مریض متفق ہو کر دوا چھوڑ دیں تو دوا کا یا فن طب کا کیا ضرر ہے دوا اور طلب کا جو کمال ہے کہ جو شخص اس کو استعمال کرے اس کو شفا اور نفع ہو یہ کمال اس کا اب بھی باقی ہے اسی طرح اسلام کا کمال فی نفسہ یہ ہے کہ جو اس پر عمل کرے اس کو نجات ہو پس بعض کے یا کل کے چھوڑ دینے سے خود اسی تارک کی نجات میں خلل پڑے گا اسلام کا کیا بگڑا۔ ربط: اوپر کفار سے دوستی کرنے کی ممانعت

www.besturdubooks.net

پھر ذکر مرتدین سے اس کی تاکید ارشاد فرمائی تھی آگے اللہ و رسول و مؤمنین سے دوستی کا علاقہ رکھنے کا حکم اور اس کی فضیلت و برکت فرماتے ہیں۔

اَمر بولایت اللہ و رسول و مؤمنین: اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ (الی قولہ تعالیٰ) وَهُمْ رٰكِعُوْنَ تمہارے دوست تو (جن سے تم کو دوستی رکھنا چاہیے) اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) اور ایماندار لوگ ہیں جو کہ اس حالت سے نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں کہ ان (کے دلوں) میں خشوع ہوتا ہے (یعنی عقائد اخلاق و اعمالِ بدنی و مالی سب کے جامع ہیں) وَمَنْ يَّتَوَلَّ (الی قولہ) هُمُ الْغٰلِبُوْنَ اور جو شخص (موافق مضمون مذکور) اللہ سے دوستی رکھے گا اور اس کے رسول سے اور ایماندار لوگوں سے سو (وہ اللہ کے گروہ میں داخل ہو گیا اور) اللہ کا گروہ بے شک غالب ہے (اور کفار مغلوب ہیں اور غالب کو مغلوب سے سازگاری اور دوستی کی فکر کرنا محض نازیبا ہے)۔ ف: اگر کسی کو شبہ ہو کہ ہم تو بعض اوقات مسلمانوں کو جو کہ حزب اللہ ہیں کفار سے مغلوب پاتے ہیں جواب یہ ہے کہ مدار اس حکم کا اللہ اور رسول اور مؤمنین کاملین کے ساتھ تعلق ولایت کا ہے سو اگر کہیں اس میں کمی ہو مثلاً اللہ و رسول کی کوئی معصیت سرزد ہوئی یا امام کی مخالفت کی ہو اور اکثر یہی ہوتا ہے وہ صورت تو مقصود بالحکم ہی نہیں اس لئے اس میں تو شبہ ہی کی گنجائش نہیں اور جہاں یہ بات نہ ہو اس کا جواب احقر کی تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے یعنی بعنوان دیگر یہ لوگ واقع میں ارفع اور کفار واقع میں ادون ہیں گو کسی وقت مثلاً دُنیا میں وہ بھی کسی خاص وقت تک ارفعیت کے آثار کسی خاص وجہ سے مثل حکمت ابتلاء وغیرہ کے ظاہر نہ ہوں لیکن ارفعیت باقی ہے اور اس کے آثار دوسرے وقت پر جو کہ ان کے ظہور کا اصلی و مقدر وقت ہے یعنی آخرت میں اور بعد چندے دنیا میں بھی ظاہر ہوں گے جیسے کوئی ذلیل رہزن کسی بڑے حاکم افسر کو کہیں سفر کی حالت میں لوٹ مار کرنے لگے مگر وہ اپنی خداداد عالی دماغی کی وجہ سے ہرگز اس ذلیل رہزن کی خوشامد نہ کرے گا حتیٰ کہ جب وہ افسر اپنے خاص دار الحکومت میں پہنچے گا اس رہزن کو گرفتار کر کے سزا دے گا پس اس عارضی غلبہ سے نہ اُس رہزن کو حاکم کہہ سکتے ہیں اور نہ اُس افسر کو محکوم بلکہ اصلی حالت کے اعتبار سے وہ رہزن اس غلبہ میں بھی محکوم ہے اور افسر اس مغلوبیت میں بھی حاکم ہے اسی معنیٰ کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ایک مختصر اور سلیس عنوان سے تعبیر فرمایا ہے: ان لم ينصروا في الدنيا ينصروا في الأخرة كما في حاشية البيضاوي عن جامع البيان في سورة الصٰفّٰت قوله تعالٰى انهم لهم المنصورون اور تقریر پر ان آیات میں بھی شبہ نہیں رہا جن میں تصریح ہے غلبہ فی الدنیا کی جیسے: اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ [المؤمن: ۵۱] کیونکہ بالمعنی المذکور دنیا میں ہمیشہ غلبہ حاصل ہے گو اس کا خاص وقت تک ظہور نہ ہو پھر باعتبار مجموع قوم کے تو دنیا میں بھی انجام کار ظہور ہوتا ہے اور ہر فرد کے اعتبار سے آخرت میں ہوگا جیسے کوئی یوں کہے کہ تحصیلدار سفر میں بھی تحصیلدار ہے معزول نہیں گو بعضے آثار خاص یعنی غلبہ بالا بدان نمایاں نہ ہوں اسی کو دوسرے عنوان سے علماء نے تعبیر کیا ہے بالحجة و العواقب جیسا تحصیلدار قانونی حجت سے حاکم ہی ہے اور عارضی حالتوں کے بعد وہ آثار اخیر میں ظاہر ہوتے ہیں اور دوسری قومیں چونکہ دلیل سے باطل پر ہیں وہ اس تقریر سے منتفع نہیں ہو سکتے یا یوں کہا جاوے کہ مقصود اس عادت کا بیان کرنا ہے اور عادت میں اکثریت کافی ہے اور اس کا انکار نہیں ہو سکتا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَسَوْفَ ...... اس میں اہل اللہ کے طریق کی تصریح ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَيُؤْتُوْنَ الخ اس سے یہ امر بھی ماخوذ ہو سکتا ہے کہ اگر عین ذکر میں کسی ایسے شغل کا ہجوم و تقاضا ہو کہ اگر اس سے فارغ نہ ہو تو اس کا قلب مشغول رہے تو اسے جلدی فارغ ہو جانا مستحسن ہے اور اہل طریق کے نزدیک یہ معروف ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في بعضهم یعنی یہودی یہودی الخ فلا ينافي الآيات التي يفهم منها التعادی بين الفريقين ولما اريد بالموالاة التناسب لاينافي الآيات الدالة على تعادي اليهود فيما بينهم و كذا النصارى فيما بينهم و بهذه الارادة اتضح معنى فانه منهم ولا يلزم كفر المسلم و هذا التفسير من المواهب الخاصة وله الحمد ولا فخر ۱۲۔ ۲ قوله في لا يهدی سمجھ فالهداية بمعنى الايصال الى المطلوب و بقوله فيما بعد سمجھ میں نہیں آتی اشار الى ان محط الفائدة نفي هدايتهم لا اسناد هذا النفي الى الله تعالٰى فلا مس ههنا المسئلة القدر ۱۲۔ ۳ قوله في فترى اسی لئے فالفاء للترتيب على عدم الهداية ۱۲۔ ۴ قوله هناك۔ اے دیکھنے والے اشار به الى كون الخطاب لغير معين ۱۲۔ ۵ قوله في يسارعون گھستے اشارة الى تضمين معنى يسارعون الدخول كذا في الروح ۱۲۔ ۶ قوله في يقولون۔ دل سے تمہارے ساتھ دل عليه قوله فيما سيأتي انهم لمعكم وهو مذكور ايضا في الآيات الاخر كقوله تعالٰى في النساء الم تكن معكم و قوله تعالٰى في العنكبوت انا كنا معكم ۱۲۔ ۷ قوله في توضيح نخشٰی ظاہراً الى قوله لیکن دل میں دل عليه مجموع نفاقهم واسرارهم المدلول بقوله على ما اسروا لانهم لو لم يظهروا ذلك لظهر نفاقهم ولو لم يبطنوا هذا لما ندموا ولما وقع عليهم كثير ملامة و هذا جمع كما ذهب اليه صاحب الروح بين تفسير مجاهد و قتادة والسدی بغلبة الكفار و تفسير الكلبي بالجدب ۱۲۔ ۸ قوله في عسى اُمید یعنی وعدہ ماخذه الروح حيث قال فان عسى منه عزوجل وعد محتوم لان الكريم اذا اطمع اطعم فما ظنك باكرم

www.besturdubooks.net

الاکرمین ۱۲۔ ۹ قوله فی الفتح کامل لیدخل فیه جمیع الاقوال فی الفتح و تخصیصی بالیهود والمشرکین لما ان موالاتهم اکثر ما کانت مع هؤلاء ۱۲۔ ۱۰ قوله هناك کوشش دل علیه مقابلة قوله اوامر من عنده ۱۲۔ ۱۱ قوله فی امر من عنده۔ عام اظہار اورده فی الروح عن الحسن والزجاج و فی الکبیر و یدل علی هذا الظهور تعیینا قوله تعالٰی فی سورة محمد ولو نشاء لاریناکهم فلعرفتهم بسیماهم ولتعرفنهم فی لحن القول فانها مدنیة علی الراجح کما فی الاتقان و نقل فی الکمالین عن انس قال ما خفی علی رسول الله ﷺ بعد نزول الآیة شئی من المنافقین کان یعرفهم بسیماهم ۱۲۔ ۱۲ قوله هناك دونوں امر قریب او لمانعة الخلو یدل علیه وقوع کلا الامرین ورو ایاتا لفتح شهیرة واورده فی الحقانی لوم المسلمین للمنافقین بعد غزوة الاحزاب والله اعلم ماذا سنده ولکن قوله تعالٰی ام حسب الذین فی قلوبهم مرض ان لن یخرج الله اضغانهم کالصریح فی وقوع ابراز نفاقهم بعد نزوله ولعل التعبیر باد مراعاة لعسی فان کلیهما فیه ابهام والنکتة فی الابهام ان احتمال الفتح او امر من الله کان للامتناع عن افعالهم الشنیعة۔ ۱۳ قوله فی توضیح ندمین چونکہ یہ دوستی الخ اشارة الی نکتة تخصیص الندامة علی ما اسروا والمقام مقتض ایضا لذکر الندامة علی ما اظهروا من الموالاة ۱۲۔ ۱۴ قوله فی جهد مبالغہ لان الجهد هو المبالغة ۱۲۔ ۱۵ قوله قبل حبطت اللہ تعالٰی فرماتے ہیں هو احد القولین المفسرین والآخر انه تتمة لقول المؤمنین لکن ما اخترته هو اظهر ۱۲۔ ۱۶ قوله فی فاصبحوا جس سے اشارة الی کون الفاء للترتیب ۱۲۔ ۱۷ قوله فی آمنوا وقت نزول فلا یتوهم التنافی بین الایمان والارتداد ۱۲۔ ۱۸ قوله فی یأتی ان کی جگہ اشارة الی العائد فی الخبر الی المبتدأ ۱۲۔ ۱۹ قوله فی اذلة مہربان اشارة الی ان تعدیة اذلة بعلی لتضمنه معنی العطف والحنو ۱۲۔ ۲۰ قوله فی لا یخافون جیسا منافقین اشارة الی ان فی الکلام تعریضًا بالمنافقین المذکورین سابقًا ۱۲۔ ۲۱ قوله فی ف دوسرے نصوص کقوله تعالٰی لیظهره علی الدین کله و قوله علیه السلام لا یزال طائفة من امتی الحدیث ۱۲۔ ۲۲ قوله فی ولیکم جن سے تم کو دوستی اشارة ان الولی معناه من یجب لولیه واللفظ اخبار و معناه انشاء قرینة من یتول الله ۱۲۔ ۲۳ قوله فی وهم راکعون اس حالت سے الی خشوع اشارة الی امرین احدهما کونه حالا من الجملتین والثانی کون الرکوع بمعنی الخشوع کما فی قول الشاعر لاتهین الفقیر علك ان ترکع یوما الدهر قد رفعه و یدخل فیه الرکوع الشرعی دخولا اولیا فلا تنافی بین التفسیر و بعض اسباب النزول ۱۲۔

الرِّوَایَاتُ : فی الروح اخرج الحاکم و ابن مردویه و غیرهما عن ابن عباس قال اقبل ابن سلام و نفر من قومه آمنوا بالنبی ﷺ فقالوا یا رسول الله ﷺ ان قومنا لما رأونا آمنا فضونا و آلوا ان لا یجالسونا الی قوله النبی ﷺ انما ولیکم الله وقد سبق عن اللباب فی تمهید قوله تعالٰی اول الرکوع یا ایها الذین آمنوا لا تتخذوا الخ قصة عبادة بن الصامت و براء ته من موالاة حلفائه الی الله و رسوله و یفهم منها ان هذا مدح له و لا مثاله فافهم ولا یعارض کونها فی علیؓ کما فی اللباب فان اولها فی عبادة وامثاله وآخرها فی علیؓ۔

اَلْکَلَامُ : استدل الشیعة بالآیة باعتبار بعض اسباب النزول علی الولایة العامة متصلا برسول الله صلی الله علیه وسلم والجواب ظاهر فان الولایة ههنا المحبة بقرینة السیاق والسباق لا الولایة بالتصرف ولو سلم فلا دلیل علی العموم ولو سلم فلا دلیل علی الاتصال و بسط القول فیه فی الروح ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَۃِ: فی البیضاوی و یقول الذین بالرفع قراء ة عاصم و حمزة والکسائی علی انه کلام مبتدأ و یؤیده قراءةً ابن کثیر ونافع بن عامر مرفوعه بغیر واو علی انه جواب قائل یقول فما ذا یقول المؤمنون و بالنصب قراءةً ابی عمرو و یعقوب عطفا علی ان یأتی باعتبار المعنی وکانه قال عسی ان یأتی الله بالفتح و یقول الذین آمنوا اه فی الحاشیة لاباعتبار اللفظ لانه لا ضمیر فی قوله و یقول الی الله تعالٰی ۱۲۔

اَللُّغَاتُ : الدائرة فی الروح عن القاموس نوائب الزمان بملاحظة احاطتها وهی من الصفات الغالبة التی لا یذکر موصوفها کان فی الاصل داورة ۱۲۔

اَلنَّحْوُ : جهد ایمانهم فی البیضاوی اغلظها وهو فی الاصل مصدر و نصبه علی الحال علی تقدیر واقسموا بالله یجتهدون جهد ایمانهم فخذف الفعل واقیم المصدر مقامه و لذلك ساغ کونها معرفة او علی المصدر لانه بمعنی اقسموا ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃُ: ترك العطف بین اذلة واعزة للایذان یکون کل من الوصفین مستقلا بالتمدح به ۱۲۔ قوله لومة لائم التاء للوحدة فی

www.besturdubooks.net

الاصل لكنها ليست بمرادة والالفات البلاغة لانه يوهم انهم لا يخافون لومة واحدة والحال ان القصد انتفاء خوفهم من مطلق اللوم فعلم ان المراد هو الجنس لكن الاتيان بالتاء للاشارة الى ان جنس اللوم عندهم بمنزلة لومة واحدة والقرينة على هذا التجوز كون المقام للمدح۱۲۔ قوله انما وليكم الخ فى الروح كانه قيل لا تتخذوا اولئك اولياء لان بعضهم اولياء بعض وليسو باولياء كم انما وليكم الله الخ وافرد الولى مع تعدده ليفيدان الولاية لله تعالى بالاصالة ولمن بعده بالتبع۔

وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۵۶﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ع ۸/۶ ۱۲
لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ
وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ؕ ذٰلِكَ
بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۵۸﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّاۤ اِلَّاۤ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَاۤ اُنْزِلَ
مِنْ قَبْلُ ۙ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۵۹﴾ قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ
وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ
عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۶۰﴾

اور جو شخص اللہ سے دوستی رکھے گا اور اس کے رسول سے اور ایماندار لوگوں سے سو اللہ کا گروہ بلاشک غالب ہے۔ اے ایمان والو جن لوگوں کو تم سے پہلے کتاب مل چکی ہے جو ایسے ہیں کہ انہوں نے تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل بنا رکھا ہے ان کو اور دوسرے کفار کو دوست مت بناؤ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو اگر تم ایماندار ہو اور جب تم نماز کے لئے اعلان کرتے ہو تو وہ لوگ اسکے ساتھ ہنسی اور کھیل کرتے ہیں یہ اس سبب سے ہے کہ وہ لوگ ایسے ہیں کہ بالکل عقل نہیں رکھتے۔ آپ کہہ دیجئے کہ اے اہل کتاب تم ہم میں کونسی بات معیوب پاتے ہو بجز اسکے کہ ہم ایمان لائے ہیں اللہ پر اور اس کتاب پر جو ہمارے پاس بھیجی گئی ہے باوجود اس کے کہ تم میں اکثر لوگ ایمان سے خارج ہیں۔ آپ کہئے کہ کیا میں تم کو ایسا طریقہ بتلاؤں جو اس سے بھی خدا کے یہاں پاداش ملنے میں زیادہ برا ہو۔ وہ ان اشخاص کا طریقہ ہے جن کو اللہ تعالیٰ نے دور کر دیا ہو اور ان پر غضب فرمایا ہو اور ان کو بندر اور سؤر بنا دیا ہو اور انہوں نے شیطان کی پرستش کی ہو ایسے اشخاص مکان کے اعتبار سے بھی بہت برے ہیں اور راہ راست سے بھی بہت دور ہیں ۞

تفسیر ربط: اوپر یہود و نصاریٰ سے دوستی کی ممانعت اس علت سے تھی کہ تم میں اور ان میں مناسبت نہیں اور اس کے ضمن میں منافقین اور مرتدین کا ذکر آ گیا تھا آگے مضمون مذکور کی ایک خاص علت یعنی استہزاء بالدین جو کہ اس عدم مناسبت کے آثار میں سے ہے اور یہود و نصاریٰ کے مثل دوسرے کفار جیسے مشرکین کے ساتھ دوستی کرنے کی ممانعت بھی بیان فرماتے ہیں پس گویا یہ تتمہ ہے ماقبل کا۔

تتمہ حکم چہاردہم: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ (الى قوله تعالى) ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ۔ اے ایمان والو! جن لوگوں کو تم سے پہلے کتاب (آسمانی یعنی توریت و انجیل) مل چکی ہے (مراد یہود و نصاریٰ) جو ایسے ہیں کہ انہوں نے تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل بنا رکھا ہے (جو علامت ہے تکذیب کی) ان کو اور (اسی طرح) دوسرے کفار کو (بھی جیسے مشرکین وغیرہ) دوست مت بناؤ (کیونکہ اصل علت کفر و تکذیب تو مشترک ہے) اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو اگر تم ایماندار ہو (یعنی ایماندار تو ہو ہی پس جس چیز سے اللہ تعالیٰ نے منع کیا ہے اس کو مت کرو) اور (جیسے اصول دین کے ساتھ استہزاء کرتے ہیں اسی طرح فروع کے ساتھ بھی چنانچہ) جب تم نماز کے لئے (اذان کے ذریعہ سے) اعلام کرتے ہو تو وہ لوگ (تمہاری) اس عبادت کے ساتھ (جس میں اذان اور نماز دونوں آ گئیں) ہنسی اور کھیل کرتے ہیں (اور) یہ (حرکت) اس سبب سے ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں کہ بالکل عقل نہیں رکھتے (ورنہ امر حق کو سمجھتے اور اس کے ساتھ ہنسی نہ کرتے)۔

ف: یہ اشارہ ہے دو قصوں کی طرف ایک یہ کہ جب اذان ہوتی اور مسلمان نماز شروع کرتے تو یہود کہتے یہ کھڑے ہوئے ہیں خدا کرے کبھی کھڑا ہونا نصیب نہ ہو اور جب ان کو رکوع و سجدہ کرتے دیکھتے تو ہنستے اور تمسخر کرتے اخرجه البيهقي في الدلائل من طريق الكلبي عن ابي صالح عن ابن عباسؓ۔ دوسرا قصہ یہ کہ مدینہ میں ایک نصرانی تھا جب اذان میں سنتا اشہد ان محمداً رسول اللہ تو کہتا قد حرق الكاذب یعنی جھوٹا جل جاوے ایک شب ایسا اتفاق ہوا کہ وہ اور اس کے اہل و عیال سب سو رہے تھے کہ کوئی خادم گھر میں آگ لے کر گیا ایک چنگاری گر پڑی وہ اور اس کا گھر اور گھر والے سب جل گئے۔ اخرجہ ابن جریر وغیرہ

www.besturdubooks.net

عن السدی یہ تو الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ کے مصداق تھے اور اَلْکُفَّارَ کے مصداق ایک قصہ ہوا تھا کہ رفاعہ بن زید بن تابوب اور سوید بن الحارث نے منافقانہ اظہار اسلام کیا تھا بعضے مسلمان ان سے اختلاط رکھتے تھے اخرجہ ابن اسحٰق و جماعۃ عن ابن عباسؓ ان سب واقعات پر یہ آیتیں نازل ہوئیں و الروایات کلھا فی الروح۔ رَبط: اوپر کفار اہل کتاب کا اسلامی طریقہ کے ساتھ خاص طور پر استہزاء و تکذیب کرنا مذکور تھا آگے اسلامی طریقہ میں جس پر مؤمنین قائم تھے اور ان کے مخترع طریقہ میں موازنہ کر کے تنبیہ فرمانا مقصود ہے کہ استہزاء و تکذیب کے لائق کونسا طریقہ ہے۔

جواب: استہزاء مذکور بہ بیان موازنہ بین الطریقین: قُلْ یٰٓاَھْلَ الْکِتٰبِ ھَلْ تَنْقِمُوْنَ (الی قولہ تعالٰی) وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِیْلِ۔ آپ (ان سے) کہیے کہ اے اہل کتاب تم (دین کے باب میں) ہم میں کونسی بات معیوب پاتے ہو (جس پر ہنسی کرتے ہو) بجز اس کہ ہم ایمان لائے ہیں اور اللہ پر اور اس کتاب پر جو ہمارے پاس بھیجی گئی ہے (یعنی قرآن) اور اس کتاب پر (بھی) جو (ہم سے) پہلے بھیجی جا چکی ہے (یعنی تمہاری کتاب توریت و انجیل) باوجود اس کے کہ تم میں اکثر لوگ (ان کتب مذکورہ پر دائرہ) ایمان سے خارج ہیں (نہ قرآن پر تمہارا ایمان ہے جیسا کہ ظاہر ہے اور نہ توریت و انجیل پر کیونکہ ان میں خود تصدیق ہے قرآن کی پس قرآن کی تکذیب ان کے اس جزوی تکذیب ہے اور جزوی اور کل کی تکذیب برابر ہے مطلب یہ کہ باوجود تمہارے کسی کتاب پر ایمان نہ رکھنے کے ہم جو سب کتابوں پر ایمان رکھتے ہیں جو کہ واقع میں ہماری خوبی اور تمہارا عیب ہے کیا اپنے عیب کو خوبی اور ہماری خوبی کو عیب سمجھتے ہو اور اے محمد ﷺ) آپ (ان سے) کہیے کہ (اگر اس پر بھی ہمارے طریقہ کو برا سمجھتے ہو تو آؤ) کیا میں (موازنہ کے لئے) تم کو ایسا طریقہ بتلاؤں جو (ہمارے) اس (طریقہ) سے بھی (جس کو تم برا سمجھ رہے ہو) خدا کے یہاں پاداش ملنے میں زیادہ برا ہو وہ ان اشخاص کا طریقہ ہے جن کو (اس طریقہ کی بدولت) اللہ تعالیٰ نے (اپنی رحمت سے) دور کر دیا ہو اور ان پر غضب فرمایا ہو ان کو بندر اور سور بنا دیا ہو اور انہوں نے شیطان کی پرستش کی ہو (اب دیکھ لو کہ کون سا طریقہ برا ہے آیا وہ طریقہ جس میں غیر اللہ کی عبادت ہو اور اس پر یہ وبال نازل ہوں یا وہ طریقہ جو سر تا سر توحید اور نبوۃ انبیاء ﷺ کی تصدیق ہو یقیناً موازنہ کا نتیجہ یہی ہے کہ) ایسے اشخاص (جن کا طریقہ ابھی مذکور ہوا آخرت میں) مکان کے اعتبار سے بھی (جو ان کو پاداش میں ملے گا) بہت برے ہیں (کیونکہ یہ مکان دوزخ ہے) اور (دنیا میں) راہ راست (توحید و تصدیق رسالت) سے بہت دور ہیں (پس ایسے اشخاص کا طریقہ جو کہ سبب ہے جہنم میں جانے اور دوری از حق کا لامحالہ بہت برا ہوا اور تم بھی اسی طریقہ پر ہو پھر کیا منہ لے کر ہنستے ہو)۔ ف: یہ حالتیں یہود و نصاریٰ میں پائی جاتی تھیں چنانچہ گوسالہ پرستی کا وقوع یہود میں اور اتخاذ احبار و رہبان و مسیح کا وقوع جو کہ شرک بامر شیطانی ہے نصاریٰ میں اور امت موسویہ میں اصحاب سبت کا بندر ہو جانا اور امت عیسویہ میں اہل[2] مائدہ کا کفران مائدہ سے بندر اور خنزیر ہو جانا اور نقض میثاق و تکذیب نبوات سے ملعون و مغضوب ہونا مشہور آیات و احادیث میں جابجا مذکور ہے اور یہ جو فرمایا کہ تم میں اکثر لوگ ایمان سے خارج ہیں اکثر اس لئے فرمایا کہ بعض بعض ہر زمانہ میں ایمان کے ساتھ متصف رہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰہِ۔ اگر اس غلبہ کی تفسیر قوت قلب سے کی جاوے تو فہم میں اسہل ہو جاوے اور اہل اللہ پر خواہ اسباب مغلوبیت کا ظاہراً کتنا ہی ہجوم ہو مگر بوجہ توکل اور تعلق مع اللہ کے ان کو ضعف و استکانت نہیں ہوتا قولہ تعالیٰ: لَا تَتَّخِذُوا الَّذِیْنَ الخ اس میں ایسے شخص سے علیحدگی رکھنے پر دلالت ہے جو اہل اللہ کے اور ان کے طریق کے ساتھ تمسخر کرے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ مَنْ لَّعَنَہُ اللّٰہُ الخ اس میں دلالت ہے کہ جب مصلحت دینیہ ہو تو مخالف کی ذم کو خوب ظاہر کر دے اور یہ صبر و حلم کے منافی نہیں ۱۲۔

الحواشی: (۱) قولہ اظھر خبر لقولہ استھزائھم ۱۲۔ (۲) فی اہل مائدہ کا کما رواہ الترمذی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی من الذین اوتوا جوایسے ہیں لم یزد قبلہ ان میں سے اشارۃ الی ان من للتبیین لا للتبعیض لانھم کلھم کانوا کذلک کما اشار الیہ بقولہ جو علامت ہے تکذیب کی و قولہ کیونکہ اصل علت الخ فافھم فلا ساغ لمن یقول ان حرمۃ التولی مخصوصۃ بالمستھزئین ویجوز مع غیرھم فافھم ۱۲۔ ۲ قولہ فی الکفار مشرکین وغیرہ دخل فی الغیر المنافقون المذکورون فی الروایۃ الثالثۃ فی المتن واستھزائھم صریحًا ومنہ اظھار الاسلام وابطان الکفر کما نقل عنھم قالوا انا معکم انما نحن مستھزءون و بمعنی الکتذیب ظھر[1] من ان یخفی ۱۲۔ ۳ قولہ فی اتخذوھا عبادت اشارۃ الی ان المرجع المناداۃ والصلوٰۃ کلاھما کما یشھد بہ الروایات المذکورۃ فی المتن ووحدۃ الضمیر بتاویل العبادت ۱۲۔ ۴ قولہ فی التمھید خاص طور پر لان مطلق الاستھزاء والتکذیب کان عاما لجمیع الکفار ۱۲۔ ۵ قولہ فی تنقمون دین کے باب میں لان الکلام فیہ ولم یقصد الی تزکیۃ انفسھم مطلقًا ۱۲۔ ۶ قولہ فی وان اکثرکم باوجود اس کے اختار من وجوہ الترکیب فیہ ما فی الروح قیل ھو مبتدأ خبر محذوف والجملۃ حالیۃ اخترتہ لسھولۃ المعنی علیہ ولتائیدہ بقراءۃ نعیم بن میسرۃ وان اکثرکم بکسر الھمزۃ ۱۲۔ ۷ قولہ فی شر من ذلک جس کو تم برا سمجھ رہے ہو اخذتہ مما فی الروح والاشارۃ الی الذین

www.besturdubooks.net

المنقوم لهم واعتبرت الشرية بالنسبة اليه مع انه خير محض منزه عن شائبة الشرية بالكلية مجاراة معهم على زعمهم الباطل ۱۲۔ ۸ قوله في من لعنه ان اشخاص کا طریقہ لما في الروح اى دين من لعنه ۱۲۔ ۹ قوله في شر مكانا بہت برے ہیں بہت دور ہیں اشارة الى توجيه آخر في شر هو ان المقصود من صيغتي التفضيل الزيادة مطلقا من غير نظر الى مشاركة غير في ذلك و تفسير المكان بجهنم من الروح ۱۲۔ ۱۰ قوله في توضيح اولئك ایسے اشخاص کا طریقہ الخ زادوه لان المقام لبيان شرية الطريق لا اهل الطريق لكنه اتى بطريق البرهان والاستدلال من الملزوم على اللازم ماخذه الروح حيث قال فاذا كانوا اضل كان دينهم ضلالا مبنيا لاغاية ورائه ۱۲۔ ۱۱ قوله في ف بامر شیطانی فالعبادة كما في الروح مجاز عن الاطاعة ۱۲۔

الرِّوَايَات: في اللباب روى ابو الشيخ و ابن حبان عن ابن عباس قال كان رفاعة بن زيد بن التابوت و سويد بن الحرث قد اظهرا الاسلام و نافقا و كان رجل من المسلمين يوادهما فانزل الله يايها الذين آمنوا لا تتخذوا الذين اتخذوا دينكم الى قوله بما كانوا يكتمون و به قال اتي النبي ﷺ نفر من يهود فيهم ابو ياسر بن اخطب و نافع بن ابي نافع و غازى بن عمرو فسالوه عمن يؤمن به من الرسل قال او من بالله وما انزل الى ابراهيم و اسمٰعيل واسحٰق و يعقوب والاسباط وما اوتى موسٰى و عيسٰى وما اوتى النبيون من ربهم لا نفرق بين احد منهم و نحن له مسلمون فلما ذكر عيسى اجحدوا نبوته و قالوا لا نؤمن بعيسى ولا بمن آمن به فانزل الله فيهم قل يا اهل الكتٰب هل تنقمون من الآية وفي الروح عن الطبراني قالوا لا نعلم ديناشرا من دينكم فانزل الله تعالٰى الآية اه قلت وما ذكرت من تقرير الربط مبنى على الرواية الاولى الدالة على كون هذه الآيات مع السابقة عليها منزلة في وقت واحد ويمكن ان تكون القصة الثانية قد وقعت ايضا ثم نزلت الآيات بعد الاسباب جميعا فافهم وبالرواية الثانية اتضح استحسان لفظا الشرفي في قوله انبئكم بشر من ذلك ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَة: قرأ الكسائي والكفار بالجر عطفا على الموصول الاخير فهم ايضا من جملة المستهزئين واما على قراءة النصب فلم يصرح بكونهم مستهزئين ههنا كما صرح به في قوله تعالٰى كفيناك المستهزئين وغيره لنكتة وهي ان غير اهل الكتاب لا يستبعد منهم الاستهزاء لكن عجيب كل العجب من اهل العلم ۱۲۔ قرأ حمزة عبد بفتح العين وضم الباء و فتح الدال و خفض الطاغوت على ان عبد واحد مراد به الجنس والنصب بالعطف على القردة والخنازير ۱۲۔

اللُّغَات: قوله هل تنقمون هل تنكرون و تعيبون منا وهو من نقم منه كذا اذا نكره و كرهه من حد ضرب كذا في الروح ۱۲۔

النَّحْو: قوله عبد الطاغوت معطوف على لعنه اے ومن عبد الخ ۱۲۔ قوله الا ان والمستثنٰى منه محذوف اى شيئا كما في الروح ۱۲۔

البَلَاغَة: قوله الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا في الروح رتب سبحانه النهى على وصف يعمهما وغيرهما تعميما للحكم و تنبيها على العلة وايذانا بان من هذا شانه جدير بالمعادات فكيف بالموالاة ۱۲۔ قوله وَالْكُفَّارَ اريد به ههنا غير اهل الكتب واخصوا به مع عموم الوصف لاهل الكتب ايضا لتضاعف كفرهم ۱۲۔ قوله اتَّخَذُوْا بين استهزائهم بحكم خاص من الدين بعد استهزائهم بالدين على الاطلاق اظهار الكمال شقاوتهم من الروح ۱۲۔ قوله هزوا ولعبا يفهم من الكبير ان الاستهزاء باعتبار فعلهم الظاهرى واللعب باعتبار اعتقادهم الباطني حيث يعتقدونه خاليا عن الفائدة ۱۲۔ لعل الترتيب في اوصافهم من اللعن والغضب وما بعدهما من باب الترقي والتدرج لان الغضب اشد من اللعن والمسخ ابلغ فيه و مؤكد له و عبادة الطاغوت التي هي شرك اشد مما قبله الذى يصح ترتبه احيانا على مطلق المعصية ولا ترتب في كون الاتخاذ شركا فصح كون الفريقين عابدين للطاغوت في اشراكهم ۱۲۔

وَاِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿۶۱﴾

وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۲﴾

لَوْلَا يَنْهٰىهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا

www.besturdubooks.net

يَصْنَعُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ۚ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ۚ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا ۚ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۶۴﴾

اور جب یہ لوگ تم لوگوں کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے حالانکہ وہ کفر ہی کو لے کر آئے تھے اور کفر ہی کو لے کر چلے گئے اور اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں جس کو یہ پوشیدہ رکھتے ہیں اور آپ ان میں بہت آدمی ایسے دیکھتے ہیں کہ دوڑ دوڑ کر گناہ اور ظلم اور حرام مال کھانے پر گر گئے ہیں واقعی یہ اُن کے برے کام ہیں۔ ان کو مشائخ اور علما گناہ کی بات کہنے سے اور حرام مال کھانے سے کیوں منع نہیں کرتے۔ واقعی یہ ان کی عادت بری ہے اور یہود نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا ہاتھ بند ہو گیا ہے ان ہی کے ہاتھ بند ہیں اور اپنے کہنے سے یہ رحمت سے دور کر دیئے گئے بلکہ ان کے تو دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں جس طرح چاہتے ہیں خرچ کرتے ہیں اور جو مضمون آپ کے پاس آپ کے پروردگار کی طرف سے بھیجا جاتا ہے وہ ان میں سے بہتوں کا سرکشی کے اور کفر کی ترقی کا سبب ہو جاتا ہے اور ہم نے ان میں باہم قیامت تک عداوت اور بغض ڈال دیا ہے۔ جب کبھی لڑائی کی آگ بھڑکانا چاہتے ہیں حق تعالیٰ اس کو فرو کر دیتے ہیں اور ملک میں فساد کرتے پھرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ فساد کرنے والوں کو محبوب نہیں رکھتے ۞

تفسیر ربط: جن سے دوستی کرنے کی اوپر ممانعت فرمائی ان میں بعضے منافق تھے جو اوپر بھی لفظ الکفار میں یا عموم لفظ یہود میں داخل ہو کر مذکور ہیں آگے ان کی ایک خاص حالت بیان فرماتے ہیں۔

بعض حال منافقین: وَاِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا (الی قولہ تعالی) بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ اور جب یہ (منافق) لوگ تم لوگوں کے پاس (یعنی رسول اللہ ﷺ کی مجلس میں جہاں مسلمانوں کا مجمع ہوتا ہے) آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے حالانکہ وہ (بالکل جھوٹے ہیں کیونکہ وہ) کفر ہی کو لے کر (مجلس میں) آئے تھے اور (اسی طرح) کفر ہی کو لے کر (باہر) چلے اور اللہ تعالیٰ (ان مکاروں کے کذب اور نفاق پر خوب سزا دیں گے کیونکہ وہ) تو خوب جانتے ہیں جس (عقیدہ) کو یہ (اپنے دل میں) پوشیدہ رکھتے ہیں (کہ وہ عقیدہ کفر ہے)۔

ربط: یہود کے کچھ حالات اوپر دوسرے فرق کفار کے ساتھ مذکور ہوئے ہیں کچھ حالت آگے بیان فرماتے ہیں۔

بعضے حالات یہود: وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى الْاِثْمِ (الی قولہ تعالی) لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۳﴾ اور آپ ان (یہودیوں) میں بہت آدمی ایسے دیکھتے ہیں جو دوڑ دوڑ کر گناہ (یعنی جھوٹ) اور ظلم اور حرام (مال) کھانے پر گرتے ہیں واقعی ان کے یہ کام برے ہیں (یہ تو عوام کا حال تھا آگے خواص کا حال ہے کہ) ان کو مشائخ اور علماء گناہ کی بات کہنے سے (یعنی جھوٹ بولنے سے) اور حرام مال کھانے سے (باوجود علم مسئلہ و اطلاع واقعہ کے) کیوں نہیں منع کرتے واقعی ان کی یہ عادت بری ہے۔

ربط: آگے بھی مثل سابق کے یہود کے بعض حالات خاص مذکور ہیں جس کا قصہ یہ ہوا تھا کہ بعض یہود نے یعنی نباش بن قیس اور فخاص رئیس یہود قینقاع نے حق تعالیٰ کی جناب میں گستاخانہ الفاظ بخل وغیرہ کے کہے اس پر اگلی آیت نازل ہوئی کذا فی اللباب بروایۃ الطبرانی عن ابن عباسؓ وبروایۃ ابی الشیخ عنہ اور وجہ اس گستاخی کی یہ ہوئی تھی کہ پہلے یہود پر رزق کی فراغت تھی جب حضور ﷺ تشریف لائے اور وہ آپ کے ساتھ عداوت و مخالفت سے پیش آئے تو رزق کی تنگی ہوگئی اس پر یہ بیہودہ باتیں کہنے لگے اوردہ فی المعالم عن ابن عباسؓ وعکرمۃ والضحاک وقتادۃ اور معالمؒ میں وہ قول ان ہی الفاظ سے نقل کیا ہے يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ اور ہر چند کہ کہنے والے دو ہی شخص تھے لیکن چونکہ اور یہود بھی اس سے مانع نہیں ہوئے بلکہ راضی رہے اس لئے اوروں کو بھی اس نسبت میں شریک فرمایا گیا۔

نقل قول یہود و تقبیح شان: وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ اور یہود نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا ہاتھ بند ہو گیا ہے (یعنی نعوذ باللہ بخل کرنے لگا ہے درحقیقت) ان ہی کے ہاتھ بند ہیں (یعنی واقع میں خود عیب بخل میں مبتلا ہیں اور خدا پر عیب دھرتے ہیں) اور اپنے اس کہنے سے یہ رحمت (الٰہی) سے دور کر دیئے گئے (جس کا اثر دنیا میں ذلت اور قید اور قتل وغیرہ ہے اور آخرت میں عذاب جہنم اور حاشا وکلا کہ خدا تعالیٰ میں اس کا احتمال بھی ہو) بلکہ ان کے تو دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں (یعنی بڑے جواد و کریم ہیں لیکن چونکہ حکیم بھی ہیں اس لئے) جس طرح چاہتے ہیں خرچ کرتے ہیں (پس یہود پر جو تنگی ہوئی اس کی علت حکمت ہے کہ ان کے کفر کا وبال ان کو چکھانا اور دکھانا ہے نہ یہ کہ بخل اس کی علت ہو) اور (یہود کے کفر اور سرکشی کی یہ حالت ہے کہ ان کو یہ توفیق نہ ہوگی کہ مثلاً اپنے قول کا بطلان بدلیل سن لیا تو اس سے توبہ کر لیں نہیں بلکہ) جو مضمون آپ کے پاس آپ کے پروردگار کی طرف سے بھیجا جاتا ہے وہ ان میں سے بہتوں کی سرکشی اور کفر کی ترقی کا سبب ہو جاتا ہے (اس طرح سے کہ وہ اس کا بھی انکار کرتے ہیں تو کچھ تو پہلا طغیان اور کفر تھا پھر اور بڑھ

www.besturdubooks.net

گیا) اور (ان کے کفر سے جو ان پر لعنت یعنی رحمت سے دوری واقع کی گئی ہے اس کے آثار دنیویہ میں سے ایک یہ ہے کہ) ہم نے ان میں باہم (دین کے باب میں) قیامت تک عداوت اور بغض ڈال دیا چنانچہ ان میں مختلف فرقے ہیں اور ہر فرقہ دوسرے کا دشمن چنانچہ باہم عداوت وبغض کی وجہ سے جب کبھی (مسلمانوں کے ساتھ) لڑائی کی آگ بھڑکانا چاہتے ہیں (یعنی لڑنے کا ارادہ کرتے ہیں) حق تعالیٰ اس کو فرو کردیتے ہیں (اور بجھا دیتے ہیں یعنی مرعوب ہو جاتے ہیں یا لڑ کر مغلوب ہو جاتے ہیں یا آپس میں اختلافات کی وجہ سے اتفاق کی نوبت نہیں آتی) اور (جب لڑائی سے رہ جاتے ہیں تو اپنی عداوت دوسری طرح نکالتے ہیں کہ) ملک میں (خفیہ) فساد کرتے پھرتے ہیں (جیسے نو مسلموں کو بہکانا لگائی بجھائی کرنا عوام کو توریت کے محرف مضامین سنا کر اسلام سے روکنا) اور اللہ تعالیٰ (چونکہ) فساد کرنے والوں کو محبوب نہیں رکھتے (یعنی مبغوض رکھتے ہیں اس لئے اس فساد کی ان کو خوب سزا ہوگی خواہ دنیا میں بھی ورنہ آخرت میں تو ضرور) **ف**: کفر وطغیان کے جو آثار دنیویہ اس مقام پر بطور واقعات کے مذکور ہیں کہ دنیا میں ذلیل اور خوار اور قتل وقید ہوئے اور ان میں مختلف فرقے ہو گئے اور لڑائی میں ناکام رہے آیت میں نہ ان کے لزوم کا دعویٰ ہے نہ ان کے خصوص کا پس یہ اعراض عامہ مفارقہ ہیں پس اگر یہ آثار کبھی مرتب نہ ہوں یا غیر کفار میں بھی پائے جاویں تو کوئی اشکال لازم نہیں آتا۔ غرض ان اعمال اور آثار میں سبب مسبب کا علاقہ ہے علت ومعلول کا نہیں اور یہود کا یہ قول گو اعتقاد سے نہ ہو جیسا ان کا اہل علم ہونا بظاہر اسی کو مقتضی ہے لیکن کلمۂ کفر پھر بھی کفر ہے اسی لئے لُعِنُوْا کی علت بِمَا قَالُوْا فرمائی گئی بما اعتقدوا نہیں فرمایا اور یہود کا بخل جو اس جگہ مذکور ہے سو یہ بخل تمام عالم میں مشہور ہے اور کثیرًا اس لئے فرمایا کہ بعضے ان مضامین کو سن کر ڈر جاتے اور ایمان لے آتے تھے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَتَرٰى كَثِيْرًا الخ اثم ایک رذیلہ ہے جو قوتِ نطقیہ سے پیدا ہوتا ہے اور عدوان ایک رذیلہ ہے جو قوتِ غضبیہ سے ناشی ہے اور اکل سحت ایک رذیلہ ہے جو قوت شہویہ پر مرتب ہوتا ہے (تو اس میں دلالت ہے کہ افعال کے مصادر ملکات ہیں) قولہ تعالیٰ: لَوْ لَا يَنْهٰهُمُ الخ روح میں ہے کہ جو فعل محض قصد سے صادر ہو وہ عمل ہے اور جو مزاولت واعتیاد سے صادر ہو وہ صنع ہے تو صنع میں زیادتی ہے عمل سے بس اس میں تنبیہ ہے کہ جو شیخ اور مقتدا باوجود امید اثر کے منع نہ کرے وہ زیادہ بدحال ہے اصل مرتکب سے کیونکہ مرتکب کے لئے داعی شہوت عارضی ہے اور اس شیخ کے لئے حب دنیا ہے جو ملکہ ہوگئی ہے اور حب دنیا شہوت سے اقبح ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في الكفر لےکر اشارة الى ان الباء للملابسة كما في الروح ۱۲۔ ۲؎ قوله في دخلوا مجلس لما في الروح نزلت كما قال السدى وقتادة في ناس من اليهود كانوا يدخلون على رسول الله صلى الله عليه وسلم فيظهرون له الرضا والايمان بما جاء نفاقا فالخطاب له عليه الصلوٰة والسلام مع من عنده من اصحابه رضى الله تعالىٰ عنهم ۱۲۔ ۳؎ قوله في خرجوا اسی طرح قلت وهو محط الفائدة اى لم ينتفعوا بحضورهم ولم يوثر فيهم ما سمعوا منك ۱۲۔ ۴؎ قوله في يسارعون ایسے اشارة الى كونه صفة لكثير او ترى بصرية ۱۲۔ ۵؎ قوله في الاثم یعنی جھوٹ القرينة عليه ما سيأتى من قولهم الاثم كذا في الجلالين والكمالين ۱۲۔ ۶؎ قوله في يعملون کام وفي يصنعون عادت ماخذه ما في الروح من ان الصنع ابلغ من العمل لانه رسوخ فيه فلذا ترجمت الصنع بالعادة التى هى موضوعة لتكرار المستلزم الرسوخ غالبًا وانما كان عدم النهى اشد من العمل لا باعتبار ذاته بل لان المعصية من الخواص ابعد واعجب خافهم فانه من المواهب ۱۲۔ ۷؎ قوله في ينهاهم باوجود الخ فان الذم يتوقف على هذين ۱۲۔ ۸؎ قوله في التمهيد معالم میں وظاهر القرآن يؤيده وما ذكر في اللباب من قول النباش ان ربك بخيل لعله رواية بالمعنى ويمكن ان يكون الآية رواية بالمعنى والامر فيه هين ۱۲۔ ۹؎ قوله في مغلولة یعنی بخل وقوله في مبسوطتان یعنی جواد اشارة الى ان غل اليد وبسطها كناية عن البخل والجود وقوله بڑے اشارة الى النكتة في التثنية فان اقصى ما تنتهى اليه همم الاسخياء لان يعطوا بكلتا يديهم هذا كله من الروح ۱۲۔ ۱۰؎ قوله في غلت ايديهم بخل میں مبتلا ہیں نقله في الخازن عن الزجاج فهى ح جملة اخبارية ويلزمه كون ما بعده كذلك ۱۲۔ ۱۱؎ قوله قبل بل حاشا وکلا اشارة الى انه عطف على مقدر يقتضيه المقام اى كلا ليس الشان كما زعموا بل الخ ۱۲۔ ۱۲؎ قوله قبل ينفق حكيم هذا القى في روعى اولا ثم رأيته في الروح ولله الحمد۔ ۱۳؎ قوله في يزيدن سبب اشارة الى ان الاسناد الى السبب ۱۲۔ ۱۴؎ قوله في اوقدوا یعنی ارادہ اشارة الى كونه كناية في الروح وقد كانت العرب اذا تواعدت للقتال جعلوا علامتهم ايقاد نار على جبل او ربوة ويسمونها نار الحرب وهى احدى نير ان مشهورة عندهم ۱۲۔

اللغات: في الروح عن البحر ان هذا التخصيص المدلول بلولا يتضمن التوبيخ ۱۲۔

النحو: في الروح فسادًا اما مفعول له او في موضع المصدر او حال من ضمير يسعون اى يسعون للفساد او سعى فساد او مفسدين ۱۲۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ : تخصیص هذه الاعمال بالذكر لكون الكذب معصية لسانية والظلم جارحية والاكل مالية فشمل الاقسام كلها ثم عدم ذكر الظلم فى الآية الثانية لعل النكتة فيه ان الظلم لتوقفه على اسباب كثيرة اقل ما يقع بخلاف اخويه فلما لم ينهوا عما يكثر وقوعه فما الذى يقل وقوعه كيف يتوقع منهم ان ينهوا عنه وهذا ايضا من المواهب ۲۔فى الروح قوله ينفق كيف يشاء ترك سبحانه ذكر ما ينفقه لقصد التعميم ۳۔

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ
وَالْاِنْجِيْلَ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ
وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۶﴾ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا ع ۹/۱۳
بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۷﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ
عَلٰى شَىْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ
مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۸﴾

اور اگر یہ اہل کتاب ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ضرور ان کی تمام برائیاں معاف کر دیتے اور ضرور ان کو چین کے باغوں میں داخل کرتے اور اگر یہ لوگ تورات کی اور انجیل کی اور جو کتاب ان کے پروردگار کی طرف سے ان کے پاس بھیجی گئی ہے۔ اس کی پوری پابندی کرتے تو یہ لوگ اوپر سے اور نیچے سے خوب فراغت سے کھاتے۔ ان میں ایک جماعت راہ راست پر چلنے والی ہے اور زیادہ ان میں ایسے ہی ہیں کہ ان کے کردار بہت برے ہیں۔ اے رسول صلی اللہ علیہ وسلم جو کچھ آپ کے رب کی جانب سے آپ پر نازل کیا گیا ہے آپ سب پہنچا دیجئے اور اگر آپ ایسا نہ کریں گے تو آپ نے اللہ تعالیٰ کا ایک پیغام بھی نہیں پہنچایا اور اللہ تعالیٰ آپ کو لوگوں سے محفوظ رکھے گا یقیناً اللہ تعالیٰ ان کافر لوگوں کو راہ نہ دیں گے۔ آپ کہئے کہ اے اہل کتاب تم کسی راہ پر نہیں ہو جب تک کہ تورات کی اور انجیل کی اور جو کتاب تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے بھیجی گئی ہے اس کی پوری پابندی نہ کرو گے اور ضرور جو مضمون آپ کے پاس آپ کے رب کی طرف سے بھیجا جاتا ہے۔ وہ ان میں سے بہتوں کی سرکشی اور کفر کی ترقی کا سبب ہو جاتا ہے تو آپ ان کافر لوگوں پر غم نہ کیا کیجئے ۞

تفسیر ربط : اوپر بعض آیات میں یہود کی اور بعض میں نصاریٰ کی اور بعض میں دونوں کی تفضیح اور ان کے احوال و اقوال کفریہ مذکور ہیں آگے فریقین کو ایمان کے برکاتِ اخرویہ و دنیویہ سنا کر ایمان کی ترغیب دیتے ہیں اور برکاتِ اخرویہ کے ضمن میں ایمان لانے پر ان سب جنایات و کفریات کے عفو کا باوجود ان کی غایت قباحت و شناعت کے وعدہ اور برکاتِ دنیویہ کے ضمن میں ان پر تنگی رزق کے جس سے يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ کہنے کی نوبت آئی سبب پر تنبیہ کہ وہ ترک احکامِ الٰہی ہے نیز ارشاد ہے۔

ترغیبِ ایمان اہل کتاب را بہ ذکر برکات او در دارین : وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالیٰ) وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ اور اگر یہ اہل کتاب (یہود و نصاریٰ جن امور حقہ کے منکر ہیں جیسے رسالت محمدیہ و حقیقت قرآن ان سب پر) ایمان لے آتے اور (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطہ سے جن امور کا کفر و معصیت ہونا بتلایا گیا ہے ان سب سے) تقویٰ (یعنی پرہیز) اختیار کرتے تو ہم ضرور ان کی تمام (گذشتہ) برائیاں (کفر اور شرک اور معاصی جن میں سب اقوال و احوال آ گئے) معاف کر دیتے اور (معاف کر کے) ضرور ان کو چین (اور آرام) کے باغوں میں (یعنی بہشت میں) داخل کرتے (یہ تو برکات اخرویہ ہوئیں) اور اگر یہ لوگ (ایمان اور تقویٰ مذکور اختیار کرتے جس کو بعنوانِ دیگر یوں کہا جاتا ہے کہ) توریت کی اور انجیل کی اور جو کتاب ان کے پروردگار کی طرف سے (اب) ان کے پاس (بواسطۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے) بھیجی گئی (یعنی قرآن) اس کی پوری پابندی کرتے (یعنی ان میں جس جس بات پر عمل کرنے کو لکھا ہے سب پر پورا عمل کرتے اس میں تصدیق رسالت بھی آ گئی اور اس سے احکام محرفہ و منسوخہ نکل گئے کیونکہ ان کتب کا مجموعہ ان پر عمل کرنے کو نہیں بتلاتا بلکہ منع کرتا ہے) تو یہ لوگ (بوجہ اس کے کہ) اوپر سے (یعنی آسمان سے پانی برستا) اور نیچے سے (یعنی زمین سے پیداوار ہوتی) خوب فراغت سے کھاتے (برکتے یہ ایمان کی برکاتِ دنیویہ کا ذکر ہوا لیکن یہ کفر پر مصر رہے اس لئے تنگی میں پکڑے گئے جس پر بعض نے حق تعالیٰ کی شان میں بخل کی نسبت کر کے گستاخی کی مگر پھر بھی سب یہود و نصاریٰ برابر نہیں چنانچہ) ان (ہی) میں ایک جماعت راہ راست پر چلنے والی (بھی) ہے (جیسے یہود میں حضرت عبداللہ بن سلام اور ان کے

www.besturdubooks.net

ہمراہی اور نصاریٰ میں حضرت نجاشی اور ان کے ہمراہی لیکن ایسے قلیل ہی ہیں) اور (باقی) زیادہ ان میں ایسے ہی ہیں کہ ان کے کردار بہت برے ہیں (کیونکہ کفر و عناد سے بدتر کیا کردار ہوگا)

32

ف: یہاں بھی مثل آیت سابقہ کے دنیوی برکات بصورتِ واقعہ بیان کئے گئے ہیں جس کے عموم اشخاص واحوال پر اسی طرح اختصاص با یمان واعمال پر کوئی دلیل نہیں پس اگر کوئی مسلم تنگی میں ہو یا کوئی کافر وسعت میں ہو کوئی اشکال لازم نہیں جیسا پہلی آیت کے فائدہ کے تحت میں بھی اس کی تقریر آ چکی ہے اور احقر نے اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ الخ کی جو تقریر کی ہے اس سے یہ شبہ کہ اب بھی پوری توریت وانجیل پر عمل کرنا چاہئے دفع ہو گیا اور ان کے بڑھانے کی وجہ باوجود کفایت ذکر قرآن کے یہ ہے کہ اہل کتاب کو یہ بتلانا ہے کہ تکذیب محمدی سے توریت وانجیل پر بھی عمل فوت ہوتا ہے اور تصدیق محمدی عمل بتوریت وانجیل کے خلاف نہیں۔

ربط: اوپر کفار کی مذمت دور سے چلی آ رہی ہے چونکہ کفار کی کثرت تھی جو کہ مشاہدہ ہونے کے علاوہ بعض جگہ قرآن میں بھی منصوص ہے جیسے اَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ. كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ. الخ اور مخالفین کی کثرت میں ان کی مذمت علی الاعلان کرنا اور بالخصوص ان سے مشافہت کرنا جیسا بعض آیات میں لفظ قل کا مدلول ہے بعض اوقات موجب خطر ومحتمل ضرر ہوسکتا ہے اس لئے آگے جناب رسول اللہ ﷺ کو امر بالتبلیغ کے ساتھ اس ضرر سے بے خطر کرتے ہیں۔

ازالہ خوف در تبلیغ: يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ اے رسول (ﷺ) جو جو کچھ آپ کے رب کی جانب سے آپ پر نازل کیا گیا ہے آپ (لوگوں کو) سب پہنچا دیجئے اور اگر (بفرض محال) آپ ایسا نہ کریں گے تو (ایسا سمجھا جاوے گا جیسے) آپ نے اللہ تعالیٰ کا ایک پیغام بھی نہیں پہنچایا (کیونکہ یہ مجموعہ فرض ہے تو جیسا کل کے اخفاء سے یہ فرض فوت ہوتا ہے اسی طرح بعض کے اخفاء سے بھی وہ فرض فوت ہوتا ہے) اور (تبلیغ کے باب میں کفار کا کچھ خوف نہ کیجئے کیونکہ) اللہ تعالیٰ آپ کو لوگوں سے (یعنی اس سے کہ آپ کو مقابل ہو کر قتل وہلاک کر ڈالیں) محفوظ رکھے گا (اور) یقیناً اللہ تعالیٰ ان کافر لوگوں کو (اس طرح قتل وہلاک کر ڈالنے کے واسطے آپؐ تک) راہ نہ دیں گے۔

ف: چنانچہ یہ وعدہ اسی طرح صادق ہوا گو بعض غزوات میں آپ زخمی ہوئے اور یہود نے نامردوں کی طرح آپ کو زہر دیا مگر مجتمع ومقابل ہو کر کوئی قتل وہلاک نہ کر سکا اور اس پیشینگوئی کا واقع ہونا آپ کا معجزہ دلیل نبوت ہے اور ترمذی میں ہے کہ پہلے حضور ﷺ کا پہرہ دیا جاتا تھا جب یہ آیت نازل ہوئی آپ نے فرمایا سب چلے جاؤ اللہ تعالیٰ نے میری حفاظت کر لی یہ بھی دلیل نبوت ہے کیونکہ ایسا اعتماد بدون وحی کے نہیں ہوسکتا۔

ربط: آیت مذکورہ سے اوپر اہل کتاب کو اسلام کی ترغیب تھی آگے ان کے طریقہ موجودہ کا جس کے حق ہونے کے وہ مدعی تھے عند اللہ نا کارہ اور نجات میں ناکافی ہونا اور نجات کا اسلام پر موقوف ہونا اور اس کے بعد بھی ان کے اصرار علی الکفر پر رسول اللہ ﷺ کے لئے تسلی کا مضمون ارشاد فرماتے ہیں اور درمیان میں ایک خاص مناسبت وضرورت سے تبلیغ کا مضمون آ گیا تھا۔

نا مقبول بودن طریقہ موجودہ اہل کتاب وتسلیہ رسول اللہ: قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ (الی قولہ تعالی) فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ آپ (ان یہود ونصاریٰ سے) کہئے کہ اے اہل کتاب تم کسی راہ پر بھی نہیں (کیونکہ غیر مقبول راہ پر ہونا مثل بے راہی کے ہے) جب تک کہ توریت کی اور انجیل کی اور جو کتاب (اب) تمہارے پاس (بواسطہ رسول ﷺ کے) تمہارے رب کی طرف سے بھیجی گئی ہے (یعنی قرآن) اس کی بھی پوری پابندی نہ کرو گے (جس کے معنی اور ترغیب اور برکات اوپر مذکور ہوئے ہیں) اور (اے محمد ﷺ چونکہ ان میں اکثر لوگ تعصب نامحمود میں مبتلا ہیں اس لئے یہ) ضرور (ہے کہ) جو مضمون آپ کے پاس آپ کے رب کی طرف سے بھیجا جاتا ہے وہ ان میں سے بہتوں کی سرکشی اور کفر کی ترقی کا سبب ہو جاتا ہے (اور اس سے ممکن ہے کہ آپ کو رنج وغم ہو لیکن جب یہ معلوم ہو گیا کہ یہ لوگ متعصب ہیں) تو آپ ان کافر لوگوں (کی اس حالت) پر غم نہ کیا کیجئے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ الخ اس سے معلوم ہوا کہ بدون اتباع شریعت کے کوئی کمال معتبر نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ: فَلَا تَاْسَ الخ اس میں دلالت ہے کہ اعراض کرنے والے پر زیادہ قلق نہ کرے جیسا بعض مبالغین فی الشفقۃ کرتے ہیں۔۱۲ قولہ تعالیٰ كُلَّمَا جَآءَهُمْ الخ اس پر دال ہے کہ تمام کبائر کی اصل اتباع ہوی ہے اس لئے صوفیہ اس کے استیصال میں سخت کوشش کرتے ہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ الخ اس میں دلالت ہے کہ اصرار علی المعاصی سے استعداد بالکل مضمحل ہو جاتی ہے اس لئے بطلان استعداد کہہ دیتے ہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمہ: ا۔ قوله في امنوا جن امور حقه هي التي ذكرت قبل في قوله آمنا بالله وما انزل الينا وما انزل من قبل الخ ۱۲ ۲۔ قوله قبل اقاموا تقوىٰ مذكور الى ديگر اشارة الى اتحاد المعبر عنهما وانما خولف كما في الروح بين العبارتين فقيل اولا آمنوا واتقوا وثانيا اقاموا اذا وذا سلوكا بطريق البلاغة اه قلت يعني انه افاد ان ما امر به هو جامع لو صف كونه ايمانا وتقوى وكونه اقامة لجميع

www.besturdubooks.net

الکتب الالٰہیة فافهم ۱۲۔ ۳؎ قوله فی اکلوا یعنی آسمان الی قوله فراغت ارادة للمعنی الحقیقی ورعاية للمعنی المجازی فانه نقل کما فی الروح عن ابن عباس وقتادة و مجاهد لاعطتهم السماء مطرها وبرکتها والارض نباتها وخیرها وقیل المراد المبالغة فی شرح السعة والخصب لاتعیین الجهتین کانه قیل لاکلوا من کل جهة وهو نظیر قولك فلان فی الخیر من قرنه الی مقدمه ای یأتیه الخیر من کل جهة یلتمسه منها ۱۵۱۲۔ ۴؎ قوله فی اکلوا برتتے ماخذه ما فی الروح والمراد بالاکل الانتفاع مطلقاً وعبر عن ذلك به لکونه اعظم الانتفاعات ویستتبع سائرها ۱۲۔ ۵؎ قوله فی ما انزل جو جو کچھ الی قوله سب وقوله فی رسٰلته ایک پیغام الخ وبه حصل التغائر بین الشرط والجزاء فلا اشکال فیه ۱۲۔ ۶؎ قوله فی ان لم تفعل بفرض محال فلا یلزم وقوع المقدم لاستحالته شرعاً ۱۲۔ ۷؎ قوله فی توضیح ما ذکر مجموعہ فرض کاجزاء الصلوٰة ولا یقدح فی فرض هذا المجموع کون بعض الاحکام فرضا وبعضه مستحبا لان التبلیغ غیر المبلغ مبنیا للمفعول فلا یستلزم استحباب المبلغ استحباب التبلیغ من الرسول۔ ۸؎ قوله فی لا یهدی آپ تک هکذا فی البیضاوی ۱۲۔ ۹؎ قوله فی التمهید مدعی کما سیظهر من روایة ابن جریر الآتیة عنقریب ۱۲۔ ۱۰؎ قوله ایضا قوله تسلی فیه اشارة الیٰ فائدة تکرار ذکر طغیانهم من ان السابق کان المقصود به بیان الاصرار وهذا اللاحق قصد به التسلیة فلا تکرار حقیقة واما اعادة اقامة التوراة والانجیل فهو عین المقصود لکون اللاحق تذکیر للسابق ۱۲۔ ۱۱؎ قوله فی قل یہود و نصاریٰ وهو الظاهر من هذا اللفظ العام العاد من ذکر التوراة والانجیل ومن ذکر الذین هادوا والنصارٰی فیما بعد ولا یضر تخصیص شان النزول المدلول علیه بالروایة الآتیة لان العبرة لعموم اللفظ فای جرح لو نزلت فی قوم وضم معهم فی الخطاب قوم آخرون مثلهم ۱۲۔

الرِّوَایَات: فی اللباب اخرج ابو الشیخ عن الحسن ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ان الله بعثنی برسالة فضقت بها درعا وحرفت ان الناس مکذبی فوعدنی لابلغن او لیعزبنی فانزلت یا ایها الرسول بلغ ما انزل الیك من ربك واخرج ابن ابی حاتم عن مجاهد قال لما نزلت یا ایها الرسول بلغ ما انزل الیك من ربك قال یا رب کیف اصنع وانا وحدی یجتمعون علی نزلت وان لم تفعل فما بلغت رسالته آه قلت وکان هذا الضیق والتردد طبعیا فلا ینافی شان النبوة وما ورد فی بعض الضعاف نزولها فی علیؓ فان صح فلا یلزم منه الافضلیة لا خلافته بلا فصل وبسط القول فی هذا الباب صاحب الروح المعانی فان اشتقت فانظر فیه فی اللباب روی ابن جریر وابن ابی حاتم عن ابن عباس قال جاء رافع وسلام بن مشکم ومالك بن الصیف فقالوا یا محمد الست تزعم انك علی ملة ابراهیم ودینه وتؤمن بما عندنا قال بلی ولکنکم احدثتم وجحدتم بما فیها وکتمتم ما امرتم ان تبینوه للناس قالوا فانا نافذ بما فی ایدینا فانا علی الهدی والحق وفانزل الله تعالیٰ قل یا اهل الکتاب لستم علی شئی الآیة ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَة: قرأ نافع وابن عامر رسالاته بالجمع لکن المراد به الجنس لیتوافق القراء تان ولا یلزم الاشکال ۱۲۔

الْبَلَاغَة: قوله لکفرنا ولا دخلنا تکریر اللام لتاکید الوعد وفیه تنبیه علی کمال عظم ذنوبهم وکثرة معاصیهم وان الاسلام یجب ما قبله وان جل وجاوز الحد ۱۲۔ قوله جنّٰت النعیم فی الاضافة تنبیه علی ما یستحقونه من العذاب لو لم یؤمنوا و یتقوا ۱۲۔ قوله انزل الیهم والتعبیر بذلك العنوان وتقدیم الیهم علی من ربهم للایذان بوجوب اقامة علیهم لنزوله الیهم وللتصریح ببطلان ما کانوا یدعونه من عدم نزوله الی بنی اسرائیل و معنی انزال الکتاب الی احد خبر ووصوله الیه ایجاب العمل به وان لم یکن الوحی نازلا علیه ۱۲۔ قوله لاکلوا تقدیم الترغیب بالامر الاخروی لانه اهم اذبه النجاة السرمدیة والنعیم المقیم ۱۲۔ قوله وان لم تفعل اختلاف العنوان بین الشرط والجزاء لیتغائرا لفظًا کما تغائرا معنی بخلاف ما لو قیل وان لم تبلغ حیث کان فیه تغائر معنوی فقط ۱۲۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالصَّابِئُونَ وَالنَّصَارَىٰ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿۶۹﴾ لَقَدْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَأَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ رُسُلًا ۖ كُلَّمَا جَاءَهُمْ رَسُولٌ بِمَا لَا
تَهْوَىٰ أَنْفُسُهُمْ فَرِيقًا كَذَّبُوا وَفَرِيقًا يَقْتُلُونَ ﴿۷۰﴾ وَحَسِبُوا أَلَّا تَكُونَ فِتْنَةٌ فَعَمُوا وَصَمُّوا ثُمَّ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ
عَمُوا وَصَمُّوا كَثِيرٌ مِنْهُمْ ۚ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ﴿۷۱﴾

www.besturdubooks.net

یہ تحقیقی بات ہے کہ مسلمان اور یہودی اور فرقہ صابئین اور نصاریٰ جو شخص یقین رکھتا ہو اللہ تعالیٰ اور روزِ قیامت پر اور کارگزاری اچھی کرے ایسوں پر نہ کسی طرح کا اندیشہ ہے اور نہ مغموم ہوں گے۔ ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا اور ہم نے ان کے پاس بہت سے پیغمبر بھیجے۔ جب کبھی ان کے پاس کوئی پیغمبر ایسا حکم لایا جس کو ان کا جی نہ چاہتا تھا سو بعضوں کو جھوٹا بتلایا اور بعضوں کو قتل ہی کر ڈالتے تھے اور یہی گمان کیا کہ کچھ سزا نہ ہوگی۔ اس سے اور بھی بہرے اور اندھے بن گئے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان پر توجہ فرمائی۔ پھر بھی اندھے اور بہرے بنے رہے یعنی ان میں کے بہتیرے اور اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کو خوب دیکھنے والے ہیں۞

تفسیر ربط: اوپر اہل کتاب کو اسلام کی ترغیب تھی آگے بھی ایک قانونِ عام سے جو کہ اہل کتاب وغیر اہل کتاب سب کو شامل ہے اسی کی ترغیب ہے۔

قانونِ نجات: اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالی) فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ یہ تحقیقی بات ہے کہ مسلمان اور یہود اور فرقہ صابئین اور نصاریٰ (ان سب میں) جو شخص یقین رکھتا ہو اللہ تعالیٰ (کی ذات وصفات) پر اور روزِ قیامت پر اور کارگزاری اچھی کرے (یعنی موافق قانون شریعت کے) ایسوں پر (آخرت میں) نہ کسی طرح کا اندیشہ ہے اور نہ وہ مغموم ہوں گے۔

ف: ایک ایسی ہی آیت سورۂ بقرہ کے معاملہ سیزدہم کے بعد مع اس کے ضروری مضامین متعلقہ کے گزر چکی ہے وہاں دیکھ لی جاوے۔

ربط: اوپر سے قبائح اہل کتاب کا ذکر چلا آ رہا تھا آگے پھر اس کی طرف عود ہے اول یہود کا ذکر ہے جس میں مضمون تسلیۂ رسول اللہ ﷺ کی جو کہ لیزیدن الخ میں مذکور تھا تاکید ہے کہ اس قوم کی تو ہمیشہ سے ایسی ہی عادت چلی آتی ہے پھر نصاریٰ کا ذکر ہے۔

عود بسوئے ذکر یہود: لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ہم نے بنی اسرائیل سے (اول توریت میں تمام پیغمبروں کی تصدیق واطاعت کا) عہد لیا اور (اس عہد کے یاد دلانے کو) ہم نے ان کے پاس بہت پیغمبر بھیجے (لیکن ان کی یہ حالت تھی کہ) جب کبھی ان کے پاس کوئی پیغمبر ایسا حکم لایا جس کو ان کا جی نہ چاہتا تھا (تب ہی ان کے ساتھ مخالفت[1] سے پیش آئے) سو بعضوں کو (تو) جھوٹا بتلایا اور بعضوں کو (بے دھڑک) قتل ہی کر ڈالتے تھے اور (ہمیشہ[2] ہر شرارت پر جب چندے سزا سے مہلت دی گئی) یہی گمان کیا کہ کچھ سزا[3] نہ ہوگی اس (گمان) سے اور بھی اندھے اور بہرے (کی طرح) بن گئے (کہ نہ دلائل صدق انبیاء کو دیکھا، نہ ان کے کلام کو سنا) پھر (ایک مدت کے بعد) اللہ تعالیٰ نے ان پر (رحمت کے ساتھ) توجہ فرمائی (کہ اور کسی پیغمبر کو بھیجا کہ اب بھی راہ پر آ ویں مگر) پھر بھی (اسی طرح) اندھے اور بہرے بنے رہے یعنی سب تو نہیں مگر ان میں کے بہتیرے اور اللہ تعالیٰ ان کے (ان) اعمال کو خوب دیکھنے والے ہیں (یعنی ان کا گمان غلط تھا چنانچہ ان کو وقتاً فوقتاً سزا بھی ہوتی رہی مگر ان کا یہی شیوہ[4] رہا حتیٰ کہ اب آپ کے ساتھ اسی طرح تکذیب وخلاف کا برتاؤ کیا)

ف: ان رسل میں جن کی شریعت یا بعض احکام جدید تھے ان کا خلاف ہونا تو اعتقاد کے اعتبار سے بھی ممکن ہے اور جو رسل صرف احکام توریت کی بعینہ تعلیم کرتے تھے ان کا خلاف ہونا باعتبار ناگواری عمل کے تھا جیسا اب نکاح بیوہ کا حال ہے اور یہ سزائیں ہر زمانہ میں جدا جدا ہوتی رہیں کبھی طاعون کبھی قتل کبھی ذلت وقید کبھی مسخ وغیرہ جیسا آیت وروایات میں مذکور ہے اور مشہور ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ① قوله في التمهيد اس کی ترغیب لان اقامة التوراة والانجيل والقرآن دخل فيه الايمان والعمل الصالح المذكور ان ههنا ۱۲۔ ② قوله في التمهيد تاكيد والاشكال في كون المذكورين قبل كلا الفريقين وكون المذكور ههنا يهود لان كثيرا من اليهود فرد من كثير من المجموع ۱۲۔ ③ قوله في ميثاق تمام پیغمبروں الخ كما هو مذكور صريحا في قوله آمنتم برسلي وعزرتموهم ۱۲۔ ④ قوله في فريقا كذبوا مخالفت اشارة الى حذف الجواب اى ناصبوه اواستكبروا الذى هو مذكور صريحًا في نظيرها لان المذكور لا يصلح ان يكون جوابا لان الرسول الواحد لا يكون فريقين اه من الكبير وفيه او يقال ان الرسول الواحد وان لم يكن فريقين لكن قوله كلما يدل على كثيرة الرسل ولصبح كونهم فريقين ۱۲۔ ⑤ قوله في حسبوا ہمیشہ يدل عليه القرينة المقامية الدالة على ذكر ازمنة مختلفة متعددة هكذا يفهم من المدارك والوجه الرابع من الكبير ۱۲۔ ⑥ قوله في فتنة سزا كما في القاموس الفتنة العذاب ۱۲۔ ⑦ قوله في آخر الترجمة یہی شیوہ اشارة الى ان ذكر المرتين ليس للتشبيه بل للتعدد ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قرا ابو عمرو وحمزة والكسائي لا تكون بالرفع على ان ان هي المخففة من المثقلة واصله انه لا تكون ۱۲۔

النحو: في الكشاف الصابئون رفع على الابتداء وخبره والنية به التاخير عما في حيزان من اسمها وخبرها كانه قيل ان الذين آمنوا والذين هادوا والنصارىٰ حكمهم كذا والصابئون كذلك وانشد سيبويه شاهدا له ۱۲۔ والا فاعلموا انا وانتم۔ بغاة ما بقينا في شقاق۔ اى فاعلموا انا بغاة وانتم كذلك فان قلت ما التقديم والتاخير الا لفائدة فما فائدة هذا التقديم والتاخير قلت فائدة التنبيه على ان الصابئين

www.besturdubooks.net

یتاب علیھم ان صح منھم الایمان والعمل الصالح فما الظن بغیرھم وذلك انھم ابین ھولاء وضلالا واشدھم عتیا قولہ كثیر بدل من ضمیر الفاعل لا فاعل ۱۲۔

البلاغۃ: تقدیم فریقا للاھتمام لا للحصر وتقدیم العمی لان المرء متی كان بصیرا یدرك المبصرات بالبصر ولما ذھب بصرہ یدركھا بالسمع فالبصر مقدم علی السمع فیكون اضدادھما ایضا كذلك فمفاد الآیۃ انہ كان حقھم ان یبصروا الدلائل ولكن لم یبصروھا وعموا وكان حقھم ان یسمعوا الدلائل ولكن لم یسمعوھا ایضا وصموا۱۲ منہ ولا یخفی ما فی بصیر من اللطف بعد ذكر العمی ۱۲۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

بے شک وہ لوگ کافر ہو چکے جنہوں نے یہ کہا کہ اللہ تعالیٰ عین مسیح ابن مریم ہے حالانکہ مسیح نے خود فرمایا تھا کہ اے بنی اسرائیل تم اللہ کی عبادت کرو جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے بے شک جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک قرار دے گا۔ سو اس پر اللہ تعالیٰ جنت کو حرام کر دے گا۔ اس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور ایسے ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔ بلاشبہ وہ لوگ بھی کافر ہیں جو کہتے ہیں کہ اللہ تین میں کا ایک ہے حالانکہ بجز ایک معبود کے اور کوئی معبود نہیں اور اگر یہ لوگ اپنے ان اقوال سے باز نہ آئے تو جو لوگ ان میں کافر رہیں گے ان پر دردناک عذاب واقع ہوگا۔ کیا پھر بھی خدا تعالیٰ کے سامنے توبہ نہیں کرتے اور اس سے معافی نہیں چاہتے حالانکہ اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت کرنے والے اور بڑی رحمت فرمانے والے ہیں ۝

تفسیر ربط: آیت بالا کی تمہید میں مذکور ہو چکا۔

عود بذکر نصاریٰ وابطال عقیدۂ شان: لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ بیشک وہ لوگ کافر ہو چکے جنہوں نے یہ کہا کہ اللہ عین مسیح ابن مریم ہے (یعنی دونوں میں اتحاد ہے) حالانکہ (حضرت) مسیح نے خود فرمایا تھا کہ اے بنی اسرائیل تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے (اور اس قول میں اپنے مربوب اور بندہ ہونے کی تصریح ہے پھر ان کو الٰہ کہنا وہی بات ہے مدعی سست اور گواہ چست) بیشک جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ (کسی اُلوہیت وخواص الوہیت میں) شریک قرار دے گا سو اس پر اللہ تعالیٰ جنت کو حرام کر دے گا۔ اور اس کا ٹھکانہ (ہمیشہ کے لئے) دوزخ ہے اور ایسے ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا (کہ دوزخ سے بچا کر جنت میں پہنچا سکے اور جیسے عقیدۂ اتحاد کفر ہے اسی طرح عقیدۂ تثلیث بھی کفر ہے پس) بلاشبہ وہ لوگ بھی کافر ہیں جو کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ تین (معبودوں) میں کا ایک ہے حالانکہ بجز ایک معبود (حق) کے اور کوئی معبود (حق) نہیں (نہ دو اور نہ تین جب یہ عقیدہ بھی کفر وشرک ہے تو اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ الخ میں جو سزا مذکور ہے وہ اس پر بھی مرتب ہوگی) اور اگر یہ (دونوں عقیدہ کے) لوگ اپنے اقوال (کفریہ) سے باز نہ آئے تو (سمجھ رکھیں کہ) جو لوگ ان میں کافر رہیں گے ان پر (آخرت میں) دردناک عذاب واقع ہوگا کیا (ان مضامین توحید ووعید کو سن کر) پھر بھی (اپنے ان عقائد واقوال سے) خدا تعالیٰ کے سامنے توبہ نہیں کرتے اور اس سے معافی نہیں چاہتے حالانکہ اللہ تعالیٰ (جب کوئی توبہ کرتا ہے) بڑی مغفرت کرنے والے (اور) بڑی رحمت فرمانے والے ہیں۔

ف: اوپر اس سورت کے تیسرے رکوع آیت: وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى کی تفسیر میں ان عقیدہ والے فرقوں کی تعیین گزر چکی ہے۔ اور جملہ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ اور مَا لِلظّٰلِمِيْنَ میں دو احتمال ہیں یا تو کلام عیسوی کا تتمہ ہو، اور اناجیل موجودہ میں منقول نہ ہو یا بقول حقانی محفوظ نہ رہا ہو یا اللہ تعالیٰ کا کلام ہو جو بقول حقانی انجیل کے بھی دوسرے مواضع سے ثابت ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اس میں بطلان حلول واتحاد پر جس کے قائل جاہل صوفی ہیں دلالت ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی قال المسیح وما من الہ واللہ غفور رحیم حالانکہ صرح بكون ھذہ الجمل حالیۃ فی الروح ۱۲ ۲ قولہ فی

www.besturdubooks.net

ثالث ایک کما فی روح المعانی ومعنی ذلك احد تلك الاعداد لا الثالث والرابع خاصة ۱۲۔ ۳؎ قوله بعد الله واحد جب یہ عقیدہ...... دونوں عقیدے کے لوگ اشارة الی ان قوله وان لم ینتهوا الخ راجع الی الفریقین لکونه افید والی انه علی هذا التقدیر یکون الوعید السابق مغنیا عن ذکر مثله مع القول الآخر لاشتراك العلة ۱۲۔ ۴؎ قوله فی کفروا کافر ہیں گے نقله فی الکبیر عن الزجاج فمن تبعیضیة لاخراج من تاب وآمن منهم ۱۲۔ ۵؎ قوله فی افلا یتوبون کیا نہ کر اشارة الی کون الفاء لتعطف علی مقدر یقتضیه المقام ای یسمعون هذه الشهادات المکررة والتشدیدات المقررة فلا یتوبون عقیب ذلك کذا فی الروح ۱۲۔

اللغات: التوبة من افعال القلب فی الاصل والاستغفار من افعال اللسان وبهذا ظهر وجه الجمع بینهما فنسبة الاستغفار الی التوبة نسبة الاقرار الی التصدیق فکلاهما واجب ۱۲۔

البلاغة: قوله حرم الله علیه الجنة التحریم مجاز عن المنع فهو تحریم تکوینی لا تشریعی ۱۲۔

مَا الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ إِلَّا رَسُولٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۖ وَأُمُّهُ صِدِّيقَةٌ ۖ كَانَا يَأْكُلَانِ الطَّعَامَ ۗ انْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْآيَاتِ ثُمَّ انْظُرْ أَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ﴿٧٥﴾ قُلْ أَتَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا ۚ وَاللَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٧٦﴾ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوا أَهْوَاءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوا مِنْ قَبْلُ وَأَضَلُّوا كَثِيرًا وَضَلُّوا عَنْ سَوَاءِ السَّبِيلِ ﴿٧٧﴾ ع ۱۱/۱۴

مسیح ابن مریم کچھ بھی نہیں صرف ایک رسول ہیں جن سے پہلے اور بھی پیغمبر گزر چکے ہیں اور ان کی والدہ ایک ولی بی بی ہیں۔ دونوں کھانا کھایا کرتی تھے۔ دیکھئے تو ہم کیونکر دلائل ان سے بیان کر رہے ہیں۔ پھر دیکھئے وہ الٹے کدھر جا رہے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کیا خدا کے سوا ایسے کی عبادت کرتے ہو کہ تم کو نہ ضرر پہنچانے کا اختیار رکھتا ہو اور نہ نفع پہنچانے کا حالانکہ اللہ تعالیٰ سب سنتے ہیں سب جانتے ہیں۔ آپ فرمائیے کہ اے اہل کتاب تم اپنے دین میں ناحق کا غلو مت کرو اور ان لوگوں کے خیالات پر مت چلو جو پہلے خود بھی غلطی میں پڑ چکے ہیں اور بہتوں کو غلطی میں ڈال چکے ہیں اور وہ لوگ راہ راست سے دور ہو گئے تھے ﴿۷۷﴾

تفسیر ربط: اوپر الوہیۃ مسیحیہ کا ابطال مضمون عام سے بیان فرمایا تھا آگے ایک خاص دلیل سے فرماتے ہیں۔

دلیل ابطال الوہیت مسیح: مَا الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ إِلَّا رَسُولٌ (الی قوله تعالی) ثُمَّ انْظُرْ أَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ (حضرت) مسیح ابن مریم (عین خدا یا جزو خدا) کچھ بھی نہیں صرف ایک پیغمبر ہیں جن سے پہلے اور بھی پیغمبر (اہل معجزات) گزر چکے ہیں (جن کو عیسائی الٰہ نہیں مانتے پس اگر پیغمبری یا خرق عادت دلیل اُلوہیت ہے تو سب کو الٰہ ماننا چاہئے اور اگر دلیل اُلوہیت نہیں تو حضرت مسیح کو کیوں الٰہ کہا جاوے۔ غرض جب اوروں کو الٰہ نہیں کہتے تو عیسیٰ علیہ السلام کو بھی مت کہو۔ اور (اسی طرح) ان کی والدہ (بھی الٰہ یا جزو الٰہ نہیں بلکہ وہ) ایک ولی بی بی ہیں (جیسی اور بیبیاں بھی ولی ہو چکی ہیں اور دونوں حضرات کے الٰہ نہ ہونے کے دلائل میں سے ایک سہل دلیل یہ ہے کہ) دونوں (حضرات) کھانا کھایا کرتے تھے (اور جو شخص کھانا کھاتا ہے وہ اس کا محتاج ہوتا ہے خواہ تغذّی میں یا تلذّذ میں نیز کھانا کھانا خواص مادیات سے ہے اور احتیاج اور مادیت خواص امکان سے ہے۔ اور امکان منافی وجوب ہے اور وجوب لوازم الوہیت سے ہے جب وجوب منتفی ہوگا الوہیت باطل ہو جاوے گی) دیکھئے تو (سہی) ہم کیونکہ (صاف صاف) دلائل ان سے بیان کر رہے ہیں۔ پھر دیکھئے وہ الٹے کدھر جا رہے ہیں۔

ف: یہ دلیل باعتبار استدلال بالمادیات کے روح القدس کے ابطال الوہیت کے لئے بھی کافی ہے کیونکہ ان کا آنا جانا چلنا پھرنا یہ سب امور کہ خواص مادہ سے ہیں مسلم ہیں اور مادیت سے امکان اور اس سے بطلانِ الوہیت ظاہر ہے اس لئے بالاستقلال اس کا ذکر ضروری نہ ہوا اور چونکہ ان لوگوں سے ان ہی میں کلام تھا اس لئے غیر مادیات کے متعلق استدلال کا ذکر بھی یہاں ضروری نہ تھا۔

ربط: اوپر الوہیت مسیح کا ابطال فرمایا تھا آگے قائلین الوہیت کو توبیخ فرماتے ہیں۔

توبیخ قائلین الوہیت مسیح: قُلْ أَتَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ (الی قوله تعالی) وَاللَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ آپ (ان سے) فرمائیے کیا خدا کے سوا ایسی (مخلوق) کی عبادت کرتے ہو جو نہ تم کو کوئی ضرر پہنچانے کا اختیار رکھتا ہو اور نہ نفع پہنچانے کا اختیار رکھتا ہو اور عجز خود منافی الوہیت ہے) حالانکہ اللہ تعالیٰ سب سنتے ہیں سب جانتے ہیں (پھر بھی خدا سے نہیں ڈرتے اور اپنے کفر و شرک سے باز نہیں آتے)

www.besturdubooks.net

ف: یا تو یہ نصاریٰ مذکورین عیسیٰ علیہ السلام کی پرستش بھی کرتے ہوں یا یہ کہ عبادت میں سب سے بڑا درجہ اعتقادِ الوہیت کا ہے جب وہ معتقد الوہیت عیسویہ ہوئے تو یقیناً ان کی عبادت کی۔

ربط: اوپر نصاریٰ کے عقائد باطلہ کا ابطال تھا چونکہ ایسے عقائد میں اکثر لوگوں کی عادت ہے کہ اپنے اسلاف کے طریقہ سے تمسک کیا کرتے ہیں۔ اس لئے آگے ان لوگوں کو اس سے منع فرماتے ہیں۔

نہی نصاریٰ از اتباع اسلاف در خلافِ حق: قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْٓا (الی قولہ تعالی) وَضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ آپ (ان نصاریٰ[۱۱] سے) فرمایئے کہ اے اہل کتاب تم اپنے دین (کے مقدمہ) میں ناحق[۱۲] کا غلو (اور افراط مت کرو اور اس افراط[۱۳] کے باب) میں ان لوگوں کے خیالات[۱۵] (یعنی بے سند باتوں) پر مت چلو جو (اس وقت سے) پہلے خود بھی غلطی میں پڑ چکے ہیں اور (اپنے ساتھ) اور بھی بہتوں کو (لے کر ڈوبے ہیں اور) غلطی میں ڈال چکے ہیں اور (وہ ان کی غلطی اس وجہ سے نہیں ہوئی کہ حق مفقود[۱۶] ہو گیا ہو اس کا پتہ نہ لگتا ہو بلکہ) وہ لوگ راہِ راست (کے ہوتے ہوئے قصداً اس) سے دور (اور علیحدہ) ہو گئے تھے (یعنی جب[۱۷] ان کی غلطی دلائل سے ثابت ہوگئی پھر ان کا اتباع کیوں نہیں چھوڑتے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ الخ اس میں ابطال ہے مشائخ کو متصرف مستقل سمجھنے کا جیسا جاہلوں کا زعم ہے۔ قولہ تعالی: لَا تَتَّبِعُوْٓا اَهْوَآءَ قَوْمٍ الخ اس میں ان رسوم کا ابطال ہے جو شریعت کے خلاف ہیں گو مشائخ کی طرف منسوب ہوں اور اگر وہ مشائخ محققین ہیں تو ان کی طرف منسوب کرنے کی تکذیب کریں گے یا کسی عذر صحیح پر محمول کریں گے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله ما المسيح ابن الخ اشارة الى كون القصر اضافيا ۱۲۔ ۲؎ قوله فى قد خلت جن سے اشارة الى كون الجملة صفة لرسول ۱۲۔ ۳؎ قوله فى الرسل اور بھی اشارة الى كون اللام للجنس وكذا فى قوله تعالىٰ وما محمد الا رسول الخ لكونه كافيا فى المقصود اى بطلان الوهية فلا يستدل به على موت عيسىٰ عليه السلام وان سلمنا كون الخلو مفيد الموت واما ختم النبوة فثابت بدليل آخر فلا يرد انه اذا كان اللام فى الرسل من قوله تعالىٰ وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل للجنس لا للاستغراق لم يدل على ختم لاالنبوة ۱۲۔ ۴؎ قوله قبل نظروا دلائل میں سے يعني ان الدليل لا منحصر فيه فلا يضر عدم تمشية في المجردات وكذا لا يضر عدم تمشية فى بعض الاحوال كما اغتر به مدعى موت عيسى في زماننا من انه لو كان حيا وما اكل الطعام بطل الاستدلال على ابطال الوهية اه فان عدم دليل لا يستلزم عدم المدلول ۱۲۔ ۵؎ قوله فى ياكلان تلذذ ليعم الدليل اهل الجنة ولو لم يعم لم يضر ايضاً ۱۲۔ ۶؎ قوله فى الآيات دلائل اللام للجنس فلا يضر كون الدليل المذكور واحدا لو استدل فى الكبير بكونه صاحب الام ايضا وفى الروح بقوله قد خلت من قبله الرسل فيكون الدلائل المذكورة ههنا ثلثة ۱۲۔ ۷؎ قوله فى يوفكون جارہے ہیں ترجم بالحاصل والا فالصيغة مبنية للمفعول ولعل النكتة فى هذه الصيغة المبالغة لان الذى مدفعه آخر اندفاعه اشد يكون وهذا الآخر هو الشيطان باعتبار كسب الاضلال ۱۲۔ ۸؎ قوله فى ف ضروری نہ ہوا لعل الترك باعتبار ان منشأ اشتباههم كانت هي الخوارق ووجودها فيهما وهما بشر ان اعجب من وجودها فى روح القدس هو ملك فلما بطل الوهية ما فيه المنشأ اقوى بطل ما لاولى فى غيره ۱۲۔ ۹؎ قوله یہاں ضروری نہ تھا قيد بهذا المقام حيث قال یہاں لان الدلائل العامة مذكورة فى آيات اُخر كآية خلق السمٰوات والارض الى قوله الآيات وكآية التمانع وغيرهما ۱۲۔ ۱۰؎ قوله فى دون الله خدا کے سوا هذا عام لعبادة لغير انفرادًا او اشتراكًا ۱۲۔ ۱۱؎ قوله فى السمع نہیں ڈرتے كذا قال بعضهم وقيل معناه انكم تعبدون العاجز ولا تعبدون الكامل فى الصفات ۱۲۔ ۱۲؎ قوله فى قل ان نصاریٰ لان الكلام معهم ونقله فى الروح عن الطبرى قلت والتعبير بهذا العنوان ايذان بكمال شناعتهم حيث قلدوا فى الباطل مع كونهم اهل العلم بالكتاب ۱۲۔ ۱۳؎ قوله فى غير الحق ناحق كا غلو اشارة الىٰ انه صفة مصدر محذوف اى غلو غير الحق اى باطلا وتوصيفه به للتوكيد فان الغلو لا يكون الا غير الحق كذا فى الروح قلت ولفظ كافى الترجمة اتباع للمحاورة كما يقال ناحق کا ظلم اى ظلما غير حق ۱۲۔ ۱۴؎ قوله لا تغلوا افراط الغلو اكثر ما يستعمل فى الافراط وهو ايضا قرينة على كون الخطاب للنصارىٰ لان اليهود كان منهم تفريط فى شان عيسىٰ عليه السلام ۱۲۔ ۱۵؎ قوله فى اهواء خیالات هكذا ترجم الشاه عبدالقادر والمراد به البدعات التى لم يدع اليها سوى الشهوة ولم تقم عليها حجة ۱۲۔ ۱۶؎ قوله فى ضلوا عن سواء مفقود ہو گیا وبهذا ظهر وجه الفائدة فى اعادة ضلوا وهو من المواهب واعلم ان التقييد لكمال شناعتهم لا للاحتراز فان اتباع الضال لا يجوز بحال سواء ضل عن جهل او عن علم ۱۲۔ ۱۷؎ قوله فى آخر الترجمة جب ان کی غلطی اشار به الى وجه

www.besturdubooks.net

الجواب لمن يتمسك بالآية في ابطال التقليد الشائع بين اهل الحق حاصله الفرق بين التقليدين فانهم يقلدون بعد ثبوت بطلان ما هم عليه وانا لا نقلد كذلك فافهم ١٢۔

البلاغۃ : قوله ما المسيح ابن مريم الخ في الروح قيل وتقديم ما لهما من صفات الكمال وتاخير الافراد جنسهما من نقائص البشرية لئلا توحش لمفاجاة بذلك ففي ذلك استنزل لهم بطريق التدريج عن رتبة الاصرار الى التوبة والاستغفار وثم لاظهار ما بين العجبين من التفاوت اى ان بياننا للآيات امر بديع بالغ واعراضهم عنها مع انتفاء ما يصححه اعجب وابدع ويجوز ان يكون على حقيقتها والمراد منها بيان استمرار زمان بيان الآيات وامتداده اى انهم مع طول زمان ذلك لا يتاثرون ويؤفكون ١٢۔

لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَى لِسَانِ دَاوُودَ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۚ ذَٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَكَانُوا
يَعْتَدُونَ ﴿٧٨﴾ كَانُوا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُنْكَرٍ فَعَلُوهُ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿٧٩﴾ تَرَىٰ كَثِيرًا مِنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ
الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ أَنْفُسُهُمْ أَنْ سَخِطَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خَالِدُونَ ﴿٨٠﴾
وَلَوْ كَانُوا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالنَّبِيِّ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَاءَ وَلَٰكِنَّ كَثِيرًا مِنْهُمْ
فَاسِقُونَ ﴿٨١﴾ لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِلَّذِينَ آمَنُوا الْيَهُودَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا ۖ وَلَتَجِدَنَّ أَقْرَبَهُمْ
مَوَدَّةً لِلَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيسِينَ وَرُهْبَانًا وَأَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ﴿٨٢﴾

بنی اسرائیل میں جولوگ کافر ہوئے ان پر لعنت کی گئی تھی داؤد اور عیسیٰ ابن مریم کی زبان سے۔ یہ لعنت اس سبب سے ہوئی کہ انہوں نے حکم کی مخالفت کی اور حد سے نکل گئے۔ جو برا کام انہوں نے کر رکھا تھا۔ اس سے باز نہ آتے تھے۔ واقعی ان کا فعل بے شک برا تھا۔ آپ ان میں بہت آدمی دیکھیں گے کہ کافروں سے دوستی کرتے ہیں جو کام انہوں نے آگے کے لئے کیا ہے وہ بے شک برا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان پر ناخوش ہوا اور یہ لوگ عذاب میں دائم رہیں گے اور اگر یہ لوگ اللہ پر ایمان رکھتے اور پیغمبر پر اور اس کتاب پر جو ان کے پاس بھیجی گئی تھی تو ان کو کبھی دوست نہ بناتے لیکن ان میں زیادہ لوگ ایمان سے خارج ہی ہیں۔ تمام آدمیوں سے زیادہ مسلمانوں سے عداوت رکھنے والے آپ ان یہود اور مشرکین کو پائیں گے اور ان میں مسلمانوں کے ساتھ دوستی رکھنے کے قریب تر ان لوگوں کو پائیے گا جو اپنے کو نصاریٰ کہتے ہیں یہ اس سبب سے ہے کہ ان میں بہت سے علم دوست عالم ہیں اور بہت سے تارک دنیا درویش ہیں اور اس سبب سے ہے کہ یہ لوگ متکبر نہیں ہیں ۞

تفسیر ربط : اوپر ذکر نصاریٰ سے پہلے جیسے یہود کا ذکر تھا آگے پھر یہود ہی کا ذکر ہے اور اس ذکر کے ختم پر یہود کی شدتِ تعصب کے مقابلہ میں نصاریٰ کا عموماً قلیل التعصب ہونا اور ان میں سے ایک خاص نومسلموں کی جماعت کا خصوصاً منقاد للحق ہونا بیان فرما کر اس بحث کو اس مقام پر ختم کر کے دوسرے احکام مختلفہ ارشاد فرماتے ہیں۔ پھر کچھ بقیہ کلام مع النصاریٰ کا آخر سورت میں لاویں گے۔

ذکر یہود ماضیین : لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَى لِسَانِ دَاوُودَ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۚ (الی قولہ تعالی) لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿٧٩﴾ بنی اسرائیل میں جولوگ کافر تھے ان پر (اللہ تعالیٰ کی طرف سے سخت) لعنت کی گئی تھی (زبور اور انجیل میں جس کا ظہور حضرت) داؤد (علیہ السلام) اور (حضرت) عیسیٰ بن مریم (علیہ السلام) کی زبان سے (ہوا یعنی زبور اور انجیل میں کافروں پر لعنت لکھی تھی جیسے قرآن مجید میں بھی ہے : فَلَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الْكَافِرِينَ چونکہ یہ کتابیں حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئیں اس لئے یہ مضمون ان کی زبان سے ظاہر ہوا اور) یہ لعنت اس سبب سے ہوئی کہ انہوں نے حکم کی (اعتقادی) مخالفت کی (جو کفر ہے) اور (اس مخالفت میں) حد سے (بہت دور) نکل گئے (یعنی کفر بھی شدید تھا پھر شدید کے ساتھ مدید بھی تھا یعنی اس پر استمرار رکھا چنانچہ) جو برا کام (یعنی کفر) انہوں نے (اختیار) کر رکھا تھا اس سے (آئندہ کو) باز نہ آتے تھے (بلکہ اس پر مصر تھے پس ان کے کفر شدید اور مدید کے سبب ان پر شدید لعنت ہوئی) واقعی ان کا (یہ) فعل (مذکور یعنی کفر پھر وہ بھی شدید اور مدید) بیشک برا تھا (کہ اس پر یہ سزا مرتب ہوئی)

ربط : اوپر اسلافِ یہود کا ذکر تھا آگے ان کے اخلاف موجودین کا ذکر ہے اور اس کی تقدیم میں علاوہ ترتیب وجودی کے یہ بھی فائدہ ہے کہ اس میں تسلی دینا ہے رسول اللہ ﷺ کو کہ آپ ان لوگوں کی مخالفت کا غم نہ کیجئے۔ اس قوم کا شیوہ مدت سے ایسا ہی چلا آتا ہے۔

ذکر یہود حاضرین : تَرَىٰ كَثِيرًا مِنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ (الی قولہ تعالی) وَلَٰكِنَّ كَثِيرًا مِنْهُمْ فَاسِقُونَ آپ ان (یہود) میں بہت

www.besturdubooks.net

سے آدمی دیکھیں گے کہ (مشرک) کافروں سے دوستی کرتے ہیں (چنانچہ یہود مدینہ اور مشرکین مکہ میں مسلمانوں کی عداوت کے علاقہ سے جس کا منشاء تناسب فی الکفر تھا باہم خوب سازگاری تھی) جو کام انہوں نے آگے (بھگتنے) کے لئے کیا ہے (یعنی کفر جو سبب تھا دوستی کفار اور عداوتِ مومنین کا) وہ بیشک برا ہے کہ (اس کے سبب) اللہ تعالیٰ ان پر (دوام کے لئے) ناخوش ہوا اور (اس ناخوشی دائمی کا ثمرہ یہ ہوگا کہ) یہ لوگ عذاب میں دائم رہیں گے اور اگر یہ (یہودی) لوگ اللہ پر ایمان رکھتے اور پیغمبر (یعنی موسیٰ علیہ السلام) پر (ایمان رکھتے جس کا ان کو دعویٰ ہے) اور اس کتاب پر (ایمان رکھتے) جو ان (پیغمبر) کے پاس بھیجی گئی تھی (یعنی توریت) تو ان (مشرکین) کو (اس طرح) کبھی دوست نہ بناتے (کہ ایک نبی ثابت النبوۃ یعنی رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کفر کرکے اس کفر اور اس کے آثار یعنی عداوتِ اہل اسلام کی مناسبت سے مشرکین سے تعلق رکھیں کیونکہ ظاہر ہے کہ جب ایک نبی کا بھی انکار کیا تو اللہ تعالیٰ اور سب انبیاء اور کتب الٰہیہ کے ساتھ کفر ہوگیا) لیکن ان میں زیادہ لوگ (دائرہ) ایمان سے خارج ہی ہیں (اس لئے اتخاذ ولایت کفار بالمعنی المذکور ان سے سرزد ہو رہا ہے)

ف: کثیر کا دونوں جگہ مصداق ایک ہی ہے یعنی غیر مومن اور یہ قید اخراج مومنین کے لئے ہے جیسا کئی بار گزر چکا۔

ربط: اوپر یہود کا مشرکین سے دوستی رکھنا مذکور تھا آگے ان کا مع مشرکین کے مسلمانوں سے عداوت رکھنا کہ وہی اصل میں سبب ہے اس دوستی کا اور مسبب ہے کفر کا مذکور ہے اور جیسا ہر مضمون میں انصاف وعدل رکھنا قرآن مجید کے لوازم ذات سے ہے اسی بناء پر ایک خاص جماعت نصاریٰ میں بہ نسبت ان یہود کے تعصب کا کم ہونا اور ان نصاریٰ میں جنہوں نے حق قبول کر لیا تھا ان کا مستحق حسن ثناء وحسن جزاء ہونا مذکور ہے اور یہ خاص جماعت حبشہ کے نصاریٰ ہیں جنہوں نے مسلمانوں کو جب کہ ہجرت مدینہ کے قبل وہ اپنا وطن مکہ چھوڑ کر حبشہ چلے گئے تھے کچھ تکلیف نہیں دی اور جو اور نصرانی ایسا ہی ہو وہ بھی حکماً ان ہی میں داخل ہے اور ان میں سے جنہوں نے حق قبول کر لیا تھا وہ نجاشی بادشاہ اور ان کے مصاحب ہیں کہ حبشہ میں بھی قرآن سن کر روئے اور مسلمان ہو گئے پھر تیس آدمی حضور ﷺ کی خدمت مبارک میں حاضر ہوئے اور قرآن سن کر روئے اور اسلام قبول کیا اس موقع پر اس آیت کا نزول ہوا تھا۔

ذکر شدت تعصب در یہود و مشرکین وقلت او در بعض نصاریٰ: لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ (الی قوله تعالٰی) وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝

(غیر مومنین میں) تمام آدمیوں سے زیادہ مسلمانوں سے عداوت رکھنے والے آپ ان یہود اور ان مشرکین کو پاویں گے اور ان (غیر مومنین آدمیوں) میں مسلمانوں کے ساتھ دوستی رکھنے کے قریب تر (بہ نسبت اوروں کے) ان لوگوں کو پائے گا جو اپنے کو نصاریٰ کہتے ہیں (قریب تر کا یہ مطلب کہ دوست وہ بھی نہیں مگر دوسرے مذکورین سے غنیمت ہیں) یہ (دوستی) سے قریب تر ہونا اور عداوت میں کم ہونا اس سبب سے ہے کہ ان (نصاریٰ) میں بہت سے علم دوست عالم ہیں اور بہت سے تارکِ دنیا درویش ہیں (اور جب کسی قوم میں ایسے لوگ بکثرت ہوتے ہیں تو عوام میں بھی حق کے ساتھ زیادہ عناد نہیں رہتا اگرچہ خواص وعوام حق کو قبول نہ بھی کریں) اور اس سبب سے ہے کہ یہ (نصاریٰ) لوگ متکبر نہیں ہیں (قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا سے جلدی متاثر ہو جاتے ہیں اور نیز تواضع کا خاصہ ہے امر حق کے سامنے نرم ہو جانا اس لئے ان کو عداوت زیادہ نہیں پس وجود قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا اشارہ ہے علت فاعلہ کی طرف اور عدم استکبار قابلیت کی طرف بخلاف یہود و مشرکین کے کہ محبِ دنیا اور متکبر ہیں اور گو یہود میں بھی بعض علمائے حقانی تھے جو مسلمان ہو گئے تھے لیکن بوجہ ان کی قلت کے عوام میں اثر نہیں پہنچا اس لئے ان میں عناد ہے جو سبب ہو جاتا ہے شدتِ عداوت کا اسی لئے یہود تو مومن ہی کم ہوئے اور مشرکین میں سے جب عناد نکل گیا تب مومن ہونا شروع ہوئے)۔

ف: آیت کی تقریر تفسیر سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ یہ تمام ازمنہ وامکنہ کے نصاریٰ کے باب میں نہیں ہے اور اس پر بعض دلائل اور بعض قرائن ہیں۔ دلیل اول: اس قرب مودت کا سبب ایک یہ فرمایا کہ ان میں ایسے ایسے اوصاف کے عالم اور درویش ہیں اور ہم اس سبب کو عام نہیں پاتے۔ دلیل دوم: اس کا دوسرا سبب یہ فرمایا کہ ان میں تکبر نہیں ہم اس کو بھی عام نہیں پاتے۔ دلیل سوم: یہاں قرب مودت لِلْمُؤْمِنِيْنَ کی خبر دی ہے خود اس کا وقوع بھی عام نہیں پایا جاتا اور صدق لوازم کلام الٰہی سے ہے معلوم ہوا کہ جو نصاریٰ ان اوصاف سے جو کہ سبب اور مسبب میں مذکور ہیں موصوف ہوں وہی مراد ہیں پس بعض اہل تملق کا دنیوی غرض سے اس میں عموم مطلق کا دعویٰ کرنا محض ہوا پرستی ہے۔ قرینۂ اول: سبب نزول خاص ہے جیسا تمہید میں مذکور ہوا۔ قرینۂ ثانی: قالوا ماضی کا صیغہ ہے پس جو لوگ اِنَّا نَصٰرٰى کہنے والے پائے جاویں، وہ آیت میں مذکور و داخل نہیں بلکہ وہ مسکوت عنہ ہیں دوسرے دلائل سے ان کا حکم ڈھونڈا جاوے گا ان خیرًا فخیر وان شرًا فشر۔ قرینۂ ثالث: لَتَجِدَنَّ میں اصل یہی ہے کہ خطاب رسول اللہ ﷺ کو ہو پس دوسرے اعصار کو شامل نہیں اب ہم کو جواب میں اس قائل ہونے کی ضرورت نہیں رہی کہ آیت کو خاص نومسلم نصاریٰ کے ساتھ مخصوص کہا جاوے گو بہت مفسرین اس کے قائل ہیں اور دو شاہد اس کی تائید بھی کرتے ہیں۔ شاہد اول: سبب نزول۔ شاہد دوم: وَاِذَا سَمِعُوْا کا یقیناً خاص اسلام لانے والوں کی شان میں ہونا اور اس میں ضمیر کا ماقبل کی طرف راجع ہونا اور راجع اور مرجع متحد ہونا لیکن ظاہراً قرائن سے اتنا خصوص بھی معلوم نہیں ہوتا اور صاحب روح المعانی نے بھی خصوص نہیں لیا۔ قرینۂ اول: ان کو مودت میں اقرب فرمایا

www.besturdubooks.net

ہے اور جو مسلمان ہو گئے تھے وہ تو قرب مودت سے متجاوز ہو کر خود مودت بلکہ شدت مودت کے ساتھ موصوف ہو گئے تھے۔ قرینۂ دوم: ان نو مسلموں کی دوستی کی اصل علت ایمان ہے نہ کہ اخلاق ترک دنیا وحب علم وتواضع پھر ترک دنیا کو عنوان رہبانیت سے تعبیر فرمایا جو کہ شریعت محمدیہ میں غیر محمود ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حکم بقائے نصرانیت ہی کی حالت میں فرمایا گیا ہے پس آیت میں نہ مطلقاً عموم ہے اور نہ مطلقاً خصوص اور شان نزول عموم من وجہ کو مضر نہیں کیونکہ ایک جزو اس کا یعنی ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ الخ باعتبار حالت نصرانیت کے ہو سکتا ہے اور دوسرا جزو یعنی وَاِذَا سَمِعُوْا الخ باعتبار حالت اسلام کے اور وَاِذَا سَمِعُوْا کی ضمیر ماقبل کی طرف باعتبار بعض کے راجع ہو سکتی ہے جیسا کہ کبیر میں ہے پس اس سے شاہدین مذکورین کا جواب ہو گیا اور یہاں مفسرین نے دو فائدے لکھے ہیں۔ فائدۂ اول: اخلاق حمیدہ کسی قوم میں ہوں حمیدہ ہیں۔ فائدۂ دوم: نصاریٰ کا کفر ذات وصفات میں ہے کہ تثلیث کے قائل ہیں اور اکثر یہود کا نبوت کے ساتھ صرف بعض نے البتہ عزیر علیہ السلام کو بھی ابن اللہ کہا تھا اور پہلا کفر اشد ہے دوسرے کفر سے لیکن اخلاق کے تفاوت سے ثانی پر زیادہ ملامت کی گئی یہاں سے فرق مبتدعہ اہل اسلام میں اس تفاوت کا حال سمجھنا چاہئے اور یہاں دو تنبیہ ہیں۔ تنبیہ اول: یہاں کفار نصاریٰ کی مدح نہیں بلکہ انصاف ہے اور اخلاق کی فی نفسہا مدح۔ تنبیہ دوم: اخلاق میں رہبانیت کی مدح باعتبار اس کی جمیع خصوصیات کے نہیں بلکہ صرف اس کے ایک جزو یعنی ترک حب دنیا کے اعتبار سے ہے اور احقر نے جو آیت کی تقریر ربط میں لفظ عدل وانصاف اور اقرب کے ترجمہ میں لفظ نسبت ظاہر کر دیا ہے اس سے دو امر رافع اشکال حاصل ہو گئے۔ امر اول: مقصود آیت میں مدح نصاریٰ کی نہیں بلکہ تقریر میں انصاف ہے جیسا ابھی تنبیہ اول میں ذکر کیا گیا۔ امر دوم: مقصود آیت میں موَدّت کا قرب کامل نہیں بلکہ قرب اضافی ہے اور یہاں دو نکتے دو تحقیقوں کو مفید ہیں۔ نکتہ اول: اَلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا کو ماضی لائے اس سے یہ فائدہ ہے کہ تمام ازمنہ وامکنہ کے مشرکین پر یہ حکم جاری ہونا ضرور نہیں۔ نکتہ دوم: اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا کو ماضی لائے قرینہ ثانیہ میں اس کا بھی یہی فائدہ گزر چکا پس اگر کسی جگہ پرانے طرز کے ہندو بہ نسبت متعصب عیسائیوں کے مسلمانوں سے زیادہ الفت رکھنے والے پائے جاویں تو قرآن اس کی نفی نہیں کرتا اور یہود اول تو اب تک الفت کرنے والے سنے نہیں گئے لیکن اگر کہیں پائے جاویں تو الیہود میں الف لام عہد کا ہو سکتا ہے چنانچہ ترجمہ میں لفظ ان اس طرف مشیر ہے اور یا یوں کہا جا سکتا ہے کسی قوم پر کوئی حکم باعتبار اکثر کے ہوتا ہے معدودے چند کا اس حکم سے خارج ہونا موجب تخلف حکم نہیں اور دو تحقیق قرب مودت کے متعلق اور ہیں۔ تحقیق اول: یہ حکم مذکور قرب موَدّت کا نصاریٰ کے حق میں ہے اور جو قوم واقع میں نصاریٰ نہ ہو گو عام لوگ بعض اوضاع ومشابہات کی وجہ سے ان کو نصاریٰ کہتے ہیں آیت میں ان کے لئے یہ حکم مذکور نہیں۔ تحقیق دوم: یہاں نصاریٰ کے لئے مسلمانوں سے قرب مودت کی خبر دی ہے یہ نہیں کہ مسلمانوں کے لئے نصاریٰ سے موَدّت کی اجازت دی ہو وقد تم ھٰھنا بحمد اللہ تعالٰی تفسیر ھذا الآیۃ مع فوائد تتعلق بھا تبلغ عشرین ما جمع تقریر وامنعہ احسن بیان واتقن تبیین وسمیتہ لخیر الودۃ فی تفسیر آیۃ المودۃ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالٰی ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ الخ اس باء سببیت سے معلوم ہوا کہ علوم واخلاق کو عمل میں دخل عظیم ہے اس لئے مشائخ کو اخلاق وعلوم کا اہتمام اعمال سے زیادہ ہوتا ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) ای لما کان الیھود وایضا کفارا فما معنی لو مھم علی تولیھم الذین کفروا فعلم منہ المراد بالذین کفروا المشرکون الذین شان کفرھم غیر شان کفرھم ۲ منہ۔ (۲) لفظ علم دوست اس لئے بڑھایا کہ یہ شبہ جاتا رہے کہ یہود میں بھی بہت سے عالم تھے پھر نصاریٰ کی کیا تخصیص وجہ اندفاع یہ ہے کہ اگرچہ یہود میں عالم تھے لیکن وہ لوگ علم دوست نہ تھے اس لئے ان کو مسلمانوں سے بغض ہوا اور نصاریٰ کو نہ ہوا کہ وہ علم دوست تھے اور مسلمان ذی علم ہیں اس لئے وہ ان سے موَدّت رکھتے تھے ۱۲ تبیان۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی لعن سخت لان المطلق یراد بہ الکامل عند القران والقرینۃ ھھنا بیان شناعتھم ویتاید بما فی الروح وبناء الفعل ما لم یسم فاعلہ للجری علی سنن الکبریاء ۱۲۔ ۲ قولہ فی لسان یعنی زبور ھکذا فی روح المعانی ویتاید ایضًا بما یلیہ فانہ یدل علی ان سبب اللعن کفرھم المستمر لا کفرھم الخاص الذی صار سببا للمسخ الذی فسر بہ آخرون وقلت سواء کان بعین ھذا اللفظ او بما یفید معناہ لان الکتب الالٰھیۃ لا یخلوا شیء منھا عن ذم الکفار عمومًا وخصوصًا ولو کان المذکور عاما فتخصیص بنی اسرائیل بالذکر فی القرآن لکون الکلام فیھم باعتبار کونھم فردا من العام لا لنفی ما عداھم ۱۲۔ ۳ قولہ فی عصوا اعتقادی وھو الکفر فلا یرد ان قولہ الذین کفروا مشعر بسببیۃ الکفر وھذا بسببیۃ العصیان وقرینہ ولعل الفائدۃ فی اختلاف العنوان الکشف عن قبح کفرھم المذکور فی الذین کفروا لیتضح وجہ ترتب ھذا الامر الفظیع علیہ ۱۲۔ ۴ قولہ فی یعتدون بہت دور یدل علیہ المقام لیفید الزیادۃ والافکل کفر یکون اعتداء لا محالۃ فافاد بھذا التفسیر کون کفرھم شدیدا لان الکفر بعضہ دون بعض ۱۲۔ ۵ قولہ قبل کانوا

www.besturdubooks.net

استمرارا فافاد جملة لا يتناهون الامتداد كما افاد السابقة الاشتداد فكان اشارة الى ان هذا اللعن الفظيع لا يكون بمطلق الكفر بل اذا اشتدوا وامتدوا وانما ترك العطف لكونها كالتفسير للسابق لان الاشتداد اكثر ما يكون مفضيا الى الامتداد ۱۲۔ ۲ قوله فى فعلوه اختيار الى آئندہ اشار به الى دفع اشكال مشهور ههنا وهو ان التناهى يستحيل تعلقه بما قد وقع لانه اعدام فى الماضى وهو غير مقدور تقرير الجواب انه لما كان الماضى والمستقبل متماثلين صح هذا الاطلاق كما فى قوله تعالىٰ وان لم ينتهوا عما يقولون فافهم فانه من المواهب ولا يحتاج فيه اليك تقدير مثل او معاودة وان كان حاصل الجميع واحدا ۱۲۔ ۷ قوله فى لا يتناهون بازنہ آتے كما فى الروح قيل التناهى بمعنى الانتهاء من قولهم متناهى عن الامر وانتهى عنه اذا امتنع ۱۲۔ ۸ قوله فى كفروا مشرک لان نفس[1] الكفر مشترك بينهم جميعًا ۱۲۔ ۹ قوله بعد يتولون مسلمانوں کی عداوت كما سياتى من قوله لتجدن وبهذا حصل التجاذب بين اطراف الكلام ۱۲۔ ۱۰ قوله هناك تناسب فی الکفر فلا يرادان التولى غايته او حرام فكيف يترتب عليه ما يترتب على الكفر وللاشارة اليه زدت فى ترجمة ما اتخذوهم اس طرح واوضحته ايضا لمه ۱۲۔ ۱۱ قوله فى قدمت بھیجتے اوضح به مفهوم التقديم كما فى الروح فعلوه فى الدنيا ليردوا على جزائه فى العقبى ۱۲۔ ۱۲ قوله فى ان سخط اس کے سبب اراد به دفع اشكال وهو ان المخصوص بالذم هو ان سخط وظاهر ان سخط الله ليس مذموما ثم هو ليس من اعمالهم حاصل الدفع ان المضاف محذوف اى موجب سخط الله دل عليه لفظ سبب واقيم المضاف اليه مقامه تنبيهًا على كمال التعلق والارتباط بينهما كانهما شىء واحد ۱۲۔ ۱۳ قوله قبل فى العذاب ثمرہ اشارة الى انه ليس معطوفا لعدم صحة دخوله فى حيز الحرف المصدرى بل فى موضع الحال المسببة عما قبلها ۱۲۔ ۱۴ قوله فى النبى موسیٰ علیہ السلام كذا فى الروح وهو كما ترى الطف وادق ۱۲۔ ۱۵ قوله فى ف بے قیداع ولا يشكل عليك ان التولى كما هو مشاهد لا يكون الا من البعض فان الرضاء بمنزلة الفعل وكان كلهم راضيا بالكفر ۱۲۔ ۱۶ قوله فى قسيسين علم دوست وفى رهبانا تارک دنیا ماخذه ما فى الروح ما نصه وفى مجمع البيان نقلا عن بعضهم ان النصارى ضيعت الانجيل واد خلوا فيه ما ليس منه وما بقى من علمائهم واحد على الحق والاستقامة يقال له قسيس فمن كان على هديه ودينه فهو قسيس وهو لغة رومية وقد تكلمت به العرب واجرؤ مجرى سائر كلماتهم والرهبان اصله من الرهبة الخوف كانوا يرهبون بالتخلى من اشغال الدنيا وترك ملاذها والزهد فيها والعزلة عن اهلها اه قلت واخذت فى معنى القسيس بالحاصل لان من كان كذا فهو لا بدان يحب العلم ولو لم يكن على الحق كما كان اكثرهم كذلك فاتسع فى اطلاق القسيس ۱۲۔ ۱۷ قوله هناك بہت سے فى الروح والتنكير فى رهبانا لافادة الكثرة ولا بد من اعتبارها فى القسيسين اذ هى التى تدل على مؤدة جنس النصارى للمؤمنين فان اتصاف افراد كثيرة لجنس بخصلة مظنة لا تصاف الجنس بها والا فمن اليهود ايضا قوم مهتدون لكنهم لما لم يكونوا فى الكثرة كالذين من النصارى لم يتعد حكمهم الى جنس اليهود آه وفى حديث لو آمن بى عشرة من اليهود اشارة اليه ۱۲۔ ۱۸ قوله فى اخر الترجمة محب دنیا دل عليه قوله تعالىٰ ولتجدنهم احرص الناس على حيٰوة وتكبرهم مشهور ۱۲۔ ۱۹ قوله فى ف فائدة اول اخلاق حمیدہ الخ وهذا القول ايضا قرينة لارادة العموم من وجه فى الآية وعدم ارادة خصوص المسلمين منهم ۱۲۔

الرِّوَايَاتُ: فى اللباب اخرج ابن ابى حاتم عن سعيد بن المسيب وابى بكر بن عبدالرحمن وعروة بن الزبير قالوا بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم عمرو بن امية الضمرى وكتب معه كتابا الى النجاشى فقدم على النجاشى فقرأ كتاب رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم دعا جعفر بن ابى طالب والمهاجرين معه وارسل الى الرهبان والقسيسين ثم امر جعفر بن ابى طالب فقرأ عليه سورة مريم فآمنوا بالقرآن فاضت اعينهم من الدمع فهم الذين انزل الله فيهم ولتجدن اقربهم مودة الى قوله فاكتبنا مع الشٰهدين وروى ابن ابى حاتم عن سعيد بن جبير قال بعث النجاشى ثلاثين رجلا من خيارا صحابه الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقرأ عليهم سورة يٰسٓ فبكوا فنزلت فيهم الآية واخرج النسائى عن عبدالله ابن الزبير قال انزلت هذه الآية لفى النجاشى واصحابه واذا سمعوا ما انزل الخ وروى الطبرانى عن ابن عباس نحوه البسط منه ۱۲۔

البَلَاغَة: فى الروح والعدول عن جعل ما فيه التفاوت بين الفريقين شيئا واحدا قد تفاوتا فيه بالشدة والضعف او بالقرب والبعد بان يقال آخر او لتجدن اضعفهم عداوة او بان يقال او لا لتجدن ابعد الناس مودة للايذان بكمال تباين ما بين الفريقين من التفاوت ببيان ان احدهما فى اقصى مراتب احد النقيضين والآخر فى اقرب مراتب النقيض الآخر ۱۲ ر۔

www.besturdubooks.net

وَإِذَا سَمِعُوا مَا أُنزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَىٰ أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوا مِنَ الْحَقِّ ۖ يَقُولُونَ رَبَّنَا
آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ ﴿٨٣﴾ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا جَاءَنَا مِنَ الْحَقِّ وَنَطْمَعُ أَن يُدْخِلَنَا رَبُّنَا
مَعَ الْقَوْمِ الصَّالِحِينَ ﴿٨٤﴾ فَأَثَابَهُمُ اللَّهُ بِمَا قَالُوا جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ
ع ۱۱/۹ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ ﴿٨٥﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿٨٦﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا
تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ﴿٨٧﴾ وَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ
حَلَالًا طَيِّبًا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ ﴿٨٨﴾

اور جب وہ اس کو سنتے ہیں جو کہ رسول کی طرف بھیجا گیا ہے تو آپ ان کی آنکھیں آنسوؤں سے بہتی ہوئی دیکھتے ہیں اس سبب سے کہ انہوں نے حق کو پہچان لیا۔ یوں کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہم مسلمان ہوگئے تو ہم کو بھی ان لوگوں کے ساتھ لکھ دے۔ جو تصدیق کرتے ہیں اور ہمارے پاس کونسا عذر ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ پر اور جو حق ہم کو پہنچا ہے اس پر ایمان نہ لائیں اور اس بات کی امید رکھیں کہ ہمارا رب ہم کو نیک لوگوں کی معیت میں داخل کر دے گا۔ سو ان کو اللہ تعالیٰ ان کے قول کی پاداش میں ایسے باغ دیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی یہ ان میں ہمیشہ کو رہیں اور نیکوکاروں کی یہی پاداش ہے اور جو لوگ کافر رہے اور ہماری آیات کو جھوٹا کہتے رہے وہ لوگ دوزخ والے ہیں۔ اے ایمان والو اللہ تعالیٰ نے جو چیزیں تمہارے واسطے حلال کی ہیں ان میں لذیذ چیزوں کو حرام مت کرو اور حدود سے آگے مت نکلو بے شک خدا تعالیٰ حد سے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتے اور خدا تعالیٰ نے جو چیزیں تم کو دی ہیں ان میں سے حلال مرغوب چیزیں کھاؤ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس پر تم ایمان رکھتے ہو۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر نصاریٰ کے ایک خاص صفات کی جماعت کا ذکر تھا آگے ان کا ذکر ہے جو ان میں مسلمان ہو گئے تھے۔

مدح نو مسلمان نصاریٰ: وَإِذَا سَمِعُوا مَا أُنزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَىٰ أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ (الی قولہ تعالیٰ) أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿٨٦﴾ اور (بعضے[1] ان میں جو کہ آخر میں مسلمان ہو گئے تھے ایسے ہیں کہ) جب وہ اس (کلام) کو سنتے ہیں جو کہ رسول (ﷺ) کی طرف بھیجا گیا ہے (یعنی قرآن) تو آپ ان کی آنکھیں آنسو سے بہتی ہوئی دیکھتے ہیں اس سبب[2] سے کہ انہوں نے (دین) حق (یعنی اسلام) کو پہچان لیا (مطلب یہ کہ حق کو سن کر متاثر ہوتے[3] ہیں اور[4]) یوں کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہم مسلمان ہو گئے تو ہم کو بھی ان لوگوں کے ساتھ لکھ لیجئے (یعنی ان میں شمار کر[5] لیجئے) جو (محمد ﷺ اور قرآن کے حق ہونے کی) تصدیق کرتے ہیں اور ہمارے پاس کون سا عذر[6] ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ پر (حسب[7] تعلیم شریعت محمد ﷺ) اور جو (دین) حق ہم کو (اب) پہنچا ہے اس پر ایمان نہ لاویں اور (پھر) اس بات کی امید (بھی) رکھیں کہ ہمارا رب ہم کو نیک (مقبول) لوگوں کی معیت میں داخل کر دے گا (بلکہ یہ امید موقوف اسلام پر ہے اس لئے مسلمان ہونا ضرور ہے) سو ان (لوگوں) کو اللہ تعالیٰ ان کے (اس) قول (مع الاعتقاد) کی پاداش میں ایسے باغ (بہشت کے) دیں[8] گے جن کے (محلات کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی (اور) یہ ان میں ہمیشہ کو رہیں گے اور نیکوکاروں کی یہی پاداش ہے اور (برخلاف ان کے) جو لوگ کافر[9] رہے اور ہماری آیات (واحکام) کو جھوٹا کہتے رہے وہ لوگ دوزخ (میں رہنے والے) ہیں۔

ربط: یہاں تک اہل کتاب کے متعلق گفتگو تھی آگے پھر عود[10] ہے احکام فرعیہ کی طرف جن کا کچھ شروع سورت میں اور کچھ درمیان میں بھی بیان ہوا ہے اور باعتبار خصوصیت مقام کے ایک ربط خاص بھی منقول ہے وہ یہ کہ اوپر مقام مدح میں رہبانیت کا ذکر آیا ہے گو وہ باعتبار اس کے ایک جزو خاص یعنی ترک حب دنیا کے ہے لیکن مظنہ تھا اس کی خصوصیات کے قابل مدح سمجھ جانے کا اس لئے اس مقام پر اس تحریم حلال کی ممانعت زیادہ مناسب ہوئی اسی طرح حکم شانزدہم کو سورت کی اول آیت : أَوْفُوا بِالْعُقُودِ سے خاص مناسبت ہے کہ ان عقود سے مراد عقود مطلوبہ ہیں اور جو عقد شرعاً مطلوب نہ ہو مثلاً وہ یمین جس کا توڑنا مناسب ہو اس کا ظاہری ایفاء نہ چاہئے بلکہ اس کا حقیقی ایفاء یہی ہے کہ عدم ایفاء کر کے کفارہ دے اور حکم ہفدہم کو سورت کے حکم سوم سے خاص تعلق ہے کہ دونوں میں کچھ ماکولات و مشروبات اور قمار اور انصاب کا ذکر ہے اور حکم ہشدہم کو حکم اول و دوم سے خاص ارتباط ہے کہ تینوں میں حرم کا احترام مضمون مشترک ہے اور احکام میں بھی تامل سے خاص تناسب معلوم و مفہوم ہو سکتا ہے واللہ اعلم۔

حکم پانزدہم نہی از تحریم حلال: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ
اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ نے جو چیزیں تمہارے واسطے حلال کی ہیں (خواہ[11] از قسم مطعومات ہوں یا ملبوسات یا منکوحات کی قسم سے ہوں) ان میں لذیذ (اور

www.besturdubooks.net

مرغوب[۱۴]) چیزوں کو (قسم وعہد کر کے اپنے نفس پر) حرام مت کرو اور حدود شرعیہ) سے (جو کہ تحلیل و تحریم کے باب میں مقرر ہیں) آگے مت نکلو۔ بیشک اللہ تعالیٰ حد (شرعی) سے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتے اور خدا تعالیٰ نے جو چیزیں تم کو دی ہیں ان میں حلال مرغوب چیزیں کھاؤ (برتو) اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس پر تم ایمان رکھتے ہو (یعنی تحریم حلال خلاف رضائے حق ہے۔ ڈرو اور اس کا ارتکاب مت کرو)۔

ف: تحریم حلال تین قسم[۱۵] ہے ایک اعتقاداً، دوسرا قولاً، تیسرا فعلاً یعنی دوام علی الترک باعتقاد قربت قسم اول کا حکم یہ ہے کہ اگر وہ حلال قطعی ہے تو اس تحریم سے کافر ہو جاوے گا۔ قسم دوم کا حکم یہ ہے کہ اگر الفاظ یمین سے ہے تو قسم ہو جاوے گی جس کا حکم یہ ہے کہ بلا حاجت[۱۶] یہ معصیت ہے اس کو توڑ کر کفارہ دے اور اگر الفاظ یمین سے نہیں تو لغو ہے اس کا کچھ اثر نہیں اور الفاظ یمین کے کتب فقہ میں مفصلاً مذکور ہیں جن میں دو صیغے جن کا حکم مشہور کم ہے اور الفاظ آیت سے ان کو زیادہ مناسبت ہے اس جگہ لکھتا ہوں ایک یہ کہ فلاں چیز مجھ پر حرام ہے یا میں اس کو اپنے اوپر حرام کرتا ہوں اس کا حکم یہ ہے کہ یہ قسم ہو جاوے گی۔ دوسرا یہ کہ اگر فلاں چیز کھاؤں یا فلاں کام کروں تو سور کھاؤں حرام کھاؤں اس کا حکم یہ ہے کہ جہاں اس طرح قسم کھانے کا رواج نہ ہو وہاں تو قسم نہ ہوگی اور جہاں رواج ہو وہاں فقہاء کا اختلاف ہے ہکذا فی الدر المختار اور قسم سوم کا حکم یہ ہے کہ یہ بدعت اور رہبانیت ہے خلاف کرنا واجب ہے اور اس سے کفارہ نہیں آتا اور باعتقاد قربت کی قید اس لئے لگائی کہ اگر کسی مصلحت جسمی یا نفسی سے بطور علاج اس عارض کے بقاء تک ترک کر دیا ہے تو وہ تحریم نہیں ہے اور جائز ہے اور بزرگوں سے جو مجاہدات منقول ہیں وہ اسی قبیل سے ہیں اس لئے ان پر اعتراض ناجائز ہے اور ایک تقریر وَاتَّقُوا اللّٰهَ الخ کی یہ بھی ہو سکتی ہے کہ ضروری امر یہ ہے کہ حرام اور معصیت سے بچو کہ تقویٰ یہ ہے اور حلال اشیاء سے بچنے پر تقویٰ موقوف نہیں اس کی ضرورت نہیں۔ دونوں تقریروں میں فرق یہ ہے کہ پہلی تقریر کا حاصل توقف التقویٰ علی عدم التحریم ہے اور دوسری تقریر کا حاصل عدم توقف التقویٰ علی التحریم ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ الخ اس میں وجد کا اثبات ہے کیونکہ وجد کی حقیقت یہ ہے حالۃ محمودۃ غریبۃ غیر اختیاریۃ قولہ تعالیٰ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ الخ اس میں دلالت ہے کہ محض طمع بدوں عمل کے معتد بہ نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الخ اس میں رسم ترک حیوانات کا ابطال ہے جو بعض مدعیان طریقت کا طریق ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی سمعوا بعضے كذا فی الكبير ۱۲۔ ۲ قوله فی مما سبب اشارة الى كون من تعليلة وما يجوز ان تكون يصدرته ومن الحق تبعيض او زائدة وان تكون موصولة ومن الحق بيان ۱۲۔ ۳ قوله فی توضيح تفيض متاثر وهو المقصود سواء كان بفيض الدمع او بدونه بان يؤمنوا اولا يبكوا۔ ۴ قوله فی يقولون اور اشارة الى كونه استينافًا ويجوز ان يكون حالا من ضمير عرفوا ۱۲۔ ۵ قوله فی اكتبنا شارائح اشارة الى انه بمعنى اجعلنا كما فی الروح ۱۲۔ ۶ قوله فی ما لنا عذر ہے تفصيله ان لا نؤمن حال من الضمير فی لنا والعامل ما فيه من معنى الاستقرار الى اى شئى حصل لنا غير مؤمنين كذا فی الروح وانا عينت ذلك الشئى وهو العذر الذى يكون سببا لعدم الايمان ۱۲۔ ۷ قوله فی لا نؤمن حسب تعليم لان القوم كانوا مصدقين بالله من قبل لكن لا موافقا لشرعنا ۱۲۔ ۸ قوله ونطمع اور پھر اشارة الى ما فی الكشاف ويجوز ان يكون ونطمع حالا من لا نؤمن على انهم انكروا على نفوسهم انهم لا يؤمنون ويطمعون مع ذلك ان يصحبوا الصٰلحين اه قلت وفی هذه العبارة بقوله يصحبوا تفسير ايضا لقوله تعالٰى مع حيث لم يقل من الصٰلحين واشرت اليه بقولی معيت وهذه المعية فی الدنيا وفی الآخرة نعيما ۱۲۔ ۹ قوله فی قالوا مع الاعتقاد لان القول المحض لا يجدى نفعًا ۱۲۔ ۱۰ قوله فی اثاب دیں گے اشارة الى ان الماضى بمعنى المستقبل ۱۲۔ ۱۱ قوله فی كفروا رہے يعنى الى الموت ۱۲۔ ۱۲ قوله فی التمهيد گو فی هذا النهج اشارة الى لطفية الى ان الطالب للحق لا ينبغى له الاشكال بمحاجة المخالف بحيث يذهل عن الاحكام المتعلقة بنفسه ۱۲۔ ۱۳ قوله فی ما احل خواه از قسم الخ لان سبب النزول كان فيه تحريم الاقسام المختلفة واما قوله كلوا فليس للتخصيص بل لكونه اعظم المنافع واشرت الى عدم التخصيص بقولی فی ترجمه (برتو) ۱۲۔ ۱۴ قوله فی طيبات اور مرغوب عطف تفسيرى وهذا التخصيص لكون التحريم فی سبب النزول متعلقا به لا لان غير الطيبات يجوز تحريمه ۱۲۔ ۱۵ قوله فی اول ف تین قسم والآية عامة للجميع ۱۲۔ ۱۶ قوله فی قسم دوم من ف بلا حاجت زيد ليخرج تحريمه صلى الله عليه وسلم العسل او مارية لحاجة ابتغاء مرضات ازواجه الذى كان جائزا له فی اجتهاده صلى الله عليه وسلم ۱۲۔

الروایات: اورد فی اللباب بتخريج الترمذى وابن جرير وابن عساكر وابن ابى حاتم عن ابن عباس ومرسل عكرمة وابى قلابة ومجاهد وابى مالك والنخعى والسدى وعن زيد بن اسلم تحريم اللحم والدسم والنساء ولبس غير المسوح عن رجل ورجال من

www.besturdubooks.net

الصحابة منهم عثمان بن مظعون وعلي ابن مسعود والمقداد بن الاسود وسالم مولٰى ابى حذيفة وعبدالله بن عمر وابو بكر وعمر عن عبدالله بن رواحة واضيافه فى قصة الضيافة بالفاظ مختلفة قلت ولا تزاحم فى الاسباب۱۲۔

البلاغۃ: قوله تفيض فى الروح عن الانتصاف ان هذه العبارة ابلغ العبارات وهى ثلث مراتب فالاولى فاض ومع عينه وهذا هو الاصل والثانية محولة من هذه وهى فاضت عينه دمعا فانه قد حول فيها الفعل الى العين مجازا و مبالغة ثم نبه على الاصل والحقيقة بنصب ما كان فاعلا على التمييز والثالثة ما فى النظم الكريم وفيها التحويل المذكور الا انها ابلغ من الثانية باطراح التنبيه على الاصل وعدم نصب التمييز وابرازه فى سورة التعليل ۱۲ قوله ما لنا لا نؤمن فى الروح بعد ما نقلته عنه من تركيبه هكذاوالانكار متوجه الى السبب والمسبب جميعًا كما فى قوله تعالٰى وما لى لا اعبد الذى فطرنى ونظائره لا الى السبب فقط مع تحقق المسبب كما فى قوله تعالٰى فما لهم لا يؤمنون وامثاله۱۲ قوله قالوا فى الروح ان القول اذا لم يقيد بالخلو عن الاعتقاد يكون المراد به المقارن له كما اذا قيل هذا قول فلان لان القول انما يصدر عن صاحبه لافادة الاعتقاد وقيل ان القول ههنا مجاز عن الراى والاعتقاد كما يقال هذا قول الامام الاعظم اى هذا مذهبه واعتقاده۱۲ قوله كذبوا فى الروح عطف التكذيب على الكفر مع انه منه لما ان القصد الى بيان حال المكذبين وذكرهم بمقابلة المصدقين۱۲۔

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ۭ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ۭ وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۸۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾

اللہ تعالیٰ تم سے مواخذہ نہیں فرماتے تمہاری قسموں میں لغو قسم پر لیکن مواخذہ اس پر فرماتے ہیں کہ تم قسموں کو مستحکم کرو۔ سو اس کا کفارہ دس محتاجوں کو کھانا دینا اوسط درجہ کا جو اپنے گھر والوں کو کھانے کو دیا کرتے ہو یا ان کو کپڑا دینا یا ایک غلام یا لونڈی آزاد کرنا اور جس کو مقدور نہ ہو تو تین دن کے روزے ہیں۔ یہ کفارہ ہے تمہاری قسموں کا جب کہ تم قسم کھالو اور اپنی قسموں کا خیال رکھا کرو۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ تمہارے لئے اپنے احکام بیان فرماتے ہیں تاکہ تم شکر کرو۔ اے ایمان والو بات یہی ہے کہ شراب اور جوا اور بت وغیرہ اور قرعہ کے تیر یہ سب گندی باتیں ہیں۔ شیطانی کام ہیں۔ سو ان سے بالکل الگ رہو تاکہ تم کو فلاح ہو۔ شیطان تو یوں چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعے سے تمہارے آپس میں عداوت اور بغض واقع کردے اور اللہ تعالیٰ کی یاد سے اور نماز سے تم کو باز رکھے۔ سو اب بھی باز آؤ گے ۞

تفسیر ربط: اوپر تحریم طیبات کا ذکر تھا چونکہ وہ بعض اوقات بذریعہ یمین یعنی قسم کے ہوتی ہے اس لئے آگے یمین کا حکم مذکور ہے۔

حکم شانز دہم متعلق سوگند: لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ (الی قولہ تعالی) لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ اللہ تعالیٰ تم سے (دنیوی) مواخذہ نہیں فرماتے (یعنی کفارہ واجب نہیں کرتے) تمہاری قسموں میں لغو قسم (توڑنے) پر لیکن (ایسا) مواخذہ اس پر فرماتے ہیں کہ تم قسموں کو (آئندہ کی بات پر) مستحکم کردو (اور پھر اس کو توڑ دو) سو اس (قسم کے توڑنے) کا کفارہ (یہ ہے کہ) دس محتاجوں کو کھانا دینا اوسط درجہ کا جو اپنے گھر والوں کو (معمولی طور پر) کھانے کو دیا کرتے ہو یا ان (دس محتاجوں) کو کپڑا دینا (اوسط درجہ کا) یا ایک غلام یا لونڈی آزاد کرنا (یعنی تینوں میں جس کو چاہے اختیار کرلے) اور جس کو (ان تینوں میں سے ایک کا بھی) مقدور نہ ہو تو (اس کا کفارہ) تین دن کے (متواتر) روزے ہیں یہ (جو مذکور ہوا) کفارہ ہے تمہاری (ایسی) قسموں کا جب کہ تم قسم کھالو (اور پھر اس کو توڑ دو) اور (چونکہ یہ کفارہ واجب ہے اس لئے) اپنی قسموں کا خیال رکھا کرو (کبھی ایسا نہ ہو کہ قسم کو توڑ دو اور کفارہ نہ دو اور اللہ تعالیٰ نے جس طرح یہ حکم برعایت تمہارے دنیوی و دینی مصالح کے بیان فرمایا ہے) اسی طرح اللہ تعالیٰ تمہارے واسطے اپنے (دوسرے) احکام (بھی) بیان فرماتے ہیں تاکہ تم (اس نعمت رعایت مصالح کا) شکر کرو۔

www.besturdubooks.net

ف: لغو کہتے ہیں بے اثر کو اس کے دو معنی ہیں ایک وہ جس پر گناہ کا اثر مرتب نہ ہو اس کا حکم اور تفسیر اور اقسام سورۂ بقرہ کے حکم بست وکیم میں بیان ہو چکا ہے۔ دوسرے وہ جس پر اثر کفارہ کا مرتب نہ ہو۔ اس آیت میں بقرینۂ مقابلہ یمین موجب کفارہ کے اسی کا ذکر ہے اور اس کا مقابل جس میں کفارہ واجب ہو منعقدہ کہلاتی ہے حقیقت اس کی یہ ہے کہ آئندہ کسی امر کے وقوع یا عدم وقوع پر قسم کھائی اور اسی سے لغو کی حقیقت بھی معلوم ہو گئی جو ایسی نہ ہو۔ زیادہ تفصیل اس کی سورۂ بقرہ کے موقع مذکور پر گزر چکی ہے جو ملاحظہ کے قابل ہے اب چند مسائل یمین منعقدہ کے متعلق لکھے جاتے ہیں۔

مسئلہ: قسم توڑنے سے پہلے کفارہ ادا نہیں ہو سکتا۔

مسئلہ: کھانا دینے میں اختیار ہے خواہ دس آدمیوں کو دونوں وقت گھر بٹھا کر کھلا دے لیکن ان سب میں ایسا شخص نہ ہو جو قریب بلوغ بھی نہ ہو یا شکم سیر ہو یا صدقۂ فطر کے برابر ہر مسکین کو غلہ یا اس کی قیمت دے دے کذا فی رد المختار عن البدائع اور یہ مساکین ایسے ہوں جن کو زکوٰۃ دینا درست ہے۔

مسئلہ: اگر کپڑا دے تو اس قدر ہو جس سے بدن کا اکثر حصہ ڈھک جاوے مثلاً ایک کرتہ، ایک پاجامہ یا ایک لنگی اور چادر۔

مسئلہ: غلام لونڈی کے مسائل پارہ والمحصنٰت کے نصف کے بعد رکوع وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ میں گزر چکے ہیں۔ مگر یہاں اس کا مومن ہونا شرط نہیں۔

مسئلہ: اگر روزہ رکھے تو متواتر رکھنے چاہئیں۔

مسئلہ: قسم خواہ جان کر توڑے یا بھول کر ٹوٹ جاوے دونوں میں کفارہ واجب ہے۔

مسئلہ: اگر دو روزے رکھے تھے پھر اطعام یا کسوہ کا مقدور ہو گیا تو روزے سے کفارہ نہیں ہوا۔

مسئلہ: مقدور سے مراد صاحب نصاب ہونا نہیں بلکہ جس سے کفارہ ادا کر سکے المسائل کلہا من الدر المختار والہدایہ والبحر۔

ربط: اوپر حلال چیزوں کے ترک خاص کی ممانعت تھی آگے بعض حرام چیزوں کے استعمال کی ممانعت ہے۔

حکم ہفدہم تحریم خمر و قمار وغیرہما: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ...... فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ۔ اے ایمان والو بات یہی ہے کہ شراب اور جوا اور بت وغیرہ اور قرعہ کے تیر یہ سب گندی باتیں شیطانی کام ہیں سو ان سے بالکل الگ رہو تا کہ تم کو (بوجہ) ان کی مضرتوں سے بچنے کے جو آگے مذکور ہیں) فلاح ہو (اور وہ مضرتیں دنیوی بھی ہیں اور دینی بھی جن کا بیان یہ ہے کہ) شیطان تو یوں چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعہ سے تمہارے آپس میں (برتاؤ میں) عداوت اور (دلوں میں) بغض واقع کر دے (چنانچہ ظاہر ہے کہ شراب میں تو عقل نہیں رہتی گالی گلوچ دنگہ فساد ہو جاتا ہے جس سے بعد میں بھی طبعاً کدورت باقی رہتی ہے۔ اور جوئے میں جو شخص مغلوب ہوتا ہے اس کو غالب پر غیظ ہوتا ہے اور جب اس کو رنج ہوگا دوسرے پر بھی اس کا اثر پہنچے گا یہ تو دنیوی کی مضرت ہوئی) اور (شیطان) یوں چاہتا ہے کہ اسی شراب اور جوئے کے ذریعہ سے) اللہ تعالیٰ کی یاد سے اور نماز سے (جو کہ اللہ کی یاد کا سب سے افضل طریقہ ہے) تم کو باز رکھے (چنانچہ یہ بھی ظاہر ہے کیونکہ شراب میں تو اس کے ہوش ہی بجا نہیں ہوتے اور قمار میں غالب کو تو سرور ونشاط اس درجہ ہوتا ہے کہ وہ اس میں غرق ہوتا ہے اور مغلوب کو مغلوب ہونے کا رنج واضمحلال اور پھر غالب آنے کی کوشش اس درجہ ہوتی ہے کہ اس سے فراغ نہیں ہوتا یہ دینی مضرت ہوئی جب ایسی بری چیزیں ہیں) سو (بتلاؤ) اب بھی باز آ ؤ گے۔

ف: خمر ومیسر کے متعلق سورۂ بقرہ کے حکم پانزدہم میں اور ازلام کے متعلق اسی سورۂ مائدہ کے حکم سوم میں ضروری بیان گزر چکا ہے وہاں دیکھ لیا جاوے اور اس مقام پر شانِ نزول سے جس کو لباب میں مسند احمد سے نقل کیا ہے کہ لوگ خمر ومیسر کے عادی تھے الخ اور نیز حکمت تحریم کے بیان میں خمر ومیسر کے بیان پر اکتفا کرنے سے اصل مقصود ان ہی کا ذکر کرنا ہے اور ازلام بھی میسر میں داخل ہے اور انصاب کا جو ساتھ میں ذکر کیا گیا اس سے مقصود خمر ومیسر کی مذمت کی تاکید ہے کہ یہ اس قابل ہیں کہ بت پرستی کے ساتھ ان کا ذکر کیا جاوے اور اسی اشارہ کی توضیح کے لئے آگے بیان حکمت میں صلوٰۃ کے باوجود اس کے ذکر اللہ میں داخل ہونے کی تصریح فرمائی گویا حاصل یہ ہوا کہ یہ خمر ومیسر بت پرستی اور کفر کے قریب قریب اس لئے ہیں کہ نماز سے جو کہ ایمان کے اعظم شعائر اور علامات ایمان سے ہے مانع ہیں جب اس طور پر ایمان سے بعد ہوا تو کفر سے قرب ہوا۔

فائدہ: خمر ومیسر کی حرمت کی جو حکمت بیان فرمائی گئی ہے وہ شطرنج وغیرہ میں بھی مشاہد ہے اس سے سمجھ لینا چاہئے کہ جائز کس طرح ہو سکتی ہے۔ حدیث میں ہے کہ اس آیت کو سن کر صحابہؓ نے کہا انتہینا یعنی ہم باز آئے رواہ الترمذی۔ اور یہ بھی آیا ہے کہ جو شرابیں اس وقت موجود تھیں سب پھینک دیں۔ رواہ البخاری۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ الخ اس میں دلالت ہے کہ معاصی میں جیسے اخروی مضرتیں ہیں اسی طرح دنیوی مضرتیں بھی ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى التمهيد اس لئے آگے وايضا لسوال بعض الحالفين المذكورين آنفًا كما سيأتى فى الروايات ۱۲ ۔ ۲ قوله فى لا يؤاخذ دنیوی قرينة ذكر الكفارة فيما يليه ۱۲ ۔ ۳ قوله فى اللغو توڑنے پر لانه لا كفارة قبل الحنث وجوبا اجماعًا والوجوب هو

www.besturdubooks.net

المراد بالمواخذة ۱۲۔ ۴ قوله فی کفارته اس قسم ای المنعقدة لا مطلق الیمین فالمرجع هو الحلف المدلول علیه بقوله عقدتم الایمان ای بشرط الحنث ۱۲۔ ۵ قوله فی اطعام دینا ہو عام فی لساننا للاباحة والتملیك کالاطعام فی لسان العرب کما فسره فی الروح بالتمکین من الطعام اه وعموم التمکین ظاهر ۱۲۔ ۶ قوله فی کسوة کپڑا دینا فالجزء الاول ترجمة الکسوة لانه هو المثوب والجزء الثانی ترجمة للقدر .... ای الا لباس بقرینة العطف علی المصدر ۱۲۔ ۷ قوله هناك اوسط قرینة تقیید قرینه بهذا القید فلم یصرح اعتمادا علی الظهور ۱۲۔ ۸ قوله فی فصیام اس کا کفاره اشارة الی تقدیر المبتدأ ۱۲۔ ۹ قوله فی کذلك جس طرح اشار الی المشبه به ۱۲۔ ۱۰ قوله فی ف حقیقة المنعقدة قسم کھائی اشارة الی القصد کما فی فتح القدیر بحث ووجه الاشارة التعبیر بقوله قسم کھائی الذی هو فعل اختیاری لان الذی لا یکون بالاختیار یقال له قسم نکل گئی فافهم ۱۲۔ ۱۱ قوله فی انما یہی ہے لوضعها للحصر ۱۲۔ ۱۲ قوله فی الانصاب وغیرہ اشارة الی ان الانصاب لا یختص بالاصنام بل هو کل ما یعبد من دون الله ولو غیر مصور ۱۲۔ ۱۳ قوله رجس یہ سب یعنی حکم علی المذکور باعتبار کل واحد ومن ثم صح توحید الضمیر فی اجتنبوه ۱۲۔ ۱۴ قوله هناك باتیں اشارة الی تقدیر المضاف فی طرف المبتدأ من التعاطی لیصح کونه من عمل الشیطان وعلیه فیجوز ارجاع الضمیر فی اجتنبوه الی التعاطی ۱۲۔ ۱۵ قوله فی عمل شیطانی النسبة للسببیة المدلولة بمن ۱۲۔ ۱۶ قوله فی فی الخمر ذریعہ فکلمة فی للسببیة کما فی قوله علیه السلام فی هرة ۱۲۔ ۱۷ قوله فی عن الصلوٰة افضل اشارة الی نکتة التخصیص بعد التعمیم ۱۲۔ ۱۸ قوله فی فهل بتلاؤ دل علی معنی الاستفهام ۱۲۔

الروایات: فی الروح اخرج ابن جریر عن ابن عباسؓ نزلت حین نهی القوم عما صنعوا فقالوا یا رسول الله کیف نصنع بایماننا التی حلفنا علیها فی الروح ایضا عن ابن مردویه عن ابن عباسؓ مرفوعًا ثلثة ایام متتابعات فی سوال حذیفة وعن ابن ابی شیبة وابن حمید وابن جریر وابن ابی داؤد فی المصاحف وابن المنذر والحاکم وصححه والبیهقی عن ابی بن کعب انه کان یقرأ فصیام ثلثة ایام متتابعات واخرج غالب هؤلاء عن ابن مسعودؓ انه کان یقرأ کذلك ۱۲۔ مرت فی البقرة وبقی منها شئی یتعلق بهذا المقام خاصةً وهو ما فی اللباب بروایة النسائی والبیهقی عن ابن عباسؓ قال انما نزل تحریم الخمر فی قبیلتین من قبائل الانصار شربوا فلما ان ثمل القوم عبث بعضهم فلما صحوا جعل الرجل یری الاثر فی وجهه وراسه ولحیته فیقول صنع بی هذا اخی فلان وکانوا اخوة لیس فی قلوبهم ضغائن فیقول والله لو کان بی رؤفًا رحیمًا ما صنع بی هذا حتی وقعت الضغائن فی قلوبهم فانزل الله تعالیٰ هذه الآیة انما الخمر والمیسر اه قلت ولا دلیل فیه علی تخصیص العداوة بالخمر ولو سلم فلا بأس بن نقول ان ما فی قوله تعالیٰ انما یرید الشیطان یکون مجموعه سببا لتحریم المجموع من الخمر والمیسر فافهم۔

اختلاف القراءة :فی قراء ة عقدتم بالتخفیف وفی قراء ة عاقدتم والمفاعلة فیها لاصل الفعل وکذا قراء ة التشدید وقیل ان ذلك للمبالغة باعتبار ان العقد باللسان والقلب کذا فی الروح قلت وانظر ما سیأتی فی الحاشیة المتعلقة بحقیقة المنعقدة تجد ما نقلت عن الروح آنفا مؤید الذلك ووجه التائید کون اشتراط المقصد مصرحا به فی الفتح وهو فعل القلب الذی سماه فی الروح العقد بالقلب فافهم۔

الفقه : استدل الشافعیة بقوله اذا حلفتم ان الکفارة یجوز ادائها بعد الحلف قبل الحنث والجواب ان هذه الکفارة هی المذکورة فی ما قبل بعنوان المؤاخذة المرادفة للوجوب ولا وجوب اجماعًا بدون الحنث فثبت انه لا بد من التقیید بالحنث کما اشرت الیه فی الترجمة ۱۲۔

اللغات: قوله التعقید التوثیق والاهلون جمع اهل علی خلاف القیاس والکفارة بالمعنی المصدری وهی الفعلة التی من شانها ان تکفر الخطیئة وتسترها والمراد بالستر المحولان المحو لا یری کالمستور والتاء للنقل او للمبالغة کل هذا فی الروح ۱۲۔ الخمر فی القاموس ما اسکر من عصیر العنب او عام اه قلت والاول قول ابی حنیفةؒ والثانی قول غیره ۱۲۔ الرجس فی القاموس القذر والماثم فی الروح هو مصدر فی الاصل اه فلهذا صح توحیده فی خبر المتعدد علی قول واما علی قول تقدیر المضاف فلا حاجة الیه العداوة فی القاموس ضد الصداقة والبغضاء ضد الحب اه قلت وبه علم الفرق بینهما فان الاول فی الظاهر والثانی فی الباطن وقد اشرت الی هذا الفرق فی اثناء الترجمة والله اعلم ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اَلنَّحو: قوله في ايمانكم اما متعلق باللغو يقال لغا في يمينه او بمقدر اى كائنا في ايمانكم كذا في الروح ۱۲۔ قوله بما عقدتم ما مصدرية اى بتعقيدكم الايمان وتوثيقكم كذا في الروح۔

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿٩٢﴾ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ۭ
ع ۱۲/۷/۲ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٩٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ
يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٩٤﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ
وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاۗءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًۢا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ
طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ۭ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ۭ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ۭ
وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿٩٥﴾

اور تم اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتے رہو اور رسول کی اطاعت کرتے رہو اور احتیاط رکھو اور اگر اعراض کرو گے تو یہ جان رکھو کہ ہمارے رسول کے ذمہ صرف صاف صاف پہنچا دینا تھا۔ ایسے لوگوں پر جو کہ ایمان رکھتے ہوں اور نیک کام کرتے ہوں اس چیز میں کوئی گناہ نہیں جس چیز کو وہ کھاتے پیتے ہوں جبکہ وہ لوگ پرہیز رکھتے ہوں اور ایمان رکھتے ہوں اور نیک کام کرتے ہوں پھر پرہیز کرنے لگتے ہوں اور ایمان رکھتے ہوں پھر پرہیز کرنے لگتے ہوں اور خوب نیک عمل کرتے ہوں اور اللہ تعالیٰ ایسے نیکوکاروں سے محبت رکھتے ہیں۔ اے ایمان والو اللہ تعالیٰ قدرے شکار سے تمہارا امتحان کرے گا جن تک تمہارے ہاتھ اور تمہارے نیزے پہنچ سکیں گے۔ تاکہ اللہ تعالیٰ معلوم کرلے کہ کون شخص اس سے بن دیکھے ڈرتا ہے۔ سو جو شخص اس کے بعد حد سے نکلے گا اس کے واسطے دردناک سزا ہے۔ اے ایمان والو وحشی شکار کو قتل مت کرو جب کہ تم حالت احرام میں ہو اور جو شخص تم میں اس کو جان بوجھ کر قتل کرے گا تو اس پر پاداش واجب ہوگی جو کہ مساوی ہوگی اس جانور کے جس کو اس نے قتل کیا ہے جس کا فیصلہ تم میں سے دو معتبر شخص کردیں گے۔ خواہ وہ پاداش خاص چوپایوں میں سے ہو بشرطیکہ نیاز کے طور پر کعبہ تک پہنچائی جائے اور خواہ کفارہ مساکین کو دے دیا جائے اور خواہ اس کے برابر روزے رکھ لئے جائیں تاکہ اپنے کئے کی شامت کا مزہ چکھو۔ اللہ نے گزشتہ کو معاف کردیا اور جو شخص پھر ایسی حرکت کرے گا تو اللہ تعالیٰ انتقام لیں گے اور اللہ تعالیٰ زبردست ہیں انتقام لے سکتے ہیں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر ایک حکم خاص کے امتثال کا امر فرمایا ہے آگے مطلقاً تمام احکام میں اطاعت کرنے کا امر ہے۔

امر باتمثال جمیع احکام: وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ (الی قولہ تعالیٰ) الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ اور تم (جمیع احکام میں) اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتے رہو اور رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اطاعت کرتے رہو اور (مخالفت حکم سے) احتیاط رکھو اور اگر (اطاعت سے) اعراض کرو گے تو یہ جان رکھو کہ ہمارے رسول کے ذمہ صرف صاف صاف (حکم کا) پہنچا دینا تھا (اور وہ اس کو بخوبی انجام دے چکے اور تم کو احکام پہنچا چکے اب تمہارے پاس کسی عذر کی گنجائش نہیں رہی)

ربط: لباب میں مسند احمد سے بروایت ابی ہریرۃؓ منقول ہے کہ جب اوپر کی آیت میں تحریم خمر و میسر نازل ہو چکی تو بعض لوگوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ بہت سے آدمی جو کہ شراب پیتے تھے اور قمار کا مال کھاتے تھے تحریم سے پہلے مر گئے اور اب معلوم ہوا کہ وہ حرام ہے ان کا کیا حال ہوگا، اور لباب میں بروایت نسائی سوال کے قصہ میں یہ لفظ ہے فقال ناس من المتكلفين هي رجس وهي في بطن فلان وقد قتل يوم احد اس پر آیت آئندہ نازل ہوئی جس میں ان پر گناہ نہ ہونا مذکور ہے۔

عدم تاثیم خمر و میسر قبل تحریم: لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ایسے لوگوں پر جو کہ ایمان رکھتے ہوں اور نیک کام کرتے ہوں اس چیز میں کوئی گناہ نہیں جس کو وہ کھاتے پیتے ہوں (اور اس وقت وہ حلال ہو، گو بعد میں حرام ہو جاوے اور ان کو گناہ کیسے ہوتا) جب کہ (گناہ کا کوئی امر مقتضی نہ ہو بلکہ ایک امر مانع موجود ہو وہ یہ کہ) وہ لوگ (خدا کے خوف سے اس وقت کی ناجائز چیزوں سے) پرہیز رکھتے ہوں اور (دلیل اس خوف کی یہ ہو کہ وہ لوگ) ایمان رکھتے ہوں (جو کہ خدا سے ڈرنے کا سبب ہے) اور نیک کام کرتے ہوں (جو کہ خوفِ خدا کی علامت ہے اور اسی حالت پر وہ عمر بھر رہیں، چنانچہ اگر وہ حلال چیز جس کو پہلے کھاتے پیتے تھے آگے ہی چل کر حرام ہو جاوے تو پھر اس سے بھی اسی خوفِ خدا کے سبب) پرہیز کرنے لگتے ہوں اور

www.besturdubooks.net

اس (خوف کی بھی دلیل مثل سابق یہی ہو کہ وہ لوگ) ایمان رکھتے ہوں (جو کہ فی نفسہٖ مقتضی اعمال صالحہ کو ہوتا ہے۔ پس یہاں بھی سبب اور علامت خوف خدا کے مجتمع ہیں اور اگر پھر کوئی اور حلال چیز حرام ہو جاوے تو) پھر (اس سے بھی اسی خوف خدا کے سبب) پرہیز کرنے لگتے ہوں اور (اس خوف کی دلیل بھی وہی مثل سابق ہو کہ وہ لوگ) خوب نیک عمل کرتے ہوں (جو کہ موقوف ہیں ایمان پر پس یہاں بھی سبب اور علامت خوف خدا کے مجتمع ہیں مطلب یہ کہ ہر بار کی مکرر سہ کرر تحریم میں ان کا یہ عملدرآمد ہو کچھ دو تین بار کی خصوصیت نہیں، پس باوجود مانع اور استمرار مانع کے ہمارے فضل سے بعید ہے کہ وہ گناہگار ہوں) اور (ان کی یہ خاص طریقۂ مذکورہ کی نکوکاری صرف لزوم گناہ سے مانع ہی نہیں بلکہ وجود ثواب و محبوبیت کو مقتضی بھی ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ ایسے نیکو کاروں سے محبت رکھتے ہیں (پس ان میں مبغوض ہونے کا احتمال تو کب ہو سکتا ہے یہ تو غیر مبغوض ہونے سے گزر کر محبوب ہونے کا درجہ رکھتے ہیں)

ربط: شروع سورت حکم اول میں احرام کی حالت میں شکار کی ممانعت اجمالاً فرمائی تھی۔ اب آگے اس کی قدرے تفصیل ہے اور اس کے علاوہ ایک خاص ربط بھی ہے کہ اوپر تحریم طیبات کا ذکر تھا یہاں فرماتے ہیں کہ ہم اس کے مختار ہیں کہ بعض احوال میں ان کی تحریم کر دیں۔

حکم ہشد ہم متعلق بصید در احرام: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَیَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَیْءٍ (الی قولہ تعالی) وَ اللّٰهُ عَزِیْزٌ ذُو انْتِقَامٍ﴿۹۵﴾ اے ایمان والو اللہ تعالیٰ قدرے شکار سے تمہارا امتحان کرے گا جن تک (بوجہ تم سے دور دور نہ بھاگنے کے) تمہارے ہاتھ اور تمہارے نیزے پہنچ سکیں گے (مطلب امتحان کا یہ کہ حالت احرام میں وحوش کے شکار کرنے کو تم پر حرام کر کے جیسا آگے تصریحاً آتا ہے ان وحوش کو تمہارے آس پاس پھراتے رہیں گے) تاکہ اللہ تعالیٰ (ظاہر طور پر بھی) معلوم کر لے کہ کون شخص اُس سے (یعنی اس کے عذابؐ سے) بن دیکھے ڈرتا ہے (اور ارتکاب محرم سے جو کہ موجب عذاب ہے بچتا ہے اور دلالت التزامی سے اس خبر ابتلاء ہی سے حرمت مفہوم ہو گئی) سو جو شخص اس (حرمت) کے بعد (جس پر ابتلاء بھی دلالت کر رہا ہے) حد (شرعی) سے نکلے گا (یعنی شکار ممنوع کا مرتکب ہو گا) اس کے واسطے (باقتضاءؐ اس فعل کے آخرت میں) دردناک سزا (مقرر) ہے (چنانچہ وحوش اسی طرح آس پاس لگے پھرتےؐ تھے چونکہ صحابہؓ میں بہت سے شکار کے عادی تھے اس میں ان کی اطاعت کا امتحان ہو رہا تھا جس میں وہ پورے اترے، آگے ممانعت کی زیادہ تصریح ہے کہ) اے ایمان والو وحشی شکار کو (باستثناء ان کے کہ جن کو شرع نے مستثنیٰ کر دیا) قتل مت کرو جب کہ تم حالت احرام میں ہو (اسی طرح جب کہ وہ شکار حرم میں ہو گو شکاری احرام میں نہ ہو اس کا بھی یہی حکم ہے) اور جو شخص تم میں اس کو جان بوجھ کر قتل کرے گا تو اسؐ پر (اس کے فعل کی) پاداش واجب ہو گی جو کہ (باعتبار قیمت کے) مساوی ہو گی اس جانور کے جس کو اس نے قتل کیا جس (کے تخمینہ) کا فیصلہ تم میں سے دو معتبر شخص کر دیں (کہ دینداری میں بھی قابل اعتبار ہوں اور تجربہ و بصیرت میں بھی قابل اعتبار ہوں پھر اس قاتل کو تخمینۂ قیمت کے بعد اختیار ہے) خواہ (اس قیمت کا کوئی ایسا جانور خرید لے کہ) وہ پاداش (کا جانور) خاص چوپایوں میں سے ہو (یعنی اونٹ گائے بھینس بھیڑ بکری نر ہو یا مادہ) بشرطیکہ نیاز کے طور پر کعبہ (کے پاس) تک (یعنی حرم کے اندر) پہنچائی جاوے اور خواہ (اس قیمت کے برابر غلہ بطور) کفارہ (کے) مساکین کو دے دیا جاوے (اقل درجہ فی مسکین جس قدر کہ صدقہ فطر دیا جاتا ہے) اور خواہ اس (غلہ) کے برابر روزے رکھ لئے جاویں (برابری کی صورت یہ ہے کہ فی حصہ مسکین ایک روزہ اور یہ پاداش اس لئے مقرر کی ہے) تاکہ اپنے کئے کی شامت کا مزہ چکھے (بخلاف غیر متعمد کے کہ گو اس پر بھی یہی جزا واجب ہے مگر وہ فعل کیؐ پاداش نہیں بلکہ محل محترم یعنی صید کی جو کہ حرم کی وجہ سے محترم یا احرام کی وجہ سے کالمحترم ہو گیا ہے اس کا ضمان اور جزا ہے اور اسؐ جزا کے ادا کر دینے سے) اللہ تعالیٰ نے گذشتہ کو معاف فرما دیا اور جو شخص پھر ایسی ہی حرکت کرے گا (چونکہ اکثر عود میں ایک گونہ پہلی بار سے زیادہ جرأت ہوتی ہے) تو (اس وجہ سے علاوہ جزائے مذکور کے جو کہ اصل فعل یا محل کا عوض ہے آخرت میں) اللہ تعالیٰ اس سے اس (جرأت کا) انتقام لیں گے (البتہ اگر توبہ کر لے تو علت انتقام کی منتفی ہو جاوے گی) اور اللہ تعالیٰ زبردست ہیں انتقام لے سکتے ہیں۔

ف: اور عَفَا اللّٰهُ الخ کی ایک تفسیر قریب یہ بھی ہو سکتی ہے کہ جو کچھ قبل اسلام یا قبل نزول آیت ہو گیا گو بوجہ اس کے کہ حرم کی اور احرام کی حرمت پہلے سے معلوم اور ملتزم تھی موجب گناہ تھا لیکن بوجہ عدم التزام اسلامی کے یا بوجہ عدم نص اسلامی کے عفو فرما دیا لیکن جو بعد اعلام و نص نہی کے عود یعنی ارتکاب کرے گا جو کہ فعل گزشتہ کے اعتبار سے عود ہے تو اب مستحق انتقام ہو گا۔ **ف**: چند مسائل لکھے جاتے ہیں۔

مسئلہ: حرم کے جانور کے بھی یہی احکام ہیں للا حادیث۔ البتہ اگر یہ قاتل محرم نہ ہو تو آگے جو روزے کا حکم آتا ہے وہ اس کے لئے کافی نہیں۔

مسئلہ: صید جو کہ حرم اور احرام میں حرام ہے عام ہے خواہ ماکول ہو یا غیر ماکول لاطلاق الآیۃ۔

مسئلہ: صید وحوش ہی کو کہتے ہیں پس جو خلقۃً اہلی ہوں جیسے بھیڑ بکری گائے اونٹ ان کا ذبح کرنا اور کھانا درست ہے۔

مسئلہ: البتہ جو دلیل سے مستثنیٰ ہو گئے ہیں ان کو پکڑنا، قتل کرنا حلال ہے جیسے دریائی جانور کا شکار لقولہ تعالیٰ اُحِلَّ لَكُمْ صَیْدُ الْبَحْرِ اور بعضے خشکی کے خاص خاص جانور جیسے کوا اور چیل اور بھیڑیا اور سانپ اور بچھو اور کاٹنے والا کتا للاحادیث اُسی طرح جو درندہ خود حملہ کرے اس کا قتل بھی جائز ہے پس الصید میں الف

www.besturdubooks.net

لام عہد کا ہوگا۔

مسئلہ: جو حلال شکار غیر احرام اور غیر حرم میں کیا جاوے اس کا کھانا محرم کو جائز ہے جب کہ یہ اس کے قتل وغیرہ میں معین یا مشیر یا بتلانے والا نہ ہو للحدیث ویشیر الیه قولہ تعالٰی: لا تقتلوا حیث لم یقل لا تأکلوا۔

مسئلہ: جیسے تعمد میں جزا واجب ہے اسی طرح خطا و نسیان میں بھی اخرجه فی الروح بروایة ابن جریر عن الزهری وبروایة الشافعی وابن المنذر عن عمرو بن دینار ما یشعر الاجماع علیه اتنا فرق ہے کہ تعمد میں جزائے فعل ہے اور غیر تعمد میں جزائے محل متعمداً کی قید کا یہ فائدہ ہے جیسا اثنائے ترجمہ میں اشارہ بھی کر دیا گیا ہے۔

مسئلہ: جیسا پہلی بار میں جزا واجب ہے اسی طرح دوسری تیسری بار میں بھی اور عود میں ذکر انتقام کا فائدہ ضمن ترجمہ میں ظاہر کر دیا ہے۔

مسئلہ: حاصل جزاء کا یہ ہے کہ جس زمان اور جس مکان میں یہ جانور قتل ہوا ہے بہتر تو یہ ہے کہ دو عادل شخص سے اور جائز یہ بھی ہے کہ ایک ہی عادل سے اس جانور کی قیمت کا تخمینہ کرائے پھر اس میں یہ تفصیل ہے کہ وہ مقتول جانور اگر غیر ماکول ہے تب تو یہ قیمت ایک بکری کی قیمت سے زیادہ واجب نہ ہوگی اور اگر وہ جانور ماکول تھا تو جس قدر تخمینہ ہوگا وہ سب واجب ہوگا اور دونوں حال میں آگے اس کو تین صورتوں میں اختیار ہے خواہ تو اس قیمت کا کوئی جانور حسب شرائط قربانی کے خرید لے اور حدودِ حرم کے اندر ذبح کر کے فقراء کو بانٹ دے اور یا اس قیمت کے برابر غلہ حسب شرائط صدقۂ فطر کے فی مسکین نصف صاع فقراء کو دے دے اور یا بحساب فی مسکین نصف صاع جتنے مساکین کو وہ غلہ پہنچ سکتا ہے اتنے شمار سے روزے رکھ لے اور تقسیم غلہ اور روزوں میں حرم کی قید نہیں اور اگر قیمت نصف صاع سے بھی کم واجب ہوئی ہے تو اختیار ہے خواہ ایک مسکین کو دے دے یا ایک روزہ رکھ لے اسی طرح اگر فی مسکین نصف صاع دے کر نصف صاع سے کم بچ گیا تو بھی یہی اختیار ہے کہ خواہ وہ بقیہ ایک مسکین کو دے دے یا ایک روزہ رکھ لے۔

مسئلہ: تخمینہ مذکورہ میں جتنے مساکین کا حصہ قرار پاوے اگر ان کو دو وقت کھانا شکم سیر کھلا دے تب بھی جائز ہے۔

مسئلہ: اگر اس قیمت کے برابر ذبح کے لئے جانور تجویز کیا مگر کچھ قیمت بچ گئی تو اس بقیہ میں اختیار ہے خواہ دوسرا جانور خرید لے یا اس کا غلہ دے دے یا غلہ کے حساب سے روزے رکھ لے۔

جس طرح قتل میں جزا واجب ہے اسی طرح ایسے جانور کو زخمی کرنے سے بھی تخمینہ کرایا جاوے گا کہ اس سے اس جانور کی کس قدر قیمت کم ہوگئی اس مقدار قیمت میں پھر وہی تین مذکورہ صورتیں جائز ہوں گی۔

مسئلہ: محرم کو جس جانور کا شکار کرنا حرام ہے اس کا ذبح کرنا بھی حرام ہے اگر وہ اس کو ذبح کرے گا تو اس کا حکم مردار کا سا ہوگا وفی لا تقتلوا اشارة الی ان ذبحه کالقتل۔

مسئلہ: اگر جانور کے قتل ہونے کی جگہ جنگل ہے تو جو آبادی اس سے قریب ہو وہاں کے اعتبار سے تخمینہ کیا جاوے گا۔

مسئلہ: اشارہ و دلالت و اعانت شکار میں مثل شکار کے حرام ہے پس لا تقتلوا بطور عموم مجاز کے قتل حقیقی اور تسبب قتل دونوں کو شامل ہے یہ سب مسائل ہدایہ اور ردالمختار سے منقول ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالٰی: لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ الخ تقویٰ اور ایمان کو مکرر لانے میں اشارہ اس طرف ہے کہ ان دونوں میں بہت سے درجات ہیں کہ ایک دوسرے سے فوق ہیں جن میں سالک ترقی کرتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالٰی: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللَّهُ الخ اس میں اصل ہے بعض مشائخ کی اس عادت کی کہ مرید کے صدق کا امتحان کرتے ہیں۔ قولہ تعالٰی: وَمَنْ قَتَلَهُ مِنْكُمْ مُتَعَمِّدًا الخ اس میں اصل ہے اہل ریاضت کے اس طریق کی کہ اول خطا پر اپنے نفس کو ایسی سزا دیتے ہیں جس کا تحمل اس کو آسان ہوتا ہے اور اگر وہ پھر عود کرے تو ایسی سزا دیتے ہیں جو اس پر قدرے دشوار ہو ۱۲۔

الحواشی: (۱) قولہ بالفعل متعلق بیخافه لا یعلمه۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی اطیعوا اجمع الخ دل علیه عدم التقیید فی الکلام۔ ۲ قوله بعد الجین وہ اس کو الخ هکذا قرره فی الروح ۱۲۔ ۳ قوله فی لیعلم ظاهر مر مرارا و حاصله لیتعلق علمه سبحانه بمن یخافه بالفعل[1] انه یخافه بالفعل فان علمه تعالٰی بانه یخافه وان کان متعلقا به لکن تعلقه بانه خائف بالفعل انما یکون عند تحقق الخوف بالفعل ۱۲۔ ۴ قوله فی من یخافه کون لیس المقصود کون من استفهامیة ولکن لاتباع المحاورة عبرت به عن الموصولة ۱۲۔ ۵ قوله فی بالغیب عذاب سے حاصله ان المضاف الی الضمیر مقدور وبالغیب حال عنه ۱۲ من البیضاوی۔ ۶ قوله فی عذاب باقتضاء فلا یرد العفو اشکالا ۱۲۔ ۷ قوله بعده پھرتے تھے کما مر فی الروایات ۱۲۔

www.besturdubooks.net

۸؎ قوله فی فجزاء اس پر الی قوله فی صیاما رکھنے چاہئیں اشارة فی مجموع هذا الی امور یدلک الیها تعبیری عن ترکیب الآیة وهو هذا فالواجب علیه جزاء مثل ما قتل وهو صفة اولی للجزاء لازمه صادقة علی الاحوال الثلث الآتیه فصح کون المثل قیمة فانها هی المماثلة للمتلف فی کل حال وهو من النعم ای من النعم خبر لمبتدأ مقدر والجملة صفة ثانیة له مفارقة لاختصاصها ببعض الاحوال ای اذا اختار المنعم یحکم به ذوا عدل منکم صفة ثالثة له لازمة فان الطعام والصیام کلاهما یحتاجان الی هذا الحکم حال کون ذلک النعم هدیا فهو حال من النعم فکان حق قوله من النعم ظاهراً هو التاخر عن کلا الصفتین اللازمتین للجزاء المشترک بین الجمیع ولعل النکتة فی توسیط مع دلالة علی صفة مفارقة بین اللازمتین تعجیل ذکره لیدل علی کون النعم افضل اما لکونه خاصا بالحرم نافعا لفقراء الحرم بخلاف الطعام فانه لا یختص بالحرم وبخلاف فالصیام فانه لیس فیه نفع للفقراء اصلا واما لکونه قربة من وجهین اراقة الدم والتصدق بالغ الکعبة صفة لهدی وهو ظاهر او هو کفارة فهی مرفوعة علی انها خبر لمبتدأ والجملة معطوفة علی هو من النعم طعام مسکین یدل او هو عدل ذلک ای الطعام صیاما تمیز عن عدل والممیز مع التمیز خبر لمقدر والجملة معطوف علی ما عطف علیه او کفارة وعلی هذا الترکیب انحل کثیر من الاشکالات اللفظیة والمعنویة المذهبیة الحنفیة فافهم واشکر ولله الحمد والی هذا کله اشرت فی اثناء الترجمة وقال صاحب الهدایة فجزاء مثل ما قتل ای قیمة ما قتل من النعم الوحش واسم النعم یطلق علی الوحشی والاهلی کذا قاله ابو عبید اه قلت فیکون مثل ایضا صفة لازمة للجزاء وکذا یحکم صفة لازمة له وهدیا حال من جزاء لان النکرة اذا خصّت یصح کونها ذا حال ومقدما وقال الکفارة عطفت علی الجزاء وکذا قوله او عدل ذلک اه قلت لکن هذا العطف یکون علی جزاء فقط لا علیه مع صفته فیکون الصفة معتبرة ماخوذة فی جمیع المتعاطفات ویکون التقدیر هکذا فجزاء هو مثل ما قتل من النعم یحکم به ذوا عدل منکم هدیا بالغ الکعبة او کفارة هو مثل ما قتل من النعم یحکم به ذوا عدل منکماو عدل ذلک صیاما هو مثل ما قتل الخ فالمراد بالجزاء یکون الهدی خاصة کما فسر بوقوعه حالا مختصة به لم یعتبر فی المتعاطفین المتاخرین کما ان هذین المتاخرین اعتبر فیهما مکان ذلک الحال التقیید بقوله طعام مساکین وبقوله صیامًا فقوله مثل ما قتل من النعم یحکم به ذوا عدل منکم صفة مشترکة فی الظنة وقوله هدیا وقوله طعام مساکین وقوله صیاما قیود لو احد واحد منها فافهم ۱۲۔ ۹؎ قوله فی امره کے کما فی الروح تقل فعله۔ ۱۰؎ قوله بعد هذا فعل کی پاداش کما یدل علیه قوله وبال امره ای فعله وبهذا اتضح فائدة قوله تعالیٰ متعمداً ۱۲۔ ۱۱؎ قوله فی عفا جزا کے ادا کرنے سے نقله قولا فی الکبیر ۱۲۔

الروایات: فی الروح اخرج ابن ابی حاتم عن مقاتل نزلت فی عمرة الحدیبیة حیث ابتلاهم الله تعالیٰ بالصید وهم محرمون فکانت الوحوش تغشاهم فی رحالهم وکانوا متمکنین من صیدها اخذ بایدیهم وطعنا برماحهم فهموا باخذها فنزلت ۱۲۔

اختلاف القراءة: فی قراءة فجزاء مثل باضافة الجزاء الی مثل والاضافة بیانیة کذا فی الروح فمحصل القراء تین واحد۔

الفقه: وبما قررنا من التفسیر لم یبق اشکال علی ما قالت الحنفیة من تفسیر المثل بالقیمة واما ایجاب الصحابة المثل الصوری فیمکن الجواب عنه کما فی الهدایة ان المراد بما روی التقدیر به دون ایجاب المعین ۱۲۔

اللغات: الانتقام شدة العقوبة ۱۲۔ خازن۔

فائدة: موهوبة من الله تعالیٰ ههنا امور الاول ان المقصود ههنا نفی الجناح بطریق الاستدلال علیه بوجود المانع عن الجناح لا بعدم المقتضی للجناح فقط فظهر به وجه تعلیق نفی الجناح بالتقوٰی والایمان والعمل الصالح وسقط ما یتوهم من ان نفی الجناح غیر مشروط بالتقویٰ والایمان لان الکافر لایکون علیه جناح فی تناول الحلال وجه السقوط ظاهر فان انتفاء الجناح فی الکافر لعدم المقتضی فقط لا للمانع بخلاف المؤمن فان فیه مانعا وهو المحبوبیة الحاصلة بالتقوٰی الذی اعتبر فی مفهومه الخوف من الله تعالیٰ فان ترک الحرام ولو لم یثب علیه مطلقا لکم اذا کان عن خوف فهو موجب للثواب والمحبوبیة وبالایمان وبالعمل الصالح الموجبین لهما ایضا کما یشعر به قوله تعالیٰ والله یحب المحسنین فالکافر لا یعذب فی تناول الحلال لانه لم یرتکب اثما مقتضیا للتعذیب والمؤمن لا یعذب لا لذلک فقط بل لکونه محبوباً والحبیب لا یعذب الحبیب من حیث کونه حبیباً وبقید الحیثیة خرج الجواب عن تعذیب المؤمن بالمعصیة فافهم الثانی ههنا بناء الحکم علی التقوٰی فقط واما ذکر الایمان فلکونه دلیلًا لمیًّا للتقوٰی ذکر العمل لکونه

www.besturdubooks.net

دليلا انيا للتقوى الثالث ان المقصود ذكر الثلاثة جميعًا في المواضع الثلاثة لكن اكتفى في الثاني بذكر الايمان صريحا ودل على العمل باقتضائه له واكتفى في الثالث بذكر الاحسان اى العمل ودل على الايمان لتوقفه عليه فكان في الاكتفاء اشارة الى كونهما كالمتلازمين يغني كل منهما عن ذكر الآخر الرابع ان النكتة في تغير عنوان العمل بالاحسان ان الذى يقدر الانسان على ان يترقى فيه هو العمل فعبر للايذان بهذا عن الابتداء بالعمل وعن الكمال بالاحسان المفسر في الحديث بان تعبد الله الخ واما الايمان فكماله موهوب محض من الله تعالىٰ فهو باعتبار الاسناد الى العبد مساد ابتداء وانتهاء فعبر عنه للايذان بهذا بلفظ واحد وغير العنوان في العمل في الموضعين الخامس وهو ماخوذ من الروح انه ليس المقصود تخصيص المرأت بالثالثة في التقوى بل المقصود الاستمرار والدوام على ذلك التقوىٰ ولو وقع مثل ذلك النسخ مائة مرات اه قلت واذا كان التكرير مرتين يفيد في اكثر الاستعمالات هذا المعنى فالتكرير ثلاث مرات لا بد ان يكون ابلغ فيه السادس لم يذكر التقوىٰ في عنوان الموضوع لانه يناسب ان يعبر عن الموضوع بما كان معلوما عند السامع وهذا المعنى لم يكن في ذهن السائل فانه لو كان لكان فيه الجواب بعدم المقتضي ولم يحتج الى السوال فانه لما فرض ان فلانا اتقى الحرام فكيف يكون مساغ لاحتمال الجناح عليه فلذا لم يورد ثمه ثم نبه عليه بالتصريح به وقت ايقاع الحكم عليه بخلاف الايمان والعمل فانهما كانا في ذهنه ولم يكونا في ذاتهما منافيين الجناح فافهم السابع ان المقصود باذا ما نفس التعليق من غير نظر الى زمان الاستقبال ليصح جوابا عمن سئل عنهم ممن مات ويشمل غيرهم ايضا كما يدل عليه قوله عليه السلام لابن مسعود لما نزلت انت منهم رواه مسلم والترمذى والنسائى وغيرهم الثامن ان هذا الاقتضاء والمانعية ليس بالتاثير بالذات بل بفضل الله تعالىٰ وجعله التاسع ان مثل هذا السوال غير ظاهر في الظاهر لكن تكلف السائل او شدة خشية وشفقة على من سأل عنهم حملته عليه العاشر ان الطعام كما في الروح يعم الاكل والشرب فقط وبعونه تعالىٰ اشير الى جميع هذه الفوائد في اثناء الترجمة تامل تعقل انشاء الله تعالى والله تعالىٰ اعلم وعلمه اتم واحكم ۱۲۔

البلاغۃ: في الروح عن ابن عطية ان الظاهر انه سبحانه خص الايدى بالذكر لانها اعظم تصرفا في الاصطياد وفيها يدخل الجوارح والحبالات وهو العمل بالايدى من فخاخ واشباك وخص الرماح بالذكر لانها اعظم ما يجرح به الصيد ويدخل فيها السهم ونحوه فيه تنوين شئى للتحقير ليكون باعثالهم على الصبر وحالا على الاحتمال والذى يرشد الى هذا سبق الاخبار بذلك لتوطن الانفس اه۔

أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهُ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ۗ وَاتَّقُوا اللَّهَ
الَّذِي إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿۹۶﴾ جَعَلَ اللَّهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَائِدَ ۚ
ذَٰلِكَ لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿۹۷﴾ اعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ
شَدِيدُ الْعِقَابِ وَأَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۹۸﴾ مَّا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ ۗ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ ﴿۹۹﴾
۱۳ ع ۷ ۲ قُل لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ ۚ فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿۱۰۰﴾

تمہارے لئے دریا کا شکار پکڑنا اور اس کا کھانا حلال کیا گیا ہے تمہارے انتفاع کے واسطے اور مسافروں کے واسطے اور خشکی کا شکار پکڑنا تمہارے لئے حرام کیا گیا جب تک تم حالت احرام میں ہو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس کے پاس جمع کئے جاؤ گے اللہ تعالیٰ نے کعبہ کو جو کہ ادب کا مکان ہے لوگوں کے لئے قائم رہنے کا سبب قرار دے دیا اور عزت والے مہینہ کو اور حرم میں قربانی ہونے والے جانور کو بھی اور ان جانوروں کو بھی جن کے گلے میں پٹے ہوں۔ یہ اس لئے تاکہ تم اس بات کا یقین کر لو کہ بے شک اللہ تعالیٰ تمام آسمانوں اور زمین کے اندر کی چیزوں کا علم رکھتے ہیں اور بیشک سب چیزوں کو خوب جانتے ہیں۔ تم یقین جان لو کہ اللہ تعالیٰ سزا بھی سخت دینے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت اور رحمت والے بھی ہیں۔ رسول ﷺ کے ذمے تو صرف پہنچانا ہے اور اللہ تعالیٰ سب جانتے ہیں جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ تم پوشیدہ رکھتے ہو۔ آپ فرما دیجئے کہ ناپاک اور پاک برابر نہیں گو تجھ کو ناپاک کی کثرت تعجب میں ڈالتی ہو تو خدا تعالیٰ سے ڈرتے رہو اے عقلمندو تاکہ تم کامیاب ہو۞

تفسیر ربط: اوپر حالت احرام میں صید کی حرمت مذکور تھی آگے اس کی تعیین اور تخصیص فرماتے ہیں۔

تتمہ حکم ہشتد ہم: أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهُ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ (الى قوله تعالى) وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ تمہارے لئے (حالت احرام

www.besturdubooks.net

میں) دریا (یعنی پانی) کا شکار پکڑنا اور اس کا کھانا (سب) حلال کیا گیا ہے تمہارے انتفاع کے واسطے (اور تمہارے) مسافروں کے (انتفاع کے) واسطے (کہ سفر میں اسی کو توشہ بنا دیں) اور خشکی کا شکار (گو بعض صورتوں میں کھانا حلال ہو مگر) پکڑنا (یا اس میں معین ہونا) تمہارے لئے حرام کیا گیا ہے جب تک تم حالتِ احرام میں رہو اور اللہ تعالیٰ (کی مخالفت) سے ڈرو جس کے پاس جمع (کر کے حاضر) کئے جاؤ گے۔ ف: تفسیر مذکور پر آیت میں بقرینہ ضمیر طعامہ کی صید کی طرف راجع ہونے کے صرف صید مطعوم یعنی ماہی مذکور ہے اور اکثر فقہاء کے قول میں غیر مطعوم بھی اسی حکم میں ہے کہ اس کو پکڑنا اور قتل کرنا درست ہے گو کھانا درست نہ ہو، نیز قیاس علیٰ صید البر بھی اس کو مقتضی ہے کہ وہاں ماکول وغیر ماکول حرمت اصطیاد میں برابر ہیں یہاں دونوں حلت اصطیاد میں مساوی ہوں گے اور دریائی جانور وہ ہے کہ جس طرح پانی اس کا مسکن ہے اسی طرح پانی ہی مولد ہو پس بط و مرغابی وغیرہ اس سے خارج اور صید بر میں داخل ہے۔

ربط: اوپر حالتِ احرام میں خشکی کے شکار کو حرام فرمایا ہے چونکہ تحریم اکثر نفس پر گراں ہوتی ہے اس لئے چند محرم چیزوں کے منافع و مصالح جو مشاہدہ میں آ رہے ہیں بیان فرماتے ہیں تا کہ اس کو اور اسی قیاس پر دوسری اشیاء کی تحریم کو بھی جن میں سے بعض اس حکم اصطیاد کے قبل مذکور بھی ہوئے ہیں مشتمل حکمت پر سمجھ کر (گو اس حکمت کی تعیین نہ کر سکیں) گراں نہ سمجھیں اور جن محرمات کے منافع و مصالح یہاں مذکور ہوں گے ان میں ایک زمان ہے یعنی شہر حرام اور مکان ہے یعنی خانہ کعبہ اور دو چیزیں متعلق اس مکان کے ہیں یعنی ہدی اور قلائد کہ ان کو مکانِ حرم سے جو کہ متعلق کعبہ کے ہے تعلق ہے اور ان تینوں کی تحریم کو تحریم اصطیاد فی الاحرام سے علاوہ مطلق اشتراک فی التحریم کے جس میں سب اشیائے محرمہ مساوی ہیں اور اس مساوات کی وجہ سے بعض کی حکمت معلوم ہونا دوسرے ہر بعض کے قرین حکمت ہونے کے لئے کافی ہے ایک خاص تحریم میں بھی اشتراک ہے وہ یہ کہ ان تینوں میں بلا واسطہ یا بواسطہ تعظیم کعبہ معتبر ہے اور یہی مبنی ہے اس حرمت اصطیاد فی الاحرام کا بھی کیونکہ احرام کا تعلق حج و عمرہ سے ہے اور ان دونوں کا تعلق خانہ کعبہ سے ظاہر ہے پس ان چاروں میں یہ ایک خاص مناسبت ہوئی اور شہر حرام کی تفسیر اگر ذیحجہ سے کی جاوے جیسا بیضاوی نے اس کو ترجیح دی ہے تو پھر ان پانچوں میں جن میں ایک اصطیاد ہے اور چار اس آیت آئندہ میں مذکور ہیں وہی مناسبت خاصہ حاصل ہے واللہ اعلم۔

بیان مصالح تحریم بعض اشیائے معظمہ: جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ (الی قولہ تعالی) وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ خدا تعالیٰ نے کعبہ کو جو کہ ادب کا مکان ہے لوگوں (کی مصلحتوں) کے قائم رہنے کا سبب قرار دے دیا اور (اسی طرح) عزت والے مہینہ کو بھی اور (اسی طرح) حرم میں قربانی ہونے والے جانور کو بھی اور (اسی طرح) ان جانوروں کو بھی جن کے گلے میں (اس نشانی کے لئے) پٹے ہوں (کہ یہ اللہ کی نیاز ہیں حرم میں ذبح ہوں گے) یہ (قرار داد علاوہ اور دنیوی مصلحتوں کے) اس (دینی مصلحت کے) لئے (بھی) ہے تا کہ (تمہارا) اعتقاد درست اور پختہ ہو اس طرح سے کہ) تم (ان مصالح سے استدلال کر کے) اس بات کا یقین (ابتداءً یا کمالاً) کر لو کہ بیشک اللہ تعالیٰ تمام آسمانوں اور زمین کے اندر کی چیزوں کا علم (کامل) رکھتے ہیں (کیونکہ ایسا حکم مقرر کرنا جس میں آئندہ کے ایسے مصالح مرعی ہوں کہ عقول بشریہ ان کو نہ سوچ سکیں دلیل ہے کمال صفت علمیہ کی) اور (ان معلومات مذکورہ کے ساتھ تعلق علم کامل سے استدلال کر کے یقین کر لو کہ) بیشک اللہ تعالیٰ سب چیزوں کو خوب جانتے ہیں (کیونکہ ان معلومات کے علم پر کسی چیز نے مطلع نہیں کیا معلوم ہوا کہ علم ذاتی کی نسبت جمیع معلومات کے ساتھ یکساں ہوتی ہے) ف: کعبہ کے مصالح و برکات دنیویہ میں بعض یہ ہیں اس کا جائے امن ہونا جس کا ذکر پارہ الم کے آخر میں اور پارہ لن تنالوا کے شروع میں آ چکا ہے اور وہاں ہر سال میں مجمع ہونا جس میں مالی ترقی اور قومی اتحاد بہت سہولت سے میسر ہو سکتی ہے یہ تو مشاہدہ میں آ چکا ہے اور اس کے بقاء تک عالم کا باقی رہنا حتیٰ کہ جب کفار اس کو منہدم کر دیں گے قریب ہی قیامت آ جاوے گی جیسا احادیث سے معلوم ہوتا ہے اس کا مشاہدہ اس وقت ہوگا اور شہر حرام کی منفعت امن عام ہے اور ہدی و قلائد کی منفعت ان کے لانے والے سے تعرض نہ کرنا اور کعبہ اور ہدی و قلائد کے احکام متعلقہ کی منفعت مشترکہ یہ کہ ان احکام سے خانہ کعبہ کی تعظیم کا اعتقاد ہونا اور اس تعظیم کے سبب وہاں کے رہنے والوں یا جانے والوں یا ہو آنے والوں یا ارادہ رکھنے والوں پر ہر قسم کی تعدی و ظلم سے باز رہنا کہ یہ امور عادۃً بھی واقع ہیں اور شرعاً بھی مطلوب ہیں اور دینی برکات میں بعض تو اس آیت میں مذکور ہیں یعنی درستی اعتقاد خاص اور بعض اور بھی ہیں مثلاً کعبہ کا حج و عمرہ موجب ثواب ہونا اسی طرح ہدی و قلائد کی قربانی کا ثواب ہونا ذٰلِكَ کو قِيٰمًا لِّلنَّاسِ سے علیحدہ کر کے دینی نفع کی طرف اشارہ کرنا شاید اس لئے ہو کہ یہ مقام منافع مشاہدہ کے بیان کا ہے اور اعتقاد کا نافع ہونا اسی طرح حج و عمرہ کا نافع و موجب ثواب ہونا امر غیبی ہے مگر تتمیماً دوسرے عنوان سے بیان کر دیا اور اگر مخبر صادق کی خبر کو مثل مشاہدہ کے کہا جاوے تو دونوں قسم کے منافع مشاہد ہو جاویں گے اور ہدی و قلائد اور شہر حرام کے متعلق سورۂ مائدہ کے شروع میں بھی کچھ بیان ہوا ہے ملاحظہ کر لیا جاوے۔

ربط: اوپر احکام مختلفہ ارشاد ہوئے ہیں آگے ترغیب و ترہیب سے ان کے امتثال کی تاکید فرماتے ہیں۔

تاکید امتثالِ احکام: اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ (الی قولہ تعالی) فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ تم یقین جان لو کہ اللہ تعالیٰ سزا بھی

www.besturdubooks.net

سخت دینے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت اور رحمت والے بھی ہیں تو ان کے احکام کے خلاف مت کیا کرو اور جو احیاناً ہو گیا ہو موافق قواعد شرعیہ کے توبہ کر لو) رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ذمہ تو صرف پہنچانا ہے (سو وہ خوب پہنچا چکے اب تمہارے پاس کوئی عذر و حیلہ باقی نہیں رہا) اور اللہ تعالیٰ سب جانتے ہیں جو کچھ تم (زبان یا جوارح سے) ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ (دل میں) پوشیدہ رکھتے ہو (سو تم کو چاہئے کہ اطاعت ظاہر اور باطن دونوں سے کرو) آپ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان سے یہ بھی) فرما دیجئے کہ ناپاک اور پاک (یعنی گناہ اور طاعت یا گناہ کرنے والا اور طاعت کرنے والا) برابر نہیں (بلکہ خبیث مبغوض ہے اور طیب مقبول ہے۔ پس اطاعت کر کے مقبول بننا چاہئے معصیت سے مبغوض نہ ہونا چاہئے) گو (اے دیکھنے والے) تجھ کو ناپاک کی کثرت (جیسا اکثر دنیا میں یہی واقع ہوتا ہے) تعجب میں ڈالتی ہو (کہ باوجود ناپسندیدہ ہونے کے یہ کثیر کیوں ہے مگر یہ سمجھ لو کہ کثرت جو کسی حکمت سے ہے دلیل محمود ہونے کی نہیں جب کثرت پر مدار نہیں یا یہ کہ جب اللہ تعالیٰ کے علم و عقاب پر بھی مطلع ہو گئے) تو (اس کو مت دیکھو بلکہ) خدا تعالیٰ (کے خلاف حکم کرنے) سے ڈرتے رہو تا کہ تم (پورے طور سے) کامیاب ہو (کہ وہ جنت اور رضائے حق ہے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ الخ اس میں زہد کی تعدیل اور اس میں غلو کرنے سے نہی ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ اہل حقائق کے مقابلہ میں اہل رسوم کی کثرت پر دھوکہ نہ کھانا چاہئے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فى البحر یعنی پانی لوقوع الاجماع على كون الغدير ونحوه فى حكم البحر وبقرينة مقابلة للبر ۱۲۔ ۲؎ قوله فى صيد شکار پکڑنا اشارة الى ان الصيد فى القرآن بمعنى المصيد والمضاف محذوف اى الاصطياد وانما حمل على المصيد لا المصدر لوقوعه فى هذا المعنى فيما قيل من قوله تعالىٰ لا تقتلوا الصيد ۱۲۔ ۳؎ قوله فى طعامه اشارة الى اخذه مصدرا لانه يستعمل فيه كما يستعمل فى المطعوم ۱۲۔ ۴؎ قوله فى السيارة تمہارے اى السيارة منكم هكذا فسروا ۱۲۔ ۵؎ قوله فى صيد البر گو بعض الخ عبر بهذا العنوان الغير الاجادم لاختلاف الفقهاء والمجتهدين فيه وفى تفاصيله ويمكن ترجيح حل اكل بقرينة الاكتفاء على ذكر الصيد فى تحريمه حيث لم يقل حرم عليكم صيد البر وطعامه كما فى قرينة وفيه اشارة الى فائدة زيادة قوله طعامه فيما قبل تقريرها ان المقصود من الزيادة المبالغة فى بيان حكم صيد البحر وامتيازه عن صيد البر فى حكمه بان صيد البحر بحل اصطياده واكله لا كصيد البر حيث لا يحل اصطياده حقيقةً ولا تسببا وان حل اكله فى بعض الاحوال ولاجل هذه الفائدة زيد قوله وللسيارة يعنى انه حلال من كل وجه اخذاً واكلاً وحالاً ومالاً فحصل بهذا كله المبالغة فى حكم صيد البحر ۱۲۔ ۶؎ قوله فى البيت جو کہ اشارة الى كونه عطف بيان للمدح او بدلا عن الكعبة وهو مع ما عطف عليه مفعول اول لجعل والثانى قياماً بمعنى ما يقوم به امرهم كذا فى الجلالين كالامام بمعنى من يوتم به كذا فى الكمالين ۱۲۔ ۷؎ قوله فى لتعلموا ابتداءً یا کمالاً الاول لمن آمن حالاً والثانى لمن كان مؤمنا من قبل ۱۲۔ ۸؎ قوله بعد يعلم نہ سوچ سکیں كما يشاهده من يتامل بالنظر الصحيح فى تفصيل المصالح الواقعة كل يوم فى امتثال الاوامر والمضار الواقعة فى مخالفتها مما لا يخطر قبل على قلب بشر ولو كان عاقلا اى عاقل والاستدلال به على علمه تعالىٰ بما فى الارض ظاهرا ما على علمه بما فى السمٰوٰت فبان اكثر الحوادث ينزل من السماء ويشاهد تاثير الاطاعة فى اسباب اندفاعها وايضا تهون وتخفف على المطيع لا شك فى ذلك ۱۲۔ ۹؎ قوله فى ف اس کا مشاہدہ ہوگا فمجموع المشاهدتين لمجموع المكلفين ۱۲۔ ۱۰؎ قوله بعيده اس عام اما للاحرام ان فسر بذى الحجة واما لحرمته ان فسر بالاشهر الاربعة ولكن قبل وقوع النسخ ۱۲۔ ۱۱؎ قوله فى اعجبك اے دیکھنے والے لانه مقولة قل فيكون خطا بالمخاطب فاعل قل لا خطا بالفاعل قل فانه يحتاج الى التكلف ۱۲۔ ۱۲؎ قوله قبل فاتقوا یا یہ کہ جب فالفاء للترتيب على جميع ما قبلها ان لم يكن الآية منفصلة عما قبلها فى النزول ۱۲۔

الروایات: فى اللباب اخرج الواحدى والاصبهانى فى الترغيب عن جابر ان النبى صلى الله عليه وسلم ذكر تحريم الخمر فقام اعرابى انى كنت رجلا كانت هذه تجارتى فاعتقبت منها ما لا فهل ينفع ذلك المال ان عملت بطاعة الله تعالىٰ فقال النبى صلى الله عليه وسلم ان الله لا يقبل الا الطيب فانزل الله تعالىٰ تصديقًا لرسوله صلى الله عليه وسلم قل لا يستوى الخبيث والطيب الآية اه قلت لعل الرواية بعد صحتها محمولة على تجارة بعد التحريم وتساهله فيه بعد العلم به لكن الذى اختاره جمهور المفسرين اولى ولو ثبت الرواية فلعله صلى الله عليه وسلم قرأها استشهادا فظن نزولها حينئذٍ والله اعلم ۱۲۔

اللغات: قوله اعجبك فى القاموس اعجبه حمله على العجب منه واعجب به عجب وسر كا عجبه اه فالاعجاب له معنيان الحمل

www.besturdubooks.net

على العجب والسرور وترجمت بالاول لان السرور بالخبيث غير ظاهر من العاقل واما وقوعه في العجب فلا خفاء الحكمة لا للشبهة في كونه حقا او باطلا۱۲۔

النحو : قوله ولو اعجبك في الروح الواو لعطف الشرطية على مثلها وقيل للحال اى لو لم يعجبك ولو اعجبك وقد حذفت الاولى لدلالة الثانية عليها فان الشئ اذا تحقق مع المعارض فلان يتحقق بدونه اولى وجواب لو محذوف لدلالة ما قبلها عليه۱۲۔

البلاغۃ : تقديم الخبيث للايذان بان عدم الاستواء منشاءه النقصان في الخبيث لا الطيب۱۲۔

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ وَاِنْ تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ
تُبْدَ لَكُمْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿١٠١﴾ قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾
مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ
الْكَذِبَ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿١٠٣﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا
وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿١٠٤﴾ يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ
لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٠٥﴾

اے ایمان والو ایسی باتیں مت پوچھو کہ اگر تم سے ظاہر کر دی جائیں تو تمہاری ناگواری کا سبب ہو اور اگر تم زمانہ نزول قرآن میں ان باتوں کو پوچھو تو تم سے ظاہر کر دی جائیں۔ سوالات گزشتہ اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیئے۔ اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑے حلم والے ہیں۔ ایسی باتیں تم سے پہلے اور لوگوں نے بھی پوچھی تھیں پھر ان باتوں کا حق نہ بجا لایا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے بحیرہ کو مشروع کیا ہے اور نہ سائبہ کو اور نہ وصیلہ کو اور نہ حامی کو لیکن جو لوگ کافر ہیں وہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ لگاتے ہیں اور اکثر کافر عقل نہیں رکھتے اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو احکام نازل فرمائے ہیں ان کی طرف اور رسول کی طرف رجوع کرو تو کہتے ہیں کہ ہم کو وہی کافی ہے جس پر ہم نے اپنے بڑوں کو دیکھا ہے۔ کیا اگرچہ ان کے بڑے نہ کچھ سمجھ رکھتے ہوں اور نہ ہدایت رکھتے ہوں۔ اے ایمان والو! اپنی فکر کرو جب تم راہ پر چل رہے ہو تو جو شخص گمراہ رہے تو اس سے تمہارا کوئی نقصان نہیں اللہ ہی کے پاس تم سب کو جانا ہے وہ تم سب کو جتلا دیں گے جو جو کچھ تم سب کیا کرتے تھے۔ ۞

تفسیر ربط : اوپر احکام نازلہ میں مخالفت اور تساہل کی ممانعت تھی۔ آگے غیر ضروری امور کی جن میں احکام غیر نازلہ بھی داخل ہیں بلا ضرورت تفتیش اور کھود کرید کرنے سے ممانعت ہے۔ پس مجموعہ سے اطاعت کی تعدیل کا حکم نکل آیا کہ نہ اس قدر تفریط کرو کہ جن امور کا حکم ہوا ہے اس سے بے پروائی کرنے لگو۔ اور نہ اس قدر افراط کرو کہ جن امور کا حکم نہیں ہوا اور کوئی معتد بہ وجہ شبہ کی بھی نہ ہو اس کے پیچھے پڑو جیسے بعض کی اب بھی عادت ہوتی ہے کہ سوالات دور از کار تراش تراش کر اور تلاش کر کر اور فرض کر کر علماء سے پوچھا کرتے ہیں عدم ضرورت کے اشتراک سے اس کا مذموم ہونا بھی معلوم ہو گیا، اور سبب نزول اس کا صحیحین میں یہ واقعات ہیں کہ بعضے آپ سے پوچھتے ہیں کہ میرا باپ کون ہے چنانچہ ایک شخص کے نسب میں لوگوں کو شبہ تھا انہوں نے بھی یہ سوال کیا تھا، کوئی پوچھتا میری ناقہ گم ہو گئی کہاں ہے، اور جب حج کی فرضیت آپ نے بیان فرمائی تو ایک شخص نے پوچھا کیا ہر سال حج کرنا فرض ہے؟ آپ نے تین بار تک سکوت فرمایا پھر ارشاد کیا کہ میں ہاں کہہ دیتا تو ہر سال فرض ہو جاتا اور پھر ہو نہ سکتا پہلے لوگ بھی یوں ہی ہلاک ہوئے کہ اپنے پیغمبروں سے پوچھ پاچھ زیادہ کی پھر ان کے خلاف کیا، میں جو بتلا دوں عمل کر لیا کرو اور جس چیز سے منع کر دیا کروں باز رہا کرو۔ یعنی جس امر میں کوئی وجہ شبہ کی نہ ہو اس کو مت پوچھا کرو کیونکہ ایک حدیث میں ہے کہ بڑا مجرم وہ شخص ہے کہ ایسی چیز کے متعلق سوال کیا جو حرام نہ تھی پھر اس کے پوچھنے سے حرام ہو گئی رواہ البخاری۔ ان میں جو امور متعلق حلال و حرام کے ہیں ان میں تو مطابق اس حدیث کے ان کے جواب میں تحریم کا احتمال ہے اور جو امور از قبیل واقعات ہیں ان میں سے بعض میں احتمال خلاف مرضی جواب آنے کا ہے جیسا سوال نسب میں اور بعض میں احتمال ناگوار زجر و توبیخ کا ہے جیسے سوال ناقہ میں اور تَسُؤْكُمْ جو آگے آتا ہے ان سب کو شامل ہے اور یہ شبہ نہ ہو کہ زجر و توبیخ کی صورت میں اِنْ تُبْدَلَكُمْ صادق آوے گا کیونکہ اس صورت میں تو ان اشیاء کا اظہار ہی نہیں ہوا کیونکہ اظہار سے متبادر جواب ہے اصل یہ ہے کہ اظہار سے مراد جواب ہونا غیر مسلم ہے بلکہ ان اشیاء کے متعلق کسی امر کا اظہار ہوا اظہار اس کو بھی عام ہے گو زجر ہی کیوں نہ ہو اور احکام میں جیسا یہ سوال بوجہ افراط کے ممنوع ہے واقعات میں یہ سوال موجب تفریط فی الاطاعت والادب بھی ہے چنانچہ بخاری میں یہ بھی ہے کہ استہزاءً پوچھتے تھے پس آیت سب اقسام سوال کو اور سب اقسام

www.besturdubooks.net

جواب کو شامل ہے گو علت نہیں کی کہیں افراط ہوگی کہیں تفریط ہوگی اور نا گواری جواب کا احتمال کہیں تحریم سے ہوگا کہیں رسوائی سے، کہیں زجر سے اور بعد زمانہ نزول وحی کے ایسے سوالات سے نہی کی علت اضاعت وقت اور مجیب کو ضیق میں ڈالنا ہے۔

نہی از سوال امور و احکام غیر ضروریہ ⓵ حالاً و مآلاً: يَاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ (الی قوله تعالی) قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ اے ایمان والو ایسی (فضول) باتیں مت پوچھو (جن میں یہ احتمال ہو) کہ اگر تم سے ظاہر کر دی جاویں تو تمہاری ناگواری کا سبب ہو (یعنی ان کے جواب میں ناگوار گزرنے کا احتمال ہو) اور (جن میں یہ احتمال ہو کہ) اگر تم زمانہ نزول قرآن (اور وحی) میں ان باتوں کو پوچھو تو تم سے ظاہر کر دی جاویں (یعنی سوال کرنے میں تو یہ دوسرا احتمال ہو کہ جواب مل جاوے اور جواب ملنے میں وہ پہلا احتمال ہو کہ ناگوار گزرے اور یہ دونوں احتمال جو کہ مجموعی طور پر علت نہی سوال کی ہیں واقعی ہیں پس ایسا سوال ممنوع ہے خیر) سوالات گزشتہ (جو اس وقت تک کر چکے ہو وہ تو) اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیئے (مگر آئندہ مت کرنا) اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے ہیں (اس لئے گزشتہ سوالات معاف کر دیئے اور) بڑے حلم والے ہیں (اس لئے اگر آئندہ کے خلاف ورزی پر دنیا میں سزا نہ دیں تو دھوکہ میں مت پڑ جانا اس کی علت حلم ہوگی) ایسی باتیں تم سے پہلے (زمانہ میں) اور (امتوں کے) لوگوں نے بھی (اپنے پیغمبروں سے) پوچھی تھیں پھر (ان کو جواب ملا تو) ان باتوں کا حق نہ بجالائے (یعنی ان جوابوں میں جو متعلق احکام تھے ان کے موافق عمل نہ کیا اور جو متعلق واقعات کے تھے ان سے متاثر نہ ہوئے۔ پس کہیں تم کو بھی ایسی ہی نوبت نہ پیش آوے۔ اس لئے بہتری اسی میں ہے کہ ایسے سوالات چھوڑ دو)۔

ف: جیسا مقاتل سے روح میں نقل کیا ہے کہ بنی اسرائیل انبیاء علیہم السلام سے بہت باتیں پوچھتے اور جب وہ بتلاتے تو ان کی تکذیب کرتے۔ اور جیسا تمہید آیت میں حدیث کا مضمون آیا ہے انبیاء علیہم السلام سے بکثرت پوچھتے پھر جواب ملنے پر خلاف کرتے اور جیسا بنی اسرائیل میں ایک شخص مقتول ہو گیا تھا اور انہوں نے موسیٰ علیہ السلام سے قاتل کی تعیین پوچھی اور خدا تعالیٰ نے اس کو زندہ کر کے اس کا پتہ بتلا دیا پھر اس سے متاثر نہ ہوئے، جیسا سورۂ بقرہ میں جہاں یہ قصہ آیا ہے وہاں ارشاد ہے: ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ یہ قصہ قتیل متعلق واقعات کے ہے اور حدیث کا مضمون متعلق احکام کے ہے۔ اور مقاتل کا قول دونوں کو محتمل ہے اور اکثر اجزاء آیت کی تفسیر تقریر تمہید سے واضح ہو گئی ہے اور یہ جو فرمایا گزشتہ معاف کیا اور اس پر اگر شبہ ہو کہ جب ایسے سوالات کی ممانعت کی یہ آیت نازل نہ ہوئی تھی تو ممنوع کیوں تھا۔ جواب یہ ہے کہ دوسرے قواعد کلیہ شرعیہ سے یہ ممانعت ثابت تھی۔ مثلاً وجوب ادب رسول اللہ ﷺ جیسا سورۂ حجرات میں ہے اور خود وجوب عقلی بھی ہے اور ان سوالات ممنوعہ میں قید فضول کی اس لئے لگائی کہ ضرورت کی بات پوچھنے کا مضائقہ نہیں مثلاً جب بعض عورتوں کی عدت کا حکم نازل ہوا اور بعض کا نہیں ہوا اور ضرورت سب کی پڑتی ہے اس کو صحابہؓ نے پوچھا تو بلا عتاب اس آیت میں جواب نازل ہوا: وَالّٰٓـِٔيْ يَىِٕسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَآىِٕكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ الآیۃ۔

ربط: اوپر حکم ہفد ہم و ہشد ہم میں بعض اعمال کا معصیت ہونا مذکور تھا آگے بعض اعمال کا کفر اور شرک ہونا مذکور ہے۔

حکم نوزدہم ابطال بعض رسوم کفر: مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآىِٕبَةٍ (الی قوله تعالی) اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ اللہ تعالیٰ نے نہ بحیرہ کو مشروع کیا ہے اور نہ سائبہ کو اور نہ وصیلہ کو اور نہ حام کو لیکن جو لوگ کافر ہیں وہ (ان رسوم کے باب میں) اللہ تعالیٰ پر جھوٹ لگاتے ہیں (کہ خدا تعالیٰ ان اعمال سے خوش ہیں) اور اکثر کافر (دین کی) عقل نہیں رکھتے اور (اس سے کام نہیں لیتے بلکہ محض اپنے بڑوں کی دیکھا دیکھی ایسی جہالتیں کرتے ہیں چنانچہ) جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو احکام نازل فرمائے ہیں ان کی طرف اور رسول (ﷺ) کی طرف (جن پر وہ احکام نازل ہوئے ہیں) رجوع کرو (جو امر اس سے حق ثابت ہو حق سمجھو اور جو باطل ثابت ہو باطل سمجھو) تو کہتے ہیں کہ ہم کو (ان احکام اور رسول کی ضرورت نہیں ہم کو) وہی (طریقہ) کافی ہے جس پر ہم نے اپنے بڑوں کو دیکھا ہے (حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ) کیا (وہ طریقہ ان کے لئے ہر حال میں کافی ہے) اگرچہ ان کے بڑے (دین کی) نہ کچھ سمجھ رکھتے ہوں اور نہ (کسی آسمانی کتاب کی) ہدایت رکھتے ہوں۔ ف: دوسری آیت وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ کے مثل ایک آیت ربع سیقول کے قریب آ چکی ہے وہاں اس کے متعلق کچھ توضیح اور کچھ تحقیق جس میں مسئلہ تقلید مجتہدین سے بھی تعرض ہے گزر چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے اور پہلی آیت کے لغات کی تفسیر بخاری میں سعید بن المسیب سے اس طرح آئی ہے کہ بحیرہ وہ جانور جس کا دودھ بتوں کے نام کر دیتے تھے کوئی اپنے کام میں نہ لاتا، اور سائبہ وہ جانور جس کو بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے اس سے کوئی کام نہ لیتے، جیسے اس ملک میں بعضے لوگ سانڈ چھوڑتے ہیں، اور وصیلہ وہ ناقہ جو پہلی بار مادہ بچہ جنے، پھر دوسری بار بھی مادہ بچہ دے درمیان میں نر بچہ نہ پیدا ہو اس کو بھی بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے، اور حام نر اونٹ جو ایک خاص شمار سے جفتی کر چکا ہو اس کو بھی بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے اھ یہ سب باطل اور کفر اور شرک ہیں۔ یہ تو حکم ہے خود اس فعل کا باقی ان جانوروں کا حلال یا حرام ہونا، اس کی تحقیق مع رفع شبہات ربع سیقول کے قریب آیت: يَاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا اور آیت: اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ کے ذیل میں گزر چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے اور اکثر اس لئے فرمایا کہ بعضے مشرک مسلمان بھی ہو

www.besturdubooks.net

جاتے تھے۔

ربط: اوپر رسم پرست کفار کی ایک جہالت کا ذکر تھا اور ایسی ایسی جہالتیں ان کی بہ کثرت تھیں جن کو سن کر مومنین کو رنج اور افسوس ہو سکتا ہے۔ اس لئے آگے مؤمنین کو اس کے متعلق ارشاد ہے کہ تم کیوں اس غم میں پڑے تم کو اپنی اصلاح کا اور دوسرے کی اصلاح میں بقدر وسع کوشش کرنے کا حکم ہے باقی کوشش پر ثمرہ مرتب ہونا اختیار سے خارج ہے اس لئے کارخود کن کار بیگانہ مکن۔

تعدیل در اصلاح غیر: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلَیْكُمْ اَنْفُسَكُمْ (الی قولہ تعالی) فَیُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ اے ایمان والو اپنی (اصلاح کی) فکر کرو (اصل کام تمہارے ذمہ یہ ہے باقی دوسروں کی اصلاح کے متعلق یہ ہے کہ جب تم اپنی طرف سے بتوقع نفع بقدر وسع سعی کر رہے ہو مگر دوسرے پر اثر نہیں ہوتا تو تم اثر مرتب نہ ہونے کی فکر میں نہ پڑو کیونکہ جب تم (دین کی) راہ پر چل رہے ہو (اور واجبات دین کو ادا کر رہے ہو اس طرح کہ اپنی بھی اصلاح کر رہے ہو اور دوسروں کی اصلاح میں بھی کوشش کر رہے ہو) تو جو شخص (باوجود تمہاری سعی اصلاح کے بھی) گمراہ رہے تو اس (کے گمراہ رہنے) سے تمہارا کوئی نقصان نہیں (اور جیسا اصلاح غیر میں حد سے زیادہ فکر وغم سے منع کیا جاتا ہے ایسا ہی ناامیدی ہدایت کے وقت غصہ میں آ کر دنیا ہی میں ان پر سزا نازل ہونے سے حق و باطل کا اخیر فیصلہ ہو جانے کی بھی تمنا مت کرنا کیونکہ یہ آخرت میں ہوگا چنانچہ) اللہ ہی کے پاس تم سب کو جانا ہے پھر وہ تم سب کو جتلا دیں گے جو جو کچھ تم سب کیا کرتے تھے (اور جتلا کر حق پر ثواب اور باطل پر عذاب کا حکم نافذ فرماویں گے)

ف: اس آیت کا صرف ترجمہ دیکھنے سے وسوسہ ہوتا تھا کہ جو شخص خود دین پر عامل رہے اس کے ذمہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر واجب نہیں ہے لیکن تفسیر کی جو تقریر کی گئی ہے اس سے آیت کا مطلب واضح ہو گیا جس کا حاصل یہ ہے کہ عدم ضرر مشروط باہتداء ہے اور اہتداء میں امر بالمعروف ونہی عن المنکر داخل ہے۔ چنانچہ ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور بنقل روح المعانی کے ابن جریر اور ابن مردویہ نے اور بنقل فتح کے دارقطنی نے حضرت صدیقؓ کا خطبہ بایں مضمون نقل کیا ہے کہ تم لوگ اس آیت کے معنی کچھ اور سمجھتے ہو حالانکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی تاکید اور اس کے ترک پر وعید سنی ہے اور جلالین میں جو حاکم کی روایت سے حدیث ہے کہ تم امر ونہی کرتے رہو حتی کہ جب حرص وخود رائی وغیرہ کو غلبہ ہو جاوے تو عوام کو چھوڑ کر اپنے شغل اصلاح میں لگ جاؤ، یا بنقل روح عبدالرزاق وابوالشیخ وطبرانی نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا، یا ابن جریر نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کا ارشاد نقل کیا ہے کہ یہ آیت اس زمانہ کے لئے نہیں بلکہ زمانہ آئندہ کے لئے ہے جب کہ امر ونہی نافع نہ ہوگا تو ان روایات کا ظاہری مطلب مراد نہیں کیونکہ یقیناً آیت کے خطاب میں صحابہؓ بھی داخل ہیں بلکہ یہ ہے کہ اس آیت کے مضمون مجموعی کا ایک خاص جزو کہ جب امر ونہی سے نفع نہ ہو تو اس کا وجوب ساقط ہو جاتا ہے گو یہ بھی ہر زمانہ کے لئے عام ہے مگر خیر القرون میں چونکہ عدم نفع مغلوب تھا اس لئے سقوط وجوب کا تحقق بھی قلیل مثل معدوم کے ہے اور قرون شر میں چونکہ عدم نفع غالب ہوگا اس لئے اس سقوط کا تحقق بھی کثیر مثل امور مختصہ اس زمانہ کے ہوگا خوب سمجھ لو۔ اور یہ جو فرمایا: لَا یَضُرُّكُمْ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کو احتمال اس ضرر کا تھا کیونکہ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى کا مضمون صاف اور عقلی بھی ہے بلکہ ان کے تخفیف غم کے لئے اس مضمون میں تامل اور اس سے استدلال کرنے کا حکم فرمانا مقصود ہے کہ جب یہ امر متیقن ہے تو تم کو چاہئے اس پر نظر کر کے بے غم رہو واللہ اعلم اور گو ایسی حالت میں کسی کے غم میں پڑنا غیر نافع ہے لیکن ممانعت کیوں فرمائی، جیسا ظاہراً سیاق آیت سے معلوم ہوتا ہے سو اس کی وجہ واللہ اعلم اول تو یہی کافی ہے کہ جب غیر نافع ہے تو لایعنی ہوا اور لایعنی کا ترک مطلوب ہے دوسرے تجربہ سے معلوم ہوا کہ ایسی فکروں میں پڑنے سے بعض اوقات اپنے ضروری ومطلوب عند الشرع مقاصد میں خلل آ جاتا ہے واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِیْرَةٍ الخ یعنی ان چیزوں کو مشروع نہیں فرمایا اس میں ابطال ہے اہل جاہلیت کی اس بدعت کا کہ بعض چیزوں کو غیر اللہ کے نام زد کر دیتے ہیں جیسا اب بھی بعض جہلاء ارواح طیبہ کے ساتھ تقرب حاصل کرنے کی نیت سے ایسا کرتے ہیں۔ قولہ تعالی: وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا الخ اس میں جاہل صوفیہ کے اس طریق کا ابطال ہے کہ جب ان کے سامنے شریعت پیش کی جاتی ہے تو وہ اپنے مشائخ کے طریق سے تمسک کرتے ہیں ۱۲۔ قولہ تعالی: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا الخ بعض تفاسیر پر جیسا روح میں ہے اس میں کفار وفساق کی حالت پر زیادہ افسوس اور حسرت کرنے سے مومنین کو منع کیا گیا ہے اور یہی طریق ہے عارفین کا کہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کر چکنے کے بعد کسی کے زیادہ درپے نہیں ہوتے ۱۲۔

الحواشی: (۱) متعلق ست بہ غیر ضروریہ ای آنچہ نہ حالاً ضروری باشد آنچہ مآلاً ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ فی اشیاء تضول دلیلہ کون الکلام فیہ ۱۲ ۲؎ قولہ فی ان تبدو ان تسئلوا جن میں احتمال الخ اشارۃ الی امرین الاول کون الشرطیتین المتعاطفتین صفۃ لاشیاء والثانی القصد الی دفع اشکال ھو ان الشرطیتین تدلان علی ترتب التالیین علی المقدمین وقد تخلفا لان السوال عن الحج تخلف عنہ الابداء والسوال عن النسب تخلف عنہ المساءۃ تقریر الجواب من والتالی ھو

www.besturdubooks.net

المساء ة والا بداء الموجب المساءة بمعنى احتمال المساء ة والابداء مجازا بعلاقة القوة والفعل فالمعنى ان تبدلكم تحتمل المساء ة وان تسئلوا تحتمل الابداء ولا شك فى ترتب هذا التالى على المقدم وكفى به زاجرا وهذا من المواهب والله اعلم ويتايد بما فى الخازن فان من سأل عن الحج لم يامن ان يومر به فلا يقدر عليه فيسوء ه ذلك ومن سأل عن نسبه لم يامن ان يلحقه النبى صلى الله عليه وسلم بغير ابيه فيفتضح ويسوء ه ذلك اه ۱۲۔ ۳ قوله فى القرآن اورونی اشارة الى انه لا يلزم ان ينزل جوابه فى القرآن لان نزول القرآن قيد لوقت السوال لا للابداء فافهم ۱۲۔ ۴ قوله فى تبدوا مجموعی اشارة الى ان النتيجة يتوقف على مجموع المقدمتين هكذا ان تسئلوا تبدلكم وان تبدلكم تسوء كم فينتج ان تسألوا تسوء كم فالمساءة هى العلة للنهى بواسطة الابداء الذى هو الحد الاوسط انما قدم الاخرى واخر الاولى حتى صارا على صورة الشكل الرابع وكان الظاهر هو الشكل الاول لان اصل العلة المساء ة عجل بالحكم بوقوعه من اول الامر والله اعلم ۱۲۔ ۵ قوله فى عفا سوالات گزشتہ اشار الى ان الضمير الى المسئلة عن الاشياء المدلول عليها بقوله لا تسئلوا عن اشياء ۱۲۔ ۶ قوله فى كفرين حق نہ بجالائے من الكفران انعام للمعصية والكفر ۱۲۔ ۷ قوله فى ف اورمقاتل کا قول محمل ولا ارى ان يفسر بكفران اهل المائدة لانها لم تكن مسئولا عنها والكلام فى السوال عن الشئى بل كانت مسئولة۔ ۸ قوله فى جعل مشروع كما فى الروح معنى ما جعل ما شرع ولذلك عدى الى مفعول واحد ومن لتاكيد النفى وانكر بعضهم مجيى هذا المعنى من اهل اللغة وجعلها للتصيير والمفعول الثانى محذوف اى ما جعل البحيرة ولا ولا (اى ولا السائبة ولا الوصيلة ولا الحام) مشروعة وليس كما قال فان الراغب نقل ذلك عن اهل اللغة وهو ثقة لا يفترى عليهم اه وكذا فسر فى الجلالين والبيضاوى ولو ثبت عن احد الثقات تفسيره بما حرم فغايته نفى التحريم ولا يضر من يحرمها لان التحريم تحريمان للكراهة وهو منفى وللنجاسته والخبث وهو المثبت كما مر تحقيقه فى سورة البقرة فى قوله تعالٰى يا ايها الناس كلوا مما فى الارض ولبعض الاماثل الماضين والموجودين فى الباب تحقيق آخر وهو ان الحرمة مختصة بالحيوان الذى قصد ذبحه للتقرب الى غير الله فغير الحيوان وكذا الحيوان الذى لم يقصد ذبحه وان سيب لغير الله لا يحرم فعلى هذا لا يحرم السوائب والبحائر وغيرهما وفسر قوله تعالٰى ما اهل لغير الله بما اهل بقصد ذبحه وقوله تعالٰى ما جعل الله من بحيرة الخ بما حرم الله وقوله وكلوا مما فى الارض حلالا طيبا بالاذن فى اكل السوائب اذا لم يوجد مانع آخر اه واعلم ان هذا القول غير الذى اشتهر من بعض اهل التفريط ان الحرمة تختص بما ذكر اسم الله عليه فى عين وقت الذبح فكانت فى مسئلة الحرمة ثلثة اقوال۔ الاول اشتراط ذكر اسم غير الله فى عين وقت الذبح الثانى اشتراط نية الذبح على اسم غير الله مع عدم اشتراط ذكر اسم غير الله وقت الذبح الثالث عدم اشتراط الامرين والاقتصار على النية الفاسدة فى اى محل كان حيوان او غير حيوان مقصود اذبحه او غير مقصود فافهم والمقام صار محتاجًا الى المراجعة فراجع والراجح عندى هو القول الثانى والدليل على عدم اشتراط اسم غير الله فى عين وقت الذبح قوله تعالٰى وما ذبح على النصب هو مدلول النص لكن يقاس عليه كل ما يتقرب به الى غير الله كالمهدى الى المقابر والمشاهد والضرائح وامثالها ۱۲۔ ۹ قوله فى يفترون خوش ہیں كما فى الاعراف عنهم والله امرنا بها ۱۲۔ ۱۰ قوله فى لا يعقلون اس سے کام اشارة الى ان المراد نفى استعمالهم العقل ليكون ذما لا نفى عقلهم ليكون عذرا ۱۲۔ ۱۱ قوله قبل واذا قيل چنانچہ اشارة الى كونه كالاليل على عدم عقلهم فان اتباع الضلال بعد وضوح الحق دليل ظاهر على عدم العقل بالمعنى المذكور آنفًا ۱۲۔ ۱۲ قوله فى اولو كانٔ اشارة الى تقدير المعطوف عليه اى يكفيهم هذا ولو كان ابائهم ۱۲۔ ۱۳ قوله فى لا يعلمون سمجھ اشارة الى ان المراد بالعلم هو مبداه۔ ۱۴ قوله فى ف اکثراس لئے الخ وهذا من المواهب ۱۲۔

النَّحْوُ: فى الروح عليكم الزموا انفسكم اسم فعل امر وهو متعد الى المفعول به بعده وقد يكون لازما والمراد به الامر بالتمسك كما فى عليك بذات الدين وهو خاص فيما اذا كان الضمير للخطاب فلو قلت عليه زيد الم يجز وفيه خلاف ۱۲۔

الْعَرَبِيَّة: قوله اشياء فى المدارك قال الخليل وسيبويه وجمهور البصريين اصله شيئا بهمزتين بنيهما الف وهى فعلاء من لفظ شئى وهمزتها الثانية للتانيث ولذا لم تنصرف كحمراء وهى مفردة لفظًا جمع معنى ولما استثقلت المهزتان المجتمعتان قدمت الاولى التى هى لام الكلمة فجعلت قبل الشين فصار وزنها لفعاء قوله قد سألها فى البيضاوى او الضمير لا شياء بحذف الجار اه وعليه فسرت وقال بعضهم الضمير للمسئلة فى موضع المصدر اى سئل مسئلة والحاصل واحد والله اعلم واعلم ان المراد من سألها سأل مثلها لان السؤالين لم يكونا واحدا لكن لم يصرح به للمبالغة فى التحذير ۱۲۔

www.besturdubooks.net

فائدہ: عن الروح واستدل بالآیة علی ان الاقتداء انما یصح بمن علم انه عالم مهتد وذلك لا یعرف الا بالحجة فلا یکفی التقلید من غیر ان یعلم ان لمن قلده حجة صحیحة علی ما قلده فیه حتی قالوا ان للمقلد دلیلا اجمالیا وهو دلیل من قاره فتدبر ۱۲۔

فائدۃ اخرٰی: عنه جعل بعض العلماء من صور السائبة ارسال الطیر ونحوه وصرح بعض علمائنا بانه لا ثواب فی ذلك ولعل من ادخله فی التسبیب لا یکتفی بهذا القدر بل یدعی فیه الاثم ایضًا والناس عن ذلك غافلون ۱۲۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِينَ الْوَصِيَّةِ اثْنَانِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنكُمْ أَوْ آخَرَانِ
مِنْ غَيْرِكُمْ إِنْ أَنتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَأَصَابَتْكُم مُّصِيبَةُ الْمَوْتِ ۚ تَحْبِسُونَهُمَا مِن بَعْدِ الصَّلَاةِ فَيُقْسِمَانِ
بِاللَّهِ إِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِي بِهِ ثَمَنًا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللَّهِ إِنَّا إِذًا لَّمِنَ الْآثِمِينَ ﴿١٠٦﴾ فَإِنْ عُثِرَ عَلَىٰ
أَنَّهُمَا اسْتَحَقَّا إِثْمًا فَآخَرَانِ يَقُومَانِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِينَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْأَوْلَيَانِ فَيُقْسِمَانِ بِاللَّهِ لَشَهَادَتُنَا
أَحَقُّ مِن شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَا إِنَّا إِذًا لَّمِنَ الظَّالِمِينَ ﴿١٠٧﴾ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَن يَأْتُوا بِالشَّهَادَةِ عَلَىٰ وَجْهِهَا
ع ۱۴ ۸ أَوْ يَخَافُوا أَن تُرَدَّ أَيْمَانٌ بَعْدَ أَيْمَانِهِمْ ۗ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاسْمَعُوا ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ ﴿١٠٨﴾

اے ایمان والو تمہارے آپس میں دو شخصوں کا وصی ہونا مناسب ہے جب کہ تم میں سے کسی کو موت آنے لگے جب وصیت کرنے کا وقت ہو۔ وہ دو شخص ایسے ہوں کہ دیندار ہوں اور تم میں سے ہوں یا غیر قوم کے دو شخص ہوں اگر تم کہیں سفر میں گئے ہو پھر تم پر واقعہ موت کا پڑ جائے اگر تم کو شبہ ہو تو ان دونوں کو بعد نماز روک لو پھر دونوں خدا کی قسم کھاویں کہ ہم اس قسم کے عوض کوئی نفع نہیں لینا چاہتے۔ اگر چہ کوئی قرابتدار بھی ہوتا اور اللہ کی بات کو ہم پوشیدہ نہ کریں گے۔ ہم اس حالت میں سخت گنہگار ہوں گے۔ پھر اگر اس کی اطلاع ہو کہ وہ دونوں وصی کسی گناہ کے مرتکب ہوئے ہیں تو ان دونوں میں سے جن کے مقابلہ میں گناہ کا ارتکاب ہوا تھا اور دو شخص جو سب میں قریب تر ہیں جہاں وہ دونوں کھڑے ہوئے تھے یہ دونوں کھڑے ہوں پھر دونوں خدا کی قسم کھاویں کہ بالیقین ہماری یہ قسم ان دونوں کی اس قسم سے زیادہ راست ہے اور ہم نے ذرا تجاوز نہیں کیا۔ ہم اس حالت میں سخت ظالم ہوں گے۔ یہ بہت قریب ذریعہ ہے اس امر کا کہ وہ لوگ واقعہ کو ٹھیک طور پر ظاہر کریں یا اس بات سے ڈر جائیں کہ ان سے قسمیں لینے کے بعد قسمیں متوجہ کی جائیں گی اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور سنو اور اللہ تعالیٰ فاسق لوگوں کی رہنمائی نہ کریں گے ۞

تفسیر: ربط: اوپر مصالح دینیہ کے متعلق احکام تھے آگے مصالح دنیویہ کے متعلق بعض احکام ہیں اور اس کو ان کے ساتھ لانے میں دو امر کی طرف اشارہ ہو گیا ایک یہ کہ یہ حکم اور احکام متعلقہ بالدین وجوب عمل میں برابر ہیں، دوسرے یہ کہ حق تعالیٰ اپنی رحمت سے مثل اصلاح معاد کے اپنے بندوں کی معاش کی اصلاح بھی فرماتے ہیں۔ چونکہ تفسیر آیت آئندہ کی دو امر پر موقوف ہے ایک قصہ جو کہ سبب نزول ہے دوسرے بعض مسائل جو اس آیت کے مدلول پر مبنی ہیں اس لئے ان کو اولاً لکھا جاتا ہے۔

قصہ شان نزول: ایک شخص سہمی یعنی قبیلہ بنی سہم کا تمیم داری اور عدی بن بدّاء کے ساتھ کہ اس وقت یہ دونوں نصرانی تھے مال تجارت لے کر چلا اور وہ سہمی بیمار ہو کر ایسی جگہ جہاں کوئی مسلمان نہ تھا مر گیا اور مرنے کے وقت ان دونوں شخصوں کو یعنی تمیم اور عدی کو وصیت کی کہ میرا ترکہ میرے ورثاء کو پہنچا دینا جب یہ دونوں وہ ترکہ لائے تو اس میں ایک جام چاندی کا جس پر نقش ونگار سونے کا بنا تھا اور بڑا مال وہی تھا اور اسباب میں اس کے ہونے کا ورثاء کو علم نہ تھا نہ نکلا اور ذریعہ علم مدارک میں یہ ذکر کیا ہے کہ میت نے اپنے اسباب کی فہرست بھی اسباب میں بلا اطلاع ان دونوں کے رکھ دی تھی میلان کے وقت اسباب پورا نہ ہوا مدارک کا مضمون ختم ہوا ورثاء کو ان دونوں پر شبہ ہوا اور ان سے پوچھا انہوں نے کہا کہ بس اس نے ہم کو یہی اسباب سپرد کیا تھا۔ آخر مقدمہ سرکار نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں پیش ہوا اور پہلی آیت یعنی : يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ (الی قوله تعالی) إِنَّا إِذًا لَّمِنَ الْآثِمِينَ نازل ہوئی۔ آپ نے ورثاء سے ان کے اس دعوے پر کہ ان دونوں نے خیانت کی ہوگی گواہ طلب کئے، گواہ کوئی تھا نہیں آخر آپ نے ان دونوں سے عدم خیانت وعدم کتمان پر قسم لی اور دعویٰ خارج ہوا پھر ان ورثاء نے وہ جام مکہ میں کسی کے پاس دیکھا پوچھا تمہارے پاس کہاں سے آیا اس شخص نے کہا میں نے تمیم اور عدی سے خریدا ہے معالم میں اتنا اور ہے کہ پھر بنی سہم نے تمیم اور عدی سے اس کے متعلق گفتگو کی دونوں نے جواب دیا کہ ہم نے میت سے خرید لیا تھا انہوں نے کہا کہ اس وقت تو تم کہتے تھے کہ ہم کو جام کی خبر ہی نہیں کہنے لگے کہ چونکہ ہماری خرید پر کوئی گواہ نہ تھا اس لئے ہم نے یہ قصہ چھپا لیا تھا آخر یہ مقدمہ دوبارہ پھر سرکار نبوی میں پیش ہوا اور بعد والی آیت فَإِنْ

www.besturdubooks.net

عُثِرَ الخ نازل ہوئی۔ مضمون معالم کا تمام ہوا چونکہ تمیم وعدی کے پاس کوئی گواہ نہ تھا اس لئے آپ نے بنی سہم کے دو شخصوں سے کہ وہ وارث ہونے میں بھی سے زیادہ نزدیک کے رشتہ دار تھے قسم لی اور قسم کے موافق مقدمہ ختم ہو گیا رواہ البخاری والترمذی وخل حدیث احدہما فی الآخر۔

مسائل: مسئلہ اول: میت جس شخص کو مال سپرد کر کے اسکے متعلق کسی کے دینے دلانے کو کہہ جاوے وہ وصی ہے اور وصی ایک شخص بھی ہو سکتا ہے اور زیادہ بھی۔

مسئلہ دوم: اور اس کا مسلمان اور عادل ہونا خواہ حالت سفر ہو یا حضر افضل ہے لازم نہیں۔

مسئلہ سوم: نزاع میں جو امر زائد کا مثبت ہو وہ مدعی اور دوسرا مدعیٰ علیہ کہلاتا ہے۔

مسئلہ چہارم: اول مدعی سے گواہ لئے جاتے ہیں اگر موافق ضابطہ شرعی کے پیش کر دے مقدمہ وہ پاتا ہے اور اگر پیش نہ کر سکے تو مدعیٰ علیہ سے قسم لی جاتی ہے اور مقدمہ وہ پاتا ہے البتہ اگر قسم سے انکار کر جاوے تو پھر مدعی مقدمہ پالیتا ہے۔

مسئلہ پنجم: اور قسم کی تغلیظ زمان یا مکان کے ساتھ حاکم کی رائے پر ہے لازم نہیں۔

مسئلہ ششم: اگر مدعیٰ علیہ کسی اپنے فعل کے متعلق قسم کھاوے تو صیغہ قسم کا یہ ہے کہ میں نے یہ فعل نہیں کیا اور جو دوسرے کے فعل کے متعلق قسم کھاوے تو صیغہ یہ ہوتا ہے کہ مجھ کو اس فعل کی اطلاع نہیں۔

مسئلہ ہفتم: اگر کسی میراث کے مقدمہ میں وارث مدعیٰ علیہ ہوں تو جن کو شرعاً میراث پہنچتی ہے ان پر قسم آوے گی خواہ وہ واحد ہو یا متعدد اور جو وارث نہیں ان پر قسم نہ ہوگی کذا فی الہدایہ وغیرہا باب بعونہ تفسیر لکھی جاتی ہے۔

حکم بستم سوگند بر مدعیٰ علیہ وصی باشد یا وارث: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَیْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ اے ایمان والو تمہارے آپس (کے معاملات میں (مثلاً ورثا کو مال سپرد کرنے کے لئے) دو شخص وصی ہونا مناسب ہے (گو بالکل وصی نہ بنانا بھی جائز ہے) جب کہ تم میں سے کسی کو موت آنے لگے (یعنی[۱]) جب وصیت کرنے کا وقت ہو (اور) وہ دو شخص ایسے ہوں کہ دیندار ہوں اور تم میں سے (یعنی مسلمانوں میں سے) ہوں یا غیر قوم کے دو شخص ہوں اگر (مسلمان نہ ملیں مثلاً) تم کہیں سفر میں گئے ہو پھر تم پر واقعہ موت کا پڑ جاوے (اور یہ سب[۲] امور مناسب ہیں ورنہ جس طرح بالکل نہ وصی بنانا جائز ہے اسی طرح اگر ایک وصی ہو یا عادل نہ ہو یا حضر میں غیر مسلم کو بنادے سب جائز ہے پھر ان اوصیاء کا یہ حکم ہے کہ) اگر (کسی وجہ سے ان پر) تم کو (اے ورثا) شبہ ہو (جیسا قصہ مذکورہ میں ہوا کہ میت کے ترکہ میں جام نہیں ملا) تو (اے حکام[۳]) مقدمہ اس طرح فیصل کرو کہ اول ورثا سے چونکہ وہ مدعی ہیں اس امر پر گواہ طلب کرلو کہ انہوں نے فلاں چیز مثلاً جام لے لیا ہے اور اگر وہ گواہ نہ لاسکیں تو ان اوصیاء سے چونکہ وہ مدعا علیہ ہیں اس طرح قسم لو کہ) ان دونوں (وصیوں) کو بعد نماز (عصر مثلاً) روک لو (کیونکہ اکثر اس وقت مجمع زیادہ ہوتا ہے تو جھوٹی قسم کھانے والا ایک گونہ شرماتا ہے نیز وقت بھی معظم ہے کچھ اس کا بھی خیال ہوتا ہے اور مقصود اس سے تغلیظ یمین کی ہے بزمان متبرک ومکان اجتماع خلق کے ساتھ) پھر دونوں (اس طرح) خدا کی قسم کھاویں کہ (صیغہ حلف[۴] کے ساتھ یہ کہیں کہ) ہم اس قسم کے عوض کوئی (دنیا کا) نفع نہیں لینا چاہتے (کہ نفع دنیا کا لے لیں اور راستی سوگند کو چھوڑ دیں) اگر چہ (اس واقعہ میں ہمارا) کوئی قرابتدار بھی (کیوں نہ) ہوتا (جس کی مصلحت اپنی مصلحت[۵] کے ساتھ مجتمع خیال کر کے ہم جھوٹی قسم کھاتے اور اب تو کوئی ایسا بھی نہیں جب دو مصلحتوں کی وجہ سے بھی ہم جھوٹ نہ بولتے تو ایک مصلحت کے لئے تم ہم کیوں ہی جھوٹ بولیں گے) اور اللہ کی (طرف سے جس) بات (کے کہنے کا حکم ہے اس) کو ہم پوشیدہ نہ کریں گے (ورنہ) ہم (اگر ایسا کریں تو) اس حالت میں سخت گناہگار ہوں گے (یہ تغلیظ قولی ہے جس سے مقصود استحضار ہے وجوب صدق وحرمت کذب وعظمت الٰہیہ کا جو مانع ہو دروغ حلفی سے اب ان دونوں تغلیظ کے بعد اور اگر حکم کی رائے ہو بلا تغلیظ اصل مضمون کی قسم کھاویں۔ مثلاً ہم کو میت نے جام نہیں دیا اور اس پر مقدمہ فیصل کر دینا چاہئے چنانچہ قصہ مذکور میں ایسا ہی ہوا) پھر (اس کے بعد) اگر (کسی[۶] طریق سے ظاہراً) اس کی اطلاع ہو کہ وہ دونوں وصی کسی گناہ کے مرتکب ہوئے ہیں (مثلاً واقعہ مذکورہ میں جب جام مکہ میں ملا اور دونوں وصیوں نے دریافت کرنے پر دعویٰ اشتراء من المیت کا کیا جس سے اخذ من المیت کا اقرار لازم آتا ہے اور وہ معارض ہے اخذ کے انکار سابق کا چونکہ اقرار بالمضر حجت ہے اس لئے ظاہراً ان کا خائن اور کاذب ہونا معلوم ہوا) تو (ایسی صورت میں مقدمہ کا رخ بدل جاوے گا۔ وصی جو کہ پہلے مدعا علیہ تھے اب مدعی اشتراء کے ہوگئے اور ورثاء جو کہ پہلے مدعی خیانت کے تھے مدعا علیہ ہوگئے۔ اس لئے اب فیصلہ کی یہ صورت ہوگی کہ اول وصیوں سے گواہ اشتراء کے طلب کئے جاویں اور جب وہ گواہ پیش نہ کرسکیں تو) ان (وارث) لوگوں میں سے جن کے مقابلہ میں (ان اوصیاء کی جانب سے) گناہ (مذکور) کا ارتکاب ہوا تھا اور (جو کہ شرعاً مستحق میراث ہوں مثلاً صورت[۷] مذکور میں) دو شخص (تھے) جو سب (ورثہ) میں باعتبار استحقاق میراث) قریب تر ہیں جہاں (حلف کے لئے) وہ دونوں (وصی) کھڑے ہوئے تھے (اب) یہ دونوں (حلف کے لئے) کھڑے ہوں پھر دونوں (اس طرح) خدا کی قسم کھاویں کہ (صیغہ حلف کے ساتھ کہیں کہ) بالیقین ہماری یہ قسم (بوجہ[۸] اس کے کہ بالکل اشتباہ سے خالی اور حقیقۃ

www.besturdubooks.net

منزہ ہے ان دونوں (اوصیاء) کی اس قسم سے زیادہ راست ہے (کیونکہ اس کی حقیقت کا گو ہم کو علم نہیں لیکن ظاہرا تو وہ مشتبہ ہو گئی) اور ہم نے (حق سے) ذرا تجاوز نہیں کیا (ورنہ) ہم (اگر ایسا کریں تو) اس حالت میں سخت ظالم ہوں گے (کیونکہ پرایا مال جان بوجھ کر بلا اجازت لے لینا ظلم ہے یہ بھی تغلیظ ہے جو حاکم کی رائے پر ہے۔ پھر اصل مضمون پر قسم لی جاوے۔ جس کا صیغہ بوجہ اس کے کہ فعل غیر پر ہے یہ ہوگا کہ خدا کی قسم ہمارے علم میں میت نے ان مدعیوں کے ہاتھ جام فروخت نہیں کیا اور چونکہ علم کی واقعیت وعدم واقعیت کی اطلاع کی کوئی ظاہری سبیل نہیں ہو سکتی اس لئے اس کی واقعیت پر زیادہ مؤکد قسم لی گئی جیسا لفظ احق دال ہے جس کا حاصل یہ ہوا کہ اس کا مدار چونکہ میرے ہی اوپر ہے اس لئے قسم کھاتا ہوں کہ جیسا اس میں کذب ظاہری کا ثبوت نہیں ہو سکتا اسی طرح حقیقت میں بھی کذب منفی ہے اور یہ قرینہ مفید ہے کہ بیان حلف علی العلم ہے اور چونکہ اس کا کذب بلا اقرار کبھی ثابت نہیں ہو سکتا اس لئے اس میں جو حق تلفی ہوگی وہ اشد درجہ کا ظلم ہوگا عجب نہیں کہ یہاں ظالمین اس لئے کہا گیا ہو) یہ (قانون جو مجموعہ آیتین میں مذکور ہوا) بہت قریب ذریعہ ہے اس امر کا کہ وہ (اوصیاء) لوگ واقعہ کو ٹھیک طور پر ظاہر کریں (اگر سپردگی مال زائد کی نہیں ہوئی قسم کھالیں اور اگر ہوئی ہے تو گناہ سے ڈر کر انکار کر دیں یہ حکمت تو تحلیف اوصیاء میں ہے) یا اس بات سے ڈر (کر قسم کھانے سے رک) جائیں کہ ان سے قسمیں لینے کے بعد (ورثاء پر) قسمیں متوجہ کی جائیں گی (پھر ہم کو خفیف ہونا پڑے گا یہ حکمت[9] تحلیف ورثاء میں ہے اور ان[10] سب شقوق میں ایصال حق الی اہل حق ہے جو کہ مشروع ومطلوب ہے کیونکہ اگر تحلیف اوصیاء مشروع نہ ہوتا اور اوصیاء عدم سپردگی مال زائد میں سچے ہوتے تو ان کی رفع تہمت کا کوئی طریقہ نہ ہوتا اور اگر وہ جھوٹے ہوتے تو ورثہ کے اثبات حق کا کوئی طریقہ نہ ہوتا اور اب سچے ہونے کے وقت براءت ہو جاتی اور جھوٹے ہونے کے وقت شاید جھوٹی قسم سے ڈر کر نکول وانکار کر جاویں تو ورثہ کا حق ثابت ہو جاتا ہے اور اگر تحلیف ورثہ مشروع نہ ہوتا اور شرعا انکار حق ہوتا تو اثبات حق کی کوئی صورت نہ تھی اور اگر شرعا انکار حق نہ ہوتا تو اوصیاء کے اثبات حق کا کوئی طریقہ نہ تھا اور اب ورثاء کا حق ہونے کے وقت ان کا اثبات حق ہو سکتا ہے اور حق نہ ہونے کے وقت نکول عن الیمین سے اوصیاء کا حق ثابت ہو جاتا ہے پس دو شقیں تحلیف اوصیاء کی حکمت میں ہیں اور اَنْ یَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ دونوں کو شامل ہے اور دو شقیں تحلیف ورثاء کی حکمت میں ہیں جن میں کی دوسری شق تو تحلیف اوصیاء کی پہلی شق میں متداخل ہے اور پہلی شق اَوْ یَخَافُوْا کی مدلول ہے پس مجموعہ ہر دو تحلیف میں سب شقوق کی رعایت ہو گئی) اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو (اور معاملات وحقوق میں جھوٹ مت بولو) اور (ان کے احکام کو) سنو (یعنی مانو) اور (اگر خلاف کرو گے تو فاسق ہو جاؤ گے اور) اللہ تعالیٰ فاسق لوگوں کو (قیامت کے روز درجات مطیعین کی طرف) رہنمائی نہ کریں گے (بلکہ نجات پانے کے وقت بھی ان سے کم رہیں گے تو ایسا خسارہ کیوں گوارہ کرتے ہو)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا الخ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ انتظام کی رعایت ہر امر میں ضروری ہے گو وہ امر دنیوی ہی کیوں نہ ہو کیونکہ بدانتظامی سے اہل حقوق کے مصالح میں خلل پڑ جاتا ہے (جو کہ معصیت ہے) ۱۲۔

الحواشی: (۱) ترجمہ میں لفظ یعنی بڑھانے سے اس طرف اشارہ ہے کہ قرآن میں حضور موت کی تفسیر حین الوصیۃ سے اس لئے کی گئی کہ اکثر وصیت عادۃً اسی وقت کرتے ہیں پس یہ مقصود نہیں کہ موت سے پہلے وصیت نہ کرے اور خاص موت ہی کے قریب واجب ہو ۱۲ تبیان۔ (۲) مطلب یہ ہے کہ آیت کا امر ارشاد ہے امر وجوب نہیں ۱۲ تبیان۔ (۳) ارتبتم کی ضمیر ورثا کی طرف اور تحبسونھما کی ضمیر حکام کی طرف ہے اور انتشار ضمائر نہیں کہلائے گا کیونکہ مخاطب مجموعہ مسلمان ہیں ان میں جس کے لئے جو وصف ثابت ہو۔ وہ اس کا مخاطب ہو جاوے گا اور اس آیت کے لفظ ارتبتم سے ثابت ہوتا ہے کہ حبس فی الریب حکام کو جائز ہے مگر تحقیق میں دیر نہ کریں جیسا کہ بعض متاخرین فقہاء نے ارشاد فرمایا ہے نیز تحبسونھما سے امام ابوحنیفہ کے اس قول کی تائید بالقیاس علی الحبس ہوتی ہے کہ اگر غیر حکام کسی کا طنبورہ وغیرہ توڑ ڈالیں گے تو ضمان لازم آوے گا کیونکہ اوروں کو یہ حقوق حاصل نہیں ۱۲ تبیان۔ (۴) یہ بتلانا مقصود ہے کہ آیت میں صیغہ حلف کو ذکر کیا کیونکہ وہ یقسمان سے معلوم ہے بلکہ اس حلف کے ساتھ اس عبارت کے بھی انضمام کا ارشاد ہے لا نشتری الخ ۱۲ تبیان۔ (۵) یہاں شبہ ہوتا ہے کہ کسی کے ذی قرابت ہونے کو قسم کے کاذب نہ ہونے میں کیا دخل ہے جیسا کہ ولو کان ذا قربٰی سے مفہوم ہوتا ہے کیونکہ اپنی مصلحت تو اب بھی موجود ہے جو قسم کے کاذب ہونے کے احتمال میں کافی ہے لیکن تقریر تفسیر سے یہ شبہ جاتا رہا کیونکہ اگر کوئی ذی قرابت موجود ہوتا تو مصلحت دوہری ہو جاتی تو جب دو مصلحتوں کے ہوتے ہوئے بھی ہم جھوٹی قسم نہ کھاتے تو اب جب کہ صرف ایک مصلحت اپنی ہی ہے ہم کس طرح قسم کھا سکتے ہیں ۱۲ تبیان۔ (۶) لفظ ظاہرا بڑھا کر مولانا نے یہ بتلا دیا کہ اٰخرٰن یقومٰن الخ کا حکم اس وقت ہے جب کہ ان ہر دو وصی کے ارتکاب جرم کا پورا یقین نہ ہوا ہو بلکہ کچھ شبہ ان پر کسی وجہ سے ہو گیا ہو تو مقدمہ اسی صورت سے چلے گا اور اگر پورا یقین ہو گیا کسی ذریعہ سے تو پھر ورثاء کو حلف دینے کی ضرورت نہیں ہے اور مقدمہ اس صورت سے نہ ہوگا کہ مدعی سے بینہ اور مدعا علیہ سے حلف لیا جاوے ۱۲ تبیان۔ (۷) لفظ مثلاً بڑھا کر یہ بتلا دیا کہ دو کا عدد مقصود بالذات نہیں مگر چونکہ اس وقت اس واقعہ میں دو ہی شخص ایسے تھے اس لئے تثنیہ کا ذکر فرمایا گیا ۱۲ تبیان۔ (۸) اسی موقع پر آیت میں شبہ ہوتا ہے کہ حلف کے ساتھ لشھادتنا احق من شھادتھما کہنے کا حکم دیا گیا حالانکہ کسی کو کیا خبر ہے کہ دوسرے کے حلف سے میرا حلف

www.besturdubooks.net

افضل اور احق ہے لیکن تقریر مذکور سے یہ شبہ جاتا رہا خلاصہ اس کا یہ ہے کہ وصی کا حلف بوجہ اس کے کہ ایک معارض اس کا پایا جا چکا ہے معرض اشتباہ میں آ گیا ہے اور ہمارا حلف جیسے حقیقۃً منزہ ہے اسی طرح ظاہراً بھی اشتباہ سے منزہ ہے لہٰذا وصی کے حلف سے احق ہوا ۱۲ تبیان۔ (۹) مطلب یہ کہ ورثاء کی قسم کا جو قانون مقرر فرمایا گیا اس قانون میں یہ حکمت ہے ۱۲ تبیان۔ (۱۰) قرآن کی آیت ذالك ادنى الخ میں حکمت مشروعیت قوانین مذکورہ میں صرف فریقین کے حلف کے صحیح وصادق ہونے کا ذکر ہے وبس اور ظاہر ہے کہ محض حلف کا صادق وصحیح ہونا نہ فی نفسہٖ مقصود ہے نہ مفید اس لئے یہ عبارت بڑھا کر بتلا دیا کہ مقصود اصلی تو یہ ہے یعنی ایصال حق الی اہل حق اور اس کے طریق حلف کے یہ طرق خاصہ ہیں اس لئے ان طرق کا ذکر اس مقصود کے ذکر سے مغنی ہو گیا۔ لہٰذا قرآن میں بیان حکمت میں اس پر اکتفاء کیا گیا ۱۲ تبیان۔ اس کے بعد تبیان کا سلسلہ جلد ہفتم میں آوے گا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ترجمة علیهم مقابلہ میں فعلی للمقابلة ۱۲۔

اعلم: ان فی الآیات تنبیهات وفوائد من الخاء شتی **الاول** ان الشهادة فی شهادة بینکم یعنی الایصاء کما فی الروح فانه مشترک لمعان عدیدة **والثانی** ان ذو مقدر قبل الشهادة کی یصح حمل الاثنان علیه **الثالث** ان قوله شهادة بتقدیر ذو مبتدأ واثنان خبره **الرابع** اضافة شهادة الی بین للاتساع **الخامس** ان الجملة خبر صورة انشاء معنی ای لیکن ذو الایصاء ای الوصی اثنین **السادس** هو العدد وکذا باقی قیوده بل الامن بنفس الوصایة للاستحباب **السابع** ان حین بدل من اذا **الثامن** ان قوله ان انتم ضربتم قید لکون الوصی من غیرکم جریا علی الواقع ح واتباعًا الاولی **التاسع** ان قوله تحبسون للاستیناف **العاشر** ان الخطاب فیه للحکام **الحادی عشر** ان الصلٰوة هی العصر عند الاکثر بدلالة الواقعة **الثانی عشر** ان قوله لا نشتری مفعول لیقولان المقدر المدلول علیه قوله فیقسمان **الثالث عشر** انه یقدر المضاف فی به ای بصحته **الرابع عشر** ان زیادة قوله ولو کان ذا قربی للمبالغة فی التبری عن الکذب کانهما قالا لاناخذ لانفسنا بدلا من ذلك ولو انضم الیه رعایة جانب الاقرباء فکیف اذا لم یکن کذاك ولو قیل ان صیانة انفسهما تکون اهم من رعایة جانب الاقرباء قلت ممنوع بل الحال مختلفة کما یشاهد ای ولو کان المشهود له مع انفسنا ذا قربی ایضا **الخامس عشر** ان الضمیر فی کان للمقسم له المدلول علیه لفحوی الکلام **السادس عشر** ان ارتبتم جواب محذوف ای حلفوهما دل علیه ما قبله **السابع عشر** ان الشهادة فی شهادة الله معناه الخبر القاطع کما فی القاموس بمعنی المخبر عنه ای الواقعة واضافتها الی الله بمعنی کون اظهارها ماموراً بها من الله **الثامن عشر** فی القاموس العثور الاطلاع کالعثر **التاسع عشر** ان هذا الاطلاع باعتبار الظاهر لانه یمکن فی مثل هذه الواقعة حلف الوصیین علی التوریة لئلا یظلمها احدا بان اشتریاه حقیقة ولم یکن لهما بینةً ان لم یقع هذا فی عین هذه الواقعة کما روی الترمذی اقر تمیم باخذ الجام خیانة ثم تاب لما اسلم الی الله تعالٰی **العشرون** ان فآخران مبتدأ ویقومٰن خبره فالفاء جزائیه وهی احدی مسوغات الابتداء بالنکرة **الحادی والعشرون** المراد بالقیام قیامهما فی مقامهما فی مقام الحبس والتحلیف لا القیام فی توجیهه الیمین **الثانی والعشرون** المراد بالذین استحق علیهم الورثة **الثالث والعشرون** ان الضمیر فی استحق مبنیا للفاعل الی الاثم واسناد الاستحقاق الیه مع کونه مفعولا موقعا علیه الفعل مجازی للمبالغة ای انهما استحقا الما بحیث کانه استحق الاثم نفسه کما فی عیشة راضیة ویقال فی توجیهه انه مسند الی الحدث ای وقع الاستحقاق المذکور علیهم کما نقل فی الکمالین فی قوله لقد تقطع بینکم ای وقع التقطع وکما فی الروح وقد قدراو فی قوله تعالٰی ثم بدالهم من بعد ما رأوا الایات بدا البداء ۱۲۔ **الرابع والعشرون** استحقاق الاثم علیهم کنایة عن الجنایة علیهم ذلك ان معنی استحق لاق به ان ینسب الیه والجانی للاثم المرتکب له یلیق ان ینسب الیه الاثم ۱۲۔ **الخامس والعشرون** ان الاولیٰن بدل من اخران لان الاولیٰن لما کان غیر معین لکون اللام للجنس کان فی حکم النکرة فی قوله ع ولقد امر علی اللئیم یسبنی **والسادس والعشرون** الشهادة فی قوله لشهادتنا بمعنی الحلف کما فی القاموس **والسابع والعشرون** قوله احق یشیر الی ان الیمین الاولی التی کانت من الوصیین تحتمل کونها فقالوا ردوا حق بصیغة التفضیل کما قررته فی التاسع عشر من قوله لا یمکن الخ فیکون یمین الوصیین حقا فافهم وهذا تعلیم لکمال التورع ولتحفظ لدقائق الکلام۔ **الثامن والعشرون** من النکتة فی ایراد الاثمین فی موضع والظّٰلمین فی آخر وکذا **التاسع والعشرون** من کون الاشارة فی قوله ذلك الی مجموع التحلیفین وکذا **الثلٰثون** من تقریر کون التحلیفین سببا للاتیان بالشهادة علی وجهها والخوف وکذا اتیت بهذه الثلثة فی المتن باوضح الوجوه واکفاها واشرت الی ما قبلها فی اثناء الترجمة فانظر واشکر **الحادی والثلٰثون** فی

www.besturdubooks.net

قراء ۃ الاولین جمع اول بدل من الذین والاولیۃ باعتبار الذکر لان الورثۃ ذکروا فی قولہ یا ایھا الذین آمنوا شھادۃ بیکم الثانی والثلثون فی قرأۃ استحق علیھم مبنیا للمفعول والضم للاثم والمعنی ظاھر الثالث والثلثون ان کون الوصی اثنین وکذا الورثۃ لخصوص الواقعۃ لا لخصوص الحکم الرابع والثلثون ان الآیۃ علی ما فسرت غیر منسوخۃ الخامس والثلثون ان التغلیظ فی الایمان غیر واجب السادس والثلثون ان الشھادۃ فی قولہ یأتوا بالشھادۃ معناھا ما مر فی السابع عشر واللہ اعلم اخذت ھذہ الفوائد من الجلالین والکمالین والبیضاوی والروح والمدارک وغیرھا وبعضھا افیض علی من الجواد الوھاب واللہ اعلم بالصواب۔

يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ۭ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝۱۰۹ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى
ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰي وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۣ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ
وَكَهْلًا ۚ وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۚ وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْــــَٔــةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ
فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًۢا بِاِذْنِيْ وَتُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ
كَفَفْتُ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ
مُّبِيْنٌ ۝۱۱۰ وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ۝۱۱۱

جس روز اللہ تعالیٰ تمام پیغمبروں کو (مع ان کی امتوں کے) جمع کریں گے۔ پھر ارشاد فرمائیں گے کہ تم کو (ان امتوں کی طرف سے) کیا جواب ملا تھا وہ عرض کریں گے کہ (ظاہری جواب تو ہم کو معلوم ہے لیکن ان کے دل کی) ہم کو کچھ خبر نہیں۔ (اس کو آپ ہی جانتے ہیں کیونکہ) آپ بے شک پوشیدہ باتوں کو پورے جاننے والے ہیں۔ جب کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے کہ اے عیسیٰ ابن مریم میرا انعام یاد کرو جو تم پر اور تمہاری والدہ پر ہوا ہے جب کہ میں نے تم کو روح القدس سے تائید دی۔ تم آدمیوں سے کلام کرتے تھے گود میں بھی اور بڑی عمر میں بھی اور جب کہ میں نے تم کو کتابیں اور سمجھ کی باتیں اور توریت اور انجیل تعلیم کیں اور جب کہ تم گارے سے ایک شکل بناتے تھے جیسے پرندہ کی شکل ہوتی ہے میرے حکم سے پھر تم اس کے اندر پھونک مار دیتے تھے جس سے وہ پرندہ بن جاتا تھا میرے حکم سے اور تم اچھا کر دیتے تھے مادرزاد اندھے کو اور برص کے بیمار کو میرے حکم سے اور جب کہ تم مردوں کو نکال کر کھڑا کر لیتے تھے میرے حکم سے اور جب کہ میں نے بنی اسرائیل کو تم سے (یعنی تمہارے قتل و ایذا سے) باز رکھا جب تم ان کے پاس دلیلیں لے کر آئے تھے۔ پھر ان میں جو کافر تھے انہوں نے کہا تھا کہ یہ بجز کھلے جادو کے اور کچھ بھی نہیں اور جب کہ میں نے حواریین کو حکم دیا کہ تم مجھ پر اور میرے رسول پر ایمان لاؤ انہوں نے کہا ہم ایمان لائے اور آپ شاہد رہئے کہ ہم پورے فرمانبردار ہیں ۞

تفسیر ربط: اوپر احکام مختلفہ کا ذکر ہوا ہے اور درمیان درمیان میں ترغیب ان کے امتثال کی اور ترہیب ان کی مخالفت پر فرمائی گئی ہے اسی کی تاکید کے لئے آیت آئندہ میں قیامت کے ہول وہیبت یاد دلاتے ہیں تاکہ اطاعت کا زیادہ باعث اور مخالفت سے زیادہ مانع ہو اور اکثر طرز قرآن مجید کا یہی ہے۔

تذکیر ہول قیامت: يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝۱۰۹ (وہ دن بھی کیسا ہولناک ہوگا) جس روز اللہ تعالیٰ تمام پیغمبروں کو (مع ان کی امتوں کے) جمع کریں گے پھر (ان امتوں میں جو عاصی ہوں گے بغرض توبیخ ان کے سنانے کو ان پیغمبروں سے) ارشاد فرماویں گے کہ تم کو (ان امتوں کی طرف) سے کیا جواب ملا تھا وہ عرض کریں گے کہ (ظاہری جواب تو ہم کو معلوم ہے اور اس کو بیان بھی کر دیں گے لیکن ان کے دل میں جو کچھ ہو اس کی) ہم کو کچھ خبر نہیں (اس کو آپ ہی جانتے ہیں کیونکہ) آپ بیشک پوشیدہ باتوں کے پورے جاننے والے ہیں (مطلب یہ کہ ایک ایسا دن ہوگا اور اعمال و احوال کی تفتیش ہوگی اس لئے تم کو مخالفت و معصیت سے ڈرتے رہنا چاہئے۔ **ف**: جن آیتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام احوال امم پر شہادت دیں گے تفسیر مذکور کی بنا پر دونوں مضمونوں میں کوئی تعارض نہیں ہے اور جو امم بعد زمانہ انبیاء علیہم السلام کے ہوئے ہیں گو وہ انبیاء ان کی شہادت نہ دیں لیکن اور شہادتیں دوسرے نصوص سے ثابت ہیں ملائکہ کی اور نامۂ اعمال کی اور کفار کے ہاتھ پاؤں کی بھی۔

ربط: اوپر متعدد آیات میں اہل کتاب سے مکالمہ ہوا ہے اب ختم سورت پر اسی مضمون کی طرف عود کر کے خالص نصاریٰ کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق بعض مضامین گو ان کی مخاطبت قیامت میں ہوگی سناتے ہیں جن سے ان کی عبدیت کا اثبات اور الوہیت کی نفی ہوتی ہے اور مخاطبت یوم قیامت سے بھی یہی مقصود ہوگا تاکہ اہل کتاب کی غلطی افراط و تفریط میں ثابت ہو جاوے کیونکہ حق تعالیٰ کی طرف سے انعامات مختلفہ کا ہونا جن کا اُذْكُرْ نِعْمَتِيْ الخ میں ذکر ہے اور

www.besturdubooks.net

تصرفات میں تصرف حق کا محتاج جن کا اِذۡ تَخۡلُقُ مِنَ الطِّيۡنِ الخ میں بیان ہے اور حفاظت میں حق تعالیٰ کا محتاج ہونا جس کا وَاِذۡ كَفَفۡتُ الخ میں ذکر ہے اور توحید کی طرف دعوت کرنا اور رسول ہونا جس کا وَاِذۡ اَوۡحَيۡتُ الخ میں ذکر ہے اور اسی طرح معجزۂ مائدہ جس میں اثبات اعجاز کے ساتھ جو کہ یہود پر حجت ہے اور اس اعتبار سے یہ محاجہ یہود کے ساتھ بھی ہو گیا ان کا التجا اور سوال کرنا بھی آیت: قَالَ عِيۡسَى ابۡنُ مَرۡيَمَ اللّٰهُمَّ میں مثل معجزات احیاء وابراء وغیرہ مذکور ہے اور خود اپنی الوہیت سے تبری کرنا جس کا وَاِذۡ قَالَ اللّٰهُ الخ میں ذکر ہے یہ سب دلائل قاطعہ ہیں اثبات عبدیت ونفی الوہیت پر۔

عود بمحاجہ نصاریٰ بذکر حضرت عیسیٰ علیہ السلام ومخاطبت قیامت: اِذۡ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيۡسَى ابۡنَ مَرۡيَمَ اذۡكُرۡ نِعۡمَتِىۡ عَلَيۡكَ (الی قولہ تعالیٰ) قَالُوۡۤا اٰمَنَّا وَاشۡهَدۡ بِاَنَّنَا مُسۡلِمُوۡنَ۝ (اور اسی روز عیسیٰ علیہ السلام سے ایک خاص گفتگو ہوگی) جب کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے کہ اے عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم علیہا السلام میرا انعام یاد کرو (تاکہ لذت[۱] تازہ ہو) جو تم پر اور تمہاری والدہ پر (بانواع واوقات متعددہ ہوا ہے مثلاً) جب کہ میں نے تم کو روح القدس (یعنی جبرئیل علیہ السلام) سے تائید دی (اور[۲]) تم آدمیوں سے (دونوں حالت میں یکساں) کلام کرتے تھے (ماں کی) گود میں بھی اور بڑی عمر میں بھی (دونوں کلاموں میں کچھ تفاوت نہ تھا) اور جب کہ میں نے تم کو (آسمانی) کتابیں اور سمجھ کی باتیں اور (بالخصوص) توریت وانجیل تعلیم کیں اور جب کہ تم گارے سے ایک شکل بناتے تھے جیسے پرندہ کی شکل ہوتی ہے میرے حکم سے پھر تم اس (مصنوعی ہیئت) کے اندر پھونک مار دیتے تھے جس سے وہ (سچ مچ کا جاندار) پرندہ بن جاتا تھا میرے حکم سے اور تم اچھا کر دیتے تھے مادر زاد اندھے کو اور برص (جذام) کے بیمار کو میرے حکم سے اور جب کہ تم مُردوں کو (قبروں سے) نکال (اور جلا کر) کھڑا کر لیتے تھے میرے حکم سے، اور جب کہ میں نے بنی اسرائیل (میں سے جو آپ کے مخالف تھے ان) کو تم سے (یعنی تمہارے قتل واہلاک سے) باز رکھا جب (انہوں نے تم کو ضرر پہنچانا چاہا جب کہ) تم ان کے پاس (اپنی نبوت کی) دلیلیں (معجزات[۳]) لے کر آئے تھے پھر ان میں جو کافر تھے انہوں نے کہا تھا کہ یہ (معجزات) بجز کھلے جادو کے اور کچھ بھی نہیں اور جب کہ میں نے حوارییّن کو (انجیل میں تمہاری[۴] زبانی) حکم دیا کہ تم مجھ پر اور میرے رسول (عیسیٰ علیہ السلام) پر ایمان لاؤ انہوں نے (جواب میں تم سے) کہا کہ ہم (خدا اور رسول یعنی آپ پر) ایمان لائے اور آپ شاہد رہئے کہ ہم (خدا کے اور آپ کے) پورے فرمانبردار ہیں۔

ف: ان سب امور کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لئے انعام ہونا تو ظاہر ہے لیکن حضرت مریم علیہا السلام کے حق میں انعام ہونا اس طور پر ہے کہ ان سب امور سے آپ کا نبی ہونا ثابت ہے اور آپ نے ان کی نزاہت کی خبر دی اور نبی کے اخبار سب صادق ہوتے ہیں پس ان کی نزاہت ثابت ہوگئی اور یہ بڑا انعام ہے اور والدہ پر جو انعام ہوا وہ عیسیٰ علیہ السلام کو اس لئے یاد دلایا گیا کہ اصول پر انعام ہونا من وجہ فروع پر بھی ہے کہ ایسے اصول کے فروع ہیں اور تائید بروح القدس کی تفسیر سورۂ بقرہ کی معاملہ حوبست وسوم میں اور کف بنی اسرائیل کی تفسیر آخر سورۂ نساء آیت: وَمَا قَتَلُوۡهُ الخ میں اور باقی اجزاء کی تحقیق مع ایک بحث متعلق حوارییّن کے سورۂ آل عمران آیت: وَيُعَلِّمُهُ الۡكِتٰبَ و آیت: فَلَمَّاۤ اَحَسَّ الخ کے ذیل میں گزر چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ قَالُوۡا لَا عِلۡمَ لَنَا الخ روح میں ہے کہ بعض نے اس ذہول کی وجہ تجلی جلال کے آثار کا ظہور بتلائی ہے تو اس میں ایسی حالتوں کا اثبات ہے استغراق وسکر وفناء ومحو وغیبت۔ قولہ تعالیٰ اِذۡ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيۡسَى ابۡنَ مَرۡيَمَ الخ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ کسی کا اہل اللہ کی اولاد میں ہونا بھی ایک نعمت اور شرف ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في يوم وه دن الخ اشارة الى عامل يوم من نحو ما ذا يقع يوم الخ ۱۲۔ ۲ قوله في يجمع مع ان کی امتوں دل عليه الآيات الاخر ودل عليه ايضا مقصود السوال من التوبيخ لهم فانه لا يكون بدون الاسماع والاحضار ۱۲۔ ۳ قوله قبل يقول جو عاصی وبه يحصل مقصود الآية من التحذير على المعصية ۱۲۔ ۴ قوله في اذا اور اسی روز اشار الى كونه بدلا من يوم ۱۲۔ ۵ قوله في اذكر لذت كذا في الروح۔ ۶ قوله في تكلم اور اشار الى كونه استيفافاً ۱۲۔ ۷ قوله في المهد ماں کی گود نقله في الروح عن الحسن ودل على كون الخطاب يوم القيامة قوله ايدتك وكففت وتكلم مع اعتبار قوله كهلاً ۱۲۔ ۸ قوله في جئتهم وفي فقالوا آئے تھے اور کہا تھا اشار الى ان المجنى ظرف لكففت لا وحده بل مع اعتبار قوله فقال لان المجموع يدل على قصدهم الاغتيال المحوج الى الكف ۱۲۔ ۹ قوله في اوحيت تمہاری زبانی اشارة الى كونه تتمة من مخاطبة يوم القيامة صرح به في الروح وفي الكبير ولذلك اعيد العاطف في اذ بخلاف ما بعده من قوله اذ قال الحواريون حيث ترك العاطف لكونه منقطعا عما قبله كما قاله ابو السعود ويشير اليه ايضا كما في الروح الاظهار مقام الاضمار حيث لم يقل واذا قالوا الخ ۱۲ منه۔

اللغات: الوحى الامر قاله الزجاج وانشد كما فى الروح الحمد لله الذى استقلت باذنه السماء واطمانت واوحى لها القرار فاستقرت۔

www.besturdubooks.net

النحو: قوله منهم من بيانية وفيه وضع المظهر موضع المضمر كذا فى الروح قلت ولا بعد ان تكون تبعيضية كما اريد بنى اسرائيل الكافرون منهم لقوله تعالىٰ فاٰمنت طائفة من بنى اسرائيل نعم يكون فى ضمير جنتهم استخدام لان المجنى الى الكل ويمكن ان يعاد الى البعض خاصة لكون الكلام فيهم لا لكون المجنى اليهم خاصة ۱۲۔

البلاغۃ: فى الروح واذ تخرج عطف على اذ تخلق اعيدت فيه اذ كما قيل لكون اخراج الموتى من قبورهم لا سيما بعد ما صار رميما معجزة باهرة حرية بتذكير وقتها صريحا وما فى النظم الكريم ابلغ من تحيى الموتى فلذا عدل عنه اليه ذكر باذنى ههنا اربع مرات وثمه مرتين قالوا لانه ههنا الامتنان وهناك للاخبار فناسب هذا التكرار هنا اه قلت ولعل الاذن فى تصويرى الطير اذن كلى تشريعي اى اذا اردت اظهار هذه المعجزة فصور الطير وفى غيره اذن تكويني فافهم ۱۲۔

إِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ يَٰعِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ أَنْ يُنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ۖ قَالَ اتَّقُوا اللَّهَ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِينَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوا نُرِيدُ أَنْ نَّأْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوبُنَا وَنَعْلَمَ أَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُونَ عَلَيْهَا مِنَ الشَّٰهِدِينَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللَّهُمَّ رَبَّنَآ أَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِّأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِّنْكَ ۖ وَارْزُقْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّٰزِقِينَ ﴿۱۱۴﴾ قَالَ اللَّهُ إِنِّي مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۖ فَمَنْ يَكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَإِنِّي
أُعَذِّبُهُ عَذَابًا لَّآ أُعَذِّبُهُ أَحَدًا مِّنَ الْعَٰلَمِينَ ﴿۱۱۵﴾ ع ۱۵ / ۷ / ۵

وہ وقت قابل یاد ہے جب کہ حواریین نے عرض کیا کہ اے عیسیٰ بن مریم کیا آپ کے رب ایسا کر سکتے ہیں کہ ہم پر آسمان سے کچھ کھانا نازل فرماویں؟ آپ نے فرمایا کہ خدا سے ڈرو اگر تم ایمان دار ہو۔ وہ بولے کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس میں سے کھائیں اور ہمارے دلوں کو پورا اطمینان ہو جائے اور ہمارا یہ یقین اور بڑھ جائے کہ آپ نے ہم سے سچ بولا ہے اور ہم گواہی دینے والوں میں سے ہو جاویں۔ عیسیٰ ابن مریم نے دعا کی اے اللہ اے ہمارے پروردگار ہم پر آسمان سے کھانا نازل فرمائیے کہ وہ ہمارے لئے یعنی ہم میں جو اول ہیں اور جو بعد ہیں سب کے لئے ایک خوشی کی بات ہو جائے اور آپ کی طرف سے ایک نشان ہو جائے اور آپ ہم کو عطا فرمائیے اور آپ سب عطا کرنے والوں سے اچھے ہیں۔ حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ میں وہ کھانا تم لوگوں پر نازل کرنے والا ہوں۔ پھر جو شخص تم میں سے اس کے بعد ناحق شناسی کرے گا تو میں اس کو ایسی سزا دوں گا کہ وہ سزا دنیا جہان والوں میں سے کسی کو نہ دوں گا۔ ○

تفسیر ربط: آیت بالا کی تمہید میں قصہ مائدہ کا جو کہ آگے آتا ہے ارتباط مذکور ہو چکا ہے۔

قصہ نزول مائدہ: إِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ يَٰعِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ أَنْ يُنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ۖ (الی قولہ تعالیٰ) فَإِنِّي أُعَذِّبُهُ عَذَابًا لَّآ أُعَذِّبُهُ أَحَدًا مِّنَ الْعَٰلَمِينَ وہ وقت قابل یاد ہے جب کہ حواریین نے (حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے) عرض کیا کہ اے عیسیٰ ابن مریم (علیک السلام) کیا آپ کے رب ایسا کر سکتے ہیں (یعنی کوئی امر مثل خلاف حکمت ہونے وغیرہ کے اس سے مانع تو نہیں) کہ ہم پر آسمان سے کچھ کھانا (پکا پکایا) نازل فرماویں آپ نے فرمایا کہ خدا سے ڈرو اگر تم ایماندار ہو (مطلب یہ کہ تم تو ایماندار ہو اس لئے خدا سے ڈرو اور معجزات کی فرمائش سے کہ بے ضرورت ہونے کی وجہ سے خلاف ادب ہے بچو) وہ بولے کہ (ہمارا مقصود بے ضرورت فرمائش کرنا نہیں ہے جو کہ خلاف ادب ہے بلکہ ایک مصلحت سے اس کی درخواست کرتے ہیں وہ یہ کہ) ہم (ایک تو) یہ چاہتے ہیں کہ (برکت حاصل کرنے کو) اُس میں سے کھائیں اور (دوسرے یہ چاہتے ہیں کہ) ہمارے دلوں کو (ایمان پر) پورا اطمینان ہو جاوے اور (مطلب اطمینان کا یہ ہے کہ) ہمارا یقین اور بڑھ جاوے کہ آپ نے (دعویٰ رسالت میں) ہم سے سچ بولا ہے (کیونکہ جس قدر دلائل بڑھتے جاتے ہیں دعویٰ کا یقین بڑھتا جاتا ہے اور (تیسرے یہ چاہتے ہیں کہ) ہم (اور لوگوں کے سامنے جنہوں نے یہ معجزہ نہیں دیکھا) گواہی دینے والوں میں سے ہو جاویں (کہ ہم نے ایسا معجزہ دیکھا ہے تاکہ ان کے سامنے اثباتِ رسالت کر سکیں اور ان کی ہدایت کا یہ ذریعہ بن جاوے) عیسیٰ ابن مریم (علیہ السلام) نے (جب دیکھا کہ اس درخواست میں ان کی غرض صحیح ہے تو حق تعالیٰ سے) دعا کی کہ اے اللہ اے ہمارے پروردگار ہم پر آسمان سے کھانا نازل فرمائیے کہ وہ (مائدہ) ہمارے لئے یعنی ہم میں جو اول (یعنی موجودہ زمانہ میں) ہیں اور جو بعد (کے زمانہ میں آنے والے) ہیں سب کے لئے ایک خوشی کی بات ہو جاوے (حاضرین کی خوشی تو کھانے سے اور معروضہ قبول ہونے سے اور بعد والوں کی خوشی اپنے سلف پر انعام ہونے سے اور یہ غایت تو خاص ہے مومنین کے ساتھ) اور (میری پیغمبری پر) آپ کی طرف سے ایک نشان ہو جاوے (کہ مومنین کا یقین بڑھ جاوے اور منکرین حاضرین یا غائبین پر حجت ہو جاوے اور یہ غایت

www.besturdubooks.net

مومنین وغیر مومنین سب کے لئے عام ہے) اور آپ ہم کو (وہ مائدہ) عطا فرمایئے اور آپ سب عطا کرنے والوں سے اچھے ہیں (کیونکہ سب کا دینا اپنے نفع کے لئے اور آپ کا دینا مرزوق کے نفع کے لئے ہے اس ۸ لئے ہم اپنے منافع کو پیش کر کے آپ سے مائدہ کی درخواست کرتے ہیں) حق تعالیٰ نے (جواب میں) ارشاد فرمایا کہ (آپ ۹ ان لوگوں سے کہہ دیجئے کہ) میں وہ کھانا (آسمان سے) تم لوگوں پر نازل کرنے والا ہوں۔ پھر جو شخص تم میں سے اس کے بعد (اس کی) ناحق شناسی کرے گا (یعنی اس کے حقوق واجبہ عقلاً ونقلاً ادا نہ کرے گا تو میں اس کو ایسی سزا دوں گا کہ وہ سزا (اس وقت ۱۰ کے) دنیا جہان والوں میں سے کسی کو نہ دوں گا۔ **ف**: مجموعہ ان حقوق کا یہ تھا کہ اس پر شکر کیا جاوے کہ عقلاً بھی واجب ہے اور اس میں خیانت نہ کریں اور اگلے دن کے لئے اٹھا کر نہ رکھیں چنانچہ اس کا حکم ہونا ترمذی کی حدیث میں عمار بن یاسرؓ سے منقول ہے اور اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ مائدہ آسمان سے نازل ہوا اس میں روٹی اور گوشت تھا اور اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ ان لوگوں نے (یعنی بعض ۱۱ نے) خیانت کی اور اگلے دن کے لئے اُٹھا کر رکھا پس بندر اور خنزیر کی صورت میں مسخ ہوئے نعوذ باللہ من غضب اللہ اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس میں سے کھاتے بھی تھے جیسا ناکل میں ان کی یہ غرض بھی مذکور ہے البتہ رکھ کر کھانا ممنوع تھا اور باوجود معجزات نفخ وابراء واحیاء کے اس کا طلب کرنا شاید زیادہ برکت وقوت ایمان کے وتکثیر معجزات کے لئے ہو۔ جیسا نَّاْكُلَ، وَنَعْلَمَ کے ترجمہ میں اشارہ بھی ہو گیا ہے اور حواریین کے متعلق ایک ضروری بحث سورۂ آل عمران کی آیت قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ کے ذیل میں گزر چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ الخ یعنی ایسے معجزات کی درخواستوں سے بچو اس میں اس سے بھی زجر ہے کہ اہل اللہ میں خوارق کو تلاش کیا جاوے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله في يستطيع** کر سکتے ہیں یعنی کوئی الخ اشارة الى ان المراد هل يفعل كما فى الروح تعبيراً عن المسبب بالسبب كعكسه فى اذا قمتم بمعنى اردتم فان الاستطاعة والارادة سببان والفعل والقيام مسببان وانما عبر به اشارة الى السوال عن رفع المانع ككون النزول مخالفا للحكمة مثلا۱۲۔ ۲ **قوله فى مائدة** کھانا كما فى الروح وتطلق المائدة على نفس الطعام ايضا۱۲۔ ۳ **قوله فى ان كنتم مؤمنين** مطلب الخ اشارة الى انهم كانوا مؤمنين ويتايد بقوله فمن يكفر بعد وبورود الكتاب والسنة بمدح الحواريين وما توهم كفرهم بقوله تعلم فجوابه يعلم من تفسيره۱۲۔ ۴ **قوله هناك** بے ضرورت بخلاف من يريد الايمان فان له ضرورة الى المعجزات ليؤمن۱۲۔ ۵ **قوله فى نعلم** اور مطلب الخ اشارة الى كون العطف تفسيريا بتفسير العلم حصل الجواب عما يتوهم من انهم كيف لم يكتفوا فى العلم وكونهم شاهدين على المعجزات السابقة كالنفخ والابراء والاحياء حاصل الجواب ان المقصود الزيادة كما اوضحته بقولى جس قدر دلائل الخ۱۲۔ ۶ **قوله فى عيدا** خوشی كما فى الروح ويطلق على نفس السرور العائد وحينئذ لا تحتاج الى التقدير هكذا يكون لنا يوم نزولها عيدا الخ ولذا لم اتكلم فى مسئلة اتخاذ يوم عيدا لان الآية على هذا التفسير لم يذكر فيه كون يوم من الايام عيد او لو قدر فالتحقيق فى المسئلة ان هذا الاتخاذ لم يشرع لنا كما يدل عليه قول عمرؓ فى جواب اليهودى فى نزول الآية اكملت لكم دينكم الخ۱۲۔ ۷ **قوله فى تقرير تكون لنا** کھانے سے ناظر الى قوله نأكل وفى تقرير آية منك یقین اور حجت ناظر الى قوله تطمئن بمعنى نعلم الى قوله وتكون الخ۱۲۔ ۸ **قوله فى خيرا الرازقين** اس لئے اشار الى وجه زيادة وارزقنا من التعليل لما سأله من قبل واشار ايضا الى كون مفعول ارزقنا هو المائدة۱۲۔ ۹ **قوله فى قال الله** ان لوگوں سے کہہ دیجئے اشار الى ان الخطاب فى عليكم الى السائلين لا الى السائل فلا اشكال فى قوله يكفر واعذب۱۲۔ ۱۰ **قوله فى العلمين** اس وقت فان هذه المسخ فى ذاك الوقت كان مختصابهم۱۲۔ ۱۱ **قوله فى ف** یعنی بعض لان الحواريين مدحوا فى الكتاب والسنة فلا يحتمل كون كلهم كافرين خائنين۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فى قراءة هل تستطيع بالخطاب ربك بالنصب ومعناه هل تستطيع ان تسأل ربك۱۲۔

اللغات: قوله اللهم كان اصله يا الله حذف حرف النداء وعوض عنه الميم۱۲۔

البلاغۃ: فى الروح فى اللهم ربنا ناداه سبحانه مرتين اظهاراً لغاية التضرع ومبالغة فى الاستدعاء۱۲ قوله يعيسى ابن مريم لعل نداء هم باسمه عليه السلام لكمال التعيين ان كان كلهم سائلين اولقلة الادب ان كانوا بعضهم۱۲۔

وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۗ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ

www.besturdubooks.net

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۱۶﴾ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِىْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّىْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ
فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِىْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ۭ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۱۱۷﴾ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ
فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ۭ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۹﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا
فِيْهِنَّ ۭ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۲۰﴾ ع ۱۶/۵

اور وہ وقت بھی قابل ذکر ہے جب کہ اللہ تعالیٰ فرماویں گے کہ اے عیسیٰ ابن مریم کیا تم نے ان لوگوں سے کہہ دیا تھا کہ مجھ کو؛ ور میری ماں کو بھی علاوہ خدا کے معبود قرار دے لو۔ (تو عیسیٰ) عرض کریں گے کہ (توبہ توبہ) میں تو آپ کو (شریک سے) منزہ سمجھتا ہوں۔ مجھ کو کسی طرح زیبا نہ تھا کہ میں ایسی بات کہتا جس کے کہنے کا مجھ کو کوئی حق نہ تھا۔ اگر میں نے کہا ہوگا تو آپ کو اس کا علم ہوگا۔ آپ تو میرے دل کے اندر کی بات بھی جانتے ہیں اور میں آپ کے علم میں جو کچھ ہے اس کو نہیں جانتا۔ تمام غیبوں کے جاننے والے آپ ہیں۔ میں نے تو ان سے اور کچھ نہیں کہا مگر صرف وہی جو آپ نے مجھ سے کہنے کو فرمایا تھا کہ تم اللہ کی بندگی اختیار کرو جو میرا بھی رب ہے تمہارا بھی رب ہے۔ میں ان پر مطلع رہا جب تک ان میں رہا پھر جب آپ نے مجھ کو اٹھالیا تو آپ ان پر مطلع رہے اور آپ ہر چیز کی پوری خبر رکھتے ہیں۔ اگر آپ ان کو سزا دیں تو یہ آپ کے بندے ہیں اور اگر آپ ان کو معاف فرمادیں تو آپ زبردست ہیں حکمت والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے کہ یہ وہ دن ہے کہ جو لوگ سچے تھے ان کا سچا ہونا ان کے کام آئے گا۔ ان کو باغ ملیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ اللہ سے راضی اور خوش ہیں۔ یہ بڑی بھاری کامیابی ہے۔ اللہ ہی کی ہے سلطنت آسمانوں کی اور زمین کی اور ان چیزوں کی جو ان میں موجود ہیں اور وہ ہر شے پر پوری قدرت رکھتا ہے۞

تفسیر ربط: ابھی آیت: اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِىْ کی تمہید میں آیت آئندہ کا ارتباط بھی مفصل بیان ہو چکا ہے اور جیسے آیت مذکورہ بالا میں مخاطبت قیامت کا ذکر ہے ایسے ہی آیت آئندہ میں بھی اور درمیان میں قصہ نزولِ مائدہ کا جو کہ دنیا میں واقع ہوا ہے آ گیا تھا اور اسکا درمیان میں لانا شاید اسلئے ہو کہ ان مخاطبات یوم قیامت سے جیسا کہ آیت بالا کی تمہید میں احقر نے لکھا ہے مقصود یہ ہوگا کہ اہل کتاب کی غلطی افراط وتفریط میں ثابت ہو جاوے اور قصہ نزول مائدہ سے اس مقصود کے مقاصد میں سے جو یہ امر ہے کہ انکو افراط وتفریط پر تعذیب کی اطلاع دیں اسکی تاکید اس طرح ہوتی ہے کہ دیکھو جس طرح اصحابِ مائدہ کو کفر بایت الٰہیہ سے دنیا میں سزا دی گئی اسی طرح ان افراط وتفریط کرنے والوں کو کفر بالایات الالہیہ سے عقبیٰ میں سزا دی جاوے گی واللہ اعلم۔

تتمہ مخاطبت یوم قیامت بعیسیٰ علیہ السلام: وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ (الی قولہ تعالی) وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ اور وہ وقت بھی قابل ذکر ہے جب کہ اللہ تعالیٰ (قیامت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کفار نصاریٰ کے سنانے کے لئے) فرماویں گے کہ اے عیسیٰ ابن مریم (ان لوگوں میں جو عقیدہ تثلیث کا تھا مثلاً بعضے اللہ تعالیٰ کے ساتھ عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت مریم علیہا السلام کو شریک الوہیت مانتے تھے تو) کیا تم نے ان لوگوں سے کہہ دیا تھا کہ مجھ کو (یعنی عیسیٰ علیہ السلام کو) اور میری ماں (حضرت مریم) کو بھی علاوہ خدا کے معبود قرار دے لو عیسیٰ علیہ السلام عرض کریں گے کہ (توبہ توبہ) میں تو (خود اپنے عقیدہ میں) آپ کو (شریک سے) منزہ سمجھتا ہوں (جیسا کہ آپ واقع میں بھی منزہ ہیں تو ایسی حالت میں) مجھ کو کسی طرح زیبا نہ تھا کہ میں ایسی بات کہتا جس کے کہنے کا مجھ کو کوئی حق نہیں (نہ باعتبار اپنے عقیدے کے کہ میں موحد ہوں اور نہ باعتبار واقع کے کہ آپ واحد ہیں اور دلیل میری اس نہ کہنے کی یہ ہے کہ) اگر میں نے (واقع میں) کہا ہوگا تو آپ کو اس کا (یقیناً) علم ہوگا (مگر جب آپ کے علم میں بھی میں نے نہیں کہا تو واقع میں بھی نہیں کہا اور کہنے کی صورت میں آپ کو اس کا علم ہونا اس لئے ضروری ہے کہ) آپ تو میرے دل کے اندر کی بات بھی جانتے ہیں (تو جو زبان سے کہتا اس کا علم تو کیوں نہ ہوتا) اور میں (تو مثل دیگر مخلوقات کے اتنا عاجز ہوں کہ) آپ کے علم میں جو کچھ ہے اس کو (بدوں آپ کے بتلائے ہوئے) نہیں جانتا (جیسے دیگر مخلوقات کا بھی یہی حال ہے پس) تمام غیبوں کے جاننے والے آپ ہی ہیں (سو جب اپنا اس قدر عجز اور آپ کا کمال مجھ کو معلوم ہے تو شرکت فی الالوہیت کا دعویٰ کیسے کرتا۔ یہاں تک تو اس بات کے کہنے کی نفی ہوئی آگے اس کی نقیض کے کہنے کا اثبات ہے کہ) میں نے تو ان سے اور کچھ نہیں کہا صرف وہی (بات) جو آپ نے مجھ سے کہنے کو فرمایا تھا کہ تم اللہ تعالیٰ کی بندگی اختیار کرو جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے اور (یہاں تک تو عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی حالت کے متعلق عرض کیا آگے ان لوگوں کی حالت کے متعلق عرض کرتے ہیں کیونکہ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِىْ میں گو تصریحاً تو سوال صدورِ قول سے ہے لیکن اشارۃً اس تثلیث کے سبب صدور کا سوال بھی مترشح ہو سکتا ہے پس اس باب میں یوں عرض کریں گے کہ) میں ان (کی حالت) پر مطلع رہا جب تک ان میں (موجود) رہا (سو اس وقت تک کا حال

www.besturdubooks.net

تو میں نے مشاہدہ کیا ہے اس کے متعلق بیان کرسکتا ہوں) پھر جب آپ نے مجھ کو اٹھالیا (یعنی اول بار میں تو زندہ آسمان کی طرف اور دوسری بار میں وفات کے طور پر) تو (اس وقت صرف) آپ ان (کے احوال) پر مطلع رہے (اس وقت کی مجھ کو کچھ خبر نہیں کہ ان کی گمراہی کا سبب کیا ہوا اور کیوں کر ہوا) اور آپ ہر چیز کی پوری خبر رکھتے ہیں) یہاں تک تو اپنا اور ان کا معاملہ عرض کیا آگے ان کے اور حق تعالیٰ کے معاملات کے متعلق عرض کرتے ہیں کیونکہ ء انت قلت للناس اتخذونی میں گو وضعاً تو سوال صدور قول سے ہے مگر طبعاً باعتبار انتقال ذہن سامعین کے احیاناً ایسا استفہام اس امر کو متضمن معلوم ہونے لگتا ہے کہ چونکہ نبی سے ایسے قول کا صدور براءۃ امت کا سبب ہوسکتا تھا پس سوال عن الصدور اشارۃً براءت کا سوال مترشح ہوسکتا ہے کہ کیا آپ کے نزدیک یہ لوگ رہائی کے قابل ہیں پس اس باب میں یوں عرض کریں گے) کہ اگر آپ ان کو (اس عقیدہ پر) سزا دیں تو (جب بھی آپ مختار ہیں کیونکہ) یہ آپ کے بندے ہیں (اور آپ ان کے مالک اور مالک کو حق ہے کہ بندوں کو ان کے جرائم پر سزا دے) اور اگر آپ ان کو معاف فرما دیں تو (جب بھی آپ مختار ہیں کیونکہ آپ زبردست قدرت والے ہیں تو معافی پر بھی قادر ہیں اور) حکمت والے (بھی) ہیں (تو آپ کی معافی بھی حکمت کے موافق ہوگی اس لئے اس میں کوئی قبح نہیں ہوسکتا۔ مطلب یہ دونوں حال میں آپ مختار ہیں میں کچھ دخل نہیں دیتا۔ غرض عیسیٰ علیہ السلام نے معروض اول سُبۡحٰنَكَ الخ میں اپنی تبری ان اہل تثلیث کے عقیدہ سے اور اس کی تعلیم سے معروض دوم وَ كُنۡتُ عَلَيۡهِمۡ الخ میں اپنی تبری ان کے اس عقیدہ کے مفصل سبب جاننے تک سے اور معروض سوم اِنۡ تُعَذِّبۡهُمۡ الخ میں اپنی تبری ان کے باب میں کوئی تحریک کرنے تک سے ظاہر کردی اور یہی مقصود تھا حق تعالیٰ کا عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ان مخاطبات سے پس ان میں ان کفار کو پوری توبیخ اپنی نادانی پر اور حسرت اپنی ناکامی پر ہوگی)۔ ف: صاحب فتح نے اپنی منہیات میں سیل کے مقدمہ ترجمہ قرآن سے ایک فرقہ نصاری عرب کا تثلیث میں بجائے روح القدس کے حضرت مریم علیہا السلام کو داخل کرنا نقل کیا ہے اور مقصود اس آیت میں نفس تثلیث بلکہ مطلق شرک فی الالوہیت کو باطل کرنا ہے جیسا کہ لفظ مثلاً ترجمہ میں لانے سے اس طرف اشارہ کردیا گیا اور یہ تخصیص یا تو باعتبار اس فرقہ کے اس وقت کثیر ہونے کے ہے یا اس اعتبار سے کہ اس سے اس کا ابطال بدرجۂ اولیٰ ہوگیا کیونکہ منشاء اس عقیدہ فاسدہ کا خوارق ہیں اور خوارق میں ان کا حال روح القدس سے زیادہ عجیب ہے کیونکہ بشر سے ایسے عجائب کا ظہور مثل تولد و تولید بلا توسط مرد کے اور دوسرے معجزات و کرامات کے جس قدر عجیب و بعید ہے ملائکہ سے عجائب کا صدور اتنا عجیب و بعید نہیں کیونکہ خود نوع ملائکہ عادۃً بہ نسبت نوع بشر کے زیادہ محل صدور عجائب ہے جیسا کہ ظاہر ہے جب زیادہ عجیب خوارق میں احتمال الوہیت باطل ہے تو کم عجیب میں بدرجہ اولیٰ۔ ف: بعض لوگوں کو بعض اوقات میں حماقت سوجھی تھی کہ کہتے تھے کہ یہاں عزیز حکیم کی جگہ غفور رحیم مناسب تھا لیکن احقر نے ترجمہ کی جو تقریر کی ہے اس سے معلوم ہوگیا ہوگا کہ مقصود سفارش اور تقریب مغفرت نہیں، کیونکہ قیامت میں کفار و مشرکین کی سفارش نہ ہوگی کیونکہ اس کے مبنیٰ اذن ہے جس کا عدم یقینی ہے بلکہ مقصود تبری و تفویض ہے اور کفر اس سے مانع نہیں کیونکہ اس کا مبنیٰ قدرت ہے جس کا وجود یقینی ہے اور غفور رحیم میں یہ بات حاصل نہ ہوتی بلکہ مقصود کے خلاف لازم آتا پس اصل جواب اِنۡ تَغۡفِرۡ لَهُمۡ کا مثل اِنۡ تُعَذِّبۡهُمۡ کے فانت تملك ذلك من غير قبح ہے اور اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ۔ اس کی دلیل ہے اور اس دلیل کی ضرورت یہ ہے کہ مخلوق سے جو عفو صادر ہوتا ہے گاہے بوجہ عدم قدرت کے ہوتا ہے اور گاہے کسی مضرت کو متضمن ہونے سے خلاف حکمت ہوتا ہے پس ایک جگہ تو اختیار ہی نہیں ہوا اور دوسری جگہ اختیار قبیح ہوا پس مغفرت الٰہیہ میں اس دلیل کے لانے سے شبہ عدم قدرت اور عدم حکمت کا جاتا رہا اور مدلول مقدر کی تعیین ہوگئی یعنی تملك ذلك من غير قبح اس کو فن بلاغت میں احتراس کہتے ہیں بلکہ اگر آیت مؤمنین کی شان میں بھی ہوتی تب بھی گو غفور رحیم بھی صحیح ہوتا لیکن عزیز حکیم پھر بھی غیر صحیح نہ ہوتا کیونکہ تقدیر مذکور گو شفاعت میں نص نہیں لیکن شفاعت کے منافی بھی نہیں اور اگر اس سے دلالت علی الشفاعت مقصود ہوتی مقدر منوی بدل دیا جاتا اس طرح ان تغفر لهم فلا تضرك المغفرة بان تنسب الى العجز او السفه سبحنك فَاِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ۔ ربط: اوپر ان دونوں رکوع میں قیامت کے دن اعمال و احوال کا تفتیش کیا جانا مذکور و مقصود ہے اور نزول مائدہ کا قصہ بھی اسی مقصود کی تاکید کے لئے تھے جیسا اوپر آیت يَوۡمَ يَجۡمَعُ اللّٰهُ اور آیت وَاِذۡ قَالَ اللّٰهُ کی تمہیدات میں مفصل اس کی تقریر گزر چکی اب آگے اس تفتیش و محاسبہ کا نتیجہ مذکور ہوتا ہے۔

نتیجہ مخاطبات و محاسبات مذکورہ: قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوۡمُ يَنۡفَعُ الصّٰدِقِيۡنَ صِدۡقُهُمۡ (الی قوله تعالی) ذٰلِكَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ (ان تمام مکالمات مذکورہ کے بعد) اللہ تعالیٰ ارشاد فرماویں گے کہ یہ (قیامت کا دن) وہ دن ہے کہ جو لوگ (دنیا میں باعتبار عقائد اور اعمال اور اقوال کے) سچے تھے (کہ وہ سچا ہونا اب ظاہر ہو رہا ہے جن میں انبیاء جن سے خطاب ہو رہا ہے اور مؤمنین جن کے ایمان کی انبیاء و ملائکہ سب شہادت دیں گے سب داخل ہیں اور اس میں اشارہ تصدیق رسل و تصدیق عیسیٰ علیہ السلام کی طرف بھی ان مخاطبات میں ہوگیا غرض یہ سب حضرات جو دنیا میں سچے تھے) ان کا سچا ہونا (آج) ان کے کام آوے گا (اور وہ کام آنا یہ ہے کہ) ان کو (جنت کے) باغ (رہنے کو) ملیں گے جن کے (محلات کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے (اور یہ نعمتیں ان

www.besturdubooks.net

کو کیوں نہ ملیں کیونکہ) اللہ تعالیٰ اُن سے راضی اور خوش اور یہ اللہ تعالیٰ سے راضی اور خوش ہیں (اور جو شخص راضی و مرضی ہو اس کو ایسی ہی نعمتیں ملتی ہیں) یہ (جو کچھ مذکور ہوا) بڑی بھاری کامیابی ہے (کہ دنیا کی کوئی کامیابی اس کے برابر نہیں ہو سکتی) **ف**: اور اسی سے حال اہل صدق کے اضداد کا یعنی کفار وغیرہ کا معلوم ہو گیا کہ مستحق سزا ہوں گے چونکہ آگے عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ کے عموم میں یہ سزا بھی داخل ہے شاید یہاں اس لئے تصریحاً و تخصیصاً اس کا بیان نہ فرمایا ہو واللہ اعلم۔ ربط: اب سورت ختم ہونے کو ہے تمام سورت میں کچھ اصول کچھ فروع مذکور فرمائے گئے ہیں آگے خاتمہ میں لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ الخ میں ان احکام کے مشروع فرمانے کا اللہ تعالیٰ کو حق ہونا اور اسی میں ان احکام کی مخالفت کا بندوں کے لئے قبیح ہونا کہ وہ مخالفت ایسے مالک اور ملک عظیم کی ہے اور وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ میں اطاعت پر جزا اور مخالفت پر سزا کا صحیح الوقوع ہونا اشارۃً مذکور ہے۔

اثباتِ ملک و قدرتِ حق تعالیٰ: لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا فِیْهِنَّ ؕ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۲۰﴾ اللہ ہی کی ہے سلطنت آسمانوں کی اور زمین کی اور ان چیزوں کی جو ان (آسمانوں اور زمین) میں موجود ہیں اور وہ ہر شئے پر پوری قدرت رکھتے ہیں۔ **ف**: پس باعتبار تقریر و تمہید کے خاتمہ کو پوری سورت سے تلاحق ہے جیسا کہ فاتحہ یعنی شروع کی آیت کو بھی اسی طرح پوری سورت سے تعلق تھا جیسا اس جگہ مذکور ہوا ہے کہ اوفوا بالعقود بوجہ عموم معنی کے بمنزلہ متن کے ہے اور پوری سورت اسکی شرح پس سورت امر بایفائے عہود سے شروع ہوئی اور ایفاء اور اسکے ضد کے حسن و قبح و ثمرہ کے بیان پر ختم ہوئی اور درمیان میں محل ایفاء کی تفصیل ہوئی۔

فسبحان الله ما الطف كلامه وادق مرامه واحسن بدء ه وختامه وقد تم تفسير سورة المائدة بحمد الله تعالى وعونه و توفيقه وفضله على يد هذا الفقير الحقير۔ الذليل الكسير الغرق في بحار السيئات الحريق بنار الخطيئات۔ نجاه الله من الظلمات وانقذه من الموبقات ووفقه لختم تفسير كلامه المجيد فانه فعال لما يريد هذا وكان اليوم يوم الاحد الثاني والعشرين من شهر الله المحرم سنة الف وثلث مائة واربعا وعشرين من هجرة سيد المرسلين صلى الله عليه وسلم وعلى اله واصحابه وازواجه وذرياته وعترته الطيبين الطاهرين ابدا الابدين ودهر الداهرين آمين يا رب العلمين۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله في دون الله** بھی علاوہ قد ان حاصل معناه مع ای من دون الله منفرداً ويتايد بما في روح المعاني وحينئذ يكون من دون الله مجازا عن مع الله۱۲۔ ۲؎ **قوله في ما يكون** زیبا فمعناه لا يليق۱۲۔ ۳؎ **قوله في ان كنت** دلیل حاصله الاستدلال بنفي اللازم على نفي الملزوم۱۲۔ ۴؎ **قوله في تعلم** اس لئے ضروری فهو تعليل لقوله علمته۱۲۔ ۵؎ **قوله في نفسي ونفسك** دل وعلم اشارة كما في الروح الى كون النفس الاول بمعنى القلب والثاني بمعنى الذات لكن مع اعتبار المشاكلة فان النفس بمعنى الذات وان صح اطلاقه على الله تعالى لكن لا اعلم ما في ذاتك ليس بكلام مرضي فيحتاج الى ان يكون المراد لا اعلم معلوما تلك فعبر عنه بلا اعلم ما في نفسك لوقوع التعبير عن تعلم معلومي بتعلم ما في نفسي۱۲۔ ۶؎ **قوله في توضيح تعلم** جو زبان سے اشارة الى وجه تخصيص ما في النفس۱۲۔ ۷؎ **قوله في لا اعلم** فهو دلیل مجزہ المعلوم لنفسه الدال على نفي القول بلا واسطة كما ان تعلم دال عليه ايضا بواسطة دليل آخر لان الدليل القريب عليه ان كنت قلته فقد علمته وهذا دليل على قوله فقد عملته فالجملتان تعلم ولا اعلم كلاهما دليل۱۲۔ ۸؎ **قوله قبل ما قلت** نقيض فهو استدلال ثالث لان احد النقيضين ينفي نقيض الآخر۱۲۔ ۹؎ **قوله في امرتني به** مجھ سے کہنے کو اشارة الى التقدير هكذا امرتني بقوله لهم۱۲۔ ۱۰؎ **قوله في توفيتني** یعنی اوّل بار...... دوسری بار ومن ههنا لم يقل رفعتني ولا امتني والتوفي عام لهما كما في قوله الله يتوفى الانفس حين موتها والتي لم تمت في منامها فافهم۱۲۔ ۱۱؎ **قوله في شهيد رقيب** مطلع اشارة الى التفنن في العبارة كما في الروح ليميز بين الشهيدين والرقيبين لان كونه علیہ السلام رقيبًا ليس كالرقيب الذي يمنع ويلزم بل كالشاهد على المشهود عليه ومنعه لمجرد القول وانه تعالى شانه هو الذي يمنع ان اشار۱۲۔ ۱۲؎ **قوله قبل ان تعذبهم** رہائی کے الخ المراد مطلق النجاة من غير خصوصية تربتها على صدور هذا القول منه عليه السلام۱۲۔ ۱۳؎ **قوله في ف ۲** مقدر معنوی بدل دیا جاتا وعليه يحمل ما في الاحاديث من ارادته ﷺ هذه الآية الشفاعة لامته فافهم فانه من المواهب۱۲۔ ۱۴؎ **قوله في صدقهم** ان کا سچا ہونا الخ فالمراد بهذا الصدق صدقهم في الدنيا المرتب عليه صدقهم في الآخرة اذا سئلوا فلا يلزم ان لو اريد الصدق في الدنيا لم يكن فيه تصديق عيسى عليه السلام ولو اريد في العقبى لزم كون دار الجزاء دار العمل فافهم۱۲۔

اختلاف القراءۃ: في قراءة يوم بالرفع خبر لهذا وفي قراءة يوم بالنصب ظرف لقال وخبر هذا محذوف اى حق او ظرف مستقر وقع خبرا لهذا اى قال الله تعالى هذا القول واقع في يوم ينفع۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ ۶ مَكِّيَّةٌ ۵۵ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۶۵ | رُكُوْعَاتُهَا ۲۰

سورۂ انعام مکہ میں نازل ہوئی — شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے — اور اس میں ایک سو پینسٹھ آیتیں اور بیس رکوع ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۬ؕ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝۱ هُوَ
الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰۤى اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ۝۲ وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ
وَفِي الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ۝۳ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا
مُعْرِضِيْنَ ۝۴ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۵ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا
مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۪ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ مِنْ
تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝۶

تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے لائق ہیں جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا اور تاریکیوں اور نور کو بنایا پھر بھی کافر لوگ اپنے رب کی برابر قرار دیتے ہیں۔ وہ ایسا ہے جس نے تم کو مٹی سے بنایا پھر ایک وقت معین کیا اور دوسرا وقت معین خاص اللہ ہی کے نزدیک ہے پھر بھی تم شک رکھتے ہو اور وہی ہے معبود برحق آسمانوں میں بھی اور زمین میں بھی۔ وہ تمہارے پوشیدہ احوال کو بھی اور تمہارے ظاہر احوال کو بھی جانتے ہیں اور تم جو کچھ عمل کرتے ہو جانتے ہیں اور ان کے پاس کوئی نشانی بھی ان کے رب کی نشانیوں میں سے نہیں آتی مگر وہ اس سے اعراض ہی کیا کرتے ہیں۔ سو انہوں نے اس سچی کتاب کو بھی جھوٹا بتلایا جب کہ وہ ان کے پاس پہنچی۔ سو جلدی ہی ان کو خبر مل جائے گی اس چیز کی جس کے ساتھ یہ لوگ استہزا کیا کرتے تھے۔ کیا انہوں نے دیکھا نہیں کہ ہم ان سے پہلے کتنی جماعتوں کو ہلاک کر چکے ہیں۔ جن کو ہم نے دنیا میں ایسی قوت دی تھی کہ تم کو وہ قوت نہیں دی اور ہم نے ان پر خوب بارشیں برسائیں اور ہم نے ان کے نیچے سے نہریں جاری کیں۔ پھر ہم نے ان کو ان کے گناہوں کے سبب ہلاک کر ڈالا اور ان کے بعد دوسرے جماعتوں کو پیدا کر دیا۔

تفسیر: سورة الانعام مكية الا ست ايٰت او ثلث من قوله تعالىٰ قل تعالوا وهي مائة وخمس و ستون اٰية كذا في البيضاوى۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سورت سابقہ کے انجام اور اس کے آغاز میں تو مناسبت یہ ہے کہ دونوں مشتمل ہیں ابطال شرک اور اثبات توحید اور اس کے دلائل پر اور دونوں سورتوں کے مجموعہ میں یہ مناسبت ہے کہ دونوں مشتمل ہیں شرائع پر گو سورت سابقہ میں شرائع میں سے فروع بھی مثل اصول کے کثیر ہیں چنانچہ بیس تک ان کا شمار پہنچا ہے اور اس میں تقریباً تمام سورت میں اصول ہی زیادہ ہیں اور فروع بہت کم ہیں کہ عدد مذکور کے ثلث یا ربع سے متجاوز نہیں اور خود اس سورت کے باہم اجزاء میں مناسبت وارتباط یہ ہے کہ حاصل سورت کا چند امور ہیں۔ اثباتِ توحید، اثبات رسالت، توحید و رسالت کی تائید کے لئے بعض قصص انبیاء علیہم السلام کے۔ اثباتِ قرآن، اثبات بعثت ان کے منکرین کا عناد قولی و فعلی، ان منکرین پر وعیدیں، ان وعیدوں کی تائید کے لئے بعض امم مکذبین کا حال ہلاکت، ان منکرین

www.besturdubooks.net

سے مکالمت ومحاجہ، خود ان کے رسوم وعادات کی تقبیح، ان کے ساتھ معاملہ رکھنے میں اعتدال کی تعلیم کہ تبلیغ میں کمی نہ ہو تشدد میں حد شرعی سے زیادتی نہ ہو، مخالطت میں مداہنت نہ ہو، دل جوئی یا فکر ہدایت میں مبالغہ نہ ہو، ان کے رسوم جہالت کے مقابلہ میں بعض مکارم اخلاق اسلامیہ کا بیان اور یہ تمام تر گفتگو مشرکین سے ہے صرف دو تین جگہ مسئلۂ نبوت وقرآن یا حلت وحرمت اشیاء کی بحث کی مناسبت سے ضمناً اہل کتاب خصوص یہود کی تقبیح آ گئی ہے۔ یہ حاصل ہے سورت کا اور ان سب مضامین میں وجہ تعلق وربط مخفی نہیں پس سب سے اول توحید کی آیتیں ہیں۔

احقاق توحید وابطال اشراک مع اشارہ بجزاء آں: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ (الی قولہ تعالی) وَ یَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے لائق ہیں جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا (جو کہ جواہر میں سے ہے) اور تاریکیوں کو اور نور کو بنایا (جو کہ اعراض میں سے ہے) پھر بھی کافر لوگ (عبادت میں دوسروں کو) اپنے رب کے برابر قرار دیتے ہیں وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے تم (سب) کو (بواسطۂ آدم علیہ السلام کے) مٹی سے بنایا پھر (تمہارے مرنے کا) ایک وقت معین کیا اور دوسرے معین وقت (دوبارہ زندہ ہو کر اُٹھنے کا) خاص اللہ ہی کے نزدیک (معلوم) ہے پھر بھی تم (میں سے بعض) شک رکھتے ہو (کہ بعث کو ممتنع سمجھتے ہو حالانکہ جس نے حیات اول دی دوبارہ دینا کیا مشکل ہے) اور وہی ہے معبود برحق آسمانوں میں بھی اور زمین میں بھی (یعنی اور سب معبود باطل ہیں) وہ تمہارے پوشیدہ احوال کو بھی اور تمہارے ظاہر احوال کو بھی جانتے ہیں اور (بالخصوص) تم جو کچھ (ظاہراً یا باطناً) عمل کرتے ہو (جس پر مدار جزاء ہے) اس کو جانتے ہیں۔ **ف:** توحید تینوں آیتوں کا مقصود مشترک ہے یعنی عبادت کے لائق وہ ہے جس میں یہ صفات ہوں کہ وہ خالق انفس وآفاق کا ہو۔ اور عالم غیب وشہادت کا ہو اور آخر کی دو آیتوں میں بعث کی خبر اور اس کے امتناع کا دفع اور محاسبہ علی الکسب پر تنبیہ بھی ہے جس سے شرک پر وعید ثابت ہو گئی۔ اور دوسرے اجل کے علم کو اپنے ساتھ مخصوص فرمایا کیونکہ پہلے اجل کا گو قطعی علم نہ سہی مگر ظنی طور پر علامات سے معلوم ہو جاتا ہے۔

ربط: اوپر آیات ودلائل توحید کا بیان تھا۔ آگے کفار کا مطلقاً آیاتِ الٰہیہ سے اعراض کرنا مع وعید مذکور ہے۔

بیان اعراض وتکذیب کفار و وعید برآں: وَمَا تَاْتِیْهِمْ مِّنْ اٰیَةٍ مِّنْ اٰیٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ (الی قولہ تعالی) وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِیْنَ اور ان (کفار) کے پاس کوئی نشانی بھی ان کے رب کی نشانیوں میں سے نہیں آئی مگر وہ اس سے اعراض ہی کیا کرتے ہیں سو (چونکہ یہ ان کا شیوہ ہو گیا ہے) انہوں نے اس سچی کتاب (یعنی قرآن) کو بھی جھوٹا بتلایا جب کہ وہ ان کے پاس پہنچی سو (ان کی یہ تکذیب خالی نہ جائے گی بلکہ) جلد ہی ان کو خبر مل جاوے گی اس چیز کی جس کے ساتھ یہ لوگ استہزاء کیا کرتے تھے۔ (مراد اس سے عذاب ہے۔ جس کی خبر قرآن میں سن کر ہنستے تھے۔ جس سے قرآن کی تکذیب لازم آتی تھی اس کی خبر ملنے کا مطلب یہ ہے کہ جب عذاب نازل ہوگا اس کی خبر آنکھوں سے دیکھ لیں گے اور اگر عذاب کو بعید سمجھتے ہیں تو ان کی غلطی ہے) کیا انہوں نے دیکھا نہیں کہ ہم ان سے پہلے کتنی جماعتوں کو (عذاب سے) ہلاک کر چکے ہیں جن کو ہم نے دنیا میں ایسی قوت (جسمانی اور مالی دی تھی کہ تم کو وہ قوت نہیں دی اور ہم نے ان پر خوب بارشیں برسائیں اور ہم نے ان کے (کھیت اور باغوں کے) نیچے سے نہریں جاری کیں (جس سے زراعت اور پھل کی خوب ترقی ہوئی اور ثروت سے گزر کرتے تھے) پھر (باوجود اس قدر قوت وسامان کے) ہم نے ان کو ان کے گناہوں کے (یعنی کفر واعراض کے) سبب (انواع عذاب سے) ہلاک کر ڈالا اور ان کے بعد دوسری جماعتوں کو پیدا کر دیا (اسی طرح اگر تم پر عذاب نازل کر دیں تو تعجب کیا ہے۔ **ف:** مراد ان ہلاک شدہ جماعتوں سے عاد وثمود وغیرہ ہیں کہ انواع عذاب سے ہلاک کئے گئے ان کے آثار نمایاں تھے ان کے دیکھنے کو ہلاکت کا دیکھنا فرما دیا اور جس عذاب سے کفار موجودین کو ڈرایا مراد اس سے یا تو دنیوی عذاب ہو، چنانچہ قتل اور قید کئے گئے اور یا عذاب آخرت ہو کہ وہ بھی قریب ہے کیونکہ موت کے ساتھ ہی سلسلہ شروع ہو جاتا ہے اور اَنْشَاْنَا الخ اس لئے فرمایا کہ ان کے ہلاک کرنے سے حقیقت میں تو ہمارا کیا ضرر ہوتا ظاہراً بھی تو ہمارے ملک میں کوئی کمی نہیں آئی کہ دنیا ویسی ہی بسی رہی ورنہ اگر دوسرے کے نقصان پہنچانے سے اپنا بھی کچھ نقصان محتمل ہوتا ہے تو بعض اوقات یہ مانع ہو جاتا ہے رہا فنائے قیامت تو وہ خود آبادی دنیا کی میعاد ہی ہے میعاد پر ختم ہو جانا ضرر صوری بھی نہیں کہا جا سکتا اور وہ بھی ارادہ سے اور ضرر حقیقی جو اصل مقصود بالنفی ہے وہ تو ہر حال میں منتفی ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ الخ حمد کو اولاً اسم ذات کے متعلق کرنا پھر اس کو صفات خاصہ کے ساتھ موصوف کرنا اشارہ اس طرف ہے کہ حق تعالیٰ کو حمد کا استحقاق دو وجہ سے ہے من حیث الذات بھی من حیث الصفات بھی اور من حیث الذات کے معنی نفی صفات کے نہیں بلکہ معنی یہ ہیں کہ اس وقت صفات کی طرف نظر نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قولہ فی خلقکم سب کو وفی تمترون بعض لان الخلق عام والامتراء غیر عام وقولہ فی خلقکم بواسطة لان ذریته خلقت من نطفة فالمذکور ههنا مادتهم الاولیة ۱۲۔ ۲ قولہ فی یعلم ما تکسبون جس پر مدار اشارة الی التخصیص بعد التعمیم ۱۲۔ ۳

www.besturdubooks.net

قوله في يستهزء ون تكذيب لازم الخ ليصح ترتب الاتيان على التكذيب للقرآن ۱۲۔ ۴ قوله في انبؤا اما كانوا مطلب الخ فما كانوا هو العذاب واتيان انبائه حضور مصداق انبائه والمصداق للخبر هو المخبر عنه اى العذاب فحضوره حضور العذاب فاتيان الانباء حضور العذاب ۱۲۔ ۵ قوله في قرن جماعتوں بحذف المضاف اے اهل قرن ۱۲۔ ۶ قوله في ارسلنا خوب بارشیں فالسماء معناه بارشیں ومدارا را معناه خوب وارسلنا معناه برسائیں لان مدرارا مفعال من الدور اى كثير الدور ۱۲۔

اللغات: يعدلون من العدل بمعنى التسوية ۱۲۔

النحو: ثم الاولى للاستبعاد وكذا الثالث واما الثانية فللترتيب الذكرى والله في هو الله معناه المعبود اى بحق ليصح تعلق الظرف به واجل مسمى مبتدأ صح كونه مبتدأ لتخصيصه بالصفة ۱۲۔

فائدة: من الروح الاخبار بنزول هذه السورة جملة ضعيفة اى الروايات التى وردت في ان هذه السورة نزلت جملة واحدة اى مجتمعة كلها ضعيفة ويؤيده ما قاله ابن الصلاح في فتاواه الحديث الوارد في انها نزلت جملة رويناه من طريق ابى بن كعب ولم نرله سندا صحيحا وقد روى ما يخالفها ومن هذا يعلم ما في دعوى الامام اتفاق الناس على القول بنزولها جملة فتدبر آه ۱۲۔

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِىْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ؕ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِىَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ۝۸ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝۹ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۰ؔ قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۱ ع ۱۰/۷

اور اگر ہم کاغذ پر لکھا ہوا کوئی نوشتہ آپ پر نازل فرماتے پھر اس کو یہ لوگ اپنے ہاتھوں سے چھو بھی لیتے تب بھی یہ کافر لوگ یہی کہتے کہ یہ کچھ بھی نہیں مگر صریح جادو ہے اور یہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ ان کے پاس کوئی فرشتہ کیوں نہیں بھیجا گیا اور اگر ہم کوئی فرشتہ بھیج دیتے تو سارا قصہ ہی ختم ہو جاتا پھر ان کو ذرا مہلت نہ دی جاتی اور اگر ہم اس کو فرشتہ تجویز کرتے تو ہم اسے آدمی بناتے اور ہمارے اس فعل سے پھر ان پر وہی اشکال ہوتا جواب اشکال کر رہے ہیں اور واقعی آپ سے پہلے جو پیغمبر ہوئے ہیں ان کے ساتھ بھی استہزا کیا گیا ہے۔ پھر جن لوگوں نے ان سے تمسخر کیا تھا۔ ان کو اس عذاب نے آ گھیرا، جس کا تمسخر اڑاتے تھے۔ آپ فرما دیجئے کہ ذرا زمین میں چلو پھرو پھر دیکھ لو کہ تکذیب کرنے والوں کا کیا انجام ہوا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر کفار کی تکذیب اور اعراض کا بیان تھا جو کہ توحید و آیات کے بارہ میں تھا آگے ان کے اصرار علی التکذیب وعناد کا بیان ہے جو توحید و آیات کے ساتھ رسالت کے باب میں بھی تھا اور یہ تینوں مفہوم جو مرتب طور پر مذکور ہیں واقع میں بھی باہم مندرج ہیں کیونکہ تکذیب تو اعراض سے اشد ہے اور عناد تکذیب سے اشد ہے۔

بیانِ عنادِ کفار عموماً و در رسالت خصوصاً: وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِىْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ (الی قولہ تعالی) وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ اور (ان لوگوں کے عناد کی یہ حالت ہے کہ) اگر ہم کاغذ پر لکھا ہوا کوئی نوشتہ آپ پر نازل فرماتے (جیسا یہ لوگ کہا کرتے ہیں تنزل علینا کتبا نقرؤه) پھر اس کو یہ لوگ اپنے ہاتھوں سے چھو بھی لیتے (جس میں احتمال نظر بندی کا بھی نہیں ہو سکتا) تب بھی یہ کافر لوگ یہی کہتے کہ یہ کچھ بھی نہیں مگر صریح جادو ہے (کیونکہ جب دل میں ارادہ ماننے کا نہیں ہوتا تو ہر دلیل میں کوئی نہ کوئی بات نکال لیتا ہے) اور یہ لوگ یوں (بھی) کہتے ہیں کہ ان (پیغمبر) کے پاس کوئی فرشتہ (جس کو ہم دیکھیں اور اس کی باتیں سنیں کیوں نہیں بھیجا گیا (جیسا ان آیتوں میں منقول ہے: او تاتی بالله والملئكة قبلا اور لو لا انزل اليه ملك فيكون معه نذيرا۔ اور لو لا انزل علينا الملئكة حق تعالیٰ فرماتے ہیں) اور اگر ہم کوئی فرشتہ (اس طرح) بھیج دیتے تو سارا قصہ ہی ختم ہو جاتا پھر (نزول فرشتہ کے بعد) ان کو ذرا مہلت نہ دی جاتی (بلکہ جب اس کو نہ مانتے جس کا وقوع ان سے یقینی ہے جیسا آگے آتا ہے تو فوراً عذاب نازل ہو جاتا کیونکہ آیت قاہرہ اور پھر وہ بھی فرمائشی نازل ہونے کے وقت نہ ماننا حسب عادت الٰہیہ موجب اہلاک فوری ہے اور اب گو عذاب ہوگا مگر چندے مہلت تو ہے جس میں اگر توبہ کرنا چاہیں ممکن ہے) اور اگر (کسی کو یہ احتمال ہو کہ شاید نزول فرشتہ کے وقت یہ مان ہی لیتے تو یہ احتمال محض غیر واقعی ہے کیونکہ) اگر ہم اس (بھیجے ہوئے) کو فرشتہ تجویز

کرتے تو (چونکہ فرشتہ کی شکل میں بھیجنا اس لئے نہ ہوتا کہ آدمی ان حواس متعارفہ میں فرشتہ کو اس کی اصلی صورت میں دیکھنے پر قادر نہیں اس لئے) ہم اس (فرشتہ) کو (باعتبار شکل کے) آدمی ہی بناتے اور (جب آدمی کی شکل پر وہ ہوتا تو) ہمارے اس فعل سے (اس وقت) پھر ان پر وہی اشکال (واشتباہ) ہوتا جو اب اشکال (واشتباہ) کررہے ہیں (یعنی اس فرشتہ کو بشر سمجھ کر پھر یہی اعتراض کرتے غرض نزول ملک سے ان کا نفع تو کچھ نہ ہوتا کیونکہ ان کا اشتباہ بحالہ باقی رہتا اور ان کو ضرر یہ ہوتا کہ ہلاک کردیئے جاتے اس لئے ہم نے اس طرح نازل نہیں کیا خلاصہ یہ کہ غایت عناد سے ایسی باتیں نکالتے ہیں جو ہدایت و وضوح حق کا طریق نہیں اور جو اس کا طریق ہے کہ آیات و معجزات موجودہ میں غور کرنا اس سے کام نہیں لیتے)

ربط: اوپر کفار کے اعراض و تکذیب مع الاستہزاء و عناد کا ذکر تھا چونکہ ان واقعات سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صدمہ پہنچتا تھا اس لئے آگے تسلی کا مضمون فرماتے ہیں۔

تسلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ (الی قولہ تعالی) ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ اور (آپ ان کی بیہودگیوں سے صدمہ زدہ نہ ہو جایئے کیونکہ) واقعی آپ سے پہلے جو پیغمبر ہوئے ہیں ان کے ساتھ بھی) (ان کے مخالفین کی طرف سے) استہزاء کیا گیا ہے (جو مستلزم ہے تکذیب کو پس یہ کوئی نئی بات نہیں) پھر (آخر استہزاء سے پیغمبروں کا کوئی نقصان نہ ہوا بلکہ ان کفار ہی کو اس کا انجام بھگتنا پڑا چنانچہ) جن لوگوں نے ان (پیغمبروں) سے (سزائے تکذیب کی وعید سنانے پر) تمسخر کیا تھا ان کو اس عذاب نے آ گھیرا جس کا تمسخر اڑاتے تھے (اسی طرح آپ کی جو یہ تکذیب کرتے ہیں آپ کا کیا ضرر ہے آپ کیوں مغموم ہوتے ہیں یہ خود ہی مستحق عذاب دنیوی یا اخروی ہو رہے ہیں اور اگر یہ عذاب امم سابقہ کا انکار کرنے لگیں تو) آپ (ان سے) فرما دیجئے کہ ذرا زمین میں چلو پھرو، پھر دیکھ لو کہ تکذیب کرنے والوں کا کیا انجام ہوا (آثار کے ہوتے ہوئے کسی شئے کا انکار مشکل ہے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الخ اس میں معاند کے حال کا بیان ہے کہ وہ کسی طریق سے منتفع نہیں ہوتا اسی واسطے اہل طریق اس کے درپے نہیں ہوتے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا الخ اس صورت میں ان کے ہلاک ہونے کی وجہ یہ ہوتی کہ ایسے خوارق کے ظہور سے ان پر حجت الہیہ تمام ہو جاتی۔ اس سے معلوم ہوا کہ طریق اسلم خوارق کا ظاہر نہ ہونا ہی ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله في قضى الامر** آیت قاہرہ حسب عادت الٰہیہ اعم من الكلي او الاكثري واعتبار كون هذه الآية قاهرة مذكورة في الكبير وكونها مقترحة في سائر التفاسير ۱۲۔ ۲ **قوله قبل للبسنا** جب آدمی قال البيضاوي جواب محذوف اى ولو جعلنا رجلا للبسنا وفي الروح يجوز ان يكون عطفا على جواب لو المذكور لاضير في عطف لازم الجواب عليه اه قلت لان لازم اللازم لازم ۱۲۔ ۳ **قوله في للبسنا** ہمارے اس فعل سے اشارة الى ان مصب الفائدة اى لحطها ليس هو الاسناد بل المسند وانما اسند الى الله تعالى كما في الروح لانه بخلقه تعالى او لملزومة لجعله رجلا ۱۲۔ ۴ **قوله هناك** اس وقت وفي يلبسون اب كما في الروح للبسنا عليهم حينئذ ما يلبسون على انفسهم الساعة اه ۱۲۔ ۵ **قوله في استهزئ** کوئی نئی بات اشارة به الى ان التسلية قد تم به كما في الروح قلت فلا يلزم ان يكون للاخبار عن العذاب دخل في التسلية لان المعلوم من حاله صلى الله عليه وسلم انه لا يريد العذاب وانما اخبر عن العذاب عليهم بل من حيث نفي الضرر عن الرسل كما اشير اليه في الترجمة لا من حيث اثبات الضرر ۱۲۔ ۶ **قوله في منهم** پیغمبروں سے فالضمير راجع الى الرسل ومنهم متعلق بسخر وايقال سخر منه وبه ۱۲۔ ۷ **قوله في ما كانوا** اس عذاب نے الخ في الروح قيل ان المراد من الذى كانوا يستهزء ون به هو العذاب ونحوه والاعتراض بان السباق دليل على ان المستهزاء بهم الرسل عليهم السلام يدفعه ان الاستهزاء بالرسل مستلزم لاستهزائهم بما جاء وا به وتواعدوا قومهم بنزوله وان مثله بظهوره لا يحتاج الى قرينة ۱۲۔

اللغات: في القاموس حاق به احاطه به ۱۲۔

النحو: ما يلبسون ما مصدرية وهو الاظهر لاستمرار حذف المثل في نحو ضربت ضرب الامير ومتعلق يلبسون على انفسهم كذا في الروح ۱۲۔

قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قُلْ لِّلّٰهِ ۭ كَتَبَ عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۭ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰي يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑫ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ⑬

---

www.besturdubooks.net

قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ؕ قُلْ اِنِّیْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱۴ قُلْ اِنِّیْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّیْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝۱۵ مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝۱۶ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱۷ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝۱۸

آپ کہئے کہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں موجود ہے یہ سب کس کی ملک ہے۔ آپ کہہ دیجئے کہ سب اللہ ہی کی ملک ہے اللہ تعالیٰ نے مہربانی فرمانا اپنے اوپر لازم فرمالیا ہے تم کو خدا تعالیٰ قیامت کے دن جمع کریں گے۔ اس میں کوئی شک نہیں جن لوگوں نے اپنے کو ضائع کرلیا ہے سو وہ ایمان نہ لائیں گے اور اللہ ہی کی ملک ہے سب جو کچھ رات میں اور دن میں رہتے ہیں اور وہی ہے بڑا سننے والا بڑا جاننے والا آپ کہئے کہ کیا اللہ کے سوا جو کہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے ہیں اور جو کہ کھانے کو دیتے ہیں اور ان کو کوئی کھانے کو نہیں دیتا۔ کس کو معبود قرار دوں۔ آپ فرما دیجئے کہ مجھ کو یہ حکم ہوا ہے کہ سب سے پہلے میں اسلام قبول کروں اور تم مشرکین میں سے ہرگز نہ ہونا۔ آپ کہہ دیجئے کہ میں اگر اپنے رب کا کہنا نہ مانوں تو میں ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ جس شخص سے اس روز وہ عذاب ہٹا دیا جائے گا تو اس پر اللہ تعالیٰ نے بڑا رحم کیا اور یہ صریح کامیابی ہے اور اگر تجھ کو اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف پہنچائیں تو اس کا دور کرنے والا سوا اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں اور اگر تجھ کو کوئی نفع پہنچائیں تو وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں اور وہی اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے اوپر غالب ہیں برتر ہیں اور وہی بڑی حکمت والے اور پوری خبر رکھنے والے ہیں ۝

تفسیر ربط: اوپر جو توحید کا مضمون تھا آگے پھر عود ہے اسی کی طرف اور اس کے ضمن میں معاد کا مضمون ہے تاکہ اعتقادِ توحید کی رغبت اور اشراک سے رہبت ہو۔

توحید و معاد: قُلْ لِّمَنْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ (الی قولہ تعالیٰ) وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝ آپ (ان منکرین سے بطور الزام حجت کے) کہئے کہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں موجود ہے یہ سب کس کی ملک ہے اول تو وہ یہی جواب دیں گے جس سے توحید ثابت ہوگی جیسا دوسری آیت میں ہے قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ۔ لیکن اگر کسی وجہ سے مثل خوف مغلوبیت کے جواب نہ دیں) تو آپ کہہ دیجئے کہ سب اللہ ہی کی ملک ہے (اور ان سے یہ بھی کہہ دیجئے کہ) اللہ تعالیٰ نے (اپنے فضل و وعدہ سے تائبین عن الشرک کے ساتھ) مہربانی فرمانا اپنے اوپر لازم فرمالیا ہے (پس جب توحید واقع میں بھی حق ہے اور موجب رحمت بھی ہے تو اس کو اختیار کرلو۔ اور یہ بھی کہہ دیجئے کہ اگر تم نے توحید کو قبول نہ کیا تو پھر سزا بھی بھگتنا ہوگی کیونکہ) تم کو خدا تعالیٰ قیامت کے روز (قبروں سے زندہ کرکے میدانِ حشر میں) جمع کریں گے (اور سب کا حساب لیں گے پھر جیسا جیسا عمل ہوگا ویسا برتاؤ فرماویں گے اور روز قیامت کی حالت یہ ہے کہ) اس (کے آنے) میں کوئی (شک و شبہ) نہیں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ گو آپ توحید کا اثبات اور رحمت و عذاب کا وعدہ و وعید کتنا ہی فرماویں مگر) جن لوگوں نے اپنے کو (یعنی اپنی عقل و نظر صحیح کو) ضائع (یعنی معطل) کرلیا ہے سو وہ ایمان نہ لاویں گے (کیونکہ کسی مطلوب کے حاصل کرنے کے لئے استعمال قوت فکریہ کا ضروری ہے اور یہ اس سے کام نہیں لینا چاہتے پھر ایمان کیونکر لاویں گے) اور (ان سے اثباتِ توحید کے لئے مکرر تاکہ شاید ہدایت ہو جاوے ورنہ حجت اچھی طرح قائم ہو جاوے یوں بھی کہئے کہ) اللہ ہی کی ملک ہے سب جو کچھ رات میں اور دن میں رہتے ہیں (اس کے اور قُلْ لِّمَنْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کے مجموعہ کا حاصل یہ نکلا کہ جتنی چیزیں کسی مکان میں ہیں یا کسی زمان میں ہیں سب اللہ کی مملوک ہیں) اور وہی ہے بڑا سننے والا بڑا جاننے والے (پھر اثباتِ توحید کے بعد ان سے) آپ کہئے کہ کیا اللہ تعالیٰ کے سوا جو کہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے ہیں (جیسا اوپر مذکور ہوا) اور جو کہ (اوروں کو) کھانے کو دیتے ہیں اور ان کو کوئی (بوجہ عدم احتیاج کے) کھانے کو نہیں دیتا (جیسا کہ اوپر ان کے مالک الکل ہونے سے ثابت ہوا کیونکہ اس کل میں طاعم اور مطعوم سب داخل ہیں اس سے معلوم ہوا کہ وہی رزاق ہیں اور اثبات صفات کمال سے نفی نقص کی بھی ہوئی اور مطعومیت و احتیاج نقص ہے پس صفات مذکورہ سے اس کی بھی نفی ہوگئی تو کیا ایسے اللہ کے سوا) کسی کو (اپنا) معبود قرار دوں آپ (اس استفہام انکاری قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ کی شرح میں ان سے) فرما دیجئے کہ (میں غیر اللہ کو معبود کیسے قرار دیتا کہ اول تو مقتضائے ادلہ عقلیہ مذکورہ کے خلاف دوسرے دلیل نقلی کے خلاف چنانچہ) مجھ کو یہ حکم ہوا ہے کہ (جتنے لوگوں کو قرآن کے ذریعہ سے توحید پہنچے گی ان میں) سب سے پہلے میں اسلام (باصولہ و فروعہ کہ ان میں توحید بھی آگئی) قبول کروں اور (مجھ کو یہ کہا گیا ہے) تم مشرکین میں سے ہرگز نہ ہونا (جیسا کہ وقوعاً و احتمالاً ہمیشہ اشراک منفی رہا مگر اوروں کے سنانے کو یہ کہا گیا تاکہ تنبیہ ہو کہ جب معصوم کو یہ حکم ہے تو غیر معصومین کو تو

www.besturdubooks.net

کیوں نہ ہوگا جہاں کہ وقوع واحتمال سب موجود ہے) آپ (اپنے اوپر رکھ کران کو شرک کا عذاب بھی جس کا اشارہ لَیَجْمَعَنَّکُمْ میں تھا سنانے کے لئے) کہہ دیجئے کہ میں اگر اپنے رب کا کہنا (امر بالاسلام اور نہی عن الاشراک میں جو اوپر مذکور ہوئے ہیں) نہ مانوں تو میں ایک بڑے دن (یعنی قیامت) کے عذاب سے (جو کہ کہنا نہ ماننے والوں کو ہوگا) ڈرتا ہوں (اور اس عذاب کی یہ کیفیت[11] ہے کہ) جس شخص[12] سے اس روز وہ عذاب ہٹا دیا جاوے گا (اور وہ وہ شخص ہوگا جو امر بالاسلام ونہی عن الاشراک میں کہنا مانے) تو اس پر اللہ تعالیٰ نے بڑا رحم کیا اور یہ (عذاب کا ہٹ جانا اور اللہ تعالیٰ کی رحمت کا متوجہ ہو جانا) صریح کامیابی ہے (عذاب کی اس کیفیت سے اس رحمت کی تفصیل ہوگئی جو کَتَبَ عَلٰی نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ میں مطیعین کے لئے اجمالاً موعود[13] تھا) اور (آپ اوپر کے عذاب ورحمت کے اختصاص قدرت کے لئے تاکہ وعدۂ رحمت میں یا وعید عذاب میں احتمال کسی مزاحم ومانع کا نہ رہے یہ بھی سنا دیجئے کہ) اگر (اے انسان[14]) تجھ کو اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف (دنیا یا آخرت میں) پہنچا دیں تو اس کا دور کرنے والا سوا اللہ تعالیٰ کے اور کوئی نہیں (وہ چاہیں[15] دور کریں یا نہ کریں خواہ دیر میں کریں یا جلدی کریں اور (اگر تجھ کو اسی طرح) کوئی نفع پہنچا دیں تو (اس کا بھی کوئی ہٹانے[16] والا نہیں جیسا دوسری جگہ ہے لَارَآدَّ لِفَضْلِهٖ کیونکہ) وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں (ان کے مقابلہ میں کسی کو قدرت نہیں اس لئے ان کے چاہے ہوئے کو کوئی نہیں ہٹا سکتا) اور (مضمونِ مذکور کی تاکید کے لئے یہ بھی فرما دیجئے کہ) وہی اللہ تعالیٰ (قدرت سے) اپنے بندوں کے اوپر غالب[17] ہیں برتر ہیں اور (علم کے اعتبار سے) وہی بڑی حکمت والے اور پوری خبر رکھنے والے ہیں (پس علم سے سب کا حال جانتے ہیں اور قدرت سے سب کو جمع کرلیں گے اور حکمت سے مناسب جزا وسزا دیں گے اس لئے اسلام قبول کرلینا ضروری ہے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ کَتَبَ عَلٰی نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ الخ اپنے اطلاق سے اس پر دال ہے کہ حق تعالیٰ کی رحمت سب کو عام اور شامل ہے چنانچہ ادنیٰ تامل سے معلوم ہو سکتا ہے کہ کوئی غضب ایسا نہیں جس میں کچھ رحمت نہ ملی ہو اور رحمت بہت سی ایسی ہیں جن میں ذرا غضب نہیں اور مؤمنین معذبین پر رحمت ہونا تو ظاہر ہے عین تعذیب میں بھی کہ وہ تہذیب ہے اور بعد تہذیب بھی کہ مغفرت ہو جاوے گی اور کفار معذبین پر اس طرح کہ حق تعالیٰ نے اس عذاب سے اشد جو عذاب تھا اس سے محفوظ رکھا ۱۲۔ قولہ تعالیٰ قل انی امرت ان اکون الخ اس میں دلالت ہے کہ تکالیف شرعیہ کسی سے حتیٰ کہ انبیاء سے بھی ساقط نہیں ہوتیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ الخ اس میں غیر اللہ سے تصرف مستقل کی نفی ہے حتیٰ کہ مقبولین سے بھی اور نیز اس میں رد ہے اس پر جو غیر اللہ سے ازالہ ضرر کی توقع رکھے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: 1 قوله فی کتب یہ بھی کہہ دیجئے فهو داخل تحت الامر قل وكذا اكثر ما بعده كما فی الروح ۱۲۔ 2 قوله هناك تائبین كذا فی الروح ۱۲۔ 3 قوله فی لا ريب حالت یہ ہے اشارة الى كون الجملة حالاً من يوم ۱۲۔ 4 قوله فی الذين جن لوگوں اشارة الى ان الموصول مبتدأ خبره فهم لا يؤمنون ۱۲۔ 5 قوله فی خسروا ضائع تفسير بالحاصل لان الخسران لازم وانفسهم محل للخسران وحاصل الخسار فی انفسهم ان فی عقولهم تضييعها وعلى هذا التفسير فلا اشكال عليه بان الخسار هو عين عدم الايمان لان التغاير قد حصل بينهما فاحدهما سبب والأخر مسبب من خير اتحاد وقوله معطل اشار به الى انه ليس بمفقود ليلزم تكليف ما لا يطاق ۱۲۔ 6 قوله فی وله تاکہ اشارة الى نكتة التكرير للدليل ۱۲۔ 7 قوله فی ما سكن رہتے ہیں اشارة الى كونه من السكن لا من السكون ليعم الساكن والمتحرك ۱۲۔ قوله فی وليا معبود كذا فی البيضاوی لان الكلام فيه قلت وفيه نسبته الى نفسه تلطيف فی الدعوة حيث لم يخاطبهم بانكار الاتخاذ ۱۲۔ 8 قوله فی اكون اول پہنچ گی فالاول على معناه الحقيقی ۱۲۔ 9 قوله فی لا تكونن مجھ کو یہ کہا گیا اشارة الى العطف بعد تعلقه بالمقدر ای وقيل فی لا تكونن فالحاصل انی امرت بالاسلام ونهيت عن الاشراك ۱۲۔ 10 قوله فی من يصرف کیفیت اشارة الى ان جملة من يصرف صفة لعذاب ۱۲۔ 11 قوله هناك جس شخص سے فالضمير فی يصرف الى العذاب وفی عنه الى من ويحتمل العكس ۱۲۔ 12 قوله بعد الفوز المبين اجمالاً فالثواب والعذاب ذكر مرتين اجمالا فی كتب وليجمعنكم وتفصيلاً فی عذاب يوم ومن يصرف عنه ۱۲۔ 13 قوله فی ان يمسسك اے انسان لانه داخل فی حيز قل فالمخاطب غيره صلى الله عليه وسلم ۱۲۔ 14 قوله فی لا كاشف چاہیں الخ قصد به التعميم قوله دور کریں باعتبار المؤمنين والكافرين فی الدنيا وكذا قوله دیر یا جلدی وما فی الأخرة فالزوال سريعا او بطيئا باعتبار العصاة من المؤمنين وعدم الزوال باعتبار الكافرين ۱۲۔ 15 قوله فی يمسسك بخیر ہٹانے والا اشارة الى مقدر اظهر فی آية اخرىٰ فلا راد لفضله ۱۲۔ 16 قوله فی القاهر فوق غالب ہیں راجع الى القاهر برتر راجع الى فوق وفيه اشارة الى ان فوق خبر بعد خبر ای قاهر حال عليهم بالقدرة وقيل ذكر فوق تاكيد لغلبته كذا فی حواشی البيضاوی ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اختلاف القراءۃ: فی قراءۃ یصرف مبنیا للفاعل فالضمیر فی یصرف للہ تعالٰی والمفعول محذوف ای من یصرفہ اللہ عنہ ۱۲۔

قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَکْبَرُ شَهَادَةً ۭ قُلِ اللّٰهُ ۣ شَهِیْدٌۢ بَیْنِیْ وَبَیْنَكُمْ ۣ وَاُوْحِیَ اِلَیَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ۭ اَىِٕنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰی ۭ قُلْ لَّاۤ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِیْ بَرِیْۤءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِیْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰیٰتِهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَیَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِیْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِیْنَ اَشْرَكُوْۤا اَیْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِیْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِیْنَ ﴿۲۳﴾ اُنْظُرْ كَیْفَ كَذَبُوْا عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ﴿۲۴﴾

آپ کہئے کہ سب سے بڑھ کر چیز گواہی دینے کیلئے کون ہے۔ آپ کہئے کہ میرے اور تمہارے درمیان گواہ اللہ تعالیٰ ہے اور میرے پاس یہ قرآن بطور وحی کے بھیجا گیا ہے۔ تاکہ میں اس قرآن کے ذریعہ سے تم کو اور جس جس کو یہ قرآن پہنچے ان سب کو ڈراؤں کیا تم سچ مچ یہی گواہی دو گے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کچھ اور معبود بھی ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ میں تو گواہی نہیں دیتا۔ آپ فرما دیجئے کہ بس تو وہ ایک ہی معبود ہے اور بے شک میں تمہارے شرک سے بیزار ہوں۔ جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی وہ رسول کو ایسا پہچانتے ہیں جس طرح اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔ جن لوگوں نے اپنے کو ضائع کر لیا سو وہ ایمان نہ لائیں گے اور اس سے زیادہ اور کون بے انصاف ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بہتان باندھے یا اللہ تعالیٰ کی آیات کو جھوٹا بتلائے ایسے بے انصافوں کو رستگاری نہ ہوگی۔ وہ وقت بھی یاد کرنے کے قابل ہے جس دن ہم تمام خلائق کو جمع کریں گے۔ پھر ہم ان مشرکین سے کہیں گے کہ تمہارے وہ شرکاء جن کے معبود ہونے کا تم دعویٰ کرتے تھے وہ کہاں گئے۔ پھر انکے شرک کا انجام اسکے سوا کچھ بھی ہوگا وہ یوں کہیں گے کہ قسم اللہ کی اپنے پروردگار کی ہم مشرک نہ تھے۔ ذرا دیکھو تو کس طرح جھوٹ بولا اپنی جانوں پر اور جن چیزوں کو وہ جھوٹ موٹ تراشا کرتے تھے وہ سب غائب ہوگئے۔

تفسیر ربط: اوپر توحید و رسالت کے باب میں جدا جدا کلام ہوا ہے آگے دونوں میں مجتمعاً کلام ہے چنانچہ اَىِٕنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ الخ میں توحید کی بحث ہے اور قُلِ اللّٰهُ شَهِیْدٌۢ بَیْنِیْ الخ میں رسالت کی بحث ہے اور شان نزول بھی اس کا دو واقعہ دونوں مسئلوں کے متعلق ہیں چنانچہ کلبی نے روایت کیا ہے کہ کفار مکہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آ کر کہا کہ کیا خدا تعالیٰ کو آپ کے سوا کوئی رسول نہیں ملا ہم تو نہیں سمجھتے کہ آپ کے دعویٰ کی کوئی تصدیق کر سکتا ہے اور ہم نے تو یہود و نصاریٰ سے پوچھ کر دیکھ لیا وہ تو یوں کہتے ہیں کہ ان کی کتابوں میں آپ کا ذکر ہی نہیں سو ہم کو کوئی بتلائے کہ جو اس بات کی گواہی دے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور ابن جریر وغیرہ نے ابن عباسؓ سے روایت کیا ہے کہ نحام بن زید اور قروم بن کعب اور بحری بن عمرو آپ کی خدمت میں آئے اور کہا کہ کیا آپ کے علم میں سوا اللہ تعالیٰ کے اور کوئی معبود نہیں آپ نے فرمایا کہ واقع میں بھی سوا اللہ تعالیٰ کے کوئی معبود نہیں میں تو یہ دے کر بھیجا گیا ہوں اور اسی کی دعوت کرتا ہوں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کذافی روح المعانی۔

عود بمسئلہ توحید و رسالت: قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَکْبَرُ شَهَادَةً (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ آپ (ان منکرین توحید و رسالت سے) کہئے کہ (اچھا یہ بتلاؤ کہ) سب سے بڑھ کر چیز گواہی دینے کے لئے کون ہے) جس کی گواہی پر کسی مختلف فیہ مسئلہ کا فیصلہ ہو جاوے اس کا جواب ظاہر ہے کہ یہی ہوگا کہ اللہ[1] سب سے بڑھ کر ہے پھر) آپ کہئے کہ (بس) میرے اور تمہارے درمیان (جو مسئلہ مختلف فیہ ہو رہا ہے اس میں وہی) اللہ تعالیٰ گواہ[1] ہے (جس کی گواہی سب سے بڑھ کر ہے) اور (ان کی گواہی یہ ہے کہ) میرے پاس یہ قرآن بطور وحی کے (منجانب اللہ) بھیجا گیا ہے (جس کی صفت اعجاز جو دلیل ہے مبعوث و مصدق من اللہ ہونے کی ظاہر ہے) تاکہ میں اس قرآن کے ذریعہ سے تم کو اور جس جس کو یہ قرآن پہنچے ان سب کو (ان وعیدوں سے) ڈراؤں (جو توحید و رسالت کے انکار پر اس میں مذکور ہیں پس اس کے اعجاز سے اللہ کی گواہی تکوینی اور اس کے مضمون سے اللہ کی گواہی تشریعی ثابت ہوگئی) کیا تم (اس شہادت کبریٰ کے بعد بھی جو کہ توحید کو شامل ہے توحید کے باب میں) سچ مچ یہی گواہی دو گے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ (استحقاق عبادت میں) کچھ اور معبود بھی (شریک) ہیں (اور اگر وہ ہٹ دھرمی سے اس پر بھی کہہ دیں کہ ہاں ہم تو یہی گواہی دیں گے تو اس[1] وقت ان سے بحث کرنا لا حاصل ہے بلکہ صرف) آپ (اپنے عقیدہ کو ظاہر کر دیجئے اور)

www.besturdubooks.net

کہہ دیجئے کہ میں تو (اس کی) گواہی نہیں دیتا (کیونکہ یہ امر باطل ہے اور) آپ (باطل کی نفی کر کے حق کے اثبات کے لئے) کہہ دیجئے کہ بس وہ تو ایک ہی معبود ہے اور بیشک میں تمہارے شرک سے بیزار (اور نفور) ہوں (اور رسالت کے باب میں جو کہا جاتا ہے کہ ہم نے یہود و نصاریٰ سے پوچھ کر دیکھ لیا الخ تو اس باب میں تحقیق یہ ہے کہ) جن لوگوں کو ہم نے کتاب (توراۃ و انجیل) دی ہے وہ لوگ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کو (اول سے بلاشک وشبہ ایسا) پہچانتے ہیں جس طرح اپنے بیٹوں کو (ان کی صورت سے) پہچانتے ہیں (کہ بیٹے کی صورت دیکھ کر عادۃً کبھی شبہ نہیں ہوتا کہ یہ کون شخص ہے گو زبان سے انکار اور اخفاء کریں لیکن جب شہادتِ کبریٰ کے ہوتے ہوئے اہل کتاب کی شہادت پر مدار ہی نہیں پھر اس کے عدم سے کیوں تمسک کیا جاوے اور ایسی شہادت کبریٰ کے ہوتے ہوئے بھی) جن لوگوں نے اپنے کو ضائع کر لیا ہے (یعنی اپنی عقل کو وجوہ دلالت شہادت مذکورہ میں نظر صحیح کرنے سے معطل کر لیا ہے خواہ وہ اہل کتاب ہوں یا غیر اہل کتاب ہوں) سو وہ ایمان نہ لاویں گے (اور رسالت کو نہ مانیں گے) اور (یہ منکرین توحید و رسالت کے مسئلہ میں عقلاً بھی نہایت بے انصافی سے کام لے رہے ہیں کیونکہ) اس سے زیادہ اور کون بے انصاف ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بہتان باندھے (جس کا حاصل نفی کے قابل چیزوں کا اثبات ہے مثلاً اس کے ساتھ شریک قرار دے جیسا مشرکین کرتے تھے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت کو دوسرے اوصاف غیر واقعہ سے بدل ڈالے جیسا اہل کتاب کرتے تھے) یا اللہ تعالیٰ کی آیات (و دلائل) کو جھوٹا بتلاوے (جس کا حاصل اثبات کے قابل چیزوں کی نفی ہے اور ظاہر ہے کہ منفی کا اثبات اور مثبت کی نفی خود عقلاً بھی صریح ظلم اور بے انصافی ہے اور) ایسے بے انصافوں کا (حال یہ ہوگا کہ ان) کو (قیامت کے روز) رستگاری نہ ہوگی (بلکہ عذاب مخلد میں مبتلا رہیں گے)

ف: مَنْۢ بَلَغَ میں عموم بعثتِ نبوی مذکور ہے۔ چنانچہ ترجمہ سے اس کی تقریر ظاہر ہے اور آیت اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ الخ کے متعلق بعض ضروری تحقیقات شروع پارہ سیقول میں جہاں ایسی ہی آیت ہے گزر چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے اور اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا الخ اوپر بھی قریب آیا ہے مگر وہاں توحید کے باب میں تھا اور یہاں رسالت کے باب میں پس تکرار لازم نہیں آیا گو تاکید کے لئے تکرار بھی مستحسن ہوتا ہے۔

ربط: اوپر کفار کا فلاح نہ پانا مذکور ہوا ہے آگے اس فلاح نہ پانے کی کچھ کیفیت مذکور ہے مشرکین کی تو تصریحاً کہ مکہ میں جو محل نزول سورت ہے مشرکین زیادہ تھے اور دوسرے کفار کی مقایسۃً کیونکہ اصل علت عدم فلاح کی یعنی کفر سب میں مشترک ہے۔

کیفیت عدم فلاحِ مشرکین: وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا (الی قولہ تعالیٰ) وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ اور وہ وقت بھی یاد کرنے کے قابل ہے جس روز ہم ان تمام خلائق کو (میدانِ حشر میں) جمع کریں گے پھر ہم مشرکین سے (بواسطہ یا بلا واسطہ) توبیخ کے طور پر) کہیں گے کہ (بتلاؤ) تمہارے وہ (قرار دیئے ہوئے) شرکاء جن کے معبود ہونے کا تم دعویٰ کرتے تھے کہاں (غائب ہو) گئے (کہ تمہاری سفارش نہیں کرتے جس پر تم کو بھروسہ تھا) پھر (اس سوال کے بعد) ان کے شرک کا انجام اس کے سوا اور کچھ بھی (ثابت) نہ ہوگا کہ وہ (اس شرک سے خود بیزاری اور نفرت ظاہر کرنے لگیں گے اور غایت بدحواسی سے) یوں کہیں گے کہ قسم اللہ کی اپنے پروردگار کی ہم مشرک نہ تھے (یعنی جس کے حق ہونے کا آج دعویٰ ہے اس کا انجام یہ ہوگا کہ خود ہی اس کو باطل سمجھنے لگیں گے بقول مشہور یا بآں شوراشوری یا بایں بے نمکی حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ تعجب کی نظر سے) ذرا دیکھو تو کس طرح (صریح) جھوٹ بولا اپنی جانوں پر (کہ جو شرک ان سے صادر ہوا تھا اس کی صاف نفی کر دی) اور جن چیزوں (کے معبود ہونے کے دعویٰ) کو جھوٹ موٹ تراشا کرتے تھے (یعنی ان کے بت یا اور شرکاء) وہ سب غائب ہو گئے (یعنی ان کے کوئی کام نہ آوے گا)۔ **ف**: یہاں چند سوال و جواب ہیں۔ **سوال اول**: یہاں معلوم ہوتا ہے کہ وہ شرکاء وہاں نہ ہوں گے اور دوسری آیات سے جیسا اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ [الصافات: ۲۲] سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بھی موجود ہوں گے۔ **جواب**: یہاں مقصود ان کا بحیثیت شریک و شفیع ہونے کے غائب ہونا ہے یعنی اس وصف کا انتفاء ظاہر ہو جاوے گا اور دوسری آیات میں مقصود ان کی ذات کا حاضر ہونا ہے پس کچھ تعارض نہیں اور بعض نے جواب دیا ہے کہ حاضر ہو جانے کے بعد باہم تفریق مکانی کر دیئے جانے کے بعد یہ گفتگو ہوگی اور فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ کے بھی یہی معنی کہے ہیں۔ **سوال دوم**: یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کفار سے بولیں گے اور دوسری آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ نہ بولیں گے لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ۔ **جواب**: جو کلام بطور تشریف و اکرام کے ہو اس کی نفی کی گئی ہے اور یہاں اثبات ہے کلام توبیخی کا پس کوئی تعارض نہیں یا نفی بلا واسطہ کی ہے اور اثبات بواسطہ کا۔ **سوال سوم**: قیامت میں حقائق منکشف ہو جائیں گے وہاں جھوٹ کیسے بولیں گے۔ **جواب**: غایت حیرت و دہشت سے اور کچھ بن نہ پڑے گا اور احقر نے تقریر ترجمہ میں ان سب جوابات کی طرف اشارہ کر دیا ہے۔ **سوال چہارم**: مشرکین تو معاد ہی کے قائل نہ تھے پھر وہ اصنام کو شفیع یوم قیامت کیسے سمجھتے تھے۔ **جواب**: مطلق شفاعت عند الشدۃ کے تو قائل تھے اور اس شدت سے زیادہ کون شدت ہوگی۔ یا یوں کہا جاوے کہ وہ بطور فرض کے یہ بھی کہتے تھے کہ اگر قیامت ہوئی تو ایسا ہوگا: وَلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى۔ **سوال پنجم**: یہاں انجام شرک کا یہ قول بطور حصر کے فرمایا حالانکہ انجام میں دوزخ بھی داخل ہے۔ **جواب**:

www.besturdubooks.net

حصر اضافی ہے جس سے بقاء علی الاعتقاد کی نفی مقصود ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل قل الله سب سے بڑھ کر اشار به الى صحة اطلاق الشئى على الله لان معناه الموجود كما عليه الجمهور۱۲۔ ۲ قوله فى الله شهيد گواہ ہے اشارة الى تركيبه بان الله مبتدأ وشهيد خبره ويلزم منه ان اكبر شئ شهادة شهيد له۱۲۔ ۳ قوله قبل لا اشهد اس وقت بحث کرنا قيد به لان البحث عسى ان ينفع فى وقت آخر۱۲۔ ۴ قوله فى الظلمون ایسے فاللام للعهد فاختصت الآية بالكفار فلا دليل فيه للمبتدعة فى خلود عصاة المؤمنين۱۲۔ ۵ قوله فى نحشرهم تمام خلائق كذا فى الروح۱۲۔ ۶ قوله فى شركاؤكم قرار دیئے ہوئے اشارة الى ان الاضافة لاوفى لا بسته۱۲۔ ۷ قوله فى تزعمون جن کے معبود اشارة الى حذف مفعوليه۱۲۔ ۸ قوله فى اين سفارش بدليل قوله تعالى وما نرى معكم شفعاء كم۔ ۹ قوله فى فتنتهم انجام حمل الفتنة على الشرك وقدر قبله المضاف او لا يقدر المضاف ويدعى اتحادهما مبالغة كما نقل فى الروح عن الزجاج ان مثل ما فى الآية ان ترى انسانا يحب غاديا فاذا وقع فى مهلكة تبرأ منه فيقال له اكان محبتك لفلان الا ان تبرات منه۱۲۔ ۱۰ قوله فى ما كانوا يفترون معبود ہونے کے دعوے الخ اشارة الى ان المضاف محذوف اى ما كانوا يفترون كونها آلهة او شفعاء ويمكن ان يكون ايقاع الافتراء عليها مع انه واقع فى الحقيقة على احوالها للمبالغة فى امرها كانها نفس المفترى اى زالت فلم تغن عنهم كما فى الروح۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فى البيضاوى قرأ ابن كثير وابن عامر وحفص لم تكن بالتاء ورفع فتنتهم على انها الاسم ونافع وابوبكر بالتاء والنصب على ان الاسم ان قالوا والتانيث للخبر والباقون بالياء والنصب وفى تفسير ابن جرير خفض ربنا قراءة عامة قراء المدينة وبعض الكوفيين والبصريين وقرأ جماعة من التابعين بنصب ربنا وهى قراءة عامة اهل الكوفة۱۲۔

اللغات: الزعم يستعمل فى الحق كما فى حديث ضمام بن ثعلبة زعم رسولك وفى الباطل كما فى هذه الآية والفتنة اصلها من الفتن وهو ادخال الذهب النار لتعلم جودته من روائته ثم استعمل فى معان كالعذاب والاختيار والبلية والمصيبة والضلال والمعذرة كذا فى الروح۱۲۔

البلاغۃ: او كذب۔ اورد او للتغاير بين المتعاطفين مفهوما بكون احدهما اثباتا للنفى والآخر نفيا للمثبت كما قرر فى اثناء الترجمة۱۲۔ قوله ثم لم يكن اما للتراخى فى الرتبة لان جوابهم هذا اعظم من التوبيخ واما على ظاهرها وهو الظاهر بناء على ان الموقف عظيم فيمكن انهم حاروا ودهشوا فلم يستطيعوا الجواب الا بعد زمان ومما ينبئ عن حيرتهم انهم كذبوا وحلفوا والا لما قالوا الذى قالوا لان الحقائق تنكشف يوم القيامة وكان التعبير عن الشركية بالفتنة لانها ما تفتتن به وتعجبك وهم كانوا معجبين بكفرهم مفتخرين به كذا فى روح المعانى۱۲۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۲۵ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْــــَٔـوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝۲۶ وَلَوْ تَرٰٓي اِذْ وُقِفُوْا عَلَي النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲۷ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝۲۸ وَقَالُوْٓا اِنْ هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ۝۲۹ وَلَوْ تَرٰٓي اِذْ وُقِفُوْا عَلٰي رَبِّهِمْ ۭ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۭ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ۭ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝۳۰ ع ۹

اور ان میں بعض ایسے ہیں کہ آپ کی طرف کان لگاتے ہیں اور ہم نے ان کے دلوں پر حجاب ڈال رکھے ہیں اس سے کہ وہ اس کو سمجھیں اور ان کے کانوں میں ڈاٹ دے رکھی ہے اور اگر وہ تمام دلائل کو دیکھ لیں ان پر بھی ایمان نہ لائیں۔ یہاں تک کہ جب یہ لوگ آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ سے خواہ مخواہ جھگڑتے ہیں۔ یہ لوگ جو کافر ہیں

www.besturdubooks.net

یوں کہتے ہیں کہ یہ تو کچھ بھی نہیں صرف بے سند باتیں ہیں جو پہلوں سے چلی آ رہی ہیں اور یہ لوگ اس سے اوروں کو بھی روکتے ہیں اور خود بھی اس سے دور دور رہتے ہیں اور یہ لوگ اپنے ہی کو تباہ کر رہے ہیں اور کچھ خبر نہیں رکھتے اور اگر آپ اس وقت دیکھیں جب کہ یہ دوزخ کے پاس کھڑے کئے جائیں گے تو کہیں گے ہائے کیا اچھی بات ہو کہ ہم پھر واپس بھیج دیئے جائیں اور اگر ایسا ہو جائے تو ہم اپنے رب کی آیات کو جھوٹا نہ بتائیں اور ہم ایمان والوں میں سے ہو جائیں۔ بلکہ جس چیز کو اس کے قبل دبایا کرتے تھے۔ وہ ان کے سامنے آ گئی اگر اور یہ لوگ پھر واپس بھی بھیج دیئے جائیں تب بھی یہ وہی کام کریں گے جس سے ان کو منع کیا گیا تھا اور یقیناً یہ بالکل جھوٹے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ جینا اور کہیں نہیں صرف یہی فی الحال کا جینا ہے اور ہم پھر زندہ نہ کئے جائیں گے اور اگر آپ اس وقت دیکھیں جب کہ یہ اپنے رب کے سامنے کھڑے کئے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا یہ امر واقعی نہیں ہے۔ وہ کہیں گے بیشک قسم اپنے رب کی۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو اب اپنے کفر کے عوض عذاب چکھو ۞

تفسیر ربط: اوپر توحید و رسالت کے انکار کی مذمت اور جزا کا بیان تھا آگے انکار قرآن کی شناعت مذکور ہے۔

تشنیع بر انکار قرآن: وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ (الی قولہ تعالی) وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اور ان (مشرکین) میں بعضے ایسے ہیں کہ (آپ کے قرآن پڑھنے کے وقت اس کے سننے کو آپ کی طرف کان لگاتے ہیں اور (چونکہ وہ سننا طلب حق کے لئے نہیں ہوتا اس لئے منتفع نہیں ہوتے چنانچہ) ہم نے ان کے دلوں پر حجاب ڈال رکھے ہیں اس سے کہ وہ اس (قرآن کے مقصود) کو سمجھیں اور ان کے کانوں میں (اس کے بغرض ہدایت سننے سے) ڈاٹ دے رکھی ہے (یہ تو حالت ان کے قلوب اور اسماع کی ہے) اور (ابصار کی یہ حالت ہے کہ) اگر وہ لوگ (آپ کے صدق نبوت کے) تمام دلائل کو (بھی) دیکھ لیں ان (تمام دلائل) پر بھی ایمان نہ لاویں (یعنی غایت درجہ کے معاند ہیں اور اس عناد کی نوبت) یہاں تک (پہنچی ہے) کہ جب یہ لوگ آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ سے خواہ مخواہ جھگڑتے ہیں (اس طور پر کہ یہ لوگ جو کافر ہیں یوں کہتے ہیں کہ یہ (قرآن) تو کچھ بھی نہیں صرف بے سند باتیں ہیں جو پہلوں سے (منقول) چلی آ رہی ہیں (یعنی اہل ملل پہلے سے ایسی باتیں کرتے چلے آئے ہیں کہ معبود ایک ہے بشر نبی بھی ہو سکتا ہے قیامت میں پھر زندہ ہونا ہے مطلب یہ کہ عناد کی وجہ سے تکذیب سے گزر کر جدال تک ترقی ہوئی ہے) اور (پھر جدال سے گزر کر دوسروں کو گمراہ کرنے کی فکر میں لگے ہیں چنانچہ) یہ لوگ اس (قرآن) سے اوروں کو بھی روکتے ہیں اور (اس روکنے کی تکمیل کے واسطے) خود بھی اس سے (نفرت) ظاہر کرنے کو ظاہر میں بھی) دور دور رہتے ہیں (تاکہ دوسروں پر زیادہ اثر ہو) اور (ان حرکتوں سے) یہ لوگ اپنے ہی کو تباہ (و برباد) کر رہے ہیں (نہ رسول کا کوئی نقصان ہے نہ قرآن کا رسول کو رسالت کا ثواب ہر حال میں ملے گا قرآن کا نور ہدایت کامل ہو کر رہے گا لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ) اور (غایت حماقت سے) کچھ خبر نہیں رکھتے (کہ ہم کس کا نقصان کر رہے ہیں) ف: یہ جو فرمایا کہ ہم نے حجاب ڈال رکھے الخ یہ تمثیل ہے گو متعارف حجاب وغیرہ نہ ہوں اور خدا تعالیٰ کی طرف اس کی نسبت ہونے سے نہ یہ معذور ہو سکتے ہیں نہ اللہ تعالیٰ پر کوئی الزام آ سکتا ہے کیونکہ اس حجاب وغیرہ کا سبب ان کا اعراض اختیاری ہے اور نسبت باعتبار تخلیق کے ہے جو مبنی ہے حکمت پر جو دافع قبح ہے البتہ کسب اقبح بوجہ خلو عن الحکمۃ کے قبیح ہوتا ہے اس کی تحقیق شروع سورۂ بقرہ آیت: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا و خَتَمَ اللّٰهُ میں گزر چکی ہے اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ: وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا سے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ کسی دلیل پر ایمان نہ لاویں اور سورۂ شعراء کی آیت: اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض آیات پر ضرور ایمان لانا پڑے جواب یہ ہے کہ منفی ایمان اختیاری ہے جو کہ شرع میں مطلوب ہے اور مثبت ایمان اضطراری ہے جو شرع میں مقبول نہیں اور عدم ایمان کی خبر اس آیت میں ان ہی کے حق میں ہے جن کا خاتمہ علم الٰہی میں کفر پر ہونے والا تھا۔

ربط: جیسا اوپر توحید و رسالت کے انکار کا ذکر کر کے: يَوْمَ نَحْشُرُهُمْ میں اس کی جزا کا بیان فرمایا تھا اسی طرح انکار قرآن کا آیت وَمِنْهُمْ الخ میں ذکر کر کے آگے اس کی جزا کا بیان فرماتے ہیں۔

جزائے انکار قرآن: وَلَوْ تَرٰۤى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ (الی قولہ تعالی) وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ اور اگر آپ (ان کو) اس وقت دیکھیں (تو بڑا ہولناک واقعہ نظر آوے) جب کہ یہ (منکرین) دوزخ کے پاس کھڑے کئے جاویں گے (تاکہ ان سے کچھ پوچھ پاچھ کر کے ان کو دوزخ میں داخل کر دیا جاوے) تو (اس کی ہول و ہیبت کو دیکھ کر اور یہ معلوم کر کے کہ یہ کفر و انکار حق کی سزا ہے ہزاروں تمناؤں کے ساتھ) کہیں گے ہائے کیا اچھی بات ہو کہ ہم (دنیا میں) پھر واپس بھیج دیئے جاویں اور اگر ایسا ہو جاوے تو ہم (پھر) اپنے رب کی آیات (مثل قرآن وغیرہ) کو (کبھی جھوٹا نہ بتاویں) اور ہم (ضرور) ایمان والوں سے ہو جاویں (حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ان کی یہ تمنا اور وعدہ صدق رغبت اور قصد اطاعت سے نہیں) بلکہ (اس وقت ایک مصیبت میں پھنس رہے ہیں کہ) جس چیز کو اس کے قبل (یعنی دنیا میں) دبایا (اور مٹایا) کرتے تھے (اور اس کا اقرار نہ کرتے تھے) وہ (آج اس وقت) ان کے سامنے آ گئی ہے (مراد اس چیز سے عذاب ہے جس کی وعید کفر و تکذیب پر ان کو کی جاتی تھی اور دبانے سے مراد انکار ہے۔ مطلب یہ کہ اس وقت جان کو بن رہی ہے اس لئے جان بچانے کو یہ سارے وعدے

www.besturdubooks.net

ہو رہے ہیں) اور (دل) سے ہرگز ارادہ ایفاء وعدہ کا نہیں ہے حتیٰ کہ) اگر (بالفرض) یہ لوگ (حسب ان کی تمنا کے دنیا میں) پھر واپس بھی بھیج دیئے جاویں تب بھی یہ وہی کام کریں جس سے ان کو منع کیا گیا تھا (یعنی کفر اور تکذیب) اور یقیناً یہ (ان وعدوں میں) بالکل جھوٹے ہیں (یعنی نہ اس وقت ایفاء کا قصد ہے اور نہ دنیا میں جا کر ایفاء کرتے یہ ایسے سرکش اور معاند ہیں اس کے بعد دوزخ میں بھیج دیئے جاویں گے) **ف**: تقریر ترجمہ کے اعتبار سے آیت کے دو مقصود ہوئے اول ان کی سزا کا بیان دوسرے ان کے عناد کا بیان اور اس مقام پر ایک سوال ہے وہ یہ کہ جب قیامت میں اپنی آنکھوں سے امور واقعیہ کا معائنہ کر لیا پھر دنیا میں آنے کے بعد کفر اور تکذیب کا احتمال کیونکر ہو سکتا ہے جواب یہ ہے کہ تکذیب تو فعل لسان کا ہے یقین قلب کے ساتھ تکذیب لسانی کا مجتمع ہونا ممکن ہے اور تکذیب لسانی بھی کفر ہے رہا دل سے یقین ہونا وہ بوجہ معائنہ کے اضطراراً ہوگا جو شرع میں معتبر نہیں اور جو شرعاً مطلوب ہے اس کا حاصل تسلیم و انقیاد اختیاری ہے۔ پس تصدیق اضطراری کے ساتھ عدم تصدیق اختیاری کا جمع ہونا بھی ممکن ہے جیسے بعض ضدی لوگوں کو دیکھا جاتا ہے کہ دل میں جانتے ہیں مگر مانتے نہیں پس بحمد اللہ تعالیٰ اشکال بالکل رفع ہو گیا وھذا من المواھب الالٰھیۃ دوسرا سوال یہ ہے کہ تمنا ہوتی ہے غیر حاصل کی اور ایمان اور عدم تکذیب تمنا کے وقت ان کو حاصل ہے پھر تمنا کے کیا معنی جواب یہ ہے کہ تمنا ہے ایمان و عدم تکذیب فی الدنیا کی کیونکہ نافع نجات میں یہی ہے اور یہ بالفعل حاصل نہ ہوگی اور جو حاصل ہے وہ بوجہ غیر مفید ہونے کے محل تمنا نہیں۔

ربط: اوپر توحید و رسالت و قرآن کے انکار پر سزاؤں کا بیان تھا آگے انکار بعث اور اس کی سزا کا بیان ہے۔

نقل انکارِ بعث و وعید بر آں: وَقَالُوْٓا اِنْ هِیَ اِلَّا حَیَاتُنَا الدُّنْیَا (الی قولہ تعالیٰ) قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ اور یہ (منکرین) کہتے[۱۸] ہیں کہ جینا[۱۹] اور کہیں نہیں صرف یہی فی الحال[۲۰] کا جینا ہے اور ہم (اس زندگی کے ختم ہونے کے بعد پھر) زندہ نہ کئے جاویں گے (جیسا انبیاء علیہم السلام خبر دیتے ہیں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں) اور اگر آپ (ان کو) اس وقت دیکھیں (تو بڑا عجیب واقعہ نظر آوے) جب کہ یہ اپنے رب کے سامنے[۲۱] (حساب کے لئے) کھڑے کئے جاویں گے (اور) اللہ تعالیٰ (ان سے توبیخاً) فرماوے گا کہ (کہو) کیا یہ (قیامت کے دن زندہ ہونا) امور واقعی نہیں ہے (جیسے دنیا میں ہمیشہ اس کو غیر واقعی کہتے رہے) وہ کہیں گے بیشک (واقعی ہے) قسم اپنے رب کی اللہ تعالیٰ فرماوے گا تو اب اپنے کفر (و انکار) کے عوض عذاب (کا مزہ) چکھو (اس کے بعد دوزخ میں بھیج دیئے جاویں گے) **ف**: پہلی آیت میں جو وقت مذکور ہوا ہے اور جو اس میں مذکور ہے دونوں متغائر نہیں یہ حساب کے لئے کھڑا کیا جانا دوزخ ہی کے قریب ہوگا اور نہ دونوں واقعوں میں تعارض ہے اس موقع پر دونوں قصے ہوں بلکہ اور بھی جتنے احوال ثابت ہیں سب کا وقوع ہوگا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَهُمْ یَنْهَوْنَ عَنْهُ بعض مفسرین کے نزدیک مراد ان لوگوں سے ابو طالب اور ان کے اتباع ہیں کہ اوروں کے ضرر کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روکتے تھے مگر خود آپ پر ایمان لانے سے دور رہتے تھے اس سے معلوم ہوا کہ اہل اللہ کے ساتھ حب طبعی و نصرۃ قومیہ بدوں حب عقلی کے نافع نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمہ: ۱ **قوله** في منهم مشركين كذا في الروح ۱۲۔ ۲ **قوله** في يستمعون آپ کے قرآن لدلالة المقام وتائيد الرواية الاتية ۱۲۔ ۳ **قوله** بعد يستمعون طلب حق کے لئے نہیں بل لاجل الاعتراض وهو الغرض لهم ۱۲۔ ۴ **قوله** في جعلنا ڈال كذا في الروح قلت فالجعل يعم الالقاء والتصيير على طريق عموم المجاز فصح تعلقه بالاكنه والوقر ۱۲۔ ۵ **قوله** في يفقهوه قرآن دل عليه يستمعون والمراد بالمقصود الهداية فلا يرد فقه اللغات ۱۲۔ ۶ **قوله** في لا يؤمنوا بها تمام دلائل في الروح المراد عموم النفي قلت ويصح نفي العموم بجعل الباء سببية لا صلة ويكون المؤمن به هو الرسالة ۱۲۔ ۷ **قوله** في حتى یہاں تک فحتى ابتدائية للترقي فان المجادلة اعظم من مطلق التكذيب ۱۲۔ ۸ **قوله** في يجادلونك تو آپ سے اشارة الى انه جواب لا ذا كذا في حاشية البيضاوی ۱۲۔ ۹ **قوله** في يقول اس طور اشارة الى ان يقول بيان وتفسير للجدال ۱۲۔ ۱۰ **قوله** في اساطير پہلوں سے يعني ان الاضافة الى الاولين باعتبار كونه قالهم لا كونه حالهم فافهم دل عليه آية سورة المؤمنون لقد وعدنا نحن واباء نا هذا من قبل ان هذا الا اساطير الاولين ونقل في حاشية البيضاوی عن الجمع ما سطره الاولون من الاكاذيب ۱۲۔ ۱۱ **قوله** في ينهون عنه قرآن عزا هذا التفسير في الروح الى مجاهد برواية ابن ابی شيبة وابن حميد وان جرير وابن المنذر وغيرهم وما رواه الحاكم وصححه هو والذهبی عن ابن عباسؓ ان الآية نزلت في ابی طالب كان ينهي المشركين ان يؤذوا رسول الله صلى الله عليه وسلم ويتباعد عما جاء به فهو رای عن ابن عباس لكن الا لصق ما اخترته واختاره الامام ايضا ۱۲۔ ۱۲ **قوله** في ينئون تکمیل كذا في الروح وقوله ظاہر میں بھی فكان مفيدا للفائدة الجديدة لان بعدهم بقلوبهم معلوم من

www.besturdubooks.net

قبل۱۲۔ ۱۳؎ قوله فی الا انفسهم نہ رسول کا فالحصر بهذا الاعتبار من ینهونهم فان اکثرهم کانوا یطیعونهم ولو قیل انه مبنی علی تنزیل عذاب الضلال عند عذاب الاضلال منزلة العدم صح الحصر باعتبارهم ایضا۱۲۔ ۱۴؎ قوله بعد لو تری بڑا ہولناک الخ اشارة الی حذف الجواب ای لرأیت امرا عظیما۱۲۔۱۵؎ قوله فی ولا نکذب اور اگر اشارة الی ان الواو بمنزلة الفاء والجملة کالجواب للتمنی کما فصلته فی النحو المتعلق بالآیة فلذا اظهرت ترجمة الشرط لان المقدر کالملفوظ۱۲۔۱۶؎ قوله فی یخفون مراد چیز سے عذاب لدلالة قوله تعالٰی وبدالهم من الله ما لم یکونوا یحتسبون وبدالهم سیئات ما کسبوا لان المراد بالسیئات بالاجماع عذابها وقوله هناك دبانے سے مراد انکار وهو یطلق علیه فی محاورتنا وماخذ ذلك الروح فانه قال المراد من الموصول النار علی ما یقتضیه السوق ومن اخفائها ستر امرها وذلك بانکار تحققها وعدم الایمان بثبوتها اصلا فکانه قیل بدالهم ما کانوا یکذبون به فی الدنیا وینکرون تحققه اه قلت وانما عبر بالاخفاء واشارة الی ان قلوبهم کانت تصدق الحق اضطرارا، لکنهم کانوا یخفون هذا التصدیق بتکذیبهم الاختیاری کما هو الحال فی کثیر من الکفار الذین جهدوا بها واستیقنتها انفسهم ظلما وعلوا فافهم فانه من المواهب۱۲۔ ۱۷؎ قوله فی کاذبون ایفاء اشارة الی ان المراد بالکذب المتوجه ای الوعد عدم الوفاء به لا عدم مطابقته للواقع کذا فی الروح فاندفع به ما یتوهم ان المتمنی انشاء فکذا الواعد الناشی منه والکذب یختص بالخبر وجه الاندفاع ظاهر بمنع اختصاصه بالخبر فی المحاورات نعم هو فی العلوم الصناعیة مسلم ولا یقتضی الاصطلاح علی اللغة فافهم۱۲۔ ۱۸؎ قوله فی قالوا کہتے ہیں اشارة الی کونه استینافا لاعطفا۱۲۔۱۹؎ قوله فی ان هی جینا اعاد الضمیر الی الحیٰوة وقد نصوا کما فی الروح علی صحة عود الضمیر علی متاخر لفظا ورتبة فی مواضع منها ما اذا کان خبر الضمیر مفسرا له کما ههنا۱۲۔ ۲۰؎ قوله فی الدنیا فی الحال کا اشارة الی ان المراد بالدنیا التی نحن فیها لا المقابل للآخرة لانهم لا یعترفون بالآخرة کذا فی الروح قلت ویمکن ان یراد الاخیر بناء علی زعم المدعی وکلمة کا التی من علامات الاضافة اتباع اللمحاورة فانها قد تجئی بین الصفة والموصوف۱۲۔۲۱؎ قوله فی علی سامنے فهی بمعنی عند۱۲۔

الرِّوَایَات: فی روح المعانی عن ابن عباس فی روایة ابی صالح ان ابا سفیان بن حرب والولید بن المغیرة والنضر بن الحرث وعتبة و شیبة ابنی ربیعة وامیة وابی بن خلف استمعوا الی رسول الله صلی الله علیه وسلم وهو یقرأ القرآن فقالوا للنضر یابا قتیلة ما یقول محمد فقال والذی جعلها بیته ما ادری ما یقول الا انی اری تحرك شفتیة یتکلم بشئی فما یقول الا اساطیر الاولین مثل ما کنت احدثکم عن القرون الماضیة وکان النضر کثیر الحدیث عن القرون الاولٰی وکان یحدث قریشًا فیستمعون حدیثه فانزل الله تعالٰی هذه الآیة قلت فحکم عدم الایمان فی الآیة فی حق النضر الذی قال هذا اوفی کل من لم یؤمن من المذکورین وخص منهم المؤمنون من بعد کابی سفیانؓ فافهم۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَة: قرأ نافع وابن کثیر والکسائی برفع الفعلین بان یکون داخلا فی حکم التمنی علی انه عطف علی نرو وقرأ ابن عامر برفع الاول علی العطف ونصب الثانی علی کونه جوابا من الروح۱۲۔

اللُّغَات: فی القاموس الوقر الثقل۔ الاساطیر فی الروح عن القاموس انه جمع اسطار واسطیر بکسر هما واسطور وبالهاء فی الکل واصل السطر بمعنی الخط اه قلت وهو مستعمل فی مطلق المنقول وان لم یکن مکتوبا النائی البعد لازم کذا فی الروح۔ وقفوا من الوقوف المعروف او من الوقوف بمعنی المعرفة۱۲۔

اَلنَّحْو: قوله یلیتنا المنادی محذوف کیا قوم مثلاً۱۲ قوله ولا نکذب ونکون فی الروح نصب الفعلین باضمار ان علی جواب التمنی والمعنٰی ان رد ونانعلم نکذب ونکن واعترض بوجهین الاول ان الواو لاتقع فی جواب الشرط۔ واجیب بان الواو اجریت ههنا مجری الفاء ویؤید ذلك قراء ة ابن مسعود وابن اسحاق فلا نکذب۔ والثانی ان ردهم لا یکون سببا لعدم تکذیبهم کما دل علیه قوله تعالٰی ولو رد والعادوا واجیب ان السببیة یکفی فیها کونها فی زعمهم من الروح۱۲۔

اَلْبَلَاغَة: فی قول یقول الذین کفروا وضع المظهر موضع المضمر۱۲۔ قوله وربنا فی الروح اکدوا اعترافهم بالیمین اظهار الکمال تیقنهم بحقیقة وایذانا بصدور ذلك عنهم برغبة ونشاط طمعا بان ینفعهم وهیهات۱۲۔

www.besturdubooks.net

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ
وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَاۤ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ
الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۳۲﴾ قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا
يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى
مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰۤى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۴﴾

بے شک خسارہ میں پڑے وہ لوگ جنہوں نے اللہ سے ملنے کی تکذیب کی۔ یہاں تک کہ جب وہ معین وقت ان پر دفعۃً آ پہنچے گا کہنے لگیں گے کہ ہائے افسوس ہماری کوتاہی پر جو اسکے بارے میں ہوئی اور حالت انکی یہ ہوگی کہ وہ اپنے بار اپنی کمر پر لادے ہوں گے۔ خوب سن لو کہ بری ہوگی وہ چیز جس کو لادیں گے اور دنیوی زندگی تو کچھ بھی نہیں بجز لہو ولعب کے اور پچھلا گھر متقیوں کیلئے بہتر ہوگا کیا تم سوچتے سمجھتے نہیں ہو۔ ہم خوب جانتے ہیں کہ آپ کو ان کے اقوال مغموم کرتے ہیں۔ سو یہ لوگ آپ کو جھوٹا نہیں کہتے لیکن یہ ظالم تو اللہ کی آیات کا انکار کرتے ہیں اور بہت سے پیغمبر جو آپ سے پہلے ہوئے ہیں انکی بھی تکذیب کی جا چکی ہے سوانہوں نے اس پر صبر ہی کیا کہ انکی تکذیب کی گئی اور انکو ایذائیں پہنچائی گئیں۔ یہاں تک کہ ہماری امداد ان کو پہنچی اور اللہ کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں اور آپ کے پاس بعض پیغمبروں کے بعض قصص پہنچ چکے ہیں۞

تفسیر ربط: اوپر منکرین بعث کی وعید مذکور ہے آگے بھی سب کا تتمہ ہے۔

تتمہ سابق: قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ (الی قولہ تعالی) اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ بیشک (سخت) خسارہ میں پڑے وہ لوگ جنہوں نے اللہ سے ملنے کی (یعنی قیامت میں زندہ ہو کر خدا کے روبرو پیش ہونے کی) تکذیب کی (خسارہ کا بیان اوپر بھی آ چکا ہے اور آگے بھی آتا ہے اور یہ تکذیب تھوڑے ہی دنوں رہے گی) یہاں تک کہ جب وہ معین وقت (یعنی قیامت کا دن مع مقدمات) ان پر دفعۃً (بلا اطلاع) آ پہنچے گا (اس وقت سارے دعوے تکذیب کے ختم ہو جائیں گے اور) کہنے لگیں گے کہ ہائے افسوس ہماری کوتاہی (اور فرو گذاشت) پر جو اس (قیامت) کے بارہ میں (ہم سے) ہوئی (وہ فرو گذاشت یہ ہے کہ قیامت کی تکذیب کی جو کہ اس کے حق کا ضائع کرنا ہے) اور حالت اُن کی یہ ہوگی کہ وہ اپنے (گناہ وکفر کا) بار اپنی کمر پر لادے ہوں گے (یعنی اُن کے وبال وعذاب میں زیر بار ہوں گے) خوب سن لو کہ بری ہوگی وہ چیز جس کو (اپنے اوپر) لادیں گے (کیونکہ اس کا انجام برا ہوگا کہ عذاب ہے) ف: اگرچہ تکذیب ان کے مرنے ہی کے وقت ختم ہو جاوے گی لیکن قیامت کو اسی لئے غایت قرار دیا کہ اس روز پورا انکشاف ہو جاوے گا اور صاحب کشاف نے کہا ہے کہ وقت موت کا بھی مقدماتِ قیامت میں سے ہے اس لئے وہ بھی حکماً داخل ساعت ہے۔ احقر نے اثنائے ترجمہ میں اس طرف بھی اشارہ کر دیا ہے۔

ربط: اوپر کفار کا جو قول تھا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا اس کا جواب اس طرح دیا تھا کہ بعث یعنی حیات اخروی ثابت ہے آگے اس سے ترقی فرماتے ہیں کہ ثابت بھی ایسی ہے کہ اس کے سامنے حیاتِ دنیوی مثل غیر ثابت کے ہے۔

عدم اعتداد حیاتِ دنیویہ بمقابلہ حیاتِ اُخرویہ: وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَاۤ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ (الی قولہ تعالی) اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ اور دنیوی زندگانی (جس میں کفار نے حیات کو منحصر سمجھ رکھا ہے اس کے اشغال) تو کچھ بھی نہیں بجز لعب اور لہو کے (بوجہ غیر نافع وغیر باقی ہونے کے) اور پھر پچھلا گھر (یعنی آخرت جس کا کفار انکار کر رہے ہیں اور باقی اور) متقیوں کے لئے بہتر (یعنی نافع تو وہی) ہے کیا (اے منکرین باوجود قیام دلائل کے) تم سوچتے سمجھتے نہیں ہو (کہ اس کو مان کر اس کے لئے سامان کرو کہ وہ ایمان اور اعمال ہیں) ف: خود حیاتِ دنیویہ کو لہو ولعب فرمانا مقصود نہیں بلکہ اس کے ان اشغال واعمال کو کہ آخرت کے لئے نہ موضوع ہیں نہ معین ہیں تو اس قید سے طاعات اور مباحات معین طاعات سب نکل گئے اور مباحات لایعنی اور معاصی سب داخل رہ گئے گو ایسے مباحات میں گناہ نہ ہو لیکن بے سود اور فانی الاثر تو ہیں اور لہو ولعب کے معنی اہل لغت نے متقارب جیسا کہ تقریر ترجمہ میں اس طرف اشارہ بھی کر دیا ہے بلکہ متحد ہی لکھے ہیں صرف فرق اعتباری ہو سکتا ہے وہ یہ کہ غیر نافع امر میں مشغول ہونے کے دو اثر ہیں ایک خود اس کی طرف متوجہ ہونا دوسرے اس توجہ کی وجہ سے نافع امور سے بے توجہی ہو جانا وہ امر اول اعتبار سے لعب کہلاتا ہے اور دوسرے اعتبار سے لہو کذا فی الروح۔

ربط: اوپر کی آیات میں کفار کے بعض اقوال کفریہ مذکور ہیں جیسے: اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اور اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا اور جیسے ابوجہل کا یہ کہنا جو کہ

www.besturdubooks.net

سبب نزول آیت کا ہے کہ ہم آپ کو جھوٹا نہیں سمجھے لیکن آپ جو دین اور کتاب لائے ہیں اس کو جھوٹا سمجھتے ہیں رواہ الترمذی پس ان اقوال سے آپ کو صدمہ اور رنج پہنچتا تھا۔ اللہ تعالیٰ آگے آپ کی تسلی فرماتے ہیں۔

تسلیہ رسول اللہ ﷺ: قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِیْ يَقُوْلُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِی الْمُرْسَلِيْنَ ہم خوب[۱] جانتے ہیں کہ آپ کو ان (کفار) کے اقوال مغموم کرتے ہیں سو (آپ غم میں نہ پڑیئے بلکہ ان کا معاملہ اللہ کے سپرد[۷] کیجئے کیونکہ) یہ لوگ (براہ راست[۸]) آپ کو جھوٹا نہیں کہتے لیکن یہ ظالم تو اللہ کی آیتوں کا (عمداً[۹]) انکار کرتے ہیں (گو اس سے آپ کی تکذیب بھی لازم آتی ہے لیکن ان کا اصل مقصود آیات اللہ کی تکذیب ہے جیسا ان میں بعضے اس کے اقراری بھی ہیں پس جب اصل تکذیب ان کی آیات اللہ سے متعلق ہے تو ان کا یہ معاملہ خدا کے ساتھ ہوا سو ہم خود ہی ان کو سمجھ لیں گے آپ اس غم میں کیوں پڑے) اور (وہ جو آپ کی تکذیب بواسطہ تکذیب آیات اللہ کے لازم آ گئی سو یہ کوئی نئی بات آپ کے ساتھ نہیں ہوئی بلکہ) بہت سے پیغمبر جو آپ سے پہلے ہوئے ہیں ان کی بھی تکذیب کی جا چکی ہے سو انہوں نے (بھی) اس پر صبر ہی کیا کہ ان کی تکذیب کی گئی اور (علاوہ تکذیب کے اور انواع انواع طریق سے) ان کو ایذائیں پہنچائی گئیں یہاں تک کہ ہماری امداد ان کو پہنچی (جس سے وہ غالب اور ان کے مخالفین مغلوب یا ہلاک ہو گئے اس[۱۰] وقت تک صبر ہی کرتے رہے اسی طرح آپ بھی صبر کیجئے) اور (اسی طرح صبر کرنے کے بعد آپ کو امدادِ الٰہی پہنچے گی کیونکہ) اللہ تعالیٰ کی باتوں (یعنی وعدوں) کا کوئی بدلنے والا نہیں (اور امداد کا وعدہ ہو چکا ہے جیسا فرمایا ہے: كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ اور آپ کے پاس پیغمبروں کے بعض قصص (قرآن میں) پہنچ چکے ہیں (جن سے اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا کی تصدیق و تحقیق ہو چکی ہے پس اخباراً بھی وقوعاً بھی ہر طرح یہ مضمون محقق ہے)

ف: حاصل مضمون تسلی دہی کا یہ ہوا کہ یہ جو آپ کی تکذیب کر رہے ہیں یہ واقع بوجہ اس کے کہ آپ مبلغ عن اللہ ہیں اللہ تعالیٰ کی اور اس کی آیات کی تکذیب کر رہے ہیں پس ظاہراً تو آپ کی تکذیب ہے اور حقیقۃً و قصداً اللہ تعالیٰ کی تکذیب ثانی کے اعتبار سے ہے کہ اپنے معاملہ میں خدا تعالیٰ خود ہی سمجھ لے گا اور آیت ثانیہ کا مضمون تکذیب اوّل کے اعتبار سے ہے کہ رسل کے معاملہ میں ہماری یہ عادت چلی آئی ہے اور اب بھی اس کا وعدہ ہے اور دونوں تسلیوں میں مضمون مشترک حق کا غلبہ اور باطل کا مغلوب ہونا ہے دنیا میں بھی آخرت میں بھی اور چونکہ یہی اصل مقصود تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس لئے اصل مایہ تسلی یہی مضمون مشترک ہے پس اس سے یہ لازم نہیں آیا کہ خبر اہلاک سے تسلی دینا مشعر اس امر کا ہے کہ آپ ان کا اہلاک چاہتے ہوں گے اور گو اس کا بھی مضائقہ نہیں مگر پھر بھی آپ کی شفقت ہی غالب تھی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ الخ حقیقی معنی اس کے یہی ہیں کہ خود اعمال کو اپنی کمر پر لادیں گے اور یہ اس طرح ہو سکتا ہے کہ اعمال بشکل اجسام متمثل ہو جاویں پس جب حمل علی الحقیقۃ ممکن ہے تو اس کو ترک نہ کریں گے اور بہت اہل سنت تجسم اعمال کے قائل ہیں پس اس تقریر پر آیت مسئلہ تمثل پر دال ہوگی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله في حتى** ختم ہو جاویں گے **اشارة الى كون حتى للغاية للتكذيب لا للخسران ۱۲۔ ۲؎ قوله في يحملون حالت اشارة الى كون الجملة حالا عامله قالوا ۱۲۔ ۳؎ قوله في على ظهورهم** یعنی ان کے **اشارة كما في الروح الى كونها استعارة تمثيلية والمراد بيان سوء حالهم وشدة ما يجدونه من المشقة والآلام والعقوبات العظيمة وذكر الظهور لان المعتاد الا غلب الحمل عليها كما في كسبت ايديكم وفي ذلك ايضا اشارة الى مزيد ثقل المحمول وليس المقصود نفي الحقيقة كما يظهر من بعض الروايات فانه لا تعارض في اثبات المجاز بالقران والحقيقة بالرواية ۱۲۔ ۴؎ قوله في الحيٰوة اشغال اشارة الى تقدير المضاف اى اعمال الحيٰوة الدنيا المخصوصة بها وذكر وجهه في ف ۱۲۔ ۵؎ قوله في افلا تعقلون** سوچتے سمجھتے **اشارة الى تقدير المعطوف عليه اى الا تتفكرون فلا تعقلون ۱۲۔ ۶؎ قوله في قد** خوب **اشارة الى ما في الكشاف انه بمعنى ربما للتكثير وفي الانتصاف كما في قوله تعالٰى قد تعلمون اه قلت ويراد بالتكثير الكمال لاستحالة القلة والكثرة في علمه تعالٰى ۱۲۔ ۷؎ قوله في فانهم** سپرد کیجئے کیونکہ **اشارة الى ان التعليل بقوله فانهم ليس لنعلم ولا ليحزنك لاستحالة الاول واستبعاد الثاني عن السياق بل لما يشعر به الكلام السابق اى فكل امرهم الى الله لانهم الخ من الروح ۱۲۔ ۸؎ قوله في لا يكذبونك** براہ راست **اى قصدا منهم فاندفع به ما اورد من انه كيف يصح وقوع احد التكذيبين وعدم الآخر مع التلازم بينهما وجودًا وعدمًا ۱۲۔ ۹؎ قوله في يجحدون** عمداً **في الروح الجحود كالجحد نفي ما في القلب ثباته او اثبات ما في القلب نفيه وايراده للايذن بان الآيات من الوضوح بحيث يشاهد صدقها كل احد وان من ينكرها فانما ينكرها بطريق الجحود ۱۲۔ ۱۰؎ قوله**

www.besturdubooks.net

فی توضیحاتھم اس وقت اشار الی ان حتی غایة لصبروا ۱۲۔

اختلاف القراءة: فی قراءة لدار الآخرة بالاضافة من اضافة الموصوف الی الصفة عند من جوزھا او بتقدیر الموصوف ای ولدار النشأة الآخرة عند من لم یجوزھا ۱۲۔

فائدة عجیبة من الروح: قوله ولا مبدل وظاھر الآیة ان احدا غیرہ تعالیٰ لا یستطیع ان یبدل کلمات الله عز وجل بمعنی ان یفعل خلاف ما دلت علیه ویحول بین الله عز اسمه وبین تحقیق ذلك واما انه تعالیٰ لا یبدل فلا تدل علیه الآیة اہ قلت وقد فرعت لما ظفرت به فانی قد کنت من قبل افسر به قوله تعالیٰ ولن تجد لسنة الله تبدیلا فی جواب النیاجرة واعلم ان قول الروح فی ھذہ الآیة انه تعالیٰ لا یبدل فلا تدل علیه الآیة لا یستلزم القول بالخلف الکلام بل المراد ان الآیة ساکنة عن ذلك وانما یفصح عن ذلك الآیات الاخریٰ ۱۲۔

النحو: بغتة مفعول مطلق ۱۲۔

البلاغة: قوله یحسرتنا نداء و مجازی و معناہ تنبیه انفسھم لتذکیر اسباب الحسرة الساعة اللام للعھد سمیت بالساعة اما لقلته بالنسبة لما بعدہ من الخلود واما لسرعة الحساب فیه لقاء الله کنایة عن البعث ۱۲ فی الروح الا لعب ولھو والکلام من التشبیه البلیغ ای کاللعب اہ قلت واذا قدر المضاف فلا حاجة الی القول بالتشبیه لان ھذہ الاعمال لاشك فی صدق اللھو واللعب علیھا قوله للدار الآخرة خیر فی الروح وکان الظاھر وما الدار الآخرة الا جد وحق الا انه حق الا انه اقیم المسبب مقام السبب اہ قلت ولما کان للعب واللھو یلزمه امر ان عدم الثبات وعدم النفع وکان الثبات والنفع فی الآخرة مخصوصا بالمتقین والثبات عاما للجمیع اشرت الی ھذا المعنی بقوله باقی قبل ترجمة خیر ۱۲ قوله ولکن الظلمین فیه وضع المظھر موضع المضمر ۱۲۔ العربیة جحد یتعدی بنفسه وبالباء ۱۲۔

وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ۭ
وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝٣٥ اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ۭ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ
ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝٣٦ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓي اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ
لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٣٧ وَمَا مِنْ دَاۗبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰۗىِٕرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ۭ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ
مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ۝٣٨ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ۭ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ۭ
وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝٣٩ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝٤٠ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَاۗءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ۝٤١ ع ١١/١٠

اور اگر آپ کو ان کا اعراض گراں گزرتا ہے تو اگر آپ کو یہ قدرت ہے کہ زمین میں کوئی سرنگ یا آسمان میں کوئی سیڑھی ڈھونڈ لو پھر کوئی معجزہ لے آؤ تو کرو اور اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو ان سب کو راہ پر جمع کر دیتا۔ سو آپ نادانوں میں سے نہ ہو جاؤ۔ وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو سنتے ہیں اور مردوں کو اللہ تعالیٰ زندہ کر کے اٹھائیں گے پھر سب اللہ ہی کی طرف لائے جائیں گے اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ ان پر کوئی معجزہ کیوں نازل نہیں فرمایا گیا ان کے رب کی طرف سے آپ فرما دیجئے کہ اللہ تعالیٰ کو بے شک پوری قدرت ہے اس پر کہ وہ معجزہ نازل فرمائیں لیکن ان میں اکثر بے خبر ہیں اور جتنے قسم کے جاندار زمین پر چلنے والے ہیں اور جتنی قسم کے پرند جانور ہیں کہ اپنے دونوں بازوؤں سے اڑتے ہیں ان میں کوئی قسم ایسی نہیں جو کہ تمہاری طرح کے گروہ نہ ہوں۔ ہم نے دفتر میں کوئی چیز نہیں چھوڑی پھر سب اپنے پروردگار کے پاس جمع کئے جائیں گے اور جو لوگ ہماری آیتوں کی تکذیب کرتے ہیں۔ وہ تو بہرے گونگے ہو رہے ہیں۔ طرح طرح کی ظلمتوں میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں بے راہ کر دیں اور وہ جس کو چاہیں سیدھی راہ پر لگا دیں۔ آپ کہئے کہ اپنا حال تو بتلاؤ کہ اگر تم پر خدا کا کوئی عذاب آ پڑے یا تم پر قیامت ہی آ پہنچے تو کیا خدا کے سوا کسی اور کو پکارو گے۔ اگر تم سچے ہو بلکہ خاص

www.besturdubooks.net

اسی کو پکارو۔ پھر جس کے لئے تم پکارو اگر وہ چاہے تو اس کو ہٹا بھی دے اور جن کو تم شریک ٹھہراتے ہو ان سب کو بھول بھال جاؤ ○

تفسیر: ربط: اوپر جناب رسول ﷺ کو کفار کے معاملات پر صبر کا امر فرمایا ہے چونکہ آپ کو کمال شفقت سے ان لوگوں کے ایمان لانے کی غایت درجہ کی حرص تھی اس لئے آپ چاہتے تھے کہ اگر معجزات واقعہ پر باوجود ان کے کافی ہونے کے یہ لوگ ایمان نہیں لاتے تو ان کے فرمائشی معجزات ہی واقع ہو جاویں شاید ایمان لے آویں اور اس اعتبار سے ان کا کفر دیکھ دیکھ کر صبر نہ آتا تھا اس لئے حق تعالیٰ آگے ان فرمائشوں کا عدم وقوع سنا کر صبر مذکور کی تاکید فرماتے ہیں اور رسالت کا ان فرمائشوں کے وقوع پر موقوف نہ ہونا جیسا کہ قادحین نبوت کا مقصود تھا مضمونِ صبر کے ذیل میں وَقَالُوْا لَوْ لَا نُزِّلَ الخ سے ظاہر فرماتے ہیں پس اس میں تحقیق مسئلہ رسالت بھی ہے۔

تاکید صبر مامور بضمن تسلیہ سابق: وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ (الی قوله تعالیٰ) وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ اور اگر آپ کو ان (منکرین) کا اعراض (اور انکار جو اوپر بھی مذکور ہوا ہے اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الخ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ الخ) گراں گذرتا ہے (اور اس لئے جی چاہتا ہے کہ ان کے فرمائشی معجزات ہی واقع ہو جاویں) تو اگر آپ کو یہ قدرت ہے کہ زمین میں (جانے کو) کوئی سرنگ یا آسمان میں (جانے کو) کوئی سیڑھی ڈھونڈ لو پھر (ان کے ذریعہ سے زمین یا آسمان میں جا کر وہاں سے) کوئی معجزہ (فرمائشی معجزوں میں سے) لے آؤ تو (بہتر ہے) کرو (یعنی ہم تو ان کی یہ فرمائشیں بوجہ عدم ضروریات اور بوجہ لزوم ضرر کے جو بھی مذکور ہو چکا پوری نہیں کرتے اگر آپ یہی چاہتے ہیں کہ کسی نہ کسی طرح سے یہ مسلمان ہی ہو جاویں تو آپ اس کا انتظام کیجئے) اور اگر اللہ تعالیٰ کو (تکوینا) منظور ہوتا تو ان سب کو راہِ (راست) پر جمع کر دیتا (اور لگا دیتا لیکن چونکہ یہ خود ہی اپنا بھلا نہیں چاہتے اللہ تعالیٰ کو تکوینا یہ منظور نہیں ہوا۔ پھر آپ کے چاہنے سے کیا ہوتا ہے) سو آپ (اس فکر کو چھوڑیئے اور) نادانوں میں سے نہ ہو جایئے (امر حق و ہدایت کو تو) وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو (حق بات کو بقصد طلب حق) سنتے ہیں (سو ان کو حق تعالیٰ بھی ہدایت کی توفیق دے دیتے ہیں اور انہوں نے ایسا کیا نہیں پھر ہدایت کہاں ہو) اور (اگر اس اعراض و انکار کی پوری سزا ان کو دنیا میں نہ ملی تو کیا ہوا آخر ایک دن) مردوں کو اللہ تعالیٰ (قبروں سے) زندہ کر کے اٹھاویں گے پھر وہ سب اللہ ہی کی طرف (حساب کے لئے) لائے جاویں گے (اس وقت سب حقیقت کھل جاوے گی اور پوری سزا تجویز ہو جاوے گی) اور یہ (منکر) لوگ (براہ عناد) کہتے ہیں کہ (اگر یہ نبی ہیں تو) ان پر (ہمارے فرمائشی معجزات سے) کوئی معجزہ کیوں نہیں نازل کیا گیا آپ فرما دیجئے کہ اللہ تعالیٰ کو بے شک پوری قدرت ہے اس پر کہ وہ (ایسا) ہی معجزہ نازل فرماویں لیکن ان میں اکثر (اس کے انجام سے) بے خبر ہیں (اس لئے درخواست کر رہے ہیں وہ انجام یہ ہے کہ اگر پھر بھی ایمان نہ لاویں گے تو سب ہلاک کر دیئے جاویں گے لقولہ تعالیٰ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ حاصل یہ ہے کہ ضرورت تو اس لئے نہیں کہ پہلے معجزات کافی ہیں لقولہ تعالیٰ اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ الخ اور ہم جانتے ہیں کہ جیسے ان پر ایمان نہیں لائے ان پر بھی نہ لاویں گے لقولہ تعالیٰ وَمَا يُشْعِرُكُمْ الخ اور مزید برآں یہ ضرر ہے جو کہ مذکور ہوا اس لئے حکمت عدم نزول ان فرمائشی آیات کا ہے) ف: فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ فرمانا وعظ و محبت کے طور پر ہے چنانچہ ترجمہ سے ظاہر ہے اور لفظ جہل یا جہالت سے ترجمہ کرنا بوجہ اس کے کہ ہمارے محاورہ میں یہ الفاظ تحقیر و تحمیق و توبیخ کے لئے مستعمل ہیں موہم بے ادبی ہے اور اخیر آیت میں چونکہ دفع اعتراض ہے اس لئے اس کو بھی تسلیہ معترض علیہ میں دخل ہے و نیز اس میں تحقیق مسئلہ رسالت بھی ہے جیسا تمہید میں مذکور ہوا اور اکثر کا لفظ اسلئے کہا کہ بعضے مسلمان ہونے والے تھے۔

ربط: اوپر تاکید صبر و تسلیہ کے ضمن میں اشارہ سزائے کفر کے لئے اموات کا قیامت میں مبعوث ہونا جملہ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ میں ذکر فرمایا تھا آگے اسی بعث کی تاکید و تقریر کے لئے دواب و طیور کا محشور ہونا بیان فرماتے ہیں اور افادہ تاکید ظاہر ہے کہ تم تو مکلف اور مورد جزا و سزا ہو کیوں نہ محشور ہوتے امر حشر تو ایسا عام ہے کہ غیر مکلف بھی بمقتضا بعض حکمتوں کے اس سے مستثنیٰ نہ رہیں گے۔

تعمیم حشر کل خلائق: وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ (الی قوله تعالیٰ) ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ اور جتنے قسم کے جاندار زمین پر (خواہ خشک یا تر پر) چلنے والے ہیں اور جتنے قسم کے جانور ہیں کہ اپنے دونوں بازوؤں سے اُڑتے ہیں ان میں کوئی قسم ایسی نہیں جو کہ (قیامت کے دن محشور ہونے کی صفت میں) تمہاری طرح کے گروہ نہ ہوں (اور گو یہ سب اپنی کثرت کی وجہ سے عرفاً بے انتہا ہوں لیکن ہمارے حساب میں سب منضبط ہیں کیونکہ) ہم نے (اپنے) دفتر (یعنی لوح محفوظ) میں کوئی چیز (کہ قیامت تک ہونے والی ہے بے لکھے) نہیں چھوڑی (سب کو لکھ لیا ہے گو اس کی بھی حاجت نہ تھی علم قدیم ہی کافی ہے لیکن لکھنے سے سب اشیاء کا منضبط ہو جانا عام افہام کے زیادہ قریب ہے جب سب منضبط ہیں پھر سب کو قیامت میں جمع کر لینا کیا مستبعد ہے۔ غرض اول سب کو حساب میں منضبط کر لیا گیا ہے) پھر (اس کے بعد اپنے وقت معین پر) سب (مذکورین انسان و دواب و طیور) اپنے پروردگار کے پاس جمع کئے جاویں گے۔ ف: اور حدیث شیخین میں ہے کہ اگر دنیا میں شاخدار بکری نے بے شاخ والی کو مارا ہوگا تو قیامت میں اس سے بدلہ لیا جاوے گا اور کمالین میں بروایت

www.besturdubooks.net

ابن جریر وابن المنذر رحضرت ابو ہریرہؓ سے مذکور ہے کہ اس کے بعد ان جانوروں کو حکم ہوگا کہ خاک ہو جاؤ اس وقت کافر تمنا کرے گا یٰلَیْتَنِیْ کُنْتُ تُرٰبًا۔ آہ آیت چونکہ اجمالاً یُحْشَرُوْنَ سے اس حدیث کے مضمون کی طرف مشیر ہے اس اشارہ کے اعتبار سے افادۂ تاکید مذکور فی التمہید میں اور قوت ہوگئی کہ جب غیر مکلفین بھی ایک گونہ جزا سے مستثنیٰ نہیں تو تم مکلفین کو تو کون چھوڑ دے گا پس منکرین بعث پر پورا احتجاج ہو گیا اور جاننا چاہئے کہ اس حدیث کے مضمون سے دواب وطیور کا مکلف ہونا لازم نہیں آتا کیونکہ یہ بدلہ بوجہ ناراضی اللہ تعالیٰ کے نہ ہوگا بلکہ عدل خداوندی کے لئے ان کے اعمال میں تساوی وتماثل کا محفوظ رہنا دکھلا دیا جاوے گا اور تمہید میں جو بعض حکمتوں کا لفظ مبہم ہے اس کی تفسیر اس اظہار تماثل سے کرنا ممکن ہے۔

ربط: اوپر وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ اور اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ میں صبر وتسلیہ فرمایا گیا ہے آگے بھی اسی کی تاکید اسی غرض سے ہے چنانچہ جملہ اولیٰ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا میں اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ کی اور جملہ ثانیہ وثالثہ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ وَمَنْ يَّشَاْ میں لَوْ شَآءَ کی تاکید ہے۔

تاکید مضمون صبر وتسلیہ سابق: وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ (الی قولہ تعالی) عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ اور جو لوگ ہماری آیتوں کی تکذیب کرتے ہیں وہ تو (حق سننے سے) بہرے (جیسے) اور (حق کہنے سے) گونگے (جیسے) ہو رہے ہیں (اور اس بہرے گونگے ہونے سے) طرح طرح کی ظلمتوں میں (گرفتار) ہیں (کیونکہ ہر کفر ایک ظلمت ہے ان کا اعراض جو کہ صمم وعدم استماع کا حاصل ہے ایک کفر ہے ان کفریات کا بکنا جو کہ بکم سے مقصود ہے ایک کفر ہے اور یہ خود متعدد مرتبے ہوتا ہے اس لئے بہت سی ظلمتیں ہو گئیں مطلب یہ کہ استجابت کے لئے تو استماع کی حاجت ہے جیسا اوپر کہا گیا اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الخ اور ان کا یہ حال ہے پھر ان سے استجابت کی کب توقع ہے بلکہ لامحالہ ظلمات ہی میں مبتلا ہوں گے پھر یہ کہ) اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں (بوجہ اعراض عن الحق کے) بے راہ کر دیں اور وہ جس کو چاہیں (اپنے فضل سے) سیدھی راہ (دین حق) پر لگا دیں (جیسا اوپر بھی کہا گیا ہے وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ پس ایسی حالت میں ان کی فکر میں پڑنا بے سود ہے سپرد بخدا کرنا چاہئے)

ربط: اوپر شروع سورت میں توحید کا اثبات اور شرک کا ابطال تھا آگے پھر اسی طرف ایک خاص طور پر عود ہے کہ خود مشرکین سے بعض سوالات کئے جاتے ہیں جن کے جواب میں شرک کا ابطال ہو جاوے گا جس میں اول سوال یہی اگلی آیت ہے اور دوسرا قُلْ اَرَءَيْتُمْ الخ آگے آتا ہے اور درمیان میں مقصود سوال اول کی تاکید وتقریب کا مضمون ہے جیسا ربط آئندہ میں اس کی تقریر آوے گی۔

عود بتوحید وابطال شرک بعنوان سوال: قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَ تَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ آپ (ان مشرکین سے) کہئے کہ (اچھا) اپنا (یہ) حال تو بتلاؤ کہ اگر تم پر خدا کا کوئی (ایسا) عذاب آ پڑے (جیسا پہلی امتوں پر آب یا باد یا آتش یا خسف خاک وغیرہ سے آیا تھا) یا تم پر قیامت ہی آ پہنچے (جس میں انواع انواع ہولیں ہوں گی) تو کیا (اس عذاب وہول کے ہٹانے کے واسطے) خدا کے سوا اور کو (اس وقت) پکارو گے اگر تم (دعویٰ اشراک میں) سچے ہو (تو چاہئے تو اس وقت بھی غیر اللہ ہی کو پکارنا لیکن ایسا ہرگز نہ ہو) بلکہ (اس وقت) تو خاص اسی کو پکارنے لگو (جیسا کہ اس سے کم مصیبت میں روزانہ ہوتا ہے) پھر جس (آفت) کے (ہٹانے کے) لئے تم (اس کو) پکارو اگر وہ چاہے تو اس کو ہٹا بھی دے (اور نہ چاہے تو نہ بھی ہٹاوے) اور جن جن کو تم (اب) شریک (الوہیت) ٹھہراتے ہو (اس وقت) ان سب کو بھول بھال جاؤ (پس اسی سے سمجھ لو کہ خدا کے سوا جب کوئی قادر مختار نہیں تو مستحق عبادت بھی اس کے سوا کوئی نہیں ہو سکتا) ف: یہ جو فرمایا کہ اگر چاہے ہٹا دے تو دوسرے دلائل سے معلوم ہو گیا کہ عذاب دنیوی میں تو دونوں احتمال ہیں اور احوال قیامت میں سے طول موقف شفاعت کبریٰ سے موقوف ہو جاوے گا اور یہ شفاعت کبریٰ اہل موقف کی درخواست پر ہوگی اور کسی سے یہ کہنا کہ ہمارے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کرو یہ بھی اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے کا ایک طریق ہے پس اس طول کا موقوف ہونا اس طرح سے دعاء الناس کا اثر ہوا اب یہ شبہ نہ رہا کہ کشف قرب قیامت میں ان لوگوں کی دعا کا کیا دخل ہوا اور دوسرے عذاب آخرت کے کفار سے نہ ٹلیں گے اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ احتجاج میں مقدمات کا مسلمہ ہونا چاہئے یہ مشرکین قیامت کے کب قائل تھے جواب یہ ہے کہ احتجاج وقوع قیامت سے نہیں کیا گیا بلکہ اس کے فرض وقوع سے کیا گیا اور فرض ہر ممکن کا ممکن ہے اور ان کے ابطال دعویٰ کے لئے یہ فرض بھی کافی ہے کیونکہ خفیف آفات میں ان کا مخلص ہو جانا ان کو اس جواب کی گنجائش نہیں دیتا کہ ہاں ہم اس وقت اپنے الٰہی کو پکاریں جیسا کہ ظاہر ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ الخ اس میں نص ہے کہ ارادۂ عبد سے مراد کا تخلف ہو سکتا ہے حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارادہ سے بھی پھر کسی شخص کے متعلق یہ عقیدہ اہل غلو کا کیسا صحیح ہو سکتا ہے کہ اس کی دعاء کا قبول ہونا لازم ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: لـ **قوله قبل فتاتيهم** وہاں سے اشار به الى ان تقدير الكلام هكذا فتاتيهم منهما كذا في الروح ۱۲ـ۲ **قوله في باية**

www.besturdubooks.net

بہتر ہے کرو اشارة الى حذف الجواب اى فافعل۱۲۔ ۳ قوله فى لو شاء تکوینا لان الارادة التشريعية التى من لوازمها المشروعية لا الحصول الحسى قد وقعت۱۲۔ ۴ قوله فى الارض خشک یا تر فشمل الحيتان وامثالها۱۲۔ ۵ قوله فى دابة وطائر قسم اشارة الى ان النكرة العامة ليس عمومها فرديا بل جنسيا او نوعيا ليصح حمل الامم عليها۱۲۔ ۶ قوله فى امثالكم محشور ہونے میں اورده فى الكبير قولا خامسا وهو الراجح عندى بقرينة المقام وبتائيد الحديث۱۲۔ ۷ قوله قوله فى الكتب اپنے دفتر میں فاللام للعهد۱۲۔ ۸ قوله هناك قیامت تک كما ورد فى الدر المنثور عن ابى هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ان اول شئى خلق الله القلم ثم النون وهى الدواة ثم قال له اكتب قال ما اكتب قال ما كان وما هو كائن الى يوم القيامة كذا فى المرقاة فما ورد الى الابد المراد به الى يوم القيامة فلا يرد ان الخلود ابدى فكيف يحصر الكتاب المتناهى الاشياء الغير المتناهية ولا يلزم من عدم اشتمال اللوح واقعات الآخرة عدم كونها مضبوط بطريق آخر۱۲۔ ۹ قوله فى ثم اس کے بعد فثم على معناها الظاهرى لان الحشر لا محالة متاخر عن الاحصاء الكتابى۱۲۔ ۱۰ قوله فى صم جیسے اشارة الى التشبيه البليغ فى الكلام۱۲۔ ۱۱ قوله فى الظلمٰت اس بہرے گونگے ہونے سے اشارة به الى وجه ترك العاطف فى قوله فى الظلمٰت حاصله ان كونهم فى الظلمٰت مسبب عن الصم والبكم ولا يذكر العاطف بين السبب والمسبب۱۲۔ ۱۲ قوله فى صديقين تو چاہیے الخ اشارة الى كون الجواب محذوفا ان كنتم صادقين فى دعوٰكم فمقتضاه ان تدعوهم ح لكنكم لا تدعونهم قط بل اياه الخ۱۲۔

اللغات: النفق هو السرب له مخلص الى مكان السلم مرقاة اخذا من السلامة لانه الذى يسلمك الى المصعد الاستجابة بمعنى الاجابة كذا فى الروح۱۲۔

النحو: قوله ارء يتكم فى حاشية البيضاوى للعصام عن التفتاز انى انما وضع الاستفهام عن العلم موضع الاستخبار لانه لا يخبر عن الشيء الا العالم به فوضع السبب موضع المسبب واستعملوا ارايت فى معنى اخبر ووجه كون ارايت بمعنى اخبرونى مع افراد الفاعل ان الخطاب عام يشمل المخاطب والمتعددة قال البيضاوى الكاف حرف خطاب اكد به الضمير لا محل له من الاعراب والفعل معلق وفيه قرأ نافع بتسهيل الهمزة الثانية والكسائى بحذفها۱۲۔

البلاغة: فى الروح قوله اعراضهم لعل التعبير بالاعراض دون التكذيب مع قوله تعالٰى ولقد كذبت لتهويل امر التكذيب قوله تبتغى فى الروح ايثار الابتغاء على الاتخاذ ونحوه للايذان بان ما ذكر من النفق والسلم مما لا يستطيع ابتغائه فكيف باتخاذه قوله يرجعون فى ايراده مبنيا للمفعول اشعار بانهم يحضرون قترا وان لم يشاء وا ۱۲۔ قوله الى ربهم فى الروح الضمير للامم وصيغة جمع العقلاء لاجرائها مجراهم والتعبير عنها بالامم قوله فى الارض ويطير هذان الوصفان لزيادة التعميم اى لا يعتبر خصوصية ما فيهما انما يعتبر كونهما دابة وطائرا ولم يقل فى طائر يطير فى السماء كما هو مقتضى المقابلة لانه لا يفيد العموم فان بعض الطيور لا يطير فى السماء لخصمة من الروح۱۲۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿٤٢﴾ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا

وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٤٣﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ

كُلِّ شَيْءٍ ۭ حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿٤٤﴾ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۭ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٥﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰي قُلُوْبِكُمْ مَّنْ

اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿٤٦﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ

اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٤٧﴾

اور ہم نے اور امتوں کی طرف بھی جو کہ آپ سے پہلے ہو چکی ہیں پیغمبر بھیجے تھے۔ سو ہم نے ان کو تنگدستی اور بیماری سے پکڑا تا کہ وہ ڈھیلے پڑ جائیں۔ سو جب ان کو ہماری سزا

www.besturdubooks.net

پہنچی تھی۔ وہ ڈھیلے کیوں نہ پڑے لیکن ان کے قلوب تو سخت رہے اور شیطان ان کے اعمال کو ان کے خیال میں آراستہ کر کے دکھلاتا رہا۔ پھر جب وہ لوگ ان چیزوں کو بھولے رہے جن کی ان کو نصیحت کی جاتی تھی تو ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کشادہ کر دیئے حتیٰ کہ جب ان چیزوں پر جو کہ ان کو ملی تھیں وہ خوب اترا گئے ہم ان کو دفعۃً پکڑ لیا۔ پھر تو وہ بالکل حیرت زدہ رہ گئے۔ پھر ظالم لوگوں کی جڑ کٹ گئی اور اللہ کا شکر ہے جو تمام عالم کا پروردگار ہے۔ آپ کہئے کہ یہ بتلاؤ کہ اگر اللہ تعالیٰ تمہاری شنوائی اور بینائی بالکل لے لے اور تمہارے دلوں پر مہر کر دے تو اللہ کے سوا کوئی معبود ہے۔ کہ یہ تم کو پھر دے دے۔ آپ دیکھئے تو ہم کس طرح دلائل کو مختلف پہلوؤں سے پیش کر رہے ہیں پھر یہ اعراض کرتے ہیں۔ آپ کہئے کہ یہ بتلاؤ کہ اگر تم پر اللہ کا عذاب آ پڑے خواہ بے خبری میں یا خبرداری میں تو کیا بجز ظالم بندوں کے اور بھی کوئی ہلاک ہوگا۞

تفسیر: ربط: اوپر مشرکین پر وقوع عذاب فرض کر کے اس بناء پر ان کے دعویٰ شرک کو باطل کیا گیا تھا آگے اس فرض کا غیر مستبعد ہونا ثابت کرنے کے لئے بعض امم سابقہ کا معذب وہالک ہونا بیان فرماتے ہیں تا کہ مخاطبین کو اس فرض کے غلط کہنے کی گنجائش نہ ہو اور اس ہلاکت کا ذکر بھی ایک خاص طور سے فرمایا ہے جس سے کفار موجودین کے منشاء انکار کا جواب بھی ساتھ ساتھ ہو جاوے کیونکہ بڑا منشاء انکار کا یہ ہوتا ہے کہ بعض مصائب آ آ کر ٹل جاتے ہیں تو نادان کو دھوکا ہوتا ہے کہ یہ سزائے اعمال نہ تھی ورنہ ٹلتی نہیں اسلئے سنا دیا کہ ان ہالکین کی دارو گیر کی ترتیب بھی یہی ہوئی تھی کہ اول نزول بلیات ہوا کہ تضرع کریں پھر استدراجاً نزول نعم فرمایا گیا جب خوب کفر بڑھ گیا پھر ہلاک کر دیئے گئے تو تم بعض بلیات کے ٹلنے سے دھوکا مت کھانا۔

ذکر ہلاکت بعض کفار سابقین بترتیب عجیب: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ (الی قولہ تعالیٰ) وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اور ہم نے اور امتوں کی طرف بھی جو کہ آپ سے پہلے (زمانہ میں) ہو چکی ہیں پیغمبر بھیجے تھے (مگر انہوں نے ان پیغمبروں کو نہ مانا) سو ہم نے ان کو (اس تکذیب پر) تنگدستی اور بیماری سے پکڑا تا کہ وہ ڈھیلے پڑ جاویں (اور اپنے کفر و تکذیب سے توبہ کر لیں) سو جب ان کو ہماری (طرف سے) سزا پہنچی تھی وہ ڈھیلے کیوں نہ پڑے (کہ ان کو جرم معاف ہو جاتا) لیکن ان کے قلوب تو (ویسے ہی) سخت (کے سخت ہی) رہے اور شیطان ان کے اعمال (کفریہ سابقہ) کو ان کے خیال میں (بدستور) آراستہ (و مستحسن) کر کے دکھلاتا رہا پھر جب وہ لوگ (بدستور) ان چیزوں کو بھولے (اور چھوڑے) رہے جن کی ان کو (پیغمبروں کی جانب سے) نصیحت کی جاتی تھی (یعنی ایمان واطاعت) تو ہم نے ان پر (از قسم اسباب عیش وعشرت) ہر چیز کے دروازے کشادہ کر دیئے (یعنی خوب نعمت وثروت دی) یہاں تک کہ جب ان چیزوں پر جو کہ ان کو (اسباب نعمت میں سے) ملی تھیں وہ خوب اترا گئے (اور غفلت اور مستی میں ان کا کفر خوب بڑھ گیا اس وقت) ہم نے ان کو دفعۃً (کہ ان کو گمان بھی نہ تھا) پکڑ لیا (اور عذاب شدید نازل کیا جیسا کہ قرآن کے اور مواقع میں ان قصوں کی تفصیل ہے) پھر تو وہ بالکل حیرت زدہ رہ گئے (کہ کیا ہوگا) پھر (اس عذاب سے) ظالم (کافر) لوگوں کی جڑ (تک) کٹ گئی (یعنی بالکل ہلاک ہو گئے) اور اللہ کا شکر ہے جو تمام عالم کا پروردگار ہے (کہ ایسے ظالموں کا پاپ کٹا جن کے ہونے سے نحوست ہی پھیلتی)

ف: مطلب یہ کہ اسی طرح یہ مشرکین اپنی حالت پر مغرور ہو کر بے فکر نہ رہیں۔

ربط: اوپر جو آیت: قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ الخ آئی ہے جو ارتباط اس کا ہے وہی آیت آئندہ قُلْ اَرَءَيْتُمْ الخ کا ہے جس کی تقریر آیت موصوفہ کی تمہید میں گزر چکی۔

ابطال شرک بعنوان سوال دیگر: قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ آپ (ان سے یہ بھی) کہئے کہ یہ بتلاؤ اگر اللہ تعالیٰ (عذاب نہ نازل فرماوے نہ سہی لیکن) تمہاری شنوائی اور بینائی بالکل لے لے (کہ نہ تم کو سنائی دے اور نہ دکھائی دے) اور تمہارے دلوں پر مہر کر دے (کہ تم دل سے کسی چیز کو نہ سمجھ سکو) تو اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی معبود ہے کہ یہ (چیزیں) تم کو پھر دے دے (جب تمہارے اقرار سے بھی کوئی ایسا نہیں پھر کیسے کسی کو مستحق عبادت سمجھتے ہو) آپ دیکھئے تو ہم کس (کس) طرح دلائل (توحید) کو مختلف پہلوؤں سے پیش کر رہے ہیں پھر (بھی ان کا یہ حال ہے کہ) یہ (ان دلائل میں فکر کرنے اور ان کے نتیجہ کے تسلیم کرنے سے) اعراض (اور بے رخی) کرتے ہیں۔

ربط: اوپر آیات: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ الخ میں جو کہ آیت سابقہ اَرَءَيْتَكُمْ اور آیت لاحقہ اَرَءَيْتُمْ کی تاکید وتقریب کے لئے ہیں امم سابقہ کا ہلاک ہونا بقصد ان کی تنبیہ کے بیان فرمایا آگے علت ہلاک یعنی ظلم کے اشتراک سے بعنوان سوال اس تنبیہ کی مع تنبیہ اختصاص اس عذاب کے ان کے ساتھ تصریح ہے۔

تنبیہ مشرکین بر عذاب واختصاص آں: قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ آپ (ان سے) کہئے کہ یہ بتلاؤ اگر تم پر اللہ کا عذاب آ پڑے خواہ بے خبری میں یا خبرداری میں تو کیا بجز ظالم (اور کافر) لوگوں کے (اس عذاب وغضب سے) اور کوئی بھی ہلاک کیا جاوے گا (یعنی وہ عذاب ہوگا بوجہ ظلم کے جیسا امم سابقہ پر بھی اسی وجہ سے ہوا ہے لقولہ تعالیٰ: فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا سو لامحالہ ظالموں ہی کے ساتھ خاص

www.besturdubooks.net

ہوگا اور ظالم تم ہو پس خاص تم پر ہی پڑے گا اور مؤمنین بچے رہیں گے۔ قولہ تعالیٰ: حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ سوتم کو متنبہ ہونا چاہئے اور مرگ انبوہ جشنے دارد کا سہارا بھی چھوڑ دینا چاہئے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ الخ الخ یعنی ان کو استدراجا نعمتیں عطا فرمائیں اور اسی کی نظیر اس شخص کا حال ہے جس کا باوجود معصیت کے حال اور ذوق باقی رہے یہ اس کے لئے استدراج ہوتا ہے (جس پر بعض جہال فخر کرتے ہیں کہ ہماری نسبت کیسی قوی ہے)۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله قبل فاخذناهم** نہ مانا اشارة الى تقدير فكذبوا ففى الكلام ايجاز ۱۲۔ ۲ **قوله فى فاخذناهم** اس تکذیب فهى العلة والتضرع هى الحكمة فلامنافاة ۱۲۔ ۳ **قوله فى نسوا** چھوڑے اشارة الى التفسير ۱۲۔ ۴ **قوله فى ختم** کسی چیز کو اشار الى ان هذا الختم ليس بالختم المخبر عن اثباته فى الآية الاخرى فان ذلك عن الايمان وذاك عن مطلق التعقل ۱۲۔ ۵ **قوله فى به** یہ چیزیں فالضمير بتاويل الماخوذ المختوم او المذكور ۱۲۔ ۶ **قوله فى بغتة** بے خبری اخترت هذين العنوانين ليظهر المقابلة بينهما لفظًا وانما لم يقل فى النظم الكريم خفية لان الاخفاء لا يناسب شانه تعالىٰ والمقابلة بين الشىء والقريب من مقابله كثيرة فى الفصيح ومنه قوله صلى الله عليه وسلم بشرا ولا تنفرا ۱۲۔ ۷ **قوله فى يهلك** اس عذاب وغضب اشار به الى ان مطلق الاهلاك لا ينافى الايمان بل ينافيه الاهلاك بذلك العذاب الغضبى المختص بالكفار ويعلم كون العذاب كذلك بالقرائن القولية العقلية والسمعية ۱۲۔

اللغات: فى القاموس ابلس تحير ويئس والدابر آخر كل شئى والاصل۔ صدف اعرض كذا فى القاموس ۱۲۔

البلاغۃ: قوله لو لا فى الروح الجمهور حملوه على التوبيخ والتنديم وهو يفيد الترك وعدم الوقوع ولذا ظهر الاستدراك والعطف فى قوله تعالىٰ ولكن قست ولما كان التضرع ناشيا من لين القلب كان نفيه فيه فكانه قيل فما لانت ولكن قست ۱۲۔ قوله فلما نسوا الخ فى الروح استشكل ذلك بانه لا يظهر وجه سببية النسيان لفتح ابواب الخير واجيب بان النسيان للاستدارج المتوقف على فتح ابواب الخير وسببية شىء لآخر تستلزم سببية لما يتوقف عليه وقيل انه مسبب عنه باعتبار غايته وهو اخذهم بغتة ۱۲۔ هل يهلك قال البيضاوى اى ما يهلك ولدلك صح الاستثناء۔

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝۴۸

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝۴۹ قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآىِٕنُ اللّٰهِ

وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۭ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۭ

ع ۱۱ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ۝۵۰ وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ

وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝۵۱ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۭ مَا

عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵۲

وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَاۗءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ۭ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ۝۵۳

وَاِذَا جَاۗءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ

عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْۗءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵۴ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ

ع ۱۲ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ۝۵۵

اور ہم پیغمبروں کو صرف اس واسطے بھیجا کرتے ہیں کہ وہ بشارت دیں اور ڈرائیں پھر جو شخص ایمان لے آئے اور درستی کرلے سو ان لوگوں پر کوئی اندیشہ نہیں اور نہ وہ مغموم

www.besturdubooks.net

ہونگے اور جو لوگ ہماری آیتوں کو جھوٹا بتلا دیں ان کو عذاب لگتا ہے بوجہ اسکے کہ وہ دائرہ (ایمان سے) نکلتے ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ نہ تو میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ میرے پاس خدا کے خزانے ہیں اور نہ میں تمام غیبوں کو جانتا ہوں اور نہ میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔ میں تو صرف جو کچھ میرے پاس وحی آتی ہے اس کا اتباع کر لیتا ہوں۔ آپ کہئے کہ اندھا اور بینا کیا برابر ہو سکتا ہے۔ سو کیا تم غور نہیں کرتے اور ایسے لوگوں سے ڈرائیے جو اس بات سے اندیشہ رکھتے ہیں کہ اپنے رب کے پاس ایسی حالت میں جمع کئے جائیں گے کہ جتنے غیر اللہ ہیں نہ کوئی ان کا مددگار ہوگا اور نہ کوئی شفیع ہوگا۔ اس اُمید پر کہ وہ ڈر جائیں اور ان کو نہ نکالئے جو صبح و شام اپنے پروردگار کی عبادت کرتے ہیں جس سے خاص اسکی رضا ہی کا قصد رکھتے ہیں۔ انکا حساب ذرا بھی آپ کے متعلق نہیں اور آپ کا حساب ذرا بھی ان کے متعلق نہیں کہ آپ انکو نکال دیں ورنہ آپ نامناسب کام کرنے والوں میں ہو جائیں گے اور اسی طور پر ہم نے ایک کو دوسروں کے ذریعہ سے آزمائش میں ڈال رکھا ہے تاکہ یہ لوگ کہا کریں کیا یہ لوگ ہیں کہ ہم سب میں سے ان پر اللہ تعالیٰ نے فضل کیا ہے۔ کیا یہ بات نہیں کہ اللہ حق شناسوں کو خوب جانتا ہے اور یہ لوگ جب آپ کے پاس آئیں جو کہ ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں تو یوں کہہ دیجئے کہ تم پر سلامتی ہے تمہارے رب نے مہربانی فرمانا اپنے ذمے مقرر کر لیا ہے کہ جو شخص تم میں سے کوئی برا کام کر بیٹھے جہالت سے پھر وہ اس کے بعد توبہ کرے اور اصلاح رکھے تو اللہ کی یہ شان ہے کہ وہ بڑے مغفرت کرنے والے ہیں بڑی رحمت والے ہیں اور اسی طرح ہم آیات کی تفصیل کرتے رہتے ہیں اور تاکہ مجرمین کا طریقہ ظاہر ہو جائے۞

تفسیر: ربط: اوپر آیت: وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الخ میں کفار کے فرمائشی معجزات کی عدم ضرورت وقوع کے ضمن میں تحقیق مسئلہ رسالت کی تھی جیسا وہاں مذکور ہوا آگے منصب رسالت کے لوازم کے بعد مطلق ثبوت کی تبلیغ ہے اور غیر لوازم کہ تمام فرمائشوں کا پورا کرنا ہے بیان کرنے سے اسی مجموعی مضمون کی قدرے تفصیل مقصود ہے۔

لوازم و غیر لوازم رسالت: وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ (الی قولہ تعالیٰ) لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ اور ہم پیغمبروں کو (جن کی پیغمبری دلائل قاطعہ سے ثابت کر چکے ہیں) صرف اس واسطے (امم کی طرف) بھیجا کرتے ہیں کہ وہ (ایمان اور اطاعت کرنے والوں کو رضائے الٰہی کی) بشارت دیں اور (کفر و معصیت کرنے والوں کو ناخوشی خداوندی سے جس پر کبھی دنیا میں بھی اور آخرت میں ہمیشہ عذاب کا استحقاق مرتب ہوتا ہے) ڈرائیں (اور اس لئے نہیں بھیجتے ہیں کہ جو کچھ بھی ان سے واہی تباہی فرمائشیں کی جاویں وہ سب کو پورا کریں جیسا یہ منکرین محض براہ عناد درخواست کرتے ہیں) پھر (ان پیغمبروں کی تبشیر و انذار کے بعد) جو شخص ایمان لے آوے اور (اپنی حالت کی اعتقاداً و عملاً درستی کرے سو ان لوگوں پر (آخرت میں) کوئی اندیشہ (کی بات واقع ہونے والی) نہیں (گو یہ لوگ باقتضائے ایمان خدا تعالیٰ سے خوف کیا کرتے ہیں) اور نہ وہ (وہاں) مغموم ہوں گے اور جو لوگ (اس تبشیر و انذار کے بعد بھی) ہماری آیتوں کو جھوٹا بتلا دیں ان کو (دنیا میں بھی کبھی اور آخرت میں تو ضرور ہی) عذاب لگتا ہے بوجہ اس کے کہ وہ دائرہ (ایمان) سے نکلتے ہیں (یعنی اصل کام پیغمبروں کا اور اس کام کا نتیجہ یہ ہے نہ کہ تمام فرمائشوں کا پورا کرنا پس اسی قاعدہ کے موافق یہ رسول بھی ہیں) آپ (ان لوگوں سے یہ قاعدہ سنانے کے بعد) کہہ دیجئے کہ (میں جو دعویٰ رسالت کا کرتا ہوں تو اس کے ساتھ) نہ تو میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ میرے پاس (یعنی میری قدرت میں) خدا تعالیٰ کے (تمام مقدورات کے) خزانے ہیں (کہ جب مجھ سے کسی امر کی فرمائش کی جاوے اس کو اپنی قدرت سے ظاہر کر دوں) اور نہ میں (یہ کہتا ہوں کہ میں) تمام غیبوں کو (جو کہ معلومات الٰہیہ ہیں) جانتا ہوں (جیسا بھی کبھی براہ عناد اس قسم کی باتیں پوچھتے ہو کہ قیامت کب آوے گی مثلاً) اور نہ میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں (جیسا کبھی براہ عناد یہ کہتے ہیں أَبَعَثَ اللَّهُ بَشَرًا رَّسُولًا یعنی کیا خدا تعالیٰ نے بشر کو رسول بنا کر بھیجا ہے رسول فرشتہ ہونا چاہئے سو میں تو رسالت کے ساتھ ملکیت کا مدعی نہیں ہوں) میں تو صرف (رسول ثابت الرسالت بالدلیل ہوں میرا کام تو اتنا ہے کہ) جو کچھ میرے پاس وحی آتی ہے (جس میں خود عمل کرنا بھی آ گیا اور دوسروں کو تبلیغ کرنا بھی) اس کا اتباع کر لیتا ہوں (جیسا اور پیغمبروں کا بھی یہی قاعدہ تھا پھر ثبوت رسالت کے بعد یہ مہملات میرے سامنے کیوں پیش کئے جاتے ہیں) آپ (یہ تقریر دلپذیر سنا کر ان سے) کہئے کہ (یہ تو ظاہر ہے کہ) اندھا اور بینا کہیں برابر ہو سکتا ہے (جب یہ بات ٹھہری ہوئی ہے) سو کیا تم (آنکھوں والا بننا نہیں چاہتے اور اس تقریر مذکور میں) غور (کامل بقصد طلب حق) نہیں کرتے (کہ حق واضح ہو جاوے اور آنکھوں والوں میں داخل ہو جاؤ ورنہ یاد رکھو کہ اندھے ہی بنے رہو گے) اور (اگر اس پر بھی عناد سے باز نہ آویں تو ان سے مباحثہ موقوف کیجئے اور جو اصلی کام ہے رسالت کا یعنی تبلیغ اس میں مشغول ہو جائیے اور) ایسے لوگوں کو (کفر و معصیت پر عذاب الٰہی سے خاص طور پر) ڈرائیے جو (اعتقاداً یا احتمالاً) اس بات سے اندیشہ رکھتے ہیں کہ (قیامت میں) اپنے رب کے پاس (قبروں سے زندہ کرنے کے بعد) ایسی حالت سے جمع کئے جاویں گے کہ جتنے غیر اللہ (کفار کے زعم میں مددگار اور مستقل شفیع سمجھے جاتے) ہیں (اس وقت) نہ کوئی ان کا مددگار ہوگا اور نہ کوئی (مستقل) شفیع ہوگا (اور ایسے لوگوں کو) اس امید پر (ڈرائیے) کہ وہ (عذاب سے) ڈر جاویں (اور کفر و معصیت سے

www.besturdubooks.net

باز آجاویں کیونکہ نہ ڈرنا کسی ولی وشفیع کے بھروسہ پر ہوتا ہے اور وہ معدوم ہے)

ف: حشر کے متعلق کل تین طرح کے آدمی ہیں ایک وہ جو جزماً اس کے ثبوت کے معتقد ہیں دوسرے وہ جو متردد ہیں آیت میں ان ہی دونوں جماعتوں کا ذکر ہے جن کی طرف احقر نے تقریر ترجمہ میں اس عبارت سے اشارہ کیا ہے اعتقاداً یا احتمالاً الخ تیسرے وہ جو جزماً اس کے منکر ہیں اور انذار گو ان کو بھی عام ہے جیسا اور آیات میں مصرح ہے لیکن یہاں مطلق انذار مراد نہیں بلکہ وہ انذار جس میں خاص اہتمام ہو سو یہ وہاں ہی ہوگا جہاں نفع متیقن یا متوقع ہو جیسا قسم اول وقسم دوم کا حال ہے بخلاف اس قسم سوم کے کہ بوجہ عدم توقع نفع ان کو انذار محض اتمام حجت کے لئے ہوگا توجہ کی ان میں بوجہ عناد کے قابلیت ہی نہیں اس لئے یہاں قسمین اولین کی تخصیص کی گئی جیسا بعض آیات میں بنا بر تیقن نفع کے صرف قسم اول ہی کی تخصیص بھی ہے کقولہ تعالیٰ: اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ الخ اور احقر نے اثنائے ترجمہ میں جو لفظ خاص طور پر کہا ہے وہ اشارہ اسی تقریر کی طرف ہے اور غیر اللہ کی ولایت وشفاعت کی نفی کا تحقق دو طور پر ہو سکتا ہے ایک یہ کہ ان کا کوئی ولی اور شفیع نہ ہو یہ تو کفار کے لئے ہوگا دوسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ ان کا ولی اور رسول اور دیگر مقبولین ان کے شفیع ہوں مگر غیر اللہ نہ ہو یہ مسلمانوں کے لئے ہوگا اور ولی میں تو غیر اللہ نہ ہونا ظاہر ہے اور شفیع میں مراد یہ ہے کہ من غیر اذن اللہ نہ ہو چنانچہ شفاعت مومنین کے لئے بالاذن ہوگی پس من دونہ دونوں کو شامل ہے من دون ذاتہ کو بھی اور من دون اذنہ کو بھی غرض غیر اللہ کی ولایت اور غیر مومنین کیلئے شفاعت مطلقاً منفی ہے اور اللہ کی ولایت اور مقبولین کی شفاعت مومنین کے لئے ثابت ہے اور آیت میں تین امر کی نفی کی گئی قدرۃ علی الخزائن علم غیب ملکیت اس کی ایک توجیہ کہ آیات مقترحہ کا جواب ہے تقریر ترجمہ میں مذکور ہے اور ایک سہل توجیہ یہ خیال میں آتی ہے کہ مقصود اس سے دفع استبعاد کفار کا ہو یعنی تم جو اقتراح آیات سے میری رسالت کی تکذیب کرتے ہو محض بے معنی ہے رسالت جس کا میں مع دلیل مدعی ہوں کوئی مستبعد امر نہیں ہے کسی امر عجیب وغریب مثل قدرۃ وعلم وملکیت مذکورہ کا تو میں مدعی نہیں جو اس کو مستبعد سمجھ کر انکار کرتے ہو جیسا سورۂ ہود میں نوح علیہ السلام کا قول ہے وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ۔

ربط: اوپر کی آیات میں لوازم منصب رسالت کے ساتھ کہ تبلیغ ہے منجملہ تین قسم کے آدمیوں کے جو اوپر **ف** کے تحت میں مذکور ہیں معاندین کے لئے زیادہ فکر میں نہ پڑنا بلکہ انذار عام پر اکتفا کرنا اور مترددین اور طالبین کے لئے خاص توجہ فرمانا مذکور تھا آگے صرف طالبین کے حال پر اس توجہ مذکور مشترک سے بھی زیادہ خاص توجہ فرمانے کا ارشاد ہوتا ہے پس معاندین کے لئے تو تبلیغ عام ہوئی اور مترددین کے لئے خاص اور طالبین کے لئے اخص۔ سبحان اللہ کیا حکیمانہ عدل ہے اور سبب نزول ان آیات آئندہ کا یہ ہوا تھا کہ بعض رؤسائے کفار قریش نے بعض غرباء صحابہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھا ہوا دیکھ کر تحقیراً کہا: اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا جس کا ترجمہ آگے آوے گا اور آپ سے عرض کیا کہ ہم ان لوگوں کے ساتھ ایک مجلس میں بیٹھنا گوارا نہیں کرتے اگر آپ ان کو ہٹا دیں تو ہم آپ کے پاس آیا کریں اور بعض روایات میں ہے کہ ان سب نے یہ درخواست بواسطہ آپ کے چچا ابوطالب کے بھی پیش کی حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ ایسا بھی کر دکھلایئے دیکھیں ان کا کیا مقصود ہے یعنی یہ راہ پر آتے ہیں یا نہیں اور بعض روایات میں آیا ہے کہ انہوں نے یہ درخواست کی تھی کہ جس وقت ہم آیا کریں اس وقت یہ لوگ اُٹھ جایا کریں جب ہم چلے جاویں اس وقت یہ آجایا کریں اور ایک روایت میں یہ ہے کہ انہوں نے کہا کہ اگر آپ ان کو ہٹا دیں تو عجب نہیں ہم آپ کا اتباع کر لیں۔ اور ایک روایت میں ہے کہ حضور ﷺ نے اس درخواست کو منظور فرما لیا گو عمل نہیں ہونے پایا اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں جن کی ابتداء وانتہا ایک روایت میں وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ سے بِالشّٰكِرِيْنَ تک ہے اور ایک روایت میں اَنْذِرْ سے مجرمین تک ہے اور ایک روایت میں انذر سے شاکرین تک ہے اور ایک روایت میں اَنْذِرْ سے بِالظّٰلِمِيْنَ تک ہے اور ان میں کچھ تعارض نہیں اجتہاد رواۃ کے اختلاف سے ایسا اختلاف سہل ہے اور مضر مقصود نہیں نیز ممکن ہے کہ بتدریج سب کا نزول ہوا ہو کسی نے بعض اجزاء کو بیان کر دیا کسی نے مجموعہ کو غرض جب آیتیں نازل ہوئیں تو حضرت عمرؓ نے حاضر ہو کر اپنی رائے سے معذرت کی اس پر وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ الخ کا نزول ہوا جس میں بشارت ہے قبول توبہ کی لقولہ تعالیٰ: مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ (الی قولہ تعالی) تَابَ الخ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان غرباء کو بلایا جب حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ یہ روایات لباب اور روح المعانی میں ابن حبان اور حاکم اور احمد اور طبرانی اور ابن ابی حاتم اور ابن جریر اور ابوالشیخ اور بیہقی اور ابن المنذر سے بروایت رواۃ مختلفہ منقول ہیں اور لَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ سے آخر تک کی مناسبت تو شان نزول سے ظاہر ہے کہ مسلمانوں کے ہٹانے کی نہیں اور ان کے ساتھ ملاطفت کا امر اور ان درخواست کرنے والوں کی مذمت ان آیات کے مضامین ہیں لیکن اگر آیت وَاَنْذِرْ بِهِ کا بھی اسی قصہ میں نزول ہو تو اس کی مناسبت قصہ سے اس طور پر ہے کہ آپ کو یہ بات بتلانا ہے کہ آپ کو جو اس درخواست کی منظور کا خیال ہوا تو اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ ان کو خاص اہتمام سے تبلیغ ہو جاوے گی سو ایسی خاص تبلیغ معاندین کے لئے بوجہ مفید نہ ہونے کے ضرور نہیں صرف تبلیغ عام کہ اتمام حجت کے لئے لازمہ نبوت ہے کافی ہے سو وہ بدوں مجلس

www.besturdubooks.net

خاص کے بھی حاصل ہے اور تبلیغ خاص کا محل صرف خائفین ہیں خواہ اعتقاداً یا تردداً اس لئے آپ اس درخواست کی طرف کچھ التفات نہ کیجئے اس تقریر سے وجہ مناسبت خوب ظاہر ہوگئی اسی طرح آیات :قُلْ اِنِّیْ نُهِیْتُ الخ کی مناسبت بایں معنی ہوگی کہ جب اَنْذِرْ بِهِ الَّذِیْنَ اور لَا تَطْرُدِ الَّذِیْنَ سے معلوم ہوگیا کہ تبلیغ خاص اور اخص کے محل خائفین اور مومنین ہیں نہ کہ معاندین تو بس ان معاندین کی اتنی مراعات ضروری نہیں بلکہ ان کے لئے تبلیغ عام کافی ہے جو کہ مدلول ہے قُلْ اِنِّیْ نُهِیْتُ الخ کی یعنی ان سے صرف ایسے مضامین توحید و رسالت کے متعلق جو اِنِّیْ نُهِیْتُ اور اِنِّیْ عَلٰی بَیِّنَةٍ الخ کے مدلول میں زبانی کہہ دینا کہ مطلق مصداق قولی مصدر قل کا ہے کافی ہے اس تقریر پر اَنْذِرْ بِهِ سے بِالظّٰلِمِیْنَ تک ایک ہی مضمون متلاصق الاجزاء ہو گیا و الحمد لله علی ما علم و افهم اور جاننا چاہئے کہ اس منظوری سے آپ کی شان عصمت پر کوئی حرف نہیں آتا کیونکہ آپ کی منظوری کی بناء ان غرباء کی تحقیر نہ تھی بلکہ صرف ان رؤساء کی تالیف قلب بامید ہدایت تھی اور خود صحابہؓ کو بھی یہ بات معلوم تھی اس لئے ان کی دل شکنی بھی نہیں ہوئی تھی۔غرض یہ آپ کا اجتہاد تھا مگر اللہ تعالیٰ نے اس اجتہاد پر عمل کرنے کی اجازت نہیں دی کیونکہ حق تعالیٰ کو علم غیب ہے کہ یہ تدبیر نافع نہ ہوگی اور لاتطرد سے شبہ وقوع طرد یا ارادۂ طرد کا نہ کرنا چاہئے کیونکہ نہی قبل وقوع بھی ہوتی ہے رہا احتمال[1] ارادہ کا تو تخصیص مجلس روساء کو مجازاً طرد سے تعبیر فرمایا ہے۔

تخصیص طالبین حق بمزید الطاف : وَلَا تَطْرُدِ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ (الی قوله تعالٰی) وَ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ وَلِتَسْتَبِیْنَ سَبِیْلُ الْمُجْرِمِیْنَ اور ان لوگوں کو (اپنی مجلس سے) نہ نکالئے (یعنی گو آپ کی نیت نکالنے کی نہ ہو مگر ان رؤسا کی درخواست پر کسی خاص وقت پر ان کی علیحدگی تجویز فرمانا ایسا ہی ناپسند ہے جیسے نکال دینا پس ان لوگوں کو علیحدہ نہ کیجئے) جو صبح و شام (یعنی علی الدوام بدوام مناسب) اپنے پروردگار کی عبادت کرتے ہیں جس سے خاص اس کی رضا ہی کا قصد رکھتے ہیں (اور کوئی غرض مال یا جاہ کی نہیں یعنی ان میں عبادت کے ساتھ اخلاص کی صفت بھی ہے اور یہ مجموعہ مقتضی مزید الطاف کو ہے اور گو آپؐ کو ہر عبادت میں ان کے اخلاص باطنی کا جو کہ مقتضی اکرام کا جزو ہے علم ہر وقت نہ ہو مگر ان کا عبادت گزار ہونا تو امر ظاہر اور معلوم ہے اور اصل عبادت میں اخلاص ہے پس جب تک عدم اخلاص کی کوئی دلیل قائم نہ ہو اخلاص ہی کا گمان رکھنا چاہئے اور) ان (کے باطن) کا حساب (اور تفتیش) ذرا بھی آپ کے متعلق نہیں اور (یہ ان کی باطن کی تفتیش کا آپ سے متعلق نہ ہونا ایسا یقینی ہے جیسا کہ) آپ (کے باطن) کا حساب (اور تفتیش) ذرا بھی ان کے متعلق نہیں (غرض ان کے باطن کی تفتیش قطعاً آپ کے متعلق نہیں) کہ آپؐ ان کو نکال دیں (یعنی اگر ان کے باطن کی تفتیش آپ کے متعلق ہوتی تو تحقق اخلاص کے قبل یا تحقق عدم اخلاص کے بعد طرد کی گنجائش تھی یعنی مقتضی طرد صرف ایک یہ امر ہو سکتا تھا جو یقیناً منفی ہے اور فقر جو کہ درخواست کنندوں کے نزدیک موجب طرد ہے وہ واقع میں موجب ہی نہیں پھر طرد میں جواز کا احتمال ہی نہیں چونکہ آپ مربی ہیں اس لئے مربی کو اپنے ماتحتوں کی تفتیش کرنا فی نفسہ محتمل تھا اور اس کا عکس یقیناً منفی ہے اس لئے محتمل کو متیقن کے ساتھ مساوی قرار دے کر اس کی نفی کی گئی کہ وہ بھی یقیناً منفی ہو جاوے) ورنہ (ایسی حالت میں ان کو علیحدہ کرنے سے) آپ نامناسب کام کرنے والوں میں ہو جاویں گے اور (ہم نے جو ان مومنین کو غریب اور ان کافروں کو رئیس بنا دیا ہے جو کہ ظاہر مقتضائے قیاس سے بعید ہے تو) اسی (عجیب) طور پر ہم نے (ان میں سے) ایک کو (یعنی کفار کو) دوسروں کے (یعنی مومنین کے) ذریعہ سے آزمائش میں ڈال رکھا ہے (یعنی حکمت اس میں امتحان ہے کفار کا) تاکہ یہ (کفار) لوگ (ان مومنین کی نسبت) کہا کریں (چہ خوش) کیا یہ لوگ ہیں کہ ہم سب میں سے (ان کو منتخب کر کے) ان پر اللہ تعالیٰ نے (اپنا) فضل کیا ہے (جیسا یہ کہتے ہیں مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ یعنی یہ جو اسلام کو فضل الٰہی سمجھ کر اپنے کو اس کا مورد قرار دیتے ہیں فضل الٰہی بھی ایسے بے سروسامانوں پر کہ بے سروسامانی ظاہراً علامت غیر مقبول ہونے کی ہے ہوا کرتا ہوگا یعنی نہ اللہ نے ان پر فضل کیا ورنہ اسلام کوئی فضل ہے ورنہ ان پر کیوںؐ ہوتا اس کے مستحق ہم تھے کہ ہماری خوشحالی علامت ہے محبوب عند اللہ ہونے کی اور کفار کا یہ غلط خیال مومنین کے فقر و فاقہ اور اپنی ثروت و جاہ سے پیدا ہوا پس دونوں حالتوں کا کفار کے لئے موجب امتحان ہونا ظاہر ہو گیا اور چونکہ اللہ تعالیٰ کو تو علم ہے ہی اس کو امتحان دوسروں کے اعتبار سے کہہ دیا گیا آگے ان کے اس طعن کا جواب ہے کہ) کیا یہ بات نہیں کہ اللہ تعالیٰ حق شناسوں کو خوب جانتا ہے (ان غرباء نے منعم حقیقی کا حق پہچانا طلب حق میں لگ گئے دین حق و قبول عند اللہ سے مشرف کئے گئے اور ان رؤسا نے کفران کیا اس نعمت سے محروم رہے مدار کار اس پر ہے اس میں مسکنت و ریاست کو کیا دخل) اور (اے محمد ﷺ جب یہ غرباء ایسے ہیں کہ عابد بھی ہیں اور مخلص بھی ہیں تو) یہ لوگ جب آپ کے پاس آویں جو کہ (صفات مذکورہ بالا کے ساتھ یہ صفت بھی رکھتے ہیں کہ) ہماری آیتوں پر (پورا) ایمان (بھی رکھتے ہیں تو ان سے بشارت سنانے کے لئے) یوں کہہ دیجئے کہ (ایک تو) تم پر (اللہ کی طرف سے ہر طرح کی آفات سے جو کفار پر آخرت میں پڑیں گی) سلامتی (اور امن) ہے (اور دوسرے تمہارے رب نے اپنے فضل و وعدے سے تمہارے حال پر) مہربانی فرمانا (اور تم کو نعمتیں دینا) اپنے ذمہ مقرر کر لیا ہے (اور وہ مہربانیؐ یہ ہے کہ جو شخص پہلے سے فرمانبردار ہے وہ تو مصرح ہی ہے اللہ تعالیٰ کا یہاں تک فضل ہے) کہ جو شخص تم میں سے کوئی

www.besturdubooks.net

برا کام کر بیٹھے (جو کہ) جہالت سے (ہو جاتا ہے کیونکہ خلاف حکم امر کرنا عملی جہالت ہے مگر) پھر وہ اس کے بعد توبہ کر لے اور (آئندہ کو اپنے اعمال کی) اصلاح رکھے (اس میں یہ بھی آ گیا کہ اگر وہ توبہ ٹوٹ جاوے پھر توبہ کر لے) تو اللہ تعالیٰ کی یہ شان ہے کہ وہ (اس کے لئے بھی) بڑے مغفرت کرنے والے ہیں (کہ آفات وعقوبات معصیت سے بھی محفوظ رکھیں گے اور) بڑی رحمت والے ہیں (کہ نعمتیں طرح طرح کی دیں گے) اور (جس طرح ہم نے اس مقام پر مؤمنین اور کفار کے حال اور مآل کی تفصیل کر دی) اسی طرح ہم آیات کی (جو کہ دونوں طریق کے حال ومآل پر مشتمل ہوں) تفصیل کرتے رہتے ہیں (تا کہ مؤمنین کا طریقہ بھی ظاہر ہو جاوے) اور تا کہ مجرمین (یعنی کفار) کا طریقہ (بھی) ظاہر ہو جاوے (اور حق و باطل کے واضح ہونے سے طالب حق کو معرفت سہل ہو جاوے) **ف**: آیت میں چند سوال ہیں۔ **ایک سوال**: یہ کہ جب آپ نے مؤمنین کا طرد نہیں فرمایا اور نہ ارادہ فرمایا جیسا تمہید میں مذکور ہوا تو آیت میں نہی کیوں فرمائی۔ **جواب**: علیحدگی بمصلحت کو مجازاً طرد فرمایا جیسا اثنائے ترجمہ میں اس مجاز کی تقریر بھی کر دی بقولہ ایسا ہی ناپسند ہے الخ **دوسرا سوال**: جب طرد سے یہ مراد ہے تو یہ تو ظلم نہ تھا پھر فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ کیوں فرمایا۔ **جواب**: ظلم کے معنی لغوی یہ ہیں **وضع الشئی فی غیر محله** پس یہ خلاف اولیٰ کو بھی شامل ہے اثنائے ترجمہ میں اس طرف بھی اشارہ ہے بقولہ نامناسب کام۔ **تیسرا سوال**: فَتَنَّا کی علت لِيَقُوْلُوْٓا فرمائی تو کیا کفار کا ایسا کلمہ کہنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقصود ہے۔ **جواب**: ہاں مقصود تکوینی ہے کیونکہ خلق قبائح میں بے شمار حکمتیں ہیں چنانچہ اس مقام پر امتحان ہی ایک حکمت ہے **چوتھا سوال**: آپ کو حکم ہوا ہے کہ جب اہل ایمان آویں تو یوں کہئے السلام علیکم الخ تو کیا آپ ہر حاضری پر ایسا فرماتے تھے۔ **جواب**: اذا عموم کے لئے نہیں اس لئے ہر بار فرمانا ضروری نہیں اور جب حاضری کے وقت آیت سنائی اس حکم کا امتثال ہو گیا اور آیت کا سنانا یقینی ہے۔ **پانچواں سوال**: کیا جو گناہ جہالت سے نہ ہو اس سے توبہ اور اس کی مغفرت نہیں ہوتی۔ **جواب**: یہ جہالت علمی نہیں عملی ہے جو ہر گناہ کے لئے لازم ہے جیسا روح میں حسن سے نقل کیا ہے **کل من عمل معصية فهو جاهل** پس یہ قید واقعی ہے احترازی نہیں **چھٹا سوال**: ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ مغفرت کے لئے توبہ شرط ہے حالانکہ اہل حق کے نزدیک محض فضل سے بھی مغفرت محتمل ہے **جواب**: اس کا مدلول تائب کی مغفرت ہے نہ کہ غیر تائب کی عدم مغفرت اور بلا توبہ مغفرت دوسرے نصوص مطلقہ سے ثابت ہے خوب سمجھ لو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ الخ اس میں دو چیزوں کی نفی ہے ایک تو عبد سے خواصِ الوہیت قدرتِ کاملہ وعلم محیط کی نفی اور دوسرے بشر سے تنزہ عن البشریۃ کی نفی اور دو چیزوں کا اثبات ہے ایک عبدیت کا جس کے لوازم میں سے امتثال امر اور اتباع وحی ہے اور دوسری بشریت کا جس کے لوازم میں سے اکل وشرب وغضب ورضا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ الخ اس میں مریدین کے بعض حقوق کا بیان ہے کہ ان کو بلا مصلحت دینیہ اپنے سے مطرود نہ کرے اور ان کے پاس مقید ہو کر بیٹھے اور ان کو سلامت ورحمت وقبول توبہ کی بشارت دے ۱۲۔

الحواشی: (۱) یعنی نہی ہوتی ہے محتمل الوقوع سے پس اس سے اقل درجہ احتمال تو ثابت ہوا جواب یہ دیا کہ یہ حقیقی معنی پر محمول نہیں کہ اس کا احتمال ہو بلکہ **لا تطرد** مجاز ہے تخصیص مجلس رؤساء سے فافہم ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله فی المرسلین** جن کی پیغمبری **دل عليه عنوان الرسالة لانها يتوقف على الدليل واثبات الشئی اثبات ما يتوقف عليه فليس المقصود بالآية نفی لزوم الآيات على الرسالة مطلقاً بل نفی لزوم الآيات المقترحة وهو مدار الحصر فافهم كما اشرت اليه بقولی فيما بعد** اس لئے نہیں بھیجا کرتے ۱۲۔ ۲؎ **قوله فی خزائن مقدورات اشارة الى حذف المضاف كما فی الروح** ۱۲۔ ۳؎ **قوله فی لا اعلم** کہتا ہوں **اشارة الى انه عطف على محل عندی باضمار القول بين لا واعلم لا بين الواو ولا ليكون المعنى واقول لا اعلم مع انه غير مقصود** ۱۲۔ ۴؎ **قوله فی انی ملك** کہتے ہو **اشارة الى ان هذه الجملة ايضا جواب من بعض اقتراحاتهم فلا مس بالمقام بمبحث الترقی او التدلی فی الكلام من الالوهية الى الملكية وانما اعيد القول فی الجملة الثالثة لانها نوع آخر لعدم اختصاصها بالله تعالٰى بخلاف الاولين من القدرة الكاملة والعلم المحيط فانها مختصان بالله تعالٰى** ۱۲۔ ۵؎ **قوله فی افلا** جب یہ بات الخ **اشارة الى ان الفاء لترتب وجوب الفكر على كون البصير اكمل فالفاء مقدم فی المرام ومؤخر فی الكلام عن الهمزة كما فی قوله افكلما جاء كم رسول بما لا تهوى الخ تقديره فكلما جاء كم استكبرتم كما صرحوا به** ۱۲۔ ۶؎ **قوله فی ليس** ایسی حالت **اشارة الى ان قوله ليس لهم فی حيز النصب على الحالية من يحشروا والعامل فيه فعله ومن دونه متعلق بمحذوف وقع حالا من اسم ليس لانه فی الاصل صفة له فلما قدم عليه انتصب على الحالية والمخوف منه هو الحال الاولى لان مطلق الحشر لا يخاف منه انما المخوف منه هو فقدان الولی والشفيع بدون اذن الله واشرت اليه بقولی فی آخر الترجمة** کیونکہ نہ ڈرنا الخ **والحال الثانية** قید واقعی **كما يظهر من ترجمتی فالمقصود نفی ولا**

www.besturdubooks.net

يتهم وشفاعتهم لاختصاص الولاية والشفاعة بالله تعالىٰ بمعنى انه لا يكون لهم ولى الا الله الخ فان الانذار به غير مقصود كما هو ظاهر انما المقصود الانذار لفقدان الولى والشفيع المستعمل مطلقا فافهم وفهمته من الروح ۱۲۔ ۷ قوله فى الغداوة والعشى بدوام مناسب لان الدوام الحقيقى لا يمكن ۱۲۔ ۸ قوله قبل ما عليك گو آپ کوالخ اشارة الى فائدة جملة ما عليك الخ من الجواب عما عسى ان يتخيل ان مقتضى الاكرام هو المجموع ولا يحكم به ما دام الاخلاص مشكوكا فيه وكونه مشكوكا غير مشكوك فيه الا نادرا فى بعض الاوقات بالوحى او القرينة واشار اليه بقوله ہروقت ولا يرد انه تعالىٰ لما اخبر عن اخلاصهم فلا معنى لكون الاخلاص غير مقطوع به ليحتاج الى نفى الحساب وجه عدم الورود ظاهر فان قوله يريدون لا يعم كل الاوقات وكل الاحوال وهو ظاهر ۱۲۔ ۹ قوله فى الحساب تفتیش هذا كما فى قوله عليه السلام وحسابهم على الله وقوله تعالىٰ ان حسابهم الا على ربى ۱۲۔ ۱۰ قوله غرض ان کے باطن الخ افاد باعادته ان جملة فتطرد مرتب على جملة ما عليك الخ وان الجملة الثانية لتقرير الاولى كما قرر فى الترجمة واما كونها منصوبة فى جواب مجموع النفى فلا يضر لان المقصود من هذا المجموع هو الجملة الاولىٰ فافهم ۱۲۔ ۱۱ قوله فى فتطرد کہ آپ ان کو لم يترجم بتقدير الشرط كما هو الشائع فى جوب النفى لانه خلاف المقصود بل المراد انتفاء لطرد لانتفاء حسابهم ضرورة انتفاء المسبب لانتفاء السبب كانه قيل ما يكون ذلك منك فيكف يقع منك طرد وهو احد معنيين فى مثل هذا التركيب اخذته من الروح ۱۲۔ ۱۲ قوله فى فتكون ورنہ ایسی حالت الخ اشار به الى كونه جوابا للنهى اى ان تطرد فتكون الخ وكلمة ورنہ لرعاية المحاورة الهنديه فى جواب النهى ۱۲۔ ۱۳ قوله فى توضيح اهؤلاء من الله کیوں ہوتا اشار بذاك الى ما فى الروح ان غرضهم انكارا لمن راسا على حد قوهم لو كان خيرا ما سبقونا اليه لا تحقير المنون عليهم مع الاعتراف بوقوعه بطريق الاعتراض على سبحانه وتعالىٰ ۱۲۔ ۱۴ قوله قبل انه من عمل ومہربانی اشارة الى البدل وقوله هناك فرمانبردار اشارة الى كونه مدلولا بالاونى ۱۲۔ ۱۵ قوله فى اصلح اس میں یہ بھی فلا يرد ان من تاب ثم عاد فينبغى ان لا يغفر له ۱۲۔ ۱۶ قوله فى فانه یہ شان اشارة الى انه منصوب على كونه خبر المبتدأ اى فشانه تعالىٰ انه الخ ۱۲۔ ۱۷ قوله فى ولتستبين تاکہ موشین اشار الى الجملة المقدرة المعطوف عليها ۱۲۔

الروایات: فى الروح عن عبيد بن حميد ومسدود ابن جرير عن ماهان قال اتى قوم النبى صلى الله عليه وسلم فقالوا اصبنا ذنوبا عظاما فما رد عليه الصلوٰة والسلام عليهم شيئا فانصرفوا فانزل الله تعالىٰ الآية فدعاهم صلى الله عليه وسلم فقرأها عليهم اه قلت ويمكن ان تكون القصص كلها قد وقعت والله اعلم ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قوله انه من عمل فى قراء ة انه بالكسر استيناف قوله فانه فى قراء ة بالكسر ووجهه ظاهر قوله لتستبين فى قراء ة بالتاء ونصب السبيل على معنى ولتستوضح يا محمد سبيلهم وفى قراء ة بالياء والرفع على تذكير السبيل ۱۲۔ قرأ الكسائى وغيره يقض الحق بالضاد للعجمة من القضاء ولم يثبت الياء فى الحظ اتباعاً لللفظ ۱۲۔

الفقه: استدل بعضهم بقوله ان اتبع على انه صلى الله عليه وسلم لم يكن يجتهد والجواب ان الاجتهاد لما كان ما ذونا فيه بالوحى فاتباعه اتباع للوحى فافهم ۱۲۔

اللغات: الوجه اريد به الذات ومعنى ارادة الذات الاخلاص لها لاستحالة ظاهر معنى ارادة الذات فانها لا تتعلق الا بالممكنات

النحو: كذلك فتنا اى مثل ذلك الفتن البديع فتنا ۱۲۔ كذبتم به راجع الى البينة بتاويل الدليل والقرآن۔

البلاغۃ: قوله ان اتبع قال عصام لم يقل انى رسول تحاشيا عن دعوى الفضيلة صريحة كما هو داب المتواضعين المتحاشين عن التكبر اه قلت بخلاف الاخبار عن الاتباع فان الاتباع هو العبدية ۱۲۔ قوله يريدون فائدة الجملة التاكيد علة النهى ۱۲۔ قوله باعلم بالشكرين عدى بالباء لتضمين معنى الاحاطة ۱۲۔ قوله اذا جاء ك الذين يؤمنون فيه وضع المظهر موضع المضمر للدلالة على كونهم جامعين للدعاء والا رادة والايمان وانما اخر الايمان لما ان مدار الوعد لرحمة هو الايمان مطلقا وان قصر فيما سبق وتقديم خطابه صلى الله عليه وسلم فى الموضعين للتشريف وتخصيص استبانته سبيل المجرمين بالذكر لكون دفع المضرة اهم ۱۲۔

قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ ۚ قُلْ لَا أَتَّبِعُ أَهْوَاءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ إِذًا

www.besturdubooks.net

وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿٥٦﴾ قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ
الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ﴿٥٧﴾ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ
بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٨﴾ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا
تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٥٩﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ
بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٠﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ ع ٧ ١٣
لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿٦١﴾ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿٦٢﴾

آپ کہہ دیجئے کہ مجھ کو اس سے ممانعت کی گئی ہے کہ ان کی عبادت کروں جن کی تم لوگ اللہ کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو۔ آپ کہہ دیجئے کہ میں تمہارے خیالات اتباع نہ کروں گا کیونکہ اس حالت میں تو میں بے راہ ہو جاؤں گا اور راہ پر چلنے والوں میں نہ ہوں گا۔ آپ کہہ دیجئے کہ میرے پاس تو ایک دلیل ہے میرے رب کی طرف سے اور تم اس کی تکذیب کرتے ہو۔ جس کا تم تقاضا کر رہے ہو وہ میرے پاس نہیں حکم کسی کا نہیں بجز اللہ تعالیٰ کا اللہ تعالیٰ واقعی بات کو بتلا دیتا ہے اور سب سے اچھا فیصلہ کرنے والا وہی ہے۔ آپ کہہ دیجئے کہ اگر میرے پاس وہ چیز ہوتی جس کا تم تقاضا کر رہے ہو تو میرا اور تمہارا باہمی قصہ فیصل ہو چکا ہوتا اور ظالموں کو اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے اور اللہ ہی کے پاس ہیں خزانے تمام مخفی اشیاء کے ان کو کوئی نہیں جانتا بجز اللہ تعالیٰ کے اور وہ تمام چیزوں کو جانتا ہے جو کچھ خشکی میں ہیں اور جو کچھ دریاؤں میں ہیں اور کوئی پتہ نہیں گرتا مگر وہ اس کو بھی جانتا ہے اور کوئی دانہ زمین کے تاریک حصوں میں نہیں پڑتا اور نہ کوئی تر اور نہ خشک چیز گرتی ہے مگر یہ سب کتاب مبین میں ہے اور وہ ایسا ہے کہ رات میں تمہاری روح کو ایک گونہ قبض کر دیتا ہے اور جو کچھ تم دن میں کرتے ہو اس کو جانتا ہے پھر تم کو دن میں جگا اٹھاتا ہے تاکہ میعاد معین تمام کر دی جائے۔ پھر اسی کی طرف تم کو جانا ہے۔ پھر تم کو بتلا دے گا جو کچھ کیا کرتے تھے اور وہی اپنے بندوں کے اوپر غالب ہیں برتر ہیں اور تم پر نگہداشت رکھنے والے بھیجتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کو موت آ پہنچتی ہے اس کی روح ہمارے بھیجے ہوئے قبض کر لیتے ہیں اور وہ ذرا کوتاہی نہیں کرتے۔ پھر سب اپنے مالک حقیقی کے پاس لائے جائیں گے خوب سن لو کہ فیصلہ اللہ ہی کا ہوگا اور وہ بہت جلد حساب لے لے گا۞

تفسیر ربط: اوپر وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ میں حضور ﷺ کو خائفین کے لئے تبلیغ خاص اور لَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ میں مومنین کے لئے تبلیغ اخص کا حکم فرمایا ہے آگے معاندین کے لئے تبلیغ عام کا توحید و رسالت کے متعلق حکم ہوتا ہے جیسا وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ کی تمہید میں بھی اس کی تقریر گذر چکی ہے۔

تبلیغ عام معاندین را متعلق توحید و رسالت: قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ آپ (ان معاندین سے) کہہ دیجئے کہ مجھ کو (حق تعالیٰ کی طرف سے) اس سے ممانعت کی گئی ہے کہ ان (معبودوں) کی عبادت کروں جن کی تم لوگ اللہ (کی توحید) کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو (اور ان کے طریق شرک کے ضلال و اتباع ہویٰ ہونے کے ظاہر کرنے کو) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ میں تمہارے (باطل) خیالات کا (جو در باب عقائد ہیں) اتباع نہ کروں گا کیونکہ (اگر نعوذ باللہ ایسا کروں تو) اس حالت میں تو میں بے راہ ہو جاؤں گا اور راہِ (راست) پر چلنے والوں میں (داخل) نہ رہوں گا (اس مضمون کا تو زیادہ تعلق توحید سے تھا آگے کا مضمون زیادہ متعلق رسالت سے ہے یعنی) آپ (ان سے یہ بھی) کہہ دیجئے کہ میرے پاس تو (اس دین اسلام کے حق ہونے پر) ایک دلیل (کافی موجود) ہے (جو) میرے رب کی طرف سے (مجھ کو ملی ہے یعنی قرآن مجید جو کہ میرا معجزہ ہے جس سے میری تصدیق ہوتی ہے) اور تم (بلاوجہ) اس کی تکذیب کرتے ہو (اور تم جو اس دلیل صحیح اور معجزہ پر اکتفاء نہ کر کے اس کے حق ہونے پر دلالت کرنے کے لئے نزولِ عذاب فوری کی درخواست کرتے ہو جیسا دوسری جگہ مذکور ہے اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ۔ سو اس کا جواب یہ ہے کہ) جس چیز کا تم تقاضا کر رہے ہو (یعنی عذاب) وہ میرے پاس (یعنی میری قدرت میں) نہیں حکم کسی کا نہیں (چلتا) بجز اللہ تعالیٰ کے (اور ان کا حکم نزولِ عذاب کا ہوا نہیں پھر میں کس طرح عذاب دکھلا دوں بخلاف اس دلیل قرآنی کے کہ اس کے نزول کا حکم من جانب اللہ ہو گیا میں

www.besturdubooks.net

اس کو دکھلا سکتا ہوں) اللہ تعالیٰ واقعی بات کو (بدلیل) بتلا دیتا ہے (پس اتنا تو ضرور ہے چنانچہ دلیل قرآنی سے میری رسالت اور دیگر امور حقہ کو ثابت کر دیا) اور سب سے اچھا فیصلہ کرنے والا وہی ہے (کہ حکمت کے موافق فیصلہ کرتا ہے چونکہ ابھی نزولِ عذاب میں حکمت نہیں دیکھی اور چونکہ دلیل صحیح ایک بھی کافی ہوتی ہے اس لئے بحیثیت دلالت اس کی حاجت نہ تھی ورنہ کبھی دلائل کا خاتمہ ہی نہ ہو اس لئے نزولِ عذاب سے ابھی فیصلہ نہیں فرمایا) آپ (اس مضمون کی زیادہ تفصیل وتوضیح کے لئے) یہ کہہ دیجئے کہ اگر میرے پاس (یعنی میری قدرت میں) وہ چیز ہوتی (یعنی عذاب) جس کا تم تقاضا کر رہے ہو تو (اب تک) میرا اور تمہارا باہمی قصہ (کبھی) کا فیصل ہو چکا ہوتا (نہ اس لئے کہ ان کا ہلاک ہونا رسول اللہ ﷺ کو مقصود بالذات تھا بلکہ اس لئے کہ اثباتِ رسالت و دین حق مقصود بالذات تھا اور یہ اس کا طریق بزعم معاندین متعین ہو چکا تھا اس لئے نزولِ عذاب کر دیا جاتا) اور (تم) ظالموں کو (کہ تمہارے ساتھ کیا معاملہ قرین حکمت ہے) اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے (ان کے علم میں جب مناسب ہوگا نزولِ عذاب ہو جاوے گا خواہ دنیا میں بھی جیسے بدر وغیرہ میں ہلاک کئے گئے اور خواہ آخرت میں کہ دوزخ میں جاویں گے غرض نہ مجھ کو اس کی قدرت ہے نہ اس کے مناسب ہونے کا وقت مجھ کو معلوم ہے اور نہ اس کی حاجت ہے)

ربط: اوپر استعجال عذاب کے جواب میں وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ میں قدرت تامہ کا اور اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ میں علم تام کا اختصاص باری تعالیٰ کے ساتھ احوال مخاطبین کے اعتبار سے مذکور تھا آگے اس اختصاص کا تعلق تمام مقدورات ومعلومات کے ساتھ مذکور ہے جس میں تاکید مضمون سابق کے ساتھ اثبات توحید بھی ہے جو کہ مقاصد سورت سے ہے۔

اختصاص قدرت وعلم تام وعام بہ باری تعالیٰ: وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ (الی قولہ تعالی) اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ اور اللہ کے پاس (یعنی اسی کی قدرت میں) ہیں خزانے تمام مخفی اشیاء (ممکنہ) کے (ان میں سے جس چیز کو جس قدر چاہیں ظہور میں لے آتے ہیں وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ان اشیاء میں عذاب بھی آ گیا مطلب یہ کہ اور کسی کو ان پر قدرت نہیں اور جس طرح قدرت تامہ ان کے ساتھ خاص ہے اسی طرح علم تام بھی چنانچہ) ان (خزائن مخفیہ ومقدورات) کو کوئی نہیں جانتا بجز اللہ تعالیٰ کے اور (اللہ تعالیٰ کا علم ایسا عام ہے کہ) وہ (ان) تمام چیزوں کو (بھی) جانتا ہے جو کچھ خشکی میں ہیں اور جو کچھ دریا میں ہیں اور کوئی پتہ (تک درخت سے) نہیں گرتا مگر وہ اس کو بھی جانتا ہے اور کوئی دانہ (تک) زمین کے (اندرونی) تاریک حصوں میں نہیں پڑتا اور نہ کوئی تر اور خشک چیز (مثل پھل وغیرہ کے) گرتی ہے مگر یہ سب (بوجہ احاطۂ علم الٰہی کے) کتاب مبین (یعنی لوح محفوظ) میں (مرقوم) ہیں۔

ف: یعنی اس میں ہر چیز جو قیامت تک ہونے والی ہے لکھی ہے اور ظاہر ہے کہ بدوں علم کے لکھنا ممکن نہیں پس حاصل یہ ہوا کہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ کے احاطۂ علمی میں ہیں اور یہ نہ سمجھو کہ اللہ تعالیٰ کی تمام معلومات لوح محفوظ ہی میں منحصر ہیں بلکہ اس کی تو کہیں انتہی ہی نہیں اور مفاتح کا جو ترجمہ خزائن سے کیا گیا اس کا مفرد مفتح بفتح میم ہے اور اس کو مفتح بکسر میم بمعنی مفتاح کے جمع کہا جاوے تو اس کا ترجمہ ہوگا کنجیاں اور حاصل یہ ہوگا کہ غیب کی کنجیاں یعنی وہ اسباب جن سے ان اشیائے مخفیہ کو جو مثل مقفل چیزوں کے ہیں کھولتے اور ظاہر کرتے ہیں وہ سب خدا تعالیٰ کے قبضہ میں ہیں جب اور جس طرح چاہیں ان اسباب میں تصرف فرماویں اور دونوں تفسیروں پر اس میں اختصاص قدرت مقصود ہوگا اور مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تمام عالم شہادت کو شامل ہے پس پہلا اور دوسرا جملہ مل کر عالم غیب و شہادت دونوں کے لئے یہ حکم عام ہو گیا اور عالم شہادت میں برگ ودانہ ورطب ویابس سب آ گیا تھا مگر برگ ودانہ اشیائے صغیرہ حقیرہ میں سے ہیں ان کے لانے سے مبالغہ ہو گیا کہ ایسی حقیر وصغیر چیزیں تک علم الٰہی سے غائب نہیں پھر دیگر اشیائے حقیرہ وعظیمہ سب کے مکرر تعمیم کے لئے رطب ویابس کو بڑھا دیا اور اسی طرح ان اشیاء کے احوال میں سے صرف گرنے کی حالت کو ذکر کے ساتھ خاص کیا اس میں یہ وجہ ہو سکتی ہے کہ گرنے کی حالت اس شئے کی انتہائی حالت ہے مطلب یہ ہوا کہ اخیر تک کا حال جانتے ہیں۔ اور اگر کوئی شبہ کرے کہ علم کا اشتمال غیب اور شہادت کو تو مذکور ہوا لیکن قدرت کے ساتھ صرف غیب مذکور ہے۔ جواب یہ ہے کہ مفاتح کی دلالت ظہور پر تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے پس یہ بھی دونوں کو شامل ہو گیا۔

ربط: اوپر خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ اور اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ میں اجمالاً کفار کو عذاب آخرت کی وعید ہے آگے آخرت اور بعثت کا اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ میں اثبات ہے اور اس کے قبل نظیر بعث کے وقوع سے اثبات قدرت اور اعمال کے علم کا اثبات کہ بعث وجزاء آخرت کو دونوں امر سے تعلق ہے مذکور ہے ونیز اوپر مسئلہ توحید و رسالت کا ذکر تھا بعث کا مسئلہ اکثر قرآن میں اور خصوصاً اس سورت میں دونوں مسئلوں کے ساتھ مخلوط طور پر بیان کیا گیا ہے۔

امکان ووقوع بعث: وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ (الی قولہ تعالی) ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ اور وہ (اللہ تعالیٰ) ایسا ہے کہ (اکثر) رات میں (سونے کے وقت) تمہاری روح (نفسانی) کو (جس سے احساس وادراک متعلق ہے) ایک گونہ قبض (یعنی معطل) کر دیتا ہے اور (اکثر) جو کچھ تم دن میں کرتے ہو اس کو (دواماً) جانتا ہے پھر (اس سونے کے بعد) تم کو دن میں جگا اٹھاتا ہے (جس سے بعث آخرت کا استبعاد بھی دفع ہو سکتا ہے) تا کہ (اسی سونے اور جاگنے کے

www.besturdubooks.net

دوروں سے) معیاد معین (زندگی دنیا کی) تمام کردی جاوے پھر (اس میعاد کے ختم ہونے پر) اسی (اللہ) کی طرف (مرکر) تم کو جانا ہے پھر (کچھ برزخ میں اور پورا پورا قیامت میں) تم کو بتلاوے گا جو کچھ تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے (اور اس کے مناسب سزا و جزا جاری کرے گا) **ف**: روح نفسانی منجملہ تین ارواح طیبہ کے ہے ابن عباسؓ نے اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ کی تفسیر میں اس کو نفسِ تمیز فرمایا ہے اور روح حیوانی کو جس کے نکلنے سے موت آ جاتی ہے نفس حیات فرمایا ہے قرآن میں لفظ دونوں کو شامل ہے مناسب ہر مقام کے تفسیر کی جاوے گی۔

ربط: اوپر امکان و وقوع بعث مذکور تھا آگے بھی اسی کی تفصیل کے لئے اول قدرت کا پھر موت کا پھر بعث کا پھر حساب کا ذکر فرماتے ہیں۔

تفصیل امکان و وقوع بعث: وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ (الی قولہ تعالی) اَسْرَعُ الْحٰسِبِیْنَ اور وہی (اللہ تعالیٰ قدرت سے) اپنے بندوں کے اوپر غالب ہیں برتر ہیں اور (اے بندو) تم پر (تمہارے اعمال اور جان کے) نگہداشت رکھنے والے (فرشتے) بھیجتے ہیں (کہ زندگی بھر تمہارے اعمال کو لکھتے رہیں اور تمہاری جان کی نگہبانی کریں) یہاں تک کہ جب تم میں کسی کو موت آ پہنچتی ہے (تو اس وقت) اس کی روح ہمارے (دوسرے) بھیجے ہوئے (فرشتے جو اس کام کے لئے مقرر ہیں) قبض کر لیتے ہیں اور وہ (ہمارے احکام کی بجا آوری میں) ذرا کوتاہی نہیں کرتے (بلکہ جس وقت اور جس طرح قبض روح کا حکم ہوتا ہے اسی طرح بجالاتے ہیں غرض موت نہیں ٹلتی) پھر (مرنے کے بعد آخرت میں) سب (بندے) اپنے مالک حقیقی کے پاس لائے جاویں گے خوب سن لو (اس وقت) فیصلہ اللہ ہی کا (فیصلہ) ہوگا (اور کوئی دخل نہ دے سکے گا) اور وہ بہت جلد حساب لے لے گا (اور حساب لے کر جزا و سزا واقع کردے گا) **ف**: ظاہر آیت سے اس مقام پر تین قسم کے فرشتوں کا ذکر ہے۔ ایک اعمال لکھنے والے جن کا ذکر اس آیت میں ہے: وَاِنَّ عَلَیْکُمْ لَحٰفِظِیْنَ ۔ کِرَامًا کَاتِبِیْنَ۔ دوسرے جان کے حفاظت کرنے والے جن مضرتوں سے حفاظت کرنے کا حکم ہو اور جب تک حکم ہو جن کا ذکر اس آیت میں ہے: لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ الخ تیسرے جان نکالنے والے اور ظاہراً دوسری آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کام ملک الموت کا ہے اس لئے علماء نے بنا بر بعض روایات مذکورہ روح المعانی کے کہا ہے کہ یہ اعوان ملک الموت کے ہیں ملابست کی وجہ سے ان کی طرف اسناد کردی گئی واللہ اعلم۔ اور دوسری آیت میں جو کفار کے لئے فرمایا: لَا مَوْلٰی لَهُمْ وہاں ناصر مراد ہے اور یہاں مالک پس کوئی اشکال نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَهُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّیْلِ الخ روح میں ہے کہ بعض صوفیہ قائل ہوئے ہیں کہ قبض ارواح کبھی حق تعالیٰ خود فرماتے ہیں اور کبھی ملک الموت اور کبھی دوسرے فرشتے جن کو رسل کہا گیا اور یہ متوفی کے احوال کے تفاوت پر ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فى قل لا اتبع** ضلال ظاہر کرنے کو اشارة الى فائدة هذه الجملة ۱۲۔ ۲ **قوله فى على بينة** میرے پاس الخ ترجمه بالحاصل كما ترجم هذه الشاه عبدالقادر بالحاصل ايضا ۱۲۔ ۳ **قوله فى بالظلمين** تم اشارة الى دخوله فى حيز قل فيكون وضع المظهر موضع المضمر ۱۲۔ ۴ **قوله فى الغيب** ممکنہ لان القدرة لا تتعلق الا بالممكن بخلاف العلم ۱۲۔ ۵ **قوله فى حبة** پڑتا لعطفها على ورقة موصوفة بالسقوط صرح به المفسرون ۱۲۔ ۶ **قوله فى ف** ترجمۃ خزائن سے کیا گیا انما اثرته لما فى الحديث مفاتح الغيب خمس وتلا ان الله الخ اورده فى الروح عن ابن جرير وابن المنذر وظاهر ان هذه الاشياء مفتوحات لا فاتحات وقد فسر بالوجهين قوله تعالىٰ مفاتحه لتنوء ۱۲۔ ۷ **قوله فى باليل** اکثر اشارة الى ان التقييد بالليل والنهار فى موضعين جرى على السنن الغالب والا فقد بعكس ۱۲۔ ۸ **قوله فى ثم يبعثكم** اس سونے کے بعد اشارة الى كونها معطوفة على يتوفاكم وتوسيط العلم بينهما بتقديمه على البعث مع ان ظاهر حقه التاخير عن هذا البعث لان الجرح والعمل يكون بعد البعث لعله للتعجيل فى ذكر المقصود لان الكلام مسوق للبيان الجزاء والعلم هو قطب رحاوه كما يدل عليه التصريح بقوله ينبئكم فيما بعد والله اعلم ۱۲۔ ۹ **قوله فى لا يفرطون** نہیں ٹلتی اشارة الى فائدة هذه الجملة ۱۲۔ ۱۰ **قوله فى الحق** حقیقی ماخذه ما فى الروح الحق ضد الباطل هو الثابت الباقى الموجود الحقيقى وفيه تعريض ببطلان آلهتهم ۱۲۔

النحو: قوله لا يعلمها فى الروح والجملة بعد الا فى موضع الحال من الفاعل اى ورقة بزيادة من وجا ت الحال من النكرة لاعتمادها على النفى والتفريع فى الحال شائع سائغ ۱۲۔ **عليكم** اما متعلق بيرسل بتضمين معنى يسلط او بحفظة ۱۲۔

قُلْ مَنْ یُّنَجِّیْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً ۚ لَىِٕنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ

www.besturdubooks.net

الشّٰكِرِيْنَ ۝٦٣ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝٦٤ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا
مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ
يَفْقَهُوْنَ ۝٦٥ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ۭ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۝٦٦ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۡ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝٦٧
وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ۭ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ
فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰي مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝٦٨ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰي
لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝٦٩ وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ
نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ڰ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ
ع ٨/١٤ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝٧٠ ع

آپ کہیے کہ وہ کون ہے جو تم کو خشکی اور دریا کی ظلمات سے اس حالت میں نجات دیتا ہے کہ تم اس کو پکارتے ہو تذلل ظاہر کے ساتھ چپکے چپکے کہ اگر آپ ہم کو ان سے نجات دے دیں تو ہم ضرور حق شناسی والوں سے ہو جائیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ اللہ ہی تم کو ان سے نجات دیتا ہے اور ہر غم سے تم پھر بھی شرک کرنے لگتے ہو آپ کہیے کہ اس پر بھی وہی قادر ہے کہ تم پر کوئی عذاب تمہارے اوپر بھیج دے یا تمہارے پاؤں تلے سے یا یہ کہ تم کو گروہ گروہ کر کے سب کو بھڑا دے اور تمہارے ایک کو دوسرے سے لڑائی چکھا دے۔ آپ دیکھئے تو سہی ہم کس طرح دلائل مختلف پہلوؤں سے بیان کرتے ہیں۔ شاید وہ سمجھ جائیں اور آپ کی قوم ان کی تکذیب کرتی ہے حالانکہ وہ یقینی ہے۔ آپ کہہ دیجئے کہ میں تم پر تعینات نہیں کیا گیا ہوں ہر خبر کے وقوع کا ایک وقت ہے اور جلد ہی تم کو معلوم ہو جائے گا اور جب تو ان لوگوں کو دیکھے جو ہماری آیات میں عیب جوئی کر رہے ہیں۔ تو ان لوگوں سے کنارہ کش ہو جا یہاں تک کہ وہ کسی اور بات میں لگ جائیں اور اگر تجھ کو شیطان بھلا دے۔ تو یاد آنے کے بعد پھر ایسے ظالم لوگوں کے پاس مت بیٹھ اور جو لوگ احتیاط رکھتے ہیں ان پر ان کی باز پرس کا کوئی اثر نہ پہنچے گا لیکن ان کے ذمہ نصیحت کر دینا ہے شاید وہ بھی احتیاط کرنے لگیں اور ایسے لوگوں سے بالکل کنارہ کش رہ جنھوں نے اپنے دین کو لہو و لعب بنا رکھا ہے اور دنیوی زندگی نے ان کو دھوکے میں ڈال رکھا ہے اور اس قرآن کے ذریعے سے نصیحت بھی کرتا رہ تا کہ کوئی شخص اپنے کردار کے سبب اس طرح نہ پھنس جائے کہ کوئی غیر اللہ اس کا نہ مددگار ہو اور نہ سفارشی ہو اور یہ کیفیت ہو کہ اگر دنیا بھر کا معاوضہ بھی دے ڈالے تب بھی اس سے نہ لیا جائے۔ یہ ایسے ہی ہیں کہ اپنے کردار کے سبب پھنس گئے۔ ان کے لئے نہایت تیز پانی پینے کے لئے ہوگا اور دردناک سزا ہوگی اپنے کفر کے سبب ۞

تفسیر ربط: اوپر بعث کی بحث تھی آگے موافق طرز قرآن اور خصوص اس سورت کے پھر عود ہے توحید کی طرف۔

استدلال بر توحید: قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ (الی قولہ تعالی) وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ آپ (ان لوگوں سے) کہیے کہ وہ کون ہے جو تم کو خشکی اور دریا کی ظلمات (یعنی شدائد) سے اس حالت میں نجات دے دیتا ہے کہ تم اس کو (نجات دینے کے لئے) پکارتے ہو (کبھی) تذلل ظاہر کر کے اور (کبھی) چپکے چپکے (اور یوں کہتے ہو) کہ (اے اللہ) اگر آپ ہم کو ان (ظلمات) سے (اب کے) نجات دے دیں تو (پھر) ہم ضرور حق شناسی پر (قائم رہنے) والوں سے ہو جاویں (یعنی آپ کی توحید کے کہ بڑی حق شناسی ہے قائل رہیں اور اس سوال کا جواب چونکہ متعین ہے اور وہ لوگ بھی کوئی دوسرا جواب نہ دیں گے اس لئے) آپ (ہی) کہہ دیجئے کہ اللہ ہی تم کو ان سے نجات دیتا ہے (جب کبھی نجات ملتی ہے) اور (ان ظلماتِ مذکورہ کی کیا تخصیص ہے بلکہ) ہر غم سے (وہی نجات دیتا ہے مگر) تم (ایسے ہو کہ) پھر بھی (بعد نجات پانے کے بدستور) شرک کرنے لگتے ہو (جو کہ اعلیٰ درجہ کی ناحق شناسی ہے اور وعدہ کیا تھا حق شناسی کا غرض یہ کہ شدائد میں تمہارے اقرار سے توحید کا حق ہونا ثابت ہو جاتا ہے پھر انکار کب قابل التفات ہے) آپ (یہ بھی) کہیے کہ (جس طرح وہ نجات دینے پر قادر ہے اسی طرح) اس پر بھی وہی قادر ہے کہ تم پر (باقتضاء تمہارے کفر و شرک کے) کوئی عذاب تمہارے اوپر سے بھیج دے (جیسے پتھر یا ہوا یا بارش طوفانی) یا تمہارے پاؤں تلے (جو زمین ہے اس) سے (ظاہر کر دے جیسے زلزلہ یا غرق ہو جانا اور ان عذابوں کے اسباب قریبہ تو غیر اختیاری ہیں اور کبھی نہ کبھی ایسا ہوگا

www.besturdubooks.net

خواہ دنیا میں یا آخرت میں) یا کہ تم کو (اغراض کے اختلاف سے مختلف) گروہ گروہ کر کے سب کو (آپس میں) بھڑا دے (یعنی لڑوا دے) اور تمہارے ایک کو دوسرے کی لڑائی (کا مزہ) چکھا دے (اور اس کا سبب قریب فعل اختیاری ہے اور یا سب آفتیں جمع کر دے غرض انجاء اور ابلاء دونوں اسی کی قدرت میں ہیں اے محمد ﷺ) آپ دیکھئے تو سہی ہم کس (کس) طرح دلائل (توحید) کو مختلف پہلوؤں سے بیان کرتے ہیں شاید وہ (لوگ) سمجھ جاویں اور (باوجود اثبات قدرت علی العذاب اور اقتضائے کفر للعذاب) آپ کی قوم کے لوگ (قریش یا اور عرب بھی) اس (عذاب) کی تکذیب کرتے ہیں (اور اس کے واقع نہ ہونے کے معتقد ہیں) حالانکہ وہ یقینی (واقع) ہونے والا ہے (اور اس کو سن کر وہ یوں کہہ سکتے ہیں کہ کب ہوگا تو) آپ (یوں) کہہ دیجئے کہ میں تم پر (عذاب واقع کرنے کے لئے) تعینات نہیں کیا گیا ہوں (کہ مجھ کو مفصل اطلاع ہو یا میرے اختیار میں ہو البتہ) ہر خبر کے (مدلول کے) وقوع کا ایک وقت (اللہ کے علم میں معین) ہے اور جلدی ہی تم کو معلوم ہو جاوے گا (کہ یہ عذاب آیا) **ف**: عذاب شامل ہے اخروی اور دنیوی کو جس میں جہاد بھی داخل ہے چنانچہ دوسری آیت میں فرمایا ہے: قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ مگر اس سے قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ کا نسخ آیت قتال سے لازم نہیں آتا کیونکہ گو جہاد کفار کے حق میں تعذیب من اللہ ہو لیکن مومنین کو تو حیثیت تعذیب سے اس کا امر نہیں کیا گیا یہی وجہ ہے کہ جزیہ پر اس کا انتہا ہو جاتا ہے باوجودیکہ مقتضی تعذیب باقی ہے اور اسی لئے آیت قَاتِلُوْهُمْ میں تعذیب کی اسناد اللہ کی طرف سے کی گئی ہے پس جہاد میں توکیل و تسلیط مامور بالجہاد کی بحالہ منفی ہے اور امر بالجہاد کے بعد بھی انتفاء علم واختیار کی بایں معنی صادق ہے کہ اولاً اس کی غایت کہ جزیہ ہے علم واختیار سے خارج ہے ثانیاً عذاب چونکہ مطلق ہے دوسرے طرق کو بھی محتمل ہے جو معلوم و مقدور نہیں پس اس مجموعہ کو علم واختیار سے خارج کہنا صحیح ہے خوب سمجھ لو۔ اور اسباب عذاب میں قریب کی قید اس لئے لگائی کہ سبب اول دونوں جگہ ذنوب اختیاریہ ہیں۔

ربط: اوپر کفار کی تکذیب کا ذکر اور انکو آیات کی تبلیغ کا امر تھا آگے بطور تفریع کے انکی مجالس تکذیب میں بدون ضرورت تبلیغ کے جانے اور بیٹھنے سے نہی ہے۔

نہی از مجالست طاعنین فی الدین بجز ضرورتِ تبلیغ: وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا (الی قولہ تعالی) لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّ عَذَابٌ اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ اور (اے مخاطب) جب تو ان لوگوں کو دیکھے جو ہماری آیات (اور احکام) میں عیب جوئی کر رہے ہیں تو ان لوگوں (کے پاس بیٹھنے) سے کنارہ کش ہو جا یہاں تک کہ وہ کسی اور بات میں لگ جاویں اور اگر تجھ کو شیطان بھلا دے (یعنی ایسی مجلس میں بیٹھنے کی ممانعت یاد نہ رہے) تو (جب یاد آ جاوے) یاد آنے کے بعد پھر ایسے ظالم لوگوں کے پاس مت بیٹھ (بلکہ فوراً اُٹھ کھڑا ہو) اور (اگر کوئی واقعی دنیوی یا دینی ضرورت ایسی مجلس میں جانے کی ہو تو اس کا حکم یہ ہے کہ) جو لوگ (ملیہاتِ شرعیہ سے جن میں بلاضرورت ایسی مجالس میں جانا بھی ہے) احتیاط رکھتے ہیں ان پر ان (طاعنین و مکذبین) کی باز پرس (اور گناہِ طعن) کا کوئی اثر نہ پہنچے گا (یعنی بضرورت وہاں جانے والے گناہ گار نہ ہوں گے) ولیکن ان کے ذمہ (بشرط قدرت) نصیحت کر دینا ہے شاید وہ (طاعنین) بھی (ان خرافات سے) احتیاط کرنے لگیں (خواہ قبول اسلام سے خواہ ان کے لحاظ سے) اور (کچھ مجلس تکذیب کی تخصیص نہیں بلکہ) ایسے لوگوں سے بالکل کنارہ کش رہ جنہوں نے اپنے (اس) دین کو (جس کا ماننا ان کے ذمہ فرض تھا یعنی اسلام کو) لہو ولعب بنا رکھا ہے (کہ اس کے ساتھ تمسخر کرتے ہیں) اور دنیوی زندگی نے ان کو دھوکہ میں ڈال رکھا ہے (کہ اس کی لذات میں مشغول ہیں اور آخرت کے منکر ہیں اس لئے اس تمسخر کا انجام نظر نہیں آتا) اور (کنارہ کشی و ترکِ تعلقات کے ساتھ ایسے لوگوں کو) اس قرآن کے ذریعہ سے (جس سے یہ تمسخر کر رہے ہیں) نصیحت بھی کرتا رہ تاکہ کوئی شخص اپنے کردار (بد) کے سبب (عذاب میں) اس طرح نہ پھنس جاوے کہ کوئی غیر اللہ اس کا نہ مددگار ہو اور نہ سفارشی ہو اور یہ کیفیت ہو کہ اگر (بالفرض) دنیا بھر کا معاوضہ بھی دے ڈالے (کہ اس کو خرچ کر کے بچ جاوے) تب بھی اس سے نہ لیا جاوے (تو نصیحت سے یہ فائدہ ہے کہ اعمال بد کے انجام پر متنبہ ہو جاتا ہے آگے ماننا نہ ماننا دوسرا جانے چنانچہ) یہ (تمسخر کرنے والے) ایسے ہی ہیں کہ (نصحت نہ مانی اور) اپنے کردار (بد) کے سبب (عذاب میں) پھنس گئے (جس کا آخرت میں اس طرح ظہور ہوگا کہ) ان کے لئے نہایت تیز (کھولتا ہوا) پانی پینے کے لئے ہوگا اور (اس کے علاوہ اور طرح بھی) دردناک سزا ہوگی اپنے کفر کے سبب (کہ کردار بد یہی ہے جس کا ایک شعبہ تمسخر تھا) **ف**: یہ ضرورتیں ان مجالس میں جانے کی اس قسم کی ہیں مثلاً مسجد حرام میں نماز وطواف کے لئے گئے اور وہ کفار وہاں بھی یہی شغل کر رہے ہیں یا ان کو وعظ سنانے گئے اور وہ اس میں مشغول ہیں۔ چنانچہ معالم میں دونوں مضمون کی روایتیں بھی ہیں۔

ربط: اوپر مختلط طور پر توحید کا حق ہونا شرک کا باطل ہونا قیامت کا قائم ہونا مذکور ہوا ہے آگے پھر یہی مضمون ابطالِ شرک اور اثبات توحید کا استقلالاً اور بعث کا استطراداً بضمنِ وعید شرک کے مذکور ہے اور بعض روایات میں ہے کہ مشرکین نے مسلمانوں سے ترک اسلام کی درخواست بھی کی تھی آیت میں اس کا جواب بھی ہے اور اس روایت پر آیت کی مناسبت ماقبل سے اور قوی ہوگئی کہ اوپر ذکری اور ذکر میں حکم تھا کہ مشرکین کو اسلام کی طرف بلاویں یہاں ان کے ترکِ اسلام کی

www.besturdubooks.net

طرف بلانے کا جواب ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً الخ یعنی اعلاناً واسراراً اور اعلان واسرار یا باللسان ہے یا ایک باللسان دوسرا بالقلب کذا فی الروح پس آیت اپنے عموم سے تمام اقسام ذکر کی مشروعیت پر دال ہوئی جلی وخفی پھر خفی باللسان یا بالقلب ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا الخ بعض نے کہا ہے کہ دین کے معنی عادۃ ہیں اور عادۃ سے مراد عید معتاد اور روح میں اس قول کو ابن عباسؓ کی طرف منسوب کیا ہے پس اس میں کفار کی اعیاد پر جن میں لہو ولعب ہوتا تھا انکار ہے میں کہتا ہوں کہ اس میں اس زمانہ کے اکثر اعراس بوجہ اشتمال علی المنکرات والبدعات کے داخل ہیں قولہ تعالیٰ: وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا اسی طرح کی حیرت میں وہ مبتلا ہو جاتا ہے جو طریق قوم میں داخل ہو کر پھر اس سے خارج ہو جاوے چنانچہ اس کا مشاہدہ کیا جاتا ہے اور یہ حیرت مذمومہ ہے اور اس اشتمال کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ آگے جو الہدیٰ واقع ہوا ہے اس سے مراد عام ہے جیسا کہ روح میں ہے کہ توحید و اسلام یا دوسرے اسباب فوز آخرت ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ فی ظلمت شدائد کذا فی الروح لانها تظلم العقول ۱۲۔ ۲؎ قولہ فی تدعونہ اس حالت الخ اشارۃ الی کون تدعون حالا من کم ۱۲۔ ۳؎ قولہ فی تضرعا تذلل ظاہر اشارۃ الی ان التضرع ہو التذلل ولما کان مقابلا لخفیۃ اعتبر فیہ معنی الظهور کما فی المدارك معلنین الضراعۃ ۱۲۔ ۴؎ قولہ فی لئن انجنا کہتے ہو اشارۃ الی تقدیر قائلین حالا من فاعل تدعون ۱۲۔ ۵؎ قولہ فی قل اللہ متعین اشار الی وجہ امرہ صلی اللہ علیہ وسلم بالجواب مع کونہ من وظائفہم ۱۲۔ ۶؎ قولہ فی ینجیکم ملتی ہے لان النجاۃ غیر دائمۃ ولا ضروریۃ ۱۲۔ ۷؎ قولہ فی ثم انتم مگر اشار بہ الی کون ثم للاستبعاد ۱۲۔ ۸؎ قولہ فی توضیح عذاباً ایسا ہوگا اشار بہ الی کون التوبیخ مقصودا مع التوحید ۱۲۔ ۹؎ قولہ بعد یذیق بعضکم جمع کردے اشارۃ الی ان او مانعۃٌ للخلو لا للجمع ۱۲۔ ۱۰؎ قولہ فی کذب معتقد ہیں اشارۃ الی دفع ایراد ہو ان الآیۃ دالۃ علی احتمال العذاب لا علی وقوعہ فما معنی التکذیب تقریر الدفع ان التکذیب ہو باعتبار قطعہم بطنان هذا الاحتمال فافهم ۱۲۔ ۱۱؎ قولہ فی وکیل تعینات کیا گیا اللفظ الاول اتباع للمحاورۃ والثانی للغۃ فان الوکیل بمعنی الموکل ۱۲۔ ۱۲؎ قولہ فی لکل نبأ ہر خبر اشار الی ان النبأ ہو الخبر والمستقر ظرف زمان واثبات زمان الاستقرار والوقوع للنبأ باعتبار مدلولہ والا فالخبر قد وقع فی الحال ۱۲۔ ۱۳؎ قولہ فی رائیت مخاطب عممہ لقولہ تعالیٰ اذا سمعتم بالجمع ۱۲۔ ۱۴؎ قولہ فی یخوضوا لگ جاویں بدل الترجمۃ للاشارۃ الی المشاکلۃ لان هذا الحبض بالباطل ۱۲۔ ۱۵؎ قولہ فی حساب باز پرس فسرہ بگناہ طعن اشارۃ الی ان المراد بالحساب ما یحاسب التخالفون علیہ من جرائرہم ۱۲۔ ۱۶؎ قولہ فی شیء اثر تعیین للمبہم ۱۲۔ ۱۷؎ قولہ فی ذکری ان کے ذمہ اشارۃ الی تقدیر علیہم والتقیید بالقدرۃ معروف شرعاً ۱۲۔ ۱۸؎ قولہ فی لعلہم یتقون لحاظ کذا فی الروح وغیرہ ۱۲۔ ۱۹؎ قولہ فی ذر کنارہ وبہ ترجم اعرض اخذا من تفسیر البیضاوی بالاعراض کما فی قولہ تعالیٰ ویذرون ورائہم یوماً ثقیلا وحملی قولہ تعالیٰ وذر الذین علی المستهزئین ماخوذ من المعالم ۱۲۔ ۲۰؎ قولہ فی غرت لذات ومنکر اشارۃ الی ان الغرور بوجهین النفسانی والاعتقادی ۱۲۔ ۲۱؎ قولہ فی بہ جس سے تسخر اشار بہ الی کون المرجع مدلولا بذکر الآیات ۱۲۔ ۲۲؎ قولہ فی ما کسبت کردار یطلق فی محاورتنا علی الشئی ومن ثم اظہر ۱۲۔ ۲۳؎ قولہ قبل تبسل اس طرح اشار الی ان جملۃ لیس لها حال وبقولہ فیما بعد کیفیت اشارۃ الی کون وان تعدل حالا ایضا بالعطف ۱۲۔ ۲۴؎ قولہ فی من دون اللہ غیر اللہ انظر ما سبق فی وانذر بہ الذین ۱۲۔ ۲۵؎ قولہ بعد یؤخذ فائدہ اشارۃ الی ان معنی الغایۃ کون الشئی موضوعًا للشئی لا ترتبہ علیہ فافهم ۱۲۔ ۲۶؎ قولہ فی التمهید مسلمانوں سے کما تدل علیہ الروایات ۱۲۔

الروایات: روی البخاری عن جابر ما نزلت قل هو القادر علی ان یبعث علیکم عذاباً من فوقکم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعوذ بوجهك اومن تحت ارجلکم قال اعوذ بوجهك او یلبسکم شیعا ویذیق قال هذا اهون وروی مسلم عن ابی وقاص قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سألت ربی ثلاثا فاعطانی اثنتین ومنعنی واحدۃ سألت ربی ان لا یهلك امتی بالسنۃ فاعطانیها وسألت ربی ان لا یهلك امتی بالغرق فاعطانیها وسألت ربی ان لا یجعل بأسهم بینهم فمنعنیها قلت وباللہ التوفیق ان قصدی من ذکر الروایات امر ان الاول التنبیہ علی ان الآیۃ لم تنزل فی المسلمین کما یشهد بذلك السیاق والثانی التوجیہ للروایۃ بان الآیۃ لما نزلت استحضر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قدرتہ تعالیٰ علی نزول العذاب علی غیر من ارید بالآیۃ ایضا وحملہ شفقتہ علی ان یدعو لهم فاعطی اثنتین ومنع واحدۃ هی مثل مدلول الآیۃ لاعینها فافهم ۱۲۔ فی الروح اخرج ابن جریر وابن ابی حاتم وابو الشیخ عن السدی ان المشرکین

www.besturdubooks.net

قالوا للمؤمنين اتبعوا سبيلنا واتركوا دين محمد صلى الله عليه وسلم فقال الله تعالى قل اندعوا من دون الله الخ۔

اللغات: اللبس الخلط لكن لا خلط الاتفاق بل خلط الافتراق بالالتحام والقتال والاشتباك فلا حاجة الى تقدير المضاف الامر الشيع جمع الشيعة واصله من الشيع وهو التبع ومعناه الذين يتبع بعضهم بعضا اى كل فرقة منهم مشائعة لامام كذا فى مجموع الروح والكبير والخازن والمدارك۱۲۔ الخوض فى الروح اصله عبور الماء استعير للتفاوض فى الامور واكثر ما ورد فى القرآن للذم ومن ثم ترجمة بحيب جوئى۱۲۔ والبسل الحبس وابسله رهنه كذا فى القاموس وزكوى التذكر والتذكير وكما فى الموضعين۱۲۔

النحو: قوله كالذى مفعول مطلق اى ردا كرد الذى۱۲۔

البلاغة: يذيق عطف تفسير ليلبس۱۲۔

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۠ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ؕ وَهُوَ الَّذِىْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَهُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۬ؕ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِى الصُّوْرِ ؕ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۷۳﴾

آپ کہہ دیجئے کہ کیا ہم اللہ کے سوا ایسی چیز کی عبادت کریں کہ نہ وہ ہم کو نفع پہنچائے اور نہ وہ ہم کو نقصان پہنچائے اور کیا ہم اُلٹے پاؤں پھر جائیں بعد اس کے کہ ہم کو خدا تعالیٰ نے ہدایت کر دی جیسے کوئی شخص ہو کہ اس کو شیطانوں نے کہیں جنگل میں بے راہ کر دیا ہو اور وہ بھٹکتا پھرتا ہو۔ اس کے کچھ ساتھی بھی تھے کہ وہ اس کو ٹھیک رستہ کی طرف بلا رہے ہیں کہ ہمارے پاس آ۔ آپ کہہ دیجئے کہ یقینی بات ہے کہ راہ راست وہ خاص اللہ ہی کی راہ ہے اور ہم کو یہ حکم ہوا ہے کہ ہم پورے مطیع ہو جائیں پروردگار عالم کے لئے اور یہ کہ نماز کی پابندی کرو اور اس سے ڈرو اور وہی ہے جس کے پاس تم سب جمع کئے جاؤ گے اور وہی ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو باقاعدہ پیدا کیا اور جس وقت اللہ تعالیٰ اتنا کہہ دے گا کہ (حشر) تو ہو جابس وہ ہو پڑے گا۔ اس کا کہنا با اثر ہے اور جبکہ صور میں پھونک ماری جائے گی ساری حکومت خاص اسی کی ہوگی وہ جاننے والا ہے پوشیدہ رازوں کا اور ظاہر چیزوں کا اور وہی ہے بڑی حکمت والا پوری خبر رکھنے والا۔

تفسیر: ابطالِ شرک و اثباتِ توحید و بعث: قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا (الی قولہ تعالی) وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ آپ (سب مسلمانوں کی طرف سے ان مشرکوں سے) کہہ دیجئے کہ کیا ہم اللہ کے سوا (تمہاری مرضی کے موافق) ایسی چیز کی عبادت کریں کہ نہ وہ (اس کی عبادت کرنے کی صورت میں) ہم کو نفع پہنچانے پر قادر ہووے اور نہ وہ اس کی عبادت نہ کرنے کی صورت میں ہم کو نقصان پہنچانے پر قادر ہو (مراد اس سے آلہہ باطلہ ہیں کہ بعض کو تو اصلاً قدرت نہیں اور جن کو کچھ ہے بالذات نہیں اور معبود میں کم از کم اپنے موافق اور مخالف کو نفع وضرر پہنچانے کی تو قدرت ہونا چاہئے تو کیا ہم ایسوں کی عبادت کریں) اور کیا (معاذ اللہ) ہم (اسلام سے) اُلٹے پھر جاویں بعد اس کے کہ ہم کو خدا تعالیٰ نے (طریق حق کی) ہدایت کر دی ہے (یعنی اول تو شرک خود ہی قبیح ہے پھر خصوصاً بعد اختیار اسلام کے تو اور زیادہ شنیع ہے ورنہ ہماری تو وہ مثال ہو جاوے) جیسے کوئی شخص ہو کہ اس کو شیطانوں نے کہیں جنگل میں (بہکا کر راہ سے) بے راہ کر دیا ہو اور وہ بھٹکتا پھرتا ہو (اور) اس کے کچھ ساتھی بھی تھے کہ وہ اس کو ٹھیک راستہ کی طرف (پکار پکار کر) بلا رہے ہیں کہ (ادھر) ہمارے پاس آ (مگر وہ غایت حیرت سے نہ سمجھتا ہے نہ آتا ہے حاصل یہ کہ جیسا یہ شخص راہ پر تھا لیکن اپنے راہ دان رفقاء سے جدا ہو کر غولان بیابانی کے ہاتھ میں گرفتار ہو کر بے راہ ہو گیا اور وہ رفقاء اب بھی اس کو راہ پر لاتے ہیں مگر وہ نہیں آتا ایسی ہی ہماری حالت ہو جاوے کہ راہِ اسلام پر ہو کر اپنے ہادی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے جدا ہوں اور مضلین کے پنجہ میں گرفتار ہو کر گمراہ ہو جاویں اور وہ ہادی پھر بھی خیر خواہی سے دعوتِ اسلام کرتے رہیں اور ہم گمراہی کو نہ چھوڑیں یعنی کیا تمہاری مرضی پر عمل کر کے اپنی ایسی مثال بنالیں) آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ (جب اس مثال سے معلوم ہوا کہ راہ سے بے راہ ہونا برا ہے اور یہ) یقینی بات ہے کہ راہ راست وہ خاص اللہ ہی کا (بتلایا ہوا) راہ ہے (اور وہ اسلام ہے پس یقیناً اس کا ترک کرنا بے راہ ہونا ہے پھر ہم کب چھوڑ سکتے ہیں) اور

www.besturdubooks.net

(آپ کہہ دیجئے کہ ہم شرک کیسے کر سکتے ہیں) ہم کو (تو) یہ حکم ہوا ہے کہ ہم پورے مطیع ہو جاویں پروردگار عالم کے (جو منحصر ہے اسلام میں) اور یہ (حکم ہوا ہے) کہ نماز کی پابندی کرو (جو کہ فعلاً دلالت علی التوحید میں ظاہر تر ہے) اور (یہ حکم ہوا ہے کہ) اس سے (یعنی اللہ سے) ڈرو (یعنی مخالفت نہ کرو جس میں سب سے بڑھ کر شرک ہے) اور وہی (اللہ) ہے جس کے پاس تم سب (قیامت کے روز قبروں سے نکل کر حساب کے لئے) جمع کئے جاؤ گے (وہاں مشرکین کو اپنے شرک کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا) اور وہی (اللہ) ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو بافائدہ پیدا کیا (جس میں بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس سے خالق کے وجود اور توحید پر استدلال کیا جاوے پس یہ بھی توحید کی ایک دلیل ہے) اور (اوپر جو تُحْشَرُوْنَ میں حشر کی خبر دی ہے اس کو بھی کچھ مستبعد مت سمجھو کیونکہ وہ قدرت الٰہیہ کے سامنے اس قدر آسان ہے کہ) جس وقت اللہ تعالیٰ اتنا کہہ دے گا کہ (حشر) تو ہو جا بس وہ (حشر فوراً) ہو پڑے گا اس کا (یہ) کہنا باثر ہے (خالی نہیں جاتا) اور (حشر کے روز) جب کہ صور میں (بحکم الٰہی دوسری بار فرشتہ کی) پھونک ماری جاوے گی ساری حکومت حقیقۃً بھی ظاہراً بھی) خاص اسی (اللہ) کی ہوگی (اور وہ اپنی حکومت سے موحدین و مشرکین کا فیصلہ کرے گا) وہ (اللہ) جاننے والا ہے پوشیدہ چیزوں کا اور ظاہر چیزوں کا (پس مشرکین کے اعمال و احوال کا بھی اس کو علم ہے) اور وہی ہے بڑی حکمت والا (اسی لئے مناسب مناسب جزا ہر ایک کو دے گا اور وہی ہے) پوری خبر رکھنے والا (اس لئے کسی امر کا اخفاء اس سے ممکن نہیں) **ف**: تمثیل میں جو شیطانوں کا راہ بھلا دینا مذکور ہے اس سے معلوم ہوا کہ شیاطین اور خبیث جن سے بعض اوقات اس قسم کے تصرفات و افعال سرزد ہو سکتے ہیں تحقیق اس کی سورۂ بقرہ کے اخیر حکم سی و ششم کے ذیل میں گزر چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے پس آیت میں تاویلات کی کوئی ضرورت نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ندعوا سب مسلمانوں اشار الى ان في الآية تغليباً اذ لا يتصور الرد على العقب المراد به الرجوع الى الشرك منه صلى الله عليه وسلم ۱۲۔ ۲ قوله في ينفعنا قادر لان النفع والضرر بالفعل ليس من لوازم الا له الحق ۱۲۔ ۳ قوله في ونرد كيا اشارة الى كونه معطوفا على ندعوا ۱۲۔ ۴ قوله بعد اذ هدانا زيادہ شنیع اشارة الى وجه زيادة قوله بعد اذ هدانا ۱۲۔ ۵ قوله في الارض كہيں جنگل اشارة به الى مصداق الارض والى ارادة الجنس ۱۲۔ ۶ قوله في حيران اورهذه كو او الحال في العزلى ۱۲۔ ۷ قوله في يدعونه پکار پکار في هذا العنوان المفهوم منه بعد المدعو اشارة الى ان هذا ليس ممن يعرف الطريق انما يدرك سمت الداعي ومورد النعيق ولهذا لم يقل ائت الطريق ۱۲۔ ۸ قوله في امرنا ہم کو یہ حکم اشارة الى كونه داخلا في حيز قل ۱۲۔ ۹ قوله في اقيموا فعلا اشارة الى وجه تخصيص الصلوة بالذكر ۱۲۔ ۱۰ قوله في يوم يقول جس وقت اشارة الى استعماله المجازى الشامل للحقيقى ۱۲۔ ۱۱ قوله في ينفخ دوسری لان الحشر بعد الثانية ۱۲۔ ۱۲ قوله في الملك ظاہر اشارة الى وجه التخصيص بذاك اليوم وله الملك كل حين ۱۲۔

اللغات: استهوته في الروح استفعال من هوى في الارض يهوى اذا ذهب كما هو المعروف في اللغة كانها طلبت هويه وحرصت عليه اھ۔

النحو: قوله امرنا لنسلم في الروح ذهب الكسائي والفراء الى ان اللام حرف مصدرى بمعنى ان بعد اردت امرت خاصة قوله وان اقيموا في الروح عطف على الجار والمجرور السابق وقد صرح سيبويه بدخول ان المصدرية على الامر ويجوز ان يعطف ان اقيموا على موضع لنسلم كانه قيل امرنا ان نسلم وان اقيموا قوله يوم يقول يوم ظرف لمضمون الجملة المدلول عليه بقوله تحشرون اى يقع الحشر يوم يقول للحشر كن فيكون دال عليه وقيل غير هذا وهذا اسهل قوله الحق الخ مبتدأ و خبر ۱۲۔

البلاغة: في الروح عن الامام في قوله امرنا واقيموا انه كان الظاهر ان يقال امرنا لنسلم ولان نقيم الا انه عدل الى ما ذكر للايذان بان الكافر ما دام كافرا كان كالغائب الا جنبي فخوطب بما خوطب به الغيب واذا اسلم ودخل في زمرة المؤمنين صار كالقريب الحاضر فخوطب بما يخاطب به الحاضرون اھ ۱۲۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْٓ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ

اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ۝ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا

رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَىِٕنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ

www.besturdubooks.net

لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ ﴿۷۷﴾ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۸﴾ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۷۹﴾

اور وہ وقت بھی یاد کرنے کے قابل ہے جب ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ آذر سے فرمایا کیا تو بتوں کو معبود قرار دیتا ہے۔ بیشک میں تجھ کو اور تیری ساری قوم کو صریح غلطی میں دیکھتا ہوں اور ہم نے ایسے ہی طور پر ابراہیم کو آسمانوں اور زمین کی مخلوقات دکھائیں تاکہ وہ عارف ہو جائیں اور تاکہ کامل یقین کرنے والوں سے ہو جائیں۔ پھر جب رات کی تاریکی ان پر چھا گئی تو انہوں نے ایک ستارہ دیکھا۔ آپ نے فرمایا یہ میرا ربّ ہے۔ سو جب غروب ہو گیا تو آپ نے فرمایا میں غروب ہو جانے والوں سے محبت نہیں رکھتا۔ پھر جب چاند کو دیکھا چمکتا ہوا تو فرمایا کہ یہ میرا ربّ ہے سو جب وہ غروب ہو گیا تو آپ نے فرمایا کہ اگر مجھ کو میرا ربّ ہدایت نہ کرتا رہے تو میں گمراہ لوگوں میں شامل ہو جاؤں۔ پھر جب آفتاب کو دیکھا چمکتا ہو تو فرمایا (تمہارے زعم کے مطابق) یہ میرا ربّ ہے یہ سب میں بڑا ہے۔ سو جب وہ غروب ہو گیا آپ نے فرمایا اے قوم بے شک میں تمہارے شرک سے بیزار ہوں۔ میں یکسو ہو کر اپنا رخ اس کی طرف کرتا ہوں جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا اور میں شرک کرنے والوں سے نہیں ہوں ۞

تفسیر: ربط: اوپر شرک کا ابطال اور توحید کا اثبات مذکور تھا آگے اسی مضمون کی تائید میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قصہ دعوت الی التوحید کا بیان فرماتے ہیں اور بوجہ اس کے کہ اہل عرب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو مانتے تھے مضمونِ مذکور کی تائید میں زیادہ قوت ہو گئی نیز اس قصہ میں مسئلہ رسالت کی بھی تائید ہے کہ نبوت کوئی امر مستغرب نہیں ہے پہلے سے بھی انبیاء ہوتے آئے ہیں۔

قصہ احتجاج ابراہیم علیہ السلام بر توحید: وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً (الی قولہ تعالی) وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔

ف: ان آیات کی تفسیر سے پہلے چند امور ضرور یہ لکھتا ہوں جن کا لحاظ رکھنا تفسیر میں معین فہم ہو گا۔ امرِ اول: ابراہیم علیہ السلام کی قوم کے احوال مذکورہ فی القرآن سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بت پرستی بھی کرتے تھے اور ستاروں کو بھی عالم میں متصرف جانتے تھے پس وہ دو طور پر مشرک تھے اعتقاد الوہیت اصنام و ربوبیۃ کوکب اس واسطے ابراہیم علیہ السلام کے مناظرات میں دونوں پر کلام ہے۔ امرِ دوم: ابراہیم علیہ السلام ہوش سنبھالنے ہی کے وقت سے توحید کے عارف و محقق تھے ہاں ایک عرصہ تک مناظرہ کا اتفاق نہیں ہوا پھر یا خود قبل نبوت یا بوحی بعد نبوت قوم سے مناظرہ فرمایا اور اس سے یہ بھی مفہوم ہوا کہ جس رات کی آمد کا فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ۔ میں ذکر ہے اس کی کوئی دلیل نہیں کہ اس کے قبل انہوں نے بوجہ غار میں پرورش پانے کے کوئی رات نہ دیکھی ہو بلکہ یہ قصہ مشہورہ غار کا خود ثابت نہیں۔ امرِ سوم: آپ کی قوم خدا کی بھی قائل تھی یا نہیں دونوں احتمال ہیں احتمال اول پر کہ آگے لَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖ سے ظاہر یہی معلوم ہوتا ہے تفسیر آیات مناظرات کی زیادہ سہل ہے کیونکہ ان میں مضمون وجود الحق کا ظاہراً بطور مقدمہ دلیل کے ہے چنانچہ شاہ عبدالقادر بھی فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ سے اسی کے قائل ہوئے ہیں اور احتمال ثانی پر اس مضمون مذکور وجودِ الحق کو جزو دعویٰ کہہ دیا جاوے گا اور مقدمات دلیل کے صرف آثار و افعال مشاہدہ کو کہا جاوے گا البتہ نمرود کی طرزِ گفتگو سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ وہ خود خالق ہی کا منکر تھا لیکن یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس نے تمرداً و عناداً ایسی گفتگو کی ہو اور واقع میں خالق کا قائل ہو چنانچہ جملہ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ کو اس کی طرف ایک گونہ مشیر بھی کہہ سکتے ہیں اب تفسیر لکھتا ہوں۔

تفسیر آیاتِ بالا: اور وہ وقت بھی یاد کرنے کے قابل ہے جب ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے باپ آزر (نام) سے فرمایا کہ کیا تو بتوں کو معبود قرار دیتا ہے بیشک میں تجھ کو اور تیری ساری قوم کو (جو اس اعتقاد میں تیرے شریک ہیں) صریح غلطی میں دیکھ رہا ہوں (اور ستاروں کے متعلق آگے گفتگو آوے گی درمیان میں ابراہیم علیہ السلام کا صحت نظر کے ساتھ موصوف ہونا کہ ماقبل اور مابعد دونوں سے اس کا تعلق ہے فرماتے ہیں) اور ہم نے ایسی ہی (کامل) طور پر ابراہیم (علیہ السلام) کو آسمانوں اور زمین کی مخلوقات (بچشم معرفت) دکھلائیں تاکہ وہ (خالق کی ذات و صفات کے) عارف ہو جاویں اور تاکہ (از دیاد معرفت سے) کامل یقین کرنے والوں سے ہو جاویں (آگے ستاروں کے متعلق گفتگو کہ تتمہ مناظرہ کا ہے مذکور ہے کہ اوپر کی گفتگو تو بتوں کے متعلق ہو چکی) پھر (خواہ اسی دن یا کسی اور دن) جب رات کی تاریکی ان پر (اسی طرح اور سب پر) چھا گئی تو انہوں نے ایک ستارہ دیکھا (کہ چمک رہا ہے) آپ نے (اپنی قوم سے مخاطب ہو کر) فرمایا کہ (تمہارے زعم کے موافق) یہ میرا (اور تمہارا) رب (اور میرے احوال میں متصرف) ہے (بہت اچھا اب تھوڑی دیر میں حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے چنانچہ تھوڑے عرصہ کے بعد وہ افق میں جا چھپا) سو جب وہ غروب ہو گیا تو آپ نے فرمایا کہ میں غروب ہو جانے والوں سے (جو کہ ایسی حالت کے ساتھ موصوف ہوں کہ وہ حالت بوجہ حدوث کے خود دلالت کر رہی ہے کہ یہ خود (بوجہ محل حوادث ہونے کے محدث کا محتاج ہے) محبت نہیں رکھتا (اور محبت لوازم اعتقاد ربوبیت سے ہے پس حاصل یہ ہوا کہ میں رب نہیں سمجھتا) پھر (اسی شب میں یا کسی دوسری شب میں) جب چاند کو دیکھا (کہ) چمکتا ہوا (نکلا ہے) تو (پہلے ہی

www.besturdubooks.net

کی طرح) فرمایا کہ (تمہارے زعم کے موافق) یہ میرا (اور تمہارا) رب (اور متصرف فی الاحوال) ہے (بہتر اب تھوڑی دیر میں اسکی کیفیت بھی دیکھنا چنانچہ وہ بھی غروب ہوگیا) سو جب وہ غروب ہوگیا تو آپ نے فرمایا کہ اگر مجھ کو میرا رب (حقیقی) ہدایت نہ کرتا رہے (جیسا اب تک ہدایت کرتا رہا ہے) تو میں بھی (تمہاری طرح) گمراہ لوگوں میں شامل ہو جاؤں پھر (یعنی اگر چاند کا قصہ اسی قصۂ کوکب کی شب کا تھا تب تو کسی اور شب کی صبح کو اور اگر چاند کا قصہ اسی قصۂ کوکب کی شب کا نہ تھا تو قصۂ قمر کی شب کی صبح کو یا اس کے علاوہ کسی اور شب کی صبح کو) جب آفتاب کو دیکھا (کہ بڑی آب و تاب سے) چمکتا ہوا (نکلا ہے) تو (پہلی دوبار کی طرح پھر) فرمایا کہ (تمہارے زعم کے موافق) یہ میرا (اور تمہارا) رب (اور متصرف فی الاحوال) ہے (اور) یہ تو سب (مذکورہ ستاروں) میں بڑا ہے (اس پر خاتمہ کلام کا ہو جاوے گا اگر اس کی ربوبیت باطل ہوگئی تو چھوٹوں کی بدرجہ اولیٰ باطل ہو جاوے گی غرض شام ہوئی تو وہ بھی غروب ہوگیا) سو جب وہ غروب ہوگیا تو آپ نے فرمایا کہ بیشک میں تمہارے شرک سے بیزار (اور نفور ہوں) (یعنی براءت ظاہر کرتا ہوں اعتقاداً تو ہمیشہ سے بیزار ہی تھے) میں (سب طریقوں سے) یکسو ہو کر اپنا رخ (ظاہر کا اور دل کا) اس (ذات) کی طرف (کرنا تم سے ظاہر) کرتا ہوں جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا اور میں (تمہاری طرح) شرک کرنے والوں سے نہیں ہوں (نہ اعتقاداً نہ قولاً نہ عملاً) **ف**: چونکہ معظم معمورہ میں جس میں بابل وحلب بھی داخل ہے جو کہ بقول مؤرخین موقع تھا اس گفتگو کا ایک شب میں بروئے رفتار معتاد کواکب کے ایسا نہیں ہو سکتا کہ ماہتاب کا طلوع اپنے افق سے کسی سیارہ کے غروب کے بعد ہو اور پھر طلوع شمس سے پہلے غروب ہو جاوے اس لئے یہ تینوں واقعہ ایک شب کے نہیں ہو سکتے یا تو دو شب کے ہیں یا تین شب کے جیسا ترجمہ میں اشارہ بھی کر دیا پس دونوں جگہ فَلَمَّا رَاٰ میں جو فاء ہے وہ تعقیب واقتران عرفی کے لئے ہے نہ کہ حقیقی کے لئے کذا فی روح المعانی اور ہر چند کہ ان کواکب مذکورہ کی جسمیت وتحیز اور خود طلوع سے بھی کہ حالت حادثہ ہے ان کے ابطال ربوبیت پر استدلال ہو سکتا تھا لیکن مخاطبین چونکہ عوام زیادہ تھے اس لئے دلیل اوضح سے استدلال فرمایا کہ غروب کا موجب نقص ہونا اظہر ہے اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ احتجاب سے ابطال ربوبیت پر اگر استدلال صحیح ہے تو احتجاب بعد تجلی کے باری تعالیٰ کے لئے بھی ثابت ہے جواب یہ ہے کہ یہاں احتجاب تغیر فی الکواکب کی وجہ سے ہے اور وہاں تغیر فی الباری سے نہیں اور اصل دلیل تغیر ہے فقط۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ الخ اس میں دلالت ہے کہ مشغولی مع الحق ومناظرہ مع اہل باطل میں تنافی نہیں جب تک کہ حدود سے تجاوز نہ ہو اور اسی سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ بعض مقامات پر نرمی پر خشونت کو ترجیح ہوتی ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الخ روح میں ہے کہ ابطال ربوبیت کواکب میں نرم عنوان (مجاراۃ) اختیار فرمایا اور ابطال ربوبیت اصنام میں سخت عنوان اختیار فرمایا وجہ یہ کہ ربوبیت کواکب کا بطلان بہ نسبت بطلان ربوبیت اصنام خفی تھا اس میں اگر اول سے ہی خشونت اختیار کی جاتی تو ان کا مکابرہ اور عناد بڑھ جاتا آہ تو اس سے معلوم ہوا کہ نصح وارشاد کے باب میں مخاطب کے حال کی رعایت اور اس کی مصلحت کا لحاظ مناسب ہے اور شیوخ حکماء و مصلحین کی یہی شان ہے۔

الحواشی: (۱) توضیح اس کی یہ ہے کہ افول کوکب کی حقیقت یہ ہے کہ وہ بالائے افق سے زیر افق چلا جاوے اور ایک وقت میں بالائے افق ہونا اور دوسرے وقت تحت افق چلا جانا یہ ایک تغیر ہے اس لئے یہ تغیر خود کوکب میں ہے برخلاف احتجاب باری تعالیٰ کے کہ اس کی حقیقت یہ ہے کہ ذات باری تعالیٰ الآن کما کان رہتی ہے اور ناظرین کی قوتِ بینائی یا اس کے شرائط میں خلل ہوتا ہے اس لئے وہ ان کو مرئی نہیں ہوتی لیکن جب موانع مرتفع ہو جاتے ہیں تو مرئی ہو جاتی ہے پس یہ تغیر خود ناظرین کے اندر ہے نہ کہ ذات باری تعالیٰ کے اندر کہ وہ الآن کما کان ہے اس تغیر ناظر کی مثال ایسی سمجھو جیسے آنکھ بند کرے تو مبصرات اس کی نظر سے محجوب ہو جاویں اور آنکھ کھول دے تو دکھلائی دینے لگیں یا آنکھ میں پانی آجانے کے سبب مبصرات اسے دکھائی نہ دیں اور آنکھ بنوانے کے بعد وہ ان کو دیکھنے لگے یا ضعف بصر کے سبب وہ حروف کو نہ دیکھ سکے اور سرمہ مجلی بصر استعمال کرنے کے بعد ان کو دیکھ لے پاس یہ تغیرات خود رائی کی جانب ہیں نہ کہ مرئی کی جانب ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في ملكوت مخلوقات كما في القاموس المملكة اه وهو في الاصل مصدر استعمل في المفعول اى الآيات كما عن مجاهد ۱۲۔ ۲؎ قوله في نرى بچشم معرفت اشارة الى ان الرؤية قلبية وان وقع الابصار بالابصار لكن بحيثية الدلالة على الصانع وهذه الحيثية غير مدركة بالابصار ۱۲۔ ۳؎ قوله قبل وليكون عارف ہو جاویں لم يقدر للعطف ليستدل لان علوم الانبياء في الاصول الضرورية وانما الكلام في الاستدلال على الفروع والامام الرازي وان ذهب الى ان معارف الانبياء استدلالية لا ضرورية لكن لم يرتض به صاحب الروح كما نقصه في هذا المقام ۱۲۔ ۴؎ قوله قيل فلما جن ہو چکی اشارة الى كون الفاء المعطف على الواقعة السابقة وبالمجموع تم المحاجة ۱۲۔ ۵؎ قوله في عليه اسی طرح سب پر يعني ان الظرف ليس للتخصيص بل لبيان الواقع ۱۲۔ ۶؎ قوله في ربى زعم اشارة الى ان هذا منه عليه السلام على سبيل الفرض وارخاء العنان مجاراة مع ابى وقومه الذين كانوا يعبدون الاصنام والكواكب فان

www.besturdubooks.net

المستدل على فساد قول يحكيه ثم يكر عليه بالابطال وهذا هو الحق الحقيق بالقبول كذا في روح المعاني وهو احسن ما قيل فيه والله تعالى اعلم وفي المعالم كما قال ذق انك انت العزيز الكريم وقال وانظر الى الٰهك الذى ظلت عليه عاكفا۱۲۔ ۷ قوله هناك اور تمہارا فالتخصيص ايجاز لظهور المراد۱۲۔ ۸ قوله في هذا اكبر مذکورہ ستاروں اما حقيقة واما في الرؤية ولما اشترك علة الحدوث في الجميع مما ذكر ومما لم يذكر لا يتوقف على كون الشمس اكبر۱۲۔ ۹ قوله في وجهت ظاہر لان التوحيد حاصل من قبل۱۲۔ ۱۰ قوله في المشركين اعتقادا كما هو المظنون من القوم في الكواكب حيث يعتقدون فيها التصرف المستقل لا عملاً من العبادة واما في الاصنام فكانوا يشركون عملاً۱۲۔

اللُّغَاتُ: البزوغ الطلوع من البزغ وهو الشق كانه بنوره يشق الظلمة۔ قوله وجهت وجهي للذى في الروح عن الصحاح وجهت وجهي لله وتوجهت نحوك واليك والظاهر ان اللام صلة۱۲۔

البَلَاغَةُ: قوله في اصناما الهة وفي الكواكب ربي لعله بعبادتهم الاصنام واعتقادهم التصرف المستقل في الكواكب والاول اعتقاد الالوهية والثاني اعتقاد الربوبية۱۲۔ قوله في الشمس هذا في الروح اشارة الى الجرم المشاهدين حيث هو لامن حيث هو مسمى باسم من الاسامي فضلاً عن حيثية تسميته بالشمس ولذا ذكر اسم الاشارة اى اورد مذكرا قوله يهدني ربي قلت ما احسن موقعه بعد قوله في الكواكب هذا ربي قوله لاكونن من القوم الضالين في الروح والتعريض بضلالهم هنا كما قال ابن المنير اصرح واقوى من قوله اولا لا احب الآفلين وانما ترقى عليه السلام الى ذلك لان الخصوم قد قامت عليهم بالاستدلال الاول حجة فالسنوا بالقدح في معتقدهم ولو قيل هذا في الاول فلعلهم كانوا ينفرون ولا يصغون الى الاستدلال فما عرض لهم عليه السلام بانهم على ضلالة الا بعد ان وثق باصغائهم الى تمام المقصود واستماعهم له الى آخره والدليل على ذلك انه صلى الله عليه وسلم ترقى في النوبة الثالثة الى التصريح بالبرائة منهم والتصريح بانهم على شرك حين تم قيام الحجة عليهم تبلج الحق وبلغ من الظهور غاية۔ قوله انى وجهت الخ وانما جزم عليه السلام بالتوحيد بعد نفي ربوبيته عما ذكر مع عدم انحصار الارباب الباطلة فيها لان القوم كانوا مساعدين على نفي الربوبية من غير ما ذكر وانما كانوا ينازعون فيها فكفى ابطال ربوبيتها في اثبات التوحيد۔ من الروح۱۲۔

وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ۭ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّىْ فِى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ۭ وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ رَبِّىْ شَيْـــًٔا ۭ وَسِعَ رَبِّىْ كُلَّ شَىْءٍ عِلْمًا ۭ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝۸۰ وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ۭ فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۸۱ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝۸۲

وقف لازم ع ۹

اوران سے ان کی قوم نے حجت کرنا شروع کی۔ آپ نے فرمایا کیا تم اللہ کے معاملہ میں مجھ سے حجت کرتے ہو۔ حالانکہ اس نے مجھ کو طریقہ بتلا دیا ہے اوران چیزوں سے جن کو تم اللہ کے ساتھ شریک بناتے ہو نہیں ڈرتا۔ ہاں لیکن اگر میرا پروردگار ہی کوئی امر چاہے۔ میرا پروردگار ہر چیز کو اپنے علم میں گھیرے ہوئے ہے۔ کیا تم پھر خیال نہیں کرتے اور میں ان چیزوں سے کیسے ڈروں جن کو تم نے شریک بنایا ہے حالانکہ تم اس بات سے نہیں ڈرتے کہ تم نے اللہ کے ساتھ ایسی چیزوں کو شریک ٹھہرایا ہے جن کی اللہ تعالیٰ نے کوئی دلیل نازل نہیں فرمائی سوان دو جماعتوں میں سے امن کا زیادہ مستحق کون ہے۔ اگر تم خبر رکھتے ہو۔ جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اور اپنے ایمان کو شرک کے ساتھ مخلوط نہیں کرتے۔ ایسوں ہی کے لئے امن ہے اور وہی راہ پر چل رہے ہیں ۝

تفسیر: ربط: اوپر کے قصہ کا آگے تتمہ ہے۔

تتمہ قصہ مذکورہ: وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ (الی قولہ تعالیٰ) اُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ اوران سے ان کی قوم نے (بے ہودہ) حجت کرنا شروع کی (وہ یہ کہ یہ رسم قدیم ہے وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ اور معبودانِ باطلہ کے انکار پر ڈرایا بھی کہ کبھی تم کو یہ کسی آفت میں نہ پھنسا دیں کما يدل عليه الجواب بقوله ولا اخاف الخ) آپ نے (پہلی بات کے جواب میں تو یہ) فرمایا کیا تم اللہ (کی توحید) کے معاملہ میں مجھ سے (باطل) حجت کرتے ہو حالانکہ اس نے

www.besturdubooks.net

مجھ کو (استدلال صحیح کا) طریقہ بتلا دیا ہے (جس کو میں تمہارے روبرو پیش کر چکا ہوں اور محض رسم قدیم ہونا اس استدلال کا جواب نہیں ہوسکتا پھر اس سے احتجاج تمہارے لئے بیکار اور میرے نزدیک غیر قابل التفات) اور (دوسری بات کے جواب میں یہ فرمایا کہ) میں ان چیزوں سے جن کو تم اللہ کے ساتھ (استحقاق عبادت میں) شریک بناتے ہو نہیں ڈرتا (کہ وہ مجھ کو کوئی صدمہ پہنچا سکتے ہیں کیونکہ ان میں خود صفتِ قدرت ہی مفقود ہے اور اگر کسی چیز میں ہو بھی تو استقلالِ قدرت مفقود ہے) ہاں لیکن اگر میرا پروردگار ہی کوئی امر چاہے تو (وہ دوسری بات ہے وہ ہو جاوے گی لیکن اس سے الٰہہ وارباب باطلہ کی قدرت کا ثبوت یا ان سے خوف کی ضرورت کب لازم آئی اور) میرا پروردگار (جس طرح قادر مطلق ہے جیسا ان اشیاء سے معلوم ہوا اسی طرح وہ) ہر چیز کو اپنے (احاطۂ) علم میں (بھی) گھیرے ہوئے ہے (غرض قدرت وعلم دونوں اسی کے ساتھ مختص ہیں اور تمہارے الٰہہ کو نہ قدرت ہے نہ علم ہے) کیا تم (سنتے ہو اور) پھر (بھی) خیال نہیں کرتے اور) جس طرح میرے نہ ڈرنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ تمہارے معبود علم قدرت سے محض معرا ہیں اسی طرح یہ بات بھی تو ہے کہ میں نے کوئی کام ڈر کا کیا بھی نہیں تو پھر) میں ان چیزوں سے کیسے ڈروں جن کو تم نے (اللہ تعالیٰ کے ساتھ استحقاقِ عبادت واعتقادِ ربوبیت میں) شریک بنایا ہے حالانکہ (تم کو ڈرنا چاہئے دو وجہ سے اول تم نے ڈر کا کام یعنی شرک کیا ہے جس پر عذاب مرتب ہوتا ہے دوسرے خدا کا عالم اور قادر ہونا معلوم ہو چکا ہے مگر) تم اس بات کے وبال سے نہیں ڈرتے کہ تم نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایسی چیزوں کو شریک ٹھہرایا ہے جن (کے معبود ہونے پر) اللہ تعالیٰ نے تم پر کوئی دلیل (لفظاً یا معناً) نازل نہیں فرمائی (مطلب یہ کہ ڈرنا چاہئے تم کو پھر مجھ کو الٹا ڈراتے ہو) سو (بعد اس تقریر کے انصاف سے سوچ کر بتلاؤ کہ) ان دو (مذکورہ) جماعتوں میں سے (یعنی مشرکین و موحدین میں سے) امن کا (یعنی اس کا کہ اس پر خوف واقع نہ ہو) زیادہ مستحق کون ہے (اور خوف بھی وہ جو واقع میں قابل اعتبار ہے یعنی آخرت کا) اگر تم (کچھ) خبر رکھتے ہو (تو بتلاؤ اور خیر تم کیا بتلاؤ گے میں ہی بتلاتا ہوں کہ) جو لوگ (اللہ پر) ایمان رکھتے ہیں اور اپنے (اس) ایمان کو شرک کے ساتھ مخلوط نہیں کرتے ایسوں ہی کے لئے (قیامت میں) امن ہے اور وہی (دنیا میں) راہ راست پر چل رہے ہیں (اور وہ صرف موحدین ہیں بخلاف مشرکین کے کہ گو بالمعنی اللغوی خدا پر ایمان رکھتے ہیں کیونکہ خدا کے قائل ہیں لیکن شرک بھی کرتے ہیں جس سے ایمان شرعی منفی ہو جاتا ہے جب موحدین قابلِ امن ہیں سو اس صورت میں خود تم ڈرو نہ کہ مجھ کو ڈراتے ہو حالانکہ نہ تمہارے الٰہ ڈرنے کے قابل نہ میں نے کوئی کام ڈر کا کیا اور نہ دنیا کا خوف قابل اعتبار اور تمہاری حالت تینوں اعتبار سے محل خوف ہے)۔ **ف**: اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ اس لئے فرمادیا کہ آدمی پر حوادث بھی آتے رہتے ہیں اس سے شاید وہ جہال اپنی تخویف پر استدلال کرتے اس لئے پیش بندی فرمادی کہ اس سے استدلال اس لئے فاسد ہے کہ وہ خدا کی طرف سے واقع ہوگا پس یہ استثناء منقطع ہے یعنی لکن اَنْ یَّشَآءَ رَبِّیْ شَیْئًا کان کذا فی الخازن حاصل هذا التوجیه ولکن اخاف ان یشاء ربی شیئا من اصابة المکروه بی و ذکر شیئا للتصریح بالتعمیم لفظاً ومعناً کی تعمیم کا فائدہ نصف پارہ لن تنالوا کے قریب آیۂ سنلقی الخ کے ذیل میں ملاحظہ کیجئے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ الخ اس میں صورت دعویٰ سے احتیاط ہے جو صرف لَآ اَخَافُ پر اکتفاء کرنے میں متوہم تھا اس لئے اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ بھی بڑھا دیا ۱۲۔ قولہ تعالیٰ فَاَیُّ الْفَرِیْقَیْنِ اَحَقُّ الخ باوجودیکہ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ متعین ہے مگر یوں نہیں فرمایا فَنَحْنُ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ کیونکہ اس اخبار میں مخاطبت سے اعتساف کرنا اور استفہام میں انصاف کی طرف اس کو مائل کرنا ہے اور اہل شفقت کا مخالفین کے ارشاد میں یہی مسلک ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قوله فی حاجه بے ہودہ فسمی حجته مجازا وتفسیر الحجة بما فسرت به ذکر جزء منه فی الآیة المنقولة فی المقام وجزء منه مدلول علیه بقوله ولآ اخاف الخ۔ ۲ قوله فی یتذکرون خیال دل بهذه الترجمة علی ما فی ایراد التذکر دون التفکر ونحوه من الاشارة الیٰ ان امر آلهتهم من البطلان مرکوز فی العقول لا یتوقف الا علی التذکر واستعمال العقل لا علی دلیل زائد علیه ۱۲۔ ۳ قوله فی تعلمون بتلاؤ اشارة الی تقدیر الجزاء فاخبرونی ۱۲۔

الکلام: ادعی المعتزلة باللبس علی تفسیر الظلم بالمعصیة لان الشرك لا یجامع الایمان ثم استدلوا به علی عدم النجاة للعصاة والجواب ان الایمان اللغوی یجامع الشرك کما فی قوله تعالیٰ وما یؤمن اکثرهم بالله الا وهم مشرکون فانهدم بناء الاستدلال وقد ورد هذا التفسیر مرفوعًا فی الصحیحن وجامع الترمذی او یراد باللبس تغطیة الایمان بالکفر وجعله مغلوبًا مضمحلا لا الجمع بینهما بحیث یصدق علیه انه مؤمن و مشرك کذا فی الروح ۱۲۔

اختلاف القراءة: اتحاجون فی قراءة نافع وابن عامر بتخفیف النون ففیه حذف احدی النونین ۱۲۔

النحو: ما لم ینزل به الی باشراکه فی العبادة ۱۲۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ: قوله فای الفریقین احق بالامن لم یقل اینا اشارة الی ان احقیة الا من لا یخصه علیه السلام بل تشتمل کل موحد ترغیبا لهم فی التوحید وانما جنی بصیغة التفضیل المشعرة باستحقاقهم له وفی الجملة لا ستنزالهم عن رتبته المکابرة والاعتساف بسوق الکلام علی سنن الانصاف کذا فی الروح ۱۲۔

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۸۳﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗۤ
اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ
وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۵﴾
وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ؕ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ
وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۸۷﴾ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ
وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ
يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ
قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۰﴾ ع ۸ ۱۰ ۱۶

اور یہ ہماری حجت تھی وہ ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو ان کی قوم کے مقابلے میں دی تھی۔ ہم جس کو چاہتے ہیں مرتبوں میں بڑھا دیتے ہیں بیشک آپ کا رب بڑا علم والا بڑا حکمت والا ہے اور ہم نے ان کو (ایک بیٹا) اسحٰق دیا اور (ایک پوتا) یعقوب (دیا) ہر ایک کو (طریق حق کی) ہم نے ہدایت کی اور (ابراہیم سے) پہلے زمانہ میں ہم نے نوح علیہ السلام کو ہدایت کی اور ان (ابراہیم علیہ السلام) کی اولاد میں سے داؤد کو اور سلیمان اور ایوب کو اور یوسف کو اور موسیٰ کو اور ہارون (علیہم السلام) کو (طریق حق کی ہدایت کی) اور اسی طرح ہم نیک کام کرنے والوں کو جزا دیا کرتے ہیں اور نیز زکریا کو اور یحییٰ کو اور عیسیٰ اور الیاس (علیہم السلام) کو (اور یہ) سب (حضرات) پورے شائستہ لوگوں میں سے تھے اور نیز (ہم نے طریق حق کی ہدایت کی) اسمٰعیل کو اور یسع کو اور یونس کو اور لوط (علیہم السلام) کو اور (ان میں سے) ہر ایک کو (ان زمانوں کے) تمام جہان والوں پر (نبوت سے) ہم نے فضیلت دی اور نیز ان کے کچھ باپ داداؤں اور کچھ اولاد کو اور کچھ بھائیوں کو (طریق حق کی ہم نے ہدایت کی) اور ان (سب) کو مقبول بنایا اور ہم نے ان کو راہ راست کی ہدایت کی اللہ کی ہدایت وہ یہی (دین) ہے اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے اسکی ہدایت کرتا ہے اور اگر فرضاً یہ حضرات بھی شرک کرتے تو جو کچھ یہ اعمال کیا کرتے تھے۔ ان کے سب اکارت ہو جاتے۔ یہ ایسے تھے کہ ہم نے ان (کے مجموعہ) کو کتاب (آسمانی) اور حکمت (کے علوم) اور نبوت عطا کی تھی۔ سو اگر یہ لوگ نبوت کا انکار کریں تو ہم نے اس کے لئے ایسے بہت لوگ مقرر کر دیئے ہیں جو اس کے منکر نہیں ہیں۔ یہ حضرات ایسے تھے جن کو اللہ تعالیٰ نے (صبر کی) ہدایت کی تھی۔ سو آپ بھی ان ہی کے طریق پر چلئے۔ آپ کہہ دیجئے کہ میں تم سے اس (تبلیغ قرآن) پر کچھ معاوضہ نہیں چاہتا۔ یہ (قرآن) تو صرف تمام جہان والوں کے واسطے ایک نصیحت ہے ۞

تفسیر ربط: اوپر قصہ ابراہیم علیہ السلام سے توحید کا اثبات اور رسالت کی تائید تھی جیسا تمہید آیت: وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ میں اس کی تقریر مذکور ہو چکی ہے آگے تصویب احتجاج ابراہیمی کی تقویت مسئلہ توحید کے لئے اور ایک مختصر تذکرہ انبیاء علیہم السلام کا جن کو ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ خاص خاص تعلقات بھی ہیں کسی کو ابوۃ کا کسی کو نبوت کسی کو صرف تبعیت کا ہر دو مسئلہ رسالت کی تائید کے لئے ذکر فرماتے ہیں اول مسئلہ کی تائید تو اس طرح کہ یہ سب حضرات موحد تھے اور دوسرے مسئلہ کی تائید اس طرح کہ نبوت پہلے سے چلی آ رہی ہے پھر اب کیوں اس کو مستبعد سمجھا جاتا ہے اور اہل عرب کے لئے یہ تذکرہ زیادہ اس لئے مناسب ہے کہ وہ لوگ اپنے کو ابراہیم علیہ السلام کی طرف منسوب کرتے تھے پس اس تذکرہ میں ان کو تنبیہ ہے کہ ان کے منتسبین تو موحد تھے اور شرک کو برا سمجھتے تھے پھر تم کیسے منتسب ہو کر ان کے طریقہ کے خلاف طریقہ اختیار کرتے ہو۔

تقویت حجۃ ابراہیمیہ وتذکرۂ انبیاء علیہم السلام: وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ...... اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ اور

www.besturdubooks.net

یہ (حجت جو ابراہیم علیہ السلام نے توحید پر قائم کی تھی) ہماری (دی ہوئی) حجت تھی وہ ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کو ان کی قوم کے مقابلہ میں دی تھی (جب ہماری دی ہوئی تھی تو یقیناً اعلیٰ درجہ کی تھی اور ابراہیم علیہ السلام کی کیا تخصیص ہے) ہم (تو) جس کو چاہتے ہیں (علمی و عملی) مرتبوں میں بڑھا دیتے ہیں (چنانچہ سب انبیاء کو یہ رفعت درجات عطا فرمائی) بیشک آپ کا رب بڑا علم والا بڑا حکمت والا ہے (کہ ہر ایک کا حال اور استعداد جانتا ہے اور ہر ایک کے مناسب اس کو کمال عطا فرماتا ہے) اور ہم نے جیسا ابراہیم علیہ السلام کو فضل ذاتی علم و عمل دیا۔ اسی طرح فضل اضافی بھی دیا کہ ان کے اصول اور فروع میں سے بہتوں کو کمال دیا چنانچہ) ہم نے ان کو (ایک بیٹا) اسحٰق علیہ السلام دیا اور (ایک پوتا) یعقوب علیہ السلام (دیا اور اس سے دوسری اولاد کی نفی نہیں ہوتی اور دونوں صاحبوں میں سے) ہر ایک کو (طریق حق کی) ہم نے ہدایت کی اور (ابراہیم علیہ السلام سے) پہلے زمانہ میں ہم نے نوح کو (جن کا ابراہیمؑ کے اجداد میں ہونا مشہور ہے اور اصل کی فضیلت فرع میں بھی مؤثر ہوتی ہے طریق حق کی) ہدایت کی اور ان (ابراہیم علیہ السلام) کی اولاد (لغوی یا عرفی یا شرعی) میں سے (آخیر تک جتنے مذکور ہیں سب کو طریق حق کی ہدایت کی یعنی) داؤد (علیہ السلام) کو اور (ان کے صاحبزادہ) سلیمان (علیہ السلام) کو اور ایوب (علیہ السلام) کو اور یوسف (علیہ السلام) کو اور موسیٰ (علیہ السلام) کو اور ہارون (علیہ السلام) کو طریق حق کی ہدایت کی) اور (جب یہ ہدایت پر چلے تو ہم نے ان کو جزائے خیر بھی دی مثل ثواب و زیادہ قرب کے اور جس طرح نیک کاموں پر ان کی جزا دی) اسی طرح (ہماری عادت ہے) کہ ہم نیک کام کرنے والوں کو (مناسب) جزا دیا کرتے ہیں اور نیز (ہم نے طریق حق کی ہدایت کی) زکریا (علیہ السلام) کو اور (ان کے صاحبزادہ) یحیٰی (علیہ السلام) کو اور عیسیٰ علیہ السلام کو اور الیاس (علیہ السلام) کو (اور یہ) سب حضرات) پورے شائستہ لوگوں میں تھے اور نیز (ہم نے طریق حق کی ہدایت کی) اسمٰعیل (علیہ السلام) کو اور یسع (علیہ السلام) کو اور یونس (علیہ السلام) کو اور لوط (علیہ السلام) کو اور (ان میں سے) ہر ایک کو (ان زمانوں کے) تمام جہان والوں پر (نبوت سے) ہم نے فضیلت دی اور نیز ان (حضرات مذکورین) کے کچھ باپ دادوں کو اور کچھ اولاد کو اور کچھ بھائیوں کو (طریق حق کی ہم نے ہدایت کی) اور ہم نے ان (سب) کو مقبول بنایا اور (جس ہدایت کا اوپر ذکر قرآن میں مجمل آیا ہے ھدینا اس کو سنو کہ وہ ہدایت کس چیز کی تھی وہ یہ کہ) ہم نے ان (سب) کو راہ راست (یعنی دین حق) کی ہدایت کی (اور وہ دین جس کی ان سب کو ہدایت ہوئی تھی) اللہ کی (جانب سے جو) ہدایت (ہوتی ہے) وہ بھی (دین) ہے اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے اس کو ہدایت (بمعنی اراءۃ ہوئی ہے مگر ان میں سے بعض نے اس کو چھوڑ کر شرک اختیار کر لیا) اور (شرک اس قدر ناپسند چیز ہے کہ غیر انبیاء تو کس شمار میں ہیں) اگر فرضاً (للمحال) یہ حضرات (انبیائے مذکورین) بھی (نعوذ باللہ) شرک کرتے تو جو کچھ یہ (نیک) اعمال کیا کرتے تھے ان سے سب اکارت ہو جاتے (آگے مسئلہ نبوت کی طرف اشارہ ہے کہ) یہ (جتنے مذکور ہوئے) ایسے تھے کہ ہم نے ان (کے مجموعہ) کو کتاب (آسمانی) اور حکمت (کے علوم) اور نبوت عطا کی تھی (تو نبوت امر عجیب نہیں جو یہ کافر لوگ آپ کے منکر ہو رہے ہیں کیونکہ نظائر موجود ہیں) سو اگر (نظیر موجود ہونے پر بھی) یہ لوگ (آپ کی) نبوت کا انکار کریں تو (آپ غم نہ کیجئے کیونکہ) ہم نے اس کے (ماننے کے لئے) ایسے بہت لوگ مقرر کر دیئے ہیں (یعنی مہاجرین و انصار) جو اس کے منکر نہیں ہیں (اور ہم جو غم نہ کرنے کو اور صبر کرنے کو کہتے ہیں تو وجہ یہ ہے کہ سب انبیاء نے ایسا ہی کیا ہے چنانچہ) یہ حضرات (مذکورین) ایسے تھے جن کو اللہ تعالیٰ نے (اس صبر کی) ہدایت کی تھی سو (اس باب میں) آپ بھی ان ہی کے طریق (صبر) پر چلئے (چونکہ آپ کو بھی اس کی ہدایت کی گئی ہے کیونکہ ان سے نہ آپ کو نفع نہ کوئی ضرر جس کی وجہ سے غم اور بے صبری ہو اور اس مضمون کے اظہار کے واسطے ان سے تبلیغ کے وقت) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ میں تم سے اس (تبلیغ قرآن) پر کچھ معاوضہ نہیں چاہتا (جس کے ملنے سے نفع اور نہ ملنے سے ضرر ہو بے غرض نصیحت کرتا ہوں) یہ (قرآن) تو صرف تمام جہان والوں کے واسطے ایک نصیحت ہے (جس کو ماننے سے تمہارا ہی نفع اور نہ ماننے سے تمہارا ہی نقصان ہے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ الخ روح میں بعض مفسرین کا قول ہے کہ ہم محسنین کو ایسی ہی جزا دیتے ہیں جیسی ابراہیم علیہ السلام کو جزا دی کہ ان کے درجات بلند کئے ان کی اولاد میں ترقی دی اولاد میں نبوت عطا فرمائی آہ اس میں دلالت ہے کہ آباء کی صلاح و احسان کو بھی صلاح ابناء میں دخل ہے کہ ان کے محسن ہونے کا یہ صلہ ملتا ہے کہ ان کی اولاد میں بھی صلاحیت پیدا کی جاتی ہے چنانچہ مشائخ کی اولاد میں مشاہدہ ہے کہ ان میں رشد کی ایک خاص شان ایسی ہوتی ہے جو دوسروں میں نہیں ہوتی بشرطیکہ کوئی معارض پیش نہ آوے۔ قولہ تعالیٰ: وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ الخ اول کا حاصل جذب ہے کیوں کہ جبی کے معنی لغت میں جلب ہیں اور ثانی کا حاصل سلوک ہے کیونکہ ہدایت کے معنی اراءۃ طریق ہیں خواہ مع الوصول یا بدون الوصول۔ قولہ تعالیٰ وَلَوْ اَشْرَكُوْا الخ اس سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ کا کوئی ایسا محبوب بالذات نہیں کہ اس پر کسی حال میں مواخذہ نہ ہو جیسا جہلاء کا حضور ﷺ یا بعض اولیائے امت کے حق میں (مثل حضرت غوث اعظمؒ) خیال ہے کہ معشوق عرفی سمجھتے ہیں ۱۲۔

www.besturdubooks.net

فوائد شتی: الاول ان آتینا ها حال۔ الثانی علی قومه متعلق بآتینا لتضمنه معنی الغلبة۔ الثالث درجت تمییز۔ الرابع کلًّا هدینا المراد به اسحٰق ویعقوب لان کون ابراهیم علی هدی قد ذکر من قبل الخامس قوله من قبل وان لم یدل بلفظه علی کون نوح علیه السلام من اجداده لکنه کفی شهرته السادس کون من ذکر من بعد نوح من ذریة ابراهیم علیه السلام کما هو الراجح فی عود الضمیر الیه بالمعنی الاعم لان لوط علیه السلام لیس من ذریته بل کان ابن اخیه وکذلك یونس علیه السلام لم یکن لك من ذریته فی ما ذکر محی السنة ومنهم من ادعی کونه من ذریته فیبقی لوطا خارجًا لکنه لما کان ابن اخیه آمن به وهاجر معه صح کونه من ذریته علی سبیل التغلیب والعرب تجعل العم ابا هکذا رواه فی الروح عن ابن عباس۔ السابع فی ذکر عیسٰی علیه السلام دلیل علی ان الذریة یتناول اولاد البنات۔ الثامن الیاس منهم من قال انه من اولاد هارون علیه السلام ومنهم من قال انه ادریس فیکون البیان مختصا بمن فی الآیة الاولی ویکون زکریا وما بعده ح معطوفا علی مجموع الکلام السابق لا علی داؤد کذا فی الروح۔ التاسع اعلام فی الیسع زائدة۔ العاشر من فی آبائهم ومن بعدهم للتبعیض والضمیر الی المجموع ولا یقتضی ان یکون لکل منهم اب او ابن و اخ او کذلك القول فی آتیناهم الکتب فان المحکوم علیه هو المجموع فلا یلزم ان یکون لکل کتاب نعم الحکم والنبوة مشترکان بین الجمیع۔ الحادی عشر ان الهدایة فی نوحا هدینا مجمل وفی هدینا هم تفصیل له وفی هدی الله باعتباره مکارم الاخلاق من الصبر وغیره۔ الثانی عشر ان الضمیر فی بها الی النبوة بطریق الاستخدام لان الکلام مع هؤلاء انما هو فی نبوة محمد صلی الله علیه وسلم۔ الثالث عشر امره صلی الله علیه وسلم بالاقتداء بهداهم لا من حیث نسبتها الیهم بل الی الله تعالٰی والاضافة للموافقة۔ الرابع عشر النسبیة فی کذلك نجزی انما هو باعتبار مطلق الجزاء فلا یرد ان کل محسن لا یعطی ما اعطی النبیون۱۲۔ الخامس عشر الضمیر فی علیه وهو للقرآن والتبلیغ لدلالة الکلام علیه وان لم یذکر مصرحا۔السادس عشر فی الروح لم یظهر لی السر فی هؤلاء الانبیاء العظام علیهم الصلٰوة والسلام علی هذا الاسلوب المشتمل علی تقویم فاضل علی افضل ومتاخر بالزمان علی متقدم وکذا السر فی التقریر اولا بقوله وکذلك نجزی الخ و ثانیا لقوله کل من الصالحین اه قلت وقد اشیر الی اکثر هذه الفوائد فی اثناء الترجمة فافهم۱۲۔

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَیْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِیْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى
نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِیْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِیْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَاۤ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ
ذَرْهُمْ فِیْ خَوْضِهِمْ یَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ
حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ یُحَافِظُوْنَ ﴿۹۲﴾

اور ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی جیسی قدر پہچاننا واجب تھی ویسی قدر نہ پہچانی۔ جب کہ یوں کہہ دیا کہ اللہ تعالیٰ نے کسی بشر پر کوئی چیز بھی نازل نہیں کی۔ آپ یہ کہئے کہ وہ کتاب کس نے نازل کی ہے جس کو موسیٰ علیہ السلام لائے تھے۔ جس کی یہ کیفیت ہے کہ وہ نور ہے اور لوگوں کے لئے وہ ہدایت ہے۔ جس کو تم نے متفرق اوراق میں رکھ چھوڑا ہے جن کو ظاہر کر دیتے ہو اور بہت سی باتوں کو چھپاتے ہو اور تم کو بہت سی ایسی باتیں تعلیم کی گئیں جن کو نہ تم جانتے تھے اور نہ تمہارے بڑے۔ آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے پھر ان کو ان کے مشغلہ میں بیہودگی کے ساتھ لگا رہنے دیجئے اور یہ بھی ایسی ہی کتاب ہے جس کو ہم نے نازل کیا ہے اور جو بڑی برکت والی ہے اور اپنے سے پہلے کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے اور تا کہ آپ مکہ والوں کو اور آس پاس والوں کو ڈرائیں اور جو لوگ آخرت کا یقین رکھتے ہیں ایسے لوگ اس پر ایمان لے آتے ہیں اور وہ اپنی نماز پر مداومت رکھتے ہیں۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر توحید کا مضمون مقصوداً مذکور تھا گو ضمناً مسئلہ رسالت کی بھی تائید تھی آگے مسئلہ رسالت کا مقصوداً ذکر ہے اور سبب اس کے نزول کا یہ ہوا تھا کہ ایک یہود جس کا نام مالک بن الصیف تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کچھ مذہبی گفتگو ہونے لگی تو جوش میں آ کر اس قدر مبالغہ کیا کہ کہنے لگا کہ کسی بشر پر اللہ تعالیٰ نے کوئی کتاب نازل نہیں کی اور ایک روایت میں ہے کہ یہود نے کہا کہ واللہ آسمان سے کوئی کتاب اللہ تعالیٰ نے نازل نہیں کی اور اس پر

www.besturdubooks.net

یہ آیت نازل ہوئی اوردہ فی اللباب عن ابی حاتم وابن جریر عن سعید بن جبیر وابن عباسؓ۔

بحث متعلق نبوت: وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ (الی قولہ تعالی) وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ اور ان (منکر) لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی جیسی قدر پہچاننا واجب تھی ویسی قدر نہ پہچانی جب کہ (منہ بھر کر) یوں کہہ دیا کہ اللہ تعالیٰ نے کسی بشر پر کوئی چیز (یعنی کوئی کتاب) بھی نازل نہیں کی (یہ کہنا ناقدر شناسی اس لئے ہے کہ اس سے مسئلہ نبوت کا انکار لازم آتا ہے اور نبوت کا منکر اللہ تعالیٰ کی تکذیب کرتا ہے اور تصدیق حق واجب ہے پس اس میں قدر شناسی واجب میں اخلال ہوا یہ تو تحقیقی جواب تھا اور الزامی مسکت جواب دینے کے لئے) آپ (ان سے) یہ کہئے کہ یہ تو (بتلاؤ کہ) وہ کتاب کس نے نازل کی ہے جس کو موسیٰ (علیہ السلام) لائے تھے (یعنی توریت جس کو تم بھی مانتے ہو) جس کی یہ کیفیت ہے کہ وہ (خود مثلؔ) نور (کے واضح) ہے اورؔ (جن کی ہدایت کے لئے وہ آئی تھی) ان لوگوں کے لئے وہ (بوجہ بیان شرائع کے ذریعہ) ہدایت ہے جس کو تم نے (اپنی اغراض نفسانیہ کے لئے) متفرق اوراق میں رکھ چھوڑا ہے جن (میں جتنے اوراق کو چاہا ان) کو ظاہر کر دیتے ہو (جس میں تمہارے مطلب کے خلاف کوئی بات نہ ہوئی) اور بہت سی باتوں کو (جو اپنے مطلب کے خلاف ہیں یعنی جن اوراق میں وہ لکھی ہوئی ہیں ان کو) چھپاتے ہو اور (اس کتاب کی بدولتؔ) تم کو بہت سی ایسی باتیں تعلیم کی گئیں جن کو (قبل کتاب ملنے کے) نہ تم (یعنی قوم بنی اسرائیل جو کہ وقت نزول آیت موجود تھی) جانتے تھے اور نہ تمہارے (قریبؔ سلسلہ کے) بڑے (جانتے تھے مطلبؔ یہ کہ جس توریت کی یہ حالت ہے کہ اس کو اولاً تو تم مانتے ہو دوسرے بوجہ نور ہدیٰ ہونے کے ماننے کے قابل بھی ہے تیسرے ہر وقت تمہارے استعمال میں ہے گو وہ استعمال شرمناک ہے لیکن اس کی وجہ سے گنجائش انکار تو نہیں رہی چوتھے تمہارے حق میں وہ بڑی نعمت اور منت کی چیز ہے اسی کی بدولت عالم بنے بیٹھے ہو اس حیثیت سے بھی اس میں گنجائش انکار نہیں یہ بتلاؤ کہ اس کو کس نے نازل کیا ہے اور چونکہ اس سوال کا جواب ایسا متعینؔ ہے کہ وہ لوگ بھی اس کے سوا کوئی جواب نہ دیتے اس لئے خود ہی جواب دینے کے لئے حضور (ﷺ) کو حکم ہے کہ) آپ (ہی) کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ نے (کتاب مذکور کو) نازلؔ فرمایا ہے (اور اس سے ان کا دعویٰ عام باطل ہو گیا) پھر (یہ جواب سنا کر) ان کو ان کے مشغلہ میں بیہودگی کے ساتھ لگا رہنے دیجئے (یعنی آپ کا منصبی کام ختم ہو گیا نہ مانیں تو آپ فکر میں نہ پڑیں ہم آپ ہی سمجھ لیں گے) اور (جس طرح توریت ہماری نازل کی ہوئی کتاب تھی اسی طرح) یہ (قرآن) بھی (جن کی تکذیب یہود کے قول مذکور سے اصل مقصود ہے) ایسی ہی کتاب ہے جس کو ہم نے (آپ پر) نازل کیا ہے جو بڑی (خیر و) برکت والی ہے (چنانچہ اس پر ایمان لانا اور عمل کرنا موجب فلاح ونفع دارین ہے اور) اپنے سے پہلے (نازل شدہ) کتابوں (کے منزل من اللہ ہونے) کی تصدیق کرنے والی ہے (سوؔ ہم نے اس قرآن کو نفع خلائق اور تصدیق کتب الٰہیہ کے لئے نازل فرمایا) اور اس لئے نازل فرمایا کہ) تاکہ آپ (اس کے ذریعہ سے) مکہ والوں کو اور آس پاس والوں کو (خصوصیؔت کے ساتھ عذاب الٰہی سے جو کہ مخالفت پر ہوگا) ڈراویں (اور یوں انذار عام بھی کریں لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا۔) اور (آپ کے انذار کے بعد گو سب ایمان نہ لاویں لیکن) جو لوگ آخرت کا (پوؔرا) یقین رکھتے ہیں (جس سے عذاب کا اندیشہ ہو جائے اور اس سے بچنے کی فکر میں پڑ جائے اور ہمیشہ طلب طریق نجات اور تعیینِ حق کی دھن لگ جائے خواہ کسی دلیل نقلی سے یا تجویز عقلی سے) ایسے لوگ (تو) اس (قرآن) پر ایمان لے (ہی) آتے ہیں اور (ایمان واعتقاد کے ساتھ اس کے اعمال کے بھی پابند ہوتے ہیں کیونکہ عذاب سے نجات کامل مجموعہ پر موعود ہے چنانچہ) وہ اپنی نماز پر مداومت رکھتے ہیں (اور جب اس عبادت پر جو کہ ہر روز پانچ بار مکرر اور شاق ہے مداومت کرتے ہیں تو دوسری عبادات کے جو کہ گاہ گاہ اور سہل ہیں بدرجۂ اولیٰ پابند ہوں گے حاصل یہ کہ کسی کے ماننے نہ ماننے کی فکر نہ کیجئے جو اپنا بھلا چاہیں گے مان لیں گے جو نہ چاہیں گے نہ مانیں گے آپ اپنا کام کیجئے) **ف**: تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ سے ظاہر تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ ہر مضمون کے اوراق جدا کر رکھے تھے اور بعض کا ایسا کر لینا تعجب نہیں اور اگر قراطیس سے مراد ما فی القراطیس مجازاً لیا جاوے تو معنی یہ ہو سکتے ہیں کہ اپنے ذہن میں مضامین تورات کے مختلف حصے تجویز کر رکھے تھے جن میں بعض مضامین کو مثل نعت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح چھپاتے تھے کہ اس کی اور اور تاویلیں کر دیتے تھے چنانچہ دارمی میں حدیث عمرؓ کے یہ لفظ بنسخة التوراة ای بشی نسخ ونقل توجیہ اول میں اور در منثور میں بروایت ابن المنذر کے ابن جریج کے یہ لفظ فی یہود فیما اظهروا من التوراة واخفوا من محمد صلی اللہ علیہ وسلم توجیہ ثانی میں اظہر ہے واللہ اعلم۔

ملحقات الترجمة: ۱؎ قوله فی التمهید جوش......الی مبالغہ فاندفع ما اورد من ان الیهود کیف انکروا التوراة لان کثیر اما یقع مثله فی الناس وقت الاختصام لا یقال فکیف رد علیهم مع عدم قصدهم ذلك قلنا لانهم تکلموا بکلمة الکفر ولان الخصم یؤاخذ بمثله ۱۲۔ ۲؎ قوله فی النور خود اشار الی الفرق بینهما ۱۲۔ ۳؎ قوله فی الناس جن کی ہدایت فاللام للعهد ۱۲۔ ۴؎ قوله فی علمتم بدولت کذا فی الروح ۱۲۔ ۵؎ قوله فی آباء قریب سلسلہ لان آبائهم البعیدة انبیاء ۱۲۔ ۶؎ قوله بعد اباء مطلب الخ المقصود بیان فوائد هذه الجمل ووجه دخلها فی

www.besturdubooks.net

الالتزام واشار بقوله شرمناک الی ما فی الکشاف ان ادراج الابداء والاخفاء یفید ما یفہم التوبیخ والغی علیہم سوء جہلم لکتابہم وتحریفہم واثنی علیه صاحب الانتصاف علی ہذا۔ ۷ قوله قبل قل متعین کذا فی الروح مع ما فیه ان فیه ایذانا بانہم افہموا ولم یقدروا علی التکلم اصلا۱۲۔ ۸ قوله فی قل الله نازل اشارۃ الی تقدیر الفعل۱۲۔ ۹ قوله ہناك دعویٰ عام اشارۃ الی ان قولہم حالیة کلیة وجوابه نقیضها ای الموجبة الجزئیة۱۲۔ ۱۰ قوله فی ذرہم تم آپ اشارۃ الی انّ المقصود التہدید فلا نسخ۱۲۔ ۱۱ قوله قبل لتنذر سوہم نے الخ اشارۃ الی ما فی الکشاف معطوف علی ما دل علیه صفة الکتاب کانه قیل انزلناه للبرکات والتصدیق والانذار۱۲۔ ۱۲ قوله ہناك خصوصیت فلا یتوہم منه التخصیص وہو کقوله وانذر عشیرتك۱۲۔ ۱۳ قوله فی یؤمنون الاول پورا الی قوله تجویز عقلی قصد به المنع والجمع لاہل الکتاب وغیرہم تقریرہ ان بعض الکتاب مع ایمانہم بالآخرۃ لم یؤمنوا بالقران وغیرہم مع عدم ایمانہم بالآخرۃ آمنوا بالقرآن فکیف ہو وحاصل الجواب ان ایمانہم کلا ایمان لعدم ترتب الرہبة علیه واشار الیه بکلمة پورا وعدم ایمانہم ایمان لترتب الرہبة علیه واشارہ الیه بقوله تجویز عقلی فان لفعل لا یکفی للحکم بوقوعها۱۲۔

الروایات: ذکرت فی المتن واستشکل بکون السورۃ مکیة والمناظرۃ مع الیہود مدنیة واجیب باستثناء ہذہ الآیات من المکیة کما اخرجه ابو الشیخ عن سفیان والکلبی ہکذا فی الروح واعلم انه ورد فی بعض الروایات ان ذلك الیہودی کذبه صلی الله علیه وسلم فی قوله صلی الله علیه وسلم اما تعلم ان الله انزل فی التوراۃ انه یبغض الجر السمین فقال ما انزل الله علی بشر من شئی ردّا لقوله صلی الله علیه وسلم ویرد علیه انه ما معنی تحقیق کون القرآن منزلا لرد تکذیبه قوله علیه السلام المذکور والجواب ان کون الرجل نبیا یستلزم صدقه فی کل ما یقول وانتفاء اللازم یستلزم انتفاء الملزوم فمقصودہ الاصلی کان ہو ذاك الانتفاء الاخیر فاجیب عنه بتحقیق ہذا النزول فافہم واشرت الیه فی ترجمة ہذا کتاب بقولی اصل مقصود۱۲۔

اللغات: قوله ام القریٰ۔ مکة سمیت بها لکونها قبلة اہل القریٰ وحجہم وہم یجتمعون عندها کالاولاد عند الام قوله بین یدیه معناه المتقدم فان کل ما کان بین الیدین کذلك کذا فی الروح قوله قد روا فی الروح اصله معرفة المقدار بالسبر ثم استعمل فی معرفة الشئی باتم الوجوہ حتی صار حقیقة فیه۔

النحو: نورا وہدی وتجعلونه کلها حال وتبدونها صفة لقراطیس وہی مدار الذم لا الجعل المحض المشترك بین الکتب کلها قوله مصدق الذی لما کانت الاضافة لفظیة صح وصف النکرۃ به۱۲۔

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ قَالَ أُوحِيَ إِلَيَّ وَلَمْ يُوحَ إِلَيْهِ شَيْءٌ وَمَنْ قَالَ سَأُنْزِلُ مِثْلَ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ ۗ
وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلَائِكَةُ بَاسِطُو أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُوا أَنْفُسَكُمُ ۖ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ
عَذَابَ الْهُونِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ آيَاتِهِ تَسْتَكْبِرُونَ ﴿۹۳﴾ وَلَقَدْ جِئْتُمُونَا فُرَادَىٰ
كَمَا خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَتَرَكْتُمْ مَا خَوَّلْنَاكُمْ وَرَاءَ ظُهُورِكُمْ ۖ وَمَا نَرَىٰ مَعَكُمْ شُفَعَاءَكُمُ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ
ع ۱۱/۱۷ أَنَّهُمْ فِيكُمْ شُرَكَاءُ ۚ لَقَدْ تَقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَا كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿۹۴﴾

اور اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹ تہمت لگاوے یا یوں کہے کہ مجھ پر وحی آتی ہے حالانکہ اس کے پاس کسی بات کی بھی وحی نہیں آئی اور جو شخص کہ یوں کہے کہ جیسا کہ کلام اللہ تعالیٰ نے نازل کیا ہے اسی طرح کا میں بھی لاتا ہوں اور اگر آپ اس وقت دیکھیں جبکہ یہ ظالم لوگ موت کی سختیوں میں ہونگے اور فرشتے اپنے ہاتھ بڑھا رہے ہوں گے کہ ہاں اپنی جانیں نکالو۔ آج تم کو ذلت کی سزا دی جائے گی اس سبب سے کہ تم اللہ کے ذمہ جھوٹی باتیں بکتے تھے اور تم اللہ تعالیٰ کی آیات سے تکبر کرتے تھے اور تم ہمارے پاس تنہا تنہا آگئے جس طرح ہم نے اول بار تم کو پیدا کیا تھا اور جو کچھ ہم نے تم کو دیا تھا اس کو اپنے پیچھے ہی چھوڑ آئے اور ہم تو تمہارے ہمراہ تمہارے ان شفاعت کرنے والوں کو نہیں دیکھتے جن کی نسبت تم دعویٰ رکھتے تھے کہ وہ تمہارے معاملہ میں شریک ہیں۔ واقعی تمہارے آپس میں تو قطع تعلق ہوگیا اور تمہارا دعویٰ سب تم سے گیا گزرا ہوا۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: اوپر منکرین نبوت کی اقسام میں سے بعض پر رد تھا آگے اور اقسام کی بھی مذمت ہے جن میں ایک وہ تھے کہ صرف آپ کی نبوت کے منکر تھے مگر اپنے لئے بھی کوئی دعویٰ نہ کرتے تھے جن میں سے بعض کا قول اوپر بھی آیا ہے :اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ۔ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا میں تو ان کا ذکر ہے اور دوسرے وہ تھے جو خود اپنے لئے نبوت کے مدعی تھے جیسے مسیلمہ کذاب وغیرہ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ سے یہ مراد ہے جیسا کہ روح میں ابن جریج سے بروایت عبد بن حمید اور ابن المنذر رسے منقول ہے اور تیسرے وہ تھے جو قرآن کے مثل تصنیف کر سکنے یا کرنے کے مدعی تھے جیسا نضر بن حارث جس کا یہ قول تھا : لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ اوردہ فی اللباب اور جیسا عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کہ اول مسلمان ہوا ایک بار اس سے کوئی آیت لکھوائی گئی اتفاقاً اس کے منہ سے بعض کلمات موافق وحی کے نکل گئے۔ حضور ﷺ نے وہی لکھوایا اس پر یہ گمراہ ہو گیا کہنے لگا ان کان محمد یوحی الیه وقد اوحی الی وان کان الله ینزل فقد انزلت مثل ما انزل الله۔ اوردہ فی اللباب عن ابن جریر عن السدی۔

وَمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ میں یہ مراد ہیں اور گو نضر نے یہ لفظ انزال نہ کہا تھا لیکن اللہ تعالیٰ جو کہ منزل ہے اس کے فعل مختص تکلم بالقرآن کا دعویٰ کرنا اس کو معناً مستلزم ہے اور عبداللہ ایک قول کی رو سے اوحی الی کا مصداق بھی ہو سکتا ہے اور چونکہ ان میں بعض نے جیسا نضر بن الحارث یہ بھی کہا تھا کہ اگر مجھ کو عذاب ہونے لگا تو لات وعزیٰ شفاعت کر دیں گے اس لئے وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا میں اس کا جواب بھی ارشاد فرمایا اوردہ فی اللباب عن ابن جریر عن عکرمۃ۔

ذم منکرین نبوت: وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا (الی قولہ تعالی) وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ اور اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹ تہمت لگائے (اور مطلق نبوت یا خاص نبوت کا منکر ہو جیسا اوپر بعض کا قول آیا ہے مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ اور بعض کا قول تھا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا۔) یا یوں کہے کہ مجھ پر وحی آتی ہے حالانکہ اس کے پاس کسی بات کی بھی وحی نہیں آئی (جیسے مسیلمہ وغیرہ) اور (اسی طرح اس سے بھی زیادہ ظالم کون ہو گا) جو شخص کہ یوں کہے کہ جیسا کلام اللہ تعالیٰ نے (حسب دعویٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) نازل کیا ہے اسی طرح کا میں بھی لا (کر دکھاتا) ہوں (جیسا نضر یا عبداللہ مذکور کہتا تھا غرض یہ سب لوگ بڑے ظالم ہیں) اور (ظالموں کا حال یہ ہے کہ) اگر آپ (ان کو) اس وقت دیکھیں (تو بڑا ہولناک منظر دکھلائی دے) جب کہ یہ ظالم لوگ (جن کا ذکر ہوا) موت کی (روحانی) سختیوں میں (گرفتار) ہوں گے اور (موت کے) فرشتے (جو ملک الموت کے اعوان ہیں ان کی روح نکالنے کے واسطے ان کی طرف) اپنے ہاتھ بڑھا رہے ہوں گے (اور شدت کے ظاہر کرنے کو یوں کہتے جاتے ہوں گے کہ) ہاں (جلدی) اپنی جانیں نکالو (کہاں بچائے پھرتے تھے دیکھو) آج (مرنے کے ساتھ ہی) تم کو ذلت کی سزا دی جاوے گی (یعنی جس میں تکلیف جسمانی بھی ہو اور ذلت روحانی بھی ہو) اس سبب سے کہ تم اللہ تعالیٰ کے ذمہ جھوٹی (جھوٹی) باتیں بکتے تھے (جیسے مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اور اُوْحِيَ اِلَيَّ اور سَاُنْزِلُ وغیرھا) اور تم اللہ تعالیٰ کی آیات (کے قبول کرنے) سے جو کہ ذریعہ ہدایت تھی) تکبر کرتے تھے (یہ کیفیت تو موت کے وقت ہوگی) اور (جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ فرماویں گے کہ) تم ہمارے پاس (یار و مددگار سے) تنہا تنہا (ہو کر) آ گئے (اور اس حالت سے آئے) جس طرح ہم نے اول بار (دنیا میں) تم کو پیدا کیا تھا (کہ نہ بدن پر کپڑا نہ پاؤں میں جوتا) اور جو کچھ ہم نے تم کو (دنیا میں ساز و سامان) دیا تھا (جس پر تم بھولے بیٹھے تھے) اس کو اپنے پیچھے ہی چھوڑ آئے (ساتھ کچھ نہ لا سکے مطلب یہ کہ مال و دولت کے بھروسہ نہ رہنا۔ یہ سب یہاں ہی رہ جاوے گا) اور (تم میں جو بعض کو اپنے باطل معبودوں کی شفاعت کا بھروسہ تھا سو) ہم تو تمہارے ہمراہ (اس وقت) تمہارے ان شفاعت کرنے والوں کو نہیں دیکھتے (جس سے ثابت ہوا کہ واقع میں بھی تمہارے ساتھ نہیں ہیں) جن کی نسبت تم دعویٰ رکھتے تھے کہ وہ تمہارے معاملہ میں (ہمارے) شریک ہیں (کہ تمہارا جو معاملہ عبادت ہمارے ساتھ ہوتا تھا وہی ان کے ساتھ ہوتا تھا) واقعی تمہارے (اور ان کے) آپس میں تو قطع تعلق ہو گیا (کہ آج تم ان سے بیزار اور وہ تم سے بیزار شفاعت کیا کریں گے) اور وہ تمہارا دعویٰ (جو مذکور ہوا) سب تم سے گیا گزرا ہوا (کچھ کام کا نہ نکلا تو اب پوری پوری مصیبت پڑے گی)

ف: غمرات میں روحانی کی قید اس لئے لگائی کہ نزع کی شدت جسمانی کفار کے نہ لوازم سے ہے نہ خواص میں سے ہے اور ملائکہ کا اخرجوا کہنا حقیقت طلب کے لئے نہیں بلکہ ایسی مثال ہے جیسے کوئی شخص کسی کی چیز لے کر بھاگ جائے اور اس کو چھپائے پھرتا ہے اور مالک یا اس کا کوئی آدمی اس کو پکڑ کر جبراً اس کی بغل اور جیب اور ہاتھ میں سے خود نکالتا جاتا ہے اور کہتا جاتا ہے کہ ہاں یہاں سے نکال وہاں سے نکال مقصود صرف اظہار شدت ہوتا ہے اور بعض روایات میں آیا ہے کہ پھر عبداللہ نے نادم ہو کر اسلام کی تجدید کر لی اس صورت میں وعید سے استثناء ہو جاوے گا کیونکہ جو علت وعید کی تھی جب وہ مرتفع ہو گئی وعید بھی مرتفع ہو گئی اور اہل محشر کا برہنہ پا برہنہ بدن ہونا صحاح میں آیا ہے اور روح میں بروایت ابن ابی حاتم و حاکم حضرت عائشہؓ سے مرفوعاً اسی تفسیر کی تقریر منقول ہے اور بعض

www.besturdubooks.net

روایات میں جو مؤمنین کا کپڑا پہننا وارد ہے وہ اس کے معارض نہیں برہنگی حالت اصلی ہو اور لباس اس کے بعد ہو خواہ خروج عن القبر کے قبل یا اس کے بعد واللہ اعلم۔ اور قطع تعلق یا تو ظاہراً بھی ہو گیا ہوگا جیسا فزیلنا سے معلوم ہوتا ہے یا من حیث الشفاعت قطع کیا جاوے گو حساً یک جائی رہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا الخ اور اسی کے حکم میں ہے جو شخص کوئی خراب تراشے یا کسی وارد یا الہام کاذب یا کسی کمال یا توحید حقیقی وفنا یا مشیخت کا دعویٰ کرے یا اپنے اوہام وخیالات کو فیض غیبی کہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله باسطوا روح نکالنے كذا في البيضاوي ويصح ان يراد البسط بالعذاب ۱۲۔ ۲ قوله في اخرجوا کہتے فهو حال بتقدير قائلين ۱۲۔ ۳ قوله في كما خلقنكم اور اس حالت اشارة الى كونها حالاً ثانية كما صححه في الروح ۱۲۔ ۴ قوله في وراء ساتھ كذا في البيضاوي ۱۲۔ ۵ قوله في تقطع ہو گیا الخ اشارة الى تقدير هكذا لقد وقع التقطيع بينكم ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: وفي قراءة بينكم بالرفع اما فاعل لكون البين بمعنى الوصل واسند اليه الفعل على الاتساع ۱۲۔

النحو: ترى مفعوله محذوف اى الظالمين ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ومن قال الخ في الاتيان بالواو دون او ايذان بكونه اشنع حيث غير الاسلوب لكونه موهما لمساواة الله تعالى بخلاف ما قبله ۱۲۔

اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ؕ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۹۵﴾ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۹۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ﴿۹۸﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۹۹﴾

بے شک اللہ تعالیٰ پھاڑنے والا دانہ کو اور گٹھلیوں کو وہ جاندار (چیز) کو بے جان (چیز) سے نکال لاتا ہے (جیسے نطفہ سے آدمی پیدا ہوتا ہے) اور بے جان (چیز) جاندار (چیز) سے نکالنے والا ہے (جیسے آدمی کے بدن سے نطفہ ظاہر ہوتا ہے) اللہ یہ ہے (جس کی ایسی قدرت ہے) سو تم کہاں الٹے چلے جارہے ہو۔ وہ (اللہ تعالیٰ) صبح کا نکالنے والا ہے اور اس نے رات کو (راحت کی چیز بنائی ہے) اور سورج اور چاند (کی رفتار) کو حساب سے رکھا ہے۔ یہ ٹھہرائی ہوئی بات ہے ایسی ذات کی جو قادر ہے بڑے علم والا ہے اور وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے تمہارے (فائدہ کے) لئے ستاروں کو پیدا کیا ہے تاکہ تم ان کے ذریعہ سے اندھیروں میں خشکی میں بھی اور دریا میں بھی رستہ معلوم کرسکو بے شک ہم نے (یہ) دلائل خوب کھول کھول کر بیان کردیے ہیں ان لوگوں کے لئے جو خبر رکھتے ہیں اور وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے تم (سب) کو (اصل میں) ایک شخص سے پیدا کیا پھر ایک جگہ زیادہ رہنے کی ہے اور ایک جگہ چندے رہنے کی ہے۔ بیشک ہم نے یہ دلائل (بھی توحید وانعام کے) خوب کھول کھول کر بیان کردیے ان لوگوں کے لئے جو سمجھ بوجھ رکھتے ہیں اور وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے آسمان (کی طرف سے) پانی برسایا۔ پھر ہم نے اس کے ذریعے سے ہر قسم کی نباتات کو نکالا۔ پھر ہم نے اس سے سبز شاخ نکالی کہ ہم اوپر تلے چڑھے ہوئے دانے نکالتے ہیں اور کھجور کے درختوں سے یعنی ان کے گچھے میں سے خوشے ہیں جو (مارے بوجھ کے) نیچے کو لٹکے جاتے ہیں اور (اسی پانی سے ہم نے) انگوروں کے باغ اور زیتون اور انار (کے درخت پیدا کئے) جو کہ ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں اور ایک دوسرے سے ملتے جلتے نہیں ہوتے (ذرا) ایک دوسرے کے پھل کو دیکھو جب وہ پکتا ہے اور (پھر) اس کے پکنے کو دیکھو ان میں بھی دلائل (توحید کے موجود) ہیں ان لوگوں کے لئے جو ایمان (لانے کی فکر) رکھتے ہیں۔ ۞

www.besturdubooks.net

تفسیر لطیف: اوپر مسئلہ رسالت کی تحقیق مع اس کے متعلقات کے تھی اور اس سے اوپر مسئلہ توحید مذکور تھا آگے پھر توحید کی طرف عود ہے اور اس کے ساتھ چونکہ استدلال میں اپنی نعمتوں کا ذکر ہے اپنے منعم ہونے کا بھی بیان ہے تا کہ شرک کا قبح طبعی بھی ظاہر ہو جاوے۔

عود بسوئے اثباتِ توحید: اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَ النَّوٰى (الی قولہ تعالی) اِنَّ فِیْ ذٰلِكُمْ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ بیشک اللہ تعالیٰ پھاڑنے والا ہے دانہ کو اور گٹھلیوں کو (یعنی زمین میں دبانے کے بعد جو دانہ یا گٹھلی پھوٹتی ہے یہ اللہ ہی کا کام ہے) وہ جاندار (چیز) کو بے جان (چیز) سے نکال لاتا ہے (جیسے نطفہ سے آدمی پیدا ہوتا ہے) اور وہ بے جان (چیز) کو جاندار (چیز) سے نکالنے والا ہے (جیسے آدمی کے بدن سے نطفہ ظاہر ہوتا ہے) اللہ یہ ہے (جس کی ایسی قدرت ہے) سوتم (اس کی عبادت چھوڑ کر) کہاں (غیر اللہ کی عبادت کی طرف) الٹے چلے جارہے ہو وہ (اللہ تعالیٰ) صبح (صادق) کا (رات میں سے) نکالنے والا ہے (یعنی رات ختم ہو جاتی ہے اور صبح صادق ظاہر ہوتی ہے) اور اس نے رات کو راحت کی چیز بنائی ہے (کہ سب تھکے تھکائے سوکر آرام پاتے ہیں) اور سورج اور چاند (کی رفتار) کو حساب سے رکھا ہے (یعنی ان کی رفتار منضبط ہے جس سے اوقات کے انضباط میں سہولت ہو) یہ (حساب سے ان کی رفتار ہو) ٹھہرائی ہوئی بات ہے ایسی ذات کی جو کہ قادر (مطلق) ہے (کہ اس طرح حرکت پیدا کرنے پر اس کو قدرت ہے اور) بڑے علم والا ہے (کہ اس رفتار کی مصلحتیں اور حکمتیں جانتا تھا اس لئے اس خاص طرح پر ٹھہرا دیا) اور وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے تمہارے (فائدہ) کے لئے ستاروں کو پیدا کیا (اور وہ فائدہ یہ ہے) تا کہ تم ان کے ذریعہ سے (رات کے) اندھیروں میں خشکی میں بھی اور دریا میں بھی راستہ معلوم کر سکو بے شک ہم نے (یہ) دلائل (توحید وانعام کے) خوب کھول کھول کر بیان کر دیئے ہیں (اور گو پہنچیں گے سب کو مگر نافع ان (ہی) لوگوں کے لئے ہوں گے جو (بھلے برے کی کچھ) خبر رکھتے ہیں (کیونکہ غور ایسے ہی لوگ کیا کرتے ہیں) اور وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے تم (سب) کو (اصل میں) ایک شخص سے (کہ آدم علیہ السلام ہیں) پیدا کیا پھر (آگے توالد وتناسل کا اس طرح سلسلہ جاری چلا آ رہا ہے کہ تم میں سے ہر شخص کے لئے مرتبہ مادہ میں) ایک جگہ زیادہ رہنے کی ہے (یعنی ماں کا رحم) ایک جگہ چندے رہنے کی (یعنی باپ کی پشت لقولہ تعالیٰ مِنْ بَیْنِ الصُّلْبِ) بیشک ہم نے (یہ) دلائل (بھی توحید وانعام کے) خوب کھول کھول کر بیان کر دیئے ہیں (عام طور پر مگر ان کا نفع بھی مثل سابق) ان (ہی) لوگوں کے لئے (ہوگا) جو سمجھ بوجھ رکھتے ہیں (یہ تفصیل ہوگئی یُخْرِجُ الْحَیَّ الخ کی) اور وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے آسمان (کی طرف) سے پانی (بارش کا) برسایا پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعہ سے (باوجود) اس کے واحد ہونے کے ہر (مختلف) قسم کے نباتات کو (زمین سے) نکالا (اور یہ بھی عجیب بات ہے کہ سبب واحد کے مسبب مختلف) پھر ہم نے اس (نبات کے اول نمودار ہونے والی چیز) سے (جو اول زمین سے نکلتی ہے جس کو بعض غلات میں سوئی یا کھونٹی کہتے ہیں اور رنگ میں زرد ہوتی ہے) سبز شاخ نکالی کہ اس (شاخ) سے ہم اوپر تلے دانے چڑھے ہوئے نکالتے ہیں (یہ تو غلوں کی کیفیت ہے جس کا ذکر اجمالاً فَالِقُ الْحَبِّ میں آ چکا ہے) اور کھجور کے درختوں سے یعنی ان کے گچھے میں خوشے (نکلتے) ہیں جو مارے بوجھ کے) نیچے کو لٹکے جاتے ہیں اور (اسی پانی سے ہم نے انگوروں کے باغ پیدا کئے) اور زیتون وانار (کے درخت پیدا کئے) جو کہ (بعضے انار اور بعضے زیتون پھل کی صورت شکل ومقدار ورنگ ومزہ کے اعتبار سے) ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہوتے ہیں اور (بعضے) ایک دوسرے سے ملتے جلتے نہیں ہوتے (ذرا) ہر ایک کے پھل کو تو دیکھو جب وہ پھلتا ہے (کہ اس وقت بالکل کچا بدمزہ ناقابل انتفاع ہوتا ہے) اور (پھر) اس کے پکنے کو دیکھو (کہ اس وقت سب اوصاف میں کیسا کامل ہو گیا یہ بھی خدا کی قدرت کا ظہور ہے) ان (امور) میں (بھی) دلائل (توحید کے موجود ہیں اور گویا باعتبار تبلیغ کے سب کے لئے ہیں مگر انتفاع کے اعتبار سے) ان (ہی) لوگوں کے لئے (ہیں) جو ایمان لانے کی فکر رکھتے ہیں (یہ میووں اور پھلوں کا بیان ہوا جن کا ذکر اجمالاً والنوی میں آ چکا ہے)

ف: ان مضامین میں ایک عجیب ترتیب مرعی ہے وہ یہ کہ یہاں تین قسم کی کائنات مذکور ہیں۔ سفلیات، علویات، کائنات جو اور شروع کیا سفلیات سے کہ وہ ہم سے اقرب ہیں اور پھر اس کے دو حصے کئے ایک بیان نباتات، دوم بیان انفس۔ اول کو مقدم کیا کہ بہ نسبت دوم کے اظہر ہے اور دوم ادق ہے چنانچہ تقلیات نطفہ کا ادراک اطباء کے ساتھ مخصوص ہے بخلاف تقلیات نباتیہ کہ عام طور سے مشاہد ہے۔ پھر کائنات جو کو ذکر کیا صبح ولیل پھر علویات کو ذکر کیا شمس وقمر ونجوم۔ پھر چونکہ سفلیات کا زیادہ مشاہدہ ہوتا ہے اس کو مکرر لا کر اس پر ختم فرمایا مگر پہلے وہ اجمالاً مذکور تھے اب تفصیل سے مذکور کئے گئے لیکن تفصیل کی ترتیب میں اجمال کی ترتیب کا عکس کر دیا گیا کہ بیان انفس کو مقدم کیا اور بیان نباتات کو مؤخر۔ ممکن ہے کہ اس کا مبنی یہ ہو کہ اس مفصل بیان میں اظہارِ نعمت کا عنوان اختیار کیا گیا ہے تو اس حیثیت سے منعم علیہ بوجہ مقصود متبوع ہونے کے قابل تقدیم کے ہوا اور بیان نباتات میں ترتیب سابق باقی ہے کہ حبوب کی کیفیت نوی پر مقدم رہی۔ اور بارش کا درمیان میں ذکر آنا ہر چند کہ تبعاً للنبات ہے لیکن اس میں ایک اور لطیفہ بھی ہو سکتا ہے وہ یہ کہ بارش ذو جہات ہے مبدأ کے اعتبار سے تو علوی اور منتہی کے اعتبار سے سفلی اور مسافت کے اعتبار سے کائن فی الجو۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ لِتَهْتَدُوْا بِهَا الخ اس میں اسباب کا اثبات اور ان سے منتفع ہونے کی مشروعیت پر دلالت ہے اور یہ علی الاطلاق منافی توکل نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ اُنْظُرُوْا اِلٰی ثَمَرِهٖ اس میں دلالت ہے کہ خلق کی طرف نظر کرنا جب کہ للحق ہو مذموم نہیں بلکہ اگر مقصود میں اس کی طرف احتیاج ہو تو مطلوب ہے پس خلق اس وقت حق تعالیٰ کی مرآۃ ہو جاتی ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قوله فی فالق نکالنے والا اشارة الى ان المنفلق فى الاصل الظلمة الخارج منها نوراً يصبح لكن للمجاورة بينهما اعتبر الانفلاق فى الصبح مبالغة كان الفجر كان مطويا فى الليل كالثوب المطوى فى الصندوق فتح الصندوق او لا ثم نشر الثوب ثانيا فكانما انشق الليل اولا فخرج منه الفجر كالشئى المشتمل المنغمر ثم انشق هذا الفجر فخرج من داخله النور المنتشر وهذا التقرير من المواهب ۱۲۔ ۲ قوله فى لتهتدوا فائده اشارة الى انه بدل من لكم ۱۲۔ ۳ قوله فى ظلمات رات اشارة الى ان اضافة الظلمات الى البر والبحر للملابسة لان الظلمات فى الاصل الليل ۱۲۔ ۴ قوله فى مستقر رحم لقوله تعالىٰ ونقر فى الارحام ما نشاء وفسر المستودع بقرينة المقابلة ۱۲۔ ۵ قوله فى مستودع پشت معنى الاستيداع فى الصلب ذكره البيضاوى فى الطارق وتوضيح المقام ان اصل الولد هو المنى وقال البقراط ومتابعوه ان اصل مادته ينزل من الدماغ الى النخاع من طريق العرقين الواصلين اليه من خلف الاذنين وينضم اليها هناك مادة اخرىٰ متولدة فى جميع الاعضاء الرئيسة وغيرها من طريق العروق الواصلة من تلك الاعضاء وبين النخاع وتنزل تلك المادة المجتمعة من النخاع الى الكليتين وتجرى منهما الى العرق الواصل بينهما وبين الانثيين وتنضج هناك الى ان تضرب الى البياض ثم منه الى الانثيين وتنضج هناك نضجاتا ما تصير منيا بالفعل وقال اخرون مادة المنى تخرج من جميع البدن من غير ان يكون لها اصل فى عضو بعينه تنجذب منه او لا الى الكبد ثم تخرج منها الى الكليتين من طريق شعب الاجوف فينفصل هناك عنها مائيتها ويبقى غليظها ثم منها الى الانثيين فتنضج هناك نضجاتا ما وتصير منيا بالفعل فعلى ما قال البقراط مكث المنى فى الصلب ليس الا زمان بقائه فى النخاع والكليتين وهو اقل قليل بالنسبة الى المكث فى الرحم واما على ما قال آخرون فالمكث فيه ليس الا زمان بقائه فى الكليتين فقط لان الكليتين واقعتان فى اسفل الصلب هو اقل من الزمان الاول ايضا هذا اذا كان المراد بالصلب الظهر مجازا والا فالصلب ليس محلا للمنى على هذا القول وعلى القول الاول مكثه فيه ليس الا زمان بقائه فى النخاع فقط والاقرب الى الصواب هو ما قال البقراط لان العرقين المائين من خلف الاذنين اذا قطعا انقطع التناسل والله اعلم ۱۲۔ ۶ قوله فى الآيت لقوم يفقهون بھی اشار الى ان المشار اليه بذلك هى الدلائل المذكورة قريباً لا جميع ما ذكره ۱۲۔ ۷ قوله فى من السماء طرف سے كما فى البيضاوى ۱۲۔ ۸ قوله فى اخرجنا به واحد اشارة الى قوله تعالىٰ يسقى بماء واحد ۱۲۔ ۹ قوله فى نخرج كر اس سے اشارة الى كون نخرج صفة ۱۲۔ ۱۰ قوله فى دانية مارے بوجھ کے كما فى الروح ۱۲۔ ۱۱ قوله فى جنات اسى پانى سے اشارة الى كونه معطوفا على نبات وهو الراجح على عطفه على خضرا او حبا لانهما يستلزمان دخوله فى النبات وهو مختص فى العرف بما لا ساق له كذا فى الروح كالخضر فانه يختص بما لا ساق له صرح به فى الخازن ۱۲۔ ۱۲ قوله فى الزيتون والرمان درخت اشارة الى ان المراد بالزيتون والرمان شجرتهما ليسهل الرجاع الضمير فى ثمره ۱۲۔ ۱۳ قوله فى مشتبهاً بعضے انار الخ لم يعمم للنخل والزرع لقوله تعالىٰ فى الآية الاخرىٰ وهو الذى انشأ جنات معروشات وغير معروشات والنخل والزرع مختلفا اكله والزيتون والرمان متشابها وغير متشابه ۱۲۔ ۱۴ قوله فى يؤمنون فكر كذا فى الروح۔

اختلاف القراءة: فى قراءة جنات بالرفع على الابتداء اى ولكم جنات ۱۲۔

اللغات: الاصباح مصدر اصبح اذا دخل فى الصبح سمى الصبح السكن كل ما يسكن اليه الرجل ويطمئن من زوج او حبيب يقال له سكن الحسبان المصدر منصوب اما بنزع الخافض او بكونه مفعولا لجعل بتقدير ذوا ويجعل بمعنى المحسوب النبات كالنبت ما يخرج من الارض من الناميات على ما قاله الراغب فهو بمعنى المنبوت وخص فى العرف بما لا ساق له فالاضافة للصفة الى الموصوف الطلع فى القاموس الطلع من النخل شئى يخرج كانه فعلان مطبقان والحمل بينهما منضود والطرف محددا وما يبدو من ثمره فى اول ظهورها وقشرها يسمى الكفرى وما فى داخله الا غريض لبياضه القنوان جمع قنو بمعنى العذق وهو للتمر بمنزلة

www.besturdubooks.net

العقور للغیب ۲۔

النَّحْوُ: قوله فمستقر خبره مقدر ای فلكم مستقر قوله ومن النخل يبد كی منه من طلعها وهو خبر مقدم والمبتدأ قنوان دانية ولم اطلع على السر فی تغيير عنوانه حيث لم يقل قنوانا درية ۲۔

البَلَاغَةُ: قوله يخرج الخ فی الروح اختار ابن المنير كون مخرج معطوفا على يخرج قال وقد وردا جميعاً بصيغة المضارع كثيرا لا انه عدل عن ذلك استحضارا له فی ذهن السامع لان العناية فيه اقوى لكون اخراج الحی من الميت اظهر فی القدرة من عكسه وهو ايضا اول الحالين والنظر اول ما يبدأ فيه وسهل عطف الاسم على الفعل لكون الاسم فی معنی الفعل اه الاقرب فی اختلاف الفواصل بقوله يعلمون ويفقهون ويؤمنون ان يقال هی بمعنی واحد الا انه لما اريد فصل كل آية بفاصلة تنبيهًا على استقلال كل منها بالمقصود من الحجة وكره الفصل بفواصل متساوية لفظاً للتكرار عدل الى فاصلة مخالفة تحسيناً للنظم وافتنانا فی البلاغة كذا فی الروح ۲۔ قوله جنات فی الروح لعل زيادة الجنات ههنا كما قيل من غير اكتفاء بذكر اسم الجنس كما فيما تقدم وما تاخر لما ان الانتفاع بهذا الجنس لا يتاتی غالباً الا عند اجتماع طائفة من افراده اه۔

وَجَعَلُوا لِلّٰهِ شُرَكَاءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝۱۰۰ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ ع ۱۲ ۱۸
وَالْاَرْضِ ۭ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ۭ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۱۰۱ ذٰلِكُمُ
اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۝۱۰۲ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۡ وَهُوَ
يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۝۱۰۳ قَدْ جَاۗءَكُمْ بَصَاۗىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۭ
وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ۝۱۰۴ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝۱۰۵ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ
اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱۰۶ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ۭ وَمَا جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ
وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝۱۰۷ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ كَذٰلِكَ
زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۰۸

اورلوگوں نے شیاطین کواللہ کا شریک قرار دے رکھا ہے حالانکہ ان لوگوں کو خدا نے پیدا کیا ہے اوران لوگوں نے اللہ کے حق میں بیٹے اور بیٹیاں محض بلاسند تراش رکھی ہیں وہ پاک اور برتر ہے ان باتوں سے جن کو یہ لوگ بیان کرتے ہیں۔ وہ آسمانوں اور زمین کا موجد ہے اللہ کے اولاد کہاں ہوسکتی ہے حالانکہ اس کی کوئی بی بی تو ہے نہیں اور اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو پیدا کیا اور وہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔ یہ ہے اللہ تمہارا ربّ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ ہر چیز کا پیدا کرنے والا' تو تم لوگ اس کی عبادت کرو اور وہ ہر چیز کا کارساز ہے اس کو تو کسی کی نگاہ محیط نہیں ہوسکتی اور وہ سب نگاہوں کو محیط ہو جاتا ہے اور وہ ہی بڑا باریک بین باخبر ہے۔ اب بلاشبہ تمہارے پاس تمہارے ربّ کی جانب سے حق بینی کے ذرائع پہنچ چکے ہیں سو جو شخص دیکھ لے گا وہ اپنا فائدہ کرے گا اور جو شخص اندھا رہے گا وہ اپنا نقصان کرے گا اور میں تمہارا نگران نہیں ہوں اور ہم اس طور سے دلائل کو مختلف پہلوؤں سے بیان کرتے ہیں تاکہ سب کو پہنچادیں اور تاکہ یہ یوں کہیں کہ آپ نے کسی سے پڑھ لیا ہے اور تاکہ ہم اس کو دانشمندوں کیلئے خوب ظاہر کردیں۔ آپ خود اس طریقے پر چلتے رہئے جس کی وحی آپ کے ربّ کی طرف سے آپ کے پاس آئی ہے اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور مشرکین کی طرف خیال نہ کیجئے اور اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو یہ شرک نہ کرتے اور ہم نے آپ کو ان کا نگران نہیں بنایا اور نہ آپ ان پر مختار ہیں اور دشنام مت دو ان کو جن کی یہ لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہیں۔ پھر وہ براہ جہل حد سے گزر کر اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی کریں گے ہم نے اسی طرح ہر طبقہ والوں کو ان کا عمل مرغوب بنا رکھا ہے پھر اپنے ربّ ہی کے پاس ان کو جانا ہے سو وہ ان کو جتلا دے گا جو کچھ بھی وہ کیا کرتے تھے ۝

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: اوپر دلائل توحید کا ذکر تھا آگے تصریحاً توحید کا اثبات اور شرک کا ابطال ہے۔

ابطالِ شرک واثباتِ توحید: وَجَعَلُوْا (الی قولہ تعالی) وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ اور (مشرک) لوگوں نے (اپنے اعتقاد میں) شیاطین کو (ایسے) اللہ کا (جس کے صفات وافعال اوپر مذکور ہوئے) شریک قرار دے رکھا ہے (کہ ان کے اغواء سے شرک کرتے ہیں اور خدا کے مقابلہ میں ان کے کہنے پر چلتے ہیں) حالانکہ ان لوگوں کو (خود ان کے اقرار کے موافق بھی) خدا (ہی) نے پیدا کیا ہے (جب خالق کوئی اور نہیں تو معبود بھی کوئی اور نہ ہونا چاہئے) اور ان (مشرکین میں سے بعض) لوگوں نے اللہ کے حق میں بیٹے اور بیٹیاں (اپنے اعتقاد میں) محض بلا سند تراش رکھی ہیں (جیسے نصاریٰ حضرت مسیح اور بعض یہود حضرت عزیر کو خدا کا بیٹا اور مشرکینِ عرب فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے تھے) وہ پاک اور برتر ہے ان باتوں سے جن کو یہ لوگ (خدا تعالیٰ کی جناب میں) بیان کرتے ہیں (یعنی یہ کہ اس کا کوئی شریک ہو یا اس کے کوئی اولاد ہو) وہ آسمانوں اور زمین کا موجد (یعنی نیست سے ہست کرنے والا) ہے (اور دوسرا کوئی موجد نہیں پس معبود بھی اور کوئی نہ ہوگا اس سے تو شریک کی نفی ہوئی اور اولاد کی نفی کی دلیل یہ ہے کہ غیر مؤنث کی اولاد کی حقیقت یہ ہے کہ اس کے بی بی ہو اور ان دونوں کی مقارنت سے تیسری جاندار چیز پیدا ہو تو) اللہ کے اولاد کہاں ہو سکتی ہے حالانکہ اس کے کوئی بی بی تو ہے نہیں (جو موقوف علیہ ہے اولاد کی اور جب موقوف علیہ منفی ہے تو موقوف بدرجۂ اولیٰ منفی ہے) اور اللہ تعالیٰ نے جیسا ان لوگوں کو پیدا کیا وخلقهم اور زمین وآسمان کو پیدا کیا بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ الخ اسی طرح اسی نے) ہر چیز کو پیدا کیا (پس معبود وہی ہو سکتا ہے) اور (جس طرح وہ خالقیت میں یکتا ہے اسی طرح اس صفت میں بھی یکتا ہے کہ) وہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے (ازلاً بھی ابداً بھی اور اس وصف میں بھی اس کا کوئی شریک نہیں اور خلق بدون علم کے ہو نہیں سکتا اس سے بھی ثابت ہوا کہ اور کوئی خالق نہیں) یہ (ذات جس کے صفات کمال بیان کئے گئے یہ) ہے اللہ تمہارا رب اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہر چیز کا پیدا کرنے والا (جیسا اوپر بیان ہوا جب یہ صفات اللہ ہی میں ہیں) تو تم لوگ اس (ہی) کی عبادت کرو اور (پھر یہ کہ) وہ (ہی) ہر چیز کا کارساز (حقیقی) ہے (دوسرا کوئی کارساز بھی نہیں پس اس کی عبادت کرو گے تو وہ تم کو نفع حقیقی پہنچا دے گا اور دوسرا کیا دے دے گا غرض خالق بھی وہی علیم بھی وہی وکیل بھی وہی اور یہ سب امور مقتضی ہیں کہ معبود بھی وہی ہو اور اس کے علیم ہونے کی اور اس میں متفرد ہونے کی یہ کیفیت ہے کہ) اس کو تو کسی کی نگاہ محیط نہیں ہو سکتی (دنیا میں تو اس طرح کہ کوئی دیکھ ہی نہیں سکتا جیسا دلائل شرعیہ سے ثابت ہے اور آخرت میں اس طرح کہ اہل جنت دیکھیں گے جیسا کہ نیز دلائل شرعیہ سے ثابت ہے لیکن احاطہ محال رہے گا اور جس محسوس بالبصر کے ظاہر کا احاطہ احساسِ بصری سے محال ہو تو اس کی حقیقتِ باطنی کا کہ ظاہر کے مقابلہ میں بدرجہا خفی تر ہے احاطہ کرنا عقل سے جو کہ احساس سے بدرجہا زیادہ محتمل غلط ہے بدرجۂ اولیٰ محال ہوگا) اور وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) سب نگاہوں کو (جو کہ اسکے احاطہ سے عاجز تھیں وجوبا) محیط ہو جاتا ہے (اسی طرح اور چیزوں کو بھی علماً محیط ہے وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ اور (اس امر سے کہ وہ سب کو محیط ہے اور اسکو کوئی محیط نہیں لازم آ گیا کہ) وہی بڑا باریک بین[1] باخبر ہے (اور کوئی دوسرا نہیں اور یہی تھا تفرد فی کمال العلم جو ثابت ہوگیا)۔

ف: حاصل مقام کا یہ ہے کہ حق تعالیٰ کے سوا کوئی مبصر ومرئی خواہ کیسا ہی اکبر واعظم ہو ایسا نہیں کہ اس کا احاطہ کسی رائی کی بصر سے خواہ وہ کیسا ہی اصغر واحقر ہو محال ہو چنانچہ اس کا امکان باقتضائے عقل ظاہر ہے بخلاف حق تعالیٰ کے باوجودیکہ دنیا میں عقلاً مبصر ہونا فی حد ذاتہ ممکن ہے جیسا کہ رب ارنی کی درخواست سے ظاہر ہے گو شرعاً ممتنع ہے جیسا لَنْ تَرٰىنِيْ سے یقینی ہے نیز احادیث میں علی الاطلاق اس کی تصریح ہے اور آخرت میں مبصر ہونا واقع ہے لیکن احاطہ ہر حالت میں محال ہے اور یہ امر خواص باری تعالیٰ سے ہے پس یہ شبہ دفع ہوگیا کہ بعض اجسام عظیمہ پر بھی یہ امر صادق آتا ہے کہ لَا يُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وجہ دفع ظاہر ہے کہ وہاں ادراک بمعنی الاحاطہ محال تو نہیں پس نفی ادراک مذکور فی الآیۃ مرتبہ استحالہ میں خواص واجب سے ہوا اور احاطہ عقلیہ کا محال ہونا مستقلاً بھی کتب کلامیہ میں مذکور ہے اور لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ بھی بالاولیٰ اس پر دال ہے جس کی تقریر اثنائے ترجمہ میں کردی گئی اور يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ میں تخصیص ابصار کی باقتضائے خصوصیت مقام ہے کہ مقام بیان ابصار کے ہے خصوصیت حکم کی مقصود نہیں کیونکہ عموم دوسرے دلائل سے ثابت ہے اور اس کا مضمون خواص واجب سے اس طور پر ہے کہ ممکنات میں کوئی چیز ایسی نہیں کہ دوسری چیز کا اس کو محیط ہونا محال ہو اور اس کا احاطہ اس دوسری چیز کو واجب ہو پس لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ میں نفی مرتبہ استحالہ میں معتبر ہوگا اب دونوں حکموں کا خواص میں سے ہونا ظاہر ومتیقن ہوگیا۔ اور ادراک کا جو ترجمہ کیا گیا اس سے معتزلہ کا استدلال در باب انکار رویت الٰہیہ کے اہل جنت کے واسطے ساقط ہوگیا اور ادراک کے یہ معنی ابن عباسؓ سے منقول ہیں چنانچہ درمنثور میں ہے **اخرج ابن جرير عن ابن عباس لا تدركه الابصار لا يحيط بصره احد بالله تعالى** اھ۔ اور روح میں ہے **واليه ذهب الكثير من ائمة اللغة وغيرهم** پس مطلق رویت ثابت اور احاطہ منفی۔ اور حدیثوں میں جو حضور ﷺ سے اس سوال کے جواب میں **هل رايت ربك** دو جواب آئے ہیں ایک تو **رانى اراه**: دوسرا **رأيت نورا** پہلے جواب میں احاطہ مراد ہے اور دوسرے میں مطلق رویت۔ اور جاننا چاہئے کہ لیلۃ المعراج میں آپ کا اللہ تعالیٰ کو دیکھنا جیسا کہ جلالین میں تخریج مستدرک حاکم بروایۃ

www.besturdubooks.net

حضرت ابن عباس ؓ حضور ﷺ کا ارشاد منقول ہے: رایت ربی عزوجل الحدیث وہ اس حکم امتناعی شرعی فی الدنیا سے مخصوص ہے اور شیخ اکبر ؒ سماوات وما فوقہا کو دنیا سے خارج فرماتے ہیں۔ اور آخرت میں داخل کرتے ہیں اور اس بناء پر کہ آخرت کا ایک زمانہ ہے جو قیامت میں آوے گا اور ایک مکان ہے جو اوپر مذکور ہوا پس یہ رؤیت آخرت میں ہوئی تھی فلا حاجۃ الی القول بالتخصیص۔

ربط: اوپر دلائل اثبات توحید وابطال شرک کے مذکور ہوئے ہیں آگے مسئلہ رسالت کے متعلق اس کا بیان ہے کہ آپ کے ذمہ رسالت کی حیثیت سے صرف ان مضامین کی تبلیغ اور عبدیت کے اعتبار سے خود عمل پر استقامت ہے نہ کہ ان کے فکر وغم میں پڑ جانا۔

بیان وظیفہ رسالت وعبدیت: قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ (الی قولہ تعالی) وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ (آپ ان لوگوں سے کہہ دیجئے کہ) اب بلاشبہ تمہارے پاس تمہارے رب کی جانب سے حق بینی کے ذرائع (کہ وہ توحید ورسالت کے حق ہونے کے دلائل عقلیہ ونقلیہ ہیں) پہنچ چکے ہیں سو جو شخص انکے ذریعے سے حق کو دیکھ لے گا وہ اپنا فائدہ کریگا اور جو شخص اندھا رہے گا وہ اپنا نقصان کریگا اور میں تمہارا (یعنی تمہارے اعمال کا) نگران نہیں ہوں (یعنی جیسا نگرانی کرنے والے کے ذمہ ہوتا ہے کہ ناشائستہ حرکت نہ کرنے دے یہ میرے ذمہ نہیں میرا کام صرف تبلیغ ہے) اور (دیکھئے) ہم اس (عمدہ) طور پر دلائل کو مختلف پہلوؤں سے بیان کرتے ہیں تاکہ آپ سب انکو پہنچا دیں اور تاکہ یہ (منکرین تعصب سے) یوں کہیں کہ آپ نے کسی سے (ان مضامین کو) پڑھ لیا ہے (مطلب یہ کہ تاکہ ان پر اور زیادہ الزام ہو کہ ہم تو اس طرح حق کو ثابت کرتے تھے اور تم پھر ایسا کہتے تھے اور یہ کہنا محض براہ عناد تھا ورنہ بطلان اس کا ظاہر ہے) اور تاکہ ہم اس (قرآن کے مضامین) کو دانشمندوں کیلئے خوب ظاہر کر دیں (یعنی قرآن کے نازل کرنے کے تین فائدے ہیں ایک یہ کہ آپ کو اجر تبلیغ ملے۔ دوسرے یہ کہ منکرین پر زیادہ جرم قائم ہو تیسرے یہ کہ دانشمند وطالبان حق کو حق ظاہر ہو جاوے پس) آپ (یہ نہ دیکھئے کہ کون مانتا ہے کون نہیں مانتا) خود اس طریق پر چلتے رہیے جس (پر چلنے) کی وحی آپ کے رب کی طرف سے آپ کے پاس آئی ہے (اور اس طریق میں بڑی چیز یہ اعتقاد ہے کہ اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور اس طریق میں تبلیغ کا حکم بھی داخل ہے) ور (اس پر قائم رہ کر) مشرکین کی طرف سے خیال نہ کیجئے (کہ افسوس انہوں نے قبول کیوں نہ کیا) اور (وجہ خیال نہ کرنے کی یہ ہے کہ) اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو یہ شرک نہ کرتے (لیکن ان لوگوں کی بدعنوانیوں سے اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا کہ ان کو سزا دیں اسلئے ویسا ہی سامان جمع کر دیا پھر ان کو آپ کب مسلمان بنا سکتے ہیں) اور (آپ اس فکر میں پڑیں ہی کیوں) ہم نے آپ کو ان (کے اعمال) کا نگران نہیں بنایا اور نہ آپ (ان اعمال پر عذاب دینے کے ہماری طرف سے) مختار ہیں (پس جب آپ کے متعلق نہ ان کے جرائم کی تفتیش ہے اور نہ انکی سزا کا حکم شد ہے پھر آپ کو کیوں تشویش ہے)۔ ربط: اوپر کے مضامین میں طریق مشرکین کا ابطال اور نیز مضامین مذکورہ کے ساتھ اسکی تبلیغ کا امر بھی کیا گیا ہے آگے مشرکین کے معبوداتِ باطلہ کو سب وشتم کرنے سے مسلمانوں کو ممانعت فرما کر تبلیغ دین کے حدود قائم کرتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ غیر قوم سے مناظرہ کرنا تو جزو تبلیغ ہے لیکن دشنامی اور دلخراش الفاظ انکے معظمین کے حق میں کہنا ممنوع لغیرہ ہے کہ وہ ہمارے معبود یا رسل ومعظمین کی شان میں گستاخی کریں گے تو گویا اسکے باعث ہم ہوئے۔

نہی از مشاتمت با کفار: وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ اور دشنام مت دو ان (معبودانِ باطلہ کو) جن کی یہ (مشرک) لوگ خدا (کی توحید) کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہیں کیونکہ (تمہارے ایسے کرنے سے) پھر وہ براہِ جہل حد سے گزر کر (غصہ میں آ کر) اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی کریں گے (اور اس کا تعجب نہ کیا جاوے کہ ایسی گستاخی کرنے والوں کو ساتھ کے ساتھ سزا کیوں نہیں مل جاتی کیونکہ) ہم نے (دنیا میں تو) اسی طرح (جیسا ہو رہا ہے) ہر طریقہ والوں کو ان کا عمل (بھلا ہو یا برا ہو) مرغوب بنا رکھا ہے (یعنی ایسے اسباب جمع ہو جاتے ہیں کہ ہر ایک کو اپنا طریقہ پسند ہے اس سے معلوم ہوا کہ یہ عالم اصل میں ابتلاء کا ہے پس اس میں سزا ضرور نہیں) پھر (البتہ اپنے وقت پر) اپنے رب ہی کے پاس ان (سب) کو جانا ہے سو (اس وقت) وہ ان کو جتلا دے گا جو کچھ بھی وہ (دنیا میں) کیا کرتے تھے (اور مجرمین کو سزا دے دے گا) ف: بتوں کو برا کہنا فی نفسہ امر مباح ہے مگر جب وہ ذریعہ بن جاوے ایک امرِ حرام یعنی گستاخی بجناب باری تعالیٰ کا وہ بھی منہی عنہ اور قبیح ہو جاوے گا۔ اس سے ایک قاعدہ شرعیہ ثابت ہوا کہ مباح جب حرام کا سبب بن جاوے وہ حرام ہو جاتا ہے اور ہر چند کہ اوپر یا دوسری آیات میں جو مضامین اثباتِ توحید ورسالت وابطال شرک وکفر کے مذکور ہیں بعض اوقات ان پر بھی کفار گستاخی بجناب باری جل شانہ وتکذیب حضور پر نور ﷺ کے کلمات کہا کرتے تھے چنانچہ مقاماتِ متعددہ میں وہ منقول ہیں لیکن ان مضامین کا بیان کرنا ممنوع نہیں ہوا وجہ فرق یہ کہ ان مضامین کا ظاہر کرنا واجب اور مطلوب عند الشرع تھا ایسے امر پر اگر کچھ مفاسد مرتب ہو جاویں تو اس امر کو ترک نہ کیا جاوے گا۔ یہ دوسرا قاعدہ ثابت ہوا اور دشنام بت امر مباح تھا واجب مطلوب عند الشرع نہ تھا ایسے امر پر جب مفاسد مرتب ہوں گے اس کو ترک کرنا واجب ہوگا یہی فرق ہے دونوں امر میں۔ یہ دونوں فقہی قاعدے علم عظیم ہے بیشمار فروع کا حکم اور فیصلہ اس سے معلوم ہوتا ہے۔ روح المعانی میں ابو المنصور سے یہی فرق ایک سوال کے

www.besturdubooks.net

جواب میں جوان سے پوچھا گیا تھا نقل کیا ہے اور ابن سیرین سے بھی اس کی تائید نقل کی ہے اور قرآن مجید کی بعض آیات میں جو معبودانِ باطلہ کی تحقیر مذکور ہے وہ بقصد سب وشتم نہیں بلکہ مناظرہ میں بطور تحقیق مطلوب واستدلال والزام خصم کے ہے جو مناظرات میں مستعمل ہے اور قرائن سے مخاطب کو فرق معلوم ہو جاتا ہے کہ تحقیق مقصود ہے یا تحقیر اول جائز دوسرا ناجائز فقط۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ :لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ الخ اگر بصر کو عام کہا جاوے بصر حسی اور بصیرۃ کو جیسا راغب نے کہا ہے تو ادراک کی تفسیر علم بکنہہ کے ساتھ ہوگی اور حکم عام ہوگا دنیا اور آخرت کو۔ اور اگر بصر کو جارحہ کے ساتھ خاص کہا جاوے تو مراد نفی رؤیت کی ہوگی دنیا میں چنانچہ روح میں حسن سے یہی قید دنیا کی منقول ہے۔ قولہ تعالیٰ :وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ اور اس کے بعد یہ قول :وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ اس میں اہل طریق کے اس معمول پر دلالت ہے کہ حق ارشاد ادا کر کے پھر کسی کے درپے نہیں ہوتے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ :وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ الخ اس میں دلالت ہے کہ اگر کوئی طاعت کسی معصیت کا سبب بن جائے اور وہ طاعت واجب نہ ہو تو اس طاعت کو ترک کر دیا جائے اور اسی جگہ سے اہل ارشاد کو دیکھا جاتا ہے کہ وہ بہت سے ایسے امور سے منع کر دیتے ہیں جو ظاہراً طاعت سے معلوم ہوتے ہیں مگر ان کی نظر میں وہ مفضی الی المفاسد ہوتے ہیں اور دوسرے نہیں سمجھتے۔

الحواشی: (۱) فسر الزمخشری وغیرا للطیف بالذی یلطف عن ان تدرکه الابصار لکن الصحیح ما ترجمت به لان الاولی تفسیر القرآن بالقرآن وقال عز و جل فی موضع آخر الا یعلم من خلق وهو اللطیف الخبیر ولا یخفی علی من له ذوق صحیح ان معناه هناك هو ما ترجمته به فی هذا المقام واظهر منه ما قال جل مجده فی سورة لقمان اعنی قوله یا بنی انها ان تك مثقال حبة من خردل فتکن فی صخرة او فی السمٰوات او فی الارض یأت بها الله ان الله لطیف خبیر لان هذا المقام مقام احاطة علمه بادق شیء واخفاه ولا مناسبة لکونه غیر مبصر بالمقام وهو اظهر من ان یخفی وایضا لو کان بمعنی الذی لا یدرك بالحاسة او الذی یلطف عن ان یدرکه الابصار للزم ان لا یری فی الآخرة ایضا لانه تعالیٰ لطیف ازلا وابدا ولا یبعد ان یکون الباعث للزمخشری علی تفسیره بالذی یلطف عن ان تدرکه الابصار تائیده لاعتزاله بنفی رؤیة بالطف اشارة کما هو عادته علا ان المقصود من قوله تعالیٰ لا تدرکه الابصار کما یظهر بالتامل فی المقام واوضحته باتم بیان فی التفسیر مر ان احدهما نفی امکان احاطة البصر ایاه وثانیهما اختصاص هذا الوصف به واللطیف اذا ارید به معنی غیر المحسوس بحاسته البصر لا یستلزم شیئا منهما اما عدم استلزامه للاول فلان غیر المبصر اعم مما لا یمکن احاطته بالبصر لصدق الاول بدون الثانی علی الجواهر اللطیفة کالروح وغیره والاعم لا یستلزم الاخص واما عدم استلزامه للثانی فظاهر لعدم العلاقة وایضا کونه مستحیل الاحاطة بالابصار واختصاصه به المقصود بقوله لا تدرکه الابصار لا تحتاج الی دلیل لانه لیس مقصودا بالذکر بالذات وبالاصالة بل هو مذکور لرد استبعادنا الناشی من قوله تعالیٰ هو یدرك الابصار من انه کیف یدرك الابصار من لا یدرك بها هو نفسه وانما المحتاج الیه هو قوله جل مجده هو یدرك الابصار لکونه مقصودا اصلیا لبیان کمال عنه کما لا یخفی علی من له ذوق سلیم فتفسیر اللطیف بلطیف الادراك للمدرکات هو الاولی لیکون ابلغ واکد فی اثبات ما هو المقصود ولا یکون اشتغالاً باثبات ما لیس بمقصود بشیء لا یشتبه اصلا کما بسطناك بالبسط وجه والله اعلم ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمۃ: لـ قوله فی شرکاء الجن شیاطین کو شریک اشارة الی کونهما مفعولین لجعلوا وفائدة التقدیم کما فی الکشاف استعظام ان یتخذ الله شریك من کان ملکا او جنیا او انسیا او غیر ذلك ولذلك قدم اسم الله علی الشرکاء آه ۱۲۔ ۲ قوله بعد یصفون اس سے تو شریک اشارة الی ان الدلائل بعضها راجعة الی نفی الشریك وبعضها الی نفی الولد ویمکن الاستدلال باحدی الآیتین فی محل الاخریٰ کما یسهل طریقه بملاحظة ما قررت فی تفسیر آیة وقالوا اتخذ الله فی آخر جزا آکم وفی تفسیر آیة ان فی خلق السمٰوات والارض فی اول جزء سیقول ۱۲۔ ۳ قوله قبل انی یکون غیر مؤنث قصد به اخراج مریم علیها السلام ۱۲۔ ۴ قوله فی خالق جیسا اوپر اشارة الی ان ذکره اعادة ولعل النکتة فیها ان الاستدلال بالخلق فی هذا المطلب هو اصرح الطرق واوضحها۔ ۵ قوله فی قد جاء کم کہہ دیجئے اشارة الی تقدیر قل بقرینة ما ذا علیکم وصرح به فی الروح ۱۲۔ ۶ قوله قبل ولیقولوا سب کو الخ اشارة الی تقدیر المعطوف علیه ای لتبلغ الی الجمیع المنقسمین الی القسمین القائلین درست وقدم یعلمون ولما کان فی کون هذا القول تعلیلا خفاء بینه باوضح بیان بقوله مطلب الخ ۱۲۔ ۷ قوله فی اعرض خیال فاعراض ههنا عدم الالتفات لا الکف الا ننسخ ۱۲۔ ۸ قوله بعد عدوا غصہ فلا یرد ان

www.besturdubooks.net

القوم كانوا معترفين بالله فكيف يمكن هذا ۱۲۔ ۹ قوله في زينا اصل الى ضرر واشار به الى دفع ما يرد من انه كيف نزل العذاب باقوام سابقة علينا وجه الدفع ظاهر ان عدم الضرورة لا يستلزم ضرورة العدم وكم من عارض يقع خلاف الاصل السبب ما ۱۲۔

الروایات: في اللباب قال عبدالرزاق انبأنا معمر عن قتادة قال كان المسلمون يسبون اصنام الكفار فيسب الكفار الله فانزل ولا تسبوا اھ ۱۲۔

اختلاف القراءة: في قراءة دارست على وزن فاعلت اى درست اهل الكتاب وفي قراءة درست بتانيث الغائب اى قدمت هذه الآيات وعفت كقولهم اساطير الاولين ۱۲۔

اللغات: في الروح عن الراغب اصل الخرق قطع الشي على سبيل الفساد من غير تفكر ولا تدبر وهو ضد الخلق فانه فعل الشئ بتقدير ورفق والخرق بغير تقدير آه۔

النحو: عود ضمير نبينه الى بصائر بتاويل القرآن ۱۲۔ في الروح يسبوا منصوب على جواب النهي وقيل مجزوم على العطف كقولهم لا تمددها فتشققها ۱۲۔

البلاغة: الاكتفاء في الآية على نفي الحفيظ لاستلزامه نفي الوكيل فان الوكالة بالمعنى الذى ذكر مرتب على الحفيظ كما هو ظاهر ۱۲۔

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ۭ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ

اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ فِيْ

طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰۗىِٕكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا ع ۱۳ ۱۹

كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

اور ان (منکر) لوگوں نے قسموں میں بڑا زور لگا کر اللہ کی قسم کھائی کہ اگر ان کے (یعنی ہمارے) پاس کوئی نشانی آ جائے تو وہ (یعنی ہم) ضرور ہی اس پر ایمان لے آئیں گے آپ (جواب میں) کہہ دیجئے کہ نشانیاں سب خدا تعالیٰ کے قبضہ میں ہیں اور تم کو اس کی کیا خبر (بلکہ ہم کو خبر ہے) کہ وہ نشانیاں جس وقت آ جائیں گی۔ یہ لوگ جب بھی ایمان نہ لائیں گے اور ہم بھی ان کے دلوں اور ان کی نگاہوں کو پھیر دیں گے جیسا کہ یہ لوگ اس پر پہلی دفعہ ایمان نہیں لائے اور ہم ان کو ان کی سرکشی میں حیران رہنے دیں گے اور ہم ان کے پاس فرشتوں کو بھیج دیتے اور ان سے مردے باتیں کرنے لگتے اور ہم تمام موجودات (غیبیہ) کو ان کے پاس ان کی آنکھوں کے روبرو لا کر جمع کر دیتے تب بھی یہ لوگ ہرگز ایمان نہ لاتے ہاں اگر خدا ہی چاہے تو اور بات ہے۔ لیکن ان میں زیادہ لوگ جہالت کی باتیں کرتے ہیں ۝

تفسیر ربط: اوپر آیات منزلہ سے مشرکین کا منتفع نہ ہونا مذکور تھا چنانچہ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ میں ان آیات کا اور اس کے بعد ان کا اپنے شرک پر قائم رہنے کا بیان ہے آگے مشرکین کا براہِ عناد فرمائشی آیات کی درخواست کرنے کا مع جواب ذکر ہے جس کا قصہ ابن جریر نے محمد قرظی سے اس طرح نقل کیا ہے کہ قریش سے آپ نے دعوتِ اسلام کے متعلق گفتگو کی وہ بولے آپ انبیائے سابقین کے ایسے ایسے معجزات کا بیان کرتے ہیں ایسا ہی کوئی معجزہ آپ بھی ظاہر کیجئے آپ نے تعیین معجزہ کی پوچھی انہوں نے کہا کہ کوہِ صفا کو سونا کر دیجئے آپ نے پوچھا تم میرا اتباع کرو گے وہ قسمیں کھانے لگے کہ ہاں کریں گے آپ دعا کرنے کے واسطے کھڑے ہو گئے حضرت جبرئیل علیہ السلام وحی لے کر آئے کہ آپ چاہیں تو پہاڑ سونا ہو جاوے لیکن اگر یہ ایمان نہ لائے تو میں ان پر عذاب نازل کروں گا اب چاہے اس کو اختیار کیجئے اور چاہے یوں ہی رہنے دیجئے جس کی قسمت میں ایمان ہے وہ (بقیہ معجزات کو کافی سمجھ کر) ایمان لے آوے گا آپ نے فرمایا تو پھر یوں ہی رہنے دیا جاوے اس پر یہ آیت یجھلون تک نازل ہوئی کذا فی الروح۔

جواب اقتراحِ آیات: وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ اور ان (منکر) لوگوں نے قسموں میں بڑا زور لگا کر اللہ کی قسم کھائی کہ اگر ان کے (یعنی ہمارے) پاس (ان کی یعنی فرمائشی نشانوں میں سے) کوئی نشان (ظہور میں آ جاوے تو وہ (یعنی ہم) ضرور ہی اس (نشان) پر ایمان لے آویں گے (یعنی نشان ظاہر کرنے والے کی نبوت کو مان لیں گے) آپ (جواب میں) کہہ دیجئے کہ نشان سب خدا تعالیٰ کے قبضہ میں ہیں (وہ ان میں جس طرح چاہے تصرف فرماوے دوسرے کو دخل دینا اور فرمائش کرنا بے جا ہے کیونکہ اللہ کے سوا معلوم نہیں کہ کس کا ظاہر ہونا حکمت ہے اور کس کا ظاہر نہ ہونا حکمت ہے البتہ بعثت رسل کے وقت مطلقاً کسی نشان کو ظاہر کر دینا اس میں حکمت یقینی ہے سو اللہ تعالیٰ بہت سے نشان صدق دعویٰ رسالت محمدیہ پر ظاہر فرما چکے ہیں جو کہ دلالت کے لئے کافی ہیں بس یہ ان کی فرمائش کا جواب ہو گیا) اور (چونکہ مسلمانوںؓ کے دل میں خیال تھا کہ خوب ہو اگر یہ نشان ظاہر ہو جاویں شاید

www.besturdubooks.net

ایمان لے آویں ان کو خطاب فرماتے ہیں کہ) تم کو اس کی کیا خبر (بلکہ ہم کو خبر ہے) کہ وہ (فرمائشی) نشان جس وقت (ظہور میں) آ جاویں گے یہ لوگ (غایت عناد سے) جب بھی ایمان نہ لاویں گے اور (ان کے ایمان نہ لانے کی وجہ سے) ہم بھی ان کے دلوں کو (حق طلبی کے قصد سے) اور ان کی نگاہوں کو (حق بینی کی نظر سے) پھیر دیں گے (اور ان کا یہ ایمان نہ لانا ایسا ہے) جیسا یہ لوگ اس (قرآن) پر (کہ معجزہ عظیمہ ہے) پہلی دفعہ (جب کہ وہ آیا) ایمان نہیں لائے (تو اب ایمان نہ لانے کو بعید مت سمجھو) اور (تقلیب ابصار کا مطلب ظاہری تقلیب نہیں ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ) ہم ان کو ان کی سرکشی (و کفر) میں حیران (سرگرداں) رہنے دیں گے (ایمان کی توفیق نہ ہوگی کہ یہ معنوی تقلیب ہے) اور (ان کے عناد کی تو یہ کیفیت ہے کہ) اگر ہم (ایک فرمائشی نشان کیا کئی کئی اور بڑے بڑے فرمائشی نشان بھی ظاہر کر دیتے مثلاً یہ کہ) ان کے پاس فرشتوں کو بھیج دیتے (جیسا وہ کہتے ہیں لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَیْنَا الْمَلٰٓئِکَةُ) اور ان سے مردے (زندہ ہوکر) باتیں کرنے لگتے (جیسا وہ کہتے ہیں فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ) اور (یہ تو صرف اتنا ہی کہتے ہیں تَاْتِیَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِکَةِ قَبِیْلًا) ہم (اسی پر اکتفانہ کرتے بلکہ تمام موجودات (غیبیہ) کو (جس میں جنت دوزخ سب ہی کچھ) آ گیا ان کے پاس ان کی آنکھوں کے روبرو لا کر جمع کر دیتے (کہ سب کو کھلم کھلا دیکھ لیتے) تب بھی یہ لوگ ہرگز ایمان نہ لاتے ہاں مگر خدا ہی چاہے (اور ان کی تقدیر بدل دے) تو اور بات ہے (پس جب ان کے عناد و شرارت کی یہ کیفیت ہے اور خود بھی وہ اس کو جانتے ہیں کہ ہماری نیت اس وقت بھی ایمان لانے کی نہیں تو اس کا مقتضا یہ تھا کہ نشانوں کی فرمائش نہ کرتے کہ محض بیکار ہے) لیکن ان میں زیادہ لوگ جہالت کی باتیں کرتے ہیں (کہ ایمان لانے کا تو قصد نہیں پھر خواہ مخواہ کی فرمائشیں کہ جہالت ہونا اس کا ظاہر ہے) **ف**: لَیُؤْمِنُنَّ بِهَا میں کفار کے قول کی نقل ہے اور اِنَّمَا الْاٰیٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ میں ان کا جواب ہے اور وَمَا یُشْعِرُکُمْ سے آخر تک مسلمانوں کو فہمائش اور خطاب ہے جواب کا حاصل تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے توضیح اس کی یہ ہے کہ رسول مدعی نبوت ہے اور آیات خارقہ اس دعویٰ کی دلیل ہے اور مدعی کے ذمہ حسب قضیہ عقلیہ مطلق دلیل کا قائم کرنا ضروری ہے تعیین کسی خاص دلیل کی ضروری نہیں اسلئے ان منکرین کو آیاتِ جدیدہ کے طلب کا کوئی حق حاصل نہ تھا ہاں دلائل قائم کردہ پر جرح وقدح کریں تو اس کو جواب اصالۃً یا نیابۃً مدعی کے ذمہ ہے جس کے لئے ہر مدعی حقانیت اسلام اب بھی آمادہ ہے اس کی ایسی مثال ہے کہ عدالت میں کسی نے ہزار روپیہ کا دعویٰ کسی شخص پر کیا اور معتبر گواہ دو یا چار پیش کئے مدعا علیہ کو یہ تو اجازت ہوگی کہ ان گواہوں کا مجروح ہونا ثابت کرے اور مدعی سے اس کا جواب طلب کیا جاوے گا لیکن یہ اختیار نہیں دیا جائے گا کہ باوجود ان گواہوں میں کسی خرابی کے ثابت نہ کر سکنے کے یوں کہے کہ میں تو فلاں فلاں اشخاص کی گواہی کو حجت سمجھوں گا ان موجودہ گواہوں کو میں نہیں مانتا حاکم عدالت ہرگز اس بیہودہ عذر کو سماعت نہ کرے گا اور مدعی کو ڈگری دے دے گا اور مدعا علیہ بک بک لگایا کرے اس کا گھر بار سب قرضہ میں نیلام کر لیا جاوے گا اس تقریر سے اتنا تو ثابت ہو گیا کہ معجزات جدیدہ کی ضرورت نہ تھی اب یہ کہ اگر ہو جاتا تو کیا ضرر تھا سو اس ضرر کا بیان دوسری آیات میں ہے چنانچہ اسی سورت کے شروع میں آیت :وَقَالُوْا لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَیْهِ مَلَكٌ کی تفسیر میں گزر چکا ہے اور اسی ضرر کی وجہ سے حضور ﷺ نے بھی حق تعالیٰ کے پوچھنے پر اسی عدم نزول آیت مقترحہ کی شق کو اختیار فرمایا جیسا کہ تمہید میں مذکور ہوا اور نقلب الخ سے یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ اللہ تعالیٰ ہی نے ان کو خراب کر دیا پھر مؤاخذہ و الزام کیا۔ اس کا جواب چند موقع پر گزر چکا چنانچہ اجمالاً یہاں بھی قبل ترجمہ و نقلب کے اشارہ کر دیا گیا ہے اس عبارت سے ان کے ایمان نہ لانے کی وجہ سے پس اس تقلیب کا سبب ان کا اعراض ہے یہ نہیں کہ ان کے قلوب وافدہ حق کی طرف پہلے سے متوجہ ہوں اور پھر تقلیب واقع ہو حاشا وکلا بلکہ توجہ کے ساتھ تو یہ وعدہ ہے: وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا الآیۃ خوب سمجھ لو وللہ الحمد اور لفظ اکثر اس لئے بڑھایا کہ علم الٰہی میں بعضے لوگ ایمان لانے والے تھے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ ...... وَلَوْ اَنَّنَا ...... مَا کَانُوْا لِیُؤْمِنُوْا مجموعہ میں دلالت ہے کہ خوارق کے معائنہ سے نفع لازم نہیں پس ان کا طلب کرنا ہدایت کا طریق نہیں بلکہ اس کا طریق بینات کا اتباع ہے (پس شیخ میں بھی کرامات کا تتبع نہ کرے اس کے کمال علم وعمل کی تحقیق کے بعد اس کا اتباع کرے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله في ما يشعركم** مسلمانوں کے دل میں كما في الدر المنثور اخرج ابو الشيخ عن ابن عباس ما يشعركم يا معشر المسلمين ۱۲۔ ۲ **قوله في نقلب** اوران کے اشارة الى كون نقلب معطوفا على لا يومنون و مسببا عنه ۱۲۔ ۳ **قوله في كما لم يؤمنوا** اوران کا الخ اشارة الى ان الكاف في موضع النعت مصدر منصوب بلا يومنون اى لا يومنون بل يكفرون كفرا كائنا ككفرهم وتوسيط التقليب لانه من متممات عدم ايمانهم ۱۲۔ ۴ **قوله في نذرهم** مراد فهو مبين لنقلب ومعطوف على ما عطف تقلب عليه ۱۲۔ ۵ **قوله في الايان** مگر اشارة الى ان الاستثناء منقطع اى لكن ان شاء الله آمنوا ويجوز ان يكون متصلا ۱۲۔ ۶ **قوله في يجهلون** کہ ایمان لانے کا الخ لم ارهذا التفسير غيرى وفائدة الاكثر مرت اكثر من مرة من سبق العلم الازلى باستثناء البعض ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: في قراءة انها بالكسر كانه قال وما يشعركم ما يكون منهم ثم اخبر بما علم منهم۔ وفي قراءة لا تومنون بالتاء

www.besturdubooks.net

وفتح الهمزة خطاب للمشركين على طريقة الالتفات والمعنى ان عدم ايمانكم يقيني لعنادكم ولا يراد به نفى علمهم لانهم كانوا علمين لعنادهم بل يراد به على سبيل الكناية كون عدم ايمانهم يقينيا بان يكون عدم اشعارهم كناية عن علم الله تعالىٰ ويكون الشئى معلوماً لله تعالى كناية عن كونه يقينيا فجعل المعنى ان عدم ايمانكم يقيني فافهم ويمكن ان يكون الخطاب على هذه القراء ة في يشعركم للمؤمنين وفى لا تؤمنون للمشركين كما فى قوله تعالىٰ ولو اراكهم كثيرا لفشلتم من تلوين الخطاب من مخاطب الى آخر ۱۲۔

اللغات: قبلا مصدر مقابلة ومعاينة الجهد بالفتح والضم المشقة والطاقة فى موضع الحال اى جاهدين فى ايمانهم بان اتوا بالحلف على ابلغ ما فى وسعهم ۱۲۔

النحو: ما يشعركم قال البيضاوى ما يشعركم وما يدريكم استفهام انكار الى قوله اى لا تدرون انهم لا يؤمنون قال العصام خطاب المؤمنين يمنعهم عن تمنى مجئى الآية المقترحة طمعا فى ايمانهم يقتضى بظاهره ان يقال لهم وما يدريكم انها اذا جاء ت يؤمنون فذكر له توجيهين۔ احدهما ان الاستفهام للانكار اى لا يشعركم شئى بانها اذا جاء ت لا يؤمنون فلذالك تتمنون ونحن نعلم ذلك فلا نجئى بها والثانى ان مفعول الاشعار محذوف اى ما يشعركم ما يكون منهم وان من بغات لعل اى لعلهم اذا جاء تهم لا يومنون وح لعل للاشفاق يعنى ينبغى ان تجوز واعدم ايمانهم بل يكون الغالب عندكم ذلك فلا تتمنوا آه فى الروح والحاصل ان الاستفهام للانكار وله معنيان لم ولا وهذا الثانى هو المراد لا الاول والافكان الظاهر يومنون اى لم تظنون انهم اذا جاء ت يومنون وفيه اقامة العذر للمؤمنين فى رغبتهم فى ذلك اه بتغيير قوله اذا جاء ت راجع الى الآيات او الآية ولكل وجهة ۱۲۔

البلاغة: قوله اذا جاء ت استعمال اذا دون ان مع المستقبل لزيادة[1] التشنيع عليهم كما فى الروح ۱۲۔

الحواشى: (۱) لان كلمة اذا يدل على القطع والتحقيق فالمعنى انهم لا يؤمنون ولو كان مجئى الآيات مقطوعًا به ۱۲۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَلِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۱۵﴾ وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِى الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۱۷﴾

اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے دشمن بہت سے شیطان پیدا کئے کچھ آدمی اور کچھ جن۔ جن میں سے بعضے دوسرے بعضوں کو چکنی چپڑی باتوں کا وسوسہ ڈالتے رہتے تھے تاکہ ان کو دھوکہ میں ڈال دیں اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو یہ ایسے کام نہ کر سکتے سو ان لوگوں کو اور جو کچھ یہ اختراع پردازی کر رہے ہیں۔ اس کو آپ رہنے دیجئے اور تاکہ اس کی طرف ان لوگوں کے قلوب مائل ہو جائیں جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے اور تاکہ اس کو پسند کر لیں اور تاکہ مرتکب ہو جائیں ان امور کے جن کے وہ مرتکب ہوتے تھے۔ تو کیا اللہ کے سوا کسی اور فیصلہ کرنے والے کو تلاش کروں۔ حالانکہ وہ ایسا ہے کہ اس نے ایک کتاب کامل تمہارے پاس بھیج دی ہے۔ اسکی حالت یہ ہے کہ اسکے مضامین خوب صاف صاف بیان کئے گئے ہیں اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس بات کو یقین کے ساتھ جانتے ہیں کہ یہ کتاب (قرآن) آپ کے ربّ کی طرف سے واقعیت کے ساتھ بھیجا گیا ہے سو آپ شبہ کرنے والوں میں نہ ہوں اور آپ کے ربّ کا کلام واقعیت اور اعتدال کے اعتبار سے کامل ہے۔ اس کے کلام کا کوئی بدلنے والا نہیں اور وہ خوب سن رہے ہیں خوب جان رہے ہیں اور دنیا میں زیادہ لوگ ایسے ہیں کہ اگر آپ ان کا کہنا ماننے لگیں تو وہ آپ کو اللہ کی راہ سے بے راہ کر دیں۔ وہ محض بے اصل خیالات پر چلتے ہیں اور بالکل قیاسی باتیں کرتے ہیں بالیقین آپ کا ربّ ان کو خوب جانتا ہے جو اسکی راہ سے بے راہ ہو جاتا ہے اور وہ ان کو بھی خوب جانتا ہے جو اسکی راہ پر چلتے ہیں ۞

www.besturdubooks.net

تفسیر: ربط: اوپر کی آیات میں کفار کے عناد و عداوت کا ذکر تھا جو کہ مبنی ہے اقوال و افعال مذکورہ کا آگے رسول اللہ ﷺ کی تسلی کی جاتی ہے کہ ایسی عداوت اور انبیاء سے بھی ہوتی رہی ہے اور اس پر ایسے ہی آثار مرتب ہوا کئے ہیں۔

تسلیہ نبی ﷺ در باب عداوتِ کفار و آثار او: وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا (الی قولہ تعالی) مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ اور (یہ لوگ جو آپ سے عداوت کرتے ہیں یہ کوئی نئی بات آپ ہی کے لئے نہیں ہوئی بلکہ جس طرح یہ آپ سے عداوت رکھتے ہیں) اسی طرح ہم نے ہر نبی کے دشمن بہت سے شیطان پیدا کئے تھے کچھ آدمی (جن سے اصل معاملہ تھا) اور کچھ جن (ابلیس اور اس کی اولاد) جن میں سے بعضے (یعنی ابلیس اور اس کا لشکر) دوسرے بعضوں کو (یعنی کافر آدمیوں کو) چکنی چپڑی باتوں کا وسوسہ ڈالتے رہتے تھے تا کہ ان کو دھوکہ میں ڈال دیں (مراد ان سے کفر و مخالفت کی باتیں ہیں کہ ظاہر میں نفس کو بھلی معلوم ہوتی تھیں اور باطن میں مہلک تھیں اور یہی دھوکہ ہے جب یہ کوئی نئی بات نہیں تو اس کا غم نہ کیجئے کہ آپ کے ساتھ یہ لوگ ایسے معاملات کیوں کرتے ہیں اصل یہ ہے کہ اس میں بعض حکمتیں ہیں اس وجہ سے ان کو ایسے امور پر قدرت بھی ہو گئی ہے) اور اگر اللہ تعالیٰ (یہ) چاہتا (کہ یہ لوگ ایسے امور پر قادر نہ رہیں) تو (پھر) یہ ایسے کام نہ کر سکتے (مگر بعض حکمتوں سے ان کو قدرت دے دی) سو (جب اس میں حکمتیں ہیں تو) ان لوگوں کو اور جو کچھ (یہ دین کے بارہ میں) افتراء پردازی کر رہے ہیں (جن سے انکار نبوت جس پر عداوت مرتب ہے) اس کو آپ رہنے دیجئے (اس کی فکر و غم میں نہ پڑیئے ہم خود متعین وقت پر مناسب سزا دیں گے کہ ان حکمتوں میں سے ایک یہ بھی ہے) اور (وہ شیاطین ان کافر آدمیوں کو اس لئے وسوسہ میں ڈالتے تھے) تا کہ اس (فریب آمیز بات) کی طرف ان لوگوں کے قلوب مائل ہو جاویں جو آخرت پر (جیسا چاہئے) یقین نہیں رکھتے (مراد کافر لوگ ہیں اگر چہ اہل کتاب ہوں کیونکہ جیسا چاہئے ان کو بھی یقین نہیں ورنہ انکار نبوت پر جس پر قیامت میں سزا ہوگی کبھی جرأت نہ کرتے) اور تا کہ (میلانِ نفسانی کے بعد) اس کو (اعتقادِ قلبی سے بھی پسند کر لیں اور تا کہ (اعتقاد کے بعد) مرتکب (بھی) ہو جاویں ان امور کے جن کے وہ مرتکب ہوتے تھے۔ ف: یہاں شیطان سے مجازاً عام مراد لیا گیا بقرینہ تقسیم کے اور اس سے یہ لازم نہیں کہ ہر جگہ حقیقی معنی چھوڑ دیئے جاویں بلکہ اس معنی مجازی کی تقسیم میں خود حقیقت کا اثبات ہے کہ ایک قسم شیطان کی جن کو بتلایا ہے پس اس مجاز سے انکار وجود جن کی گنجائش حاصل نہ ہوئی اور یہاں وسوسہ پر چونکہ موسوس الیہ میں میلان اور پھر عزم پھر فعل مرتب ہوا ہے اس لئے اس انفعال بالوسوسہ پر مذمت کی گئی بلکہ صرف مرتبہ عزم بھی ذم کے لئے کافی ہے ورنہ نرا وسوسہ مضر نہیں گو موسوس کے حق میں بوجہ عزم غرور و اضلال وہ بھی گناہ ہے اور چونکہ منہیات سے بچنے میں خوف عذاب آخرت کو زیادہ دخل ہے اس لئے اس کی تخصیص کی گئی کیونکہ اگر کوئی خدا کا قائل ہو مگر آخرت کا منکر ہو تو گناہ سے بچنا مستبعد ہے۔

ربط: اوپر ثابت کیا گیا ہے کہ نبوت پر جدید دلائل قائم کرنے کی ضرورت نہیں آگے اس دلیل کو بتلاتے ہیں جو کہ اس بارہ میں کافی وافی ہے یعنی قرآن معجز اور اس کے ماننے اور نہ ماننے والوں کی حالت کا بیان فرماتے ہیں۔

دلالتِ قرآن بر نبوت و بیان حال مصدقین و مکذبین: اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا (الی قولہ تعالی) وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ (آپ کہہ دیجئے کہ میرے تمہارے درمیان میں جو مقدمہ رسالت میں اختلاف ہے کہ میں بحکم سرکاری اس کا مدعی ہوں اور تم منکر اور یہ مقدمہ اجلاس احکم الحاکمین سے میرے حق میں اس طرح طے اور فیصل ہو چکا ہے کہ میرے اس دعوی پر کافی ثبوت اور دلیل یعنی قرآن معجز خود قائم فرما دیا ہے اور تم پھر بھی نہیں مانتے) تو کیا (تم یہ چاہتے ہو کہ اس خدائی فیصلہ کو کافی نہ قرار دوں اور) اللہ کے سوا کسی اور فیصلہ کرنے والے کو تلاش کروں حالانکہ وہ ایسا (کامل فیصلہ کر چکا ہے کہ اس نے ایک کتاب (جو اپنے اعجاز میں) کامل (ہے) تمہارے پاس بھیج دی ہے (جو اپنے اعجاز کی وجہ سے دلالۃ علی النبوۃ میں کافی ہے پس اس کے دو کمال تو یہ ہیں اعجاز و تنزیل من اللہ اور اس کے علاوہ اور وجوہ سے بھی کامل اور اس سے جو اور مقاصد ہدایت و تعلیم کے متعلق ہیں ان کے لئے کافی ہے چنانچہ) اُس کی (ایک یعنی تیسری) حالت (کمال کی) یہ ہے کہ اُس کے مضامین (جو دین کے باب میں اہم ہیں) خوب صاف صاف بیان کئے گئے ہیں اور (چوتھا وصف کمال اُس کا یہ ہے کہ کتب سابقہ میں اس کی خبر دی گئی تھی جو علامت ہے اُس کے مہتم بالشان ہونے کی چنانچہ) جن لوگوں کو ہم نے کتاب (یعنی تورات وانجیل) دی ہے وہ اس بات کو یقین کے ساتھ جانتے ہیں کہ یہ (قرآن) آپ کے رب کی طرف سے واقعیت کے ساتھ بھیجا گیا ہے (اُس کو جانتے تو سب ہیں پھر جن میں حق گوئی کی صفت تھی انہوں نے ظاہر بھی کر دیا اور جو معاند تھے وہ ظاہر نہ کرتے تھے) سو آپ شبہ کرنے والوں میں نہ ہوں اور (پانچواں وصف کمال اُس کا یہ ہے کہ) آپ کے رب کا (یہ) کلام واقعیت اور اعتدال کے اعتبار سے (بھی) کامل ہے (یعنی علوم و عقائد میں واقعیت اور اعمال ظاہری اور باطنی میں اعتدال لئے ہوئے ہے اور چھٹا وصف کمال اُس کا یہ ہے کہ) اُس کے (اس) کلام کا کوئی بدلنے والا نہیں (یعنی کسی کی تحریف و تغییر سے اس کا اللہ حافظ ہے وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ) اور (ایسی کامل دلیل پر بھی جو لوگ تکذیب قلبی و زبانی سے پیش آویں) وہ (یعنی اللہ تعالیٰ اُن کے اقوال کو) خوب سن رہے ہیں (اور ان کے عقائد کو) خوب جان رہے ہیں (اپنے وقت پر اُن کو کافی سزا دیں گے) اور باوجود وضوح دلائل کے) دنیا میں زیادہ لوگ ایسے (منکر اور گمراہ ہی) ہیں کہ اگر (بالفرض) آپ ان کا کہنا ماننے لگیں تو وہ

www.besturdubooks.net

آپ کو اللہ کے راہ (راست) سے بے راہ کر دیں (کیونکہ وہ خود گمراہ ہیں چنانچہ عقائد میں) وہ محض بے اصل خیالات پر چلتے ہیں اور (اقوال میں) بالکل قیاسی باتیں کرتے ہیں (اور ان کے مقابلہ میں بعضے بندگانِ خدا راہ پر بھی ہیں اور) بالیقین آپ کا رب ان کو (بھی) خوب جانتا ہے جو اس کی (بتلائی ہوئی) راہ (راست) سے بے راہ ہو جاتا ہے اور وہ (ہی) ان کو بھی خوب جانتا ہے جو اس کی (بتلائی ہوئی) راہ پر چلتے ہیں (پس جیسی گمراہوں کو سزا ملے گی راہ والوں کو انعام واکرام ہوگا) **ف**: لَا تَكُوْنَنَّ اور اِنْ تُطِعْ میں جو اسناد فعل کی جناب رسول اللہ ﷺ کی طرف کی گئی ہے اس سے سنانا اوروں کو منظور ہے آپ کی طرف اسناد کرنے سے مبالغہ ہو گیا کہ جب آپ کو باوجود عدم احتمال امتراء واطاعت ایسا کہا گیا تو دوسروں کی کیا ہستی ہے جیسا کہ اَبْتَغِیْ میں بھی ظاہراً اسناد آپ کی طرف ہے اور مقصود تبتغون ہے جس کا مبنیٰ مناظرہ میں ملاطفت ہے جو کہ انفع فی الدعوت ہوتا ہے اور قرآن مجید کے یہاں چھ کمال کا بیان ہے وجہ ضبط یہ ہے کہ کمال کی دو قسمیں ہیں ذاتی واضافی پھر ذاتی باعتبار کمال بلاغت کے ہے جس کی طرف الکتاب میں اشارہ ہے یا باعتبار احکام ومضامین کے ہے پھر اس میں دو درجے ہیں ذات وکمیت احکام کی جس پر مفصلاً دال ہے اور کیفیت وصفت احکام کی جو کہ صدقاً وعدلاً کا مدلول ہے۔ اور اضافی یا باعتبار منزل بصیغہ اسم فاعل کے ہے جس کا هُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ میں ذکر ہے اور یا باعتبار منزل بصیغہ اسم مفعول کے ہے پھر اس میں دو اعتبار ہیں ایک تائید کا کہ دوسری کتب منزلہ اس کی مؤید ہوں جو کہ یَعْلَمُوْنَ سے مفہوم ہے دوسرا تفصیل کا کہ اس کو دوسری کتب منزلہ پر فضیلت ہو جو کہ لا مبدل میں مذکور ہے واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ الخ مراد اس ظن سے وہ ظن ہے جو کسی دلیل شرعی کی طرف مستند نہ ہو اس سے معلوم ہوا کہ باب احکام میں کشف والہام حجت نہیں خاص کر ان کا جزم کرنا تو بالکل ہی باطل ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: **۱ قوله في جعلنا** پیدا **فالجعل تكويني فالمجعول مراد لا مرضي ۱۲۔ ۲ قوله في الانس** کچھ آدمی **اشارة الى ان الاضافة بمعنى من البيانية ۱۲۔ ۳ قوله في ما فعلوه** یہ لوگ **اشارة الى ان الضمير للمعاصرين باعتبار انفهام ذلك مما تقدم ۱۲۔ ۴ قوله في اول** ف مجاز **اى باعتبار الاصطلاح الشرعي اما باعتبار اللغة فحقيقة ۱۲۔ ۵ قوله قبل الترجمة** کہہ دیجئے **كذا في الروح ۱۲۔ ٦ قوله قبل الغير** کیا میں **اشارة الى تقدير المعطوف عليه اى الا اكتفي بكون الله حكما فابتغي غيره ويجوز ان يقال ان الهمزة داخلة في المعنى على ابتغي والفاء للترتيب على ما سبق من الاقتراح اى تقترحون فغير الله تبتغون على ان الكلام من قيل وما لي لا اعبد على ما بين في** ف **۱۲۔ ۷ قوله في الكتب** کامل **كما قالوا في مفتح البقرة ذلك الكتاب۔ ۸ قوله في كلمة** کلام **حملا على الجنس بقرينة كلماته بعده كما يقال كما في الخازن قال الشاعر في كلمة اى قصيدته ۱۲۔ ۹ قوله في الظن** بے اصل **فالظن ههنا يقابل مطلق العلم اى الجهل كذا في الروح ۱۲۔ ۱۰ قوله في يخرصون** بالکل **اى ما يكون قياسيا محضا وخرج ما يكون قياسيا مستندا الى دليل شرعي في ما يفيد الظن ۱۲۔**

اللغات: **الوحي اصله الاشارة السريعة وذلك يكون بالكلام على سبيل الرمز وقد يكون بصوت مجرد عن التركيب وباشارة بعض الجوارح وبالكتابة وبالالقاء والوسوسة ايضا الزخرف اصله الزينة المزدقة وقد يخص بالباطل الصغو والصغي واو يا ويائي الميلان ۱۲۔**

النحو: **شيطين بدل من عدوا يوحي صفة لعدو وصح رجوع ضمير الجمع نظرا الى الجنس غرورا مفعول له وكذا لتصغى وما بعده وجملة لو شاء معترضة ولم ينصب لتصغى كغرور الفقد شرط النصب اذا لغرور فعل الموحي فان المعنى ليغروهم وانصغو فعل الموحي اليه ۱۲۔**

فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ
عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ
هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا
كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِهِمْ
لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع ۱٤/۱۱/۱

www.besturdubooks.net

سو جس جانور پر اللہ کا نام لیا جائے اس میں سے کھاؤ اگر تم اس کے احکام پر ایمان رکھتے ہو اور تم کو کونسا امر اس کا باعث ہو سکتا ہے کہ تم ایسے جانور میں سے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ان سب جانوروں کی تفصیل بتلا دی ہے جن کو تم پر حرام کیا ہے مگر وہ بھی جب تم کو سخت ضرورت پڑ جائے تو حلال ہے اور یہ یقینی بات ہے کہ بہت سے آدمی اپنے غلط خیالات پر بلا کسی سند کے گمراہ کرتے ہیں اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ حد سے نکل جانے والوں کو خوب جانتا ہے اور تم ظاہری گناہ کو بھی چھوڑ دو اور باطنی کو بھی بلا شبہ جو لوگ گناہ کر رہے ہیں ان کو ان کے کئے کی عنقریب سزا ملے گی اور ایسے جانوروں میں سے مت کھاؤ جن پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو اور یہ امر بے حکمی ہے اور یقیناً شیاطین اپنے دوستوں کو تعلیم کر رہے ہیں تا کہ یہ تم سے (بے کار) جدال کریں اور اگر (خدانخواستہ) تم ان لوگوں کی اطاعت (عقائد و افعال میں) کرنے لگو تو یقیناً تم مشرک ہو جاؤ۔

تفسیر لطائف: اوپر وان تطع الخ میں اہل ضلال کے اتباع سے مطلقاً منع فرمایا تھا آگے باقتضائے ایک واقعہ کے ایک خاص امر میں اتباع کرنے سے منع فرماتے ہیں وہ خاص مذبوح وغیر مذبوح کی حلت و حرمت ہے اور وہ واقعہ یہ ہے کہ کفار نے مسلمانوں کو شبہ ڈالنا چاہا کہ اللہ کے مارے ہوئے جانور کو تو کھاتے نہیں ہو اور اپنے مارے ہوئے یعنی ذبیحہ کو کھاتے ہو اخرجہ ابو داؤد والحاکم عن ابن عباسؓ بعض مسلمانوں نے حضور ﷺ کی خدمت میں یہ شبہ نقل کیا اس پر یہ آیتیں لَمُشْرِكُوْنَ ۝ تک نازل ہوئیں رواہ ابو داؤد والترمذی عن ابن عباس کذا فی اللباب حاصل جواب یہ ہے کہ تم مسلمان ہو اللہ کے احکام کا التزام کئے ہوئے ہو اور اللہ تعالیٰ نے حلال و حرام کی تفصیل بتلا دی ہے پس اس پر چلتے رہو حلال پر حرام ہونے کا اور حرام پر حلال ہونے کا شبہ مت کرو اور مشرکین کے وساوس کی طرف التفات نہ کرو ان کو محض مجادلہ کرنا مقصود ہے فقط۔ اور تحقیق اس جواب کی یہ ہے کہ اصول کے اثبات کے لئے تو دلائل عقلیہ درکار ہیں اور بعد ثابت ہو جانے اصول کے اعمال اور فروع میں صرف دلائل نقلیہ کافی ہیں عقلیات کی ضرورت نہیں بلکہ بعض اوقات مضر ہے کہ ابواب شبہات مفتوح ہوتے ہیں کیونکہ فروع میں دلیل قطعی کی کوئی سبیل نہیں البتہ اگر کوئی طالب حق وجویائے شفائے قلب ہو اس کے روبرو اقناعیات و خطابیات کا تبرعاً پیش کر دینا مضائقہ نہیں لیکن جب یہ بھی نہ ہو بلکہ مجادلہ ہی ہو تو اپنے کام میں لگنا چاہئے اور معترض کی طرف التفات نہ کرنا چاہئے ہاں اگر معترض کسی فرع کا عقلی قطعی دلیل کے مخالف ہونا ثابت کرنا چاہے تو اس کا جواب بذمہ مدعی حق ہوگا مگر مشرکین کے شبہ میں اس کا احتمال ہی نہیں اس لئے اس جواب میں صرف مسلمانوں کو بقاعدۂ مذکورہ بالا خطاب ہے کہ ایسے خرافات پر نظر مت کرو حق کے معتقد اور عامل رہو اس بناء پر اس مقام میں مشرکین کے شبہ کا جواب صراحۃً مذکور نہ ہونا محل شبہ نہیں ہو سکتا مگر اس پر بھی اس کی طرف اشارہ کر دیا گیا ہے جہاں کلوا میں ذکر اسم اللہ اور لا تاکلوا میں لم یذکر اسم اللہ مذکور ہے اور یہ عادت سے اور دوسرے دلائل سے معلوم ہے کہ ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ ذبح کے وقت ہوگا اور لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ کے تحقق کی دو صورتیں ہوں گی عدم ذبح اور عدم ذکر عند الذبح پس حاصل جواب شبہ کا یہ ہوا کہ حلت کا مدار مجموعہ دو امر کا ہے ایک ذبح کے بوجہ اخراجِ دم نجس کہ مزیل نجاست ہے جو کہ مانع حلت تھی۔ دوسرے اللہ کا نام لینا کہ مفید برکت ہے جو کہ حیوانات دمویہ میں شرط حلت ہے اور علت کے اتمام کے لئے مانع کا عدم اور شرط کا وجود دونوں امر ضروری ہیں پس مجموعہ سے حلت ہوگی اور ایک جزو کے ارتفاع سے علت تامہ مرتفع ہوگی اس لئے مفید معلول کو نہ ہوگی آگے یہ فرع فقہی ہے کہ ذکر اسم اللہ اگر حکماً نہ ہو تو بھی بمنزلہ حقیقت کے قرار دیا گیا جیسا کہ ائمہ میں متروک التسمیہ میں کلام ہے اور جو حیوانات ماکول دموی نہیں ہیں یا جو اشیاء ماکول حیوان نہیں ہیں چونکہ وہ دم نجس سے خالی ہیں لہٰذا ممکن ہے کہ اس میں اس تطہیر کے لئے اس ادخال برکت کی ضرورت نہ ہو اور بدوں اس شرط کے وہ حلال قرار دیئے گئے اس میں کوئی محذور نہیں لازم آتا خوب سمجھ لو۔

نہی مومنین از التفات بشبہاتِ مشرکین در احکام حلال وحرام: فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ (الی قولہ تعالی) وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ۝

(اور جب اوپر کفار کے اتباع کا مذموم ہونا معلوم ہو گیا) سو جس (حلال) جانور پر (ذبح کے وقت) اللہ کا نام (بلا شرکت) لیا جاوے اس میں سے (بے تکلف) کھاؤ (اور اس کو مباح و حلال سمجھو) اگر تم اس کے احکام پر ایمان رکھتے ہو (کیونکہ حلال کو حرام جاننا خلاف ایمان ہے) اور تم کو کون امر (از قبیل عقیدہ) اس کا باعث ہو سکتا ہے کہ تم ایسے جانور میں سے نہ کھاؤ جس پر (ذبح کے وقت) اللہ کا نام (بلا شرکت) لیا گیا ہو حالانکہ اللہ تعالیٰ نے (دوسری آیت میں) ان سب جانوروں کی تفصیل بتلا دی ہے جن کو تم پر حرام کیا ہے مگر وہ بھی جب تم کو سخت ضرورت پڑ جاوے تو حلال ہیں (اور اس تفصیل میں یہ مذبوح علی اسم اللہ داخل نہیں۔ پھر اس کے کھانے میں اعتقاداً کیوں انقباض ہو) اور (ان لوگوں کے شبہات کی طرف اصلاً التفات نہ کرو کیونکہ) یہ یقینی بات ہے کہ بہت سے آدمی (کہ انہی میں سے یہ بھی ہیں اپنے ساتھ دوسروں کو بھی) اپنے غلط خیالات (کی بناء) پر بلا کسی سند کے گمراہ کرتے (پھرتے) ہیں (لیکن آخر کہاں تک خیر مناویں گے) اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ حد (ایمان) سے نکل جانے والوں کو (جن میں یہ بھی ہیں) خوب جانتا ہے (پس یکبارگی سزا دے دے گا) اور تم ظاہری گناہ کو بھی چھوڑ دو اور باطنی گناہ کو بھی چھوڑو (مثلاً حلال کو حرام اعتقاد کرنا باطنی گناہ ہے جیسا کہ اس کا عکس بھی) بلا شبہ جو لوگ گناہ کر رہے ہیں ان کو اس کے کئے کی عنقریب (قیامت میں) سزا ملے گی اور ایسے جانوروں میں سے مت کھاؤ جن پر (بطریق مذکور) اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو (جیسا کہ مشرکین ایسے

www.besturdubooks.net

جانوروں کو کھاتے ہیں) بلاشبہ یہ (یعنی مَا لَمْ یُذْکَرِ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ کا کھانا) گناہ کی بات ہے (غرض نہ ترک میں ان کا اتباع کرو اور نہ فعل میں) اور (ان لوگوں کے شبہات اس لئے قابل التفات نہیں کہ) یقیناً شیاطین (جن) اپنے (ان) دوستوں (اور پیروؤں) کو (یہ شبہات) تعلیم کر رہے ہیں تاکہ یہ تم سے (بیکار) جدال کریں (یعنی اول تو یہ شبہات نص کے خلاف دوسرے غرض محض جدال اس لئے قابل التفات نہیں) اور اگر تم (خدانخواستہ) ان لوگوں کی اطاعت (عقائد یا افعال میں) کرنے لگو تو یقیناً تم مشرک ہو جاؤ (کہ خدا کی تعلیم پر دوسرے کی تعلیم کو ترجیح دو جہاں برابر سمجھنا بھی شرک ہے یعنی ان کی اطاعت ایسی بری چیز ہے اس لئے اس کے مقدمات یعنی التفات سے بھی بچنا چاہئے)۔ ف: مَا ذُکِرَ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ میں ذبح اختیاری اور ذبح اضطراری یعنی تیر و باز اور کتے کا شکار جب کہ اس کو چھوڑنے کے وقت بسم اللہ پڑھی جاوے اور ذکر حقیقی و ذکر حکمی سب داخل ہے پس امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک جس پر بسم اللہ سہواً ترک کر دی جاوے وہ حکماً ماذکر اسم اللہ علیہ میں داخل ہے البتہ عمداً ترک کرنے سے امام صاحب کے نزدیک حرام ہوتا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَا لَكُمْ أَلَّا تَأْكُلُوا الخ روح میں امام ابوالمنصور سے منقول ہے کہ بعضے مسلمان تقشف و زہد کے سبب بعض طیبات کو نہ کھاتے تھے اس پر آیت نازل ہوئی اھ اس میں ممانعت ہے غلو فی الزہد سے جیسا بعضے جاہل صوفی کرتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَذَرُوا ظَاهِرَ الْإِثْمِ وَبَاطِنَهُ اس سے معلوم ہوا کہ گناہ جس طرح جوارح سے ہوتے ہیں اسی طرح بعضے گناہ قلب سے بھی ہوتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ابتداء الترجمة اور جب اشار به الى معنى الفاء ۱۲۔ ۲ قوله في فكلوا بے تکلف الى قوله حلال اشار به الى ان المقصود في الآية ليس ايجاب الاكل بل ايجاب اعتقاد المباح مباحاً ۱۲۔ ۳ قوله في وما لكم از قبیل عقیدہ اشار به الى ما اشار اليه في القول السابق فان الترك لعارض مباح ۱۲۔ ۴ قوله في فصل دوسری آیت المراد بها عندى ما فى النحل فانها مكية نزلت قبل سورة الانعام كما في الاتقان نعم يشكل عليه قوله تعالى في النحل و على الذين هادوا حرمنا ما قصصنا عليك من قبل المفسر بما في الانعام وعلى الذين هادوا حرمنا كل ذى ظفر الخ فانه يقتضى تقدم الانعام على النحل فى النزول فكيف يجوز هذا اللادر والجواب عنه انه يمكن ان يكون تقدم النحل على الانعام باعتبار اكثر الاجزاء لا كلها ويكون قوله تعالى وعلى الذين هادوا حرمنا ما قصصنا الخ متاخرا عن سورة الانعام لا سيما عن قوله تعالى وعلى الذين هادوا حرمنا كل ذى ظفر فافهم ويبعد ما قال الامام ان الحوالة في التفصيل على قوله تعالى قل لا اجد فى ما اوحى ويستحيل ما قال غيره من الحوالة على آية المائدة فان المائدة مدنية كما هو المشهور ۱۲۔ ۵ قوله فى باطنه مثلاً وهذا من المواهب ۱۲۔

الفقه: قال بعضهم ان الشافعى فى حكمه بجواز متروك التسمية عامدا مخالف للنص القطعى اه وحاشاه عن ذلك هل هو متبع لهذا النص فانه يفسر ما لم يذكر اسم الله عليه بما ذكر اسم غير الله عليه بدليل قوله وانه لفسق و تفسير فسق بما ذكر كما قال تعالى او فسقا اهل لغير الله به فافهم ولا تجترئ ۱۲۔

النحو: وَمَا لَكُمْ أَلَّا تَأْكُلُوا ما استفهامية مبتدأ ولكم خبره وان لا تاكلوا نزع منه الخافض الى اى داع لكم فى ان لا تاكلوا قوله ما اضطررتم ما موصولة فلا يستقيم غير جعل الاستثناء منقطعاً اى لكن الذى اضطررتم الى اكله مما هو حرام عليكم حلال لكم حال الضرورة كذا فى الروح لان جعل الاستثناء متصلا يقتضى انه لم يفصل حكم ما اضطررتم اليه وهو فاسد ۱۲۔

البلاغة: نقل فى الروح عن البعض وفائدة الا ما اضطررتم وقد اغنى عنه قوله سبحانه وقد فصل لكم لان تفصيل ما حرم يتضمن قوله تعالى الا ما اضطررتم اليه وكان الفائدة فيه والله تعالى اعلم المبالغة فى النهى عن الامتناع عن الاكل بان ما حرم يصير مما يوكل بخلاف ما حل فانه لا يصير مما لا يوكل فكيف يجتنب عما يوكل فتامل ۱۲۔

أَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُورًا يَمْشِي بِهِ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَثَلُهُ فِي الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِنْهَا ۚ كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكَافِرِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٢٢﴾ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ أَكَابِرَ مُجْرِمِيهَا لِيَمْكُرُوا فِيهَا ۖ وَمَا يَمْكُرُونَ إِلَّا بِأَنْفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ﴿١٢٣﴾ وَإِذَا جَاءَتْهُمْ آيَةٌ قَالُوا لَنْ نُؤْمِنَ حَتَّىٰ نُؤْتَىٰ مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللَّهِ ۘ اللَّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ ۗ سَيُصِيبُ الَّذِينَ أَجْرَمُوا صَغَارٌ عِنْدَ اللَّهِ وَعَذَابٌ

www.besturdubooks.net

شَدِيدٌۢ بِمَا كَانُوا يَمْكُرُونَ ﴿١٢٤﴾ فَمَن يُرِدِ اللَّهُ أَن يَهْدِيَهُۥ يَشْرَحْ صَدْرَهُۥ لِلْإِسْلَامِ ۖ وَمَن يُرِدْ أَن
يُضِلَّهُۥ يَجْعَلْ صَدْرَهُۥ ضَيِّقًا حَرَجًا كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ ۚ كَذَٰلِكَ يَجْعَلُ اللَّهُ الرِّجْسَ عَلَى
الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٢٥﴾ وَهَٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيمًا ۗ قَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ ﴿١٢٦﴾ لَهُمْ
دَارُ السَّلَامِ عِندَ رَبِّهِمْ ۖ وَهُوَ وَلِيُّهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٢٧﴾

ایسا شخص جو کہ پہلے مردہ تھا پھر ہم نے اسے زندہ بنادیا اور ہم نے اس کو ایک ایسا نور دے دیا کہ وہ اس کو لئے ہوئے آدمیوں میں چلتا پھرتا ہے۔ کیا ایسا اس شخص کی مانند ہو سکتا ہے جس کی حالت یہ ہو کہ وہ تاریکیوں میں ہے ان سے نکلنے ہی نہیں پاتا۔ اسی طرح کافروں کو ان کے اعمال مستحسن معلوم ہوا کرتے ہیں اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں وہاں کے رئیسوں ہی کو جرائم کا مرتکب بنایا تا کہ وہ لوگ وہاں شرارتیں کیا کریں اور وہ لوگ اپنے ہی ساتھ شرارت کر رہے ہیں اور ان کو ذرا خبر نہیں اور جب ان کو کوئی آیت پہنچتی ہے تو یوں کہتے ہیں کہ ہم ہرگز ایمان نہ لائیں گے جب تک کہ ہم کو بھی ایسی ہی چیز نہ دی جائے جو اللہ کے رسولوں کو دی جاتی ہے۔ اس موقع کو تو خدا ہی خوب جانتا ہے جہاں جہاں اپنا پیغام بھیجتا ہے۔ عنقریب ان لوگوں کو جنہوں نے یہ جرم کیا ہے خدا کے پاس پہنچ کر ذلت پہنچے گی اور سزائے سخت ان کی شرارتوں کے مقابلہ میں۔ سو جس شخص کو اللہ تعالیٰ راستہ پر ڈالنا چاہتے ہیں اس کے سینہ کو اسلام کے لئے کشادہ کر دیتے ہیں اور جس کو بے راہ رکھنا چاہتے ہیں اُسکے سینہ کو تنگ بہت تنگ کر دیتے ہیں۔ جیسے کوئی آسمان میں چڑھتا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ ایمان نہ لانے والوں پر پھٹکار ڈالتا ہے اور یہی تیرے ربّ کا سیدھا رستہ ہے ہم نے نصیحت حاصل کرنے والوں کے واسطے ان آیتوں کو صاف بیان کر دیا۔ ان لوگوں کے واسطے ان کے رب کے پاس سلامتی کا گھر ہے اور اللہ تعالیٰ ان سے محبت رکھتا ہے ان کے اعمال کی وجہ سے ۞

تفسیر: ربط: سرخی بالا کے اوپر آیاتِ مقترحہ کا غیر ضروری ہونا ثابت کر کے آیات قرآنیہ کا اثباتِ حق پر دلالت کرنے میں کافی ہونا اور اس کے ساتھ حق کی تصدیق اور تکذیب کرنے والوں کا حال مذکور ہوا تھا آگے اسی کی مزید توضیح ہے۔

بیانِ حال اہلِ حق واہلِ باطل وکفایتِ قرآن در تعیینِ حق: اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ (الی قولہ تعالی) وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ایسا شخص جو کہ پہلے مردہ (یعنی گمراہ) تھا پھر ہم نے اس کو زندہ (یعنی مسلمان) بنادیا اور ہم نے اس کو ایک ایسا نور (یعنی ایمان) دے دیا کہ وہ اس کو لئے ہوئے آدمیوں میں چلتا پھرتا ہے (یعنی ہر وقت وہ اس کے ساتھ رہتا ہے جس سے وہ سب مضرتوںؒ سے مثل گمراہی وغیرہ محفوظ و مامون و بے فکر پھرتا ہے تو) کیا ایسا شخص (بدحالی میں) اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جس کی حالت یہ ہو کہ وہ (گمراہی کی) تاریکیوں میں (گھرا ہوا) ہے (اور) ان سے نکلنے ہی نہیں پاتا (مراد وہ کہ مسلمان نہیں ہوا اور اس کا تعجب نہ کیا جاوے کہ کفر پر باوجود اس کے ظلمت ہونے کے وہ کیوں قائم رہا وجہ یہ کہ جس طرح مومنین کو ان کا ایمان اچھا معلوم ہوتا ہے) اسی طرح کافروں کو ان کے اعمال (کفر وغیرہ) مستحسن معلوم ہوا کرتے ہیں (چنانچہ اسی وجہ سے یہ رؤسائے مکہ جو آپ سے مہمل فرمائشیں اور شبہات ومجادلات پیش کرتے رہتے ہیں اپنے کفر کو مستحسن ہی سمجھ کر اس پر مصر ہیں) اور (یہ کوئی نئی بات نہیں جس طرح مکہ کے رؤساء ان جرائم کے مرتکب ہو رہے ہیں اور ان کے اثر سے دوسرے لوگ شامل ہو جاتے ہیں) اسی طرح ہم نے (پہلی امتوں میں بھی) ہر بستی میں وہاں کے رئیسوں ہی کو (اول) جرائم کا مرتکب بنایا (پھر انؒ کے اثر سے اور عوام بھی ان میں مل گئے) تا کہ وہ لوگ وہاںؒ (انبیاء کو ضرر پہنچانے کے لئے) شرارتیں کیا کریں (جن سے ان کا مستحق سزا ہونا خوب ثابت ہو جاوے) اور وہ لوگ (گو اپنے زعم میں دوسروں کو ضرر پہنچاتے ہیں لیکن واقع میں) اپنے ہی ساتھ شرارت کر رہے ہیں (کیونکہ اس کا وبال تو ان ہی کو بھگتنا پڑے گا) اور (غایت جہل سے) ان کو (اس کی) ذرا خبر نہیں اور (ان کفار مکہ کا جرم یہاں تک بڑھ گیا ہے کہ) جب ان کو کوئی آیت پہنچتی ہے تو (باوجود اس کے کہ وہ اپنے اعجاز کی وجہ سے دلالت علی النبوۃ میں کافی ہوتی ہے مگر یہ لوگ پھر بھی) یوں کہتے ہیں کہ ہم (ان نبی پر) ہرگز ایمان نہ لاویں گے جب تک کہ ہم کو بھی ایسی ہی چیز نہ دی جاوے جو اللہ کے رسولوں کو دی جاتی ہے (یعنی وحی وخطاب) یا صحیفہ و کتاب جس میں ہمؒ کو آپ پر ایمان لانے کا حکم ہو اور اس قول کا جرم عظیم ہونا ظاہر ہے کہ تکذیب اور عناد اور استکبار اور گستاخی سب کا جامع ہے آگے اللہ تعالیٰ اس قول کو رد فرماتے ہیں کہ) اس موقع کو تو خدا ہی خوب جانتا ہے جہاں اپنا پیغام (وحی کے ذریعہ سے) بھیجتا ہے (کیا ہر کس و ناکس اس شرف کے قابل ہو گیا۔ تا نہ بخشد خدائے بخشندہ آگے اس جرم کی سزا کا بیان ہے کہ) عنقریب ان لوگوں کو جنہوں نے یہ جرم کیا ہے خدا کے پاس پہنچ کر (یعنی آخرت میں) ذلت پہنچے گی (جیسا انہوں نے اپنے کو نبی کے مقابلہ میں عزت نبوت کا مستحق سمجھا تھا) اور سزائے سخت (ملے گی) ان کی شرارتوں کے مقابلہ میں سو (اوپر جو مومنؒ وکافر کا حال مذکور ہے اس سے یہ معلوم ہوا کہ) جس شخص کو اللہ تعالیٰ (نجات کے) راستہ پر ڈالنا چاہتے ہیں اس کے سینہ (یعنی قلب) کو (اسلام کو قبول کرنے) کے لئے کشادہ کر دیتے ہیں (کہ اس کے قبول کرنے میں پس و پیش نہیں کرتا اور وہ نورؒ مذکور یہی

www.besturdubooks.net

ہے اور جس کو تکوینا وتقدیراً بے راہ رکھنا چاہتے ہیں اس کے سینہ (یعنی قلب) کو اسلام (کے قبول کرنے سے) تنگ (اور) بہت تنگ کر دیتے ہیں (اور اس کو اسلام لانا ایسا مصیبت نظر آتا ہے) جیسے کوئی (فرض کرو) آسمان میں چڑھنا چاہتا ہو (اور چڑھا نہیں جاتا اور جی تنگ ہوتا ہے اور مصیبت کا سامنا ہوتا ہے پس جیسا اس شخص سے چڑھا نہیں جاتا) اسی طرح اللہ تعالیٰ ایمان نہ لانے والوں پر (چونکہ ان کے کفر اور شرارت کے سبب) پھٹکار ڈالتا ہے (اس لئے ان سے ایمان نہیں لایا جاتا) اور (اوپر جو اسلام کا ذکر ہے تو) یہی (اسلام) تیرے رب کا (بتلایا ہوا) ہے سیدھا راستہ ہے (جس پر چلنے سے نجات ہوتی ہے جس کا ذکر يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ میں ہے اور اسی صراط مستقیم کی توضیح کے لئے) ہم نے نصیحت حاصل کرنے والوں کے واسطے ان آیتوں کو صاف صاف بیان کر دیا ہے (جس سے وہ اس کے اعجاز سے اس کی تصدیق کریں اور پھر اس کے مضامین پر عمل کر کے نجات حاصل کریں یہی تصدیق وعمل صراط مستقیم کا مل ہے بخلاف ان کے جن کو نصیحت حاصل کرنے کی فکر ہی نہیں ان کے واسطے نہ یہ کافی نہ دوسرے دلائل کافی آگے ان ماننے والوں کی جزا کا ذکر ہے جیسا نہ ماننے والوں کی سزا اوپر کئی جملوں میں مذکور ہے پس ارشاد ہے کہ) ان لوگوں کے واسطے ان کے رب کے پاس (پہنچ کر) سلامتی (یعنی امن وبقاء) کا گھر (یعنی جنت) ہے اور اللہ ان سے محبت رکھتا ہے ان کے اعمال (حسنہ) کی وجہ سے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا الخ اس میں طریق حق کی معرفت کو نور فرمایا ہے اور یہ اطلاق قوم کی زبان پر دائر سائر ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ الخ یعنی منصب رسالت کا مدار کثرت مال واولاد اور سامان دنیوی نہیں ہے بلکہ کمال استعداد ہے جس سے نفس قدسیہ پر رسالت کا فیضان ہو جاتا ہے) کذا فی الروح ملخصاً (پس اس میں دلالت ہوئی کہ استعداد فیضان کی شرط عادی ہے) قولہ تعالیٰ: فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ الخ اس میں اثبات ہے بسط وقبض کے بعض اقسام کا اور وہ قبض وبسط عقلی ہیں اور یہی دونوں باب سلوک میں اصل ہیں (اور بسط وقبض طبعی غیر معتد بہ ہیں) ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في يمشي معزتوں سے كذلك في الروح ۱۲۔ ۲ قوله في كذلك زين جس طرح مؤمنين الخ كذا في البيضاوي ۱۲۔ ۳ قوله في اكبر ان كے اثر سے اشار الى وجه تخصيص الاكابر بالذكر مع عموم الحكم ۱۲۔ ۴ قوله في ليمكروا فيها وہاں اخذ بحاصل ترجمة فيها ۱۲۔ ۵ قوله في حتى نؤتى ہم کو آپ پر اشارة الى دفع ايراد وهو انهم لما تمنوا النبوة فكيف علقوا ايمانهم به بمعنى اتباعهم له صلى الله عليه وسلم بها فان النبي من حيث النبوة لا يلزم ان يكون تابعا لا خروجه الدفع انهم لم يقصدوا النبوة استقلالا بل قصدوا كونهم مامورين باتباعه بواسطة الملك سواء سمي نبوة اولا هو المعنى في قوله رسالته لا الرسالة الاصطلاحية المستقلة فافهم ۱۲۔ ۶ قوله في فمن يرد اور جو مؤمن اشارة الى وجه الترتيب بالفاء ۱۲۔ ۷ قوله في يشرح نور مذكور الذي ذكر في قوله نورا يمشي وفسر الشراح بالنور في الحديث ۱۲۔ ۸ قوله في حرجا بہت تنگ لان الحرج شدة الضيق كما في الروح والحرج بفتحتين المصدر وصف به المبالغة ۱۲۔ ۹ قوله هناك مصيبت نظر الخ اشار الى وجه التشبيه من الامتناع كمزادلة ما لا يقدر عليه فلا يلزم ان يكون هذا الضال قد اراد الاسلام ثم لم يقدر ۱۲۔ ۱۰ قوله في كذلك يجعل چڑھا نہیں جاتا اشار الى وجه الشبه هو عدم الصدور وان كان السبب له هو الرجس في غير المؤمن وليس وجه الشبه هو يجعل الرجس لكونه غير لازم في من يصعد ۱۲۔ ۱۱ قوله في الرجس پھٹکار كما في الروح عن الزجاج ۱۲۔

النحو: او من كان عندى ان الواو للاستيناف فلا يقتضي تقدير المعطوف عليه قدم عليهما همزة الاستفهام للتعجيل الى انكار المماثلة كما قالوا في قوله تعالى افكلما جائكم رسول بما لا تهوىٰ انفسكم استكبرتم الآية۔ قوله مثله في الظلمٰت الجار والمجرور خبر لمبتدأ مقدر هو والجملة خبر لمثله المبتدأ كما في الكشاف كمن صفة هذه وهي قوله في الظلمات بمعنى هو في الظلمات آه۔ قوله اكبر مجرميها عندى ان اكابر مفعول اول ومجرميها مفعول ثان والمراد اكابرها مجرميها بقرينة المقام حذف المضاف اليه ايجازا ۱۲۔

البلاغة: قوله او من كان ميتاً الخ ههنا سوالان الاول جعل المؤمن مشبها والكافر مشبها به ولم يعكس مع كونه اظهر في المقصود اى عدم كون الكافر مشار كافي فضل المؤمن الثاني ان الظاهر في الطرف الأخر ان يقال كمن كان ميتا فلم نحيه وهو في الظلمات الخ والجواب عن الاول ان المقصود عدم كون المؤمن مشار كافي وبال الكافر الذى سبق الكلام السابق لاجله وليس المقصود ما ذكره السائل والجواب عن الثاني ان الاحياء والجعل لما كانا كانهما شئى واحد يفسر احدهما الأخر كان ذكر الظلمٰت في الطرف الأخر كانه ذكر لعدم الاحياء ايضا والايجاز من فنون البلاغة هذا ما عندى ولعل عند غيرى احسن منه ۱۲۔ قوله شديد بما كانوا

www.besturdubooks.net

یمکرون فی الروح و حیث کان ھذا من اعظم مواد اجرامھم صرح بسببہ ۱۲۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ۚ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُم مِّنَ الْإِنسِ ۖ وَقَالَ أَوْلِيَاؤُهُم مِّنَ الْإِنسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ
بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَبَلَغْنَا أَجَلَنَا الَّذِي أَجَّلْتَ لَنَا ۚ قَالَ النَّارُ مَثْوَاكُمْ خَالِدِينَ فِيهَا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۗ
إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ﴿۱۲۸﴾ وَكَذَٰلِكَ نُوَلِّي بَعْضَ الظَّالِمِينَ بَعْضًا بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿۱۲۹﴾ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ
وَالْإِنسِ أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنكُمْ يَقُصُّونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِي وَيُنذِرُونَكُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ
هَٰذَا ۚ قَالُوا شَهِدْنَا عَلَىٰ أَنفُسِنَا ۖ وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ أَنَّهُمْ كَانُوا كَافِرِينَ ﴿۱۳۰﴾
ذَٰلِكَ أَن لَّمْ يَكُن رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرَىٰ بِظُلْمٍ وَأَهْلُهَا غَافِلُونَ ﴿۱۳۱﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ مِّمَّا عَمِلُوا ۚ وَمَا
رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ ﴿۱۳۲﴾ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ۚ إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ
مِن بَعْدِكُم مَّا يَشَاءُ كَمَا أَنشَأَكُم مِّن ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ آخَرِينَ ﴿۱۳۳﴾ إِنَّ مَا تُوعَدُونَ لَآتٍ ۖ وَمَا أَنتُم
بِمُعْجِزِينَ ﴿۱۳۴﴾ قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ ۖ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن تَكُونُ لَهُ عَاقِبَةُ
الدَّارِ ۗ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ﴿۱۳۵﴾

اور جس روز اللہ تعالیٰ تمام خلائق کو جمع کریں گے اے جماعت جنات کی تم نے انسانوں (کے گمراہ کرنے) میں بڑا حصہ لیا ہے اور جو انسان ان کے ساتھ تعلق رکھنے والے تھے وہ (اقرارا) کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہم میں ایک نے دوسرے سے فائدہ حاصل کیا تھا اور ہم اپنی اس معین میعاد تک آپہنچے جو آپ نے ہمارے لئے معین فرمائی (یعنی قیامت) اللہ تعالیٰ (سب کفار جن وانس سے) فرمائیں گے تم سب کا ٹھکانا دوزخ ہے جس میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہو گے۔ ہاں اگر خدا ہی کو منظور ہو تو دوسری بات ہے۔ بے شک آپ کا رب بڑی حکمت والا اور بڑا علم والا ہے اور اسی طرح بعض کفار کو بعض قریب رکھیں گے ان کے اعمال کے سبب۔ اے جماعت جنات اور انسان کی کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے پیغمبر نہیں آئے تھے۔ جو تم سے میرے احکام بیان کیا کرتے تھے اور تم کو اس آج کے دن کی خبر دیا کرتے تھے۔ وہ سب عرض کریں گے کہ ہم اپنے اوپر (جرم کا) اقرار کرتے ہیں اور ان کو دنیوی زندگانی نے بھول میں ڈال رکھا ہے اور یہ لوگ مقر ہوں گے کہ وہ کافر تھے۔ یہ اس وجہ سے ہے کہ آپ کا رب کسی بستی والوں کو کفر کے سبب ایسی حالت میں ہلاک نہیں کرتا کہ اس بستی کے رہنے والے بے خبر ہوں اور ہر ایک کے لئے درجے ملیں گے ان کے اعمال کے سبب اور آپ کا رب ان کے اعمال سے بے خبر نہیں ہے اور آپ کا رب بالکل غنی ہے۔ رحمت والا ہے اگر وہ چاہے تو تم سب کو اٹھا لے اور تمہارے بعد جس کو چاہے تمہاری جگہ آباد کرے۔ جیسا کہ تم کو ایک دوسری قوم کی نسل سے پیدا کیا اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ بے شک آنے والی چیز ہے اور تم عاجز نہیں کر سکتے۔ آپ یہ فرما دیجئے کہ اے میری قوم تم اپنی حالت پر عمل کرتے رہو میں بھی عمل کر رہا ہوں۔ سو اب جلدی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ اس عالم کا انجام کار کس کے لئے نافع ہوگا۔ یہ یقینی بات ہے کہ حق تلفی کرنے والوں کو کبھی فلاح نہ ہوگی ۞

تفسیر ربط: اوپر کی آیات میں محقین و مبطلین کے احوال میں ہر ایک کی جزا و سزا کا بیان کیا گیا ہے آگے اس کے وقوع کا وقت اور اس کی بعض کیفیات اور اس کے بعض متعلقات اور باختلاف عنوان اس کی تکرار اور تقریر مذکور ہے اور دونوں جگہ یعنی اوپر اور آگے سزائے مبطلین کا زیادہ اور جزائے محقین کا مختصر تذکرہ ہے۔

بیان بعض معاملاتِ الٰہیہ با محقین و مبطلین در قیامت و در دنیا: وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا (الی قولہ تعالی) إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ اور (وہ دن یاد کرنے کے قابل ہے) جس روز اللہ تعالیٰ تمام خلائق کو جمع کریں گے (اور ان میں سے بالخصوص کفار کو حاضر کر کے ان میں جو شیاطین الجن ہیں ان سے توبیخاً کہا جاوے گا کہ) اے جماعت جنات کی تم نے انسانوں (کے گمراہ کرنے میں) بڑا حصہ لیا (اور ان کو خوب بہکایا اسی طرح انسانوں سے پوچھا جاوے گا: أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَا بَنِي آدَمَ أَن لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطَانَ غرض شیاطین الجن بھی اقرار کریں گے) اور جو انسان (ان شیاطین جن) کے ساتھ تعلق رکھنے والے تھے وہ

www.besturdubooks.net

(بھی اقرار) کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار (آپ صحیح فرماتے ہیں واقعی) ہم میں ایک نے دوسرے سے (اس ضلال واضلال کے باب میں نفسانی) فائدہ حاصل کیا تھا (چنانچہ گمراہ انسانوں کو اپنے عقائد کفریہ وشرکیہ میں لذت آتی ہے اور گمراہ کنندہ شیاطن کو اس سے حظ ہوتا ہے کہ ہمارا کہنا چل گیا) اور (فی الحقیقت ہم ان کے بہکانے سے قیامت کے منکر تھے لیکن وہ انکار غلط ثابت ہوا چنانچہ) ہم اپنی اس معین میعاد تک آ پہنچے جو آپ نے ہمارے لئے معین فرمائی (یعنی قیامت آ گئی) اور اللہ تعالیٰ (سب کفار جن وانس سے) فرماویں گے کہ تم سب کا ٹھکانا دوزخ ہے جس میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہو گے (کوئی نکلنے کی سبیل وتدبیر نہیں) ہاں اگر خدا ہی کو (نکالنا) منظور ہو تو دوسری بات ہے (لیکن یہ یقینی بات ہے کہ خدا بھی نہیں چاہے گا اس لئے ہمیشہ رہا کرو) بیشک آپ کا رب بڑی حکمت والا اور بڑا علم والا ہے (علم سے سب کے جرائم معلوم کرتا ہے اور حکمت سے مناسب سزا دیتا ہے) اور (جس طرح دنیا میں گمراہی میں سب میں تعلق وقرب تھا) اسی طرح (دوزخ میں) بعض کفار کو بعض کے قریب (اور مجتمع) رکھیں گے ان کے اعمال (کفریہ) کے سبب (یہ خطاب مذکور تو جن وانس کو باعتبار ان کے احوال متعلقہ باہمد گر کے تھا آگے ہر ایک کو باعتبار احوال متعلقہ بذات خاص کے خطاب ہے کہ) اے جماعت جنات اور انسانوں کی (ہاں یہ تو بتلاؤ تم جو کفر وانکار کرتے رہے تو) کیا تمہارے پاس تم ہی میں کے پیغمبر نہیں آئے تھے جو تم سے میرے احکام (متعلق عقائد واعمال کے) بیان کیا کرتے تھے اور تم کو اس آج کے دن (کے وقوع) کی خبر دیا کرتے تھے (پھر کیا وجہ کہ تم کفر وانکار سے باز نہ آئے) وہ سب عرض کریں گے کہ ہم اپنے اوپر (جرم کا) اقرار کرتے ہیں (ہمارے پاس کوئی وجہ عذر اور براءت کی نہیں آگے اللہ تعالیٰ ان کو اس مصیبت کے پیش آنے کا سبب بتلاتے ہیں) اور ان کو (یہاں) دنیوی زندگانی نے بھول میں ڈال رکھا ہے (کہ دنیوی لذات کو مقصودِ اعظم سمجھ رکھا ہے آخرت کی فکر ہی نہیں) اور (اس کا ثمرہ یہ ہوا کہ وہاں) یہ لوگ مقر ہوں گے کہ وہ (یعنی ہم) کافر تھے (اور غلطی میں تھے مگر وہاں کے اقرار سے کیا ہوتا ہے اگر دنیا میں ذرا غفلت دور کر دیں تو اس روز بد کا کیوں سامنا ہو آگے رسولوں کے بھیجنے میں جس کا اوپر ذکر تھا اپنی رحمت کا اظہار فرماتے ہیں کہ) یہ (رسولوں کا بھیجنا) اس وجہ سے ہے کہ آپ کا رب کسی بستی والوں کو (ان کے) کفر کے سبب (دنیا میں بھی) ایسی حالت میں ہلاک نہیں کرتا کہ اس بستی کے رہنے والے (احکام الٰہیہ سے بوجہ رسولوں کے نہ آنے کے) بے خبر ہوں (پس عذابِ آخرت کہ اشد ہے بدرجۂ اولیٰ نہ ہوتا اس لئے رسولوں کو بھیجتے ہیں تاکہ ان کو جرائم کی اطلاع ہو جاوے پھر جس کو عذاب ہو استحقاق کی وجہ سے ہو چنانچہ آگے فرماتے ہیں) اور (جب رسول آ گئے اور اطلاع ہو گئی پھر جیسا جیسا کوئی کرے گا) ہر ایک کے لئے (جن وانس وصالح وطالح میں سے جزا وسزا کے ویسے ہی) درجے ملیں گے ان کے اعمال کے سبب اور آپ کا رب ان کے اعمال سے بے خبر نہیں ہے اور آپ کا رب (رسولوں کو کچھ اس لئے نہیں بھیجتا ہے کہ نعوذ باللہ وہ محتاج عبادت ہے وہ تو بالکل غنی ہے بلکہ اس لئے بھیجتا ہے کہ وہ) رحمت والا (بھی) ہے (اپنی رحمت سے رسولوں کو بھیجا تاکہ ان کے ذریعہ سے لوگوں کو منافع ومضار معلوم ہو جاویں پھر منافع سے منتفع اور مضار سے محفوظ رہیں سو اس میں بندوں ہی کا فائدہ ہے اور باقی ان کا غنا تو ایسا ہے کہ) اگر وہ چاہے تو تم سب کو (دنیا سے دفعۃً) اٹھا لیوے اور تمہارے بعد جس (مخلوق) کو چاہے تمہاری جگہ (دنیا میں) آباد کر دے جیسا (اس کی نظیر موجود ہے کہ) تم کو جو کہ اب موجود ہو) ایک دوسرے قوم کی نسل سے پیدا کیا ہے (کہ ان کا کہیں پتہ نہیں اور تم ان کی جگہ موجود ہو اور اسی طرح سلسلہ چلا آ رہا ہے لیکن یہ سلسلہ تدریجاً قائم ہے اگر ہم چاہیں دفعۃً ایسا کر دیں کیونکہ کسی کے ہونے نہ ہونے سے ہمارا کوئی کام اٹکا نہیں پڑا پس ارسال رسل ہمارے احتیاج کی وجہ سے نہیں تمہارے احتیاج کی وجہ سے ہے تم کو چاہئے کہ ان کی تصدیق اور ان کا اتباع کر کے سعادت حاصل کرو اور کفر وانکار کے ضرر سے بچو کیونکہ) جس چیز کا (رسولوں کی معرفت) تم سے وعدہ کیا جاتا ہے (یعنی قیامت وعذاب) وہ بیشک آنے والی چیز ہے اور (اگر احتمال ہو کہ گو قیامت آوے مگر ہم کہیں بھاگ جاویں گے ہاتھ نہ آویں گے جیسا دنیا میں حکام کو مجرم کبھی ایسا کر سکتا ہے تو خوب سمجھ لو کہ) تم (خدا تعالیٰ کو) عاجز نہیں کر سکتے (کہ اس کے ہاتھ نہ آؤ اور اگر باوجود اقامت دلائل تعیین حق کے کسی کو اس میں کلام ہو کہ کفر ہی کا طریقہ اچھا ہے اسلام کا برا ہے پھر قیامت سے کیا اندیشہ تو ایسے لوگوں کے جواب میں) آپ (اخیر بات) یہ فرما دیجئے کہ اے میری قوم (تم جانو بہتر ہے) تم اپنی حالت پر عمل کرتے رہو میں بھی (اپنے طور پر) عمل کر رہا ہوں سو اب جلدی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ اس عالم (کے اعمال) کا انجام کار کس کے لئے نافع ہوگا (ہمارے لئے یا تمہارے لئے اور) یہ یقینی بات ہے کہ حق تلفی کرنے والوں کو کبھی (انجام میں) فلاح نہ ہوگی (اور سب سے بڑھ کر اللہ کی حق تلفی ہے اور یہ امر دلائل صحیحہ میں تھوڑا غور کرنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ طریقۂ اسلام حق تلفی ہے یا طریقۂ کفر اور جو دلائل میں بھی غور نہ کرے اس سے اتنا کہہ دینا بس ہے فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ الخ)

ف: مِنْكُمْ کی قید رسولوں کے ذکر میں فرمائی گئی اس کا فائدہ اخذ فیض کی سہولت کو بیان کرنا ہے پھر اگر جنات میں بھی رسول انہیں کی جنس سے ہوئے ہوں تب تو سہولت بوجہ مجانست کے ظاہر ہے اور اگر انسانوں ہی کے رسول کا اتباع ان پر بھی واجب ہو تو اس پر تین سوال ہوں گے ایک تو یہ کہ پھر جنات کے اعتبار سے مِنْكُمْ کے کیا معنی۔ اس کا جواب یہ ہے کہ مِنْكُمْ سے مراد من مجموعکم جس کا صدق صرف انسانوں کے رسول ہونے سے بھی ہو جاوے گا دوسرا سوال یہ کہ پھر جنات کو رسل وانس کے ساتھ مجانست کہاں رہے گی۔ اس کا جواب سورۂ آل عمران آیت لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ کی تفسیر میں مذکور ہو چکا ہے

www.besturdubooks.net

تیسرا سوال پھر اور رسولوں کی بعثت بھی عام ہوگی۔ اس کا جواب سورۂ آل عمران آیت: فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ الخ کی تفسیر میں گزر چکا ہے ملاحظہ کر لیا جاوے اور یہاں تو توحید کا بیان ہے جو کہ اصول دین سے ہے ایسے اصول میں ہر رسول کا اتباع تمام مکلفین پر فرض ہے اور بعثت کے عموم وخصوص کا تفاوت غیر اصول میں ہے اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ اس سے بڑھ کر رحمت یہ تھی کہ احکام کا مکلف ہی نہ کرتے۔ جواب یہ ہے کہ پھر باہم جس قدر فساد ہوتا اس کے انسداد کی کوئی صورت نہ تھی چنانچہ ملوک دنیا بھی قانون سے انتظام کرتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ الخ ذوالرحمۃ کا بڑھا دینا ابطال ہے اس زعم کا کہ بعضے غناء کے معنی یہ سمجھتے ہیں کہ بندوں کی مصلحت کی پرواہ نہیں فرماتے اور اس میں بہت سے خواص بھی مبتلا ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في يحشرهم تمام اشار الى ان المرجع ليس الكفار خاصة ۱۲۔ ۲؎ قوله في يٰمعشر تو کہا جاوے گا اشار الى امرين الاول تقدير القول والثاني فائدة القول ۱۲۔ ۳؎ قوله في ماشاء ہاں اگر (الى قوله) نہیں چاہے گا اشار الى توجيه الاستثناء تقريره على ما في الروح ان هذا الاستثناء محدوق لمشية الله تعالىٰ رفع العذاب اى يخلدون الى ان يشاء الله تعالىٰ لو شاء وفائدة اظهار القدرة والاذعان بان خلودهم انما كان لان الله تعالىٰ شانه قد شاء ه وكان من الجائز العقلي في مشيته ان لا يعذبهم ولو عذبهم لا يخلدهم وان ذلك ليس بامر واجب عليه وانما هو مقتضى مشيته وارادته عز و جل ففي الآية على هذا دفع في صدور المعتزلة اه ولم اختر كون ما بمعنى من لان الآية في الكفار لا في ما يعم العصاة ليصح استثناء العصاة ۱۲۔ ۴؎ قوله في نولى قريب من الولي بمعنى القرب ۱۲۔ ۵؎ قوله في وغرتهم آگے الله تعالىٰ اشارة الى انه ليس معطوفا على شهدنا فانه يستلزم كونه مقولا لهم بل اعتراض كما في الروح ۱۲۔ ۶؎ قوله في يذهبكم دفعۃً قيد به لان مطلق الاذهاب واقع ومستمر البتة ۱۲۔ ۷؎ قوله في من ذرية نسل سے اشارة الى ان من بيانية اى انشاكم حال كونكم ذرية ۱۲۔ ۸؎ قوله في عاقبة الدار اس عالم اشارة الى ان المراد بالدار الدنيا لا دار السلام وبالعاقبة العاقبة الحسنىٰ ۱۲۔ ۹؎ قوله في من تكون کس کے لئے اشارة الى كون من استفهامية معلقة لفعل العلم محلها الرفع على الابتداء والجملة بعدها خبرها و مجموعهما سادمسد مفعولى العلم ۱۲۔

اللغات: المكانة المقامة والحالة ويقدر على مكانتى فى انى عامل ۱۲۔

النحو: من الانس من اغواء الانس ۱۲۔

البلاغۃ: لم يذكر ما يقال للانس مع الجن ولم يذكر ما تقول الجن كالانس ايجازا لان الجميع كانوا مجتمعين على الضلال فاغنى سوال احدهما وكذا جواب احدهما عن الآخر لا سيما وقد ذكره في السوال احد الطرفين وفي الجواب الطرف الآخر فكان كليهما قد ذكر في كلا الموضعين واما التخصيص فلان الفعل كان اظهر في الجن والانفعال اظهر في الانس فافهم ۱۲۔ قوله يستخلف ما يشاء في الروح ايثار ما على من لا ظهار كمال الكبرياء واسقاطهم عن رتبته العقلاء قوله شهدوا على انفسهم الشهادة الاولىٰ اعتراف منهم والثانية ذم لهم وتسفيه لرائهم فلا تكرار ۱۲۔

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ۝ وَقَالُوْا هٰذِهٖٓ اَنْعَامٌ وَّحَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَاَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا

www.besturdubooks.net

وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ۭ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ۭ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۳۹﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًاۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ۭ

ع ۱۹ ۱۱ ۳ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۴۰﴾

اور اللہ تعالیٰ نے جو کھیتی اور مویشی پیدا کیے ہیں ان لوگوں نے ان میں سے کچھ حصہ اللہ کا مقرر کیا اور (بزعم خود) کہتے ہیں کہ یہ تو اللہ کا ہے اور یہ ہمارے معبودوں کا ہے۔ پھر جو چیز ان کے معبودوں کی ہوتی ہے وہ تو اللہ کی طرف نہیں پہنچتی اور جو چیز اللہ کی ہوتی ہے وہ ان کے معبودوں کی طرف پہنچ جاتی ہے۔ انہوں نے کیا بری تجویز نکال رکھی ہے اور اسی طرح بہت سے مشرکین کے خیال میں ان کے معبودوں نے اپنی اولاد کے قتل کرنے کو مستحسن بنا رکھا ہے تاکہ وہ ان کو برباد کریں اور تاکہ ان کے طریقہ کو مخبوط کر دیں اور اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو یہ ایسا کام نہ کرتے تو آپ ان کو اور جو کچھ یہ غلط باتیں بنا رہے ہیں یوں ہی رہنے دیجئے اور وہ اپنے خیال پر یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ مویشی ہیں اور کھیت ہیں جن کا استعمال ہر شخص کو جائز نہیں ان کو کوئی نہیں کھا سکتا سوا ان کے جن کو ہم چاہیں اور مویشی ہیں جن پر سواری یا بار برداری حرام کر دی گئی ہے اور مواشی ہیں جن پر یہ لوگ اللہ کا نام نہیں لیتے محض اللہ پر افترا باندھنے کے طور پر ابھی اللہ تعالیٰ ان کو ان کے افترا کی سزا دیئے دیتا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ جو چیز ان مواشی کے پیٹ میں ہے وہ خالص ہمارے مردوں کے لئے ہے اور ہماری عورتوں پر حرام ہے اور اگر وہ مردہ ہے تو اس میں سب برابر ہیں ابھی اللہ تعالیٰ ان کو ان کی غلط بیانی کی سزا دیئے دیتا ہے بلاشبہ وہ حکمت والا بڑا علم والا ہے۔ واقعی خرابی میں وہ لوگ جنہوں نے اپنی اولاد کو محض براہ حماقت بلا کسی سند کے قتل کر ڈالا اور جو چیزیں اللہ نے ان کو کھانے پینے کو دی تھیں ان کو حرام کر لیا محض اللہ تعالیٰ پر افتراء باندھنے کے طور پر۔ بیشک یہ لوگ گمراہی میں پڑ گئے اور کبھی راہ پر چلنے والے نہیں ہوئے۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر مشرکین کی جہالت اعتقادیہ شرکیہ وکفریہ کا بیان تھا آگے ان کے بعض جہالات عملیہ کا جس کا منشا نیز شرک وکفر تھا بیان ہے جن امور کا یہاں بیان ہے وہ چند رسمیں ہیں اول: غلہ اور پھل میں سے کچھ حصہ اللہ کے نام کا نکالتے اور کچھ بتوں اور جنات کے نام کا پھر اگر اتفاق سے اللہ کے حصہ میں سے کچھ بتوں کے حصے میں مل جاتا تو اس کو ملا رہنے دیتے اور عکس میں اس کو نکال کر پھر بتوں کے حصہ میں ملا دیتے اور بہانہ یہ کرتے کہ اللہ تعالیٰ تو غنی ہے اس کا حصہ کم ہو جانے سے اس کا کوئی ضرر نہیں اور شرکا محتاج ہیں ان کا حصہ نہ گھٹنا چاہئے رسم دوم: بحیرہ سائبہ کو بتوں کے نام پر چھوڑتے اور کہتے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے ہے اس میں بھی بتوں کا حصہ یہ ہوا کہ عبادت ان کی تھی اور اللہ کا حصہ یہ ہوا کہ خوشنودی اللہ کی سمجھتے تھے۔ رسم سوم: اپنی اولاد دختری کو قتل کر ڈالتے تھے۔ رسم چہارم: کچھ کھیت بتوں کے نام وقف کر دیتے اور کہتے کہ اس کا اصل مصرف مرد ہیں اور عورتوں کو اس میں سے کچھ دینا ہماری رائے پر ہے اگر ہماری مرضی ہو کچھ حصہ ان کو دے سکتے ہیں ورنہ وہ اس کا مصرف نہیں۔ رسم پنجم: اسی طرح مواشی کے باب میں بھی ان کا عمل تھا رسم ششم: جن انعام کو بتوں کے نام مخصوص کر کے چھوڑ دیتے تھے ان پر سواری اور بار برداری کو جائز نہ سمجھتے تھے رسم ہفتم: بعض انعام مخصوص تھے جن پر کسی موقع میں اللہ کا نام نہ لیتے تھے نہ دودھ نکالتے وقت نہ سوار ہوتے وقت نہ ذبح کے وقت رسم ہشتم: بحیرہ اور سائبہ کے ذبح کے وقت جو بچہ پیٹ میں نکلتا اگر وہ زندہ ہوتا تو اس کو ذبح کر لیتے اور مردوں کے لئے حلال اور عورتوں کے لئے حرام سمجھتے اور اگر وہ مردہ ہوتا تو سب کے لئے حلال سمجھتے۔ رسم نہم: بعض انعام کے دودھ کو بھی مردوں کے لئے حلال اور عورتوں کے لئے حرام سمجھتے۔ رسم دہم: بحیرہ سائبہ ووصیلہ وحامی کی تحریم کے تعبد اور تابید کے قائل تھے یہ سب روایات درمنثور اور روح میں ابن عباس رضی اللہ عنہما ومجاہد وابن زید اور سدی سے بتخریج ابن المنذر وابن ابی حاتم وابن ابی شیبۃ وابن حمید وابوالشیخ وفریابی کے منقول ہیں اور سوائب وبحائر وغیرہ کی تحقیق معانی واحکام کی چند جا گزر چکی ہے پس آیت آئندہ میں ان رسوم پر رد ہے۔

رد بعض رسوم جاہلیت: وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ (الی قولہ تعالی) قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ اور اللہ تعالیٰ نے جو کھیتی (وغیرہ) اور مواشی پیدا کئے ہیں ان (مشرک) لوگوں نے ان میں سے کچھ حصہ اللہ (کے نام) کا مقرر کیا (اور کچھ حصہ بتوں کے نام کا مقرر کیا حالانکہ پیدا کرنے میں کوئی شریک نہیں) اور بزعم خود کہتے ہیں کہ یہ تو اللہ کا ہے جو کہ مہمانوں اور مساکین اور مسافر وغیرہ عام مصارف میں صرف ہوتا ہے) اور یہ ہمارے معبودوں کا ہے (جس کے مصارف خاص ہیں) پھر جو چیز ان کے معبودوں (کے نام) کی ہوتی ہے وہ تو اللہ (نام کے حصہ) کی طرف نہیں پہنچتی (بلکہ اتفاقاً مل جانے سے نکال لی جاتی ہے) اور جو چیز اللہ (کے نام) کی ہوتی ہے وہ ان کے معبودوں (کے نام کے حصہ) کی طرف پہنچ جاتی ہے (جیسا رسم اول ودوم میں مذکور ہوا) انہوں نے کیا بری تجویز نکال رکھی ہے (کیونکہ اول تو اللہ کا پیدا کیا ہوا دوسرے کے نام کیوں جائے دوسرے پھر جتنا اللہ کا حصہ نکالا ہے اس میں سے گھٹ جاوے اور اگر غنا واحتیاج اس کا مبنی ہے تو محتاج مان کر معبود سمجھنا اور زیادہ حماقت ہے) اور (جس طرح یہ رسم قبیح مذکور ان کو مستحسن معلوم ہوتی ہے) اسی طرح بہت سے مشرکین کے خیال میں ان کے معبودوں (شیاطین) نے اپنی اولاد کے قتل کرنے کو مستحسن بنا رکھا ہے

www.besturdubooks.net

(جیسا رسم سوم میں مذکور ہوا) تا کہ (اس فعل قبیح کے ارتکاب سے) وہ (شیاطین) ان (مشرکین) کو (بوجہ) استحقاق عذاب کے) برباد کریں اور تا کہ ان کے طریقہ کو مخبوط کردیں (کہ ہمیشہ غلطی میں پھنسے رہیں) اور (آپ ان کی ان حرکات شنیعہ سے مغموم نہ ہوجایئے کیونکہ) اگر اللہ تعالیٰ کو (ان کا بھلا) منظور ہوتا تو یہ ایسا کام نہ کرتے (مگر ان کی قسمت ہی پھوٹی ہوئی ہے) تو آپ ان کو اور جو کچھ یہ غلط باتیں بنارہے ہیں (کہ ہمارا یہ فعل بہت اچھا ہے) یوں ہی رہنے دیجئے (کچھ فکر نہ کیجئے ہم آپ سمجھ لیں گے) اور وہ اپنے خیال (باطل) پر یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ (مخصوص) مواشی ہیں اور (مخصوص) کھیت ہیں جن کا استعمال ہر شخص کو جائز نہیں ان کو کوئی نہیں کھا سکتا سوا ان کے جن کو ہم چاہیں (جیسا رسم چہارم وپنجم میں مذکور ہوا) اور (یوں بھی کہتے ہیں کہ یہ مخصوص) مواشی ہیں جن پر سواری یا بار برداری حرام کردی گئی ہے (جیسا رسم ششم میں مذکور ہوا) اور (یوں بھی کہتے ہیں کہ یہ مخصوص) مواشی ہیں جن پر (اللہ کا نام نہیں لینا چاہئے چنانچہ اسی اعتقاد کی وجہ سے ان پر) یہ لوگ اللہ کا نام نہیں لیتے (جیسا رسم ہفتم میں مذکور ہوا اور یہ سب باتیں) محض اللہ پر افتراء باندھنے کے طور پر کہتے ہیں (افتراء اس لئے کہ وہ ان امور کو موجب خوشنودی حق تعالیٰ سمجھتے تھے) ابھی اللہ تعالیٰ ان کو ان کے افتراء کی سزا دیئے دیتا ہے (ابھی اس لئے کہا کہ قیامت جو آنے والی ہے دور نہیں اور کچھ کچھ سزا تو مرتے ہی شروع ہوجاوے گی) اور وہ (یوں بھی) کہتے ہیں کہ جو چیز ان مواشی کے پیٹ میں (سے نکلتی) ہے (مثلاً دودھ یا بچہ) وہ خالص ہمارے مردوں کے لئے (حلال) ہے اور ہماری عورتوں پر حرام ہے اور اگر وہ (پیٹ کا نکلا ہوا بچہ) مردہ ہو تو اس (سے منتفع ہونے کے جواز) میں (مرد و عورت) سب برابر ہیں (جیسا کہ رسم ہشتم ونہم میں مذکور ہوا) ابھی اللہ تعالیٰ ان کو ان کی (اس) غلط بیانی کی سزا دیئے دیتا ہے (غلط بیانی کی وہی تقریر ہے جو افتراء کی گزری اور اب تک جو سزا نہیں دی تو وجہ یہ ہے کہ) بلاشبہ وہ حکمت والا ہے (بعض حکمتوں سے مہلت دے رکھی ہے اور ابھی سزا نہ دینے سے کوئی یوں نہ سمجھے کہ ان کو خبر نہیں کیونکہ) وہ بڑا علم والا ہے (اس کو سب خبر ہے آگے بطور خلاصہ اور انجام کے فرماتے ہیں کہ) واقعی خرابی میں پڑ گئے وہ لوگ جنہوں نے (ان افعال مذکورہ کو طریقہ بنالیا کہ) اپنی اولاد کو محض براہ حماقت بلا کسی (معقول ومقبول) سند کے قتل کر ڈالا اور جو (حلال) چیزیں ان کو اللہ تعالیٰ نے کھانے پینے کو دی تھیں ان کو اعتقاداً یا عملاً) حرام کرلیا (جیسا اوپر کے رسوم اور رسم دہم میں کہ منشاء سب کا متحد ہے مذکور ہوا اور یہ مجموعہ) محض اللہ پر افتراء باندھنے کے طور پر (ہوا جیسا کہ اوپر قتل اولاد میں يَفْتَرُوْنَ اور تحریم انعام میں افتراء جدا جدا بھی آچکا ہے) بیشک یہ لوگ گمراہی میں پڑ گئے اور (یہ گمراہی جدید نہیں بلکہ قدیم ہے کیونکہ پہلے بھی) کبھی راہ پر چلنے والے نہیں ہوئے (پس ضَلُّوْا میں خلاصہ طریق کا اور مَا كَانُوْا میں اس کی تاکید اور خَسِرُوْا میں خلاصہ انجام بد کا کہ عقوبت ہے مذکور ہے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ (الی اخر الرکوع) ...... قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ۔ ان آیتوں میں ہمارے زمانہ کے بہت سی بدعات کا رد ہے جو بدعات مذکورہ فی الآیات کے مشابہ ہیں اگر تم غور کرو تو دونوں کو مطابق دیکھو اور یہ رسوم مدعیان مشیخت تک میں شائع ہورہی ہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی الحرث وغیرہ لیشتمل الثمار ۱۲۔ ۲؎ قوله فی لیردوهم استحقاق ولا یشکل علیك عدم کون الکافر مکلفا بالفرع لانه من حیث الافتراء کفر ۱۲۔ ۳؎ قوله قبل لو شاء مغموم نہ ہوجیئے اشارة الی کون الکلام للتسلیة ۱۲۔ ۴؎ قوله فی شاء ان کا پہلا خبر المفعول بالحاصل لان المفعول ان لا یفعلوه ۱۲۔ ۵؎ قوله فی بزعمهم اپنے خیال باطل پر اشارة الی ان الظرف متعلق لقالوا ۱۲۔ ۶؎ قوله فی انعام حرمت وما عطف عنیه یونہی اشارة الی کونه معطوفاً علی انعام وحرث ومقول القول ۱۲۔ ۷؎ قوله فی لا یذکرون نہیں لینا چاہئے قدره اشارة الی ان المذکور صفة مسوقة من قبله تعالٰی لا انه وقع فی کلامهم المحکی کنظائره ۱۲۔ ۸؎ قوله فی افتراء طور پر اشارة الی کونه مفعولا مطلقا لقالوا ۱۲۔ ۹؎ قوله فی وصفهم غلط بیانی هو عندی اطلاق المطلق علی المقید ۱۲۔

اختلاف القراءة: فی قراءة زین مجهولا قتل مرفوعا اولادهم منصوبا شرکائهم مجروراً باضافة القتل الی شرکائهم مفصولا بینهما بمفعوله وقد بسط وجه صحته فی الروح ۱۲

البلاغة: قوله نصیبا واصل النظم ولشرکائهم نصیبا فطوی ذکر الشرکاء لانه امر محقق عندهم واشیر الی تقدیره بالتصریح به فی قوله هذا لله وهذا لشرکائنا کذا فی الروح۔ قلت وعندی ان مدار التشنیع هو عدم جعل کل الصدقة لله تعالٰی وکفی فی هذا قوله لله نصیباً قوله هذا لله بزعمهم فیه تنبیه علی انه لیس لله ویجوز ان یکون تمهید المابعده علی ان معنی قولهم هذا لله مجرد زعم منهم لا یعلمون بمقتضاه الذی هو اختصاصه به تعالٰی ۱۲۔ قوله ما یفترون هو فی قتل الاولاد وما بعده من افتراء علیه فی تحریم الانعام وما بعده من افتراء علی الله فی المجموع فلا تکرار۔ قوله ما فی بطون حذف قید الحیٰوة بقرینة ما بعده۔ خالصة و محرم راعی فی الاول معنی ما وفی الثانی لفظه قوله ازواجنا ای جنس ازواجنا لان الاناث کلهن لسن بازواج لهم۔ قوله فیه شرکاء ای ما فی بطون وقیل المیتة لکون المراد بها ما یعم الذکر والانثٰی۔ قوله سفها بغیر علم الاول اشارة الی فقدان الدلیل العقلی والثانی الی النقلی ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَهُوَ الَّذِيٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ
مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ وَلَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ
لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿١٤١﴾ وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ
الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٤٢﴾ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ
حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ نَبِّئُوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٤٣﴾ وَمِنَ
الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ
اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ
ع ١٧ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٤٤﴾

اور وہی ہے جس نے باغات پیدا کئے ہیں۔ وہ بھی جو ٹٹیوں پر چڑھائے جاتے ہیں اور وہ بھی جو ٹٹیوں پر نہیں چڑھائے جاتے اور کھجور کے درخت اور کھیتی اور جن میں کھانے کی چیزیں مختلف طور کی ہوتی ہیں اور زیتون اور انار جو باہم ایک دوسرے کے مشابہ بھی ہوتے ہیں اور ایک دوسرے کے مشابہ نہیں بھی ہوتے ہیں۔ ان سب کی پیداوار کھاؤ جب وہ نکل آئے اور اس میں جو حق واجب ہے وہ اس کے کاٹنے کے دن دیا کرو اور حد سے مت گزرو۔ یقیناً وہ حد سے گزرنے والوں کو ناپسند کرتے ہیں اور مواشی میں اونچے قد کے اور چھوٹے قد کے جو کچھ اللہ تعالیٰ نے تم کو دیا ہے کھاؤ اور شیطان کے قدم بقدم مت چلو۔ بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ آٹھ نر و مادہ یعنی بھیڑ میں دو قسم اور بکری میں دو قسم آپ کہئے کہ کیا اللہ تعالیٰ نے ان دونوں نروں کو حرام کہا ہے یا دونوں مادوں کو یا اس کو جس کو دونوں مادہ پیٹ میں لئے ہوئے ہوں تم مجھ کو کسی دلیل سے تو بتلاؤ اگر تم سچے ہو اور اونٹ میں دو قسم اور گائے میں دو قسم آپ کہئے کیا اللہ تعالیٰ نے ان دونوں نروں کو حرام کہا یا دونوں مادہ کو یا اس کو جس کو دونوں مادہ پیٹ میں لئے ہوئے ہوں۔ کیا تم حاضر تھے جس وقت اللہ تعالیٰ نے تم کو حکم دیا تو اس سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ پر بلا دلیل جھوٹ تہمت لگائے تاکہ لوگوں کو گمراہ کرے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ ظالم لوگوں کو راستہ نہ دکھلائیں گے ۞

تفسیر ربط: اوپر مشرکین کا حرث اور انعام میں تحلیل وتحریم کے ساتھ تصرف کرنے کا اختراع کرنا مع رد کے مذکور تھا آگے بھی اسی رد کی قدرے تفصیل سے تقریر ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ یہ اشیاء اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی ہیں پس جس طرح اللہ کے سوا کسی کیلئے یہ حق نہیں کہ ان اشیاء کو تعبداً اسکے نامزد کیا جاوے جیسا کہ مشرکین کرتے تھے اسی طرح تحلیل وتحریم کا اختیار بھی اللہ کے سوا دوسروں کو حاصل نہ ہوگا اور اللہ نے ان اشیاء سے اکلاً ورکوباً منتفع ہونے کو حلال فرمایا ہے پس حرمت بدون تحریم ممکن نہیں اور تمہاری جانب سے تحریم شرعاً غیر ممکن ہے اور اللہ کی طرف سے غیر واقع ہے ورنہ دلیل لاؤ پس حرمت منتفی ہے۔

استدلال بر بطلان تحلیل وتحریم مخترع مذکور: وَهُوَ الَّذِيٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٤٤﴾ اور وہی (اللہ پاک) ہے جس نے باغات پیدا کئے وہ بھی جو ٹٹیوں پر چڑھائے جاتے ہیں (جیسے انگور) اور وہ بھی جو ٹٹیوں پر نہیں چڑھائے جاتے (یا تو اس لئے کہ بیلدار نہیں جیسے تنادار درخت یا باوجود بیلدار ہونے کے عادت نہیں جیسے خربوزہ تربوز وغیرہ) اور کھجور کے درخت اور کھیتی (بھی اسی نے پیدا کئے) جن میں کھانے کی چیزیں مختلف طور کی (حاصل) ہوتی ہیں اور زیتون اور انار (بھی اسی نے پیدا کئے) جو (انار انار) باہم (اور زیتون زیتون باہم رنگ ومزہ وشکل ومقدار وغیرہ میں سے بعض صفات میں کبھی) ایک دوسرے کے مشابہ ہی ہوتے ہیں) اور (کبھی) ایک دوسرے کے مشابہ نہیں بھی ہوتے (اور اللہ نے ان چیزوں کو پیدا کر کے اجازت دی ہے کہ) ان سب کا پیداوار کھاؤ (خواہ اسی وقت سے سہی) جب وہ نکل آوے (اور پکنے بھی نہ پاوے) اور (البتہ اس کے ساتھ اتنا ضرور ہے کہ) اس میں جو حق (شرع سے) واجب ہے (یعنی خیر خیرات) وہ اس کے کاٹنے (توڑنے) کے دن (مسکینوں کو) دیا کرو اور (اس دینے میں بھی) حد (اذن شرعی) سے مت گزرو یقیناً وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) حد (اذن شرعی) سے گزرنے والوں کو ناپسند کرتے ہیں اور (جس طرح باغ اور کھیت اللہ نے پیدا کئے ہیں اسی طرح حیوانات بھی چنانچہ) مواشی میں اونچے قد کے (بھی) اور چھوٹے قد کے (بھی اسی نے پیدا کئے اور ان کے بارہ میں بھی مثل باغ اور کھیت کے اجازت دی کہ) جو کچھ اللہ تعالیٰ نے تم کو دیا ہے (اور شرع سے حلال کیا ہے اس کو) کھاؤ اور (اپنی طرف سے تحریم کے احکام تراش کر) شیطان کے قدم بقدم مت چلو بلا

www.besturdubooks.net

شک وہ تمہارا صریح دشمن ہے (کہ تم کو باوجود وضوح دلائل حق کے گمراہ کررہا ہے اور یہ مواشی جن میں تحلیل وتحریم کرر ہے ہو) آٹھ نرو مادہ (پیدا کئے) یعنی بھیڑ (اور دنبہ) میں دو قسم (ایک نر اور ایک مادہ) اور بکری میں دو قسم (ایک نر اور ایک مادہ) آپ (ان سے) کہئے کہ (یہ تو بتلاؤ کہ) کیا اللہ تعالیٰ نے ان (دونوں جانوروں کے) دونوں نروں کو حرام کہا ہے یا دونوں مادہ کو (حرام کہا ہے) یا اس (بچہ) کو جس کو دونوں مادہ (اپنے) پیٹ میں لئے ہوئے ہوں (وہ بچہ نر ہو یا مادہ یعنی تم جو مختلف صورتوں سے تحریم کے مدعی ہو تو کیا یہ تحریم اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہے) تم مجھ کو کسی دلیل سے تو بتلاؤ اگر (اپنے دعویٰ میں) سچے ہو (یہ تو چھوٹے قد والے کے متعلق بیان ہوا آگے بڑے قد والوں کا بیان ہے کہ بھیڑ بکری میں بھی نرو مادہ پیدا کیا جیسا بیان ہوا) اور (اسی طرح) اونٹ میں دو قسم (ایک نر اور ایک مادہ) اور گائے (اور بھینس) میں دو قسم (ایک نر اور ایک مادہ پیدا کئے) آپ (ان سے اس باب میں بھی) کہئے کہ (یہ تو بتلاؤ کہ) کیا اللہ تعالیٰ نے ان (دونوں جانوروں کے) دونوں نروں کو حرام کہا ہے یا دونوں مادہ کو (حرام کہا ہے) یا اس (بچہ) کو جس کو دونوں مادہ (اپنے پیٹ میں لئے ہوئے ہوں (وہ بچہ نر ہو یا مادہ اس کا بھی وہی مطلب ہے کہ تم جو مختلف صورتوں سے تحریم کے مدعی ہو تو کیا یہ تحریم اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہے اس پر کوئی دلیل قائم کرنا چاہئے جس کے دو طریقے ہیں ایک تو یہ کہ کسی رسول وفرشتہ کے واسطے سے ہو سو مسئلہ نبوت ووحی سے تو تم کو انکار ہی ہے اس شق کو تو اختیار کر نہیں سکتے پس دوسرا طریق دعوی کرنے کے لئے متعین ہوگیا کہ خود خدا تعالیٰ نے بلا واسطہ تم کو یہ حکم دیئے ہوں تو) کیا تم (اس وقت) حاضر تھے جس وقت اللہ تعالیٰ نے تم کو اس (تحریم وتحلیل) کا حکم دیا (اور ظاہر ہے کہ اس کا دعوی بھی نہیں ہوسکتا پس ثابت ہوگیا کہ ان کے پاس کوئی دلیل نہیں) تو (بعد ثبوت اس امر کے کہ اس دعویٰ پر کوئی دلیل نہیں یقینی بات ہے کہ) اس سے زیادہ کون ظالم (اور کاذب) ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر بلا دلیل (تحلیل وتحریم کے باب میں) جھوٹ تہمت لگائے تا کہ لوگوں کو گمراہ کرے (یعنی یہ شخص بڑا ظالم ہوگا اور) یقیناً اللہ تعالیٰ ظالم لوگوں کو (جنت کا) راستہ (آخرت میں) نہ دکھلا دیں گے (بلکہ دوزخ میں بھیجیں گے پس یہ لوگ بھی اس جرم کی سزا میں دوزخ میں جاویں گے) **ف**: اس آیت میں جو حق شرعی خیر خیرات کا ذکر ہے اس سے عشر مراد نہیں جو کہ زمین کی زکوٰۃ ہے جیسا درمنثور میں سنن بیہقی سے ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول منقول ہے کہ اس کو یعنی اس کے وجوب کو عشر ونصف عشر نے منسوخ کر دیا اور اسی میں ابوداؤد کے ناسخ ومنسوخ سے سفیان کا سوال اور سدی کا جواب منقول ہے کہ یہ آیت مکیہ ہے عشر ونصف عشر سے اس کا وجوب منسوخ ہے اور سدی نے اسی قول کو علماء کی طرف منسوب کیا ہے آھ اور زکوٰۃ مدینہ میں فرض ہوئی تھی کذا فی الدر المختار۔ اور اسراف میں اذن شرعی کی قید اس لئے لگائی کہ وجوب شرعی سے تجاوز کرنا اسراف نہیں ہے اور حصاد کی قید اس اعتبار سے ہے کہ اس وقت دیا جاتا ہے ورنہ وجوب اس کے قبل ہو جاتا ہے یعنی جب آفات سے امن ہو جاوے پس اس کے بعد جو خود خرچ کرے گا وہ یادرکھے کذا فی الدر المختار پس اس جزو کے اعتبار سے یہ منسوخ نہیں۔

فوائد شتی: **الاولیٰ** قال فی النخل والزرع مختلفا اکلہ برجوع الضمیر الی الجمیع لعموم معنی الاکل وفی الزیتون والرمان متشابھا وغیر متشابہ مع ان ھذا المعنی مشترك بین الکل ولعل النکتۃ فیہ ان الزرع یشمل الاجناس المختلفۃ الانواع ولا یخفی الاختلاف الفاحش لنوع مع نوع آخر واما النخل فلما کان اصنافہ اکثر من باقی غیرہ اشار بالحکم بالاختلاف بینھما الی کثرۃ ھذہ الاصناف واما الزیتون والرمان فلا یوجد ھذا المعنی فیھما **الثانیۃ** الامر فی کلوا للاباحۃ والفائدۃ المبالغۃ فی اظھار التحلیل لان الاکل بعد الینع معتاد واما قبلہ فغیر معتاد فلا ابیح غیر المعتاد فالمعتاد اولی بالاباحۃ **الثالث** ما اخترتہ فی معنی الاسراف متاید بما فی الروح اخرج ابن جریر وابن ابی حاتم عن ابن جریر قال نزلت فی ثابت بن قیس بن شماس جد نخلا فقال لا یاتین الیوم احد الا اطعمتہ فاطعم حتی امسی ولیست لہ ثمرۃ فانزل اللہ تعالیٰ ذلك اھ **الرابعۃ** حمولۃ وفرشا معطوف علی جنات والجھۃ الجامعۃ اباحۃ الانتفاع بھما **الخامسۃ** فی الروح الحمولۃ الکبار الصالحۃ للحمل والفرش الصغار الدنیۃ من الارض مثل الفرش المفروش علیھا **السادسۃ** کرر کلوا تاکید اللاباحۃ وذکرا لھا مستقلا فی الشئین الحرث والانعام ۲ **السابعۃ** ثمانیۃ بدل من حمولۃ وفرشا **الثامنۃ** الزوج کما یطلق علی المجموع یطلق علی کل واحد منھما **التاسعۃ** الضان والمعز تفصیل للفرش کما نقلہ فی الروح عن شیخ الاسلام قال ولعل تقدیمھما فی التفصیل مع تاخر اصلھا فی الاجمال لکون ھذین النوعین عرضتہ للاکل الذی ھو معظم ما یتعلق بہ الحل والحرمۃ وھو السر فی الاقتصار علی الامر بہ فی قولہ تعالیٰ کلوا من غیر تعرض الانتفاع بالحمل والرکوب وغیر ذلك مما حرموہ فی السائبۃ واخواتھا **العاشرۃ** لعل تخصیص الازواج الثمانیۃ بالذکر مع کون الحل غیر مختص بھا لان تصرفات المشرکین بالتحلیل والتحریم انما کان فی ھذہ **الحادیۃ عشر** الابل جمع لا واحد لہ **الثانیۃ عشر** فی الروح وانما لم یورد سبحانہ الامر عقیب تفصیل الانواع الاربعۃ بان یقال قل آالذکور حرم ام الاناث اما اشتملت علیہ ارحام الاناث لما فی التکریر من المبالغۃ ایضا فی

www.besturdubooks.net

الالزام والتبکیت الثالثة عشر فی الروح وانما لم یل المنکر وهو التحریم الهمزة والجاری فی الاستعمال ان ما انکر ولیها لان ما فی النظم الکریم ابلغ وبیانه علی ما قال السکا کی ان اثبات التحریم یستلزم اثبات محله لا محالة فاذا انتفی محله وهو الموارد الثلاثة لزم انتفاء التحریم علی وجه برهانی اه قلت وعلم به ان محط الفائدة هو التحریم من الله فحاصل الآیة مطالبتهم بما یثبت به ان الله حرم کالمانع ولیس المقصود بقوله الذکرین الاستدلال علی نفی التحریم کالمدعی کما قرره فی الجلالین لانه کما فی الروح بعید لان القائل ان یقول ان العلة لیست بمحصورة بل یمکن کونها بحیرة او سائبة او غیر ذلک علة اه الرابعة عشر ذکر النخل بعد جنات تخصیص بعد تعمیم لکون النخل اکثر رغبة لهم الخامسة عشر الثمر عام للزرع والاشجار حقیقة او مجازا ومعنی معروشات ما یحمل علی العریش وهو عید ان تصنع کهیئة السقف ویوضع الکرم علیها ۱۲۔

قُلْ لَّاۤ اَجِدُ فِیْ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَّطْعَمُهٗۤ اِلَّاۤ اَنْ یَّكُوْنَ مَیْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا
اَوْ لَحْمَ خِنْزِیْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ
رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝۱۴۵ وَعَلَی الَّذِیْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِیْ ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا
عَلَیْهِمْ شُحُوْمَهُمَاۤ اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَاۤ اَوِ الْحَوَایَاۤ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ؕ ذٰلِكَ جَزَیْنٰهُمْ بِبَغْیِهِمْ ۖؗ
وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝۱۴۶ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا یُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ ۝۱۴۷

آپ کہہ دیجئے کہ جو احکام بذریعہ وحی میرے پاس آئے ہیں ان میں تو میں کوئی حرام غذا پاتا نہیں کسی کھانے والے کے لئے جو اس کو کھائے مگر یہ کہ وہ مردار ہو یا یہ کہ وہ بہتا ہوا خون ہو یا خنزیر کا گوشت ہو کیونکہ وہ بالکل ناپاک ہے یا جو شرک کا ذریعہ ہو کہ غیر اللہ کے لئے نامزد کیا گیا ہو۔ پھر جو شخص بے تاب ہو جائے بشرطیکہ نہ تو طالب لذت ہو اور نہ تجاوز کرنے والا ہو تو واقعی آپ کا ربّ غفور رحیم ہے اور یہود پر ہم نے تمام ناخن والے جانور حرام کر دیئے تھے اور گائے بکری میں سے ان دونوں کی چربیاں ان پر ہم نے حرام کر دی تھیں مگر وہ جو ان کی پشت پر یا انتڑیوں میں لگی ہو یا جو ہڈی سے ملی ہو ان کی شرارت کے سبب ہم نے ان کو یہ سزا دی تھی اور ہم یقیناً سچے ہیں۔ پھر اگر یہ آپ کو کاذب کہیں تو آپ فرما دیجئے کہ تمہارا ربّ بڑی وسیع رحمت والا ہے اور اس کا عذاب مجرم لوگوں سے نہ ٹلے گا ۝

تفسیر: ربط: اوپر مشرکین کی تحلیل و تحریم مخترع کا ابطال فرمایا ہے آگے بھی اسی مضمون کی تائید ہے کہ جن حیوانات میں کلام ہو رہا ہے ان میں حرام تو فلاں فلاں چیزیں ہیں تم اپنی طرف سے اختراع کیوں کرتے ہو نیز اس میں ان کی ایک دوسری گمراہی کی طرف بھی اشارہ ہے کیونکہ دم مسفوح و مذبوح علی اسم غیر اللہ کا کھانا ان میں معتاد تھا پس اوپر تحریم حلال کا ذکر تھا اور یہ تحلیل حرام کا ذکر ہے۔

مطعوماتِ محرّمہ: قُلْ لَّاۤ اَجِدُ فِیْ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَّطْعَمُهٗۤ اِلَّاۤ اَنْ یَّكُوْنَ مَیْتَةً (الی قوله تعالٰی) فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ آپ کہہ دیجئے کہ (جن حیوانات میں کلام ہو رہا ہے ان کے متعلق) جو کچھ احکام بذریعہ وحی میرے پاس آئے ہیں ان میں تو کوئی حرام غذا پاتا نہیں کسی کھانے والے کے لئے جو اس کو کھاوے (خواہ وہ مرد ہو یا عورت) مگر (ان چیزوں کو البتہ حرام پاتا ہوں وہ) یہ کہ وہ مردار (جانور) ہو (یعنی جو باوجود واجب الذبح ہونے کے بلا ذبح شرعی مر جاوے) یا یہ کہ بہتا ہوا خون ہو یا خنزیر کا گوشت ہو کیونکہ وہ (خنزیر) بالکل ناپاک ہے (اسی لئے اس کے سب اجزاء نجس اور حرام ہیں ایسا نجس نجس العین کہلاتا ہے) یا جو (جانور وغیرہ) شرک کا ذریعہ ہو (اس طرح) کہ بقصدِ تقرب) غیر اللہ کے نامزد کر دیا گیا ہو (سو یہ سب حرام ہیں) پھر (بھی اس میں اتنی آسانی رکھی ہے کہ) جو شخص (بھوک سے بہت ہی) بے تاب ہو جاوے بشرطیکہ نہ تو (کھانے میں) طالب لذت ہو اور نہ (قدرِ ضرورت و حاجت سے) تجاوز کرنے والا ہو تو (اس حالت میں ان حرام چیزوں کے کھانے میں بھی اس شخص کو کچھ گناہ نہیں ہوتا) واقعی آپ کا رب (اس شخص کے لئے) غفور رحیم ہے (کہ ایسے وقت میں رحمت فرمائی کہ گناہ کی چیز میں سے گناہ اُٹھا دیا) ف: ایسے ہی الفاظ کے قریب قریب ایک آیت ربع پارہ سیقول کے قریب گزر چکی ہے وہاں اس کی تفسیر ملاحظہ فرمائی جاوے اور یہ جو قید لگائی گئی کہ جن حیوانات میں کلام ہو رہا ہے اس سے یہ شبہ جاتا رہا ہے کہ کیا بجز ان چار چیزوں کے اور کوئی چیز حرام نہیں حالانکہ احادیث میں اور حیوانات کی حرمت بھی آئی ہے۔

ربط: اوپر جو مضمون مذکور تھا آگے اس کے متعلق ایک شبہ کا جواب ہے شبہ یہ ہے کہ مطعوماتِ زیر بحث میں بجز مستثنیات مذکورہ کے سب کو حلال کہا گیا ہے حالانکہ بعض اہل کتاب سے معلوم ہوا ہے کہ بعضے اور حیوانات بھی حرام ہیں۔ جواب یہ ہے کہ یہ تحریم صرف یہود کے لئے ایک عارض کی وجہ سے ہوئی تھی جواب

www.besturdubooks.net

منسوخ ہوگئی۔ پس دعویٰ مذکورہ بحالہا صحیح اور اس کی نقیض بحالہ غلط ہے۔

دفع دخل مقدر بر مضمون سابق بتحقیق تحریم بعضے اشیاء بر یہود: وَ عَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ (الی قولہ تعالٰی) وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ اور یہود پر ہم نے تمام ناخن والے جانور حرام کردیے تھے اور گائے اور بکری (کے اجزاء) میں سے ان دونوں کی چربیاں ان (یہود) پر ہم نے حرام کردی تھیں مگر وہ (چربی مستثنیٰ تھی) جو ان (دونوں) کی پشت پر یا انتڑیوں میں لگی ہو یا جو (چربی) ہڈی سے ملی ہو (باقی سب چربی حرام تھی سو ان چیزوں کی تحریم فی نفسہ مقصود نہ تھی بلکہ) ان کی شرارت کے سبب ہم نے ان کو یہ سزا دی تھی اور ہم یقیناً سچے ہیں۔ ف: شروع پارہ لَنْ تَنَالُوا آیت كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا الخ اور شروع پارہ لَا يُحِبُّ اللّٰهُ آیت : فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ الخ میں قدرے اس تحریم اور علت تحریم کا بیان گزر چکا دیکھ لیا جاوے اور یہود کا اس تحریم کو قدیم کہنا بھی آیت اولیٰ کی تمہید میں مذکور ہوا ہے یہاں اِنَّا لَصٰدِقُوْنَ۔ سے ان کے اس قول کی تکذیب بھی ہوگئی اور ناخن والے سے ہر وہ جانور مراد ہے جس کا پنجہ یا کھر پھٹا ہوا نہ ہو جیسے گھوڑا اور اونٹ اور شتر مرغ اور مرغابی اور بط وغیرہ وکذا فی الجمل عن ابن عباسؓ اور جو چربی ان مذکورہ کے سوا ہوں وہ حرام تھیں مثلاً گردہ کی چربی۔ درمنثور میں اس باب میں آثار مذکور ہیں اور اونٹ بنی اسرائیل پر قبل تورات کے حرام تھا۔

ربط: اوپر مضمون تحلیل وتحریم کے متعلق ایک شبہ کا جواب مذکور ہو چکا ہے آگے اس کے متعلق ایک دوسرے شبہ کا جواب ہے وہ شبہ یہ ہے کہ اگر اس مبحث میں مشرکین کا یہ طریقہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک باطل ہے تو باوجود قدرت الہیہ کے ان کو سزا کیوں نہیں ہوتی تو اس سے تو دوسری جانب کے کذب کا نعوذ باللہ شبہ ہوتا ہے جواب یہ ہے کہ قدرت تو عذاب کی مصحح اور ان کے طریقہ کا بطلان اس کا مقتضی ہے لیکن اللہ تعالیٰ کی رحمت ایک خاص وقت تک اس کی مانع ہے پھر جب وہ وقت آ جاوے گا تب وہ اقتضا ظاہر ہو جاوے گا۔

جواب شبہ ناشی از تاخیر عذاب: فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ پھر (اس تحقیق مذکور کے بعد بھی) اگر یہ (مشرکین) آپ کو (نعوذ باللہ اس مضمون میں صرف اس وجہ سے) کاذب کہیں (کہ ان پر عذاب نہیں آتا) تو آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ تمہارا رب بڑی وسیع رحمت والا ہے (بعض حکمتوں سے جلدی مواخذہ نہیں فرماتا) اور (اس سے یوں نہ سمجھو کہ ہمیشہ یوں ہی بچے رہیں گے جب وہ وقت معین آ جاوے گا پھر اس وقت) اس کا عذاب مجرم لوگوں سے (کسی طرح) نہ ٹلے گا۔ ف: یہ جواب تحقیقی ہے اور اس کا الزامی جواب بھی ظاہر ہے کہ اگر عذاب عاجل نہ ہونا دلیل ہے حق ہونے کی تو اس بناء پر مسلمانوں کا طریق بھی جو کہ اس کی نقیض ہے حق ہوگا اور یہ مستلزم ہے اجتماع نقیضین کو کہ ایک شئے کا حق ہونا بھی حق ہو اور باطل ہونا بھی حق ہو پس معلوم ہوا کہ یہ شبہ محض سفسطہ ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَ عَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا (الی قولہ تعالٰی) ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۖ اس میں دلالت ہے کہ دنیوی نعمتوں سے محروم رہنے میں معاصی کا بھی دخل ہوتا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في اوحى بذريعہ وحی لم يخصص بالقرآن ليشمل المتلو وغير المتلو ۱۲۔ ۲؎ قوله في محرما غذا اشارة الى تقدير الموصوف ۱۲۔ ۳؎ قوله في طاعم مرد ہو یا عورت اشارة الى كونه ردًا عليهم في قولهم خالصة لذكورنا الخ ۱۲۔ ۴؎ قوله في ما اهل وغیرہ لان الحرمة بالاهلال لا يختص بالحيوان ۱۲۔ ۵؎ قوله في فسقا ذریعہ اشارة الى ان تسمية سبب الفسق فسقا مجازا مبالغة ۱۲۔ ۶؎ قوله في كذبوك مشركين هو احد القولين في المرجع وهو الراجح عندي كما هو مقتضى المقام لان السياق والسباق كلام معهم ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: في قراءة ميتة بالرفع فكان تامة ويكون قوله دما مسفوحًا معطوفا على ان يكون ۱۲۔

اللغات: في الروح سمي الحافر ظفرا مجازا وهذا وان استبعده بعضهم لكن ذكر حرمته في التوراة كما نقله الحقاني مؤيد لذلك ۱۲۔

النحو: الا ان يكون معنى الاستثناء اني لا اجد في حال من الاحوال الا في حال كون الطعام احد هذه ۱۲۔ قوله ذلك مبتدأ خبره ما بعده والعائد محذوف اى جزينا هم اياه ۱۲۔

البلاغۃ: قوله فانه رجس جملة معترضة لتحقيق العلة ۱۲۔ قوله شحومهما لم يقل الشحوم مع كفاية لان الاضافة افادت زيادة الربط والتاكيد كما يقال اخذت من زيد ما له وهو متعارف في كلامهم۔

سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا

www.besturdubooks.net

تَخْرُصُوْنَ ﴿۱۴۸﴾ قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۱۴۹﴾ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِیْنَ یَشْهَدُوْنَ
اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا
ع ۱۸ ۶ ۵ وَالَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۰﴾

یہ مشرکین یوں کہنے کو ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو نہ ہم شرک کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہم کسی چیز کو حرام کہہ سکتے اسی طرح جو لوگ ان سے پہلے ہو چکے ہیں انہوں نے بھی تکذیب کی تھی۔ یہاں تک کہ انہوں نے ہمارے عذاب کا مزا چکھا۔ آپ کہئے کیا تمہارے پاس کوئی دلیل ہے تو اس کو ہمارے روبرو ظاہر کرو۔ تم لوگ محض خیالی باتوں پر چلتے ہو اور تم بالکل اٹکل سے باتیں بناتے ہو آپ کہئے کہ پوری حجت بس اللہ ہی کی رہی۔ پھر وہ اگر چاہتا تو سب کو راہ پر لے آتا۔ آپ کہئے کہ اپنے گواہوں کو لاؤ جو اس بات پر شہادت دیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان چیزوں کو حرام کر دیا ہے پھر اگر وہ گواہی دے دیں تو آپ اس شہادت کی سماعت نہ فرمایئے اور ایسے لوگوں کے باطل خیالات کا اتباع مت کرنا جو ہماری آیتوں کی تکذیب کرتے ہیں اور جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور اپنے رب کے برابر دوسروں کو شریک ٹھہراتے ہیں ۞

تفسیر: ربط: اوپر مشرکین کے رسوم شرکیہ از قبیل تحریم و تحلیل کے متعلق دو شبہوں کا جواب گزر چکا آگے اس تحریم اور اس کے منشاء یعنی شرک کے متعلق ایک تیسرے عقلی شبہ کا جواب ہے وہ شبہ عقلی یہ ہے کہ وہ ان امور کے جواز اور استحسان پر یوں استدلال کرتے تھے کہ ہم جو کچھ شرک اور تحریم کر رہے ہیں اگر یہ اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہوتا تو ہم کو اپنی مرضی کے خلاف یہ کام کیوں کرنے دیتا اس سے معلوم ہوا کہ اس کو یہ امور ناپسند نہیں اس کا جواب اس آیت میں دو طور پر دیا گیا ایک کا حاصل مطالبہ دلیل ہے جس کو اصطلاحِ مناظرہ میں منع کہتے ہیں وہ یہ کہ یہ مقدمہ ایک دعویٰ ہے کہ صدور پر قدرت دینا مستلزم رضا کو ہے خود اس پر اقامت دلیل کی احتیاج ہے **هل عندكم من علم** میں یہی جواب ہے دوسرے جواب کا حاصل خود اقامت دلیل ہے اس دلیل کے بطلان پر جس کو اصطلاح میں نقض کہتے ہیں وہ یہ کہ اس سے رسل کی تکذیب لازم آتی ہے کیونکہ رسل شرک اور تحریم مخترع کو باطل کہتے رہے اور اس دلیل سے اس کا حق ہونا لازم آتا ہے اور رسل کا صدق دلائل قطعیہ عقلیہ سے ثابت ہے پس ان کا کذب محال ہے اور جو مستلزم محال کو ہو وہ محال ہے پس یہ دلیل مشرکین کی منقوض ہوئی **كذلك كذب الذين** میں اس کی طرف اشارہ ہے اور جواب اول کی تنویر ایک الزام سے اظہر ہے کہ اس سے تو لازم آتا ہے کہ جمیع امور جو کچھ واقع ہو رہے ہیں سب حق ہوں اور یہ صریح اجتماع متناقضین ہے جیسا جواب شبہ دوم میں مذکور ہوا چونکہ یہ جواب الزامی بہت ظاہر تھا اس لئے مذکور نہیں ہوا پھر ان دونوں جوابوں پر بطور تفریع کے فرمایا ہے کہ دلیل عقلی کا حال تو معلوم ہوا۔ دوسرا طریق اثباتِ مدعا کا نقل صحیح ہے اگر دلیل عقلی سے عاجز ہو تو دلیل نقلی ہی لاؤ **قل هلم** میں اس طرف اشارہ ہے اور سیقول میں جیسا مفسرین نے تصریح کی ہے مشرکین کے یہ شبہ پیش کرنے کی پیشین گوئی ہے جس کا وقوع بعد میں ہوا جیسا کہ سورۂ نحل ؒ کے رکوع پنجم کے شروع میں ہے **وقال الذين اشركوا** اور آپ کا یہ بھی ایک معجزہ ہے۔

جوابِ شبہ متعلق شرک و تحریم: سَیَقُوْلُ الَّذِیْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا (الی قولہ تعالی) وَهُمْ بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ یہ مشرکین یوں کہنے کو ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ کو (بطور رضا کے یہ امر) منظور ہوتا (کہ ہم شرک اور تحریم نہ کریں یعنی اللہ تعالیٰ عدم شرک و عدم تحریم کو پسند کرتے اور شرک و تحریم کو ناپسند کرتے) تو نہ ہم شرک کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا (شرک کرتے) اور نہ ہم (اور ہمارے بزرگ) کسی چیز کو (جن کا اوپر ذکر ہوا ہے) حرام کہہ سکتے (اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اس شرک اور تحریم سے ناراض نہیں اللہ تعالیٰ جواب دیتے ہیں کہ یہ استدلال لئے باطل ہے کہ مستلزم تکذیب رسل کو ہے پس یہ لوگ رسول کی تکذیب کر رہے ہیں اور جس طرح یہ کر رہے ہیں) اسی طرح جو (کافر) لوگ ان سے پہلے ہو چکے ہیں انہوں نے بھی (رسولوں کی) تکذیب کی تھی یہاں تک کہ انہوں نے ہمارے عذاب کا مزہ چکھا (خواہ دنیا میں جیسا اکثر کفار سابقین پر نزول عذاب ہوا ہے یا مرنے کے بعد تو ظاہر ہی ہے اور یہ اشارہ ہے اس طرف کہ ان لوگوں کے ان کفریات کے مقابلہ میں صرف قولی جواب اور مناظرہ پر اکتفا نہ کیا جاوے گا بلکہ مثل کفار سابقین عملی سزا بھی دی جاوے گی خواہ دنیا میں بھی یا صرف آخرت میں آگے دوسرا جواب دینے کے لئے ارشاد ہے کہ) آپ (ان سے) کہئے کہ کیا تمہارے پاس (اس مقدمہ پر کہ صدور کی قدرت دینا مستلزم رضا ہے) کوئی دلیل ہے تا کہ اس کو ہمارے روبرو ظاہر کرو (اصل یہ ہے کہ دلیل وغیرہ کچھ بھی نہیں) تم لوگ محض خیالی باتوں پر چلتے ہو اور تم بالکل اٹکل سے باتیں بناتے ہو (اور دونوں جواب دے کر) آپ (ان سے) کہئے کہ پس (دونوں جوابوں سے معلوم ہوا کہ) پوری حجت اللہ ہی کی رہی (اور تمہاری حجت باطل ہو گئی) پھر (اس کا مقتضا تو یہ تھا کہ تم سب راہ پر آ جاتے مگر اس کی توفیق خدا ہی کی طرف سے ہے) اگر وہ چاہتا تو تم سب کو راہ (راست) پر لے آتا (مگر حق تعالیٰ کی بہت سی حکمتیں ہیں کسی کو توفیق دی کسی کو نہیں دی البتہ اظہار حق اور اعطاء اختیار و ارادہ سب کے لئے عام ہے آگے دلیل نقلی کے مطالبہ کے لئے ارشاد فرماتے ہیں کہ) آپ (ان سے) کہئے کہ (اپنی دلیل عقلی کا حال تو تم کو معلوم ہوا اچھا اب کوئی صحیح دلیل نقلی پیش کرو مثلاً) اپنے گواہوں کو لاؤ جو اس بات پر (باقاعدہ)

www.besturdubooks.net

شہادت دیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان (مذکورہ) چیزوں کو حرام کر دیا ہے (باقاعدہ شہادت وہ ہے جو مبنی ہو مشاہدہ پر یا ایسی دلیل قطعی پر جو افادہ یقین میں برابر ہو مشاہدہ کے جیسا ام کنتم شهدآء اذ وصكم اس طرف مشیر ہے) پھر اگر (اتفاق سے کسی کو فرضی جھوٹے گواہ بنا کر لے آویں اور) وہ (گواہ اس کی) گواہی (بھی) دے دیں تو (چونکہ وہ شہادت یقیناً بے قاعدہ اور محض سخن سازی ہوگی کیونکہ مشاہدہ بھی مفقود اور مشاہدہ کا مماثل بھی مفقود اس لئے) آپ اس شہادت کی سماعت نہ فرمایئے اور (جب ان کا مکذب ہونا جیسا کہ ولا حرمنا الخ اور كذلك كذب الخ دال ہے اور منکر آخرت ہونا جیسا بہت آیات دال ہیں اور مشرک ہونا جیسا اشركنا الخ دال ہے ثابت ہو گیا تو اے مخاطب) ایسے لوگوں کے باطل خیالات کا (جن کا بطلان (ابھی ثابت ہو چکا) اتباع مت کرنا جو ہماری آیتوں کی تکذیب کرتے ہیں اور جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے (اور اسی سبب سے نڈر ہو کر حق کی تلاش نہیں کرتے) اور وہ (استحقاق معبودیت میں) اپنے رب کے برابر دوسروں کو ٹھہراتے ہیں (یعنی شرک کرتے ہیں)

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا الخ اس میں جبر مذموم کا ابطال ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قوله في آخر التمهيد محل الخ فان قلت ان النحل قد نزل قبل سورة الانعام كما مر في حواشي قوله تعالى وقد فصل لكم قلت قد مر جوابه ايضا ان التقدم باعتبار اكثر الاجزاء فيمكن ان قوله تعالى وقال الذين اشركوا يكون متاخرا عن قوله سيقول الخ ۱۲۔ ۲ قوله في لو شاء بطور رضا فارتفع الاشكال بان هذه الآية تدل على ان المشية لم تتعلق بقبائحهم وقوله تعالى فلو شاء الخ يدل على انها تعلقت بقبائحهم من عدم الاهتداء وجه الارتفاع ظاهر فان الاولى بمعنى الرضاء والثانية بمعنى الارادة وشتان ما بينهما ۱۲۔ ۳ قوله في ولا اباؤنا شرک کرتے قدره لئلا يلزم عطف المظهر على المضمر المرفوع بلا فصل حاصله ان الفعل مقدر هناك اى ولا اشرك آباؤنا فهو من عطف الجملة على الجملة وبعضهم اعتبر كلمة لا فاصلة ۱۲۔ ۴ قوله في حرمنا اور ہمارے اشارة الى ان الضمير في حرمنا لهم في ولآبائهم جميعا ۱۲۔ ۵ قوله في فتخرجوه تاکہ لكون الفاء عاطفة مع السببية وليس هذا من قبيل المضارع المجزوم لانه ياتي بدون الفاء اعلم ان كل ما يجاب بالفاء فينتصب المضارع بعدها يصح ان يجاب بمضارع مجزوم الا النفى ۱۲۔ ۶ قوله في فالله پس دونوں اشار به الى معنى الفاء ۱۲۔ ۷ قوله في حرم باقاعدہ شہادت وہ ہے الخ اشارة بقوله برابر الى امرين الاول ان الشهادة بالتسامع في بعض الاحكام جائز والثاني ان الشهادة بلا مشاهدة واقع من هذه الامة على الامم ۱۲۔ ۸ قوله في فلا تشهد سماعت في الروح فلا تصدقهم وارادة هذا المعنى من لا تشهد لان الشهادة من لوازم التسليم او هو من باب المشاكلة ۱۲۔ ۹ قوله في لا يؤمنون نڈر اشار به الى وجه تخصيص عدم ايمانهم بالآخرة ههنا ۱۲۔

اللغات: البالغة اى التي بلغت غاية المتانة والقوة قوله هلم اسم فعل متعد ولازم بمعنى احضره واقبل ۱۲۔

البلاغة: قوله ان الله حرم هذا ولم يزد وان الله قد امر بالشرك كما هو مقتضى ذكر هما معًا في السابق ولعل وجهه ان التحريم اهون في الاثبات من الشرك فان الحل محتمل للنسخ لا التوحيد فلما عجزوا عن اقامة الحجة على الايسر اثباتا فكيف بالاعسر اثباتا فافهم۔ قوله ذاقوا في الروح فيه ايماء الى ان لهم عذابا مدخرا عند الله تعالى لان الذوق اول ادراك الشيء ۱۲۔

قُلْ تَعَالَوْا أَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ أَلَّا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُم مِّنْ إِمْلَاقٍ نَّحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿١٥١﴾ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ حَتَّىٰ يَبْلُغَ أَشُدَّهُ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ وَبِعَهْدِ اللَّهِ أَوْفُوا ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿١٥٢﴾ وَأَنَّ هَٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَن سَبِيلِهِ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿١٥٣﴾

آپ (ان سے) کہئے کہ آؤ میں تم کو وہ چیزیں پڑھ کر سناؤں جن کو تمہارے رب نے تم پر حرام فرمایا ہے وہ یہ کہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک مت ٹھہراؤ اور ماں باپ کے

www.besturdubooks.net

ساتھ احسان کیا کرو اور اپنی اولاد کو افلاس کے سبب قتل مت کیا کرو۔ ہم ان کو اور تم کو رزق (مقدر) دیں گے اور بے حیائی کے جتنے طریقے ہیں۔ ان کے پاس بھی مت جاؤ خواہ وہ علانیہ ہوں اور خواہ پوشیدہ ہوں اور جس کا خون کرنا اللہ تعالیٰ نے حرام کر دیا ہے اس کو قتل مت کرو ہاں مگر حق پر۔ اس کا تم کو تاکیدی حکم دیا ہے تاکہ تم سمجھو اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ مگر ایسے طریقہ سے جو کہ مستحسن ہے یہاں تک کہ وہ اپنے سن بلوغ کو پہنچ جائے اور ناپ اور تول پوری پوری کیا کرو انصاف کے ساتھ ہم کسی شخص کو اس کے امکان سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور جب تم بات کیا کرو تو انصاف رکھا کرو گو وہ شخص قرابت دار ہی ہو اور اللہ تعالیٰ سے جو عہد کیا کرو اس کو پورا کیا کرو۔ ان (سب) کا اللہ تعالیٰ نے تم کو تاکیدی حکم دیا ہے تاکہ تم یاد رکھو (اور عمل کرو) اور یہ کہ یہ دین میرا راستہ ہے جو کہ مستقیم ہے۔ سو اس راہ چلو اور دوسری راہوں پر مت چلو کہ وہ راہیں تم کو اللہ کی راہ سے جدا کر دیں گی اس کا تم کو اللہ تعالیٰ نے تاکیدی حکم دیا ہے تاکہ تم (اس کے خلاف کرنے سے) احتیاط رکھو۔

تفسیر ربط: اوپر مشرکین کی تحریم مخترع پر انکار تھا آگے محرمات واقعیہ کو جن میں اہل جاہلیت مبتلا تھے ارشاد فرماتے ہیں بعض کو تو تفصیلاً نواہی میں صراحۃً اور اوامر میں دلالۃً اور بقیہ اجمالاً ھٰذَا صِرَاطِیْ میں پس اس انکار اور اس ارشاد کے مجموعہ سے ان کے حال پر تعریض ہوگئی کہ عجب بات ہے جو امور واقع میں حرام ہیں اُن میں مبتلا ہیں اور جو اشیاء واقع میں حلال تھیں ان میں تحریم کا اختراع کر رکھا ہے اس طرز سے گفتگو کرنا خطاب علی اسلوب الحکیم کہلاتا ہے۔

بیان بعض محرمات واقعیہ: قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ (الی قولہ تعالی) ذٰلِكُمْ وَصّٰكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ آپ (ان سے) کہئے کہ آؤ میں تم کو وہ چیزیں پڑھ کر سناؤں جن کو تمہارے رب نے تم پر حرام فرمایا ہے وہ (چیزیں یہ ہیں ایک) یہ کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو شریک مت ٹھہراؤ (پس شریک ٹھہرانا حرام ہوا) اور (دوسرے یہ کہ) ماں باپ کے ساتھ احسان کیا کرو (پس ان سے بری طرح رہنا حرام ہوا) اور (تیسرے یہ کہ) اپنی اولاد کو افلاس کے سبب (جیسا کہ جاہلیت میں غالب[۳] عادت تھی) قتل مت کیا کرو (کیونکہ ہم ان کو اور تم کو (دونوں کو) رزق (مقدر) دیں گے (وہ تمہارے رزق مقدر میں شریک نہیں ہیں پھر کیوں قتل کیوں کرتے ہو پس قتل کرنا حرام ہوا) اور (چوتھے یہ کہ) بے حیائی (یعنی بدکاری) کے جتنے طریقے ہیں ان کے پاس بھی مت جاؤ (پس زنا کرنا حرام ہوا) خواہ وہ علانیہ ہوں اور خواہ پوشیدہ ہوں (وہ طریقے یہی ہیں) اور (پانچویں یہ کہ) جس کا خون کرنا اللہ تعالیٰ نے حرام کر دیا ہے اس کو قتل مت کرو ہاں مگر حق (شرعی) پر (قتل جائز ہے مثلاً قصاص میں یا رجم میں پس قتل ناحق حرام ہوا) اس (سب) کا تم کو (اللہ تعالیٰ نے) تاکیدی حکم دیا ہے تاکہ تم (ان کو) سمجھو (اور سمجھ کر عمل کرو) اور (چھٹے یہ کہ) یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ (یعنی اس میں تصرف مت کرو) مگر ایسے طریقے سے (تصرف کی اجازت ہے) جو کہ (شرعاً) مستحسن ہے (مثلاً اس کے کام میں لگانا اس کی حفاظت کرنا اور بعض اولیاء اور اوصیاء کو اس میں یتیم کے لئے تجارت کرنے کی بھی اجازت ہے) یہاں تک کہ وہ اپنے سن بلوغ کو پہنچ جاوے (اس وقت تک ان تصرفاتِ مذکورہ کی بھی اجازت ہے اور پھر اس کا مال اس کو دے دیا جاوے گا بشرطیکہ سفیہ نہ ہونے کے پس تصرف غیر مشروع مال یتیم میں حرام ہوا) اور (ساتویں یہ کہ) ناپ اور تول پوری پوری کیا کرو انصاف کے ساتھ (کہ کسی کا حق اپنے پاس نہ رہے اور نہ آوے پس اس میں دغا کرنا حرام ہوا اور یہ احکام کچھ[۴] دشوار نہیں کیونکہ) ہم (تو) کسی شخص کو اس کے امکان سے زیادہ (احکام کی) تکلیف (بھی) نہیں دیتے (پھر ان احکام میں کوتاہی کیوں کی جاوے) اور (آٹھویں یہ کہ) جب تم (فیصلہ یا شہادت وغیرہ کے متعلق کوئی) بات کیا کرو تو (اس میں) انصاف (کا خیال) رکھا کرو گو وہ شخص (جس کے مقابلہ میں وہ بات کہہ رہے ہو تمہارا) قرابت دار ہی ہو (پس خلافِ عدل حرام ہوا) اور (نویں یہ کہ) اللہ تعالیٰ سے جو عہد کیا کرو (جیسے قسم[۵] یا نذر بشرطِ اس کے مشروع ہونے کے) اس کو پورا کیا کرو (پس اس کا عدم ایفاء حرام ہوا) ان (سب) کا اللہ تعالیٰ نے تم کو تاکیدی حکم دیا ہے تاکہ تم یاد رکھو (اور عمل کرو) اور یہ[۶] (بھی کہہ دیجئے) کہ کچھ ان ہی احکام کی تخصیص نہیں[۷] بلکہ) یہ دین اسلام اور اس کے تمام احکام) میرا راستہ ہے (جس[۸] کی طرف میں باذنِ الٰہی[۹] دعوت کرتا ہوں) جو کہ (بالکل) مستقیم (اور راست) ہے سو اس راہ پر چلو اور دوسری راہوں پر مت چلو کہ وہ راہیں تم کو اللہ کی راہ سے (جس کی طرف میں دعوت کرتا ہوں) جدا (اور دور کر دیں گی اس کا تم کو اللہ تعالیٰ نے تاکیدی حکم دیا ہے تاکہ تم (اس راہ کے خلاف کرنے سے) احتیاط رکھو۔

ف: مال یتیم کے احکام سورۂ نساء کے شروع میں گزر چکے ہیں ملاحظہ کر لیا جاوے اور اثنائے ترجمہ میں جو بعض اولیاء و بعض اوصیاء کہا گیا مراد اس سے قاضی اور جد یتیم اور باپ اور جد کا وصی ہے ان کے سوا کسی کو تصرف تجارت مال یتیم میں جائز نہیں اور احکام قسم کے پارہ وَاِذَا سَمِعُوْا کے شروع میں گزر چکے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱۔ قوله فی التمهید دلالةً فانذفع به اشکال ان المنهیات لا شك فی تحریمها لکن المامورات کیف تکون محرمة وجه الاندفاع ان اضدادها المفهومة منها المدلولة بها محرمة واشرت الی هذا المعنی بقولی حرام ہوا فی خاتمة کل حکم ۱۲۔ ۲۔ قوله فی ان لا تشرکوا وہ چیزیں اشار الی ان ان مفسرة کما اختاره الزمخشری والبیضاوی وفی البیضاوی ولا یمنعه تعلیق فعل المفسر بما حرم فان التحریم باعتبار الا وامر یرجع الی اضدادها ۱۲۔ ۳۔ قوله فی املاق غالب لان بعض القتل کان بسبب العار ۱۲۔ ۴۔ قوله فی لا نکلف دشوار نہیں اشارة الی المقصود من الجملة کما فی الروح من تهوین امر ما تقدم من التکلیفات لیقبلوا علیها ۱۲۔ ۵۔ قوله فی بعهد الله قسم کذا فی الروح ویتاید بقوله تعالی فی النحل واوفوا بعهد الله اذا عاهدتم ولا تنقضوا الایمان ۱۲۔ ۶۔ قوله فی وان هذا یہ بھی اشارة الی کون معطوفا معنی علی تعالوا وداخلا فی حیز قل ولم ار من اختار هذا العطف ویؤیده قراءة ان بکسر الهمزة وتشدید

www.besturdubooks.net

النون وما وجه صحتان بالفتح والتشديد مع اقتضاء قل للكسر فيمكن ان يكون بتقدير اخبر الى قل تعالوا واخبر واخبرهم ان هذا صراطي فافهم وفي قراء ة ان بالفتح والخفة على كونها مخففة من المثقلة ۱۲۔ ۷ قوله هناك تخصیص نہیں اشار به الى وجه الزيادة هذه الجملة من التنبيه على ان جميع شرائعي واجب اتباعها كهذه الاحكام التسعة واما تخصيص هذه بالذكر لكونها محكمة لم تنسخ فى شريعة ۱۲۔ ۸ قوله فى صراطي جس کی طرف اشار الى وجه اضافة اليه صلى الله عليه وسلم ۱۲۔ ۹ قوله هناك باذن الٰہی اشار به الى ان هذا الصراط فى الحقيقة وصراط الله ومن ثم اضيف اليه تعالىٰ فى سبيله ۱۲۔

اللُّغَاتُ: تعالوا فى الروح هو امر من التعالى والاصل فيه ان يقوله من هو فى مكان عال لمن هو اسفل منه ثم اتسع فيه بالتعميم واستعمل استعمال المقيد فى المطلق مجازا الاشد قيل جمع لا واحد له وقيل هو مفرد وقيل هو جمع شدة كنعمة وانعم ۱۲۔

البَلَاغَة: قوله احسانا قال البيضاوى وضعه موضع النهى عن الاساءة اليهما للمبالغة والدلالة على ان ترك الاساء ة فى شانهما غير كاف لهما اه قوله تعالىٰ من املاق فى الروح قيل المخاطب بقوله من املاق من ابتلى بالفقر وبقوله تعالىٰ خشية املاق من يخشاه فى المستقبل ولهذا قدم رزقهم هنا وقدم رزق اولادهم فى مقام الخشية قوله تعالىٰ **لا تقربوا** تعليق النهى بقربانها للمبالغة قوله **بالقسط** تاكيد قوله وصّٰكم مكررا للتاكيد قوله تعقلون فى موضع وتذكرون فى آخر وتتقون فى ثالث هو عندى تفنن وقيل التقوى عام وكان المضمون الاخير عاما فناسبه والخمسة المتقدمة كانوا يغلطون فيهما باعتقادها امورا مستحسنة الا الاساة بالوالدين فناسبه تعقلون باعتبار الاكثر والاربعة المتاخرة لا يغلطون فيها انما كانوا يتركون العمل بها وينسونها فناسبه تذكرون ۱۲۔

ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِيْٓ اَحْسَنَ وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ بِلِقَاۤءِ
ع ١٩ ٦ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٥٤﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿١٥٥﴾ اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ
الْكِتٰبُ عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا ۪ وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿١٥٦﴾ اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ
عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ۭ سَنَجْزِي الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْۤءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ﴿١٥٧﴾
هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ۭ يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا
اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ۭ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿١٥٨﴾

پھر ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تھی جس سے اچھی طرح عمل کرنے والوں پر نعمت پوری ہو اور سب احکام کی تفصیل ہو جائے اور رہنمائی ہو اور رحمت ہو تاکہ وہ لوگ اپنے رب کے ملنے پر یقین لائیں اور یہ (قرآن) ایک کتاب ہے جس کو ہم نے بھیجا ہے بڑی خیر و برکت والی سو اس کا اتباع کرو اور ڈرو تاکہ تم پر رحمت ہو۔ کبھی تم لوگ یوں کہنے لگتے کہ کتاب تو صرف ہم سے پہلے جو دو فرقے تھے ان پر نازل ہوئی تھی اور ہم ان کے پڑھنے پڑھانے سے محض بے خبر تھے یا یوں کہتے کہ اگر ہم پر کوئی کتاب نازل ہوتی تو ہم ان سے بھی زیادہ راہ پر ہوتے سو اب تمہارے پاس تمہارے رب کے پاس سے ایک کتاب واضح اور رہنمائی کا ذریعہ اور رحمت آ چکی ہے۔ سو اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا۔ جو ہماری ان آیتوں کو جھوٹا بتلادے اور اس سے روکے۔ ہم ابھی ان لوگوں کو جو کہ ہماری آیتوں سے روکتے ہیں ان کے اس روکنے کے سبب سخت سزا دیں گے۔ یہ لوگ صرف اس امر کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس فرشتے آئیں یا ان کے پاس آپ کا رب آئے یا ان کے رب کی کوئی بڑی نشانی آئے جس روز آپ کے رب کی بڑی نشانی پہنچے گی کسی شخص کا ایمان اسکے کام نہ آئے گا۔ جو پہلے سے ایمان نہیں رکھتا۔ یا اس نے اپنے ایمان میں کوئی نیک عمل نہ کیا ہو۔ آپ فرما دیجئے کہ تم منتظر رہو ہم بھی منتظر ہیں ۞

تفسیر ربط: اوپر شرک فی العقائد والتحلیل والتحریم کا رد مع اس کے مضامین متعلقہ کے بہت بسط سے فرمایا گیا آگے مسئلہ نبوت پر جو کہ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ الخ سے اور هٰذَا صِرَاطِيْ الخ سے بھی مفہوم ہے بحث ہے کہ نبوت کوئی امر غریب نہیں ہے اول اور اور انبیا ہوئے جن میں موسیٰ علیہ السلام مشہور و معروف ہیں اخیر میں آپ صاحب وحی ہو گئے اس کا انکار کیوں کیا جاتا ہے۔

www.besturdubooks.net

نزول کتاب بر موسیٰ علیہ السلام و بر رسول اللہ ﷺ: ثُمَّ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْکِتٰبَ تَمَامًا (الی قولہ تعالی) سَنَجْزِی الَّذِیْنَ یَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰیٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا کَانُوْا یَصْدِفُوْنَ پھر (مضمون ابطال شرک کے بعد ہم مسئلہ نبوت میں کلام کرتے ہیں کہ ہم نے صرف آپ کو اکیلا نبی نہیں بنایا جس پر یہ لوگ اس قدر شور و غل مچا رہے ہیں بلکہ آپ کے قبل) ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) کتاب (تورات) دی تھی جس سے اچھی طرح عمل کرنے والوں پر (ہماری نعمت پوری ہو (کہ عمل کر کے ثواب کامل حاصل کریں) اور سب (ضروری) احکام کی (اس کے ذریعہ سے) تفصیل ہو جاوے اور (اس کے ذریعہ سے سب کو) رہنمائی ہو اور (ماننے والوں کے لئے) رحمت ہو (ہم نے اس صفت کی کتاب اس لئے دی) تاکہ وہ لوگ (یعنی بنی اسرائیل) اپنے رب کے ملنے پر یقین لاویں (اور اعتقاد لقاء سے سب احکام کو بجالاویں) اور (جب اس کا اور اس کے تتمہ انجیل کا دورہ ختم ہو چکا اس کے بعد) یہ (قرآن) ایک کتاب ہے جس کو ہم نے (آپ کے پاس بھیجا بڑی خیر و برکت والی سو (اب) اس کا اتباع کرو اور (اس سے خلاف کرنے کے باب میں خدا سے) ڈرو تاکہ تم پر (اللہ تعالیٰ کی) رحمت ہو (اور ہم نے یہ قرآن اس لئے بھی نازل کیا کہ) کبھی تم لوگ (قیامت میں درصورت اس کے نازل نہ ہونے کے کفر و شرک پر عذاب ہونے کے وقت) یوں کہنے لگتے کہ کتاب (آسمانی) تو صرف ہم سے پہلے جو دو فرقے یہودی عیسائی) تھے ان پر نازل ہوئی تھی اور ہم ان کے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر تھے (اس لئے ہم کو توحید کی تحقیق نہ ہوئی) یا (اور مومنین سابقین کو ثواب ملنے کے وقت) یوں کہتے کہ اگر ہم پر کوئی کتاب نازل ہوتی تو ہم ان (مومنین سابقین) سے بھی زیادہ راہ پر ہوتے (اور عقائد و اعمال میں ان سے زیادہ کمال حاصل کر کے ثواب کے مستحق ہوتے) سو (یاد رکھو کہ) اب تمہارے پاس (کوئی عذر نہیں ابھی کیونکہ تمہارے پاس) تمہارے رب کے پاس سے ایک کتاب (جس کے احکام) واضح (ہیں) اور (جو) رہنمائی کا ذریعہ (ہے) اور (خدا کی) رحمت (ہے) آ چکی ہے سو (ایسے کافی شافی کتاب آنے کے بعد) اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو ہماری ان آیتوں کو جھوٹا بتلاوے (اور دوسروں کو بھی) اس سے روکے ہم ابھی (آخرت میں) ان لوگوں کو جو کہ ہماری آیتوں سے روکتے ہیں ان کے اس روکنے کے سبب سخت سزا دیں گے (یہ سختی اس روکنے سے بڑھی ورنہ صرف تکذیب بھی موجب سزا ہے)

ف: وجہ غفلت یہ نہیں کہ تورات و انجیل لغت عرب میں نہ تھی کیونکہ ترجمہ کے ذریعہ سے مضامین کی اطلاع ممکن ہے بلکہ واقع تھی بلکہ وجہ یہ ہے کہ اہل کتاب نے اہل عرب کو تعلیم و توحید کا کبھی اہتمام نہیں کیا اور اتفاقاً کان میں کوئی مضمون پڑ جانا عادۃً تنبہ میں کم مؤثر ہے گو اس قدر تنبہ پر بھی طلب اور تامل واجب ہو جاتا ہے اور اسی بناء پر ترک توحید پر عذاب ممکن تھا اور اس سے عموم بعثت موسویہ عیسویہ کا اشکال لازم نہیں آتا۔ کیونکہ اختصاص اس عموم کا ہمارے حضور ﷺ کے ساتھ باعتبار مجموعۂ اصول و فروع کے ہے ورنہ اصول میں سب انبیاء کا اتباع سب خلائق پر واجب ہے۔ پس اس بناء پر عذاب صحیح ہوتا لیکن یہ عذر بادی النظر میں پیش کیا جا سکتا تھا اب اس کی بھی گنجائش نہ رہی اور حجۃ اللہ تام ہو گئی اور دوسرا قول لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَیْنَا الْکِتٰبُ لَکُنَّآ اَهْدٰی مِنْهُمْ کے متعلق ایک سوال و جواب باعتبار ناجین اہل فترت کے سورۂ مائدہ کے رکوع سوم کے اخیر میں گزر چکا ہے ملاحظہ کر لیا جاوے۔

ربط: اوپر مکذبین کا ظالم اور مستحق عذاب ہونا بیان فرمایا ہے آگے بھی ان مکذبین کو ایمان نہ لانے پر توبیخ و تہدید ہے۔

توبیخ بر عدم ایمان: هَلْ یَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِیَهُمُ الْمَلٰٓئِکَةُ (الی قولہ تعالی) قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ یہ لوگ (جو کہ بعد نزول کتاب و بینات و وضوح حق کے بھی ایمان نہیں لاتے اپنے ایمان لانے کے لئے) صرف اس امر کے منتظر (معلوم ہوتے) ہیں (یعنی ایسا توقف کر رہے ہیں جیسے کوئی انتظار کر رہا ہو) کہ ان کے پاس فرشتے آویں یا ان کے پاس آپ کا رب آوے (جیسا قیامت میں حساب کے وقت واقع ہوگا) یا آپ کے رب کی کوئی بڑی نشانی (منجملہ قیامت کی نشانیوں کے) آوے (مراد اس بڑی نشانی سے آفتاب کا مغرب سے طلوع ہونا ہے مطلب یہ ہوا کہ کیا ایمان لانے میں قیامت کے وقوع یا قرب کا انتظار ہے سو اس کے متعلق سن رکھیں کہ) جس روز آپ کے رب کی (یہ) بڑی نشانی (مذکور) آ پہنچے گی (اس روز) کسی ایسے شخص کا ایمان اس کے کام نہ آوے گا جو پہلے سے ایمان نہیں رکھتا ہو (بلکہ اسی روز ایمان لایا ہو) یا (ایمان تو پہلے سے بھی رکھتا ہو لیکن) اس نے اپنے ایمان میں کوئی نیک عمل نہ کیا ہو (بلکہ اعمال بد اور گناہوں میں مبتلا ہو اور اس روز ان سے توبہ کر کے اعمال نیک شروع کرے تو اس کی توبہ قبول نہ ہوگی اور اس کے قبل اگر معاصی سے توبہ کرتا تو مومن ہونے کی برکت سے توبہ قبول ہو جاتی تو قبول توبہ منجملہ منافع ایمان کے ہے اس وقت ایمان نے یہ خاص نفع نہ دیا اور جب علامت قیامت مانع ہو گئی قبول ایمان و توبہ سے تو خاص وقوع قیامت تو بدرجۂ اولیٰ مانع ہوگا پھر انتظار کا ہے کا اور اگر اس توبیخ پر بھی ایمان نہ لاویں تو) آپ (تہدید مزید کے طور پر) فرما دیجئے کہ (خیر بہتر) تم (ان امور کے) منتظر رہو (اور مسلمان نہیں ہوتے مت ہو) ہم بھی (ان امور کے) منتظر ہیں (اس وقت تم پر مصیبت پڑے گی اور ہم مومن ان شاء اللہ ناجی ہوں گے)

ف: حساب کے لئے حق تعالیٰ کا اور فرشتوں کا آنا پارہ سیقول کے نصف پر آیت: هَلْ یَنْظُرُوْنَ الخ کی تفسیر میں نقل ہو چکا ہے دیکھ لیا جاوے اور لفظ بعض آیات جو آیت ہذا میں واقع ہے اس کی تفسیر طلوع شمس من المغرب احادیث کثیرہ صحیحہ میں وارد ہے ترمذی و مسلم وغیرہما نے مرفوعاً روایت کیا ہے اور

www.besturdubooks.net

کیفیت اس کی ایک روایت میں اس طرح آئی ہے کہ اس روز بعد غروب کے آفتاب کو بحکم خداوندی رجعت قہقری ہوگی اس لئے مغرب سے طلوع ہوگا اور در منثور وغیرہ میں یہ روایت مذکور ہے اور روح المعانی میں بروایت تاریخ بخاری وابوالشیخ وابن عساکر حضرت کعب سے اس کی کیفیت منقول ہے کہ قطب کی طرف گھوم کر نقطہ مغرب پر آ جاوے گا اور رجعت قہقری کو بھی اس سے ماؤل کر سکتے ہیں اور اہل ہیئت اس کو جن قواعد واصول پر محال کہتے ہیں ان قواعد کے لزوم پر اب تک خود کوئی دلیل قائم نہیں اور درِ منثور میں ایک روایت بتخریج عبد بن حمید وابن مردویہ عبداللہ بن ابی اوفی سے مرفوعاً منقول ہے کہ مغرب سے طلوع ہو کر جب وسط سماء تک پہنچے گا پھر مغرب ہی کی طرف لوٹ کر ادھر غروب ہو کر پھر بدستور مشرق سے نکلنے لگے گا۔ اور بعض احادیث میں اس وقت ایمان کا مقبول نہ ہونا اور بعض میں توبہ کا مقبول نہ ہونا مصرح ہے۔ باقی دو امر قابل تحقیق رہے ایک یہ کہ اس وقت ایمان وتوبہ کے غیر مقبول ہونے کی کیا وجہ دوسرے یہ کہ آیا اس کے بعد پھر بھی۔ یہ عدم قبول مستمر رہے گا یا نہیں۔ صاحب روح نے اول امر میں کہا ہے کہ جب عالم علوی کا تغیر مشاہد ہوگا تو مثل وقت نزع وانکشاف عالم غیب کے ایمان بالغیب نہ رہا دوسرے امر میں اس کو ترجیح دی ہے کہ پھر قبول ہونے لگے گا جو کہ بعد میں مخاطب بالشرع ہوا ہو یا مدت گزرنے پر وہ ہول خیال سے اتر جاوے زواجر اور بلقینی سے یہ مضمون لکھا ہے اور نسیان کی تائید میں ایک حدیث فتح الباری سے مرفوعاً نقل کی ہے کہ اس کے بعد ایک سو بیس آدمی باقی رہیں گے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ثم بعد الیٰ کرتے ہیں اشارة الی ان ثم للترتيب الكلامی وقیل كما فی الروح ثم بمعنی الواو وقد جاء كثيرا فی الكتاب ۱۲۔ ۲ قوله فی الذی احسن کرنے والوں اشار الی ان الذی للجنس ۱۲۔ ۳ قوله فی تفصیلاً ضروری لان شيئا من الكتاب الشرعی لا يشمل كل شئی ۱۲۔ ۴ قوله فی لعلهم بنی اسرائيل المدلول عليهم بذكر موسیٰ كذا فی الروح ۱۲۔ ۵ قوله قبل هذا كتب تمہ اشارة الی ان عدم ذكر الانجيل ههنا مع كونه مذكورا فيما بعد من قوله طائفتين للاكتفاء بذكر التوراة فی اكثر الشرائع واما الاختلاف فی اقل قليل كما يدل عليه قوله تعالیٰ ولا حل لكم بعض الذی حرم عليكم ۱۲۔ ۶ قوله قبل ان تقولوا اس لئے بھی الخ زاد بھی لان فائدة النزول لا ينحصر فيه ۱۲۔ ۷ قوله فی صدف دوسروں کو اشار ان تعديته اكثر استعمالاً وقد يجئی لازما كذا فی الروح ۱۲۔ ۸ قوله فی ينظرون یعنی ایسا كما فی الروح الانتظار محمول فی الآية علی التمثيل المبنی علی تشبيه حال هؤلاء الكفار فی الاصرار علی الكفر والتمادی علی العناد الی ان تاتيهم تلك الامور الهائلة التی لا بد لهم من الايمان عند مشاهدتها البتة بحال المنتظرين لها ۱۲۔ ۹ قوله فی بعض بڑی لما فی الروح التعبير بالبعض للتهويل والتفخيم ۱۲۔

الكلام: استدلت المعتزلة بظاهر الآية علی ان الايمان لا ينفع بدون العمل والجواب ظاهر بترجمتی حاصله ان المنفی هو النفع الخاص ای قبول التوبة الذی هو من منافع الايمان ايضا وبهذا الاعتبار صح ان يقال ان هذا الرجل لم ينفعه ايمانه ای نفعا خاصاً ولا يلزم من نفی الخاص نفی العام فلم يحصل مدعاهم من نفی النجاة بدون العمل وهذا مما كان الله تعالیٰ من ما به علی ثم رأية منقولا فی روح المعانی عن بعض المحققين وهو ان معنی الآية انه لا ينفع الايمان باعتبار ذاته اذا لم يحصل قبل ولاباعتبار العمل (كالتوبة وغيرها) اذا لم يعمل قبل ونفع الايمان باعتبار العمل ان يصير سببا بقبول العمل اه هذا وان لم يرض به صاحب الروح لكن وللناس فيما يعشقون مذاهب۔ وفی الروح اورد علی المعتزلة ان الخير نكرة فی سياق النفی فيعم ويلزم ان يكون نفع الايمان بمجرد الخير ولو واحد او ليس ذلك مذهبهم فان جميع الاعمال الصالحة داخلة فی الخير عندهم اه فافهم ۱۲۔

اختلاف القراءة: فی قراءة احسن بالرفع ای علی الوجه الذی هو احسن وهو المشهور علی العامل الذی هو احسن عملا كما فی قوله تعالیٰ ومن احسن دينا ۱۲۔

النحو: قوله تماما وكذا ما بعده فی موقع المفعول له وجاز حذف اللام لكونه بمعنی اتماما وجاز ان يكون حالا كذا فی الروح ۱۲۔ قوله لم تكن آمنت صفة لنفسا قوله كسبت معطوف علی آمنت فالتقدير هكذا لا ينفع الايمان نفسا لم تكن آمنت او لم تكن كسبت ۱۲۔

البلاغة: قوله تمام علی الذی الخ كونه تفصيلا وصف له فی ذاته وكونه هدی ورحمة وصف له باعتبار المكلفين الاول بالنظر الی جميعهم والثانی بالنظر الی المؤمنين خاصة واما كونه تمام فهو داخل فی كونه رحمته باعتبار ان بعض المؤمنين لا تيانه بالتطوعات والاخلاص اكمل وقدم لكونه اسرف واما قوله بينة فمسادق للتفصيل وهدی ورحمة عين ما صرح به فيما قبل ولما لم يكن وصف التمام غير خارج عن الرحمة لم يعد ذكره ههنا وشمل الجميع لمبارك ۱۲۔ قوله علی طائفتين فی الروح وتخصيص الانزال بكتابيهما

www.besturdubooks.net

لانهما اللذان اشتهرا فيما بين الكتب السماوية بالاشتمال على الاحكام آه قلت خصوصا عند العرب لكثرة هذين عندهم ولفقدان غيرهم عنهم ومن لم خصص موسىٰ عليه السلام بالذكر في قوله ثم آتينا موسىٰ الخ قوله ربك الاضافة للتشريف قوله نفسا تنكير نفسا للتعميم ۱۲۔

إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ ۚ إِنَّمَا أَمْرُهُمْ إِلَى اللَّهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿١٥٩﴾
مَن جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا ۖ وَمَن جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَىٰ إِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿١٦٠﴾ قُلْ
إِنَّنِي هَدَانِي رَبِّي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ دِينًا قِيَمًا مِّلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٦١﴾ قُلْ إِنَّ
صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٦٢﴾ لَا شَرِيكَ لَهُ ۖ وَبِذَٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ ﴿١٦٣﴾ قُلْ
أَغَيْرَ اللَّهِ أَبْغِي رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۚ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُم
مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿١٦٤﴾ وَهُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ الْأَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ
لِّيَبْلُوَكُمْ فِي مَا آتَاكُمْ ۗ إِنَّ رَبَّكَ سَرِيعُ الْعِقَابِ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٦٥﴾

بے شک جن لوگوں نے اپنے دین کو جدا جدا کر دیا اور گروہ گروہ بن گئے آپ کا ان سے کوئی تعلق نہیں بس ان کا معاملہ اللہ کے حوالے ہے پھر ان کو ان کا کیا ہوا جتلا دیں گے۔ جو شخص نیک کام کرے گا اس کو اس کے دس حصے ملیں گے اور جو شخص برے کام کرے گا سو اس کو اس کے برابر ہی سزا ملے گی اور ان لوگوں پر ظلم نہ ہوگا۔ آپ کہہ دیجئے کہ مجھ کو میرے رب نے ایک سیدھا راستہ بتلا دیا ہے کہ وہ ایک دین ہے مستحکم طریقہ ہے ابراہیم کا جس میں ذرا کجی نہیں اور وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے۔ آپ فرما دیجئے کہ بالیقین میری نماز اور میری ساری عبادات اور میرا جینا اور میرا مرنا سب خالص اللہ ہی کا ہے جو مالک ہے سارے جہان کا۔ اسکا کوئی شریک نہیں اور مجھ کو اسی کا حکم ہوا ہے اور میں سب ماننے والوں سے پہلا ہوں۔ آپ فرما دیجئے کہ کیا میں خدا تعالیٰ کے سوا کسی اور کو رب بنانے کے لئے تلاش کروں حالانکہ وہ مالک ہے ہر چیز کا اور جو شخص بھی کوئی عمل کرتا ہے وہ اسی پر رہتا ہے اور کوئی دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گا پھر تم سب کو اپنے رب کے پاس جانا ہوگا پھر وہ تم کو جتلا دیں گے جس جس چیز میں تم اختلاف کرتے تھے اور وہ ایسا ہے جس نے تم کو زمین میں صاحب اختیار بنایا اور ایک کا دوسرے پر رتبہ بڑھایا تاکہ (ظاہراً) تم کو آزماوے ان چیزوں میں جو کہ تم کو دی ہیں۔ بالیقین آپ کا رب جلد سزا دینے والا (بھی) ہے اور بالیقین وہ واقعی بڑی مغفرت کرنے والا مہربانی کرنے والا (بھی) ہے۔

تفسیر ربط: یہاں تک زیادہ حصہ بیان کا مشرکین کے باب میں ہے آگے ایک عام عنوان سے دوسرے گمراہوں کا حق سے بعید اور مورد وعید ہونا بیان فرماتے ہیں جس میں سب کفار مشرکین واہل کتاب اور اہل اہواء وبدعات بتفاوت مراتب وعید سب داخل ہو گئے۔

وخامت جمیع اہل ضلالت: إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ ۚ إِنَّمَا أَمْرُهُمْ إِلَى اللَّهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ بیشک جن لوگوں نے اپنے دین کو (جس کے وہ مکلف تھے) جدا جدا کر دیا (یعنی دین حق کو بتمامہ قبول نہ کیا خواہ سب کو چھوڑ دیا یا بعض کو اور طریقے شرک وکفر وبدعت کے اختیار کر لئے) اور (مختلف) گروہ گروہ بن گئے آپ کا ان سے کوئی تعلق نہیں (یعنی آپ ان سے بری ہیں آپ پر کوئی الزام نہیں) بس (وہ خود اپنے نیک وبد کے ذمہ دار ہیں اور) ان کا معاملہ اللہ کے حوالے ہے (وہ دیکھ بھال رہے ہیں) پھر (قیامت میں) ان کو ان کا کیا ہو جتلا دیں گے اور حجت قائم کر کے استحقاق عذاب ظاہر کر دیں گے) ف: درمنثور میں ابن عباسؓ سے ان گروہوں سے یہود ونصاریٰ مراد ہونا اور ابو ہریرہؓ سے مرفوعاً اہل بدعات مراد ہونا اور خازن میں حسنؒ سے جمیع مشرکین اس اعتبار سے کہ بعضے بت پرست ہیں بعض ستارہ پرست ہیں وغیرہ وغیرہ مراد ہونا منقول ہے چونکہ لفظ فَرَّقُوا سب کو شامل ہو سکتا ہے اس لئے عام مراد لینا انسب ہے البتہ مراتب وعید کے متفاوت ہوں گے یعنی کفار کو عذاب مخلد ہوگا اور مبتدعین کو بوجہ وجود ایمان کے بعد سزائے عقائد فاسدہ کے نجات ہوگی اور حدیث میں جو آیا ہے کہ مسلمانوں کے فرقوں میں صرف ایک فرقہ ناجی ہے باقی سب ناری مراد اس سے خلود وعدم خلود نہیں کیونکہ کسی مومن کو خلود نہ ہوگا اور نہ مطلق دخول وعدم دخول مراد ہے کیونکہ بعض اہل سنت کو بھی معاصی سے دخول ہوگا بلکہ مراد دخول لفساد العقائد بلا خلود ہے اور یہ خاص ہے اہل بدعت کے ساتھ بخلاف اہل حق کے کہ ان کو دخول فساد اعمال سے ہوگا فساد عقائد سے نہ ہوگا اور بخلاف کفار کے کہ ان کو خلود ہوگا خوب سمجھ لو۔ اور مراد میری دخول سے استحقاق

www.besturdubooks.net

دخول ہے کیونکہ ممکن ہے کہ مثل دیگر معاصی کے فسادِ عقیدہ بھی جو کفر تک نہ پہنچا ہو بلا تعذیب معاف ہو جاوے جیسا بعد تعذیب معاف ہو گا لزوم عذاب پر کوئی دلیل نہیں اس لئے میں نے ترجمہ میں استحقاق کا لفظ بڑھایا ہے اور فَرَّقُوْا کی تفسیر کے متعلق جاننا چاہئے کہ جب بعض امورِ حقہ کا ترک جائز نہیں تو جمیع کا تو بدرجہ اولیٰ مذموم ہو گا پس یہ شبہ نہ رہا کہ فَرَّقُوْا سے تو ان پر ہی وعید ہے جنہوں نے بعض حق کو ترک کر دیا اور تارک کل پر فَرَّقُوْا صادق نہیں آتا۔

ربط: اوپر يُنَبِّئُهُمْ میں جزائے قیامت کا بیان تھا آگے اس جزاء کا قانون عام مذکور ہے جس سے جزائے خاص مذکور بالا کا حال بھی معلوم ہو جاوے گا شاید دوسرا جزو یعنی جزائے محسن بڑھا دینے سے ترغیب مقصود ہو کہ اگر کفر چھوڑ کے ایمان لے آؤ تو کس قدر نفع ہو کہ کرو تھوڑا اور ملے بہت۔

قانون جزائے اعمال: مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ (الی قولہ تعالی) فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ جو شخص نیک کام کرے گا اُس کو (اقل درجہ) اس کے دس حصے ملیں گے (یعنی ایسا سمجھا جاوے گا کہ گویا کہ وہ نیکی دس بار کی اور نیز ایک نیکی پر جس قدر ثواب ملتا اب دس حصے ویسے ثواب کے ملیں گے) اور جو شخص برا کام کرے گا سو اُس کو اس کے برابر ہی سزا ملے گی (زیادہ نہ ملے گی) اور ان لوگوں پر (ظاہراً بھی) ظلم نہ ہو گا (کہ کوئی نیکی درج نہ ہو یا کوئی بدی زیادہ کر کے لکھ لی جاوے)۔ ف: حسنہ میں اقل درجہ کی قید اس لئے لگائی گئی کہ بعض اوقات اس سے زیادہ ملنا دوسری نصوص میں مصرح اور معروف ہے اور درمنثور میں مرفوع حدیثوں میں مصرح ہے کہ لا الہ الا اللّٰہ بھی حسنہ ہے اس سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ اس کی تصدیق اور اس کا اقرار دونوں حسنہ ہیں پس ایمان بھی حسنہ ہوا اس کے دس حصے ہونے کا مطلب احقر کی توضیح سے حل ہو گیا یعنی ایمان لانے پر جو فضل و کرم موعود ہے ویسا فضل و کرم دس حصے ہو گا اور اگر شبہ ہے کہ جب ایمان حسنہ ہے تو کفر سیئہ ہو گا اور سیئہ پر برابر سزا ہے تو کفر پر عذاب مخلد ہونا ظاہراً برابر سے زیادہ ہے جواب یہ ہے کہ زیادہ جب کہتے کہ جس قدر سزا کا استحقاق نفس کفر پر ہے اس سے زیادہ سزا ہو جاتی اور یہ منفی ہے بلکہ ممکن ہے کہ نفس کفر گو وہ مضاعف نہ کیا جاوے اتنی ہی سزا کو مقتضی ہو کیونکہ اس کا قبح و شدت غایت درجہ تک منتھی ہے۔ ربط: اوپر اختلاف فی الدین کی مذمت تھی آگے دین حق کی تعیین ہے جس کا سب کو اختیار کرنا ضروری ہے۔

تعیین وارشاد دین حق: قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (الی قولہ تعالی) وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ آپ کہہ دیجئے کہ مجھ کو میرے رب نے ایک سیدھا راستہ (وحی کے ذریعہ سے) بتلا دیا ہے کہ وہ ایک دین ہے (جو بوجہ ثبوت بدلائل کے) مستحکم (ہے) جو طریقہ ہے ابراہیم (علیہ السلام) کا جس میں ذرا کجی نہیں اور وہ (ابراہیم علیہ السلام) شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے (اور) آپ (اس دین مذکور کی قدرے تفصیل کے لئے) فرما دیجئے کہ (اس دین کا حاصل یہ ہے کہ) بالیقین میری نماز اور میری ساری عبادات اور میرا جینا اور میرا مرنا یہ سب خالص اللّٰہ ہی کا ہے جو مالک ہے سارے جہان کا اس کا (اس کا استحقاق عبادت یا تصرفاتِ ربوبیت میں) کوئی شریک نہیں اور مجھ کو اسی (دین مذکور پر رہنے) کا حکم ہوا ہے اور (حکم کے موافق) میں (اس دین والوں میں سے) سب ماننے والوں سے پہلا (ماننے والا) ہوں۔ ف: یہاں دین کے جو اوصاف فرمائے گئے ہیں اس کے اعتبار سے وہ خاص ہو گیا اسلام اور اسلام میں سے طریق سنت کے ساتھ چنانچہ ملت ابراہیمی کا اسلام ہونا آخر پارہ الم میں گزر چکا اور مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ سے مشرکین اور یہود و نصاریٰ سب کا رد ہو گیا جیسا کہ اسی مقام پر یہ بھی مذکور ہوا ہے اور حنیفاً سے تمام طرق بدعت کا رد ہو گیا کہ سب میں زیغ ہے اور تفصیل میں صلوٰۃ و نسک تو امور تشریعیہ سے ہیں اور محیا و ممات امور تکوینیہ سے ہیں اللہ کے لئے ہونا اول کا باعتبار قصد عبادت کے ہے اور ثانی کا باعتبار اعتقاد ربوبیت کے ہے مجموعہ کا حاصل یہ ہوا کہ استحقاق عبادت میں بھی کوئی خدا کا شریک نہیں اور تصرف میں بھی خدا کا کوئی شریک نہیں اور یہی مجموعہ توحید ہے جو بڑی تعلیم ہے اسلام کی اور یہ شبہ کہ حضور ﷺ کو ملت ابراہیمی پر رہنے کا کیسے حکم ہوا حالانکہ آپ خود نبی مستقل ہیں آخر پارہ الم میں حل ہو چکا ہے دیکھ لیا جاوے اور یہ جو فرمایا: بِذٰلِكَ اُمِرْتُ اس میں دوسروں کو لطف کے ساتھ دعوت ہے کہ جب نبی تک مکلف بالایمان ہے تو دوسرے کیوں نہ ہوں گے۔

ربط: اوپر دین حق کی تعیین کر کے اس کی طرف عام دعوت کی گئی تھی چونکہ بعض اہل باطل یعنی مشرکین خود آپ کو اور مسلمانوں کو اپنے طریق باطل کی طرف بلاتے تھے اور یہ بھی کہتے تھے کہ جو اس میں تم کو گناہ ہو گا وہ ہمارے سر پر جیسا آیت: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ۔ سے اور آیت: قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ سے معلوم ہوتا ہے اور ایسا ہی قصہ سبب ہے نزول سورۂ قل یا کا جیسا لباب میں منقول ہے اس لئے آگے اس دعوے کا رد ہے۔

ردِ تلبیس مشرکین بر مسلمین: قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا (الی قولہ تعالی) فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ آپ (ان باطل کی طرف بلانے والوں سے فرما دیجئے

www.besturdubooks.net

کہ کیا (بعد وضوح حقیقت توحید و اسلام کے تمہارے کہنے سے) میں خدا تعالیٰ کے سوا کسی اور کو رب بنانے کے لئے تلاش کروں (یعنی نعوذ باللہ شرک اختیار کر لوں) حالانکہ وہ مالک ہے ہر چیز کا (اور سب چیزیں اسی کی مملوک ہیں اور مملوک شریک مالک نہیں ہوسکتا) اور (تم جو کہتے ہو کہ تمہارا گناہ ہمارے سر سو یہ محض لغو بات ہے کہ کرنے والا پاک وصاف رہے اور صرف دوسرا گناہ گار ہو جاوے بلکہ بات یہ ہے کہ) جو شخص بھی کوئی عمل کرتا ہے وہ اسی پر رہتا ہے اور کوئی دوسرے کا بوجھ (گناہ کا) نہ اُٹھاوے گا (بلکہ سب اپنی اپنی بھگتیں گے) پھر (سب کے عمل کر چکنے کے بعد) تم سب کو اپنے رب کے پاس جانا ہوگا پھر وہ تم کو جتلا دیں گے جس جس چیز میں تم اختلاف کرتے تھے (کہ کوئی کسی دین کو حق بتلاتا تھا اور کوئی کسی کو وہاں عملی اطلاع سے فیصلہ کر دیا جاوے گا کہ اہل حق کو نجات اور اہل باطل کو سزا ہوگی) **ف**: اگر کسی کو شبہ ہو کہ نصوص سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی کسی کو گمراہ کرے تو اس گمراہ کا گناہ اس گمراہ کنندہ کو بھی ہوتا ہے اور اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک کا گناہ دوسرے پر نہیں ہوتا۔ جواب یہ ہے کہ گمراہ کرنے سے جو گناہ ہوا وہ تو اپنے ہی فعل سے ہوا کہ جب وہ گمراہ وہ فعل کرے گا اس وقت اس مضل کا تسبب جو کہ اس کے فعل اضلال سے ناشی ہے ظاہر ہوگا پس حقیقت میں اپنے فعل سے گناہ ہوا اور اس آیت کا یہ مقصود ہے کہ دوسرے کے فعل سے گناہ نہیں ہوتا پس دونوں میں کچھ تعارض نہیں۔ دوسرے یہ کہ کفار یوں کہتے تھے کہ تم پر کچھ گناہ نہ ہوگا سو یہ امر بالکل منفی اور باطل ہے بلکہ دونوں پر اپنے اپنے فعل کا گناہ ہوگا پس شبہ رفع ہو گیا۔

ربط: سورت ختم پر آئی مجموعہ سورت میں دین حق کی تحقیق مبسوط ہے اب اپنے ایک عام انعام میں تماثل اور ایک خاص انعام میں تفاضل بقصد ترغیب اطاعت وموافقت وترہیب معصیت ومخالفت در باب قبول واعراض دین حق کے ذکر فرما کر اپنی دو صفت کے اثبات پر جو کہ ترغیب وترہیب کے مناسب ہے ختم فرماتے ہیں۔ پس اس مضمون کے اعتبار سے خاتمہ کو مجموعہ سورت سے ارتباط ہو گیا اور ایسا ہی خاتمہ حسن ختام کہلاتا ہے۔

ذکر انعام وترغیب وترہیب: وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ (الی قولہ تعالی) وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اور وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے تم کو زمین میں صاحب[1] اختیار بنایا (اس نعمت میں تو تماثل ہے) اور ایک کا دوسرے پر (مختلف چیزوں میں) رتبہ بڑھایا (اس نعمت میں تفاضل ہے) تا کہ (ان نعمتوں سے) تم کو (ظاہراً) آزماوے ان چیزوں میں جو کہ (نعم مذکورہ سے) تم کو دی ہیں (آزمانا یہ کہ کون ان نعمتوں کی قدر کر کے منعم کی اطاعت کرتا ہے اور کون بے قدری کر کے اطاعت نہیں کرتا پس بعضے مطیع ہوئے بعضے نافرمان ہوئے اور دونوں کے ساتھ مناسب معاملہ کیا جاوے گا کیونکہ) بالیقین آپ کا رب جلد سزا دینے والا (بھی) ہے اور بالیقین وہ واقعی بڑی مغفرت کرنے والا مہربانی کرنے والا (بھی) ہے (پس نافرمانوں کے لئے عقاب ہے اور فرمانبرداروں کے لئے رحمت ہے اور نافرمانی سے فرمانبرداری کی طرف آنے والوں کے لئے مغفرت ہے پس مکلفین پر ضرور ہوا کہ دین حق کے موافق اطاعت اختیار کریں اور باطل اور مخالفت سے باز آویں) **ف**: جن چیزوں میں عام طور پر کمی بیشی رکھی وہ یہ غیر اختیاری امور ہیں۔ عقل وجاہ ورزق وحسن وجمال وصحت وقوت وامثال ذالک اس تفاوت کا قرین حکمت ہونا تو ظاہر ہے باقی موجب نعمت ہونا سو ان اوصاف میں جو فاضل اور فائق ہے اس کے لئے یہ بھی ظاہر ہے رہا مفضول کے لئے نعمت ہونا وہ بنظران حکمتوں کے ہے جو اس تفاوت سے قرین اور اس میں مودع ہے کیونکہ ہر نقص اور ہر بلیہ میں کوئی نہ کوئی نفع ہوتا ہے خواہ دنیوی جیسے کسی بڑے وبال سے بچالینا خواہ اخروی مثل ثواب ورفع درجات وکفارہ سیئات جیسا کہ واقعات میں غور کرنے سے منافع دنیویہ اور آیات وروایات میں نظر کرنے سے منافع اخرویہ مفہوم ومعلوم ہوتے ہیں۔ **هذا وقدتم تفسير سورة الانعام بفضل الله ذی الانعام والاكرام۔ الذی تم به الربع من تفسير كلام الله الملك العلام۔ علی يد هذا الفقير ادون الانام وقت الضحوة من يوم الخميس اربع و عشرين من صفر سنة الف وثلث مائة واربع و عشرين من هجرة سيد المرسلين الكرام عليه وعليهم صلوٰت الله والسلام ما دامت الليالی والايام** **ف**: فقط۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ الخ یہ توحید کامل کی تعلیم پر دال ہے یعنی جمیع احوال تشریعیہ وتکوینیہ میں استسلام اور تفویض کرنا عمل اور اطاعت سے بھی اور رضاء بالقضاء سے بھی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله فی دينهم مكلف تے اخرجه النحاس عن ابن عباس كما فی الدر المنثور ويؤيده قراءة فارقوا من المفاعلة ۱۲۔ ۲؎ قوله فی لست بری ورد هذا التفسير مرفوعا فی الدر المنثور قال فی الكبير تاويله انك بعيد عن اقوالهم ومذاهبهم والعقاب اللازم علی تلك الاباطيل مقصور عليهم لا يتعداهم وفی الخازن تقول العرب ان فعلت كذا فلست منك ولست منی كل**

www.besturdubooks.net

واحد منهما بری عن صاحبه۱۲۔ ۳ قوله فی لا یظلمون ظاہرا لان حقیقة الظلم محال۱۲۔ ۴ قوله هناك درج نہ ہو لم یقل لا یضاعف لان عدم المضاعفة التی هی فضل محض لیس بظلم ولو صورة۱۲۔ ۵ قوله فی قیما مستحکم لما فی الروح ثابتاً۱۲۔ ۶ قوله فی حنیفا جس میں اشارة الی کونه حالا من المضاف وهو رائی ذوقا۱۲۔ ۷ قوله فی نسك ساری عبادت کما فی الروح عن الزجاج فهو تعمیم بعد تخصیص۱۲۔ ۸ قوله فی لله خالص کذا فی البیضاوی۱۲۔ ۹ قوله فی لا شریك استحقاق کذا فی الخازن عاما فی التشریع والتکوین۱۲۔ ۱۰ قوله فی خلئف صاحب اختیار کما فی الکبیر انهم خلفاء الله فی ارضه یملکونها ویتصرفون فیها۱۲۔ ۱۱ قوله فی یبلوکم ظاہرا ای لیعاملکم معاملة المختبر لان حقیقةالابتلاء والامتحان محال علی الله تعالٰی۱۲۔ ۱۲ قوله فی اول ف عام طور پر وقوله غیر اختیاری افاد بالقید الاول الاحتراز عن مثل النبوة لان الخطاب لغیر الانبیاء وبالثانی ان التفاوت فی الامور اختیاریة کالمعصیة والطاعة لیس بحکمة ولا نعمة باعتبار المفضول بل هو قبیح وموجب للنقمة۱۲۔

اللغات: شیعا جمع شیعة بمعنی المتبعین لان کلا منهم یتبع اماما۱۲۔

النحو: فی الروح دینا بدل من محل الی صراط ای فهدانی صراطا قیما۔ مصدر نعت به۔ملة بتقدیر اعنی او عطف بیان لدینا ۱۲۔

البلاغة: قوله انما امرهم هو علی ما اخترت من معنی لست منهم لیس للتعلیل بل للوعید۱۲ قوله لا تزر الخ تاکید لقوله ولا تکسب الخ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وجوه المثاني:

سورة المآئدة

قوله تعالى شنان قوم۔ فى الموضعين فيه قراء تان الاولى بسكون النون بعد الشين لابن عامر و شعبة والثانية بفتحها للباقين۔ قوله تعالى ان صدوكم فيه قراء تان الاولى بكسر الهمزة لابن كثير وابى عمرو والثانية بالفتح للباقين قوله تعالى والمحصنٰت فيه ما ذكر فى النساء قوله تعالى وارجلكم فيه قراء تان الاولى بنصب اللام لنافع وابن عامر وحفص والكسائى والثانية بالخفض للباقين قوله تعالى او لمستم فيه ما مر فى النساء قوله تعالى قسية۔ فيه قراء تان الاولى بغير الف بعد القاف وتشديد الياء على وزن فعيلة لحمزة والكسائى والثانية بالف بعد القاف وتخفيف الياء على وزن فاعلة للباقين قوله تعالى رسلنا فيه قراء تان الاولى بسكون السين لابى عمرو والثانية بالضم للباقين قوله تعالى ولا يحزنك۔ فيه قراء تان الاولى بضم الياء وكسر الزاى لنافع من الاحزان والثانية بفتح الياء وضم الزاى للباقين قوله تعالى للسحت فيه قراء تان الاولى بضم الحاء لابن كثير وابى عمرو والكسائى والثانية بالسكون للباقين وهما لغتان قوله تعالى والعين الى الجروح۔ فيها ثلث قراء ات الاولى برفع الخمسة للكسائى والثانية برفع الجروح فقط لابن كثير وابى عمرو وابن عامر والثالثة بالنصب فى الجميع للباقين والرفع على ا لابتداء والنصب على العطف على المنصوب وفى ذال الاذن قراء تان الاولى سكونها لنافع والثانية ضمها للباقين وهما لغتان قوله تعالى وليحكم۔ فيه قراء تان الاولى بكسر اللام ونصب الميم لحمزة والثانية بسكون اللام وجزم الميم واللام على الاولى لام كى وهو معطوف على هدى وموعظة اى للهدى والموعظة والحكم وعلى الثانية لام الامر وهو ظاهر قوله تعالى يبغون۔ فيه قراء تان الاولى بتاء الخطاب لابن كثير والثانية بياء الغيبة للباقين قوله تعالى ويقول۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بغير واو قبل يقول لنافع وابن كثير وابن عامر والثانية بواو ونصب اللام لابى عمرو عطفا على فيصبحو والثانية بواو ورفع اللام للباقين قوله تعالى وعبد الطاغوت۔ فيه قراء تان الاولى بضم باء عبد وخفض تاء الطاغوت لحمزة والثانية بفتح الباء ونصب التاء للباقين والاول اسم بمعنى عابد منصوب بالعطف على القردة والخنازير والثانى فعل ماض قوله تعالى رسالته۔ فيه قراء تان الاولى بالالف بعد اللام وكسر التاء لنافع وابن عامر وشعبة جمع رسالة والثانية بغير الف ونصب التاء للباقين قوله تعالى ان لا تكون۔ فيه قراء تان الاولى برفع النون لابى عمرو وحمزة والكسائى والثانية بالنصب للباقين وان على الاولى مخففة من الثقيلة واصله انه لا تكون فخفف ان وحذف ضمير الشان وعلى الثانية مصدرية۔ قوله تعالى عقدتم۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بالف بعد العين وتخفيف القاف لابن ذكوان من المعاقدة والثانية بغير الف مع تخفيف القاف لشعبة وحمزة والكسائى من العقد والثالثة بغير الف مع تشديد القاف للباقين من التعقيد قوله تعالى فجزاء مثل فيه قراء تان الاولى بالتنوين فى فجزاء ورفع لام مثل لعاصم وحمزة والكسائى على ان مثل بدل من جزاء والثانية بغير تنوين وخفض اللام للباقين على كون الجزاء مضافًا اضافة بيانية قوله تعالى او كفارة طعام۔ فيه قراء تان الاولى كفارة بغير تنوين وخفض ميم طعام لنافع وابن عامر على الاضافة البيانية والثانية بالتنوين وارفع الميم للباقين على البدلية قوله تعالى قيما۔ فيه قراء تان الاولى بغير الف بعد الياء لابن عامر مصدر كشبع والثانية بالف للباقين قوله تعالى حين ينزل۔ فيه قراء تان الاولى من الانزال لابن كثير وابى عمرو والثانية من التنزيل للباقين قوله تعالى استحق۔ فيه قراء تان الاولى بفتح التاء والحاء لحفص مبنية للفاعل والثانية بضم التاء وكسر الحاء للباقين مبنيا للمفعول قوله تعالى الاولين۔ فيه قراء تان الاولى بتشديد الواو وكسر اللام وسكون الياء وفتح النون على الجمع لحمزة وشعبة والثانية بسكون الو او و فتح اللام والياء والف بعد الياء و كسر النون على التثنية للباقين قوله تعالى علام الغيوب ۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الغين لشعبة و حمزة والثانية بالضم للباقى۔ قوله تعالى الاسم فيه قراء تان الاولى بفتح السين والف بعدها و كسر الحاء اسم فاعل لحمزة والكسائى والثانية بكسر السين و سكون الحاء ولا الف بعدها للباقين قوله تعالى هل يستطيع ربك۔ فيه قراء تان الاولى بالتاء على الخطاب وفتح الباء ربك

www.besturdubooks.net

للكسائى والتقدير هل تستطيع ان تسال ربك والثانية بالياء وضم الباء قوله تعالىٰ ينزل۔ فيه قراء تان الاولى من التنزيل لنافع و ابن عامر و عاصم والثانية من الانزال للباقين قوله تعالىٰ يوم ينفع فيه قراء تان الاولى فتح الميم لنافع والتقدير هذ الذى مر واقع يوم ينفع والثانية رفع الميم للباقين على انه خبر اليوم۔ تمت سورة المائدة للثانى من جمادى الاخرىٰ ١٣٢٦ھ يوم الخميس۔

سورة الأنعام

قوله تعالىٰ من يصرف۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الياء وكسر الراء مبنيا للفاعل لابى بكر وحمزة والكسائى والثانية بضم الياء وفتح الراء مبنيا للمفعول للباقين۔ قوله تعالىٰ ثم لم تكن فيه قراء تان الاولى بالياء على التذكير لحمزة والكسائى والثانية بالتاء على التانيث للباقى قوله تعالىٰ فتنتهم۔ فيه قراء تان الاولى برفع التاء لابن كثير وابن عامر وحفص والثانية بالنصب للباقين۔ قوله تعالىٰ والله ربنا ۔ فيه قراء تان الاولى بنصب الباء على النداء لحمزة والكسائى والثانية بجرها على الصفة للباقين۔ قوله تعالىٰ ولا نكذب۔ فيه قراء تان الاولى بنصب البائ لحمزة والثانية بالرفع للباقين۔ والنصب باضماران على جواب التمني والمعنى ان رددنا لم نكذب والرفع بالابتداء او العطف على نرد قوله تعالىٰ ونكون۔ فيه قراء تان الاولى بنصب النون لابن عامر وحفص وحمزة والثانية برفعها للباقين والتوجيه التوجيه قوله تعالىٰ ولدار الأخرة۔ فيه قراء تان الاولى بتخفيف الدال وجر التاء من الأخرة على الاضافة لابن عامر والثانية بتشديد الدال ورفع التاء على الصفة للباقين قوله تعالىٰ افلا تعقلون۔ فيه قراء تان الاولى بالتاء على الخطاب لنافع وابن عامر وحفص والثانية بالياء على الغيبة للباقين۔ قوله تعالىٰ ليحزنك۔ فيه قراء تان الاولى بضم الياء وكسر الزاى لنافع والثانية بفتح الياء وضم الزاى للباقين قوله تعالىٰ لا يكذبونك۔ فيه قراء تان الاولى بسكون الكاف وتخفيف الذال من الكذب لنافع والكسائى والثانية بفتح الكاف وتشديد الذال من التكذيب للباقين۔ قوله تعالىٰ على ان ينزل اٰية۔ فيه قراء تان الاولى من الإفعال لابن كثير والثانية من التفعيل للباقين قوله تعالىٰ فتحنا۔ فيه قراء تان الاولى بتشديد التاء لابن عامر والثانية بالتخفيف للباقين قوله تعالىٰ بالغدوة۔ فيه قراء تان الاولى بضم الغين وسكون الدال وبوا ومفتوحة لابن عامر والثانية بفتح الغين والدال والف بعد الدال للباقين قوله تعالىٰ انه من عمل۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الهمزة لنافع وابن عامر وعاصم والثانية بالكسر للباقين والفتح على انه بدل من الرحمة والكسر على الاستيناف قوله تعالىٰ فانه غفور رحيم۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الهمزة لابن عامر و عاصم والثانية بالكسر للباقين والنصب على معنى فشانه انه الخ قوله تعالىٰ ولتستبين۔ فيه قراء تان الاولى بالياء بعد اللام على التذكير لابى بكر وشعبة وحمزة والكسائى والثانية بالتاء على التانيث للباقين قوله تعالىٰ سبيل المجرمين۔ فيه قراء تان الاولى بنصب اللام لنافع والثانية بالرفع للباقين والنصب على انه مفعول للفعل المتعدى والرفع على انه فاعل لفعل اللازم قوله تعالىٰ يقص الحق۔ فيه قراء تان الاولى بضم القاف وصاد مهملة مشددة مع الرفع لنافع وابن كثير وعاصم من قص الخبر والثانية بسكون القاف وضاد معجمة مخففة مع الكسر للباقين من القضاء وحذفت الياء فى الخط تبعا لحذفها فى اللفظ لأ لتقاء الساكنين۔ قوله تعالىٰ وخفية۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الخاء لشعبة والثانية بالضم للباقين وهما لُغتان كالا سوة والاسوة قوله تعالىٰ لئن انجيتنا۔ فيه قراء تان الاولى بحذف التاء والف بعد الجيم بدل الجيم على الغيبة لعاصم وحمزة والكسائى والثانية بالتاء بعد الياء على الخطاب للباقين قوله تعالىٰ قل الله ينجيكم۔ فيه قراء تان الاولى بفتح النون وتشديد الجيم لهشام وعاصم وحمزة والكسائى والثانية بسكون النون وتخفيف الجيم للباقين والاول من التفعيل والثانى من الافعال قوله تعالىٰ ينسينك۔ فيه قراء تان الاولى بفتح النون وتشديد السين لابن عامر والثانية بسكون النون وتخفيف السين للباقين والاول من التفعيل والثانى من الافعال۔ قوله تعالىٰ استهوته۔ فيه قراء تان الاولى بالف بعد الواو على التذكير لحمزة والثانية بالتاء على التانيث للباقين۔ قوله تعالىٰ وجهى للذى۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الياء لنافع وابن عامر وحفص والثانية بالسكون للباقين قوله تعالىٰ اتحاجونى۔ فيه قراء تان الاولى بتخفيف النون لنافع وابن عامر بخلاف عن هشام والثانية بالتشديد للباقين وفى الاول حذف احدى النونين وفى الثانى ادغامها فى الاخرىٰ قوله تعالىٰ ما لم ينزل به عليكم سلطانا۔ فيه قراء تان الاولى بسكون النون

www.besturdubooks.net

وتخفیف الزای لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بفتح النون وتشدید الزای قوله تعالٰی درجات من نشاء۔ فیه قراء تان الاولی بتنوین التاء لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بغیر تنوین للباقین قوله تعالٰی وزکریا۔ فیه قراء تان الاولی بغیر همزة لحفص وحمزة والکسائی والثانیة بالهمزة للباقین قوله تعالٰی والیسع۔ فیه قراء تان الاولی بتشدید اللام وسکون الیاء لحمزة والکسائی والثانیة بسکون اللام وفتح الیاء وهو علی الاول اعجمی دخل علیه اللام وعلی الثانی ایضا اعجمی۔ قوله تعالٰی یجعلونه قراطیس یبدونها ویخفون کثیرا۔ فیها قراء تانِ الاولی بالیاء فی الثلثة علی الغیبة لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالتاء علی الخطاب للباقین۔ قوله تعالٰی ولینذر۔ فیه قراء تان الاولی بالیاء علی الغیبة لشعبة والضمیر للکتاب والثانیة بالتاء علی الخطاب للباقین قوله تعالٰی بینکم۔ فیه قراء تان الاولی بفتح النون لنافع وحفص والکسائی والثانیة بالرفع للباقین وهو علی الاول ظرف والفاعل الامر او الوصل وعلی الثانی مصدر بمعنی الوصل والجمع مجازاً او ظرف اسند الیه الفعل علی سبیل الاتساع قوله تعالٰی من المیت ومخرج المیت۔ فیه قراء تان الاولی بتشدید الیاء لنافع وحفص والکسائی والثانیة بالتخفیف للباقین قوله تعالٰی وجاعل۔ فیه قراء تان الاولی بفتح العین واللام ولا الف قبل العین علی صیغة الماضی لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بکسر العین ورفع اللام والف قبل العین علی صیغة اسم الفاعل للباقین قوله تعالٰی اللیل۔ فیه قراء تان من قراء ما قبله بالمضی نصب اللیل ومن قراء ہ باسم الفاعل جره قوله تعالٰی فمستقر۔ فیه قراء تان الاولی بکسر القاف لابن کثیر وابی عمرو علی انه اسم فاعل والثانیة بالفتح للباقین علی انه مصدر او اسم مکان قوله تعالٰی الی ثمرة۔ فیه قراء تان الاولی بضم الثاء والمیم لحمزة والکسائی علی انه جمع ثمره والثانیة بالفتح فیهما۔ قوله تعالٰی وخرقوا۔ فیه قراء تان الاولی بتشدید الراء لنافع والثانیة بالتخفیف للباقین قوله تعالٰی درست۔ فیه ثلث قراء ات الاولی بالف بین الدال والراء لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بغیر الف لنافع وعاصم وحمزة والکسائی والکل بسکون السین وفتح التاء والثالثة بغیر الف وبفتح السین وسکون التاء علی الغیبة لابن عامر والضمیر للأیات والمعنی محیت هذه الأیات وعفت وهو کقولهم اساطیر الاولین۔ قوله تعالٰی انها اذا جاء ت۔ فیه قراء تان الاولی بکسر الهمزة من انها لابن کثیر وابی عمرو وشعبة بخلاف عنه والثانیة بالفتح للباقین قوله تعالٰی لا یؤمنون۔ فیه قراء تان الاولی بالتاء علی الخطاب لابن عامر وحمزة والثانیة بالیاء علی الغیبة للباقین قوله تعالٰی قبلا۔ فیه قراء تان الاولی بکسر القاف وفتح الباء لنافع وابن عامر والثانیة بضم القاف والباء للباقین وهما مصدران بمعنی مقابلة ومواجهة قوله تعالٰی منزل من ربك۔ فیه قراء تان الاولی بفتح النون وتشدید الزای لابن عامر وحفص والثانیة بسکون النون وتخفیف الزای قوله تعالٰی کلمت ربك۔ فیه قراء تان الاولی بغیر الف بین المیم والتاء لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بالالف للباقین قوله تعالٰی فصل۔ فیه قراء تان الاولی بضم الفاء وکسر الصاد لابن کثیر وابی عمرو وابن عامر والثانیة بفتحهما للباقین قوله تعالٰی حرم علیکم۔ فیه قراء تان الاولی بفتح الحاء والراء لنافع وحفص والثانیة بضم الحاء وکسر الراء للباقین قوله تعالٰی لیضلون۔ فیه قراء تان الاولی بضم الیاء لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بالفتح للباقین قوله تعالٰی او من کان میتا۔ فیه قراء تان الاولی بتشدید الیاء لنافع والثانیة بالتخفیف للباقین قوله تعالٰی رسالته۔ فیه قراء تان الاولی بنصب التاء وضم الهاء ولا الف قبل التاء علی التوحید لابن کثیر وحفص والثانیة بکسر التاء والهاء والف قبل التاء علی الجمع للباقین قوله تعالٰی ضیقا۔ فیه قراء تان الاولی بسکون الیاء لابن کثیر والثانیة بالتشدید مع الکسر للباقین قوله تعالٰی حرجا۔ فیه قراء تان الاولی بکسر الراء علی انه صفة لنافع وابی بکر والثانیة بالفتح علی انه مصدر وصف به مبالغة للباقین قوله تعالٰی یصعد۔ فیه ثلث قراء ات الاولی بسکون الصاد وتخفیف العین من غیر الف بعد الصاد لابن کثیر والثانیة بتشدید الصاد وتخفیف العین من غیر الف بعد الصاد لابن کثیر والثالثة بتشدید الصاد والعین ولا الف بعد الصاد للباقین قوله تعالٰی ویوم یحشرهم۔ فیه قراء تان الاولی بالیاء لحفص والثانیة بالنون للباقین قوله تعالٰی عما تعملون فیه قراء تان الاولی بالتاء علی الخطاب لابن عامر والثانیة بالیاء علی الغیبة للباقین قوله تعالٰی مکانتکم۔ فیه قراء تان الاولی بالف بعد النون لشعبة والثانیة بغیر الف للباقین قوله تعالٰی من تکون له۔ فیه قراء تان الاولی بالیاء علی التذکیر لحمزة والکسائی والثانیة بالتاء علی التانیث للباقین قوله تعالٰی بزعمهم فی الموضعین۔ فیه قراء تان الاولی بضم الزای للکسائی والثانیة بالفتح للباقین قوله تعالٰی زین الی قتل اولادهم شرکاء هم۔ فیه قراء تان الاولی بضم الزای وکسر الیاء ورفع لام قتل ونصب دال اولادهم و شرکائهم بالیاء مجرورة الهمزة لابن عامر والثانیة بفتح الزای والیاء ونصب لام قتل و کسر دال اولادهم و شرکائهم بالواو مرفوعة الهمزة وتوجیه الاول ان الشرکاء اضیف الیه القتل مفصولا بینهما بمفعوله ووجه الثانی ظاهر۔ قوله تعالٰی

www.besturdubooks.net

وان یکن۔ فیہ قراء تان الاولی بالتانیث لابن عامر وشعبة والثانیة بالتذکیر للباقین قولہ تعالٰی میتة۔ فیہ قراء تان الاولی بالرفع لابن کثیر وابن عامر والثانیة بالنصب للباقین قولہ تعالٰی قتلوا اولادھم۔ فیہ قراء تان الاولی بتشدید التاء لابن کثیر وابن عامر والثانیة بالتخفیف للباقین۔ قولہ تعالٰی اکلہ۔ فیہ قراء تان الاولی بسکون الکاف لنافع وابن کثیر والثانیة بالضم للباقین قولہ تعالٰی من ثمرہ۔ فیہ قراء تان الاولی بضم الثاء والمیم لحمزة والکسائی والثانیة بفتحھما للباقین قولہ تعالٰی حصادہ۔ فیہ قراء تان الاولی بفتح الحاء لابی عمرو وابن عامر وعاصم والثانیة بالکسر للباقین قولہ تعالٰی خطوات۔ فیہ قراء تان الاولی بضم الطاء لقنبل وابن عامر وحفص والکسائی والثانیة بالسکون للباقین۔ قولہ تعالٰی ومن المعز۔ فیہ قراء تان الاولی بفتح العین لابن کثیر وابی عمرو وابن عامر والثانیة بالسکون للباقین وھو بالفتح جمع ما عز کصحب وصاحب۔ قولہ تعالٰی الا ان یکون میتة فی اللفظین۔ قراء تان تکون بالتانیث لابن کثیر وابن عامر وحمزة و بالتذکیر للباقین ومیتة بالرفع لابن عامر وبالنصب للباقین قولہ تعالٰی تذکرون۔ فیہ قراء تان الاولی بتخفیف الذال لحفص وحمزة والکسائی والثانیة بالتشدید للباقین قولہ تعالٰی وان ھذا فیہ ثلث قراء ات الاولی بفتح الھمزة و تخفیف النون لابن عامر والثانیة بالکسر والتشدید لحمزة والکسائی والثالثة بالفتح والتشدید للباقین قولہ تعالٰی ان تاتیھم الملٰئکة۔ فیہ قراء تان الاولی بالیاء علی التذکیر لحمزة والکسائی والثانیة بالتاء علی التانیث للباقین۔ قولہ تعالٰی فرقوا۔ فیہ قراء تان الاولٰی بتخفیف الراء والف قبلھا لحمزة والکسائی والثانیة بتشدیدھا ولا الف قبلھا للباقین قولہ تعالٰی قیما فیہ قراء تان الاولی بفتح القاف وکسر الیاء مشددة لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة بکسر القاف وفتح الیاء مخففة للباقین۔

القرآن الحکیم

تفسیر بیان القرآن (مکمل)

جلد دوم

سورۃ الاعراف تا سورۃ النور

مولانا محمد اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ رحمانیہ

اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

www.besturdubooks.net

القرآن الحکیم

تفسیرِ بیان القرآن (مکمل)

مع اردو ترجمہ مسائل السلوک

ومع عربی وجوہ المثانی مع توجیہ الکلمات والمعانی

لکل از تصانیف حضرت حکیم الامت ماہر العلوم قرآنیہ رأس المفسرین صاحب الشریعہ والطریقہ

مولانا محمد اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

جلد دوم

سُورَۃُ الاَعْرَاف تا سُورَۃُ النُّور

تسہیلِ ترجمہ

مولانا سید انظر شاہ کشمیری

خلف الرشید علامہ سید انور شاہ کشمیریؒ

تخریج

مولانا حافظ محبوب احمد خان صاحب

مدرس مدرسہ رحمۃ للعالمین وفیض روڈ لاہور

تفسیر بیان القرآن اور اس کے متعلقہ تمام رسائل کی کمپوزنگ اس قدیم نسخے کو سامنے رکھ کر کی گئی ہے جو حکیم الامتؒ کا نظر فرمودہ ہے اس پر حکیم الامتؒ کی تصدیق (دستخط) بھی موجود ہیں اس کے علاوہ مولانا شبیر علی صاحب کے اضافے جات بھی شامل ہیں۔ یہ نسخہ ۱۹۵۳ء میں اشرف المطابع تھانہ بھون سے شائع ہوا تھا اس نسخے کا عکس بھی جلد اول کی ابتداء میں لگا دیا گیا ہے۔

مکتبہ رحمانیہ

اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

فون: 042-7224228-7221395

www.besturdubooks.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مکتبہ رحمانیہ

نام کتاب: .... تفسیر بیان القرآن (مکمل) (جلد دوم)

مؤلف: .... مولانا محمد اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

ناشر: .... مکتبہ رحمانیہ

مطبع: .... لٹل سٹار پرنٹرز لاہور

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔ (ادارہ)

www.besturdubooks.net

فہرست

مضامین تفسیریہ و منصوصہ قرآنیہ (مکمل)

سورۃ الاعراف ۷

حقیقت و وجوب اتباع قرآن مجید: ---------- ۱۲
ترہیب بر انکارِ حق: ---------- "
ترغیب بر اطاعت بذکر بعض نعم مع دلالت بقصہ ابلیس بر وخامت معصیت: ---------- ۱۴
تتمہ قصہ: ---------- "
تتمہ قصہ: ---------- "
تتمہ: ---------- ۱۷
تفسیر: تحذیر از اضلال ابلیس عموماً و خصوصاً: ---------- ۲۰
حکایت عہد قدیم با طاعت رب کریم و بیان نعیم و جحیم: ---------- ۲۴
تفصیل سزائے مکذبین: ---------- "
مکالمات اہل جنت و اہل اعراف و اہل نار: ---------- ۲۶
اثبات توحید و قدرت و مثال بعث و مثال منتفع بقرآن ---------- ۲۹
قصہ اول حضرت نوح علیہ السلام با قوم او ---------- ۳۲
قصہ دوم حضرت ہود علیہ السلام با قوم او ---------- ۳۴
تفسیر: قصہ سوم حضرت صالح علیہ السلام با قوم او: ---------- ۳۶
تفسیر: قصہ چہارم حضرت لوط علیہ السلام با قوم او: ---------- ۳۸

پارہ ۹:

تفسیر قصہ پنجم شعیب علیہ السلام با قوم او ---------- ۴۱
تفسیر بیان اجمالی حالت کفار سابقین برائے عبرت کفار لاحقین ---------- ۴۳
تفسیر قصہ ششم حضرت موسیٰ علیہ السلام با سبطیان و قبطیان ---------- ۴۶
تفسیر قصہ مقابلہ سحرہ با موسیٰ علیہ السلام ---------- ۴۷
تفسیر بداندیشی قبطیاں با سبطیان و تحزن ایشاں از و و تسلیہ موسیٰ علیہ السلام ایشاں را ---------- ۵۰
تفسیر تسلیط بلیات بر قبطیاں باز اہلاک ایشاں ---------- ۵۱
تفسیر بیان انجاز وعدہ ---------- ۵۴
عطائے توریت و مکالمات حق تعالیٰ با موسیٰ علیہ السلام ---------- ۵۵
تفسیر قصہ اتخاذ عجل و عاقبت آں ---------- ۵۸
تفسیر بردن موسیٰ علیہ السلام ہفتاد کس را بر طور و ماجرائے ایشاں ---------- ۶۰
تفسیر حصر فلاح و نجات در اتباع محمدی بدورۂ اخیرہ و مدح متبعین ---------- ۶۲
تفسیر بعض نعم مختصہ بنی اسرائیل ---------- ۶۳
بعض نقم نازلہ بر بنی اسرائیل ---------- "
تفسیر قصہ مسخ اہل سبت ---------- ۶۴
تفسیر تفصیل حالت سلف و خلف و صالح و طالح یہود ---------- ۶۶
قصہ رفع طور بر سر یہود اہل شرور ---------- "
تفسیر ذکر میثاق الست ---------- ۶۸
مثال تارک حق بعد وضوح آں ---------- ۶۹
تفسیر تسلیہ رسول اللہ ﷺ در معاملہ مخالفین حق ---------- ۷۰
توحید: ---------- "
ذکر مؤمنین ---------- ۷۱
تفسیر جواب عدم وقوع عذاب در دنیا ---------- ۷۲
بحث رسالت ---------- "
توحید و تذکیر موت ---------- "
تکریر تسلیہ رسول اللہ ﷺ ---------- ۷۳
بحث قیامت ---------- "
انتفائے علم غیب از نبی ﷺ ---------- "
تفسیر بحث اثبات توحید و ابطال شرک ---------- ۷۵
تفسیر امر بملاطفت و استعاذہ و تاکید آں بانقطاع کلی ---------- ۷۸
جواب شبہ شاں بر رسالت ---------- "
امر بدوام ذکر اللہ ---------- ۷۹
ترغیب طاعات بذکر طاعات ملائکہ مقربین ---------- ۸۰

سورۃ الانفال ۸

حکم انفال و امر و فضل بعضے اعمال ---------- ۸۲

www.besturdubooks.net

تفسیر: انعام اول ---- ۸۳
انعام ثالث ---- ۸۴
تفسیر: انعام رابع ---- ۸۵
انعام خامس ---- ۸۶
انتقام بودن واقعہ مذکورہ از کفار ---- "
تحریم فرار از جہاد ---- "
تفسیر: علت بودن قدرت حق وحکمت بودن در قدرت خلق تذکیر بعض قم کفار را ---- "
تفسیر: ترغیب اطاعت وترہیب معصیت ---- ۸۹
دوم تا پنجم ---- ۹۱
تفصیل ذمائم کفار واستحقاق شان عذاب را ---- ۹۳

پارہ: ۱۰

تفسیر: حکم غنائم ---- ۹۶
حکایت وحکمت متضمنہ نعمت در بعض واقعات بدر ---- ۹۷
انعام سادس تا ثامن ---- "
تفسیر: تعلیم بعضے آداب قتال ---- ۹۹
ضعف کید شیطان ---- "
ترکت وقوت توکل علی اللہ ---- "
تفسیر: عقوبت کفار وعلت آں ---- ۱۰۱
تفسیر: احوال واحکام قتال بعض اہل کتاب ---- ۱۰۲
عدم تحصن کفار از دست قہار ---- "
امر بہ تہیہ قتال ---- "
تفسیر: اذن قبول صلح ووعدۂ حفاظت از شر کفار ---- ۱۰۴
قانون قرار وفرار در قتال کفار ---- ۱۰۵
تفسیر: حکم اساری بدر ---- ۱۰۶
وعدہ مسلمین اساریٰ بنعم دارین بشرط اخلاص ---- "

سُورَةُ التَّوْبَة (۹)

فوائد ضروریہ متعلقہ سورت ہذا ---- ۱۱۲
فائدہ دوم: ---- "
فائدہ سوم: ---- "
فائدہ چہارم: ---- ۱۱۳
فائدہ پنجم: ---- ۱۱۴

تفسیر: حکم جماعت سوم وچہارم ---- ۱۱۵
تتمہ حکم جماعت اول متعلق براءت: ---- "
حکم مشترک کل جماعات ---- "
تنبیہات متعلقہ تفسیر آیات بالا: ---- ۱۱۶
تفسیر: حکم جماعت اول متعلق فتح مکہ: ---- ۱۱۸
تفسیر: جواب افتخار مشرکین مع رفع اختلاف مؤمنین در باب تفاضل بعضے اعمال ---- ۱۲۰
تفسیر: ذم ایثار تعلقات دنیویہ بر تعلقات اخرویہ ---- ۱۲۲
تتمہ اعلان براءت وتسلیہ مؤمنین ---- ۱۲۳
تفسیر: حکم قتال اہل کتاب ---- ۱۲۵
کفریات قولیہ وفعلیہ اہل کتاب ---- ۱۲۶
تفسیر: حرص وطمع احبار ورہبان ---- ۱۲۸
تفسیر: قصہ غزوۂ تبوک ---- ۱۳۱
ملامت بر کسل وترہیب بر ترک غزوۂ تبوک ---- "
عدم توقف منصوریت رسول اللہ ﷺ بر ناصریت کے بضمن قصہ ہجرت ---- ۱۳۲
تفسیر: امر بغزوہ وترغیب ---- ۱۳۳
احوال واقوال منافقین متخلفین ---- "
عدم اولویت اذن بایشاں ومبنی بر نفاق بودن باستیذان ایشاں ---- "
تفسیر: قرینہ بطلان عذر وحکمت تخلف وتائید مفسد بودن منافقین ---- ۱۳۵
بعض اقوال خاصہ منافقین ---- "
مقبول نبودن نفقات منافقین ---- ۱۳۷
بعض اقوال خاصہ دیگر منافقین ---- ۱۳۸
مستحقین صدقات ---- ۱۳۹
بعض احوال واقوال خاصہ دیگر منافقین ---- ۱۴۰
حلف کاذب منافقین بغرض فاسد ---- ۱۴۱
استہزاء واعتذار باطل منافقین ---- ۱۴۳
تشابہ فی الذم مع وعید منافقین ---- "
مدح وبشارت مؤمنین ---- ۱۴۵
امر بجہاد کفار ومنافقین ---- "
تائید امر جہاد وتاکید مضامین سابقہ بیان بعضے احوال منافقین ---- "
آیت وتفسیر ---- "
عدم نفع استغفار نبی مرمنافقین را ---- ۱۴۸
بعضے از حال ومآل متخلفین ---- ۱۴۹

www.besturdubooks.net

تفسیر: معاملہ با منافقین بعد موت ایشاں ---- ۱۵۰
استمرار عادت منافقین در تخلف و مدح مؤمنین ---- ۱۵۱
تفسیر: حال اعراب منافقین ---- ۱۵۲
قبول اعذار صحیحہ و تاکید آں ---- ۱۵۳

پارہ: ۱۱

تفسیر: اخبار از عذر منافقین و معاملہ در نشاتین ---- ۱۵۴
ذم منافقین و مدح مخلصین از اعراب ---- ۱۵۵
فضیلت مہاجرین و انصار و اتباع شان ---- ۱۵۶
ذکر منافقین غیر معلوم النفاق ---- ۱۵۷
ذکر مؤمنین متخلفین ---- ۱۵۸
ذکر مسجد ضرار ---- ۱۶۰
فضل مجاہدین عموماً و کاملین خصوصاً ---- ۱۶۲
نہی از استغفار برائے مشرکین مع جواب شبہ متعلقہ آں ---- ۱۶۳
تسلیہ مؤمنین متعلق نہی مذکور و اوصاف باری تعالیٰ بتاکید تسلیہ و نہی ---- ۱۶۵
مقبولیت مجاہدین و تائبین در تبوک ---- "
امر بتقویٰ و صدق ---- ۱۶۶
ملامت متخلفین بضمن فضیلت مجاہدین ---- ۱۶۷
تفسیر: فرض کفایہ بودن نفیر برائے جہاد ---- ۱۶۸
ترتیب جہاد: ---- "
ذکر تمسخر منافقین بآیات منزلہ و تنفر شاں از آنہا مع جواب و عتاب ---- ۱۶۹

سورۃ یونس ۱۰

حقیقت قرآن و رسالت ---- ۱۷۱
حقیقت توحید ---- ۱۷۳
حقیقت معاد ---- "
عود بتوحید ---- "
عود بمعاد ---- "
جواب شبہ از عدم وقوع عذاب عاجل ---- ۱۷۵
تزییف طریقہ مشرکین ---- ۱۷۴
تہدید کفار بذکر اہلاک سابقین اجمالاً ---- ۱۷۵
حقیقت قرآن و رسالت ---- ۱۷۶
عود بمسئلہ رسالت ---- ۱۷۹
علت اعتراض و اعراض کفار ---- "
توحید و مزید وعید: ---- "
فنائے دنیا و بقائے جزا و سزائے عقبیٰ ---- ۱۸۰
تبری معبودین از عابدین در قیامت ---- "
احقاق توحید و ابطال شرک ---- ۱۸۲
حقیقت قرآن ---- ۱۸۴
تبریہ و تسلیہ رسول اللہ ﷺ ---- "
تفسیر: تحقیق معاد و جواب شبہات کفار متعلق آں ---- ۱۸۶
حقیقت و فضیلت قرآن و استمالت مخاطبین بدو ---- ۱۸۸
تقبیح بعض رسوم شرک ---- ۱۸۹
تفسیر: تسلی رسول اللہ ﷺ بہ بیان علم و قدرت و حفاظت الٰہیہ ---- ۱۹۰
توحید ---- ۱۹۱
قصہ نوح علیہ السلام با قوم او ---- ۱۹۲
اجمال قصہ عاد و ثمود و غیرہم ---- ۱۹۴
قصہ موسیٰ علیہ السلام با فرعون ---- "
تتمہ قصہ موسویہ ---- ۱۹۶
تتمہ قصہ موسویہ ---- "
تتمہ قصہ موسویہ ---- ۱۹۸
حکایت نعمت و ردود شکایت معصیت یہود ---- "
تسلیہ رسول ﷺ بہ بیان دوران ہدایت بر مشیت ---- ۲۰۰
مکلف و معذب شدن معاندین ---- ۲۰۱
بیان توحید رکن اعظم اسلام ---- ۲۰۲
اقامت حجت بعد اتمام دعوت ---- "

سورۃ ہود ۱۱

توحید و رسالت و متعلقات آں ---- ۲۰۵
بحث بعث ---- ۲۰۷
بیان بعض خواص بشریہ در باب منن و محن ---- "

پارہ: ۱۲

بحث رسالت و بیان توحید ---- ۲۰۸
ابطال زعم کفار استحقاق ثواب را بر اعمال خود ---- ۲۰۹
تصدیق مؤمنین مر قرآن ثابت بالدلیل را و وعید مکذبین ---- ۲۱۱
تفصیل انجام مکذبین و مصدقین ---- "
قصہ حضرت نوح علیہ السلام با قوم او ---- ۲۱۳

www.besturdubooks.net

جواب محاجہ کفار مکہ ---------- ۲۱۶
تفسیر: ظاہر ہے۔ قصہ فروشدن طوفان ---------- ۲۱۹
دعائے نوح علیہ السلام وجواب باری تعالیٰ ---------- ۲۱۹
خاتمہ قصہ ---------- ۲۲۰
بعضے فوائد قصہ مذکورہ ---------- ۲۲۰
قصہ عاد قوم ہود علیہ السلام ---------- ۲۲۲
قصہ ثمود قوم صالح علیہ السلام ---------- ۲۲۴
تفسیر: قصہ حضرت لوط علیہ السلام وقوم او کہ بمنزلہ تتمہ قصہ سابقہ است --- ۲۲۸
تفسیر لط: ظاہر ہے۔ قصہ شعیب علیہ السلام با اہل مدین ---------- ۲۳۰
تذکیر عواقب دنیویہ کفر ---------- ۲۳۳
تفسیر: تذکیر عواقب اُخرویہ کفر عود بمضامین تسلیہ وحکمت تاخیر عذاب وتیقن
وقوع آں بوقت خود وترغیب امتثال اوامر: ---------- ۲۳۶
سبب قریب وبعید ہلاک امم سابقہ ---------- ۲۳۷
خاتمہ کلام با الد الخصام ---------- ۲۳۸

سورۃ یوسف ۱۲

حقیت قرآن وتمہید قصہ ---------- ۲۴۱
آغاز قصہ وخواب گفتن یوسف علیہ السلام وجواب دادن یعقوب علیہ السلام ----------
تفسیر: معاملہ اخوان یوسف علیہ السلام با او ---------- ۲۴۳
تفسیر: قصہ یوسف علیہ السلام بازن عزیز ---------- ۲۴۶
تفسیر: قصہ قاطعات ید با یوسف علیہ السلام وسجن او ---------- ۲۴۹
تفسیر: قصہ یوسف علیہ السلام باساقی ونانبائے شاہی در سجن ---------- ۲۵۲
تفسیر: قصہ تعبیر یوسف علیہ السلام رؤیا ملک مصر ---------- ۲۵۳

پارہ: ۱۳

تفسیر: قصہ ملاقات ومکالمت یوسف علیہ السلام با ملک مصر ---------- ۲۵۶
تفسیر: ظہور قحط وبار اول آمدن برادران یوسف علیہ السلام وبازگشتن -- ۲۵۹
تفسیر: بار دوم آمدن برادرانِ یوسف علیہ السلام ---------- ۲۶۲
تفسیر: بازگشتن برادرانِ یوسف از سفر دوم ---------- ۲۶۵
تفسیر: بار سوم آمدن برادرانِ یوسف علیہ السلام بامر یعقوب علیہ السلام تجسس یوسف
علیہ السلام وبنیامین ---------- ۲۶۸
تفسیر: بازگشتن برادرانِ یوسف علیہ السلام از سفر سوم وبشارت بردن - ۲۶۹
تفسیر: بار چہارم آمدن برادرانِ یوسف علیہ السلام مع والدین واہل
خود ---------- ۲۷۰
ختم قصہ بردعائے یوسف علیہ السلام برائے ختم بالخیر ---------- ۲۷۱
تفسیر: بحث رسالت وتوحید وتسلیہ حضور وعید منکرین وحقیت
قرآن ---------- ۲۷۳

سورۃ الرعد ۱۳

حقیت قرآن ---------- ۲۷۶
توحید ---------- ۲۷۷
جواب مطاعن بر نبوت: ---------- ۲۷۸
عود بسوئے توحید ---------- ۲۸۰
مثال حق وباطل ---------- ۲۸۲
بعضے صفات وعواقب محقین ومبطلین ---------- ۲۸۳
جواب شبہ عدم مبغوضیت کفار از وسعت رزق ---------- ۲۸۵
عود بہ مبحث نبوت ---------- ۲۸۵
تقبیح شرک واہل آں ---------- ۲۸۷
سزائے مشرکین وجزائے مؤمنین ---------- ۲۸۸
کلام با اہل کتاب متعلق نبوت ---------- "
کلام در منکرین نبوت از غیر اہل کتاب ---------- ۲۹۰

سورۃ ابراہیم ۱۴

بحث رسالت ---------- ۲۹۲
تفسیر: ذکر موسیٰ علیہ السلام ---------- ۲۹۴
ذکر معاملات بعض دیگر رسل با قوم ایشاں ---------- ۲۹۶
تفسیر: انسداد جمیع طرق محتملہ نجات کفار ---------- ۲۹۸
ثواب مؤمنین ---------- ۳۰۱
فضل کلمۂ توحید وشناعت کلمۂ شرک بیان مثال واثر ---------- ۳۰۲
مذمت کفار ومشرکین ومدح مؤمنین ---------- ۳۰۴
اثبات توحید وتعداد بعض نعم ---------- "
قصہ ابراہیم علیہ السلام بتقریر توحید حق وانعام ---------- ۳۰۵
دوسری دعا: ---------- ۳۰۶
تیسری تا پانچویں دعا ---------- ۳۰۷
خاتمہ مشتمل بر خلاصہ تمام سورت مع مدح قرآن ---------- ۳۰۸
ضمیمہ از روح المعانی ---------- ۳۰۹

سورۃ الحجر ۱۵

www.besturdubooks.net

پارہ: ۱۴

حقیت قرآن ---- ۳۱۲
بیان عذاب وحسرت کفار ---- "
بحث رسالت ---- "
بیان توحید ---- ۳۱۴
تفسیر: قصہ آدم علیہ السلام مشتمل بر توحید وانعام ووخامت کفر ---- ۳۱۶
نعیم اہل جنان ---- ۳۱۸
تاکید وعدہ ووعید سابق ---- "
اہلاک مجرمین وانجائے مؤمنین از قوم لوط ---- ۳۲۰
تفسیر: قصہ اصحاب ایکہ ---- ۳۲۳
قصہ اصحاب حجر ---- "
تسلیہ رسول اللہ ﷺ بابلغ وجوہ بر عناد کفار ---- "

سورۃ النحل (۱۶)

تمہید توحید بوعید ---- ۳۲۷
اثبات توحید بدلیل نقلی ---- "
اثبات توحید بطریق عقلی متضمن ذکر نعم ---- "
جملہ معترضہ برائے تبیین اثر دلائل مذکورہ ---- ۳۲۹
بقیہ دلائل مفیدۂ توحید ونعم ---- "
ابطال اشراک وذم مشرکین ---- ۳۳۰
بیان اضلال مشرکین مع وعید ---- ۳۳۲
وعید بر اصرار کفار ---- ۳۳۴
تفسیر: رد دعوی کفار مر اثبات حقیت طریقہ خود ونفی قیامت رامع
تسلیہ ---- ۳۳۵
تبشیر مہاجرین ---- ۳۳۶
جواب شبہ کفار متعلق رسالت ---- ۳۳۸
وعید کفار باحتمال عذاب دنیوی ---- "
عود بسوئے توحید ---- ۳۳۹
امہال ظالمین تا وقت موعود ---- ۳۴۱
ذم دعوی اہل شرک باوجود منافی ---- ۳۴۲
تسلیہ رسول اللہ ﷺ ---- "
عود بتوحید متضمن انعامات ---- "
بقیہ مضمون سابق ---- ۳۴۵
تتمہ سابق ---- ۳۴۷
وعید کفار بر کفر ---- ۳۴۹
وعید متضمن رسالت وفضل قرآن ---- "
امر بایفائے عہد ---- ۳۵۱
تفسیر: فضیلت اعمال خیر ---- ۳۵۳
حفاظت از دواعی اعمال شر ---- "
جواب شبہات بر نبوت مع تہدید ---- "
وعید مرتدین واستثنائے مکرہین ---- ۳۵۵
سقوط کفر باثر ایمان ---- "
بعض آفات کفر در دنیا گو غیر لازم باشد ---- ۳۵۶
نہی از بعض رسوم شرکیہ ---- ۳۵۸
سقوط عمل سوء بتوبہ ---- "
تحقیق فضیلت ملت ابراہیمیہ برائے ترغیب اتباع ملت محمدیہ موافقہ باو ---- ۳۵۹
آداب تبلیغ احکام رخصت وعزیمت در انتقام ---- ۳۶۰

پارہ ۱۵

سورۃ بنی اسرائیل (۱۷)

قصہ اجمالی معراج ---- ۳۶۲
تنبیہ اول تا تنبیہ پانزدہم ---- ۳۶۴
تحقیقات ---- ۳۶۵
دفع اشکالات ---- ۳۶۶
تقویت توحید ورسالت مع ترغیب اطاعت بطرز بلیغ ---- ۳۶۷
ترہیب از مخالفت ومعصیت ---- "
واقعہ اول تا واقعہ ششم ---- ۳۶۸
تفسیر آیات ---- "
مدح قرآن دال بر توحید ورسالت ---- ۳۷۰
استحقاق عذاب عصیان رسل ---- ۳۷۲
اشتراط نیت آخرت وایمان برائے قبول اعمال مع تحقیر دنیا وتفضیل
آخرت ---- ۳۷۳
حکم اول ..... توحید ---- ۳۷۴
حکم دوم ..... ادائے حقوق ابوین ---- "
حکم سوم ادائے حقوق دیگر اہل حق ---- ۳۷۵
حکم چہارم نہی از تبذیر ---- "

www.besturdubooks.net

حکم پنجم رد جمیل ---------- "

حکم ششم: اقتصاد در انفاق ---------- "

تفسیر: حکم ہفتم نہی از قتل اولاد ---------- ۳۷۷

حکم ہشتم نہی از زنا ---------- "

حکم نہم نہی از مطلق قتل ناحق ---------- "

حکم دہم نہی از تصرف ناحق در مال یتیم ---------- "

حکم یازدہم امر بوفائے عہد ---------- "

حکم دوازدہم و سیزدہم امر بایفائے کیل و وزن ---------- "

حکم چہاردہم نہی از اتباع غیر دلیل ---------- "

تفسیر: حکم پانزدہم نہی از مرح ---------- "

قبح منہیات مذکورہ ---------- ۳۷۸

ختم احکام مذکورہ بر مدح آں تکرار توحید ---------- ۳۷۹

تاکید توحید: ---------- "

کلام با منکرین بعث ---------- ۳۸۱

تعلیم ترک خشونت در محاجۂ کفار ---------- "

اثبات رسالت و فضیلت رسول اللہ ﷺ ---------- ۳۸۳

عود بابطال شرک ---------- "

ترہیب کفار از ہلاک و عذاب ---------- ۳۸۴

تفسیر: حکمت عدم وقوع بعض مقترحات کفار ---------- ۵۸۵

تفسیر: قصۂ آدم علیہ السلام و ابلیس ---------- ۳۸۷

عود بسوئے توحید ---------- "

ذکر بعض انعامات بغرض توحید ---------- ۳۸۸

بعض واقعات قیامت ---------- ۳۸۹

اوامر و مواعید اخبار خاصہ متعلقہ حزن نبوی ---------- ۳۹۲

اعمال جاہلین خصوصاً و احوال عاملین عموماً ---------- ۳۹۳

جواب سوال ---------- ۳۹۴

امتنان ببقاء وحی ---------- ۳۹۴

اعجاز قرآن ---------- "

ضلالت کفار باوجود ہدایت تامہ قرآن ---------- "

جواب اقتراح معاندین ---------- ۳۹۶

جواب بعض شبہات متعلقہ رسالت ---------- "

موکول نبودن عطائے نبوت بعباد ---------- ۳۹۷

تحقیق رسالت ---------- ۳۹۹

تحقیق و تعلیم توحید ---------- ۴۰۰

لطیفہ اول و دوم ---------- ۴۰۱

سورۃ الکہف (۱۸)

رسالت و مابہ الرسالت و تسلیہ صاحب رسالت ---------- ۴۰۲

تمہید قصہ اصحاب کہف ---------- ۴۰۴

اجمال قصہ اصحاب کہف ---------- "

تفصیل قصہ اصحاب کہف ---------- ۴۰۵

تفسیر: بقیہ قصہ مذکورہ ---------- ۴۰۷

تعلیم مکالمات در مخاصمات ---------- ۴۱۰

بعض آداب تبلیغ ---------- ۴۱۴

قصہ در بیان تذلیل مال و تفضیل اعمال ---------- ۴۱۶

فنائے دنیا و بقائے عقبیٰ و ہول قیامت ---------- ۴۱۹

بیان کفریات و عقوبات منکرین ---------- ۴۲۱

قصہ موسیٰ علیہ السلام با خضر ---------- ۴۲۳

پارہ: ۱۶

تفسیر: تتمہ قصہ ---------- ۴۲۵

تفسیر: تتمہ قصہ ---------- ۴۲۸

قصہ ذوالقرنین ---------- "

سفر اول: ---------- "

تفسیر: سفر دوم ---------- ۴۳۱

سفر سوم ---------- "

بیان فناء و بقاء و جزاء یوم لقاء ---------- ۴۳۳

سورۃ مریم (۱۹)

قصہ اول حضرت زکریا و حضرت یحییٰ علیہما السلام ---------- ۴۳۷

تفسیر: قصۂ دوم حضرت عیسیٰ و مریم علیہما السلام ---------- ۴۳۹

تفسیر: تتمہ قصہ متضمن حمل و تولد ---------- ۴۴۰

تفسیر: تتمہ قصہ متضمن ملامت قوم و جواب عیسیٰ علیہ السلام ---------- ۴۴۲

تفریع توحید و تفریع کا فرعید ---------- ۴۴۴

تفسیر: قصہ سوم حضرت ابراہیم علیہ السلام ---------- ۴۴۵

تفسیر: تتمہ قصہ ---------- ۴۴۶

تفسیر: قصۂ چہارم حضرت موسیٰ علیہ السلام ---------- ۴۴۷

حال و مآل اہل وفاق و اہل شقاق ---------- ۴۴۹

www.besturdubooks.net

تفسیر: محکوم و مربوب بودن ملائکہ و تمامی خلائق مرحق تعالیٰ را و تفریع وجوب
عبادت بر آں ۴۵۰
تفصیل حال و معاد اہل ضلال و اہل ارشاد ۴۵۱
رد بعض اقوال منکرین ۴۵۲
" "
رد بعض دیگر اقوال منکرین ۴۵۳
بیان تسبب ضلال و وبال ضلال و وقت وبال منکرین بغرض تسلیہ رسول امین ﷺ
۴۵۵
ابطال و مآل عقیدہ اتخاذ ولد ۴۵۵
تبشیر اہل ایمان و انذار اہل طغیان و بودن او اعظم مقاصد قرآن "

سورۃ طٰہٰ ۲۰

تفسیر: تقریر رسالت و توحید ۴۵۷
بسط قصہ موسیٰ علیہ السلام ۴۵۸
تفسیر: تقریر رسالت و توحید "
بسط قصہ موسیٰ علیہ السلام ۴۵۸
تقبیح احوال و اقوال کفار و تسلیہ سید الابرار صلی اللہ علیہ وسلم ۴۷۹

پارہ ۱۷

سورۃ الانبیاء ۲۱

تشنیع بر غفلت و جہالت و انکار رسالت ۴۸۳
چیزے از تفصیل اہلاک مخالفین انبیاء ۴۸۴
تحقیق توحید ۴۸۶
تفصیل بعضے از دلائل قدرت ۴۸۸
تتمہ مضمون تشنیع بر انکار رسول و تفریع بعذاب مہول ۴۹۰
قصہ عطائے کتاب بموسیٰ و ہارون علیہما السلام ۴۹۳
قصہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ۴۹۴
قصہ نوح علیہ السلام "
تفسیر: قصہ حضرت لوط علیہ السلام ۴۹۷
تفسیر: قصہ داؤد و سلیمان علیہما السلام ۴۹۸
تفسیر: قصہ ایوب علیہ السلام ۵۰۰
قصہ اسماعیل و ادریس و ذا الکفل علیہم السلام "

قصہ حضرت یونس علیہ السلام "
تفسیر: قصہ زکریا علیہ السلام ۵۰۲
قصہ حضرت عیسیٰ و مریم علیہما السلام "
توحید مع ذکر معاد برائے تاکید ۵۰۳
خاتمہ سورت متضمن تلخیص مضامین توحید و نبوت و وعید اہل شقوت ۵۰۶

سورۃ الحج ۲۲

امر بالتقویٰ و تاکید او بذکر احوال قیامت ۵۰۸
رد بر منکرین بعث وغیرہ ۵۱۰
تفسیر: ذم منافقین و مرتدین از مذبذبین ۵۱۲
فضل مؤمنین ۵۱۳
خبث آمال کفار بدسگال ۵۱۳
فاعل بودن حق تعالیٰ مرتنزیل را و ہدایت سبیل را ۵۱۴
بیان فیصلہ محقین و مبطلین در قیامت "
تعظیم امر انقیاد و تذمیم اختلاف عناد "
تفصیل فیصلہ فرق مذکورہ "
ذم کفار لئام بر منع اہل اسلام از مسجد حرام و بیان بعض احکام متعلقہ آں مقام و آں
ایام ۵۱۷
تتمہ سابق ۵۱۸
تفسیر: ایضاً تتمہ سابق ۵۲۰
تفسیر: ایضاً تتمہ سابق ۵۲۲
وعدہ نصرت مؤمنین و وعید خذلان مشرکین ۵۲۳
اذن جہاد مع مضامین متعلقہ آں ۵۲۴
تسلیہ رسول و جواب شبہات کفار جہول ۵۲۶
افنائے باطل و ابقاء حق و جزا و سزائے اہل ہر دو ۵۲۸
بشارت مہاجرین بنعمائے آخرت ۵۲۹
وعدۂ نصرت بر عدوان بعد انتقام "
بیان قدرت و عظمت و نعمت حق تعالیٰ ۵۳۱
زجر مشرکین در اعتراض بر ذبائح ۵۳۱
رد شرک و ذم شرک "
تحقیق مسئلۂ رسالت ۵۳۳
امر بالقیام علی حقیقۃ الاسلام ۵۳۴

www.besturdubooks.net

پارہ: ۱۸

سورۃ المؤمنون ۲۳

فضیلت بعض اہم عبادات ---------- ۵۳۷
فائدہ اول تا ہفتم ---------- ۵۳۸
استدلال بر صفات کمال قادر ذوالجلال ---------- ۵۳۹
قصہ نوح علیہ السلام و قوم او ---------- ۵۴۲
تفسیر: قصہ عاد یا ثمود ---------- ۵۴۳
تفسیر: قصہ بعض دیگر امم اجمالاً ---------- ۵۴۴
بشارت مطیعین بخیر ابدی ---------- ۵۴۷
اعمال و احوال و مآل و ابطال اقوال اہل ضلال ---------- ۵۴۹
استدلال بر عظمت قدرت و صحت بعث ---------- ۵۵۲
تہویل عذاب و بیل و امر بصبر جمیل: ---------- ۵۵۴
ذکر معاد و احوال و اہوال او ---------- "
فائدہ اول تا فائدہ پانزدہم ---------- ۵۵۶
ذکر صفات ذوالجلال والاکرام مع وعید مشرکین لئام و تعلیم استغفار و استرحام "

سورۃ النور ۲۴

تمہید اجمالی مضامین سورت ---------- ۵۵۹
حکم اول حد زنا ---------- ۵۶۰
حکم دوم نکاح زوانی ---------- ۵۶۰
تفسیر: حکم سوم حد قذف ---------- ۵۶۲
تفسیر: تبریہ صدیقہ ا فک و فضیحت مؤمن و فضیحت منافق ---------- ۵۶۶
ترجمہ و تفسیر: ---------- "
تفسیر: حکم پنجم استیذان ---------- ۵۷۱
تفسیر: حکم ششم غض ابصار و استتار ---------- ۵۷۳
تفسیر: حکم ہفتم نکاح و انکاح و حکم ہشتم صبر بر عجز از نکاح ---------- ۵۷۶
حکم نہم کتابت مملوک و اعانت او ---------- ۵۷۷
حکم دہم نہی اکراہ علی الزنا ---------- ۵۷۷
فائدہ متعلقہ جمیع احکام عشرہ مذکورہ ---------- ۵۷۸
امتنان بنزول ہدایت نامہ ---------- ۵۸۰
آیت نور در تمثیل ہدایت و فجور و تفصیل حال مؤمن و کفور ---------- "
تفسیر: دلائل توحید والوہیت ---------- ۵۸۴
امتنان بتنزیل علم و توفیق عمل ---------- ۵۸۶
بیان بعضے از مہتدین و غیر مہتدین ---------- "
ترتب بعضے مواعید دنیا و آخرت بر اطاعت و معصیت ---------- ۵۸۹
حکم یازدہم استیذان و حکم دوازدہم مبالغہ در تستر تتمہ حکم پنجم و ششم ---------- ۵۹۰
آیت مع ترجمہ و تفسیر حکم یازدہم ---------- ۵۹۱
حکم دوازدہم ---------- "
حکم چہارم امر بسلام بر اہل بیوت ---------- ۵۹۴
وجوہ الثانی ---------- ۵۹۸

سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ

سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ ۷ مَكِّيَّةٌ ۳۹ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۲۰۶ | رُكُوْعَاتُهَا ۲۴

سورۂ اعراف مکہ میں نازل ہوئی — شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والے ہیں — اور اس کی دو سو چھ آیتیں اور چوبیس رکوع ہیں

الٓمّٓصٓ ﴿۱﴾ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾ اِتَّبِعُوْا مَآ
اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳﴾ وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا
بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ قَآئِلُوْنَ ﴿۴﴾ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵﴾ فَلَنَسْئَلَنَّ
الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْئَلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۶﴾ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ﴿۷﴾ وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ
الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ﴿۹﴾

یہ ایک کتاب ہے جو آپ کے پاس اس لئے بھیجی گئی ہے کہ آپ اس کے ذریعہ سے ڈرائیں سو آپ کے دل میں اس سے بالکل تنگی نہ ہونا چاہئے اور یہ نصیحت ہے ایمان والوں کے لئے تم لوگ اس کا اتباع کرو جو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے آئی ہے اور خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر دوسرے رفیقوں کا اتباع مت کرو۔ تم لوگ کم ہی نصیحت مانتے ہو اور بہت بستیوں کو ہم نے تباہ کر دیا اور ان پر ہمارا عذاب رات کے وقت پہنچا' یا ایسی حالت میں کہ وہ دوپہر کے وقت آرام میں تھے۔ سو جس وقت ان پر عذاب آیا۔ اس وقت ان کے منہ سے بجز اس کے اور کوئی بات نہ نکلی تھی کہ واقعی ہم ظالم تھے۔ پھر ہم ان لوگوں سے ضرور پوچھیں گے۔ جن کے پاس پیغمبر بھیجے گئے تھے اور پیغمبروں سے ضرور پوچھیں گے۔ پھر ہم چونکہ پوری خبر رکھتے ہیں ان کے روبرو بیان کر دیں گے اور ہم کچھ بے خبر نہ تھے اور اس روز وزن بھی واقع ہوگا پھر جس شخص کا پلہ بھاری ہوگا سو ایسے لوگ کامیاب ہوں گے اور جس شخص کا پلہ ہلکا ہوگا سو یہ لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنا نقصان کر لیا بسبب اس کے کہ ہماری آیتوں کی حق تلفی کرتے تھے ۞

تفسیر: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ مکیة وھی ثمان و الاثمانی ایٰت من قوله وَاسْاَلْهُمْ ...... وَاِذْ نَتَقْنَا كذا فی البیضاوی۔ اس سورت کے متعلق تین مناسبتیں لکھی جاتی ہیں ایک مناسبت اس کے اول کو سورت گزشتہ کے اخیر سے جس کی تقریر یہ ہے کہ اس کے اخیر میں قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ الخ میں دین حق کی تعیین فرمائی تھی اور اس کے بعد هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ الخ میں ترغیب و ترہیب باعتبار ثواب و عذاب آخرت کے مذکور تھی اس کے اول میں كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ الخ میں اس دین حق کی تبلیغ کا حکم ہے اور فَلَنَسْئَلَنَّ الَّذِيْنَ الخ میں آخرت کے معاملات سوال و وزن اعمال و جزا و سزا کا بیان ہے پس وہ دونوں مضمون ان دونوں مضمون سے متحد ہو گئے۔ دوسری مناسبت باہم اس سورت کے مجموعہ اجزاء میں اس کی تقریر یہ ہے کہ تمام سورت پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ زیادہ مضامین اس میں معاد اور نبوت کے متعلق ہیں۔ چنانچہ شروع ہی کتاب اُنْزِلَ الخ میں نبوت اور فَلَنَسْئَلَنَّ الخ میں معاد کی تحقیق ہے اور رکوع چہارم کے نصف کے بعد سے رکوع ششم کے ختم تک بالکل معاد کی بحث ہے پھر رکوع ہشتم سے رکوع بست و یکم کے ختم تک انبیاء علیہم السلام کے اور ان کے امم کے ساتھ جو معاملات ہوئے مذکور ہیں یہ سب مسئلے رسالت کے مثبت ہیں کہ رسالت کوئی امر مستغرب قابل انکار نہیں پہلے سے بھی رسول ہوتے آئے ہیں اور ان قصص میں ساتھ ساتھ منکرین رسالت کی سزاؤں کا بھی ذکر چلا آیا ہے تا کہ منکرین موجودین کو عبرت ہو اور رکوع بست و دوم کے نصف سے رکوع بست و سوم

www.besturdubooks.net

کے ختم تک پھر معاد کی بحث ہے صرف رکوع ہفتم وبست ودوم کے شروع میں اور رکوع بست وچہارم جو کہ آخری رکوع ہے اس کے اکثر حصہ میں توحید پر خاص بحث ہے اور رکوع دوم وسوم میں امور حقہ مثل رسالت ومعاد کی تکذیب وانکار کی وجہ کی طرف کہ اغواء ہے اشارہ کرنے کے لئے قصہ عداوت شیطان کا بیان فرما کر اس سے احتیاط وحذر کی تاکید فرمائی ہے اور بقیہ حصہ اقل قلیل سورت کا جو رہ گیا اس میں بعض امور جزئی وفرعی مناسب مقام مذکور ہیں غرض زیادہ کلام معاد اور نبوت میں ہے اور ان دونوں کا مع اپنے متعلقات کے مناسب ہونا معلوم ہے پس اس سے باہم اجزائے سورت میں وجہ ارتباط ظاہر ہوگئی۔ تیسری مناسبت اس سورت کے مجموعہ کو پہلی سورت کے مجموعہ سے سو پہلی سورت کے شروع تمہید میں جو اس کے مباحث کا خلاصہ لکھا گیا ہے اس کو سورت ہذا کے خلاصہ سے ملانے سے وہ بھی ظاہر ہو جاتی ہے کہ اس میں یہ دونوں بحثیں بھی مع بحث توحید اور ان کے منکرین کے ساتھ مکالمہ ومحاجہ تھا اور ان سب کا باہم تعلق ظاہر ہے سو سب سے اول تَذَكَّرُوْنَ تک قرآن کا حق اور واجب الاتباع ہونا بیان فرماتے ہیں پھر وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ سے اس کے انکار ومخالفت پر دنیوی اور اخروی سزا سے ڈراتے ہیں اور شاید مسئلہ رسالت کی تقدیم مسئلہ بعث پر یہاں اس لئے ہو کہ علم بعث علم رسالت پر موقوف ہے **واللہ اعلم باسرار کلامہ**۔

حقیقت ووجوب اتباع قرآن مجید: الٓمّٓصٓ (الی قولہ تعالی) قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۔ الٓمّٓصٓ (اس کے معنی کی تو اللہ ہی کو خبر ہے آگے سے لکھا جاتا ہے) یہ (قرآن) ایک کتاب ہے جو (اللہ کی جانب سے) آپ کے پاس اس لئے بھیجی گئی ہے کہ آپ اس کے ذریعہ سے (لوگوں کو سزائے نافرمانی سے) ڈرائیں۔ سو آپ کے دل میں (اگر کوئی) اس (کو نہ مانے تو اس) سے بالکل تنگ نہ ہونا چاہئے (کیونکہ کسی کے نہ ماننے سے آپ کے انذار میں تو جو کہ اصل غرض ہے خلل نہیں پڑتا پھر آپ کیوں تنگ ہوں) اور یہ (قرآن خصوصیت کے ساتھ) نصیحت ہے ایمان والوں کے لئے (آگے عام امت کو خطاب ہے کہ جب قرآن کا منزل من اللہ ہونا معلوم ہو گیا تو) تم لوگ اس (کتاب کا) اتباع کرو جو (بواسطہ رسول کے) تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے آئی ہے (اتباع یہ کہ تصدیق بھی کرو عمل بھی کرو) اور خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر (جس نے تمہاری ہدایت کو قرآن نازل کیا) دوسرے رفیقوں کا (جو تم کو گمراہ کرتے ہیں جیسے شیاطین الانس والجن) اتباع مت کرو (مگر باوجود اس شفیقانہ فہمائش کے) تم لوگ بہت ہی کم نصیحت مانتے ہو (چنانچہ ظاہر ہے کہ گمراہ اور گمراہی زیادہ ہے)۔

ربط: اوپر قرآن کا حق واجب الاتباع ہونا مذکور تھا آگے اس کے انکار ومخالفت پر عذاب دنیوی واخروی سے ڈراتے ہیں جیسا کہ تمہید سورت کے اخیر میں بھی بیان ہو چکا۔

ترہیب بر انکار حق: وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا (الی قولہ تعالی) بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ۝ اور کتنی ہی بستیاں ہیں کہ ان کو (یعنی ان کے رہنے والوں کو ان کے کفر وتکذیب پر) ہم نے تباہ کر دیا اور ان پر ہمارا عذاب (یا تو) رات کے وقت پہنچا (جو کہ آرام کا وقت ہوتا ہے) یا ایسی حالت میں (پہنچا) کہ وہ دوپہر کے وقت آرام میں تھے (یعنی کسی کو کسی وقت، کسی کو کسی وقت) سو جس وقت ان پر ہمارا عذاب آیا اس وقت ان کے منہ سے بجز اس کے اور کوئی بات نہ نکلی تھی کہ واقعی ہم ظالم (اور خطاوار) تھے (یعنی اس وقت اپنے جرم کا اقرار کیا جب کہ اقرار کا وقت گزر گیا یہ تو دنیوی عذاب ہوا) پھر (اس کے بعد عذاب اخروی کا سامان ہوگا کہ قیامت میں) ہم ان لوگوں سے (بھی) ضرور پوچھیں گے جن کے پاس پیغمبر بھیجے گئے تھے (کہ تم نے پیغمبروں کا کہنا مانا یا نہیں **کقولہ تعالی** مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ [القصص : ٦٥] اور ہم پیغمبروں سے (بھی) ضرور پوچھیں گے (کہ تمہاری امتوں نے کہنا مانا یا نہیں **قولہ تعالی** يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ [المائدۃ : ١٠٩] اور دونوں سوالوں سے مقصود توبیخ ہوگی کفار کو) پھر ہم چونکہ پوری خبر رکھتے ہیں (خود ہی) ان کے روبرو (ان سب کے اعمال کو) بیان کر دیں گے اور ہم (ان کے اعمال سے) کچھ بے خبر نہ تھے اور اُس روز (یعنی قیامت کے روز اعمال وعقائد کا) وزن واقع ہونے والا ہے (تاکہ عام طور پر ہر ایک کی حالت ظاہر ہو جاوے) پھر (وزن کے بعد) جس شخص کا پلہ (ایمان کا) بھاری ہوگا (یعنی وہ مؤمن ہوگا) سو ایسے لوگ (تو) کامیاب ہوں گے (یعنی ناجی ہوں گے) اور جس شخص کا پلہ (ایمان کا) ہلکا ہوگا (یعنی وہ کافر ہوگا) سو یہ وہ لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنا نقصان کر لیا۔ بسبب اس کے کہ ہماری آیتوں کی حق تلفی کرتے تھے (یعنی ان پر ایمان نہ رکھتے تھے) **ف:** چونکہ اکثر ظلم کا اطلاق کفر پر آیا ہے اس لئے اس اخیر آیت کو کفار کے باب میں سمجھا گیا اور تقابل کی وجہ سے فَمَنْ ثَقُلَتْ الخ کی تفسیر مطلق مؤمن کے ساتھ کی گئی نیز سورۂ مؤمنون میں خَفَّتْ کے بعد فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ آیا ہے یہ بھی قرینہ تفسیر مذکور کا ہے اور پلہ کا ہلکا ہونا بوجہ قلت ایمان کے نہ ہوگا بلکہ بوجہ عدم ایمان کے ہوگا یعنی جو پلہ ایمان کے رکھنے کے لئے مخصوص ہے وہ خالی ہوگا اور دوسرے پلہ میں کفر ہوگا۔ لامحالہ خالی پلہ بھرے پلے کے مقابلہ میں ہلکا ہوگا لیکن اس تفسیر سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ بجز ایمان وکفر کے اور اعمال حسنہ یا سیئہ کا وزن نہ ہوگا کیونکہ قرآن مجید کی بعض آیات میں جیسے : وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ؕ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ [الانبیاء : ٤٨] اور احادیث کثیرہ میں عنوان کلی سے یا تصریح سے تمام اعمال کا موزوں ہونا مذکور ہے غایت (۱) مافی الباب یہ کہ بعض آیات تعیم حکم سے ساکت ہیں لیکن نافی نہیں۔ پس اس قسم کی آیات میں فلاح سے مراد مطلق نجات ہوگی گو بعد سزائے اعمال سہی پس اس میزان میں ایمان وکفر کا بھی وزن کیا جاوے گا اور اس وزن

www.besturdubooks.net

میں ایک پلہ خالی رہے گا اور ایک پلہ میں اگر وہ مؤمن ہے تو ایمان اور اگر وہ کافر ہے تو کفر رکھا جاوے گا جب اس قول سے مؤمن و کافر متمیز ہو جاویں گے پھر خاص مؤمنین کے لئے ایک پلہ میں ان کے حسنات اور دوسرے پلہ میں اُن کے سیئات رکھ کر ان اعمال کا وزن ہوگا اور جیسا کہ درمنثور میں ابن عباسؓ سے مروی ہے اگر حسنات غالب ہوئے تو جنت اور اگر سیئات غالب ہوئے تو دوزخ اور اگر دونوں برابر ہوئے تو اعراف اس کے لئے تجویز ہوگی پھر خواہ شفاعت سے قبل سزا خواہ سزا کے بعد مغفرت ہو جاوے گی اب بحمد اللہ کسی آیت اور حدیث میں کوئی اشکال نہ رہا اور اس کی تحقیق کہ اعمال جب اجسام نہیں تو ان میں وزن کیسے ہو گا سو اس کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ نامۂ اعمال وزن کئے جاویں جیسا کہ بعض روایات میں وارد ہے اور دوسری صورت یہ کہ وزن کے لئے جسمیت کا شرط ہونا شرائط عادیہ سے ہو جو اس عالم کے ساتھ خاص ہو اور اس عالم میں غیر اجسام میں بھی وزن ہو اور بعض نے جو تیسری صورت جواب کی اختیار کی ہے کہ میزان میں تاویل کر دی یہ ظاہر نصوص کے خلاف ہے چنانچہ احادیث مرفوعہ میں اس کے لئے کفہ کا ثبوت مصرح ہے رواہ الترمذی وابن ماجة وغیرهما اور ابن عباسؓ سے بیہقی نے اس کے لئے لسان اور کفتین کا ہونا روایت کیا ہے اور وہ فی الدرالمنثور پس ایسی تاویل جو بلا ضرورت ہو اور روایات کے متصادم ہو مقبول نہیں گو کیسا ہی بڑا شخص کہے رہا کہ اس میں حکمت کیا ہے سو ممکن ہے کہ عام خلائق کے روبرو اظہار معدلت اور قطع معذرت اس کی حکمت ہو اور هُمْ قَآئِلُوْنَ بتفسیر مذکور باعتبار اکثر کے فرمادیا کیونکہ بعض تو اس وقت بھی کاروبار میں ہوتے ہیں اور اگر مطلق داخلون فی نصف النهار سے تفسیر کی جاوے تو حکم عام رہے گا۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ کِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَیْكَ فَلَا یَكُنْ فِیْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ الخ لِتُنْذِرَ متعلق ہے اُنْزِلَ کے، پس اس میں مرشد کو ارشاد کا امر ہے اور اگر مخاطب اس ارشاد کو قبول نہ کرے تو مرشد کو غم کرنے سے نہی ہے پس مرشد نہ بالکلیہ مستغنی ہو اور نہ رنج وضیق میں پڑے۔ قولہ تعالیٰ: فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُهٗ الخ ثَقُلَتْ کی تفسیر یہ کی گئی ہے کہ غالب ہوں اور خَفَّتْ کی تفسیر یہ کی گئی ہے کہ مغلوب ہوں یعنی اول آیت میں حسنات کے غالب ہونے کا حکم ہے اور دوسری آیت میں ان کے مغلوب ہونے کا ذکر ہے اور اسی سے دونوں کی تساوی کا حکم معلوم ہو جاوے گا یعنی وہ دونوں حالتوں کے درمیان میں ہوں گے اور یہ لوگ ایک قول میں اہل اعراف ہیں اور لوگوں کے ساتھ دنیا میں اسی کے موافق معاملہ کرنا چاہئے کہ جس کی غالب حالت اصلاح ہو اس کو صالح سمجھا جاوے اگرچہ اس میں کچھ خفیف سی برائی بھی پائی جاوے۔ ہاں خود اس شخص پر یہ ضرور واجب ہے کہ اپنے نفس کی اصلاح کرے۔

الحواشی: (۱) یعنی دیگر آیات اور احادیث میں جو تمام اعمال کا موزون ہونا آیا ہے ان بعض آیات کو تفسیر مذکور کی بنا پر ان کا معارض نہ سمجھا جاوے کیونکہ یہ آیات نافی نہیں بلکہ ساکت ہیں اور ساکت معارض نہیں ہوتا ناطق کے ساتھ ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی حرج منه اگر کوئی اشارة الی تقدیر مضاف ای من خوف تکذیبه ویشهد له قوله تعالٰی فلعلك تارك بعض ما یوحی الیك الخ۔ ۲ قوله بعده کیونکہ اشار الی ترتیب الفاء علی الانذار فالانذار مقدم فی الاعتبار فافهم ۱۲۔ ۳ قوله فی ذکری اور یہ اشارة الی تقدیر المبتدأ هو ثم عطف الجملة علی هذا الکتاب ۱۲۔ ۴ قوله فی للمؤمنین خصوصیت اشار الی ان وجه التخصیص بالمؤمنین لانتفاعهم به ۱۲۔ ۵ قوله فی الیکم بواسطة فلا ینافی قوله الیك فیما قبل ۱۲۔ ۶ قوله فی فجاء اور اشار لی ان الفاء لمطلق العطف بمعنی الواو فانه اسهل من قول بعضهم فی اهلکنا اردنا اهلاکها ۱۲۔ ۷ قوله فی قائلون آرام کما فی القاموس القائلة نصف النهار او هی الراحة والدعة نصف النهار وان لم یکن معها نوم ۱۲۔ ۸ قوله فی الحق واقع ہونے والا ہے اشار الی کونه خبر اللوزن ویومئذ ظرف للوزن ولا یضر قلة اعمال المصدر المعرف لان القلة لا ینافی الصحة والفصاحة ۱۲۔ ۹ قوله فی موازین پلہ اشار الی ان الموازین جمع میزان وهو الظاهر الموافق لقوله تعالٰی ونضع الموازین وجمعه کما فی الخازن لان العرب قد توقع لفظ الجمع علی الواحد وقیل انه ینصب لکل عبد میزان وقیل لانه یشتمل علی الکفتین والشاهین واللسان ولا یتم الوزن الا باجتماع ذلك کله ۱۲۔

اللغات: قوله البیات مصدر بمعنی بایتین الدعوی مصدر بمعنی دعاء وقیل بمعنی ادعاء۔

البلاغۃ: قوله ما انزل الیکم فی الروح جعل منزلا الیهم لتاکید وجوب الاتباع ۱۲۔ فی الروح وانما خص انزال العذاب الیهم فی هذین الوقتین لما ان نزول المکروه عند الغفلة والدعة افظع وحکایته للسامعین از جروا روع عن الاغترار باسباب الا من والراحة قوله بآیاتنا غدی الظلم بالباء لتضمنه معنی التکذیب والجحود کذا فی الروح۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ع ۸

www.besturdubooks.net

ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝۱۱ قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ

اَمَرْتُكَ ؕ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝۱۲ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ

فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ۝۱۳ قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝۱۴ قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۝۱۵

اور بے شک ہم نے تم کو زمین پر رہنے کی جگہ دی اور ہم نے تمہارے لئے اس میں سامان زندگانی پیدا کیا تم لوگ بہت ہی کم شکر کرتے ہو اور ہم نے تم کو پیدا کیا پھر ہم نے ہی تمہاری صورت بنائی پھر ہم نے فرشتوں سے فرمایا کہ آدم کو سجدہ کرو۔ سب نے سجدہ کیا بجز ابلیس کے۔ وہ سجدہ کرنے والوں میں شامل نہ ہوا۔ حق تعالیٰ نے فرمایا تو جو سجدہ نہیں کرتا تجھ کو اس سے کون امر مانع ہے جب کہ میں تجھ کو حکم دے چکا۔ کہنے لگا میں اس سے بہتر ہوں۔ آپ نے مجھ کو آگ سے پیدا کیا ہے اور اس کو آپ نے خاک سے پیدا کیا ہے۔ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ تو آسمان سے اُتر' تجھ کو کوئی حق حاصل نہیں کہ تو تکبر کرے آسمان میں رہ کر سو نکل بے شک تو ذلیلوں میں شمار ہونے لگا وہ کہنے لگا کہ مجھ کو مہلت دیجئے قیامت کے دن تک اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تجھ کو مہلت دی گئی۔

تفسیر: ربط: اوپر تذکیر قہم سے انکار حق پر ترہیب تھی آگے تذکیر نعم سے قبول حق پر ترغیب ہے اول مَكَّنّٰكُمْ میں نعمت تربیت مذکور ہے پھر خَلَقْنٰكُمْ الخ میں نعمت ایجاد پھر قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ میں نعمت اکرام تاکہ اطاعت کی کامل رغبت ہو اور نعمت سوم کے تتمہ میں بضمن قصہ ابلیس انکار حق و نافرمانی اور مخالفت کا جس پر اور پر بھی ترہیب تھی بدنتیجہ کہ حرمان اور خسران ہے ذکر فرمادیا جس میں من وجہ اس طرف بھی اشارہ ہوگیا کہ ابلیس ضال ان منکرین کا مضل ہو رہا ہے۔

ترغیب بر اطاعت بذکر بعض نعم مع دلالت بقصہ ابلیس بر وخامت معصیت: وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ (الی قولہ تعالی) لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝۱۱ اور بیشک ہم نے تم کو زمین پر رہنے کی جگہ دی اور ہم نے تمہارے لئے اس (زمین) میں سامان زندگانی پیدا کیا (اور اس کا مقتضا یہ تھا کہ تم اس کے شکریہ میں اطاعت کرتے لیکن) تم لوگ بہت ہی کم شکر کرتے ہو (مراد اس سے اطاعت ہے اور کم اس لئے فرمایا کہ تھوڑا بہت نیک کام تو اکثر لوگ کر ہی لیتے ہیں لیکن بوجہ ایمان نہ ہونے کے وہ معتد بہ نہیں یہ تو نعمت تربیت ہوئی) اور ہم نے تم کو پیدا (کرنے کا سامان شروع) کیا (یعنی آدم علیہ السلام کا مادہ بنایا کہ اسی مادہ سے تم لوگ ہو) پھر (مادہ بنا کر) ہم نے تمہاری صورت بنائی (یعنی اس مادہ میں آدم علیہ السلام کی صورت بنائی کہ وہی ان کی اولاد میں چلی آ رہی ہے یہ نعمت ایجاد ہوئی) پھر (جب آدم علیہ السلام بن بنا گئے اور علوم اسماء سے مشرف ہو چکے تو) ہم نے فرشتوں سے فرمایا کہ آدم (علیہ السلام) کو (اب) سجدہ کرو (اور یہ نعمت اکرام ہوئی) سو سب (فرشتوں) نے سجدہ کیا بجز ابلیس کے (کہ) وہ سجدہ کرنے والوں میں شامل نہ ہوا (اور سجدہ نہ کیا)۔ ف: سورۂ بقرہ کے چوتھے رکوع میں اس کے متعلق کچھ لکھا گیا ہے ملاحظہ کر لیا جاوے۔

تتمہ قصہ: قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ؕ (الی قولہ تعالی) وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝۱۲ حق تعالیٰ نے فرمایا تو جو سجدہ نہیں کرتا تجھ کو اس (سجدہ) سے کون امر مانع ہے جب کہ میں (خود) تجھ کو (سجدہ کا) حکم دے چکا کہنے لگا (وہ مانع یہ ہے کہ) میں اس (آدم) سے بہتر ہوں (کیونکہ) آپ نے مجھ کو آگ سے پیدا کیا ہے اور اس (آدم) کو آپ نے خاک سے پیدا کیا ہے (یہ ایک مقدمہ ہوا اور آگ بوجہ نورانی ہونے کے افضل ہے خاکِ تیرہ سے یہ دوسرا مقدمہ ہوا (افضل کی فرع بھی غیر افضل کی فرع سے افضل ہے یہ تیسرا مقدمہ ہوا) اور افضل کا سجدہ کرنا غیر افضل کو نامناسب ہے یہ چوتھا مقدمہ ہے اس لئے میں نے سجدہ نہیں کیا) ف: پہلا مقدمہ تو بایں معنی کہ انسان میں جزو غالب خاک ہے صحیح ہے اور باقی مقدمے باطل ہیں لہٰذا نتیجہ بھی غلط ہے چنانچہ دوسرے مقدمہ میں یہ غلطی ہے کہ عناصر میں کسی کو کسی پر فضل کلی نہیں اور فضل جزئی مفید نہیں اور تیسرے مقدمہ میں یہ غلطی ہے کہ بعض اوقات مؤمن کی فرع کافر اور کافر کی فرع مؤمن ہوتا ہے اور چوتھا مقدمہ اس لئے غلط ہے کہ ممکن ہے کہ فاضل کو مفضول کے اکرام کا کسی حکمت کی وجہ سے حکم ہو جیسے تحصیل تواضع و تہذیب نفس وغیرہ اور جن لوگوں نے اس قصہ سے قیاس فقہی کو باطل کیا ہے سخت غلطی ہے کیونکہ ابلیس کا قیاس متصادم نص کے ہے اور قیاس فقہی مستند نص سے ہے اور ابلیس جو کافر ہوا اس کی وجہ یہ ہے کہ اس نے حق تعالیٰ کے حکم پر اعتراض کیا جس کا منشا تکبر تھا اور یہ کفر ہے ورنہ اگر براہِ تحقیق کسی حکم کی حکمت کا سوال کرے تو کفر نہیں۔

تتمہ قصہ: قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ۝۱۳ حق تعالیٰ نے فرمایا (جب ایسا نافرمان ہے) تو (اچھا پھر) آسمان ہی سے اتر تجھ کو کوئی حق حاصل نہیں کہ تو تکبر کرے (کیونکہ بندہ کو سرافگندہ ہونا لازم ہے اور خاص کر) آسمان میں رہ کر (جہاں سب فرمانبردار ہی فرمانبردار جمع ہیں) سو (یہاں سے) نکل (دور ہو) بیشک تو (اس تکبر کی وجہ سے) ذلیلوں میں شمار ہونے لگا (اور آسمان جگہ ہے عزت والوں کے رہنے کی اس لئے یہاں سے لسا بن) ف: درمنثور میں ابن جریر سے سعید بن منصور کا قول سورۂ کہف میں نقل کیا ہے ایک بار ملائکہ سے جنات کو ان کی نافرمانی کی سزا دلائی گئی چنانچہ بہت سے جنات قتل ہوئے یہ ابلیس بچہ سا تھا اس کو آسمان پر لا کر رکھا گیا اور فرشتوں کے ساتھ عبادت میں مشغول تھا آہ اب آسمان سے نکلنے کا حکم ہوا۔

www.besturdubooks.net

تتمہ: قَالَ اَنْظِرْنِیْۤ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ (الی قولہ تعالی) قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ وہ (ابلیس) کہنے لگا کہ مجھ کو (مرنے سے) مہلت دیجئے قیامت کے دن تک اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تجھ کو مہلت دی گئی **ف**: یہاں چند تحقیق ہیں اول اس جواب میں ظاہراً مہلت کا وہی وقت منظور کیا گیا جو اس نے درخواست میں عرض کیا تھا اور دوسری آیت میں اِلٰی یَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ [الحجر : ۳۸] آیا ہے پس دونوں سے مراد ایک ہی ہوگا پھر اس کے مرنے کے وقت میں کلام ہوا ہے عرائس میں کعب احبار سے خاص یوم حشر میں اس کا مرنا منقول ہے اور اس اشکال کا کہ وہ تو زندہ ہونے کا دن ہے نہ کہ مرنے کا بعض نے یہ جواب دیا ہے کہ ممکن ہے اس کے اول جزو میں مر جاوے اور اس کے بعد زندہ کیا جاوے اور مستدرک حاکم میں عبد اللہ بن مسعودؓ سے قیامت کے قریب دابۃ الارض کا اس کو ہلاک کرنا منقول ہے اور وقت معلوم کی یہ تفسیر کی ہے۔ یہ دونوں روایتیں روح المعانی میں مذکور ہیں اس قول پر یوم بعثت میں مجاز ہوگا یعنی قرب قیامت کو یوم قیامت کہہ دیا۔ چنانچہ محاورات میں مستعمل ہے اور مجھ کو یہ قول بعید معلوم ہوتا ہے کہ یوم بعث اور یوم الوقت المعلوم کو متغائر کہا جاوے اور اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ میں یوم البعث کو معتبر نہ مانا جائے بلکہ یوم الوقت المعلوم مقدر کیا جاوے اور یہ کہا جاوے کہ اس کی درخواست ناتمام منظور ہوئی وجہ بعد یہ ہے کہ ایسی ضروری قید کا مقدر کرنا خصوصاً جب کہ اس کے خلاف کا ایہام ہو جیسا یہاں وقوع فی الجواب موہم تقدیر اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ کا ہے خلاف مقتضائے حال ہے اس کے بعد نظر ثانی کے وقت تفسیر ابن جریر میں ایک روایت نظر سے گزری جس میں سدیؒ سے منقول ہے **فلم ینظره الی یوم البعث ولکن انظره** اِلٰی یَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ [ایضًا] **وهو** : یَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ [الأنعام : ۸٤] **النفخة الاولٰی** : فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ [الزمر : ٦۸] **فمات الخ** اس روایت پر اس کی موت کا وقت وہی ہے جو سب خلائق کی فنا کا وقت ہے اور یہی اقرب معلوم ہوتا ہے اب صرف یہ بات رہ گئی کہ آیا یہ وقت یوم بعثت کا مغائر ہے یا اس کے ساتھ متحد سو سدیؒ تو متغائر مانتے ہیں لیکن احقر کو اقرب اتحاد معلوم ہوتا ہے اس طرح سے کہ نفخۂ اولیٰ کے وقت سے دخولِ جنت و نار تک ایک یومِ طویل ہوگا اس کے مختلف حصوں میں مختلف واقعات ہوں گے انہی واقعات کی بناء پر اس یوم کو ہر واقعہ کی طرف اضافت کر سکتے ہیں مثلاً اس کو یوم نفخ بھی کہہ سکتے ہیں یوم بعث بھی کہہ سکتے ہیں اس سے سب اشکالات رفع ہو گئے **والحمد لله علی ذلك**۔ دوم اس سے معلوم ہوا کہ کافر کی دعا بھی گاہے قبول ہو جاتی ہے اور یہ مستلزم اکرام و محبت نہیں اور وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِیْنَ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ [المؤمن : ۵۰]۔ سے جو اس کے خلاف کا شبہ ہوتا ہے سو اس کا مطلب یہ ہے کہ آخرت میں قبول نہ ہوگی اور یہ قول بعید معلوم ہوتا ہے کہ یہ جواب درخواست کی منظوری نہیں ہے بلکہ اخبار ہے کہ تو کیا درخواست کرتا ہے تو تو پہلے ہی سے ہمارے مقتضائے حکمت سے ہمارے علم میں مہلت دیا گیا ہے وجہ بعد یہ کہ دوسری آیت میں فَاِنَّكَ آیا ہے جس سے ظاہراً انظار کا ترتب اس کے سوال ہی پر معلوم ہوتا ہے۔ سوم یہ قصہ کئی جگہ آیا ہے اور ہر جگہ اس سوال و جواب کی عبارت مختلف ہے اور ظاہر ہے کہ واقع کسی خاص طور پر واقع ہوا تھا پھر سب کی صحت کی کیا صورت ہے اصل یہ ہے کہ محکی عنہ گو خاص طور پر واقع ہوا ہو لیکن حکایت باللفظ ضروری نہیں بلکہ نفس مدلول محفوظ رہتا ہے اور طرق دلالت و تعبیر ہر مقام کے مناسب مختلف ہو سکتے ہیں **کذا فی روح المعانی** چہارم یہ مہلت کیوں دی گئی جواب حقیقی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حکمتوں کا احاطہ نہیں ہو سکتا اور ظاہری حکمتیں ظاہر ہیں۔ پنجم ظاہر یہ ہے کہ یہ سب مکالمات بلا واسطہ ہوئے تھے۔ رہا یہ کہ یہ جرأت کیسے ہوئی وجہ یہ کہ ادھر سے تجلی عظمت کا استتار اور ادھر سے بے حیائی اس جرأت کا سبب ہوئی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ اول کا حاصل جاہ ہے اور ثانی کا مال اور ان دونوں کا موقع منت میں ذکر کرنا دلیل ہے ان کے نعمت قابل شکر ہونے کی سو یہ دونوں چیزیں مذموم نہیں۔ ہاں ان کی تحصیل میں انہماک یہ بیشک مذموم ہے۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ اَنَا خَیْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ **الخ** اور اس تقدیم رائے علی النص میں ایسا شخص ابلیس کا وارث ہے جو اپنی رائے کو یا رویت خواہ کشف سے ہو یا وجدان و ذوق سے ہو شرع پر ترجیح دیتا ہو۔ قولہ تعالیٰ : قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا یعنی درگاہِ الٰہی سے دور ہو کیونکہ تکبر اس درگاہ کے منافی ہے کذا فی الروح بس اس میں دلالت ہے اس پر کہ کبر درگاہِ الٰہی میں وصول مقبولیت سے مانع ہے۔ قولہ تعالیٰ : اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ اس میں دلالت ہے کہ دعا کا قبول ہو جانا یہ قبولیت کی دلیل نہیں جیسے بعض جہلاء سمجھتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله فی مکنا جگہ ای جعلنا کم فی الارض مکانا وقرارا وهو المعنی الحقیقی له وهو المناسب ههنا واخترت فی اول الانعام المعنی المجازی اقدرناکم علی التصرف لمناسبة ذلك المقام۱۲۔ ۲؎ قوله فی معایش سامان جمع معیشة مصدر من العیش بمعنی ما تعیشون به۱۲۔ ۳؎ قوله فی خلقنا شروع کما فی الروح وجوز ان یکون التجوز فی الفعل والمراد ابتدأنا خلقکم ثم تصویر کم بان خلقنا آدم ثم صورنا ویعود هذا الی ابتداء خلق الجنس وابتداء خلق کل جنس بایجاد اول افراده فهو نظیر قوله تعالٰی خلق الانسان من طین اه فیظهر وجه العطف فی قوله تعالٰی ثم قلنا الخ۔ ۴؎ قوله فی اسجدوا اب اشار الی کون الامر للتخییر فلا ینافی**

www.besturdubooks.net

الامر بالسجود قبل خلقه كما في قوله تعالٰى فاذا سويته الخ فانه كان معلقا ۱۲ ۔ ۵ قوله في الا تسجد تو جوالے قوله سجدہ سے اشار به الى توجيهين الاول كون لا زائدة كما يدل عليه قوله تعالٰى ما منعك ان تسجدوا الثاني وكونها غير زائدة وكون المصدر اى ان لا تسجد ظرفا وكون مفعول ما منعك مقدارًا اى ما منعك السجود وقت عدم سجودك كما في قولهم آيتك خفوق النجم ۱۲ ۔ ۶ قوله في منها آسمان المدلول عليها بذكر الملائكة لكونهم في السماء ۱۲ ۔ ۷ قوله في اخر الترجمة اس لئے اشارة الى ان جملة انك الخ للتعليل ۱۲ ۔
۸ قوله في انظرني مرنے سے اى لا من العذاب لانه معلوم الانتفاء ۱۲ ۔

اللغات: جعلنا انشانا وابدعنا ۱۲ ۔

البلاغة: لم يكن الخ لم يكتف بالاستغناء لان المقام كان خليقا بالتصريح به لكونه مقام التشهير بتلك القبيحة ۱۲ ۔ قوله قال لم يقل قلنا للالتفات وفيه كما في الروح اشعار بعدم تعلق المحكي بالمخاطبين كما في حكاية الخلق والتصوير قوله ما منعك الخ وفي حكاية التوبيخ ههنا بهذه العبارة وفي مواضع اخر بعبارات اخرى دلالة على ان كلها قد وقعت لكن اقتصر عند الحكاية في كل موطن على ما ذكر فيه اكتفاء بما ذكر في مواطن اخر من الروح قوله في ف منشائے تكبر يدل عليه ما سيليه فما يكون لك ان تتكبر الخ وهو الاوضح والاقرب قوله فما لك ان تكبر فيها الانكار راجع الى المقيد والقيد جميعاً قوله فاخرج تاكيد لقوله اهبط ۔

قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿١٦﴾ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ
وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ۭ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ﴿١٧﴾ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۭ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ
لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٨﴾ وَيٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ
فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٩﴾ فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰىكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ
هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَقَاسَمَهُمَآ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿٢١﴾ فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا
ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۭ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا
الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٢٢﴾ قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ
مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٢٣﴾ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿٢٤﴾ قَالَ فِيْهَا
تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿٢٥﴾ ع

وہ کہنے لگا بسبب اس کے کہ آپ نے مجھ کو گمراہ کیا ہے۔ میں قسم کھاتا ہوں کہ میں ان کے لئے تیری سیدھی راہ پر بیٹھوں گا۔ پھر ان پر حملہ کروں گا ان کے آگے سے بھی اور ان کے پیچھے سے بھی اور ان کی داہنی جانب سے بھی اور ان کی بائیں جانب سے بھی اور آپ ان میں اکثروں کو احسان ماننے والا نہ پائیے گا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہاں سے ذلیل وخوار ہو کر نکل جو شخص ان میں سے تیرا کہنا مانے گا میں ضرور تم کو جہنم سے بھر دوں گا اور ہم نے حکم دیا کہ اے آدم تم اور تمہاری بی بی جنت میں رہو پھر جس جگہ چاہو دونوں آدمی کھاؤ اور اس درخت کے پاس مت جاؤ۔ کبھی ان لوگوں کے شمار میں مت آ جاؤ جن سے نامناسب کام ہو جایا کرتے ہیں۔ پھر شیطان نے ان دونوں کے دل میں وسوسہ ڈالا تاکہ ان کا پردہ کا بدن جو ایک دوسرے سے پوشیدہ تھا دونوں کے روبرو بے پردہ کر دے اور کہنے لگا کہ تمہارے ربّ نے تم دونوں کو اس درخت سے اور کسی سبب سے منع نہیں فرمایا مگر محض اس وجہ سے کہ تم کہیں فرشتے ہو جاؤ یا کہیں ہمیشہ زندہ رہنے والوں میں سے ہو جاؤ اور ان دونوں کے روبرو قسم کھائی کہ یقین جانئے کہ میں آپ دونوں کا خیر خواہ ہوں۔ سو ان دونوں کو فریب سے نیچے لے آیا۔ پس ان دونوں نے درخت کو چکھا دونوں کا پردہ کا بدن ایک دوسرے کے روبرو بے پردہ ہو گیا اور دونوں اپنے اوپر جنت کے پتے جوڑ جوڑ کر رکھنے لگے اور ان کے ربّ نے ان کو پکارا کیا میں تم دونوں کو اس درخت سے ممانعت نہ کر چکا تھا اور یہ نہ کہہ چکا تھا کہ شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے۔ دونوں کہنے لگے کہ اے ربّ ہمارے ہم نے اپنا نقصان کیا اور اگر آپ ہماری مغفرت نہ کریں گے اور ہم پر رحم نہ کریں گے تو واقعی ہمارا بڑا نقصان ہو جائے

www.besturdubooks.net

گا۔ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ نیچے ایسی حالت میں جاؤ کہ تم باہم بعضے دوسرے بعضوں کے دشمن رہو گے اور تمہارے واسطے زمین میں رہنے کی جگہ ہے اور نفع حاصل کرنا ایک وقت تک فرمایا کہ تم کو وہاں ہی بسر کرنا ہے اور وہاں ہی مرنا ہے اور اسی میں سے پھر پیدا ہونا ہے۔

تفسیر: ترجمہ : قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ (الی قولہ تعالی) لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ وہ (ابلیس) کہنے لگا کہ بسبب اس کے کہ آپ نے مجھ کو (بحکم تکوین) گمراہ کیا ہے میں قسم کھاتا ہوں کہ میں ان (کے یعنی آدم اور اولادِ آدم کی رہزنی کرنے) کے لئے آپ کی سیدھی راہ پر (کہ دین حق ہے جا کر) بیٹھوں گا پھر ان پر (ہر چہار طرف سے) حملہ کروں گا ان کے آگے سے بھی اور ان کے پیچھے سے بھی اور ان کے داہنی جانب سے بھی اور بائیں جانب سے بھی (یعنی ان کے بہکانے میں خوب کوشش کروں گا جس سے آپ کی عبادت نہ کرنے پاویں) اور (میں کامیاب بھی ہوں گا چنانچہ) آپ ان میں اکثروں کو (آپ کی نعمتوں کا) احسان ماننے والا (کہ احسان مان کر اطاعت کریں) نہ پائیے گا اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہاں (آسمان) سے ذلیل وخوار ہو کر نکل (اور تو جو بہکانے کو کہتا ہے تو جا بہکا میں کسی کی عبادت کی پرواہ نہیں رکھتا بلکہ جو ایسا کرے گا اسی کا ضرر ہے چنانچہ) جو شخص ان میں سے تیرا کہنا مانے گا میں (بھی) ضرور تم سے (یعنی تجھ سے اور ان سے) جہنم کو بھر دوں گا (اور جہنم میں جانے کو کون کامیابی کہہ دے گا)

ف: چند فائدے سمجھنا چاہئے اول دشمن کا قاعدہ ہے کہ انہی چہار طرف سے حملہ کرتا ہے پس یہاں کلام میں استعارۂ تمثیلیہ ہے مراد یہ ہے کہ جس جس طرح بن پڑے گا خوب کوشش کروں گا اور کوئی دقیقہ اٹھانہ رکھوں گا چنانچہ ابن آدم کے بدن کے اندر داخل ہو کر خون کی طرح چلنا پھرنا جیسا احادیث میں ہے نیز اس میں داخل ہو گیا پس چار طرف کی تخصیص سے یہ شبہ کرنا کہ بدن کے اندر نہیں جا سکتا محض باطل ہے اور اسی طرح اس تفسیر سے اوپر اور نیچے آنے کی نفی بھی نہیں ہوئی جیسا کہ اثبات بھی نہیں ہے۔ دوم یہ امر ابلیس کو کیسے معلوم ہوا کہ میں اکثر کو بہکا سکوں گا۔ یہ قرائن سے معلوم ہوا جیسا دوسری آیت میں اس کو ظن سے تعبیر فرمایا ہے۔ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ [سبا : ۲۰] سوم پہلے جو اخراج کا حکم ہوا ہے وہ تجویز تھی اور یہاں جو حکم ہوا وہ اس کا نفاذ ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ پہلے اخراج کی تاکید ہو چہارم یہ جو اس نے اغواء کی نسبت حق تعالیٰ کی طرف کی کلمة حق ارید بها الباطل کا مصداق ہے یعنی اغواء بمعنی خلق غوایت وضلال نہ کہ بمعنی ترغیب بالغوایت کی نسبت بوجہ اس کے کہ وہ خالق کل شئے ہے فی نفسہ صحیح ہے لیکن اس کا قصد اعتراض ہے اور یہ باطل اور ضلال محض ہے۔ پنجم یہاں یہ قسم مجملاً نقل فرمائی دوسری آیت میں اس کا بیان ہے: فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ [ص : ۸۲] واللہ اعلم۔

ترجمہ: وَيٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۝ اور ہم نے (آدم علیہ السلام کو) حکم دیا کہ اے آدم تم اور تمہاری بی بی (حواء) جنت میں رہو پھر (وہاں) جس جگہ سے چاہو (اور جس چیز کو چاہو) دونوں آدمی کھاؤ اور (اتنا خیال رہے کہ) اس (خاص) درخت کے پاس (بھی) مت جاؤ (یعنی اس کا پھل مت کھاؤ) کبھی ان لوگوں کے شمار میں آ جاؤ جن سے نامناسب کام ہو جایا کرتا ہے۔

فائدہ: ایسی ہی آیت سورۂ بقرہ کے رکوع چہارم میں آ چکی ہے وہاں اس کے متعلقات ضرور یہ ملاحظہ کر لئے جاویں۔

ترجمہ: فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ (الی قولہ تعالی) فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ پھر شیطان نے ان دونوں کے دل میں وسوسہ ڈالا تا کہ (ان کو وہ درخت کھلا کر) ان کا پردہ کا بدن جو ایک دوسرے سے (اور وہ خود اپنے سے بھی) پوشیدہ تھا دونوں کے روبرو بے پردہ کر دے (جیسا کہ اس درخت کے کھانے کی تاثیر تھی بالذات یا بوجہ ممانعت کے) اور (وہ وسوسہ یہ تھا کہ دونوں سے) کہنے لگا کہ تمہارے رب نے تم دونوں کو اس درخت (کے کھانے) سے اور کسی سبب سے منع نہیں فرمایا مگر محض اس وجہ سے کہ تم دونوں (اس کو کھا کر) کہیں فرشتے (نہ) ہو جاؤ یا کہیں ہمیشہ زندہ رہنے والوں میں سے (نہ) ہو جاؤ (جو کہ واقعی ممانعت کے وقت آپ کے لئے یہ ملکیت وحیات ابد یہ مناسب حال نہ تھی اور اب حالت میں ترقی ہو کر مناسب بن گئی وہ ممانعت اس وقت کے ساتھ متعلق ہی نہیں) اور ان دونوں کے روبرو (اس بات پر) قسم (بھی) کھالی کہ یقین جانئے میں آپ دونوں (صاحبوں) کا (دل سے) خیر خواہ ہوں سو (ایسی باتیں بنا بنا کر) ان دونوں کو فریب سے نیچے لے آیا (باعتبار حالت اور رائے کے بھی اور باعتبار مکان کے بھی حتیٰ کہ اپنی رائے عالی سے اس کی رائے سافل کی طرف مائل ہو گئے جس سے جنت سے اسفل کی طرف اتارے گئے۔ ف: توجیہ اس دھوکے میں آ جانے کی سورۂ بقرہ کے رکوع چہارم میں بہت بسط کے ساتھ مذکور ہوئی ہے اور یہ وسوسہ چونکہ ایک نفسانی تصرف ہے اور نفسانی تصرف میں بعد مکانی حائل نہیں ہوتا اس لئے اس کے اثبات کی حاجت نہیں کہ شیطان مشافہۃً ان صاحبوں سے ملا ہو اور بات کی ہو بلکہ زمین ہی پر رہ کر وسوسہ ڈالا ہو اور آدم علیہ السلام کو اس کا وسوسہ ہونا نہ معلوم ہوا ہو واللہ اعلم۔

ف: نظر ثانی کے وقت اُخْرُجْ مِنْهَا کے مرجع میں اور وسوسہ کے ترجمہ میں کچھ خدشہ ہو گیا اس کی تحقیق بھی سورۂ بقرہ میں اضافہ کر دی گئی اس کو بھی وہاں دیکھ لیا جاوے۔

ترجمہ: فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا (الی قولہ تعالی) لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ۝ پس ان دونوں نے جو درخت کو چکھا (فوراً) دونوں کا پردہ کا بدن

www.besturdubooks.net

ایک دوسرے کے روبرو ہوگیا (اور جنت کا لباس اتر پڑا اور شرما گئے) اور (بدن چھپانے کے لئے) دونوں اپنے (بدن کے) اوپر جنت کے (درختوں کے) پتے جوڑ جوڑ رکھنے لگے اور (اس وقت) ان کے رب نے ان کو پکارا کیا میں تم دونوں کو اس درخت (کے کھانے) سے ممانعت نہ کر چکا تھا اور یہ نہ کہہ چکا تھا کہ شیطان تمہارا صریح دشمن ہے (اس کے اغواء سے بچیو کما فی قولہ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ الخ) دونوں کہنے لگے اے ہمارے رب ہم نے اپنا بڑا نقصان کیا (کہ پوری احتیاط اور تامل سے کام نہ لیا) اور اگر آپ ہماری مغفرت نہ کریں گے اور ہم پر رحم نہ کریں گے تو واقعی ہمارا بڑا نقصان ہو جاوے گا۔ **ف**: اس کی تحقیق کہ آدم علیہ السلام کا یہ فعل گناہ نہ تھا اور باوجود گناہ نہ ہونے کے یہ عتاب ہونا اوران کا توبہ کرنا یہ سب سورۂ بقرہ میں گزر چکا ہے اور یہاں بھی ترجمہ میں غور کرنے سے بالخصوص ظَلَمْنَآ کے ترجمہ وتوضیح سے گناہ نہ ہونا ظاہر ہوسکتا ہے اور یہ جو کہا کہ ہمارا نقصان ہو جاوے گا ترقی نہ ہونا یہ بھی نقصان ہے یا تو اضعاً ایسے الفاظ کہے ہوں۔

تتمہ: قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ (الی قولہ تعالی) وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ حق تعالیٰ نے (آدم وحوا علیہما السلام سے) فرمایا کہ (جنت سے) نیچے (زمین پر) ایسی حالت میں جاؤ کہ تم (یعنی تمہاری اولاد) باہم بعضے دوسرے بعضوں کے دشمن رہو گے اور تمہارے واسطے زمین میں رہنے کی جگہ (تجویز کی گئی) ہے اور (اسبابِ معیشت سے) نفع حاصل کرنا (تجویز ہوا ہے) ایک وقت (خاص) تم (کہ وہ موت کا وقت ہے اور یہ بھی) فرمایا کہ تم کو وہاں ہی زندگی بسر کرنا ہے اور وہاں ہی مرنا ہے اور اسی میں سے (قیامت کے روز) پھر پیدا ہونا ہے (آگے پھر جیسا عمل ہوگا ویسے ٹھکانے پر جانا ہوگا جیسا سورۂ بقرہ میں ہے فَمَنْ تَبِعَ هُدَایَ [البقرۃ : ۴۰] الخ) **ف**: مطلب فِيْهَا تَحْيَوْنَ الخ کا یہ ہے کہ مسکن اصلی اور معتاد تمہارا یہ ہوگا اور اگر کسی عارض کی وجہ سے خرقِ عادت ہو جاوے تو اس کی نفی نہیں ہے پس اس سے عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان پر زندہ جانے اور رہنے کی نفی پر استدلال کرنا محض باطل ہے۔ **ف**: سورۂ بقرہ میں ایسی آیت آ چکی ہے ملاحظہ کرلیا جاوے۔

ربط: اوپر کے قصہ میں ابلیس کی ضلالت اور بنی آدم سے اس کی عداوت مذکور تھی آگے اس کے اضلال اور اس سے حذر اور احتیاط کی تاکید کا بیان ہے مطلقاً بھی جیسا لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ وغیرہ اور بعض خاص امور علمیہ وعملیہ میں بھی جیسا ان آیات کے اسباب نزول سے معلوم ہوتا ہے چنانچہ ابن المنذر نے عکرمہ سے قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا الخ میں نقل کیا ہے کہ یہ آیت قریش اور دیگر قبائل عرب کے بارے میں نازل ہوئی کہ وہ گوشت نہ کھاتے تھے وربجز قریش کے دوسرے قبائل برہنہ طواف کرتے تھے اور ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے سدی سے فَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً الخ میں نقل کیا ہے کہ بعض عرب برہنہ طواف کرتے تھے اور جب اس کی وجہ پوچھی جاتی تو کہتے: وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا اور مسلم نے ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ عورتیں برہنہ طواف کرتیں اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ اور قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الخ اور کلبی نے نقل کیا ہے کہ اہل جاہلیت ایام حج میں کھانا سدرمق سے زیادہ نہ کھاتے اور چکنائی چھوڑ دیتے بعض مسلمانوں کو ایسا خیال ہوا تو كُلُوْا وَاشْرَبُوْا الخ نازل ہوا اور ابوالشیخ نے ابن زید سے نقل کیا ہے کہ بعض لوگ بکری کے دودھ اور گوشت اور گھی کو حرام کر لیتے تھے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الخ اور ابن جریر وغیرہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ اہل جاہلیت بہت سی حلال چیزوں کو جیسا کپڑا وغیرہ حرام سمجھتے تھے اس پر یہ آیت نازل ہوئی قُلْ مَنْ حَرَّمَ الخ اور ابوالشیخ نے ابن عباسؓ سے اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الخ میں نقل کیا ہے کہ مَا ظَهَرَ الخ سے برہنگی مراد ہے کہ برہنہ طواف کرتے تھے اور مَا بَطَنَ سے زنا۔ یہ روایات درمنثور اور لباب اور روح المعانی سے نقل کی ہیں اور ان امور کی تخصیص کو اس مقام سے خاص مناسبت بھی ہے کیونکہ اوپر قصہ میں شیطان کی عداوت کا اثر آدم علیہ السلام کے ساتھ طعام ولباس میں معلوم ہو چکا کہ شجرہ منہی عنہ کھلا کر بقیہ اطعمہ سے محروم کر دیا اور لباس بھی اتروا دیا اور یہی اثر ان کی اولاد کے ساتھ ظاہر ہوا کہ عقائد فاسدہ میں مبتلا کر کے اطعمہ والبسہ سے محروم کرتا ہے ونیز اوپر اپنے انعامات کا ذکر فرمایا تھا جیسا تمہیداً آیت وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ میں گزر چکا آگے اطعمہ والبسہ کے عطا فرمانے کا بیان ہے کہ یہ بھی نعمت ہے، غرض کئی وجہ سے باہم تناسب ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا الخ ظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ کلام بلا واسطہ ہوا ہے سو اس سے معلوم ہوا کہ ہم کلام ہونا بھی علاماتِ قبول سے نہیں۔ قولہ تعالیٰ: فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ (الی قولہ تعالی) فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا اس میں دلالت ہے کہ عصمت کے ساتھ ایسا تصرف شیطانی جمع ہوسکتا ہے جو حد معصیت تک نہ پہنچا ہو کیونکہ آدم علیہ السلام کے فعل کا معصیتِ شرعیہ ہونا ثابت نہیں ہوا اگرچہ لغۃً حق تعالیٰ نے اس کو معصیت فرمایا ہے وہ صرف ایک اجتہادی خطا تھی جس پر ثواب بھی ملتا ہے اور اس خطا پر جو سزا جاری کی گئی ہے وہ صرف دونوں کے بدن کا ایک دوسرے کے سامنے کھل جانا ہے جو زوجین میں مباح ہے اور جب اس کا خطا اجتہادی ہونا معلوم ہوگیا تو اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ یہ بھی باوجود قطعی الثبوت ہونے کے ظنی الدلالۃ تھی جس میں اجتہاد کی گنجائش تھی تو اس سے یہ مسئلہ ثابت ہوا کہ جس دلیل ظنی میں اجتہاد کی گنجائش ہو اس کا ترک کرنا طرد وعقاب کا موجب نہیں البتہ اس سے دنیوی

www.besturdubooks.net

ضرر ہو جاتا ہے اور (اشتراکِ علت سے) یہی حکم ہے کشف والہام کی جو کہ محتمل خطا ہیں مخالفت کا کہ اس کے خلاف کرنے سے عذابِ اخروی تو نہیں ہوتا لیکن کچھ دنیوی ضرر لاحق ہو جاتا ہے اس کو یاد رکھو کیونکہ علماء تو اس کی بالکل مخالفت کو بھی جائز کہتے ہیں اور مشائخ اس کو بالکل حرام سمجھتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في فبما قسم اشار الى تقدير القسم وتعلق باء السببية به ۱۲۔ ۲ قوله في توضيح لاتينهم عبادت نہ کرنے پا دیں اشار به الى مقصود كلامه وكذا اشار في جوابه الى الجواب عن مقصوده فانظر واشكر فانه من المواهب ۱۲۔ ۳ قوله في شاكرين احسان كما في الروح مطيعين ۱۲۔ ۴ قوله في يادم حکم دیا اشار الى تقدير قلنا كما صرح به في البقرة ۱۲۔ ۵ قوله في لا تقربا یعنی اشار به الى المقصود والمبالغة ۱۲۔ ۶ قوله في ما ورى عنهم الخ ایک دوسرے نے في الروح كان لا يريانها من انفسهما ولا احدهما من الآخر ۱۲۔ ۷ قوله في قال ما نهكما وہ وسوسہ اشار الى ان قال بيان لوسوس ۱۲۔ ۸ قوله في تكونا نہ ہو جاؤ اشارة الى تقدير لا ليصح كونه مفعولا له ۱۲۔ ۹ قوله في اهبطوا آدم وحوا لقوله تعالى في طه قال اهبطا والجمع لاشتمالها على ذريتهما ۱۲۔

اللغات: قوله الذأم الذم كذا في القاموس۔ في البيضاوى التدلية والا ولاء ارسال الشيء من اعلى الى اسفل اه واعتبرت هذا المعنى في الترجمة وتوضيحها قوله يخصفان يلصقان واصل معناه الخرز في طاقات النعال ونحوها۔

النحو: بغرور اى بما غر هما به من القسم او متلبسين به فالباء للمصاحبة او الملابسة قوله عليهما راجع الى آدم و حواء او الى سواتهما قوله الم اقل معطوف على انهكما اى الم اقل۔

البلاغۃ: قوله لاقعدن تشبيه بقعود القطاع للسابلة وكذا في قوله لآتينهم كما في المتن وفي الروح وانما عدى الفعل الى الاولين بحرف الابتداء لانه منهما متوجه اليهم والى الآخرين بحرف المجاوزة فان الا تى منهما كالمنحرف عنهم المار على عرضهم ونظيره قولهم جلست عن يمينه اه والاقرب ان يقال ان الصلات سماعية ۱۲۔ قوله يآدم اسكن تخصيص الخطاب بآدم عليه السلام للايذان باصالة الزوج في السكنى وكون المرأة تابعة وتعميم الخطاب في كلا لكونها اسوة في الاكل ۱۲۔ سواتهما جمع السوات لاستثقال الجمع بين التثنيتين قوله ليبدى اللام للعاقبة او للتعليل وتخصيص الابداء مع انه ادنى المضار لعله لايذان بكمال عداوته لهما حيث لم يغب عن نظره ادنى المقار فكيف باعلاها فدل على سائر المضار بالاولى او لما في العرى وكشف العورة من المهابة ۱۲۔

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ
يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ
اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاِذَا فَعَلُوْا
فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا
تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۟ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۬ؕ كَمَا
بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۰﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا
يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي ع
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ

www.besturdubooks.net

مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾

اے اولادِ آدم کی ہم نے تمہارے لئے لباس پیدا کیا جو تمہاری پردہ داریوں کو بھی چھپاتا ہے اور موجب زینت بھی ہے اور تقویٰ کا لباس' یہ اس سے بڑھ کر ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے تاکہ یہ لوگ یاد رکھیں۔ اے اولادِ آدم کی شیطان تمہیں کسی خرابی میں نہ ڈال دے جیسا اس نے تمہارے دادا دادی کو جنت سے باہر کرا دیا ایسی حالت میں کہ ان کا لباس بھی ان سے اُتروا دیا تاکہ ان کو ان کا پردہ کا بدن دکھلائی دینے لگے اور اس کا لشکر تم کو ایسے طور پر دیکھتا ہے کہ تم ان کو نہیں دیکھتے ہو ہم شیطانوں کو انہی لوگوں کا رفیق ہونے دیتے ہیں جو ایمان نہیں لاتے اور وہ لوگ جب کوئی فحش کام کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی طریق پر پایا ہے اور اللہ تعالیٰ نے بھی ہم کو یہی بتلایا ہے آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ فحش بات کی تعلیم نہیں دیتا۔ کیا خدا تعالیٰ کے ذمہ ایسی بات لگاتے ہو جس کی تم سند نہیں رکھتے۔ آپ کہہ دیجئے کہ میرے ربّ نے حکم دیا ہے انصاف کرنے کا اور یہ کہ تم ہر سجدہ کے وقت اپنا رخ سیدھا رکھا کرو اور اللہ کی عبادت اس طور پر کرو کہ اس عبادت کو خاص اللہ ہی کے لئے رکھا کرو۔ تم کو اللہ تعالیٰ نے جس طرح شروع میں پیدا کیا تھا اسی طرح پھر تم دوبارہ پیدا ہو گے۔ بعض لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت کی ہے اور بعض پر گمراہی کا ثبوت ہو چکا ہے۔ ان لوگوں نے شیطانوں کو رفیق بنا لیا اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اور خیال رکھتے ہیں کہ وہ راہ پر ہیں۔ اے اولادِ آدم کی تم مسجد کی ہر حاضری کے وقت اپنا لباس پہن لیا کرو اور خوب کھاؤ اور پیو اور حد سے مت نکلو بے شک اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتے حد سے نکل جانے والوں کو۔ آپ فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ کے پیدا کئے ہوئے کپڑوں کو جن کو اس نے اپنے بندوں کے واسطے بنایا ہے اور کھانے پینے کی حلال چیزوں کو کس شخص نے حرام کیا ہے آپ کہہ دیجئے کہ یہ اس طور پر کہ قیامت کے دن بھی خاص رہیں دنیوی زندگی میں خالص اہل ایمان ہی کے لئے ہیں۔ ہم اسی طرح تمام آیات کو سمجھداروں کے واسطے صاف صاف بیان کرتے ہیں۔ آپ فرمائیے کہ البتہ میرے ربّ نے حرام کیا ہے تمام فحش باتوں کو ان میں جو علانیہ ہیں اور ان میں جو پوشیدہ ہیں وہ بھی اور ہر گناہ کی بات کو اور ناحق کسی پر ظلم کرنے کو اور اس بات کو کہ تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو شریک ٹھہراؤ جس کی اللہ تعالیٰ نے کوئی سند نازل نہیں فرمائی اور اس بات کو کہ تم لوگ اللہ تعالیٰ کے ذمہ ایسی بات لگا دو جس کی تم سند نہ رکھو اور ہر گروہ کے لئے ایک میعاد مقرر ہے سو جس وقت ان کی میعاد معین آ جائے گی اس وقت ایک ساعت نہ پیچھے ہٹ سکیں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے۔ ۞

تفسیر: تحذیر از اضلال ابلیس عموماً وخصوصاً: يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا (الی قولہ تعالیٰ) فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾ اے اولادِ آدم کی (ایک ہمارا انعام یہ ہے کہ) ہم نے تمہارے لئے لباس پیدا کیا جو کہ تمہارے پردہ دار بدن کو بھی چھپاتا ہے اور (تمہارے بدن کے لئے) موجب زینت بھی (ہوتا) ہے اور (اس ظاہری لباس کے علاوہ ایک معنوی لباس بھی تمہارے لئے تجویز کیا ہے کہ وہ) تقویٰ (یعنی دینداری) کا لباس (ہے کہ) یہ اس (لباس ظاہری) سے بڑھ کر (ضروری) ہے (کیونکہ اس ظاہری لباس کا مطلوب شرعی ہونا اسی تقویٰ کے وجوب کی فرع ہے۔ پس اصل مقصود جو ہر حالت میں ہے وہ یہ لباس ہے) یہ (لباس کا پیدا کرنا جس سے تستر اور تزین دونوں نفع ہیں) اللہ تعالیٰ (کے فضل وکرم) کی نشانیوں میں سے (ہوتا) ہے تاکہ یہ لوگ (جن کو یہ بات بتلائی گئی ہے اس نعمت کو) یاد رکھیں (اور یاد رکھ کر منعم کا حق ادا کریں اور وہ حق وہی ہے جس کو لباسِ تقویٰ فرمایا ہے) اے اولادِ آدم کی (جب تم کو اوپر تقویٰ کا وجوب اور اس سے اوپر شیطان کی عداوت کا حال معلوم ہو چکا تو اس بات کا ذرا خیال رکھنا کہ) شیطان تم کو کسی خرابی میں نہ ڈال دے (کہ خلاف تقویٰ اور دین کے تم سے کوئی کام کرا دے) جیسا اس (کم بخت) نے تمہارے دادا دادی (یعنی حضرت آدم و حوا علیہما السلام) کو (خرابی میں ڈال دیا تھا کہ ان کو) جنت سے باہر کرا دیا (یعنی ان سے ایسا عمل کرا دیا کہ وہ جنت سے باہر ہو گئے اور باہر بھی ایسی حالت سے (کرایا) کہ ان کا لباس بھی ان کے (بدن) سے اتروا دیا تاکہ ان (دونوں) کو ان کے پردہ کا بدن دکھائی دینے لگے (جیسا اوپر آ چکا غرض وہ تمہارا دشمن قدیم ہے اس سے بہت ہوشیار رہو اور زیادہ احتیاط اس لئے اور بھی ضروری ہے کہ) وہ اور اس کا لشکر تم کو ایسے طور پر دیکھتا ہے کہ تم ان کو (عادۃً) نہیں دیکھتے ہو (اور ظاہر ہے کہ ایسے دشمن سے بہت ہی حذر چاہئے اور اس سے حذر کا طریقہ یہی ہے کہ تقویٰ اور ایمان کامل اختیار کر لو کیونکہ) ہم شیطانوں کو انہیں لوگوں کا رفیق ہونے دیتے ہیں جو ایمان نہیں لاتے (اگر بالکل ایمان منتفی ہے تو کامل رفاقت اور قدرت ہوتی ہے اور اگر کمال ایمان منتفی ہے تو ناتمام رفاقت اور قدرت ہوتی ہے بخلاف مؤمن کامل کے اس پر اصلاً قابو نہیں چلتا لقولہ تعالیٰ: اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ [النحل: ۹۹] وقولہ: اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ [ص: ۸۳] اور (جو لوگ ایمان نہیں لائے ان پر اس کے قابو چلنے کی یہ حالت ہے کہ) وہ لوگ جب کوئی فحش کام کرتے ہیں (خواہ عقائد میں سے جیسے شرک کہ اعلیٰ درجہ کی بے حیائی ہے خواہ اعمال میں سے (جیسے طواف کے وقت برہنہ ہو جانا اور اس سے کوئی منع کرتا ہے) تو (جواب میں) کہتے ہیں کہ ہم نے (تو) اپنے باپ دادا کو اسی طریق پر پایا ہے اور (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ نے بھی ہم کو یہی بتلایا ہے (اور ظاہر ہے کہ اس سے بڑھ کر اور کیا قابو

www.besturdubooks.net

چلے گا کہ کفر وشرک میں مبتلا کر رکھا ہے۔ آگے جواب کی تعلیم ہے کہ اے محمد (ﷺ) آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ فحش بات کی (کبھی) تعلیم نہیں دیتا (ہرگز خدا تعالیٰ نے ایسی باتوں کی اجازت نہیں دی) کیا (ایسا دعویٰ کرکے) خدا کے ذمہ ایسی بات لگاتے ہو جس کی تم سند نہیں رکھتے (اور اسی سے وَجَدۡنَا عَلَيۡهَآ کا جواب نکل آیا کیونکہ تقلید اس مسئلہ میں جائز ہے جس میں تقلید کرنے کے لئے اذن وسند شرعی ہو جو موقوف ہے اس کے شرائط کے اجتماع پر اور یہاں خود نص قطعی کی مخالفت سے شرائط مفقود ہیں پس ایسی تقلید سے احتجاج خود باطل ہو گیا) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (جن باتوں کا حکم کرنا تم خدا تعالیٰ کی طرف منسوب کرتے ہو وہ تو غلط ٹھہریں اب وہ بات سنو جس کا حکم کرنا خدا تعالیٰ کی طرف واقعی منسوب ہے وہ یہ کہ) میرے رب نے (تو ایسی اچھی اچھی باتوں کا) حکم دیا ہے (مثلاً) انصاف کرنے کا (حکم دیا) اور (مثلاً) یہ (حکم دیا ہے) کہ تم ہر سجدہ (یعنی عبادت) کے وقت اپنا رخ (یعنی قلب) سیدھا (اللہ کی طرف) رکھا کرو (یعنی بت وغیرہ کو سجدہ اور کوئی عبادت مت کیا کرو) اور اللہ کی عبادت اس طور پر کرو کہ اس عبادت کو (باعتبار عقیدہ کے) خالص اللہ ہی کے واسطے رکھا کرو (یعنی شرک کا عقیدہ مت رکھا کرو ان ماموات میں سب اصول شریعت آ گئے۔ قِسۡطِ میں حقوق العباد اقیموا میں اعمال وطاعت مخلصین میں عقائد مطلب یہ ہے کہ اللہ کے تو یہ احکام ہیں ان کو مانو کیونکہ صرف تم کو حکم دے کر نہیں چھوڑ دیا جاوے گا بلکہ ایک وقت حساب وکتاب کے لئے بھی آنے والا ہے یعنی قیامت چنانچہ) تم کو اللہ تعالیٰ نے جس طرح (اپنی قدرت سے) شروع میں پیدا کیا تھا اسی طرح تم (ایک وقت پر) پھر دوبارہ پیدا ہو گے (قدرت الٰہیہ پر نظر کرتے ہوئے استبعاد لغو ہے۔ غرض جب دوبارہ پیدا ہوں گے اس وقت جزا وسزا واقع ہوگی آگے جزا وسزا کا محل بتلاتے ہیں کہ) بعض لوگوں کو تو اللہ تعالیٰ نے (دنیا میں) ہدایت کی ہے (ان کو اس وقت جزا ملے گی) اور بعض پر گمراہی کا ثبوت ہو چکا ہے (ان کو اس وقت سزا ملے گی اور وجہ ان لوگوں کے گمراہ ہونے کی یہ ہوئی کہ) ان لوگوں نے شیطانوں کو (اپنا) رفیق بنا لیا اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر (یعنی اللہ تعالیٰ کی اطاعت نہ کی اور شیاطین کی اطاعت کی) اور (باوجود اس کے پھر اپنی نسبت) خیال رکھتے ہیں کہ وہ راہ (راست) پر ہیں (یہ خیال راستی کا خواہ بزعم خود باعتبار دین حق ہونے کے ہو خواہ باعتبار قرین مصلحت ہونے کے ہو) اے اولاد آدم کی (جب برہنہ طواف کا فحش اور مذموم عند اللہ ہونا معلوم ہو گیا تو) تم مسجد کی ہر حاضری (یعنی عبادت) کے وقت کہ اس میں نماز وطواف سب آ گیا) اپنا لباس پہن لیا کرو اور (جس طرح لباس کا ترک کرنا ضلالت شیطانیہ ہے اسی طرح حلال ماکولات ومشروبات کا حرام سمجھ کر چھوڑ دینا جیسا کہ اہل جاہلیت اس میں بھی مبتلا تھے نیز ضلالت شیطانیہ ہے اس سے بھی باز آؤ اور حلال چیزوں کو) خوب کھاؤ اور پیو اور (خواہ مخواہ ان کو حرام اعتقاد کرکے) حد (شرعی) سے مت نکلو بیشک اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتے حد سے نکل جانے والوں کو آپ (ان لوگوں سے جو کہ ملبوسات ومطعومات ومشروبات کو بلا دلیل بلکہ خلاف دلیل حرام سمجھ رہے ہیں یوں) فرمایئے کہ (یہ بتلاؤ) اللہ تعالیٰ کے پیدا کیے ہوئے کپڑوں کو جن کو اس نے اپنے بندوں کے (استعمال کے) واسطے بنایا ہے اور کھانے پینے کی حلال چیزوں کو (جن کو خدا نے حلال بنایا ہے) کسی شخص نے حرام کیا ہے (یعنی تحریم کے لئے تو محرم کی ضرورت ہے وہ محرم خدا کے سوا کون ہے اب اس مقام پر اَخۡرَجَ لِعِبَادِهٖ سے کفار کو وہم ہو سکتا تھا کہ ہم بھی اللہ کے بڑے محبوب ومقبول ہیں کہ ہمارے لئے کیسے کیسے ملبوسات ومطعومات پیدا کیے۔ اس لئے بطور دفع دخل کے ارشاد فرماتے ہیں کہ اے محمد (ﷺ) آپ کہہ دیجئے کہ (مطلق استعمال کی اجازت دلیل مقبولیت کی نہیں ہاں جس استعمال کے بعد بھی کوئی وبال نہ ہو وہ البتہ دلیل مقبولیت کی ہے سو ایسا استعمال خاص اہل ایمان کا حصہ ہے چنانچہ) یہ اشیاء (یعنی زینت اور طیبات مذکورہ) اس طور پر کہ قیامت کے روز بھی (کدورات سے) خالص رہیں دنیوی زندگی میں خاص اہل ایمان ہی کے لئے ہیں (بخلاف کفار کے کہ یہاں گو تنعم ہے مگر چونکہ اس تنعم کا حق ادا نہیں کیا بلکہ کفر وشرک میں مبتلا رہے اس لئے وہاں یہ نعمتیں وبال بن جاویں گی جیسے حاکم عدالت اپنے دو اہلکاروں کو کچھ کام بتلا دے اور کام کی میعاد ختم ہونے تک اپنے گھر سے ان کو کھانا بھی منگا کر کھانے کی اجازت دے صرف یہ اجازت دلیل خوشنودی کی نہیں یہ تو اعانت ہے جس نے وہ کام کر لیا اُس کا کھایا پیا سب جان کو لگا جس نے کام نہ کیا سب کھایا پیا ناک کی راہ کو نکلا) ہم اسی طرح (یعنی جیسا یہ مضمون بیان کیا) تمام آیات کو سمجھداروں کے واسطے صاف صاف بیان کرتے ہیں آپ (ان سے یہ بھی) فرمایئے کہ (تم نے جن اشیاء کو بلا دلیل حرام اعتقاد کرکے چھوڑ رکھا ہے اور بعض اوقات ان کی تحریم کو حق تعالیٰ کی طرف منسوب کر دیتے ہو ان کو تو اللہ تعالیٰ نے حرام نہیں کیا) البتہ میرے رب نے صرف (ان چیزوں کو جن میں سے اکثر میں تم مبتلا ہو) حرام کیا ہے (مثلاً) تمام فحش باتوں کو ان میں جو اعلانیہ ہیں وہ بھی (جیسے برہنہ طواف کرنا) اور ان میں جو پوشیدہ ہیں وہ بھی (جیسے بدکاری) اور (مثلاً) ہر گناہ کی بات کو (حرام کیا ہے) اور (مثلاً) ناحق کسی پر ظلم (وزیادتی) کرنے کو (حرام کیا ہے) اور مثلاً اس بات کو حرام کیا ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی ایسی چیز کو شریک (عبادت) ٹھہراؤ جس (کے شریک ہونے) کی اللہ نے کوئی سند (اور دلیل) نازل نہیں فرمائی (نہ کلیاً نہ جزئیاً) اور (مثلاً) اس بات کو (حرام کیا ہے) کہ تم لوگ اللہ تعالیٰ کے ذمہ ایسی بات لگا دو جس کے (منسوب الی اللہ ہونے) کی تم سند نہ رکھو (یعنی جو واقع میں حلال ہیں ان کو تو تم نے حرام سمجھا اور جو واقع میں حرام ہیں ان کو حلال سمجھا عجب جہل میں گرفتار ہو اور جس طرح قُلۡ اَمَرَ رَبِّيۡ بِالۡقِسۡطِ الخ میں تمام ماموات داخل ہو گئے تھے اسی طرح یہاں اِنَّمَا حَرَّمَ الخ میں تمام منہیات داخل ہیں بغی میں تو سب معاملات آ گئے اور

www.besturdubooks.net

اَنْ تُشْرِكُوْا وَ اَنْ تَقُوْلُوْا میں تمام عقائد فاسدہ آ گئے اور اثم میں تمام اعمال ومعاصی آ گئے جن میں سے فحش معاصی کی تخصیص ذکر کے ساتھ اہتمام کے لئے کی گئی)اور(اگر ان محرمات کے ارتکاب کرنے والوں کو فوراً سزا نہ ہونے سے ان کی تحریم میں کسی کو شبہ ہو جاوے تو اس کا جواب یہ ہے کہ علم الٰہی میں)ہر گروہ(کے ہر فرد کی سزا)کے لئے (بمقتضائے حکمت)ایک میعاد معین ہے سو جس وقت ان کی (وہ) میعاد معین (نزدیک) آ جاوے گی اُس وقت ایک ساعت نہ (اس سے)پیچھے ہٹ سکیں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے۔ (بلکہ فوراً ہی سزا جاری ہو جاوے گی اس میعاد کے قبل سزا نہ ہونا اس کی دلیل نہیں کہ ان محرمات پر سزا نہ ہو گی)

ف: چند فوائد ضروری سمجھنا چاہئے اول یہ جو ارشاد فرمایا لَا تَرَوْنَهُمْ ط الخ مطلب اس کا یہ ہے کہ انسان کا جنات کو دیکھنا عادت فاشیہ وشائعہ کے خلاف ہے اور دیکھنے کی قطعاً نفی نہیں ہے۔ پس بعض اوقات انبیاء علیہم السلام کا یا غیر انبیاء کا خواص یا عوام سے جنات کو دیکھنا اس آیت کے خلاف نہیں ہے۔ دوم: خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ الخ میں جو تخصیص وقت کی گئی ہے حالانکہ ستر عورت دوسرے اوقات میں بھی واجب ہے، وجہ اس کی یہ ہے وہ لوگ وقتِ مذکور میں برہنہ ہو جایا کرتے و نیز اس وقت وجوب زیادہ مؤکد ہوتا ہے۔ سوم: قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا الخ کی جو تفسیر احقر نے اختیار کی ہے درمنثور میں بروایت طبرانی وغیرہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے الفاظ اس کے یہ ہیں **قال ينتفعون بها في الدنيا لا يتبعهم فيها ما ثم يوم القيمة**۔ چہارم: مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا کی قید واقعی ہے اور اس میں کلیاً اور جزئیاً سے تعمیم کردی گئی وجہ اس کی یہ ہے کہ تمام حجج شرعیہ کو شامل ہو جاوے کیونکہ نصوص منزلہ کلیاً ان کے معتبر ہونے پر دال ہیں۔ پنجم: يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ میں جو تعمیم کی گئی کہ خواہ دین حق ہونے کی ہو الخ اس کی توضیح یہ ہے کہ بعض کفار تو اپنے مذہب کو واقع میں حق سمجھتے ہیں ان پر تو يَحْسَبُوْنَ کا صادق آنا ظاہر ہے اور بعض باوجود باطل سمجھنے کی اس پر جمے رہتے ہیں ان پر اس کا صدق اس اعتبار سے ہے کہ اس صورت میں لابد یہ اصرار کسی مصلحت مزعومہ موہومہ کی وجہ سے ہوگا اور اس مصلحت کی تحصیل ورعایت کو وہ کسی وجہ سے ضروری ومناسب سمجھتے ہیں اور ضروری کی رعایت کرنا عقلی اہتداء ہے اور اگر کسی کو صورت اول میں شبہ ہو کہ ایک شخص واقع میں اپنے کو حق پر سمجھتا ہے گو غلطی پر ہو پھر اس پر کیا الزام وہ معذور ہونا چاہئے کیونکہ اس کو اپنی غلطی کی اطلاع ہی نہیں جواب یہ ہے کہ معذور اس لئے نہیں کہ اس نے باوجود دلائل قویہ وصحیحہ کے قائم ہونے کے جن سے بالاضطرار بالطبع ترددواحتمال جانب مخالف کا قلب میں پیدا ہو جاتا ہے تامل کیوں نہیں کیا اور آیت میں جن کی مذمت ہے وہ ایسے ہی تھے بلکہ اکثر تو اپنے طریق کے باطل سمجھنے والے تھے البتہ جو شخص طلب حق میں اپنی کوشش خرچ کر چکے اور پھر بھی اس کی نظر مطلوب صحیح تک نہ پہنچے اس کی نسبت روح المعانی میں ہے **ومذهب البعض انه معذور ولم يفرقوا بين من لا عقل له اصل ومن له عقل لم يدرك به الحق بعد ان لم يدع في القوس منزعا في طلبه الخ قلت وكذا من لم يخطر في باله تردد واحتمال النقيض وقلت وبسط القول في المسئلة الغز الي في التفرقة بين الاسلام والزندقة وقلت والسلامة في امثال ذلك التفويض الى الله تعالىٰ وهو اعلم العالمين واحكم الحاكمين**۔ اور اگر کسی کو صورتِ ثانی میں شبہ ہو کہ جب یہ شخص حق کو حق اور باطل کو باطل سمجھتا ہے تو مؤمن ہونا چاہئے پھر اس کو کفار میں کیوں شمار کیا گیا۔ جواب اس کا یہ ہے کہ جیسے قلب سے تکذیب کرنا کفر ہے اسی طرح زبان سے تکذیب کرنا اور برتاؤ میں مخالفت وعداوت انبیاء سے کرنا بھی کفر ہے خوب سمجھ لو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ روح میں ہے کہ یہ قضیہ مطلقہ ہے دائمہ نہیں پس اگر کوئی شخص جنات کو ان کی اصلی صورت میں دیکھنے کا دعویٰ کرے خاص کر جب کہ مظنہ کرامت کا بھی ہو اس کو فاسق اور جھوٹا نہ کہا جاوے گا اور آیت کا حاصل صرف اتنا ہے کہ عادۃً اس طرح نہیں دکھائی دیتے۔ قولہ تعالیٰ: وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ۔ اس آیت میں حکم ہے اصلاح ظاہر وباطن کو جمع کرنے کا اَقِيْمُوْا میں اول اور مُخْلِصِيْنَ میں ثانی کی طرف اشارہ ہے۔ قولہ تعالیٰ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ الخ یہ اشارہ ہے رذائل قوت بہیمیہ کی طرف اور بغی میں رذائل قوت سبعیہ کی طرف اور اَنْ تَقُوْلُوْا میں رذائل قوت نطقیہ کی طرف۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله في انزلنا** پیدا **لما في الروح خلقنا لكم ذلك باسباب نازلة من السماء كالمطر الذى ينبت به القطن**۱۲۔ ۲؎ **قوله في كما اخرج** خرابی میں **اشار الى تقدير الكلام هكذا كما فتن ابويكم بان اخرج الخ ليصح التشبيه**۱۲۔ ۳؎ **قوله في اخرج** کرا دیا **اشارة الى ان الاسناد الى السبب**۱۲۔ ۴؎ **قوله في من حيث** ایسے طور پر **فهو مجاز لان حقيقة المكان او الزمان**۱۲۔ ۵؎ **قوله في واقيموا** اور یہ کہ **اشارة الى انه معطوف على القسط بتقدير ان**۱۲۔ ۶؎ **قوله في عند كل مسجد الاول** سجدہ یعنی الخ **اشارة الى ان المصدر ميمي والى انه مجاز بطريق اطلاق المقيد على المطلق**۱۲۔ ۷؎ **قوله في كما بداكم** قدرت **اشار الى فائدة التشبيه**۱۲۔ ۸؎ **قوله في عند كل مسجد الثاني** مسجد کی ہر حاضری **اشارة الى كون المراد به المعنى المتعارف كان نزولها في الطواف الذى يكون في المسجد**۱۲۔ ۹؎ **قوله في لا تسرفوا**

www.besturdubooks.net

حرام اعتقاد كذا فی روح المعانی وهو الانسب بالمقام ۱۲۔ ۱۰ قوله فی كل امة ہر فرد لما فی روح المعانی قالوا التقدير ولكل احد من امة ۱۲۔ ۱۱ قوله فی فاذا جاء نزدیک كما فی قوله اذا بلغن الی قوله فامسكوهن ای قاربن فاندفع به الاعتراض المشهور بانه لا يتصور الاستقدام عند مجيئه فلا فائدة فی نفيه وهذا مما القی فی روعی قد ما ثم رايته فی الروح منقولا عن البعض وان لم يرض به صاحب الروح وللناس فيما يعشقون مذاهب اما الفائدة فی نفی الاستقدام بعد تصور صحته فبيان سر تاخير هلاكهم مع استحقاقهم له كما ان فائدة نفی الاستيخار بيان عدم خلاصهم من العذاب ۱۲۔

الکلام : قوله بالفحشاء فی الروح والمراد بالقبح العقلی هنا نفرة الطبع السليم واستنقاص العقل المستقيم لا كون الشیٔ متعلق الذم قبل ورود النهی عنه فلا دلالة فيه للمعتزلة اه قلت ثم هو نفی للعادة لا للامكان يثبت به كون العقل حاكما فافهم قوله انا جعلنا الشيطين وقوله انهم اتخذوا فی المجموع دليل لاهل الحق فی كون الحق خالقا والخلق كاسبا فافهم ۱۲۔

اللغات : الريش الزينة اخذا من ريش الطير الذی هو زينه له وهو من عطف الصفة علی الصفة القبيل الجماعة۔

النحو : قوله فريقا حق ای اضل فريقا دل عليه قوله حق الخ۔

البلاغۃ : لباس التقوی كلجين الماء

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾
وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۳۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى
اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ قَالُوْٓا
اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ
اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا
قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾
وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا ع ۸ / ۱۱
بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ
وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾

اے اولاد آدم کی اگر تمہارے پاس پیغمبر آئیں جو تم ہی میں سے ہوں گے جو میرے احکام تم سے بیان کریں گے۔ سو جو شخص پرہیز رکھے اور درستی کرے سو ان لوگوں پر نہ کچھ اندیشہ ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے اور جو لوگ ہمارے احکام کو جھوٹا بتائیں گے اور ان سے تکبر کریں گے وہ لوگ دوزخ والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ سو اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیتوں کو جھوٹا بتلاوے ان لوگوں کے نصیب کا جو کچھ ہے وہ ان کو مل جائے گا۔ یہاں تک کہ جب ان کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے ان کی جان قبض کرنے آئیں گے تو کہیں گے وہ کہاں گئے جن کی تم خدا کو چھوڑ کر عبادت کیا کرتے تھے۔ وہ کہیں گے کہ ہم سے سب غائب ہو گئے اور اپنے کافر ہونے کا اقرار کرنے لگیں گے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ جو فرقے تم سے پہلے گزر چکے ہیں جنات میں سے بھی اور آدمیوں میں سے بھی ان کے ساتھ تم بھی دوزخ میں جاؤ جس وقت بھی کوئی (کفار کی) جماعت داخل (دوزخ) ہوگی اپنی جیسی دوسری جماعت کو لعنت کرے گی۔ یہاں تک کہ جب اس میں سب جمع ہو جائیں گے تو پچھلے لوگ پہلے لوگوں کی نسبت کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو ان لوگوں نے گمراہ کیا تھا' سو ان کو دوزخ کا عذاب (ہم سے) دوگنا دیجئے۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ سب ہی کا دوگنا ہے لیکن (ابھی) تم کو (پوری) خبر نہیں اور پہلے لوگ پچھلے لوگوں سے کہیں گے کہ پھر تم کو ہم پر کوئی فوقیت نہیں۔ سو تم بھی اپنے کردار کے مقابلہ میں عذاب کا مزہ چکھتے رہو۔ جو لوگ ہماری آیتوں کو جھوٹا بتلاتے ہیں اور ان (کے ماننے) سے تکبر کرتے ہیں ان کے لئے آسمان کے دروازے نہ کھولے جائیں گے اور وہ

www.besturdubooks.net

لوگ کبھی جنت میں نہ جائیں گے جب تک کہ اونٹ سوئی کے ناکہ کے اندر نہ چلا جائے اور ہم مجرم لوگوں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں۔ ان کیلئے آتش دوزخ کا بچھونا ہوگا اور ان کے اوپر اسی کا اوڑھنا ہوگا اور ہم ایسے ظالموں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں۔

تفسیر: ربط: اوپر عقائد و اعمال میں ابلیس کے اتباع و موافقت اور احکامِ الٰہیہ کی مخالفت سے ممانعت فرمائی گئی ہے۔ آگے یہ بتلاتے ہیں کہ اس مضمون کا خطاب تم کو کچھ جدید نہیں بلکہ عالمِ ارواح ہی میں یہ عہد لے لیا گیا تھا اور وعدہ وعید سنا دیا گیا تھا اب اسی کا اعادہ ہے اور اس میں مسئلہ رسالت اور معاد کا اثبات بھی ہو گیا جو کہ اعظم مقاصد سورت ہذا سے ہے۔

حکایت عہدِ قدیم باطاعت ربّ کریم و بیان نعیم و جحیم: یٰبَنِیۡۤ اٰدَمَ اِمَّا یَاۡتِیَنَّکُمۡ (الی قولہ تعالی) ھُمۡ فِیۡھَا خٰلِدُوۡنَ (ہم نے عالم ارواح ہی میں کہہ دیا تھا) اے اولاد آدم کی اگر تمہارے پاس پیغمبر آویں جو تم ہی میں سے ہوں گے جو میرے احکام تم سے بیان کریں گے سو (ان کے آنے پر) جو شخص (تم میں ان آیات کی تکذیب سے) پرہیز رکھے اور (اعمال کی) درستی کرے (مراد یہ کہ کامل اتباع کرے) سو ان لوگوں پر (آخرت میں) نہ کچھ اندیشہ (کی بات واقع ہونے والی) ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے اور جو لوگ (تم میں سے) ہمارے ان احکام کو جھوٹا بتاویں گے اور ان (کے قبول کرنے) سے تکبر کریں گے وہ لوگ دوزخ (میں رہنے) والے ہوں گے (اور) وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔

ربط: اوپر عہد مذکور میں نعیم و جحیم کا اجمالاً بیان تھا آگے بطور تفریع کے اس کا کسی قدر مفصل ذکر ہے۔ اول اہل جحیم کا پھر اہل نعیم کا۔

تفصیل سزائے مکذبین: فَمَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنِ افۡتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا (الی قولہ تعالی) وَ کَذٰلِکَ نَجۡزِی الظّٰلِمِیۡنَ (جب تکذیب کرنے والوں کا مستحق وعید شدید ہونا اجمالاً معلوم ہو گیا) سو (اب تفصیل سنو کہ) اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھے (یعنی جو بات خدا کی کہی ہوئی نہ ہو اس کو خدا کی کہی ہوئی کہے) یا اس کی آیتوں کو جھوٹا بتلاوے (یعنی جو بات خدا کی کہی ہوئی ہو اس کو بے کہی ہوئی بتلاوے) ان لوگوں کے نصیبے کا جو کچھ (رزق اور عمر) ہے وہ (تو) ان کو دنیا میں مل جاوے گا (لیکن آخرت) میں مصیبت ہی مصیبت ہے) یہاں تک کہ (برزخ میں مرنے کے وقت تو ان کی یہ حالت ہوگی کہ) جب ان کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے ان کی جان قبض کرنے آویں گے تو (ان سے) کہیں گے کہ (کہو) وہ کہاں گئے جن کی تم خدا کو چھوڑ کر عبادت کیا کرتے تھے (اب اس مصیبت میں کیوں نہیں کام آتے) وہ (کفار) کہیں گے کہ ہم سے سب غائب ہو گئے (یعنی واقعی کوئی کام نہ آیا) اور (اس وقت) اپنے کافر ہونے کا اقرار کرنے لگیں گے (لیکن اس وقت کا اقرار محض بے کار اور بعض آیات میں ایسے ہی سوال و جواب کا وقوع قیامت میں بھی مذکور ہے۔ سو دونوں موقعوں پر ہونا ممکن ہے اور قیامت میں ان کا یہ حال ہوگا کہ) اللہ تعالیٰ فرماوے گا کہ جو فرقے (کفار کے) تم سے پہلے گزر چکے ہیں جنات میں سے بھی اور آدمیوں میں سے بھی ان کے ساتھ تم بھی دوزخ میں جاؤ (چنانچہ) آگے پیچھے سب کفار اس میں داخل ہوں گے اور یہ کیفیت واقع ہوگی کہ) جس وقت بھی کوئی جماعت (کفار کی) داخل (دوزخ) ہوگی اپنی جیسی دوسری جماعت کو (جو انہی جیسے کافر ہوں گے اور ان سے پہلے دوزخ میں جا چکے ہوں گے) لعنت کرے گی (یعنی باہم ہمدردی نہ ہوگی، بلکہ بوجہ انکشاف حقائق کے ہر شخص دوسرے کو بری نظر سے دیکھے گا اور برا کہے گا) یہاں تک کہ جب اس (دوزخ میں سب جمع ہو جاویں گے تو (اس وقت) پچھلے لوگ (جو بعد میں داخل ہوئے ہوں گے اور وہ یہ لوگ ہوں گے جو کفر میں دوسروں کے تابع تھے) پہلے (داخل ہونے والے) لوگوں کی نسبت (یعنی ان لوگوں کی نسبت جو بوجہ رئیس و پیشوائے کفر ہونے کے دوزخ میں پہلے داخل ہوں گے) کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو ان لوگوں نے گمراہ کیا تھا سو ان کو دوزخ کا عذاب (ہم سے) دوگنا دیجئے۔ اللہ تعالیٰ (ارشاد) فرماویں گے کہ (ان کو دوگنا ہونے سے تم کو کونسی تسلی و راحت ہو جاوے گی بلکہ چونکہ تمہارا عذاب بھی ہمیشہ آناً فاناً بڑھتا جاوے گا اس لئے تمہارا عذاب بھی ان کے دوگنے عذاب ہی جیسا ہو گیا۔ پس اس حساب سے) سب ہی کا (عذاب) دوگنا ہے لیکن (ابھی) تم کو (پوری خبر نہیں) کیونکہ ابھی تو عذاب کی ابتداء ہی ہے اس تزاید کو دیکھا نہیں اس لئے ایسی باتیں بنا رہے ہو جس سے معلوم ہوتا ہے کہ دوسرے تضاعفِ عذاب کو اپنے لئے موجب شفائے غیظ و تسلی سمجھ رہے ہو) اور پہلے (داخل ہونے والے) لوگ پچھلے (داخل ہونے والے) لوگوں سے (خدا تعالیٰ کے اس جواب سے مطلع ہو کر) کہیں گے کہ (جب سب کی سزا کی یہ حالت ہے تو) پھر تم کو ہم پر (تخفیف عذاب کے بارہ میں) کوئی فوقیت نہیں (کیونکہ تخفیف نہ ہم کو نہ تم کو) سو تم بھی اپنے کردار (بد) کے مقابلہ میں عذاب (متزائد) کا مزہ چکھتے رہو (یہ حالت تو کفار کی دخولِ نار کی ہوئی اب حرمانِ جنت کی کیفیت سنو کہ) جو لوگ ہماری آیتوں کو جھوٹا بتلاتے ہیں اور ان کے (ماننے) سے تکبر کرتے ہیں ان (کی روح کے صعود کے) لئے (مرنے کے بعد) آسمان کے دروازے نہ کھولے جاویں گے (یہ تو حالت مرنے کے بعد برزخ میں ہوئی) اور (قیامت کے روز) وہ لوگ کبھی جنت میں نہ جاویں گے جب تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے کے اندر سے نہ چلا جاوے (اور یہ محال ہے پس معلق بالمحال بھی ہمیشہ کے لئے منفی ہوگا) اور ہم ایسے مجرم لوگوں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں (یعنی ہم کو کوئی عداوت نہ تھی جیسا کیا ویسا بھگتا اور اوپر جو دوزخ میں جانا مذکور ہوا ہے وہ آگ ان کو ہر چہار طرف سے محیط ہوگی کہ کسی طرف سے کچھ راحت

www.besturdubooks.net

نہ ملے چنانچہ یہ حال ہوگا کہ ان کے لئے آتش دوزخ کا بچھونا ہوگا اور ان کے اوپر اسی کا اوڑھنا ہوگا اور ہم ایسے ظالموں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں (جن کا ذکر فَمَنْ اَظْلَمُ میں اوپر آیا ہے)

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ روح میں ہے کہ اسی طرح ایسے لوگوں کے لئے دنیا میں ابواب ملکوت کشادہ نہیں ہوتے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى نصيبهم رزق اور عمر كذا فى التفاسير ۱۲۔ ۲ قوله قبل حتى مصيبت ہی مصيبت كرو لذكر ما فى البرزخ والآخرة بعده ۱۲۔ ۳ قوله فى ضلوا ممکن فلا دليل فيه لمن فسر الآية بحملها على الآخرة وتاويل يتوفون بيستوفون فى المحشر ۱۲۔ ۴ قوله فى امم ساتھ ففى بمعنى مع ۱۲۔ ۵ قوله فى النار دوزخ میں جاؤ اشارة الى ان فى النار متعلق بقوله ادخلوا ۱۲۔ ۶ قوله فى اخراهم بعد میں الی تابع لان الترتيب فى دخول النار باعتبار التفاوت فى الكفر ۱۲۔ ۷ قوله فى لاولهم نسبت وفى اخراهم سے اشارة الى ان اللام فى الاولى للتعليل وفى الاخرى للتبليغ كذا فى الروح ۱۲۔ ۸ قوله فى لكل ضعف بڑھتا جاوے گا كما يدل عليه قوله تعالى فى النحل زدناهم عذابا فوق العذاب وقوله كلما نضجت الخ وقوله لا يخفف عنهم الآية ۱۲۔ ۹ قوله فى فذوقوا العذاب مزائد فاللام للعهد ۱۲۔ ۱۰ قوله فى لا تفتح روح کے صعود كما فى حديث طويل رواه احمد وفيه فيستفتح له فلا يفتح ثم قرأ رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تفتح لهم ابواب السماء ولا يدخلون الجنة حتى يلج الجمل فى سم الخياط وفيه فيطرح روحه طرحا ثم قرأ ومن يشرك بالله فكانما خر من السماء فتخطفه الطير او تهوى به الريح فى مكان سحيق ۱۲۔ ۱۱ قوله فى المجرمين والظالمين ایسے المراد بالقيد الكفار لان هذا العذاب الشديد مخصوص به ۱۲۔

اللغات: قوله اداركوا اصله تداركوا الحق آخرهم اولهم كذا فى القاموس قلت حاصل معناه اجتمعوا وفيه ايضا ادرك الشئ وبلغ وقته وانتهى دفنى (ومنه) ادارك علمهم فى الآخرة جهلوا علمها ولا علم عندهم من امرها اه۔

النحو: قوله فى الدر المنثور اخرج ابن جرير عن ابى سيار السلمى فقال ان الله تبارك و تعالى جعل آدم وذريته فى كفه فقال يا بنى آدم الآية ثم هنهم اه قلت وعليه فسرت الآية ويؤيده قوله تعالى فى البقرة قلنا اهبطوا منها جميعا فاما ياتينكم منى هدى الاية فان الظاهر منه ان هذا الخطاب كان قبل ارسال الرسل فى عالم الارواح ولعله كان مع اخذ الميثاق على الربوبية والاصل فى الآيتين المتوافق خصوصاً مع تقارب الالفاظ والله اعلم ۱۲۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَنَزَعْنَا
مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۟ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ
اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۭ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾
وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ۭ قَالُوْا نَعَمْ ۚ
فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ
بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّاۢ بِسِيْمٰىهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ
عَلَيْكُمْ ۣ لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰىهُمْ قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۸﴾
اَهٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ۭ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ

www.besturdubooks.net

النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ۝۵۱

اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے ہم کسی شخص کو اس کی قدرت سے زیادہ کوئی کام نہیں بتاتے اور ایسے لوگ جنت والے ہیں۔ وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اور جو کچھ ان کے دلوں میں غبار تھا ہم اس کو دور کر دیں گے۔ ان کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہ لوگ کہیں گے اللہ کا لاکھ لاکھ احسان ہے جس نے ہم کو اس مقام تک پہنچایا اور ہماری کبھی رسائی نہ ہوتی اگر اللہ تعالیٰ ہم کو نہ پہنچاتے واقعی ہمارے رب کے پیغمبر سچی باتیں لے کر آئے تھے اور ان سے پکار کر کہا جائے گا کہ جنت تم کو دی گئی ہے تمہارے اعمال کے بدلے اور اہل جنت اہل دوزخ کو پکاریں گے کہ ہم سے جو ہمارے رب نے وعدہ فرمایا تھا ہم نے تو اس کو واقع کے مطابق پایا سو تم سے جو تمہارے رب نے وعدہ کیا تھا تم نے بھی اس کو مطابق واقع پایا وہ کہیں گے ہاں۔ پھر ایک پکارنے والا دونوں کے درمیان میں پکارے گا کہ اللہ کی مار ہو ان ظالموں پر جو اللہ تعالیٰ کی راہ سے اعراض کیا کرتے تھے اور اس کو ٹیڑھا تلاش کرتے رہتے تھے اور وہ لوگ آخرت کے بھی منکر تھے اور ان دونوں کے درمیان ایک آڑ ہوگی اور اعراف کے اوپر بہت سے آدمی ہوں گے۔ وہ لوگ ہر ایک کو ان کے قیافہ سے پہچانیں گے اور اہل جنت کو پکار کر کہیں گے کہ السلام علیکم۔ ابھی یہ اہل اعراف جنت میں داخل نہ ہوئے ہوں گے اور اس کے امیدوار ہوں گے اور جب انکی نگاہیں اہل دوزخ کی طرف جا پڑیں گی تو کہیں گے اے ہمارے رب ہم کو ان ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ کیجئے اور اہل اعراف بہت سے آدمیوں کو جن کو کہ ان کے قیافہ سے پہچانیں گے پکاریں گے کہیں گے کہ تمہاری جماعت اور تمہارا اپنے کو بڑا سمجھنا تمہارے کچھ کام نہ آیا۔ کیا یہ وہی ہیں جن کی نسبت تم قسمیں کھا کھا کر کہا کرتے تھے کہ ان پر اللہ تعالیٰ رحمت نہ کرے گا ان کو یوں حکم ہوگیا کہ جاؤ جنت میں تم پر نہ کچھ اندیشہ ہے اور نہ تم مغموم ہوگے اور دوزخ والے جنت والوں کو پکاریں گے کہ ہمارے اوپر تھوڑا سا پانی ہی ڈال دو یا اور ہی کچھ دے دو جو اللہ تعالیٰ نے تم کو دے رکھا ہے۔ جنت والے کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے دونوں چیزوں کی کافروں کے لئے بندش کر رکھی ہے۔ جنہوں نے دنیا میں اپنے دین کو لہو ولعب بنا رکھا تھا اور جن کو دنیوی زندگانی نے دھوکا میں ڈال رکھا تھا۔ سو ہم بھی آج کے دن ان کا نام نہ لیں گے جیسا کہ انہوں نے اس دن کا نام تک نہ لیا اور جیسا کہ یہ ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے۔ ۝

تفسیر ربط: اوپر سزائے مکذبین کی تفصیل تھی آگے جزائے مؤمنین کی تفصیل ہے۔ **تفصیل جزائے مؤمنین:** وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (الی قولہ تعالیٰ) بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ اور جو لوگ (آیات الہیہ پر) ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے (اور یہ نیک کام چنداں مشکل بھی نہیں کیونکہ ہماری عادت ہے کہ ہم کسی شخص کو اس کی قدرت سے زیادہ کوئی کام نہیں بتلاتے (یہ جملہ معترضہ تھا غرض) ایسے لوگ جنت (میں جانے) والے ہیں (اور) وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اور (ان کی حالت اہل دوزخ کی سی نہ ہوگی جن میں وہاں بھی تلاعن وتباغض رہے گا بلکہ ان کی یہ کیفیت ہوگی کہ) جو کچھ ان کے دلوں میں (کسی معاملہ کی وجہ سے دنیا میں باقتضاء طبعی) غبار (اور رنج) تھا ہم اس کو (بھی) دور کر دیں گے (کہ باہم خوب الفت سے رہیں گے اور) ان کے (مکانات کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہ لوگ (غایت فرح وسرور سے) کہیں گے اللہ کا لاکھ لاکھ احسان ہے جس نے ہم کو اس مقام تک پہنچایا اور ہماری کبھی (یہاں تک) رسائی نہ ہوتی اگر اللہ تعالیٰ ہم کو نہ پہنچاتے (اس میں یہ بھی آ گیا کہ یہاں تک پہنچنے کا جو طریقہ تھا ایمان اور اعمال وہ ہم کو بتلایا اور اس پر چلنے کی توفیق دی) واقعی ہمارے رب کے پیغمبر سچی باتیں لے کر آئے تھے (چنانچہ انہوں نے جن اعمال پر جنت کا وعدہ کیا تھا وہ سچا ثابت ہوا) اور ان سے پکار کر کہا جاوے گا کہ یہ جنت تم کو دی گئی ہے تمہارے اعمال (حسنہ) کے بدلے۔ **ف:** یہ ندا کرنے والا ایک فرشتہ ہوگا جیسا درمنثور میں بروایت ابن ابی حاتم کے ابی معاذ بصری سے مرفوعاً منقول ہے اس کے الفاظ یہ ہیں فيذهب الملك فيقول: سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ اور بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ سے ظاہراً اعمال کا سبب دخول جنت ہونا معلوم ہوتا ہے اور حدیث میں آیا ہے کہ اعمال کے سبب کوئی جنت میں نہ جاوے گا بلکہ رحمت الٰہی کے سبب جاویں گے۔ اصل یہ ہے کہ آیت میں سبب ظاہری مراد ہے اور حدیث میں سبب حقیقی۔ پس ظاہری کے اثبات اور حقیقی کی نفی میں کوئی تعارض نہیں۔

ربط: اوپر اہل جنت واہل نار کی جزاو سزا کی تفصیل تھی آگے بطور تتمہ کے ان میں جو باہم مکالمات ومخاطبات ہوں گے ان کا بیان ہے اور ان کے ساتھ اہل اعراف کا بھی جن کی حالت ابتداء میں بین بین ہوگی کچھ حال اور مقال مذکور ہے۔

مکالمات اہل جنت واہل اعراف واہل نار ☆ وَنَادٰۤى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ اھ (جب اہل جنت جنت میں جا پہنچیں گے اس وقت وہ) اہل جنت اہل دوزخ کو (اپنی حالت پر خوشی ظاہر کرنے کو اور ان کی حسرت بڑھانے کو) پکاریں گے کہ ہم سے جو ہمارے رب نے

www.besturdubooks.net

وعدہ فرمایا تھا (کہ ایمان اور اعمال صالحہ اختیار کرنے سے جنت دیں گے) ہم نے تو اس کو واقع کے مطابق پایا سو (تم بتلاؤ کہ) تم سے جو تمہارے رب نے وعدہ کیا تھا (کہ کفر کے سبب دوزخ میں پڑو گے) تم نے بھی اس کو مطابق واقع کے پایا (یعنی اب تو حقیقت اللہ و رسول کے صدق اور اپنی گمراہی کی معلوم ہوئی) وہ (اہل دوزخ جواب میں) کہیں گے ہاں (واقعی سب باتیں اللہ و رسول کی ٹھیک نکلیں) پھر (ان دوزخیوں کی حسرت اور جنتیوں کی مسرت بڑھانے کو) ایک پکارنے والا (یعنی کوئی فرشتہ) دونوں (فریق) کے درمیان میں (کھڑا ہو کر) پکارے گا کہ اللہ کی مار ہو ان ظالموں پر جو اللہ کی راہ (یعنی دین حق) سے اعراض کیا کرتے تھے اور اس (دین حق) میں (ہمیشہ بزعم خود) کجی (کی باتیں) تلاش کرتے رہتے تھے (کہ اس میں عیب اور اعتراض پیدا کریں) اور وہ لوگ (اس کے ساتھ) آخرت کے بھی منکر تھے (جس کا نتیجہ آج بھگت رہے ہیں یہ کلام تو اہل جنت کا اور ان کی تائید میں اس سرکاری منادی کا مذکور ہوا آگے اعراف والوں کا ذکر ہے) اور ان دونوں (فریق یعنی اہل جنت و اہل دوزخ) کے درمیان ایک آڑ (یعنی دیوار) ہوگی (جس کا ذکر سورۂ حدید میں ہے فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ الخ اس کا خاصہ یہ ہوگا کہ جنت کا اثر دوزخ تک اور دوزخ کا اثر جنت تک نہ جانے دے گی۔ رہا یہ کہ پھر گفتگو کیونکر ہوگی۔ سو ممکن ہے کہ اس دیوار میں جو دروازہ ہوگا جیسا سورۂ حدید میں ہے بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ اس باب میں سے یہ گفتگو ہو جاوے یا ویسے ہی آواز پہنچ جاوے) اور (اس دیوار کا یا اس کے بالائی حصہ کا نام اعراف ہے اور اس پر جنتی اور دوزخی سب نظر آویں گے سو) اعراف کے اوپر بہت سے آدمی ہوں گے (جن کی حسنات اور سیئات میزان میں برابر وزن کی ہوئیں) وہ لوگ (اہل جنت اور اہل دوزخ میں سے) ہر ایک کو (علاوہ جنت اور دوزخ کے اندر ہونے کی علامت کے) ان کے قیافہ سے (بھی) پہچانیں گے (قیافہ یہ کہ اہل جنت کے چہروں پر نورانیت اور اہل دوزخ کے چہروں پر ظلمت اور کدورت ہوگی جیسا دوسری آیت میں ہے وُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍ مُّسْفِرَةٌ۔ ضَاحِكَةٌ الخ) یہ (اہل اعراف) اہل جنت کو پکار کر کہیں گے السلام علیکم ابھی یہ اہل اعراف جنت میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے اور اس کے امیدوار ہوں گے (چنانچہ حدیثوں میں آیا ہے کہ ان کی امید پوری کر دی جاوے گی اور جنت میں جانے کا حکم ہو جاوے گا) اور جب ان کی نگاہیں اہل دوزخ کی طرف جا پڑیں گی تو (اس وقت ہول کھا کر) کہیں گے اے ہمارے رب ہم کو ان ظالم لوگوں کے ساتھ (عذاب میں) شامل نہ کیجئے اور (جیسے ان اہل اعراف نے اوپر اہل جنت سے سلام وکلام کیا (اسی طرح یہ) اہل اعراف (دوزخیوں میں سے) بہت سے آدمیوں کو (جو کہ کافر ہوں گے اور) جن کو کہ ان کے قیافہ (ظلمت و کدورتِ چہرہ) سے پہچانیں گے کہ یہ کافر ہیں پکاریں گے اور کہیں گے کہ تمہاری جماعت اور ہمارا اپنے کو بڑا سمجھنا (اور انبیاء کا اتباع نہ کرنا) تمہارے کچھ کام نہ آیا (اور تم اسی تکبر کی وجہ سے مسلمانوں کو حقیر سمجھ کر یہ بھی کہا کرتے تھے کہ یہ بیچارے کیا مستحق فضل و کرم ہوتے جیسا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا [الأنعام: ٥٣] سے بھی یہ مضمون مفہوم ہوتا ہے لو ان مسلمانوں کو تو اب دیکھو) کیا یہ (جو جنت میں عیش کر رہے ہیں) وہی (مسلمان) ہیں جن کی نسبت تم قسمیں کھا کھا کر کہا کرتے تھے کہ ان پر اللہ (اپنی) رحمت نہ کرے گا (لو ان پر تو اتنی بڑی رحمت ہوئی کہ) ان کو یہ حکم ہو گیا کہ جاؤ جنت میں (جہاں) تم پر نہ کچھ اندیشہ ہے اور نہ تم مغموم ہو گے (اور اس کلام میں جو رجالا کی تخصیص کی غالباً وجہ اس کی یہ معلوم ہوتی ہے کہ ہنوز عصاۃ مؤمنین بھی دوزخ میں پڑے ہوں گے قرینہ اس کا یہ ہے کہ جب اہل اعراف ہنوز امید جنت میں ہیں اور داخل جنت نہیں ہوئے تو عصاۃ جن کے سیئات اہل اعراف کے سیئات سے زیادہ ہیں ظاہراً بدرجہ اولیٰ دوزخ سے ابھی نہ نکلے ہوں گے مگر ایسے لوگ اس کلام کے مخاطب نہ ہوں گے واللہ اعلم) اور (جس طرح اوپر جنت والوں نے دوزخ والوں سے گفتگو کی اسی طرح) دوزخ والے جنت والوں کو پکاریں گے کہ (ہم مارے بھوک اور پیاس اور گرمی کے بے دم ہوئے جاتے ہیں خدا کے واسطے) ہمارے اوپر تھوڑا پانی ہی ڈال دو (شاید کچھ تسکین ہو جاوے) یا اور ہی کچھ دے دو جو اللہ تعالیٰ نے تم کو دے رکھا ہے (اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ امید کر کے مانگیں گے کیونکہ غایت اضطراب میں بعید از توقع باتیں بھی منہ سے نکلا کرتی ہیں) جنت والے (جواب میں) کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے دونوں چیزوں کی (یعنی جنت کے کھانے اور پانی کی) کافروں کے لئے بندش کر رکھی ہے جنہوں نے دنیا میں اپنے دین کو (جس کا قبول کرنا ان کے ذمہ واجب تھا) لہو و لعب بنا رکھا تھا اور جن کو دنیوی زندگانی نے دھوکہ (اور غفلت) میں ڈال رکھا تھا (اس لئے دین کی کچھ پرواہ ہی نہ کی اور یہ دار الجزاء ہے جب دین نہیں اس کا ثمرہ کہاں۔ آگے حق تعالیٰ اہل جنت کے اس جواب کی تصدیق و تائید میں فرماتے ہیں) سو (جب ان کی دنیا میں یہ حالت تھی تو) ہم بھی آج (قیامت) کے روز ان کا نام نہ لیں گے (اور کھانا پینا خاک نہ دیں گے) جیسا انہوں نے (اس عظیم الشان) دن کا نام تک نہ لیا اور جیسا یہ ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے۔

ف: در منثور میں مرفوع و موقوف روایات اس مقام میں اور سورۂ حدید کی آیت: فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ الخ میں بہت سی مذکور ہیں جن سے یہ امور مستفاد ہوتے ہیں اعراف اور سور ایک چیز ہے اہل اعراف وہ ہیں جن کے حسنات اور سیئات مساوی ہیں۔ اہل اعراف آخر میں جنت میں داخل کر دیئے جاویں گے و نیز دلالۃ النص سے ان کا داخل جنت ہونا معلوم ہوتا ہے کیونکہ عصاۃ اہل نار باوجود غلبۂ سیئات کے جب دوزخ سے نکل آویں گے تو اہل اعراف بدرجۂ اولیٰ نکلیں گے۔ جیسا کہ اثنائے تقریر ترجمہ میں رجالاً کی تخصیص کے فائدہ میں عصاۃ کا اس وقت تک دوزخ میں رہنا نیز دلالۃ النص سے ثابت کیا گیا ہے اور جو

www.besturdubooks.net

گفتگو باہمی ہوگی اس میں دو احتمال ہیں یا تو کیف ما اتفق بعض کی بعض سے ہو یا خاص جان پہچان والوں سے ہو۔ واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ اسی طرح شیخ بھی مرید کو باب اصلاح میں اس کے تحمل سے زیادہ اس کو تکلیف نہیں دیتا۔ قولہ تعالیٰ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ روح میں ہے کہ ان کے قلوب میں جو بمقتضائے طبیعت بعض معاملات دنیویہ کے سبب کچھ مخفی عداوت وکینہ تھا وہ نکال دیں گے اھ اس سے ثابت ہوا کہ جو کینہ طبعی غیر اختیاری ہو وہ دخول جنت سے مانع نہیں۔ قولہ تعالیٰ : وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ اس سے صریح معلوم ہوتا ہے کہ وصول الی المقصو دوہبی ہے کسبی نہیں اور جس کسب کا ظاہراً کچھ دخل بھی ہے وہ کسب خود وہبی ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ۔ بعض نے کہا ہے کہ چونکہ یہ کفار شکم کے بندے اور کھانے پینے کے حریص تھے تو اسی حالت میں مرے اور اس حالت پر ان کا حشر ہوا کہ کھانا اور پانی ہی مانگتے رہے اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ذمائم بعد مرگ بھی باقی رہتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في الحمدلا كهلا كهاحسان افاده كون اللام للاستغراق وكون الحمد اعم من الشكر ۱۲۔ ۲ قوله في نادى اپنى حالت الخ اشار الى ان الكلام ليس للاخبار ولا للاستخبار ۱۲۔ ۳ قوله في يصدون اعراض فهو لازم كما في قوله منهم من آمن به ومنهم من صد عنه ۱۲۔ ۴ قوله في اعراف بالائى لما في الروح اعراف الحجاب اى اعاليه وهو السور المضروب بينهما جمع عرف مستعار من عرف الديك اه (لارتفاعه على ما سواه من جسده) وفي المعالم عن السدى انم سمى السور اعرافا لان اصحابه يعرفون الناس اه فحصل ان الاعراف اما السور واما اعاليه ۱۲۔ ۵ قوله في ادخلوا حكم اشارة الى انه من قول اهل الاعراف بتقدير قيل ولم اره لغيرى وهو عندى خال عن التكلف ۱۲۔ ۶ قوله في رزقكم دےدو اشارة الى ان الكلام من قبيل علفتها تبنا و ماء باردا اى وسقيتها ۱۲۔ ۷ قوله في ننساهم نام نہ لیں گے اشارة الى كونه مجازا عن الترك ۱۲۔ ۸ قوله في وما كانوا اورجيسا اشارة الى كونه معطوفا على نسوا وداخلا في حيز الكاف وهي للتعليل ليصح في الفعلين لا للتشبيه ۱۲۔

النحو: لو لا ان هدانا جوابه محذوف لدلالة ما قبله عليه وليس اياه لامتناع تقدم الجواب على الصحيح كذا في الروح ۱۲۔

البلاغۃ: قوله لا نكلف معترضة للترغيب في اكتساب ما يؤدى الى النعيم المقيم ببيان سهولة مناله ۱۲۔ قوله الحمد لله قصد به التلذذ لا التعبد فان امثال هذا الكلام في امثال هذا المقام مما لا يتمالك ان لا يقوله ۱۲۔ قوله اورثتموها فيه مجاز اى اعطيتموها والنكتة في هذا التعبير الاشارة الى ان الميراث كما يحصل بلا اكتساب كذلك الجنة ليس في نيلها كبير دخل للاكتساب بل مدارها محض الفضل ۱۲۔

وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ
يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ
فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ ع ۱۳
الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۟ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ
وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا
وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ
اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا
سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾

www.besturdubooks.net

وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ۝ ع ۱۴

اور ہم نے ان لوگوں کے پاس ایک ایسی کتاب پہنچادی ہے جس کو ہم نے اپنے علم کامل سے بہت ہی واضح کر کے بیان کر دیا ہے ذریعہ ہدایت اور رحمت ان لوگوں کے لئے جو ایمان لے آتے ہیں۔ ان لوگوں کو اور کسی بات کا انتظار نہیں صرف اس کے اخیر نتیجے کا انتظار ہے۔ جس روز اس کا اخیر نتیجہ پیش آئے گا اس روز جو لوگ اس کو پہلے سے بھولے ہوئے تھے یوں کہنے لگیں گے کہ واقعی ہمارے رب کے پیغمبر سچی سچی باتیں لائے تھے۔ سو اب کیا کوئی میرا سفارشی ہے کہ وہ ہماری سفارش کر دے۔ یا کیا ہم پھر واپس بھیجے جاسکتے ہیں تا کہ ہم لوگ ان اعمال کے جن کو ہم کیا کرتے تھے برخلاف دوسرے اعمال کریں بے شک ان لوگوں نے اپنے کو خسارہ میں ڈال دیا اور جو باتیں تراشتے تھے سب گم ہوگیا۔ بے شک تمہارا رب اللہ ہی ہے۔ جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ روز میں پیدا کیا۔ پھر عرش پر قائم ہوا۔ چھپا دیتا ہے شب سے دن کو ایسے طور پر کہ وہ شب اس دن کو جلدی آلیتی ہے اور سورج چاند اور دوسرے ستاروں کو پیدا کیا۔ ایسے طور پر کہ سب اس کے حکم کے تابع ہیں۔ یاد رکھو اللہ ہی کے لئے خاص ہے خالق ہونا اور حاکم ہونا۔ بڑی خوبیوں سے بھرے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ جو تمام عالم کے پروردگار ہیں۔ تم لوگ اپنے پروردگار سے دعا کیا کرو تذلل ظاہر کر کے بھی اور چپکے چپکے بھی (البتہ یہ بات واضح رہے کہ) واقعی اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ناپسند کرتے ہیں جو حد سے نکل جائیں اور دنیا میں بعد اس کے کہ اس کی درستی کر دی گئی ہے فساد مت پھیلاؤ اور تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے اور امیدوار رہتے ہوئے بیشک اللہ تعالیٰ کی رحمت نزدیک ہے نیک کام کرنے والوں کے اور وہ (اللہ) ایسا ہے کہ اپنی باران رحمت سے پہلے ہواؤں کو بھیجتا ہے کہ وہ خوش کر دیتی ہیں یہاں تک کہ جب وہ ہوائیں بھاری بادلوں کو اٹھالیتی ہیں تو ہم اس بادل کو کسی خشک زمین کی طرف ہانک لے جاتے ہیں پھر اس بادل سے پانی برساتے ہیں پھر اس پانی سے ہر قسم کے پھل نکالتے ہیں۔ یوں ہی ہم مردوں کو نکال کھڑا کریں گے۔ تا کہ تم سمجھو اور جو سرزمین ستھری ہوتی ہے اس کا پیداوار تو خدا کے حکم سے خوب نکلتا ہے اور جو خراب ہے اس کا پیداوار (اگر نکلا بھی) بہت کم نکلتا ہے۔ اسی طرح ہم (ہمیشہ) دلائل کو طرح طرح سے بیان کرتے رہتے ہیں۔ ان لوگوں کے لئے جو قدر کرتے ہیں۔ ۝

تفسیر: ربط: اوپر تفصیل جزا و سزا کی بیان کی گئی ہے آگے یہ فرماتے ہیں کہ اس واشکاف بیان کا اور نیز دیگر مضامین قرآنیہ کا تو مقتضا یہ ہے کہ کفر و مخالفت سے باز آجاویں۔ چنانچہ اہل ایمان اس سعادت سے مشرف ہوتے بھی ہیں لیکن کفار و معاندین کی اس درجہ قساوت بڑھی ہے کہ یہ قبل وقوع سزا کے نہ مانیں گے لیکن اس وقت ماننا کام نہ آوے گا۔

ہدایت بودن قرآن باز بدو منتفع نبودن اہل طغیان ☆ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ اور ہم نے ان لوگوں کے پاس ایک ایسی کتاب پہنچادی ہے (یعنی قرآن) جس کو ہم نے اپنے علم کامل سے بہت ہی واضح واضح کر کے بیان کر دیا ہے (اور یہ بیان سب کے سنانے کو کیا ہے لیکن) ذریعہ ہدایت اور رحمت ان (ہی) لوگوں کے لئے (ہوا) ہے جو (اس کو سن کر) ایمان لے آتے ہیں (اور جو باوجود اتمام حجت ایمان نہیں لاتے ان کی حالت سے ایسا مترشح ہوتا ہے کہ) ان لوگوں کو اور کسی بات کا انتظار نہیں صرف اس (قرآن) کے (بتلائے ہوئے) اخیر نتیجہ (یعنی وعدہ سزا) کا انتظار ہے (یعنی وعید ثابت بالدلیل سے نہیں ڈرتے تو گویا خود اس ما بہ الوعید کا وقوع چاہتے ہوں گے سو) جس روز اس کا (بتلایا ہوا) اخیر نتیجہ پیش آوے گا (جس کی تفصیل دوزخ وغیرہ اوپر مذکور ہوئی) اس روز جو لوگ اس کو پہلے سے بھولے ہوئے تھے (مضطر ہو کر) یوں کہنے لگے کہ واقعی ہمارے رب کے پیغمبر (دنیا میں) سچی سچی باتیں لائے تھے (مگر ہم سے حماقت ہوئی) سو اب کیا کوئی ہمارا سفارشی ہے کہ وہ ہماری سفارش کر دے یا کیا ہم پھر (دنیا میں) واپس بھیجے جاسکتے ہیں تا کہ ہم لوگ (پھر دنیا میں جا کر) ان اعمال (بد) کے جن کو ہم کیا کرتے تھے برخلاف دوسرے اعمال (نیک) کریں (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اب کوئی صورت نجات کی نہیں) بیشک ان لوگوں نے اپنے کو (کفر کرکے) خسارہ میں ڈال دیا اور یہ جو جو باتیں تراشتے تھے (اس وقت) سب گم ہوگیا (اب بجز سزا کے اور کچھ نہ ہوگا)

ربط: اوپر معاد کی تفصیل تھی چونکہ مشرکین دوبارہ زندہ ہونے کو مستبعد سمجھتے تھے اس لئے آگے اپنی قدرت اور تصرف کامل کا بیان فرماتے ہیں جس کو سماوات والارض کی تخلیق کے ذکر سے شروع فرمایا اور بارش کے ذکر پر جس کا اثر حیات ارض میتہ ہے ختم کیا۔ چنانچہ: كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى کی تصریح سے اس کی مقصودیت کی تائید ہوتی ہے و نیز ضَلَّ عَنْهُمْ [الأنعام : ۲۴] میں شرکاء کا کام نہ آنا مذکور تھا اور اس سے شرک کا ابطال ہوتا تھا اس مناسبت سے آگے توحید کا بیان فرمایا و نیز اوپر قرآن سے باوجود اس کے خطاب عام ہونے کے صرف مؤمنین کا منتفع ہونا مذکور تھا آیت: وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ میں اس کی مثال ہے جس کا حاصل یہ ہے ۔ باراں کہ در لطافت طبعش خلاف نیست ☆ در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس

چنانچہ درمنثور میں اس تمثیل سے اس کی تفسیر کرنا بہت سے سلف سے نقل کیا ہے۔

اثبات توحید و قدرت و مثال بعث و مثال منتفع بقرآن ☆ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ (الی قولہ تعالیٰ) كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ۝ بیشک تمہارا رب اللہ ہی ہے جس نے سب آسمانوں اور زمین کو چھ روز (کے برابر وقت) میں پیدا کیا پھر عرش پر (جو مشابہ ہے تخت سلطنت کے اس طرح) قائم (اور جلوہ فرما) ہوا (جو

www.besturdubooks.net

کہ اس کی شان کے لائق ہے) جس سے سننے والے کے قلب میں بلزومِ عرفی دو شانیں متحضر ہو جاتی ہیں ایک رفعت وعلو دوسری احکام شاہی کا صدور کیونکہ عادتاً تختِ شاہی پر جلوہ افروز ہونے کے لئے یہ دو امر لازم ہیں چنانچہ دوسری شان کا آگے بھی ذکر ہے کہ) چھپا دیتا ہے شب (کی تاریکی) سے دن (کی روشنی) کو (یعنی شب کی تاریکی سے دن کی روشنی پوشیدہ اور زائل ہو جاتی ہے) ایسے طور پر کہ وہ شب اس دن کو جلدی سے آ لیتی ہے (یعنی دن آناً فاناً گزرتا معلوم ہوتا ہے حتی کہ دفعۃً رات آ جاتی ہے) اور سورج اور چاند اور دوسرے ستاروں کو پیدا کیا ایسے طور پر کہ سب (اپنی رفتار و انوار و آثار میں) اس کے حکم (تکوینی) کے تابع ہیں (کہ جس طرح اللہ تعالیٰ ان میں تصرف کرنا چاہیں کرتے ہیں) یاد رکھو اللہ ہی کے لئے خاص ہے خالق ہونا (جیسا خلق سے معلوم ہوا) اور حاکم ہونا (جیسا بامرہ سے معلوم ہوا) بڑی خوبیوں کے بھرے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ جو تمام عالم کے پروردگار ہیں (انہی خوبیوں میں خالق ہونا اور حاکم ہونا ہے اور جب پروردگار میں ایسی خوبیاں ہیں تو) تم لوگ (ہر حالت اور ہر حاجت میں) اپنے پروردگار سے دعا کیا کرو تذلل ظاہر کر کے بھی اور چپکے چپکے بھی (البتہ یہ بات) واقعی (ہے کہ) اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ناپسند کرتے ہیں جو (دعا میں) حد (ادب) سے نکل جاویں (مثلاً محالاتِ عقلیہ یا محالاتِ شرعیہ یا مستبعداتِ عادیہ معاصی یا بیکار چیزیں مانگنے لگیں مثلاً خدائی یا نبوت یا فرشتوں پر حکومت غیر منکوحہ عورت سے تمتع یا فردوس کے داہنی طرف کا سفید محل اور امثال اس کے مانگنے لگے یہ سب ادب کے خلاف ہے ہاں جنت یا فردوس کی دعا مطلوب ہے اس میں یہ فضول قیدیں ممنوع ہیں) اور دنیا میں بعد اس کے کہ (تعلیم توحید و بعثت انبیاء و ایجاب احکام شرعیہ سے) اس کی درستی کر دی گئی ہے فساد مت پھیلاؤ (یعنی امور حقہ توحید وغیرہ کے ماننے اور ان پر چلنے سے جن کی اوپر تعلیم ہے عالم میں امن قائم ہوتا ہے تم تعلیم مذکور کو چھوڑ کر نقضِ امن مت کرو) اور جیسا تم کو اوپر خاص دعا کرنے کا حکم ہوا ہے اسی طرح بقیہ عبادات کا حکم کیا جاتا ہے کہ) تم اللہ تعالیٰ کی عبادت (جس طریق سے تم کو بتلا دیا ہے) کیا کرو خدا تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے اور امیدوار رہتے ہوئے (یعنی عبادت کر کے نہ تو ناز ہو اور نہ مایوسی ہو آگے عبادت کی ترغیب ہے کہ) بیشک اللہ تعالیٰ کی رحمت نزدیک ہے نیک کام کرنے والوں سے اور وہ (اللہ) ایسا ہے کہ اپنے بارانِ رحمت سے پہلے ہواؤں کو بھیجتا ہے کہ وہ (بارش کی امید دلا کر دل کو) خوش کر دیتی ہیں یہاں تک کہ جب وہ ہوائیں بھاری بادلوں کو اٹھا لیتی ہیں تو ہم اس بادل کو کسی خشک سرزمین کی طرف ہانک لے جاتے ہیں پھر اس بادل سے پانی برساتے ہیں پھر اس پانی سے ہر قسم کے پھل نکالتے ہیں (جس سے مثل تصرفاتِ بالا توحید ہماری بھی ثابت ہوتی ہے اور قدرت علی البعث بھی ثابت ہوتی ہے چنانچہ) یوں ہی (قیامت کے روز) ہم مردوں کو (زمین سے) نکال کھڑا کریں گے (یہ سب اس لئے سنایا) تاکہ تم سمجھو (کہ جو اس مذکور پر قادر ہے وہ بعث پر بھی قادر ہے) اور (گو ہمارا کلام ہدایت کے لئے فی نفسہٖ کافی ہے جس کا مقتضا یہ تھا کہ اس کو سن کر سمجھ کر سب توحید و رسالت و بعث وغیرہ امور حقہ کے قائل ہو جاتے لیکن قابل و ناقابل کے تفاوت سے کوئی منتفع ہوتا ہے کوئی نہیں اس کی مثال اسی بارش مذکور ہی کے آثار میں غور کر کے سمجھ لو کہ) جو سرزمین ستھری ہوتی ہے اس کا پیداوار تو خدا کے حکم سے خوب نکلتا ہے اور جو خراب ہے اس کا پیداوار (اگر نکلا بھی تو) بہت کم نکلتا ہے (اور جس طرح ہم نے یہاں دلائل قاطعہ بیان کئے ہیں) اسی طرح ہم (ہمیشہ دلائل کو طرح طرح سے بیان کرتے رہتے ہیں (مگر وہ سب) ان (ہی) لوگوں کے لئے (نافع ہوتے ہیں) جو (ان کی) قدر کرتے ہیں (اور ان کو اپنی فلاح کی چیز سمجھ کر ان میں غور کرتے اور ان پر عمل کرتے ہیں)

ف: خلاصہ ان آیات کا جیسا کہ تمہید میں بھی اشارہ کیا گیا ہے کہ جب حق تعالیٰ کے یہ کمالات ذاتی و صفاتی ثابت ہوئے تو عبادت اور طلب حاجت میں ان کے ساتھ کسی کو شریک مت کرو اور ان کی قدرت کو اور نمونہ کو پیش نظر رکھ کر بعث کا انکار مت کرو اور ہم نے بیان کافی کر دیا اگر کوئی نہ مانے تو مثل زمین شورہ کے اس کی ناقابلیت ہے اور یہ جو فرمایا کہ ہوا بادل کو اٹھا لیتی ہے اٹھانے کا مطلب یہ ہے کہ بادل کے اجزاء کو ہوا باہم ملا دیتی ہے دوسرے یہ کہ ہوا کی وجہ سے وہ اجزاء معلق رہتے ہیں ورنہ مرکز کی طرف مائل ہو جاتے۔ تیسرے یہ کہ ہوا کے سبب ایک جگہ سے دوسری جگہ بادل پہنچتا ہے **کذا فی الکبیر** اور یہ جو فرمایا کہ بارش سے پہلے ہوا آتی ہے مراد باعتبار غالب کے ہے پس ایک کا بدوں دوسرے کے ہونا محل اشکال نہیں **کذا فی الکبیر**۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ سلف کا مذہب ایسے نصوص میں تفویض مراد کی حق سبحانہ وتعالیٰ کی طرف ہے یعنی جو استواء حق تعالیٰ نے مراد لیا ہے اور وہ حق تعالیٰ کی شان کے موافق ہے وہی مراد ہے اور اکثر حضرات صوفیہ کا یہی مذہب ہے۔ قولہ تعالیٰ: اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ روح میں ہے کہ سفیان بن عیینہ نے اس سے کلام الٰہی کا غیر مخلوق ہونا مستنبط کیا ہے یعنی کلام حق اس کا امر تو یقیناً ہے اور امر کو مقابل فرمایا ہے خلق کا تو معلوم ہوا کہ وہ خلق سے منزہ ہے اور یہ استدلال کچھ نہیں اس لئے کہ یہاں دوسری تفسیر بھی محتمل ہے جیسا کہ ابن ابی حاتم نے روایت کی ہے کہ خلق تو ماتحت عرش کے ہے اور امر مافوق عرش کے ہے آہ حاصل اس تفسیر ثانی کا یہ ہو سکتا ہے کہ خلق مادیات کے ساتھ خاص ہے تو کلام اللہ و امر کی مادیت کی نفی سے غیر مخلوق ہونا لازم نہیں آتا اور اس سے مجردات پر عالم امر کے اطلاق کی صحت معلوم ہوتی ہے اور صوفیہ نے جو لطائف کو عالم امر سے کہا ہے اور اس کو فوق العرش بھی کہا ہے اس سے اس کی اصل نکل آئی یعنی فوق العرش کی تفسیر یہی ہے کہ وہ مادیات میں سے نہیں تو اس بناء پر صوفیہ کے ان احکام کی اصل سلف سے بھی معلوم ہوتی ہے اور ممکن ہے کہ وہ دوسری

www.besturdubooks.net

تفسیر محتمل یہ ہو کہ الامر تخصیص بعد التعمیم ہو یعنی پیدا کرنا بھی اسی کا کام ہے اور حکم کرنا بھی کہ ایک فرد ہے پیدا کرنے کی یعنی خطاب کو پیدا کرنا تو اس بناء پر اس میں صوفیہ کی یہ تائید نہ ہوگی۔ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً في الروح اى اعبدوه تضرعا خفية اشارة الى طريق الجلوة والخلوة او ادعوه بالجوارح والقلب انه لا يحب المعتدين المتجاوزين هما امروا به بترك الامتثال او الذين يطلبون منه سواه آه۔) قولہ تعالیٰ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً اس میں اشارہ ہے طریق جلوت و خلوت کی طرف یا عبادت جوارح وقلب کی طرف۔ قولہ تعالیٰ: وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا یہ اس شخص کی مثال ہے جس میں وعظ مؤثر ہوتا ہے اور جس میں مؤثر نہیں ہوتا یعنی طیب الاستعداد و فاسد الاستعداد کی پس اس میں مسئلہ استعداد کی دلیل ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ١ قوله في على علم اپنے علم سے اشارة الى انه حال من فاعل فصلنا ومعناه عالمين على اكمل وجه حتى جاء حكيما متقنا ١٢۔ ٢ قوله في ينظرون گویا اشارة الى ان المراد انهم بمنزلة المنتظرين فلا يقال كيف ينتظرونه وهم جاحدون كذا في الروح ١٢۔ ٣ قوله في نرد کیا اشارة الى عطفه على الجملة قبله داخل معه في حكم الاستفهام اى هل لنا من شفعاء او هل نرد الخ ١٢۔ ٤ قوله في ستة ايام برابر كما في الروح اى في بمقدار ستة ايام كقوله تعالىٰ ولهم رزقهم فيها بكرة وعشيا فان المتعارف ان اليوم من طلوع الشمس الى غروبها ولم تكن هي حينئذ ١٢۔ ٥ قوله جو اس کی شان الخ هذا هو الذى عليه جمهور السلف من حمل الاستواء على الحقيقة المبهمة لنا (فهذه الحقيقة عامة للحقيقة) للغوية والمجاز اللغوى) ثم تفويضها الى الله تعالىٰ والمنع على الخوض فهاء وما الكلام على الاستواء مع اقسام المتشابه واحكامه مفصلا في رسالة التواجه المذكورة في حاشية آية المتشابهات من آل عمران مع ضميمة الرسالة وهذا المنع معقول لان ادراكنا قاصر عنه كما يمنع الا كمه عن الخوض كنه اللون بعين هذه العلة واياك ان تقيس استواءه مثلا على بعض التفاسير على استواك لان الصفة تختلف حقيقتها باختلاف الموصوف كما ان استقرار زيد على شيء يغاير بكهنه استقرار الرأى على امر وكما ان طول الخشب يغاير بكهنه طول الليل مع كون كل من الاستواء والطول حقيقياً واذا كان المستوى غير معلوم الكنه فكان الاستواء لا محالة غير معلوم الكنه فاى وجه يقاس مجهول الكنه على معلوم الكنه كيف ومثل استوائك يستحيل عليه تعالىٰ للدلائل العقلية عند الخواص وهي مذكورة في الكتب الكلامية وعند العوام لان استواء اعظم الجبال بل اصغرها على الجزء الذى لا يتجزى ليس باستواء في لغة نزل بها القرآن مع كونهما متناهين فكيف اذا كان احد الشيئين متناهيًا والآخر غير متناه هذا كله كان على مذهب السلف واختار الخلف مسلك التاويل لمصلحة سهولة فهمه العوام ولهذا التاويل وجوه اقربها الى العربية واوفقها بقوله تعالىٰ يدبر الامر ونحوه حمله على التدبير فقوله تعالىٰ يدبر الامر تفسير الاستواء عند الخلف و بيان للحكمة (كما ستاتى) عند السلف ولا يرد على الخلف ان الملك لم يزل الله تعالىٰ فما معنى تاخيره عن خلق العالم لانى اقول ان المراد التدبير الخاص في السمٰوات والارض وظاهر انه يتاخر عن خلقهما ولا يلزم منه حدوث الصفة بل حدوث الفعل ولا محذور فيه فافهم ١٢۔ ٦ قوله جس سے سننے والے کے الخ اشارة الى حكمة بيان الاستواء وتفصيل الحكمة في رسالتنا المسماة بتمهيد الفرش في تحديد العرش ١٢۔ ٧ قوله في يغشى چھپا دیتا ہے ولم افسر بالعكس مع احتماله لان باخرته يتايد بقوله تعالىٰ والليل اذا يغشى فانه نص في كون الليل غاشيا والمحتمل يرجع الى النص ثم تخصيص كون الليل غاشيا بالذكر دون عكسه مع ان الواقع كلاهما فلعله لكونه اول على القدرة لان سلب النور عن النهار اوحش للعقول من عكسه ولعله هو المبنى للحكم يكون طلبه له حثيثا لان الليل متشابه اجزاءه لا يدرك انقضاءه فيه بادى النظر بخلاف النهار فانه لعدم تشابه اجزاءه ودلالة الظل والشمس بالانتقاص والازدياد في كل حين يدرك انقضاءه وذهابه بسرعة ١٢۔ ٨ قوله في يغشى و مسخرات ایسے طور پر اشارة الى كونهما حالين ١٢۔ ٩ قوله في بامره تکوینی لانه اظهر واسلم وان صح حمله على ما يقتضى كون المامور اذا شعور ١٢۔ ١٠ قوله في تبارك خوبیوں اشار الى انه من البركة بمعنى الكثرة ولو باعتبار الصفات لا الذات لو حدتها ١٢۔ ١١ قوله في ادعوا الاول دعا وفي الثانى عبادت بقرینہ کر التضرع والحقيقة في الاول وبقرينة ذكر خوفا وطمعا في الثانى كما في السجدة يدعون ربهم خوفا وطمعا وكون تفسيره متعينا بصلوٰة الليل وانظر تفسير تضرعا وخفية في حواشى قوله تعالىٰ الانعام قل من ينجيكم الخ ولعل تقديم الامر بالدعاء على الامر بالعبادة على هذا التقرير مع كون العبادة مقصودة للايذان بان ما شرع لكم انما روعى فيه مصلحتكم حقيقة حتى انا اذنا لكم في طلب حاجاتكم قبل سائر طاعاتكم ١٢۔

www.besturdubooks.net

۱۲ قوله فی البلد سرزمین لما فی الروح ای الارض واستعمال البلد بمعنی القریة عرف طار ومن قبیل ذاك اطلاقه علی مكة المكرمة ۱۲۔ ۱۳ قوله فی یخرج نباته خوب بقرینة مقابلة بنكدا وایضا بقرینة قوله باذن ربه وانه كثیرا ما یستعمل فی ما یرغب ویتمنی ۱۲۔ ۱۴ قوله هناك اس کا پیداوار اشار الی تقدیره هكذا لا یخرج نباته الا نكدا فحذف المضاف واقیم المضاف الیه مقامه فصار مرفوعا مستترا كذا فی البیضاوی ۱۲۔ ۱۵ قوله فی نكدا اگر نکلا بھی زدته لئلا یرد ان بعض السباخ لا یخرج شیئا ۱۲۔

الکلام : استدل بقوله ان رحمة الله علی بعد غیر المحسنین عنها والجواب انه لا دلالة علی الحصر ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراء ة نشرا كرسل جمع نشور بمعنی ناشر وفی قراء ة نشرا بالتخفیف وفی قراء ة نشرا بفتح النون علی انه مصدر فی موقع الحال بمعنی ناشرات ۱۲۔

اللغات: التاویل ای عاقبة وما یؤل الیه امره من تبین صدقه بظهور ما اخبر بهٖ من الوعد والوعید كذا فی الروح۔ بشرا هو تخفیف بشرا بضمتین جمع بشیر ثقالا بالماء جمعه لان السحاب بمعنی السحائب وافراد الضمیر فی سقناه باعتبار اللفظ ۱۲۔

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ فَقَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ۵۹ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۶۰ قَالَ یٰقَوْمِ لَیْسَ بِیْ ضَلٰلَةٌ وَّ لٰكِنِّیْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۶۱ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّیْ وَ اَنْصَحُ لَكُمْ وَ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۶۲ اَوَ عَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰی رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِیُنْذِرَكُمْ وَ لِتَتَّقُوْا وَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۶۳ فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَیْنٰهُ وَ الَّذِیْنَ مَعَهٗ فِی الْفُلْكِ وَ اَغْرَقْنَا الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِیْنَ ۶۴ ع ۸/۱۵

ہم نے نوح علیہ السلام کو ان کی قوم کی طرف بھیجا۔ سو انہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم تم (طرف) اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (ہونے کے قابل) نہیں۔ مجھ کو تمہارے لئے ایک بڑے سخت دن کے عذاب کا اندیشہ ہے۔ ان کی قوم کے آبرودار لوگوں نے کہا ہم تم کو صریح غلطی میں دیکھتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم مجھ میں تو ذرا بھی غلطی نہیں لیکن پروردگار عالم کا رسول ہوں۔ تم کو اپنے پروردگار کے احکام پہنچاتا ہوں اور تمہاری خیر خواہی کرتا ہوں اور میں خدا کی طرف سے ان امور کی خبر رکھتا ہوں جن کی تم کو خبر نہیں اور کیا تم اس بات پر تعجب کرتے ہو کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس ایک ایسے شخص کی معرفت جو تمہاری ہی جنس کا ہے کوئی نصیحت کی بات آگئی تاکہ وہ شخص تم کو ڈرائے اور تاکہ تم ڈر جاؤ اور تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ سو وہ لوگ ان کی تکذیب ہی کرتے رہے تو ہم نے نوح علیہ السلام کو اور جو لوگ ان کے ساتھ کشتی میں تھے بچالیا جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ان کو ہم نے غرق کردیا۔ بے شک وہ لوگ اندھے ہو رہے تھے۔ ۞

تفسیر ربط: شروع سورت سے یہاں تک نبوت اور معاد اور توحید کا اثبات اور اتباع کی ترغیب اور مخالفت پر ترہیب اور اضلال ابلیس کا بیان تھا جیسا سرخیوں سے ظاہر ہے آگے ان ہی مضامین کے مناسب چند قصص انبیاء علیہم السلام اور ان کی امم کے مذکور ہوتے ہیں نبوت سے تو مناسبت ظاہر ہے کہ جب اور انبیاء بھی ہو چکے ہیں پھر آپ کی نبوت پر کیا استعجاب ہوتا ہے اور توحید سے مناسبت اس طرح ہے کہ یہ سب حضرات انبیاء توحید کی تعلیم فرماتے رہے اور ترہیب سے یہ مناسبت کہ ان قصص میں مختلف عذابوں کے نزول کا ذکر ہے ان کو سن کر مخاطبین کو بھی خوف پیدا ہوا اور اسی ترغیب کا فائدہ بھی حاصل ہوتا ہے کہ اگر وہ مخالفت نہ کرتے تو ان مصائب سے محفوظ رہتے اور اسی سے معاد کا مقصود بھی حاصل ہوگیا کہ جیسے پہلے امم کو چندے مہلت ہونا دلیل نہ تھی معذب نہ ہونے کی تم کو اگر زیادہ مہلت بھی ہو تب بھی اس سے عذاب آخرت سے تم کو مامون نہ ہونا چاہئے اور نیز قصص کے بعض الفاظ سے ان حضرات کا اپنی امم کو عذاب آخرت و معاد سے ڈرانا معلوم ہوتا ہے اور اضلال ابلیس کا اشتراک سب کفار سابقین ولاحقین میں ظاہر ہے اور ان سب فوائد کے ساتھ ان قصص میں آپ کی تسلی بھی ہے کہ پہلے سے بھی تکذیب ہوتی چلی آئی ہے سو شروع سورت میں جو فَلَا یَكُنْ فِیْ صَدْرِكَ حَرَجٌ آیا ہے اس کی تقویت بھی ہوگئی و نیز صحیح طور پر مدعی رسالت کے لئے خود قصص غائبہ کا اخبار بلانقل مستقل معجزہ و دلیل نبوت ہے پس مسئلہ نبوت کے مضمون سے ارتباط اس وجہ سے اور زائد ہوگیا۔

قصہ اوّل حضرت نوح علیہ السلام با قوم او ☆ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ (الی قوله تعالی) اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِیْنَ ۝ ہم نے نوح علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) ان کی قوم کی طرف بھیجا سو انہوں نے (اس قوم سے) فرمایا کہ اے میری قوم تم (صرف) اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود

www.besturdubooks.net

(ہونے کے قابل) نہیں (اور بت پرستی چھوڑ دو جن کا نام سورۂ نوح میں ہے ود اور سواع اور یغوث اور یعوق اور نسر) مجھ کو تمہارے لئے (دو صورت میرا کہنا نہ ماننے کے) ایک بڑے (سخت) دن کے عذاب کا اندیشہ ہے (کہ وہ یوم قیامت ہے یا یوم طوفان) ان کی قوم کے آبرو دار لوگوں نے کہا کہ ہم تم کو صریح غلطی میں (مبتلا) دیکھتے ہیں (کہ توحید کی تعلیم کر رہے ہو اور عذاب کا ڈراوا دکھلا رہے ہو) انہوں نے (جواب میں) فرمایا کہ اے میری قوم مجھ میں تو ذرا بھی غلطی نہیں لیکن (چونکہ میں پروردگار عالم کا بھیجا ہوا رسول ہوں) انہوں نے مجھ کو توحید پہنچانے کا حکم کیا ہے اس لئے اپنا منصبی کام کرتا ہوں کہ) تم کو اپنے پروردگار کے پیغام اور (احکام) پہنچاتا ہوں اور (اس پہنچانے میں میری کوئی دنیوی غرض نہیں بلکہ محض) تمہاری خیر خواہی کرتا ہوں (کیونکہ توحید میں تمہارا ہی نفع ہے) اور (عذاب یوم عظیم سے جو کہ تم کو تعجب ہوتا ہے تو تمہاری غلطی ہے کیونکہ) میں خدا کی طرف سے ان امور کی خبر رکھتا ہوں جن کی تم کو خبر نہیں (تو اللہ تعالیٰ نے مجھ کو بتلا دیا ہے کہ ایمان نہ لانے سے عذاب یوم عظیم واقع ہوگا) اور (تم کو جو میرے رسول ہونے پر بوجہ میرے بشر ہونے کے انکار ہے جیسا سورۂ مؤمنون میں تصریح ہے مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰۗىِٕكَةً الخ تو) کیا تم اس بات سے تعجب کرتے ہو کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس ایک ایسے شخص کی معرفت جو تمہاری ہی جنس کا (بشر) ہے کوئی نصیحت کی بات آ گئی (وہ نصیحت کی بات یہی ہے جو مذکور ہوئی اُعْبُدُوا (الی قولہ تعالی) اِنِّیْٓ اَخَافُ) تاکہ وہ شخص تم کو (بحکم خداوندی عذاب سے) ڈراوے اور تاکہ تم (اس کے ڈرانے سے) ڈر جاؤ اور تاکہ تم (ڈرنے کی وجہ سے مخالفت چھوڑ دو جس سے) تم پر رحم کیا جاوے سو (باوجود اس تمام تر فہمائش کے) وہ لوگ ان کی تکذیب ہی کرتے رہے تو ہم نے نوح (علیہ السلام) کو اور جو لوگ ان کے ساتھ کشتی میں تھے (طوفان کے عذاب سے) بچا لیا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ان کو ہم نے (طوفان میں) غرق کر دیا بیشک وہ لوگ اندھے ہو رہے تھے (حق و باطل نفع نقصان کچھ نہ سوجھتا تھا)

ف: کشتی کا قصہ سورۂ ہود میں آوے گا اور طوفان میں بجز اہل کشتی کے سب کا غرق ہو جانا سورۂ نوح میں آوے گا اور اس پر ظاہراً جو عموم بعثت کا اشکال لازم آتا ہے اس کا جواب سورہ آل عمران آیت :فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْھُمُ الْكُفْرَ الخ [آل عمران :۵۲] کے تحت میں گزر چکا ہے اور ایک قصہ کا مختلف الفاظ سے قرآن میں مذکور ہونے کی تحقیق و توجیہ اسی سورت کے رکوع دوم آیت :قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ الخ کے تحت میں گزر چکی ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ انبیاء سے سب اقوال صادر ہوئے ہوں اور قوم میں سے کسی نے کچھ کہا ہو کسی نے کچھ کہا ہو یا مختلف مجالس میں مختلف گفتگو ہوئی ہو۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالی: اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَاۗءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰي رَجُلٍ مِّنْكُمْ اور یہی طریقہ ہے جاہلوں کا اپنے ہم عصر اولیاء کے ساتھ کہ محض معاصرت کے سبب ان سے منافرت کرتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في اعبدوا صرف يدل عليه ما لكم الخ۱۲۔ ۲ قوله في ضلالة زرا دل عليه تاء المرة زيدت للمبالغة ليكون ابلغ ردا لقولهم البالغ في الاثبات۱۲۔ ۳ قوله في اوعجبتم اورکیا اشارة الى ما اختاره سيبويه من الهمزة من اجزاء المعطوف قدم على الواو تنبيها على اصالتها في التقدير كما في الروح وعلى هذا لا حاجة الى تقدير المعطوف عليه۱۲۔ ۴ قوله على رجل معرفت اشارة الى تقدير مضاف اى على يد او لسان رجل اى بواسطته۱۲۔ ۵ قوله في كذبوه کرتے رہے اشار الى ان المعنى فاستمروا على تكذيبه۱۲۔ ۶ قوله في الفلك ان کے ساتھ کشتی میں تھے اشار الى ان الجار والمجرور متعلق بما تعلق به الظرف الواقع صلة الى استقروا معه في الفلك كذا في الروح۱۲۔

اللغات: الملأ الاشراف لانهم يملئون القلوب بجلالهم والعيون بجمالهم ۱۲۔ عمين اصله عميين فخفف۱۲۔

البلاغۃ: قوله لكنى رسول معنى الاستدراك ههنا انه لما قال ليس بى ضللة اورث لهم شبهة ان الضلالة لما كانت منفية فلم يقول هذه الاقوال لانهم زعموا حصر سبب هذه الاقوال في الضلالة فدفعها ببيان سبب هذه الاقوال وهذا من المواهب ولا يشكل عليك ان الامر بالتوحيد لا يتوقف على كون الرجل رسولا كما يوهمه الاستدراك المذكور لانى اقول ان الامر به بهذا النهج الخاص من اقترانه بدعوى الرسالة وتخويف العذاب الخاص يتوقف لا محالة على الرسالة ويحتمل كون لكن للتاكيد كما نقل البعض عن المختار بن بونته في هوامش الفية بن مالك وتاتي للتاكيد۱۲۔

وَاِلٰي عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۭقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ

www.besturdubooks.net

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٧﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ﴿٦٨﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى
رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ۭ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ
فَاذْكُرُوْٓا اٰلَاۗءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٦٩﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا
تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ۭ اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ
اَسْمَاۗءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَاۗؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿٧١﴾
ع ٩ ٨ ١٢ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٢﴾ ع

اور ہم نے قوم عاد کی طرف ان کے بھائی ہود کو بھیجا۔ انہوں نے فرمایا اے میری قوم تم اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود نہیں سو کیا تم نہیں ڈرتے ان کی قوم میں جو آبرودار کافر تھے انہوں نے کہا کہ ہم تم کو کم عقلی میں دیکھتے ہیں اور ہم بے شک تم کو جھوٹے لوگوں میں سے سمجھتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم مجھ میں ذرا بھی کم عقلی نہیں لیکن میں پروردگار عالم کا بھیجا ہوا پیغمبر ہوں۔ تم کو اپنے پروردگار کے احکام پہنچاتا ہوں اور میں تمہارا سچا خیر خواہ ہوں اور کیا تم اس بات سے تعجب کرتے ہو کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس ایک ایسے شخص کی معرفت جو تمہاری ہی جنس کا (بشر) ہے کوئی نصیحت کی بات آگئی تاکہ وہ شخص تم کو ڈرائے اور تم یہ حالت یاد کرو کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو قوم نوح کے بعد آباد کیا اور ڈیل ڈول میں تم کو پھیلاؤ (بھی) زیادہ دیا۔ سو خدا تعالیٰ کی (ان) نعمتوں کو یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ کیا آپ ہمارے پاس اس واسطے آئے ہو کہ ہم صرف اللہ کی ہی عبادت کیا کریں اور جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے تھے ہم ان کو چھوڑ دیں اور ہم جس عذاب کی دھمکی دیتے ہو اس کو ہمارے پاس منگوا دو اگر تم سچے ہو۔ انہوں نے فرمایا کہ اب تم پر بس خدا کی طرف سے عذاب اور غضب آیا ہی چاہتا ہے۔ کیا تم مجھ سے ایسے ناموں کے باب میں جھگڑتے ہو۔ جن کو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے (آپ ہی) ٹھہرا لیا ہے۔ ان کے معبود ہونے کی خدا تعالیٰ نے کوئی دلیل (عقلی یا نقلی) نہیں بھیجی سو تم منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں۔ غرض ہم نے ان کو اور ان کے ساتھیوں کو اپنی رحمت سے بچا لیا اور ان لوگوں کی جڑ تک کاٹ دی جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا اور وہ ایمان والے نہ تھے۔ ○

تفسیر: قصۂ دوم حضرت ہود علیہ السلام با قوم او ☆ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۭ (الی قولہ تعالی) وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٢﴾ اور ہم نے قوم عاد کی طرف ان کے (برادری یا وطن کے) بھائی (حضرت) ہود (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر بھیجا۔ انہوں نے (اپنی قوم سے) فرمایا اے میری قوم تم (صرف) اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (ہونے کے قابل) نہیں (اور بت پرستی چھوڑ دو جیسا آگے وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا ۚ سے معلوم ہوتا ہے) سو کیا تم (ایسے بڑے جرم عظیم یعنی شرک کے مرتکب ہو کر عذاب الٰہی سے) نہیں ڈرتے ان کی قوم میں جو آبرودار لوگ کافر تھے انہوں نے (جواب میں) کہا کہ ہم تم کو کم عقلی میں (مبتلا) دیکھتے ہیں (کہ توحید کی تعلیم کر رہے ہو اور عذاب سے ڈرا رہے ہو) اور ہم بیشک تم کو جھوٹے لوگوں میں سے سمجھتے ہیں (یعنی نعوذ باللہ نہ توحید صحیح مسئلہ ہے اور نہ عذاب کا آنا صحیح ہے) انہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم مجھ میں ذرا بھی کم عقلی نہیں لیکن (چونکہ) میں پروردگار عالم کا بھیجا ہوا پیغمبر ہوں (انہوں نے مجھ کو تعلیم توحید اور انذار عذاب کا حکم کیا ہے اس لئے اپنا منصبی کام کرتا ہوں کہ) تم کو اپنے پروردگار کے پیغام (اور احکام) پہنچاتا ہوں اور میں (اس بارہ میں) تمہارا سچا خیر خواہ ہوں (کیونکہ توحید و ایمان میں تمہارا ہی نفع ہے) اور (تم جو میرے بشر ہونے سے میری نبوت کا انکار کرتے ہو جیسا سورۂ ابراہیم میں بعد ذکر قوم نوح و عاد و ثمود کے ہے قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۭ اور سورۂ فصلت میں بعد ذکر قوم عاد و ثمود کے ہے قَالُوْا لَوْ شَاۗءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰۗىِٕكَةً الخ تو) کیا تم اس بات سے تعجب کرتے ہو کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس ایک ایسے شخص کی معرفت جو تمہاری ہی جنس کا (بشر) ہے کوئی نصیحت کی بات آگئی (وہ نصیحت کی بات وہی ہے جو مذکور ہوئی اُعْبُدُوا اللّٰهَ (الی قولہ تعالی) اَفَلَا تَتَّقُوْنَ) تاکہ وہ شخص تم کو (عذاب الٰہی سے) ڈراوے (یعنی یہ تو کوئی تعجب کی بات نہیں کیا بشریت و نبوت میں منافات ہے اوپر اَفَلَا تَتَّقُوْنَ میں ترہیب تھی آگے ترغیب ہے) اور اے قوم) تم یہ حالت یاد کرو (اور یاد کر کے احسان مانو اور اطاعت کرو) کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو قوم نوح کے بعد (روئے زمین پر) آباد کیا اور ڈیل ڈول میں تم کو پھیلاؤ (بھی) زیادہ دیا سو خدا تعالیٰ کی (ان) نعمتوں کو یاد کرو (اور یاد کر کے احسان مانو اور اطاعت کرو) تاکہ تم کو (ہر طرح کی) فلاح ہو وہ لوگ کہنے لگے کہ کیا (خوب) آپ ہمارے پاس اس واسطے آئے ہوں گے کہ ہم صرف اللہ ہی کی عبادت کیا کریں اور جن (بتوں) کو ہمارے باپ دادا پوجتے تھے ہم ان (کی عبادت کو) چھوڑ دیں (یعنی ہم ایسا نہ کریں گے)

www.besturdubooks.net

اور ہم کو (نہ ماننے پر) جس عذاب کی دھمکی دیتے ہو (جیسا اَفَلَا تَتَّقُوْنَ سے بھی معلوم ہوتا ہے) اس (عذاب) کو ہمارے پاس منگوادو اگر تم سچے ہو انہوں نے فرمایا کہ (تمہاری سرکشی کی جب یہ حالت ہے تو) بس اب تم پر خدا کی طرف سے عذاب اور غضب آیا ہی چاہتا ہے (پس عذاب کے شبہ کا جواب تو اس وقت معلوم ہو جاوے گا اور باقی توحید پر جو شبہ ہے کہ ان بتوں کو معبود کہتے ہو جن کا نام تو تم نے معبود رکھ لیا ہے لیکن واقع میں ان کے معبود ہونے کی کوئی دلیل نہیں تو) کیا تم مجھ سے ایسے (بے حقیقت) ناموں کے باب میں جھگڑتے ہو (یعنی وہ مسمیات بمنزلہ محض اسماء کے ہیں) جن کو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے (آپ ہی) ٹھہرالیا ہے (لیکن) ان کے معبود ہونے کی خدا تعالیٰ نے کوئی دلیل (نقلی یا عقلی) نہیں بھیجی (یعنی جدال میں مدعی کے ذمہ دلیل ہے اور خصم کی دلیل کا جواب بھی سو تم نہ دلیل قائم کر سکتے ہو نہ میری دلیل کا جواب دے سکتے ہو پھر جدال کیا معنی) سو تم (اب جدال ختم کرو اور عذاب الٰہی کے) منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں غرض (عذاب آیا اور) ہم نے ان کو اور ان کے ساتھیوں کو (یعنی مؤمنین کو) اپنی رحمت (وکرم) سے (اس عذاب سے) بچالیا اور ان لوگوں کی جڑ (تک) کاٹ دی (یعنی بالکل ہلاک کر دیا) جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا اور وہ (بوجہ غایت قساوت کے) ایمان لانے والے نہ تھے (یعنی اگر ہلاک بھی نہ ہوتے جب بھی ایمان نہ لاتے اس لئے ہم نے بمقتضائے اس وقت کی حکمت کے خاتمہ ہی کر دیا) **ف**: مشہور اہل نسب کے نزدیک یہ ہی ہے کہ ہود علیہ السلام قوم عاد کے نسبی بھائی اور خود قوم عاد سے ہیں اور بعض قلیل دوسری قوم کا بتلاتے ہیں اور اَخَاهُمْ کے معنی صاحبھم لیتے ہیں واللہ اعلم اور عاد اصل میں ایک خاص شخص کا نام ہے پھر اس کی اولاد کو بھی عاد کہنے لگے اور یہ لوگ بڑے قد آور اور قوی الجثہ ہوتے تھے زَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْطَةً کے یہ ہی معنی ہیں اور قَطَعْنَا دَابِرَ الخ سے بعض نے کہا ہے کہ ان کی نسل بالکل منقطع ہوگئی اور بعض نے کہا ہے کہ کفار بالکل ہلاک ہو گئے اور مؤمنین باقی رہے اور ممکن ہے کہ کفار کی صغار اولاد بھی رہ گئی ہو ان کی نسل آگے بڑھی ان کو عاد اخریٰ کہتے ہیں اور سابقین کو عاد اولیٰ اور بعض مفسرین نے عرائس ثعلبی سے نقل کیا ہے کہ ان عاد میں سے بعضے لوگ جو اس وقت اطراف مکہ میں گئے ہوئے تھے بچ رہے تھے ان کو عاد اخریٰ کہتے ہیں اور اول قول والوں نے کہا ہے کہ اولیٰ ان کو اس لئے کہتے ہیں کہ بعد قوم نوح کے جتنی قومیں ہلاک ہوئیں ان میں یہ اول تھے اور ارم جو لفظ عاد کے ساتھ سورۂ فجر میں بطور بدل آیا ہے بعض نے کہا ہے کہ ارم اجداد عاد سے ہے اس قبیلہ کے دونوں لقب ہیں بعض نے کہا ہے کہ ارم ایک شعبہ ہے عاد کا پس یہ بدل البعض ہو جاوے گا در منثور تفسیر سورۂ نجم میں یہ قول نقل کیا ہے اور مشہور تر یہ ہے کہ ارم کے ایک بیٹے عوص کا بیٹا عاد اول ہے اور ارم کے دوسرے بیٹے جثو کا بیٹا ثمود عاد ثانی ہے ایک کی اولاد عاد اولیٰ کہلاتی ہے دوسرے کی اولاد عاد اخریٰ اور کچھ تحقیق اس کی سورۂ نجم اور سورۂ فجر میں آوے گی اور عذاب اس قوم عاد کا ریح صرصر تھی جیسا کئی جگہ قرآن میں منصوص ہے اور سورۂ فصلت میں جو صاعقہ آیا اس سے مراد مطلق عذاب ہے اور سورۂ مؤمنون میں بعد قصہ نوح علیہ السلام کے جو ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ آیا ہے جنہوں نے اس کی تفسیر قوم عاد سے کی ہے وہ قائل ہوئے ہیں کہ ان پر صیحہ بھی آیا ہے اور ریح بھی وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اور اس کا مسکن دوسری آیت میں احقاف آیا ہے جو بقول محمد بن اسحٰق ایک ریگستان ہے عمان اور حضر موت کے درمیان میں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ یہی طریقہ سفہاء کا پہلے سے چلا آیا ہے کہ عقلائے دین کو سفیہ کہا کرتے ہیں اس زمانہ میں بھی اس کا مشاہدہ ہو رہا ہے تو ان حضرات کو صبر کرنا چاہئے۔ قولہ تعالیٰ: وَزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْطَةً ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَاۗءَ اللّٰهِ اس سے معلوم ہوا کہ قوت اور جسامت کی زیادتی بھی حق تعالیٰ کی نعمت ہے تو دنیوی نعمتوں کی تحقیر زہد میں داخل نہیں جیسا بعض متشددین کا مذاق ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله نظنك** سمجھتے ہیں اشارة الى كون الظن بمعنى العلم ۱۲۔ ۲؎ **قوله في خلفاء** آباد فالخلافة في الارض لا في المسكن ۱۲۔ ۳؎ **قوله في الخلق** ڈیل ڈول اشارة الى كونه بمعنى الابداع والتصوير وقيل في المخلوقين ۱۲۔ ۴؎ **قوله قد وقع عليكم** آیا ہی چاہتا ہے ماخوذ من الكشاف قد وقع عليكم اى حق عليكم ووجب او قد نزل عليكم جعل المتوقع الذى لا بد من نزوله بمنزلة الواقع ونحوه قولك لمن طلب عليك بعض المطالب قد كان ذلك الخ۔ ۵؎ **قوله في توضيح اسماء** بمنزلہ اشارة الى ان المراد بالاسماء اصنام سميت باسماء مبالغة في بطلانها وهذا كما يقال لما لا يليق ما هو الا مجرد الاسم ۱۲۔ ۶؎ **قوله في ما كانوا مؤمنين** یعنی اگر الخ كذا في الروح كما قال جل شانه في آية اخرى وما كانوا ليؤمنوا ۱۲۔

اللغات: الآلاء جمع الى بكسر فسكون كحمل واحمال وقيل غيره كذا في الروح اللبسطة مشهور ورسم كتابته بالصاد كما في قراءة وقرأ حفص بالسين ولذا يكتب السين على الصاد بقلم دقيق۔ قوله اجئتنا مجاز عن القصد الى الشئ والشروع فيه فان جاء وقعدو قام وذهب يستعملها العرب لذلك تصوير اللحال كذا في الروح ۱۲۔

النحو: اخاهم مفعول لارسلنا المقدر۔ قوله اذ جعلكم مفعول لاذكروا كما اختاره الزمخشرى كذا في الروح ۱۲۔ وحده عند

www.besturdubooks.net

جمہور النحويين اسم موضوع موضع المصدر اعنى ايجاد الموضوع موضع الحال عنى موحدا كذا فى الروح۔

وَإِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا ۗ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ قَدْ جَاءَتْكُم بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ ۖ هَٰذِهِ
نَاقَةُ اللَّهِ لَكُمْ آيَةً ۖ فَذَرُوهَا تَأْكُلْ فِي أَرْضِ اللَّهِ ۖ وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٧٣﴾
وَاذْكُرُوا إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاءَ مِن بَعْدِ عَادٍ وَبَوَّأَكُمْ فِي الْأَرْضِ تَتَّخِذُونَ مِن سُهُولِهَا قُصُورًا
وَتَنْحِتُونَ الْجِبَالَ بُيُوتًا ۖ فَاذْكُرُوا آلَاءَ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٧٤﴾ قَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ
اسْتَكْبَرُوا مِن قَوْمِهِ لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِمَنْ آمَنَ مِنْهُمْ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ صَالِحًا مُّرْسَلٌ مِّن رَّبِّهِ ۚ قَالُوا إِنَّا بِمَا
أُرْسِلَ بِهِ مُؤْمِنُونَ ﴿٧٥﴾ قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا بِالَّذِي آمَنتُم بِهِ كَافِرُونَ ﴿٧٦﴾ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا
عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوا يَا صَالِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿٧٧﴾ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ
فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ ﴿٧٨﴾ فَتَوَلَّىٰ عَنْهُمْ وَقَالَ يَا قَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّي وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلَٰكِن لَّا
تُحِبُّونَ النَّاصِحِينَ ﴿٧٩﴾

اور ہم نے ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا انہوں نے فرمایا اے میری قوم تم اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود نہیں۔ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک واضح دلیل آ چکی ہے۔ یہ اونٹنی ہے اللہ کی جو تمہارے لئے دلیل ہے سو اس کو چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھاتی پھرا کرے اور اس کو برائی کے ساتھ ہاتھ بھی مت لگانا کبھی تم کو دردناک عذاب آ پکڑے اور تم یہ حالت یاد کرو کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو عاد کے بعد آباد کیا اور تم کو زمین پر رہنے کو ٹھکانا دیا کہ نرم زمین پر محل بناتے ہو اور پہاڑوں کو تراش تراش کر ان میں گھر بناتے ہو سو خدا تعالیٰ کی نعمتوں کو یاد کرو اور زمین میں فساد مت پھیلاؤ۔ ان کی قوم میں جو متکبر سردار تھے انہوں نے غریب لوگوں سے جو کہ ان میں سے ایمان لے آئے تھے پوچھا کہ کیا تم کو اس بات کا یقین ہے کہ صالح اپنی رب کی طرف سے بھیجے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بے شک ہم تو اس پر پورا یقین رکھتے ہیں جو ان کو دے کر بھیجا گیا ہے وہ متکبر لوگ کہنے لگے کہ تم جس چیز پر یقین لائے ہوئے ہو۔ ہم تو اس کے منکر ہیں۔ غرض اس اونٹنی کو مار ڈالا اور اپنے پروردگار کے حکم سے سرکشی کی اور کہنے لگے کہ اے صالح جس کی آپ ہم کو دھمکی دیتے تھے اس کو منگوائیے اگر آپ پیغمبر ہیں۔ پس آ پکڑا ان کو زلزلے نے سو اپنے گھر میں اوندھے کے اوندھے پڑے رہ گئے۔ اس وقت صالح ان سے منہ موڑ کر چلے گئے اور فرمانے لگے کہ اے میری قوم میں نے تو تم کو اپنے پروردگار کا حکم پہنچا دیا تھا اور میں نے تمہاری خیر خواہی کی لیکن تم لوگ خیر خواہوں کو پسند ہی نہیں کرتے تھے۔ ۞

تفسیر: قصۂ سوم حضرت صالح علیہ السلام با قوم او ☆ وَإِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا (الی قولہ تعالی) وَلَٰكِن لَّا تُحِبُّونَ النَّاصِحِينَ ﴿٧٩﴾ اور ہم نے قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا انہوں نے (اپنی قوم سے) فرمایا اے میری قوم تم (صرف) اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (ہونے کے قابل) نہیں (انہوں نے اک خاص معجزہ کی درخواست کی کہ اس پتھر میں سے ایک اونٹنی پیدا ہو تو ہم ایمان لاویں چنانچہ آپ کی دعاء سے ایسا ہی ہوا کہ وہ پتھر پھٹا اور اس کے اندر سے ایک بڑی اونٹنی نکلی رواہ محمد بن اسحق آپ نے فرمایا کہ) تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک واضح دلیل (بھی میرے رسول ہونے کی) آ چکی ہے (آگے اس کا بیان ہے) یہ اونٹنی ہے اللہ کی جو تمہارے لئے دلیل (بنا کر ظاہر کی گئی) ہے (اور اسی لئے اللہ کی اونٹنی کہلائی کہ اللہ کی دلیل ہے) سو (علاوہ اس کے کہ میری رسالت پر یہ دلیل ہے خود اس کے بھی کچھ حقوق ہیں منجملہ ان کے یہ ہے کہ) اس کو چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں (گھاس چارہ) کھاتی پھرا کرے (اسی طرح اپنی باری کے دن پانی پیتی رہے جیسا دوسری آیت میں ہے) اور اس کو برائی (اور تکلیف دہی) کے ساتھ ہاتھ بھی مت لگانا کبھی تم کو دردناک عذاب آ پکڑے اور (اے قوم) تم یہ حالت یاد کرو (اور یاد کر کے احسان مانو اور اطاعت کرو) کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو (قوم) عاد کے بعد (روئے زمین پر) آباد کیا اور تم کو زمین پر رہنے کو (دلخواہ) ٹھکانا دیا کہ نرم زمین پر (بھی بڑے بڑے) محل بناتے ہو اور پہاڑوں کو تراش تراش کر ان میں (بھی) گھر بناتے ہو سو خدا تعالیٰ کی (ان) نعمتوں کو (اور دوسری نعمتوں کو بھی) یاد کرو (اور کفر و شرک کر کے) زمین میں فساد

www.besturdubooks.net

مت پھیلاؤ (یعنی ایمان لے آؤ مگر باوجود اس قدر فہمائش کے کچھ غربا ایمان لائے اور ان میں اور رئیسوں میں یہ گفتگو ہوئی یعنی) ان کی قوم میں جو متکبر سردار تھے انہوں نے غریب لوگوں سے جو کہ ان میں سے ایمان لے آئے تھے پوچھا کہ کیا تم کو اس بات کا یقین ہے کہ صالح (علیہ السلام) اپنے رب کی طرف سے (پیغمبر بنا کر) بھیجے ہوئے (آئے) ہیں انہوں نے (جواب میں) کہا کہ بیشک ہم تو اس (حکم) پر پورا یقین رکھتے ہیں جو ان کو دے کر بھیجا گیا ہے وہ متکبر لوگ کہنے لگے کہ تم جس چیز پر یقین لائے ہوئے ہو ہم تو اس کے منکر ہیں غرض (نہ صالح علیہ السلام پر ایمان لائے اور نہ اونٹنی کے حقوق ادا کئے بلکہ) اس اونٹنی کو (بھی) مار ڈالا اور اپنے پروردگار کے حکم (ماننے) سے (بھی) سرکشی کی (وہ حکم اعتقاد توحید و رسالت تھا) اور (اس پر یہ بیباکی کہ) کہنے لگے کہ اے صالح جس (عذاب) کی آپ ہم کو دھمکی دیتے تھے (جیسا کہ: لَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ اور شعراء کی آیت: اَلَا تَتَّقُوْنَ [شعراء: ۱۰۶] سے تعرض ناقہ اور کفر پر موعود ہے) اس کو منگوایئے اگر آپ پیغمبر ہیں (کیونکہ پیغمبر کا صادق ہونا لازم ہے) پس آ پکڑا ان کو زلزلہ نے سو اپنے گھر میں اوندھے کے اوندھے پڑے رہ گئے اس وقت صالح (علیہ السلام) ان سے منہ موڑ کر چلے اور (بطور حسرت کے فرضی خطاب کر کے) فرمانے لگے کہ اے میری قوم میں نے تو تم کو اپنے پروردگار کا حکم پہنچا دیا تھا (جس پر عمل کرنا موجب فلاح تھا) اور میں نے تمہاری (بہت) خیر خواہی کی (کہ کس کس طرح شفقت سے سمجھایا) لیکن (افسوس تو یہ ہے کہ) تم لوگ (اپنے) خیر خواہوں کو پسند ہی نہیں کرتے تھے (اس لئے ایک نہ سنی اور آخر روز بد دیکھا)

ف: دوسری آیت میں صیحہ یعنی فرشتہ کے نعرہ سے ہلاک ہونا آیا ہے بعض نے کہا ہے کہ اوپر سے صیحہ نیچے سے زلزلہ آیا تھا اور بعض نے کہا کہ رجفہ سے مراد قلب کی حرکت ہے جو صیحہ کے خوف سے پیدا ہوئی تھی اور جس نے اونٹنی کو قتل کیا تھا اس کا نام قدار آیا ہے اور آیت میں سب کی طرف اس لئے نسبت کی کہ راضی سب تھے اور وجہ اس کی اہل سیر نے یہ لکھی ہے کہ چونکہ بہت بڑی اونٹنی تھی اس لئے جس جنگل میں وہ چرتی تھی اور مواشی اس سے ڈر کر بھاگ جاتے اور جس کنوئیں میں پانی کی باری مقرر ہوئی تھی وہ اپنی باری میں گردن کنوئیں میں ڈال کر تمام پانی پی جاتی اس روز اور مواشی کو وہاں پانی نہ ملتا اس سے وہ لوگ تنگدل ہوئے اور اس کو قتل کر ڈالا اور تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ کا یہ مطلب نہیں ہے کہ چاہے وہ کسی کا کھیت چرتی پھرے بلکہ مطلب یہ ہے کہ مباح گھاس چرنے میں اس سے تعرض نہ کیا جاوے اور دوسری آیت میں ان کے رہنے کا مقام حجر آیا ہے جو کہ حجاز اور شام کے درمیان میں ایک مقام تھا اور ظاہر آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ صالح علیہ السلام یہاں سے بعد ہلاک قوم کے تشریف لے گئے اور یہ خطاب فرضی اظہار تحسر کے لئے تھا اور بعض نے کہا کہ آثار ہلاک دیکھ کر زندوں سے یہ خطاب کر کے چلے گئے تو آیت میں تقدیم و تاخیر ہوگی پھر بعض نے شام کو جانا اور بعض نے مکہ کو جانا نقل کیا ہے واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ یہ اضافہ تشریف کے لئے ہے جیسے مسجد کو بیت اللہ کہتے ہیں میں کہتا ہوں کہ حدیث میں جو آیا ہے ان اللہ خلق ادم علی صورتہ اس سے اضافت کی اہل توجیہات یہ ہو سکتی ہے قولہ تعالیٰ: وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ اس سے معلوم ہوا کہ کسی صنعت میں مہارت یہ بھی اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے ابھی وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً میں ایسا ہی مضمون گزرا ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ ظاہراً یہ خطاب بعد اہلاک کے ہے تو اس سے ظاہراً سماع موتی معلوم ہوتا ہے جب تک کوئی دلیل قوی نفی نہ کرے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في من سهولها زمین پر اشارة الى ان من بمعنى في كما في من يوم الجمعة ۱۲ ۲ قوله في الجبال ان میں اشارة الى ان نصبه بنزع الخافض كما في آية اخرىٰ وتنحتون من الجبال ۱۲۔ ۳ قوله في لمن آمن منهم ان میں سے اشارة الى ان الضمير المجرور عائد الى القوم لا للذين استضعفوا ۱۲۔

اللغات: قوله بواكم في الروح انزلكم وجعل لكم مباءة قوله عقروا في الروح عن الازهرى اصل العقر عند العرب قطع عرقوب البعير ثم استعمل في النحر لان ناحر البعيرة يعقره ثم ينحره قوله جاثمين في القاموس جثم وقع على صدره ۱۲۔

البلاغۃ: تتخذون استيناف مبين لكيفية التبوية فان هذا الاتخاذ باقداره سبحانه وتعالىٰ قوله في دارهم في الروح المراد من الدار البلد كما في قولك دار الحرب ودار الاسلام وقد جمع في آية اخرىٰ بارادة منزل كل واحد الخاص به وذكر النيسابورى انه حيث ذكر الرجفة وحدت الدار وحيث ذكرت الصيحة جمعت لان الصيحة كانت من السماء كما في غالب الروايات لامن الارض كما قيل لبلوغها اكثر وابلغ من الزلزلة فقرن كل منهما بما هو اليق به فتدبر آه۔

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝۸۰ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ۝۸۱ وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ

www.besturdubooks.net

قَالُوٓا اَخۡرِجُوۡهُمۡ مِّنۡ قَرۡيَتِكُمۡ ۚ اِنَّهُمۡ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوۡنَ ۝۸۲ فَاَنۡجَيۡنٰهُ وَاَهۡلَهٗۤ اِلَّا امۡرَاَتَهٗ ۖ

كَانَتۡ مِنَ الۡغٰبِرِيۡنَ ۝۸۳ وَاَمۡطَرۡنَا عَلَيۡهِمۡ مَّطَرًا ؕ فَانۡظُرۡ كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ۝۸۴ ع ۱۷

اور ہم نے لوط کو بھیجا جبکہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم ایسا فحش کام کرتے ہو جس کو تم سے پہلے کسی نے دنیا جہان والوں میں سے نہیں کیا۔ یعنی تم مردوں کے ساتھ شہوت رانی کرتے ہو عورتوں کو چھوڑ کر بلکہ تم حد انسانیت ہی سے گزر گئے ہو اور ان کی قوم سے کوئی جواب نہ بن پڑا بجز اس کے کہ آپس میں کہنے لگے کہ ان لوگوں کو تم اپنی بستی سے نکال دو۔ یہ لوگ بڑے پاک صاف بنتے ہیں۔ سو ہم نے لوط کو اور ان کے متعلقین کو بچالیا بجز ان کی بیوی کے کہ وہ ان ہی لوگوں میں رہی جو عذاب میں رہ گئے تھے اور ہم نے ان پر ایک نئی طرح کا مینہ برسایا (کہ وہ پتھروں کا تھا) سو دیکھ تو سہی ان مجرموں کا انجام کیسا ہوا۔ ۝

تفسیر: قصۂ چہارم حضرت لوط علیہ السلام با قوم او ☆ وَلُوۡطًا اِذۡ قَالَ لِقَوۡمِهٖۤ (الی قولہ تعالی) فَانۡظُرۡ كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ۝ اور ہم نے لوط (علیہ السلام) کو (چند بستیوں کی طرف پیغمبر بنا کر) بھیجا جب کہ انہوں نے اپنی قوم (یعنی اپنی امت[۱]) سے فرمایا کہ کیا تم ایسا فحش کام کرتے ہو جس کو تم سے پہلے کسی نے دنیا جہان والوں میں سے نہیں کیا (یعنی) تم مردوں کے ساتھ شہوت رانی کرتے ہو عورتوں کو چھوڑ کر (اور اس کام کے ارتکاب میں یہ نہیں کہ تم کو کوئی دھوکہ ہو گیا ہو) بلکہ (اس باب میں) تم حد (انسانیت) ہی سے گزر گئے ہو اور (ان مضامین کا) ان کی قوم سے کوئی (معقول) جواب نہ بن پڑا بجز اس کے کہ (آخر[۲] میں بیہودگی کی راہ سے) آپس میں کہنے لگے کہ ان لوگوں کو (یعنی لوط علیہ السلام کو اور ان کے ساتھی مؤمنین کو) تم اپنی (اس) بستی سے نکال دو (کیونکہ) یہ لوگ بڑے پاک صاف بنتے ہیں (اور ہم کو گندہ بتلاتے ہیں پھر گندوں میں پاکوں کا کیا کام یہ بات انہوں نے براہِ تمسخر کہی تھی) سو (جب یہاں تک نوبت پہنچی تو) ہم نے (اس قوم پر عذاب نازل کیا اور) لوط (علیہ السلام) کو اور ان کے متعلقین کو (یعنی ان کے گھر والوں کو اور دوسرے ایمان والوں کو بھی اس عذاب سے) بچالیا (اس طرح کہ وہاں سے نکل جانے کا پہلے ہی حکم ہو گیا) بجز ان کی بیوی کے کہ وہ (بوجہ ایمان نہ لانے کے) ان ہی لوگوں میں رہی جو عذاب میں رہ گئے اور (وہ عذاب جو ان پر نازل ہوا یہ تھا کہ) ہم نے ان پر ایک نئی طرح کا مینہ برسایا (کہ وہ پتھروں کا مینہ تھا) سو (اے دیکھنے والے) دیکھ تو سہی ان مجرموں کا انجام کیسا ہوا (اگر تو غور سے دیکھے گا تو تعجب[۳] کرے گا اور سمجھے گا کہ نافرمانی کا کیا انجام ہوتا ہے)

ف: پتھروں کا مینہ دوسری آیات میں آیا ہے اور دوسری آیات میں ان بستیوں کا الٹ دینا بھی مذکور ہے جس کا بیان ان آیات کی تفسیر کے ساتھ ہوگا ان شاء اللہ تعالیٰ اور اہل سیر نے کہا ہے کہ لوط علیہ السلام بھتیجے ہیں ابراہیم علیہ السلام کے بابل سے ان ہی کے ساتھ ہجرت کر کے ملک شام میں تشریف لائے ابراہیم علیہ السلام فلسطین میں مقیم ہوئے اور لوط علیہ السلام کو سدوم میں رہنے کا اور اس شہر اور اس کے گرد و نواح کے شہر والوں کی ہدایت کا حکم ہوا کبھی ابراہیم علیہ السلام بھی جا کر نصیحت فرماتے تھے وہ لوگ لواطت کے عادی تھے جس کا ارتکاب بقول عمرو بن دینار ان سے پہلے کسی نے نہیں کیا ذکرہ فی الروح عن البیھقی اور بَلۡ اَنۡتُمۡ کی تفسیر کا حاصل یہ ہے کہ بعض معاصی میں تقلید آباء وغیرہ سے دھوکا ہو جاتا ہے اس میں تو یہ بھی نہیں اور بعض آیتوں میں جو تَجۡهَلُوۡنَ آیا ہے اس سے شبہ نہ ہو کہ ان کو اس کی قباحت معلوم نہ تھی کیونکہ وہاں جہل سے مراد یہ نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ تم کو اس کا انجام بد یعنی عذاب معلوم نہیں اور یہ بیوی کافرہ تھی جب لوط علیہ السلام کو قبل عذاب بستی سے نکل جانے کا حکم ہوا بعض نے تو کہا ہے کہ یہ بیوی ساتھ نہیں گئی بعض نے کہا ہے کہ ساتھ چلی تھی پھر لوٹنے لگی اور ہلاک کر دی گئی اور لوط علیہ السلام پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آ رہے اور اگر شبہ ہو کہ عورتوں پر عذاب کیوں نازل ہوا جواب یہ ہے کہ عذاب کا ایک سبب کفر بھی تھا اور وہ مشترک تھا اور بعض روایات میں ہے کہ آپس میں ان کی عورتیں بھی مساحقت کرتی تھیں نقلہ فی الدر المنثور عن حذیفۃ و محمد بن علی اس صورت میں شبہ بھی ساقط ہو گیا اور اگر شبہ کیا جاوے کہ اگر بعض مرد اور عورتیں اس خبث کا ارتکاب نہ کرتے ہوں ان کے عذاب میں اس کو کیا دخل ہوگا جواب یہ ہے کہ نکیر نہ کرنا اور معاونت بھی مثل اصل فعل کے ہوتا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اَتَاۡتُوۡنَ الۡفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمۡ بِهَا مِنۡ اَحَدٍ فاحشہ کا عدم سبق کے ساتھ مقید کرنا اس پر دال ہے کہ منکر کی ایجاد اس کی اقتداء سے اشد ہے اور اسی سے بدعت کا درجہ سمجھ لو۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] قولہ فی لقوم امت لانہ لم یکن من نسبھم ۱۲ [۲] قولہ فی الا ان قالوا آخر میں اشارۃ الی جواب سوال تقریرہ ان الآیات الاخر ناطقۃ بما جری بینہ وبین قومہ من المحاورات غیر ھذہ کقولھم لئن لم تنتہ یٰلوط لتکونن من المخرجین فما معنی

www.besturdubooks.net

الحصر تقرير الجواب ظاهر ان هذا كان آخر ما تحاوروا به فلم يختل الحصر ۱۲۔ ۳ قوله في اهله یعنی ان کے گھر الخ فالاهل فيه عموم المجاز فبقى العموم وبقى الاستثناء متصلة ۱۲۔ ۴ قوله في مطرا تخ فالتنوين للتنويع ۱۲۔ ۵ قوله في فانظر تعجب الخ اشارة الى ان المقصود بالامر بالنظر هو التعجيب من حالهم والتحذير من افعالهم لا التكليف بالنظر ۱۲۔

اللغات: قوله ما كان اى ما صح وهو عام لنفى اللياقة او الامكان فيحمل حسب ما يقتضيه المقام ۱۲۔

النحو: لوطا عامله مقدر ولم يذكر المرسل اليهم لانهم غير معروفين باسم قوله انكم الخ في الروح يحتمل الاستيناف البيانى والنحوى وهو مبين لتلك الفاحشة اه قوله شهوة في الروح جوز ان يكون منصوبا على المصدرية وناصبه تاتون لانه بمعنى تشتهون وجوز ان يكون المراد بهذا التقييد لانكار عليهم وتقريعهم على اشتهائهم تلك الفعلة القذرة الخبيثة التى من شانها ان لا تشتهى متجاوزين النساء اللاتى هن محل الاشتهاء عند ذوى الطباع السليمة اه۔

البلاغة: قوله ما سبقكم في الروح لا يتوهم ان سبب انكار الفاحشة كونها مخترعة بل الجملة مؤكدة للنكير لانها موذنة باختراع السوء ولا شك ان اختراعها اسوء قوله الرجال في الروح ايراد لفظ الرجل دون الغلمان والمردان ونحوهما مبالغة في التقبيح كانه قال لتاتون امثالكم قوله بل انتم ما قررت به الاضراب هو من المواهب۔ قوله فما كان جواب في الروح والنظم الكريم من قبيل ع تحية بينهم ضرب وجيع والقصد منه نفى الجواب على ابلغ وجه اه لان ما ذكر لا يصلح جوابا ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَاِلٰی مَدْیَنَ اَخَاهُمْ شُعَیْبًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَیِّنَةٌ
مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَیْلَ وَالْمِیْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْیَآءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوْا فِی
الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝۸۵ وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ
وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْۤا اِذْ كُنْتُمْ قَلِیْلًا فَكَثَّرَكُمْ ۪
وَانْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِیْنَ ۝۸۶ وَاِنْ كَانَ طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا بِالَّذِیْۤ اُرْسِلْتُ بِهٖ
منزل ۲ وَطَآئِفَةٌ لَّمْ یُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا حَتّٰی یَحْكُمَ اللّٰهُ بَیْنَنَا ۚ وَهُوَ خَیْرُ الْحٰكِمِیْنَ ۝۸۷ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ
اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ یٰشُعَیْبُ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْیَتِنَاۤ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِیْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَلَوْ
كُنَّا كٰرِهِیْنَ ۝۸۸ قَدِ افْتَرَیْنَا عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِیْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا یَكُوْنُ لَنَاۤ اَنْ نَّعُوْدَ
فِیْهَاۤ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَی اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ قَوْمِنَا
بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَیْرُ الْفٰتِحِیْنَ ۝۸۹ وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَیْبًا اِنَّكُمْ
ع اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝۹۰ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ ۝۹۱ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا شُعَیْبًا كَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا
فِیْهَا ۚ اَلَّذِیْنَ كَذَّبُوْا شُعَیْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِیْنَ ۝۹۲ فَتَوَلّٰی عَنْهُمْ وَقَالَ یٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّیْ
ع ۱۱/۹/۱ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَیْفَ اٰسٰی عَلٰی قَوْمٍ كٰفِرِیْنَ ۝۹۳ ع

اور ہم نے مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب علیہ السلام کو بھیجا انہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا کوئی تمہارا معبود نہیں۔ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے واضح دلیل آ چکی ہے تو تم ناپ اور تول پوری پوری کیا کرو اور لوگوں کا ان چیزوں میں نقصان مت کیا کرو اور روئے زمین میں بعد اس کے کہ اس کی درستی کر دی گئی فسادات مت پھیلاؤ' یہ تمہارے لئے نافع ہے اگر تم تصدیق کرو اور تم سڑکوں پر اس غرض سے مت بیٹھا کرو کہ اللہ پر ایمان لانے والوں کو دھمکیاں دو اور اللہ کی راہ سے روکو اور اس میں کجی کی تلاش میں لگے رہو اور اس حالت کو یاد کرو جبکہ تم کم تھے پھر اللہ تعالیٰ نے تم کو زیادہ کر دیا اور دیکھو کہ کیسا انجام ہوا فساد کرنے والوں کا اور اگر تم میں سے بعضے اس حکم پر جن کو دے کر مجھ کو بھیجا گیا ہے ایمان لائے ہیں اور بعضے ایمان نہیں لائے تو ذرا ٹھہر جاؤ یہاں تک کہ ہمارے درمیان اللہ تعالیٰ فیصلہ کئے دیتے ہیں اور وہ سب فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہیں۔ ان کی قوم کے متکبر سرداروں نے کہا کہ اے شعیب ہم آپ کو اور جو آپ کے ہمراہ ایمان لانے والے ہیں ان کو اپنی بستی سے نکال دیں گے یا یہ ہو کہ تم ہمارے مذہب میں پھر آ جاؤ۔ شعیب علیہ السلام نے جواب دیا کہ کیا ہم تمہارے مذہب میں آ جائیں گر ہم اس کو (بدلیل وبصیرت) مکروہ ہی سمجھتے ہوں۔ ہم تو اللہ پر بڑی جھوٹی تہمت لگانے والے ہو جاتے۔ اگر (خدانہ کرے) ہم تمہارے مذہب میں آ جائیں (خصوصاً) بعد اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو اس سے نجات دی ہو اور ہم سے ممکن نہیں کہ تمہارے مذہب میں پھر آ جائیں لیکن ہاں یہ کہ اللہ ہی نے جو ہمارا مالک ہے (ہمارے) مقدر میں کیا ہو۔ ہمارے ربّ کا علم ہر چیز پر محیط ہے۔ ہم اللہ ہی پر بھروسہ رکھتے ہیں اے ہمارے پروردگار ہمارے اور ہماری (اس) قوم کے درمیان فیصلہ کر دیجئے حق کے موافق اور آپ سب سے اچھا فیصلہ کرنے والے ہیں اور ان کی قوم کے (ان ہی مذکور) کافر سرداروں نے کہا کہ اگر تم شعیب علیہ السلام کی راہ پر چلنے لگو گے تو بے شک بڑا نقصان اٹھاؤ گے۔ پس ان کو زلزلہ نے آ پکڑا سو اپنے گھروں میں اوندھے کے اوندھے پڑے رہ گئے۔ جنہوں نے شعیب کی تکذیب کی تھی ان کی یہ حالت ہو گئی ہے جیسے ان گھروں میں کبھی بسے ہی نہ تھے۔ جنہوں نے شعیب علیہ السلام کی تکذیب کی تھی وہی خسارے میں پڑ گئے۔ اس وقت شعیب ان سے منہ موڑ کر چلے اور فرمانے لگے کہ اے میری قوم میں نے تم کو اپنے پروردگار کے احکام پہنچا دیئے تھے اور میں نے تمہاری خیر خواہی کی پھر میں ان کافروں پر کیوں رنج کروں۔

www.besturdubooks.net

تفسیر: قصہ پنجم شعیب علیہ السلام با قوم او ☆ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا (الی قولہ تعالیٰ) فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ۝ تنبیہ: قرآن میں ان کا اہل مدین اور اصحاب ایکہ کی طرف مبعوث ہونا اور اہل مدین پر کہیں صیحہ کہیں رجفہ کا عذاب اور اصحاب ایکہ پر ظلہ کا عذاب ہونا مذکور ہے پس بعض نے دونوں قوموں کو ایک ہی کہا ہے اور بعض نے الگ الگ کہا ہے کہ ایک قوم یعنی اہل مدین کے ہلاک کے بعد دوسروں کی یعنی اصحاب ایکہ کی طرف جو مدین ہی کے قریب رہتے تھے اور اس قرب کی وجہ سے ان میں بھی کم تولنے ناپنے کا مرض مشترک تھا مبعوث ہوئے اور اکثر کا قول یہی ہے اور انواع عذاب میں دو کا یا تینوں کا جمع ہو جانا کچھ مستبعد نہیں جیسا روح المعانی میں ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ ان پر گرمی شدید مسلط ہوئی کہ گھر میں بھی چین نہ آتا تھا اس میں ایک بدلی آئی جس میں سے سرد ہوا نکلی اور اس کے سایہ میں سب میدان میں جمع ہو گئے اس وقت اس میں سے آگ برسی اور زمین کو بھی زلزلہ آیا سب جل مر گئے اس صورت میں دار سے مراد مطلق ارض ہوگا جیسے دار الاسلام و دار الحرب میں یہی مراد ہے اور صیحہ اور رجفہ کے جمع ہونے کی توجیہ قصہ سوم میں گزر چکی ہے اور بعد ہلاک ان کفار کے آپ مکہ میں آرہے تھے اور وہاں ہی وفات پائی اور مدین اصل میں ابراہیم علیہ السلام کے ایک فرزند کا نام پھر قبیلہ اور شہر پر اطلاق ہونے لگا جو ان کی اولاد تھے یا اس اولاد کا مسکن تھا یہ سب اہل سیر نے لکھا ہے آگے تفسیر آتی ہے۔

تفسیر: اور ہم نے مدین (والوں) کی طرف ان کے بھائی شعیب (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا انہوں نے (اہل مدین سے) فرمایا کہ اے میری قوم تم (صرف) اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی معبود (بننے کے قابل) نہیں تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے (میرے نبی ہونے پر) واضح دلیل (کہ کوئی معجزہ ہے) آچکی ہے (جب میری نبوت ثابت) تو (احکام شرعیہ میں میرا کہنا مانو چنانچہ میں کہتا ہوں کہ) تم ناپ اور تول پوری پوری کیا کرو اور لوگوں کا ان کی چیزوں میں نقصان مت کیا کرو (جیسا کہ تمہاری عادت ہے) اور روئے زمین میں بعد اس کے کہ (تعلیم و توحید و بعثت انبیاء علیہم السلام و ایجاب عدل و ادائے حقوق مکیال (میزان سے) اس کی درستی (تجویز) کر دی گئی فساد مت پھیلاؤ (یعنی ان احکام کی مخالفت اور کفر مت کرو کہ موجب فساد ہے) یہ (جو کچھ میں کہہ رہا ہوں اس پر عمل کرنا) تمہارے لئے (دنیا و آخرت دونوں میں) نافع ہے اگر تم (میری) تصدیق کرو (جس پر دلیل قائم ہے اور تصدیق کر کے عمل کرو تو امور مذکورہ دارین میں نافع ہیں آخرت میں تو ظاہر ہے کہ نجات ہو اور دنیا میں عمل بالشرع سے امن و انتظام قائم رہتا ہے خاص کر پورا ناپنے تولنے میں بوجہ اعتبار بڑھنے کے تجارت کو ترقی ہوتی ہے) اور تم سڑکوں پر اس غرض سے مت بیٹھا کرو کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے والوں کو (ایمان لانے پر) دھمکیاں دو اور (ان کو) اللہ تعالیٰ کی راہ (یعنی ایمان) سے روکو اور اس (راہ) میں کجی (اور شبہات) کی تلاش میں لگے رہو (کہ بے جا اعتراض سوچ سوچ کر لوگوں کو بہکاؤ یہ لوگ ضلال مذکور سابق کے ساتھ اس اضلال میں بھی مبتلا تھے کہ سڑکوں پر بیٹھ کر آنے والوں کو بہکاتے کہ شعیب علیہ السلام پر ایمان نہ لانا نہیں تو ہم تم کو مار ڈالیں گے آگے تذکیر نعمت سے ترغیب اور تذکیر نقمت سے ترہیب ہے یعنی) اور اس حالت کو یاد کرو جب کہ تم (شمار میں یا مال میں) کم تھے پھر اللہ تعالیٰ نے تم کو (شمار یا مال میں) زیادہ کر دیا (یہ تو ترغیب تھی ایمان لانے پر) اور دیکھ لو کیسا (برا) انجام ہوا فساد (یعنی کفر و تکذیب و ظلم) کرنے والوں کا (جیسے قوم نوح اور عاد اور ثمود گزر چکے ہیں اسی طرح تم پر عذاب آنے کا اندیشہ ہے یہ ترہیب ہے کفر پر) اور اگر (تم کو عذاب نہ آنے کا اس سے شبہ ہو کہ) تم میں سے بعضے (تو) اس حکم پر جس کو دے کر مجھ کو بھیجا گیا ہے ایمان لائے ہیں اور بعضے ایمان نہیں لائے (اور پھر بھی دونوں فریق ایک ہی حالت میں ہیں یہ نہیں کہ ایمان نہ لانے والوں پر عذاب آ گیا ہو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا عذاب سے ڈرانا بے اصل ہے) تو (اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ فوراً عذاب نہ آنے سے یہ کیسے معلوم ہوا کہ عذاب نہ آوے گا) ذرا ٹھہر جاؤ یہاں تک کہ ہمارے (یعنی دونوں فریق کے) درمیان میں اللہ تعالیٰ (عملی) فیصلہ کئے دیتے ہیں (یعنی عذاب نازل کر کے مؤمنین کو نجات دیں گے اور کفار کو ہلاک کریں گے) اور وہ سب فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہیں (کہ ان کا فیصلہ بالکل مناسب ہی ہوتا ہے) ان کی قوم کے متکبر سرداروں نے (جو یہ باتیں سنیں تو انہوں نے گستاخانہ) کہا کہ اے شعیب (یاد رکھیے) ہم آپ کو اور آپ کے ہمراہ جو ایمان والے ہیں ان کو اپنی بستی سے نکال دیں گے یا یہ ہو کہ تم ہمارے مذہب میں پھر آجاؤ (تو البتہ ہم کچھ نہ کہیں گے یہ بات مؤمنین کے لئے اس لئے کہی کہ وہ لوگ قبل ایمان کے اسی طریق کفر پر تھے لیکن شعیب علیہ السلام کے حق میں باوجود اس کے کہ انبیاء سے کبھی کفر صادر نہیں ہوتا اس لئے کہی کہ ان کے سکوتؒ قبل بعثت سے وہ یہ ہی سمجھتے تھے کہ ان کا اعتقاد بھی ہم ہی جیسا ہوگا) شعیب (علیہ السلام) نے جوب دیا کہ کیا ہم تمہارے مذہب میں آجاویں گے گو ہم (بدلیل و بصیرت) اس کو مکروہ (اور قابل نفرت) ہی سمجھتے ہوں (یعنی جب اس کے باطل ہونے پر دلیل قائم ہے تو ہم کیسے اس کو اختیار کر لیں) ہم تو اللہ پر بڑی جھوٹی تہمت لگانے والے ہو جاویں اگر (خدانہ کرے) ہم تمہارے مذہب میں آجاویں (خصوصاً) بعد اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو اس سے نجات دی ہو (کیونکہ اول تو مطلقاً کفر کو دین حق سمجھنا یہی اللہ پر تہمت لگانا ہے کہ یہ دین معاذ اللہ اللہ کو پسند ہے خصوصاً مؤمن کا کافر ہونا چونکہ بعد علم و قبول دلیل حق کے ہے اور زیادہ تہمت ہے ایک تو وہی تہمت دوسری وہ تہمت کہ اللہ نے جو مجھ کو دلیل کا علم دیا تھا جس کو میں حق سمجھتا تھا وہ علم غلط دیا تھا اور شعیب علیہ السلام نے لفظ عود یا تو تغلیباً دوسروں کے اعتبار سے یا ان کے گمان

www.besturdubooks.net

کوفرض کر کے یا مشاکلۃً برتا) اور ہم سے ممکن نہیں کہ تمہارے مذہب میں پھر آ جاویں لیکن ہاں یہ کہ اللہ ہی نے جو ہمارا مالک ہے (ہمارے) مقدر (میں) کیا ہو (جس کی مصلحت انہی کے علم میں ہے تو خیر یہ اور بات ہے) ہمارے رب کا علم ہر چیز کو محیط ہے (اس علم سے سب مقدرات کے مصالح کو جانتے ہیں مگر) ہم اللہ ہی پر بھروسہ رکھتے ہیں (اور بھروسہ کر کے یہ امید کرتے ہیں کہ وہ ہم کو دین حق پر ثابت رکھے اور اس سے شبہ نہ کیا جاوے کہ ان کو اپنے خاتمہ بالخیر کا یقین نہ تھا انبیاء کو یہ یقین دیا جاتا ہے بلکہ مقصود و اظہار عجز اور تفویض الی المالک ہے جو کہ لوازم کمال نبوت سے ہے اور دوسرے مؤمنین کے اعتبار سے لیا جاوے تو کوئی اشکال ہی نہیں یہ جواب دے کر جب دیکھا کہ ان سے خطاب کرنا بالکل مؤثر نہیں اور ان کے ایمان لانے کی بالکل امید نہیں ان سے خطاب ترک کر کے حق تعالیٰ سے دعا کی کہ) اے ہمارے پروردگار ہمارے اور ہماری (اس) قوم کے درمیان فیصلہ کر دیجئے (جو کہ ہمیشہ[۶] حق کے موافق (ہوا کرتا ہے کیونکہ خدائی فیصلہ کا حق ہونا لازم ہے یعنی اب عملی طور پر حق کا حق اور باطل کا باطل ہونا واضح کر دیجئے) اور آپ سب سے اچھا فیصلہ کرنے والے ہیں) اور ان کی قوم کے (ان ہی مذکور) کافر سرداروں نے (شعیب علیہ السلام کی یہ تقریر بلیغ سن کر اندیشہ کیا کہ کہیں سامعین میں اس کا اثر نہ ہو جاوے اس لئے انہوں نے بقیہ کفار سے کہا کہ اگر تم شعیب (علیہ السلام) کی راہ پر چلنے لگو گے تو بے شک بڑا نقصان اٹھاؤ گے (دین کا بھی کیونکہ ہمارا مذہب حق ہے حق کو چھوڑنا خسارہ ہے اور دنیا کا بھی اس لئے کہ پورا ناپنے تولنے میں بچت کم ہو گی غرض وہ سب اپنے کفر و ظلم پر جمے رہے اب عذاب کی آمد ہوئی) پس ان کو زلزلہ نے آ پکڑا سو اپنے گھر میں اوندھے کے اوندھے پڑے رہ گئے جنہوں نے شعیب (علیہ السلام) کی تکذیب کی تھی (اور مسلمانوں کو ان کے گھروں سے نکالنے کو آمادہ تھے خود) انکی یہ حالت ہو گئی جیسے ان گھروں میں کبھی بسے ہی نہ تھے جنہوں نے شعیب (علیہ السلام) کی تکذیب کی تھی (اور ان کے اتباع کرنے والے کو خاسر بتلاتے تھے خود) وہی خسارہ میں پڑ گئے اس وقت شعیب (علیہ السلام) ان سے منہ موڑ کر چلے اور (بطور حسرت کے فرضی خطاب کر کے) فرمانے لگے کہ اے میری قوم میں نے تو تم کو اپنے پروردگار کے احکام پہنچا دیئے تھے (جن پر عمل کرنا ہر طرح کی فلاح کا سبب تھا) اور میں نے تمہاری (بڑی) خیر خواہی کی (کہ کس کس طرح سمجھایا مگر افسوس تم نے نہ مانا اور یہ روز بد دیکھا پھر ان کے عناد و کفر وغیرہ کو یاد کر کے فرمانے لگے کہ جب انہوں نے اپنے ہاتھوں یہ مصیبت خریدی تو) پھر میں ان کافر لوگوں (کے ہلاک ہونے) پر کیوں رنج کروں (ایسی تیسی میں جائیں جیسا کیا ویسا بھگتا)

ربط: اوپر جن قوموں کا قصہ مذکور ہوا ہے چونکہ اور قوموں کے بھی ایسے قصے واقع ہوئے ہیں آگے عام عنوان سے اجمالاً ان سب کی حالت جرم کی اور جرم پر بھی اول مہلت ملنے کی اور پھر بھی نہ سمجھنے پر سزا جاری ہونے کی مذکور ہے اور حکایت کے بعد آیت اَوَلَمۡ یَهۡدِ الخ سے غرض حکایت پر کہ عبرت حاصل کرنا ہے تنبیہ فرمائی گئی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا تَبۡخَسُوا النَّاسَ اَشۡيَآءَهُمۡ [الشعراء: ۱۸۳] مدلول نص پر اس کو بھی قیاس کیا جاوے گا جس میں اکثر اہل علم مبتلا ہیں کہ دوسرے اہل فضیلت کے اس حق کی تنقیص کرتے ہیں کہ ان کے ساتھ جو توقیر اور ان کے اظہار فضیلت کا معاملہ کرنا چاہئے نہیں کرتے۔ قولہ تعالیٰ فَكَيۡفَ اٰسٰى عَلٰى قَوۡمٍ كٰفِرِيۡنَ ۝ بجائے عَلَيۡهِمۡ کے عَلٰى كٰفِرِيۡن کہنا اشعار ہے کہ کفر کے سبب یہ لوگ مستحق تاسف کے نہ رہے اس سے معلوم ہوا کہ مبغوضین پر ترحم نہ چاہئے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی بینة کوئی معجزه لا يضر عدم تعيينها فی الذكر ۱۲۔ ۲ قوله فی كل صراط سڑکوں استفيد الجمع من كل ۱۲۔ ۳ قوله فی توعدون مارڈالیں گے كذا فی الدر المنثور عن ابن عباس ۱۲۔ ۴ قوله فی كنتم قليلا شمار یا مال قولان للمفسرين ۱۲۔ ۵ قوله فی لتعودن سکوت كذا فی الروح ۱۲۔ ۶ قوله فی بالحق ہمیشہ فالتقييد ليس للاحتراز بل لاظهار النصفة ۱۲۔

اللغات: الكيل المراد به آلته بقرينة الميزان وبدليل ما فی هو واوفوا المكيال الخ۔

النحو: توعدون وتصدون عن سبيل الله من آمن معمول لاقرب الفعلين والا لقيل تصدونهم لكنى ترجمت بالحاصل ۱۲۔ قوله معك هو عندى حال اى كائنين معلك قوله الذين كذبوا فی الموضعين مبتدأ والخبر ما بعده اختاره الزمخشرى ۱۲۔

البلاغۃ: قوله لا تبخسوا تاكيد لما افاده اوفوا للمبالغة ۱۲۔ قال الملأ الذين استكبروا ثم بعده قال الملأ الذين كفروا لما كان منشأ القول الاول استكبار والقول الثانى مطلق الكفر حسن ذاك التفنن۔ قوله الذين كذبوا فی الموضعين فی الروح هذا الاستيناف (والتكرار) من غير عطف جار على عادة العرب فيقولون فی مثل هذا المقام اخوك الذی نهب ما لنا اخوك الذی هتك سترنا اخوك الذی ظلمنا آه قوله فكيف اسٰى فی الروح وهذا نوع من البديع يسمى الرجوع وهو العود على الكلام السابق بالنقض وقد جاء كثيرا فی كلامهم ومنه وقول زهير۔ قف بالديار التی لم تعفها القدم۔ بلى وغيرها الارواح والديم والنكتة فيه الاشعار بالتوله والذهول من

www.besturdubooks.net

شدة الحيرة لعظم الامر بحيث لا يفرق بين ما هو كالمتناقض من الكلام وغيره اه۔ ويحتمل ان يكون توبيخا لهم ويكن حاصل الكلام يا قوم لقد ابلغتكم رسٰلٰت ربی ونصحت لكم ولكن لم تنتهوا عن مخالفة الله ومخالفتی فاصابكم ما اصابكم واذا كان الامر كذلك فلا اسٰى عليكم اذ كنتم قوما كافرين وكيف اسٰى على قوم كافرين ۱۲۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِیْ قَرْیَةٍ مِّنْ نَّبِیٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ یَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا
مَكَانَ السَّیِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۹۵﴾
وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰۤى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَیْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ
بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿۹۶﴾ اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰۤى اَنْ یَّاْتِیَهُمْ بَاْسُنَا بَیَاتًا وَّهُمْ نَآىٕمُوْنَ ﴿۹۷﴾ اَوَ اَمِنَ اَهْلُ
الْقُرٰۤى اَنْ یَّاْتِیَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ یَلْعَبُوْنَ ﴿۹۸﴾ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا یَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا
الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹۹﴾ اَوَلَمْ یَهْدِ لِلَّذِیْنَ یَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَاۤ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ ع ۱۲
بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا یَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَیْكَ مِنْ اَنْۢبَآىٕهَا ۚ
وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِیُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ
یَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۱۰۱﴾ وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ وَّجَدْنَاۤ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِیْنَ ﴿۱۰۲﴾

اور ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی نہیں بھیجا کہ وہاں کے رہنے والوں کو ہم نے محتاجی اور بیماری میں نہ پکڑا ہوتا کہ وہ ڈھیلے پڑ جائیں پھر ہم نے اس بدحالی کی جگہ خوشحالی بدل دی یہاں تک کہ ان کو خوب ترقی ہوئی اور (اس وقت براہ کج فہمی) کہنے لگے کہ ہمارے آباؤ اجداد کو بھی تنگی اور راحت پیش آئیں تھیں تو ہم نے ان کو دفعۃً پکڑ لیا اور ان کو خبر بھی نہ تھی اور اگر ان بستیوں کے رہنے والے ایمان لے آتے اور پرہیز کرتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین کی برکتیں کھول دیتے لیکن اُنہوں نے تو (پیغمبروں کی) تکذیب کی تو ہم نے (بھی) ان کو ان کے اعمال (بد) کی وجہ سے پکڑ لیا۔ کیا پھر بھی ان بستیوں کے رہنے والے اس بات سے بے فکر ہوگئے ہیں کہ ان پر (بھی) ہمارا عذاب شب کے وقت آ پڑے جس وقت وہ پڑے سوتے ہوں اور کیا ان (موجودہ) بستیوں کے رہنے والے اس بات سے بے فکر ہوگئے ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب دن دوپہری آ پڑے جس وقت کہ وہ اپنے لایعنی قصوں میں مشغول ہوں۔ ہاں تو کیا اللہ تعالیٰ کی اس (ناگہانی) پکڑ سے بے فکر ہوگئے ہو (سمجھ رکھو) خدا تعالیٰ کی پکڑ سے بجز ان کے جن کی شامت ہی آ گئی ہو اور کوئی بے فکر نہیں ہوتا اور ان (گزشتہ) زمین پر رہنے والوں کے بعد جو لوگ (اب) زمین پر بجائے ان کے رہتے ہیں کیا ان واقعات مذکورہ نے ان کو یہ بات (ہنوز) نہیں بتلائی کہ اگر ہم چاہتے تو ان کو ان کے جرائم کے سبب ہلاک کر ڈالتے اور ہم ان کے دلوں پر بند لگائے ہوئے ہیں اس سے وہ سنتے نہیں۔ ان (مذکورہ) بستیوں کے کچھ کچھ قصے ہم آپ سے بیان کر رہے ہیں اور ان سب کے پاس ان کے پیغمبر معجزات لے لے کر آئے تھے۔ پھر جس چیز کو انہوں نے اول (وہلہ) میں (ایک بار) جھوٹا کہہ دیا یہ بات نہ ہوئی کہ پھر اس کو مان لیتے۔ اللہ تعالیٰ اسی طرح کافروں کے دلوں پر بند لگا دیتے ہیں اور اکثر لوگوں میں ہم نے وفائے عہد نہ دیکھا اور ہم نے اکثر لوگوں کو بے حکم ہی پایا۞

تفسیر: بیان اجمالی حالت کفار سابقین برائے عبرت کفار لاحقین ☆ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِیْ قَرْیَةٍ مِّنْ نَّبِیٍّ (الی قولہ تعالیٰ) وَ اِنْ وَّجَدْنَاۤ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِیْنَ﴿۱۰۲﴾ اور ہم نے (ان مذکورہ اور ان کے علاوہ بھی دوسری بستیوں میں سے) کسی بستی میں کوئی نبی نہیں بھیجا کہ وہاں کے رہنے والوں کو (اس نبی کے نہ ماننے پر اول اول تنبیہ نہ کی ہو اور تنبیہ کی غرض سے ان کو) ہم نے محتاجی اور بیماری میں نہ پکڑا ہوتا کہ وہ ڈھیلے پڑ جاویں (اور اپنے کفر و تکذیب سے توبہ کریں) پھر (جب اس سے متنبہ نہ ہوئے تو استدراجاً یا اس غرض سے کہ مصیبت کے بعد جو نعمت ہوتی ہے اس کی زیادہ قدر ہوتی ہے اور نعمت دینے والے کی آدمی بالطبع اطاعت کرنے لگتا ہے) ہم نے اس بدحالی کی جگہ خوشحالی بدل دی یہاں تک کہ ان کو (غنی اور صحت کے ساتھ مال و اولاد میں) خوب ترقی ہوئی اور (اس وقت براہ کج فہمی) کہنے لگے کہ (وہ پہلی مصیبت ہم پر کفر و تکذیب کے سبب نہ تھی ورنہ پھر خوش حالی کیوں ہوتی بلکہ یہ اتفاقات زمانہ سے ہے چنانچہ)

www.besturdubooks.net

ہمارے آباؤ اجداد کو بھی (یہ دو حالتیں کبھی تنگی اور کبھی) راحت پیش آئیں تھیں (اسی طرح ہم پر بھی یہ حالتیں گزر گئیں جب وہ اس بھول میں پڑ گئے) تو (اس وقت) ہم نے ان کو دفعۃً (عذاب مہلک میں) پکڑ لیا اور ان کو (اس عذاب کے آنے کی) خبر بھی نہ تھی (یعنی گو ان کو انبیاء نے خبر کی تھی مگر چونکہ وہ اس خبر کو غلط سمجھتے تھے اور عیش و آرام میں بھولے ہوئے تھے اس لئے ان کو گمان نہ تھا) اور (ہم نے جو ان کو عذاب مہلک میں پکڑا تو اس کا سبب صرف ان کا کفر اور مخالفت تھی ورنہ) اگر ان بستیوں کے رہنے والے (پیغمبروں پر) ایمان لے آتے اور (ان کی مخالفت سے) پرہیز کرتے تو ہم (بجائے ارضی وسماوی آفات کے) ان پر آسمان اور زمین کی برکتیں کھول دیتے (یعنی آسمان سے بارش اور زمین سے پیداوار ان کو برکت کے ساتھ عطا فرماتے اور گو اس ہلاکت سے پہلے ان کو خوشحالی ایک حکمت کے لئے دی گئی تھی لیکن اس خوش حالی میں اس لئے برکت نہ تھی کہ آخر میں وہ وبال جان ہوگئی بخلاف ان نعمتوں کے جو ایمان واطاعت کے ساتھ ملتی ہیں کہ ان میں یہ خیر و برکت ہوتی ہے کہ وہ وبال کبھی نہیں ہوتی نہ دنیا میں نہ آخرت میں حاصل یہ کہ اگر وہ ایمان وتقویٰ اختیار کرتے تو ان کو بھی یہ برکتیں دیتے) لیکن انہوں نے تو (پیغمبروں کی) تکذیب کی تو ہم نے (بھی) ان کے اعمال (بد) کی وجہ سے ان کو (عذاب مہلک میں) پکڑ لیا (جس کو اوپر اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً سے تعبیر فرمایا ہے آگے کفار موجودین کو عبرت دلاتے ہیں) کیا (ان قصص کو سن کر) پھر بھی ان (موجودہ) بستیوں کے رہنے والے (جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دورۂ نبوت میں موجود ہیں اس بات سے بےفکر ہوگئے ہیں کہ ان پر (بھی) ہمارا عذاب شب کے وقت آپڑے جس وقت وہ پڑے سوتے ہوں اور کیا ان (موجودہ) بستیوں کے رہنے والے (باوجود کفر وتکذیب کے جو کہ کفار سابقین کے اہلاک کا سبب تھا) اس بات سے بےفکر ہوگئے ہیں کہ (ان ہی سابقین کی طرح) ان پر ہمارا عذاب دن دوپہری آپڑے جس وقت کہ وہ اپنے لایعنی قصوں میں مشغول ہوں (مراد اس سے دنیوی کاروبار ہیں) ہاں تو کیا اللہ تعالیٰ کی اس (ناگہانی) پکڑ سے (جس کا اوپر بیان ہوا ہے) بےفکر ہوگئے سو (سمجھ رکھو کہ) خدا تعالیٰ کی پکڑ سے بجز ان کے جن کی شامت ہی آگئی ہو اور کوئی بےفکر نہیں ہوتا (آگے اس کی علت بتلاتے ہیں کہ ان کو عذاب سے کیوں ڈرنا چاہئے اور وہ علت ان کا امم سابقہ کے ساتھ جرم کفر میں شریک ہونا ہے یعنی) اور ان (گزشتہ) زمین پر رہنے والوں کے بعد جو لوگ (اب) زمین پر بجائے ان کے رہتے ہیں کیا ان واقعات مذکورہ نے ان کو یہ بات (ہنوز) نہیں بتلائی کہ اگر ہم چاہتے تو ان کو (بھی مثل امم سابقہ کے) ان کے جرائم (کفر وتکذیب) کے سبب ہلاک کر ڈالتے (کیونکہ امم سابقہ ان ہی جرائم کے سبب ہلاک کی گئیں) اور (واقعی یہ واقعات تو ایسے ہی ہیں کہ ان سے سبق لینا چاہئے تھا لیکن اصل یہ ہے کہ) ہم نے ان کے دلوں پر بند لگا رکھے ہیں اس سے وہ (حق بات کو دل سے) سنتے (بھی) نہیں (اور ماننا تو درکنار رہا پس اس بند لگانے سے ان کی قساوت بڑھ گئی کہ ایسے عبرت خیز واقعات سے بھی عبرت نہیں ہوتی اور اس بند لگانے کا سبب انہی کا ابتداء میں کفر کرنا ہے لقولہ تعالیٰ: طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ [النساء: ۱۵۵] آگے شاید رسول اللہ ﷺ کی تسلی کے لئے سارے مضمون مذکور کا خلاصہ ہے کہ ان (مذکورہ) بستیوں کے کچھ کچھ قصے ہم آپ سے بیان کر رہے ہیں اور ان سب (بستیوں میں رہنے والوں) کے پاس ان کے پیغمبر معجزات لے کر آئے تھے (مگر) پھر (بھی ان کی ضد اور ہٹ کی یہ کیفیت تھی کہ) جس چیز کو انہوں نے اول (وہلہ ایک بار) میں جھوٹا کہہ دیا یہ بات نہ ہوئی کہ پھر ان کو مان لیتے (اور جیسے یہ لوگ دل کے سخت تھے) اللہ تعالیٰ اسی طرح کافروں کے دلوں پر بند لگا دیتے ہیں اور (ان میں سے بعضے لوگ مصیبتوں میں ایمان لانے کا عہد بھی کر لیتے تھے لیکن) اکثر لوگوں میں ہم نے وفائے عہد نہ دیکھا (یعنی زوال مصیبت کے بعد پھر ویسے کے ویسے ہی ہو جاتے تھے) اور ہم نے اکثر لوگوں کو (باوجود ارسال رسل واظہار معجزات ونزول بلیات وتوثیق معاہدات) بےحکم ہی پایا (پس کفار ہمیشہ سے ایسے ہی ہوتے رہے ہیں آپ بھی غم نہ کیجئے)

ف: جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ میں هُمْ کی ضمیر میں سب مذکورین کا داخل ہونا اور بینات سے معجزات کا مراد ہونا دلیل ہے کہ جن انبیاء علیہم السلام کے معجزات قرآن وحدیث میں مذکور نہیں وہ بھی صاحب معجزہ تھے اور ہود علیہ السلام کی قوم کا قول جو سورۂ ہود میں مذکور ہے مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ چونکہ یہ آیت اس قول کو رد کرتی ہے اس لئے ان کا قول حجت نہیں بلکہ منشاء اس کا عناد ہے کہ معجزہ کو غیر معتد بہ قرار دے کر ایسا کہہ دیا اور بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ الخ کی جو تقریر اثنائے ترجمہ میں کی گئی ہے اس سے یہ شبہ دفع ہوگیا کہ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الخ سے تو ان پر فراخی عیش ہونا ثابت ہے اسی طرح سورۂ انعام میں فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ بھی اس پر دال ہے اور عہد کی دوسری تفسیر یہ کی گئی ہے کہ یوم میثاق کا عہد مراد ہو اور اس تفسیر پر اکثر اس لئے کہا کہ بعض مسلمان ہوگئے تھے اور تفسیر اول پر اکثر کی ایک وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے اور دوسری وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ مصیبت میں عہد کرنا سب سے صادر نہ ہوا تھا اکثر نے ایسا کہا تھا اور انہوں نے ہی پورا نہ کیا واللہ اعلم۔

مسئلہ: آیت: فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ۹۹ سے استنباط کیا گیا ہے کہ عذاب الٰہی سے بےخوف ہونا کفر ہے کیونکہ محاورات قرآنیہ میں اکثر خاسر سے مراد کافر ہوتا ہے جیسا کہ دوسری آیت واقعہ سورۂ یوسف لَا يَايْئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ سے اس مسئلہ کا دوسرا جزو ثابت کیا گیا ہے کہ مایوسی خدا کی رحمت سے کفر ہے اور روح المعانی میں شافعیہ کا مذہب نقل کیا ہے کہ یہ دونوں امر بالمعنی المشہور گناہ کبیرہ ہیں کفر نہیں اور

www.besturdubooks.net

بعض محققین کا قول محاکمہ میں نقل کیا ہے کہ امن بایں معنی کہ اللہ تعالیٰ کو انتقام پر قادر نہ سمجھے اور یاس بایں معنی کہ اللہ تعالیٰ کو انعام پر قادر نہ سمجھے کفر ہے اور بالمعنی المشہور یعنی یاس بمعنی استبعادِ عفو واستعظام ذنوب جس سے طاعات وتوبہ ترک ہوجاویں اور امن بمعنی غلبۂ رجاء جس سے معاصی پر جری ہوجاوے کبیرہ ہے اور آیت کو تغلیظ پر یا مطلق خسار اور کفران کے معنی پر محمول کیا جاوے گا عاجز کہتا ہے کہ قطعی وعید کے بعد بے خوف ہونا جیسا کہ مرتکبین کفر کی حالت تھی اور قطعی وعدہ کے بعد مایوس ہونا جیسا کہ نبی کی بشارت کے بعد ہوا ایسا امن ویاس کفر ہے اور آیات میں یہی معانی مراد معلوم ہوتے ہیں واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ الٰی مابعد والی آیت سے مل کر اس پر دال ہے کہ نعم دنیویہ میں طاعت کو اور نقم دنیویہ میں معصیت کو بھی دخل ہے خواہ وہ نعمت ونقمت حسی ہو یا معنوی قولہ تعالیٰ: فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۹۹ اس میں وہ بھی داخل ہے جو اپنے صاحب نسبت ہونے پر مغرور رہو اور سلب نسبت سے خوف نہ کرے۔ قولہ تعالیٰ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ۔ اس میں اصرار وعناد کی مذمت ہے۔ اور اس وقت یہ بلا مقتداؤں میں بہت ہوگئی کہ جس بات میں ایک بار انکار نکل جاوے پھر باوجود ظہور بطلان کے بھی اس کو کبھی نہ مانیں گے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ فی بیاتا شب کے وقت لان البیات مصدر یقدر قبلہ المضاف ۱۲۔ ۲؎ قولہ فی ضحی دن دوپہری لقولہ تعالیٰ فی اول السورۃ او ھم قائلون ۱۲۔ ۳؎ قولہ فی افامنوا ہاں استفید التنبیہ من التکریر ولفظ تو من الفا۔ فی قولہ جس کا اوپر اشارۃ الی ان الجملۃ اجمال لما فصل او لا ۱۲۔ ۴؎ قولہ فی خاسرون شامت لاطلاق ھذا اللفظ علی ما ارید بھذا الخسار فی المحاورات ۱۲۔ ۵؎ قولہ فی للذین یرثون اب الخ اشارۃ الی انہ فیہ وضع المظہر موضع المضمر لان ھؤلاء ھم اھل القری المذکورون فی قولہ تعالیٰ افامن اھل القری ۱۲۔ ۶؎ قولہ فی او لم یھد ان واقعات اشار بہ الی ان فاعلہ ضمیرہ الراجع الی ما جری علی الامم وان لو شاء مفعولہ وللذین متعلقہ وفی قولہ بتلائی اشارۃ الی ان یھد بمعنی یبین بقرینۃ تعدیۃ باللام۔ ۷؎ قولہ فی نطبع علی قلوبھم لگائے ہوئے ہیں اشارۃ الی رد ما قیل من عطفہ علی اصبنا لانہ ینافیہ وقوع الطبع المدلول علیہ بقولہ فیما بعد نطبع اللہ ۱۲۔ ۸؎ قولہ انبائھا کچھ کچھ اشارۃ الی کون من تبعیضیۃ وھو الامر المطابق للواقع ۱۲۔ ۹؎ قولہ فی قبل اول وہلہ المراد بہ اول ما فاجاء ھم الرسل قبل اقامۃ البینات والمعجزات ۱۲۔ ۱۰؎ قولہ قولہ فی عھد وفا اشارۃ الی حذف المضاف ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراءۃ او امن عاطفۃ عطفا علی امن السابق ۱۲۔

النحو: قولہ اخذنا حال بمعنی آخذین والاستثناء من اعلم الاحوال ای وما ارسلنا فی حال الا فی حال کوننا آخذین ولیس المراد ابتداء الارسال مقارن للاخذ بل انہ مستتبع لہ غیر منفک عنہ ۱۲۔ قولہ وان وجدنا اکثرھم لفاسقین من وجد بمعنی علم الناصبۃ للمبتدأ والخبر لدخول ان المخففۃ واللام الفارقۃ وزلک لا یسوغ الا فی المبتدأ والخبر والافعال الداخلۃ علیھما من الروح والبیضاوی۔

البلاغۃ: قولہ قد مس آباء نا الضراء ولم یذکر الباساء المذکور فیما قبل اکتفاء بذکر احد الاخوین عن الآخر لتقاربھما مفھوماً ۱۲۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝۱۰۳ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱۰۴ حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ۭ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۝۱۰۵ قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۱۰۶ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۝۱۰۷ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَاۗءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ۝۱۰۸ ع ۱۳/۴

پھر اس کے بعد ہم نے موسیٰ کو اپنے دلائل دے کر فرعون کے اور اس کے امرا کے پاس بھیجا سو ان لوگوں نے ان کا بالکل حق ادا نہ کیا۔ سو دیکھئے ان مفسدوں کا کیا انجام ہوا اور موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا اے فرعون میں رب العالمین کی طرف سے پیغمبر ہوں۔ میرے لئے یہی شایان ہے کہ بجز سچ کے خدا کی طرف کوئی بات منسوب نہ کروں۔ میں تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک بڑی دلیل بھی لایا ہوں۔ سو تو بنی اسرائیل کو میرے ساتھ بھیج دے۔ فرعون نے کہا اگر آپ کوئی معجزہ لے کر آئے ہیں تو اس کو

www.besturdubooks.net

اب پیش کیجئے اگر آپ سچے ہیں۔ پس آپ نے (فوراً) اپنا عصا ڈال دیا۔ سو دفعتہً وہ صاف اژدھا بن گیا اور اپنا ہاتھ باہر نکال لیا۔ سو وہ یکا یک سب دیکھنے والوں کے روبرو بہت ہی چمکتا ہوا ہو گیا۔ ۞

تفسیر: قصہ ششم حضرت موسیٰ علیہ السلام باسبطیان وقبطیان ☆ اور یہ قصہ یہاں بھی اور قرآن مجید کے اور مواقع مکررہ میں بھی بہ نسبت اکثر قصص کے مفصل ہے چنانچہ اس مقام پر نصف پارہ تک چلا گیا ہے اور اس کی تکریر اور تفصیل میں یہ نکتہ لکھا ہے کہ آپ کے معجزات بھی عظیم ہیں اور فرعونیوں کا کفر بھی شدید ہے اور بعض بنی اسرائیل کی جہالتیں بھی عجیب ہیں یہ امور مقتضی تکریر و تفصیل کے ہوئے۔

ذکر بعثت موسیٰ علیہ السلام و مکالمۂ او با فرعون ☆ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى (الی قولہ تعالیٰ) فَاِذَا هِیَ بَیْضَآءُ لِلنّٰظِرِیْنَ۠ پھر ان (مذکور پیغمبروں[1]) کے بعد ہم نے (حضرت) موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنے دلائل (یعنی معجزات) دے کر فرعون کے اور اس کے امراء کے پاس (ان کی ہدایت و تبلیغ کے لئے) بھیجا سو (جب موسیٰ علیہ السلام نے وہ دلائل ظاہر کئے تو) ان لوگوں نے ان (معجزات) کا بالکل حق ادا نہ کیا (کیونکہ ان کا حق اور مقتضا یہ تھا کہ ایمان[2] لے آتے) سو دیکھئے ان مفسدوں[3] کا کیا (برا) انجام ہوا (جیسا اور جگہ ان کا غرق اور ہلاک ہونا مذکور ہے یہ تو تمام قصہ کا اجمال تھا آگے تفصیل ہے یعنی) اور موسیٰ (علیہ السلام) نے (فرعون کے پاس بحکم الٰہی جا کر) فرمایا کہ میں رب العالمین کی طرف سے (تم لوگوں[4] کی ہدایت کے واسطے) پیغمبر (مقرر ہوا) ہوں (اور جو مجھ کو کاذب بتلاوے اس کی غلطی ہے کیونکہ) میرے لئے یہی شایاں[5] ہے کہ بجز سچ کے خدا کی طرف کوئی بات منسوب نہ کروں (اور میں رسالت کا خالی دعویٰ ہی نہیں کرتا بلکہ) میں تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک بڑی دلیل (یعنی معجزہ) بھی لایا ہوں (جو طلب کے وقت دکھلا سکتا ہوں) سو (جب میں رسول مع الدلیل ہوں تو میں جو کہوں اس کی اطاعت کر چنانچہ منجملہ[6] ان امور کے ایک یہ کہتا ہوں کہ) تو بنی اسرائیل کو (اپنی بیگار سے خلاصی دے کر) میرے ساتھ (ملک) شام کو جو ان کا (اصلی وطن ہے) بھیج دے فرعون نے کہا کہ اگر آپ (منجانب اللہ) کوئی معجزہ لے کر آئے ہیں تو اس کو اب پیش کیجئے اگر آپ (اس دعوے میں) سچے ہیں بس آپ نے (فوراً) اپنا عصا (زمین پر) ڈال دیا سو دفعتہً وہ صاف ایک اژدھا بن گیا (جس کے اژدھا ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں ہو سکتا تھا) اور (دوسرا معجزہ یہ ظاہر کیا کہ) اپنا ہاتھ (گریبان[7] کے اندر بغل میں دبا کر) باہر نکال لیا سو وہ یکا یک سب دیکھنے والوں کے روبرو بہت ہی چمکتا ہوا ہو گیا (کہ اس کو بھی سب نے دیکھا)۔ **ف**: اوپر جو بِاٰیٰتِنَا فرمایا ہے اس سے مراد یا تو یہی دو معجزے ہیں اور جمع لانا بوجہ ان کے کبیر ہونے یا بار بار واقع ہونے کے ہے اور یا وہ سب معجزات مراد ہیں جو یہاں سے تیسرے رکوع میں مذکور ہیں: وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ الخ مگر وہ سب اس وقت واقع نہیں ہوئے مختلف اوقات میں ان کا ظہور ہوتا رہا اور یہاں اجمال میں مجموعہ اوقات کا اعتبار ہوگا اور یہاں جو مَلَا۟ئِهٖ کی تخصیص کی گئی اس اعتبار سے کہ وہ سردار تھے اور لوگ ان کے تابع تھے اور بنی اسرائیل کی طرف مبعوث ہونا دوسری آیات میں مذکور ہے اور اس سے عموم بعثت لازم نہیں آتی کیونکہ دو قوموں میں سب مکلفین منحصر نہ تھے اور دوسری آیات میں ہارون علیہ السلام کا ساتھ ہونا بھی مذکور ہے شاید ان کے تابع ہونے کی وجہ سے یہاں ذکر نہ کیا ہو اور اس مقام پر دعوت الی التوحید کا اس لئے ذکر نہیں کیا کہ دوسری آیات میں موجود ہے چونکہ بنی اسرائیل پر ظلم کرنا حقوق العباد میں سے تھا اس اعتبار سے اس کا اہم ہونا موجب تخصیص ذکر ہو سکتا ہے اور بعض نے اَرْسِلْ کے معنی اطلق عن قیدك لئے ہیں پس شام وغیرہ کا اعتبار اس کے معنی میں نہ ہوگا اور اس آیت میں اژدھا فرمایا دوسری آیتوں میں جان بمعنی پتلا سانپ فرمایا جمع ان میں اس طرح ہے کہ یا تو کسی وقت ایسا ہوتا ہو کسی وقت میں ویسا یا اول پتلا ہوتا ہو پھر بڑھ جاتا ہو یا جثہ میں بڑا ہوتا ہو اور تیزی میں پتلے سانپ کی طرح ہو اور مبین سے معلوم ہوتا ہے کہ تبدیل حقیقت ہو جاتی تھی خیالی قصہ نہ تھا اور لِلنّٰظِرِیْنَ سے کوئی نظر بندی کا شبہ نہ کرے کیونکہ یہ تاکید ہے اس کے واقعی بیاض کی جیسے کہا کرتے ہیں کہ کھلی آنکھوں لوگوں نے دیکھا اور انقلاب حقائق کا محال ہونا جو فلاسفہ میں مشہور ہے اس کی حقیقت یہ ہے کہ حقائق ثلثہ یعنی وجوب و امتناع و امکان ایک دوسرے کی طرف منقلب نہیں ہوتا ورنہ عناصر کا استحالہ کون نہیں دیکھتا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی من بعدھم پیغمبروں اشارۃ الی ان مرجع الضمیر ھم الرسل ۱۲۔ ۲ قولہ فی فظلموا ایمان لے آتے اشارۃ الی ان تعدیۃ الظلم بالباء مع انہ یتعدی بلا واسطۃ لتضمنہ معنی الکفر ۱۲۔ ۳ قولہ فی المفسدین ان اشارۃ الی کون اللام للعھد ۱۲۔ ۴ قولہ فی رسول تم لوگوں دل علی ھذا المقدر ما سیلیہ من قولہ جئتکم ۱۲۔ ۵ قولہ فی حقیق یہی شایاں اخذ بالحاصل اتباعا للمحاورۃ والا فالترجمۃ اللفظیۃ میں اس کے لئے شایاں لان حقیق بمعنی جدیر وعلی بمعنی الباء ویؤیدہ علی ما فی الروح قراءۃ ابی بان لا اقول وقراءۃ عبداللہ ان لا اقول بتقدیر الجار ۱۲۔ ۶ قولہ قبل فارسل منجملۃ لان ما بلغہ لا ینحصر فی ما ھھنا ۱۲۔ ۷ قولہ فی نزع گریبان کے اندر بغل جمع فیہ بین قولیہ تعالیٰ ادخل یدك فی جیبك واضمم یدك الی جناحك والجمع بینھما ممکن فی زمان واحد ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قرأ نافع حقیق علی بتشدید الیاء ای واجب علی او علی بمعنی الباء ای جدیر بی ان لا اقول علی معنی انی جدیر بان

www.besturdubooks.net

الخ فافهم ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ببينة المراد به الجنس قوله للناظرين الفائدة في زيادته اما ما ذكرته في ف واما بيان كونه عجيبا خارجا عن العادة يجتمع عليه النظار كما في الروح۔

قَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ إِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيمٌ ﴿١٠٩﴾ يُرِيدُ أَنْ يُخْرِجَكُمْ مِنْ أَرْضِكُمْ ۖ فَمَاذَا
تَأْمُرُونَ ﴿١١٠﴾ قَالُوا أَرْجِهْ وَأَخَاهُ وَأَرْسِلْ فِي الْمَدَائِنِ حٰشِرِينَ ﴿١١١﴾ يَأْتُوكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيمٍ ﴿١١٢﴾ وَجَاءَ
السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوا إِنَّ لَنَا لَأَجْرًا إِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِينَ ﴿١١٣﴾ قَالَ نَعَمْ وَإِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿١١٤﴾
قَالُوا يٰمُوسٰى إِمَّا أَنْ تُلْقِيَ وَإِمَّا أَنْ نَكُونَ نَحْنُ الْمُلْقِينَ ﴿١١٥﴾ قَالَ أَلْقُوا ۖ فَلَمَّا أَلْقَوْا سَحَرُوا أَعْيُنَ
النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوهُمْ وَجَاءُوا بِسِحْرٍ عَظِيمٍ ﴿١١٦﴾ وَأَوْحَيْنَا إِلٰى مُوسٰى أَنْ أَلْقِ عَصَاكَ ۖ فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ
مَا يَأْفِكُونَ ﴿١١٧﴾ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١١٨﴾ فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوا صٰغِرِينَ ﴿١١٩﴾
وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِينَ ﴿١٢٠﴾ قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿١٢١﴾ رَبِّ مُوسٰى وَهٰرُونَ ﴿١٢٢﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ
آمَنْتُمْ بِهِ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ ۖ إِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَكَرْتُمُوهُ فِي الْمَدِينَةِ لِتُخْرِجُوا مِنْهَا أَهْلَهَا ۖ
فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ﴿١٢٣﴾ لَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ مِنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَأُصَلِّبَنَّكُمْ أَجْمَعِينَ ﴿١٢٤﴾ قَالُوا إِنَّا
إِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُونَ ﴿١٢٥﴾ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّا إِلَّا أَنْ آمَنَّا بِآيَاتِ رَبِّنَا لَمَّا جَاءَتْنَا ۚ رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا
صَبْرًا وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ ﴿١٢٦﴾ ع ١٤ ١٨ ٤

قوم فرعون میں جو سردار لوگ تھے انہوں نے کہا کہ واقعی یہ شخص بڑا ماہر جادوگر ہے۔ (ضرور) یہ (ہی) چاہتا کہ تم کو تمہاری (اس) سرزمین سے باہر کردے سو تم لوگ کیا مشورہ دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ ان کو اور ان کے بھائی ہارون کو چندے مہلت دیجئے اور شہروں میں چپڑاسیوں کو بھیج دیجئے کہ وہ سب ماہر جادوگروں کو آپ کے پاس لاکر حاضر کردیں۔ (چنانچہ ایسا ہی کیا گیا) اور وہ جادوگر فرعون کے پاس حاضر ہوئے کہنے لگے کہ اگر ہم غالب آئے تو ہم کو کوئی بڑا صلہ ملے گا؟ فرعون نے کہا کہ ہاں (بڑا انعام ملے گا) اور مزید (براں) تم مقرب لوگوں میں داخل ہو جاؤ گے۔ ان ساحروں نے عرض کیا کہ اے موسیٰ خواہ آپ ڈالئے اور یا ہم ہی ڈالیں موسیٰ نے فرمایا کہ (پہلے) تم ہی ڈالو۔ پس جب انہوں نے (اپنی رسیوں اور لاٹھیوں کو) ڈالا تو لوگوں کی نظر بندی کردی اور ان پر ہیبت غالب کردی اور اس طرح کا بڑا جادو دکھایا اور ہم نے موسیٰ کو وحی کے ذریعہ سے حکم دیا کہ آپ اپنا عصا ڈال دیجئے۔ سو عصا کا ڈالنا تھا کہ اس نے (اژدہا بن کر) ان کے سارے بنے بنائے کھیل کو نگلنا شروع کیا۔ پس اس وقت حق (کا حق ہونا) ظاہر ہوگیا اور انہوں نے جو کچھ بنایا وتایا تھا سب آتا جاتا رہا۔ پس وہ لوگ اس موقع پر ہار گئے اور خوب ذلیل ہوئے اور وہ جو ساحر تھے وہ سجدہ میں گر گئے (اور پکار پکار کر) کہنے لگے کہ ہم ایمان لائے رب العالمین پر جو موسیٰ وہارون کا بھی رب ہے۔ فرعون کہنے لگا کہ ہاں تم موسیٰ پر ایمان لائے ہو بدوں اس کے کہ میں اجازت دوں۔ بے شک یہ ایک کارروائی تھی جس پر تمہارا عملدرآمد ہوا ہے اس شہر میں۔ تاکہ تم اس شہر سے وہاں کے رہنے والوں کو باہر نکال دو۔ سو (بہتر ہے) اب تم کو حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے ہیں تمہارے ایک طرف کے ہاتھ دوسری طرف کے پاؤں کاٹوں گا۔ پھر تم سب کو سولی پر ٹانگ دوں گا۔ انہوں نے جواب دیا کہ (کچھ پروا نہیں) ہم مرکر اپنے مالک کے پاس ہی جائیں گے اور تو نے ہم میں کون سا شخص دیکھا بجز اس کے کہ ہم اپنے رب کے احکام پر ایمان لے آئے جب وہ احکام ہمارے پاس آئے اے ہمارے رب ہمارے اوپر صبر کا فیضان فرما اور ہماری جان حالت اسلام پر نکالئے۔

تفسیر: قصہ مقابلہ سحرہ با موسیٰ علیہ السلام ☆ قَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ إِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيمٌ ﴿١٠٩﴾ (الی قوله تعالی) رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ ﴿١٢٦﴾ (حضرت موسیٰ علیہ السلام کے جو یہ معجزات عظیمہ ظاہر ہوئے تو فرعون نے اہل دربار سے کہا کہ یہ شخص بڑا جادوگر ہے اس کا اصل

www.besturdubooks.net

مطلب یہ ہے کہ اپنے جادو سے تم لوگوں پر غالب آ کر یہاں کا رئیس ہو جاوے اور تم کو یہاں آباد نہ رہنے دے سو اس بارہ میں تمہارا کیا مشورہ ہے چنانچہ سورۂ شعراء میں یہ قول فرعون کا منقول ہے اس کو سن کر جیسا کہ مصاحبین سلاطین کی عادت ان کی ہاں میں ہاں ملانے کی ہوتی ہے فرعون کے قول کی تصدیق و موافقت کے لئے) قوم فرعون میں جو سردار (اور اہل دربار) لوگ تھے انہوں نے (ایک دوسرے سے) کہا کہ واقعی (جیسا ہمارے بادشاہ کہتے ہیں) یہ شخص بڑا ماہر جادوگر ہے (ضرور) یہ (ہی) چاہتا ہے کہ (اپنے جادو کے زور سے خود مع بنی اسرائیل کے رئیس ہو جاوے اور) تم کو (بوجہ اس کے کہ بنی اسرئیل کی نظر میں خار ہو) تمہاری (اس) سرزمین سے باہر کر دے سو تم لوگ (جیسا کہ بادشاہ دریافت کر رہے ہیں) کیا مشورہ دیتے ہو (غرض مشورہ طے کر کرا کر) انہوں نے (فرعون سے) کہا کہ آپ ان (موسیٰ علیہ السلام) کو اور ان کے بھائی (ہارون علیہ السلام) کو مہلت دیجئے اور (اپنی حدود قلمرو کے) شہروں میں (گرد آوروں کو یعنی) چپڑاسیوں کو (حکم نامے دے کر) بھیج دیجئے کہ وہ (سب شہروں سے) سب ماہر جادوگروں کو (جمع کر کے) آپ کے پاس لا کر حاضر کر دیں (چنانچہ ایسا ہی انتظام کیا گیا) اور وہ جادوگر فرعون کے پاس حاضر ہوئے (اور) کہنے لگے کہ اگر ہم (موسیٰ علیہ السلام پر) غالب آئے تو (کیا) ہم کو کوئی بڑا صلہ (اور انعام) ملے گا فرعون نے کہا کہ ہاں (انعام بھی بڑا ملے گا) اور مزید بر آں یہ ہوگا کہ) تم (ہمارے) مقرب لوگوں میں داخل ہو جاؤ گے (غرض موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کی جانب سے اس کی اطلاع دی گئی اور مقابلہ کے لئے تاریخ معین ہوئی اور تاریخ پر سب ایک میدان میں جمع ہوئے اس وقت) ان ساحروں نے (موسیٰ علیہ السلام سے) عرض کیا کہ اے موسیٰ (ہم آپ کو اختیار دیتے ہیں) خواہ آپ (اول اپنا عصا میدان میں) ڈالئے (جس کو آپ اپنا معجزہ بتلاتے ہیں) اور یا (آپ کہیں تو) ہم ہی (اپنی رسیاں اور لاٹھیاں میدان میں) ڈالیں موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ تم ہی (پہلے) ڈالو پس جب انہوں نے (اپنی رسیوں اور لاٹھیوں کو) ڈالا تو (جادو سے دیکھنے والے) لوگوں کی نظر بندی کر دی (جس سے وہ لاٹھیاں اور رسیاں سانپ کی شکل میں لہراتی نظر آنے لگیں) اور ان پر ہیبت غالب کر دی اور ایک طرح کا بڑا جادو دکھلایا اور (اس وقت) ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو (وحی کے ذریعہ سے) حکم دیا کہ آپ اپنا عصا ڈال دیجئے (جیسا ڈالا کرتے ہیں) سو عصا کا ڈالنا تھا کہ اس نے (اژدھا بن کر) ان کے سارے بنے بنائے کھیل کو نگلنا شروع کیا پس (اس وقت) حق (کا حق ہونا) ظاہر ہو گیا اور انہوں نے (یعنی ساحروں نے) جو کچھ بنایا ونایا تھا سب آتا جاتا رہا پس وہ لوگ (یعنی فرعون اور اس کی قوم) اس موقع پر ہار گئے اور خوب ذلیل ہوئے (اور اپنا سا منہ لے کر رہ گئے) اور وہ جو ساحر تھے وہ سجدہ میں گر گئے (اور پکار پکار کر) کہنے لگے کہ ہم ایمان لے آئے رب العالمین پر جو موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) کا بھی رب ہے فرعون (بڑا گھبرایا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ساری رعایا ہی مسلمان ہو جاوے تو ایک مضمون گھڑ کر ساروں سے) کہنے لگا ہاں تم موسیٰ (علیہ السلام) پر ایمان لائے ہو بدوں اس کے کہ میں تم کو اجازت دوں بیشک (معلوم ہوتا ہے کہ) یہ (جو کچھ جنگ زرگری کے طور پر ہوا ہے) ایک کارروائی تھی جس پر تمہارا عمل درآمد ہوا ہے اس شہر میں (خفیہ سازش ہوگئی ہے کہ تم یوں کرنا ہم یوں کریں گے پھر اس طرح ہار جیت ظاہر کریں گے اور یہ کارروائی ملی بھگت اس لئے کی ہے) تا کہ تم سب (مل کر) اس شہر سے وہاں کے رہنے والوں کو باہر نکال دو (پھر بفراغ خاطر سب مل کر یہاں ریاست کرو) سو (بہتر ہے) اب تم کو حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے (اور وہ یہ ہے کہ) میں تمہارے ایک طرف کے ہاتھ دوسری طرف کے پاؤں کاٹوں گا پھر تم سب کو سولی پر ٹانگ دوں گا (تا کہ اوروں کو عبرت ہو) انہوں نے جواب دیا کہ (کچھ پرواہ نہیں) ہم مر کر (کسی برے ٹھکانے تو نہ جاویں گے بلکہ) اپنے مالک ہی کے پاس جاویں گے (جہاں ہر طرح امن و راحت ہے سو ہمارا نقصان ہی کیا ہے) اور تو نے ہم میں کون سا عیب دیکھا ہے (جس پر اس قدر شور و غل ہے بجز اس کے کہ ہم اپنے رب کے احکام پر ایمان لے آئے (سو یہ کوئی عیب کی بات نہیں پھر اس سے اعراض کر کے حق تعالیٰ سے دعا کی کہ) اے ہمارے رب ہمارے اوپر صبر کا فیضان فرما (کہ اگر یہ سختی کرے مستقل رہیں) اور ہماری جان حالت اسلام پر نکالئے (کہ اس کی سختی سے پریشان ہو کر کوئی بات ایمان کے خلاف نہ ہو جاوے) **ف**: یہاں چند فوائد سمجھنا چاہئے اول: یہ کہ یہاں جو ارشاد فرمایا ہے: سَحَرُوْٓا اَعْیُنَ النَّاسِ یہ ایک واقعہ خاصہ ہے اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ سحر کا منتہیٰ اتنا ہی ہے کہ نظر بندی ہو جاتی ہے بلکہ بعض انواع سحر سے تبدیل حقیقت بھی ممکن ہے اور اس کے امتناع پر کوئی دلیل نقلی یا عقلی قائم نہیں اور اگر کسی کو سحر عظیم سے شبہ ہو کہ عظیم سے زیادہ تو کوئی چیز نہیں جب نظر بندی کو سحر عظیم کہا معلوم ہوا کہ اور اقسام سحر کے اس سے بھی کم ہیں جواب یہ ہے کہ عظیم سے زیادہ اعظم ہوتا ہے پھر عظیم میں بھی مراتب مختلف ہیں پس ممکن ہے کہ کسی درجہ میں یہ بھی عظیم ہو اور اس سے بڑے درجہ میں تبدیل حقیقت عظیم ہو چنانچہ عظیم کے ترجمہ میں لفظ ایک طرح کا سے اس طرف اشارہ بھی کر دیا گیا ہے دوم: رب موسیٰ و ہارون اس لئے بڑھایا کہ فرعون اپنے کو رب اعلیٰ بتلاتا تھا تو رب العالمین کا مصداق سننے والے اس کو نہ سمجھ جاویں اس لئے اس کو بڑھا کر مراد متعین کر دی کہ جس کو موسیٰ و ہارون رب کہتے ہیں سوم: سوال سحر سے مقابلہ کرنا معجزہ کا کفر ہے پھر موسیٰ علیہ السلام نے اس کی کیسے اجازت دی کہ اَلْقُوْا حالانکہ کفر کی اجازت دینا نبی بلکہ مؤمن سے بھی ممکن نہیں۔ جواب: اگر آپ اَلْقُوْا نہ بھی فرماتے تب بھی یقیناً وہ لوگ یہ عمل کرتے پس معلوم ہوا یہ اجازت القاء کی نہیں بلکہ ان کی دوشقوں میں سے کہ اول القاء کس کا ہو جیسا کہ بعض آیات میں اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰی اس پر دال ہے آپ نے ایک شق کو متعین فرما دیا کہ اسی پر

www.besturdubooks.net

اظہار حق موقوف تھا کیونکہ دوسری شق میں اس عصا کا سانپ بننا تو ظاہر ہوتا لیکن اُن پر غلبہ تو ظاہر نہ ہوتا اس شق میں اُن کے عصا و حبال کو فوراً نگل جانے سے پورا غلبہ ظاہر ہوگیا گو اگر وہ لوگ بعد میں ڈالتے تب بھی وہ عصا ان کو نگل جاتا لیکن فوراً موسیٰ علیہ السلام کے عصا ڈالتے ہی اس کا باطل ہونا جو کہ اوقع فی النفس ہے یہ تو ظاہر نہ ہوتا۔ پس امر القاء کا نہیں بلکہ تقدیم بالالقاء المتیقن کا ہے اور وہ بھی مصلحت کمال غلبۂ حق کے خوب سمجھ لو اور یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ یہاں صیغۂ امر سے مقصود اجازت نہیں بلکہ مراد عدم مبالات کا اظہار ہے یعنی ہم کو اس سے ذرا اندیشہ نہیں تم جو چاہو کرلو چہارم: فرعون کا یہ کہنا کہ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ یہ محض سخن سازی ہے اس کا کوئی منشاء اشتباہ ہونا ضرور نہیں اور بعض نے ایک منشاء بھی ذکر کیا ہے وہ یہ کہ مقابلہ سے پہلے موسیٰ علیہ السلام اور افسر ساحرین میں یہ گفتگو ہوئی کہ موسیٰ علیہ السلام نے اس سے فرمایا کہ اگر میں غالب آگیا تو کیا تو ایمان لے آوے گا اس نے جواب دیا کہ میرے سحر پر غلبہ ممکن نہیں اور اگر آپ غالب آ گئے تو میں ضرور ایمان لے آؤں گا اور فرعون نے اس کا مشاہدہ کیا تھا رواہ ابن جریر وابو الشیخ عن ابن مسعود و ناس من الصحابۃ کذا فی روح المعانی اس لئے اس نے کہا کہ تم نے سازش کی ہے حالانکہ اس کا سازش ہونا محض لغویات ہے۔ پنجم: بعض نے کہا ہے کہ فرعون نے ان نومسلموں کو یہ سزا دی تھی اور بعض نے اس آیت یعنی: اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ [القصص : ۳۵] سے اس کا انکار کیا ہے لیکن یہ جواب ممکن ہے کہ غلبہ سے مراد غلبۂ بالحجت ہو یا یوں کہا جاوے کہ بعض کا قتل ہوجانا منافی غلبہ کے نہیں چنانچہ محاربات میں ایک فریق کو آخر میں غالب کہا جاتا ہے حالانکہ ان میں بھی مقتول ہوتے ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ (الی قولہ تعالی) يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ فرعون نے موسیٰ کے طریق حق کو ایک باطل کی صورت میں ظاہر کیا یہی حال ہے اہل باطل کا گو وہ صوفی ہی کہلاویں کہ عوام کو اہل حق سے نفرت دلانے کے لئے ان کے حق کو برے برے عنوان سے ظاہر کرتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ قَالَ اَلْقُوْا موسیٰ علیہ السلام کا مقصود اس سے خود اذن دینا نہ تھا بلکہ اذن کو ان کے کفر کے ابطال اور اپنے معجزہ کے اثبات کا ذریعہ بنانا تھا ایسی ہی مصلحت سے بعض اوقات شیوخ ایسے امر میں اذن دے دیتے ہیں کہ ظاہر اس کا معصیت ہوتا ہے مگر اخیر میں اس میں کوئی مصلحت دینی ہوتی ہے وہی مصلحت ان کو مقصود ہوتی ہے۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ اور اس ناس میں موسیٰ علیہ السلام بھی داخل ہیں چنانچہ سورۂ طٰہ میں ہے يُخَيَّلُ اِلَيْهِ [طٰہ : ٦٦] اھ پس اس سے کئی امر مستفاد ہوئے اول خوارق سے دھوکا نہ کھانا کہ اہل باطل سے بھی ظاہر ہوسکتے ہیں ثانی سحر کی ایک قسم خیال میں تصرف کرنا بھی ہے اسی میں مسمریزم بھی داخل ہے۔ ثالث ایسی چیزوں سے متاثر ہوجانا کمال باطنی کے خلاف نہیں چنانچہ موسیٰ علیہ السلام خائف ہوئے اور اہل حق کا ایسے امور پر یا ان کے ابطال پر قادر ہونا لازم نہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ اس پر دال ہے کہ اصل مدار طریق میں جذب من الحق ہے اور اس پر اہل طریق کا اجماع ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ قبل قال الملأ فرعون نے اہل دربار سے اشار بہ الی وجہ الجمیع بین الآیتین وقد القی ھذا فی قلبی لم رایتہ للبیضاوی ۱۲۔ ۲ قولہ فی قالوا ان لنا اور اشار الی کون الجملۃ استینافا ۱۲۔ ۳ قولہ فی لاجرا بڑا افادہ التنوین وبقولہ کیا اشار الی حذف اداۃ الاستفھام کما فی قراءۃ ۱۲۔ ۴ قولہ قبل قالوا یموسیٰ اطلاع الی جمع دل علیہ ما فی طٰہ من قولہ فاجعل بیننا وقولہ یحشر الناس ۱۲۔ ۵ قولہ فی فاذا ھی ڈالناتھا اخذ بحاصل ترجمۃ اذا والفاء الفصیحۃ ۱۲۔ ۶ قولہ فی امنتم ہاں اشار بہ الی التوبیخ والانکار المستفاد من المقام او حذف اداۃ الاستفھام کما فی قراءۃ ۱۲۔ ۷ قولہ فی بہ موسیٰ کما فی طٰہ آمنتم لہ وظاھر ان الایمان باللہ الایمان بموسی الامر بہ ۱۲۔ ۸ قولہ فی قبل بدون اخذ بالحاصل لانہ علی حد لنفد البحر قبل ان تنفد کلمات لان النفاد لا یکون قط ۱۲۔ ۹ قولہ قبل لاقطعن اور وہ یہ اشار الی ان جملۃ التقطیع تفصیل للاجمال قبلہ ۱۲۔ ۱۰ قولہ فی افرغ فیضان فی الروح افض ۱۲۔

اللغات: تامرون تشیرون کذا فی الروح ارجہ واخاہ الارجاء التاخیر واصلہ ارجئہ کما فی قراءۃ باشباع الضم وفی قراءۃ بلا اشبع او اصلہ ارجہ من ارجیت کما فی قراءۃ باشباع الکسر وفی قراءۃ بلا اشباع فحذفت الھمزۃ واسکنت الھاء تشبیھا للمنفصل بالمتصل وجعل جہ وکابل فی اسکان وسطۃ وفی روایۃ ابن ذکوان عن ابن عامر ارجئہ بالھمزۃ وکسر الھاء فوجھہ ان الھمزۃ لما کانت تقلب یاء اجریت مجرئھا فلا یرد عدم ارتضاء النحاۃ بناء علی ان الھاء لا تکسر الا اذا کان قبلھا کسرۃ او یاء ساکنۃ من البیضاوی حاشرین فی الروح فسرہ بعضھم بالشرط (وقد رواہ الطبری عن ابن عباسؓ وھم اعوان الولاۃ لانھم یجعلون لھم علامۃ ویقال للواحد شرطی نسبۃ للشرطۃ۔ قولہ ھنالک ظرف مکان کما یترجم عنہ الترجمۃ وفی الروح ای فی ذلک الجمع العظیم الصلب الشد علی خشبۃ او غیرھا وشاع فی تعلیق الشخص بنحو حبل فی عنقہ لیموت وھو المتعارف الیوم کذا فی الروح وراعیتہ فی الترجم۔

www.besturdubooks.net

النَّحْو: لم ار من تعرض لتركيب قوله تعالىٰ اما ان تلقي الخ وعندى ان قوله ان تلقي وان نكون بعد تاويلهما بالمصدر معمول لمقدر دل عليه السياق هكذا يا موسٰى عليه السلام انت مخير في القائك وكوننا نحن الملقين والله اعلم والجملة على هذا التقدير خبرية لكن رأيت بعد هذا منقولا عن ابن جرير ما يجعل الجملة امراً بالدليل فرجعت عن تاويلي وهو ان معنى الكلام اختران تلقي انت او نلقي نحن والدليل ان الكلام مع اما اذا كان على وجه الامر فلا بد ان يكون فيه ان كقولك للرجل اما ان تمضي واما ان تقعد بمعنى الامر امض او اقعد فاذا كان على وجه الخبر لم يكن فيه ان كقوله تعالىٰ وآخرون مرجون لامر الله اما يعذبهم واما يتوب عليهم ۲۔

البَلَاغَة: قوله ان كنا نحن الغالبين ليس للشك بل لبيان مناط استحقاق الاجر۔ النكتة في القى السحرة مبنيا للمفعول التنبيه على ان الحق بهرهم واضطرهم الى السجود بحيث لم يبق لهم تمالك فكان احدا او قعهم والقاهم او ان الله تعالىٰ الهمهم ذلك وحملهم عليه كذا في الروح ۲۔

وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ قَالُوْۤا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع ۱۵

اور قوم فرعون کے سرداروں نے کہا کہ کیا آپ موسیٰ کو اور ان کی قوم کو یوں ہی رہنے دیں گے کہ وہ ملک میں فساد کرتے پھریں اور وہ آپ کو اور آپ کے معبودوں کو ترک کئے رہیں۔ فرعون نے کہا کہ ہم ابھی ان لوگوں کے بیٹوں کو قتل کرنا شروع کر دیں گے اور عورتوں کو زندہ رہنے دوں گے اور ہم کو ہر طرح کا ان پر زور ہے۔ موسیٰ نے اپنی قوم سے فرمایا کہ خدا تعالیٰ کا سہارا رکھو اور مستقل رہو (گھبراؤ مت) یہ زمین اللہ تعالیٰ کی ہے جس کو چاہیں مالک (وحاکم) بنادیں اپنے بندوں میں سے اور اخیر کامیابی ان ہی کی ہوتی ہے جو خدا تعالیٰ سے ڈرتے ہیں۔ قوم کے لوگ کہنے لگے کہ ہم تو ہمیشہ مصیبت میں ہی رہے آپ کی تشریف آوری سے قبل بھی اور آپ کی تشریف آوری کے بعد بھی۔ موسیٰ نے فرمایا بہت جلد اللہ تعالیٰ تمہارے دشمن کو ہلاک کردیں گے اور بجائے ان کے تم کو اس سرزمین کا مالک بنادیں گے پھر تمہارا طرز عمل دیکھیں گے۔ ۞

تفسیر: بد اندیشی قبطیاں باسبطیاں وتحزن ایشاں از و وتسلیہ موسیٰ علیہ السلام ایشاں را ☆ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ اور (جب موسیٰ علیہ السلام کا یہ معجزہ عظیمہ منظر عام پر ظاہر ہوا اور ساحرین ایمان لے آئے اور بعضے اور لوگ بھی آپ کے تابع ہو گئے اس وقت) قوم فرعون کے سرداروں نے (جو کہ اعیان سلطنت تھے یہ دیکھ کر کہ بعضے آدمی مسلمان ہو چلے فرعون سے) کہا کہ کیا آپ موسیٰ (علیہ السلام) کو اور ان کی قوم (تابعین) کو یوں ہی (مخلی بالطبع ومطلق العنان آزاد) رہنے دیں گے کہ وہ ملک میں فساد کرتے پھریں (فساد یہ کہ اپنا مجمع بڑھاویں جس کے اخیر میں اندیشہ بغاوت ہے) اور وہ (یعنی موسیٰ علیہ السلام) آپ کو اور آپ کے (تجویز کئے ہوئے) معبودوں کو ترک کئے رہیں (یعنی ان کے معبود ہونے کے منکر رہیں اور موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ان کی قوم بھی ایسا ہی کرے یعنی آپ اس کا انتظام کیجئے) فرعون نے کہا کہ (سر دست یہ انتظام مناسب معلوم ہوتا ہے کہ) ہم ابھی ان لوگوں کے بیٹوں کو قتل کرنا شروع کر دیں (تاکہ ان کا زور بڑھنے نہ پاوے) اور (چونکہ عورتوں کے بڑھنے سے کوئی اندیشہ نہیں اور نیز ہم کو اپنے کار و خدمت کیلئے بھی ضرورت ہے اس لئے) عورتوں کو زندہ رہنے دیں اور ہم کو ہر طرح کا ان پر زور ہے (اس انتظام میں کوئی دشواری نہ ہوگی اس مجلس کی گفتگو کی خبر جو بنی اسرائیل کو پہنچی تو بڑے گھبرائے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے چارہ جوئی کی تو) موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے فرمایا کہ خدا تعالیٰ کا سہارا رکھو اور مستقل رہو (گھبراؤ مت) یہ زمین اللہ تعالیٰ کی ہے جس کو چاہیں مالک (اور حاکم) بنادیں اپنے بندوں میں سے (سو چند روز کے لئے فرعون کو دے دی ہے) اور اخیر کامیابی ان ہی کو ہوتی ہے جو خدا تعالیٰ سے ڈرتے ہیں (سو تم ایمان وتقویٰ پر قائم رہو ان شاء اللہ تعالیٰ یہ سلطنت تم ہی کو مل جاوے گی تھوڑے دنوں انتظار کی ضرورت ہے) قوم کے لوگ (غایت حسرت وحزن سے جس کا طبعی اقتضاء تکرار شکوہ ہے) کہنے لگے کہ (حضرت) ہم تو ہمیشہ مصیبت ہی میں رہے آپ کی

www.besturdubooks.net

تشریف آوری کے قبل بھی (کہ فرعون بیگار لیتا تھا اور مدتوں ہمارے لڑکوں کو قتل کرتا رہا) اور آپ کی تشریف آوری کے بعد بھی (کہ طرح طرح کی تکلیفیں پہنچائی جارہی ہیں یہاں تک کہ اب پھر قتل اولاد کی تجویز ٹھہری ہے) موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا (گھبراؤ مت) بہت جلد اللہ تعالیٰ تمہارے دشمن کو ہلاک کر دیں گے اور بجائے ان کے تم کو اس زمین کا حاکم بنادیں گے پھر تمہارا طرز عمل دیکھیں گے (کہ شکر وقدر وطاعت کرتے ہو یا بے قدری اور غفلت ومعصیت اس میں ترغیب ہے طاعت کی اور تحذیر ہے معصیت سے) **ف**: اٰلِهَتَكَ کی تفسیر میں کئی قول ہیں سہل قول سدی کا ہے کہ فرعون نے کچھ بت بنوا کر تقسیم کر دیئے تھے کہ ان کو ہمارا نائب سمجھ کر ان کی عبادت کیا کرو او ردوہ فی الروح والخازن وغیرھما ایک تفسیر میں نظر سے گزرا ہے کہ اپنی تصویر کے بت بنوا کر دیئے تھے۔ واللّٰہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَ يَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْاَرْضِ اس میں دلالت ہے کہ کفار کا مغلوب ہونا اور مؤمنین کا غالب ہونا نعمائے عظیم سے ہے پس ترک دنیا کے یہ معنی نہیں ہیں کہ کفار کے ہاتھ میں بدوں عذر کے ذلت وخواری میں پڑا رہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی یذرك وہ یعنی موسیٰ الخ اشار الی ان تخصیصہ بالذکر لاصالتہ والقوم لہ تبع ۱۲۔

وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝١٣٠ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ
الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ ۭ اَلَآ اِنَّمَا طٰۗىِٕرُهُمْ
عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝١٣١ وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ
لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝١٣٢ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ
مُّفَصَّلٰتٍ ۣ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ۝١٣٣ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ
بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَىِٕنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۝١٣٤ فَلَمَّا كَشَفْنَا
عَنْهُمُ الرِّجْزَ اِلٰٓى اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ۝١٣٥ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ
بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ۝١٣٦

اور ہم نے فرعون والوں کو مبتلا کیا قحط سالی میں اور پھلوں کی کم پیداواری میں تاکہ وہ (حق بات کو) سمجھ جائیں۔ سو جب ان پر خوشحالی آجاتی ہے تو کہتے ہیں کہ یہ تو ہمارے لئے ہونا ہی چاہئے اور اگر ان کو کوئی بدحالی پیش آتی ہے تو موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کی نحوست بتلاتے ہیں۔ یاد رکھو ان کی نحوست (کا سبب) اللہ کے علم میں ہے لیکن ان میں اکثر لوگ نہیں جانتے تھے اور یوں کہتے (خواہ) کیسی ہی عجیب بات میرے سامنے لاؤ کہ اس کے ذریعے سے ہم پر جادو چلاؤ جب بھی ہم تمہاری بات ہرگز نہ مانیں گے۔ پھر ہم نے ان پر طوفان بھیجا اور ٹڈیاں اور گھن کا کیڑا اور مینڈک اور خون کہ یہ سب کھلے کھلے معجزے تھے۔ سو وہ تکبر کرتے رہے اور وہ لوگ کچھ تھے ہی جرائم پیشہ اور جب ان پر کوئی عذاب واقع ہوتا تو یوں کہتے اے موسیٰ علیہ السلام ہمارے لئے اپنے رب سے اس بات کی دعا کر دیجئے جس کا اس نے آپ سے عہد کر رکھا ہے۔ اگر آپ اس عذاب کو ہم سے اٹھادیں گے تو ہم ضرور ضرور آپ کے کہنے سے ایمان لے آئیں گے اور ہم بنی اسرائیل کو بھی رہا کر کے آپ کے ہمراہ کر دیں گے۔ پھر جب ان سے اس عذاب کو ایک وقت خاص تک کہ اس تک ان کو پہنچنا تھا۔ ہٹا دیتے تو وہ فوراً ہی عہد شکنی کرنے لگتے۔ پھر ہم نے ان سے بدلہ لیا یعنی ان کو دریا میں غرق کر دیا۔ اس سبب سے کہ وہ ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے اور ان سے بالکل ہی بے توجہی کرتے تھے۔ ۝

تفسیر: تسلیط بلیات بر قبطیاں باز اہلاک ایشاں ☆ وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ (الی قولہ تعالی) وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ۝ اور (جب فرعون اور اس کے تابعین نے انکار ومخالفت پر کمر باندھی تو) ہم نے فرعون والوں کو (مع فرعون کے حسب عادات مذکور رکوع اول پارہ ہذا ان بلیات میں) مبتلا کیا (۱) قحط سالی میں اور (۲) پھلوں کی کم پیداوری میں تاکہ وہ (حق بات کو) سمجھ جاویں (اور سمجھ کر قبول کر لیں) سو (وہ پھر بھی نہ سمجھے بلکہ یہ کیفیت تھی کہ) جب ان پر خوشحالی (یعنی ارزانی و پیداواری) آجاتی تو کہتے کہ یہ تو ہمارے لئے ہونا ہی چاہئے (یعنی ہم مبارک طالع ہیں یہ ہماری خوش بختی کا اثر ہے یہ نہ تھا کہ اس کو خدا کی

www.besturdubooks.net

نعمت سمجھ کر شکر بجالاتے اور اطاعت اختیار کرتے) اور اگر ان کو کوئی بدحالی (جیسے قحط و کم پیداواری مذکور) پیش آتی تو موسیٰ (علیہ السلام) اور ان کے ساتھیوں کی نحوست بتلاتے (کہ یہ ان کی نحوست سے ہوا یہ نہ ہوا کہ اس کو اپنے اعمال بدکفر و تکذیب کی شامت اور سزا سمجھ کر تائب ہوجاتے حالانکہ یہ سب ان کی شامت اعمال تھی جیسا کہ فرماتے ہیں کہ) یاد رکھو کہ ان کی (اس) نحوست (کا سبب) اللہ کے علم میں ہے (یعنی ان کے اعمال کفریہ تو اللہ کو معلوم ہیں یہ نحوست ان ہی اعمال کی سزا ہے) لیکن (اپنی بے تمیزی سے) ان میں اکثر لوگ (اس کو) نہیں جانتے تھے اور (بلکہ اوپر سے) یوں کہتے (کہ خواہ) کیسی ہی عجیب بات ہمارے سامنے لاؤ کہ اس کے ذریعہ سے ہم پر جادو چلاؤ جب بھی ہم تمہاری بات ہرگز نہ مانیں گے (جب ایسی سرکشی اختیار کی تو) پھر ہم نے (ان دو بلا کے علاوہ یہ بلائیں مسلط کیں کہ (۳) ان پر (کثرت بارش کا) طوفان بھیجا (جس سے مال اور جان تلف ہونے کا اندیشہ ہوگیا) اور (اس سے گھبرائے تو موسیٰ علیہ السلام سے عہد و پیمان کیا کہ ہم سے یہ بلا دور کرایئے تو ہم ایمان لاویں اور جو آپ کہیں اطاعت کریں پھر جب وہ بلا دور ہوئی اور دلخواہ غلہ وغیرہ نکلا پھر بے فکر ہوگئے کہ اب تو جان بھی بچ گئی مال بھی خوب پیدا ہوگا اور بدستور اپنے کفر و طغیان پر اڑے رہے تو ہم نے ان کے کھیتوں پر (۴) ٹڈیاں (مسلط کیں) اور (جب پھر کھیتوں کو تباہ ہوتے دیکھا تو گھبرا کر پھر ویسے ہی عہد و پیمان کئے پھر جب آپ کی دعا سے وہ بلا دور ہوئی اور غلہ وغیرہ تیار کرکے اپنے گھر لے آئے پھر بے فکر ہوگئے کہ اب تو غلہ قابو میں آگیا اور بدستور اپنے کفر و مخالفت پر جمے رہے تو ہم نے اس غلہ میں (۵) گھن کا کیڑا (پیدا کر دیا) اور جب پھر گھبرا کر اسی طرح عہد و پیمان کرکے دعا کرائی اور وہ بلا بھی دور ہوئی اور اس سے مطمئن ہوگئے کہ اب پیس کوٹ کر کھاویں پیویں گے پھر وہی کفر اور وہی مخالفت تو اس وقت ہم نے ان کے کھانے کو یوں بے لطف کر دیا کہ ان پر (۶) مینڈک (ہجوم کرکے ان کے کھانے کے برتنوں میں ہنڈیوں میں گرنا شروع ہوئے جس سے سب کھانا غارت ہوا اور ویسے بھی گھر میں بیٹھنا مشکل کر دیا) اور (پینا یوں بے لطف کر دیا کہ (۷) ان کا (پانی) خون (ہو جاتا منہ میں لیا اور خون بنا غرض ان پر یہ بلائیں مسلط ہوئیں) کہ یہ سب (موسیٰ علیہ السلام کے) کھلے کھلے معجزے تھے (کہ ان کی تکذیب و مخالفت پر ان کا ظہور ہوا سحر نہ تھے جیسا ان کے قول لِتَسْحَرَنَا سے معلوم ہوا اور یہ ساتوں عصا اور ید ملا کر آیات تسعہ کہلاتے ہیں) سو (چاہیئے تھا کہ ان معجزات و آیات قہر کو دیکھ کر ڈھیلے پڑ جاتے مگر) وہ (پھر بھی) تکبر (ہی) کرتے رہے اور وہ لوگ کچھ تھے ہی جرائم پیشہ (کہ اتنی سختی پر بھی باز نہ آتے تھے) اور جب ان پر کوئی عذاب (مذکورہ بلاؤں میں سے) واقع ہوتا تو یوں کہتے اے موسیٰ ہمارے لئے اپنے رب سے اس بات کی دعا کر دیجئے جس کا اس نے آپ سے عہد کر رکھا ہے (وہ بات قہر کا دور کر دینا ہے ہمارے باز آ جانے پر سو ہم اب وعدہ کرتے ہیں کہ) اگر آپ اس عذاب کو ہم سے ہٹا دیں (یعنی دعا کرکے ہٹوا دیں) تو ہم ضرور ضرور آپ کے کہنے سے ایمان لے آویں گے اور ہم بنی اسرائیل کو بھی رہا کرکے آپ کے ہمراہ کر دیں گے پھر جب (ببرکت دعائے موسیٰ علیہ السلام) ان سے اس عذاب کو ایک وقت خاص تک کہ اس تک ان کو پہنچنا تھا ہٹا دیتے تو وہ فوراً ہی عہد شکنی کرنے لگتے (جیسا اوپر بیان ہوا) پھر (جب ہر ہر طرح دیکھ لیا کہ وہ اپنی شرارت سے باز ہی نہیں آتے تب اس وقت) ہم نے ان سے (پورا) بدلہ لیا یعنی ان کو دریا میں غرق کر دیا (جیسا کہ دوسری جگہ ہے) اس سبب سے کہ وہ ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے اور ان سے بالکل ہی بے توجہی کرتے تھے (اور تکذیب اور غفلت بھی ایسی ویسی نہیں بلکہ ایسے اصرار و عناد کے ساتھ کہ اطاعت کا وعدہ کرلیں اور توڑ دیں)۔ **ف**: اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ سے مراد احقر کے نزدیک دوسری بلا کی آمد سے پہلے پہلے کا وقت ہے کہ اس وقت تک وہ بلا ٹل جاتی پھر دوسری بلا کہ بلا ہونے میں گویا عین اول ہے مسلط ہو جاتی اور بلاء سنین و نقص ثمرات کے بعد ان کا حسنہ کا اپنی طرف نسبت کرنا اور سیئہ کا موسیٰ علیہ السلام کی طرف اور طوفان وغیرہ کے بعد ان کا کہنا اُدْعُ لَنَا رَبَّكَ شاید یہ تفاوت اس وجہ سے ہو کہ اول بلاؤں کو معمولی سمجھا پھر تواتر سے گھبرائے اور شاید بلا کے طوفان وغیرہ کا اشتداد بھی زیادہ میں اور ظاہر ہو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ معلوم ہوا کہ عقوبت دنیویہ گاہے معصیت پر بھی مرتب ہو جاتی ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في عندالله علم میں سنح هذا التفسير لخاطری ثم رأيته للبيضاوی ۱۲۔ ۲ قوله فی الطوفان الخ طوفان ما يدل على الترتيب والتفصيل والتفسير الخاص كله ماخوذ من الماثور فی الدر المنثور ۱۲۔ ۳ قوله في بما عهد وہ بات قہر کا الخ وهذا من المواهب و هذا العهد معلوم مقرر فی شرائع الانبياءؑ مذكور على السنتهم مرارا و كرارا ۱۲۔ ۴ قوله فی اغرقنا یعنی اشارة الى كون الفاء تفسيرية كما فی روح المعانی فلا اشكال فی تاخر الاغراق عن الانتقام مع كونهما واحد ۱۲۔ ۵ قوله فی توضيح كذبوا وعدہ کرلیں الخ اندفع به ما يتوهم من ان الفاء فی فانتقمنا يدل على ان السبب هو النكث والباء فی بانهم الخ يدل على ان السبب هو التكذيب وتقرير الدفع ظاهر ۱۲۔

اللغات: السنين جمع سنة والمراد بها عام القحط وقد غلبت فی ذلك القمل فی الدر المنثور عن ابن عباس هو السوس الذی يخرج من الخطة والطائر اصله ان العرب كانت تزجر الطير فتشائم به اذا وقع موافقا لاصطلاحهم الذی كان يدل على الشوم

www.besturdubooks.net

والمراد ههنا العمل السيئ السبب للشوم مهما يستعمل شرطا وظرفا۔

البلاغۃ: تعريف الحسنة وذكرها باداة التحقيق كما قال غير واحد لكثرة وقوعها وتعلق الارادة باحداثها غالبا ولو بلا عمل وتنكير السيئة وذكر بها باداة الشك لندورها بعد العمل السيئ من روح۔

وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ
الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ بِمَا صَبَرُوْا ؕ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ﴿۱۳۷﴾
وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ قَالُوْا يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا
كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ؕ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۹﴾
قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ
سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۱۴۱﴾
وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰى
لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى
لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ
مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ
تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِيْ وَبِكَلَامِيْ ۖ
فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَكَتَبْنَا لَهٗ فِي الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيْلًا
لِّكُلِّ شَيْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّاْمُرْ قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ؕ سَاُورِيْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِيَ
الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ
لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا
غٰفِلِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ؕ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا
كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ ع ۱۷ ۶ ۷

اور ہم نے ان لوگوں کو جو کہ بالکل کمزور شمار کیے جاتے تھے۔ اس سرزمین کے پورب پچھم کا مالک بنادیا جس میں ہم نے برکت رکھی ہے اور آپ کے رب کا نیک وعدہ بنی اسرائیل کے حق میں ان کے صبر کی وجہ سے پورا ہو گیا اور ہم نے فرعون کے اور اس کی قوم کے ساختہ پرداختہ کارخانوں کو اور جو کچھ وہ اونچی عمارتیں بنواتے تھے سب کو درہم برہم کردیا اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا سے پار اُتار دیا پس ان لوگوں کا ایک قوم پر گزر ہوا جو اپنے چند بتوں کو لگے بیٹھے تھے کہنے لگے اے موسیٰ ہمارے لئے بھی ایک (مجسم) معبود ایسا ہی مقرر کردیجئے جیسے کہ ان کے یہ معبود ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ واقعی تم لوگوں میں بڑی جہالت ہے یہ لوگ جس کام میں لگے ہیں یہ (منجانب اللہ بھی)

www.besturdubooks.net

تباہ کیا جائے گا اور (فی نفسہ بھی) ان کا یہ کام محض بے بنیاد ہے اور فرمایا کیا اللہ تعالیٰ کے سوا اور کسی کو تمہارا معبود تجویز کر دوں۔ حالانکہ اس نے تم کو تمام دنیا جہان والوں پر فوقیت دی ہے اور وہ وقت یاد کرو جب ہم نے تم کو فرعون والوں (کے ظلم وایذا) سے بچایا جو تم کو بڑی سخت تکلیفیں پہنچاتے تھے تمہارے بیٹوں کو بکثرت قتل کر ڈالتے تھے اور تمہاری عورتوں کو (اپنی بیگار اور خدمت کے لئے) زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اس واقعہ میں تمہارے پروردگار کی طرف سے بڑی بھاری آزمائش تھی اور ہم نے موسیٰ سے تیس شب کا وعدہ کیا اور دس شب کو ان تیس راتوں کا تتمہ بنایا۔ سو ان کے پروردگار کا وقت پورے چالیس شب ہو گیا اور موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہہ دیا تھا کہ میرے بعد ان لوگوں کا انتظام رکھنا اور اصلاح کرتے رہنا اور بدنظم لوگوں کی رائے پر عمل مت کرنا اور جب موسیٰ ہمارے وقت (موعود) پر آئے اور ان کے ربّ نے ان سے (بہت ہی لطف وعنایت کی) باتیں کیں تو عرض کیا کہ اے میرے پروردگار اپنا دیدار مجھ کو دکھلا دیجئے کہ میں آپ کو ایک نظر دیکھ لوں۔ ارشاد ہوا کہ تم مجھ کو (دنیا میں) ہرگز نہیں دیکھ سکتے لیکن تم اس پہاڑ کی طرف دیکھتے رہو۔ سو اگر یہ اپنی جگہ پر برقرار رہا تو تم بھی دیکھ سکو گے پس ان کے ربّ نے جو اس پر تجلی فرمائی (تجلی نے) اس (پہاڑ) کے پرخچے اڑا دیئے اور موسیٰ بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ پھر جب افاقہ میں آئے تو عرض کیا بے شک آپ کی ذات منزہ اور رفیع ہے۔ میں آپ کی جناب میں معذرت کرتا ہوں اور سب سے پہلے میں اس پر یقین کرتا ہوں۔ ارشاد ہوا کہ اے موسیٰ (یہی بہت ہے کہ) میں نے پیغمبروں اور اپنی ہم کلامی سے اور لوگوں پر تم کو امتیاز دیا ہے۔ تو (اب) جو کچھ تم کو میں نے عطا کیا ہے اس کو لو اور شکر کرو اور ہم نے چند تختیوں پر ہر قسم کی (ضروری) نصیحت اور (احکام ضروریہ کے متعلق) ہر چیز کی تفصیل ان کو لکھ کر دی تو ان کو کوشش کے ساتھ (خود بھی) عمل میں لاؤ اور قوم کو بھی حکم کرو کہ ان کے اچھے اچھے احکام پر عمل کریں۔ میں اب بہت جلد تم لوگوں کو ان بے حکموں کا مقام دکھلاتا ہوں۔ میں ایسے لوگوں کو اپنے احکام سے برگشتہ ہی رکھوں گا جو دنیا میں تکبر کرتے ہیں جس کا ان کو کوئی حق حاصل نہیں اور اگر تمام نشانیاں دیکھ لیں تب بھی ان پر ایمان نہ لائیں اور اگر ہدایت کا راستہ دیکھیں تو اس کو اپنا طریقہ نہ بنائیں اور اگر گمراہی کا راستہ دیکھ لیں تو اس کو اپنا طریقہ بنا لیں۔ یہ اس سبب سے ہے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے غافل رہے اور یہ لوگ جنہوں نے ہماری آیتوں کو اور قیامت کے پیش آنے کو جھٹلایا۔ ان کے سب کام غارت گئے اور ان کو وہی سزا دی جائے گی جو کچھ یہ کرتے تھے ۞

تفسیر: بیان انجاز وعدہ ☆ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى رَبِّكُمْ الخ وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ (الی قولہ تعالی) وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ اور (فرعون اور اہل فرعون کو غرق کر کے) ہم نے ان لوگوں کو جو کہ بالکل کمزور شمار کئے جاتے تھے (یعنی بنی اسرائیل کو) اس سرزمین کے پورب پچھم (یعنی تمام حدود) کا مالک بنا دیا جس میں ہم نے (ظاہری یا باطنی) برکت رکھی ہے (ظاہر برکت کثرت پیداوار سے اور باطنی برکت ذی فضائل و مدفن ومسکن انبیاء علیہم السلام کے ہونے سے) اور آپ کے رب کا نیک وعدہ بنی اسرائیل کے حق میں ان کے صبر کی وجہ سے پورا ہو گیا (جس کا حکم ان کو ہوا تھا اصبروا ۱۲) اور ہم نے فرعون کے اور اس کی قوم کے ساختہ پرداختہ کارخانوں کو اور جو کچھ وہ اونچی اونچی عمارتیں بنواتے تھے سب کو درہم برہم کر دیا ف: بعض نے کہا ہے کہ اس زمین سے اور اسی طرح اوپر کے رکوع میں جو اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ آیا ہے اس سے بھی مراد مصر ہے کما فی الدر المنثور عن اللیث بن سعد اور دوسری آیت میں وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ [المؤمن : ۵۳] میں تصریح ہے کہ یہ لوگ مصر کے مالک ہوئے اور اس کی ظاہری برکت ظاہر ہے اور تفسیر کی تصحیح کے لئے یہ بھی کافی ہے اور باطنی برکت بھی بایں معنی ہو سکتی ہے کہ وہاں حضرت یوسف علیہ السلام رونق افروز رہے تھے اور زمانہ فرعون تک آپ کی نعش یہاں ہی مدفون تھی اور درمنثور میں مصر کے کچھ فضائل بھی مذکور ہیں اور بعض نے دونوں جگہ شام مراد لیا ہے اور اس کے ظاہری برکات کے مثل باطنی برکات بھی ظاہر ہیں بوجہ اس کے کہ مسکن ومدفن انبیاء علیہم السلام کا رہا ہے اور اس تقدیر پر اس آیت سابقہ کا مضمون بظاہر مناسب مقام نہ ہو گا سو اس کی توجیہ یہ ہے کہ تم کو جو فرعون نے مقید کر رکھا ہے کہ مصر سے شام کو کہ تمہارا آبائی وطن ہے نہیں جا سکتے سو زمین اللہ کی ہے تم صبر کرو تم کو وہ اس طرح عنایت ہو جاوے گی کہ جو شخص مانع ہے وہ ہلاک ہو جاوے گا پھر جو قوم اس پر قابض ہے یعنی عمالقہ جن کو قرآن مجید میں جبارین کہا ہے کسی وقت مقاتلہ میں تم ان پر غالب آ وگے اور وہاں تم کو رہنا میسر ہو گا اور اگر یہ قول ثابت ہو جاوے کہ بنی اسرائیل پھر مصر میں نہیں آئے تو یہ تفسیر اخیر مثل متعین کے ہو جاوے گی اور وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ کے معنی ان لوگوں کے نزدیک اثبات مالکیت سے صحیح ہو جاویں گے لیکن سورۂ بنی اسرائیل میں اسْكُنُوا الْاَرْضَ [بنی اسرائیل : ۱۰۴] بظاہر دال ہے کہ یہ لوگ مصر میں آئے ہیں گو تاویل ممکن ہے اور بغوی ونیسابوری اور خازن نے دونوں کا مجموعہ مراد لیا ہے اور یہ قول انسب معلوم ہوتا ہے پس ارض سے مراد جنس ارض ہو جاوے گی پھر ایراث خواہ بطور تملیک کے ہو یا بطور اسکان کے جیسا قول مصر میں آنے نہ آنے کی نسبت ثابت ہو جاوے اور ایک شبہ یہاں یہ ہوتا ہے کہ یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ فرعون کے کارخانے اور عمارات درہم برہم ہو گئے اور سورۂ شعراء کی آیت فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ (الی قولہ تعالی) بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ [شعراء ۵۷، ۵۸، ۵۹] سے معلوم ہوتا ہے کہ کارخانے اور عمارات صحیح وسالم ان کے ہاتھ لگیں اس کا جواب احقر کے نزدیک یہ ہے کہ قبضہ میں تو بعینہٖ آئے لیکن چونکہ دوسری سلطنت ہمیشہ عادۃً پہلی سلطنت کے انتظامات کو متغیر ومتبدل کر دیتی ہے اس لئے دَمَّرْنَا فرمایا گیا اور یہ جواب میری نظر سے نہیں گزرا اور ایک شبہ یہ ہے کہ یہاں صَبَرُوْا فرمایا ہے اور اوپر قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا الخ سے ان کا غیر صابر ہونا مترشح ہوتا ہے جواب یہ ہے کہ وہ شکایت نہیں تحزن ہے جو منافی صبر نہیں۔

www.besturdubooks.net

بیان بعضے از جہالات بنی اسرائیل بایں ہمہ انعام جلیل ☆ علاوہ بیان قصہ کے اس خاص مضمون میں بقول روح المعانی کے ایک گونہ تسلی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ان معاملات میں جو آپ کو اپنے زمانہ کے یہود کے ساتھ پیش آتے تھے کہ ان میں تو ہمیشہ سے احسان فراموش ہوتے آئے ہیں آپ غم نہ کیجئے واللہ اعلم۔ وَجٰوَزْنَا بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ (الی قولہ تعالی) وَفِیْ ذٰلِکُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ عَظِیْمٌ ﴿﴾ اور (جس دریا میں فرعون غرق کیا گیا) ہم نے بنی اسرائیل کو (اس) دریا سے پار اُتار دیا (جس کا قصہ سورۂ شعراء میں ہے) (پس پار ہونے کے بعد) ان لوگوں کا ایک قوم پر گزر ہوا جو اپنے چند بتوں کو (یعنی ان کی پرستش کو) لگے بیٹھے ہیں کہنے لگے اے موسیٰ ہمارے لئے بھی ایک (مجسم معبود ایسا ہی مقرر کر دیجئے جیسے اُن کے یہ معبود ہیں آپ نے فرمایا کہ واقعی تم لوگوں (کے مزاج) میں بڑی جہالت ہے یہ لوگ جس کام میں لگے ہیں یہ (منجانب اللہ بھی) تباہ کیا جاوے گا جیسا کہ (عادۃ اللہ ہمیشہ سے جاری ہے کہ حق کو باطل پر غالب کر کے اس کو درہم برہم کر دیتے ہیں) اور (فی نفسہ بھی) ان کا یہ کام محض بے بنیاد ہے (کیونکہ شرک کا بطلان یقینی و بدیہی ہے) اور فرمایا کیا اللہ تعالیٰ کے سوا اور کسی کو تمہارا معبود تجویز کر دوں حالانکہ (دلائل توحید کے علاوہ وہ تمہارا محسن و منعم بھی ہے کہ) اس نے تم کو (بعض احسانوں میں) تمام دنیا جہان والوں پر فوقیت دی ہے اور (اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کے قول کی تائید کے لئے ارشاد فرمایا کہ) وہ وقت یاد کرو جب ہم نے تم کو فرعون والوں (کے ظلم و ایذاء) سے بچا لیا جو تم کو بڑی سخت تکلیفیں پہنچاتے تھے اور تمہارے بیٹوں کو بکثرت قتل کر ڈالتے تھے اور تمہاری عورتوں کو (اپنی بیگار اور خدمت کے لئے) زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اس (واقعہ) میں تمہارے پروردگار کی طرف سے بڑی بھاری آزمائش تھی (اور بھی بہت سے احسان ہیں لیکن اگر یہی ایک یاد رکھو تو احسان ماننے کو بہت ہے تم نے کیا اچھا احسان مانا کہ شرک پر آمادہ ہو گئے)

ف: پارہ الملک کے ربع پر ایسی ہی آیت گزر چکی ہے ضروریات تفسیر وہاں ملاحظہ کر لی جاویں اور وجہ ان کی اس بیہودہ درخواست کی بغوی نے یہ لکھی ہے کہ ان کو توحید میں شک نہ ہوا تھا بلکہ اپنے غایت جہل سے یہ سمجھے کہ آلہۂ غائب کی طرف متوجہ ہونے کے لئے اگر کسی شاہد کو ذریعہ بنایا جاوے تو یہ امر منافی دیانت نہیں ہے بلکہ اس میں تعظیم و تقرب الی اللہ زیادہ ہے اور چونکہ خیال بھی فی نفسہ نقلاً و عقلاً غلط ہے اس لئے اس کو جہل فرمایا گیا۔ واللہ اعلم۔

عطائے توریت و مکالمات حق تعالیٰ با موسیٰ علیہ السلام ☆ وَوٰعَدْنَا مُوْسٰی ثَلٰثِیْنَ لَیْلَةً (الی قولہ تعالی) هَلْ یُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿﴾ اور (جب بنی اسرائیل سب پریشانیوں سے مطمئن ہو گئے تو موسیٰ علیہ السلام سے درخواست کی کہ اب ہم کو کوئی شریعت ملے تو اس پر بفراغ خاطر عمل کریں۔ موسیٰ علیہ السلام نے حق تعالیٰ سے درخواست کی حق تعالیٰ اس کا قصہ فرماتے ہیں کہ) ہم نے (حضرت) موسیٰ (علیہ السلام) سے تیس شب کا وعدہ کیا (کہ طور پر آ کر معتکف ہو تو تم کو شریعت کی کتاب توریت دی جاوے) اور دس شب اور ان تیس راتوں کا تتمہ بنایا (یعنی تورات دیکر ان کو دس راتیں عبادت کے واسطے اور بڑھا دیں جس کی وجہ سورۂ بقرہ معاملہ سوم میں مذکور ہو چکی) سو ان کے پروردگار کا (مقرر کیا ہوا) وقت (یہ سب مل کر) پورے چالیس شب ہو گیا اور موسیٰ (علیہ السلام کو طور کو آنے لگے تو چلتے وقت انہوں) نے اپنے بھائی ہارون (علیہ السلام) سے کہہ دیا تھا کہ (ذرا) میرے بعد ان لوگوں کا انتظام رکھنا اور (ان کی) اصلاح کرتے رہنا اور بدنظم لوگوں کی رائے پر عمل مت کرنا اور جب موسیٰ (علیہ السلام اس واقعہ میں) ہمارے وقت (موعود) پر آئے (تھے جس کا قصہ بیان ہو رہا ہے) اور ان کے رب نے ان سے (بہت سی لطف و عنایت کی) باتیں کیں تو (شدت انبساط سے دیدار کا اشتیاق پیدا ہوا) عرض کیا کہ اے میرے پروردگار اپنا دیدار مجھ کو دکھلا دیجئے کہ میں آپ کو ایک نظر دیکھ لوں ارشاد ہوا کہ تم مجھ کو (دنیا میں) ہرگز نہیں دیکھ سکتے (کیونکہ یہ آنکھیں تاب جمال نہیں لا سکتیں **كما فی المشكوة عن مسلم لا حرقت سبحات وجهه**) لیکن (تمہاری تشفی کے لئے یہ تجویز کرتے ہیں کہ) تم اس پہاڑ کی طرف دیکھتے رہو (ہم اس پر ایک جھلک ڈالتے ہیں) سو اگر یہ اپنی جگہ برقرار رہا تو (خیر) تم بھی دیکھ سکو گے (غرض) موسیٰ علیہ السلام اس کی طرف دیکھنے لگے) پس ان کے رب نے جو اس پر تجلّی فرمائی تجلی نے اس (پہاڑ) کے پرخچے اڑا دیئے اور موسیٰ (علیہ السلام) بیہوش ہو کر گر پڑے پھر جب افاقہ میں آئے تو عرض کیا بیشک آپ کی ذات (ان آنکھوں کی برداشت سے) منزہ (اور رفیع) ہے میں آپ کی جناب میں (اس مشتاقانہ درخواست سے) معذرت کرتا ہوں اور (جو کچھ حضور کا ارشاد ہے کہ لن ترانی) سب سے پہلے میں اس پر یقین کرتا ہوں ارشاد ہوا کہ اے موسیٰ (یہی بہت ہے کہ) میں نے (تم کو) اپنی (طرف سے) پیغمبری (کا عہدہ دے کر) اور اپنے (ساتھ) ہم کلامی (کا شرف بخش کر اس) سے اور لوگوں پر تم کو امتیاز دیا ہے تو (اب) جو کچھ تم کو میں نے عطا کیا ہے (رسالت و ہم کلامی و توریت) اس کو لو اور شکر کرو اور ہم نے چند تختیوں پر ہر قسم کی (ضروری) نصیحت اور (احکام ضروریہ کے متعلق) ہر چیز کی تفصیل ان کو لکھ کر دی (یہی تختیاں تورات ہیں پھر حکم ہوا کہ جب یہ تختیاں ہم نے دی ہیں) تو ان کو کوشش کے ساتھ (خود بھی) عمل میں لاؤ اور اپنی قوم کو (بھی) حکم کرو کہ ان کے اچھے اچھے احکام پر (یعنی سب پر کہ سب ہی اچھے ہیں) عمل کریں میں اب بہت جلد تم لوگوں کو (یعنی بنی اسرائیل کو) ان بے حکموں کا (یعنی فرعونیوں کا یا عمالقہ کا) مقام دکھلاتا ہوں (اس میں بشارت اور وعدہ ہے کہ مصر یا شام پر عنقریب تسلط ہوا چاہتا ہے مقصود اس سے ترغیب دینا ہے اطاعت کی کہ اطاعت احکام الٰہیہ کے یہ برکات ہیں اب ترغیب

www.besturdubooks.net

اطاعت کے بعد ترہیب مخالفت کے لئے ارشاد ہے کہ) میں ایسے لوگوں کو اپنے احکام سے برگشتہ ہی رکھوں گا جو دنیا میں (احکام ماننے سے) تکبر کرتے ہیں جس کا ان کو کوئی حق حاصل نہیں (کیونکہ اپنے کو بڑا سمجھنا حق اس کا ہے جو واقع میں بڑا ہو اور وہ ایک خدا کی ذات ہے) اور (برگشتگی کا ان پر یہ اثر ہوگا کہ) اگر تمام (دنیا بھر کی) نشانیاں (بھی) دیکھ لیں تب بھی (غایت قساوت سے) ان پر ایمان نہ لاویں اور اگر ہدایت کا راستہ دیکھیں تو اس کو اپنا طریقہ نہ بناویں اور اگر گمراہی کا راستہ دیکھ لیں تو اس کو اپنا طریقہ بنا لیں (یعنی حق کے قبول نہ کرنے سے پھر دل سخت ہو جاتا ہے اور برگشتگیٔ اس حد تک پہنچ جاتی ہے) یہ (اس درجہ کی برگشتگی) اس سبب سے ہے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو (تکبر کی وجہ سے) جھوٹا بتلایا اور ان (کی حقیقت میں غور کرنے) سے غافل رہے (یہ سزا تو دنیا میں ہوئی کہ ہدایت سے محروم رہے) اور آخرت میں یہ سزا ہوگی کہ یہ لوگ جنہوں نے ہماری آیتوں اور قیامت کے پیش آنے کو جھٹلایا ان کے سب کام (جن سے ان کو توقع نفع کی تھی) غارت گئے (اور انجام اس حبط کا جہنم ہے) ان کو وہی سزا دی جاوے گی جو کچھ یہ کرتے تھے (یعنی انکا کفر اسی کو مقتضی تھا) **ف**: یہاں چند امور قابل تحقیق ہیں اول موسیٰ علیہ السلام سے حق تعالیٰ نے کلام فرمایا مگر یہ کہ اس کی حقیقت کیا تھی اللہ ہی کو معلوم ہے جن احتمالات عقلیہ کی شریعت نفی نہ کرے ان سب کے قائل ہونے کی گنجائش ہے لیکن بلا دلیل عدم تعیین اسلم ہے زیادہ تفصیل اس کی کتب کلامیہ میں ہے البتہ قرآن مجید کے ظاہر الفاظ سے اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ اس کلام کو بہ نسبت اس کلام کے جو عطائے نبوت کے وقت ہوا تھا کچھ زیادہ اختصاص متکلم سے ہے چنانچہ یہاں مطلق کلمہ ربہ ہے وہاں **نودی من شاطیء الواد الایمن فی البقعة المبٰرکة من الشجرة** آیا ہے اور غالباً اس زیادہ اختصاص کے سبب یہ کلام مورث اشتیاق رویت ہوا وہ نہیں ہوا واللہ اعلم۔ **دوم**: موسیٰ علیہ السلام کی درخواست دیدار کی کرنا دنیا میں اس کے امکان عقلی پر اور حق تعالیٰ کا جواب اس کے امتناع شرعی پر دلیل ہے اور یہی مذہب ہے اہل سنت و جماعت کا اور حدیث صحیح و صریح بھی اس باب میں وارد ہوئی ہے **کما رواہ مسلم والترمذی وقال حسن صحیح ولفظ المسلم لن یری احد منکم ربه حتی یموت**۔ **سوم**: پہاڑ پر تجلی ہونے کے معنی واللہ اعلم یہ سمجھ میں آتے ہیں کہ حق تعالیٰ کا نور خاص بارادۂ خداوندی خلائق سے محجوب ہے اور اس محجوب ہونے کے جو وسائط ہیں وہ حجب اور موانع ہیں تعیین ان کی اللہ کو معلوم پس غالباً ان حجب میں بعض حجب مرتفع کر دیئے ہوں اور چونکہ حجب مرتفعہ قلیل تھے اس لئے ترمذی کی حدیث مرفوع میں تمثیلاً اس کی قلت کو آنملہ خنصر سے تشبیہ دی گئی ورنہ صفات الٰہیہ تجزی و مقدار سے منزہ ہیں اور چونکہ افعال حق تعالیٰ کے اختیاری ہیں اس لئے ممکن ہے کہ وہ حجب جبل کے اعتبار سے مرفوع ہوئے ہوں اور موسیٰ علیہ السلام اور دیگر خلق کے اعتبار سے مرتفع نہ ہوئے ہوں یہ معنی ہو جاویں گے للجبل کے اور چونکہ ارتفاع حجب کا خاص احراق ہے جیسا کہ حدیث میں ہے **لا حرقت سبحات النور ما انتهٰی الیه بصرهٗ** اس لئے پہاڑ کی یہ حالت ہوئی اور یہ ضرور نہیں کہ سارے پہاڑ کی یہ حالت ہو جاوے کیونکہ تجلی فرمانا باختیار خود کسی خاص قطعہ پر ممکن ہے اور موسیٰ علیہ السلام کی بے ہوشی ان پر تجلی فرمانے سے نہ تھی کیونکہ ظاہراً للجبل کے خلاف ہے بلکہ پہاڑ کی یہ حالت دیکھ کر و نیز محل تجلی کے ساتھ ایک گونہ تلبس و تعلق ہونے سے یہ بے ہوشی ہوئی۔ **چہارم**: ظاہراً فَاِنِ اسۡتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوۡفَ تَرٰىنِىۡ ۚ سے استقرار کی تقدیر پر رویت کا وقوع اور عدم استقرار کی تقدیر پر رویت کا عدم وقوع مفہوم ہوتا ہے اس میں قابل تحقیق یہ امر ہے کہ ۱۰، میں، باہم علاقہ کیا ہے سو عدم استقرار اور عدم وقوع رویت میں علاقہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ حاسہ بصریہ موسویہ ترکیب عنصری میں جبل سے اضعف و الطف ہے جب اقوی و اشد متحمل نہ ہوا تو اضعف کیسے متحمل ہوگا اور اس تقریر پر گو استقرار مستلزم تحمل بصر موسوی عقلاً نہ ہوگا لیکن اس کو وعدہ پر محمول کرنے سے اشکال رفع ہو جاوے گا یعنی باوجود دونوں کی عدم تساوی کے ہم تبرعاً وعدہ کرتے ہیں کہ اگر یہ متحمل ہو گیا تو تمہارے حاسہ بصریہ کو بھی متحمل کر دیا جاوے گا۔ **پنجم**: وقوع تجلی سے وقوع رویت کا شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ دونوں مترادف یا متلازم نہیں ہیں بلکہ تجلی کے معنی کسی شئے کا ظہور ہے گو دوسرے کو اس کا ادراک نہ ہو پس تجلی کا انفکاک رویت سے ممکن ہے جیسا آفتاب کو متجلی و طالع کہہ سکتے ہیں لیکن خفاش کو رائی اور مدرک کہنا لازم نہیں آتا کیونکہ ممکن ہے کہ مبادی تجلی کے سبب چشم خفاش معطل ہو جاتی ہو تجلی کے قبل بہ قبلیت زمانیہ یا تجلی کے ساتھ بمعیت زمانیہ و قبلیت ذاتیہ اس کے بحث کے متعلق کسی قدر آیت: لَا تُدۡرِكُهُ الۡاَبۡصَارُ [الانعام: ۱۰۳] واقعہ پارہ وَاِذَا سَمِعُوۡا کے ذیل میں لکھا جا چکا ہے ملاحظہ کر لیا جاوے اور دار الفاسقین کی تفسیر میں جو دو احتمال لکھے ہیں وجہ اس کی یہ ہے کہ علماء کے اقوال اس باب میں مختلف ہیں کہ بنی اسرائیل مصر میں واپس گئے ہیں یا نہیں جیسا اوپر کے رکوع میں آیت: وَاَوۡرَثۡنَا الۡقَوۡمَ الَّذِيۡنَ کی تفسیر میں گزر چکا ہے اور ربع پارہ الم پر معاملہ سوم میں کسی قدر آیت: وَوٰعَدۡنَا مُوۡسٰى ثَلٰثِيۡنَ لَيۡلَةً کے متعلق بھی مذکور ہوا وہ بھی قابل ملاحظہ ہے اور اکثر آثار و اخبار اس پر دال ہیں کہ یہ تختیاں لکھی لکھائی عطا ہوئی تھیں اور ظاہراً كَتَبۡنَا سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے اور موسیٰ علیہ السلام کا اخۡلُفۡنِىۡ فرمانا اس بنا پر ہے کہ حضرت ہارون علیہ السلام صرف نبی تھے حاکم اور سلطان نہ تھے اس صفت میں خلیفہ بنانا مقصود ہے استخلاف فی النبوۃ مقصود نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالُوۡا يٰمُوۡسَى اجۡعَلْ لَّنَاۤ اِلٰهًا كَمَا لَهُمۡ اٰلِهَةٌ ؕ قَالَ اِنَّكُمۡ قَوۡمٌ تَجۡهَلُوۡنَ ۝ حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے اس درخواست کے جواب میں کہ ہمارے لئے بھی ہتھیار لٹکانے کو ایک درخت مقرر فرما دیجئے جیسے مشرکین نے کر رکھا ہے یہ آیت پڑھ دی تھی اس سے معلوم ہوا کہ

www.besturdubooks.net

دنیوی عادات میں بھی اہل باطل کے ساتھ تشبہ مذموم ہے اور بدعات بزعم عبادات میں تو کیا پوچھنا ہے۔ قولہ تعالیٰ : فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ اس میں اصل ہے چلہ کی جو مشائخ میں معتاد اور مشاہد البرکات ہے۔ قولہ تعالیٰ : وَقَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ اس میں اس کی اصل ہے جو مریدوں بعض خلفاء کے سپرد کر دیتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ : وَقَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ نص ہے اس میں کہ دنیا میں رویت الٰہیہ نہیں ہوتی تو جو شخص اس کا مدعی ہے یا دھوکہ میں ہے یا دھوکہ دیتا ہے اور شب معراج اس سے مستثنیٰ ہے۔ قولہ تعالیٰ : سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِيَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ تکبر بغیر حق یہ ہے کہ غیر متکبر کے مقابلہ میں تکبر کرے اور متکبر کے مقابلہ میں تکبر کرنا یہ بحق ہے اور حقیقت میں وہ صورۃً تکبر ہے حقیقۃً نہیں۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ قوله فی متبر وباطل منجانب الله وفی نفسه اخذت هذا الفرق من الصيغتين ۱۲۔ ۲ قوله فی انجينكم تائيد كما قالوا فی قوله تعالیٰ فی طٰه فاخرجنا به ازواجا ۱۲۔ ۳ قوله فی جعله دكا تجلی نے اشار الی فاعل جعله ۱۲۔ ۴ قوله فی احسنها سب ہی اچھے فالاضافة ليست للتقييد ۱۲۔ ۵ قوله فی ذلك بانهم بر گشتگی اشارة الی كون الاشارة الی الصرف فتجاذب طرفا الكلام لان الصرف هو المسبب فی الاول والآخر عن الشیء والواحد المعبر عنه بالتكبر والتكذيب فافهم ۱۲۔

اللغات : قوله دمرنا اهلكنا يعرشون يبنون من العمارات وقيل هو كقوله جنات معروشات۔ قوله الميقات الوقت ۱۲۔

النحو : قوله التی باركنا صفة لمشارق و مغارب وقيل للارض وضعفه بعضهم۔ قوله اربعين حال او تمييز۔ قوله للجبل اللام للتعدية ۱۲۔ قوله موعظة وتفصيلا بدل من الجار والمجرور ای كتبنا له كل شیء من المواعظ وتفصيل الاحكام فمن مزيدة وفی زيادتها فی الاثبات كلام آه من الروح قلت ويجوز ان يكون قوله من كل شیء بيانا لموعظة فمن بيانية والتقدير وهكذا له فی الالواح موعظة من كل شیء وتفصيلا لكل شیء والعموم فی كلا الموضعين عرفی ۱۲۔

البلاغة : قوله قال اغير الله فی روح المعانی قيل هذا هو الجواب وما تقدم تمهيد له ولعله لذلك اعيد لفظ قال وقال شيخ الاسلام هو شروع فی بيان شيون الله تعالیٰ الموجبة لتخصيص العبادة به سبحانه بعد بيان ان ما طلبوا عبادته مما لا يمكن طلبه اصلا لكونه هالكا باطلا اصلا ولذلك وسط بينهما قال مع كون كل منهما كلام موسیٰ عليه السلام ۱۲۔ قوله لا تتبع تاكيد قوله ارونی حذف ذاتك للتادب ۱۲۔ قوله ساوريكم فيه التفات وتغليب لانهم لم يكونوا حاضرين ۱۲۔

وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ۭ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيْهِمْ
سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ وَلَمَّا سُقِطَ فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَىِٕنْ لَّمْ
يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ
قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ يَجُرُّهٗٓ
اِلَيْهِ ۭ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِيْ وَكَادُوْا يَقْتُلُوْنَنِيْ ڮ فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْاَعْدَاۗءَ وَلَا تَجْعَلْنِيْ مَعَ
الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ڮ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ ع ۱۸
اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَالَّذِيْنَ
عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا ۡ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۵۳﴾ وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى
الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ښ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ﴿۱۵۴﴾

اور موسیٰ کی قوم نے ان کے بعد اپنے (مقبوضہ) زیوروں کا ایک بچھڑا بنایا جو کہ ایک قالب تھا۔ جس میں ایک آواز تھی۔ کیا انہوں نے یہ نہ دیکھا کہ وہ ان سے بات نہیں کرتا تھا اور نہ ان کو کوئی راہ بتلاتا تھا۔ اس کو انہوں نے معبود قرار دے دیا اور بڑا بے ڈھنگا کام کیا اور جب نادم ہوئے اور معلوم ہوا کہ واقعی وہ لوگ گمراہی میں پڑ گئے تو کہنے لگے

www.besturdubooks.net

کہ اگر ہمارا رب ہم پر رحم نہ کرے اور ہمارے یہ گناہ معاف نہ کرے تو ہم بالکل گئے گزرے اور جب موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کی طرف واپس آئے غصہ اور رنج میں بھرے ہوئے تو فرمایا کہ تم نے میرے بعد یہ بڑی نامعقول حرکت کی۔ کیا اپنے رب کے حکم (آنے) سے پہلے ہی تم نے جلد بازی کر لی اور جلدی سے تختیاں ایک طرف رکھیں اور اپنے بھائی کا سر پکڑ کر ان کو اپنی طرف گھسیٹنے لگے۔ ہارون نے کہا کہ اے میرے ماں جائے (بھائی) ان لوگوں نے بے حقیقت سمجھا اور قریب تھا کہ مجھ کو قتل کر ڈالیں۔ تو تم مجھ پر (سختی کر کے) دشمنوں کو مت ہنساؤ اور مجھ کو ان ظالم لوگوں کے ذیل میں مت شمار کرو۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ اے میرے رب میری خطا معاف فرما دے اور میرے بھائی کی بھی اور ہم دونوں کو اپنی رحمت میں داخل فرمایئے اور آپ سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔ جن لوگوں نے گوسالہ پرستی کی ہے ان پر بہت جلد ان کے رب کی طرف سے غضب اور ذلت اس دنیوی زندگی ہی میں پڑے گی اور ہم افتراء پردازوں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں اور جن لوگوں نے گناہ کے کام کئے۔ پھر وہ ان کے بعد توبہ کر لیں اور ایمان لے آئیں تو تمہارا رب اس توبہ کے بعد گناہ کا معاف کر دینے والا رحمت کرنے والا ہے اور جب موسیٰ کا غصہ فرو ہوا تو ان تختیوں کو اٹھا لیا اور ان کے مضامین میں ان لوگوں کے لئے جو اپنے رب سے ڈرتے تھے ہدایت اور رحمت تھی۔ ○

تفسیر: قصہ اتخاذ عجل و عاقبت آں ☆ وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰی (الی قولہ تعالٰی) هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ۝ اور (جب موسیٰ علیہ السلام طور پر توریت لانے تشریف لے گئے تو) موسیٰ (علیہ السلام) کی قوم (یعنی بنی اسرائیل) نے ان کے (جانے کے) بعد اپنے (مقبوضہ) زیوروں کا (جو کہ قبطیوں سے مصر سے نکلتے وقت بہانہ شادی کے مانگ لیا تھا) ایک بچھڑا (بنا کر جس کا قصہ سورۂ طٰہٰ میں ہے اس کو معبود) ٹھہرایا جو کہ (صرف اتنی حقیقت رکھتا تھا کہ) ایک قالب تھا جس میں ایک آواز تھی (اور اس میں کوئی کمال نہ تھا جس سے کسی عاقل کو اس کی معبودیت کا شبہ ہو سکے) کیا انہوں نے یہ نہ دیکھا کہ (اس میں آدمی کے برابر بھی تو قدرت نہ تھی چنانچہ) وہ ان سے بات تک نہیں کرتا تھا اور نہ ان کو (دنیا یا دین کی) کوئی راہ بتلاتا تھا (اور خدا کی سی صفات تو اس میں کیا ہوتیں غرض یہ کہ) اس (بچھڑے) کو انہوں نے معبود قرار دیا اور (چونکہ اس میں اصلاً کوئی شبہ کی وجہ نہ تھی اس لئے انہوں نے) بڑا بے ڈھنگا کام کیا اور (بعد رجوع موسیٰ علیہ السلام کے جس کا قصہ آگے آتا ہے ان کے تنبیہ فرمانے سے) جب (متنبہ ہوئے اور اپنی اس حرکت پر) نادم ہوئے اور معلوم ہوا کہ واقعی وہ لوگ گمراہی میں پڑ گئے تو (ندامت سے بطور معذرت) کہنے لگے کہ اگر ہمارا رب ہم پر رحم نہ کرے اور ہمارا (یہ) گناہ معاف نہ کرے تو ہم بالکل گئے گزرے (چنانچہ خاص طریقہ سے ان کو تکمیل توبہ کا حکم ہوا جس کا قصہ سورۂ بقرہ آیت: تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ [البقرۃ: ۸۵] میں گزرا ہے) (اور موسیٰ علیہ السلام کے متنبہ فرمانے کا قصہ یہ ہوا کہ) (جب موسیٰ علیہ السلام) اپنی قوم کی طرف (طور سے واپس آئے غصہ اور رنج میں بھرے ہوئے (کیونکہ ان کو وحی سے یہ معلوم ہو گیا تھا۔ سورۂ طٰہٰ میں ہے: قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا الخ) تو (اول قوم کی طرف متوجہ ہوئے) فرمایا کہ تم نے میرے بعد یہ بڑی نامعقول حرکت کی کیا اپنے رب کے حکم (آنے) سے پہلے ہی تم نے (ایسی) جلد بازی کر لی (میں تو احکام ہی لینے گیا تھا اس کا انتظار تو کیا ہوتا) اور (پھر حضرت ہارون علیہ السلام کی طرف متوجہ ہوئے اس دینی حمیت کے جوش میں) جلدی سے (توریت کی) تختیاں (تو) ایک طرف رکھیں (اور جلدی میں ایسے زور سے رکھی گئیں کہ دیکھنے والے کو اگر غور نہ کرے تو شبہ ہو کہ جیسے کسی نے پٹک دی ہوں) اور (ہاتھ خالی کر کے) اپنے بھائی (ہارون علیہ السلام) کا سر (یعنی بال) پکڑ کر ان کو اپنی طرف گھسیٹنے لگے (کہ تم نے کیوں پورا انتظام نہ کیا اور چونکہ غلبہ غضب میں ایک گونہ بے اختیاری ہو گئی تھی اور غضب بھی دین کے لئے تھا اس لئے اس بے اختیاری کو معتبر قرار دیا جاوے گا اور اس اجتہادی لغزش پر اعتراض نہ کیا جاوے گا) ہارون (علیہ السلام) نے کہا کہ اے میرے ماں جائے (بھائی میں نے اپنی کوشش بھر بہت روکا لیکن) ان لوگوں نے مجھ کو بے حقیقت سمجھا اور (بلکہ نصیحت کرنے پر) قریب تھا کہ مجھ کو قتل کر ڈالیں تو تم مجھ پر (سختی کر کے) دشمنوں کو مت ہنساؤ اور مجھ کو (برتاؤ سے) ان ظالم لوگوں کے ذیل میں مت شمار کرو (کہ ان کی سی ناخوشی مجھ سے بھی برتنے لگو) موسیٰ (علیہ السلام) نے (اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور) کہا کہ اے میرے رب میری خطا (گو وہ اجتہادی ہو) معاف فرما دے اور میرے بھائی کی بھی (کوتاہی جو ان مشرکین کے ساتھ معاملہ متارکت میں شاید ہو گئی ہو جیسا اس قول سے معلوم ہوتا ہے: مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا اَلَّا تَتَّبِعَنِ الآیہ) [طٰہٰ: ۹۲، ۹۳] اور ہم دونوں کو اپنی رحمت (خاص) میں داخل فرمایئے اور آپ سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں (اس لئے ہم کو قبول دعا کی امید ہے پھر حق تعالیٰ نے ان گوسالہ پرستوں کے متعلق موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا کہ) جن لوگوں نے گوسالہ پرستی کی ہے (اگر اب بھی توبہ نہ کریں گے تو) ان پر بہت جلد ان کے رب کی طرف سے غضب اور ذلت اس دنیوی زندگی ہی میں پڑے گی اور (کچھ انہیں کی تخصیص نہیں) ہم (تو) افتراپردازوں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں (کہ دنیا ہی میں مغضوب اور ذلیل ہو جاتے ہیں گو کسی عارض سے اس ذلت کا گاہے ظہور نہ ہو یا دیر میں ہو چنانچہ سامری نے جو توبہ نہ کی اس پر غضب اور ذلت کا نزول ہوا جس کا قصہ سورۂ طٰہٰ میں ہے: قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ الآیہ) [طٰہٰ: ۹۷] اور جن لوگوں نے گناہ کے کام کئے (مثلاً گوسالہ پرستی ان سے سرزد ہو گئی مگر) پھر وہ ان (گناہوں) کے (کرنے کے) بعد توبہ کر لیں اور (اس کفر کو چھوڑ کر) ایمان لے آویں تو تمہارا رب اس توبہ کے بعد (ان کے) گناہ کا معاف کر دینے والا (اور ان کے حال پر) رحمت کرنے والا ہے (گو تکمیل توبہ کے لئے

www.besturdubooks.net

اُقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ کا بھی) حکم ہوا ہو لیکن اصل رحمت آخرت کی ہے چنانچہ تائبین کی خطا اسی طرح معاف ہوئی) اور جب (ہارون علیہ السلام کی یہ معذرت سن کر) موسیٰ (علیہ السلام) کا غصہ فرو ہوا تو ان تختیوں کو اٹھا لیا اور ان (تختیوں) کے مضامین میں ان لوگوں کے لئے جو اپنے رب سے ڈرتے تھے ہدایت اور رحمت تھی (مراد احکام ہیں کہ ان پر عمل کرنے سے موصوف بہدایت وموعود برحمت ہوتا ہے) ف: موسیٰ علیہ السلام کا غضب چونکہ للہ تھا اس کی مثال سکر من المباح کی سی ہے جس میں مکلف نہیں رہتا اس پر دوسرے شخص کے غصہ کو جو نفس کے واسطے ہو قیاس نہیں کر سکتے بلکہ اس کی حالت سکر من المحرم کی سی ہے جس کو شارع نے عذر نہیں قرار دیا چنانچہ وقوع طلاق وغیرہ کا حکم معلوم ہے ونیز عادۃً ممکن ہے کہ شدت مشغولی میں ذہول ہو گیا ہو کہ میرے ہاتھ میں کیا ہے اور بھائی کو دارو گیر کرنے کے لئے ہاتھ خالی کرنا ہو اس لئے القاء الواح واقع ہوا ہو جیسے اکثر کسی بات چیت یا کسی خیال کے غلبہ کے وقت ایسے اتفاقات پیش آ جاتے ہیں اور بعض نے لکھا ہے کہ القی کے معنی ہیں جلدی سے رکھ دینا مجازاً وتشبیہا القاء سے تعبیر کیا اور اس بچھڑے کے باب میں سلف کے دو قول ہیں ایک یہ کہ وہ سچ مچ کا بچھڑا ہو گیا تھا اور ایک یہ کہ وہ چاندی سونے کا رہا تھا اور بقدر آواز کرنے کے اس میں حیات آ گئی تھی اور دونوں داخل قدرت ہیں اس لئے یہ کہنا بلا دلیل ہے کہ یہ آواز ایسی تھی جیسے مٹی کے کھلونوں میں صنعت سے ہوتی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰی مِنْ بَعْدِهٖ مِنْ حُلِیِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ اَلَمْ یَرَوْا اَنَّهٗ لَا یُكَلِّمُهُمْ اس سے ثابت ہوا کہ خوارق سے دھوکہ نہ کھاوے اور اَلَمْ یَرَوْا سے معلوم ہوا کہ دلیل شرعی اس پر حجت قاضیہ اور اس پر راجح ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓی اِلٰی قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا معلوم ہوا کہ حاجت کے وقت مرید پر غصہ جائز ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاَلْقَی الْاَلْوَاحَ دین کے جوش میں یہ غصہ آیا معلوم ہوا کہ ایسا غصہ بد خلقی نہیں جیسے بعض اہل اللہ کی عادت ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ غلبۂ حال عذر ہے کیونکہ یہ کسر اسی غلبہ میں ہوا۔ قولہ تعالیٰ: وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِیْهِ یَجُرُّهٗٓ اِلَیْهِ روح میں ہے کہ یہ گمان ہوا کہ انہوں نے روکنے میں کوتاہی کی اھ۔ میں کہتا ہوں حالانکہ کوتاہی نہ کی تھی اس سے معلوم ہوا کہ کاملین سے خطاء اجتہادی ہو سکتی ہے تو شیوخ غیر معصومین سے کیوں ناممکن ہوگی ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ (الی قولہ تعالی) وَذِلَّةٌ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا معلوم ہوا کہ دنیوی ذلت بھی سزا معصیت کی ہوتی ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی حلیهم مقبوضہ فالاضافة لادنی ملابسة لانها کانت مملوکة للقبط ۱۲۔ ۲ قوله فی اتخذوا معبود فظهر وجه اسناد الاتخاذ الیهم مع صدور الصنع من السامری وحده وقیل اسند الیهم لرضاهم باتخاذه ۱۲۔ ۳ قوله فی جسد اتنی حقیقت اشارة الی وجه ایراد البدل من بیان حقارته وکذلك قوله لا یکلمهم الخ ۴ قوله فی عجلتم حکم سے پہلے ہی اشار فیه الی معناه اللغوی کما قال الواحدی العجلة التقدم با الشیء قبل وقته ولذلك صارت مذمومة فی الاغلب بخلاف السرعة فانها عمل الشیء فی اول وقته کذا فی النیسابوری ۵ قوله فی القی شبہ ہو اشارة الی وجه التعبیر بالالقاء عن الوضع بعجلة ونقل هذا التفسیر فی الروح ۱۲۔ ۶ قوله فی ان الذین اتخذوا اگر اب بھی الخ قرینة مقابله من قوله تابوا کذا فی الروح ۱۲۔ ۷ قوله فی سکت فرو اشارة الی کونه بمعنی سکن ۱۲۔ ۸ قوله فی نسختها مضامین فهی بمعنی المنسوخة ای المضامین المکتوبة ۱۲۔

البلاغۃ: قوله سقط فی ایدیهم اصله ان النادم اذا اشتد ندمه عض یده غما فتصیر یده مسقوطا فیها واصله سقط فوه او غصه فی یده ای وقع ثم حذف الفاعل وبنی الفعل للمفعول فصار سقط فی یده کقولك مر بزید وقیل من عادة النادم ان یطاطئ راسه ویضع ذقنه علی یده بحیث لو ازالها سقط علی وجهه فکان الید مسقوط فیها وفی بمعنی علی وقیل من روح المعانی قوله ورأوا النکتة فی تاخیره مع ان الظاهر وقوعه متقدما علی الندم اما للمسارعة الی بیان الندم واما لان الندم ربما وقع لهم فی حال الشك ثم بین لهم الضلال لان الانتقال من الجزم بالشیء الی تبین الجزم بالنقیض لا یکون دفعیا فی الاغلب من الروح قوله من بعدی تاکید قوله عجلتم قدر عن قوله یا بن ام ذکرها للترقیق۔

وَاخْتَارَ مُوْسٰی قَوْمَهٗ سَبْعِیْنَ رَجُلًا لِّمِیْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ

وَاِیَّایَ ؕ اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِیَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ؕ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَتَهْدِیْ مَنْ تَشَآءُ ؕ اَنْتَ

وَلِیُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الْغٰفِرِیْنَ ۝ وَاكْتُبْ لَنَا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ

اِلَیْكَ ؕ قَالَ عَذَابِیْٓ اُصِیْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ ؕ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِیْنَ یَتَّقُوْنَ وَیُؤْتُوْنَ

www.besturdubooks.net

الزَّكٰوةَ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِنَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۶﴾

اور موسیٰ نے ستر آدمی اپنی قوم میں سے ہمارے وقت معین پر لانے کے لئے منتخب کئے۔ سو جب ان کو زلزلہ (وغیرہ) نے آ پکڑا تو موسیٰ علیہ السلام عرض کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار اگر آپ کو یہ منظور ہوتا تو آپ اس کے قبل ہی ان کو اور مجھ کو ہلاک کر دیتے۔ کہیں آپ ہم میں کے چند بیوقوفوں کی حرکت پر سب کو ہلاک کر دیں گے۔ یہ واقعہ محض آپ کی طرف سے ایک امتحان ہے۔ ایسے امتحانات سے جس کو آپ چاہیں گمراہی میں ڈال دیں اور جس کو آپ چاہیں ہدایت پر قائم رکھیں۔ آپ ہی تو ہمارے خبر گیراں ہیں، ہم پر رحمت اور مغفرت فرمایئے اور آپ سب معافی دینے والوں سے زیادہ ہیں اور ہم لوگوں کے نام دنیا میں بھی نیک حالی لکھ دیجئے اور آخرت میں بھی ہم آپ کی طرف رجوع کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں اپنا عذاب تو اسی پر واقع کرتا ہوں جس پر چاہتا ہوں اور میری رحمت تمام اشیاء کو محیط ہو رہی ہے۔ تو وہ رحمت ان لوگوں کے نام تو ضرور لکھوں گا جو کہ خدا تعالیٰ سے ڈرتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں اور جو کہ ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں۔ ۞

تفسیر: بردن موسیٰ علیہ السلام ہفتاد کس را بر طور و ماجرائے ایشاں ☆ وَاخْتَارَ مُوْسٰی قَوْمَهٗ سَبْعِیْنَ رَجُلًا (الی قولہ تعالی) وَالَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِنَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ اور (جب گوسالہ کا قصہ تمام ہوا تو موسیٰ علیہ السلام نے اطمینان سے توراۃ کے احکام سنائے ان لوگوں کی عادت تھی ہی شبہات نکالنے کی چنانچہ اس میں بھی شبہ نکالا کہ ہم کو کیسے معلوم ہو کہ یہ اللہ تعالیٰ کے احکام ہیں ہم سے اللہ تعالیٰ خود کہہ دیں تو یقین کیا جاوے آپ نے حق تعالیٰ سے عرض کیا وہاں سے حکم ہوا کہ ان میں کے کچھ آدمی جن کو یہ لوگ معتبر سمجھتے ہوں منتخب کر کے ان کو طور پر لے آؤ ہم ان سے خود کہہ دیں گے کہ یہ ہمارے احکام ہیں اور اس لانے کے لئے ایک وقت معین کیا گیا چنانچہ موسیٰ (علیہ السلام) نے ستر آدمی اپنی قوم میں سے ہمارے وقت معین (پر لانے) کیلئے منتخب کئے (چنانچہ وہاں پہنچ کر انہوں نے اللہ تعالیٰ کا کلام سنا تو اس میں ایک شاخ نکالی اور کہنے لگے خدا جانے کون بول رہا ہوگا ہم تو جب یقین لاویں کہ خدا تعالیٰ کو کھلم کھلا اپنی آنکھ سے دیکھ لیں لقولہ تعالیٰ: لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰی نَرَی اللّٰهَ جَهْرَةً [البقرة: ۵۵] خدا تعالیٰ نے اس گستاخی کی سزا دی نیچے سے زلزلہ شدید شروع ہوا اوپر سے ایسی کڑک بجلی ہوئی کہ سب وہاں ہی رہ گئے) سو جب ان کو زلزلہ (وغیرہ) نے آ پکڑا تو موسیٰ (علیہ السلام ڈرے کہ بنی اسرائیل جاہل اور بدگمان تو ہیں ہی یوں سمجھیں گے کہ کہیں لے جا کر کسی طریق سے ان سب کا کام تمام کر دیا ہے گھبرا کر) عرض کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار (یہ تو مجھ کو یقین ہے کہ ان لوگوں کو محض سزا دینا منظور ہے خاص ہلاک کرنا مقصود نہیں کیونکہ) اگر آپ کو یہ منظور ہوتا تو آپ اس کے قبل ہی ان کو اور مجھ کو ہلاک کر دیتے (کیونکہ ان کا اس وقت ہلاک ہونا بنی اسرائیل کے ہاتھوں میرا بھی ہلاک ہونا ہے سو اگر آپ کو یہ مقصود ہوتا تو آپ پہلے بھی ایسا کر سکتے تھے مگر جب ایسا نہیں کیا تو معلوم ہو گیا کہ ان کو بھی ہلاک کرنا مقصود نہیں کیونکہ اس سے میری ہلاکت بھی ہے اور بدنامی کے ساتھ آپ سے امید ہے کہ مجھ کو بدنام نہ کریں گے اور بھلا) کہیں آپ ہم میں کے چند بیوقوفوں کی حرکت پر سب کو ہلاک کر دیں گے (کہ بیوقوفی تو کریں یہ لوگ کہ ایسی گستاخی کریں اور ساتھ میں بنی اسرائیل کے ہاتھ سے ہلاک ہوں میں بھی آپ سے امید ہے کہ آپ ایسا نہ کریں گے پس ثابت ہوا کہ) یہ واقعہ (رجفہ وصاعقہ کا) محض آپ کی طرف سے ایک امتحان ہے ایسے امتحانات سے جس کو آپ چاہیں گمراہی میں ڈال دیں (کہ حق تعالیٰ کی شکایت اور ناشکری کرنے لگو) اور جس کو آپ چاہیں ہدایت پر قائم رکھیں (کہ اس کی حکمتوں اور مصلحتوں کو سمجھتا ہے سو میں آپ کے فضل وکرم سے آپ کے حکیم ہونے کا علم رکھتا ہوں لہٰذا اس امتحان میں مطمئن ہوں اور) آپ ہی تو ہمارے خبر گیراں ہیں ہم پر مغفرت اور رحمت فرمایئے اور آپ سب معافی دینے والوں سے زیادہ ہیں (سو ان کی گستاخی بھی معاف کر دیجئے چنانچہ وہ لوگ صحیح وسالم اُٹھ کھڑے ہوئے سورۂ بقرہ کا معاملہ ہفتم وہشتم ملاحظہ ہو) اور (اس دعا کے ساتھ آپ نے تفصیل رحمت کے لئے یہ بھی دعا کی کہ) ہم لوگوں کے نام دنیا میں بھی نیک حالی لکھ دیجئے اور (اسی طرح) آخرت میں بھی (کیونکہ) ہم آپ کی طرف (خلوص واطاعت کے ساتھ) رجوع کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے (موسیٰ علیہ السلام کی دعا قبول کی اور) فرمایا کہ (اے موسیٰ اول تو مطلقاً میری رحمت میرے غضب پر سابق ہے چنانچہ) میں اپنا عذاب (اور غضب) تو اسی پر واقع کرتا ہوں جس پر چاہتا ہوں (گو مستحق عذاب ہر نافرمان ہوتا ہے لیکن پھر بھی سب پر واقع نہیں کرتا بلکہ ان میں سے خاص خاص لوگوں پر واقع کرتا ہوں جو غایت سرکش اور متمرد ہوتے ہیں) اور میری رحمت (ایسی عام ہے کہ) تمام اشیاء کو محیط ہو رہی ہے (باوجودیکہ ان میں بہت سی مخلوق مثلاً سرکش ومعاند لوگ اس کے مستحق نہیں مگر ان پر بھی ایک گونہ رحمت ہے، گو دنیا ہی میں سہی پس جب میری رحمت غیر مستحقین کے لئے بھی عام ہے) تو وہ رحمت ان لوگوں کے نام تو (کامل طور پر) ضرور ہی لکھوں گا جو کہ (اس کے حسب وعدہ مستحق بھی ہیں بوجہ اس کے کہ وہ اطاعت کرتے ہیں چنانچہ) خدا تعالیٰ سے ڈرتے ہیں (جو منجملہ اعمال قلب کے ہیں) اور زکوۃ دیتے ہیں (جو کہ اعمال جوارح سے ہے) اور جو کہ ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں (جو عقائد میں سے ہے تو ایسے لوگ تو پہلے سے مستحق رحمت ہیں گو آپ درخواست بھی نہ کرتے اور اب تو آپ درخواست بھی کر رہے ہیں اِرْحَمْنَا وَاكْتُبْ لَنَا پس ہم بشارت قبول دیتے ہیں کیونکہ آپ تو ایسے ہیں ہی اور آپ کی قوم میں بھی جو مورد رحمت بننا چاہے وہ ایسے ہی اوصاف اختیار کرے کہ مستحق ہو جاوے)

www.besturdubooks.net

ف: تقویٰ وزکوٰۃ ایمان میں حصر مقصود نہیں ہر باب کا ایک عمل نمونہ کے طور پر ذکر فرما دیا مطلب یہ کہ اطاعت احکام کی کرتے ہیں پھر جس درجہ کی اطاعت ہوگی اس درجہ کی رحمت ہوگی اور دعا میں رحمت کے ساتھ مغفرت وحسنہ بھی مذکور ہے سو رحمت کے عموم میں وہ بھی داخل ہیں۔

ربط: کچھ قصہ موسیٰ علیہ السلام کا اوپر مذکور ہوا ہے اور کچھ آگے آئے گا مگر درمیان میں بمناسبت مضمون استجابت دعائے موسیٰ علیہ السلام کے (جس میں رحمت کاملہ کی بشارت کا اختصاص اہل اطاعت کاملہ کے ساتھ مذکور ہے) جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک کے اہل کتاب کو سنانے کے لئے ایک مضمون بطور جملہ معترضہ کے لایا جاتا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ یہ تو اوپر کے مضمون سے معلوم ہوگیا کہ رحمت کاملہ کا استحقاق اہل اطاعت کاملہ ہی کو حاصل ہے اب ہم بتلاتے ہیں کہ دورۂ نبوت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اس مفہوم کا مصداق وہی لوگ ہیں جو آپ کی اطاعت کرتے ہیں بالخصوص جب کہ علاوہ اور دلائل اثبات نبوت کے توریت وانجیل میں بھی آپ کی پیشین گوئی ہے تب تو اہل کتاب کو خصوصاً عدم اطاعت میں کوئی عذر ہی نہیں ایک آیت میں تو یہ مضمون خاص اہل کتاب کے مناسب ہے پھر دوسری آیت: قُلْ يَآ اَيُّهَا النَّاسُ میں خطاب عام ہے وجوب اطاعت محمدیہ کا عام مکلفین پر اور تیسری آیت وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰى میں مدح ہے ان اہل کتاب کی جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے متبع تھے اس کے بعد پھر تتمہ ہے قصہ مذکورہ بالا کی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَرَحْمَتِىْ وَسِعَتْ كُلَّ شَىْءٍ ؕ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ پہلے جملہ سے جو بعض نے استدلال کیا ہے کہ کفار کا اخیر بھی رحمت و مغفرت ہے دوسرا جملہ اس استدلال کو باطل کرتا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فى قومه قوم میں سے اشارة الى تقدير من لانها صلة اختار ۱۲۔ ۲؎ قوله ان هى یہ واقعہ رجفة نقل فى روح المعانى وقد كنت اراه من قبل وما فسرت الآية به هو من المواهب التى زال بها كل اشكال ولله الحمد ۱۲۔ ۳؎ قوله فى فساكتبها ضرور اشارة الى ان السين للتاكيد ۱۲۔

البلاغۃ: قوله عذابى الخ فى الروح وفى نسبة الاصابة الى العذاب بصيغة المضارع ونسبة السعة الى الرحمة بصيغة الماضى ايذان بان الرحمة مقتضى الذات واما العذاب فمقتضى معاصى العباد آه۔

اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِىَّ الْاُمِّىَّ الَّذِىْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِى التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۡ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِىْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِىْ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ۨ الَّذِىْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِىِّ الْاُمِّىِّ الَّذِىْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ۝

جو لوگ ایسے رسول نبی امی کا اتباع کرتے ہیں جن کو وہ لوگ اپنے پاس توریت وانجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں (جن کی صفت یہ بھی ہے کہ) وہ ان کو نیک باتوں کا حکم کرتے ہیں اور بری باتوں سے منع کرتے ہیں اور پاکیزہ چیزوں کو ان کے لئے حلال بتلاتے ہیں اور گندی چیزوں کو (بدستور) ان پر حرام فرماتے ہیں اور ان لوگوں پر جو بوجھ اور طوق تھے ان کو دور کرتے ہیں۔ سو جو لوگ اس نبی (موصوف) پر ایمان لاتے ہیں اور ان کی حمایت کرتے ہیں اور ان کی مدد کرتے ہیں اور اس نور کا اتباع کرتے ہیں جو ان کے ساتھ بھیجا گیا ہے ایسے لوگ پوری فلاح پانے والے ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ اے (دنیا جہان کے) لوگو میں تم سب کی طرف اس اللہ کا بھیجا (پیغمبر) ہوں جس کی بادشاہی ہے تمام آسمانوں اور زمین میں۔ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے۔ سو (کیسے) اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے (ایسے) نبی اُمّی پر (بھی) جو کہ خود اللہ پر اور اس کے احکام پر ایمان رکھتے ہیں اور ان (نبی) کا اتباع کرو تا کہ تم راہ (راست) پر آجاؤ اور قوم موسیٰ میں ایک جماعت ایسی بھی ہے جو دین حق کے موافق ہدایت کرتی ہے اور اسی کے موافق انصاف بھی کرتے ہے۔

www.besturdubooks.net

تفسیر: حصر فلاح ونجات در اتباع محمدی بدورۂ اخیر ومدح متبعین ☆ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ (الی قولہ تعالی) وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ جو لوگ ایسے رسول نبی امی کا اتباع کرتے ہیں جن کو وہ لوگ اپنے پاس توریت وانجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں (جن کی صفت یہ بھی ہے کہ) وہ ان کو نیک باتوں کا حکم فرماتے ہیں اور بری باتوں سے منع کرتے ہیں اور پاکیزہ چیزوں کو ان کے لئے حلال بتلاتے ہیں (گو وہ پہلے شرائع میں حرام[۱] تھیں) اور گندی چیزوں کو (بدستور) ان پر حرام فرماتے ہیں اور ان لوگوں پر جو (پہلے شرائع میں) بوجھ اور طوق (لدے ہوئے) تھے (یعنی ان پر احکام شدید تھے) ان کو دور کرتے ہیں (یعنی ایسے احکام ان کی شریعت میں منسوخ ہو جاتے ہیں) سو جو لوگ اس نبی (موصوف) پر ایمان لاتے ہیں اور ان کی حمایت[۲] کرتے ہیں اور ان کی مدد کرتے ہیں اور اس نور کا (مراد اس سے قرآن ہے) اتباع کرتے ہیں جو ان کے ساتھ بھیجا گیا ہے ایسے لوگ پوری فلاح پانے والے ہیں (کہ عذاب ابدی سے بچے رہیں گے یہ کلام تو اہل کتاب کے اعتبار سے تھا آگے عموم بعثت کا بیان ہے کہ) آپ کہہ دیجئے کہ اے (دنیا جہان کے) لوگو میں تم سب کی طرف اس اللہ کا بھیجا ہوا (پیغمبر) ہوں جس کی بادشاہی ہے تمام آسمانوں اور زمین میں اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے سو (ایسے) اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے (ایسے) نبی امی پر (بھی ایمان لاؤ) جو کہ (خود) اللہ پر اور اس کے احکام پر ایمان رکھتے ہیں) یعنی باوجود اس رتبہ عظیمہ کے ان کو اللہ پر اور سب رسل و کتب پر ایمان سے عار[۳] نہیں تو تم کو اللہ ورسول پر ایمان لانے سے کیوں انکار ہے) اور ان (نبی) کا اتباع کرو تا کہ تم راہ (راست) پر آ جاؤ اور (گو بعض نے آپ کی مخالفت کی لیکن) قوم موسیٰ میں ایک جماعت ایسی بھی ہے جو (دین) حق (یعنی اسلام) کے موافق (لوگوں کو) ہدایت (بھی) کرتے ہیں اور اسی کے موافق (اپنے اور غیروں کے معاملات میں) انصاف بھی کرتے ہیں (مراد اس سے عبداللہ بن سلام وغیرہ ہیں اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ کی نبوت جیسے شہادت دلائل سے ثابت ہے اسی طرح شہادت اہل علم سے بھی مؤید ہے) ف: وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ کا حاصل یہ ہے کہ یہود پر بعض اشیاء جو حرام تھیں وجہ اس کی ان اشیاء کا خبث نہ تھا بلکہ ان کی شرارت وسرکشی سبب تھا آپ کی شریعت میں ان کے طیب ہونے کے موافق پھر عمل درآمد ہوا اور اُمی کے معنی یہ ہیں جیسے آدمی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے کہ کسی کا شاگرد نہیں ہوتا آپ نے عمر بھر کسی کی شاگردی نوشت وخواند میں نہیں کی اور پھر یہ علوم عالیہ اور حقائق غامضہ ظاہر فرمائے یہ کتنا بڑا کمال ہے اور موجودہ توراۃ وانجیل باوجود محرف ہونے کے آپ کے اوصاف وبشارات سے خالی نہیں جس کی تفصیل کتب مناظرہ اہل کتاب میں موجود ہے اور اگر بشارت میں صرف اشارات اور علامات کافی نہیں بلکہ تصریح نام کی حاجت ہے تو اس وقت کے علماء کا ان آیتوں کو سن کر خاموش ہونا دلیل صریح ہے کہ اس وقت نام بھی ہوگا ورنہ وہ لوگ معارضہ کرتے اور وہ معارضہ تواریخ میں منقول ہوتا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ توریت وانجیل کی تحریفیں بڑھتی گئیں۔ اخذته من فتح المنان اور ایها الناس میں لفظ ناس باعتبار اطلاق عرفی کے جن کو بھی عام ہے جیسے فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ میں کہا گیا ہے اور عموم بعثت آپ کا دلائل قطعیہ سے ثابت ہے اور رسول اور نبی میں چند فرق بیان کئے ہیں احقر آیات قرآنیہ سے یہ سمجھتا ہے کہ نبی خاص ہے بشر کے ساتھ اور رسول عام ہے ملائکہ کو بھی دو صفتیں لانے سے تاکید مقصود ہے اور اصر واغلال سے مراد وہ احکام ہیں جو توریت میں سخت سخت تھے اور تخصیص توریت وانجیل کی اس لئے کی کہ وہ کتب شریعت سمجھی جاتی تھیں ورنہ آپ کی بشارت زبور میں بھی تھی۔

ربط: کچھ اوپر قصہ موسیٰ علیہ السلام کا مذکور تھا درمیان میں ایک دوسرا مضمون ضروری مناسب مقام آ گیا تھا آگے پھر قصہ کا تتمہ مذکور ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی یحل حرام تھیں وفی یحرم بدستور اشار به الی فائدة ایراد الجملتین ۱۲۔ ۲ قوله فی عزروه حمایت لان اصل العزر المنع ۱۲۔ ۳ قوله فی یؤمن عار نہیں اشار به الی فائدة الجملة ۱۲۔

النحو: قوله الذین یتبعون مبتدأ خبره فالذین آمنوا الخ وضعا للمظهر موضع المضمر قوله یامرهم حال۔

البلاغۃ: قوله فآمنوا بالله ورسوله کان الظاهر بالله وبی ففیه التفات لیصرح ببعض نعوته ﷺ۔

وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا

www.besturdubooks.net

حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ۭ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ
ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَاۗءِ بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ ۧ

اورہم نے ان کو بارہ خاندانوں میں تقسیم کر کے سب کی الگ الگ جماعتیں مقرر کر دیں اور (ایک انعام یہ کیا کہ) ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو حکم دیا جب کہ ان کی قوم نے ان سے پانی مانگا کہ اپنے اس عصا کو فلاں پتھر پر مارو (بس مارنے کی دیر تھی) فوراً اس سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے۔ (چنانچہ) ہر شخص نے اپنے پانی پینے کا موقعہ معلوم کر لیا اور (ایک انعام یہ کیا کہ) ہم نے ان پر ابر کو سایہ فگن کر کیا اور (ایک انعام یہ کیا کہ) ان کو ترنجبین اور بٹیریں پہنچائیں اور (اجازت دی کہ) کھاؤ نفیس چیزوں سے جو کہ ہم نے تم کو دی ہیں اور انہوں نے ہمارا کوئی نقصان نہیں کیا لیکن اپنا ہی نقصان کرتے تھے اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب ان کو حکم دیا گیا کہ تم لوگ اس آبادی میں جا کر رہو اور کھاؤ اس سے جس جگہ تم رغبت کرو اور زبان سے یہ کہتے جانا کہ توبہ ہے (توبہ ہے) اور (عاجزی سے) جھکے جھکے دروازہ میں داخل ہونا۔ ہم تمہاری پچھلی خطائیں معاف کر دیں گے۔ (یہ تو سب کے لئے ہوگا) اور جو لوگ نیک کام کریں گے ان کو مزید برآں اور دیں گے۔ سو بدل ڈالا ان ظالموں جو ضائع' ایک اور کلمہ جو خلاف تھا اس کلمہ کے جس کی ان سے فرمائش کی گئی تھی۔ اس پر ہم نے ان پر ایک آفت سماوی بھیجی اس وجہ سے کہ وہ حکم کے منافی کرتے تھے۔ ۞

تفسیر: بعض نعم مختصہ بنی اسرائیل ☆ وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ۭ (الی قولہ تعالی) وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ اور ہم نے (ایک انعام بنی اسرائیل پر یہ کیا کہ ان کی اصلاح وانتظام کے لئے) ان کو بارہ خاندانوں میں تقسیم کر کے سب کی الگ الگ جماعت مقرر کر دی (اور ہر ایک پر ایک سردار نگرانی کے لئے مقرر کر دیا جن کا ذکر مائدہ کے رکوع سوم میں ہے: وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا [المائدۃ : ۱۲] اور (ایک انعام یہ کیا کہ) ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو حکم دیا جب کہ ان کی قوم نے ان سے پانی مانگا (اور انہوں نے حق تعالیٰ سے دعا کی اس وقت یہ حکم ہوا) کہ اپنے اس عصا کو فلاں پتھر پر مارو (اس سے پانی نکل آوے گا) بس (مارنے کی دیر تھی) فوراً اس سے بارہ چشمے (بعدد ان ہی بارہ خاندانوں کے) پھوٹ نکلے (چنانچہ) ہر ہر شخص نے اپنے پانی پینے کا موقع معلوم کر لیا اور (ایک انعام یہ کیا کہ) ہم نے ان پر ابر کو سایہ فگن کیا اور (ایک انعام یہ کیا کہ) ان کو (خزانہ غیب سے) ترنجبین اور بٹیریں پہنچائیں (اور اجازت دی کہ) کھاؤ نفیس چیزوں سے جو کہ ہم نے تم کو دی ہیں (لیکن وہ لوگ اس میں بھی ایک بات خلاف حکم کر بیٹھے) اور (اس سے) انہوں نے ہمارا کوئی نقصان نہیں کیا لیکن اپنا ہی نقصان کرتے تھے۔

ف: یہ واقعات وادی تیہ کے ہیں ان کی تفصیل سورۂ بقرہ معاملہ نہم ودوازدہم میں گزر چکی ہے۔

بعض قہر نازلہ بر بنی اسرائیل ☆ وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ (الی قولہ تعالی) بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب ان کو حکم دیا گیا کہ تم لوگ اس آبادی میں جا کر رہو اور کھاؤ اس (کی چیزوں میں) سے جس جگہ تم رغبت کرو اور (یہ بھی حکم دیا گیا کہ جب اندر جانے لگو تو) زبان سے یہ کہتے جانا کہ توبہ ہے (توبہ ہے) اور (عاجزی سے) جھکے جھکے دروازہ میں داخل ہونا ہم تمہاری (پچھلی) خطائیں معاف کر دیں گے (یہ تو سب کے لئے ہوگا اور) جو لوگ نیک کام کریں گے ان کو مزید برآں اور دیں گے سو بدل ڈالا ان ظالموں نے ایک اور کلمہ جو خلاف تھا اس کلمہ کے جس (کے کہنے) کی ان سے فرمائش کی گئی تھی اس پر ہم نے ان پر ایک آفت سماوی بھیجی اس وجہ سے کہ وہ حکم کو ضائع کرتے تھے۔ **ف:** اس کی تفصیل سورۂ بقرہ کے معاملہ دہم ویازدہم میں گزر چکی ہے وہاں ملاحظہ کیا جاوے۔

ربط: یہاں تک موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کے قصے بنی اسرائیل کے مذکور ہوئے اور رکوع آئندہ لی اخیر آیت: وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ الخ میں بھی آپ ہی کے زمانہ کا قصہ مذکور ہے درمیان میں دوسرے اوقات کے احوال وافعال بنی اسرائیل کے مذکور ہیں۔

اللغات: الانبجاس فی الروح هو خروج الماء بھلة والانفجار خروجه بكثرة والتعبير بهذا تارة وبالاخرى اخرى باعتبار اول الخروج وما انتهى اليه آه۔ قوله السبت اليوم الخاص او تعظمه قوله شرعا ظواهر على وجه الماء قوله البيس الشديد۔

النحو: قوله قطعنهم متضمن لمعنى صيرنا فالمفعول الاول هو والثانى اثنتى عشرة واسباطا بدل منه واما نعت من البدل اخذته من البيضاوى۔

وَسْـَٔــلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ
حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ ڔ كَذٰلِكَ ڔ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۳﴾

www.besturdubooks.net

وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمًا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝۱۶۴ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْۗءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۢ بَىِٕيْسٍۢ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝۱۶۵ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ۝۱۶۶

اور آپ ان (اپنے ہم عصر یہودی) لوگوں سے (بطور تنبیہ) اس بستی کا جو کہ دریائے شور کے قریب آباد تھے اس وقت کا حال پوچھئے جبکہ وہ ہفتہ کے بارے میں حد (شرعی) سے نکل رہے تھے جبکہ ان کے پاس ہفتہ کے روز تو ان (کے دریا) کی مچھلیاں ظاہر ہو ہو کر ان کے سامنے آتی تھیں اور ہفتہ کا دن نہ ہوتا تو ان کے سامنے نہ آتیں۔ ہم ان کی اس طرح پر (شدید) آزمائش کرتے تھے۔ اس سبب سے وہ پہلے سے بے حکمی کیا کرتے تھے اور (اُس وقت کا حال پوچھئے) جبکہ ان میں سے ایک جماعت نے یوں کہا کہ تم ایسے لوگوں کو کیوں نصیحت کئے جاتے ہو جن کو اللہ تعالیٰ بالکل ہلاک کرتے ہیں یا ان کو سخت سزا دینے والے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا کہ تمہارے (اور اپنے) رب کے روبرو عذر کرنے کے لئے اور (نیز) اس لئے کہ شاید یہ ڈر جائیں (سو آخر) جب وہ اس امر کے تارک ہی رہے جو ان کو سمجھایا جاتا تھا (یعنی نہ مانا) تو ہم نے ان لوگوں کو تو بچالیا جو اس بری بات سے منع کرتے تھے اور ان لوگوں کو جو (حکم مذکور میں) زیادتی کیا کرتے تھے۔ ایک سخت عذاب میں پکڑ لیا۔ یعنی جب وہ جس کام سے ان کو منع کیا گیا تھا۔ اس میں حد سے نکل گئے تو ہم نے ان کو (براہ قہر) کہہ دیا کہ تم بندر ذلیل بن جاؤ۔ ۞

تفسیر: قصہ مسخ اہل سبت ☆ وَسْــَٔـلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ (الی قولہ تعالی) قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ۝۱۶۶ اور آپ ان (اپنے ہم عصر یہودی) لوگوں سے (بطور تنبیہ کے) اس بستی (والوں) کا جو کہ دریائے شور کے قریب آباد تھے (اور اس میں یہودی رہتے تھے جن کو ہفتہ کے روز شکار کرنا ممنوع تھا) اس وقت کا حال پوچھئے جب کہ وہ (وہاں کے بسنے والے) ہفتہ (کے متعلق جو حکم تھا اس) کے بارہ میں حد (شرعی) سے نکل رہے تھے جب کہ ان کے ہفتہ کے روز تو ان (کے دریا) کی مچھلیاں (پانی سے سر نکال نکال) ظاہر ہو ہو کر (سطح دریا پر) ان کے سامنے آتی تھیں اور جب ہفتہ کا دن نہ ہوتا تو ان کے سامنے نہ آتی تھیں (بلکہ وہاں سے دور کہیں چلی جاتی تھیں اور وجہ اس کی یہ تھی کہ) ہم ان کی اس طرح پر (شدید) آزمائش کرتے تھے (کہ کون حکم پر ثابت رہتا ہے اور کون نہیں رہتا اور یہ آزمائش) اس سبب سے (تھی) کہ وہ (پہلے سے) بے حکمی کیا کرتے تھے (اس لئے ایسے سخت حکم سے ان کی آزمائش کی اور اہل طاعت کی آزمائش لطف اور توفیق اور تائید سے مقرون ہوا کرتی ہے) اور (اس وقت کا حال پوچھئے) جب کہ ان میں سے ایک جماعت نے (جو کہ ان کو نصیحت کرتے کرتے اثر و نفع ہونے سے مایوس ہو گئے تھے ایسے لوگوں سے جواب بھی نصیحت کئے چلے جا رہے تھے اور اس قدر مایوس بھی نہ ہوئے تھے جیسا لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ سے معلوم ہوتا ہے کہ ان) کو اللہ تعالیٰ بالکل ہلاک کرنے والے ہیں یا (ہلاک نہ ہوئے تو) ان کو (کوئی اور طرح کی) سخت سزا دینے والے ہیں (یعنی ایسوں کے ساتھ کیوں دماغ خالی کرتے ہو) انہوں نے جواب دیا کہ تمہارے (اور اپنے) رب کے روبرو عذر کرنے کیلئے (ان کو نصیحت کرتے ہیں کہ اللہ کے روبرو کہہ سکیں کہ اے اللہ ہم نے تو کہا تھا مگر انہوں نے نہ سنا ہم معذور ہیں) اور (نیز) اس لئے شاید ڈر جاویں (اور عمل کرنے لگیں مگر وہ کب عمل کرتے تھے) سو (آخر) جب وہ اس امر کے تارک ہی رہے جو ان کو سمجھایا جاتا تھا (یعنی نہ مانا) تو ہم نے ان لوگوں کو تو (عذاب سے) بچالیا جو اس بری بات سے منع کیا کرتے تھے (خواہ برابر منع کرتے رہے اور خواہ بوجہ عذر یاس کے بیٹھ رہے) اور ان لوگوں کو جو کہ (حکم مذکور میں) زیادتی کرتے تھے ان کی (اس عدول حکمی کی وجہ سے) ایک سخت عذاب میں پکڑ لیا یعنی جب وہ جس کام سے ان کو منع کیا گیا تھا اس میں حد سے نکل گئے (یہ تو تفسیر ہوئی نسیان مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ کی) تو ہم نے ان کو (براہِ قہر) کہہ دیا کہ تم بندر ذلیل بن جاؤ (یہ تفسیر ہوئی عذاب بئیس کی) **ف**: مسئلہ جب نصیحت کے اثر ہونے کی بالکل امید نہ ہو تو نصیحت کرنا واجب نہیں رہتا گو عالی ہمتی ہے پس قائلین لِمَ تَعِظُوْنَ نے بوجہ یاس کے عدم وجوب پر عمل کیا اور قائلین مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ کو یا تو یاس نہیں ہوا یا عالی ہمتی کی شق کو اختیار کیا غرض دونوں مصیب تھے اور دونوں کی نجات پانے کو حضرت عکرمہ نے استنباط کیا اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے پسند کر کے ان کو انعام بھی دیا کذا فی الدر المنثور اور جس حیلہ سے انہوں نے شکار کیا تھا اس میں مفسرین کے اقوال مختلف ہیں اور کچھ مباحث اس کے متعلق سورۂ بقرہ معاملہ شانزدہم میں گزر چکے ہیں اور اس قریہ کا نام اکثر نے ایلہ لکھا ہے قرب بحر کی وجہ سے یہ لوگ ماہی گیری کے شوقین تھے اور در منثور میں روایتیں نقل کی ہیں کہ یہ بندر تین دن کے بعد سب مر گئے ان کی نسل نہیں چلی۔

ربط: اوپر بنی اسرائیل کی حکایات میں ان کے بہت سے قبائح و شنائع کا بیان بھی ہوا ہے آگے ان قبائح کا انجام بد جو سزائے آخرت کے علاوہ دنیا میں بھی مرتب ہوا آیت: وَاِذْ تَاَذَّنَ میں مذکور ہے اور جو ان میں ان قبائح کے مرتکب نہ تھے آیت: وَقَطَّعْنٰهُمْ میں بعنوان تقسیم ان کا استثناء فرما دیا گیا ہے پھر ان

www.besturdubooks.net

اسلاف کے بعد ان کے خلف کی حالت جو کہ ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے عصر میں موجود تھے آیت: فَخَلَفَ میں مذکور ہے اور وہاں بھی آیت: وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ میں مطیعین کا اسی طرح استثناء ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ (الی قولہ تعالی) كَذٰلِكَ نَبْلُوْهُمْ اس سے معلوم ہوا کہ احکام شرعیہ کی مدافعت کے لئے حیلے کرنا سخت مذموم ہے اور جن حیلے کا مشروع ہونا وارد ہے وہ احکام شرعیہ کی تحصیل کے لئے ہیں اصل عربی میں پوری تقریر ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ (الی قولہ تعالی) وَ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ مسئلہ یہ ہے کہ جب نفع کی امید نہ ہو نہی عن المنکر کا وجوب ساقط ہو جاتا ہے تو قائلین اول نے یاس کی وجہ سے وعظ چھوڑ دیا اور قائلین ثانی کو امید تھی اس لئے وہ کرتے رہے اور تحقیق یہ ہے کہ ساکتین کو بھی نجات رہی اب بھی اسی بناء پر اہل طریق کا مذاق مختلف ہے بعض اولین کے مشابہ ہے بعض دوسروں کے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله في وسئلهم** تنبیہ اشار الی غرض السوال من التقريع والاعلام بتقديم اليهود في الكفر ۱۲۔ ۲؎ **قوله في اذ يعدون** اس وقت کا حال اشارة الى تعلق اذ يعدون بالمقدر في القرية اى واسئلهم عن قصة القرية التي وقعت اذ يعدون۔ ۱۲۔ ۳؎ **قوله في واذ قالت** اس وقت کا حال اشارة الى عطفه على اذ يعدون لا على اذ تاتيهم لا يهامه دخولهم في اهل العدوان ۱۲۔ ۴؎ **قوله في بما كانوا يفسقون** اس عدول اشارة الى ان الفسق هو عين الظلم وعين النسيان فلا يشكل كون هذه الثلثة اسبابا كما دل عليه لما وايراد الظلم صلة وباء السببية ۱۲۔ ۵؎ **قوله في فلما عتوا** یعنی اشارة الى ان الفاء للتفصيل ۱۲۔

النحو: قوله في كذالك احتمالان تعلقه بنبلو كما مر في المتن وتعلقه بلا تاتيهم والمعنى لا تاتيهم كا لاتيان المذكور في السبت ۱۲۔

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖۚ
وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۷﴾ وَقَطَّعْنٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ ۫ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ
وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۶۸﴾ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى
وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ؕ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى
اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ؕ وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ
وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْۤا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ
ع ۲۱ / ۹ / ۱۱ بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَاۤ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ ع

اور وہ وقت یاد کرنا چاہئے کہ جب آپ کے ربّ نے یہ بات بتلا دی کہ وہ ان یہود پر قیامت (کے قریب) تک ایسے (کسی نہ کسی) شخص کو ضرور مسلط کرتا رہے گا جو ان کو سزائے شدید کی تکلیف پہنچاتا رہے گا۔ بلاشبہ آپ کا رب واقعی (جب چاہے) جلدی ہی سزا دے دیتا ہے اور بلاشبہ وہ واقعی اگر کوئی باز آ جائے (تو) بڑی رحمت والا اور بڑی مغفرت والا بھی ہے اور ہم نے دنیا میں ان کی متفرق جماعتیں کر دیں بعضے ان میں نیک تھے اور بعضے ان میں اور طرح کے تھے (یعنی بد) اور ان کو خوش حالیوں (رحمت و عنا) اور بدحالیوں (بیماری وفقر) سے آزماتے رہے کہ شاید اس سے باز آ جائیں۔ پھر ان کے بعد ایسے لوگ جانشین ہوئے کہ کتاب (توراۃ) کو ان سے حاصل کیا اس دنیائے دنی کا مال متاع لے لیتے ہیں اور (اس گناہ کو حقیر سمجھ کر) کہتے ہیں کہ ہماری ضرور مغفرت ہو جائے گی۔ حالانکہ اگر ان کے پاس (پھر) ویسا ہی مال متاع (دین فروشی کے عوض) آنے لگے۔ تو اس کو لے لیتے ہیں۔ کیا ان سے اس کتاب کے اس مضمون کا عہد نہیں لیا گیا کہ خدا کی طرف بجز حق بات کے اور کسی بات کی نسبت نہ کریں اور انہوں نے اس کتاب میں جو کچھ تھا اس کو پڑھ (بھی) لیا اور آخرت والا گھر ان لوگوں کے لئے (اس دنیا سے) بہتر ہے جو (ان عقائد و اعمال قبیحہ سے) پرہیز رکھتے ہیں پھر کیا (اے یہود) تم نہیں سمجھتے اور (ان میں سے) جو لوگ کتاب کے پابند ہیں اور نماز کی پابندی کرتے ہیں ہم ایسے لوگوں کا جو اپنی اصلاح کریں ثواب ضائع نہ کریں گے اور وہ وقت بھی قابل ذکر ہے جب ہم نے پہاڑ کو اٹھا کر چھت کی طرف ان کے اوپر معلق کر دیا اور ان کو یقین ہوا کہ اب ان پر گرا اور کہا کہ (جلدی) قبول کرو جو کتاب ہم نے تم کو دی ہے (یعنی توراۃ) اور مضبوطی کے ساتھ (قبول کرو) اور یاد رکھو جو احکام اس میں ہیں جس سے توقع ہے کہ تم متقی بن جاؤ۔

www.besturdubooks.net

تفسیر: تفصیل حالت سلف وخلف وصالح وطالح یہود ☆ وَاِذۡ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبۡعَثَنَّ (الی قولہ تعالٰی) اِنَّا لَا نُضِيۡعُ اَجۡرَ الۡمُصۡلِحِيۡنَ اور وہ وقت یاد کرنا چاہئے کہ جب آپ کے رب نے (انبیائے بنی اسرائیل کی معرفت) یہ بات بتلادی کہ وہ ان یہود پر (ان کی گستاخیوں اور نافرمانیوں کی سزا میں) قیامت (کے قریب) تک ایسے (کسی نہ کسی) شخص کو ضرور مسلط کرتا رہے گا جو ان کو سزائے شدید (ذلت وخواری ومحکومیت) کی تکلیف پہنچاتا رہے گا (چنانچہ مدت سے یہودی کسی نہ کسی سلطنت کے محکوم ومقہور ہی چلے آتے ہیں) بلاشبہ آپ کا رب واقعی (جب چاہے) جلدی ہی سزا دے دیتا ہے اور بلاشبہ وہ واقعی (اگر کوئی باز آجاوے تو) بڑی مغفرت اور بڑی رحمت والا (بھی) ہے اور ہم نے دنیا میں ان کی متفرق جماعتیں کردیں (چنانچہ) بعضے ان میں نیک (بھی) تھے اور بعضے ان میں اور طرح کے تھے (یعنی بد تھے) اور ہم (نے ان بدوں کو بھی اپنی عنایت اور تربیت واصلاح کے اسباب جمع کرنے سے کبھی مہمل نہیں چھوڑا بلکہ ہمیشہ) ان کو خوشحالیوں (یعنی صحت وغنا) اور بدحالیوں (یعنی بیماری وفقر) سے آزماتے رہے کہ شاید (اسی سے) باز آجاویں (کیونکہ گاہے حسنات سے ترغیب ہوجاتی ہے اور گاہے سیئات سے ترہیب ہوجاتی ہے یہ حال تو ان کے سلف کا ہوا) پھر ان (سلف) کے بعد ایسے لوگ ان کے جانشین ہوئے کہ کتاب (یعنی توراۃ) کو (تو) ان سے حاصل کیا (لیکن اس کے ساتھ ہی حرام خور ایسے ہیں کہ احکام کتاب کے عوض میں) اس دنیائے دنی کا مال ومتاع (اگر ملے تو بے تکلف اس کو) لے لیتے ہیں اور (بیباک ایسے ہیں کہ اس گناہ کو حقیر سمجھ کر) کہتے ہیں کہ ہماری ضرور مغفرت ہوجاوے گی (کیونکہ ہم ابناء اللہ واحباء اللہ ہیں ایسے گناہ ہماری مقبولیت کے روبرو کیا چیز ہیں) حالانکہ (اپنی بیباکی اور استخفاف معصیت پر مصر ہیں حتیٰ کہ) اگر ان کے پاس (پھر) ویسا ہی (دین فروشی کے عوض) مال متاع آنے لگے تو (اسی بیباکی کے ساتھ پھر) اس کو لے لیتے ہیں (اور استخفاف معصیت کا خود کفر ہے جس پر مغفرت کا احتمال بھی نہیں تا بہ یقین چہ رسد چنانچہ آگے یہی ارشاد ہے کہ) کیا ان سے اس کتاب کے مضمون کا عہد نہیں لیا گیا کہ خدا کی طرف بجز حق (اور واقعی) بات کے اور کسی بات کی نسبت نہ کریں (مطلب یہ کہ جب کسی آسمانی کتاب کو مانا جاتا ہے تو اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ ہم اس کے سب مضامین مانیں گے) اور (عہد بھی کوئی اجمالی عہد نہیں لیا گیا جس میں احتمال ہو کہ شاید اس مضمون خاص کا اس کتاب میں ہونا ان کو معلوم نہ ہوگا بلکہ تفصیلی عہد لیا گیا چنانچہ) انہوں نے اس کتاب میں جو کچھ (لکھا) تھا اس کو پڑھ (بھی) لیا (جس سے وہ احتمال بھی جاتا رہا پھر بھی یہ ایسی بڑی بات کا دعویٰ کرتے ہیں کہ باوجود استخفاف معصیت کے مغفرت کا اعتقاد کئے ہوئے ہیں جو کہ اللہ تعالیٰ پر محض تہمت ہے) اور (انہوں نے یہ سب قصہ دنیا کیلئے کیا باقی) آخرت والا گھر ان لوگوں کے لئے (اس دنیا سے) بہتر ہے جو (ان عقائد واعمال قبیحہ سے) پرہیز رکھتے ہیں پھر کیا (اے یہود) تم (اس بات کو) نہیں سمجھتے اور (ان میں سے) جو لوگ کتاب (یعنی توراۃ) کے پابند ہیں (جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کا بھی حکم ہے پس پابندی یہی ہے کہ مسلمان ہوگئے) اور (عقائد کے ساتھ اعمال صالحہ کے بھی پابند ہیں چنانچہ) نماز کی پابندی کرتے ہیں ہم ایسے لوگوں کا جو اپنی (اس طرح) اصلاح کریں ثواب ضائع نہ کریں گے۔ **ف**: یہود کے ہمیشہ محکومیت کی حالت میں رہنے کے متعلق ضروری تحقیق پارہ الٓمّٓ کے نصف کے قبل آیت: وَاِذۡ قُلۡتُمۡ يٰمُوۡسٰى لَنۡ نَّصۡبِرَ [البقرۃ: ۶۱] کی تفسیر میں اور پارہ لَنۡ تَنَالُوا کے ربع کے قبل آیت: ضُرِبَتۡ عَلَيۡهِمُ الذِّلَّةُ اَيۡنَ مَا ثُقِفُوۡۤا [آل عمران: ۱۱۲] کی تفسیر میں گزر چکی ہے ملاحظہ کرلیا جاوے اور لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُوۡنَ میں یہ شاید بندوں کے اعتبار سے ہے کہ ان واقعات کو دیکھ کر دوسرا اس طرح سمجھے گا کہ شاید باز آجاویں۔

ربط: اوپر زیادہ حصہ قصہ موسویہ کا مذکور ہوچکا ہے آگے بقیہ مذکور ہے۔

قصہ رفع طور برسر یہود اہل شرور ☆ وَاِذۡ نَتَقۡنَا الۡجَبَلَ فَوۡقَهُمۡ (الی قولہ تعالٰی) وَّاذۡكُرُوۡا مَا فِيۡهِ لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُوۡنَ اور وہ وقت بھی قابل ذکر ہے جب ہم نے پہاڑ کو اُٹھا کر چھت کی طرح ان (بنی اسرائیل) کے اوپر (محاذاۃ میں) معلق کردیا اور ان کو یقین ہوا کہ اب ان پر گرا اور (اس وقت) کہا کہ (جلدی) قبول کرو جو کتاب ہم نے تم کو دی ہے (یعنی توراۃ اور) مضبوطی کے ساتھ (قبول کرو) اور یاد رکھو جو احکام اس (کتاب) میں ہیں جس سے توقع ہے کہ تم متقی بن جاؤ۔
ف: چھت کے ساتھ بالائے سر ہونے میں ہے معلق ہونے میں نہیں اور ایسی ہی آیت سورۂ بقرہ کی سرخی معاملہ چہارد ہم میں گزری ہے وہاں تفصیل ملاحظہ کرلی جاوے۔

ربط: اوپر قصص انبیاء وامم سابقین کے ذکر سے بڑا مقصود مسئلہ نبوت کا اثبات تھا جیسا کہ سورۂ ہذا کی تمہید میں اس کی تقریر گزر چکی ہے اور اس کے ضمن میں مسئلہ توحید بھی ثابت ہوگیا کیونکہ عظیم الشان حصہ دعوت انبیاء کا یہی مسئلہ توحید ہے آگے میثاق عالم ارواح کا بیان فرماتے ہیں جس سے بڑا مقصود مسئلہ توحید کا اثبات ہے کہ میثاق بھی لیا گیا تھا اور اس کے ضمن میں مسئلۂ رسالت بھی ثابت ہے کیونکہ اس کی خبر رسول ہی کے ذریعہ سے ہے اور اسی لئے احادیث میثاق میں ہے کہ میرے رسل تم کو یہ عہد یاد دلائیں گے پس قصص مذکورہ اور یہ قصہ دونوں میں توحید اور رسالت کا اثبات ہے گو ایک جگہ ایک قصداً ہے دوسرا تبعاً اور دوسری جگہ بالعکس۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ یہاں حسنات وسیئات سے مراد تنگی وفراخی ظاہری ہے اور کبھی حسنات باطنہ سے بھی ابتلاء کیا جاتا ہے۔ مثلاً معاصی کے ہوتے ہوئے مواجید وذواق حاصل ہوتے ہیں تو اس سے دھوکا ہوتا ہے کہ میں حق پر ہوں حالانکہ وہ باطل پر ہے تو معصیت کے ساتھ اگر بسط ہو وہ استدراج ہے اس سے دھوکا نہ کھانا چاہیے قولہ تعالیٰ: فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَ يَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ؕ روح المعانی میں ہے کہ یہی حال ہے ہمارے زمانہ کے بہت صوفیوں کا کہ شہوات دنیویہ پر پروانوں کی طرح گرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم کو مضر نہیں کیونکہ ہم واصل ہیں اور بعض کی حکایت سنی گئی ہے کہ وہ خالص حرام کھاتا تھا اور کہتا تھا کہ نفی و اثبات اس کے ضرر کو دفع کر دیتا ہے اور یہ کھلی گمراہی ہے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ظلة چھت لم اترجمه بسائبان لاجل حرف التشبيه اذ لو فسر بظاهره لم يكن لدخول حرف التشبيه وجه اذ الجبل عال مظل اخذته من الروح ۱۲۔

الکلام: استدل المعتزلة بقوله وان ياتهم الخ على ان اعتقاد اهل السنة المغفرة مع الدوام على المعصية كاعتقاد اليهود وحاشاهم عن ذلك لان انتفاء المغفرة انما هو لا ستخفافهم المعصية وعدم قلعهم عن ذلك الاستخفاف لم الجزم بالمغفرة واما اهل الحق فلا يقولون بالمغفرة للمستخف انما يعتقدونها لغير المستخف ثم انهم لا يقولون انه ليغفر له بلا عقاب جزما وانما يقولون به احتمالا فحصل الفرق بالوجهين الاستخفاف وعدمه والقطع وعدمه فافهم واشرت الى هذا التقرير فی ترجمتی۔

اللغات: قوله تاذن بمعنى اعلم والتفعل بمعنى الافعال كالتوعد بمعنى الا يعاد قوله خلف بالسكون خاص بالشر او عام خص بقرينة المقام قولان قوله يمسكون التفعيل بمعنى التفعل۔ فی القاموس الناتق الفاتق والرافع۔

النحو: قوله الادنى صفة للشئ المراد به الدنيا لقربها قوله وان تاتهم حال قوله درسوا عطف على معنى الم يوخذ اى اخذوا ودرسوا۔

البلاغۃ: عدى يعثن بعلى لتضمنه معنى يسلطن قوله يمسكون بالمضارع واقاموا بالماضى لعله الدلالة على ان التمسك امر مستمر فی جميع الازمنة بخلاف الاقامة فانها مختصة بالاوقات المخصوصة وتخصيصها بالذكر لكونها عماد الدين۔ قوله انا لا نضيع فی وضع المظهر موضع المضمر اى اجرهم قوله كانه عبر اليقينى لان الصادق لا يتخلف خبره بالظن لانه لما لم يكن المفعول واقعا لعدم شرطه اشبه المظنون الذى قد يتخلف ۱۲ من الروح۔

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْۤ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۚۛ ربع
شَهِدْنَا ۚۛ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ اَوْ تَقُوْلُوْۤا اِنَّمَاۤ اَشْرَكَ اٰبَاۤؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا
ذُرِّيَّةً مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۷۴﴾ وَاتْلُ
عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْۤ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ
بِهَا وَلٰكِنَّهٗۤ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ
يَلْهَثْ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ سَاۤءَ مَثَلَاۨ
الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۷۷﴾

اور جب کہ آپ کے رب نے اولاد آدم کی پشت سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے انہیں کے متعلق اقرار لیا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں۔ سب نے جواب دیا کہ کیوں نہیں ہم سب (اس واقعہ کے) گواہ بنتے ہیں۔ تاکہ تم لوگ قیامت کے روز یوں نہ کہنے لگو کہ ہم تو اس (توحید) سے محض بے خبر تھے۔ یا یوں کہنے لگو کہ (اصل) شرک تو ہمارے بڑوں نے کیا تھا اور ہم تو ان کے بعد ان کی نسل میں ہوئے۔ سو کیا ان غلط راہ (نکالنے) والوں کے فعل پر آپ ہم کو ہلاکت میں ڈالے دیتے ہیں۔ ہم اس طرح

www.besturdubooks.net

آیات کو صاف صاف بیان کیا کرتے ہیں اور تاکہ وہ باز آجائیں اور ان لوگوں کو اس شخص کا حال پڑھ کر سنایئے کہ اس کو ہم نے اپنی آیتیں دیں پھر وہ ان سے بالکل ہی نکل گیا پھر شیطان اس کے پیچھے لگ گیا سو وہ گمراہ لوگوں میں داخل ہوگیا اور اگر ہم چاہتے تو اس کو آیتوں کی بدولت بلند مرتبہ کر دیتے لیکن وہ تو دنیا کی طرف مائل ہوگیا اور اپنی نفسانی خواہش کی پیروی کرنے لگا۔ سو اس کی حالت کتے کی سی ہوگئی کہ اگر تو اس پر حملہ کرے تب بھی ہانپے یا اس کو چھوڑ دے تب بھی ہانپے۔ یہی حالت (عام طور پر) ان لوگوں کی ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا سو آپ اس حال کو بیان کر دیجئے شاید وہ لوگ کچھ سوچیں۔ (حقیقت میں) ان لوگوں کی حالت بھی بری حالت ہے جو ہماری آیات کو جھٹلاتے ہیں اور (اس تکذیب سے) وہ اپنا ہی نقصان کرتے ہیں۔ ۞

تفسیر ذکر میثاق الست ☆ وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيٓ اٰدَمَ (الی قولہ تعالی) وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ اور ان سے اس وقت کا واقعہ ذکر کیجئے) جب کہ آپ کے رب نے (عالم ارواح میں آدم علیہ السلام کی پشت سے تو خود ان کی اولاد کو اور) اولاد آدم کی پشت سے ان کی اولاد کو نکالا اور (ان کو سمجھ عطا کر کے) ان سے انہی کے متعلق اقرار لیا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں سب نے) اس عقل خداداد سے حقیقت امر سمجھ کر) جواب دیا کہ کیوں نہیں (واقعی آپ ہمارے رب ہیں حق تعالیٰ نے وہاں جتنے ملائکہ اور مخلوقات حاضر تھے سب کو گواہ کر کے سب کی طرف سے فرمایا) ہم سب (اس واقعہ کے) گواہ بنتے ہیں (اور یہ اقرار اور شہادت سب اس لئے ہوا) کہ تاکہ تم لوگ (یعنی جو تم میں سے ترک توحید و اختیار شرک پر سزا پائیں) قیامت کے روز یوں نہ کہنے لگو کہ ہم تو اس (توحید) سے محض بے خبر تھے یا یوں کہنے لگو کہ (اصل) شرک تو ہمارے بڑوں نے کیا تھا اور ہم تو ان کے بعد ان کی نسل میں ہوئے (اور عادۃ نسل عقائد و خیالات میں تابع اپنی اصل کے ہوتی ہے اس لئے ہم بے خطا ہیں پس ہمارے فعل پر تو ہم کو سزا ہو نہیں سکتی اگر ہوگی تو لازم آتا ہے کہ ان بڑوں کی خطاء میں ہم ماخوذ ہوں) سو کیا ان غلط راہ (نکالنے) والوں کے فعل پر آپ ہم کو ہلاکت میں ڈالے دیتے ہیں (سو اب اس اقرار و اشہاد کے بعد تم یہ عذر پیش نہیں کر سکتے پھر اس کے بعد ان سب سے وعدہ کیا گیا کہ یہ عہد تم کو دنیا میں پیغمبروں کے ذریعہ سے یاد دلایا جاوے گا چنانچہ ایسا ہی ہوا جیسا یہاں بھی اول میں إِذْ أَخَذَ کے ترجمہ سے معلوم ہوا کہ آپ کو اس واقعہ کے ذکر کا حکم ہوا) اور (آخر میں بھی اس یاد دہانی کو جتلاتے ہیں کہ) ہم اسی طرح (اپنی) آیات کو صاف صاف بیان کیا کرتے ہیں (تاکہ ان کو اس عہد کا ہونا معلوم ہو جاوے) اور تاکہ (معلوم ہونے کے بعد شرک وغیرہ سے) وہ باز آجاویں۔ **ف**: ان آیتوں کی یہی تفسیر حدیثوں میں آئی ہے اور یہی تمام اکابر سلف اہل حق سے منقول ہے اور اس میں جو اشکال نقلی و عقلی کم سمجھ لوگوں کو ہوئے ہیں وہ سب لاشئے محض ہیں ان میں سے جو ظاہراً شبہ میں ڈال سکتے ہیں ان کو مع جواب ذکر کرتا ہوں۔ **شبہ اول**: قرآن مجید میں: مِنْۢ بَنِيٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ فرمایا ہے اگر تفسیر مذکور مراد ہوتی تو **من ادم من ظهره** ہوتا جواب حدیث مرفوع میں مصرح ہے **اخرج من صلبه كل ذرية ذراها فنثرها بين يديه كالذرثم كلمهم قبلا قال الست بربكم اخرجه احمد والنسائي والحاكم وصححه وغيرهم عن ابن عباس مرفوعاً** پس حدیث سے تو اخراج من ظہر آدم اور قرآن سے اخراج من ظہور بنی آدم معلوم ہوا اور دونوں میں کچھ تعارض نہیں جیسا ترجمہ میں وجہ جمع کی تقریر کر دی گئی ہے اور اس وجہ جمع کی تائید دوسری روایات سے بھی ہوتی ہے چنانچہ عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے **اخذهم من ظهرهم۔ اخرجه ابن ابی شيبة وعبد بن حميد وابن جرير وغيرهم** اور ابن عباس ؓ سے مروی ہے: **ثم ردهم في اصلاب ابائهم حتى اخرجهم قرنا بعد قرن اخرجه ابو الشيخ** بلکہ روایت ثانیہ ہی اس باب میں کافی ہے کیونکہ رد کہتے ہیں **عود الى الحالة الاولى** کو معلوم ہوا کہ اخراج بھی اصلاب آباء سے ہوا تھا پس حدیث میں تو دونوں صورتیں مذکور ہوئیں رہا یہ کہ قرآن میں ایک ہی صورت کا کیوں ذکر ہے سو یا تو بنا بر غایت ظہور کے چھوڑ دیا کیونکہ جب یقیناً معلوم ہے کہ تمام ذریت نسل آدم سے ہے ہی پس خروج من صلب امر جلی و مشہور تھا اس لئے ذکر کی ضرورت نہ ہوئی جو جز و مخفی وغیرہ معلوم تھا اس کو بیان فرما دیا اور یا بناء بر اس کے کہ **اخراج الذرية من ظهور بني آدم** مستلزم ہے اخراج ذریۃ آدم من ظہر آدم کو کیونکہ یہ ذریت بنی آدم بھی تو ظہر آدم ہی میں تھی جب بنی آدم سے ذریت کا کسی بقعہ میں اخراج ہوا تو ظہر آدم سے خود ذریت آدم کا بھی تو لازمی طور پر اخراج ہوا جیسے صندوق میں تھیلی ہو اور تھیلی میں روپے تو جب روپیہ تھیلی میں سے اس طرح نکالیں کہ نکلتے ہی بقعہ خارجہ عن الصندوق میں آجاوے اور ایسا خروج عن الصرہ مستلزم ہوگا **خروج الصرة عن الصندوق** کو بھی اور قرآن مجید میں لفظ اخذ کے ماضی ہونے سے اور حدیث شیخین میں ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس لفظ سے **قد اردت منك اهون من ذلك قد اخذت عليه في ظهر ابيك ادم ان لا تشرك بي فابيت ان لا تشرك بي** سے اور بعض اہل باطن کے اس دعوے سے کہ ہم کو وہ یاد ہے جیسا روح المعانی میں حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ کا یہ قول **كانه الأن في اذني** کسی شخص کے اس سوال کے جواب میں **هل تذكره** منقول ہے اسی تفسیر کی تائید ہوتی ہے یہ سب روایات در منثور میں مذکور ہیں۔ **شبہ ثانی** اتنے آدمی کھڑے کہاں ہوئے ہوں گے۔ جواب: حدیث میں آیا ہے کہ بہت ننھے ننھے چیونٹیوں کی طرح تھے پس کوئی شبہ نہیں۔ **شبہ ثالث** ان میں عقل کہاں تھی۔ جواب ان کو عقل دے دی گئی تھی۔ **شبہ رابع** اتنے ننھے جسم میں عقل کیسے ہوگی۔

www.besturdubooks.net

جواب: جیسے چیونٹی کو ضروریات کی سمجھ ہوتی ہے۔ شبہ خامس اس عہد سے کیا فائدہ ہوا۔ **جواب**: ہم اللہ تعالیٰ کی حکمتوں کے احاطہ کا دعویٰ نہیں کرتے اس لئے اس کی تعیین ہمارے ذمہ نہیں اور یہ بھی کہنا ممکن ہے کہ اب جو عقل کے نزدیک توحید ایک امر فطری ہے کہ ذرا انصاف سے تامل کیا جاوے تو سمجھ میں آ جاتی ہے ممکن ہے کہ یہ اسی عہد کا اثر ہوا گر وہ عہد نہ ہوتا تو شاید ایسی سہولت نہ ہوتی جیسے کسی کو حساب سکھا دیا جاوے پھر گو وہ بھول جاوے لیکن دوبارہ اگر اس کو تعلیم دیں تو بہ نسبت اوروں کے سہولت سے سیکھ لیتا ہے شبہ سادس یاد تو رہا نہیں۔ **جواب**: اسی پر تو اکتفا نہیں کیا گیا ہمیشہ انبیاء علیہم السلام توحید کی دعوت کرتے رہے اسی کو حدیث میں فرمایا ہے کہ میرے رسول تم کو یاد دلاتے رہیں گے رہا یہ کہ اس دعوت رسل پر کیوں نہ اکتفا فرمایا اس کا جواب اس کے قبل کے شبہ میں مذکور ہو چکا ہے۔ شبہ سابع یہ جو فرمایا: اَنۡ تَقُوۡلُوۡا يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ تو اس کے لئے وہ عہد کیسے کافی ہوا جب کہ یاد نہیں جواب مراد یہ ہے کہ اس وقت کے عہد مع انضمام تذکیر موعود بلسان رسل کی یہ حکمت ہے چونکہ اصل استعداد اسی عہد سے پیدا ہوئی اس لئے اس کی طرف اس حکمت کی نسبت کر دی اب بعض ضروری امور مستقل طور پر قابل تحقیق ہیں ایک امر یہ کہ اس عہد میں توحید کی تخصیص کیوں کی گئی۔ **جواب**: شاید اس لئے کہ توحید کا مسئلہ متعلق ہے ذات غائبہ کے اس لئے اس کا فطرت کے قریب بنا زیادہ مہتم بالشان تھا۔ امر دوم اگر عہد نہ لیا جاتا تو عذاب ہی نہ ہوتا پھر یہ عذر کیوں ہوتا۔ **جواب**: عذاب کا وقوع مقتضا حکمت کا تھا اسی لئے تو اب وقوع ہوا لہٰذا قطع عذر کے لئے یہ عہد لیا گیا امر سوم: بعد عہد یہ سوال تو نہیں ہو سکتا لیکن یہ سوال تو ممکن ہے کہ اس کا مکلف ہی کیوں کیا جواب مقتضا حکمت کا ہے جس کی تعیین ہمارے ذمہ نہیں۔ امر چہارم: اس عہد میں جنات کا ذکر نہیں آیا سو یا تو وہ کسی حکمت کے اقتضاء سے اس میں شریک نہ ہوں یا ذکر نہ کیا ہو کیونکہ وہ اکثر احکام میں تابع انسان کے ہیں پس ایک کے ذکر سے دوسرے کا حال معلوم ہو جاوے گا۔

ربط: اوپر اثنائے احوال بنی اسرائیل میں ان کا مامور باحکام الٰہیہ ہونا اور ذکر میثاق عالم ارواح میں تمام آدمیوں کا مامور بتوحید ہونا مقصوداً اور ان مذکورین کا توحید و رسالت کے انکار سے ان عہود کے خلاف کرنا ضمناً مذکور ہوا تھا آگے بعد علم احکام کے ان کے خلاف کرنے والے کی مثال بیان فرماتے ہیں۔

مثال تارک حق بعد وضوح آں: وَاتۡلُ عَلَيۡهِمۡ نَبَاَ الَّذِىۡۤ اٰتَيۡنٰهُ اٰيٰتِنَا (الی قولہ تعالی) سَآءَ مَثَلَا ۨالۡقَوۡمُ الَّذِيۡنَ كَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِنَا وَاَنۡفُسَهُمۡ كَانُوۡا يَظۡلِمُوۡنَ ۝ اور ان لوگوں کو (عبرت کے واسطے) اس شخص کا حال پڑھ کر سنایئے کہ اس کو ہم نے اپنی آیتیں دیں (یعنی احکام کا علم دیا) پھر وہ ان (آیتوں) سے بالکل ہی نکل گیا پھر شیطان اس کے پیچھے لگ لیا سو وہ گمراہ لوگوں میں داخل ہو گیا اور اگر ہم چاہتے تو اس کو ان آیتوں (کے مقتضا پر عمل کرنے) کی بدولت بلند مرتبہ کر دیتے (یعنی اگر وہ ان آیتوں پر عمل کرتا جس کا وابستۂ قضا و قدر ہونا امر معلوم ہے تو اس کا رتبہ قبول بڑھتا) لیکن وہ تو دنیا کی طرف مائل ہو گیا اور (اس میلان کے سبب) اپنی نفسانی خواہش کی پیروی کرنے لگا (اور آیات واحکام پر عمل چھوڑ دیا) سو (آیات کو چھوڑ کر جو پریشانی اور ذلت دائمی اُس کو نصیب ہوئی اس کے اعتبار سے) اس کی حالت کتے کی سی حالت ہو گئی کہ اگر تو اس پر حملہ کرے (اور مار کر نکال دے) تب بھی ہانپے یا اس کو (اس کی حالت پر) چھوڑ دے تب بھی ہانپے (کسی حالت میں اس کو راحت نہیں اسی طرح یہ شخص ذلت میں تو کتے کے مشابہ ہو گیا اور پریشانی میں کتے کی اس صفت میں شریک ہوا پس جیسی اس شخص کی حالت ہوئی) یہی حالت (عام طور پر) ان لوگوں کی ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو (جو کہ توحید و رسالت پر دال ہیں) جھٹلایا (کہ وضوح حق کے بعد محض ہوا پرستی کے سبب حق کو ترک کرتے ہیں) سو آپ اس حال کو بیان کر دیجئے شاید وہ لوگ (اس کو سن کر) کچھ سوچیں (حقیقت میں ان لوگوں کی حالت بھی بری حالت ہے جو ہماری آیات (دالة علی التوحید و الرسالة) کو جھٹلاتے ہیں اور (اس تکذیب سے) وہ اپنا (ہی) نقصان کرتے ہیں۔ **ف**: در منثور میں اس شخص کی تعیین میں کئی قول لکھے ہیں بلعم اور یہ زیادہ مشہور ہے امية بن ابی الصلت یہ ثقیف کا قول تھا صیفی بن الراہب یا ابن الراہب معروف بہ ابو عامر جس کے لئے مسجد ضرار بنی تھی اور یہ انصار کا قول تھا اور قتادہ کا یہ قول ہے کہ کوئی معین شخص مراد نہیں بلکہ جو شخص دین حق کا تارک ہوا ہو جیسے یہ آیت ہے: مَثَلُهُمۡ كَمَثَلِ الَّذِى اسۡتَوۡقَدَ نَارًا [البقرة : ١٧] کہ مطلق مستوقد مراد ہے احقر کہتا ہے کہ ان اقوال میں کچھ تعارض نہیں عموماً و خصوصاً سب کا مجموعہ مراد لینا صحیح ہے اور اس مضمون میں دونوں طرح کے اشخاص داخل ہیں جنہوں نے حق قبول ہی نہیں کیا اور جو قبول کر کے پھر گئے اور جاننا چاہئے کہ ظاہراً مقتضا ترتیب کا یہ ہے کہ فَاَتۡبَعَهُ الشَّيۡطٰنُ فَكَانَ مِنَ الۡغٰوِيۡنَ مقدم ہو فَانۡسَلَخَ پر کیوں اول شیطان تعاقب کرتا ہے پھر اس سے غوایت شروع ہوتی ہے پھر وہ بڑھ کر انسلاخ ہو جاتا ہے مگر یہاں اتبعه الشيطن سے لزوم و دوام تعاقب مراد ہے مطلق تعاقب نہیں اور وہ انسلاخ سے مؤخر ہے اور غوایت سے مراد بھی لزوم و دوام غوایت و ختم علی الکفر ہے اور وہ بھی انسلاخ سے مؤخر ہے عنوان ترجمہ میں ان مفہومات کی طرف اشارہ بھی کر دیا گیا ہے اور انسلاخ پر فَاَتۡبَعَهُ الشَّيۡطٰنُ کے مرتب کرنے میں اشارہ ہے کہ مطلق معصیت سے شیطان کا کامل تسلط نہیں ہو سکتا جب اس کے تسلط غیر تام سے انسلاخ اختیار کر لیتا ہے کہ مخالفت عملی بھی ہوا نکار اعتقادی بھی ہو تب اس کا تسلط تام ہوتا ہے پس آدمی اپنے ہاتھوں بگڑتا ہے اور لو شئنا میں مراد لو عمل بمقتضاها ہے چونکہ مشیت سبب ہے عمل کا اس لئے مجازاً اس طرح تعبیر کر دیا اب مقابلہ لكنه اخلد کا واضح ہو گیا اور کفر پر جو ذلت و پریشانی کو مرتب فرمایا ہے آخرت میں تو ظاہری ہے لیکن دنیا میں بھی حق کی سی عزت و

www.besturdubooks.net

راحت نصیب نہیں ہوتی خصوص اگر قلب کو ٹٹولا جائے خصوصاً ارتداد کی حالت میں اور یہ شاید کا لفظ جو لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ کے ترجمہ میں آیا ہے بندوں کے اعتبار سے فرمایا ہے علم الٰہی کے اعتبار سے نہیں۔ اور مقصود دونوں شرطیوں سے تقیید تشبیہ ہے نہ کہ دوام لہث کا اثبات پس اس کا عدم دوام محل اشکال نہیں یا عادت اکثریہ کو حکم دوام میں کہا جاوے۔

ربط: اوپر اہل ضلالت کی حالت بیان فرمائی کہ باوجود وضوح طرق ہدایت کے پھر عناد و خلاف کو نہیں چھوڑتے چونکہ ان کے اس عناد و خلاف سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سخت غم ہوتا تھا۔ آگے آپ کی تسلی کا مضمون ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِي آدَمَ مِنْ ظُهُورِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ ...... حضرت ذوالنون سے اس کے متعلق سوال کیا گیا کہ کیا تم کو یاد ہے۔ انہوں نے فرمایا گویا وہ میرے کانوں میں گونج رہا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ یہ توکل کی بات ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِي آتَيْنَاهُ آيَاتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا روح میں طیبی سے نقل کیا ہے کہ جو شخص اس مثل میں غور کرے گا اس کو یہ بات یقین کے ساتھ معلوم ہو جاوے گی کہ علماء بے عمل اس سے زیادہ قبیح حالت میں ہیں کہ دنیا کے مال وجاہ میں اور اس کی لذات میں کھپے ہوئے ہیں اور اسی میں بات اشارہ میں ہے کہ جو شخص بعد سلوک کے طریق سے ہٹتا ہے اس پر وبال یہ ہوتا ہے کہ وہ ارض طبیعت سفلیہ کی طرف مائل ہوتا ہے اور ہوائے نفسانی کا اتباع کرتا ہے اور اہل اللہ کی شان میں زبان چلاتا ہے۔ نعوذ باللہ۔

فائدہ: انظر فی المشکوۃ تجد احادیثها ناطقة بما فسرت الآية به ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراءۃ ان يقولوا بالغيبة والمعنى ان يقول من لم يوحد منكم الخ۔

اللغات: قوله اخلد الى الارض مال الى الدنيا اصل الاخلاد اللزوم المكان من الخلود ولما في ذلك من الميل فسر به وتفسير الارض بالدنيا لانها حاوية لملاذها وما يطلب منها القصص مصدر سمي به المقصوص۔

النحو: قوله من ظهورهم بدل من بني آدم قوله ان تقولوا اعتبرته متعلقا بشهدنا لشهادة الروايات ان شهدنا ليس من مقولهم كما في الدر المنثور والله اعلم۔ قوله ساء مثلاً القوم يقدر المضاف قبل القوم اى مثل القوم ۱۲۔

البلاغة: في الروح ايثار الاخذ على الاخراج للايذان بشان الماخوذ اذا ذاك لما فيه من النبأ عن الاجتباء والاصطفاء اه۔

مَنْ يَهْدِ اللَّهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِي ۖ وَمَنْ يُضْلِلْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿١٧٨﴾ وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِنَ الْجِنِّ
وَالْإِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوبٌ لَا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَا يَسْمَعُونَ بِهَا ۚ أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ
أَضَلُّ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ ﴿١٧٩﴾ وَلِلَّهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ فَادْعُوهُ بِهَا ۖ وَذَرُوا الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي أَسْمَائِهِ ۚ سَيُجْزَوْنَ
مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٨٠﴾ وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ ﴿١٨١﴾ ع ۲۲ / ۱۲

جس کو اللہ ہدایت کرتا ہے سو ہدایت پانے والا وہی ہوتا ہے اور جس کو وہ گمراہ کردے سو ایسے ہی لوگ (ابدی) خسارہ میں پڑ جاتے ہیں اور ہم نے ایسے بہت سے جن اور انسان دوزخ کے لئے پیدا کئے ہیں جن کے دل ایسے ہیں جن سے نہیں سمجھتے اور جن کی آنکھیں ایسی ہیں جن سے نہیں دیکھتے اور جن کے کان ایسے ہیں جن سے نہیں سنتے۔ یہ لوگ چوپایوں کی طرح بلکہ یہ لوگ زیادہ بے راہ ہیں۔ یہ لوگ غافل ہیں اور اچھے اچھے نام اللہ ہی کے لئے ہیں سو ان ناموں سے اللہ ہی کو موسوم کیا کرو اور ایسے لوگوں سے تعلق ہی نہ رکھو جو اس کے ناموں میں کج روی کرتے ہیں ان لوگوں کو ان کے کئے کی ضرور سزا ملے گی اور ہماری مخلوق جن وانس میں ایک جماعت ایسی بھی ہے جو حق (یعنی اسلام) کے موافق ہدایت کرتی ہے اور اسی کے موافق انصاف بھی کرتی ہے۔

تفسیر: تسلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم در معاملہ مخالفین حق ☆ مَنْ يَهْدِ اللَّهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِي (الی قوله تعالى) أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ

جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت کرتا ہے سو ہدایت پانے والا وہی ہوتا ہے اور جس کو وہ گمراہ کردے سو ایسے ہی لوگ (ابدی) خسارہ میں پڑ جاتے ہیں (پھر ان سے توقع ہدایت کرنا اور ہدایت نہ ہونے سے مغموم ہونا بیکار) اور (جب وہ لوگ اپنے قویٰ مدرکہ سے کام ہی نہیں لیتے تو ہدایت کہاں سے ہو سو ان کے نصیب میں تو دوزخ ہی ہے چنانچہ) ہم نے ایسے بہت سے جن اور انسان دوزخ (ہی میں رہنے) کیلئے پیدا کئے ہیں جن کے (نام کو تو دل ہیں مگر) ایسے ہیں جن سے (حق

www.besturdubooks.net

کی بات کو) نہیں سمجھتے (چونکہ اس کا ارادہ ہی نہیں کرتے) اور جن کے (نام کو تو) آنکھیں (ہیں مگر) ایسی ہیں جن سے (نظر استدلال کے طور پر کسی چیز کو) نہیں دیکھتے اور جن کے (نام کو تو) کان (ہیں مگر) ایسے ہیں جن سے (متوجہ ہو کر حق بات کو) نہیں سنتے (غرض) یہ لوگ (آخرت کی طرف سے بے توجہ ہونے میں) چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ (اس حیثیت سے کہ چوپایوں کو آخرت کی طرف متوجہ ہونے کا مکلف تو نہیں بنایا گیا سو ان کا متوجہ نہ ہونا مذموم نہیں اور ان کو تو اس کا حکم ہے پھر بھی بے توجہی کرتے ہیں سو اس اعتبار سے) یہ لوگ (ان چوپایوں سے بھی) زیادہ بے راہ ہیں (کیونکہ) یہ لوگ (باوجود توجہ دلانے کے آخرت سے) غافل ہیں (بخلاف چوپایوں کے جیسا اوپر بیان ہوا)

ف: مسئلہ تقدیر کی تحقیق سورۂ بقرہ کے رکوع اول میں کافی طور پر مذکور ہو چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ :مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ [الذّٰریٰت : ٥٦] سے معلوم ہوتا ہے کہ سب عبادت کے لئے پیدا ہوئے ہیں اور یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ بعضے دوزخ کے لئے پیدا ہوئے ہیں جس کا سبب ترک عبادت ہے جواب یہ ہے کہ وہ غایت تشریعی ہے اور یہ غایت تکوینی پس دونوں میں کچھ تعارض نہیں۔

ربط :اوپر کفار کی مذمت مذکور ہے ان میں ایک قسم مشرکین تھے جن کو تین بڑے مسئلوں میں خلاف تھا توحید و رسالت و قیامت آگے کی آیت سے ختم سورت تک ان ہی تین مسئلوں کی بحث ہے اور درمیان درمیان مناسبات خاصہ سے اور کچھ کچھ مختصر مضمون ہیں۔

توحید: وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۖ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ۭ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اور اچھے اچھے (مخصوص[۳]) نام اللہ ہی کے لئے (خاص) ہیں سو ان ناموں سے اللہ ہی کو موسوم[۴] کیا کرو اور (دوسروں پر ان ناموں کا اطلاق مت کیا کرو بلکہ[۵]) ایسے لوگوں سے تعلق بھی نہ رکھو جو اس کے (مذکورہ) ناموں میں کجروی کرتے ہیں (اس طرح سے کہ غیر اللہ پر ان کا اطلاق کرتے ہیں جیسا وہ لوگ ان کو معبود اور الٰہ اعتقاد[۶] کے ساتھ کہتے تھے) ان لوگوں کو ان کے کئے کی ضرور سزا ملے گی۔ ف: مخصوص ناموں سے مراد وہ جن کا خاص ہونا اللہ تعالیٰ کے ساتھ دلیل شرعی سے ثابت ہے۔

ربط :اوپر کفار کا ذکر تھا آگے حسب طرز قرآنی مؤمنین کا بطور استثناء کے ذکر ہے۔

ذکر مؤمنین ☆ وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ۝ اور ہماری مخلوق جن و انس میں (سب گمراہ[۷] نہیں بلکہ) ایک جماعت (ان میں) ایسی بھی ہے جو (دین) حق (یعنی اسلام) کے موافق (لوگوں کو) ہدایت (بھی) کرتے ہیں اور اسی کے موافق (اپنے اور غیروں کے معاملات میں) انصاف بھی کرتے ہیں۔

ربط :اوپر مشرکین کے حق میں سَيُجْزَوْنَ فرمایا تھا چونکہ وہ جزا اُس وقت تک واقع نہ ہوئی تھی اس سے شبہ عدم وقوع کی ان کو گنجائش ہو سکتی ہے آگے عدم وقوع کی وجہ بیان کر کے اس شبہ کا دفعیہ فرماتے ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ :وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ (الی قولہ تعالی) اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ اس کا مدلول لفظی تو یہ ہے کہ غفلت عن اللہ موجب ہے نار کا اور مدلول قیاسی یہ ہے جس کا مشاہدہ بھی ہوتا ہے کہ غفلت عن اللہ موجب ہے نار حرص دنیا و شہوات کی جیسا کہ ذکر سے جنت قناعت و انوار بڑھتے چلے جاتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في اضل بےراہ اشار به الى ان الضلال لغوى لا شرعي لانه لا يوصف به الانعام ۱۲۔ ۲ قوله في الغافلون باوجود افاد هذا القيد اطلاق الغافل والمطلق يراد به الفرد الكامل وما هو الاهذا ۱۲۔ ۳ قوله في الاسماء مخصوص فاللام للعهد ۱۲۔ ۴ قوله في فادعوا موسوم من الدعوة بمعنى التسمية من دعوته زيدا او بزيد اى سميته كما في قوله تعالى قل ادعوا الله اوادعوا الرحمٰن ۱۲۔ ۵ قوله في وذروا بلكه اشار الى ان المقصود النهي عن الالحاد بالمبالغة ۱۲۔ ۶ قوله في توضيح يلحدون اعتقاد قيد به لورود تسمية ما يعبدون آلهة في القرآن لكن بناء على زعمهم او اللغة ۱۲۔ ۷ قوله في وممن سب گمراہ نہیں اشار به الى كونه مقابلا لقوله ولقد ذرانا كما يدل عليه قوله خلقنا مراد فالقوله ذرانا اى ممن ذرانا كذا وممن خلقنا والله اعلم ۱۲۔

اللغات: قوله الحد مال اى من الحق الى الباطل ۱۲۔

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ۝ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۫ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ

www.besturdubooks.net

شَیْءٍ ۙ وَّ اَنْ عَسٰۤی اَنْ یَّکُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَیِّ حَدِیْثٍۭ بَعْدَهٗ یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ مَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِیَ لَهٗ ؕ
وَ یَذَرُهُمْ فِیْ طُغْیَانِهِمْ یَعْمَهُوْنَ ﴿۱۸۶﴾ یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَیَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّیْ ۚ لَا یُجَلِّیْهَا
لِوَقْتِهَاۤ اِلَّا هُوَ ؔۘ ثَقُلَتْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ لَا تَاْتِیْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ یَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِیٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ
اللّٰهِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ نَفْعًا وَّ لَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَ لَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَیْبَ
لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَیْرِ ۛۚ وَ مَا مَسَّنِیَ السُّوْٓءُ ۛۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ وَّ بَشِیْرٌ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ ع ۲۳ ۷ ۱۳

اور جولوگ ہماری آیات کو جھٹلاتے ہیں ہم ان کو بتدریج لئے جارہے ہیں اس طور پر کہ ان کو خبر بھی نہیں اور ان کو مہلت دیتا ہوں۔ بے شک میری تدبیر بڑی مضبوط ہے۔ کیا ان لوگوں نے اس بات میں غور نہ کیا کہ ان کا جن سے سابقہ ہے ان کو ذرا بھی جنون نہیں وہ تو صرف ایک صاف صاف (عذاب سے) ڈرانے والے ہیں اور کیا ان لوگوں نے غور نہیں کیا آسمانوں اور زمین کے عالم میں اور (نیز) دوسری چیزوں میں جو اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہیں اور اس بات میں بھی غور نہیں کیا کہ ممکن ہے کہ ان کی اجل قریب ہی آ پہنچی ہو۔ پھر قرآن کے بعد کون سی بات پر یہ لوگ ایمان لائیں گے۔ جن کو اللہ تعالیٰ گمراہ کرے اس کو کوئی راہ پر نہیں لا سکتا (پھر غم لاحاصل) اور اللہ تعالیٰ ان کو ان کی گمراہی میں بھٹکتے ہوئے چھوڑ دیتا ہے۔ یہ لوگ آپ سے قیامت کے متعلق سوال کرتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہوگا۔ آپ فرما دیجئے کہ اس کا علم صرف میرے رب ہی کے پاس ہے۔ اس کے وقت پر اس کو سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی اور ظاہر نہ کرے گا۔ وہ آسمان اور زمین میں بڑا بھاری حادثہ ہوگا اس لئے وہ تم پر محض اچانک آ پڑے گی۔ وہ آپ سے پوچھتے ہیں جیسے گویا کہ آپ اس کی تحقیقات کر چکے ہیں۔ آپ فرما دیجئے اس کا علم خاص اللہ ہی کے پاس ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ آپ کہہ دیجئے کہ میں خود اپنی ذات خاص کے لئے کسی نفع کا اختیار نہیں رکھتا اور نہ کسی ضرر کا مگر اتنا ہی کہ جتنا خدا نے چاہا اور اگر میں غیب کی باتیں جانتا تو میں بہت سے منافع حاصل کر لیا کرتا اور کوئی مضرت ہی مجھ پر واقع نہ ہوتی۔ میں تو محض (احکام شرعیہ بتا کر ثواب کی بشارت دینے والا اور (عذاب سے) ڈرانے والا ہوں ان لوگوں کو جو ایمان رکھتے ہیں۔

تفسیر جواب عدم وقوع عذاب در دنیا ☆ وَالَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا (الی قولہ تعالی) اِنَّ كَیْدِیْ مَتِیْنٌ ﴿﴾ اور جولوگ ہماری آیات کو جھٹلاتے ہیں ہم ان کو بتدریج (جہنم کی طرف) لئے جارہے ہیں اس طور پر کہ ان کو خبر بھی نہیں اور (دنیا میں عذاب نازل کر ڈالنے سے) ان کو مہلت دیتا ہو بیشک میری تدبیر بڑی مضبوط ہے۔ **ف**: حاصل یہ کہ ان کی شرارتوں پر سزائے شدید دینا منظور ہے اس لئے اس کی یہ تدبیر کی گئی کہ یہاں مواخذہ کامل نہیں فرمایا ورنہ اعمال موجب عقاب اسی حد پر منقطع ہو جاتے اور منظور تھا اس حد مذکور سے زیادہ سزا دینا پس ان کو ناز و نعم میں ان کے حال پر چھوڑ کر مہلت دے دی تا کہ وہ اعمال بتدریج بڑھتے جائیں جس سے یوماً فیوماً زیادت عذاب کے مستحق ہوتے جاویں۔ پس مہلت دینا املاء و امہال ہے اور اس پر یوماً فیوماً زیادت معاصی کا اثر مرتب ہونا حاصل استدراج کا ہے اس سے وجہ عدم تعجیل عذاب معلوم ہوگئی اور لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿﴾ کے معنی یہ ہیں کہ وہ اس مہلت کو محمول کرتے ہیں اپنے طریقہ کے حق ہونے اور اپنے محبوب و مقبول عند اللہ ہونے پر حالانکہ وہ جہنم تک کی مسافت کو قطع کر رہے ہیں۔

ربط: اوپر آیت: وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ میں مجملہ مسائل ثلاثہ مذکورہ تمہید آیت موصوفہ کے توحید کا بیان ہوا تھا آگے رسالت کا ذکر ہے جس کے نزول کا قصہ لباب میں قتادہ سے نقل کیا ہے کہ ایک بار جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوہ صفا پر کھڑے ہوئے اور ایک ایک قبیلہ کو پکار کر عذاب آخرت سے ڈرایا بعضوں نے کہا کہ تمہارے ان صاحب کو جنون ہو گیا ہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

بحث رسالت ☆ اَوَلَمْ یَتَفَكَّرُوْا ٜ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ کیا ان لوگوں نے اس بات میں غور نہ کیا کہ ان کا جن سے سابقہ ہے ان کو ذرا بھی جنون نہیں وہ تو صرف ایک صاف صاف (عذاب سے) ڈرانے والے ہیں (جو کہ اصالۃً پیغمبر کا کام ہوتا ہے) **ف**: حاصل یہ کہ اگر آپ کی مجموعی حالت میں غور کریں تو آپ کی پیغمبری سمجھ میں آ جائے آپ کے معجزات تو خوارق ہیں ہی جن میں سب سے بڑھ کر قرآن ہے لیکن آپ کے اخلاق و شیم بھی خوارق ہی ہیں اور بجائے خود معجزہ کہ دوسرا ہرگز ان میں برابری نہیں کر سکتا کر کے دیکھنے سے معلوم ہو۔

ربط: اوپر رسالت کے مسئلہ میں غور کرنے کو فرمایا تھا آگے توحید کے مسئلہ میں جس کا ذکر پہلے محض عنوان دعویٰ سے ہوا تھا غور کرنے کو جس میں اشارہ استدلال کی طرف ہے فرماتے ہیں اور ساتھ میں ان کی موت جس پر عذاب موعود مذکور معہود شروع ہو جاوے گا یاد دلاتے ہیں۔

توحید و تذکیر موت ☆ اَوَلَمْ یَنْظُرُوْا فِیْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (الی قولہ تعالی) فَبِاَیِّ حَدِیْثٍۭ بَعْدَهٗ یُؤْمِنُوْنَ ﴿﴾ اور کیا ان لوگوں نے غور نہیں کیا آسمانوں

www.besturdubooks.net

اور زمین کے عالم میں اور (نیز) دوسری چیزوں میں جو اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہیں (تاکہ ان کو توحید کا علم استدلالی حاصل ہو جاتا) اور اس بات میں (بھی غور نہیں کیا) کہ ممکن ہے کہ ان کی اجل قریب ہی آ پہنچی ہو (تاکہ احتمال عذاب سے ڈرتے اور اس سے بچنے کی فکر کرتے اور اس فکر سے دین حق مل جاتا اور امکان قرب اجل ہر وقت ہے اور جب قرآن جیسے مؤثر کلام سے ان کی فکر تک کو حرکت نہیں ہوتی تو) پھر قرآن کے بعد کون سی بات پر یہ لوگ ایمان لاویں گے **ف**: استدلال بالمصنوع علی توحید الصانع کی تقریر پارہ سَيَقُولُ کے شروع رکوع چہارم میں گزر چکی ہے حاصل آیت یہ کہ نہ دین حق کے موصل یعنی دلیل کی فکر ہے اور نہ اس فکر فی الموصل کی معین یعنی استحضار موت کا ذکر ہے۔

ربط: اوپر فَبِأَيِّ حَدِيثٍ سے انکار غالی فی الکفر ہونا ثابت ہوا اور یہ مظنہ ہے حزن رسول اللہ ﷺ کا آگے تسلی کا مضمون ہے جیسا ایک بار اوپر مَن يَهْدِ اللهُ الخ میں بھی آ چکا ہے شاید اہتمام تسلیہ کے لئے مکرر فرما دیا گیا ہو۔

تکریر تسلیہ رسول اللہ ﷺ ☆ مَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَا هَادِيَ لَهُ ۚ وَيَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝ جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کرے اس کو کوئی راہ پر نہیں لا سکتا (پھر غم لا حاصل) اور اللہ تعالیٰ ان کو ان کی گمراہی میں بھٹکتے ہوئے چھوڑ دیتا ہے (تاکہ ایک دفعہ ہی پوری سزا دے دے)

ربط: اوپر منجملہ مسائل ثلاثہ مذکورہ تمہید آیت **وللہ الاسماء** کے توحید و رسالت کا ذکر ہو چکا آگے تیسرے مسئلہ بحث قیامت کا ذکر ہے جس کا سبب نزول لباب میں آپ سے قریش کا اور نیز یہود کا سوال کرنا منقول ہے۔

بحث قیامت ☆ يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا ۖ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ رَبِّي ۖ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ یہ لوگ آپ سے قیامت کے متعلق سوال کرتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہوگا آپ فرما دیجئے کہ اس کا (یہ) علم (کہ کب واقع ہوگی) صرف میرے رب ہی کے پاس ہے (دوسرے کسی کو اس کی اطلاع نہیں) اس کے وقت پر اس کو سوا اللہ کے کوئی اور ظاہر نہ کرے گا (اور وہ ظاہر کرنا یہ ہوگا کہ اس کو واقع کر دے گا اس وقت سب کو پوری خبر ہو جاوے گی اس کے قبل ویسے کسی کو بتلانے کے طور پر بھی اس کو ظاہر نہ کیا جاوے گا کیونکہ) وہ آسمانوں اور زمین میں بڑا بھاری حادثہ ہوگا (اس لئے) وہ تم پر محض اچانک (بے خبری میں) آ پڑے گی (تاکہ وہ جس طرح اجسام پر ان کو متغیر و متفرق کر دینے میں بھاری ہے اسی طرح قلوب پر بھی اس کا بھاری اثر ہو اور پہلے سے بتلا دینے میں یہ بات نہیں رہتی اور پوچھنا بھی تو ان کا معمولی طور پر نہیں بلکہ) وہ آپ سے اس طرح (اصرار و مبالغہ سے) پوچھتے ہیں جیسے گویا آپ اس کی تحقیقات کر چکے ہیں (اور تحقیقات کے بعد آپ کو اس کا پورا احاطہ ہو گیا ہے) آپ فرما دیجئے کہ اس کا علم (مذکور) خاص اللہ کے پاس ہے لیکن اکثر لوگ (اس بات کو) نہیں جانتے (کہ بعض علوم حق تعالیٰ نے اپنے خزانہ علم میں مکنون رکھے ہیں انبیاء ﷺ کو بھی تفصیلاً اطلاع نہیں دی پس اس کے نہ جاننے سے کسی نبی کے عدم اطلاع تعیین قیامت کے معاذ اللہ دلیل نفی نبوۃ کی سمجھتے ہیں اس طرح سے کہ نبوۃ کے لئے علم لازم ہے اور انتفاء لازم مستلزم انتفاء ملزوم ہے حالانکہ پہلا مقدمہ محض غلط ہے۔ **ف**: اس آیت سے اور حدیث: **ما المسئول عنها باعلم من السائل** رواہ الشیخان سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ تعیین و تفصیل کے ساتھ قیامت کی اطلاع آپ سے بھی مخفی تھی اور بعض روایات جو تعیین کے باب میں آئی ہیں کہ دنیا کی عمر سات ہزار سال کی ہے اولاً وہ قوت میں قرآن و حدیث شیخین کے برابر کیا فی نفسہ بھی صحیح السند نہیں دوسرے ماول ہو سکتی ہیں ظن غالب کے ساتھ۔

ربط: اوپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تعیین قیامت کے متعلق اپنی لاعلمی کے اظہار کا حکم ہوا ہے آگے اس لاعلمی کی علت بیان کرنے کا حکم ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ مجھ کو غیب کا علم نہیں ہے اور جب مجھ کو تعیین کا علم نہیں دیا گیا تو وہ غیب ہوا اسی لئے مجھ کو اس کا علم نہیں۔

انتفائے علم غیب از نبی ﷺ ☆ قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعًا وَلَا ضَرًّا (الی قولہ تعالیٰ) إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ آپ کہہ دیجئے کہ میں خود اپنی ذات خاص کے لئے (بھی چہ جائیکہ دوسروں کیلئے) کسی نفع (تکوینی کے حاصل کرنے) کا اختیار نہیں رکھتا اور نہ کسی ضرر (تکوینی کے دفع کرنے) کا اختیار رکھتا ہوں) مگر اتنا ہی کہ جتنا خدا تعالیٰ نے چاہا ہو (کہ مجھ کو اختیار دے دیں اور جس امر میں اختیار نہیں دیا اس میں بعض اوقات منافع فوت ہو جاتے ہیں اور مضار واقع ہو جاتے ہیں ایک مقدمہ تو یہ ہوا) اور (دوسرا مقدمہ یہ ہے کہ) اگر میں غیب کی باتیں (امور اختیاریہ کے متعلق) جانتا ہوتا تو میں (اپنے لئے) بہت سے منافع حاصل کر لیا کرتا اور کوئی مضرت ہی مجھ پر واقع نہ ہوتی (کیونکہ علم غیب کے سبب معلوم ہو جاتا کہ فلاں امر میرے لئے یقیناً نافع ہوگا اس کو اختیار کر لیا کرتا اور فلاں امر میرے لئے یقیناً مضر ہوگا اس سے احتراز کرتا اور اب چونکہ علم غیب نہیں اس لئے بعض اوقات نافع کا علم نہیں ہوتا کہ اس کو اختیار کروں اور اسی طرح مضر کا علم نہیں ہوتا کہ اس سے بچوں بلکہ گاہے بالعکس نافع کو مضر اور مضر کو نافع سمجھ لیا جاتا ہے حاصل استدلال کا یہ ہوا کہ علم غیب کے لئے نفع و ضرر کا مالک ہونا لازم تھا یہ مقدمہ ذکر میں مؤخر ہے اور لازم منتفی ہے یہ مقدمہ ذکر میں مقدم ہے پس ملزوم یعنی علم غیب منتفی ہے اور یہ مطلوب ہے غرض میں ایسے امور کا علم نہیں رکھتا) میں تو محض (احکام شرعیہ بتلا کر ثواب کی) بشارت دینے والا اور (عذاب سے) ڈرانے والا ہوں اور ان لوگوں کو جو ایمان رکھتے ہیں (خلاصہ یہ کہ

www.besturdubooks.net

نبوت کا اصلی مقصود امور تکوینیہ کا احاطہ نہیں اس لئے ان امور کا علم جن میں تعیین قیامت بھی داخل ہے نبی کو ملنا ضرور نہیں البتہ نبوۃ کا اصلی مقصود امور تشریعیہ کا علم وافی ہے سو وہ مجھ کو حاصل ہے) **ف**: ایمان رکھنے والوں کی تخصیص اس لئے کی کہ منتفع وہی لوگ ہوئے ورنہ آپ کا بشیر ونذیر ہونا تمام مکلفین کے لئے عام ہے اور نفع وضرر میں جو تکوینی کی قید لگائی گئی حالانکہ بدون مشیت کے کسی امر میں بھی اختیار حاصل نہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ اس مقام پر گفتگو اسی میں ہو رہی ہے کہ انہی کے نفی علم کا حکم کیا ہے اور اَعْلَمُ الْغَيْبَ میں جو امور اختیاریہ کے متعلق ہونے کی قید لگائی گئی وجہ اس کی یہ ہے کہ یہاں علم کو ملزوم اور استکثار وعدم مس یعنی قدرت نفع وضرر کو لازم قرار دیا ہے حالانکہ علم مستلزم قدرت کو نہیں پس حکم استلزام قرینہ اس قید کا ہے اور اس قید کے ساتھ استلزام ظاہر ہے جیسا کہ ظاہر ہے اب استلزام عقلی ہو گیا عادی کے قائل ہونے کی کوئی ضرورت نہ رہی گو شبہ اس سے بھی دفع ہو سکتا ہے۔

ربط: اوپر منجملہ مسائل ثلاثہ مذکورہ تمہید آیت: وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الخ کے دو (۲) جگہ یعنی آیت: وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ میں اور آیت: اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا میں توحید کا مختصر مختصر ذکر ہوا آگے اس کا اور اس کے ساتھ طریق شرک کے بطلان کا جو کہ اوپر مذکور نہیں ہوا قدرے بسط سے بیان ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ الآیہ اس میں تصریح ہے کہ قدرۃ مستقلہ وعلم محیط مقبولین سے منفی ہے اور جہلاء اپنے پیروں کیلئے ایسا گمان رکھتے ہیں نعوذ باللہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في لا هادى راہ پر فسر به لئلا يرد ان النبي ﷺ ومن تبعه يكون هداية وتبليغة عاما۔ ۲ قوله قبل يسئلونك كانك معمولی الخ اشارة الى فائدة تكرار ذكر السوال ولما كرر السوال كرر الجواب بعنوان جديد ليخف التكرير ۱۲۔ ۳ قوله في علمها في الموضعين یہ ومذكور اشارة الى انه لا حاجة الى تقدير المضاف بنحو علم ارساء ها لتطابق الجواب السوال ۱۲۔ ۴ قوله في لنفسي چہ جائیکہ اشارة الى ان التقييد للمبالغة ۱۲۔ ۵ قوله في نفعا ولا ضرا حاصل ودفع اشارة الى حذف المضاف في الموضعين ۱۲۔ ۶ قوله في التمهيد طریق شرک الى بسط فلا تكرار في ذكر التوحيد لوجهين الاول لم يكن الشرك مذكورا فيما قبل والثانی لم يكن ذكر التوحيد مبسوطا ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: في قراءة ويذرهم بالجزم عطفا على محل فلا هادى له وترتبه على الاضلال على هذه القراءة اظهر۔

اللغات: الاستدراج النقل درجة بعد درجة من سفل الى علو او بالعكس ثم استعير لطلب كل نقل تدريجي من حال الى حال من الاحوال الملائمة للمنتقل الموافقة لهواه واستدراجه تعالٰى اياهم بادرار النعم عليهم مع انهما كهم في الغي فليس المطلوب الا تدرجهم في مدارج المعاصي الى ان يحق عليهم كلمة العذاب على افظع حال واشنعها وادرار النعم وسيلة الى ذلك ۱۲۔ قوله مرسٰها مصدر ميمى بمعنى الارساء اى الاثبات والتقرير عند ربي للاختصاص والاستيثار الحفي من حفي اذا بحث عن تصرف حاله۔ الروايات في الدر المنثور اخرج ابن ابى حاتم وابو الشيخ عن ابن عباس في قوله ولو كنت اعلم الغيب لاستكثرت من الخير قال لعلمت اذا اشتريت شيئا ما اربح فيه فلا ابيع شيئا الا ربحت فيه وما مسني السوء قال ولا يصيبني الفقراه قلت وتايد بهذه الروايات ما فسرت الآية به من تخصيصها بالامور الاختيارية ۱۲۔

النحو: قوله اولم اى اكذبوا رسالته ولم يتفكروا في انه ليس لصاحبهم الخ ۱۲۔ قوله وما خلق الله عطف على ملكوت ومن شيء بيان لما وان عسى معطوف ايضا على ملكوت في الروح فهو معمول لينظروا لكن لا يعتبر فيه بالنظر اليه انه للاستدلال بناء على ما قالوا ان قيد المعطوف عليه لا يلزم ملاحظته في المعطوف اه قلت وقد بينته في ف۔

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰهَا حَمَلَتْ حَمْلًا
خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا
صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾ اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۱۹۱﴾
لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۲﴾ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ

www.besturdubooks.net

أَدَعَوْتُمُوهُمْ أَمْ أَنْتُمْ صَامِتُونَ ﴿١٩٣﴾ إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ فَادْعُوهُمْ فَلْيَسْتَجِيبُوا

لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿١٩٤﴾ أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَيْدٍ يَبْطِشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ

بِهَا أَمْ لَهُمْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا قُلِ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ كِيدُونِ فَلَا تُنْظِرُونِ ﴿١٩٥﴾ إِنَّ وَلِيِّيَ اللَّهُ الَّذِي

نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِينَ ﴿١٩٦﴾ وَالَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَكُمْ وَلَا أَنْفُسَهُمْ

يَنْصُرُونَ ﴿١٩٧﴾ وَإِنْ تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ لَا يَسْمَعُوا وَتَرَاهُمْ يَنْظُرُونَ إِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ﴿١٩٨﴾

اور اللہ ایسا (قادر ومنعم) ہے جس نے تم کو ایک تن واحد (آدمؑ) سے پیدا کیا اور اسی سے اس کا جوڑا (حوا) بنایا تا کہ وہ اس جوڑے سے انس حاصل کرے۔ پھر جب میاں نے بیوی سے قربت کی تو اس کو حمل رہ گیا ہلکا سا' وہ اس کو لئے ہوئے چلتی پھرتی رہی۔ پھر جب وہ بوجھل ہوگئی تو دونوں میاں بیوی اللہ سے جو کہ ان کا مالک ہے دعا کرنے لگے کہ اگر آپ نے ہم کو صحیح سالم اولاد دے دی تو ہم خوب شکر گزاری کریں گے۔ سو جب اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو صحیح وسالم اولاد دے دی تو اللہ کی دی ہوئی چیز میں وہ دونوں اللہ کے شریک قرار دینے لگے۔ سو اللہ پاک ہے ان کے شرک سے۔ کیا ایسوں کو شریک ٹھہراتے ہو جو کسی چیز کو نہ بنا سکیں اور وہ خود ہی بنائے جاتے ہیں اور وہ انکو کسی قسم کی مدد (بھی) نہیں دے سکتے اور وہ خود اپنی بھی مدد نہیں کر سکتے اور اگر تم انکو کوئی بات بتلانے کو پکارو تو تمہارے کہنے پر نہ چلیں۔ تمہارے اعتبار سے دونوں امر برابر ہیں خواہ تم ان کو پکارو اور یا تم خاموش رہو۔ واقعی تم خدا کو چھوڑ کر جن کی عبادت کرتے ہو وہ بھی تم ہی جیسے بندے ہیں۔ تم انکو پکارو پھر ان کو چاہئے کہ تمہارا کہنا کر دیں۔ اگر تم سچے ہو۔ کیا انکے پاؤں ہیں جن سے وہ چلتے ہوں یا انکے ہاتھ ہیں جن سے کسی چیز کو تھام سکیں یا انکی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھ سکیں یا انکے کان ہیں جن سے وہ سنتے ہیں۔ آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ تم اپنے سب شرکاء کو بلا لو پھر میری ضرر رسانی کی تدبیر کرو پھر مجھ کو ذرا مہلت مت دو۔ یقیناً میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے جس نے یہ کتاب نازل فرمائی اور وہ (عموماً) نیک بندوں کی مدد کیا کرتا ہے اور تم جن لوگوں کی خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو وہ تمہاری کچھ مدد نہیں کر سکتے اور نہ وہ اپنی مدد کر سکتے ہیں اور انکو اگر کوئی بات بتلانے کو پکارو تو اس کو نہ سنیں اور ان کو آپ دیکھتے ہیں کہ گویا وہ آپ کو دیکھ رہے ہیں اور وہ کچھ بھی نہیں دیکھتے۔ ۞

تفسیر: بحث اثبات توحید وابطال شرک ☆ هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ (الی قولہ تعالی) وَتَرَاهُمْ يَنْظُرُونَ إِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ۞ وہ اللہ ایسا (قادر اور منعم) ہے جس نے تم کو ایک تن واحد (یعنی آدم علیہ السلام) سے پیدا کیا اور اسی سے اس کا جوڑا بنایا (مراد حوا جس کی کیفیت شروع تفسیر سورۂ نساء میں گزر چکی) تا کہ وہ اس اپنے جوڑے سے انس حاصل کرے (پس جب وہ خالق بھی ہے اور محسن بھی تو عبادت اسی کا حق ہے) پھر (آگے ان کی اولاد بڑھی اور ان میں بھی میاں بی بی ہوئے لیکن ان میں بعض کی یہ حالت ہوئی کہ) جب میاں نے بی بی سے قربت کی تو اس کو حمل رہ گیا (جو اول اول) ہلکا سا (رہا) سو وہ اس کو (پیٹ میں) لئے ہوئے (بے تکلیف) چلتی پھرتی رہی پھر جب وہ (حاملہ اس حمل کے بڑھ جانے سے) بوجھل ہوگئی (اور دونوں میاں بی بی کو یقین ہو گیا کہ حمل ہے) تو (اس وقت ان کو طرح طرح کے احتمالات وتوہمات ہونے لگے جیسا کہ بعضے حمل میں خطرات پیش آتے ہیں اس لئے) دونوں میاں بی بی اللہ سے جو کہ ان کا مالک ہے دعا کرنے لگے کہ اگر آپ نے ہم کو صحیح سالم اولاد دے دی تو ہم خوب شکر گذاری کریں گے (جیسا عام عادت ہے کہ مصیبت کے وقت اللہ تعالیٰ سے بڑے بڑے عہد و پیمان ہوا کرتے ہیں) سو جب اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو صحیح وسالم اولاد دے دی تو اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی چیز میں وہ دونوں اللہ کے شریک قرار دینے لگے (مختلف طور پر کسی نے اعتقاد سے کہ یہ اولاد فلاں زندہ یا مردہ نے دی ہے کسی نے عمل سے کہ اس کے نام کی نذر و نیاز کرنے لگے یا بچہ کو لیجا کر اس کے سامنے اس کا ماتھا ٹیک دیا یا قول سے کہ اس کی بندگی پر نام رکھ دیا جیسے عبد شمس یا بندہ علی وغیرہا یعنی یہ حق تو تھا خدا کو جو کہ منعم اور خالق اور قادر و محسن ہے اور صرف کیا اس کے دوسرے معبودوں کے لئے) سو اللہ تعالیٰ پاک ہے ان کے شرک سے (یہاں تک تو حق تعالیٰ کی صفات مذکور تھیں جو مقتضی ہیں اس کے استحقاق معبودیت کو آگے الہہ باطلہ کے نقائص کا ذکر ہے جو مقتضی ہیں ان کے عدم استحقاق معبودیت کو پس فرماتے ہیں کہ) کیا (اللہ تعالیٰ کے ساتھ) ایسوں کو شریک ٹھہراتے ہیں جو کسی چیز کو بنا نہ سکیں اور (بلکہ) وہ خود ہی بنائے جاتے ہوں (چنانچہ ظاہر ہے کہ بت پرست خود ان کو تراشتے تھے) اور (کسی چیز کا بنانا تو بڑی بات ہے) وہ (تو ایسے عاجز ہیں کہ اس سے آسان کام بھی نہیں کر سکتے مثلاً) ان کو کسی قسم کی مدد (بھی) نہیں دے سکتے اور (اس سے بڑھ کر یہ ہے کہ) وہ خود اپنی بھی مدد نہیں کر سکتے (اگر کوئی حادثہ ان کو پیش آ جاوے مثلاً کوئی شخص ان کو توڑنے پھوڑنے ہی لگے) اور (اس سے بھی بڑھ کر سنو کہ) اگر تم ان کو کوئی بات بتلانے کو پکارو تو تمہارے کہنے پر نہ چلیں (اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ تم ان کو پکارو کہ وہ تم کو کوئی بات بتلا دیں تو تمہارا کہنا نہ کریں یعنی نہ

www.besturdubooks.net

بتلاویں اور دوسرے اس سے زیادہ یہ کہ تم ان کو پکارو کہ آؤ ہم تم کو کچھ بتلاویں تو تمہارے کہنے پر نہ چلیں یعنی تمہاری بتلائی ہوئی بات پر عمل نہ کر سکیں بہر حال) تمہارے اعتبار سے دونوں امر برابر ہیں خواہ تم ان کو پکارو (وہ جب نہیں سنتے) اور یا تم خاموش رہو (جب تو نہ سننا ظاہر ہی ہے خلاصہ یہ ہے کہ جو کام سب سے سہل تر ہے کہ کوئی بات بتلانے کے لئے پکارنے کو سن لینا وہ اسی سے عاجز ہیں تو جو اس سے مشکل ہے کہ اپنی حفاظت کریں اور پھر جو اس سے مشکل ہے کہ دوسروں کی امداد کرنا اور پھر جو ان سب سے دشوار تر ہے کہ کسی شئے کو پیدا کرنا ان سے تو بدرجہ اولیٰ زیادہ تر عاجز ہوں گے پھر ایسے عاجز محتاج کب معبودیت کے لائق ہو سکتے ہیں غرض) واقعی تم خدا کو چھوڑ کر جن کی عبادت کرتے ہو وہ بھی تم ہی جیسے (اللہ کے مملوک) بندے ہیں (یعنی تم سے بڑھ کر نہیں خواہ گھٹے ہوئے ہوں) سو (ہم تو تم کو سچا جب جانیں کہ) تم (تو) ان کو پکارو (اور) پھر ان کو چاہئے کہ تمہارا کہنا کر دیں اگر تم (ان کے اعتقاد الوہیت میں) سچے ہو (اور وہ بیچارے تمہارا کہنا تو کیا کریں گے کہنا ماننے کے آلات تک ان کو نصیب نہیں دیکھ لو) کیا ان کے پاؤں ہیں جن سے وہ چلتے ہوں یا ان کے ہاتھ ہیں جن سے کسی چیز کو تھام سکیں یا ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے ہوں یا ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے ہوں (جب ان میں قویٰ فاعلہ تک نہیں تو کوئی فعل ان سے کیا صادر ہوگا اور) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (جس طرح وہ اپنے معتقدین کو نفع پہنچانے سے عاجز ہیں اسی طرح اپنے مخالفین کو ضرر بھی نہیں پہنچا سکتے جیسا تم کہا کرتے ہو کہ ہمارے بتوں کی بے ادبی نہ کیا کرو ورنہ وہ تم پر کوئی آفت نازل کر دیں گے **اخرجه في اللباب عن عبدالرزاق في قوله تعالىٰ** : وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ [الزمر : ۳٦] اور اگر تم سمجھتے ہو کہ وہ مجھ کو ضرر پہنچا سکتے ہیں تو) تم (اپنا ارمان نکال لو اور) اپنے سب شرکاء کو بلا لو پھر (سب مل کر) میری ضرر رسانی کی تدبیر کرو پھر (جب تدبیر بن جاوے تو) مجھ کو ذرا مہلت مت دو (بلکہ فوراً اس کو نافذ کر دو دیکھو کیا ہوتا ہے اور خاک بھی نہ ہوگا کیونکہ شرکاء تو مہمل محض ہیں رہ گئے تم جو کچھ ہاتھ پاؤں ہلا سکتے ہو تم میرا اس لئے کچھ نہیں کر سکتے کہ) یقیناً میرا مددگار اللہ تعالیٰ ہے جس (کے مددگار اور رفیق ہونے کا کھلا ثبوت یہ ہے کہ اس) نے (مجھ پر) یہ کتاب (مبارک جامع خیر دارین) نازل فرمائی (اگر وہ میرا رفیق و معین نہ ہوتا تو اتنی بڑی نعمت کیوں عطا فرماتا) اور (علاوہ اس دلیل خاص کے ایک عام قاعدہ سے بھی اس کا مددگار ہونا معلوم ہے وہ قاعدہ یہ ہے کہ) وہ (عموماً) نیک بندوں کی مدد کیا کرتا ہے (تو انبیاء تو ان نیک بندوں میں فرد کامل ہیں اور میں نبی ہوں تو میرا بھی ضرور مددگار رہوگا غرض یہ کہ جن کے ضرر سے ڈراتے ہو وہ تو عاجز اور جو مجھ کو ضرر سے بچاتا ہے وہ قادر پھر اندیشہ کاہے کا) اور (گو ان کا عاجز ہونا اوپر بابلغ وجوہ بیان ہو چکا ہے لیکن چونکہ وہاں بیان عجز مقصود بالغیر تھا اور مقصود بالذات نفی استحقاق معبودیت تھی اس لئے آگے مقصوداً بیان عجز کا فرماتے ہیں کہ) تم جن لوگوں کی خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو وہ (تمہارے دشمن کے مقابلہ میں جیسا میں ہوں) تمہاری کچھ مدد نہیں کر سکتے ورنہ (اپنے دشمن کے مقابلہ میں جیسا میں ہوں) وہ اپنی مدد کر سکتے ہیں اور (مدد کرنا تو بڑی بات ہے) ان کو (تو) اگر کوئی بات بتلانے کو پکارو تو اس کو (بھی تو) نہ سنیں (اس کے بھی وہی مذکورہ بالا دونوں معنی ہو سکتے ہیں) اور (جیسے ان کے پاس سننے کا آلہ نہیں اسی طرح دیکھنے کا آلہ بھی نہیں اور ان کی تصویر میں جو آنکھیں بنادی جاتی ہیں وہ محض نام ہی کی ہوتی ہیں کام کی نہیں چنانچہ) ان (بتوں) کو آپ دیکھتے ہیں کہ گویا وہ آپ کو دیکھ رہے ہیں (کیونکہ شکل تو آنکھوں کی سی بنی ہوئی ہے) اور وہ (واقع میں) کچھ بھی نہیں دیکھتے (کیونکہ حقیقت میں تو وہ آنکھیں نہیں اسی پر دوسرے قویٰ فاعلہ ایدی وارجل کی نفی سمجھ لینا چاہئے پس ایسے عاجز کا کیا ڈراوا دکھلاتے ہو) **ف** : یہاں چند امور ضرور یہ قابل سمجھنے کے ہیں **اول** : بعض تفاسیر میں اس جگہ ایک قصہ آدم و حوا علیہما السلام کے ایک اولاد ہونے کا اور اس کا ایک خاص نام رکھنے کا آیا ہے اور بعض نے بعض اشکالات کی وجہ سے اس کا انکار کیا ہے اور نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ اور زَوْجَهَا کی تفسیر بدلی ہے لیکن ترمذی کی تحسین اور حاکم کی تصحیح کے بعد قصہ کا انکار اور نفس واحدہ کو غیر آدم پر محمول کرنا دشوار ہے لیکن اس قصہ کا اس آیت کے لئے مفسر ہونا اس حدیث سے ثابت نہیں اور بعض سلف سے جو منقول ہے تو ممکن ہے کہ ظاہر الفاظ آیت سے یہ ان کی رائے ہو جو حجت نہیں رہا ظاہر الفاظ سے اس کا مفہوم ہونا سو یہ اس وقت ہوتا جب **تغشاها** کی ضمیریں نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ اور زَوْجَهَا کی طرف بعینہٖ عائد ہوتیں اور اگر یہ ضمائر مطلق زوج اور زوجہ کی طرف بطور صنعت استخدام کے راجع ہوں جیسا اس آیت میں کہا گیا ہے **ولقد خلقنا الانسان** (اے آدم) **من سللة من طين ثم جعلنٰه** (اے **الانسان الذى من نسله**) تو نہ تفسیر میں بعد ہوا اور نہ بعد کی آیت میں اشکال ہوا چنانچہ درمنثور میں بروایت ابن المنذر وابن ابی حاتم حضرت ابن عباس کا قول بعینہٖ اسی مضمون پر دال ہے **ما اشرك ادم ان اولها شكر** (اے **تعليمه لعباده بيان خلقهم من ادم و حواء**) **واخرها مثل ضربه الله لمن بعده** (**فدل لفظ بعده على كون المراد بالاول ادم**) **وهذا من المواهب ولله الحمد**۔ رہا اس حدیث کا اشکال سو اس کا محمل دوسرا ہے آیت کی تفسیر اس پر موقوف نہیں۔ **دوم** : بیان عجز اصنام میں جو آلات و جوارح کی نفی ہے اس سے یہ مقصود نہیں کہ الٰہ میں یہ سب جوارح ہونا ضروری ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ اس سے منزہ ہے بلکہ مراد اس سے کمالات فاعلیہ ہیں جو الٰہ حق میں متحقق ہیں لیکن چونکہ جسمانیات میں وہ کمالات موقوف ہیں آلات پر اس لئے اس تعبیر کو اختیار کیا گیا۔ **سوم** : نفی استطاعت نصرۃ الخ کا مقصود دونوں جگہ الگ الگ ہے جیسا بیان ہوا اس لئے یہ تکرار نہیں ہے۔ **چہارم** : خالقیت کی نفی صرف اول ہی جگہ کی گئی کیونکہ وہ نفی الوہیت کو مستلزم ہے نہ کہ نفی استطاعت نصرۃ کو۔

www.besturdubooks.net

پنجم: یہ نقائص اصنام میں بہت صریح ہیں پھر اتنا اہتمام کیوں کیا گیا جواب تا کہ مشرکین کی پوری حماقت ظاہر ہو۔

فائدہ جدیدہ: سوال مشرکین اصنام کو خدا کے برابر نہ کہتے تھے پھر اس احتجاج سے ان پر کیا الزام ہوا۔ جواب مقصود احتجاج کا یہ ہے کہ نفس معبودیت اگرچہ بالعرض ہو موقوف ہے ان صفات کمال پر جب لازم نہیں تو ملزوم بھی نہیں خوب سمجھ لو۔

ربط: اوپر جہلاء مشرکین سے محاجہ بلیغہ تھا چونکہ باوجود اس محاجہ کے بھی وہ لوگ غایت عناد سے اپنی جہالت پر مصر رہتے تھے جو مظنہ ہے غصہ کا اس لئے آگے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہے ملاطفت کا اور غصہ آ جانے پر تعلیم ہے استعاذہ کی اور بیان ہے ان کے مبتلائے غی رہنے کا جس سے اقناط کلی ہو جاوے تا کہ غصہ نہ آوے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ الآیہ آیت گو اصنام کے بارہ میں ہے بقرینہ مابعد اَلَهُمْ اَرْجُلٌ الخ کے لیکن حکم کا مناط ان کے عباد یعنی مملوک ہونے پر رکھا ہے اس سے ثابت ہوا کہ نداء غیر اللہ بطور استغاثہ کے ناجائز ہے تو کہاں یہ آیت اور کہاں غالی جاہلوں کا فعل۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في عما يشركون شرك اشارة الى كون ما مصدرية ۱۲۔ ۲ قوله في لا يخلقون بنا نہ سکیں ترجم بنفي الامكان لاقتضاء المقام ۱۲۔ ۳ قوله في هم يخلقون تراشتے تھے كما فسروه اول الفرقان على قوله اتعبدون ما تنحتون ۱۲۔ ۴ قوله في هم ينظرون گویا دل عليه الحس المدرك عدم نظرهم حقيقة ۱۲۔ ۵ قوله في لا يبصرون کچھ بھی دل عليه عدم ذكر المفعول ۱۲۔

اللغات: قوله يسكن اليها يستانس بها كذا في الروح قوله فمرت به استمرت به المراد بقيت به كما كانت قبل حيث قامت وقعدت واخذت وتركت كذا في الروح ۱۲۔

البلاغۃ: قوله وهم يخلقون ولا يستطيعون الى الآخر اتى بصيغ العقلاء بناء على زعمهم انها موصوفة بالالوهية المستلزمة لصفات العقلاء ومن ثم حكم في قوله امثالكم بالمماثلة مع انها دونهم فافهم ۱۲۔

خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ۝۱۹۹ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۲۰۰ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰۗىِٕفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ۝۲۰۱ وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ۝۲۰۲ وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ۭ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَاۗىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝۲۰۳ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝۲۰۴ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝۲۰۵ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۝۲۰۶ السجدۃ

ع ۲۴ / ۱۴

سرسری برتاؤ کو قبول کر لیا کیجئے اور نیک کام کی تعلیم کر دیا کیجئے اور جاہلوں سے ایک کنارہ ہو جایا کیجئے اور اگر آپ پر کوئی وسوسہ شیطان کی طرف سے آنے لگے تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کیجئے بلاشبہ وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔ یقیناً جو لوگ خدا ترس ہیں جب ان کو کوئی خطرہ شیطان کی طرف سے آ جاتا ہے تو وہ یاد میں لگ جاتے ہیں۔ سو یکا یک ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں اور جو شیاطین کے تابع ہیں وہ ان کو گمراہی میں کھینچے لے جاتے ہیں پس وہ باز نہیں آتے اور جب کوئی معجزہ آپ ان کے سامنے ظاہر نہیں کرتے تو وہ لوگ کہتے ہیں کہ آپ یہ معجزہ کیوں نہ لائے۔ آپ فرما دیجئے کہ میں اس کا اتباع کرتا ہوں جو مجھ پر میرے رب کی طرف سے حکم بھیجا گیا ہے۔ یہ گویا بہت سی دلیلیں ہیں تمہارے رب کی طرف سے اور ہدایت اور رحمت ہے ان لوگوں کیلئے جو ایمان رکھتے ہیں اور جب قرآن پڑھا جایا کرے تو اسکی طرف کان لگا دیا کرو اور خاموش رہا کرو امید ہے کہ تم پر رحمت ہو اور (آپ ہر ہر شخص سے بھی کہہ دیجئے کہ) اے شخص اپنے رب کی یاد کیا کر اپنے دل میں عاجزی کے ساتھ اور خوف کے ساتھ اور زور کی آواز کی نسبت کم آواز کے ساتھ صبح اور شام (یعنی علی الدوام) اور اہل غفلت میں شمار مت ہونا۔ یقیناً جو (ملائکہ) تیرے رب کے نزدیک (مقرب) ہیں۔ وہ اسکی عبادت سے

www.besturdubooks.net

(جس میں اصلی عقائد میں) تکبر نہیں کرتے اور اسکی پاکی بیان کرتے ہیں (جو کہ طاعت لسانی ہے) اور اسکو سجدہ کرتے ہیں (جو کہ اعمال جوارح سے ہے)۔

تفسیر: امر بملاطفت واستعاذہ وتاکید آن باقناط کلی ☆ خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ (الی قولہ تعالی) وَإِخْوَانُهُمْ يَمُدُّونَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ (لوگوں سے یہ برتاؤ رکھئے کہ ان کے اعمال واخلاق میں سے) سرسری (نظر میں جو) برتاؤ (معقول ومناسب معلوم ہوں ان) کو قبول کر لیا کیجئے (ان کی تہ اور حقیقت کی تلاش نہ کیجئے بلکہ ظاہری نظر میں سرسری طور پر جو کام کسی سے اچھا ہو اس کو بھلائی پر محمول کیجئے باطن کا حال اللہ کے سپرد کیجئے کیونکہ پورا اخلاص ونیز شرائط قبول کی جامعیت اخص الخواص کا حصہ ہے حاصل یہ کہ معاشرت میں سہولت رکھئے تشدد نہ کیجئے یہ برتاؤ تو اچھے کاموں میں ہے) اور (جو کام ظاہر نظر میں بھی برا ہو اس میں یہ برتاؤ رکھئے کہ اس باب میں) نیک کام کی تعلیم کر دیا کیجئے اور (جو اس تعلیم کے بعد بھی براہ جہالت عمل نہ کرے یا نہ مانے تو ایسے) جاہلوں سے ایک کنارہ ہو جایا کیجئے (ان کے بہت درپے نہ ہو جایئے) اور اگر (اتفاقاً ان کی جہالت پر) آپ کو کوئی وسوسہ شیطان کی طرف سے (غصہ کا) آنے لگے (جس میں احتمال ہو کہ کوئی بات خلاف مصلحت کے صادر ہو جاوے) تو (ایسی حالت میں فوراً) اللہ کی پناہ مانگ لیا کیجئے بلاشبہ وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے (آپ کے استعاذہ کو سنتا ہے آپ کے مقصود کو جانتا ہے وہ آپ کو اس سے پناہ دے گا اور جس طرح استعاذہ وتوجہ الی اللہ آپ کے لئے نافع ہے اسی طرح تمام خدا ترس لوگوں کے لئے بھی نافع ہے چنانچہ) یقیناً (یہ بات ہے کہ) جو لوگ خدا ترس ہیں جب ان کو کوئی خطرہ شیطان کی طرف سے (غصہ کا یا اور کسی امر کا) آ جاتا ہے تو وہ (فوراً خدا کی) یاد میں لگ جاتے ہیں (جیسے استعاذہ ودعا اور خدا تعالیٰ کی عظمت وعذاب وثواب کو یاد کرنا) سو یکایک ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں (اور حقیقت امر ان پر منکشف ہو جاتی ہے جس سے وہ خطرہ اثر نہیں کرتا) اور (برخلاف اس کے) جو شیاطین کے تابع ہیں وہ (شیاطین) ان کو گمراہی میں کھینچے چلے جاتے ہیں پس وہ (تابعین گمراہی سے) باز نہیں آتے (نہ وہ استعاذہ کریں نہ محفوظ رہیں سو یہ مشرکین تو شیطان کے تابع ہیں یہ کب باز آویں گے اس لئے ان کے غم وغصہ میں پڑنا بے کار ہے) **ف:** إِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ کا مضمون مسئلہ عصمت انبیاء علیہم السلام کے منافی نہیں کیونکہ عصمت کا حاصل یہ ہے کہ شیطان گناہ نہیں کرا سکتا یہ نہیں کہ گناہ کی رائے نہیں دے سکتا کیونکہ جس طرح کسی انسان کافر کا کسی نبی کے سامنے کوئی کفر کی بات آ کر کہنا جب کہ کچھ اثر نہ ہو مخل شان نبوت نہیں اسی طرح جنی کافر کو سمجھئے البتہ چونکہ صحیح مسلم کی حدیث میں تصریح ہے کہ آپ کا قرین آپ کو بری رائے بھی نہ دیتا تھا چنانچہ فرمایا ہے **فلا یامرنی الا بخیر** اس لئے آیت میں شیطان سے وہ قرین سوء مراد نہیں ہو سکتا جو ہر شخص کے ساتھ رہ کر اس کو بری باتوں کا حکم کرتا ہے بلکہ اس سے بالمعنی مشہور مراد لیا جاوے گا جس کا احیاناً آ جانا محال نہیں جیسا حدیث میں ہے کہ ایک بار ایک آگ کا شعلہ لے کر آپ کو تکلیف پہنچانے آیا تھا واللہ اعلم۔

ربط: اوپر منجملہ مسائل ثلاثہ مذکورہ تمہید آیت وَلِلّٰهِ الْأَسْمَآءُ الخ کی آیت: أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا الخ میں رسالت کا مسئلہ مذکور تھا آگے بھی دوسرے عنوان سے اس کا ذکر ہے چنانچہ وہاں تو طریق معرفت رسالت کا بتلایا تھا کہ فکر ہے اور یہاں رسالت کے متعلق ایک شبہ کا جس سے وہ رسالت کی نفی کرتے تھے جواب ہے پس وہ استدلال تھا اور یہ دفع ہے اور اثبات مدعا کے یہی دو امر مدار ہیں۔

جواب شبہ شان بر رسالت ☆ وَإِذَا لَمْ تَأْتِهِمْ بِاٰيَةٍ (الی قولہ تعالی) وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ اور جب آپ (ان کے فرمائشی معجزات میں سے جن کی فرمائش براہ عناد کرتے تھے) کوئی معجزہ ان کے سامنے ظاہر نہیں کرتے (بوجہ اس کے کہ حق تعالیٰ اس معجزہ کو بمقتضائے حکمت پیدا نہیں کرتے) تو وہ لوگ (بقصد نفی رسالت آپ سے) کہتے ہیں کہ آپ (اگر نبی ہیں تو) یہ معجزہ کیوں نہ (ظہور میں) لائے آپ فرما دیجئے کہ (میرا کام معجزات باختیار خود لانا نہیں بلکہ میرا اصلی کام یہ ہے کہ) میں اس کا اتباع کرتا ہوں جو مجھ پر میرے رب کی طرف سے حکم بھیجا گیا ہے (اس میں تبلیغ بھی آ گئی البتہ نبوت کے اثبات کے لئے نفس معجزہ ضروری ہے سو ان کا وقوع ہو چکا ہے چنانچہ ان میں سب سے اعظم ایک یہی قرآن ہے جس کی شان یہ ہے کہ) یہ (بجائے خود) گویا بہت سی دلیلیں ہیں تمہارے رب کی طرف سے (کیونکہ اس کی ہر مقدار سورت مثلاً ایک معجزہ ہے تو اس حساب سے مجموعہ قرآن کتنی دلیلیں ہوا اور اس کا یہ دلیل ہونا تو عام ہے) اور (رہا اس کا نفع بالفعل تو وہ خاص ہے ماننے والوں کے ساتھ چنانچہ وہ) ہدایت اور رحمت ہے ان لوگوں کے لئے جو (اس پر) ایمان رکھتے ہیں۔ **ف:** حاصل جواب یہ ہے کہ نبوت کی غایت اصلی اصلاح ہے اور معجزہ اس کا مثبت اور مثبت مثبت سب برابر پس اس میں تعیین کی فرمائش محض لغو چنانچہ مسئلہ مسلمہ ہے کہ مدعی کو اختیار ہے جس دلیل سے چاہے دعویٰ کا اثبات کر دے پس اولاً معین معجزہ کی فرمائش ہی بے موقع پھر اس میں بھی طلب حق مقصود نہیں۔

ربط: اوپر قرآن مجید کا مؤمنین کے لئے ہدایت ورحمت ہونا مذکور ہے آگے اس کے اس رحمت وہدایت ہونے کی شرط خطاب عام سے بتلاتے ہیں کہ وہ استماع وانصات ہے جس کا حاصل توجہ وتدبر فی القرآن ہے اس سے کفار پر تو رحمت جدید ہوگی اور مؤمنین پر رحمت مزید اور چونکہ در منثور میں اس کے سبب

نزول اور تفسیر اور تفریع میں قراءت خلف الامام اور رفع صوت بقراءۃ خلف الامام اور جہری میں قراءت خلف الامام اور خود اپنی نماز میں اس سے نسخ تکلم معتاد اس

www.besturdubooks.net

طور پر کہ استماع سے مراد اپنی قراءت کی طرف توجہ اور انصات سے مراد انصات عن الکلام ہو اور خطبہ میں نہی عن التکلم اور ذکر یعنی وعظ میں نہی عن التکلم یہ چھ اقوال مذکور ہیں اور سیاق قرآنی سے اس کا کفار کو بھی عام ہونا مفہوم ہوتا ہے ان مجموعہ قرائن سے معلوم ہوا کہ اس میں خطاب بھی عام ہے اور حالت بھی عام ہے اور قرآن بطور عموم مجاز کے وعظ وخطبہ کو عام ہے **لانهما قرآن معنى** اسی لئے حنفیہ نے اس سے **نهي عن القراءة خلف الامام** پر استدلال کیا ہے جس کی بحث طویل ہے اور باب سوال وجواب جانبین میں واسع ہے جس کے ذکر کا یہ محل نہیں اور اسی سے خارج عن الصلوٰۃ بھی قراءت کے وقت دوسرے کام میں مشغول ہونے کو ہمارے فقہاء حنفیہ نے ممنوع فرمایا ہے اور اسی پر مشغول کے پاس بیٹھ کر پکار کر پڑھنے کو منع کیا ہے **نقله في الروح عن الخلاصة** اور مبنی اس کا مسئلہ مشہورہ اصولیہ ہے کہ اعتبار عموم لفظ کا ہے نہ کہ خصوص سبب کا لیکن احقر کو اس میں شفا نہیں ہے نہ اس مسئلہ اصولیہ میں اور نہ اس فرع فقہی میں کیونکہ ایسا عموم جو مراد متکلم سے بھی متجاوز ہو مراد لینا صحیح نہیں جیسا حدیث **ليس من البر الصيام في السفر** میں صیام کو کسی نے عام نہیں لیا اور یہاں مجموعہ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ جو تلاوت خارج صلوٰۃ اپنے ثواب یا یاد کے لئے ہو کسی کی تذکیر وتبلیغ کے لئے نہ ہو وہ آیت میں مراد نہیں اور درمنثور میں جو بروایت ابوالشیخ عثمان بن زائدہ سے منقول ہے **انه كان اذا قرئ عليه القران غطى وجهه۔ بعوبه ويتاول من ذٰلك قول الله واذا قرئ القران فيكره ان يشغل بصره وشيئا من جوارحه بغير استماع اھ۔** یہ محمول ہے ادب پر چنانچہ کراہت شغل بصر وجوارح ان کا قرینہ ہے کیونکہ تعطیل بصر وجوارح کے وجوب کا کوئی قائل نہیں پس ایسی حالت تک عموم کا مراد لینا مشکل ہے اور مجتہد صاحب مذہب سے یہ فرع کہیں منقول نظر نہیں آئی اس لئے اس وجوب میں شبہ ہے چنانچہ اس کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جو عبداللہ بن مغفل ؓ سے درمنثور میں بروایت ابن ابی شیبہ وغیرہ منقول ہے **انه سئل اكل من سمع القرآن يقرأ وجب عليه الاستماع والانصات قال لا الخ وايضا في السراج المنير للخطيب الشربيني عن البيضاوي وظاهر اللفظ يقتضي وجوبهما حيث يقرأ القران مطلقا وعامة العلماء على استحبابهما خارج الصلوٰة** پس ظاہرا عامۃ العلماء میں حنفیہ بھی داخل ہیں اور یہ لفظ قریب اجماع کے ہے پس اس قول کو حنفیہ کا قول محقق اور قول اول کو ان کا قول مشہور کہیں گے اگر کسی صاحب کو اس سے زیادہ تحقیق ہو تو اس سے شفا حاصل کر لیں واللہ اعلم اور ردالمحتار میں شرح منیہ سے استماع کو فرض کفایہ کہا ہے بعض کا سننا کافی ہے وہ بھی جب کہ قراءت پہلے شروع ہوگئی ہو اور اگر پہلے کام میں لگ گئے ہوں اور پھر قراءت شروع ہوئی تو شروع کرنے والا گنہگار ہوگا۔ ضمیمہ بعد تحریر تحقیق بالا طحطاوی علی مراقی الفلاح ۱۸۰ ص میں یہ روایت نظر پڑی جس میں فرع مذکور میں حنفیہ کے نزدیک بھی گنجائش کی تصریح ہے **وفي الدر المنفة عن المنيفة يكره للقوم ان يقرؤا القران جملة لتضمنها ترك الاستماع والانصات وقيل لا بأس به اھ۔**

امر بتوجہ الی القرآن ☆ وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ (الی قولہ تعالی) تُرْحَمُونَ اور (آپ ان سے یہ بھی کہہ دیجئے کہ) جب قرآن پڑھا جایا کرے (مثلاً جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی تبلیغ فرماویں) تو اس کی طرف کان لگا دیا کرو اور خاموش رہا کرو (تا کہ اس کا معجز ہونا اور اس کی تعلیم کی خوبی سمجھ میں آوے جس سے) امید ہے کہ تم پر رحمت ہو (جدید یا مزید) **ف**: جدید یہ کہ پہلے بوجہ کفر کے رحمت خاصہ جو قرین ہدایت ہوتی ہے نہ تھی اب قبول حق سے متوجہ ہوگئی مزید یہ کہ پہلے سے بوجہ مؤمن ہونے کے مورد رحمت تھے اب اس میں اور ترقی ہوگئی باقی ضروریات اس کے متعلق تمہید میں مذکور ہیں اس لئے اعادہ نہیں کیا۔

ربط: اوپر قرآن سننے کا حکم اور اس کا ادب مذکور تھا آگے ذکر اللہ کا جس میں تلاوت قرآن بھی داخل ہے حکم اور اس کا ادب مذکور ہوتا ہے جو اعظم مقاصد استماع سے ہے۔

امر بدوام ذکر اللہ ☆ وَاذْكُرْ رَبَّكَ (الی قولہ تعالی) وَلَا تَكُنْ مِنَ الْغٰفِلِيْنَ اور (آپ ہر ہر شخص سے یہ بھی کہہ دیجئے کہ) اے شخص اپنے رب کی یاد کیا کر (قرآن سے یا تسبیح وغیرہ سے خواہ) اپنے دل میں (یعنی آہستہ آواز سے) عاجزی کے ساتھ اور خوف کے ساتھ اور (خواہ) زور کی آواز کی نسبت کم آواز کے ساتھ (اسی عاجزی اور خوف کے ساتھ) صبح اور شام (یعنی علی الدوام) اور (دوام کا مطلب یہ ہے کہ) اہل غفلت میں شمار مت ہونا (کہ اذکار مامور بہا بھی ترک کر دو) **ف**: حاصل ادب کا یہ ہے کہ دل اور ہیئت میں تذلل اور خوف ہو اور آواز کے اعتبار سے جہر مفرط نہ ہو یا تو بالکل آہستہ ہو یعنی مع حرکت لسانی کے اور یا جہر معتدل ہو اور جہر فی نفسہ ممنوع نہیں ہے جن حدیثوں میں اس کی ممانعت آئی ہے مراد اس سے مفرط ہے البتہ اگر کسی عارض کی وجہ سے مثل دفع خطرات یا دفع قساوت وتحصیل رقت وغیرہ ان شرائط کے ساتھ ہو کہ کسی شیخ محقق نے تجویز کیا ہو کسی نائم یا مصلی کو تشویش نہ ہو ورنہ بستی سے باہر چلا جاوے اس جہر کو قربت نہ جانتا ہو بلکہ علاج سمجھتا ہو تو اجازت ہے کیونکہ جو مفاسد علل نہی کے تھے وہ اس میں نہیں ہیں واللہ اعلم اور مع حرکت لسانی کی قید اس لئے لگائی کہ اس میں دونوں عضو مشغول عبادت رہتے ہیں دل بھی اور زبان بھی اور اس مسئلہ میں بھی کلام طویل الذیل ہے احقر نے اپنی تحقیق لکھ دی ہے اور دوام تفسیر میں جو لکھا گیا مبنی اس کا یہ ہے کہ دوام ادنیٰ درجہ کا لیا گیا کہ متیقن ہے اور خطاب عام بھی اسی کو مقتضی ہے ورنہ ظاہری معنی کے اعتبار سے دوام کرنے والے ہزاروں میں

www.besturdubooks.net

ایک دو ہیں عامہ ناس سے اس کا مطلوب ہونا کسی قدر مستبعد ہے واللہ اعلم۔

ربط: اب سورت ختم پر آئی مجموعہ سورت میں اصولاً وفروعاً تصحیح عقائد متعلقہ توحید و رسالت و قیامت اکثر حصہ میں اور بعض اعمال جوارح و طاعت لسانیہ کچھ حصہ میں مذکور ہوئے ہیں اب خاتمہ کی آیت میں اس سارے مضمون کی تاکید و تائید ہے کہ جب بڑے ملائکہ مقربین کو ان طاعات سے عار نہیں تو تم کو کیا انکار ہے۔

ترغیب طاعات بذکر طاعات ملائکہ مقربین ☆ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ۩ یقیناً جو (ملائکہ) تیرے رب کے نزدیک (مقرب ہیں) ہیں وہ اس کی عبادت سے (جس میں اصل عقائد ہیں) تکبر نہیں کرتے اور اس کی پاکی بیان کرتے ہیں (جو کہ طاعت لسانی ہے) اور اس کو سجدہ کرتے ہیں (جو کہ اعمال جوارح سے ہے) **ف**: حسن خاتم کا اظہر من الشمس ہے **وقد تم بحمد الله تفسير سورة الاعراف لسبع عشرة خلت من ربيع الاول يوم السبت ١٣٢٤ الهجرة النبوية على صاحبها الف الف سلام وتحية فى كل بكرة وعشية۔**

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ اس میں لوگوں کے ساتھ تسامح اور ان کو شفقت سے تعلیم اور جاہلوں کے ساتھ حلم کرنے کی تعلیم ہے حضرت جعفر صادقؒ کا ارشاد ہے کہ اس سے زیادہ کوئی آیت اخلاق کی جامع نہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ (الی قولہ تعالیٰ) فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ۝ اس میں کاملوں کو وسوسہ آنے کے امکان کی مع اس کے علاج یعنی استعاذہ اور تذکر امر و نہی کی تصریح ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ اس میں تصریح ہے کہ امور غیبیہ غیر اختیاری ہیں اس لئے وہ کمال کی علامت بھی نہ ہوگی بڑی علامت کمال اتباع ہے وحی کا اس کے ہوتے ہوئے کرامات کی تلاش جہل ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا مجاہدؒ سے مروی ہے کہ یہ آیت صلوٰۃ و خطبہ جمعہ کے باب میں ہے اور خطبہ کے حکم میں شیخ کا ارشاد بھی ہے پس مرید کو اس وقت خاموش ہو کر سننا چاہئے قولہ تعالیٰ: وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ اول ذکر خفی ہے دوسرا جہر معتدل ہے (جیسا اس کی تقریر اصل میں ہے) وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک قسم ذکر کی یہ بھی ہے کہ غفلت نہ ہو یعنی فکر ہو اگرچہ اس میں حرکت زبان کی اصلاً نہ ہو نہ خفی نہ جلی روح کے باب اشارہ میں ہے کہ سالک کا معاملہ شیخ کی رائے پر ہے کبھی وہ جہر کرتا ہے اور علاج وہی جانتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ الخ تکبر سے بری ہونے کے دوسری طاعات پر مقدم کرنے میں اس پر دلالت ہے کہ زوال اکبر باقی اصلاح کی گویا شرط ہے۔ رائے یہ ہے کبھی وہ جہر تجویز کرتا ہے اور علاج وہی جانتا ہے۔

ملحقات الترجمہ: ١ **قوله فى نزع احتمال الخ اشار الى ان صدور المعصية منه ﷺ محال لكن لا استحالة فى صدور ما لا يقتضيه المصلحة النظامية ١٢۔ ٢ قوله فى اخوانهم شياطين اشارة الى ان المراد به فى قوله طائف من الشيطان الجنس لا ابليس وحده ١٢۔ ٣ قوله فى بصائر گویا دلیلیں كما فى الروح بمنزلة البصائر اى حجج وبينات ١٢۔ ٤ قوله فى توضيحه مثلاً بناء على ما هو المشهور وقيل ادنى مقداره اقل من السورة لقوله تعالىٰ فلياتوا بحديث مثله ١٢۔ ٥ قوله فى قرئ کہہ دیجئے اشارة الى كون الجملة معطوفة على قوله انما اتبع الخ وقوله هناك مثلاً زاده لما ثبت فى التمهيدين عموم الآية وخص التمثيل بهذا لكونه الصق واوفق بالمقام فافهم ١٢۔ ٦ قوله فى ف قرین ہدایت اشار به الى كون ذكر الرحمة مغنيا عن الهدى ١٢۔ ٧ قوله فى اذكر کہہ دیجئے اشارة الى عطفه ايضا على انما اتبع ١٢۔ ٨ قوله فى نفسك آہستہ لمقابلة قوله دون الجهر فلا يراد الخيالى ١٢۔ ٩ قوله فى دون الجهر آواز يحمل القول على الصوت وهو معطوف فى نفسك وقوله هناك اى عاجزی مبناه ان الغالب فى المعطوف اعتبار ما فى المعطوف عليه ١٢۔ ١٠ قوله فى عند مقرب فالعندية رتبية لا مكانية ١٢۔**

اللغات: **النزغ النخس يراد به الوسوسة فاسناد ينزغ اليه مجازى طائف وسوسة تطوف اى تجيء وتذهب العفو ما عفاد متيسر و تسهل كما قيل خذى العفو منى تستديمى مودتى۔ ولا تنطقى فى سورتى حين اغضب ١٢ الاجتباء الجمع والاخذ والاختيار۔ قوله الغدو جمع غدوة والآصال جمع اصيل ١٢۔**

البلاغۃ: **ايراد النزغ فى موضع والمس فى آخر لعله للاشارة الى ان لطافة قلبه صلى الله عليه وسلم ازيد من غيره حيث يكون الوسوسة التى لا يكون دردوه اكثر من المس نزغا وايذاءً شديدا فى حقه ولذا اكد باسناده الى النزغ نفسه مبالغة وهذا من المواهب ١٢۔ قوله انما اتبع فى الروح المعنى على تخصيص حاله صلى الله عليه وسلم باتباع ما يوحى اله بتوجيه القصر الى نفس الفعل بالنسبة الى مقابله الذى كلفوه اياه لا على معنى تخصيص اتباعه بما يوحى اليه بتوجيه القصر بالقياس الى مفعول آخر كما هو الشائع فى موارد الاستعمال كانه قيل ما افعل الا اتباع ما يوحى الى منه تعالىٰ دون القتراح۔**

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ

سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ ۸ مَدَنِيَّةٌ ۸۸ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۷۵ | رُكُوْعَاتُهَا ۱۰

سورۃ انفال مدینہ میں نازل ہوئی　شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والے ہیں　اور اس کی پچھتر آیتیں اور دس رکوع ہیں

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۱ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۚۖ ۲ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ؕ ۳ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۚ ۴

جولوگ آپ سے (خاص) غنائم کا حکم دریافت کرتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ یہ غنائم اللہ کی ہیں اور رسول کی ہیں سو تم اللہ سے ڈرو اور اپنے باہمی تعلقات کی اصلاح کرو اور اللہ کی اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اگر تم ایمان والے ہو۔ (کیونکہ) بس ایمان والے تو ایسے ہوتے ہیں کہ جب (ان کے سامنے) اللہ تعالیٰ کا ذکر آتا ہے تو ان کے قلوب ڈر جاتے ہیں اور جب اللہ کی آیات ان کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ آیات ان کے ایمان کو اور زیادہ (مضبوط) کر دیتی ہیں اور وہ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں (اور) جو کہ نماز کی پابندی کرتے ہیں اور ہم نے ان کو جو کچھ دیا ہے وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں (بس) سچے ایمان والے یہ لوگ ہیں ان کے لئے بڑے درجے ہیں ان کے رب کے پاس اور ان کے لئے مغفرت ہے اور عزت کی روزی۔ ۞

تفسیر: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ **الا واذ یمکر الایة السبع فمکیة وایها ست و سبعون کذا فی البیضاوی والجلالین۔**

ربط: اوپر کی سورت میں زیادہ مشرکین کے جہل وعناد کا اور کسی قدر اہل کتاب کے کفر وفساد کا ذکر تھا اس سورت میں اس جہل وعناد وکفر فساد کا ان پر جو دنیا میں وبال ونکال بدر میں مشرکین پر اور دیگر بعض وقائع میں اہل کتاب یہود پر نازل ہوا اس کا بیان ہے بدر کا زیادہ کہ اکثر حصہ سورت کا اسی پر مشتمل ہے جیسا سورت سابقہ میں ان کے جہل وعناد کا بیان بھی زیادہ تھا اور بواقعہ اہل کتاب کا کم کہ بعض آیات سورہ کی اس پر مشتمل ہیں جیسا کہ سورۂ سابقہ میں ان کے کفر وفساد کا ذکر بھی کم تھا اور چونکہ کفار کا مقہور ومغلوب ہونا مؤمنین کے حق میں احسان وانعام ہے اور کفار کے حق میں تعذیب وانتقام ہے اس لئے جابجا دونوں کو تذکیر نعم ونقم سے خطاب بھی فرمایا گیا اور ان ہی واقعات کے متعلق اور مناسب بعض احکام شرعیہ بھی مذکور ہوئے ہیں یہ خلاصہ ہے مضامین سورت کا جس سے اس کا ربط سورت سابقہ سے بھی باہمی ارتباط خود اس کے اجزاء میں بھی معلوم ہو گیا واللہ اعلم اور چونکہ کفار کے ساتھ مقابلہ کرنے میں دنیا وآخرت کی کامیابی کا مدار اعظم للہیت و اتفاق ہے۔ اس لئے سورت کو امر بتقویٰ واصلاح واطاعت اللہ ورسول وبیان فضیلت خوف وتکمیل ایمان وتوکل واقامت صلوٰۃ وانفاق فی الخیر سے شروع کیا ہے کہ للہیت واتفاق کو ان ہی طاعات سے قوت ہوتی ہے اور تقسیم غنائم کے متعلق ایک خفیف سا امر جو کہ کسی درجہ میں کمال للہیت واتفاق سے بعید تھا اور اس وقت پیش آ گیا تھا شروع مضمون مذکور کی تائید کے لئے اسی کے ضمن میں اس کا فیصلہ بھی فرما دیا گیا جس کا قصہ روایات ذیل میں مذکور ہے ابوداؤد ونسائی وابن حبان وحاکم نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ اعلان فرما دیا تھا کہ جو شخص کسی شخص کو قتل کرے یا قید کرے اس کو اتنا اتنا انعام ملے گا سو بوڑھے تو جھنڈوں کے نیچے رہے اور جوان لوگ قتل وغنیمت کی طرف دوڑے بوڑھوں نے ان جوانوں سے کہا کہ ہم کو بھی اس میں شریک کرو ہم

www.besturdubooks.net

تمہارے مددگار تھے اور اگر تم پر کوئی حادثہ پڑتا تو تم ہماری ہی پناہ لیتے اس میں گفتگو ہوگئی آپ تک مقدمہ آیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی یَسْئَلُوْنَكَ الخ چنانچہ آپ نے بوڑھے جوانوں سب کو برابر تقسیم فرمایا رواہ الحاکم فی المستدرك كذا في الجلالين اور احمد نے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت کی ہے کہ بدر کے روز میرا بھائی عمیر قتل کیا گیا تو میں نے اس کے بدلے سعید بن العاص کو قتل کیا اور اس کی تلوار لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا کہ مجھ کو دے دیجئے آپ نے فرمایا کہ جاؤ اس کو غنیمت میں رکھ دو میں بہت مغموم ہوا اس پر آیت انفال نازل ہوئی۔ آپ نے فرمایا اب وہ تلوار لے لو۔ اور ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی نے حضرت سعدؓ سے روایت کی ہے کہ میں بدر کے روز ایک تلوار لایا اور عرض کیا کہ مجھ کو ہبہ کر دیجئے آپ نے فرمایا کہ یہ نہ میری ہے نہ تیری ہے۔ مجھ کو رنج ہوا پھر آپ نے بلا کر فرمایا کہ اس وقت تو میری نہ تھی اب وہ میری ہے اور میں تجھ کو دیتا ہوں اس قصہ میں یہ آیت نازل ہوئی یہ سب روایات بجز روایت جلالین کے لباب میں ہیں اور آئندہ اکثر روایات درمنثور سے نقل کی گئی ہیں۔

حکم انفال وامر وفصل بعضے اعمال ☆ یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ (الی قولہ تعالی) لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ یہ لوگ آپ سے (خاص) غنیمتوں کا حکم دریافت کرتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ یہ غنیمتیں اللہ کی ہیں (بایں معنیٰ کہ اللہ کی ملک ہیں اور وہ جس طرح چاہیں ان کے باب میں حکم کریں) اور رسول کی ہیں (بایں معنیٰ کہ آپ کی معرفت اللہ تعالیٰ وہ حکم نازل کریں گے مطلب یہ کہ تمہاری رائے اور تجویز پر اس کا فیصلہ نہیں ہے بلکہ حکم شرعی پر ہے) سو تم (دنیا کی حرص مت کرو بلکہ آخرت کے طالب رہو اس طرح پر کہ) اللہ سے ڈرو اور اپنے باہمی تعلقات کی اصلاح کرو (کہ باہم تحاسد و تباغض نہ ہو) اور اللہ کی اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اگر تم ایمان والے ہو (کیونکہ) بس ایمان والے تو ایسے ہوتے ہیں کہ جب (ان کے سامنے) اللہ تعالیٰ کا ذکر آتا ہے تو (اس کی عظمت کے استحضار سے) ان کے قلوب ڈر جاتے ہیں اور جب اللہ کی آیتیں ان کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ آیتیں اُن کے ایمان کو اور زیادہ (مضبوط) کر دیتی ہیں اور وہ لوگ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں (اور) جو کہ نماز کی پابندی کرتے ہیں اور ہم نے ان کو جو کچھ دیا ہے وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں (بس) سچے ایمان والے یہ لوگ ہیں ان کے لئے بڑے درجے ہیں ان کے رب کے پاس اور (ان کے لئے) مغفرت ہے اور عزت کی روزی۔ **ف**: اللہ و رسول کی اطاعت میں سب احکام آ گئے اس طرح سے کہ احکام کی دو قسمیں ہیں حقوق اللہ و حقوق العباد قسم دوم اَصْلِحُوْا کا مدلول ہے اور حقوق اللہ کی دو قسمیں ہیں ظاہری و باطنی پھر ظاہری یا بدنی ہے يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ میں اس کا ذکر ہو گیا اور یا مالی يُنْفِقُوْنَ ۝ میں اس کا بیان آ گیا اور باطنی دو قسم ہیں یا عقیدہ ہے زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا میں اس کی طرف اشارہ ہو گیا اور یا خلق ہے يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ میں اس کا بیان ہے جس کی تحقیق نصف پارہ لَنْ تَنَالُوْا آیت: فَاِذَا عَزَمْتَ [آل عمران: ۱۵۹] میں گذری ہے اور سب کا مبنیٰ خوف ہے تقویٰ و وجل میں اس کا ذکر ہے اور شاید اس کے مبنیٰ ہونے سے مکرر مذکور ہوا ہو اس طرح سب احکام اس جگہ مذکور ہو گئے اسی طرح جزا کا بیان بھی اس کے سب اقسام کو جامع ہے کیونکہ حاصل جزا دو چیزیں ہیں مضرت نار سے بچانا سو مغفرت میں یہ مذکور ہے اور منفعت جنت عطا ہونا پھر یہ منفعت یا روحانی ہے درجات میں اس کا ذکر ہے اور یا جسمانی رزق میں اس کا بیان ہے۔ اب بعض مسائل غنیمت کے متعلق باقتضاء مقام مذکور ہوتے ہیں۔

مسئلہ: مال غنیمت میں بعد خمس نکالنے کے بقیہ میں قاتل اور معین و شریک واقعہ برابر مستحق ہیں گو قتال نہ کیا ہو۔

مسئلہ: اگر امام اعلان کر دے من قتل قتيلا فله سلبه تو خاص سلب کا مستحق مقاتل ہوگا اسی طرح اگر اور کچھ انعام کا وعدہ کر لے تو وہ اسی کو دیا جاوے گا پھر جو کچھ بچے گا وہ سب کو برابر ملے گا۔

مسئلہ: علاوہ سہم غنیمت اور انعام موجود کے اگر امام کسی کو اور زیادہ دینا چاہے تو بھی خمس میں سے دے سکتا ہے۔ پس تمہید میں جو اخیر کی دو روایتوں میں جو تلوار آپ سے مانگی گئی تھی وہ انعام موعود سے زائد تھی کیونکہ ایک روایت میں اس کا سلب ہونا آیا ہے اور آپ نے فله سلبه کے عنوان سے وعدہ منقول نہیں اور ایک روایت میں سلب ہونا بھی منقول نہیں پس اس کو زیادہ علی الوعدہ پر محمول کیا جاوے گا اس لئے آپ کے ذمہ دینا نہ تھا پھر ایک روایت میں تبرعاً آپ نے دے دیا اسی طرح پہلی روایت میں انعام موعود سے جو بچا تھا جوان لوگ اس میں بھی اختصاص چاہتے ہوں گے اسی واسطے آپ نے برابر تقسیم فرمایا جیسا مسائل مذکورہ میں یہی احکام مذکور ہوئے ہیں واللہ اعلم پس پہلے قصہ کا تو پوری آیت میں جواب ہے اور دو اخیر کا قصوں کا جواب جملہ اَلْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ میں موجود ہے گو ان کا حکم نہ پوچھا گیا تھا۔

ربط: اوپر مقابلہ کفار میں کامیاب ہونے کا جو مدار اعظم تھا اس کا بیان تھا آگے کامیابی کے واقعات ذکر کر کے اس بارہ میں اپنے انعامات یاد دلاتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ (الی قولہ تعالی) هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا یہ آیت جامع ہے اوصاف سالکین کی یعنی حال بھی کہ وجل ہے اور عقائد بھی کہ ایمان ہے اور عمل باطنی بھی کہ توکل ہے اور عمل ظاہر بھی کہ صلوٰۃ اور انفاق ہے اور اس پر نص ہے کہ ایمان کامل ان سب

www.besturdubooks.net

اوصاف کو جمع کرنا ہے اور چونکہ صوفیہ ان سب اوصاف کے جامع ہیں اس سے ان کا کامل الایمان ہونا ثابت ہو گیا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ فی زادتھم مضبوط اشارۃ الی الجواب عما استدل بالآیۃ علی زیادۃ الایمان ۱۲۔

اللغات: النفل الزیادۃ ویسمی بہ الغنیمۃ اما باعتبار انھا منحۃ من اللہ تعالٰی لھذہ الامۃ دون من قبلھا واما لانھا زیادۃ علی الثواب ویسمی بہ ما یشترطہ الامام للغازی زیادۃ علی سھمہ لرای یراہ سواء کان لمعین او لغیر معین وجعلوا من ذلک ما یزیدہ الامام لمن صدر منہ اثر محمود فی الحرب ۱۲ من الروح۔

كَمَآ أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّ فَرِيقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ لَكَٰرِهُونَ ⑤ يُجَٰدِلُونَكَ فِى الْحَقِّ
بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَأَنَّمَا يُسَاقُونَ إِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنظُرُونَ ⑥ وَإِذْ يَعِدُكُمُ اللَّهُ إِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ أَنَّهَا لَكُمْ
وَتَوَدُّونَ أَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُونُ لَكُمْ وَيُرِيدُ اللَّهُ أَن يُحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمَٰتِهِۦ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكَٰفِرِينَ ⑦
لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَٰطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ ⑧ إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّى مُمِدُّكُم
بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلَٰٓئِكَةِ مُرْدِفِينَ ⑨ وَمَا جَعَلَهُ اللَّهُ إِلَّا بُشْرَىٰ وَلِتَطْمَئِنَّ بِهِۦ قُلُوبُكُمْ وَمَا النَّصْرُ إِلَّا
ع ۱/۱۵ مِنْ عِندِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ⑩

جیسا آپ کے رب نے آپ کے گھر (اور بستی) سے مصلحت کے ساتھ آپ کو (بدر کی طرف) روانہ کیا اور مسلمانوں کی ایک جماعت ان کو گراں سمجھتی تھی (اور) وہ اس مصلحت (کے کام) میں بعد اس کے کہ اس کا ظہور ہو گیا تھا (اپنے بچاؤ کے لئے) آپ سے (بطور مشورہ) اس طرح جھگڑ رہے تھے کہ گویا کوئی ان کو موت کی طرف ہانکے لئے جاتا ہے اور وہ دیکھ رہے ہیں اور تم لوگ اس وقت کو یاد کرو جبکہ اللہ تعالیٰ تم سے ان دو جماعتوں میں سے ایک کا وعدہ کرتے تھے۔ کہ وہ تمہارے ہاتھ آ جائے گی اور اس تمنا میں تھے کہ غیر مسلح جماعت (یعنی قافلہ) تمہارے ہاتھ آ جائے اور اللہ تعالیٰ کو یہ منظور تھا کہ اپنے احکام سے حق کا حق ہونا (عملاً) ثابت کر دے اور ان کافروں کی بنیاد (اور قوت) کو قطع کر دے تا کہ حق کا حق ہونا اور باطل کا باطل ہونا (عملاً) ثابت کر دے گو یہ مجرم لوگ ناپسند ہی کریں۔ اُس وقت کو یاد کرو جب کہ تم اپنے رب سے فریاد کر رہے تھے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے تمہاری سن لی کہ تم کو ایک ہزار فرشتوں سے مدد دوں گا جو سلسلہ وار چلے آئیں گے اور اللہ تعالیٰ نے یہ امداد محض اس (حکمت) کے لئے کہ (غلبہ کی) بشارت ہو اور تا کہ تمہارے دلوں کو (اضطراب سے) قرار ہو جائے اور (واقع میں تو) نصرت (اور غلبہ) صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے جو کہ زبردست حکمت والے ہیں۔ ۞

تفسیر: انعام اوّل: كَمَآ أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ (الی قولہ تعالیٰ) كَأَنَّمَا يُسَاقُونَ إِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنظُرُونَ ⑥ (اس میں آپ کی روانگی کے وقت کا قصہ ہے اجمالی بیان اس کا یہ ہے کہ ایک قافلہ مختصر تاجران مکہ کا شام سے مکہ کو چلا جس کے ساتھ مال اسباب بہت تھا آپ کو وحی سے معلوم ہوا آپ نے صحابہؓ کو خبر دی صحابہؓ کو قلت رجال اور کثرت مال کا حال معلوم ہونے سے غنیمت کا خیال ہوا اور اسی ارادہ سے مدینہ سے چلے یہ خبر جو مکہ پہنچی تو ابوجہل وہاں کے رؤساء و جنود کے ہمراہ اس قافلہ کی حفاظت کے لئے نکلا اور قافلہ سمندر کے کنارہ کنارہ ہو لیا اور ابوجہل مع لشکر بدر میں آ کر ٹھہرا اس وقت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وادی و جران میں تشریف رکھتے تھے اور آپ کو یہ سارا قصہ بذریعہ وحی معلوم ہوا اور آپ سے وعدہ خداوندی ہوا کہ ان دو گروہ یعنی قافلہ اور لشکر میں سے آپ کو ایک گروہ پر غلبہ ہوگا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے مشورہ کیا چونکہ بارادہ مقابلہ لشکر کے نہ آئے تھے اس لئے سامان حرب کافی ساتھ نہ تھا و نیز خود تین سو چند آدمی تھے اور لشکر میں ایک ہزار آدمی تھے اسلئے بعض کو پس و پیش ہوا اور عرض کیا کہ اس لشکر کا مقابلہ نہ کیجئے بلکہ قافلہ کا تعاقب مناسب ہے آپ رنجیدہ ہوئے تو اس وقت حضرت ابوبکر و حضرت عمر و حضرت مقداد بن عمرو و حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہم نے اطاعت کی تقریریں کیں تب آپ بدر کی طرف روانہ ہوئے۔

تفسیر: (یہ انفال کا لوگوں کی مرضی کے موافق تقسیم نہ ہونا گو طبعاً بعض کو گراں گذرا ہو مگر بوجہ تضمن مصالح کثیرہ کے یہ ہی خیر ہے پس یہ امر مشقت طبعی اور تضمن مصالح میں ایسا ہے) جیسا آپ کے رب نے آپ کے گھر (اور بستی) سے مصلحت کے ساتھ آپ کو (بدر کی طرف) روانہ کیا اور مسلمانوں کی ایک جماعت (بوجہ قلت عدد و سامان کے طبعاً) اس کو گراں سمجھتی تھی (اور) وہ اس مصلحت (کے کام) میں (یعنی جہاد و مقابلہ لشکر میں) بعد اس کے کہ اس کا ظہور ہو گیا تھا (اپنے بچاؤ کے لئے) آپ سے (بطور مشورہ کے) اس طرح جھگڑ رہے تھے کہ گویا کوئی ان کو موت کی طرف ہانکے لئے جاتا ہے اور وہ (موت کو یعنی اس کے سامان کو) دیکھ رہے ہیں (مگر انجام اس کا آخر اچھا

www.besturdubooks.net

ہوا کہ اسلام غالب اور کفر مغلوب ہوا جو کہ انعام عظیم ہے اور مقدمہ انعام بھی انعام ہے اور یہ بات قافلہ سے غنیمت حاصل کر لینے میں کب ہوتی اسی طرح مسئلہ انفال میں بھی مصلحتیں ہیں) **ف**: یہ کراہت گو بعد خروج عن البیت کے ہوئی تھی لیکن مجموعہ زمان شئے واحد قرار دیا گیا یا حال مقدرہ کہا جاوے اور فریقاً اس لئے کہا کہ بعض کو تردد نہ تھا اور ظہور کا مطلب یہ ہے کہ اس کا خیر ہونا اور اس میں وعدہ ظفر ہونا آپ کے ارشاد سے معلوم ہو گیا تھا اور كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ میں اشارہ کر دیا گیا کہ وہ کراہت طبعی تھی ظن قتل سے بوجہ بے سروسامانی کے اور عقلی واعتقادی نہ تھی پس اس میں کوئی اعتراض نہ رہا اسی طرح اہتمام مشورہ کو مجاز آجدال فرما دیا اس میں بھی کوئی اعتراض نہیں۔ **ربط**: اوپر ایک انعام مذکور ہوا آگے دوسرا مذکور ہے۔

انعام ثانی ☆ وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ (الی قولہ تعالی) وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ اور تم لوگ اس وقت کو یاد کرو جب کہ اللہ تعالیٰ (بذریعہ وحی الی الرسول کے) تم سے ان دو جماعتوں (یعنی قافلہ ولشکر) میں سے ایک (جماعت) کا وعدہ کرتے تھے کہ وہ (جماعت) تمہارے ہاتھ آ جاوے گی (یعنی مغلوب ہو جاوے گی) اور تم اس تمنا میں تھے کہ غیر مسلح جماعت (یعنی قافلہ) تمہارے ہاتھ آ جاوے اور اللہ تعالیٰ کو یہ منظور تھا کہ اپنے احکام سے حق کا حق ہونا (عملاً) ثابت کر دے (اس طور سے کہ اس کو غلبہ دے دے) اور (یہ منظور تھا کہ) ان کافروں کی بنیاد (اور قوت) کو قطع کر دے تا کہ (اس قطع کرنے کے ذریعہ سے بھی) حق کا حق ہونا اور باطل کا باطل ہونا (عملاً) ثابت کر دے گو (اس احقاق اور ابطال باطل کو) یہ مجرم لوگ (یعنی کفار جو کہ مغلوب ہوئے) ناپسند ہی کریں۔ **ف**: اوپر کی آیت میں جو قصہ مذکور ہوا وہ اس آیت کے حل تفسیر کے لئے بھی کافی ہے اور اس غلبہ کو باوجود اس کے کہ تمام کفار قریش ہلاک نہ ہوئے تھے قطع دابر اس لئے کہا گیا کہ اس واقعہ سے ان کی قوت بالکل فنا ہو گئی تھی کیونکہ ان کے بڑے بڑے رئیس ستر (۷۰) قتل اور ستر قید ہوئے تھے اس طرح گویا وہ سب ہی ختم ہو گئے تھے اور کلمات کی تفسیر جو احکام سے کی گئی ہے اس سے مراد یا احکام شرعیہ ہیں جس کا مصداق جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لوگوں کو بدر کی طرف چلنے کے لئے فرمانا ہے اور یا احکام تکوینیہ ہیں کہ عبارت ہے غلبہ مقدر سے اور دونوں صورتوں میں جمع لانا باعتبار تعدد متعلق کے ہے کہ وہ ان کا چلنا ان کا لڑنا ان کا مغلوب ومجروح وقید وہلاک ہونا ہے اور لِيُحِقَّ الْحَقَّ میں تکرار اس لئے نہیں کہ پہلی جگہ وہ بلاواسطہ مقصود ہے دوسری جگہ بواسطہ قطع دابر مقصود ہے اور اشارہ ہے اس طرف کہ کسی کا ہلاک وغیرہ جو واقع ہوتا ہے وہ کسی خیر کی وجہ سے مقصود ہوتا ہے اس انعام کا حاصل مقابلہ کفار ہے جس کا انجام خیر ہوا جیسا انعام اول کا حاصل اخراج تھا۔ **ربط**: اوپر بعض انعامات مذکور ہیں آگے بعض کا ذکر ہے۔

انعام ثالث ☆ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ اس وقت کو یاد کرو جب کہ تم اپنے رب سے (اپنی قلت اور ان کی کثرت دیکھ کر) فریاد کر رہے تھے پھر اللہ تعالیٰ نے تمہاری (فریاد) سن لی (اور وعدہ فرمایا) کہ میں تم کو ایک ہزار فرشتوں سے مدد دوں گا جو سلسلہ وار چلے آویں گے اور اللہ تعالیٰ نے یہ امداد (مذکور ملائکہ سے) محض اس (حکمت) کے لئے کی کہ (غلبہ کی) بشارت ہو (یعنی غلبہ کی توقع سے خوشی ہو جاوے) اور تا کہ تمہارے دلوں کو (اضطراب سے) قرار ہو جاوے (یعنی تسلی اسباب سے ہوتی ہے اس لئے ایسا کیا) اور (واقع میں تو) نصرت (اور غلبہ) صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے جو کہ زبردست حکمت والے ہیں۔ **ف**: پارہ لَنْ تَنَالُوْا کے ربع پر بھی ایک ایسی ہی آیت آ چکی ہے اس کے ضروری متعلقات وہاں ملاحظہ کئے جاویں اور اس انعام کا حاصل استجابت استغاثہ ہے اور اس واقعہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دعائے نصرت کرنا صحاح میں مروی ہے اور ظاہر آیت سے دوسرے مسلمانوں کا دعا کرنا مفہوم ہوتا ہے پس مجموعہ سے مجموعہ ثابت ہو گیا اور بعض نے تَسْتَغِيْثُوْنَ کا مخاطب تعظیماً جناب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو بنایا ہے واللہ اعلم۔

ربط: اوپر بعض انعامات مذکور تھے آگے بعض کا ذکر ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک قولہ تعالیٰ: كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۠ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝ و قولہ تعالیٰ: وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ آیت اول سے معلوم ہوتا ہے کہ کبھی نفع بصورت ضرر ہوتا ہے اور ثانی سے معلوم ہوتا ہے کہ کبھی ضرر بصورت نفع ہوتا ہے اور عارفین اس کو ہر وقت اپنے معاملات اور احوال میں مشاہدہ کرتے ہیں قولہ تعالیٰ: وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اس پر دال ہے کہ باوجود اسباب کے غیر مؤثر ہونے اور مسببات کے من جانب اللہ ہونے پر پھر بھی اسباب میں حکمتیں ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی کما اخرجک یہ انفال الخ اشارۃ الی کونہ خبر مبتدأ محذوف ای حالھم ھذہ فی کراھتہ و کونہ خیرا کحال اخراجک فی کراھتھم لہ من حیث افضاء ہ الی القتال وفی کونہ خیرا لھم۔ ۲ قولہ فی الکافرین ان لانہ بھذہ الواقعۃ لم یقطع دابر جمیع الکافرین ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراءۃ انی بالفتح بحذف الباء وفی قراءۃ انی بالکسر علی تقدیر القول! واجراء استجاب مجری قال لان الاسجابۃ من جنس القول۔

www.besturdubooks.net

اللغات: قوله الشوكة واحد الشوك المعروف ثم استعيرت للحدة والشدة وتعلق على السلاح ايضا وفسرها بعضهم به هنا كذا في الروح ؕ۔ وقوله ردف ورادف بعمنى ويتعدى الى مفعول واحد والمعنى تابعا بعضهم بعضا وقد يجيء اردف متعديا الى مفعولين والمعنى متبعا مبنيا للفاعل بعضهم بعضا وفي قراءة مردفين مبنيا للمفعول اى متبعا بعضهم بعضا ؕ۔

النحو: قوله اذ متعلق باذكروا مستانفا وقيل بدل من اذ قبله۔

إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَيُذْهِبَ عَنكُمْ رِجْزَ
الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ ﴿١١﴾ إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلَائِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِينَ
آمَنُوا ۚ سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ وَاضْرِبُوا مِنْهُمْ كُلَّ
بَنَانٍ ﴿١٢﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ وَمَن يُشَاقِقِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿١٣﴾
ذَٰلِكُمْ فَذُوقُوهُ وَأَنَّ لِلْكَافِرِينَ عَذَابَ النَّارِ ﴿١٤﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا زَحْفًا
فَلَا تُوَلُّوهُمُ الْأَدْبَارَ ﴿١٥﴾ وَمَن يُوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ إِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيِّزًا إِلَىٰ فِئَةٍ فَقَدْ بَاءَ
بِغَضَبٍ مِّنَ اللَّهِ وَمَأْوَاهُ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿١٦﴾

اُس وقت کو یاد کرو جب کہ اللہ تعالیٰ تم پر اونگھ کو طاری کر رہا تھا اپنی طرف سے چین دینے کے لئے اور (اس کے قبل) تم پر آسمان سے پانی برسا رہا تھا کہ اس پانی کے ذریعہ سے تم کو (حدث اصغر و اکبر سے) پاک کر دے اور تم سے شیطانی وسوسہ کو دفع کر دے اور تمہارے دل کو مضبوط کر دے اور تمہارے پاؤں جما دے۔ اس وقت کو یاد کرو جب کہ آپ کا رب (ان) فرشتوں کو حکم دیتا تھا کہ میں تمہارا ساتھی (و مددگار) ہوں سو (مجھ کو مددگار سمجھ کر) تم ایمان والوں کی ہمت بڑھاؤ میں ابھی کفار کے قلوب میں رعب ڈالے دیتا ہوں سو تم کفار کی گردنوں پر مارو اور ان کے پور پور کو مارو یہ اس بات کی سزا ہے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسولوں کی مخالفت کی اور جو اللہ کی اور اس کے رسولوں کی مخالفت کرتا ہے سو اللہ تعالیٰ (اس کو) سخت سزا دیتے ہیں۔ سو یہ سزا چکھو اور جان رکھو کہ کافروں کے لئے جہنم کا عذاب مقرر ہی ہے۔ اے ایمان والو! جب تم کافروں سے (جہاد میں) دوبدو مقابل ہو جاؤ تو ان سے پشت مت پھیرنا اور جو شخص ان سے اس موقع پر (مقابلہ کے وقت) پشت پھیرے گا مگر ہاں جو لڑائی کے لئے پینترا بدلتا ہو یا جو اپنی جماعت کی پناہ لینے آتا ہو وہ مستثنیٰ ہے۔ باقی اور جو ایسا کرے گا وہ اللہ کے غضب میں آ جائے گا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہوگا اور وہ بہت ہی بری جگہ ہے۔ ۞

تفسیر: انعام رابع ☆ اِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ (الی قولہ تعالیٰ) وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ ﴿١١﴾ (اس میں اشارہ ہے ایک قصہ کی طرف بیان اجمالی اس کا یہ ہے کہ بدر میں مشرکین پہلے جا پہنچے تھے اور پانی پر قبضہ کر لیا تھا مسلمان بعد میں پہنچے اور ایک خشک ریگستان میں اترے جہاں پانی نہ ہونے سے پیاس کی بھی شدت اور نماز کے وقت وضو اور غسل سے بھی عاجز (اور تیمم کا حکم اس وقت تک نازل نہ ہوا تھا) ادھر ریگستان میں چلنا پھرنا مصیبت کہ اس میں پاؤں دھنسے جاتے تھے ان اسباب سے قلب سخت پریشان ہوا اوپر سے شیطان نے وسوسہ ڈالنا شروع کیا کہ اگر تم اللہ کے نزدیک مقبول و منصور ہوتے تو اس پریشانی میں کیوں پھنستے حالانکہ یہ وسوسہ محض بے بنیاد تھا مگر پریشانی بڑھانے کے لئے کافی تھا حق تعالیٰ نے اول باران رحمت نازل فرمائی جس سے پانی کی افراط ہو گئی پیا بھی وضو و غسل بھی کیا اور اس سے ریتا جم گیا اور دھسن جاتی رہی برخلاف اس کے کفار نرم زمین میں تھے وہاں کیچڑ ہو گئی جس سے چلنے پھرنے میں تکلف ہونے لگا غرض سب وساوس و تشویشات دفع ہو گئے اس کے بعد ان پر اونگھ کا غلبہ ہوا جس سے پوری راحت ہو گئی اور سب بے چینی جاتی رہی اس آیت میں ان واقعات کی طرف اشارہ ہے۔

تفسیر: اس وقت کو یاد کرو جب کہ اللہ تعالیٰ تم پر اونگھ کو طاری کر رہا تھا اپنی طرف سے چین دینے کے لئے اور (اس کے قبل) تم پر آسمان سے پانی برسا رہا تھا تا کہ اس پانی کے ذریعہ سے تم کو (حدث اصغر و حدث اکبر سے) پاک کر دے اور (تا کہ اس کے ذریعہ سے) تم سے شیطانی وسوسہ دفع کر دے اور (تا کہ اس کی وجہ سے) تمہارے دلوں کو مضبوط کر دے اور (تا کہ اس کی وجہ سے) تمہارے پاؤں جما دے (یعنی تم ریگ میں نہ دھسو)۔ **ف** تفسیر سب لفظوں کی قصہ مذکورہ تمہید سے واضح ہو چکی اور در منثور میں قتادہ سے مروی ہے کہ نعاس دوبارہ ہوا ایک یوم بدر میں (جس کا یہاں ذکر ہے) دوسرا یوم احد میں (جس کا پارہ چہارم کے

www.besturdubooks.net

نصف پر ذکر ہے) اور درمنثور میں حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ ہم سب پر نیند کا غلبہ ہوا مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح تک برابر نماز پڑھنے میں مشغول رہے اور احقر کہتا ہے کہ یہ نعاس علاج تھا پریشانی کا آپ غایت توکل سے پریشان ہی نہ ہوئے تھے ان انعامات کا حاصل ظاہر ہے جن میں امر مشترک زوال غم ہے اسی اعتبار سے عدد میں ایک شمار کیا گیا۔ رَبط : اوپر بعض انعامات مذکور تھے آگے بعض کا ذکر ہے۔

انعام خامس ☆ اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ (الی قولہ تعالی) وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ۝ اس وقت کو یاد کرو جب کہ آپ کا رب (ان) فرشتوں کو (جو امداد کیلئے نازل ہوئے تھے) حکم دیتا تھا کہ میں تمہارا ساتھی (اور مددگار) ہوں سو (مجھ کو مددگار سمجھ کر) تم ایمان والوں کی ہمت بڑھاؤ میں ابھی کفار کے قلوب میں رعب ڈالے دیتا ہوں (اور یہ بیان ہے اَنِّیْ مَعَكُمْ کا) سوتم (کفار کی) گردنوں پر (حربہ) مارو اور ان کے پور پور کو مارو (یہ بیان ہے فثبتوا کا)۔ **ف** : ظاہر آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ ملائکہ نے قتال کیا ہے درمنثور میں اس کی مؤید روایات بھی ہیں اور بعض نے کہا ہے کہ سَاُلْقِیْ الخ کا مطلب یہ ہے کہ ملائکہ کو حکم ہوا کہ اہل ایمان کی اس طرح تثبیت کرو کہ ان کے قلوب میں تصرف ملکی سے یہ القاء کرو کہ سَاُلْقِیْ الخ جس سے ان کے دل میں یہ عزم پیدا ہو جاوے انعام ثالث میں ملائکہ کا نزول معلوم ہو چکا اس انعام کا حاصل ملائکہ کو معین بنانا ہے قتالاً یا القاءً اور کفار کا مرعوب بلکہ مغلوب ہو جانا اظہر و اشہر ہے اور جاننا چاہئے کہ اصلی مقصود نزول ملائکہ سے تثبیت تھا جو بلا قتال بھی ممکن ہے جیسا ربع پارہ لَنْ تَنَالُوا آیت : وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ الخ [آل عمران : ۱۲۶] کی تفسیر میں بیان ہو چکا ہے اور یہاں بھی تصرف ملکی کے لفظ میں اس طرف اشارہ ہے اور وقوع قتال زیادت تیقن بہ نزول ملائکہ کے لئے ہو سکتا ہے اور تثبیت کا بلا قتال ممکن ہونا بطریق مذکور روح المعانی میں زجاج سے منقول ہے وللملك قوة القاء الخير في القلب الخ۔ رَبط : اوپر کفار کے مقتول و مخذول ہونے کا ذکر تھا جو مؤمنین کے حق میں انعام اور کفار کے حق میں انتقام ہے جس کو آیت بالا میں بعنوان انعام علی المؤمنین ذکر فرمایا ہے آگے اس کو بعنوان انتقام عن الکافرین بیان فرماتے ہیں۔

انتقام بودن واقعہ مذکورہ از کفار ☆ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ (الی قولہ تعالی) وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ۝ یہ اس بات کی سزا ہے کہ انہوں نے اللہ کی اور اس کے رسول کی مخالفت کی اور جو اللہ کی اور اس کے رسول کی مخالفت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ (اس کو) سخت سزا دیتے ہیں (خواہ دنیا میں کسی حکمت سے یا آخرت میں یا دونوں جگہ) سو (اس مخالفت کی وجہ سے سر دست تو) یہ سزا چکھو اور جان رکھو کہ کافروں کے لئے جہنم کا عذاب مقرر ہی ہے (سزائے دنیوی سے وہ ٹل نہیں گیا کہ اصلی وہی ہے)۔ رَبط : اوپر ملائکہ کو تثبیت مؤمنین کا حکم تھا آگے مؤمنین کو ثبات کا حکم ہے اور چونکہ اس حکم کا مطلق جہاد کے ساتھ متعلق کرنا مقصود ہے اس لئے عام عنوان سے اس کا ذکر فرمایا ہے۔

تحریم فرار از جہاد ☆ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِيْتُمُ (الی قولہ تعالی) وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ اے ایمان والو جب تم کافروں سے (جہاد میں) دو بدو مقابل ہو جاؤ تو ان سے پشت مت پھیرنا (یعنی جہاد سے مت بھاگنا) اور جو شخص ان سے اس موقع پر (یعنی مقابلہ کے وقت) پشت پھیرے گا مگر ہاں جو لڑائی کے لئے پینترا بدلتا ہو یا جو اپنی جماعت کی طرف پناہ لینے آتا ہو وہ مستثنیٰ ہے باقی اور جو ایسا کرے گا وہ اللہ کے غضب میں آ جاوے گا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہوگا اور وہ بہت ہی بری جگہ ہے۔ **ف** : مسئلہ جہاد سے بھاگنا حرام ہے۔

مَسْئَلَة : ہاں اگر کافر دونے سے زیادہ ہوں تو جائز ہے کما سیاتی من قولہ الئن خفف الله الخ۔

مَسْئَلَة : اور جب دونے سے زیادہ نہ ہوں تب بھی دو صورتیں جواز کی ہیں جن کو آیت میں مستثنیٰ فرمایا ہے ایک یہ کہ دھوکہ دینے کو سامنے سے بھاگا ہو تا کہ حریف غافل ہو جاوے پھر دفعۃً لوٹ کر اس پر حربہ کرے دوسرے یہ کہ مقصود اصلی بھاگنا نہ ہو بلکہ بوجہ بے سروسامانی وغیرہ عوارض کے اپنی جماعت میں اس غرض سے آ ملا کہ ان سے قوت اور معونت حاصل کر کے پھر جا کر مقابل ہوگا پھر بعض نے اس جماعت کے قریب ہونے کی شرط لگائی ہے اور بعض نے عام کہا ہے اور بعض روایات میں جو آیا ہے کہ یہ حکم بدر کے ساتھ خاص تھا تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ دوسرے مواقع قتال میں فرار جائز ہے بلکہ مراد یہ ہے بدر میں باوجود اس کے کفار دو حصے سے زیادہ تھے پھر بھی فرار جائز نہ تھا جس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ اس وقت تک وہ حکم جس میں دو حصہ کی قید ہے نازل نہ ہوا تھا۔ اس اعتبار سے بدر کے ساتھ خاص کہہ دیا گیا۔

رَبط : اوپر امداد غیبی کا بیان کیا گیا تھا آگے اس پر ایک تفریع فرماتے ہیں کہ یہ غلبہ ہماری قدرت و مشیت کا اثر ہے گو ظاہراً بوجہ خاص حکمت کے جس کا ذکر وليبلى الخ میں ہے تمہارے فعل پر مرتب ہوا ہو۔

تَرْجَمَةُ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ : قولہ تعالیٰ اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ یعنی نزول سکینہ سے قوی بدنیہ وصفات نفسانیہ کا سکون امنة منه یعنی حق تعالیٰ کی طرف سے امن وينزل عليكم الى رجز الشيطان یعنی شیطان کا وسوسہ اور تخویف ويربط على قلوبكم یعنی قوت یقین سے قلب کو قوی فرما دے اور تمہارے قلب کو قرار بخشے ويثبت به الاقدام وجہ یہ کہ خوفناک مواقع میں شجاعت و ثابت قدمی قوت یقین کے ثمرات سے ہے کذا فی الروح پس آیت میں چند امور کا اثبات ہے جو

www.besturdubooks.net

صوفیہ کے نزدیک معتبر ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی امنة چین دینے اشارة الی تقدیر مضاف ای اعطاء امنة لاتحاد الفاعل للعامل و المفعول له وهذا من المواهب و اما علی قراء ة یغشاکم فاسناد الاعطاء الیه یکون مجازیا فافهم ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراء ة ان علی الاستیناف ۱۲۔

اللغات: قوله فوق الاعناق قیل علی الاعناق ففوق بمعنی علی وقیل علی الرؤس التی هی فوق الاعناق۔ البنان اطراف الاصابع وبلغة هذیل الجسد کله کذا فی اللدر المنثور عن ابن عباسؓ۔ قوله الزحف مشی الصبی علی الاست والمراد هنا مشی کل فریق الی صاحبه للقتال۔

النحو: قوله ذلکم اما مرفوع لکونه مبتدأ حذف خبره ای العذاب الدنیوی ای منصوب باضماره ذو قواه وان معمول لا علموا المقدر قوله زحفا حال بمعنی زاحفین ای ماشین حال من الفاعل والمفعول کلیهما ۱۲۔

البلاغۃ: علی قلوبکم صلة واصله لیربط قلوبکم زیدت علی لتضمن معنی الاستعلاء للاشارة الی ان الفم کان قد علا واستولی ۱۲ من الروح ۱۲۔ قوله للکفرین فیه وضع المظهر موضع المضمر قوله لا تولوا لم یقل لا تفروا مبالغة لان التولی ادنی عن الفرار۔

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۪ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ

اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۸﴾ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ

وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَوْ كَثُرَتْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹﴾ ع ۲ ۱۹

سو تم نے ان کو قتل نہیں کیا لیکن اللہ تعالیٰ نے (بے شک) ان کو قتل کیا آپ نے خاک کی مٹھی نہیں پھینکی لیکن اللہ تعالیٰ نے وہ پھینکی اور تا کہ مسلمانوں کو اپنی طرف سے ان کی محنت کا خوب عوض دے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ان مؤمنین کے اقوال کے) خوب سننے والے (اور ان کے افعال واحوال کے) خوب جاننے والے ہیں۔ ایک بات تو یہ ہوئی اور دوسری بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کافروں کی تدبیر کو کمزور کرنا تھا اور اگر تم لوگ فیصلہ چاہتے ہو تو وہ فیصلہ تو تمہارے سامنے آموجود ہوا اور اگر باز آجاؤ تو یہ تمہارے لئے نہایت خوب ہے اور اگر پھر تم وہی کرو گے تو ہم بھی پھر یہی کام کریں گے اور تمہاری جمعیت تمہارے ذرا بھی کام نہ آئے گی گو کتنی زیادہ ہو اور واقعی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ (اصل میں) ایمان والوں کے ساتھ ہے۔

تفسیر: علت بودن قدرت حق وحکمت بودن در قدرت خلق ☆ فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ (الی قوله تعالی) اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ (اس میں بھی ایک قصہ کی طرف اشارہ ہے وہ یہ کہ آپ نے بدر کے روز ایک مٹھی کنکریوں کی اُٹھا کر کافروں کی طرف پھینکی جس کے ریزے سب کی آنکھوں میں جا کر گرے اور ان کو شکست ہوئی اور فرشتوں کا امداد کیلئے آنا اوپر آچکا ہے اس پر بطور تفریع فرماتے ہیں کہ جب ایسے عجیب واقعات ہوئے جو کہ بالکل تمہارے اختیار سے خارج ہیں) سو (اس سے معلوم ہوا کہ تاثیر[1] حقیقی کے مرتبہ میں) تم نے ان (کافروں) کو قتل نہیں کیا لیکن (ہاں اس مرتبہ میں) اللہ تعالیٰ نے (بیشک) ان کو قتل کیا (یعنی مؤثر حقیقی اس کی قدرت ہے) اور اسی طرح تاثیر حقیقی کے مرتبہ میں) آپ نے خاک کی مٹھی (ان کی طرف) نہیں پھینکی لیکن (ہاں اس مرتبہ میں) اللہ تعالیٰ نے (واقع) وہ پھینکی اور (باوجود اس کے کہ مؤثر حقیقی قدرت حق ہے پھر جو آثار قتل وغیرہ کو قدرت عبد پر مرتب فرما دیا تو اس میں حکمت یہ ہے کہ) تا کہ مسلمانوں کو اپنی طرف سے (ان کے عمل کا) خوب اجر دے (اور اجر کا ملنا حسب سنت الٰہیہ موقوف ہے اس پر کہ فعل ان کے عزم واختیار سے صادر ہو) بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ان مؤمنین کے اقوال کے) خوب سننے والے (اور ان کے افعال واحوال کے) خوب جاننے والے ہیں (ان اقوال استغاثہ اور افعال قتال واحوال تشویش وغیرہا میں جو ان کو محنت پیش آئی ہم کو اس کی اطلاع ہے ان کو اس پر جزا دیں گے) ایک بات تو یہ ہوئی اور دوسری بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کافروں کی تدبیر کا کمزور کرنا تھا (اور زیادہ کمزوری اس وقت ظاہر ہوتی ہے جب اپنے برابر والے کے بلکہ اپنے سے کمزور کے ہاتھ سے مغلوب ہو جائے اور یہ بھی موقوف ہے اس پر کہ وہ آثار مؤمنین کے ہاتھ سے ظاہر ہوں ورنہ کہہ سکتے تھے کہ تدابیر تو ہماری قوی تھیں لیکن اقویٰ کے سامنے کہ تدبیر الٰہی ہے نہ چل سکیں تو اس سے آئندہ مسلمانوں کے مقابلہ میں ان کا حوصلہ پست نہ ہوتا کیونکہ ان کو تو ضعیف ہی سمجھتے) **ف:** مٹھی خاک پھینکنے کا قصہ کئی بار ہوا بدر میں۔ احد میں حنین میں لیکن یہاں سیاق کلام سے بدر کا مراد لینا راجح ہے در منثور میں سب روایات موجود ہیں۔

ربط: اوپر واقعات بدر میں بطور تذکیر نعم کے مؤمنین کو خطاب تھا آگے اسی واقعہ میں کفار کو بطور تذکیر نقم کے خطاب ہے ایک مضمون خاص کا جس کا قصہ یہ ہوا کہ

www.besturdubooks.net

کفار قریش ابو جہل وغیرہ نے مقابلہ کے وقت یہ دعا کی تھی کہ یا اللہ آج ہمارا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ کر دے جو حق پر ہو اس کو آج غالب کر دے کذا فی الدر المنثور اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

تذکیر بعض قہم کفار را ☆ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ (الی قولہ تعالی) وَ اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ۝ اگر تم لوگ فیصلہ چاہتے ہو تو وہ فیصلہ تو تمہارے سامنے آموجود ہوا (کہ جو حق پر تھا اس کو غلبہ ہو گیا) اور اگر (اب حق زیادہ شیوا واضح ہونے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت سے) باز آ جاؤ تو یہ تمہارے لئے نہایت خوب ہے اور اگر (اب بھی باز نہ آئے بلکہ) تم پھر وہی کام کرو گے (یعنی مخالفت) تو ہم بھی پھر یہی کام کریں گے (یعنی تم کو مغلوب اور مسلمانوں کو غالب کر دینا) اور (اگر تم کو اپنی جمعیت کا گھمنڈ ہو کہ اب کی بار اس سے زیادہ جمع کر لیں گے تو یاد رکھو کہ) تمہاری جمعیت تمہارے ذرا بھی کام نہ آوے گی گو کتنی زیادہ ہو اور واقعی بات یہ ہے کہ اللہ تعالی (اصل میں) ایمان والوں کے ساتھ (یعنی ان کا مددگار ہے) ہے (گو کسی عارض کی وجہ سے کسی وقت ان کے غلبہ کا ظہور نہ ہو لیکن اصل محل غلبہ کے یہی ہیں اس لئے ان سے مقابلہ کرنا اپنا نقصان کرنا ہے)۔ رَبط: اوپر آیت: ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ الخ اور آیت: اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا الخ میں اللہ و رسول اللہ ﷺ کی مخالفت کرنے والے کفار کی مذمت تھی آگے مومنین کو اللہ و رسول کی اطاعت و موافقت کا حکم اَطِيْعُوا الخ میں اور مخالفت کرنے کی ممانعت لَا تَوَلَّوْا الخ میں اور اس کی تاکید کیلئے ان کے ساتھ تشبیہ کرنے کی ممانعت لَا تَكُوْنُوْا میں پھر مشبہ بہ کی مذمت اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ میں اور اطاعت میں بندوں ہی کا نفع ہونا کہ حیات ابدی ہے اور اعراض میں انہی کا نقصان ہونا اسْتَجِيْبُوْا الخ میں اور اپنے ساتھ دوسروں کو بھی اللہ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مطیع بنانے کی کوشش کرنا وَاتَّقُوْا میں اور ترغیب اطاعت کیلئے اپنی بعض نعمتیں یاد دلانا وَ اذْكُرُوْٓا میں اور اخلال فی الاطاعت کا خیانت مذمومہ ہونا لَا تَخُوْنُوا میں اور جو امور بعض اوقات اخلال فی الاطاعت کے اسباب ہو جاتے ہیں ان پر متنبہ کرنا وَاعْلَمُوْٓا میں اور اطاعت کی بعض برکات اِنْ تَتَّقُوا الخ میں اور ایک واقعہ متعلقہ ہجرت نبویہ کا یاد دلانا جس کا نفع عام مومنین کی طرف عائد ہوا وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ میں یہ سب مضامین خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ۝ تک مذکور ہیں اور ان کا متناسب و متجاذب ہونا ظاہر ہے اور اہتمام کے لئے جا بجا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا کو مکرر لائے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۠ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ روح میں ہے کہ پہلے جملہ میں فناء افعال کی طرف ہدایت ہے کہ ان سے فعل کو بالکلیہ سلب کر لیا گیا اور دوسرے جملہ میں فناء کے ساتھ بقاء کی طرف بھی اشارہ ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقام بقاء پر تھے اسی لئے رمیت کی نسبت ثابت کی گئی ہے اور اس کی نفی بھی کی گئی ہے اور لٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ میں اشارہ ہے کہ آپ بنفسہ رامی نہ تھے بلکہ رامی باللہ تھے اور چونکہ صحابہ اس مقام میں نہ تھے تو ان کی طرف کوئی فعل منسوب نہیں کیا گیا اھ قولہ تعالی: وَ اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ۝ اس میں معیت کا اثبات ہے۔

الحواشی: (۱) اور اس مقام میں ایک توجیہ لطیف یہ بھی ہے کہ جو فعل نتیجہ ہوتا ہے اسباب عادیہ اختیاریہ کا یا اس کا نتیجہ عادی ہوتا ہے وہ منسوب الی العبد ہوتا ہے اور جو فعل اس کے خلاف ہوتا ہے وہ حق سبحانہ کی طرف منسوب ہوتا ہے یا دوسرے الفاظ میں یوں کہو کہ جو فعل یا اس کا نتیجہ خلاف توقع ہو وہ خدا کی طرف منسوب ہوتا ہے اور جو توقع کے موافق ہو وہ بندہ کی طرف پس چونکہ مسلمانوں کا کفار کو قتل کرنا مبنی علی الاسباب الغیر الاختیاریۃ و الغیر العادیۃ اور خلاف توقع تھا اسلئے فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ فرمایا اور چونکہ اثر رمی غیر عادی اور خلاف توقع تھا اسلئے وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى فرمایا ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی رمیت خاک اشارة الی حذف المفعول للقرينة المقامية ۱۲۔ ۲ قوله فی وليبلی مرتب فرمادیا اشارة الى حذف العامل وكون الواو للاستيناف والمعنى ومع كفاية قدرته جعل قدرة العبد سببا ظاهريا ليبلى الخ۔ ۳ قوله فى بلاء حسنا ان کے عمل کا ماخذه ما قال الطبرى ويثبت لهم اجور اعمالهم وجهادهم مع رسول الله ﷺ ۱۲۔ ۴ قوله فى ذلكم ایک بات ای ذلكم بعض الحكمة والآخر ان الله فقدر الخبر فى موضع والمبتدأ فى موضع ۱۲۔ ۵ قوله فى ان تنتهوا زیادہ واضح افاد بهذا ان نفس الوضوح كان حاصلا من قبل بالبينات ۱۲۔ ۶ قوله فى ان الله بات اشارة الى حذف مبتداه اى الامر ان الله الخ ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فى قراءة و ان الله بالكسر من عطف الجملة غير محذوفة الاجزاء على الجملة المحذوفة الاجزاء۔ وان الله بالكسر والتركيب ظاهر ۱۲

البلاغۃ: قوله اذ رميت زاده ولم يزد فى قرينة اذ قتلتموهم للايذان يكون هذا الرمى ابعد بكفير عما ترتب عليه فنبه بتصريحه على كونه عجيبا ولا كذالك القتل فافهم والله اعلم۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

www.besturdubooks.net

قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝۲۱ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝۲۲ وَلَوْ
عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝۲۳ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا
لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝۲۴
وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۲۵
وَاذْكُرُوْۤا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ
وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۲۶ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْۤا
اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۲۷ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝۲۸ ع ۱۷
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُو
الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝۲۹ وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ
وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝۳۰

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کا کہنا مانو اور اس کے رسول کا کہنا ماننے سے روگردانی مت کرو اور تم (اعتقاد سے) سن تو لیتے ہی ہو اور تم ان لوگوں کی طرح مت ہونا جو دعویٰ تو کرتے ہیں کہ ہم نے سن لیا حالانکہ وہ سنتے سناتے کچھ نہیں۔ بے شک بدترین خلائق اللہ کے نزدیک وہ لوگ ہیں جو بہرے ہیں گونگے ہیں جو کہ ذرا نہیں سمجھتے اور اگر اللہ تعالیٰ ان میں کوئی خوبی دیکھتے تو ان کو سننے کی توفیق دیتے اور اگر ان کو اب سنا دیں تو ضرور روگردانی کریں گے بے رخی کرتے ہوئے۔ اے ایمان والو! تم اللہ اور رسول کے کہنے کو بجالایا کرو جب کہ رسول تم کو تمہاری زندگی بخش چیز کی طرف بلاتے ہوں اور جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ آڑ بن جایا کرتا ہے آدمی کے اور اس کے قلب کے درمیان میں اور بلاشبہ تم سب کو خدا ہی کے پاس جمع ہونا ہے اور تم ایسے وبال سے بچو کہ جو خاص انہیں لوگوں پر واقع نہ ہوگا جو تم میں ان گناہوں کے مرتکب ہوئے ہیں اور جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والے ہیں اور اُس حالت کو یاد کرو جب کہ تم قلیل تھے سرزمین میں کمزور شمار کیے جاتے تھے اس اندیشہ میں رہتے تھے کہ تم کو (مخالف) لوگ نوچ کھسوٹ نہ لیں۔ سو (ایسی حالت میں) اللہ نے تم کو (مدینہ میں) رہنے کی جگہ دی اور تم کو اپنی نصرت سے قوت دی اور تم کو نفیس نفیس چیزیں عطا فرمائیں تا کہ تم شکر کرو۔ اے ایمان والو! تم اللہ اور رسول کے حقوق میں خلل مت ڈالو اور اپنی قابل حفاظت چیزوں میں خلل مت ڈالو اور تم تو اس کا (مضر ہونا) جانتے ہو اور تم اس بات کو جان رکھو کہ تمہارے اموال اور تمہارے اولاد ایک امتحان کی چیز ہے اور اس بات کو بھی جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ کے پاس بڑا بھاری اجر (موجود) ہے۔ اے ایمان والو! اگر تم اللہ سے ڈرتے رہو گے تو اللہ تعالیٰ تم کو ایک فیصلہ کی چیز دے گا اور تم سے تمہارے گناہ دور کر دے گا اور تم کو بخش دے گا اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے اور اس واقعہ کا بھی ذکر کیجئے جبکہ کافر لوگ آپ کی نسبت بڑی بڑی تدبیریں سوچ رہے تھے کہ (آیا) آپ کو قید کر لیں یا آپ کو قتل کر ڈالیں یا آپ کو خارج وطن کر دیں اور وہ اپنی تدبیریں کر رہے تھے اور اللہ (میاں) اپنی تدبیر کر رہے تھے اور سب سے زیادہ مستحکم تدبیر والا اللہ ہے۔ ۝

تفسیر: ترغیب اطاعت وترہیب معصیت ☆ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝ اے ایمان والو اللہ کا کہنا مانو اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اور اس کہنا ماننے[۱] سے روگردانی مت کرو اور تم (اعتقاد[۲] سے) سن تو لیتے ہی ہو (یعنی جیسا اعتقاد سے سن لیتے ہو ایسا ہی عمل بھی کیا کرو) اور تم (ترک اطاعت میں) ان لوگوں کی طرح مت ہونا جو دعویٰ تو کرتے ہیں کہ ہم نے سن لیا (جیسا کہ کفار مطلق[۳] سماع کے اور منافقین سماع مع الاعتقاد کے مدعی تھے) حالانکہ وہ سنتے سناتے کچھ نہیں (کیونکہ تفہم اور اعتقاد دونوں میں مفقود ہے مطلب یہ کہ ثمرہ اعتقاد سننے کا عمل ہے جب عمل نہ ہوا تو بعض وجوہ سے مشابہ اسی کے ہو گیا کہ جیسے اعتقاد کے ساتھ سنا ہی نہیں جس کو تم بھی سخت مذموم جانتے ہو) بیشک (یہ بات ضرور ہے کہ اعتقاد سے سن کر عمل نہ کرنے والے اور ایک بلا اعتقاد سننے والے جو مثل نہ سننے کے ہے برے ہونے میں متفاوت ضرور ہیں کیونکہ کافر اور عاصی برابر نہیں چنانچہ) بدترین

www.besturdubooks.net

خلائق اللہ کے نزدیک وہ لوگ ہیں جو (حق بات کو اعتقاد کے ساتھ سننے سے) بہرے ہیں (اور حق بات کے کہنے سے) گونگے ہیں (اور) جو کہ (حق بات کو) ذرا نہیں سمجھتے (اور باجود اعتقاد کے جن سے عمل میں کوتاہی ہو جاتی ہے وہ بدتر نہیں ہیں گو بد ہیں سو بد بھی نہ ہونا چاہئے) اور (جن کا حال مذکور ہوا کہ وہ اعتقاد سے نہیں سنتے وجہ اس کی یہ ہے کہ ان میں ایک بڑی خوبی کی کسر ہے اور وہ خوبی طلب حق ہے کیونکہ مبدأ اعتقاد کا بھی طلب اور تلاش ہے گو اس وقت اعتقاد نہ ہو مگر کم از کم تردد تو ہو پھر اسی تردد و طلب کی برکت سے حق واضح ہو جاتا ہے اور وہ تردد اعتقاد بن جاتا ہے جس پر سماع کا نافع ہونا موقوف ہے سو ان میں یہی خوبی مفقود ہے چنانچہ) اگر اللہ تعالیٰ ان میں کوئی خوبی دیکھتے (مراد یہ کہ ان میں وہ خوبی مذکور ہوتی کیونکہ خوبی کے وجود کے وقت علم الٰہی کا تعلق لازم ہے پس لازم بول کر ملزوم مراد لے لیا اور کوئی خوبی اس لئے کہا کہ جب ایسی خوبی نہیں جس پر مدار نجات ہے تو گویا کوئی خوبی بھی نہیں یعنی اگر ان میں طلب حق ہوتی) تو (اللہ تعالیٰ) ان کو (اعتقاد کے ساتھ) سننے کی توفیق دیتے (جیسا مذکور ہوا کہ طلب سے اعتقاد پیدا ہو جاتا ہے) اور اگر (اللہ تعالیٰ) ان کو اب (حالت موجودہ[1] میں کہ ان میں طلب حق نہیں ہے) سنا دیں (جیسا کہ گاہ گاہ ظاہری کانوں سے سن ہی لیتے ہیں) تو ضرور روگردانی کریں گے بے رخی کرتے ہوئے (یعنی یہ نہیں کہ تامل و تدبر کے بعد بوجہ ظہور غلطی کے روگردانی کی ہو کیونکہ یہاں غلطی کا نام و نشان ہی نہیں بلکہ غضب تو یہ ہے کہ ادھر توجہ ہی نہیں کرتے اور) اے ایمان والو (ہم نے جو اوپر تم کو اطاعت کا حکم کیا ہے تو یاد رکھو اس میں تمہارا ہی فائدہ ہے کہ وہ حیات ابدی ہے جب یہ بات ہے تو) تم اللہ اور رسول کے کہنے کو بجا لایا کرو جب کہ رسول (جن کا ارشاد خدا ہی کا ارشاد ہے) تم کو تمہاری زندگی بخش چیز کی طرف (یعنی دین کی طرف جس سے زندگی جاوید میسر ہوتی ہے) بلاتے ہوں (تو اس حالت میں جب کہ ہر طرح تمہارا ہی فائدہ ہے کوئی وجہ نہیں کہ تم عمل نہ کرو) اور (اس کے متعلق دو باتیں اور) جان رکھو (ایک بات یہ) کہ اللہ تعالیٰ آڑ بن جایا کرتا ہے آدمی کے قلب کے درمیان میں (دو طریق سے ایک طریق یہ کہ مؤمن کے قلب میں طاعت کی برکت سے کفر و معصیت کو نہیں آنے دیتا دوسرا طریق یہ کہ کافر کے قلب میں مخالفت کی نحوست سے ایمان و طاعت کو نہیں آنے دیتا اس سے معلوم ہوا کہ طاعت کی مداومت بڑی نافع چیز ہے اور مخالفت کی مواظبت بڑی مضر چیز ہے) اور (دوسری بات یہ جان رکھو کہ) بلاشبہ تم سب کو خدا ہی کے پاس جمع ہونا ہے (اس وقت طاعت پر جزا اور مخالفت پر سزا ہوگی اس سے بھی طاعت کا نافع ہونا اور مخالفت کا مضر ہونا ثابت ہوا) اور (جس طرح تم پر اپنی اصلاح کے متعلق طاعت واجب ہے اسی طرح یہ بھی طاعت واجبہ میں داخل ہے کہ بقدر وسع دوسروں کی اصلاح میں بطریق امر بالمعروف و نہی عن المنکر بالید یا باللسان ترک اختلاط یا نفرت بالقلب جو کہ آخری درجہ ہے کوشش کرو ورنہ در صورت مداہنت ان منکرات کا وبال جیسا مرتکبین منکرات پر واقع ہوگا ایسا ہی کسی درجہ میں ان مداہنت کرنے والوں پر بھی واقع ہوگا جب یہ بات ہے تو) تم ایسے وبال سے بچو کہ جو خاص ان ہی لوگوں پر واقع نہ ہوگا جو تم میں ان گناہوں کے مرتکب ہوئے ہیں (بلکہ ان گناہوں کو دیکھ کر جنہوں نے مداہنت کی ہے وہ بھی اس میں شریک ہوں گے اور اس سے بچنا یہی ہے کہ مداہنت مت کرو) اور یہ جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والے ہیں (ان کی سزا سے خوف کر کے مداہنت سے بچو) اور (اس غرض سے کہ نعمتوں کے یاد کرنے سے اطاعت منعم کا شوق ہوتا ہے خدا تعالیٰ کی نعمتوں کو اور خاص کر) اس حالت کو یاد کرو جب کہ تم (ایک وقت میں یعنی قبل ہجرت عدد میں بھی) قلیل تھے اور قوت کے اعتبار سے بھی) سر زمین (مکہ) میں کمزور شمار کئے جاتے تھے (اور غایت ضعف حال سے) اس اندیشہ میں رہتے تھے کہ تم کو (مخالف) لوگ نوچ کھسوٹ نہ لیں سو (ایسی حالت میں) اللہ تعالیٰ نے تم کو (مدینہ میں اطمینان سے) رہنے کو جگہ دی اور تم کو اپنی نصرت سے قوت دی (سامان سے بھی اور مردم شماری کو زیادہ کرنے سے بھی جس سے قلت اور استضعاف اور خوف اختطاف سب زائل ہو گیا) اور (صرف) یہی نہیں کہ تمہاری مصیبت ہی کو دور کر دیا ہو بلکہ اعلیٰ درجہ خوشحالی بھی عطا فرمائی کہ دشمنوں پر تم کو غلبہ دے کر کثرت فتوحات سے) تم کو نفیس نفیس چیزیں عطا فرمائیں تا کہ تم (ان نعمتوں کا) شکر کرو (اور بڑا شکر یہ ہے کہ اطاعت کرو) اے ایمان والو (ہم مخالفت اور معصیت سے اس لئے ممانعت کرتے ہیں کہ اللہ اور رسول کے تم پر کچھ حقوق ہیں جن کا نفع تمہاری ہی طرف عائد ہوتا ہے اور معصیت سے ان حقوق میں خلل پڑتا ہے جس سے واقع میں تمہارے ہی نفع میں خلل پڑتا ہے جب یہ بات ہے تو) تم اللہ اور رسول کے حقوق میں خلل نہ ڈالو اور (باعتبار انجام کے اس مضمون کو اس طرح کہا جا سکتا ہے کہ تم) اپنی قابل حفاظت چیزوں میں (کہ وہ تمہارے منافع ہیں جو اعمال پر مرتب ہوتے ہیں) خلل مت ڈالو اور تم تو (اس کا مضر ہونا) جانتے ہو اور (اکثر اوقات مال و اولاد کی محبت مخل طاعت ہو جاتی ہے اس لئے تم کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ) تم اس بات کو جان رکھو کہ تمہارے اموال اور تمہاری اولاد ایک امتحان کی چیز ہے (دیکھیں کون ان کی محبت کو ترجیح دیتا ہے اور کون اللہ تعالیٰ کی محبت کو ترجیح دیتا ہے سو تم ان کی محبت کو ترجیح مت دینا) اور (اگر ان کے منافع کی طرف نظر جاوے تو تم) اس بات کو بھی جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ کے پاس (ان لوگوں کے لئے جو اللہ کی محبت کو ترجیح دیتے ہیں) بڑا بھاری اجر (موجود) ہے (کہ اس کے سامنے یہ فانی منفعتیں محض ہیچ ہیں اور) اے

www.besturdubooks.net

ایمان والو (طاعت کی اور برکات سنو وہ یہ کہ) اگر تم اللہ سے ڈر کر اطاعت کرتے رہو گے تو اللہ تعالیٰ تم کو ایک فیصلہ کی چیز دے گا (اس میں ہدایت اور نور قلب جس سے حق و باطل میں علمی فیصلہ ہوتا ہے اور غلبہ علی الاعداء اور نجات آخرت جس سے حق و باطل میں عملی فیصلہ ہوتا ہے سب آ گیا[۱]) اور تم سے تمہارے گناہ دور کر دے گا اور تم کو بخش دے گا اور اللہ بڑے فضل والا ہے (خدا جانے اپنے فضل سے اور کیا کیا دے دے جو قیاس و گمان میں بھی نہ آتا ہو) اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کے سامنے تذکیر نعمت کے لئے) اس واقعہ کا بھی ذکر کیجئے جب کہ کافر لوگ آپ کی نسبت (بری بری) تدبیریں سوچ رہے تھے کہ (آیا) آپ کو قید کر لیں یا آپ کو قتل کر ڈالیں یا آپ کو خارج وطن کر دیں اور وہ تو اپنی تدبیریں کر رہے تھے اور اللہ اپنی تدبیر (ان تدبیروں کے دفع کرنے کے لئے) کر رہے تھے اور سب سے زیادہ مستحکم تدبیر والا اللہ ہے (جس کے سامنے ان کی ساری تدبیریں گاؤخورد ہو گئیں اور آپ بال بال محفوظ رہے اور صحیح سالم مدینہ آ پہنچے چونکہ آپ کا اس طرح بچ رہنا مؤمنین کے حق میں بے انتہاء ابواب سعادات کی مفتاح ہے اس لئے اس واقعہ کے ذکر کا حکم فرمایا)۔ **ف**: چند مضامین ضرور الذکر ہیں اول حدیث ترمذی سے کہ حضور ﷺ نے ابی بن کعب کو پکارا اور وہ نماز میں تھے تو ان کے عذر پر آپ نے ان کو یہ آیت یاد دلائی معلوم ہوتا ہے کہ اَسْتَجِیْبُوْا اپنے عموم سے اس صورت کو بھی شامل ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کو پکاریں تو جواب دینا واجب ہے اور اپنے اطلاق سے اس صورت کو بھی شامل ہے کہ یہ شخص نماز میں مشغول ہو تو نماز ہی میں جواب دینا واجب ہے رہی یہ بات کہ وہ نماز باقی رہے گی یا فاسد ہو جائے گی اور اس کا اعادہ کرنا پڑے گا یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے اور اب اس میں گفتگو کرنے کا کوئی ثمرہ نہیں بخلاف بیان عموم استجابت کے کہ تبیین تفسیر کے لئے اس کی ضرورت ہے۔

دوم: یَحُوْلُ کی تفسیر اختیار کی گئی وہ درمنثور میں حضرت ابن عباسؓ سے موقوفاً و مرفوعاً مروی ہے اور جس کا حاصل معنی تصرف و تمکن تام ہے اور اس کو حیلولہ کہنا استعارہ تمثیلیہ ہے جیسا روح میں ہے **کمن حال بین شخصه ومتاعه فانه القادر على التصرف فيه دونه اه كذلك لا يقدر العبد على التصرف في قلبه كقدرة الله تعالى عليه** اور یہاں قرینہ مقام سے دوام علی الایمان و دوام علی الکفر معلوم ہوتا ہے پس اس معنی کر یحول کلیہ نہ ہو گا ورنہ ایمان سے کفر کی طرف اور کفر سے ایمان کی طرف لوگوں کا آنا مشاہدہ ہے۔

سوم: وَاتَّقُوْا الخ میں یہ شبہ نہ ہو کہ دوسرے کے گناہ میں پکڑا جانا آیت لَا تَزِرُ الخ کے خلاف ہے جواب یہ ہے کہ وہ گناہ تو اصل فاعل کا تھا مگر مداہنت کرنا تو اس کا گناہ ہے یہ اس گناہ میں پکڑا گیا۔

چهارم: آیت: لَا تَخُوْنُوْا الخ اور آیت: وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ الخ کو بعض مفسرین نے حضرت ابولبابہ کی شان میں کہا ہے کہ یہود بنی قریظہ نے ان سے بوجہ تعلق سابق کے مشورہ چاہا کہ ہمارے ساتھ رسول اللہ ﷺ کیا کریں گے چونکہ ان کے اہل و عیال اور اموال ان ہی لوگوں کے پاس تھے اس لئے انہوں نے خیر خواہی کے طور پر اشارہ سے راز ظاہر کر دیا کہ گلے پر ہاتھ پھیر کر بتلا دیا کہ ذبح کئے جاؤ گے پھر بہت پچھتائے اور توبہ کی اور وہ مقبول بھی ہوئی ذکرہ **فی الروح عن الزهری والکلبی**۔

پنجم: آیت وَاِذْ یَمْكُرُ الخ میں جس قصہ کی طرف اشارہ ہے اس کا تتمہ یہ ہے کہ اخیر رائے قتل پر ٹھہری آپ کو وحی سے معلوم ہو گیا آپ پوشیدہ نکل کر غار ثور میں جا چھپے اور وہاں سے بفراغ خاطر مدینہ طیبہ جا پہنچے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا یعنی استعداد لَّاَسْمَعَهُمْ مراد سماع تفہم ہے وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ یعنی باوجود عدم علم بالخیر یعنی عدم خیر کے لَتَوَلَّوْا یعنی منتفع نہ ہوں کیونکہ عارض کی شان یہی ہوتی ہے کہ زائل ہو جاتا ہے وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ یعنی بالذات اھ **کذا فی الروح** (پس اس میں اثبات ہے مسئلہ استعداد کا) اور اسی طرح بعد کی آیت: وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ کا حاصل بھی یہی ہے کہ پھر استعداد زائل ہو جاوے گی اسلئے فرصت کو غنیمت سمجھو **کذا فی الروح** قولہ تعالیٰ: وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً یعنی بلکہ انکو اور دوسروں کو بوجہ شوم صحبت کے شامل ہو گا یعنی جب مداہنت ہو۔

الحواشی: (۱) **هناك** حالت موجودہ **اندفع بهذا ما يوهم من الشرطين من استلزم علم الله منهم خيراً لتوليهم بناء على ان لازم اللازم لازم وجه الاندفاع ظاهر فان الاسماع اللازم غير الاسماع الملزوم وقد رأيت التصريح بهذا المعنى فى الدر المنثور عن ابن زيدٍ نصه هكذا ولو سمعهم بعد ان يعلم ان لا خير فيهم ما نفعهم بعد ان تفيد علمه بانهم لا ينتفعون به اه ۱۲**۔

ملحقات الترجمہ: ۱؎ **قوله فى لا تولوا عنه** اس کا کہنا ماننے سے **اشارة الى عود الضمير الى الاطاعة بتاويل الامر كما فى الروح او لكونه مصدر اذا التا ۱۲**۔ ۲؎ **قوله فى تسمعون** اعتقاد سے سن تو لیتے ہی ہو **هو من المواهب وهو حال لان ترجمة الحال يكون حالاً** ۳؎ **قوله فى سمعنا** جیسا کفار الخ **فالسماع عام اللغوى والشرعى الذى يدعيه المنافقون ۱۲**۔ ۴؎ **قوله فى دواب** خلائق **رواه فى الدر المنثور عن ابن**

www.besturdubooks.net

زیدٌ وقرا وما من دابة الخ۱۲۔ ۵ قوله فی لو علم دیکھتے من الروایة القلبیة۱۲۔ ۶ قوله فی ولو اسمعهم اگر سنا دیں ولم یقل اگر سناتے اشارة الی ان لو بمعنی ان لقوله تعالٰی ولو تری اذ وقفوا لا تدل علی انتفاء مدخولها وانما تفید الملازمة بین الامرین سواء وقعا او لم یقعا۱۲۔ ۷ قوله فی الذین ظلموا ان گناہوں زاد اسم الاشارة للاشارة الی الجواب عما یتوهم من لزوم العقاب بغیر ذنب حاصل الجواب ان نفی الخاص لا یستلزم نفی العام۱۲۔ ۸ قوله فی مستضعفین سرزمین میں کمزور اشارة الی تعلق الظرف بالمستضعفین لو روده فی آیة اخرٰی کذلك کقوله تعالٰی کنا مستضعفین فی الارض۱۲۔ ۹ قوله فی یتخطفکم نوچ کھسوٹ کما فی البیضاوی فی العنکبوت بالاستلاب قتلاً و سبیاً۱۲۔ ۱۰ قوله فی الطیبات نفیس نفیس حملا لها علی المعنیٰ العام اللغوی۱۲۔ ۱۱ قوله فی اَمٰنٰتِکُمْ تمہارے منافع ماخذه ما فی الدر المنثور عن ابن عباس تخونوا اماناتکم یقول لا تنقضوها والامانة التی ائتمن الله علیها العباد اه قلت ولعل عدم اعادة لا لذلك لان الخیانتین واحد فکفی نهی واحد۱۲۔ ۱۲ قوله فی فرقانا اس میں سب آ گیا ذکره فی الروح ۱۲۔

البلاغۃ: قوله اموالکم واولادکم قلت قدم الاموال مع کون الاولاد احب منه الی الانسان طبعا لان المال یحتاج الیه کثیر او لان فی تحصیله شغلا کبیرا فحق له ان یهتم۱۲۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۱﴾
وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا
بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۭ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾
وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ۭ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا
الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ۭ
فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ ۭ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ڛ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۶﴾ لِيَمِيْزَ
اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ
هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ ع ۹ / ۱۸

اور جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے سن لیا اور اگر ہم ارادہ کریں تو اس کے برابر ہم بھی کہہ دیں یہ کچھ بھی نہیں صرف بے سند باتیں ہیں۔ جو پہلوں سے منقول چلی آ رہی ہیں اور جب کہ ان لوگوں نے کہا کہ اے اللہ اگر یہ قرآن آپ کی طرف سے واقعی ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسائیے یا ہم پر کوئی (اور) دردناک عذاب واقع کر دیجئے اور اللہ تعالیٰ ایسا نہ کریں گے کہ ان میں آپ کے ہوتے ہوئے ان کو (ایسا) عذاب دیں اور (نیز) اللہ تعالیٰ ان کو (ایسا) عذاب نہ دیں گے جس حالت میں کہ وہ استغفار بھی کرتے رہتے ہیں اور (نیز) ان کا کیا استحقاق ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو (بالکل ہی معمولی) سزا (بھی) نہ دے جب کہ وہ لوگ (مسلمانوں کو) مسجد حرام سے روکتے ہیں حالانکہ وہ لوگ اس مسجد کے متولی (بننے کے بھی لائق) نہیں اس کے متولی تو سوا متقیوں کے اور کوئی بھی اشخاص نہیں۔ لیکن ان میں اکثر لوگ (اپنی نالائقی کا) علم نہیں رکھتے اور ان کی نماز خانہ کعبہ کے پاس صرف یہ تھی سیٹیاں بجانا اور تالیاں بجانا سو اس عذاب کا مزہ چکھو اپنے کفر کے سبب۔ بلا شک یہ کافر لوگ اپنے مالوں کو اس لئے خرچ کر رہے ہیں کہ ان کی راہ سے روکیں سو یہ لوگ تو اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہی رہیں گے (مگر) پھر وہ مال ان کے حق میں باعث حسرت ہو جائیں گے۔ پھر آخر مغلوب ہی ہو جائیں گے اور کافروں کو دوزخ کی طرف جمع کیا جائے گا۔ تا کہ اللہ تعالیٰ ناپاک (لوگوں) کو پاک (لوگوں) سے الگ کر دے اور (ان سے الگ کر کے) ناپاکوں کو ایک دوسرے سے ملا دے۔ یعنی ان سب کو متصل کر دے پھر ان سب کو جہنم میں ڈال دے ایسے ہی لوگ پورے خسارہ میں ہیں۔

تفسیر: ربط: اوپر ترغیب اطاعت و ترہیب معصیت سے پہلے آیت: ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ الخ و آیت: اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا الخ میں کفار کی مذمت تھی اور ان کا اپنے ذمائم پر مستحق عذاب ہونا آگے بھی ختم رکوع هُمُ الْخٰسِرُوْنَ تک اسی مضمون کی کسی قدر تفصیل ہے۔

www.besturdubooks.net

تفصیل ذمائم کفار واستحقاق شان عذاب را ☆ وَاِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِمْ اٰیٰتُنَا (الی قولہ تعالی) اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ۝ اور (ان کفار کی یہ حالت ہے کہ) جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے سن (کر دیکھ) لیا (یہ تو کوئی معجزہ نہیں کیونکہ) اگر ہم ارادہ کریں تو اس کے برابر ہم بھی کہہ لاویں (پس) یہ (قرآن) تو (کلام الٰہی ومعجزہ وغیرہ) کچھ بھی نہیں صرف بے سند باتیں ہیں جو پہلوں سے منقول چلی آ رہی ہیں (کہ پہلے اہل ملل بھی یہی دعویٰ توحید وبعث وغیرہ کے کرتے آتے ہیں ان ہی کے مضامین آپ نقل کر رہے ہیں) اور (اس سے بڑھ کر قابل ذکر وہ حالت ہے) جب کہ ان لوگوں نے (اپنے اس جہل مرکب میں غایت صلابت وجلادت ظاہر کرنے کو یہ بھی) کہا کہ اے اللہ اگر یہ قرآن آپ کی طرف سے واقعی ہے تو ہم پر (اس کے نہ ماننے کی وجہ سے) آسمان سے پتھر برسایئے یا ہم پر کوئی (اور) دردناک عذاب واقع کر دیجئے (جو کہ خارق عادت ہونے میں مثل بارش سنگ کے ہو اور جب ایسے عذاب واقع نہ ہوئے تو اپنی حقانیت پر ناز کرتے ہیں) اور (یہ نہیں سمجھتے کہ باوجود ان کے بطلان کے خاص موانع کی وجہ سے یہ عقبات مذکورہ نازل نہیں ہوتیں ان موانع کا بیان یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ ایسا نہ کریں گے کہ ان میں آپ کے ہوتے ہوئے ان کو (ایسا) عذاب دیں اور (نیز) اللہ تعالیٰ ان کو (ایسا) عذاب نہ دیں گے جس حالت میں کہ وہ استغفار بھی کرتے رہتے ہیں (گو وہ آخرت میں بوجہ ایمان نہ ہونے کے نافع نہ ہو لیکن آخر عمل صالح ہے دنیا میں تو کفار کو نافع ہو جاتا ہے مطلب یہ کہ ان عقوبات خارقہ سے دو (۲) امر مانع ہیں ایک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تشریف رکھنا مکہ میں یا دنیا میں اور دوسرا ان لوگوں کا اپنے طواف وغیرہ میں یہ کہنا غفرانك غفرانك جو کہ بعد ہجرت وبعد وفات بھی باقی تھا اور ایک مانع حدیثوں میں ہے کہ حضور کی امت میں کسی کا ہونا گو امت دعوت ہی ہو یہ مانع باوجود کسی کے استغفار نہ کرنے کے بھی باقی ہے پس یہ امور فی نفسہٖ مانع ہیں گو احیاناً مانع کے ہوتے ہوئے بھی کوئی عذاب خارق کسی عارض مصلحت سے واقع ہو جاوے جیسا قذف ومسخ وغیرہ کا قرب قیامت میں ہونا حدیثوں میں وارد ہے) اور (ان موانع کے سبب عذاب خارق نازل نہ ہونے سے بالکل ہی عذاب سے مطمئن نہ ہو جاویں کیونکہ جس طرح امور مذکورہ مانع عذاب ہیں اسی طرح ان کی حرکتیں مقتضی عذاب بھی ہیں پس مانع کا اثر عذاب خارق میں ظاہر ہوا اور مقتضی کا اثر نفس عذاب میں ظاہر ہوگا کہ عذاب غیر خارق ان پر نازل ہوگا چنانچہ اس مقتضی کا بیان فرماتے ہیں کہ) ان کا کیا استحقاق ہے کہ ان کو اللہ تعالیٰ (بالکل ہی معمولی) سزا (بھی) نہ دے حالانکہ (ان کی یہ حرکتیں مقتضی سزا کی ہیں مثلاً) وہ لوگ (پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کو) مسجد حرام (میں جانے اور اس میں نماز پڑھنے اور اس میں طواف کرنے) سے روکتے ہیں (جیسا حدیبیہ میں حقیقۃً روکا جس کا قصہ سورۂ بقرہ معاملہ ی ؤ ہفتم میں گذر چکا اور زمانہ قیام مکہ میں حکماً روکا کہ اس قدر تنگ کیا کہ ہجرت کی ضرورت ہوئی) حالانکہ وہ لوگ اس مسجد کے متولی (بننے کے بھی لائق) نہیں (اور عابدین کو روکنا تو درکنار رہا جس کا اختیار خود متولی کو بھی نہیں ہوتا) اس کے متولی (بننے کے لائق) تو سوا متقیوں کے کہ وہ اہل ایمان ہیں) اور کوئی بھی اشخاص نہیں لیکن ان میں اکثر لوگ (اپنی نالائقی کا) علم نہیں رکھتے (خواہ علم ہی نہ ہو یا یہ کہ جب اس علم پر عمل نہ کیا تو وہ مثل عدم علم کے ہے غرض جو سچ مچ نمازی تھے ان کو تو مسجد سے اس طرح روکا) اور (خود مسجد کا کیسا حق ادا کیا اور اس میں کیسی اچھی نماز پڑھی جس کا بیان یہ ہے کہ) ان کی نماز خانہ کعبہ (مذکور بعنوان مسجد حرام) کے پاس صرف یہ تھی سیٹیاں بجانا اور تالیاں بجانا (یعنی بجائے نماز کے ان کی یہ نامعقول حرکتیں ہوتی تھیں) سو (ان حرکات کا ضرور مقتضا ہے کہ ان پر کوئی نہ کوئی عذاب گو وہ معمولی اور عادی ہو نازل کر کے ان کو خطاب کیا جاوے کہ لو) اس عذاب کا مزہ چکھو اپنے کفر کے سبب (جس کا ایک اثر وہ قول ہے لَوْ نَشَآءُ الخ اور ایک اثر وہ قول ہے : اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ الخ اور ایک اثر وہ فعل ہے یَصُدُّوْنَ الخ اور ایک اثر وہ فعل ہے مُكَآءً وَّتَصْدِیَةً الخ چنانچہ غزوات متعدد میں یہ سزا واقع ہوئی جیسا اس سورت کے رکوع دوم میں بھی ہے : ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ الخ بعد ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا الخ کے یہاں تک تو ان لوگوں کے اقوال واعمال بدنیہ کا ذکر تھا آگے ان کے اعمال مالیہ کا بیان ہے کہ) بلاشک یہ کافر لوگ اپنے مالوں کو اس لئے خرچ کر رہے ہیں کہ اللہ کی راہ سے (یعنی دین سے لوگوں کو) روکیں (چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ اور مخالفت کے سامان جمع کرنے میں ظاہر ہے کہ جو خرچ ہوتا تھا اس میں یہی غرض تھی) سو یہ لوگ تو اپنے مالوں د (اسی غرض کے لئے) خرچ کرتے ہی رہیں گے مگر پھر (آخر میں جب آثار ناکامی کے محسوس ہوں گے وہ مال ان کے حق میں باعث حسرت ہو جاویں گے (کہ خواہ مخواہ خرچ کیا اور) پھر (آخر) مغلوب (ہی) ہو جاویں گے (جس سے حسرت ضیاع اموال کے ساتھ یہ دوسری حسرت مغلوبیت کی جمع ہو جاوے گی) اور (یہ سزا وحسرت ومغلوبیت تو ان کی دنیا میں ہے باقی آخرت کی سزا وہ الگ ہے جس کا بیان یہ ہے کہ) کافر لوگوں کو دوزخ کی طرف (لے جانے کیلئے قیامت میں) جمع کیا جاوے گا تا کہ اللہ تعالیٰ ناپاک (لوگوں) کو پاک (لوگوں) سے الگ کر دے (کیونکہ جب دوزخیوں کو دوزخ کی طرف لائیں گے ظاہر ہے کہ اہل جنت ان سے علیحدہ رہ جاویں گے) اور (ان سے الگ کر کے) ناپاکوں کو ایک دوسرے سے ملا دے یعنی ان سب کو متصل کر دے پھر (متصل کر کے) ان سب کو جہنم میں ڈال دے ایسے ہی لوگ پورے خسارہ میں ہیں (جس کا کہیں منتہی نہیں)۔ ف : یہ قول لَوْ نَشَآءُ الخ نضر بن حارث کا تھا اور یہ قول اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ الخ نضر کا یا ابوجہل کا تھا چونکہ اور لوگ بھی راضی تھے اس لئے سب کی طرف نسبت کی گئی اور اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا یُنْفِقُوْنَ الخ کا مصداق کفار مقاتلین بدر اور ان کے معاونین

www.besturdubooks.net

ہیں یہ سب روایات اور اسی طرح قول غُفْرَانَكَ الخ [البقرۃ : ۲۷۵] اور فعل مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً سب درمنثور میں منقول ہیں اگر کسی کافر کا اتفاق نتیجہ خیز دنیا میں ہو جاوے تو اس لئے اشکال نہیں کہ اس کا مصداق خاص مجمع تھا اور مَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ کی تفسیر معمولی عذاب کے ساتھ کرنے سے تعارض ما سبق کا شبہ نہ رہا اور معمولی کی تعیین پر فَذُوْقُوا قرینہ ہو سکتا ہے کہ دال ہے عذاب کے وقوع پر اور وقوع اسی معمولی کا ہوا تھا اور عِنْدَ اس لئے لائے کہ بیت کے اندر نماز کم پڑھتے ہیں اکثر باہر ہوتی ہے اور وجہ تعذیب میں باوجود یہ کہ ان کے کفریات مذکورہ لَوْ نَشَآءُ الخ اور اِنْ كَانَ هٰذَا الخ زیادہ دخیل ہیں مگر تخصیص يَصُدُّوْنَ الخ کی ان کفریات کی نفی کے لئے نہیں بلکہ انضمام کیلئے ہے یعنی وهم مع ما ذکر یفعلون ما سیذکر اور حشر اور رکم میں یہ فرق ہے کہ اول کا حاصل پاس پاس کر دینا دوسرے کا حاصل بالکل ملا دینا پس دوسرے کا مع اپنے متعاطفات کے علت غائیہ اور اول کا معلل ہونا صحیح ہوا کیونکہ کفار کا حشر الی النار اس لئے ہوگا کہ فی النار کر دیئے جاویں اور مَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ کے ایک معنی کشاف[1] میں اور بیان کئے ہیں یعنی یہ جملہ حال ہے اور مقصود نفی استغفار ہے مطلب یہ کہ جیسا اَنْتَ فِيْهِمْ مانع ہے خاص عذاب سے اسی طرح خدا تعالیٰ ان کو مطلق عذاب سے بچا لیتا اگر یہ استغفار یعنی توبہ عن الشرک کر لیتے اور ایمان لے آتے پس یہ مانع ہے مطلق عذاب سے کقولہ تعالیٰ : وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ [ھود: ۱۱۷] اور اب چونکہ یہ مانع موجود نہیں اس لئے ان کو مطلق عذاب کیوں نہ ہوگا جب کہ مقتضی موجود ہے جس کا آگے بیان ہے وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ واللہ اعلم۔

ربط : اوپر کفار کے اقوال و اعمال کفریہ کا بیان تھا ان کے سننے کے بعد کفار کی دو حالتیں ہو سکتی ہیں اسلام لے آنا اور کفر پر قائم رہنا اس لئے آگے ان دو حالتوں کے متعلق احکام بیان فرماتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ : وَ مَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ۭ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ بعض کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی طرف ضمیر راجع ہے پس تقویٰ کا شرط ولایت ہونا منصوص ہے اور دوسری آیت سورۂ یونس کی اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ [یونس : ٦٢] بلا دوسرے احتمال کے اس میں نص ہے آج کل تارکین شریعت کو ولی سمجھا جاتا ہے انا للہ۔

الحواشی : (۱) رجحه الطبری ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ قوله فی وما لهم الاستحقاق کما فی الروح ای حظ لهم ۱۲۔ ۲ قوله فی ان اولیاء ہ اس مسجد کے فیه اشارة الی ان مرجع الضمیر هو المسجد الحرام کما هو المتبادر فان قیل ذکر فی المرقاة حدیث عن الدیلمی یدل بظاهره علی رجوع الضمیر الی الله تعالٰی ولفظه سئل رسول الله صلی الله علیه وسلم من آل محمد فقال کل تقی من آل محمد ثم قرء ان اولیائه الا المتقون فما تاویله قلت تاویله ان یقال ان متولی المسجد لا ینبغی ان یکون اولیاء الله تعالٰی وهم لیسوا باولیاء ہ انما هم المتقون فلا یکون احد منهم متولیا المسجد الحرام وانما یکون المتولی متقیا ۱۲۔ ۳ قوله فی ما کانوا اولیاء جس کا اختیار الخ اندفع به ایراد هو ان التقیید یوهم ان للمتولی المنع للمصلی عن المسجد وجه الاندفاع ان هذا تاکید للذم و مبالغة لا تقیید واحتراز۔ ۴ قوله فی ما کان صلاتهم بجائے نماز فتسمیة صلاة من قبیل قوله ع تحیة بینهم ضرب و جمیع ۱۲۔ ۵ قوله فی فسینفقونها ای غرض کے لئے کذا فی الخازن ۱۲۔ ٦ قوله فی فیر کمه یعنی اشارة الی ان الفاء للتفسیر فافهم ۱۲۔

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۸﴾
وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ
بَصِيْرٌ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ۭ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۴۰﴾

آپ ان کافروں سے کہہ دیجئے کہ اگر یہ لوگ (اپنے کفر سے) باز نہ آ جائیں گے تو ان کے گناہ سارے (جو اسلام سے) پہلے ہو چکے ہیں سب معاف کر دیئے جائیں گے اور اگر اپنی وہی (کفر کی) عادت رکھیں گے تو (ان کو سنا دیجئے کہ) کفار سابقین کے حق میں قانون نافذ ہو چکا ہے اور تم ان (کفار عرب) سے اس حد تک لڑو کہ ان میں فساد عقیدہ (یعنی شرک) نہ رہے اور دین خالص اللہ ہی کا ہو جائے۔ پھر اگر کفر سے باز آ جائیں تو اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کو خوب دیکھتے ہیں اور اگر روگردانی کریں تو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ تمہارا رفیق ہے وہ بہت اچھا رفیق ہی اور بہت اچھا مددگار ہے۔ ۞

www.besturdubooks.net

تفسیر: احکام متعلقہ باسلام وعدم اسلام ☆ قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا (الی قولہ تعالی) نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ ان کافروں سے کہہ دیجئے کہ اگر یہ لوگ (اپنے کفر سے) باز آ جاویں گے (اور اسلام قبول کر لیں گے) تو ان کے سارے گناہ جو (اسلام سے) پہلے ہو چکے ہیں سب معاف کر دیئے جاویں گے (یہ حکم تو حالت اسلام کا ہوا) اور اگر اپنی وہی (کفر کی) عادت رکھیں گے تو (ان کو سنا دیجئے کہ) کفار سابقین کے حق میں (ہمارا) قانون نافذ ہو چکا ہے (کہ دنیا میں ہلاک[1] اور آخرت میں عذاب وہی تمہارے لئے ہوگا چنانچہ قتل سے ہلاک بھی ہوئے اور غیر کفار عرب کا ہلاک ذمی ہونا بھی ہے تم جانو) اور (پھر ان کے اس کافر رہنے کی صورت میں اے مسلمانو) تم ان (کفار عرب) سے اس حد تک لڑو کہ ان میں فساد عقیدہ (یعنی شرک[2]) نہ رہے اور (ان کا) دین (خالص) اللہ ہی کا ہو جاوے (اور کسی کے دین کا خالصاً اللہ ہی کے لئے ہو جانا موقوف ہے قبول اسلام پر تو حاصل یہ ہوا کہ شرک چھوڑ کر اسلام اختیار کریں خلاصہ یہ کہ اگر اسلام نہ لاویں تو ان سے لڑو جب تک کہ اسلام نہ لاویں کیونکہ کفار عرب سے جزیہ نہیں لیا جاتا) پھر اگر یہ (کفر سے) باز آ جاویں تو (ان کے ظاہری اسلام کو قبول کر و دل کا حال مت ٹٹولو کیونکہ اگر یہ دل سے ایمان نہ لاویں گے تو) اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کو خوب دیکھتے ہیں (وہ آپ سمجھ لیں گے تم کو کیا) اور اگر (اسلام سے) روگردانی کریں تو (اللہ کا نام لے کر ان کے مقابلہ سے مت ہٹو اور) یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ (ان کے مقابلہ میں) تمہارا رفیق ہے وہ بہت اچھا رفیق ہے اور بہت اچھا مددگار ہے (سو وہ تمہاری رفاقت اور نصرت کرے گا) ف: یہ تفسیر امام ابوحنیفہؒ کے مذہب کی بناء پر ہے جس کا مفصل بیان ربع سیقول رکوع يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ [البقرة: ۱۸۹] کے تحت آیت: وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ [البقرة: ۱۹۰] الخ میں ہو چکا ہے اور جن ائمہ کے نزدیک کفار عرب سے بھی جزیہ لیا جاتا ہے ان کے نزدیک فتنہ کی تفسیر فساد و حرب ہے اور معنی اِنِ انْتَهَوْا کے یہ ہیں کہ جب وہ حربی نہ رہیں ذمی ہو جاویں قتال سے رک جاؤ اور فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ کی تقریر یہ ہو جاوے گی کہ اگر وہ عقد ذمہ میں خداع کریں گے تو اللہ تعالیٰ دیکھ لیں گے تم کو ذمیت کے قبول کرنے سے انکار نہیں پہنچتا اور اِنْ تَوَلَّوْا کے معنی یہ ہوں گے کہ اسلام اور ذمیت دونوں سے انکار کریں الخ اور اس آیت میں کفار سے اسلام لانے پر وعدہ ہے گناہان گذشتہ کی مغفرت کا پس کفر تو عام ہے اصلی اور مرتد کو لیکن مغفرت خاص ہے ذنوب کے ساتھ اور حقوق اور زواجر سے ساکت ہے جس کے احکام کافر اصلی و مرتد کے متعلق کتب فقہ میں مفصلاً مذکور ہیں اور ہر حکم کی مستقل جدا دلیل ہے خوب سمجھ لو۔ ربط: اوپر آیت: وَقَاتِلُوْهُمْ الخ میں قتال کا حکم تھا چونکہ گاہے قتال میں غنیمت بھی حاصل ہوتی ہے اس لئے آگے اس کا حکم بیان فرماتے ہیں اور اگر ان آیتوں کا نزول غزوۂ بدر میں ہو جیسا کہ اکثر[3] کا قول ہے تو یہ آیت شروع سورت کی آیت: قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ [الأنفال: ۱] الخ کی من وجہ تفصیل ہو جاوے گی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی مضت ہلاک وعذاب كذا فی المدارك۔ ۲ قوله فی فتنة شرک رواه الطبری عن ابن عباسؓ وغيره۔ ۳ قوله فی التمهيد اکثر کا قول تھا بله ما قال الواقدی كان الخمس فی غزوة بنی قينقاع بعد بدر بشهر وثلثة ايام للنصف من شوال علی راس عشرين شهرا من الهجرة كذا فی الروح فعلی هذا كفی فی الربط ما ذكر اولا۔

البلاغۃ: قوله سنة الاولين اضاف السنة تارة الی نفسه وتارة الی الكفار كما ههنا وتارة الی الرسل كقوله سنة من قد ارسلنا فالاول حقيقة والثانی لجريانها فيهم والثالث لجريانها علی ايديهم من الروح۔

www.besturdubooks.net

وَاعْلَمُوٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰكِیْنِ

وَابْنِ السَّبِیْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا یَوْمَ الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَی الْجَمْعٰنِ

وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۴۱﴾ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْیَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰی وَالرَّكْبُ

اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِی الْمِیْعٰدِ وَلٰكِنْ لِّیَقْضِیَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا

لِّیَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَیِّنَةٍ وَّیَحْیٰی مَنْ حَیَّ عَنْۢ بَیِّنَةٍ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۴۲﴾ اِذْ

یُرِیْكَهُمُ اللّٰهُ فِیْ مَنَامِكَ قَلِیْلًا وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِیْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِی الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

سَلَّمَ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۴۳﴾ وَاِذْ یُرِیْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَیْتُمْ فِیْٓ اَعْیُنِكُمْ قَلِیْلًا وَّیُقَلِّلُكُمْ فِیْٓ

ع ۷ / ۱ اَعْیُنِهِمْ لِیَقْضِیَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا وَاِلَی اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۴۴﴾

اور اس بات کو جان لو کہ جو شے (کفار سے) بطور غنیمت تم کو حاصل ہو تو اس کا حکم یہ ہے کہ کل کا پانچواں حصہ اللہ کا اور اسکے رسول کا ہے اور (ایک حصہ) آپ کے قرابتداروں کا ہے اور (ایک حصہ) غریبوں کا ہے اور (ایک حصہ) مسافروں کا ہے اگر تم اللہ پر یقین رکھتے ہو اور اس چیز پر جس کو ہم نے اپنے بندہ (محمدؐ) پر فیصلہ کے دن یعنی کہ جس دن (بدر میں) دونوں جماعتیں (مؤمنین و کفار) باہم مقابل ہوئی تھیں نازل فرمایا تھا اور اللہ (ہی) ہر شے پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں اور یہ وہ وقت تھا کہ جب تم اس میدان کے ادھر والے کنارہ پر تھے اور وہ لوگ (یعنی کفار) اس میدان کے اُدھر والے کنارہ پر تھے اور وہ قافلہ (قریش کا) تم سے نیچے کی طرف کو (بچا ہوا) تھا اور اگر تم اور وہ کوئی بات ٹھہراتے تو ضرور اس سے تم میں اختلاف ہوتا لیکن تا کہ جو کام اللہ کو کرنا منظور تھا اس کی تکمیل کر دے یعنی تا کہ جس کو برباد (گمراہ) ہونا ہے وہ نشان آئے پیچھے برباد ہو اور جس کو زندہ (ہدایت یافتہ) ہونا ہے (وہ بھی) نشان آئے پیچھے زندہ ہو اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ خوب سننے والے خوب جاننے والے ہیں۔ وہ وقت بھی قابل ذکر ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کے خواب میں آپ کو وہ لوگ کم دکھلائے اور اگر اللہ تعالیٰ آپ کو وہ لوگ زیادہ کر کے دکھلا دیتے تو تمہاری ہمتیں ہار جاتیں اور اس امر میں تم میں باہم نزاع (اختلاف) ہو جاتا لیکن اللہ تعالیٰ نے تقرر کے بارہ میں (اس کم ہمتی و اختلاف سے) بچا لیا بے شک وہ دلوں کی باتوں کو خوب جانتا ہے اور اس وقت کو یاد کرو جبکہ اللہ تعالیٰ تم کو جبکہ تم مقابل ہوئے وہ لوگ تمہاری نظر میں کم کر کے دکھلا رہے تھے اور اسی طرح ان کی نگاہ میں تم کو کم کر کے دکھلا رہے تھے تا کہ جو کام اللہ تعالیٰ کو کرنا منظور تھا اس کی تکمیل کر دے اور سب مقدمے اللہ ہی کی طرف رجوع کیے جائیں گے۔ ۞

تفسیر: حکم غنائم ☆ وَاعْلَمُوٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۴۱﴾ اور اس بات کو جان لو کہ جو شئے (کفار سے) بطور غنیمت تم کو حاصل ہو تو اس کا حکم یہ ہے کہ (اس کے کل پانچ حصے کئے جاویں جن میں سے چار حصے تو مقاتلین کا حق ہے اور ایک حصہ یعنی) کل کا پانچواں حصہ (پھر پانچ حصوں پر تقسیم ہوگا جن میں سے ایک تو) اللہ کا اور اس کے رسول کا ہے (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ملے گا جن کو دینا بمنزلہ اس کے ہے کہ حق تعالیٰ کے حضور میں پیش کر دیا) اور ایک حصہ آپ کے قرابت داروں کا ہے اور (ایک حصہ) یتیموں کا ہے اور (ایک حصہ) غریبوں کا ہے اور (ایک حصہ) مسافروں کا ہے اگر تم اللہ پر یقین رکھتے ہو اور اس چیز پر (یقین رکھتے ہو) جس کو ہم نے اپنے بندہ (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر فیصلہ کے دن (یعنی) جس دن کہ (بدر میں) دونوں جماعتیں (مؤمنین اور کفار کی) باہم مقابل ہوئی تھیں نازل فرمایا تھا (مراد اس سے امداد غیبی بواسطہ ملائکہ کے ہے یعنی اگر ہم پر اور ہمارے الطاف غیبیہ پر یقین رکھتے ہو تو اس حکم کو جان کر رکھو اور عمل کر و یہ اس لئے بڑھا دیا کہ خمس نکالنا شاق نہ ہو اور یہ سمجھ لیں کہ یہ ساری غنیمت اللہ ہی کی امداد سے تو ہاتھ آئی پھر اگر ہم کو ایک خمس نہ ملا تو کیا ہوا وہ چار خمس بھی تو ہماری قدرت سے خارج تھے بلکہ محض قدرت الٰہیہ سے حاصل ہوئے) اور اللہ (ہی) ہر شئے پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں (پھر تمہارا استحقاق تو اتنا بھی نہیں تھا یہ بھی بہت مل گیا۔ ف: فیصلہ کے دن سے مراد یوم بدر ہے کیونکہ اس میں عملاً حق و باطل کا فیصلہ واضح ہو گیا۔

مسئلہ: چونکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفات فرما چکے اس لئے آپ کا حصہ ساقط ہو گیا اور چونکہ آپؐ کے اہل قرابت کا حصہ بوجہ آپؐ کی نصرت قدیمہ

www.besturdubooks.net

کے تھا اور وفات نبوی کے بعد نصرت باقی نہیں لہٰذا یہ حصہ بھی ساقط ہو گیا اب یہ خمس تین حصوں پر تقسیم ہو کر ایک یتامیٰ کو ایک مساکین کو ایک ابناء السبیل کو ملے گا۔

مسئلہ: ان مساکین میں مقدم مساکین ذوی القربیٰ کے ہوں گے۔ یہ لوگ خمس کے مصارف ہیں مستحق نہیں ہیں پس اگر ایک ہی صنف میں صرف کر دیا جاوے تب بھی مثل زکوٰۃ کے جائز ہے **کذا فی الهداية والعناية** باقی تفصیل احکام غنیمت کی کتب فقہ میں مع دلائل موجود ہے۔

ربط: اوپر کی آیت میں یوم بدر کا ذکر تھا آگے اس کی صورت مخاطبین کے پیش نظر کر کے اس کے بعض واقعات کی حکمت اور اس کے ضمن میں اپنی نعمت و منت ظاہر فرماتے ہیں پس اس اعتبار سے گویا یہ متمم ہے ان انعامات کا جن کا ذکر آیت **کما اخرجك** سے شروع ہوا تھا۔

حکایت و حکمت متضمنہ نعمت در بعض واقعات بدر ☆ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ؕ

انعام سادس: وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ (الی قولہ تعالی) وَ اِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۙ۔

انعام سابع: اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ؕ (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۝

انعام ثامن: وَ اِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ (الی قولہ تعالی) وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ۝ یہ وہ وقت تھا کہ جب تم اس میدان کے ادھر والے کنارہ پر تھے اور وہ لوگ (یعنی کفار) اس میدان کے اُدھر والے کنارہ پر تھے (ادھر والے سے مراد مدینہ سے نزدیک کا موقع اور ادھر والے سے مراد مدینہ سے دور کا موقع) اور وہ قافلہ (قریش کا) تم سے ۵ نیچے کی طرف کو (بچا ہوا) تھا (یعنی سمندر کے کنارے کنارے جا رہا تھا حاصل یہ کہ پورے جوش کا سامان جمع ہو رہا تھا کہ دونوں آپس میں آمنے سامنے کہ ہر ایک دوسرے کو دیکھ کر جوش میں آوے ادھر قافلہ رستہ ہی میں جس کی وجہ سے لشکر کفار کو اس کی حمایت کا خیال دلنشین جس سے اور جوش میں زیادتی ہو غرض وہ ایسا شدید وقت تھا پھر بھی خدا تعالیٰ نے تم پر امداد غیبی نازل کی جیسا اوپر ارشاد ہوا ہے: اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا اور (وہ تو مصلحت یہ ہوئی کہ اتفاقاً مقابلہ ہو گیا ورنہ) اگر (پہلے سے حسب معمول و عادت) تم اور وہ ۱ (لڑائی کیلئے) کوئی بات ٹھہراتے (کہ فلاں وقت لڑیں گے) تو (مقتضا ۲ حالت موجودہ کا یہ تھا کہ) ضرور اس تقرر ۳ کے بارہ میں تم میں اختلاف ہوتا (یعنی خواہ صرف مسلمانوں اور باہم کہ بوجہ بے سروسامانی کے کوئی کچھ کہتا کوئی کچھ کہتا اور خواہ کفار کے ساتھ اختلاف ہوتا جس کی وجہ اس طرف کی بے سروسامانی اور اس طرف مسلمانوں کا رعب بہر حال دونوں طرح اس جنگ کی نوبت نہ آتی پس اس میں جو فوائد ہوئے وہ ظہور میں نہ آتے جن کا بیان لِيَهْلِكَ میں آتا ہے) لیکن (اللہ تعالیٰ نے ایسا سامان کر دیا کہ اس کی نوبت نہیں آئی بلا قصد لڑائی ٹھن گئی) تا کہ جو کام اللہ کو کرنا منظور ۴ تھا اس کی تکمیل ۵ کر دے یعنی ۶ تا کہ (حق کا نشان ظاہر ہو جاوے اور) جس کو برباد (یعنی گمراہ) ہونا ہے وہ نشان آئے پیچھے ۷ برباد ہو اور جس کو زندہ (یعنی ہدایت یافتہ) ہونا ہے وہ (بھی) نشان آئے پیچھے زندہ ہو (مطلب یہ کہ اللہ تعالیٰ کو منظور تھا لڑائی ہونا کیونکہ ایک خاص طریق ۱۱ سے اسلام کا حق ہونا ظاہر ہو جاوے کہ اس قلت عدد و کم سامانی پر مسلمان غالب آئے جو کہ خارق عادت ہے جس سے معلوم ہوا کہ اسلام حق ہے پس اس سے حجت الٰہیہ تام ہو گئی اس کے بعد جو گمراہ ہو گا وہ وضوح حق کے بعد ہو گا یہ کہ جس میں عذاب کا پورا استحقاق ہو گیا اور عذر کی گنجائش ہی نہ رہی اسی طرح جس کو ہدایت ہونا ہو گا وہ حق کو قبول کر لے گا خلاصہ حکمت کا یہ ہوا کہ حق واضح ۱۲ ہو جاوے) اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ خوب سننے والے خوب جاننے والے ہیں (کہ اس وضوح کے بعد زبان اور قلب سے کون کفر کرتا ہے اور کون ایمان لاتا ہے اور) وہ وقت بھی قابل ذکر ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کے خواب میں آپ کو وہ لوگ کم دکھلائے (چنانچہ آپ نے صحابہ کو اس خواب کی خبر کی ان کے دل خوب قوی ہو گئے) اور اگر اللہ تعالیٰ آپ کو وہ لوگ زیادہ کر کے دکھا دیتے (اور آپ صحابہ سے فرما دیتے) تو (اے صحابہؓ) تمہاری ہمتیں ہار جاتیں اور اس امر (قتال) میں تم میں باہم نزاع (اختلاف) ہو جاتا لیکن اللہ تعالیٰ نے (اس کم ہمتی اور اختلاف سے تم کو) بچا لیا بیشک وہ دلوں کی باتوں کو خوب جانتا ہے (اس کو معلوم تھا کہ اس طرح ضعف پیدا ہو گا اس طرح قوت اس لئے ایسی تدبیر کی) اور (صرف خواب ہی میں آپ کو کم دکھلانے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ تتمیم حکمت کے لئے بیداری میں مقابلہ کے وقت مسلمانوں کی نظر میں بھی کفار کم دکھائی دیئے جیسا کہ بالعکس بھی ہوا جو کہ واقع کے مطابق بھی تھا چنانچہ فرماتے ہیں کہ) اس وقت کو یاد کرو جب کہ اللہ تعالیٰ تمہیں جب کہ تم مقابل ہوئے ان لوگوں کو تمہاری نظر میں کم کر کے دکھلا رہے تھے اور (اسی طرح) ان کی نگاہ میں تم کو کم کر کے دکھلا رہے تھے تا کہ جو کام اللہ کو کرنا منظور تھا اس کی تکمیل کر دے (جیسا پہلے بیان ہو چکا ہے۔ لِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ الخ) اور سب مقدمے خدا ہی کی طرف رجوع کئے جاویں گے (وہ ہالک اور حی یعنی گمراہ اور مہتدی کو سزا و جزا دیں گے) **ف**: سورۂ آل عمران رکوع دوم آیت: قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ الخ [آل عمران: ۱۳] کی تفسیر میں اس کم دکھلانے کے متعلق تحقیق گذر چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے۔ **ربط**: اوپر بدر کے واقعات تھے آگے ایسے مواقع قتال کے آداب ظاہری و باطنی کی مسلمان کو تعلیم ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ؕ آیت سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ بعض اوقات بعض واقعات کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی مخفی فرما لیتے ہیں اور غیر نبی کا تو کیا ذکر ہے (جیسا اس واقعہ میں ہوا کہ کفار تھے تو زیادہ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر منکشف ہوئے کم) سو اس شخص کا کیا حال

www.besturdubooks.net

ہے جو اس کو اپنے شیخ کے لئے جائز نہ سمجھے اور اس کے کشف اور خواب پر جزم کر لے اور یہ واقعہ تو منام میں تھا اور ایسا ہی بیداری میں ممکن ہے جیسا اس کے بعد والی آیت میں مذکور ہے: اِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّ يُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله في فان** حکم **اشارة الى تقدير المبتدا اى فالحكم ان الله الخ**۱۲۔ ۲؎ **قوله في لله** جن کو دنیا **اشارة الى ان ذكر الله تعالٰى لتعظيم رسول الله صلى الله عليه وسلم كما في قوله تعالٰى والله ورسوله احق ان يرضوه وعزاه في الروح الى الجمهور**۱۲۔ ۳؎ **قوله في جزاء ان كنتم** جان رکھو الخ **اشارة الى تقدير جزاء ان كنتم**۱۲۔ ۴؎ **قوله في اذ انتم** یہ وہ وقت **اشارة الى كونه بدلا من يوم الفرقان ولم يقدر اذكر كما قدر في اذ يريكهم لان المقصود هنا تصوير ذاك اليوم فناسب البدلية**۱۲۔ ۵؎ **قوله في منكم** تم سے **اى المسلمين كما في الخازن**۱۲۔ ۶؎ **قوله في تواعدتم** تم اور وہ **اشارة الى ان في الكلام تغليبا**۱۲۔ ۷؎ **قوله في لاختلفتم** مقتضا **فلا يرد ان التواعد قد وقع احيانا ولم يختلفوا**۱۲۔ ۸؎ **قوله في الميعاد** تقرر **اشارة الى كونه مصدر بالمعنى الوعد**۱۲۔ ۹؎ **قوله في مفعولا** منظور **كما في الروح مقدرا في الازل**۱۲۔ ۱۰؎ **قوله في ليقضى** تکمیل **من القضاء بمعنى التمام**۱۲۔ ۱۱؎ **قوله في ليهلك** یعنی **اشارة الى كونه بدلا للتفسير**۱۲۔ ۱۲؎ **قوله في عن بينة** پیچھے **فهو بمعنى بعد كما في الروح**۱۲۔ ۱۳؎ **قوله في توضيح بينة** خاص طریق **زاده لعدم الحصر لاثبات الحق فيه**۱۲۔ ۱۴؎ **قوله في اخر ذاك التوضيح** حق واضح **كما في قوله ليحق الحق ولا تكرار لاختلاف الفعل المعلل به وكذا لا تكرار في ليقضى الله لهذا الاختلاف ايضا**۱۲۔

الروایات: **الدنيا القصوى من المدينة كذا في عامة التفاسير وفي الدر المنثور من مكة والله اعلم**۱۲۔

اللغات: **قوله العدوة شاطئ الوادى كذا في القاموس وترجم بالحاصل لان الوادى يكون منخفضا وشاطئه مرتفعا مستويا**۱۲۔

النحو: **قوله اسفل منكم ظرف منصوب اى في مكان اسفل منكم**۱۲ **قوله قليلا نصبه على انه مفعول ثالث عند الجمهورى او حال على ما يفهمه كلام غيره كذا في الروح قلت ومثله قوله كثيرا وقوله قليلا في الآية الآتية**۱۲۔

البلاغۃ: **قوله يقللكم لم يقل ويريكم قليلا في اعينهم لان المسلمين كانوا قليلا في الواقع لا في رؤيتهم فقط**۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَ اذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ
وَ رَسُوْلَهٗ وَ لَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَ تَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَ اصْبِرُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَ لَا تَكُوْنُوْا
كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّ رِئَآءَ النَّاسِ وَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا
يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۴۷﴾ وَ اِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَ قَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ
النَّاسِ وَ اِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَآءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ
ع اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ وَ اللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴۸﴾ اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الَّذِيْنَ
فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ؕ وَ مَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۹﴾

اے ایمان والو! جب تم کو کسی جماعت سے (جہاد میں) مقابلہ کا اتفاق ہوا کرے تو (ان آداب کا لحاظ رکھو ایک یہ کہ) ثابت قدم رہو اور اللہ کا خوب کثرت سے ذکر کرو۔ امید ہے کہ تم کامیاب ہو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت (کا لحاظ) کیا کرو اور نزاع مت کرو (نہ اپنے امام سے نہ آپس میں) ورنہ کم ہمت ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی اور صبر کرو بے شک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہیں اور ان (کافر) لوگوں کے مشابہ نہ ہونا کہ جو (اسی بدر کے واقعہ میں) اپنے گھروں سے اتراتے ہوئے اور لوگوں کو دکھلاتے ہوئے نکلے اور لوگوں کو اللہ کے راستہ (دین) سے روکتے تھے اور اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کو (اپنے علم کے) احاطہ میں لئے ہوئے ہے اور اس وقت کا ان سے ذکر کیجئے جبکہ شیطان نے ان (کفار) کو ان کے اعمال خوشنما کر کے دکھلائے اور کہا کہ لوگوں میں سے آج کوئی تم پر غالب آنے والا نہیں اور میں تمہارا حامی ہوں۔ پھر جب دونوں جماعتیں (کفار و مسلمین کی) ایک دوسرے کے مقابل ہوئیں تو وہ اُلٹے پاؤں بھاگا اور یہ کہا کہ میرا تم سے کوئی واسطہ نہیں، میں ان چیزوں کو دیکھ رہا

www.besturdubooks.net

ہوں۔ جوتم کونظر نہیں آتیں (مرادفرشتے) میں تو خدا سے ڈرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والے ہیں اور وہ وقت بھی قابل ذکر ہے کہ جب منافقین اور جن کے دلوں میں (شک کی) بیماری تھی یوں کہتے تھے کہ ان (مسلمان) لوگوں کو ان کے دین نے بھول میں ڈال رکھا ہے اور جو شخص اللہ پر بھروسہ کرتا ہے تو بلاشبہ اللہ تعالیٰ زبردست ہیں (اور) حکمت والے (بھی) ہیں۞

تفسیر: تعلیم بعضے آداب قتال ☆ يَاۤيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۴۷﴾ اے ایمان والو! جب تم کو (کفار کی) کسی جماعت سے (جہاد میں) مقابلہ کا اتفاق ہوا کرے تو (ان آداب کا لحاظ رکھو ایک یہ کہ) ثابت قدم رہو (یعنی بھاگو مت) اور (دوسرے یہ کہ) اللہ کا خوب کثرت سے ذکر کرو (کہ ذکر سے قلب میں قوت ہوتی ہے) امید ہے کہ تم (مقابلہ میں) کامیاب ہو (کیونکہ ثبات قدم اور ثبات قلب جب جمع ہوں تو کامیابی غالب ہے) اور (تیسرے یہ کہ تمام امور متعلقہ حرب میں) اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت (کالحاظ) کیا کرو (کہ کوئی کارروائی خلاف شرع نہ ہو) اور (چوتھے یہ کہ اپنے امام سے اور باہم بھی) نزاع مت کرو ورنہ (باہمی نااتفاقی سے) کم ہمت ہو جاؤ گے (کیونکہ تو تمیں منتشر ہو جاویں گی ایک کو دوسرے پر وثوق نہ ہوگا اور اکیلا آدمی کیا کر سکتا ہے) اور تمہاری ہوا اکھڑ جاوے گی (ہوا خیزی سے مراد بدرعبی کیونکہ دوسروں کو اس نااتفاقی کی اطلاع ہونے سے یہ امر لازمی ہے) اور پانچویں یہ کہ اگر کوئی امر ناگواری کا پیش آوے تو اس پر) صبر کرو بیشک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہیں (اور معیت الٰہی موجب نصرت ہے) اور (چھٹے یہ کہ نیت خالص رکھو تفاخر اور نمائش میں) ان (کافر) لوگوں کے مشابہ مت ہونا کہ جو (اسی واقعہ بدر میں) اپنے گھروں سے اتراتے ہوئے اور لوگوں کو (اپنی شان وسامان دکھلاتے ہوئے نکلے اور (اس فخر وریاء کے ساتھ یہ بھی نیت تھی کہ) لوگوں کو اللہ کے رستہ (یعنی دین) سے روکتے تھے (کیونکہ مسلمان کوزک دینے چلے تھے جس کا اثر عام طبائع پر بھی دین سے بعد ہوتا) اور اللہ تعالیٰ (ان لوگوں کو پوری سزا دیگا چنانچہ وہ) انکے اعمال کو (اپنے علم کے) احاطہ میں لئے ہوئے ہے۔ ف: درمنثور میں ان کفار قریش کے اعمال واقوال تفاخر کے مروی ہیں آخر ساری شیخی خاک میں مل گئی۔

ربط: اوپر کفار کے بطر وریاء کا ذکر تھا آگے اس کی علت کہ تزئین شیطان ہے اور اس علت کا ضعف مذکور ہے اور یہ قصہ اس طرح ہوا تھا کہ قریش اور بنی کنانہ میں کچھ رنج چلا آتا تھا جب کہ کفار قریش مکہ سے مسلمانوں کے مقابلہ کو چلنے لگے تو بنی کنانہ کی طرف سے گونہ اندیشہ ہوا اور جانے میں پس وپیش کرنے لگے اس وقت ابلیس بصورت سراقہ رئیس بنی کنانہ کے ظاہر ہوا اور کہا کہ تم اندیشہ مت کرو میں بنی کنانہ کی طرف سے تمہارا ذمہ دار ہوں سب یہی سمجھے کہ یہ سراقہ ہے سب باطمینان بدر میں پہنچے جب لڑائی کا وقت آیا اور ملائکہ نازل ہونا شروع ہوئے اس وقت اس کا ہاتھ حارث کے ہاتھ میں تھا چھڑا کر بھاگا۔ حارث نے پوچھا تو جواب دیا انی بری الخ غرض لوگوں میں سراقہ کی بدنامی کا چرچا ہوا سراقہ نے سن کر قسم کھائی کہ مجھ کو کچھ خبر نہیں اوردہ فی الدر المنثور عن ابن عباسؓ ورفاعة بن رافع وفی الروح عن غیر واحد من المفسرین وفی الکمالین عن ابن اسحاقؒ۔

ضعف کید شیطان ☆ اِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴۸﴾ اور اس وقت کا ان سے ذکر کیجئے جب کہ شیطان نے ان (کفار) کو (بذریعہ وسوسہ) ان کے اعمال (کفریہ) عداوت ومخالفت رسول صلی اللہ علیہ وسلم) خوشنما کر کے دکھلائے (کہ انہوں نے ان باتوں کو اچھا سمجھا) اور (وسوسہ سے بڑھ کر یہ کیا کہ بالمشافہ ان سے) کہا کہ (تم کو وہ قوت وشوکت ہے کہ تمہارے مخالف) لوگوں میں سے آج کوئی تم پر غالب آنے والا نہیں اور میں تمہارا حامی ہوں (نہ بیرونی دشمنوں سے ڈرو اور نہ اندرونی دشمنوں سے اندیشہ کرو) پھر جب دونوں جماعتیں (کفار ومسلمین کی) ایک دوسرے کے بالمقابل ہوئیں (اور اس نے ملائکہ کا نزول دیکھا) تو وہ الٹے پاؤں بھاگا اور یہ کہا کہ میرا تم سے کوئی واسطہ نہیں (میں حامی وامی کچھ نہیں بنتا کیونکہ) میں ان چیزوں کو دیکھ رہا ہوں جوتم کونظر نہیں آتیں (مرادفرشتے ہیں) میں تو خدا سے ڈرتا ہوں (کبھی کسی فرشتہ سے دنیا ہی میں میری خبر لوا دے) اور اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والے ہیں۔ ف: چونکہ نرا خوف بدوں ایمان کے مقبول نہیں اس لئے شیطان کا خدا سے ڈرنا اگر واقعی بھی ہو کچھ محل اشکال نہیں۔

ربط: اوپر اس گمان کی غلطی کا بیان تھا کہ کفار کے غالب آنے کی امید تھی اور وہ مغلوب ہوئے آگے اس گمان کی غلطی کا بیان ہے کہ مسلمان مغلوب ہوتے نظر آتے تھے اور وہ برکت توکل سے غالب آئے۔

برکت وقوت توکل علی اللہ ☆ اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ (الی قولہ تعالی) فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۹﴾ اور وہ وقت بھی قابل ذکر ہے کہ جب منافقین (مدینہ والوں میں سے) اور جن کے دلوں میں (شک کی) بیماری تھی (مکہ والوں میں سے مسلمانوں کا بے سروسامانی کے ساتھ مقابلہ کفار میں آجانا دیکھ کر) یوں کہتے تھے کہ ان (مسلمان) لوگوں کو ان کے دین نے بھول میں ڈال رکھا ہے (کہ اپنے دین کے حق ہونے کے بھروسے ایسے خطرہ میں آپڑے اللہ تعالیٰ جواب دیتے ہیں) اور جو شخص اللہ پر بھروسہ کرتا ہے تو (وہ اکثر غالب ہی آتا ہے کیونکہ) بلاشبہ اللہ تعالیٰ زبردست ہیں (اس لئے اپنے اوپر بھروسہ کرنے والے کو غالب کر دیتے ہیں اور احیاناً ایسا شخص مغلوب ہو جاوے تو اس میں کچھ مصلحت ہوتی ہے کیونکہ) وہ حکمت والے (بھی) ہیں (غرض ظاہری سامان وبے سروسامانی پر

www.besturdubooks.net

مدار نہیں قادر کوئی اور ہی ہے)۔ ف: بعضے لوگ اہل مکہ میں مذبذب سے تھے وہ بھی بدر میں آئے تھے فریقین کی حالت کا موازنہ کر کے انہوں نے یہ کہا تھا کذا فی الدر المنثور۔ ربط: اوپر کفار کی تعذیب دنیوی مقتولیت ومغلوبیت کا بیان تھا آگے تعذیب برزخی واخروی کا اور ان سب عقوبات کی علت کا کہ مخالفت حق ہے، بیان ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ اس میں مسلمانوں کو بطر اور ریاء میں ان کے مشابہ ہونے سے نہی کی گئی ہے پس اولیاء کو اعداء کی مشابہت سے ممانعت ہوئی۔ قولہ تعالیٰ: فَلَمَّا تَرَآءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ۔ اس واقعہ میں ابلیس سراقہ بن مالک کنانی کی صورت میں متمثل ہو گیا تھا پس آیت میں کئی مسئلوں پر دلالت ہے۔ اول ابلیس کبھی گناہ کے وسوسہ کو ترک بھی کر دیتا ہے جیسا اس قصہ میں اول وسوسہ ڈالا: لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ پھر اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ کہہ کر اس کو ترک کر دیا اور یہ ترک اس وقت ہوتا ہے جب دیکھتا ہے کہ بدوں میرے وسوسہ کے بھی انسان گناہ کر لے گا۔ دوسرا مسئلہ اہل باطل کے لئے کشف کا ممکن ہونا چنانچہ ابلیس کو ملائکہ مکشوف بھی ہوئے جس کی خبر اس قول میں دی گئی: اِنِّيْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ تیسرا مسئلہ تمثل کا امکان جیسا وہ کنانہ کی صورت میں متمثل ہوا۔ چوتھا مسئلہ خدائے تعالیٰ سے خوف طبعی کا کافی نہ ہونا جیسا شیطان کا خوف تھا اور اس نے اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ کہا مطلوب خوف ایمانی ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في تفلحون غالب افاده لعل فلا يضر انهزام المسلمين بعلة وحكمة ۱۲۔ ۲ قوله في من الناس مخالف وهم المسلمون فلا يرد الفارس والروم فان خلافهم لم يكن معتدابه ۱۲۔ ۳ قوله في جار بیرونی اندرونی الاول راجع الى قوله لا غالب والثانی الى قوله انی جار ۱۲۔

الروایات: فی الدر المنثور برواية البيهقي عن ابن عباسؓ انی اری ان ختم الآية من مقول الشيطان واخرج ابن ابی حاتم عن ابن اسحق قوله اذ يقول المنافقون والذين في قلوبهم مرض قال هم الفئة الذين خرجوا مع قريش احتبسهم آباء هم فخرجوا وهم على الارتياب فلما را واقلة اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم قالوا غر هؤلاء دينهم حين قدموا على ما قدموا عليه من قلة عددهم وكثرة عدوم وهم فئة من قريش مسمون خمسة قيس بن الوليد بن المغيرة وابو قيس بن الفاكهة بن المغيرة المخزد ميان والحارث بن زمعة وعلى بن امية بن خلف والعاسی ابن منبه كذا في الدر المنثور قلت فالمرض يراد به الشك دون النفاق كما قيل في سورة المدثر المكية وليقول الذين في قلوبهم مرض ۱۲۔

اللغات: قوله جار في القاموس مجيرو مستجير الترائ التلاقی۔

البلاغۃ: قوله تذهب ريحكم في الروح الريح كما قال الاخفش مستعارة للدولة لشبها في نفوذ امرها وتمشيه ومن كلامهم هب رياح فلان اذا دالت له الدولة وجرى امره على ما يريد وركدت رياحه اذا ولت عنه وادبر امره اه۔

وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا ۙ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۵۰﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۵۱﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۵۲﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۵۳﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵۴﴾

اور اگر آپ (اس وقت کا واقعہ) دیکھیں جبکہ فرشتے ان (موجودہ) کافروں کی جان قبض کرتے جاتے ہیں (اور) ان کے منہ پر اور ان کی پشتوں پر مارتے جاتے ہیں اور یہ کہتے جاتے ہیں کہ (ابھی کیا ہے آگے چل کر) آگ کی سزا جھیلنا (اور) یہ عذاب ان اعمال (کفریہ) کی وجہ سے ہے جو تم نے اپنے ہاتھوں سمیٹے ہیں اور امر ثابت ہی ہے

www.besturdubooks.net

کہ اللہ تعالیٰ بندوں پر ظلم کرنے والے نہیں۔ ان کی حالت ایسی ہے جیسے فرعون والوں کی اور ان سے پہلے کے لوگوں کی حالت تھی کہ انہوں نے آیات الٰہیہ انکار کیا۔ سو خدا تعالیٰ نے ان کے (ان) گناہوں پر ان کو پکڑ لیا۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑی قوت والے سخت سزا دینے والے ہیں۔ یہ بات اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی ایسی نعمت کو جو کسی قوم کو عطا فرمائی ہو نہیں بدلتے' جب تک کہ وہی لوگ اپنے ذاتی اعمال کو نہیں بدل ڈالتے اور یہ امر ثابت ہی ہے کہ اللہ تعالیٰ بڑے سننے والے ہیں بڑے جاننے والے ہیں ان کی حالت فرعون والوں اور ان سے پہلے والوں کی سی حالت ہے کہ انہوں نے اپنے رب کی آیات کو جھٹلایا اس پر ہم نے ان کو ان کے گناہوں کے سبب ہلاک کر دیا اور فرعون والوں کو غرق کر دیا اور وہ سب ظالم تھے ۝

تفسیر: عقوبت کفار وعلت آں ☆ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ (الی قولہ تعالی) وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝ اور اگر آپ (اس وقت کا واقعہ) دیکھیں (تو عجیب واقعہ نظر آوے) جب کہ فرشتے ان (موجودہ) کافروں کی جان قبض کرتے جاتے ہیں (اور) ان کے منہ پر اور ان کی پشتوں پر مارتے جاتے ہیں اور یہ کہتے جاتے ہیں کہ (ابھی کیا ہے آگے چل کر) آگ کی سزا جھیلنا (اور) یہ عذاب ان اعمال (کفریہ) کی وجہ سے ہے جو تم نے اپنے ہاتھوں سمیٹے ہیں اور یہ امر ثابت ہی ہے کہ اللہ تعالیٰ بندوں پر ظلم کرنے والے نہیں (سو اللہ تعالیٰ نے بے جرم سزا نہیں دی پس) ان کی حالت (اس بارہ میں کہ کفر پر سزایاب ہوئے) ایسی ہے جیسی فرعون والوں کی اور ان سے پہلے کے (کافر) لوگوں کی حالت تھی کہ انہوں نے آیات الٰہیہ کا انکار کیا سو خدا تعالیٰ نے ان کے (ان) گناہوں پر ان کو (عذاب میں) پکڑ لیا بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑی قوت والے سخت سزا دینے والے ہیں (کہ ان کے مقابلہ میں کوئی ایسی قوت نہیں رکھتا کہ ان کے عذاب کو ہٹا سکے اور) یہ بات (کہ بلا جرم ہم سزا نہیں دیتے) اس سبب سے ہے (کہ ہمارا ایک قاعدہ کلیہ مقرر ہے اور بلا جرم سزا نہ دینا اسی قاعدہ کی ایک فرع ہے اور وہ قاعدہ یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ کسی ایسی نعمت کو جو کسی قوم کو عطا فرمائی ہو نہیں بدلتے جب تک کہ وہی لوگ اپنے ذاتی اعمال کو نہیں بدل ڈالتے اور یہ امر ثابت ہی ہے کہ اللہ تعالیٰ بڑے سننے والے بڑے جاننے والے ہیں (پس وہ تغیر قولی کو سنتے ہیں تغیر فعلی کو جانتے ہیں سو ان کفار موجودین نے اپنی یہ حالت بدلی کہ ان میں باوجود کفر کے اول ایمان لانے کی استعداد قریب تھی انکار و مخالفت کر کر کے اس کو بعید کر ڈالا پس ہم نے اپنی نعمت امہال کو جو پہلے سے ان کو حاصل تھی مبدل بہ دار و گیر کر دیا اس کی وجہ یہ ہوئی کہ انہوں بطریق مذکور نعمت قرب استعداد کو بدل ڈالا پس اس امر تغییر میں بھی) ان کی حالت فرعون والوں اور ان سے پہلے لوگوں کی سی حالت ہے کہ انہوں نے اپنے رب کی آیات کو جھٹلایا اس پر ہم نے ان کو ان کے (ان) گناہوں کے سبب ہلاک کر دیا اور (ان میں) فرعون والوں کو (خاص طور پر ہلاک کیا کہ ان کو) غرق کر دیا اور وہ (فرعون والے اور پہلے والے) سب ظالم تھے۔

ف: اوپر کی آیات میں یہاں تک کفار مشرکین کے احوال وقتال کا بیان تھا آگے کفار اہل کتاب کے احوال اور قتال کا بیان ہے جیسا کہ تمہید سورت میں بھی اس طرف اشارہ کیا گیا ہے اور سبب نزول اس کا یہود بنی قریظہ کی عہد شکنی ہے کہ انہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عہد کیا تھا کہ ہم آپ کے مخالفین کو مدد نہ دیں گے اور پھر بھی غزوۂ احزاب میں مشرکین کو مدد دی اور بھی چند بار ایسا ہو چکا تھا ہر بار میں کہہ دیتے تھے کہ ہم بھول گئے پھر تازہ عہد کرتے تھے پھر ایسا ہی کرتے تھے اس پر ان آیتوں میں آپ کو حکم ہوا ان سے قتال کا کذا فی الدر المنثور واللباب والروح۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ اس کے عموم میں وہ صورت بھی داخل ہوگئی کہ جب سالک سے کوئی معصیت صادر ہو جاتی ہے یا کوئی طاعت ترک ہو جاتی ہے تو اس سے انوار و برکات مقصودہ منقطع ہو جاتے ہیں۔

فائدۃ مھمۃ متعلقۃ بالآیۃ: ان قلت انی فی قولہ ذلک فی الموضعین وقولہ کداب وقولہ کفروا و کذبوا تکرار قلت الاشارۃ بذلک الاول الی العذاب وبذلک الثانی الی ما یفھم من ذلک الاول مع خبرہ من کون العذاب منوطا باعمالھم و کون الثانی سببا للاول باعتبار کونہ فرعاً لہ فان تغییر النعمۃ اعم من الکفر کما فی الروح سواء کانت احوالھم السابقۃ مرضیۃ صالحۃ او اھون من الحالۃ الحادثۃ الخ فالجزئی مسبب والقانون الکلی سبب فلا تکرار وکذا التشبیہ فی الاول فی الکفر وفی الثانی فی التغییر وکذا ذکر الکفر فی الاول من حیث کونہ عملاً وفی الثانی من حیث کونہ تغییرا لما ان الکفر وان کان حاصلا من قبل لکن بلا تکذیب لعدم مجیء رسول الیھم وکانوا انعم علیھم بالامھال فلما بعث الیھم رسول کذبوا فبدلوا حالھم فبدل اللہ تعالیٰ امھالھم وقضی آجالھم۔

فائدۃ اخرٰی: مفھوم الآیتین المصدر تین بذلک عدم وقوع العذاب والتغییر من غیر ذنب وتغییر لا وقوع العذاب والتغییر بعد الذنب والتغییر لا محالۃ فافھم والی ھذہ الامور کلھا اشرت فی تقریر الترجمۃ فافھم واللہ یتولی ھداک۔

اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ

www.besturdubooks.net

عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ
لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ
ع الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا
اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ
مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ
وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۶۰﴾

بلاشبہ بدترین خلائق اللہ کے نزدیک یہ کافرلوگ ہیں۔تو یہ ایمان نہ لائیں گے۔جن کی یہ کیفیت ہے کہ آپ ان سے (کئی بار) عہد لے چکے ہیں (مگر) پھر (بھی) وہ ہر بار اپنا عہد توڑ ڈالتے ہیں اور عہد شکنی سے ڈرتے نہیں۔سو اگر آپ لڑائی میں ان لوگوں پر قابو پائیں تو ان (پر حملہ کر کے اس) کے ذریعے سے اور لوگوں کو جو کہ ان کے علاوہ ہیں منتشر کر دیجئے تا کہ وہ لوگ سمجھ جائیں اور اگر آپ کو کسی قوم سے خیانت (یعنی عہد شکنی) کا اندیشہ ہو تو آپ وہ عہد ان کو اس طرح واپس کر دیجئے کہ آپ اور وہ (اس اطلاع میں) برابر ہو جائیں۔بلاشبہ اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے اور کافر لوگ اپنے کو یہ خیال نہ کریں کہ وہ بچ گئے یقیناً وہ لوگ (خدا تعالیٰ) کو عاجز نہیں کر سکتے اور ان کافروں کے لئے جس قدر تم سے ہو سکے ہتھیار سے اور پلے ہوئے گھوڑوں سے سامان درست رکھو اور اس کے ذریعے سے تم (اپنا) رعب جمائے رکھو ان پر جو کفر کی وجہ سے اللہ کے دشمن ہیں اور تمہارے دشمن ہیں اور ان کے علاوہ دوسروں پر بھی جن کو تم (بالیقین) نہیں جانتے ان کو اللہ ہی جانتا ہے اور اللہ کی راہ میں جو کچھ بھی خرچ کرو گے وہ تم کو پورا پورا دے دیا جائے گا اور تمہارے لئے کچھ کمی نہ ہوگی۔ ۞

تفسیر: احوال واحکام قتال بعض اہل کتاب ☆ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۵﴾ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ بلاشبہ بدترین خلائق اللہ کے نزدیک یہ کافر[ل] لوگ ہیں (جب یہ علم الٰہی میں ایسے ہیں) تو یہ ایمان نہ لاویں گے جن کی یہ کیفیت[ع] ہے کہ آپ ان سے (کئی بار) عہد لے چکے ہیں (مگر) پھر (بھی) وہ ہر بار اپنا عہد توڑ ڈالتے ہیں اور وہ (عہد شکنی سے) ڈرتے نہیں سو اگر آپ لڑائی میں ان لوگوں پر قابو[ت] پائیں گے (اور یہ آپ کے ہاتھ آئیں) تو ان (پر حملہ کر کے اس) کے ذریعہ سے اور لوگوں کو جو کہ ان کے علاوہ[ث] ہیں منتشر کر دیجئے تا کہ وہ لوگ سمجھ جاویں (کہ نقض عہد کا یہ وبال ہوا ہم ایسا نہ کریں یہ حکم تو اس وقت ہے کہ جب ان لوگوں نے عہد علانیہ توڑ دیا ہو) اور اگر (ابھی تک علانیہ تو نہیں توڑا لیکن) آپ کو کسی قوم سے خیانت (یعنی عہد شکنی) کا اندیشہ ہو تو (اجازت[ش] ہے کہ) آپ وہ عہد ان کو اس طرح واپس کر دیجئے (یعنی اس طرح اس عہد کے باقی نہ رہنے کی اطلاع کر دیجئے) کہ آپ اور وہ (اس اطلاع میں) برابر ہو جائیں (اور بدوں ایسی صاف اطلاع کے لڑنا خیانت ہے اور) بلاشبہ اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے۔ف: ایک ایسی ہی آیت اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ اس سورت کے تیسرے رکوع میں مشرکین کے حق میں آچکی ہے چونکہ دوسرے عصاۃ سے بدتر ہونا سب کفار پر صادق آتا ہے لہٰذا دونوں آیتوں میں کچھ تعارض نہیں اور لَا يُؤْمِنُوْنَ فرمانا ان ہی کے اعتبار سے ہے جو علم الٰہی میں عمر بھر کافر رہنے والے تھے اور اس آیت میں جو شرد اور فانبذ کا خطاب خاص کیا گیا اس طرح آگے مسئلہ صلح میں فَاجْنَحْ لَهَا کا اس میں اشارہ ہے کہ عہد کا حل وعقد امام کی رائے پر ہے عوام کو اس میں دخل نہ دینا چاہئے اور نبذ عہد میں جو خوف خیانت کی قید لگائی بناء علی الغالب ہے کہ اکثر ایسی صورت میں زائد حاجت ہوگی پس اگر بدوں خوف خیانت کے بھی نبذ عہد میں مصلحت ہو تو جائز ہے۔کذا فی الھدایۃ۔ربط: اوپر مشرکین مکہ ویہود مدینہ کے قتال کا ذکر تھا چونکہ قتال میں بعضے بچ بھی جاتے ہیں آگے ان کی نسبت فرماتے ہیں کہ خدا سے نہیں بچ سکیں گے ایک نہ ایک روز مبتلائے عذاب ہونا ہے۔

عدم تحصن کفار از دست قہار ☆ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ اور کافر لوگ اپنے کو یہ خیال نہ کریں کہ وہ بچ گئے یقیناً وہ لوگ (خدا تعالیٰ کو) عاجز نہیں کر سکتے (کہ اس کے ہاتھ نہ آویں یا تو دنیا ہی میں مبتلائے عقوبت کر دے گا ورنہ آخرت میں تو یقینی ہے)ف: اوپر قتال کفار کا ذکر تھا آگے سامان قتال مہیا رکھنے کا حکم ہے۔

امر بہ تہیہ قتال ☆ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ (الی قولہ تعالی) وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ اور ان کافروں (سے مقابلہ کرنے) کے

www.besturdubooks.net

لئے جس قدر تم سے ہو سکے ہتھیار سے اور پلے ہوئے گھوڑوں سے سامان درست رکھو کہ اس (سامان) کے ذریعہ سے تم (اپنا) رعب جمائے رکھوان پر جو کہ (کفر کی وجہ سے) اللہ کے دشمن ہیں اور (تمہاری فکر میں رہنے کی وجہ سے) تمہارے دشمن ہیں (جن سے شب وروز تم کو سابقہ پڑتا رہتا ہے) اور ان کے علاوہ دوسرے کافروں پر بھی (رعب جمائے رکھو) جن کو تم (بالتعیین) نہیں جانتے (بلکہ) ان کو اللہ ہی جانتا ہے (جیسے کفار فارس اور روم وغیرہم جن سے اس وقت سابقہ نہیں پڑا مگر صحابہ کا ساز وسامان وفن سپہ گری اپنے وقت میں ان کے مقابلہ میں بھی کام آیا اور ان پر بھی رعب جما بعض مقابل ہو کر مغلوب ہوئے بعض نے جزیہ قبول کیا کہ یہ بھی اثر رعب کا ہے) اور اللہ کی راہ میں (جس میں جہاد بھی آ گیا) جو کچھ بھی خرچ کرو گے (جس میں وہ خرچ بھی آ گیا جو ساز ویراق درست کرنے میں کیا جاوے وہ (یعنی اس کا ثواب) تم کو (آخرت میں) پورا پورا دے دیا جاوے گا اور تمہارے لئے (اس میں) کچھ کمی نہ ہوگی۔ **ف**: حدیثوں میں تیراندازی کی مشق اور گھوڑوں کے رکھنے اور سواری سیکھنے کی بڑی فضیلت آئی ہے اب بندوق اور توپ قائم مقام تیر کے ہے اور عموم قوت میں یہ سب اور ورزش بھی داخل ہے۔ **ربط**: اوپر ارہاب کفار کا بیان تھا اس ارہاب کے بعد احیاناً کفار کی طرف سے صلح کی درخواست ہو سکتی ہے اس لئے آگے آیت وان جنحوا میں اس کا حکم بیان فرماتے ہیں اور چونکہ صلح میں بعض اوقات احتمال ہوتا ہے کہ شاید کفار نے فریب کیا ہو اس کے متعلق جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وان یریدوا میں وعدہ حفاظت اور تاکد وغیرہ کے لئے اپنے نعم سابقہ کی یاد دہانی کرتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَإِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِم مَّنْ خَلْفَهُمْ (الی قولہ تعالی) وَأَعِدُّوا لَهُم مَّا اسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ وَمِن رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ۔ اس میں دلالت ہے کہ سیاسی تدابیر کمال باطنی کے منافی نہیں جیسا بعض غلاۃ اہل رہبانیت خیال کرتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في الذين كفروا يه فالموصول للعهد بقرينة نزولها في قريظة وقرينة قوله الذين عاهدت الخ ۲ قوله في الذين عاهدت جن کی یہ کیفیت اشارة الى كونه لغتا ويحتمل كونه بدلا او خبر مبتدأ وهو هم وقوله هناك ان سے عہد لے چکے فيه اشارة الى ما في الروح ان من (اى زيادة من ۱۲) للايذان بان المعاهدة التى هى عبارة عن اعطاء العهد واخذه من الجانبين معتبرة ههنا من حيث اخذه صلى الله عليه وسلم اذ هو المناط لما نعى عليهم من النقض لا اعطاؤه عليه الصلوٰة والسلام اياهم عهده كانه قيل الذين اخذت منهم عهدهم والى هذا يرجع قولهم ان من لتضمين العهد معنى الاخذ اى عاهدت آخذا منهم اه و قوله هناك کئی بار بقرينة كل مرة لان النقض كل مرة لا يكون الا بعد العهد كل مرة ۱۲۔ ۳ قوله في تثقفنهم قابو كما في المدارك تظفرون بهم ومعنى كونه شرطا عندى ان القدرة شرط للجهاد ۱۲۔ ۴ قوله في خلفهم علاوہ لما في الروح وراء هم ۱۲۔ ۵ قوله في فانبذ اجازت لان النبذ مباح مخير فيه ۱۲۔ ۶ قوله في سواء اطلاع میں برابر اشارة الى تركيب على سواء من كونه حالا اى حال كونك انت وهم على استواء في ذلك العلم بالنبذ ۱۲۔ ۷ قوله في عدوكم جن سے شب وروز ليحسن المقابلة مع الآخرين الخ ۱۲۔ ۸ قوله في لا تعلمونهم بالتعيين لان العلم الاجمالى بعد اوة الكفار جميعا كان حاصلا ۱۲۔

الروایات: ذكرت في المتن وانما اصرح ههنا بواحدة لفائدة وهي ما في اللباب روى ابو الشيخ عن ابن شهاب قال دخل جبرئيل على رسول الله ﷺ فقال قد وضعت السلاح وما زلت في طلب القوم فاخرج فان الله اذن لك في قريظه وانزل فيهم واما تخافن من قوم خيانة الأية الا والفائدة تحقيق ان الاذن يقتضي وقوع النقض منهم لا خوف النقض منهم فما معنى نزول واما تخافن فيهم والوجه عندى ان الحكم ثابت بالدلالة اى لما كان محض الخوف سببا لجواز القتال ولو بعد النبذ فالنقض اولى به ولا حاجة الى النبذ فافهم ۱۲۔

النحو: على قراءة الياء التحتية الفاعل الموصول والمفعول الاول محذوف اى انفسهم والثانى جملة سبقوا وعلى قرأة التاء الفوقية الفاعل المخاطب والمفعولان الذين كفروا وسبقوا۔

البلاغۃ: قوله القوة المصدر والمراد ما به القوة مجازا قوله رباط الخيل الرباط بمعنى المربوط ولما كان المربوط عاما لغة اضيف الى الخيل للبيان كما في عين الشمس قوله ترهبون لم يقل تقاتلون لان غاية الارهاب احد الامرين القتال والجزية كما اشير اليه في الترجمة ۱۲۔

وَإِن جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦١﴾ وَإِن يُرِيدُوا

www.besturdubooks.net

أَنْ يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ اللَّهُ ۚ هُوَ الَّذِي أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِينَ ﴿٦٢﴾ وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ ۚ لَوْ أَنْفَقْتَ
مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٦٣﴾
ع يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللَّهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٦٤﴾ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى الْقِتَالِ ۚ
إِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ۚ وَإِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ مِائَةٌ يَغْلِبُوا أَلْفًا
مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَفْقَهُونَ ﴿٦٥﴾ الْآنَ خَفَّفَ اللَّهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيكُمْ ضَعْفًا ۚ
فَإِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ مِائَةٌ صَابِرَةٌ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ۚ وَإِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ أَلْفٌ يَغْلِبُوا أَلْفَيْنِ بِإِذْنِ اللَّهِ ۗ
وَاللَّهُ مَعَ الصَّابِرِينَ ﴿٦٦﴾

اور اگر وہ (کفار) صلح کی طرف جھکیں تو آپ بھی اس طرف جھک جایئے اور اللہ پر بھروسہ رکھئے بلاشبہ وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے اور اگر وہ لوگ آپ کو دھوکا دینا چاہیں تو اللہ تعالیٰ آپ کے لئے کافی ہے اور وہی ہے جس نے آپ کو اپنی (غیبی) امداد (ملائکہ) سے اور (ظاہری امداد) مسلمانوں سے قوت دی اور ان کے قلوب میں اتفاق پیدا کر دیا اور اگر آپ دنیا بھر کا مال خرچ کرتے تب بھی ان کے قلوب میں اتفاق پیدا نہ کر سکتے لیکن اللہ ہی نے ان میں باہم اتفاق پیدا کر دیا بے شک وہ زبردست ہیں حکمت والے ہیں۔ اے نبی آپ کے لئے اللہ کافی ہے اور جن مؤمنین نے آپ کا اتباع کیا ہے وہ کافی ہیں۔ اے پیغمبر آپ مؤمنین کو جہاد کی ترغیب دیجئے اگر تم میں کے بیس آدمی ثابت قدم رہنے والوں ہوں گے تو دو سو پر غالب آ جائیں گے اور (اسی طرح) اگر تم میں کے سو آدمی ہوں گے تو ایک ہزار کفار پر غالب آ جائیں گے۔ اس وجہ سے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو (دین کو) کچھ سمجھتے نہیں۔ اب اللہ تعالیٰ نے تم پر تخفیف کر دی اور معلوم کر لیا کہ تم میں ہمت کی کمی ہے۔ سو اگر تم میں کے سو آدمی ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو دو سو پر غالب آ جائیں گے اور اگر تم میں کے ہزار ہوں گے تو دو ہزار پر اللہ کے حکم سے غالب آ جائیں گے اور اللہ تعالیٰ صابرین کے ساتھ ہے ۞

تفسیر: اذن قبول صلح و وعدہ حفاظت از شر کفار ☆ وَإِنْ جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿﴾ اور اگر وہ (کفار) صلح کی طرف جھکیں تو آپ (کو) بھی (اجازت ہے کہ اگر اس میں مصلحت دیکھیں تو) اس طرف جھک جایئے اور (اگر باوجود مصلحت کے یہ احتمال ہو کہ یہ ان کی چال نہ ہو تو) اللہ پر بھروسہ رکھئے (ایسے احتمالوں سے اندیشہ نہ کیجئے) بلاشبہ وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے (ان کے اقوال اور احوال کو سنتا اور جانتا ہے ان کا خود انتظام کر دے گا) اور اگر (واقع میں وہ احتمال صحیح ہو اور) وہ لوگ (سچ مچ) (صلح سے) آپ کو دھوکا دینا چاہیں تو اللہ تعالیٰ آپ (کی مدد اور حفاظت کرنے) کے لئے کافی ہیں (جیسا کہ اس کے قبل بھی آپ کی کفایت فرماتے تھے چنانچہ) وہ وہی ہے جس نے آپ کو اپنی (غیبی) امداد (یعنی ملائکہ) سے اور (ظاہری امداد یعنی) مسلمانوں سے قوت دی اور (مسلمانوں کو ذریعہ امداد بنانے کے لئے) ان کے قلوب میں اتفاق پیدا کر دیا (چنانچہ ظاہر ہے کہ اگر باہم اتفاق نہ ہو تو کوئی کام خصوص دین کی نصرت مل کر نہیں کر سکتے اور ان میں بوجہ حب ریاست اور غلب بغض و عداوت اتفاق ایسا دشوار تھا کہ) اگر آپ (باوجودیکہ عقل و تدبیر بھی کامل رکھتے ہیں اور سامان بھی اس کے لئے آپ کے پاس کافی ہوتا یہاں تک کہ) دنیا بھر کا مال (اس کام کے لئے) خرچ کرتے تب بھی ان کے قلوب میں اتفاق پیدا نہ کر سکتے لیکن (یہ) اللہ ہی کا (کام تھا کہ اس) نے ان میں باہم اتفاق پیدا کر دیا بے شک وہ زبردست ہیں کہ (جو چاہیں اپنی قدرت سے کر دیں اور) حکمت والے ہیں (کہ جس طریق سے مناسب جانیں اس کام کو کر دیں اور جب اللہ تعالیٰ کا اپنی غیبی امداد اور مؤمنین سے آپ کی نصرت فرمانا معلوم ہو گیا تو) اے نبی (اس سے ثابت ہو گیا کہ) آپ کے لئے (حقیقت میں) اللہ کافی ہے اور جن مؤمنین نے آپ کا اتباع کیا ہے (ظاہرا) وہ کافی ہیں۔ **ف:** فَاجْنَحْ لَهَا میں مصلحت کی قید لگا دی اور اس امر کو تخییر پر محمول کیا اس سے آیت کا منسوخ ہونا لازم نہ آیا جیسا بعض نے اختیار کیا ہے اور تمہید میں جو وعدہ حفاظت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تخصیص کی گئی اس سے یہ شبہ رفع ہو گیا کہ بعض اوقات کفار کا خداع مؤمنین کے مقابلہ میں چل جاتا ہے اور آپ کے مقابلہ میں کبھی خداع میں کامیابی بعد نزول اس آیت کے ثابت نہیں۔

ربط: اوپر صلح کے متعلق مضمون تھا آگے قتال کے متعلق ایک قانون ہے نیز اوپر کفایت و نصرت الٰہیہ کا مضمون تھا آیت آئندہ میں بطور تفریع کے امر بالقتال ہے۔

www.besturdubooks.net

قانون قرار وفرار در قتال کفار ☆ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝۶۶ ۔اے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ مومنین کو جہاد کی ترغیب دیجئے (اور اس کے متعلق یہ قانون سنا دیجئے کہ) اگر تم میں کے بیس آدمی ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو (اپنے سے دس گنا عدد پر یعنی) دو سو پر غالب آ جاویں گے اور (اسی طرح) اگر تم میں کے سو آدمی ہوں گے تو ہزار کفار پر غالب آ جاویں گے اس وجہ سے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو (دین) کو کچھ نہیں سمجھتے (اور اس وجہ سے کفر پر مصر ہیں اور اس سبب سے ان کو غیبی امداد نہیں پہنچتی اس سبب سے وہ مغلوب ہو جاتے ہیں پس تم پر واجب ہے کہ اپنے سے دس گنا کے مقابلہ سے بھی پسپا نہ ہو اول یہ حکم نازل ہوا تھا جب صحابہؓ پر شاق ہوا تو عرض کیا ایک مدت کے بعد یہ دوسری آیت جس سے وہ پہلا حکم منسوخ ہو گیا نازل ہوئی یعنی) اب اللہ تعالیٰ نے تم پر تخفیف کر دی اور معلوم کر لیا کہ تم میں ہمت کی کمی ہے سو (اب یہ حکم دیا جاتا ہے کہ) اگر تم میں کے سو آدمی ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو (اپنے سے دو گنے عدد پر یعنی) دو سو پر غالب آ جاویں گے اور (اس طرح) اگر تم میں کے ہزار ہوں گے تو دو ہزار پر اللہ کے حکم سے غالب آ جائیں گے اور (ہم نے جو صابر کی قید لگائی تو اس لئے کہ) اللہ تعالیٰ صابرین (یعنی جو دل اور قدم سے ثابت رہیں ان) کے ساتھ ہیں (یعنی ان کی مدد کرتے ہیں)

ف: ہر چند کہ یہاں لفظاً صیغہ خبر کا ہے کہ اتنے آدمی اتنوں پر غالب آ جاویں گے لیکن مقصود خبر نہیں بلکہ انشاء اور امر ہے یعنی قرار واجب ہے اور فرار حرام ہے اور بعنوان خبر تعبیر کرنے میں بطور کنایہ کے مبالغہ وتاکید ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جیسا غلبہ کی خبر یقینی ہونے پر ثبات واجب ہونا چاہئے اسی طرح اب واجب ہے پس مدلول لفظی یعنی خبر مقصود ہی نہیں تو اس پر صدق وکذب کا شبہ واقع نہیں ہو سکتا کہ بعض اوقات ہم اس غلبہ کو منتفی دیکھتے ہیں وجہ دفع یہ ہے کہ کنایہ میں انتقال ملزوم سے لازم کی طرف ہوتا ہے اور مقصود لازم ہوتا ہے اور ملزوم غیر مقصود اور غیر مقصود پر صدق وکذب متوجہ نہیں ہوتا خوب سمجھ لو اگرچہ یہاں خود ملزوم بھی فی نفسہ صادق ہے اس لئے کہ يَغْلِبُوْٓا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ کے ساتھ مقید ہے پس اگر کسی حکمت کی وجہ سے اذن نہ ہو تو غلبہ بھی نہ ہوگا اور ضعف کی وجہ احقر کے نزدیک یہ ہے کہ یہ قاعدہ طبعی ہے کہ جب کام کرنے والے کم ہوتے ہیں اور کام ضروری سمجھا جاتا ہے تو اس وقت ہمت زیادہ ہوتی ہے ہر شخص جانتا ہے کہ میرے ہی کرنے سے ہوگا اور جب کام کرنے والے بڑھ جاتے ہیں تو ہر شخص کو خیال ہوتا ہے کہ کیا مجھی پر منحصر ہے اور بھی تو کام کرنے والے ہیں سب مل کر کیوں نہیں کرتے اس لئے جوش اور گرمی میں کمی ہو جاتی ہے پس اس لئے ابتدائے اسلام میں ہمت کی اور حالت تھی جب ماشاء اللہ مردم شماری بڑھی تو طبیعت اور ہمت کا رنگ بدل گیا چنانچہ درمنثور میں بعض سلف سے اس پہلے حکم کا دربارہ بدر کے ہونا اور دوسرے حکم کا بعد کے لئے ہونا منقول ہے اور یہ ایک امر طبعی ہے پس صحابہؓ پر یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ ان کے ملکات باطنہ تو روز افزوں بہ ترقی تھے اور اس سے انحطاط کا شبہ ہوتا ہے۔

ربط: اوپر قتال کا حکم ہے چونکہ قتال میں گاہے کفار قید ہو کر آتے ہیں اس لئے آگے بضمن اساریٔ بدر کے اس کا حکم ہے اور سبب نزول ان آیات کا یہ ہے کہ بدر میں ستر کافر پکڑے ہوئے آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے ان کے باب میں مشورہ کیا بعض نے مشورہ دیا کہ ان کو قتل کر دینا چاہیے بعض نے کہا ان سے کچھ مال لے کر چھوڑ دینا چاہیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوئی کہ ان صحابہؓ سے فرما دیجئے کہ تم کو اختیار دیا جاتا ہے خواہ ان کو قتل کر دو خواہ ان سے فدیہ لے کر چھوڑ دو مگر اس صورت میں اگلے سال ستر آدمی شہید ہوں گے غرض اکثر صحابہؓ کی یہ رائے ہوئی کہ خیر ہم شہید ہو جاویں گے اس وقت ان کو فدیہ لے کر چھوڑ دیا جاوے شاید یہ مسلمان ہو جاویں اور اس وقت مسلمانوں کو مالی مدد ملے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی بوجہ رحمدلی کے اسی رائے کو پسند فرمایا چنانچہ باستثنائے بعض کے کہ وہ قتل کئے گئے جیسے عقبہ اور نضر اور طعمہ باقی سب قیدیوں سے فدیہ لے کر چھوڑ دیا گیا صرف حضرت ابو العاصؓ کو کہ وہ بھی اس وقت ان میں تھے صحابہؓ کی مرضی سے بدوں کچھ لئے ہوئے چھوڑ دیا اس کو اصطلاح شرع میں من کہتے ہیں اس پر یہ آیتیں مَا كَانَ لِنَبِيٍّ (الی قولہ تعالی) عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۶۸ نازل ہوئیں ان آیتوں سے صحابہؓ کو اس فدیہ کے حلال وحرام ہونے میں شبہ ہو گیا تو آیت : فَكُلُوْا الخ نازل ہوئی چونکہ بعض قیدی فدیہ دینے کے بعد مسلمان ہو گئے تھے جیسے حضرت عباسؓ وغیرہ اور انہوں نے آپ سے بوجہ فدیہ دینے کے مفلس ہو جانے کی شکایت کی اس پر آیت : يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى الخ نازل ہوئی اور تتمہ قصہ کا مع بعض مسائل وتحقیقات متعلقہ تفسیر آیت کے بعد حرف۔ **ف**: کے تحت میں مذکور ہوگا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی : لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ اس میں دلالت ہے کہ قلب میں کسی صفت محمودہ کا پیدا کرنا باختیار شیخ نہیں۔ قولہ تعالی : اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ۭ اس سے مستنبط ہوتا ہے کہ ضعف مدار تخفیف ہے پس شیخ پر لازم ہے کہ ضعیف کو مجاہدہ قویہ نہ بتلاوے۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قولہ فی من اتبعک وہ کافی ہیں اشارۃ الی عطف الموصول علی اللہ کما اختارہ الکسائی وروی فی الدر المنثور عن الشعبی قال حسبک اللہ وحسبک من اتبعک ویؤیدہ نزول الأیۃ فی الانصار او فی اسلام عمرؓ کما فی الدر عن الزھری وابن عباسؓ ولا یرد انہ لیس وراء الکفایۃ شیء لان الکفایۃ جنسان حقیقی وظاھری فلا اشکال وھذا کما فی قولہ تعالٰی قل کفی باللہ شھیدا بینی

www.besturdubooks.net

وبینکم ومن عندہ علم الکتب ۱۲۔ ۲ قولہ قبل الان مدت کے بعد وکذا فی الروح ۱۲۔

فائدہ: تقیید التخفیف بالآن ظاهر واما تقیید العلم به فباعتبار تعلقه من حیث کون المعلوم واقعا فی الحال لان العلم علی وفق المعلوم فافهم ۱۲۔

النحو: فاجنح لها الضمیر للمسلم اما لکونه مؤنثا سماعیا واما لحمله علی نقیضها الحرب التی هی مؤنث سماعی وحسبك فیه اضافة حب بمعنی الکافی الی الکاف ای کافیك ۱۲۔

البلاغة: ذکر فی الآیتین عددین للقلیل وعددین لکثیر ایذانا بانه لا خصوصیة بعدد دون عدد بل الاعتبار للنسبة الخاصة وقید القلیلین بالصابرة لیقاس الکثیر علیه وخص القلیل به لان الحاجة فیه اظهر وقید الالف من الکفار بالذین کفروا لیقاس علیه غیره وقید غلبتهم الفین باذن الله یقاس علیه غیره واشار الی علة مغلوبیة الکفار بقوله بانهم قوم والی علة غالبیة المؤمنین بقوله والله مع الصابرین وزاد القلیل الثانی علی القلیل الاول فی الآیة الاولی بخمسة امثاله وزاد فی الثانیة بعشرة امثاله اشارة الی کون المسلمین فی بدو الامر قلیلا کانهم لم یوجدوا بحیث یضاعفون الی عشرة اضعاف ولا کذلك آخرا فافهم وهذا الاخیر من المواهب ۱۲۔

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُونَ لَهُ أَسْرَىٰ حَتَّىٰ يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ ۚ تُرِيدُونَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللَّهُ يُرِيدُ
الْآخِرَةَ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٦٧﴾ لَوْلَا كِتَابٌ مِنَ اللَّهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ
عَظِيمٌ ﴿٦٨﴾ فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٦٩﴾ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ
قُلْ لِمَنْ فِي أَيْدِيكُمْ مِنَ الْأَسْرَىٰ إِنْ يَعْلَمِ اللَّهُ فِي قُلُوبِكُمْ خَيْرًا يُؤْتِكُمْ خَيْرًا مِمَّا أُخِذَ مِنْكُمْ
وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٧٠﴾ وَإِنْ يُرِيدُوا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللَّهَ مِنْ قَبْلُ فَأَمْكَنَ مِنْهُمْ ۗ
وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٧١﴾

نبی کی شان کے لائق نہیں کہ ان کے قیدی باقی رہیں (بلکہ قتل کر دیئے جائیں) جب تک کہ وہ زمین میں اچھی طرح (کفار کی) خونریزی نہ کر لیں۔ تم تو دنیا کا مال اسباب چاہتے ہو اور اللہ تعالیٰ آخرت کی مصلحت کو چاہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے زبردست حکمت والے ہیں اگر خدا تعالیٰ کا ایک نوشتہ مقدر نہ ہو چکا ہوتا تو جو امر تم نے اختیار کیا ہے اس کے بارہ میں تم پر کوئی بڑی سزا واقع ہوتی۔ سو جو کچھ تم نے لیا ہے۔ اس کو حلال پاک سمجھ کر کھاؤ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے رحمت والے ہیں۔ اے پیغمبر آپ کے قبضہ میں جو قیدی ہیں آپ ان سے فرما دیجئے کہ اگر اللہ تعالیٰ کو تمہارے قلب میں ایمان معلوم ہوگا تو جو کچھ تم سے (فدیہ میں) لیا گیا ہے (دنیا میں) اس سے بہتر تم کو دے دے گا اور آخرت میں تم کو بخش دے گا اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے ہیں بڑی رحمت والی ہیں اور اگر (بالفرض) یہ لوگ آپ کے ساتھ خیانت (نقض عہد) کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں تو (کچھ فکر نہ کیجئے) اس سے پہلے انہوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ خیانت کی تھی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان کو گرفتار کرا دیا اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے ہیں بڑی حکمت والے ہیں۔

تفسیر: حکم اساری بدر ☆ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُونَ لَهُ أَسْرَىٰ (الی قولہ تعالی) لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٦٨﴾۔ (اے مسلمانو! تم نے نبی ﷺ کو جو ان قیدیوں سے کچھ لے کر چھوڑ دینے کا مشورہ دیا یہ بیجا تھا کیونکہ) نبی کی شان کے لائق نہیں کہ ان کے قیدی باقی رہیں (بلکہ قتل کر دیئے جاویں) جب تک وہ زمین میں اچھی طرح (کفار کی) خونریزی نہ کر لیں (کیونکہ مشروعیت جہاد کی اصلی غرض دفع فساد ہے اور بدوں اس حد کے جس میں کہ بالکل شوکت کفار کی ٹوٹ جاوے دفع فساد ممکن نہیں پس اس نوبت سے پہلے قیدیوں کا زندہ چھوڑ دینا آپ ﷺ کی شان اصلاح کے مناسب نہیں البتہ جب ایسی قوت ہو جاوے پھر قتل ضروری نہیں بلکہ اور صورتیں بھی مشروع ہیں جو **ف**: کے تحت میں مذکور ہیں پس ایسی نامناسب رائے تم نے آپ کو کیوں دی) تم تو دنیا کا مال اسباب چاہتے ہو (اس لئے فدیہ کی رائے دی) اور اللہ تعالیٰ آخرت (کی مصلحت) کو چاہتے ہیں (اور وہ اسی میں ہے کہ کفار خوف سے مغلوب ہو جاویں جس میں آزادی سے اسلام کا نور و ہدایت پھیلے اور بے روک ٹوک لوگ بکثرت مسلمان ہوں اور نجات پاویں) اور اللہ تعالیٰ بڑے زبردست بڑی حکمت والے ہیں (وہ تم کو کفار پر غالب کرتے اور فتوحات کی کثرت سے تم کو مالدار کر دیتے گو کسی حکمت کے سبب اس میں دیر ہوتی جو فعل تم سے واقع ہوا ہے وہ ایسا ناپسندیدہ

www.besturdubooks.net

ہے کہ) اگر خدا تعالیٰ کا ایک نوشتہ مقدر نہ ہو چکتا (وہ یہ کہ ان قیدیوں میں لوگ مسلمان ہو جاویں گے جس سے فساد محتمل واقع نہ ہوگا اگر یہ نہ ہوتا) تو جو امر تم نے اختیار کیا ہے اس کے بارے میں تم پر کوئی بڑی سزا واقع ہوتی (لیکن چونکہ کوئی فساد نہ ہوا اور اتفاقاً تمہارا مشورہ صائب نکل آیا اس لئے تم سزا سے بچ گئے) **ف**: تتمہ قصہ کا یہ ہے کہ اس کے بعد بعض صحابہؓ نے آپ ﷺ کو روتے ہوئے دیکھا پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ عذاب کے آثار بہت قریب آ گئے تھے مگر اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا کہ نازل نہیں ہوا اور تحقیق ضروری اس کے متعلق یہ ہے کہ اس قصہ میں صحابہؓ نے آیا کسی نص کے ہوتے ہوئے قیاس کیا یا بدوں نص کے قیاس کیا شق اول تو یہ اشکال ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے کیوں موافقت فرمائی اور شق ثانی پر یہ اشکال ہے کہ عتاب کیوں ہوا خاص کر جبکہ وحی سے اختیار دے دیا گیا تھا پھر یہ عتاب میں صحابہؓ ہی کیا تخصیص کی گئی جب کہ حضور ﷺ بھی قبول کرنے میں شریک تھے۔ جواب یہ ہے کہ ہم شق ثانی کو اختیار کرتے ہیں اور وجہ عتاب یہ ہے کہ ایک جزو اس رائے کے مبنی کا مصلحت دنیویہ یعنی اخذ مال بھی تھا جس کے منشاء یعنی حب دنیا کا مذموم ہونا پہلے سے معلوم تھا جس کی طرف تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ میں صاف اشارہ ہے رہا صحابہؓ کا پھر اس طرف مبادرت کرنا اس میں غلطی یہ ہوئی کہ دوسرا جزو اس میں مصلحت دینیہ یعنی احتمال ان کے اسلام لے آنے کا بھی مل گیا جیسا درمنثور میں ففادهم فيكون عونا لا صحابك اور لعل الله ان يتوب عليهم سے مجموعہ دونوں مصلحتوں کا معلوم ہوتا ہے پس غالباً یوں سمجھے کہ جس امر میں خواہش دنیا تمام علت ہو وہ تو برا اور جس امر میں جزو علت ہو اس کا مضائقہ نہیں یہ خیال سبب مبادرت کا ہو سکتا ہے مگر پھر وجہ عتاب قلت تامل ہے کیونکہ ادنیٰ تامل سے معلوم ہو سکتا ہے کہ حسن اور قبیح سے مرکب قبیح ہوتا ہے اور دین میں دنیا مل جانے سے اخلاص و اجر فوت ہوتا ہے پس مجموعہ خواہش دنیا احتمال اسلام کا حسن نہ ہوگا اسی لئے تريدون عرض الدنيا پر اکتفاء کیا گیا ان کے احتمال اسلام کے خیال کو معتد بہ نہیں قرار دیا گیا پس اشکال اول تو رفع ہو گیا رہا دوسرا اشکال کہ وحی سے اختیار دے دیا گیا تھا۔ جواب یہ ہے کہ وہ صیغہ تخییر کا تھا مقصود تخییر نہ تھی کیونکہ جس طرح امر گاہے توبیخ کے لئے ہوتا ہے اسی طرح صورت تخییر گاہے امتحان کے لئے ہوتی ہے وجہ یہ کہ تخییر مباحین میں ہوتی ہے ایک مباح اور ایک غیر مباح میں تخییر نہیں ہوا کرتی اور یہاں قتل مباح تھا اور فداء بوجہ مذکور کہ غالب منشاء اس کا خواہش دنیا تھا اور نیز اس وجہ سے کہ اثر اس کا ستر (۷۰) مسلمانوں کا مارا جانا تھا جیسا وحی میں یہ بات بتلا دی گئی تھی) غیر مباح تھا پس یہ صورۃً تخییر تھی اور معنیً شق غیر مرضی کے ضرر پر اطلاع دینا صحابہؓ کو صورت تخییر سے شبہ ہو گیا اس لئے مبادرت کی مگر چونکہ شبہ ضعیف تھا ادنیٰ تامل سے زائل ہو سکتا تھا جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے اس لئے عتاب ہوا تیسرے اشکال کا جواب یہ ہے کہ مبنی ان کے لئے مذموم تھا وہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے محمود تھا کیونکہ ان کو تو مقصود نفع پہنچانا تھا اپنے نفس کو مال سے اور یہ غیر محمود ہے اور آپ کا مقصود تھا نفع پہنچانا اپنے غیر کو کہ وہ صحابہؓ ہیں اور یہ محمود ہے جیسا کہ ظاہر ہے کہ یہ قصد کرنا کہ مجھ کو اتنا روپیہ مل جاوے حرص ہے اور یہ قصد کرنا کہ فلاں غریب کو اتنا روپیہ مل جاوے شفقت اور جود و کرم ہے رہا آپ کا گریہ فرمانا یا تو غایت ہیبت سے ہے اور یا صحابہؓ کی محبت سے ہے کہ ان کو ضرر پہنچتا اور بعض روایات میں جو آیا ہے کہ اگر عذاب نازل ہوتا تو کوئی نہ بچتا مراد یہ ہے کہ صحابہؓ میں کوئی نہ بچتا یہ نہیں کہ میں بھی نہ بچتا مگر خدا تعالیٰ نے عذاب ٹال دیا اور نصیحت فرما دی جو دلیل ہے عفو کی اور حدیث میں اہل بدر کا مغفور ہونا اس سے زیادہ صریح الفاظ میں آیا ہے اب مسائل لکھتا ہوں۔

مسئلہ: حنفیہ کے نزدیک من اور فداء دونوں ناجائز ہیں نہ کہ اس آیت کی وجہ سے کیونکہ حسب نقل صاحب اتقان سورہ انفال کے بعد[1] سورۂ محمد نازل ہوئی اس میں من و فداء کی اجازت ہے اس طرح کہ جب اثخان یعنی شوکت و قوت اسلام کو حاصل ہو جاوے اس وقت من و فداء جائز ہے پس سورۂ محمد کی آیت صورۃ عدم جواز من و فداء کی ناسخ اور معنیً اس کی تفسیر اور بیان ہے پھر بقول اتقان اس کے بعد سورۂ براءت نازل ہوئی جس میں آیت: فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ الخ موجود ہے حنفیہ کے نزدیک اس نے من و فداء کو منسوخ کر دیا پس اب یا تو قتل کیا جاوے یا غلام بنا لیا جاوے اور یا ذمی رعایا بنا کر رکھا جاوے اور دوسرے آئمہ کے نزدیک نسخ نہیں ہوا بلکہ مجموعہ آیات سے مجموعہ سورتوں میں امام مخیر ہے من و فداء و استرقاق و ذمیت و قتل روایات تو کتب حدیث و درمنثور سے منقول ہے اور تحقیقات اشکال کی مواہب الہیہ سے ہیں اور مسائل ہدایہ سے ہیں۔ واللہ اعلم۔ **ربط**: تمہید آیت ما كان لنبي میں مذکور ہو چکا۔

بیان حلت فدائے اساریٰ بدر ☆ فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ یعنی ہم نے اس فدیہ کو مباح کر دیا سو جو کچھ تم نے (ان سے فدیہ میں) لیا ہے اس کو حلال پاک سمجھ کر کھاؤ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو (کہ آئندہ ہر طرح کی احتیاط رکھو) بیشک اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑی رحمت والے ہیں (کہ تمہارا گناہ بھی معاف کر دیا یہ مغفرت ہے اور فدیہ بھی حلال کر دیا یہ رحمت ہے)۔ **ربط**: تمہید آیت: مَا كَانَ لِنَبِيٍّ میں مذکور ہو چکا۔

وعدہ مسلمین اساریٰ بنعم دارین بشرط اخلاص ☆ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ اے پیغمبر آپ کے قبضہ میں جو قیدی ہیں (ان میں جو مسلمان ہو گئے ہیں) آپ ان سے فرما دیجئے کہ اگر اللہ تعالیٰ کو تمہارے قلب میں ایمان معلوم ہوگا (یعنی تم دل سے

www.besturdubooks.net

مسلمان ہوئے ہونگے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا علم تو مطابق واقع کے ہوتا ہے اللہ تعالیٰ مسلمان اسی کو جانیں گے جو واقع میں مسلمان ہوگا اور جو شخص غیر مسلم ہوگا اس کو غیر مسلم ہی جانیں گے پس اگر تم دل سے مسلمان ہوگئے) تو جو کچھ تم سے (فدیہ میں) لیا گیا ہے (دنیا میں) اس سے بہتر تم کو دے دے گا اور (آخرت میں) تم کو بخش دے گا اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے ہیں (اس لئے تم کو بخش دیں گے اور) بڑی رحمت والے ہیں (اس لئے تم کو نعم البدل دیں گے) اور اگر بالفرض) یہ لوگ (صدق دل سے مسلمان نہ ہوئے ہوں بلکہ اظہار اسلام سے محض آپ کو دھوکا ہی دینا چاہیں اور دل میں) آپ کے ساتھ خیانت کرنے کا (یعنی نقض عہد کر کے مخالفت و مقابلہ کا) ارادہ رکھتے ہوں تو (کچھ فکر نہ کیجئے اللہ تعالیٰ ان کو پھر آپ کے ہاتھوں میں گرفتار کرا دے گا جیسا) اس سے پہلے انہوں نے اللہ کے ساتھ خیانت کی تھی (اور آپ کی مخالفت اور مقابلہ کیا) پھر اللہ نے ان کو (آپ کے ہاتھوں میں) گرفتار کرا دیا اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے ہیں (کہ کون خائن ہے اور) بڑی حکمت والے ہیں (ایسی صورتیں پیدا کر دیتا ہے جس سے خائن مغلوب ہو جاوے)۔ **ف**: اِنْ یُّرِیْدُوْا سے کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ ان صاحبوں کا ایمان مشکوک فیہ تھا یا نعوذ باللہ اللہ تعالیٰ کو دونوں احتمال تھے اصل یہ ہے کہ یہاں قضیہ شرطیہ سے مقصود خیانت پر فَاَمْکَنَ مِنْهُمْ کا مرتب کرنا ہے کہ یہ اس کے لوازم سے ہے تا کہ آپ کو تسلی رہے اور اخلاص کا شرط ہونا مؤکد ہو جاوے اور حضرت عباسؓ سے روایت ہے کہ مجھ کو بیس اوقیہ فدیہ میں دینے پڑے تھے ہر اوقیہ چالیس درہم یعنی تخمیناً دس روپیہ کا ہوتا ہے بیس اوقیہ دو سو (۲۰۰) روپیہ کے کم و بیش ہوئے آج میرے پاس بیس غلام ہیں اور ہر ایک کے پاس بکثرت مال ہے اور ایک بار ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنا مال دیا تھا جتنا یہ اُٹھا سکے اور فرماتے ہیں کہ دوسرے وعدہ یعنی مغفرت کا مجھ کو انتظار اور امید ہے کذا فی الدر المنثور۔ **ربط**: اوپر کفار کے قتال اور صلح اور ان کو قید کرنے کا ذکر تھا اور تینوں مسلمانوں کے غلبہ اور شوکت کے وقت واقع ہوتے ہیں قتل اور قید تو ظاہر ہے اور صلح کی بھی کفار جب ہی درخواست کرتے ہیں جب کسی قدر مسلمانوں سے دبتے ہیں پس یہ احکام تو غلبہ کے متعلق ہوئے گا ہے مسلمان مغلوب ہوتے ہیں کہ نہ قتل و قید پر قادر اور نہ ان سے کفار صلح کرنا چاہتے ہیں ایسے وقت میں ہجرت کی ضرورت واقع ہوتی ہے آگے ہجرت کے بعض احکام جو میراث کے متعلق ہیں اور بمناسبت مقابلہ بعض احکام غیر مہاجرین اور غیر مؤمنین کے باعتبار اسی میراث کے بیان فرماتے ہیں حاصل تقسیم اور احکام کا یہ ہے کہ مکلف دو حال سے خالی نہیں یا مؤمن ہے یا کافر۔ کافر کا حکم یہ ہے کہ وہ باہم ایک دوسرے کے وارث ہوں گے مسلمان ان کا وارث نہ ہوگا نہ وہ مسلمان کے وارث ہوں گے اور یہ حکم اب بھی باقی ہے اور مؤمن دو دو قسم کے ہیں ایک مہاجر یعنی جنہوں نے فتح مکہ سے پہلے مدینہ کی طرف ہجرت کی ہو کیونکہ فتح مکہ کے بعد عرب دار الاسلام ہو گیا تھا پھر سب جگہ رہنا برابر تھا اور دوسرے قسم غیر مہاجر۔ مہاجر کا حکم یہ تھا کہ ان میں اور انصار میں جنہوں نے مہاجرین کو رکھا' ٹکایا یا ان کی خدمت اور نصرت کی بوجہ اس کے کہ مہاجرین کے اکثر اقارب اسلام سے مشرف نہ تھے مثل اقارب کے میراث جاری ہوتی تھی اور اس میں سب مہاجرین متساوی تھے خواہ مہاجرین اولین میں سے ہوں جنہوں نے زمانہ ہجرت نبویہ میں ہجرت کی یا غیر اولین سے ہوں البتہ ان میں باعتبار فضیلت کے باہم تفاوت ہوگا اور یہ حکم بعد فتح کے منسوخ ہو گیا اور غیر مہاجر کا یہ حکم تھا کہ اس میں اور اس کے مہاجر رشتہ دار میں توارث نہ ہوتا تھا اور یہ حکم بھی منسوخ ہے اب تا این دارین اہل اسلام میں مانع توارث نہیں البتہ باہم کفار میں ہے اور باوجود عدم توارث کے اس غیر مہاجر کا یہ بھی حکم تھا کہ اگر وہ مہاجرین سے بمقابلہ کفار کے کسی مذہبی مقاتلہ میں طالب امداد ہو تو امداد اس کی واجب ہے لیکن اگر ایسی قوم کے مقابلہ میں طالب امداد ہو کہ مہاجرین میں اور ان میں باہم عہد و پیمان ہے تو بقائے عہد تک ان کو مدد نہ دی جاوے ہاں اگر عہد توڑ دیا جاوے تو پھر مدد جائز ہے رہا یہ کہ ایسے وقت عہد توڑ دینا واجب ہے یا نہیں اور حکم اخیر کیا ہے تو اس کی تحقیق کتب تفسیر و سیر و ناسخ و منسوخ و فقہ و احکام سے معلوم ہو سکتی ہے ان آیات میں یہ اقسام اور یہی احکام مذکور ہیں اور اس تمہید میں جو مضامین از قبیل روایت ہیں یا ماخذ ان کا در منثور ہے صحابہؓ و تابعین کے اقوال ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗۤ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ ۔ جب معصوم پر خطاء فی الاجتہاد جائز ہے تو غیر معصوم کا تو کیا پوچھنا پس شیوخ پر امتناع خطا کا اعتقاد اور ان کی معصیت میں بھی سر غامض کا اعتقاد کس درجہ غلو قبیح ہے۔ قولہ تعالیٰ: لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ الخ جس خطاء اجتہادی پر اجر وارد ہے اس پر عتاب اس مقولہ کی صحت کی دلیل ہے: حسنات الابرار سیئات المقربین۔ قولہ تعالیٰ: اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّاۤ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۔ اس میں دلالت ہے کہ طاعت سے دنیا اور آخرت دونوں کے برکات حاصل ہوتے ہیں خواہ مال کی صورت میں یا باطنی احوال کی صورت میں۔

الحواشی: (۱) (یہ ایک قول ہے اور اسی پر تفسیر مذکور کی گئی ہے اور اگر دوسرا قول لیا جاوے کہ سورۂ محمد نزول میں سورۂ انفال سے مقدم ہے جیسا کہ بعض نے سورۂ محمد کو مکیہ بھی کہا ہے تو اس وقت تفسیر آیت کی سہل یہ ہوگی کہ سورۂ محمد میں اساریٰ کے جواز من یا فداء کو مقید کیا گیا تھا اثخان کے ساتھ فی قولہ تعالیٰ: حَتّٰۤى اِذَاۤ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً (محمد: ۴) اور یہاں اثخان (تام) ہوا نہ تھا تو اس صورت میں فداء کو اختیار نہ کرنا چاہئے تھا و ھذا

www.besturdubooks.net

معنى قوله تعالى :مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗۤ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِ [الأنفال : ٦٧] پھر دوسری آیت میں صحابہ کا عذر مقتضی للعفو ارشاد فرمایا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ اگر ہمارا ایک حکم نوشتہ نہ ہو چکتا اور وہ یہ ہے کہ مخطی فی الاجتهاد کو عتاب نہیں ہوتا تو اس قصہ میں عذاب آتا اور کتاب سابق من اللہ سے سورۂ بقرہ کی یہ آیت مراد ہے :لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَاۤ اِنْ نَّسِيْنَاۤ اَوْ اَخْطَاْنَا [البقرة : ٢٨٦] جو عموم مدلول انتفاء تکلیف مالا یطاق وعدم مواخذہ علی الخطاء والنسیان کے اعتبار سے خطافی الاجتہاد کو بھی شامل ہے اور یہاں خطاء اجتہادی یہ ہوئی کہ جو ستر رؤساء کفار قتل کیے گئے تھے وہ زیادہ ذی اثر تھے یوں خیال ہوا کہ ان کے قتل سے اثخان معتد بہ متحقق ہو گیا اور زیادہ غور کرتے تو سمجھتے کہ اثخان تام کا تحقق ان اساریٰ کے قتل پر بھی موقوف ہے اسی زائد غور نہ کرنے پر صورۃ عتاب متوجہ ہوا وهذا التوجيه مما القى فى روعى عاشر ربيع الاول ۱۳۳۴ھ صباحاً ولله الحمد ۱۲ منه

ملحقات الترجمة : ا قوله فى ما كان اے مسلمانو وهذا ولي من المشهور ويؤيده قول بعضهم ان الكلام على تقدير مضاف اى ما كان لاصحاب نبى كما فى الروح ۱۲۔ ۲ قوله فى ان يكون باقى فالانكار على كون الاسرىٰ باقين احياء لا على الاسر فا لكون امانامة اى يوجد بمعنى يستمر وجودهم وحياتهم او ناقصة اى يكون الاسرىٰ باقين احياء بدلالة قرينة المقام ۱۲۔ ۳ قوله فى ايديكم من الاسرىٰ قبضہ الی مسلمان اشارة الى ان الايدى حقيقة لكونهم فى حكومته والاسرىٰ مجازا باعتبار ما كان وفيه عهد لاختصاص الوعد لمن اسلم منهم ۱۲۔ ۴ قوله فى جزاء ان يردوا گرفتار کرادے گا فالجزاء مقدر اى سيمكنك منهم اى يقدرك عليهم كما امكن قبله لما خانوا ۱۲۔

اللغات :الاثخان المبالغة فى الجرح والقتل الى ان يعز الاسلام ويذل الكفر واهله ۱۲۔

البلاغة : قوله غنمتم لما كان حال الغنيمة معلوما من قبل ولم يكن دخول الفداء فى الغنيمة معلوما عبره بها لتاكيد الحل ولهذا التاكيد زاد طيبا بعد قوله حلالا لئله يبقى لهم ريب فى ذلك وما وقع فى الترمذى مرفوعا لم تحل الغنائم لاحد من قبلكم فلما كان يوم بدر وقعوا فى الغدء قبل ان تحل لهم فانزل الله لو لا كتٰب الله الخ فعندى فيه اختصار والمعنى لم تحل الغنائم من قبلكم ثم احلت لهم (اى للصحابةؓ) لكن لم تحل الغنائم الخاصة اى الفداء فلما كان يوم بدر وقعوا فى الفداء قبل ان تحل لهم الخ ۱۲۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْۤا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَىْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِى الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِى الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْۤا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِىْ كِتٰبِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ۝

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اپنے مال اور جان سے اللہ کے رستے میں جہاد کیا اور جن لوگوں نے رہنے کو جگہ دی اور مدد کی یہ لوگ باہم ایک دوسرے کے وارث ہوں گے اور جو لوگ ایمان تو لائے اور ہجرت نہیں کی تمہارا ان سے میراث کا کوئی تعلق نہیں جب تک کہ وہ ہجرت نہ کریں اور اگر وہ تم سے دین کے کام میں مدد چاہیں تو تمہارے ذمہ مدد کرنا واجب ہے مگر اس قوم کے مقابلہ میں نہیں کہ تم میں اور ان میں باہم عہد (صلح کا) ہو اور اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں کو دیکھتے ہیں اور جو لوگ کافر ہیں وہ باہم ایک دوسرے کے وارث ہیں اگر اس (حکم مذکور) پر عمل نہ کرو گے تو دنیا میں بڑا فتنہ اور فساد پھیلے گا اور جو لوگ (اوّل) مسلمان ہوئے اور انہوں نے (ہجرت نبویہ کے زمانہ میں) ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کرتے رہے اور جن لوگوں نے (ان مہاجرین کو) اپنے یہاں ٹھہرایا اور ان کی مدد کی یہ لوگ ایمان کا پورا حق ادا کرنے والے ہیں۔ ان کے لئے (آخرت میں) بڑی مغفرت اور (جنت میں) بڑی معزز روزی ہے اور جو لوگ (ہجرت نبویہ کے) بعد کے زمانہ میں ایمان لائے اور

www.besturdubooks.net

ہجرت کی اور تمہارے ساتھ جہاد کیا' سو یہ لوگ (گو فضیلت میں تمہارے برابر نہیں لیکن تاہم) تمہارے ہی شمار میں ہیں اور جو ایک رشتہ دار ہیں کتاب اللہ میں ایک دوسرے (کی میراث) کے زیادہ حقدار ہیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں۔

تفسیر: اقسام واحکام باعتبار ہجرت واسلام ☆ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا (الی قولہ تعالیٰ) إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿﴾ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت بھی کی اور اپنے مال اور جان سے اللہ کے راستہ میں جہاد بھی کیا (جس کا وقوع لوازم عادیہ ہجرت سے تھا گو مدار حکم توارث نہیں اور یہ جماعت مہاجرین سے ملقب ہے) اور جن لوگوں نے (ان مہاجرین کو) رہنے کو جگہ دی اور (ان کی) مدد کی (اور یہ جماعت انصار سے ملقب ہے) یہ (دونوں قسم کے) لوگ باہم ایک دوسرے کے وارث ہوں گے اور جو لوگ ایمان تو لائے اور ہجرت نہیں کی تمہارا (یعنی مہاجرین کا) ان سے میراث کا کوئی تعلق نہیں (نہ یہ اُن کے وارث نہ وہ ان کے) جب تک کہ وہ ہجرت نہ کریں (اور جب ہجرت کرلیں پھر وہ بھی اسی حکم میں داخل ہو جاویں گے) اور (گو ان سے تمہارا توارث نہ ہو لیکن) اگر وہ تم سے دین کے کام (یعنی قتال مع الکفار) میں مدد چاہیں تو تمہارے ذمے (ان کی مدد کرنا واجب ہے مگر اس قوم کے مقابلہ میں نہیں کہ تم میں اور ان میں باہم عہد (صلح کا) ہو اور اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں کو دیکھتے ہیں (پس ان کے مقررہ احکام میں خلل ڈال کر مستحق ناخوشی نہ ہونا) اور جس طرح باہم تم میں علاقہ توارث کا ہے اسی طرح) جو لوگ کافر ہیں وہ باہم ایک دوسرے کے وارث ہیں (نہ تم ان کے وارث نہ وہ تمہارے وارث) اگر اس (حکم مذکور) پر عمل نہ کرو گے (بلکہ باوجود تخالف دین محض قرابت کی بناء پر مؤمن وکافر میں علاقہ توارث قائم رکھو گے) تو دنیا میں بڑا فتنہ اور بڑا فساد پھیلے گا (کیونکہ توارث سے سب ایک جماعت سمجھی جاوے گی اور بدوں جدا جماعت ہوئے اسلام کو قوت وشوکت حاصل نہیں ہوسکتی اور ضعف اسلام سرمایہ تمام تر فتنہ وفساد عالم کا ہے جیسا کہ ظاہر ہے) اور (اس حکم توارث بین المہاجرین والانصار میں ہر چند کہ سب مہاجرین برابر ہیں خواہ زمانہ ہجرۃ نبویہ میں انہوں نے ہجرت کی ہو یا بعد میں لیکن فضیلت ومرتبہ میں باہم متفاوت ہیں چنانچہ) جو لوگ (اول) مسلمان ہوئے اور انہوں نے (ہجرۃ نبویہ کے زمانے میں) ہجرت کی اور (اول ہی سے) اللہ کی راہ میں جہاد کرتے رہے اور جن لوگوں نے (ان مہاجرین کو) اپنے یہاں ٹھہرایا اور ان کی مدد کی یہ لوگ (تو) ایمان کا پورا حق ادا کرنے والے ہیں (کیونکہ اس کا حق یہی ہے کہ اس کے قبول کرنے میں سبقت کرے) ان کے لئے (آخرت میں) بڑی مغفرت اور (جنت میں) بڑی معزز روزی (مقرر) ہے اور جو لوگ (ہجرۃ نبویہ کے) بعد کے زمانہ میں ایمان لائے اور ہجرت کی اور تمہارے ساتھ جہاد کیا (یعنی کام تو سب کئے مگر بعد میں) سو یہ لوگ (گو فضیلت میں تو من وجہ کیونکہ اعمال کے تفاوت سے مرتبہ میں تفاضل ہو جاتا ہے اور احکام میراث میں من کل الوجوہ کیونکہ اعمال کے تفاضل سے احکام شرعیہ میں تفاوت نہیں ہوتا) اور (ان بعد والے مہاجرین میں) جو لوگ (باہم یا مہاجرین سابقین کے) رشتہ دار ہیں (گو فضل ورتبہ میں کم ہوں لیکن میراث کے اعتبار سے) کتاب اللہ (یعنی حکم شرعی یا آیت میراث) میں ایک دوسرے (کی میراث) کے (بہ نسبت غیر رشتہ داروں کے) زیادہ حقدار ہیں (گو غیر رشتہ دار فضل ورتبہ میں زیادہ ہوں) بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں (اسلئے ہر وقت کی مصلحت کے مناسب حکم مقرر فرماتے ہیں)۔

ف: مہاجرین وانصار میں جو توارث تھا آیت اخیرہ میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں شرط یہ ہوگی کہ کوئی دوسرا رشتہ دار جو مثل مورث کے مہاجر یا انصاری ہو موجود نہ ہو ورنہ رشتہ دار مقدم ہوگا جیسا أُولُوا الْأَرْحَامِ الخ کی تقریر سے واضح ہوتا ہے اور ہر چند کہ یہ حکم بعد والے مہاجرین کے ساتھ خاص نہ تھا لیکن مہاجرین سابقین میں اکثر کی حالت یہ تھی کہ ان میں وہ شرط موجود تھی جب کثرت سے لوگ مسلمان اور مہاجر ہونے لگے تو اکثر رشتہ دار ایک جگہ جمع ہو گئے اس لئے بہت سے لوگوں میں وہ شرط مفقود ہوگئی اس لئے جملہ أُولُوا الْأَرْحَامِ اس قسم اخیر کے ساتھ ذکر کیا گیا ورنہ نفس حکم کہ رشتہ دار مقدم اور وہ نہ ہو تو ہجرت اور نصرت سے توارث ہو یہ دونوں کے لئے مشترک اور عام تھا حتی کہ فتح مکہ کے بعد آیت احزاب: النَّبِيُّ أَوْلَىٰ بِالْمُؤْمِنِينَ الخ سے منسوخ ہوا اب مسلمان رشتہ دار خواہ دار الحرب میں ہو یا دار الاسلام میں وارث ہوگا جیسا تمہید میں بھی ذکر کیا گیا۔

تنبیہ: توجیہ تفسیر کی مفسرین نے اور طرح بھی کی ہے مگر احکام جو کہ اب شریعت میں معمول بہا ہیں وہ اسی طرح متعین ہیں جو احقر نے لکھے ہیں واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم وقد کمل بحمد اللہ تعالیٰ وعونہ وتوفیقہ وصونہ۔ تفسیر سورۃ انفال من کلام اللہ الکبیر المتعال للسابع والعشرین من الشہر الابجل۔ ربیع الاول یوم الثلاثاء وقت الضحی ۱۳۳۴ھ من الہجرۃ النبی سید الوری ﷺ ما بل الثری وکنت اذ ذاک ابن اربع واربعین سنۃ الا سبعۃ ایام بالحساب الہلالی المعتبر فی الاسلام نسئل اللہ تعالیٰ لنا حسن الختام وللتفسیر خیر التمام۔

فوائد جمۃ مہمۃ: الاولی کان التوارث بالہجرۃ والایمان الی فتح مکۃ کذا قال عکرمۃؒ الثانیۃ فسر الولایۃ ما الوراثۃ ابن عباسؓ الثالثۃ تفسیر قولہ والذین کفروا بما فسرت یؤیدہ شان النزول قال رجل من المسلمین لنورثن ذوی القربیٰ منا من المشرکین فنزلت والذین

www.besturdubooks.net

كفروا بعضهم قاله ابن عباسؓ الرابعة حمل قوله تعالىٰ من بعد على ما بعد الهجرة النبوية اختاره في الكبير الخامسة الحكم بالنسخية على آية الاحزاب دون ما ههنا منقول عن قتادة وهو الا رجح لانه لو جعل قوله تعالىٰ واولوا الارحام الواقع ههنا ناسخا فلا بدان يتاخر نزوله عن فتح مكة ثم لا يخلوا ما ان يكون كل الآية متاخرا او هذا البعض خاصة والثاني مستبعد لم يوجد له نظير ولا يظهر له ارتباط بهذا الموضع الاول فيه ان قوله منكم للشركة في الحكم فلو اريد الشركة في حكم الميراث فلا يشترك الناسخ والمنسوخ في الحكم ولو اريد الشركة في الفضل لزم ان يتاخر ما قبله ايضا من قوله تعالىٰ والذين آمنوا وهاجروا الخ لان المعنى لا يتم بدون ان ينز لامعًا والتزام هذا بعيد بل الظاهر من التامل في ما سبق له الآيات نزولها كلها جملة واحدة والله اعلم وان اشكل عليك ان الحكم المذكور قد نسخ في زمان فتح مكة والاحزاب نزلت في الخندق فكيف هذا قلت يمكن ان بعض آياتها نزل بعد الخندق بزمان كثير السادسة فسر كتاب الله بالشرع او بآية الميراث ويرد على الثاني ان سورة النساء متاخرة عن الانفال في النزول كما في الاتقان فما معنى الحوالة ويجاب بان المراد تاخر اكثرها السابعة مدار حكم التوارث على الهجرة دون الجهاد لكن لما كان من لوازمه العادية ذكره معها الثامنة لا تكرار في قوله الذين آمنوا وهاجروا الخ لان المراد بالاول العام للاولين والآخرين بقرينة مقابلة قوله ولم يهاجروا وبالثاني الخاص بقرينة مقابلة قوله من بعد كما يظهر من الترجمة وايضا الاول في الميراث والثاني في الفضل التاسعة ما ترجم به قوله تعالىٰ المؤمنون حقا اخذ بالحاصل ولم اترجم بالكامل ونحوه لانه يلزم منه كون الآخرين ناقصين في الايمان وحاشاهم العاشرة قوله تعالىٰ ما لهم من ولايتهم من شيء فالميراث ترجمة للولاية والتعلق ترجمة لشيء فافهم واعلم ان ما ورد في هذه الفوائد مما يتعلق بالروايات ماخوذ كله من الدر المنثور۔

البلاغۃ: انظر ما في الترتيب بين الايمان وما بعده من الحسن لان الواقع كان اولا الايمان ثم الهجرة ثم التهيئو للجهاد باعداد الآلات التي انفقوا فيها الاموال ثم الجهاد وبمباشرة القتال ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سورۃ التوبۃ

آیاتھا ۱۲۹ ۔ ۹ سورۃ التوبۃ مدنیۃ ۱۱۳ ۔ رکوعاتھا ۱۶

سورۂ توبہ مدینہ میں اتری ۔ اور اس میں ایک سو انتیس آیتیں اور سولہ رکوع ہیں

سورۃ براءۃ مدنیۃ وقیل الأیتین من اٰخرھا کذا فی البیضاوی۔

فوائد ضروریہ متعلقہ سورت ہذا ☆ فائدہ اوّل: ربط :اس سورت میں چند غزوات اور چند واقعات کہ حکماً وہ بھی غزوات ہیں مذکور ہیں اعلان نقض عہد بقبائل عرب فتح مکہ غزوۂ حنین، اخراج کفار از حرم، غزوۂ تبوک اور ان ہی آیتوں کے ضمن میں تبعاً واقعہ ہجرت اور سورت سابقہ میں اکثر بدر کے اور کچھ قریظہ کے واقعات تھے پس مناسبت ظاہر ہے۔ جس کی تصریح عنقریب فائدہ چہارم میں جامع قرآن رضی اللہ عنہ سے بھی آتی ہے۔

فائدہ دوم: کہ مثل فائدہ سوم کے موقوف علیہ حل تفسیر اور رافع اشکالات آیات وروایات ہے ان واقعات مذکورہ مقصودہ میں فتح مکہ اول واقع ہوا ۸ھ میں پھر غزوۂ حنین ۸ھ میں پھر تبوک رجب ۹ھ میں پھر اعلان نقض مع اعلان اخراج کفار ذی الحجہ ۹ھ میں اور فتح مکہ کے متعلق جو آیات ہیں ان کے مضمون میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ قبل فتح نازل ہوئیں چنانچہ روح المعانی میں تحت آیت قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ کے اور کمالین میں جامع البیان سے اس کی تصریح بھی کی ہے اور روح المعانی میں ابن عباسؓ کا قول اس کا مؤید نقل کیا ہے کہ یہ آیت ترغیب ہے فتح مکہ کی البتہ غزوۂ حنین کے متعلق جو آیات ہیں وہ اس کے وقوع کے بعد کی ہیں جس کی تعیین میں مجاہد سے اتقان میں منقول ہے کہ یہ آیات بقیہ آیات سورۂ براءت سے مقدم ہیں اب رہ گئی تبوک واعلان کی آیات سو اتقان ہی میں عامرؒ سے منقول ہے کہ اول آیات ترغیب غزوۂ تبوک کی انفروا خفافا الخ یعنی مع سباق وسیاق کے نازل ہوئیں پھر بعد واپسی تبوک کے اور آیتیں یعنی آخر کی آیتیں جن میں تخلف تبوک پر ملامت عتاب ہے نازل ہوئیں پھر اول کی آیتیں جن میں نقض واخراج کا اعلان ہے نازل ہوئیں اور ان آخری آیات نازلہ کا جو بعض سلف سے عدد منقول ہے جس میں آیات فتح کی بھی داخل ہوئی جاتی ہیں غالب یہ ہے کہ قلت تامل سے اجتہادی خطا ہوئی ہے پس اس تقریر پر ترتیب نزول آیات کی یہ ہوئی کہ اول آیات متعلقہ فتح مکہ قبل فتح مکہ پھر آیات حنین بعد حنین پھر آیات ترغیب غزوۂ تبوک قبل تبوک پھر آیات ملامت تخلف تبوک بعد تبوک پھر شروع کی آیات اعلان نقض کی جو کہ شوال ۹ھ میں نازل ہوئیں اور یہ جو بعض روایات میں آیا ہے کہ یہ سورت پوری نازل ہوئی مراد اس سے زیادہ حصہ ہے اور اگر شبہ ہو کہ تقریر مذکور سے تو اکثر حصہ کا بھی نزول دفعۃً نہیں معلوم ہوتا تو جواب یہ ہے کہ حضرت حذیفہؓ سے مروی ہے کہ یہ سورت بہت بڑی تھی اور منافقین کا حال اس میں خوب پتہ وار تھا مگر اب بقدر ربع رہ گئی ہے باقی منسوخ التلاوۃ ہو گئی پس ممکن ہے کہ وہ تین ربع دفعۃً نازل ہوئے ہوں واللہ اعلم۔

فائدہ سوم: عہد ونقض عہد کے متعلق جو مضامین اس میں مذکور ہیں ان کا ملخص یہ ہے کہ ۶ھ میں آپ نے عمرہ کا قصد فرمایا اور قریش نے مکہ میں نہ جانے دیا اور حدیبیہ میں ان سے صلح ہوئی اس صلح کی مدت حسب نقل صاحب روح دس سال کی تھی مکہ میں اور قبائل بھی تھے تکمیل صلح کے وقت یہ بات قرار پائی کہ جس کا جی چاہے اس صلح میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذیل میں داخل ہو جاوے اور جس کا جی چاہے قریش کے ذیل میں آ جاوے چنانچہ خزاعہ تو آپ کے ذیل میں آ گئے اور بنی بکر قریش کے ذیل میں آ گئے سال بھر تک کوئی بات نہیں ہوئی چنانچہ ۷ھ میں حسب قرارداد صلح جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ تشریف لائے اور اس فوت شدہ عمرہ کی قضا کر کے واپس تشریف لے گئے اس کے بعد پانچ چھ ماہ گذرے تھے یعنی صلح کے وقت سے سترہ اٹھارہ مہینے ہوئے تھے کہ بنی بکر نے خزاعہ پر شب کے وقت دفعۃً حملہ کر دیا قریش نے یہ سمجھ کر کہ اول تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دور بہت آپ کو کیا خبر ہوگی پھر رات کا وقت کون دیکھتا ہے یہ سمجھ کر بنی بکر کو ہتھیار وغیرہ بھی دیئے اور ان کے ہمراہ ہو کر خزاعہ سے لڑے بھی جس سے حسب قواعد واقعیہ جو ان کے نزدیک بھی مسلم تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ

www.besturdubooks.net

جو ان کی صلح تھی ٹوٹ گئی خزاعہ نے آپ کو اطلاع دی آپ نے ایسے طور پر کہ قریش کو اطلاع نہ ہو لشکر کی تیاری کر کے ۸ ھ میں ان پر چڑھائی کی اور مکہ فتح کر لیا اور بہت سے رؤسائے قریش اس میں مسلمان بھی ہو گئے جن کی جماعتوں کا شروع سورت میں ذکر ہے ان میں سے ایک جماعت تو یہی قریش ہیں جنھوں نے خود عہد شکنی کی دوسری جماعت بنی ضمرہ اور بنی مدلج دو (۲) قبیلے بنی کنانہ کے تھے جنھوں نے آپ سے معاہدہ کیا تھا اور نزول براءت کے وقت ان کی مدت معاہدہ کے ختم ہونے میں بقول خازن نو (۹) ماہ باقی رہ گئے تھے تیسری جماعت اور عام قبائل عرب میں سے جن سے عہد بلا تعیین مدت تھا چوتھی جماعت عام قبائل سے جن سے کچھ بھی عہد نہ تھا ان چاروں جماعتوں کے احکام سورت کے شروع میں مذکور ہیں چنانچہ پہلی جماعت کا حکم قبل فتح مکہ یہ فرمایا کہ جب تک یہ عہد پر قائم رہیں تم بھی قائم رہو جب یہ عہد توڑ دیں تم بھی قتال کرو دوسرے، تیسرے رکوع میں ان ہی کا ذکر ہے اور ان کا حکم بعد نزول برأت کے بوجہ اس کے کہ انہوں نے خود عہد شکنی کی تھی اور اس لئے یہ مستحق کسی مہلت کے نہیں رہے اور اس کا مقتضا یہ تھا کہ ان سے فوراً اعلان جنگ کر دیا جاتا لیکن وہ زمانہ اشہر حرم کا تھا جس میں قتال خواہ ناجائز تھا یا بنا بر مصلحت مذکورہ تفسیر اس آیت کے منع کیا گیا اس لئے یہ حکم فرمایا کہ اشہر حرم گذر جاویں تو ان سے قتال کی اجازت ہے: فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ میں یہی مضمون ہے اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ گو قبل فتح مکہ انہوں نے نقض عہد کیا تھا فتح مکہ کے بعد سب کو امن ہو گیا تھا پھر ان کے غیر مامون ہونے کے کیا معنی جواب یہ ہے کہ ہمارا یہ مطلب نہیں کہ یہ نزول براءت کے وقت مامون نہیں تھے بلکہ مقصود یہ ہے کہ ان کا امن بلا مہلت کیوں رفع کیا گیا سو اس کی یہ وجہ بیان کرنا مقصود ہے کہ یہ ایک جرم عظیم کے مرتکب ہوئے تھے اس لئے اوروں کے برابر ان کی رعایت نہیں کی گئی خوب سمجھ لو۔ اور دوسری جماعت کا حکم یہ ہے کہ چونکہ انہوں نے نقض عہد نہیں کیا ان کی مدت پوری کر دو آیت: اِلَّا الَّذِيْنَ عَاهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ الخ میں ان ہی کا ذکر ہے صرح به في الخازن اور تیسری چوتھی جماعت کا ایک حکم ہے کہ وقت اعلان سے چار ماہ کی مہلت ہے جہاں چاہیں چلے جائیں پھر مستحق قتل ہوں گے بالکل شروع کی آیتوں میں ان کا ذکر ہے اور دوسری جماعت کا حکم بھی نو ماہ گذرنے کے بعد اس تیسری چوتھی کا سا ہو جاوے گا کہ امان مرتفع ہو جاوے گا یہ سب احکام سامان اس کا ہے کہ سال بھر کے اندر اندر یہ بقعۂ مطہرہ کفار سے پاک ہو جاوے آپ نے ۹ ھ میں حج کی تاریخوں میں حضرت صدیقؓ و حضرت علیؓ کی معرفت مکہ اور عرفات اور منیٰ میں کہ مجمع عام قبائل عرب کا وہاں مجتمع تھا جن کی معرفت تمام عرب میں اس کی شہرت ہو جانا لازمی امر تھا اس اعلان کو مشتہر کر دیا اور احتیاطاً حضرت علیؓ کی معرفت یمن میں بالتخصیص اس کا اعلان کرا دیا اور ہر چند کہ مقصود اعلان ان ہی آیات کا تھا لیکن بعض روایات میں جو ختمها آیا ہے وجہ اس کی غالباً یہ ہوگی کہ اور واقعات کا استحضار کفار کے زیادہ مرعوب ہونے کا سبب ہو جاوے گا۔ واللہ اعلم۔ پس اس حساب سے پہلی جماعت کو ختم محرم ۱۰ ھ تک کہ خاتمہ اشہر حرم ہے اور دوسری جماعت کو دس ۱۰ رمضان ۱۰ ھ اور تیسری جماعت کو ۱۰ ربیع الثانی ۱۰ ھ تک خارج حدود ہو جانا چاہیے پس اگلے حج تک کوئی کافر داخل حدود نہ رہنے پاوے گا چنانچہ آیت: لَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ الخ کے یہی معنی ہیں جس سے مسجد حرام سے مراد تمام حرم ہے اور حدیث: لا يحجن بعد العام مشرك کا یہی مطلب ہے اور چونکہ تجارت زیادہ ان ہی مخرجین کے ہاتھ میں تھی اس لئے اِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً الخ سے مسلمانوں کے تردد کو رفع کیا گیا پس اگلے سال یعنی ذی الحجہ ۱۰ ھ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنفس نفیس حج کو تشریف لے گئے اور کسی مخالف کا غل و غش باقی نہ رہا اور یہی معنی ہیں ان روایات کے کہ ان آیات والوں سے قتال نہیں ہوا کیونکہ جن کو مسلمان ہونا نہ تھا وہ چلے گئے اور یہ بھی آیا ہے کہ آپ نے اس کے بعد کسی مشرک سے عہد نہیں کیا بلکہ جزیرۂ عرب سے کفار کو خارج کرنے کا آپ نے عزم فرما لیا لیکن بوجہ اس کے کہ قریب ہی زمانہ میں یعنی ربیع الاول ۱۱ ھ میں آپ نے وفات فرمائی یہ عزم پورا نہیں ہوا مگر صحابہؓ نے آپ کی وصیت پر اس کی تکمیل کر دی اس فائدہ دوم و سوم کی تقریر میں روایت کے متعلق جہاں ماخذ کی تصریح نہیں ہے وہ سب درمنثور سے ماخوذ ہے اور محل تعارض روایات میں اقربیت الی الفاظ القرآن سے ترجیح دی گئی ہے۔

فائدہ چہارم: اس سورت کے شروع میں بسم اللہ نہ ہونے کی وجہ خود حضرت عثمان جامع القرآن رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ ترمذی سے نقل کی جاتی ہے حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان بن عفانؓ سے پوچھا کہ اس کا کیا باعث ہے کہ آپ حضرات نے انفال کو جو کہ مثانی سے ہے اور براءت کو جو کہ مئین سے ہے ترتیب قرآنی میں پاس پاس رکھا اور دونوں کے بیچ میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں لکھی اور انفال کو سبع طوال میں رکھ دیا اس کا کیا باعث ہے آپ نے فرمایا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک زمانہ میں کئی کئی سورتوں کا نزول ہوتا رہتا تھا۔ جب کوئی آیت آتی آپ کسی کاتب کو بلا کر فرماتے کہ اس آیت کو فلاں سورت میں رکھ دو اسی طرح جب دوسری آیت آتی تب بھی یوں فرماتے کہ اس آیت کو فلاں سورت میں رکھ دو اور انفال ان سورتوں میں سے تھی جو مدینہ میں اول اول نازل ہوئیں اور براءت آخر قرآن سے تھی اور دونوں کا مضمون ملتا جلتا تھا میں سمجھا کہ یہ اسی کا جزو ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہو گئی اور آپ نے اس کی تصریح نہ فرمائی اس لئے میں نے دونوں کو پاس پاس رکھ دیا اور بیچ میں بسم اللہ نہیں لکھی اور انفال کو سبع طوال میں رکھ دیا اور درمنثور میں افراد دارقطنی سے اتنا اور زیادہ ہے کہ جب تک بسم اللہ نازل نہ ہوتی آیات منزلہ کو سابقہ سورتوں کا جزو سمجھتے رہتے جب بسم اللہ نازل ہوتی تو دوسری

www.besturdubooks.net

سورت شروع ہوتی اھ اور بیضاوی میں ہے کہ اختلاف صحابہؓ کی وجہ سے درمیان میں کسی قدر فصل چھوڑ دیا گیا۔ حاصل سوال سمجھنے کے لئے پہلے یہ سمجھ لینا چاہئے کہ قرآن کی ترتیب میں یہ امر مرعی غالب ہے کہ بڑی بڑی سورتیں اول میں ہیں اور ان سے چھوٹی ان کے بعد اور سب سے چھوٹی اخیر میں اور مئین وہ سورتیں کہلاتی ہیں جن میں سو آیتوں سے زیادہ ہوں اور بقرہ سے براءت کے بعد تک بجز انفال کے سب سورتوں میں سو آیتوں سے زیادہ ہیں پس یہ سب مئین ہیں اور انفال میں اور اسی طرح سورۂ یوسف کے بعد کی اکثر سورتوں میں سو آیتوں سے کم آیتیں ہیں اور یہ مثانی پس انفال بھی مثانی سے ہے اور بالکل اخیر کی سورتیں مفصل کہلاتی ہیں اور اول کی سات سورتیں بقرہ سے انفال تک سبع طوال کہلاتی ہیں اب حاصل سوال سمجھئے کہ حضرت عثمانؓ سے تین سوال کئے گئے اول یہ کہ انفال میں بوجہ اس کے کہ وہ مثانی سے ہے اور براءت میں بوجہ اس کے کہ وہ مئین سے ہے تناسب نہیں پھر ان دونوں کو ایک جگہ کیوں رکھا دوسرا سوال یہ کہ جب یہ دو سورتیں ہیں تو مثل دوسری سورتوں کے ان کے بیچ میں بسم اللہ کیوں نہیں لکھی تیسرا سوال یہ کہ سبع طوال میں رکھنے کی زیادہ مستحق بوجہ بڑے ہونے کے سورۂ براءت تھی پھر انفال کو باوجود اس کے چھوٹے ہونے کے سبع طوال میں کیوں داخل کیا حاصل جواب حضرت عثمانؓ کا یہ ہے کہ بسم اللہ کا نازل ہونا علامت تھی مستقل سورت ہونے کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصریح کہ یہ آیت فلاں سورت کا جزو ہے علامت تھی جزو سورت ہونے کی سورۂ براءت میں نہ بسم اللہ نازل ہوئی نہ آپ کی تصریح پائی گئی اس لئے اس کا حال مشتبہ رہا کہ یہ کسی سورت کا جزو ہے یا مستقل سورت ہے میں نے دونوں امر کی رعایت کی عدم تیقن استقلال کی وجہ سے بسم اللہ نہیں لکھی اور عدم تیقن جزئیت کی وجہ سے بیچ میں فصل چھوڑ دیا گیا اس سے جواب ہو گیا دوسرے سوال کا پھر جب اس کا جزو سورت ہونا محتمل ہوا تو اب جس سورت سے اس کا زیادہ مناسبت و مشابہت ہوگی وہ اس احتمال کا زیادہ محل ہوگی اور وہ انفال تھی اس لئے دونوں کو پاس پاس لکھ دیا یہ جواب ہو گیا سوال اول کا رہا یہ کہ پاس پاس ہونے کی یہ صورت بھی ہو سکتی ہے کہ برأت کو مقدم کرتے کہ وہ سبع طوال میں ہو جاتی اور انفال کو مؤخر کرتے تو اس کی ایک وجہ تو جواب سوال اول سے نکل آئی جس کو بوجہ غایت ظہور کے حضرت عثمانؓ نے ذکر نہیں فرمایا وہ یہ کہ اس صورت میں سورۂ براءت میں رعایت احتمال جزئیت من انفال کی نہ ہوتی بلکہ جس سورت کے بعد وہ رکھی جاتی اس کی جزئیت کا احتمال ہو جاتا جو خلاف مطلوب ہے مگر حضرت عثمانؓ نے ایک اور مستقل جواب بھی دیا کہ انفال نزولاً اول کی سورتوں میں تھی اور براءت آخر کی سورتوں میں اور یہ مقتضی انفال کے تقدم اور براءت کے تاخر کو ہے اور اس مقتضی سے کوئی مانع تھا نہیں پس انفال کا سبع طوال میں کہ مقدم ہیں داخل ہونا بہ نسبت براءت کے زیادہ مناسب ہوا اور یہ جو حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ بسم اللہ امان ہے اور یہ سورت رفع امان کے لئے آئی ہے سو یہ علت نہیں بلکہ بطور نکتہ کے ایک حکمت ہے اور اصل علت وہی ہے جو حضرت عثمانؓ سے نقل کی گئی واللہ اعلم۔

فائدہ پنجم: مَسْئَلَۃٌ: جب اس پر بسم اللہ نہ ہونے کی وجہ معلوم ہوگئی کہ احتمال جزئیت سورت ہے تو ثابت ہوا کہ جو شخص خود سورت سے قرأت شروع کرے یا اس کے درمیان سے کہیں شروع کرے ان دونوں حالتوں میں وہ بسم اللہ پڑھے اور جو اوپر سے پڑھتا آتا ہو وہ بدوں بسم اللہ اس سورت کو شروع کر دے جیسا کہ مطلقاً سب سورتوں کے اجزاء کا یہی حکم ہے پس یہ جو آج کل حفاظ نے دستور نکالا ہے کہ پہلی دو حالتوں میں بھی بسم اللہ نہیں پڑھتے بلکہ تینوں حالتوں میں ایک تراشیدہ عبارت اعوذ باللہ من النار الخ پڑھا کرتے ہیں اس سے اول کی دو (۲) حالتوں میں دو (۲) بدعتیں لازم آتی ہیں ایک بسم اللہ نہ پڑھنا اور ایک وہ عبارت پڑھنا اور اخیر حالت میں ایک بدعت لازم آتی ہے یعنی وہ عبارت پڑھنا پس مجموعہ تین حالت میں پانچ بدعتوں کا ارتکاب ہوتا ہے جیسا کوئی اور کسی جزء سورت کے ساتھ یہی معاملہ کرنے لگے یقیناً وہ مخالف سنت ہوگا خوب سمجھ لو۔ الحمد للہ کہ فوائد مقصودہ ختم ہوئے اب فائدہ دوم و سوم کو پیش نظر رکھ کر تفسیر ملاحظہ فرمایئے تا کہ اصلاً تخلک نہ رہے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱ فَسِيْحُوْا فِى الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْٓا

اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِى الْكٰفِرِيْنَ ۝۲ وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ

الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِىْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ۬ وَرَسُوْلُهٗ ۭ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا

اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۳ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ

لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ۭ اِنَّ

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝۴ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ

www.besturdubooks.net

وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۚ اِنَّ

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ

ع ۱ ۶ ۷ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ۚ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝

اللہ کی طرف سے اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکین (کے عہد) سے دست برداری ہے جن سے تم نے (بلاتعین مدت) عہد کر رکھا تھا۔ سو تم لوگ اس سرزمین میں چار مہینے چل پھر لو اور یہ (بھی) جان رکھو کہ تم خدا تعالیٰ کو عاجز نہیں کر سکتے اور (یہ بھی جان رکھو) کہ بے شک اللہ تعالیٰ کافروں کو (آخرت میں) رسوا کریں گے اور اللہ اور رسول کی طرف سے بڑے حج کی تاریخوں میں عام لوگوں کے سامنے اعلان کیا جاتا ہے کہ اللہ اور رسول دونوں دست بردار ہوتے ہیں ان مشرکین (کو امن دینے) سے پھر اگر تم (کفر سے) توبہ کر لو تو تمہارے لئے بہتر ہے اور اگر تم نے (اسلام سے) اعراض کیا تو یہ سمجھ رکھو کہ تم خدا کو عاجز نہیں کر سکو گے اور ان کافروں کو دردناک سزا کی خبر سنا دیجئے ہاں! مگر وہ مشرکین مستثنیٰ ہیں جن سے تم نے عہد لیا پھر انہوں نے تمہارے ساتھ ذرا کمی نہیں کی اور نہ تمہارے مقابلہ میں کسی کی مدد کی سو ان کے معاہدہ کو ان کی مدت مقررہ تک پورا کر دو۔ واقعی اللہ تعالیٰ (بدعہدی سے) احتیاط رکھنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ سو جب شہر حرم گزر جائیں تو (اس وقت) ان مشرکین کو جہاں پاؤ مارو پکڑو باندھو اور داؤ گھات کے موقعوں پر ان کی تاک میں بیٹھو پھر اگر (کفر سے) توبہ کر لیں اور نماز پڑھنے لگیں اور زکوٰۃ دینے لگیں تو ان کا رستہ چھوڑ دو۔ واقعی اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت کرنے والے بڑی رحمت کرنے والے ہیں اور اگر کوئی شخص مشرکین میں سے آپ سے پناہ کا طالب ہو تو آپ اس کو پناہ دیجئے تاکہ اگر وہ کلام الٰہی سن لے پھر اس کو اس کے امن کی جگہ میں پہنچا دیجئے۔ یہ حکم اس سبب سے ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں کہ پوری خبر نہیں رکھتے ۝

تفسیر: حکم جماعت سوم و چہارم ☆ بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ (الی قولہ تعالیٰ) ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝ اللہ کی طرف سے اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکین (کے عہد) سے دست برداری ہے جن سے تم نے (بلاتعیین مدت) عہد کر رکھا تھا (یہ جماعت سوم کا حکم ہے اور جماعت چہارم یعنی جن سے کچھ بھی عہد نہ تھا ان کا یہی حکم اس سے بدرجۂ اولیٰ مفہوم ہو گیا کہ جب معاہدین سے رفع امان کر دیا تو غیر معاہدین میں تو کوئی احتمال امن کا پہلے سے بھی نہیں ہے) سو (ان دونوں جماعتوں کو اطلاع کر دو کہ) تم لوگ اس سرزمین میں چار مہینے چل پھر لو (اجازت ہے تاکہ اپنا موقع اور پناہ ڈھونڈھ لو) اور (اس کے ساتھ) یہ (بھی) جان رکھو (اس مہلت کی بدولت صرف مسلمانوں کی دست برد سے بچ سکتے ہو لیکن) تم خدا تعالیٰ کو عاجز نہیں کر سکتے (کہ اس کے قبضہ سے نکل سکو) اور یہ (بھی جان رکھو) کہ بیشک اللہ تعالیٰ (آخرت میں) کافروں کو رسوا کریں گے (یعنی عذاب دیں گے تمہاری سیاحت اس سے نہیں بچا سکتی اور احتمال قتل دنیا میں الگ رہا اس میں ترغیب ہے توبہ کی) حکم جماعت اول و دوم: اور (پہلی دوسری جماعت کا حکم یہ ہے کہ) اللہ اور رسول کی طرف سے بڑے حج کی تاریخوں میں عام لوگوں کے سامنے اعلان کیا جاتا ہے کہ اللہ اور اس کا رسول دونوں (بدوں مقرر کرنے کسی میعاد کے ابھی) دست بردار ہوتے ہیں ان مشرکین (کو امن دینے) سے (جنہوں نے خود نقض عہد کیا مراد جماعت اول ہے مگر) پھر (بھی ان سے کہا جاتا ہے کہ) اگر تم (کفر سے) توبہ کر لو تو تمہارے لئے (دونوں جہان میں) بہتر ہے (دنیا میں تو اس لئے کہ تمہاری عہد شکنی معاف ہو جاوے گی اور قتل سے بچ جاؤ گے اور آخرت میں ظاہر ہے کہ نجات ہو گی) اور اگر تم نے (اسلام سے) اعراض کیا تو یہ سمجھ رکھو کہ تم خدا کو عاجز نہیں کر سکو گے (کہ کہیں نکل کر بھاگ جاؤ) اور (آگے خدا کو عاجز نہ کر سکنے کی تفسیر ہے کہ) ان کافروں کو ایک دردناک سزا کی خبر سنا دیجئے (جو آخرت میں واقع ہو گی یہ تو یقینی اور احتمال سزائے دنیا کا الگ مطلب یہ ہوا کہ اگر اعراض کیا تو سزا بھگتو گے) ہاں مگر وہ مشرکین (اس رفع امان و دست برداری سے) مستثنیٰ ہیں جن سے تم نے عہد لیا پھر انہوں نے (عہد پورا کرنے میں) تمہارے ساتھ ذرا کمی نہیں کی اور نہ تمہارے مقابلہ میں (تمہارے) کسی (دشمن) کی مدد کی (مراد اس سے جماعت دوم ہے) سو ان کے معاہدہ کو ان کی مدت (مقررہ) تک پورا کر دو (اور بدعہدی نہ کرو کیونکہ) واقعی اللہ تعالیٰ (بدعہدی سے) احتیاط رکھنے والوں کو پسند کرتے ہیں (پس تم احتیاط رکھو گے تو تم بھی پسندیدۂ حق ہو جاؤ گے۔

تتمہ حکم جماعت اول متعلق براءت: آگے جماعت اول کے حکم کا تتمہ ہے کہ جب ان کو کوئی مہلت نہیں تو گو ان سے ابھی قتال کی گنجائش ہو سکتی تھی لیکن ابھی محرم کے ختم تک اشہر حرم مانع قتال ہیں) سو (ان کے گذرنے کا انتظار کر لو اور) جب اشہر حرم گذر جاویں تو (اس وقت) ان مشرکین (جماعت اول) کو جہاں پاؤ مارو و پکڑو و باندھو اور داؤ گھات کے موقعوں میں ان کی تاک میں بیٹھو (یعنی لڑائی میں جو جو ہوتا ہے سب کی اجازت ہے) پھر اگر (کفر سے) توبہ کر لیں اور (اسلام کے کام کرنے لگیں یعنی مثلاً) نماز پڑھنے لگیں اور زکوٰۃ دینے لگیں تو ان کا رستہ چھوڑ دو (یعنی قتل و قید مت کرو کیونکہ) واقعی اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت کرنے

www.besturdubooks.net

والے بڑی رحمت کرنے والے ہیں۔

حکم مشترک کل جماعات: (اس واسطے ایسے شخص کا کفر بخش دیا اور اس کی جان بچالی اور یہی حکم بقیہ جماعات کا ہوگا ان کی میعادیں گذرنے کے بعد) اور اگر کوئی شخص مشرکین میں سے (زمانہ اباحت قتل میں بعد ختم میعاد امن کے توبہ واسلام کے فوائد و برکات سن کر اس طرف راغب ہو اور حقیقت وحقیقت اسلام کی تلاش کی غرض سے آپ کے پاس آ کر) آپ سے پناہ کا طالب ہو (تا کہ اطمینان سے سن سکے اور سمجھ سکے) تو (ایسی حالت میں) آپ اس کو پناہ دیجئے تا کہ وہ کلام الٰہی (مراد مطلق دلائل دین حق کے ہیں) سن لے پھر (اس کے بعد) اس کو اس کی امن کی جگہ میں پہنچا دیجئے (یعنی پہنچنے دیجئے تا کہ وہ سوچ سمجھ کر اپنی رائے قائم کر لے) یہ حکم (اتنی پناہ دینے کا) اس سبب سے (دیا جاتا) ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں کہ پوری خبر نہیں رکھتے (اسلئے قدرت مہلت دینا ضروری ہے)۔

ف: تنبیہات متعلقہ تفسیر آیات بالا: آیت اول میں عٰهَدْتُّمْ کو کسی مدت کے ساتھ مقید نہ کرنا قرینہ ہے جماعت سوم مراد لینے کا پس ان کا حکم تو مدلول بعبارۃ النص ہے اور جماعت چہارم کا حکم بدلالۃ النص ثابت ہو جاوے گا جیسا اثنائے ترجمہ میں اس کی تقریر کی گئی اور آیت ثالث میں جو بَرِیْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۙ آیا ہے یہ الْمُشْرِكِیْنَ ۙ مقابل ہے مابعد کی آیت کے جزو یعنی اِلَّا الَّذِیْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ ثُمَّ لَمْ یَنْقُصُوْكُمْ کے اور قرینہ مقابلہ کا استثناء ہے اس مقابلہ سے معلوم ہوا کہ آیت سابقہ میں مراد مشرکین ناقضین عہد ہیں اور وہ جماعت اول ہے اور آیت رابع میں لَمْ یَنْقُصُوْكُمْ اور اِلٰى مُدَّتِهِمْ ؕ قرینہ ہے کہ جماعت دوم مراد ہے اور جماعت اول کے ذکر میں براءت کے ساتھ مدت اربعہ اشہر نہ ہونا جیسا آیت اول میں مذکور ہے قرینہ ہے کہ ان کے لئے کوئی مدت نہیں پھر آگے آیت خامس (۵) میں وجود مانع پر متنبہ کر دیا کہ گو ان کے لئے کوئی میعاد امن کی نہیں مگر اشہر حرم کی وجہ سے سردست اجازت نہیں خواہ تو اس وجہ سے کہ اس وقت تک ان کی حرمت باقی ہوگی پھر منسوخ ہوگئی گو ناسخ ہمارے علم میں متعین نہ ہو لیکن اجماع نسخ پر دلیل ہے کہ کوئی ناسخ ہوگا جس کی وجہ سے سب کا اجماع منعقد ہو گیا کیونکہ اجماع علی الضلالۃ مستحیل شرعی ہے اور خواہ اس وجہ سے کہ گو اس وقت بھی ان کی حرمت باقی نہ ہو مگر اس مصلحت سے کہ قریش بلکہ تمام عرب میں ان کی حرمت پہلے سے مشہور و معمول تھی اور عنقریب ان کا اخراج حدود سے تجویز ہو ہی چکا تھا تو تھوڑے دنوں کے لئے کیوں مسلمان بدنام کئے جاویں جیسا کہ روح میں یہ احتمال نقل کیا ہے و نیز سب جماعتیں کچھ کچھ میعاد سے منتفع ہوں گی مناسب ہے کہ ان کو بھی کچھ حصہ دیا جاوے گو ان کا استحقاق نہ ہو اور (۶) جماعت اول کے جو دو حکم بیان کئے کہ بعد ارتفاع مانع کے جواز تقیید و تقتیل اور اسلام لے آنے کی صورت میں تخلیۂ سبیل یہ دونوں حکم بقیہ جماعات میں بھی مشترک ہیں چنانچہ آیت ثانی و ثالث میں غَیْرُ مُعْجِزِی اللّٰهِ اس ترہیب و ترغیب کی طرف مشیر ہے البتہ رابع میں شاید اس وجہ سے کہ کلام استثنائی ماقبل کا محتاج اور اس لئے اس کے ساتھ مثل متحد کے ہوتا ہے اور ماقبل میں یہ ترغیب و ترہیب مذکور ہی ہے وہاں ذکر نہ کی گئی ہو اور ترغیب و ترہیب کا دو ۲ جگہ اشارۃً مذکور ہونا اور ایک جگہ صراحۃً ہونا شاید اس لئے ہو کہ یہ لوگ بوجہ نقض عہد کے اس تصریح کے زیادہ محتاج ہیں اور یہاں حکم اسلام و اعراض پر اکتفا کرنا اور جزیہ کا ذکر نہ کرنا اس وجہ سے ہے کہ کفار عرب سے جزیہ نہیں لیا جاتا پس اخذ و حصر سے مراد مقاتلین کا استرقاق نہ ہوگا البتہ دوسرے کفار کا استرقاق اور دلائل شرعیہ سے کالشمس فی نصف النھار ثابت ہے اور جن کو چار ماہ کی مہلت تھی ان کے لئے اس کی تصریح نہ ہونا کہ جب یہ چار ماہ گذر جاویں الخ جیسا کہ ناقضین کے لئے اِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ فرمایا ہے اس وجہ سے ہے کہ وہاں حاجت نہ تھی کیونکہ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ کی قید خود اس پر دال ہے بخلاف ناقضین کے کہ عدم مہلت ان سے قتال فی الحال کو مقتضی تھا اس لئے مانع کی حد بتلائی غرض مطلق محتاج تقیید ہے نہ کہ مقید اور ہر چند کہ آیت اولیٰ میں بھی براءت کا اعلان عام مقصود ہے لیکن آیت ثالثہ میں اس کی تصریح شاید اس لئے ہو کہ اس میں ناقضین عہد کا بیان ہے یہاں اعلان عام کی تصریح لفظاً بھی مناسب ہے تا کہ ان کا عذر بغین معجمہ و دال مہملہ اور مسلمانوں کا عذر بعین مہملہ و ذال معجمہ تصریحاً مشتہر ہو جاوے اور ہر چند کہ اقامت صلوٰۃ وغیرہ قبول اسلام میں شرط نہیں لیکن یہ کنایہ ہے اظہار سے جس پر عند العباد مدار احکام ہے اور اقامت و ایتاء کی تخصیص تمثیلاً ہے اور براءت کی نسبت اللہ و رسول کی طرف باوجودیکہ عہد اور اس کا نبذ متعلق مسلمانوں کے ہے اس بناء پر ہے کہ یہ نبذ مثل احکام مقصودہ کے واجب ہو گیا تھا صحابہؓ اس میں مخیر نہ تھے جیسا عام عقود و فسوخ میں مخیر ہوتے ہیں اور یہ حکم مشترک بین الجماعات کہ پناہ دو اور پھر مامن میں پہنچے دو اب علماء کے نزدیک منسوخ ہے جیسا روح میں سعید بن عروبہ کا یہی قول منقول ہے اور ناسخ انہوں نے قَاتِلُوا الْمُشْرِكِیْنَ كَآفَّةً کو کہا ہے احقر کہتا ہے کہ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ الخ اسی کا مؤید ہے کیونکہ اب مضامین اسلام کی خبر عام ہوگئی عدم علم کی علت مرتفع ہوگئی اور مستحب ہے کہ مہلت دے مگر مقدار اس کی رائے امام پر ہے اور حج اکبر احتراز ہے عمرہ سے کہ حج اصغر کہلاتا ہے **رواہ الطبری عن عطاء و عامر و مجاهد وعبداللہ بن شداد وغیرهم واختارہ** اور اشہر حرم تفسیر مذکور میں اپنے ظاہری متبادر معنی پر محمول رہا اور کوئی تکلف بھی نہیں ہوا بخلاف اس کے کہ اشہر حرم کو معنی لغوی پر محمول کر کے ربیع الآخر کی دس (۱۰) تاریخ پر اس کو ختم سمجھا جاوے یا معنی متبادر لے کر اس کی ابتداء زمانہ نزول یعنی شوال سے لی جائے کہ اول صورت میں تکلف ظاہر ہے اور دوسری صورت میں **اربعة اشهر** سے اس کا مراد ہونا خفی ہے جو وضع اعلان کے خلاف ہے۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في يوم الحج تاریخوں حملا لليوم على الجنس لما ثبت في الروايات من الاعلان في عرفة ومنٰى وغيرهما ۱۲۔ ۲ قوله في الى الناس عام لوگوں کے سامنے فالناس ليسوا من النبذ اليهم بل من اعلموا النبذ اعم من الكفار والمسلمين كما في الروح ۱۲۔ ۳ قوله في يحب تم بھی پسندیدہ اشارة الى ان المقصود ليس مدح المشركين الذين اوفوا العهد بكونهم متقين ۱۲۔ ۴ قوله في حتى يسمع تاکہ اشارة الى انها للتعليل ۱۲۔ ۵ قوله في ابلغه پہنچا دیجئے اشارة الى ان الابلاغ يراد به التمكن لا ما هو المتبادر من الظاهر ۱۲۔

اللغات: قوله اذان فعال بمعنى افعال الى الاعلام ۱۲۔

النحو: قوله الا الذين عاهدتم قيل استثناء من المشركين الثاني كذا في الروح قلت وهو المختار عقدي على ما فسرت ۱۲۔

البلاغۃ: قوله في الارض للتعميم ۱۲۔ قوله فاتموا فيه من مقابلة النقص ما لا يخفى من الحسن ۱۲۔

كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ
الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۷﴾ كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا
عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ
فٰسِقُوْنَ ﴿۸﴾ اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹﴾
لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ ﴿۱۰﴾ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا
الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ؕ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ
عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ
يَنْتَهُوْنَ ﴿۱۲﴾ اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ
مَرَّةٍ ؕ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ
وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴﴾ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ؕ
وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۵﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ
جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ ع ۲ ۱۰ ۸

ان مشرکین کا عہد اللہ کے نزدیک اور اس کے رسول کے نزدیک کیسے رہے گا مگر جن لوگوں سے تم نے مسجد حرام کے نزدیک عہد لیا ہے سو جب تک یہ لوگ تم سے سیدھی طرح رہیں تم بھی سیدھی طرح رہو۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ (بدعہدی سے) احتیاط رکھنے والوں کو پسند کرتا ہے کیسے (ان کا عہد قابل رعایت رہے گا) حالانکہ ان کی حالت یہ ہے کہ اگر وہ تم پر کہیں غلبہ پا جائیں تو تمہارے بارے میں نہ قرابت کا پاس کریں اور نہ قول وقرار کا۔ یہ لوگ تم کو اپنی زبانی باتوں سے راضی کر رہے ہیں اور ان کے دل (ان باتوں کو) نہیں مانتے اور ان میں زیادہ آدمی شریر ہیں انہوں نے احکام الٰہیہ کے عوض (دنیا کی) متاع ناپائیدار کو اختیار کر رکھا ہے۔ سو یہ لوگ اللہ کے رستہ سے ہٹے ہوئے ہیں (اور) یقیناً ان کا عمل بہت ہی برا ہے۔ یہ لوگ کسی مسلمان کے بارے میں (بھی) نہ قرابت کا پاس کریں نہ قول وقرار کا اور یہ لوگ بہت ہی زیادتی کر رہے ہیں سو اگر یہ لوگ (کفر سے) توبہ کر لیں اور نماز پڑھنے لگیں اور زکوٰۃ دینے لگیں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہو جائیں گے اور ہم سمجھدار لوگوں کے لئے احکام کو خوب تفصیل سے بیان کرتے ہیں اور اگر وہ لوگ عہد کرنے کے بعد اپنی قسموں کو توڑ ڈالیں اور تمہارے دین (اسلام) پر طعن کریں تو تم لوگ (اس قصد سے کہ یہ باز آجائیں) ان پیشوایان کفر سے (خوب) لڑو

www.besturdubooks.net

کیونکہ اس صورت میں ان کی قسمیں باقی نہیں رہیں تم ایسے لوگوں سے کیوں نہیں لڑتے جنہوں نے اپنی قسموں کو توڑ ڈالا اور رسول کے جلاوطن کر دینے کی تجویز کی اور انہوں نے تم سے خود پہلے چھیڑ نکالی۔ کیا ان سے (لڑنے میں) ڈرتے ہو۔ سو اللہ تعالیٰ اس بات کے زیادہ مستحق ہیں کہ تم ان سے ڈرو۔ اگر تم ایمان رکھتے ہو۔ ان سے لڑو اللہ تعالیٰ (کا وعدہ ہے کہ) ان کو تمہارے ہاتھوں سزا دے گا اور ان کو ذلیل (وخوار) کرے گا اور تم کو ان پر غالب کرے گا اور بہت سے مسلمانوں کے قلوب کو شفا دے گا اور ان کے قلوب کے غیظ (وغضب) کو دور کر دیگا اور جس پر منظور ہو گا اللہ تعالیٰ توجہ فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں کیا تم خیال کرتے ہو کہ تم یوں ہی چھوڑ دیئے جاؤ گے۔ حالانکہ ہنوز اللہ تعالیٰ نے (ظاہر طور پر) ان لوگوں کو تو دیکھا ہی نہیں جنہوں نے تم میں سے (ایسے موقع پر) جہاد کیا اور اللہ اور رسول اور مؤمنین کے سوا کسی کو اپنا خاص دوست نہ بنایا ہو اور اللہ تعالیٰ کو سب خبر ہے تمہارے سب کاموں کی ۞

تفسیر: حکم جماعت اول متعلق فتح مکہ: كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۞ (جماعت اول نے جو نقض عہد کیا تھا ان کے نقض عہد سے پہلے بطور پیشین گوئی کے فرماتے ہیں کہ) ان مشرکین (قریش) کا عہد اللہ کے نزدیک اور اُس کے رسول کے نزدیک کیسے (قابل رعایت) رہے گا (کیونکہ رعایت تو اس عہد کی ہوتی ہے جس کو دوسرا شخص خود نہ توڑے ورنہ رعایت نہیں باقی رہتی مطلب یہ کہ یہ لوگ عہد کو توڑیں گے اس وقت اس طرف سے بھی رعایت نہ ہوگی) مگر جن لوگوں سے تم نے مسجد حرام (یعنی حرم) کے نزدیک عہد لیا ہے (مراد دوسری جماعت ہے جن کا استثناء اوپر بھی اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ الخ میں آچکا ہے یعنی ان سے امید ہے کہ یہ عہد کر کے قائم رکھیں گے) سو جب تک یہ لوگ تم سے سیدھی طرح رہیں (یعنی عہد نہ توڑیں) تم بھی ان سے سیدھی طرح رہو (اور مدت عہد کی ان سے پوری کر دو چنانچہ زمانہ نزول برات میں اس مدت میں نو ماہ باقی رہے اور بوجہ ان کی عہد شکنی نہ کرنے کے ان کی یہ مدت پوری کی گئی) بلاشبہ اللہ تعالیٰ (بدعہدی سے) احتیاط رکھنے والوں کو پسند کرتے ہیں (پس تم بھی احتیاط رکھنے سے پسندیدۂ حق ہو جاؤ گے یہ استثناء کر کے پھر عود ہے مضمون متعلق جماعت اول کی طرف کہ) کیسے (ان کا عہد قابل رعایت رہے گا یعنی وہ لوگ عہد پر کب قائم رہیں گے) حالانکہ ان کی یہ حالت ہے کہ اگر وہ تم پر کہیں غلبہ پا جائیں تو تمہارے بارے میں نہ قرابت کا پاس کریں اور نہ قول و قرار کا (کیونکہ ان کی یہ صلح مجبوری اور خوف جہاد سے ہے دل سے نہیں پس) یہ لوگ تم کو (صرف) اپنی زبانی باتوں سے راضی کر رہے ہیں اور ان کے دل (ان باتوں کو) نہیں مانتے (پس جب دل سے اس عہد کے پورا کرنے کا عزم نہیں ہے تو کیا پورا ہوگا) اور ان میں زیادہ آدمی شریر ہیں (کہ عہد پورا کرنا نہیں چاہتے اور اگر ایک آدھ پورا کرنا بھی چاہتا ہو تو زیادہ کے سامنے ایک دو کی کب چلتی ہے اور وجہ ان کے شریر ہونے کی یہ ہے کہ) انہوں نے احکام الٰہیہ کے عوض (دنیا کی) متاع ناپائیدار کو اختیار کر رکھا ہے (جیسا کہ کفار کی حالت ہوتی ہے کہ دین چھوڑ کر دنیا کو ترجیح دیتے ہیں جب دنیا زیادہ محبوب ہوگی تو جب عہد شکنی میں دنیوی غرض حاصل ہوتی نظر آوے گی اس میں کچھ باک نہ ہوگا بخلاف اس شکل کے جو دین کو ترجیح دیتا ہے وہ احکام الٰہیہ وفائے عہد وغیرہ کا پابند ہوگا) سو (اس ترجیح دنیا علی الدین کی وجہ سے) یہ لوگ اللہ کے (سیدھے) رستہ سے (جس میں وفائے عہد بھی داخل ہے) ہٹے ہوئے ہیں (اور) یقیناً یہ ان کا عمل بہت ہی برا ہے (اور ہم نے جو اوپر کہا ہے لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ الخ سو اس میں تمہاری کچھ تخصیص نہیں ان کی تو یہ حالت ہے کہ) یہ لوگ کسی مسلمانوں کے بارے میں (بھی) نہ قرابت کا پاس کریں اور نہ قول و قرار کا اور یہ لوگ (خصوصاً اس باب میں) بہت ہی زیادتی کر رہے ہیں سو (جب ان کے عہد پر اعتماد و اطمینان نہیں بلکہ احتمال عہد شکنی کا بھی ہے جیسا کہ اس کی جانب مخالف کا بھی احتمال ہے اس لئے ہم ان کے بارے میں مفصل حکم سناتے ہیں کہ) اگر یہ لوگ (کفر سے) توبہ کر لیں (یعنی مسلمان ہو جاویں) اور (اس اسلام کو ظاہر بھی کر دیں مثلاً) نماز پڑھنے لگیں اور زکوٰۃ دینے لگیں تو (پھر ان کی عہد شکنی وغیرہ پر اصلاً نظر نہ ہوگی خواہ انہوں نے کچھ ہی کیا ہو اسلام لانے سے) وہ تمہارے دینی بھائی ہو جاویں گے (اور پچھلا کیا ہوا سب معاف ہو جاوے گا) اور ہم سمجھدار لوگوں (کو بتلانے) کے لئے احکام کو خوب تفصیل سے بیان کرتے ہیں (چنانچہ اس مقام پر بھی ایسا ہی کیا گیا ہے) اور اگر وہ لوگ عہد کرنے کے بعد اپنی قسموں (عہدوں) کو توڑ ڈالیں (جیسا کہ ان کی حالت سے غالب ہے) اور (عہد توڑ کر ایمان بھی نہ لاویں بلکہ اپنے کفر پر قائم رہیں جس کا ایک اثر یہ ہے کہ) تمہارے دین (اسلام) پر طعن (واعتراض) کریں تو (اس حالت میں تم لوگ اس قصد سے کہ یہ (اپنے کفر سے) باز آجاویں ان پیشوایان کفر سے (خوب) لڑو (کیونکہ اس صورت میں) ان کی قسمیں (باقی نہیں رہیں یہاں تک قبل نقض پیشینگوئی ہو چکی آگے بعد وقوع نقض کے قتال کی ترغیب ہے کہ) تم ایسے لوگوں سے کیوں نہیں لڑتے جنہوں نے اپنی قسموں کو توڑ ڈالا (اور بنی بکر کی بمقابلہ خزاعہ کی مدد کی) اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے جلاوطن کر دینے کی تجویز کی اور انہوں نے تم سے خود پہلے چھیڑ نکالی (کہ تمہاری طرف سے وفائے عہد میں کوئی کمی نہیں ہوئی انہوں نے بیٹھے بٹھائے کو خود ایک شوشہ چھوڑا پس ایسے لوگوں سے کیوں نہ لڑو) کیا ان سے (لڑنے میں) ڈرتے ہو (کہ ان کے پاس سامان و جمعیت زیادہ ہے) سو (اگر یہ بات ہے تو ہرگز ان سے مت ڈرو کیونکہ) اللہ تعالیٰ اس بات کے زیادہ مستحق ہیں کہ تم ان سے ڈرو اگر تم ایمان رکھتے ہو (اور ان سے ڈرنے کا مقتضا یہ ہے کہ ان کے حکم کے خلاف مت کرو اور وہ حکم دیتے ہیں قتال کا پس) ان سے لڑو اللہ

www.besturdubooks.net

تعالیٰ (کا وعدہ ہے کہ) ان کو تمہارے ہاتھوں سزا دے گا اور ان کو ذلیل (وخوار) کرے گا اور تم کو ان پر غالب کرے گا اور (ان کی اس تعذیب اور تمہاری نصرت سے) بہت سے (ایسے) مسلمانوں کے قلوب کو شفا دے گا اور ان کے قلوب کے غیظ (وغضب) کو دور کرے گا (جو خود تاب مقابلہ کی نہیں رکھتے اور ان کی حرکات کو دیکھ دیکھ کر دل ہی دل میں گھٹتے ہیں) اور (ان ہی کفار میں سے) جس پر (توجہ وفضل کرنا) منظور ہوگا اللہ تعالیٰ توجہ (بھی) فرمادے گا (یعنی مسلمان ہونے کی توفیق دے گا چنانچہ فتح مکہ میں بعض لڑے اور ذلیل ومقتول ہوئے اور بعضے مسلمان ہوگئے) اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں (کہ علم سے ہر ایک کا انجام کہ اسلام ہے یا کفر جانتے ہیں اور اسی لئے اپنی حکمت سے احکام مناسبہ مقرر فرماتے ہیں اور تم جو لڑنے سے جی چراتے ہو گو بعضے ہی سہی تو) کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ تم یوں ہی (اسی حالت پر) چھوڑ دیئے جاؤ گے حالانکہ ہنوز اللہ تعالیٰ نے (ظاہری طور پر) ان لوگوں کو تو دیکھا ہی نہیں جنہوں نے تم میں سے (ایسے موقع پر) جہاد کیا ہو اور اللہ ورسول اور مؤمنین کے سوا کسی کو خصوصیت کا دوست نہ بنایا ہو (جس کے ظاہر ہونے کا اچھا ذریعہ ایسے موقع کا جہاد ہے جہاں مقابلہ اپنے اعزہ واقارب سے ہو کہ پورا امتحان ہو جاتا ہے کہ کون اللہ کو چاہتا ہے کون برادری کو) اور اللہ تعالیٰ کو سب خبر ہے تمہارے سب کاموں کی (پس اگر جہاد میں چستی کرو گے یا سستی کرو گے اسی کے موافق تم کو جزا دے گا)۔ **ف**: اس رکوع میں جو اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ الخ آیا ہے اس کی تفسیر بھی درمنثور میں جماعت دوم یعنی بنی ضمرہ وبنی کنانہ سے کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان سے بھی حدیبیہ میں خاص گفتگو ہوئی ہوگی پس دونوں جگہ مستثنیٰ کا مصداق واحد ہے صرح به فی البیضاوی اور تکرار اس لئے نہیں کہ اس میں ظہور استقامت سے پہلے کا حال مذکور ہے اور اوپر ظہور استقامت کے بعد کا لقولہ تعالیٰ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ الخ واللہ اعلم اور قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ الخ کی نسبت نزول قبل الفتح کو تمہید کے فائدہ دوم میں نقل کر چکا ہوں اور اس سے اوپر کی آیت میں اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا الخ کے مضمون سے اس کا نزول بھی قبل الفتح وبعد النکث معلوم ہوتا ہے اور اس سے پہلے اِنْ نَّكَثُوْٓا والی ہے نزول قبل النکث پر پس بدرجہ اولیٰ فتح مکہ کے قبل اس کا نزول ہوگا اور اس سے اوپر کی آیتیں اسی مضمون کے مناسب ہیں پس ان سب کا نزول بظن غالب قبل فتح ہے اسی لئے اول کی آیات کو پیشین گوئی پر محمول کیا گیا اور اِنْ تَابُوْا اور نَّكَثُوْٓا کے علاوہ ایک تیسری شق بھی ان بذلوا الجزیة محتمل تھی لیکن چونکہ کلام کفار عرب میں ہے اس لئے اس شق کی گنجائش نہیں اسی وجہ سے يَنْتَهُوْنَ ۞ کی تفسیر انتہا عن الکفر کے ساتھ کی گئی البتہ قبل نزول آیات براءت کے بطور صلح کے عہد کر لینا مشروع تھا ان آیات سے اس کی مشروعیت بھی مرتفع ہوگئی اب یا اسلام ہے یا سیف چنانچہ درمنثور میں ہے کہ پھر آپ نے ان میں سے کسی سے عہد نہیں کیا اور گزشتہ عہد کو صاف جواب دے دیا اور کفار قریش نے صرف جلاء وطن تجویز نہ کی تھی بلکہ قتل پر اخیر میں رائے قرار پائی تھی مگر اوروں کو اس لئے ذکر نہیں کیا کہ اخراج سب سے اخف ہے پس یہ بتلا دیا کہ جب عزم اخراج ہی امر منکر ہے تو اس سے اشد تو زیادہ منکر ہوگا۔

التماس: ان دو رکوع کی تفسیر میں کئی کئی سال گذرے کہ مجھ کو پریشانی اور خلجان رہتا تھا اور جس قدر میں نے لکھا ہے یہ میری کوشش کا منتہاء ہے اگر کسی کی نظر یا ذہن میں اس سے احسن اور اسہل تفسیر گزرے تو وہ اسی کو اختیار کر کے مجھ کو معذور سمجھے اور میری لغزش کے عفو کی دعا کرے۔

ربط: اوپر مشرکین کے شنائع مذکور تھے چونکہ ان کو اپنے بعض اعمال پر جیسے مسجد حرام کی خدمت اور حجاج کا پانی پلانا وغیرہ افتخار تھا اس لئے آگے مضمون سابق کی تتمیم کے لئے ان کے افتخار کا ان چند مذکور آیتوں میں جواب دیتے ہیں اور اسی ضمن میں مسلمانوں کے ایک اختلافی مسئلہ کا جس میں اس وقت کلام ہوا تھا کہ ایمان کے بعد افضل الاعمال آیا عمارت مسجد حرام ہے یا سقایہ حاج یا جہاد آیت: اَجَعَلْتُمْ الخ میں جواب دیتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۞ اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا دوسرا جملہ مستانفہ ہے بطور تعلیل جملہ سابقہ کے پس اس میں دلالت ہے کہ اتباع شہوات اور میلان الی اللذات سبب ہو جاتا ہے فسق وتمرد کا۔ قولہ تعالیٰ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۞ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ۭ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کاملین میں بھی امور طبعیہ رہتے ہیں اور یہ بھی معلوم ہوا کہ ان کے بعض آثار مطلوب بھی ہیں ورنہ صحابہؓ میں غیظ وغیرہ نہ ہوتا۔ قولہ تعالیٰ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا اس پر دال ہے کہ عادت الٰہیہ یہ ہے کہ مجاہدات کے بعد ثمرات عطا کرتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل طعنوا کفر پر قائم ہو مما وهبه الله تعالیٰ لی ۱۲۔ ۲ قوله فی لعلهم اس قصد سے غاية للقتال باعتبار ترجية العباد ای لا یکون مقصودکم اتلاف الانفس والاموال ۱۲۔ ۳ قوله فی لما یعلم الله ایسے موقع پر زاد هذا القید لان القتال قد وقع قبل الفتح غیر مرة لکن لا بهذا الشان ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراءة لا ایمان مصدر من الافعال ای لا امن لهم او لا اسلام لهم ۱۲۔

اللغات: قوله الال القرابة ۱۲۔

البلاغۃ: قوله لا ایمان لهم لم یقل لا عهد لهم تاکیدا ومبالغة فان فیه ایذاناً بانهم اقسموا علی العهد ثم لم یفوا قوله طعنوا فی ایراده مع

www.besturdubooks.net

القتال من الحسن ما لا يخفى ۔

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚۖ
وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ۱۷ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى
الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۱۸ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ
لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۱۹ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ (وقف لازم)
وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۲۰ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ
وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۲۱ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۲۲

مشرکین کی یہ لیاقت ہی نہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مسجدوں کو آباد کریں جس حالت میں کہ وہ خود اپنے اوپر کفر کی باتوں کا اقرار کر رہے ہیں۔ ان لوگوں کے سب اعمال اکارت جائیں گے اور دوزخ میں وہ لوگ ہمیشہ رہیں گے۔ ہاں اللہ کی مسجدوں کو آباد کرنا ان لوگوں کا کام ہے جو اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لائیں اور نماز کی پابندی کریں اور زکوٰۃ دیں اور بجز اللہ کے کسی سے نہ ڈریں۔ سو ایسے لوگوں کی نسبت توقع (یعنی وعدہ) ہے کہ اپنے مقصود تک پہنچ جائیں گے کیا تم لوگوں نے حجاج کو پانی پلانے کو اور مسجد حرام کے آباد رکھنے کو اس شخص کے برابر قرار دے لیا جو کہ اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لایا ہو اور اس نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا ہو یہ لوگ برابر نہیں اللہ کے نزدیک اور جو لوگ بے انصاف ہیں اللہ تعالیٰ ان کو سمجھ نہیں دیتا جو لوگ ایمان لائے اور (اللہ کے واسطے) انہوں نے ترک وطن کیا اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کیا وہ درجہ میں اللہ کے نزدیک بہت بڑے ہیں اور یہی لوگ پورے کامیاب ہیں۔ ان کا رب ان کو بشارت دیتا ہے اپنی طرف سے بڑی رحمت اور بڑی رضامندی اور (جنت کے) ایسے باغوں کی کہ ان کے لئے ان (باغوں) میں دائمی نعمت ہوگی (اور) ان میں یہ ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے بلاشبہ اللہ کے پاس بڑا اجر ہے ○

تفسیر: جواب افتخار مشرکین مع رفع اختلاف مؤمنین در باب تفاضل بعضے اعمال ☆ مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۲۲ مشرکین کی یہ لیاقت ہی نہیں کہ وہ اللہ کی مسجدوں کو (جن میں مسجد حرام بھی آ گئی) آباد کریں جس حالت میں کہ وہ خود اپنے اوپر کفر (کی باتوں) کا اقرار کر رہے ہیں (چنانچہ وہ خود اپنا مشرب بتلانے کے وقت ایسے عقائد کا اقرار کرتے ہیں جو واقع میں کفر ہیں۔ مطلب یہ کہ عمارت مساجد گو عمل محمود ہے لیکن باوجود شرک کے کہ اس کا منافی ہے اس عمل کی اہلیت ہی مفقود ہے اور اس لئے وہ محض غیر معتد بہ ہے پھر فخر کی کیا گنجائش ہے) ان لوگوں کے (جو کہ مشرک ہیں) سب اعمال (نیک مثل عمارت مسجد وغیرہ) اکارت (اور ضائع) ہیں (بوجہ اس کے کہ ان کی قبولیت کی شرط نہیں پائی جاتی اور ضائع عمل پر فخر ہی کیا) اور دوزخ میں وہ لوگ ہمیشہ رہیں گے (کیونکہ وہ عمل جو کہ اسباب نجات سے ہے وہ تو ضائع ہی ہو گیا تھا) ہاں اللہ کی مسجدوں کو آباد کرنا ان لوگوں کا کام ہے (یعنی علیٰ وجہ الکمال ان سے مقبول ہوتا ہے) جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر (دل سے) ایمان لاویں (اور جوارح سے اس کا اظہار بھی کریں مثلاً اس طرح کہ) نماز کی پابندی کریں اور زکوٰۃ دیں اور (اللہ پر ایسا توکل رکھتے ہوں کہ) بجز اللہ کے کسی سے نہ ڈریں سو ایسے لوگوں کی نسبت توقع (یعنی وعدہ) ہے کہ اپنے مقصود (یعنی جنت ونجات) تک پہنچ جاویں گے (کیونکہ ان کا عمل بوجہ ایمان کے مقبول ہوگا اس لئے آخرت میں نفع ہوگا (اور مشرکین اس شرط سے محروم ہیں پس ثمرہ عمل سے بھی محروم ہیں اور عمل بے ثمر پر فخر لاحاصل) کیا تم لوگوں نے حجاج کے پانی پلانے کو اور مسجد حرام کے آباد رکھنے کو اس شخص (کے عمل) کے برابر قرار دے لیا جو کہ اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لایا ہو اور اس نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا ہو (وہ عمل ایمان اور جہاد ہے یعنی یہ اعمال برابر نہیں اور جب اعمال برابر نہیں تو) یہ (عامل) لوگ (بھی باہم) برابر نہیں اللہ کے نزدیک (غرض عمل عمل باہم اور عامل عامل باہم برابر نہیں مقصود بقرینہ سیاق یہ ہے کہ ایمان اور جہاد میں سے ہر واحد افضل ہے سقایہ وعمارت کے ہر واحد سے یعنی ایمان بھی دونوں سے افضل ہے اور اس سے جواب ہو گیا مشرکین کا کہ ان میں ایمان نہ تھا اور جہاد بھی دونوں سے افضل ہے اس سے جواب ہو گیا بعض مؤمنین کا کہ جو بعد ایمان کے سقایہ اور عمارت کو جہاد پر تفضیل دیتے تھے) اور (یہ امر مذکور بہت ہی ظاہر ہے لیکن) جو لوگ بے انصاف ہیں (مراد مشرک ہیں) اللہ تعالیٰ ان کو سمجھ نہیں دیتا (اس لئے وہ نہیں مانتے

www.besturdubooks.net

بخلاف اہل ایمان کے کہ وہ اس تحقیق کو فوراً مان گئے آگے اس مضمون کی تصریح ہے جو اوپر لَا یَسْتَوٗنَ سے مقصود تھا یعنی) جو لوگ ایمان لائے اور (اللہ کے واسطے) انہوں نے ترک وطن کیا اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کیا وہ درجہ میں اللہ کے نزدیک (بمقابلہ اہل سقایہ واہل عمارت کے) بہت بڑے ہیں (کیونکہ اگر اہل سقایت واہل عمارت میں ایمان نہ ہوتب تو یہ بڑائی ان ہی مؤمنین مہاجرین مجاہدین میں منحصر ہے اور اگر ان میں ایمان ہوتو گو وہ بھی بڑے ہیں مگر یہ زیادہ بڑے ہیں) اور یہی لوگ پورے کامیاب ہیں (کیونکہ اگر ان کے مقابلین میں ایمان نہ ہوتب تو کامیابی کا ان ہی میں حصر ہے اور اگر ایمان ہوتو کامیابی مشترک ہے لیکن ان کی کامیابی ان سے اعلیٰ ہے آگے اس درجہ اور فوز کا بیان ہے کہ) ان کا رب ان کو بشارت دیتا ہے اپنی طرف سے بڑی رحمت اور بڑی رضامندی اور (جنت کے) ایسے باغوں کی ان کے لئے ان (باغوں) میں دائمی نعمت ہوگی (اور) ان میں یہ ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے بلاشبہ اللہ کے پاس بڑا اجر ہے (اس میں سے ان کو دیا جاوے گا)۔ **ف**: آیت مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ الخ کی جو تفسیر بندہ نے اختیار کی ہے اس بناپر اس آیت کا حاصل صرف یہ ہوا کہ ان کے یہ اعمال مقبول نہیں اور یہ بات کہ کافر اگر مسجد بنادے یا اس کی خدمت وغیرہ کرے تو اس کو اجازت دی جاوے گی یا نہیں۔ اس مسئلہ سے تعارض نہ ہوگا باقی خود اس مسئلہ کی تحقیق دوسرے دلائل سے یہ ہے کہ اگر وہ کافر اپنے مذہب کی رو سے اس کو ثواب سمجھے تو اجازت دے دی جاوے گی ورنہ نہیں کذا فی الهداية كتاب الوصية البتہ پہلی صورت میں اگر اجازت دینا کسی مصلحت اسلامی کے خلاف ہوتو اجازت نہ ہوگی۔

ربط: اوپر ہجرت کا ذکر تھا جس میں وطن اور اقارب اور اموال واملاک سے قطع تعلق کرنا پڑتا ہے جو کہ طبعاً شاق معلوم ہوتا ہے جو گاہے سبب ہوسکتا ہے ترک ہجرت کا اس لئے آگے ان تعلقات کے غلبہ کی مذمت فرماتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى بالكفر كفر كی باتوں الخ فاندفع به ما يرد على ظاهره ان المشركين لم يكونوا مقرين بانهم كافرون۔ ۲ قوله فى انما يعمر مقبول ہوتا ہے دل عليه مقابلته لقوله ما كان المشركين بتفسيره الذى ذكر۔ ۳ قوله فى امن ايمان لاويں رعاية لمعنى مَن۔ ۴ قوله فى من اقام الخ اظہار بھی کریں اشارة الى ان خصوصية الاعمال ليست مقصودا بل المراد اشتراط الاظهار لا للقبول بل لكماله لان الاخفاء بلا عذر اثم كبير والاثم مانع لكمال القبول ولاجله اشترط عدم الخشية۔ ۵ قوله فى سقاية پلانے کو اشارة الى تقدير المضاف فى جانب المشبه به اى كعمل من آمن الخ۔ ۶ قوله فى توضيح لا يسترون اس سے جواب ہوگیا مشرکین کا اشارة الى ان المخاطب فى اجعلتم المشركون والمسلمون معا لكن باختلاف الاعتبار كما فى تقرير الترجمة فاجتمعت على هذا الروايات كلها۔ ۷ قوله فى لا يهدى بخلاف فالجملة فيها بيان حال الفريقين بمفهوم الموافقة وبمفهوم المخالفة فافهم۔

الروایات: فى الروح اخرج ابو الشيخ وابن جرير عن الضحاك انه لما اسر العباس عيره المسلمون بالشرك وقطعية الرحم واغلظ عليه على كرم الله وجهه فى القول فقال تذكرون مساوينا وتكتمون محاسننا انا لنعمر المسجد الحرام ونحجب الكعبة نقرى الحجيج ونفك العانى فنزلت قلت ويفهم من بعض الروايات ان العباسؓ افتخر بها بعد ان اسلم فالوجه فيه ان الحسنات التى يعمل المرء فى الجاهلية يثاب عليها ان اسلم فلعل مراده انى لما اسلمت بقيت لى تلك الاعمال فاشتر كنا نحن وانتم فى الاسلام لم فقناكم بهذه الاعمال وكان يلزم منه حكمه بكونها افضل من الجهاد فكان تقرير الجواب كما ذكر فى المتن فى جواب المسلمين فافهم واخرج ابن ابى حاتم وابن مردويه عن ابن عباسؓ ان المشركين قالوا عمارة بيت الله تعالىٰ والقيام للسقاية خير من الايمان والجهاد واخرج مسلم وابو داؤد وابن جرير وابن المنذر جماعة عن النعمان بن بشيرؓ قال كنت عند منبر رسول الله صلى الله عليه وسلم فى نفر من اصحابه فقال ما ابالى ان لا اعمل عملا لله تعالىٰ بعد الاسلام الا ان اسقى الحاج وقال آخر بل عمارة المسجد الحرام وقال آخر بل الجهاد فى سبيل الله خير مما قلتم فزجرهم عمرؓ وقال لا ترفعوا اصواتكم عند منبر رسول الله صلى الله عليه وسلم و ذلك يوم الجمعة ولكن اذا صليتم الجمعة دخلت على رسول الله صلى الله عليه وسلم فاستفتيه فيما اختلفتم فيه فانزل الله الآية الى قوله سبحانه والله لا يهدى القوم الظالمين اه قلت ولاجل الجمع بين هذه الروايات التى لا تعارض فى كون جميعها سببا جعل الخطاب عاما والله اعلم۔

اللغات: السقاية والعمارة مصدران۔

البلاغۃ: قوله الذين آمنوا وهاجروا زاد فيه على ما قبله الهجرة وتفصيل الجهاد اشارة الى كون الهجرة والجهاد بكلا نوعيه من لوازم الايمان الكامل قوله مقيم معناه من لا يرتحل ولا يسافر وهو استعارة للدائم۔

www.besturdubooks.net

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ
وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ
وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ
مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ
ع ۸ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۴﴾ لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ
فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ
عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَذٰلِكَ جَزَآءُ
الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا
اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ
اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۸﴾

اے ایمان لانے والو اپنے باپوں کو اور اپنے بھائیوں کو (اپنا) رفیق مت بناؤ اگر وہ لوگ کفر کو بمقابلہ ایمان کے (ایسا) عزیز رکھیں (کہ ان کے) ایمان لانے کی اُمید نہ رہے اور جو شخص تم میں سے ان کے ساتھ رفاقت رکھے گا سو ایسے لوگ بڑے نافرمان ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ اگر تمہارے باپ اور تمہاری اولاد اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیبیاں اور تمہارا کنبہ اور وہ مال جو تم نے کمائے ہیں اور وہ تجارت جس میں نکاسی نہ ہونے کا تم کو اندیشہ ہو اور وہ گھر جن کو تم پسند کرتے ہو تم کو اللہ سے اور اس کے رسول سے اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ پیارے ہوں تو تم منتظر رہو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم (سزائے ترک ہجرت کا) بھیج دیں اور اللہ تعالیٰ بے حکمی کرنے والوں کو ان کے مقصود تک نہیں پہنچاتا تم کو خدا تعالیٰ نے (لڑائی کے) بہت موقعوں میں (کفار) پر غلبہ دیا اور حنین کے دن بھی جب کہ تم کو اپنے مجمع کی کثرت پر غرہ ہو گیا تھا۔ پھر وہ کثرت تمہارے کچھ کارآمد نہ ہوئی اور تم پر زمین باوجود اپنی فراخی کے تنگی کرنے لگی پھر (آخر) تم پیٹھ دے کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول (کے قلوب) پر اور دوسرے مؤمنین (کے قلب) پر اپنی (طرف سے) تسلی نازل فرمائی اور (مدد کے لئے) ایسے لشکر نازل فرمائے جن کو تم نے نہیں دیکھا اور کافروں کو سزا دی اور یہ کافروں کی (دنیا میں) سزا ہے پھر اس کے بعد خدا تعالیٰ جس کو چاہیں توبہ نصیب کر دیں اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت کرنے والے اور بڑی رحمت کرنے والے ہیں اے ایمان والو! مشرک لوگ (بوجہ عقائد خبیثہ) نرے ناپاک ہیں۔ سو یہ لوگ اس سال کے بعد مسجد حرام کے پاس نہ آنے پائیں اور اگر تم کو مفلسی کا اندیشہ ہو تو (خدا پر توکل رکھو) خدا تم کو اپنے فضل سے اگر چاہے گا (ان کا) محتاج نہ رکھے گا۔ بے شک اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا بڑا حکمت والا ہے۔

تفسیر: ذم ایثار تعلقات دنیویہ بر تعلقات اخرویہ ☆ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۴﴾ اے ایمان والو اپنے باپوں کو اور اپنے بھائیوں کو (اپنا رفیق مت بناؤ اگر وہ لوگ کفر کو بمقابلہ ایمان کے (ایسا) عزیز رکھیں (کہ ان کے ایمان لانے کی امید نہ رہے) اور جو شخص تم میں سے ان کے ساتھ رفاقت رکھے گا سو ایسے لوگ بڑے نافرمان ہیں (مطلب یہ کہ بڑا مانع ہجرت سے ان لوگوں کا تعلق ہے اور خود وہی جائز نہیں پھر ہجرت میں کیا دشواری ہے آگے اسی مضمون کی زیادہ تفصیل ہے کہ اے محمد ﷺ) آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیبیاں اور تمہارا کنبہ اور وہ مال جو تم نے کمائے ہیں اور وہ تجارت جس میں نکاسی نہ ہونے کا تم کو اندیشہ ہو اور وہ گھر جن (میں رہنے) کو تم پسند کرتے ہو (اگر یہ چیزیں) تم کو اللہ سے اور اس کے رسول سے اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ پیاری ہوں تو تم منتظر رہو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم (سزائے ترک ہجرت کا) بھیج دیں (جیسا دوسری آیت میں ہے اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ (الی قولہ تعالیٰ) فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ) [النساء: ۹۷] اور اللہ تعالیٰ بے حکمی کرنے والے لوگوں کو ان کے مقصود تک نہیں پہنچاتا (یعنی ان کا مقصود تھا ان چیزوں

www.besturdubooks.net

سے تمتع وہ بہت جلد خلاف ان کی توقع کے موت سے منقطع ہو جاتا ہے) ف: ہجرت سے یہی اندیشے ہوتے تھے کہ عزیز چھوٹ جاویں گے اموال واملاک پریشان وتلف ہو جاویں گے تجارت کا انتظام وسلسلہ بگڑ جاوے گا یہ آرام کے گھر جن میں رہتے ہیں چھوٹ جاویں گے اور مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ سے مراد چونکہ من العمل بامر الله ورسوله ہے اس میں ہجرت بھی آ گئی اور جہاد کی تصریح سے مقصود مبالغہ ہے کہ ہجرت تو پھر سہل ہے مطلوب تو یہ ہے کہ جہاد کو بھی اشیائے مذکورہ پر ترجیح دی جاوے جس میں اپنی جان اور کبھی ان عزیزوں کی جان کو جب کہ ان سے مقابلہ ہو جاوے بے قدر اور ہیچ سمجھنا پڑتا ہے پہلے پارہ والمحصنٰت کے نصف کے بعد رکوع اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ کی تفسیر میں تحقیق مسئلۂ ہجرت کی گذر چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے اور اِسْتَحَبُّوْا کی جو تفسیر کی گئی ہے اس سے ایک مسئلہ مستنبط ہوا کہ جس کافر کے اسلام کی امید ہو اور اسی مصلحت سے اس سے تعلق رکھے جائز ہے اور ان اشیاء کا زیادہ پیارا ہونا جو برا ہے مراد اس سے وہ محبت ہے جو احکام الٰہیہ دینویہ پر عمل کرنے سے باز رکھے میلان طبعی مراد نہیں ہے۔ رَبط: اوپر براءت اور غزوۂ فتح کا ذکر تھا آگے غزوۂ حنین کا ذکر ہے اور ان کا تناسب ظاہر ہے اور تمہید سورت کے فائدہ اول میں بھی مذکور ہوا ہے نیز اوپر قطع علائق ماسوی اللہ کا بیان تھا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ الخ میں قصۂ حنین سے اس کی تائید بھی ہوتی ہے کہ غیر اللہ پر نظر کرنے سے ضرر ہوا اور اللہ کا تعلق کافی اور نافع ہوا۔

قصہ غزوۂ حنین: حنین ایک مقام ہے مکہ اور طائف کے درمیان میں یہاں قبیلہ ہوازن اور ثقیف سے فتح مکہ سے دو ہفتہ بعد لڑائی ہوئی تھی مسلمان بارہ ہزار تھے اور مشرکین چار ہزار بعض مسلمان اپنا مجمع دیکھ کر ایسے طور پر کہ اس سے پندار مترشح ہوتا تھا کہنے لگے کہ ہم آج کسی طرح مغلوب نہیں ہو سکتے چنانچہ اول مقابلہ میں کفار کو ہزیمت ہوئی بعضے مسلمان غنیمت کو جمع کرنے لگے اس وقت کفار لوٹ پڑے اور وہ تیر انداز بڑے تھے مسلمانوں پر تیر برسانے شروع کئے اس گھبراہٹ میں مسلمانوں کے پاؤں اُکھڑ گئے صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مع چند صحابہؓ کے میدان میں رہ گئے آپ نے حضرت عباسؓ سے مسلمانوں کو آواز دلوائی پھر سب لوٹ کر دوبارہ کفار سے مقابل ہوئے اور آسمان سے فرشتوں کی مدد آئی آخر کفار بھاگے اور بہت سے قتل ہوئے بہت سے قید ہوئے پھر ان قبائل کے بہت سے آدمی آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر مشرف باسلام ہوئے اور آپ نے ان کے اہل وعیال جو پکڑے گئے تھے سب ان کو واپس کر دیئے۔ کذا فی الروح والدر و صحیح البخاری۔

آیت وتفسیر: لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ تم کو خدا تعالیٰ نے (لڑائی کے) بہت موقعوں میں (کفار پر) غلبہ دیا (جیسے بدر وغیرہ) اور حنین کے دن بھی (جس کا قصہ عجیب وغریب ہے تم کو غلبہ دیا) جب کہ (یہ واقعہ ہوا تھا کہ) تم کو اپنے مجمع کی کثرت سے غرہ ہو گیا تھا پھر وہ کثرت تمہارے کچھ کارآمد نہ ہوئی اور (کفار کے تیر برسانے سے ایسی پریشانی ہوئی کہ) تم پر زمین باوجود اپنی (اس) فراخی کے تنگی کرنے لگی پھر (آخر) تم پیٹھ دے کر بھاگ کھڑے ہوئے اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول (کے قلب) پر اور دوسرے مؤمنین (کے قلوب) پر اپنی (طرف سے) تسلی نازل فرمائی اور (مدد کے لئے) ایسے لشکر (آسمان سے) نازل فرمائے جن کو تم نے نہیں دیکھا (مراد فرشتے ہیں جس کے بعد تم پھر مستعد قتال ہوئے اور غالب آئے) اور (اللہ تعالیٰ نے) کافروں کو سزا دی (کہ ان پر ہزیمت اور قتل وقید واقع ہوا) اور یہ کافروں کی (دنیا میں) سزا ہے پھر خدا تعالیٰ (ان کافروں میں سے) جس کو چاہیں توبہ نصیب کر دیں چنانچہ بہت سے مسلمان ہو گئے) اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت کرنے والے بڑی رحمت کرنے والے ہیں (کہ جو شخص ان میں مسلمان ہوا اس کے سب پچھلے گناہ معاف کر کے مستحق جنت کا بنا دیا) ف: اس قصہ میں جو غلبہ کے ساتھ یہ فرمایا کہ جب کہ یہ واقعہ ہوا تھا مراد اس سے صرف اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ کا مضمون نہیں کہ شبہ پڑے کہ اعجاب سے تو مغلوبیت ہوئی تھی بلکہ مراد مجموعہ قصہ اخیر تک ہے اور مجموعہ میں غلبہ کا ہونا یقینی ہے اور یہ جو فرمایا کہ رسول پر تسلی نازل ہوئی مراد اس سے مطلق تسلی نہیں وہ تو آپ کو بلکہ جو صحابہؓ آپ کے ساتھ رہ گئے تھے ان کو بھی حاصل تھی اسی وجہ سے ثابت قدم رہے بلکہ مراد اس سے خاص تسلی ہے جس سے غلبہ کی امید قریب ہو گی اور مؤمنین پر جو تسلی نازل فرمانا ارشاد فرمایا ان میں جو آپ کے ساتھ رہ گئے تھے ان پر نزول تسلی کے معنی تو ابھی معلوم ہوئے اور جو ہٹ گئے تھے ان پر نازل ہونا یہی ہے کہ پھر میدان میں آ گئے اور یہ جو فرمایا کہ تم نے فرشتوں کو دیکھا نہیں یعنی عام طور پر پس اگر اتفاقاً کسی ایک آدھ کا دیکھنا ثابت ہو جاوے تو کچھ اشکال نہیں اور قتل وقید کو جو کافروں کو سزا فرمایا مطلب یہ ہے کہ جہاں واقع ہو سزا ہے اور یہ مطلب نہیں کہ وقوع ضروری ہے۔ رَبط: اوپر شروع سورت میں اعلان براءت کا تھا آگے اسی اعلان کا تتمہ مذکور ہے یعنی سال کے اندر اندر مشرکین کا خارج حدود کر دینا اور اس اخراج کے حکم سے جو مسلمانوں کو تردد ہوا تھا کہ مال کی آمد بند ہو جاوے گی ساتھ ہی اس بارہ میں تسلی ہے۔

تتمہ اعلان براءت وتسلیہ مؤمنین ☆ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۸﴾ اے ایمان والو مشرک لوگ (بوجہ عقائد خبیثہ کے) نرے ناپاک ہیں سو (اس ناپاکی پر جو احکام متفرع ہوئے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ) یہ لوگ اس سال کے بعد مسجد حرام (یعنی حرم) کے پاس (بھی) نہ آنے پاویں (یعنی حرم کے اندر داخل نہ ہوں) اور اگر تم کو (اس حکم کے جاری کرنے سے بدیں وجہ) مفلسی کا اندیشہ ہو (کہ لین دین

www.besturdubooks.net

انہی سے زیادہ متعلق ہے جب یہ نہ رہیں گے تو کیسے کام چلے گا) تو (تم خدا پر توکل رکھو) خدا تم کو اپنے فضل سے اگر چاہے گا (ان کا) محتاج نہ رکھے گا بیشک اللہ تعالیٰ (احکام کی مصلحتوں کو) خوب جاننے والا ہے (اور ان مصلحتوں کی تکمیل کے باب میں) بڑا حکمت والا ہے (اس لئے یہ حکم مقرر کیا اور تمہارے افلاس کے انسداد کا سامان بھی کردے گا)۔ **ف**: سب کا اتفاق ہے کہ اس باب میں کفار اہل کتاب کا حکم مثل مشرکین کے ہے اور درمنثور کی ایک روایت اس کی مؤید بھی ہے کہ جبرئیل علیہ السلام نے یہودی کے ہاتھ کو مثل مشرک کے ہاتھ کے فرمایا اور مراد اس نجاست سے نجاست عقائد ہے نہ کہ نجاست اعیان واجسام چنانچہ سنن ابوداؤد کتاب الخراج میں وفد ثقیف کو مسجد میں ٹھہرانے کی روایت موجود ہے اور وہ مشرک تھے اور یہاں مقصود حکم لَا یَقْرَبُوا کا فرمانا ہے اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ میں اس کی ایک حکمت بتلادی کہ ایسے مقدس مقام میں ایسے ناپاک دل والوں کا کیا کام اور مسجد حرام سے تمام حرم مراد ہونا درمنثور میں عطاءؒ سے مروی ہے اور حدیثوں سے تمام جزیرۂ عرب کا یہی حکم ثابت ہے مشرکین کے لئے بھی اور یہود ونصاریٰ کے لئے بھی یہ روایتیں درمنثور میں بھی نقل کی ہیں چنانچہ حسب وصیت آپ کے حضرت عمرؓ کے زمانہ میں تمام جزیرۂ عرب میں اس قانون کا نفاذ ہوگیا اور فقہ حنفی کی رو سے مراد اس سے قرب ودخول بطور توطن یا استیلاء کے ہے کہ یہ ناجائز ہے ورنہ مسافرانہ امام کی اجازت سے آنا اگر امام کے نزدیک خلاف مصلحت نہ ہو مضائقہ نہیں جیسا دوسری آیت مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَا اِلَّا خَآئِفِيْنَ [البقرة : ۱۱۴] کی بعض علماء نے یہی تفسیر کی ہے اور قتادہؒ کا قول فلیس لاحد من المشرکین ان یقرب المسجد الحرام بعد عامهم ذلك الا صاحب الجزیة او عبد لرجل من المسلمین رواه فی الدر اس کو مؤید ہے اور جب حرم کے اندر آنے کی اجازت دینا جائز ہے مسجد حرام بھی اسی حکم میں ہے البتہ حج وعمرہ کی کفار کو اجازت نہیں بوجہ حدیث الا لا یحجن بعد العام مشرك کے اور جن روایتوں میں مشرک سے مصافحہ کرکے ہاتھ دھونا آیا ہے وہ محمول تغلیظ پر ہیں اور اس آیت میں جو اغناء کا وعدہ ہے وہ اللہ تعالیٰ نے اس طرح پورا کردیا کہ تاجر قوموں کو مسلمان کردیا وہ سب طرح کا مال مکہ میں لانے لگے اور ان شاء عدم تیقن اور تبعید وعدہ کے لئے نہیں بلکہ تقریب وعدہ کے لئے ہے اس وعدہ کے پورا کرنے کے لئے اللہ کو کچھ لمبا چوڑا سامان کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ صرف مشیت کافی ہے خوب سمجھ لو۔

ربط: اوپر براءت وفتح مکہ وحنین میں قتال مشرکین کا بیان تھا آگے قتال اہل کتاب کا بیان ہے گویا غزوۂ تبوک کی تمہید ہے کہ وہ بھی اہل کتاب کے ساتھ معاملہ ہوا تھا چنانچہ مجاہد سے درمنثور میں اس آیت کا نزول غزوۂ تبوک ہی میں نقل کیا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ (الی قولہ تعالی) فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ اس میں حق تعالیٰ نے بیان فرمادیا کہ تعلق مع اللہ بمقابلہ تعلق مع الخلق کے زیادہ رعایت کے قابل ہے۔ قولہ تعالیٰ: اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئًا (الی قولہ تعالی) ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اس میں دلالت ہے کہ بندہ کو غیر اللہ پر نظر اور عجب نہ کرنا چاہیے اور اس پر بھی دلالت ہے کہ ترک عجب نزول سکینہ کا سبب ہوتا ہے جس کی تفاسیر کا حاصل یہ ہے کہ قلب کا قرار پانا اور راضی رہنا احکام قضاء پر اور فناء حظوظ کے ساتھ حق تعالیٰ کی معیت کا مقام ہوجانا۔ قولہ تعالیٰ اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اسی پر قیاس کرکے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ جس شخص میں میلان الی غیر اللہ کی گندگی ہوگی وہ حضرت حق کے لائق نہیں اور آیت میں جیسے اختلاط مشرکین سے ممانعت ہے اسی پر قیاس کیا جاتا ہے کہ اہل دنیا اور منکرین صوفیہ کی صحبت سخت مضر ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ اس میں دلالت ہے کہ مصلحت دنیوی تکمیل مصلحت دینیہ میں مانع نہ ہونا چاہیے اور اگر مزاحم ہو تو توکل سے علاج کرنا چاہیے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی یوم حنین** عجیب الخ اشارة الی ان تخصیصه لا لفضله بل لکونه عجیبا للظفر بعد الیاس ۱۲۔ ۲ **قوله فی اول ف**: مثل مشرکین کے ولعل التخصیص لکون اکثر اهلها مشرکین ۱۲۔

الروایات: فی الروح عن الثعلبی عن ابن عباسؓ نزلت فی المهاجرین فانهم لما امروا بالهجرة قالوا ان هاجرنا قطعنا آبائنا وابنائنا وعشیرتنا وذهب تجاراتنا وهلکت اموالنا وخربت دیارنا وبقینا ضائعین فنزلت فهاجروا وفی حواشی الجلالین قال الکلبی عن ابی الصالح عن ابن عباسؓ لما امر النبی صلی الله علیه وسلم بالهجرة فمنهم من تعلق به اهله وولده ویقولون ننشدك بالله ان تضیعنا فیرق لهم ویدع الهجرة فنزلت آه ویؤیده ما فی لباب النقول اخرج الفریابی عن ابن سیرین قال قدم علی بن ابی طالب مکة وقال لقوم سماهم الا تهاجروا لا تلحقوا برسول الله صلی الله علیه وسلم فقال لو نقیم مع اخواننا و عشائرنا ومساکننا فانزل الله قل ان کان آبائکم الآیة کلها واخرج عبد الرزاق الشعبی نحوه آه ۱۲۔ فی الدر المنثور عن ابن عباسؓ قال کان المشرکون یجیئون الی البیت ویجیئون معهم بالطعام یتجرون فیه فلما نهوا عن ان یاتوا البیت قال المسلمون فمن این لنا الطعام فانزل الله

www.besturdubooks.net

وان خفتم عيلة الآية آه ۱۲۔

النحو: قوله اقترفتموها وتخشون وترضون التعرض للصفات المذكورة للايذان بانها مع ما فيها من موجبات المحبة لا يجوز ان تكون احب من دون الله ورسوله الخ ۱۲۔ قوله ضاقت فيه استعارة تبعية اما بعدم وجدان مكان يقرون به مطمئنين او انهم لا يجلسون في مكان كما لا يجلس في المكان الضيق ۱۲۔ قوله يوم حنين عامله مقدر وهو نصركم المعطوف على نصركم المذكور ليصح كون اذ بدلا عن يوم لان الاعجاب لم يقع في المواطن كلها ۱۲۔

البلاغة: قوله هم الظلمون الحصر ادعائى كان ظلم غيرهم كلا ظلم عند ظلمهم قوله ابناء وكم لم يذكر الابناء والازواج فما سلف وذكر هم ههنا لان ما تقدم في الاولياء وهم اهل الرائے والمشورة والابناء والازواج تبع ليسوا كذلك وما ههنا في المحبة وهم احب الى كل احد قوله عشيرتكم ذكره للتعميم ۱۲۔ قوله يتوب هو على معناه ان نزلت قبل التوبة وعلى المضى ان بعدها ۱۲۔ في قوله تعالى لا يقربوا مجاز لان المقصود النهى للمسلمين عن ان يدعوهم يقربوا اى يدخلوا لا نهى المشركين كما هو ظاهر لكن لما نودى المشركون بهذا ناسب التعبير بهذا العنوان كان المسلمين يقولون لا تقربوا لانا نبذنا اليكم العهد لا لانه حكم شرعى فلا يلزم منه كون الكافر مكلفا بالفروع فافهم ۱۲۔

قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝۲۹ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ يُضَاهِئُوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝۳۰ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۳۱ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝۳۲ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝۳۳

اہل کتاب جو کہ نہ خدا پر (پورا پورا) ایمان رکھتے ہیں اور نہ قیامت کے دن پر اور نہ ان چیزوں کو حرام سمجھتے ہیں جن کو خدا تعالیٰ نے اور اسکے رسول ﷺ نے حرام بتلایا ہے اور نہ سچے دین (اسلام) کو قبول کرتے ہیں ان سے یہاں تک لڑو کہ وہ ماتحت ہو کر اور رعیت بن کر جزیہ دینا منظور کریں اور یہود (میں سے بعض) نے کہا کہ عزیز خدا کے بیٹے ہیں اور نصاریٰ (میں سے اکثر) نے کہا کہ مسیح خدا کے بیٹے ہیں یہ ان کا قول ہے ان کے منہ سے کہنے کا۔ یہ بھی ان لوگوں کی سی باتیں کرنے لگے جو ان سے پہلے کافر ہو چکے ہیں۔ خدا ان کو غارت کرے۔ یہ کدھر اُلٹے جا رہے ہیں۔ انہوں نے خدا کو چھوڑ کر اپنے علماء کو اور مشائخ کو (باعتبار طاعت کے) رب بنا رکھا ہے اور مسیح بن مریم کو بھی۔ حالانکہ انکو صرف یہ حکم کیا گیا ہے کہ فقط ایک معبود (برحق) کی عبادت کریں۔ جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ ان کے شرک سے پاک ہے۔ وہ لوگ یوں چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور (یعنی دین اسلام) کو اپنے منہ سے بجھا دیں حالانکہ اللہ تعالیٰ بدوں اس کے کہ اس کے اپنے نور کو کمال تک پہنچا دے مانے گا نہیں۔ گو کافر لوگ کیسے ہی ناخوش ہوں۔ (چنانچہ) وہ اللہ تعالیٰ ایسا ہے کہ اس نے اپنے رسول کو ہدایت (کا سامان یعنی قرآن) اور سچا دین دے کر بھیجا ہے تاکہ اس کو تمام (بقیہ) دینوں پر غالب کر دے گو مشرک کیسے ہی ناخوش ہوں۔

تفسیر: حکم قتال اہل کتاب ☆ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ (الى قوله تعالى) حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝ اہل کتاب جو کہ نہ خدا پر (پورا پورا) ایمان رکھتے ہیں اور نہ قیامت کے دن پر (پورا ایمان رکھتے ہیں) اور نہ ان چیزوں کو حرام سمجھتے ہیں جن کو خدا تعالیٰ نے اور اس کے رسول (محمد ﷺ) نے حرام بتلایا ہے اور نہ سچے دین (اسلام) کو قبول کرتے ہیں ان سے یہاں تک لڑو کہ وہ ماتحت ہو کر اور رعیت بن کر جزیہ دینا منظور کریں۔

www.besturdubooks.net

ف : مسئلہ : یہاں جزیہ میں جو اہل کتاب کی تخصیص کی ہے یہ بمقابلہ کل کفار کے نہیں بلکہ جن کا اوپر ذکر تھا یعنی مشرکین عرب ان کے مقابلہ میں یہ تخصیص ہے کیونکہ ان سے جزیہ نہیں لیا جاتا یا اسلام ہے یا سیف البتہ جن کے قتل کی اجازت نہیں جیسے عورتیں اور بچے وہ غلام لونڈی بنا کر رکھے جائیں گے اور حدیثوں سے ثابت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجوس سے بھی جزیہ لیا ہے اور مشرکین عجم مثل مجوس کے ہیں بلکہ آیت میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان سے بدرجہ اولیٰ جزیہ لیا جاوے گا کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ میں من بیانیہ ہے پس سب اہل کتاب ان ہی صفات سے موصوف ہوں گے لَا يُؤْمِنُوْنَ الخ پس مدار وضع جزیہ کا یہ ٹھہرا اور ظاہر ہے کہ یہ صفات مشرکین میں بدرجہ اقویٰ پائی جاتی ہیں کیونکہ اہل کتاب توحید اور معاد کا عقیدہ رکھتے ہیں گو اس میں غلطیوں کی وجہ سے لَا يُؤْمِنُوْنَ فرمادیا ہے اور مشرکین تو خود ان عقائد کی اصل ہی میں مخالف ہیں پس جب مدار حکم ان میں اقویٰ ہے تو حکم بھی بدرجہ اولیٰ ثابت ہوگا البتہ مشرکین عرب خاص دلیل سے اس عام سے مخصوص ہوگئے یہی مذہب ہے حنفیہ کا اور اس کی تائید ہوتی ہے ابن شہاب کے قول سے جو در منثور میں منقول ہے کہ کفار قریش اور عرب کے بارے میں تو یہ حکم نازل ہوا قٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ [البقرۃ : ۱۹۳] اور یہ آیت حَتّٰى يُعْطُوا اہل کتاب کے بارے میں نازل ہوئی اھ۔

مسئلہ : جزیہ بدل اسلام کا نہیں جیسا بعض معترضین کا زعم فاسد ہے پھر اعتراض کیا ہے کہ تھوڑے سے دام لے کر قرار علی الکفر اور اعراض عن الاسلام کی اجازت کیسے ہوگئی کہ عظمت اسلام کے خلاف ہے سو یہ اعتراض بناء الفاسد علی الفاسد ہے بلکہ یہ بدل ہے قتل کا یعنی اس کی وجہ سے اس کی جان بچ گئی سو یہ غایت عزت وعظمت ہے اسلام کی کہ اس نے ایسی رعایت کی اور یہی وجہ ہے کہ جو لوگ جہاد میں قتل نہیں کئے جاتے جیسے عورتیں اور بچے اور بہت بڈھے اور اپاہج اور رہبان اور تارکان دنیا ان پر جزیہ نہیں اور اگر بوجہ قرار علی الکفر کے ہوتا تو ان پر بھی ہوتا کیونکہ کفر مشترک ہے البتہ وجوب قتل میں باہم متفاوت ہیں اور اسی طرح بدل دفاع وحفاظت جان کا نہیں یعنی جزیہ کا یہ سبب نہیں ہے کہ ذمی اپنے سے مدافعت نہیں کر سکتے اور ہم دشمنوں سے ان کی حفاظت کرتے ہیں کیونکہ حفاظت تو سب کی کی جاتی ہے اور جزیہ سب سے نہیں لیا جاتا بلکہ صرف انہی سے لیا جاتا ہے جو مستحق قتل تھے اس سے ثابت ہوگیا کہ یہ بدل ہے قتل کا وللہ در الفقھاء کیف وصلوا الٰی فھم الاسرار قالوا فیھا ھی لغۃ الجزاء لانھا جزت عن القتل کذا فی الدر المختار (۱)۔

مسئلہ : عَنْ يَّدٍ کا حاصل ہے کہ ان کی شوکت نہ رہے اور صٰغِرُوْنَ کا حاصل یہ ہے کہ وہ شریعت کے قوانین متعلقہ معاملات وسیاسیات کو اپنے ذمے رکھیں صغار کی یہ تفسیر روح میں امام شافعیؒ سے نقل کی ہے پس اس طور پر جزیہ کے التزام کو غایت قتال فرمانے سے ثابت ہوا کہ بدوں اس غایت کے وجوب قتال ساقط نہ ہوگا فی الروح عن الجصاص انہ لا یکون لھم ذمۃ اذا تسلطوا علی المسلمین بالولایۃ ونفاذ الامر والنھی اھ قلت ولکن لما کان الغدر حراما لا یباح دمائھم واموالھم اذا عاھدناھم ما لم ننبذ الیھم نعم وجب النبذان قدرنا وانی لنا ولکن ما ذٰلک علی اللہ بعزیز۔ اور تفصیل احکام ومقدار جزیہ کی کتب فقہ میں ہے۔

ربط : اوپر اہل کتاب کی نسبت لَا يُؤْمِنُوْنَ کا حکم فرمایا ہے آگے ان کے عدم ایمان کی تفصیل ہے۔

کفریات قولیہ وفعلیہ اہل کتاب ☆ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ (الٰی قولہ تعالٰی) وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝ اور یہود (میں سے بعض) نے کہا کہ (نعوذ باللہ) عزیر (علیہ السلام) خدا کے بیٹے ہیں اور نصاریٰ (میں سے اکثر) نے کہا کہ مسیح (علیہ السلام) خدا کے بیٹے ہیں یہ ان کا قول ہے ان کے منہ سے کہنے کا (جس کا واقع میں کہیں نام ونشان نہیں) یہ بھی ان لوگوں کی سی باتیں کرنے لگے جو ان سے پہلے کافر ہو چکے ہیں (مراد مشرکین عرب جو ملائکہ کو خدا کی بیٹیاں کہتے تھے مطلب یہ کہ ان کو تو یہ بھی کافر سمجھتے ہیں پھر ان ہی کی سی کفریات بکتے ہیں اور پہلے ہونا اس معنی پر ہے کہ مشرکین کی گمراہی قدیم تھی) خدا ان کو غارت کرے یہ کدھر الٹے جا رہے ہیں (کہ خدا پر ایسے افتراء باندھتے ہیں یہ تو ان کے اقوال کفریہ تھے آگے افعال کفریہ کا بیان ہے کہ) انہوں نے (یعنی یہود ونصاریٰ نے) خدا (کی توحید فی الطاعۃ) کو چھوڑ کر اپنے علماء اور مشائخ کو (باعتبار طاعت کے) رب بنا رکھا ہے (کہ ان کی اطاعت تحلیل اور تحریم میں مثل اطاعت خدا کے کرتے ہیں کہ نص پر ان کے قول کو ترجیح دیتے ہیں اور ایسی اطاعت بالکل عبادت ہے پس اس حساب سے وہ ان کی عبادت کرتے ہیں) اور مسیح ابن مریم (علیہ السلام) کو بھی (ایک اعتبار سے رب بنا رکھا ہے کہ ان کو ابن اللہ کہتے ہیں کہ الوہیت اس کے لوازم سے ہے) حالانکہ ان کو (کتب الٰہیہ میں) صرف یہ حکم کیا گیا ہے کہ فقط ایک معبود (برحق) کی عبادت کریں جس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں وہ ان کے شرک سے پاک ہے (اور یہ تو بیان تھا اتباع باطل کا آگے بیان ہے اس کا کہ وہ دین حق کو رد کرتے ہیں کہ یہ بھی کفر ہے یعنی) وہ لوگ یوں چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور (یعنی دین اسلام) کو اپنے منہ سے (پھونک مار مار کر) بجھا دیں یعنی منہ سے رد واعتراض کی باتیں اس غرض سے کرتے ہیں کہ دین حق کو فروغ نہ ہو) حالانکہ اللہ تعالیٰ بدوں اس کے کہ اپنے نور (مذکور) کو کمال تک پہنچا دے مانے گا نہیں گو کافر لوگ (جن میں یہ بھی آ گئے) کیسے ہی ناخوش ہوں (چنانچہ) وہ اللہ ایسا ہے کہ (اسی اتمام نور کے لئے اس نے اپنے

www.besturdubooks.net

رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ہدایت (کا سامان یعنی قرآن) اور سچا دین (یعنی اسلام) دے کر (دنیا میں) بھیجا ہے تاکہ اس (دین) کو کہ (وہی نور مذکور ہے) تمام (بقیہ) دینوں پر غالب کردے (کہ یہی اتمام ہے) گو مشرک (جن میں یہ بھی داخل ہوگئے) کیسے ہی ناخوش ہوں۔ **ف**: احبار و رہبان کی اطاعت مطلقہ کو اتخاذ ارباب فرمانا سورۂ آل عمران کی ایک ایسی ہی آیت میں مع دلیل گذر چکا ہے اور اتمام بمعنی اثبات وتقویت بالدلائل تو اسلام کے لئے ہر زمانہ میں عام ہے اور یہی مقابل ہے اطفاء بمعنی روکا اور تصحیح تفسیر کے لئے کافی ہے اور مع اعتبار انضمام سلطنت مشروط ہے صلاح اہل دین کے ساتھ اور مع محوکل بقیہ ادیان واقع ہوگا زمانہ عیسیٰ علیہ السلام میں اور ان کو کافر بوجہ انکار نبوت کے اور مشرک باعتبار اعتقاد الٰہیت اور اتخاذ ارباب کے فرمایا گیا۔

ربط: اوپر یہود و نصاریٰ کی کفریات میں اتخاذ احبار و رہبان کا ذکر تھا آگے ان احبار و رہبان کی بعض حالتیں جن سے عوام میں گمراہی پھیلی مذکور ہوتی ہیں اور اس مضمون کا مخاطب مؤمنین کو شاید اس لئے بنایا ہو کہ یہ متنبہ ہوں اور ایسے کام نہ کریں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ یہ بد دعا ہے ہلاکت کی۔ اور اس میں دلالت ہے کہ مستحق پر بد دعا کرنا علم و حسن خلق کے منافی نہیں۔ قولہ تعالیٰ: اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا اس میں نصوص کے مقابلہ میں تقلید کرنے کی مذمت ہے جیسے جاہلوں کی عادت ہے کہ جب رسوم منکرہ سے منع کیا جاوے تو اپنے مشائخ سے تمسک کرتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ اس میں دلالت ہے کہ مخالفین کی زیادہ پروانہ کرے اور خدائے کارساز پر نظر رکھے کہ وہ کافی ہیں۔

الحواشی: (۱) ومما راب بعض اهل الاحداث كما افصح عنه فى بعض رسائله من كتب الصحابة او خطبهم المشعرة بعدم اخذهم الجزية ممن لم يحفظوها اوردها عليهم فغاية ما ثبت به كونها مشروطة بالدفاع لا بد لا عنه كالصلوٰة هى مشروطة بالوضوء لا بدل عنه واما عفوهم الجزية عمن اعانوا المسلمين فهو مكافاة منهم لا حسانهم ثم وضعها عنهم لاعانة المسلمين لا يستلزم وضعها عنه اللذب عن انفسهم الكافرة والمدعى يتوقف على الثانى وما وجود هذا الاسم والرسم على عهد كسرى فلا مس له بالمدعى كما اعترف به صاحب الرسالة نفسه وما ادعاه الفقهاء من انها لغةً الجزاء يؤيده تسمية الصحابة لها فى تلك الكتب جزاء ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمة: ۱؎ قوله فى يعطوا منظور لان الغاية هو التزام لا الاعطاء عبر به لان المقصود من الالتزام هو العطاء فافهم ۱۲۔ ۲؎ قوله فى ف تفسير اليد شوکت نہ رہے فالمراد باليد القهر والقوة اى اذلاء عاجزين او مقرونة بالذل وتفسير اليد ههنا بالقهر والقوة اخرجه ابن ابى حاتم عن قتادة كذا فى الروح قلت وهو حاصل ما فسرت به من قولى ماتحت ہوکر فاليد ههنا اليد الآخذة وعن سببية وهو حال عن ضمير يعطوا على الاول او عن الجزية على الثانى ۱۲۔ ۳؎ قوله فى اليهود بعض كما فى الدر المنثور اخرج ابن اسحٰق وابن جرير وابن ابى حاتم وابو الشيخ وابن مردويه عن ابن عباسؓ قال اتى رسول الله صلى الله عليه وسلم سلام بن مشكم ونعمان بن اوفى وابو انس وشاس بن قيس ومالك بن الصيف فقالوا كيف نتبعك وقد تركت قبلتنا وانت لا تزعم ان عزير ابن الله واخرج ابن المنذر عن ابن جريج قالها رجل واحد اسمهٗ فنحاص اه قلت فسقط قول من قال ان اليهود ليس فى عقائدهم ذلك واما التعبير بما يوهم الانتساب الى الكل فتوجيهه ما قال النيسابورى هذا قول ناس من اليهود مدينة وما هو بقول كلهم الا انه جار على عادة العرب فى ايقاع اسم الجماعة على الواحد يقال فلان يركب الخيل او يجالس الملوك ولعله يركب او لم يجلس الا واحدا ۱۲۔ ۴؎ قوله فى لا اله جس کے اشارة الى كونه صفة ۱۲۔

اختلاف القراءة: فى قراءة يضاهون بهاء مضمومة بعدها واو وقد جاء ضاهيت وضاهات بمعنى وهو المشابهة والموافقة قوله عزير ابن الله وفى قراءة بلا تنوين عزير لا لتقاء الساكنين وهو مبنى على تشبيه النون بحرف اللين وهو مبتدأ وابن خبره ۱۲۔

البلاغة: يضاهئون اى يضاهى قولهم قول الذين او يضاهئون فى قولهم قول الذين والمعنى على التميز اى يضاهئون باعتبار قولهم يعنى يضاهى قولهم فافهم قوله قاتلهم دعاء عليهم او تعجب قوله والمسيح ابن مريم اخره مع ان القياس لكونه اقوى تقديمه لانه مختص بالنصارى قوله يطفئو بافواههم اى باقاويلهم ويجوز ان يكون فى الكلام استعارة تمثيلية بان يشبه حالهم بحال من يريد ان ينفخ فى نور عظيم منبث فى الآفاق بفمه فعلى هذا يعم ما به الاطفاء اقوالهم وافعالهم ۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ

www.besturdubooks.net

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ
اَلِيْمٍ ﴿٣٤﴾ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ
فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ڏ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ وَقَاتِلُوا
الْمُشْرِكِيْنَ كَاۗفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَاۗفَّةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٦﴾ اِنَّمَا النَّسِيْۗءُ زِيَادَةٌ فِي
الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّيُوَاطِــــُٔـوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا
مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ۭ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْۗءُ اَعْمَالِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٧﴾ ع ۵ ۸ ۱۱

اے ایمان والو اکثر احبار اور رہبان لوگوں کے مال نامشروع طریقے سے کھاتے ہیں اور اللہ کی راہ سے باز رکھتے ہیں اور (غایتِ حرص سے) جو لوگ سونا چاندی جمع کر کر رکھتے ہیں اور ان کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے سو آپ ان کو ایک بڑی دردناک سزا کی خبر سنا دیجئے جو اس روز واقع ہوگی کہ ان کو دوزخ کی آگ میں (اول) تپایا جائے گا۔ پھر اس سے ان لوگوں کی پیشانیوں اور انکی کروٹوں اور انکی پشتوں کو داغا جایگا۔ یہ وہ ہے جس کو تم نے اپنے واسطے جمع کر کے رکھا تھا۔ سو اب اپنے جمع کرنے کا مزہ چکھو۔ یقیناً شمار مہینوں کا (جو کہ) کتاب الٰہی میں اللہ کے نزدیک (معتبر ہیں) بارہ مہینے (قمری) ہیں جس روز اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین پیدا کئے تھے (اسی روز سے اور) ان میں چار خاص مہینے ادب کے ہیں۔ یہی امر مذکور دین مستقیم ہے۔ سو تم ان سب مہینوں کے بارے میں (دین کے خلاف کر کے) اپنا نقصان مت کرنا اور ان مشرکین سے سب سے لڑنا جیسا کہ تم سے وہ لڑتے ہیں اور یہ جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ متقیوں کا ساتھی ہے۔ یہ ہٹا دینا کفر میں اور ترقی ہے جس سے کفار گمراہ کئے جاتے ہیں کہ وہ اس حرام مہینے کو کسی سال (نفسانی غرض سے) حلال کر لیتے ہیں اور کسی سال (جب کوئی غرض نہ ہو) حرام سمجھتے ہیں۔ تا کہ اللہ تعالیٰ نے جو مہینے حرام کئے ہیں (صرف) ان کی گنتی پوری کر لیں۔ پھر اللہ کے حرام کئے ہوئے مہینے کو حلال کر دیں ان کی بداعمالیاں ان کو مستحسن معلوم ہوتی ہیں اور اللہ تعالیٰ ایسے کافروں کو ہدایت کی (توفیق) نہیں دیتا۔ ۞

تفسیر: حرص وطمع احبار و رہبان ☆ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ (الی قولہ تعالی) هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿٣٥﴾ اے ایمان والو اکثر احبار و رہبان (یعنی یہود و نصاریٰ کے علماء اور مشائخ عوام) لوگوں کے مال نامشروع طریقے سے کھاتے (اُڑاتے) ہیں (یعنی احکام حقہ کو پوشیدہ رکھ کر موافق مرضی عوام کے فتوے دے کر ان سے نذرانے لیتے ہیں) اور (اس کی وجہ سے وہ) اللہ کی راہ (یعنی دین اسلام) سے (لوگوں کو) باز رکھتے ہیں (کیونکہ ان کے جھوٹے فتووں کے دھوکہ میں آ کر گمراہی میں پھنسے رہتے ہیں اور حق کو قبول بلکہ طلب بھی نہیں کرتے) اور (غایت حرص سے مال بھی جمع کرتے ہیں جس کی نسبت یہ وعید ہے کہ) جو لوگ سونا چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور ان کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے (یعنی زکوٰۃ نہیں نکالتے سو آپ ان کو ایک بڑی دردناک سزا کی خبر سنا دیجئے جو کہ اس روز واقع ہوگی کہ ان کو دوزخ کی آگ میں (اول) تپایا جاوے گا پھر ان سے ان لوگوں کی پیشانیوں اور ان کی کروٹوں اور ان کی پشتوں کو داغ دیا جاوے گا (اور یہ جتلایا جاوے گا کہ) یہ وہ ہے جس کو تم نے اپنے واسطے جمع کر کر کے رکھا تھا سو اب اپنے جمع کرنے کا مزہ چکھو۔ **ف**: اگر کسی کو شبہ ہو کہ جس کے پاس لاکھوں کروڑوں روپیہ ہو تو اس سے داغ دینا دو (۲) حال سے خالی نہیں یا تو ایک دم سے داغ دیا جاوے گا یا آگے پیچھے دیا جاوے گا پہلی شق پر اس کے جسم پر اتنی جگہ نہیں اور دوسری شق پر تھوڑے روپیہ والا اور زیادہ روپیہ والا عذاب میں برابر ہوا کیونکہ نئے روپیہ کا داغ اور پہلے روپیہ کا داغ برابر ہے جواب یہ ہے کہ پہلی شق پر ممکن ہے کہ اس کا جسم وسیع کر دیا جاوے واختارہ فی الروح اور دوسری شق پر ممکن ہے کہ ہر روپیہ کا داغ ایک بار ہو پس قلیل والے کا داغنا جلدی ختم ہو جاوے گا اور کثیر والے کا زیادہ دیر تک رہے گا گو اثر(۱) میں دونوں جگہ امتداد ہے لیکن پھر بھی الم کے اشتداد میں تفاوت ہو۔ واللہ اعلم

ربط: اوپر ذکر اہل کتاب سے پہلے مشرکین سے قتال کرنے کا بناء بر ان کے کفر کے بعد نقض عہد کے بیان تھا آگے ان کی اور بھی بعض کفریات و جہالات کا تاکید امر بالقتال کے لئے مع امر قتال کے بیان ہے اور قبل ذکر ان جہالات کے امر حق کی تعیین ہے تا کہ اس کے خلاف کا جہل ہونا ظاہر ہو جاوے پس اس میں عود ہے مضمونِ سابق کی طرف۔

www.besturdubooks.net

عود بذکر بعض جہالات کفریہ مشرکین ☆ اس جہالت کا حاصل تبدیل احکام متعلقہ زمان تھا جس کی یہ صورتیں تھیں نمبر۱ چونکہ اشہر حرم میں بنابر اعتقاد ملت ابراہیمیہ قتل وغارت کو وہ بھی برا سمجھتے تھے اور کبھی اپنی نفسانی اغراض سے ان میں قتال کی ضرورت پڑتی یا لڑتے لڑتے اشہر حرم آ جاتا تو کہتے کہ اب کے سال یہ مہینہ حرام نہیں ہوا دوسرا مہینہ حرام ہوگا مثلاً محرم آ گیا تو کہتے کہ اب کے صفر حرام ہوگا اگر صفر میں بھی ضرورت ہوتی تو کہتے کہ ربیع الاول حرام ہوگا غرض سال بھر میں چار مہینے کا عدد تو پورا کر دیتے لیکن تخصیص کا لحاظ نہ کرتے کہ واقع میں اشہر حرم کونسا تھا اور ہم نے کس کو قرار دے دیا نمبر۲ اور کبھی جب زیادہ ضرورت پڑتی مثلاً کسی سال میں برابر دس (۱۰) مہینہ تک لڑائی کی ضرورت ہوئی اور ٹالتے ٹالتے کہ اگلے مہینے کو حرام سمجھ لیں گے دس (۱۰) مہینے گذر گئے آگے دو ہی مہینے رہ گئے تو ایسے موقع پر سال کے مہینے عدد میں بڑھا لیتے یعنی یوں کہتے کہ یہ سال چودہ مہینے کا ہو گیا جس میں چار ماہ اشہر حرم ہیں اور اسی لئے ان کا حج مختلف مہینوں میں واقع ہوتا چنانچہ ۹ھ میں جب حضرت صدیق اکبرؓ نے حج کیا ہے جس میں اعلان براءت کا کیا گیا وہ مہینہ حساب صحیح سے تو ذی الحجہ تھا لیکن اس کے حساب سے ذیقعدہ تھا رہا یہ کہ وہ لوگ پھر حج کو کیوں جمع ہو گئے تھے تو وجہ اس کی یہ تھی کہ وہ لوگ ہر مہینے میں دو سال تک حج کرتے تھے مثلاً دو (۲) سال ذی الحجہ میں حج کیا پھر دو سال تک محرم میں کیا شاید اپنی اسی کمی بیشی کی کسر نکالنے کو ایسا کرتے ہوں تو ۹ ہجری میں حج کرنے کے لئے ان کے حساب سے ذی قعدہ کا نمبر تھا وہ تو اس لئے جمع ہو گئے اور واقع میں وہ ذی الحجہ تھا اس لئے حضرت صدیق اکبرؓ حج کے لئے بھیجے گئے اور یہی وجہ ہے کہ اعلان براءت کا خاتمہ بعض روایات میں تو دسویں ربیع الثانی ہے جیسا احقر نے تمہید کے فائدہ سوم میں نقل کیا ہے اور بعض روایات میں دسویں ربیع الاول آیا ہے یعنی ان کے ربیع الاول کی دسویں تک جو کہ واقع میں ربیع الثانی تھا پھر اسی قاعدے کے موافق اگلے سال ان کے حساب سے ذی الحجہ میں حج کرنے کا نمبر تھا اور وہ واقع میں بھی اور ان کے حساب سے بھی ذی الحجہ تھا گو براءت کی وجہ سے مشرکین کو آنا نصیب نہ ہوا مگر آپ نے اسی توافق حسابین کو اپنے ان الفاظ سے ظاہر فرما دیا **الا ان الزمان قد استدار کھیئتہ** اور آپ نے صحابہؓ سے شاید اسی واسطے یہ پوچھا ہو **ای شھر ھذا** اور انہوں نے جواب میں **اللہ و رسولہ اعلم** کہا اور آپ نے فرمایا **الیس ذاالحجۃ** اور بعض روایات میں ہے کہ محرم کو صفر کر دیتے تھے اس کے دو معنے ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ یوں کہہ دیتے ہوں گے کہ اب کے صفر پہلے آ گیا اس میں قتال درست ہے محرم پیچھے آوے گا اس میں قتال نہ کریں گے اور دوسرے یہ کہ صفر سے مراد مثل صفر یعنی محرم محرم ہے اور صفر صفر لیکن محرم بوجہ حرام نہ ہونے کے مثل صفر کے ہو گیا اور صفر بوجہ حرام ہونے کے مثل محرم کے ہوگا جیسا صورت اولیٰ میں بیان ہوا یہ حاصل تھا ان کی جہالت کا یہ سب مضامین بجز دو[۲] شاید والی جگہ اور نمبر۳ کے روح المعانی سے منقول ہیں پس آیات آئندہ میں اس جہالت کی نفی ہے اور اسی لئے شروع میں مہینوں کا عدد بتلایا کہ نمبر۲ کی نفی ہو اور آگے تاخیر حرمت یا تاخیر اشہر حرم کی نفی فرمائی تاکہ نمبر۱ و نمبر۳ کی نفی ہو اور اسی لئے حدیث میں اشہر حرم کی تعیین میں بہت اہتمام فرمایا **ثلث متوالیات ذوالقعدہ و ذوالحجہ و محرم** اور رجب کی نسبت فرمایا **رجب مضر الذی بین جمادی و شعبان** کیونکہ ربیعہ حسب نقل روح رمضان کو اشہر حرم سمجھتے اور اس کو رجب کہا کرتے اب آیت کی تفسیر لکھی جاتی ہے۔

تفسیر آیت: اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿﴾ یقیناً شمار مہینوں کا (جو کہ) کتاب الٰہی (یعنی احکام شرعیہ) میں اللہ کے نزدیک (معتبر ہیں) بارہ مہینے (قمری) ہیں (اور کچھ آج سے نہیں بلکہ) جس روز اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین پیدا کئے تھے (اسی روز سے اور) ان میں چار خاص مہینے ادب کے ہیں (ذی قعدہ ذی الحجہ محرم رجب) یہی (امر مذکور) دین مستقیم ہے (یعنی ان مہینوں کا بارہ ہونا اور چار کا بالتخصیص اشہر حرم ہونا اور بخلاف عادت جاہلیت کے کبھی سال کے مہینوں کا عدد بڑھا دیتے اور کبھی اشہر حرم کی تخصیص چھوڑ دیتے کہ یہ بد دینی ہے) سو تم ان سب مہینوں کے بارے میں (دین کے خلاف کر کے جو موجب گناہ ہے) اپنا نقصان مت کرنا (یعنی اس عادت جاہلیت کے موافق مت کرنا) اور ان مشرکین سے (جب کہ یہی اپنی کفریات کو جن میں یہ خاص عادت بھی آ گئی نہ چھوڑیں) سب سے لڑنا جیسا کہ وہ تم سب (مسلمانوں) سے لڑنے کو ہر وقت تیار رہا کرتے ہیں اور (اگر ان کی جمعیت اور سامان سے اندیشہ ہو تو) یہ جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ متقیوں کا ساتھی ہے (پس ایمان و تقویٰ کو اپنا شعار رکھو اور کسی سے مت ڈرو آگے ان کی عادت جاہلیت کا بیان ہے کہ) یہ (مہینوں) کا یا ان کی حرمت کا آگے کو) ہٹا دینا کفر میں اور ترقی ہے جس سے (اور عام) کفار گمراہ کئے جاتے ہیں (اس طور پر) کہ وہ اس حرام مہینہ کو کسی سال (نفسانی غرض سے) حلال کر لیتے ہیں اور کسی سال (جب کوئی غرض نہ ہو) حرام سمجھتے ہیں تاکہ اللہ تعالیٰ نے جو مہینے حرام کئے ہیں (صرف) ان کی گنتی (بلا لحاظ تخصیص و تعیین) پوری کر لیں پھر (جب تخصیص و تعیین نہ رہی تو) اللہ کے حرام کئے ہوئے مہینہ کو حلال کر لیتے ہیں ان کی بد اعمالیاں ان کو مستحسن معلوم ہوتی ہیں اور (ان کا اصرار علی الکفر کرنا بے سود ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ ایسے کافروں کو ہدایت (کی توفیق) نہیں دیتا (کیونکہ یہ خود راہ پر آنا نہیں چاہتے)۔ **ف**: لوند کا مہینہ جو تصحیح حساب موسم کے لئے بارہ پر بڑھا لیا جاتا ہے وہ اس آیت کی مخالفت نہیں اسی طرح دوسرے حسابوں کی اس میں نفی نہیں ہے جیسا بعض اہل زمانہ سے غلط فہمی ہوئی ہے کیونکہ ان حسابوں سے احکام شرعیہ میں تو فرق و خلل نہیں پڑتا اور مقصود آیت میں اس حساب کا ابطال ہے جس سے احکام شرعیہ میں اختلال یا غلطی ہونے لگے جیسا اہل جاہلیت کی عادت کا بیان کیا گیا البتہ چونکہ احکام شرعیہ کا مدار حساب قمری پر ہے اس لئے اس کی حفاظت

www.besturdubooks.net

فرض علی الکفایہ ہے پس اگر ساری امت دوسری اصطلاح کو اپنا معمول بنالیوے جس سے حساب قمری ضائع ہو جاوے سب گنہگار ہوں گے اور اگر وہ محفوظ رہے تو دوسرے حساب کا استعمال بھی مباح ہے لیکن خلاف سنت سلف ضرور ہے اور حساب قمری کا برتنا بوجہ اس کے فرض کفایہ ہونے کے لابد افضل و احسن ہے اور ہر چند کہ النسیء اور یحلونہ الخ اور یحلوا ما حرم الخ کے مفہومات کا حاصل ایک ہی ہے لیکن اختلاف عنوان سے ان کی مذمت کی تاکید ہوگئی یعنی یہ عمل ان کا کئی حیثیت سے مذموم ہے اول یہ کہ اس میں مہینوں کی تقدیم و تاخیر ہے جو بلا تخصیص اشہر حرم مطلقاً مذموم ہے اور پھر عدم انضباط بھی ہے کہ ایک ماہ کا ایک سال اور حکم اور اسی کا دوسرے سال دوسرا حکم یہ بھی علامت ہوائے نفسانی کی پھر تحلیل حرام سب سے بڑھ کر ہے خوب سمجھ لو اور اس کو ترقی فی الکفر اس لئے فرمایا کہ تحلیل حرام کفر ہے اور اس سے پیشتر بھی وہ کافر تھے پس اس تحلیل حرام سے ان کے کفر میں زیادتی ہوگئی اور اس آیت کے نزول کے وقت اگر اشہر حرم کی حرمت بمعنی قتال باقی تھی تب تو کوئی خلجان نہیں اور اگر منسوخ ہو چکی تھی تو ان کے بیان کا اہتمام زیادت ضبط و تصحیح حساب و رفع خلط و خبط جاہلیت کے ہے گو حرمت قتال نہ ہو البتہ حرمت بمعنی برکت و فضیلت اب بھی باقی ہے جیسے یوم جمعہ و ماہ رمضان۔ ربط: اوپر بعض غزوات کا مع ان کے متعلقات کے ذکر ہوا تھا آگے غزوۂ تبوک کا بیان ہے جس کی تمہید شروع رکوع بالا کے متصل آیت: قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ الخ میں بھی آ چکی ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا (الی قولہ تعالی) وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ یہی حال اس شخص کا ہے جو جاہل مریدوں سے نذرانے لیتا ہے اور منافع کے فوت ہونے کے اندیشہ سے ان سے حق کو چھپاتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ اس میں بخل و جمع مال کی مذمت ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ ای فی اشھر الحرم اس سے معلوم ہوا کہ ازمنہ مبارکہ میں اور اسی پر امکنہ مبارکہ کو قیاس کیا جاتا ہے معصیت کرنا قبح میں اشد ہے تو ان لوگوں کا کیا حال ہے کہ اولیاء کے مزارات پر فجور اور بدعات کرتے ہیں جن کا عرس کے موقع پر زیادہ صدور ہوتا ہے۔

الحواشی: (۱) یعنی فعل مؤثر میں تفاوت ہے کہ ایک جلدی ختم ہوا اور ایک دیر میں اسی طرح اس فعل مؤثر کے اثر میں یعنی الم جو کہ بعد میں بھی باقی رہتا ہے اس اثر میں بھی دونوں جگہ تفاوت ہے اور اس تفاوت کے لئے تفاوت فی الامتداد ضروری نہیں تفاوت فی الاشتداد کافی ہے گو مدت دونوں کی مساوی ہو متناہی ہونے پر بھی جیسا عصاۃ کے لئے ہوگا اور غیر متناہی ہونے پر بھی جیسا کفار کے لئے ہوگا ۱۲ منہ (۲) بجز ان دو مضمونوں کے جن کے اول میں لفظ شاید ہے ۱۲ منہ۔ (۳) ای لم یذکر فی القرآن لفظ دال علی کونها معینة کمخصوصات ومعلومات ونحوهما کما ذکرت فی الترجمة لفظ خاص ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله قبل والذين يكنزون یہ وعید اشارة الى ان الموصول عام ويدخلون فيه دخولا اوليا ۱۲ ۲؎ قوله لا ينفقون زكوٰة كذا جاء فی الحديث مفسرا ۱۲۔ ۳؎ قوله فی عذاب بڑے افاده التنوين ۱۲ ۴؎ قوله فی يوم واقع اشارة الى ان نصب يوم بواقع مقدر صفة لعذاب ۱۲۔ ۵؎ قوله فی الربط عود وسمعت مولانا الشیخ محمد المحدث التھانوی فی بعض مواعظه وكنت اذ ذاك ما بين اثنتی عشر سنة الى خمسة عشر سنة ان الربط من حيث انه ذكر فی الآية السابقة حكم الزكوٰة وكان من شرائطه حولان الحول فلذا ذكر تحقيق الحول اه قلت لكن فيه شیء من البعد ۱۲۔ ۶؎ قوله فی العنوان بنا بر اعتقاد ملت ابراھیمیہ كذا فی الخازن ۱۲۔ ۷؎ قوله فی يوم خلق آج سے اشارة الى المقصود من ذكر الظرف ۱۲۔ ۸؎ قوله فی اربعة خاص لم يصرح[۳] بكونها معينة لكونها معهودة وعلى العهد مدار الانكار فی ما نقل عنهم ۱۲۔ ۹؎ قوله فی ذلك يعنی الخ اشارة الى ان الاشارة الى كل مما ذكر من العدة وكون الاشهر الحرم معينة۔ ۱۰؎ قوله هنالك یہ بدینی اشارة الى ان الحصر فی ذلك الدين اضافی باعتبار فعلهم لا باعتبار سائر الامور الدينية ۱۲۔ ۱۱؎ قوله فی فيهن ان سب مہینوں كذا فی المنثور عن ابن عباسؓ ان الضمير الى كل الاشهر ۱۲۔ ۱۲؎ قوله فی المشركين ان یعنی العرب لعدم الجزية عليهم ۱۲۔ ۱۳؎ قوله فی كافة سب سے اشارة الى كونه حالا من المفعول ۱۲۔ ۱۴؎ قوله فی يقاتلون تیار لان المشركين لا يقاتلون بالفعل فی جميع الاوقات ۱۲۔ ۱۵؎ قوله فی يضل عام اشارة ای كون هذا النسیء من الرؤساء والاتباع من الاتباع (الاول مصدر والثانی جمع تابع) ۱۶؎ قوله فی يحلونه حرام مہینہ کو فالمرجع اشهر الحرم المدلول عليه بانما النسیء على ان اللام عوض عن المضاف اليه فان كان الشهر الحرام فظاهر وان كان الحرمة فالحرمة ايضا يدل على الحرام فافهم ۱۲۔ ۱۷؎ قوله فی يحرمونه سمجھتے لم يقل كر ليتے لان التحريم لم يكن حادثا فالانكار على المجموع او على عدم ضبطهم ويمكن ان يقال ان الانكار على شيئين احلال الحرام وهو ظاهر و تحريم الحلال وصورته انهم زادوا مثلا فی سنة واحدة شهرا واحدا بان اخروا رجب وقالوا ان السنة ثلثة عشر شهرا ويجیء رجب بعد هذا الشهر فكان شعبان رجبا فی حسابهم فحرموا شعبان فی هذا العام زعما منهم بانه رجب فيقع فی العام الثانی رجب فی جمادی الآخرة فحرموه على انه رجب

www.besturdubooks.net

فصدق انهم احلوا رجب فى العام الماضى وكان حراما وحرموا رجب فى العام المستقبل وهو كان حلالا لكونه جمادى فى الواقع وكلا الامرين مذموم فافهم ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فى قراءة عن ابن عامر تحمى بالفوقانية بعود الضمير الى النار اى توقد النهار عليها فى نار جهنم ۱۲۔

لطیفہ: ومن عجائب الاتفاق انى يوم حررت هذا المقام المتعلق بالشهور والسنة للرابع من ربيع الثانى ۱۳۲۴ من الهجرة اتى على اربعة واربعون من السنين كملاً فما احسن الاتفاقين احكام السنة واتمام السنة واتفاق آخر ان الغد الذى اظعن فيه فى العام الجديد من الولادة توافق فيه التاريخ واليوم تاريخ ولادتى ويومها فالتاريخان خامس ربيع الثانى واليومان اربعاء۔ و هذا من الاتفاقات الغريبة ۱۲۔

اللغات: الكنز الجمع سواء دفن اولم يدفن من الروح ۱۲ اللغات النسىء مصدر بمعنى التاخير وفى قراءة النسى بالتشديد با بدال الهمزة ياء ثم الادغام ۱۲۔

البلاغۃ: ينفقونها لم يقل ينفقونهما موافقة لما قبله لان المراد ليس الجنسان بل الدراهم والدنانير الكثيرة ۱۲۔

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ؕ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۳۸﴾ اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـًٔا ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾ اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۰﴾

اے ایمان والو! تم لوگوں کو کیا ہوا کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں نکلو تو تم زمین کو لگے جاتے ہو۔ کیا تم نے آخرت کے عوض دنیاوی زندگی پر قناعت کر لی سو دنیوی زندگی کا تمتع تو کچھ بھی نہیں بہت قلیل ہے۔ اگر تم نہ نکلو گے تو اللہ تعالیٰ تم کو سخت سزا دے گا اور تمہارے بدلے دوسری قوم پیدا کر دے گا اور (ان سے اپنا کام لے گا) اور تم اللہ کے (کے دین) کو کچھ ضرر نہ پہنچا سکو گے اور اللہ کو ہر چیز پر پوری قدرت ہے۔ اگر تم لوگ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی مدد نہ کرو گے تو اللہ تعالیٰ آپ کی مدد اس وقت کر چکا ہے جبکہ آپ کو کافروں نے جلا وطن کر دیا تھا جبکہ دو آدمیوں میں ایک آپ تھے جس وقت کہ دونوں غار میں تھے۔ جبکہ آپ اپنے ہمراہی سے فرما رہے تھے کہ تم کچھ غم نہ کرو۔ یقیناً اللہ تعالیٰ ہمارے ہمراہ ہے۔ سو اللہ تعالیٰ نے آپ کے قلب پر اپنی تسلی نازل فرمائی اور آپ کو ایسے لشکروں سے قوت دی جن کو تم لوگوں نے نہیں دیکھا اور اللہ تعالیٰ نے کافروں کی بات (اور تدبیر) نیچی کر دی (کہ وہ ناکام رہے) اور اللہ ہی کا بول بالا رہا اور اللہ زبردست حکمت والا ہے۔

تفسیر: قصہ غزوۂ تبوک ☆ تبوک ایک مقام ہے ملک شام میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب فتح مکہ و غزوۂ حنین وغیرہما سے فارغ ہوئے آپ کو خبر معلوم ہوئی کہ روم کا نصرانی بادشاہ مدینہ پر فوج بھیجنا چاہتا ہے اور وہ فوج تبوک میں کہ اس کی عملداری کے حدود میں ہے جمع کی جاوے گی آپ نے خود ہی قصد سفر کا مقابلہ کے لئے فرمایا اور مسلمانوں میں اس کا اعلان عام کر دیا چونکہ وہ زمانہ گرمی کی شدت کا تھا اور مسلمانوں کے پاس سامان بہت کم تھا اور سفر بھی دور و دراز تھا اس لئے اس غزوہ میں جانا بڑی ہمت کا کام تھا اس لئے ان آیات میں اس کی بہت ترغیب دی گئی ہے اور چونکہ منافقین بوجہ عدم ایمان و عدم اخلاص کے اس میں طرح طرح کے بہانے پیش لائے اور ان کی طرح طرح کی خباثتیں ظاہر ہوئیں اس لئے ان آیات میں ان پر بھی بہت تشنیع ہوئی ہے۔ غرض آپ اس مقام تبوک تک تشریف لے جا کر لشکر نصاریٰ کے منتظر رہے مگر وہ ایسے مرعوب ہوئے کہ ان کا حوصلہ نہ پڑا اور آپ وہاں ایک عرصہ تک مقیم رہ کر خیر و عافیت کے ساتھ مدینہ منورہ تشریف لے آئے اور یہ واقعہ رجب ۹ ہجری میں ہوا من فتح المنان پہلے اس غزوہ کی ترغیب ارشاد فرمائی جاتی ہے اس طرح کہ اول کاہلی پر ملامت اور ترک غزوہ پر وعید اور ترہیب ہے اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منصور من اللہ ہونے کا کسی کے غزوہ پر موقوف نہ ہونا مذکور ہے پھر غزوہ کا امر اور بیان فضیلت سے وعدہ و ترغیب ہے۔

ملامت بر کسل و ترہیب بر ترک غزوۂ تبوک ☆ يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ (الى قوله تعالى)

www.besturdubooks.net

وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ اے ایمان والو تم لوگوں کو کیا ہوا کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں (یعنی جہاد کے لئے) نکلو تو تم زمین کو لگے جاتے ہو (یعنی اُٹھتے اور چلتے نہیں) کیا تم نے آخرت کے عوض دنیاوی زندگی پر قناعت کر لی سو دنیوی زندگی کا تمتع تو کچھ بھی نہیں بہت قلیل ہے اگر تم (اس جہاد کے لئے) نہ نکلو گے تو اللہ تعالیٰ تم کو سخت سزا دے گا (یعنی تم کو ہلاک کر دے گا) (اور تمہارے بدلے دوسری قوم پیدا کر دے گا (اور ان سے اپنا کام لے گا) اور تم اللہ (کے دین) کو کچھ ضرر نہ پہنچا سکو گے اور اللہ کو ہر چیز پر پوری قدرت ہے۔ **ف**: یہاں سے آخر سورت تک آیات میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس غزوہ کے متعلق لوگوں کی کئی حالتیں ہو گئی تھیں اول جو بلا تردد ساتھ ہو لئے دوم جو بعد تردد ساتھ ہو لئے الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْہُ فِیْ سَاعَۃِ الْعُسْرَۃِ مِنْۢ بَعْدِ مَا کَادَ یَزِیْغُ قُلُوْبُ فَرِیْقٍ مِّنْھُمْ میں یہ دونوں قسمیں مذکور ہیں سوم جو عذر کی وجہ سے نہ جا سکے لَیْسَ عَلَی الضُّعَفَآءِ الخ میں ان کا بیان ہے چہارم وہ مؤمنین جو باوجود عذر نہ ہونے کے کاہلی کے سبب نہ جا سکے اٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا اور اٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ اور عَلَی الثَّلٰثَۃِ الخ میں ان کا بیان ہے پنجم اکثر منافقین جو باوجود عذر نہ ہونے کے نفاق کے سبب نہیں گئے آیات کثیرہ میں ان کا ذکر ہے ششم بعض منافقین جو بقصدِ تجسس و شرارت ساتھ ہو لئے تھے وَفِیْکُمْ سَمّٰعُوْنَ وَلَئِنْ سَاَلْتَھُمْ لَیَقُوْلُنَّ وَھَمُّوْا بِمَا لَمْ یَنَالُوْا میں بعض تفاسیر پر ان کا ذکر ہے پس آیت مذکورہ میں ظاہراً قسم دوم مذکور ہے۔

ربط: اوپر کی آیت کی تمہید میں مذکور ہو چکا ہے۔

عدم توقف منصوریت رسول اللہ ﷺ بر ناصریت کسے بضمن قصہ ہجرت

اِلَّا تَنْصُرُوْہُ فَقَدْ نَصَرَہُ اللّٰہُ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰہُ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۝ اگر تم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد نہ کرو گے تو (اللہ آپ کی مدد کرے گا جیسا) اللہ تعالیٰ آپ کی مدد اس وقت کر چکا ہے جب کہ (اس سے زیادہ مصیبت و پریشانی کا وقت تھا جب کہ) آپ کو کافروں نے (تنگ کر کر کے مکہ سے) جلاوطن کر دیا تھا جب کہ دو آدمیوں میں ایک آپ تھے (اور دوسرے حضرت ابوبکر صدیقؓ آپ کے ہمراہ تھے) جس وقت کہ دونوں (صاحب) غار (ثور) میں (موجود) تھے جب کہ آپ اپنے ہمراہی سے فرما رہے تھے کہ تم (کچھ) غم نہ کرو یقیناً اللہ تعالیٰ (کی مدد) ہمارے ہمراہ ہے سو (وہ مدد یہ ہوئی کہ) اللہ تعالیٰ نے آپ (کے قلب) پر اپنی (طرف سے) تسلی نازل فرمائی اور آپ کو (ملائکہ کے) ایسے لشکروں سے قوت دی جن کو تم لوگوں نے نہیں دیکھا اور اللہ تعالیٰ نے کافروں کی بات (اور تدبیر) نیچی کر دی (کہ وہ ناکام رہے) اور اللہ ہی کا بول بالا رہا کہ ان کی تدبیر اور حفاظت غالب رہی) اور اللہ زبردست حکمت والا ہے (اسی لئے اسی کی بات اور حکمت غالب رہی)۔ **ف**: اس میں قصہ ہجرت کی طرف اشارہ ہے یہ غار مکہ معظمہ سے قریب ہے اس میں آپ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ تین روز تک رہے کفار آپ کو ڈھونڈھتے ڈھونڈھتے ایک قائف یعنی نشان شناس کے بتلانے سے اس غار تک پہنچے اس وقت حضرت صدیقؓ کو آپ کی وجہ سے فکر ہوئی آپ نے ان کو تسلی کی لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا ۚ چونکہ دہن غار پر عنکبوت نے جالا بنا رکھا تھا اس لئے کفار کو شبہ نہیں ہوا سب لوٹ گئے اور اس قائف کو بیوقوف بنایا پھر آپ وہاں سے نکل کر مدینہ طیبہ روانہ ہوئے اور صحیح سالم وہاں پہنچ گئے یہ قوت قلب کی سکینہ غیبی و نزول ملائکہ کا جو کہ سکینہ لے کر آتے ہیں اثر تھا کہ اس کو اور کفار کے ناکام چلے جانے کو نصرت فرمایا یہ سب روایتیں درمنثور میں ہیں۔ **ربط**: اوپر کی آیت سے پہلی آیت کی تمہید میں مذکور ہو چکا۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱؎ قولہ فی لا تضروہ اللہ کے دین اشارۃ الی تقدیر مضاف ۱۲۔ ۲؎ قولہ فی الا تنصروہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لان المقام یدل علی ذکرہ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲۔ ۳؎ قولہ فی انزل اللہ مدد یہ ہوئی اشارۃ الی ان الفاء تفسیریۃ لقولہ نصرہ اللہ ۱۲۔ ۴؎ قولہ فی ف اور کفار کے الخ اشارۃ الی کون جملۃ انزل واید وجعل تفسیراً لنصرہ ۱۲۔

اَللُّغَات: ثانی اثنین ای احد اثنین سواء کان ثانیا او اولا وھکذا معنی ثالث ثلاثۃ ورابع اربعۃ ونحوھما کذا فی الروح ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃ: فی الروح الی الارض متعلق باثا قلتم علی تضمینہ معنی المیل والاخلاد ای الی الدنیا والی الاقامۃ بارضکم ۱۲ قولہ من الأخرۃ ای بدلھا و قولہ فی الأخرۃ ای فی جنب الآخرۃ وفی ھذہ تسمی القیاسیہ لان المقیس یوضع فی جنب ایقاس بہ ۱۲ا۔

اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۴۱

لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِیْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْۢ بَعُدَتْ عَلَیْهِمُ الشُّقَّةُ ۭ وَسَیَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا

لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ یُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝۴۲ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى ع ۱۲

www.besturdubooks.net

يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٤٣﴾ لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٤﴾ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿٤٥﴾

نکل پڑو (خواہ) تھوڑے سامان سے ہواور (خواہ) زیادہ سامان سے (ہو) اوراللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم یقین رکھتے ہو اگر کچھ لگتے ہاتھ ملنے والا ہوتا اور سفر بھی معمولی سا ہوتا تو یہ لوگ ضرور آپ کے ساتھ ہو لیتے لیکن ان کو تو مسافت ہی دور دراز معلوم ہونے لگی اور ابھی خدا کی قسمیں کھا جاویں گے کہ اگر ہمارے بس کی بات ہوتی تو ہم ضرور تمہارے ساتھ چلتے یہ لوگ اپنے آپ کو تباہ کر رہے ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ یہ لوگ یقیناً جھوٹے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو معاف کر دیا آپ نے ان کو اجازت کیوں دے دی تھی جب تک کہ آپ کے سامنے سچے لوگ ظاہر نہ ہو جاتے اور جھوٹوں کو معلوم نہ کر لیتے جو لوگ اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں وہ اپنے مال اور جان سے جہاد کرنے کے بارہ میں آپ سے رخصت نہ مانگیں گے اور اللہ تعالیٰ ان متقیوں کو خوب جانتا ہے۔ البتہ وہ لوگ آپ سے رخصت مانگتے ہیں جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور ان کے دل شک میں پڑے ہوئے ہیں۔ سو وہ اپنے شکوک میں پڑے ہوئے حیران ہیں۔

تفسیر: امر بغزوہ و ترغیب ☆ اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾ (جہاد کے لئے) نکل پڑو (خواہ) تھوڑے سامان سے (ہو) اور (خواہ) زیادہ سامان سے (ہو) اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم یقین رکھتے ہو (تو دیر مت کرو)۔ ف: آخرت کی بہتری یعنی ثواب و قرب تو یقینی ہے اور کبھی دنیا کی بہتری بھی ہوتی ہے یعنی فتح اور غنیمت اور عزت۔

ربط: اوپر اس غزوہ کے متعلق مؤمنین سے خطاب تھا آگے آخر سورت تک منافقین کے احوال اور اقوال مذکور ہیں جو باوجود عذر نہ ہونے کے نفاق کے سبب غزوہ میں شریک نہیں ہوئے اور درمیان درمیان میں کچھ اور مضامین مناسبہ آ گئے ہیں۔

احوال و اقوال منافقین متخلفین ☆ لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٤٢﴾ اگر کچھ لگتے ہاتھ ملنے والا ہوتا اور سفر بھی معمولی سا ہوتا تو یہ (منافق) لوگ ضرور آپ کے ساتھ ہو لیتے لیکن ان کو تو مسافت ہی دور دراز معلوم ہونے لگی (اس لئے یہاں ہی رہ گئے) اور ابھی (جب تم لوگ واپس آؤ گے تو) خدا کی قسمیں کھا جاویں گے کہ اگر ہمارے بس کی بات ہوتی تو ہم ضرور تمہارے ساتھ چلتے یہ لوگ (جھوٹ بول بول کر) اپنے آپ کو تباہ (یعنی مستحق عذاب) کر رہے ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ یہ لوگ یقیناً جھوٹے ہیں (بلا شبہ ان کو استطاعت تھی اور پھر یہ نہیں گئے) ف: لٰكِنْ کے ساتھ بعد شقہ فرمانے سے غرض قریب کی بھی نفی ہو گئی کیونکہ بعد شقہ سے قرب اور سہولت حصول مال کی باقی نہیں رہی اور سفر قاصد کی نفی ظاہر ہے اور اگر بعد شقہ سے ایک ہی کی نفی مفہوم ہو تب بھی مقصود حاصل ہے کیونکہ اتباع کی علت مجموعہ امرین تھا ایک جزو کی نفی سے مجموعہ منتفی ہو گیا مجموعہ کی نفی سے اتباع منتفی ہو گیا۔

ربط: اوپر جن منافقین کا ذکر ہے انہوں نے آپ کی روانگی کے وقت جھوٹے جھوٹے عذر تراش کر سفر میں ہمراہ نہ جانے کی اجازت حاصل کر لی تھی آپ نے ان دے دیا تھا آگے اللہ تعالیٰ اس اذن کا نامناسب ہونا اور ان کے اس استیذان کا مذموم و مبنی بر نفاق ہونا بیان فرماتے ہیں۔

عدم اولویت اذن بایشاں و مبنی بر نفاق بودن باستیذان ایشاں ☆ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ (الی قولہ تعالی) فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿٤٥﴾ اللہ تعالیٰ نے آپ کو معاف (تو) کر دیا (لیکن) آپ نے ان کو (ایسی جلدی) اجازت کیوں دے دی تھی جب تک کہ آپ کے سامنے سچے لوگ ظاہر نہ ہو جاتے اور (جب تک کہ) جھوٹوں کو معلوم نہ کر لیتے (تاکہ وہ خوش تو نہ ہونے پاتے کہ ہم نے آپ کو دھوکہ دے دیا اور) جو لوگ اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں وہ اپنے مال اور جان سے جہاد کرنے کے بارہ میں (اس میں شریک نہ ہونے کی بھی) آپ سے رخصت نہ مانگیں گے (بلکہ وہ حکم کے ساتھ دوڑ پڑیں گے) اور اللہ تعالیٰ ان متقیوں کو خوب جانتا ہے (ان کو اجر و ثواب دے گا) البتہ وہ لوگ (جہاد میں نہ جانے کی) آپ سے رخصت مانگتے ہیں جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور ان کے دل (اسلام سے) شک میں پڑے ہیں سو وہ اپنے شکوک میں پڑے ہوئے حیران ہیں (کبھی موافقت کا خیال ہوتا ہے کبھی مخالفت کا)۔ ف: معافی جیسے گناہ کی ہوتی ہے کبھی خلاف اولیٰ کی بھی ہوتی ہے اس سے شبہ گناہ کا نہ ہونا چاہئے اور لِمَ اَذِنْتَ سے ماضی پر عتاب مقصود بالذات نہیں بلکہ آئندہ کے لئے ممانعت اذن دینے سے اصل مقصود ہے پس اس سے کوئی شبہ نہ کرنا چاہئے اور غرض اس نصیحت سے یہ نہیں کہ آپ کی اجازت سے وہ رہ گئے ورنہ ان کا جانا مصلحت تھا وجہ یہ کہ آگے ان کے جانے کے مفاسد خود ہی مذکور ہوتے ہیں اور نیز اگر آپ اجازت نہ بھی دیتے تب بھی تو ان کی نیت جانے کی نہ تھی كذا في الدر عن مجاهد بلکہ مطلب یہ ہے کہ رخصت ملنے سے جو ان کو ایک گونہ بے فکری ہو گئی یہ نہ ہوتی اگر رخصت منظور نہ ہوتی اور یہ تب بھی نہ جاتے تو

www.besturdubooks.net

ذرا ان کی خباثت تو علانیہ کھل جاتی اور الذین صدقوا کا یہ مطلب نہیں کہ ان میں سچے بھی تھے بلکہ مطلب یہ ہے کہ دوسرے مؤمنین صادقین معذورین سے ان کی حالت متمیز ہو جاتی اور سورۂ نور کے اخیر میں جو مؤمنین کے لئے استیذان کو ثابت فرمایا ہے لَمْ یَذْهَبُوْا حَتّٰی یَسْتَاْذِنُوْهُ سو وہ استیذان بالعذر ہے اور یہاں نفی استیذان بلاعذر کی ہے پس کوئی تعارض نہیں۔ رَبط: اوپر منافقین کا تخلف اور عذر کا ذب کرنا مذکور تھا آگے اس عذر کے کاذب ہونے کا قرینہ وَلَوْ اَرَادُوا میں اور ان کے تخلف سے غم نہ کرنے کے لئے اس کی حکمت کہ یہ جاتے تو فساد ہی کرتے لَوْ خَرَجُوْا میں اور اس حکم ترتب فساد کی تائید واقعاتِ سابقہ سے لَقَدِ ابْتَغَوُا میں بیان فرماتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِیْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ اس میں اپنے نفس کے لئے امتحان کا طریقہ ہے کہ آیا وہ اللہ تعالیٰ کا محب ہے یا نہیں اور وہ طریقہ یہ ہے کہ جس امر میں کوئی نفع دنیوی نہ ہو اور مشقت ہو اس میں دیکھنا چاہئے کہ کیا رنگ ہوتا ہے کیونکہ عمل متضمن نفع دنیوی دلیل محبت نہیں قولہ تعالیٰ: وَسَیَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ اسی طرح (یعنی جس طرح منافقین مسلمانوں کو دھوکہ دیتے تھے) سالک کو اس کا نفع جھوٹے دعووں سے دھوکا دیتا ہے اور طاعات میں باطل عذر پیش کرتا ہے پس اس نفس کو یہی جواب دو جو خدا تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: یُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ اسی طرح بہت سے مدعیان صلاح وتقویٰ دعووں میں ملمع سازیاں کر کے لوگوں کو دھوکہ میں ڈالتے ہیں کبھی صریحاً کبھی دوسری باتوں کے ضمن میں ان سب کو واجب ہے کہ اس آیت کے مضمون میں غور کریں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ اس میں عفو کو شکایت سے پہلے ذکر فرمایا اور حق تعالیٰ کا باطن میں مقبولین کے ساتھ یہی معاملہ ہے کہ عین عتاب میں ان کو اپنا لطف دکھلاتے ہیں تا کہ ان کو وحشت نہ ہو اور اس میں ایسے شخص کے ساتھ خطاب کرنے کا ادب بھی بتلایا گیا ہے جس کی حرمت کی رعایت کی جاوے۔ قولہ تعالیٰ: لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَكَ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا اس میں شیوخ کو تعلیم ہے مریدوں کے عذر قبول کرنے میں بیداری سے کام لیں کہ وہ عذر سچ مچ واقع کے مطابق ہے یا اس میں کچھ فساد کی آمیزش ہے کیونکہ بہت سے مرید دھوکہ بھی دیتے ہیں پھر اس کا انجام ان ہی کے دین کی بے انتظامی ہے۔ قولہ تعالیٰ: لَا یَسْتَاْذِنُكَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ الخ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ مؤمن جب خیر کو سنتا ہے تو فوراً اس کی طرف دوڑتا ہے اور ظاہر ہے کہ یہ حالت شوق سے پیدا ہوتی ہے تو اس میں شوق کا اثبات ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱۔ **قوله في خفافا و ثقالا** سامان ہو احد الاقوال في الآية كما في الروح خفافا من السلاح وثقالا فلا نسخ على هذا التفسير لاشتراط القدرة بدليل آخر ۱۲۔ ۲۔ **قوله في عفا** کردیا وحمله على الاخبار من المواهب كما في قوله ولقد عفا الله عنهم ولو حمل على الانشاء كما هو المشهور يوجه بما قال النيسابوری انما جاء علی عادة العرب في التعظيم والتوقير فيقدمون امثال ذلك بين يدی الكلام يقولون عفا الله عنك ما صنعت في امری رضي الله عنك ما جوابك عن كلامی ۱۲۔ ۳۔ **قوله في ان يجاهدوا** اس میں شریک نہ ہونے کی اشارۃ الى تقدير في لكن لامن حيث ان الجهاد ماذون فيه بل من حيث انه متعلق بالماذون فيه وهو التخلف ای لا يستاذنك في التخلف في باب الجهاد وهو ايضا من المواهب وهذا كما يقال ان الآية نزلت في الغناء ای متعلقا بالغناء ولو نهيا لا انه في الامر بالغناء ۱۲۔

اللغات: العرض ما عرض لك من منفع الدنيا ومتاعها القريب سهل الماخذ قريب المنال الشقة المسافة التي تقطع بمشقة ۱۲۔

النحو: قوله كان ای ما يدعون اليه بدليل المقام ۱۲۔

وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِیْلَ اقْعُدُوْا مَعَ
الْقٰعِدِیْنَ ﴿٤٦﴾ لَوْ خَرَجُوْا فِیْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ یَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ
وَفِیْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ ﴿٤٧﴾ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰی
جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّیْ وَلَا تَفْتِنِّیْ ؕ اَلَا فِی الْفِتْنَةِ
سَقَطُوْا ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِیْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِیْنَ ﴿٤٩﴾ اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِیْبَةٌ
یَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَیَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ﴿٥٠﴾ قُلْ لَّنْ یُّصِیْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ

www.besturdubooks.net

لَنَاۚ هُوَ مَوْلٰىنَاۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِؕ وَنَحْنُ
نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖۤ اَوْ بِاَيْدِيْنَاۖ فَتَرَبَّصُوْۤا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿۵۲﴾

اور اگر وہ لوگ (جہاد میں) چلنے کا ارادہ کرتے تو اس کا کچھ سامان تو درست کرتے لیکن (خیر ہوئی) اللہ تعالیٰ نے ان کے جانے کو پسند نہیں کیا اس لئے ان کی توفیق نہیں دی اور (بحکم تکوینی) یوں کہہ دیا گیا کہ اپاہج لوگوں کے ساتھ تم بھی یہاں ہی دھرے رہو۔ اگر یہ لوگ تمہارے ساتھ شامل ہو جاتے تو سوا اس کے کہ اور دونا فساد کرتے اور کیا ہوتا اور تمہارے درمیان فتنہ پردازی کے فکر میں دوڑے دوڑے پھرتے ہیں اور (اب بھی) تم میں ان کے کچھ جاسوس موجود ہیں اور ان ظالموں کو اللہ تعالیٰ خوب سمجھتا ہے۔ انہوں نے تو پہلے (جنگ احد وغیرہ میں) بھی فتنہ پردازی کی فکر کی تھی اور آپ کے لئے کارروائیوں کی الٹ پھیر کرتے ہی رہے یہاں تک کہ سچا وعدہ آ گیا اور اللہ کا حکم غالب رہا اور ان کو ناگوار ہی گزرتا رہا اور ان (منافقین متخلفین) میں بعضا شخص وہ ہے جو کہتا ہے کہ مجھ کو اجازت دے دیجئے اور مجھ کو خرابی میں نہ ڈالئے۔ خوب سمجھ لو کہ یہ لوگ خرابی میں تو پڑ ہی چکے اور یقیناً دوزخ (آخرت میں) ان کافروں کو گھیرے گی اور اگر آپ کو کوئی اچھی حالت پیش آتی ہے تو ان کے لئے موجب غم ہوتی ہے اور اگر آپ پر کوئی حادثہ آ پڑتا ہے تو (خوش ہو کر) کہتے ہیں کہ ہم نے تو (اسی لئے) پہلے سے اپنا احتیاط کا پہلو اختیار کر لیا تھا اور (یہ کہہ) وہ خوش ہوتے ہوئے چلے جاتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے ہم پر کوئی حادثہ نہیں پڑ سکتا مگر وہی جو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے مقدر فرمایا ہے وہ ہمارا مالک ہے اور اللہ کے تو سب مسلمانوں کو اپنے سب کام سپرد رکھنے چاہئیں۔ فرما دیجئے کہ تم تو ہمارے حق میں دو بہتریوں میں سے ایک بہتری ہی کے منتظر رہتے ہو اور ہم تمہارے حق میں اس کے منتظر رہا کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ تم پر کوئی عذاب واقع کرے گا خواہ اپنی طرف سے (دنیا یا آخرت میں) یا ہمارے ہاتھوں سے سو تم (اپنے طور پر) انتظار کرو ہم تمہارے ساتھ (اپنے طور پر) انتظار میں ہیں۔

تفسیر: قرینہ بطلان عذر و حکمت تخلف و تائید مفسد بودن منافقین: وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿﴾ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿﴾ اور وہ لوگ (غزوہ میں) چلنے کا ارادہ کرتے (جیسا کہ وہ اپنے عذر کے وقت ظاہر کرتے ہیں کہ چلنے کا تو ارادہ تھا لیکن کیا کیا جاوے فلاں ضرورت پیش آ گئی سو اگر ایسا ہوتا) تو اس (چلنے) کا کچھ سامان تو درست کرتے (جیسا کہ سفر کے لوازم عادیہ سے ہے) لیکن (انہوں نے تو شروع سے ارادہ ہی نہیں کیا اور اسی میں خیر ہوئی جیسا آگے آتا ہے لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ الخ اور اس کے خیر ہونے کی وجہ سے) اللہ تعالیٰ نے ان کے جانے کو پسند نہیں کیا اس لئے ان کو توفیق نہیں دی اور (بحکم تکوینی) یوں کہہ دیا گیا کہ اپاہج لوگوں کے ساتھ تم بھی یہاں ہی دھرے رہو (اور ان کے جانے میں خیر نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ) اگر یہ لوگ تمہارے شامل جاتے تو سوا اس کے کہ اور دونا فساد کرتے اور کیا ہوتا اور (وہ فساد یہ ہوتا کہ) تمہارے درمیان فتنہ پردازی کی فکر میں دوڑے دوڑے پھرتے (یعنی لگائی بجھائی کر کے آپس میں تفریق ڈلواتے اور جھوٹی خبریں اڑا کر پریشان کرتے دشمن کا رعب تمہارے قلوب میں ڈالنے کی کوشش کرتے اس لئے ان کا نہ جانا ہی اچھا ہوا) اور (اب بھی) تم میں ان کے کچھ جاسوس موجود ہیں (جن کو اس[1] سے زیادہ فساد کی تدبیر میں مہارت نہیں) اور ان ظالموں کو اللہ خوب سمجھے گا (اور ان لوگوں کی مفسدہ سازی و فتنہ پردازی کچھ آج نئی نہیں) انہوں نے تو پہلے (جنگ احد وغیرہ میں) بھی فتنہ پردازی کی فکر کی تھی (کہ ساتھ ہو کر ہٹ گئے کہ مسلمان دل شکستہ ہو جاویں) اور (اس کے علاوہ بھی) آپ کی (ضرر رسانی کے لئے) کارروائیوں کی الٹ پھیر کرتے ہی رہے یہاں تک کہ سچا وعدہ آ گیا اور (اس کا آنا یہ ہے کہ) اللہ کا حکم غالب رہا اور ان کو ناگوار ہی گذرتا رہا (اسی طرح آئندہ بھی ہوگا بالکل تسلی رکھئے کچھ فکر نہ کیجئے)۔ **ف**: ان سماعین کو بعض مفسرین نے منافق کہا ہے مگر چونکہ یہ اہل الرائے نہ تھے اس لئے ان سے فساد کا خوف نہ تھا اس لئے ان کا جانا خلاف حکمت نہ تھا بلکہ بعضی مضر مصلحتیں تھیں کہ مسلمانوں کا استقلال اور غلبہ اور کفار کا ضعف اور عجز دیکھ کر اپنے رؤساء کو خبر دیں تو وہ اور زیادہ جلیں مریں اور ان کے حوصلے ہمیشہ کو پست ہو جاویں واللہ اعلم: اور احد میں ان منافقین کا عین وقت پر الگ ہو جانا پارہ لَنْ تَنَالُوْا کے ربع شروع رکوع وَاِذْ غَدَوْتَ ...... [آل عمران: ۱۲۱] میں گذر چکا ہے۔ **ربط**: اوپر منافقین کے احوال مشترکہ کا بیان تھا آگے کئی آیتوں میں جو لفظ منھم سے شروع ہوئی ہیں بعض کے احوال و اقوال مختصہ اور درمیان درمیان میں احوال مشترکہ بھی مذکور ہیں۔

بعض اقوال خاصہ منافقین ☆ اس شخص کا نام جد بن قیس تھا اس نے یہ بہانا تراشا تھا کہ میں عورتوں پر مفتون ہو جاتا ہوں اور رومیوں کی عورتیں حسین زیادہ ہیں جانے میں میرا دینی ضرر ہے اس لئے رخصت کا خواستگار ہوں کذا فی الدر المنثور آیت وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ؕ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿﴾ اور ان (منافقین متخلفین) میں بعضا شخص وہ ہے جو (آپ سے) کہتا ہے کہ مجھ کو (غزوہ میں نہ جانے کی اور گھر رہنے کی) اجازت دے دیجئے اور مجھ کو خرابی میں نہ ڈالئے خوب سمجھ لو کہ یہ لوگ خرابی میں تو پڑ ہی چکے (کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی اور کفر سے بڑھ کر اور کونسی خرابی ہوگی) اور یقیناً دوزخ (آخرت میں) ان کافروں کو گھیرے گی۔ **ربط**: اوپر کی آیت کی تمہید میں بیان ہو چکا۔

www.besturdubooks.net

بعض احوال مشترکہ منافقین ☆ اِنۡ تُصِبۡکَ حَسَنَۃٌ تَسُؤۡهُمۡ (الی قوله تعالی) فَتَرَبَّصُوۡۤا اِنَّا مَعَکُمۡ مُّتَرَبِّصُوۡنَ اگر آپ کو کوئی اچھی حالت پیش آتی ہے تو وہ ان کے لئے موجب غم ہوتی ہے اور اگر آپ پر کوئی حادثہ آ پڑتا ہے تو (خوش ہوکر) کہتے ہیں کہ ہم نے تو (اسی واسطے) پہلے سے اپنا احتیاط کا پہلو اختیار کرلیا تھا (کہ ان کے ساتھ لڑائی وغیرہ میں نہیں گئے تھے) اور یہ کہہ کر) وہ خوش ہوتے ہوئے چلے جاتے ہیں آپ (جواب میں ان سے دو باتیں) فرما دیجئے (ایک تو یہ کہ) ہم پر کوئی حادثہ نہیں پڑ سکتا مگر وہی جو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے مقدر فرمایا ہے وہ ہمارا مالک ہے (پس مالک حقیقی جو تجویز کرے مملوک کو اس پر راضی رہنا واجب ہے) اور ہماری (کیا تخصیص ہے) اللہ کے تو سب مسلمانوں کو اپنے سب کام سپرد رکھنے چاہئیں (دوسری بات یہ) فرما دیجئے کہ (ہمارے لئے جیسے اچھی حالت بہتر ہے ویسے ہی حوادث بھی باعتبار انجام کے کہ اس میں رفع درجات و کفارۂ سیئات ہوتا بہتر ہے پس) تم تو ہمارے حق میں دو بہتریوں میں سے ایک بہتری ہی کے منتظر رہتے ہو (یعنی تم جو ہماری حالت کے منتظر رہتے ہو کہ دیکھئے کیا ہو تو خواہ وہ حسنہ ہو یا مصیبت ہمارے لئے دونوں ہی میں بہتری ہے) اور ہم تمہارے حق میں اس کے منتظر رہا کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ تم پر کوئی عذاب واقع کرے گا (خواہ) اپنی طرف سے (دنیا میں یا آخرت میں) یا ہمارے ہاتھوں سے (جب کہ تم اپنے کفر کو ظاہر کردو تو مثل دوسرے کفار کے قتل کئے جاؤ) سو تم (اپنے طور پر) انتظار کرو (اور) ہم تمہارے ساتھ (اپنے طور پر) انتظار میں ہیں **ف**: پہلے جواب کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مالک اور حاکم ہیں حاکم ہونے کی حیثیت سے ان کو ہر تصرف کا اختیار ہے اس لئے ہم راضی ہیں اور دوسرے جواب کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ حکیم ہیں اس مصیبت میں بھی ہمارے فائدہ کی رعایت کرتے ہیں اس لئے ہم ہر حال میں فائدہ میں ہیں بخلاف تمہارے کہ تمہاری خوشحالی کا انجام بھی وبال اور نکال ہے اگر دنیا میں نہیں تو آخرت میں ضرور ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قوله تعالیٰ: وَلَوۡ اَرَادُوا الۡخُرُوۡجَ لَاَعَدُّوۡا لَهٗ عُدَّةً اس میں دلیل ہے کہ تعطل علامت ہے عدم ارادہ کی جیسے بہت سے لوگ اپنے نفس کے دھوکہ میں پڑے ہوئے ہیں کہ طاعات کی رغبت کا دعویٰ ظاہر کرتے ہیں اور بالکل جھوٹے ہوتے ہیں چنانچہ کہا گیا ہے۔ اگر عشق ہوتا تو تدبیر کرتا۔ قوله تعالیٰ: وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ یَّقُوۡلُ ائۡذَنۡ لِّیۡ وَلَا تَفۡتِنِّیۡ یعنی نساء روم کے فتنہ میں مجھ کو واقع نہ کیجئے اور یہی حالت ہے نفس کی کہ طاعات سے اس بہانہ پر عذر کرتا ہے کہ اس طاعت میں ایسا ایسا خطرہ ہے جس کا شر اس طاعت کی خیر سے اعظم ہے۔ قوله تعالیٰ: قُلۡ لَّنۡ یُّصِیۡبَنَاۤ اِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰهُ لَنَا الخ اس میں ایسے مضمون کا مراقبہ ہے جو توکل کو سہل کردے اور اس کے بعد توکل کا صریح امر ہے۔

الحواشی: (۱) یعنی جاسوسی سے زیادہ اور اس صفت کے بڑھانے سے مقصود اس شبہ کا دفع کرنا ہے کہ آیت میں منافقین کے عدم خروج کا متضمن مصلحت ہونا مذکور ہے مگر جب ان کے جاسوس موجود ہیں تو وہ عدم خروج نہ رہا اور مصلحت عدم خیال کی بھی نہ رہی جواب یہ ہے کہ جاسوسوں کو اس خیال، فساد کا جو آیت میں منفی ہے ڈھنگ نہیں آتا اور یہ مضمون **ف**: میں مصرح ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی لکن انہوں نے الخ اشارة الی تقدیر المستدرك واقامة المذكور مقامه ۱۲۔ ۲ قوله فی ثبط توفیق تفسیر بالحاصل ۱۲۔ ۳ قوله فی ..... اپاہج ای الذین قعدوا العجز او ضعف او عذر ۱۲۔ ۴ قوله فی لا اوضعوا یہ ہوتا اشارة الی کون العطف تفسیریا ۱۲۔ ۵ قوله فی امرنا احتیاط کا پہلو لان الامر عام فی کل شیء وخصص بالمذکور بقرینة المقام ویتاید بقول مجاهد قد اخذنا امرنا قد حذرنا کذا فی الدر ۱۲۔

الروایات: فی الدر اخرج ابن ابی حاتم عن جابر بن عبدالله قال جعل المنافقون الذین تخلفوا بالمدینة یخبرون عن النبی صلی الله علیه وسلم اخبار السوء یقولون ان محمداً واصحابهٗ قد جهدوا فی سفرهم وهلکوا فبلغهم تکذیب حدیثهم وعافیة النبی صلی الله علیه وسلم واصحابهٗ فساء هم ذلك فانزل الله تعالیٰ ان تصبك حسنة تسؤهم الآیة ۱۲۔

اللغات: الانبعاث الخروج او النهوض للخروج الایضاع الاسراع یقال اوضعت الناقة بالرفع واوضعت الناقة بالنصب خلالکم الخلال جمع خلل وهو الفرجة استعمل ظرفا بمعنی بین ۱۲۔

فائدہ: فی الکشاف کانت الفتحة تکتب الفا قبل والخط العربی اخترع قریبا من نزول القرآن وقد بقی من ذلك الالف اثر فی الطباع فکتبوا صورة الهمزة الفا وفتحتها اخری ۱۲۔

البلاغۃ: فی التعبیر عن الافتتان بالسقوط فی الفتنة تنزیل لها منزلة المهواة المهلکة کذا فی الروح ۱۲۔

قُلۡ اَنۡفِقُوۡا طَوۡعًا اَوۡ کَرۡهًا لَّنۡ یُّتَقَبَّلَ مِنۡکُمۡ ؕ اِنَّکُمۡ کُنۡتُمۡ قَوۡمًا فٰسِقِیۡنَ ۝ وَمَا مَنَعَهُمۡ اَنۡ تُقۡبَلَ مِنۡهُمۡ

www.besturdubooks.net

نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا

وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ

اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ۭ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَوْ يَجِدُوْنَ

مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ

اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا

ع ۷ ۱۳ حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿۵۹﴾

آپ فرما دیجئے کہ تم خواہ خوشی سے خرچ کرو یا ناخوشی سے تم سے کسی طرح (خدا کے نزدیک) مقبول نہیں (کیونکہ) بلاشبہ تم عدول حکمی کرنے والے لوگ ہو اور ان کی خیر خیرات قبول ہونے سے اور کوئی چیز بجز اس کے مانع نہیں کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور اس کے ساتھ کفر کیا اور وہ لوگ نماز نہیں پڑھتے مگر ہارے جی سے اور خرچ نہیں کرتے مگر ناگواری کے ساتھ سو ان کے اموال اور اولاد آپ کو تعجب میں نہ ڈالیں۔ اللہ کو صرف یہ منظور ہے کہ ان (مذکورہ) چیزوں کی وجہ سے دنیوی زندگی میں (بھی) ان کو گرفتار عذاب رکھے اور ان کی جان کفر ہی کی حالت میں نکل جائے اور یہ (منافق لوگ) اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ وہ تم میں کے ہیں۔ حالانکہ (واقع میں) وہ تم میں کے نہیں لیکن (بات یہ ہے کہ) وہ ڈرپوک لوگ ہیں۔ ان لوگوں کو اگر کوئی پناہ کی جگہ مل جاتی یا غار یا کوئی گھس بیٹھنے کی جگہ ذرا سی بھی مل جاتی تو یہ ضرور منہ اُٹھا کر ادھر چل دیتے اور ان میں بعض لوگ ہیں جو صدقات تقسیم کرنے کے بارے میں آپ پر طعن کرتے ہیں۔ سو اگر ان صدقات میں (ان کی خواہش کے مطابق) ان کو مل جاتا ہے تو وہ راضی ہو جاتے ہیں اور اگر ان صدقات میں سے ان کو (ان کی خواہش کے موافق) نہیں ملتا تو ناراض ہو جاتے ہیں اور ان کے لئے بہتر ہوتا اگر وہ لوگ اس پر راضی رہتے کہ جو کچھ ان کو اللہ نے اور اس کے رسول نے دیا تھا اور یوں کہتے کہ ہم کو اللہ کافی ہے آئندہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہم کو اور دے گا اور اس کے رسول دیں گے ہم (اول) اللہ ہی کی طرف راغب ہیں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر جس کا قول آیا ہے لَا تَفْتِنِّیْ اس نے یہ بھی کہا تھا کہ میں خود تو نہ جاؤں گا لیکن مال سے آپ کی اعانت کروں گا کذا فی الدر آگے اس اعانت مالی کا غیر مقبول ہونا بوجہ فقدان ایمان کے کہ شرط قبول ہے بیان فرماتے ہیں۔

مقبول نبودن نفقات منافقین ☆ قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ۭ (الی قولہ تعالی) وَهُمْ كٰفِرُوْنَ۔ آپ (ان منافقین سے) فرما دیجئے کہ تم (جہاد وغیرہ میں) خواہ خوشی سے خرچ کرو یا ناخوشی سے (خرچ کرو) تم سے کسی طرح (خدا کے نزدیک) مقبول نہیں (کیونکہ) بلاشبہ تم عدول حکمی کرنے والے لوگ ہو (مراد اس سے کفر ہے جیسا آگے آتا ہے) اور ان کی خیر خیرات قبول ہونے سے اور کوئی چیز بجز اس کے مانع نہیں کہ انہوں نے اللہ کے ساتھ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا (اسی کو اوپر عدول حکمی کہا تھا اور کافر کا کوئی عمل مقبول نہیں) اور (اس کفر باطنی کی علامت ظاہر میں یہ ہے کہ) وہ لوگ نماز نہیں پڑھتے مگر ہارے جی سے اور (نیک کام میں) خرچ نہیں کرتے مگر ناگواری کے ساتھ (کیونکہ دل میں ایمان تو ہے نہیں جس سے امید ثواب ہو اور اس امید سے رغبت ہو محض بدنامی سے بچنے کے لئے ایسا کرتے ہیں) سو (جب یہ ایسے مردود ہیں تو) ان کے اموال اور اولاد آپ کو (اس) تعجب میں نہ ڈالیں (کہ غیر مقبولین کو اتنے انعامات کس طرح عطا ہوئے سو یہ واقع میں نعمت نہیں بلکہ قسمت ہے کیونکہ) اللہ کو صرف یہ منظور ہے کہ ان (مذکور) چیزوں کی وجہ سے دنیوی زندگی میں (بھی) ان کو گرفتار عذاب رکھے اور ان کی جان کفر ہی کی حالت میں نکل جاوے (جس سے آخرت میں بھی گرفتار عذاب رہیں پس جس اولاد و اموال کا یہ انجام ہو وہ انعام کہاں ہوا پھر تعجب کیوں ہو) ف: دنیا میں مال و اولاد کا عذاب ہونا جب دنیا کے لئے لازم ہے اول اس کی تحصیل و تمنا میں کیسی کیسی کوفت جسمانی روحانی اٹھانا پڑتی ہے پھر حصول کے بعد ذرا نقصان ذرا مرض ہو گیا بس ایک کوہِ غم سر پر سوار ہے سب حالتیں طبیعت کے موافق بھی ہوں تو اس کا اندیشہ کہ کوئی امر ناگوار پیش نہ آ جاوے پھر مفارقت کے وقت کس بلا کی حسرت اور صدمہ کہ خدا کی پناہ اور آخرت میں تو ظاہر ہے کہ کافر پر جتنی دنیوی نعمتیں ہوں گی اس کا کفر دونا بڑھے گا جس پر عذاب آخرت موعود ہے۔ ربط: اوپر ان کے کافر ہونے کا ذکر تھا آگے ان کے دعویٰ ایمان کی وجہ بیان فرماتے ہیں کہ تقیہ اور نفاق ہے۔

www.besturdubooks.net

مضطر بودن منافقین در اظہار ایمان ☆ وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ (الی قولہ تعالی) لَوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ۝ اور یہ (منافق) لوگ اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ وہ تم میں کے ہیں (یعنی مسلمان ہیں) حالانکہ (واقع میں) وہ تم میں کے نہیں لیکن (بات یہ ہے کہ) وہ ڈرپوک لوگ ہیں (اس وجہ سے ڈر کے مارے کہ ہمارے کفر ظاہر ہونے پر ہمارے ساتھ دوسرے کفار کا سا برتاؤ نہ ہونے لگے اپنے کفر کو جھوٹی قسمیں کھا کر چھپاتے ہیں اور کہیں دوسری جگہ ٹھکانا نہیں جو آزادی سے جا رہیں ورنہ) ان لوگوں کو اگر کوئی پناہ کی جگہ مل جاتی یا (کہیں پہاڑ وغیرہ میں) غار (مل جاتے) یا کوئی گھس بیٹھنے کی ذرا جگہ (مل جاتی) تو یہ ضرور منہ اُٹھا کر ادھر چل دیتے (اور اظہار ایمان نہ کرتے مگر اب کیا کریں بیچارے مجبور ہیں ناچار جھوٹی قسموں سے کارروائی کرتے ہیں)۔ ربط: اوپر تمہید آیت: وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ میں گذر چکا۔

بعض اقوال خاصہ دیگر منافقین ☆ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ (الی قولہ تعالی) اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ۝ اور ان میں بعض وہ لوگ ہیں جو صدقات (تقسیم کرنے) کے بارہ میں آپ پر طعن کرتے ہیں (کہ اس تقسیم میں نعوذ باللہ عدل کی رعایت نہیں کی گئی) سو اگر ان صدقات میں سے ان کو (ان کی خواہش کے موافق) مل جاتا ہے تو وہ (آپ سے) راضی ہو جاتے ہیں اور اگر ان صدقات میں سے ان کو (ان کی خواہش کے موافق) نہیں ملتا تو وہ (آپ سے) ناراض ہو جاتے ہیں (جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اصل منشاء ان کے اعتراض اور حرف گیری کا محض حرص دنیوی اور خود غرضی ہے پس ایسے اعتراض کا باطل ہونا ظاہر ہے) اور ان کے لئے بہتر ہوتا اگر وہ لوگ اس پر راضی رہتے جو کچھ ان کو اللہ نے (دلوایا تھا) اور اس کے رسول نے دیا تھا اور (اس کی نسبت) یوں کہتے کہ ہم کو اللہ (کا دیا) کافی ہے (ہم کو اتنا ہی ملنا مناسب تھا اسی میں خیر و برکت ہوگی اور اگر پھر حاجت پیش آوے گی اور مصلحت ہوگی تو) آئندہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل (و کرم) سے ہم کو اور دے گا اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) دیں گے ہم (دل سے) اللہ ہی کی طرف راغب ہیں (اور اس ہی سے سب امیدیں رکھتے ہیں) ف: اگر کسی کو شبہ ہو کہ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ صدقات میں سے منافقین کو بھی ملا کرتا تھا جواب یہ ہے کہ اگر یہ صدقہ نفل تھا یا منافق عملی مراد ہو تب تو کوئی اشکال نہیں کیونکہ اول صورت میں اسلام شرط نہیں ثانی میں منتفی نہیں اور اگر صدقہ فرضی اور منافق اعتقادی ہو تو وجہ اس کی یہ ہو سکتی ہے کہ اس وقت جمیع احکام میں منافقین کے ساتھ برتاؤ مؤمنین کا سا کیا جاتا تھا اس میں بھی ایسا ہی کیا گیا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا يَأْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى اس میں اشارہ ہے کہ یہ لوگ لذت عبودیت سے محروم اور مشاہدۂ جمال معبود سے محجوب ہیں محمد بن فضل کا قول ہے کہ جس شخص کو آمر کی معرفت نہ ہوگی وہ امر کی طرف کسل کے ساتھ اُٹھتا ہے اور جس شخص کو آمر کی معرفت ہوگی وہ امر کی طرف اس کو غنیمت اور راحت سمجھ کر اُٹھے گا۔ قولہ تعالیٰ: فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ۔ اس میں اہل ایمان کو اس سے تحذیر ہے کہ اہل دنیا کے اموال و زینت کو مستحسن سمجھیں اور اس کے سبب آخرت کے عمل اور اس پر نظر کرنے سے محجوب ہو جاویں۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا اس میں تنبیہ ہے کہ محجوبین جس کو راحت کے لئے جمع کرتے ہیں اس میں ان کو راحت نہیں اس کے جمع کرنے اور حفاظت کرنے میں محض مصیبتیں ہی جھیلتے ہیں پھر ان کو اس میں ثواب کا اعتقاد اور تعلق مع اللہ بھی نہیں جس سے ان کی یہ مشقت سہل ہو جاوے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ الخ روح میں ہے کہ اس میں صادقین و عارفین و مریدین کے آداب کی تعلیم ہے اور اہل رضا کی علامت یہ ہے کہ جو کچھ حق تعالیٰ کی طرف سے اس کو پیش آوے اس پر شاداں رہے اور بلا سے متلذذ رہے۔

الحواشی: (۱) اگر شبہ ہو کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو انفاق پر بعض اوقات مجبور کیا جاتا ہوگا ورنہ کرہاً کے کیا معنی اور یہ جبر جائز نہیں جواب اس کا آیات اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا الخ کی تفسیر میں۔ ف: کے تحت مذکور ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في ما منعهم ان کی خیرخیرات الخ اشارة الى كون ان تقبل بدل اشتمال من ضمير المفعول في منعهم وفاعل منع ما في حيز الاستثناء ۱۲۔ ۲؎ قوله في لا ياتون علامت فلا يرد ان لا حاجة الى التعليل بعدم اتيان الصلوٰة بعد التعليل بالكفر ۱۲۔ ۳؎ قوله في لا تعجبك تعجب اصله الفرح والسرور مع التعجب فاطلق الكل واريد به الجزء ۱۲۔ ۴؎ قوله في سرخي منافقين اى اعتقادا او عملا لان من نزلت فيه لم ار التصريح بكونه منافقا كما سياتي من الروايات فبهذا التعميم استقام الكلام على كل من الاحتمالين ۱۲۔ ۵؎ قوله في رضوا ما اتٰهم الله دلوایا تھا اشارة الى توجيه الاسناد الى الله تعالىٰ ۱۲۔

الروایات: في اللباب روى البخاري عن ابي سعيد الخدري قال بينما رسول الله صلى الله عليه وسلم يقسم قسما اذ جاءه ذوالخويصرة فقال اعدل فقال ويلك من يعدل فنزلت ومنهم من يلمزك في الصدقات الآية واخرج ابن ابي حاتم عن جابر نحوه اه في الروح اخرج ابن مردويه عن ابن مسعودؓ قال لما قسم النبي صلى الله عليه وسلم غنائم حنين سمعت رجلا يقول ان هذه القسمة

www.besturdubooks.net

ما ارید بها وجه الله الی قوله نزلت الآیة واخرج ابن جریر وغیره عن ابی داؤد بن ابی عاصم قال اوتی النبی صلی الله علیه وسلم بصدقة فقسمها ههنا وههنا حتی ذهبت وورائه رجل من الانصار فقال ما هذا بالعدل فنزلت 'اه قلت وفی بعض هذه الروایات صرح بکون ما قسم غنیمةً وفی بعضها صدقة وفی بعضها لم یصرح فالوجه ان یحمل الغنائم علی قسم خمس منها حیث یقسم کالصدقة ۱۲۔

اللُّغَاتُ: قوله الملجأ ما یلتجأ الیه کالحصن والمغارات الغار فی الجبل والمدخل مکان یدخلون فیه انفسهم الجموح الاسراع الذی لا یرده شیء کالفرس الجموح الذی لا یرده لجام اللمز العیب وقیل بانه فی الوجه والهمز فی الغیب وقیل بعکسه ۱۲۔

فَائِدَة: قوله انفقوا طوعا او کرها لا یدل علی انهم ینفقون طائعین لیلزم منافاته مع قوله لا ینفقون الاوهم کارهون بل غایته انه رد حالهم بین الامرین لافادة مساواتهما اما انهم کیف یتصور انفاقهم طائعین فالجواب اولا انه علی سبیل الفرض وثانیاً ان یراد بالطوع عدم الزامه صلی الله علیه وسلم ایاهم الانفاق ۱۲۔

إِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۶۰ وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ۭ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۶۱ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝۶۲ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ۝۶۳

صدقات تو صرف حق ہیں غریبوں کا اور محتاجوں کا اور جو کارکن ان صدقات پر متعین ہیں اور جن کی دلجوئی کرنا (منظور) ہے اور غلاموں کی گردن چھڑانے میں اور قرضداروں کے قرضہ میں اور جہاد میں اور مسافروں میں یہ حکم اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں ان (منافقین) میں سے بعض ایسے ہیں کہ نبی کو ایذائیں پہنچاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آپ ہر بات کان دے کر سن لیتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ وہ (نبی) کان دے کر تو وہی بات سنتے ہیں جو تمہارے حق میں خیر ہی خیر ہو کہ وہ اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور مؤمنین کا یقین کرتے ہیں اور آپ ان لوگوں کے حال پر مہربانی فرماتے ہیں۔ جو تم میں ایمان کا اظہار کرتے ہیں اور جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذائیں پہنچاتے ہیں ان لوگوں کے لئے دردناک سزا ہے یہ لوگ تمہارے سامنے (جھوٹی) قسمیں کھاتے ہیں تاکہ تم کو راضی کر لیں (جس میں مال و جان محفوظ رہے) حالانکہ اللہ اور اسکا رسول زیادہ حق رکھتے ہیں کہ اگر یہ لوگ سچے مؤمن ہیں تو اس کو راضی کریں۔ کیا انکو خبر نہیں کہ جو شخص اللہ کی اور اسکے رسول کی مخالفت کرے گا (جیسا کہ یہ لوگ کر رہے ہیں) تو یہ بات ٹھہر چکی ہے کہ ایسے شخص کو دوزخ کی آگ اس طور سے نصیب ہوگی وہ اس میں ہمیشہ رہے گا (اور) یہ بڑی رسوائی ہے۔

تفسیر ربط: اوپر صدقات کے بارہ میں معترضین کے اعتراض کا جواب دیا تھا آگے اسی جواب کی تائید کے لئے صدقات کے مصارف و مستحقین کا بیان فرماتے ہیں جس سے مقصود یہ ہے کہ صدقات کا مناط اوصاف خاصہ ہیں پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دینے یا نہ دینے اور کم دینے یا زیادہ دینے میں ان اوصاف کے وجود یا عدم اور قوت یا ضعف کا لحاظ رکھتے ہیں معترض کوتاہ نظری سے اعتراض کرتا ہے اور ہر چند کہ آگے بالاجماع صدقات فرض کا بیان ہے اور ارتباط جواب کا ظاہراً موقوف معلوم ہوتا ہے صدقات [1] کے عام ہونے پر کیونکہ اوپر کی آیت میں صدقات کا فرض ہونا ثابت نہیں لیکن ارتباط کی توجیہ اس طرح ہو سکتی ہے کہ جیسا صدقات فرض اوصاف و مصالح خاصہ پر مبنی ہیں اسی طرح دوسرے صدقات میں بھی خاص خاص مصالح مرعی ہیں قاسم امین صلی اللہ علیہ وسلم ان کو پیش نظر رکھتے ہیں پس تخصیص صدقات فرض کی ذکر میں بطور تمثیل کے ہوگی۔ خوب سمجھ لو۔

مستحقین صدقات ☆ إِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ (الی قوله تعالی) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ (فرض) صدقات تو صرف (ان لوگوں کا) حق ہے غریبوں کا اور محتاجوں کا اور جو کارکن ان صدقات (کی تحصیل وصول کرنے) پر متعین ہیں اور جن کی دلجوئی کرنا (منظور) ہے اور غلاموں کی گردن چھڑانے میں (صرف کیا جاوے) اور قرض داروں کے قرضہ (ادا کرنے) میں اور جہاد کرنے (والوں کے سامان) میں اور مسافروں (کی امداد) میں یہ حکم اللہ کی طرف سے مقرر ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں (مناسب نامناسب کو جانتے ہیں اور مناسب احکام مقرر کرتے ہیں)۔ ف: یہ کل آٹھ مصارف ہیں انکے

www.besturdubooks.net

متعلق یہ مسائل ہیں۔

مَسْئَلَہ: مؤلفۃ القلوب کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں زکوٰۃ دی جاتی تھی گو وہ مسلمان نہ ہوں مگر ان کے مسلمان ہونے کی امید ہو یا محض ان کے شر وفتنہ سے بچنے کے لئے اور یا مسلمان ہوں مگر غریب نہ ہوں محض ان کو اسلام سے محبت پیدا کرنے کے لئے صحابہؓ کے وقت میں اجماع ہو گیا ان کے عدم استحقاق پر جو علامت ہے حکم سابق کے منسوخ ہو جانے کی اخرجه ابن ابی شیبه وابن المنذر وابن ابی حاتم وابو الشیخ والبخاری فی تاریخه عن ابن جبیر والشعبی وعبیدة السلمانیؒ كذا فی الدر المنثور البتہ اگر مسلمان اور غریب ہو تو دوسرے اصناف میں داخل ہو جائے گا۔

مَسْئَلَہ: اسلام اور قدر نصاب فارغ عن الحوائج الاصلیہ کا مالک وقابض نہ ہونا سب میں شرط ہے بجز عاملین ومحصلین زکوٰۃ کے جو سلطان اسلام کی طرف سے مقرر ہوں کہ ان کو باوجود غنی ہونے کے بھی اسی زکوٰۃ میں سے بطور اجرت کے دینا جائز ہے باقی اصناف میں قید مذکور شرط ہے اور اس بناء پر صرف فقراء کہہ دینا کافی معلوم ہوتا تھا لیکن دوسرے عنوانات کے لانے سے یہ مقصود ہے کہ ان میں علاوہ فقر ومسکنت کے دوسرے اسباب استحقاق ودستگیری کے بھی ہیں۔

مَسْئَلَہ: بنی ہاشم میں سے نہ ہونا تمام اصناف میں شرط ہے۔

مَسْئَلَہ: فقیر اور مسکین کی تفسیر میں گو اختلاف ہے ایک کے معنی ہیں جس کے پاس کچھ نہ ہو ایک کے معنی ہیں جس کے پاس نصاب سے کم ہو لیکن حکم زکوٰۃ میں کچھ اختلاف نہیں البتہ حکم وصیت میں اختلاف ہے کہ اگر فقراء کے لئے وصیت کی تو کیسے لوگوں کو ملے گا یا مساکین کے لئے وصیت کی تو کیسے لوگوں کو ملے گا۔

مَسْئَلَہ: گردن چھڑانے کا مطلب ہے کہ کسی غلام کو اس کے آقا نے کہہ دیا ہو کہ تو اتنا روپیہ دے دے تو آزاد ہے اس غلام کو زکوٰۃ دی جاوے تا کہ اپنے آقا کو دے کر آزاد ہو جاوے۔

مَسْئَلَہ: جس کے پاس دس ہزار (۱۰۰۰۰) روپیہ موجود ہو اور گیارہ ہزار کا مثلاً قرضدار ہو اس کو زکوٰۃ دینا درست ہے۔

مَسْئَلَہ: مجاہد اپنے گھر مال وسامان رکھتا ہے مگر گھر سے جدا ہے اور یہاں سامان نہیں اس کو زکوٰۃ دینا درست ہے یہی حکم ہے مطلق مسافر کا۔

مَسْئَلَہ: سب مصارف مذکور میں یہ شرط ہے کہ جن کو زکوٰۃ دی جاوے ان کو مالک کر دیا جاوے بدوں تملیک زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔

مَسْئَلَہ: یہ سب احکام صدقہ فرض کے ہیں نفل میں یہ قیدیں نہیں ہیں یہ سب مسائل ہدایہ میں ہیں۔

رَبط: اوپر آیت وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ کی تمہید میں مذکور ہوا ہے۔

بعض احوال واقوال خاصہ دیگر منافقین ☆ اس کا قصہ نزول یہ ہے کہ بعض منافقین نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں کوئی نازیبا بات کہی کسی دوسرے منافق نے کہا کہ ایسا مت کرو کہیں آپ کو خبر نہ ہو جاوے پھر ہماری خبر لیں وہ شخص بولا کہ نہیں کچھ فکر نہیں آپ ہر بات کان دے کر سن لیتے ہیں اور ہر ایک کے دھوکہ میں آ جاتے ہیں کچھ تحقیق نہیں کرتے اگر ایسا ہوا ہم جا کر باتیں بنا دیں گے اور دھوکہ دے کر بری ہو جاویں گے رواه فی الروح بروایة ابن ابی حاتم عن السدی آیت: وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ (الی قوله تعالی) وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۞ اور ان (منافقین) میں بعضے ایسے ہیں کہ نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ایذائیں پہنچاتے ہیں (یعنی آپ کی شان میں ایسی باتیں کہتے ہیں کہ سن کر آپ کو ایذا ہو) اور (جب کوئی روکتا ہے تو) کہتے ہیں کہ آپ ہر بات کان دے کر سن لیتے ہیں (آپ کو جھوٹ بول کر دھوکہ دے دینا آسان ہے اس لئے کچھ فکر نہیں) آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ (تم کو خود دھوکہ ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی بات کو سن لینا دو (۲) طور پر ہے ایک تصدیق کے طور پر کہ دل سے بھی اس کو صحیح سمجھیں دوسرا خوش خلقی اور کریم النفسی کے طور پر کہ باوجود اس سمجھ جانے کے کہ یہ بات محض غلط ہے خلق وکرم جبلی سے اس کو ٹال دیں اور راوی پر دار وگیر یا اس کی صریح تکذیب نہ کریں سو) وہ نبی کان دے کر تو وہی بات سنتے ہیں جو تمہارے حق میں خیر (ہی خیر) ہے (جس کا حاصل اور نتیجہ یہ ہے) کہ وہ اللہ (کی باتیں وحی سے معلوم کر کے ان) پر ایمان لاتے ہیں (جن کی تصدیق کا خیر ہونا تمام عالم کے لئے ظاہر ہے کیونکہ تعلیم اور عدل اسی تصدیق پر موقوف ہے اور مؤمنین (مخلصین کی باتوں) کا (جو بحیثیت ایمان واخلاص ہوں) یقین کرتے ہیں (اس کا خیر کا ہونا بھی ظاہر ہے کہ عدل عام موقوف ہے احوال کی صحیح اطلاع پر اور اس کا ذریعہ یہی مؤمنین مخلصین ہیں غرض کان دے کر اور سچا سمجھ کر تو اللہ کی اور مخلصین کی باتیں سنتے ہیں) اور (باقی تمہاری شرارت آمیز باتیں جو سن لیتے ہیں تو اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ ان لوگوں کے حال پر مہربانی فرماتے ہیں جو تم میں ایمان کا اظہار کرتے ہیں (گو دل میں نہ ہو پس اس مہربانی اور خوش اخلاقی کی وجہ سے تمہاری باتیں سن لیتے ہیں اور باوجود اس کی حقیقت سمجھ جانے کے درگذر اور خاموشی برتتے ہیں پس ان باتوں کا سننا دوسرے طور کا ہے تم نے اپنی حماقت سے اس کو بھی اول طور پر محمول کر لیا خلاصہ یہ کہ تم یہ سمجھتے ہو کہ حقیقت کو حضرت نہیں سمجھتے اور واقع میں حقیقت کو تم ہی نہیں سمجھتے) اور جو لوگ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ایذائیں پہنچاتے ہیں (خواہ ان باتوں سے جن کے کہنے کے بعد هُوَ اُذُنٌ کہا تھا یا خود اسی هُوَ اُذُنٌ کے کہنے سے کیونکہ اس میں بھی تو کسر شان ہے آپ کی فطانت اور

www.besturdubooks.net

ذکاوت کی تو) ان لوگوں کے لئے دردناک سزا ہوگی۔ **ف**: اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ سے کبھی منافقین کی سخن سازی مخفی نہیں رہی بلکہ مطلب یہ ہے کہ آپ کے سکوت کی ہمیشہ یہ علت نہیں اور بعد نزول **لَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ** [محمد : ۳۰] کے تو پھر اختفاء ہوا ہی نہیں **کما صرحوا فی تفسیرها** اور مؤمنین میں جو بحیثیت ایمان واخلاص کی قید لگائی گئی وجہ اس کی یہ ہے کہ ہر مؤمن ہر بات میں تو واجب التصدیق نہیں ہوتا بلکہ حسب قواعد شرعیہ جو بات اس کے ایمان و اخلاص سے ناشی سمجھی جاوے گی اس کی تصدیق واجب ہوگی اسی حیثیت میں صفات عدالت شہود کی بھی داخل ہیں۔

ربط: اوپر منافقین کے بعض احوال واقوال مختصہ کا بیان تھا آگے بقیہ احوال مشترکہ کے بیان سے عود ہے سابق کی طرف جن میں[2] سے ایک تو اغراض فاسدہ سے ان کی جھوٹی قسمیں کھانا ہے۔

حلف کاذب منافقین بغرض فاسد ☆ **يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ** (الی قولہ تعالی) **ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ** ۝ یہ لوگ تمہارے (مسلمانوں کے) سامنے (جھوٹی) قسمیں کھاتے ہیں (کہ ہم نے فلاں بات نہیں کی یا ہم غزوہ میں فلاں عذر سے نہ جاسکے) تاکہ تم کو راضی کرلیں (جس میں جان و مال محفوظ رہے) حالانکہ اللہ اور اس کا رسول زیادہ حق رکھتے ہیں کہ اگر یہ لوگ سچے مسلمان ہیں تو اس کو راضی کریں (جو کہ موقوف ہے اخلاص اور ایمان پر) کیا ان کو خبر نہیں کہ جو شخص اللہ کی اور اس کے رسول کی مخالفت کرے گا (جیسا یہ لوگ کررہے ہیں) تو یہ بات ٹھہر چکی ہے کہ ایسے شخص کو دوزخ کی آگ اس طور پر نصیب ہوگی کہ وہ اس میں ہمیشہ رہے گا (اور) یہ بڑی رسوائی (کی بات) ہے۔ **ف**: روایات میں مصرح ہے کہ وہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے جھوٹی قسمیں کھاتے تھے تاکہ آپ ان سے صاف رہیں اور یہاں آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا مقصود مسلمانوں کو راضی کرنا تھا آپ کو راضی کرنا نہ تھا سو بات یہ ہے کہ آپ کی رضا ایک تو بحیثیت عدم تعرض کے ہے اور اس اعتبار سے آپ کی رضا مثل رضا دوسرے مؤمنین کے ہے اور دوسری رضا دل سے ہے اور اس اعتبار سے آپ کی رضا مثل رضا اللہ تعالیٰ کے ہے پس ان کا قصد ارضاء پہلی حیثیت سے تھا اور مطلوب دوسری حیثیت ہے جو کہ مفقود تھی خوب سمجھ لو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی : **وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ** اذن سے ان کی مراد یہ تھی کہ ہر جا بیجا بات کو قبول کرلیتے ہیں اور واقعی اور غیر واقعی میں فرق نہیں کرتے حق تعالیٰ نے اس کا رد فرمایا کہ آپ صرف حق بات کو قبول کرتے ہیں باقی غیر حق کو جو متکلم کے منہ پر رد نہیں فرماتے تو اس کی وجہ یہ نہیں کہ آپ فرق نہیں کرتے بلکہ وجہ یہ ہے کہ آپ کی شان رحمت کی ہے کسی کو رسوا نہیں کرتے پس **اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا** سے مراد **اظهروا الایمان** ہے **هذا خلاصة ما فی الروح** پس اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کرم کا بیان ہے۔

الحواشی: (۱) یعنی جو صدقات آگے مذکور ہوں گے وہ عام ہوں فرض اور نفل کو ارتباط اس وقت ہوگا ورنہ اگر آیت لاحقہ میں صدقات فرض ہوں اور اوپر کی آیت میں جو صدقات مذکور ہیں یہ کسی دلیل سے ثابت نہیں کہ وہ فرض تھے تو ارتباط کیسے ہوگا ۱۲ منہ۔ (۲) اور دوسرا تیسرا حال وہ ہے جو ربط آئندہ میں مذکور ہے یعنی استہزاء اور تاویل لغو ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی اذن خیر وہی بات اشارة الی کون الاضافة بمعنی فی ای هو اذن فی الخیر ولیس باذن فی غیر ذلك ویدل علیه قراءة حمزة ورحمة فیما یاتی بالجر عطفا علی خیر فانه لا یحسن وصف الاذن بالرحمة ویحسن ان یقال اذن فی الخیر والرحمة كذا فی الروح ولا یشكل علیك فی قراءة الجر التقسیم[3] الذی جعلت فیه الاذن مقابلا للرحمة لان الاذن علی هذا یكون عاما فی قسمین قسم للتصدیق وقسم للرحمة فافهم ۱۲۔ ۲ قوله فی للمؤمنین مخلصین لاطلاق المقتضی للكمال ۱۲۔ ۳ قوله فی الذین امنوا اظہار كذا فسره الزمخشری وایده فی الروح باسناد الایمان الیهم بصیغة الفعل بعد نسبته الی المؤمنین المخلصین بصیغة الفاعل المبنی عن الرسوخ والاستمرار للایذان بان ایمانهم امر حادث ماله من قرار اه قلت وایضا یؤیده المقابلة وضمیر الخطاب لان المخاطب لمقول قل هم المنافقون لانهم هم المقصود دون بالجواب فافهم والتعبیر بالایمان عن اظهاره موافق لما سیاتی من قوله قد كفرتم بعد ایمانكم ۱۲۔ ۴ قوله فی یؤذون رسول الله خواه لان یقولون فیه احتمالان كونه تفسیرا لیؤذون وكونه مغایرا له ۱۲۔ ۵ قوله فی یحادد جیسا اشارة الی تفسیر المحادة بالكفر فان محادة المنافقین كانت كذلك ۱۲۔ ۶ قوله فی فان ٹھہر چکی اشارة الی تقدیر الكلام هكذا فحق له ان له نار جهنم ۱۲۔**

البلاغۃ: **اتی فی الاصناف الاربعة باللام وفی الباقیة بفی صرفا لعطف ابن السبیل علی الاقرب اما للتفنن واما لنكتة وهی ان الاربعة المتقدمة كونهم ملاكا اظهر من المتاخرة لان المتاخرة حاجتهم منخبرة والغالب صرفهم الیها فورًا فالمال الذی یصرف فی الرقاب**

www.besturdubooks.net

انما يتناوله السادة وكذلك الغارمون انما يصرف نصيبهم لارباب ديونهم تخليصا لهم وكذا فى سبيل الله وابن السبيل يصرفون فى العدة والزاد فوراً ۱۲۔ اذن جارحة معروفة اطلق على ذى الاذن مجازاً مرسلا للمبالغة ۱۲۔ (۳) هو فاعل ليشكل ۱۲منه۔

يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا
تَحْذَرُوْنَ ۝۶۴ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ
تَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۶۵ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةًۢ بِاَنَّهُمْ
كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝۶۶ اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ ع ۸
وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ؕ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ؕ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝۶۷ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ
وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝۶۸ كَالَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْۤا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ؕ فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ
كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْا ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۶۹ اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۙ وَقَوْمِ
اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ؕ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ
يَظْلِمُوْنَ ۝۷۰

منافق لوگ (طبعًا) اس سے اندیشہ کرتے ہیں کہ مسلمانوں پر کوئی ایسی سورت (مثلاً یا آیت) نازل نہ ہو جائے جو ان کو ان منافقین کے مافی الضمیر پر اطلاع دے دے آپ فرما دیجئے کہ اچھا استہزا کرتے رہو بیشک اللہ تعالیٰ اس چیز کو ظاہر کر کے رہے گا جس (کے اظہار) سے تم اندیشہ کرتے تھے اور اگر آپ ان سے پوچھے تو کہہ دیں گے کہ ہم تو محض مشغلہ اور خوش طبعی کر رہے تھے۔ آپ (ان سے) کہہ دیجئے گا کہ کیا اللہ کے ساتھ اور اس کی آیتوں کے ساتھ اور اس کے رسول کے ساتھ تم ہنسی کرتے تھے۔ تم اب (یہ بے ہودہ) عذر مت کرو۔ تم تو اپنے کو مؤمن کہہ کر کفر کرنے لگے۔ اگر ہم تم میں سے بعض کو چھوڑ بھی دیں تاہم بعض کو تو (ضرور ہی) سزا دیں گے۔ بسبب اس کے کہ وہ (علم ازلی میں) مجرم تھے منافق مرد اور منافق عورتیں سب ایک طرح کے ہیں کہ بری بات (یعنی کفر و مخالفت اسلام) کی تعلیم دیتے ہیں اور اچھی بات یعنی ایمان و اتباع نبوی) سے منع کرتے ہیں اور اپنے ہاتھوں کو بند رکھتے ہیں انہوں نے خدا کا خیال نہ کیا پس خدا نے ان کا خیال نہ کیا۔ بلاشبہ یہ منافق بڑے ہی سرکش ہیں اللہ تعالیٰ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور (علانیہ) کفر کرنے والوں سے دوزخ کی آگ کا عہد کر رکھا ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے وہ ان کے لئے (سزا) کافی ہے اور اللہ تعالیٰ ان کو اپنی رحمت سے دور کرے گا اور ان کو عذاب دائمی ہوگا (اے منافقو) تمہاری حالت ان لوگوں کی سی ہے جو تم سے پہلے ہو چکے ہیں۔ جو شدت قوت میں اور کثرت اموال و اولاد میں تم سے بھی زیادہ تھے تو انہوں نے اپنے (دنیوی) حصہ سے خوب فائدہ حاصل کیا۔ سو تم نے بھی اپنے (دنیوی) حصہ سے خوب فائدہ حاصل کیا جیسا کہ تم سے پہلے لوگوں نے اپنے حصہ سے فائدہ حاصل کیا تھا اور تم بھی بری باتوں میں ایسے ہی گھسے جیسا وہ لوگ گھسے تھے اور لوگوں کے اعمال (حسنہ) دنیا اور آخرت میں ضائع گئے اور وہ لوگ بڑے نقصان میں ہیں کیا ان لوگوں کو (ان کے عذاب و ہلاک کی) خبر نہیں پہنچی جو ان سے پہلے ہوئے ہیں جیسے قوم نوح اور عاد اور ثمود اور قوم ابراہیم علیہ السلام اور اہل مدین اور الٹی ہوئی بستیاں کہ ان کے پاس ان کے پیغمبر صاف نشانیاں (حق کی) لے کر آئے (لیکن نہ ماننے سے برباد ہوئے) سو (اس بربادی میں) اللہ تعالیٰ نے تو ان پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر بعض احوال مشترکہ کا بیان تھا ایک ان میں سے ان کا استہزاء اور پھر اس پر لغو تاویل کرنا ہے آگے اس کا بیان ہے جس کا قصہ یہ ہے کہ انہوں نے باہم بعضی ایسی باتیں کیں جس میں دین کے ساتھ استہزاء تھا اور پھر بدیں وجہ کہ اکثر ان کی مخفیات کی اطلاع آپ کو بذریعہ وحی ہو جاتی تھی طبعًا یہ خیال ہوا

www.besturdubooks.net

کہ کہیں یہ بھی ظاہر نہ ہو جاوے چنانچہ وہ ظاہر ہوگئی تو آپ نے بلا کر پوچھا اس وقت انہوں نے تاویل کی نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ۔

استہزاء واعتذار باطل منافقین ☆ يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ (الی قولہ تعالی) اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآىِٕفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآىِٕفَةًۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝ منافق لوگ (طبعاً) اس سے اندیشہ کرتے ہیں کہ مسلمانوں پر (بذریعہ وحی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) کوئی ایسی سورت (مثلاً یا آیت) نازل نہ ہو جاوے جو ان کو ان منافقین کے مافی الضمیر پر اطلاع دے دے (یعنی انہوں نے جو استہزاء کی باتیں خفیہ کی ہیں کہ مسلمانوں کے اعتبار سے وہ مثل اسرار مکنون فی القلب کے ہے ان کی خبر نہ ہو جاوے) آپ فرما دیجئے کہ اچھا تم استہزاء کرتے رہو (اس میں ان کے استہزاء پر مطلع ہو جانے کو جتلا دیا چنانچہ آگے خود ارشاد ہے کہ) بیشک اللہ تعالیٰ اس چیز کو ظاہر کر کے رہے گا جس کے (اظہار) سے تم اندیشہ کرتے تھے (چنانچہ استھزء وا میں ظاہر کر دیا کہ تم استہزاء کر رہے تھے) اور (ظاہر ہو جانے کے بعد) اگر آپ ان سے (استہزاء کی وجہ) پوچھئے تو کہہ دیں گے کہ ہم تو محض مشغلہ اور خوش طبعی کر رہے تھے (اس کلام کے حقیقی معنی مقصود نہ تھے محض جی خوش کرنے کو جس سے سفر آسانی سے قطع ہو جو کہ غرض صحیح ہے ایسی باتیں صرف زبانی کر رہے تھے) آپ (ان سے) کہہ دیجئے گا کہ کیا اللہ کے ساتھ اور اس کی آیتوں کے ساتھ اور اس کے رسول کے ساتھ تم ہنسی کرتے تھے (یعنی خواہ غرض کچھ بھی ہو مگر محل استہزاء تو دیکھو کہ کیسی چیزیں ہیں جن کے ساتھ استہزاء کسی غرض سے بھی درست نہیں تم اب (یہ بیہودہ) عذر مت کرو (مطلب یہ کہ یہ عذر مقبول نہیں اور اس عذر سے استہزاء جائز نہیں ہو جاتا) تم اپنے کو مؤمن کہہ کر کفر کرنے لگے (کیونکہ استہزاء بالدین مطلقاً کفر ہے گو دل میں تو پہلے بھی ایمان نہ تھا البتہ اگر کوئی دل سے توبہ کرے اور مؤمن مخلص بن جائے تو البتہ کفر اور عذاب کفر سے چھوٹ جاوے لیکن اس کی بھی سب کو توفیق نہ ہوگی ہاں بعض البتہ مسلمان ہو جاویں گے اور وہ معاف کر دیئے جاویں گے پس حاصل یہ ٹھہرا کہ) اگر ہم تم میں سے بعض کو چھوڑ بھی دیں (بوجہ اس کے کہ وہ مسلمان ہو جاویں گے) تاہم بعض کو تو (ضرور ہی) سزا دیں گے بسبب اس کے کہ وہ (علم ازلی میں) مجرم تھے (یعنی چونکہ وہ مسلمان نہ ہوں گے) **ف**: مسئلہ دین کے ساتھ قصداً استہزاء خواہ بد اعتقادی سے ہو یا بدوں بد اعتقادی کے ہو کفر ہے اور استهزاء بالله و آياته و رسوله باہم تینوں متلازم ہیں اور اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآىِٕفَةٍ کے مصداق میں مخشی بن حمیر کا ذکر روایات میں آیا ہے اور طائفہ کا اطلاق واحد پر بھی آتا ہے اس لئے کوئی اشکال نہیں کذا فی الروح۔

ربط: اوپر منافقین کے قبائح متعددہ مذکور ہوئے ہیں آگے ان کا باہم و نیز دوسرے کفار سابقین کے ساتھ قبائح میں متشابہ اور متماثل ہونا اور ان قبائح پر وعید اور امم سابق کے قصص کی طرف اشارہ کرنے سے اس وعید کی تاکید فرماتے ہیں۔

تشابہ فی الذم مع وعید منافقین ☆ اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ (الی قولہ تعالی) فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ منافق مرد اور منافق عورتیں سب ایک طرح کے ہیں کہ بری بات کی (یعنی کفر و مخالفتِ اسلام کی) تعلیم دیتے ہیں اور اچھی بات سے (یعنی ایمان اور اتباع نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے) منع کرتے ہیں اور (خدا کی راہ میں خرچ کرنے سے) اپنے ہاتھوں کو بند رکھتے ہیں انہوں نے خدا کا خیال نہ کیا (یعنی اطاعت نہ کی) پس خدا نے ان کا خیال نہ کیا (یعنی ان پر رحمت خاصہ نہ کی) بلاشبہ یہ منافق بڑے ہی سرکش ہیں اللہ تعالیٰ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور (علانیہ) کفر کرنے والوں سے دوزخ کی آگ کا عہد کر رکھا ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے وہ ان کے لئے (سزائے) کافی ہے اور اللہ تعالیٰ ان کو اپنی رحمت سے دور کر دے گا اور ان کو (حسب وعدۂ مذکور) عذاب دائمی ہوگا (اے منافقو) تمہاری حالت (کفر اور استحقاق جزائے کفر میں) ان لوگوں کی سی ہے جو تم سے پہلے (زمانہ میں) ہو چکے ہیں جو شدت قوت میں اور کثرتِ اموال و اولاد میں تم سے بھی زیادہ تھے تو انہوں نے اپنے (دنیوی) حصے سے خوب فائدہ حاصل کیا سو تم نے بھی اپنے (دنیوی) حصے سے خوب فائدہ حاصل کیا جیسا تم سے پہلے لوگوں نے اپنے (دنیوی) حصے سے فائدہ حاصل کیا تھا اور تم بھی بری باتوں میں ایسے ہی گھسے جیسا وہ لوگ (بری باتوں میں) گھسے تھے ان لوگوں کے اعمال (حسنہ) دنیا اور آخرت (سب) میں ضائع گئے (کہ دنیا میں ان اعمال پر بشارتِ ثواب نہیں اور آخرت میں ثواب نہیں) اور (اس حبط فی الدنیا والآخرۃ کی وجہ سے) وہ لوگ بڑے نقصان میں ہیں (کہ دارین میں مسرت اور راحت سے محروم ہیں پس اسی طرح تم ان کی طرح کفر کرتے ہو انہیں کی طرح خائب و خاسر ہو گے اور جیسا ان کے اموال و اولاد ان کے کام نہ آئے تم تو ان چیزوں میں ان سے کم ہو تمہارے بدرجہ اولیٰ کام نہ آویں گے یہ تو ضرر آخرت کی وعید ہوئی آگے احتمال ضرر دنیا کے ذکر سے متنبہ فرماتے ہیں کہ) کیا ان لوگوں کو ان (کے عذاب و ہلاک) کی خبر نہیں پہنچی جو ان سے پہلے ہوئی ہیں جیسے قوم نوح اور عاد اور ثمود اور قوم ابراہیم اور اہل مدین اور الٹی ہوئی بستیاں (یعنی قری قوم لوط) کہ ان کے پاس ان کے پیغمبر صاف نشانیاں (حق کی) لے کر آئے (لیکن نہ ماننے سے برباد ہوئے) سو (اس بربادی میں) اللہ تعالیٰ نے تو ان پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے (اسی طرح) ان منافقین کو بھی ڈرنا چاہئے)

ف: اور قوموں کے قصص تو پارہ وَلَوْ اَنَّنَا کے اخیر کے رکوعوں میں گذر چکے ہیں قوم ابراہیم علیہ السلام کا قصہ یہ ہے کہ نمرود کے دماغ میں مچھر گھس گیا تھا اور سر

www.besturdubooks.net

پر مار پڑنے سے کچھ سکون ہوتا تھا اور اس نے ایک عالیشان عمارت بنائی تھی اس کے گرنے سے اس قوم کے بہت لوگ دب کر مر گئے کذا فی الدر المنثور تفسیر سورة النحل آیت :قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ۔ [النحل : ٤٢]

ملحقات الترجمۃ : ۱؎ قوله في عليهم مسلمانوں نقله في الروح ولا يرد تفكيك الضمائر بعد قيام القرينة۱۲۔ ۲؎ قوله في سورة مثلاً زاده لان ما يحذر منه الاظهار سواء كانت بسورة او غيرها وكذلك الواقع۱۲۔ ۳؎ قوله في قلوبهم مثل اسرار ففي الكلام استعارة۱۲۔ ۴؎ قوله في استهزء وا مطلع ہوجانے کو هذا من المواهب۱۲۔ ۵؎ قوله في لا تعتذروا مقبول فهو كناية وهذا من المواهب۱۲۔ ۶؎ قوله في بعضهم من بعض ایک طرح اشارة الي ان من اتصالية۱۲۔ ۷؎ قوله في غذاب مقيم حسب وعدہ اشار به الي انه لا تكرار فيه لان المقصود كان في السابق هو الوعد وههنا الوقوع۱۲۔ ۸؎ قوله في كالذين تمہاری حالت اشار الي انه خبر لمبتدأ مقدر اى انتم كالذين۱۲۔ ۹؎ قوله في استمتعتم خوب لان الاستمتاع ابلغ من التمتع۱۲۔ ۱۰؎ قوله في حبطت في الدنيا بشارت وهو من المواهب۱۲۔ ۱۱؎ قوله بعد الخسرون بدرجہ اولیٰ اشارة الي فائدة ذكر كونهم اكثر اموالا واولادا۱۲۔ ۱۲؎ قوله في قوم نوح جیسے اشارة الي كونه بدلا۱۲۔ ۱۳؎ قوله في اخر الآية ڈرنا چاہئے اشار الي جواب سوال هو انه لم يقع العذاب بالمنافقين فكيف او عدوا بالنبأ والجواب ان المقصود بالايعاد ان يجوزوا ذلك۱۲۔

الروایات: عن مجاهد في قوله يحذر المنافقون يقولون القول فيما بينهم ثم يقولون عسى الله ان لا يفشي علينا هذا وعن قتادة قال بينما رسول الله صلى الله عليه وسلم في غزوته الي تبوك وبين يديه اناس من المنافقين فقالوا ايرجوا هذا الرجل ان يفتح له قصور الشام و حصونها هيهات هيهات فاطلع الله نبيه صلى الله عليه وسلم علىٰ ذلك فقال صلى الله عليه وسلم احبسوا على هؤلاء الركب فاتاهم فقال قلتم كذا قلتم كذا قالوا يا نبي الله انما كنا نخوض ونلعب وعن كعب بن مالك في قوله تعالىٰ ان نعف قال فكان الذى عفا الله عنه مخشي بن حمير فتسمي عبدالرحمن وسأل الله ان يقتل شهيدا فقتل باليمامة كذا في الدر المنثور قلت وبقول مجاهد يتأيد ما اخترت في تفسير ما في قلوبهم۱۲۔

اللغات: الخوض الدخول ثم صار اسما لكل دخول فيه تلويث واذاء۱۲۔

النحو : قوله كالذى خاضوا اى كالخوض الذى خاضوه فهو صفة مصدر محذوف۱۲۔

البلاغۃ : قوله ان نعف اورد عليه ان الشرط ليس بسبب للجزاء ولا ملزوم له فكيف معنى الشرطية واجيب بوجوه وعندى ان الجزاء مقدر والمعنى ان نعف عن طائفة منكم فهو لا يستلزم العفو عن الكل لانا نريد تعذيب طائفة وتعذيب طائفة ينافي العفو عن الكل فصح نفي الاستلزام والمقصود بمثل هذا التركيب الجزم والمبالغة في التعذيب اقتضاءً لمقام التوبيخ وهذا من المواهب۱۲۔ قوله المنافقت والتعرض لاحوال الاناث في الموضعين للايذان بكمال عراقتهم في الكفر والنفاق ولعله لم يذكر المنافقات في قوله ان المنافقين هم الفاسقون اكتفاء بقرب العهد قوله يامرون مقرر لمضمون ما قبله ولذا زدت في الترجمة كلمة کہ قوله فنسيهم فيه مشاكلة قوله هم الفاسقون المقصود بالحصر بيان كمالهم قوله وعد فيه تهكم قوله حسبهم المراد عظم عقابها لا نفي غيرها قوله فاستمتعوا ذم الاولين تمهيد الذم المخاطبين بمشابهتهم ولذا اختير الاطناب۱۲۔

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۷۲﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۷۳﴾

اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے (دینی) رفیق ہیں۔ نیک باتوں کی تعلیم دیتے ہیں اور بری باتوں سے منع کرتے ہیں اور نماز کی پابندی رکھتے

www.besturdubooks.net

ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کا کہنا مانتے ہیں۔ ان لوگوں پر ضرور اللہ تعالیٰ رحمت کرے گا۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ قدر (مطلق) ہے حکمت والا ہے اور اللہ تعالیٰ نے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں سے ایسے باغوں کا وعدہ کر رکھا ہے جن کے نیچے نہریں چلتی ہوں گی۔ جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور نفیس مکانوں کا جو کہ ان ہمیشگی کے باغوں میں ہونگے اور (ان سب نعمتوں کے ساتھ) اللہ تعالیٰ کی رضامندی سب (نعمتوں) سے بڑی چیز ہے۔ یہ (جزائے مذکور) بڑی کامیابی ہے۔ اے نبی کفار (سے بالسنان) اور منافقین سے (باللسان) جہاد کیجئے اور ان پر سختی کیجئے (دنیا میں تو) یہ اسکے مستحق ہیں اور (آخرت میں) انکا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بری جگہ ہے۔

تفسیر ربط: اوپر منافقین کے قبائح وفضائح مذکور تھے آگے زیادہ کشف مضمون کے لئے کہ **الاشياء تعرف باضدادها** اور تبشیر اضداد کے لئے مؤمنین کے بعض مدائح کا بیان ہے۔

مدح و بشارت مؤمنین ☆ وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ (الی قوله تعالی) ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے (دینی) رفیق ہیں نیک باتوں کی تعلیم دیتے اور بری باتوں سے منع کرتے ہیں اور نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کا کہنا مانتے ہیں ان لوگوں پر ضرور اللہ تعالیٰ رحمت کرے گا (جس کی تفصیل وَعَدَ اللّٰهُ میں عنقریب آتی ہے) بلاشبہ اللہ تعالیٰ قادر (مطلق) ہے (جزائے تام دے سکتا ہے) حکمت والا ہے (جزائے مناسب دیتا ہے اب اس رحمت کا بیان ہوتا ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں سے ایسے باغوں کا وعدہ کر رکھا ہے جن کے نیچے سے نہریں چلتی ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور نفیس مکانوں کا (وعدہ کر رکھا ہے) جو کہ ان ہمیشگی کے باغوں میں ہوں گے اور (ان سب نعمتوں کے ساتھ) اللہ تعالیٰ کی رضامندی (جو اہل جنت سے ہمیشہ ہمیشہ رہے گی ان) سب (نعمتوں) سے بڑی چیز ہے یہ (جزائے مذکور) بڑی کامیابی ہے۔

ربط: اوپر ذکر مؤمنین سے پہلے منافقین کا ذکر تھا آگے پھر ان ہی کا خاص طور پر ذکر ہے کہ مضامین مذکورہ پر تفریع کے طور پر ان سے اور ان کے ساتھ کفار سے مجاہدہ بالسنان اور باللسان کا حکم ہے اور ان کے جہنمی ہونے کی خبر ہے اور اس کے بعد اور مضامین مثل مضامین مذکورہ کے بتائید و تعلیل مجموعہ تفریع کے مذکور ہیں۔

امر بجہاد کفار و منافقین ☆ يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۚ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کفار (سے بالسنان) اور منافقین سے (باللسان) جہاد کیجئے اور ان پر سختی کیجئے (دنیا میں تو یہ اس کے مستحق ہیں) اور (آخرت میں) ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بری جگہ ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قوله تعالیٰ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ روح میں اس کی دلیل یہ بیان کی ہے کہ خود جنت میں جانے اور ہر قسم کی سعادت و کرامت پانے کا مبداء یہی رضا ہے نیز عشاق کا غایۃ مقصود یہی رضا ہے اھ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله في اولياء دينی لاشارة الى عدم لزوم المودة الطبعية فيما بين الذكور والاناث ۱۲۔ ۲ قوله في جاهد باللسان فلا يرد ان ظاهره يقتضى مقاتلة المنافقين وهو خلاف الواقع ۱۲۔**

البلاغۃ: **قوله اولياء تغيير الاسلوب للاشارة الى تناصرهم وتعاضدهم بخلاف اولئك قوله يامرون** الخ **يامرون وينهون مقابل ليامرون وينهون ويقيمون مقابل نسوا الله ويوتون مقابل ليقبضون ويطيعون مقابل لقوله الفاسقون وسيرحمهم مقابل لقوله نسيهم ورضوان مقابل لقوله لعنهم الله قوله عدن ليس فيه تكرار لقوله خلدين لان المقصود بيان حالهم في مقامهم وبيان حال الدار في مقام آخر قوله رضوان فيه من المبالغة ما ليس في الرضا ولعل عدم نظم هذا الرضوان في سلك الوعد على طرز ما تقدم لاستمراره في الدارين ۱۲۔**

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ؕ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْۤا اِلَّاۤ

اَنْ اَغْنٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ فِى

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِى الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ

لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ فَلَمَّاۤ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ فَاَعْقَبَهُمْ

نِفَاقًا فِىْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَاۤ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝ اَلَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ

www.besturdubooks.net

يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ۭ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ۡ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

وہ لوگ قسمیں کھا جاتے ہیں کہ ہم نے فلاں بات نہیں کہی حالانکہ یقیناً انہوں نے کفر کی بات کہی تھی اور (وہ بات کہہ کر) اپنے اسلام (ظاہری) کے بعد (ظاہر میں بھی) کافر ہو گئے اور انہوں نے ایسی بات کا ارادہ کیا تھا۔ جوان کے ہاتھ نہ لگی اور یہ انہوں نے صرف اس بات کا بدلہ دیا ہے کہ ان کو اللہ نے اور اس کے رسول ﷺ نے رزق خداوندی سے مالدار کر دیا۔ سو اگر (اس کے بعد بھی) توبہ کریں تو ان کے لئے (دونوں جہان میں) بہتر ہو گا اور اگر روگردانی کی تو اللہ تعالیٰ ان کو دنیا اور آخرت میں دردناک سزا دے گا اور ان کا دنیا میں نہ کوئی یار ہے نہ مددگار اور ان (منافقین) میں بعض آدمی ایسے ہیں کہ خدا تعالیٰ سے عہد کرتے ہیں کہ اگر اللہ ہم کو اپنے فضل سے (بہت سا مال) عطا فرمائے تو ہم خوب خیرات کریں اور ہم (اس کے ذریعے سے) خوب نیک کام کیا کریں۔ سو جب اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل سے (بہت سا) دے دیا۔ تو وہ اس میں بخل کرنے لگے (کہ زکوٰۃ نہ دی اور اطاعت سے روگردانی کرنے لگے اور وہ تو روگردانی کے (پہلے ہی سے) عادی ہیں۔ سو اللہ تعالیٰ نے ان کی سزا میں ان کے دلوں میں نفاق (قائم) کر دیا۔ جو خدا کے پاس جانے کے دن تک رہے گا اس سبب سے کہ وہ (اس وعدہ میں شروع ہی سے) جھوٹ بولتے تھے۔ کیا ان کو یہ خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ کو انکے دل کا راز اور انکی سرگوشی سب معلوم ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ تمام غیب کی باتوں کو خوب جانتا ہے یہ (منافقین) ایسے ہیں کہ نفل صدقہ دینے والے مسلمانوں پر صدقات کے بارے میں طعن کرتے ہیں اور (خصوصاً) ان لوگوں پر (اور زیادہ) جن کو بجز محنت و مزدوری (کی آمدنی) کے اور کچھ میسر نہیں ہوتا۔ یعنی ان سے تمسخر کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کو اس تمسخر کا (تو خاص) بدلہ دے گا اور (مطلق طعن کا یہ بدلہ ملے ہی گا کہ) ان کیلئے دردناک (آخرت میں) سزا ہو گی۔ ۞

تفسیر: ربط: ابھی آیت بالا کی تمہید میں گذر چکا۔

تائید امر جہاد و تاکید مضامین سابقہ بیان بعضے احوال منافقین ☆ اس کے متعلق مختصر اقصہ یہ ہے کہ تبوک سے واپسی میں چند منافقین نے کہ تعداد ان کی بارہ تک منقول ہے ایک شب کو صلاح کی کہ فلاں گھاٹی میں آپ کی سواری گزرے گی سب مل کر آپ کو دھکیل دیں پھر قتل کر دیں غرض سب اپنا منہ لپیٹ کر جمع ہو کر دفعۃً اس موقع پر آ پہنچے مگر آپ نے دیکھ کر ڈانٹا اور حضرت حذیفہؓ و حضرت عمارؓ ساتھ تھے انہوں نے ہٹایا مگر پہچانے نہیں گئے آپ کو وحی سے معلوم ہوا آپ نے منزل پر پہنچ کر ان لوگوں کو بلا کر پوچھا کہ تم نے ایسا ایسا مشورہ کیا تھا اور ایسا ارادہ کیا تھا وہ سب قسمیں کھا گئے کہ نہ مشورہ ہوا نہ ارادہ ہوا ان میں سے بعض کے ساتھ آپ نے خاص طور پر مالی اعانت بھی فرمائی تھی جیسے جلاس بروزن غراب کہ آپ نے اس کا ایک بڑا قرضہ ادا کیا تھا اور ویسے بھی آپ کی تشریف آوری کے قبل اکثر محتاج تھے پھر غنائم کی کثرت ہوئی تو ان کو بھی ظاہری میل جول کی وجہ سے کچھ نہ کچھ ملتا ہی رہتا تھا جیسا لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا [التوبة : ٤٢] سے بھی مفہوم ہوتا ہے اس قصہ میں یہ آیت نازل ہوئی اور اس کے نازل ہونے کے بعد جلاسؓ نے صدق و اخلاص سے اسلام قبول کیا کذا فی الدر المنثور الحدیث الغنائم فانہ من الروح عن الکلبی اور درمنثور میں اسباب نزول اور قصے بھی نقل کئے ہیں اسی طرح هَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا اور اَغْنٰىهُمُ کی تفسیر میں بھی دوسرے اقوال نقل کئے ہیں۔

آیت و تفسیر ☆ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا (الی قوله تعالی) وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ وہ لوگ قسمیں کھا جاتے ہیں کہ ہم نے فلانی بات (مثلاً یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دیں) نہیں کہی حالانکہ یقیناً انہوں نے کفر کی بات کہی تھی (کیونکہ آپ کے قتل کے باب میں گفتگو کرنے کا کفر ہونا ظاہر ہے) اور (وہ بات کہہ کر) اپنے اسلام (ظاہری) کے بعد (ظاہر میں بھی) کافر ہو گئے (گو اپنے ہی مجمع میں سہی جس کی خبر مسلمانوں کو بھی ہو گئی اور اس سے عام طور پر کفر کھل گیا) اور انہوں نے ایسی بات کا ارادہ کیا جو ان کے ہاتھ نہ لگی (کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنا مگر ناکام رہے) اور یہ انہوں نے صرف اس بات کا بدلہ دیا ہے کہ ان کو اللہ نے اور اس کے رسول نے رزق خداوندی سے مالدار کر دیا (اس احسان کا بدلہ ان کے نزدیک یہی ہو گا کہ برائی کریں سو اگر (اس کے بعد بھی) توبہ کریں تو ان کے لئے (دونوں جہان میں) بہتر (اور نافع) ہو گا (چنانچہ جلاسؓ کو توبہ کی توفیق ہو گئی) اور اگر (توبہ سے) روگردانی کی (اور کفر و نفاق ہی پر جمے رہے) تو اللہ تعالیٰ ان کو دنیا اور آخرت (دونوں جگہ) میں دردناک سزا دے گا (چنانچہ عمر بھر بدنام اور پریشان اور خائف رہنا اور مرتے وقت مصیبت کا مشاہدہ کرنا یہ دنیوی عذاب ہے اور آخرت میں دوزخ میں جانا ظاہر ہی ہے) اور ان کا دنیا میں نہ کوئی یار ہے اور نہ مددگار (کہ عذاب سے بچا لے اور جب دنیا ہی میں کوئی مددگار نہیں جہاں اکثر مدد ہو جاتی ہے تو آخرت میں تو بدرجۂ اولیٰ منفی ہو گا۔ ف: مَا نَقَمُوْٓا الخ ایسا ہے جیسا ہماری بول چال میں کہتے ہیں کہ مجھ سے یہ خطا تو ہو گئی تھی کہ وقت پر اس کے کام آ گیا تھا اس کو تاکید الشیئ بخلافه کہا کرتے ہیں۔ ربط: اوپر تمہید آیت وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ میں گذر چکا۔

www.besturdubooks.net

بعض احوال خاصہ بعضے منافقین ☆ اس کا مختصر قصہ یہ ہے کہ ثعلبہ بن حاطب نامی ایک شخص نے آپ سے کثرتِ مال کی دعا کرائی آپ نے سمجھا کہ مصلحت نہیں اس نے کہا کہ میں نیک کاموں میں صرف کیا کروں گا۔ غرض آپ کی دعا سے وہ مالدار ہو گیا جب زکوٰۃ کا وقت آیا تو کہنے لگا کہ اس میں اور جزیہ میں کیا فرق ہے اور زکوٰۃ نہ دی اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

آیت و تفسیر: وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ (الی قولہ تعالی) اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ۝ اور ان (منافقین) میں بعضے آدمی ایسے ہیں کہ خدا تعالیٰ سے عہد کرتے ہیں (کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عہد کرنا اور خدا سے عہد کرنا برابر ہے اور وہ عہد یہ تھا کہ) اگر اللہ تعالیٰ ہم کو اپنے فضل سے (بہت سا مال) عطا فرما دے تو ہم (اس میں سے) خوب خیرات کریں اور ہم (اس کے ذریعہ سے) خوب نیک نیک کام کیا کریں سو جب اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل سے (بہت سا) دے دیا تو اس میں بخل کرنے لگے (کہ زکوٰۃ نہ دی) اور (اطاعت سے) روگردانی کرنے لگے اور وہ تو روگردانی کے (پہلے ہی سے) عادی ہیں سو اللہ تعالیٰ نے ان (کے اس فعل) کی سزا میں ان کے دلوں میں نفاق (قائم) کر دیا جو خدا کے پاس جانے کے دن تک (یعنی دم مرگ تک) رہے گا اس سبب سے کہ انہوں نے خدا تعالیٰ سے اپنے وعدہ میں خلاف کیا اور اس سبب سے کہ وہ (اس وعدہ میں شروع ہی میں) جھوٹ بولتے تھے (یعنی نیت ایفاء کی اس وقت بھی نہ تھی پس نفاق تو اس وقت بھی دل میں تھا جس کی فرع یہ کذب و اخلاف ہے پھر اس کذب و اخلاف کے وقوع سے اور زیادہ مستحق غضب ہوئے اور اس زیادہ غضب کا اثر یہ ہوا کہ وہ نفاق سابق اب دائم اور غیر زائل ہو گیا کہ توبہ بھی نصیب نہ ہو گی اسی حالت پر مر کر ابدالآباد جہنم میں رہنا نصیب ہو گا اور باوجود کفر مضمر کے جو اسلام اور طاعت کا اظہار کرتے ہیں تو) کیا ان (منافقین) کو یہ خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ کو ان کے دل کا راز اور ان کی سرگوشی سب معلوم ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ تمام غیب کی باتوں کو خوب جانتے ہیں (اور اس لئے وہ ظاہری اسلام اور اطاعت ان کے کام نہیں آ سکتا بالخصوص آخرت میں پس سزائے جہنم ضروری ہے)۔ **ف**: باوجودیکہ صاحب قصہ ایک شخص ہے پھر اٰتٰهُمْ وغیرہ میں جمع کی ضمیر اس لئے لائی گئی کہ دوسرے منافقین بھی من وجہ اس میں شریک تھے چنانچہ دیکھا جاتا ہے کہ دوسرے ہم مشربوں کو مال سے بھی نفع ہوتا ہے اور ایسے احوال و اقوال کو بھی وہ پسند کیا کرتے ہیں اور اَعْقَبَهُمْ الخ سے معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح طاعات سے ایمان کی نورانیت بڑھتی ہے اسی طرح معاصی سے کفر کی ظلمت بھی بڑھتی ہے پس کذب و اخلاف سے کفر سابق میں کہ هُمْ مُّعْرِضُوْنَ بھی اس کی طرف مشیر ہے یہ اشتداد ہو گیا کہ دم مرگ تک امتداد ہو گیا جس کے لئے جہنم لازم ہے پس اصل سزا خلود فی النار ہے تتمہ قصہ یہ ہے کہ ان آیتوں کے نازل ہونے کی خبر سن کر زکوٰۃ لے کر حضور کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو تیری زکوٰۃ لینے سے منع فرما دیا ہے اس نے بہت ہائے واویلا کی پھر حضرت صدیق اکبرؓ کے خلافت میں زکوٰۃ لایا آپؓ نے بھی قبول نہ کی اسی طرح حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ نے بھی قبول نہ کی یہاں تک کہ حضرت عثمان کے زمانہ میں وہ مر گیا **كذا في الروح عن الطبراني و دلائل البيهقي برواية ابي امامة الباهلي**۔ احقر کہتا ہے کہ اس کا زکوٰۃ لانا اور نہ لینے پر واویلا کرنا خلوص سے نہ تھا بلکہ دفع عار و بدنامی کے لئے تھا کیونکہ اَعْقَبَهُمْ الخ سے اس کا دائماً کافر رہنا معلوم ہو گیا پھر خلوص کا احتمال کب ہے اور شاید ممانعت قبول سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یہی ہو اس طرح کہ قبول صدقہ کے لئے ایمان شرط ہے اور شرط کا انتفاء منصوص ہے پس مشروط بھی منفی عنہ ہو گا اور عجب نہیں کہ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا میں اسی کا ارشارہ ہو کہ یہ شخص جو زکوٰۃ لایا ہے تو کیا اس کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ دل کا حال جانتا ہے جب دل میں ایمان نہیں تو کیسے قبول کیا جاوے گا اور چونکہ کسی جگہ منقول نہیں کہ پھر اس شخص نے مساکین کو خود زکوٰۃ دے دی ہو اس سے ظاہراً تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ نہیں دی یہ بھی ایک قرینہ ہے عدم خلوص کا ورنہ خود بھی تو دے سکتا تھا اور ممکن ہے کہ اس میں مستقل وحی بھی نازل ہوئی ہو اور خلفائے راشدینؓ کا قبول نہ کرنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قبول نہ فرمانے کی وجہ سے تھا اور اَعْقَبَهُمْ سے استدلال کی صورت میں ضمیر جمع کا ظاہراً مقتضا یہ ہے کہ اور منافقین کے ساتھ بھی یہ معاملہ کیا جاتا مگر ممکن ہے کہ اوروں کی تعیین نہ ہوئی ہو اس لئے ایسا برتاؤ نہ کیا گیا ہو یا اس حکم میں اس شخص کی خصوصیت بوجہ بانی و بادی ہونے کے ہو جیسا کہ بعض احکام مخصوص بھی ہو جایا کرتے تھے اور اب چونکہ کسی کا کفر مضمر متیقن نہیں اس لئے اب مظہر اسلام سے مسلم کا سا معاملہ کیا جاوے گا۔ ربط: اوپر بعض احوال مختصہ کا بیان تھا آگے پھر بعض احوال مشترکہ کا بیان ہے جیسا پہلے سے اسی طرح سلسلہ چلا آتا ہے۔

بعض دیگر احوال مشترکہ منافقین ☆ اس کے قصہ متعلقہ کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک بار آپ ﷺ نے صدقہ کی ترغیب دی تو ایک صحابیؓ بہت سا مال لے آئے منافقین نے کہا یہ ریاکار ہے دوسرے صحابی غریب تھے بہت قلیل لائے منافقین نے کہا کہ یہ میاں اس واسطے لائے ہیں کہ میرا بھی نام ہو جاوے اس پر آیت نازل ہوئی۔ **كذا في الدر عن البخاري وغيره**۔

آیت و تفسیر ☆ اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ (الی قولہ تعالی) وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ۝ یہ (منافقین) ایسے ہیں کہ نفل صدقہ دینے والے مسلمانوں پر صدقات کے بارے میں طعن کرتے ہیں اور (خصوص) ان لوگوں پر (اور زیادہ) جن کو بجز محنت و مزدوری (کی آمدنی) کے اور کچھ میسر نہیں ہوتا (اور وہ بیچارے

www.besturdubooks.net

اس میں سے ہمت کر کے حاضر کر دیتے ہیں ان پر زیادہ طعن کرتے ہیں) یعنی ان سے تمسخر کرتے ہیں (یعنی مطلق طعن تو سب پر کرتے ہیں اور ان غریبوں سے تمسخر بھی کرتے ہیں) اللہ تعالیٰ ان کو اس تمسخر کا (تو خاص) بدلہ دے گا اور (ویسے مطلق طعن کا یہ بدلہ ملے ہی گا کہ) ان کے لئے (آخرت میں) دردناک سزا ہو گی۔ **ف**: تمسخر سے چونکہ زیادہ دل دکھتا ہے اس لئے اس کا ذکر وقوع اور جزاء دونوں میں خصوصیت کے ساتھ کیا گیا واللہ اعلم اور یہاں نفل کی تخصیص باعتبار واقعہ کے ہے ورنہ لمز و تمسخر اگر غیر نفل میں ہو تب بھی یہی سزا ہے بلکہ اولویت کے درجہ میں کیونکہ فرض افضل ہے نفل سے واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ۝ روح میں ہے یہ اشارہ ہے ان لوگوں کی حالت کی طرف جن میں ذوقِ محبت تو ہے نہیں اور اپنے نفوس کے لئے بعض مقامات کو حاصل سمجھ جاتے ہیں پھر امتحان کے موقع میں پورے نہیں اترتے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ یہی حال منکرین اولیاء کا ہے کہ ان کے ہر عمل اور ہر حال پر عیب گیری کرتے ہیں خواہ بڑے درجہ کا ہو یا چھوٹے درجہ کا ہو۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله** في الارض دنیا والتعبیر بذلك للتعمیم ای فی جمیع بقاعها وسائر اقطارها ۱۲۔ ۲؎ **قوله** فی ولی جب دنیا ہی میں اشار الی ان تخصیص الدنیا لانه لا ولی ولا نصیر لهم فی الآخرة قطعا فلا حاجة الی نفیه ۱۲۔ ۳؎ **قوله** من فضله بہت سا مال یحتمل توجیهین احدهما ان یقدر المفعول وتکون من علیة والآخر ان یکون الفضل بمعنی المال الزائد مفعولا وتکون من زائدة ۱۲۔ ۴؎ **قوله** فی الذین یہ ایسے میں اشارة الی ان المبتدأ مقدر هو هم ۱۲۔ ۵؎ **قوله** فی فیسخرون یعنی اشارة الی ان الفاء تفسیریة لان لمز الذین لا یجدون مفسر بالسخریة ۱۲۔

اللغات: قوله النقمة فی القاموس المكافاة بالعقوبة ۱۲۔ فاعقبهم جعل الله تعالیٰ عاقبة فعلهم ذلك كذا فی الروح قلت وترجمتی اخذ بالحاصل ۱۲۔

النحو: والذین لا یجدون معطوف علی المطوعین عطف خاص علی عام والضمیر فی سخر الله منهم كما فی الروح الی الفریق الاخیر والكل واضح من ترجمتی وفی الصدقات متعلق بیلمزون ۱۲۔

اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ
ع ۸ / ۱۶ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۸۰ فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْۤا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ؕ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ؕ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ۝۸۱ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا
كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝۸۲ فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّلَنْ
تُقَاتِلُوْا مَعِيَ عَدُوًّا ؕ اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ۝۸۳

اُن کیلئے تو استغفار کر یا نہ کر اگر تو ستر مرتبہ بھی ان کے لئے استغفار کرے تو بھی اللہ تعالیٰ انہیں ہرگز نہ بخشے گا۔ یہ اسلئے کہ انہوں نے اللہ سے اور اس کے رسولوں سے کفر کیا ہے اور اللہ تعالیٰ ایسے فاسق لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا پیچھے رہ جانے والے لوگ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے خلاف اپنے بیٹھے رہنے پر خوش ہیں۔ یہ راہ خدا میں اپنے مال اور جانوں سے جہاد کرنا ناپسند رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہہ دیا کہ اس گرمی میں مت نکلو۔ تو کہہ دے کہ دوزخ کی آگ بہت ہی سخت گرم ہے۔ کاش کہ وہ سمجھتے ہوتے۔ پس انہیں بہت کم ہنسنا چاہئے اور بہت زیادہ روئیں۔ بدلہ میں اس کے جو یہ کیا کرتے تھے پس اگر اللہ تعالیٰ تجھے ان کی کسی جماعت کی طرف لوٹا کر واپس لے آئے پھر یہ تجھ سے میدان جنگ میں نکلنے کی اجازت طلب کریں تو تو کہہ دے کہ تم میرے ساتھ ہرگز چل نہیں سکتے ہو اور نہ میرے ساتھ تم دشمنوں سے لڑائی کر سکتے ہو تم نے پہلی مرتبہ ہی بیٹھ رہنے کو پسند کیا تھا۔ پس تم پیچھے رہ جانے والوں میں ہی بیٹھے رہو۔

تفسیر ربط: اوپر منافقین کے لئے عذاب الیم کا اثبات ہے آگے اس اثبات کی تاکید ہے کہ یہ عذاب نبی کی دعا و استغفار سے بھی باوجود اس کے اعظم وسائل ہونے کے نہیں ٹل سکتا بوجہ فقدان اصل شرط یعنی ایمان کے۔

عدم نفع استغفار نبی مر منافقین را ☆ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ۝ آپ خواہ ان (منافقین)

www.besturdubooks.net

کے لئے استغفار کریں یا ان کے لئے استغفار نہ کریں (عدم نفع میں دونوں برابر ہیں لقولہ تعالیٰ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ الخ آگے اس عدم نفع کا بیان ہے جس میں دونوں برابر ہیں یعنی) اگر آپ ان کے لئے ستر بار (یعنی بکثرت) بھی استغفار کریں گے تب بھی اللہ تعالیٰ ان کو نہ بخشے گا (اور) یہ (نہ بخشنا) اس وجہ سے ہے کہ انہوں نے اللہ اور رسول کے ساتھ کفر کیا اور اللہ تعالیٰ ایسے سرکش لوگوں کو (جو کہ کبھی ایمان اور حق کی طلب ہی نہ کریں) ہدایت نہیں (کیا) کرتا (اس وجہ سے یہ عمر بھر کفر ہی پر قائم رہے اور اسی پر ختم ہو گئے)۔ ف: اس آیت کے متعلق ان شاء اللہ تعالیٰ کچھ مضمون عنقریب آیت وَلَا تُصَلِّ کی تفسیر میں آتا ہے ملاحظہ کر لیجئے۔ ربط: اوپر سے منافقین کا ذکر چلا آتا ہے آگے ان میں سے بالخصوص متخلفین کے متعلق بعض مضامین مذکور ہیں۔

بعضے از حال و مآل متخلفین ☆ فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ۝ یہ پیچھے رہ جانے والے خوش ہو گئے رسول اللہ (ﷺ) کے (جانے کے) بعد اپنے بیٹھے رہنے پر اور ان کو اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان کے ساتھ جہاد کرنا ناگوار ہوا (دو وجہ سے اول کفر (دوسرے آرام طلبی) اور (دوسروں کو بھی) کہنے لگے کہ تم (ایسی تیز) گرمی میں (گھر سے) مت نکلو آپ (جواب میں) کہہ دیجئے کہ جہنم کی آگ (اس سے بھی) زیادہ (تیز اور) گرم ہے (سو تعجب ہے کہ اس گرمی سے تو بچتے ہو اور جہنم میں جانے کا خود سامان کر رہے ہو کہ کفر و مخالفت کو نہیں چھوڑتے) کیا خوب ہوتا اگر وہ سمجھتے سو (ان امور مذکورہ کا نتیجہ یہ ہے کہ دنیا میں) تھوڑے دنوں ہنس (کھیل لیں) اور (پھر آخرت میں) بہت دنوں (یعنی ہمیشہ) روتے رہیں (یعنی ہنسنا تھوڑے دنوں کا ہے پھر رونا ہمیشہ ہمیشہ) ان کاموں کے بدلہ میں جو کچھ (کفر و نفاق و خلاف وغیرہ) کیا کرتے تھے (جب ان کا حال معلوم ہو گیا) تو اگر خدا تعالیٰ آپ کو (اس سفر سے مدینہ کو صحیح و سالم) ان کے کسی گروہ کی طرف واپس لائے (گروہ اس لئے کہا کہ ممکن ہے بعضے اس وقت تک مر جاویں کوئی کہیں چلا جاوے اور) پھر یہ لوگ (براہِ خوشامد و دفع الزام سابق کسی جہاد میں آپ کے ساتھ) چلنے کی اجازت مانگیں (اور دل میں اس وقت بھی یہی ہوگا کہ عین وقت پر کچھ بہانہ کر دیں گے) تو آپ یوں کہہ دیجئے کہ (اگر چہ اس وقت دنیا سازی کے طور پر باتیں بنا رہے ہو لیکن اللہ تعالیٰ نے تمہارا مافی الضمیر بتلا دیا ہے اس لئے نہایت وثوق سے کہتا ہوں کہ) تم کبھی بھی میرے ساتھ (جہاد میں) نہ چلو گے اور نہ میرے ہمراہ ہو کر کسی دشمن (دین) سے لڑو گے (جو کہ اصلی مقصود ہے چلنے سے کیونکہ) تم نے پہلے بھی بیٹھے رہنے کو پسند کیا تھا (اور اب بھی عزم وہی ہے) تو (خواہ مخواہ) جھوٹی باتیں کیوں بناتے ہو بلکہ مثل سابق اب بھی) ان لوگوں کے ساتھ بیٹھے رہو جو (واقعی) پیچھے رہ جانے کے لائق ہی ہیں (بوجہ عذر کے جیسے بوڑھے اور بچے اور عورتیں) ف: قَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ مسلمان کو بھی بہکاتے ہوں گو ان کے کہنے کا اثر نہ ہوا ہو دوسرے یہ کہ اپنے ہم مشربوں سے کہتے ہوں گو کہنے کی حاجت نہ ہو لیکن مقصود اس سے اظہار توافق اور فرح و سرور اپنی رائے پر ہوتا ہے اور فَلْيَضْحَكُوْا گو صیغہ امر کا ہے مگر مراد اس سے خبر ہے اور مقصود مرتب کرنا مجموعہ کا ہے پس یہ شبہ نہ رہا کہ بکاء کا تو جزاءِ اعمال ہونا صحیح ہے مگر ضحک کے جزاء ہونے کے کیا معنی۔

ربط: اوپر ان کے ساتھ ان کی حالت حیات میں برتاؤ کا ذکر تھا آگے ان کے مرنے کے بعد ان کے ساتھ برتاؤ کا بیان ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ روح میں ہے یہ منافقین کی حالت کے مشابہ ان اہل بطلان کا حال ہے جو سالکین کو سلوک سے اس طرح روکتے ہیں کہ شدائد سلوک کو اور لذائذ دنیویہ کے فوت ہونے کو بیان کرتے ہیں قولہ تعالیٰ: فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ۔ بعض نے اس کو امر کا صیغہ سمجھا پھر اس بنا پر شیوخ سے شکایت کی جاتی ہے کہ ہم کو رونا نہیں آتا حالانکہ اس آیت میں مراد خبر بصورت انشاء ہے یعنی قیامت میں ان کو ہنسنا نصیب نہ ہوگا رونا ہی پڑے گا قرینہ اس کا جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ہے اور بکاء اگر محبت یا خشیت سے ہو محمود ضرور ہے لیکن محمود ہونا مامور بہ ہونے کو مستلزم نہیں اس لئے کہ امر خاص ہے اختیاری کے ساتھ اور بکاء غیر اختیاری ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في استغفر برابر وهذا كقوله تعالى سواء عليهم ء انذرتهم ام لم تنذرهم لا يؤمنون ۱۲ ۲ قوله في المخلفون یہ اشارة الى ان اللام للعهد فخرج من تخلف لا بالنفاق ۱۲ ۳ قوله في يضحكوا کھیل اشارة الى ان المراد بالضحك هو الفرح ۱۲ ۴ قوله في كثيرا دنوں الى انه ظرف بمعنى زمانا كثيرا ۱۲ ۵ قوله في جزاء بدلہ اشارة الى كونه مفعولا له لمجموع يضحكوا ويبكوا ۱۲۔ ۶ قوله في للخروج آپ کے ساتھ والقرينة عليه قوله معى بعده ۱۲ ۷ قوله في قوله لن تقاتلوا المقصود اشار الى فائدة زيادة لن تقاتلوا قوله هناك نہ لڑو گے لم احمله على النهي كغيرى ترجيحا للحقيقة على المجاز اذا صحت وقد صحت كما قررت وهذا من المواهب ۱۲۔

فائدہ: وقد ذكر استاذى و مولائى محمد يعقوب عليه رحمة الله علام الغيوب فى وجه حكمة صلاته صلى الله عليه وسلم عليه حكمة اخرى ولا غرو فى تضمن فعله صلى الله عليه وسلم حكما كثيرة وهى انه صلى الله عليه وسلم بهذا الفعل كشف القناع عن وجه شرع عظيم وهو انه لا ينفع شيء من التوسلات والتبركات بدون الايمان الا ترون انى امام والصحابة مقتدون فصلوا جميعا

www.besturdubooks.net

علی جنازته واستغفروا له وکفن فی قمیصی ودخل جوفه ریقی ومع ذلك کله هو فی الدرك الاسفل من النار فلا یغتر احد بکونه ذا نسبته من مبارك او مقبول کما هو من هوساث الجهلاء الذین یسلکون انفسهم فی محبی الاولیاء ومعتقدیهم وانی لهم ذلك انتهی بمعناه ۱۲۔

اللغات: المقعد القعود الخلاف بمعنی خلف ظرف عامله مقعد رجع متعد ههنا وقد یجئ لازما کما فی رجعتم الیهم ۱۲۔

البلاغۃ: قوله المخلفون لم یقل المتخلفون اشارة الی کونهم بالغین فی التخلف کانهم مسخرون فی ایدی الشیطان بحیث اقعدهم فقعدوا کالمجبور فافهم ۱۲۔

وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝۸۴
وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِى الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۝۸۵ وَاِذَآ
اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ
الْقٰعِدِيْنَ ۝۸۶ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝۸۷ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ؗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۸۸
اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۸۹ ع ۱۱

ان میں سے کوئی مر جائے تو تو اس کے جنازے کی ہرگز نماز نہ پڑھنا اور نہ اس کی قبر پر کھڑا ہونا۔ یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے منکر ہو گئے اور مرتے دم تک بدکار بے اطاعت رہے اور ان کے مال اولاد سے کچھ بھی تعجب نہ کر اللہ تعالیٰ چاہتا یہی ہے کہ انہیں ان چیزوں سے دنیوی سزا دے اور یہ اپنی جانیں نکلنے تک کافر ہی رہیں جب کوئی سورت اتاری جاتی ہے کہ اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ مل کر جہاد کرو تو ان میں سے دولتمندوں کا ایک طبقہ تیرے پاس آ کر یہ کہہ کر رخصت لے لیتا ہے کہ ہمیں تو بیٹھے رہنے والوں میں ہی چھوڑ دیجئے۔ یہ تو پردہ نشین عورتوں کا ساتھ دینے پر راضی ہو گئے اور ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی اب وہ کچھ سمجھ عقل نہیں رکھتے لیکن خود رسول اور اس کے ساتھ کے ایمان دار اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرتے رہتے ہیں اور یہی لوگ خوبیوں والے ہیں اور یہی لوگ کامیابی حاصل کرنے والے ہیں۔ انہی کے لئے اللہ تعالیٰ نے وہ جنتیں تیار کی ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں جن میں یہ ہمیشہ رہنے والے ہیں یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔

تفسیر: معاملہ با منافقین بعد موت ایشاں ☆ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ (الی قولہ تعالی) وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝ اور ان میں کوئی مر جاوے تو اس (کے جنازہ) پر کبھی نماز نہ پڑھئے اور نہ (دفن وغیرہ کے واسطے) اس کی قبر پر کھڑے ہو جایئے (کیونکہ) انہوں نے (یعنی جو کہ مر گئے ہیں) اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا ہے اور وہ حالت کفر ہی میں مرے ہیں (اور جو کافر ہو کر مرے اس کے لئے دعاء واستغفار یا اس کے کفن دفن میں شرکت جائز نہیں) ف: اس کے شان نزول کے متعلق کچھ اشکال ہے اس کو مع جواب نقل کرتا ہوں شان نزول اس کا حدیث شیخین میں ابن عمرؓ سے اس طرح منقول ہے کہ جب عبداللہ بن ابی منافق مر گیا تو اس کے بیٹے نے کہ وہ صحابی تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ اپنا قمیص دیجئے کہ اس میں اس کو کفنایا جاوے۔ آپ نے دے دیا پھر درخواست کی کہ اس کے جنازے کی نماز بھی پڑھ دیجئے آپ پڑھنے کھڑے ہوئے تو حضرت عمرؓ نے آپ کا کپڑا پکڑ لیا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ اس کی نماز پڑھتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو منافقین پر نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے (یعنی اس آیت میں اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ الخ آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو اختیار دیا ہے (منع نہیں کیا) چنانچہ یوں فرمایا ہے اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ میں سبعین یعنی ستر بار سے زیادہ استغفار کر دوں گا غرض آپ نے نماز پڑھی اس پر یہ آیت وَلَا تُصَلِّ الخ نازل ہوئی پھر کبھی آپ نے منافقین کے جنازے پر نماز نہیں پڑھی اھ اس میں اشکال ہے کہ آیت اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ الخ آیا مفید نہی عن الاستغفار کو ہے یا نہیں اگر مفید ہے تو آپ نے نماز کیوں پڑھی کہ مقصود اس سے استغفار ہے اور پھر تخییر کیسے سمجھی اور اگر مفید نہیں تو حضرت عمرؓ نے کہ صاحب زبان تھے کیسا سمجھا جواب یہ ہے کہ اصل یہ صیغہ تسویہ کے لئے ہے نہ اس سے نہی مفہوم ہوتی ہے نہ امر تخییری یا غیر تخییری بلکہ امر و نہی کے لئے دلیل خارجی کی ضرورت ہوتی ہے جیسے اس آیت میں سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ الخ دوسری آیت: بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ الخ سے امر انذار کا ثابت ہوا اب اس دلیل خارجی کی نسبت رائے کا اختلاف ہوا حضرت عمرؓ نے تو یہ سمجھا کہ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ سے اس

www.besturdubooks.net

فعل کا عبث ہونا معلوم ہوتا ہے اور عبث کا صدور ایسے حکیم کی شان کے اعتبار سے ممنوع ہے اس لئے نهاك ربك کہا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں چونکہ اس میں کچھ حکمتیں تھیں چنانچہ درمنثور میں قتادہؒ سے بروایت ابوالشیخ آپ کا ارشاد مروی ہے وما يغني عنه قميصي والله انى لارجو ان يسلم به اكثر من الف من بني الخزرج اھ یعنی میرے کرتہ سے اس کو نجات نہیں ہوسکتی لیکن مجھ کو امید ہے کہ اس بات کو دیکھ کر اپنے بدخواہوں کے ساتھ ایسی شفقت اور لطف فرمایا جاتا ہے ایک ہزار سے زیادہ مسلمان ہوجاویں گے اس حکمت کے اعتبار سے آپ نے اس کو عبث سے خارج سمجھ کر امر تخییری کے مقتضاء پر عمل فرمایا پس نہ حضرت عمرؓ پر اشکال رہا نہ آپ پر اور آپ کا یہ ارشاد کہ میں ستر سے زیادہ استغفار کرلوں گا اس پر مبنی نہیں کہ آپ نے سبعین سے تحدید مراد سمجھی کیونکہ یقینی بات ہے کہ اس سے مراد تکثیر ہے بلکہ اصل میں یہ قضیہ شرطیہ بصورت خبریہ ہے چنانچہ درمنثور میں بخاری کی روایت سے آپ کا یہ قول مروی ہے فلو اعلم انی ان زدت على السبعين غفر له لزدت عليها یعنی اگر میں جانتا کہ ستر سے زائد استغفار کرنے سے مغفرت ہوجاوے گی تو میں زیادہ کرلیتا مطلب یہ کہ اگر تحدید مراد ہوتی تو زیادہ استغفار کرلیتا مگر چونکہ مراد تکثیر ہے اس لئے اب زیادہ استغفار نہ کروں گا البتہ مطلق استغفار چونکہ حکمت مذکورہ کو متضمن ہے اس لئے بضمن صلوۃ جنازہ اس کو اختیار کیا گیا لیکن ممانعت کی وجہ یہ ہوئی کہ گو اس میں وہ مصالح ضرور تھے لیکن آئندہ مفاسد مرتب ہوتے مثلاً مخالفین کو زجر نہ ہوتا اور موافقین کا دل نہ بڑھتا کہ یہاں تو سب مساوی ہیں وغیرہ ذٰلک۔

مسئلہ: کافر کے جنازے پر نماز اور اس کے لئے استغفار جائز نہیں۔

مسئلہ: قیام علی القبر سے مراد وہ ہے جو بطور اکرام کے ہو خواہ بغرض زیارت ہو یا بغرض دفن اور اگر عبرت اور تذکر موت کے لئے ہو یا ضرورت کے لئے ہو جیسے ہدایہ میں ہے کہ جس کا کوئی کافر رشتہ دار مر جاوے اور اس کا انتظام اس کے متعلق آپڑے تو اس کو بدوں رعایت طریقہ مسنون کے غسل وکفن دے کر دفن کر دے تو اس طرح قیام علی القبر درست ہے لیکن اگر زیارت بغرض عبرت میں کوئی مفسدہ دینیہ ہو تو جائز نہیں فقط۔

ربط: اوپر کی آیت سے ان کا مبغوض عند اللہ ہونا معلوم ہوا آگے بتلاتے ہیں کہ ان کے پاس جو مال واولاد ہے یہ دلیل ان کے محبوب ہونے کی نہیں بلکہ بوجہ آلہ تعذیب ہونے کے وہ بھی ثمرہ مبغوضیت کا ہے۔

آلہ تعذیب بودن اموال و اولاد مر کفار را ☆ وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَ اَوْلَادُهُمْ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ۝ اور ان کے اموال اور اولاد آپ کو (اس) تعجب میں نہ ڈالیں (کہ ایسے مبغوضین پر یہ نعمتیں کیسے ہوئیں سو یہ واقع میں ان کے لئے نعمتیں نہیں بلکہ آلات عذاب ہیں کیونکہ) اللہ کو صرف یہ منظور ہے کہ ان (مذکورہ) چیزوں کی وجہ سے دنیا (بھی) ان کو گرفتار عذاب رکھے اور ان کا دم حالت کفر ہی میں نکل جاوے (جس سے آخرت میں بھی مبتلائے عذاب رہیں) **ف**: ایسی آیت یہاں سے چار رکوع پہلے بھی نفقات کے غیر مقبول ہونے کے ذکر میں آچکی ہے پس وہاں حیوۃ[1] کی ایک حالت کے ساتھ کہ عدم قبول نفقات ہے اس مضمون کا تعلق تھا اور یہاں موت کی ایک حالت کے ساتھ کہ عدم نجات ہے تعلق ہے پس تکرار نہ رہا یا بوجہ مہتم بالشان ہونے کے اس کی تاکید مقصود ہو پس یہ بھی ایک فائدہ جدیدہ ہے۔

ربط: اوپر غزوۂ تبوک کے متعلق منافقین کے تخلف واستیذان باعذار باطلہ کا بیان تھا آگے ان کی اس عادت کا مستمر ہونا کہ ہر غزوہ میں ان کی یہ حالت ہے اور ان کے مقابلہ میں اہل ایمان کی جانبازی اور اس کی فضیلت بیان فرماتے ہیں۔

استمرار عادت منافقین در تخلف و مدح مومنین ☆ وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ (الى قوله تعالى) ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ۝ اور جب کبھی کوئی ٹکڑا قرآن کا اس مضمون میں نازل کیا جاتا ہے کہ تم (خلوص دل سے) اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول کے ہمراہ ہوکر جہاد کرو تو ان میں کے مقدور والے آپ سے رخصت مانگتے ہیں اور (رخصت کا یہ مضمون ہوتا ہے کہ) کہتے ہیں کہ ہم کو اجازت دیجئے کہ ہم بھی یہاں ٹھہرنے والوں کے ساتھ رہ جاویں (البتہ ایمان واخلاص کے دعوے میں کچھ کرنا نہیں پڑتا اس کو کہہ دیا کہ ہم تو مخلص ہیں) وہ لوگ (غایت بےحمیتی سے) خانہ نشین عورتوں کے ساتھ رہنے پر راضی ہوگئے اور ان کے دلوں پر مہر لگ گئی جس سے وہ (حمیت بےحمیتی کو) سمجھتے ہی نہیں ہاں لیکن رسول اللہ (ﷺ) اور آپ کی ہمراہی میں جو مسلمان ہیں انہوں نے (البتہ اس حکم کو مانا اور) اپنے مالوں سے جہاد کیا اور ان ہی کے لئے ساری خوبیاں ہیں اور یہی لوگ کامیاب ہیں (اور وہ خوبی اور کامیابی یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے ایسے باغ مہیا کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں (اور) وہ ان میں ہمیشہ کو رہیں گے اور یہ بڑی کامیابی ہے۔ **ف**: اُولُو الطَّوْلِ کے ذکر سے تخصیص مقصود نہیں بلکہ غیر اولی الطول کا حال بدرجۂ اولیٰ معلوم ہوگیا کہ جب اہل مقدور کا یہ حال ہے تو بےمقدوروں کا تو ضرور یہی ہوگا اور باوجودیکہ ذکر رسول کی کوئی حاجت نہیں لیکن اس سے مقصود مومنین کی مدح ہے کہ جہاد میں ان کا خلوص بھی کامل ہے جیسا آپ کا اکمل ہے۔ **ربط**: اوپر مدینہ کے منافقین کا ذکر تھا آگے دیہات کے منافقین کا ذکر ہے۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَلَا تَقُمْ عَلٰی قَبْرِهٖ قیام علی القبر بغرض زیارت ودعا کو صلوٰۃ علی المیت کے ساتھ مقرون کرنا دلیل ظاہر ہے اس پر کہ نماز جنازہ کی طرح یہ قیام مذکور بھی میت کے لئے نافع ہے اور اسی لئے ایسے شخص کی قبر پر جو کہ اس نفع کا اہل نہیں قیام کرنے کو منع فرمایا گیا اور یہ نفع قبر پر حاضر ہو کر دعا وغیرہ کرنے کا اس نفع سے زائد ہے جو غیبت میں دعا کرنے سے ہوتا ہے واللہ اعلم۔

الحواشی: (۱) قولہ وہاں حیات کی الخ اور قولہ یہاں موت کی الخ قرینہ اس تخصیص کا دونوں آیتوں کا سباق بالباء الموحدہ ہے کہ مقام اول پر عدم قبول نفقات مذکور ہے اور دوسرے مقام پر غیر مغفور ہونا ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في اذا جب کبھی اذا تفيد العموم بقرينة المقام كما في الروح ۱۲۔ ۲؎ قوله في سورة ٹکڑا اشارة الى الحمل على المعنى اللغوى لان اكثر ما نزل في الجهاد هو الآيات لا اسور وهو مجاز شرعي ويمكن ان يحمل على الحقيقة الشرعية ويراد بالسورة بعضها كما ان القرآن يطلق على الكل والجزء ۱۲۔ ۳؎ قوله في آمنوا خلوص ليصح امر المنافقين به ۱۲۔ ۴؎ قوله في الطول مقدور كما في الروح قدرة مالية ويعلم من ذلك البدنية بالقياس وخصوا بالذكر لانهم الملومون كما بين في ف ۱۲۔ ۵؎ قوله في وقالوا یہ مضمون اشارة الى ان العطف تفسيرى ولذا لم يقيد الاستيذان بالقعود لاغناء قوله مع القاعدين عنه ۱۲۔

اللغات: في الخازن قيل الخوالف النساء اللاتي يتخلفن في البيوت فلا يخرجن منها وقيل خوالف جمع خالفة وهم ادنياء الناس وسفلتهم يقال فلان خالفة قومه اذا كان دونهم وفي الروح الخيرات جمع خيرة بسكون الياء مخفف خيرة المشدد تانيث خير وهو الفاضل من كل شيء المستحسن منه ۱۲۔

البلاغۃ: كرر اسم الاشارة اى اولئك تنويها بشانهم ۱۲۔ فائده قوله ولا تعجبك الخ واختلاف الأيتين في العنوان للتفنن عندى وهذا اسلم واسهل ۱۲۔

وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۰﴾ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۱﴾ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۪ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۳﴾

بادیہ نشینوں میں سے عذر والے حاضر ہوئے کہ انہیں رخصت دے دی جائے اور وہ بیٹھ رہے۔ جنہوں نے خدا سے اور اس کے رسول سے جھوٹی باتیں بنائی تھیں۔ اب تو ان میں جتنے کفار ہیں انہیں دکھ دینے والی مار پہنچ کر رہے گی ناتواں ضعیفوں پر اور بیماروں پر اور ان پر جن کے پاس خرچ کرنے کو کچھ بھی نہیں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ وہ خدا اور اس کے رسول کے رسول کی خیر خواہی کرتے رہیں۔ ایسے نیک کاروں پر الزام کی کوئی راہ نہیں اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت ورحمت والا ہے۔ ہاں ان پر بھی کوئی حرج نہیں جو تیرے پاس آتے ہیں کہ تو انہیں سواری مہیا کر دے تو تو جواب دیتا ہے کہ میں تمہاری سواری کے لئے کچھ نہیں پاتا۔ تو وہ رنج وغم سے اپنی آنکھوں سے آنسو بہاتے ہوئے لوٹ جاتے ہیں کہ انہیں حرج کرنے کے لئے کچھ بھی میسر نہیں۔ بے شک ان لوگوں پر تو راہ الزام ہے اور انہی پر ہے جو باوجود دولت مند ہونے کے تجھ سے اجازت طلب کرتے ہیں جو خانہ نشین عورتوں کا ساتھ دینے پر خوش ہیں جن کے دلوں پر مہر خداوندی لگ چکی ہے جس سے وہ محض بے علم ہیں۔

تفسیر: حال اعراب منافقین ☆ وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ (الی قولہ تعالی) سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۰﴾ اور کچھ بہانہ باز لوگ دیہاتیوں میں سے آئے تاکہ ان کو (گھر رہنے کی) اجازت مل جاوے اور (ان دیہاتیوں میں سے) جنہوں نے خدا سے اور اس کے رسول سے (دعوائے ایمان میں) بالکل ہی جھوٹ بولا تھا وہ بالکل ہی بیٹھ رہے (جھوٹے عذر کرنے بھی نہ آئے) ان میں جو (آخر تک) کافر رہیں گے ان کو (آخرت میں) دردناک عذاب ہوگا (اور جو توبہ کر لیں وہ عذاب سے بچ جاویں گے)۔ ف: یوں تو دعوائے ایمان میں سب ہی منافقین جھوٹے تھے مگر جو عذر کرنے آئے تھے انہوں نے

www.besturdubooks.net

اپنے دعوے کو ظاہرداری میں تو نباہا اور بعضے ایسے متکبر اور بیباک تھے جنہوں نے ظاہرداری بھی نہ برتی وہ جیسے دل میں جھوٹے تھے ظاہر میں بھی ان کا جھوٹ کھل گیا بالکل جھوٹ بولنے کا مطلب یہ ہے اس طور پر ان دیہاتی منافقین کی دو قسمیں ہوگئیں خوب سمجھ لو۔ ربط: اوپر جھوٹے عذر والوں کا اور ان کے عذروں کے غیر مقبول ہونے کا بیان تھا آگے سچے عذر والوں اور ان کے عذروں کے مقبول ہونے کا بیان ہے اور اِنَّمَا السَّبِيْلُ الخ میں تاکید مقبولیت عذر کے لئے مواخذہ کا انحصار اہل اعذار باطلہ میں فرمادیا گیا۔

قبول اعذار صحیحہ وتاکید آں ☆ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ (الی قولہ تعالی) وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ۝ کم طاقت لوگوں پر کوئی گناہ نہیں اور نہ بیماروں پر اور نہ ان لوگوں پر جن کو (سامانِ جہاد کی تیاری میں) خرچ کرنے کو میسر نہیں جب کہ یہ لوگ اللہ اور رسول کے ساتھ (اور احکام میں) خلوص رکھیں (اور دل سے اطاعت کرتے رہیں تو) ان نیکوکاروں پر کسی قسم کا الزام (عائد) نہیں (کیونکہ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا) اور اللہ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں (کہ اگر یہ لوگ اپنے علم میں معذور ہوں اور اپنی طرف سے خلوص واطاعت میں کوشش کریں اور واقع میں کچھ کمی رہ جاوے تو معاف کردیں گے) اور نہ ان لوگوں پر (کوئی گناہ اور الزام ہے) کہ جس وقت وہ آپ کے پاس اس واسطے آتے ہیں کہ آپ ان کو کوئی سواری دے دیں اور آپ (اُن سے) کہہ دیتے ہیں کہ میرے پاس تو کوئی چیز نہیں جس پر میں تم کو سوار کردوں تو وہ (ناکام) اس حالت سے واپس چلے جاتے ہیں کہ ان کی آنکھوں سے آنسو رواں ہوتے ہیں اس غم میں کہ (افسوس) ان کو (سامانِ جہاد کی تیاری میں) خرچ کرنے کو کچھ میسر نہیں (نہ خود ہے نہ دوسری جگہ سے ملا غرض ان معذورین مذکورین پر کوئی مواخذہ نہیں) بس الزام (اور مواخذہ) تو صرف ان لوگوں پر ہے جو باوجود اہل سامان (وقوت) ہونے کے (گھر رہنے کی) اجازت چاہتے ہیں وہ لوگ (غایت بے حمیتی سے) خانہ نشین عورتوں کے ساتھ رہنے پر راضی ہوگئے اور اللہ نے ان کے دلوں پر مہر کردی جس سے وہ (گناہ وثواب کو) جانتے ہی نہیں۔

ف: درمنثور میں چند روایتیں لکھی ہیں جن میں ان سواری مانگنے والوں کا نام مذکور ہے اور رَضُوْا الخ پہلے بھی آیا ہے وہاں مطلق غزوات کے بیان میں یہ مضمون تھا اور یہاں خاص غزوۂ تبوک کے بیان میں پس تکرار نہ رہا یا تکرار سے تاکید کا فائدہ ہے۔ ربط: اوپر ان منافقین کا ذکر تھا جنہوں نے روانگی کے وقت عذر تراشے تھے آگے ان کا ذکر ہے جنہوں نے واپسی کے وقت بہانے تصنیف کئے کہ ہم برابر عازم رہے مگر فلاں فلاں عوارض مانع ہوگئے یہ اگلی آیتیں واپسی کے قبل نازل ہوئیں جن میں اغراض فانیہ یعنی اعراض و[1] رضا کی تحصیل کے لئے ان کی بہانہ بازی کے متعلق يعتذرون میں پیشین گوئی ہے اور قل لا تعتذروا اور فاعرضوا میں اس عذر کے وقت ان کے ساتھ قولاً وعملاً برتاؤ کی تعلیم ہے اور ساتھ ساتھ عذاب کی وعیدیں ان کو سنائی گئی ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اس میں دلیل ہے اس پر کہ جو شخص کسی عذر کے سبب کسی عمل سے قاصر ہو مگر نیت اس کی یہ ہو کہ اگر مجھ کو قدرت ہوتی تو یہ عمل ضرور کرتا تو وہ برکات سے محروم نہیں رہتا ۱۲۔

الحواشی: (۱) لتعرضوا عنهم او لتعرضوا عنهم میں مذکور ہے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ف دو قسمیں فهمت ذلك مما فی الخازن ويروى عن ابی عمرو بن العلاء انه قال قوما تكلفوا عذرا بباطل فهم الذين عنا هم الله تعالىٰ بقوله وجاء المعذرون وتخلف آخرون لا لعذر ولا لشبهة عذر جراة على الله تعالىٰ فهم المراد بقوله و قعد الذين كذبوا وفيه وانما قال منهم لانه سبحانه و تعالىٰ اعلم ان منهم من سيؤمن فاستثناهم الله تعالىٰ ۱۲۔ ۲ قوله فی المحسنين ان اشارة الى ان فيه وضع المظهر موضع المضمر والفائدة فی نفی السبيل بعد نفی الحرج المبالغة لان المعنى لا سبيل لعاتب عليهم ای لا يمربهم فضلا عن الاثم ۱۲۔ ۳ قوله فی ولا على الذين اذا ما اتوك گناہ اور الزام اشارة الى صحة عطفه على الضعفاء او على المحسنين فافهم ۱۲۔ ۴ قوله فی قلت اور آپ اشارة الى كونه حالا والجزاء تولوا ۱۲۔ ۵ قوله فی الا يجدوا نہ دوسری جگہ سے اشار الى ان قوله ولا على الذين اذا ما اتوك الخ من عطف الخاص على العام لانهم داخلون فی ما سبق من قوله الذين لا يجدون وفائدته العطف الايذان بانهم متميزون منهم بانهم بالغوا فی الكد حتى انهم سالوا فلم يجدوا ۱۲۔ ۶ قوله فی اغنياء وقوت لم يصرح به فی القرآن لوضوح امره وبقرينة المقابلة الدالة على كونهم غير ضعفاء وغير مرضى فافهم ۱۲۔

اللغات: فی الخازن المعذرون المعتذرون وقيل ان الاصل فی هذا اللفظ عن النحاة المعتذرون اد غمت التاء فی الذال لقرب مخرجيهما ای بعد نقل حركة التاء الى العين و الاعتذار فی كلام العرب على قسمين يقال اعتذر اذا كذب فی عذره ومنه قوله تعالىٰ يعتذرون اليكم فرد الله تعالىٰ عليهم بقوله لا تعتذروا يقال اعتذر اذا اتى بعذر صحيح ومنه قول لبيد ومن يبك حولا كاملا فقد اعتذر ۱۲۔

www.besturdubooks.net

يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ؕ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۴﴾ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ ۫ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۵﴾ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۹۶﴾

یہ لوگ تمہارے (سب کے) سامنے عذر پیش کریں گے جب تم ان کے پاس جاؤ گے (سوائے محمد) آپ (سب کی طرف سے صاف) کہہ دیجئے کہ یہ عذر پیش مت کرو ہم کبھی تم کو سچا نہ سمجھیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم کو تمہاری (واقعی حالت کی) خبر دے چکے ہیں اور آئندہ بھی اللہ تعالیٰ اور اس کا رسولؐ تمہاری کارگزاری دیکھ لیں گے۔ پھر ایسے کے پاس لوٹائے جاؤ گے جو پوشیدہ اور ظاہر سب کا جاننے والا ہے۔ پھر وہ تم کو بتلا دے گا جو کچھ تم کرتے تھے۔ ہاں وہ اب تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھا جائیں گے (کہ ہم معذور تھے) جب تم ان کے پاس جاؤ گے تاکہ ان کو ان کی حالت پر چھوڑ دو سو تم ان کو اُن کی حالت پر چھوڑ دو وہ لوگ بالکل گندے ہیں اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے ان کاموں کے بدلے میں جو کچھ وہ کیا کرتے تھے۔ یہ اسلئے قسمیں کھائیں گے کہ تم ان سے راضی ہو جاؤ سو اگر تم ان سے راضی بھی ہو جاؤ تو (ان کو کیا نفع) کیونکہ اللہ تعالیٰ تو ایسے شریر لوگوں سے راضی نہیں ہوتا۞

تفسیر: اخبار از عذر منافقین و معاملہ در نشأ تین ☆ **يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ** (الی قولہ تعالیٰ) **فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ** ﴿﴾ یہ لوگ تمہارے (سب[1] کے) سامنے عذر پیش کریں گے جب تم ان کے پاس واپس جاؤ گے (سوائے محمد ﷺ) آپ (سب کی طرف سے صاف) کہہ دیجئے کہ (بس رہنے دو) یہ عذر پیش مت کرو ہم کبھی تم کو سچا نہ سمجھیں گے۔ (کیونکہ) اللہ تعالیٰ ہم کو تمہاری (واقعی حالت کی) خبر دے چکے ہیں (کہ تم کو کوئی عذر صحیح نہ تھا) اور (خیر) آئندہ بھی اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول تمہاری کارگزاری دیکھ لیں گے (معلوم ہو جاوے گا کہ حسب زعم خود کتنے مطیع اور مخلص ہو) پھر ایسے کے پاس لوٹائے جاؤ گے جو پوشیدہ اور ظاہر سب کا جاننے والا ہے (جس سے تمہارا کوئی اعتقاد کوئی عمل مخفی نہیں) پھر وہ تم کو بتا دے گا جو کچھ تم کرتے تھے (اور اس کا بدلہ دے گا) ہاں وہ اب تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھا جاویں گے (ہم معذور تھے) جب تم ان کے پاس واپس جاؤ گے تا کہ تم ان کو ان کی حالت پر چھوڑ دو (اور ملامت وغیرہ نہ کرو) سو تم (ان کا مطلب پورا کر دو اور) ان کو اُن کی حالت پر چھوڑ دو (اس غرض فانی کے حاصل ہونے سے ان کا کچھ بھلا نہ ہوگا کیونکہ) وہ لوگ بالکل گندے ہیں اور (اخیر میں) ان کا ٹھکانا دوزخ ہے ان کاموں کے بدلے میں جو کچھ وہ (نفاق وخلاف وغیرہ) کیا کرتے تھے (نیز اس کا بھی مقتضا ہے کہ ان کو ان کے حال پر چھوڑ دیا جاوے کیونکہ تعرض سے مقصود ہے اصلاح اور اس کی ان کے خبث سے امید نہیں اور نیز) یہ اس لئے قسمیں کھاویں گے کہ تم ان سے راضی ہو جاؤ سو (اول تو تم دشمنانِ خدا سے راضی ہی کیوں ہونے لگے لیکن بالفرض) اگر تم ان سے راضی بھی ہو جاؤ تو (ان کو کیا نفع کیونکہ) اللہ تعالیٰ تو ایسے شریر لوگوں سے راضی نہیں ہوتا (اور بدوں رضائے خالق کے رضائے خلق محض بے سود ہے)۔ **ف**: عذر وحلف میں ان کی دو غرضیں فرمائیں اعراض اور رضا اور اس کے متعلق تین حکم فرمائے ایک لَا تَعْتَذِرُوْا دوسرا اَعْرِضُوْا تیسرا عدم رضا جو فَاِنْ تَرْضَوْا سے مفہوم ہوتا ہے سو ان اغراض کے جمع ہونے کی صورت تو یہ ہے کہ بعض کی غرض اعراض ہوگی بعض کی رضا یا سب کی غرض ظاہر میں اعراض اور باطن میں رضا یا اصلی غرض رضا ہوگی اور اخیر درجہ اعراض اور احکام ثلاثہ کے جمع ہونے کی صورت یہ ہے کہ قلب سے عدم رضا اور قول سے اولاً لَا تَعْتَذِرُوْا اور اس کے بعد اعراض اور حدیث میں جو آیا ہے قبل علانیتھم و وکل سرائرھم الی اللہ مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ بعد لَا تَعْتَذِرُوْا کے ایسا کیا جو کہ حاصل اعراض کا واللہ اعلم۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ فی الیکم** سب کے اشارة الی ان الخطاب لہ علیہ السلام وللمؤمنین ۱۲۔ ۲ **قولہ فی قل** سب کی طرف سے اشارة الی انہ علیہ السلام خص بذلک لما ان الجواب وظیفتہ علیہ السلام ۱۲۔ ۳ **قولہ قولہ فی سیحلفون** ہم معذور اشارة الی حذف المحلوف علیہ لفھمہ من الکلام ۱۲۔ ۴ **قولہ فی فاعرضوا** مطلب کذا فی المدارک وھو مما شھد بہ ذوقی ۱۲۔ ۵ **قولہ قبل انھم رجس** اس غرض وقولہ بعدہ نیز اشارة الی ان قولہ انھم تعلیل للامرین احدھما الاعراض کما قرر فیما بعد وثانیھما ما یفھم من الاعراض من عدم نفع الاعراض لھم کما قرر فیما قبل ۱۲۔ ۶ **قولہ فی فان ترضوا** اول تو دل علیہ کلمة ان مع ما ھم علیہ من الایمان المقتضی للحب

www.besturdubooks.net

والبغض فی اللہ وفیہ اشارۃ الی حذف الجزاء ای فرضاکم لا ینتج لهم نفعا لان اللہ الخ ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ اذا نقلبتم فی الروح فائدۃ تقیید حلفهم الایذان بانہ لیس لرفع ما خاطبهم النبی صلی اللہ علیہ وسلم بہ من قولہ تعالٰی لا تعتذروا بل هو امر مبتدأ ۱۲۔

اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٩٧﴾
وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَاۗىِٕرَ ۭ عَلَيْهِمْ دَاۗىِٕرَةُ السَّوْءِ ۭ وَاللّٰهُ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٩٨﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ
وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ۭ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ۭ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩٩﴾ ع ۱۲
وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا
عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٠٠﴾

(ان منافقین میں جو) دیہاتی لوگ (ہیں وہ) کفر اور نفاق میں بہت ہی سخت ہیں اور ان کو ایسا ہونا ہی چاہئے کہ ان کو ان احکام کا علم نہ ہو جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر نازل فرمائے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں اور ان دیہاتیوں میں سے بعض ایسا ہے کہ جو کچھ خرچ کرتا ہے اس کو جرمانہ سمجھتا ہے اور تم مسلمانوں کے واسطے (زمانہ کی) گردشوں کا منتظر رہتا ہے برا وقت انہی منافقین پر پڑنے والا ہے اور اللہ سنتے ہیں جانتے ہیں اور بعض اہل دیہات ایسے بھی ہیں جو اللہ پر اور قیامت کے دن (پورا پورا) ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ خرچ کرتے ہیں اس کو عند اللہ قرب حاصل ہونے کا ذریعہ اور رسول کی دعا کا ذریعہ بناتے ہیں۔ یاد رکھو کہ ان کا یہ خرچ کرنا بے شک ان کیلئے موجب قربت ہے ضرور ان کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت میں داخل کر لیں گے اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں اور مہاجرین اور انصار (ایمان لانے میں سب سے) سابق اور مقدم ہیں اور (بقیہ امت میں) جتنے لوگ اخلاص کے ساتھ ان کی پیرو ہیں اللہ ان سب سے راضی ہوا اور وہ سب اس (اللہ) سے راضی ہوئے اور اللہ تعالیٰ نے ان کیلئے باغ مہیا کر رکھے ہیں۔ جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی۔ جن میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ بڑی کامیابی ہے۔

تفسیر ربط: اوپر شروع رکوع میں دیہاتی منافقین کا ذکر تھا آگے بھی ان کی مذمت ہے اور ان کے ساتھ اہل دیہات میں جو مؤمنین مخلص تھے انکی مدح ہے۔

ذم منافقین و مدح مخلصین از اعراب ☆ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (ان منافقین میں جو) دیہاتی (ہیں وہ) لوگ (بوجہ سخت مزاجی کے) کفر اور نفاق میں بہت ہی سخت ہیں اور بوجہ بعد علماء وعقلاء کے) ان کو ایسا ہونا ہی چاہئے کہ ان کو ان احکام کا علم نہ ہو جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول (ﷺ) پر نازل فرمائے ہیں (کیونکہ جب جاننے والوں سے دور دور رہیں گے تو ان کا جاہل رہنا تو اس کا لازمی نتیجہ ہے اور اسی وجہ سے مزاج میں سختی اور مجموعہ سے کفر و نفاق میں شدت ہوگی) اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں (وہ ان سب امور پر مطلع ہیں اور حکمت سے مناسب سزا دیں گے) اور ان (مذکورہ منافقین) دیہاتیوں میں سے بعض بعض ایسا ہے کہ (کفر و نفاق وجہل کے علاوہ بخل وعداوت کے ساتھ بھی موصوف ہے حتیٰ کہ) جو کچھ (جہاد و زکوٰۃ وغیرہ کے مواقع میں مسلمانوں کی شرما شرمی) خرچ کرتا ہے اس کو (مثل) جرمانہ سمجھتا ہے (یہ تو بخل ہوا) اور (عداوت یہ ہے کہ) تم مسلمانوں کے واسطے (زمانہ کی) گردشوں کا منتظر رہتا ہے (کہ کہیں ان پر کوئی حادثہ پڑ جائے تو ان کا خاتمہ ہو سو) برا وقت انہی (منافقین) پر پڑنے والا ہے (چنانچہ فتوحات کی وسعت ہوئی کفار ذلیل ہوئے ان کی ساری حسرتیں دل ہی میں رہ گئیں اور تمام عمر رنج اور خوف میں کٹی) اور اللہ تعالیٰ (ان کے کفر و نفاق کی باتیں) سنتے ہیں (اور ان کے دلی خیالات اتخاذ مغرم و تربص دوائر کو جانتے ہیں (پس اس سب کی سزا دیں گے) اور بعضے اہل دیہات میں ایسے بھی ہیں جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر (پورا پورا) ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ (نیک کاموں میں) خرچ کرتے ہیں اس کو عند اللہ قرب حاصل ہونے کا ذریعہ اور رسول (ﷺ) کی دعا (لینے) کا ذریعہ بناتے ہیں (کیونکہ آپ کی عادت شریف تھی کہ ایسے مواقع پر خرچ کرنے والے کو دعا دیتے تھے جیسا احادیث میں ہے) یاد رکھو کہ ان کا یہ خرچ کرنا بیشک ان لوگوں کے لئے موجب قربت (عند اللہ) ہے (اور دعا کا ہونا تو یہ خود دیکھ ہی لیتے ہیں اس کی خبر دینے کی ضرورت نہ تھی اور وہ قرب یہ ہے کہ) ضرور ان کو اللہ تعالیٰ اپنی (خاص) میں داخل کر لیں گے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں (پس ان کی لغزشیں معاف کر کے

www.besturdubooks.net

اپنی رحمت میں لے لیں گے)۔ ف: اشد اور اجدر ہونے کی جو علت اثنائے ترجمہ میں مذکور ہے اس سے اعراب مؤمنین نکل گئے کیونکہ وہ خود اہل علم کے پاس آتے جاتے ہیں اس سے علم حاصل ہوتا ہے اور علم سے خشوع اور کمال ایمان پس یہ شبہ نہ رہا کہ سخت مزاجی اور بُعد عن العلماء تو سب کے لئے عام ہے اور اتخاذ مغرم میں اگر یہ شبہ ہو کہ بدوں طیب خاطر کے کسی کا مال حلال نہیں ہوتا اور اتخاذِ مغرم منافی طیب خاطر کے ہے پھر ایسا مال کیوں لیا جاتا تھا جواب یہ ہے کہ اول تو یہ مسلم نہیں کہ ایسا مال لیا جاتا تھا چنانچہ روح المعانی میں آیت : أَنفِقُوا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا لَّن يُتَقَبَّلَ مِنكُمْ کی تفسیر میں عدم تقبل کی ایک تفسیر عدمِ اخذ کی نقل کی ہے دوسرے یہ کراہت اعتقادی تھی بوجہ عدم اعتقاد ثواب کے اور چونکہ بمصلحت عقلیہ تقیہ کے ہوتا تھا جس کے منافع طبعاً ان کو مطلوب مرغوب تھے اس لئے طیبِ خاطر کے ساتھ اجتماع ہو سکتا ہے اور ریاءِ معطی موجب حرمت للآخذ نہیں تیسرے ممکن ہے کہ اپنے طور پر خرچ کرتے ہوں اور آخذ کو کراہت کا علم نہ ہو۔

ربط : اوپر مؤمنین اعراب کا ذکر تھا آگے تمام مؤمنین کا بتقدیم افضل کے مفضول پر ذکر ہے۔

فضیلت مہاجرین وانصار واتباع شان ☆ وَالسَّابِقُونَ الْأَوَّلُونَ (الی قولہ تعالیٰ) ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ اور جو مہاجرین اور انصار (ایمان لانے میں سب امت سے) سابق اور مقدم ہیں اور (بقیہ امت میں) جتنے لوگ اخلاص کے ساتھ (ایمان لانے میں) ان کے پیرو ہیں اللہ ان سب سے راضی ہوا (کہ ان کا ایمان مقبول فرمایا جس پر جزا ملے گی) اور وہ سب اس (اللہ) سے راضی ہوئے (کہ طاعت اختیار کی جس کی جزاء سے یہ رضا اور زائد ہوگی) اور اللہ نے ان کے لئے ایسے باغ مہیا کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی جن میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور) یہ بڑی کامیابی ہے ف: السَّابِقُونَ الْأَوَّلُونَ میں سب مہاجرین وانصار آگئے اور الَّذِينَ اتَّبَعُوهُم میں بقیہ مؤمنین جن میں اول درجہ تو ان کا ہے جو صحابہ ہیں گو مہاجر و انصار نہیں کیونکہ اخیر میں ہجرت فرض نہ رہی تھی مسلمان ہو کر اپنے اپنے گھر رہنے کی اجازت تھی اور دوسرا درجہ تابعین بالمعنی الاصطلاحی کا ہے پھر غیر صحابہ و غیر تابعین کا پھر خود اس اخیر درجہ میں بھی تفاوت ہے کہ تبع تابعین فضل میں اوروں سے مقدم ہیں جس طرح صحابہ میں مہاجرین و انصار دوسرے صحابہ سے افضل ہیں اور اولیت کا موجب فضل ہونا معاصرین سے تو اس لئے کہ معاصرین باوجود قدرت کے متاخر رہے اور غیر معاصرین سے اس لئے کہ وہ حضرت بانی اور ہادی ہو کر مصداق من سن سنة حسنة والدال علی الخیر کفاعله کے ہوئے گو یہ غیر معاصرین زمانہ متقدمہ میں بوجہ موجود نہ ہونے کے ایمان پر قادر نہ تھے اور جیسا جیسا تفاوت مراتب مذکورہ میں ہوگا ویسا ہی مراتب جزاء میں ہوگا مثل رضوان و جنت سابقین کے لئے اوروں سے اعلیٰ و اسنیٰ ہوگی و علی هذا القیاس۔ اور سابقون میں قید احسان کی اس لئے نہیں ذکر فرمائی کہ ان کا مہاجر اور ناصر ہونا کافی دلیل ہے وجود احسان کی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: الْأَعْرَابُ أَشَدُّ كُفْرًا وَنِفَاقًا اس میں اشارہ ہے کہ صحبت صالحین سے بعید ہونے سے طریق خیر کے ساتھ مناسبت میں کمی ہو جاتی ہے اسی لئے اہل طریق صحبت کا اہتمام بلیغ کرتے ہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَمِنَ الْأَعْرَابِ مَن يَتَّخِذُ مَا يُنفِقُ مَغْرَمًا روح میں ہے کہ جو شخص اپنے کو مالک سمجھے گا اس کو خرچ کرنا تاوان معلوم ہوگا اور جو شخص اللہ تعالیٰ کو مالک سمجھے گا اور اپنے پاس اشیاء کو عاریت سمجھے گا اس کو خرچ کرنا غنیمت معلوم ہوگا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی الاعراب ان الخ اشارة الی ان اللام للعهد فلا یعم الحکم کلهم وقیل للخیس باعتبار بعض الافراد کما فی قوله کان الانسان کفورا ۱۲۔ ۲ قوله فی اجدر ایسا ہونا ہی چاہئے هو حاصل معنی الخلیق ولم اترجم کفیری بلفظه قابل ولائق لانه یوهم فی لساننا ان ترتب عدم العلم علی حالتهم مما یستحسن وینبغی وهو خلاف المراد ۱۲۔ ۳ قوله فی الا یعلموا اسی وجہ سے مزاج میں الخ اشار به الی ان المعطوف معلول من البعد کالعلة للاشدیة ۱۲۔ ۴ قوله فی من الاعراب الاول ان الخ اشارة الی المذکورین لا المطلق وافردهم بالذکر لزیادتهم فی صفة البخل والعداوة الذین یوجد ان فی بعض دون بعض بعد اشتراك الکل فی الکفر والنفاق والجهل فهو من قبیل التخصیص بعد التعمیم وهذا من المواهب ۱۲۔ ۵ قوله فی من الاعراب الثانی اہل دیہات اشارة الی ان المراد هنا مطلق الاعراب ۱۲۔ ۶ قوله فی یؤمن پورا زادہ لان اکثرهم کانوا یهود وکانوا یؤمنون بالتوحید والمعاد ۱۲۔ ۷ قوله فی ما ینفق الثانی نیک قیده به لان مطلق الانفاق لیس بموضوع للقربات والصلوات ۱۲۔ ۸ قوله فی قربات ذریعہ اشار الی ان المضاف مقدر ۱۲۔ ۹ قوله فی انها خرچ کرنا اشار الی ان التانیث باعتبار النفقة المدلول علیها بینفق ۱۲۔ ۱۰ قوله فی قربة ضرورت نہ تھی وهذا من المواهب وفی الروح الاقتصار علی بیان کونها قربة لهم لانها الغایة القصوی وصلوات الرسول علیه السلام من ذرائعها ۱۲۔ ۱۱ قوله فی من المهاجرین جو مہاجرین اشارة الی ان من بیانیة فدخل فیهم جمیع المهاجرین والانصار کما فی الروح فالمراد بالسابقین جمیع المهاجرین والانصار ومعنی کونهم سابقین انهم اولون بالنسبة الی سائر المسلمین وکثیر من الناس ذهب الی هذا ویؤیده ما فی الدر المنثور عن حمید بن زیاد انه قال الاتقرأ والسابقون الاولون الآیة او جب لجمیع اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم الجنة والرضوان الخ ۱۲۔ ۱۲ قوله فی

www.besturdubooks.net

السابقون ایمان لانے الخ والقرینة علیه ما مر من قوله تعالٰی یومن بالله والیوم الآخر ۱۲۔ ۱۳ قوله فی الذین اور بقیه اشارة الی عطف الموصول علی السابقون والی شموله جمیع الامة ویؤیده ما فی الدر عن ابن زید فی قوله والذین اتبعوهم قال من بقی اهل الاسلام حتی تقوم الساعة وعن عصمته قال سألت سفیان عن التابعین قال هم الذین ادرکوا اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم ولم یدرکوا النبی صلی الله علیه وسلم وسألته عن الذین اتبعوهم باحسان قال من یجئ بعدهم قلت الی یوم القیامة قال ارجو ۱۵۱۔

اللُّغَاتُ: الاعراب صیغة جمع ولیست یجمع للعرب لئلا یلزم کون الجمع اخص من الواحد فان العرب هذا الجبل المعروف مطلقا والاعراب سکان البادیة منهم ولذا نسب الی الاعراب علی لفظه فقیل اعرابی اجدر یعدی بالباء فالتقدیر بان ۱۲۔

البَلَاغَةُ: السابقون الاولون اقول لعله تاکید او یقال السابقون علی المعاصرین والاولون من غیر هم ۱۲۔

وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛؕ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۫ لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ
نَعْلَمُهُمْ ؕ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا
صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰۲﴾ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ
وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۳﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ
عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ
وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ
لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾

اور جو کچھ تمہارے گرد و پیش والوں میں اور کچھ مدینہ والوں میں ایسے منافق ہیں کہ نفاق کی حد مال پر پہنچے ہوئے ہیں (کہ) آپ (بھی) ان کو نہیں جانتے (کہ یہ منافق ہیں بس) ان کو ہم ہی جانتے ہیں۔ ہم ان کو (اور منافقین کو آخرت سے پہلے) دہری سزا دیں گے۔ (ایک نفاق کی دوسری کمال نفاق کی) پھر (آخرت) میں وہ بڑے بھاری عذاب کی طرف بھیجے جائیں گے اور کچھ لوگ ہیں جو اپنی خطا کے مقرر ہو گئے۔ جنہوں نے ملے جلے عمل کئے تھے کچھ بھلے اور کچھ برے (سو) اللہ سے امید ہے کہ ان (کے حال) پر (رحمت کے ساتھ) توجہ فرمائیں گے (یعنی توبہ قبول کرلیں) بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں۔ آپ ان کے مالوں میں سے صدقہ (جس کو یہ لائے ہیں) لے لیجئے جس کے (لینے کے) ذریعہ سے آپ ان کو (گناہ کے آثار سے) پاک صاف کردیں گے اور ان کے لئے دعا کیجئے بلاشبہ آپ کی دعا ان کے لئے موجب اطمینان (قلب) ہے اور اللہ تعالیٰ (ان کے اعتراف کو) خوب سنتے ہیں (اور ان کی ندامت کو) خوب جانتے ہیں کیا ان کو خبر نہیں کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور وہی صدقات کو قبول فرماتا ہے اور (کیا ان کو) یہ خبر نہیں کہ اللہ ہی توبہ قبول کرنے (کی صفت) اور رحمت کرنے (کی صفت) میں کامل ہے اور آپ کہہ دیجئے کہ (جو چاہو) عمل کئے جاؤ (سو) ابھی دیکھے لیتا ہے تمہارے عمل کو اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول اور اہل ایمان اور ضرور تم کو ایسے کے پاس جانا ہے جو تمام چھپی اور کھلی چیزوں کا جاننے والا ہے۔ سو وہ تم کو تمہارا سب کیا ہوا بتلا دے گا اور کچھ اور لوگ ہیں جن کا معاملہ خدا کے حکم آنے تک ملتوی ہے کہ ان کو سزا دے گا یا ان کی توبہ قبول کرے گا اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے (اور) حکمت والا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر آیات کثیرہ میں منافقین کے اقوال و افعال کا بیان چلا آتا ہے جس کے نفاق کا حال ان کے اقوال و افعال سے معلوم ہو گیا تھا آگے ان منافقین کا ذکر ہے جن کا منافق ہونا بھی حضور ﷺ کو معلوم نہ تھا غرض اوپر معلوم النفاق لوگوں کا ذکر تھا آگے غیر معلوم النفاق لوگوں کا ذکر ہے۔

ذکر منافقین غیر معلوم النفاق ☆ وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ (الی قولہ تعالٰی) ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ اور کچھ تمہارے گرد و پیش والوں میں اور کچھ مدینہ والوں میں ایسے منافق ہیں کہ (اس قدر) نفاق کی حد کمال پر پہنچے ہوئے ہیں (کہ) آپ (بھی) ان کو نہیں جانتے (کہ یہ منافق ہیں بس) ان کو ہم ہی جانتے ہیں ہم ان کو (دوسرے منافقین کی نسبت آخرت سے پہلے بھی) دوہری سزا دیں گے (ایک نفاق کی دوسرے کمال نفاق کی اور) پھر (آخرت میں بھی) وہ بڑے بھاری عذاب (یعنی نار مع الخلود) کی طرف بھیجے جاویں گے۔ ف: آخرت سے پہلے دنیا میں اور قبر کہ ما بین الدنیا و الآخرۃ ہے

www.besturdubooks.net

دونوں داخل ہوگئیں دنیا میں اور منافقین سے دونا عذاب اس طرح ہوسکتا ہے کہ منافقین کو زیادہ پریشانی اس سے رہتی تھی کہ ہمارا نفاق نہ کھل جاوے سوظاہر ہے کہ جن کا پتہ لگ چکا ان کی نسبت اخفا کی فکران کو زیادہ ہوگی جن کا اب تک پتہ نہیں لگا اور قبر میں تضعیف عذاب اور آخرت میں اوروں سے عظیم ہونے میں کوئی اشکال ہی نہیں اور ان کو اور منافقین سے بڑھا ہوا اس لئے فرمایا کہ مدار نفاق کے نفاق ہونے کا اخفاء ہے اور یہ اس میں ایسے بڑھے ہوئے ہیں کہ باوجودیکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذکاوت وفطانت میں تمام جہان سے اکمل ہیں مگرانہوں نے آپ کو بھی پتہ نہ چلنے دیا اور لَا تَعْلَمُهُمْ کے ترجمہ میں لفظ بھی اسی مضمون کی طرف اشارہ ہے۔ ربط: تمہید رکوع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ واقع میں نصف پارہ واعلموا میں غزوۂ تبوک کے متعلق لوگوں کا کئی جماعتوں کی طرف تقسیم ہونا بیان کیا تھا جن میں اوپر اکثر آیات میں جماعت پنجم یعنی منافقین کا زیادہ ذکر ہوا ہے آگے جماعت چہارم یعنی ان مؤمنین کا ذکر ہے جو کاہلی سے پیچھے رہ گئے مگر بہانے نہیں تراشے پھران میں دو قسمیں ہوگئی تھیں قسم اول جنہوں نے جس وقت سنا کہ آپ تشریف لے آئے تو اپنے کو مسجد کے ستونوں سے باندھ دیا کہ اگر آپ کھولیں گے تو خیر ورنہ یوں ہی ختم ہو جاویں گے اور قسم دوم جنہوں نے نہ عذر تراشا اور نہ اپنے کو باندھا بلکہ حاضر ہو کر سچ بات عرض کردی آیت اٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا الخ میں پہلوں کا بیان ہے اس کے نزول پر آپ نے ان کو کھول دیا تو وہ آپ کی خدمت میں کچھ مال لائے کہ ہماری طرف سے نیک راہ میں صرف فرما دیجئے اس پر آیت خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ الخ نازل ہوئی چنانچہ آپ نے قبول فرما لیا اور واٰخرون مرجون میں دوسروں کا بیان ہے اور ان کی توبہ قبول ہونے کا رکوع آئندہ کے ختم آیت لَقَدْ تَّابَ الخ میں بیان ہے كذا في الدر عن ابن عباسؓ۔

ذکر مؤمنین متخلفین ☆ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ (الى قوله تعالى) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ۝ اور کچھ اور لوگ ہیں جو اپنی خطا کے مقر ہوگئے جنہوں نے ملے جلے عمل کئے تھے کچھ بھلے (جیسے اعتراف جس کا منشا ندامت ہے اور یہی توبہ ہے اور جیسے اور غزوات جو پہلے ہو چکے ہیں غرض یہ کام تو اچھے کئے) اور کچھ برے (کئے جیسے تخلف بلا عذر سو) اللہ سے امید (یعنی ان کا وعدہ) ہے کہ ان (کے حال) پر (رحمت کے ساتھ) توجہ فرماویں (یعنی توبہ قبول کر لیں) بلا شبہ اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں (جب اس آیت سے توبہ قبول ہو چکی اور وہ حضرات ستونوں سے کھل چکے تو اپنا مال آپ کی خدمت میں لے کر آئے اور درخواست کی کہ اس کو اللہ کی راہ میں صرف کیا جاوے تو ارشاد ہوا کہ) آپ ان کے مالوں میں سے صدقہ (جس کو یہ لائے ہیں) لے لیجئے جس کے (لینے کے) ذریعہ سے آپ ان کو (گناہ کے آثار سے) پاک صاف کردیں گے اور (جب آپ لیں تو) ان کے لئے دعا کیجئے بلا شبہ آپ کی دعا ان کے لئے موجب اطمینان (قلب) ہے اور اللہ تعالیٰ (ان کے اعتراف کو) خوب سنتے ہیں (اور ان کی ندامت کو) خوب جانتے ہیں (اس لئے ان کے اخلاص کو دیکھ کر آپ کو یہ احکام دیئے آگے ان اعمال صالحہ مذکورہ یعنی توبہ وندامت وانفاق فی الخیر کی ترغیب اور اعمال سیئہ مثل تخلف وغیرہ سے آئندہ کے لئے ترہیب ہے پس اول ترغیب ہے یعنی) کیا ان کو یہ خبر نہیں کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور وہی صدقات کو قبول فرماتا ہے اور (کیا ان کو) یہ خبر نہیں) کہ اللہ ہی اس توبہ قبول کرنے (کی صفت) میں اور رحمت کرنے (کی صفت) میں کامل ہے (اسی لئے ان کی توبہ قبول کی اور اپنی رحمت سے مال قبول کرنے کا حکم اور ان کے لئے دعا کرنے کا حکم فرمایا پس آئندہ بھی خطایا وذنوب کے صدور پر توبہ کر لیا کریں اور اگر توفیق ہو تو خیر خیرات کیا کریں) اور (ترغیب کے بعد آگے ترہیب ہے یعنی) آپ (ان سے یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (جو چاہو) عمل کئے جاؤ سو اول تو دنیا ہی میں ابھی دیکھے لیتا ہے تمہارے عمل کو اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول اور اہل ایمان (پس برے عمل پر دنیا ہی میں ذلت اور خواری ہو جاتی ہے) اور (پھر آخرت میں) ضرور تم کو ایسے (اللہ) کے پاس جانا ہے جو تمام چھپی اور کھلی چیزوں کا جاننے والا ہے سو وہ تم کو تمہارا سب کیا ہوا بتلا دے گا (پس برے عمل سے مثل تخلف وغیرہ کے آئندہ سے احتیاط رکھو یہ قسم اول کا بیان تھا آگے قسم دوم کا ذکر ہے) اور کچھ اور لوگ ہیں جن کا معاملہ خدا کے حکم آنے تک ملتوی ہے کہ (عدم اخلاص توبہ کی وجہ سے) ان کو سزا دے گا یا (اخلاص کی وجہ سے) ان کی توبہ قبول کرے گا اور اللہ تعالیٰ (خلوص وعدم خلوص کا حال) خوب جاننے والا ہے (اور) بڑا حکمت والا ہے (پس مقتضائے حکمت خلوص کی توبہ کو قبول کرنا ہے اور بغیر خلوص کے قبول نہیں کرتا اور اگر کبھی بلا توبہ معاف کرنے میں حکمت ہو تو ایسا بھی کر دیتا ہے)۔ **ف**: یہاں چند تحقیقات ہیں اول جب توبہ سے گناہ معاف ہو گیا تو صدقہ کے آلہ تطہیر وتزکیہ ہونے کے کیا معنی سو وجہ اس کی یہ ہے کہ توبہ سے گناہ معاف ہو جاتا ہے لیکن گاہے اس کی ظلمت وکدورت کا اثر باقی رہ جاتا ہے اور گو اس پر مواخذہ نہیں لیکن اس سے آئندہ اور گناہوں کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے پس صدقہ سے خصوصاً بوجہ حدیث الصدقة تطفي غضب الرب اور دیگر اعمال صالحہ سے عموماً یہ ظلمت اور کدورت مندفع ہو جاتی ہے۔ دوم جب جہاد فرض کفایہ ہے تو جو لوگ کاہلی سے نہ گئے ان کو گناہ کیوں ہوا جس کے لئے قسم اول کی طرف عمل سیئ کو منسوب فرمایا اور قسم دوم کے حق میں احتمال تعذیب کا فرمایا سو وجہ اس کی یہ ہے کہ فی نفسہ تو فرض کفایہ ہے مگر جب آپ نے سب کو چلنے کا حکم فرما دیا تو اب فرض عین ہو گیا تھا بلکہ ہر امام اسلام جب حکم عام دے دے گا تو یہی حکم ہوگا سوم صدقہ لے کر امام کو اور نیز جس کو دیا جاوے دعا دینا مستحب ہے صل علیهم کے یہ معنی ہیں مگر لفظ صلوٰۃ سے نہ ہو یعنی اس طرح نہ کہے کہ اللهم صل علی زيد کیونکہ عرفاً اس سے ایہام نبوت کا لازم آتا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے

جومنقول ہے وہ باعتبار معنی لغوی کے ہے اور اس وقت یہ عرف مذکور نہ تھا چہارم تابعین کے لئے دو احتمال قبول توبہ و تعذیب کے بایں وجہ ہیں کہ توبہ کبھی شرائط کے موافق نہیں ہوتی پس اس کو آیات قبول توبہ کے ساتھ کچھ تعارض نہیں مثلاً اوپر ہی کی آیت اَلَمْ یَعْلَمُوْٓا الخ پنجم تفسیر مذکور پر یہ شبہ نہ رہا کہ بدوں توبہ کے معافی نہیں ہوتی چنانچہ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ کے ترجمہ میں اس کی تقریر کر دی گئی کہ گاہے یہی معافی مقتضائے حکمت ہوتی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ روح میں ہے کہ اس آیت سے اس پر استدلال کیا گیا ہے کہ امور خفیہ مثل اعمال قلب وغیرہ پر مطلع ہونے کا دعویٰ نازیبا ہے اور اس قسم کی آیتیں قوی دلیل ہیں اس شخص کے اوپر جو بجز دصفائے قلب اور تجرد نفس کے کشف اور اطلاع علی المغیبات کا دعویٰ کرنے لگتا ہے اھ اور اس آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے علم غیب کی صریح نفی کی گئی ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ یہ وہ لوگ تھے جن میں گناہ کا ملکہ راسخ نہ تھا اور ان میں نور استعداد باقی تھا اور اسی واسطے ان کی طبیعتیں نرم ہو گئیں اور ان کی یہ شان تھی کہ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَیِّئًا جس کی وجہ یہ تھی کہ وہ لوگ نفس لوامہ کے مرتبہ میں تھے جس کا اتصال بالقلب اور اس کے نور سے منور ہونا اس کا ملکہ نہ ہوا تھا اور اسی لئے کبھی اس کا منقاد ہو کر اعمال صالحہ کرنے لگتا تھا اور کبھی اس سے بھاگنے لگتا تھا اور وہ اسی بین بین حالت میں رہتا ہے جب تک کہ اس کا اتصال بالقلب قوی ہو کر اس کا ملکہ نہ ہو جاوے اور جب ایسا ہو جاوے تو پھر مخالفات سے نجات پالیتا ہے اور شاید یہ ارشاد کہ عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّتُوْبَ عَلَیْهِمْ ؕ اسی طرف اشارہ ہو کہ کبھی اس کے اتصال بالقلب کے جانب کو دوسرے اسباب سے بھی ترجیح ہو جاتی ہے جیسا اس قول میں اشارہ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّیْهِمْ بِهَا کیونکہ مال ہی تمام شہوات کا مادہ ہے پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ان سے اموال لینے کا حکم کیا گیا تا کہ ان کو اول مرحلہ تجرد ہو جس سے نفس کے قویٰ منکسر ہوں اور اس کی خواہشیں اور صفات ضعیف ہوں اور صَلِّ عَلَیْهِمْ ؕ میں امداد ہمت اور اضافہ انوار صحبت کا امر ہے اور اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ میں اس کا بیان ہے کہ یہ ہمت اور افاضہ ان پر نزول سکینہ کا سبب ہے اور سکینہ کی تفسیر یہ کی گئی ہے کہ وہ ایک نور ہے جو قلب میں مستقر ہوتا ہے اور توجہ الی الحق پر اس سے ثبات ہوتا ہے اور بے استقلالی سے اس کے سبب نجات ہوتی ہے یہ سب مضمون روح المعانی میں ہے اور ان آیات میں یہ امور بھی ہیں۔ اعتراف بالذنب کی فضیلت۔ معترف کا قبول عذر۔ اعمال مثلاً صدقہ وغیرہ کی برکات۔ شیخ کی برکات۔ چنانچہ تزکیہ کو بواسطہ صدقہ کے آپ کی طرف منسوب کیا گیا۔ شیخ کو یہ ارشاد کہ مرید کو تسلی دیا کرے اس قول میں اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَیَرَی اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ میں اشارہ ہے اس قول کی طرف جو صدق توبہ میں علماء نے فرمایا ہے کہ تائب پر سیماءِ صالحین ظاہر ہونے لگے کیونکہ مؤمنین کی رویت اسی سے متعلق ہو سکتی ہے۔ قولہ تعالیٰ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اس میں اس کی اصل ہے کہ بعض اوقات مرید کے معاملہ کو خوف و رجاء کے درمیان معلق چھوڑ دیا جاتا ہے اس کے عذر کو نہ صریحاً قبول کیا جاتا ہے کہ اس میں نصیحت کا اثر ضعیف ہو جاتا ہے اور نہ صریحاً رد کیا جاتا ہے کہ اس سے اول توحش ہوتا ہے پھر مایوسی پھر بُعد اور یہ سب اس کے لئے مضر ہیں اور اس کے معلق رکھنے میں اس کی بہت سے مصلحتیں ہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی وممن کچھ اہل قولہ ایسے اشارة الی التركيب من ان من اهل المدينة معطوف على ممن حولكم ومردوا صفة لمنافقون كذا فی الخازن والبيضاوى ۱۲۔ ۲؎ قوله فی مردوا حد کمال نقل فی الروح عن القاموس هو العتو او هو ان يبلغ الغاية التی يخرج بها من جملة ما عليه ذلك الصنف ۱۲۔ ۳؎ قوله فی لا تعلمهم کہ ای قولہ یہ منافق ہیں اشار الی امرين الاول ان قوله لا تعلمهم بيان لتمردهم والثانی ان معنى لا تعلمهم نفی العلم بصفة النفاق لا بالاعيان ۱۲۔ ۴؎ قوله فی نحن نعلمهم بس ہم ہی اشار به الی فائدة زيادة قوله نعلمهم على ما فی الروح من التقرير لما سبق من مهارتهم فی النفاق ای لا يقف على سرائرهم الا من لا تخفى عليه خافية ۱۲۔ ۵؎ قوله فی مرتين ایک نفاق الخ كذا فی الروح ۱۲۔ ۶؎ قوله فی اخرون کچھ اور لوگ ہیں اشارة الی التركيب من ان آخرون صفة لقوم مقدر مبتدأ لصلوح النكرة الموصوفة له والخبر اعترفوا وقوله خلطوا حال ۱۲۔ ۷؎ قوله فی تطهرهم پاک وصاف اشارة الی عطف تزكيهم على تطهرهم وتقييد المعطوف عليه بما قيد به المعطوف والجمع بينهما عندی للتاكيد ۱۲۔

البلاغۃ: عن عباده فی الروح تعدية القبول بعن لتضمنه معنى التجاوز والعفو وقيل بمعنى من قوله خلطوا الاصل فی الخلط التعدية بالباء لكن بحيث يكون المفعول بلا واسطة مغلوبا والمفعول بواسطة غالبا فيقال خلط الماء باللبن ولا يقال خلط اللبن بالماء ولما كان حكم التائب والمسئى من قبول التوبة والعفو عنه عاما لكل من غلبت حسناته سيئاته او بالعكس لم يعد بالباء لفظا فالتقدير خلطوا عملا صالحا بسئی و سيئا بصالح فافهم ۱۲

وَالَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِیْقًۢا بَیْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ

www.besturdubooks.net

قَبْلُ ۭ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّا الْحُسْنٰى ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝۱۰۷ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ۭ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ
عَلَي التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ۭ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ۝۱۰۸
اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰي تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰي شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ
بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۰۹ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّآ
اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۱۱۰

اور بعضے ایسے ہیں جنہوں نے ان اغراض کے لئے مسجد بنوائی ہے کہ (اسلام کو) ضرر پہنچائیں اور (اس میں بیٹھ بیٹھ کر) کفر کی باتیں کریں اور ایمانداروں میں تفریق ڈالیں اور اس شخص کے قیام کا سامان کریں جو اس کے قبل سے خدا اور رسول کا مخالف ہے اور قسمیں کھا جائیں گے کہ بجز بھلائی کے ہماری کچھ نیت نہیں اور اللہ گواہ ہے کہ وہ بالکل جھوٹے ہیں۔ آپ اس میں کبھی (نماز کے لئے) کھڑے نہ ہوں۔ البتہ جس مسجد کی بنیاد اول دن سے تقویٰ پر رکھی گئی ہے (مراد مسجد قبا) وہ (واقعی) اس لائق ہے کہ آپ اس میں (نماز کے لئے) کھڑے ہوں۔ اس میں ایسے آدمی ہیں کہ وہ خوب پاک ہونے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ خوب پاک ہونے والوں کو پسند کرتا ہے پھر آیا ایسا شخص بہتر ہے جس نے اپنی عمارت (یعنی مسجد) کی بنیاد خدا سے ڈرنے پر اور خدا کی خوشنودی پر رکھی ہو یا وہ شخص جس نے اپنی عمارت کی بنیاد کسی گھاٹی (یعنی غار) کے کنارہ پر جو گرنے ہی کو ہو رکھی ہو۔ پھر وہ (عمارت) اس (بانی) کو لے کر آتش دوزخ میں گر پڑے اور اللہ تعالیٰ ایسے ظالموں کو (دین) سمجھ ہی نہیں دیتا ان کی یہ عمارت جو انہوں نے بنائی ہے ہمیشہ ان کے دلوں میں (کانٹا سا) کھٹکتی رہے گی۔ ہاں مگر ان کے (وہ) دل ہی اگر فنا ہو جائیں تو خیر اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں۔ ۝

تفسیر: ربط: اوپر بار بار منافقین کا ذکر ہوا ہے آگے ان کے ایک مسجد بنانے کا اور اس کے متعلقات کا بیان ہے جس کا ملخص قصہ یہ ہے کہ شہر مدینہ کے قریب ایک محلہ قبا اس کا نام ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے ہیں تو اول اسی محلہ میں قیام فرمایا پھر شہر میں تشریف لے آئے تھے تو زمانہ قیام میں جس جگہ آپ نماز پڑھتے تھے وہاں اس محلہ کے مؤمنین مخلصین نے ایک مسجد بنالی اور اس میں نماز پڑھا کرتے منافقین ایک شخص ابو عامر راہب سے جو کہ اسلام کا سخت دشمن تھا میل رکھتے تھے باہم یہ صلاح ٹھہری کہ ایک مکان مسجد کے نام سے جداگانہ بنایا جاوے اس میں سب جمع ہو کر اسلام کی ضر رسانی کے مشورے کیا کریں اور اس سارے مجمع کا سرگروہ ابو عامر رہے وہ جب مدینہ آیا کرے تو اسی مکان میں ٹھہرا کرے اور ابو عامر نے کہا کہ میں ہرقل شاہ روم سے مل کر اسلام کے مقابلہ کے لئے لشکر لاؤں گا اور اسلام سب نیست و نابود ہو جاوے گا غرض مسجد کی شکل پر وہ مکان تیار ہوا تو آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر درخواست کی کہ آپ وہاں چل کر نماز پڑھ لیجئے تو پھر وہاں جماعت ہونے لگے آپ نے جداگانہ مسجد بنانے کی وجہ پوچھی کہنے لگے کہ ہماری نیت بالکل نیک ہے محض عام مسلمانوں کو آسائش کی غرض سے بنالی ہے کہ وسعت بسہولت ہو گرمی سردی میں سایہ کی ضرورت ہوتی ہے ایک مسجد میں سب سما نہیں سکتے اس سے گنجائش ہو گی کوئی بیمار ضعیف دور نہ جاسکے تو پاس کے پاس اس میں نماز پڑھ لے آپ نے بنا بر حسن ظن تصدیق فرما کر وعدہ کر لیا کہ تبوک سے واپس آ کر اس میں نماز پڑھوں گا اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں آپ کو حقیقتِ حال کی اطلاع کر دی اور وہاں نماز پڑھنے کی غرض سے جانے سے منع فرما دیا چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بوجہ اس کے کہ وہ مسجد کی نیت سے نہیں بنائی گئی تھی اور اوپر سے مفاسد کثیرہ اس سے ناشی ہوتے تھے صحابہ کو بھیج کر اس کو آگ لگوا دی اور منہدم کرا دیا اس سے مسجد کا لقب مسجد ضرار مشہور ہے بوجہ اس کے کہ سبب ضرر کا تھا ہکذا ذکر فی الدر المنثور وغیرہ ان آیات میں اس مسجد کا اور مقابلہ میں مسجد مؤمنین کا جو مسجد قباء کے لقب سے مشہور ہے بیان ہے۔

ذکر مسجد ضرار ☆ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ اور بعضے ایسے ہیں جنہوں نے ان اغراض کے لئے مسجد بنائی ہے کہ (اسلام کو) ضرر پہنچادیں اور (اس میں بیٹھ بیٹھ کر) کفر (یعنی عداوت رسول) کی باتیں کریں اور (اس کی وجہ سے) ایمانداروں (کے مجمع) میں تفریق ڈالیں (کیونکہ جب دوسری مسجد بنتی ہے اور ظاہر کیا جاوے کہ خوش نیتی سے بنی ہے تو ضرور ہے کہ پہلی مسجد کا مجمع کچھ نہ کچھ منتشر ہو ہی جاتا ہے) اور (یہ بھی غرض ہے کہ) اس شخص کے قیام کا سامان کریں جو اس (مسجد بنانے) کے قبل سے خدا اور رسول کا مخالف ہے (مراد ابو عامر راہب ہے) اور (پوچھو تو) قسمیں کھا جاویں گے (جیسا کہ ایک دفعہ پہلے بھی پوچھنے پر کھا چکے ہیں) کہ بجز بھلائی کے اور ہماری کچھ نیت نہیں (بھلائی سے مراد آسائش اور گنجائش) اور اللہ گواہ ہے کہ وہ (اس دعوے میں) بالکل جھوٹے ہیں (جب اس مسجد کی یہ حالت ہے کہ وہ واقع میں مسجد ہی نہیں بلکہ مضر اسلام ہے تو) آپ اس میں کبھی (نماز کے لئے) کھڑے نہ

www.besturdubooks.net

ہوں البتہ جس مسجد کی بنیاد اول دن سے (یعنی روزِ تجویز سے) تقویٰ (اور اخلاص) پر رکھی گئی ہے (مراد مسجد قبا ہے) وہ (واقعی) اس لائق ہے کہ آپ اس میں (نماز کے لئے) کھڑے ہوں (چنانچہ گاہ گاہ آپ وہاں تشریف لے جاتے اور نماز پڑھتے) اس (مسجد قبا) میں ایسے (اچھے آدمی ہیں کہ وہ خوب پاک ہونے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ خوب پاک ہونے والوں کو پسند کرتا ہے (جب دونوں مسجدوں کے بانیوں کا حال معلوم ہوگیا تو) پھر (سمجھ لو) آیا ایسا شخص بہتر ہے جس نے اپنی عمارت (یعنی مسجد) کی بنیاد خدا سے ڈرنے پر اور خدا کی خوشنودی پر رکھی ہو یا وہ شخص (بہتر ہوگا) جس نے اپنی عمارت (یعنی مسجد) کی بنیاد کسی کھائی (یعنی غار) کے کنارہ پر جو کہ گرنے ہی کو (ہو) رکھی ہو (مراد اس سے اغراض باطلہ کفریہ ہیں ناپائیداری میں اس کے ساتھ تشبیہ دی گئی) پھر وہ (عمارت) اس (بانی) کو لے کر آتش دوزخ میں گر پڑے (یعنی وہ عمارت تو گری بوجہ اس کے کہ کنارہ پر ہے جب وہ کنارہ پانی سے کٹ کر گرے گا وہ عمارت بھی گرے گی اور بانی گرا اس لئے کہ اس عمارت میں رہتا تھا اور چونکہ مراد اس سے اغراض کفریہ ہیں جو موصل الی النار ہیں اس لئے یہ فرمایا کہ وہ اس کو لے کر جہنم میں جا گری) اور اللہ تعالیٰ ایسے ظالموں کو (دین کی) سمجھ ہی نہیں دیتا (کہ بنائی تو مسجد کے نام سے جو کہ دین کے شعائر میں سے ہے اور غرضیں اس میں کیسی کیسی فاسد کرلیں) ان کی یہ عمارت (یعنی مسجد) جو انہوں نے بنائی ہے ہمیشہ ان کے دلوں میں (کانٹا سا) کھٹکتی رہے گی (کیونکہ جس غرض سے بنائی تھی وہ پوری نہ ہوئی اور قلعی کھل گئی سو الگ اور پھر اوپر سے منہدم کردی گئی غرض کوئی ارمان نہ نکلا اس لئے ساری عمر اس کا فسوس اور ارمان باقی رہے گا) ہاں مگر ان کے (وہ) دل ہی (جن میں وہ ارمان ہے) اگر فنا ہو جاویں تو خیر (وہ ارمان بھی اس وقت ختم ہو جاوے) اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں (ان کی حالت کو جانتے ہیں اور اسی کے مناسب سزا دیں گے) **ف**: اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ کا یہ مطلب نہیں کہ بعد فنا و موت کے راحت ہو جاوے گی بلکہ یہ محاورات میں کنایہ ہے دوام حسرت سے اور یہ بھی کہنا ممکن ہے کہ حقیقۃً دوام حسرت کو مفید ہو کیونکہ موت سے محل ادراک یعنی قلب حقیقی کو موت نہیں آتی پس تَقَطَّعَ کبھی متحقق ہی نہ ہوگا اس لئے حسرت بھی کبھی منقطع نہ ہوگی۔ یہاں ایک علمی شبہ ہے وہ یہ کہ حدیثوں میں مصرح ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو آپ نے اہل مسجد قباء سے پوچھا تم کیا تطہر کرتے ہو کہ تمہاری ثنا کی گئی انہوں نے کہا کہ ہم استنجا ڈھیلے سے کرکے پانی بھی لیتے ہیں آپ نے فرمایا یہ ہی بات ہے اس سے اور نیز سیاق آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ مَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى سے مراد مسجد قباء ہے پھر اس حدیث کے کیا معنی کہ دو صحابیوں کی اس میں گفتگو ہوئی اور آپ نے ارشاد فرمایا کہ اس سے مراد یہ میری مسجد یعنی مسجد نبوی ہے جواب یہ ہے کہ مدلول بعبارۃ النص تو مسجد قباء ہی ہے مگر مدلول بدلالۃ النص مسجد نبوی بھی ہے اور مقصود اس جواب سے رد کرنا ہے دعویٰ اختصاص بمسجد قباء کو رہا یہ کہ سیاق اس سے آبی ہے جواب یہ ہے کہ مدلول بعبارۃ النص تو مسجد قباء ہی ہے مگر مدلول بدلالۃ النص مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہے کیونکہ جب صحابہؓ کے بانی ہونے سے وہ ان اوصاف کی مصداق بن گئی تو جس مسجد کے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم بانی ہوں گے وہ ظاہر ہے کہ بدرجۂ اولیٰ اس کی مصداق ہوگی اور نفی کرنا مسجد قباء کی آپ کا مقصود نہیں خوب سمجھ لو واللہ اعلم۔

مسئلہ: اس قصہ سے جو بعض علماء نے مستنبط کیا ہے کہ جو مسجد تفاخر و ریا کے لئے بنائی جاوے وہ مسجد نہیں مجھ کو اس میں کلام ہے کیونکہ مقیس علیہ میں تو درحقیقت مسجد بنانے ہی کی نیت نہ تھی کیونکہ ان کے اعتقاد میں مسجد بنانا موجب تقرب نہ تھا بخلاف مقیس کے کہ وہ مسجد بنانے کو موجب تقرب سمجھتا ہے گو اس میں نیت فاسد ہو تو فسادِ نیت کو فساد عقیدہ پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے اور مجتہد مذہب سے یہ جزئی کہیں منقول نہیں دیکھی گئی اس لئے احکام ظاہری میں وہ مسجد ہے گو عند اللہ مقبول نہ ہو مسجدیت اور مقبولیت میں تلازم نہیں نہ ایک جانب نہ دونوں جانب سے واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا اس سے اس شخص کے فعل کی شناعت مفہوم ہوتی ہے جو دین کو اپنی غرضِ فاسد کا آلہ بناوے قولہ تعالیٰ: لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا کیونکہ آپ کا وہاں پر نماز پڑھ لینا اس کی ترویج و تقویت کا سبب ہو جاوے گا اور اس میں دلیل ہے کہ امر مکروہ شرعی کے لئے سبب بننے سے بھی تحرز ضروری ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ وجہ اس کی یہ ہے کہ اس سے نفس میں صفائے وقت وطیب حال و ذوق وجدان کا اثر پیدا ہوتا ہے بخلاف اس کے جو خلاف تقویٰ پر مبنی ہو کہ اس میں کدورت اور تفرقہ اور قبض کا اثر نفس میں پیدا ہوتا ہے اور فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا میں اشارہ ہے کہ صالحین کی صحبت کو بھی اثر عظیم ہے (کہ اس مسجد میں قیام کی ترجیح کی علت کے موقع میں اس کو بھی فرمایا) اور اس مجموعہ سے یہ امر حاصل ہوا کہ حصول جمعیت میں مکان اور اخوان اور اہل طریق سے منقول ہے کہ اس کے ساتھ زمان کی بھی رعایت کو دخل ہے۔ كذا في الروح ملخصًا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في والذين بعضے اشارة الى تقدير ومنهم ۱۲۔ ۲ قوله في ضرارا اغراض اشارة الى ان المنصوبات مفعول له ۱۲۔ ۳ قوله في ارصادا سامان لما في القاموس ارصدت له اعددت له وكافأته بالخير او بالشر ۱۲۔ ۴ قوله في اول يوم تجويز اى من اول يوم بناءه لان بناءه كان على غير تقوى ثم تابوا واخلصوا و قيل من اول يوم الهجرة ۱۲۔ ۵ قوله في تقوىٰ اوراخلاص اشار بالعطف الى

www.besturdubooks.net

التفسیر بکون المراد بالتقوی بعض شعبه ۱۲۔ ۶؎ قوله فی احق اس لائق فاحق بمعنی حقیق ۱۲۔ ۷؎ قوله فی تقوی ورضوان خدا کی خوشنودی مبنی علی تقیید المعطوف بما قید به المعطوف علیه ومن الله صفة لتقوی والمعنی تقوی الله کما فی الخازن ۱۲۔

اللغات: لبنیان مصدر بمعنی المبنی شفا جرف وطرف وجرف البیر التی لم تطو و قیل هو الهوة وما یجرفه السیل هار ساقط نعت لجرف اصله ها ورا وهائر فهو مقلوب کذا فی الروح ۱۲۔

البلاغۃ: قوله الذی بنوا فی الروح وصف بنیانهم بها وصف للایذان بکیفیة بنائهم له وتاسیسه علی ما علیه تاسیسه مما علمت وللاشعار بعلة الحکم قوله لا تقم ای لا تصل ۱۲۔

إِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ
وَ يُقْتَلُوْنَ ۫ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا
بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۱۱۱ اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ
الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۱۲
مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ
لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝۱۱۳ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ
فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ۝۱۱۴

بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے ان کی جانوں کو اس بات کے عوض میں خرید لیا ہے کہ ان کو جنت ملے گی۔ وہ لوگ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں۔ جس میں قتل کرتے اور قتل کئے جاتے ہیں اس پر سچا وعدہ کیا گیا ہے توراۃ میں (بھی) اور انجیل میں (بھی) اور قرآن میں (بھی) اور (یہ مسلم ہے) اللہ سے زیادہ اپنے عہد کو کون پورا کرنے والا ہے تو تم لوگ اپنی اس بیع پر جس کا تم نے (اللہ تعالیٰ سے) معاملہ ٹھہرایا ہے خوشی مناؤ اور یہ بڑی کامیابی ہے وہ ایسے ہیں جو (گناہوں سے) توبہ کرنے والے ہیں (اور اللہ) کی عبادت کرنے والے اور حمد کرنے والے، روزہ رکھنے والے رکوع کرنے والے (اور) سجدہ کرنے والے نیک باتوں کی تعلیم کرنے والے اور بری باتوں سے باز رکھنے والے اور اللہ کی حدوں کا (یعنی احکام کا) خیال رکھنے والے (ہیں) اور ایسے مؤمنین کو (جن میں) جہاد اور یہ صفات ہیں خوشخبری سنا دیجئے پیغمبر کو اور دوسرے مسلمانوں کو جائز نہیں کہ مشرکین کے لئے مغفرت کی دعائیں مانگیں اگرچہ وہ رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں۔ اس امر کے ظاہر ہو جانے کے بعد کہ یہ لوگ دوزخی ہیں اور ابراہیم علیہ السلام کا اپنے باپ کیلئے دعائے مغفرت مانگنا وہ بھی صرف وعدہ کے سبب تھا۔ جو انہوں نے اس سے وعدہ کر لیا تھا۔ پھر جب ان پر بات ظاہر ہو گئی کہ وہ خدا کا دشمن ہے (یعنی کافر ہو کر مرا) تو وہ اس سے محض بے تعلق ہو گئے۔ واقعی ابراہیم بڑے رحیم المزاج حلیم الطبع تھے۔

تفسیر: ربط: اوپر متخلفین عن الجہاد کی مذمت تھی آگے مجاہدین کی فضیلت پھر ان میں سے خاص کاملین کی جن میں دوسرے اوصاف ایمانیہ بھی ہوں منقبت مذکور ہے۔

فضل مجاہدین عموماً وکاملین خصوصاً ☆ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ (الٰی قوله تعالٰی) وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے ان کی جانوں کو اور ان کے مالوں کو اس بات کی عوض میں خرید لیا ہے کہ ان کو جنت ملے گی (اور خدا کے ہاتھ مال و جان کے بیچنے کا مطلب یہ ہے کہ) وہ لوگ اللہ کی راہ میں (یعنی جہاد میں) لڑتے ہیں جس میں (کبھی) قتل کرتے ہیں اور (کبھی) قتل کئے جاتے ہیں (یعنی وہ بیع جہاد کرنا ہے خواہ اس میں قاتل ہونے کی نوبت آئے یا مقتول ہونے کی) اس (قتال) پر (ان سے جنت کا) سچا وعدہ کیا گیا ہے توریت میں (بھی) اور انجیل میں (بھی) اور قرآن میں (بھی) اور یہ مسلم ہے کہ) اللہ سے زیادہ اپنے عہد کو کون پورا کرنے والا ہے (اور اس نے اس بیع پر وعدہ جنت کا کیا ہے) تو (اس حالت میں) تم لوگ (جو کہ جہاد کر رہے ہو) اپنی اس بیع (مذکور) پر جس کا تم نے (اللہ تعالیٰ سے) معاملہ ٹھہرایا ہے خوشی مناؤ (کیونکہ اس بیع پر تم کو حسب وعدۂ مذکور جنت ملے گی) اور یہ (جنت ملنا) بڑی کامیابی ہے (تو ضرور تم کو یہ سودا کرنا چاہئے) وہ (مجاہدین ایسے ہیں جو علاوہ جہاد کے ان اوصاف کمال کے ساتھ بھی موصوف ہیں کہ گناہوں سے) توبہ

www.besturdubooks.net

کرنے والے ہیں (اور اللہ کی) عبادت کرنے والے ہیں (اور اللہ کی) حمد کرنے والے (ہیں اور) روزہ رکھنے والے (ہیں اور) رکوع اور سجدہ کرنے والے (ہیں یعنی نماز پڑھتے ہیں اور) نیک باتوں کی تعلیم کرنے والے (ہیں) اور بری باتوں سے باز رکھنے والے (ہیں) اور اللہ کی حدوں کا (یعنی احکام کا) خیال رکھنے والے (ہیں) اور ایسے مؤمنین کو (جن میں جہاد اور یہ صفات ہوں) آپ خوشخبری سنا دیجئے (کہ ان سے جنت کا وعدہ مذکورہ ہے)۔ ف: ان صفات کی قید لگانے کا یہ مطلب نہیں کہ بدوں ان صفات کے جہاد کا ثواب نہیں ملتا کیونکہ نصوص کثیرہ میں صرف جہاد پر بشارات وارد ہیں البتہ ایمان شرط ضروری ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ ان سب کے اجتماع پر ثواب اور فضیلت میں اور کثرت اور قوت ہو جاتی ہے تاکہ نرے جہاد پر نہ بیٹھ جاویں بلکہ ان عبادات کو بھی ہمیشہ بجالاویں اور چونکہ جہاد میں اکثر مال بھی خرچ ہوتا ہے اور جان کا خرچ کرنا زیادہ اہم ہے اس لئے شروع آیت میں تو انفس واموال دونوں کا ذکر فرمایا اور اس کی تفصیل میں صرف بذل انفس یعنی قتال پر اکتفاء فرمایا اور بذل نفس سے مراد یہی قتال ہے کہ اس میں جان سے کام لیا جاتا ہے یہ ضرور نہیں کہ جان کام آوے یعنی مقتول ہو جاوے اس سے یہ شبہ بھی جاتا رہا کہ جان تو بعد مرنے کے بھی باقی رہتی ہے پھر اس کے بذل کے کیا معنی۔ اور مشہور ہے کہ انجیل میں جہاد کا حکم نہیں ہے پھر انجیل میں اس وعدہ کے ہونے کے کیا معنی سو یا تو اس میں امت کا ذکر ہوگا کہ ان کے لئے قتال مشروع ہوگا اور ان سے یہ وعدہ ہوگا اور یا مطلق بذل مال و نفس کی اس میں فضیلت ہوگی جس کے عموم میں جہاد بھی داخل ہے اور اگر اب یہ مضامین اس میں نہ ہوں تو شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ اصلی کتب سابقہ مفقود ہیں۔ ربط: زیادہ تر حصہ سورت کا تبری عن الکفار میں ہے چنانچہ آغاز کیا گیا بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ الخ سے اور جہاد کا حکم ہوا یہ سب معاملات متعلق حیات کے تھے آگے اس تبری کی تاکید کے لئے کفار کے واسطے استغفار کرنے سے نہی ہے جو کہ متعلق مابعد الموت کے ہے کہ اس میں بالکل ہی قطع ہے تعلقات غیر ضروریہ کا جیسا کہ اوپر منافقین کے جنازہ پر نماز کی ممانعت تھی اور وجہ اس نہی کی یہ ہوئی کہ ابو طالب کی وفات کے بعد آپ نے فرمایا کہ جب تک مجھ کو ممانعت نہ ہوگی ان کے لئے استغفار کروں گا اس پر اور مسلمانوں نے بھی اپنے مشرک اموات کے لئے استغفار شروع کیا تو آیت مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ الخ میں اس کی ممانعت آئی بعض کو شبہ ہوا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھی تو اپنے باپ کے لئے استغفار فرمایا تھا اس پر آیت وَ مَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ الخ میں اس کا جواب نازل ہوا **اخرجه ابو الشيخ وابن عساكر من طريق بسفيان بن عيينة عن عمرو بن دينار هكذا في الروح و اخرج سبب نزول الأية الاولى الشيخان۔**

نہی از استغفار برائے مشرکین مع جواب شبہ متعلقہ آں ☆ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا (الی قوله تعالی) اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) کو اور دوسرے مسلمانوں کو جائز نہیں کہ مشرکین کے لئے مغفرت کی دعا مانگیں اگرچہ وہ رشتہ دار ہی (کیوں نہ) ہوں اس امر کے ظاہر ہو جانے کے بعد کہ یہ لوگ دوزخی ہیں (اس وجہ سے کہ کافر ہو کر مرے ہیں) اور (اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قصہ سے شبہ ہو کہ انہوں نے اپنے باپ کے لئے دعائے مغفرت کی تھی تو اس کا جواب یہ ہے کہ) ابراہیم (علیہ السلام) کا اپنے باپ کے لئے دعائے مغفرت مانگنا وہ اس کے قبل تھا کہ اس کا دوزخی ہونا ظاہر ہو جاوے اور) وہ (بھی) صرف وعدہ کے سبب سے تھا جو انہوں نے اس سے وعدہ کر لیا تھا (اس قول میں سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ غرض جواز تو اس لئے تھا کہ اس کا دوزخی ہونا ظاہر نہ ہوا تھا اور وقوع کو اس سے ترجیح ہوگئی تھی کہ وعدہ کر لیا تھا ورنہ باوجود جواز کے بھی وقوع نہ ہوتا) پھر جب ان پر یہ بات ظاہر ہوگئی کہ وہ خدا کا دشمن (یعنی کافر ہو کر مرا) ہے تو وہ اس سے محض بے تعلق ہو گئے (کہ استغفار بھی چھوڑ دیا کیونکہ اس وقت دعائے مغفرت کرنا بے معنی ہے کیونکہ کافر میں احتمال مغفرت کا ہے ہی نہیں بخلاف حالت حیات کے کہ دعائے مغفرت کے معنی اس وقت طلب توفیق ہدایت ہو سکتے ہیں کہ توفیق ہدایت کے لئے مغفرت لازم ہے اور رہا یہ کہ وعدہ کیوں کر لیا تھا وجہ اس کی یہ ہے کہ) واقعی ابراہیم (علیہ السلام) بڑے رحیم المزاج حلیم الطبع تھے (کہ باوجودیکہ باپ نے ان کو کیسی کیسی سخت باتیں کہیں مگر حلم سے کام لیا اور مزید براں یہ کہ شفقت کے جوش سے وعدہ کر لیا اور احتمال نفع تک اس وعدہ کو پورا فرمایا جب یاس ہو گیا ہار کر چھوڑ دیا بخلاف تمہارے استغفار کے کہ مشرکین کے مرنے کے بعد ہو رہا ہے جن کا حالت شرک پر مرنا ظاہر مشاہد سے معلوم ہے اور احکام شرعیہ میں ایسا ظاہر کافی ہے پھر قیاس کب صحیح ہے اور اس قیاس پر شبہ کب مبنی ہو سکتا ہے)۔ ف: اس سے معلوم ہوا کہ قرآن میں جو ابراہیم علیہ السلام کی دعا آئی ہے وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اس کے معنی یہ ہیں **و اهد ابی** اور اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ۔ اس کے بہت ہی مناسب ہے اور ایک آیت میں والدین کے لئے مغفرت کی دعا میں **یوم یقوم الحساب۔** فرمایا ہے وہاں یہ مطلب ہے **اهدهما لیغفر لهما یوم قیام الحساب** اور حدیث بخاری میں جو آیا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام قیامت میں عرض کریں گے **انك وعدتني انك ان لا تخزيني يوم يبعثون فاى خزى اخزى من ابى الا بعد** اور پھر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوگا **: انی حرمت الجنة علی الكافرين** اور پھر ارشاد ہوگا **: ما تحت رجليك** اور ان کو وہ بشکل گفتار نظر آوے گا پھر دوزخ میں پھینک دیا جاوے گا سو اس حدیث کا یہ مطلب نہیں کہ آپ اس وقت اس کی مغفرت چاہیں گے بلکہ مطلب یہ ہوگا کہ آپ نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ تم کو قیامت کی رسوائی سے بچاؤں گا اور اس میں بھی ایک گونہ رسوائی ہے کہ میرا باپ

www.besturdubooks.net

اس حالت میں ہوتو اس سے مجھ کو بچائیے اور اللہ تعالیٰ کے ارشاد کا حاصل یہ ہوگا کہ رسوائی سے بچانے کا ایک طریق تو ہو نہیں سکتا کہ اس کی مغفرت کردی جاوے ہم دوسری صورت تجویز کرتے ہیں کہ اس کو مسخ کرتے ہیں کہ کوئی اس کو پہچانے نہیں اور تم کو شرمندگی نہ ہو خوب سمجھ لو اور جاننا چاہئے کہ ابراہیم کا استغفار کرنا جس طرح پر واقع ہوا ہے اس طرح اوروں کو بھی جائز ہے پھر جو سورۂ ممتحنہ میں فرمایا گیا ہے اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِیْمَ یعنی اس قول میں آپ کا اقتداء نہ کرنا مطلب یہ ہے کہ اس قول کا جو مطلب تم سمجھ رہے ہو کہ اس کو اطلاق پر محمول کر رکھا ہے اس میں اقتداء مت کرنا خوب سمجھ لو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ (الی قولہ تعالی) بَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ۝ روح میں ہے کہ اس آیت میں ان لوگوں کی بدحالی کا اظہار ہے جو اپنے کو سالکین کے زمرہ میں داخل سمجھتے ہیں اور پھر حدود کو ضائع کرتے ہیں اور ایسے کلمات کے ساتھ تکلم کرتے ہیں جو صوفیہ کے نزدیک بھی باطل ہیں۔ قولہ تعالیٰ: مَا كَانَ لِلنَّبِیِّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ یَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِیْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِیْ قُرْبٰی۔ اس میں تصریح ہے کہ بدون ایمان کے محض برکات کام نہیں آتے دیکھو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت سے بڑھ کر کون سی برکت ہوگی پھر بھی یہ حکم دیا گیا قولہ تعالیٰ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِیْمَ لِاَبِیْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ۔ یہ دلیل ہے اس پر کہ اگر شیخ کسی فعل سے مرید کو منع کرے اور کسی عارض سے وہی فعل خود کرنا پڑے تو مرید کے سامنے اپنا عذر اجمالاً یا تفصیلاً بیان کردے تاکہ وہ اس کا اقتداء نہ کرے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في يقاتلون مطلب اشارة الى انه بيان لما قبله من الاشتراء ۱۲ـ ۲ قوله في فيقتلون جس میں الخ اشارة الى ان الاجتماع ليس بشرط بل المناط هو القتال فقط وتترتب عليه القاتلية مرة والمقتولية اخرى ۱۲ـ ۳ قوله في في التوراة وعدہ کیا گیا ہے توریت میں اشارة الى تعلق الجار بالوعد ۱۲ـ ۴ قوله في التمهيد تعلقات غیر ضروریہ قيد به لان الضرورى منها لا يوم بقطعها كالتبليغ ومصاحبة الابوين بالمعروف والدعاء لهم بالهداية ونحو ذلك ۱۲ـ ۵ قوله في ما كان جائز نہیں یعنی الآن انتفى الجواز فلا يرد انه صلى الله عليه وسلم والمؤمنين باشروا ما لا يجوز ۱۲ـ ۶ قوله قبل الاعزن موعدة اس کے قبل تھا اشار به الى ان اصل الجواب هو ان الاستغفار كان قبل التبيين واستغفاركم بعد التبيين فاقيم حديث تسببه عن الموعدة مقامه للايذان بانه لو لم تكن هذا الموعدة لما استغفر مع كونه جائز او تفسيرى لهذه الآية بما فسرت به انحل كثير من الاشكالات المتعلقة بها اذا خالجك اشكال رأيت جوابه فيه ان شاء الله تعالى ۱۲ـ

اللغات: السائحون من السياحة وفسر بالصيام مرفوعا اخرجه ابن مردويه عن ابن مسعود وابى هريرةؓ لان الصوم يعوق عن الشهوات كما ان السياحة تمنع منها فى الاكثر وقيل المهاجرون وقيل المجاهدون وقيل طلبة العلم اخرجه ابو الشيخ عن عكرمة قوله والناهون اتى بالواو للمقابلة مع الامر وهو اسهل وجه عندى ۱۲ـ قوله الاواه مبالغة من التاوه واصله قول آه وهو كناية عن كمال الرافة ورقة القلب كذا فى الروح ۱۲ـ

النحو: وعدا مفعول مطلق لمقدر دل عليه بان لهم الجنة قوله ومن اوفى اعتراض مؤكد ۱۲ـ

البلاغة: فى فاستبشروا التفات ۱۲ـ قوله تبرا منه لم يقل تركه لما فيه من المبالغة ما ليس فى الترك ونظائره ۱۲ـ

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِیُضِلَّ قَوْمًۢا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰی یُبَیِّنَ لَهُمْ مَّا یَتَّقُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۝۱۱۵
اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ۝۱۱۶
لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ وَالْمُهٰجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُ فِیْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ
بَعْدِ مَا كَادَ یَزِیْغُ قُلُوْبُ فَرِیْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَیْهِمْ ؕ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۝۱۱۷ وَّعَلَی الثَّلٰثَةِ الَّذِیْنَ
خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰۤی اِذَا ضَاقَتْ عَلَیْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَیْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْۤا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّاۤ
ع اِلَیْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَیْهِمْ لِیَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ۝۱۱۸ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ۝۱۱۹

اور اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرتا کہ کسی قوم کو ہدایت کئے پیچھے گمراہ کردے۔ جب تک کہ ان چیزوں کو صاف صاف نہ بتلادے جن سے وہ بچتے رہیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو

www.besturdubooks.net

خوب جانتے ہیں (اور) بلاشبہ اللہ ہی کو سلطنت ہے آسمانوں اور زمین میں وہی جلاتا اور مارتا ہے اور تمہارا اللہ کے سوا نہ کوئی یار ہے نہ مددگار ہے۔ اللہ تعالیٰ نے پیغمبرؐ کے حال پر توجہ فرمائی اور مہاجرین اور انصار کے حال پر بھی جنہوں نے ایسی تنگی کے وقت میں پیغمبر کا ساتھ دیا۔ بعد اسکے کہ ان میں سے ایک گروہ کے دلوں میں کچھ تزلزل ہو چلا تھا۔ پھر اللہ نے ان (گروہ) کے حال پر توجہ فرمائی۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان سب پر بہت شفیق مہربان ہے اور ان تین شخصوں کے حال پر بھی (توجہ فرمائی) جن کا معاملہ ملتوی چھوڑ دیا گیا تھا۔ یہاں تک کہ جب (انکی پریشانی کی یہ نوبت پہنچی کہ) زمین باوجود اپنی فراخی کے ان پر تنگی کرنے لگی اور وہ خود اپنی جان سے تنگ آ گئے اور انہوں نے سمجھ لیا کہ خدا (کی گرفت) سے کہیں پناہ نہیں مل سکتی بجز اس کے کہ اسی کی طرف رجوع کیا جائے اس وقت وہ خاص توجہ کے قابل ہوئے پھر انکے حال پر بھی (خاص) توجہ فرمائی تا کہ وہ آئندہ بھی رجوع رہا کریں بے شک اللہ تعالیٰ بہت توجہ فرمانے والے بڑے رحم کرنے والے ہیں۔ اے ایمان والوں اللہ سے ڈرو اور (عمل میں) سچوں کے ساتھ رہو۔

تفسیر ربط: اوپر کی آیت میں مشرکین کے لئے استغفار کرنے کو ناجائز فرمایا تھا چونکہ ناجائز افعال کا خاصہ ہے کہ ان کے کرنے سے قلب میں ایک ظلمت پیدا ہو جاتی ہے جس سے گمراہی کا مادۂ قریبہ پیدا ہو جاتا ہے اور بار بار کرنے سے اس میں اور قوت ہوتی ہے جیسا کہ آیت بَلْ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ الخ کی تفسیر میں ترمذی اور نسائی نے حضرت ابو ہریرہؓ سے مرفوعاً یہ مضمون روایت کیا ہے اس پر نظر کر کے مؤمن خائف کو تو ہم ہو سکتا ہے کہ ہم کو اس استغفار ناجائز سے کہیں یہ ضرر مذکور نہ پہنچا ہو اس کے متعلق آگے تسلی فرماتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ یہ اثر کسی فعل میں اس کے ممنوع ہونے کے بعد ہے نہ کہ قبل ممنوع ہونے کے کیونکہ عدم جواز بعد نہی کے حادث ہے اگر نہی کے قبل ہوتا اور نہی سے صرف اس کا ظہور ہوتا تو اس احتمال کی گنجائش تھی کہ اثر تو اس میں ہے ہی اس لئے ضرر ہوا ہو گا اور تسلی کے بعد اپنا صفات کمال کے ساتھ موصوف ہونا بیان فرماتے ہیں تا کہ نہی اور تسلیہ سب کی تاکید ہو جاوے۔

تسلیہ مؤمنین متعلق نہی مذکور و اوصاف باری تعالیٰ بتاکید تسلیہ و نہی

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا (الی قولہ تعالی) وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ۝ اور اللہ ایسا نہیں کرتا کہ کسی قوم کو ہدایت کئے پیچھے گمراہ کر دے جب تک کہ ان چیزوں کو صاف صاف نہ بتلا دے جن سے وہ بچتے رہیں (پس جب ہم نے تم مسلمانوں کو ہدایت کی اور اس کے قبل استغفار للمشرکین کی ممانعت بتلائی نہ تھی تو اس کے کرنے سے تم کو یہ سزا نہیں دی جاوے گی کہ تم میں گمراہی کا مادہ پیدا کر دیا جاوے) بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں (سو وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ بدوں ہمارے بتلائے ہوئے ایسے احکام کو کوئی نہیں جان سکتا اس لئے ان افعال سے مضرت بھی نہیں پہنچنے دیتے اور) بلاشبہ اللہ ہی کی سلطنت ہے آسمانوں اور زمین میں وہی جلاتا اور مارتا ہے (یعنی ہر طرح کی حکومت اور قدرت اس کے لئے خاص ہے اس لئے جو چاہے حکم دے سکتا ہے اور جس ضرر سے چاہے بچا سکتا ہے) اور تمہارا اللہ کے سوا نہ کوئی یار ہے نہ مددگار ہے (بلکہ وہی یار مددگار ہے اس لئے قبل نہی تم کو ضرر سے بچاتا ہے اور اگر تم نے بعد نہی اطاعت نہ کی تو اور کوئی بچانے والا نہیں۔ ف: اور جو ضلالت قبل الہدایت ہوتی ہے جیسے کفر مصرین میں ہوتی ہے وہ بھی بعد ایضاحِ حق ہی کے ہوتی ہے کما یدل علیہ قولہ تعالیٰ: وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا [بنی اسرائیل: ۱۵] پس یہ تخصیص باعتبار خصوص واقعہ کے ہے۔ ربط: اوپر آیات کثیرہ قصۂ تبوک کے متعلق تھیں آگے بھی اس قصّے کے متعلق شریک ہونے والوں کی اور شریک نہ ہونے والوں میں سے سچ بولنے والوں اور توبہ کرنے والوں کی مدح اور ان کا مقبول و مرحوم ہونا بیان فرماتے ہیں جن میں سے بعض کا ذکر اجمالاً اوپر آیت: وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ میں بھی گزر چکا ہے اور یہ تین بزرگ تھے کعب بن مالک مرارہ بن الربیع ہلال بن امیہ ان کا قصہ جس کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے بخاری کی حدیث میں آیا ہے کہ آپ نے ان سے ارشاد فرمایا کہ جاؤ اللہ کا جو حکم تمہارے بارہ میں ہوگا کیا جاوے گا اور آپ نے مسلمانوں کو ان کے ساتھ کلام کرنے سے منع فرما دیا اور اسی حالت میں ان پر پورے پچاس دن گزر گئے حتی کہ غایت پریشانی سے تمام عالم ان کی نظروں میں تنگ و تاریک نظر آنے لگا آخر یہ آیت نازل ہوئی جس میں قبول توبہ کی بشارت دی گئی مفصل قصہ حدیث میں ہے اور بڑی وقعت اور اثر کا قصہ ہے۔

مقبولیت مجاہدین و تائبین در تبوک ☆ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۝ اللہ تعالیٰ نے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) کے حال پر توجہ فرمائی (کہ آپ کو نبوت اور امامت جہاد اور تمام خوبیاں عطا فرمائیں) اور مہاجرین اور انصار کے حال پر بھی (توجہ فرمائی کہ ان کو ایسی مشقت کے جہاد میں مستقیم رکھا) جنہوں نے ایسی تنگی کے وقت میں پیغمبر کا ساتھ دیا بعد اس کے کہ ان میں سے ایک گروہ کے دلوں میں کچھ تزلزل ہو چلا تھا (اور جہاد میں جانے سے ہمت ہارنے کو تھے مگر) پھر اللہ نے ان (گروہ) کے حال پر توجہ فرمائی (کہ ان کو سنبھال لیا اور آخر ساتھ ہی ہو لئے پس) بلاشبہ اللہ تعالیٰ سب پر بہت ہی شفیق مہربان ہے (کہ اپنی مہربانی سے ہر ایک کے حل پر کس کس طرح توجہ فرمائی) اور ان تین شخصوں کے حال پر بھی (توجہ فرمائی) جن کا معاملہ ملتوی چھوڑ دیا گیا تھا یہاں تک کہ جب (ان کی پریشانی کی یہ نوبت پہنچی کہ) زمین باوجود اپنی (اتنی بڑی) فراخی کے ان پر تنگی کرنے لگی اور وہ خود اپنی جان سے تنگ آ گئے اور انہوں نے سمجھ لیا کہ خدا (کی گرفت) سے کہیں پناہ نہیں مل سکتی بجز اس کے کہ اسی کی طرف رجوع کیا جاوے (اس وقت وہ خاص توجہ کے قابل ہوئے) پھر ان

www.besturdubooks.net

کے حال پر (بھی خاص) توجہ فرمائی تا کہ وہ آئندہ بھی (ایسے مواقع مصیبت ومعصیت میں اللہ کی طرف) رجوع رہا کریں بیشک اللہ تعالیٰ بہت توجہ فرمانے والے بڑے رحم کرنے والے ہیں۔ **ف**: نصف پارہ واعلموا آیت :یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَا لَکُمْ اِذَا قِیْلَ [آیت: ۳۸] کے ذیل میں اس غزوہ کے متعلق جو چھ جماعتوں کا بیان کیا گیا تھا یہاں ان میں سے جماعت اول اور دوم اور چہارم کا ذکر ہے چنانچہ مضمون کے انطباق سے معلوم ہوسکتا ہے اور اس مقام پر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کی ضرورت نہ تھی کیونکہ آپ کی محبوبیت خاصہ اظہر من الشمس ومعلومات ضروریہ دینیہ سے ہے مگر اول تو تبرکا پھر صحابہؓ کے تطییب قلب کے لئے کہ ہم بھی اس عنایت خاصہ کے فیض سے محروم نہ رہیں گے جو آپ کی ذات مقدسہ پر متوجہ ہے اور اس غزوہ کے زمانہ کو ساعۃ عسرت اس واسطے فرمایا کہ گرمی شدید کا وقت تھا سفر دراز تھا مقابلہ قواعد دان لشکر سے تھا سواری کی بہت کمی تھی کھانے پینے کے سامان رسد کی کمی اس درجہ تھی کہ ایک خرما دو دو شخصوں میں تقسیم ہوتا تھا بعض دفعہ ایک چھوارے کو آگے پیچھے کئی کئی آدمی چوستے تھے سواری کے اونٹ ذبح کرنے پڑے ان کی آلائش کو نچوڑ کر پینا پڑا کذا فی الدر المنثور۔

مسئلہ: کسی شخص کو بوجہ ارتکاب امر خلافِ شرع کے یہ سزا دینا کہ اس سے ترک سلام وکلام کر دیں جائز ہے اور حدیثوں میں جو ممانعت آئی ہے کہ تین روز سے زیادہ ترکِ کلام نہ کرے مراد اس سے وہی ہے جس کا سبب کوئی دنیوی رنج ہو۔ واللہ اعلم۔ **ربط**: اوپر مجاہدین اور تائبین کی مدح اور مقبولیت مذکور تھی چونکہ یہ مقبولیت بدولت تقویٰ وصدق واخلاص کے ہے اس لئے آگے عامہ مؤمنین کو اس کا امر فرماتے ہیں۔

امر بتقویٰ وصدق ☆ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۱۱۹﴾ اے ایمان والو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور (عمل میں) سچوں کے ساتھ رہو (یعنی جو نیت اور بات میں سچے ہیں ان کی راہ چلو کہ تم بھی صدق اختیار کرو)

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ :حَتّٰٓی اِذَا ضَاقَتْ عَلَیْھِمُ الْاَرْضُ الخ یہ قصہ اس پر دال ہے کہ مرید پر حسب مصلحت شیخ کو تشدد جائز ہے۔ قولہ تعالیٰ : ثُمَّ تَابَ عَلَیْھِمْ حق تعالیٰ کی عادت اپنے محبین کے ساتھ جاری ہے کہ جب ان سے کوئی امر ان کے مقام کے منافی صادر ہو جاتا ہے تو ایک نوع کے حجاب سے ان کی تادیب کی جاتی ہے اور جب وہ اس کی تلخی چکھ چکتے ہیں تو ان پر کرم کی بارش فرمائی جاتی ہے کذا فی الروح ملخصاً ۱۲ قولہ تعالیٰ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۱۱۹﴾ بعض نے معیت کی تفسیر مخالطت ومقارنت سے کی ہے کذا فی الروح پس اس میں ترغیب ہے صحت صالحین کی ۱۲۔

۱ قولہ فی تاب علیہم ان گروہ اشارة الی عود الضمیر الی الفریق کما یدل علیہ قولہ یزیغ ۱۲۔ ۲ قولہ فی خلفوا معاملہ فالاسناد مجازی ای خلف امرھم ۱۲۔ ۳ قولہ بعد ظنوا توجہ کی قابل اشار بھذا الی تقدیر الجزاء ای صلحوا للتوبة بمعنی الرحمة الخاصة ثم بعد الصلوح تاب علیہم ۱۲۔ ۴ قولہ فی الصادقین نیت اور بات کما فی الروح الذین صدقوا فی الدین نیة وقولہ وعملاً ۱۲۔

الروایات: فی الدر المنثور عن مجاھد فی قولہ وما کان اللہ لیضل قوما بعد اذ ھداھم حتی یبین لھم ما یتقون قال بیان اللہ للمؤمنین فی الاستغفار للمشرکین خاصة وفی بیانه طاعته ومعصیته[1] عامة ما فعلوا او ترکوا اھ قلت وبقوله طاعته ومعصیته عامة صح ما روی فی سبب النزول غیر ما ذکر فانه لا تنافی بین الاسباب ۱۲۔

النحو: قولہ حتی غایة لقولہ خلفوا لان التخلیف کان منتھیا الیہ ثم نزل الحکم فیھم ۱۲۔

الحواشی: (۱) یعنی آیت میں جو لَیُضِلَّھُمْ کے ساتھ بَعْدَ اِذْ ھَدٰھُمْ کی قید لگائی ہے ۱۲ منہ۔ (۲) وفی الطبری ففعلوا او ذروا ۱۲ منہ۔

مَا کَانَ لِاَھْلِ الْمَدِیْنَةِ وَمَنْ حَوْلَھُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ یَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ وَلَا یَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِھِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِکَ بِاَنَّھُمْ لَا یُصِیْبُھُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَلَا یَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا یَّغِیْظُ الْکُفَّارَ وَلَا یَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّیْلًا اِلَّا کُتِبَ لَھُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا یُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِیْرَةً وَّلَا کَبِیْرَةً وَّلَا یَقْطَعُوْنَ وَادِیًا اِلَّا کُتِبَ لَھُمْ لِیَجْزِیَھُمُ اللّٰہُ اَحْسَنَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

مدینہ میں رہنے والوں کو اور جو دیہاتی ان کے گرد وپیش (رہتے) ہیں ان کو یہ زیبا نہ تھا کہ رسول اللہ ﷺ کا ساتھ نہ دیں اور نہ یہ (زیبا تھا) کہ اپنی جان کو ان کی جان سے عزیز سمجھیں (اور) یہ (ساتھ جانے کا ضروری ہونا) اس سبب سے ہے کہ ان کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جو پیاس لگی اور جو ماندگی پہنچی اور جو بھوک لگی اور جو چلنا چلے جو کفار کے

www.besturdubooks.net

لئے موجب غیظ ہوا ہو اور دشمنوں کی جو کچھ خبر لی ہو ان سب پر ان کے نام ایک ایک نیک کام لکھا گیا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ مخلصین کا اجر ضائع نہیں کرتے اور جو کچھ چھوٹا بڑا انہوں نے خرچ کیا اور جتنے میدان ان کو طے کرنے پڑے یہ سب بھی ان کے نام لکھ لیا تا کہ اللہ تعالیٰ ان کو (ان کے سب) کاموں کا اچھے سے اچھا بدلہ دے۔

تفسیر ربط: اوپر متخلفین پر ملامت اور مجاہدین کی فضیلت الگ الگ مذکور تھی آگے دونوں کو مجتمعاً اس طرح فرماتے ہیں کہ دوسرے مضمون سے پہلے مضمون پر استدلال بھی ہو جاوے۔

ملامت متخلفین بضمن فضیلت مجاہدین ☆ مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ (الی قولہ تعالی) لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ۝ مدینہ کے رہنے والوں کو اور جو دیہاتی ان کے گردو پیش میں (رہتے) ہیں ان کو یہ زیبا نہ تھا کہ رسول اللہ (ﷺ) کا ساتھ نہ دیں اور نہ یہ (زیبا تھا) کہ اپنی جان کو ان کی جان سے عزیز سمجھیں (کہ آپ تو تکلیفیں سہیں اور یہ آرام سے بیٹھے رہیں بلکہ آپ کے ہمراہ جانا ضروری تھا اور) یہ (ساتھ جانے کا ضروری ہونا) اس سبب سے ہے کہ (علاوہ ادائے حق محبت رسول کے ان مجاہدین کو بات بات پر ثواب حاصل ہوا ہے اگر یہ اخلاص کے ساتھ جاتے ان کو بھی ملتا چنانچہ) ان کو اللہ کی راہ (یعنی جہاد) میں جو پیاس لگی اور جو ماندگی پہنچی اور جو بھوک لگی اور جو چلنا چلے جو کفار کے لئے موجب غیظ ہوا ہو اور دشمنوں کی جو کچھ خبر لی اس سب پر ان کے نام ایک ایک نیک کام لکھا گیا (باوجودیکہ بعض امور افعال اختیاریہ نہیں مگر یہ مقتضائے مقبولیت و محبوبیت ہے کہ امور اضطراریہ بھی مثل اعمال اختیاریہ کے موجب ثواب قرار دیئے گئے اور اس وعدہ میں احتمال تخلف کا نہیں کیونکہ) یقیناً اللہ تعالیٰ مخلصین کا اجر ضائع نہیں کرتے (پس جب وعدہ کر لیا تو ضائع نہ ہوگا) اور (نیز) جو کچھ چھوٹا بڑا انہوں نے خرچ کیا اور جتنے میدان ان کو طے کرنے پڑے یہ سب بھی ان کے نام (نیکیوں میں) لکھا گیا تا کہ اللہ تعالیٰ ان کو ان کے (سب) کاموں کا اچھے سے اچھا بدلہ دے (کیونکہ جب ثواب لکھا گیا تو بدلہ ملے گا)۔ ف: لَا يُضِيعُ میں مخلصین کی تخصیص اس لئے ہے کہ بدوں اخلاص کے تو اجر ہی نہیں ملتا۔

ربط: اوپر جو متخلفین کے باب میں ملامت کے مضامین نازل ہوئے اس سے آئندہ کیلئے شبہ ہو سکتا تھا کہ ہمیشہ کے لئے سب کے ذمہ جہاد میں جانا ضروری ہو گا اس لئے آگے ہر شخص کے جانے کا فرض نہ ہونا بیان فرماتے ہیں اور تبوک میں جو سب حاضرین کے ذمہ فرض تھا اس کی وجہ آیت: وَآخَرُونَ اعْتَرَفُوا کی تفسیر میں گزر چکی ہے پس خلاصہ مجموع آیتین کا یہ ہوا کہ فی نفسہٖ جہاد فرض کفایہ ہے مگر امام کے حکم سے ہر مخاطب پر فرض عین ہو جاوے گا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی لا یرغبوا عزیز اخذ بالحاصل ۱۲۔ ۲؎ قوله فی ذلك یہ ساتھ فهم مما قبله ای وجوب المشايعة ۱۲۔ ۳؎ قوله قبل بانهم علاوہ يشعر به قوله لا يرغبوا كما يشهد به الذوق۔ ۴؎ قوله بعده اخلاص کے ساتھ جاتے فلا يرد ان المنافقين لا يكتب لهم اجر ولو نفروا والدليل على هذا القيد قوله اجر المحسنين ۱۲۔ ۵؎ قوله فی موطنا چلنا اشارة الى كونه مصدراً ۱۲۔ ۶؎ قوله فی واديا میدان استعمل فيه مجازا كما فی الروح ۱۲۔ ۷؎ قوله فی احسن اچھے سے الخ على معنى ان لاعمالهم جزاء حسنا واحسن وهو تعالى اختار لهم احسن جزاء كذا فی الروح ۱۲۔

اللغات: قوله ينالون فی الروح لا ياخذون شيئا من الاخذ كالقتل والاسر ۱۲۔

البلاغۃ: قوله كتب لهم به قال النسفي وحد الضمير لانه لما تكررت لا صار كل واحد منها على البدل مفردا بالذكر مقصودا بالوعد كذا فی الروح قوله صغيرة ولا كبيرة فی الروح ظاهره العكس فی الترتيب فالترتيب باعتبار كثرة الوقوع وقلته وفيه وفصل هذا واخر لانه اهون مما قبله وفيه وصف النفقة بالصغيرة والكبيرة دون القليلة والكثيرة حملا للطاعة على المعصية الموصوفة بالصغيرة والكبيرة ۱۲۔

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً ۚ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِنْهُمْ طَائِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوا
فِي الدِّينِ وَلِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ﴿۱۲۲﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا ع ۱۵
الَّذِينَ يَلُونَكُمْ مِنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوا فِيكُمْ غِلْظَةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ﴿۱۲۳﴾ ربع
وَإِذَا مَا أُنْزِلَتْ سُورَةٌ فَمِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هَٰذِهِ إِيمَانًا ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَزَادَتْهُمْ

www.besturdubooks.net

إِيمَانًا وَهُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ﴿١٢٤﴾ وَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا إِلَىٰ رِجْسِهِمْ
وَمَاتُوا وَهُمْ كَافِرُونَ ﴿١٢٥﴾ أَوَلَا يَرَوْنَ أَنَّهُمْ يُفْتَنُونَ فِي كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوبُونَ
وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُونَ ﴿١٢٦﴾ وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ هَلْ يَرَاكُم مِّنْ أَحَدٍ ثُمَّ
انصَرَفُوا ۚ صَرَفَ اللَّهُ قُلُوبَهُم بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ﴿١٢٧﴾ لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ
عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١٢٨﴾ فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ
اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ﴿١٢٩﴾

اور (ہمیشہ کے لئے) مسلمانوں کو یہ (بھی) نہ چاہئے کہ (جہاد کے واسطے) سب کے سب (ہی نکل کھڑے ہوں گے۔ سو ایسا کیوں نہ کیا جائے کہ ان کی ہر ہر بڑی جماعت میں سے ایک ایک چھوٹی جماعت (جہاد میں) جایا کرے۔ تا کہ یہ باقی ماندہ لوگ دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرتے رہیں تا کہ یہ لوگ اپنی (اس) قوم کو جبکہ وہ ان کے پاس واپس آئیں ڈرائیں تا کہ وہ (ان سے دین کی باتیں سن کر برے کاموں سے) احتیاط رکھیں اے ایمان والو ان کفار سے لڑو جو تمہارے آس پاس (رہتے) ہیں اور ان کو تمہارے اندر سختی پانا چاہئے اور یہ یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ (کی امداد) متقی لوگوں کے ساتھ ہے (پس ان سے ڈرو دبومت) اور جب کوئی سورت (جدید) نازل کی جاتی ہے تو بعض منافقین (غربا و مسلمین سے بطور تمسخر) کہتے ہیں کہ (کہو) اس سورت نے تم میں سے کس کے ایمان میں ترقی دی سو (سنو) جو لوگ ایماندار ہیں اس سورت نے ان کے (تو) ایمان میں ترقی دی ہے اور وہ (اس ترقی کے ادراک سے) خوش ہو رہے ہیں اور جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق کا) آزار ہے اس سورت نے ان میں ان کی (پہلی) گندگی کے ساتھ اور نئی گندگی بڑھادی اور وہ حالت کفر ہی میں مر گئے اور کیا ان کو نہیں دکھلائی دیتا کہ یہ لوگ ہر سال میں ایک بار دو بار کسی نہ کسی آفت میں پھنستے رہتے ہیں (مگر) پھر بھی (اپنی حرکات شنیعہ سے) سے باز نہیں آتے اور نہ کچھ سمجھتے ہیں (جس سے باز آنے کی آئندہ امید ہو) اور جب کوئی سورت (جدید) نازل کی جاتی ہے تو ایک دوسرے کو دیکھنے لگتے ہیں (اور اشارہ سے باتیں کرتے ہیں) کہ تم کو کوئی (مسلمان) دیکھتا تو نہیں۔ پھر چل دیتے ہیں (یہ لوگ مجلس نبوی سے کیا پھرے) خدا نے ان کا دل (ہی ایمان سے) پھیر دیا ہے اس وجہ سے کہ محض بے سمجھ لوگ ہیں (کہ اپنے نفع سے بھاگتے ہیں) (اے لوگو) تمہارے پاس ایک ایسے پیغمبر تشریف لائے جو تمہاری جنس (بشر) سے ہیں۔ جن کو تمہاری مضرت کی بات نہایت گراں گزرتی ہے جو تمہاری منفعت کے بڑے خواہش مند رہتے ہیں۔ یہ (حالت تو سب کے ساتھ ہے بالخصوص) ایمانداروں کے ساتھ بڑے ہی شفیق (اور) مہربان ہیں۔ پھر اگر یہ روگردانی کریں تو آپ کہہ دیجئے (میرا کیا نقصان ہے) کہ میرے لئے (تو) اللہ تعالیٰ (حافظ و ناصر) ہی کافی ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں ہے۔ میں نے اسی پر بھروسہ کر لیا اور وہ بڑے بھاری عرش کا مالک ہے۔ ۞

تفسیر: فرض کفایہ بودن نفیر برائے جہاد ☆ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنفِرُوا كَافَّةً ۚ (الی قولہ تعالی) لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ﴿﴾ اور (ہمیشہ کے لئے) مسلمانوں کو یہ (بھی) نہ چاہئے کہ (جہاد کے واسطے) سب کے سب (ہی) نکل کھڑے ہوں (کہ اس میں بھی بعض اوقات مسلمانوں کا ضرر ہے) سو ایسا کیوں نہ کیا جاوے کہ ان کی ہر ہر بڑی جماعت میں سے ایک ایک چھوٹی جماعت (جہاد میں) جایا کرے (اور کچھ اپنے وطن میں رہ جایا کریں) تا کہ (یہ) باقی ماندہ لوگ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں آپ سے اور آپ کے بعد علمائے شہر سے) دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرتے ہیں اور تا کہ یہ لوگ اپنی (اس) قوم کو (جو کہ جہاد میں گئے ہیں) جب کہ وہ ان کے پاس واپس آویں (دین کی باتیں سنا کر خدا کی نافرمانی سے) ڈراویں تا کہ وہ (ان سے دین کی باتیں سن کر برے کاموں سے) احتیاط رکھیں۔ ف: باقی ماندہ لوگوں کے رہ جانے میں جو مصلحتیں ہیں ان میں سے ایک بڑی مصلحت کو کہ دینی مصلحت ہے ذکر فرمادیا اس کے علاوہ دنیا کی بھی مصلحتیں ہیں جو ظہور کی وجہ سے محتاج ذکر نہیں مثلاً سب کے چلے جانے میں خود دار الاسلام کا قبضہ سے نکل جانا غیر مستبعد ہے اور تفقہ فی الدین کی تخصیص فرقہ باقی ماندہ کے ساتھ اس لئے ہے کہ غالباً تحصیل علم حضر اور شہر میں ہوتا ہے۔ ربط: اوپر چند آیتوں میں جہاد کی ترغیب تھی آگے اس کی ترتیب مع اس کے بعض متعلقات کے مذکور ہے۔

ترتیب جہاد: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا الَّذِينَ يَلُونَكُم مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوا فِيكُمْ غِلْظَةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ﴿١٢٣﴾
اے ایمان والو ان کفار سے لڑو جو تمہارے آس پاس (رہتے) ہیں اور ان کو تمہارے اندر سختی پانا چاہئے (یعنی جہاد کے وقت بھی مضبوط رہنا چاہئے اور ویسے بھی غیر زمانہ صلح میں ان سے ڈھیلا پن نہ برتنا چاہئے) اور یہ یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ (کی امداد) متقی لوگوں کے ساتھ ہے (پس ان سے ڈرو دبومت) ف: حاصل

www.besturdubooks.net

ترتیب کا ظاہر ہے کہ اول پاس والوں سے نبٹنا چاہئے پھر بقایا میں جو سب سے پاس کے ہوں وعلیٰ ھٰذا القیاس اوراس ترتیب کے عکس میں جو مفاسد ہیں ظاہر ہیں چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جو باختیار خود غزوات فرمائے اور صحابہؓ نے بھی سب میں یہی ترتیب محفوظ رہی۔

ربط: اوپر آیات کثیرہ میں منافقین کے ذمائم مذکور ہوئے ہیں منجملہ انکے آیات منزلہ کے ساتھ تمسخر اور ان سے تنفر ہے آگے اسکا بیان ہے مع جواب وعتاب کے۔

ذکر تمسخر منافقین بآیات منزلہ وتنفر شاں از آنہا مع جواب وعتاب

وَ اِذَا مَاۤ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ (الی قولہ تعالی) صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا یَفْقَهُوْنَ۝ اور جب کوئی سورت (جدید) نازل کی جاتی ہے تو بعض منافقین (غرباء مسلمین سے بطور تمسخر) کہتے ہیں کہ (کہو) اس سورت نے تم میں سے کس کے ایمان میں ترقی دی (آگے حق تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ تم جواب چاہتے ہو) سو (سنو) جو لوگ ایماندار ہیں اس سورت نے ان کے (تو) ایمان میں ترقی دی ہے اور وہ (اس ترقی کے ادراک سے) خوش ہو رہے ہیں (مگر چونکہ وہ امر قلبی ہے اور تم کو نصیب نہیں اس لئے اس کا ادراک بھی نصیب نہیں اور تمسخر کرتے ہو) اور جن کے دلوں میں (نفاق کا) آزار ہے اس سورت نے ان میں ان کی (پہلی) گندگی کے ساتھ اور (نئی) گندگی بڑھادی (کیونکہ پہلے ایک حصہ قرآن کا انکار تھا اب اس جدید حصہ کا انکار مزید ہوا) اور وہ حالت کفر ہی میں مرگئے (یعنی جو ان میں مرچکے ہیں وہ کافر مرے اور جو اسی اصرار پر رہیں گے وہ کافر مریں گے حاصل جواب یہ ہوا کہ قرآن میں ایمان کو ترقی دینے کی بیشک خاصیت ہے لیکن محل میں قابلیت بھی تو ہو اور اگر پہلے سے خباثت مستحکمہ ہے تو اور بھی اس کو استحکام ہو جاوے گا۔ در باغ لالہ روید ودر شورہ بوم خس) اور کیا ان کو نہیں دکھلائی دیتا کہ یہ لوگ ہر سال میں ایک بار دو بار کسی نہ کسی آفت میں پھنستے رہتے ہیں (مگر) پھر بھی (اپنی حرکات شنیعہ سے) باز نہیں آتے اور نہ وہ کچھ سمجھتے ہیں (جس سے باز آنے کی آئندہ امید ہو یعنی ان حوادث سے ان کو عبرت پکڑنا اور عبرت پکڑ کر اپنی اصلاح کر لینا چاہئے تھا یہ تو ان کے تمسخر کا بیان ہوا جو اپنی مجالس میں کرتے تھے آگے تنفر کا بیان ہے جو مجلس نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں ان سے صادر ہوتا تھا چنانچہ ارشاد ہے) اور جب کوئی سورت (جدید) نازل کی جاتی ہے تو ایک دوسرے کو دیکھنے لگتے ہیں (اور اشارہ سے باتیں کرتے ہیں) کہ تم کو کوئی (مسلمان) دیکھتا تو نہیں (کہ اُٹھتا ہوا دیکھ لے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے جا لگائے) پھر (اشاروں ہی اشاروں میں باتیں کر کے وہاں سے اُٹھ کر) چل دیتے ہیں (یہ لوگ مجلس نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا پھرے) خدا تعالیٰ نے ان کا دل (ہی ایمان سے) پھیر دیا اس وجہ سے کہ وہ محض بے سمجھ لوگ ہیں (کہ اپنے نفع سے بھاگتے ہیں)

ف: مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَیْنِ سے مراد خاص عدد نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ کبھی ایک بار کبھی متعدد بار ایسا ہو جاتا ہے اور مراد ان آفات وحوادث سے یا تو عام ہے مگر عاقل ان سے بھی متنبہ ہو کر اپنی اصلاح کرتا ہے یا خاص وہ واقعات مراد ہیں جو ان کے نفاق کی بناء پر پیش آتے تھے مثلاً ان کے دوست کفار مغلوب ہو گئے کبھی ان کے نفاق کی باتیں کھل گئیں اس پریشانی اور باز پرس کے اندیشہ میں مبتلا رہے وعلیٰ ھٰذا سو ان سے عبرت حاصل کرنا خصوصیت کے ساتھ ضروری تھا۔

ربط: چونکہ یہ سورت قرآن کی آخری سورتوں میں سے ہے اس لئے اس کے خاتمہ پر اقامت حجت واتمام دعوت کے لئے آپ کی رسالت اور بعض اوصاف کمال کی توضیح مناسب ہوئی اور نہ ماننے کی صورت میں اظہار توکل وتوحید سے کہ وہ بھی اصول مہمہ سے ہے آپ کی اظہار جلادت مستحسن ہوئی بالخصوص اس سورت کے ساتھ اس وجہ سے یہ مضمون زیادہ چسپاں ہے کہ اس میں تبریہ سے اتمام حجت کر دیا گیا پس ایک اتمام دوسرے کا مؤکد ہو جاوے گا۔

رسالت وکمالات رسالت مع اظہار جلادت ☆ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ (الی قولہ تعالی) عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۝ (اے لوگو) تمہارے پاس ایک ایسے پیغمبر تشریف لائے ہیں جو تمہاری جنس (بشر) سے ہیں (کہ تم کو نفع حاصل کرنا آسان ہو) جن کو تمہاری مضرت کی بات نہایت گراں گزرتی ہے (چاہتے ہیں کہ تم کو کوئی ضرر نہ پہنچے) جو تمہاری منفعت کے بڑے خواہش مند رہتے ہیں (یہ حالت تو سب کے ساتھ ہے پھر بالخصوص) ایمانداروں کے ساتھ (تو) بڑے ہی شفیق (اور) مہربان ہیں (ایسے رسول سے مستفید نہ ہونا بڑی محرومی ہے) پھر اگر (اس پر بھی آپ کو رسول ماننے سے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع کرنے سے) روگردانی کریں تو آپ کہہ دیجئے (میرا کیا نقصان ہے) میرے لئے (تو) اللہ تعالیٰ (حافظ وناصر) کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں (پس معبودیت اس کے ساتھ مختص ہے تو لامحالہ سارے کمالات علم وقدرت اس میں بے مثل ہوں گے پھر مجھ کو کسی کی مخالفت سے کیا اندیشہ) میں نے اسی پر بھروسہ کر لیا اور وہ بڑے بھاری عرش کا مالک ہے (تو اور چیزیں تو بالاولیٰ اس کی مملوک ہوں گی پس اس پر بھروسہ کرنے کے بعد مجھ کو کوئی اندیشہ نہیں البتہ تم اپنی فکر کر لو حق کا انکار کر کے کہاں رہو گے) ف: عرش کا عظیم ہونا اس سے ظاہر ہے کہ آفتاب زمین سے ڈیڑھ سو حصہ سے بھی بڑا ہے اور آسمان میں کتنی ذرا سی جگہ میں موجود ہے پس آسمان کتنا بڑا ہوا پھر دوسرا آسمان اس سے اور تیسرا آسمان اس سے وعلیٰ ھٰذا القیاس کس قدر بڑا ہوگا اور سب آسمان کرسی کے سامنے ایسے ہیں جیسے بڑی ڈھال میں سات درہم ڈال دیئے جاویں پھر کرسی عرش کے سامنے ایسی ہی

www.besturdubooks.net

چھوٹی ہے اس سے اندازہ کرلیا جاوے اہل رصد جس کو فلک الافلاک کہتے ہیں مرکز عالم سے اس کے مقعر تک حسب نقل روح المعانی تین کروڑ پینتیس لاکھ چوبیس ہزار چھ سو فرسنگ کا فاصلہ ہے اور فرسنگ تین کوس کا ہوتا ہے تو فاصلہ مذکور دس کروڑ پانچ لاکھ تہتر ہزار آٹھ سو ستائیس کوس کا ہوا یہ اس دائرہ سطح مقعر کا نصف قطر کا ہوا اس سے سطح مقعر کی عظمت کا اندازہ کرنا چاہئے اور محدب تک کا فاصلہ اہل رصد کو معلوم نہیں ہوا حالانکہ اہل ہیئت یہ ثابت نہیں کر سکے کہ فلک الافلاک سے اوپر کچھ نہیں اور روایات سے یہ بات ثابت ہے کہ عرش سے اوپر کوئی جسم نہیں پس اگر فلک الافلاک عرش کے علاوہ کوئی چیز ہے تو عرش اس سے بھی اوپر ہوگا تو اس کی عظمت کا کیا حساب ہوسکتا ہے وہ عدد عربی میں ان الفاظ سے لکھا ہے۔ ثلاثه و ثلثون الف الف و خمسمائة واربعة وعشرون الفا وستمائة وتسع فراسخ والله اعلم وقد تم تفسير سورة براءة لسبع عشرة خلت من ربيع الثاني يوم الاثنين سنة ۱۳۲۴ من الهجرة النبوية صلى الله عليه وسلم صاحبها ما لا يعد ولا يحصى من سلام وتحية اللهم فوفقني لاتمام تفسير بقية القرآن ببركة هذا النبي سيد الانس والجان۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً اس میں دلیل ہے کہ مہم دینی کا انتظام ایسا ہونا چاہئے کہ دوسری ضروریات میں جن میں امر معاش بھی ہے مخل نہ ہوں قولہ تعالیٰ: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا الَّذِينَ يَلُونَكُمْ مِنَ الْكُفَّارِ اس سے مستنبط ہوتا ہے کہ چونکہ سب سے قریب ترنفس ہے ابتداء اس کے مجاہدہ سے کرے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: أَوَلَا يَرَوْنَ أَنَّهُمْ يُفْتَنُونَ فِي كُلِّ عَامٍ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوبُونَ اس سے بلا کی حکمت معلوم ہوتی ہے تاکہ مولیٰ کی طرف توجہ ہوجاے ۱۲ قولہ تعالیٰ: لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ الخ یہ صفات ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اور چونکہ شیخ بھی نائب ہوتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس لئے یہ صفات اس میں بھی ہونا ضروری ہیں۔ سورۂ توبہ ختم ہوئی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في فلو لا کیوں نہ کیا جاوے اشارة الى ما في الروح وهو ان لو لا ههنا للتحضيض وهي مع الماضي يفيد التوبيخ لكن اللوم على الترك فيما يمكن تلافيه قد يفيد الامر به في المستقبل اى فهلا نفر ۱۲۔ ۲ قوله في فرقة وطائفة بڑی چھوٹی في الروح ماخوذ من السياق ومن التبعيضية لان البعض في الغالب اقل من الباقي والافا لجوهرى لم يفرق بينهما ۱۲۔ ۳ قوله في ليتفقهوا باقی ماندہ في الروح عائد الى الفرقة الباقية لمفهومة من الكلام وقيل لا بد من اضمار وتقدير اى فلولا نفر من كل فرقة طائفة واقام طائفة ليتفقهوا الخ ۱۲۔ ۴ قوله في يجدوا یعنی اشارة الى ان المامورهم الكفار لفظا والمؤمنون معنى ۱۲۔ ۵ قوله في ف پھر بقایا میں اشارة الى ان قوله يلونكم يدخل فيه الكفار جميعاً بهذا الاعتبار والابعد الحقيقى شاذ ۱۲۔ ۶ قوله بعد كافرون حاصل جواب اشارة الى ان الجواب قد تم بقوله تعالى فاما الذين آمنوا الخ وزيد عليه قوله واما الذين في قلوبهم الخ اظهارا لمنشاء استهزائهم من جهلهم وبطلان ادراكهم المسبب من رجسهم الذى زاد بالسورة فكيف يتوقع منهم الادراك ۱۲۔ ۷ قوله في هل يراكم اشارہ سے اشارة الى تقدير القول لكن بالاشارة لان الحادثة مما وقع في المجلس النبوى ۱۲۔

الروایات: اخرج ابو الشيخ عن عبدالله بن عبيد الله بن عمير قال كان المؤمنون لحرصهم على الجهاد واذا بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم سرية خرجوا فيها وتركوا النبى صلى الله عليه وسلم في رقة من الناس فانزل الله تعالى وما كان المؤمنون لينفروا كافة امروا اذا بعث النبى ﷺ سرية ان تخرج طائفة وتقيم طائفة فيحفظ المقيمون على الذين خرجوا ما انزل الله من القرآن وماسن من السنن فاذا رجع اخوانهم اخبروهم بذلك وعلموهم واذا خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يتخلف عنه احد الا باذن او عذر واخرج ابن جرير وابن المنذر عن عكرمة قال لما نزلت ان لا تنفروا يعذبكم عذابا اليما وما كان لاهل المدينة الآية قال المنافقون هلك اهل البد والذين تخلفوا عن محمد صلى الله عليه وسلم وقد كان اناس خرجوا الى البدود الى قومهم يفقهونهم فانزل الله تعالى وما كان المؤمنون لينفروا الآية اه قلت وقد اخذت بحاصل كلا السببين في التمهيد ۱۲۔

النحو: عزيز عليه خبر مقدم وما عنتم بتاويل المصدر مبتدأ ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ یُوْنُس

سُوْرَۃُ یُوْنُس ۱۰ مَکِّیَّۃٌ ۵۱ | بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیَاتُہَا ۱۰۹ | رُکُوْعَاتُہَا ۱۱

سورۂ یونس مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اور اس کی ایک سونو آیتیں ہیں اور گیارہ رکوع

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ① اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ
وَ بَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ②

یہ پر حکمت (یعنی قرآن) کی آیتیں ہیں کیا ان (مکہ کے) لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے ان میں سے ایک شخص کے پاس وحی بھیج دی کہ سب آدمیوں کو (احکام خداوندی کے خلاف کرنے پر) ڈرایئے اور جو ایمان لے آئے ان کو یہ خوشخبری سنایئے کہ ان کے رب کے پاس (پہنچ کر) ان کو پورا مرتبہ ملے گا۔ کافر کہنے لگے کہ (نعوذ باللہ) یہ شخص کو تو بلاشبہ صریح جادوگر ہے ۞

تفسیر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سورة يونس مكية وهي مائة وتسع آيات (كذا في البيضاوی) ربط: اس تمام تر سورت کا حاصل چند مضامین ہیں۔ اول اثباتِ توحید ثانی اثباتِ رسالت ثالث اثباتِ قرآن رابع اثباتِ معاد خامس تہدید بہ بعض قصص اور اول کے ضمن میں ابطال شرک اور ثانی کے ضمن میں اس کے متعلق بعض شبہات کا جواب اور ثالث کے ضمن میں اس کی تکذیب پر رد اور رابع کے ضمن میں جزاء وسزا وفنائے دنیا کا بیان اور خامس کے ضمن میں بعض شبہات کا جواب اور آپ کی تسلی اور یہ سب مضامین محاجہ ہیں کفار کے ساتھ اور پہلی سورت میں بھی ان سے محاجہ تھا گو وہاں بالسنان تھا اور یہاں باللسان اور وہاں کفار کے مختلف فرقوں سے تھا اور یہاں صرف مشرکین سے چنانچہ آیات میں غور کرنے سے یہ سب امور ظاہر ہوسکتے ہیں اس تقریر سے دونوں سورتوں میں بھی اور اس سورت کے اجزاء میں باہم دگر بھی تناسب وارتباط ظاہر ہوگیا۔

حقیقت قرآن و رسالت ☆ الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ① (الى قوله تعالى) اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ② (الٓرٰ کا مطلب تو اللہ کو معلوم) یہ (جو آگے آتی ہیں) پر حکمت کتاب (یعنی قرآن) کی آیتیں ہیں (جو بوجہ حق ہونے کے قابل جاننے اور ماننے کے ہیں اور چونکہ جن پر اس کا نزول ہوا ہے ان کی نبوت کا کفار انکار کرتے تھے اس لئے جواب فرماتے ہیں کہ) کیا ان (مکہ کے) لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے ان میں سے ایک شخص کے پاس (جو کہ مثل ان کی بشر ہے) وحی بھیج دی (جس کا خلاصہ یہ ہے) کہ (عام طور پر) سب آدمیوں کو (احکام خداوندی کے خلاف کرنے پر) ڈرایئے اور جو ایمان لے آئے ان کو یہ خوشخبری سنایئے کہ ان کے رب کے پاس (پہنچ کر) ان کو پورا مرتبہ ملے گا (یعنی اگر ایسا مضمون کسی بشر پر وحی کے ذریعہ سے نازل ہو جاوے تو کوئی تعجب کی وجہ نہیں مگر) کافر (اس قدر متعجب ہوئے کہ آپ کی نسبت) کہنے لگے کہ (نعوذ باللہ) یہ شخص تو بلاشبہ صریح جادوگر ہے (نبی نہیں ہے کیونکہ نبوت بشر کے لئے نہیں ہوسکتی) ف: یہ ایک جہالت تھی مشرکین کی بلا دلیل نبوت اور بشریت کو منافی سمجھتے تھے اس آیت میں اس کا جواب ہے جس کا حاصل منع اصطلاحی ہے اور دوسرا قول ان کا بطریق تنزل تھا۔ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ [الزخرف: ۳۱] اس کا جواب اسی کے بعد مذکور ہے اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ الخ [الزخرف: ۳۲]۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى رجل بشر ہے اشارة الى ان المماثلة مقصودة فى البشرية لانه كان مناط تعجبهم كما يفصح عنه اقوالهم ۱۲۔ ۲ قوله فى انذر الناس عام طور پر اشارة الى ان الناس هذا غير الناس الاول فان الاول خاص وهذا عام واشار ايضاً الى ان الانذار ليس بمختص للكافرين فان المعصية الممكنة الاجتماع مع الايمان مقتض للانذار ايضاً ولذا حذف مفعوله ۱۲۔ ۳ قوله قبل قال

www.besturdubooks.net

اس قدر اشارة الى ان جملة قال الخ بيان لقوله اكان الناس ۱۲۔

الرِّوَایَات: فى الدر المنثور اخرج ابن جرير وابن ابى حاتم وابو الشيخ وابن مردويه عن ابن عباسؓ قال لما بعث الله محمدا صلى الله عليه وسلم رسول انكرت العرب ذلك ومن انكر منهم قالوا الله اعظم من ان يكون رسوله بشرا مثل محمد فانزل الله اكان للناس عجبا ان اوحينا الى رجل منهم الآية وما ارسلنا قبلك الا رجالا نوحى اليهم الآية فلما كرر الله عليهم الحجج قالوا واذا كان بشرا فغير محمد كان احق بالرسالة فلو لا نزل هذا القرآن على رجل من القريتين عظيم يقولون اشرف من محمد يعنى الوليد بن المغيرة من مكة وعروة بن مسعود الثقفى من الطائف فانزل الله ردا عليهم اهم يقسمون رحمة ربك الآية ۱۲ا۔

اللُّغَات: قوله قدم صدق فى الروح اصل القدم العفو المخصوص واطلقت على السبق مجازا مرسلا لكونها سببه وآلته واريد من السبق الفضل واشرف والتقدم المعنوى الى المنازل الرفيعة مجازًا ايضًا فالمجاز ههنا بمرتبتين واصل الصدق ما يكون فى الاقوال ويستعمل فى الافعال فيقال صدق فى القتال اذا وفاه حقه فيعبر به عن كل فعل فاضل ظاهرا وباطنًا ويضاف اليه كمقعد صدق ومدخل صدق ومخرج صدق الى غير ذلك وصرحوا ههنا بان الاضافة من اضافة الموصوف الى صفة والاصل قدم صدق اى محققه مقررة وفيه مبالغة لجعلها عين الصدق ثم جعل الصدق كانه صاحبها ۱۲ا۔

إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ۭ مَا مِنْ
شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ (۳) اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ
حَقًّا ۭ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ
مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ (۴) هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاۗءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ
لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ (۵)
اِنَّ فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ (۶)
اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَاۗءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا
غٰفِلُوْنَ (۷) اُولٰۗىِٕكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ (۸) اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ
رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ (۹) دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا
سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (۱۰) ع

بلاشبہ تمہارا رب (حقیقی) اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو چھ روز (کی مقدار) میں پیدا کر دیا۔ پھر عرش (یعنی تخت شاہی) پر قائم ہوا۔ وہ ہر کام کی (مناسب) تدبیر کرتا ہے (اس کے سامنے) کوئی سفارش کرنے والا (سفارش) نہیں (کر سکتا) بدوں اس کی اجازت کے ایسا اللہ تمہارا رب (حقیقی) ہے سو تم اس کی عبادت کرو (اور شرکت مت کرو) کیا تم (ان دلائل کو سننے کے بعد) پھر بھی نہیں سمجھتے تم سب کو اللہ ہی کے پاس جانا ہے اللہ نے اس کا سچا وعدہ کر رکھا ہے۔ بے شک وہی پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ بھی (قیامت کو) پیدا کرے گا تا کہ ایسے لوگوں کو جو کہ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے انصاف کے ساتھ (پوری پوری) جزا دے اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے واسطے (آخرت میں) کھولتا ہوا پانی پینے کو ملے گا اور دردناک عذاب ہوگا ان کے کفر کی وجہ سے۔ وہ اللہ ایسا ہے جس نے آفتاب کو چمکتا ہوا بنایا اور چاند کو نورانی بنایا اور اس (چال) کے لئے منزلیں مقرر کیں تا کہ تم برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کر لیا کرو۔ اللہ تعالیٰ نے یہ چیزیں بے فائدہ نہیں پیدا کیں۔ وہ یہ دلائل ان لوگوں کو صاف صاف بتلا رہے ہیں جو دانش رکھتے ہیں۔ بلاشبہ رات اور دن کے یکے بعد دیگرے آنے میں اور اللہ تعالیٰ نے جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں پیدا کیا ہے ان سب

www.besturdubooks.net

میں ان لوگوں کے واسطے (توحید کے) دلائل ہیں جو (خدا کا) ڈر مانتے ہیں۔ جن لوگوں کو ہمارے پاس آنے کا کھٹکا نہیں ہے اور وہ دنیوی زندگی پر راضی ہو گئے ہیں (آخرت کی طلب اصلا نہیں کرتے) اور اس میں جی لگا بیٹھے ہیں (آئندہ کی کچھ فکر نہیں) اور جو لوگ ہماری آیتوں سے بالکل غافل ہیں ایسے لوگوں کا ٹھکانا ان کے اعمال کی وجہ سے دوزخ ہے (اور) یقینا جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کا رب ان کو بوجہ ان کے مؤمن ہونے کے ان کے مقصد (یعنی جنت) تک پہنچا دے گا۔ ان کے (مسکن کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی چین کے باغوں میں۔ ان کے منہ سے یہ بات نکلے گی کہ سبحان اللہ اور ان کا باہمی سلام یہ ہوگا السلام علیکم اور ان کی (اس وقت کی ان باتوں میں) اخیر بات یہ ہوگی الحمد للہ رب العالمین۔

تفسیر ربط: اوپر قرآن و رسالت کا ذکر تھا آگے توحید کا بیان ہے۔

حقیقت توحید ☆ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ (الی قولہ تعالی) اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ بلاشبہ تمہارا رب (حقیقی اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو چھ روز (کی مقدار) میں پیدا کر دیا (پس اعلی درجہ کا قادر ہے) پھر عرش پر (جو مشابہ ہے تخت سلطنت کے اس طرح) قائم (اور جلوہ فرما) ہوا (کہ جو اس کی شان کے لائق ہے تا کہ عرش سے زمین و آسمان میں احکام جاری فرما دے جیسا آگے ارشاد ہے کہ) وہ ہر کام کی (مناسب) تدبیر کرتا ہے (پس حکیم بھی ہے اس کے سامنے) کوئی سفارش کرنے والا (سفارش) نہیں (کر سکتا) بدون اس کی اجازت کے (پس عظیم بھی ہوا پس) ایسا اللہ تمہارا رب (حقیقی) ہے سو تم اس کی عبادت کرو (اور شرک مت کرو) کیا تم (ان دلائل کے سننے کے بعد) پھر بھی نہیں سمجھتے۔ ربط: اوپر توحید کا ذکر تھا آگے معاد کا ذکر ہے۔

حقیقت معاد ☆ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا (الی قولہ تعالی) بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝ تم سب کو اللہ ہی کے پاس جانا ہے اللہ نے (اس کا) سچا وعدہ کر رکھا ہے بیشک وہی پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ بھی (قیامت کو) پیدا کرے گا تا کہ ایسے لوگوں کو جو کہ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے انصاف کے ساتھ (پوری پوری) جزا دے (اور اس میں ذرا کمی نہ کرے بلکہ بہت کچھ زیادہ دے دے) اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے واسطے (آخرت میں) کھولتا ہوا پانی پینے کو ملے گا اور دردناک عذاب ہوگا ان کے کفر کی وجہ سے۔ ربط: اوپر توحید کا بیان ہوا ہے آگے پھر اسی کی طرف عود ہے۔

عود بتوحید ☆ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ (الی قولہ تعالی) لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ وہ اللہ ایسا ہے جس نے آفتاب کو چمکتا ہوا بنایا اور چاند کو (بھی) نورانی بنایا اور اس (کی چال) کے لئے منزلیں مقرر کیں (کہ ہر روز ایک منزل قطع کرتا ہے) تا کہ (ان اجرام کے ذریعہ سے) تم برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کر لیا کرو اللہ تعالی نے یہ چیزیں بے فائدہ نہیں پیدا کیں وہ یہ دلائل ان لوگوں کو صاف صاف بتلا رہے ہیں جو دانش رکھتے ہیں بلاشبہ رات اور دن کے یکے بعد دیگرے آنے میں اور اللہ نے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں پیدا کیا ہے ان سب میں ان لوگوں کے واسطے (توحید کے) دلائل ہیں جو (خدا کا) ڈر مانتے ہیں۔ ف: یوں تو غیر اہل تقوی کے لئے بھی دلائل بیان کئے گئے ہیں مگر تخصیص باعتبار انتفاع کے ہے اور منزل سے مراد وہ مسافت ہے جس کو کوئی کوکب شب و روز میں قطع کرلے خواہ وہ مسافت خلاء ہو یا ملاء ہو اور اس معنی کر آفتاب بھی ذی منازل ہے چنانچہ بعض قدرہ کی ضمیر بتاویل ہر واحد کے دونوں کی طرف راجع کی ہے لیکن چونکہ قمر کی چال بہ نسبت سورج کے سریع ہے اور اس کا منازل کو طے کرنا محسوس ہے اس لئے اس کے ساتھ سیر منازل کی تخصیص مناسب ہوئی اور اس اعتبار سے قمر کی انتیس یا تیس منزلیں ہوئیں مگر چونکہ اٹھائیس رات سے زیادہ نظر نہیں آتا اس لئے اٹھائیس منزلیں اس کی مشہور ہیں اور ہر چند کہ شمس و قمر دونوں عدد سنین اور حساب کے آلات میں سے ہیں لیکن آفتاب کا دورہ ایک سال میں پورا ہونے کی وجہ سے زیادہ مناسب یہ ہے کہ عدد السنین کو شمس کے متعلق کہا جاوے اور اس سے چھوٹے حساب کو قمر کے متعلق کہا جاوے اور اسی واسطے حساب کا لفظ بڑھا دیا گیا بطور تعمیم بعد تخصیص کے واللہ اعلم۔ ربط: اوپر معاد کا مضمون تھا آگے پھر اس کی طرف عود ہے۔

عود بمعاد ☆ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ (الی قولہ تعالی) اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ جن لوگوں کو ہمارے پاس آنے کا کھٹکا نہیں ہے اور وہ دنیوی زندگی پر راضی ہو گئے ہیں (آخرت کی طلب اصلا نہیں کرتے) اور اس میں جی لگا بیٹھے ہیں (آئندہ کی کچھ خبر نہیں) اور جو لوگ ہماری آیتوں سے (جو کہ بعثت پر دلالت کرتی ہیں) بالکل غافل ہیں ایسے لوگوں کا ٹھکانا ان کے (ان) اعمال کی وجہ سے دوزخ ہے (اور) یقینا جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کا رب ان کو بوجہ ان کے مؤمن ہونے کے ان کے مقصد (یعنی جنت) تک پہنچا دے گا ان کے (مسکن کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی چین کے باغوں میں (اور جس وقت وہ جنت میں جاویں گے اور عجائبات کا دفعۃً معائنہ کریں گے تو اس وقت) ان کے منہ سے یہ بات نکلے گی کہ سبحان اللہ اور (پھر جب ایک دوسرے کو دیکھیں گے تو) ان کا باہمی سلام یہ ہوگا السلام علیکم اور (جب اطمینان سے وہاں جا بیٹھیں گے اور اپنے پرانے مصائب اور متاعب اور اس وقت کے غیر مکدر دائمی عیش کا موازنہ کریں گے تو ان کی اس وقت کی باتوں میں) اخیر بات یہ ہوگی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (جیسا دوسری آیت میں ہے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ) ف: اٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ کی اس تفسیر پر یہ شبہ نہیں رہا کہ کیا اس کے بعد وہ کوئی بات نہ کریں گے۔

www.besturdubooks.net

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَ رَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا...... مذمت کا رضا بالدنیا واطمینان بالدنیا پر مرتب کرنا ان دونوں کے مذموم ہونے پر دلیل ظاہر ہے۔۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في بالقسط كی نہ كرے وهو الفائدة في التقييد بالقسط فالمقصود نفي النقص لا نفي الزيادة وحيث وقع العذاب فالمراد نفي الزيادة لا النقص لانه لا محذور فيه فلا حاجة الى تفسير القسط ما لعمل الصالح ونحوه۱۲۔ ۲ قوله في يهديهم مقصد اشارة الى ان الكلام يهديهم ربهم الى ماواهم لدلالة السياق عليه۱۲۔ ۳ قوله في سبحنك عجائبات الخ وهذا التفسير بهذا النهج وبهذا الترتيب من مواهب الله تعالىٰ ويقع مثل ذلك في مجالس الدنيا والله اعلم۱۲۔

الکلام: استدل المعتزلة بالآية على توقف دخول الجنة على الايمان والعمل الصالح والجواب ظاهر فان الآية تدل على كون الجموع سببا لا شرطا ودلت نصوص اخرىٰ على كفاية الايمان في نفس الدخول ولا تنافي بين الاسباب۱۲۔

اللغات: لا فرق بين الضياء والنور ولذا زيدت لفظة بھی في نورا وما اشتهر في الفرق بينهما بكون الضياء بالذات والنور بالعرض وبنائه على استفادة القمر النور من الشمس فمما لم يثبت في اللغة واما حديث الاستفادة فما ذكروا فيه انه من الحدسيات لاختلاف اشكاله بحسب قربه وبعده منها اه لا يفيد الجزم لاحتمال ان يكون القمر كرة نصفها مضئي ونصفها مظلم يتحرك على نفسه فيرى هلالا ثم بدرا ثم يمحق واما الاستدلال بحصول الخوف عنه توسط الارض بينه وبين الشمس فلا يفيد الجزم ايضاً لجواز ان يكون سبب آخر لاختلاف تلك الاشكال النورية لكنا لا نعلمه كان يكون كوكب كمد تحت فلك القمر ينخسف به في بعض اسقبالاته۱۲۔ الرجاء عام للامل والخوف ويشير الى عدم الامل قوله رضوا والى عدم الخوف قوله واطمانوا۱۲۔

النحو: قوله يدبر الامر اما حال واما خبر بعد خبر واما تفسير على بعض الاقوال لقوله استوى على العرش ومر ما يتعلق بالآية في حواشي مثل هذه في سوره الاعراف۱۲۔

البلاغۃ: قوله جعل الشمس ضياءً بمعني ذات ضياء او نفس ضياء بطريق المبالغة وعلى كل فهو من قبيل ضيق فم الركية لان الله تعالىٰ خلقها مضيئة من اول الامر قوله قدره اى قدر له اى لسيره۱۲۔ تكرير الموصول في قوله والذين هم عن آياتنا من عطف الصفة على الصفة لذات واحد للايذان بان كلاً من الصفتين تكفي في ايجابها النار قوله بايمانهم خصص الايمان بالذكر بعد الجموع دلالة على اصالة الايمان وشرفه۱۲۔

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ؕ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۱۱ وَ اِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَاۤ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۱۲ وَ لَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ۱۳ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ۱۴

اور اگر اللہ تعالیٰ لوگوں پر (ان کے جلدی مچانے کے موافق) جلدی سے نقصان واقع کر دیا کرتا۔ جس طرح وہ فائدہ کے لئے جلدی مچاتے ہیں تو ان سے وعدہ (عذاب) کبھی کا پورا ہو چکا ہوتا۔ سو (اس لئے) ہم ان لوگوں کو جن کو ہمارے پاس آنے کا کھٹکا نہیں ہے ان کے حال پر (بلا عذاب) چندروز چھوڑے رکھتے ہیں کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہم کو پکارنے لگتا ہے لیٹے بھی بیٹھے بھی کھڑے بھی پھر جب ہم اس کی وہ تکلیف اس سے ہٹا دیتے ہیں تو پھر اپنی پہلی حالت پر آ جاتا ہے کہ گویا جو تکلیف اس کو پہنچی تھی اس کے ہٹانے کے لئے کبھی ہم کو پکارا ہی نہ تھا۔ ان حد سے نکلنے والوں کے اعمال (بد) ان کو اسی طرح مستحسن معلوم ہوتے ہیں (جس طرح ہم نے ابھی بیان کیا ہے) اور ہم نے تم سے پہلے بہت سے گروہوں کو (انواع عذاب سے) ہلاک کر دیا جبکہ انہوں نے ظلم کیا (یعنی کفر وشرک) حالانکہ ان کے پاس ان کے پیغمبر بھی دلائل لے کر آئے اور (بوجہ غایت عناد کے) ایسے کب تھے کہ ایمان لے آتے۔ ہم مجرم لوگوں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔ (جیسا کہ ہم نے

www.besturdubooks.net

ابھی بیان کیا ہے) پھر ان کے بعد ہم نے دنیا میں بجائے ان کے تم کو آباد کیا تا کہ (ظاہری طور پر) ہم دیکھ لیں کہ تم کس طرح کام کرتے ہو۔

تفسیر: ربط: اوپر اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ میں کفار کا آخرت میں معذب ہونا بیان فرمایا ہے ایسے مضامین پر کفار تکذیب کی غرض سے کہا کرتے کہ ہم تو عذاب کو حق تب سمجھیں کہ ہم پر یہاں دنیا ہی میں عذاب نازل ہو جاوے۔ جیسا سورۂ صٓ میں ہے: وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ [صٓ : ۱۶] اور اس کے بعد عذاب نازل نہ ہونے سے شبہ عدم عذاب فی المعاد کا ہو سکتا تھا آگے اس کا جواب ارشاد ہوتا ہے۔

جوابِ شبہ از عدمِ وقوعِ عذابِ عاجل ☆ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ (الی قولہ تعالی) فِیْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱﴾ اور اگر اللہ تعالیٰ لوگوں پر (ان کے جلدی مچانے کے موافق) جلدی سے نقصان واقع کر دیا کرتا جس طرح وہ فائدے کے لئے جلدی مچاتے ہیں (اور اس کے موافق وہ فائدہ جلد واقع کر دیتا ہے اسی طرح اگر نقصان بھی واقع کر دیا کرتا) تو ان کا وعدہ (عذاب) کبھی کا پورا ہو چکا ہوتا (لیکن) ہماری حکمت جس کا بیان ابھی آتا ہے چونکہ اس کو مقتضی نہیں ہے) سو (اس لئے) ہم ان لوگوں کو جن کو ہمارے پاس آنے کا کھٹکا نہیں ہے ان کے حال پر (بلا عذاب چند روز) چھوڑے رکھتے ہیں کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں (اور مستحق زیادہ عذاب کے ہو جاویں اور وہ حکمت یہی ہے) ف: اگر کسی کو شبہ ہو کہ آیت سے دو امر مفہوم ہوتے ہیں ایک یہ کہ شر مانگنے سے بھی جلدی واقع نہیں ہوتا دوسرا یہ کہ مانگنے سے خیر جلدی واقع ہوتی ہے حالانکہ اس کا عکس بھی بکثرت واقع ہوتا ہے اس کا جواب یہ ہے مقصود آیت کا یہ ہے کہ بمقتضائے رحمت اصل خیر میں تعجیل وقوع ہے اور شر میں عدم تعجیل وقوع لیکن کسی عارض سے اگر عکس ہو جاوے تو منافی مدلول آیت کے نہیں پس آیت میں تعجیل و عدم تعجیل باعتبار اقتضائے اصل کے ہے یا یوں کہا جاوے کہ جو شر و نقصان واقع ہوتا ہے اس میں باعتبار مخص خاص یا باعتبار عامہ مصالح کے کوئی خیر مضمر ہوتی ہے اور جس خیر میں توقف ہوتا ہے اسی طرح اس میں کوئی شر مضمر ہوتا ہے پس اس شر کا وقوع واقع میں خیر کا وقوع ہے اور اس خیر کا عدم وقوع واقع میں شر کا عدم وقوع ہے۔ ربط: اوپر توحید کا ذکر ہوا ہے آگے شرک کا باطل ہونا ایک خاص طور پر بیان فرماتے ہیں وہ یہ کہ مصیبت میں خود مشرکین ہی خدا کے سوا سب کو چھوڑ بیٹھتے ہیں پس شرک واقع میں جس طرح باطل ہے اسی طرح اس عقیدہ والوں کے طرزِ عمل سے بھی وہ لچر ثابت ہوتا ہے۔

تنبیہ طریقۂ مشرکین ☆ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ (الی قولہ تعالی) مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲﴾ اور جب انسان کو (یعنی ان میں سے بعض کو) کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہم کو پکارنے لگتا ہے لیٹے بھی بیٹھے بھی کھڑے بھی (اور اس وقت کوئی بت وغیرہ یاد نہیں رہتا: ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ...... [الأسراء : ۶۷]) پھر جب (اس کی دعاء والتجاء کے بعد) ہم اس کی وہ تکلیف ہٹا دیتے ہیں تو پھر اپنی پہلی حالت پر آ جاتا ہے (اور ہم سے ایسا بے تعلق ہو جاتا ہے) کہ گویا جو تکلیف اس کو پہنچی تھی اس کے ہٹانے کے لئے کبھی ہم کو پکارا ہی نہ تھا (اور پھر وہی شرک کی باتیں کرنے لگتا ہے نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا [الزمر : ۸]) ان حد سے نکلنے والوں کے اعمال (بد) ان کو اسی طرح مستحسن معلوم ہوتے ہیں (جس طرح ہم نے ابھی بیان کیا ہے) ف: اس آیت کا مضمون قرآن مجید کی چند آیتوں میں مختلف الفاظ سے آیا ہے جن کا خلاصہ یہ ہے کہ حالتِ خیر میں یہ احکام ثابت فرمائے ہیں اعراض نسیان ترک دعاء فرح فخر ان سب کا صحت اجتماع ظاہر ہے اور حالتِ شر میں یہ احکام ثابت فرمائے ہیں یاس کفران دعاء ان میں یاس و کفران کا صحت اجتماع تو ظاہر ہے لیکن دعاء اور یاس کا اجتماع ظاہراً مشکل ہے کیونکہ دعاء امید ہی میں کی جاتی ہے سو یا تو یوں کہا جاوے کہ زبان سے دعاء کرتا ہے مگر دل میں مایوسی ہوتی ہے اور یا یوں کہا جاوے کہ اول اول خوب دعاء کرتا ہے پھر بعد چندے مایوس ہو کر چھوڑ دیتا ہے اور سورہ حٰم فصلت کے آخر میں جو اشارہ ہوا ہے لَا يَسْئَمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ اس میں ظاہراً یہ اشکال ہوتا ہے کہ اگر یہ حالت خیر میں ہے تب تو اس میں اوپر ترک دعاء ثابت ہو چکا ہے اور اگر حالتِ شر میں ہے تو لَا يَسْئَمُ کا حکم مشکل ہے کیونکہ یاس میں نشاط فی الدعاء بالیقین فوت ہو جاتا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ یہ دونوں حالتوں میں مشترک ہے اور دعاء سے مراد محض استدعاء اور تمنا اور حرص ہے یہ امور ہر حالت میں تازہ رہتے ہیں خوب سمجھ لینا چاہئے اس تقریر سے تمام اشکالات رفع ہو گئے۔ ربط: اوپر مضمون معاد میں کفار کا مستحق عذاب ہونا بیان فرمایا ہے آگے تاکید استحقاق کے لئے باجمالاً کفار سابقین کا انواع عذاب سے ہلاک ہونا بیان فرماتے ہیں تا کہ تنبیہ ہو جاوے کہ یہ بھی مستحق عذاب کے ہیں لیکن بعض حکمتوں سے دنیا میں عذاب حائل رک رہا ہے وہاں چونکہ مانع نہ ہوگا اس لئے لامحالہ واقع ہو جاوے گا۔ اور اس اجمال کی تفصیل کے لئے آخر سورت میں بعض قصص امم سابقہ کے آئے ہیں۔

تہدید کفار بذکر اہلاک سابقین اجمالاً ☆ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ (الی قولہ تعالی) لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اور ہم نے تم سے پہلے بہت سے گروہوں کو (انواع عذاب سے) ہلاک کر دیا ہے جب کہ انہوں نے ظلم (یعنی کفر و شرک) کیا حالانکہ ان کے پاس ان کے پیغمبر بھی دلائل لے کر آئے اور وہ (بوجہ غایت عناد کے) ایسے کب تھے کہ ایمان لے آتے ہیں ہم مجرم لوگوں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں (جیسا ہم نے ابھی بیان کیا ہے) پھر ان کے بعد ہم نے دنیا میں بجائے ان کے تم کو آباد کیا تا کہ (ظاہری طور پر بھی) ہم دیکھ لیں کہ تم کس طرح کام کرتے ہو (آیا ویسا ہی شرک و کفر کرتے ہو یا ایمان لاتے ہو) ف:

www.besturdubooks.net

ظاہری طور پر اس لئے کہا کہ علم الٰہی قبل الوقوع بھی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ روح میں ہے کہ یہ ان لوگوں کی حالت ہے جنہوں نے مشاہد ربوبیت میں حقائق عبودیت کا ادراک نہیں کیا ان پر جب بلا آتی ہے تو تضرع کرنے لگتے ہیں اور جب بلا دور ہو جاتی ہے تو گویا بے تعلق ہو جاتے ہیں اور اگر عارف ہوتے برابر تضرع اور عبودیت کرتے رہتے اھ بحاصلہ اور اگر انسان سے مراد کافر لیا جاوے تو اس پر دال ہے کہ دعاء و عبادت اگر ایمان سے نہ ہو بلکہ محض اضطرار سے ہو تو (شرعاً) نافع نہیں اور ایسی ہی دعاء و عبادت اس آیت میں مذکور ہے۔ **فاذا ركبوا في الفلك دعوا الله مخلصين له الدين ۱۲۔**

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله في استعجالهم** فائدہ جلد واقع **الخ اشارة الى تقدير الكلام هكذا ولو يعجل الله للناس الشر باستعجالهم كتعجيله الخير باستعجالهم له فوضع استعجالهم بالخير موضع تعجيله لهم اشعارا كما في الكشاف بسرعة اجابته سبحانه لهم واسعافه بطلبتهم حتى كان استعجالهم بالخير تعجيل له اه في الروح وهو كلام رضين بدل على وقته نظر صاحبه كما قال ابن المنير ۱۲۔** ۲؎ **قوله في الانسان** بعض **لانه منهم من ليس كذلك فهذا وصف لجنس الانسان باعتبار افراده ۱۲۔** ۳؎ **قوله في فلما** التجاء کے بعد **دل عليه الفاء ۱۲۔** ۱؎ **قوله في الى ضر** ہٹانے **اشارة الى تقديره هكذا الى كشف ضر مسه ۱۲۔**

اللغات: **القرن اهل كل زمان كذا في الروح۔**

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ۭ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ اِنِّىْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵﴾ قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ڮ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّھُمْ وَلَا يَنْفَعُھُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَاۗءِ شُفَعَاۗؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ قُلْ اَتُنَبِّـــُٔوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَمَا كَانَ النَّاسُ اِلَّآ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَھُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

اور جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں جو بالکل صاف صاف ہیں تو یہ لوگ جن کو ہمارے پاس آنے کا کھٹکا نہیں ہے (آپ سے) یوں کہتے ہیں کہ اس کے سوا کوئی (پورا) دوسرا قرآن (ہی) لائیے یا (کم سے کم) اس میں کچھ ترمیم کر دیجئے۔ آپ یوں کہہ دیجئے کہ مجھ سے یہ نہیں ہو سکتا کہ میں اپنی طرف سے اس میں ترمیم کر دوں۔ بس میں تو اسی کا اتباع کروں گا جو میرے پاس وحی کے ذریعے سے پہنچا ہے۔ اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک بڑے بھاری دن کے عذاب کا اندیشہ رکھتا ہوں۔ آپ یوں کہہ دیجئے کہ اگر خدا تعالیٰ کو منظور ہوتا تو نہ تو میں تم کو یہ (کلام) پڑھ کر سناتا اور نہ اللہ تعالیٰ تم کو اس کی اطلاع دیتا کیونکہ اس سے پہلے بھی تو میں ایک بڑے حصہ تک تم میں رہ چکا ہوں پھر کیا تم اتنی عقل نہیں رکھتے سو اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیتوں کو جھوٹا بتلاوے یقیناً ایسے مجرموں کو اصلاً فلاح نہ ہوگی (بلکہ معذب ابدی ہوں گے) اور یہ لوگ اللہ (کی توحید) کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو نہ ان کو ضرر پہنچا سکیں اور نہ ان کو نفع پہنچا سکیں اور کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے پاس ہمارے سفارشی ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ کیا خدا تعالیٰ کو ایسی چیز کی خبر دیتے ہو جو خدا تعالیٰ کو معلوم نہیں نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں۔ وہ پاک ہے اور برتر ہے ان لوگوں کے شرک سے اور تمام آدمی ایک ہی طریقے کے تھے (پھر اپنی کجرائی سے) انہوں نے اختلاف پیدا کر لیا اور اگر ایک بات نہ ہوتی جو آپ کے رب کی طرف سے پہلے ٹھہر چکی ہے تو جس چیز میں یہ لوگ اختلافات کر رہے ہیں۔ ان کا فیصلہ (دنیا میں) ہو چکا ہوتا۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر توحید و معاد کے متعلق گفتگو تھی آگے قرآن و رسالت کے صدق و حقیقت کا بیان ہے جو شروع میں بھی آ چکا ہے۔

حقیقت قرآن و رسالت ☆ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۷﴾ اور جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی

www.besturdubooks.net

جاتی ہیں جو بالکل صاف صاف ہیں تو یہ لوگ جن کو ہمارے پاس آنے کا کھٹکا نہیں ہے (آپ سے) یوں کہتے ہیں کہ (یا تو) اس کے سوا کوئی (پورا) دوسرا قرآن (ہی) لائیے (جس میں ہمارے مسلک کے خلاف مضامین نہ ہوں) یا کم سے کم اسی (قرآن) میں کچھ ترمیم کر دیجئے (کہ ہمارے مسلک کے خلاف مضامین اس میں سے حذف کر دیجئے اور اس منطوق سے یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ لوگ قرآن کو کلام محمدی سمجھتے تھے اللہ تعالیٰ اسی بناء پر جواب تعلیم فرماتے ہیں کہ) آپ یوں کہہ دیجئے کہ (قطع نظر اس سے کہ ایسے مضامین کا حذف کرنا فی نفسہٖ کیسا ہے خود) مجھ سے یہ نہیں ہوسکتا کہ میں اپنی طرف سے اس میں ترمیم کر دوں (اور جب بعض کا حذف بھی ممکن نہیں تو کل کا حذف تو بدرجۂ اولیٰ ناممکن ہے کیونکہ وہ میرا کلام تو ہے ہی نہیں بلکہ اللہ کا کلام ہے جو وحی کے ذریعہ سے آیا ہے جب یہ ہے تو) بس میں تو اسی کا اتباع کروں گا جو میرے پاس وحی کے ذریعہ سے پہنچا ہے (اور بالفرض خدانخواستہ) اگر میں (وحی کا اتباع نہ کروں بلکہ) اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک بڑے بھاری دن کے عذاب کا اندیشہ رکھتا ہوں (جو اہل عصیان کے لئے مخصوص ہے اور وہ بوجہ عصیان کے تمہارے نصیب میں ہے سو میں تو اس عذاب یا اس کے سبب یعنی عصیان کی جرأت نہیں رکھتا اور اگر ان کو اس کے وحی ہونے میں کلام ہے اور یہ آپ ہی کا کلام سمجھتے ہیں تو) آپ یوں ہی کہہ دیجئے کہ (یہ تو ظاہر ہے کہ یہ کلام معجز ہے کوئی بشر اس پر قادر نہیں ہوسکتا خواہ میں ہوں یا تم ہو سو) اگر خدا تعالیٰ کو منظور ہوتا (کہ میں یہ کلام معجز تم کو نہ سنا سکوں اور اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ سے تم کو اس کی اطلاع نہ دے) تو (مجھ پر اس کو نازل نہ فرماتا پس) نہ تو میں تم کو یہ (کلام) پڑھ کر سناتا اور نہ اللہ تعالیٰ تم کو اس کی اطلاع دیتا (پس جب میں تم کو سنا رہا ہوں اور میرے ذریعہ سے تم کو اطلاع ہو رہی ہے اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کو اس کلام معجز کا سنوانا اور اطلاع کرنا منظور ہوا اور سنانا اور اطلاع دینا بدون وحی کے بوجہ اس کے معجز ہونے کے ممکن نہیں اس سے معلوم ہوا کہ وہ وحی منزل اور کلامِ الٰہی ہے) کیونکہ (آخر) اس (کلام کے ظاہر کرنے) پہلے بھی تو ایک بڑے حصے عمر تک تم میں رہ چکا ہوں (پھر اگر یہ میرا کلام ہے تو یا تو اتنی مدت تک ایک جملہ بھی اس طرز کا نہ نکلا اور یا دفعۃً اتنی بڑی بات بنالی یہ تو بالکل عقل کے خلاف ہے) پھر کیا تم اتنی عقل نہیں رکھتے ہو (جب اس کا کلامِ الٰہی اور حق ہونا ثابت ہوگیا اور پھر بھی مجھ سے درخواست ترمیم کی کرتے ہو اور اس کو نہیں مانتے تو سمجھ لو کہ) اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے (جیسا میرے لئے تجویز کرتے ہو) یا اس کی آیتوں کو جھوٹا بتلاوے (جیسا اپنے لئے تجویز کر رکھا ہے) یقیناً ایسے مجرموں کو اصلاً فلاح نہ ہوگی (بلکہ معذب ابدی ہوں گے) **ف**: اعجاز کے اثبات میں فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ سے استدلال علی سبیل التنزل ہے یعنی اصل استدلال یہ ہے فَأْتُوا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ [البقرة : ۲۳] اور اس میں کوئی بعید احتمال نکالتا کہ شاید عام اس پر قادر نہ ہوں آپ قادر ہوں اس احتمال پر یہ جواب دیا ہے کہ دفعۃً ایسے اعلیٰ طرز کا کلام طویل پیش کر دینا ممتنعات عادیہ سے ہے اور اعجاز میں امتناع عادی ہی پر مدار ہوتا ہے۔ ربط: اوپر طریقہ مشرکین کی تزییف تھی آگے بھی ابطال شرک کا بیان ہے۔

ابطالِ شرک ☆ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ۝ اور یہ لوگ اللہ (کی توحید) کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو (عبادت نہ کرنے کی صورت میں) ان کو ضرر پہنچا سکیں اور نہ (عبادت کرنے کی صورت میں) ان کو نفع پہنچا سکیں اور (اپنی طرف سے بلا دلیل ایک نفع تراش کر) کہتے ہیں کہ یہ (معبود) اللہ کے پاس ہمارے سفارشی ہیں (اس لئے ہم ان کی عبادت کرتے ہیں) آپ کہہ دیجئے کہ کیا تم خدا تعالیٰ کو ایسی چیز کی خبر دیتے ہو جو خدا تعالیٰ کو معلوم نہیں نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں (یعنی خدا تعالیٰ کو ان چیزوں کے شفیع یا معبود بحق ہونے کے وقوع کا یا امکان کا علم نہیں اور خدا تعالیٰ کا علم تمام اشیاء کو محیط ہے پس جب ان کا علم نہیں تو معلوم ہوا کہ ان کا وقوع یا امکان باطل ہے پس عدم اور استحالہ حق ہے اس سے عقیدۂ شرک کا بطلان لازم آ گیا پس وہ) پاک اور برتر ہے ان لوگوں کے شرک سے اور (یہ طریقہ شرکیہ عقلاً و شرعاً باطل ہونے کے علاوہ قدیم بھی تو نہیں کیونکہ پہلے) تمام آدمی ایک ہی طریقہ کے تھے (یعنی سب موحد تھے کیونکہ آدم علیہ السلام موحد تھے بہت روز تک ان کی اولاد ان ہی کے طریقہ پر رہی پس سب موحد رہے) پھر (اپنی کجرائی سے) انہوں نے (یعنی بعض نے) اختلاف پیدا کر لیا (اور مشرک ہوگئے پس طریقہ شرکیہ محض مخترع ٹھہرا) اور یہ مشرک ایسے مستحق عذاب ہیں کہ) اگر ایک بات نہ ہوتی جو آپ کے رب کی طرف سے پہلے ٹھہر چکی ہے (کہ پورا عذاب ان کو آخرت میں دوں گا) تو جس چیز میں یہ لوگ اختلاف کر رہے ہیں ان کا قطعی فیصلہ (دنیا ہی میں) ہو چکا ہوتا (یعنی وہی عذاب موعود واقع ہو جاتا جو کہ عملی فیصلہ ہے) **ف**: عدم ضرر و عدم نفع اگرچہ حقیقۃً لیا جاوے تو سب معبودات غیر اللہ احیاء و اموات کو شامل ہے اور اگر صورۃً لیا جاوے جب بھی اموات یعنی اصنام وغیرہ کو شامل ہے جن کو اہل مکہ معبود سمجھتے تھے اور ان کا یہ کہنا کہ یہ ہمارے شفیع ہیں اور شفیع مستحق عبادت ہوتا ہے اس کے دو جواب ہیں ایک ابطال کبریٰ سے دوسرا ابطال صغریٰ سے اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰهَ میں دونوں کی طرف اشارہ ہے یعنی اوّلاً وہ شفیع نہیں پھر شفیع کے لئے معبود ہونا لازم نہیں غرض معبودیت غیر اللہ کا اعتقاد خواہ بالذات ہو یا بالعرض شرک ہے اور ان کو جو سفارشی مانتے تھے دنیا میں تو تحقیقاً اور آخرت میں فرضاً کیونکہ وہ آخرت کے قائل نہ تھے جیسا اس آیت میں: وَلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ الخ۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱۔ **قولہ فی قال الذین یہ لوگ اشارۃ الی ان فیہ وضع المظھر** ۲۔ **قولہ فی ما یکون لی جب بعض کا حذف اشارۃ الی**

www.besturdubooks.net

کون المذکور جوابا عن الامرین قولهم ائت بقرآن غیر هذا وقوله بدله۱۲۔ ۳ قوله فی اخاف تمہارے نصیب اشارة الی ان فی الکلام تعریضا۱۲۔ ۴ قوله فی قل لو شاء ظاہراً اشارة الی ان عدم ذکر مبنی الکلام من کونه معجزا لظهوره ولما سیاتی فقد لبثت۱۲۔

النحو: قوله فی السموٰت فی الروح فی موضع الحال من العائد المحذوف ای بما لا یعلمه کائنا فی ذلك والمقصود تاکید النفی المدلول علیه بما قبله فانه قد جری فی العرف ان یقال عند تاکید للشئ لیس هذا فی السماء ولا فی الارض آه۔

البلاغة: لعل ایراد قوله ولا ادرٰکم مع کفایة ما تلوته فی المقام للاشارة الی ان تلاوته علیه السلام لما لم تکن من تلقاء نفسه فهو ادراء من الله تعالیٰ لهم فهو مشیر الی تقریر کونه وحیا۱۲۔

وَيَقُولُونَ لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِنْ رَبِّهِ ۖ فَقُلْ إِنَّمَا الْغَيْبُ لِلَّهِ فَانْتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُمْ مِنَ الْمُنْتَظِرِينَ ﴿٢٠﴾
وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِنْ بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُمْ مَكْرٌ فِي آيَاتِنَا ۚ قُلِ اللَّهُ أَسْرَعُ مَكْرًا ۚ إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ
مَا تَمْكُرُونَ ﴿٢١﴾ هُوَ الَّذِي يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ
وَفَرِحُوا بِهَا جَاءَتْهَا رِيحٌ عَاصِفٌ وَجَاءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا
اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ لَئِنْ أَنْجَيْتَنَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ﴿٢٢﴾ فَلَمَّا أَنْجَاهُمْ إِذَا هُمْ يَبْغُونَ
فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلَىٰ أَنْفُسِكُمْ ۖ مَتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ
فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٢٣﴾ إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَاءٍ أَنْزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ فَاخْتَلَطَ بِهِ نَبَاتُ الْأَرْضِ
مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ حَتَّىٰ إِذَا أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَا أَنَّهُمْ قَادِرُونَ عَلَيْهَا
أَتَاهَا أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنَاهَا حَصِيدًا كَأَنْ لَمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ ۚ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ
يَتَفَكَّرُونَ ﴿٢٤﴾ وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَىٰ دَارِ السَّلَامِ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ﴿٢٥﴾ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَىٰ
وَزِيَادَةٌ ۖ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوهَهُمْ قَتَرٌ وَلَا ذِلَّةٌ ۚ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٦﴾ وَالَّذِينَ كَسَبُوا
السَّيِّئَاتِ جَزَاءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۖ مَا لَهُمْ مِنَ اللَّهِ مِنْ عَاصِمٍ ۖ كَأَنَّمَا أُغْشِيَتْ وُجُوهُهُمْ قِطَعًا
مِنَ اللَّيْلِ مُظْلِمًا ۚ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٧﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا
مَكَانَكُمْ أَنْتُمْ وَشُرَكَاؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ ۖ وَقَالَ شُرَكَاؤُهُمْ مَا كُنْتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ ﴿٢٨﴾ فَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا
بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ إِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغَافِلِينَ ﴿٢٩﴾ هُنَالِكَ تَبْلُو كُلُّ نَفْسٍ مَا أَسْلَفَتْ ۚ وَرُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ
الْحَقِّ ۖ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٣٠﴾

اور یہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ ان پر ان کے رب کی طرف سے کوئی معجزہ کیوں نازل نہیں ہوا سو آپ فرما دیجئے کہ غیب کی خبر صرف خدا تعالیٰ کو ہے (مجھ کو نہیں) سو تم بھی منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں اور جب ہم لوگوں کو بعد اس کے کہ ان پر کوئی مصیبت پڑ چکی ہو کسی نعمت کا مزہ چکھا دیتے ہیں۔ تو فوراً ہماری آیتوں کے بارے میں شرارت کرنے لگتے ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ اس شرارت کی سزا بہت جلد دے گا۔ بالیقین ہمارے فرشتے تمہاری سب شرارتوں کو لکھ رہے ہیں اور وہ (اللہ) ایسا ہے

www.besturdubooks.net

کہ تم کو خشکی اور دریا میں لئے لئے پھرتا ہے یہاں تک کہ جب (بعض اوقات) تم کشتی میں (سوار) ہوتے ہو اور وہ کشتیاں لوگوں کو موافق ہوا کے ذریعے سے لے کر چلتی ہیں اور وہ لوگ (ان کی رفتار سے) خوش ہوتے ہیں (اس حالت میں دفعۃً) ان پر ایک جھونکا (مخالف) ہوا کا آتا ہے اور ہر طرف سے ان پر موجیں اُٹھتی چلی آتی ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ (برے) آ گھرے۔ (اس وقت) سب خالص اعتقاد کر کے اللہ ہی کو پکارنے لگتے ہیں کہ (اے اللہ) اگر آپ ہم کو اس (مصیبت) سے بچالیں تو ہم ضرور حق شناس (موحد) بن جائیں۔ پھر جب اللہ تعالیٰ (ان کو اس مہلک سے) بچالیتا ہے تو فوراً ہی (اطراف واقطار) وہ زمین میں ناحق کی سرکشی کرنے لگتے ہیں۔ اے لوگو (سن لو) یہ تمہاری سرکشی تمہاری لئے وبال (جان) ہونے والی ہے (بس) دنیوی زندگی میں (چندے اس سے) حظ اُٹھا رہے ہو پھر ہمارے پاس تم کو آنا ہے پھر ہم سب تمہارا کیا ہوا تم کو جتادیں گے (اور اس کی سزادیں گے)۔ بس دنیوی زندگی کی حالت تو ایسی ہے جیسے ہم نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس پانی سے زمین کی نباتات جن کو آدمی اور چوپائے کھاتے ہیں خوب گنجان ہو کر نکلے یہاں تک کہ جب وہ زمین اپنی رونق کا پورا حصہ لے چکی اور اس کی خوب زیبائش ہوگئی اور اس (زمین) کے مالکوں نے سمجھ لیا کہ اب ہم اس پر بالکل قابض ہو چکے ہیں تو (ایسی حالت میں) دن میں یا رات میں اس پر ہماری طرف سے کوئی حادثہ آ پڑا جیسے بالا یا خشکی یا اور کچھ سو ہم نے ایسا صاف کر دیا کہ گویا کل (یہاں) وہ موجود ہی نہ تھی۔ ہم اسی طرح آیات کو صاف صاف بیان کرتے ہیں ایسے لوگوں کے لئے جو سوچتے ہیں اور اللہ تعالیٰ دارالبقا کی طرف تم کو بلاتا ہے اور جس کو چاہتا ہے راہ راست کی طرف چلنے کی توفیق دے دیتا ہے جن لوگوں نے نیکی کی ہے ان کے واسطے خوبی (یعنی جنت) ہے اور مزید برآں (خدا کا دیدار) بھی ہے اور ان کے چہروں پر نہ کدورت (غم کی) چھائے گی اور نہ ذلت۔ یہ لوگ جنت میں رہنے والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور جن لوگوں نے بدکام کئے ان کی بدی کی سزا اس کے برابر ملے گی اور ان کو ذلت چھالے گی ان کو اللہ (کے عذاب) سے کوئی نہ بچا سکے گا۔ (ان کے چہروں کی کدورت کی ایسی حالت ہوگی) کہ گویا ان کے چہروں پر اندھیری رات کے پرت کے پرت لپیٹ دیئے گئے ہیں۔ یہ لوگ دوزخ میں رہنے والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور وہ دن بھی قابل ذکر ہے جس روز ہم ان سب (خلائق) کو (میدان قیامت میں) جمع کریں گے۔ پھر مشرکین سے کہیں گے کہ تم اور تمہارے شریک اپنی جگہ ٹھہرو۔ پھر ہم ان (عابدین ومعبودین) کے آپس میں پھوٹ ڈالیں گے اور ان کے وہ شرکاء ان سے خطاب کر کے کہیں گے کہ تم ہماری عبادت نہیں کرتے تھے۔ سو ہمارے تمہارے درمیان خدا کافی گواہ ہے کہ ہم کو تمہاری عبادت کی خبر بھی نہ تھی۔ اس مقام پر ہر شخص اپنے اگلے کئے ہوئے کاموں کا امتحان کرے گا۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر بعض آیات میں رسالت کا مسئلہ آ چکا تھا آگے پھر اسی کی طرف عود ہے۔

عود بمسئلہ رسالت ☆ وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَآ اُنْزِلَ (الی قولہ تعالی) اِنِّىْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۞ اور یہ لوگ (براہ عناد باوجود ظہور معجزات کثیرہ کے خصوص قرآن کے کہ اثبات نبوت کے لئے کافی دلیل ہے) یوں کہتے ہیں کہ ان پر (یعنی محمد ﷺ پر ہمارے فرمائشی معجزات میں سے) کوئی معجزہ کیوں نہیں نازل ہوا سو آپ فرما دیجئے کہ (چونکہ مقصود معجزہ سے دلالت علی النبوۃ ہوتی ہے اور یہ ہر معجزہ سے حاصل ہے اس لئے ان فرمائشوں کی ضرورت تو باقی رہی نہیں البتہ امکان وقوع وعدم وقوع دونوں کا ہے سو یہ ایک علم غیبی ہے کہ وقوع ہوگا یا عدم وقوع اور) غیب کی خبر صرف خدا کو ہے (مجھ کو نہیں) سو تم بھی منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں (کہ آیا وقوع ہوتا ہے یا عدم وقوع خلاصہ یہ کہ ان امور کو منصب رسالت یا اس کے لوازم سے کوئی تعلق نہیں میں نہیں جانتا نہ مجھ کو کوئی دخل اصل مقصود کے اثبات کے لئے البتہ ہر وقت آمادہ ہوں اور ثابت بھی کر چکا ہوں) ف: اس مضمون کی تقریر کئی جگہ گزر چکی ہے۔

ربط: اوپر کفار کا قول نقل فرمایا ہے لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ۔ آگے اس اعتراض کی علت کہ اعراض ہے اور اس کی علت کہ حصول مقاصد واغراض ہے مع وعید بیان فرماتے ہیں اور علاوہ اس افادہ علت کے یہ مضمون آیت بالا فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ الخ کا تتمہ اور آیت آئندہ وَلَهَا انجامهم الخ کی تمہید بھی ہے۔

علت اعتراض واعراض کفار ☆ وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً (الی قولہ تعالی) اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ۞ اور جب ہم لوگوں کو بعد اس کے کہ ان پر کوئی مصیبت پڑ چکی ہو کسی نعمت کا مزہ چکھا دیتے ہیں تو فوراً ہماری آیتوں کے بارہ میں شرارت کرنے لگتے ہیں (یعنی ان سے اعراض کرتے ہیں اور ان کے ساتھ تکذیب واستہزاء سے پیش آتے ہیں اور براہ عناد واعتراض دوسرے معجزات کی فرمائشیں کرتے ہیں اور مصیبت گزشتہ سے عبرت نہیں پکڑتے پس علت اعتراض کی آیات منزلہ سے اعراض ہے اور اس کی علت تنعم ہے آگے (وعید ہے کہ) آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ اس شرارت کی سزا بہت جلد دے گا بالیقین ہمارے فرشتے تمہاری سب شرارتوں کو لکھ رہے ہیں (پس علاوہ علم الٰہی میں محفوظ ہونے کے دفتر میں بھی محفوظ ہیں۔

ربط: اوپر توحید کا مضمون مکرر آ چکا ہے آگے پھر اس کی مع وعید عود ہے جس میں تحقیق اور الزام دونوں سے کام لیا گیا ہے يُسَيِّرُكُمْ تحقیق ہے اور دَعَوُا اللّٰهَ میں الزام ہے اور آگے اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ الخ میں زجر ووعید ہے۔

توحید ومزید وعید: هُوَ الَّذِىْ يُسَيِّرُكُمْ فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ (الی قولہ تعالی) ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۞ وہ (اللہ) ایسا ہے کہ تم کو خشکی اور دریا میں لئے لئے پھرتا ہے (یعنی جن آلات واسباب سے تم چلتے پھرتے ہو وہ سب اللہ ہی کے دیئے ہوئے ہیں) یہاں تک (کہ بعض اوقات) جب

www.besturdubooks.net

تم کشتی میں (سوار) ہوتے ہو اور وہ کشتیاں لوگوں کو موافق ہوا کے ذریعہ سے لے کر چلتی ہیں اور وہ لوگ ان (کی رفتار) سے خوش ہوتے ہیں (اسی حالت میں دفعۃً) ان پر ایک جھونکا (مخالف) ہوا کا آتا ہے اور ہر طرف سے ان (لوگوں) پر موجیں اُٹھی چلی آتی ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ (برے) آ گھرے (اس وقت) سب خالص اعتقاد کر کے اللہ ہی کو پکارنے لگتے ہیں (کہ اے اللہ) اگر آپ ہم کو اس (مصیبت) سے بچالیں تو ہم ضرور حق شناس (یعنی موحد) بن جاویں (یعنی اس وقت جیسا اعتقاد توحید کا ہوگیا ہے اس پر قائم رہیں) پھر جب اللہ تعالیٰ ان کو (اس مہلکہ سے) بچالیتا ہے تو فوراً ہی وہ (اطراف واقطار) زمین میں ناحق کی سرکشی کرنے لگتے ہیں (یعنی وہی شرک ومعصیت) اے لوگو (سن لو) یہ تمہاری سرکشی تمہارے لئے وبال (جان) ہونے والی ہے (بس) دنیوی زندگی میں (چندے اس سے حظ اُٹھا رہے ہو پھر ہمارے پاس تم کو آنا ہے پھر ہم سب تمہارا کیا ہوا تم کو جتلادیں گے (اور اس کی سزا دیں گے)

ربط: اوپر یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْیُكُمْ الخ میں فرمایا تھا کہ یہ تمہاری کامرانی کفر ومعاصی سے دنیا میں چندروزہ ہے پھر آخرت میں اس کی سزا بھگتنا ہے آگے دنیا کا فانی ہونا اور آخرت کی جزا وسزا کا باقی ہونا مع تفصیل جزا وسزا اور اس کے مستحقین کے مذکور ہے پس یہ مضمون اپنے ماقبل سے بھی متصل ہوا اور معاد پر بھی مشتمل ہوا جو کہ مقاصد سورت ہذا سے ہے۔

فنائے دنیا وبقائے جزا وسزائے عقبیٰ ☆ اِنَّمَا مَثَلُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا یَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ حَتّٰٓی اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا (الی قولہ تعالی) هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۞ بس دنیوی زندگی کی حالت تو ایسی ہے جیسے ہم نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس (پانی) سے زمین کے نباتات جن کو آدمی اور چوپائے کھاتے ہیں خوب گنجان ہو کر نکلے یہاں تک کہ جب وہ زمین پر اپنی رونق کا پورا حصہ لے چکی اور اس کی خوب زیبائش ہوگئی (یعنی سبزہ سے خوشنما معلوم ہونے لگی) اور اس (زمین) کے مالکوں نے سمجھ لیا کہ اب ہم اس (کی نباتات) پر بالکل قابض ہو چکے تو (ایسی حالت میں) دن میں یا رات میں اس (کی ان نباتات) پر ہماری طرف سے کوئی حادثہ آ پڑا (جیسے پالا یا خشکی یا اور کچھ) سو ہم نے اس کو ایسا صاف کر دیا کہ گویا کل (یہاں) وہ موجود ہی نہ تھی (بس اسی نباتات کی مثل دنیوی زندگی ہے) ہم اسی طرح آیات کو صاف صاف بیان کرتے ہیں ایسے لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے جو سوچتے ہیں (پس دنیا تو دارالزوال ٹھہری) اور اللہ تعالیٰ دارالبقاء کی طرف تم کو بلاتا ہے اور جس کو چاہتا ہے راہِ راست پر چلنے کی توفیق دے دیتا ہے (جس سے دارالبقاء تک رسائی ہوسکتی ہے آگے جزا وسزا کا بیان ہے کہ) جن لوگوں نے نیکی کی ہے (یعنی ایمان لائے ہیں) ان کے واسطے خوبی (یعنی جنت) ہے اور مزید برآں (خدا کا دیدار) بھی اور ان چہروں پر نہ کدورت (غم کی) چھاوے گی اور نہ ذلت یہ لوگ جنت میں رہنے والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور جن لوگوں نے یہ بدکام کئے (یعنی شرک وکفر کیا) ان کی بدی کی سزا اسی کی برابر ملے گی (بدی سے زیادہ نہ ہوگی) اور ان کو ذلت چھالے گی ان کو اللہ (کے عذاب) سے کوئی نہ بچا سکے گا (ان کی کدورت چہرہ کی ایسی حالت ہوگی کہ) گویا ان کے چہروں پر اندھیری رات کے پرت کے پرت (یعنی ٹکڑے) لپیٹ دیئے گئے ہیں یہ لوگ دوزخ میں رہنے والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ ربط: اوپر مشرکین کے حق میں فرمایا تھا: مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ چونکہ وہ لوگ اپنے معبودوں کو اپنا شفیع کہتے تھے اس لئے آگے ان معبودین کا ان عابدین سے قیامت میں بےتعلقی ظاہر کرنا جس کے لئے عدم نفع لازم ہے بیان فرماتے ہیں۔

تبری معبودین از عابدین در قیامت ☆ وَیَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِیْعًا (الی قولہ تعالی) وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ۞ اور وہ دن بھی قابل ذکر ہے جس روز ہم ان سب (خلائق کو) میدان قیامت میں جمع کریں گے پھر (منجملہ ان تمام خلائق کے) مشرکین سے کہیں گے کہ تم اور تمہارے (تجویز کئے ہوئے) شریک (جن کو تم عبادت میں خدا کا شریک ٹھہراتے تھے ذرا) اپنی جگہ ٹھہرو (تا کہ تم کو حقیقت تمہارے عقیدہ کی معلوم کرائی جاوے) پھر ہم ان (عابدین ومعبودین) کے آپس میں پھوٹ ڈال دیں گے اور ان کے وہ شرکاء (ان سے خطاب کر کے) کہیں گے کہ تم ہماری عبادت نہیں کرتے تھے (کیونکہ عبادت سے مقصود ہوتا ہے معبود کا راضی کرنا) سو ہمارے تمہارے درمیان خدا کافی گواہ ہے کہ ہم کو تمہاری عبادت کی خبر بھی نہ تھی (اور راضی ہونا تو در کنار البتہ شیاطین کی تعلیم تھی اور وہی راضی تھے پس اس اعتبار سے ان کی پرستش کرتے تھے) اس مقام پر ہر شخص اپنے کئے ہوئے کاموں کا امتحان کرلے گا (کہ آیا واقع میں یہ اعمال نافع تھے یا غیر نافع چنانچہ ان مشرکین کو بھی حقیقت کھل جاوے گی کہ جن کی شفاعت کے بھروسے ہم ان کو پوجتے تھے انہوں نے اور ہمارے خلاف شہادت دی نفع کی تو کیا امید رکھی جاوے) اور یہ لوگ اللہ (کے عذاب) کی طرف جو ان کا مالک حقیقی ہے لوٹائے جاویں گے اور جو کچھ معبود تراش رکھے تھے سب ان سے غائب (اور گم) ہو جاویں گے (کوئی بھی تو کام نہ آوے گا) ف: اگر کسی کو شبہ ہو کہ کیا بت بھی بولیں گے جواب یہ ہے کہ ان میں کوئی محال نہیں اور ان کا غافل ہونا ان کی عبادت سے ظاہر ہے اس واسطے کہ بتوں کو ایسا شعور ظاہر ہے کہ یہاں نہیں ہے اور اگر وہ معبودین مثل ملائکہ وغیرہم کو بھی عام لیا جاوے تو بھی غافل ہونا صحیح ہے کیونکہ علم ملائکہ وغیرہم کا محیط نہیں ہے اور سب اپنے اپنے کام میں لگے ہیں اور مَا كُنْتُمْ اِیَّانَا تَعْبُدُوْنَ کی جو تقریر کی گئی سورۂ سبا کی آیت: بَلْ كَانُوْا یَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ

www.besturdubooks.net

[سباء: ۱۴] سے اس کی تائید ہوتی ہے اور تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ کو جو هُنَالِكَ کے ساتھ مقید کیا یہ باعتبار تحقق زیادت علم کے ہے ورنہ مطلق علم تو مرنے کے ساتھ ہی اور قبر میں حاصل ہو جاتا ہے اور یہاں اللہ تعالیٰ کو کفار کا مولیٰ فرمادینا باعتبار معنی مالکیت ہے اور لَا مَوْلٰى لَهُمْ میں نفی کرنا باعتبار معنی محب و ناصر کے ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: حَتّٰىٓ اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ (الی قولہ تعالی) دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ روح میں ہے تم کو معلوم ہے کہ اس زمانہ میں اکثر لوگوں کا یہ حال ہے کہ ایسا وقت میں بزرگوں کو پکارتے ہیں اھ تو اس حیثیت سے یہ لوگ ان مشرکین سے بھی زیادہ قابل افسوس ہوئے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَ زِيَادَةٌ ۭ حدیث مسلم میں اس کی تفسیر رویت باری تعالیٰ سے آئی ہے اور اس کو زیادت فرمانا اس پر دلیل ہے کہ یہ تمام نعم اخرویہ سے افضل ہے۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قوله في انما الغيب خبر اشارة الى حذف المضاف بقرينة المقام والله اعلم ۱۲۔ ۲ قوله في اسرع مكرا شرارت کی سزا اشارة الى ان فيه مشاكلة ۱۲۔ ۳ قوله في الارض اقطار اشارة الى ان زيادة الارض للدلالة على ان بغيهم لا يقتصر على بعض الامكنة بل هو شامل لاقطارها الى حيث قدروا ۱۲۔ ۴ قوله في متاع اُٹھارہے ہو اشارة الى ان المذكور مصدر من مقدر اى تتمتعون ۱۲۔ ۵ قوله في فاختلط به پانی سے۔ الی قولہ: گنجان اشارة الى كون الباء سببية والاختلاط بمعنى تضام بعض النبات ببعض ۱۲۔ ۶ قوله اخذت پورا حصہ في الروح استوفت واستكملت حسنها ۱۲۔ ۷ قوله في اتاها وجعلناها نباتات اشارة الى حذف المضاف ۱۲۔ ۸ قوله لم تغن موجود من غنى بالمكان اقام ۱۲۔ ۹ قوله في دار السلام دار البقاء لكون السلام بمعنى السلامة ۱۲۔ ۱۰ قوله في احسنوا ایمان لقرينة المقام وكذا مقابلة يفسر بالكفر ۱۲۔ ۱۱ قوله في زيادة دیدار كذا رواه مسلم مرفوعاً ۱۲۔ ۱۲ قوله في سيئة ان کی بدی اشارة الى ان التنوين عوض عن المضاف اليه اى جزاء سيئتهم فارتبط المبتدأ والخبر ۱۲۔ ۱۳ قوله في بمثلها زیادہ نہ ہوگی اشارة الى ان المثل ليس ههنا لنفي التخفيف ۱۲۔ ۱۴ قوله في مظلما اندھیری اشارة الى كون مظلما حالا من الليل ۱۲۔ ۱۵ قوله في شركاؤكم تجویز کیے ہوئے اشار الى ان الاضافة باعتبار اعتقادهم ذلك لا باعتبار كونهم كذلك في الواقع لانه لا شريك لله تعالى ۱۲۔ ۱۶ قوله زيلنا پھوٹ كما في الروح فرقنا بقطع الاقران والوصل التى كانت بينهم وبين الشركاء في الدنيا ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: في قراءة تتلوا بالتائين من التلاوة اى تقرأ لصحف الاعمال السالفة ۱۲۔

اللغات: في القاموس رهقه غشيه ۱۲۔ قوله زيلنا فرقنا يائي ۱۲۔

البلاغۃ: في زياده ستهم ايذان لانهم احسنوا بسوء اثرها فيهم قوله اسرع اى منكم ولا يلزم ان يوجد السرعة في المفضل عليه ولو لزم فيدل عليه اذا للمفاجاة ۱۲۔ حتى هو عندى للترتب لا للغاية فلا اشكال والمقصود ترتب المجموع على التسيير ولو باعتبار بعض الاجزاء فلا يضر تقدم الكون على التسيير فافهم ۱۲۔ قوله ليلا او نهارا في الروح لعل المراد انه لا فرق في اتيان العذاب بين زمن غفلتهم وزمن يقظتهم اذ لا يمنع مانع ولا يدفع عنه دافع ۱۲۔ قوله نحشرهم جميعا على ان المرجع الفريقان فائدته ان التوبيخ والتهديد على رؤس الاشهاد افظع والاخبار بحشر الكل في تهويل اليوم ادخل كذا في الروح ۱۲۔

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ۭ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝۳۱ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ښ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝۳۲ كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۳۳ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝۳۴ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ۭ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝۳۵ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ۭ اِنَّ الظَّنَّ

www.besturdubooks.net

لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝

آپ (ان مشرکین سے) کہئے کہ (بتلاؤ) وہ کون ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق پہنچاتا ہے یا (یہ بتلاؤ) کہ وہ کون ہے جو (تمہارے) کانوں اور آنکھوں پر پورا اختیار رکھتا ہے اور وہ کون ہے جو جاندار (چیز) کو بے جان سے نکالتا ہے اور بے جان (چیز) کو جاندار سے نکالتا ہے اور وہ کون ہے جو تمام کاموں کی تدبیر کرتا ہے (ان سے یہ سوالات کیجئے سو ضرور وہ جواب میں) یہی کہیں گے کہ (ان سب افعال کا فاعل) اللہ ہے۔ تو ان سے کہئے کہ پھر (شرک سے) کیوں نہیں پرہیز کرتے۔ سو یہ ہے اللہ جو تمہارا رب حقیقی ہے (اور جب امر حق ثابت ہوا) پھر (امر) حق کے بعد اور کیا رہ گیا بجز گمراہی کے۔ پھر (حق کو چھوڑ کر) کہاں (باطل کی طرف) پھرے جاتے ہو۔ اسی طرح آپ کے رب کی یہ (ازلی) بات کہ یہ ایمان نہ لائیں گے تمام متمرد (سرکش) لوگوں کے حق میں ثابت ہو چکی ہے آپ (ان سے) یوں بھی کہئے کہ کیا تمہارے (تجویز کئے ہوئے) شرکاء میں کوئی ایسا ہے جو پہلی بار بھی مخلوق کو پیدا کرے پھر (قیامت میں) دوبارہ بھی پیدا کرلے۔ آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ ہی پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ بھی پیدا کرے گا۔ سو پھر تم کہاں (حق سے) پھرے جاتے ہو (اور) آپ (ان سے یوں بھی) کہئے کہ کیا تمہارے شرکاء میں کوئی ایسا ہے کہ امر حق کا رستہ بتاتا ہو آپ کہہ دیجئے کہ اللہ ہی امر حق کا رستہ (بھی) بتلاتا ہے تو پھر آیا جو شخص امر حق کا رستہ بتلاتا ہو وہ زیادہ اتباع کے لائق ہے یا وہ شخص جس کو بے بتلائے خود ہی رستہ نہ سوجھے۔ تو (اے مشرکین) تم کو کیا ہو گیا تم کیسی تجویزیں کرتے ہو اور ان میں سے اکثر لوگ صرف بے اصل خیالات پر چل رہے ہیں (اور) یقیناً بے اصل خیالات امر حق (کے اثبات) میں ذرا بھی مفید نہیں (خیر) یہ جو کچھ کر رہے ہیں یقیناً اللہ کو سب خبر ہے (وقت پر سزا دے گا)۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر کی کئی آیتوں میں اثبات توحید و ابطال شرک ہے آگے پھر یہی مضمون ہے۔

احقاق توحید و ابطال شرک ☆ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝ آپ (ان مشرکین سے) کہئے کہ (بتلاؤ) وہ کون ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق پہنچاتا ہے (یعنی آسمان سے بارش کرتا ہے اور زمین سے نباتات پیدا کرتا ہے جس سے تمہارا رزق تیار ہوتا ہے) یا (یہ بتلاؤ کہ) وہ کون ہے جو (تمہارے) کانوں اور آنکھوں پر پورا اختیار رکھتا ہے (کہ پیدا بھی اسی نے کیا حفاظت بھی وہی کرتا ہے اور اگر چاہتا ہے تو ان کو ماؤف کر دیتا ہے) اور وہ کون ہے جو جاندار (چیز) کو بے جان (چیز) سے نکالتا ہے اور بے جان (چیز) کو جاندار (چیز) سے نکالتا ہے (جیسے نطفہ اور بیضہ کہ وہ جاندار سے نکلتا ہے اور اس سے جاندار پیدا ہوتا ہے) اور وہ کون ہے جو تمام کاموں کی تدبیر کرتا ہے (ان سے یہ سوالات کیجئے) سو ضرور وہ (جواب میں) یہی کہیں گے کہ (ان سب افعال کا فاعل اللہ (ہے) تو ان سے کہئے کہ پھر (شرک سے) کیوں نہیں پرہیز کرتے سو (جس کے یہ افعال و اوصاف مذکور ہوئے) یہ ہے اللہ جو تمہارا رب حقیقی ہے (اور جب امر حق ثابت ہو گیا) پھر (امر) حق کے بعد اور کیا رہ گیا بجز گمراہی کے (یعنی جو امر حق کی ضد ہو گی وہ گمراہی ہے اور توحید کا حق ہونا ثابت ہو گیا پس شرک یقیناً گمراہی ہے) پھر (حق کو چھوڑ کر) کہاں (باطل کی طرف) پھرے جاتے ہو (آگے تسلی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کہ ان لوگوں کی باطل پرستی پر مغموم ہوا کرتے تھے پس ارشاد ہے کہ جس طرح یہ لوگ ایمان نہیں لاتے) اسی طرح آپ کے رب کی یہ (ازلی) بات کہ یہ ایمان نہ لاویں گے تمام متمرد (سرکش) لوگوں کے حق میں ثابت ہو چکی ہے (پھر آپ کیوں مغموم ہوں اور) آپ (ان سے) یوں (بھی) کہئے کہ کیا تمہارے (تجویز کئے ہوئے) شرکاء میں (عام اس سے کہ ذوی العقول ہوں جیسے شیاطین یا غیر ذوی العقول ہوں جیسے بت) کوئی ایسا ہے جو پہلی بار بھی (مخلوق کو) پیدا کرے پھر (قیامت میں) دوبارہ بھی پیدا کرے (اگر وہ اس وجہ سے کہ اس میں توہین ہے شرکاء کی جواب میں تامل کریں تو) آپ کہہ دیجئے کہ اللہ ہی پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ بھی پیدا کرے گا سو (اس کی تحقیق کے بعد بھی) پھر تم کہاں (حق سے) پھرے جاتے ہو (اور) تمہارے تجویز کئے ہوئے ذوی العقول) شرکاء میں (جیسے شیاطین) کوئی ایسا ہے کہ امر حق کا رستہ (بھی) بتلاتا ہے (چنانچہ) اس نے عقل ذی انبیاء علیہم السلام بھیجے بخلاف شیاطین کے کہ اولاً وہ ان افعال پر قادر نہیں اور محض تعلیم جس کی قدرت ان کو دی گئی ہے وہ اس کو اضلال و اغواء میں صرف کرتے ہیں) تو پھر (ان سے کہئے کہ یہ بتلاؤ کہ) آیا جو شخص امر حق کا (رستہ بتلاتا ہو وہ زیادہ اتباع کے لائق ہے یا وہ شخص جس کو بے بتلائے خود ہی رستہ نہ سوجھے (اور اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ بتلانے پر بھی اس پر نہ چلے جیسے شیاطین پھر جب یہ اتباع کے بھی قابل نہ ہوں تو عبادت کے لائق تو کب ہو سکتے ہیں) تو اے مشرکین) تم کو کیا ہو گیا تم کیسی تجویزیں کرتے ہو (کہ توحید کو چھوڑ کر شرک کو اختیار کرتے ہو) اور (تماشا یہ ہے کہ اپنی اس تجویز اور عقیدہ پر یہ لوگ کوئی دلیل نہیں رکھتے بلکہ ان میں سے اکثر لوگ صرف بے اصل خیالات پر چل رہے ہیں (اور یقیناً بے اصل خیالات امر حق (کے اثبات) میں ذرا بھی مفید نہیں (خیر) یہ جو کچھ کر رہے ہیں یقیناً اللہ کو سب خبر ہے (وقت پر سزا دے گا) ف: یہ جو ارشاد ہوا قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ حالانکہ مشرکین خود اعادہ کے قائل نہ تھے وجہ اس کی یہ ہے کہ اعادہ پر چونکہ دلائل قطعی قائم ہیں اس لئے اس کو مثل امر مسلم کے قرار دے کر یہ احتجاج کیا گیا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ۭ روح میں ہے کہ اس سے علمائے رسوم بہت کم محفوظ ہیں چنانچہ اکثر اہل ظاہر متکلمین کے دلائل

www.besturdubooks.net

(ذات وصفات کے متعلق) متعارض پائے جاتے ہیں (جو شان ہوتی ہے ظنیات کی) پس جو شخص اس سے بچنا چاہے وہ سلف صالح کا اتباع کرے اور فلسفیات میں مشغول نہ ہو جس سے بجز شک پڑھنے کے کوئی حاصل نہیں۔

مُلحقاتُ التَّرجمۃ: ۱ قوله في يدبر الامر تمام کاموں فاللام للاستغراق ۱۲۔ ۲ قوله في فماذا بعد الحق امر حق اشارة الي ان المراد به مغاير للحق في قوله ربكم الحق وكذلك فيما سياتي من قوله يهدى الى الحق الخ ۱۲۔ ۳ قوله في هل من شركائكم الثاني ذوى العقول دل عليه قوله ام من لا يهدى الخ ۱۲۔ ۴ قوله في لا يهدى اس سے بڑھ کر والهداية عامة بعموم المجاز وكلا الامرين متحقق في الشياطين فالمعنى على الثاني له يهتدى الا ان يجبر على ذلك۔

اِختلافُ القِرَاءۃ: قوله لا يهدى بفتح الياء وكسر الهاء وتشديد الدال قراءة حفص واصله يهتدى وكسر الهاء لالتقاء الساكنين بالادغام وفي قراءة يهدى بفتح الياء والهاء وتشديد الدال فتح الهاء بحركة التاء ۱۲۔

البَلاغۃ: قوله من السماء ابتدائية قوله ام من اضراب انتقالي لا ابطالي واورد ام في هذا المعطوف دون اخواته لان السمع والابصار لكونهما من القوى المدركة فما يذهب الوهم ان العباد يملكونها فحسن التنبيه على بطلان ذالك الوهم بالاضراب الدال على الاهتمام وهذا من المواهب قوله بعد الحق هو بمعنى غير قوله بل من شركائكم كان القول الاول لاثبات التوحيد والثاني لا بطال الشرك عاما والثالث لا بطاله خاصا بذوى العقول فظهر وجه هذه الاقوال المتعددة قوله قل الله قال في الاول فسيقولون وههنا قل لان الاول كان سوالا عن قدرة الله تعالى ولا يتلعثمون عن الاعتراف به والثاني والثالث سوال عن عجز الشركاء وكانوا يتلعثمون عن الاعتراف فلذا امره صلى الله عليه وسلم بالجواب بنسبة المذكور الى الله تعالى المستلزم للعجز المذكور قوله يعيده الضمير الى الخلق المفعول ليبدأ على انه مصدر قوله احق ان يتبع لم يقل احق ان يعبد مع ان الكلام في العبادة مبالغة كما قررته في اثناء الترجمة قوله اكثرهم فائدته الاشعار بايمان البعض فيما سياتي ۱۲۔

وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ
مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٧﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِيْنَ ﴿٣٨﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ
كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٣٩﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿٤٠﴾ وَاِنْ ع
كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓـُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٤١﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ
يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ
كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿٤٣﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْـًٔا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٤٤﴾

اور یہ قرآن افتراء کیا ہوا نہیں ہے کہ غیر اللہ سے صادر ہوا ہو۔ بلکہ یہ تو ان کتابوں کی تصدیق کرنے والا ہے جو اس کے قبل (نازل) ہو چکی ہیں اور احکام ضروریہ (الٰہیہ) کی تفصیل بیان کرنے والا ہے (اور) اس میں کوئی بات شک (وشبہ) کی نہیں (اور وہ) رب العالمین کی طرف سے (نازل ہوا) ہے کیا لوگ یوں کہتے ہیں کہ آپ نے اسے افترا کر لیا ہے آپ کہہ دیجئے کہ تو پھر تم اس کے مثل ایک ہی سورت (بنا) لاؤ اور (اکیلے نہیں) جن جن غیر اللہ کو بلا سکو ان کو (مدد کے لئے) بلا لو اگر تم سچے ہو بلکہ ایسی چیز کی تکذیب کرنے لگے جس (کے صحیح وسقیم ہونے) کو اپنے احاطہ علمی میں نہیں لائے اور ہنوز ان کو اس (قرآن کی تکذیب) کا اخیر نتیجہ نہیں ملا۔ جو (کافر) لوگ ان سے پہلے ہوئے ہیں اسی طرح انہوں نے بھی (امور حقہ کو) جھٹلایا تھا سو دیکھ لیجئے ان ظالموں کا انجام کیسا برا ہوا (اسی طرح ان کا ہوگا) اور ان میں سے بعضے ایسے ہیں جو اس پر ایمان لے آئیں گے اور بعض ایسے ہیں کہ اس پر ایمان نہ لائیں گے اور آپ کا رب (ان) مفسدوں کو خوب جانتا ہے اور ان کو دلیل کے بعد (بھی) اگر آپ کو جھٹلاتے ہیں تو بس اخیر بات یہ کہہ دیجئے کہ (اچھا صاحب) میرا کیا ہوا مجھ کو ملے گا اور تمہارا کیا ہوا تم کو ملے گا تم میرے کئے ہوئے کے جواب دہ نہیں ہو اور میں تمہارے کئے ہوئے کا جوابدہ

www.besturdubooks.net

نہیں ہوں اور آپ ان کے ایمان کی توقع چھوڑ دیجئے (کیونکہ) ان میں بعض ایسے (بھی) ہیں جو (ظاہر میں) آپ کی طرف کان لگا لگا بیٹھتے ہیں۔ کیا آپ بہروں کو سنا (کر ان کے ماننے کا انتظار کرتے) ہیں گو ان کو سمجھ بھی نہ ہو اور (اسی طرح) ان میں بعض ایسے ہیں کہ (ظاہراً) آپ کو (مع معجزات وکمالات) دیکھ رہے ہیں۔ پھر کیا آپ اندھوں کو راستہ دکھانا چاہتے ہیں گو ان کو بصیرت بھی نہ ہو یہ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں پر ظلم نہیں کرتا لیکن لوگ خود ہی اپنے آپ کو تباہ کرتے ہیں۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر بعض آیات میں حقیقت قرآن کا بیان تھا آگے پھر وہی مضمون ہے۔

حقیقت قرآن ☆ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ (الی قولہ تعالی) وَ رَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ۞ اور یہ قرآن افتراء کیا ہوا نہیں ہے کہ غیر اللہ سے صادر ہوا ہو بلکہ یہ تو ان کتابوں کی تصدیق کرنے والا ہے جو اس کے قبل (نازل) ہو چکی ہیں اور احکام ضروریہ (الٰہیہ) کی تفصیل بیان کرنے والا ہے (اور) اس میں کوئی بات شک (وشبہ) کی نہیں (اور وہ) رب العالمین کی طرف سے (نازل ہوا) ہے کیا (باوجود اس کے افتراء نہ ہونے کے) یہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) آپ نے اس کو افتراء کر لیا ہے آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ (اچھا) تو پھر تم (بھی تو عربی ہو اور اعلیٰ درجہ کے فصیح بلیغ ہو) اس کی مثل ایک ہی سورت (بنا) لاؤ اور (اکیلے نہیں) جن جن غیر اللہ کو بلا سکو ان کو (مدد کے لئے) بلا لو اگر تم سچے ہو (کہ نعوذ باللہ میں نے تصنیف کر لیا ہے تو تم بھی تصنیف کر لاؤ مگر مشکل تو یہ ہے کہ اس قسم کے دلائل سے وہ مستفید ہوتا ہے جو سمجھنا بھی چاہے سو انہوں نے تو کبھی سمجھنا ہی نہ چاہا) بلکہ ایسی چیز کی تکذیب کرنے لگے جس (کے صحیح سقیم ہونے) کو اپنے احاطہ علمی میں نہیں لائے (اور اس کی حالت سمجھنے کا ارادہ نہیں کیا تو ایسوں سے کیا سمجھنے کی امید ہو سکتی ہے) اور (ان کی اس بے فکری اور بے پروائی کی وجہ یہ ہے کہ) ہنوز ان کو اس (قرآن کی تکذیب) کا اخیر نتیجہ نہیں ملا (یعنی عذاب نہیں آیا ورنہ سارا نشہ ہرن ہو جاتا اور آنکھیں کھل جاتیں اور حق و باطل متمیز ہو جاتا لیکن آخر کبھی تو وہ نتیجہ پیش آنے والا ہے ہی گو اس وقت ایمان نافع نہ ہو چنانچہ) جو (کافر) لوگ ان سے پہلے ہوئے ہیں اسی طرح (جیسے بے تحقیق یہ جھٹلا رہے ہیں انہوں نے بھی امور کو جھٹلایا تھا سو دیکھ لیجئے ان ظالموں کا انجام کیسا (برا) ہوا (اسی طرح ان کا ہوگا) اور (ہم جو ان کا انجام بد بتلا رہے ہیں سو سب مراد نہیں کیونکہ ان میں سے بعضے ایسے ہیں جو اس (قرآن) پر ایمان لے آویں گے اور بعض ایسے ہیں کہ اس پر ایمان نہ لاویں گے اور آپ کا رب (ان) مفسدوں کو خوب جانتا ہے (جو ایمان نہ لاویں گے پس خاص ان کو وقت موعود پر سزا دے گا) ف: لَمْ يُحِيْطُوْا کا مطلب یہ ہے کہ آدمی جس امر میں کلام کرے پہلے اس کی تحقیق تو کر لے بعد تحقیق جو کلام کرنا ہو کرے اور بعض وہمیوں نے قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ الخ میں شبہ نکالا ہے کہ بعض متکلم میں بعض خصوصیت ایسی ہوتی ہے کہ دوسرے میں نہیں ہوتی پس یہ دلیل اعجاز کی نہیں جواب اس کا یہ ہے کہ اولاً وہ خصوصیت آپ کے ہر کلام میں نہیں دوسرے چالیس سال کے بعد دفعۃً وہ خصوصیت کیسے پیدا ہو گئی تیسرے ہزار خصوصیت ہو لیکن دوسرے بلغاء کوشش کر کے تھوڑا بہت تو ویسا کلام کر سکتے ہیں یہاں ایک ایسا کیوں نہ ہو سکا چوتھے خصوصیت والا قیامت تک کا دعویٰ نہیں کر سکتا یہی وجہ ہے کہ کفار نے یہ شبہات پیش نہ کئے اور گو حدیث کی عبارت اوروں سے ابلغ ہے مگر اس میں دعویٰ امتناع نظیر کا نہیں فرمایا گیا۔ ربط: اوپر افتراء میں ان لوگوں کی تکذیب اور قُلْ فَاْتُوْا الخ میں اس تکذیب کا مناظرانہ جواب مذکور تھا آگے ان کے اصرار علی التکذیب کی حالت میں مضمون تبری اور ان کی ہدایت سے مایوس کر کے آپ کی تسلی فرماتے ہیں۔

تبریہ وتسلیہ رسول اللہ ﷺ: وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ (الی قولہ تعالی) وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۞ اور اگر (ان دلائل کے بعد بھی) آپ کو جھٹلاتے رہیں تو (بس اخیر بات) کہہ دیجئے کہ (اچھا صاحب) میرا کیا ہوا مجھ کو ملے گا اور تمہارا کیا ہوا تم کو ملے گا تم میرے کئے ہوئے کے جواب دہ نہیں ہو اور میں تمہارے کئے ہوئے کا جواب دہ نہیں ہوں (جس طریقہ پر چاہو رہو آپ کو معلوم ہو جاوے گا) اور آپ ان کے ایمان کی توقع چھوڑ دیجئے کیونکہ) ان میں (گو) بعض ایسے (بھی) ہیں جو (ظاہر میں) آپ کی طرف کان لگا لگا بیٹھتے ہیں (لیکن دل میں ارادہ ایمان اور حق طلبی کا نہیں ہے پس اس اعتبار سے ان کا سننا نہ سننا برابر ہے پس ان کی حالت بہروں کی سی ہوئی تو) پھر کیا آپ بہروں کو سنا (کر ان سے ماننے کا انتظار) کرتے ہیں گو ان کو سمجھ بھی نہ ہو (ہاں اگر سمجھ ہوتی تو بہرے پن میں بھی کچھ کام چل سکتا) اور (اسی طرح) ان میں بعض ایسے ہیں کہ (ظاہراً) آپ کو (مع معجزات وکمالات) دیکھ رہے ہیں (لیکن طلب حق نہ ہونے سے ان کی حالت مثل اندھوں کے ہے تو) پھر کیا آپ اندھوں کو رستہ دکھلانا چاہتے ہیں گو ان کو بصیرت بھی نہ ہو (ہاں اگر بصیرت ہوتی تو اندھے پن میں بھی کچھ کام چل سکتا اور ان کی عقلیں جو اس طرح تباہ ہو گئیں تو) یہ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں پر ظلم نہیں کرتا (کہ ان کو قابلیت ہدایت کی نہ دے اور پھر مؤاخذہ فرماوے) لیکن لوگ خود ہی اپنے آپ کو تباہ کرتے ہیں (کہ قابلیت موہوبہ کو ضائع کر دیتے ہیں اور اس سے کام نہیں لیتے)۔ ربط: اوپر آیت: كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ الخ وآیت: رَبُّكَ اَعْلَمُ الخ میں کفر وتکذیب پر عذاب کی وعید فرمائی ہے آگے اس عذاب کے دنیا میں واقع نہ ہونے سے وہ کفار جو شبہات کرتے تھے ان کا جواب بضمن تحقیق معاد کے بتلاتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ احیاناً دنیا میں گو واقع ہو جاوے لیکن اصلی وقت اس کا یوں حشر ہے اسی لئے دنیا میں اس کے صرف بعض شعبے واقع ہوتے ہیں لقولہ تعالیٰ: بَعْضَ الَّذِيْ اور کامل طور پر اسی وقت ہوگا لقولہ تعالیٰ:

www.besturdubooks.net

وَ لَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ پس دنیا میں واقع نہ ہونا نہ مضر ہے نہ میرے اختیار میں ہے لقولہ تعالیٰ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ اور نہ تمہارے لئے مصلحت ہے کیونکہ فوری وقوع میں مہلت ایمان کی بھی فوت ہو جاوے گی لقولہ تعالیٰ : مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ الخ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ روح میں ہے یہ ان کی مذمت ہے اس پر کہ وہ قبل تامل وتدبر واطلاع علی الحقیقۃ کے تکذیب حق میں مسارعت کرتے ہیں اور یہ ہی عادت ہے منکرین اہل حجاب کی بزرگوں کے کلام کے ساتھ کہ ان میں نہ غور کرتے ہیں نہ ان اصطلاحات کو جانتے ہیں جن پر وہ کلام مبنی ہے اور اعتراض کر بیٹھتے ہیں ان کو تو ایسی حالت میں تحقیق اور تدبر کی ضرورت تھی اھ قولہ تعالیٰ : وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ (الی قولہ تعالی) وَ اَنَا بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ اور یہی عادت ہے اہل طریق کی مناظرہ میں جس وقت وہ خصم کی جانب سے ضد اور ہٹ دیکھتے ہیں بخلاف الفاظ پرستوں کے کہ وہ مناظرہ کے موقع پر کبھی ایسی بات نہ کہیں (بلکہ اس کہنے کو ہارنا سمجھیں)۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ان يفترى کیا ہوا اشارة الى ان المصدر بمعنى اسم المفعول ۱۲۔ ۲ قوله في من دون صادر كذا في الروح قيد واسمعى ۱۲۔ ۳ قوله في الكتب احکام ضروریہ فالكتاب بمعنى المكتوب جنس شامل للاحكام المكتوبة بمعنى المفروضة ۱۲۔ ۴ قوله في لا ريب فيه اور اشارة اى انه خبر بعد خبر وكذا ما بعده ۱۲۔ ۵ قوله في ام يقولون کیا فام بمعنى همزة الاستفهام كذا في الروح ۱۲۔ ۶ قوله في لم يحيطوا صحیح سقیم وهذا من المواهب ۱۲۔ ۷ قوله في تاويله یعنی عذاب كما في قوله تعالى هل ينظرون الاتاويله ۱۲۔ ۸ قوله في كذبوك جھٹلاتے رہیں فسر بالاصرار لان نفس التكذيب كان حاصلا من قبل ۱۲۔ ۹ قوله في تسمع ماننے کا انتظار لان الاسماع كان واجبا عليه صلى الله عليه وسلم۔ ۱۰ قوله لا يظلم اور پھر مواخذہ هو المقصود بالنفي لا سلب الاستعداد لانه يكون مسلوبا ببعض الامراض لكن يسقط التكليف ۱۲۔

النحو: قوله لكن تصديق عطف على خبر كان كذا تفصيل الكتب ۱۲۔

البلاغۃ: من استطعتم من دون الله فائدة هذا القيد ايذان بانهم ليسوا من الله في شيء قوله ان يفترى قيل ان تخلص المضارع الاستقبال والمشركون انما زعم والافتراء في الماضي لا في المستقبل واجيب عنه بان الفعل فيها مستعمل في مطلق الزمان وقد نص على جواز ذلك في الفعل ابن الحاجب وغيره لعل ذلك من باب المجاز واجاب بعضهم بمنع ذلك لم لا يجوز ان يكون ذلك فيما عدا خبر كان المنفية كما في قوله ما كان للنبي والذين امنوا ان يستغفروا فانه انكار الاستغفار في الماضي واستقتل قوله لكن تصديق ذكر فضل القرآن باعتبار نفسه اولا ثم باعتبار كونه منزلا من الله ثانيا مع كفاية الثاني تنبيها على شرفه فوق الشرف ۱۲۔ قوله لما ياتهم دل التوقع على نزول العذاب بعد حين ۱۲۔ قوله ولو كانوا لا يعقلون معنى واو الوصيلة ههنا ان تقديره تسمعهم ولو كانوا لا يعقلون وظاهر ان استماعهم مع العقل بطريق الاولى والاستفهام داخل على الجموع فاندفع ما يتوهم ان الترقي باعتبار نفي الاسماع ولا معنى له فان عدم الاسماع مع العقل ليس اولىٰ الخ من الروح ونظيره في لساننا الهندى قول القائل کیا تم فلاں غبی کو پڑھاؤ گے اگر چہ وہ توجہ بھی نہ کرے قوله انتم بريئون الخ ولعل وجه تقديم المتكلم اولا وتاخيره ثانيا والعكس في حكم المخاطبين لان العمل من المتكلم لما قدم اولا استحسن تقديم حكمه وبراءة المخاطب منه وعمل المخاطب لما اخر استحسن تاخير حكمه وهو براءة المتكلم ۱۲ منه۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ۭ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَاۗءِ
اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۝۴۵ وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰي
مَا يَفْعَلُوْنَ ۝۴۶ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَاۗءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝۴۷ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى
هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۴۸ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۭ اِذَا جَاۗءَ
اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝۴۹ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ
الْمُجْرِمُوْنَ ۝۵۰ اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ۭ اٰۗلْـٰٔنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝۵۱ ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ

www.besturdubooks.net

الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلْ اِىْ وَرَبِّىْۤ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ۚ وَمَاۤ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۳﴾

وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِى الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِىَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰـكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُوَ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾

اور ان کو وہ دن یاد دلایئے جس میں اللہ تعالیٰ ان کو اس کیفیت سے جمع کردے گا کہ (وہ ایسا سمجھیں گے) گویا وہ (دنیا یا برزخ میں) سارے دن کی ایک آدھ گھڑی رہے ہوں گے اور آپس میں ایک دوسرے کو پہچانیں گے (بھی) واقعی (اس وقت سخت) خسارہ میں پڑے وہ لوگ جنہوں نے اللہ کے پاس جانے کو جھٹلایا اور وہ (دنیا میں بھی) ہدایت پانے والے نہ تھے اور جس (عذاب) کا ان سے ہم وعدہ کررہے ہیں اس میں سے کچھ تھوڑا سا (عذاب) اگر ہم آپ کو دکھلا دیں یا (اس کے نزول کے قبل ہی) ہم آپ کو وفات دے دیں سو ہمارے پاس تو ان کو آنا ہی ہے پھر سب کو معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے سب افعال کی اطلاع رکھتا ہے اور ہر ہر امت کے لئے ایک حکم پہنچانے والا (ہوا) ہے۔ سو جب ان کا وہ رسول ان کے پاس آجاتا ہے (اور احکام پہنچا دیتا ہے اس کے بعد) ان کا فیصلہ انصاف کے ساتھ کیا جاتا ہے اور ان پر (ذرا) ظلم نہیں کیا جاتا اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ (اے نبی اور اے مسلمانو) یہ وعدہ (عذاب کا) کب (واقع) ہوگا۔ اگر تم سچے ہو (تو واقع کیوں نہیں کرادیتے) آپ فرما دیجئے کہ میں (خود) اپنی ذات خاص کے لئے کسی نفع (کے حاصل کرنے) کا اور کسی ضرر (کے دفع کرنے) کا اختیار رکھتا ہی نہیں مگر جتنا (اختیار) خدا کو منظور ہو۔ ہر امت کے (عذاب کے) لئے ایک معین وقت ہے (سو) جب ان کا وہ معین وقت آپہنچتا ہے تو (اس وقت) ایک ساعت نہ پیچھے ہٹ سکتے ہیں اور نہ آگے سرک سکتے ہیں۔ آپ (اس کے متعلق ان سے) فرما دیجئے کہ اگر تم پر خدا کا عذاب رات کو آپڑے یا دن کو تو (یہ بتلاؤ) کہ عذاب میں کون چیز ایسی ہے کہ مجرم لوگ اس کو جلدی مانگ رہے ہیں۔ کیا پھر جب وہ (اصل موعود) آہی پڑے گا (اسی وقت) اس کی تصدیق کرو گے ہاں اب مانا۔ حالانکہ (پہلے سے) تم (بقصد تکذیب) اس کی جلدی مچایا کرتے تھے۔ پھر ظالموں (یعنی مشرکوں) سے کہا جائے گا کہ ہمیشہ کا عذاب چکھو تم کو تو تمہارے ہی کئے کا بدلہ ملا ہے اور وہ (غایت تعجب و انکار سے) آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ کیا عذاب واقعی امر ہے آپ فرما دیجئے کہ ہاں قسم میرے رب کی کہ وہ واقعی امر ہے اور تم کسی طرح خدا کو عاجز نہیں کرسکتے (کہ وہ عذاب دینا چاہے اور تم بچ جاؤ) اور اگر ہر ہر مشرک شخص کے پاس اتنا مال ہو کہ ساری زمین میں بھر جائے تب بھی اس کو دے کر اپنی جان بچانے لگے اور جب عذاب دیکھیں گے تو (مزید فضیحت کے خوف سے پشیمانی کو (اپنے دل ہی میں) پوشیدہ رکھیں گے اور ان کا فیصلہ انصاف کے ساتھ ہوگا اور ان پر (ذرا ظلم نہ ہوگا)۔ یاد رکھو کہ جتنی چیزیں آسمانوں میں اور زمین میں ہیں سب اللہ ہی کی ملک ہیں یاد رکھو کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے (پس قیامت ضرور آئے گی) لیکن بہت سے آدمی یقین ہی نہیں کرتے۔ وہی جان ڈالتا ہے وہی جان نکالتا ہے اور تم سب اسی کے پاس لائے جاؤ گے (اور حساب و کتاب ہوگا)۔ ۞

تفسیر: **تحقیق معاد و جواب شبہات کفار متعلق آں** ☆ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْۤا (الی قولہ تعالیٰ) وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾ اور ان کو وہ دن یاد دلایئے جس میں اللہ تعالیٰ ان کو اس کیفیت سے جمع کرے گا کہ (وہ سمجھیں گے کہ) گویا وہ (دنیا یا برزخ میں) سارے دن کی ایک آدھ گھڑی رہے ہوں گے (چونکہ وہ دن مدید بھی ہوگا اور شدید بھی ہوگا اس لئے دنیا اور برزخ کی مدت اور تکلیف سب بھول کر ایسا سمجھیں گے کہ وہ زمانہ بہت جلد گزر گیا) اور آپس میں ایک دوسرے کو پہچانیں گے (بھی لیکن ایک دوسرے کی مدد نہ کرسکیں گے اس سے اور رنج و صدمہ ہوگا کیونکہ شناسا لوگوں سے توقع نفع کی ہوا کرتی ہے) واقعی (اس وقت سخت) خسارے میں پڑے وہ لوگ جنہوں نے اللہ کے پاس جانے کو جھٹلایا اور وہ (دنیا میں بھی) ہدایت پانے والے نہ تھے (اسی لئے آج خسارہ میں پڑے پس ان کے عذاب کا اصلی وقت تو یہ دن ہے ان کو یاد دلا دیجئے) اور (دنیا میں ان پر عذاب واقع ہونا سو اس کی نسبت یہ بات ہے کہ) جس (عذاب) کا ان سے ہم وعدہ کررہے ہیں اس میں کچھ تھوڑا سا (عذاب) اگر ہم آپ کو دکھلا دیں (یعنی آپ کی حیات میں ان پر) اس کا نزول ہو جاوے) یا (اس کے نزول کے قبل ہی) ہم آپ کو وفات دے دیں (پھر خواہ بعد نزول ہو یا نہ ہو) سو (دونوں احتمال ہیں کوئی شق ضروری نہیں لیکن ہر حال اور ہر احتمال پر) ہمارے پاس تو ان کو آنا ہی ہے پھر (سب کو معلوم ہے کہ) اللہ ان کے سب افعال کی اطلاع رکھتا ہی ہے (پس ان پر سزا دے گا غرض یہ کہ دنیا میں خواہ سزا ہو یا نہ ہو مگر اصلی موقع پر ضرور ہوگی) اور (یہ سزا جو ان کے لئے تجویز ہوئی ہے تو اتمام حجت و ازالہ عذر کے بعد ہوئی ہے اور ان کی کیا تخصیص ہے بلکہ ہمیشہ سے ہماری عادت رہی ہے کہ جن امتوں کو ہم نے مکلف بنانا چاہا ہے ان میں سے) ہر ہر امت کے لئے ایک حکم پہنچانے والا (ہوا) ہے سو جب ان کا وہ رسول (ان کے پاس) آچکتا ہے (اور احکام پہنچا دیتا ہے اس کے بعد) ان کا فیصلہ انصاف کے ساتھ کیا جاتا ہے (وہ فیصلہ یہی ہے کہ نہ ماننے والوں کو عذاب ابدی میں مبتلا کیا جاتا ہے) اور ان پر (ذرا) ظلم نہیں کیا جاتا (کیونکہ اتمام حجت کے بعد سزا دینا خلاف انصاف نہیں ہے) اور یہ لوگ (عذاب کی وعیدیں سن کر بقصد تکذیب یوں) کہتے ہیں کہ

www.besturdubooks.net

(اے نبی اور اے مسلمانو) یہ وعدہ (عذاب کا) کب (واقع) ہوگا اگر تم سچے ہو (تو واقع کیوں نہیں کرا دیتے) آپ (سب کی طرف سے جواب میں) فرما دیجئے کہ میں (خود) اپنی ذات خاص کے لئے تو کسی نفع (کے حاصل کرنے) کا اور کسی ضرر (کے دفع کرنے) کا اختیار رکھتا ہی نہیں مگر جتنا (اختیار) خدا کو منظور ہو (اتنا اختیار البتہ حاصل ہے پس جب خاص اپنے نفع ونقصان کا مالک نہیں تو دوسرے کے نفع ونقصان کا تو کیونکر مالک ہوں گا پس عذاب واقع کرنا میرے اختیار میں نہیں رہا یہ کہ کب واقع ہوگا سو بات یہ ہے کہ) ہر امت کے (عذاب کے) لئے (اللہ کے نزدیک) ایک معین وقت ہے خواہ دنیا میں یا آخرت میں سو) جب ان کا وہ معین وقت آ پہنچتا ہے تو (اس وقت) ایک ساعت نہ پیچھے ہٹ سکتے ہیں اور نہ آگے سرک سکتے ہیں (بلکہ فوراً عذاب واقع ہو جاتا ہے اسی طرح تمہارے عذاب کا بھی وقت معین ہے اس وقت اس کا وقوع ہو جاوے گا اور وہ جو فرمائش کرتے ہیں کہ جو کچھ ہونا ہے جلدی ہو جاوے جیسا کہ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ مفہوماً اور رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا منطوقاً اس استعجال پر دال ہے جس سے مقصود تکذیب ہے تو) آپ (اس کے متعلق ان سے) فرما دیجئے کہ یہ بتلاؤ کہ اگر تم پر خدا کا عذاب رات کو آ پڑے یا دن کو (آ پڑے) تو (یہ بتلاؤ کہ) عذاب میں کونسی چیز ایسی ہے کہ مجرم لوگ اس کو جلدی مانگ رہے ہیں (یعنی عذاب تو سخت چیز اور پناہ مانگنے کی چیز ہے نہ کہ جلدی مانگنے کی اور چونکہ استعجال سے مقصود ان کا تکذیب ہے اس لئے فرماتے ہیں کہ) کیا (اب تو تکذیب کر رہے ہو جو کہ وقت ہے تصدیق کے نافع ہونے کا) پھر جب وہ (اصل موعود) آ ہی پڑے گا (اس وقت) اس کی تصدیق کرو گے (جس وقت کہ تصدیق نافع نہ ہوگی اور اس وقت کہا جاوے گا کہ) ہاں اب مانا حالانکہ (پہلے سے) تم (بقصد تکذیب) اس کی جلدی مچایا کرتے تھے پھر ظالموں (یعنی مشرکوں) سے کہا جاوے گا کہ ہمیشہ کا عذاب چکھو تم کو تمہارے ہی کئے کا بدلہ ملا ہے اور وہ (غایت تعجب وانکار سے) آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ کیا عذاب واقعی امر ہے آپ فرما دیجئے کہ ہاں قسم میرے رب کی کہ وہ واقعی امر ہے اور تم کسی طرح خدا کو عاجز نہیں کر سکتے (کہ وہ عذاب دینا چاہے اور تم بچ جاؤ) اور (اس عذاب کی یہ شدت ہوگی کہ) اگر ہر ہر مشرک شخص کے پاس اتنا (مال) ہو کہ ساری زمین میں بھر جاوے تب بھی اس کو دے کر اپنی جان بچانے لگے (اگرچہ نہ خزانہ ہوگا اور نہ لیا جاوے گا لیکن شدت اس درجہ ہوگی کہ ہونے کی تقدیر پر سب دینے پر راضی ہو جاوے) اور جب عذاب دیکھیں گے تو (مزید فضیحت کے خوف سے) پشیمانی کو (اپنے دل ہی میں) پوشیدہ رکھیں گے (یعنی اس کے آثار قولیہ وفعلیہ کو ظاہر نہ ہونے دیں گے تاکہ دیکھنے والے زیادہ نہ ہنسیں لیکن آخر میں یہ ضبط وتحمل بھی اس شدت سے جاتا رہے گا) اور ان کا فیصلہ انصاف کے ساتھ ہوگا اور ان پر (ذرا ظلم نہ ہوگا یاد رکھو جتنی چیزیں آسمانوں میں اور زمین میں ہیں سب اللہ ہی کی ملک ہیں (ان میں جس طرح چاہے تصرف کرے اور ان میں یہ مجرم بھی داخل ہیں ان کا فیصلہ بھی بطریق مذکور کر سکتا ہے) یاد رکھو کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے (پس قیامت ضرور آوے گی) لیکن بہت سے آدمی یقین ہی نہیں کرتے وہی جان ڈالتا ہے وہی جان نکالتا ہے (پس دوبارہ پیدا کرنا اس کو کیا مشکل ہے) اور تم سب اسی کے پاس لائے جاؤ گے (اور حساب وکتاب ہوگا)

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ محققین نے اس سے اخذ کیا ہے کہ قرون اولیٰ میں جو لوگ غیر معلوم الحال ایسے اقالیم میں سے گزرے ہیں جن میں رسولوں کا مبعوث ہونا معلوم نہیں ہوا احتیاط اسی میں ہے کہ ان سے کف لسان کیا جاوے احتمال ہے کہ وہ رسول ہوں کیونکہ ظاہر تو یہی ہے کہ وہاں کی امت بھی رسول سے خالی نہیں رہی (بعض اکابر اہل طریق نے اس احتیاط اور احتمال کی تصریح فرمائی ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في يوم ياد اشارة الى تقدير اذكر لهم ۱۲۔ ۲؎ قوله فی کان اس کیفیت سے اشارة الى كون جملة كان لم يلبثوا حالا ۱۲۔ ۳؎ قوله فی يتعارفون اور اشارة الى كون الجملة استينافا ۱۲۔ ۴؎ قوله هناك مدر فلا يعارض قوله لا انساب بينهم يومئذ ولا يتساء لون۔ ۵؎ قوله هناك رنج تقرير لفائدة الاخبار عن النعارت ۱۲۔ ۶؎ قوله فی لكل امة مكلف فلا يشكل حال اهل الفترة ومن لم تبلغهم الدعوة ولا قوله تعالىٰ لتنذر قوماً ما انذر آباءهم ۱۲۔ ۷؎ قوله فی رسول پہنچانے والا اشارة الى كونه بالمعنى اللغوى سواء ارسله الله تعالىٰ او ارسله رسول ۱۲۔ ۸؎ قوله فی قضى بينهم ان كا فلا يقتضى الفريقين كما صرح به فی روح المعانی فی قضى الثانی۔ ۹؎ قوله فی يقولون اے نبی الخ توجيه لجمع الصيغة ۱۲۔ ۱۰؎ قوله فی ان كنتم واقع کیوں نہیں کرا دیتے دل علی هذا الجزاء وقوله فی الجواب لا املك الخ ۱۲۔ ۱۱؎ قوله فی قل لا املك سب کی طرف سے ليطابق قوله تعالىٰ كنتم صادقين۔ ۱۲؎ قوله قبل قل ارايتم استعجال پر دال ہے جس سے مقصود تکذیب جمع بينهما لان الآيات فيما بعد متعرضة يكلهما ۱۲۔ ۱۳؎ قوله فی الم تکذیب اشارة الى التقدير اى اكذبتم الآن ثم وقت الوقوع آمنتم ۱۲۔ ۱۴؎ قوله فی اذا ما وقع اصل موعود لان الانكار على الايمان الدال على عدم قبوله انما يكون بمعاينة العذاب الاخروى ۱۲۔ ۱۵؎ قوله فی الآن ہاں اشارة الى ان الاستفهام للتوبيخ المستعمل فيه كلمة ہاں فی لساننا ۱۲۔ ۱۶؎ قوله فی يستعجلون بقصد تکذیب لو ردوه مقابلا لقوله آمنتم ۱۲۔ ۱۷؎ قوله هناك مزيد لان اصل الفضيحة حاصلة ۱۲۔ ۱۸؎ قوله فی الندامة آثار لان الندامة دائماً يكون سرا وانما يظهر بعض

www.besturdubooks.net

آثارھا۱۲۔ ۹ؔ قوله هناك آخر میں کما یدل علیه الآیات یٰحسرتی علی ما فرطت وقوله یدعوا ثبورا وقوله یٰویلنا قد کنا فی غفلة ونحوها۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله بیاتا ای وقت البیات وهو النوم قوله ماذا یستعجل ماذا بمعنی ای شئ منصوب المحل مفعول مقدم ومن للتبعیض والضمیر للعذاب والجزاء دل علیه ارایتم المقدم ای ان اتاکم فاخبرونی ای شئ یستعجلون من العذاب ولیس شئ منه یستعجل لکونه مر المذاق قوله الآن لیقدر قبله قیل عطف علیه ثم قیل۱۲۔ قوله لافتدت بحذف المفعول ای نفسها۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃُ: قوله لبعض الذی فی تخصیص البعض بالذکر قیل رمز الی العدة بارادة بعض الموعود وقد اراه صلی الله علیه وسلم ذلك یوم بدر کذا فی روح المعانی قلت وهو عندی قید واقعی لان کل الموعود لا یری فی الدنیا قط والا لانتفت الآخرة قوله ثم الله شهید المراد من الشهادة لازمها مجازا وهو المعاقبة والجزاء والا فالشهادة امروا ثم لا تعاسب ذلك قوله ان اتاکم فی ایرادها موقع اذا مجاراة للخصم وقوله اذا ما وقع جریان علی مقتضی المقام الاصلی قوله کنتم به تستعجلون کان مقتضی مقابلة آمنتم ان یقال تکذبون لکن فی العدول استحضار لمقالتهم الشنیعة فی الاستعجال المقصود به التکذیب والاستبعاد فکان ابلغ۱۲۔ قوله احق وهو المقصود به حصر العذاب فی الحقیقة لا العکس وهذا علی تقدیر کون تقدیم الخبر للحصر ولو اضافیا ویمکن ان یکون التقدیم للاهتمام۱۲۔ قوله قضی الثانی لا تکرار فیه لان الاول فیه حال لکل امة والثانی فیه حال هؤلاء۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۵۷ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ۭ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝۵۸ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ۭ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ۝۵۹ وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝۶۰ ع ۱۱

اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک ایسی چیز آئی ہے جو بُرے کاموں سے روکنے کے لئے نصیحت ہے اور دلوں میں جو (برے کاموں سے) روگ (ہو جاتے ہیں) ان کے لئے شفاء ہے اور رہنمائی کرنے والی ہے اور رحمت (اور ذریعہ ثواب) ہے (اور یہ سب برکات) ایمان والوں کے لئے ہیں۔ آپ (ان سے) کہہ دیجئے (کہ جب قرآن ایسی چیز ہے) تو پس لوگوں کو خدا کے اس انعام اور رحمت پر خوش ہونا چاہئے۔ وہ اس (دنیا) سے بدر جہا بہتر ہے جس کو جمع کر رہے ہیں آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ یہ تو بتلاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے (انتفاع کے) لئے جو کچھ رزق بھیجا تھا پھر تم نے (اپنی طرف سے) اس کا کچھ حصہ حرام اور کچھ حلال قرار دے لیا۔ آپ ان سے پوچھئے کہ کیا تم کو خدا نے حکم دیا ہے یا (محض) اللہ پر (اپنی طرف سے) افتراء ہی کرتے ہو اور جو لوگ اللہ پر جھوٹ افتراء باندھتے ہیں ان کا قیامت کی نسبت کیا گمان ہے واقعی لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا بڑا ہی فضل ہے لیکن اکثر آدمی بے قدر ہیں (ورنہ توبہ کر لیتے)۔ ۝

تَفْسِیْر رَبط: اوپر بعض آیات میں حقیقت قرآن کا اثبات تھا آگے مع بیان فضیلت کے پھر وہی مضمون ہے و نیز اس سے اوپر ترہیب کے ساتھ دعوت تھی آگے ترغیب کے ساتھ دعوت ہے۔

حقیقت و فضیلت قرآن و استمالت مخاطبین بدو ☆ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ۭ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝ اے لوگو تمہارے پاس رب کی طرف سے ایک ایسی چیز آئی ہے جو (برے کاموں سے روکنے کے لئے) نصیحت ہے اور (اگر اس پر عمل کر کے برے کاموں سے بچیں تو) دلوں میں جو (برے کاموں سے) روگ (ہو جاتے) ہیں ان کے لئے شفا ہے اور (نیک کاموں کے کرنے کے لئے) رہنمائی کرنے والی ہے اور (اگر اس پر عمل کر کے نیک کاموں کو اختیار کریں تو) رحمت (اور ذریعہ ثواب) ہے (اور یہ سب برکات) ایمان والوں کے لئے (ہیں کیونکہ عمل وہی کرتے ہیں پس قرآن کی یہ برکات سنا کر) آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ (جب قرآن ایسی چیز ہے) پس لوگوں کو خدا کے اس انعام اور رحمت پر خوش ہونا چاہئے (اور اس کو دولت عظیمہ سمجھ کر لینا چاہئے) وہ اس (دنیا) سے بدر جہا بہتر ہے جس کو جمع کر رہے ہیں (کیونکہ دنیا کا نفع قلیل اور فانی اور قرآن کا نفع کثیر اور باقی) **ف**: موعظت اور شفاء اور ہدیٰ اور رحمت کے مفہومات کا فرق ترجمہ ہی سے ظاہر ہے اور میرے نزدیک لِلْمُؤْمِنِيْنَ سب کی قید ہے جیسا کہ دوسری آیتیں اس پر دال ہیں قال تعالیٰ: قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ [حم

www.besturdubooks.net

السجدة : ٤٤] وقال تعالیٰ : وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ [الأسراء : ٨٢]- وقال تعالیٰ : هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ [آل عمران :١٣٨]- ربط : اوپر چند آیات میں شرک کا ابطال کیا گیا ہے اس شرک کی رسوم میں سے ایک تحریم حلال کی رسم تھی جس کی تفصیل پارۂ ہشتم کے ربع پر بیان ہوئی ہے آگے اس رسم کی تقبیح ہے۔

تقبیح بعض رسوم شرک ☆ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ (الی قولہ تعالی) لَا يَشْكُرُوْنَ آپ (ان سے) کہیے کہ یہ بتلاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے (انتفاع کے) لئے جو کچھ رزق بھیجا تھا پھر تم نے (اپنی گھڑت سے) اس کا کچھ حصہ حرام کچھ حلال قرار دے لیا (حالانکہ اس کی تحریم کی کوئی دلیل نہیں تو) آپ (ان سے) پوچھئے کہ کیا تم کو خدا نے حکم دیا ہے یا (محض) اللہ پر (اپنی طرف سے) افتراء ہی کرتے ہیں اور (چونکہ شق اول کا احتمال ہی نہیں بلکہ شق ثانی متعین ہے اس لئے اس پر وعید فرماتے ہیں کہ) جو لوگ اللہ پر جھوٹ افتراء باندھتے ہیں ان کا قیامت کی نسبت کیا گمان ہے (جو بالکل ڈرتے نہیں کیا یہ سمجھتے ہیں کہ قیامت نہیں آوے گی یا آوے گی مگر ہم سے باز پرس نہیں ہوگی) واقعی لوگوں پر اللہ کا بڑا ہی فضل ہے (کہ ساتھ کے ساتھ سزا نہیں دیتا بلکہ توبہ کے لئے مہلت دے رکھی ہے) لیکن اکثر آدمی بے قدر ہیں (ورنہ توبہ کر لیتے) ف: چونکہ اوپر موقع مذکور تمہید میں تفصیل اس تحریم وتحلیل کی آ چکی ہے اس لئے اعادہ کی حاجت نہیں۔

ربط : اوپر آیات کثیرہ میں کفار کا انکار اور تکذیب اور جحود اور عناد اور مخالفت مذکور ہے چونکہ یہ امور طبعاً رنج دہ ہیں اس لئے آگے آپ کی تسلی کا مضمون ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ہم کو سب احوال عامہ وخاصہ کی اطلاع ہے۔ لقولہ تعالیٰ : وَمَا تَكُوْنُ الخ اور اپنی اطاعت کرنے والوں کو دارین میں سب مکروہات سے محفوظ رکھتے ہیں لقولہ تعالیٰ : اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَاۗءَ الخ اور قدرت کاملہ بھی ہم ہی کو حاصل ہے نہ دوسرے شرکاء کو لقولہ تعالیٰ : اِنَّ الْعِزَّةَ الخ پس علم اور قدرت کا اعتقاد اور حفاظت کا وعدہ تسلی کے لئے کافی ہے لقولہ تعالیٰ : لَا يَحْزُنْكَ مجملاً تسلی کا مضمون اور بھی آیت وَاِنْ كَذَّبُوْكَ الخ میں آ چکا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ : يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَاۗءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ الخ۔ اس پر دلیل ہے کہ قلوب میں بھی امراض ہوتے ہیں اور وہ امراض بدن سے اشد ہیں جیسے شک ونفاق وحسد وغیرہ ۱۲ قولہ تعالیٰ : قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا یہی فرح کبھی اس حد تک پہنچ جاتا ہے کہ غایت انبساط سے اس فضل کے اظہار سے سکوت پر قدرت نہیں رہتی اور کبھی یہ اظہار ایسی صورت میں ہوتا ہے کہ وہ ظاہراً خلاف ادب ہوتا ہے لیکن غلبۂ حال سے معذور ہوتا ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ : قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا۔ اس میں ان لوگوں پر رد ہے جو بعض مباحات کو اعتقاداً یا عملاً بطور تقشف وتزہد کے اپنے نفس پر حرام کر لیتے ہیں البتہ جو شخص بطور معالجہ کے ترک کر دے وہ مستثنیٰ ہے ۱۲۔

اَلْكَلَامُ : استدل المعتزلة بالآية على ان الحرام ليس برزق ولا دليل لهم فيها اذا المعنى ما قدر لانتفاعكم والمقدر للانتفاع هو الحلال فيكون المذكور ههنا قسما من الرزق لا مطلق الرزق الشامل للحلال والحرام والكفرة انما اخطؤا فى جعل بعض الحلال حراما ومن جعل اهل السنة نظيرا لهم فى جعلهم الرزق مطلقا منقسما الى قسمين فقد اعظم الضرية ۱۲- من الروح المعانى۔

اَلنَّحْوُ : قوله بفضل الله الخ عامله مقدر اى ليفرحوا بفضل الله ورحمته وقوله بذلك فليفرحوا تاكيد للجملة الاولى واحدى الفائين جزائية والاخرىٰ زائدة والمعنى ان يفرحوا بشئ فليفرحوا بذلك وتقديم الظرف للحصر ۱۲- قوله ارايتم الخ ما موصولة فى موضع النصب على انه مفعول اول لا رايتم والعائد محذوف اى انزله وجملة الله اذن لكم الخ فى موضع المفعول الثانى لا رايتم وقل مكرر للتاكيد وقوله فجعلتم معطوف على انزل والعائد على المفعول الاول محذوف والمعنى ارايتم الذى انزله الله تعالىٰ لكم من رزق ففعلتم فيه ما فعلتم اى الامرين كائن فيه الاذن من الله تعالىٰ بجعله قسمين ام الافتراء منكم وقوله يوم القيٰمة ظرف لنفس الظن اى اىّ شئ ظنهم فى ذلك اليوم انى فاعل بهم وقيل الظرف متعلق بما يتعلق به ظنهم اى اىّ شئ ظنهم بما سيقع يوم القيٰمة الخ كذا فى روح المعانى وارى الثانى راجحا لان الاول يدل ظاهرا على كون يوم القيٰمة زمانا لوقوع الظن وهو غير ظاهر لان ظنهم وقع فى الدنيا نعم تعلقه بيوم القيٰمة صحيح وانما يفيده الثانى والله اعلم ۱۲-

اَلْبَلَاغَةُ : قوله ايراد انزل فى الرزق باعتبار انزال سببه اى المطر من السماء وزيادة الكذب بعد الافتراء لاظهار كما القبح وكونه كذبا فى اعتقادهم ايضا۔

وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ۭ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝۶۱

www.besturdubooks.net

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝۶۲ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝۶۳ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۶۴ وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۭ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۶۵ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝۶۶

اور آپ (خواہ) کسی حال میں ہوں اور منجملہ ان احوال کے آپ کہیں سے قرآن پڑھتے ہوں اور (اسی طرح اور لوگ بھی جتنے ہوں) تم جو کام بھی کرتے ہو ہم کو سب کی خبر رہتی ہے۔ جب تم اس کام کو کرنا شروع کرتے ہو اور آپ کے رب (کے علم) سے کوئی چیز ذرہ برابر بھی غائب نہیں نہ زمین میں اور نہ آسمان میں (بلکہ سب اس کے علم میں حاضر ہیں) اور نہ کوئی چیز اس (مقدار مذکور) سے چھوٹی ہے اور نہ کوئی چیز (اس سے) بڑی ہے مگر یہ سب (بوجہ علم الٰہی کے) کتاب مبین (یعنی لوح محفوظ) میں (مرقوم) ہے یاد رکھو اللہ کے دوستوں پر نہ کوئی اندیشہ (ناک واقعہ پڑنے والا) ہے اور نہ وہ (کسی مطلوب کے فوت ہونے پر) مغموم ہوتے ہیں۔ وہ (اللہ کے دوست) وہ ہیں جو ایمان لائے اور (معاصی سے) پرہیز رکھتے ہیں۔ ان کے لئے دنیوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی (منجانب اللہ تعالیٰ خوف وحزن سے بچنے کی خوشخبری ہے (اور) اللہ تعالیٰ کی باتوں میں (یعنی وعدوں میں) کچھ فرق نہیں ہوا کرتا۔ یہ (بشارت جو مذکور ہوئی) بڑی کامیابی ہے اور آپ کو ان کی باتیں غم میں نہ ڈالیں تمام تر غلبہ (اور قدرت بھی) خدا ہی کے لئے (ثابت) ہے وہ ان کی باتیں سنتا ہے (اور ان کی حالت) جانتا ہے وہ آپ کا بدلہ ان سے خود لے لے گا یاد رکھو کہ جتنے کچھ آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمین میں ہیں (یعنی جن وانس اور فرشتے) یہ سب اللہ ہی کی (مخلوق) ہیں اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر دوسرے شرکاء کی عبادت کر رہے ہیں (خدا جانے) کس چیز کا اتباع کر رہے ہیں۔ محض بے سند خیال کا اتباع کر رہے ہیں اور محض قیاسی باتیں کر رہے ہیں۔

تفسیر: تسلی رسول اللہ ﷺ بیان علم وقدرت وحفاظت الٰہیہ ☆ وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ (الی قولہ تعالی) وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝۶۶ اور آپ (خواہ) کسی حال میں ہوں منجملہ ان احوال کے آپ کہیں سے قرآن پڑھتے ہوں اور (اسی طرح اور لوگ بھی جتنے ہو) تم جو کام بھی کرتے ہو ہم کو سب کی خبر رہتی ہے جب تم اس کام کو کرنا شروع کرتے ہو اور آپ کے رب (کے علم) سے کوئی چیز ذراہ برابر بھی غائب نہیں نہ زمین میں اور نہ آسمان میں (بلکہ سب اس کے علم میں حاضر ہیں) اور نہ کوئی چیز اس مقدار مذکور سے چھوٹی ہے اور نہ کوئی چیز (اس سے) بڑی ہے مگر یہ سب (بوجہ احاطہ علم الٰہی) کے کتاب مبین (یعنی لوحِ محفوظ) میں (مرقوم) ہے (یہ تو علم الٰہی کا بیان ہوا آگے مخلصین مطیعین کی محفوظیت کا بیان ہے کہ) یاد رکھو اللہ کے دوستوں پر نہ کوئی اندیشہ (ناک واقعہ پڑنے والا) ہے اور نہ وہ (کسی مطلوب کے فوت ہونے پر) مغموم ہوتے ہیں (یعنی اللہ تعالیٰ اُن کو خوفناک اور غمناک حوادث سے بچاتا ہے اور) وہ (اللہ کے دوست) وہ ہیں جو ایمان لائے اور (معاصی سے) پرہیز رکھتے ہیں (یعنی ایمان اور تقویٰ سے اللہ کا قرب نصیب ہوتا ہے اور خوف وحزن سے ان کے محفوظ رہنے کی وجہ یہ ہے کہ) ان کے لئے دنیوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی (منجانب اللہ خوف وحزن سے بچنے کی) خوشخبری ہے (اور) اللہ کی باتوں میں (یعنی وعدوں میں) کچھ فرق ہوا نہیں کرتا (پس جب بشارت میں ان سے وعدہ ہو گیا اور وعدہ ہمیشہ صحیح ہوتا ہے اس لئے عدم خوف وعدم حزن لازم ہے اور) یہ (بشارت جو مذکور ہوئی) بڑی کامیابی ہے اور جب (آپ نے مقبولین کا محفوظ ہونا سن لیا تو) آپ کو ان کی باتیں غم میں نہ ڈالیں (یعنی ان کے کفریات سے مغموم نہ ہوں کیونکہ علم وحفاظت مذکورہ کے ساتھ) تمام تر غلبہ (اور قدرت بھی) خدا ہی کے لئے (ثابت) ہے وہ اپنی قدرت سے حسب وعدہ آپ کی حفاظت کرے گا) وہ (ان کی باتیں) سنتا ہے (اور ان کی حالت) جانتا ہے (وہ آپ کا بدلہ ان سے خود لے لے گا) یاد رکھو کہ جتنے کچھ آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمین میں ہیں (یعنی فرشتے اور جن وانس) یہ سب اللہ ہی کے (مملوک) ہیں (اس کی حفاظت یا مکافات کو کوئی روک نہیں سکتا پس بہمہ وجوہ تسلی رکھنا چاہئے) اور (اگر کسی کو شبہ ہو کہ شاید شرکاء مزاحمت کر سکیں تو اس کی حقیقت سن لو کہ) جو لوگ اللہ کو چھوڑ کر دوسرے شرکاء کی عبادت کر رہے ہیں (خدا جانے) کس چیز کا اتباع کر رہے ہیں (یعنی ان کے پاس اس عقیدہ کی کیا دلیل ہے حقیقت تو یہ ہے کہ کچھ بھی دلیل نہیں) محض بے سند خیال کا اتباع کر رہے ہیں اور محض قیاسی باتیں کر رہے ہیں (پس واقع میں ان میں صفات الوہیت کے مثل علم وقدرت وغیرہ نہیں ہیں پھر ان میں احتمال مزاحمت کی کب گنجائش ہے۔ **ف**: خوف سے خوف حق اور غم سے غم آخرت مراد نہیں بلکہ دنیوی خوف وغم کی نفی مراد ہے جس کا احتمال مخالفت اعداء سے ہو سکتا ہے وہ مؤمنین کاملین کو نہیں ہوتا ہر وقت ان کا اللہ پر اعتماد ہوتا ہے ہر واقعہ کی حکمت کا اعتقاد رکھتے ہیں اس میں مصلحت سمجھتے ہیں جس کی بشارت ان کو قرآن وحدیث نے دی ہے اور یہ بشارت عام ہے: بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ الخ بَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ الخ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ الخ تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ الخ اور رؤیا صالحہ سب اس میں داخل ہے اور اس تقریر سے معلوم ہوتا ہے کہ جیسا آپ کو ان کے گمراہ ہونے

www.besturdubooks.net

کا غم تھا ایسا ہی ان کی مخالفت اور ضرر رسانی کے احتمال سے بھی تردد ہوا کرتا تھا واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ سورۂ انفال میں آیت: اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ کے تحت میں جو لکھا گیا ہے اس کو دیکھ لو اور ولایت کا ایمان و تقویٰ پر مبنی کرنا اس کی دلیل ہے کہ ولایت کے لئے یہ شرط نہیں کہ اس کے ہاتھ پر کوئی کرامت بھی صادر ہوا کرے ۱۲ قولہ تعالیٰ: اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا [النساء: ۱۳۹] اور دوسرے میں جو عزت نظر آئی ہے وہ بھی درحقیقت اللہ کے لئے ثابت ہے اور وہ غیر اس کی عزت کا ایک مظہر ہے جیسے ضیاء حقیقۃً آفتاب کی صفت ہے اور زمین پر ایک گونہ تعلق کے سبب اس کا ظہور ہو جاتا ہے پس اس میں مسئلہ مظہریت کی اصل ہے۔

العربية من اللغة والنحو والبلاغة: قوله الشان مصدر بمعنى المفعول معناه القصد قوله وما تتلوا تخصيص بعد تعميم لكونه اعظم الشئون وضمير منه يرجع الى الشان وكلمة من فى قرآن زائدة والمعنى ما تتلوا قرآنا حال كون التلاوة من شان مذكور قوله لا تعملون اورد ههنا لا المستعملة غالباً فى المستقبل وفى ما قبله ما المستعملة غالباً فى الحال ولعله اشارة الى ان اشتغاله صلى الله عليه وسلم بالشيون العظيمة كاللازم الدائم فلا بد ان يوجد فى زمان التكلم بخلاف غيره فانه لا يعد تعطله فى زمان التكلم فلا جرم استحسن صيغة الاستقبال ولهذا التفاوت اورد فى خطابه الشان وفى خطابهم العمل والله اعلم قوله عن ربك اى عن علم ربك قوله من مثقال من زائدة قوله لا اصغر هى لنفى الجنس فهى جملة مستقلة قوله تفيضون ليس لتخصيص الحكم لان العلم يتعلق بالشروع وبما بعده جميعا بل فائدته ان العلم محيط من اول الامر لا كحال الخلق يذهلون تارة عن ابتداء الامر ثم ينتبهون لما بعده قوله الذين امنوا خبر حذف مبتداه اى هم الذين ۱۲ ـا

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۝ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ هُوَ الْغَنِيُّ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۢ بِهٰذَا ۭ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ۝ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝ ع

وہ (اللہ تعالیٰ) ایسا ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی تاکہ تم اس میں آرام کرو اور دن بھی اس طور پر بنایا کہ (بوجہ روشن ہونے کے) دیکھنے بھالنے کا ذریعہ ہے۔ اس (بنانے) میں دلائل (توحید) ہیں ان لوگوں کے لئے جو (تدبیر کے ساتھ ان مضامین کو) سنتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ اولاد رکھتا ہے سبحان اللہ (کیسی سخت بات کہی) وہ تو کسی کا محتاج نہیں (اور سب اس کے محتاج ہیں) اسی کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ تمہارے پاس (بجز بیہودہ دعویٰ کے) اس (دعویٰ) پر کوئی دلیل (بھی) نہیں (تو) یا اللہ کے ذمے ایسی بات لگاتے ہو جس کا تم (کسی دلیل سے) علم نہیں رکھتے۔ آپ کہہ دیجئے کہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ افترا کرتے ہیں (جیسے مشرکین) وہ (کبھی) کامیاب نہ ہوں گے۔ یہ دنیا میں تھوڑا سا عیش ہے (جو بہت جلد ختم ہوا جاتا ہے۔ پھر (مرکر) ہمارے ہی پاس ان کو آنا ہے۔ پھر (آخرت میں) ہم ان کو کفر کے بدلے سزائے سخت (کا مزہ) چکھا دیں گے۔ ۝

تفسیر ربط: اوپر کی آیات سے جس طرح تسلیہ مقصود ہے اسی طرح توحید بھی اس کا مدلول ہے اور اس کے قبل اور آیات بھی توحید کے باب میں آچکی ہے آگے بھی توحید کا مضمون ہے۔

توحید ☆ هُوَ الَّذِيْ (الى قوله تعالى) بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝ وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی تاکہ تم اس میں آرام کرو اور دن بھی اس طور پر بنایا کہ (بوجہ روشن ہونے کے) دیکھنے بھالنے کا ذریعہ ہے اس (بنانے میں) دلائل (توحید) ہیں ان لوگوں کے لئے جو (تدبر کے ساتھ ان مضامین کو) سنتے ہیں (مشرکین ان دلائل میں غور نہیں کرتے اور شرک کی باتیں کرتے ہیں چنانچہ) وہ کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ اولاد رکھتا ہے سبحان اللہ (کیسی سخت بات کہی) وہ تو کسی کا محتاج نہیں (اور سب اس کے محتاج ہیں) اسی کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (پس سب مملوک ہوئے اور وہ مالک ہوا پس ثابت ہوا کہ کمالات میں اس کا کوئی مشارک و مجانس نہیں پس اگر اولاد مجانس ہو تو مجانست باطل ہو چکی اگر غیر مجانس ہو تو ناجنس اولاد ہونا عیب اور عیوب سے اللہ پاک ہے جیسا سبحانہٗ میں اس طرف اشارہ بھی ہے پس اولاد کا ہونا مطلقاً باطل ہو گیا ہم نے جو نفی ولد کا دعویٰ کیا تھا اس پر تو ہم نے دلیل قائم کر دی اب رہا تمہارا دعویٰ سو) تمہارے پاس (بجز بیہودہ دعوے کے) اس (دعوے) پر کوئی دلیل (بھی) نہیں (تو) کیا اللہ کے ذمے ایسی بات لگاتے

www.besturdubooks.net

ہو جس کا تم (کسی دلیل سے) علم نہیں رکھتے آپ (ان کا مفتری ہونا ثابت کر کے اس افتراء کی وعید سنانے کے لئے) کہہ دیجئے کہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ افتراء کرتے ہیں (جیسے مشرکین) وہ (کبھی) کامیاب نہ ہوں گے (اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ ہم تو ایسوں کو خوب کامیاب اور مشغول تنعم پاتے ہیں جواب یہ ہے کہ) یہ دنیا میں (چندروزہ) تھوڑا سا عیش ہے (جو بہت جلد ختم ہوا جاتا ہے) پھر (مر کر) ہمارے ہی پاس اُن کو آنا ہے پھر (آخرت میں) ہم ان کو ان کے کفر کے بدلے سزائے سخت (کا مزہ) چکھاویں گے۔ ف: پارہ الٓمٓ کے اخیر کے قریب اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا الخ ایک آیت آئی ہے اس کے ضمن میں نفی ولد کے استدلال کی ذرا مفصل تقریر ہے ملاحظہ کر لیا جاوے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ اس میں دلیل ہے اس پر کہ رات کو کسی قدر سو رہنا اولیٰ ہے کیونکہ اس میں مصلحت الٰہیہ کی موافقت ہے اور اس موافقت میں ظاہر ہے کہ ادب کی کیسی رعایت ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾ اس میں ذات و صفات کے متعلق تخمینات و مجازفات سے خواہ وہ استدلالی ہوں یا ذوقی ہوں کلام کرنے پر انکار ہے اور اس میں اہل علم و اہل تصوف کثرت سے مبتلا ہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: لے قوله في سبحانه سبحان اللہ! الی قولہ اشارہ بھی ہے جمع فيه بين التنزيه والتعجيب بناء على ان التعجيب معنى كنائي وفي الكناية يكون المعنى الحقيقي مدلولا ولا مجازي مقصود لاخذته من الروح والتلويح ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قرأ نافع فاجمعوا بوصل الهمزة وفتح الميم من جمع ولا فرق بين اجمع وجمع ۱۲۔

اللغات: الاجماع العزم ويتعدى بنفسه وبعلى قوله اقضوا الى اى ادوا الى ذلك الامر الذى تريدون وفيه استعارة مكنية ۱۲۔

النحو: قوله بهذا متعلق بسلطان لانه بمعنى الحجة كذا في الروح ۱۲۔ قوله متاع مبتدأ اى حياتهم وعشيتهم الحالى ۱۲۔

البلاغۃ: مبصرا حال وفيه اسناد مجازى ولم يقل لتبصروا فيه للفرق بين محل الابصار وبين سبب الابصار فيتصروا فيه يفيد الاول ومبصر يفيد الثاني وقد ثبت كون النهار بضيائه سببا للابصار بخلاف الليل فليس سببا للسكون انما هو محل له فافهم ۱۲۔ قوله اجمعوا ليس المراد حقيقة الامر بل المقصود اظهار عدم المبالاة ۱۲۔

ع وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ
تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۷۱﴾ فَاِنْ
تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ
مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾

اور آپ ان کو نوح علیہ السلام کا قصہ پڑھ کر سنایئے (جو کہ اس وقت واقع ہوا تھا) جبکہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ اے میری قوم اگر تم کو میرا رہنا (وعظ گوئی کی حالت میں) اور احکام خداوندی کی نصیحت کرنا (بھاری) ناگوار معلوم ہوتا ہے تو میرا تو خدا ہی پر بھروسہ ہے۔ سو تم (میرے ضرر پہنچانے کے متعلق اپنی تدبیر (جو کر سکو) مع اپنے شرکاء (یعنی بتوں) پختہ کر لو پھر تمہاری وہ تدبیر تمہاری گھٹن (اور دل تنگی) کا باعث نہ ہونا چاہئے پھر میرے ساتھ (جو کچھ کرنا ہے) کر گزرو اور مجھ کو (اصلا) مہلت نہ دو۔ پھر بھی اگر تم اعراض ہی کئے جاؤ تو (یہ سمجھو کہ) میں نے تم سے (اس تبلیغ پر) کوئی معاوضہ تو نہیں مانگا (اور میں تم سے کیوں مانگتا کیونکہ) میرا معاوضہ تو صرف (حسب وعدہ کرم) اللہ ہی کے ذمہ ہے اور چونکہ مجھ کو حکم کیا گیا ہے کہ میں طاعت کرنے والوں میں رہوں۔ سو (باوجود اس موعظت بلیغہ کے بھی) وہ لوگ ان کو جھٹلاتے رہے۔ پس (اس پر عذاب مسلط ہوا اور) ہم نے (اس عذاب سے) ان کو اور جو ان کے ساتھ کشتی میں تھے ان کو نجات دی اور ان کو (زمین پر) آباد کیا اور (باقی جو لوگ رہ گئے تھے) جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ان کو (اس طوفان میں) غرق کر دیا۔ سو دیکھنا چاہئے کیسا (برا) انجام ہوا ان لوگوں کا جو (عذاب الٰہی سے) ڈرائے جا چکے تھے)۔

تفسیر لطائف: اوپر متعدد مضامین مذکور ہوئے ہیں آگے بعض قصص سے سب کی تائید فرماتے ہیں توحید کی اس طرح کہ انبیاء نے دعوت توحید کی فرمائی اور رسالت کی اس طرح کہ پہلے بھی رسول گزرے ہیں اور تہدید و وعید کی اس طرح کہ امم سابقہ پر عذاب نازل ہوئے اور آپ کی تسلی کی اس طرح کہ پہلے لوگ بھی تکذیب کرتے آئے ہیں اول نوح علیہ السلام کا قصہ بیان ہوتا ہے۔

قصہ نوح علیہ السلام با قوم او ☆ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ (الی قولہ تعالی) فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾ اور آپ ان کو نوح (علیہ السلام) کا قصہ پڑھ کر سنایئے (جو کہ اس وقت واقع ہوا تھا) جب کہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ اے میری قوم اگر تم کو میرا رہنا (یعنی وعظ گوئی کی حالت میں) اور احکام

www.besturdubooks.net

خداوندی کی نصیحت کرنا بھاری (اور ناگوار) معلوم ہوتا ہے تو (ہوا کرے میں کچھ پرواہ نہیں کرتا کیونکہ) میرا تو خدا ہی پر بھروسہ ہے سو تم (میرے ضرر پہنچانے کے متعلق) اپنی تدبیر (جو کچھ کر سکو) مع اپنے شرکاء (یعنی بتوں) کے پختہ کرلو (یعنی تم اور تمہارے معبود سب مل کر میری ضرر رسانی میں اپنا ارمان پورا کرلو) پھر تمہاری وہ تدبیر تمہاری گھٹن (اور دل تنگی) کا باعث نہ ہونا چاہئے (یعنی اکثر خفیہ تدبیر سے طبیعت گھٹا کرتی ہے سو خفیہ تدبیر کی ضرورت نہیں جو کچھ تدبیر کرو دل کھول کر علانیہ کرو میرا نہ لحاظ پاس کرو اور نہ میرے چلے جانے نکل جانے کا اندیشہ کرو کیونکہ اتنے آدمیوں کے پہرہ میں سے ایک آدمی کا نکل جانا بھی مستبعد ہے پھر اخفاء کی کیا ضرورت ہے) پھر میرے ساتھ (جو کچھ کرنا ہے) کر گزرو اور مجھ کو (اصلاً) مہلت نہ دو (حاصل یہ کہ میں تمہاری ان باتوں سے نہ ڈرتا ہوں اور نہ تبلیغ سے رک سکتا ہوں یہاں تک تو نفی خوف کی فرمائی آگے نفی طمع کی فرماتے ہیں یعنی) پھر بھی اگر تم اعراض ہی کئے جاؤ تو (یہ سمجھو کہ) میں نے تم سے (اس تبلیغ پر) کوئی معاوضہ تو نہیں مانگا (اور میں تم سے کیوں مانگتا کیونکہ) میرا معاوضہ تو صرف (حسب وعدہ کرم) اللہ ہی کے ذمے ہے (غرض نہ تم سے ڈرتا ہوں نہ کچھ خواہش رکھتا ہوں) اور (چونکہ) مجھ کو حکم کیا گیا ہے کہ میں اطاعت کرنے والوں میں رہوں (اس لئے تبلیغ میں حکم کی تعمیل کرتا ہوں اگر تم نہ مانو گے میرا کیا نقصان ہے) سو (باوجود اس موعظت بلیغہ کے بھی) وہ لوگ ان کو جھٹلاتے رہے پس (اس پر عذاب طوفان کا مسلط ہوا اور) ہم نے (اس عذاب سے) ان کو اور جو ان کے ساتھ کشتی میں تھے ان کو نجات دی اور ان کو (زمین پر) آباد کیا اور (باقی جو لوگ رہ گئے تھے) جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ان کو (اس طوفان میں) غرق کر دیا سو دیکھنا چاہئے کیسا (برا) انجام ہوا ان لوگوں کا جو (عذاب الٰہی) سے ڈرائے جا چکے تھے (یعنی بے خبری میں ہلاک نہیں کئے گئے پہلے کہہ دیا سمجھا دیا نہ مانا سزا پائی)

ف: بعضوں کو شبہ ہو جاتا ہے کہ جب معدودے چند بچ گئے تو عالم میں وہی تھے اور نوح علیہ السلام کی دعوت ان سب کو عام تھی تو عموم بعثت خصائص محمدیہ سے نہ رہا جواب یہ ہے کہ خصوصیت کے معنی یہ ہیں کہ جب امم مختلفہ موجود ہوں اس وقت آپ کی بعثت سب کی طرف ہوگی اور دوسرے انبیاء علیہ السلام کی خاص قوم کی طرف پس یہ خصوصیت اب بھی محفوظ ہے کیونکہ صورت مفروضہ میں مختلف اقوام ہی نہ رہی تھیں۔

مُلحقاتُ الترجمۃ: ۱ قوله فی اذ قال جو کہ اس وقت اشار الی تقدیر عامل اذ ۱۲۔ ۲ قوله فی مقامی یعنی وعظ گوئی فالمعطوف کالتفسیر له ۱۲۔ ۳ قوله فی جزاء ان کان ہوا کرو اشارة الی تقدیر الجزاء وای فلیمکن فلا ابالی ۱۲۔ ۴ قوله فی و شرکائکم مع فهو مفعول معه من الفاعل ای اجمعوا انتم وشرکائکم امرکم فهو من قبیل قول هود علیه السلام فکیدونی فی جواب من قال ان نقول الاعتراك بعض آلهتنا بسوء ۱۲۔ ۵ قوله فی غمة گھٹن من انعم ویلزمه الستر ویتاید لقول قتادة لا یکبر علیکم ای لایّ ا شق رواه ابن جریر وقیل معناه مستورا علیکم ای جابرونی اه لکن لم یظهر لی معنی علیکم علی هذا التقدیر ومن اطلع علیه فهنیئاً له ثم سنح لی فی توجیه علیکم ان الکتم سبب لخفاء الامر علی الجماعة والجهاد سبب لظهوره علیهم فالمعنی جاهرونی بایصال الضرر اتی حیث یظهر امره علی جمیعکم وقال الطبری فی معناه ملتبسا مشکلا مبهما (اے باعتبار نفعه) من قولهم غم البلال ۱۲۔ ۶ قوله فی تولیتم کئے ہی جاؤ الی تجھو اشارة الی ان معنی التولی الدوام علیه فان التولی کان حاصلا من قبل وکذا قوله کذبوه معناه داوموا علیه واشارة الی حذف الجزاء ای فاعلموا ۱۲۔ ۷ قوله فی فانظروا دیکھنا چاہئے اشارة الی کون المخاطب عاما والمعنی فاعتبر لان النظر لا یصح حمله علی ظاهره ۱۲۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۷۴﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۠ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْۤا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۶﴾ قَالَ مُوْسٰۤى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِى الْاَرْضِ ؕ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۸﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِىْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿۷۹﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰۤى اَلْقُوْا مَاۤ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَلَمَّاۤ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ

www.besturdubooks.net

عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۝۸۱ وَ یُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَ لَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝۸۲ ع ۸

پھر نوح علیہ السلام کے بعد ہم نے اور رسولوں کو ان کی قوموں کی طرف بھیجا سو وہ ان کے پاس معجزات لے کر آئے (مگر) پھر بھی ان کی ضد اور ہٹ کی یہ کیفیت تھی کہ جس چیز کو انہوں نے اول میں (ایک بار) جھوٹا کہہ دیا نہ ہوا کہ پھر اس کو مان لیتے (اور جیسے یہ لوگ دل کی سخت تھے) ہم اسی طرح کافروں کے دلوں پر بند لگا دیتے ہیں پھر ان (مذکورین) پیغمبروں کے بعد ہم نے موسیٰ اور ہارون کو فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس اپنے معجزات (عصا اور ید) دے کر بھیجا سو انہوں نے (دعویٰ نبوت کے ساتھ ہی ان کی تصدیق کرنے سے) تکبر کیا اور وہ لوگ جرائم کے خوگر تھے (اسی لئے اطاعت نہ کی) پھر جب (بعد دعویٰ کے) ان کو ہمارے پاس سے (نبوت موسویہ پر) صحیح دلیل پہنچی تو وہ کہنے لگے کہ یقیناً یہ صریح جادو ہے۔ موسیٰ نے فرمایا کیا تم اس صحیح دلیل کی نسبت جبکہ وہ تمہارے پاس پہنچی ایسی بات کہتے ہو (کہ یہ جادو ہے) کیا یہ جادو ہے۔ حالانکہ جادوگر کامیاب نہیں ہوا کرتے وہ لوگ کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ ہم اس کو اس طریقہ سے ہٹا دو جس پر ہم نے اپنے بزرگوں کو دیکھا ہے اور (اس لئے آئے ہو کہ) تم دونوں کو دنیا میں ریاست (اور سرداری) مل جائے اور (تم خوب سمجھ لو کہ) ہم تم دونوں کو کبھی نہ مانیں گے اور فرعون نے (اپنے سرداروں سے) کہا کہ میرے پاس تمام جادوگروں کو (جو ہماری قلمرو میں ہیں) حاضر کرو (چنانچہ جمع کئے گئے) سو جب وہ آئے (اور موسیٰ سے مقابلہ ہوا) موسیٰ نے ان سے فرمایا کہ ڈالو جو کچھ تم کو (میدان میں) ڈالنا ہے۔ سو جب انہوں نے (اپنا جادو کا سامان) ڈالا تو موسیٰ نے فرمایا کہ جو کچھ تم بنا کر لائے ہو جادو ہے۔ یہ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ اس (جادو) کو درہم برہم کئے دیتا ہے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ ایسے فسادیوں کا کام بننے نہیں دیتا اور اللہ تعالیٰ دلیل صحیح (یعنی معجزہ) کو اپنے وعدوں کے موافق ثابت کر دیتا ہے گو مجرم (اور کافر) لوگ کیسا ہی ناگوار سمجھیں۔

تفسیر ربط: اوپر قوم نوح علیہ السلام کا قصہ تھا آگے عاد و ثمود وغیرہم کا اجمالاً قصہ مذکور ہے۔

اجمال قصہ عاد و ثمود وغیرہم ☆ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ (الی قولہ تعالی) عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِیْنَ ۝ پھر نوح (علیہ السلام) کے بعد ہم نے اور رسولوں کو ان کی قوموں کی طرف بھیجا سو وہ ان کے پاس معجزات لے کر آئے (مگر) پھر (بھی ان کی ضد اور ہٹ کی یہ کیفیت تھی کہ) جس چیز کو انہوں نے اول (وہلہ) میں (ایک بار) جھوٹا کہہ دیا یہ نہ ہوا کہ پھر اس کو مان لیتے (اور جیسے یہ لوگ دل کے سخت تھے) اللہ تعالیٰ اسی طرح کافروں کے دلوں پر بند لگا دیتے ہیں۔

ف: ایک ایسی آیت پارہ نہم کے رکوع دوم میں گزر چکی ہے۔ ربط: اوپر بعض قصص مذکور ہوئے آگے قصہ موسیٰ علیہ السلام کا فرعون کے ساتھ مذکور ہوتا ہے۔

قصہ موسیٰ علیہ السلام با فرعون ☆ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى (الی قولہ تعالی) وَ لَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ پھر ان (مذکور) پیغمبروں کے بعد ہم نے موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) کو فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس اپنے معجزات (عصا اور ید بیضا) دے کر بھیجا سو انہوں نے (دعویٰ کے ساتھ ہی ان کی تصدیق کرنے سے) تکبر کیا (اور طلب حق کے لئے غور بھی تو نہ کیا) اور وہ لوگ جرائم کے خوگر تھے (اس لئے اطاعت نہ کی) پھر جب (بعد دعوے کے) ان کو ہمارے پاس سے (نبوت موسویہ پر) صحیح دلیل پہنچی (مراد اس سے معجزہ ہے) تو وہ لوگ کہنے لگے کہ یقیناً یہ صریح جادو ہے موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کیا اس صحیح دلیل کی نسبت جب کہ وہ تمہارے پاس پہنچی ایسی بات کہتے ہو (کہ یہ جادو ہے) کیا یہ جادو ہے حالانکہ جادوگر (جب کہ دعویٰ نبوت کا کریں تو اظہار خارق میں) کامیاب نہیں ہوا کرتے (اور میں کامیاب ہوا کہ اول دعویٰ کیا پھر خوارق ظاہر کر دیئے) وہ لوگ (اس تقریر کا تو کچھ جواب دے نہ سکے ویسے ہی براہ جہالت) کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ ہم کو اس طریقہ سے ہٹا دو جس پر ہم نے اپنے بزرگوں کو دیکھا ہے اور (اس لئے آئے ہو کہ) تم دونوں کو دنیا میں ریاست (اور سرداری) مل جاوے اور تم (خوب سمجھ لو کہ) ہم تم دونوں کو کبھی نہ مانیں گے اور فرعون نے (اپنے سرداروں سے) کہا کہ میرے پاس تمام ماہر جادوگروں کو (جو ہمارے قلمرو میں ہیں) حاضر کرو (چنانچہ جمع کئے گئے) سو جب وہ آئے (اور موسیٰ علیہ السلام سے مقابلہ ہوا تو) موسیٰ (علیہ السلام) نے ان سے فرمایا کہ ڈالو جو کچھ تم کو میدان میں ڈالنا ہے سو جب انہوں نے (اپنا جادو کا سامان) ڈالا تو موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ جو کچھ تم (بنا کر) لائے ہو جادو یہ ہے (نہ وہ جس کو فرعون والے جادو کہتے ہیں) یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ اس (جادو) کو ابھی درہم برہم کئے دیتا ہے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ ایسے فسادیوں کا کام بننے نہیں دیتا (جو معجزہ کے ساتھ مقابلہ سے پیش آویں) اور اللہ تعالیٰ (جس طرح اہل باطل کے باطل کو بمقابلہ معجزات حقہ کے باطل کر دیتا ہے اسی طرح) دلیل صحیح (یعنی معجزہ) کو اپنے وعدوں کے موافق (کہ اثبات نبوت انبیاء کے متعلق ہیں) ثابت کر دیا ہے گو مجرم (اور کافر) لوگ کیسا ہی ناگوار سمجھیں۔ ف: لَا یُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ۝ اور لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۝ کے ظاہر پر شبہ ہوتا تھا کہ بعض اوقات ہم ساحروں اور مفسدوں کو کامیاب پاتے ہیں مگر احقر کی تقریر ترجمہ سے وہ شبہ دفع ہو گیا یعنی مراد خاص وہ ساحر ہے جو مدعیٔ نبوت ہو اور وہ مفسد ہے جو معجزہ کا مقابلہ کرے سو ان کی کامیابی یقیناً منفی ہے کیونکہ اظہار معجزہ کا ید کاذب پر اور اختفاء معجزہ کا ید صادق پر دونوں شرعاً ممتنع ہیں اور اسی طرح سورۂ طٰہٰ میں جو آیا ہے: وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ حَیْثُ اَتٰى [طٰہٰ: ۶۹] مراد اس سے بھی یہی ہے حیث الی معارضا للمعجزات خوب سمجھ لو۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ۞ یہ طبع وہی ہے جس کو فساد استعداد کے ساتھ تعبیر کیا جاتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ۞ یعنی اہل حق کے مقابلہ میں اور اسی پر مشائخ اہل باطل کا حال قیاس کر لیا جاوے کہ ان کی بات چلتی نہیں (یعنی اس میں برکت اور بقاء نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في قومهم قوموں اشارة الى انه بمعنى الاقوام ۱۲۔ ۲ قوله في اتقولون ایک بات اشارة الى حذف المفعول اى تقولون ما تقولون كذا في الروح فيه ايضا جوز ان يكون القول بمعنى العيب والطعن وحينئذ يستغنى عن المفعول واللام لبيان المطعون فيه كما في قوله تعالى هيت لك اى تعيبونه وتطعنون فيه اه ۱۲۔ ۳ قوله في قالوا اجئتنا دے نہ سکے لانه كلام لا تعلق له بكلامه عليه السلام فضلا عن الجواب الصحيح ففيه ايذان بانقطاعهم راسا ۱۲۔ ۴ قوله في كل ساحر قلمرو اشارة الى ان الاستغراق عرفى ۱۲۔
۵ قوله ما جئتم به السحر جادو یہ ہے نہ وہ الخ افاد الحصر الافرادى لام التعريف ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قرا ابو عمرو السحر بقطع الالف ومدها على الاستفهام فما استفهامية مرفوعة على الابتداء وجئتم به خبرها والسحر خبر مبتدأ اى اهو السحر ۱۲۔

اللغات: قوله مبين من ابان ظهر ۱۲۔

البلاغۃ: قوله لا يفلح الساحرون حسن موقع بيان حال الساحر مع كون المذكور فيما قبل هو السحر لاستلزام القول بكونه سحر القول يكون من اتى به ساحرا قوله يكون وما نحن لكما في الروح تثنية الضمير في هذين الموضعين بعد افراده فيما تقدم من المقامين باعتبار شمول الكبرياء لهما عليهما السلام واستلزام التصديق لاحدهما التصديق للآخر واما اللفت والمجئ فحيث كانا من خصائص صاحب الشريعة اسند الى موسٰى عليه السلام خاصة اه ۱۲۔

فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰۤى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ؕ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِى
الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْۤا اِنْ كُنْتُمْ
مُّسْلِمِيْنَ ﴿٨٤﴾ فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٥﴾ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ
الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٦﴾ وَاَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً
وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَاۤ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِى الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰۤى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا
الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٨٨﴾ قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾

پس (جب عصا کا معجزہ ظاہر ہوا تو) موسیٰ (علیہ السلام) پر (شروع شروع میں) ان کی قوم میں سے صرف قدرے قلیل آدمی ایمان لائے وہ بھی فرعون سے اور اپنے حاکم سے ڈرتے ڈرتے کہ کہیں (ظاہر ہونے پر) ان کو تکلیف نہ پہنچائے اور واقعہ میں ڈرنا ان کا بیجا نہ تھا کیونکہ فرعون اس ملک میں زور (سلطنت) رکھتا تھا اور یہ بھی بات تھی کہ وہ حد (انصاف) سے باہر ہو جاتا تھا اور موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اے میری قوم اگر تم (سچے دل سے) اللہ پر ایمان رکھتے ہو (تو سوچ بچار مت کرو) بلکہ اسی پر توکل کرو۔ اگر تم (اسی کی) اطاعت کرنے والے ہو۔ انہوں نے (جواب میں) عرض کیا کہ ہم نے اللہ ہی پر توکل کیا اے ہمارے پروردگار ہم کو ان ظالم لوگوں کا تختہ مشق نہ بنا اور ہم کو اپنی رحمت کے صدقہ ان کافروں سے نجات دے اور ہم نے موسیٰ اور ان کے بھائی (ہارون) کے پاس وحی بھیجی کہ تم دونوں اپنے ان لوگوں کے لئے (بدستور) مصر میں گھر برقرار رکھو اور (نماز کے اوقات) تم سب اپنے انہیں گھروں کو نماز پڑھنے کی جگہ قرار دے لو اور (یہ ضروری ہے کہ) نماز کے پابند رہو اور (اے موسیٰ) آپ مسلمانوں کو بشارت دے دیں اور موسیٰ علیہ السلام نے (دعاء میں) عرض کیا اے ہمارے رب (ہم کو یہ بات معلوم ہوگئی کہ) آپ نے فرعون کو اور اس کے سرداروں کو سامان تجمل اور طرح طرح کے مال دنیوی زندگی میں اے ہمارے رب اسی واسطے دیئے ہیں کہ وہ آپ کی راہ سے (لوگوں کو) گمراہ کریں۔ اے ہمارے رب ان کے مالوں کو نیست و نابود کر

www.besturdubooks.net

دیجئے ان کے دلوں کو (زیادہ) سخت کر دیجئے (جس سے ہلاکت کے مستحق ہو جائیں) سو یہ ایمان نہ لانے پائیں۔ یہاں تک کہ عذاب الیم (کے مستحق ہو کر اس) کو دیکھ لیں۔ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ تم دونوں کی دعا قبول کر لی گئی سو تم (اپنے منصبی کام یعنی تبلیغ پر) مستقیم رہو ان لوگوں کی راہ نہ چلنا جن کو علم نہیں۔

تفسیر: ربط: اوپر سے موسیٰ علیہ السلام کا قصہ چلا آتا ہے آگے اس کا تتمہ ہے۔

تتمہ قصہ موسویہ ☆ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ (الی قولہ تعالیٰ) وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ۝ پس (جب عصا کا معجزہ ظاہر ہوا تو) موسیٰ علیہ السلام پر (شروع شروع میں) ان کی قوم میں صرف قدرے قلیل آدمی ایمان لائے وہ بھی فرعون سے اور اپنے حکام سے ڈرتے ڈرتے کہ کہیں (ظاہر ہونے پر) ان کو تکلیف (نہ) پہنچاوے اور واقع میں (ڈرنا ان کا بیجا نہ تھا کیونکہ) فرعون اس ملک میں زور (سلطنت) رکھتا تھا اور یہ بھی بات تھی کہ وہ حد (انصاف) سے باہر ہو جاتا تھا (اور ظلم کرنے لگتا تھا) پھر جو شخص حکومت کے ساتھ ظلم کرتا ہو اس سے تو ڈر لگتا ہی ہے) اور موسیٰ (علیہ السلام) نے (جب ان کو خائف دیکھا تو ان سے) فرمایا کہ اے میری قوم اگر تم (سچے دل سے) اللہ پر ایمان رکھتے ہو تو (سوچ بچار مت کرو بلکہ) اسی پر توکل کرو اگر تم (اس کی) اطاعت کرنے والے ہو انہوں نے جواب میں عرض کیا کہ ہم نے اللہ ہی پر توکل کیا (بعد اس کے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ) اے ہمارے پروردگار ہم کو ان ظالم لوگوں کا تختۂ مشق نہ بنا اور ہم کو اپنی رحمت کا صدقہ ان کافر لوگوں سے نجات دے (یعنی جب تک ہم پر ان کی حکومت مقدر ہے ظلم نہ کرنے پاویں اور پھر ان کی حکومت ہی کے دائرہ سے نکال دیجئے) اور ہم نے (اس دعا کے قبول کرنے کا سامان کیا کہ) موسیٰ (علیہ السلام) اور ان کے بھائی (ہارون علیہ السلام) کے پاس وحی بھیجی کہ تم دونوں اپنے ان لوگوں کے لئے (بدستور) مصر میں گھر برقرار رکھو (یعنی وہ ڈر کر گھر نہ چھوڑیں ہم ان کے محافظ ہیں) اور (نماز کے اوقات میں) تم سب اپنے انہیں گھروں کو نماز پڑھنے کی جگہ قرار دے لو (مساجد کی حاضری خوف کی وجہ سے معاف ہے) اور (یہ ضروری ہے کہ) نماز کے پابند رہو (تاکہ نماز کی برکت سے اللہ تعالیٰ جلدی اس مصیبت سے چھڑا دے) اور (اے موسیٰ) آپ مسلمانوں کو بشارت دے دیں (کہ اب جلدی یہ مصیبت ختم ہو جاوے گی) ف: اس تفسیر پر بعض کو یہ شبہ ہو جاتا ہے کہ بنی اسرائیل چونکہ فرعون کے ہاتھوں سب مبتلائے مصائب تھے اس لئے موسیٰ علیہ السلام سے کوئی مخالف نہ تھا پھر معدودے چند کی تخصیص ایمان میں کیا معنی اور اپنے سرداروں سے ڈرنے کی کیا وجہ پھر سیر سے معلوم ہوتا ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو مصر سے لے کر چلے ہیں لاکھوں تھے جواب یہ ہے کہ مخالف نہ ہونا ایمان لانے کو مستلزم نہیں دل سے یہ عزم ہوگا کہ ابھی مسلمان ہو کر کون پریشانی میں پڑے موقع پر مسلمان ہو جاویں گے ان میں جو طالب صادق تھے ان سے بے پروائی اور تاخیر نہ ہو سکی وہ قاعدہ کے موافق ایمان لے آئے گو اس کا عام اعلان نہ کیا اور اپنے سرداروں سے مراد قبطی ہیں کہ وہی حکام تھے اور یہ قصہ ابتدائے امر کا ہے پھر کچھ ہمت بڑھتی گئی اور مسلمان بڑھتے گئے مدارک میں اول الامر کی قید کی تصریح ہے اب سب شبہات رفع ہو گئے اور جاننا چاہئے کہ توکل کے لئے یہ لازم ہے کہ خلق پر نظر نہ رہے طمعاً یا خوفاً پس یہ منافی دعا کے نہیں اور یہ جو حکم ہوا ترجمہ اس کا مقصود ترجمہ سے ظاہر ہو چکا ہے پس یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ ان کے گھر تو پہلے سے مصر میں بنے ہوئے تھے پھر یہ حکم کیوں ہوا اور اِجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً کا حاصل یہ ہے کہ امم سابقہ میں بجز مساجد کے اور جگہ نماز نہ ہوتی تھی مگر خوف میں ان کو اجازت دی گئی پھر اس میں بھی گھر کے ہر جزو میں درست نہ ہوگی بلکہ موقع معین کرنا پڑے گا اس بناء پر پھر بھی امت محمدیہ ان سے خصوصیت میں ممتاز رہی کہ ان کے لئے اس تعیین کی بھی حاجت نہیں اور اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ کا حکم شاید اس طور پر ہوا ہو جیسے ارشاد ہے: اِسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ پس یہ تفصیل ہو جاوے گی اس قول کی: قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا الخ [الأعراف: ۱۲۸] اور یہ سب احکام آثار قبول دعا سے اس لئے ہیں کہ تبوأ الدار میں تشویش سفر سے بچالیا اور اِجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ میں خروج للصلوٰۃ جو سبب اظہار کا ہوتا معاف کر دیا اور اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ میں تدبیر نجات کی بتلا دی اور بشر میں وعدہ نجات کر لیا اور ان سب میں اجابت کا دخل ظاہر ہے۔ ربط: اوپر کی طرح آگے بھی تتمہ ہے قصہ موسویہ کا۔

تتمہ قصہ موسویہ ☆ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ۝ اور موسیٰ (علیہ السلام) نے (دعا میں) عرض کیا کہ اے ہمارے رب (ہم کو یہ بات معلوم ہوگئی کہ) آپ نے فرعون کو اور اس کے سرداروں کو سامان تجمل اور طرح طرح کے مال دنیوی زندگی میں اے ہمارے رب اسی واسطے دیئے ہیں کہ وہ آپ کی راہ سے (لوگوں) کو گمراہ کریں (پس جب ہدایت ان کے مقدر میں ہے نہیں اور جو حکمت تھی وہ حاصل ہو چکی تو اب ان کے اموال اور نفوس کو کیوں باقی رکھا جاوے پس) اے ہمارے رب ان کے مالوں کو نیست نابود کر دیجئے اور (ان کے نفوس کی ہلاکت کا سامان کر دیجئے اس طرح کہ) ان کے دلوں کو (زیادہ) سخت کر دیجئے (جس سے ہلاکت کے مستحق ہو جاویں) سو یہ ایمان نہ لانے پاویں (بلکہ روز بروز ان کا کفر ہی بڑھتا رہے) یہاں تک کہ عذاب الیم (کے مستحق ہو کر اس) کو دیکھ لیں (سو اس وقت ایمان نافع نہیں ہوتا موسیٰ علیہ السلام نے یہ دعا کی اور ہارون علیہ السلام آمین کہتے رہے کذا فی الدر المنثور) حق تعالیٰ نے فرمایا کہ تم دونوں کی دعا قبول کر لی گئی (کیونکہ آمین کہنا بھی دعاء میں شریک ہونا ہے یعنی ہم ان کے اموال و نفوس کو اب ہلاک کرنے والے ہیں) سو تم (اپنے منصبی کام یعنی تبلیغ پر) مستقیم رہو (یعنی گو ہدایت ان کی تقدیر میں نہ ہو مگر تبلیغ میں تمہارا تو فائدہ ہے) اور ان

www.besturdubooks.net

لوگوں کی راہ نہ چلنا جن کو (ہمارے وعدہ کے سچے ہونے کا یا توقف میں حکمت ہونے کا یا تبلیغ کے ضروری ہونے کا) علم نہیں (یعنی ہمارے وعدہ کو سچا سمجھو اور اگر ہلاکت میں دیر ہو جاوے اس میں حکمت سمجھو اور اپنے منصبی کام میں لگے رہو) **ف**: یہاں یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ موسیٰ علیہ السلام آئے تو تھے ہدایت کے واسطے اور بددعائیں کرنے لگے ہدایت نہ ہونے کی اصل یہ ہے کہ ہدایت کے لئے آنے کے معنی تو یہ ہیں کہ ان کو راہ دین کی طرف بلاتے رہیں سو یہ تو بددعاء کے بعد بھی کرتے رہے اس میں اور بددعا میں منافات نہیں رہی سو اصل مقصود گمراہی کی بددعا کرنا نہیں ہے بلکہ بعد انکشافات یقینی مستند الی الوحی کے کہ اب یہ ایمان نہ لاویں گے ہلاکت کی بددعا فرمائی جیسا نوح علیہ السلام نے کی تھی اور اشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مقصود بالذات نہیں بلکہ تمہید ہے دعائے ہلاکت کی اور مقصود بالعرض ہے اور یہ مقصود بالعرض عین موافقت تھی قضائے مکشوف کی اس لئے اس میں بھی اشکال نہیں۔ رہا یہ کہ اللہ تعالیٰ کا مال و دولت وغیرہ دینا گمراہ کرنے یا گمراہ ہونے کے لئے سو بعد ثابت ہو جانے جملہ **فعل الحکیم لا یخلوا عن الحکمة** اس میں کوئی شبہ نہیں گو ہم تعیین حکمت کی نہ کر سکیں آگے اس کے اور اس کے لشکر کے ہلاک ہونے کا ذکر ہے اور ظاہر ہے کہ مال بھی بہت سا غرق ہو کر تلف ہوا اور تمام اموال کے لئے بددعاء نہ تھی اور بعض آثار میں ہے ان کا مال و متاع قبل غرق پتھر بن گیا تھا کذا فی الدر المنثور۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ روح میں ہے کہ کوئی شخص یہ وہم نہ کرے کہ توکل دعاء کے منافی ہے کیونکہ حاصل توکل کا یہ ہے کہ اسباب عادیہ پر نظر نہ ہو صرف مسبب پر نظر ہو اور اس اعتقاد کے ساتھ اگر اسباب کو اختیار بھی کرے تب بھی متوکل قرار دیا جاوے گا اھ (تو اسباب غیر عادیہ کے ساتھ کہ ان میں سے دعا بھی ہے توکل بدرجہ اولیٰ باقی رہے گا۔

ملحقات الترجمة: ۱؎ **قولہ فی ذریة قدرے قلیل کذا فی الکبیر مع الدلیل ۱۲۔ ۲؎ قولہ فی علی خوف وہ بھی اشارة الی کونه حالا ۳؎ قولہ فی تبوا برقرار رکھو فھو کقوله تعالیٰ والذین تبوأ الدار ای لزموھا ۱۲۔ ۴؎ قولہ فی زینة سامان اشارة الی ان المراد ما یزین به ۱۲۔ ۵؎ قولہ فی اموالا طرح طرح دل علیه الجمع وھو تخصیص بعد تعمیم ۱۲۔**

اللغات: **قولہ تبوأ التبوء اتخاذ المباءة ای النزل کالتوطن اتخاذ الوطن والفعل علی ما قیل مما یتعدی لواحد لکن اذا ادخلت اللام علی الفاعل فیتعدی باثنین وفعل وتفعل قد یکونان بمعنی مثل علقتها وتعلقتها والتقدیر بوبا قومکما بیوتا یسکنون فیها ۱۲۔**

البلاغة: **قولہ یقوم ان کنتم الی مسلمین فی الروح لیس ھذا من تعلیق الحکم بشرطین بل من تعلیق شیئین بشرطین لانه علق وجوب التوکل المفھوم من الامر بالایمان وعلق نفس المتوکل ووجوده بالاسلام لانه لا یتحقق مع التخلیط الی آخر ما قال واطال علی عادته رحمه الله تعالیٰ والله اعلم قوله تبوا الی المؤمنین فی الروح انما ثنی الضمیر اولا ای فی التبوا لان التبوا للقوم مما یتولاه الرؤساء ثم جمع ثانیا ای فی اجعلوا لان الصلوٰة فیھا مما یفعله کل احد ثم وحد ثالثا ای فی بشر لان بشارة الامة وظیفة صاحب الشریعة والله اعلم ۱۲۔**

وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا ۭ حَتّٰٓي اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝۹۰ اٰۗلْئٰنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ
الْمُفْسِدِيْنَ ۝۹۱ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا
لَغٰفِلُوْنَ ۝۹۲ وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰھُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰى جَاۗءَھُمُ ع ۹
الْعِلْمُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَھُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝۹۳ فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ
فَسْــَٔـلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَاۗءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝۹۴ وَلَا
تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝۹۵

اور ہم نے بنی اسرائیل کو (اس) دریا سے پار کر دیا۔ پھر ان کے پیچھے پیچھے فرعون مع اپنے لشکر کے ظلم اور زیادتی کے ارادے سے (دریا میں) چلا یہاں تک کہ جب ڈوبنے

www.besturdubooks.net

لگا (اور ملائکہ عذاب کے نظر آنے لگے) تو (سراسیمہ ہوکر) کہنے لگا میں ایمان لاتا ہوں کہ بجز اس کہ جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں کوئی معبود نہیں اور میں مسلمانوں میں داخل ہوتا ہوں۔ جواب دیا گیا کہ اب ایمان لاتا ہے (اور معائنہ آخرت کے) پہلے سرکشی کرتا رہا اور مفسدوں میں داخل رہا (اب نجات چاہتا ہے) سو (بجائے نجات مطلوبہ کے) آج ہم تیری لاش (پانی میں تہ نشین ہونے سے) نجات دیں گے تاکہ تو ان کے لئے موجب عبرت ہو جو تیرے بعد موجود ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ (پھر بھی) بہت سے آدمی ہماری (ایسی ایسی) عبرتوں سے غافل ہیں (اور مخالفت احکام الٰہیہ سے نہیں ڈرتے) اور ہم نے (غرق فرعون کے بعد) بنی اسرائیل کو بہت اچھا ٹھکانا رہنے کو دیا اور ہم نے ان کو نفیس چیزیں (جنات وعیون وغیرہ سے) کھانے کو دیں۔ سو انہوں نے (جہل کی وجہ سے) اختلاف نہیں کیا۔ یہاں تک کہ ان کے پاس (احکام کا) علم پہنچ گیا۔ یقینی بات ہے کہ آپ کا اب ان (اختلاف کرنے والوں) کے درمیان قیامت کے دن ان امور میں فیصلہ (عملی) کرے گا جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے پھر اگر آپ بالفرض اس (کتاب) کی طرف سے شک (وشبہ) میں ہوں جس کو ہم نے آپ کے پاس بھیجا ہے تو آپ ان لوگوں سے پوچھ دیکھئے جو آپ سے پہلی کتابوں کو پڑھتے ہیں (مراد تورات وانجیل ہیں تو وہ قرآن کو سچ بتلائیں گے) بے شک آپ کے پاس آپ کے رب کی طرف سے سچی کتاب آئی ہے۔ آپ ہرگز شک کرنے والوں میں نہ ہوں اور (نہ شک کرنے والوں سے بڑھ کر) ان لوگوں میں ہوں جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا۔ کہیں آپ (نعوذ باللہ) تباہ نہ ہو جاویں۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر کی طرح آگے بھی تتمہ ہے قصہ موسویہ کا۔

تتمہ قصہ موسویہ ☆ وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ الْبَحْرَ (الی قولہ تعالی) وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ۞ اور (جب ہم نے فرعون کو ہلاک کرنا چاہا تو موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ بنی اسرائیل کو مصر سے باہر نکال لے جایئے چنانچہ وہ سب کو لے کر چلے اور رستہ میں دریائے شور حائل ہوا اور موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے اس میں راستہ ہو گیا اور) ہم نے بنی اسرائیل کو (اس) دریا سے پار کر دیا پھر ان کے پیچھے پیچھے فرعون مع اپنے لشکر کے ظلم اور زیادتی کے ارادہ سے (دریا میں) چلا (دریا سے نکل کر ان سے قتل وقتال کرے لیکن وہ دریا سے پار نہ ہو سکا) یہاں تک کہ جب ڈوبنے لگا (اور ملائکہ عذاب کے نظر آنے لگے) تو (سراسیمہ ہوکر) کہنے لگا کہ میں ایمان لاتا ہوں بجز اس کے کہ جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں کوئی معبود نہیں اور میں مسلمانوں میں داخل ہوتا ہوں (سو مجھ کو اس غرق سے اور عذاب آخرت سے نجات دی جاوے اور وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ میں موسیٰ علیہ السلام کی رسالت کی تصدیق بھی داخل ہوگئی فرشتہ کے ذریعہ سے) جواب دیا گیا کہ اب ایمان لاتا ہے (جب کہ مقبول نہیں کیونکہ معائنہ آخرت کا شروع ہو گیا) اور (معائنہ آخرت کے پہلے سے سرکشی کرتا رہا اور مفسدوں میں داخل رہا (اب نجات چاہتا ہے) سو (بجائے نجات مطلوبہ کے) آج ہم تیری لاش کو (پانی میں تہ نشین ہونے سے) نجات دیں گے تاکہ تو ان کے لئے موجب عبرت ہو جو تیرے بعد (موجود) ہیں (کہ تیری بدحالی اور تباہی دیکھ کر مخالفت احکام الٰہی سے ڈریں) اور حقیقت یہ ہے کہ (پھر بھی) بہت سے آدمی ہماری (ایسی ایسی) عبرتوں سے غافل ہیں (اور مخالفت احکام سے نہیں ڈرتے)۔ ف: اس لاش کے بچا لینے کو اور پانی پر تیر آنے کو نجات فرمانا بطور تہکم کے اور اس کے مایوس کر دینے کے ہے کہ ایسی نجات ہوگی جو تیرے لئے زیادہ موجب رسوائی ہو جیسا معارک جنگ میں بعضوں کی لاش یا سر اس لئے محفوظ رکھا جاتا ہے کہ اس کی تشہیر کی جاوے گی اور عموم مفہوم آیت میں یہ بھی منقول ہے کہ بنی اسرائیل کو فرعون کے غرق ہونے میں اس کی غایت عظمت اور ہیبت کی وجہ سے شبہ تھا ان کو بھی یقین آ گیا اور چونکہ یہ ایمان معائنہ آخرت کے وقت تھا مقبول نہیں ہوا جیسا کہ ارشاد ہے: فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا [المؤمن: ۸۵] اور باوجود تیقن عدم قبول کے حضرت جبرئیل علیہ السلام کا فرعون کے منہ میں کیچڑ ٹھونسنا اور یہ کہنا لئلا تدرکہ الرحمۃ۔ جیسا بعض احادیث میں ہے اس کی یہ توجیہ ہے کہ رحمت سے مراد رحمت دنیوی ہے اور حاصل یہ ہے کہ گو یہ تلفظ بوجہ عدم تحقق ایمان شرعی کے آخرت میں تو نافع نہیں لیکن شاید مثل حالت منافقین کے کہ ان کا ایمان آخرت میں نافع نہیں ہوتا مگر دنیا میں حفظ النفس والاموال کے لئے کافی ہوتا ہے اسی طرح شاید ان الفاظ کی بدولت غرق سے بچ جاوے اور اس کا رہنا موجب فساد عالم ہوگا اس لئے منہ بند کرتے تھے کہ پھر یہ الفاظ نہ نکلیں اور ابن جریر وغیرہ سے جو صاحب روح نے اس روایت میں فیغفرلہ کی زیادت نقل کی ہے اس کو بھی مغفرت صوریہ دنیویہ پر محمول کریں گے یعنی جیسے اسلام حقیقی سے ذنوب سابقہ کی حقیقۃً مغفرت ہو جاتی ہے اسی طرح ایمان صوری سے صورۃً عفو ہو جاتا ہے کہ پہلے کفریات کا احکام دنیویہ میں انتقام نہیں لیا جاتا واللہ اعلم اور بعض اکابر سے جو فرعون کے ایمان کی صحت منقول ہے وہ کسی شخص نے ان کی تصنیف میں الحاق کر دیا ہے چنانچہ الیواقیت والجواہر میں اس کی تفصیل موجود ہے۔

ربط: اوپر قصہ موسویہ میں بنی اسرائیل پر انعام عظیم ہونا کہ ان کو کیسے بڑے موذی سے نجات دی بیان فرمایا ہے آگے اپنی بقیہ نعمت کی حکایت اور ان کی معصیت کی شکایت ارشاد ہے۔

حکایت نعمت وورود شکایت معصیت یہود ☆ وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ (الی قولہ تعالی) فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۞ اور ہم نے (غرق فرعون کے بعد) بنی اسرائیل کو بہت اچھا ٹھکانا رہنے کو دیا (کہ اس وقت تو مصر کے مالک ہوگئے اور ان کی اول ہی نسل کو بیت المقدس اور ملک شام عمالقہ پر فتح دے کر عطا

www.besturdubooks.net

فرمایا) اور ہم نے ان کو نفیس چیزیں کھانے کو دیں (مصر میں بھی جنت وعیون تھے اور شام کی نسبت بٰرَکْنَا فِیْهَا [الاعراف: ۱۳۷] آیا ہے) سو (چاہئے تھا کہ ہماری اطاعت میں زیادہ سرگرم رہتے لیکن انہوں نے الٹا دین میں اختلاف کرنا شروع کیا اور غضب یہ کہ) انہوں نے (جہل کی وجہ سے) اختلاف نہیں کیا یہاں تک کہ ان کے پاس (احکام کا) علم پہنچ گیا تھا اور پھر اختلاف کیا (آگے اس اختلاف پر وعید ہے کہ) یقینی بات ہے کہ آپ کا رب ان (اختلاف کرنے والوں) کے درمیان قیامت کے دن ان امور میں فیصلہ (عملی) کرے گا جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے۔ **ف**: مُبوأ صدق کی تفسیر مصر وشام کے ساتھ در منثور میں منقول ہے اور اختلاف کے دو معنی ہو سکتے ہیں ایک باوجود تصدیق نبوت کے اختلاف علی الانبیاءؑ کہ ان کے احکام میں طرح طرح کے حیلے اور حجتیں نکالتے تھے جیسا قصہ بقرہ میں ہوا تھا اور دوسرا بعض انبیاءؑ کی تصدیق نہ کرنا یعنی اختلاف مع الانبیاءؑ جس میں یہود کا ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نہ ماننا بھی داخل ہے اور انعام علی السلف من وجہ انعام علی الخلف ہے اس لئے اس انعام کے محل یہ لوگ بھی ہو سکتے ہیں۔ **ربط**: اوپر یہود کے اختلاف فی الدین کا ذکر تھا چونکہ مشرکین جن سے اس سورت میں گفتگو ہے اس اختلاف میں ان کے مشارک بلکہ ان سے بھی بڑھے ہوئے تھے اس لئے قرآن کی حقانیت سے دین اسلام کی حقانیت کا ایک خاص عنوان سے اثبات فرماتے ہیں۔

حقیقت دین محمدی ﷺ بطرزِ خاص ☆ فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ (الی قولہ تعالی) فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ پھر (اثباتِ حقیقت دین محمدی ﷺ کے واسطے ہم ایک ایسا کافی طریقہ بتلاتے ہیں کہ غیر صاحب وحی کے لئے تو کیسے کافی نہ ہوگا وہ ایسا ہے کہ آپ صاحب وحی ہیں مگر آپ سے بھی اگر اس کا خطاب بطور قضیہ شرطیہ کے کیا جاوے تو ممکن ہے اس طرح سے کہ) اگر (بالفرض) آپ اس (کتاب) کی طرف سے شک (وشبہ) میں ہوں جس کو ہم نے آپ کے پاس بھیجا ہے تو (اس شک کے دفع کا ایک سہل طریقہ یہ بھی ہے کہ) آپ ان لوگوں سے پوچھ دیکھئے جو آپ سے پہلے کی کتابوں کو پڑھتے ہیں (مراد توریت وانجیل ہیں وہ من حیث القراءۃ اس کی پیشین گوئیوں کی بناء پر اس قرآن کے صدق کو بتلادیں گے) بیشک آپ کے پاس آپ کے رب کی طرف سے سچی کتاب آئی ہے آپ ہرگز شک کرنے والوں میں سے نہ ہوں اور نہ (شک کرنے والوں سے بڑھ کر) ان لوگوں میں ہوں جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھلایا کہیں آپ (نعوذ باللہ) تباہ نہ ہو جاویں۔ **ف**: ظاہر میں خطاب آپ کو ہے مگر مقصود خطاب دوسروں کو ہے آپ کو خطاب کرنے میں ایک مبالغہ ہے اس دلیل کی کفایت میں کیونکہ صاحب وحی جو بلا واسطہ تلقی من الله و من الملائكة کرتا ہے جب تلقی من اہل العلم جو تلقی من اللہ کا واسطہ ہے اس کے لئے کافی ہوگی جو تلقی بلا واسطہ کر ہی نہیں سکتا اس کے لئے وہ تلقی بواسطہ بدرجہ اولیٰ کافی ہوگی یہ تو اول خطاب کی توجیہ ہے اور اخیر خطاب فلا تکونن ولا تکونن فتکون میں مبالغہ ہے افتراء وتکذیب کے قابل نہی ہونے میں کیونکہ جس ذات میں اس کا احتمال بھی نہیں جب اس کو روکا جاتا ہے تو جس میں احتمال ہے اس کو تو بدرجہ اولیٰ روکنا چاہئے اور نزول آیت کے وقت آپ نے اپنے مقصود بالخطاب نہ ہونے کو ان لفظوں سے ظاہر فرمادیا لا اشك ولا اسئال اخرجه عبدالرزاق و ابن جرير عن قتادة مرفوعاً مرسلاً كذا فی الدر المنثور۔ اور یہ بات کہ تلقی من اہل العلم صاحب وحی کے لئے کیسے کافی ہو سکتی ہے سو وجہ یہ ہے کہ وہ اہل علم متبوع نہیں بلکہ ناقل ہیں اور اس میں کوئی اشکال نہیں اور یہ بات کہ اہل کتاب تو خود تکذیب کرتے تھے پھر ان سے پوچھنا کیسے بتلادیا گیا اس کا جواب من حیث القراءۃ کے لفظ میں خود تقریر ترجمہ میں موجود ہے یعنی جب وہ اصل مضمون کو پڑھ دیں تو اخفاء نہیں ہو سکتا۔

اللُّغَات: فی الروح بوأ انزل وجاء بوأه منزلا وفی منزل وكذبوا بوات له مكانا والمبوأ اسم مكان واصل الصدق ضد الكذب والعادة انهم اذا مدحوا شيئا اضافوه الى الصدق فالمعنى منزلا صالحا مرضيا۱۲۔

النَّحْو: قوله ببدنك ملابسا ببدنك قوله آمنت انه ای بانه۱۲۔ قوله من قبلك معمول لمحذوف هو صفة للكتب ای الكتب المنزلة من قبلك۱۲۔

البَلَاغَة: اتى فی ايمانه بثلاث عبارات رغبته فی القبول ولم يقل كما قال السحرة برب موسٰی وهارون اظهارا لكمال الاستكانة حيث اتبع من كان يستتبعهم و يستضعفهم۱۲۔

اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۹۶ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ۝۹۷ فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ۭ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ۝۹۸ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ۭ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝۹۹

www.besturdubooks.net

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝۱۰۰ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ۭ وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰۱ فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ
خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝۱۰۲ ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ
الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۰۳ ع ۱۱ ۱۵

یقیناً جن لوگوں کے حق میں آپ کے رب کی (یہ ازلی) بات (کہ ایمان نہ لائیں گے) ثابت ہو چکی ہے وہ (کبھی) ایمان نہ لائیں گے گو ان کے پاس تمام دلائل ثبوت حق کے پہنچ جائیں۔ جب تک کہ عذاب دردناک کو نہ دیکھ لیں (مگر اس وقت ایمان نافع نہیں ہوتا)۔ چنانچہ کوئی بستی ایمان نہ لائی کہ ایمان لانا اس کو نافع ہوتا ہاں مگر یونس علیہ السلام کی قوم جب وہ ایمان لے آئے تو ہم نے رسوائی کے عذاب کو دنیوی زندگی میں ان پر سے ٹال دیا اور ان کو ایک خاص وقت (یعنی وقت موت) تک (خیر و خوبی کے ساتھ) عیش دیا اور اگر آپ کا رب چاہتا تو تمام روئے زمین کے لوگ سب کے سب ایمان لے آتے۔ سو (جب یہ بات ہے تو) کیا آپ لوگوں پر زبردستی کر سکتے ہیں۔ جس میں وہ ایمان ہی لے آئیں۔ حالانکہ کسی شخص کا ایمان لانا بدوں خدا کے حکم (یعنی حقیقت) کے ممکن نہیں اور اللہ تعالیٰ بے عقل لوگوں پر (کفر کی) گندگی واقع کر دیتا ہے آپ کہہ دیجئے کہ تم غور کرو (اور دیکھو) کہ کیا کیا چیزیں ہیں آسمانوں میں اور زمین میں اور جو لوگ (عناداً) ایمان نہیں لاتے' ان کو دلائل اور دھمکیاں کچھ فائدہ نہیں پہنچاتیں (یہ بیان ہوا ان کے عناد کا) سو وہ لوگ (بدلالت حال) صرف ان لوگوں کے واقعات کا انتظار کر رہے ہیں جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ اچھا تو تم (تو اس کے) انتظار میں رہو میں بھی تمہارے ساتھ (اس کے) انتظار میں ہوں۔ پھر ہم (اس عذاب سے) اپنے پیغمبروں کو بچا لیتے ہیں (جس طرح ان مؤمنین کو ہم نے نجات دی تھی) ہم اسی طرح سب ایمان والوں کو نجات دیا کرتے ہیں۔ یہ (سب وعدہ) ہمارے ذمہ ہے۔

تفسیر ربط: اوپر ایمان نہ لانے والوں کا ذکر تھا چونکہ آپ کو طبعاً اس سے رنج پہنچتا تھا اس لئے آگے آپ کی تسلی کے لئے فرماتے ہیں کہ ان کا عدم ایمان مقدر ہو چکا ہے اس لئے اس کے خلاف واقع نہ ہوگا لقولہ تعالیٰ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ البتہ اگر قوم یونس علیہ السلام کی طرح ان کا عدم ایمان مقدر نہ ہو چکتا تو مثل ان کے توفیق ایمان کی ہو جاتی لقولہ تعالیٰ لَمَّآ اٰمَنُوْا اور قوم یونس علیہ السلام کی کیا تخصیص ہے اگر تمام اہل ارض کا ایمان مقدر ہو جاتا تو سب ہی ایمان لے آتے لقولہ تعالیٰ: وَلَوْ شَآءَ پس آپ اس کی فکر چھوڑ دیجئے لقولہ تعالیٰ : اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ ۔

تسلیہ رسول ﷺ بہ بیان دوران ہدایت بر مشیت ☆ اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ (الی قولہ تعالی) وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ یقیناً جن لوگوں کے حق میں آپ کے رب کی (یہ ازلی) بات (کہ ایمان نہ لاویں گے) ثابت ہو چکی ہے وہ (کبھی) ایمان نہ لاویں گے گو ان کے پاس تمام دلائل (ثبوت حق کے) پہنچ جاویں جب تک کہ عذاب دردناک کو نہ دیکھ لیں (مگر اس وقت ایمان نافع نہیں ہوتا) چنانچہ (جتنی بستیوں پر عذاب آ چکا ہے ان میں سے) کوئی بستی ایمان نہ لائی کہ ایمان لانا اس کو نافع ہوتا (کیونکہ ان کے ایمان کے ساتھ مشیت متعلق نہ ہوئی تھی) ہاں مگر یونس (علیہ السلام) کی قوم (کہ ان کے ایمان کے ساتھ مشیت متعلق ہوئی تھی اس لئے وہ عذاب موعود کے آثار ابتدائیہ کو دیکھ کر ایمان لے آئے اور) جب وہ ایمان لے آئے تو ہم نے رسوائی کے عذاب کو دنیوی زندگی میں ان پر سے ٹال دیا اور ان کو ایک وقت خاص (یعنی وقت موت) تک (خیر و خوبی کے ساتھ) عیش دیا (پس اور قریوں کا ایمان نہ لانا اور قوم یونس علیہ السلام کا ایمان لانا دونوں مشیت سے ہوئے) اور (ان اقوام و قریٰ کی کیا تخصیص ہے) اگر آپ کا رب چاہتا تو تمام روئے زمین کے لوگ سب کے سب ایمان لے آتے (مگر بعض حکمتوں کی وجہ سے یہ نہ چاہا اس لئے سب ایمان نہیں لائے) سو (جب یہ بات ہے تو) کیا آپ لوگوں پر زبردستی کر سکتے ہیں جس میں وہ ایمان ہی لے آویں حالانکہ کسی شخص کا ایمان لانا بدون خدا کے حکم (یعنی مشیت) کے ممکن نہیں اور اللہ تعالیٰ بے عقل لوگوں پر (کفر کی) گندگی واقع کر دیتا ہے (یعنی وہ تعلق مشیت بسبب ان کے جہل بسیط یا مرکب کے ہوتا ہے گو اس کا سلسلہ بھی مشیت و حکمت تک پہنچتا ہے) ف: مَتَّعْنٰهُمْ کے ترجمہ میں جو خیر و خوبی کی قید لگائی دلیل اس کی اول سورۂ ہود کی آیت ہے : يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى اور حقیقت اس کی یہ ہے جو حاصل ہے اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً کا اور وہ خصائص مؤمنین سے ہے پس یہ شبہ نہ رہا کہ تمتیع تو کفار کے لئے بھی عام ہے پھر اس کا ایمان پر مرتب ہونا کیا معنے اور خلاصہ قصہ قوم یونس علیہ السلام کا یہ ہے کہ ان کے ایمان نہ لانے پر حسب وحی الٰہی یونس علیہ السلام نے ان کو عذاب کی خبر دی اور خود چلے گئے جب وقت موعود پر عذاب کے آثار شروع ہوئے تو تمام قوم نے حق تعالیٰ کے روبرو گریہ و زاری شروع کی اور ایمان لے آئے وہ عذاب ٹل گیا اور ان آثار سے نزول عذاب ظناً یا بدون معاینہ ملائکہ وانکشاف آخرت کے معلوم ہوا تھا اس لئے: لَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا [المؤمن : ۸۵] کے منافی نہیں اور یہ سہل ہے اور بعض نے اس عموم

www.besturdubooks.net

سے اس واقعہ کو مخصوص و مستثنیٰ کہا ہے اور فی الحیٰوۃ الدنیا تخصیص کے لئے نہیں بلکہ بیان ہے واقعہ کا اور ایمان کا نافع آخرت ہونا یقینی ہے۔

ربط : اوپر مضمون تسلیہ سے پہلے ایمان نہ لانے والوں کا بیان تھا آگے باوجود عناد کے ان کا محل تکلیف رہنا یعنی یاس کی وجہ سے ان کا دائرہ امر و نہی سے خارج نہ ہو جانا اور اس عناد پر ان کا مستحق تعذیب ہونا مذکور ہے۔

مکلف و معذب شدن معاندین ☆ قُلِ انْظُرُوْا (الی قولہ تعالی) حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ آپ کہہ دیجئے کہ تم غور کرو (اور دیکھو) کہ کیا کیا چیزیں ہیں آسمانوں میں اور زمین میں (آسمانوں میں ستارے وغیرہ اور زمین میں بے انتہا مخلوق نظر آتی ہے یعنی ان میں غور کرنے سے توحید کی دلیل عقلی حاصل ہوگی یہ بیان ہوا ان کے مکلف ہونے کا) اور جو لوگ (عناداً) ایمان نہیں لاتے ان کو دلائل اور دھمکیاں کچھ فائدہ نہیں پہنچاتے (یہ بیان ہوا کہ ان کے عناد کا) سو (ان کی اس حالت عناد سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ) وہ لوگ (بدلالت حال) صرف ان لوگوں کے سے واقعات کا انتظار کر رہے ہیں جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں (یعنی باوجود دلائل اور وعیدوں کے جو ایمان نہیں لاتے تو ان کی حالت اس شخص کے مشابہ ہے جو ایسے عذاب کا منتظر ہو جو کہ پہلی قوموں پر آیا تھا سو) آپ فرما دیجئے کہ اچھا تو تم (اس کے) انتظار میں رہو میں بھی تمہارے ساتھ اس کے انتظار کرنے والوں میں ہوں (جن گزشتہ قوموں کا اوپر ذکر تھا ہم ان پر تو عذاب واقع کرتے تھے) پھر ہم (اس عذاب سے) اپنے پیغمبروں کو ایمان والوں کو بچا لیتے تھے (جس طرح ان مؤمنین کو ہم نے نجات دی تھی) ہم اسی طرح سب ایمان والوں کو نجات دیا کرتے ہیں یہ (حسب وعدہ) ہمارے ذمہ ہے (پس اسی طرح اگر ان کفار پر کوئی افتاد پڑی تو مسلمان اس سے محفوظ رہیں گے خواہ دنیا میں خواہ آخرت میں) **ف** : اخروی عذاب سے تو مؤمنین کا بچنا ظاہر ہے اور پہلے عذابوں میں دنیوی عذاب سے بچنا ظاہر ہے اور امت کے کفار کے عذاب سے کہ قتل وغیرہ سے مسلمانوں کا بچنا بایں معنی ہے کہ وہ واقعہ ان پر من حیث العذاب نہیں آتا۔

ترجمہ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ : وَلَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ۔ اس میں دلالت ہے اس پر کہ یہ امر ممکن ہے کہ مرید پر کوئی ایسا فیض ہو جس کی خبر شیخ کو نہ ہو جیسا حضرت یونس علیہ السلام کو ان کے قبول ایمان کی اطلاع نہ ہوئی گو وہ فیض شیخ ہی کہ برکت سے ہو جیسا ان کا ایمان حضرت یونس علیہ السلام ہی کی برکات سے تھا ۱۲ قولہ تعالیٰ : اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ [یونس : ۹۹] اس میں دلالت ہے کہ بعد تبلیغ کے درپے ہونے کی ضرورت نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ : قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ [یونس : ۱۰۱] اس پر دلیل ہے کہ خلق پر نظر کرنا حق کے لئے نظر الی الحق کے منافی نہیں ۱۲)

ملحقات الترجمۃ : ۱؎ قولہ فلو لا چنانچہ...... ایمان نہ لائے اشارۃ الی امرین کون الفاء للترتیب الذی قد یستعمل فیہ فی لساننا لفظۃ چنانچہ والثانی کون لو لا بمعنی النفی مجازاً لانہ لازم لمعنی التحضیض لان المقام لیس للتحضیض ولا للتوبیخ لانہ مضوا ونقل کونہ للنفی ھھنا فی الدر عن ابی مالک و مجاھد و قتادۃ وابن عباسؓ یحتمل ان یکون اولا علی ظاھرہ ویلزمہ النفی الذی ھو حاصل المعنی الاول ۱۲۔ ۲؎ قولہ فی الاقوم ہاں مگر اشارۃ الی ان الاستثناء منقطع وقولہ لما آمنوا استیناف وانما حملناہ علی الانقطاع لان عدم ایمانھم بعد الباس وایمانھم قبل الباس ۱۲۔ ۳؎ قولہ فی النذر دھمکیاں اشارۃ الی کونہ جمع نذیر بمعنی الانذار ۱۲۔ ۴؎ قولہ فی تغنی کچھ اشارۃ الی تقدیر مفعول تغنی شیئا ۱۲۔ ۵؎ قولہ فی ینتظرون بدلالت حال اشارۃ الی حمل الانتظار علی المجاز ۱۲۔ ۶؎ قولہ فی ایام واقعات کقولھم ایام العرب ۱۲۔ ۷؎ قولہ فی ثم ننجی جن گزشتہ اشارۃ الی تقدیر جملۃ دل علیھا قولہ ایام الذین خلوا من قبلھم ای کنا نھلک الامم ثم ننجی وما بینھما اعتراض ۱۲۔

البلاغۃ : لعل ایراد ثم لبقاء اثر النجاۃ من الحیٰوۃ والعمر بعد ھلاکھم ایضا ۱۲۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ
يَتَوَفّٰىكُمْ ۚۖ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۵﴾
وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ
بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۭ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ
الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ

www.besturdubooks.net

ع ۱۶/۱۱ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۸﴾ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾

آپ کہہ دیجئے کہ اے لوگو! اگر تم میرے دین کی طرف سے شک (اور تردد) میں ہو تو میں ان معبودوں کی عبادت نہیں کرتا جن کی تم خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو لیکن ہاں اس معبود کی عبادت کرتا ہوں جو تمہاری جان قبض کرتا ہے اور مجھ کو (منجانب اللہ) یہ حکم ہوا ہے کہ میں ایمان لانے والوں میں سے ہوں اور یہ کہ اپنے آپ کو اس دین (مذکور توحید خالص) کی طرف اس طرح متوجہ رکھنا کہ اور سب طریقوں سے علیحدہ ہو جاؤ اور (مجھ کو یہ حکم ہوا ہے کہ) کبھی مشرک مت بنا اور (یہ حکم ہوا ہے کہ) خدا (کی توحید) کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت مت کرنا کہ جو تجھ کو نہ (عبادت کرنے کی حالت میں) کوئی نفع پہنچا سکے اور نہ (ترک عبادت کی حالت میں) کوئی ضرر پہنچا سکے۔ پھر اگر (بالفرض) ایسا کیا (یعنی غیر خدا کی عبادت کی) تو تم اس حالت میں (اللہ کا) حق ضائع کرنے والوں میں سے ہو جاؤ گے اور (مجھ سے کہا گیا ہے کہ) اگر تم کو اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف پہنچادے تو بجز اس کے اور کوئی اس کا دور کرنے والا نہیں ہے اور اگر وہ تم کو کوئی راحت پہنچانا چاہے تو اس کے فضل کا کوئی ہٹانے والا نہیں (بلکہ) وہ اپنا فضل اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے مبذول فرمائیں اور وہ بڑی مغفرت بڑی رحمت والے ہیں آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ اے لوگو تمہارے پاس (دین) حق تمہارے رب کی طرف سے (بدلیل) پہنچ چکا ہے۔ سو (اس کے پہنچ جانے کے بعد) جو شخص راہ راست پر آ جائے گا سو وہ اپنے (نفع کے) واسطے راہ راست پر آئیگا اور جو شخص اب بھی بے راہ رہے گا تو اسکا بے راہ ہونا (یعنی اس کا وبال بھی) اسی پر پڑے گا اور میں تم پر (کچھ بطور ذمہ داری کے) مسلط نہیں کیا گیا اور آپ اس کا اتباع کرتے رہئے جو کچھ آپ کے پاس وحی بھیجی جاتی ہے اور انکے کفر (وایذا پر) صبر کیجئے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ (انکا) فیصلہ کردینگے اور وہ سب فیصلہ کرنے والوں میں اچھا (فیصلہ کرنے والا) ہے۔

تفسیر: ربط: اوپر کفار کی تکذیب بالاسلام کا بیان تھا آگے دین اسلام کی حقیقت کا رکن اعظم کہ توحید ہے مذکور ہے تا کہ اس حقیقت میں غور کر کے اس کی حقیت کا علم ہو سکے۔

بیان توحید رکن اعظم اسلام ☆ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ (الی قولہ تعالی) وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ﴿﴾ آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ اے لوگو اگر تم میرے دین کی طرف سے شک (اور تردد) میں ہو تو (میں تم کو اس کی حقیقت بتلاتا ہوں وہ یہ ہے کہ) میں ان معبودوں کی عبادت نہیں کرتا جن کی تم خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو لیکن ہاں اس معبود کی عبادت کرتا ہوں جو تمہاری جان قبض کرتا ہے اور مجھ کو (منجانب اللہ) یہ حکم ہوا ہے کہ میں (ایسے معبود پر) ایمان لانے والوں میں سے ہوں اور (مجھ کو) یہ حکم ہوا ہے کہ اپنے آپ کو اس دین (مذکور توحید خالص) کی طرف اس طرح متوجہ رکھنا کہ اور سب طریقوں سے علیحدہ ہو جاؤ اور (مجھ کو یہ حکم ہوا ہے کہ) کبھی مشرک مت بنا اور (یہ حکم ہوا ہے کہ) خدا (کی توحید) کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت مت کرنا کہ جو تجھ کو نہ (عبادت کرنے کی حالت میں) کوئی نفع پہنچا سکے اور نہ (ترک عبادت کی حالت میں) کوئی ضرر پہنچا سکے پھر اگر (بالفرض) ایسا کیا (یعنی غیر اللہ کی عبادت کی) تو تم اس حالت میں (اللہ کا) حق ضائع کرنے والوں میں سے ہو جاؤ گے اور (مجھ سے یہ کہا گیا ہے کہ) اگر تم کو اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف پہنچاوے تو بجز اس کے اور کوئی اس کا دور کرنے والا نہیں ہے اور اگر وہ تم کو کوئی راحت پہنچانا چاہئے تو اس کے فضل کا کوئی ہٹانے والا نہیں (بلکہ) وہ اپنا فضل اپنے بندوں میں سے جس پر چاہیں مبذول فرماویں اور وہ بڑی مغفرت بڑی رحمت والے ہیں (اور فضل کے تمام افراد مغفرت اور رحمت میں داخل ہیں اور وہ مغفرت اور رحمت عظیمہ کے ساتھ موصوف ہیں پس لا محالہ صاحب فضل بھی ہیں۔ ف: خلاصہ یہ کہ میرا دین تو یہ ہے کہ جس میں کسی کو شک نہ ہونا چاہئے اور کفار باوجودیکہ منکر تھے پھر شک کیوں فرمایا اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ اس دین میں تو شک بھی نہ ہونا چاہئے چہ جائے کہ انکار و تکذیب۔

ربط: اوپر دین اسلام کی حقیقت ظاہر کی گئی ہے آگے اس اظہار کا موجب اتمام حجت ہونا مذکور ہے۔

اقامت حجت بعد اتمام دعوت ☆ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ (الی قولہ تعالی) وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ﴿﴾ آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ اے لوگو تمہارے پاس (دین) حق تمہارے رب کی طرف سے (بدلیل) پہنچ چکا ہے سو (اس کے پہنچ جانے کے بعد) جو شخص راہ راست پر آ جاوے گا سو وہ اپنے (نفع کے) واسطے راہ راست پر آوے گا اور جو شخص (اب بھی) بے راہ رہے گا تو اس کا بے راہ ہونا (یعنی اس کا وبال بھی) اسی پر پڑے گا اور میں تم پر (کچھ بطور ذمہ داری کے) مسلط نہیں کیا گیا (کہ تمہاری بے راہی کی باز پرس مجھ سے ہونے لگے تو میرا کیا نقصان ہے)۔

ربط: اوپر اقامت حجت و اتمام دعوت کا مضمون تھا چونکہ اس کے بعد بھی بعضے منکر رہے جو آپ کو رنج دہ تھا اس لئے آگے تسلی پر سورت کو ختم فرماتے ہیں جیسے کئی آیت پہلے بھی مضمون تسلی کا آیا ہے۔

www.besturdubooks.net

تسلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ☆ وَاتَّبِعْ مَا يُوحٰى (الی قولہ تعالیٰ) وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۞ اور آپ اس کا اتباع کرتے رہیے جو کچھ آپ کے پاس وحی بھیجی جاتی ہے (اس میں سب اعمال کے ساتھ تبلیغ بھی آ گئی) اور (ان کی کفر و ایذاء پر) صبر کیجئے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ (ان کا) فیصلہ کر دیں گے (خواہ دنیا میں ہلاکت کے ساتھ خواہ آخرت میں عذاب کے ساتھ مطلب یہ کہ آپ اپنے ذاتی اور منصبی کام میں لگے رہیے ان کی فکر نہ کیجئے) اور وہ سب فیصلہ کرنے والوں میں اچھا (فیصلہ کرنے والا) ہے۔ **ف**: ایسی گفتگو اور اسی طرح اس کے قبل کی آیت والی گفتگو عادۃً مخاطبات و مناظرات کے بالکل اخیر میں ہوا کرتی ہے پس اس پر سورت کا ختم کرنا نہایت لطیف حسن ختام ہے۔

وقد تم بحمد الله تعالىٰ تفسير سوة يونس في التاسع والعشرين مع ربيع الثاني ١٣٢٤ھ من الهجرة صلى الله تعالىٰ على صاحبها بعد كل ذرة الف الف مرة۔

مُلحَقَاتُ التَّرجَمَۃ: ۱؎ **قوله في فلا اعبد بتلاتا ہوں اشارة الى ان الجزاء مقدر اى فاخبركم ۱۲۔**

اللُّغَاتُ: قوله بوكيل اى بحفيظ موكول الى امركم ۱۲۔

النَّحْوُ: قوله وان اقم ان مصدرية وتدخل على الامر كذا في الروح عن سيبويه اه وكذلك تدخل على النهى ايضًا كما في النيسابورى عن الزمخشرى عن سيبويه ۱۲۔

البَلاغَۃ: قوله يتوفكم تخصيص التوفى للتخويف قوله يمسسك ويردك ذكر المس في الشر والارادة في الخير لعله اشارة الى ان مس الضر مع كونه مرادا لما وقع بالذنوب فكانه لم ينسب الى الارادة بخلاف الخير فانه محض الرحمة ومنسوب الى الارادة المحضة وكذا قوله في الاول فلا كاشف له الا هو وفي الثاني فلا راد لفضله بدون الاستثناء اشارة الى ان الاصل في الشر الكشف وفي الخير عدم الزوال وهذا كله مقتضى الرحمة ۱۲۔ التعبير في الآية الاولى بالمجئ وفي هذه بالوحى تنبيه على ما بين المرتبتين من التفاوت ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ هُودٍ

سُوْرَةُ هُودٍ المکیۃ ۵۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیاتہا ۱۲۳ | رکوعاتہا ۱۰

سورۂ ہود مکہ میں نازل ہوئی　شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں　اور اس کی ایک سوتیئس آیتیں اور دس رکوع ہیں

الٓرٰ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۝۱ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ

وَّبَشِيْرٌ ۝۲ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ۭ

وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۝۳ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۴ اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ

صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ۭ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۵

وَمَا مِنْ دَاۗبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَي اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَــقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ۭ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝۶

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَي الْمَاۗءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ

الٓرٰ (کے معنی تو اللہ کو معلوم) یہ (قرآن) ایک ایسی کتاب ہے کہ اس کی آیتیں (دلائل سے) محکم کی گئی ہیں۔ پھر (اس کے ساتھ) صاف صاف (بھی) بیان کی گئی ہیں (وہ کتاب ایسی ہے کہ) ایک حکیم باخبر (یعنی اللہ تعالیٰ) کی طرف سے یہ (ہے) کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت مت کرو میں تم کو اللہ کی طرف سے (ایمان نہ لانے پر عذاب سے) ڈرانے والا اور (ایمان لانے پر ثواب کی) بشارت دینے والا ہوں اور یہ (بھی) ہے کہ تم لوگ اپنے گناہ (شرک وکفر وغیرہ) اپنے رب سے معاف کراؤ پھر (ایمان لاکر) اللہ کی طرف (عبادت سے) متوجہ رہو وہ تم کو وقت مقرر (یعنی وقت موت) تک دنیا میں خوش عیشی دے گا اور (آخرت میں) ہر زیادہ عمل کرنے والے کو زیادہ ثواب دے گا اور اگر (ایمان لانے سے) تم لوگ اعراض (ہی) کرتے رہے تو مجھ کو (اس صورت میں) تمہارے لئے ایک بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ ہے تم (سب) کو اللہ ہی کے پاس جانا ہے اور وہ ہر شے پر پوری قدرت رکھتا ہے۔ یاد رکھو وہ لوگ دوہرا کئے دیتے ہیں اپنے سینوں کو (اور اوپر سے کپڑا لپیٹ لیتے ہیں) تا کہ اپنی باتیں خدا سے چھپا سکیں۔ یاد رکھو کہ وہ لوگ جس وقت (دوہرے ہوکر) اپنے کپڑے (اپنے اوپر) لپیٹ لیتے ہیں وہ اس وقت بھی سب جانتا ہے جو کچھ چپکے چپکے باتیں کرتے ہیں اور جو کچھ وہ باتیں ظاہر کرتے ہیں (کیونکہ) بالیقین وہ (تو) دلوں کے اندر کی باتیں جانتا ہے اور کوئی (رزق کھانے والا) جاندار روئے زمین پر چلنے والا ایسا نہیں کہ اس کی روزی اللہ کے ذمہ نہ ہو اور وہ ہر ایک کی زیادہ رہنے کی جگہ کو اور چند روزہ رکھنے کی جگہ کو جانتا ہے۔ سب چیزیں کتاب مبین (یعنی لوح محفوظ) میں (بھی منضبط اور مندرج) ہیں اور وہ (اللہ) ایسا ہے کہ سب آسمان اور زمین کو چھ دن (کی مقدار) میں پیدا کیا اور اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا تا کہ تم کو آزمادے کہ (دیکھیں) تم میں اچھا عمل کرنے والا کون ہے ۝

تفسیر: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سورة هود مكية. الا قوله تعالى واقم الصلوة الأية عند قتادة كذا في روح المعاني۔ اس سورت کے مضامین کا خلاصہ یہ ہے کہ اول اس میں رسالت اور توحید کا ذکر ہے اور اس کے ضمن میں ایمان پر خیر دارین کا وعدہ اور اعراض پر عذاب کی وعید اور اس کی مناسبت سے بعث کا ذکر اور نزولِ عذاب کے بارہ میں ان کا منشاء اشتباہ کہ تاخیر عذاب ہے اور انسان کی ایک اکثری جبلی خصلت سے اس اشتباہ کی تقریر وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ الخ میں پھر ان کے انکار رسالت پر آپ کی دل تنگی پر تسلی پھر قرآن پر جو وہ شبہ کرتے تھے اس کا جواب پھر استحقاق عذاب کے متعلق ان کے ایک زعم باطل کا ابطال پھر

www.besturdubooks.net

مؤمنین کی فضیلت اور کفار کی بدانجامی پھر دونوں کے تفاوت کی ایک مثال پھر ان سب مضامین کی تقریر و تائید کے لئے چند قصص جن سے توحید و رسالت و وقوع وعید اور مؤمنین کی فلاح اور منکرین کا خسارہ سب ثابت ہوتا ہے اور پھر قصص کے بعد ان پر وعید کی تفریع اور اس قیامت کی جزا و سزا اور وعید میں سب مشرکین کا اشتراک پھر منکرین کے خلاف کا پہلے سے چلا آنا آپ کی تسلی کے لئے اور اس کے ضمن میں تاخیر عذاب کی حکمت جس کا ذکر اول سورت میں ان کی منشاء اشتباہ کی تقریر میں آیا تھا اور پھر اس عذاب کا اپنے وقت پر واقع ہونا اور پھر ان کفار سے اعراض کر کے اہل ایمان کو اپنے کام میں لگے رہنے کا حکم بالخصوص استقامت و قطع موالاۃ کفار و اقامت صلوٰۃ و صبر کا پھر عبرت کے واسطے امم سابقہ مہلکہ کا اجمالی حال نکال اور اس کو ظاہری سبب یعنی اجرام اور حقیقی سبب یعنی مشیت و حکمت اور ذکر قصص کی بعض حکمتیں اور پھر کفار سے آخری کلام کہ اگر نہیں مانتے تو جس حال میں چاہو رہو خود نتیجہ دیکھ لو گے اور اس کی تقریر کے لئے اللہ تعالیٰ کا عالم الغیب و مرجع کل امور اور ان کے اعمال پر مطلع ہونا اور اس کے ضمن میں عبادت اور توکل کا وجوب کہ مناسب مقام ہے یہ سب مضامین نہایت ترتیب و تہذیب کے ساتھ مذکور ہیں اور ان کا باہمی تناسب اور سورت سابقہ کے مضامین سے تقارب ظاہر ہے بالخصوص سورت ہذا کا آغاز اور سورت سابقہ کا انجام تو ہمہ تن متحد ہے کہ دونوں میں توحید و رسالت کا اثبات ہے واللہ اعلم وعلمہ اتم و احکم۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اول قرآن کا منزل من اللہ ہونا اور اس کا توحید پر مشتمل ہونا اور آپ کا بشیر و نذیر یعنی رسول ہونا تو بہ و استغفار یعنی ایمان کا حکم اور اس پر بشارت اور پھر توحید کے اثبات کے لئے علم و قدرت و ترزیق و تخلیق و حکمت تخلیق کا آیت: وَهُوَ الَّذِيۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ فِيۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ تک بیان ہے۔

توحید و رسالت و متعلقات آں ☆ الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحۡكِمَتۡ اٰيٰتُهٗ (الی قولہ تعالی) كَانَ عَرۡشُهٗ عَلَى الۡمَآءِ لِيَبۡلُوَكُمۡ اَيُّكُمۡ اَحۡسَنُ عَمَلًا ۔ الٓرٰ (کے معنی تو اللہ کو معلوم) یہ (قرآن) ایک ایسی کتاب ہے کہ اس کی آیتیں (دلائل سے) محکم کی گئی ہیں پھر (اس کے ساتھ) صاف صاف (بھی) بیان کی گئی ہیں (اور وہ کتاب ایسی ہے کہ) ایک حکیم باخبر (یعنی اللہ تعالیٰ) کی طرف سے (آئی ہے جس کا بڑا مقصد) یہ (ہے) کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت مت کرو میں تم کو اللہ کی طرف (سے ایمان نہ لانے پر عذاب سے) ڈرانے والا اور (ایمان لانے پر ثواب کی) بشارت دینے والا ہوں اور (اس کتاب کے مقاصد میں سے) یہ (بھی ہے) کہ تم لوگ اپنے گناہ (شرک و کفر وغیرہ) اپنے رب سے معاف کراؤ (یعنی ایمان لاؤ اور) پھر ایمان لا کر اس کی طرف (عبادت سے) متوجہ رہو (یعنی عمل صالح کرو پس ایمان و عمل صالح کی برکت سے) وہ تم کو وقت مقررہ (یعنی وقت موت) تک (دنیا میں) خوش عیشی دے گا اور (آخرت میں) ہر زیادہ عمل کرنے والے کو زیادہ ثواب دے گا (یہ کہنا بھی بمنزلہ بشیر کہنے کے ہے) اور اگر (ایمان لانے سے) تم لوگ اعراض (ہی) کرتے رہے تو مجھ کو (اس صورت میں) تمہارے لئے ایک بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ ہے (یہ کہنا بمنزلہ نذیر کہنے کے ہے اور عذاب کو مستبعد مت سمجھو کیونکہ) تم (سب) کو اللہ ہی کے پاس جانا ہے اور وہ ہر شئے پر پوری قدرت رکھتا ہے (پھر استبعاد کی کوئی وجہ نہیں البتہ اگر وہاں تمہاری حاضری نہ ہوتی یا نعوذ باللہ اس کو قدرت نہ ہوتی تو عذاب واقع نہ ہوتا پس ایسی حالت میں ایمان اور توحید سے اعراض نہ چاہئے اور اثبات قدرت کا تعلق توحید سے بھی ہے آگے علم کا اثبات ہے کہ اس کو بھی وقوع جزا اور توحید دونوں سے تعلق ہے چنانچہ ارشاد ہے کہ) یاد رکھو وہ لوگ دوہرا کئے دیتے ہیں اپنے سینوں کو (اور اوپر سے کپڑا لپیٹ لیتے ہیں) تاکہ اپنی باتیں خدا سے چھپا سکیں (یعنی اسلام اور مسلمانوں کے خلاف میں جو باتیں کرتے ہیں تو اس ہیئت سے کرتے ہیں تاکہ کسی کو خبر نہ ہو جاوے اور جس کو اعتقاد ہو گا کہ خدا کو ضرور خبر ہوتی ہے اور آپ کا صاحب وحی ہونا دلائل سے ثابت ہے پس وہ اخفاء کی یہ تدبیر کبھی نہ کرے گا پس یہ تدبیر کرنا گویا بدلالت حال اللہ سے پوشیدہ رہنے کی کوشش کرنا ہے سو) یاد رکھو کہ وہ لوگ جس وقت (دوہرے ہو کر) اپنے کپڑے (اپنے اوپر) لپیٹتے ہیں وہ اس وقت بھی سب جانتا ہے جو کچھ چپکے چپکے باتیں کرتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر باتیں کرتے ہیں (کیونکہ) بالیقین وہ (تو) دلوں کے اندر کی باتیں جانتا ہے (تو زبان سے کہی ہوئی تو کیوں نہ جانے گا آگے توحید کے متعلق ترزیق کا بیان ہے جس سے مسئلہ علم کی بھی تائید ہوتی ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے) اور کوئی (رزق کھانے والا) جاندار روئے زمین پر چلنے والا ایسا نہیں کہ اس کی روزی اللہ کے ذمے نہ ہو (اور رزق رسانی کے لئے علم کی ضرورت ہوتی ہے سو) وہ ہر ایک کی زیادہ رہنے کی جگہ کو اور چند روزہ رہنے کی جگہ کو جانتا ہے (اور ہر ایک کو وہاں ہی رزق پہنچاتا ہے اور گو سب چیزیں علم الٰہی میں تو ہیں مگر اس کے ساتھ ہی) سب چیزیں کتاب مبین (یعنی لوح محفوظ) میں (منضبط و مندرج) ہیں (غرض واقعات ہر طرح محفوظ ہیں آگے تخلیق کا مع اس کی بعض حکمتوں کے بیان ہے جس سے مسئلہ بعث کی بھی جو کہ آگے مذکور ہے تائید ہوتی ہے کیونکہ خلق ابتدائی دلیل ہے خلق مکرر پر قادر ہونے کی چنانچہ ارشاد ہے) اور وہ (اللہ) ایسا ہے کہ سب آسمان اور زمین کو چھ دن (کی مقدار) میں پیدا کیا اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا (کہ یہ دونوں چیزیں پہلے سے پیدا ہو چکی تھی اور یہ پیدا کرنا اس لئے ہے) تاکہ تم کو آزماوے کہ (دیکھیں) تم میں اچھا عمل کرنے والا کون ہے (مطلب یہ کہ زمین و آسمان کو پیدا کیا تمہارے حوائج و منافع اس میں پیدا کئے تاکہ تم ان کو دیکھ کر توحید پر استدلال کرو اور ان سے منتفع ہو کر منعم کا شکر اور خدمت کہ عبادت ہے عمل صالح سے بجا لاؤ سو بعض نے ایسا کیا بعض نے نہ کیا) **ف**: استخفاء کی تفسیر شاہ عبدالقادر صاحب سے نقل کی گئی ہے در منثور میں مجاہد سے منہ کی تفسیر

www.besturdubooks.net

من الله ان استطاعوا اورابی رزین سے یَثْنُوْنَ اور یَسْتَغْشُوْنَ کی تفسیر کان احدھم یجنی ظھرہ ویستغشی بثوبہ اس کی مؤید ہے اور بات کرنے کی قید منقول نظر سے نہیں گزری لیکن یسرون اس کا قرینہ ہے جس کا مفعول دوسری آیت میں مصرح ہے : وَاَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ الخ جس کا جواب مثل يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ الخ کے وہاں ارشاد ہوا ہے: ربی یعلم القول فی السماء والارض الخ اور مستقر اور مستودع بتفسیر مذکور جو کہ مشہور تر ہے گو سب دواب کو عام نہیں لیکن ذوات مستقر و مستودع کے ساتھ تعلق علم بدرجہ اولیٰ غیر ذوات مستقر و مستودع کے ساتھ تعلق علم پر دال ہے کیونکہ ان کا وجود اظہر ہے اور ظاہر ہے کہ مستتر کا علم مظہر کے علم کو بالاولیٰ مستلزم ہے پس اس اعتبار سے تعلق علمی کا عموم مدلول کلام ہو گیا والله تعالىٰ اعلم اور دابۃ میں مرزوق کی قید اس لئے لگائی کہ بعضے بے کھائے پیئے مرجاتے ہیں پس اس قید کے بعد یہ شبہ نہ رہا کہ ایسوں کو کہاں رزق پہنچتا ہے اور خوش عیشی سے مراد وہ ہے جس کو اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً اور لَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً میں ذکر فرمایا ہے اور يُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ کا ترتب ایمان پر اس وجہ سے ہے کہ بدون ایمان کے اعمال مقبول نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا مراد اس سے حَيٰوةً طَيِّبَةً ہے جو ایسے شخص کے لئے مخصوص ہے جو ایمان اور عمل صالح کے ساتھ موصوف ہو اور روح میں ہے کہ مراد اس سے امن و راحت کی زندگی ہے اور یہ حدیث الدنیا سجن المؤمن اور حدیث اشد الناس بلاءً الامثل فالامثل کے منافی نہیں کیونکہ امن سے مراد من غیر اللہ ہے اور راحت سے مراد حق تعالیٰ پر نظر رکھنے اور اس کا قرب حاصل کرنے سے خوش عیشی ہونا ہے ایسا شخص مشقت کو نعمت سمجھتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا اس میں ترغیب عظیم ہے توکل فی الرزق کی اور روح میں ہے کہ اگر اسباب کو اس اعتقاد کے ساتھ اختیار کرے کہ اللہ تعالیٰ مسبب ہے اور یہ اعتقاد نہ ہو کہ بدون اسباب کے رزق حاصل نہیں ہوتا تو یہ توکل کے منافی نہیں خلاصہ یہ ہے کہ وثوق اور ربط قلب حق تعالیٰ کے ساتھ ہونا چاہئے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ثم فصلت پھر اس کے ساتھ اشار بهذا الى ان التراخي للترقی لان الواقع فی الاكثر ان الكلام المحكم بالدلائل يكون مغلق وهذا الكتاب ليس كذلك ۱۲۔ ۲ قوله فی من لدن اور وہ کتاب اشار الى به كونه صفة ثانية لكتاب ۱۲۔ ۳ قوله فی الا تعبدوا جس کا بڑا مقصد اشار بذلك الى امرين الاول ان مفسرة لما فی التفصيل من معنى القول والثانی ان وجه تخصيص بعض ما فيه بالذكر للاهتمام ۱۲۔ ۴ قوله فی یثنون اور اوپر سے الخ القرينة عليه قوله الا حين يستغشون وكذا قوله فی يستغشون دوہرے ہو کر الخ القرينة عليه قوله يثنون فالوافع منهم فعلان ذكر احدهما فی مقام والاخر فی آخر ۱۲۔ ۵ قوله فی ليستخفوا بدلالت حال لان الظاهر انهم لم يعتقدوا ذلك ۱۲۔ ۶ قوله فی يعلم بھی اشار به الى ان تقييد العلم بهذا الحين ليس للتخصيص بل للدلالة على غيره بالاولى ۱۲۔ ۷ قوله فی و كان اس وقت اشار به الى كونه حالا ۱۲۔

الروایات: ذكر بعضها فی المتن وهو اوفق بالمقام وما فی البخاری من خردلها (ای قوله الا انهم يثنون الآية) فيمن كان يستحيی ان يتخلی او يجامع فيفضی الى السماء فيشكل ظاهره لانه كان ظاهرا للاستحياء لا للاستخطاء الا ان يحمل على الجهل فی الاعتقاد من الكفار او المبالغة التجاوزة عن حد الشرع فی ذلك من بعض المؤمنين كما هو عادة المتشددين ۱۲۔

اللغات: متاعا تمنيعا ۱۲۔

وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَلَئِنْ اَخَّرْنَا
عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ۭ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا
ع كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۸ وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَـُٔوْسٌ كَفُوْرٌ ۝۹ وَلَئِنْ
اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ۭ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۝۱۰ اِلَّا الَّذِيْنَ
صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝۱۱

اور اگر آپ (لوگوں سے) کہتے ہیں کہ یقیناً تم لوگ مرنے کے بعد (قیامت کے دن دوبارہ) زندہ کئے جاؤ گے تو (ان میں) جو لوگ کافر ہیں قرآن کی نسبت جس میں

www.besturdubooks.net

بعث کی خبر ہے کہتے ہیں کہ یہ تو نرا جادو ہے اور اگر تھوڑے دنوں تک (مراد نبوی زندگی ہے) ہم ان سے عذاب (موجود) کو ملتوی رکھتے ہیں (کہ اس میں حکمتیں ہیں) تو بطور انکار و استہزاء کے کہنے لگتے ہیں کہ اس عذاب کو کونسی چیز روک رہی ہے یاد رکھو جس دن (وقت موجود) وہ عذاب ان پر آ پڑے گا تو پھر کسی کے ٹالے نہ ٹلے گا اور جس (عذاب) کے ساتھ یہ استہزاء کر رہے تھے وہ ان کو آ گھیرے گا اور اگر ہم انسان کو اپنی مہربانی کا مزہ چکھا کر اس سے چھین لیتے ہیں تو وہ ناامید اور ناشکر ہو جاتا ہے اور اگر اس کو کسی تکلیف کے بعد جو کہ اس پر واقع ہوئی ہو کسی نعمت کا مزہ چکھا دیں تو (ایسا اتراتا ہے کہ) کہنے لگتا ہے کہ میرا سب دکھ درد رخصت ہوا (اب کبھی نہ ہوگا) وہ اترانے لگتا ہے۔ شیخی بگھارنے لگتا ہے مگر جو لوگ مستقل مزاج ہیں اور نیک کام کرتے ہیں وہ ایسے نہیں ہوتے۔ ایسے لوگوں کے لئے بڑی مغفرت اور بڑا اجر ہے ۞

تفسیر ربط: اوپر یُمَتِّعْكُمْ میں ایمان لانے پر وعدہ ثواب کا اور وَاِنْ تَوَلَّوْا میں ایمان نہ لانے پر وعید عذاب کی اور دونوں کا اجمالی بیان لِيَبْلُوَكُمْ میں مذکور تھا اور یہ سب بعد بعث کے ہوگا اس لئے آگے بعث کے متعلق بیان ہے۔

بحث بعث: وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ (الی قولہ تعالٰی) كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ۝ اور اگر آپ (لوگوں سے) کہتے ہیں کہ یقیناً تم لوگ مرنے کے بعد (قیامت کے روز دوبارہ) زندہ کئے جاؤ گے تو (ان میں) جو لوگ کافر ہیں وہ (قرآن کی نسبت جس میں بعث کی خبر ہے) کہتے ہیں کہ یہ تو نرا صاف جادو ہے (جادو اس لئے کہتے ہیں کہ وہ باطل ہوتا ہے مگر مؤثر اسی طرح قرآن کو نعوذ باللہ باطل سمجھتے تھے لیکن اس کے مضامین کا مؤثر ہونا بھی مشاہدہ کرتے تھے اس مجموعہ پر یہ حکم کیا نعوذ باللہ منہ مقصود اس سے بعث کا انکار تھا آگے ان کے منشاء انکار کا جواب ارشاد ہے) اور اگر تھوڑے دنوں تک (مراد دنیوی زندگی ہے) ہم ان سے عذاب (موعود) ملتوی رکھتے ہیں (کہ اس میں حکمتیں ہیں) تو (بطور انکار و استہزاء کے) کہنے لگتے ہیں کہ (جب ہم تمہارے نزدیک مستحق عذاب ہیں تو) اس عذاب کو کون چیز روک رہی ہے (یعنی اگر عذاب کوئی چیز ہوتی تو اب تک ہو چکتا جب نہیں ہوا تو معلوم ہوا کہ کچھ بھی نہیں حق تعالٰی جواب دیتے ہیں کہ) یاد رکھو جس دن (وقت موعود پر) وہ (عذاب) ان پر آ پڑے گا تو پھر کسی کے ٹالے نہ ٹلے گا اور جس (عذاب) کے ساتھ یہ استہزاء کر رہے تھے وہ ان کو آ گھیرے گا (مطلب یہ کہ باوجود استحقاق کے یہ تاخیر اس لئے ہے کہ بعض حکمتوں سے اس کا وقت معین ہے پھر اس وقت ساری کسر نکل جاوے گی)

ربط اوپر تاخیر عذاب کی وجہ سے انکار کر دینا عذاب اور وقت عذاب یعنی بعث سے مذکور تھا آگے اس کی تائید کے لئے انسان کا ایک خاصہ اکثریہ مذکور ہے۔

بیان بعض خواص بشریہ در باب منن و محن ☆ وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً (الی قولہ تعالٰی) لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ۝ اور اگر ہم انسان کو اپنی مہربانی کا مزہ چکھا کر اس سے چھین لیتے ہیں تو وہ ناامید اور ناشکرا ہو جاتا ہے اور اگر اس کو کسی تکلیف کے بعد جو کہ اس پر واقع ہوئی ہو کسی نعمت کا مزہ چکھا دیں تو (ایسا اتراتا ہے کہ) کہنے لگتا ہے کہ میرا سب دکھ درد رخصت ہوا (اب کبھی نہ ہوگا پس) وہ اترانے لگتا ہے شیخی بگھارنے لگتا ہے مگر جو لوگ مستقل مزاج ہیں اور نیک کام کرتے ہیں (مراد اس سے مؤمنین ہیں کہ ان میں کم وبیش یہ خصال ہوتی ہیں سو) وہ ایسے نہیں ہوتے (بلکہ زوال نعمت کے وقت صبر سے کام لیتے ہیں اور عطائے نعمت کے وقت شکر و طاعت کہ حاصل ہے اعمال صالحہ کا بجالاتے ہیں پس) ایسے لوگوں کے لئے بڑی مغفرت اور بڑا اجر ہے (خلاصہ یہ کہ بجز مؤمنین کے اکثر آدمی ایسے ہی ہیں کہ ذرا سی میں نڈر ہو جاویں ذرا سی میں ناامید ہو جاویں اس لئے یہ لوگ تاخیر عذاب کے سبب بے خوف اور منکر ہو گئے)

ف: اور جب مضرت واقعہ کے زوال کے بعد اس کے وقوع ثانیا کا احتمال بھول جاتے ہیں تو قیامت کی مضرت تو ابھی واقع بھی نہیں ہوئی اس کا انکار کیا عجب ہے اسی طرح نعمت واقعہ کے زوال کے بعد اس کے وقوع ثانیا کا احتمال اس کو نہیں رہتا جس سے یاس ہو جاتا ہے اور ظاہراً اس مقام کا مقصود صرف لَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ الخ سے حاصل ہے لیکن غالباً اس کی منشاء کی تاکید کے لئے دوسرا جملہ وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ الخ لایا گیا ہے کہ وہ منشاء دونوں میں مشترک ہے یعنی واقع فی الحال کے عدم زوال کا جزم اور واقع فی المآل کا عدم احتمال وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اور اس آیت کے متعلق کچھ ضروری سورۂ یونس کے رکوع دوم کی آیت دوم میں لکھا گیا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالٰی: وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ (الی قولہ تعالٰی) عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ روح میں ہے اس شکایت میں اس طرف اشارہ ہے کہ بندہ کو ہر حالت میں عیش ہو یا بلا، ہو حق تعالٰی ہی پر وثوق اور توکل چاہئے چنانچہ انسان کی طبعی حالت کو بیان فرما کر (رحمت کے بعد شدت ہونے پر یاس و کفران اور مصیبت کے بعد نعمت ہونے سے فرح اور فخر کرتا ہے) صابرین کو مستثنیٰ فرمانا مضمون بالا کی طرف مشیر ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی لیقولن بطور انکار و استہزاء لدلالۃ قرینۃ یستہزؤن علیہ ۱۲۔

اللغات: قولہ یوم یاتیھم منصوب بمعروف ۱۲۔

النحو: قولہ امۃ طائفۃ من الایام معدودۃ قلیلۃ لان ما یحصرہ العد قلیل ۱۲۔

البلاغۃ: خصص بالذکر حکم زوال النعمۃ بعد النعمۃ وزوال المضرۃ بعد المضرۃ ولم یذکر حکم المضرۃ والنعمۃ ابتداء افادۃ

www.besturdubooks.net

للمبالغة كما قررته في ف اي ليدل المذكور على غير المذكور بالاولى ۱۲۔

فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ
مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۲﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ
مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ
اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ
اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ
مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

سو شاید آپ تنگ ہو کر ان احکام میں سے جو کہ آپ کے پاس وحی کے ذریعہ سے بھیجے جاتے ہیں بعض کو (کہ وہ تبلیغ ہے) چھوڑ دینا چاہتے ہیں اور آپ کا دل اس بات سے تنگ ہوتا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ (اگر یہ) نبی ہیں تو ان پر کوئی خزانہ کیوں نہیں نازل ہوتا یا ان کے ہمراہ کوئی فرشتہ (جو ہم سے بھی بولتا) کیوں نہیں آیا۔ آپ تو (ان کفار کے اعتبار سے) صرف ڈرانے والے ہیں اور پورا اختیار رکھنے والا ہر شے پر (تو) اللہ ہی ہے۔ کیا (اس کی نسبت) یوں کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) آپ نے اس کو (اپنی طرف سے) خود بنا لیا ہے۔ آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ اگر یہ میرا بنایا ہوا ہے تو (اچھا) تم بھی اس جیسی دس سورتیں (جو تمہاری) بنائی ہوئی ہوں لے آؤ اور (اپنی مدد کیلئے) جن جن غیر اللہ کو بلا سکو بلا لو اگر تم سچے ہو۔ پھر اگر یہ کفار اگر تم لوگوں کا کہنا (کہ اس کی مثل بنا لاؤ) نہ کر سکیں تو تم (ان سے) کہہ دو کہ اب تو یقین کر لو کہ یہ قرآن اللہ ہی کے علم (اور قدرت) سے اترا ہے اور یہ (بھی یقین کر لو) کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو پھر اب بھی مسلمان ہوتے ہو یا نہیں۔ جو شخص (اپنے اعمال خیر سے) محض حیات دنیوی (کی منفعت) اور اس کی رونق (کو حاصل کرنا) چاہتا ہے تو ہم ان لوگوں کے (اُن) اعمال (کی جزا) ان کو دنیا میں ہی پورے طور سے بھگتا دیتے ہیں اور ان کے لئے دنیا میں کچھ کمی نہیں ہوتی۔ یہ ایسے لوگ ہیں کہ ان کے لئے آخرت میں بجز دوزخ کے اور کچھ (ثواب وغیرہ) نہیں اور انہوں نے جو کچھ کیا تھا وہ آخرت میں سب (کا سب) ناکارہ (ثابت) ہوگا اور (واقع میں تو) جو کچھ کر رہے ہیں وہ (اب بھی) بے اثر ہے۔ ۞

تفسیر ربط: شروع سورت میں رسالت اور توحید کا بیان تھا آگے بھی رسالت کے متعلق اس ترتیب سے بحث ہے کہ اول ان کے استہزاء مذکور کی وجہ سے آپ کے ضیق قلب پر تسلی پھر ما بہ الرسالت یعنی قرآن پر ان لوگوں کے شبہ کا جواب پھر حقیقت قرآن کی تصریح اور اس بحث رسالت کے ساتھ توحید کا بیان ہے جو کہ اعظم مقاصد رسالت سے ہے۔

بحث رسالت و بیان توحید ☆ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ (الی قوله تعالی) فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ (یہ لوگ جو انکار و استہزاء سے پیش آتے ہیں) سو شاید آپ (تنگ ہو کر) ان احکام میں سے جو کہ آپ کے پاس وحی کے ذریعہ سے بھیجے جاتے ہیں بعض کو (کہ وہ تبلیغ ہے) چھوڑ دینا چاہتے ہیں (یعنی کیا ایسا ممکن ہے کہ تبلیغ ترک کر دیں سو ظاہر ہے کہ ایسا ارادہ تو آپ کر نہیں سکتے پھر تنگ ہونے سے کیا فائدہ) اور آپ کا دل اس بات سے تنگ ہوتا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ (اگر یہ نبی ہیں تو) ان پر کوئی خزانہ کیوں نہیں نازل ہوا یا ان کے ہمراہ کوئی فرشتہ (جو ہم سے بھی بولتا چالتا) کیوں نہیں آیا (یعنی ایسے خوارق کیوں نہیں دیئے گئے سو ایسی باتوں سے آپ تنگ نہ ہو جایئے کیونکہ) آپ تو (ان کفار کے اعتبار سے) صرف ڈرانے والے ہیں (یعنی پیغمبر ہیں جس کے لئے مطلق خارق کی ضرورت ہے نہ کہ خارق خاص کی) اور پورا اختیار رکھنے والا ہر شئے پر (تو) اللہ ہی ہے (آپ نہیں ہیں جب یہ بات ہے تو ان خوارق کا ظاہر کرنا آپ کے اختیار سے باہر ہے پھر اس کی فکر اور اس فکر سے تنگی کیوں ہوں اور چونکہ پیغمبر کے لئے مطلق خارق کی ضرورت ہے اور آپ کا بڑا خارق قرآن ہے تو اس کو نہ ماننے کی کیا وجہ) کیا (اس کی نسبت) یوں کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) آپ نے اس کو (اپنی طرف سے) خود بنا لیا ہے آپ جواب میں فرما دیجئے کہ (اگر یہ میرا بنایا ہوا ہے) تو (اچھا) تم بھی اس جیسی دس سورتیں (جو تمہاری) بنائی ہوئی (ہوں) لے آؤ اور (اپنی مدد کے لئے) جن جن غیر اللہ کو بلا سکو بلا لو اگر تم سچے ہو پھر یہ کفار اگر تم لوگوں کا (یعنی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور مؤمنین کا یہ) کہنا (کہ اس کی مثل بنا لاؤ) نہ کر سکیں تو تم (ان سے کہہ دو کہ اب تو) یقین کر لو کہ یہ قرآن اللہ ہی کے علم (اور قدرت) سے اترا ہے (اس میں اور کسی کے نہ علم کا دخل ہے اور نہ قدرت کا) اور یہ (بھی یقین کر لو) کہ اللہ کے سوا کوئی اور معبود نہیں (کیونکہ معبود صفات

www.besturdubooks.net

الوہیت میں کامل ہوتا ہے پھر اگر اور کوئی ہوتا تو اس کو قدرت بھی پوری ہوتی اور اس قدرت سے وہ تم لوگوں کی مدد کرتا کہ تم اس کا مثل لے آتے کیونکہ موقع تحقیق دین کا اس کو مقتضی تھا پس عجز عن الاتیان بالمثل سے رسالت اور توحید دونوں ثابت ہو گئیں جب دونوں ثابت ہو گئیں) تو پھر اب بھی مسلمان ہوتے ہو (یا نہیں)

ف: سورۂ یونس اور بقرہ میں بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ ہے سو سورۂ بقرہ تو مدنی ہے اس سے عاجز ہونے کے بعد ایک سورت سے معارضہ مناسب ہے اور سورۂ یونس اگر مدنی ہے جیسا اتقان میں ایک قول نقل کیا ہے تو اس کی بھی یہی توجیہ ہے اور اگر مکی ہے اور ہود سے مقدم ہے جیسا اتقان میں یہ قول بھی ہے تو میرے نزدیک اس کی توجیہ یہ ہے کہ اعجاز فی نفسہ کے اعتبار سے تو ایک سورت سے معارضہ کیا گیا اور ان کے دعویٰ قدرت کے اعتبار سے کہ ان کا قول تھا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ [الأنفال : ۳۱] دس سورتوں کا معارضہ کیا گیا و اللہ اعلم۔

ربط: اوپر بعض آیات میں ان منکرین توحید و رسالت و قرآن و بعث کو عذاب کی وعید سنائی گئی ہے اس پر وہ کہہ سکتے تھے کہ ہم تو بڑے بڑے نیک کام کرتے ہیں جیسے مہمانداری، غریب پروری، صلہ رحمی وغیرہا تو اگر قیامت کوئی چیز ہے تو ہم کو تو ثواب ہوگا نہ کہ عذاب جیسا اس قول میں بھی ہے: وَلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى۔ اس لئے آگے اس زعم کا ابطال فرماتے ہیں۔

ابطال زعم کفار استحقاق ثواب را بر اعمال خود ☆ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا (الی قولہ تعالی) وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴿۱۶﴾ جو شخص (اپنے اعمال خیر سے) محض حیات دنیوی (کی منفعت) اور اس کی رونق (کا حاصل کرنا) چاہتا ہے (جیسے شہرت و نیک نامی و جاہ اور ثواب آخرت حاصل کرنے کی اس کی نیت نہ ہو) تو ہم ان لوگوں کے (ان) اعمال (کی جزا) ان کو دنیا ہی میں پورے طور سے بھگتا دیتے ہیں اور ان کے لئے دنیا میں کچھ کمی نہیں ہوتی (یعنی دنیا ہی میں اعمال کے عوض ان کو نیک نامی اور صحت و فراغ عیش و کثرت اموال و اولاد عنایت کر دیا جاتا ہے جب کہ ان کے اعمال کا اثر ان کے اضداد پر غالب ہو اور اگر اضداد غالب ہوں تو پھر یہ اثر نہیں مرتب ہوتا یہ تو دنیا میں ہوا رہا آخرت میں سو) یہ ایسے لوگ ہیں ان کے لئے آخرت میں بجز دوزخ کے اور کچھ (ثواب وغیرہ) نہیں اور انہوں نے جو کچھ کیا تھا وہ آخرت میں سب (کا سب) ناکارہ (ثابت) ہوگا اور (واقع میں تو) جو کچھ کر رہے ہیں وہ (اب بھی) بے اثر ہے (بوجہ فساد نیت کے مگر صورت ظاہری کے اعتبار سے ثابت سمجھا جاتا ہے آخرت میں یہ ثبوت بھی زائل ہو جاوے گا۔ **ف**: اس آیت کا یہ مطلب نہیں کہ کفار کی نیت بجز دنیا کے کچھ نہیں ہوتی بلکہ ان میں جو ایسے ہوتے ہیں کہ ان کی نیت بجز دنیا کے کچھ نہ ہو اس آیت میں ان کا بیان ہے جیسا بعض اوقات بعض مسلمانوں کی نیت بھی صرف دنیا ہی کے لئے ہوتی ہے اسی واسطے بعض مفسرین نے آیت کو عام کہا ہے مگر اولیٰ یہ ہے کہ کفار کے ساتھ خاص کہا جاوے بقرینہ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ۔ کے گو اس میں یہ تاویل ممکن ہے: **لیس لهم علی هذه الاعمال الا النار** لیکن تاویل بعید ہے و نیز احتمال عفو موجود ہے اور مؤمنین میں جو ریاکار ہیں ان کے لئے اور احادیث آئی ہیں اسی طرح جن کفار کی نیت تحصیل ثواب آخرت کی ہوتی ہے ان کا حکم دوسرے مقام سے مستفاد ہوتا ہے جن میں ایمان کا شرط ہونا قبول اعمال کے لئے ثابت ہے اور آیت میں ظاہرا دو حکم مذکور ہیں ایک یہ کہ دنیا میں ضرور جزا مل جاتی ہے دوسرا یہ کہ آخرت میں کچھ نفع نہیں اول پر یہ اشکال موہوم ہوتا ہے کہ بعض اوقات دنیا میں بھی کچھ نہیں ملتا دوسرے پر یہ شبہ ہوتا ہے کہ بعض روایات سے آخرت میں تخفیف عذاب مفہوم ہوتی ہے جیسا ابو طالب کے واسطے آیا ہے اشکال اول کا جواب تقریر ترجمہ سے معلوم ہو گیا کہ اعمال نیک و اعمال بد کی خصوصیت کے آثار مختلف ہیں دونوں کے مجموعہ کے اعتبار سے جو غالب ہوگا اسی کا اثر مرتب ہوگا اور یہ خصوصیات ہمارے علم میں منضبط نہیں مخصوص بعلم الٰہی ہیں دوسرے شبہ کا جواب میرے نزدیک یہ ہے کہ وہ تخفیف ابتداء ہی سے ہوگی یعنی بعض کو پہلے ہی سے ہلکا عذاب شروع ہوگا لیکن جس درجہ کا عذاب شروع ہو جاوے گا پھر کم نہ ہوگا بلکہ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ [النحل : ۸۸] سے بظاہر تزاید معلوم ہوتا ہے گو خفیف مع الزائد سے خفیف رہے گا اور اس اعتبار سے ابو طالب کا عذاب دائماً سب سے اہون رہے گا و اللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ ترک بعض وحی سے مراد ترک تبلیغ بعض وحی ہے اور سبب اس کا ضیق صدر ہے جو کلام سے مانع ہوتا ہے جب کہ متکلم مخاطب صحیح و محل قابل نہیں پاتا اور یہ لعل ترجی طبعی کے لئے ہے گو اس کے مقتضاء یعنی ترک کا وقوع نہیں ہوا تو اس میں دو امر پر دلالت ہوئی ایک یہ کہ مرید کو جب کلام شیخ کی طرف رغبت و توجہ نہیں ہوتی شیخ کا قلب منقبض ہو جاتا ہے دوسرے یہ کہ اگر ارشاد ضروری ہو تو شیخ کو اس انقباض کے مقتضا یعنی ترک کلام پر عمل نہ کرنا چاہیے۔ قولہ تعالیٰ : فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ اور یہ علم تو مؤمنین کو عجز کفار کے ظاہر ہونے کے قبل بھی حاصل تھا تو مراد اس سے اس علم کی قوت ہے تو اس میں دلالت ہوئی کہ خوارق کو قوت اعتقاد میں خاص دخل ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا الخ روح میں اس طرح تفسیر کی ہے کہ جو شخص اپنے عمل اخروی سے حیات دنیا کا مثل جاہ اور مدح کا قصد کرے ہم ان کو ان کے اعمال کی جزاء دنیا میں پوری دے دیتے ہیں بشرطیکہ ہم چاہیں الخ میں کہتا ہوں کہ اس کے عموم میں لذات نفسانیہ اور مواجید طبعیہ بھی داخل ہو گئے کیونکہ یہ بھی

www.besturdubooks.net

دنیا ہی میں داخل ہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في لعلك شاید کیا ایسا ممکن الخ اشارة الى ان الترجي قد يستعمل للتبعيد والاستفهام مجازًا نظرًا الى دلالة ظاهر الحال فان ظاهرا لضيق مما يدل على ذلك وباطن الامر يمنع عن ذلك فافاد التبعيد ۱۲۔ ۲؎ قوله في بعض بعض الٰی تبلیغ اخذته من الدر المنثور عن ابن جريج في تفسير البعض ان تفعل فيه ما امرت وتدعوا اليه كما ارسلت ۱۲۔ ۳؎ قوله في ضائق اورآپ کا اشارة الى عطفه على الترجي وعلى المترجي لان الضيق واقع لا متوقع ۱۲۔ ۴؎ قوله في به اس بات سے الٰی کہ وہ اشارة الى كون ان يقولوا بدلا من الضمير المجرور فالضمير المجرور مبهم يشهد بذلك قوله تعالٰى يضيق صدرك بما يقولون وهو ارجح عندى على عود الضمير الى البعض او ما يوحى واشارة الى كون ان يقولو بمعنى المضى لوقوع القول ۱۲۔ ۵؎ قوله في نذير کفار کے اعتبار سے فلا ينافى كونه بشيرا ۱۲۔ ۶؎ قوله فى فان لم يستجيبوا یہ کفار الى قوله مؤمنين كالتايده بقوله تعالٰى فان لم يستجيبوا لك اما معنى قوله فاعلموا فبتقدير القول عندى اى فان لم يستجيبوا لكم فقولوا لهم اعلموا والقرينة عليه فهل انتم مسلمون لانه خوطب بمثله الكفار فى آخر سورة الانبياء وهذا التفسير من المواهب ۱۲۔

۷؎ قوله فى بعلم الله اورقدرت لدلالة المقام عليه وانما خص العلم بالذكر لان نفى العلم عن غير الله المدلول عله بالحصر يستلزم بالاول نفى القدرة لان ما لا يعلمه المرء لا يقدر عليه ۱۲۔ ۸؎ قوله فى توضيح لا اله الا هو موقع تحقیق دین فلا يرد عدم وجوب شئ على المعبود لان التلبيس ممتنع عادة وان كان مقدورا ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ضائق ولم يقل ويضيق به صدرك (على صيغة الصفة المشبهة) دلالة على انه ضيق حادث لانه صلى الله عليه وسلم افسح الناس صدرا آه قوله مثله نعت لسورة وكان الظاهر مطابقة لها فى الجمع لكنه افرد باعتبار مماثلة كل واحدة منها اذ هو المقصود لا مماثلة المجموع كذا فى الروح ۱۲۔ قوله فيها مكررا فائدته افادته من اول الامر ان عدم الخبس ليس الا فى الدنيا فلو لم يذكر توهم انه مطلق ويجوز ان يكون للتاكيد كذا فى الروح قوله فى الآية الاولى قوله نوف ولا يبخسون وقوله فى الثانية قوله حبط وباطل قد ذكر الفرق بين المتعاطفين فى الثانية فى تقدير الترجمة واما بين المتعاطفين الاولى فظاهر ان احدهما فيه اثبات امرو فى الآخر نفى ضده ۱۲۔

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ
بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۚ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ
لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ
هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانَ
لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ؕ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ
الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۲۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۳﴾
مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾ ع

کیا منکر قرآن ایسے شخص کی برابری کرسکتا ہے جو قرآن کریم پر قائم ہو جو کہ اس کے رب کی طرف سے آیا ہے اور اس (قرآن) کے ساتھ ایک گواہ تو اس میں موجود ہے اور

www.besturdubooks.net

(ایک) اس سے پہلے (یعنی) موسیٰ کی کتاب ہے جو کہ (احکام بتلانے کے اعتبار سے) امام ہے اور رحمت ہے۔ ایسے لوگ اس قرآن پر ایمان رکھتے ہیں اور (کافر کا حال یہ ہے کہ) جو شخص دوسرے فرقوں میں سے اس قرآن کا انکار کرے گا تو دوزخ اس کے وعدہ کی جگہ ہے۔ سواے مخاطب تم قرآن کی طرف سے شک میں مت پڑنا بلا شک و شبہ وہ سچی کتاب ہے تمہارے رب کے پاس سے (آئی ہے) لیکن باوجودان دلائل کے غضب ہے کہ بہت سے آدمی ایمان نہیں لاتے اور ایسے شخص سے کون زیادہ ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے ایسے لوگ (قیامت کے روز) اپنے رب کے سامنے پیش کئے جائیں گے اور (اعمال کے) گواہ فرشتے (علی الاعلان) یوں کہیں گے کہ یہ لوگ وہ ہیں کہ جنہوں نے اپنے رب کی نسبت جھوٹی باتیں لگائی تھیں۔ سب سن لو کہ ایسے ظالموں پر خدا کی زیادہ لعنت ہے۔ جو کہ (اپنے کفر وظلم کے ساتھ) دوسروں کو بھی خدا کی راہ (یعنی دین) سے روکتے تھے اور اس (راہ) میں بھی (اور شبہات) نکالنے کی تلاش (اور فکر) میں رہا کرتے تھے۔ (تا کہ دوسروں کو گمراہ کریں) اور وہ آخرت کے بھی منکر تھے۔ یہ لوگ (تمام) زمین (کے تختہ) پر (بھی) خدا تعالیٰ کو عاجز نہیں کر سکتے تھے اور نہ ان کا خدا کے سوا کوئی مددگار ہوا۔ (کہ بعد گرفتاری کے چھڑا لیتا) ایسوں کو (اوروں سے) دونی سزا ہوگی۔ یہ لوگ سن نہ سکتے تھے اور نہ (غایت عناد سے راہ حق کو) دیکھتے تھے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے آپ کو برباد کر بیٹھے اور جو معبود انہوں نے تراش رکھے تھے (آج) ان سے سب غائب (اور گم) ہو گئے (کوئی بھی تو کام نہ آیا پس) لازمی بات ہے کہ آخرت میں سب سے زیادہ خسارہ میں یہی لوگ ہوں گے۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے اچھے کام کئے اور (دل سے) اپنے رب کی طرف جھکے ایسے لوگ اہل جنت ہیں (اور) وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ دونوں فریق (مذکورین یعنی مؤمن وکافر) کی حالت ایسی ہے جیسے ایک شخص ہو اندھا بھی اور بہرا بھی اور ایک شخص ہو کہ دیکھتا بھی ہو اور سنتا بھی ہو (اس کو سمجھنا بہت آسان ہے) کیا یہ دونوں شخص حالت میں برابر ہیں۔ کیا تم (اس تفاوت) سمجھتے نہیں۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر آیات میں کفار کا قرآن تکذیب کرنا مذکور تھا آگے مؤمنین کا اس کی تصدیق کرنا مع وجہ استدلال کے اس کے حق ہونے پر مذکور ہے اور مؤمنین کے مقابلہ میں منکرین کی وعید کا بھی ذکر فرما دیا گیا ہے۔

تصدیق مؤمنین مر قرآن ثابت بالدلیل راو وعید مکذبین ☆ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰی بَيِّنَةٍ (الی قولہ تعالی) وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ۝ کیا منکر قرآن ایسے شخص کی برابری کر سکتا ہے جو قرآن پر قائم ہو جو کہ اس کے رب کی طرف سے آیا ہے اور اس (قرآن) کے ساتھ ایک گواہ تو اسی میں موجود ہے (یعنی اس کا معجز ہونا جو کہ دلیل عقلی ہے) اور (ایک) اس سے پہلے (یعنی) موسیٰ (علیہ السلام) کی کتاب (یعنی توریت اس کے ساتھ شہادت کے لئے موجود) ہے جو کہ (احکام بتلانے کے اعتبار سے) امام ہے اور (ان احکام پر جو ثمرہ وثواب ملے گا اس کے اعتبار سے وہ کتاب سبب) رحمت ہے (اور یہ دلیل نقلی ہے غرض قرآن کے صدق وصحت کے لئے دونوں دلیلیں موجود ہیں پس ان ہی دلائل کے سبب سے) ایسے لوگ (جن کا ذکر ہوا کہ وہ صاحب بینہ ہیں) اس قرآن پر ایمان رکھتے ہیں اور (کافر کا حال یہ ہے کہ) جو شخص دوسرے فرقوں میں سے اس قرآن کا انکار کرے گا تو دوزخ اس کے وعدہ کی جگہ ہے (پھر منکر قرآن مصداق قرآن کے برابر کب ہوا) سو (اے مخاطب) تم قرآن کی طرف سے شک میں مت پڑنا بلا شک وشبہ وہ سچی کتاب ہے تمہارے رب کے پاس سے (آئی) ہے لیکن (باوجود ان دلائل کے غضب ہے کہ) بہت سے آدمی ایمان نہیں لاتے۔ ربط: اوپر کی آیت سے مصدقین ومنکرین کی عدم مساوات حالت میں مفہوم ہے آگے دونوں کا غیر مساوی جزاء میں ہونا مع ایک مثال کے مذکور ہے۔

تفصیل انجام مکذبین ومصدقین ☆ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا (الی قولہ تعالی) اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ۝ اور ایسے شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے (کہ اس کی توحید کا اس کے رسول کی رسالت کا اس کے کلام ہونے کا انکار کرے) ایسے لوگ (قیامت کے روز) اپنے رب کے سامنے (مفتری ہونے کی حیثیت سے) پیش کئے جاویں گے اور (اعمال کے) گواہ فرشتے (علی الاعلان) یوں کہیں گے کہ یہ وہ لوگ ہیں کہ جنہوں نے اپنے رب کی نسبت جھوٹی باتیں لگائی تھیں سب سن لو کہ ایسے ظالموں پر خدا کی (زیادہ) لعنت ہے جو کہ (اپنے کفر وظلم کے ساتھ) دوسروں کو بھی خدا کی راہ (یعنی دین) سے روکتے تھے اور اس (راہ دین) میں کجی (اور شبہات) نکالنے کی تلاش (اور فکر) میں رہا کرتے تھے (تا کہ دوسروں کو گمراہ کریں) اور وہ آخرت کے بھی منکر تھے (یہ فرشتوں کے اعلان کا مضمون تھا آگے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ) یہ لوگ (تمام) زمین (کے تختہ) پر (بھی) خدا تعالیٰ کو عاجز نہیں کر سکتے تھے (کہ کہیں جا چھپتے اور خدا تعالیٰ کے ہاتھ نہ آتے) اور نہ ان کا خدا کے سوا کوئی مددگار ہوا (کہ بعد گرفتاری کے چھڑا لیتا) ایسوں کو (اوروں سے) دونی سزا ہوگی (ایک اپنے کافر ہونے کی ایک دوسروں کو کافر بنانے کی کوشش کرنے کی) یہ لوگ (مارے نفرت کے احکام الٰہی کو) سن نہ سکتے تھے اور نہ (غایت عناد سے راہ حق) کو دیکھتے تھے یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے آپ کو برباد کر بیٹھے اور جو معبود انہوں نے تراش رکھے تھے (آج) ان سے سب غائب (اور گم) ہو گئے (کوئی بھی تو کام نہ آیا پس) لازمی بات ہے کہ آخرت میں سب سے زیادہ خسارہ میں یہی لوگ ہوں گے (یہ تو انجام ہوگا کافروں کا آگے مسلمانوں کا انجام مذکور ہے کہ بیشک) جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے اچھے کام کئے اور (دل سے) اپنے رب کی طرف جھکے (یعنی انقیاد اور خشوع دل میں پیدا کیا) ایسے لوگ اہل جنت ہیں (اور) وہ اس

www.besturdubooks.net

میں ہمیشہ رہا کریں گے (یہ دونوں کے انجام کا تفاوت بیان ہو گیا آگے تفاوت حال کی مثال ہے جس پر تفاوت فی المآل مرتب ہوتا ہے پس ارشاد ہے کہ) دونوں فریق (مذکورین یعنی مؤمن وکافر) کی حالت ایسی ہے جیسے ایک شخص ہو اندھا بھی اور بہرا بھی (جو نہ عبارت کو سنے نہ اشارہ کو دیکھے تو اس کے سمجھنے کی عادۃً کوئی صورت ہی نہیں) اور ایک شخص ہو کہ دیکھتا بھی ہو اور سنتا بھی ہو (اس کو سمجھنا بہت آسان) کیا یہ دونوں شخص حالت میں برابر ہیں (ہرگز نہیں یہ ہی حالت کافر اور مسلمان کی ہے کہ وہ ہدایت سے بہت دور ہے اور یہ ہدایت کے ساتھ موصوف ہے) کیا تم (اس تفاوت کو) سمجھتے نہیں (یعنی اس میں تردد ہونے کی گنجائش ہی نہیں بہت بدیہی ہے)۔ **ف**: یضاعف کے ترجمہ میں جو یہ قید ظاہر کر دی گئی کہ اوروں سے اس سے یہ شبہ دفع ہو گیا کہ قرآن میں یہ آیا ہے: مَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا۔ وجہ دفع ظاہر ہے کہ مماثلت تو عمل کے ساتھ ہے اور مضاعفت اوروں کے اعتبار سے ہے بوجہ مضاعفت عمل کے اور اگر يَصُدُّوْنَ کو صدود بمعنی الاعراض سے لیا جاوے جس میں دوسروں کو گمراہ کرنا ماخوذ معتبر نہیں تو مضاعفت بوجہ عمل تعدد عمل کے نہیں بلکہ بوجہ شدت عمل صدود کے ہے کہ وہ شدت خود مقتضی ازدیادِ عذاب کو ہے اس اعتبار سے مماثلت محفوظ ہے خوب سمجھ لو اور اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا [ھود: ۲۳] میں اشارہ ہو گیا تمام عقائد و اعمال و کیفیات نفسانیہ کی طرف۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اور اسی کی نظیر وہ شخص ہے جو اپنی وضع و دعویٰ سے ولایت ظاہر کرتا ہو اور اولیاء اللہ کے کلمات کے ساتھ تکلم کرتا ہو مگر باطن میں فاسق اور جاہل ہو۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی یعرضون مفتری ہونے کی الخ قید به لان العرض عام۱۲۔ ۲ قوله فی یقول الاشهاد علی الاعلان دلیله قوله علیه السلام واما الکفار والمنافقون فیقول الاشهاد الخ مقابله لقوله علیه السلام قال تعالیٰ فانی قد سترتها رواه الشیخان۱۲۔ ۳ قوله فی لعنة الله زیاده لان اللعن عام لجمیع الکفار۱۲۔ ۴ قوله فی هم کفرون فرشتوں کے دلیله ما فی الحدیث المذکور فیقول الاشهاد هؤلاء الذین کذبوا علی ربهم الا لعنة الله علی الظالمین۱۲۔ ۵ قوله فی الارض تخته اشارة الی فائدة الزیادة کما فی الروح لم یکونوا لعجزین فی الارض مع سعتها وان هربوا منها کل مهرب۱۲۔ ۶ قوله فی خسروا برباد اشارة الی ان فوتهم سعادة الانفس کفوتهم انفسهم فان الخسار ضیاع الشیٔ لا اضاعة الشیٔ ۱۲۔ ۷ قوله قبل مثل الفریقین جس پر تفاوت فجمع بهذا الاعتبار کلا التفاوتین۱۲۔ ۸ قوله فی الاعمٰی والاصم بھی اشارة الی ان المجموع احد طرفی التشبیه۱۲۔

النحو: قوله افمن کان الفاء للتعقیب الذکری او ترتیب عدم المماثلة علی ما بین من الحالین فی ما قبل ومن کان مبتدأ محذوف خبره ای کمن لیس کذلك والتاء فی الهیئة للمبالغة او النقل وباعتبار ذلك ذکر الضمیر الراجع الیه فی یتلوه ومن ربه صفة له ویعطف علی الصفة ویتلوه ویعطف علی شاهد قوله ومن قبله کتاب موسٰی ومن فی من الاحزاب بیانیة والمراد به احزاب الکفار۱۲۔

البلاغۃ: قوله وهم بالأخرة هم کفرون کررهم للتاکید قوله ما کانوا یستطیعون هو نظیر قول القائل العاشق لا یستطیع ان یسمع کلام العاذل۱۲۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اِنِّىْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۵﴾ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ
يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۶﴾ فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا
الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّاْيِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍۭ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ
اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ؕ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا
كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا
رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَلَآ اَقُوْلُ
لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ

www.besturdubooks.net

يُؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ښ اِنِّىْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۳۱ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا
فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۳۲ قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَاۗءَ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝۳۳ وَلَا
يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ۭ هُوَ رَبُّكُمْ ۣ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۳۴

اور ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کے پاس رسول بنا کر (یہ پیغام دے کر) بھیجا کہ تم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کی عبادت مت کرو۔ میں تم کو (درصورت عبادت غیر اللہ کے) صاف صاف ڈراتا ہوں۔ میں تمہارے حق میں ایک بڑے تکلیف دینے والے دن کے عذاب کا اندیشہ کرتا ہوں۔ سو ان کی قوم میں جو کافر سردار تھے وہ (جواب میں) کہنے لگے کہ ہم تو تم کو اپنے ہی جیسا آدمی دیکھتے ہیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ تمہارا اتباع انہیں لوگوں کے سامنے بالکل رذیل ہیں۔ (جن کی عقل اکثر خفیف ہوتی ہے پھر) وہ (اتباع) بھی محض سرسری رائے سے اور ہم تم لوگوں میں (یعنی تم میں اور مسلمانوں میں) کوئی بات اپنے سے زیادہ بھی نہیں پاتے بلکہ ہم تم کو (بالکل) جھوٹا سمجھتے ہیں۔ نوحؑ نے فرمایا کہ اے میری قوم بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی جانب سے دلیل پر (قائم) ہوں (جس سے میری نبوت ثابت ہوئی ہو) اور اس نے مجھ کو اپنے پاس سے رحمت (یعنی نبوت) عطا فرمائی ہو۔ پھر وہ نبوت یا اس کی حجت تم کو نہ سوجھتی ہو تو (میں کیا کروں مجبور ہوں) کیا ہم اس (دعویٰ یا دلیل) کو تمہارے گلے مڑھ دیں اور تم اس سے نفرت کئے چلے جاؤ اور (اتنی بات اور زائد فرمائی کہ) اے میری قوم میں تم سے اس (تبلیغ) پر کچھ مال نہیں مانگتا۔ میرا معاوضہ تو صرف اللہ کے ذمہ ہے اور میں تو ان ایمان والوں کو نکالتا نہیں کیونکہ یہ لوگ اپنے رب کے پاس (عزت و مقبولیت کے ساتھ) جانے والے ہیں لیکن واقعی میں تم لوگوں کو دیکھتا ہوں کہ (خواہ مخواہ) جہالت کر رہے ہو (اور بے ڈھب باتیں کر رہے ہو) اور (بالفرض والتقدیر) اگر میں ان کو بھی نکال دوں تو (یہ بتلاؤ) مجھ کو خدا کی گرفت سے کون بچالے گا۔ کیا تم اتنی بات بھی نہیں سمجھتے۔ اور میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے تمام خزانے ہیں اور نہ میں (یہ کہتا ہوں کہ میں) تمام غیب کی باتیں جانتا ہوں اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور جو لوگ تمہاری نگاہوں میں حقیر ہیں' میں ان کی نسبت (تمہاری طرح) یہ نہیں کہہ سکتا کہ اللہ تعالیٰ ہرگز ان کو ثواب نہ دے گا۔ ان کے دل میں جو کچھ ہو اس کو اللہ ہی خوب جانتا ہے۔ میں تو (اگر ایسی بات کہہ دوں تو) اس صورت میں ستم ہی کروں۔ وہ کہنے لگے کہ اے نوحؑ تم ہم سے بحث کر چکے ہو پھر بات بھی بہت کر چکے اب ہم بحث وحشت نہیں کرتے ہو (کہ عذاب آ جائے گا۔ وہ ہمارے سامنے لے آؤ۔ اگر تم سچے ہو۔ انہوں نے فرمایا کہ اس کو اللہ تعالیٰ بشرطیکہ اس کو منظور ہو تمہارے سامنے لائے گا اور (اس وقت پھر) تم اس کو عاجز نہ کر سکو گے اور میری خیر خواہی تمہارے کام نہیں آ سکتی گو میں تمہاری کیسی ہی خیر خواہی کرنا چاہوں جب کہ اللہ تعالیٰ ہی کو تمہارا گمراہ کرنا منظور ہو۔ وہی تمہارا مالک ہے اور اسی کے پاس تم کو جانا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر یہاں تک جو مضامین مذکور ہو چکے ہیں توحید و رسالت و وقوع وعید فلاح مؤمنین خسران کفار ان سب کی تقریر و تائید کے لئے آگے چند قصص مذکور ہوتے ہیں۔

قصہ حضرت نوح علیہ السلام با قوم او ☆ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا (الی قولہ تعالی) هُوَ رَبُّكُمْ ۣ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ اور ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کے پاس رسول بنا کر (یہ پیغام دے کر) بھیجا کہ تم اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت مت کرو (اور جو بت تم نے قرار دے رکھے ہیں ود اور سواع اور یغوث اور یعوق اور نسر ان کو چھوڑ دو چنانچہ حضرت نوح علیہ السلام نے جا کر ان سے فرمایا کہ) میں تم کو (درصورت عبادت غیر اللہ کے) صاف صاف ڈراتا ہوں (اور اس ڈرانے کی تفصیل یہ ہے کہ) میں تمہارے حق میں ایک بڑے تکلیف دینے والے دن کے عذاب کا اندیشہ کرتا ہوں سو ان کی قوم میں جو کافر سردار تھے وہ (جواب میں) کہنے لگے کہ (تم جو نبوت کا دعویٰ کرتے ہو جیسا نذیر مبین سے معلوم ہوتا ہے تو ہمارے جی کو یہ بات نہیں لگتی کیونکہ) ہم تو تم کو اپنا ہی جیسا آدمی دیکھتے ہیں (اور بشر کا نبی ہونا دور از کار ہے) اور اگر (بعض لوگوں کے اتباع کرنے سے استدلال کیا جاوے تو وہ قابل استدلال نہیں کیونکہ) ہم دیکھتے ہیں کہ تمہارا اتباع انہیں لوگوں نے کیا ہے جو ہم میں بالکل رذیل ہیں (جن کی عقل اکثر خفیف ہوتی ہے پھر) وہ (اتباع) بھی محض سرسری رائے سے (ہوا ہے یعنی اول تو ان کی عقل ہی صائب نہیں غور کے بعد بھی غلطی کرتے دوسرے پھر غور بھی نہیں کیا اسی لئے ایسے لوگوں کا تم کو نبی سمجھ لینا یہ کوئی حجت نہیں بلکہ بالعکس ہمارے اتباع سے مانع ہے کیونکہ شرفاء کو رذیلوں کی موافقت سے عار آتی ہے نیز اکثر ایسے کم حوصلہ لوگوں کے اغراض بھی حصول مال یا ترفع ہوا کرتا ہے سو یہ لوگ بھی دل سے ایمان نہیں لائے) اور (اگر یہ کہا جاوے کہ باوجود رذیل ہونے کے ان لوگوں کو کسی خاص امر کے اعتبار سے ہم پر فضیلت ہے جس کے اعتبار سے ان کی رائے اس باب میں صائب ہے سو) ہم تم لوگوں میں (یعنی تم میں اور مسلمانوں میں) کوئی بات اپنے سے زیادہ نہیں پاتے (اس لئے تم مسلمانوں کی رائے کو صحیح نہیں سمجھتے) بلکہ ہم تم کو (بالکل) جھوٹا سمجھتے ہیں نوح (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اے میری قوم (تم جو کہتے ہو کہ تمہاری نبوت جی کو نہیں لگتی تو) بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی جانب سے دلیل پر (قائم) ہوں (جس سے میری نبوت ثابت ہوتی ہو) اور اس نے مجھ کو اپنے پاس سے رحمت (یعنی نبوت) عطا فرمائی ہو

www.besturdubooks.net

پھر وہ (نبوت یا اس کی حجت) تم کو نہ سوجھتی ہو تو (میں کیا کروں مجبور ہوں) کیا ہم اس (دعویٰ یا دلیل) کو تمہارے گلے مڑھ دیں اور تم اس سے نفرت کئے چلے جاؤ (مطلب یہ کہ تمہارا یہ کہنا کہ جی کو نہیں لگتی محض استبعاد ہے امتناع اجتماع نبوت و بشریت کی تمہارے پاس کوئی دلیل نہیں اور میرے پاس وقوع اجتماع کی دلیل موجود ہے یعنی معجزہ وغیرہ نہ کہ کسی کا اتباع اس سے اس کا جواب بھی ہو گیا کہ ان کا اتباع حجت نہیں لیکن انتاج دلیل کا موقوف ہے نظر پر تم نظر کرتے نہیں اور یہ میرے بس سے باہر ہے) اور (اتنی بات اور زائد فرمائی کہ) اے میری قوم (یہ تو سوچو کہ اگر میں نبوت کا غلط دعویٰ کرتا تو آخر اس میں میرا کچھ مطلب تو ہوتا مثلاً یہ ہی ہوتا کہ اس کے ذریعہ سے خوب مال کماؤں گا تو تم کو معلوم ہے کہ) میں تم سے اس (تبلیغ) پر کچھ مال نہیں مانگتا میرا معاوضہ تو صرف اللہ کے ذمہ ہے (اسی سے آخرت میں اس کا طالب ہوں اسی طرح اور اغراض بھی اگر غور کرو تو منتفی پاؤ گے پھر جب کوئی غرض نہیں پھر مجھ کو جھوٹ بولنے سے کیا فائدہ تھا خلاصہ یہ کہ کذب دعویٰ کو کوئی امر مقتضی نہیں اور صدق دعویٰ پر دلیل قائم ہے پھر نبوت میں کیا شبہ ہو سکتا ہے) اور (تم جو اتباع اراذل کو اپنے اتباع سے مانع بتلاتے ہو اور صراحۃً یا دلالۃً یہ چاہتے ہو کہ میں ان کو اپنے پاس سے نکال دوں سو) میں تو ان ایمان والوں کو نکالتا نہیں (کیونکہ) یہ لوگ اپنے رب کے پاس (عزت و مقبولیت کے ساتھ) جانے والے ہیں (اور بھلا کوئی شخص مقربان شاہی کو نکالا کرتا ہے اور اس سے اس کا بھی جواب ہو گیا کہ یہ لوگ دل سے ایمان نہیں لائے) لیکن واقعی میں تم لوگوں کو دیکھتا ہوں کہ (خواہ مخواہ کی) جہالت کر رہے ہو (اور بے ڈھنگی باتیں کر رہے ہو) اور (بالفرض والتقدیر) اگر میں ان کو نکال بھی دوں تو (یہ بتلاؤ کہ) مجھ کو خدا کی گرفت سے کون بچالے گا (کیا تم میں اتنی ہمت ہے جو ایسے بے ہودہ مشورے دے رہے ہو) کیا تم اتنی بات بھی نہیں سمجھتے اور (اس تقریر میں ان کے تمام شبہات کا جواب ہو گیا لیکن آگے ان سب جوابوں کا پھر تتمہ ہے یعنی جب نبوت میری دلیل سے ثابت ہے تو اول تو دلیل کے سامنے استبعاد کوئی چیز نہیں پھر یہ کہ وہ مستبعد بھی نہیں البتہ کسی امر عجیب و غریب کا اگر دعویٰ کرتا تو انکار و استبعاد چنداں منکر و مستبعد نہ تھا گو دلیل کے بعد پھر وہ بھی مسموع نہیں البتہ اگر دلیل بھی مقتضی استبعاد کو ہو تو پھر واجب ہے لیکن میں تو کسی ایسے امر عجیب کا دعویٰ نہیں کرتا چنانچہ) میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے تمام خزانے ہیں اور نہ میں (یہ کہتا ہوں کہ میں) تمام غیب کی باتیں جانتا ہوں اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور (یہ تو اپنی نبوت کے متعلق ارشاد فرمایا آگے اپنے تابعین کے متعلق ارشاد ہے یعنی) جو لوگ تمہاری نگاہوں میں حقیر ہیں میں ان کی نسبت (تمہاری طرح) یہ نہیں کہہ سکتا کہ (یہ لوگ دل سے ایمان نہیں لائے اس لئے) اللہ تعالیٰ ہرگز ان کو ثواب نہ دے گا ان کے دل میں جو کچھ ہو اُس کو اللہ ہی خوب جانتا ہے (تو ممکن ہے کہ ان کے دلوں میں اخلاص ہو تو پھر میں ایسی بات کیونکر کہہ دوں) میں تو (اگر ایسی بات کہہ دوں تو) اس صورت میں ستم ہی کروں (کیونکہ بے دلیل دعویٰ کرنا گناہ کی بات ہے جب نوح علیہ السلام نے سب باتوں کا پورا پورا جواب دے دیا جس کا جواب پھر ان سے کچھ بن نہ پڑا تو عاجز ہو کر) وہ لوگ کہنے لگے کہ اے نوح (علیہ السلام) تم ہم سے بحث کر چکے پھر اس بحث کو بڑھا بھی چکے ہو سو (اب بحث چھوڑ دو اور) جس چیز سے تم ہم کو دھمکایا کرتے ہو (کہ عذاب آ جاوے گا) وہ ہمارے سامنے لے آؤ انہوں نے فرمایا کہ (اس کو لانے والا میں کون ہوں مجھ کو تو پہنچا دینے سنا دینے کا حکم تھا سو میں بجا لا چکا) اس کو تو اللہ تعالیٰ بشرطیکہ اس کو منظور ہو تمہارے سامنے لاوے گا اور (اس وقت پھر) تم اس کو عاجز نہ کر سکو گے (کہ وہ عذاب واقع کرنا چاہے اور تم نہ ہونے دو) اور (جو میرا کام تھا پہنچا دینا اور سنا دینا اس میں میں نے تمہاری پوری خیر خواہی اور دل سوزی کی لیکن) میری خیر خواہی تمہارے کام نہیں آ سکتی گو میں تمہاری کیسی ہی خیر خواہی کرنا چاہوں جب کہ اللہ ہی کو تمہارا گمراہ کرنا منظور ہو (جس کی وجہ تمہارا عناد و استکبار ہے مطلب یہ کہ جب تم ہی اپنی بدقسمتی سے اپنے لئے نفع حاصل کرنا اور نقصان سے بچنا نہ چاہو تو میرے چاہنے سے کیا ہوتا ہے) وہی تمہارا مالک ہے (اور تم مملوک تو تم پر اس کے تمام حقوق واجب ہیں اور تم ان کو براہِ عناد ضائع کر کے مجرم ہو رہے ہو) اور اسی کے پاس تم کو جانا ہے (وہ تمہارے اس سارے عناد و کفر کی کسر نکال دے گا)۔ **ف**: لَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ؕ میں مال کی تخصیص اس لئے کی گئی کہ اکثر مدعیان کاذب کا مقصود مال ہی ہوتا ہے اور جاہ بھی اگر مطلوب ہوتی ہے تو اکثر مال ہی کے لئے چنانچہ مشاہد ہے اور کفار نے مؤمنین کو اراذل اس لئے کہا کہ وہ اکثر غریب لوگ تھے اور پیشے بھی ایسے ہی کرتے تھے جو عرفاً حقیر ہوتے ہیں اور کفار جو ان کی سخافت رائے کے مثبت اور فضل کے نافی ہوئے چونکہ ثبوت نبوت اس کے جواب پر موقوف نہ تھا اس لئے تعرض کی ضرورت نہ ہوئی و نیز جواب بدیہی بھی ہے وہ یہ کہ قبول حق کے باب میں خاصۃً یہ دعویٰ نفی و اثبات مذکور کا بالمشاہدہ باطل ہے ایسے لوگ حق کو بہت جلد قبول کرتے ہیں چنانچہ حدیث میں بھی یہ مضمون آیا ہے کیونکہ ان میں کبر وغیرہ موانع نہیں ہوتے پھر اس سے بڑھ کر سلامت رائے اور فضل کیا ہوگا اور یہ جو کہا گیا کہ دلیل کے بعد استبعاد مسموع نہیں وجہ یہ کہ بعض امور غیر مدرک بمحض العقل مستبعد ہوتے ہیں لیکن امکان کے ساتھ جب صدق مخبر منضم ہو جاوے تو مرجح وقوع ہوتا ہے البتہ اگر دلیل عقلی یا شرعی مقتضی امتناع کو ہے تو وہ استبعاد مقبول ہے بلکہ اس سے بڑھ کر امتناع کا قائل ہونا واجب ہے اور حضرت نوح علیہ السلام نے اول اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ میں ان کے اخلاص کا اثبات فرمایا ہے پھر لَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ الخ میں عدم اخلاص کے عدم اثبات پر اکتفاء فرمانا تلطیف فی الدعوۃ ہے یعنی اگر تم ان کے اخلاص کے معتقد نہ ہو تو عدم اخلاص کے بھی تو بلا دلیل معتقد نہ ہو خوب سمجھ لو۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا اس میں اس شخص پر رد ہے جو ولایت کو شریف عرفی کے ساتھ خاص سمجھتا ہے البتہ نبوت کو اللہ تعالیٰ نے شرفاء کے ساتھ خاص فرمایا ہے چونکہ اس میں وہ مصلحتیں ہیں جو نبوت سے مقصود ہیں (کہ لوگ ان کا اتباع کریں اور شرفاء کے اتباع سے شرفاء کو بھی عار نہیں آتی ۱۲ قولہ تعالیٰ: اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ [ھود: ۲۸] روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے اس طرف کہ منکر کو اہل اللہ سے استفادہ نہیں ہوسکتا اور جب تک وہ منکر رہے گا ان سے منتفع نہیں ہوسکتا ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا۔ مشائخ کو بھی ایسا ہی ہونا چاہئے کیونکہ مال کی طلب لوگوں کو استرشاد سے اقویٰ موانع سے ہے اور میری رائے میں تو مصارف خیر کے لئے بھی چندہ کرنا شیوخ کو نازیبا ہے عقول ضعیف ہیں اور بخل وحرص غالب ہے حب دنیا کے ادنیٰ شبہ سے بھی لوگ شک میں پڑ جاتے ہیں اور امور خیر کا اللہ تعالیٰ کفیل ہے وہ ہمارے چندہ مانگنے پر موقوف نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ اس میں طالب کے حقوق شیخ پر ہیں یعنی جو شخص حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو اس سے اعراض نہ چاہئے کیونکہ اس کی طرف حق تعالیٰ بھی متوجہ ہوتے ہیں تو اس سے اعراض کرنا حق تعالیٰ سے اعراض کرنا ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ (الی قولہ تعالی) اِنِّيْ مَلَكٌ اس میں تصریح ہے کہ صاحب ارشاد کا صاحب تصرف یا صاحب کشف یا ضروریات بشریہ میں عامہ بشریہ سے ممتاز ہونا ضروری نہیں البتہ اس کا علم وعمل کے ساتھ متصف ہونا ضروری ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ اور ایسا کہنا یہی شان ہے محققین کی بخلاف اہل باطل کے کہ وہ ایسے دعوے کرتے ہیں کہ جو شخص میری مخالفت کرے گا اس کا ایسا حال ہوگا اور ایسا قال ہوگا۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ اس میں دلیل ہے اس پر کہ ہدایت شیخ کے قبضہ میں نہیں ۱۲۔

مُلحقاتُ التَّرجمۃ: ۱ قوله في اني لكم نذير مبين ان لا تعبدوا بتقديم ترجمة المؤخر وتاخير ترجمة المقدم وجهه ان قوله ان لا تعبدوا بتقدير الباء متعلق بارسلنا وقوله انى لكم بالكسر على ارادة القول اى فقال ولا بد فى هذا التركيب من هذا الاعتبار واما على قراء ة الفتح فلا حاجة الى اعتبار التقدير والتاخير لان قوله ان لا تعبدوا كما فى الروح يكون بدل الاشتمال من قوله انى لكم ويكون انى لكم مفتوحاً على اضمار حرف الجر الى متلبسا بذلك الكلام وهو انى لكم نذير فلما اتصل الجا فتح كما فتح فى اكان والمعنى على الكسر ۱۲۔

۲ قوله في ما نراك اتبعك اگر بعض ایمان نہیں لائے فقصد به ثلث امور والقرينة على الاول قوله ما نرى لكم علينا من فضل وعلى الثانى قوله في الشعراء نؤمن لك واتبعك الارذلون وعلى الثالث لن يؤتيهم الله خيرا ۱۲۔ ۳ قوله فى انلزمكموها دعوے یا دلیل عودا الى البينة او الرحمة او كلهما كذا فى الروح ۱۲۔ ۴ قوله فى لا اسئلكم عليه تبلیغ هو المفهوم مما تقدم ۱۲۔ ۵ قوله فى ما انا بطارد صراحة يا دلالة الاول مروى فى الدر عن ابن جريج انهم قالوا له عليه السلام ذلك كما وقع لنبينا صلى الله عليه وسلم حيث قال الكفار له ذلك الذى نزل فيه قوله تعالىٰ ولا تطرد الذين يدعون والثانى مفهوم لازم من المقام ۱۲۔ ۶ قوله فى ملاقوا عزت لدلالة المقام عليه والا فاللقاء عام الكل ۱۲۔

اَللُّغَات: قوله بادى الرأى فيه قراء تان مهموز اللام وناقصهما فالاول من البدأ اى الاولية والثانى من البدو اى الظهور ۱۲۔ قوله عميت اى اخفيت ۱۲۔

اَلنَّحْو: قوله ما نراك فى اعراب القرآن يجوز ان يكون من روية العين وتكون الجملة بعدها فى موضع الحال وقد معه مرادة ويجوز ان يكون من رؤية القلب فتكون الجملة فى موضع المفعول الثانى ۱۲۔ قوله بادى الرأى ظرف لاتبعك واستشكل بان ما قبل الا لا يعمل فيما بعدها الا اذا كان مستثنیٰ منه او مستثنیٰ او تابعا للمستثنیٰ منه وبادى الرأى ليس واحدا من هذه الثلاثة واجيب بانه يقتصر ذلك فى الظرف ۱۲۔ قوله لا ينفعكم دال على جواب الشرط الآتى وقوله ان اردت شرط والجواب مقدر والجملة كلها دال على جواب الشرط الآتى وقوله ان كان الله شرط وجوابه مقدر وتقدير الكلام ان كان الله يريد ان يغويكم فان اردت ان انصح لكم لا ينفعكم نصحى من البيضاوى قلت لكن الشرط فى ان اردت ليس على ظاهره لان ارادة النصح لا دخل له فى عدم النصح بل كلمة ان هذه كان الوصلية اى اذا اراد الله الاغواء فلا ينفعكم نصحى وان اردت النصح فافهم ۱۲۔

اَلبَلَاغَۃ: الاليم المولم فيه اسناد مجازى ۱۲۔ قوله فاكثرت الفاء على ظاهره لان اكثار الجدال لابدان يكون قبله شيء من الجدال ۱۲۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ۝ وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ ع ۳

www.besturdubooks.net

قَوْمِكَ إِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۳۶ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا
وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ۳۷ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۗ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا
مِنْهُ ۗ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ۳۸ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ
عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۳۹ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا
مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ ۗ وَمَاۤ اٰمَنَ مَعَهٗۤ اِلَّا قَلِيْلٌ ۴۰ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا
وَمُرْسٰىهَا ۗ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۴۱ وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۗ وَنَادٰى نُوْحُ ۨابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ
يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ۴۲ قَالَ سَاٰوِيْۤ اِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَآءِ ۗ قَالَ لَا عَاصِمَ
الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ۴۳

کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے (نعوذ باللہ) یہ قرآن تراش لیا ہے آپ (جواب میں) فرما دیجئے اگر (بالفرض) میں نے تراشا ہوگا تو میرا یہ جرم مجھ پر (عائد) ہوگا (اور تم میرے جرم سے بری الذمہ رہو گے) اور میں تمہارے اس جرم سے بری الذمہ رہوں گا اور نوحؑ کے پاس وحی بھیجی گئی کہ سوا ان کے جو ایمان (اس وقت تک) لا چکے ہیں اور کوئی (نیا) شخص تمہاری قوم میں سے ایمان نہ لائے گا سو جو کچھ یہ لوگ کفر و ایذا اور استہزا کر رہے ہیں اس پر کچھ غم نہ کرو اور تم (اس طوفان سے بچنے کے لئے) ہماری نگرانی میں اور ہمارے حکم سے کشتی تیار کر لو اور (یہ سن لو کہ) مجھ سے کافروں (کی نجات) کے بارہ میں کچھ گفتگو مت کرنا کیونکہ وہ سب غرق کئے جائیں گے اور وہ کشتی تیار کرنے لگے اور (اثنائے تیاری میں) جب کبھی ان کی قوم میں سے کسی رئیس گروہ کا ان پر گزر ہوتا تو ان سے ہنسی کرتے۔ آپ فرمانے لگے کہ اگر تم ہم پر ہنستے ہو تو ہم تم پر ہنستے ہیں جیسا کہ تم ہم پر ہنستے ہو سو ابھی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ وہ کون شخص ہے جس پر (دنیا میں) ایسا عذاب آیا چاہتا ہے جو اس کو رسوا کر دے گا اور (بعد مرگ) اس پر دائمی عذاب نازل ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ (جب ہمارا) حکم (عذاب کا قریب) آ پہنچا اور زمین میں سے پانی اُبلنا شروع ہوا ہم نے (نوحؑ سے) فرمایا کہ ہر قسم کے جانوروں میں سے ایک ایک نر اور ایک ایک مادہ یعنی دو عدد اس (کشتی) میں چڑھا لو اور اپنے گھر والوں کو بھی (چڑھا لو) باستثناء اس کے جس پر (غرق ہونے کا) حکم نافذ ہو چکا ہے اور (گھر والوں کے ۔۔۔) دوسرے ایمان والوں کو بھی اور بجز قلیل آدمیوں کے ان کے ساتھ کوئی ایمان نہ لایا تھا اور نوح علیہ السلام نے فرمایا کہ (آؤ) اس کشتی میں سوار ہو جاؤ (اور کچھ اندیشہ مت کرو کیونکہ) اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا (سب) اللہ ہی کے نام سے ہے۔ بالیقین میرا رب غفور رحیم ہے اور وہ کشتی ان کو لے کر پہاڑ جیسی موجوں میں چلنے لگی اور نوح علیہ السلام نے اپنے (ایک سگے یا سوتیلے) بیٹے کو پکارا اور وہ (کشتی سے) علیحدہ مقام پر تھا کہ میرے پیارے بیٹے ہمارے ساتھ سوار ہو جاؤ اور (عقیدہ میں) کافروں کے ساتھ مت ہو۔ وہ کہنے لگا کہ میں ابھی کسی پہاڑ کی پناہ لے لوں گا جو مجھ کو پانی میں غرق ہونے سے بچا لے گا۔ نوحؑ نے فرمایا کہ آج اللہ کے قہر سے کوئی بچانے والا نہیں (نہ پہاڑ نہ کوئی اور چیز) لیکن جس پر وہی رحم کرے اور دونوں (باپ بیٹوں) کے بیچ میں ایک موج حائل ہو گئی۔ پس وہ (بھی مثل دوسرے کافروں کے) غرق ہو گیا۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر نوح علیہ السلام کا محاجہ اپنی قوم سے مذکور ہوا ہے چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کفار قریش بھی محاجہ کیا کرتے تھے اس لئے قصہ مذکورہ کے درمیان میں استتباعاً اس کے متعلق ایک آیت آ گئی۔

جواب محاجہ کفار مکہ ☆ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ (الی قولہ تعالی) مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ۳۵ کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ محمد (ﷺ) نے (نعوذ باللہ) یہ قرآن تراش لیا ہے آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ اگر (بالفرض) میں نے تراشا ہوگا تو میرا یہ جرم مجھ پر (عائد) ہوگا (اور تم میرے جرم سے بری الذمہ رہو گے) اور (اگر تم نے یہ دعویٰ تراشا ہوگا تو تمہارا یہ جرم تم پر عائد ہوگا اور) میں تمہارے اس جرم سے بری الذمہ رہوں گا۔ ف: یہ اخیر درجہ کا جواب ہے اور اصل جواب وہ ہے کہ اس افتراء کا افتراء ہونا ثابت کر دیا جاوے جیسا کہ اسی سورت کے دوسرے رکوع میں جواب دیا ہے: قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ الخ [ھود: ۱۳] لیکن جو شخص دلیل میں نہ قدح کر سکے اور نہ تسلیم کرے اخیر درجہ یہی کہا جاتا ہے کہ خیر بھائی جیسا میں نے کیا ہوگا میں بھگتوں گا جیسا تم کر رہے ہو تم بھگتو گے۔

ربط: آگے پھر تتمہ ہے قصہ مذکورہ کا۔

www.besturdubooks.net

تمہ قصہ نوح علیہ السلام متعلق طوفان ☆ وَاُوْحِیَ اِلٰی نُوْحٍ (الی قولہ تعالی) وَحَالَ بَیْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِیْنَ ﴿۴۳﴾ اور (جب نصیحت کرتے ہوئے ایک زمانہ دراز گزر گیا اور کچھ اثر نہ ہوا تو) نوح (علیہ السلام) کے پاس وحی بھیجی گئی کہ سوا ان کے جو (اس وقت تک) ایمان لا چکے ہیں اور کوئی (نیا) شخص تمہاری قوم میں سے ایمان نہ لاوے گا سو جو کچھ یہ لوگ (کفر و ایذاء و استہزاء) کر رہے ہیں اس پر کچھ غم نہ کرو (کیونکہ غم تو خلاف توقع سے ہوتا ہے جب ان سے بجز مخالفت کے کوئی توقع ہی نہیں پھر کیوں غم کیا جاوے) اور (چونکہ ہمارا ارادہ اب ان کے غرق کرنے کا ہے اور اس لئے طوفان آنے کو ہے پس) تم (اس طوفان سے بچنے کے لئے) ہماری نگرانی میں اور ہمارے حکم سے کشتی تیار کرلو (کہ اس کے ذریعہ سے طوفان سے تم اور مؤمنین محفوظ رہو گے) اور (یہ سن لو کہ) مجھ سے کافروں (کی نجات) کے بارہ میں کچھ گفتگو مت کرنا (کیونکہ) وہ سب غرق کئے جاویں گے (ان کے لئے یہ قطعی طور پر تجویز ہو چکا ہے تو ان کی سفارش بے کار ہو گی غرض نوح علیہ السلام نے سامان کشتی کا جمع کیا) اور وہ کشتی تیار کرنے لگے (خواہ خود یا دوسرے کاریگروں کے ذریعہ سے) اور (اثنائے تیاری میں) جب کبھی ان کی قوم میں سے کسی رئیس گروہ کا ان پر گزر ہوتا تھا تو (ان کو کشتی بناتا دیکھ کر اور یہ سن کر کہ طوفان آنے والا ہے) ان سے ہنسی کرتے (کہ دیکھو پانی کا کہیں نام و نشان نہیں، مفت مصیبت جھیل رہے ہیں) آپ فرماتے کہ اگر تم ہم پر ہنستے ہو تو ہم تم پر ہنستے ہیں جیسا تم ہم پر ہنستے ہو (کہ عذاب ایسا نزدیک آ پہنچا ہے اور تم کو ہنسی سوجھ رہی ہے ہم اس پر ہنستے ہیں) سو ابھی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ وہ کون شخص ہے جس پر (دنیا میں) ایسا عذاب آیا چاہتا ہے جو اس کو رسوا کر دے اور (بعد مرگ) اس پر دائمی عذاب نازل ہوتا ہے (غرض اسی طرح کے مکالمات اور معاملات ہوا کرتے) یہاں تک کہ جب ہمارا حکم (عذاب کا قریب) آ پہنچا اور زمین سے پانی ابلنا شروع ہوا (اور یہ علامت تھی طوفان شروع ہو جانے کی اور اوپر سے برسنا شروع ہوا اس وقت) ہم نے (نوح علیہ السلام سے) فرمایا کہ ہر قسم (کے جانوروں) میں سے (جو کہ انسان کے کارآمد ہیں اور پانی میں زندہ نہیں رہ سکتے) ایک ایک نر اور ایک ایک مادہ یعنی دو عدد اس (کشتی) میں چڑھا لو اور اپنے گھر والوں کو بھی (چڑھا لو) باستثناء اس کے جس پر (غرق ہونے کا) حکم نافذ ہو چکا ہے (یعنی ان میں جو کافر ہو جن کی نسبت اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۳۷﴾ کہہ دیا گیا ہے اس کو سوار مت کرنا) اور (گھر والوں کے علاوہ) دوسرے ایمان والوں کو بھی (سوار کرلو) اور بجز قلیل آدمیوں کے ان کے ساتھ کوئی ایمان نہ لایا تھا (بس انہی کے سوار کرنے کا حکم ہو گیا) اور نوح (علیہ السلام) نے (سب جانوروں کو سوار کر کے اپنے متبعین سے) فرمایا کہ (آؤ) اس کشتی میں سوار ہو جاؤ (اور غرق سے کچھ اندیشہ مت کرنا کیونکہ) اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا (سب) اللہ ہی کے نام سے ہے (اور وہی اس کے محافظ ہیں پھر اندیشہ کیوں کیا جاوے اور گو بندوں کے گناہ مقتضی غرق کو ہیں مگر) بالیقین میرا رب غفور رحیم ہے (وہ اپنی رحمت سے گناہ بھی بخش دیتا ہے اور حفاظت بھی فرماتا ہے غرض سب کشتی پر سوار ہو گئے اور اس اثناء میں پانی بڑھ گیا) اور وہ کشتی ان کو لے کر پہاڑ جیسی موجوں میں چلنے لگی اور نوح (علیہ السلام) نے اپنے (ایک سگے یا سوتیلے) بیٹے کو (جس کا نام کنعان تھا اور وہ باوجود فہمائش کے ایمان نہ لایا تھا اور بوجہ ایمان نہ لانے کے کشتی میں سوار نہ کیا گیا تھا اور اسوقت کشتی کنارہ کے قریب ہی تھی اور وہ کنارہ پر موجود تھا بطور آخری دعوت کے) پکارا اور وہ (کشتی سے) علیحدہ مقام پر تھا کہ اے میرے پیارے بیٹے (کشتی میں سوار ہونے کی شرط کہ ایمان ہے بجا لا کر جلدی) ہمارے ساتھ سوار ہو جا اور (عقیدہ میں) کافروں کے ساتھ مت ہو (یعنی کفر کو چھوڑ دے کہ غرق سے بھی بچ جاوے) وہ کہنے لگا کہ میں ابھی کسی پہاڑ کی پناہ لے لوں گا جو مجھ کو پانی (میں غرق ہونے) سے بچا لے گا (کیونکہ وہ وقت ابتدائے طوفان کا تھا پہاڑوں کے اوپر پانی نہ پہنچا تھا) نوح (علیہ السلام) نے فرمایا کہ آج اللہ کے قہر سے کوئی بچانے والا نہیں (نہ پہاڑ اور نہ اور کوئی چیز) لیکن جس پر وہی رحم کرے (تو اس کو خود ہی بچا لے غرض کنعان اس وقت بھی ایمان نہ لایا اور پانی زور و شور کے ساتھ اس طرح بڑھ گیا) اور دونوں (باپ بیٹوں) کے بیچ میں ایک موج حائل ہو گئی پس وہ (بھی مثل دوسرے کافروں کے) غرق ہو گیا۔

ف: ہر چند کہ بعض عدم عموم طوفان کے قائل ہوئے ہیں لیکن ظاہر آیات سے جن کو ماؤل کہنا بعید ہے عموم معلوم ہوتا ہے قال تعالیٰ: وَجَعَلْنَا ذُرِّیَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِیْنَ [الصّٰفّٰت: ۷۷] وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَی الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ دَیَّارًا [نوح: ۲۶] اور عموم طوفان پر ظاہرا جو بعض اشکالات واقع ہوتے ہیں سب کے جواب قریب ہیں مثلاً یہ کہ تمام انواع حیوانات کے ایک متعارف مقدار کی کشتی میں کیسے سما سکتے ہیں جس کا جواب یہ ہے کہ جو پانی میں رہ سکتے ہیں وہ یقیناً خارج ہیں جو محتاج تناسل نہیں وہ خارج ہیں) رہے اور اقسام سو ان میں سے ممکن ہے کہ وہی سوار کئے گئے ہوں جن سے انسانی حاجت متعلق ہوئی ہے جیسے ماکولات و مرکوبات و عوامل و حوامل تاکہ بعد ختم طوفان کے بقیہ افراد انسانی کو تکلیف نہ ہو سو ایسے جانور بہت قلیل ہیں ہر ایک کا ایک جوڑا رکھنا کچھ مشکل نہیں اور جن سے حاجت انسانی متعلق نہیں ہے جیسے سباع وغیرہ وہ سوار نہ کئے گئے ہوں اور ان کو اللہ تعالیٰ نے دوبارہ پیدا کر دیا ہو یا یہ کہ بطور خرق عادت کے اسی کشتی میں ان کی بھی جگہ ہو گئی ہو اور مثلاً یہ اشکال کہ نابالغ بچے کیسے غرق کئے گئے جس کا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ چند روز پہلے توالد و تناسل بند ہو گیا ہو پس پرانے نابالغ بالغ ہو گئے ہوں اور نیا نابالغ پیدا نہ ہوا ہو جیسا کہ روح المعانی میں عبداللہ بن زیاد بن سمعان سے بروایت اسحٰق بن بشیر و ابن عساکر کے نقل بھی کیا ہے کہ چالیس سال قبل سے توالد و تناسل بند ہو گیا تھا اور یا یہ کہ وہ بچے بڑے ہو کر کافر ہونے والے تھے جیسا لَنْ یُّؤْمِنَ الخ سے مفہوم ہوتا ہے پس ان کا غرق ہو جانا ان کے لئے

www.besturdubooks.net

موجب رحمت ہوا کہ کفر سے اور اس کے ثمرہ سے بچ گئے اور مثلاً یہ اشکال کہ اور جانوروں نے کیا خطا کی تھی جس کا جواب یہ ہے کہ وہ طوفان کفار کے حق میں عذاب تھا اور بہائم کے لئے بمنزلہ موت طبعی کے تھا جو ہر روز واقع ہوا کرتی ہے اس کے لئے خطاوار ہونے کی ضرورت نہیں خوب سمجھ لو اور کشتی میں جو اہل ایمان سوار تھے ان کے عدد میں اختلاف ہے سب سے بڑا عدد یہ ہے کہ اسّی مرد تھے اور اسّی عورتیں مگر نسل ان سب کی نہیں چلی اب تمام عالم کے آدمی صرف نوح علیہ السلام کی اولاد ہیں واللہ اعلم اور کشتی بنانے میں دو قول ہیں ایک یہ کہ بتعلیم خداوندی خود نوح علیہ السلام نے بنائی اور ایک یہ کہ کاریگروں سے بنوائی اور کنعان کو بعض نے کہا ہے کہ ان ہی کا بیٹا تھا بعض نے کہا کہ ان کا ربیب یعنی بیوی کا بیٹا تھا اور چونکہ بعض اہل سیر نے ان کی بی بی کا بھی کشتی میں موجود ہونا روایت کیا ہے اور قرآن میں ان کی بی بی کا کافر ہونا اور کافر کا نجات نہ پانا مذکور ہے اس لئے بعض علماء قائل ہوئے ہیں کہ ان کی ایک بی بی مؤمن تھی اور ایک کافر۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ۝ اس میں دلالت ہے اس پر کہ جواب بالمثل سے انتقام لینا مکارم اخلاق کے منافی نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَ نَادٰى نُوْحُ (الی قولہ تعالی) ارْكَبْ (مع قولہ تعالی) لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ اس میں دلیل ہے اس پر کہ اسباب ماذون فیہا کی مباشرت توکل کے مخالف نہیں جیسے کشتی نوح میں سوار ہونا البتہ اسباب غیر ماذون فیہا کی مباشرت منافی توکل ہے جیسے کنعان کا پہاڑ کی پناہ لینا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ف جیسا میں نے الخ هذا احد المتحملین فی تقریر الآیة والثانی وهو دقیق انی لما جئتكم بدلائل مفحمة فلو فرض انی مفتر لكنكم لا تواخذون علی اتباعی وهو مبنی علی ان من لم یال جهدا لم اخطأ الحق فهو معذور كما ذكرت شیئا فی هذه المسئلة فی سورة الاعراف تحت آیة یٰبنی آدم قد انزلنا علیكم لباسا الخ فانظر ولا تذكر للعامة فیغبوا علیك ۱۲۔ ۲ قوله فی قال ان تسخروا فرماتے اشارة الی استمرار هذا القول باستمرار سخریتهم المدلول علیه بقوله كلما مر الخ ۱۲۔ ۳ قوله فی احمل فیها کشتی بتاویل الفلك بالسفینة ۱۲۔ ۴ قوله ومن آمن اور دوسرے اشارة الی التعمیم بعد التخصیص وافرد الاهل مع شمول من امن لهم ایذانا بشرفهم ۱۲۔ ۵ قوله یا بنی پیارے لان التصغیر للشفقة ۱۲۔
۶ قوله فی امر الله قهر خصص الامر بقرینة المقام ۱۲۔ ۷ قوله فی الا من رحم لیکن جس پر الخ اشارة الی كون الاستثناء منقطعا ۱۲۔

اللغات: قوله التنور وجه الارض كذا فی القاموس قلت هذا التفسیر احسن لانه عام للتنور المتعارف وغیره فیصح علی جمیع الاقوال وهو مروی فی الدر عن ابن عباس رضی الله عنهما ایضا ۱۲۔

النحو: قوله الا من قد آمن بمعنی غیر فلا یرد ان ایمان من آمن فی المستقبل لا معنی له قوله باعیننا الباء للملا بسة فصح دخولها علی الاعین والوحی وان تفاوت وجه التلبس فیهما قوله من كل زوجین اثنین هو بدل من زوجین زاده لئلا یتوهم ان المراد بالزوج مجموع الذكر والانثٰی فیلزم علی هذا ان یكون المحمول اربعا من كل وفی قراءة باضافة كل فاثنین مفعول لا حمل قوله الا من رحم استثناء منقطع ای فهو المعصوم دل علیه المقام قوله بسم الله متعلق بمجراها و مرسٰها ومعنی الاستعانة باسم الله تعالٰی بالله تعالٰی او یكون المراد تسبب مبادی اسمائه تعالٰی من القدرة والارادة والامر للجریان والرسو فافهم فاطلق الاسم علی المبدأ ۱۲۔

البلاغۃ: وانا بری لم یصرح بشرطه ای افتریتم لتحققه یقینا والشرط یقتضی التردد قوله ان افتریته معناه ان ثبت انی افتریة لان الافتراء المفروض ههنا ماض والشرط یخلص الاستقبال كذا فی الروح قوله كما تسخرون التشبیه فی نفس الوقوع والا فالتفاوت بالحقیقة البطلان متحقق البتة ۱۲۔

وَ قِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَ يٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَ غِيْضَ الْمَآءُ وَ قُضِيَ الْاَمْرُ وَ اسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَ قِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝۴۴ وَ نَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَ اِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَ اَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ۝۴۵ قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖۗ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنِّيْۤ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝۴۶ قَالَ رَبِّ اِنِّيْۤ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَ اِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَ تَرْحَمْنِيْۤ اَكُنْ مِّنَ

www.besturdubooks.net

الْخٰسِرِیْنَ ﴿۴۷﴾ قِیْلَ یٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَیْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ؕ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ یَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۴۸﴾ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهَآ اِلَیْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛؕ فَاصْبِرْ ۛؕ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِیْنَ ﴿۴۹﴾

اور (جب کفار غرق ہو چکے تو) حکم ہو گیا کہ اے زمین اپنا پانی جو کہ تیری سطح پر موجود ہے نگل جا اور اے آسمان (برسنے سے) تھم جا۔ (چنانچہ دونوں امر واقع ہو گئے اور پانی گھٹ گیا اور قصہ ختم ہوا اور کشتی (کوہ) جودی پر آ ٹھہری اور کہہ دیا گیا کہ کافر لوگ رحمت سے دور اور (جب) نوح نے اپنے رب کو پکارا اور عرض کیا کہ اے میرے رب میرا یہ بیٹا میرے گھر والوں میں سے ہے اور آپ کا (یہ) وعدہ بالکل سچا ہے اور آپ احکم الحاکمین (اور بڑی قدرت والے) ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اے نوحؑ یہ شخص (ہمارے علم ازلی میں) تمہارے (ان) گھر والوں میں نہیں (جو ایمان اور نجات پائیں گے بلکہ) یہ (خاتمہ تک) تباہ کار (یعنی کافر رہنے والا) ہے۔ سو مجھ سے ایسی (مشکل) چیز کی درخواست نہ کرو جس کی تم کو خبر نہیں۔ تم کو نصیحت کرتا ہوں کہ تم (آئندہ) نادان نہ بن جانا (یعنی ایسی دعا نادانی کی بات ہے) انہوں نے عرض کیا کہ اے میرے رب میں اس امر سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں کہ (آئندہ) آپ سے ایسے امر کی درخواست کروں جس کی مجھ کو خبر نہ ہو اور گزشتہ گناہ معاف کر دیجئے کیونکہ اگر آپ میری مغفرت نہ مانیں گے اور مجھ پر رحم نہ فرمائیں گے تو میں بالکل تباہ ہی جاؤں گا۔ کہا گیا کہ اے نوحؑ (اب جودی پر سے زمین پر) اترو۔ ہماری طرف سے سلام اور برکتیں لے کر جو تم پر نازل ہوں گی اور ان جماعتوں پر کہ تمہارے ساتھ ہیں اور بہت سی ایسی جماعتیں بھی ہوں گی کہ ہم ان کو (دنیا میں) چند روز عیش دیں گے پھر آخرت میں ان پر ہماری طرف سے سزائے سخت واقع ہوگی۔ یہ قصہ (آیت کے اعتبار سے) منجملہ اخبار غیب کے ہے جس کو ہم وحی کے ذریعہ سے آپ کو پہنچاتے ہیں اس (قصہ) کو اس (ہمارے بتلانے) کے قبل نہ آپ جانتے تھے اور آپ کی قوم سو صبر کیجئے یقیناً نیک انجامی متقیوں ہی کیلئے ہے۔

تفسیر: ظاہر ہے۔ قصہ فرو شدن طوفان ☆ وَقِیْلَ یٰٓاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ (الی قولہ تعالی) بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۴۴﴾ اور (جب کفار سب غرق ہو چکے تو) حکم ہو گیا کہ اے زمین اپنا پانی (جو کہ تیری سطح پر موجود ہے) نگل جا اور اے آسمان (برسنے سے) تھم جا (چنانچہ دونوں امر واقع ہو گئے) اور پانی گھٹ گیا اور قصہ ختم ہوا اور کشتی (کوہ) جودی پر آ ٹھہری اور کہہ دیا گیا کہ کافر لوگ رحمت سے دور **ف**: اس سے معلوم ہوا کہ طوفان کا پانی پہاڑ سے اونچا تھا اور قصہ ختم ہونے میں سب باتیں آ گئیں نوح علیہ السلام کی نجات کافروں کا غرق اور طوفان کا فرو ہو جانا اور بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۴۴﴾ شاید اس لئے فرمایا گیا ہو کہ عبرت تازہ ہو جاوے کہ کفر کا یہ وبال ہے تا کہ آئندہ والے اس سے بچے رہیں اور جودی کی تحقیق فتح المنان میں دیکھ لی جاوے۔ **ربط**: ظاہر ہے۔

دعائے نوح علیہ السلام و جواب باری تعالیٰ ☆ وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ (الی قولہ تعالی) وَاِلَّا تَغْفِرْ لِیْ وَتَرْحَمْنِیْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۴۷﴾ اور (جب) نوح (علیہ السلام نے کنعان کو ایمان لانے کے لئے فرمایا اور اس نے نہ مانا تو اس کے غرق ہونے کے قبل (انہوں) نے (اس امید پر کہ شاید حق تعالیٰ اپنی قدرت سے اس کے دل میں ایمان القاء فرمادے اور یہ ایمان لے آوے) اپنے رب کو پکارا اور عرض کیا کہ اے میرے رب میرا یہ بیٹا میرے گھر والوں میں سے ہے اور آپ کا (یہ) وعدہ بالکل سچا ہے (گھر والوں میں جو ایمان لائے ہیں ان کو بچالوں گا) اور (گو یہ سر دست ایمان والا اور مستحق نجات نہیں ہے لیکن) آپ احکم الحاکمین (اور بڑی قدرت والے) ہیں (اگر آپ چاہیں تو اس کو مؤمن بنا دیں تا کہ یہ بھی اس وعدہ حقہ کا محل بن جاوے خلاصہ معروض کا دعا تھی اس کے مؤمن ہونے کے لئے) اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اے نوح یہ شخص (ہمارے علم ازلی میں) تمہارے (ان) گھر والوں میں نہیں (جو ایمان لا کر نجات پاویں گے یعنی اس کی قسمت میں ایمان نہیں بلکہ) یہ (خاتمہ تک) تباہ کار (یعنی کافر رہنے والا) ہے سو مجھ سے ایسی چیز کی درخواست مت کرو جس کی تم کو خبر نہیں (یعنی ایسے امر محتمل کی دعا مت کرو) میں تم کو نصیحت کرتا ہوں کہ تم (آئندہ) نادان نہ بن جاؤ (یعنی ایسی دعا نادانی کی بات ہے) انہوں نے عرض کیا کہ اے میرے رب میں اس امر سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں کہ (آئندہ) آپ سے ایسے امر کی درخواست کروں جس کی مجھ کو خبر نہ ہو اور (گزشتہ معاف کر دیجئے کیونکہ) اگر آپ میری مغفرت نہ فرماویں گے اور مجھ پر رحم نہ فرماویں گے تو میں تو بالکل تباہ ہی ہو جاؤں گا۔ **ف**: وعدہ نجات مؤمنین اِحْمِلْ فِیْهَا سے مستفاد ہوتا ہے اِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ میں یہی مراد ہے اور اللہ تعالیٰ نے اهلك کے ساتھ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَیْهِ الْقَوْلُ فرما دیا تھا اور اس کا مصداق متعین فرمایا نہ تھا اور یہ عدم تعیین واقع میں اس لئے تھی کہ یہ انجاء یا اغراق تک مبہم رہے بجز ہمارے کسی کو اس کی اطلاع نہ ہو کہ کون مؤمن ہوگا کون کافر اور اس عدم اطلاع میں کوئی حکمت ہوگی پس در پردہ اس میں ایسے مشتبہ کے حق میں دعاء کرنے کی بھی ممانعت تھی اور لَا تُخَاطِبْنِیْ فِی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا میں بھی ظلم سے مراد ظلم فی علمنا تھا جو کہ عام تھا متیقن و مشتبہ کو مگر نوح علیہ السلام یوں سمجھے کہ ظَلَمُوْا سے مراد ظلموا فی علم نوح اور سَبَقَ الْقَوْلُ سے بھی مراد سبق فی علم نوح یعنی متیقن الکفر مراد ہے پس چونکہ کنعان متیقن الکفر الی الموت نہ تھا یعنی معلوم الکفر نہ تھا البتہ غیر معلوم الایمان تھا جس کو جواب میں مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ سے تعبیر فرمایا گیا ہے اس لئے دعاء کر

www.besturdubooks.net

دی اور چونکہ تفسیر مذکور اس کے لئے دعاء کی اجازت نہ تھی اس لئے نصیحت کی گئی کہ آئندہ ایسا نہ کرنا کہ ہم جس کو مبہم رکھنا چاہیں اس میں درخواست کرو اور اگر شبہ ہو کہ لَنْ یُّؤْمِنَ سے اس کا متعین الکفر ہونا معلوم ہوتا ہے پھر کیوں دعا کی۔ جواب یہ ہے کہ وہ باعتبار قوم کے ہے اہل کے اعتبار سے ہونا ثابت نہیں پس عصمت نوح علیہ السلام میں کوئی اشکال نہ رہا وھذا التقریر لھذا المقام من مواھب اللہ العلام۔ ربط: ظاہر ہے۔

خاتمہ قصہ ☆ قِیْلَ یٰنُوْحُ اهْبِطْ (الی قولہ تعالی) عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۴۸﴾ (جب جودی پر کشتی ٹھہرنے کے چند روز بعد پانی بالکل اتر گیا اس وقت نوح علیہ السلام سے) کہا (یعنی اللہ تعالی نے خود یا کسی فرشتے کے ذریعہ سے ارشاد فرمایا) کہ اے نوح (اب جودی پر سے زمین پر) اترو ہماری طرف سے سلام اور برکتیں لے کر جو تم پر نازل ہوں گی اور ان جماعتوں پر کہ تمہارے ساتھ ہیں (کیونکہ ساتھ والے سب مسلمان تھے اور اس علت کے اشتراک سے قیامت تک کے مسلمانوں پر بھی سلام و برکات کا نزول معلوم ہو گیا) اور (چونکہ یہ کلام بعد والے مسلمانوں پر برکات نازل ہونے پر دلالت کرتا ہے اور بعد والوں میں سے بعضے کافر بھی ہوں گے اس لئے ان کا حال بھی بیان فرماتے ہیں کہ) بہت سی ایسی جماعتیں بھی ہوں گی کہ ہم ان کو (دنیا میں) چند روز عیش دیں گے پھر (آخرت میں) ان پر ہماری طرف سے سزائے سخت واقع ہو گی۔

ربط: قصہ نوح علیہ السلام کو ختم کر کے منجملہ فوائد قصص کے دو فائدے بیان فرماتے ہیں دلالت نبوت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور تسلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی۔

بعض فوائد قصہ مذکورہ ☆ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ (الی قولہ تعالی) اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِیْنَ ﴿۴۹﴾ یہ قصہ (آپ کے اعتبار سے) منجملہ اخبار غیب کے ہے جس کو ہم وحی کے ذریعہ سے آپ کو پہنچاتے ہیں اس (قصہ) کو اس (ہمارے بتلانے) کے قبل نہ آپ جانتے تھے اور نہ آپ کی قوم جانتی تھی اس اعتبار سے غیب تھا اور بجز وحی کے دوسرے سب اسباب علم کے یقیناً مفقود ہیں بس ثابت ہو گیا کہ آپ کو وحی کے ذریعہ سے معلوم ہوا ہے اور یہی نبوت ہے لیکن یہ لوگ بعد ثبوت نبوت کے بھی آپ سے مخالفت کرتے ہیں) سو صبر کیجئے (جیسا اس قصہ میں نوح علیہ السلام کا صبر آپ کو معلوم ہوا ہے) یقیناً نیک انجامی متقیوں ہی کے لئے ہے (جیسا نوح علیہ السلام کے قصہ میں معلوم ہوا کہ کفار کا انجام برا ہے اور مسلمانوں کا انجام اچھا ہو گا اسی طرح ان کفار کا چند روزہ زور و شور ہے پھر اخیر میں غلبہ حق ہی کو ہو گا)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: قَالَ یٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَیْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ ۟ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے اس طرف کہ جب شرف نسب کے ساتھ صلاح نہ ہو وہ کالعدم ہے ۱۲ قولہ تعالی: فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ یعنی جس کے صواب و غیر صواب ہونے کا علم نہ ہو تو یہ مشتبہ الحال دعاء سے نہی ہے اور جو امر معلوم الفساد ہو اس کی دعاء سے نہی بدرجہ اولی مفہوم ہو گی کذا فی الروح اور اس سے ہمارے زمانہ کے مشائخ کی دعاؤں کا حال معلوم ہوتا ہے کہ ان سے جس امر کے لئے دعا کی درخواست کی جاوے وہ اس کے لئے دعا کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں اسی طرح بعض سالکین بعض احوال و مواجید کی دعا کرتے ہیں حالانکہ ان کا ضرر و نفع کچھ معلوم نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قولہ فی الغیب آپ کے اعتبار سے اشارۃ الی ان الغیب فی الآیۃ اضافی کما اوضحہ فی ترجمۃ ولا قولك فافھم ۱۲۔

فائدہ: الاقسام المختلفۃ عقلا ھھنا اربعۃ المسلمون الحاضرون والمسلمون الغائبون والکافرون الحاضرون والکافرون الغائبون فالاول منطوق لفظاً والثانی مفہوم معنیً والثالث منتفٍ تحققا والرابع کالاول فافھم فلا یرد ذکر بعض و عدم ذکر آخرین ۱۲۔

فائدۃ متعلقۃ بالآیۃ الاولی: فی الکشاف بعد ذکر شیٔ من اللطائف مالفظہ ولما ذکرنا من المعانی والنکت استفصح علماء البیان ھذہ الایۃ ورقصوا لھا رؤسھم اہ وان اشتقت الی نبذ منھا فانظر فی روح المعانی ۱۲۔

فوائد متعلقہ بالآیات الاخر: الاولی زاد فی الدعاء بایمان ابنہ انہ من اھلی مع ان الدعاء کان یمکن بدونہ تقریبا للدعاء الی القبول وتاکیدا للشفاعۃ وایضًا لاجل ان من لم یؤمن من قومہ قد اقنط من ایمانہ بقولہ لن یؤمن فاشار بالزیادۃ الی انی لا ادعوا لمن ھو کافر بالیقین وانما ادعوا لمحتمل ۱۲۔ الثانیۃ لما کان الایمان عملا صالحا صح ارادۃ الکفر بعمل غیر صالح ومعناہ ذو عمل غیر صالح ۱۲۔ الثالثۃ قولہ اعظك نص فی عدم العتاب ۱۲۔ الرابعۃ قولہ احکم الحاکمین معنی الحکم فیہ کمعناہ فی قولہ واللہ یحکم لا معقب لحکمہ ۱۲۔ الخامسۃ قولہ ما لیس لك بہ علم ظن نوح علیہ السلام جواز السوال لمن لم یعلم بکفرہ فنبہ علی تخصیص الجواز بمن یعلم بعدم کفرہ فیما نھی فیہ عن السوال عن المشتبہ لحکمۃ ما مطلقا لان الانبیاء کانوا یسألون الھدایۃ لکفار قومھم ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اَلنَّحْوُ: قوله بعدا هلاكا مفعول مطلق عامله بعد واو اللام صلة للمصدر۲۔ قوله ممن معك من بيانية والامم هم الذين كانوا معه سماهم امما اما للتفخيم لاسلامهم واما لكونهم جماعات متفرقة قوله وامم مبتدأ خبره محذوف اى ومن الناس امم ولو بعد هؤلاء قوله نوحيها حال من انباء وما كنت تعلمها خبر ثان لتلك ولذا قيل في ترجمة الاول جن کو وفي الثاني اس کو۱۲۔

وَاِلٰی عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ یٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ
عَلَیْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی الَّذِیْ فَطَرَنِیْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَیٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَیْهِ یُرْسِلِ
السَّمَآءَ عَلَیْكُمْ مِّدْرَارًا وَّیَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰی قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِیْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا یٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَیِّنَةٍ وَّمَا
نَحْنُ بِتَارِكِیْۤ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِیْنَ ﴿۵۳﴾ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ
اِنِّیْۤ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْۤا اَنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِیْدُوْنِیْ جَمِیْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾ اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ
رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۵۶﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّاۤ
اُرْسِلْتُ بِهٖۤ اِلَیْكُمْ ؕ وَیَسْتَخْلِفُ رَبِّیْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ﴿۵۷﴾ وَلَمَّا جَآءَ
اَمْرُنَا نَجَّیْنَا هُوْدًا وَّالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّیْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِیْظٍ ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ عَادٌ ۟ۙ جَحَدُوْا بِاٰیٰتِ
رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ ﴿۵۹﴾ وَاُتْبِعُوْا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا لَعْنَةً وَّیَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ
عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿۶۰﴾ ع

اور ہم نے (قوم) عاد کی طرف ان کے (برادری یا وطن کے) بھائی (حضرت ہود علیہ السلام) کو پیغمبر بنا کر بھیجا انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا اے میری قوم تم (صرف) اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (ہونے کے قابل) نہیں تم محض مفتری ہو۔ اے میری قوم میں نے تم سے اس (تبلیغ) پر کچھ معاوضہ نہیں مانگا میرا معاوضہ تو صرف اس (اللہ کے ذمہ ہے) جس نے مجھ کو عدم محض سے پیدا کیا پھر کیا تم نہیں سمجھتے اور اے میری قوم تم اپنے گناہ (کفر و شرک وغیرہ) اپنے رب سے معاف کراؤ (یعنی ایمان لاؤ اور) پھر (ایمان لا کر) اس کی طرف متوجہ رہو وہ تم پر خوب بارشیں برسائے گا اور ایمان و عمل کی برکت سے تم کو اور قوت دے کر تمہاری قوت (موجودہ) میں ترقی کر دے گا (پس ایمان لے آؤ) اور مجرم رہ کر (ایمان سے اعراض مت کرو) ان لوگوں نے جواب دیا کہ اے ہود آپ نے ہمارے سامنے کوئی دلیل تو پیش کی نہیں اور ہم آپ کے (مجرد) کہنے سے تو اپنے معبودوں (کی عبادت) کو چھوڑنے والے ہیں نہیں اور ہم کسی طرح آپ کا یقین کرنے والے نہیں (اور) ہمارا قول تو یہ ہے کہ ہمارے معبودوں میں سے کسی نے آپ کو کسی خرابی میں (مثل جنون وغیرہ کے) مبتلا کر دیا ہے۔ ہودؑ نے فرمایا کہ میں (علی الاعلان) اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی (سن لو اور) گواہ رہو کہ میں ان چیزوں سے (بالکل) بیزار ہوں جن کو تم خدا کے سوا شریک (عبادت) قرار دیتے ہو۔ سو تم (اور وہ) سب مل کر میرے ساتھ (ہر طرح کا) داؤ گھات کر لو (اور) پھر ذرا مجھ کو مہلت نہ دو میں نے اللہ پر توکل کر لیا ہے جو میرا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی مالک ہے جتنے روئے زمین پر چلنے والے ہیں سب کی چوٹی اس نے پکڑ رکھی ہے۔ یقیناً میرا رب صراط مستقیم پر (چلنے سے ملتا) ہے۔ پھر اگر (اس بیان بلیغ کے بعد بھی) تم (راہ حق سے) پھرے رہو گے تو میں تو (معذور سمجھا جاؤں گا کیونکہ) جو پیغام دے کر مجھ کو بھیجا گیا تھا وہ تم کو پہنچا چکا ہوں اور تمہاری جگہ میرا رب دوسرے لوگوں کو زمین میں آباد کر دے گا اور اس کا تم کچھ نقصان نہیں کر رہے۔ بالیقین میرا رب ہر شے کی نگہداشت کرتا ہے اور (سامان عذاب شروع ہوا سو) جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) پہنچا ہم نے ہودؑ کو اور جو ان کے ہمراہ اہل ایمان تھے ان کو اپنی عنایت سے (اس عذاب سے) بچا لیا اور ان کو (کیسی چیز سے بچا لیا) ایک بہت ہی سخت عذاب سے بچا لیا اور یہ (جن کا ذکر ہوا) قوم عاد تھی جنہوں نے اپنے رب کی آیات سے انکار کیا اور اس کے رسولوں کا کہنا نہ مانا اور تمام تر ایسے لوگوں کے کہنے پر چلتے رہے جو ظالم اور ضدی تھے اور ان افعال کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس دنیا میں بھی لعنت ان کے ساتھ ساتھ رہی اور قیامت کے دن بھی خوب سن لو قوم عاد نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا۔ خوب سن لو رحمت سے دوری ہوئی (دونوں جہان میں) عاد کو جو کہ ہود کی قوم تھی۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: قصہ نوح علیہ السلام کے بعد حضرت ہود علیہ السلام اور قوم عاد کا قصہ آتا ہے۔

قصہ عاد قوم ہود علیہ السلام ☆ وَاِلٰی عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا (الی قولہ تعالی) اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ۝ اور ہم نے (قوم) عاد کی طرف ان کے (برادری یا وطن کے) بھائی (حضرت) ہود (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا (انہوں نے اپنی قوم سے) فرمایا اے میری قوم تم (صرف) اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود ہونے کے قابل) نہیں تم (اس بت پرستی کے اعتقاد میں) محض مفتری ہو (کیونکہ اس کا باطل ہونا دلیل سے ثابت ہے) اے میری قوم (میری نبوت کی علاوہ ثبوت بالدلیل کے اس امر سے مزید تائید ہوتی ہے کہ) میں تم سے اس (تبلیغ) پر کچھ معاوضہ نہیں مانگتا میرا معاوضہ تو صرف اس (اللہ) کے ذمہ ہے جس نے مجھ کو (عدم محض سے) پیدا کیا پھر کیا تم (اس کو) نہیں سمجھتے (کہ دلیل صحیح نبوت موجود اور مانع صحت نبوت یعنی خودغرضی مرتفع پھر نبوت میں شبہ کی کیا وجہ) اور اے میری قوم تم اپنے گناہ (کفر و شرک وغیرہ) اپنے رب سے معاف کراؤ (یعنی ایمان لاؤ اور) پھر ایمان لا کر اس کی طرف (عبادت سے) متوجہ رہو (یعنی عمل صالح کرو پس ایمان و عمل صالح کی برکت سے) وہ تم پر خوب بارشیں برسا دے گا (درمنثور میں ہے کہ عاد پر تین سال متواتر قحط ہوا تھا اور ویسے بھی بارش مطلوب ہے) اور (ایمان و عمل کی برکت سے) تم کو اور قوت دے کر تمہاری قوت (موجودہ) میں ترقی کر دے گا (پس ایمان لے آؤ اور مجرم رہ کر (ایمان سے) اعراض مت کرو ان لوگوں نے جواب دیا کہ اے ہود آپ نے ہمارے سامنے (اپنے رسول من اللہ ہونے کی) کوئی دلیل تو پیش کی نہیں (یہ قول ان کا عناداً تھا) اور ہم آپ کے (مجرد) کہنے سے تو اپنے معبودوں (کی عبادت) کو چھوڑنے والے ہیں نہیں اور ہم کسی طرح آپ کا یقین کرنے والے نہیں (اور) ہمارا قول تو یہ ہے کہ ہمارے معبودوں میں سے کسی نے آپ کو کسی خرابی میں (مثل جنون وغیرہ کے) مبتلا کر دیا ہے (چونکہ آپ نے ان کی شان میں گستاخی کی انہوں نے باؤلا کر دیا اس لئے ایسی بہکی بہکی باتیں کرتے ہو کہ خدا ایک ہے میں نبی ہوں) ہود (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (تم جو کہتے ہو کسی بت نے مجھ کو باؤلا کر دیا ہے تو) میں (علی الاعلان) اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی (سن لو اور) گواہ رہو کہ میں ان چیزوں سے (بالکل بیزار ہوں جن کو تم خدا کے سوا شریک (عبادت) قرار دیتے ہو سو (میری عداوت اول تو پہلے سے ظاہر ہے اور اب اس تبری سے اور زیادہ مؤکد ہو گئی تو اگر ان بتوں میں کچھ قوت ہے تو) تم (اور وہ) سب مل کر میرے ساتھ (ہر طرح کا) داؤ گھات کر لو (اور) پھر مجھ کو ذرا مہلت نہ دو (اور کوئی کسر نہ چھوڑو دیکھوں تو سہی میرا کیا کر لیں گے اور جب وہ مع تمہارے کچھ نہیں کر سکتے تو اکیلے تو کیا خاک کر سکتے ہیں اور میں یہ دعویٰ اس لئے دل کھول کر کر رہا ہوں کہ بت تو محض عاجز ہیں ان سے تو اس لئے نہیں ڈرتا رہ گئے تم سو گو تم کو کچھ قدرت ہے لیکن میں تم سے اس لئے نہیں ڈرتا کہ) میں نے اللہ پر توکل کر لیا ہے جو میرا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی مالک ہے۔ جتنے روئے زمین پر چلنے والے ہیں سب کی چوٹی اس نے پکڑ رکھی ہے (یعنی سب اس کے قبضے میں ہیں بے اس کے حکم کے کوئی کان نہیں ہلا سکتا اس لئے میں تم سے بھی نہیں ڈرتا اور اس تقریر سے ایک نیا معجزہ بھی ظاہر ہو گیا کہ ایک شخص تن تنہا ایسے بڑے بڑے زور آور لوگوں سے ایسی مخالفانہ باتیں کرے اور وہ اس کا کچھ نہ کر سکیں پس وہ جو کہتے تھے : مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ اس سے اس کا بھی ایک جواب ہو گیا کہ اگر معجزہ سابقہ سے قطع نظر کی جاوے تو لو یہ دوسرا معجزہ ہے پس نبوت پر دلیل قائم ہو گئی اور اس میں جو منشاء اشتباہ تھا اعتراك بعض آلهتنا الخ اس کا جواب بھی ہو گیا پس نبوت ثابت ہو گئی اس سے توحید کا وجوب بھی ثابت ہو گیا جس کی طرف میں دعوت کرتا ہوں اور تمہارا کہنا مَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا الخ باطل ہو گیا اور صراط مستقیم یہی ہے اور) یقیناً میرا رب صراط مستقیم پر (چلنے سے ملتا) ہے (پس تم بھی اس صراط مستقیم کو اختیار کرو تا کہ مقبول و مقرب ہو جاؤ) پھر اگر (اس بیان بلیغ کے بعد بھی) تم (راہ حق سے) پھرے رہو گے تو میں تو (معذور سمجھا جاؤں گا کیونکہ) جو پیغام دے کر مجھ کو بھیجا گیا تھا وہ تم کو پہنچا چکا ہوں (لیکن تمہاری کم بختی آوے گی کہ تم کو اللہ تعالیٰ ہلاک کر دے گا) اور تمہاری جگہ میرا رب دوسرے لوگوں کو اس زمین میں آباد کر دے گا (سو تم اس اعراض و کفر میں اپنا ہی نقصان کر رہے ہو) اور اس کا تم کچھ نقصان نہیں کر رہے (اور اگر اس اہلاک میں کسی کو یہ شبہ ہو کہ خدا کو کیا خبر کہ کون کیا کر رہا ہے تو خوب سمجھ لو کہ) بالیقین میرا رب ہر شئے کی نگہداشت کرتا ہے (اس کو سب خبر رہتی ہے غرض ان تمام حجتوں پر بھی ان لوگوں نے نہ مانا) اور (سامان عذاب شروع ہوا سو) جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) پہنچا (اور باد صرصر کا عذاب نازل ہوا تو) ہم نے ہود (علیہ السلام) کو اور جو ان کے ہمراہ اہل ایمان تھے ان کو اپنی عنایت سے (اس عذاب سے) بچا لیا اور ان کو (کیسی چیز سے بچا لیا) ایک بہت ہی سخت عذاب سے بچا لیا (آگے اوروں کو عبرت دلانے کے لئے فرماتے ہیں) اور یہ (جن کا ذکر ہوا) قوم عاد تھی جنہوں نے اپنے رب کی آیات (یعنی دلائل اور احکام) کا انکار کیا اور اس کے رسولوں کا کہنا نہ مانا اور تمام تر ایسے لوگوں کے کہنے پر چلتے رہے جو ظالم (اور) ضدی تھے اور (ان افعال کا یہ نتیجہ ہوا کہ) اس دنیا میں بھی لعنت ان کے ساتھ ساتھ رہی اور قیامت کے دن بھی (ان کے ساتھ ساتھ رہے گی) چنانچہ دنیا میں اس کا اثر عذاب اہلاک تھا اور آخرت میں عذاب مخلد ہو گا) خوب سن لو قوم عاد نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا خوب سن لو (اس کفر کا یہ خمیازہ ہوا کہ) رحمت سے دوری ہوئی (دونوں جہان میں) عاد کو جو کہ ہود (علیہ السلام) کی قوم تھی۔ **ف**: یہ جو فرمایا کہ عاد نے رسولوں کا کہنا نہ مانا حالانکہ ان کے پاس صرف ہود علیہ السلام کا تشریف لانا ثابت ہے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ پیغمبر مسئلہ توحید میں سب متفق ہیں جب ہود علیہ السلام کا

www.besturdubooks.net

کہنا نہ مانا تو جتنے پیغمبران سے پہلے گزرے تھے بلکہ جو آئندہ بھی ہوئے ان سب ہی کی مخالفت ہوئی اور احقر نے جو مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ میں کہا ہے کہ یہ قول ان کا عناداً تھا وجہ اس کی یہ ہے کہ معجزہ سے کوئی نبی خالی نہیں ہوا گو تعیین ہم کو نہ پہنچی ہو۔ چنانچہ حدیث میں ہے ما من نبی الا قد اعطی من الآیات ما مثله امن علیه البشر متفق علیہ اور دوسرے معجزہ کی تقریر میں جو احقر نے لفظ تن تنہا کہا ہے مراد اس سے یہ ہے کہ ان کے مقابلہ کی ظاہری قوت نہ تھی گو چند مسلمان بھی اس وقت تک ساتھ ہوگئے ہوں پس یہ شبہ نہیں ہوسکتا کہ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ منافی ہے تن تنہا ہونے کے اور یہ جو ان کفار نے کہا تھا اعتراک یہ عقلاً بھی فاسد ہے کیونکہ نہی عن الشرک کی علت اعتراء کو بھی بتلاتے تھے اور اعتراء کی علت خود نہی عن الشرک کو قرار دیتے تھے پس یہ دور صریح ہے اور اگر کسی توجیہ سے دور کو دفع کیا جاوے تب بھی بطلان اس کا بدیہی ہے اور سورۂ مومنون کے رکوع سوم میں جس قوم کا ذکر ہے بعض نے اس کو عاد پر محمول کیا ہے اور اس میں عذاب صیحہ مذکور ہے سو ممکن ہے کہ یہ بھی ہوا ہو فقط۔ و الله اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَ يٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا (الی قوله تعالى) يَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ اس میں دلیل ہے اس پر کہ طاعات کو راحت دنیویہ و خوش عیشی میں بھی دخل ہے اور اس کا مشاہدہ ہو رہا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا اس سے ہود علیہ السلام کا بڑا قوی توکل معلوم ہوتا ہے کیونکہ آپ ان تمام جبابرہ متمردین میں تنہا تھے پھر بھی آپ نے ان کی اور ان کے معبودوں کی کیسی مذمت کی اور ان کو کیسے مشتعل کیا۔ قولہ تعالیٰ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ ایک رسول کے عصیان کو سب رسل کا عصیان اس لئے کہا گیا کہ مقصود سب کا واحد ہے اور اس میں اشارہ ہو گیا کہ بعض مقبولین پر انکار ایسا ہی ہے جیسے سب مقبولین پر کیونکہ ان سب کا مقصود ایک ہی ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ : اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ اس میں دلیل ہے اس پر کہ معاندین حق پر ہلاکت کی دعا کرنا کمال کے منافی نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی فطرنی عدم محض لانه الابداع ۱۲۔ ۲ قوله فی مجرمین رہ کر اشارة الی ارادة الاستمرار لان التولی والاجرام کان حاصلا من قبل ۱۲۔ ۳ قوله فی قولك مجرد دلیله قولهم ما جئتنا ۱۲۔ ۴ قوله فی بمؤمنین کسی طرح دلیله الباء ۱۲۔ ۵ قوله فی صراط چلنے سے هذا من المواهب فهو كقوله تعالیٰ وعلی الله قصد السبیل بمعنی علیه قصد السبیل یصل الیه من یسلکه لا محالة كذا فی البیضاوی وقال فی الروح فی بیان اشارة آية المقام انها تنتهی الی الحق آه وبه یتاید ما اخترته ۱۲۔ ۶ قوله فی تولوا پھرے رہو گے اشارة الی ارادة بمعنی الاستمرار ۱۲۔ ۷ قوله فی فقد ابلغتكم معذور اشارة الی حذف الجزاء واقامة سببه مقامه ۱۲۔ ۸ قوله فی عذاب غلیظ کیسی چیز اشار به الی فائدة الجملة الثانیة من قصد بیان ما منه النجاة كما قصد فی الاولیٰ بیان من له النجاة ۱۲۔

اللغات: قوله اعتریٰ اصاب من عری یعرو واصله قصد عراه ای محله وناصیة كما فی قوله تعالیٰ نبذ بالعراء ۱۲۔ جحد و كفر كلاهما یتعدی بنفسه وبالباء ۱۲۔

النحو: قوله ان نقول معناه ان نقول قولا الا قولنا هذا اعتراك الخ قوله بسوء الباء للتعدية ۱۲۔ قوله تلك بتاويل القبيلة قوله واتبعوا اعاد اليهم باعتبار البعض لان التابعين بعضهم والمتبوعون بعضهم فهو كقوله تعالیٰ واتبعوا من لم یزده ماله الخ وهو كناية عن الملازمة كما ان الاتباع عدم المفارقة قوله قوم هود زاده اشارة الی ان ما حل بهم انما هو لمخالفتهم هوداً۔

وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ
وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿۶۱﴾ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا
قَبْلَ هٰذَاۤ اَتَنْهٰىنَاۤ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَاۤ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿۶۲﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى
بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ ۫ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿۶۳﴾ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ
نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْۤ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿۶۴﴾ فَعَقَرُوْهَا
فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿۶۵﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۶۶﴾ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

www.besturdubooks.net

دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٦٧﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۗ اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَا۟ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۗ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿٦٨﴾ ع ۸

اور ہم نے (قوم) ثمود کے پاس ان کے بھائی صالح کو پیغمبر بنا کر بھیجا انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا اے میری قوم تم (صرف) اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (ہونے کے قابل) نہیں اس نے تم کو زمین (کے مادہ) سے پیدا کیا اور تم کو اس (زمین میں) آباد کیا تو تم اپنے گناہ (شرک و کفر وغیرہ) اس سے معاف کراؤ پھر (ایمان لاکر) اس کی طرف (عبادت سے) متوجہ رہو۔ بیشک میرا رب (اس شخص سے) جو قریب ہے قبول کرنے والا ہے۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ اے صالح تم اس کے قبل ہم میں ہونہار (معلوم ہوتے) تھے کہ تم ہم کو ان چیزوں کی عبادت سے منع کرتے ہو جن کی عبادت ہمارے بڑے کرتے آئے ہیں (یعنی تم اس سے منع مت کرو) اور جس دین کی طرف تم ہم کو بلا رہے ہو (یعنی توحید) واقعی ہم تو اس کی طرف سے بڑے (بھاری) شبہ میں ہیں جس نے ہم کو تردد میں ڈال رکھا ہے۔ آپ نے (جواب میں) فرمایا اے میری قوم بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی جانب سے دلیل پر قائم ہوں اور اس نے مجھ کو اپنی طرف سے رحمت (یعنی نبوت) عطا فرمائی ہو سو (اس حالت میں) اگر میں خدا کا کہنا مانوں تو یہ بتلاؤ (کہ) پھر مجھ کو خدا (کے عذاب) سے کون بچائے گا۔ تو تم سراسر میرا نقصان ہی کر رہے ہو اور اے میری قوم یہ اونٹنی ہے اللہ کی جو تمہارے لئے دلیل ہے سو اس کو چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھاتی پھرا کرے اور اس کو برائی (اور تکلیف دہی) کے ساتھ ہاتھ بھی مت لگانا کبھی تم کو فوری عذاب آ پکڑے۔ سو انہوں نے اس (اونٹنی) کو مار ڈالا تو صالح (علیہ السلام) نے فرمایا (خیر) تم اپنے گھروں میں تین دن اور بسر کرلو۔ یہ ایسا وعدہ ہے جس میں ذرا جھوٹ نہیں۔ سو جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) آ پہنچا۔ ہم نے صالح (علیہ السلام) کو اور جو ان کے ہمراہ اہل ایمان تھے ان کو اپنی عنایت سے (ان عذاب سے) بچالیا اور اس دن کی بڑی رسوائی سے بچالیا بے شک آپ کا رب ہی قوت والا غلبہ والا ہے اور ان ظالموں کو ایک نعرہ نے آ دبایا جس سے وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ جیسے ان گھروں میں کبھی بسے ہی نہ تھے۔ خوب سن لو (قوم) ثمود نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا۔ خوب سن لو رحمت سے ثمود کو دوری ہوئی۔ ۞

تفسیر ربط: ثمود قوم صالح علیہ السلام کا قصہ آتا ہے۔

قصہ ثمود قوم صالح علیہ السلام ☆ وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا (الی قولہ تعالیٰ) اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿٦٨﴾ اور ہم نے (قوم) ثمود کے پاس ان کے بھائی صالح (علیہ السلام) کو پیغمبر بنا کر بھیجا انہوں نے (اپنی قوم سے) فرمایا اے میری قوم تم (صرف) اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (ہونے کے قابل) نہیں (اس کا تم پر یہ انعام ہے کہ) اس نے تم کو زمین (کے مادہ) سے پیدا کیا اور تم کو اس (زمین) میں آباد کیا (یعنی ایجاد و ابقاء دونوں نعمتیں عطا فرمائیں جن میں سب نعمتیں آگئیں جب وہ ایسا منعم ہے) تو تم اپنے گناہ (شرک و کفر وغیرہ) اس سے معاف کراؤ (یعنی ایمان لاؤ اور) پھر (ایمان لاکر) اس کی طرف (عبادت سے) متوجہ رہو (یعنی عمل صالح کرو) بیشک میرا رب (اس شخص سے) قریب ہے (جو اس کی طرف متوجہ ہو اور اس شخص کی عرض) قبول کرنے والا ہے (جو اس سے گناہ معاف کراتا ہے) وہ لوگ کہنے لگے اے صالح تم تو اس کے قبل ہم میں ہونہار (معلوم ہوتے) تھے (یعنی ہم کو تم سے امید تھی کہ اپنی لیاقت و وجاہت سے فخر قوم اور ہمارے لئے مایہ ناز اور ہمارے سرپرست بنو گے افسوس اس وقت جو باتیں کر رہے ہو اس سے تو ساری امیدیں خاک میں ملتی نظر آتی ہیں) کیا تم ہم کو ان چیزوں کی عبادت سے منع کرتے ہو جن کی عبادت ہمارے بڑے کرتے آئے ہیں (یعنی تم اس سے منع مت کرو) اور جس دین کی طرف تم ہم کو بلا رہے ہو (یعنی توحید) واقعی ہم تو اس کی طرف سے بڑے (بھاری) شبہ میں ہیں جس نے ہم کو تردد میں ڈال رکھا ہے (کہ مسئلہ توحید ہمارے خیال ہی میں نہیں آتا) آپ نے (جواب میں) فرمایا اے میری قوم (تم جو کہتے ہو کہ تم توحید کی دعوت اور بت پرستی سے ممانعت مت کرو تو) (بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی جانب سے دلیل پر (قائم) ہوں جس سے توحید ثابت ہے) اس نے مجھ کو اپنی طرف سے رحمت (یعنی نبوت) عطا فرمائی ہو (جس سے اس توحید کی دعوت کا میں مامور ہوں) سو (اس حالت میں) اگر میں خدا کا کہنا نہ مانوں (اور دعوت توحید کو ترک کر دوں جیسا تم کہتے ہو) تو (یہ بتلاؤ کہ) مجھ کو (خدا کے عذاب) سے کون بچالے گا تو تم تو (ایسا برا مشورہ دے کر) سراسر میرا نقصان ہی کر رہے ہو (یعنی اگر خدانخواستہ قبول کرلوں تو بجز نقصان کے اور کیا ہاتھ آوے اور چونکہ انہوں نے معجزہ کی بھی ثبوت رسالت کے لئے درخواست کی تھی اس لئے آپ نے فرمایا) اور اے میری قوم (تم جو معجزہ چاہتے تھے سو) یہ اونٹنی ہے اللہ کی جو تمہارے لئے دلیل (بنا کر ظاہر کی گئی) ہے (اور اسی لئے اللہ کی اونٹنی کہلائی کہ اللہ کی دلیل ہے) سو (علاوہ اس کے یہ بوجہ معجزہ ہونے کے میری رسالت پر دلیل ہے خود اس کے بھی کچھ حقوق ہیں منجملہ ان کے یہ ہے کہ) اس کو چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں (گھاس چارہ) کھاتی پھرا کرے (اسی طرح اپنی باری کے دن پانی پیتی رہے جیسا دوسری آیت میں ہے) اور اس کو برائی (اور تکلیف دہی) کے ساتھ ہاتھ بھی مت لگانا کبھی تم کو فوری عذاب آ پکڑے (یعنی دیر نہ لگے) سو انہوں نے (باوجود اس تمام تر اتمامِ حجت کے) اس اونٹنی کو مار ڈالا تو صالح (علیہ السلام) نے فرمایا (خیر) تم اپنے گھروں میں تین دن اور بسر کرلو (تین دن کے بعد عذاب آتا ہے اور) یہ ایسا وعدہ ہے جس میں ذرا جھوٹ نہیں (کیونکہ منجانب اللہ ہے) سو (تین دن گزرنے کے بعد) جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) آ پہنچا ہم نے صالح (علیہ السلام) کو اور جو ان کے ہمراہ اہل ایمان تھے ان کو اپنی عنایت سے (اس عذاب سے) بچالیا اور (ان کو کیسی چیز سے بچالیا) اس دن کی

www.besturdubooks.net

بڑی رسوائی سے بچالیا (کیونکہ قہر الٰہی میں مبتلا ہونے سے بڑھ کر کیا رسوائی ہوگی) بیشک آپ کا رب ہی قوت والا غلبہ والا ہے (جس کو چاہے سزا دے جس کو چاہے بچالے) اوران ظالموں کو ایک نعرہ نے آ دبایا (کہ وہ آواز تھی جبرئیل علیہ السلام کی) جس سے وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے (اوران کی یہ حالت ہوگئی) جیسے ان گھروں میں کبھی بسے ہی نہ تھے خوب سن لو (قوم) ثمود نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا خوب سن لو اس کفر کا یہ خمیازہ ہوا کہ) رحمت سے ثمود کو دوری ہوئی۔ **ف**: یہ قصہ پارہ ہشتم کے آخر میں آیا ہے اور وہاں رجفہ یعنی زلزلہ کا عذاب مذکور ہے وجہ تطبیق اسی جگہ ذکر کر دی گئی ہے دیکھ لیجئے اور ظاہر حال ثمود سے انکار توحید کا معلوم ہوتا ہے پھر جو اس کو شک سے تعبیر کیا تو مراد اس سے مطلق انکار ہے گو جزم جانب مخالف کے ساتھ ہو۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في اتنهنا منع مت کرو افاده الاستفهام وبهذا يرتبط به قوله عصيته ۱۲ ۲ قوله في شك بڑے افاده التنوين ۱۲۔ ۳ قوله في قريب دیر نہ لگے ای قريب من مسكم بلا استمهال ۱۲ ۴ قوله في ذلك یہ ایسا المشار اليه العذاب المفهوم من ثلثة ايام يكون بعدها العذاب ۱۲۔ ۵ قوله في ومن خزى بچالیا اشارة الى تقدير نجينا ثم عطفه على نجينا المذكور الدال على مثل معنى ما سبق في قصة عاد ونجيناهم من عذاب غليظ سواء بسواء ۱۲۔

النحو والقراءة: في قراء ة يومئذ بفتح الميم لكونه مضافا الى اذا وهو غير متمكن ووجه الكسر ظاهر قوله كنت الخ تقديره هكذا ان كنت على بينة من ربي واتاني منه رحمة فان عصيته فمن ينصرني من الله الخ ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ان كنت في ايراد كلمة الشك مع كونه على يقين مجازاة للخصم بسنن الانصاف والاستيناس قوله ينصرني من الله بمعنى يمنعني من عذاب الله فالنصر مجاز عن المنع والمضاف مقدر قوله تزيدونني عبر عن الخسران العظيم بالزيادة المقتضية لكون شيء من الخسار موجودا من قبل مع عدم تحققه مجازا للمبالغة قوله وعد سماه وعدا تهكما ۱۲۔

وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ۝۶۹ فَلَمَّا رَآ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ۝۷۰ وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ۝۷۱ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا ۭ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝۷۲ قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ۭ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝۷۳ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ۝۷۴ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ۝۷۵ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ۝۷۶

اور ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے (بشکل بشر) ابراہیم (علیہ السلام) کے پاس بشارت لے کر آئے اور (آنے کے وقت) انہوں نے سلام کیا۔ ابراہیم (علیہ السلام) نے بھی سلام کیا۔ پھر دیر نہیں لگائی کہ ایک تلا ہوا بچھڑا لائے۔ سو جب ابراہیم (علیہ السلام) نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ اس کھانے تک نہیں بڑھتے تو ان سے متوحش ہوئے اور ان سے دل میں خوف زدہ ہوئے۔ وہ فرشتے کہنے لگے کہ ڈرومت ہم قوم لوط کی طرف بھیجے گئے ہیں اور ابراہیم (علیہ السلام) کی بی بی (حضرت سارہ کہیں) کھڑی (سن) رہی تھیں پس ہنسیں سو ہم نے ان کو (مکرر) بشارت دی اسحق (کے پیدا ہونے) کی اور اسحق سے پیچھے یعقوب کی کہنے لگیں ہائے خاک پڑے اب میں بچہ جنوں گی بڑھیا ہو کر اور یہ میرے میاں (بیٹھے) ہیں بالکل بوڑھے واقعی یہ بھی عجیب بات ہے۔ فرشتوں نے کہا کہ تم خدا کے کاموں میں تعجب کرتی ہو اور خصوصاً اس خاندان کے لوگوں پر اللہ کی (خاص) رحمت اور اس کی (انواع واقسام کی) برکتیں (نازل ہوتی رہتی) ہیں۔ بیشک وہ (اللہ تعالیٰ) تعریف کے لائق (اور) بڑی شان والا ہے۔ پھر جب ابراہیم علیہ السلام کا وہ خوف دور ہو گیا اور ان کو خوشی کی خبر ملی (کہ اولاد پیدا ہوگی) تو ہم سے لوط علیہ السلام کی قوم کے بارے میں جدال کرنا شروع کیا۔ واقعی ابراہیم بڑے حلیم الطبع رحیم المزاج رقیق القلب تھے۔ اے ابراہیم اس بات کو جانے دو تمہارے رب کا کلام (اس کے متعلق) آ چکا ہے اور (اس کے سبب سے) ان پر ضرور ایسا عذاب آنے والا ہے جو کسی طرح ٹلنے والا نہیں۔

تفسیر ربط: اوپر قوم ثمود کا قصہ ذکر ہوا ہے اور اکثر مقامات پر بعد اس قصہ کے قوم لوط علیہ السلام کا قصہ مذکور ہوا ہے یہ قرینہ ہے کہ یہاں بھی زیادہ مقصود اسی کا بیان کرنا ہے چنانچہ فَمَا خَطْبُكُمْ کے سوال و جواب سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ مقصود اعظم ان ملائکہ کا تعذیب قوم لوط تھی اور بیچ میں حضرت ابراہیم علیہ

www.besturdubooks.net

السلام کا قصہ بعض وجوہ خاصہ سے آ گیا ہے ایک تو دونوں میں خاص تعلق ہے کہ دونوں قصوں میں ملائکہ کی جماعت متحد تھی پھر دونوں پیغمبر رشتہ دار بھی ہیں اور مسکن بھی دونوں کا قریب تھا اور ان کے باب میں ابراہیم علیہ السلام نے کلام بھی کیا تھا اور غالباً مستقل صاحب شریعت حضرت ابراہیم علیہ السلام ہی تھے اور لوط علیہ السلام ان کی طرف سے بطور نیابت تھے دوسرے دونوں قصوں کے متصل آنے سے اشارہ ہوگیا کہ قہر اور رحمت دونوں کا مدار طاعت ومعصیت ہے دیکھو وہی ملائکہ مطیعین کے لئے مبشر تھے اور وہی ملائکہ عاصین کے لئے منذر اور عذاب کے لانے والے تھے تیسرے ایک قصہ دوسرے کا متمم ہے وغیرہ ذالک من الفوائد اور اسی وجہ سے کہ مقصود قصہ قوم لوط کا بیان کرنا ہے جیسے سب قصوں میں ارسلنا آیا ہے ایسا ہی اس قصہ میں بھی اسی مادہ کا استعمال کیا گیا ہے بخلاف قصہ ابراہیم علیہ السلام کے کہ اس میں لفظ جاء لایا گیا ہے ونیز تغیر اسلوب میں یہ اشارہ ہے کہ اس قصہ میں مثل اور قصوں کے عذاب کا مضمون نہیں ہے۔

قصہ ابراہیم علیہ السلام واضیاف او ☆ وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى (الی قولہ تعالی) عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ۝ اور ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے (بشکل بشر) ابراہیم (علیہ السلام) کے پاس (ان کے فرزند اسحاق علیہ السلام کی) بشارت لے کر آئے (گو مقصود اعظم ان کے آنے کا اہلاک قوم لوط تھا لقولہ تعالی فَمَا خَطْبُكُمْ) اور (آنے کے وقت) انہوں نے سلام کیا ابراہیم (علیہ السلام) نے بھی سلام کیا (اور پہچانا نہیں کہ یہ فرشتے ہیں لقولہ تعالی : قَالَ سَلٰمٌ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ [الذاریت : ۲۵] معمولی مہمان سمجھے) پھر دیر نہیں لگائی کہ ایک تلا ہوا (فربہ لقولہ تعالی سَمِيْنٍ) بچھڑا لائے اور ان کے سامنے رکھ دیا یہ تو فرشتے تھے کیوں کھانے لگے) سو جب ابراہیم (علیہ السلام) نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ اس کھانے تک نہیں بڑھتے تو ان سے متوحش ہوئے اور ان سے دل میں خوفزدہ ہوئے (کہ یہ مہمان تو نہیں ہیں کوئی مخالف نہ ہوں کہ بارادہ فاسد آئے ہوں اور میں گھر میں ہوں احباب واصحاب پاس نہیں یہاں تک کہ بے تکلفی سے اس کو زبان سے بھی ظاہر کر دیا لقولہ تعالی : قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ [الحجر : ۵۲]) وہ فرشتے کہنے لگے ڈرو مت (ہم آدمی نہیں ہیں فرشتے ہیں آپ کے پاس بشارت لے کر آئے ہیں کہ آپ کے ایک فرزند پیدا ہوگا اسحاق اور اس کے پیچھے ایک فرزند ہوگا یعقوب اور بشارت اس لئے کہا کہ اول تو اولاد خوشی کی چیز ہے پھر ابراہیم علیہ السلام بوڑھے بہت ہو گئے تھے بی بی بھی بہت بوڑھی تھیں امید اولاد کی نہ رہی تھی لقولہ تعالی : لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ [الحجر : ۵۳] وقولہ تعالی : لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ [الذاریت : ۲۸] آپ نے نور نبوت سے توجہ کر کے پہچان لیا کہ واقعی فرشتے ہیں لیکن فراست نبوت سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ اس کے سوا اور بھی کسی بڑے کام کے لئے آئے ہیں اس لئے اس کی تعیین سے سوال کیا لقولہ تعالی : قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ الخ اس وقت انہوں نے کہا کہ) ہم قوم لوط کی طرف بھیجے گئے ہیں (کہ ان کو سزائے کفر میں ہلاک کریں ان میں تو یہ گفتگو ہو رہی تھی) اور ابراہیم (علیہ السلام) کی بی بی (حضرت سارہ کہیں) کھڑی (سن رہی تھیں) پس (اولاد کی خبر سن کر جس کی ان کو بعد اس کے کہ اسمٰعیل علیہ السلام بطن ہاجرہ سے متولد ہوئے تمنا بھی تھی خوشی سے) ہنسیں (اور بولتی پکارتی آئیں اور تعجب سے ماتھے پر ہاتھ مارا لقولہ تعالی : فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا [الذاریت : ۳۰]) سو ہم نے (یعنی ہمارے فرشتوں نے) ان کو (مکرر) بشارت دی اسحاق (کے پیدا ہونے) کی اور اسحاق سے پیچھے یعقوب کی (جو کہ اسحاق کے فرزند ہوں گے جس سے معلوم ہوگیا کہ تمہارے فرزند ہوگا اور زندہ رہے گا یہاں تک کہ وہ بھی صاحب اولاد ہوگا اس وقت) کہنے لگیں کہ ہائے خاک پڑے اب میں بچہ جنوں گی بڑھیا ہو کر اور یہ میرے میاں (بیٹھے) ہیں بالکل بوڑھے واقعی یہ بھی عجیب بات ہے فرشتوں نے کہا کہ کیا (خاندان نبوت میں رہ کر اور ہمیشہ خوارق ومعاملات عجیبہ دیکھ کر) تم خدا کے کاموں میں تعجب کرتی ہو (اور خصوصاً) اس خاندان کے لوگو تم پر تو اللہ تعالیٰ (کی خاص) رحمت اور اس کی (انواع قسم کی) برکتیں (نازل ہوتی رہتی) ہیں (بیشک وہ اللہ تعالیٰ تعریف کے لائق اور بڑی شان والا ہے وہ بڑے سے بڑا کام کر سکتا ہے پس بجائے تعجب کے اس کی تعریف اور شکر میں مشغول ہو) پھر جب ابراہیم (علیہ السلام) کا وہ خوف زائل ہوگیا (جب فرشتوں نے لَا تَخَفْ کہا اور ان کا فرشتہ ہونا معلوم ہوگیا) اور ان کو خوشی کی خبر ملی (کہ اولاد پیدا ہوگی) تو ادھر سے بے فکر ہو کر دوسری طرف متوجہ ہوئے کہ قوم لوط ہلاک ہو جاوے گی (اور) ہم سے لوط (علیہ السلام) کی قوم کے بارہ میں (سفارش جو باعتبار مبالغہ واصرار کے صورۃ) جدال (تھا) کرنا شروع کیا (جس کی تفصیل دوسری آیت میں ہے کہ وہاں تو لوط علیہ السلام بھی موجود ہیں اس لئے عذاب نہ بھیجا جاوے کہ ان کو گزند پہنچے ہوگا مطلب یہ ہوگا کہ اس بہانہ سے قوم بچ جاوے جیسا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ [ھود: ۷۴] سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے اور شاید ابراہیم علیہ السلام کو ان کے مؤمن ہونے کی امید ہو) واقعی ابراہیم بڑے حلیم الطبع، رحیم المزاج، رقیق القلب تھے (اس لئے سفارش میں مبالغہ کیا ارشاد ہوا کہ) اے ابراہیم (گو بہانہ لوط علیہ السلام کا ہے مگر اصلی مطلب معلوم ہوگیا کہ قوم کی سفارش ہے سو) اس بات کو جانے دو (یہ ایمان نہ لاویں گے اسی لئے) تمہارے رب کا حکم (اس کے متعلق) آ چکا ہے اور (اس کے سبب سے) (ان پر ضرور ایسا عذاب آنے والا ہے جو کسی طرح ٹلنے والا نہیں (اس لئے اس باب میں کہنا سننا بے کار ہے رہا لوط علیہ السلام کا وہاں ہونا سو ان کو اور سب ایمان والوں کو وہاں سے علیحدہ کر دیا جاوے گا اس کے بعد عذاب آوے گا تا کہ ان کو گزند نہ پہنچے چنانچہ اس پر بات ختم ہوگئی)۔ ف : فرشتوں کے بشکل آدمی کے آنے سے آپ نے نہ پہچانا اسی واسطے کھانا لائے ان کے نہ کھانے سے جو خوف ہوا وہ اسباب ظاہری کے اعتبار سے طبعی تھا گو اتنے مجمع کے مقابلہ کے

www.besturdubooks.net

لئے آپ کے خادم موجود تھے لیکن خاص گھر میں تو کوئی نہ تھا پھران کوفرشتہ یقین کر لینا صرف ان کے دعوے پر نہ تھا بلکہ قوت مدرکہ قدسیہ کے ذریعہ سے متوجہ ہو کر یقین کیا جس سے اولاً توجہ نہ فرمائی تھی جیسا بعض اوقات محسوسات میں بھی یہ قصہ پیش آتا ہے اور آپ کا یہ پوچھنا فَمَا خَطْبُكُمْ الخ بوجہ کثرت ملائکہ کے نہ تھا جیسا کہ مشہور ہے کیونکہ بشارت کے لئے متعدد ملائکہ کا آنا کچھ امر غریب نہیں چنانچہ حضرت یحیٰی وحضرت عیسیٰ علیہما السلام کی بشارت میں لفظ ملائکہ آیا ہے بلکہ فراست نبوت سے سمجھے کہ ان کو اور کوئی امر مہم بھی در پیش ہے اور ظاہراً حضرت سارہ پہلے اس جگہ نہ تھیں شاید پردہ میں ہوں پھر جب معلوم ہو گیا کہ فرشتے ہیں ان سے کیا پردہ سامنے چلی آئیں جیسا فاقبلت سے معلوم ہوتا ہے اور ہنسنا عورتوں کا امر طبعی ہے کہ بعضی خوشی کی بات پر مردوں کو ہنسی نہیں آتی عورتوں کو آجاتی ہے اور یہ گفتگو مجادلہ کی گو فرشتوں سے ہوئی تھی مگر مقصود عرض کرنا تھا حق تعالیٰ سے اس لئے یجادلنا فرمایا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ۝ اس میں دو امر پر دلالت ہے ایک بعض آداب ضیافت پر کہ ٹھہرانے میں اکرام کرے پھر طعام سے اکرام کرے دوسرے اس امر پر کہ بعض اوقات بعض حکمتوں کے سبب کاملین کو بھی کشف نہیں ہوتا چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اور اسی طرح حضرت لوط علیہ السلام نے اول وہلہ میں ملائکہ کو نہیں پہچانا قولہ تعالیٰ : ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا ؕ اس میں دلیل ہے اس پر کہ اسباب کے اعتبار سے تعجب کرنا مسبب الاسباب کیساتھ کامل یقین رکھنے کے منافی نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ : اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ الخ یہ دلیل ہے کہ ملائکہ کا غیر نبی کے ساتھ کلام کرنا ممکن ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ : فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ (الی قولہ تعالی) قَوْمِ لُوْطٍ ۝ روح میں ہے کہ بعض کا قول ہے کہ یہ مجادلہ آثار مقام ادلال سے ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ : ۱؎ قوله فی نكرهم متوحش لم يترجم بنا شناسی لان النكارة قسمان قسم تحقق فی الابتداء وهو المذكور فی قوله تعالیٰ قوم منكرون وقسم تحقق فی الاخر وهو المذكور ههنا فافهم ۱۲۔ ۲؎ قوله فی يٰويلتیٰ خاک پڑے هو الذی تتكلم به نساء الهند فی الحالة التی تتكلم نساء العرب فيه بكلمة يا ويلتی قال فی الروح وقد كثرت هذه الكلمة علی افواه النساء اذا طرء عليهن ما يتعجبن منه ولم يفت التناسب بين معنيی الكلمتين ۱۲۔

اللغات : قوله اوجس احس واضمر كذا فی القاموس قوله يٰويلتیٰ اصله يا ويلتی بياء المتكلم ۱۲۔

النحو : قوله قالوا سلما اما منصوب بنسلم او منصوب بقالوا علی انه حكاية لمعنی ما قالوا لا حكاية للفظهم قوله قال سلٰم ای عليكم قوله فما لبث ان جاء ای فی ان جاء وقيل ان بمعنی حتی كذا فی الروح وقيل معناه ما تاخر عن ان جاء قوله يعقوب فی البيضاوی نصبه ابن عامر وحمزة وحفص وانه معطوف علی موضع باسحق وقرأ الباقون بالرفع علی انه مبتدأ خبر والظرف آه مختصرا قوله شيخا حال ۱۲۔

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ۝۷۷ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ
اِلَيْهِ ؕ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا
تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ؕ اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ۝۷۸ قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ
لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ۝۷۹ قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ ۝۸۰ قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ
يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ
اَصَابَهُمْ ؕ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ؕ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ۝۸۱ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا
ع ۷ عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ۝۸۲ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ؕ وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ۝۸۳

اور جب ہمارے وہ فرشتے لوط علیہ السلام کے پاس آئے تو لوط علیہ السلام ان (کے آنے) کی وجہ سے (اس لئے) مغموم ہوئے اور (اس سے) ان کے (آنے کے) سبب تنگدل ہوئے اور کہنے لگے کہ آج کا دن بہت بھاری ہے اور ان کی قوم ان کے پاس دوڑی ہوئی آئی اور پہلے سے نامعقول حرکتیں کیا ہی کرتے تھے۔ لوط علیہ السلام فرمانے لگے کہ اے میری قوم یہ میری (بہو) بیٹیاں موجود ہیں وہ تمہارے (نفس کی کامرانی کے) لئے (اچھی) خاصی ہیں۔ سو اللہ سے ڈرو اور میرے مہمانوں میں مجھ کو فضیحت مت کرو۔ کیا تم

www.besturdubooks.net

میں کوئی بھی (معقول آدمی اور) بھلامانس نہیں۔ وہ لوگ کہنے لگے آپ کو معلوم ہے کہ ہم کو آپ کی ان (بہو) بیٹیوں کی کوئی ضرورت نہیں اور آپ کو تو معلوم ہے (یہاں آنے سے) جو ہمارا مطلب ہے۔ لوط فرمانے لگے کیا خوب ہوتا اگر میرا تم پر کچھ زور چلتا یا کسی مضبوط پایہ کی پناہ پکڑتا۔ فرشتے کہنے لگے کہ اے لوط ہم تو آپ کے رب کے بھیجے ہوئے (فرشتے) ہیں۔ آپ تک (بھی) ہرگز ان کی رسائی نہ ہوگی۔ سو آپ رات کے کسی حصے میں اپنے گھر والوں کو لے کر (یہاں سے باہر) چلے جائیں اور تم میں سے کوئی پیچھے پھر کر بھی نہ دیکھے ہاں مگر آپ کی بیوی (بوجہ مسلمان نہ ہونے کے) نہ جائیں گی۔ اس پر بھی یہی آفت آنے والی ہے جو اور لوگوں پر آئے گی۔ ان کے (عذاب کے) وعدہ کا وقت صبح کا وقت ہے کیا صبح کا وقت قریب نہیں۔ سو جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) آ پہنچا تو ہم نے اس زمین (کوالٹ کراس) کا اوپر کا تختہ تو نیچے کر دیا اور اس زمین پر کھنگر کے پتھر برسانا شروع کئے جو لگا تار گر رہے تھے۔ جن پر آپ کے رب کے پاس (یعنی عالم غیب میں) خاص نشان بھی تھا اور یہ بستیاں (قوم لوط کی) ان ظالموں سے کچھ دور نہیں ہیں۔

تفسیر: قصہ حضرت لوط علیہ السلام و قوم او کہ بمنزلہ تتمہ قصہ سابقہ است ☆ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا (الی قولہ تعالی) وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ۝ اور (ابراہیم علیہ السلام کے پاس سے فارغ ہو کر) جب ہمارے وہ فرشتے لوط (علیہ السلام) کے پاس آئے تو لوط (علیہ السلام) ان کے (آنے کی) وجہ سے (اس لئے) مغموم ہوئے (کہ وہ بہت حسین نوجوانوں کی شکل میں آئے تھے اور لوط علیہ السلام نے ان کو آدمی سمجھا اور اپنی قوم کی نامعقول حرکت کا خیال آیا) اور (اس وجہ سے) ان کے آنے کے سبب تنگدل ہوئے اور (غایت تنگدلی سے کہنے لگے کہ آج کا دن بہت بھاری ہے (کہ ان کی تو ایسی صورتیں اور قوم کی یہ حرکتیں اور میں تن تنہا دیکھئے کیا ہوتا ہے) اور ان کی قوم (نے جو یہ خبر سنی تو) ان کے (یعنی لوط علیہ السلام کے) پاس دوڑے ہوئے آئے اور پہلے سے نامعقول حرکتیں کیا ہی کرتے تھے (اسی خیال سے اب بھی آئے) لوط (علیہ السلام بڑے گھبرائے اور براہ تملق) فرمانے لگے کہ اے میری قوم یہ میری (بہو) بیٹیاں (جو تمہارے گھروں میں ہیں) موجود ہیں وہ تمہارے (نفس کی کامرانی کے) لئے (اچھی) خاصی ہیں سو (مردوں پر نگاہ کرنے کے باب میں) اللہ سے ڈرو اور میرے مہمانوں میں مجھ کو فضیحت مت کرو (یعنی ان مہمانوں کو کچھ کہنا مجھ کو شرمندہ اور رسوا کرنا ہے اگر ان کی رعایت نہیں کرتے کہ مسافر ہیں تو میرا تو خیال کرو کہ تم میں رہتا سہتا ہوں افسوس اور تعجب ہے) کیا تم میں کوئی بھی (معقول آدمی اور) بھلامانس نہیں (کہ اس بات کو سمجھے اور اوروں کو سمجھا دے) وہ لوگ کہنے لگے کہ آپ کو معلوم ہے کہ ہم کو آپ کی ان (بہو) بیٹیوں کی کوئی ضرورت نہیں (کیونکہ عورتوں سے ہم کو رغبت ہی نہیں) اور آپ کو تو معلوم ہے (یہاں آنے سے) جو ہمارا مطلب ہے لوط (علیہ السلام نہایت عاجز اور زچ ہو کر) فرمانے لگے کیا خوب ہوتا اگر میرا تم پر کچھ زور چلتا (کہ خود تمہارے شر کو دفع کرتا) یا کسی مضبوط پایہ کی پناہ پکڑتا (مراد یہ کہ میرا کوئی کنبہ قبیلہ ہوتا کہ میری مدد کرتے لوط علیہ السلام کا جو اس قدر اضطراب دیکھا تو) فرشتے کہنے لگے کہ اے لوط علیہ السلام (ہم آدمی نہیں جو آپ اس قدر گھبراتے ہیں) ہم تو آپ کے رب کے بھیجے ہوئے (فرشتے) ہیں (تو ہمارا تو کیا کر سکتے ہیں اور آپ اپنے لئے بھی اندیشہ نہ کریں) آپ تک (بھی) ہرگز ان کی رسائی نہیں ہوگی (کہ آپ کو کچھ تکلیف پہنچا سکیں اور ہم ان پر عذاب نازل کرنے آئے ہیں) سو آپ رات کے کسی حصہ میں اپنے گھر والوں کو لے کر (یہاں سے باہر) چلے جایئے اور تم میں سے کوئی پیچھا پھر کر بھی نہ دیکھے (یعنی سب جلدی سے چلے جائیں) ہاں مگر آپ کی بیوی (بوجہ مسلمان نہ ہونے کے) نہ جاوے گی اس پر بھی وہی آفت آنے والی ہے جو اور لوگوں پر آوے گی (اور ہم رات کے وقت نکل جانے کو اس لئے کہتے ہیں کہ) ان کے (عذاب کے) وعدہ کا وقت صبح کا وقت ہے (لوط علیہ السلام بہت دق ہو گئے تھے فرمانے لگے کہ جو کچھ ہوا ابھی ہو جاوے کذا فی الدر المنثور فرشتوں نے کہا کہ) کیا صبح کا وقت قریب نہیں (غرض لوط علیہ السلام شبا شب دور نکل گئے اور صبح ہوئی اور عذاب کا سامان شروع ہوا) سو جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) آ پہنچا تو ہم نے اس زمین (کوالٹ کراس) کا اوپر کا تختہ تو نیچے کر دیا (اور نیچے کا تختہ اوپر کر دیا) اور اس سرزمین میں کھنگر کے پتھر مراد جھانوہ جو پک کر مثل پتھر کے ہو جاتا ہے) برسانا شروع کئے جو لگا تار گر رہے تھے جن پر آپ کے رب کے پاس (یعنی عالم غیب میں) خاص نشان بھی تھا (جس سے اور پتھروں سے وہ پتھر ممتاز تھے) اور (اہل مکہ کو چاہئے کہ اس قصہ سے عبرت پکڑیں کیونکہ) یہ بستیاں (قوم لوط کی) ان ظالموں سے کچھ دور نہیں ہیں (ہمیشہ شام کو آتے جاتے ان کی بربادی کے آثار دیکھتے ہیں پس ان کو اللہ و رسول کی مخالفت سے ڈرنا چاہئے)۔ **ف**: بناتی سے مجازاً امت کی عورتیں مراد ہیں کیونکہ نبی امت کے لئے بجائے باپ کے ہوتا ہے اور حقیقی معنے اس لئے مراد نہیں ہو سکتے کہ آپ کی دو یا تین بیٹیاں تھیں سو کس کس سے ان کا نکاح کر دیتے وہ تو سارے اسی مرض میں مبتلا تھے اور کنکریوں کو جو ممتاز کہا سو در منثور میں روایات ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ان پر کچھ خاص رنگ اور ہیئت کے نقوش بنے تھے جو دنیا کے احجار میں نہیں دیکھے جاتے اور یہاں دو عذابوں کا ذکر ہے تختہ الٹ جانا اور پتھر برسنا سو بعض نے تو کہا ہے اور ظاہر تر یہ ہی ہے کہ اول زمین اوپر اٹھا کر لوٹ دی گئی جب وہ نیچے کو گرے تو اوپر سے ان پر پتھراؤ کیا لیکن اگر اس قدر اقتضاء طبعی زمین کا باقی رہے کہ زیادت ثقل سے حرکت الی المرکز سریع ہونا چاہئے تو اس پتھراؤ کے لئے اس کا التزام کر لیا جائے گا کہ زمین تھوڑی دیر روک لی گئی ورنہ پتھراؤ کی کوئی صورت نہ ہوگی اور اگر اقتضاء طبعی کو باقی نہ سمجھا جاوے تو اس کی کوئی ضرورت نہیں اور

www.besturdubooks.net

بعض نے کہا ہے کہ جو بستی میں تھے وہ اُلٹ دیئے گئے اور جو باہر گئے ہوئے تھے ان پر پتھر برسے اور لوط علیہ السلام کا یہ فرمانا :اَوْ اٰوِیْٓ اِلٰی رُكْنٍ شَدِیْدٍ یہ اقتضائے
طبعی تھا کہ اس درجہ میں اسباب ظاہری سے تمسک کیا جاتا ہے حدیث ترمذی میں ہے کہ ان کے بعد سب انبیاء جتھے والے ہوئے تا کہ پریشانی نہ ہونے پاوے
اور بعضے ضروری مضامین متعلق اس قصہ کے آخرت پارۂ ہشتم میں لکھے جاچکے ہیں دیکھ لئے جاویں اور ایک آیت میں فَاَخَذَتْهُمُ الصَّیْحَةُ آیا ہے سو ممکن ہے کہ
اول صیحہ ہوا ہو پھر انقلاب جیسا کہ اس آیت میں فَجَعَلْنَا پر حرف فا آنے سے معلوم ہوتا ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : قَالَ یٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِیْ روح میں ہے کہ مطلب یہ کہ ان سے نکاح کرلو اور مقصود اس سے اپنے مہمانوں کی آبرو کا بچانا تھا
اھ اور اس میں دلالت ہے کہ عرف ورسم پر مصلحت شرعیہ مقدم ہے اور شرع کے مقابلہ میں عرف کا اعتبار نہیں چنانچہ اپنی لڑکیوں کا خود پیش کرنا عرف کے خلاف تھا
لیکن آپ نے بمقابلہ وقایہ ضیف کے کہ مقصود شرعی ہے اس کی کچھ پرواہ نہ کی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ : ۱؎ **قوله لا تخزون** اگر ان کی رعایت الخ **اشارة الى فائدة قوله لا تخزون دون ان يقول لا تخزوهم** ۱۲۔ ۲؎ **قوله فى حق**
ضرورت اشارة الى ما فى الروح من تفسيره بالحاجة ۱۲۔ ۳؎ **قوله فى قطع** کسی حصہ **اشارة الى عموم الاول او الاوسط او الاخير اقوال** ۱۲۔ ۴؎
قوله فى عاليها اس زمین **دل عليه المقام** ۱۲۔ ۵؎ **قوله فى منضود** لگا تار گر رہے **فالنضد باعتبار الا رسال كما فى الروح** ۱۲۔

اللغات: **قوله يهرعون يسرعون ويقبلون ومعنى كونه مبنيا للمفعول كونهم بحيث يحث بعضهم بعضا و الطمع فى الفاحشة وقرئ**
يهرعون بفتح الياء من الهرع قوله ركن الناحية من البيت او الجبل ويراد به القوى لتشبيهه بالجبل فى القوة قوله ذرعا اصله اليد فضيق
الذرع كناية عن العجز كما ان بسط اليد كناية عن القدرة وقيل كناية عن الصدر والقلب قوله فاسر بالقطع والوصل قراء تان وهما
بمعنى واحد قوله سجيل معرب سنگ گل ۱۲۔

النحو : **قوله الا امرأتك استثناء منقطع وهو خال عن التكلف قوله عند ربك متعلق بمسومة قوله ببعيد بتاويل بشئ بعيد** ۱۲۔

البلاغۃ : **قوله هؤلاء نزل الغائب بمنزلة الحاضر** ۱۲۔ **قوله لا يلتفت كناية عن السرعة قوله جعلنا عاليها سافلها ولم يقل سافلها عاليها**
وان لزم منه تهويلا للامر وتفظيعا للخطب لان جعل عاليها الذى هو مقرهم ومسكنهم سافلها اشق من جعل سافلها عاليها وان كان
مستلزما له كذا فى الروح ۱۲۔

وَاِلٰی مَدْیَنَ اَخَاهُمْ شُعَیْبًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْیَالَ وَالْمِیْزَانَ اِنِّیْۤ
اَرٰىكُمْ بِخَیْرٍ وَّاِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ مُّحِیْطٍ ﴿۸۴﴾ وَیٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْیَالَ وَالْمِیْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا
النَّاسَ اَشْیَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ﴿۸۵﴾ بَقِیَّتُ اللّٰهِ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۚ وَمَاۤ
اَنَا عَلَیْكُمْ بِحَفِیْظٍ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا یٰشُعَیْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا یَعْبُدُ اٰبَآؤُنَاۤ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِیْۤ
اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِیْمُ الرَّشِیْدُ ﴿۸۷﴾ قَالَ یٰقَوْمِ اَرَءَیْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰی بَیِّنَةٍ
مِّنْ رَّبِّیْ وَرَزَقَنِیْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَمَاۤ اُرِیْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰی مَاۤ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ؕ اِنْ اُرِیْدُ اِلَّا
الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ؕ وَمَا تَوْفِیْقِیْۤ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَیْهِ اُنِیْبُ ﴿۸۸﴾ وَیٰقَوْمِ لَا
یَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِیْۤ اَنْ یُّصِیْبَكُمْ مِّثْلُ مَاۤ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِیْدٍ ﴿۸۹﴾
وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَیْهِ ؕ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا یٰشُعَیْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِیْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا
لَنَرٰىكَ فِیْنَا ضَعِیْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ؗ وَمَاۤ اَنْتَ عَلَیْنَا بِعَزِیْزٍ ﴿۹۱﴾ قَالَ یٰقَوْمِ اَرَهْطِیْۤ اَعَزُّ عَلَیْكُمْ مِّنَ

www.besturdubooks.net

اللّٰهِ ؕ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۹۲﴾ وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ

عَامِلٌ ؕ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ؕ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ﴿۹۳﴾ وَلَمَّا

جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

ع ۸ ۸ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾

اور ہم نے مدین (والوں) کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا۔ انہوں نے (اہل مدین سے) فرمایا کہ اے میری قوم تم صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔ اللہ کے سوا کوئی تمہارا معبود بننے کے قابل نہیں تم ناپ اور تول میں کمی مت کیا کرو (کیونکہ) تم کو فراغت کی حالت میں دیکھتا ہوں اور مجھ کو تم پر ایسے دن کے عذاب کا اندیشہ ہے جو انواع مصائب کا جامع ہوگا اور اے میری قوم تم ناپ اور تول پوری پوری کیا کرو اور لوگوں کا ان کی چیزوں میں نقصان مت کیا کرو اور (شرک اور نقض حقوق کر کے) زمین میں فساد کرتے ہوئے حد (توحید و عدل) سے مت نکلو۔ اللہ کا دیا ہوا جو کچھ (حلال مال) بچ جائے وہ تمہارے لئے (اس حرام کمائی سے) بدرجہا بہتر ہے اگر تم کو یقین آجائے (تو مان لو) اور میں تمہارا پہرہ دینے والا دینے والا تو ہوں نہیں۔ وہ لوگ (یہ تمام نصائح سن کر) کہنے لگے کہ اے شعیب کیا تمہارا (مصنوعی اور وہمی) تقدس تم کو (ایسی ایسی باتوں کی) تعلیم کر رہا ہے کہ ہم ان چیزوں (کی پرستش) کو چھوڑ دیں جن کی ہمارے بڑے کرتے آئے ہیں یا اس بات کو چھوڑ دیں کہ ہم اپنے مال میں جو چاہیں تصرف کریں۔ واقعی آپ ہیں بڑے عقل مند دین پر چلنے والے۔ شعیب علیہ السلام نے فرمایا کہ اے میری قوم بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی جانب سے دلیل پر (قائم) ہوں اور اس نے مجھ کو اپنی طرف سے ایک عمدہ دولت (یعنی نبوت) دی ہو تو پھر کیسے تبلیغ نہ کروں اور میں یہ نہیں چاہتا ہوں کہ تمہارے برخلاف ان کاموں کو کروں جن سے تم کو منع کرتا ہوں میں تو اصلاح چاہتا ہوں۔ جہاں تک میرے امکان میں ہے اور مجھ کو جو کچھ (عمل و اصلاح کی) توفیق ہو جاتی ہے صرف اللہ ہی کی مدد سے ہے اسی پر میں بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی کی طرف (تمام امور میں) رجوع کرتا ہوں اور اے میری قوم میری ضد (اور عداوت) تمہارے لئے اس کا باعث نہ بن جائے کہ تم پر بھی اسی طرح کی مصیبتیں آپڑیں جیسے قوم نوح یا قوم ہود یا قوم صالح پر پڑی تھیں اور قوم لوط تو (ابھی) تم سے (زیادہ) دور (زمانہ میں) نہیں ہوئی اور تم اپنے رب سے اپنے گناہ (یعنی شرک و ظلم) معاف کراؤ پھر (اطاعت و عبادت کے ساتھ) اس کی طرف متوجہ ہو بلاشک میرا رب بڑا مہربان بڑی محبت والا ہے۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ اے شعیب بہت سی باتیں تمہاری کہی ہوئی ہماری سمجھ میں نہیں آتیں اور ہم تم کو اپنے (مجمع میں) کمزور دیکھ رہے ہیں اور اگر تمہارے خاندان کا (کہ ہمارے ہم مذہب ہیں ہم کو) پاس نہ ہوتا تو ہم تم کو (کبھی کا) سنگسار کر چکے ہوتے اور ہماری نظر میں تمہاری تو کچھ توقیر ہی نہیں۔ شعیب علیہ السلام نے (جواب میں) فرمایا کہ اے میری قوم کیا میرا خاندان تمہارے نزدیک (نعوذ باللہ) اللہ سے بھی زیادہ با توقیر ہے اور اس کو (یعنی اللہ تعالیٰ کو) تم نے پس پشت ڈال دیا۔ یقیناً میرا رب تمہارے اعمال کو (اپنے) علم میں احاطہ کئے ہوئے ہے اور اے میری قوم تم اپنی حالت پر عمل کرتے رہو میں بھی (اپنے طور پر) عمل کر رہا ہوں (سو) اب جلد ہی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ وہ کون شخص ہے جس پر ایسا عذاب آیا چاہتا ہے جو اس کو رسوا کر دے گا اور وہ کون شخص ہے جو جھوٹا تھا اور تم بھی منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں اور جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) آپہنچا (تو) ہم نے (اس عذاب سے) شعیب علیہ السلام کو اور جو ان کی ہمراہی میں اہل ایمان تھے ان کو اپنی عنایت (خاص) سے بچا لیا اور ان ظالموں کو ایک سخت آواز نے (کہ نعرہ جبریل تھا) آپکڑا۔ سو اپنے گھروں کے اوندھے گرے رہ گئے (اور مر گئے) جیسے کبھی ان گھروں میں بسے ہی نہ تھے۔ خوب سن لو (اور عبرت پکڑ لو) مدین کو رحمت سے دوری ہوئی جیسا کہ ثمود رحمت سے دور ہوئے تھے۔ ۞

تفسیر ربط: ظاہر ہے۔ قصہ شعیب علیہ السلام با اہل مدین ☆ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ (الی قولہ تعالی) كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾ اور ہم نے مدین (والوں) کی طرف ان کے بھائی شعیب (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا انہوں نے (اہل مدین سے) فرمایا کہ اے میری قوم تم (صرف) اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (بننے کے قابل) نہیں (یہ حکم تو دیانات کے متعلق ان کے مناسب حال تھا) اور (دوسرا حکم معاملات کے متعلق ان کے مناسب فرمایا کہ) تم ناپ اور تول میں کمی مت کیا کرو (کیونکہ) میں تم کو فراغت کی حالت میں دیکھتا ہوں (پھر تم کو ناپ تول میں کمی کرنے کی کیا ضرورت پڑی ہے گو حقیقۃً تو کسی کو بھی ضرورت نہیں ہوتی) اور (علاوہ اس کے کہ ناپ تول میں کمی نہ کرنا نعم الٰہیہ کا مقتضا ہے خود خوفِ ضرر بھی اس کو مقتضی ہے کیونکہ اس میں) مجھ کو تم پر اندیشہ ہے ایسے دن کے عذاب کا جو انواع مصائب کا جامع ہوگا اور (ہر چند کہ کمی نہ کرنا مستلزم ہے پورا کرنے کو مگر تاکید کے لئے اس کی نہی کے بعد اس امر کی بھی تصریح فرمائی کہ) اے میری قوم تم ناپ اور تول پوری پوری کیا کرو اور ان لوگوں کا ان کی چیزوں میں نقصان مت کیا کرو (جیسا تمہاری عادت ہے) اور (شرک اور نقضِ حقوق کر کے) زمین میں فساد کرتے ہوئے حد (توحید و عدل) سے مت نکلو (لوگوں کے حقوق ادا کرنے کے بعد) اللہ کا دیا ہوا جو کچھ (حلال

www.besturdubooks.net

مال) بچ جائے وہ تمہارے لئے (اس حرام کمائی سے) بدرجہا بہتر ہے (کیونکہ حرام میں گو وہ کثیر ہو برکت نہیں اور انجام اس کا جہنم اور حلال میں گو وہ قلیل ہو برکت ہوتی ہے اور انجام اس کا رضائے حق) اگر تم کو یقین آوے (تو مان لو) اور (اگر یقین نہ آوے تو تم جانو) میں تمہارا پہرہ دینے والا تو ہوں نہیں (کہ تم سے جبراً یہ افعال چھوڑا دوں جیسا کروگے بھگتوگے) وہ لوگ (یہ تمام مواعظ نصائح سن کر) کہنے لگے کہ اے شعیب کیا تمہارا (مصنوعی اور وہمی) تقدس تم کو (ایسی ایسی باتوں کی) تعلیم کر رہا ہے کہ (تم ہم سے کہتے ہو کہ) ہم ان چیزوں (کی پرستش) کو چھوڑ دیں جن کی پرستش ہمارے بڑے کرتے آئے ہیں یا اس بات کو چھوڑ دیں کہ ہم اپنے مال میں جو چاہیں تصرف کریں واقعی آپ ہی بڑے عقلمند دین پر چلنے والے (یعنی جن باتوں سے ہم کو منع کرتے ہو دونوں میں کوئی برائی نہیں کیونکہ ایک کی دلیل تو نقلی ہے کہ ہماری بڑوں سے بت پرستی ہوتی آئی ہے دوسرے کی دلیل عقلی ہے کہ اپنا مال ہے اس میں ہر طرح کا اختیار ہے پس ہم کو منع نہ کرنا چاہئے اور حلیم رشید تمسخر سے کہا جیسا بد دینوں کی عادت ہوتی ہے دین داروں کے ساتھ اور نقلی و عقلی دلیل کا فساد بدیہی ہے) شعیب (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اے میری قوم (تم جو مجھ سے چاہتے ہو کہ میں تم کو توحید و عدل کی نصیحت نہ کروں تو) بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی جانب سے دلیل پر (قائم) ہوں (جس سے توحید و عدل ثابت ہے) اور اس نے مجھ کو اپنی طرف سے ایک عمدہ دولت (یعنی نبوت) دی ہو (جس سے مجھ پر تبلیغ ان احکام کی واجب ہے یعنی توحید و عدل کا حق ہونا بھی ثابت اور ان کی تبلیغ بھی واجب) تو پھر کیسے تبلیغ نہ کروں اور میں (جس طرح ان باتوں کی تم کو تعلیم کرتا ہوں خود بھی تو اس پر عمل کرتا ہوں) یہ نہیں چاہتا ہوں کہ تمہارے برخلاف ان کاموں کو کروں جن سے تم کو منع کرتا ہوں (برخلاف سے یہ ہی مراد ہے کہ تم کو اور راہ بتلاؤں خود اور راہ چلوں مطلب یہ ہے کہ میری نصیحت محض خیر خواہی و دلسوزی سے ہے جس کا قرینہ یہ ہے کہ میں وہی باتیں بتلاتا ہوں جو اپنے نفس کے لئے بھی پسند کرتا ہوں غرض) میں تو اصلاح چاہتا ہوں جہاں تک میرے امکان میں ہے اور مجھ کو جو کچھ (عمل و اصلاح کی) توفیق ہو جاتی ہے صرف اللہ ہی کی مدد ہے (ورنہ کیا میں اور کیا میرا ارادہ) اسی پر میں بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی کی طرف (تمام امور میں) رجوع کرتا ہوں (خلاصہ یہ کہ توحید و عدل کے وجوب پر دلائل بھی قائم اور بامر خداوندی اس کی تبلیغ اور ناصح ایسا دلسوز اور مصلح پھر بھی نہیں مانتے بلکہ الٹی مجھ سے امید رکھتے ہو کہ میں کہنا چھوڑ دوں چونکہ اس تقریر میں دلسوزی اور اصلاح کی اپنی طرف نسبت کی ہے اس لئے وَمَا تَوْفِيقِيٓ الخ فرما دیا یہاں تک تو ان کے قول کا جواب ہو گیا آگے ترہیب و ترغیب فرماتے ہیں) اور اے میری قوم میری ضد (اور عداوت) تمہارے لئے اس کا باعث نہ ہو جاوے کہ تم پر بھی اسی طرح کی مصیبتیں آ پڑیں جیسے قوم نوح یا قوم ہود یا قوم صالح پر پڑی تھیں اور (اگر ان قوموں کا قصہ پرانا ہو چکا ہے اور اس لئے اس سے متاثر نہیں ہوتے تو) قوم لوط تو (ابھی) تم سے (بہت) دور (زمانہ میں) نہیں ہوئی (یعنی ان قوموں کی نسبت ان کا زمانہ نزدیک ہے یہ تو ترہیب کا مضمون ہو گیا آگے ترغیب ہے) اور تم اپنے رب سے اپنے گناہ (یعنی شرک و ظلم) معاف کراؤ (یعنی ایمان لاؤ کیونکہ ایمان سے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں گو حقوق ادا کرنے پڑیں) پھر (طاعت عبادت کے ساتھ) اس کی طرف متوجہ ہو بلاشک میرا رب بڑا مہربان بڑی محبت والا ہے (وہ گناہ کو معاف کر دیتا ہے اور طاعت کو قبول کرتا ہے) وہ لوگ (یہ لاجواب دلآویز تقریر سن کر جواب معقول سے عاجز ہو کر براہ جہالت) کہنے لگے کہ شعیبؑ بہت سے باتیں تمہاری کہی ہوئی ہماری سمجھ میں نہیں آتیں (یہ بات یا تو اس وجہ سے کہی ہو کہ اچھی طرح توجہ سے آپ کی باتیں نہ سنی ہوں یا تحقیراً کہا ہو کہ نعوذ باللہ یہ ہذیان ہے سمجھنے کے قابل نہیں چنانچہ بد دینوں سے یہ سب امور واقع ہوتے ہیں) اور ہم تم کو اپنے (مجمع) میں کمزور دیکھ رہے ہیں اور اگر تمہارے خاندان کا (کہ ہمارے ہم مذہب ہیں ہم کو) پاس نہ ہوتا تو ہم تم کو (کبھی کا) سنگسار کر چکے ہوتے اور ہماری نظر میں تمہاری تو کچھ توقیر ہی نہیں (لیکن جس کا لحاظ ہوتا ہے اس کے سبب اس کے رشتہ دار کی بھی رعایت ہوتی ہے مطلب ان کا یہ تھا کہ تم ہم کو یہ مضامین مت سناؤ ورنہ تمہاری جان کا خطرہ ہے پہلے تمسخر کے طور پر تبلیغ سے روکا تھا أَصَلَوٰتُكَ تَأْمُرُكَ الخ اور اب دھمکی دے کر روکا) شعیب (علیہ السلام) نے (جواب میں) فرمایا کہ اے میری قوم (افسوس اور تعجب ہے کہ میری جو نسبت اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہے کہ میں اس کا نبی ہوں وہ تو میرے اہلاک سے مانع نہ ہوئی اور جو میری نسبت خاندان کے ساتھ کہ ان کا رشتہ دار ہوں وہ اس سے مانع ہوئی تو اس سے تو یہ لازم آتا ہے کہ تم خاندان کا لحاظ اللہ سے بھی زیادہ کرتے ہو تو) کیا میرا خاندان تمہارے نزدیک (نعوذ باللہ) اللہ سے بھی زیادہ باتوقیر ہے (کہ خاندان کا تو پاس کیا) اور اس کو (یعنی اللہ تعالیٰ کو) تم نے پس پشت ڈال دیا (یعنی اس کا پاس نہ کیا سو اس کا خمیازہ عنقریب بھگتوگے کیونکہ) یقیناً میرا رب تمہارے سب اعمال کو (اپنے علم میں) احاطہ کئے ہوئے ہے اور اے میری قوم (اگر تم کو عذاب کا بھی یقین نہیں آتا تو اخیر بات یہ ہے کہ تم جانو بہتر ہے) تم اپنی حالت پر عمل کرتے رہو میں بھی (اپنے طور پر) عمل کر رہا ہوں (سو) اب جلدی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ وہ کون شخص ہے جس پر عذاب آیا چاہتا ہے جو اس کو رسوا کر دے گا اور وہ کون شخص ہے جو جھوٹا تھا (یعنی تم مجھ کو دعویٰ نبوت میں جھوٹا کہتے ہو اور حقیر سمجھتے ہو تو اب معلوم ہو جاوے گا کہ جرم کذب کا مرتکب اور سزائے ذلت کا مستوجب کون تھا تم یا میں) اور تم بھی منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں (کہ دیکھیں عذاب کا وقوع ہوتا ہے جیسا میں کہتا ہوں یا عدم وقوع جیسا تمہارا زعم ہے غرض ایک زمانہ کے بعد عذاب کا سامان شروع ہوا) اور جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) آ پہنچا (تو) ہم نے (اس عذاب سے) شعیب (علیہ

www.besturdubooks.net

السلام) کو اور جو ان کے ہمراہی میں اہل ایمان تھے ان کو اپنی عنایت (خاص) سے بچا لیا اور ان ظالموں کو ایک سخت آواز نے (کہ نعرۂ جبریل تھا) آ پکڑا سو اپنے گھروں کے اندر اوندھے گرے رہ گئے (اور مر گئے) جیسے کبھی ان گھروں میں بسے ہی نہ تھے خوب سن لو (اور عبرت پکڑو) مدین کو رحمت سے دوری ہوئی جیسا ثمود رحمت سے دور ہوئے تھے۔ **ف**: شروع پارۂ نہم میں ان کا عذاب رجفه سے مذکور ہے اور دونوں کا اجتماع ممکن ہے جیسا قوم ثمود کے باب میں بعینہ ایسا ہی مضمون واقع ہوا کہ یہاں صیحه کا ذکر ہے وہاں رجفة کا پس صیحه اور رجفه کے اجتماع میں دونوں قومیں مجتمع ہیں اور یہی وجہ تشبیہ کی مفسرین نے بیان کی ہے کما بعدت میں۔ واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ؕ وَمَا تَوْفِيْقِیْۤ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ اس میں وظائف شیخ کے جمع کئے گئے ہیں کہ خلوص کے ساتھ اصلاح میں سعی بھی کرے اور اس سعی میں توکل بھی کرے نہ توکل کے سبب سے سعی چھوڑے اور نہ صرف سعی پر بھروسہ کرے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله** قبل انی اخاف علاوہ الخ اشارة الی کون الکلام اللاحق للترهیب ککون السابق للترغیب ۱۲۔ ۲؎ **قوله فی** محیط جامع اشار الی کونه صفة لیوم وقیل لعذاب ۱۲۔ ۳؎ **قوله فی** صلوتك تقدس اطلاقا للجزء علی الکل ای الدین وهذه کانها عادة مستمرة یستهزؤن باهل الدین بالصلوة وزاد وهمی لانهم لا یعتقدون التقدس ۱۲۔ ۴؎ **قوله فی** تامرك تم ہم سے اشارة الی تقدیر الکلام هکذا تامرك ان تامرنا بان نترك هکذا صرحوا ولا بد من هذا التقیید لان الرجل لا یؤمر بفعل غیره ۱۲۔ ۵؎ **قوله فی** ان نفعل یا اس بات کو چھوڑ دیں اشارة الی عطف ان نفعل علی ما یعبد ۱۲۔ ۶؎ **قوله فی** توضیحه منع نہ کرنا چاہئے والدلیل علیه جوابه بقوله ارأیتم ۱۲۔ ۷؎ **قوله فی** رزقنی نبوت وحسن تعبیره بالرزق للاشارة بان الرزق الاصلی ما به القرب فلا یؤثر علیه ما به التغذی کداب القوم ۱۲۔ ۸؎ **قوله فی** لولا رهطك پاس اشارة الی تقدیر المضاف ای مراعه رهطك ۱۲۔ ۹؎ **قوله فی** ف دونوں کا اجتماع وفی روح المعانی عن البلخی تجویز ان یکون المراد بالصیحة نوعا من العذاب والعرب تقول صاح بهم الزمان اذا هلکوا آه قلت وکانه راجح فی قوم لوط وان کان مرجوحا ههنا ووجه رجحانه فی قوم لوط انه لم ینقل فی الآثار وقوع الصیحة المتعارفة علیهم ۱۲۔

اللغات: قوله اخالفکم فی الروح یجوز ان یبقی اخالف علی ظاهره من المخالفة ویکون ان وما بعده فی موضع المفعول به لارید ویقدر مائلا الی آخره ۱۲۔ الظهری المرمی من وراء الظهر وکسر الظاء للنسبة الی لامسی بکسر الهمزة فی النسبة الای الامس ۱۲۔

البلاغۃ: قوله او ان نفعل بمعنی الواو ۱۲۔ قوله کثیرًا مما تقول فی الروح وقولهم کثیرا للفرار عن المکابرة ۱۲۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿۹۶﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَاۤ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿۹۷﴾ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ؕ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿۹۸﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿۹۹﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّحَصِيْدٌ ﴿۱۰۰﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَمَاۤ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿۱۰۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَاۤ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗۤ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۰۲﴾

اور ہم نے موسیٰ کو (بھی) اپنے معجزات اور دلیل روشن دے کر فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس بھیجا۔ سو وہ لوگ (بھی) فرعون (ہی) کی رائے پر چلتے رہے اور فرعون کی رائے کچھ صحیح نہ تھی (وہ فرعون) قیامت کے دن اپنی قوم سے آگے آگے ہوگا پھر ان (سب) کو دوزخ میں جا اُتارے گا اور وہ (دوزخ) بہت ہی بری جگہ ہے اترنے کی جس میں یہ لوگ اتارے جائیں گے اور اس دنیا میں بھی لعنت ان کے ساتھ ساتھ ہی اور قیامت کے دن بھی۔ برا انعام ہے جو ان کو دیا گیا۔ یہ ان (غارت شدہ) بستیوں کے حالات تھے جن کو ہم آپ سے بیان کرتے ہیں سو بعض بستیاں تو ان میں (اب بھی) قائم ہیں اور بعض کا بالکل خاتمہ ہو گیا اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن انہوں نے خود ہی اپنے اوپر ظلم کیا۔ سو ان کے وہ معبود جن کو وہ خدا کو چھوڑ کر پوجتے تھے۔ ان کو کچھ فائدہ نہ پہنچا سکے۔ جب آپ کے رب کا حکم (عذاب کے لئے) آ پہنچا (کہ ان کو عذاب سے بچا لیتے) اور الٹا ان کو نقصان پہنچایا اور آپ کے رب کی دار و گیر ایسی ہی (سخت) ہے جب وہ کسی بستی والوں پر دار و گیر کرتا ہے جبکہ وہ ظلم (و کفر) کیا کرتے ہوں بلاشبہ اس کی دار و گیر بڑی الم رساں (اور) سخت ہے۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط : ظاہر ہے۔قصہ موسیٰ علیہ السلام با فرعون ☆ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰی بِاٰیٰتِنَا (الی قولہ تعالی) بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ۝۹۹ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو (بھی اپنے معجزات اور دلیل روشن دے کر فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس بھیجا سو (نہ فرعون نے مانا اور نہ اس کے سرداروں نے مانا بلکہ فرعون بھی اپنے کفر پر رہا اور) وہ لوگ (بھی) فرعون (ہی) کی رائے پر چلتے رہے اور فرعون کی رائے کچھ صحیح نہ تھی وہ (فرعون) قیامت کے دن اپنی قوم سے آگے آگے ہوگا پھر ان (سب) کو دوزخ میں جا اتارے گا اور وہ (دوزخ) بہت ہی بری جگہ ہے اترنے کی جس میں یہ لوگ اتارے جاویں گے اور اس دنیا میں بھی لعنت ان کے ساتھ ساتھ رہی اور قیامت کے دن بھی (ان کے ساتھ ساتھ رہے گی) چنانچہ یہاں قہر سے غرق ہوئے اور وہاں دوزخ نصیب ہوگا) برا انعام ہے جو ان کو دیا گیا۔ ف : سلطان مبین سے مراد یا تو عصا اور ید بیضاء ہے جو منجملہ آیات تسعہ کے جو پارۂ نہم کے ربع پر مذکور ہیں اعظم ہیں اور یا موسیٰ علیہ السلام کی تقریر بلیغ ہے جو فرعون کے سامنے درباره توحید کے انہوں نے فرمائی۔ ربط : اوپر کئی قصے مذکور ہوئے منجملہ ان کے فوائد کے ایک فائدہ تاکید تہدید ہے دنیا کے اعتبار سے بھی اور آخرت کے اعتبار سے بھی آگے اس پر متنبہ فرماتے ہیں اور ضمناً مقابلہ میں مؤمنین کا فائز المرام ہونا ذکر فرماتے ہیں۔

تذکیر عواقب دنیویہ کفر ☆ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰی (الی قولہ تعالی) اِنَّ اَخْذَهٗۤ اَلِیْمٌ شَدِیْدٌ ۝۱۰۲۔

اللغات : قولہ الورد الورد والوفد العون والعطیة ۲۔ النحو قولہ من شئ بمنزلة المفعول المطلق ای شیئا من الاغناء ۲۔

البلاغۃ : قولہ فاتبعوا ولم یذکر ههنا حال فرعون لوضوحه ولدلالة ما ههنا من عاقبة امره علیهما والمراد استمردا علی اتباعه لان الاتباع حاصل من قبل قوله المرفود ای اهله فالاسناد فیه مجازی کما فی قولهم جدجده و بنونك مجنون ۲۔

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ یَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَ ذٰلِكَ یَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ۝۱۰۳
وَ مَا نُؤَخِّرُهٗۤ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ۝۱۰۴ یَوْمَ یَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِیٌّ وَّ سَعِیْدٌ ۝۱۰۵ فَاَمَّا الَّذِیْنَ شَقُوْا
اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ یَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَ ذٰلِكَ یَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ۝۱۰۳
فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ ۝۱۰۷ وَ اَمَّا الَّذِیْنَ سُعِدُوْا فَفِی الْجَنَّةِ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ اِلَّا
مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَیْرَ مَجْذُوْذٍ ۝۱۰۸ فَلَا تَكُ فِیْ مِرْیَةٍ مِّمَّا یَعْبُدُ هٰۤؤُلَآءِ ؕ مَا یَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا یَعْبُدُ
اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَ اِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِیْبَهُمْ غَیْرَ مَنْقُوْصٍ ۝۱۰۹ ع ۹

ان واقعات میں اس شخص کے لئے بڑی عبرت ہے جو آخرت کے عذاب سے ڈرتا ہو وہ (آخرت کا دن) ایسا دن ہوگا کہ ان میں تمام آدمی جمع کئے جائیں گے اور وہ سب کی حاضری کا دن ہے اور ہم اس کو تھوڑی مدت کے لئے (بعض مصلحتوں سے) ملتوی کئے ہوئے ہیں۔ پھر جس وقت وہ دن آئے گا کوئی شخص بدوں خدا کی اجازت کے بات تک (بھی) نہ کر سکے گا۔ پھر (آگے) ان میں (یہ فرق ہوگا کہ) بعضے تو شقی (یعنی کافر) ہوں گے اور بعضے سعید (یعنی مؤمن) ہوں گے۔ سو لوگ شقی ہیں وہ تو دوزخ میں ایسے حال سے ہوں گے کہ اس میں ان کی چیخ وپکار پڑی رہے گی (اور) ہمیشہ ہمیشہ کو اس میں رہیں گے۔ جب تک آسمان وزمین قائم ہیں ہاں اگر خدا ہی کو (نکالنا) منظور ہو تو دوسری بات ہے (کیونکہ آپ کا رب جو کچھ چاہے اس کو پورے طور سے کر سکتا ہے اور رہ گئے وہ لوگ جو سعید ہیں سو وہ جنت میں ہوں گے (اور) وہ اس میں (داخل ہونے کے بعد) ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے۔ جب تک آسمان وزمین قائم ہیں ہاں اگر خدا ہی کو (نکالنا) منظور ہو تو دوسری بات ہے۔ وہ غیر منقطع عطیہ ہوگا۔ سو (اے مخاطب) جس چیز کی یہ پرستش کرتے ہیں اس کے بارے میں ذرا شبہ نہ کرنا یہ لوگ بھی اسی طرح (بلا دلیل بلکہ خلاف دلیل) عبادت (غیر اللہ) کی کر رہے ہیں جس طرح ان کے قبل ان کے باپ دادا عبادت کرتے تھے اور ہم یقیناً (قیامت کو) ان کا حصہ (عذاب کا) ان کو پورا پورا بے کم وکاست پہنچا دیں گے۔

تفسیر : تذکیر عواقب اُخرویہ کفر ☆ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّمَنْ خَافَ (الی قولہ تعالی) غَیْرَ مَنْقُوْصٍ ۝۱۰۹ یہ (جو کچھ اوپر قصص میں مذکور ہوا) ان (غارت شدہ) بستیوں کے بعض حالات تھے جن کو ہم آپ سے بیان کرتے ہیں (سو) بعضی بستیاں تو ان میں (اب بھی) قائم ہیں (مثلاً مصر کہ بعد اہلاک فرعونیوں کے آباد رہا) اور بعض کا بالکل خاتمہ ہو گیا اور (ہم نے جو ان مذکورہ بستی والوں کو سزائیں دیں سو) ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا (کہ بلا قصور سزا دی ہو جو کہ صورۃً ظلم ہے) لیکن انہوں نے خود ہی اپنے اوپر ظلم کیا (کہ ایسی حرکتیں کیں جن سے مستوجب سزا ہوئے) سو ان کے وہ معبود جن کو وہ خدا کو چھوڑ کر پوجتے تھے ان کو کچھ فائدہ نہ پہنچا سکے جب آپ کے رب کا حکم (عذاب کے لئے) آ پہنچا (کہ ان کو عذاب سے بچا لیتے) اور (فائدہ تو کیا پہنچاتے اور) اُلٹا ان کو نقصان

www.besturdubooks.net

پہنچایا (یعنی سبب نقصان کے ہوئے کہ ان کی پرستش کی بدولت سزایاب ہوئے) اور آپ کے رب کی داروگیر ایسی ہی (سخت) ہے جب وہ کسی بستی والوں پر داروگیر کرتا ہے جب کہ وہ ظلم (وکفر) کیا کرتے ہوں بلاشبہ اس کی داروگیر بڑی الم رساں (اور) سخت ہے (کہ اس سے سخت تکلیف پہنچتی ہے اور اس سے بچ نہیں سکتا) ان واقعات میں اس شخص کے لئے بڑی عبرت ہے جو آخرت کے عذاب سے ڈرتا ہو (وجہ عبرت ظاہر ہے کہ جب دنیا کا عذاب ایسا سخت ہے حالانکہ یہ دارالجزاء نہیں تو آخرت کا جو کہ دارالجزاء ہے کیسا سخت عذاب ہوگا) وہ (یعنی آخرت کا دن) ایسا دن ہوگا کہ اس میں تمام آدمی جمع کئے جاویں گے اور وہ سب کی حاضری کا دن ہے اور (وہ دن گو اب تک آیا نہیں لیکن اس سے کوئی اس کے آنے میں شک نہ کرے آوے گا ضرور) ہم اس کو صرف تھوڑی مدت کے لئے (بعض مصلحتوں سے) ملتوی کئے ہوئے ہیں (پھر) جس وقت وہ دن آوے گا (مارے ہیبت کے لوگوں کا یہ حال ہوگا کہ) کوئی شخص بدوں خدا کی اجازت کے بات تک (بھی) نہ کرسکے گا (ہاں جب پروانگی ہوگی اور جواب طلب کرنا بھی پروانگی میں داخل ہے اس وقت البتہ منہ سے بات نکلے گی خواہ وہ بات مقبول ہو یا مقبول نہ ہو سو اس حالت میں تو سب اہل موقف شریک) پھر (آگے) ان میں (یہ فرق ہوگا کہ) بعضے تو شقی (یعنی کافر) ہوں گے اور بعضے سعید (یعنی مومن) ہوں گے سو جو لوگ شقی ہیں وہ تو دوزخ میں ایسے حال سے ہوں گے کہ اس میں ان کی چیخ پکار پڑی رہے گی (اور) ہمیشہ ہمیشہ کو اس میں رہیں گے جب تک آسمان وزمین قائم ہیں (یہ محاورہ ہے ابدیت کے لئے اور کوئی نکلنے کی سبیل نہ ہوگی) ہاں اگر خدا ہی کو (نکالنا) منظور ہو تو دوسری بات ہے (کیونکہ) آپ کا رب جو کچھ چاہے اس کو پورے طور سے کرسکتا ہے (مگر باوجود قدرت کے یہ یقینی ہے کہ خدا یہ بات نہ چاہے گا اس لئے نکلنا بھی نصیب نہ ہوگا) اور رہ گئے وہ لوگ جو سعید ہیں سو وہ جنت میں ہونگے (اور) وہ اس میں (داخل ہونے کے بعد) ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے جب تک آسمان وزمین قائم ہیں (گو جانے کے قبل کچھ سزا گناہوں کی بھگتی ہو وہ بھی جنت سے کبھی نہ نکلیں گے) ہاں! اگر خدا ہی کو (نکالنا) منظور ہو تو دوسری بات ہے (مگر یہ یقین ہے کہ خدا یہ بات کبھی نہ چاہے گا۔ پس نکلنا بھی کبھی نہ ہوگا بلکہ) وہ غیر منقطع عطیہ ہوگا (اور جب کفر کا وبال اوپر کی آیتوں سے معلوم ہو چکا) سو (اے مخاطب) جس چیز کی یہ پرستش کرتے ہیں اس کے بارہ میں ذرا شبہ نہ کرنا (بلکہ یقین رکھنا کہ ان کا یہ عمل موجب سزا ہے بوجہ باطل ہونے کے اور باطل ہونے کی دلیل یہ ہے کہ) یہ لوگ بھی اسی طرح (بلا دلیل بلکہ خلاف دلیل) عبادت (غیر اللہ کی) کر رہے ہیں جس طرح ان کے قبل ان کے باپ دادا عبادت کرتے تھے (اور امر خلاف دلیل باطل اور موجب سزا ہوتا ہے) اور ہم یقیناً (قیامت کو) ان کا حصہ (عذاب کا) ان کو پورا پورا بے کم وکاست پہنچا دیں گے۔ **ف**: لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ کی جو تفسیر کی گئی ہے اس سے اس مضمون کے متعلق آیات میں کوئی شبہ نہ رہا۔ قولہ تعالیٰ: لَا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ [النباء : ۳۸] قوله تعالى هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ [المرسلات : ۳۵، ۳۶] قوله تعالى :يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا [النحل : ۱۱۱] قوله تعالى :قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ [الأنعام : ۲۳] قوله تعالى :وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ [الصفت : ۲۷]۔ كما يظهر بالتامل۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ (الى قوله تعالى) اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ (وقوله تعالى) وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ (الى قوله تعالى) اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ سہل توجیہ اس کی یہ ہے کہ سعید وشقی سے مراد نیک کار اور بدکار لیا جاوے خواہ مومن ہو یا کافر اور ما کو من کے معنی میں کہا جاوے پس معنی یہ ہیں کہ عاصی نار میں ہوگا مگر جس کو خدا چاہے یعنی ایمان لے آوے اور مطیع جنت میں ہوگا مگر جس کو خدا چاہے یعنی اس کا خاتمہ کفر پر ہو جاوے پس اس میں دلالت ہے اس پر کہ نہ طاعت پر ناز کرے اور نہ عصیان میں مایوس ہو اور جنہوں نے اس آیت سے فنائے نار پر استدلال کیا ہے ان کے جواب میں اتنا کہہ دینا کافی ہے اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال پھر اجماع وقواطع اس کے خلاف پر اس کے بطلان کی مستقل دلیل ہیں اور تفصیل اصل عربی میں ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قوله فى القرى غارت شده اشارة الى كون اللام للعهدى اى القرى المهلكة ۱۲۔ ۲ قوله فى وحصيد اور بعض اشارة الى تقدير ومنها فالعطف للجملة على الجملة ۱۲۔ ۳ قوله فيه خاتمہ تشبيها لها بالزرع فى قيامه على الساق وحصادة ۱۲۔ ۴ قوله قبل ما ظلمناهم بستی والوں لدلالة القرى عليهم ۱۲۔ ۵ قوله فى ظلمنهم صورةً لان حقيقته لا يتصور من الله تعالىٰ ۱۲۔ ۶ قوله فى شديد بچ نہیں سکتا هذا راجع الى شديد والاول الى الاليم ۱۲۔ ۷ قوله فى آية عبرت لان العبرة من لوازم الآية ۱۲۔ ۸ قوله فى مشهود حاضری کا دن لم اقل كغيرى اس میں سب حاضر ہوں گے لاظهار الفائدة فى ايراد مشهود بعد مجموع له الناس واى تفخيم اليوم نظر الى انه الذى يستحق ان ينطلق اسم المشهود على الاطلاق عليه ولو فسر بما فسر به غيرى لكان مكررا ۱۲۔ ۹ قوله فى اجل معدود تھوڑی مدت اشارة الى ان الاجل يراد به ههنا المدة لا انتهاء ها ويستعمل فى كليهما ومعنى القلة يدل عليه المعدود ۱۲۔ ۱۰ قوله فى لا تكلم جواب طلب فالاذن عام سواء كان صراحة او دلالة بل وسواء كان اباحة او تكوينا ۱۲۔ ۱۱ قوله قبل فمنهم شقى شريک الى فرق اشارة الى ما فى

www.besturdubooks.net

الآیة من الجمع ثم التفریق ثم التقسیم ۱۲۔ ۱۲ قوله فی سعید بعضے اشارة الی تقدیر منهم ۱۲۔ ۱۳ قوله قبل زفیر ایسے حال سے اشارة الی کون جملة لهم فیها زفیر حالا من النار او من الضمیر فی الجار والمجرور ۱۲۔ ۱۴ قوله فی الا ما شاء دوسری بات هذا عندی ارجح الوجوه وابعدها من التکلف ویتاید بالخبر المرفوع فی الدر المنثور ۱۲۔

اختلاف القراءة: قوله یوم یاتی بالیاء وحذفها علی التخفیف ۱۲۔

اللغات: قوله تتبیب الاهلاك والتخسیر قوله سعدوا ورد سعده الله تعالیٰ فهو مسعود واسعده فهو مسعد الزفیر والشهیق فی القاموس زفر زفیر اخرج نفسه بعد مده ایاه ویشهق تردد البکاء فی صدره وفیه الزفیر اول صوت الحمار والشهیق اخره ۱۲۔

النحو: قوله عطآء مفعول مطلق عامله مقدره نعطیهم یدل علیه المذکور خالدین الخ ۱۲۔

البلاغة: قوله ما زادوهم نزلت الاصنام منزلة العقلاء بناء علی زعمهم قوله اخذ القری لم یقل اهل القری ایذانا بسریان الاخذ من اهل القریٰ الی القری قوله یوم یات اشکل کون الزمان ظرفا لنفسه والجواب ان بعض الازمنة ینزل منزلة الزمان فی فیصح کون الزمان ظرفا کما یقال یوم یاتی العید قوله فاما الذین شقوا الخ قدم شقوا علی سعدوا واثبت لاهل الشقاء الزفیر والشهیق ولم یثبت لاهل السعادة البهجة والسرور لان المقام مقام تحذیر فناسب ای یهیم بالتحذیر واما ایراد شقوا مبینا للفاعل وایراد سعدوا مبینا للمفعول فللاشارة الی حدیث فمن وجد خیرا فلیحمد الله ومن وجد غیر ذلك فلا یلومن الا نفسه واما الفرق بین التابیدین حیث تمم الاول بقوله ان ربك والثانی بقوله عطاء فلعله لان توهم الانقطاع من الاستثناء فی الاول لا یخل بالتحذیر طبعاً وعادةً والمقام مقام بیان القدرة وتوهمه فی الثانی ویخل بالتبشیر فدفعه بقوله عطاء غیر مجذوذ وقد فرغ من بیان القدرة فیما سبق وان اقتضاه الثانی ایضا قوله نصیبهم فیه تهکم ۱۲۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ۭ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ۭ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَاۗءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ۭ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ۭ ذٰلِكَ ذِكْرٰي لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب (یعنی توریت) دی تھی سو اس میں (بھی مثل قرآن کے) اختلاف کیا گیا اور اگر ایک بات نہ ہوتی جو آپ کے رب کی طرف سے پہلے سے ٹھہر چکی ہے تو ان کا (قطعی) فیصلہ (دنیا ہی میں) ہو چکا ہوتا کہ یہ لوگ اس کی طرف سے ایسے شک میں (پڑے) ہیں جس نے ان کو تردد میں ڈال رکھا ہے اور بالیقین سب کے سب ایسے ہی ہیں کہ آپ کا رب ان کو ان کے اعمال (کی جزا) کا پورا پورا حصہ دے گا۔ وہ بالیقین ان کے سب اعمال کی پوری خبر رکھتا ہے۔ تو آپ جس طرح کہ آپ کو حکم ہوا ہے (راہ دین پر) مستقیم رہئے اور وہ لوگ بھی (مستقیم رہیں) جو کفر سے توبہ کر کے آپ کی ہمراہی میں ہیں اور دائرہ دین سے ذرا مت نکلو۔ یقیناً وہ تم سب کے اعمال کو خوب دیکھتا ہے اور (اے مسلمانو!) ان ظالموں کی طرف مت جھکو کبھی تم کو دوزخ کی آگ لگ جائے اور (اس وقت) خدا کے سوا تمہارا کوئی رفاقت کرنے والا ہو۔ پھر حمایت تو تمہاری ذرا بھی نہ ہوگی اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ نماز کی پابندی رکھئے اور دن کے دونوں سروں پر (یعنی اول و آخر میں) اور رات کے کچھ حصوں میں بیشک نیک کام (نامہ اعمال سے) مٹا دیتے ہیں برے کاموں کو۔ یہ بات ایک (جامع) نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لئے اور صبر کیا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

تفسیر ربط: اوپر مذکورہ سے پہلے آیت فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ الخ میں آپ کی تسلی اور آیت وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ الخ میں اجمالاً تاخیر عذاب کی حکمت اور آیت اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ الخ میں اپنے وقت پر عذاب کا وقوع اور آیت اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا الخ میں امتثال اوامر کی ترغیب اور

www.besturdubooks.net

فضیلت یہ سب مضامین مذکور تھے آگے قصص اور اس کے متعلقات کے بعد پھر انہیں مضامین کی طرف عود ہے۔

عود بمضامین تسلیہ وحکمت تاخیر عذاب وتیقن وقوع آں بوقت خود وترغیب امتثال اوامر:

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ (الى قوله تعالى) فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ [البقرة] اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب (یعنی توریت) دی تھی سو اس میں (بھی مثل قرآن کے) اختلاف کیا گیا (کہ کسی نے مانا کسی نے نہ مانا یہ کوئی آپ کے لئے نئی بات نہیں ہوئی پس آپ مغموم نہ ہوں) اور (یہ منکرین ایسے مستحق عذاب ہیں کہ) اگر ایک بات نہ ہوتی جو آپ کے رب کی طرف سے پہلے ٹھہر چکی ہے (کہ پورا عذاب ان کو آخرت میں دوں گا) تو (جس چیز میں یہ اختلاف کر رہے ہیں) ان کا (قطعی فیصلہ دنیا ہی میں) ہو چکا ہوتا (یعنی وہ عذاب موعود واقع ہو جاتا) اور یہ لوگ (باوجود قیام براہین کے ابھی تک) اس (فیصلہ یعنی عذاب موعود) کی طرف سے ایسے شک میں (پڑے) جس نے ان کو تردد میں ڈال رکھا ہے (کہ ان کو عذاب کا یقین ہی نہیں آتا شک کا مطلب یہی ہے) اور (کسی کے شک وانکار سے یہ عذاب ٹلے گا نہیں بلکہ) بالیقین سب کے سب ایسے ہی ہیں کہ آپ کا رب ان کو ان کے سب اعمال (کی جزا) کا پورا پورا حصہ دے گا وہ بالیقین ان کے سب اعمال کی پوری خبر رکھتا ہے (جب ان کی سزا کا معاملہ آپ سے کچھ سروکار نہیں رکھتا) تو آپ (اور مسلمان اپنے کام میں لگے رہیں وہ کام یہ ہیں کہ آپ) جس طرح کہ آپ کو حکم ہوا ہے (راہ دین پر) مستقیم رہئے اور وہ لوگ بھی (مستقیم رہیں) جو کفر سے توبہ کر کے آپ کی ہمراہی میں ہیں اور دائرہ (دین) سے ذرا مت نکلو یقیناً وہ تم سب کے اعمال کو خوب دیکھتا ہے اور (اے مسلمانو ان) ظالموں کی (یا جو ان کی مثل ہوں ان کی) طرف (باعتبار دوستی یا شرکت احوال واعمال کے) مت جھکو کبھی تم کو دوزخ کی آگ لگ جاوے اور (اس وقت) خدا کے سوا تمہارا کوئی رفاقت کرنے والا نہ ہو پھر حمایت تو تمہاری ذرا بھی نہ ہو (کیونکہ رفاقت تو حمایت سے سہل ہے جب وہ نہ ہو تو اس کا تو کب احتمال ہے) اور (اے محمد ﷺ) آپ نماز کی پابندی رکھئے دن کے دونوں سروں پر (یعنی اول اور آخر میں) اور رات کے کچھ حصوں میں بیشک نیک کام (نامۂ اعمال سے) مٹا دیتے ہیں برے کاموں کو یہ بات (کہ نیکیوں سے گناہ معاف ہوتے ہیں) ایک (جامع) نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لئے (کیونکہ ہر نیکی اس قاعدہ کلیہ میں داخل ہے پس اس سے ہر نیکی کی رغبت ہونا چاہئے) اور (ان منکرین کی طرف سے جو معاملات پیش آتے ہیں ان پر) صبر کیا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ نکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے (پس صبر بھی اعلیٰ درجہ کی نکوکاری ہے اس کا پورا اجر ملے گا) ف: دن کے دو سروں سے مراد بعض کے نزدیک فجر اور عصر ہے اور بعض نے نزدیک دو سروں سے مراد دو حصے اول کا اور آخر کا اول کے حصہ میں صبح کی نماز ہے آخر کے حصہ میں ظہر اور عصر اور رات کے حصوں سے مراد مغرب وعشاء کا وقت پس ایک قول پر اس آیت میں پانچوں نمازیں مراد ہیں اور ایک قول پر بجز ظہر کے چار نمازیں اور ظہر دوسری آیت میں مذکور ہے۔ سورۂ روم میں ہے وَحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ شاید چار کی تخصیص ذکر میں خاص اہتمام کے لئے ہو کہ فجر اور عشاء کا وقت نوم کا ہے عصر کا وقت مشغولی کاروبار کا مغرب کا وقت کھانے کا گھر میں آنے کا بخلاف ظہر کے وقت کے کہ بالکل فراغت کا ہوتا ہے چونکہ اصل میں ان احکام کا سنانا اوروں کو مقصود ہے اس لئے ان کی حالت کی رعایت سے یہ تخصیص ہوئی واللہ اعلم اور سیئات سے مراد آیت میں صغائر ہیں اور تحقیق اس مسئلہ کی شروع پارہ پنجم تحت آیت اِنْ تَجْتَنِبُوْا الخ [النساء: ۳۱] کے گذر چکی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ حاصل استقامت کا یہ ہے حقوق خلق وحق کا ادا کرنا اور کثرت کا وحدت میں اور وحدت کا کثرت میں مشاہدہ کرنا اور آپ کی استقامت اور ہے اور آپ کے اتباع کی اور قولہ تعالیٰ: وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ اس میں مداہنت اور باوجود قدرت کے نکیر نہ کرنا اور انکی وضع اختیار کرنا اور ان کی تعظیم اور بدوں ضرورت شرعیہ کے ان کی مجالست سب اسی نہی میں داخل ہوگی كذا في الروح ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ یعنی انوار طاعت سے ظلمات معصیت کی دور ہو جاتی ہیں کذا فی الروح اور اس میں بھی داخل ہے کہ طاعت کے ملکہ کے غلبہ سے معصیت کا مادہ مضمحل ہو جاوے ۱۲۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله في شك منه عذاب دل على المرجع قوله لقضى بينهم ۱۲ ۲ قوله هناك شک کا مطلب فالشك يقابل اليقين فيعم الانكار ۱۲ ۳ قوله في ثم لا تنصرون سہل فثم للتراخي للرتبي لكون النصر ابعد من الولاية ۱۲ ۴ قوله في ذلك یہ بات هو احد الوجوه المذكورة في روح المعاني وهو افيدها عندي ۱۲ ۵ قوله في ف مغرب اور عشاء فالزلف اما ان يراد به ما فوق الواحد ويقال ان كلا من الصلوتين يؤدى في اكثر من ساعة لان الساعة مطلق الوقت وهو شامل لكل قليل وكثير ۱۲۔

اللغات: قوله لما اصله لمن باعلى ان من موصولة وما زائدة فقلبت النون ميما للادغام فاجتمع ثلث ميمات فحذفت اولهن وفي ان ولما اربع قراءات تشديدهما وقد ذكر تخفيفهما باعمال ان المخففة اعتبارا للاصل وكون اللام لتاكيد لام القسم وكون ما مزيدة

www.besturdubooks.net

بينهما للفصل وتشديد الاول وتخفيف الثاني و تخفيف الاول و تشديد الثاني وتوجيه الخيرين معلوم من الاولين الزلف جمع زلفة بمعنى ساعة ۱۲۔

البلاغۃ: قوله موسى الكتب لعل تخصيص موسى عليه السلام لمشاركة له عليهما السلام في طول مقاساة الشدائد من امتهما قوله اقم ولا تركنوا في الروح ومن البلاغة القرآنية ان الاوامر بافعال الخير افردت للنبي صلى الله عليه وسلم وان كانت عامة في المعنى والمناهي جمعت للامة وما اعظم شان الرسول صلى الله عليه وسلم عند ربه جل وعلا ۱۲۔

فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَاۤ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ اَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ لَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَ لِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَ كُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ؕ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَ انْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَ لِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ ع ۱۰

تو جو امتیں تم سے پہلے ہو گزری ہیں ان میں ایسے سمجھدار لوگ نہ ہوئے جو کہ (دوسروں کو) ملک میں فساد (یعنی کفر وشرک) پھیلانے سے منع کرتے۔ بجز چند آدمیوں کے کہ جن کو ان میں سے ہم نے (عذاب سے) بچا لیا تھا اور جو لوگ نافرمان تھے اور وہ جس ناز ونعمت میں تھے اسی کے پیچھے پڑے رہے اور جرائم کے خوگر ہو گئے اور آپ کا رب ایسا نہیں کہ بستیوں کو کفر کے سبب ہلاک کر دے اور ان کے رہنے والے (اپنی اور دوسروں کی) اصلاح میں لگے ہوں اور اگر اللہ کو منظور ہوتا تو سب آدمیوں کو ایک ہی طریقہ کا بنا دیتا اور آئندہ (بھی) ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے۔ مگر جس پر آپ کے رب کی رحمت ہو اور اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو اسی واسطے پیدا کیا ہے اور آپ کے رب کی یہ بات پوری ہوگی کہ میں جہنم کو جنات سے اور انسانوں دونوں سے بھر دوں گا اور پیغمبروں کے قصوں میں سے ہم یہ سارے (مذکورہ) قصے آپ سے بیان کرتے ہیں جن کے ذریعے سے ہم آپ کے دل کو تقویت دیتے ہیں اور ان قصوں میں آپ کے پاس ایسا مضمون پہنچا ہے جو خود بھی راست (اور واقعی) ہے اور مسلمانوں کے لئے نصیحت ہے اور یاد دہانی ہے اور جو لوگ (باوجود ان حجت قاطعہ کے بھی) ایمان نہیں لاتے ان سے کہہ دیجئے کہ میں تم سے الجھتا نہیں تم اپنی حالت پر عمل کرتے رہو۔ ہم بھی (اپنے طور پر) عمل کر رہے ہیں اور (ان اعمال کے نتیجہ کے) تم (بھی) منتظر رہو ہم بھی منتظر ہیں (عنقریب حق وباطل کھل جائے گا) اور آسمانوں اور زمین میں جتنی غیب کی باتیں ہیں ان کا علم خدا ہی کو ہے اور سب امور اسی کی طرف رجوع ہوں گے۔ تو (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ اسی کی عبادت کیجئے (جس میں تبلیغ بھی داخل ہے) اور اسی پر بھروسہ رکھئے اور آپ کا رب ان باتوں سے بے خبر نہیں جو کچھ تم لوگ کر رہے ہو۔ ○

تفسیر ربط: اوپر قصص میں امم مہلکہ کے وبال ونکال کا حال مذکور ہوا تھا آگے اس کا سبب قریب کہ ان کی نافرمانی ہے اور سبب بعید کہ مشیت وحکمت ہے مذکور ہے اور اول کے بیان سے اہتمام رحم وکرم اور ثانی کے بیان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تسلیہ ودفع غم منظور ہے۔

سبب قریب وبعید ہلاک امم سابقہ ☆ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ (الی قوله تعالى) مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ (اور اوپر جو امم مہلکہ کے قصص مذکور ہوئے) تو (وجہ اس کی یہ ہوئی) کہ جو امتیں تم سے پہلے ہو گزری ہیں ان میں ایسے سمجھدار لوگ نہ ہوئے جو کہ (دوسروں کو) ملک میں فساد (یعنی کفر وشرک) پھیلانے سے منع کرتے بجز چند آدمیوں کے کہ جن کو ان میں سے ہم نے (عذاب سے) بچا لیا تھا (کہ وہ تو البتہ جیسے خود کفر وشرک سے تائب ہو گئے تھے اوروں کو بھی منع کرتے رہتے تھے اور ان ہی دونوں عمل کی برکت سے وہ عذاب سے بچ گئے تھے باقی اور لوگ چونکہ خود ہی کفر میں مبتلا تھے انہوں نے اوروں کو بھی منع نہ

www.besturdubooks.net

کیا) اور جو لوگ نافرمان تھے وہ جس ناز و نعمت میں تھے اسی کے پیچھے پڑے رہے اور جرائم کے خوگر ہو گئے (کہ اس سے باز ہی نہ آئے خلاصہ مطلب یہ کہ نافرمانی تو ان میں عام طور پر رہی اور منع کرنے والا کوئی ہوا نہیں اس لئے سب ایک ہی عذاب میں مبتلا ہوئے ورنہ کفر کا عذاب عام ہوتا اور فساد کا خاص اب بوجہ منع نہ کرنے کے غیر مفسد بھی مفسد ہونے میں شریک قرار دیئے گئے اس لئے جو عذاب مجموعہ کفر و فساد پر نازل ہوا وہ بھی عام رہا) اور (اس سے ثابت ہو گیا کہ) آپ کا رب ایسا نہیں کہ بستیوں کو کفر کے سبب ہلاک کر دے اور ان کے رہنے والے (اپنی اور دوسروں کی) اصلاح میں لگے ہوں (بلکہ جب بجائے اصلاح کے فساد کریں اور فساد کرنے والوں کو منع نہ کریں اس وقت عذاب خاص کے مستحق ہو جاتے ہیں) اور اگر اللہ کو منظور ہوتا تو سب آدمیوں کو ایک ہی طریقہ کا بنا دیتا (یعنی سب کو مؤمن کر دیتا لیکن بعض حکمتوں سے ایسا منظور نہ ہوا اس لئے دین کے خلاف مختلف طریقوں پر ہو گئے) اور (آئندہ بھی) ہمیشہ اختلاف (ہی) کرتے رہیں گے مگر جس پر آپ کے رب کی رحمت ہو (وہ دین کے خلاف طریقہ اختیار نہ کرے گا) اور (اس اختلاف کا غم یا تاسف یا تعجب نہ کیجئے کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو اسی واسطے پیدا کیا ہے (کہ ان میں اختلاف رہے اور (اختلاف کے لئے پیدا کرنے کی وجہ یہ ہے کہ) آپ کے رب کی یہ بات پوری ہو گی کہ میں جہنم کو جنات سے اور انسانوں سے دونوں سے بھر دوں گا (اور خود اس کی حکمت یہ ہے کہ جس طرح مرحومین میں صفت رحمت کا ظہور ہوا مغضوبین میں صفت غضب کی ظاہر ہو پھر اس ظہور کی حکمت یا اس حکمت کی حکمت اللہ ہی کو معلوم غرض اس ظہور کی حکمت سے جہنم میں جانا بعضوں کا ضرور اور جہنم میں جانے کے لئے وجود کفار کا تکوینا ضروری اور وجود کفار کے لئے اختلاف لازم یہ وجہ ہے سب کے مسلمان نہ ہونے کی)۔ **ف**: مراد اس اختلاف سے اختلاف بعد الاتفاق ہے پس آیت: كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً [البقرة: ۲۱۳] سے اس آیت کا کچھ تعارض نہیں کہ ایک سے اختلاف اور دوسری سے عدم اختلاف معلوم ہوتا ہے وجہ عدم تعارض تغائر دونوں کے زمانوں کا ہے اور تخصیص اہل الرائے کی اسلئے کی کہ جب انہوں نے منع نہ کیا تو اوروں کا منع نہ کرنا تو بدرجہ اولیٰ مفہوم ہو گیا اور اس آیت سے جو ظاہراً شبہ ہوتا ہے کہ اصل وجہ تو اہلاک کی کفر تھا نہ کہ عدم النہی اسکا جواب اثنائے ترجمہ میں تقریر خلاصہ مطلب سے معلوم ہو گیا کہ عدم نہی مطلق عذاب کا سبب نہیں بلکہ عذاب خاص کا۔ **ربط**: اوپر محکی عنہ یعنی واقعات قصص کی علت و حکمت مذکور تھی آگے حکایت یعنی بیان قصص کی حکمت مذکور ہے۔

بیان بعض حکمت ہائے حکایت قصص ☆ وَ كُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ (الی قولہ تعالی) وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ اور پیغمبروں کے قصوں میں سے ہم یہ سارے (مذکورہ) قصے آپ سے بیان کرتے ہیں جن کے ذریعہ سے ہم آپ کے دل کو تقویت دیتے ہیں (ایک فائدہ بیان قصص کا تو یہ ہوا جس کا حاصل آپ کو تسلی دینا ہے) اور ان قصوں میں آپ کے پاس ایسا مضمون پہنچا ہے جو خود بھی راست (اور واقع) ہے اور مسلمانوں کے لئے (برے کاموں سے روکنے کو) نصیحت ہے اور اچھے کام کرنے کے لئے) یاد دہانی ہے (یہ دوسرا فائدہ بیان قصص کا ہوا ایک فائدہ نبی کے لئے دوسرا امت کے لئے) **ف**: حق صفت ذاتیہ ہے آیات قرآنیہ کی جو قصص پر مشتمل ہیں اور موعظة اور ذکری اس کی صفات اضافیہ ہیں جن میں ایک زاجر اور ایک آمر ہے۔

ربط: اوپر مجموعہ سورت میں توحید اور رسالت اور بعث اور حقانیت قرآن اور وعدہ و وعید کے اثبات اور شبہات کی نفی سے اتمام دعوت اور الزام حجت کا حق کافی وافی ادا کر دیا گیا اب جو لوگ اس پر بھی نہ مانیں ان سے آخری کلام کر کے سورت کو ختم کیا جاتا ہے۔

خاتمہ کلام بالدالخصام ☆ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ (الی قولہ تعالی) وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ اور جو لوگ (باوجود ان حجج قاطعہ کے بھی) ایمان نہیں لاتے ان سے کہہ دیجئے کہ (میں تم سے الجھتا نہیں) تم اپنی حالت پر عمل کرتے رہو ہم بھی (اپنے طور پر) عمل کر رہے ہیں اور (ان اعمال کے نتیجہ کے) تم (بھی) منتظر رہو ہم بھی منتظر ہیں (سو عنقریب حق و باطل کھل جاوے گا) اور آسمانوں اور زمین میں جتنی غیب کی باتیں ہیں ان کا علم خدا ہی کو ہے (تو بندوں کے اعمال تو غیب بھی نہیں اور ان کا علم تو بدرجہ اولیٰ حق تعالیٰ کو ہے) اور سب امور اسی کی طرف رجوع ہوں گے (یعنی علم و اختیار دونوں کے ساتھ موصوف ہے پھر اس کو کیا مشکل ہے اگر اعمال کی جزا و سزا دے دے اور جب وہ ایسا علم و اختیار رکھتا ہے) تو (اے محمد ﷺ) آپ اسی کی عبادت کیجئے (جس میں تبلیغ بھی داخل ہے) اور اسی پر بھروسہ رکھئے (اگر تبلیغ میں کسی اذیت کا احتمال ہو یہ بیچ میں بطور جملہ معترضہ کے آپ سے خطاب فرما دیا آگے پھر وہی اوپر کا مضمون ہے یعنی) اور آپ کا رب ان باتوں سے بے خبر نہیں جو کچھ تم کر رہے ہو (جیسا کہ اوپر علم غیب سے اعمال کا علم بدرجہ اولیٰ ثابت ہو گیا)۔ **ف**: حسن ختام سورت کا اس آیت پر ظاہر ہے وقد فرغت بحمد اللہ تعالی من تفسیر هذه السورة لخمسة عشر خلون من جمادی الاولی ۱۳۲۴ من الهجرة۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: وَ لِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ روح میں ہے کہ اس اختلاف کے لئے ان کو اس لئے پیدا کیا کہ وہ اس کے جمال یعنی لطف اور اس کے جلال یعنی قہر کے مظاہر ہوں اھ اور: مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ [الذاریت: ۵۶] کے منافی نہیں ایک غایۃ تکوینیہ ہے ایک غایۃ تشریعیہ ۱۲۔ قولہ تعالی وَ كُلًّا نَّقُصُّ (الی قولہ تعالی) مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ اس میں دلیل ہے کہ مقبولین کے قصص کو قلوب کی تثبیت و تقویت و تنشیط میں خاص اثر اور دخل

www.besturdubooks.net

ہے اسی لئے بزرگوں نے اولیاء کی حکایات جمع کرنے کا خاص اہتمام فرمادیا ہے ۱۲۔

مُلحقاتُ الترجمۃ: ۱؎ قوله فی فلو لا اوراوپر......نہ ہوئے اشار بالاول الی معنی الفاء وبالثانی الی ان التخصیص یراد به النفی کما فی آخر سورة یونس فلو لا كانت قرية امنت فانظر فی الحاشية لمه ۱۲۔

اللُّغات: البقية خصلة باقية من الرأی والعقل او الفضل ماخوذ من البقية التی يصطفيها المرء لنفسه ويدخرها مما ينفعه ومن هنا قيل فلان من بقية القوم ای من خيارهم الاتراف من الترف وهو التوسع فی النعمة ۱۲۔

النَّحو: كلا منصوب علی انه مفعول به لقوله نقص والتنوين عوض عن المضاف اليه ای كل نبأ ومن انباء صفة لنبأ مقدر ومن تبعيضية وما نثبت عطف بيان او بدل من كلا وهذه يشار بها الی انبائهما۔

البَلاغة: قوله غيب بتقدير علم المضاف قوله تعملون بالتاء فيه تغليب المخاطب علی معنی ما ربك بغافل عما تعمل انت وما يعملون هم فيجازی كلا منك ومنهم بموجب الاستحقاق ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ يُوسُف

سُورَةُ يُوسُف ۱۲ مَكِّيَّة ۵۳ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱۱ | رُكُوْعَاتُهَا ۱۲

سورۂ یوسف مکہ میں نازل ہوئی شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں اور اس کی ایک سو گیارہ آیتیں اور بارہ رکوع ہیں

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۱ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝۲ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ
الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝۳ اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ
يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ۝۴ قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ
رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝۵ وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ
وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ
وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۶ ع ۱ / ۱۱

الٓرٰ ۔ یہ آیتیں ہیں ایک کتاب واضح کی۔ ہم نے اس کو اتارا ہے قرآن عربی زبان کا تاکہ تم (بوجہ اہل لسان ہونے کے اولاً) سمجھو (اور تمہارے واسطے اور لوگ سمجھیں) ہم نے جو یہ قرآن آپ کے پاس بھیجا ہے اس (کے بھیجنے) کے ذریعہ سے ہم آپ سے ایک بڑا عمدہ قصہ بیان کرتے ہیں اور اس (ہمارے بیان کرنے) کے قبل آپ (اس سے) محض بے خبر تھے۔ وہ وقت قابل ذکر ہے جب کہ یوسفؑ نے اپنے والد یعقوب علیہ السلام سے کہا کہ ابا میں نے (خواب میں) گیارہ ستارے اور سورج اور چاند دیکھے ہیں (اور) ان کو اپنے روبرو سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ انہوں نے (جواب میں) فرمایا کہ بیٹا اپنی اس خواب کو اپنے بھائیوں کے روبرو بیان مت کرنا پس (یہ سمجھ کر) وہ تمہاری (ایذا رسانی کی) کوئی خاص تدبیر کریں گے بلاشبہ شیطان آدمی کا صریح دشمن ہے اور اسی طرح تمہارا رب تم کو منتخب کرے گا اور (تم کو علوم دقیقہ بھی دے گا مثلاً) تم کو خوابوں کی تعبیر کا علم دے گا اور (نعمتیں دے کر بھی) تم پر اور یعقوبؑ کے خاندان پر اپنا انعام کامل کرے گا جیسا کہ اس سے قبل تمہارے دادا پر دادا یعنی ابراہیم و اسحاق علیہم السلام پر اپنا انعام مکمل کر چکا ہے واقعی تمہارا رب بڑا علم و حکمت والا ہے۔ ۞

تفسیر: بسم اللہ الرحمن الرحیم ☆ سورة يوسف مكية وآيها مائة واحدى عشرة اية كذا فى البيضاوى۔ خلاصہ سورت کا ظاہر ہے کہ تقریباً تمام تر مشتمل ہے قصۂ حضرت یوسف علیہ السلام پر اور اس کے آغاز سے پہلے قرآن کی حقیت جس میں وہ قصہ بیان ہوا ہے اور اس کے ختم سے پیچھے اول توحید کا مضمون اور اس کے اخلال پر وعید پھر رسالت کی بحث اور اس کے منکرین کی بدانجامی کی اجمالی حکایت اور ایسی حکایات و قصص کا موجب عبرت ہونا اور قرآن میں جس میں یہ قصص بیں حق ہونا مذکور ہے اور اسی پر سورت ختم ہے پس زیادہ حصہ سورت کا قصص پر مشتمل ہے جس کے بیان کی حکمت سورت سابقہ کی اخیر کی آیت: و کلا نقص الخ میں مذکور ہوئی تھی اور کچھ حصہ سورت کا اصول دین میں ہے جس میں کفار کی مخالفت کرنے کی وجہ سے جو آپ کو غم تھا اس کے ازالہ و تسلی کے لئے یہ قصہ بیان کیا گیا ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو ان کے اخوان کی مخالفت سے کوئی ضرر نہیں پہنچا بلکہ انجام کار وہی ترقی کا سبب ہو گیا اسی طرح آپ کو آپ کی قوم کی مخالفت مضر نہ ہوگی پس مناسبت دونوں سورتوں کی اور خود اجزاء سورت کی بھی اس تقریر سے مستفاد ہو گئی اور چونکہ ارتباط اجزاء قصہ میں جو بڑا حصہ سورت کا

www.besturdubooks.net

سے محتاج بیان نہیں اس لئے مثل دیگر مقامات کے ان میں تقریر ربط کی مستقلاً بیان نہ کی جاوے گی اور شان نزول اس کا در منثور میں ابن عباسؓ سے اس طرح مروی ہے کہ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر آپ ہم کو کوئی قصہ سنا دیں تو خوب ہو اس پر یہ قصہ نازل ہوا اور خازن میں بروایت ضحاک ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ یہود نے آپ سے یہ قصہ پوچھا تھا (یعنی امتحاناً) اس پر یہ آیات الٓرٰ الخ نازل ہوئیں واللہ اعلم اور اس قصہ کے متعلق تین فائدے مظنون ہیں اول یہ کہ اس کو احسن القصص کیوں فرمایا اس کی وجہ روح المعانی میں مختصر الفاظ میں یہ لکھی ہے کہ وہ مشتمل ہے ان امور پر حاسد ومحسود مالک و مملوک شاہد ومشہود عاشق ومعشوق حبس واطلاق خصب وجدب ذنب وعفو فراق ووصال سقم وصحت حل وارتحال ذل وعز اور نیز مفید ہے ان امور کو قضا وقدر کا کوئی دافع اور مانع نہیں ہے جس کو خدا تعالیٰ کوئی چیز نہیں پہنچانا چاہیں اس کو کوئی روک نہیں سکتا۔ حسد سے حاسد ہی کو نقصان وخذلان پہنچتا ہے۔ صبر مفتاح الفرج ہے تدبیر کرنا عقل کی بات ہے اصلاح امور معاش میں عقل کام کی چیز ہے وغیر ذالک اھ دوم اور قصے کچھ کچھ بیان کئے گئے یہ بالاستیعاب بیان کیا گیا اس کی وجہ روح میں جلال سیوطیؒ سے یہ لکھی ہے کہ یہ صحابہ کی درخواست پر نازل ہوا اس لئے بسط وتمام کے ساتھ بیان کیا گیا تا کہ ان کا مقصود کہ استیعاب ہے حاصل ہو جاوے اور احاطہ سے ان کو راحت اور سیری ہو اھ سوم اس قصہ کو مثل دوسرے قصوں کے مکرر نہیں لائے اس کی وجہ میرے نزدیک فائدہ دوم پر متفرع ہے کیونکہ اور قصوں میں چونکہ استیعاب نہیں ہے اس لئے ہر مقام کے مناسب مختلف فوائد کے لئے کچھ کچھ اجزاء لائے گئے گو ان میں بعض اجزاء مشترک بھی ہوں مگر مقصود اجزاء متباینہ اور اجزاء مشترکہ کے فوائد متباینہ ہیں بخلاف اس قصہ کے کہ سب اجزاء اور سب فوائد ایک جگہ مجتمع کر دیئے گئے اس لئے اس میں تکرار نہیں اور روح میں اس کی وجہ یہ لکھی ہے کہ اور قصص میں مقصود زجر ہے معاصی پر اور تقبیح ہے مناہی کی اور ان کا مہتم بالشان ہونا مقتضی ہے تکرار کو بخلاف اس قصہ کے جیسا کہ ظاہر ہے اور یہی دونوں وجہ قصہ اصحاب کہف اور قصہ ذی القرنین اور قصہ موسیٰ مع الخضر علیہما السلام اور قصہ ذبیح علیہ السلام کے غیر مکرر ہونے میں بھی جاری ہیں واللہ اعلم۔

حقیت قرآن وتمہید قصہ ☆ الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ (الی قولہ تعالی) لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ۔ الٓرٰ۔ (اس کے معنی تو اللہ کو معلوم ہیں) یہ آیتیں ہیں ایک کتاب واضح کی (جس کے الفاظ اور معانی ادلیہ بہت صاف ہیں) ہم نے اس کو اتارا ہے قرآن عربی زبان کا تا کہ تم (بوجہ اہل لسان ہونے کے اولاً) سمجھو (اور تمہارے واسطے سے اور لوگ سمجھیں) ہم نے جو یہ قرآن (جس کی صفت اوپر مذکور ہوئی) آپ کے پاس بھیجا ہے اس (کے بھیجنے) کے ذریعہ سے ہم آپ سے ایک بڑا عمدہ قصہ بیان کرتے ہیں اور اس (ہمارے بیان کرنے) کے قبل آپ (اس سے) محض بے خبر تھے (کیونکہ نہ کوئی کتاب پڑھی تھی نہ کسی صاحب کتاب سے حاصل کیا تھا اور عوام میں ایسی کامل صحت کے ساتھ مشہور نہ تھا پس اس سے ثابت ہوا کہ یہ قرآن وحی ہے)

آغاز قصہ وخواب گفتن یوسف علیہ السلام وجواب دادن یعقوب علیہ السلام

اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ (الی قولہ تعالی) اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ وہ وقت قابل ذکر ہے جب کہ یوسف (علیہ السلام) نے اپنے والد (یعقوب علیہ السلام) سے کہا کہ ابا میں نے (خواب میں) گیارہ ستارے اور سورج اور چاند دیکھے ہیں انکو اپنے روبرو سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہے انہوں نے (جواب میں) فرمایا کہ بیٹا اپنے اس خواب کو اپنے بھائیوں کے روبرو بیان مت کرنا (کیونکہ بوجہ خاندانِ نبوت میں ہونے کے وہ اس کی تعبیر جانتے ہیں گو ظناً سہی کہ گیارہ ستارے گیارہ بھائی ہیں اور سورج باپ بوجہ اعظمیت اور چاند ماں بوجہ اصغریت یا بالعکس بمناسبت تذکیر وتانیث لفظ کے اور سجدہ سے اصلی مراد انقیاد) پس یہ (سمجھ کر) وہ تمہارے (ایذا رسانی کے) لئے کوئی خاص تدبیر کریں گے (یعنی ان میں سے اکثر کہ دس بھائی علاتی تھے اور حقیقی بنیامین سے گو اندیشہ ضرر نہیں لیکن شاید ان کے منہ سے نکل جاوے پھر فتنہ ہو) بلاشبہ شیطان آدمی کا صریح دشمن ہے (اس لئے بھائیوں کے دل میں وسوسے ڈالے گا) اور (جس طرح خدا تم کو یہ عزت دے گا کہ سب تمہارے منقاد ہوں گے) اسی طرح تمہارا رب تم کو (دوسری عزتیں بھی دے گا کہ تم کو نبوت کے لئے) منتخب کرے گا اور تم کو (علوم دقیقہ بھی دے گا) مثلاً خوابوں کی تعبیر کا علم دے گا اور (اس کے علاوہ اور نعمتیں دے کر بھی) تم پر اور یعقوب کے خاندان پر انعام کامل کرے گا جیسا اس کے قبل تمہارے دادا پردادا یعنی ابراہیم واسحٰق (علیہما السلام) پر اپنا انعام کامل کر چکا ہے واقعی تمہارا رب بڑا علم وحکمت والا ہے (ہر ایک کے مناسب فیض عطا فرماتا ہے)

ف: یہاں چند امور قابل تحقیق ہیں۔ اول: یہ دیکھنا غالباً حالت خواب میں تھا کیونکہ اکثر اطلاق رؤیا کا خواب پر آتا ہے۔ دوم: یہ کل بارہ بھائی تھے دو حقیقی اور دس علاتی۔ علاتیوں سے خوف ایذا تھا اور حقیقی سے یہ کہ منہ سے نکل جاوے۔ سوم: بھائیوں کا تعبیر سمجھنا مناسبت خاندان نبوت سے تھا پس ان کا نبی یا ولی ہونا لازم نہیں آتا اور ظناً تھا اس لئے تاویل الاحادیث کے شرف کا مشترک ہونا لازم نہیں آتا۔ چہارم: یہ کید اس غرض سے ہونا ضرور نہیں کہ یہ تعبیر واقع نہ ہو بلکہ تعبیر تو بالیقین واقع ہوگی مگر حسد سے ایذاء دیں گے گو اس کے بعد پھر وقوع تعبیر ضروری ہے۔ پنجم: یہ بشارتیں یعقوب علیہ السلام نے جو دیں یا تو اس خواب سے سمجھے

www.besturdubooks.net

یا وحی سے۔ ششم: بھائیوں کے مشابہ کواکب ہونے سے ان کی نبوت ثابت نہیں ہوئی کیونکہ نورانیت صحابیت سے بھی ہوسکتی ہے چنانچہ سجدہ کے وقت وہ تائب ہو کر کامل صحابی تھے اور اسی طرح آل یعقوب سے بھی اس کا ثبات نہیں ہوتا کیونکہ اولاً نعمت عام ہے اختلاف عمل سے اُس کی خصوصیات مختلف ہوں گی پس مقصود مطلق نعمت اشتراک ہو تماثل ضرور نہیں دوسرے آل یعقوب سے مراد بواسطہ بھی ہوسکتا ہے سو ان کی اولاد میں آگے بہت نبی ہوئے۔ ہفتم: اتمام نعمت میں اپنا ذکر تواضعاً نہیں فرمایا۔

مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِذْ قَالَ يُوْسُفُ (الى قوله تعالى) رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ۔ اس میں دلالت ہے کہ مرید کو چاہئے کہ اس کو جو حال یا وارد بیداری میں یا خواب میں پیش آوے اس کو اپنے شیخ سے بیان کردے قولہ تعالیٰ: قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ (الى قوله تعالى) كَيْدًا۔ اس میں دلالت ہے کہ اپنا حال غیر شیخ سے نہ کہے کہ اس میں ضرر کا احتمال ہے گو ضرر کا اختلاف مقامات سے مختلف ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: لے قوله في المبين ادلہ قيد بها لان ما فيه مما يتوقف على الاستنباط كفى كما هو غير خفى۔

البلاغۃ: قوله رأيتهم تاكيد و يادنى للشفقة او لصغر السن والتاكيد بكيد اشارة الى نوع خاص منه اما لكونه عظيما واما لكونه خفيا وفى قوله يكيدوا تغليب ۱۲۔

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝۷ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ۭ
اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِۨ ۝۸ اقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ
قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝۹ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ
كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝۱۰ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۝۱۱ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا
لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝۱۲ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ۝۱۳ قَالُوْا
لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝۱۴ فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ
الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝۱۵ وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ۝۱۶ قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ
اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ۝۱۷
وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ۭ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى
مَا تَصِفُوْنَ ۝۱۸ وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ۭ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ۭ
وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۹ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ
الزّٰهِدِيْنَ ۝۲۰ ع ۱۲

یوسف اور ان کے (علاتی) بھائیوں کے قصہ میں دلائل موجود ہیں ان لوگوں کے لئے جو (آپ سے) ان کا قصہ پوچھتے ہیں وہ وقت قابل ذکر ہے جبکہ ان علاتی بھائیوں نے (باہم بطور مشورہ کے) گفتگو کی کہ (یہ بات ہے کہ) یوسف اور ان کا بھائی (بنیامین) ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں حالانکہ ہم ایک جماعت کی جماعت ہے واقعی ہمارے باپ (اس مقدمہ میں) کھلی غلطی میں ہیں یا تو یوسف کو قتل کر ڈالو یا ان کو کسی (دور دراز) سرزمین میں ڈال آؤ پھر تمہارے باپ کا رخ خالص تمہاری طرف ہو جائے گا اور تمہارے سب کام بن جائیں گے۔ ان ہی میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ یوسف کو قتل مت کرو (اس کی صورت یہ ہے کہ) ان کو کسی ایسے اندھیرے کنوئیں میں ڈال دو تا کہ ان کو کوئی راہ چلتا نکال لے جائے اگر تم کو (یہ کام) کرنا ہے۔ سب نے (مل کر باپ سے) کہا کہ ابا اسکی کیا وجہ ہے کہ یوسف کے بارے میں آپ

www.besturdubooks.net

ہمارا اعتبار نہیں کرتے حالانکہ ہم انکے (دل وجان سے) خیر خواہ ہیں۔آپ انکو کل کے روز ہمارے ساتھ (جنگل کو) بھیجئے کہ ذرا وہ کھاویں کھیلیں اور ہم انکی پوری محافظت رکھیں گے۔یعقوبؑ نے فرمایا کہ مجھ کو یہ بات غم میں ڈالتی ہے کہ اس کو تم لے جاؤ اور (خوف یہ کہ) میں یہ اندیشہ کرتا ہوں کہ اس کو کوئی بھیڑیا کھا جائے اور تم (اپنے مشاغل میں) اس سے بے خبر رہو وہ بولے کہ اگر ان کو بھیڑیا کھا جائے اور ہم ایک جماعت کی جماعت (موجود) ہوں تو ہم بالکل ہی گئے گزرے ہوئے۔سو جب ان کو لے گئے اور سب نے پختہ عزم کرلیا کہ ان کو کسی اندھیرے کنوئیں میں ڈال دیں اور ہم نے ان کے پاس وحی بھیجی کہ تم ان لوگوں کو یہ بات جتلاؤ گے اور وہ تم کو پہچانیں گے بھی نہیں اور ادھر وہ لوگ اپنے باپ کے پاس عشاء کے وقت روتے ہوئے پہنچے کہنے لگے کہ ابا ہم سب تو آپس میں دوڑنے لگ گئے اور یوسفؑ کو ہم نے اپنی چیز بست کے پاس چھوڑ دیا بس (اتفاقاً) ایک بھیڑیا (آیا اور) ان کو کھا گیا اور آپ تو ہمارا کاہے کو یقین کرنے لگے گو ہم کیسے ہی سچے (کیوں نہ) ہوں اور یوسف کی قمیص پر جھوٹ موٹ کا خون بھی لگا لائے تھے یعقوبؑ نے فرمایا کہ بلکہ تم نے دل سے ایک بات بنالی ہے سو (خیر) صبر ہی کروں گا جس میں شکایت کا نام نہ ہوگا اور جو باتیں تم بناتے ہو ان میں اللہ ہی مدد کرے اور ایک قافلہ (جو مصر کو جارہا تھا) اور انہوں نے اپنا آدمی پانی لانے کے واسطے (یہاں کنوئیں پر) بھیجا اور اپنا ڈول ڈالا کہنے لگا کہ ارے بڑی خوشی کی بات ہے یہ بڑا اچھا لڑکا نکل آیا اور ان کو مال (تجارت) قرار دے کر اس خیال سے چھپالیا اور اللہ کو ان سب کی کارگزاریاں معلوم تھیں اور (یہ کہہ کر) ان کو بہت ہی کم قیمت کو بیچ ڈالا یعنی گنتی کے چند درہم کے عوض اور وہ لوگ کچھ ان کے قدردان تو تھے ہی نہیں ۞

تفسیر: معاملہ اخوانِ یوسف علیہ السلام با او ☆ لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ (الی قولہ تعالی) وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ۞ یوسف (علیہ السلام) کے اور ان کے (علاتی) بھائیوں کے قصہ میں (خدا کی قدرت اور آپ کی نبوت کے) دلائل موجود ہیں ان لوگوں کے لئے جو (آپ سے ان کا قصہ) پوچھتے ہیں (کیونکہ یوسف علیہ السلام کو ایسی بے کسی اور بے بسی سے اس سلطنت ورفعت کو پہنچا دینا یہ خدا ہی کا کام تھا اس سے مسلمانوں کو جو کہ کسی قصہ کے خواہاں تھے عبرت اور قوتِ ایمان حاصل ہوگی اور یہود کو کہ انہوں نے خصوصیت کے ساتھ یہ قصہ پوچھا تھا دلیل نبوت کی مل سکتی ہے اگر غور کریں) وہ وقت قابل ذکر ہے جب کہ ان (علاتی) بھائیوں نے (باہم بطور مشورہ کے) یہ گفتگو کی کہ (یہ کیا بات ہے کہ) یوسف اور اُن کا (حقیقی) بھائی (بنیامین) ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں حالانکہ (وہ دونوں بوجہ کم عمری کے ان کا کچھ کاروخدمت بھی نہیں کرسکتے اور) ہم ایک جماعت کی جماعت ہیں (کہ اپنی قوت اور کثرت کی وجہ سے ان کی ہر طرح کی خدمت بھی کرتے ہیں تو ہم زیادہ عزیز ہونے چاہئیں) واقعی ہمارے باپ (اس مقدمہ میں) کھلی غلطی میں ہیں (لیکن یوسف علیہ السلام کے ہوتے ہوئے تو امید مت رکھو کہ تم زیادہ عزیز ہوسکو اور بنیامین سے جو محبت ہے وہ صرف اس وجہ سے کہ یوسف علیہ السلام کے حقیقی بھائی ہیں تو اصل میں خاطر داشت یوسف ہی کی مقصود ہے اور احبیت میں اصل یہی ہیں تو ان کو کسی تدبیر سے باپ کے پاس سے ہٹانا چاہئے اس کی صورت یہ ہے کہ) یا تو یوسف علیہ السلام کو قتل کر ڈالو یا ان کو کسی (دور دراز) سرزمین میں ڈال آؤ (دونوں صورتوں میں باپ سے جدا ہو جاویں گے۔تو (پھر) تمہارے باپ کا رخ خالص تمہاری طرف ہو جاوے گا اور تمہارے سب کام بن جاویں گے۔انہیں میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ یوسف کو قتل مت کرو (قتل کرنا بہت بری بات ہے ہاں دوسری شق میں مضائقہ نہیں) اور (اس کی صورت یہ ہے کہ) ان کو کسی (ایسے) اندھیرے کنوئیں میں ڈال دو (جس میں پانی بھی زیادہ نہ ہو کہ ڈوبنے کا ڈر ہو ورنہ وہ تو قتل ہی ہے اور یکایک ہر کسی کو اطلاع بھی نہ ہو کیونکہ اندھیرا کنواں ہے اور رہگذر سے بھی بہت دور نہ ہو) تاکہ ان کو کوئی راہ چلتا نکال لے جاوے اگر تم کو (یہ کام) کرنا ہے (تو اس طرح کرو غرض سب کا اتفاق رائے ہوگیا اور) سب نے (مل کر باپ سے) کہا کہ ابا اس کی کیا وجہ ہے کہ یوسف کے بارہ میں آپ ہمارا اعتبار نہیں کرتے (اور کبھی ان کو ہمارے ساتھ کہیں نہیں بھیجتے) حالانکہ ہم ان کے (دل وجان سے) خیر خواہ ہیں (سو ایسا نہ چاہئے بلکہ) آپ ان کو کل کے روز ہمارے ساتھ (جنگل کو) بھیجئے کہ ذرا وہ کھاویں کھیلیں اور ہم ان کی پوری محافظت رکھیں گے یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (مجھ کو ساتھ بھیجنے سے دو امر مانع ہیں ایک حزن ایک خوف (حزن تو یہ کہ) مجھ کو یہ بات غم میں ڈالتی ہے کہ اس کو تم (میری آنکھوں کے سامنے سے لے جاؤ اور (خوف یہ کہ) میں اندیشہ کرتا ہوں کہ اس کو کوئی بھیڑیا کھا جاوے اور تم (اپنے مشاغل میں) اس سے بے خبر رہو (کیونکہ اس جنگل میں بھیڑیئے بہت تھے) وہ بولے کہ اگر ان کو بھیڑیا کھا جاوے اور ہم ایک جماعت کی جماعت (موجود) ہوں تو ہم بالکل ہی گئے گذرے ہوئے (کیونکہ جماعت کی قوت بھی زیادہ ہوتی ہے اور کئی آدمیوں میں نگرانی بھی سہل ہے غرض کہہ سن کر یعقوب علیہ السلام سے ان کو لے کر چلے) سو جب ان کو (اپنے ساتھ جنگل کو) لے گئے اور (حسب قرارداد سابق) سب نے پختہ عزم کرلیا کہ ان کو کسی اندھیرے کنوئیں میں ڈال دیں (تو جو کچھ تجویز کیا تھا عملدرآمد کیا) اور اس وقت ان کو تسلی کے لئے) ہم نے ان کے پاس وحی بھیجی کہ (تم مغموم مت ہو ہم تم کو یہاں سے خلاصی دے کر بڑے رتبہ پر پہنچا دیں گے اور ایک دن وہ ہوگا کہ) تم ان لوگوں کو یہ بات جتلاؤ گے اور وہ تم کو (بوجہ اس کے کہ ایک حالت رفیعہ میں ہوگے) پہچانیں گے بھی نہیں (چنانچہ یہ وعدہ واقع ہوا هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ الخ غرض یوسف علیہ السلام کا تو یہ قصہ ہوا) اور (ادھر وہ لوگ اپنے باپ کے پاس عشاء کے وقت روتے ہوئے پہنچے اور جب انہوں نے رونے کا سبب پوچھا تو کہنے لگے کہ اے ابا ہم سب تو آپس میں

www.besturdubooks.net

دوڑنے میں (کہ دیکھیں کون آگے نکلے اس میں) لگ گئے اور یوسف کو ہم نے (ایسی جگہ جہاں بھیڑیا آنے کا گمان نہ تھا) اپنی چیز بست کے پاس چھوڑ دیا بس (اتفاقاً) ایک بھیڑیا (آیا اور) ان کو کھا گیا اور آپ تو ہمارا کاہے کو یقین کرنے لگے گو ہم کیسے ہی سچے (کیوں نہ) ہوں اور (جب یعقوب علیہ السلام کے پاس آنے لگے تھے تو) یوسفؑ کی قمیص پر جھوٹ موٹ کا خون بھی لگا لائے تھے (اس طرح سے کہ کوئی ہرن یا بکری ذبح کی اور اس کے خون میں قمیص کو آلودہ کر لیا وہ قمیص اپنے قول کی سند میں پیش کی) یعقوب (علیہ السلام) نے (دیکھا تو کرتہ کہیں سے پھٹا نہیں چرانہیں **اخرج الطبری معناہ عن ابن عباس وقتادۃ والحسن** تو) فرمایا کہ (یوسف کو بھیڑیئے نے ہرگز نہیں کھایا) بلکہ تم نے اپنے دل سے یہ بات بنالی ہے سو (خیر) صبر ہی کروں گا جس میں شکایت کا نام نہ ہوگا (**اخرج الطبری مرفوعاً صبر لا شکوی فیہ**) اور جو باتیں تم بناتے ہو ان میں اللہ ہی مدد کرے (کہ اس وقت مجھ کو ان کی سہار ہو اور آئندہ تمہارا جھوٹ آشکار ہو غرض یعقوب علیہ السلام رو پیٹ کر بیٹھ رہے) اور (یوسف علیہ السلام کا یہ قصہ ہوا کہ اتفاق سے ادھر) ایک قافلہ آنکلا (جو مصر کو جاتا تھا) اور انہوں نے اپنا آدمی پانی لانے کے واسطے (یہاں کنوئیں پر) بھیجا اور اس نے اپنا ڈول ڈالا (یوسف علیہ السلام نے اس کو پکڑ لیا جب ڈول باہر آیا تو یوسف علیہ السلام کو دیکھا خوش ہو کر) کہنے لگا کہ ارے بڑی خوشی کی بات ہے یہ تو بڑا اچھا لڑکا نکل آیا۔ (غرض قافلہ والوں کو خبر ہوئی وہ بھی بڑے خوش ہوئے) اور ان کو مال (تجارت) قرار دے کر (اس خیال سے) چھپا لیا (کہ کوئی آکر دعوےدار نہ ہو پھر اس کو مصر میں لے جا کر کسی بڑے آدمی کے ہاتھ بیچ کر خوب نفع کمائیں گے) اور اللہ کو ان سب کی کارگزاریاں معلوم تھیں (کہ بھائی ان کو بے وطن اور قافلہ والے ذریعہ غلامی بنا رہے تھے اور اللہ ان کو شاہِ زمین بنا رہا تھا اور وہ بھائی بھی آس پاس خبر کے لئے لگے تھے اور وقتاً فوقتاً کنوئیں میں دیکھ آتے تھے کھانا پانی بھی پہنچا دیتے تھے یوں چاہتے تھے کہ یوسف کنوئیں میں ہلاک بھی نہ ہوں کوئی ان کو نکال لے لیکن کہیں دوسری جگہ لے جاوے اور یعقوب علیہ السلام تک خبر نہ پہنچے غرض اس روز جو کنوئیں میں نہ پایا اور قافلہ کو اترا ہوا دیکھا تو تجسس کرتے کرتے یوسف علیہ السلام تک جا پہنچے اور قافلہ والوں سے کہا کہ یہ ہمارا غلام ہے بھاگ گیا تھا اب ہم اس کو رکھنا نہیں چاہتے) اور (یہ کہہ کر) ان کو بہت کم قیمت کو (قافلہ والوں کے ہاتھ) بیچ ڈالا یعنی گنتی کے چند درہم کے عوض اور (وجہ اس کی یہ تھی کہ) وہ لوگ کچھ ان کے قدردان تو تھے ہی نہیں) کہ ان کو متاع نفیس کی طرح آلہ تحصیل مال کثیر کا بناتے کیونکہ بیع بے مقصود نہ تھی بلکہ مقصود بلا کی طرح ان کا یہاں سے ٹالنا تھا (یوسف علیہ السلام ڈر کے مارے خاموش رہے کہ مار نہ ڈالیں اور اس کو غنیمت سمجھا)۔ **ف**: اس مقام میں کئی مضمون قابل تحقیق ہیں۔

اول: حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ سب سے زیادہ محبت ہونے کی مختلف وجوہ بیان کی گئی ہیں اقرب یہ ہے کہ فراست نبوت سے یعقوب علیہ السلام ان کو ہونہار دیکھتے تھے اور خواب سننے کے بعد یہ امر اور زیادہ مؤکد ہو گیا تھا جیسا کہ ان کے ارشاد وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ الخ سے یہ امر مترشح ہوتا ہے۔

دوم: دوسرے بھائی یوں سمجھتے تھے کہ یوسف علیہ السلام کی نسبت ایسا خیال یعقوب علیہ السلام کا اجتہاد ہے اور اجتہاد میں غلطی ہونا منافی نبوت نہیں پس ضلال سے مراد خطائی الاجتہاد ہے ورنہ اعتقاد ضلال نبی کی نسبت کفر ہے اور یہ سب بھائی مؤمن یقیناً تھے گو نبوت ثابت نہیں۔

سوم: یوسف علیہ السلام کے ساتھ جو معاملہ ہوا اس میں تاویل دشوار ہے اس لئے ظاہراً وہ گناہ تھا لیکن آخر قصہ میں استغفار اور معذرت ان کی منصوص ہے اور توبہ یقیناً مطہر ہے۔

چہارم: ظاہر العب کو یعقوب علیہ السلام نے جائز رکھا باوجودیکہ امر عبث کی تجویز شان انبیاء علیہم السلام کے خلاف ہے سو اصل یہ ہے کہ یہ لعب اس لئے عبث نہیں کہ مراد اس سے مسابقت و تیراندازی وغیرہ ہے جو کہ امور مفیدہ میں سے ہے جواب مشہور تو یہ ہے اور احقر کہتا ہے کہ منجملہ فوائد مقصودہ کے تجدید نشاط بھی ہے جو کہ بچوں کے لئے ضروری اور مشاغل ضروریہ میں جی لگنے کا موقوف علیہ ہے اور ضروری کا مقدمہ بھی ضروری ہوتا ہے خوب سمجھ لو۔

پنجم: احبیت میں بنیامین بھی شریک تھے تو ان کی نسبت کوئی تدبیر انہوں نے نہیں سوچی جواب اس کا اثنائے تقریر ترجمہ میں مذکور ہے کہ ان کے نزدیک احبیت بالذات یوسف علیہ السلام کی تھی اور بنیامین کی بالعرض تا کہ بنیامین کی راحت یوسف علیہ السلام کو بھی راحت ہو جب یوسف علیہ السلام نہ رہیں گے یہ معاملہ بنیامین کے ساتھ نہ رہے گا۔

ششم: حضرت یعقوب علیہ السلام کا بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ فرمانا بنابر قول مشہور اس قمیص کے مسلم دیکھنے سے تھا لیکن اگر وہ روایت ثابت نہ ہو تو ذوق اجتہاد و شہادت قلب سے ہوگا جو کہ انبیاء علیہم السلام میں اکثر تو مطابق واقعہ کے ہوتا ہے اور کبھی وہ گمان واقع کے خلاف بھی ہو جاتا ہے جیسا کہ بنیامین کے ماخوذ ہونے کے قصہ میں بھی بعینہ یعقوب علیہ السلام کا یہی قول آیا ہے حالانکہ اس میں ظاہراً تسویل نہ تھی۔

ہفتم: جب یعقوب علیہ السلام کو یقیناً یا ظناً یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کا بیان غلط ہونا معلوم تھا تو یوسف علیہ السلام کو تلاش کیوں نہیں کیا ایسے صبر میں تو دوسرے کی جان کا تلف ہو جانا مظنون ہے غالب یہ ہے کہ یعقوب علیہ السلام کو وحی سے اجمالاً معلوم ہو گیا ہوگا کہ وہ تلف نہ ہوں گے لیکن میری قسمت میں

www.besturdubooks.net

مفارقت طویلہ مقدر ہے میری تلاش سے نہ ملیں گے اب کوئی اشکال نہ رہا۔

ہشتم: اہل سیر کا اتفاق ہے کہ اس وقت یوسف علیہ السلام صغیر السن تھے پس چالیس برس کے بعد وحی نازل ہونا یہ اکثری ہے کلی نہیں كذا في الروح المعاني تحت آية: وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ الخ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا اس میں دلالت ہے کہ شیخ کو جائز ہے کہ کسی مرید کے ساتھ دوسرے مریدوں سے زیادہ محبت رکھے جب کہ اس میں اوروں سے زیادہ رشد کے آثار پائے اور بعض اوقات ان مریدوں کو شیخ پر خطاء اجتہادی کا ویسا ہی گمان ہوتا ہے جیسا ان بھائیوں کو یعقوب علیہ السلام پر ہوا تھا۱۲ قولہ تعالیٰ: يَخْلُ لَكُمْ (الى قوله تعالى) قَوْمًا صٰلِحِيْنَ یہ دونوں جملے بقرینہ جزم امر کے جواب ہیں یعنی باپ کی توجہ تمہاری طرف خالص ہو جاوے گی اور اس توجہ سے تمہاری درست حالی بڑھ جاوے گی اور اگر اس درست حالی کو صلاحیت دینیہ پر محمول کیا جاوے تو اس پر دال ہو گا کہ شیخ کی توجہ کو اصلاح حال مرید میں دخل عظیم ہے اور یہ مسئلہ مشہور ہے۱۲۔ قولہ تعالیٰ اَرْسِلْهُ (الى قوله تعالى) وَيَلْعَبْ بعض مفسرین نے اس کی تفسیر مسابقت و تیر اندازی سے کی ہے جس سے مقصود اعداد قوت لقتال العدو ہے اس کو لعب باعتبار صورت کے کہہ دیا اور نہ لعب حقیقی کی کہ عبث ہے یعقوب علیہ السلام اجازت نہ دیتے۔ میں کہتا ہوں کہ لعب حقیقی بھی جو کہ مباح ہو اس میں یہ مصلحت ہو کہ اس سے نشاط ہوگا جو تحصیل علم و تکمیل عمل میں معین ہوگا عبث نہیں اور اس صورت میں اس میں دلالت ہوگی کہ مرید کے لئے احیاناً ایسی تفریحات قولیہ یا فعلیہ میں ایسی ہی مصلحت کے لئے مشغول ہو جانا کچھ حرج نہیں۱۲۔ قولہ تعالیٰ قَالَ بَلْ (الى قوله تعالى) اَمْرًا یہ دو موقعوں میں ہے ابن عطیہ کا قول روح میں ہے کہ ایک جگہ ان کا گمان صحیح ہوا دوسری جگہ صحیح نہیں ہوا اور ایسے شخص کو متہم سمجھنا (بطور احتمال غالب کے) جس کے دوسرے افعال تہمت کا شبہ پیدا کرتے ہوں خاص کر باپ کا بیٹوں کے ساتھ ایسا معاملہ موجب گناہ نہیں اھ اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ کشف و فراست کا ہمیشہ صحیح ہونا ضرور نہیں۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ جلالین میں ہے اور یوسف علیہ السلام اس خوف سے ساکت رہے کبھی یہ بھائی ان کو قتل کر دیں اھ اور قرآن سے بھی ظاہراً یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ ساکت رہے اس سے یہ مسئلہ نکلتا ہے کہ اگر خوف ضرر سے انکار علی المنکر سے جیسا کہ یہاں بیع الحرام منکر تھا سکوت کرے تو منافی کمال نہیں۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في اخوته علاتي القرينة عليه قوله اذ قالوا العود الضمير فيه الى بني العلات۱۲۔ ۲ قوله في يوسف قصہ اشارة الى تقدير المضاف۱۲۔ ۳ قوله في عصبته قوت لانه من العصب وهو الشد اى من تعصب به الامور۱۲۔ ۴ قوله في صالحين تمہارے سب کام اشارة الى ترجيح هذا التفسير على تفسيره بالتوبة لانه لا دخل فيها للقتل او الطرح۱۲۔ ۵ قوله في غيبت کسی اشارة الى ارادة الجنس۱۲۔ ۶ قوله في صادقين کیسے ہی اہے متصفين بالصدق مطلقا لا في هذه الوقعة خصوصاً والالزام الاعتراف بالكذب ولا معنى له۱۲۔ ۷ قوله في كذب جھوٹ موٹ کا اشارة الى كون الكذب للصفة۱۲۔ ۸ قوله في فصبر کروں گا اشارة الى معنى التركيب اى فامرى صبر جميل وفسر الجميل بما لا شكوى فيه۱۲۔ ۹ قوله في غلٰم بڑا اچھا افاده التنوين للتفخيم والتنويع۱۲۔ ۱۰ قوله في يعملون سب کی جمع فيه بين القولين لعدم التنافي۱۲۔

اللغات: قوله غيابة الجب الغيابة القعر لان ما فيه يغيب عن البصر والجب بيرلم تطو۱۲۔ قوله يرتع التوسع في اكل الفواكه الوارد من يستقي الماء في الجيش قوله وكانوا فيه الخ في النيسابوري قال اهل اللغة زهد فيه معناه رغب عنه وزهد عنه معناه رغب فيه۱۲۔

النحو: قوله وكانوا فيه من الزاهدين في الروح والجار على ما نقل عن ابن مالك متعلق بمحذوف يدل عليه الزاهدين اى كانوا زاهدين فيه من الزاهدين وذلك ان اللام في الزاهدين اسم موصول ولا يتقدم ما في صلة الموصول عليه ولان ما بعد الجار لا يعمل في ما قبله وهل من الزاهدين صفة لزاهدين المحذوف مؤكدة او يكون خبرا ثانيا كل ذلك محتمل ليس بدلا من المحذوف لوجود من معه۱۲۔

البلاغة: قوله قالوا لئن اكله الذئب في الروح وانما اقتصروا على جواب خوف ابيهم عليه السلام من اكل الذئب مع انه ذكر في وجه عدم مفارقته امرين حزنه لمفارقته وخوفه عليه من الذئب لانه السبب القوى في المنع دون الحزن لقصر زمانه بناء على سرعة عودهم به او لان حزنه بالذهاب به انما هو للخوف عليه فنفي الثاني يدل على نفي الاول او لكراهتهم لذلك لانه سبب حسدهم له فلذلك اعاروه اذ ناصماء ۱۵۱۲۔ قوله عشاء في النيسابوري عن مقاتل انما جاء واعشاء لئلا يظهر امارة الخجل والكذب على وجوههم۱۲۔

وَقَالَ الَّذِى اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِىْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ۭ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ

www.besturdubooks.net

فِی الۡاَرۡضِ وَ لِنُعَلِّمَهٗ مِنۡ تَاۡوِیۡلِ الۡاَحَادِیۡثِ ؕ وَ اللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰۤی اَمۡرِهٖ وَ لٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۱﴾ وَ لَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗۤ
اٰتَیۡنٰهُ حُکۡمًا وَّ عِلۡمًا ؕ وَ کَذٰلِکَ نَجۡزِی الۡمُحۡسِنِیۡنَ ﴿۲۲﴾ وَ رَاوَدَتۡهُ الَّتِیۡ هُوَ فِیۡ بَیۡتِهَا عَنۡ نَّفۡسِهٖ وَ غَلَّقَتِ الۡاَبۡوَابَ
وَ قَالَتۡ هَیۡتَ لَکَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّیۡۤ اَحۡسَنَ مَثۡوَایَ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفۡلِحُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۲۳﴾ وَ لَقَدۡ هَمَّتۡ بِهٖ ۚ وَ هَمَّ بِهَا
لَوۡلَاۤ اَنۡ رَّاٰ بُرۡهَانَ رَبِّهٖ ؕ کَذٰلِکَ لِنَصۡرِفَ عَنۡهُ السُّوۡٓءَ وَ الۡفَحۡشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنۡ عِبَادِنَا الۡمُخۡلَصِیۡنَ ﴿۲۴﴾ وَ اسۡتَبَقَا
الۡبَابَ وَ قَدَّتۡ قَمِیۡصَهٗ مِنۡ دُبُرٍ وَّ اَلۡفَیَا سَیِّدَهَا لَدَا الۡبَابِ ؕ قَالَتۡ مَا جَزَآءُ مَنۡ اَرَادَ بِاَهۡلِکَ سُوۡٓءًا
اِلَّاۤ اَنۡ یُّسۡجَنَ اَوۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ﴿۲۵﴾ قَالَ هِیَ رَاوَدَتۡنِیۡ عَنۡ نَّفۡسِیۡ وَ شَهِدَ شَاهِدٌ مِّنۡ اَهۡلِهَا ۚ اِنۡ کَانَ قَمِیۡصُهٗ
قُدَّ مِنۡ قُبُلٍ فَصَدَقَتۡ وَ هُوَ مِنَ الۡکٰذِبِیۡنَ ﴿۲۶﴾ وَ اِنۡ کَانَ قَمِیۡصُهٗ قُدَّ مِنۡ دُبُرٍ فَکَذَبَتۡ وَ هُوَ مِنَ
الصّٰدِقِیۡنَ ﴿۲۷﴾ فَلَمَّا رَاٰ قَمِیۡصَهٗ قُدَّ مِنۡ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنۡ کَیۡدِکُنَّ ؕ اِنَّ کَیۡدَکُنَّ عَظِیۡمٌ ﴿۲۸﴾ یُوۡسُفُ اَعۡرِضۡ
ع ۳ ۱۴ عَنۡ هٰذَا ٜ وَ اسۡتَغۡفِرِیۡ لِذَنۡۢبِکِ ۚۖ اِنَّکِ کُنۡتِ مِنَ الۡخٰطِئِیۡنَ ﴿۲۹﴾

اور جس شخص نے مصر میں ان کو خرید اتھا (یعنی عزیز مصر) اس نے اپنی بیوی سے کہا کہ اس کو خاطر سے رکھنا کیا عجب ہے کہ (بڑا ہو کر) ہمارے کام آئے یا ہم اس کو بیٹا بنالیں اور اسی طرح یوسف علیہ السلام کو اس سرزمین (مصر) میں خوب قوت دی (مراد اس سے سلطنت ہے) اور تا کہ ہم ان کو خوابوں کی تعبیر دینا بتلادیں اور اللہ تعالیٰ اپنے (چاہے ہوئے) کام پر غالب (اور قادر) ہے (جو چاہے کرے) لیکن اکثر آدمی (اس بات کو) نہیں جانتے اور جب وہ اپنی جوانی کو پہنچے ہم نے ان کو حکمت اور علم عطا فرمایا اور ہم نیک لوگوں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں اور جس عورت کے گھر میں یوسفؑ رہتے تھے وہ (ان پر مفتون ہوگئی اور) ان سے اپنا مطلب حاصل کرنے کے لئے ان کو پھسلانے لگی اور گھر کے سارے دروازے بند کردیئے اور ان سے کہنے لگی کہ آجاؤ تم ہی سے کہتی ہوں یوسفؑ نے کہا اللہ بچائے (دوسرے) وہ (یعنی تیرا شوہر میرا مربی اور محسن) ہے مجھ کو کیسی اچھی طرح رکھا ایسے حق فراموشوں کو فلاح نہیں ہوا کرتی اور اس عورت کے دل میں تو ان کا خیال (عزم کے درجہ میں) جم ہی رہا تھا اور ان کو بھی اس عورت کا کچھ کچھ خیال ہو چلا تھا اگر اپنے رب کی دلیل کو انہوں نے دیکھا ہوتا تو زیادہ خیال ہو جانا عجب نہ تھا ہم نے اسی طرح ان کو علم دیا تا کہ ہم ان سے صغیرہ اور کبیرہ گناہوں کو دور رکھیں وہ ہمارے برگزیدہ بندوں میں سے تھے اور دونوں آگے پیچھے دروازہ کی طرف کو دوڑے اور اس عورت نے ان کا کرتا پیچھے سے پھاڑ ڈالا اور دونوں نے (اتفاقاً) اس عورت کے شوہر کو دروازے کے پاس کھڑا پایا عورت بولی کہ جو شخص تیری بی بی کے ساتھ بدکاری کا ارادہ کرے اس کی سزا بجز اس کے اور کیا (ہو سکتی ہے) کہ وہ جیل خانہ بھیجا جائے یا کوئی اور دردناک سزا ہو یوسفؑ نے کہا یہی مجھ سے اپنا مطلب نکالنے کو پھسلاتی تھی اور (اس موقع پر) اس عورت کے خاندان میں سے ایک گواہ نے شہادت دی کہ ان کا کرتا (دیکھو کہاں سے پھٹا ہے) اگر آگے سے پھٹا ہے تو عورت سچی ہے اور یہ جھوٹے اور اگر وہ کرتا پیچھے سے پھٹا ہے تو (عادتاً یقینی ہے کہ) عورت جھوٹی ہے اور یہ سچے سو جب (عزیز) نے ان کا کرتا پیچھے سے پھٹا ہوا پایا (عورت سے) کہنے لگا کہ یہ تم عورتوں کی چالاکی ہے بے شک تمہاری چالاکیاں بھی غضب ہی کی ہوتی ہیں اے یوسف اس بات کو جانے دو اور عورت سے کہا اے عورت تو (یوسفؑ سے) اپنے قصور کی معافی مانگ بے شک سرتا پا تو ہی قصوروار ہے۔ ۞

تفسیر قصہ یوسف علیہ السلام بازنِ عزیز ☆ وَقَالَ الَّذِی اشۡتَرٰىهُ مِنۡ مِّصۡرَ لِامۡرَاَتِهٖ (الی قولہ تعالی) اِنَّکِ کُنۡتِ مِنَ الۡخٰطِئِیۡنَ ﴿۲۹﴾ (غرض قافلہ والوں نے یوسف علیہ السلام کو بھائیوں سے خرید کر مصر میں لا کر عزیز مصر کے ہاتھ فروخت کیا) اور جس شخص نے مصر میں ان کو خرید اتھا (یعنی عزیز) اس نے (ان کو اپنے گھر لا کر اپنی بیوی کے سپرد کیا اور اس) اپنی بیوی سے کہا کہ اس کو خاطر سے رکھنا کیا عجب ہے کہ (بڑا ہو کر) ہمارے کام آوے (جیسا پروردہ لوگ اپنے کام آیا کرتے ہیں) یا ہم اس کو بیٹا بنالیں (مشہور یہ ہے کہ یہ اس لئے کہا کہ ان کے اولاد نہ تھی) اور ہم نے (جس طرح یوسف علیہ السلام کو اپنی خاص عنایت سے اس چاہِ تاریک سے نجات دی) اسی طرح یوسف (علیہ السلام) کو اس سرزمین (مصر) میں خوب قوت دی (مراد اس سے سلطنت ہے) اور (جس طرح نجات دینے کی غرض سے تھی اس طرح اس غرض سے بھی نجات دی تھی) تا کہ ہم ان کو خوابوں کی تعبیر دینا بتلادیں (مطلب یہ کہ نجات دینے سے مقصود یہ تھا کہ دولت ظاہری و باطنی سے مالا مال کریں) اور اللہ تعالیٰ اپنے (چاہے ہوئے) کام پر غالب (اور قادر) ہے (جو چاہے کردے) لیکن اکثر آدمی (اس بات کو) جانتے نہیں

www.besturdubooks.net

(کیونکہ اہل ایمان ویقین تو کم ہی ہیں یہ قصہ کے درمیان میں بطور جملہ معترضہ کے آ گیا تا کہ بیع وشراء کے ساتھ اول ہی سے سامعین کو معلوم ہو جاوے کہ گو یہ اس وقت ظاہراً ایسی ناگوار حالت میں ہیں مگر ہم نے ان کو اصل میں سلطنت رفیعہ وعلوم بدیعہ کے لئے بچایا ہے اور یہ حالتیں عارضی اور مقاصد اصلیہ کا مقدمہ ہیں کیونکہ ترقی سلطنت کا زینہ عزیز کے گھر کا آنا ہی ہوا اور اسی طرح علوم وواردات قلبیہ کے لئے مکاہ ومشاق سبب ہو جاتے ہیں پس اس اعتبار سے علوم کے فیضان میں بھی اس کو دخل ہوا اور مشترک طور پر امراء کے گھر پرورش پانا سلیقہ وتجربہ بڑھاتا ہے جس کی ضرورت سلطنت اور علوم دونوں میں ہے خصوص علم تعبیر میں اور اس جملہ معترضہ کا کچھ تتمہ آگے ہے یعنی) اور جب وہ اپنی جوانی (یعنی سن بلوغ یا کمال شباب) کو پہنچے ہم نے ان کو حکمت اور علم عطا فرمایا (اور وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ الخ میں قبل بلوغ جس وحی کا ذکر گذر چکا وہ ایک خاص واقعہ کے متعلق ہے وہ علوم دینیہ سے نہیں جو علم وحکمت سے مراد ہے پس دونوں آیتوں میں تعارض نہیں) فرمایا اور ہم نیک لوگوں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں (جس طرح یوسف علیہ السلام کو ان کے عمل بالشریعت کی بدولت ان کے علم وحکمت میں روزانہ ترقی فرماتے رہے اس تتمہ جملہ معترضہ میں پہلے سے یہ بتلانا ہے کہ جو کچھ آگے قصہ میں بعضے امور کی تہمت آپ کی نسبت آوے گی وہ سب غلط ہوگا کیونکہ وہ صاحب حکمت تھے جس کا حاصل ہے علم نافع یعنی علم مع العمل اور ان امور کا صدور حکمت کے خلاف ہے پس صدور غلط ہے اب آگے قصہ آتا ہے کہ وہاں ناز ونعم سے رہا کئے) اور (اس اثناء میں یہ ابتلاء پیش آیا کہ) جس عورت کے گھر میں یوسف (علیہ السلام) رہتے تھے وہ (ان پر مفتون ہوگئی اور) ان سے اپنا مطلب حاصل کرنے کو ان کو پھسلانے لگی اور (گھر کے) سارے دروازے بند کر دیئے اور (ان سے) کہنے لگی کہ جاؤ تم ہی سے کہتی ہوں یوسف (علیہ السلام) نے کہا (کہ اول تو یہ خود بڑا بھاری گناہ ہے) اللہ بچائے (دوسرے) وہ (یعنی تیرا شوہر) میرا مربی (اور محسن) ہے کہ مجھ کو کیسی اچھی طرح رکھا (تو کیا میں اسی کے ناموس میں خلل اندازی کروں) ایسے حق فراموشوں کو فلاح نہیں ہوا کرتی (بلکہ اکثر تو دنیا ہی میں خوار اور پریشان ہوتے ہیں ورنہ آخرت تو وقت موعود ہی ہے) اور اس عورت کے دل میں ان کا خیال (عزم کے درجہ میں) جم ہی رہا تھا اور ان کو بھی اس عورت کا کچھ کچھ خیال (امر طبعی کے درجہ میں) ہو چلا تھا (جو کہ اختیار سے باہر ہے جیسا گرمی کے روزہ میں پانی کی طرف میلان طبعی ہوتا ہے گو روزہ توڑنے کا وسوسہ تک بھی نہیں آتا البتہ) اگر اپنے رب کی دلیل کو (یعنی اس فعل کے گناہ ہونے کی دلیل کو کہ حکم شرعی ہے) انہوں نے نہ دیکھا ہوتا (یعنی ان کو علم شریعت جو مقرون قوت عملیہ کے ساتھ ہے نہ ہوتا) تو زیادہ خیال ہو جانا عجب نہ تھا (کیونکہ دواعی اور اسباب ایسے ہی قوی تھے مگر) ہم نے اسی طرح ان کو علم دیا تا کہ ہم ان سے صغیرہ اور کبیرہ گناہ کو دور رکھیں) یعنی ارادہ سے بھی بچایا اور فعل سے بھی بچایا کیونکہ) وہ ہمارے برگزیدہ بندوں میں سے تھے (اور برگزیدہ بھی اعلیٰ درجہ کے بوجہ نبی ہونے کے جن کے لئے عصمت لازم ہے مگر اس عورت نے پھر وہی اصرار کیا تو اس وقت یوسف علیہ السلام وہاں سے جان بچا کر بھاگے اور وہ ان کو پکڑنے کے لئے ان کے پیچھے چلی) (اور دونوں آگے پیچھے دروازے کی طرف کو دوڑے اور (دوڑنے میں ان کو جو پکڑنا چاہا تو) اس عورت نے ان کا کرتہ پیچھے سے پھاڑ ڈالا (یعنی کرتہ پکڑ کر کھینچا اور یہ آگے کو دوڑے تو کرتہ پھٹ گیا مگر یوسف علیہ السلام دروازے سے باہر نکل گئے) اور عورت بھی ساتھ تھی تو) دونوں نے (اتفاقاً) اس عورت کے شوہر کو دروازے کے پاس (کھڑا) پایا عورت (خاوند کو دیکھ کر سٹپٹائی اور فوراً بات بنا کر) بولی کہ جو شخص تیری بی بی کے ساتھ بدکاری کا ارادہ کرے اس کی سزا بجز اس کے اور کیا (ہو سکتی) ہے کہ وہ جیل خانہ بھیجا جاوے یا اور کوئی دردناک سزا ہو (جیسے ضرب جسمانی) یوسف (علیہ السلام) نے کہا (کہ یہ جو میری طرف تعریض کرتی ہے بالکل جھوٹی ہے بلکہ معاملہ برعکس ہے) یہی مجھ سے اپنا مطلب نکالنے کو مجھ کو پھسلاتی تھی اور (اس موقع پر) اس عورت کے خاندان سے ایک گواہ نے (جو کہ شیر خوار بچہ تھا اور یوسف علیہ السلام کے معجزہ سے بول پڑا آپ کی براءت ونزاہت پر) شہادت دی (اور ہر چند کہ صرف اس کا غیر معتاد طور پر بول پڑنا ہی صدق یوسف علیہ السلام کے لئے کافی شہادت تھی مگر ناطق ہونے کے ساتھ اس کو عاقل ہونا یہ دوسرا معجزہ آپ کا تھا چنانچہ اس نے ایک معقول علامت بتلا کر عاقلانہ فیصلہ بھی کیا اور کہا) کہ ان کا کرتہ (دیکھو کہاں سے پھٹا ہے) اگر آگے سے پھٹا ہے تو (تنزلاً وتبرعاً تسلیم کر لیا کہ) عورت سچی اور یہ جھوٹے (گو یہ علامت عادۃً یقینی نہیں کیونکہ اس میں یہ بھی احتمال ہے کہ دونوں آمنے سامنے ہوں اور عورت ان کا دامن پکڑ کر کھینچتی ہو اور یہ اس کو چھڑاتے ہوں اس لئے دامن پھٹ گیا ہو مگر خیر ہم اس احتمال سے قطع نظر کئے لیتے ہیں) اور اگر وہ کرتہ پیچھے سے پھٹا ہے تو (عادۃً یقینی ہے کہ) عورت جھوٹی اور یہ سچے (اس فیصلہ میں ظاہر ہے کہ عورت کے لئے بڑی وسعت کی گئی ہے کہ اس کے صدق کی دلیل میں تو جانب مخالف کا احتمال ہوتے ہوئے بھی اس کو دلیل قرار دے لیا اور ان کے صدق کی دلیل کو جب ہی دلیل قرار دیا کہ احتمال جانب مخالف کا عادۃً بالکل قطع ہو جاوے غرض اس فیصلہ کے موافق وہ کرتا دیکھا تو پیچھے سے پھٹا ہوا نکلا) سو جب (عزیز نے) ان کا کرتہ پیچھے سے پھٹا ہوا دیکھا (عورت سے) کہنے لگا کہ (تو نے جو کہا تھا مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ الخ) یہ تم عورتوں کی چالاکی ہے بیشک تمہاری چالاکیاں بھی غضب ہی کی ہوتی ہیں (پھر یوسف علیہ السلام کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگا) اے یوسف اس بات کو جانے دو (یعنی اس کا چرچا یا خیال مت کرو) اور (عورت سے کہا کہ) اے عورت تو (یوسف سے) اپنے قصور کی معافی مانگ بیشک سرتاسر تو ہی قصوروار ہے۔ **ف**: چند فائدے ضروریہ: اول یوسف علیہ السلام نے جو قبح کی علت میں فرمایا

www.besturdubooks.net

اِنَّهٗ رَبِّیْ حالانکہ زنا مطلقاً قبیح ہے وجہ اس کی دو ہیں۔

اول: یہ کہ اس صورت میں زیادہ قبیح ہے جیسا حدیث میں پڑوسن سے اس فعل کے ارتکاب میں زیادہ وعید آئی ہے دوسرے یہ کہ مخاطب زلیخا تھی وہ قبح شرعی کو تو سمجھتی نہ تھی اور قبح عقلی دقیق کو بھی نہ سمجھتی اس لئے ایک قبح عقلی جو بالکل ظاہر ہے اس کو بیان کر دیا کہ اس پر حجت ہو۔

دوم: هَمَّ بِهَا الخ میں بہت محققین نے یہ بھی توجیہ فرمائی ہے کہ یہ مقید ہے لَوْ لَآ اَنْ رَّاٰ الخ کے ساتھ جس میں حاصل معنی یہ ہوگا کہ وہ بھی خیال کرتے اگر بُرْهَانَ رَبِّهٖ کو نہ دیکھتے مگر اب خیال بھی نہیں ہوا یہ بھی نہایت لطیف تفسیر ہے مگر احقر نے تفسیر متن کو اس لئے اختیار کیا کہ اس میں یوسف علیہ السلام کا کمال زیادہ ہے کہ باوجود رغبت کے جس کا منشا قوت طبیعت وصحت بدن وتعدیل مزاج وسلامت قوی ہے رک گئے اس میں صبر ومجاہدہ اشد ہے اور جو اس میں اشکال تھا وہ اس طرح رفع ہوگیا کہ زلیخا کا هم اور قسم کا ہے اور ان کا هم اور طرح کا جیسا ترجمہ سے ظاہر ہے اور اسی وجہ سے هما یا هم کلواحد باخر نہیں فرمایا اور اول کو لام اور قد کے ساتھ مؤکد کیا دوسرے کو نہیں کیا جو کہ مؤید تغایر ہے اور اس کا هم کہنا مشاکلۃً ہے ورنہ یہ مرتبہ هم سے پہلے ہے خوب سمجھ لو۔

سوم: غَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ سے دروازوں کا تعدد معلوم ہوتا ہے اور اسْتَبَقَا الْبَابَ سے اس دروازہ کا توحد اور اَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ۔ سے دروازہ کا انفتاح معلوم ہوتا ہے سو غالب یہ ہے کہ یہ ابواب متعدد ایسے تھے جیسے امراء کے مکانات میں ایک ایک درجہ میں کئی کئی دروازے مختلف اطراف میں ہوا کرتے ہیں ان کا آگے پیچھے علی الترتیب ہونا ضروری نہیں جیسا کہ مشہور ہے پھر حضرت یوسف علیہ السلام ان دروازوں میں سے کسی ایک دروازہ کی طرف دوڑے ہوں گے اور اس کو جلدی سے کھول کر باہر ہو گئے ہوں گے جیسا معمولی طور پر صرف کنڈی لگا کر دروازہ بند کر لیا جاتا ہے اور کنڈی کھلنے سے کھل جاتا ہے باقی کیفیت مشہورہ کیلئے دلیل کی حاجت ہے۔ واللہ اعلم۔

چہارم: اس شاہد کا طفل شیر خوار ہونا حدیث مرفوع میں وارد ہے چنانچہ روح المعانی میں مسند احمد اور صحیح ابن حبان اور مستدرک حاکم سے مع تصحیح حاکم علی شرط الشیخین کے نقل کیا ہے ونیز رکوع آئندہ میں راوا الاٰیٰت سے بھی ظاہراً اس کی تائید ہوتی ہے۔ واللہ اعلم۔

پنجم: اگر یوسف علیہ السلام اس وقت نبی نہ ہوں تو اس خارق کو اصطلاح میں بجائے معجزہ کے ارہاص کہیں گے۔

ششم: اس شاہد نے جو فیصلہ بتلایا یہ کوئی حجت شرعی نہیں حجت کافیہ تو صرف اس کا نطق ہے لیکن حاضرین کے مذاق کے موافق اس کا بیان کر دینا حجت اصلیہ کے لئے زیادہ مؤید ہو گیا پس اس سے ایسے امور ظنیہ کا حجت ہونا ثابت نہیں ہوتا جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ قیافہ شناس نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو حضرت زید رضی اللہ عنہ کا بیٹا بتلایا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس لئے خوش ہوئے کہ معترضین اس کے قول کو حجت سمجھتے تھے اور حجت شرعیہ پہلے سے قائم تھی یعنی الولد للفراش اس سے اس کی تائید بھی ہوگئی اور اسکو شاہد کہنا باعتبار نطق کے تو ظاہر ہے کہ اس میں احتمال صدق زلیخا سے تعرض ہی نہیں لیکن اس فیصلہ کے اعتبار سے اس کا شاہد کہنا باوجود یکہ اس فیصلہ میں دونوں متنازعین کا صدق محتمل ہے بدیں وجہ ہے کہ آخر میں اس فیصلہ کا نفع حضرت یوسف علیہ السلام ہی کے حق میں ہوا پس گویا مقصود ان کی ہی شہادت دینا ہے۔

ہفتم: اس عورت کا نام بعض نے راعیل کہا ہے اور مشہور زلیخا ہے بفتح زاو کسر لام یا بضم زاو فتح لام اور بعض نے کہا ہے کہ ایک نام ہے ایک لقب خواہ وہ یا یہ کذا فی الروح المعانی اور اس کا شوہر عزیز کے لقب سے مشہور تھا جیسا آگے آتا ہے امراۃ العزیز اور یہ سلطنت مصر کے مدار المہام کا لقب ہوتا تھا اور نام اس شخص کا قطفیر ہے علی الراجح کما فی روح المعانی عن ابن عباس رضی اللہ عنہما واللہ اعلم۔

تَرْجَمَہ مَسَائِلُ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّیْٓ اَحْسَنَ مَثْوَایَ ۔ یعنی عزیز مصر میرا آقا ہے اور اس میں دلالت ہے کہ اگر اپنا محسن کافر بھی ہو اس کی بھی رعایت کرنا چاہئے اور اہل طریق اس میں سب سے بڑھے ہوئے ہیں قولہ تعالیٰ: قَالَ هِیَ رَاوَدَتْنِیْ اس میں دلالت ہے کہ مخالف کا غیب ایسے وقت ظاہر کر دینا جب اخفاء سے اپنا ضرر محتمل ہو مکارم اخلاق کے برخلاف نہیں ۱۲۔

اَلْحَوَاشِیْ: (۱) از تصحیح مع حوالہ ہر دو ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱؎ قوله فی مصرین اشارة الی ان من بمعنی فی وقیل بتقدیر المضاف ای من اهل مصر هکذا فی الروح ۱۲۔ ۲؎ قوله فی اکرمی مثوہ خاطر سے رکھنا اشارة الی انه حاصل المعنی لکونه کنایة عن اکرامه علیه السلام نفسه علی ابلغ وجه واتمه لان من اکرم المحل بتنظیفه وفرشه ونحو ذلك فقد اکرم ضیفه بسائر ما یکرم به وقیل المثوی مقحم یقال المجلس العالی والمقام السامی ۱۲۔ ۳؎ قوله فی کذلك مکنا جس طرح اشارة الی تقدیر العامل ۱۲۔ ۴؎ قوله جس طرح الخ اشارة الی تقدیر المعطوف علیه والعامل ۱۲۔ ۵؎ قوله هناك غرض یراد به الحکمة مجازاً ۱۲۔ ۶؎ قوله فی اشده بلوغ یا کمال اشارة الی ان فیه قولین وعلی الاول دل علی ان ما قبله کان فی

www.besturdubooks.net

الصغر۱۲۔ ۷ قوله فی نجزی ترقی اشارة الی اندفاع الدذر الذی یتوهم بان ظاهر الآیة یدل علی ان الحکم والعلم موقوف علی الاحسان والحال ان الاحسان نفر موقوف علی الحکم والعلم تقریر الاندفاع ظاهر۱۲۔ ۸ قوله فی هیت لك تم ہی سے اشارة الی ان اللام للتبیین وتقدیره اقول لك۱۲۔ ۹ قوله فی استغفری یوسف اشارة الی ان الاستغفار یجوز استعماله فی الاعتذار للخلق ایضا دلیله ما فی الروح حمل الاستغفار علی طلب المغفرة والصفح من الزوج اه وقصدی بنقله جواز استعماله فی الاعتذار للخلق۔ ۱۰ قوله فی الخاطئین قصوروار اشارة الی ان الخطاء قد یستعمل فی مطلق الذنب وان کان عن عمد کما فی الروح۱۲۔

لطیفه: قال بعض العلماء ان النساء اشد شرا من الشیطان لان الله تعالی سمی کیدهن عظیما وکیده ضعیفا وفیه ان عظمته بالنسبة الی کید الرجال وضعفه بالنسبة الی قدرة الله تعالی فافهم۱۲۔

اللغات: المراودة المطالبة برفق من راد یرودا ذا ذهب وجاء لطلب شیء وعدی بعن لتضمنه بمعنی المخادعة التی فیها معنی المنازعة لان احدهما یرید شیئا لا یرید صاحبه ان یخرجه من یده۔ قوله هیت اسم فعل بمعنی تعال سواء کانت التاء مضمومة او مفتوحة۱۲۔

البلاغة: قوله راودته المفاعلة للمبالغة لا للمشارکة الا مجازا من حیث ان احد الجزئین فیه کان جمال یوسف علیه السلام قوله قدت اسناد الی السبب وانما اسند الیها وان کان احد جزئی السبب هو علیه السلام ایضاً لقراره لال الجزء الاخیر کانت هی قوله من دبر المضاف الیه مقدر ای دبر القمیص او یوسف قوله من کید کن تعمیم الخلق للتنبه علی ان الکید خلق لهن عریق۱۲۔

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِينَةِ امْرَأَتُ الْعَزِيزِ تُرَاوِدُ فَتَاهَا عَنْ نَفْسِهِ ۖ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۖ إِنَّا لَنَرَاهَا فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ﴿۳۰﴾
فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ أَرْسَلَتْ إِلَيْهِنَّ وَأَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَأً وَآتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ سِكِّينًا وَقَالَتِ اخْرُجْ
عَلَيْهِنَّ ۖ فَلَمَّا رَأَيْنَهُ أَكْبَرْنَهُ وَقَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلَّهِ مَا هَٰذَا بَشَرًا إِنْ هَٰذَا إِلَّا مَلَكٌ كَرِيمٌ ﴿۳۱﴾
قَالَتْ فَذَٰلِكُنَّ الَّذِي لُمْتُنَّنِي فِيهِ ۖ وَلَقَدْ رَاوَدْتُهُ عَنْ نَفْسِهِ فَاسْتَعْصَمَ ۖ وَلَئِنْ لَمْ يَفْعَلْ مَا آمُرُهُ لَيُسْجَنَنَّ
وَلَيَكُونًا مِنَ الصَّاغِرِينَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا يَدْعُونَنِي إِلَيْهِ ۖ وَإِلَّا تَصْرِفْ عَنِّي كَيْدَهُنَّ أَصْبُ إِلَيْهِنَّ
وَأَكُنْ مِنَ الْجَاهِلِينَ ﴿۳۳﴾ فَاسْتَجَابَ لَهُ رَبُّهُ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿۳۴﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِنْ بَعْدِ
ع ۴ ۱۴ مَا رَأَوُا الْآيَاتِ لَيَسْجُنُنَّهُ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿۳۵﴾

اور چند عورتوں نے جو کہ شہر میں رہتی تھیں یہ بات کہی کہ عزیز کی بی بی اپنے غلام کو اس سے اپنا (ناجائز) مطلب حاصل کرنے کے واسطے پھسلاتی ہے اس غلام کا عشق اس کے دل میں جگہ کر گیا ہے ہم تو اس کو صریح غلطی میں دیکھتے ہیں سو جب اس عورت نے ان عورتوں کی بدگوئی (کی خبر) سنی تو کسی کے ہاتھ ان کو بلا بھیجا (کہ تمہاری دعوت ہے) اور ان کے واسطے مسند تکیہ لگایا اور ہر ایک کو ان میں سے ایک ایک چاقو بھی دیا اور کہا کہ ذرا ان کے سامنے تو آجاؤ سو عورتوں نے جوان کو دیکھا تو (ان کے جمال سے) حیران رہ گئیں اور (اس حیرت میں اپنے ہاتھ کاٹ لئے اور کہنے لگیں ماشاءاللہ یہ شخص آدمی ہرگز نہیں یہ کوئی بزرگ فرشتہ ہے وہ عورت بولی تو (دیکھ لو) وہ شخص یہی ہے جس کے بارے میں تم مجھ کو برا بھلا کہتی تھیں (کہ اپنے غلام کو چاہتی ہے) اور واقعی اس سے میں نے اپنا مطلب حاصل کرنے کی خواہش کی تھی مگر یہ پاک صاف رہا اور اگر آئندہ کو میرا کہنا نہ کرے گا (جیسا اب تک نہیں کیا) تو بے شک جیل خانہ بھیجا جائے گا اور بے عزت بھی ہوگا یوسفؑ نے دعا کی اے میرے رب جس (واہیات) کام کی طرف یہ عورتیں مجھ کو بلا رہی ہیں اس سے تو جیل خانہ میں جانا ہی مجھ کو زیادہ پسند ہے اور اگر آپ ان کے داؤ پیچ کو مجھ سے دفع نہ کریں گے تو ان کی (اصلاح کی) طرف مائل ہو جاؤں گا اور نادانی کا کام کر بیٹھوں گا سو انکی دعا انکے رب نے قبول کی اور ان عورتوں کے داؤ پیچ کو ان سے دور رکھا بے شک وہ دعاؤں کا بڑا سننے والا اور ان کا احوال کا خوب جاننے والا ہے۔ پھر مختلف نشانیاں دیکھنے کے بعد ان لوگوں کو (یعنی عزیز اور اس کے متعلقین کو) یہی مصلحت معلوم ہوئی کہ ان کو ایک وقت (خاص تک) قید میں رکھیں۔

تفسیر: قصہ قاطعات ید با یوسف علیہ السلام و سجن او: وَقَالَ نِسْوَةٌ (الی قوله تعالی) لَيَسْجُنُنَّهُ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿۳۵﴾ اور چند عورتوں نے جو کہ شہر میں رہتی تھیں

www.besturdubooks.net

(یعنی شہر کی چند عورتوں نے) یہ بات کہی کہ عزیز کی بی بی اپنے غلام کو اسے اپنا (ناجائز) مطلب حاصل کرنے کے واسطے پھسلاتی ہے (کیسی پست طبیعت ہے کہ غلام پر گرتی ہے) اس غلام کا عشق اس کے دل میں جگہ کر گیا ہے ہم تو اس کو صریح غلطی میں دیکھتے ہیں سو جب اس عورت نے ان عورتوں کی بدگوئی (کی خبر) سنی تو کسی کے ہاتھ ان کو بلا بھیجا (کہ تمہاری دعوت ہے) اور ان کے واسطے مسند تکیہ لگایا اور (جب وہ آئیں اور ان کے روبرو مختلف کھانے اور میوے حاضر کئے جن میں بعضی چیزیں چاقو سے تراش کر کھانے کی تھیں اور اس واسطے) ہر ایک کو ان میں سے ایک ایک چاقو (بھی) دے دیا (جس کے لئے ظاہر میں تو ان چیزوں کا بہانہ تھا اور اصلی غرض وہ تھی جو آگے آتی ہے کہ حواس باختہ ہو کر ان چاقوؤں سے اپنے ہاتھوں کو زخمی کر لیں گی) اور (یہ سب سامان درست کر کے یوسف علیہ السلام سے جو کہ کسی دوسرے مکان میں تھے) کہا کہ ذرا ان کے سامنے تو آجاؤ (چنانچہ یوسف علیہ السلام یہ سمجھ کر کہ کوئی صحیح غرض ہوگی باہر آگئے) سو عورتوں نے جوان کو دیکھا تو (ان کے جمال سے) حیران رہ گئیں اور (اس حیرت میں) اپنے ہاتھ کاٹ لئے (یعنی جس وقت یہ باہر آئے وہ عورتیں کوئی چیز مثل ترنج وغیرہ تراش رہی تھیں ان کو دیکھ کر ایسی بدحواسی چھائی کہ اس بے خبری میں وہ چاقو ہاتھ پر چل گیا جیسا اکثر دوسری طرف خیال بٹ جانے سے ایسا اتفاق ہو جاتا ہے) اور کہنے لگیں حاش للہ یہ شخص آدمی ہرگز نہیں یہ تو کوئی بزرگ فرشتہ ہے (مطلب یہ کہ ایسا حسن و جمال آدمی میں کب ہوتا ہے فرشتے البتہ ایسے نورانی ہوتے ہیں) وہ عورت بولی تو (دیکھ لو) وہ شخص یہ ہے جس کے بارے میں تم مجھ کو برا بھلا کہتی تھیں (کہ اپنے غلام کو چاہتی ہے) اور واقعی میں نے اس سے اپنا مطلب حاصل کرنے کی خواہش کی تھی مگر یہ پاک صاف رہا اور (پھر یوسف علیہ السلام کے دھمکانے اور سنانے کو کہا کہ) اگر آئندہ کو میرا کہنا نہ کرے گا (جیسا اب تک نہیں کیا) تو بیشک جیل خانہ بھیجا جاوے گا اور بے عزت بھی ہوگا (وہ سب عورتیں بھی یوسف علیہ السلام سے کہنے لگیں کہ تم کو اپنی محسنہ سے ایسی بے اعتنائی مناسب نہیں جو یہ کہے تم کو ماننا چاہئے) یوسف (علیہ السلام) نے (جو یہ باتیں سنیں اور دیکھا کہ یہ عورت تو بے ڈھب پیچھے پڑی ہے اور سب اسی کی ہاں میں ہاں ملاتی ہیں تو حق تعالیٰ سے) یہ دعا کی کہ اے میرے رب جس (واہیات) کام کی طرف یہ عورتیں مجھ کو بلا رہی ہیں اس سے تو جیل خانہ میں جانا ہی مجھ کو زیادہ پسند ہے اور اگر آپ ان کے داؤ پیچ کو مجھ سے دفع نہ کریں گے تو ان کی (صلاح کی) طرف مائل ہو جاؤں گا اور نادانی کا کام کر بیٹھوں گا سو ان کی دعا ان کے رب نے قبول کی اور ان عورتوں کے داؤ پیچ کو ان سے دور رکھا بیشک وہ (دعاؤں کا) بڑا سننے والا (اور ان کے احوال کا) خوب جاننے والا ہے (پھر یوسف علیہ السلام کی پاکدامنی کی) مختلف نشانیاں دیکھنے کے بعد (جن سے خود تو اس کا پورا یقین ہو گیا مگر عوام میں سے چرچہ قطع ہونے کی غرض سے) ان لوگوں کو (یعنی عزیز اور اس کے متعلقین کو) یہی مصلحت معلوم ہوا کہ ان کو ایک وقت (خاص) تک قید میں رکھیں۔ **ف**: یوسف علیہ السلام کا یہ فرمانا وَاِلَّا تَصْرِفْ الخ منافی عصمت کے نہیں کیونکہ یہ عصمت بھی تو بدولت حفاظت خداوندی ہی کے ہے چونکہ انبیاء علیہم السلام کی نظر اصل مؤثر کی طرف ہوتی ہے اس لئے ان کو اپنی عصمت پر اعتماد اور ناز نہیں ہوتا اور یوسف علیہ السلام کا یہ کہنا اِلَّا تَصْرِفْ مقصود اس سے یہ ہے کہ اصرف عنی الخ اس لئے اس کے بعد فَاسْتَجَابَ فرمایا اور اس استجابت کا بیان خود قرآن میں ہے فَصَرَفَ عَنْهُ الخ اور جیل میں جانا جزو استجابت نہیں جیسا مشہور ہے کہ قید کی دعاء کی اس لئے قید میں گئے کیونکہ قید کی درخواست تو نہیں کی صرف فعل قبیح کا جیل سے اقبح ہونا بیان کیا ہے پس ثُمَّ بَدَا لَهُمْ جملہ مستقلہ ہے استجابت کا متمم نہیں اور آیات سے مراد معجزہ کہ دلیل عقلی ہے اور قُدَّ قمیص کہ دلیل عادی ہے اور اقرار زلیخا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ کہ دلیل شرعی ہے جو موافق قول مشہور ع نہاں کے ماند آن رازے کزو سازند محفلہا۔ عزیز تک پہنچ گیا یا بقول بعض اولین کہ سب دال ہیں نزاہت یوسف پر۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : فَلَمَّا رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ روح میں ابن عطاء سے منقول ہے کہ یہ تو مشاہدہ مخلوق کے غلبہ کا اثر ہے سو مشاہدہ حق کا کیسا کچھ اثر ہو سکتا ہے تو اگر ایسے شخص سے کوئی امر خلاف ظاہر صادر ہو جاوے اس پر اعتراض و انکار نہ کرے ۱۲۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قوله في المدينة جوکہ اشارة الى كونه صفة لنسوة ۱۲۔ ۲ قوله في اخرج صحیح غرض اشارة الى دفع ايراد وهو ان رؤيتهن له عليه السلام كان عن نفس فكيف اذا عليه السلام وجاء رفع ظاهر من عدم اطلاع عليه السلام على هذا الامر ۱۲۔ ۳ قوله في ليكونا کہنے لگیں هكذا في التفاسير بلا سند لكن عليه قرائن في القرآن من قوله تعالىٰ يدعونني وقوله تعالىٰ بكيدهن عليم وقوله راودتن باعتبار ان الاعانة على الشيء في حكم ذلك الشي ۱۲۔ ۴ قوله في اصب صلاح اشارة الى تقدير المضاف اى الى اجابتهن بموافاتها۔
۵ قوله في فصرف دور رکھا اشارة الىٰ ان المراد استمرار الصرف لا احداثه بعد ان لم يكن ۱۲۔

رسم الخط: قوله ليكونا يكتب فيه النون بصورة الالف على حكم الوقف لانه حين الوقف يقرء الفًا كما في الكافية والنون المخففة المفتوح ما قبلها تقلب الفا في الوقف اه اى جوازا من حاشية عبدالرحمن بن المحمود ۱۲۔

اللغات: الشغاف في القاموس كسحاب غلاف القلب او حجابه او حبته او سويدار المكر المراد به الغيبة وسوء المقالة مجاز

www.besturdubooks.net

العلاقة الاخفاء المتكأ النمارق والوسائد التي يتكأ عليها او

قوله حاش لله اصله حاشا بالالف فحذف تخفيفا وهو حرف وضع للاستثناء والتنزية معًا ثم نقل وجعل اسما للتنزيه فقط واللام للبيان فهي متعلقه بمحذوف ويستعمل في معنى التعجب قوله اكبرنه عظمنه و دهشن برؤية جماله۱۲۔

النَّحْوُ: قوله شغفها حبا الضمير في الفعل الى يوسف عليه السلام وحبا تميز منه اى شغفها حبه بمعنى دخل فى شغاف قلبها الذى يسمى الغلاف كما صرح به اهل التشريح ان من اجزاء القلب الغشاء۱۲۔ قوله ثم بدا لهم فاعله الضمير اما الى السجن وقوله ليسجننه بتقدير القول حال اى بدأ لهم السجن قائلين ليسجننه واما الى الحدث اى وقع لهم البدء ويكون الفاعل جملة ليسجننه بتاويل المصدر كما فى قوله اولم يهدلهم كم اهلكنا الخ۱۲۔

البَلَاغَةُ: قوله السجن احب ولم يقل والصغر لان الصغر من لوازم السجن عادة فاغنى ذكر احدهما عن الآخر۱۲۔

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ۭ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّىْٓ اَرٰىنِىْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّىْٓ اَرٰىنِىْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِىْ خُبْزًا تَاْكُلُ

الطَّيْرُ مِنْهُ ۭ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۳۶ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ

الطَّيْرُ مِنْهُ ۭ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۳۶ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ

وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَاۗءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا

وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝۳۸ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ

الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝۳۹ۭ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَاۗءً سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَاۗؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ

اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۴۰ يٰصَاحِبَيِ

السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ۭ قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ

تَسْتَفْتِيٰنِ ۝۴۱ۭ وَقَالَ لِلَّذِيْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۡ فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ

ع ۵ / ۷ / ۱۵ بِضْعَ سِنِيْنَ ۝۴۲ۧ

اور یوسف علیہ السلام کے ساتھ (یعنی اس زمانہ میں) اور بھی دو غلام (بادشاہ کے) جیل خانہ میں داخل ہوئے ان میں سے ایک نے کہا کہ میں اپنے خواب میں کیا دیکھتا ہوں کہ جیسے شراب نچوڑ رہا ہوں دوسرے نے کہا کہ میں اپنے خواب کو اس طرح دیکھتا ہوں کہ (جیسے) اپنے سر پر روٹیاں لئے جاتا ہوں (اور) اس میں سے پرندے (نوچ نوچ کر) کھاتے ہیں ہم کو اس خواب کی تعبیر بتائیے آپ ہم کو نیک آدمی معلوم ہوتے ہیں۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ (دیکھو) جو کھانا تمہارے پاس آتا ہے جو کہ تم کو کھانے کے لئے جیل خانہ میں ملتا ہے میں اس کے آنے سے پہلے اس کی حقیقت تم کو بتلا دیا کرتا ہوں یہ بتلا دینا اس علم کی بدولت ہے جو مجھ کو میرے رب نے تعلیم فرمایا ہے میں نے تو ان لوگوں کا مذہب (پہلے ہی سے) چھوڑ رکھا جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور وہ لوگ آخرت کے بھی منکر ہیں اور میں نے اپنے ان بزرگوں باپ دادوں کا مذہب اختیار کر رکھا ہے ابراہیم علیہ السلام کا اور اسحٰق علیہ السلام کا اور یعقوب علیہ السلام کا ہم کو کسی طرح زیبا نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی شے کو شریک (عبادت) قرار دیں اور یہ (عقیدہ توحید) ہم پر اور (دوسرے) لوگوں پر (بھی) خدا تعالیٰ کا ایک فضل ہے لیکن اکثر لوگ ان نعمت کا شکر ادا نہیں کرتے۔ اے قید خانہ کے رفیقو! متفرق معبود اچھے یا ایک معبود برحق جو سب سے زبردست ہے وہ اچھا (جواب اس کا ظاہر ہے) تم لوگ تو خدا کو چھوڑ کر صرف چند بے حقیقت ناموں کی عبادت کرتے ہو جن کو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے آپ (ہی) ٹھہرا لیا ہے خدا تعالیٰ نے تو (ان کے معبود ہونے) کی دلیل (نقلی یا عقلی) بھیجی نہیں حکم دینے کا اختیار صرف خدا ہی کا ہے (اور) اس نے یہ حکم دیا ہے کہ بجز اس کے اور کسی کی عبادت مت کرو یہی (توحید) کا سیدھا طریقہ ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اے قید خانہ کے رفیقو! تم میں ایک تو (جرم میں بری ہو

www.besturdubooks.net

کر) اپنے آقا کو (بدستور) شراب پلایا کرے گا اور دوسرا (مجرم قرار پا کر) سولی دیا جائے گا اور اس کے سر کو پرندے نوچ نوچ کر کھا دیں گے جس کے بارے میں تم پوچھتے تھے وہ اسی طرح مقدر ہو چکا اور جس شخص پر رہائی گمان تھا اس سے یوسف علیہ السلام نے فرمایا اپنے آقا کے سامنے میرا بھی تذکرہ کرنا پھر اس کو اپنے آقا سے (یوسف علیہ السلام کا) تذکرہ کرنا شیطان نے بھلا دیا تو (اس وجہ سے) قید خانہ میں اور بھی چند سال ان کا رہنا ہوا۔ ۞

تفسیر: قصہ یوسف علیہ السلام با ساقی وخباز شاہی در حبس ☆ وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ (الی قولہ تعالی) فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِينَ ﴿﴾ اور یوسف (علیہ السلام) کے ساتھ (یعنی اسی زمانہ میں) اور بھی دو غلام (بادشاہ کے) جیل خانہ میں داخل ہوئے (جن میں ایک ساقی تھا دوسرا اخباز اور ان کے قید ہونے کا سبب یہ ہوا کہ تھا کہ ان کی نسبت شبہ ہوا تھا کہ انہوں نے کھانے میں اور شراب میں زہر ملا کر بادشاہ کو دیا ہے سو مقدمہ زیر تحقیق تھا اور یہ دونوں حبس میں بھیج دیئے گئے تھے انہوں نے جو حضرت یوسف علیہ السلام میں بزرگی کے آثار پائے تو ان میں سے ایک نے حضرت یوسف علیہ السلام سے) کہا کہ میں اپنے خواب میں (کیا) دیکھتا ہوں کہ (جیسے) شراب (بنانے کے لئے انگور کا شیرہ) نچوڑ رہا ہوں (اور بادشاہ کو وہ شراب پلا رہا ہوں) اور دوسرے نے کہا کہ میں اپنے کو اس طرح دیکھتا ہوں کہ (جیسے) اپنے سر پر روٹیاں لئے جاتا ہوں (اور) اس میں سے پرندے (نوچ نوچ کر) کھاتے ہیں ہم کو اس خواب کی (جو کہ ہم دونوں نے دیکھا ہے) تعبیر بتلایئے آپ ہم کو نیک آدمی معلوم ہوتے ہیں (حضرت) یوسف (علیہ السلام) نے (چاہا کہ جب یہ میرے معتقد ہیں تو ان کو دعوتِ ایمان اول کرنا چاہئے اس لئے اول اپنا نبی ہونا ایک معجزہ سے ثابت کرنے کے لئے) فرمایا کہ (دیکھو) جو کھانا تمہارے پاس آتا ہے جو کہ تم کو کھانے کے لئے (جیل خانہ میں) ملتا ہے میں اس کے آنے سے پہلے اس کی حقیقت تم کو بتلا دیا کرتا ہوں (کہ فلانی چیز آوے گی اور ایسی ایسی ہوگی اور) یہ بتلا دینا اس علم کی بدولت ہے جو مجھ کو میرے رب نے تعلیم فرمایا ہے (یعنی مجھ کو وحی سے معلوم ہو جاتا ہے پس یہ معجزہ ہوا جو کہ دلیل نبوت ہے اور شاید تخصیص اس معجزہ کی اس مناسبت سے فرمائی ہو کہ جس واقعہ میں انہوں نے آپ سے رجوع کیا وہ واقعہ بھی طعام کا ہے تو یہ معجزہ اس وقت ان کے حال کے مناسب زیادہ ہوا واللہ اعلم اب اثبات نبوت کے بعد آگے اثبات توحید ہے یعنی جب میرا کمال اور نبوت دلیل سے ثابت ہے تو جس طریق کو میں اختیار کروں اور اس کو صحیح بتلاؤں وہ حق ہوگا سو وہ طریق یہ ہے کہ) میں نے تو ان لوگوں کا مذہب (پہلے ہی سے) چھوڑ رکھا ہے جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور وہ لوگ آخرت کے بھی منکر ہیں اور میں نے اپنے ان (بزرگوار) باپ دادوں کا مذہب اختیار کر رکھا ہے ابراہیم علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام کا اور یعقوب (علیہ السلام کا اور اس مذہب کا رکن اعظم یہ ہے کہ) ہم کو کسی طرح زیبا نہیں کہ اللہ کے ساتھ کسی شئے کو شریک (عبادت) قرار دیں (یعنی توحید اس مذہب کا رکن اعظم ہے اور) یہ (عقیدۂ توحید) ہم پر اور (دوسرے) لوگوں پر (بھی) خدا تعالیٰ کا ایک فضل ہے (کہ اس کی بدولت دنیا و آخرت کی فلاح ہے) لیکن اکثر لوگ (اس نعمت کا) شکر (ادا) نہیں کرتے (یعنی توحید کی قدر اور اس کو اختیار نہیں کرتے) اے قید خانہ کے رفیقو (ذرا سوچ کر بتلاؤ کہ عبادت کے واسطے) متفرق معبود اچھے یا ایک معبود برحق جو سب سے زبردست ہے وہ اچھا (جواب اس کا ظاہر ہے) تم لوگ تو خدا کو چھوڑ کر صرف چند بے حقیقت ناموں کی عبادت کرتے ہو (یعنی وہ مسمیات بمنزلہ اسمائے محض کے ہیں) جن کو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے (آپ ہی) ٹھہرا لیا ہے خدا تعالیٰ نے تو ان (کے معبود ہونے) کی کوئی دلیل (عقلی یا نقلی) بھیجی نہیں (اور) حکم (دینے کا اختیار صرف) خدا ہی کا ہے (اور) اس نے یہ حکم دیا ہے کہ بجز اس کے اور کسی کی عبادت مت کرو (پس اسی حکم پر عمل کرنا چاہئے) یہی (توحید اور عبادت میں حق تعالیٰ کی تخصیص) سیدھا طریقہ ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے (اور اس طریقہ کو اختیار نہیں کرتے ایمان کے ارکان کی تبلیغ کر کے اب ان کے خواب کی تعبیر بتلاتے ہیں کہ) اے قید خانہ کے رفیقو تم میں ایک تو (جرم سے بری ہو کر) اپنے آقا کو (بدستور) شراب پلایا کرے گا اور دوسرا (مجرم قرار پا کر) سولی دیا جاوے گا اور اس کے سر کو پرندے (نوچ نوچ) کھاویں گے اور جس بارہ میں تم پوچھتے تھے وہ اسی طرح مقدر ہو چکا (اور یونہی ہوگا چنانچہ بعد تنقیح مقدمہ ایک بری ثابت ہوا دوسرا مجرم دونوں جیل خانہ سے بلائے گئے ایک رہائی کے لئے دوسرا سزا کے لئے) اور (جب وہ لوگ جیل خانہ سے جانے لگے تو) جس شخص پر رہائی کا گمان تھا اس سے یوسف (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اپنے آقا کے سامنے میرا بھی تذکرہ کرنا (کہ ایک شخص بے قصور قید ہے اس نے وعدہ کر لیا) پھر اس کو اپنے آقا سے (یوسف علیہ السلام کا) تذکرہ کرنا شیطان نے بھلا دیا تو (اس وجہ سے) قید خانہ میں اور بھی چند سال ان کا رہنا ہوا **ف**: چونکہ اسباب عادیہ کا استعمال جائز ہے اس لئے اس امر میں یوسف علیہ السلام پر کوئی شبہ نہیں ہو سکتا اور یہ جو فرمایا فَلَبِثَ الخ یہ بطور عتاب کے نہیں فرمایا بلکہ نسیان پر محض مرتب کرنا اس امر کا مقصود ہے کہ وہ بھول گیا اس لئے کوئی سامان ان کے نکلنے کا نہ ہوا خوب سمجھ لو اور بضع کا اطلاق عربی میں تین سے دس سال تک آتا ہے پس اس کے درمیان جتنے عدد ہیں ہر عدد کا آیت میں احتمال ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ لَا يَأْتِيكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقَانِهِ إِلَّا نَبَّأْتُكُمَا بِتَأْوِيلِهِ قَبْلَ أَن يَأْتِيَكُمَا روح میں ہے کہ اگر کوئی عالم اپنے اوصاف اس لئے بیان کرے کہ لوگ اس سے نفع حاصل کریں تو جائز ہے اور یہ تزکیۂ ممنوعہ میں داخل نہیں اھ اور بعض بزرگوں نے جو اپنے کمالات ظاہر کئے ہیں اور اس کی

www.besturdubooks.net

پرواہ نہیں کی کہ لوگ ان کو مدعی کہیں گے اس کا منشاء یہی ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : وَقَالَ لِلَّذِیْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِیْ عِنْدَ رَبِّكَ اس میں دلالت ہے کہ اگر ازالہ شدائد کے لئے کسی مخلوق سے استعانت کرے خصوص جس پر احسان کیا ہو کچھ حرج نہیں کیونکہ یہ اسباب مشروعہ میں سے ہے اور اس کو احسان کا عوض چاہنا نہ کہا جاوے گا احسان سے محبت پیدا ہو جاتی ہے اور محبت سے یہ استعانت گوارہ ہوتی ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ **قولہ** ای زمانہ میں **اشارة الی المعیة الزمانیة ویحتمل ان یکون المعیة فی مطلق دخول السجن ۱۲۔ ۲ قولہ فی بتاویلہ الاول** خواب **بتاویل الجنس او ما ذکر ۱۲۔ ۳ قولہ فی بتاویلہ الثانی** حقیقت **لان مرجع الشیٔ ومنتهاه هو حقیقة ۱۲۔ ۴ قولہ فی** ترک کت چھوڑ رکھا ہے **اشارة الی ان الترك ارید به الامتناع عبر به لا استجلابهما الی ترکهما الحادث ۱۲۔ ۵ قولہ فی** ارباب عبادت کے واسطے **اشارة الی حذف المضاف ای عبادة ارباب الخ ۱۲۔ ۶ قولہ فی ذکر ربہ** اپنے آقا سے **اشارة الی کون الاضافة لادنی الملابسة لان الرب لیس فاعلا للذکر ولا مفعولا ۱۲۔**

النحو : **قولہ یصاحبی السجن وقولہ ذکر ربہ فیهما الاضافة لادنی الملابسة وحقیقتهما یصاحبی فی السجن وذکر یوسف عند ربه ۱۲۔**

الکلام والبلاغة: قولہ ظن انه ناج ان کان التعبیر عن اجتهاد دل علی ان الاجتهاد ظنی ولو من الانبیاء وان کان عن وحی فالمراد به تیقن ففیه علی احد الشقین مسئلة من الکلام وعلی الآخر مسئلة من البلاغة ۱۲۔

وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّیْۤ اَرٰی سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ یٰبِسٰتٍ ؕ یٰۤاَیُّهَا الْمَلَاُ

اَفْتُوْنِیْ فِیْ رُءْیَایَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْیَا تَعْبُرُوْنَ ﴿۴۳﴾ قَالُوْۤا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِیْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِیْنَ ﴿۴۴﴾

وَقَالَ الَّذِیْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِیْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾ یُوْسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ اَفْتِنَا فِیْ سَبْعِ

بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ یٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّیْۤ اَرْجِعُ اِلَی النَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَعْلَمُوْنَ ﴿۴۶﴾

قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِیْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِیْ سُنْۢبُلِهٖۤ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ

بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ یَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ﴿۴۸﴾ ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِیْهِ

ع ۶ / ۱۶ یُغَاثُ النَّاسُ وَفِیْهِ یَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾

اور بادشاہ (مصر) نے کہا کہ میں (خواب میں کیا) دیکھتا ہوں کہ سات گائیں فربہ ہیں جن کو سات لاغر گائیں کھا گئیں اور سات بالیں سبز ہیں اور ان کے علاوہ سات اور ہیں جو کہ خشک ہیں اے دربار والو! اگر تم (خواب کی) تعبیر دے سکتے ہو تو میرے اس خواب کے بارے میں مجھ کو جواب دو وہ لوگ کہنے لگے کہ یوں ہی پریشان خیالات ہیں اور دوسرے ہم لوگ (کہ صرف امور سلطنت میں ماہر ہیں) خوابوں کی تعبیر کا علم بھی نہیں رکھتے اور ان (مذکورہ) دو قیدیوں میں کہ جو رہا ہو گیا تھا (وہ مجلس میں حاضر تھا) اس نے کہا اور مدت کے بعد اس کو خیال آیا میں اس کی تعبیر کی خبر لائے دیتا ہوں اور آپ لوگ ذرا مجھ کو جانے کی اجازت دیجئے اے یوسف اے صدق مجسم آپ ہم لوگوں کو اس خواب کا جواب (یعنی تعبیر دیجئے کہ سات گائیں) موٹی ہیں ان کو سات گائیں دبلی کھا گئیں اور سات بالیں ہری ہیں اور اس کے علاوہ سات خشک ہیں تا کہ میں ان لوگوں کے پاس لوٹ کر جاؤں (اور بیان کروں) تا کہ ان لوگوں کو بھی معلوم ہو جائے آپ نے فرمایا تم سات سال متواتر (خوب غلہ) بونا پھر جو فصل کاٹو اس کو بالوں میں رہنے دو تا کہ گھن نہ لگ جائے ہاں اگر تھوڑا جو تمہارے کھانے میں آوے پھر اس (سات برس) کے بعد سات برس اور ایسے سخت (اور قحط کے) آویں گے جو اس (تمام تر) ذخیرہ کو کھا جائیں گے جس کو تم نے ان برسوں کے واسطے جمع کر کے رکھا ہو گا ہاں مگر تھوڑا سا (جو بیج کے واسطے رکھ چھوڑو گے پھر اس سات برس) کے بعد ایک برس ایسا آوے گا جس میں لوگوں کے لئے خوب بارش ہو گی اور اس میں شیرہ بھی نچوڑیں گے (اور شرابیں پئیں گے)۔ ۞

تفسیر : قصہ تعبیر یوسف علیہ السلام رؤیا ملک مصر ☆ وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّیْۤ اَرٰی سَبْعَ بَقَرٰتٍ (الی قولہ تعالی) فِیْهِ یُغَاثُ النَّاسُ وَفِیْهِ یَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ اور بادشاہ (مصر) نے (بھی ایک خواب دیکھا اور ارکان دولت کو جمع کر کے ان سے) کہا کہ میں (خواب میں کیا) دیکھتا ہوں کہ سات گائیں فربہ ہیں جن کو سات

www.besturdubooks.net

لاغر گائیں کھا گئیں اور سات بالیں سبز ہیں اور ان کے علاوہ سات اور ہیں جو کہ خشک ہیں (اور ان خشک بالوں نے اسی طرح ان سات سبز پر لپٹ کر ان کو خشک کر دیا) اے دربار والو اگر تم (خواب کی) تعبیر دے سکتے ہو تو میرے اس خواب کے بارہ میں مجھ کو جواب دو وہ لوگ کہنے لگے کہ (اول تو یہ کوئی خواب نہیں جس سے آپ فکر میں پڑیں) یوں ہی پریشان خیالات ہیں اور (دوسرے) ہم لوگ (کہ امور سلطنت میں ماہر ہیں) خوابوں کی تعبیر کا علم بھی نہیں رکھتے (دو جواب اس لئے دیئے کہ اول جواب سے بادشاہ کے قلب سے پریشانی اور وسواس دور کرنا ہے اور دوسرے جواب سے اپنا عذر ظاہر کرنا ہے خلاصہ یہ کہ اول تو ایسا خواب قابل تعبیر نہیں دوسرے ہم اس فن سے واقف نہیں) اور ان (مذکورہ) دو قیدیوں میں سے جو رہا ہو گیا تھا (وہ مجلس میں حاضر تھا) اس نے کہا اور مدت کے بعد اس کو (یوسف علیہ السلام کی وصیت کا) خیال آیا میں اس کی تعبیر کی خبر لائے دیتا ہوں آپ لوگ مجھ کو ذرا جانے کی اجازت دیجئے (چنانچہ دربار سے اجازت ہوئی اور وہ قید خانہ میں یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچا اور جا کر کہا) اے یوسف اے صدق مجسم آپ ہم لوگوں کو اس (خواب) کا جواب (یعنی تعبیر) دیجئے کہ سات گائیں موٹی ہیں ان کو سات دبلی گائیں کھا گئیں اور سات بالیں ہری ہیں اور اس کے علاوہ (سات) خشک بھی ہیں (کہ ان خشک کے لپٹنے سے وہ ہری بھی خشک ہو گئیں آپ تعبیر بتلایئے) تاکہ میں (جنہوں نے مجھ کو بھیجا ہے) ان لوگوں کے پاس لوٹ کر جاؤں (اور بیان کروں) تاکہ (اس کی تعبیر اور اس سے آپ کا حال) ان کو بھی معلوم ہو جاوے (تعبیر کے موافق عمل درآمد کریں اور آپ کی خلاصی کی کوئی صورت نکلے) آپ نے فرمایا کہ (ان سات فربہ گایوں اور سات سبز بالیوں سے مراد پیداوار اور بارش کے سال ہیں پس) تم سات سال متواتر (خوب) غلہ بونا پھر جو فصل کاٹو اس کو بالیوں ہی میں رہنے دینا) تاکہ گھن نہ لگ جاوے) ہاں مگر تھوڑا سا جو تمہارے کھانے میں آوے (وہ بالوں میں سے نکالا ہی جاوے گا) پھر اس (سات برس) کے بعد سات برس ایسے سخت (اور قحط کے) آویں گے جو کہ اس (تمام تر) ذخیرہ کو کھا جاویں گے جس کو تم نے ان برسوں کے واسطے جمع کر کے رکھا ہوگا ہاں مگر تھوڑا سا جو (بیج کے واسطے) رکھ چھوڑو گے (وہ البتہ بچ جاوے گا اور ان خشک بالیوں اور خشک گایوں سے اشارہ ان سات سال کی طرف ہے) پھر اس (سات برس) کے بعد ایک برس ایسا آوے گا جس میں لوگوں کے لئے خوب بارش ہوگی اور اس میں (بوجہ اس کے کہ انگور کثرت سے پھلیں گے) شیرہ بھی نچوڑیں گے (اور شرابیں پیویں گے) **ف**: ظاہراً یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ اعیانِ سلطنت فن تعبیر سے ناواقف تھے اسی لئے بادشاہ کے کلام میں بھی شک پایا جاتا ہے: اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ ﴿﴾ اور انہوں نے بھی نفی علم کی کی ہے: مَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ﴿﴾ اور ان کا یہ کہنا: اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ دلیل جاننے کی نہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ تفصیلاً تو ہم علم تعبیر جانتے نہیں مگر خوابوں کی جیسی شان ہوتی ہے اس سے اجمالاً اتنا کہہ سکتے ہیں کہ یہ خواب نہیں ہے محض خیال ہے تو اتنا علم اجمالی دلیل مہارت فن کی نہیں اور اس قول کا فائدہ وہی تھا جو متن میں مذکور ہے یعنی بے فکر کرنا بادشاہ کو اب یہ شبہ بھی نہیں ہو سکتا کہ جب وہ تعبیر نہ جانتے تھے تو صرف دوسرا جملہ کہہ دینا کافی تھا اور ساقی کا یہ کہنا کہ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ الخ اس سے بھی ظاہراً یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ تعبیر کے عالم نہ تھے ورنہ علمائے تعبیر کے فیصلہ کے بعد ارکان سلطنت کے روبرو ایسی جرأت نہ ہوتی اس سے معلوم ہوا کہ وہ جانتے نہ تھے بلکہ خود بھی مشتاق و منتظر تھے اور ان اعیان سلطنت کا یہ جواب چونکہ تعبیر نہ تھا اس لئے اس خواب کی دوسری تعبیر جو یوسف علیہ السلام نے دی وہی واقع ہوئی ورنہ جیسا حدیث میں آیا ہے اول ہی تعبیر واقع ہوا کرتی ہے بشرطیکہ وہ خواب باعتبار اصول تعبیر کے اس تعبیر کو محتمل ہو اور اگر قاعدہ کے موافق محتمل نہ ہو تو واقع ہونا ضرور نہیں پس جہاں کہیں دو تعبیروں میں سے دوسری واقع ہو اور پہلی نہ ہو معلوم کر لو کہ تعبیر اول موافق قاعدہ کے نہ تھی اور قواعد اس کے چونکہ بہت دقیق ہیں لہٰذا احاطہ ان کا کسی قدر دشوار ہے اور یہ جو فرمایا: يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ یہ غالباً اس سے سمجھا کہ جب بقرات عجاف اور سنبلات یابسات سے مراد سبع شداد ہیں تو لامحالہ ان سبع کے بعد شدۃ نہ رہے گی پس بارش وغیرہ ہوگی واللہ اعلم اور خواب میں بقرات اور سنبلات دونوں کا نظر آنا شاید اس لئے ہو کہ قحط کا اثر حیوانات اور نباتات ہی پر ہوتا ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ تَزْرَعُوْنَ الخ یوسف علیہ السلام نے فوراً ہی اس کو ارشاد فرمانا شروع کر دیا اور اس پر ملامت نہ کی کہ تو نے میری فرمائش اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ میں تفسیر کی اس سے غایت درجہ کا حلم و کرم معلوم ہوتا ہے اہل طریق کی بھی یہی شان ہونا چاہئے کہ ایسے شخص کے حقوق میں بھی کمی نہ کریں جو ان کے حق میں کمی کرے ۱۲۔

الحواشی: (۱) اس پر بعض معاندین اہل یورپ نے ایک جاہلانہ اعتراض کیا ہے کہ مصر کی شادابی کا بارش سے کوئی واسطہ نہیں بلکہ تمام تر دریائے نیل کا فیض ہے اس کا جواب جو ایک فاضل فلسفی دوست نے دیا ہے ملخصاً نقل کیا جاتا ہے (اول) یغاث کا غیب سے ہونا ضروری نہیں مفردات القرآن میں غوث سے ہونا بھی صحیح لکھا ہے کما فی قولہ وَان یستغیثوا یغاثوا بماء کالمهل اور معنی ہوں گے کہ لوگوں کی فریادرسی ہوگی مصیبت سے نجات ملے گی گو اکثر سلف سے غیث ہی سے ہونا منقول ہے تو اعتراض قرآن پر نہ رہا دوسرے یغاث کے ساتھ الناس ہے اہل مصر نہیں قحط مصر سے باہر بھی پڑا تھا چنانچہ برادران یوسف اس سلسلہ میں فلسطین سے آئے تھے اور ان اطراف میں بارش ہو جانا بھی کافی ہے تیسرے یہ کہ خود اہل یورپ ہی نے اپنے جغرافیوں میں اس حصہ کو جس میں فراعنہ کی سلطنت تھی

www.besturdubooks.net

بارانی لکھا ہے گو بعضے حصے کم بارش والے اور بعضے بے بارش والے بھی ہیں اھ میں کہتا ہوں کہ چوتھے یہ کہ بارش نہ ہونے کا عادت مستمرہ ہونا اور احیاناً بارش ہو جانا ان میں کوئی تنافی نہیں پانچویں خود نیل کی طغیانی میں منع بارش ہو جانے کا من وجہ دخیل ہونا مستبعد نہیں ۱۲ فقط اشرف علی نصف ج ۱/ ۳۵۳ اھ۔

ملحقات الترجمۃ: لے قوله لعلهم يعلمون تعبیر اور حال القرينة على الاول قص الرؤيا وعلى الثاني ذكره قول يوسف اذكرني عند ربك فافهم ۱۲۔

اللغات: الافتاء الابانه العبارة والتعبير من العبور وهو المجاوزة وهى الانتقال من الصورة المشاهدة فى المنام الى ما هى صورة و مثال لها من الامور الآفاقية والانفسية الواقعة فى الخارج الاضغاث جمع ضغث وهو اقل من الحزمة واكثر من القبضة من اخلاط النبات الحلم عبارة عما يراه النائم مطلقا لكن غلبت الرؤياء على ما يراه من الخير والشئ الحسن وغلب الحلم على اخلافه والحلم عند العرب يستعمل استعمال الرؤياء والتفريق من الاصطلاحات الشرعية واضغاث الاحلام تخاليطها من قبيل لجين الماء او اضافة الصفة الى الموصوف اى الاحلام المختلطة وهى متحققة فى رؤيا واحدة بحسب انها متركبة من اشياء كل منها حلم فكانت احلاماً او يراد به الجنس من غير نظر الى معنى الجمعية الامة والطائفة من الزمان ۱۲۔ الدأب بالحركة والسكون حركة لا سكون لها اى تعب ولما كان التعب فى الغالب من الفعل الدائم استعمل فى الاستمرار وموقعه موقع الحال او المفعول المطلق دائبين او تدابون دابا قوله يغاث من الغيث ۱۲۔

البلاغۃ: قوله انى ارى لم يصرح بكونه فى المنام اكتفاء بقرائن المقام لان ذلك الشئ العجيب لا يرى عادة فى اليقظة وايضًا لدلالة قوله رؤياى عليه قوله سبع عجاف اورد بالوصف دون الاضافة على معنى سبع بقرات عجاف لما قاله الطيبى وهو ان المميز اذا وصف ثم رفع بالابهام والاجمال من العدد اذن بانهما مقصود ان فى الذكر بخلافه اذا ميز لم وصف بل الوصف ادعى لان المميز انما استجلب للوصف ومن ثم ترك التمييز فى القرائن الثلث والمقام يقتضى ذلك لان المقصود بيان الابتلاء بالشدة بعد الرخاء وبيان الكمية بالعدد والكيفية بالبقرات تابع فليفهم ويعلم من ذلك وجه العدول الى ما فى النظم الكريم عن ان يقال انى ارى سبع بقرات عجاف ياكلن سبعا سمانا الاخصر منه كذا فى الروح وانما فهم كون هذه السبع بقرات وكذا كون اليابسات سنبلات وكونهما سبعا بقرينة المقام قوله انا انبئكم لم يقل انبئكم للدلالة هى ان هذا النباء يكون بالتلقى من غيرى لا من تلقاء نفسى قوله فارسلون لم يصرح باسم يوسفؑ حرصا على ان يكون هو المرسل فانه لو ذكره فلربما ارسلوا غيره قوله افتانى سبع اى فى رؤيا ذلك ولم يصرح لدلالة مضمون الحادثة عليه حيث ان مثله لا يقع فى عالم الشهادة عادة ولم يقل نبئنا نقلاً لقول الملك افتونى ولم يقل افتنى اشعار بان الرؤيا ليست له بل لغيره ممن له ملاء لسته بامور العامة وانه فى ذلك سفير قوله لعلى ولعلهم مجاراة معه عليه السلام على نهج الادب واحترازا عن المجازفة اذ لم يكن على يقين من الرجوع ولا من علمهم بذلك فربما لم يعلموه اما لعدم فهمهم او لعدم اعتمادهم ۱۲۔ قوله فما حصدتم الجملة معترضة بين جزائى التعبير ارشاد الى الاصلح واعلم ان التعبير ليس فى قوله تزرعون بل فى ما ترتب عليه الزرع واصل الكلام هكذا قال سياتى سبع خصاب تطرون فيها وان زرعتم ينبت كثيرا هذا هو التعبير فالواجب عليكم تزرعوا فيها فالامر بالزرع ايضا ارشاد الى الاصلح وليس جزأ للتعبير فافهم قوله ياكلن فيه اسناد مجازى وكان الداعى اليه التطبيق بين المعبر والعبر به قوله فيه يعصرون والتعرض لذكره مع جواز الاكتفاء عنه بذكر الغيث المستلزم له عادة كما اكتفى به عن ذكر تصرفهم فى الحبوب اما لان استلزام الغيث له ليس كاستلزامه المحبوب اذا المذكورات يتوقف اصلاحها على امور اخرٰى غير المطرد واما لمراعاة جانب المستفتى باعتبار حالته الخاصة به بشارة له وهى التى يدور عليها حسن موقع تغليبه على الناس فى قراءة حمزة والكسائى بالفوقانية ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَ قَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْــَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِیْ قَطَّعْنَ
اَیْدِیَهُنَّ ؕ اِنَّ رَبِّیْ بِكَیْدِهِنَّ عَلِیْمٌ ﴿۵۰﴾ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ یُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا
عَلِمْنَا عَلَیْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ٘ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَ
اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۵۱﴾ ذٰلِكَ لِیَعْلَمَ اَنِّیْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَیْبِ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ كَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ ﴿۵۲﴾
ربع وَ مَاۤ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ؕ اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۵۳﴾ وَ قَالَ
الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖۤ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِیْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْیَوْمَ لَدَیْنَا مَكِیْنٌ اَمِیْنٌ ﴿۵۴﴾ قَالَ
اجْعَلْنِیْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ﴿۵۵﴾ وَ كَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِیُوْسُفَ فِی الْاَرْضِ ۚ یَتَبَوَّاُ مِنْهَا
حَیْثُ یَشَآءُ ؕ نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَ لَا نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۵۶﴾ وَ لَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَیْرٌ
لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا یَتَّقُوْنَ ﴿۵۷﴾ ع ۷

اور بادشاہ نے حکم دیا کہ ان کو میرے پاس لاؤ (چنانچہ یہاں سے قاصد چلا) پھر جب ان کے پاس (وہ) قاصد پہنچا اور پیغام دیا تو آپ نے فرمایا کہ تو اپنی سرکار کے پاس لوٹ جاؤ پھر اس سے دریافت کر کہ کچھ تم کو خبر ہے ان عورتوں کا کیا حال ہے جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لئے تھے میرا رب ان عورتوں کے فریق کے فریب کو خوب جانتا ہے کہا کہ تمہارا کیا واقعہ ہے جب تم نے یوسف علیہ السلام سے اپنے مطلب کی خواہش کی عورتوں نے جواب دیا ماشاء اللہ ہم کو ان میں ذرا بھی تو برائی کی بات نہیں معلوم ہوئی عزیز کی بیوی (جو کہ حاضر تھی) کہنے لگی کہ اب تو حق بات (سب پر) ظاہر ہو ہی گئی میں نے ہی ان سے اپنے مطلب کی خواہش کی تھی اور بے شک وہی سچے ہیں یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ تمام اہتمام (جو میں نے کیا) محض اس وجہ سے تا کہ عزیز کو (زائد یقین کے ساتھ) معلوم ہو جائے کہ میں نے اس کی عدم موجودگی میں اس کی آبرو میں دست درازی نہیں کی اور یہ کہ اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کے فریب کو چلنے نہیں دیتا اور (باقی) میں اپنے نفس کو (بالذات) بری (اور پاک) نہیں بتلاتا (کیونکہ) نفس تو (ہر ایک کا) بری بات بتلاتا ہے بجز اس (نفس) کے جس پر میرا رب رحم کرے بلاشبہ میرا رب بڑی مغفرت والا بڑی رحمت والا ہے اور (سن کر) بادشاہ نے کہا کہ ان کو میرے پاس لاؤ میں ان کو خاص اپنے (کام کے) لئے رکھوں گا پس جب بادشاہ نے ان سے باتیں کیں تو بادشاہ نے (ان سے) کہا کہ تم ہمارے نزدیک آج (سے) بڑے معزز اور معتبر ہو یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ ملکی خزانوں پر مجھ کو مامور کر دو میں ان کی حفاظت (بھی) رکھوں گا (اور) خوب واقف ہوں اور ہم نے ایسے (عجیب) طور پر یوسف علیہ السلام کو ایک ملک میں با اختیار بنا دیا کہ اس میں جہاں چاہیں رہیں سہیں ہم جس پر چاہیں اپنی عنایت متوجہ کر دیں اور ہم نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے اور آخرت کا اجر کہیں زیادہ بڑھ کر ہے ایمان اور تقویٰ والوں کے لئے۔

تفسیر: قصہ ملاقات و مکالمت یوسف علیہ السلام با ملک مصر ☆ وَ قَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖ (الی قولہ تعالی) وَ لَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَیْرٌ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا یَتَّقُوْنَ ﴿۵۷﴾ (غرض وہ شخص تعبیر لے کر دربار میں پہنچا) اور (جا کر بیان کیا) بادشاہ نے (جو سنا تو آپ کے علم و فضل کا معتقد ہوا اور) حکم دیا کہ ان کو میرے پاس لاؤ (چنانچہ یہاں سے قاصد چلا) پھر جب ان کے پاس (وہ) قاصد پہنچا (اور پیغام دیا تو) آپ نے فرمایا کہ (میں جب تک میرا اس تہمت سے بری ہونا اور بے قصور قید ہونا ثابت نہ ہو جاوے گا نہ آؤں گا) تو اپنی سرکار کے پاس لوٹ جا پھر اس سے دریافت کر کہ (کچھ تم کو خبر ہے) ان عورتوں کا کیا حال ہے جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لئے تھے (مطلب یہ تھا کہ ان کو بلا کر میرا حال متعلق اس واقعہ کے جس میں مجھ کو قید کی گئی تفتیش کیا جاوے اور عورتوں کے حال سے مراد ان کا واقف یا ناواقف ہونا ہے حال یوسف علیہ السلام سے اور ان عورتوں کی تخصیص شاید اس لئے کی ہو کہ ان کے سامنے زلیخا نے اقرار کیا تھا وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ) میرا رب ان عورتوں کے فریب کو خوب جانتا ہے (یعنی اللہ کو تو معلوم ہی ہے کہ زلیخا کا مجھ پر تہمت لگانا کید تھا مگر عند الناس بھی اس کی تنقیح ہو جانا مناسب ہے چنانچہ بادشاہ نے ان عورتوں کو حاضر کیا اور) کہا کہ تمہارا کیا واقعہ ہے جب تم نے یوسف (علیہ السلام) سے اپنے مطلب کی خواہش کی (یعنی ایک نے خواہش کی اور بقیہ نے اس کی اعانت کی کہ اعانت فعل بھی مثل فعل کے ہے اس وقت تم کو کیا تحقیق ہوا شاید بادشاہ نے اس طور پر اس لئے

www.besturdubooks.net

پوچھا ہو کہ مجرم سن لے کہ بادشاہ کو وقوع مراودۃ کی اطلاع ہے تو تعیین کی بھی اطلاع ہوگی اور اس حالت میں انکار نہ چل سکے گا پس اس طرح اقرار کر لے) عورتوں نے جواب دیا کہ حاش للہ ہم کو ان میں ذرا بھی تو برائی کی بات نہیں معلوم ہوئی (وہ بالکل پاک وصاف ہیں شاید زلیخا کا وہ اقرار اس لئے ظاہر نہ کیا ہو کہ مقصود زیادہ نزاہت یوسف علیہ السلام کا اثبات سمجھی ہوں اور وہ حاصل ہو گیا یا زلیخا کے روبرو ہونے سے حیا یا احتمال عداوت معلوم ہوا ہو) عزیز کی بی بی (جو کہ حاضر تھی) کہنے لگی کہ اب تو حق بات (سب پر) ظاہر ہو ہی گئی (اب اخفاء بے کار ہے سچ یہی ہے کہ) میں نے ان سے اپنے مطلب کی خواہش کی تھی (نہ کہ انہوں نے جیسا میں نے اول کہہ دیا تھا مَا جَزَآءُ الخ) اور بے شک (اس بات میں کہ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ الخ) وہی سچے ہیں اور (اور غالبًا ایسے امر کا اقرار کر لینا مجبوری ہی کی حالت میں زلیخا کو پیش آیا غرض تمام صورت مقدمہ اور اظہارات اور ثبوت نزاہت یوسف علیہ السلام کا ان کے پاس کہلا کر بھیجا اس وقت) یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ تمام اہتمام (جو میں نے کیا) محض اس وجہ سے تا کہ عزیز کو (زائد) یقین کے ساتھ معلوم ہو جائے کہ میں نے اس کی عدم موجودگی میں اس کی آبرو میں دست اندازی نہیں کی اور یہ (بھی معلوم ہو جاوے) کہ اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کے فریب کو چلنے نہیں دیتا (چنانچہ زلیخا نے عزیز کی حرمت میں خیانت کی تھی کہ دوسرے پر نگاہ کی خدا نے اس کی قلعی کھول دی پس میری غرض یہ تھی) اور (باقی) میں اپنے نفس کو (بالذات) بری (اور پاک) نہیں بتلاتا (کیونکہ) نفس تو (ہر ایک کا) بری ہی بات بتلاتا ہے بجز اس (نفس) کے جس پر میرا رب رحم کرے (اور اس میں امر بالسوء کا مادہ نہ رکھے جیسا انبیاء علیہم السلام کے نفوس ہوتے ہیں مطمئنہ جن میں یوسف علیہ السلام کا نفس بھی داخل ہے خلاصہ مطلب یہ ہوا کہ میری نزاہت وعصمت میرے نفس کا ذاتی کمال نہیں کہ تخلف محال ہو بلکہ رحمت وعنایت الٰہیہ کا اثر ہے اس لئے وہ امر بالسوء نہیں کرتا ورنہ جیسے اوروں کے نفوس ہیں ویسا ہی میرا ہوتا) بلاشبہ میرا رب بڑی مغفرت والا بڑی رحمت والا ہے (یعنی اوپر جو نفس کی دو قسمیں معلوم ہوئیں امارہ اور مطمئنہ سو امارہ اگر توبہ کر لے تو اس کی مغفرت فرمائی جاتی ہے اور مرتبہ توبہ میں وہ لوامہ کہلاتا ہے اور جو مطمئنہ ہے وہ کمال اس کا لازم ذات نہیں بلکہ عنایت ورحمت کا اثر ہے پس امارہ کے لوامہ ہونے پر عفو کا ظہور ہوتا ہے اور مطمئنہ میں رحیم کا یہ تمام تر مضمون ہوا یوسف علیہ السلام کی تقریر کا باقی یہ امر کہ یہ صورت اثبات نزاہت کی بعد رہائی کے بھی تو ممکن تھی پھر رہائی پر اس کو مقدم کیوں رکھا اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ جتنا یقین اس ترتیب میں ہو سکتا ہے اس کے خلاف میں نہیں ہو سکتا کیونکہ دلائل کی دلالت تو مشترک ہے لیکن اس صورت مجوزہ میں یہ امر زائد ہے کہ بادشاہ اور عزیز سمجھ سکتے ہیں کہ جب بدون تبریہ کے یہ رہا ہونا نہیں چاہتے حالانکہ ایسی حالت میں رہائی اغر مطلوب واکرم مرغوب ہوتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کو اپنی نزاہت وبراءت کا کامل یقین ہے اس لئے اس کے ثابت ہو جانے کا ان کو پورا اطمینان ہے بقول مشہور آنرا کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک۔ اور ظاہر ہے کہ ایسا کامل یقین بری ہی کو ہو سکتا ہے نہ کہ ملوث کو یہ ساری باتیں بادشاہ نے سنیں) اور (یہ سن کر اس بادشاہ نے کہا کہ ان کو میرے پاس لاؤ میں ان کو خاص اپنے (کام کے) لئے رکھوں گا (اور عزیز سے ان کو لے لوں گا کہ اس کے ماتحت نہ رہیں گے چنانچہ لوگ ان کو بادشاہ کے پاس لائے) پس جب بادشاہ نے ان سے باتیں کیں (اور باتوں سے اور زیادہ فضل وکمال آپ کا ظاہر ہوا) تو بادشاہ نے (ان سے) کہا کہ تم ہمارے نزدیک آج (سے) بڑے معزز اور معتبر ہو (بعد اس کے اس خواب کی تعبیر کا ذکر آیا اور بادشاہ نے کہا کہ اتنے بڑے قحط کا اہتمام بڑا بھاری کام ہے یہ انتظام کس کے سپرد کیا جاوے) یوسف (علیہ السلام) نے فرمایا کہ ملکی خزانوں پر مجھ کو مامور کر دو میں (ان کی) حفاظت (بھی) رکھوں گا اور (آمد وخرچ کے انتظام اور اس کے حساب کتاب کے طریقہ سے بھی) خوب واقف ہوں (چنانچہ بجائے اس کے کہ ان کو کوئی خاص منصب دیتا مثل اپنے پورے اختیارات ہر قسم کے دے دیئے گویا حقیقت میں بادشاہ یہی ہو گئے گو برائے نام وہ بادشاہ رہا اور یہ عزیز کے عہدہ سے مشہور ہوئے چنانچہ ارشاد ہے) اور ہم نے ایسے (عجیب) طور پر یوسف (علیہ السلام) کو ملک (مصر) میں بااختیار بنا دیا کہ اس میں جہاں چاہیں رہیں سہیں (جیسا کہ بادشاہوں کو آزادی عنایت ہوتی ہے یعنی یا تو وہ وقت تھا کہ کنوئیں میں محبوس تھے پھر عزیز کی ماتحتی میں مقید رہے پھر قید خانہ میں بند رہے اور یا آج یہ خود مختاری اور آزادی عنایت ہوئی بات یہ ہے کہ) ہم جس پر چاہیں اپنی عنایت متوجہ کر دیں اور ہم نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے (یعنی دنیا میں بھی نیکی کا اجر ملتا ہے کہ حیٰوۃ طیبہ عطا فرماتے ہیں خواہ ضمن میں یسار کے جیسا یوسف علیہ السلام کے لئے تھا خواہ ضمن میں عسار کے کہ قناعت ورضا جس سے عیش لذیذ میسر ہوتا ہے عطا فرماتے ہیں یہ تو اجر دنیا میں ہوا) اور آخرت کا اجر کہیں زیادہ بڑھ کر ہے ایمان اور تقویٰ والوں کے لئے۔

ف: یوسف علیہ السلام کے اس اہتمام براءت سے معلوم ہوا کہ رفع تہمت میں سعی کرنا امر مطلوب ہے حدیثوں میں اس کا مطلوب ہونا وارد ہے منجملہ اس کے فوائد کے یہ بھی ہے کہ لوگ غیبت سے بچیں گے اپنا قلب بھی تشویش سے محفوظ رہے گا گو عزیز کو براءت سے پہلے سے معلوم تھی مگر استحکام یقین عزیز اور رفع بدنامی عند العوام مصلحت جدید تھی ۔ در یوسف علیہ السلام کے اس قول سے اجْعَلْنِيْ الخ معلوم ہوا کہ جب کسی کام کی لیاقت اپنے اندر منحصر دیکھے خود اس کی درخواست جائز ہے مگر مقصود نفع رسانی ہو نہ کہ نفس پروری اور اجر موعود فی الدنیا کی تفسیر جو حَيٰوةً طَيِّبَةً سے کی گئی یہ دوسری آیت میں منصوص ہے: مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ [النحل: ۹۷] پس بعضوں کو دنیوی ثروت نہ ملنے سے کوئی اشکال لازم نہیں آتا اور در منثور میں

www.besturdubooks.net

منقول ہے کہ عزیز اسی زمانہ میں مر گیا اور زلیخا سے یوسف علیہ السلام کا نکاح ہو گیا۔ واللہ اعلم

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ؕ۔ یہ اس لئے فرمایا کہ تہمت کا ازالہ ہو جاوے اور مقتدا کو یہی مناسب ہے تاکہ اس کی دعوت الی الحق پر نفع مرتب ہو اور حدیث لاجبت الداعی میں حضور کی تواضع ہے اور بیان ہے یوسف علیہ السلام کے کمال حلم واستقلال کا جیسا بہت سی حدیثوں میں دوسرے حضرات انبیاء علیہم السلام کا ذکر فرمایا ہے قولہ تعالیٰ: ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَاۤ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ۔ مقصود یہ ہے کہ اس تحقیق میں حکمت واقع کا اظہار ہے نہ کہ علی الاطلاق یعنی ہر نقص سے یا علی الاستقلال یعنی بدون توفیق حق کے نزاہت کا دعویٰ اور اس میں دلالت ہے کہ اگر اپنے کمالات کبھی بیان کرنا پڑیں تو اس بیان کی حکمت بھی ظاہر کر دینا بہتر ہے تاکہ ایہام سے محفوظ رہے ۱۲ قولہ تعالیٰ: قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ۔ اس میں دلالت ہے کہ منصب وحکومت کی درخواست جب کہ اس میں مخلوق کا نفع ہو اور خود اپنا یہ ضرر نہ ہو کہ غیر اللہ میں مشغول ہو جاوے قادح فی الکمال نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی ليعلم زائد لان نفس اليقين كان اصلاً بالأيات كشهادة شاهد وغيرها ۱۲ ۔ ۲؎ قوله فی الا ما رحم بجز اس نفس کے كما روى عن ابن عباس فی الخازن ان معناه من عصم ربی فهو كقوله تعالىٰ ما طاب لكم من النساء ۱۲ ۔ ۳؎ قوله فی توضيحه جن میں یوسف علیہ السلام کا نفس بھی صرح به فی المدارك ۱۲ ۔ ۴؎ قوله قبل مكنا عزیز لقوله تعالىٰ فيما بعد ايها العزيز ۱۲۔

البلاغۃ: قوله فاسئله فی الروح وانما لم يقل فاسناله ان يفتش عن ذلك حثا للملك على الجد فی التفتيش لتتبين براء ته وتتضح نزاهته فان السؤال عن شئی مما يهيج الانسان ويحركه للبحث لانه يانف من الجهل ولو قال سله ان يفتش لكان تهيجاله عن الفحص عن ذلك وفيه جراة عليه فربما امتنع منه ولم يلتفت اليه ۱۵ ۱۲۔ قوله ما خطبكن وقوله ذلك ليعلم وقوله فلما كلمه قيل هذه الجمل كلها جمل مقدرة ففيها ايجاد ۱۲۔

وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝۵۸ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ
ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْۤ اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝۵۹ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ
بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ۝۶۰ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ۝۶۱ وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ
اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَاۤ اِذَا انْقَلَبُوْۤا اِلٰۤى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝۶۲ فَلَمَّا
رَجَعُوْۤا اِلٰۤى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰۤاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَاۤ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ
لَحٰفِظُوْنَ ۝۶۳ قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَاۤ اَمِنْتُكُمْ عَلٰۤى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَيْرٌ
حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝۶۴ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ؕ قَالُوْا
يٰۤاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ؕ ذٰلِكَ
كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ۝۶۵ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ يُّحَاطَ
بِكُمْ ۚ فَلَمَّاۤ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ۝۶۶ وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ
بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَاۤ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ اِنِ
الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝۶۷ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ

www.besturdubooks.net

أَبُوهُم مَّا كَانَ يُغْنِي عَنْهُم مِّنَ اللَّهِ مِن شَيْءٍ إِلَّا حَاجَةً فِي نَفْسِ يَعْقُوبَ قَضَاهَا ۚ وَإِنَّهُ لَذُو
عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنَاهُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٦٨﴾ ع ۸ / ۱۱

اور (کنعان میں بھی قحط ہوا تو) یوسف علیہ السلام کے بھائی آئے پھر یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے سو یوسف علیہ السلام نے ان کو پہچان لیا اور انہوں نے یوسف علیہ السلام کو نہیں پہچانا اور جب یوسف علیہ السلام نے ان کا سامان (غلہ کا) تیار کرا یا تو (چلتے وقت) فرمادیا کہ اپنے علاتی بھائی کو بھی (ساتھ) لانا (تا کہ اس کا حصہ بھی دیا جا سکے) تم دیکھتے نہیں ہو کہ میں پورا ناپ کر دیتا ہوں اور سب سے زیادہ مہمان نوازی کرتا ہوں اور اگر تم (دوبارہ آئے اور) اس کو میرے پاس نہ لائے تو نہ میرے پاس تمہارے نام کا غلہ ہوگا اور نہ تم میرے پاس آنا وہ بولے (دیکھئے) ہم اپنے امکان تک تو اس کے باپ سے اس کو مانگیں گے اور ہم اس کام کو ضرور کریں گے اور یوسف علیہ السلام نے اپنے نوکروں سے کہہ دیا کہ ان کی جمع پونجی ان ہی کے اسباب میں (چھپا کر) رکھ دو تا کہ جب وہ گھر جاویں تو اس کو پہچانیں شاید (یہ احسان وکرم دیکھ کر) پھر دوبارہ آئیں۔ غرض جب لوٹ کر اپنے باپ (یعقوب علیہ السلام) کے پاس پہنچے کہنے لگے اے ابا ہمارے لئے (مطلقاً) غلہ کی بندش کر دی گئی سو آپ ہمارے بھائی بنیامین کو ہمارے ساتھ بھیجئے تا کہ ہم (پھر) غلہ لاسکیں اور ہم ان کی پوری حفاظت رکھیں گے یعقوب علیہ السلام نے فرمایا کہ بس رہنے دو میں اس کے بارہ میں بھی تمہارا ویسا ہی اعتبار کرتا ہوں جیسا کہ اس سے پہلے اس کے بھائی (یوسف علیہ السلام) کے بارہ میں تمہارا اعتبار کر چکا ہوں سو اللہ (کے سپرد وہی) سب سے بڑھ کر نگہبان ہے اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے اور (اس گفتگو کے بعد) جب انہوں نے اپنا اسباب کھولا تو (اس میں) ان کو ان کی جمع پونجی بھی ملی جو ان ہی کو واپس کر دی گئی تھی کہنے لگے اے ابا (لیجئے) اور ہم کو کیا چاہئے کہ یہ ہماری جمع پونجی بھی تو ہم ہی کو لوٹا دی گئی اور اپنے گھر والوں کے لئے (اور) رسد لا دیں گے اور اپنے بھائی کی خوب حفاظت رکھیں گے اور ایک اونٹ کا بوجھ غلہ اور زیادہ لاویں گے یہ تو تھوڑا سا غلہ ہے یعقوب علیہ السلام نے فرمایا کہ اس وقت تک ہرگز اس کو تمہارے ہمراہ نہ بھیجوں گا جب تک کہ اللہ کی قسم کھا کر مجھ کو پکا قول نہ دو کہ تم اس کو ضرور ہی لے آؤ گے ہاں اگر کہیں گھر جاؤ تو مجبوری ہے (چنانچہ سب نے اس پر قسم کھائی) سو جب وہ قسم کھا کر اپنے باپ کو قول دے چکے تو انہوں نے فرمایا کہ ہم لوگ جو کچھ بات چیت کر رہے ہیں یہ سب اللہ ہی کے حوالے ہے اور (چلتے وقت) یعقوب علیہ السلام نے فرمایا کہ اے میرے بیٹو سب کے سب ایک ہی دروازے سے مت جانا بلکہ علیحدہ علیحدہ دروازوں سے جانا اور خدا کے حکم کو تم پر سے نہیں ٹال سکتا حکم تو بس اللہ ہی کا (چلتا) ہے (باوجود اس تدبیر ظاہری کے دل سے) اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی پر اور بھروسہ کرنے والوں کو بھروسہ رکھنا چاہئے اور جب (مصر پہنچ کر) جس طرح ان کے باپ نے کہا تھا (اسی طرح شہر میں) داخل ہوئے تو باپ کا ارمان پورا ہو گیا (باقی) ان کے باپ کو ان سے (یہ تدبیر بتلا کر) خدا کا حکم ٹالنا مقصود نہ تھا لیکن یعقوب علیہ السلام کے جی میں (درجہ تدبیر میں) ایک ارمان (آیا) تھا جس کو انہوں نے ظاہر کر دیا اور وہ بلاشبہ بڑے عالم تھے بایں وجہ کہ ہم نے ان کو علم دیا تھا لیکن اکثر لوگ اس کا علم نہیں رکھتے۔ ۞

تفسیر: ظہور قحط و بار اول آمدن برادران یوسف علیہ السلام و بازگشتن ☆ وَجَاءَ إِخْوَةُ يُوسُفَ (الی قولہ تعالی) وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٦٨﴾ (غرض یوسف علیہ السلام نے بااختیار ہو کر غلہ کاشت کرانا اور جمع کرانا شروع کیا اور سات برس کے بعد قحط شروع ہوا یہاں تک کہ دور دور سے یہ خبر سن کر کہ مصر میں سلطنت کی طرف سے غلہ فروخت ہوتا ہے جوق جوق لوگ آنا شروع ہوئے) اور (کنعان میں بھی قحط ہوا) یوسف (علیہ السلام) کے بھائی (بھی بجز بنیامین کے غلہ لینے مصر میں) آئے پھر یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچے سو یوسف (علیہ السلام) نے (تو) ان کو پہچان لیا اور انہوں نے یوسف (علیہ السلام) کو نہیں پہچانا کیونکہ ان میں تغیر کم ہوا تھا نیز یوسف علیہ السلام کو ان کے آنے کا خیال اور قوی احتمال بھی تھا پھر نو وارد سے پوچھ بھی لیتے ہیں اور شناسا لوگوں کو تھوڑے پتہ سے اکثر پہچان بھی لیتے ہیں بخلاف یوسف علیہ السلام کے کہ ان میں چونکہ مفارقت کے وقت بہت کم عمر تھے تغیر بھی زیادہ ہو گیا تھا اور ان کو یوسف علیہ السلام کے ہونے کا احتمال بھی نہ تھا پھر حکام سے کوئی پوچھ بھی نہیں سکتا کہ آپ کون ہیں یوسف علیہ السلام کا معمول تھا کہ ہر شخص کے ہاتھ غلہ صرف بقدر حاجت فروخت کرتے تھے چنانچہ ان کو بھی جب فی آدمی ایک ایک اونٹ غلہ داموں کی عوض ملنے لگا تو انہوں نے کہا کہ ہمارا ایک علاتی بھائی اور ہے اس کو باپ نے اس وجہ سے کہ ان کا ایک بیٹا گم ہو گیا تھا اپنی تسلی کے لئے رکھ لیا ہے اس کے حصہ کا بھی ایک اونٹ غلہ زیادہ مول دے دیا جاوے یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ قانون کے خلاف ہے اگر اس کا حصہ لینا ہے وہ خود آ کر لے جاوے غرض ان کے حصہ کا غلہ ان کو دلوا دیا) اور جب یوسف (علیہ السلام) نے ان کا سامان (غلہ کا) تیار کر دیا تو (چلتے وقت) فرمادیا کہ (اگر یہ غلہ خرچ کر کے اب کے آنے کا ارادہ ہو تو) اپنے علاتی بھائی کو بھی (ساتھ) لانا (تا کہ اس کا حصہ بھی دیا جا سکے) تم دیکھتے نہیں ہو کہ میں پورا ناپ کر دیتا ہوں اور میں سب سے زیادہ مہمان نوازی کرتا ہوں (پس اگر تمہارا وہ بھائی آ دے گا اس کو بھی پورا حصہ دوں گا اور اس کی خوب خاطر داشت کروں گا جیسا تم نے اپنے ساتھ دیکھا غرض آنے میں تو نفع ہی نفع ہے) اور اگر تم (دوبارہ آئے اور) اس کو میرے پاس نہ لائے تو (میں سمجھوں گا کہ تم مجھ کو دھوکہ دے کر غلہ زیادہ لینا چاہتے تھے تو اس کی سزا میں) نہ میرے پاس تمہارے نام کا غلہ ہوگا اور نہ تم میرے پاس آنا (پس

www.besturdubooks.net

اس کے نہ لانے میں یہ نقصان ہوگا کہ تمہارے حصہ کا غلہ بھی سوخت ہو جاوے گا) وہ بولے (دیکھئے) ہم (اپنی حد امکان تک تو) اس کے باپ سے اس کو مانگیں گے اور ہم اس کام کو (یعنی کوشش اور درخواست) ضرور کریں گے (آگے باپ کے اختیار میں ہے) اور (جب وہاں سے بالکل چلنے لگے تو) یوسف (علیہ السلام) نے اپنے نوکروں سے کہہ دیا کہ ان کی جمع پونجی (جس کے عوض انہوں نے غلہ مول لیا ہے) ان (ہی) کے اسباب میں (چھپا کر) رکھ دو تاکہ جب اپنے گھر جاویں تو اس کو (جب وہ اسباب میں سے نکلے) پہچانیں شاید (یہ احسان و کرم دیکھ کر) پھر دوبارہ آویں (چونکہ یوسف علیہ السلام کو ان کا دوبارہ آنا اور ان کے بھائی کا لانا منظور تھا اس لئے کئی طرح سے اس کی تدبیر کی اول وعدہ کیا کہ (اگر اس کو لاؤ گے تو اس کا بھی حصہ ملے گا دوسرے وعید سنا دی کہ اگر نہ لاؤ گے تو اپنا حصہ بھی نہ پاؤ گے تیسرے دام جو کہ نقد کے علاوہ کوئی اور چیز تھی واپس کر دیئے دو خیال سے ایک یہ کہ اس سے احسان و کرم پر استدلال کر کے پھر آویں گے دوسرے اس لئے کہ شاید ان کے پاس اور دام نہ ہوں اور اس لئے پھر نہ آسکیں اور جب یہ دام ہوں گے ان ہی کو لے کر پھر آسکتے ہیں) غرض جب لوٹ کر اپنے باپ (یعقوب علیہ السلام) کے پاس پہنچے کہنے لگے اے ابا (ہماری بڑی خاطر ہوئی اور غلہ بھی ملا مگر بنیامین کا حصہ نہیں ملا بلکہ بدون بنیامین کے ساتھ لے جائے ہوئے آئندہ بھی) ہمارے لئے (مطلقاً) غلہ کی بندش کر دی گئی سو (اس صورت میں ضروری ہے کہ) آپ ہمارے بھائی (بنیامین) کو ہمارے ساتھ بھیج دیجئے تاکہ (دوبارہ غلہ لانے سے جو امر مانع ہے وہ مرتفع ہو جاوے اور) ہم (پھر) غلہ لاسکیں اور (اگر ان کے بھیجنے سے آپ کو کوئی اندیشہ مانع ہے تو اس کے متعلق یہ عرض ہے کہ) ہم ان کی پوری حفاظت رکھیں گے یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا کہ بس (رہنے دو) میں اس کے بارہ میں بھی تمہارا ویسا ہی اعتبار کرتا ہوں جیسا اس سے پہلے اس کے بھائی (یوسفؑ) کے بارہ میں تمہارا اعتبار کر چکا ہوں (یعنی دل تو میرا گواہی دیتا نہیں مگر تم کہتے ہو کہ بدون اس کے گئے ہوئے آئندہ غلہ نہ ملے گا اور وہ عادتاً موقوف علیہ ہے قوام بدن و حیات جسمانی کا جس کی تحصیل فرض ہے) سو (خیر اگر لے ہی جاؤ گے تو) اللہ (کی سپرد وہی) سب سے بڑھ کر نگہبان ہے (میری نگہبانی سے کیا ہوتا ہے) اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے (میری محبت اور شفقت سے کیا ہوتا ہے) اور (اس گفتگو کے بعد) جب انہوں نے اپنا اسباب کھولا (تو اس میں) ان کی جمع پونجی (بھی) ملی کہ ان ہی کو واپس کر دی گئی کہنے لگے کہ اے ابا (لیجئے) اور ہم کو کیا چاہئے یہ ہماری جمع پونجی بھی تو ہم ہی کو لوٹا دی گئی (ایسا کریم بادشاہ ہے اور اس سے زیادہ کس عنایت کا انتظار کریں یہ عنایت بس ہے اس کا مقتضا بھی یہی ہے کہ ایسے کریم بادشاہ کے پاس پھر جاویں اور وہ موقوف ہے بھائی کے ساتھ لے جانے پر اس لئے اجازت ہی دے دیجئے ان کو ساتھ لے جاویں گے) اور اپنے گھر والوں کے واسطے (اور) رسد لاویں گے اور اپنے بھائی کی خوب حفاظت رکھیں گے اور ایک اونٹ کا بوجھ غلہ اور زیادہ لاویں گے (کیونکہ جس قدر اس وقت لائے ہیں) یہ تو تھوڑا سا غلہ ہے (جلدی ختم ہو جاوے گا پھر اور ضرورت ہوگی اور اس کا ملنا موقوف ہے ان کے لے جانے پر) یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (خیر اس حالت میں بھیجنے سے انکار نہیں لیکن) اس وقت تک ہرگز اس کو تمہارے ہمراہ نہ بھیجوں گا جب تک کہ اللہ کی قسم کھا کر مجھ کو پکا قول نہ دو گے کہ تم اس کو ضرور لے ہی آؤ گے ہاں اگر کہیں گھر ہی جاؤ تو مجبوری ہے (چنانچہ سب نے اس پر قسم کھائی) سو جب وہ قسم کھا کر اپنے باپ کو قول دے چکے تو انہوں نے فرمایا کہ ہم لوگ جو کچھ بات چیت کر رہے ہیں یہ سب اللہ کے حوالے (یعنی وہی ہمارے قول و قرار کا گواہ ہے کہ سن رہا ہے اور وہی اس قول کو پورا کر سکتا ہے پس اس کہنے سے دو غرض ہوئیں اول ان کو اپنے قول کے خیال رکھنے کی ترغیب اور تنبیہ کہ اللہ کو حاضر ناظر سمجھنے سے یہ بات ہوتی ہے اور دوسرے اس تدبیر کا منتہی تقدیر کو قرار دینا کہ توکل کا حاصل ہے اور اس کے بعد بنیامین کو ہمراہ جانے کی اجازت دے دی غرض دوبارہ مصر کے سفر کو مع بنیامین سب تیار ہوئے) اور (چلتے وقت) یعقوب (علیہ السلام) نے (ان سے) فرمایا کہ اے میرے بیٹو (جب مصر میں پہنچو تو) سب کے سب ایک ہی دروازہ سے مت جانا بلکہ علیحدہ علیحدہ دروازوں سے جانا اور (یہ محض ایک تدبیر ظاہری ہے بعض مکروہات مثل نظر بد وغیرہ سے بچنے کی باقی) خدا کے حکم کو تم پر سے نہیں ٹال سکتا حکم تو بس اللہ ہی کا (چلتا) ہے (باوجود اس تدبیر ظاہری کے دل سے) اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی پر اور بھروسہ کرنے والوں کو بھروسہ رکھنا چاہئے (یعنی تم بھی اسی پر بھروسہ رکھنا تدبیر پر نظر مت کرنا غرض سب رخصت ہو کر چلے) اور جب (مصر پہنچ کر) جس طرح ان کے باپ نے کہا تھا (اسی طرح شہر کے) اندر داخل ہوئے تو باپ کا ارمان پورا ہو گیا (باقی) ان کے باپ کو ان سے (یہ تدبیر بتلا کر) خدا کا حکم ٹالنا مقصود نہ تھا (تاکہ ان پر کسی قسم کا اعتراض یا اس تدبیر کے نافع نہ ہونے سے ان پر شبہ لازم آوے چنانچہ خود انہوں نے ہی فرما دیا تھا: مَآ اُغْنِىْ عَنْكُمْ الخ) لیکن یعقوب (علیہ السلام) کے جی میں (درجۂ تدبیر میں) ایک ارمان (آیا) تھا جس کو انہوں نے ظاہر کر دیا اور وہ بلاشبہ بڑے عالم تھے بایں وجہ کہ ہم نے ان کو علم دیا تھا (وہ علم کے خلاف تدبیرؔ واعتقاداً مؤثر حقیقی کب سمجھ سکتے تھے صرف ان کے اس قول کی وجہ وہی عملاً ایک تدبیر کا ارتکاب تھا جو کہ مشروع و محمود ہے) لیکن اکثر لوگ اس کا علم نہیں رکھتے (بلکہ جہل سے تدبیر کو مؤثر حقیقی اعتقاد کر لیتے ہیں) **ف**: بعض کتب میں لکھا ہے کہ اول بار میں یوسف علیہ السلام نے بنیامین کا حصہ دے دیا تھا مگر آگے کے لئے روک دیا تھا کہ بدون بنیامین کے غلہ لینے مت آنا ورنہ بالکل نہ ملے گا' واللہ اعلم۔ ایک سوال اس مقام پر یہ پیدا ہوتا ہے کہ یوسف علیہ السلام نے جس طرح اپنے بھائی کے بلانے کی تدبیر کی یعقوب علیہ السلام کے بلانے کا اہتمام کیوں نہ فرمایا خواہ اپنے

www.besturdubooks.net

حال کی صاف اطلاع کر کے خواہ کسی تدبیر سے اس کا جواب یہ ہے کہ آپ کو وحی سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ ابھی ملاقات مقدر نہیں ہے یا کوئی اور مصلحت خفی ہو ایک سوال یہ ہے کہ یعقوب علیہ السلام بھی مشاہیر میں سے تھے اور یوسف علیہ السلام بھی پھر خبر کیسے مخفی رہی روح المعانی میں ختم قصہ پر یہ جواب دیا ہے کہ یہ امر غلبۂ قدرت سے منجملہ خوارق عادات ہے کہ ایک سوال یہ ہے کہ یعقوب علیہ السلام جب ان بیٹوں کا تجربہ کر چکے تھے اور حضرت بنیامین کو خطرہ میں ڈالنا کب جائز تھا اس کا جواب توضیح ترجمہ هَلْ اٰمَنُكُمْ الخ سے ظاہر ہے کہ نہ بھیجنے میں ضرر متیقن تھا اور بھیجنے میں ضرر متوہم تھا جس کا تدارک بھی قسم وغیرہ سے ہو گیا تھا پس بھیجنا جائز بلکہ ضروری ہوا ایک سوال یہ ہے کہ پہلی بار جو یہ غلہ لینے گئے تھے اس وقت یہ وصیت کیوں نہیں فرمائی گئی لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ الخ اس کے دو جواب دیئے گئے ہیں ایک یہ اس وقت مصر والے ان کو پہچانتے نہ تھے کسی نے التفات بھی نہ کیا تھا اور ایک بار جانے سے جو یوسف علیہ السلام نے ان کے ساتھ عنایت کا خاص برتاؤ کیا تو ان پر نظریں پڑنے لگیں اور تھے سب وجیہ و شکیل اس لئے نظر بد کا حسد کا بہت سے چیزوں کا ان پر احتمال ہوا۔ دوسرے یہ کہ زیادہ مقصود بنیامین کی حفاظت تھی اور پہلی بار وہ ساتھ نہ تھے ایک سوال یہ ہے کہ ظاہر قرآن کے الفاظ مَا كَانَ يُغْنِيْ الخ سے معلوم ہوتا ہے کہ یعقوب علیہ السلام کی تدبیر نافع نہیں ہوئی حالانکہ بالیقین حسد و نظر بد وغیرہ جن کو اجتماع و تفرق فی الدخول سے تعلق ہے یہ امور واقع نہیں ہوئے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ تدبیر نافع ہوئی اور یہ صورت تعارض کی ہے جواب یہ ہے کہ نافع نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اصل مقصود یعقوب علیہ السلام کا یہ تھا کہ ان پر کوئی حادثہ واقعہ نہ ہو کچھ تخصیص حسد وغیرہ کی نہ تھی لیکن ان کے ذہن میں وہ امور آئے جو واقع ہونے والے نہ تھے اور ان ہی کی تدبیر بتلا دی اور جو امور مقدر تھے وہ ذہن میں بھی نہ آئے اور واقع ہوئے پس تدبیر کا نافع نہ ہونا باعتبار اصل مقصود کے صحیح ہوا اور آیت قَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا الخ کا مقصود مدلول بعبارۃ النص احقر کے ذوق میں غالبًا خود اس قول کا نقل کرنا یا ایسی تدبیرات کی ترغیب دینا نہیں ہے بلکہ اس حکایت مشہورہ پر ظاہرا جو شبہ ہوتا تھا کہ یہ تدبیر خلاف شان نبوت ہے اس کا جواب دینا مقصود ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ خلاف شان جب ہوتا جب اس کو مؤثر حقیقی سمجھتے اور توکل کے ساتھ تدبیر کرنا منافی شان نہیں ہے البتہ اگر نظر بد کوئی چیز نہ ہوتی تب بھی شبہ باقی رہتا لیکن دلیل نقلی و تجربہ سے اس کا مؤثر ہونا خود ثابت ہے اس لئے شبہ کی اصلاً گنجائش نہ رہی۔

ترجمۂ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ : اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝ اس میں دلالت ہے کہ اپنی خوش معاملگی کا اظہار اگر اس سے اپنی مدح مقصود نہ ہو بلکہ اس میں کوئی مصلحت ہو منافی تواضع نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا اس میں دلالت ہے کہ تدبیر ماذون فیہ توکل کے منافی نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ : ۱؎ قولہ قبل لما جهزهم فی آدمی ایک دل علیہ قولہ تزداد کیل بعیر ۱۲۔ ۲؎ قولہ فی لفاعلون کوشش الخ کذا ما فی البیضاوی ای لفاعلون الاجتهاد لا الاتیان بالاخ ۱۲۔ ۳؎ قولہ فی کیل بعیر غلہ اشارۃ الی ان الکیل بمعنی المکیل ۱۲۔ ۴؎ قولہ فی جواب کما دخلوا باپ کا ارمان اشارۃ الی حذف الجواب دل علیہ قضاها ۱۲۔

رسم الخط : قولہ اوف الکیل اسقاط الیاء لعدم التلفظ بها لا لتقاء الساکنین ۱۲۔

اللغات : الرجل فی القاموس مرکب للبعیر ومسکنک وایستصحبه من الاثاث ۱۲۔ قولہ حاجة المراد به الشفقة مجاز لان الحاجة الی الشیٔ الفقر الیه مع محبته فالمحبة والشفقة جزء من مفهومها الحقیقی ۱۲۔ قولہ قضاها اظهرها ۱۲۔

النحو : قولہ موثقا من الله صفة موثقا وهو مصدر میمی بمعنی المفعول والمراد الحلف بالله تعالیٰ وانما جعل الحلف به سبحانه موثقا منه لانه مما توکد العهود وتشدد وقد اذن الله تعالیٰ بذلك فهو اذن منه تعالیٰ شانه کذا فی الروح قولہ الا حاجة استثناء منقطع بمعنی لکن ۱۲۔

البلاغۃ : قولہ منع منا الکیل ای حکم بعد الیوم والتعبیر بذلك عما ذکر مجاز للمبالغة کان المنع قد وسع وهذا علی روایة انه علیه السلام اعطی لاخیه وسقا وقیل ان الفعل علی حقیقة بناء علی روایة انه لم یعطه وسقا والله اعلم ۱۲۔

وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ۝ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ۝ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ

www.besturdubooks.net

وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّ اَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ۝۷۲ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ

فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ۝۷۳ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ۝۷۴ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ

وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝۷۵ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَاۗءِ

اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَاۗءِ اَخِيْهِ ۭ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ۭ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ

اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ اللّٰهُ ۭ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَاۗءُ ۭ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ

عَلِيْمٌ ۝۷۶ قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ

يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ۝۷۷ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗٓ اَبًا

شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۷۸ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا

مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ۝۷۹ ع ۹

اور جب یہ لوگ (برادران یوسف علیہ السلام) یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے تو انہوں نے اپنے بھائی کو اپنے ساتھ ملا لیا اور تنہائی میں ان سے کہا کہ میں تیرا بھائی یوسف ہوں سو یہ لوگ جو کچھ (بدسلوکی) کرتے رہے ہیں اس کا رنج مت کرنا۔ پھر جب یوسف علیہ السلام نے ان کا سامان تیار کر دیا تو پانی پینے کا برتن اپنے بھائی کے اسباب میں رکھ دیا پھر ایک پکارنے والے نے پکارا کہ اے قافلہ والو تم ضرور چور ہو وہ ان (تلاش کرنے والوں) کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگے کہ تمہاری کیا چیز گم ہو گئی ہے انہوں نے کہا کہ ہم کو بادشاہی پیمانہ نہیں ملتا (وہ غائب ہے) اور جو شخص اس کو لا کر حاضر کرے اس کو ایک بار غلہ شتر ملے گا اور میں اس کا دلوانے کا ذمہ دار ہوں۔ یہ لوگ کہنے لگے کہ بخدا تم کو خوب معلوم ہے کہ ہم لوگ ملک میں فساد پھیلانے نہیں آئے اور ہم لوگ چوری کرنے والے نہیں ان (ڈھونڈنے والے) لوگوں نے کہا اگر تم جھوٹے نکلے تو اس (چور) کی کیا سزا انہوں نے جواب دیا کہ اس کی سزا یہ ہے کہ جس شخص کے اسباب میں سے ملے پس وہی شخص اپنی سزا ہم لوگ ظالموں (یعنی چوروں) کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں پھر یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائی کے اسباب کے تھیلے سے قبل تلاشی کی ابتداء اول دوسرے بھائیوں کے (اسباب کے تھیلوں سے کی) پھر (آخر میں) اس برتن کو اپنے بھائی کے (اسباب کے تھیلے سے) برآمد کر لیا ہم نے یوسف علیہ السلام کی خاطر اس طرح تدبیر فرمائی یوسف علیہ السلام اپنے بھائی کو اس بادشاہ مصر کے قانون کی رو سے نہیں لے سکتے تھے مگر یہ ہے کہ اللہ ہی کو منظور تھا ہم جس کو چاہتے ہیں (علم میں) خاص درجوں تک بڑھا دیتے ہیں اور تمام علم والوں سے بڑھ کر ایک بڑا علم والا ہے۔ کہنے لگے کہ (صاحب) اگر اس نے چوری کی تو (تعجب نہیں کیونکہ) اس کا ایک بھائی تھا (وہ) بھی (اسی طرح) اس کے پہلے چوری کر چکا ہے پس یوسف علیہ السلام نے اس بات کو (جو آگے آتی ہے) اپنے دل میں پوشیدہ رکھا اور اس کو ان کے سامنے (زبان سے) ظاہر نہیں کیا یعنی (دل میں) یوں کہا کہ اس (چوری) کے درجہ میں تم تو اور بھی زیادہ برے ہو اور جو کچھ تم بیان کر رہے ہو اسکی حقیقت کا اللہ ہی کو خوب علم ہے۔ کہنے لگے اے عزیز اس (بنیامین) کا ایک بہت بوڑھا باپ ہے سو (آپ ایسا کیجئے کہ اس کی جگہ) ہم میں سے ایک کو رکھ لیجئے اور اپنا مملوک بنا لیجئے ہم آپ کو نیک مزاج دیکھتے ہیں (یوسف علیہ السلام نے کہا کہ ایسی (بے انصافی کی) بات سے خدا بچائے کہ جس کے پاس ہم نے اپنی چیز پائی ہے اس کے سوا دوسرے شخص کو پکڑ کر رکھ لیں اس حالت میں تو ہم بڑے بے انصاف سمجھے جاویں گے۔ ۝

تفسیر: بار دوم آمدن برادرانِ یوسف علیہ السلام ☆ وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ (الی قولہ تعالی) اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ۝ اور جب یہ لوگ (یعنی برادرانِ یوسف) یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچے (اور بنیامین کو پیش کر کے کہا کہ ہم آپ کے حکم کے موافق ان کو لائے ہیں) انہوں نے اپنے بھائی کو اپنے ساتھ ملا لیا (اور تنہائی میں ان سے) کہا کہ میں تیرا بھائی (یوسف) ہوں سو یہ لوگ جو کچھ (بدسلوکی) کرتے رہے ہیں اس کا رنج مت کرنا (کیونکہ اب تو اللہ نے ہم کو ملا دیا اب سب غم بھلا دینا چاہئے یوسف علیہ السلام کے ساتھ بدسلوکی تو ظاہر اور مشہور ہے رہا بنیامین کے ساتھ سو یا تو ان کو بھی کچھ تکلیف دی ہو ورنہ یوسف علیہ السلام کی جدائی کیا ان کے حق میں کچھ کم تکلیف ہے پھر دونوں بھائیوں نے مشورہ کیا کہ کوئی ایسی صورت ہو کہ بنیامین یوسف کے پاس رہیں کیونکہ ویسے رہنے میں تو اور بھائیوں کا بوجہ عہد و سوگند کے اصرار ہوگا ناحق کا جھگڑا ہوگا اور پھر اگر وجہ بھی ظاہر ہو گئی تو راز کھلا اور اگر مخفی رہی تو یعقوب علیہ السلام کا رنج بڑھے گا

www.besturdubooks.net

کہ بلاسبب کیوں رکھے گئے یا کیوں رہے یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ تدبیر تو ہے مگر ذرا تمہاری بدنامی ہے بنیامین نے کہا کچھ پرواہ نہیں غرض ان میں یہ امر قرار پا گیا اور ادھر سب کو غلہ دے کران کی رخصت کا سامان درست کیا گیا) پھر جب یوسف (علیہ السلام) نے ان کا سامان (غلہ اور روانگی کا) تیار کر دیا تو (خود یا کسی معتمد کی معرفت) پانی پینے کا برتن (کہ وہی پیانہ غلہ دینے کا بھی تھا) اپنے بھائی کے اسباب میں رکھ دیا پھر (جب یہ لاد پھاند کر چلے تو یوسف علیہ السلام کے حکم سے پیچھے سے) ایک پکارنے والے نے پکارا کہ اے قافلہ والو تم ضرور چور ہو وہ ان (تلاش کرنے والوں) کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگے کہ تمہاری کیا چیز گم ہوگئی ہے (جس کی چوری کا ہم پر شبہ ہوا) انہوں نے کہا کہ ہم کو بادشاہی پیمانہ نہیں ملتا (وہ غائب ہے) اور جو شخص اس کو (لاکر) حاضر کرے اس کو ایک بار شتر غلہ (بطور انعام کے خزانہ سے) ملے گا (اور یا یہ مطلب ہو کہ اگر خود چور بھی مال دے دے تو عفو کے بعد انعام پائے گا) اور میں (اس کے دلوانے) کا ذمہ دار ہوں (غالبًا یہ نداء اور یہ وعدۂ انعام بحکم یوسف علیہ السلام ہوگا) یہ لوگ کہنے لگے کہ بخدا تم کو خوب معلوم ہے کہ ہم ملک میں فساد پھیلانے (جس میں چوری بھی داخل ہے) نہیں آئے اور ہم لوگ چوری کرنے والے نہیں (یعنی ہمارا شیوہ نہیں ہے) ان (ڈھونڈنے والے) لوگوں نے کہا اچھا اگر تم جھوٹے نکلے (اور تم میں سے کسی پر سرقہ ثابت ہوگیا) تو اس (چور) کی کیا سزا انہوں نے (موافق شریعت یعقوب علیہ السلام کے) جواب دیا کہ اس کی سزا یہ ہے کہ وہ جس شخص کے اسباب میں ملے پس وہی شخص اپنی سزا (یعنی چوری کے عوض میں خود اس کی ذات کو صاحب مال اپنا غلام بنالے) ہم لوگ ظالموں (یعنی چوروں) کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں (یعنی ہماری شریعت میں یہی مسئلہ اور عمل ہے غرض یہ امر یا ہم ٹھہرنے کے بعد اسباب اتر وادیا گیا) پھر (تلاشی کے وقت) یوسف (علیہ السلام) نے (خود یا کسی معتمد کی معرفت) اپنے بھائی کے (اسباب کے) تھیلے سے قبل تلاشی کی ابتداء اول دوسرے بھائیوں کے (اسباب کے) تھیلوں سے کی پھر (اخیر میں) اس (برتن) کو اپنے بھائی کے (اسباب کے) تھیلے سے برآمد کرلیا ہم نے یوسف (علیہ السلام) کی خاطر سے اس طرح (بنیامین کے رکھنے کی) تدبیر فرمائی وجہ اس تدبیر کی یہ ہوئی کہ) یوسف اپنے بھائی اور بادشاہ (مصر) کے قانون کی رو سے نہیں لے سکتے تھے (کیونکہ اس کے قانون میں کچھ تادیب و جرمانہ تھا روی الثانی الطبری عن معمر والاول فی روح المعانی) مگر یہ ہے کہ اللہ ہی کو منظور تھا (اس لئے یوسف علیہ السلام کے دل میں یہ تدبیر آئی اور ان لوگوں کے منہ سے یہ فتویٰ نکلا اور اس مجموعہ سے تدبیر راست آ گئی اور چونکہ یہ حقیقۃً استرقاق نہ تھا بلکہ بنیامین کی خوشی سے صورت استرقاق کی تھی اس لئے استرقاق حر کا شبہ لازم نہیں آیا۔ اور گو یوسف علیہ السلام بڑے عالم عاقل تھے مگر پھر بھی ہمارے القاء تدبیر کے محتاج تھے وجہ یہ کہ کسی کا علم ذاتی اور محیط نہیں ہے بلکہ) ہم جس کو چاہتے ہیں (علم میں) خاص درجوں تک بڑھا دیتے ہیں (پس سب کا علم مستفاد بھی ہوا اور محدود بدرجات متناہیہ بھی ہوا) اور تمام علم والوں سے بڑھ کر ایک بڑا علم والا ہے (یعنی اللہ تعالیٰ کہ اس کا علم ذاتی بھی ہے اس میں یہ بھی فوقیت ہے اور محیط بالکل بھی ہے یہ بھی فوقیت ہے پس جب علم مخلوق ناقص ٹھہرا اور علم خالق کامل لامحالہ مخلوق اپنے علم و تدبیر میں محتاج ہوگا تعلیم و القاء خالق کا اس لئے کِدْنَا اور اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ کہا گیا حاصل یہ کہ جب ان کے اسباب سے وہی برتن برآمد ہوا اور بنیامین روک لئے گئے تو وہ سب بڑے شرمندہ ہوئے اور) کہنے لگے کہ (صاحب) اگر اس نے چوری کی تو (تعجب نہیں کیونکہ) اس کا ایک بھائی (تھا وہ) بھی (اسی طرح) اس کے پہلے چوری کر چکا ہے (جس کا قصہ درمنثور میں اس طرح لکھا ہے کہ یوسف علیہ السلام کو ان کی پھوپھی پرورش کرتی تھیں جب ہوشیار ہوئے تو یعقوب علیہ السلام نے لینا چاہا وہ چاہتی بہت تھیں انہوں نے ان کا رکھنا چاہا اس لئے انہوں نے ان کی کمر میں ایک پٹکا کپڑوں کے اندر باندھ کر مشہور کر دیا کہ پٹکا گم ہوگیا اور سب کی تلاشی لی تو ان کی کمر میں نکلا اور اس شریعت کے قانون کے موافق ان کو پھوپھی کے قبضہ میں رہنا پڑا یہاں تک کہ ان پھوپھی نے وفات پائی پھر یعقوب علیہ السلام کے پاس آ گئے اھ اور ممکن ہے کہ یہ صورت استرقاق کی بھی یوسف علیہ السلام کی رضا مندی سے ہوئی ہو اس لئے یہاں بھی استرقاق حر لازم نہیں ہر چند کہ قرائن و اخلاق یوسفیہ میں ذرا بھی تامل کرنے سے آپ کی براءت اس فعل سے یقیناً معلوم تھی مگر بنیامین پر جو بھائیوں کو غصہ تھا اس میں یہ بات بھی کہہ دی) پس یوسف (علیہ السلام) نے اس بات کو (جو آگے آتی ہے) اپنے دل میں پوشیدہ رکھا اور اس کو ان کے سامنے (زبان سے ظاہر نہیں کیا یعنی (دل میں) یوں کہا کہ اس (چوری کے) درجہ میں تم تو اور بھی زیادہ برے ہو) یعنی ہم دونوں بھائیوں سے تو حقیقت سرقہ کی صادر نہیں ہوئی اور تم نے تو اتنا بڑا کام کیا کہ کوئی مال غائب کرتا ہے تم نے آدمی غائب کر دیا کہ مجھ کو باپ سے بچھڑا دیا اور ظاہر ہے کہ آدمی کی چوری مال کی چوری سے زشت تر ہے) اور جو کچھ تم (ہم دونوں بھائیوں کے متعلق) بیان کر رہے ہو (کہ ہم سارق ہیں) اس (کی حقیقت) کا اللہ ہی کو خوب علم ہے) کہ ہم چور نہیں ہیں جب بھائیوں نے دیکھا کہ انہوں نے بنیامین کو ماخوذ کرلیا اور اس پر قابض ہوگئے تو براہ خوشامد) کہنے لگے اے عزیز اس (بنیامین کے) ایک بہت بوڑھا باپ ہے (اور وہ اس کو بہت چاہتا ہے اس کے غم میں خدا جانے کیا حال ہو اور ہم سے اس قدر محبت نہیں) سو آپ (ایسا کیجئے کہ) اس کی جگہ ہم میں سے ایک کو رکھ لیجئے (اور اپنا مملوک بنا لیجئے) ہم آپ کو نیک مزاج دیکھتے ہیں (امید ہے کہ اس درخواست کو منظور فرمالیں گے) یوسف (علیہ السلام) نے کہا ایسی (بے انصافی کی) بات سے خدا بچاوے کہ جس کے پاس ہم نے اپنی چیز پائی ہے اس کے سوا دوسرے شخص کو پکڑ کے رکھ لیں (اگر ہم ایسا کریں تو) اس

www.besturdubooks.net

حالت میں تو ہم بڑے بے انصاف سمجھے جاویں گے (کیونکہ استرقاق حقیقۃً جس کو مرقوق استرقاق سمجھے بلا استحقاق رضامندی سے بھی حرام ہے)۔ **ف**: یہاں چند امور قابل تحقیق ہیں امر اول ظاہر یہ ہے کہ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ۝ کی نداء باذن یوسف علیہ السلام ہوئی تو اس کی صدق کی کیا توجیہ ہے احقر کے نزدیک یہ توریہ ہے مرادہ سرقہ ہے کہ یوسف علیہ السلام کو یعقوب علیہ السلام سے غائب کردیا جو کہ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ کا مفہوم ہے اور سامعین معنی قریب یعنی سرقہ سقایہ کا سمجھے اور توریہ یہی ہے امر دوم اس منادی کے ساتھ تفتیش کے لئے اور لوگ بھی ہوں گے جیسا اَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ سے معلوم ہوتا ہے اور شاہی امور میں بھی عادت بھی ہے کہ ایک کام پر کئی کئی شخص معین ومعین ہوتے ہیں امر سوم وہ سقایہ پانی پینے کا خاص ممتاز برتن تھا اس کو غلہ ناپنے کے لئے تجویز کیا تھا جس کی وجہ شاید یہ ہو کہ لینے والوں کا اعزاز واکرام ظاہر ہو سائلین کے مثل ذلیل نہ سمجھے جاویں نیز غلہ تھوڑا تھوڑا بقدر ضرورت دیا جاتا تھا اس لئے چھوٹا برتن تجویز کیا چونکہ اس سے بادشاہی کام ہوتا تھا اس لئے اس کا لقب صُوَاعَ الْمَلِكِ ہوگیا تھا یہ ضرور نہیں کہ خاص بادشاہ کے پینے کا ہو اور نہ یہ ضرور ہے کہ ملک سے مراد یوسف علیہ السلام ہوں اور صواع اور متاع سے بھی یہی مراد ہے امر چہارم مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ۭ میں صرف وجدان کو موجب سزا قرار دیا حالانکہ اس میں یہ بھی احتمال تھا کہ کسی اور نے رکھ دیا ہو توجیہ اس کی یہ ہے کہ جب متہم یہ احتمال پیش نہ کرے تو ظاہرًا سرقہ کو اس نے تسلیم کرلیا اس لئے جزاء مرتب کی گئی امر پنجم درمنثور میں مجاہدؒ سے منقول ہے کہ مصر کا بادشاہ مسلمان ہوگیا تھا لیکن مَا كَانَ لِيَاْخُذَ الخ سے ظاہرًا معلوم ہوتا ہے کہ یہ روایت صحیح نہیں ورنہ اسلام کے بعد اپنا قانون غیر شرعی کیوں جاری رکھتا البتہ اگر یہ کہا جاوے کہ عام رعایا سے مغلوب رہا ہو اس لئے قانون شرعی جاری نہ کرسکا ہو تو ممکن ہے۔ امر ششم: جب یوسف علیہ السلام اپنا شرعی قانون جاری کرنے کے مختار نہ تھے تو عہدۂ حکومت کیوں لیا جواب یہ ہے کہ قانون شرعی جاری نہ کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ غیر شرعی جاری کیا کرتے ہوں اور محل اعتراض یہ دوسرا امر ہوسکتا تھا دوسرے جہاں شرعًا حد ہو اور قانونًا تعزیر ہو اور حد کا اختیار نہ ہو تو تعزیر کے عدم سے اس کا وجود غنیمت ہے اس کو غیر مختار کے لئے حکم بغیر الشرع نہ کہیں گے۔ امر ہفتم یوسف علیہ السلام کو عزیز باعتبار لقب عہدہ کے کہا گو اختیارات شاہی رکھتے ہوں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ۭ اس عنوان میں اشارہ ہے اس طرف کہ کامل کے افعال افعال حق کے مظاہر ہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في جعل خودیا معتمد فالاسناد حقيقي او مجازي والثاني هو الظاهر من حيث كونه ملكا والاول هو الظاهر من حيث ان المقام مقام الاخفاء حتى من الخاصة ۱۲۔ ۲ قوله في فما جزاؤه چور اشارة الى ان الضمير للسارق المدلول عليه بقرينة المقام ۱۲۔ ۳ قوله في درجات خاص اى متنابية بقرينة التنكير بخلاف رفيع الدرجات لكون اللام للعوم والاستغراق وايضاً يدل المقام على تناهيها هنا ولا تناهيها ثمه لان هذا في المخلوق وذاك في الخالق ۱۲۔ ۴ قوله في عليم اللہ تعالیٰ وهذا من ابدع التفسير وهو مروى عن الحبر كما في روح المعاني انه اخرج عبدالرزاق وجماعة عن سعيد بن جبير قال كنا عند ابن عباسؓ فحدث بحديث فقال رجل عنده وفوق كل ذى علم عليم فقال ابن عباسؓ بئسما قلت الله العليم وهو فوق كل عالم آه فتبصر وتشكر ۱۲۔ ۵ قوله في شر کوئی مال اشارة الى ان الشرية باعتبار سائر السارقين لا باعتبار المتكلم لان المتكلم لا شر فيه مطلقا فافهم ۱۲۔

اللغات: قوله السقاية اناء يشرب فيه الصواع صاع الوعاء الظرف الذى يحفظ فيه الشئ وعندى هو اخص من الرحل فمعنى جعله في الرحل جعله في الوعاء ومنه سبب التفتيش في الوعاء لا في الرحل لان الرحل بعضه لا يصلح لان يكتم المتاع فيه وانما الذى يكتم فيه هو الوعاء من الرحل والدين الطاعة كذا في القاموس ۱۲۔

النحو: قوله كنا عطف على ما جئنا او على لقد علمتم فعلى الاول يكون المعلوم امر ان وعلى الثانى امر واحد قوله جزاؤه مبتدأ وجملة من وجد الخ خبره قوله استخرجها اى السقاية او الصواع لانه مما يذكر ويؤنث قوله الا ان يشاء الله استثناء منقطع اى لكن اخذه بمشية الله واذنه في دين غير الملك ۱۲۔ قوله فاسرها مفسرو قال انتم تفسير فالضمير الى المقالة المدلول عليها بالمقامة هذا على قول الزجاج وتايد بآثار راها الطبير عن قتادةؒ وبان عباسؓ وتعقبة ابو على بما ذكره في الكبير ويحتمل على قوله وجوه عديدة اقربها ان في الكلام تقديماً وتاخيرًا او اصل الكلام قال انتم شر مكانا واسرها يوسف في نفسه ونكتنه التقديم ان محط الفائدة حكاية الاسرار اشارة الى نحتمله عليه الصلوٰة والسلام حيث لم يعمهم على العلانية ولهذا زيدت جملة ولم يبدها لهم قوله معاذ الله اى نعوذ بالله عوذا من ان نأخذ الخ ۱۲۔

البلاغة: قوله تالله لقد علمتم الخ في الروح لنسرق فان السرقة من اعظم انواع الفساد او لنفسد فيها اى فساد كان فضلا عما نسبتمونا اليه من السرقة ونفى المجئ الافساد وان لم يكن مستلزمًا لما هو مقتضى المقام من نفى الافساد مطلقا لكنهم جعلوا المجئ

www.besturdubooks.net

الذی یترتب علیہ ذلک ولو بطریق الاتفاق مجینا لغرض الافساد مفعولا لاجلہ ادعاء اظہار الکمال قبحہ عندہم وتربیۃ الاستحالۃ صدورہ عنہم فکانہم قالوا ان صدر عنا افساد کان مجینا لذلک مریدین بہ تقبیح حالہ واظہار کمال نزاعتہم عنہ والحلف فی الحقیقۃ علی الامر الذی فی حیز العلم لا علی علم الخاطبین بذلک الا انہم ذکروہ للاستشہاد وتاکید الکلام آہ قولہ کدنا لیوسف ای ضعنا ودبرنا ففیہ مجاز لغوی واللام للنفع لا کاللام فی قولہ فیکیدوا لک کیدًا فانہا للضرر علی ما ہو الاستعمال الشائع ۱۲۔ قولہ شیخا کبیرًا ہو محط الفائدۃ والا محکونہ ذا اب معلوم مما سبق ۱۲۔

فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ؕ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا
مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْۤ اَبِيْۤ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ
وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۝۸۰ اِرْجِعُوْۤا اِلٰۤى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰۤاَبَانَاۤ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَاۤ
اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ۝۸۱ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا
وَالْعِيْرَ الَّتِيْۤ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ؕ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝۸۲ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ
جَمِيْلٌ ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝۸۳ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ
يٰۤاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ۝۸۴ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ
حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ۝۸۵ قَالَ اِنَّمَاۤ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْۤ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ
مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۸۶ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ
اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝۸۷

پھر جب ان کو یوسف علیہ السلام سے تو بالکل امید نہ رہی (کہ بنیامین کو دیں گے) تو (اس جگہ سے) علیحدہ ہو کر باہم مشورہ کرنے لگے ان سب میں جو بڑا تھا اس نے کہا کہ کیا تم کو معلوم نہیں کہ تمہارے باپ تم سے خدا کی قسم کھلا کر پکا قول لے چکے ہیں اور اس سے پہلے یوسف کے بارے میں کس قدر کوتاہی کر چکے ہو سو میں تو اس زمین سے ٹلتا ہی نہیں تاوقتیکہ میرے باپ مجھ کو (حاضری کی اجازت نہ دیں یا اللہ تعالیٰ اس مشکل کو سلجھا دے اور وہی خوب سلجھانے والا ہے تم واپس اپنے باپ کے پاس جاؤ اور جا کر ان سے) کہو کہ اے باپ آپ کے (بنیامین) نے چوری کی (اس لئے گرفتار ہوئے) اور ہم تو وہی بیان کرتے ہیں جو ہم کو مشاہدہ سے معلوم ہوا ہے اور ہم غیب کی باتوں کے تو حافظ تھے ہی نہیں اور اس بستی (یعنی مصر) والوں سے پوچھ لیجئے جہاں ہم (اس وقت) موجود تھے اور اس قافلہ والوں سے پوچھ لیجئے جن میں ہم شامل ہو کر یہاں آئے ہیں اور یقین جانئے ہم بالکل سچ کہتے ہیں۔ یعقوب علیہ السلام فرمانے لگے بلکہ تم نے اپنے دل سے ایک بات بنالی ہے سو صبر ہی کروں گا جس میں شکایت کا نام نہ ہوگا (مجھ کو) اللہ سے امید ہے کہ ان سب کو مجھ تک پہنچا دے گا (کیونکہ) وہ خوب واقف ہے بڑی حکمت والا ہے اور ان سے دوسری طرف رخ کر لیا اور کہنے لگے ہائے یوسف افسوس اور غم سے (روتے روتے) ان کی آنکھیں سفید پڑ گئیں اور وہ (غم سے جی ہی جی میں) گھٹا کرتے تھے بیٹے کہنے لگے بخدا (معلوم ہوتا ہے) تم سدا کے سدا یوسف کی یادگاری میں لگے رہو گے یہاں تک کہ گھل گھل کر دم بلب ہو جاؤ گے یا یہ کہ بالکل ہی مر جاؤ گے یعقوب علیہ السلام نے فرمایا کہ میں تو اپنے رنج و غم کی صرف اللہ سے شکایت کرتا ہوں اور اللہ کی باتوں کو جتنا میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے۔ اے میرے بیٹو! جاؤ اور یوسف علیہ السلام اور ان کے بھائی کو تلاش کرو اور اللہ کی رحمت سے ناامید مت ہو بے شک اللہ کی رحمت سے وہی لوگ ناامید ہوتے ہیں جو کافر ہیں۔ ۞

تفسیر: بازگشتن برادرانِ یوسف از سفر دوم ☆ فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ (الی قولہ تعالی) اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝۸۷ پھر جب ان کو یوسف (علیہ السلام) سے تو (ان کے صاف جواب کے سبب) بالکل امید نہ رہی (کہ بنیامین کو دیں گے) تو (اس جگہ سے) علیحدہ ہو کر باہم مشورہ کرنے لگے (کہ

www.besturdubooks.net

کیا کرنا چاہئے پھر زیادہ کی یہ رائے ہوئی کہ مجبوری ہے سب کو واپس چلنا چاہئے مگر) ان سب میں جو بڑا تھا اس نے کہا کہ (تم جو سب کے سب واپس چلنے کی صلاح کر رہے ہو تو) کیا تم کو معلوم نہیں کہ تمہارے باپ تم سے خدا کی قسم کھلا کر پکا قول لے چکے ہیں (کہ تم ان کو اپنے ہمراہ لانا لیکن اگر گھر جاؤ تو مجبوری ہے سو ہم سب کے سب تو گھرے نہیں کہ تدبیر کی گنجائش نہ رہتی اس لئے حتی الامکان کچھ تدبیر کرنا چاہئے) اور اس سے پہلے یوسف کے بارہ میں کس قدر کوتاہی کر ہی چکے ہو (کہ ان کے ساتھ جو برتاؤ ہوا اس سے باپ کے حقوق بالکل ضائع ہوئے سو وہ پرانی ہی شرمندگی کیا کم ہے جو ایک نئی شرمندگی لے کر جاویں) سو میں تو اس زمین سے ٹلتا نہیں تاوقتیکہ میرے باپ مجھ کو (حاضری کی) اجازت نہ دیں یا اللہ تعالیٰ اس مشکل کو سلجھا دے اور وہی خوب سلجھانے والا ہے) یعنی کسی تدبیر سے بنیامین چھوٹ جاوے غرض میں یا اس کو لے کر جاؤں گا یا بلایا ہوا جاؤں گا سو مجھ کو تو یہاں چھوڑ دو اور تم واپس اپنے باپ کے پاس جاؤ (جا کر ان سے) کہو کہ اے ابا آپ کے صاحبزادے (بنیامین) نے چوری کی (اس لئے گرفتار ہوئے) اور ہم تو وہی بیان کرتے ہیں جو ہم کو (مشاہدہ سے) معلوم ہوا ہے اور ہم (قول وقرار دینے کے وقت) غیب کی باتوں کے تو حافظ تھے نہیں (کہ چوری کرے گا ورنہ ہم کبھی قول نہ دیتے) اور (اگر ہمارے کہنے کا یقین نہ ہو تو) اس بستی (یعنی مصر) والوں سے (کسی اپنے معتمد کی معرفت) پوچھ لیجئے جہاں ہم (اس وقت) موجود تھے (جب چوری برآمد ہوئی ہے) اور اس قافلہ والوں سے پوچھ لیجئے جن میں ہم شامل ہو کر (یہاں) آئے ہیں (معلوم ہوتا ہے اور بھی کنعان کے یا آس پاس کے لوگ غلہ لینے گئے ہوں گے) اور یقین جانئے ہم بالکل سچ کہتے ہیں (چنانچہ سب نے بڑے کو وہاں چھوڑا اور خود آ کر سارا ماجرا بیان کیا) یعقوب (علیہ السلام) کے سبب ان سے غیر مطمئن ہو چکے تھے اسی قیاس پر مثل سابق) فرمانے لگے (کہ بنیامین چوری میں ماخوذ نہیں ہوا) بلکہ تم نے اپنے دل سے ایک بات بنالی ہے سو (خیر مثل سابق) صبر ہی کروں گا جس میں شکایت کا نام نہ ہوگا (مجھ کو) اللہ سے امید ہے کہ ان سب کو (یعنی یوسف اور بنیامین اور جو بڑا بھائی مصر میں رہ گیا ہے ان تینوں کو) مجھ تک پہنچا دے گا (کیونکہ) وہ (حقیقت حال سے) خوب واقف ہے (اس لئے اس کو سب کی خبر ہے کہ کہاں کہاں اور کس کس حال میں ہیں اور وہ) بڑی حکمت والا ہے (جب ملانا چاہے گا ہزاروں اسباب و تدابیر درست کر دے گا) اور (یہ جواب دے کر بوجہ اس کے کہ ان سے رنج پہنچا تھا) ان سے دوسری طرف رخ کر لیا اور (بوجہ اس کے کہ اس نئے غم سے وہ پرانا غم اور تازہ ہو گیا یوسف کو یاد کر کے) کہنے لگے ہائے یوسف افسوس اور غم سے (روتے روتے) ان کی آنکھیں سفید پڑ گئیں (کیونکہ زیادہ رونے سے سیاہی آنکھوں کی کم ہو جاتی ہے اور آنکھیں بے رونق یا بالکل بے نور ہو جاتی ہیں) اور وہ (غم سے جی ہی جی میں) گھٹا کرتے تھے (کیونکہ شدت غم کے ساتھ جب شدت ضبط ہوگا جیسا کہ صابرین کی شان ہے تو کظم کی کیفیت پیدا ہوگی) بیٹے کہنے لگے بخدا (معلوم ہوتا ہے) تم سدا کے سدا یوسف کی یادگاری میں لگے رہو گے یہاں تک کہ گھل گھل کر دم بلب ہو جاؤ گے یا یہ کہ بالکل مر ہی جاؤ گے (تو اتنے غم سے فائدہ کیا) یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (تم کو میرے رونے سے کیا بحث) میں تو اپنے رنج و غم کی صرف اللہ سے شکایت کرتا ہوں (تم سے تو کچھ نہیں کہتا) اور اللہ کی باتوں کو جتنا میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے (باتوں سے مراد یا تو لطف و کرم و رحمت اتم ہے اور یا مراد الہام ہے ان سب سے ملنے کا جو بلا واسطہ ہو یا بواسطہ خواب یوسف کی جس کی تعبیر اب تک واقع نہیں ہوئی تھی اور واقع ہونا اس کا ضرور ہے) اے میرے بیٹو (اظہار غم تو صرف اللہ کی جناب میں کرتا ہوں مسبب الاسباب وہی ہیں لیکن ظاہری تدبیر تم بھی کرو کہ ایک بار پھر سفر میں) جاؤ اور یوسف اور ان کے بھائی کی تلاش کرو (یعنی ایسی فکر و تدبیر کی جستجو کرو جس سے یوسف علیہ السلام کا نشان ملے اور بنیامین کو رہائی ہو) اور اللہ کی رحمت سے ناامید مت ہو بیشک اللہ کی رحمت سے وہی لوگ ناامید ہوتے ہیں جو کافر ہیں۔ ف: اس واقعہ میں یعقوب علیہ السلام کا بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ کا فرمانا ظاہرا واقع کے مطابق معلوم نہیں ہوتا لیکن چونکہ اجتہادا فرمایا تو اجتہاد میں خطا ہو جانا منافی عصمت نبوت نہیں اس لئے اس میں کوئی اشکال نہیں اور اگر یہ شبہ ہو کہ اجتہاد سے تہمت لگانا کب جائز ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ متہم و مشتبہ کو ظنا متہم و مشتبہ سمجھنا موجب معصیت نہیں کہ اس میں آدمی طبعا مضطر بھی ہے البتہ تیقن جائز نہیں اور وہ منقول نہیں رہا یہ کہ بَلْ سَوَّلَتْ تو صیغہ تیقن کا ہے جواب یہ ہے کہ قرائن حالیہ کے انضمام سے عدم تیقن پر دلالت کی گئی ہوگی پھر والد کو اولاد پر بہ نسبت غیروں کے حق عتاب زیادہ بھی ہے پس ایہام تیقن جب کہ قلب میں تیقن نہ ہو عفو ہے بالخصوص اگر مقصود اخبار نہ ہو بلکہ استکشاف ہو جیسا موضع تفتیش میں عادت ہے کہ صیغہ خبر کا تکلم کیا کرتے ہیں تا کہ متہم سمجھے کہ ان کو خبر ہے اور اس وجہ سے واقعہ کا انکار نہ کر سکے۔ اور مقصود اس سے استخبار ہوتا ہے یہ تقریر تو باعتبار ظاہر کے ہے اور اگر نظر غائر سے دیکھا جاوے تو یہ ارشاد مطابق واقع کے بھی ہے کیونکہ سرقہ تو واقع نہیں ہوا تھا یعقوب علیہ السلام کو نورانیت قلب سے مدرک ہو گیا کہ خبر سرقہ کی غلط ہے البتہ کشف میں اتنی کمی رہی کہ اس کارروائی کا فاعل ان کو علی التعیین معلوم نہ ہوا مجملا اتنا معلوم ہو گیا کہ یہ کارروائی میری اولاد ہی میں سے کسی سے واقع ہوئی ہے اور لکم کے خطاب سے وہی فاعل مقصود ہو اور لکم تغلیبا فرما دیا ہو واللہ اعلم اور عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا سے معلوم ہوتا ہے کہ بقیہ بھائیوں کے ساتھ بھی آپ کو محبت تھی اور یہ فرمانا عجب نہیں کہ اس بناء پر ہو کہ خواب یوسف کا تو صحیح ہے اور وہ ضرور واقع ہوگا اور اس کا وقوع موقوف ہے اس پر کہ یوسف بھی زندہ ہوں اور سب بھائی بھی صحیح و سالم مع میرے اور میری بی بی کے ایک جگہ جمع ہوں اور ابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ کی تقریر میں جو بے رونق یا بے نور

www.besturdubooks.net

دو لفظ لائے گئے وجہ اس کی یہ ہے کہ اس میں علماء مختلف ہیں کہ آپ کی بینائی بالکل گم ہوگئی تھی یا کم ہوگئی تھی دوسرے قول والوں نے فَارْتَدَّ بَصِيْرًا کے معنی یہ کہے ہیں کہ خوشی سے توانائی آئی اور ضعف بصر بھی جاتا رہا اور یعقوب علیہ السلام نے جو يٰٓاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ فرمایا حالانکہ اس وقت دوسرا غم بھی تھا وجہ اس کی یہ ہے کہ غالب غم وہی تھا اور غم کا قاعدہ ہے کہ نئے حادثہ سے پرانے حادثہ کا اثر تازہ ہو جاتا ہے اس لئے اس واقعہ تازہ نے فراق یوسف کا غم اور زیادہ کر دیا اس کے غلبہ میں یہ کلمہ کہا اور بنیامین کا غم مغلوب تھا غالب کے روبرو مغلوب کا ذکر نہیں کیا اور یہ جو فرمایا: فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَ اَخِيْهِ حالانکہ تیسرے بھائی بھی اس وقت غائب ہیں وجہ یہ کہ وہ اپنے اختیار سے رہ گئے تھے کسی آفت میں تو مبتلا نہیں ہوئے تھے ان کے تجسس کی کیا ضرورت ہے وہ جب موقع پاویں گے خود آ جاویں گے دوسرے وہ تو ان کے ساتھ متفق ہی ہیں ان کو تو یہ خود ہی ڈھونڈیں گے بخلاف یوسف اور بنیامین کے کہ ان سے رنج رکھتے تھے اس لئے شاید ان کے تجسس میں کمی کریں اور یعقوب علیہ السلام کا جب مخلوق میں اس قدر رونا موجب وسوسہ نہ ہو کیونکہ محبت امر اضطراری ہے اور اگر یہ بھی دلیل رقت قلب و ترحم ہے اور خاص کر جب کہ محبت کا سبب کوئی امر دینی ہو چنانچہ رکوع دوم کے فوائد تفسیر یہ کے تحت میں اس کا بیان ہو چکا ہے اور اس مسئلہ کی تحقیق کی رحمت الٰہیہ سے مایوس ہونا کفر ہے پارۂ نہم کے رکوع اول کے فوائد تفسیر میں گزر چکی ہے دیکھ لیا جاوے اور کسی کو شبہ نہ ہو کہ جب یعقوب علیہ السلام نے فرمایا تھا فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ پھر شکایت کیوں زبان پر لائے اس کا جواب خود قرآن میں ہے اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ یعنی شکایت الی الخلق منافی ہے صبر جمیل کے نہ کہ شکایت الی الخالق کہ عین دعاء والتجاء مطلوب ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَ تَوَلّٰى عَنْهُمْ وَ قَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ یہ منصب نبوت کے خلاف ہے کیونکہ معرفت کاملہ اس کے لوازم سے ہے اور اس کے لوازم سے محبت کاملہ ہے اور اس کے ساتھ غیر کی گنجائش کہاں۔ جواب یہ ہے کہ یہ محبت طبعیہ ہے اور یہ جب حق کے ساتھ جمع ہو سکتی ہے اور کاملین میں یہ محبت ان کو حق تعالیٰ کی رضا سے غافل نہیں کرتی بلکہ اس میں معین ہوتی ہے جیسا یعقوب علیہ السلام کا یہ قول اس پر دال ہے قولہ تعالیٰ: اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۸۶ ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في منه يوسف لان عود الضمير الى بنيامين ينا فيه ظاهر قوله او يحكم الله لي وملازمة الكبير المصر راجيا خلاصة لحيلة۔ ۲ قوله في خلصوا زیادہ کی یہ رائے ہوئی الخ القرينة عليه الجواب بقوله الم تعلموا الخ۔ ۳ قوله في من الحزن روتے روتے لان الحزن نفسه لا يذهب بالبصر وانما يكون سبباً للبكاء وهو سبب للابيضاض۔

اللغات: قوله خلصوا انفردوا عن غيرهم واعتزلوا الناس قوله نجيا اى متناجين و وحده لانه مصدر في الاصل قوله فلن ابرح تامة بمعنى لن اذهب وضمت هنا معنى فارق فنصبت الارض على المفعولية ولا يجوز ان تكون ناقصة قوله كظيم مملو من الغيظ على اولاد ومن الحزن على يوسف الحرض المريض المشفي على الهلاك وقيل من اذاهم به او مرض وجعله مهز ولا نحيفاً وهو في الاصل مصدر۔ الروح بالفتح اصله التنفس ثم استعير للفرح۔

النحو: قوله من قبل الجار والمجرور متعلق بقوله تعالى ما فرطتم وما ندة والجملة حالية قوله تفتؤا اى لا تفتؤا حذف حرف النفي لان القسم اذا لم يكن معه علامة الاثبات كان على النفي وعلامة الاثبات هي اللام ونون التاكيد فاذا لم يذكر اول على انه منفي كذا في الروح۔

البلاغۃ: قوله حتى تكون حرضا او تكون الخ فيه الترتيب الوقوعي والا كان الظاهر عكسه۔

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَ اَهْلَنَا الضُّرُّ وَ جِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَ تَصَدَّقْ عَلَيْنَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ۝۸۸ قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَ اَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ۝۸۹ قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ؕ قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَ هٰذَآ اَخِيْ ؗ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ؕ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَ يَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۹۰ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَ اِنْ كُنَّا لَخٰطِـِٕيْنَ ۝۹۱ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ؕ

www.besturdubooks.net

يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ؗ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۳﴾ ع ۱۰

پھر جب یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے کہنے لگے اے عزیز! ہم کو اور ہمارے گھر والوں کو (قحط کی وجہ سے) بڑی تکلیف پہنچ رہی ہے اور ہم کچھ یہ نکمی چیز لائے ہیں سو آپ پورا غلہ دے دیجئے اور ہم کو خیرات (سمجھ کر) دے دیجئے بے شک اللہ تعالیٰ خیرات دینے والوں کو جزائے خیر دیتا ہے۔ یوسف علیہ السلام نے فرمایا (کہو) وہ بھی تم کو یاد ہے جو کچھ تم نے یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ برتاؤ کیا تھا جب کہ تمہاری جہالت کا زمانہ تھا کہنے لگے کیا سچ مچ تم ہی یوسف ہو انہوں نے فرمایا (ہاں) میں یوسف ہوں اور یہ (بنیامین) میرا حقیقی بھائی ہے ہم پر اللہ تعالیٰ نے بڑا احسان کیا واقعی جو شخص گناہوں سے بچتا ہے اور صبر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ ایسے نیک کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے وہ کہنے لگے بخدا کچھ شک نہیں تم کو اللہ تعالیٰ نے ہم پر فضیلت عطا فرمائی اور بے شک ہم (اس میں) خطاوار تھے یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ تم پر آج کوئی الزام نہیں اللہ تعالیٰ تمہارا قصور معاف کرے اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔ اب تم میرا یہ کرتہ (بھی) لیتے جاؤ اور اس کو میرے باپ کے چہرے پر ڈال دو (اس سے) ان کی آنکھیں روشن ہو جاویں گی اور اپنے (باقی) گھر والوں کو (بھی) سب کو میرے پاس لے آؤ۔ ۞

تفسیر: بار سوم آمدن برادرانِ یوسف علیہ السلام بامر یعقوب علیہ السلام بتجسس یوسف علیہ السلام و بنیامین ☆ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ (الی قولہ تعالیٰ) وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿﴾ پھر (حضرت یعقوب علیہ السلام کے حکم کے موافق کہ انہوں نے فرمایا تھا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ مصر کو چلے کیونکہ بنیامین کو مصر ہی میں چھوڑا تھا یہ خیال ہوا ہوگا کہ جس کا نشان معلوم ہے پہلے اس کے لانے کی تدبیر کرنا چاہئے کہ بادشاہ سے مانگیں پھر یوسف علیہ السلام بے نشان کو ڈھونڈیں گے غرض مصر پہنچ کر) جب یوسف (علیہ السلام) کے پاس (جن کو عزیز سمجھ رہے تھے) پہنچے (اور غلہ کی بھی حاجت تھی پس یہ خیال ہوا کہ غلہ کے بہانہ سے عزیز کے پاس چلیں اور اس کی خرید کے ضمن میں خوشامد کی باتیں کریں جب اس کی طبیعت میں نرمی دیکھیں اور مزاج خوش پائیں تو بنیامین کی درخواست کریں اس لئے اول غلہ لینے کے متعلق گفتگو شروع کی اور) کہنے لگے اے عزیز ہم کو اور ہمارے گھر والوں کو (قحط کی وجہ سے) بڑی تکلیف پہنچ رہی ہے اور (چونکہ ہم کو ناداری نے گھیر رکھا ہے اس لئے خرید غلہ کے واسطے کھرے دام نہیں میسر ہوئے) ہم کچھ یہ نکمی چیز لائے ہیں سو آپ (اس کے نکمے ہونے سے قطع نظر کرکے) پورا غلہ دے دیجئے (اور اس کے نکمے ہونے سے غلہ کی مقدار میں کمی نہ کیجئے) اور (ہمارا کچھ استحقاق نہیں) ہم کو خیرات (سمجھ کر) دے دیجئے بیشک اللہ تعالیٰ خیرات دینے والوں کو (خواہ حقیقۃً خیرات دیں خواہ تسامح و رعایت کریں کہ وہ بھی مثل خیرات کے ہے) جزائے خیر دیتا ہے (اگر مومن ہے تو آخرت میں بھی ورنہ دنیا ہی میں) یوسف (علیہ السلام) نے (جو ان کے یہ مسکنت آمیز الفاظ سنے رہا نہ گیا اور بے اختیار چاہا کہ اب ان سے کھل جاؤں اور عجب نہیں کہ نور قلب سے معلوم ہو گیا ہو کہ اب کی باران کو تجسس بھی مقصود ہے اور یہ بھی منکشف ہو گیا ہو کہ اب زمانہ مفارقت کا ختم ہو چکا پس تمہید تعارف کے طور پر) فرمایا (کہو) وہ بھی تم کو یاد ہے جو کچھ تم نے یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائی کے ساتھ (برتاؤ) کیا تھا جب کہ تمہاری جہالت کا زمانہ تھا (اور برے بھلے کی سوچ نہ تھی یہ سن کر تو چکرائے کہ عزیز مصر کو یوسف علیہ السلام کے قصہ سے کیا واسطہ ادھر اس شروع زمانہ کے خواب سے غالب احتمال تھا ہی کہ شاید یوسف کسی بڑے رتبہ کو پہنچیں کہ ہم سب کو ان کے سامنے گردن جھکانا پڑے اس لئے اس کلام سے شبہ ہوا اور غور کیا تو کچھ کچھ پہچانا اور زیادت تحقیق کے لئے) کہنے لگے کیا سچ مچ تم ہی یوسف ہو انہوں نے فرمایا (ہاں) میں یوسف ہوں اور یہ (بنیامین) میرا (حقیقی) بھائی ہے (یہ اس لئے بڑھا دیا کہ اپنے یوسف ہونے کی اور تاکید ہو جاوے یا ان کے تجسس کی کامیابی کی بشارت ہے کہ جن کو تم ڈھونڈنے نکلے ہو ہم دونوں ایک جگہ جمع ہیں) ہم پر اللہ تعالیٰ نے بڑا احسان کیا (کہ ہم دونوں کو اول توفیق صبر و تقویٰ کی عطا فرمائی پھر اس کی برکت سے ہماری تکلیف کو راحت سے افتراق کو اجتماع سے اور قلت مال و جاہ کو کثرت سے مال و جاہ سے مبدل فرما دیا) واقعی جو شخص گناہوں سے بچتا ہے اور (مصائب پر) صبر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ ایسے نیک کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کیا کرتا وہ (تمام گذشتہ قصوں کو یاد کرکے نادم ہوئے اور معذرت کے طور پر) کہنے لگے کہ بخدا کچھ شک نہیں تم کو اللہ تعالیٰ نے ہم پر فضیلت عطا فرمائی (اور تم اسی لائق تھے) اور (ہم نے جو کچھ کیا) بیشک ہم (اس میں) خطاوار تھے (للہ معاف کردو) یوسف (علیہ السلام) نے فرمایا کہ نہیں تم پر آج (میری طرف سے) کوئی الزام نہیں (بے فکر) رہو میرا دل صاف ہو گیا) اللہ تعالیٰ تمہارا قصور معاف کرے اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے (تائب کا قصور معاف کر ہی دیتا ہے اسی دعا سے یہ بھی مفہوم ہو گیا کہ میں نے معاف کر دیا اور لَا تَثْرِيْبَ سے بھی معلوم ہو گیا) اب تم میرے باپ کو جا کر بشارت دو اور بشارت کے ساتھ) میرا یہ کرتہ (بھی) لیتے جاؤ اور اس کو میرے باپ کے چہرہ پر ڈال دو (اس سے) ان کی آنکھیں روشن ہو جاویں گی (اور یہاں تشریف لے آویں گے) اور اپنے باقی گھر والوں کو (بھی) سب کو میرے پاس۔ لے آؤ کہ سب ملیں اور خوش ہوں کیونکہ حالت موجودہ میں میرا جانا مشکل ہے اس لئے گھر والے ہی چلے آویں)۔ **ف**: تَصَدَّقْ عَلَيْنَا ؕ کی جو تفسیر کی

www.besturdubooks.net

گئی ہے اس سے دو شبہ دفع ہو گئے اول یہ کہ ان کو صدقہ کب حلال تھا بوجہ نبی ہونے کے یا آل نبی ہونے کے دوسرے یہ کہ ان کو سوال کرنا جو کہ ممنوع ہے کیسے درست تھا تقریر جواب ظاہر ہے کہ رعایت فی المعاملہ کو مجازاً تصدق کہہ دیا اور اس کی درخواست اور قبول نبی اور آل نبی سب کو جائز ہے اور سوال اول کا ایک جواب یہ بھی ہے کہ ان کی نبوت ثابت نہیں اور آل انبیاء کو نفل صدقہ جائز ہے اور اگر بعض علماء کا قول لیا جاوے کہ تحریم صدقہ خصوصیات آل محمدیؐ سے ہے تو ایک جواب بھی حاصل ہو سکتا ہے اور یَجْزِی الْمُتَصَدِّقِیْنَ میں جو دو شقیں مؤمن اور کافر کی بیان کیں وجہ یہ کہ ان کو عزیز مصر کا مؤمن ہونا معلوم نہ تھا اور آخرت کے ساتھ لفظ بھی اس لئے بڑھایا کہ صدقہ کی خاصیت دفع بلاء دنیا میں مؤمن کے لئے بھی واقع ہوتی ہے اور مَا فَعَلْتُمْ بِیُوْسُفَ وَاَخِیْهِ کی تفسیر اس سے اوپر کے رکوع کی اول آیت میں بیان ہو چکی ہے اور مَنْ یَّتَّقِ الخ میں دعویٰ تقویٰ کا نہیں ہے کیونکہ مَنَّ اللّٰهُ میں وہ بھی داخل ہے جیسا اثنائے ترجمہ میں بیان ہوا اور اَلْقُوْهُ الخ اس لئے فرمایا کہ ان کو خلل بصارت کا علم ہو گیا ہوگا اور یہ بصیر ہونا بطور معجزہ کے تھا اور قمیص علی الاصح کوئی خاص نہ تھا بلکہ معمولی ملبوس تھا اور یعقوب علیہ السلام کے لانے کو اس لئے تصریحاً نہیں فرمایا کہ وہ تو بے آئے رہ ہی نہیں سکتے ان کا تشریف لانا یقینی تھا اور مَا فَعَلْتُمْ بِیُوْسُفَ وَاَخِیْهِ کے ساتھ وبابیہ نہ کہا حالانکہ ان کو بھی ایذائیں پہنچی تھیں وجہ یہ کہ ان کو جو کچھ تکلیف ہوئی وہ بواسطہ مذکور پہنچی۔

ترجمہ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْكُمُ الْیَوْمَ الخ روح میں شاہ کرمانیؒ سے منقول ہے کہ جو شخص مخلوق کو نظر حق سے دیکھے گا وہ ان کی مخالفت کی پروانہ کرے گا اور جو شخص ان کو اپنی نظر سے دیکھے گا اپنی عمران کی بحث و تکرار میں ختم کر دے گا دیکھئے یوسف علیہ السلام کو چونکہ مجازی قضاء کا علم تھا انہوں نے اپنے بھائیوں کا کس طرح عذر قبول کیا ۱۲۔

ملحقات الترجمہ : قوله في هل علمتم ياد اشارة الى ان المراد بالعلم استمراره بقرينة المقام ۱۲۔

اللغات : قوله مزجاة مدفوعة من الزجي الدفع اى رؤيته قوله تثريب من الثرب وهو الشحم الرقيق في الجوف وعلى الكرش والتفصيل للسلب اى ازالة الشرب استعير للوم الذى يظهر العيوب كما ان ازالة الشحم يبدى الهزال وما لا يرضى قوله يأت بصيرا بمعنى يصير نا قصه ۱۲۔

البلاغة : قوله لا تثريب عليكم اليوم التقييد باليوم ليس للتخصيص بل للمبالغة لان اليوم زمان احتماله فاذا انتفى في اليوم انتفى في غيره بالاولى ۱۲۔

وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِیْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّیْ لَاَجِدُ رِیْحَ یُوْسُفَ لَوْلَاۤ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِیْ ضَلٰلِكَ الْقَدِیْمِ ﴿۹۵﴾ فَلَمَّاۤ اَنْ جَآءَ الْبَشِیْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِیْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚۙ اِنِّیْۤ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوْا یٰۤاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَاۤ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕیْنَ ﴿۹۷﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿۹۸﴾

اور جب قافلہ چلا تو اب ان کے باپ نے کہنا شروع کیا کہ اگر تم مجھ کو بڑھاپے میں بہکی باتیں کرنے والا نہ سمجھو تو ایک بات کہوں کہ مجھ کو تو یوسف کی خوشبو آ رہی ہے وہ پاس والے کہنے لگے کہ بخدا آپ تو اپنے اسی پرانے غلط خیال میں مبتلا ہیں۔ پس جب خوشخبری لانے والا پہنچا تو (آتے ہی) اس نے وہ کرتا ان کے منہ پر لا کر ڈال دیا پس فوراً ہی ان کی آنکھیں کھل گئیں آپ نے بیٹوں سے فرمایا کیوں میں نے تم سے کہا نہ تھا کہ اللہ کی باتوں کو جتنا میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے سب بیٹوں نے کہا اے ہمارے باپ ہمارے لئے (خدا سے) ہمارے گناہوں کی دعائے مغفرت کیجئے ہم بے شک خطا کار تھے یعقوب علیہ السلام نے فرمایا عنقریب تمہارے لئے اپنے رب سے دعائے مغفرت کروں گا بے شک وہ غفور رحیم ہے۔

تفسیر : بازگشتن برادران یوسف علیہ السلام از سفر سوم و بشارت بردن ☆ وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِیْرُ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿۹۸﴾ اور جب (یوسف علیہ السلام سے بات چیت ہو چکی اور آپ کے فرمانے کے موافق کرتے لے کر چلنے کی تیاری کی اور) قافلہ (شہر مصر سے) چلا (جس میں یہ لوگ بھی تھے) تو ان کے باپ نے (پاس والوں سے) کہنا شروع کیا کہ اگر تم مجھ کو بڑھاپے میں بہکی باتیں کرنے والا نہ سمجھو تو ایک بات کہوں کہ مجھ کو تو یوسف کی خوشبو آ رہی ہے (یہ معجزہ تھا یعقوب علیہ السلام کا کہ اس کرتہ میں جو یوسف علیہ السلام کے بدن کا اثر تھا وہ محسوس ہو گیا اور چونکہ معجزہ اختیاری نہیں ہوتا اس سے پہلے یہ ادراک نہ ہوا) وہ (پاس والے) کہنے لگے کہ بخدا آپ تو اپنے اسی پرانے غلط خیال میں مبتلا ہیں (کہ یوسف زندہ ہیں اور ملیں گے اسی خیال کے غلبہ سے اب

www.besturdubooks.net

خوشبو کا وہم ہو گیا اور واقع میں نہ خوشبو ہے نہ کچھ ہے یعقوب علیہ السلام خاموش ہو رہے) پس جب (یوسف علیہ السلام کے صحیح سلامت ہونے کی) خوشخبری لانے والا (مع کرتہ کے یہاں) آ پہنچا (تو آتے ہی) اس نے وہ کرتہ ان کے منہ پر لا کر ڈال دیا بس (آنکھوں کو لگنا تھا اور دماغ میں خوشبو پہنچنا کہ) فوراً ہی ان کی آنکھیں کھل گئیں (اور انہوں نے آپ سے سارا ماجرا بیان کیا) آپ نے (بیٹوں سے) فرمایا کیوں میں نے تم سے کہا نہ تھا کہ اللہ کی باتوں کو جتنا میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے (اور اسی لئے میں نے تم کو یوسف کے تجسس کے لئے بھیجا تھا دیکھو آخر اللہ تعالیٰ میری امید راست لایا اُن کا یہ قول اس سے اوپر کے رکوع میں آ چکا ہے اس وقت) سب بیٹوں نے کہا کہ اے ہمارے باپ ہمارے لئے (خدا سے) ہمارے گناہوں کی دعائے مغفرت کیجئے (ہم نے جو کچھ آپ کو یوسف علیہ السلام کے معاملہ میں تکلیف دی اس میں) ہم بیشک خطاوار تھے (مطلب یہ کہ آپ بھی معاف کر دیجئے کیونکہ عادۃً کسی کے لئے استغفار وہی کرتا ہے جو خود بھی مواخذہ کرنا نہیں چاہتا) یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا عنقریب تمہارے لئے اپنے رب سے دعائے مغفرت کروں گا بے شک وہ غفور رحیم ہے (اسی سے ان کا معاف کر دینا بھی معلوم ہو گیا اور عنقریب کا مطلب یہ ہے کہ تہجد کا وقت آنے دو جو کہ قبولیت کی ساعت ہے کذا فی الدر المنثور مرفوعاً۔ **ف**: قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ کی تفسیر مذکور پر لازم آتا ہے کہ جنہوں نے معجزۂ یعقوبی کو مستبعد سمجھا تھا ان سے کچھ نہیں کہا اس کی چند وجہ ہیں اول اسی سے ان کا جواب نکل آیا دوسرے ان کی غلطی فوراً ظاہر ہو گئی جتانے کی کوئی ضرورت نہ تھی اور بیٹوں سے اِنِّیْۤ اَعْلَمُ الخ [البقرة : ۳۳] کہنا اس پر ایک مدت گزر گئی تھی تیسرے ان مستبعدین سے زیادہ معاملہ بھی نہ تھا جتنا بیٹوں سے تھا اور انہوں نے یعقوب علیہ السلام سے صراحۃً یوں نہیں کہا کہ آپ معاف کر دیجئے وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ ان کے ذمے دو قسم کے حقوق تھے حقوق اللہ و حقوق العباد اس لئے ایسا جامع عنوان اختیار کیا جس میں دونوں مضمون آ گئے ورنہ حقوق اللہ کے لئے پھر جدا کہنا پڑتا اور غالباً اسی وجہ سے یعقوب علیہ السلام نے وعدہ و استغفار کا کیا جیسا یوسف علیہ السلام نے بھی یَغْفِرُ اللّٰهُ کہا کہ یہ بھی دونوں حق کا جامع ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّیْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ روح میں ہے کہ چونکہ ملاقات کا وقت آ چکا تھا اس لئے یہ خوشبو مدرک ہوئی اور جب وہ کنوئیں میں بہت ہی قریب تھے چونکہ وقت نہ آیا تھا یہ خوشبو مدرک نہ ہوئی اور یہی حال ہے اولیاء کے مکاشفات کا

گہے بر طارم اعلیٰ نشینم گہے بر پشت پائے خود نہ بینم ۱۲

اللغات: التفنيد النسبة الى الفند وهو ضعف العقل بسبب الهرم ۱۲ قوله فارتد بصيرا فصار ۱۲۔

البلاغة: قوله لو لا ان تفندون جوابه لقلت ولا يقصد التعليق بهذا التركيب فى نحو هذا المقام والا لما قال هذا القول ما لم يقولوا لا نفندك بل يراد النهى اى لا تفندونى فافهم كذا القى فى روعى ۱۲۔

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰۤاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۫ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۭ وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْۤ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۰۰﴾ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۣ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾

پھر جب یہ سب کے سب یوسف کے پاس پہنچے تو انہوں نے اپنے والدین کو اپنے پاس (تعظیماً) ہی جگہ دی اور کہا سب مصر میں چلئے (اور) خدا کو منظور ہے تو وہاں امن چین سے رہئے اور اپنے والدین کو تخت شاہی پر بٹھایا اور سب کے سب یوسف علیہ السلام کے آگے سجدہ میں گر گئے اور یوسف نے کہا کہ اے میرے باپ یہ ہے میرے خواب کی تعبیر جو پہلے زمانہ میں دیکھا تھا جس کو میرے رب نے سچا کر دیا اور خدا نے میرے ساتھ احسان کیا کہ ایک تو اس نے مجھے قید سے نکالا اور دوسرے یہ کہ تم سب کو جنگل سے یہاں لایا (یہ سب کچھ) بعد اس کے ہوا کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان فساد ڈلوایا تھا بلاشبہ میرا رب جو چاہتا ہے اس کی عمدہ تدبیر کرتا ہے بلاشبہ وہ بڑے علم اور حکمت والا ہے۔ اے پروردگار تو نے مجھے سلطنت کا بڑا حصہ دیا اور مجھ کو خوابوں کی تعبیر دینا تعلیم فرمائی (جو کہ علم عظیم ہے) اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے تو میرا کارساز ہے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی مجھ کو پوری فرمانبرداری کی حالت میں دنیا سے اٹھا لے اور مجھ کو خاص نیک بندوں میں شامل کر لے۔

تفسیر: بار چہارم آمدن برادرانِ یوسف علیہ السلام مع والدین و اہل خود ☆ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ (الى قوله تعالى) اِنَّهٗ هُوَ

www.besturdubooks.net

الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۞ (غرض سب مصر کو تیار ہو کر چل دیئے اور یوسف علیہ السلام خبر سن کر استقبال کے لئے بیرون مصر تشریف لائے اور باہر ہی ملاقات کا سامان کیا گیا) پھر جب یہ سب کے سب یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچے تو انہوں نے (سب سے مل ملا کر) اپنے والدین کو اپنے پاس (تعظیماً) جگہ دی اور (بات چیت سے فارغ ہو کر) کہا سب مصر میں چلئے (اور) انشاء اللہ تعالیٰ (وہاں) امن چین سے رہئے (مفارقت کا غم اور قحط کا الم سب کافور ہو گئے غرض سب مصر میں پہنچے) اور (وہاں) پہنچ کر (تعظیماً) اپنے والدین کو تخت (شاہی) پر اونچا بٹھایا اور (اس وقت سب کے قلوب پر یوسف علیہ السلام کی ایسی عظمت غالب ہوئی کہ) سب کے سب ان کے سامنے سجدہ میں گر گئے اور (یہ حالت دیکھ کر) وہ کہنے لگے کہ اے ابا یہ ہے میرے خواب کی تعبیر جو پہلے زمانہ میں دیکھا تھا (کہ شمس و قمر اور گیارہ ستارے مجھ کو سجدہ کرتے ہیں) میرے رب نے اس خواب) کو سچا کر دیا (یعنی اس کی سچائی کا ظہور کر دیا) اور (علاوہ اس شرف کے میرے رب نے مجھ پر اور انعام بھی فرمائے چنانچہ) میرے ساتھ (ایک) اس وقت احسان فرمایا جس وقت مجھ کو قید سے نکالا (اور اس رتبہ سلطنت تک پہنچایا) اور (دوسرا یہ انعام فرمایا کہ) بعد اس کے کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان فساد ڈلوا دیا تھا (جس کا مقتضا یہ تھا کہ عمر بھر بھی مجتمع و متفق نہ ہوتے مگر اللہ تعالیٰ کی عنایت ہے کہ وہ) تم سب کو (جن میں میرے بھائی بھی ہیں) باہر سے (یہاں) لے آیا (اور سب کو ملا دیا) بلاشبہ میرا رب جو چاہتا ہے اس کی تدبیر لطیف کر دیتا ہے بلاشبہ وہ بڑا علم اور حکمت والا ہے (اپنے علم و حکمت سے سب امور کی تدبیر درست کر دیتا ہے) **ف**: اس امر کی وجہ کہ اول ملاقات میں سجدہ نہ کیا اور مصر میں آ کر کیا شاید یہ ہو کہ وہاں محبت کا عظمت پر غلبہ تھا اس کے مناسب یہ امور ہیں ملنا جلنا معانقہ مکالمہ اور یہاں عظمت کا محبت پر غلبہ ہوا یا تو اس وجہ سے کہ محبت کے جوش کو سکون ہو گیا تھا اس لئے عظمت کا مشاہدہ ہوا اور یا یہ کہ اس جگہ یوسف علیہ السلام گویا اپنے اجلاس شاہی پر تھے اور باہر اجلاس پر نہ تھے دونوں حالتوں میں تفاوت ظاہر ہے اور یہ سجدہ بطور تحیت کے تھا جو امم سابقہ میں جائز تھا اور بعضوں کو جو یہ شبہ ہوا ہے کہ یوسف علیہ السلام نے اپنے والدین سے اپنی اتنی بڑی تعظیم کو کیونکر گوارا کیا محض ضعیف شبہ ہے ان کو تو خواب سے معلوم تھا کہ ایسا امر ہونے والا ہے پھر کیا امور کائنہ میں مزاحمت فرماتے اور ذکر اجتماع میں جو فرمایا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الخ یہ اس لئے کہ اس کا مقتضا یہ تھا کہ نہ بھائیوں سے میل ہوتا بوجہ رنج کے اور نہ والدین سے ہوتا بوجہ نہ پہنچنے خبر کے جس کا سبب وہی فساد تھا جس نے باہم جدائی ڈال دی تھی اور اس میں علماء کے دو قول ہیں کہ یہ ان کی والدہ تھیں یا خالہ جن کو مجازاً والدہ کہہ دیا۔

ختم قصہ بر دعائے یوسف علیہ السلام برائے ختم بالخیر ☆ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ (الی قولہ تعالی) وَاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۔ (اس کے بعد سب ہنسی خوشی رہتے رہے یہاں تک کہ یعقوب علیہ السلام کی عمر ختم پر پہنچی اور بعد وفات حسب وصیت ملک شام میں لے جا کر اپنے بزرگوں کے پاس دفن کئے گئے پھر یوسف علیہ السلام کو بھی آخرت کا اشتیاق ہوا اور دعاء کی کہ) اے میرے پروردگار آپ نے مجھ کو (ہر طرح کی نعمتیں دیں ظاہری بھی باطنی بھی ظاہری یہ کہ مثلاً) سلطنت کا بڑا حصہ دیا اور (باطنی یہ کہ مثلاً) مجھ کو خوابوں کی تعبیر دینا تعلیم فرمایا (جو کہ علم عظیم ہے خصوصاً جب کہ وہ یقینی ہو جو موقوف ہے وحی پر پس اس کا وجود مستلزم ہوگا عطائے نبوت کو) اے خالق آسمانوں اور زمین کے آپ میرے کارساز ہیں دنیا میں بھی آخرت میں بھی (پس جس طرح دنیا میں میرے سارے کام بنا دیئے کہ سلطنت دی علم دیا اسی طرح آخرت کے کام بھی بنا دیجئے کہ) مجھ کو فرمانبرداری کی حالت میں دنیا سے اُٹھا لیجئے اور خاص نیک بندوں میں شامل کر دیجئے (یعنی میرے بزرگوں میں جو انبیاء عظام ہوئے ہیں ان میں مجھ کو پہنچا دیجئے)۔ **ف**: اشتیاق موت کا اگر شوقاً الی لقاء اللہ ہو تو جائز ہے اور حصہ سلطنت کا اس لئے کہا کہ ساری دنیا کی سلطنت تو آپ کے پاس نہ تھی اور مثلاً اس لئے بڑھا دیا گیا کہ نعمتیں ان ہی امور مذکورہ میں تو منحصر نہیں اور بعض علماء نے کہا ہے کہ یہ دعا طلب موت کے لئے نہیں تھی بلکہ مطلب یہ تھا کہ جب وفات ہو اسلام اور صلاح پر ہو اور ہر حالت میں گو انبیاء علیہم السلام کا اسلام و صلاح پر وفات پانا یقینی ہے لیکن اس کے مراتب مختلف ہیں اور متزائد ہوتے رہتے ہیں اس لئے اس کی طلب میں کوئی اشکال نہیں اہل سیر نے لکھا ہے کہ جب آپ کی وفات کا وقت آیا تو آپ نے اپنے بھائیوں کو یا ان کی اولاد کو وصیت فرمائی کہ اگر کبھی تم لوگ مصر کا وطن چھوڑ کر اپنے آبائی ملک شام کو جانے لگو تو میری لاش اپنے ہمراہ لے جانا چنانچہ موسیٰ علیہ السلام جب مصر سے مخفی نکلے ہیں تو حسب وحی الٰہی یوسف علیہ السلام کی نعش کا صندوق اپنے ہمراہ لے لیا تھا (اور ہمارے آئمہ نے نبش و نقل کی اس صورت کے عدم جواز پر اتفاق کیا ہے کما فی الطحاوی علی مراقی الفلاح) اور بعض تفاسیر میں لکھا ہے کہ بعد وفات یوسف علیہ السلام کے سلطنت مصر کی سلاطین مصر ہی کی طرف منتقل ہوگئی کیونکہ یوسف علیہ السلام کو گو اختیارات سلطنت کے حاصل ہو گئے تھے مگر باضابطہ تو پہلا ہی بادشاہ بادشاہ رہا تھا اسی لئے یوسف علیہ السلام عزیز مصر کہلاتے تھے چنانچہ ان ہی سلاطین مصر کے سلسلہ میں وہ فرعون ہوا جو موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں تھا اور ان برادرانِ یوسف علیہ السلام کی اولاد میں وہ بنی اسرائیل ہوئے جو موسیٰ علیہ السلام کے وقت میں تھے اور بعض مفسرین نے بلا سند لکھا ہے کہ یہود نے امتحاناً پوچھا تھا کہ یعقوب علیہ السلام تو شام کے رہنے والے تھے ان کی اولاد مصر میں فرعون کے ہاتھ میں کہاں پہنچ گئی اس قصہ سے اس کا جواب بھی حاصل ہو گیا اور مفصل وجہ شام سے مصر کو آنے کی بیان فرما دی ان مفسرین نے رکوع دوم کی پہلی آیت لَقَدْ كَانَ الخ کی تفسیر اسی سوال کے ساتھ کی ہے واللہ اعلم۔

www.besturdubooks.net

ربط : آیات قصہ یوسف علیہ السلام جس طرح قصہ سے سوال کرنے والوں کا جواب ہے اسی طرح جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر بھی دلیل ہے جیسا آیت: لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ الخ میں اس طرف اشارہ بھی ہے آگے ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ الخ میں اسی دلالت کی تقریر اور آیت وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ الخ میں کفار کا عناد کہ باوجود دلائل کے ایمان نہیں لاتے اور آیت وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ الخ میں اس عناد کی تقریر اور آیت: وَكَاَيِّنْ الخ اور آیت: وَمَا يُؤْمِنُ الخ میں مثل انکار نبوت کے ان کا انکار توحید و نیز آیت وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ سے آخر آیات مذکورہ تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تسلیہ بھی نہ امیدی سے راحت ہو جاتی ہے جو کہ مدلول آیت وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ کا ہے اور اسی طرح اس امر کے معلوم ہونے سے کہ ان کے ایمان نہ لانے سے آپ کا کوئی اجر و نفع فوت نہیں ہوتا بلکہ نصیحت نہ ماننے سے ان ہی کا ضرر ہے جو کہ مدلول ہے آیت: وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ الخ کا نیز تسلی ہوتی ہے اور اسی طرح اس سننے سے بھی تسلی ہوتی ہے کہ نبوت سے بڑھ کر یہ توحید کے منکر ہیں تو نبوت کے انکار پر کیا تعجب کیا جاوے جو کہ مدلول ہے وَكَاَيِّنْ الخ اور وَمَا يُؤْمِنُ الخ کا آگے آیات اَفَاَمِنُوْٓا الخ میں اس انکار توحید رسالت پر وعید ہے آگے آیت: قُلْ هٰذِهٖ الخ میں اتمام حجت کے لئے تکریر دعوت ہے آگے وَمَآ اَرْسَلْنَا الخ میں نبوت پر ان کے ایک شبہ کا کہ نبی فرشتہ ہونا چاہئے جواب ہے اور اسی آیت کے آخر میں وعید کی تقریر و تاکید ہے آگے آیت حَتّٰٓي اِذَا اسْتَيْــَٔسَ الخ میں آپ کی اور اہل ایمان کی تسلی اور کفار کے وعید کی تقریر ہے آگے ختم کی آیت میں حکمت قصص سابقہ کی کہ تسلی اور وعید بالا ہے اور حقیت قرآن کی کہ قصص پر مشتمل ہے جو کہ بعینہٖ شروع سورت کی آیتوں کا بھی یہی مضمون تھا مذکور ہے پس خلاصہ ان تمام تر آیات کا وہ ہوا جو عنوان آئندہ میں لکھا جاتا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا اس سے دو مسئلے ثابت ہوتے ہیں ایک باوجود عصمت اور امتناع کفر کے انبیاء علیہم السلام کا خوف کرنا دوسرے بعض تفاسیر پر شوق لقاء میں موت کی تمنا کرنا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ قوله قبل فاما دخلوا باہر دل عليه ظاهر قوله تعالى ادخلوا مصر وقال بعضهم فى معناه تمكنوا فيه بعد الدخول ۱۲۔ ۲ قوله فى حقا ظهور لان كون الرؤيا حقا حاصل من قبل وان لم يظهر ۱۲۔ ۳ قوله فى توضيح تاويل مستلزم ولم يصرح بعطاء النبوة لانها لا المستلزم هذا التاويل فذكر التاويل دل على الجمع بين النعمتين فافهم ۱۲۔

اللغات : قوله احسن بى فيه اقوال وبنى الترجمة على كون الباء صلة لاحسن كما فى قوله تعالى وبالوالدين احسانا ۱۲۔ قوله البد والظهور ولما كان الشئ فى البادية ظاهرا اطلق عليها و كنعان وان لم يكن بادية لكن القرٰى كالبادية فى جنب امثال مصر قوله نزغ فى القاموس افسد بينهم۔

النحو : قوله لما يشاء متعلق بلطيف بمعنى لطيف تدبيره نافذ فى الامور وماش فيها ۱۲۔

البلاغۃ : قوله من السجن لم يقل ومن الجب تكر ما لا خوته كيلا يخجلوا ولان تمام النعمة كان بعد الخروج من السجن حيث تسلطن بعده قوله نزغ الشيطان فيه تلطف باخوته حيث لم يفعلوا ما فعلوا بانفسهم وانما اغراهم الشيطان فمعظم الملامة عليه ۱۲۔

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَآ
اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾
اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا
اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ
اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ۭ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ
خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ حَتّٰٓي اِذَا اسْتَيْــَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَاۗءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ
نَّشَاۗءُ ۭ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۭ مَا كَانَ

www.besturdubooks.net

حَدِيثًا يُفْتَرَىٰ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿۱۱۱﴾ ع ۱۲ / ۶

(اے محمدؐ) یہ قصہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم نے وحی کے ذریعہ تم کو بتایا کیونکہ تم یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کے پاس اس وقت موجود نہ تھے جبکہ انہوں نے اپنا ارادہ پختہ کرلیا تھا اور وہ تدبیریں کر رہے تھے اور اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے گو آپ کا کیسا ہی جی چاہتا ہو اور آپ ان سے اس پر کچھ معاوضہ تو چاہتے نہیں یہ (قرآن) تو تمام جہان والوں کے لئے ایک نصیحت ہے اور بہت سی نشانیاں ہیں آسمانوں میں اور زمین میں جن پر ایمان کا گزر ہوتا رہتا ہے اور وہ ان کی طرف اصلاً توجہ نہیں کرتے اور اکثر لوگ جو خدا کو مانتے بھی ہیں تو اس طرح کہ شرک بھی کرتے ہیں سو کیا پھر بھی اس بات سے مطمئن ہوئے بیٹھے ہیں کہ ان پر خدا کے عذاب کی کوئی ایسی آفت آپڑے جو ان کو محیط ہو جائے یا ان پر اچانک قیامت آجائے اور ان کو (پہلے سے) خبر بھی نہ ہو۔ آپ فرما دیجئے کہ یہ میرا طریقہ ہے میں (لوگوں کو توحید) خدا کی طرف اس طور سے بلاتا ہوں کہ میں بھی اس پر قائم ہوں اور میرے ساتھ والے بھی اور اللہ (شرک سے) پاک ہے اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں اور ہم نے آپ سے پہلے مختلف بستی والوں میں جتنے (رسول) بھیجے سب آدمی ہی تھے (کوئی فرشتہ نہ تھا) اور (یہ لوگ جو بے فکر ہیں) تو کیا یہ لوگ ملک میں کہیں چلے پھرے نہیں کہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا کیسا برا انجام ہوا جو ان سے پہلے (کافر) ہو گزرے ہیں اور البتہ عالم آخرت ان لوگوں کے لئے نہایت بہبودی کی چیز ہے جو احتیاط رکھتے ہیں سو کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے۔ یہاں تک کہ پیغمبر (اس بات سے) مایوس ہو گئے اور ان پیغمبروں کو گمان غالب ہو گیا کہ ہمارے فہم نے غلطی کی ان کو ہماری مدد پہنچی پھر (اس عذاب سے) ہم نے جس کو چاہا بچالیا گیا اور ہمارا عذاب مجرم لوگوں سے نہیں ہٹتا۔ ان (انبیاء امم سابقین کے) قصہ میں سمجھ دار لوگوں کے لئے (بڑی) عبرت ہے یہ قرآن (جس میں یہ قصے ہیں) کوئی تراشی ہوئی بات تو ہے نہیں (کہ اس عبرت نہ ہوتی) بلکہ اس سے پہلے جو (آسمانی) کتابیں ہو چکی ہیں یہ ان کی تصدیق کرنے والا ہے اور ہر ضروری بات کی تفصیل کرنے والا ہے اور ایمان والوں کے لئے ذریعہ ہدایت اور رحمت ہے۔ ۞

تفسیر: بحث رسالت و توحید و تسلیہ حضور و وعید منکرین و حقیت قرآن ☆ ذٰلِكَ مِنْ أَنبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهِ (الی قولہ تعالیٰ) وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۞ یہ قصہ (جو اوپر بیان کیا گیا آپ کے اعتبار سے) غیب کی خبروں میں سے ہے (کیونکہ آپ کے پاس کوئی ظاہری ذریعہ اس کے جاننے کا نہیں تھا صرف) ہم (ہی) وحی کے ذریعہ سے آپ کو یہ قصہ بتلاتے ہیں اور (یہ ظاہر ہے کہ) آپ ان (برادران یوسف) کے پاس اس وقت موجود نہ تھے جب کہ انہوں نے اپنا ارادہ (یوسف علیہ السلام کو کنوئیں میں ڈالنے کا) پختہ کرلیا تھا اور وہ (اس کے متعلق) تدبیریں کر رہے تھے (کہ باپ سے یوں کہیں ان کو یوں لے جائیں وغیرہ ذالک اور اسی طرح یہ امر یقینی ہے کہ آپ نے کسی سے یہ قصہ سنا سنایا بھی نہیں پس یہ صاف دلیل ہے نبوت کی اور صاحب وحی ہونے کی) اور (باوجود نبوت پر دلائل قائم ہونے کے) اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے گو آپ کا کیسا ہی جی چاہتا ہو اور (ان کے ایمان نہ لانے سے آپ کا تو کوئی نقصان ہے نہیں کیونکہ) آپ ان سے اس (قرآن) پر کچھ معاوضہ تو چاہتے نہیں (جس میں یہ احتمال ہو کہ اگر یہ قرآن کو قبول نہ کریں گے تو آپ کا معاوضہ فوت ہو جاوے گا) یہ (قرآن) تو صرف تمام جہان والوں کے لئے ایک نصیحت ہے (جو نہ مانے گا اسی کا نقصان ہوگا) اور (جیسے یہ لوگ منکر نبوت ہیں اسی طرح باوجود دلائل منکر توحید بھی ہیں چنانچہ) بہت سی نشانیاں ہیں (کہ توحید پر دال ہیں) آسمانوں میں (جیسا کواکب وغیرہ) اور زمین میں (جیسے عناصر و عنصریات) جن پر ان کا گزر ہوتا رہتا ہے (یعنی ان کا مشاہدہ کرتے رہتے ہیں) اور وہ ان کی طرف (اصلاً) توجہ نہیں کرتے (یعنی ان سے استدلال نہیں کرتے) اور اکثر لوگ جو خدا کو مانتے بھی ہیں تو اس طرح کہ شرک بھی کرتے جاتے ہیں (پس بدون توحید خدا کا ماننا مثل نہ ماننے کے ہے پس یہ لوگ اللہ کے ساتھ بھی کفر کرتے ہیں اور نبوت کے ساتھ بھی کفر کرتے ہیں) سو کیا (اللہ و رسول کے منکر ہو کر) پھر بھی اس بات سے مطمئن ہوئے بیٹھے ہیں کہ ان پر خدا کے عذاب کی کوئی ایسی آفت آپڑے جو ان کو محیط ہو جاوے یا ان پر اچانک قیامت آجاوے اور ان کو (پہلے سے) خبر بھی نہ ہو (مطلب یہ کہ مقتضا کفر کا عقوبت ہے خواہ دنیا میں نازل ہو جاوے یا قیامت کے دن واقع ہووے ان کو ڈرنا اور کفر کو چھوڑ دینا چاہئے) آپ فرما دیجئے کہ یہ مضمون جو اوپر مفہوم ہوا رسالت کا حق ہونا توحید کا حق ہونا یہی) میرا طریق ہے (جس کا خلاصہ مکرر سنایا جاتا ہے کہ) میں (لوگوں کو توحید) خدا کی طرف اس طور پر بلاتا ہوں کہ میں (اس توحید کی اور اپنے داعی من اللہ ہونے کی) دلیل پر قائم ہوں میں بھی اور میرے ساتھ والے بھی (یعنی میرے پاس بھی دلیل ہے توحید و رسالت کی اور میرے ساتھ والے بھی استدلال کے ساتھ مجھ پر ایمان لائے ہیں میں بے دلیل بات کی طرف کسی کو نہیں بلاتا دلیل سنو اور سمجھو پس حاصل طریق یہ ہوا کہ خدا واحد ہے اور میں داعی ہوں) اور اللہ (شرک سے) پاک ہے اور میں (اس طریق کو قبول کرتا ہوں اور) مشرکین میں سے نہیں ہوں (خلاصہ یہ ہوا کہ میرا مقصود دعویٰ نبوت سے اپنا بندہ بنانا نہیں بلکہ اللہ کا بندہ بنانا ہے لیکن اس کا طریق بذریعہ داعی من اللہ کے بتلایا جاتا ہے اس لئے میرا داعی ماننا جب کہ میرے پاس اس کی دلیل بھی واجب ہے) اور (یہ جو نبوت پر شبہ کرتے ہیں کہ نبی فرشتہ ہونا چاہئے محض مہمل بات ہے کیونکہ) ہم نے آپ سے پہلے مختلف بستی والوں میں سے جتنے (رسول) بھیجے سب آدمی ہی تھے جن کے پاس وحی بھیجتے تھے (کوئی بھی فرشتہ نہ تھا جنہوں نے ان کو نہ مانا اور ایسے مہمل شبہات کرتے رہے ان کو سزائیں دی گئیں اسی طرح ان کو بھی

www.besturdubooks.net

سزا ہوگی خواہ دنیا میں خواہ آخرت میں اور یہ لوگ جو بےفکر ہیں) تو کیا یہ لوگ ملک میں (کہیں) چلے پھرے نہیں کہ (اپنی آنکھوں سے) دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا کیسا (برا) انجام ہوا جوان سے پہلے (کافر) ہوگزرے ہیں (مطلب یہ کہ ان کی ہلاکت اور بدانجامی کے آثار مشاہدہ کر لیتے) اور (یاد رکھو کہ جس دنیا میں منہمک ہوکر تم نے کفر اختیار کر رکھا ہے یہ دنیا محض ہیچ اور فانی ہے) البتہ عالم آخرت ان لوگوں کے لئے بہبودی کی چیز ہے جو (شرک وغیرہ سے) احتیاط رکھتے ہیں (اور توحید اختیار کرتے ہیں) سو کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے (کہ فانی کا اختیار کرنا بہتر ہے یا باقی کا اور اگر تم کو تاخیر عذاب سے شبہ عدم وقوع کا ہوتا ہو تو تمہاری غلطی ہے اس لئے کہ کفار امم سابقہ کو بھی بڑی بڑی مہلتیں دی گئیں) یہاں تک کہ (تطویل مدت مہلت کی وجہ سے) پیغمبر (اس بات سے) مایوس ہوگئے (کہ وقت اجمالی وعدہ الٰہیہ کا اپنے اجتہاد سے معین کر کے ہم نے اپنے ذہن میں قرار دے رکھا تھا اس وقت میں ہم منصور اور کفار مقہور نہ ہوں گے) اور ان (پیغمبروں) کو گمان غالب ہوگیا کہ (وعدۂ الٰہیہ کی تحدید میں) ہمارے فہم نے غلطی کی (کہ بلا تنقیص محض قرآن یا حسب استعجال نصر سے قریب کا وقت معین کر لیا حالانکہ وعدہ مطلق ہے پھر مایوسی کی حالت میں) ان کو ہماری مدد پہنچی (وہ مدد یہ کہ کفار پر عذاب آیا) پھر (اس عذاب سے) ہم نے جس کو چاہا وہ بچا لیا گیا (مراد اس سے مؤمنین ہیں) اور (اس عذاب میں کفار ہلاک کئے گئے کیونکہ) ہمارا عذاب مجرم لوگوں سے نہیں ہٹتا (بلکہ ان پر ضرور واقع ہوتا ہے گو بدیر ہی پس یہ کفار مکہ بھی اس دھوکے میں نہ رہیں) ان (انبیاء وامم سابقین) کے قصہ میں سمجھ دار لوگوں کے لئے (بڑی) عبرت ہے (کہ اس سے عبرت حاصل کرتے ہیں کہ اطاعت کا یہ انجام ہے اور معصیت سے یہ انجام ہے) یہ قرآن (جس میں یہ قصے) ہیں کوئی تراشی ہوئی بات تو ہے نہیں (کہ اس سے عبرت نہ ہوتی بلکہ اس سے پہلے جو آسمانی کتابیں ہو چکی ہیں یہ ان کی تصدیق کرنے والا ہے اور ہر (ضروری) بات کی تفصیل کرنے والا ہے اور ایمان والوں کے لئے ذریعہ ہدایت ورحمت ہے (پس ایسی کتاب میں جو مضامین عبرت کے ہوں گے ان سے تو عبرت حاصل کرنا لازم ہی ہے) **ف**: ظنوا کے ترجمہ میں گمان غالب کا اعتبار اس صورت میں ہے جب مدت معہودہ فی الذہن کے گزرنے سے پہلے اس ظن کا اعتبار کیا جاوے کہ آثار نصرت نہ پانے سے گمان غالب ہوگیا اور اگر اس کے گزرنے کے بعد اس کا اعتبار کیا جاوے تو ظن بمعنی تیقن کے ہوگا اور مایوسی بھی ایک صورت میں ظنی ہوگی اور ایک حالت میں یقینی اور تفسیر کذبوا کی اسہل واسلم تفاسیر یہ اور بنا اس کی غلطی اجتہادی کا انبیاء سے جائز ہونا ہے سو حدیثوں میں یہ امر مصرح ہے خود ہمارے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا عام حدیبیہ میں خواب دیکھنا کہ طواف کرنے مکہ گئے ہیں اور اس ارادہ سے چلنا اور کامیاب نہ ہونا اس خطائے اجتہادی رسل کی نظیر ہے اور ایک قراءت کذبوا بالتشدید ہے جس کے معنی تکذیب کئے گئے اس کا حاصل معنی یہ ہے کہ رسل کو شبہ ہوا کہ کہیں اہل ایمان ہی تکذیب وشک نہ کرنے لگیں پس ظن بمعنی توہم واحتمال ہے اور انہم اور کذبوا کی ضمیر رسل کی طرف اور فاعل کذبوا کا اہل ایمان اور استیئس کے وہی معنی ہیں اور دونوں قراءتوں میں اور اور توجیہات میں بھی ہیں مگر اسہل واسلم یہی ہیں جو بندہ نے اختیار کیں واللہ اعلم اور اسی کے قریب مضمون کی آیت پارہ دوم کے نصف پر اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ الخ [البقرة: ٢١٤] آئی ہے اس کی تفسیر دیکھنے سے یہاں کی اور توضیح ہو جاوے گی۔ **وقدتم تفسير سورة يوسف عليه السلام بحمد الله المنعم ضحوة يوم الجمعة السابع والعشرين من جمادى الاول ١٣٢٤ من هجرة خير الانام عليه وعلى اخوانه من النبين وعلى آله واصحابه واتباعه اجمعين ما لا يعد ولا يحصى من الصلوٰة والتحيات الى يوم القيام۔**

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ بعض نے ریا مراد لی ہے اور بعض نے نظر الی الاسباب واعتماد علی الاسباب سے تاویل کی ہے بعض نے خلق کی اطاعت خالق کی معصیت کے ساتھ مراد لی ہے بعض نے ہر قسم کے شرک کو اس میں داخل کیا ہے اس میں قبر پرستی و نذر لغیر اللہ اور غیر اللہ کے نافع وضار ہونے کا اعتقاد بھی آ گیا اور بعض صوفیہ نے مطلق التفات الی غیر اللہ کو شرک کہا ہے۔ قولہ تعالیٰ: قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣعَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ داعی الی اللہ کو طریق ایصال کا ماہر اور حق تعالیٰ کی ذات وصفات کا عارف ہونا چاہئے ۱۲۔

ملحقات الترجمة: ١. **قوله قبل حتى اذ استائسوا مہلتیں الخ اشارة الى تقدير امهلوا كما فى البيضاوى اى لا يغررهم تاديهم فان من قبلهم امهلوا الخ ١٢۔ ٢. قوله فى قصصهم قصہ اشارة الى كونه مصدرا بمعنى المقصوص اى جنسه الشامل للجميع ١٢۔**

الكلام: **قوله الا رجالا استدل به على اختصاص النبوة بالرجال دون النساء وفيه ان هذا الحصر باعتبار الملائكة فلا دلالة فيه على ما ذكرو المسئلة ظنية والعلم عند الله تعالى نعم لم يثبت نبوة امرأة بقاطع وما لم يقم القاطع على واحد من شقيه فهو محتمل الوجود والعدم ١٢۔**

اختلاف القراءة: **فى كذبوا قراء تان بالتخفيف والتشديد وفى كليهما احتمالات اربعة عقلية عود ضمير ظنوا وانهم كذبوا الى الرسل وعودهما الى الامم وعود الاول الى الرسل والثانى الى الامم وبالعكس فهذه ثمانية احتمالات الاول كون كذبوا بالشديد وكون**

www.besturdubooks.net

الضميرين للرسل الثانى كون الضميرين للامم مع التشديد الثالث كون الاول للرسل والثانى للامم مع التشديد الرابع بالعكس مع التشديد الخامس كون كذبوا بالتخفيف وكون الضميرين للرسل السادس كون الضميرين للام مع التخفيف السابع كون الاول للرسل والثانى للامم مع التخفيف الثامن عكسه مع التخفيف فالاول فيه وجوه منها ذكر فى فائدة المتن ومنها ان يكون الظن بمعنى التيقن وفاعل التكذيب اهل الكفر والياس من ايمان هولاء الكفرة والخامس فيه وجوه منها ما ذكر في المتن والفائدة وفاعل الكذب على هذا انفسهم او رجاء هم ومنها ان يكون الظن بمعنى الوسوسة التي لا يواخذ عليها ولا يكون اختياريا وفاعل الكذب من اخبرهم من الله تعالىٰ والياس اما من النصرا ومن ايمان الكفرة والسادس توجيهه ان الامم ظنوا ان الرسل قد كذبوا مبنيا للفاعل فيما ادعوه من النبوة والوعيد والثامن توجيهه ان الامم قد ظنوا ان الرسل قد كذبوا مبنيا للمفعول اى اخلفوا وخلط الامر عليهم وباقى الاحتمالات محتمل عقلا ولا يصح وقوعا فافهم۱۲۔

النَّحْوُ: قوله على بصيرة خبر مقدم وانا مع ما عطف عليه مبتدأ مؤخر۱۲۔

البَلَاغَۃُ: : قوله وما كنت لديهم وانما حذف الشق الاخير اى عدم تلقيه عليه السلام من احرمع ان الدال على النبوة هو المجموع اما لعلمه من آية اخرىٰ كقوله تعالىٰ ما كنت تعلمها واما للتهكم بمن كذبه عليه السلام و ذلك من حيث انه تعالىٰ جعل [illegible] مشكوك فيه كونه عليه السلام حاضرا بين يدى اولاد يعقوب عليه السلام ما كرين فنفاه بقوله وما كنت لديهم وانما الذى يمكن [illegible]ن يرتا[illegible] فيه المرتاب قبل التعرف هو تلقيه من اصحاب القصة وكان ظاهر الكلام ان ينفي ذلك فلما جعل المشكوك ما لا ريب فيه لان كو[illegible]ه عليه السلام لم يلق احدا ولا سمع كان عندهم كفلق الفجر جاء التهكم البالغ وسار حاصل المعنى قد علمتم يا مكابرة انه لم يكن مشاهدا لمن مضى من القرون الخالية وانكار كم ما اخبر به يفضى الى ان تكابر وابانه قد شاهد من مضى منهم وهذا كقوله تعالىٰ ام كنتم شهداء اذ وصاكم الله بهذا ومنه يظهر فائدة العدول عن اسلوب ما كنت تعلمها انت ولا قومك الى هذا الاسلوب وهو ابلغ مما ذكر اولا و ذكر لترك ذلك نكتة اخرىٰ ايضًا وهى ان المذكور مكرهم وما دبروه وهو مما اخفوه حتى لا يعلمه غيرهم فلا يمكن تعلمه من الغير ولا يخلو عن حسن من الروح۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ الرَّعْد

سُوْرَۃُ الرَّعْد ۱۳ مدنیۃ ۹۶ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیَاتُھَا ۴۳ | رُکُوْعَاتُھَا ۶

سورۂ رعد مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اور جس میں تینتالیس آیات اور چھ رکوع ہیں

الٓمّٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِىْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰـكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۞۱ اَللّٰهُ الَّذِىْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ
بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِىْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ
يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ۞۲ وَهُوَ الَّذِىْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِىَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ
كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۞۳ وَفِى الْاَرْضِ
قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ ۙ وَنُفَضِّلُ
بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِى الْاُكُلِ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۞۴

الٓمّٓرٰ ۔ یہ (جو آپ سن رہے ہیں) آیتیں ہیں ایک بڑی کتاب (یعنی قرآن) کی اور جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا جاتا ہے یہ بالکل سچ ہے لیکن بہت سے آدمی ایمان نہیں لاتے ۔ اللہ ایسا (قادر) ہے کہ اس نے آسمانوں کو بدوں ستون کے اونچا کھڑا کر دیا چنانچہ تم ان (آسمانوں) کو اسی طرح دیکھ رہے ہو پھر عرش پر قائم ہوا اور آفتاب و ماہتاب کو کام میں لگا دیا ہر ایک وقت مقررہ پر چلتا رہتا ہے وہی اللہ ہر کام کی تدبیر کرتا ہے (اور) دلائل کو صاف صاف بیان کرتا ہے تاکہ تم اپنے رب کے پاس جانے کا یقین کر لو ۔ اور وہ ایسا ہے کہ اس نے زمین کو پھیلایا اور اس (زمین) میں پہاڑ اور نہریں پیدا کیں اور اس میں ہر قسم کے پھلوں سے دو دو قسم کے پیدا کئے شب (کی تاریکی) سے ان (کی روشنی) کو چھپا دیتا ہے ان امور (مذکورہ) میں سوچنے والوں کے لئے (سمجھنے کے) واسطے (توحید پر) دلائل (موجود) ہیں اور زمین میں پاس پاس (اور پھر) مختلف قطعے ہیں اور پھر انگوروں کے باغ ہیں اور کھیتیاں ہیں اور کھجوریں ہیں جن میں بعضے تو ایسے ہیں کہ تنہ سے اوپر جا کر دو تنا ہو جاتے ہیں اور بعض دو تنے نہیں ہوتے سب کو ایک ہی طرح کا پانی دیا جاتا ہے اور ہم ایک دوسرے کو پھلوں میں فوقیت دیتے ہیں اور امور (مذکورہ) ہیں (بھی) سمجھدار لوگوں کے واسطے (توحید کے) دلائل موجود ہیں ۔ ۞

تفسیر: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُوْرَۃُ الرَّعْد مدنیة وقیل مکیة الا قوله ویقول الذین کفروا الآیة وایها خمس و اربعون۔ کذا فی البیضاوی اس سورت کا حاصل یہ مضامین ہیں توحید رسالت جواب شبہات بر رسالت تسلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حقیت قرآن وعدہ وعید جس کی تفصیل تقریرات ربط اور معانی آیات سے معلوم ہوگی اور یہی مضامین اجمالاً سورۂ یوسف کے آخری رکوع میں مذکور ہیں پس ربط سورت کا ماسبق سے بھی اور باہمد گر بھی اس سے ظاہر ہو گیا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

حقیت قرآن ☆ الٓمّٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ (الی قوله تعالی) لَا يُؤْمِنُوْنَ ۞ ۔ الٓمّٓرٰ ۔ (اس کے معنی اللہ کو معلوم ہیں) یہ (جو آپ سن رہے ہیں) آیتیں ہیں ایک بڑی کتاب (یعنی قرآن) کی اور جو کچھ آپ پر آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا جاتا ہے یہ بالکل سچ ہے اور (اس کا مقتضا یہ تھا کہ سب ایمان لاتے) لیکن بہت سے آدمی ایمان نہیں لاتے ۔ ربط: او پر حقیت قرآن کا مضمون تھا آگے توحید کا مضمون ہے جو کہ اعظم مقاصد قرآن سے ہے۔

www.besturdubooks.net

توحید☆ اَللّٰهُ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ (الی قولہ تعالی) اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ۝ اللہ ایسا (قادر) ہے کہ اس نے آسمانوں کو بدوں ستون کے اونچا کھڑا کر دیا چنانچہ تم ان (آسمانوں) کو (اسی طرح) دیکھ رہے ہو پھر عرش پر (جو مشابہ ہے تخت سلطنت کے اس طرح) قائم (اور جلوہ فرما) ہوا (جو کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور آفتاب و ماہتاب کو کام میں لگا دیا (ان دونوں میں سے) ہر ایک (اپنے مدار پر) ایک وقت معین میں چلتا رہتا ہے (چنانچہ سورج اپنے مدار کو سال بھر میں قطع کر لیتا ہے اور چاند مہینہ بھر میں) وہی (اللہ) ہر کام کی (جو کچھ عالم میں واقع ہوتا ہے) تدبیر کرتا ہے (اور) دلائل (تکوینیہ وتشریعیہ کو صاف صاف بیان کرتا ہے تاکہ تم اپنے رب کے پاس جانے کا (یعنی بعث ونشر کا) یقین کر لو (اس کے امکان کا تو اس طرح کہ جب اللہ تعالیٰ ایسی عظیم چیزوں کی تخلیق پر قادر ہے تو مردوں کو زندہ کرنے پر کیوں نہیں قادر ہوگا اور اس کے وقوع کا یقین اس طرح کہ مخبر صادق نے ایک امر ممکن کے وقوع کی خبر دی لامحالہ وہ واقع ہے) اور وہ ایسا ہے کہ اس نے زمین کو پھیلایا اور اس (زمین) میں پہاڑ اور نہریں پیدا کیں اور اس میں ہر قسم کے پھلوں سے دو دو قسم کے پیدا کیے (مثلاً کھٹے اور میٹھے یا چھوٹے اور بڑے کوئی رنگ کا اور کوئی کسی رنگ اور) شب (کی تاریکی) سے دن (کی روشنی) کو چھپا دیتا ہے (یعنی شب کی تاریکی سے دن کی روشنی پوشیدہ اور زائل ہو جاتی ہے) ان امور (مذکورہ) میں سوچنے والوں کے (سمجھنے کے) واسطے (توحید پر) دلائل (موجود) ہیں (جس کی تقریر پارہ دوم کے رکوع چہارم کے شروع میں گزری ہے) اور اسی طرح اور بھی دلائل ہیں توحید کے چنانچہ) زمین میں پاس پاس (اور پھر) مختلف قطعے ہیں (جن کا باوجود تلاصق کے مختلف الاثر ہونا عجیب بات ہے) اور انگوروں کے باغ ہیں اور (مختلف) کھیتیاں ہیں اور کھجور (کے درخت) ہیں جن میں بعضے تو ایسے ہیں کہ ایک تنہ سے اوپر جا کر دو تنے ہو جاتے ہیں اور بعضے میں دو تنے نہیں ہوتے (بلکہ جڑ سے شاخوں تک ایک ہی تنہ چلا جاتا ہے اور) سب کو ایک ہی طرح کا پانی دیا جاتا ہے اور (باوجود اس کے پھر بھی) ہم ایک کو دوسرے پر پھلوں میں فوقیت دیتے ہیں ان امور (مذکورہ) میں (بھی) سمجھ داروں کے (سمجھنے کے) واسطے (توحید کے) دلائل (موجود) ہیں۔ **ف**: تَرَوْنَهَا سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ یہ جو نظر آتا ہے آسمان ہے اور فلاسفہ جو اس رنگ محسوس کو نور وظلمت کی ترکیب کا اثر بتلاتے ہیں ہم اس کے منکر نہیں لیکن اگر باوجود اس کے اسی میں آسمان کا رنگ بھی نظر آتا ہو تو کیا تعجب ہے خواہ وہ رنگ اسی کے مناسب ہو جیسا ظاہر حدیث **ما اظلت الخضراء** سے معلوم ہوتا ہے اور یا دوسرا رنگ ہو کہ امتزاج سے ایسا محسوس ہونے لگا ہو جیسا فرض کیجئے ایک سفید کپڑے کے سامنے دو آئینے ہوں ایک سفید اور ایک سیاہ تو ان دونوں کے اندر سے وہ کپڑا ابھی نظر آتا ہے گو اصلی رنگ پر نہ سہی پس اس صورت میں خضراء اس کو باعتبار عارض کے فرما دیا اور آیت: وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ [الغاشیۃ: ۱۸] سے بھی ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ آسمان نظر آتا ہے اور بعض نے یہ کہا ہے کہ یہ رویت اور نظر حکمی ہے حقیقی نہیں یعنی دلائل سے اس کا وجود اور صفت وکیفیت ایسی معلوم ہے جیسے گویا دیکھ لیا۔ واللہ اعلم۔ **ف**: صِنْوَانٌ کے ترجمہ میں دو تنہ کی تخصیص تمثیلاً ہے ورنہ بعض میں تین چار تک دیکھے گئے ہیں اور پھر ہر ایک میں پتے الگ الگ نکلتے ہیں اور پھر پھل الگ الگ لگتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: وَفِی الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ (الی قولہ تعالی) یُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ ۙ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِی الْاُكُلِ اس سے معلوم ہوا کہ اگر فاعل واحد بھی ہو تب بھی قوابل کے اختلاف فی الاستعداد سے ثمرات مختلف پیدا ہوتے ہیں ایسا ہی حال ہے قلوب مختلفۃ الاستعداد کا کہ باوجود مربی کے واحد ہونے کے ان میں حالات مختلفہ پیدا ہوتے ہیں اور یہ مربی کے نہ اختیار میں ہے نہ اس کے بخل کی دلیل ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی الکتب بڑی افادہ الاطلاق فکانہ ہو الکتاب لا غیر واستلزم ذلک فخامۃ ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراءۃ وزرع ونخیل مجرورین عطفا علی اعناب وہو کما فی الکشف من باب متقلد سیفا ورمحا او المراد ان فی الجنات فرجا مزروعۃ بین الاشجار والا فلا یقال للمزرعۃ وحدہا جنۃ قال فی روح المعانی وہذا احسن منظر او انزہ ۱۲۔

اللغات: قولہ عمد اسم جمع قولہ سخر جعلہما طائعین لما ارید منہما۔ قولہ یدبر فیہ مجاز ای یتصرف من غیر نظر الی معنی الفکر فی العواقب قولہ مد بسط قولہ رواسی ثوابت صنوان الفرعان من اصل واحد ۱۲۔

النحو: قولہ ترونہا استیناف وقیل صفۃ عمد ثم النفی اما متوجہ الی المقید والقید ای لا عمد ولا رؤیۃ وقیل الی القید فقط والعمد مثبت بان یراد بہ القدرۃ الالٰہیۃ کقولہ تعالی ان اللہ یمسك السمٰوٰت الخ ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ رفع السمٰوٰت وہذا کقولہ سبحان الذی کبر الفیل وصغر البق ۱۲۔

وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ ؕ اُولٰٓىِٕكَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓىِٕكَ الْاَغْلٰلُ فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ۝ وَیَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّیِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ

www.besturdubooks.net

مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ؕ وَ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ ۚ وَ اِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَاۤ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اِنَّمَاۤ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّ لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝ ع

اور (اے محمدؐ) اگر آپ کو تعجب ہو تو (واقعی) ان کا یہ قول تعجب کے لائق ہے کہ جب ہم خاک ہو گئے کیا ہم پھر از سر نو (قیامت کے روز) پیدا ہوں گے یہ وہ لوگ ہیں کہ انہوں نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا اور ایسے لوگوں کی گردنوں میں (دوزخ میں) طوق ڈالے جائیں گے اور ایسے لوگ دوزخی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ لوگ عافیت (ختم میعاد) سے آپ کے مصیبت (کے نزول) کا تقاضا کرتے ہیں حالانکہ ان سے پہلے (اور کفار پر) واقعات عقوبت گزر چکے ہیں اور یہ بات بھی یقینی ہے کہ آپ کا رب لوگوں کی خطائیں باوجود ان کی بے جا حرکتوں کے معاف کر دیتا ہے اور یہ بات بھی یقینی ہے کہ آپ کا رب سخت سزا دیتا ہے اور یہ کفار یوں (بھی) کہتے ہیں کہ ان پر خاص معجزہ جو ہم چاہتے ہیں کیوں نہیں نازل کیا گیا آپ صرف ڈرانے والے نبی ہیں اور ہر قوم کے لئے ہادی ہوتے چلے آئے ہیں۔

تفسیر ربط: اوپر توحید کا اثبات تھا آگے جواب ہے کفار کے شبہات کا جو نبوت کے متعلق تھے مع وعید کے اور وہ تین شبہے تھے اول: بعث ونشر کو وہ لوگ محال سمجھتے تھے اور اس سے نفی نبوت پر استدلال کرتے تھے جیسا دوسری آیت میں ہے: هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ [سبا: ۷] دوسرا شبہ یہ تھا کہ اگر آپ نبی ہیں تو انکار نبوت پر جس عذاب کی آپ وعید سناتے ہیں وہ کیوں نہیں آتا کقولہ تعالیٰ: اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ الخ تیسرا شبہ یہ تھا کہ جن معجزات کی ہم فرمائش کرتے ہیں وہ کیوں نہیں ظاہر کئے جاتے آیت وَاِنْ تَعْجَبْ الخ میں اول شبہ کا رد ہے اور آیت وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ الخ میں دوسرے شبہ کا جواب اور آیت: وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا الخ میں تیسرے شبہ کا جواب ہے۔ کذا فی الکبیر۔

جواب مطاعن بر نبوت:

وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ (الی قولہ تعالی) وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝ اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اگر آپ کو (ان لوگوں کے انکار بعث سے) تعجب ہو تو (واقعی) ان کا یہ قول تعجب کے لائق ہے کہ جب ہم (مرکر) خاک ہو گئے کیا (خاک ہوکر) ہم (قیامت کو) از سر نو پیدا ہوں گے (تعجب کے لائق اس لئے کہ جو ذات ایسی اشیاء مذکورہ کے خلق پر ابتداء قادر ہے اس کو دوبارہ پیدا کرنا کیا مشکل ہے اور اسی سے جواب ہو گیا استبعاد بعث کا اور انکار نبوت کا بھی جس کا مبنی وہ استبعاد تھا ایک کے جواب سے دوسرے کا جواب ہو گیا آگے ان کے لئے وعید ہے کہ) یہ وہ لوگ ہیں کہ انہوں نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا (کیونکہ انکار بعث سے اس کی قدرت کا انکار کیا اور نیز انکار نبوت سے جو لازم تھا انکار بعث سے حق تعالیٰ کی صفت تائید الحق کا انکار کیا کہ اظہار معجزات ید کاذب پر ایک قسم ہے تائید باطل و تلبیس حق کی) اور ایسے لوگوں کی گردنوں میں (دوزخ میں) طوق ڈالے جاویں گے اور ایسے لوگ دوزخی ہیں (اور) وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ لوگ عافیت (کی میعاد ختم ہونے) سے پہلے آپ سے مصیبت (کے نازل ہونے) کا تقاضا کرتے ہیں (کہ اگر آپ نبی ہیں تو جلدی عذاب منگا دیجئے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ عذاب کے وقوع کو بڑا بعید سمجھتے ہیں) حالانکہ ان سے پہلے (اور کفار پر) واقعات عقوبت گزر چکے ہیں (تو ان پر آ جانا کیا مستبعد) اور (اللہ تعالیٰ کے غفور اور رحیم ہونے کو سن کر یہ لوگ مغرور نہ ہو جاویں کہ اب ہم کو عذاب نہ ہوگا کیونکہ صرف غفور رحیم ہی نہیں ہیں اور پھر سب کے لئے غفور رحیم نہیں ہیں بلکہ دونوں باتیں اپنے اپنے موقع پر ظاہر ہوتی ہیں یعنی) یہ بات بھی یقینی ہے کہ آپ کا رب لوگوں کی خطائیں باوجود ان کی (ایک خاص درجہ کی) بیجا حرکتوں کے معاف کر دیتا ہے اور یہ بات بھی یقینی ہے کہ آپ کا رب سخت سزا دیتا ہے (یعنی اس میں دونوں صفتیں ہیں اور ہر ایک کے ظہور کی شرطیں اور اسباب ہیں پس انہوں نے بلا سبب اپنے کو مستحق رحمت و مغفرت کیسے سمجھ لیا بلکہ کفر کی وجہ سے ان کے لئے تو اللہ تعالیٰ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ہے) اور یہ کفار (قدح نبوت کی غرض سے) یوں (بھی) کہتے ہیں کہ ان پر خاص معجزہ (جو ہم چاہتے ہیں) کیوں نہیں نازل کیا گیا (اور یہ اعتراض محض حماقت ہے کیونکہ آپ مالک معجزات نہیں بلکہ) آپ صرف (عذاب خدا سے کافروں کو) ڈرانے والے (یعنی نبی) ہیں (اور نبی کے لئے مطلق معجزہ کی ضرورت ہے جو کہ ظاہر ہو چکا ہے نہ کہ خاص معجزہ کی) اور (کوئی آپ انوکھے نبی نہیں ہوئے بلکہ) ہر قوم کے لئے (امم ماضیہ میں) ہادی ہوتے چلے آئے ہیں (ان میں بھی یہی قاعدہ چلا آیا ہے کہ دعویٰ نبوت کے لئے مطلق دلیل کو کافی قرار دیا گیا خاص دلیل کا التزام نہیں ہوا) ف: آیت میں ہادی عام ہے نبی اور نائب نبی کو پس ہند میں مطلق ہادی کے آنے سے اس کا نبی ہونا لازم نہیں البتہ محتمل ہے اس میں زیادہ بحث ضرور نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی فعجب واقعی الی لائق اشارة الی تقدیر الجزاء ای ان تعجب فحق لك التعجب لان قولهم حقیق بالتعجب ۱۲۔ ۲ قوله قبل و قد خلت جس سے معلوم الخ اشارة الی توجیه الحال و التقدیر یستعجلونك مستهزئین بانذارك منكرین لوقوع ما انذرتهم ایاه والحال انه قد مضت العقوبات علی امثالهم كذا فی الروح ۱۲۔ ۳ قوله فی ظلمهم خاص درجہ المراد به المعصیة احتراز

www.besturdubooks.net

عن الکفر ۳؎۔

اللغات: قوله المثلت جمع مثلة كسمرة وسمرات وهى العقوبة الفاضحة سميت بها لما بين العقاب والمعاقب به من المماثلة ۳؎۔

النحو: قوله اذا كنا عامله ما دل عليه انا لفى خلق اى نبعث و تكرار الهمزة للتاكيد قوله قبل الحسنة بتقدير المضاف اى قبل انقضاء الزمان المقدر لها كذا فى الروح ۳؎۔

اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ⑧ عٰلِمُ الْغَیْبِ

وَالشَّهَادَةِ الْكَبِیْرُ الْمُتَعَالِ ⑨ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۭ بِالَّیْلِ وَسَارِبٌۢ

بِالنَّهَارِ ⑩ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ یَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ

حَتّٰى یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ⑪ هُوَ

الَّذِیْ یُرِیْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّیُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۚ⑫ وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

مِنْ خِیْفَتِهٖ ۚ وَیُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَیُصِیْبُ بِهَا مَنْ یَّشَآءُ وَهُمْ یُجَادِلُوْنَ فِی اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِیْدُ

الْمِحَالِ ⑬ لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَالَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا یَسْتَجِیْبُوْنَ لَهُمْ بِشَیْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّیْهِ اِلَى الْمَآءِ

لِیَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِیْنَ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ ⑭ وَلِلّٰهِ یَسْجُدُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا

وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۩⑮ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ

مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِیَآءَ لَا یَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ یَسْتَوِی الْاَعْمٰى وَالْبَصِیْرُ ۙ اَمْ هَلْ

تَسْتَوِی الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَیْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ

شَیْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ⑯

اللہ تعالیٰ کو سب خبر رہتی ہے جو کچھ کسی عورت کو حمل رہتا ہے اور جو کچھ رحم میں کمی بیشی ہوتی ہے اور ہر چیز اللہ کے نزدیک ایک خاص انداز سے (مقرر) ہے وہ تمام پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا جاننے والا ہے سب سے بڑا اور عالی شان ہے۔ تم میں سے جو شخص کوئی بات چپکے سے کہے اور جو پکار کر کہے اور جو شخص رات کو کہیں چھپ جاوے اور جو دن کو چلے پھرے یہ سب برابر ہیں ہر شخص (کی حفاظت) کے لئے کچھ فرشتے (مقرر) ہیں جن کی بدلی ہوتی رہتی ہے کچھ اس کے آگے اور کچھ اس کے پیچھے کہ وہ بحکم خدا اس کی حفاظت کرتے ہیں واقعی اللہ تعالیٰ کسی قوم کی (اچھی) حالت میں تغیر نہیں کرتے جب تک کہ وہ لوگ خود اپنی صلاحیت کی حالت کو نہیں بدل دیتے اور جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر مصیبت ڈالنا تجویز کر لیتا ہے تو پھر اس کے ہٹنے کی کوئی صورت نہیں اور کوئی خدا کے سوا ان کا مددگار نہیں رہتا۔ وہ ایسا ہے کہ تم کو بجلی دکھاتا ہے جس سے ڈر بھی ہوتا ہے اور امید بھی ہوتی ہے اور وہ بادلوں کو (بھی) بلند کرتا ہے جو پانی سے بھرے ہوتے ہیں اور رعد (فرشتہ) اس کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کرتا ہے اور (دوسرے) فرشتے بھی اور اس کے خوف سے اور وہ بجلیاں بھیجتا ہے پھر جس پر چاہے گرا دیتا ہے اور وہ لوگ اللہ کے باب میں جھگڑتے ہیں حالانکہ وہ بڑا شدید القوۃ ہے۔ سچا پکارنا اسی کے لئے خاص ہے اور خدا کے سوا جن کو یہ پکارتے ہیں وہ ان کی درخواست کو اس سے زیادہ منظور نہیں کر سکتے جتنا پانی اس شخص کی درخواست کو منظور کرتا ہے جو اپنے دونوں پانی کی طرف پھیلائے ہوئے ہوتا ہے کہ وہ اس کے منہ تک اڑ کر آ جاوے وہ اس کے منہ تک (از خود) آنے والا نہیں اور کافروں کی درخواست (ان معبود باطلہ سے) کرنا محض بے اثر ہے۔ اور اللہ کے سامنے سب سر خم کئے ہیں جتنے آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمین میں ہیں خوشی سے اور مجبوری سے اور ان کے سائے بھی صبح اور شام کے وقتوں میں ہیں۔ آپ کہئے کہ آسمانوں اور زمین کا پروردگار کون ہے آپ وہی کہہ دیجئے کہ اللہ ہے (پھر) آپ یہ کہئے کہ کیا پھر بھی تم نے خدا کے سوا دوسرے مددگار قرار دے رکھے

www.besturdubooks.net

ہیں جوخوداپنی ذات کے نفع نقصان کا بھی اختیارنہیں رکھتے آپ یہ (بھی) کہئے کہ اندھا اور آنکھوں والا برابر ہوسکتا ہے یا کہیں تاریکی اور روشنی برابر ہوسکتی ہے یا انہوں نے اللہ کے ایسے شریک قرار دے رکھے ہیں کہ انہوں نے بھی (کسی چیز کو پیدا کیا ہو جیسے خدا پیدا کرتا ہے پھر ان کو پیدا کرنا ایک سا معلوم ہوا ہو آپ کہہ دیجئے کہ اللہ ہی ہر چیز کا خالق ہے اور وہی واحد ہے غالب ہے۔

تفسیر ربط: اوپر بحث نبوت سے پہلے توحید کا مضمون تھا آگے پھر عود ہے اسی طرف کہ اَللّٰهُ يَعْلَمُ الخ میں اپنا وسیع العلم ہونا اور لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ الخ میں اپنا حافظ خلق ہونا اور هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الخ میں اپنا عظیم الشان ہونا اور لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ الخ میں اپنا مجیب الدعوات ہونا اور وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ الخ میں اپنا قادر مطلق ہونا اور قُلْ مَنْ رَّبُّ الخ میں اپنا خالق ہونا مذکور فرمایا ہے۔

عود بسوئے توحید ☆ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى (الی قوله تعالی) وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ۝ اللہ تعالیٰ (کا علم ایسا وسیع ہے کہ اس) کو سب خبر رہتی ہے جو کچھ کسی عورت کو حمل رہتا ہے (یعنی لڑکا ہے یا لڑکی ہے) اور جو کچھ (ان عورتوں کے) رحم میں کمی بیشی ہوتی ہے (بچہ میں یا مدت میں مثلاً کبھی ایک بچہ ہوتا ہے کبھی زیادہ کبھی جلدی ہوتا ہے کبھی دیر میں) اور ہر شئے اللہ کے نزدیک (یعنی اس کے علم میں) ایک خاص انداز سے (مقرر) ہے وہ تمام پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا جاننے والا ہے سب سے بڑا (اور) عالی شان ہے تم میں سے جو شخص کوئی بات چپکے سے کہے اور جو پکار کر کہے اور جو شخص رات میں کہیں چھپ جاوے اور جو دن میں چلے پھرے یہ سب (خدا کے علم میں) برابر ہیں (یعنی سب کو یکساں جانتا ہے اور جیسا تم میں سے ہر شخص کو جانتا ہے اسی طرح ہر ایک کی حفاظت بھی کرتا ہے چنانچہ تم میں سے) ہر شخص (کی حفاظت) کے لئے کچھ فرشتے (مقرر) ہیں جن کی بدلی ہوتی رہتی ہے کچھ اس کے آگے اور کچھ اس کے پیچھے کہ وہ بحکم خدا (بہت بلاؤں سے) اس کی حفاظت کرتے ہیں (اور اس سے کوئی یوں نہ سمجھ جاوے کہ جب فرشتے ہمارے محافظ ہیں پھر جو چاہے کرو معصیت خواہ کفر کسی طرح عذاب نازل ہی نہ ہوگا یہ سمجھنا بالکل غلط ہے کیونکہ) واقعی اللہ تعالیٰ (ابتداءً تو کسی کو عذاب دیتا نہیں چنانچہ اس کی عادت ہے کہ وہ) کسی قوم کی (اچھی) حالت میں تغیر نہیں کرتا جب تک وہ لوگ خود اپنی (صلاحیت کی) حالت کو نہیں بدل دیتے (مگر اس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ جب وہ اپنی صلاحیت میں خلل ڈالنے لگتے ہیں تو پھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان پر مصیبت وعقوبت تجویز کی جاتی ہے) اور جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر مصیبت ڈالنا تجویز کر لیتا ہے تو پھر اس کے ہٹنے کی کوئی صورت نہیں (وہ واقع ہو ہی جاتی ہے) اور (اسی وقت میں) کوئی خدا کے سوا (جن کی حفاظت کا ان کو زعم ہے) ان کا مددگار نہیں رہتا (حتیٰ کہ فرشتے بھی ان کی حفاظت نہیں کرتے اور اگر کرتے بھی تو حفاظت ان کی کام نہ آسکتی) وہ ایسا (عظیم الشان) ہے کہ تم کو (بارش کے وقت) بجلی (چمکتی ہوئی) دکھلاتا ہے جس سے (اس کے گرنے کا) ڈر بھی ہوتا ہے اور (اس سے بارش کی) امید بھی ہوتی ہے اور وہ بادلوں کو (بھی) بلند کرتا ہے جو پانی سے بھرے ہوتے ہیں اور رعد (فرشتہ) اس کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کرتا ہے اور (دوسرے) فرشتے بھی اس کے خوف سے (اس کی تحمید وتسبیح کرتے ہیں اور وہ (زمین کی طرف) بجلیاں بھیجتا ہے پھر جس پر چاہے گرا دیتا ہے اور وہ لوگ اللہ کے باب میں (یعنی اس کی توحید میں باوجود اس کے ایسے عظیم الشان ہونے کے) جھگڑتے ہیں حالانکہ وہ بڑا شدید القوت ہے (کہ جس سے ڈرنا چاہئے مگر یہ لوگ ڈرتے نہیں اور اس کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں اور وہ ایسا مجیب الدعوات ہے کہ) سچا پکارنا اسی کے لئے خاص ہے (کیونکہ اس کو قبول کرنے کی قدرت ہے) اور خدا کے سوا جن کو یہ لوگ (اپنے حوائج ومصائب میں) پکارتے ہیں وہ (بوجہ عدم قدرت کے) ان کی درخواست کو اس سے زیادہ منظور نہیں کر سکتے جتنا پانی اس شخص کی درخواست کو منظور کرتا ہے جو اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف پھیلائے ہو (اور اس کو اشارہ سے اپنی طرف بلا رہا ہو) تاکہ وہ (پانی) اس کے منہ تک (اڑ کر) آ جاوے اور وہ (از خود) اس کے منہ تک (کسی طرح) آنے والا نہیں (پس جس طرح پانی ان کی درخواست قبول کرنے سے عاجز ہے اسی طرح ان کے معبود عاجز ہیں اگر وہ غیر ذی روح ہیں تب تو ظاہر ہے اور اگر وہ ذی روح ہیں تب بھی قادر حقیقی کے روبرو تو عاجز ہی ہیں) اور (چونکہ وہ معبودین ان کی درخواست کے قبول کرنے سے عاجز ہیں اس لئے) کافروں کی (ان سے) درخواست کرنا محض بے اثر ہے اور اللہ ہی (ایسا قادر مطلق ہے کہ اسی) کے سامنے سب سرخم کئے ہیں جتنے آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمین میں ہیں (بعضے) خوشی سے اور (بعضے) مجبوری سے (خوشی سے یہ کہ) باختیار خود عبادت کرتے ہیں اور مجبوری کے یہ معنی ہیں کہ اللہ تعالیٰ جس مخلوق میں جو تصرف کرنا چاہتے ہیں وہ اس کی مخالفت نہیں کر سکتا) اور ان (زمین والوں) کے سائے بھی (سرخم کئے ہیں) صبح اور شام کے وقتوں میں (یعنی سایہ کو جتنا چاہیں بڑھائیں جتنا چاہیں گھٹائیں اور صبح وشام کے وقت چونکہ امتداد اور تقلص ان کا زیادہ ظاہر ہوتا ہے اس لئے تخصیص کی گئی ورنہ سایہ بھی بایں معنی ہر طرح مطیع ہے اور چونکہ مثل صفات بالا کے وہ تمام عالم کا خالق بھی ہے اس لئے اس مضمون کی تقریر وتحقیق کے لئے) آپ (ان سے یوں) کہئے کہ آسمانوں اور زمین کا پروردگار (یعنی موجد ومبقی یعنی خالق وحافظ) کون ہے (اور چونکہ اس کا جواب متعین ہے اس لئے جواب بھی) آپ (ہی) کہہ دیجئے کہ اللہ ہے (پھر) آپ یہ کہئے کہ کیا (یہ دلائل توحید سن کر) پھر بھی تم نے خدا کے سوا دوسرے مددگار (یعنی معبودین) قرار دے رکھے ہیں جو (بوجہ غایت عجز کے) خود اپنی ذات کے نفع نقصان کا بھی اختیار نہیں رکھتے (اور پھر شرک کے ابطال اور

www.besturdubooks.net

توحید کے احقاق کے بعد اہل توحید و اہل شرک اور خود توحید و شرک کے درمیان اظہار فرق کے لئے) آپ یہ (بھی) کہئے کہ کیا اندھا اور آنکھوں والا برابر ہو سکتا ہے (یہ مثال ہے مشرک اور موحد کی) یا کہیں تاریکی اور روشنی برابر ہو سکتی ہے (یہ مثال ہے شرک اور توحید کی) یا انہوں نے اللہ کے ایسے شریک قرار دے رکھے ہیں کہ انہوں نے بھی (کسی چیز کو) پیدا کیا ہو جیسا خدا (ان کے اعتراف کے موافق بھی) پیدا کرتا ہے پھر (اس وجہ سے) ان کو (دونوں کا) پیدا کرنا ایک سا معلوم ہوا ہو (اور اس سے استدلال کیا ہو کہ جب دونوں خالق ہیں تو دونوں یکساں معبود بھی ہوں گے سو اس کے متعلق بھی) آپ (ہی) کہہ دیجئے کہ اللہ ہی ہر چیز کا خالق ہے اور وہی (اپنی ذات وصفات کمال میں) واحد ہے (اور سب مخلوقات پر) غالب ہے۔ **ف**: لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ الخ سے جو شبہ پیدا ہوا تھا اس کے جواب کے لئے گو صرف وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا الخ کافی ہے مگر اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ الخ کا فائدہ یہ ہے کہ یہ بھی ایک منشاء تھا اسی اشتباہ کا جو لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ سے پیدا ہوا تھا یعنی بعض صورتوں میں عدم تغییر کو دیکھ کر بھی دھوکہ ہو سکتا تھا کہ کسی صورت میں تغییر واقع نہ کیا جاوے گا اس لئے تغییر کے یقینی انتفاء کی ایک حد بیان فرمادی گئی جیسا کہ یہ سب ترجمہ کی تقریر سے ظاہر ہے اور بعض لوگوں کو وسوسہ ہوا ہے کہ باوجود حفاظت ملائکہ کے پھر کیوں بعض حوادث کا وقوع ہوتا ہے جواب ظاہر ہے کہ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ [ھود: ۴۳] کی اس میں قید ہے پس جب کسی حکمت کی وجہ سے جس کی تعیین کا علم ہونا ہم کو ضرور نہیں حکم حفاظت کا نہیں ہوتا وہ ملائکہ اپنا کام نہیں کرتے اور اگر کسی کو یہ وسوسہ ہو کہ حفاظت تو ویسے بھی ہو سکتی تھی ملائکہ کے مقرر ہونے کی کیا ضرورت جواب یہ ہے کہ ضرورت کی نفی سے حکمت کی نفی لازم نہیں آتی مثل دوسرے اسباب کے اس میں بھی حکمتیں ہوں گی اور اگر کسی کو یہ وسوسہ ہو کہ بعض اوقات دیکھا جاتا ہے کہ باوجود ارتکاب معاصی کے عافیت اور نعمت زائل نہیں ہوتی اور بعض اوقات باوجود اجتناب معاصی کے عافیت اور نعمت زائل ہو جاتی ہے اور یہ دونوں امر مقتضائے اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ الخ کے منافی ہیں جواب یہ ہے کہ امر اول تو ظاہراً بھی منافی نہیں کیونکہ آیت کا مدلول یہ نہیں کہ ان کی تغییر حالت سے ہم ضرور تغییر کر دینگے بلکہ اس کا مدلول یہ ہے کہ بدوں ان کی تغییر کے ہم تغییر نہ کریں گے سو امر اول ظاہر ہے کہ اس مدلول کے منافی نہیں اور امر ثانی بھی تامل کے بعد منافی نہیں کیونکہ مَا بِقَوْمٍ سے مراد رحمت الٰہیہ اور اس کی تغییر سے مراد غضب اور ناراضی ہے جیسا مَا بِاَنْفُسِهِمْ سے مراد طاعت اور اس کی تغییر سے مراد معصیت ہے پس حاصل مدلول آیت یہ ہوا کہ بدوں معصیت کے ہم ناراض نہیں ہوتے پس اجتناب معاصی میں ناراضی کی نفی یقینی ہے نعمت اور عافیت کی نفی کا وعدہ نہیں پس امر ثانی کو مدلول آیت سے کوئی تنافی نہیں اور اس بناء پر امر اول کے عدم تنافی کی اور بھی تقریر ممکن ہے وہ یہ کہ ارتکاب معاصی سے گو نعمت اور عافیت ظاہری زائل نہ ہو لیکن حق تعالیٰ کی ناراضی کسی درجہ میں تو ضرور مرتب ہو جاتی ہے چنانچہ روح المعانی میں بروایت ابن ابی شیبہ و ابو الشیخ و ابن مردویہ حضرت علیؓ سے مرفوعاً ایک حدیث قدسی نقل کی ہے جس میں یہ مضمون مصرح ہے اس کے الفاظ یہ ہیں **وعزتي وجلالي وارتفاعي فوق عرشي ما من اهل قرية ولا اهل بيت ولا رجل بادية كانوا على ما كرهت من معصيتي ثم تحولوا عنها الى ما احبت من طاعتي الا تحولت لهم عما يكرهون من عذابي الى ما يحبون من رحمتي وما من اهل قرية ولا اهل بيت ولا رجل بادية كانوا على ما احببت من طاعتي ثم تحولوا عنها الى ما كرهت من معصيتي الا تحولت لهم عما يحبون من رحمتي الى ما يكرهون من عذابي** اور اس تفسیر سے ایک اور وسوسہ زائل ہو گیا وہ یہ کہ بعض آیات واحادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ذنوب خاصہ سے بھی مواخذہ عامہ بھی ہوتا ہے تو غیر عاصی کا ماخوذ ہونا بظاہر منافی ہے مدلول اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ الخ کے وجہ زوال ظاہر ہے کہ اگر یہ ماخوذین باوجود قدرت کے مداہنت کرتے تھے تب تو یہ بھی ایک معصیت کے مرتکب تھے تو کچھ اشکال ہی نہیں اور اگر اس سے بھی محفوظ تھے تو وہ مواخذہ صورۃ ہے غضب اور ناراضی نہیں ہے پس دونوں میں کچھ تنافی نہ ہوئی اور ظاہر آیت سے کہ رعد کا ذکر ملائکہ کے ساتھ کیا گیا اور ترمذی کی حدیث مرفوع کی تصریح سے رعد کا ایک فرشتہ ہونا معلوم ہوتا ہے اور اسی حدیث سے برق کا اس فرشتہ کے ہاتھ میں ایک ناری تازیانہ ہونا معلوم ہوتا ہے اس میں بعض نے ایک اشکال نقلی کیا ہے اور ایک اشکال عقلی اول یہ کہ سورۂ بقرہ میں رعد نکرہ آیا ہے سو اگر علم ہوتا تو نکرہ نہ آتا دوسرا یہ کہ فلاسفہ نے اس کے خلاف ذکر کیا ہے اول کا جواب یہ ہے کہ رعد جیسا فرشتہ کا نام ہے ایسے ہی رعد اس فرشتہ کی آواز کو بھی کہتے ہیں پس نکرہ سے مراد اس کی صوت ہے اور دوسرے کا جواب یہ ہے کہ اگر اس آواز کا سبب ظاہری فلاسفہ کے قول کے موافق ہو اور سبب حقیقی اخبار شرع کے مطابق ہو تو اس میں کوئی اشکال نہیں چنانچہ انسان کی آواز کا ظاہری سبب قلع وقرع خاص ہے اور حقیقی سبب اس کی روح ہے اسی طرح یہاں ہونا بھی مستبعد نہیں اور یہ بھی کہنا مضائقہ نہیں کہ گاہے یہ سبب ہوا اور گاہے وہ ہو کیونکہ مسبب واحد کے اسباب کا متعدد ہونا جائز ہے اسی طرح برق کی حقیقت تو وہی ہو جو فلاسفہ کہتے ہیں مگر وہ اس فرشتہ کے قبضہ میں ہو تو اس میں کوئی استبعاد نہیں یا گاہے یہ ہو گا گاہے وہ ہو خوب سمجھ لو **واللہ اعلم وعلمه اتم واحكم۔**

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ روح میں نصر آبادی سے منقول ہے کہ یہ حکم عوام وخواص سب کو عام ہے اور خواص کے لئے زیادہ کاوش ہوتی ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ اس

www.besturdubooks.net

سے غیر اللہ احیاء و اموات سے استغاثہ کرنے والوں کا خسران معلوم ہوتا ہے اور یہ بلا کثرت سے پھیل گئی ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا اول انقیاد تشریعی ہے دوسرا انقیاد تکوینی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ فی تغیض رحم میں اشارۃ الی الاسناد المجازی والفاعل ما یلابس الرحم من الولد او المدقۃ ان کان الغیض والازدیاد لازمین او الفاعل ہو اللہ تعالی ان کانا متعدیین ۱۲۔ ۲؎ قولہ فی رب السموٰت خالق کذا فی الروح ۱۲۔

اللغات: سارب ذاھب من القاموس ۱۲۔ قولہ معقبٰت بمعنی متعقبات لا یا ایھا وذھابھماتنا وبین۔ قولہ المحال من المحل وھو المکر والتدبیر والمراد القوۃ ۱۲۔

النحو: قولہ دعوۃ الحق ای الدعوۃ ای الذی یترتب علیہ الاثر قولہ الا کباسط تقدیرہ الا کاستجابۃ الماء باسط کفیہ قولہ خوفا وطمعا بمعنی خائفین وطامعین حال من ضمیر المفعول قولہ الثقال جمع لکون السحاب جنسا ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ سواء منکم تخصیص بعد تعمیم استفید من عالم الغیب الخ وفی تقید المستخفی باللیل مبالغۃ ۱۲۔

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌ ۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ؕ ﴿۱۷﴾

اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی نازل فرمایا پھر نالے بھر کر اپنی مقدار کے موافق چلنے لگے پھر وہ سیلاب خس وخاشاک کو بہالایا جو اس (پانی) کے اوپر لا رہا ہے اور جن چیزوں کو آگ کے اندر اور اسباب بنانے کی غرض سے تپاتے ہیں اس میں ایسا ہی میل کچیل اوپر آ جاتا ہے اللہ تعالیٰ حق (یعنی ایمان وغیرہ) اور باطل (یعنی کفر وغیرہ) کی اسی طرح مثال بیان کر رہا ہے سو جو میل کچیل تھا وہ تو پھینک دیا جاتا ہے اور جو چیز لوگوں کے کارآمد ہے وہ دنیا میں (نفع رسانی کے ساتھ) رہتی ہے اللہ تعالیٰ اسی طرح (ہر ضروری مضمون میں) مثالیں بیان کیا کرتے ہیں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر توحید کا حق ہونا اور شرک کا باطل ہونا مذکور تھا آگے اس حق اور اس باطل کی دو مثالیں مذکور ہیں جیسا اوپر بھی ایک تمثیل نور وظلمات کے ساتھ مذکور ہوئی ہے۔

مثال حق وباطل ☆ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌ ۢ (الی قولہ تعالی) كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ﴿۱۷﴾ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی نازل فرمایا پھر (اس پانی سے) نالے (بھر کر) اپنی مقدار کی موافق چلنے لگے (یعنی چھوٹے نالے میں تھوڑا پانی اور بڑے نالے میں زیادہ پانی) پھر وہ سیلاب (کا پانی) خس وخاشاک کو بہالایا جو اس (پانی) کی (سطح کے) اوپر (آ رہا) ہے (ایک کوڑا کرکٹ تو یہ ہے) اور جن چیزوں کو آگ کے اندر (رکھ کر) زیور یا اور اسباب (ظروف وغیرہ) بنانے کی غرض سے تپاتے ہیں اس میں بھی ایسا ہی میل کچیل (اوپر آ جاتا) ہے (پس ان دو مثالوں میں دو چیزیں ہیں ایک کارآمد چیز کہ اصل پانی اور اصل مال ہے اور ایک ناکارہ چیز کہ کوڑا کرکٹ میل کچیل ہے غرض) اللہ تعالیٰ حق (یعنی توحید وایمان وغیرہ) اور باطل (یعنی کفر وشرک وغیرہ) کی اسی طرح کی مثال بیان کر رہا ہے (جس کی تکمیل اگلے مضمون سے ہوتی ہے) سو (ان دونوں مذکورہ مثالوں میں) جو میل کچیل تھا وہ تو پھینک دیا جاتا ہے اور جو چیز لوگوں کے کارآمد ہے وہ دنیا میں (نفع رسانی کے ساتھ) رہتی ہے (اور جس طرح اس حق وباطل کی مثال بیان کی گئی) اللہ تعالیٰ اسی طرح (ہر ضروری مضمون میں) مثالیں بیان کیا کرتے ہیں۔ **ف**: حاصل دونوں مثالوں کا یہ ہے کہ جیسا ان مثالوں میں میل کچیل برائے چندے اصلی چیز کے اوپر نظر آتا ہے لیکن انجام کار وہ پھینک دیا جاتا ہے اور اصلی چیز رہ جاتی ہے اسی طرح باطل گو برائے چندے حق کے اوپر غالب نظر آوے لیکن آخر کار باطل محو اور مغلوب ہو جاتا ہے اور حق باقی اور ثابت رہتا ہے کذا فی الجلالین۔

اللغات: قولہ اودیۃ جمع وادی الموضع الذی یسیل فیہ الماء بکثرۃ قولہ فاحتمل حمل قولہ السیل الماء الجاری فی الاودیۃ قولہ زبدا ھو الغثاء الذی یطرحہ الوادی ولہ رابیا عالیا منتفی فوق الماء قولہ جفاء جفاء الماء بالزبد اذا قذفہ ۱۲۔

النحو: قولہ بقدرھا متعلق بسالت قولہ و مما یوقدون ای الناس بدلالۃ المقام خبر مقدم وابتغاء مفعول لہ وزبد مبتدأ مؤخر وقولہ جفاء حال ۱۲۔

البلاغۃ: تنکیر اودیۃ لان الاستیعاب غیر واقع وزیادۃ قولہ فی النادر قیل للاشعار بالمبالغۃ فی الاحتمال للاذابۃ وحصول الزبد ۱۲۔

www.besturdubooks.net

لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ؕ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ
لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۙ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۸﴾ اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ؕ
اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۹﴾ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ﴿۲۰﴾ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ
اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ﴿۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ
وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۲﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا
وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿۲۳﴾ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ
فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾ وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِى
الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۲۵﴾

جن لوگوں نے اپنے رب کا کہنا مان لیا ان کے واسطے اچھا بدلہ ہے اور جن لوگوں نے اس کا کہنا نہ مانا ان کے پاس اگر تمام دنیا بھر کی چیزیں (موجود) ہوں اور (بلکہ) اس کے ساتھ اور بھی ہو تو وہ سب اپنی رہائی کے لئے دے ڈالیں ان لوگوں کو سخت حساب ہوگا اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بری قرارگاہ ہے۔ جو شخص یہ یقین رکھتا ہو کہ جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل ہوا ہے وہ سب حق ہے کیا ایسا شخص اس کی طرح ہو سکتا ہے جو کہ اندھا ہے پس نصیحت تو سمجھدار ہی لوگ قبول کرتے ہیں اور یہ (سمجھدار لوگ ایسے ہیں) کہ اللہ سے جو کچھ انہوں نے عہد کیا ہے اس کو پورا کرتے ہیں اور اس عہد کو توڑتے نہیں اور یہ ایسے ہیں کہ اللہ نے جن علاقوں کے قائم رکھنے کا حکم کیا ہے ان کو قائم رکھتے ہیں اور اپنے رب سے ڈرتے رہتے ہیں اور سخت عذاب کا اندیشہ رکھتے ہیں اور یہ لوگ ایسے ہیں کہ اپنے رب کی رضامندی کے جویاں رہ کر مضبوط رہتے ہیں اور نماز کی پابندی کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو روزی دی ہے اس میں سے چپکے بھی اور ظاہر کر کے بھی خرچ کرتے ہیں اور بدسلوکی کو حسن سلوک سے ٹال دیتے ہیں اس جہاں میں نیک انجامی ان لوگوں کے واسطے ہے یعنی ہمیشہ رہنے کی جنتیں جن میں وہ لوگ بھی داخل ہوں گے اور ان کے ماں باپ اور بیبیوں اور اولاد (میں جو جنت کے) لائق ہوں گے وہ بھی داخل ہوں گے اور فرشتے ان کے پاس ہر (سمت کے) دروازہ سے آتے ہوں گے (اور یہ کہتے ہوں گے) کہ تم صحیح سلامت رہو گے بدولت اس کے کہ تم (دین حق پر) مضبوط رہے تھے سو اس جہان میں تمہارا انجام بہت اچھا ہے اور جو لوگ خدا تعالیٰ کے معاہدوں کو ان کی پختگی کے بعد توڑتے ہیں اور خدا تعالیٰ نے جن علاقوں کو قائم رکھنے کا حکم دیا ہے ان کو قطع کرتے ہیں اور دنیا میں فساد کرتے ہیں ایسے لوگوں پر لعنت ہوگی اور ان کے لئے اس جہان میں خرابی ہوگی۔

تفسیر ربط: اوپر مثالوں کے ضمن میں حق اور باطل کا حال بیان فرمایا تھا آگے اہل حق اور اہل باطل کا حال باعتبار صفت یعنی ہدایت و ضلالت و بعض اعمال حسنہ و سیئہ کے اور نیز باعتبار جزاء یعنی ثواب و عقاب کے مذکور ہے جیسا کہ اوپر تمثیل باعمیٰ و بصیر میں بھی ان کا حال ہدایت و ضلالت کا اجمالاً مذکور ہوا تھا۔

بعضے صفات و عواقب محققین و مبطلین ☆ لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى (الی قولہ تعالیٰ) وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۲۵﴾ جن لوگوں نے اپنے رب کا کہنا مان لیا (اور توحید اور طاعت کو اختیار کر لیا) ان کے واسطے اچھا بدلہ (یعنی جنت مقرر) ہے اور جن لوگوں نے اس کا کہنا نہ مانا (اور کفر و معصیت پر قائم رہے) ان کے پاس (قیامت کے دن) اگر تمام دنیا بھر کی چیزیں (موجود) ہوں اور (بلکہ) اس کے ساتھ اسی کی برابر اور بھی (مال و دولت) ہو تو سب اپنی رہائی کے لئے دے ڈالیں ان لوگوں کا سخت حساب ہوگا (جس کو دوسری آیت میں حساب عسیر فرمایا ہے) اور ان کا ٹھکانا (ہمیشہ کے لئے) دوزخ ہے اور وہ برا قرارگاہ ہے جو شخص یہ یقین رکھتا ہو کہ جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل ہوا ہے وہ سب حق ہے کیا ایسا شخص اس کی طرح ہو سکتا ہے جو کہ (اس علم سے محض) اندھا ہے (یعنی کافر و مومن برابر نہیں) پس نصیحت تو سمجھدار ہی لوگ قبول کرتے ہیں (اور) یہ (سمجھدار) لوگ ایسے ہیں کہ اللہ سے جو کچھ انہوں نے عہد کیا ہے اس کو پورا کرتے ہیں اور (اس) عہد کو توڑتے نہیں اور یہ ایسے ہیں کہ اللہ نے جن علاقوں کے قائم رکھنے کا حکم کیا ہے ان کو قائم رکھتے ہیں اور اپنے رب سے ڈرتے رہتے ہیں اور سخت عذاب کا اندیشہ رکھتے ہیں (جو کہ کفار کے ساتھ خاص ہوگا اس لئے کفر سے بچتے ہیں) اور یہ لوگ ایسے ہیں کہ اپنے رب کی رضامندی کے جویاں رہ کر (دین حق پر) مضبوط رہتے ہیں اور نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو روزی دی ہے اس میں سے چپکے بھی اور ظاہر کر کے بھی (جیسا موقع ہوتا ہے) خرچ کرتے ہیں اور (لوگوں کی) بدسلوکی کو (جو ان کے ساتھ کی جاوے) حسن سلوک سے ٹال دیتے ہیں (یعنی کوئی ان کے ساتھ بدسلوکی کرے تو کچھ

www.besturdubooks.net

خیال نہیں کرتے بلکہ اس کے ساتھ سلوک کرتے ہیں) اس جہان میں (یعنی آخرت میں) نیک انجامی ان لوگوں کے واسطے ہے یعنی ہمیشہ رہنے کی جنتیں جن میں وہ لوگ بھی داخل ہوں گے اور ان کے ماں باپ اور بیبیوں اور اولاد میں جو (جنت کی) لائق (یعنی مؤمن) ہوں گے (گو ان موصوفین کے درجہ کے نہ ہوں) وہ بھی (جنت میں ان کی برکت سے ان ہی کے درجوں میں) داخل ہوں گے اور فرشتے ان کے پاس ہر (سمت کے) دروازہ سے آتے ہوں گے (اور یہ کہتے ہوں گے) کہ تم (ہر آفت اور خطرہ سے) صحیح وسلامت رہو گے بدولت اس کے کہ تم (دین حق پر) مضبوط رہے تھے سو اس جہان میں تمہارا انجام بہت اچھا ہے (یہ تو عمل اور مآل ہوا مطیعین کا آگے ان کے اضداد کا ذکر ہے) اور جو لوگ خدا تعالیٰ کے معاہدوں کو ان کی پختگی کے بعد توڑتے ہیں اور خدا تعالیٰ نے جن علاقوں کے قائم رکھنے کا حکم فرمایا ہے ان کو قطع کرتے ہیں اور دنیا میں فساد کرتے ہیں ایسے لوگوں پر لعنت ہوگی اور ان کے لئے اس جہان میں خرابی ہوگی **ف**: چونکہ ایسے مضامین مؤمنین اور کفار کے متعلق قرآن میں اب تک متعدد مواقع پر آچکے ہیں اس لئے مزید تفصیل کی ضرورت نہ سمجھی گئی البتہ یہ بات شاید اب تک کہیں مذکور نہیں ہوئی کہ مقربین کی برکت سے ان کے آباء وازواج اور اولاد بھی اسی درجہ میں بالتبع داخل ہوں گے سو یہ مضمون اس آیت کی تفسیر میں ابن جبیر سے منقول ہے **كذا في الروح عن ابن ابي حاتم وابي الشيخ** اس روایت کے الفاظ یہ ہیں: **يدخل الرجل الجنة فيقول اين امي اين ولدي اين زوجتي فيقال لم يعملوا مثل عملك فيقول كنت اعمل لي ولهم ثم قرأ و الاية** اور **من صلح** کی تفسیر من آمن نقل کی ہے اور مراد آباؤ اولاد سے وہ ہیں جو بلا واسطہ ہوں ورنہ تمام اہل جنت کا ایک ہی درجہ میں ہونا لازم آتا ہے اور وہ منتفی بالنصوص ہے اگر کسی کو شبہ ہو کہ بلا واسطہ میں بھی یہی امر لازم آتا ہے کیونکہ ان تابعین کے بھی آباء واولاد کچھ بلا واسطہ ہوں گے وعلیٰ ہذا جواب یہ ہے کہ جو شخص بالتبع صاحب درجہ ہوگا اس کی تبعیت سے دوسرا صاحب درجہ نہ ہوگا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ الخ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ کو ان جملوں سے موصوف کرنا اس پر دلیل ہے کہ عقل معتبر عقل معاد ہی ہے اور ایسا ہی شخص عاقل کہنے کے لائق ہے گو دنیا سے ناواقف ہو ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ روح میں ہے کہ اس میں سب اوامر آ گئے اور اس عموم میں سب اہل حقوق داخل ہیں یہاں تک کہ حضرت فضیل بن عیاض کا قول ہے کہ اگر کوئی سب نیک کام کرے اور اس کے پاس ایک مرغی ہو اس کا حق ادا نہ کرے تو وہ نکوکار نہیں میں کہتا ہوں کہ جب مرغی کے حق میں یہ کہا گیا ہے تو پیر کا کیا کچھ حق وادب ہوگا جس میں سخت کوتاہی کی جاتی ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله في الذين يوفون** یہ لوگ ایسے **اشارة الى ان الموصول مبتدأ وهو الا وفق بقوله تعالى والذين ينقضون فانه مقابل له وهو مبتدأ بيقين** ۱۲۔ ۲؎ **قوله في صبروا وما بعده** رہتے ہیں **ونحوه اشارة الى ارادة المستقبل بالماضي بقرينة اخواتها** ۱۲۔ ۳؎ **قوله في اٰبائهم** ماں باپ **ففيه تغليب** ۱۲۔

البلاغۃ: **قوله افمن يعلم الخ قال البيضاوي الهمزة لانكار ان يقع شبهة في تشابههما بعد ما ضرب المثل اه قلت وبه ظهر معنى الهمزة والفاء** ۱۲۔

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ۝۲۶ ع وَيَقُوْلُ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ۝۲۷ ۚۖ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ

قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝۲۸ ؕ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ۝۲۹ كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ

فِيْٓ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَا۟ عَلَيْهِمُ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ؕ قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ

اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ۝۳۰ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ

الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا

قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝۳۱ ع وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ﴿۳۲﴾

اللہ جس کو چاہے رزق زیادہ دیتا ہے اور تنگی کر دیتا ہے اور یہ (کفار) لوگ دنیوی زندگی پر اتراتے ہیں اور یہ دنیوی زندگی آخرت کے مقابلہ میں بجز ایک متاع قلیل کے اور کچھ بھی نہیں اور یہ کافر لوگ کہتے ہیں کہ ان پر کوئی معجزہ ان کے رب کی طرف سے کیوں نہیں نازل کیا گیا آپ کہہ دیجئے کہ واقعی اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں گمراہ کر دیتے ہیں اور جو شخص ان کی طرف متوجہ ہوتا ہے اس کو اپنی طرف ہدایت کر دیتے ہیں مراد اس سے وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور اللہ کے ذکر سے ان کے دلوں کو اطمینان ہوتا ہے خوب سمجھ لیجئے کہ اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان ہو جاتا ہے جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے ان کیلئے خوشحالی اور نیک انجامی ہے (اور) اسی طرح ہم نے آپ کو ایک ایسی امت میں رسول بنا کر بھیجا ہے کہ اس (امت) سے پہلے اور بہت سی امتیں گزر چکی ہیں تاکہ آپ ان کو وہ کتاب پڑھ کر سنا دیں جو ہم نے آپ کے پاس وحی کے ذریعے سے بھیجی ہے اور وہ لوگ ایسے بڑے رحمت والے کی ناسپاسی کرتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ وہ میرا مربی اور نگہبان ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کر لیا اور اسی کے پاس مجھ کو جانا ہے اور اگر کوئی ایسا قرآن ہوتا جس کے ذریعے سے پہاڑ (اپنی جگہ سے) ہٹا دیئے جاتے یا اس کے ذریعہ سے زمین جلدی جلدی طے ہو جاتی یا اسکے ذریعہ سے مردوں کے ساتھ کسی کو باتیں کرادی جاتیں تب بھی یہ لوگ ایمان نہ لاتے بلکہ سارا اختیار خاص اللہ ہی کو ہے کیا پھر بھی ایمان والوں کو اس بات میں دلجمعی نہیں ہوئی کہ اگر خدا تعالیٰ چاہتا تو تمام (دنیا بھر کے) آدمیوں کو ہدایت کر دیتا اور یہ مکہ کے کافر تو ہمیشہ (آئے دن) اس حالت میں رہتے ہیں کہ انکے (بد) کرداروں کے سبب ان پر کوئی نہ کوئی حادثہ پڑتا رہتا ہے یا انکی بستی کے قریب نازل ہوتا رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ آ جائے گا یقیناً اللہ تعالیٰ وعدہ خلاف نہیں کرتے اور بہت سے پیغمبروں کے ساتھ جو کہ آپ سے قبل ہو چکے ہیں استہزا ہو چکا ہے پھر میں ان کافروں کو مہلت دیتا رہا پھر میں نے ان پر دارو گیر کی پھر میری سزا کس طرح کی تھی۔

تفسیر: ربط: اوپر کفار کا ملعون یعنی رحمت سے بعید ہونا مذکور ہوا ہے چونکہ اکثر کفار باعتبار ثروت دنیوی کے خوشحال تھے اس لئے خود ان کو یا دوسرے دیکھنے والوں کو یہ شبہ ہو سکتا تھا کہ اگر یہ لوگ رحمت سے بعید ہوتے تو آثار رحمت یعنی دولت و ثروت سے کیوں کامیاب ہوتے آگے اس شبہ کا جواب ہے۔

جواب شبہ عدم مغوضیت کفار از وسعت رزق ☆ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ (الی قولہ تعالی) فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ﴿۲۶﴾ (یعنی ظاہری دولت وثروت کو دیکھ کر یہ دھوکہ نہ کھانا چاہئے کہ یہ لوگ موردِ رحمت ہیں کیونکہ رزق کی تو یہ کیفیت ہے کہ) اللہ جس کو چاہے زیادہ رزق دیتا ہے اور (جس کے لئے چاہتا ہے) تنگی کر دیتا ہے (رحمت وغضب کا یہ معیار نہیں) اور یہ (کفار) لوگ دنیوی زندگانی پر (اور اس کے عیش وعشرت پر) اتراتے ہیں اور (ان کا اترانا بالکل فضول اور غلطی ہے کیونکہ) یہ دنیوی زندگی (اور اس کا عیش وعشرت) آخرت کے مقابلہ میں بجز ایک متاع قلیل کے اور کچھ بھی نہیں۔

ربط: اوپر ذکر جزائے فریقین وبیان توحید سے پہلے آیات وَاِنْ تَعْجَبْ الخ میں نبوت کے متعلق مضمون تھا آگے پھر عود ہے اسی طرف۔

عود بہ مبحث نبوت ☆ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ (الی قولہ تعالی) ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ﴿۳۲﴾ اور یہ کافر لوگ (آپ کی نبوت میں طعن واعتراض کرنے کے لئے یوں) کہتے ہیں کہ ان (پیغمبر) پر کوئی معجزہ (ہمارے فرمائشی معجزوں میں سے) ان کے رب کی طرف سے کیوں نہیں نازل کیا گیا آپ کہہ دیجئے کہ واقعی (تمہاری ان بیہودہ فرمائشوں سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ) اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں گمراہ کر دیتے ہیں (وجہ معلوم ہونے کی ظاہر ہے کہ باوجود معجزات کافیہ کے جن میں سب سے اعظم قرآن ہے پھر بھی فضول باتیں کرتے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ قسمت ہی میں گمراہی لکھی ہے) اور (جس طرح ان معاندین کو قرآن جو اعظم معجزات ہے ہدایت کے لئے کافی نہ ہوا اور گمراہی ان کو نصیب ہوئی اسی طرح) جو شخص ان کی طرف متوجہ ہوتا ہے (اور طریق حق کا طالب ہوتا ہے جس کا مصداق آگے آتا ہے: اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ الخ) اس کو اپنی طرف (رسائی دینے کے لئے) ہدایت کر دیتے ہیں (اور گمراہی سے بچا لیتے ہیں) مراد اس سے وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور اللہ کے ذکر سے (جس کی بڑی فرد قرآن ہے) ان کے دلوں کو اطمینان ہوتا ہے (جس کی بڑی فرد ایمان ہے یعنی وہ قرآن کے اعجاز کو دلالت علی النبوۃ کے لئے کافی سمجھتے ہیں اور واہی تباہی فرمائش نہیں کرتے پھر خدا کی یاد اور طاعت میں ان کو ایسی رغبت ہوتی ہے کہ متاع حیوٰۃ دنیا سے مثل کفار کے ان کو رغبت اور فرحت نہیں ہوتی اور) خوب سمجھ لو کہ اللہ کے ذکر (میں ایسی ہی خاصیت ہے کہ اس) سے دلوں کو اطمینان ہو جاتا ہے (یعنی جس مرتبہ کا ذکر ہو اسی ہی مرتبہ کا اطمینان چنانچہ قرآن سے ایمان اور اعمال صالحہ سے وطاعت سے شدت تعلق وتوجہ الی اللہ میسر ہوتا ہے غرض) جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے (جن کا اوپر ذکر ہوا) ان کے لئے (دنیا میں) خوشحالی اور (آخرت میں) نیک انجامی ہے (جس کو دوسری آیت میں فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ الخ [النحل: ۹۷] سے تعبیر فرمایا ہے خلاصہ یہ کہ کفار کے لئے قرآن کے اعجاز کو ناکافی سمجھنا اور ضلال اور اس کے قبل رغبت الی الدنیا اور اس کے حظ کا فنا اور اس کے مقابلہ میں مومنین کے لئے قرآن کو کافی سمجھنا اور ہدایت اور رغبت الی الآخرۃ اور اس کے ثمرہ کا بقا ثابت فرمایا ہے اور اصل مقصود مقام کا بحث رسالت ہے آگے اسی بحث کا تتمہ ہے یعنی یہ لوگ جو آپ کی رسالت پر شبہات کرتے ہیں تو آپ کی رسالت کوئی انوکھی چیز تو ہے نہیں پہلے بھی رسول ہوتے آئے ہیں اور جس طرح ہم نے پہلے رسولوں کو ان کی امتوں کی طرف رسول بنا کر بھیجا تھا) اسی طرح ہم نے آپ کو ایک ایسی

www.besturdubooks.net

امت میں رسول بنا کر بھیجا ہے کہ اس (امت) سے پہلے اور بہت سی امتیں گزر چکی ہیں (اور آپ کو ان کی طرف اس لئے رسول بنا کر بھیجا ہے) تا کہ آپ ان کو وہ کتاب پڑھ کر سنا دیں جو ہم نے آپ کے پاس وحی کے ذریعہ سے بھیجی ہے اور (ان کو چاہئے تھا کہ اس نعمت عظمیٰ کی قدر کرتے اور اس کتاب پر کہ وہ معجز بھی ہے ایمان لے آتے مگر) وہ لوگ ایسے بڑے رحمت والے کی ناسپاسی کرتے ہیں (اور قرآن پر ایمان نہیں لاتے) آپ فرما دیجئے کہ (تمہارے ایمان نہ لانے سے میرا کوئی ضرر نہیں کیونکہ بیش بریں نیست کہ میرے ساتھ مخالفت کرو گے سو اس سے مجھ کو اس لئے اندیشہ نہیں کہ) وہ میرا مربی (اور نگہبان) ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں (پس لامحالہ وہ کامل الصفات ہوگا پس وہ حفاظت کے لئے بھی کافی ہوگا اس لئے) میں نے اسی پر بھروسہ کر لیا اور اسی کے پاس مجھ کو جانا ہے (اس لئے توکل کی جزاء کی بھی توقع ہے یعنی مبتداء و معاد دونوں مقتضی ہیں توکل کو خلاصہ یہ کہ میری حفاظت کے لئے تو اللہ تعالیٰ کافی ہے تم مخالفت کر کے میرا کچھ نہیں کر سکتے البتہ تمہارا ہی ضرر ہے) اور (اے پیغمبر اور اے مسلمانو! ان کافروں کے عناد کی یہ کیفیت ہے کہ قرآن کی جو موجودہ حالت ہے کہ اس کا معجز ہونا محتاج تدبر ہے بجائے اس کے) اگر کوئی قرآن ایسا ہوتا (خواہ تو وہ یہی ہوتا جو معجزات آئندہ کا بھی مظہر ہو جاتا یا کوئی دوسرا قرآن ہوتا) جس کے ذریعہ سے پہاڑ (اپنی جگہ سے) ہٹا دیئے جاتے یا اس کے ذریعہ سے زمین جلدی جلدی طے ہو جاتی یا اس کے ذریعہ سے مردوں کے ساتھ کسی کو باتیں کرا دی جاتیں (یعنی مردہ زندہ ہو جاتا اور کوئی اس سے بات کر لیتا اور یہ وہ معجزے ہیں جن کی فرمائش اکثر کفار کیا کرتے تھے بعضے مطلقاً بعضے اس طرح سے کہ قرآن کو بحالت موجودہ تو ہم معجزہ مانتے نہیں البتہ اگر قرآن سے ان خوارق کا ظہور ہو تو ہم اس کو معجزہ مان لیں مطلب یہ کہ اگر قرآن سے ایسے ایسے معجزات کا بھی ظہور ہوتا جس سے دونوں طرح کے لوگوں کی فرمائش پوری ہو جاتی یعنی جو نفس خوارق مذکورہ کے مستدعی تھے اور جو ان کا ظہور قرآن سے چاہتے تھے) تب بھی یہ لوگ ایمان نہ لاتے (کیونکہ یہ اسباب مؤثر حقیقی نہیں) بلکہ سارا اختیار خاص اللہ ہی کو ہے (وہ جس کو توفیق عطا فرماتے ہیں وہ ہی ایمان لاتا ہے اور ان کی عادت ہے کہ طالب کو توفیق دیتے ہیں اور معاند کو محروم رکھتے ہیں اور چونکہ بعضے مسلمانوں کا جی چاہتا تھا کہ ان معجزات کا ظہور ہو جاوے شاید یہ ایمان لے آئیں اس لئے آگے ان کا جواب ہے کہ) کیا (یہ سن کر کہ یہ معاند ہیں ایمان نہ لاویں گے اور یہ کہ سب اختیار خدا ہی کو ہے اور یہ کہ اسباب مؤثر حقیقی نہیں ہیں کیا یہ سب سن کر) پھر بھی ایمان والوں کو اس بات میں دلجمعی نہیں ہوئی کہ اگر خدا تعالیٰ چاہتا تو تمام (دنیا بھر کے) آدمیوں کو ہدایت کر دیتا (مگر بعض حکمتوں سے مشیت نہیں ہوئی تو سب ایمان نہ لاویں گے جس کی علت قریبہ عناد ہے پھر ان معاندین کے ایمان ن فکر میں کیوں لگے ہیں) اور (جب محقق ہو گیا کہ یہ لوگ ایمان نہ لاویں گے تو اس امر کا خیال آ سکتا ہے کہ پھر ان کو سزا کیوں نہیں دی جاتی اس کے متعلق ارشاد ہے کہ) یہ (مکہ کے) کافر تو ہمیشہ (آئے دن) اس حالت میں رہتے ہیں کہ ان کے (بد) کرداروں کے سبب ان پر کوئی نہ کوئی حادثہ پڑتا رہتا ہے (کہیں قتل کہیں قید کہیں ہزیمت) یا (بعض حادثہ اگر ان پر نہیں بھی پڑتا مگر) ان کی بستی کے قریب نازل ہوتا رہتا ہے (مثلاً کسی قوم پر آفت آئی اور ان کو خوف پیدا ہوا کہ کہیں ہم پر بھی یہ بلا نہ آوے) یہاں تک کہ (اسی حالت میں) اللہ کا وعدہ آ جاوے گا (یعنی آخرت کے عذاب کا سامنا ہو جاوے گا جو کہ مرنے کے بعد شروع ہو جاوے گا اور) یقیناً اللہ تعالیٰ وعدہ خلاف نہیں کرتے (پس عذاب کا وقوع ان پر یقینی ہے گو بعض اوقات توقف سے سہی) اور (ان لوگوں کا یہ معاملہ تکذیب واستہزاء کچھ آپ کے ساتھ خاص نہیں اور اسی طرح ان کے عذاب میں توقف ہونا کچھ ان کے ساتھ خاص نہیں بلکہ پہلے رسل اور پہلی امم کے ساتھ بھی ایسا ہو چکا ہے چنانچہ) بہت سے پیغمبروں کے ساتھ جو کہ آپ کے قبل ہو چکے ہیں (کفار کی طرف سے) استہزاء ہو چکا ہے پھر میں ان کافروں کو مہلت دیتا رہا پھر میں نے ان پر دارو گیر کی سو (سمجھنے کی بات ہے کہ) میری سزا کس طرح کی تھی (یعنی نہایت سخت تھی) **ف**: ایک آیت میں ذکر اللہ کی خاصیت میں خوف کو بیان کیا ہے اِذَا ذُکِرَ اللّٰہُ وَجِلَتْ قُلُوْبُھُمْ [الأنفال : ۲] اور یہاں اطمینان قلب بیان کیا ہے سو اس میں تعارض نہ سمجھا جاوے کیونکہ اطمینان کے جو معنی بیان کئے گئے ہیں کہ دوسری چیز کی طرف رغبت وتوجہ کرنے سے کافی ہو جاوے یہ خوف کے ساتھ ممکن الاجتماع ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ۝ روح میں ہے کہ اس اطمینان کا سبب ایک نور ہے جس کو اللہ تعالیٰ مؤمنین کے قلب پر فائز فرماتا ہے جس سے پریشانی اور وحشت جاتی رہتی ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی** الأخرة مقابلہ اشارة الی التقدير هكذا فی جنب الأخرة ۱۲۔ ۲ **قوله فی** متاع قليل افاده التنوين ۱۲۔ ۳ **قوله فی** الذين امنوا وتطمئن مراد اس سے اشارة الی كون الموصول خبر مبتدأ مقدر ای هم ۱۲۔ ۴ **قوله فی** ذكر الله بڑی فرد قرآن كما فی قوله تعالیٰ نزلنا الذكر ۱۲۔ ۵ **قوله فی** قطعت جلدی جلدی افاد التفصيل التكثير ولم اختر فی تفسيره تشقيق الارض عيونا او جعلها قطائع للزرع لان فيهما تكلف التقدير وما اخترته لا تكلف فيه ۱۲۔ ۶ **قوله** بعد كلم جس سے دونوں طرح وبه علم وجه تخصيص القرآن فی ذكر هذه الخوارق ۱۲۔ ۷ **قوله فی** جزاء لو ان قرآنا ايمان نہ لاتے اشارة الی تقدير لما آمنوا ۱۲۔ ۸ **قوله** قبل بل لله كيونكہ يہ اسباب

www.besturdubooks.net

اشارة الى تقدير ما اضرب عنه و محصله ظاهر ۱۲۔ ۹ قوله فى افلم يائيس دل جمعى هو يستعمل فى الياس واليقين وكذلك الكلمة الاصلية ۱۲۔

الروایات: قوله ويقول الذين كفروا وقوله لا يزال الذين كفروا اى اهل مكة كذا فى روح المعانى قوله ولو ان قرآنا الخ فى الروح اخرج ابن شيبة وابن المنذر وغيرهما عن الشعبى قال قالت قريش لرسول الله صلى الله عليه وسلم ان كنت نبيا كما تزعم فباعد جبلى مكة و خشبيها هذين مسيرة اربعة ايام او خمسة فانها ضيقة حتى نزرع فيها ونرعى وابعث لنا آبائنا من الموتٰى حتى يكلمونا ويخبرونا انك نبى او احملنا الى الشام او الى اليمن او الى البحيرة حتى نذهب و نجئى فى ليلة كما زعمت انك فعلته فنزلت هذه الأية واخرج ابن جرير وابو الشيخ عن ابن عباس رضى الله عنهما انهم قالوا سير بالقران الجبال قطع بالقرآن الارض اخرج به موتانا فنزلت قوله افلم يايئس روى عن ابن عباس ان الكفار لما سألوا الآيات ود المؤمنون ان يظهرها الله تعالٰى ليجتمعوا على الايمان آه قلت وهذه وان كانت بلا سند لكن ظاهر الفاظ القرآن يؤيد وقوع القصة والله اعلم ۱۲۔

اللغات: قوله طوبٰى كبشرٰى مصدر اصله طيبى قوله افلم يايئس فى الروح افلم يعلموا وهى لغة هوازن والظاهر ان استعمال الياس فى ذلك حقيقة وقيل مجاز لانه متضمن للعلم فان الآئيس عن الشئ عالم بانه لا يكون فاستعمل المقيد وهو علم العدم فى المطلق وهو مطلق العلم ۱۲۔

أَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ۚ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ اَمْ تُنَبِّـُٔوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِى الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ عَذَابٌ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِىْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۖ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿۳۵﴾

پھر (بھی) کیا جو (خدا) ہر شخص کے اعمال پر مطلع ہو اور ان لوگوں کے شرکاء برابر ہو سکتے ہیں اور ان لوگوں نے خدا کے لئے شرکاء تجویز کئے ہیں آپ کہئے کہ (ذرا) ان (شرکاء) کا نام تو لو کیا تم اللہ تعالیٰ کو ایسی بات کی خبر دیتے ہو کہ دنیا (بھر) میں اس (کے وجود) کی خبر اللہ تعالیٰ کو نہ ہو یا محض ظاہری لفظ کے اعتبار سے ان کو شریک کہتے ہو بلکہ ان کافروں کو اپنے مغالطہ کی باتیں مرغوب معلوم ہوتی ہیں اور (اسی وجہ سے) یہ لوگ راہ حق سے محروم رہتے ہیں اور جس کو خدا تعالیٰ گمراہی میں رکھے اس کو کوئی راہ پر لانے والا نہیں۔ ان کے لئے دنیوی زندگانی میں (بھی) عذاب ہے اور آخرت کا عذاب اس سے بدر جہا زیادہ سخت ہے اور اللہ (غالب) سے ان کا کوئی بچانے والا نہیں ہو گا (اور) جس جنت کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے اس کی کیفیت یہ ہے کہ اس (کے عمارات واشجار) کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اس کا پھل اور اس کا سایہ دائم رہے گا یہ تو انجام ہو گا متقیوں کا اور کافروں کا انجام دوزخ ہو گا۔

تفسیر ربط: اوپر اثنائے ذکر رسالت میں بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا میں توحید کا ذکر آ گیا تھا آگے اس کے مقابلہ میں شرک اور اہل شرک کی تقبیح ہے۔

تقبیح شرک واہل آں ☆ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ (الى قوله تعالى) فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ (جب حق تعالیٰ کی شان معلوم ہو گئی کہ وہی مختار کل ہیں تو اس کے معلوم اور ثابت ہونے کے بعد) پھر (بھی) کیا جو (خدا) ہر شخص کے اعمال پر مطلع ہو اور ان لوگوں کے شرکاء برابر ہو سکتے ہیں اور (باوجود اس کے) ان لوگوں نے خدا کے لئے شرکاء تجویز کئے ہیں آپ کہئے کہ (ذرا) ان (شرکاء) کا نام تو لو (میں بھی سنوں کون ہیں اور کیسے ہیں) کیا (تم حقیقۃً ان کو شرکاء سمجھ کر دعویٰ کرتے ہو تب تو یہ لازم آتا ہے کہ) تم اللہ تعالیٰ کو ایسی بات کی خبر دیتے ہو کہ دنیا (بھر) میں اس (کے وجود) کی خبر اللہ تعالیٰ کو نہ ہو (کیونکہ اللہ تعالیٰ تو اسی کو موجود جانتے ہیں جو واقع میں موجود ہو اور معدوم کو موجود نہیں جانتے کیونکہ اس سے علم کا غلط ہونا لازم آتا ہے گو انکشاف میں دونوں یکساں ہیں غرض ان کو حقیقی شریک کہنے سے یہ امر لازم آتا ہے اور وہ محال ہے پس ان کا شریک ہونا بھی محال ہے) یا (یہ کہ ان کو حقیقۃً شریک نہیں کہتے بلکہ) محض ظاہری لفظ کے اعتبار سے ان کو شریک کہتے ہو (اور مصداق واقعی اس کا کہیں نہیں ہے اگر یہ شق ثانی ہے تو ان کے شریک نہ ہونے کو از خود تسلیم کرتے ہو پس مطلوب کہ بطلان اشراک ہے دونوں شقوں پر ثابت ہو گیا اول شق میں دلیل سے دوسری شق میں تمہاری تسلیم سے اور یہ تقریر باوجودیکہ اعلیٰ درجہ میں کافی ہے مگر یہ لوگ نہ مانیں گے) بلکہ ان کافروں کو اپنے مغالطے کی باتیں (جن سے تمسک کر کے مبتلائے شرک ہیں) مرغوب معلوم ہوتی ہیں اور (اسی وجہ سے) یہ لوگ راہ (حق) سے محروم رہ گئے ہیں

www.besturdubooks.net

اور (اصل وہی بات ہے جو اوپر بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ سے مفہوم ہو چکی ہے یعنی) جس کو خدا تعالیٰ گمراہی میں رکھے اس کا کوئی راہ پر لانے والا نہیں (البتہ وہ اسی کو گمراہ رکھتا ہے جو باوجود وضوح حق کے عناد کرتا رہے)۔ **ف**: فِي الْاَرْضِ اس لئے کہا کہ آسمان میں وجود شرکاء کے وہ بھی قائل نہ تھے۔ **ربط**: اوپر طریقۂ مشرکین کی تقبیح تھی آگے ان کی سزا کا بیان ہے اور مقابلہ کے لئے مؤمنین کی جزاء وصلہ کا بیان ہے۔

سزائے مشرکین وجزائے مؤمنین ☆ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ۝۳۴ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اُكُلُهَا دَاۗىِٕمٌ وَّظِلُّهَا ۭ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ڰ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ۝۳۵ ان کافروں کے لئے دنیوی زندگانی میں (بھی) عذاب ہے (وہ عذاب قتل وقید وذلت یا امراض ومصائب ہے) اور آخرت کا عذاب اس سے بدرجہا زیادہ سخت ہے (کیونکہ شدید بھی ہے اور دائم بھی ہے) اور اللہ (کے عذاب) سے ان کا کوئی بچانے والا نہیں ہوگا (اور) جس جنت کا متقیوں سے (یعنی شرک وکفر سے بچنے والوں سے) وعدہ کیا گیا ہے اس کی کیفیت یہ ہے کہ اس (کے عمارات اور اشجار) کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی اس کا پھل اور اس کا سایہ دائم رہے گا یہ تو انجام ہوگا متقیوں کا اور کافروں کا انجام دوزخ ہوگا۔ **ف**: عذاب دنیوی کی تفسیر میں جو امراض ومصائب کہا گیا تو کافروں کے حق میں یہ امور عقوبت ہیں اور مؤمنین کے لئے رحمت کہ ان کے لئے رفع درجات وکفارہ سیئات کا سبب ہوتا ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے اور میووں کے دائم رہنے سے مراد یہ ہے کہ نوع ان کی باقی رہے گی گو بعض افراد فنا ہو جاویں یعنی اگر ایک بار میوہ کھا لیا دوسرا اس کے عوض درخت پر لگ جاوے گا اور سایہ کے دوام کی وجہ یہ ہے کہ وہاں آفتاب نہ ہوگا اور اس سے یہ وسوسہ نہ ہو وہ کہ کوئی اور روشنی بھی نہ ہوگی کیونکہ نور منحصر آفتاب میں نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی المتقون شرک وکفر القرینة علیه اتیانه مقابلا لقوله وعقبی الکفرین ۱۲۔

اللغات: قوله اکلها ما یوکل وهو الثمر کذا فی الروح قلت ولما کان المراد الجنس لم یضر الافراد ۱۲۔

النحو: الفاء فی فمن للترتیب علی ما سبق من قوله بل لله الامر والموصول مبتدأ وخبره کمن لیس کذلك مقدر و ام بمعنی الهمزة والمستفهم عنه مقدر والمذکور من قوله تنبؤنه من لوازمه اقیم مقامه والباء فی بظاهر متعلق تبسمونهم المقدر والمضرب عنه قبل بل مقدر ای ما آمنوا۔

وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ۭ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ

وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ۭ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ۝۳۶ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ۭ وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَاۗءَهُمْ بَعْدَ مَا

ع ۵ جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ۝۳۷ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا

۱۱ وَّذُرِّيَّةً ۭ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ۝۳۸ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ

وَيُثْبِتُ ښ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ۝۳۹

اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس (کتاب) سے خوش ہوتے ہیں جو آپ پر نازل کی گئی ہے اور ان ہی کے گروہ میں بعضے ایسے ہیں کہ اس کے بعض حصہ کا انکار کرتے ہیں آپ فرمائیے کہ مجھ کو صرف یہ حکم ہوا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤں میں اللہ ہی کی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھ کو جانا ہے اور اسی طرح ہم نے اس کو اس طور پر نازل کیا ہے کہ وہ ایک خاص حکم ہے عربی زبان میں اور اگر آپ (بفرض محال) ان کے نفسانی خیالات کا اتباع کرنے لگیں بعد اس کے کہ آپ کے پاس علم (صحیح) پہنچ چکا ہے تو اللہ کے مقابلے میں نہ کوئی آپ کا مددگار ہوگا اور نہ کوئی بچانے والا اور ہم نے یقیناً آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے اور ہم نے ان کو بیبیاں اور بچے بھی دیئے اور کسی پیغمبر کے اختیار میں یہ امر نہیں کہ ایک آیت بھی بدوں خدا کے حکم کے لا سکے ہر زمانہ کے مناسب خاص خاص احکام ہوتے ہیں خدا تعالیٰ (ہی) جس حکم کو چاہیں موقوف کر دیتے ہیں اور جس حکم کو چاہیں قائم رکھتے ہیں اور اصل کتاب انہیں کے پاس ہے۔

تفسیر ربط: اوپر آیت: وَاِنْ تَعْجَبْ الخ اور آیت: وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ الخ میں نبوت کی بحث آ چکی ہے آگے اسی کے متعلق اہل کتاب کی حالت اور ان کے بعض شبہات کا جواب مذکور ہے۔

کلام با اہل کتاب متعلق نبوت ☆ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ (الی قوله تعالی) وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ۝۳۹ اور جن لوگوں کو ہم نے (آسمانی)

www.besturdubooks.net

کتاب (یعنی توریت وانجیل) دی ہے (اور وہ اس کو پورے طور سے مانتے تھے) وہ اس (کتاب) سے خوش ہوئے ہیں جو آپ پر نازل کی گئی ہے (کیونکہ اس کی خبر اپنی کتابوں میں پاتے ہیں اور خوش ہو کر مان لیتے ہیں اور ایمان لے آتے ہیں جیسے یہود میں عبداللہ بن سلامؓ اور ان کے ساتھی اور نصاریٰ میں نجاشی اور ان کے فرستادے جن کا ذکر اور آیات میں بھی ہے) اور ان ہی کے گروہ میں بعضے ایسے ہیں کہ اس (کتاب) کے بعض حصہ کا (جس میں ان کی کتاب کے خلاف احکام ہیں) انکار کرتے ہیں (اور کفر کرتے ہیں) آپ (ان سے) فرمایئے کہ (احکام دو قسم کے ہیں اصول وفروع اگر تم اصول میں مخالف ہو سو وہ تو سب شرائع میں مشترک ہیں چنانچہ) مجھ کو (توحید کے متعلق) صرف یہ حکم ہوا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤں (اور نبوت کے متعلق یہ بات ہے کہ) میں (لوگوں کو) اللہ ہی کی طرف بلاتا ہوں (یعنی نبوت کا حاصل یہ ہے کہ میں داعی الی اللہ ہوں) اور معاد کے متعلق میرا یہ عقیدہ ہے کہ) اسی کی طرف مجھ کو (دنیا سے لوٹ کر) جانا ہے (یعنی اعظم اصول یہ تین ہیں سو ان میں ایک بات بھی قابل انکار نہیں چنانچہ توحید سب کے نزدیک مسلم ہے جیسا یہی مضمون دوسری آیت میں ہے: تَعَالَوْا اِلٰی كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَیْنَنَا الخ [آلِ عمران : ٦٤] اور نبوت میں اپنے لئے مال وجاہ نہیں چاہتا جس پر انکار کی گنجائش ہو محض دعوت الی اللہ کرتا ہوں سو ایسے لوگ پہلے بھی ہوئے ہیں جس کو تم بھی مانتے ہو جیسا یہی مضمون دوسری جگہ بھی ہے: مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ یُّؤْتِیَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ الخ [آلِ عمران : ٧٩] اسی طرح معاد کا عقیدہ مشترک اور مسلم غیر قابل انکار ہے) اور (اگر فروع میں مخالف ہو تو اس کا جواب اللہ تعالیٰ یوں دیتے ہیں کہ ہم نے جس طرح اور رسولوں کو خاص خاص زبانوں میں خاص خاص احکام دیئے) اسی طرح ہم نے اس (قرآن) کو اس طور پر نازل کیا کہ وہ ایک خاص حکم ہے عربی زبان میں (عربی کی تصریح سے اشارہ ہو گیا دوسرے انبیاءؑ کی دوسری السنہ کی طرف اور اختلاف السنہ سے اشارہ ہو گیا اختلاف امم کی طرف تو حاصل جواب کا یہ ہوا کہ اختلاف فروع بسبب اختلاف امم کے ہوا کیونکہ مصالح امم کے ہر زمانہ میں جداگانہ ہیں پس یہ اختلاف شرائع کا مقتضی مخالفت کو نہیں چنانچہ خود تمہاری شرائع مسلمہ میں بھی ایسا اختلاف فروع کا ہوا پھر تمہاری مخالفت وانکار کی کیا گنجائش ہے) اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اگر آپ (بفرض محال) ان کے نفسانی خیالات کا (یعنی احکام منسوخہ یا احکام محرفہ کا) اتباع کرنے لگیں بعد اس کے کہ آپ کے پاس (احکام مقصودہ کا) علم (صحیح) پہنچ چکا ہے تو اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں نہ کوئی آپ کا مددگار ہوگا اور نہ کوئی بچانے والا (اور جب نبی کو ایسا خطاب کیا جا رہا ہے تو اور لوگ انکار کر کے کہاں رہیں گے سو اس میں تعریض ہے اہل کتاب کے ساتھ پس دونوں شقوں پر منکرین ومخالفین کا جواب ہو گیا) اور (اہل کتاب میں سے بعضوں کا جو نبوت پر یہ طعن ہے کہ انکے پاس بیبیاں متعدد ہیں سو اس کا جواب یہ ہے کہ) ہم نے یقیناً آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے اور ہم نے ان کو بیبیاں اور بچے بھی دیئے (یہ کونسا امر منافی رسالت ہے ایسا ہی مضمون دوسری آیت میں ہے: اَمْ یَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰی مَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ الخ [النساء : ٥٤]) اور (چونکہ اختلاف شرائع کا شبہ اور شبہات سے زیادہ مشہور اور اوپر محض اجمال کے ساتھ مذکور تھا اس لئے اس کو آگے مکرر ومفصل ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص نبی پر اختلاف شرائع کا شبہ کرتا ہے وہ در پردہ نبی کو مالک احکام سمجھتا ہے حالانکہ) کسی پیغمبر کے اختیار میں یہ امر نہیں کہ ایک آیت (یعنی ایک حکم) بھی بدوں خدا کے حکم کے اپنی طرف سے) لا سکے (بلکہ احکام کا مقرر ہونا اذن واختیار خداوندی پر موقوف ہے اور خدا تعالیٰ کی حکمت ومصلحت کے اعتبار سے یہ معمول مقرر ہے کہ) ہر زمانہ کے مناسب خاص خاص احکام ہوتے ہیں (پھر دوسرے زمانہ میں بعض امور میں دوسرے احکام آتے ہیں اور پہلے احکام موقوف ہو جاتے ہیں اور بعضے بحالہا باقی رہتے ہیں پس) خدا تعالیٰ (ہی) جس حکم کو چاہیں موقوف کر دیتے ہیں اور جس حکم کو چاہیں قائم رکھتے ہیں اور اصل کتاب (یعنی لوح محفوظ) ان ہی کے پاس (رہتی) ہے (اور یہ سب احکام ناسخ ومنسوخ ومستمر اس میں درج ہیں وہ سب کی جامع اور گویا میزان الکل ہے یعنی جہاں سے یہ احکام آتے ہیں وہ اللہ ہی کے قبضہ میں ہے پس احکام سابقہ کے موافق یا مغایر احکام لانے کی کسی کو گنجائش اور دسترس ہی نہیں ہو سکتی) ف: آیت: یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ الخ کی سہل اور بے تکلف اور مناسب مقام یہی تفسیر ہے جو مذکور ہوئی اور حُكْمًا عَرَبِیًّا کی تقریر سے صرف اہل عرب کا امت ہونا متوہم نہ ہو وجہ تخصیص عربی کی باوجود عموم بعثت کے عنقریب شروع سورۂ ابراہیم میں آتی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّمَاۤ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ (الی قولہ تعالی) وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ الخ صریح ہے اس باب میں کہ عبادات کسی سے ساقط نہیں ہوتیں اور دوسرا ارشاد نص ہے اس باب میں کہ وہ امر ندب کا نہیں وجوب کا ہے جس کے ترک پر وعید ہے قولہ تعالیٰ: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّ ذُرِّیَّةً ؕ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ کامل کو تعلقات اہل وولد ودنیا کے مضر نہیں ہوتے اور یہ منافی ولایت نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ یَّاْتِیَ بِاٰیَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ اس میں خوارق کے مطالبہ کی ممانعت ہے اور جب انبیاء سے اس کی ممانعت ہے جن کا صاحب خوارق ہونا ضرور ہے تو اولیاء سے تو کب اجازت ہوگی جن کا صاحب خوارق ہونا بھی ضرور نہیں۔ قولہ تعالیٰ: یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَ یُثْبِتُ ۚۖ وَعِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ ۝ بعض نے اس کو سعادت وشقاوت پر محمول کیا ہے اور بعض سلف سے ایسی دعا منقول بھی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ دفتر ملائکہ سے تو یہ محو ممکن ہے مگر علم الٰہی سے ممکن نہیں اور لوح محفوظ اگر علم الٰہی سے حاکی ہے تو اس میں تغیر جائز نہیں اور اگر وہ ملائکہ کا دفتر ہے تو اس میں تغیر ممکن ہے اور محفوظ معنی یہ

www.besturdubooks.net

ہوں گے کہ تغیر خلق سے محفوظ ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی آتیناهم پورے طور سے القرینة علیه التعبیر بالذین آتیناهم والاخبار عنهم بیفرحون وقوله مانتے تھے دل علیه مقابلة قوله ینکر ۱۲۔ ۲؎ قوله قبل کذٰلك جس طرح القرینة علیه قوله لقد ارسلنا الخ وقوله آتینهم الکتٰب فانه یدل علی وجود الکتب الاخر المنزلة من السماء ۱۲۔ ۳؎ قوله فی عربیا تصریح سے اشارہ المقصود به بیان فائدة التقیید به واعلم ان المراد بالاقوام الامم فان هذا اللفظ یستعمل تارة فی المشارکین فی النسب او الوطن کما فی قوله تعالٰی وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومه و یستعمل تارة فی الامة کما فی قوله تعالٰی ان قومی اتخذوا هذا القرآن الخ ۱۲۔ ۴؎ قوله فی عنده ام الکتب یعنی جہاں سے یہ احکام آتے ہیں المقصود به بیان فائدة زیادة قوله تعالٰی وعنده ام الکتٰب فافهم ۱۲۔

الروایات: فی الدر المنثور اخرج ابن جریر وابو الشیخ عن الضحاك فی قوله لکل اجل کتاب یقول لکل کتاب ینزل من السماء اجل فیمحوا الله ما یشاء الخ واخرج ابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم والبیهقی فی المدخل عن ابن عباسؓ فی قوله تعالٰی یمحوا الله ما یشاء قال یبدل الله ما یشاء من القرآن فینسخه و یثبت ما یشاء فلا یبدله وعنده ام الکتاب یقول وجملة ذلك عنده فی ام الکتٰب الناسخ والمنسوخ وما یبدل و یثبت کل ذلك فی کتاب الله تعالٰی وعن ابن زید فی الأیة قال یمحوا الله ما یشاء مما ینزل علی الانبیاءً ویثبت ما یشاء مما ینزل علی الانبیاءً وعنده ام الکتٰب لا یبدل ویغیر آه قلت وما نقل عن السلف انهم دعوا الله تعالٰی لمحوا الشقاوة واثبات السعادة وتلاوتهم الآیة فاما مبنی علی تفسیرهم الآیة بغیر ما ذکرا وعلی قیامهم محوا واثباتا علی اثبات واما اشکال التغیر فی القدر فالجواب عنه ان هذا المحو والاثبات لیس فی اللوح المحفوظ بل لکتاب دونه وما نقل عن البعض من انکشاف تغیر اللوح المحفوظ علیهم فاما ان یقال اشتبه علیهم غیر اللوح باللوح او یفسر ام الکتٰب بعلم الله تعالٰی کما نقله روح المعانی عن کعب بروایة عبدالرزاق وابن جریر علی معنی ان العلم هو اصل کل کتاب ویشهد ذوقی بصحة حدیث الاشتباه والله اعلم ۱۲۔

اللغات: قوله الاحزاب جمع حزب وهو الطائفة المجتمعة لامر ما کعداوة ونحوها الاجل فی الروح ای لکل وقت و مدة من الاوقات والمدد قوله کتاب حکم معین یکتب ۱۲۔

وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ؕ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ؕ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ؕ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ۝ ع ۱۲

اور جس بات کا ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں اس میں کا بعض واقعہ اگر ہم آپ کو دکھلا دیں خواہ ہم آپ کو وفات دے دیں پس آپ کے ذمہ تو صرف احکام کا پہنچا دینا ہے اور دارو گیر کرنا تو ہمارا کام ہے کیا اس امر کو نہیں دیکھ رہے کہ ہم زمین کو ہر چہار طرف سے برابر کم کرتے چلے آتے ہیں اور اللہ جو چاہتا ہے حکم کرتا ہے اس کے حکم کو کوئی ہٹانے والا نہیں اور وہ بڑی جلدی حساب لینے والا ہے اور ان سے پہلے جو (کافر) لوگ ہو چکے ہیں انہوں نے تدبیریں کیں سو اصل تدبیر تو خدا ہی کی ہے اس کو سب خبر رہتی ہے جو شخص جو کچھ بھی کرتا ہے اور ان کفار (کو ابھی معلوم ہوا جاتا ہے کہ اس عالم میں نیک انجامی کس کے حصہ میں ہے اور یہ کافر لوگ یوں کہہ رہے ہیں کہ (نعوذ باللہ) آپ پیغمبر نہیں آپ فرما دیجئے کہ میرے اور تمہارے درمیان (میری نبوت پر) اللہ تعالیٰ اور وہ شخص جس کے پاس کتاب (آسمانی) کا علم ہے کافی گواہ ہیں۔

تفسیر لطط: اوپر کی آیتوں میں اہل کتاب میں سے منکرین نبوت کے متعلق کلام تھا آگے دوسرے کفار منکرین نبوت کے متعلق کلام ہے۔

کلام در منکرین نبوت از غیر اہل کتاب ☆ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ (الی قوله تعالی) وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ۝ اور (یہ لوگ جو اس بناء پر انکار نبوت کرتے ہیں کہ اگر آپ نبی ہیں تو انکار نبوت پر جس عذاب کا وعدہ کیا جاتا ہے وہ عذاب کیوں نہیں نازل ہوتا تو اس کے متعلق سن لیجئے کہ) جس بات کا (یعنی عذاب کا) ہم ان سے (انکار نبوت پر) وعدہ کر رہے ہیں اس میں کا بعض واقعہ اگر ہم آپ کو دکھلا دیں (یعنی آپ کی حیات میں کوئی عذاب ان پر

www.besturdubooks.net

نازل ہو جاوے) خواہ (قبل نزول اس عذاب کے) ہم آپ کو وفات دے دیں (پھر بعد میں وہ عذاب واقع ہو خواہ دنیا میں یا آخرت میں تو دونوں حالتوں میں آپ فکر واہتمام نہ کریں کیونکہ) بس آپ کے ذمہ تو صرف (احکام کا) پہنچا دینا ہے اور دار و گیر کرنا تو ہمارا کام ہے (آپ اس فکر میں کیوں پڑیں کہ اگر واقع ہو جاوے تو بہتر ہے شاید یہ ایمان لے آویں اور ان لوگوں سے بھی تعجب ہے کہ وقوع عذاب علی الکفر کا کیسے یک لخت انکار کر رہے ہیں) کیا (مقدمات عذاب میں سے) اس امر کو نہیں دیکھ رہے کہ ہم (فتح اسلام کے ذریعہ سے ان کی) زمین کو ہر چہار طرف سے برابر کم کرتے چلے آتے ہیں (یعنی ان کی عملداری بسبب کثرت فتوحات اسلامیہ کے روز بروز گھٹتی جا رہی ہے سو یہ بھی تو ایک قسم کا عذاب ہے جو مقدمہ ہے اصل عذاب کا جیسا دوسری آیت میں ہے: وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ [السجدۃ : ۲۱]) اور اللہ (جو چاہتا ہے) حکم کرتا ہے اس کے حکم کو کوئی ہٹانے والا نہیں (پس عذاب ادنیٰ خواہ عذاب اکبر جو ہو اس کو کوئی ان کے شرکاء یا غیر شرکاء میں سے رد نہیں کر سکتا) اور (اگر ان کو چندے مہلت بھی ہوگئی تو کیا ہے) وہ بڑی جلدی حساب لینے والا ہے (وقت کی دیر ہے پھر فوراً ہی سزائے موعود شروع ہو جاوے گی) اور (یہ لوگ جو ایذائے رسول تنقیص اسلام میں طرح طرح کی تدبیریں کرتے ہیں تو ان سے کچھ نہیں ہوتا چنانچہ) ان سے پہلے جو (کافر) لوگ ہو چکے ہیں انہوں نے (بھی ان ہی اغراض کے لئے بڑی بڑی) تدبیریں کیں سو (کچھ بھی نہ ہوا کیونکہ) اصل تدبیر تو خدا ہی کی ہے (اس کے سامنے کسی کی نہیں چلتی سو اللہ نے ان کی وہ تدبیریں نہ چلنے دیں اور) اس کو سب خبر رہتی ہے جو شخص جو کچھ بھی کرتا ہے (پھر اس کو وقت پر سزا دیتا ہے) اور (اسی طرح) ان کفار (کے اعمال کی بھی سب اس کو خبر ہے سو ان) کو (بھی) ابھی معلوم ہوا جاتا ہے کہ اس عالم میں نیک انجامی کس کے حصہ میں ہے (آیا ان کے یا مسلمانوں کے یعنی عنقریب ان کو اپنی بدانجامی اور سزائے اعمال معلوم ہو جاوے گی) اور یہ کافر لوگ (ان سزاؤں کو بھولے ہوئے) یوں کہہ رہے ہیں کہ (نعوذ باللہ) آپ پیغمبر نہیں آپ فرما دیجئے کہ (تمہارے انکار بے معنی سے کیا ہوتا ہے) میرے اور تمہارے درمیان (میری نبوت پر) اللہ تعالیٰ اور وہ شخص جس کے پاس کتاب (آسمانی) کا علم ہے (جس میں میری نبوت کی تصدیق ہے) کافی گواہ ہیں (مراد اس سے علمائے اہل کتاب جو منصف تھے اور نبوت کی پیشینگوئی دیکھ کر ایمان لے آئے تھے مطلب یہ ہوا کہ میری نبوت کی دو دلیلیں ہیں عقلی اور نقلی عقلی تو یہ کہ حق تعالیٰ نے مجھ کو معجزات عطا فرمائے جو دلیل نبوت ہیں اور اللہ تعالیٰ کے گواہ ہونے کے یہی معنی ہیں اور نقلی یہ کہ کتب سماویہ سابقہ میں اس کی خبر موجود ہے اگر یقین نہ آوے منصف علماء سے پوچھ لو وہ ظاہر کر دیں گے پس دلائل نقلیہ وعقلیہ کے ہوتے ہوئے نبوت کا انکار کرنا بجز شقاوت کے اور کیا ہے کسی عاقل کو اس سے شبہ نہ ہونا چاہئے۔ **ف**: اگر یہ سورت مکی ہو تو نَنْقُصُهَا کی تفسیر پر ظاہراً یہ اشکال ہوگا کہ قبل ہجرت فتوحات اسلامیہ نہ تھیں اس کے دو جواب ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ یہ آیت خاص مدنی ہو دوسرے یہ کہ فتوحات عام ہو طوعاً یا کرہاً کو پس قبول اسلام فتح اسلامی ہے طوعاً اور غلبۂ اسلام بعد القتال فتح اسلامی ہے کرہاً اور یقینی بات ہے کہ قبل ہجرت بھی اسلام پھیل رہا تھا اور قبائل عرب سے گزر کر اسلام حبشہ تک پہنچ چکا تھا اور یہی جواب ہے اس آیت کے متعلق جو اسی قسم کی سورۂ انبیاء کے ربع کے قریب واقع ہے اور وہ سورت علی المشہور مکی ہے۔

خاتمہ: الحمد للہ آج دوسری تاریخ جمادی الاخریٰ یوم چہارشنبہ وقت چاشت ۱۳۲۴ھ تفسیر سورۂ رعد ختم ہوئی اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے بقیہ تفسیر بھی اتمام کو پہنچاوے آمین یا رب العالمین بحرمة سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیه وعلی آله واصحابه واولیاء امته اجمعین ابد الأبدین ودهر الداهرین فقط۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله قبل انما علیك البلغ اہتمام نہ کریں اشارة الی تقدیر الجزاء فلاتهتم۔ ۲ قوله فی فلله المکر اصل تدبیر افاده الجنس لانه لیس ما وراء الجنس شئ ۱۲۔

اللغات: المعقب فی الروح هو من یکر علی الشئ فیبطله وحقیقة الذی یعقب الشئ بالابطال آه ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوۡرَۃُ اِبۡرٰهِیۡمَ

سُوۡرَۃُ اِبۡرٰهِیۡمَ ١٤ مَکِّیَّۃٌ ٧٢ — بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ — اٰیَاتُهَا ٥٢ — رُکُوۡعَاتُهَا ٧

سورۂ ابراہیم مکہ میں اتری — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اور اس کی باون آیتیں ہیں اور سات رکوع

الٓرٰ ۟ كِتٰبٌ اَنۡزَلۡنٰهُ اِلَیۡكَ لِتُخۡرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ ۙ۬ بِاِذۡنِ رَبِّهِمۡ اِلٰی صِرَاطِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَمِیۡدِ ۙ﴿۱﴾ اللّٰهِ الَّذِیۡ
لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ وَوَیۡلٌ لِّلۡکٰفِرِیۡنَ مِنۡ عَذَابٍ شَدِیۡدِ ۙ﴿۲﴾ الَّذِیۡنَ یَسۡتَحِبُّوۡنَ الۡحَیٰوۃَ الدُّنۡیَا عَلَی
الۡاٰخِرَۃِ وَیَصُدُّوۡنَ عَنۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ وَیَبۡغُوۡنَهَا عِوَجًا ؕ اُولٰٓئِكَ فِیۡ ضَلٰلٍ بَعِیۡدٍ ﴿۳﴾ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا
بِلِسَانِ قَوۡمِهٖ لِیُبَیِّنَ لَهُمۡ ؕ فَیُضِلُّ اللّٰهُ مَنۡ یَّشَآءُ وَیَهۡدِیۡ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۴﴾

الٓر یہ (قرآن) ایک کتاب ہے جس کو ہم نے آپ پر نازل فرمایا تا کہ آپ تمام لوگوں کو ان کے پروردگار کے حکم سے تاریکیوں سے روشنی کی طرف یعنی خدائے غالب ستودہ صفات کی راہ کی طرف لاویں وہ ایسا خدا ہے کہ اس کی ملک ہے جو کچھ کہ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور بڑی خرابی یعنی بڑا سخت عذاب ہے ان کافروں کو جو دنیوی زندگانی کو آخرت پر ترجیح دیتے ہیں اور (بلکہ) اللہ کی راہ (مذکور) سے روکتے ہیں اور اس میں کجی (یعنی شبہات) کے متلاشی رہتے ہیں ایسے لوگ بڑی دور کی گمراہی میں ہیں اور ہم نے تمام (پہلے) پیغمبروں کو (بھی) ان ہی کی قوم کی زبان میں پیغمبر بنا کر بھیجا ہے تا کہ ان سے (احکام الٰہیہ کو) بیان کریں پھر جس کو اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں گمراہ کرتے ہیں اور جس کو چاہیں ہدایت کرتے ہیں اور وہی (سب امور پر) غالب ہے (اور) حکمت والا ہے۔

تفسیر: سُوۡرَۃُ اِبۡرٰهِیۡمَ مَکِّیَّۃٌ :وھی احدی و خمسون اٰیۃ کذا فی البیضاوی۔ اس سورت کا خلاصہ یہ مضامین ہیں شروع سے رسالت کی بحث اور اسی سے اس کا آغاز سورۂ رعد کے اختتام سے متناسب ہوگیا اور مِنۡ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ [الجاثیۃ : ١٠] سے کفار کی سزا کا بیان اور اُدۡخِلَ الَّذِیۡنَ سے مؤمنین کی جزا کا بیان پس یہ دونوں مضمون معاد کے متعلق ہوگئے اور اَلَمۡ تَرَ کَیۡفَ [ابراهیم : ٢٤] سے توحید کا ذکر اور اسی کی تقریر کے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قصہ جس میں اس نعمت کا بھی کسی قدر بیان ہے جو آیت اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِیۡنَ بَدَّلُوۡا نِعۡمَتَ اللّٰهِ [ابراهیم : ٢٨] میں اجمالاً مذکور ہے پھر لَا تَحۡسَبَنَّ [ابراهیم : ٤٢] سے عود مضمون معاد کی طرف اور ختم کی آیت ان سب مضامین کی جامع ہے اور تناسب مضامین مذکورہ کا کہ رسالت اور معاد اور توحید ہے ظاہر ہے اور متعدد دفعہ مذکور بھی ہو چکا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بحث رسالت ☆ الٓرٰ ۟ كِتٰبٌ اَنۡزَلۡنٰهُ اِلَیۡكَ (الی قولہ تعالیٰ) وَهُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۴﴾۔ الٓر (اس کے معنی اللہ ہی کو معلوم ہیں) یہ (قرآن) ایک کتاب ہے جس کو ہم نے آپ پر نازل فرمایا ہے تا کہ آپ (اس کے ذریعہ سے) تمام لوگوں کو ان کے پروردگار کے حکم سے مرتبہ تبلیغ میں کفر کی) تاریکیوں سے نکال کر (ایمان و ہدایت کی) روشنی کی طرف یعنی ذات غالب ستودہ صفات کی راہ کی طرف (کہ روشنی سے یہی مراد ہے) لاویں (روشنی میں لانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ راہ بتلاویں) جو ایسا خدا ہے کہ اسی کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور (جب یہ کتاب خدا کا رستہ بتلاتی ہے تو) بڑی خرابی یعنی بڑا سخت عذاب ہے ان کافروں کو جو (اس راہ کو نہ تو خود قبول کرتے ہیں بلکہ) دنیوی زندگانی کو آخرت پر ترجیح دیتے ہیں (اس لئے دین کی جستجو نہیں کرتے) اور

www.besturdubooks.net

(نہ دوسروں کو یہ راہ اختیار کرنے دیتے ہیں بلکہ) اللہ کی (اس) راہ (مذکور) سے روکتے ہیں اور اس میں کجی (یعنی شبہات) کے متلاشی رہتے ہیں (جن کے ذریعہ سے دوسروں کو گمراہ کرسکیں) ایسے لوگ بڑی دور کی گمراہی میں ہیں (یعنی وہ گمراہی حق سے بڑی دور ہے) اور (اس کتاب کے منزل من اللہ ہونے میں جو بعض کفار کو یہ شبہ ہے کہ یہ عربی کیوں ہے جس سے احتمال ہوتا ہے کہ خود پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے تصنیف کرلیا ہوگا عجمی زبان میں کیوں نہیں تاکہ یہ احتمال ہی نہ ہوتا اور قرآن دوسری کتب سماویہ سے عجمی ہونے میں متوافق بھی ہوتا تو یہ شبہ محض لغو ہے کیونکہ) ہم نے تمام (پہلے) پیغمبروں کو (بھی) ان ہی کی قوم کی زبان میں پیغمبر بنا کر بھیجا ہے تاکہ (ان کی زبان میں) ان سے (احکام الہیہ کو) بیان کریں (کہ اصل مقصود تبیین ہے نہ کہ السنہ کا توافق) پھر (بیان کرنے کے بعد) جس کو اللہ تعالیٰ چاہیں گمراہ کرتے ہیں (کہ وہ ان احکام کو قبول نہیں کرتا) اور جس کو اللہ تعالیٰ چاہیں ہدایت کرتے ہیں (کہ وہ احکام کو قبول کرلیتا ہے) اور وہی (سب امور پر) غالب ہے (اور) حکمت والا ہے (پس غالب ہونے سے سب کو ہدایت کرسکتا تھا مگر بہت سے حکمتیں اس کو مقتضی نہ ہوئیں۔ **ف**: غرض جب سب پیغمبر اپنی اپنی قوم میں احکام لے کر آئے تو آپ کے لئے بھی یہی قاعدہ رکھا گیا کہ آپ کی قوم عرب ہیں گو امت سب ہیں اس لئے عربی زبان میں یہ کتاب نازل کی گئی پس شبہ محض لغو ہے یہ تو حکمت ہوئی عربی زبان میں قرآن کے ہونے کی اور عجمی میں نہ ہونے کی اور سورۂ فصلت میں ایک اور وجہ بھی مذکور ہے: وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْ لَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ [حٰم السجدة : ٤٤]۔ رہا عربی میں یہ احتمال کہ شاید خود تصنیف کرلیا ہو سو یہ اس کے معجز ہونے سے مدفوع ہے لقولہ تعالیٰ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ۔ ان کے شبہ کے جواب کی تقریر یہاں تک ختم ہوئی جس سے وہ شبہ بالکلیہ رفع ہوگیا اب مستقلاً ایک اور شبہ خصوص بعثت کا ہے جو بِلِسَانِ قَوْمِهٖ سے متوہم ہوتا ہے اور جس کے یہود مدعی تھے وہ یہ کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی قوم صرف عرب ہیں حالانکہ ضروریاتِ اسلام سے یہ عقیدہ ہے کہ آپ کی بعثت عام ہے اور آیات واحادیث بھی اس میں نص صریح ہیں اس کے جواب کی طرف اجمالاً خود اوپر کی تقریر میں بھی اشارہ کردیا گیا ہے اس قول میں آپ کی قوم عرب ہیں گو امت سب ہیں تفصیل اس کی یہ ہے کہ قوم خاص ہے امت عام ہے قوم کے خاص ہونے سے امت کا خاص ہونا لازم نہیں آتا۔ قوم کہتے ہیں جماعت خاصہ کو خواہ شرکت نسبیہ وغیرہ رکھتے ہوں یا نہیں اور امت جن کی طرف نبی مبعوث ہو البتہ اور انبیاء علیہم السلام کی قوم اور امت دونوں کا مصداق ایک ہوتا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کا مصداق قوم سے عام ہے اور یہود کے دعوے کا ایک مستقل عقلی جواب بھی ہے یعنی جب تم آپ کو نبی عرب مانتے ہو اور نبی کے لئے صدق لازم ہے اور آپ مدعی ہیں عموم بعثت کے پس اس میں بھی صادق ہوں گے وھو المطلوب پس یہ شبہ بھی مرتفع ہوگیا۔ اب اس کی تحقیق باقی رہی کہ جب آپ کی امت تمام اقوام عرب وعجم ہیں تو تبیین احکام اس طریق سے سہل ہے کہ قرآن سب زبانوں میں ہوتا اس کا جواب روح المعانی میں لکھا ہے کہ اس میں تعدد السنہ سے اختلاف بہت ہوجاتا ہے اھ اور کوئی اصل نہ ہوتی جو مرجع سب اختلافات کا ہوتا اور یہ حکمت نزول کتاب کے منافی تھا اور تبیین کی سہولت ایسی عظیم مصلحت نہ تھی جتنا عظیم یہ مفسدہ تھا اور نفس تبیین ترجمہ وتفسیر سے حاصل ہے اور اختلاف تراجم کے وقت اصل زبان کی تحقیق سے اختلاف مضر رفع ہوسکتا ہے پھر یہ کہ ایک زبان عربی ہی کیوں ہوئی اس کا جواب تو بلسان قومہ میں مصرح یعنی چونکہ آپ کی قوم کی زبان ہے دوسرا جواب اس لسان کی خصوصیات میں اور تیسرا جواب اس قوم کی خصوصیات میں غور کرنے سے معلوم ہوسکتا ہے یعنی عربی زبان اشرف اللغات واجمع اللغات ہے اور عرب خصوصاً قریش کہ اخص قوم آپ کی وہی ہیں حمیت ونشر دین میں سب اقوام سے اکمل تھے اس لئے اصل دین ان کی زبان میں کیا گیا کہ ان سے زیادہ خصوصیت رہے اور یہ اس کی خصوصیت کے ساتھ حامی رہیں اور خود عرب کے لغات میں باہم ایسا اختلاف نہ تھا اسی لئے قرآن لغتِ قریش میں نازل ہوا کذا فی البخاری گو برائے چندے دوسرے لغات عرب میں ہر اہل لغت کو کلمات مخصوصہ پڑھنے کی اجازت ہوگئی تھی جیسا حدیثوں میں ہے کہ پھر جب لغتِ قریش سے سب مالوف ہوگئے وہ اجازت نہ رہی نقلہ فی الروح عن ابن شامۃ۔ فقط۔ **ربط**: اوپر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا مضمون تھا آگے اسی کی تائید کے لئے دوسرے رسل کا ذکر ہے جس سے یہ معلوم ہوجاوے کہ رسالت کوئی انوکھی چیز نہیں کہ اس کا انکار کیا جاوے پہلے بھی رسول ہوتے آئے ہیں نیز اس میں مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ کے اجمال کی تفصیل بھی ہے پھر موسیٰ علیہ السلام کے متعلق زیادہ مضمون ہے بوجہ ان کے زیادہ مشہور اور نیز صاحب کتاب ہونے کے اور دوسروں کا بعض کا مجمل جیسے نوح اور ہود وصالح علیہم السلام اور بعض کا مبہم جیسے وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ الخ اور مضمون رسالت کے ساتھ ہر مقام پر انکار کا وبال بھی ساتھ ساتھ مذکور ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اس سے مستنبط ہوتا ہے کہ شیخ کے خلفاء وہی ہوتے ہیں جن کو ان کے ساتھ بہ نسبت تمام مستفیدین کے مناسبت زیادہ ہو اور شیخ کے اول مخاطب وہی ہوتے ہیں جیسے قرآن کا اول خطاب عرب کو ہوا پھر باقی اقوام کو ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ا قوله فی الناس تمام اشارة الی ان اللام للاستغراق المفید لعموم بعثته علیه الصلوٰة والسلام ۱۲۔

الروایات: فی اللباب اخرج ابن جریر عن سعید بن جبیرؓ قال قالت قریش لو لا انزل هذا القرآن اعجمیا وعربیا فانزل الله ولو

www.besturdubooks.net

جعلناه قرآنا اعجميا آه وفى روح المعانى عن البحر ان سبب نزول الآية اى قوله تعالى وما ارسلنا من رسول ان قريشا قالوا ما بال الكتب كلها اعجمية وهذا عربى آه قلت ومقصودى هو هذا الاخير لكن لما كان بلا سند ذكرت الاول للتقوية والله اعلم۔

اللغات: اللسان يطلق على اللغة وعلى الجارحة ۱۲۔

النحو: قوله باذن ربهم متعلق بتخرج بمعنى بامر ربهم قوله الى صرط بدل من الى النور وفائدة البدل الايذان بكون الدين جامعًا بين كونه صراطاً و نوراً قوله الله الذى بالجر بدل من العزيز الحميد وبالرفع خبر مبتدأ مقدر اى هو كما فى قراءة قوله من عذاب من بيانية وهو بيان لويل وقيل وقيل قوله يبغونها عوجا اى يبغون لها فحذف الجار واوصل الفعل الى الضمير اى يقولون لمن يريدون صده هى سبيل ناكبة زائغة غير مستقيمة ۱۲۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ

صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ

ع الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِىْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝ وَاِذْ تَاَذَّنَ

رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِىْ لَشَدِيْدٌ ۝ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ

وَمَنْ فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِىٌّ حَمِيْدٌ ۝

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو یہ حکم دے کر بھیجا کہ اپنی قوم کو (کفر کی) تاریکیوں سے (ایمان کی) روشنی کی طرف لاؤ اور انہیں اللہ تعالیٰ کے معاملات (نعمت) یاد دلاؤ بلاشبہ ان معاملات میں عبرتیں ہیں ہر صابر شاکر کے لئے۔ اور اس وقت کو یاد کیجئے کہ جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم اللہ تعالیٰ کا انعام اپنے اوپر یاد کرو کہ جب تم کو فرعون والوں سے نجات دی جو تم کو سخت تکلیفیں پہنچاتے تھے اور تمہارے بیٹوں کو ذبح کر ڈالتے تھے اور تمہاری عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے ایک بڑا امتحان تھا اور وہ وقت یاد کرو جب کہ تمہارے رب نے تم کو اطلاع فرمادی کہ اگر تم شکر کرو گے تو تم کو زیادہ نعمت دوں گا اور اگر تم ناشکری کرو گے تو (یہ سمجھ رکھو) میرا عذاب بڑا سخت ہے اور موسیٰ علیہ السلام نے (یہ بھی) فرمایا تم اور تمام دنیا بھر کے آدمی سب کے سب مل کر بھی ناشکری کرو گے تو اللہ تعالیٰ بالکل بے احتیاج ستودہ صفات ہے۔

تفسیر: ذکر موسیٰ علیہ السلام ☆ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ (الی قولہ تعالیٰ) فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِىٌّ حَمِيْدٌ ۝ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیاں دے کر بھیجا کہ اپنی قوم کو (کفر و معاصی کی) تاریکیوں سے (نکال کر ایمان و طاعت کی) روشنی کی طرف لاؤ اور ان کو اللہ تعالیٰ کے معاملات (نعمت و نقمت کے) یاد دلاؤ بلاشبہ ان معاملات میں عبرتیں ہیں ہر صابر و شاکر کے لئے (کیونکہ نعمت کو یاد کر کے شکر کرے گا اور نقمت کو پھر اس کے زوال کو یاد کر کے آئندہ حوادث میں صبر کرے گا اور یاد دلانے کا یہ ایک فائدہ ہے) اور اس وقت کو یاد کیجئے کہ جب (ہمارے اس ارشاد بالا کے موافق) موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم اللہ تعالیٰ کا انعام اپنے اوپر یاد کرو جب کہ تم کو فرعون والوں سے نجات دی جو تم کو سخت تکلیفیں پہنچاتے تھے اور تمہارے بیٹوں کو ذبح کر ڈالتے تھے اور تمہاری عورتوں کو (یعنی لڑکیوں کو جو کہ بڑی ہو کر عورتیں ہو جاتی تھیں) زندہ چھوڑ دیتے تھے (تاکہ ان سے کار و خدمت لیں سو یہ بھی مثل ذبح ہی کے ایک عقوبت تھی) اور اس (مصیبت اور نجات دونوں میں تمہارے رب کی طرف سے ایک بڑا امتحان تھا (یعنی مصیبت میں بلاء تھی اور نجات میں نعمت تھی اور بلاء اور نعمت دونوں بندہ کے لئے امتحان ہیں پس اس میں موسیٰ علیہ السلام نے ایام اللہ یعنی نعمت و نقمت دونوں کی تذکیر فرمادی) اور (موسیٰ علیہ السلام نے یہ بھی فرمایا کہ اے میری قوم) وہ وقت یاد کرو جب کہ تمہارے رب نے (میرے ذریعہ سے) تم کو اطلاع فرمادی کہ اگر (میری نعمتوں کو سن کر) تم شکر کرو گے تو تم کو (خواہ دنیا میں بھی یا آخرت میں تو ضرور) زیادہ نعمت دوں گا اور اگر تم (ان نعمتوں کو سن کر) ناشکری کرو گے تو (یہ سمجھ رکھو کہ) میرا عذاب بڑا سخت ہے (ناشکری میں اس کا احتمال ہے) اور موسیٰ (علیہ السلام) نے (یہ بھی) فرمایا کہ اگر تم اور تمام دنیا بھر کے آدمی سب کے سب مل کر بھی ناشکری کرنے لگو تو اللہ تعالیٰ (کا کوئی ضرر نہیں کیونکہ وہ) بالکل بے احتیاج (اور اپنی حد ذات میں ستودہ صفات ہیں (استکمال بالغیر کا وہاں احتمال نہیں پس اللہ تعالیٰ کا ضرر محتمل ہی نہیں اور تم اپنا ضرر سن چکے ہو۔ اِنَّ عَذَابِىْ لَشَدِيْدٌ [ابراھیم: ۷] اس لئے شکر کرنا ناشکری مت کرنا) **ف:** شکر میں ایمان اور ناشکری میں کفر بھی داخل ہے۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ الخ باوجود اس کے کہ مخرج حقیقی حق تعالیٰ ہے پھر اخراج کی نسبت نبی کی طرف کرنا قوی دلیل ہے اس کی کہ تکمیل مرید میں شیخ کو عظیم دخل ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ اگر ذٰلِكَ کا مشار الیہ سوءِ عذاب ہو اور بلاء کی تفسیر انعام سے کی جاوے تو آیت سے یہ معلوم ہوگا کہ مؤمن کے لئے مصیبت بھی نفع اور تربیت ہے ۱۲۔

فائدہ: الظاهر ان المراد بقومه بنو اسرائيل بقرينة قوله اذكروا نعمة الله عليكم الخ ۱۲۔

الحواشی: (۱) یعنی یہ سوچ کر کہ اسی طرح دوسری قسم بھی عنقریب زائل ہو جاویں گی اور ظاہر ہے کہ یہ معین ہوگا صبر میں ۱۲۔ منہ

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ايام معاملات كذا فسر في الروح عاما للبلاء والآلاء وما في بعض الاحاديث من تفسيره بالآلاء فلا ينافيه لا يحتمل التفسير بعض المفهوم ۱۲۔ ۲ قوله احتمال ہے اشارة الى تقدير الجزاء اى فان العذاب محتمل لان المذكور من قوله تعالى ان عذابى لشديد لا يصلح للجزاء لان كون العذاب شديدًا واقع في نفسه لا يتاخر عن كفر احد ۱۲ منه۔

أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ ۛ وَالَّذِينَ مِن بَعْدِهِمْ ۛ لَا يَعْلَمُهُمْ
إِلَّا اللَّهُ ۚ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَرَدُّوا أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوا إِنَّا كَفَرْنَا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ
وَإِنَّا لَفِي شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُونَنَا إِلَيْهِ مُرِيبٍ ﴿۹﴾ قَالَتْ رُسُلُهُمْ أَفِي اللَّهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ
يَدْعُوكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ قَالُوا إِنْ أَنتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا تُرِيدُونَ
أَن تَصُدُّونَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُنَا فَأْتُونَا بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿۱۰﴾ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ إِن نَّحْنُ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ
وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَمُنُّ عَلَىٰ مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۖ وَمَا كَانَ لَنَا أَن نَّأْتِيَكُم بِسُلْطَانٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
الْمُؤْمِنُونَ ﴿۱۱﴾ وَمَا لَنَا أَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللَّهِ وَقَدْ هَدَانَا سُبُلَنَا ۚ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلَىٰ مَا آذَيْتُمُونَا ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
الْمُتَوَكِّلُونَ ﴿۱۲﴾ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُم مِّنْ أَرْضِنَا أَوْ لَتَعُودُنَّ فِي مِلَّتِنَا ۖ فَأَوْحَىٰ إِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ
الظَّالِمِينَ ﴿۱۳﴾ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْأَرْضَ مِن بَعْدِهِمْ ۚ ذَٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِي وَخَافَ وَعِيدِ ﴿۱۴﴾ وَاسْتَفْتَحُوا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ﴿۱۵﴾
مِّن وَرَائِهِ جَهَنَّمُ وَيُسْقَىٰ مِن مَّاءٍ صَدِيدٍ ﴿۱۶﴾ يَتَجَرَّعُهُ وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهُ وَيَأْتِيهِ الْمَوْتُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَمَا هُوَ
بِمَيِّتٍ ۖ وَمِن وَرَائِهِ عَذَابٌ غَلِيظٌ ﴿۱۷﴾

(اے کفار مکہ) کیا تم کو ان لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں یعنی قوم نوح علیہ السلام اور عاد (قوم ہود) اور ثمود (قوم صالح) اور جو لوگ ان کے بعد ہوئے ہیں جن کو بجز اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا ان کے پیغمبران کے پاس دلائل لے کر آئے سو ان قوموں نے اپنے ہاتھ ان پیغمبروں کے منہ میں دے دیئے اور کہنے لگے کہ جو حکم دے کر تم کو بھیجا گیا ہے ہم ان کے منکر ہیں اور جس امر کی طرف تم ہم کو بلاتے ہو ہم تو اس کی جانب سے بہت بڑے شبہ میں ہیں جو (ہم کو) تردد میں ڈالے ہوئے ہے۔ ان کے پیغمبروں نے کہا کیا تم کو اللہ تعالیٰ کے بارے میں شک ہے جو کہ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے وہ تم کو بلا رہا ہے تاکہ تمہارے گناہ معاف کر دے اور معین مدت تک تم کو (خیر و خوبی کے ساتھ) حیات دے انہوں نے کہا کہ تم محض ایک آدمی ہو جیسے ہم ہیں تم یوں چاہتے ہو کہ ہمارے آباؤ اجداد جس چیز کی عبادت کرتے تھے (یعنی بت) اس سے ہم کو روک دو سو کوئی صاف معجزہ دکھاؤ ان کے رسولوں نے (اس جواب میں) کہا کہ ہم بھی تمہارے جیسے آدمی ہیں لیکن اللہ اپنے بندوں میں جس پر چاہے (وہ) احسان فرما دے اور یہ بات ہمارے قبضہ کی نہیں کہ ہم تم کو کوئی معجزہ دکھلا سکیں بغیر خدا کے حکم کے اور اللہ ہی پر سب ایمان لانے والوں کو بھروسہ کرنا چاہئے اور ہم کو اللہ پر بھروسہ نہ کرنے کا کون امر باعث ہو سکتا ہے حالانکہ اس نے ہم کو ہمارے (منافع دارین کے) راستے بتلا دیئے اور تم نے ہم کو جو کچھ ایذا پہنچائی ہے ہم اس پر صبر کریں گے اور اللہ ہی پر بھروسہ کرنے والوں کو بھروسہ رکھنا چاہئے۔ اور ان کفار نے اپنے رسولوں سے کہا کہ ہم تم کو اپنی سرزمین سے نکال دیں گے یا یہ ہو کہ تم ہمارے مذہب میں پھر آ

www.besturdubooks.net

جاؤ پس ان رسولوں پر ان کے رب نے (تسلی کے لئے) وحی نازل فرمائی کہ ہم (ہی) ان ظالموں کو ضرور ہلاک کر دیں گے اور ان کے (ہلاک کرنے کے) بعد تم کو اس سرزمین میں آباد رکھیں گے (اور) یہ ہر اس شخص کے لئے (عام) ہے جو میرے روبرو کھڑے ہونے سے ڈرے اور میرے وعید سے ڈرے اور کفار فیصلہ چاہنے لگے اور جتنے سرکش (اور) ضدی (لوگ) تھے وہ سب بے مراد ہوئے اس کے آگے دوزخ ہے اور اس کو (دوزخ میں) ایسا پانی پینے کو دیا جائے گا جو کہ پیپ لہو (کے مشابہ) ہوگا جس کو گھونٹ گھونٹ کر کے پیوے گے اور گلے سے آسانی کے ساتھ اتارنے کی کوئی صورت نہ ہوگی اور ہر (چہار) طرف سے اس پر (سامان) موت کی آمد ہوگی اور کسی طرح مرے گا نہیں اور اس کو اور سخت عذاب کا سامنا ہوگا۔

تفسیر ربط: آیاتِ بالا کی تمہید میں مذکور ہو چکا۔

ذکر معاملات بعض دیگر رسل با قوم ایشاں ☆ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ (الی قولہ تعالی) وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ

(اے کفار مکہ) کیا تم کو ان لوگوں (کے واقعات) کی خبر (گو اجمالا سہی) نہیں پہنچی جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں یعنی قوم نوح اور عاد (قوم ہود) اور ثمود (قوم صالح) اور جو لوگ ان کے بعد ہوئے ہیں جن (کی مفصل حالت) کو بجز اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا (کیونکہ ان کے حالات تفصیلاً منضبط و منقول نہیں ہوئے اور وہ واقعات یہ ہیں کہ) ان کے پیغمبران کے پاس دلائل لے کر آئے سو ان قوموں (میں جو کفار تھے انہوں) نے اپنے ہاتھ ان پیغمبروں کے منہ میں دے دیئے (یعنی ماننے تو کیا یہ کوشش کرتے تھے کہ ان کو بات تک نہ کرنے دیں) اور کہنے لگے کہ جو حکم دے کر تم کو (بزعم تمہارے) بھیجا گیا ہے (یعنی توحید و ایمان) ہم اس کے منکر ہیں اور جس امر کی طرف تم ہم کو بلاتے ہو (یعنی وہی توحید و ایمان ہم تو اس کی جانب سے بہت بڑے شبہ میں ہیں جو (ہم کو) تردد میں ڈالے ہوئے ہے (مقصود اس سے توحید و رسالت دونوں کا انکار ہے توحید کا ظاہر ہے اور رسالت کا تَدْعُوْنَنَآ میں جس کا حاصل یہ ہے کہ تم خود اپنی رائے سے دعوتِ توحید کر رہے ہو مامور و مرسل من اللہ نہیں ہو) ان کے پیغمبروں نے (اس بات کے جواب میں) کہا کیا (تم کو) اللہ تعالیٰ کے بارے میں (یعنی اس کی توحید میں) شک (وانکار) ہے جو کہ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے (یعنی اس کا ان چیزوں کا پیدا کرنا خود دلیل اس کی ہستی اور وحدانیت کی ہے پھر اس دلیل کے ہوتے ہوئے شک کرنا بڑے تعجب کی بات ہے کہ اگر کوئی اپنی رائے سے بھی اس کی دعوت کرے تو بھی زیبا ہے لیکن محل متنازع فیہ میں تو ہماری دعوت بحکم خداوند تعالیٰ ہے پس) وہ (ہی) تم کو (توحید کی طرف) بلا رہا ہے تاکہ (اس کے قبول کرنے کی برکت سے) تمہارے (گذشتہ) گناہ معاف کر دے اور (تمہاری عمر کی) معین مدت تک تم کو (خیر و خوبی کے ساتھ) حیات دے (مطلب یہ کہ توحید علاوہ اس کے کہ فی نفسہ حق ہے تمہارے لئے دونوں جہان میں نافع بھی ہے دنیا میں تو تاخیر: اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى [ابراہیم: ۱۰] بالمعنی المذکور اور آخرت میں مغفرت اور اس جواب میں دونوں امر کے متعلق جواب ہو گیا توحید کے متعلق بھی يَدْعُوْكُمْ میں جیسا تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے) انہوں نے (پھر دونوں امر کے متعلق گفتگو شروع کی اور) کہا کہ تم (پیغمبر نہیں ہو بلکہ) محض ایک آدمی ہو جیسے ہم ہیں (اور بشریت منافی رسالت ہے جب پیغمبر نہیں ہو تو تم جو کچھ توحید کے بارے میں کہتے ہو وہ من اللہ نہیں بلکہ) تم (اپنی رائے ہی سے) یوں چاہتے ہو کہ ہمارے آباؤ اجداد جس چیز کی عبادت کرتے تھے (یعنی بت) اس سے ہم کو روک دو سو (اگر رسالت سے مدعی ہو تو علاوہ ان دلائل و بینات مذکورہ جملہ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ کے جواب تک نبوت پر قائم ہو چکے ہیں اور) کوئی صاف معجزہ دکھلاؤ (جو ان سب سے واضح تر ہو اس میں نبوت پر تو کلام ظاہر ہے اور يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا میں توحید پر کلام کی طرف اشارہ ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ شرک کے حق ہونے کی دلیل یہ ہے کہ ہمارے بزرگ اس کو کرتے تھے) ان کے رسولوں نے (اس کے جواب میں) کہا کہ (تمہاری تقریر کے کئی جزو ہیں۔ انکار توحید دلیل فعل آباء۔ انکار نبوت بدعویٰ تنافی نبوت و بشریت۔ مطالبہ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ علاوہ بینات سابقہ سو امر اول کے متعلق فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ میں جواب ہو گیا کیونکہ دلیل عقلی کے روبرو رسم و عرف کوئی چیز نہیں۔ امر دوم کے متعلق ہم اپنی بشریت کو تسلیم کرتے ہیں کہ واقعی) ہم بھی تمہارے جیسے آدمی ہیں لیکن (بشریت اور نبوت میں تنافی نہیں کیونکہ نبوت ایک اعلیٰ درجہ کا احسان خداوندی ہے اور) اللہ (کو اختیار ہے کہ) اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے (وہ) احسان فرماوے (اور احسان کے غیر بشر کے ساتھ مختص ہونے کی کوئی دلیل نہیں) اور امر سوم کے متعلق یہ ہے کہ دعویٰ کے لئے جس میں دعویٰ نبوت بھی داخل ہے نفس دلیل اور مطلق بینہ جو دعویٰ نبوت کی صورت میں معجزہ ہوگا ضرور ہے جو کہ پیش کی جا چکی ہے رہا دلیل و معجزۂ خاص جس کو تم سلطان مبین یعنی صاف دلیل سے تعبیر کر رہے ہو سو اولاً حسب قواعد مناظرہ ضروری نہیں ثانیاً) یہ بات ہمارے قبضہ کی نہیں کہ ہم تم کو کوئی معجزہ دکھلا سکیں بغیر خدا کے حکم کے (پس تمہارے تمام ترشبہات کا جواب ہو گیا پھر اگر اس پر بھی تم نہ مانو اور مخالفت کئے جاؤ تو خیر ہم تمہاری مخالفت سے نہیں ڈرتے بلکہ اللہ پر بھروسہ کرتے ہیں) اور اللہ ہی پر سب ایمان والوں کو بھروسہ کرنا چاہئے (چونکہ ہم بھی باایمان ہیں اور ایمان مقتضی ہے توکل کو اس لئے ہم بھی اس کو اختیار کرتے ہیں) اور ہم کو اللہ پر بھروسہ نہ کرنے کا کون امر باعث ہو سکتا ہے حالانکہ اس نے (ہمارے حال پر بڑا فضل کیا کہ) ہم کو ہمارے (منافع دارین کے) راستے بتلا دیئے (جس کا اتنا بڑا فضل ہو اس پر تو ضرور بھروسہ کرنا چاہئے) اور (ضرر خارجی سے یوں بے فکر ہو گئے رہا ضرر داخلی کہ تمہاری مخالفت کا

www.besturdubooks.net

غم وحزن ہوتا سو) تم نے (عناد وخلاف کر کے) جو کچھ ہم کو ایذا پہنچائی ہے ہم اس پر صبر کریں گے (پس اس سے بھی ہم کو ضرر نہ رہا اور حاصل اس صبر کا بھی وہی توکل ہے) اور اللہ ہی پر بھروسہ کرنے والوں کو (ہمیشہ) بھروسہ رکھنا چاہئے اور (ان تمام تر اتمام حجت کے بعد بھی کفار نرم نہ ہوئے بلکہ) ان کفار نے اپنے رسولوں سے کہا کہ ہم تم کو اپنی سرزمین سے نکال دیں گے یا یہ ہو کہ تم ہمارے مذہب میں پھر آ جاؤ (پھر آنا اس لئے کہا کہ سکوت قبل بعثت سے وہ یہی سمجھتے تھے کہ ان کا اعتقاد بھی ہم ہی جیسا ہوگا) پس ان رسولوں پر ان کے رب نے (تسلی کے لئے) وحی نازل فرمائی کہ (یہ بیچارے تم کو کیا نکالیں گے) ہم (ہی) ان ظالموں کو ضرور ہلاک کر دیں گے اور ان کے (ہلاک کرنے کے) بعد تم کو اس سرزمین میں آباد رکھیں گے (اور) یہ (وعدہ آباد رکھنے کا کچھ تمہارے ساتھ خاص نہیں بلکہ) ہر اس شخص کے لئے (عام) ہے جو میرے روبرو کھڑے ہونے سے ڈرے اور میرے وعید سے ڈرے (مراد یہ کہ جو مسلمان ہو جس کی علامت خوف موقف اور خوف وعید ہے سب کے لئے یہ وعدہ عذاب سے نجات دینے کا عام ہے) اور (پیغمبروں نے جو یہ مضمون کفار کو سنایا کہ تم نے دلائل کے فیصلہ کو نہ مانا اب عذاب سے فیصلہ ہونے والا ہے یعنی عذاب آنے والا ہے جیسا آیت اَخَافُ عَلَیۡکُمۡ عَذَابَ یَوۡمٍ وامثالہا سے معلوم ہوتا ہے تو) کفار (چونکہ جہل مرکب و عناد میں غرقاب تھے اس سے بھی نہ ڈرے بلکہ کمال بے باکی سے وہ) فیصلہ چاہنے لگے (جیسا آیت فَأۡتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ وامثالہا سے معلوم ہوتا ہے) اور (جب وہ فیصلہ آیا تو) جتنے سرکش (اور) ضدی (لوگ) تھے وہ سب (اس فیصلہ میں) بے مراد ہوئے (یعنی ہلاک ہو گئے اور جو ان کی مراد تھی کہ اپنے کو اہل حق سمجھ کر فتح و ظفر چاہتے تھے وہ حاصل نہ ہوئی)۔ ف: کبھی وسوسہ ہو جاتا ہے کہ اَلَمۡ یَاۡتِکُمۡ الخ سے تو ان کے واقعہ کا علم اور لَا یَعۡلَمُہُمۡ سے اس کا عدم علم معلوم ہوتا ہے۔ جواب یہ ہے کہ اول باعتبار اجمال کے دوسرا باعتبار تفصیل کے جیسا تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے پس لَا یَعۡلَمُہُمۡ کا مضمون مثل آیت وَمِنۡہُمۡ مَّنۡ لَّمۡ نَقۡصُصۡ عَلَیۡکَ کے ہوا کذا فی الکبیر اور یَغۡفِرۡ لَکُمۡ مِّنۡ ذُنُوۡبِکُمۡ کے متعلق تحقیق آخر پارہ نہم آیت قُلۡ لِّلَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا الخ کے ذیل میں گزر چکی ہے ملاحظہ فرمائی جاوے۔ حاصل یہ کہ اسلام سے ذنوب تو کل معاف ہوتے ہیں لیکن حقوق وزواجر معاف نہیں ہوتے چنانچہ اسلام کے سبب ذمی سے حدود کا ساقط نہ ہونا فقہ میں مذکور ہے۔

ربط: اوپر منکر رسالت کے عذاب دنیوی کا ذکر تھا آگے اس کے عذاب اخروی کا ذکر ہے۔

عذاب منکرین رسل ☆ مِّنۡ وَّرَآئِہٖ جَہَنَّمُ (الی قولہ تعالی) وَمِنۡ وَّرَآئِہٖ عَذَابٌ غَلِیۡظٌ ۝ (جس جبار عنید کا اوپر ذکر ہوا ہے علاوہ دنیوی عذاب کے) اس کے آگے دوزخ (کا عذاب آنے والا) ہے اور اس کو (دوزخ میں) ایسا پانی پینے کو دیا جاوے گا جو کہ پیپ لہو (کے مشابہ) ہوگا جس کو (غایت تشنگی کی وجہ سے) گھونٹ گھونٹ کر کے پیوے گا اور (غایت حرارت وکراہت کی وجہ سے) گلے سے آسانی کے ساتھ اتارنے کی کوئی صورت نہ ہوگی اور ہر (چہار) طرف سے اس پر (سامان) موت کی آمد ہوگی اور وہ کسی طرح مرے گا نہیں (بلکہ یوں ہی سسکتا رہے گا) اور (پھر یہ بھی نہیں کہ یہی عذاب مذکور ایک حالت پر رہے بلکہ) اس (شخص) کو اور (زیادہ) سخت عذاب کا سامنا (برابر) ہوا (کرے) گا (جس سے عادت پڑنے کا احتمال ہی نہیں ہو سکتا کقولہ تعالیٰ: کُلَّمَا نَضِجَتۡ جُلُوۡدُہُمۡ بَدَّلۡنٰہُمۡ جُلُوۡدًا غَیۡرَہَا [النساء: ۵۶]) ف: یتجرع اور لا یکاد کے اجتماع کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ پھنس کر گلے سے اترے پس اتر جانے کے اعتبار سے تجرع کا حکم صحیح ہوا اور بے پھنسے نہ اترنے کے اعتبار سے لا یکاد کا حکم صحیح ہوا دوسری صورت یہ پھنس کر رہ جاوے اترے نہیں پس لا یکاد کا حکم تو ظاہر ہے اور تجرع کا حکم باعتبار قصد کے صحیح ہوا یعنی پینا چاہے گا مگر پی نہ سکے گا۔ واللہ اعلم۔ ربط: اوپر منکر رسالت کے عذاب کا ذکر تھا چونکہ بعض منکرین رسالت اپنے زعم میں کچھ اعمال قربت وثواب کے بھی کرتے تھے جن میں بعض تو فی نفسہ بھی قربت نہ تھے جیسے بت پرستی اور بعض ان کے اعتبار سے قربت نہ تھے جیسے اعتاق وصلہ رحم ومہمانداری وغیرہا کہ فی نفسہ تو قربت ہیں مگر شرط یعنی ایمان کے فقدان سے ان کے حق میں قربت نہیں رہے پس ان اعمال پر نظر کر کے ان کو یہ شبہ ہو سکتا تھا کہ یہ اعمال ہمارے کام آویں گے اور عذاب سے بچالیں گے اسی طرح یہ شبہ ہو سکتا تھا کہ قیامت میں ہمارا زندہ ہی ہونا محال ہے پھر گنجائش عذاب کی کہاں۔ اسی طرح یہ وسوسہ ممکن تھا کہ ہم جن کے کہنے سے اس طریق کو اختیار کئے ہوئے ہیں وہ ہمارے کام آویں گے۔ اسی طرح یہ احتمال ہو سکتا تھا کہ معبودین غیر اللہ ہم کو بچالیں گے اس لئے آگے اولاً ان اعمال کا محض بے اثر ہونا مَثَلُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا الخ میں اور ثانیاً قیامت کا امکان وقوع آیت اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ الخ میں اور ثالثاً اکابر کا کام نہ آنا آیت وَبَرَزُوۡا لِلّٰہِ الخ میں اور رابعاً معبودین غیر اللہ کی معبودیت کا جو اصل سرمنشاء ہے یعنی شیطان اس کا قیامت کے روز صاف جواب دے دینا بیان فرماتے ہیں پس حاصل مجموعہ کا تمام طرق نجات کا مسدود ہو جانا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ جَآءَتۡہُمۡ رُسُلُہُمۡ بِالۡبَیِّنٰتِ الخ روح میں حسن سے ہے کہ انہوں نے اپنے ہاتھوں کو پیغمبر کے منہ پر رکھ دیا تا کہ ان کو بولنے نہ دیں اھ میں کہتا ہوں کہ اس کا قصداً ذکر کرنا حالانکہ اصل مقصود کے لئے قَالُوۡۤا اِنَّا کَفَرۡنَا کافی تھا اس کی دلیل ہے کہ سوئے ادب کفر کے علاوہ ایک مستقل جرم ہے اسی واسطے اہل طریق سوئے ادب سے سخت ممانعت کرتے ہیں ۱۲۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ : ۱؎ قوله في ارسلتم بزعم فلا يرد انهم لم يكونوا معتقدين رسالتهم ۱۲۔ ۲؎ قوله في افي الله شك انکار اشارة الى ان المراد بالشك هذا لا معناه المشهور لانهم كانوا مكذبين جزمًا فالشك يقابل العلم جهلا مركبا كان او بسيطا ۱۲۔ ۳؎ قوله في من ذنوبكم گذشتہ گناہ فمن هذه تبعيضية والبعض هو ما سبق احترازا عن ما لحق وفائدتها الايذان بان ما ستعملون من بعد تواخذون به فافهم فانه عجيب اخذته من البيضاوی سورة نوح ۱۲۔ ۴؎ قوله قوله في يؤخركم خیروخوبی دليله متاعًا حسنا في سورة هود والا فالتاخير لا يختص باهل الايمان وترجمة حيات ترجمة بالحاصل ۱۲۔ ۵؎ قوله في يتوكل الثاني ہمیشہ هربا عن تحصيل الحاصل ۱۲۔ ۶؎ قوله في واستفتحوا كفار فهو كقوله تعالٰى ان تستفتحوا فقد جاء كم الفتح ورجحه في البيضاوی وبقوله ومعنى الخيبة اذا كان الاستفتاح من الكفرة كان اوقع آه مختصرًا وفي حاشية حيث لم يحصل ماتو قعوا لانفسهم وهذا كمال الخيبة ۱۲۔

النحو : قوله والذين من بعدهم معطوف على قوم نوح قوله لا يعلمهم حال من الضمير المستتر في الجار والمجرور والتقدير والذين كانوا من بعدهم حال كون هؤلاء الكائنين لا يعلمهم الخ ۱۲۔ قوله من ورائه في موضعين ضميره الى جبار عنيد ۱۲۔ قوله صديد عطف بيان او بدل ۱۲۔ قوله ياتيه الموت بحذف المضاف اى اسباب الموت في انواع العذاب ۱۲۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ ﹰاشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰى شَيْءٍ ؕ ذٰلِكَ هُوَ
الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۸﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۹﴾
وَّمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۲۰﴾ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ
تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ
ع ۹ ۱۵ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿۲۱﴾ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ
فَاَخْلَفْتُكُمْ ؕ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ
مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ؕ اِنِّيْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ؕ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ
لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۲﴾

جولوگ اپنے پروردگار کے ساتھ کفر کرتے ہیں ان کی حالت باعتبار عمل کے یہ ہے جیسے کچھ راکھ ہو جس کو تیز آندھی کے دن تیزی کے ساتھ ہوا اُڑا لے جائے ان لوگوں نے جو کچھ عمل کئے تھے ان کا کوئی حصہ ان کو حاصل نہ ہوگا یہ بھی بڑی دور دراز کی گمراہی ہے۔ کیا (اے مخاطب) تجھ کو یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو اور زمین کو بالکل ٹھیک ٹھیک پیدا کیا ہے (اس سے اس کا قادر ہونا بھی معلوم ہو گیا پس) اگر وہ چاہے تو تم سب کو فنا کردے اور ایک دوسری نئی مخلوق پیدا کردے اور یہ خدا کو کچھ بھی مشکل نہیں اور خدا کے سامنے سب پیش ہوں گے پھر چھوٹے درجہ کے لوگ (یعنی عوام وتابعین) بڑے درجہ کے لوگوں سے کہیں گے کہ ہم (دنیا میں تمہارے تابع تھے تو کیا تم خدا کے عذاب کا کچھ جزو ہم سے ہٹا سکتے ہو وہ (جواب میں) کہیں گے کہ اگر اللہ ہم کو کوئی راہ بتلاتا تو ہم تم کو بھی (وہ) راہ بتا دیتے (اور اب تو) ہم سب کے حق میں دونوں صورتیں برابر ہیں خواہ ہم پریشان ہوں خواہ ضبط کریں ہمارے بچنے کی کوئی صورت نہیں اور جب (قیامت میں) تمام مقدمات فیصل ہو چکیں گے تو شیطان جواب میں کہے گا کہ اللہ تعالیٰ نے تم سے سچے وعدے کئے تھے اور میں نے بھی کچھ وعدے کئے تھے سو میں نے ان وعدوں کے خلاف کیا اور میرا تم پر اور تو کچھ زور چلتا نہ تھا بجز اس کے کہ میں نے تم کو بلایا تھا سو تم نے (باختیار خود) میرا کہنا مان لیا تو تم مجھ پر (ساری) ملامت مت کرو اور زیادہ ملامت اپنے آپ پر کرو نہ میں تمہارا مددگار ہوں اور نہ تم میرے مددگار ہو سکتے ہو میں خود تمہارے اس فعل سے بیزار ہوں کہ تم اس سے قبل (دنیا میں مجھ کو) خدا کا شریک قرار دیتے تھے یقیناً ظالموں کیلئے دردناک عذاب (مقرر) ہے۔ ۝

تفسیر : انسداد جمیع طرق محتملہ نجات کفار : ☆ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ (الی قولہ تعالی) اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۲﴾ (ان کافروں کو اگر اپنی نجات کے متعلق یہ زعم ہو کہ ہمارے اعمال ہم کو نافع ہوں گے تو اس کا قاعدہ کلیہ تو یہ سن لو کہ) جولوگ اپنے پروردگار کے ساتھ کفر کرتے ہیں ان کی حالت باعتبار

www.besturdubooks.net

عمل کے یہ ہے (یعنی ان کے اعمال کی ایسی مثال ہے) جیسے کچھ راکھ ہو (جو اُڑنے میں بہت خفیف ہوتی ہے) جس کو تیز آندھی کے دن میں تیزی کے ساتھ ہوا اڑالے جائے (کہ اس صورت میں اس راکھ کا نام ونشان بھی نہ رہے گا اسی طرح) ان لوگوں نے جو کچھ عمل کئے تھے اس کا کوئی حصہ (یعنی اثر و نفع کے قبیل سے) ان کو حاصل نہ ہوگا (اس راکھ کی طرح ضائع و برباد جاوے گا) یہ بھی بڑے دور دراز کی گمراہی ہے (کہ گمان تو ہو کہ ہمارے عمل نیک اور نافع ہیں اور پھر ظاہر ہوں بد اور مضر جیسے عبادت اصنام یا غیر نافع جیسے اعتاق وصلہ ارحام اور چونکہ حق سے اس کو بہت بعد ہے اس لئے بعید کہا گیا پس اس طریق سے تو نجات کا احتمال نہ رہا اور اگر ان کا یہ زعم ہو کہ قیامت ہی کا وجود محال ہے اور اس صورت میں عذاب کا احتمال نہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ) کیا (اے مخاطب) تجھ کو یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو اور زمین کو بالکل ٹھیک ٹھیک (یعنی مشتمل بر منافع ومصالح) پیدا کیا ہے (اور اس سے قادر ہونا اس کا ظاہر ہے پس جب وہ قادر مطلق ہے تو) اگر وہ چاہے تو تم سب کو فنا کر دے اور ایک دوسری نئی مخلوق پیدا کر دے اور یہ خدا کو کچھ بھی مشکل نہیں (پس جب نئی مخلوق پیدا کرنا آسان ہے تو تم کو دوبارہ پیدا کر دینا کونسا مشکل ہے پس اس میں خلق سماوات وارض سے تو قدرت علی خلق جدید پر استدلال کیا اور اس سے اعادۂ خلق قدیم پر قادر ہونے پر استدلال کیا۔ غرض یہ زعم بھی طریق نجات کا باطل ہوا) اور (اگر یہ وسوسہ ہو کہ ہمارے اکابر ہم کو بچالیں گے تو اس کی حقیقت سن لو کہ قیامت کے دن) خدا کے سامنے سب پیش ہوں گے پھر چھوٹے درجہ کے لوگ (یعنی عوام وتابعین) بڑے درجہ کے لوگوں سے (یعنی خواص ومتبوعین سے بطور ملامت وعتاب) کہیں گے کہ ہم (دنیا میں) تمہارے تابع تھے (حتیٰ کہ دین کا جو راہ تم نے ہم کو بتلایا ہم اسی پر ہو لئے اور آج ہم پر مصیبت ہے) تو کیا تم خدا کے عذاب کا کچھ جزو ہم سے ہٹا سکتے ہو (یعنی اگر بالکل نہ بچا سکو تو کسی قدر بھی بچا سکتے ہو) وہ (جواب میں کہیں گے کہ ہم تم کو کیا بچاتے خود ہی نہیں بچ سکتے ہیں البتہ) اگر اللہ ہم کو (کوئی) راہ (بچنے کا) بتلاتا تو ہم تم کو بھی (وہ) راہ بتلا دیتے (اور اب تو) ہم سب کے حق میں دونوں صورتیں برابر ہیں خواہ ہم پریشان ہوں (جیسا کہ تمہاری پریشانی فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ سے ظاہر اور ہماری پریشانی تو لَوْ هَدٰنَا اللّٰهُ سے ظاہر ہی ہے) خواہ ضبط کریں (دونوں حالتوں میں) ہمارے بچنے کی کوئی صورت نہیں (پس اس سوال وجواب سے معلوم ہو گیا کہ طریق کفر کے اکابر بھی تابعین کے کچھ کام نہ آویں گے یہ طریق بھی نجات کا محتمل نہ رہا) اور اگر اس کا بھروسہ ہو کہ یہ معبودین غیر اللہ کام آویں گے اس کا حال اس حکایت سے معلوم ہو جاوے گا کہ) جب (قیامت میں تمام مقدمات فیصل ہو چکیں گے (یعنی اہل ایمان جنت میں اور کفار دوزخ میں بھیج دیئے جاویں گے) تو (اہل دوزخ سب شیطان کے پاس کہ وہ بھی وہاں ہوگا جا کر ملامت کریں گے کہ کمبخت تو تو ڈوبا ہی تھا ہم کو بھی اپنے ساتھ ڈبو دیا اس وقت) شیطان (جواب میں) کہے گا کہ (مجھ پر تمہاری ملامت ناحق کی ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے تم سے (جتنے وعدے کئے تھے سب) سچے وعدے کئے تھے (کہ قیامت ہوگی اور کفر سے ہلاکت ہوگی اور ایمان سے نجات ہوگی) اور میں نے بھی تم سے کچھ وعدے کئے تھے (کہ قیامت نہ ہوگی اور تمہارا طریقۂ کفر بھی طریقۂ نجات ہے) سو میں نے وہ وعدے خلاف تم سے کئے تھے (اور اللہ تعالیٰ کے وعدوں کے حق ہونے پر اور میرے وعدوں کے باطل ہونے پر دلائل قطعیہ قائم تھے سو باوجود اس کے تم نے میرے وعدوں کو صحیح اور خدائے تعالیٰ کے وعدوں کو غلط سمجھا تو اپنے ہاتھوں تم ڈوبے) اور (گر تم یوں کہو کہ آخر سچے وعدوں کو جھوٹا سمجھنے اور جھوٹے وعدوں کو سچا سمجھنے کا سبب بھی تو میں ہی ہوا تو بات یہ ہے کہ واقعی میں اغواء کے مرتبہ میں سبب ضرور ہوا لیکن یہ دیکھو کہ میرے اغواء کے بعد تم مختار تھے یا مضطر ومجبور سو ظاہر ہے کہ) میرا تم پر اور تو کچھ زور چلتا نہ تھا بجز اس کے کہ میں نے تم کو (گمراہی کی طرف) بلایا تھا سو تم نے (باختیار خود) میرا کہنا مان لیا (اگر نہ مانتے تو میں بزور تم کو گمراہ نہ کر سکتا تھا جب یہ بات ثابت ہے) تو تم مجھ پر (ساری) ملامت مت کرو (اس طرح سے کہ اپنے کو بالکل بری سمجھنے لگو) اور زیادہ ملامت اپنے آپ کو کرو (کیونکہ اصل علت عذاب کی تمہارا ہی فعل ہے اور میرا فعل تو محض سبب ہے جو بعید اور غیر مستلزم ہے پس ملامت کا تو یہ جواب ہے اور اگر مقصود اس قول سے استعانت واستمداد ہے تو میں کسی کی کیا مدد کروں گا خود ہی مبتلائے مصیبت ومحتاج امداد ہو رہا ہوں لیکن جانتا ہوں کہ کوئی میری مدد نہ کرے گا ورنہ میں بھی تم سے اپنے لئے مدد چاہتا کیونکہ زیادہ مناسبت تم سے ہے بس اب تو) نہ میں تمہارا مددگار (ہو سکتا) ہوں اور نہ تم میرے مددگار (ہو سکتے) ہو (البتہ اگر میں تمہارے طریقۂ شرک کو حق سمجھتا ہوتا تو بھی اس تعلق کی وجہ سے نصرت کا مطالبہ کرنے کی کسی درجہ میں گنجائش تھی لیکن) میں خود تمہارے اس فعل سے بیزار ہوں (اور اس کو باطل سمجھتا ہوں) کہ تم اس کے قبل (دنیا میں) مجھ کو (خدا کا) شریک قرار دیتے تھے (یعنی دربارۂ عبادت اصنام وغیرہا میری ایسی اطاعت کرتے تھے جو اطاعت کہ خاصۂ حق تعالیٰ ہے پس اصنام کو شریک ٹھہرانا بایں معنی شیطان کو شریک ٹھہرانا ہے پس مجھ سے تمہارا کوئی تعلق نہیں نہ تم کو استمداد کا کوئی حق ہے پس) یقیناً ظالموں کے لئے دردناک عذاب (مقرر) ہے (پس عذاب میں پڑے رہو نہ مجھ پر ملامت کرنے سے نفع کی امید رکھو اور نہ مدد چاہنے سے جو تم نے ظلم کیا تھا تم بھگتو جو میں نے کیا تھا میں بھگتوں گا پس گفتگو قطع کرو یہ حاصل ہوا جواب ابلیس کا پس اس سے معبودین غیر اللہ کا بھروسہ بھی قطع ہوا کیونکہ جو ان معبودین کی عبادت کا اصل بانی ومحرک ہے اور درحقیقت عبادت غیر اللہ سے زیادہ راضی وہی ہوتا ہے چنانچہ اسی بناء پر قیامت کے دن دوزخ میں اہل نار اسی سے کہیں سنیں گے اور کسی معبود غیر اللہ سے کچھ بھی نہ کہیں گے جب اس نے صاف جواب دے دیا تو اوروں سے کیا امید ہو سکتی ہے

www.besturdubooks.net

پس نجات کفار کے سب طریقے مسدود ہوگئے اور یہی مضمون تھا جیسا سرخی میں ظاہر کیا گیا ہے)**ف**: یہ جواد پر ضعفاء کا قول فرمایا گیا ہے فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ الخ اگر یہ امر جائز رکھا جاوے کہ قیامت میں بعض حقائق کفار سے مخفی رہیں گے جیسا کہ اکثر آیات کے ظاہر سے یہی معلوم ہوتا ہے جیسا آیا ہے: اُدْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ کہ ظاہر درخواست سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو اس کا احتمال ہوگا تب تو هَلْ اَنْتُمْ میں استفہام اپنے ظاہر پر ہے اور بندہ نے اسی کو اختیار کیا ہے اور اگر بعض حقائق کا مخفی رہنا تجویز نہ کیا جاوے تو یہ استفہام توبیخ وعتاب کے لئے ہوگا بعض مفسرین نے اسی کو اختیار کیا ہے اور یہ جو آیا ہے: مَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ یہ حصر محققین کے نزدیک باعتبار اضلال کے ہے یعنی گمراہ کرنے میں اس سے زیادہ زور نہیں چلتا کہ اغواء کردے یہ نہیں ہوسکتا کہ جبراً کسی کو گمراہ کردے پس اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ شیاطین کوئی دوسری مضرت انسان کو نہ پہنچا سکیں بلکہ نصوص ومشاہدات سے اس کا امکان اور وقوع ثابت ہے کہ بعض امراض میں شیاطین کو دخل ہوسکتا ہے وہ بیہوش کرسکتے ہیں وہ آدمی کو اٹھا کر لے جاسکتے ہیں وہ پتھر برسا سکتے ہیں مگر چونکہ اکثر اوقات فرشتے محافظ رہتے ہیں اس لئے ایسے واقعات بکثرت نہیں ہوتے اور یہ جو آیا ہے **دعوتکم** اس کا مصدق بواسطہ وبلاواسطہ دونوں طرح ہوسکتا ہے پس شیطان بعض اوقات خود اغوا کرتا ہے اور کبھی دوسرے شیاطین کو اس کا حکم کرتا ہے اور ایک وقت میں بلاواسطہ متعدد اشخاص کو اغواء کرسکنے کے امتناع پر کوئی دلیل معتد بہ قائم نہیں ہوئی **واللہ اعلم۔**

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ الخ اس میں اس شخص کے عذر کا ابطال ہے جو کہتا ہے میں کیا کروں کمبخت شیطان نے گناہ کرا ہی دیا اس سے واضح ہوگیا کہ شیطان کا بجز وسوسہ کے اور کچھ زور نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله في وعدو وعدتكم وعدے حملاً للمصدر على الجنس الشامل للواحد والكثير۔**

اللغات: قوله محيص من حاص حاد و فرد هو اما انتم مكان كالمبيت والمصيف او مصدر ميمي كالغيب والمشيب اى لا منجى او لا نجاة قوله فاخلفتكم قال البيضاوى جعل تبيين خلف وعده كالاخلاف منه في الحاشية يعني ان الاخلاف حقيقة هو عدم انجاز من يقدر على انجاز وعده وليس الشيطان كذلك فقوله اخلفتكم يكون مجازا آه وفي الروح ولو جعل مشاكلة لصح قلت وترجمتي بالحاصل ۱۲۔ قوله مصرخ يقال استصرخني فاصرخته اى استغاثني فاغثته واصله من الصراخ وهو مد الصوت والهمزة للسلب كان المغيث يزيل صراخ المستغيث ۱۲۔ قوله ان كفرت بمعنى تبرأت مجازا ۱۲۔

النحو: قوله وعد الحق من اضافة الموصوف الى الصفة ۱۲۔ قوله انى كفرت بما اشركتمون من قبل اى باشراككم اياى فهو كقوله تعالى ويوم القيمة يكفرون بشرككم ۱۲۔

البلاغۃ: قوله كرماد تخصيصه لخفته ولسرعته ذهابه مع الهواء ۱۲ منه۔ قوله ان الظلمين كونه من كلام ابليس ابلغ في المقصود وهو قطع املهم بالكلية حيث يقوله من يقول اليوم بخلافه ۱۲۔

وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۭ تَحِيَّتُهُمْ
فِيْهَا سَلٰمٌ ۝۲۳ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا
فِي السَّمَاۗءِ ۝۲۴ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ
يَتَذَكَّرُوْنَ ۝۲۵ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِۨ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۝۲۶
يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ڐ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ ۝۲۷ ع ۱۶

اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے وہ ایسے باغوں میں داخل کئے جائیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی (اور) وہ ان میں اپنے پروردگار کے حکم سے ہمیشہ رہیں گے (اور) وہاں ان کو سلام اس لفظ سے کیا جائے گا (السلام علیکم)۔ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کیسی مثال بیان فرمائی ہے کلمہ طیبہ (یعنی کلمہ توحید) کی کہ وہ مانند ہے ایک پاکیزہ درخت کے جس کی جڑ خوب گڑی ہوئی ہو اور اس کی شاخیں اونچائی میں جا رہی ہوں وہ خدا کے حکم سے ہر فصل میں اپنا پھل دیتا ہو اور اللہ تعالیٰ مثالیں لوگوں کے واسطے اس لئے بیان کرتے ہیں تا کہ وہ خوب سمجھ لیں اور گندہ کلمہ (یعنی کلمہ کفر وشرک) کی مثال ایسی ہے جیسے ایک خراب درخت ہو کہ وہ زمین

www.besturdubooks.net

کے اوپر ہی اوپر سے اکھاڑ لیا جائے اس کو کچھ ثبات نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو اس پکی بات (یعنی کلمہ طیبہ کی برکت) سے دنیا اور آخرت میں مضبوط رکھتا ہے اور ظالموں کو بچلا دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

تفسیر: ربط: اوپر کفار کے عذاب کا ذکر تھا آگے تتمیم مضمون کے لئے اہل ایمان کے ثواب کا ذکر ہے کیونکہ بَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا میں لفظ جَمِيْعًا سب کو شامل ہے کفار اور مؤمنین کی تفصیل سے اس کی تتمیم ہوگئی۔

ثواب مؤمنین ☆ وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالی) تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے وہ ایسے باغوں میں داخل کئے جائیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی (اور) وہ ان میں اپنے پروردگار کے حکم سے ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور) وہاں ان کو سلام اس لفظ سے کیا جاوے گا السلام علیکم (یعنی باہم بھی فرشتوں کی طرف سے بھی لقولہ تعالیٰ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا [الواقعة : ٢٦] ولقولہ تعالیٰ : وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۔ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ۔ (الآیۃ)۔ ربط: اوپر شروع سے یہاں تک رسالت اور معاد کا ذکر ہو چکا آگے توحید کا بیان ہے پس اول کلمۂ توحید کی فضیلت اور کلمۂ کفر و شرک کی مذمت مثال سے بھی اَلَمْ تَرَ كَيْفَ الخ میں اور اثر سے بھی يُثَبِّتُ اللّٰهُ الخ میں ذکر کی گئی پھر مشرکین کی مذمت کی نعم الٰہیہ کا مقابلہ کفر سے کیا: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ الخ میں اور موحدین کی فضیلت اشارۃً اور ان کو نعم الٰہیہ کے شکر کی تاکید قُلْ لِّعِبَادِيَ الخ میں بیان کی گئی پھر توحید کے دلائل مع تعداد بعض نعم الٰہیہ اَللّٰهُ الَّذِيْ الخ میں مذکور ہوئے۔

فضل کلمۂ توحید وشناعت کلمۂ شرک بیان مثال واثر ☆ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً (الی قولہ تعالی) وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ کیا آپ کو معلوم نہیں (یعنی اب معلوم ہو گیا) کہ اللہ تعالیٰ نے کسی (اچھی اور موقع کی) مثال بیان فرمائی ہے کلمہ طیبہ کی (یعنی کلمۂ توحید و ایمان کی) کہ وہ مشابہ ہے ایک پاکیزہ درخت کے (مراد کھجور کا درخت ہے) جس کی جڑ (زمین کے اندر) خوب گڑی ہوئی ہو اور اس کی شاخیں اونچائی میں جا رہی ہوں (اور) وہ (درخت) خدا کے حکم سے ہر فصل میں (یعنی جب اس کی فصل آ جاوے) اپنا پھل دیتا ہو (یعنی خوب پھلتا ہو کوئی فصل ماری نہ جاتی ہو اسی طرح کلمۂ توحید یعنی لا الٰہ الا اللہ کی ایک جڑ ہے یعنی اعتقاد جو مؤمن کے قلب میں استحکام کے ساتھ جائے گیر ہے اور اس کی کچھ شاخیں ہیں یعنی اعمال صالحہ جو ایمان پر مرتب ہوتے ہیں جو بارگاہِ قبولیت میں آسمان کی طرف لے جائے جاتے ہیں پھر ان پر رضائے دائمی کا ثمرہ مرتب ہوتا ہے) اور اللہ تعالیٰ (اس قسم کی) مثالیں لوگوں (کے بتلانے) کے واسطے اس لئے بیان فرماتے ہیں تاکہ وہ (لوگ معانی مقصودہ کو) خوب سمجھ لیں (کیونکہ مثال سے مقصود کی خوب توضیح ہو جاتی ہے) اور گندہ کلمہ کی (یعنی کلمۂ کفر و شرک کی) مثال ایسی ہے جیسے ایک خراب درخت ہو (مراد درخت حنظل ہے) کہ وہ (زمین کے اوپر ہی اوپر سے اکھاڑ لیا جاوے اور) اس کو (زمین میں) کچھ ثبات نہ ہو (خراب فرمایا باعتبار اس کی بو اور مزہ اور رنگ کے یا اس کے پھل کی بو اور مزہ اور رنگ کے یہ صفت طیبہ کے مقابل ہوئی اور اوپر سے اکھاڑنے کا مطلب یہ ہے کہ جڑ اس کی دور تک نہیں ہوتی اوپر ہی رکھی ہوتی ہے یہ اَصْلُهَا ثَابِتٌ کے مقابل فرمایا اور مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ۔ اسی کی تاکید کے لئے فرمایا اور اس کی شاخوں کا اونچا نہ جانا اور پھل کا تفکہاً مطلوب نہ ہونا ظاہر ہے یہی حال کلمۂ کفر کا ہے کہ گو کافر کے دل میں اس کی جڑ ہے مگر حق کے سامنے اس کا مضمحل و مطلوب ہو جانا مشابہ اسی کے ہے جیسے اس کی جڑ ہی نہیں قال تعالیٰ: حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ اور شاید مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ کی تصریح سے کفر کا یہی اضمحلال و مغلوبیت بتلانا مقصود ہو اور چونکہ اس کے اعمال مقبول نہیں ہوتے اس لئے فروع فی السماء بھی منفی ہے اور چونکہ اس کے اعمال پر رضائے الٰہی مرتب نہیں ہوتی اس لئے پھل کی نفی بھی ظاہر ہے اور چونکہ قبول و رضا کا کفر میں اصلاً احتمال نہیں اسی لئے مشبہ بہ کی جانب میں فروع اور ثمر کا ذکر قطعاً مطروح و متروک فرما دیا ہو بخلاف نفس کفر کے کہ اس کا ذکر اس لئے کیا گیا کہ اسکا وجود محسوس بھی ہے اور احکام جہاد وغیرہ میں معتبر بھی ہے یہ تو دونوں کی مثال ہوگئی آگے اثر کا بیان ہے کہ) اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو اس پکی بات (یعنی کلمۂ طیبہ ثابت الاصل کی برکت) سے (جس کا اوپر ذکر ہوا) ایمان والوں کو دنیا اور آخرت (دونوں جگہوں) میں (دین میں اور امتحان میں) مضبوط رکھتا ہے اور (اس کلمۂ خبیثہ کی نحوست سے) ظالموں (یعنی کافروں) کو (دونوں جگہ دین میں اور امتحان میں بچلا دیتا ہے اور (کسی کو ثابت رکھنے اور کسی کو بچلا دینے میں ہزاروں حکمتیں ہیں پس) اللہ تعالیٰ (اپنی حکمت سے) جو چاہتا ہے کرتا ہے **ف**: حنظل تنہ دار نہیں ہوتا اس کو شجرہ مجازاً فرما دیا گیا اور شجرہ طیبہ اور شجرہ خبیثہ کی یہ تفسیریں حدیث میں آئی ہیں اوردہ الدر المنثور عن الترمذی والنسائی والبزار وابی یعلی وابن جریر وابن ابی حاتم وابن حبان والحاکم مع تصحیحه وابن مردویه عن انس مرفوعًا خرما کا طیب ہونا تو ظاہر ہے اور حنظل کو خبیث باعتبار بو اور مزہ اور بعض مضرتوں کے فرمایا جو کتب طبیہ میں مذکور ہیں اور يُثَبِّتُ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا سے مراد یہ ہے کہ شیاطین الانس والجن کے اضلال واغوا کا اس پر اثر نہیں ہوتا اور مرتے دم تک ایمان پر قائم رہتا ہے اور يُثَبِّتُ فِي الْاٰخِرَةِ سے مراد قبر میں نکیرین کے سوال کا صحیح صحیح اور اطمینان سے جواب دے دینا ہے یہ تفسیر بکثرت حدیثوں میں آئی ہے البتہ اکثر حدیثوں میں مجموعی طور پر آیت کی یہ تفسیر آئی ہے جس سے بعض نے اس کو تثبت فی الحیوۃ الدین کی تفسیر قرار دی ہے اور

www.besturdubooks.net

آخرت سے مراد زمانہ قیامت کا لیا ہے لیکن درمنثور میں ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بالتخصیص تفسیر منقول ہوئی ہے **قال فی الأخرة القبر اخرجه الطبرانی فی الاوسط و ابن مردویه** اور اسی کے مناسب اضلال فِي الدُّنْيَا وَ فِي الْاٰخِرَةِ کی تفسیر ہو جاوے گی چنانچہ دنیا میں ان کی ضلالت ظاہر ہے اور قبر میں حسب تصریح احادیث ان سے جواب نہ بن پڑے گا بلکہ متحیرانہ جواب دے گا **هاه هاه لا ادری** چنانچہ درمنثور میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ کافر کے جواب نہ دے سکنے کا ذکر کر کے انہوں نے کہا **فذٰلك قولهٗ ویضل الله الظٰلمین اخرجه ابن جریر و ابن ابی حاتم و البیهقی و الله اعلم** اور اس مقام پر ایک اشکال ہے وہ یہ کہ سوال قبر کا علم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینہ میں ہوا ہے چنانچہ سورۂ مؤمن ختم قصہ فرعون پر اس کا بیان آوے گا پس اس آیت کی کہ سورۂ مکیہ کا جزو ہے تفسیر کرنا سوال قبر سے کیسے صحیح ہے جواب یہ ہے کہ یا تو یہ آیت مدنی ہوگی اور سورت کا مکیہ ہونا باعتبار اکثر اجزاء کے ہے اور یا یہ ہے کہ یہ آیت عام ہے قبر اور یوم قیامت کے اور لفظ آخرت دونوں کو شامل ہے لیکن اس کی تفسیر کے ایک جزو کا علم تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ میں دیا گیا دوسرا جزو مخفی رکھا گیا وہ مدینہ میں بتلا دیا گیا اور نصوص سے قیامت کے دن بھی سوال ہونا ثابت ہے کقولہ تعالیٰ : فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ [الأعراف : ۶] مگر کفار سے وہ سوال بطور حساب عسیر کے ہوگا اور اہل ایمان سے بطور حساب یسیر کے ہوگا اور اس میں تثبیت سے اعانت فرمائی جاوے گی اور **نزلت فی العذاب القبر** جو آیا ہے مراد اس سے تخصیص نہیں بلکہ مقصود یہ ہے کہ یہ بھی اس کا مدلول ہے۔

الحواشی : (۱) یعنی وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ اور تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا کا مقابل اس واسطے بیان نہیں فرمایا کہ اس شجرہ خبیثہ کے پھل کا نا قابل ہونا اور اس کی شاخوں کا اونچا نہ ہونا ظاہر ہے ۱۲ منہ۔ (۲) یعنی وجہ تشبیہ کی تصریح سے مشبہ کی اس خاص حالت کا بتلانا مقصود ہو کہ وہ اضمحلال مذکور السابق ہے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ قوله فی کشجرة طیبة کہ وہ الخ هذه الکاف بیانیة تستعمل فی الفارسیة فی صدر الجملة البیانیة ۱۲۔

اللغات : قوله اجتثت اصله اخذ الجثة ۱۲۔

النحو : قوله کلمة طیبة بدل من مثلا و کشجرة خبر مبتدأ ای هی وقوله کشجرة خبیثة فیه حذف المضاف ای کمثل شجرة خبیثة ووجهه ظاهر ۱۲۔

البلاغۃ : قوله ومثل کلمة خبیثة فی الروح ولعل تغییر الاسلوب حیث لم یقل وضرب الله مثلا خبیثة الخ للایذان بان ذلك غیر مقصود بالبیان وانما ذلك امر ظاهر یعرفه کل احد آه قلت لعل کونه غیر مقصود لکون الکفر غیر مقصود فکذا ذکره فانما الاهتمام للمحبوب قلت ولعل عدم ذکر الاغصان والثمار فی هذا المثال مبنی علی کونه غیر مقصود فاقتضی الاجمال والاختصار والله اعلم ۱۲۔ قوله فاحلوا یتعرض بحلولهم لان الاحلال مستلزم للحلول ای مستلزم شرعاً یعنی ثابت بالنصوص ۱۲۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ۝۲۸ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۭ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝۲۹

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ اِلَى النَّارِ ۝۳۰ قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ

اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ۝۳۱

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ

الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ۝۳۲ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ

ع ۵/۱۷ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۝۳۳ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۭ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ۝۳۴

کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے بجائے نعمت الٰہی کے کفر کیا اور جنہوں نے اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر یعنی جہنم میں پہنچایا وہ اس میں داخل ہوں گے اور وہ رہنے کی بری جگہ ہے اور ان لوگوں نے اللہ کے ساجھی قرار دیئے تاکہ دوسروں کو بھی اس کے دین سے گمراہ کر دیں آپ کہہ دیجئے کہ چندے عیش کر لو کیونکہ اخیر انجام تمہارا دوزخ میں جانا ہے۔ جو میرے خاص ایمان والے بندے ہیں ان سے کہہ دیجئے کہ وہ نماز کی پابندی رکھیں اور ہم نے جو کچھ ان کو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور آشکارا خرچ کیا کریں ایسے دن کے آنے سے پہلے پہلے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی اور نہ دوستی ہوگی۔ اللہ ایسا ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے پانی (یعنی مینہ) برسایا پھر اس پانی سے پھلوں کی قسم سے تمہارے لئے رزق پیدا کیا اور تمہارے نفع کے واسطے کشتی (اور جہاز) کو مسخر بنایا تاکہ وہ خدا کے حکم سے (وقدرت سے)

www.besturdubooks.net

دریا میں چلے اور تمہارے نفع کے واسطے نہروں کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا اور تمہارے نفع کے واسطے سورج اور چاند کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا جو ہمیشہ چلتے ہی میں رہتے ہیں اور تمہارے نفع کے واسطے رات اور دن کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا اور جو چیز تم نے مانگی تم کو ہر چیز دی اور اللہ تعالیٰ کی نعمتیں اگر (ان کو) شمار کرنے لگو تو شمار نہیں لا سکتے (مگر) سچ یہ ہے کہ آدمی ہی بے انصاف اور بڑا ہی ناشکرا ہے۔

تفسیر ربط: آیات بالا کی تمہید میں مذکور ہو چکا ہے۔

مذمت کفار و مشرکین و مدح مؤمنین ☆ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا (الی قولہ تعالی) مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ۝ کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا (یعنی ان کا حال عجیب ہے) جنہوں نے بجائے نعمت الٰہی (کے شکر) کے کفر کیا (مراد اس سے کفار مکہ) ہیں كذا فى الدر المنثور عن ابن عباسؓ) اور جنہوں نے اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر یعنی جہنم میں پہنچایا (یعنی ان کو بھی کفر کی تعلیم کی جس سے) وہ اس (جہنم) میں داخل ہوں گے اور وہ رہنے کی بری جگہ ہے (اس میں اشارہ ہو گیا کہ ان کا داخل ہونا قرار اور دوام کے لئے ہوگا) اور (اوپر جو کہا گیا ہے کہ ان لوگوں نے شکر نعمت کی جگہ کفر کیا اور اپنی قوم کو جہنم میں پہنچایا اس کفر اور پہنچانے کا بیان یہ ہے کہ) ان لوگوں نے اللہ کے ساجھی قرار دیئے تاکہ (دوسروں کو بھی) اس کے دین سے گمراہ کریں (پس ساجھی قرار دینا کفر ہے اور دوسروں کو گمراہ کرنا جہنم میں پہنچانا ہے) آپ (ان سب سے) کہہ دیجئے کہ چندے عیش کر لو کیونکہ آخر انجام تمہارا دوزخ میں جانا ہے (عیش سے مراد حالت کفر میں رہنا کیونکہ ہر شخص کو اپنے مذہب میں لذت ہوتی ہے یعنی اور چندے کفر کر لو یہ تہدید ہے اور مطلب کیونکہ کا یہ ہے کہ چونکہ جہنم میں جانا تو تمہارا ضروری ہے اس واسطے فکر سے باز آنا تمہارا مشکل ہے خیر اور چندے گذار لو پھر تو اس مصیبت کا سامنا ہو ہی گا اور) جو میرے خاص ایمان والے بندے ہیں (ان کو اس کفر نعمت کے وبال پر متنبہ کر کے اس سے محفوظ رکھنے کے لئے) ان سے کہہ دیجئے کہ وہ (نعمت الٰہی کے اس طرح شکر گذار رہیں کہ) نماز کی پابندی رکھیں اور ہم نے جو کچھ ان کو دیا ہے اس میں سے (حسب قواعد شرعیہ) پوشیدہ اور آشکارا (جیسا موقع ہو) خرچ کیا کریں ایسے دن کے آنے سے پہلے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی اور نہ دوستی ہوگی (مطلب یہ کہ عبادات بدنیہ و مالیہ کو ادا کرتے رہیں کہ یہی شکر ہے نعمت کا)

ف: اس میں مؤمنین کی کئی طرح مدح ہوگئی ایک تو الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے ان کو تعبیر فرمایا پھر ان کو عبادی تشریفاً فرمایا پھر ان کو براہ عنایت شکر کی ترغیب دے کر کفران کی ایک آفت عظیمہ سے بچایا۔ تمہید بالا میں اشارۃً سے یہی مراد ہے اور بیع و خلت کی نفی پارۂ سوم کے پہلے رکوع میں بھی کی گئی ہے وہاں ملاحظہ کر لیا جاوے اور مقصود نفی خلال سے یہ ہے کہ یہ مستقلاً نافع نہیں ہے نہ یہ کہ ایمان کے ہوتے ہوئے بھی جب کہ حب فی اللہ ہونا نافع نہیں ہے۔

ربط: تمہید بالا میں مذکور ہو چکا۔

اثبات توحید و تعداد بعض نعم ☆ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (الی قولہ تعالی) اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ۝ اللہ ایسا ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے پانی (یعنی مینہ) برسایا پھر اس پانی سے پھلوں کی قسم سے تمہارے لئے رزق پیدا کیا اور تمہارے نفع کے واسطے کشتی (اور جہاز) کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا تاکہ وہ خدا کے حکم (وقدرت) سے دریا میں چلے (اور تمہاری تجارت اور سفر کی غرض حاصل ہو) اور تمہارے نفع کے واسطے نہروں کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا (تاکہ اس سے پیو اور آبپاشی کرو اور اس میں کشتی چلاؤ) اور تمہارے نفع کے واسطے سورج اور چاند کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا جو ہمیشہ چلنے ہی میں رہتے ہیں (تاکہ تم کو روشنی اور گرمی وغیرہ کا فائدہ ہو) اور تمہارے نفع کے واسطے رات اور دن کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا (تاکہ تم کو معیشت اور آسائش کا نفع حاصل ہو) اور جو جو چیز تم نے مانگی (اور وہ تمہارے مناسب حال ہوئی) تم کو ہر چیز دی اور (اشیائے مذکورہ ہی پر کیا منحصر ہے) اللہ تعالیٰ کی نعمتیں (تو اس قدر بے شمار ہیں کہ) اگر (ان کو) شمار کرنے لگو تو شمار میں نہیں لا سکتے (مگر) سچ یہ ہے کہ آدمی بہت ہی بے انصاف بڑا ہی ناشکر ہے (کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی قدر اور شکر نہیں کرتا بلکہ اور بالعکس کفر و معصیت کرنے لگتا ہے جیسا اوپر آیا ہے اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا) ف: آسمان سے پانی نازل ہونے پر بعض کو شبہ ہوا ہے کہ بعض اوقات اونچے پہاڑوں پر کھڑے ہونے سے نیچے پانی برستا ہوا نظر آتا ہے اور یہ شخص خشک کھڑا رہتا ہے اگر آسمان سے پانی برستا تو اس کے اوپر بھی برستا مگر یہ شبہ نہایت لچر ہے ممکن ہے کہ وہ پانی آسمان سے بادلوں میں ایسے طور پر ملائکہ کی معرفت آجاوے کہ اوپر سے تقاطر نہ ہو پھر بادل سے تقاطر ہوتا ہو اور ہم بارش میں تبخیر کے دخل ہونے کے منکر نہیں ممکن ہے کہ دونوں امر کا مجموعہ سبب ہو یا کبھی ایک طریق ہو کبھی دوسرا۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اور اٰتٰكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ میں جو قید لگائی کہ وہ مناسب حال ہو اس سے شبہ جاتا رہا کہ بعض اشیاء ہم مانگتے ہیں اور وہ نہیں ملتیں سو وہ حکمت الٰہیہ میں اس سائل کے مناسب نہ ہوگی اور بعض نے جواب دیا ہے کہ لفظ کل تکثیر کے لئے ہے نہ کہ تعمیم کے لئے جیسے فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ اور اگر تقریر ترجمہ پر یہ شبہ ہو کہ اٰتٰكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ الخ میں تو کل نعمتیں آگئیں پھر اس کے کیا معنی کہ اشیائے مذکورہ میں انحصار نہیں الخ تو اس کا جواب یہ ہے کہ كُلِّ مَا

www.besturdubooks.net

سَاَلْتُمُوْهُ نعم مسؤلہ کو عام ہے نعم غیر مسئولہ تو اس میں داخل نہیں اس لئے وَاِنْ تَعُدُّوْا الخ میں وہ سب داخل کی گئیں اور اللہ تعالیٰ کی نعمتیں بے شمار اس لئے ہیں کہ اول تو جو منافع اس کو بالفعل حاصل ہیں اور جو مضرتیں اس سے مدفوع ہیں وہ خود کثرت سے ہیں پھر ان منافع کے اسباب وعلل ومقدمات ابتداء سے سلسلۂ حوادث تک اور منافع کے مصالح وحکم متاخرہ کہ وہ بھی نعمتیں ہیں ان میں اور زیادہ کثرت ہے کہ عادۃً اسکا احاطہ نہیں ہو سکتا یہی مطلب ہے لَا تُحْصُوْهَا کا اور اسکو بے شمار سے تعبیر کیا گیا ہے اور یہ جو فرمایا ہے اِنَّ الْاِنْسَانَ مراد اس سے جنس ہے گو بعض افراد کے اعتبار سے سہی پس یہ شبہ لغو ہے کہ ہر انسان تو ایسا نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ الخ یہ نعمت اہل نار تک پر ہے چنانچہ روح میں ابن مسعودؓ کی روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اہل نار پر بھی احسان ہے کیونکہ نار سے بھی زیادہ عذاب سے سزا دینے پر قادر ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في نعمت الله شکر اشارة الى تقدير المضاف ۱۲ منه ۲؎ قوله فى سخر لكم تمہارے نفع اشارة الى ان اللام للانتفاع لا للصلة فلا يرد ان ما ذكر ههنا ليس فى قدرتنا كما قال البيضاوى لانتفاعكم والقرينة على هذا المعنى قوله بامره ۱۲ منه ۳؎ قوله فى نعمت الله نعمتیں اشارة الى ارادة الجنس ۱۲ ۴؎ قوله فى تعدوا شمار کرنے لگو اشارة الى دفع ايراد وهو ان العدو الاحصاء متحدان فكيف يترتب عدم شئ على وجوه والجواب ان معنى الشرط ان تشرعوا فاندفع الايراد ۱۲ منه۔

اختلاف القراءۃ: فى قراءة ليضلوا لازمًا ۱۲۔

اللغات: قوله دائبين فى الحاشية على البيضاوى الدواب مرور الشئ فى العمل على عادته فيه من الداب وهو العادة ۱۲۔

النحو: قوله يقيموا الصلوٰة فى البيضاوى يجوز ان يقدر لام الامر ليصح تعلق القول بها اى بالاقامة والانفاق وانما حسن ذلك ولم يحسن قوله محمد[1] تفد نفسك كل نفس اى لتفد لدلالة قل عليه ولا دلالة فى محمد تفد ۱۲۔ قوله من كل ما سألتموه هى ابتدائية ولا حاجة على ما فسرنا الى التبعيض ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ليضلوا فى البيضاوى وليس الضلال والاضلال غرضهم لكن لما كان نتيجته جعل كالغرض ۱۲۔ قوله فان مصيركم فى البيضاوى وفى التهديد بصيغة الامر ايذان بان المهدد عليه كالمطلوب لافضائه الى المهدد به وان الامرين كائنان لا محالة ولذلك علله بقوله فان مصيركم الخ وان المخاطب لانهما كه فيه كالمامور به من آمر مطاع ۱۲۔

الحواشی: (۱) هو منادى وحرف النداء محذوف ۱۲ منه۔

وَإِذْ قَالَ إِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿۳۵﴾ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ۚ
فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۶﴾ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ
بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ
لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۷﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ۗ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ
وَلَا فِي السَّمَآءِ ﴿۳۸﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۹﴾
رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ
ع ۱۸ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۭ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ
فِيْهِ الْاَبْصَارُ ﴿۴۲﴾ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَاَفْئِدَتُهُمْ هَوَآءٌ ﴿۴۳﴾ وَاَنْذِرِ
النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ۭ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا

www.besturdubooks.net

اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿۴۴﴾ وَّ سَكَنْتُمْ فِیْ مَسٰكِنِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ وَ تَبَیَّنَ لَكُمْ كَیْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ

وَ ضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ ﴿۴۵﴾ وَ قَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَ عِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ ؕ وَ اِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ﴿۴۶﴾ فَلَا

تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۴۷﴾ یَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَیْرَ الْاَرْضِ وَ السَّمٰوٰتُ

وَ بَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۴۸﴾ وَ تَرَى الْمُجْرِمِیْنَ یَوْمَىِٕذٍ مُّقَرَّنِیْنَ فِی الْاَصْفَادِ ﴿۴۹﴾ سَرَابِیْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ

وَّ تَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ﴿۵۰﴾ لِیَجْزِیَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ﴿۵۱﴾ هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَ لِیُنْذَرُوْا

ع ۱۱ ۷ ۱۹ بِهٖ وَ لِیَعْلَمُوْۤا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّ لِیَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۵۲﴾

اور جب کہ ابراہیم علیہ السلام نے کہا اے میرے رب اس شہر (مکہ) کو امن والا بنا دے اور مجھ کو اور میرے خاص فرزندوں کو بتوں کی عبادت سے بچائے رکھئے اے میرے پروردگار ان بتوں نے بہتیرے آدمیوں کو گمراہ کیا پھر جو شخص میری راہ پر چلے گا وہ تو میرا ہی ہے اور جو شخص (اس بات میں) میرا کہنا نہ مانے سو آپ تو کثیر المغفرت (اور) کثیر رحمت ہیں۔ اے ہمارے رب میں اپنی اولاد کو آپ کے معظم گھر کے قریب ایک (کف دست) میدان میں جو زراعت کے قابل نہیں آباد کرتا ہوں اے ہمارے رب تا کہ وہ لوگ نماز کا اہتمام رکھیں تو آپ کچھ لوگوں کے قلوب ان کی طرف مائل کر دیجئے اور ان کو محض اپنی قدرت سے پھل کھانے کو دیجئے تا کہ یہ لوگ (ان نعمتوں کا) شکر کریں۔ اے ہمارے رب آپ کو تو سب کچھ معلوم ہے جو ہم اپنے دل میں رکھیں اور جو ظاہر کریں اور اللہ تعالیٰ سے تو کوئی چیز بھی مخفی نہیں نہ زمین میں اور آسمان میں تمام حمد و ثنا خدا کے لئے سزاوار ہے جس نے مجھ کو بڑھاپے میں اسمٰعیل اور اسحٰق (دو بیٹے) عطا فرمائے حقیقت میں میرا رب دعا کا بڑا سننے والا ہے اے میرے رب مجھ کو بھی نماز کا (خاص) اہتمام کرنے والا رکھیے اور میری اولاد میں بھی بعضوں کو اے ہمارے رب اور میری (یہ) دعا قبول فرمایئے (اور) اے ہمارے رب میری مغفرت کر دیجئے اور میرے ماں باپ کی بھی اور کل مومنین کی بھی حساب قائم ہونے کے دن اور (اے مخاطب) جو کچھ یہ ظالم کافر لوگ کر رہے ہیں اس سے خدا تعالیٰ کو بے خبر مت سمجھو (کیونکہ) ان کو صرف اس روز تک مہلت دے رکھی ہے جس میں ان لوگوں کی نگاہیں پھٹی رہ جاویں گی دوڑتے ہوں گے اپنے سر اوپر اٹھا رکھے ہوں گے اور ان کی نظر ان کی طرف ہٹ کر نہ آوے گی اور ان کے دل بالکل بدحواس ہوں گے اور آپ ان لوگوں کو اس دن سے ڈرایئے جس دن ان پر عذاب آ پڑے گا پھر یہ ظالم لوگ کہیں گے کہ اے اللہ ہمارے رب ایک مدت قلیل تک ہم کو اور مہلت دیجئے ہم آپ کا سب کہنا مان لیں گے اور پیغمبروں کا اتباع کریں گے کیا تم نے اس کے قبل قسمیں نہ کھائی تھیں کہ تم کو کہیں جانا ہی نہیں ہے حالانکہ تم ان (پہلے) لوگوں کے رہنے کی جگہوں میں رہتے تھے جنہوں نے اپنی ذات کا نقصان کیا تھا اور تم کو یہ بھی معلوم ہو گیا تھا کہ ہم نے ان کے ساتھ کیونکر معاملہ کیا تھا اور ہم نے تم سے مثالیں بیان کیں اور ان لوگوں نے اپنی سی بہت ہی بڑی بڑی تدبیریں کیں تھیں اور ان کی تدبیریں اللہ کے سامنے تھیں اور واقعی ان کی تدبیریں ایسی تھیں کہ ان سے پہاڑ بھی ٹل جاویں۔ پس اللہ تعالیٰ کو اپنے رسولوں سے وعدہ خلافی کرنے والا نہ سمجھنا اللہ بے شک بڑا زبردست اور پورا بدلہ لینے والا ہے جس روز دوسری زمین بدل دی جائے گی اس زمین کے علاوہ اور آسمان بھی اور سب کے سب ایک زبردست اللہ کے روبرو پیش ہوں گے اور تو اس روز مجرموں (یعنی کافروں) کو زنجیروں میں جکڑے ہوئے دیکھے گا (اور) ان کے کرتے قطران کے ہوں گے اور آگ ان کے چہروں پر لپٹی ہوگی تا کہ اللہ تعالیٰ ہر (مجرم) شخص کو اس کے کئے کی سزا دے یقیناً اللہ تعالیٰ بڑی جلد حساب لینے والا ہے۔ یہ (قرآن) لوگوں کے لئے احکام پہنچاتا ہے اور تا کہ اس کے ذریعہ (عذاب سے) ڈرائے جاویں اور تا کہ اس بات کا یقین کرلیں کہ وہی ایک معبود برحق ہے اور تا کہ دانشمند لوگ نصیحت حاصل کریں۔ ○

تفسیر ربط: اوپر توحید اور نعم الٰہیہ کا ذکر تھا آگے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعض واقعات مذکور ہیں جن میں شرک کی مذمت اور بعض نعم الٰہیہ متعلقہ باہل مکہ کا ذکر ہے جس سے مضمون سابق کی تقریر ہوگئی خصوص اہل مکہ کے لئے کہ ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں تھے پس ان کو تنبیہ ہوگئی کہ تمہارے جد امجد شرک کو برا کہتے تھے اور تمہارے لئے بعض نعم کی دعا کر گئے تھے تم شکر کرو گے کہ جیسا لَعَلَّهُمْ یَشْكُرُوْنَ سے معلوم ہوتا ہے مگر تم نے بجائے شکر کے کفر کیا جیسا بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا میں مذکور ہوا۔

قصہ ابراہیم علیہ السلام بتقریر توحید حق و انعام ☆ وَ اِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا (الی قولہ تعالی) یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿﴾ اور (وہ وقت قابل یاد کرنے کے ہے) جب کہ ابراہیم (علیہ السلام) نے (حضرت اسمٰعیل اور حضرت ہاجرہ کو بحکم الٰہی میدان مکہ میں لا کر رکھنے کے وقت دعا کے طور پر) کہا

www.besturdubooks.net

کہ اے میرے رب اس شہر (مکہ) کو امن والا بنا دیجئے (کہ اس کے رہنے والے مستحق امن رہیں یعنی حرم کر دیجئے) اور مجھ کو میرے خاص فرزندوں کو بتوں کی عبادت سے (جو کہ اس وقت جہلاء میں شائع ہے) بچائے رکھیے (جیسا اب تک بچائے رکھا) اے میرے پروردگار (میں بتوں کی عبادت سے بچنے کی دعا اس لئے کرتا ہوں کہ) ان بتوں نے بہتیرے آدمیوں کو گمراہ کر دیا (یعنی ان کی گمراہی کا سبب ہو گئے اس لئے ڈر کر آپ کی پناہ چاہتا ہوں اور میں جس طرح اولاد کے بچنے کی دعا کرتا ہوں اسی طرح ان کو بھی کہتا سنتا رہوں گا) پھر (میرے کہنے سننے کے بعد) جو شخص میری راہ پر چلے گا وہ تو میرا ہے ہی (اور اس کے لئے وعدۂ مغفرت ہے ہی) اور جو شخص (اس باب میں) میرا کہنا نہ مانے سو (اس کو آپ ہدایت فرمائیے کیونکہ) آپ تو کثیر المغفرت (اور) کثیر الرحمۃ ہیں (ان کی مغفرت اور رحمت کا سامان بھی کر سکتے ہیں کہ ان کو ہدایت دیں مقصود اس دعا سے شفاعت مؤمنین کے لئے ہے اور طلب ہدایت غیر مؤمنین کے لئے ہے) اے ہمارے رب میں اپنی اولاد کو (یعنی اسمٰعیل علیہ السلام کو اور ان کے واسطہ سے ان کی نسل کو) آپ کے معظم گھر (یعنی خانہ کعبہ) کے قریب (جو کہ پہلے سے یہاں بنا ہوا تھا اور ہمیشہ سے لوگ اس کا ادب کرتے آتے تھے) ایک (کف دست) میدان میں جو (بوجہ سنگستان ہونے کے) زراعت کے قابل (بھی) نہیں آباد کرتا ہوں اے ہمارے رب (بیت الحرم کے پاس اس لئے آباد کرتا ہوں) تا کہ وہ لوگ نماز کا (خاص) اہتمام رکھیں (اور چونکہ یہ اس وقت کف دست میدان ہے) تو آپ کچھ لوگوں کے قلوب ان کی طرف مائل کر دیجئے (کہ یہاں آ کر رہیں کہیں تا کہ آبادی پر رونق ہو جاوے) اور (چونکہ یہاں زراعت وغیرہ نہیں ہے اس لئے) ان کو (محض اپنی قدرت سے) پھل کھانے کو دیجئے تا کہ یہ لوگ (ان نعمتوں کا) شکر کریں اے ہمارے رب (یہ دعائیں محض عبودیت و افتقار کے لئے ہیں۔ آپ کو اپنی حاجات کی اطلاع کے لئے نہیں کیونکہ) آپ کو تو سب کچھ معلوم ہے جو ہم اپنے دل میں رکھیں اور جو ظاہر کر دیں اور (ہمارے ظاہر و باطن پر کیا حصر ہے) اللہ تعالیٰ سے (تو) کوئی چیز بھی مخفی نہیں نہ زمین میں اور نہ آسمان میں (کچھ دعائیں آگے آویں گی اور بیچ میں بعض نعم سابقہ پر حمد و شکر کیا تا کہ شکر کی برکت سے یہ دعائیں اقرب الی القبول ہو جاویں چنانچہ فرمایا کہ) تمامی حمد (وثنا) خدا کے لئے (سزاوار) ہے جس نے مجھ کو بڑھاپے میں اسمٰعیل اور اسحاق (دو بیٹے) عطا فرمائے حقیقت میں میرا رب دعا کا بڑا سننے والا (یعنی قبول کرنے والا) ہے (کہ عطائے اولاد کے متعلق میری یہ دعا: رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ [الصّٰفّٰت: ۱۰۰] قبول کر لی پھر اس نعمت کا شکر ادا کر کے آگے بقیہ دعائیں پیش کرتے ہیں کہ) اے میرے رب (جو میری نیت ہے اپنی اولاد کو بیت محرم کے پاس بسانے سے کہ وہ نمازوں کا اہتمام رکھیں اس کو پورا کر دیجئے اور جیسا ان کے لئے اہتمام نماز میرا مطلوب ہے اسی طرح اپنے لئے بھی مطلوب ہے اس لئے اپنے اور ان کے دونوں کے لئے دعا کرتا ہوں اور چونکہ مجھ کو وحی سے معلوم ہو گیا ہے کہ ان میں بعض غیر مؤمن بھی ہوں گے اس لئے دعا سب کے لئے نہیں کر سکتا ہوں پس ان مضامین پر نظر کر کے یہ دعا کرتا ہوں کہ) مجھ کو بھی نماز کا (خاص) اہتمام کرنے والا رکھئے اور میری اولاد میں بھی بعضوں کو (نماز کا اہتمام رکھنے والا کیجئے) اے ہمارے رب اور میری (یہ) دعا قبول کیجئے (اور) اے ہمارے رب میری مغفرت کر دیجئے اور میرے ماں باپ کی بھی اور کل مؤمنین کی بھی حساب قائم ہونے کے دن (یعنی قیامت کے روز سب مذکورین کی مغفرت کر دیجئے) **ف**: اس مقام پر ابراہیم علیہ السلام کی کئی دعائیں ہیں اور بجز مغفرت کے سب قبول ہوئیں۔

اول: مکہ کو امن والا بنانا چنانچہ وہ اس طرح قبول ہوئی کہ وہ حرم ہو گیا جس میں قتل و غارت حتیٰ کہ وحوش اور بعض نباتات کا تلف کرنا حرام ہو گیا اور حدیث میں اسی کو فرمایا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم بنوایا۔ اور میں نے ترجمہ میں مستحق امن سے اس لئے تفسیر کی کہ اگر کوئی امن کو توڑے تب بھی ابراہیم علیہ السلام کی دعا کا قبول نہ ہونا اس سے لازم نہیں آتا اور اس دعا سے کہ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ الخ یہ لازم نہیں آتا کہ اس وقت وہ شہر کی صورت میں ہو بلکہ اس کی ایسی مثال ہے کہ کوئی شخص سنار کے پاس سونا یا چاندی لے جا کر کہے اجعل هذا الخاتم حسناً۔ یعنی اس انگوٹھی کو اچھا بنانا تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ انگوٹھی بالفعل تیار ہو بلکہ ایسی ترکیب سے مقصود یہ بتلانا ہے کہ زیادہ مطمح فائدہ مفعول ثانی ہے پس اَجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اور اَجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ میں تعارض نہیں ہے اور رہا یہ کہ انہوں نے دونوں لفظ کہے تھے یا ایک سو دونوں احتمال ہیں کہ اول بَلَدًا اٰمِنًا کہا ہو جس میں بلد بنوانے کی بھی دعا ہو پھر اَلْبَلَدَ کہا جس میں زیادہ مقصود امن کی دعا ہو یا ایک لفظ کہا ہو جس میں بلدیت کی بھی درخواست مقصود تھی اور امنیت کی زیادہ مقصود تھی اس لئے حکایت میں دونوں تعبیریں صحیح ہو گئیں اول تعبیر دونوں کی مقصودیت کی بناء اور دوسری تعبیر امنیت کی زیادہ مقصودیت کی بناء پر۔

دوسری دعا: اجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ الخ یہ اس طرح قبول ہوئی کہ ان کے خاص صلبی فرزند اس سے محفوظ رہے پس اولاد در اولاد کے شرک سے کوئی اشکال لازم نہیں آتا رہا یہ امر کہ اپنے لئے اجْنُبْنِيْ کہنے کے کیا معنی حالانکہ وہ ہمیشہ سے منزہ تھے جواب یہ ہے کہ مقصود دوام حفظ کا تھا جیسے تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے پھر یہ کہ دوام حفظ بھی بوجہ نبوت و عصمت کے امر یقینی تھا پھر اس کی طلب کے کیا معنی جواب حسب تحقیق روح المعانی یہ ہے کہ عصمت کا لزوم بتوفیق الٰہی ہے امر طبعی نہیں اس لئے

www.besturdubooks.net

طلب حفظ ضروری ہے۔
تیسری دعا: لِيُقِيمُوا الصَّلٰوةَ جس کی تصریح رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلٰوةِ الخ میں ہے اس کا قبول ہونا ظاہر ہے کہ آپ کی اولاد میں بہت عابد ہوئے بلکہ سید العابدین ہوئے۔
چوتھی دعا: فَاجْعَلْ أَفْئِدَةً یہ بھی قبول ہوئی چنانچہ اول قبیلہ جرہم نے وہاں آ کر سکونت اختیار کی پھر مختلف زمانوں میں لوگ آفاق سے آ آ کر وہاں بسا کئے۔
پانچویں دعا: وَارْزُقْهُمْ الخ یہ دوصورت سے واقع ہوا ایک طائف میں پیداوار کی کثرت دوسرے اور بلاد وامصار سے آمد۔
اب یہاں دو اشکال ہیں۔ایک من عصانی کے لئے دعائے مغفرت اس کا جواب تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے دوسرا اشکال والدین کے لئے دعا کرنا سو اہل سیر نے والدہ کا ایمان تو نقل کیا ہے اور باپ کے لئے دعا کرنے کی توجیہ پارہ یازدہم کے رکوع دوم آیت وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيمَ الخ کے ذیل میں گزر چکی ہے کہ مقصود دعائے ہدایت ہے البتہ ایک وسوسہ باقی ہے وہ یہ کہ یہ دعا بڑھاپے کی حالت میں ہوئی ہے اور ظاہر یہ ہے کہ اس وقت باپ زندہ نہ ہوگا پھر دعائے ہدایت کب متصور ہے سو اگر اس کے مرنے کی خبر ان کو پہنچ چکی ہو تو معنی یہ ہوں گے اغفرله ان مات مؤمنا۔ پھر وحی سے جب علم علی الکفر کا ہوا تو تبری فرمائی ہو واللہ اعلم اور اگر والدہ کا ایمان ثابت نہ ہو تو یہی جواب وہاں ہے اور ثمرات کے ساتھ پانی نہ مانگنے کی وجہ حالانکہ اس کی بھی ضرورت تھی اور اس وقت موجود بھی نہ تھا یہ لکھی ہے کہ وادی میں پانی تو جمع ہو ہی جاتا ہے اور اسی وجہ سے غَيْرِ ذِي زَرْعٍ فرمایا اور غیر ذات ماء نہ بڑھایا واللہ اعلم اور ہر چند کہ ابراہیم علیہ السلام کے علاوہ اسماعیل واسحاق علیہما السلام کے اور فرزند بھی تھے جیسا روضۃ الصفا میں منقول ہے کہ آپ نے بعد وفات سارا کے کسی کنعانی بی بی سے نکاح کیا اور سے چھ فرزند ہوئے لیکن دعا میں ان دو کا نام لینا یا اس وجہ سے ہوگا کہ اس وقت بھی دو ہوں یا اس وجہ سے کہ سب سے اشرف تھے اور جاننا چاہئے کہ ان سب دعاؤں کا ایک جلسہ میں ہونا ضرور نہیں پس یہ شبہ نہ رہا کہ اسماعیل علیہ السلام کے بچپن میں کہ متبادر اسکنت سے معلوم ہوتا ہے اسحاق کہاں تھے۔
رَبط: اوپر مِنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ الخ میں کفار کا عذاب مذکور تھا آگے پھر وہی مضمون ہے اور درمیان میں جو توحید ورسالت کا ذکر تھا اس سے تناسب ظاہر ہے کہ اسی کے انکار سے یہ عذاب ہوتا ہے۔
عود بذکر عذاب کفار ☆ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۬ (الی قوله تعالی) اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ۝ اور (اے مخاطب) جو کچھ یہ ظالم (کافر) لوگ کر رہے ہیں اس سے خدا تعالیٰ کو (جلدی عذاب نہ دینے کی بناپر) بے خبر مت سمجھ (کیونکہ) ان کو صرف اس روز تک مہلت دے رکھی ہے جس میں ان لوگوں کی نگاہیں (مارے حیرت اور ہیبت کے) پھٹی رہ جاویں گی (اور وہ موقف حساب کی طرف حسب الطلب) دوڑتے ہوں گے (اور فرط حیرت سے) اپنے سر اوپر اُٹھا رکھے ہوں گے (اور) ان کی نظر ان کی طرف ہٹ کر نہ آوے گی (یعنی ایسی ٹکٹکی بندھے گی کہ آنکھ نہ جھپکیں گے) اور ان کے دل (شدت ہول سے) بالکل بدحواس ہوں گے اور (جب وہ دن آ جاوے گا پھر مہلت نہ ہوگی پس) آپ ان لوگوں کو اس دن (کے آنے) سے ڈرایئے جس دن ان پر عذاب آ پڑے گا پھر یہ ظالم لوگ کہیں گے کہ اے ہمارے رب ایک مدت قلیل تک ہم کو (اور) مہلت دے دیجئے (اور دنیا میں پھر بھیج دیجئے) ہم (اس مدت میں) آپ کا سب کہنا مان لیں گے اور پیغمبروں کا اتباع کریں گے (جواب میں ارشاد ہوگا کہ کیا ہم نے دنیا میں تم کو مہلت طویلہ نہ دی تھی اور) کیا تم نے (اس مہلت کے طول ہی کے سبب) اس کے قبل (دنیا میں) قسمیں نہ کھائیں تھیں کہ تم کو (دنیا سے) کہیں جانا ہی نہیں ہے (یعنی قیامت کے منکر تھے اور اس پر قسم کھاتے تھے کقولہ تعالیٰ: وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ۭ [النحل: ۳۸] حالانکہ (اسباب منع انکار کے سب مجتمع تھے چنانچہ) تم ان (پہلے) لوگوں کے رہنے کی جگہوں میں رہتے تھے جنہوں نے کفر وانکار قیامت کر کے) اپنی ذات کا نقصان کیا تھا اور تم کو (تواتر اخبار سے) یہ بھی معلوم ہو گیا تھا کہ ہم نے ان کے ساتھ کیونکر معاملہ کیا تھا (کہ ان کے کفر وانکار پر ان کو سزائیں دیں اس سے تم کو معلوم ہو سکتا ہے کہ انکار کرنا موجب غضب ہے پس تصدیق واجب ہے اور ان کے مساکن میں رہنا ہر وقت ان کے ان حالات کا مذکر ہو سکتا تھا پس انکار کی کسی وقت گنجائش نہ تھی) اور (علاوہ ان واقعات کے سننے کے جو کہ عبرت کے لئے کافی تھے) ہم نے (بھی) تم سے مثالیں بیان کیں (یعنی کتب سماویہ میں ہم نے بھی ان واقعات کو مثال کے طور پر بیان کیا کہ اگر تم ایسا کرو گے تو تم بھی ایسے ہی مغضوب ومستحق عذاب ہو گے پس واقعات کا اولاً خبار سے سننا پھر ہمارا ان کو بیان کرنا پھر مماثلت پر تنبیہ کر دینا یہ سب اسباب مقتضی اس کو تھے کہ قیامت کا انکار نہ کرتے) اور (ہم نے جن پہلے لوگوں کو ان کے کفر وانکار پر سزائیں دیں) ان لوگوں نے (دین حق کے مٹانے میں) اپنی سی بہت ہی بڑی بڑی تدبیریں کیں تھیں اور ان کی (یہ سب) تدبیریں اللہ کے سامنے تھیں (اس کے علم سے مخفی نہ رہ سکتی تھیں) اور واقعی ان کی تدبیریں ایسی تھیں کہ (عجب نہیں) ان سے پہاڑ بھی (اپنی جگہ سے) ٹل جاویں (مگر پھر بھی حق ہی غالب رہا اور ان کی ساری تدبیریں گاؤ خورد ہو گئیں اور وہ ہلاک کئے گئے اس سے بھی معلوم ہو گیا کہ

www.besturdubooks.net

حق وہی ہے جو پیغمبر فرماتے تھے اور اس کا انکار موجب غضب و عذاب ہے جب قیامت میں ان کا معذب ہونا معلوم ہو گیا) پس (اے مخاطب) اللہ تعالیٰ کو اپنے رسولوں سے وعدہ خلافی کرنے والا نہ سمجھنا (چنانچہ قیامت کے دن ان کے منکرین کے عذاب کا وعدہ تھا سو وہ پورا ہو گا جیسا اوپر مذکور ہوا) بیشک اللہ تعالیٰ بڑا زبردست (اور) پورا بدلہ لینے والا ہے (کہ اس کو کوئی بدلہ لینے سے نہیں روک سکتا پس قدرت بھی کامل پھر مشیت کا تعلق اوپر معلوم ہوا پھر خلف وعدہ کا کیا احتمال رہا اور یہ بدلہ اس روز ہو گا) جس روز دوسری زمین بدل دی جاوے گی اس زمین کے علاوہ اور آسمان بھی (دوسرے بدل دیئے جاویں گے ان آسمانوں کے علاوہ کیونکہ اول بار کے نفخ صور سے سب زمین و آسمان ٹوٹ پھوٹ جاویں گے پھر دوسری بار میں از سرنو زمین و آسمان بنیں گے) اور سب کے سب ایک (اور) زبردست اللہ کے روبرو پیش ہوں گے (مراد اس سے قیامت کا دن ہے یعنی قیامت میں بدلہ لیا جاوے گا) اور اس روز اے مخاطب) تو مجرموں کو (یعنی کافروں کو) زنجیروں میں جکڑے ہوئے دیکھے گا (اور) ان کے کرتے قطران کے ہوں گے (یعنی سارے بدن کو قطران لپٹی ہو گی کہ اس میں آگ جلدی اور تیزی کے ساتھ لگے اور وہ درخت چیڑ کا روغن ہوتا ہے **کما فی کتب اللغات و الطب**) اور آگ ان کے چہروں پر (بھی) لپٹی ہو گی (یہ سب کچھ اس لئے ہو گا) تا کہ اللہ تعالیٰ ہر (مجرم) شخص کو اس کے کئے کی سزا دے (اور گو ایسے مجرم بے انتہا ہوں گے مگر) یقیناً اللہ تعالیٰ (کو ان کا حساب و کتاب کچھ دشوار نہیں کیونکہ وہ) بڑی جلد حساب لینے والا ہے (سب کا فیصلہ شروع کر کے فوراً ہی ختم کر دے گا) **ف**: سَكَنْتُمْ میں خطاب کفار متاخرین کو ہے جن سے پہلے کوئی امت معذب ہو چکی ہے پس اس میں تسلسل لازم نہیں آتا کہ ساکن کے لئے مساکن ظلمہ کا ہونا ضروری ہے اور وہ ظلمہ بھی مساکن ہیں **وھلم جرا** اور **الناس** کا **انذر** کے لئے مفعول ہونا اور يَأْتِيهِمُ کا مرجع **الناس** ہونا اور **يقول** اور اس کے جواب يَأْتِيهِمُ پر مرتب ہونا قرینہ ہے کہ متاخرین میں بھی صرف اسی امت کے کفار مراد ہیں اور ان کا معذبین کے مساکن میں رہنا بایں معنی ہے کہ بعض قریٰ ملک شام میں تھے اور عرب کے لوگ تجارت کے سفر میں آتے جاتے ان کو دیکھتے تھے اور ٹھہرنے کا وقت آ جاتا تو ٹھہرتے بھی تھے کقولہ تعالیٰ وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ مُّبِينٍ وقولہ تعالیٰ وَإِنَّكُمْ لَتَمُرُّونَ عَلَيْهِم مُّصْبِحِينَ۔ وَبِاللَّيْلِ اور بایں معنی ہے کہ نوح علیہ السلام کے زمانہ میں سب کفار غرق ہو گئے تھے سو جہاں عرب رہتے تھے یہ بھی ان میں سے بعض کے مساکن تھے **و اللہ اعلم** اور سماوات وارض کی تجدید و تبدیل باعتبار ذات و صفات دونوں کے صحیح ہو سکتی ہے کیونکہ مادۂ قدیمہ کا اعادہ اور اس میں ہیئت جدیدہ کا افادہ ہو گا پس اگر ہیئت کو جزو ذات کہا جاوے تو تبدیل ذات اس کو کہنا صحیح ہے اور اگر خارج ذات کہا جاوے تو تبدیل صفات کہنا صادق ہے اور حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ علاوہ اس اعادۂ خلق کے سماوات وارض میں کوئی تبدیلی بھی ہو گی جس میں بعض تبدیل کے وقت اہل محشر زمین پر نہ ہوں گے بلکہ پل صراط پر ہوں گے جیسا مسلم کی حدیث میں مصرح ہے باقی اس تبدیل کی حکمت اللہ ہی کو معلوم ہے۔

زباں تازہ کردن باقرار تو ☆ نینگیختن علت از کار تو

اور یہ جو فرمایا کہ ان تدبیروں سے پہاڑوں کا ٹل جانا عجب نہ تھا یہ ایک مثل ہے کسی شئے کی قوت بیان کرنے کے لئے اور فی نفسہ یہ امر کچھ محال بھی نہیں کیونکہ پہاڑوں کے توڑنے اور اڑانے کی تدبیریں بکثرت استعمال میں آتی ہیں۔ **واللہ اعلم**۔ ربط: اوپر شروع سورت سے یہاں تک مضامین توحید و رسالت و معاد کے مذکور تھے آگے سورت کو ایسی آیت پر ختم فرمایا جاتا ہے جو مدح قرآن کے ساتھ ان سب کو جامع ہے۔

خاتمہ مشتمل بر خلاصہ تمام سورت مع مدح قرآن ☆ هَٰذَا بَلَاغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنذَرُوا بِهِ وَلِيَعْلَمُوا أَنَّمَا هُوَ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ وَلِيَذَّكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ ۝ یہ (قرآن) لوگوں کے لئے احکام کا پہنچانا ہے (تا کہ مبلغ یعنی رسول کی تصدیق کریں) اور تا کہ اس کے ذریعہ سے (عذاب سے) ڈرائے جاویں اور تا کہ اس بات کا یقین کر لیں کہ وہی ایک معبود برحق ہے اور تا کہ دانشمند لوگ نصیحت حاصل کر لیں۔ **ف**: بلاغ میں تصدیق رسالت اور لِيُنذَرُوا بِهِ میں تصدیق معاد اور لِيَعْلَمُوا میں تصدیق توحید اور لِيَذَّكَّرَ میں عبادات بدنیہ و مالیہ جن کا ذکر يُقِيمُوا الصَّلَاةَ الخ میں تھا آ گئیں اور یہی حاصل ہے تمام سورت کا سبحان اللہ کیا اچھا ختم ہے اے اللہ اپنے فضل سے ان ہی عقائد و اعمال پر ہم کو ختم کیجئے **وقد تم تفسیر سورة ابراهیم علیه السلام لثامن جمادی الأخرة یوم الثلاثاء ۱۳۲۴ من الهجرة و الحمد لله تعالی علی ذلك**۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاجْنُبْنِي وَبَنِيَّ الخ اس میں دلالت ہے کہ انبیاء علیہم السلام تک بے خوف نہیں ہوئے سو ان کا تو کیا ذکر ہے جو ہر وقت نفس و شیطان کے پھندوں میں پھنسے ہیں تو کسی کو اپنے حال و کمال پر ناز نہ کرنا چاہیے ۱۲ قولہ تعالیٰ: رَبَّنَا إِنِّي أَسْكَنتُ مِن ذُرِّيَّتِي الخ بعض غلاۃ صوفیہ نے اس سے استدلال کیا ہے کہ اپنے اہل و عیال کو توکل پر ایسی جگہ رکھنا جائز ہے جہاں کچھ سرو سامان نہ ہو مگر یہ استدلال اس لئے غلط ہے کہ یہ رکھنا وحی سے تھا تو اس پر

www.besturdubooks.net

دوسرے فعل کو جو بلاوحی ہو کیسے قیاس کیا جاسکتا ہے جیسا کہ حدیث میں ہے کہ حضرت ہاجرہ نے پوچھا کہ کیا آپ کو خدا تعالیٰ نے حکم کیا ہے ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا ہاں انہوں نے کہا تو وہ ہم کو ضائع نہ کرے گا ۱۲۔ قولہ فَاجْعَلْ اَفْـِٕدَةً الخ اس میں دلالت ہے کہ بقدر ضرورت مال و جاہ کا اپنے اور اپنے اہل وعیال کے لئے طلب کرنا مذموم نہیں خصوص جب کہ اعانت علی الدین کے لئے ہو جیسا اس آیت میں لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ اور لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ سے معلوم ہوتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَاِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ روح میں ہے کہ ان کا مکر غایت شدت وقوت میں تھا اھ اور اس میں دلالت ہے کہ مبالغہ جس کی حقیقت ضرب المثل ہے صدق کے منافی نہیں خصوص غلبہ حال کے وقت جس سے عبارت اپنے ظاہر سے خارج ہو جاتی ہے مگر اہل مناسبت کے نزدیک مدلول اس کا ظاہر ہوتا ہے ۱۲۔

ضمیمہ از روح المعانی: قولہ تعالیٰ: وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ یعنی ایسے کلام سے بیان کرتے ہیں جو ان کے والی و استعداد اور عقل کے مناسب ہو ورنہ ان کی سمجھ میں نہ آتا تو اس بناء پر عوام الناس کے سامنے صوفیہ کی اصطلاح میں کلام کرنا مناسب نہیں اور بہت لوگوں کے ضلال کا منشاء یہی ہوا کہ انہوں نے صوفیہ کی کتابیں دیکھیں اور ان کی اصطلاحوں کو نہ جانا سوایسوں کو ایسی کتابیں دیکھنا مناسب نہیں قولہ تعالیٰ: لَىِٕنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ بعضے لوگ اپنے کمالات کو اپنے مجاہدات کی طرف منسوب کیا کرتے ہیں اور حالانکہ عطائے حق نہیں سمجھتے اور چونکہ یہ شکر کے خلاف ہے لہٰذا مذموم اور مانع ترقی ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ: قَالُوْۤا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا (الی قولہ تعالی) وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ اسی طرح منکرین مشائخ ان کے حق میں کہتے ہیں یہی ان کا جواب ہے۔ آگے ارشاد ہے قولہ تعالیٰ: وَمَا كَانَ لَنَاۤ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ یہی جواب اس شخص کو دیا جاوے گا جو اولیاء سے کرامت کا طالب ہو ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَلُوْمُوْۤا اَنْفُسَكُمْ محمد ابن حامد نے کہا ہے کہ ہر ملامت کا محل نفس ہے جو اس پر ملامت نہ کرے اور اس سے ہمیشہ راضی رہے اس نے اس کو ہلاک کیا۔ قولہ تعالیٰ رَبَّنَاۤ اِنِّيْۤ اَسْكَنْتُ الخ حق تعالیٰ کی عادت ہے کہ وہ اپنے خاص مقبولین کے بڑے بڑے امتحان لیتا ہے تا کہ اس کو سب مخلوق سے یکسو کردے اسی لئے حق تعالیٰ نے اپنے خلیل علیہ السلام کو یہ حکم کیا کہ اپنی ذریت کو ایسی وادی میں رکھے جہاں پانی تک نہ ہو۔ تا کہ خالص اسی پر اعتماد ہو کیونکہ وہاں اسباب ہی نہ تھے جس پر نظر ہوتی۔ قولہ تعالیٰ: فَاجْعَلْ اَفْـِٕدَةً الخ ابن عطاء نے فرمایا ہے کہ جو شخص مخلوق سے بالکلیہ منقطع ہو جاتا ہے حق تعالیٰ لوگوں کے قلوب کو اس کی طرف متوجہ کردیتا ہے اور اس کی محبت ان کے قلوب میں ڈال دیتا ہے ۱۲۔ ضمیمہ کے ساتھ سورۂ ابراہیم تمام ہوئی۔

الحواشی: (۱) یعنی مہلت اس قدر طویل تھی کہ تم کو اس سے عدم وقوع مابعد ہا کا دھوکہ ہو گیا ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی** اضللن سبب اشارة الى كون الاسناد مجازيا الى السبب وذكرها بصيغة الجمع ذات العقل مبالغة لان الاصل فی الاضلال ان يكون من ذوی العقول ۱۲۔ ۲ **قوله قبل** فمن تبعنی کہتا سنتا اشارة الى توجيه الفاء ۱۲۔ ۳ **قوله فی** اسكنت من ذريتی اولاد کو اشارة الى ان من ابتدائية ۱۲۔ ۴ **قوله بعده** واسطہ اشارة الى ان الاسكان عام لما بالواسطة وما بلاواسطة ففيه عموم المجاز ۱۲۔ ۵ **قوله فی** بيتك پہلے سے اشارة الى ان تسمية بيتا باعتبارما كان ولا يشكل عليك انه لما كان محرما فما معنى دعائه بالامن ای بكونه حرما لان المحرم كان هو البيت خاصة الا ما حول البيت الى حدود الحرم ۱۲۔ ۶ **قوله فی** لا تحسبن اے مخاطب اشارة الى كون المخاطب غير متعين فلا يرد اشكال ۱۲۔ ۷ **قوله فی** الابصار ان لوگوں کی دلیل التخصيص قوله تعالىٰ فی المؤمنين لا يحزنهم وقوله لا خوف عليهم ولا هم يحزنون ونحو ذلك ۱۲۔ ۸ **قوله فی** مهطعين موقف الدليل عليه مهطعين الى الداع و ظاهر ان دعوة الداعی الى الموقف ۱۲۔ ۹ **قوله فی** دعوتك سب کہنا استفيد العموم من الجنسية والاضافة الى المعروف ۱۲۔ ۱۰ **قوله قبل** اولم تكونوا مہلت طویل الخ اشارة الى توجيه وقوع وقوله تعالىٰ والم تكونوا فی جواب قولهم اخرنا الخ۔ ۱۱ **قوله** ان کی تدبیریں ایسی تھیں الخ بنی الترجمة على كون ان الخففة وكون اللام مكسورة كما فی النيسابوری من قرا بكسر اللام الاولى بنصب الثانية فوجهان احدهما ان تكون ان مخففة من الثقيلة فزوال الجبال مثل لعظم مكرهم و شدته ای وان (للشان) كان مكرهم معدا (ای صالحًا) لذلك آه ونظيره فی نفس التاثير مع عدم الوقوع للمانع قوله تعالىٰ ولو ان قرآنا سيرت به الجبال الآية ۱۲۔ ۱۲ **قوله** فلا تحسبن جب قیامت میں الخ اشارة الى توجيه الفاء ۱۲۔ ۱۳ **قوله قبل** يوم تبدل بدلا اس روز اشارة الى انه ظرف للانتقام ۱۲۔ ۱۴ **قوله قوله بعد** وجوههم (بھی) اشارة الى ان المراد به جميع الجسد وخص الوجه بالذكر لانه اغر موضع فی ظاهر البدن واشرفه فعبر به عن الكل ۱۲۔ ۱۵ **قوله قبل** ليجزی سب کچھ

www.besturdubooks.net

اشارة الى تعلقه بمضمر اى يفعل ذلك بهم ۱۲۔ ۱۶ قوله فى بلغ پہنچانا اشارة الى انه بمعنى التبليغ ۱۲۔ ۱ قوله ولينذروا تصديق اشارة الى تقدير المعطوف عليه و دليل التخصيص دلالة بلاغ على مبلغ ۱۲۔

اللغات: قوله المحرم من الحرمة الشرعية بمعنى ان الله تعالىٰ حرم التعرض له والتهاون به واما من الحرمة التكوينية بمعنى انه لم يزل ممنعا عزيز ايها به الجبابرة فى كل عصر ۱۲۔ قوله بواد فى القاموس منفرج بين جبال او تلال او اكام ۱۲۔ قوله على الكبر مع الكبر ۱۲۔ قوله مهطعين مسرعين ۱۲۔ قوله مقنعى رافعى ۱۲۔ قوله طرفهم فى البيضاوى نظرهم و حقيقة ارتداده ان الشعاع يخرج وقت الرؤية من العين ثم اذا غض رجع اليها ۱۲۔ قوله هواء خالية عن العقل والفهم ۱۲۔ قوله قريب قليل لان القليل ينقضى عنقريب ۱۲۔ قوله مقرنين مقرونة ايديهم وارجلهم الى الاعناق ۱۲۔ قوله الاصفاد القيود ۱۲۔ قوله سرابيلهم جمع سربال وهو القميص ۱۲۔ قوله قطران هو ما يحلب من شجر الابهل فيطبخ وتهنا به الابل الجربى وهو اسود منتن ۱۲ منه۔

النحو: قوله من الناس اى من افئدة الناس ومن تبعيضيه ۱۲۔ قوله ومن ذريتى من هذه تبعيضيه وهو معطوف على مفعول اجعل الاول ۱۲۔ قوله مهطعين حال من اصحاب الابصار الدال عليه الابصار ۱۲۔ قوله كيف فعلنا بهم هو دال على فاعل تبين وفاعله حالهم او خبرهم ۱۲۔

البلاغة: قوله رب و ربنا تكريره للمبالغة فى التضرع واضيف الرب الى المفرد تارة والى الجمع تارة فحيث اعتبر كون الاولاد معه جمع وحيث لم يعتبر افرد فافهم ۱۲۔ قوله فلا تحسبن الله الخ قال جار الله قدم المفعول الثانى وهو الوعد على المفعول الاول ليعلم انه غير مخلف الوعد على الاطلاق ثم قال رسله تنبيهاً على انه اذا لم يكن من شانه اخلاف الوعد فكيف يخلفه رسله الذين صفوته كذا فى النيسابورى ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْحِجْرِ

رکوعاتہا	آیاتہا		سورۃ الحجر
٦	٩٩	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	١٥ مكية ٥٤

سورۂ حجر مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اور اس کی ننانوے آیتیں ہیں اور چھ رکوع

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝١ رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۝٢ ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا
وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝٣ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ
مَّعْلُوْمٌ ۝٤ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝٥ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ
اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ۝٦ لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝٧ مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ
اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ۝٨ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝٩ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ
قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ۝١٠ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝١١ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ
فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝١٢ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ۝١٣ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ
فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۝١٤ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۝١٥ ع ١٥/١

الٓرٰ یہ آیتیں ہیں ایک کامل کتاب اور قرآن واضح کی۔ کافر لوگ بار بار تمنا کریں گے کہ کیا خوب ہوتا اگر وہ (یعنی ہم دنیا میں) مسلمان ہوتے آپ انکو انکے حال پر رہنے دیجئے کہ وہ (خوب) کھالیں اور چین اڑالیں اور خیالی منصوبے ان کو غفلت میں ڈالے رکھیں ان کو ابھی حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے اور ہم نے جتنی بستیاں ہلاک کی ہیں ان سب کے لئے ایک وقت معین نوشتہ ہوتا رہا ہے کوئی امت اپنی معیاد مقرر سے نہ پہلے ہلاک ہوئی ہے نہ پیچھے رہی ہے اور ان کفار (مکہ) نے یوں کہا کہ اے وہ شخص کہ جس پر قرآن نازل کیا گیا ہے تم مجنون ہو (اور نبوت کا غلط دعوی کرتے ہو ورنہ) اگر تم سچے ہو تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لاتے ہم فرشتوں کو صرف فیصلہ ہی کے لئے نازل کیا کرتے ہیں اور (اگر ایسا ہوتا تو) اس وقت ان کو مہلت بھی نہ دی جاتی ہم نے قرآن نازل کیا ہے اور ہم اس کے محافظ اور نگہبان ہیں اور ہم نے آپ کے قبل بھی پیغمبروں کو اگلے لوگوں کے بہت سے گروہوں میں بھیجا تھا اور کوئی رسول ان کے پاس ایسا نہیں آیا جس کے ساتھ انہوں نے استہزاء نہ کیا ہو اسی طرح ہم یہ استہزاء مجرموں کے قلوب میں ڈال دیتے ہیں (جس کی وجہ سے) یہ لوگ قرآن پر ایمان نہیں لاتے اور یہ دستور پہلوں ہی سے ہوتا آیا ہے (پس آپ غمگین نہ ہوں) اور اگر ہم ان کیلئے آسمان میں کوئی دروازہ کھول دیں پھر یہ دن کے وقت اس میں (آسمان کو) چڑھ جاویں تب بھی یوں کہہ دیں کہ ہماری نظر بندی کردی گئی تھی بلکہ ہم لوگوں پر تو بالکل جادو کر رکھا ہے۔

تفسیر: سُوْرَةُ الْحِجْرِ مكية وهي تسع و تسعون آية كذا في البيضاوى : خلاصہ اس سورت کا یہ مضامین ہیں حقیت قرآن۔ تعذیب کفار۔ تحقیق رسالت۔ اثبات توحید۔ ذکر بعض انعامات جزائے مطیعین و سزائے مخالفین بعضے قصص بطور نمونہ جزا و سزا۔ حقیت قیامت۔ تسلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ چنانچہ تفصیل اپنے مواقع سے معلوم ہوگی اور ان سب کا ارتباط باہمی اور نیز مضامین سورت سابقہ کے ساتھ ظاہر ہے اور اس سورت کے فاتحہ اور سورت سابقہ کے خاتمہ میں بوجہ اشتمال بر فضل قرآن ارتباط ظاہر تر ہے۔

www.besturdubooks.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حقیقت قرآن ☆ الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ الٓرٰ (اس کے معنی تو اللہ ہی کو معلوم ہیں) یہ آیتیں ہیں ایک کامل کتاب کی اور قرآن واضح کی (یعنی اس کی دونوں صفتیں ہیں کامل کتاب ہونا بھی اور قرآن واضح ہونا بھی)۔ رَبط :اوپر قرآن کی حقیقت کا اثبات تھا جس سے اجمالاً اس کے تمام مضامین کے حق ہونے پر تنبیہ ہوگئی آگے بعض مضامین مقصودہ ہیں تاکہ قرآن کی حقیقت سننے کے بعد ان کو اچھی طرح سنیں اور یقین کریں۔

بیان عذاب وحسرتِ کفار ☆ رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (الی قولہ تعالی) وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝ (جب قیامت کا دن ہوگا اور کافروں پر طرح طرح کا عذاب ہوگا ان اوقات میں) کافر لوگ بار بار تمنا کریں گے کہ کیا خوب ہوتا اگر وہ (یعنی دنیا میں) مسلمان ہوتے (بار بار اس لئے کہ جب کوئی نئی شدت واقع ہوگی اور معلوم ہوگا کہ اس کی علت کفر ہے تب ہی اسلام نہ لانے پر تازہ حسرت کریں گے) آپ (دنیا میں ان کے کفر پر غم نہ کیجئے اور) ان کو ان کے حال پر رہنے دیجئے کہ وہ (خوب) کھالیں اور چین اُڑالیں اور خیالی منصوبے ان کو غفلت میں ڈالے رکھیں ان کو ابھی (مرنے کے ساتھ ہی) حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے (اور دنیا میں جو ان کو جلدی سزا نہیں ملتی اس کی وجہ یہ ہے کہ سزا کا وقت مقرر نہیں آیا) اور ہم نے جتنی بستیاں (کفر کی وجہ سے) ہلاک کی ہیں ان سب کے لئے ایک معین وقت نوشتہ ہوتا رہا ہے (اور ہمارا قاعدہ ہے کہ) کوئی امت اپنی میعاد مقرر سے نہ پہلے ہلاک ہوئی ہے اور نہ پیچھے رہی ہے (بلکہ وقت مقرر پر ہلاک ہوئی ہے پس اسی طرح جب ان کا وقت آجاوے گا ان کو بھی سزا دے دی جاوے گی)۔ رَبط :اوپر کفار کے بعض احوال بدمآل مذکور تھے آگے ان کے بعض اقوال متضمنہ انکار رسالت مع جواب اور ان کے عناد کے مذکور ہیں۔

بحث رسالت ☆ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ (الی قولہ تعالی) بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۝ اور ان کفار (مکہ) نے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے) یوں کہا کہ اے وہ شخص جس پر (بزعم اس کے) قرآن نازل کیا گیا ہے تم (نعوذ باللہ) مجنون ہو (اور نبوت کا غلط دعویٰ کرتے ہو ورنہ) اگر تم (اس دعوے میں) سچے ہو تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لاتے (جو ہمارے سامنے تمہارے صدق کی گواہی دیں کقولہ تعالیٰ : لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا [الفرقان : ۷] اللہ تعالیٰ جواب دیتے ہیں کہ) ہم فرشتوں کو (جس طریق پر وہ درخواست کرتے ہیں) صرف فیصلہ ہی کے لئے نازل کیا کرتے ہیں اور (اگر ایسا ہوتا تو) اس وقت ان کو مہلت بھی نہ دی جاتی (بلکہ جب ان کے آنے پر بھی ایمان نہ لاتے جیسا ان سے یہ امر متیقن ہے تو فوراً ہلاک کر دیئے جاتے جیسا کہ سورۂ انعام کے اول رکوع کے اخیر آیتوں میں اس کی وجہ مذکور ہو چکی ہے اور یہ جو تنزیل قران کے منکر ہیں سو یہ انکار بھی محض باطل ہے) ہم نے قرآن کو نازل کیا ہے اور (یہ دعویٰ بلا دلیل نہیں ہے بلکہ اس کا معجز ہونا اس پر دلیل ہے پھر اس کے معجز ہونے کی ایک دلیل تو دوسری سورتوں میں مذکور ہے کہ اس کے مثل کوئی ایک سورت بنالاوے اور دوسری دلیل اس کے معجز ہونے کی یہ ہے کہ قبل از وقوع خبر دیتے ہیں کہ) ہم اس (قرآن) کے محافظ (اور نگہبان) ہیں (اس میں کوئی شخص کمی بیشی نہیں کر سکتا جیسا اور کتابوں میں ہوتا ہے کہ باوجود کسی مخالف کے نہ ہونے کے اس کے نسخوں میں اختلاف کمی وبیشی کا ہو جاتا ہے اور اس میں باوجود مخالفین کی کوششوں کے یہ بات نہیں ہوئی بس یہ ایسا صریح معجزہ ہے کہ جو باوجود بلاغت کے اعتبار سے قرآن اور غیر قرآن میں تمیز نہ کر سکے اس فرق کا تو وہ بھی انکار نہیں کر سکتا پس باوجود دلیل کے کہ اعجاز ہے انکار کرنا محض عناد ہے) اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی تکذیب سے غم نہ کیجئے کیونکہ یہ معاملہ انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ہمیشہ سے ہوتا چلا آیا ہے چنانچہ) ہم نے آپ کے قبل بھی پیغمبروں کو اگلے لوگوں کے بہت سے گروہوں میں بھیجا تھا اور (ان کی یہ حالت تھی کہ) کوئی رسول ان کے پاس ایسا نہیں آیا جس کے ساتھ انہوں نے استہزاء نہ کیا ہو (جو کہ تکذیب کی قبیح ترقسم ہے پس جس طرح ان لوگوں کے دلوں میں یہ استہزاء پیدا ہوا تھا) اسی طرح ہم یہ استہزاء ان مجرمین (یعنی کفار مکہ) کے قلوب میں ڈال دیتے ہیں (جس کی وجہ سے) یہ لوگ قرآن پر ایمان نہیں لاتے اور یہ دستور پہلوں ہی سے ہوتا آیا ہے (کہ انبیاء کی تکذیب کرتے رہے ہیں پس آپ مغموم نہ ہوں) اور (ان کے عناد کی یہ کیفیت ہے کہ فرشتوں کا آسمان سے آنا تو درکنار اس سے بڑھ کر) اگر (خود ان کو آسمان پر بھیج دیا جاوے اس طرح سے کہ) ہم ان کے لئے آسمان میں کوئی دروازہ کھول دیں پھر یہ دن کے وقت (جس میں اونگھ نیند وغیرہ کا بھی شبہ نہ ہو) اس (دروازہ) میں (سے آسمان کو) چڑھ جاویں تب بھی یوں کہہ دیں کہ ہماری نظر بندی کر دی گئی تھی (جس سے ہم اپنے کو آسمان پر چڑھتا ہوا دیکھ رہے ہیں اور واقع میں نہیں چڑھ رہے اور نظر بندی میں کچھ اسی واقعہ کی تخصیص نہیں) بلکہ ہم لوگوں پر تو بالکل جادو کر رکھا ہے (اگر ہم کو اس سے بڑھ کر بھی کوئی خارق دکھلایا جائے گا وہ بھی واقع میں خارق نہ ہوگا) **ف**: اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ کی وجہ بعض نے اعجاز نظم کو سمجھا ہے پھر اس میں بعض کو یہ وسوسہ ہوا ہے کہ قرآن کا نظم کے اعتبار سے بلیغ ہونا اس کو تو مستلزم ہے کہ اس میں بیشی نہ ہو ورنہ وہ غیر معجز ہوگی اور اگر پوری سورت کم اور ضائع کر دی جاوے تو اعجاز نظمی سے یہ کمی کیسے معلوم ہو سکتی ہے لیکن احقر نے اس کو مستقل معجزہ قرار دے کر جو تقریر کی ہے اس میں اس کی گنجائش نہیں رہی کیونکہ ایسی کمی اگر کی جاتی تو تمام دنیا کے نسخوں کا اس میں متفق ہونا عادۃً ممتنع تھا بلکہ کسی میں وہ کمی ہوتی کسی میں نہ ہوتی خلاصہ یہ کہ نسخوں میں اختلاف ہوتا جیسا اور کتب سماویہ

میں مشاہدہ ہو رہا ہے کہ وہ معجزہ نہ تھیں گو اصل میں منجانب اللہ تھیں اور ہر چند کہ کفار مکہ کے وقت اس پیشین گوئی کا وقوع ایسا واضح جیسا اب ہوا ہے بایں وجہ نہ ہوا تھا کہ قرآن کے نزول کو تھوڑا زمانہ ہوا تھا لیکن ایک حیثیت سے اسی کے قریب قریب اس وقت بھی وقوع ہو گیا تھا کہ باوجود اس کے کہ ظاہری سامان حفاظت کا مثل کتابت وتدوین وغیرہ کم تھی پھر نثر عبارت تھی باوجود اس کے یاد رکھنے والوں میں اختلاف نہ تھا اور اگر اتفاقاً وسہواً کوئی لفظ کسی کو غلط یاد ہو جاتا تو تنبیہ کے ساتھ ہی اس کی اصلاح ہو جاتی اور اسی طرح اگر کوئی یاد کا دعویٰ کرتا تو وہ دعویٰ نہ چل سکتا یہ مجموعی حالت کسی عبارت یا خطبہ میں نہ تھی اس لئے اس وجہ اعجاز کا بھی ان کفار کے مقابلہ میں بیان کرنا غیر مفید نہ ہوا اور کوئی یوں شبہ نہ کرے کہ جب اللہ تعالیٰ اس کا محافظ ہے تو صحابہؓ سے لے کر اس وقت تک اس کی حفاظت کا سامان کیوں کیا جاتا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ سامان بھی اللہ کی محافظت کا ظہور ہے اور اگر کسی کو یہ شبہ ہو کہ اگر دوسری کتاب کی بھی محافظت ونگہداشت کی جاوے تو کیا اس کا منجانب اللہ تعالیٰ ہونا پایۂ ثبوت کو پہنچ جاوے گا۔ جواب یہ ہے کہ باوجود محافظت بلیغ کے بھی ہرگز اس قدر محفوظ نہ رہ سکے گی کہ اس میں کسی طرح پر کمی وبیشی کا احتمال نہ ہو سکے پس قرآن کی محافظت ظاہری پر ایسی کامیابی دلیل ہے محافظت غیبی کی جو کہ اصل مدلول ہے لَحٰفِظُوْنَ کا خوب سمجھ لو اور بعض کو زمان متاخر کے اعتبار سے یہ وسوسہ ہوا ہے کہ کوئی شخص کہہ سکتا ہے کہ خود یہ آیت ہی کسی نے ملا دی ہو پس اس کا یقینی پیشین گوئی ہونا کیونکر ثابت ہوگا مگر یہ بھی محض لغو ہے اس لئے کہ تواتر سے یہ بات ثابت ہے کہ یہ آیت دوسری آیات کے زمانہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے نکلی پھر الحاق کا احتمال کیونکر ہو سکتا ہے اور احقر نے جو لَوْ فَتَحْنَا الخ کی تقریر میں ان کے آسمان پر عروج کرنے کو فرشتوں کے آسمان سے نزول کرنے سے بڑھ کر کہا ہے۔ وجہ اس کی ظاہر ہے کہ یہ عروج عادت انسانی کا خارق ہے اور وہ نزول عادت ملائکہ کا خارق نہیں اور وہ کفار بھی اس نزول کو مانتے تھے گو نزول علی الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کے منکر تھے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا الخ اس میں ایسے شخص کی مذمت کی طرف اشارہ ہے جس کو بڑی فکر شکم پری وشہوت رانی کی رہتی ہو ایسا شخص حرم قرب میں پہنچنے سے محروم رہتا ہے کذا فی الروح ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ الخ روح میں ہے کہ اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ جو شخص اسرار وحقائق کو نہ سمجھتا ہو اس کو چاہئے کہ اولیاء اللہ پر ان کے علوم ومعارف یا احوال پر انکار نہ کرے جیسے بعضے منکرین ان کو جنون کی طرف منسوب کرتے ہیں کہ ریاضات کے سبب تخیلات فاسدہ کا ان پر غلبہ ہو گیا ہے اور مراد ان اولیاء سے محققین راسخین فی الشرع ہیں نہ کہ جہلاء بددین جیسے اس زمانہ میں بکثرت ایسے ہیں اھ ملخصاً قولہ تعالیٰ: لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ ......[الحجر : ۷] اس میں ایسے شخص پر رد ہے جو ایسے شخص سے خوارق کا طالب ہو جس کے صدق پر دلائل صحیحہ قائم ہیں۔ ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ الخ [الحجر : ۱۴] تک یہی حال ہے منکرین اولیاء کا کہ اگر خوارق کا بھی مشاہدہ کرلیں تو اس کو سحر یا شعبدہ بتلاتے ہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فى تلك یعنی اس کی اشارة الى انه من عطف الصفة على الصفة مع وحدة الذات ۱۲۔ ۲؎ قوله فى ربما بار بار اشارة الى كونها للتكثير ۱۲۔ ۳؎ قوله قبل ذرهم غم نہ کیجئے اشارة الى ما يراد من ذرهم ۱۲۔ ۴؎ قوله فى نزل بزعم اس کے لانهم لم يكونوا مقرين به وانما قالوه تهكما وتعليلا لحكمهم بالجنون ۱۲۔ ۵؎ قوله فى ما ننزل جس طریق قيد به لان مطلق نزول الملٰئكة لا يكون بالعذاب ۱۲۔ ۶؎ قوله فى الحق فيصلہ كما روى عن مجاهد والحسن تفسيره بالعذاب كذا فى الروح ۱۲۔ ۷؎ قوله فى سنة تكذيب رواه فى الروح عن ابن عباسؓ ۱۲۔

الفقه: قوله تعالىٰ دل وانا له لحٰفظون على ان من قال بضياع شئ من القرآن فقد انكر النص ۱۲۔

اللغات: قوله نسلك ندخل يقال سلكت الخيط فى الابرة ۱۲۔ قوله سكرت سدت ومنعت من الابصار حقيقة وما نراه تخيل فهو من السكر بالفتح ۱۲۔

النحو: قوله ولها حال اى ما اهلكنا قرية فى حال من الاحوال الا فى حال كونها لها كتٰب معلوم كما ذكره كما النيسابورى عن السكاكى ۱۲۔ قوله انا نحن۔ نحن ههنا ليست فصلاً لانها لم تقع بين الاسمين بل هو اما مبتدأ او تاكيد لاسم ان ۱۲۔ قوله الا كانوا به الجملة حال من ضمير المفعول فى ياتيهم وهى حال مقدرة ويجوز ان تكون صفة لرسول على اللفظ او الموضع كذا فى الاعراب ۱۲۔

البلاغة: قوله ذرهم ياكلوا حكم فيه بترتب الاكل والتمتع على ذرهم مع ان الظاهر عدم سببية ذرهم للاكل والتمتع فان التمتع والاكل لا يتوقف على تحقق معنى ذرهم و توجيه ان لو تصدى عليه السلام لمخاطبتهم ومقارعتهم ما هنالهم عيش فبهذا الاعتبار صح الحكم بالترتب فافهم ۱۲ منه۔ قوله تعالىٰ ما ننزل الملٰئكة الذى هو جواب لقولهم المتاخر لو ما تاتينا تقديمه على قوله تعالىٰ انا

www.besturdubooks.net

نحن الذی هو جواب لقولهم المتقدم انك لمجنون لشدة استدعاء المتاخر الجواب فان قولهم الاول بدیهی البطلان واما الثانی فظاهره طلب الدلیل فالاشتیاق الی جوابه اشد وایضا لیتصل بعض الجواب ببعض السوال ولو روعی الترتیب لانفصل کلا الجوابین عن کلا السوالین فافهم ۱۲۔

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا وَزَيَّنَّاهَا لِلنَّاظِرِينَ ﴿١٦﴾ وَحَفِظْنَاهَا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ ﴿١٧﴾ إِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ مُبِينٌ ﴿١٨﴾ وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَوْزُونٍ ﴿١٩﴾ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَسْتُمْ لَهُ بِرَازِقِينَ ﴿٢٠﴾ وَإِنْ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا عِنْدَنَا خَزَائِنُهُ وَمَا نُنَزِّلُهُ إِلَّا بِقَدَرٍ مَعْلُومٍ ﴿٢١﴾ وَأَرْسَلْنَا الرِّيَاحَ لَوَاقِحَ فَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَسْقَيْنَاكُمُوهُ وَمَا أَنْتُمْ لَهُ بِخَازِنِينَ ﴿٢٢﴾ وَإِنَّا لَنَحْنُ نُحْيِي وَنُمِيتُ وَنَحْنُ الْوَارِثُونَ ﴿٢٣﴾ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِينَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَأْخِرِينَ ﴿٢٤﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۚ إِنَّهُ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ﴿٢٥﴾ ع ۲

اور بے شک ہم نے آسمان میں بڑے بڑے ستارے پیدا کئے اور دیکھنے والوں کے لئے اس کو آراستہ کیا اور اس کو ہر شیطان سے محفوظ فرمایا ہاں مگر کوئی بات (فرشتوں کی) چوری چھپے سن بھاگے تو اس کے پیچھے ایک روشن شعلہ ہو لیتا ہے اور ہم نے زمین کو پھیلایا اور اس میں بھاری بھاری پہاڑ ڈال دیئے اور اس میں ہر قسم کی (ضرورت کی نباتی) چیز ایک معین مقدار سے اگائی اور ہم نے تمہارے واسطے اس میں معاش کے سامان بنائے اور ان کو بھی معاش دی کہ جن کو تم روزی نہیں دیتے اور جتنی چیزیں ہیں ہمارے پاس سب کے خزانے کے خزانے (بھرے پڑے) ہیں اور ہم اس (چیز) کو ایک معین مقدار میں اتارتے رہتے ہیں اور ہم ہواؤں کو بھیجتے ہیں جو کہ بادل کو پانی سے بھر دیتی ہیں پھر ہم ہی آسمان سے پانی برساتے ہیں پھر وہ پانی تم کو پینے کو دیتے ہیں اور تم اتنا پانی جمع کر کے نہ رکھ سکتے تھے اور ہم ہی ہیں کہ زندہ کرتے ہیں اور مارتے ہیں اور (سب کے مرنے کے بعد) ہم ہی باقی رہ جائیں گے اور ہم تمہارے اگلوں کو بھی جانتے ہیں اور ہم تمہارے پچھلوں کو بھی جانتے ہیں اور بے شک آپ کا رب ہی ان سب کو (قیامت میں) محشور فرمائے گا بے شک وہ حکمت والا ہے علم والا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر رسالت کے متعلق مضمون ہدایت مشحون تھا آگے توحید کے متعلق ہے کہ وہ لوگ اس کے بھی منکر تھے۔

بیانِ توحید ☆ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا (الی قوله تعالی) إِنَّهُ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ﴿٢٥﴾ اور بیشک ہم نے آسمان میں بڑے بڑے ستارے پیدا کئے اور دیکھنے والوں کیلئے اس (آسمان) کو (ان ستاروں سے) آراستہ کیا (دیکھنے میں اچھا معلوم ہوتا ہے) اور اس (آسمان) کو (ان ستاروں کے ذریعہ سے) ہر شیطان مردود سے محفوظ فرمایا (کہ وہاں تک ان کی رسائی نہیں ہونے پاتی) ہاں مگر کوئی بات (فرشتوں کی) چوری چھپے سن بھاگے تو اس کے پیچھے ایک روشن شعلہ ہو لیتا ہے (اور اس کے اثر سے وہ شیطان ہلاک یا بدحواس ہو جاتا ہے اور رجیم اسی معنی کو باعتبار مایؤل کے فرمایا اور اسی طرح وہ آسمانی خبر اور کسی تک نہیں پہنچتی آسمان کی حفاظت سے یہی مقصود ہے) اور ہم نے زمین کو پھیلایا اور اس (زمین) میں بھاری بھاری پہاڑ ڈال دیئے اور اس (زمین) میں ہر قسم کی (ضرورت کی نباتی) چیز ایک معین مقدار سے اُگائی اور ہم نے تمہارے واسطے اس (زمین) میں معاش کے سامان (ماکولات ومشروبات وملبوسات کے قبیل سے) بنائے اور (نہ صرف تم ہی کو یہ سامان معاش دیا بلکہ) ان کو بھی معاش دی کہ جن کو تم روزی نہیں دیتے (یعنی تمام مخلوقات جو ظاہر میں بھی تمہارے ہاتھ سے خورد ونوش کا سامان نہیں پاتے) اور جتنی چیزیں (از قبیل معاش ورزق) ہیں ہمارے پاس سب کے خزانے کے خزانے (بھرے پڑے) ہیں اور ہم (حسب حکمت) اس (چیز) کو ایک معین مقدار سے اتارتے رہتے ہیں اور ہم ہی ہواؤں کو بھیجتے ہیں جو کہ بادل کو پانی سے بھر دیتی ہیں پھر ہم ہی آسمان سے پانی برساتے ہیں پھر وہ پانی تم کو پینے کو دیتے ہیں اور تم اتنا پانی جمع کر کے نہ رکھ سکتے تھے (کہ ہمیشہ کے لئے بارش سے مستغنی ہو جاتے پس اگر بارش نہ ہوتی بڑی مصیبت میں پڑتے) اور ہم ہی ہیں کہ زندہ کرتے ہیں اور مارتے ہیں اور (سب کے مرنے کے بعد) ہم ہی (باقی) رہ جاویں گے اور ہم تمہارے اگلوں کو بھی جانتے ہیں اور ہم تمہارے پچھلوں کو بھی جانتے ہیں اور بیشک آپ کا رب ہی ان سب کو (قیامت میں) محشور فرماوے گا (یہ اس لئے فرمایا کہ اوپر توحید ثابت ہوئی ہے اس میں

www.besturdubooks.net

منکر توحید کی سزا کی طرف اشارہ کر دیا) بیشک وہ حکمت والا ہے (ہر شخص کو اس کے مناسب بدلہ دے گا اور) علم والا ہے (سب کے اعمال کی اس کو پوری خبر ہے)۔ **ف**: بروج کی تفسیر کواکب کے ساتھ مجاہد اور قتادہ سے اور کواکب عظام کے ساتھ ابو صالح سے درمنثور میں منقول ہے مجازاً تشبیہاً ان کو بروج کہہ دیا گیا اور یہ اسہل واسلم تفاسیر ہے اور استراق سمع کے باب میں بخاری نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے جو حدیث مرفوعاً روایت کی ہے اس میں تصریح ہے کہ ملائکہ بادل میں آ کر آسمانی خبروں کا تذکرہ کرتے ہیں اور شیاطین کچھ سن لیتے ہیں اھ اور دوسری حدیث میں جو ہے کہ **قَالُوْا مَا ذا قال ربکم قالوا الحق فیسمعها مسترقوا السمع** اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آسمان میں سے سن لیتے ہیں بلکہ فاء محض تعقیب کے لئے ہے یعنی تذکرہ فی السماء کے بعد سنتے ہیں گو سحاب میں سہی یعنی آسمان سے بالکل روک دیئے گئے اور سحاب میں سے کچھ سنتے ہیں اب یہ اشکال نہ رہا کہ بعد ولایت یا بعث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ روک دیئے گئے ہیں پھر اس آیت کے کیا معنی باقی یہ امر کہ پھر آسمان سے روک دینے سے فائدہ کیا ہوا جب کہ سننے کا دوسرا ذریعہ موجود رہا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ سماوات میں امور عظام کا تذکرہ ہوا کرتا ہو اس کو بالکل مسدود کر دیا کہ علوم عظیمہ کے انکشاف کا کوئی طریق بجز وحی کے نہ رہے اور سحاب میں واقعات جزئیہ کا تذکرہ ہوتا ہو کہ وہ علوم مقصودہ نہیں اور آیت: **اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ** باعتبار سموٰت کے ہو اور **استرق السمع** باعتبار سحاب کے ہو پس **اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ** میں استثناء منقطع ہوگا اور غالباً سحاب میں سے بھی ناتمام علم حاصل ہوتا ہے جیسا **خطف الخطفة** سے معلوم ہوتا ہے اور چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے آسمانوں کی خبریں بھی لیتے اس لئے یہ مسدودی خصائص نبویہ سے ہے باقی یہ کہ پہلے وہاں تک کیوں رسائی ہوتی تھی غالباً اس میں اظہار اشرف ہے اور ممکن ہے کہ ختم نبوت اس کا سبب ہو کیونکہ ہر چند کہ التباس وحی اور غیر وحی کا پہلے بھی نہ ہو سکتا تھا کیونکہ جس نبی کی نبوت دلائل قاطعہ سے ثابت ہو جاتی تھی وہ جس کو غیر وحی کہہ دیتے وہ یقیناً غیر وحی ہوتا تھا لیکن بعد انقراض زمانہ نبوت کے ممکن تھا کہ کاہن وغیرہ لوگ اس میں خلط ولبس کرنا چاہتے ہوں اور عوام الناس ضلالت میں پڑ جاتے ہوں مگر چونکہ نبوت ختم نہ ہوئی تھی اس لئے آئندہ نبی کے آنے پر وہ اختلاط مبدل بہ تمیز ہو سکتا تھا اس لئے مسدودی کی ضرورت نہ تھی جب نبوت کا سلسلہ ختم ہونے کو ہوا پھر ایسے اختلاط والتباس کا رفع ہونا مستبعد تھا اس لئے بالکل ایسے علوم عظیمہ کا انسداد کر دیا ہو **واللہ اعلم** اور جاننا چاہئے کہ قرآن وحدیث میں یہ دعویٰ نہیں کہ بدوں اس سبب کے شہاب نہیں پیدا ہوتا بلکہ دعویٰ یہ ہے کہ استراق کے وقت شہاب سے شیاطین کو رجم کیا جاتا ہے پس ممکن ہے کہ شہاب کبھی محض طبعی طور پر ہوتا ہو اور کبھی اس غرض کے لئے ہوتا ہو اور اس میں کواکب کو یہ دخل ہو کہ سخونت کواکب سے خود مادۂ شیاطین میں یا مادۂ بخارات میں بواسطہ فعل ملائکہ کے نار پیدا ہو جاتی ہو جس سے شیاطین کو ہلاکت یا فساد عقل کا صدمہ پہنچتا ہو اس تقریر پر بفضلہٖ تعالیٰ اس بحث میں نہ کوئی اشکال عقلی رہا نہ نقلی جیسا ماہرانِ علوم وفنون پر مخفی نہیں اور ہواؤں کو جو فرمایا کہ بادلوں کو پانی سے بھر دیتی ہے یہ اس اعتبار سے فرمایا کہ جو بخارات مادہ سے سحاب کا اس کو ہوا طبقۂ زمہریر میں پہنچاتی ہے جہاں اس میں مائیت پیدا ہوتی ہے پس ہوا سبب ہو گئی سحاب میں مائیت پیدا ہونے کا اور اس کے ساتھ جو فرمایا: **فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً** اس کی یہ توجیہ ہو سکتی ہے کہ کچھ پانی وہاں پیدا ہو چکا تھا پھر حسب عادت الٰہیہ آسمان سے بھی اس میں پانی امداد کے واسطے احیاناً یا دواماً بھیج دیا جاتا ہو اس تقریر میں یہ آیتیں مشاہدات وتجربات کے اصلاً مخالف نہ رہیں خوب سمجھ لو: **وللہ الحمد علی ما الھمنی ربی وافھمنی واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم** اور شہاب ثاقب دن کو بھی ہوتا ہے لیکن بوجہ ضوء شمس کے نظر نہیں آتا۔ پس یہ وسوسہ نہ رہا کہ کیا شیاطین رات ہی کو استراق کرتے ہیں۔

ربط: اوپر توحید کا پیرایۂ انعام میں ذکر تھا اس کے قبل کفار کے نکال ووبال کا ذکر تھا۔ آگے قصۂ آدم علیہ السلام میں خالق ہونے کے ضمن میں توحید اور انعام ظاہری اور امر بالسجود میں انعام باطنی اور نافرمانی وبدانجامی ابلیس کے ضمن میں منکرین کا نکال ووبال مذکور ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: **وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ** الخ اس میں اشارہ ہے حقائق توکل وقطع اسباب واعراض عن الالتفات الی الاغیار کی طرف کذا فی الروح ملخصاً ۱۲۔

ملحقات الترجمہ: ۱؎ **قولہ فی السمع** کوئی بات **اشارة الی ان السمع بمعنی المسموع** ۱۲۔ ۲؎ **قولہ فی موزون** معین مقدار **کما فی الروح فھو مجاز مستعمل فی لازم معناہ او کنایة** ۱۲۔ ۳؎ **قولہ فی من لستم** اور ان کو بھی معاش دی **اشارة الی التقدیر ھکذا واعشنا من لستم ای مما غیرکم لان المعنی اعشناکم** ۱۲۔ ۴؎ **قولہ فی وان من شیء** از قبیل معاش **القرینة علی التخصیص السیاق والسباق من قولہ معایش واسقیناکموہ** ۱۲۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾ وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ

www.besturdubooks.net

فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿٢٩﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿٣٠﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ
مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿٣١﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿٣٢﴾ قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ
خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿٣٣﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿٣٤﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ
اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿٣٥﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿٣٦﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿٣٧﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ
الْمَعْلُوْمِ ﴿٣٨﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٣٩﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ
الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٤٠﴾ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ﴿٤١﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ
ع ٣ ١٩ الْغٰوِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٤٣﴾ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿٤٤﴾

اور ہم نے انسان کو بجتی ہوئی مٹی سے جو کہ سڑے ہوئے گارے کی بنی تھی پیدا کیا اور جن کو اس سے قبل آگ سے کہ وہ ایک گرم ہوا تھی پیدا کر چکے تھے اور وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے جب آپ کے رب نے ملائکہ سے ارشاد فرمایا کہ میں ایک بشر کو بجتی ہوئی مٹی سے جو کہ سڑے ہوئے گارے کی بنی ہوگی پیدا کرنے والا ہوں سو میں جب اس کو پورا بنا چکوں اور اس میں اپنی (طرف سے) جان ڈال دوں تو تم سب اس کے روبرو سجدہ میں گر پڑنا سو سارے کے سارے فرشتوں نے آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا مگر ابلیس کہ اس نے اس بات کو قبول نہ کیا سجدہ نہ کرنے والوں کے ساتھ شامل ہو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے ابلیس تجھ کو کون امر باعث ہوا کہ تو سجدہ کرنے میں شامل نہ ہوا کہنے لگا کہ میں ایسا نہیں کہ بشر کو سجدہ کروں جس کو آپ نے بجتی ہوئی مٹی سے جو کہ سڑے ہوئے گارے کی بنی ہے پیدا کیا ہے۔ ارشاد ہوا کہ تو اچھا پھر آسمان سے نکل کیونکہ بے شک تو مردود ہو گیا اور بے شک تجھ پر (میری) لعنت رہے گی قیامت کے دن تک کہنے لگا تو پھر مجھ کو (مرنے سے) مہلت دیجئے قیامت کے دن تک ارشاد ہوا تو (جا) تجھ کو معین وقت کی تاریخ تک مہلت دی گئی۔ کہنے لگا اے میرے رب بسبب اس کے کہ آپ نے مجھے (بحکم تکوین) گمراہ کیا ہے میں قسم کھاتا ہوں کہ میں دنیا میں ان کی نظر میں معاصی کو مرغوب کر کے دکھاؤں گا اور ان سب کو گمراہ کروں گا بجز آپ کے ان بندوں کے جو ان میں منتخب کئے گئے ہیں ارشاد ہوا کہ (وہاں) یہ ایک سیدھا راستہ ہے جو مجھ تک پہنچتا ہے واقعی میرے ان بندوں پر تیرا ذرا بھی بس نہ چلے گا ہاں مگر جو گمراہ لوگوں میں تیری راہ پر چلنے لگے (تو چلے) اور جو لوگ تیری راہ پر چلیں گے ان سب سے جہنم کا وعدہ ہے جس کے سات دروازے ہیں ہر دروازہ (میں سے جانے) کے لئے ان لوگوں کے الگ الگ حصے ہیں۔ ۞

تفسیر: قصۂ آدم علیہ السلام مشتمل بر توحید و انعام و وخامت کفر ☆ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ (الی قولہ تعالی) لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ۝ اور ہم نے انسان کو (یعنی اس نوع کی اصل اول یعنی آدم علیہ السلام کو) بجتی ہوئی مٹی سے جو کہ سڑے ہوئے گارے کی بنی تھی پیدا کیا (یعنی اول گارے کو خوب خمیر کیا کہ اس میں بو آنے لگی پھر وہ خشک ہو گیا کہ وہ خشک ہونے سے کھن کھن بولنے لگا جیسا مٹی کا برتن چٹکی مارنے سے بجا کرتا ہے پھر اس خشک گارے سے آدم کا پتلا بنایا کہ زیادہ دال علی القدرت ہے) اور جن کو (یعنی اس نوع کی اصل ابوالجان کو) اس کے قبل (یعنی آدم علیہ السلام کے قبل) آگ سے کہ وہ (غایت لطافت کی وجہ سے ایک گرم ہوا تھی پیدا کر چکے تھے (مطلب یہ کہ چونکہ اس آگ میں اجزاء دخانیہ نہ تھے اس لئے وہ مثل ہوا کے نظر نہ آتی کیونکہ آگ کا نظر آنا اجزائے کثیفہ کے اختلاط سے ہے اس کو دوسری آیت میں اس طرح فرمایا ہے: وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ [الرحمٰن: ١٥]) اور وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے جب آپ کے رب نے ملائکہ سے (ارشاد) فرمایا کہ میں ایک بشر کو (یعنی اس کے پتلے کو) بجتی ہوئی مٹی سے جو کہ سڑے ہوئے گارے کی بنی ہوگی پیدا کرنے والا ہوں سو میں جب اس کو (یعنی اس کے اعضائے جسمانیہ کو) پورا بنا چکوں اور اس میں اپنی (طرف سے) جان ڈال دوں تو تم سب اس کے روبرو سجدہ میں گر پڑنا سو (جب اللہ تعالیٰ نے اس کو بنا لیا تو) سارے کے سارے فرشتوں نے (آدم علیہ السلام کو) سجدہ کیا مگر ابلیس نے کہ اس نے اس بات کو قبول نہ کیا کہ سجدہ کرنے والوں کے ساتھ شامل ہو (یعنی سجدہ نہ کیا) اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے ابلیس تجھ کو کونسا امر باعث ہوا کہ تو سجدہ کرنے والوں میں شامل نہ ہوا کہنے لگا کہ میں ایسا نہیں کہ بشر کو سجدہ کروں جس کو آپ نے بجتی ہوئی مٹی سے جو کہ سڑے ہوئے گارے کی بنی ہے پیدا کیا ہے (یعنی ایسے حقیر و ذلیل مادہ سے بنایا گیا ہے کیونکہ میں نورانی مادۂ آتش سے پیدا ہوا ہوں تو نورانی ہو کر ظلمانی کو کیسے سجدہ کروں) ارشاد ہوا تو (اچھا پھر) آسمان سے نکل کیونکہ بیشک تو (اس حرکت سے) مردود ہو گیا اور (بیشک تجھ پر (میری) لعنت قیامت تک رہے گی (جیسا دوسری آیت میں ہے عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ [صٓ: ٧٨] یعنی

www.besturdubooks.net

قیامت تک تو میری رحمت سے بعید رہے گا مقبول و مرحوم و موفق للتو بہ نہ ہوگا اور ظاہر ہے کہ قیامت تک جو محل رحمت نہ ہو تو پھر قیامت میں تو مرحوم ہونے کا احتمال ہی نہیں پس جس وقت تک احتمال تھا اس کی نفی کر دی اور اس سے یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ اس میں تو مہلت مانگنے سے پہلے ہی مہلت دینے کا وعدہ ہو گیا بات یہ ہے کہ مقصود قیامت تک عمر دینا نہیں ہے کہ یہ شبہ ہو بلکہ مطلب یہ ہے کہ حیات دنیویہ میں تو ملعون ہے گو وہ قیامت تک ممتد کیوں نہ ہو) کہنے لگا (کہ اگر مجھ کو آدم علیہ السلام کی وجہ سے مردود کیا ہے) تو پھر مجھ کو (مرنے سے) مہلت دیجئے قیامت کے دن تک (تا کہ ان سے اور ان کی اولاد سے خوب بدلہ لوں) ارشاد ہوا (جب تو مہلت مانگتا ہے) تو (جا) تجھ کو معین وقت کی تاریخ تک مہلت دی گئی کہنے لگا کہ اے میرے رب بسبب اس کے آپ نے مجھ کو (بحکم تکوین) گمراہ کیا ہے میں قسم کھاتا ہوں کہ میں دنیا میں ان کی (یعنی آدم علیہ السلام اور اولاد آدم کے) نظر میں معاصی کو مرغوب کر کے دکھلاؤں گا اور ان سب کو گمراہ کروں گا بجز آپ کے ان بندوں کے جو ان میں منتخب کئے گئے ہیں (یعنی آپ نے ان کو میرے اثر سے محفوظ رکھا ہے) ارشاد ہوا کہ (ہاں) یہ (منتخب ہو جانا جس کا طریقہ اعمال صالحہ و اطاعت کاملہ ہے) ایک سیدھا راستہ ہے جو مجھ تک پہنچتا ہے (یعنی اس پر چل کر ہمارا مقرب ہو جاتا ہے) واقعی میرا ان (مذکور) بندوں پر تیرا ذرا بھی بس نہ چلے گا ہاں مگر جو گمراہ لوگوں میں سے تیری راہ پر چلنے لگے (تو چلے) اور (جو لوگ تیری راہ پر چلیں گے) ان سب سے جہنم کا وعدہ ہے جس کے سات دروازے ہیں ہر دروازہ (میں سے جانے) کے لئے ان لوگوں کے الگ الگ حصے ہیں (کہ کوئی کسی دروازہ سے جاوے گا کوئی کسی دروازہ سے) **ف**: اول کے جن کی پیدائش کا ذکر آیت میں ہے پھر ان میں بھی مثل انسان کے توالد و تناسل ہونے لگا اور غالب یہ ہے کہ نار سے پیدا کرنے کا مطلب یہ ہے کہ جزو غالب یہ نار ہے جیسا انسان میں سب عناصر ہیں مگر غالب تراب ہے اور اگر یہ شبہ ہو کہ جب اور عناصر مل گئے تو خالص نار کہاں جواب یہ ہے کہ اول خالص لی گئی ہو گو بعد مزاج دیگر عناصر کے خالص نہ رہی اور دلائل مختلفہ سے جنات کے متعلق یہ امور معلوم ہوتے ہیں آگ سے پیدا ہونا' توالد و تناسل ہونا عادۃً ان کا نظر نہ آنا مختلف اشکال میں ان کا متشکل ہو سکنا مگر جن اشکال میں متشکل ہونے سے التباس مضر دین ہوتا ہو اس پر بحکمت الٰہی قادر نہ ہونا اور جس میں التباس مضر دنیا ہوتا ہو اس پر کم قادر ہونا شیطان کا بھی از قسم جن ہونا یعنی جس جن میں شرارت ہو اس کو شیطان کہتے ہیں۔ اور روح اگر جسم لطیف ہو جیسا جمہور کا قول مشہور ہے تب تو نفخ کے معنی حقیقی ہیں اور اگر جوہر مجرد عن المادہ ہو تو نفخ مطلق تعلق کو مجازاً و استعارۃً کہہ دیا اور اللہ تعالیٰ کا یہ جواب : هٰذَا صِرَاطٌ الخ [الأنعام : ۱۵۴] یہ قول ابلیس کی تصدیق ہے کہ واقعی ایسا ہی ہوگا کہ مقتضا حکمت کا ہے مگر جواب میں جو ترتیب بدل گئی کہ اس کے قول میں غاوین کا ذکر مقدم تھا اور مخلصین کا مؤخر اور جواب میں برعکس اس میں یہ نکتہ ہے کہ جس کا اہتمام زیادہ ہوتا ہے اس کو مقدم کیا کرتے ہیں سو ابلیس کو تو اغواء کا اہتمام زیادہ ہوتا ہے اور حق تعالیٰ کو مخلصین کی حفاظت کا و اللہ اعلم اور لَهَا سَبْعَةُ أَبْوَابٍ میں کلام ہوا ہے بعض نے تو کہا ہے کہ سات طبقے ہیں مختلف العذاب جیسا جیسا استحقاق عذاب کا ہوگا ویسے ہی طبقہ میں دخول ہوگا۔ چونکہ ہر طبقہ کا دروازہ بھی علیحدہ ہوگا اسلئے سَبْعَةُ أَبْوَابٍ سے تعبیر فرما دیا اور بعض نے کہا ہے کہ سات دروازے ہی مراد ہیں اور مقصود بیان کرنا کثرت داخلین کا ہے کہ ایک دروازہ کافی نہ ہوگا تا کہ سننے سے ہول زائد ہو اور بعض الفاظ کی تفسیر اور ضروری مضامین متعلق مقام سورۂ بقرہ کے رکوع سوم اور سورۂ اعراف کے رکوع دوم میں گذر چکے ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِن رُّوحِي روح کی اپنی طرف اضافت فرمانا اس کی تشریف ہے اس لئے کہ وہ اسرار الٰہیہ میں سے ایک سر خفی ہے اسی لئے کہا گیا ہے: من عرف نفسه فقد عرف ربه ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَإِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ إِلَىٰ يَوْمِ الدِّينِ ۞ بعض نے جہل سے إِلَىٰ يَوْمِ الدِّينِ ۞ استدلال کیا ہے کہ اس کے بعد ملعون نہ رہے گا۔ جواب یہ ہے کہ مراد اس سے تابید ہے کیونکہ جب دار العمل ہی میں مقبول نہ ہوا تو دار الجزاء میں کیسے مقبول ہوگا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله** في روحی اپنی طرف سے اشارة الى توجيه الاضافة ۱۲۔ ۲ **قوله** قبل فسجد جب بنا لیا اشارة ان في الكلام ايجازا ۱۲۔ ۳ **قوله** قبل فانظرني اگر مجھ کو اشارة الى وجه ترتبه بالفاء ۱۲۔ ۴ **قوله** قبل فانك جب تو مہلت اشارة ايضا الى معنى الفاء ۱۲۔ ۵ **قوله** في ازينن معاصی اشارة الى تقدير المفعول ۱۲۔ ۶ **قوله** في علي مجھ تک اشارة الى ان على بمعنى الى فيتعلق بمستقيم ويجوز ان يكون و صفا لصراط كما في الاعراب ۱۲۔ ۷ **قوله** في عبادی ان مذکور اشارة الى كون الاضافة للعهد ۱۲۔ ۸ **قوله** في الا من اتبعك ہاں الی تو چلے اشارة الى كون الاستثناء منقطعاً ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: في مخلصين فتح اللام و كسرها ۱۲۔

اللغات: قوله صلصال طين يابس يصلصل اى يصوت وهو غير مطبوخ ۱۲۔ قوله حمأ الطين الاسود المنتن ۱۲۔ قوله مسنون منتن وصف به مبالغة ۱۲۔ قوله سموم ريح حار نارى تنفذ في المسام ۱۲۔

www.besturdubooks.net

النحو: قوله من حمأ بدل او صفة لصلصال ۱۲۔ قوله نار السموم فيه اضافة الموصوف الى الصفة اى نار هى كالسموم فى اللطافة ۱۲۔
قوله ما لك اى اى سبب لك فى ان لا تكون قوله من الغاوين بيان لمن اتبعك ۱۲۔

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿٤٥﴾ ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ آمِنِينَ ﴿٤٦﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَىٰ
سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ ﴿٤٧﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيهَا نَصَبٌ وَمَا هُمْ مِنْهَا بِمُخْرَجِينَ ﴿٤٨﴾ نَبِّئْ عِبَادِي أَنِّي أَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ﴿٤٩﴾
وَأَنَّ عَذَابِي هُوَ الْعَذَابُ الْأَلِيمُ ﴿٥٠﴾ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ ﴿٥١﴾ إِذْ دَخَلُوا عَلَيْهِ فَقَالُوا سَلَامًا قَالَ إِنَّا
مِنْكُمْ وَجِلُونَ ﴿٥٢﴾ قَالُوا لَا تَوْجَلْ إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ عَلِيمٍ ﴿٥٣﴾ قَالَ أَبَشَّرْتُمُونِي عَلَىٰ أَنْ مَسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ
تُبَشِّرُونَ ﴿٥٤﴾ قَالُوا بَشَّرْنَاكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِنَ الْقَانِطِينَ ﴿٥٥﴾ قَالَ وَمَنْ يَقْنَطُ مِنْ رَحْمَةِ رَبِّهِ إِلَّا الضَّالُّونَ ﴿٥٦﴾
قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ ﴿٥٧﴾ قَالُوا إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمٍ مُجْرِمِينَ ﴿٥٨﴾ إِلَّا آلَ لُوطٍ إِنَّا لَمُنَجُّوهُمْ
أَجْمَعِينَ ﴿٥٩﴾ إِلَّا امْرَأَتَهُ قَدَّرْنَا إِنَّهَا لَمِنَ الْغَابِرِينَ ﴿٦٠﴾

بے شک خدا سے ڈرنے والے (یعنی اہل ایمان) باغوں اور چشموں میں (بستے) ہوں گے تم ان میں سلامتی اور امن کے ساتھ داخل ہو اور ان کے دلوں میں جو کینہ تھا ہم وہ سب دور کردیں گے کہ سب بھائی بھائی کی طرح (الفت ومحبت سے) رہیں گے تختوں پر آمنے سامنے بیٹھا کریں گے وہاں ان کو ذرا بھی تکلیف نہ پہنچے گی اور نہ وہ وہاں سے نکالے جائیں گے (اے محمد) آپ میرے بندوں کو اطلاع دے دیجئے کہ میں بڑا مغفرت اور رحمت والا بھی ہوں اور نیز یہ کہ میری سزا دردناک سزا ہے اور آپ ان لوگوں کو ابراہیم علیہ السلام کے مہمانوں (کے قصے) کی بھی اطلاع دے دیجئے جبکہ وہ ان کے پاس آئے پھر (آکر) انہوں نے السلام علیکم کہا ابراہیم کہنے لگے کہ ہم تو تم سے خائف ہیں انہوں نے کہا کہ آپ خائف نہ ہوں ہم آپ کو ایک فرزند کی بشارت دیتے ہیں جو بڑا عالم ہوگا ابراہیم علیہ السلام کہنے لگے کیا تم مجھ کو اس حالت پر (فرزند کی) بشارت دیتے ہو کہ مجھ پر بڑھاپا آگیا ہے سو کس چیز کی بشارت دیتے ہو وہ (فرشتے) بولے کہ ہم آپ کو امر واقعی کی بشارت دیتے ہیں سو آپ ناامید نہ ہوں ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ بھلا اپنے رب کی رحمت سے کون ناامید ہوتا ہے بجز گمراہ لوگوں کے فرمانے لگے کہ تو (یہ بتلاؤ کہ) اب تم کو کیا مہم درپیش ہے اے فرشتو! فرشتوں نے کہا کہ ہم ایک مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں (مراد قوم لوط علیہ السلام ہے) مگر لوط علیہ السلام کا خاندان کہ ہم ان سب کو بچالیں گے بجز ان کی (یعنی لوط علیہ السلام کی) بی بی کے کہ ان کی نسبت ہم نے تجویز کررکھا ہے کہ وہ ضرور اسی مجرم قوم میں رہ جائے گی۔

تفسیر ربط: اوپر آیات کے آخر میں اہل نار کا ذکر تھا آگے اہل جنت کا ذکر ہے جیسا قرآن کی عادۃ مطردہ ہے۔

نعیم اہل جنان ☆ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ (الى قوله تعالى) وَمَا هُمْ مِنْهَا بِمُخْرَجِينَ بیشک خدا سے ڈرنے والے (یعنی اہل ایمان) باغوں اور چشموں میں (بستے) ہوں گے (خواہ اول ہی سے اگر معصیت نہ ہو یا عفو ہوگئی ہو اور خواہ بعد سزائے معصیت کے اور ان سے کہا جاوے گا کہ) تم ان (جنات وعیون) میں سلامتی اور امن کے ساتھ داخل ہو (یعنی اس وقت بھی ہر مکروہ سے سلامتی ہے اور آئندہ بھی کسی شر کا اندیشہ نہیں) اور (دنیا میں طبعی تقاضا سے) ان کے دلوں میں جو کینہ تھا ہم وہ سب (ان کے دلوں سے جنت میں داخل ہونے کے قبل ہی) دور کردیں گے کہ سب بھائی بھائی کی طرح (الفت ومحبت سے) رہیں گے تختوں پر آمنے سامنے بیٹھا کریں گے وہاں ان کو ذرا بھی تکلیف نہ پہنچے گی اور نہ وہ وہاں سے نکالے جاویں گے۔

ربط: اوپر اہل نار واہل جنت کے وعدہ ووعید کا ذکر تھا آگے اسی وعدہ ووعید کی تاکید کے لئے حق تعالیٰ اپنے لطف وقہر کا اجمالاً بیان فرماتے ہیں۔

تاکید وعدہ ووعید سابق ☆ نَبِّئْ عِبَادِي أَنِّي أَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ (الى قوله تعالى) وَأَنَّ عَذَابِي هُوَ الْعَذَابُ الْأَلِيمُ (اے محمد ﷺ) آپ میرے بندوں کو اطلاع دے دیجئے کہ میں بڑا مغفرت اور رحمت والا بھی ہوں اور (نیز) یہ کہ میری سزا (بھی) دردناک سزا ہے (تاکہ اس سے مطلع ہوکر ایمان اور تقویٰ کی رغبت اور کفر ومعصیت سے رہبت ہو)۔ ربط: اوپر اللہ تعالیٰ کی رحمت اور قہر فی الآخرۃ کا ذکر تھا آگے ایک رحمت وقہر فی الدنیا کا بطور تنظیر ونمونہ کے دو قصوں کے ضمن میں ذکر ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کے لئے بشریٰ اور لوط علیہ السلام کے اور ان کے متبعین کے لئے بھی نجات یہ رحمت ہے اور قوم لوط کا اہلاک یہ قہر ہے۔

www.besturdubooks.net

قصہ ابراہیم علیہ السلام ولوط علیہ السلام بطور رحمت وقہر ☆ وَ نَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ۝ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ (الی قولہ تعالی) اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝ اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ ان (لوگوں) کو ابراہیم (علیہ السلام) کے مہمانوں (کے قصہ) کی بھی اطلاع دیجئے (وہ قصہ اس وقت واقع ہوا تھا) جب کہ وہ (مہمان جو کہ واقع میں فرشتے تھے) ان کے (یعنی ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئے پھر (آ کر) انہوں نے السلام علیکم کہا (ابراہیم علیہ السلام ان کو مہمان سمجھ کر فوراً ان کے لئے کھانا تیار کر کے لائے مگر چونکہ وہ فرشتے تھے انہوں نے کھایا نہیں تب) ابراہیم (علیہ السلام) دل میں ڈرے کہ یہ لوگ کھانا کیوں نہیں کھاتے کیونکہ وہ فرشتے بشکل بشر تھے ان کو بشر ہی سمجھا اور کھانا نہ کھانے سے شبہ ہوا کہ یہ لوگ کہیں مخالف نہ ہوں اور) کہنے لگے کہ ہم تو تم سے خائف ہیں انہوں نے کہا کہ آپ خائف نہ ہوں کیونکہ ہم (فرشتے ہیں منجانب اللہ ایک بشارت لے کر آئے ہیں اور) آپ کو ایک فرزند کی بشارت دیتے ہیں جو بڑا عالم ہوگا (مطلب یہ کہ نبی ہوگا کیونکہ آدمیوں میں سب سے زیادہ علم انبیاء علیہم السلام کو ہوتا ہے مراد اس فرزند سے اسحاق علیہ السلام ہیں) ابراہیم (علیہ السلام) کہنے لگے کہ کیا تم مجھ کو اس حالت پر (فرزند کی) بشارت دیتے ہو کہ مجھ پر بڑھاپا آ گیا سو (ایسی حالت میں مجھ کو) کس چیز کی بشارت دیتے ہو (مطلب یہ کہ یہ امر فی نفسہ عجیب ہے نہ یہ کہ قدرت سے بعید ہے) وہ (فرشتے) بولے کہ ہم آپ کو امر واقعی کی بشارت دیتے ہیں (یعنی تولد فرزند یقیناً واقع ہونے والا ہے) سو آپ ناامید نہ ہوں (یعنی اپنے بڑھاپے پر نظر نہ کیجئے کہ ایسے اسباب عادیہ پر نظر کرنے سے وساوس ناامیدی کے غالب ہوتے ہیں) ابراہیم (علیہ السلام) نے فرمایا کہ بھلا اپنے رب کی رحمت سے کون ناامید ہوتا ہے بجز گمراہ لوگوں کے (یعنی میں نبی ہو کر گمراہوں کی صفت سے کب موصوف ہو سکتا ہوں محض مقصود اس امر کا عجیب ہونا ہے باقی اللہ کا وعدہ سچا اور مجھ کو امید سے بڑھ کر اس کا کامل یقین بعد اس کے فراست نبوۃ سے آپ کو معلوم ہوا کہ ان ملائکہ کے آنے سے علاوہ بشارت کے اور بھی کوئی مہم عظیم مقصود ہے اس لئے) فرمانے لگے کہ (جب قرائن سے مجھ کو یہ معلوم ہو گیا کہ تمہارے آنے کا کچھ اور بھی مقصود ہے) تو (یہ بتلاؤ کہ) اب تم کو کیا مہم درپیش ہے اے فرشتو! فرشتوں نے کہا کہ ہم ایک مجرم قوم کی طرف (ان کو سزا دینے کے لئے) بھیجے گئے ہیں (مراد قوم لوط ہے) مگر لوط (علیہ السلام) کا خاندان کہ ہم ان سب کو (عذاب سے) بچالیں گے (یعنی ان کو بچنے کا طریقہ بتلا دیں گے کہ ان مجرموں سے علیحدہ ہو جاویں) بجز ان کی (لوط علیہ السلام کی) بی بی کے کہ اس کی نسبت ہم نے تجویز کر رکھا ہے کہ وہ ضرور اسی قوم مجرم میں رہ جاوے گی (اور ان کے ساتھ عذاب میں مبتلا ہوگی)۔ **ف**: فرشتوں کو جو اللہ تعالیٰ نے مہمان کے عنوان سے تعبیر فرمایا تو اس وجہ سے کہ بشکل آدمیوں کے تھے جو ابراہیم علیہ السلام کو مہمان معلوم ہوئے اور دوسری آیتوں میں اسحاق علیہ السلام کی بشارت کے ساتھ یعقوب علیہ السلام کی بھی بشارت مذکور ہے یہاں ان ہی آیتوں کی وجہ سے بیان میں اکتفا فرمایا اور قدرنا میں فرشتوں نے اپنی طرف مجازاً نسبت کی حالانکہ وہ فعل اللہ تعالیٰ کا تھا وجہ اس کی قرب واختصاص ملائکہ کا ہے اور سورۂ ہود میں نصف پارے کے قریب یہ قصہ آ چکا ہے کچھ ضروری مضامین اس کے متعلق وہاں بھی مذکور ہیں دیکھ لئے جاویں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: نَبِّئْ عِبَادِيْٓ الخ اس میں طریق ارشاد کی تعلیم ہے کہ اسی طرح خوف ورجاء سے تربیت کرنا چاہئے کیونکہ رجاء محض سے تعطل وخوف محض سے قنوط محتمل ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ: قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ الخ وجہ اس سوال کی یہ تھی کہ معمولی وسرسری کام کیلئے مجمع کو نہیں بھیجا جاتا اور حق تعالیٰ بندوں کے ساتھ ان ہی کی عادات کے موافق معاملہ فرماتے ہیں۔ اس رعایت سے یہ بھی مستنبط ہوا کہ ہر کام میں انتظام مناسب امر مستحسن ہے اور یہ اہل اللہ کی عادات طبعیہ سے ہو جاتا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى متقابلين بیٹھا کریں گے اشارة الى كون التقابل احيانا اذا تنادموا لا كل حين لان منزل كل واحد منهم عليحدة فلذا ترجم بقوله بیٹھے ہوں گے ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قوله تبشرون فى الروح قرأ ابن كثير بكسر النون مشددة بدون ياء على ادغام نون الجمع فى نون الوقاية والاكتفاء بالكسرة عن الياء وقرأ نافع بكسر النون مخففة وفيه حذف نون الرفع كما هو مذهب سيبويه استقالا لاجتماع المثلين ودلالة بابقاء نون الوقاية على الياء آه۔

اللغات: قوله على ان بمعنى مع قوله بالحق بالامر المحقق قوله فبم اصله فبما اى باى شئ وان المراد ان البشارة بما لا يقع عادة بشارة بغير شئ كذا فى الروح ۱۲۔

النحو: قوله اذ دخلوا ظرف لخبر مضاف الى ضيف اى خبر ضيف ابراهيم حين دخولهم عليه۔

البلاغۃ: قوله انا الغفور الرحيم وان عذابى الخ فى توصيف ذاته تعالىٰ بالمغفرة والرحمة دون التعذيب حيث لم يقل وانا المعذب ترجيح بجانب الوعد على الوعيد ۱۲ منه عم فيضه۔

www.besturdubooks.net

فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوۡطِ ۣالۡمُرۡسَلُوۡنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ اِنَّكُمۡ قَوۡمٌ مُّنۡكَرُوۡنَ ﴿۶۲﴾ قَالُوۡا بَلۡ جِئۡنٰكَ بِمَا كَانُوۡا فِيۡهِ يَمۡتَرُوۡنَ ﴿۶۳﴾
وَاَتَيۡنٰكَ بِالۡحَـقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوۡنَ ﴿۶۴﴾ فَاَسۡرِ بِاَهۡلِكَ بِقِطۡعٍ مِّنَ الَّيۡلِ وَاتَّبِعۡ اَدۡبَارَهُمۡ وَلَا يَلۡتَفِتۡ مِنۡكُمۡ
اَحَدٌ وَّامۡضُوۡا حَيۡثُ تُؤۡمَرُوۡنَ ﴿۶۵﴾ وَقَضَيۡنَاۤ اِلَيۡهِ ذٰلِكَ الۡاَمۡرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَاۤءِ مَقۡطُوۡعٌ مُّصۡبِحِيۡنَ ﴿۶۶﴾
وَجَآءَ اَهۡلُ الۡمَدِيۡنَةِ يَسۡتَبۡشِرُوۡنَ ﴿۶۷﴾ قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَاۤءِ ضَيۡفِىۡ فَلَا تَفۡضَحُوۡنِ ۙ ﴿۶۸﴾ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا
تُخۡزُوۡنِ ﴿۶۹﴾ قَالُوۡۤا اَوَلَمۡ نَـنۡهَكَ عَنِ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ هٰٓؤُلَاۤءِ بَنٰتِىۡۤ اِنۡ كُنۡتُمۡ فٰعِلِيۡنَ ؕ ﴿۷۱﴾ لَعَمۡرُكَ
اِنَّهُمۡ لَفِىۡ سَكۡرَتِهِمۡ يَعۡمَهُوۡنَ ﴿۷۲﴾ فَاَخَذَتۡهُمُ الصَّيۡحَةُ مُشۡرِقِيۡنَ ۙ ﴿۷۳﴾ فَجَعَلۡنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمۡطَرۡنَا
عَلَيۡهِمۡ حِجَارَةً مِّنۡ سِجِّيۡلٍ ؕ ﴿۷۴﴾ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلۡمُتَوَسِّمِيۡنَ ﴿۷۵﴾ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيۡلٍ مُّقِيۡمٍ ﴿۷۶﴾ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ
لَاٰيَةً لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ؕ ﴿۷۷﴾

پھر جب وہ فرشتے خاندان لوط علیہ السلام کے پاس آئے کہنے لگے کہ تم تو اجنبی آدمی (معلوم ہوتے) ہوانہوں نے کہا نہیں بلکہ ہم آپ کے پاس وہ چیز لے کر آئے ہیں جس میں یہ لوگ شک کیا کرتے تھے اور ہم آپ کے پاس یقینی ہونے والی چیز لے کر آئے ہیں اور ہم بالکل سچے ہیں۔ سو آپ رات کے کسی حصہ میں اپنے گھر والوں کو لے کر (یہاں سے) چلے جایئے اور آپ سب کے پیچھے ہو لیجئے اور تم میں سے کوئی پیچھے پھر کر بھی نہ دیکھے اور جس جگہ (جانے کا) تم کو حکم ہوا ہے اس طرف سب چلے جانا اور ہم نے لوط علیہ السلام کے پاس یہ حکم بھیجا کہ صبح ہوتے ہی ان کی بالکل جڑ ہی کٹ جائے گی (یعنی بالکل ہلاک ہو جائیں گے) اور شہر کے لوگ خوب خوشیاں کرتے ہوئے پہنچے لوط علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ لوگ میرے مہمان ہیں سو مجھ کو فضیحت مت کرو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور مجھ کو رسوا مت کرو وہ کہنے لگے کہ کیا ہم آپ کو دنیا بھر کے لوگوں سے منع نہیں کر چکے لوط علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ میری (بہو) بیٹیاں موجود ہیں اگر تم میرا کہنا کرو آپ کی جان کی قسم وہ اپنی مستی میں مدہوش تھے۔ پس سورج نکلتے نکلتے ان کو آواز سخت نے آدبایا ﴿۵﴾ پھر ہم نے ان بستیوں کا اوپر کا تختہ تو نیچے کر دیا اور ان لوگوں پر کنکر کے پتھر برسانا شروع کر دیئے اس واقعہ میں کئی نشانیاں ہیں اہل بصیرت کے لئے اور یہ بستیاں ایک آباد سڑک پر ملتی ہیں ان بستیوں میں اہل ایمان کے لئے بڑی عبرت ہے۔

تفسیر ربط: اوپر کے قصہ کا آگے بقیہ ہے۔

اہلاکِ مجرمین وانجائے مومنین از قوم لوط علیہ السلام ☆ فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوۡطِ ۣالۡمُرۡسَلُوۡنَ ﴿۶۱﴾ (الی قولہ تعالٰی) اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۷۷﴾ پھر جب وہ فرشتے خاندان لوط (علیہ السلام) کے پاس آئے (تو چونکہ بشکل بشر تھے اس لئے) کہنے لگے تم تو اجنبی آدمی (معلوم ہوتے) ہو (دیکھئے شہر والے تمہارے ساتھ کیا سلوک کرتے ہیں کیونکہ یہ اجنبی لوگوں کو پریشان کیا کرتے ہیں) انہوں نے کہا نہیں (ہم آدمی نہیں) بلکہ فرشتے ہیں) آپ کے پاس وہ چیز (یعنی وہ عذاب) لے کر آئے ہیں جس میں یہ لوگ شک کیا کرتے تھے اور ہم آپ کے پاس یقینی ہونے والی چیز (یعنی عذاب) لے کر آئے ہیں اور ہم (اس خبر دینے میں) بالکل سچے ہیں سو آپ رات کے کسی حصہ میں اپنے گھر والوں کو لے کر (یہاں سے) چلے جایئے اور آپ سب کے پیچھے ہو لیجئے (تا کہ کوئی رہ نہ جاوے لوٹ نہ جاوے اور آپ کی ہیبت سے کوئی التفات نہ کرے جس کی ممانعت آتی ہے) اور تم میں سے کوئی پیچھا پھر کر بھی نہ دیکھے (یعنی سب جلدی چلے جاویں) اور جس جگہ (جانے) کا تم کو حکم ہوا ہے (یعنی شام کذا فی الدر عن السدی) اس طرف سب چلے جانا (آگے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے) اور ہم نے (ان فرشتوں کے واسطہ سے) لوط (علیہ السلام) کے پاس یہ حکم بھیجا کہ صبح ہوتے بالکل ان کی جڑ ہی کٹ جاوے گی (یعنی بالکل ہلاک ہو جاویں گے یہ فرشتوں کی گفتگو جو مذکور ہوئی وقوع میں مؤخر ہے اہتمام مقصود کے لئے کہ انجاء واہلاک کی خبر دینا ہے ذکر میں مقدم فرما دیا اور آگے جو قصہ آتا ہے وہ وقوع میں مقدم ہے تتمیم کے لئے اس کو بیان فرماتے ہیں یعنی) اور شہر کے لوگ (یہ خبر سن کر کہ لوط علیہ السلام کے یہاں حسین حسین لڑکے آئے ہیں) خوب خوشیاں کرتے ہوئے (لوط علیہ السلام کے گھر بہ نیت فاسد) پہنچے لوط (علیہ السلام) نے (جو کہ اب تک وہ بھی ان کو آدمی ہی سمجھتے تھے ان کی بدنیتی کی وجہ سے) فرمایا کہ یہ لوگ میرے مہمان ہیں سو (ان کو دق کر کے) مجھ کو (عام لوگوں میں) فضیحت مت کرو (کیونکہ مہمان کی اہانت میزبان کی اہانت ہے سو اگر ان مسافروں کا خیال نہیں کرتے

www.besturdubooks.net

تو میرا تو خیال کرو کہ تمہاری بستی کا ہوں)اور (خود اس فعل ناجائز کے بارے میں بھی) اللہ سے ڈرو اور مجھ کو (ان مہمانوں کی نظر میں) رسوا مت کرو (یوں سمجھیں گے کہ اہل شہران کی کچھ وقعت نہیں کرتے) وہ کہنے لگے (کہ یہ فضیحتی ہماری طرف سے نہیں آپ نے خود اپنے ہاتھوں خریدی ہے کہ ان کو مہمان بنایا) کیا ہم آپ کو دنیا بھر کے لوگوں (کو مہمان بنانے) سے (بارہا) منع نہیں کر چکے (نہ مہمان بناتے نہ اس رسوائی کی نوبت آتی) لوط (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (آخر اس بیہودہ حرکت کی ضرورت ہی کیا ہے جس کی وجہ سے مہمانداری سے بھی ممانعت کی جاتی ہے قضائے شہوت کے لئے) یہ میری (بہو) بیٹیاں (جو تمہارے گھروں میں ہیں) موجود ہیں اگر تم میرا کہنا کرو (تو یہ عورتیں کافی ہیں مگر وہ کس کی سنتے تھے) آپ کی جان کی قسم وہ اپنی مستی میں مدہوش تھے پس سورج نکلتے نکلتے ان کو آواز سخت نے آدبایا پھر (صیحہ کے بعد) ہم نے ان بستیوں (کی زمین کو الٹ کر ان) کا اوپر کا تختہ تو نیچے کر دیا (اور نیچے کا اوپر کر دیا) اور ان لوگوں پر کنکر کے پتھر برسانا شروع کئے اس واقعہ میں کئی (مضمونوں کے) نشان ہیں اہل بصیرت کے لئے (مثلاً ایک یہ کہ فعل بد کا نتیجہ بد ہوتا ہے ایک یہ کہ ایمان واطاعت سے نجات ہوتی ہے ایک یہ کہ اللہ کو بڑی قدرت ہے کہ اسباب طبعیہ کے خلاف جو چاہے کر دے وغیر ذلك) اور یہ بستیاں ایک آباد سڑک پر ملتی ہیں (یعنی عرب سے شام کو جاتے ہوئے ان کے آثار معلوم ہوتے ہیں) ان بستیوں میں (بحالت کذائیہ) اہل ایمان کے لئے بڑی عبرت ہے (کہ ان کو دیکھ کر ان مضامین کا استحضار کر لیتا ہے اور جو مؤمن نہیں ہے وہ اس کو اسباب طبعیہ یا بخت واتفاق پر محمول کرتا ہے نہ خدا کو قادر سمجھتا ہے نہ گناہوں کو اس کی سزا سمجھتا ہے) **ف** : یہ قصہ سورۂ ہود کے نصف پارہ پر بھی گذر چکا ہے بعض ضروری مضامین متعلقہ اس کے وہاں دیکھ لئے جاویں اور مصبحین اور مشرقین کا اجتماع یا تو اس اعتبار سے ہے کہ صبح سے ابتدا ہوئی اور اشراق تک خاتمہ ہو گیا ہو یا صبح کو مفہوم عام لے لیا جاوے اشراق کو بھی دوسری آیت میں بکرۃ کا لفظ ہے جس کے معنی اول نہار ہیں اگر نہار عرفی لیا جاوے تو مشرقین کا مرادف ہے اور اگر شرعی لیا جوے تو مصبحین کا مقارب ہے اور اللہ تعالیٰ نے جو جا بجا مخلوقات کی قسم کھائی ہے ان چیزوں کا عظیم ہونا باعتبار کثیر النفع یا دال علی القدرت ہونے کے ظاہر کرنا مقصود ہے اور مکلفین کو اس سے ممانعت فرمانا اس لئے ہے کہ کہیں قسم کھانے والا اس چیز کو ایسا معظم نہ سمجھ جاوے جیسا حق تعالیٰ کو معظم سمجھتا ہے کیونکہ بعض سے اس کا وقوع ہو چکا ہے اور اللہ تعالیٰ میں یہ احتمال ہی نہیں کہ وہ کسی مخلوق کو معظم سمجھیں کیونکہ سب سے اعظم وہ خود ہیں یا یوں کہا جاوے کہ ان اشیاء کی قسم باعتبار ان کی ذات کے نہیں بلکہ اس اعتبار سے ہے کہ یہ اشیاء دال علی القدرۃ ہیں پس مقصود ان کی قسم سے قسم ہے قدرت الٰہیہ کی اور صفات الٰہیہ کا مقسم بہ ہونا مثل ذات کے محل اشکال نہیں اور عام قسم کھانے والے اس لحاظ سے قسم نہیں کھاتے پھر ان کے ذمہ ایہام سے بچنا بھی واجب کیا گیا ہے۔

ربط : اوپر قوم لوط علیہ السلام کے عذاب کا ذکر تھا آگے اصحاب ایکہ اور اصحاب حجر کے عذاب کا ذکر ہے کہ مقصود سب کا مشترک ہے کہ قہر فی الدنیا کا ذکر کرنا بطور نمونہ قہر فی الآخرۃ کے مقصود ہے و نیز ان عذاب کے قصوں میں احقاق مسئلہ رسالت پر بھی دال ہے جیسا کہ ظاہر ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ : وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اس سے معلوم ہوا کہ آثار غضب اور مغضوبین کی طرف تفریح کر طور پر بھی نہ دیکھے اور اس میں لہو و منکر کفری یا بدعی کے مجمع بھی داخل ہو گئے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ الخ حدیث ترمذی میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا : اتقوا فراسة المؤمن فانه ينظر بنور الله اور پھر یہ آیت تلاوت فرمائی تو اس بناء پر یہ آیت اصل ہے فراست کی اور اس میں ادراک عقلی وکشفی وغیرہ سب آ گیا اور اس سے ان سب طرق کی قطعیت لازم نہیں آتی جیسا اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ یا يَعْقِلُوْنَ سے مطلقاً عقل وفکر کی قطعیت لازم نہیں آتی مقصود صرف یہ بتلانا ہے کہ یہ طرق نافع ہیں حدود شرعیہ کی رعایت سے ان سے کام لیا جاوے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ **قوله** قبل بل جنتك ہم آدمی نہیں دل عليه قوم لان القوم يختص بالرجال والرجل لا يكون الا من الثقلين لان الملك لا يوصف بالذكورة كما لا يوصف بالانوثة وبه اتضح معنى بل وهذا من المواهب ۱۲۔ ۲ **قوله** فى ذلك الامر یہ حکم الٰہی جاوے گی اشارة الى ان جملة دابر هؤلاء الخ تفسير لذلك الامر ۱۲۔ ۳ **قوله** فى لا تفضحون عام وفى لا تخزون مہمانوں اشارة الى دفع التكرار والقرينة على الثانى قوله لا تخزون فى ضيفى وعلى الاول ورده متقابلا۔ ۴ **قوله** فى كنتم فاعلين میرا کہنا لان المقدر كالملفوظ وقوله وفى ما بعد یہ عورتیں اشارة الى تقدير الجواب ۱۲۔ ۵ **قوله** فى عاليها بستیوں بدليل قوله تعالىٰ المؤتفكات ودل عليها ههنا المدنية لان ما عداها يتعلق بها ۱۲ منه عم فيضهٗ۔

اللغات : **قوله تعالىٰ** قضينا اوحينا مقضيا مثبتا ففى مضمن معنى اوحى ولذا عدى تعدية ۱۲۔ **قوله** مصبحين داخلين فى الصباح وهى ههنا تامة ۱۲۔ **قوله تعالىٰ** للمتوسمين التوسم التفعل من الوسم وهو العلامة التى يستدل بها على مطلوب وترجمته بالحاصل والفراسة الايمانية لما كانت نوعًا من البصيرة قرأها رسول الله صلى الله عليه وسلم مع ذكر الفراسته لا لان التوسم هذا مفسر

www.besturdubooks.net

بالفراسة فافهم۱۲۔ **قوله تعالٰى** مقيم ثابت لم يندرس وترجمته ايضا بالحاصل۱۲۔

النحو: قوله الا آل لوط استثناء منقطع كما هو ظاهر۱۲۔ منه عم فيضهٗ۔

البلاغة: **قوله** قال فما خطبكم في الروح توسيط قال بين كلاميه عليه السلام مشير الى ان هناك ما طوى ذكره او لما ان هناك انتقالا الى بحث آخر۱۲۔ **قوله** جئنك واتيناك نسبة المجئ بالعذاب اليه عليه السلام مع ان المجئ كان الى القوم لعله باعتبار مجيئهم بخبره اليه عليه السلام وهذا من المواهب۱۲۔ **قوله** آتينك بالحق فيه مبالغة وتاكيد لان فيه نفيا لامترائهم المذكور سابقا والامتراء على معناه لا يحتاج الى تاويله بالانكار لانهم كيف كان لهم ان يقولوا لا يقع الحادثة الفلانى۱۲۔ **قوله** قالوا بل جئنك بالحق فى الروح ولعل تقديم هذه المجادلة على ما جرى بينه وبين اهل المدينة من المجادلة للمسارعة الى ذكر بشارة لوط عليه السلام عقيب ذكر بشارة ابراهيم عليه السلام۔ قوله الآيات فى موضع وآية فى موضع آخر لان المشار اليه فى الاول القصة بتمامها وفيها ذكر عدة من العبر وفى الثانى القرى المهلكة ومشاهدتها انما تدل على شئ واحد وهو الهلاك واما ان الهلاك لاى شئ وقع فيحتاج الى سماع القصة وهو من المواهب۱۲۔

ع٥ وَإِن كَانَ أَصْحَٰبُ ٱلْأَيْكَةِ لَظَٰلِمِينَ ﴿٧٨﴾ فَٱنتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ مُّبِينٍ ﴿٧٩﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحَٰبُ ٱلْحِجْرِ
ٱلْمُرْسَلِينَ ﴿٨٠﴾ وَءَاتَيْنَٰهُمْ ءَايَٰتِنَا فَكَانُوا۟ عَنْهَا مُعْرِضِينَ ﴿٨١﴾ وَكَانُوا۟ يَنْحِتُونَ مِنَ ٱلْجِبَالِ بُيُوتًا ءَامِنِينَ ﴿٨٢﴾
فَأَخَذَتْهُمُ ٱلصَّيْحَةُ مُصْبِحِينَ ﴿٨٣﴾ فَمَآ أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا۟ يَكْسِبُونَ ﴿٨٤﴾ وَمَا خَلَقْنَا ٱلسَّمَٰوَٰتِ
وَٱلْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ إِلَّا بِٱلْحَقِّ ۗ وَإِنَّ ٱلسَّاعَةَ لَءَاتِيَةٌ ۖ فَٱصْفَحِ ٱلصَّفْحَ ٱلْجَمِيلَ ﴿٨٥﴾ إِنَّ
رَبَّكَ هُوَ ٱلْخَلَّٰقُ ٱلْعَلِيمُ ﴿٨٦﴾ وَلَقَدْ ءَاتَيْنَٰكَ سَبْعًا مِّنَ ٱلْمَثَانِى وَٱلْقُرْءَانَ ٱلْعَظِيمَ ﴿٨٧﴾ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ
مَا مَتَّعْنَا بِهِۦٓ أَزْوَٰجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَٱخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿٨٨﴾ وَقُلْ إِنِّىٓ أَنَا ٱلنَّذِيرُ
ٱلْمُبِينُ ﴿٨٩﴾ كَمَآ أَنزَلْنَا عَلَى ٱلْمُقْتَسِمِينَ ﴿٩٠﴾ ٱلَّذِينَ جَعَلُوا۟ ٱلْقُرْءَانَ عِضِينَ ﴿٩١﴾ فَوَرَبِّكَ
لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٩٢﴾ عَمَّا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ ﴿٩٣﴾ فَٱصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ ٱلْمُشْرِكِينَ ﴿٩٤﴾ ربع
إِنَّا كَفَيْنَٰكَ ٱلْمُسْتَهْزِءِينَ ﴿٩٥﴾ ٱلَّذِينَ يَجْعَلُونَ مَعَ ٱللَّهِ إِلَٰهًا ءَاخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿٩٦﴾ وَلَقَدْ
نَعْلَمُ أَنَّكَ يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ ﴿٩٧﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُن مِّنَ ٱلسَّٰجِدِينَ ﴿٩٨﴾
ع٦ وَٱعْبُدْ رَبَّكَ حَتَّىٰ يَأْتِيَكَ ٱلْيَقِينُ ﴿٩٩﴾

اور بن والے (یعنی شعیب علیہ السلام کی امت بھی) بڑے ظالم تھے سو ہم نے ان سے (بھی) بدلہ لیا اور دونوں (قوموں کی) بستیاں صاف سڑک پر واقع ہیں اور حجر والوں نے (بھی) پیغمبروں کو جھوٹا بتلایا اور ہم نے ان کو اپنی (طرف سے) نشانیاں دیں سو وہ لوگ ان سے روگردانی ہی کرتے رہے اور وہ لوگ پہاڑوں کو تراش تراش کران میں گھر بناتے تھے کہ امن میں رہیں سو ان کو صبح کے وقت آواز سخت نے آ پکڑا سو ان کے دنیوی ہنر ان کے کچھ بھی کام نہ آئے اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور ان کی درمیانی چیزوں کو بغیر مصلحت کے نہیں پیدا کیا اور ضرور قیامت آنے والی ہے سو آپ خوبی کے ساتھ درگزر کیجئے بلاشبہ آپ کا رب بڑا خالق بڑا عالم ہے اور ہم نے آپ کو سات آیتیں دیں جو (نماز میں) مکرر پڑھی جاتی ہیں اور قرآن عظیم دیا آپ اپنی آنکھ اٹھا کر بھی اس چیز کو نہ دیکھئے جو کہ ہم نے مختلف کافروں کو برتنے کے لئے دے رکھی ہے اور ان پر غم نہ کیجئے اور مسلمانوں پر شفقت رکھئے اور کہہ دیجئے کہ میں کھلم کھلا (تم کو عذاب خدا سے) ڈرانے والا ہوں جیسا کہ ہم نے وہ عذاب ان لوگوں پر نازل کیا ہے جنہوں نے حصے کر رکھے تھے یعنی آسمانی کتاب کے مختلف اجزاء قرار دیتے تھے سو آپ کے پروردگار کی قسم (یعنی اپنی) ہم ان سب سے ان کے اعمال کی ضرور باز پرس کریں گے۔ غرض

www.besturdubooks.net

آپ کو جس بات کا حکم کیا گیا ہے اس کو (تو) صاف صاف سنا دیجئے اور ان مشرکین کی پرواہ نہ کیجئے یہ لوگ جو ہنستے ہیں (اور) اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرا معبود قرار دیتے ہیں ان سے آپ کے لئے ہم کافی ہیں سو ان کو ابھی معلوم ہوا جاتا ہے اور واقعی ہم کو معلوم ہے کہ یہ لوگ جو باتیں کرتے ہیں اس سے آپ تنگ دل ہوتے ہیں سو (اس کا علاج یہ ہے کہ) آپ اپنے پروردگار کی تسبیح وتحمید کرتے رہئے اور نماز پڑھنے والوں میں رہئے اور آپ رب کی عبادت کرتے رہئے یہاں تک کہ آپ کو موت آجائے۔○

تفسیر: قصہ اصحاب ایکہ: ☆ وَ اِنۡ كَانَ اَصۡحٰبُ الۡاَيۡكَةِ لَظٰلِمِيۡنَۙ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۘ وَ اِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِیْنٍ ؕ

قصہ اصحاب حجر ☆ وَ لَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِیْنَ ۙ (الی قوله تعالی) فَمَاۤ اَغْنٰی عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ؕ اور بن والے (یعنی شعیب علیہ السلام کی امت بھی) بڑے ظالم تھے سو ہم نے ان سے (بھی) بدلہ لیا اور ان کو عذاب سے ہلاک کیا) اور دونوں (قوم کی) بستیاں صاف سڑک پر (واقع) ہیں (اور شام کو جاتے ہوئے راہ میں نظر آتی ہیں) اور حجر (بکسر حاء) والوں نے (بھی) پیغمبروں کو جھوٹا بتلایا (کیونکہ جب صالح علیہ السلام کو جھوٹا کہا اور سب پیغمبروں کا اصل دین ایک ہی ہے تو سب کو بھی جھوٹا بتلایا) اور ہم نے ان کو اپنی (طرف سے) نشانیاں دیں (جس سے اللہ تعالیٰ کی توحید اور حضرت صالح علیہ السلام کی نبوت ثابت ہوتی تھی مثلاً دلائل توحید اور ناقہ کہ معجزہ صالح علیہ السلام کا تھا) سو وہ لوگ ان (نشانیوں) سے روگردانی (ہی) کرتے رہے اور وہ لوگ پہاڑوں کو تراش تراش کر ان میں گھر بناتے تھے کہ (ان میں سب آفات سے) امن میں رہیں سو ان کو صبح کے وقت (خواہ اول ہی صبح میں یا دن چڑھے علی الاحتمالین) آواز سخت نے آ پکڑا سو ان کے (دنیوی) ہنر ان کے کچھ بھی کام نہ آئے (ان ہی مستحکم گھروں میں عذاب سے کام تمام ہوگیا اس آفت سے ان کے گھروں نے نہ بچالیا بلکہ اس آفت کا ان کو احتمال بھی نہ تھا اور اگر ہوتا بھی تو کیا کرتے)۔ ف: ایکہ کہتے ہیں بن کو بعض نے کہا ہے کہ مدین کے پاس ایک بن تھا اس لئے اہل مدین کا یہ بھی لقب ہے اور بعض نے کہا ہے کہ یہ دو قومیں تھیں ایک کے ہلاک ہونے کے بعد شعیب علیہ السلام دوسری قوم کی طرف مبعوث ہوئے۔ اور **روح المعانی** میں بہ تخریج ابن عساکر یہ حدیث مرفوع نقل کی ہے **ان مدین واصحاب الایکة امتان بعث الله تعالٰی الیهما شعیباً علیه السلام والله اعلم** اور حجر ایک وادی ہے حجاز اور شام کے درمیان اس میں قوم ثمود بستی تھی اور پارۂ ہشتم کے اخیر قصہ سوم میں **رجفه** اور **صیحه** کے اجتماع کی توجیہ ذکر کی گئی ہے اور قوم لوط کی بستیوں کا سر راہ واقع ہونا اوپر کی آیت میں آچکا ہے یہاں مکرر ذکر فرمانا شاید اس لئے ہو کہ منازل اہل ایکہ کے وقوع علی الطریق کو منازل قوم لوط کے وقوع علی الطریق سے تشبیہ دینا مقصود ہو یعنی اس کا وقوع علی الطریق تو اوپر معلوم ہو چکا ہے یہ بھی اسی طرح واقع علی الطریق ہے پس دونوں کے دونوں واقع علی الطریق ہیں اس تقریر پر حقیقی تکرار نہ ہوا اور ظاہری تکرار جو ہے سو اس سے اس مکرر کی تاکید مقصود نہ ہوئی۔ بلکہ اس متاخر کی تاکید اس کے ساتھ تشبیہ دینے سے مقصود ہوئی خوب سمجھ لو۔ ربط: اوپر شروع سورت میں کفار مکہ کے شدت عناد ومخالفت کا جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیان تھا بالخصوص آیت: وَقَالُوْا یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْ نُزِّلَ عَلَیْهِ الذِّكْرُ سے نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ؕ تک جیسا کہ اس کے ترجمہ سے ظاہر ہے اور اسی کے ساتھ اجمالاً آپ کی تسلی کا مضمون بھی ارشاد فرمایا تھا۔ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ سے سُنَّةُ الْاَوَّلِیْنَ۔ تک پھر درمیان میں اور مضامین مناسبت خاصہ سے مذکور ہوئے تھے اب آگے خاتمہ سورت پر اسی عناد ومخالفت کے بارے میں تفصیلاً مضمون آپ کی تسلی کا بابلغ وجوہ مذکور ہے جیسا تقریر ترجمہ سے ان شاء اللہ واضح ہوتا ہے۔

تسلیہ رسول اللہ ﷺ بابلغ وجوہ بر عنادِ کفار ☆ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ (الی قوله تعالی) وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰی یَاْتِیَكَ الْیَقِیْنُ ؕ اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ ان لوگوں کے عناد وخلاف سے غم نہ کیجئے کیونکہ اس کا ایک روز فیصلہ ہونے والا ہے اور وہ روز قیامت ہے جس کی آمد کے متعلق ہم آپ سے تذکرہ کرتے ہیں کہ) ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور ان کی درمیانی چیزوں کو بغیر مصلحت کے نہیں پیدا کیا (بلکہ اس مصلحت سے پیدا کیا کہ ان کو دیکھ کر صانع عالم کے وجود اور وحدت اور عظمت پر استدلال کر کے اس کے احکام کی اطاعت کریں اور بعد اقامت اس حجت کے جو ایسا نہ کرے وہ معذب ہو) اور (دنیا میں پورا عذاب ہوتا نہیں تو اور کہیں ہونا چاہئے اس کے لئے قیامت مقرر ہے پس) ضرور قیامت آنے والی ہے (وہاں سب کو بھگتایا جاوے گا) سو آپ (کچھ غم نہ کیجئے بلکہ) خوبی کے ساتھ (ان کی شرارتوں سے) درگذر کیجئے (درگذر کا مطلب یہ ہے کہ اس غم میں نہ پڑیئے اس کا خیال نہ کیجئے اور خوبی یہ کہ شکوہ شکایت بھی نہ کیجئے کیونکہ) بلاشبہ آپ کا رب (چونکہ) بڑا خالق (ہے اس سے ثابت ہوا کہ) بڑا عالم (بھی) ہے (سب کا حال اُس کو معلوم ہے آپ کے صبر کا بھی ان کی شرارت کا بھی اس لئے ان سے پورا پورا بدلہ لے لے گا اور خالق ہونے کا ذکر بطور استدلال کیا گیا کیونکہ خالق ہونا دلیل ہے عالم ہونے کی لقوله تعالٰی: اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ [الملك: ۱۴]) اور (آپ ان کے معاملہ کو نہ دیکھئے کہ موجب غم ہوتا ہے ہمارا معاملہ اپنے ساتھ دیکھئے کہ ہماری طرف سے آپ کے ساتھ کس قدر لطف وعنایت ہے چنانچہ) ہم نے آپ کو (ایک بڑی بھاری نعمت یعنی) سات آیتیں دیں جو (نماز میں) مکرر پڑھی جاتی ہیں اور (وہ) بوجہ جامع مضامین عظیمہ ہونے کے اس قابل ہے کہ اس کے دینے کو یوں کہا جائے کہ) قرآن عظیم دیا (مراد اس سے سورۂ فاتحہ ہے جو بوجہ عظیم ہونے کے ام

www.besturdubooks.net

القرآن سے ملقب ہے پس اس نعمت اور منعم کی طرف نگاہ رکھئے کہ موجب فرح وسرور ہو ان لوگوں کے عناد وخلاف کی طرف التفات نہ کیجئے اور) آپ اپنی آنکھ اُٹھا کر بھی اس چیز کو نہ دیکھئے (نہ تأسفانہ غیظاً) جو کہ ہم نے مختلف قسم کے کافروں کو (مثلاً یہود ونصاریٰ اور مجوس ومشرکین) برتنے کے لئے دے رکھی ہے (اور بہت جلد ان سے جدا ہو جاوے گی) اور ان (کی حالت کفر) پر (کچھ) غم نہ کیجئے (غیظاً نظر کرنا یہ کہ چونکہ وہ دشمن خدا ہیں اس لئے بوجہ بغض فی اللہ کے غصہ آوے کہ ایسی نعمتیں ان کے پاس نہ ہوتیں اس کے جواب کی طرف متعنا میں اشارہ ہے کہ یہ کوئی بڑی معتد بہ دولت نہیں کہ ان مبغوضین مغضوبین کے پاس نہ ہوتی متاع فانی ہے اور تاسفاً نظر یہ کہ افسوس یہ چیزیں ان کو ایمان سے مانع ہو رہی ہیں اگر یہ نہ ہوں تو غالباً ایمان لے آویں اس کا جواب **لا تحزن** میں ہے جس کی تفصیل یہ ہے کہ غایت عناد ان کی طینت میں ہے ان سے کسی طرح توقع نہیں اور حزن ہوتا ہے خلاف توقع پر جب توقع نہیں پھر حزن بے وجہ۔ اور حرصاً نظر کا احتمال ہی نہیں غرض یہ کہ آپ کسی طرح بھی ان کفار کے فکر وغم میں نہ پڑیئے) اور مسلمانوں پر شفقت رکھئے (یعنی فکر مصلحت اور شفقت کے لئے مسلمان کافی محل ہیں کہ ان کو اس سے نفع بھی ہے) اور (کافروں کے لئے چونکہ فکر مصلحت کا کوئی نتیجہ نہیں اس لئے ان کی طرف توجہ بھی نہ کیجئے البتہ تبلیغ کہ آپ کا فرض منصبی ہے اس کو ادا کرتے رہئے اور اتنا) کہہ دیجئے کہ میں کھلم کھلا (تم کو عذاب خدا سے) ڈرانے والا ہوں (اور خدا کی طرف سے تم کو یہ مضمون پہنچاتا ہوں کہ وہ عذاب جس سے ہمارا نبی ڈراتا ہے ہم تم پر کسی وقت ضرور نازل کریں گے) جیسا ہم نے (وہ عذاب) ان لوگوں پر (مختلف اوقات گذشتہ میں) نازل کیا ہے جنہوں نے (احکامِ الٰہی کے) حصے کر رکھے تھے یعنی آسمانی کتاب کے مختلف اجزاء قرار دیئے تھے (ان میں جو مرضی کے موافق ہوا مان لیا جو مرضی کے خلاف ہوا اس سے انکار کر دیا مراد اس سے یہود ونصاریٰ سابق ہیں جن پر مخالفت انبیاء علیہم السلام سے عذابوں کو ہونا مثل مسخ **قردة و خنازیر** وقتل وقید وذلت کے مشہور ومعروف تھا مطلب یہ کہ عذاب کا نازل ہونا کوئی امر مستبعد نہیں پہلے ہو چکا ہے اگر تم پر بھی ہو جاوے عجب کیا ہے خواہ دنیا میں خواہ آخرت میں اور جب ان مشبہ اور مشبہ بہ لوگوں کا مستحق عذاب ہونا تقریر بالا سے معلوم ہو گیا) سو (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو) آپ کے پروردگار کی (یعنی اپنی) قسم ہم ان سب (اگلوں اور پچھلوں) سے ان کے اعمال کی (قیامت کے روز) ضرور باز پرس کریں گے (پھر ہر ایک کو اس کے مناسب سزا دیں گے) غرض (حاصل کلام یہ کہ) آپ کو جس بات (کے پہنچانے) کا حکم کیا گیا ہے اس کو (تو) صاف صاف سنا دیجئے اور (اگر یہ نہ مانیں تو) ان مشرکوں (کے نہ ماننے) کی (مطلق) پرواہ نہ کیجئے (یعنی غم نہ کیجئے جیسا اوپر آیا ہے **لا تحزن** اور نہ طبعاً خوف کیجئے کہ یہ مخالف بہت سے ہیں کیونکہ) یہ لوگ جو (جو آپ کے اور خدا کے مخالف ہیں چنانچہ آپ پر تو) ہنستے ہیں (اور) اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرا معبود قرار دیتے ہیں ان (کے شر وایذاء) سے آپ (کو محفوظ رکھنے) کے لئے (اور ان سے بدلہ لینے کے لئے) ہم کافی ہیں سو ان کو ابھی معلوم ہوا جاتا ہے (کہ استہزاء اور شرک کا کیا انجام ہوتا ہے غرض جب ہم کافی ہیں پھر کاہے کا خوف) اور واقعی ہم کو معلوم ہے کہ یہ لوگ جو (کفر واستہزاء کی) باتیں کرتے ہیں اس سے آپ تنگ دل ہوتے ہیں (کہ طبعی بات ہے) سو (اس کا علاج یہ ہے کہ) آپ اپنے پروردگار کی تسبیح وتحمید کرتے رہئے اور نمازیں پڑھنے والوں میں رہئے اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہئے یہاں تک کہ (اسی حالت میں) آپ کو موت آ جاوے (یعنی مرتے دم تک ذکر وعبادت میں مشغول رہئے اس میں علاوہ مامور بہ اور ماجور علیہ ہونے کے یہ بھی خاصیت ہے کہ اس طرف شغل کو مقتصر کر دینے سے دوسرا شغل جو کہ موجب ضیق صدر تھا زائل یا مغلوب ہو جاتا ہے۔ **ف**: بعض مضامین تسلیہ سے مثل سزا وغیرہ کی خبر کے یوں معلوم ہوتا ہے کہ آپ ان کا سزایاب ہونا چاہتے تھے اس میں شاید کسی کو شائی شفقت کا شبہ ہو تو جواب یہ ہے کہ اپنے ساتھ کسی معاملہ کی وجہ سے یہ امر نہ تھا بلکہ چونکہ حق تعالیٰ کے ساتھ کفر وشرک کرتے تھے اس لئے بغض فی اللہ کا اثر یہ غضب مذکور تھا اور شفقت تو یہ ہے کہ آپ ان کی ہدایت میں ساعی تھے نہ یہ کہ باوجود کفر کے ان کی مغفرت کے طالب تھے اور آخر آیت کے آخر ترجمہ میں مقتصر کی قید اس لئے ظاہر کی کہ کسی کو یہ وسوسہ نہ ہو کہ جب ضیق صدر کا علاج مشغولی عبادت ہے تو آپ تو ہمیشہ سے مشغولِ عبادت تھے پھر ضیق کیسے واقع ہوا اب اس قید سے جواب ظاہر ہو گیا کہ مطلق مشغولی اس کا علاج نہیں ہے بلکہ اس کا مقتصر ہونا سو آپ کی مشغولی تو دائم تھی لیکن طبعاً یا قصداً کہ خیر خواہی کا قصد بھی عبادت ہے آپ ان کے حال پر بھی متوجہ ہوتے تھے اس لئے مقصوداً اقتصار کی تعلیم فرمائی گئی کہ خیر خواہی کی حد ختم ہو چکی تھی واللہ اعلم اور **كَمَآ اَنْزَلْنَا** الخ میں تفسیر مذکور پر صنعت التفات ہے اور ان کی کتاب کو قرآن کہنے میں یہ نکتہ ہو سکتا ہے کہ اس محمدی قرآن کے انکار میں آپ کو تسلی ہو جاوے کہ پہلے قرآن کا بھی انکار ہو چکا ہے اور بعض نے اس کو **اٰتینٰك** کے متعلق کہہ کر یہ معنی کہے ہیں کہ ہم نے آپ کو سبع مثانی اس طرح دی جیسا سابق اہل کتاب پر بواسطۂ انبیاء کے کتاب نازل کی تھی اور مقصود اس تشبیہ سے دفع استبعاد ہے نزول وحی میں اور علی الانبیاء شاید اس لئے نہ کہا ہو کہ اشارہ ہو جاوے کہ مقصود انزال کتب الٰہیہ سے مکلف بنانا ہوتا ہے امت کو پس آپ پر بھی نزول اسی لئے ہوا ہے اور دونوں توجیہوں پر اگر قرآن کے معنی اصطلاحی رکھے جاویں اور مقتسمین کی صفت **جعلوا** الخ کے ساتھ باعتبار ان کے بعض کے کہ زمانۂ نزول قرآن میں موجود تھے کہی جاوے تب بھی بعید نہیں۔

واللہ اعلم وقد تم تفسیر سورۃ الحجر لثلث عشرۃ مضت من جمادی الاخریٰ یوم الاحد ۱۳۲۴ھ ہجری وللہ الحمد۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ اس میں بعض اخلاق کی تعلیم ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ: لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اس میں حق تعالیٰ کی غیرت معلوم ہوتی ہے اغیار کی طرف نظر کرنے سے ۱۲ قولہ تعالیٰ: فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ الخ اس میں دلالت ہے کہ حق بات کو بہت صفائی سے کہنا چاہیے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَ لَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ الخ اس میں غم وضیق کا علاج بتلایا گیا ہے کہ ذکر وتوجہ الی الحق ہے قولہ تعالیٰ: وَاعْبُدْ رَبَّكَ الخ یقین کی تفسیر موت ہے تو اس میں ان لوگوں پر رد ہے جو کہتے ہیں کہ کوئی مرتبہ سلوک میں ایسا ہے جس میں تکالیف شرعیہ ساقط ہوجاتی ہیں اور یہ اعتقاد الحاد محض ہے ۱۲ سورۂ حجر تمام ہوئی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في بالحق مصلحت لان الحق مقابل للباطل وهو ما لا نفع فيه فالحق ماله نفع ۱۲۔ ۲؎ قوله اخفض شفقت هو ترجمة بالحاصل وتحقيقه في اللغات من هذه الحواشي ۱۲۔ ۳؎ قوله في القرآن آسمانی کتاب حملا للقرآن على معناه اللغوى اى المقر ولا الاصطلاحي الخاص بكتاب نبينا صلى الله عليه وسلم ۱۲۔ ۴؎ قوله في فسبح بحمد تسبیح وتحمید مبناه كون الباء للملابسة والفرق بينهما ان التسبيح نفي ما يجب نفيه والتحميد اثبات ما يجب اثباته ۱۲۔ ۵؎ قوله في الساجدين نمازیں عملا للسجدة على الصلوٰة اطلاقا للجزء على الكل مجازًا ۱۲۔

الروایات: السبع المثاني هي الفاتحة اخرجه البخارى وابو داؤد والترمذى ورفعوه والقرآن العظيم اخرج البخارى عن ابى سعيد بن المعلى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحمد لله رب العالمين هى السبع المثاني والقرآن العظيم الذى اوتيته قوله المقتسمين في الروح اخرج الطبراني في الاوسط عن ابن عباسؓ قال سأل رجل رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ارأيت قول الله تعالىٰ كما انزلنا على المقتسمين قال عليه الصلوٰة والسلام اليهود والنصارى قال الذى جعلوا القرآن عضين ما عضين قال صلى الله عليه وسلم آمنوا ببعض وكفروا ببعض ۱۵ ۱۲ منه عم فيضه۔

اللغات: الامام الطريق لانه يوتم به اى يقصد ويتبع ۱۲۔ مثاني جمع مثنى بمعنى المكرر جمع للمبالغة ۱۲۔ قوله ازواجا اصنافًا قوله اخفض جناحك آه في الروح اصل ذلك ان الطائر اذا اراد ان يضم فرخه اليه بسط جناحيه له والجناحان من ابن آدم جانبا آه وهو كناية عن التواضع والرفق الشفقة ۱۲۔ قوله المقتسمين اى الذين قسموه قوله عضين جمع عضة واصلها عضوة بكسر العين وفتح الضاد بمعنى جزو فهو معتل اللام من عضاه بالتشديد جعله اعضاء واجزاء وجمع السلامة يجبر ما حذف منه والافحقه ان لا يجمع جمع السلامة المذكر لكونه غير عاقل قوله فاصدع اى اظهره واجهربه يقال صدع بالحجة اذا تكلم بها جهارًا ۱۲۔ قوله اليقين الموت وسمي به لانه متيقن اللحوق لكل حي ۱۲۔ عم فيضهٗ۔

النحو: قوله والقرآن عطف على السبع عطف الصفة على الصفة والذات متحدة ۱۲۔ قوله من المثاني من هذه بيانية قوله كما انزلنا متعلق بمقدر اى ننزل عليهم عذابا كما انزلنا ويدل على ذلك المقدر الملفوظ من قوله انا النذير كما هو ظاهر وفي البيضاوى هكذا انا النذير المبين انذركم ببيان وبرهان ان عذاب الله نازل بكم ان لم تؤمنوا كما انزلنا مثل العذاب الذى انزلنا الخ۔

البلاغۃ: قوله تعالىٰ كن من السّٰجدين في الروح ولمزيد الاعتناء بامر الصلوٰة جئ بالامر بها كما ترى مغائر الامر السابق على هذا الوجه المخصوص وفي ذلك من ترغيب فيها ما لا يخفى قوله واعبد ربك في الاظهار بلفظ الرب تاكيد لما دل عليه الربوبية من اظهار اللطف به صلى الله عليه وسلم ۱۲۔ قوله حتى ياتيك اليقين۔ اسناد الاتيان اليه للايذان بانه متوجه الى الحي طالب للموصول اليه۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ النَّحْلِ

سُورَةُ النَّحْلِ ۱۶ مَكِّيَّةٌ ۷۰ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۲۸ — رُكُوْعَاتُهَا ۱۶

سورۂ نحل مکہ میں اتری — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اور اس کی ایک سو اٹھائیس آیتیں اور سولہ رکوع ہیں

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱﴾ يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ
عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اَنْ اَنْذِرُوْۤا اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ﴿۲﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۳﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴﴾ وَالْاَنْعَامَ
خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۵﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ
تَسْرَحُوْنَ ﴿۶﴾ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ
رَّحِيْمٌ ﴿۷﴾ وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَ زِيْنَةً ؕ وَ يَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸﴾

خدا تعالیٰ کا حکم آ پہنچا سو تم اس میں جلدی مت مچاؤ وہ لوگوں کے شرک سے پاک اور برتر ہے۔ وہ فرشتوں (کی جنس یعنی جبرائیل) کو وحی یعنی اپنا حکم دے کر اپنے بندوں میں سے جس پر چاہیں (یعنی انبیاء پر) نازل فرماتے ہیں یہ کہ خبردار کر دو کہ میرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں سو مجھ سے ڈرتے رہو۔ آسمانوں کو اور زمین کو حکمت سے بنایا وہ ان کے شرک سے پاک ہے (اور) انسان کو نطفہ سے بنایا پھر وہ یکایک کھلم کھلا جھگڑنے لگا اور اس نے چوپایوں کو بنایا ان میں تمہارے جاڑے کا بھی سامان ہے اور بہت سے فائدے ہیں اور وہ ان میں سے کھاتے بھی ہو اور ان کی وجہ سے تمہاری رونق بھی ہے جبکہ (ان کو) شام کے وقت لاتے ہو اور جبکہ (ان کو) صبح کے وقت چھوڑ دیتے ہو اور وہ تمہارے بوجھ (لاد کر) ایسے شہر کو لے جاتے ہیں جہاں تم بدون جان کو محنت میں ڈالے ہوئے (خود بھی) نہیں پہنچ سکتے تھے واقعی تمہارا رب بڑی شفقت اور رحمت والا ہے اور گھوڑے اور خچر اور گدھے بھی پیدا کئے تاکہ تم ان پر سوار ہو اور نیز زینت کے لئے بھی اور وہ ایسی ایسی چیزیں بناتا ہے جس کی تم کو خبر بھی نہیں۔

تفسیر: سورة النحل مكية وهي مائة وثمان و عشرون آية بلا خلاف ۱۲۔ ربط و تناسب: اس سورت میں یہ مضامین ہیں توحید بہ پیرایۂ امتنان جس کو زیادت ایقاظ کے لئے تمہید وعید سے شروع کیا گیا اور گذشتہ سورت کے ختم پر بھی توحید اور عدم توحید پر وعید کا مضمون تھا جیسا يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اور فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ الخ سے معلوم ہوتا ہے اور اس اشتراک سے اس کے انجام اور اس کے آغاز کا تناسب بھی معلوم ہو گیا اور اس توحید کے ضمن میں شرک کا رد اور اہل شرک کی مذمت اور بعض آیات میں نبوت و قرآن کے انکار پر وعید اور اس کے مقابلہ میں مصدقین قرآن کے لئے بشارت اور بعض آیات میں بعث کا اثبات بھی ہے اور یہ مضمون رکوع پنجم کے ختم تک چلا گیا ہے پھر رکوع ششم کے اول میں ہجرت کی فضیلت اور نبوت کا اثبات اور منکرین کے لئے وعید بیان کر کے پھر توحید کی طرف عود فرمایا گیا ہے پھر رکوع ہشتم کے اخیر میں رسالت اور قرآن کی حقانیت بیان فرما کر پھر توحید کی طرف عود ہے پھر رکوع یازدہم کے قریب ختم سے قرآن کی حقیت اور برکت اور اس کی تعلیمات میں سے بعض کی خوبی اور ان میں سے بالخصوص ایفائے عہد کی زیادہ تاکید پھر مطلقاً اعمال صالحہ کی فضیلت مذکور ہے پھر رکوع سیزدہم کے قریب ختم سے قرآن اور رسالت کے بحث اور منکر پر وعید اور اکراہ میں زبانی انکار کا استثناء اور آخر رکوع چہاردہم میں اس انکار کا ایمان کی برکت سے معاف ہو جانا بیان ہوا ہے پھر رکوع پانزدہم کے شروع میں کفر کا وبال اخروی و دنیوی اور پھر بعض رسوم شرکیہ کا ابطال پھر اس رکوع

www.besturdubooks.net

میں توبہ کی ترغیب پھر ختم کے رکوع میں رسالت محمدیہ کا اثبات اور اس کی تقویت کے لئے رسالت ابراہیمیہ کا ذکر پھر منصب رسالت کے بعض آداب اور مخالفین کی مخالفت پر آپ کو مع اتباع کے صبر وتقویٰ کا ارشاد فرمایا ہے اور اسی کی فضیلت پر سورت کو ختم کر دیا ہے اب تمام اجزاء سورت کا تناسب بالکل واضح ولائح ہے واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم اب دلائل توحید سے سورت شروع ہوتی ہے جس میں زیادہ حصہ دلائل عقلیہ کا ہے کہ آیت خَلَقَ السَّمٰوٰتِ الخ سے دور تک چلا گیا ہے اور اس کے قبل آیت: يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ میں اس توحید کی دلیل نقلی کی طرف اشارہ ہے اور چونکہ مضمون توحید کا مہتم بالشان ہے اس لئے سب سے اول اَتٰٓى اَمْرُ اللّٰهِ میں وعید کا مضمون لایا گیا ہے تاکہ اس سے متنبہ ہو کر توجہ کے ساتھ دلائل میں غور کریں اور اسی اہتمام کے لئے دلیل نقلی میں انذروا مکرر تنبیہ کے لئے لائے ہیں اور دلائل عقلیہ میں اپنے انعامات کا ذکر بھی فرمایا ہے تاکہ اتیان امر اور انذار سے ترہیب اور ذکر نعم سے ترغیب ہو جاوے کہ دونوں کو توجہ میں خاص دخل ہے۔

تمہید توحید بوعید ☆ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَتٰٓى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۝ خدائے تعالیٰ کا حکم (یعنی سزائے کفر وشرک کا وقت قریب) آ پہنچا (اور اس کا آنا یقینی ہے) سو (اے منکرو) تم اس میں (منکرانہ) جلدی مت مچاؤ (جیسا ان کا قول تھا کہ اگر عذاب کوئی چیز ہے تو جلدی آ جانا چاہئے۔ یعنی جلدی نہ آنا بہتر ہے تاکہ تم کو اصلاح وتوبہ کی مہلت مل جاوے باقی اس کا آنا یقینی ہے پھر جلدی مانگنے سے کیا فائدہ جب کفر وشرک پر عذاب ہونا سن لیا تو اب توحید اختیار کرو اور اس کی حقیقت سنو کہ) وہ لوگوں کے شرک سے پاک ہے اور برتر ہے (یعنی اس کا کوئی شریک نہیں)۔

اثبات توحید بدلیل نقلی ☆ يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ (الی قولہ تعالی) فَاتَّقُوْنِ۝ وہ (اللہ تعالیٰ) فرشتوں (کی جنس یعنی جبریل) کو وحی یعنی اپنا حکم دے کر اپنے بندوں میں سے جس پر چاہیں (یعنی انبیاء پر) نازل فرماتے ہیں (اور وہ حکم) یہ (ہے) کہ (لوگوں کو) خبردار کر دو کہ میرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں سو مجھ سے ڈرتے رہو (یعنی میرے ساتھ شرک مت کرو ورنہ سزا ہوگی) ف: اس میں یہ امر ظاہر فرما دیا کہ توحید تمام انبیاء علیہم السلام کی شریعت مشترکہ ہے۔

اثبات توحید بطریق عقلی متضمن ذکر نعم ☆ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ (الی قولہ تعالی) وَ يَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۝ (اللہ تعالیٰ نے) آسمانوں کو اور زمین کو حکمت سے بنایا وہ ان کے شرک سے پاک ہے (اور) انسان کو (یعنی اس نوع کے اکثر افراد کو) نطفہ سے بنایا پھر وہ یکا یک کھلم کھلا (خدا ہی کی ذات وصفات میں) جھگڑنے لگا (یعنی بعضے ایسے بھی ہوئے مطلب یہ کہ ہماری تو یہ نعمتیں اور انسان کی طرف سے یہ ناشکری) اور اسی نے چوپایوں کو بنایا ان میں تمہارے جاڑے کا بھی سامان ہے (چنانچہ بعضے جانور کی کھال کا پوستین اور بال کا کمبل بنتا ہے) اور بھی بہت سے فائدے ہیں (کسی کا دودھ بھی پیا جاتا ہے اور کسی پر سوار ہوتے ہیں کوئی ہل میں چلایا جاتا ہے وغیرہ وغیرہ جن میں بعض کا آگے ذکر آتا ہے) اور ان میں سے (جو کھانے کی چیزیں ہیں ان کو) کھاتے بھی ہو (جیسے لحم وشحم مثلاً) اور ان کی وجہ سے تمہاری رونق بھی ہے جب کہ (ان کو) شام کے وقت (جنگل سے گھر) لاتے ہو اور جب کہ (ان کو) صبح کے وقت (گھر سے جنگل کو) چھوڑ دیتے ہو اور وہ تمہارے بوجھ بھی (لاد کر) ایسے شہر کو لے جاتے ہیں جہاں تم کو بدوں جان کو محنت میں ڈالے ہوئے (خود بھی) نہیں پہنچ سکتے تھے (اور بوجھ سمیت تو اور بھی مشکل تھا) واقعی تمہارا رب بڑی شفقت اور رحمت والا ہے (کہ تمہارے آرام کے لئے کیا کیا سامان پیدا کئے) اور گھوڑے اور خچر اور گدھے بھی پیدا کئے تاکہ تم ان پر سوار ہو اور نیز زینت کے لئے بھی اور وہ ایسی ایسی چیزیں (تمہارے فائدے کے لئے) بناتا ہے جن کی تم کو خبر بھی نہیں (اور اس سے تم کو فائدہ پہنچ رہا ہے اور ایسی چیزیں کثرت سے ہیں مثلاً کسی موذی جانور کی نسل بڑھ گئی اللہ تعالیٰ نے کوئی ایسا سمی مادہ زمین میں پیدا کر دیا جس سے وہ ہلاک ہو گیا اور عام کو اس مادہ کی اطلاع تک بھی نہیں ونحو ذالک)۔ ف: خَلَقَ الْاِنْسَانَ کے ترجمہ میں اکثر اس لئے کہا گیا کہ آدم علیہ السلام اس سے مستثنیٰ ہیں اور اگر نطفہ مخصوص ہو منی مرد کے ساتھ جیسا اکثر کتابوں میں لکھا ہے تو عیسیٰ علیہ السلام بھی مستثنیٰ ہیں اور ان آیات میں جمال اور زینت کا جواز معلوم ہوتا ہے اور اس میں تکبر وتفاخر میں فرق یہ ہے کہ جمال اور زینت تو اپنا دل خوش کرنے کے لئے یا اظہار نعمت الٰہیہ کے لئے ہوتا ہے اور دل میں اپنے کو نہ اس نعمت کا مستحق سمجھتا ہے اور نہ دوسروں کو حقیر سمجھتا ہے بلکہ منعم حقیقی کی طرف اس کا منسوب ہونا اس کے پیش نظر رہتا ہے اور جس میں دعویٰ استحقاق اور تحقیر اور اپنے او پر نظر اور دوسروں کی نظر میں علو شان کا قصد ہو وہ تکبر اور حرام ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ (الی قولہ تعالی) وَزِيْنَةً ؕ دفأ و رکب واکل وغیرہ منافع ضروریہ کے بعد اس کا لانا دلیل ہے اس پر کہ زینت وجمال وغیرہ مصالح زائدہ کا قصد بھی مضر نہیں جب اس میں کوئی شرعی مصلحت ہو جیسے دفع مذلت یا مسرت اور فخر وتکبر نہ ہو مگر چونکہ مبتدی اس سے کم خالی ہوتا ہے اس لئے اس کو کنارہ کشی ہی مناسب ہے جب تک کہ تہذیب نفس حاصل نہ ہو جاوے اور اس تہذیب کی شیخ کامل شہادت نہ دے دے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱۔ قولہ قبل فلا یقینی اشار بہ الی معنی الفاء ثم اوضحہ بقولہ فیما بعد منکر فافہم ۱۲۔ ۲۔ قولہ فی تاکلون لحم وشحم مبناہ علی ان من تبعیضیۃ والضمیر الی الانعام المخصوص بالازواج الثمانیۃ المذکورۃ فی سورۃ الانعام ولما کان جمیعھا ماکولا حمل

www.besturdubooks.net

التبعیض علی اجزائه لا علی اصنافه٢۔ ٣ قوله فی یخلق فائدے:دلیله عندی کون المقام للامتنان٢۔

الکلام : استدل بعض المنکرین للخوارق کطی الارض للاولیاء وبقوله تعالٰی لا بشق الانفس والجواب ان هذا باعتبار اکثر الاشخاص واکثر الازمان٢۔

الفقه: استدل بقوله تعالٰی لترکبوها الخ لابی حنیفة علی حرمة الخیل علی ما هو المشهور وضعف بان التخصیص لکون الرکوب اکثر مالوف فی الخیل لا لعدم تحقق الاکل فیها فلا بد من الرجوع فی ذلک الی الاخبار۔

اللغات: قوله دفٔ اسم لما یدفا به ای یسخن٢۔ قوله تریحون یقال اراح الماشیة اذا ردها الی المراح بالعشی٢۔ قوله تسرحون یقال سرحها اخرجها من خطائرها ومبیتها الی مسارحها ومراعیها غدوۃ٢۔

النحو : قوله بالروح الباء فیه للملابسة ومن بیانیة وامره بیان للروح بمعنی الوحی لاشتراکهما فی معنی الاحیاء وان انذروا بدل للروح٢ قوله لکم فیها دفٔ استیناف کمقابلة ولکم فیها جمال قوله والخیل عطف علی الانعام٢۔

البلاغة : قوله الملئکة المراد بها الجنس والتعبیر بالانذار عن الاعلام بناء علی ان هذا الاعلام اکثر من خوطب به هم الذین لم یکونوا موحدین٢۔ قوله منها تاکلون تقدیم الظرف اما للفاصلة او للحصر الاضافی باعتبار ان اکثر ما یعتاد الاکل منها فلا یرد ان غیر الانعام ایضا یوکل٢۔ قوله حین تریحون وحین تسرحون فی الروح وتعیین الوقتین لان ما یدور علیه امر الجمال من تزین الافنیة وتجاوب ثغائها ورغائها انما هو عند الذباب والمجی فی ذینک الوقتین واما عند کونها فی المساح فتنقطع اضافتها الحسیة الی اربابها وعند کونها فی الخطائر لا یراها راء ولا ینظر الیها ناظر وتقدیم الا راحة علی السرح مع انها متاخرۃ فی الوجود عنه لکونها اظهر منه فی استتباع ما ذکر من الجمال واتم فی استجلاب الانس والبهجة اذ فیها حضور بعد غیبة واقبال بعد ادبار علی احسن ما یکون ملاء ی البطون حافلة الضروع٢۔ قوله لم تکونوا بلغیه لم یقل مبلغیها ای الاثقال مبالغة کما یظهر من تقریر الترجمة٢ قوله و زینة لم یدخل علیها الاسلام اشارۃ الی انها لیست مقصورۃ بالذات حقیقة بان یدخل علیه لام التعلیل بخلاف الرکوب وهو معطوف علی محل لترکبوها ای ولتتزینوا بها٢۔

ع وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٩﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ
مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ﴿١٠﴾ يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ
وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿١١﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ
الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ
لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿١٢﴾ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ
يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿١٣﴾ وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ
وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿١٤﴾ وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ
تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿١٥﴾ وَعَلٰمٰتٍ ۭ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿١٦﴾ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا
يَخْلُقُ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿١٧﴾ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٨﴾ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا
تُعْلِنُوْنَ ﴿١٩﴾ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿٢٠﴾ اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ

www.besturdubooks.net

وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٢١﴾ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ
وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٢٢﴾ لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿٢٣﴾

اور سیدھا راستہ اللہ تعالیٰ تک پہنچتا ہے اور بعضے رستے ٹیڑھے بھی ہیں اور اگر خدا چاہتا تو تم سب کو (منزل) مقصود تک پہنچا دیتا۔ وہ ایسا ہے جس نے تمہارے واسطے آسمان سے پانی برسایا جس سے تم کو پینے کو ملتا ہے اور جس (کے سبب) سے درخت پیدا ہوتے ہیں جن میں تم چرنے چھوڑ دیتے ہو اور اس (پانی) سے تمہارے لئے کھیتی اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل (زمین سے) اگاتا ہے بے شک اس میں سوچنے والوں کے لئے (توحید کی) دلیل (موجود) ہے۔ اس نے تمہارے لئے رات اور دن اور سورج اور چاند کو (اپنا) مسخر (قدرت) بنایا اور ستارے بھی اس کے حکم سے مسخر ہیں بے شک اس میں (بھی) عقل مند لوگوں کے لئے چند دلیلیں (موجود) ہیں اور ان چیزوں کو بھی (بنایا) جن کو تمہارے لئے اس طور پر پیدا کیا کہ ان کے اقسام مختلف ہیں بے شک اس میں (بھی) سمجھدار لوگوں کے لئے دلیل (توحید موجود) ہے اور وہ ایسا ہے کہ اس نے دریا کو (بھی) مسخر بنایا کہ اس میں سے تازہ تازہ گوشت کھاؤ اور اس میں سے (موتیوں کا) گہنا نکالو جس کو تم پہنتے ہو اور تو کشتیوں کو دیکھتا ہے کہ اس (دریا) میں (اس کا) پانی چیرتی ہوئی چلی جارہی ہیں اور تاکہ تم خدا کی روزی تلاش کرو اور شکر کرو اور اس نے زمین میں پہاڑ رکھ دیئے تاکہ وہ (زمین) تم کو لے کر ڈگمگانے (اور ہلنے) نہ لگے اور اس نے نہریں اور رستے بنائے تاکہ منزل مقصود تک پہنچ سکو اور بہت سی نشانیاں بنائیں اور تاروں سے بھی لوگ رستہ معلوم کرتے ہیں سو کیا جو شخص پیدا کرتا ہو وہ اس جیسا ہو جائے گا جو پیدا نہیں کر سکتا پھر کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو گننے لگو تو (کبھی) نہ گن سکو واقعی اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑے رحمت والے ہیں اور اللہ تعالیٰ تمہارے پوشیدہ اور ظاہر احوال سب جانتے ہیں اور جن کی یہ لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہیں وہ کسی چیز کو پیدا نہیں کر سکتے اور وہ خود ہی مخلوق ہیں وہ (معبودین) مردے (بے جان) ہیں زندہ نہیں اور ان کو خبر نہیں کہ وہ مردے کب اٹھائے جائیں گے تمہارا معبود برحق ایک ہی معبود ہے تو جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ان کے دل (معقول بات سے) منکر ہو رہے ہیں اور قبول حق سے تکبر کرتے ہیں (اور) ضروری بات ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے سب احوال پوشیدہ و ظاہر جانتے ہیں یقینی بات ہے کہ اللہ تکبر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے۔ ۝

تفسیر: ربط: اوپر بعض دلائل توحید کا ذکر ہوا ہے اور بعض دلائل آگے مذکور ہوں گے درمیان میں بطور جملہ معترضہ کے ان دلائل کا نعمت روحانی ہونا بیان فرماتے ہیں کہ وہ دلائل صراط مستقیم تک پہنچانے والے ہیں اور غیر مستقیم سے بچانے والے ہیں۔

جملہ معترضہ برائے تبیین اثر دلائل مذکورہ ☆ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ۭ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٩﴾ اور (دلائل مذکورہ سابقہ ولاحقہ سے جو) سیدھا راستہ (دین کا ثابت ہوتا ہے وہ خاص) اللہ تک پہنچتا ہے اور بعضے راستے (جو کہ دین کے خلاف ہیں) ٹیڑھے بھی ہیں (کہ ان سے اللہ تک رسائی ممکن نہیں پس بعضے تو سیدھے راستہ پر چلتے ہیں اور بعضے ٹیڑھے پر) اور اگر خدا چاہتا تو تم سب کو (منزل) مقصود تک پہنچا دیتا (مگر وہ اسی کو پہنچاتے ہیں جو اس صراط مستقیم کا طالب بھی ہو: وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۭ [العنکبوت: ٦٩] اس لئے تم کو چاہئے کہ ان دلائل میں غور کرو اور ان سے حق کو طلب کرو کہ تم کو مقصود تک رسائی عطا ہو)۔ **ربط:** جملہ معترضہ مذکورہ کے بعد بقیہ دلائل توحید کا بیان فرماتے ہیں۔

بقیہ دلائل مفیدہ توحید ونعم ☆ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ﴿١٠﴾ (الی قولہ تعالی) وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿١٦﴾ وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے تمہارے (فائدہ کے) واسطے آسمان سے پانی برسایا جس سے تم کو پینے کو ملتا ہے اور جس (کے سبب) سے درخت (پیدا ہوتے) ہیں جن میں تم (اپنے مواشی کو) چرنے چھوڑ دیتے ہو (اور) اس (پانی) سے تمہارے (فائدہ کے) لئے کھیتی اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل (زمین سے) اُگاتا ہے بیشک اس (مذکور) میں سوچنے والوں کے لئے (توحید کی) دلیل (موجود) ہے اور اس (اللہ) نے تمہارے (فائدہ کے) لئے رات اور دن اور سورج اور چاند کو (اپنا) مسخر (قدرت) بنایا اور اسی طرح اور ستارے (بھی) اس کے حکم سے مسخر (قدرت) ہیں بیشک اس (مذکور) میں (بھی) عقلمند لوگوں کے لئے (توحید کی) چند دلیلیں (موجود) ہیں اور (اسی طرح) ان چیزوں کو بھی (مسخر قدرت بنایا) جن کو تمہارے (فائدہ کے) لئے اس طور پر پیدا کیا کہ ان کی اقسام (یعنی اجناس وانواع واصناف) مختلف ہیں (اس میں تمام حیوانات ونباتات وجمادات وبسائط ومرکبات داخل ہو گئے) بیشک اس (مذکور) میں (بھی) سمجھدار لوگوں کے لئے (توحید کی) دلیل (موجود) ہے اور وہ (اللہ) ایسا ہے کہ اس نے دریا کو (بھی) مسخر (قدرت) بنایا تاکہ اس میں سے تازہ تازہ گوشت (یعنی مچھلی نکال نکال کر) کھاؤ اور (تاکہ) اس میں سے (موتیوں کا) گہنا نکالو جس کو تم (مرد وعورت سب) پہنتے ہو اور (اے مخاطب اس دریا کا ایک یہ بھی فائدہ ہے کہ) تو کشتیوں کا (خواہ چھوٹی ہوں یا بڑی ہوں جیسے جہاز تو ان کو) دیکھتا ہے کہ اس (دریا) میں (اس کا) پانی چیرتی ہوئی چلی جارہی ہیں اور (نیز اس لئے دریا کو مسخر قدرت بنایا) تاکہ تم (اس میں مال تجارت لے کر سفر کرو اور اس کے ذریعہ سے) خدا کی روزی تلاش کرو اور

www.besturdubooks.net

تا کہ (ان سب فائدوں کو دیکھ کر اس کا) شکر (ادا) کرو اور اس نے زمین میں پہاڑ رکھ دیئے تا کہ وہ (زمین) تم کو لے کر ڈگمگانے (اور ہلنے نہ لگے اور اس نے (چھوٹی چھوٹی) نہریں اور راستے بنائے تا کہ (ان راستوں کے ذریعہ سے اپنی) منزل مقصود تک پہنچ سکو اور (ان راستوں کی پہچان کے لئے) بہت سی نشانیاں بنائیں (جیسے پہاڑ درخت وغیرہ جن سے راستہ پہچانا جاتا ہے ورنہ اگر تمام زمین کی سطح یکساں حالت پر ہوتی راستہ ہرگز نہ پہچانا جاتا) اور ستاروں سے بھی لوگ راستہ معلوم کرتے ہیں (چنانچہ ظاہر و معلوم ہے)۔ **ف**: آیت میں شجر عام ہے گیاہ وغیرہ کو اور مشہور یہ ہے کہ موتی مونگا وغیرہ صرف دریائے شور میں پیدا ہوتا ہے اگر یہ بات محقق ہو جاوے تو آیت میں بحر سے مراد خاص وہی ہوگا ورنہ شیریں کو بھی عام ہوگا اور سورۂ رحمٰن میں جو مِنْهُمَا آیا ہے تقدیر ثانی پر تو تاویل کی کوئی حاجت نہیں اور اول پر بوجہ مجاورت کے مِنْهُمَا کہہ دیا کیونکہ وہاں اجتماع بحرین کا ذکر ہے جیسا فرض کرو دو شخص اکٹھے آویں اور ان میں ایک کے پاس کوئی مال تجارت ہو تو کہا جاتا ہے کہ دو شخص آئے تھے جن کے پاس ایسا ایسا مال تھا اور تَلْبَسُوْنَهَا کے ترجمہ میں جو مرد و عورت کی تعمیم ظاہر کی گئی وجہ یہ کہ موتی مونگا پہننا مردوں کو بھی جائز ہے پس تلبسون میں تغلیب ہے اور پہاڑوں کی جو حکمت استقرار ارض کو فرمایا اس پر بادی النظر میں شبہ ہوتا ہے کہ حکماء کے اصول پر تو ارض طبعاً مقتضی سکون کو ہے اور متکلمین کے نزدیک اگرچہ مقتضی سکون کو نہیں مگر مقتضی حرکت کو بھی نہیں پھر پہاڑوں کے نہ ہونے کی صورت میں اس کے حرکت و اضطراب کی کیا وجہ جس کے روکنے کے لئے پہاڑ پیدا کئے گئے جواب اس شبہ کا یہ ہے کہ گو وہ مقتضی حرکت کو نہیں ہے مگر حق تعالیٰ نے کسی حکمت سے اس کو ایسی حالت پر بنایا کہ عنصر آب کے اندر ہونے سے جب پانی کو ہوا سے حرکت ہوتی ہے تو یہ بھی ہلتی جیسا بخارات محتبسہ کی حرکت ہے خود حکماء بھی حرکت ارض کے قائل ہیں اس کے بند کرنے کو اس پر پہاڑ پیدا کئے کہ حرکت پانی کی اس کو حرکت نہ دے سکے جیسا اللہ تعالیٰ نے انسان کو ایسی حالت پر بنایا ہے کہ بدون غذا کے زندہ نہ رہتا پھر غذا پیدا کر کے زندہ رکھا اب یہ سوال کہ زمین کو پہلے سے کیوں ایسا بنایا بعینہٖ ایسا سوال ہے کہ کوئی شخص کہے کہ انسان کو پہلے سے کیوں محتاج غذا بنایا کیونکہ ہم احاطۂ حکمت کے مدعی نہیں ہیں اور ممکن ہے کہ حکمت یہ ہو کہ فرشتوں کو اپنی عظمت قدرت کی دکھلانا مقصود ہو کہ ہم نے کس طرح حرکت پیدا کر دی اور کسی طرح اس کو سکون سے مبدل کر دیا **كذا في روح المعاني** اور احقر کہتا ہے کہ یوں بھی کہنا ممکن ہے کہ ارض کے سب اجزاء اگر متشابہ ہوتے تو اس کا مرکز حجم مرکز ثقل پر منطبق ہوتا اور پانی میں غرق ہوتی اور جب اس کے ایک حصہ کو کھولنے کے واسطے پانی سے نکالا جاتا تو پھر یہ پانی میں غرق ہونا چاہتی اور اس لئے اس میں حرکت ہوتی اور چونکہ عنصر آب بھی طالب مرکز عالم ہے اس لئے کسی درجہ میں وہ اس کے ساتھ مقاومت کرتا لامحالہ مضطربانہ حرکت پیدا ہوتی خوب سمجھ لو اور اگر تمید کے معنی مطلق حرکت ہوں جیسا قاموس سے معلوم ہوتا ہے تو اثبات مقاومت کی بھی حاجت نہیں پہاڑوں وغیرہ کے سبب سے اس کا مرکز ثقل مرکز حجم سے اتنی دور ہو گیا کہ اس کا یہ حصہ پانی سے مکشوف ہو گیا پس پہاڑ اس حرکت سے مانع ہو گئے اور اول جواب متکلمین کے اصول پر منطبق ہے اور دوسرا اصول حکماء سے اقرب ہے گو منطبق اس وجہ سے نہیں کہ وہ عدم جبال کی حالت میں استقرار فی الوسط کو طبعی کہتے ہیں اور در واقع میں باذن اللہ ہے اور جاننا چاہئے کہ بعضوں نے اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ الخ سے نفی حرکت ارض پر استدلال کیا ہے لیکن حق یہ ہے کہ قرآن میں اس حرکت ارض سے جو حکماء میں مختلف فیہ ہے کہیں تعرض نہیں ہے نہ نفیاً نہ اثباتاً اس میں دوسرے دلائل کی ضرورت ہے اور تمید میں جس حرکت کی نفی ہے وہ حرکت عارضی ہے نہ وہ جس میں کلام ہے۔ **ربط**: اوپر دلائل توحید کے بیان فرما کر آگے معبودین بغیر حق کا ان صفات مذکورہ سے خالی ہونا اور اس بناء پر ان کا قابل معبودیت نہ ہونا اور باوجود اقامت دلائل کے ایسے اعتقاد والوں کی مذمت بیان فرماتے ہیں پس اوپر صریحاً احقاق توحید کا تھا اور آگے صریحاً ابطال شرک کا ہے مع ذم اہل شرک۔

ابطال اشراک و ذم مشرکین ☆ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۭ (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ۝ سو (جب اللہ تعالیٰ کا خالق اشیائے مذکورہ ہونا اور اس میں اس کا متفرد ہونا ثابت ہو چکا ہو تو) کیا جو شخص پیدا کرتا ہو (یعنی اللہ تعالیٰ) وہ اس جیسا ہو جاوے گا جو پیدا نہیں کر سکتا (کہ تم دونوں کو معبود سمجھنے لگے تو اس میں اللہ تعالیٰ کی اہانت ہے کہ اس کو بتوں کے برابر کر دیا) پھر کیا تم (اتنا بھی) نہیں سمجھتے اور (اللہ تعالیٰ نے جو اوپر دلائل توحید میں اپنی نعمتیں بتلائی ہیں ان پر کیا حصر ہے وہ تو اس کثرت سے ہیں کہ) اگر تم اللہ تعالیٰ کی (ان) نعمتوں کو گننے لگو تو (کبھی) نہ گن سکو (مگر مشرکین شکر اور قدر نہیں کرتے اور یہ جرم اتنا عظیم تھا کہ نہ معاف کرانے سے معاف ہوتا اور نہ اصرار پر آگے کو یہ نعمتیں ملتیں لیکن) واقعی اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں (کہ کوئی شرک سے توبہ کرے تو مغفرت ہو جاتی ہے اور نہ کرے جب بھی تمام نعمتیں حیات تک منقطع نہیں ہوتیں) اور (یہاں نعمتوں کے فائض ہونے سے کوئی یوں نہ سمجھے کہ کبھی سزا نہ ہوگی بلکہ آخرت میں سزا ہوگی کیونکہ) اللہ تعالیٰ تمہارے پوشیدہ اور ظاہری احوال سب جانتے ہیں (پس ان کے موافق سزا دیں گے یہ تو حق تعالیٰ کے خالق اور منعم ہونے کا بیان تھا) اور جن کی یہ لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہیں وہ کسی چیز کو پیدا نہیں کر سکتے اور وہ خود ہی مخلوق ہیں (اور اوپر قاعدہ کلیہ ثابت ہو چکا ہے کہ غیر خالق اور خالق مساوی نہیں پس یہ معبودین کیسے مستحق عبادت ہو سکتے ہیں (اور وہ معبودین) مردے (بے جان) ہیں (خواہ دواماً جیسے بت یا فی الحال جیسے جو مر چکے یا فی المآل جو مریں گے مثلاً فرشتے اور جن اور عیسیٰ علیہ السلام وغیرہم)

www.besturdubooks.net

زندہ (رہنے والے) نہیں (پس خالق تو کیا ہوتے) اور ان (معبودین) کو (اتنی بھی) خبر نہیں کہ (قیامت میں) مردے کب اُٹھائے جاویں گے (یعنی بعض کو تو علم ہے نہیں اور بعض کو تعیین معلوم نہیں اور معبود کے لئے علم تو محیط چاہئے خصوصا بعث کا کہ اس پر جزاء ہوگی عبادت وعدم عبادت کی تو اس کا علم تو معبود کے لئے بہت ہی مناسب ہے پس خدا کے برابر تو علم میں کیا ہوں گے اس تقریر سے ثابت ہوا کہ) تمہارا معبود برحق ایک ہی معبود ہے تو (اس ایضاح حق پر بھی) جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے (اور اسی لئے ان کو ڈر نہیں کہ توحید کو قبول کریں معلوم ہوا کہ) ان کے دل (ہی ایسے نا قابل ہیں کہ معقول بات کے) منکر ہو رہے ہیں اور (معلوم ہوا کہ) وہ (قبول حق سے) تکبر کرتے ہیں (اور) ضروری بات ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے سب احوال پوشیدہ وظاہر جانتے ہیں (اور یہ بھی) یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ تکبر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے (پس جب ان کا تکبر معلوم ہے تو ان کو بھی ناپسند کریں گے اور سزا دیں گے)۔ **ف**: احقر نے جو تقریر اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ کی کی ہے اس سے ان لوگوں کا استدلال اس آیت سے جاتا رہا جو عیسیٰ علیہ السلام کی حیات بالفعل کے منکر ہیں اور هُمْ يُخْلَقُوْنَ کے بعض نے یہ معنی کہے ہیں کہ وہ خود ہی تراشے جاتے ہیں سو اس صورت میں صرف بتوں کا ذکر ہوگا اور اگر يَدْعُوْنَ کو عام لیا جاوے تو مَا يَشْعُرُوْنَ ۙ الخ کا باعتبار انبیاء وملائکہ کے صحیح ہونا اس طرح پر ہے کہ گو ان کو نفس بعث کا علم تو ہے مگر تعیین وقت بعث کا علم نہیں جیسا کہ آیات متعددہ میں تصریح ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَ تَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ اس سے بھی وہی اوپر والا مسئلہ ظاہر ہوتا ہے کہ زینت کا لباس اور تجارت وغیرہ جب کہ حاجب عن الحق نہ ہو خلاف طریق نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ اس سے تکبر کی مذمت جس قدر معلوم ہوتی ہے ظاہر ہے کہ کفر وانکار کی اصل وہی ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في على الله پہنچتا ہے اشارة الى التقدير هكذا قصد السبيل اى مستقيمة موصل اليه تعالىٰ وماء عليه سبحانه وعزاه في الروح الى ابن عطية وهو اقرب الى ذوقي وان كان بعيدا من ذوق صاحب الروح ولكل وجهة هو موليها ۱۲۔ ۲ قوله في ان تميد نہ لگے اشارة الى تقدير لا بعد ان ۱۲۔ ۳ قوله في لعلكم تهتدون راستوں کے ذریعہ سے اشارة الى ان التعليل بالنظر الى قوله تعالىٰ وسبلا كما هو الظاهر كذا في الروح ۱۲۔ ۴ قوله في الذين لا يؤمنون تو اس ایضاح۔ الی قولہ معلوم ہوا اشار الى توجيه ترتب ما بعد الفاء على ما قبلها فافهم و تدبر ۱۲۔

الروایات: في الدر المنثور اخرج ابن جرير وابن ابى حاتم عن قتادة في قوله وهو الذى سخر البحر لتاكلوا منه لحما طريا يعنى حيتان البحر آه قلت وهو موافق لابى حنيفة رحمه الله تعالىٰ ۱۲۔

اللغات: قوله تسيمون۔ اسام الماشية وسومها جعلها ترعى ۱۲ البلاغة منه شراب تبعيضية ۱۲ قوله منه شجر سببية و ابتدائية ۱۲۔ قوله مواخر يقال مخر الماء اذا شقها قوله سخر فى الروح ليس المراد بتسخير ذلك للمخاطبين تمكينهم من التصرف به كيف شاؤا كما فى قوله تعالىٰ سبحان الذى سخر لنا هذا ونحوه بل تصريفه سبحانه لذلك حسب ما يترتب عليه منافعهم ومصالحهم كان ذلك تسخير لهم و تصرف من قبلهم حسب ارادتهم قاله بعض المحققين آه قلت ولطال ما ارانيه الله تعالىٰ ولله الحمد على الموافقة ۱۲۔

النحو: قوله وما ذرأ عطف على الليل اى سخر ما ذرأ ۱۲۔ قوله ولتبتغوا عطف على لتاكلوا ۱۲ قوله انهارًا۔ في البيضاوى جعل فيها انهارا لان القى فيه معنى الجعل ۱۲ قوله سبلا وعلامات معطوف على انهار ومعمول لجعل المقتدر ۱۲۔

البلاغۃ: قوله النخيل والاعناب ذكرهما بصيغة الجمع لكثرة اصنافهما جدا ۱۲۔ قوله لأية ولايٰت وقوله يتفكرون ويعقلون ويذكرون هذا عندى تفنن للعبارات ۱۲ قوله لحما طريا التعبير عنه باللحم مع كونه حيوانا للاشارة الىٰ قلة عظامه وضعفها فكان كله لحم ووصفه بالطراوة ضد اليبوسة للاشعار بلطافة ۱۲۔ قوله ولعلكم تشكرون فى الروح ولعل تخصيص هذه النعمة بالتعقب بالشكر لانها اقوى فى باب الانعام من حيث انه جعل ركوب البحر مع كونه مظنة للهلاك سببا للانتفاع وحصول المعاش ۱۲۔ قوله افمن يخلق فى الروح كان حق الكلام بحسب الظاهر افمن لا يخلق كمن يخلق لكن اختير ما عليه النظم تفاديا عن توسيط ذكر غير الخالق بين الخالق وما ذكر من جزئيات الخالقية وتنبيهًا على كمال قبح ما فعلوه من حيث ان ذلك ليس مجرد رفع اصنامهم عن محلها بل هو خط لمنزلة الربوبية الى مرتبة الجمادية ولا ريب انه اقبح من الاول واتى بمن تغليبا لذوى العلم على غيرهم او بناء على ما عند عبدتها ۱۲۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ

www.besturdubooks.net

ع أَوْزَارِ الَّذِينَ يُضِلُّونَهُم بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ ﴿٢٥﴾ قَدْ مَكَرَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَأَتَى
اللَّهُ بُنْيَانَهُم مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِن فَوْقِهِمْ وَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٢٦﴾
ثُمَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُخْزِيهِمْ وَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِينَ كُنتُمْ تُشَاقُّونَ فِيهِمْ ۚ قَالَ الَّذِينَ أُوتُوا
الْعِلْمَ إِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوءَ عَلَى الْكَافِرِينَ ﴿٢٧﴾ الَّذِينَ تَتَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي أَنفُسِهِمْ ۖ فَأَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا
نَعْمَلُ مِن سُوءٍ ۚ بَلَىٰ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٢٨﴾ فَادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ فَلَبِئْسَ
مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ ﴿٢٩﴾ وَقِيلَ لِلَّذِينَ اتَّقَوْا مَاذَا أَنزَلَ رَبُّكُمْ ۚ قَالُوا خَيْرًا ۗ لِّلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا
حَسَنَةٌ ۚ وَلَدَارُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ ۚ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِينَ ﴿٣٠﴾ جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ
لَهُمْ فِيهَا مَا يَشَاءُونَ ۚ كَذَٰلِكَ يَجْزِي اللَّهُ الْمُتَّقِينَ ﴿٣١﴾ الَّذِينَ تَتَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ طَيِّبِينَ ۙ يَقُولُونَ سَلَامٌ
عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٣٢﴾ هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ أَمْرُ رَبِّكَ ۚ
كَذَٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللَّهُ وَلَٰكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٣٣﴾ فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا
ع عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٣٤﴾ ع

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے کیا چیز نازل فرمائی ہے تو کہتے ہیں کہ وہ تو محض بے سند باتیں ہیں جو پہلوں سے چلی آرہی ہیں نتیجہ اس کہنے کا یہ ہوگا کہ ان لوگوں کو قیامت کے دن اپنے گناہوں کا پورا بوجھ اور جن کو یہ لوگ بے علمی سے گمراہ کر رہے تھے ان کے گناہوں کا بھی کچھ بوجھ اپنے اوپر اٹھانا پڑے گا خوب یاد رکھو کہ جس گناہ کو یہ اپنے اوپر لاد رہے ہیں وہ برا بوجھ ہے۔ جو لوگ ان سے پہلے ہو گذرے ہیں انہوں نے بڑی بڑی تدبیریں کیں سو اللہ تعالیٰ نے ان کا بنا بنایا گھر جڑ بنیاد سے ڈھا دیا پھر اوپر سے ان پر چھت آپڑی ہو اور (علاوہ ناکامی کے) ان پر (خدا کا) عذاب ایسی طرح آیا کہ ان کو خیال بھی نہ تھا پھر قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان کو رسوا کرے گا اور یہ کہے گا کہ میرے شریک جن کے بارے میں تم لڑا جھگڑا کرتے تھے (وہ اب) کہاں ہیں جاننے والے کہیں گے کہ آج پوری رسوائی اور عذاب کافروں پر ہے۔ جن کی جان فرشتوں نے حالت کفر میں قبض کی تھی (یعنی آخر وقت تک کافر رہے) پھر کافر لوگ صلح کا پیغام ڈالیں گے کہ ہم تو کوئی برا کام نہ کرتے تھے کیوں نہیں بے شک اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب اعمال کی پوری خبر ہے سو جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ (اور) اس میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہو غرض تکبر کرنے والوں کا وہ برا ٹھکانا ہے اور جو لوگ شرک سے بچتے ہیں ان سے کہا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے کیا چیز نازل فرمائی ہے وہ کہتے ہیں کہ بڑی خیر نازل فرمائی ہے جن لوگوں نے نیک کام کئے ہیں ان کے لئے اس دنیا میں بھی بھلائی ہے اور عالم آخرت تو اور زیادہ بہتر ہے اور واقعی وہ شرک سے بچنے والوں کا اچھا گھر ہے وہ گھر ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جن میں یہ داخل ہوں گے ان باغوں کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی جس چیز کو ان کا جی چاہے گا وہاں ان کو ملے گی (بلکہ) اس طرح کا عوض اللہ تعالیٰ سب شرک سے بچنے والوں کو دے گا جن کی روح فرشتے اس حالت میں قبض کرتے ہیں کہ وہ (شرک سے) پاک ہوتے ہیں وہ فرشتے کہتے جاتے ہیں السلام علیکم تم جنت میں چلے جانا (اپنے) اعمال کے سبب۔ یہ لوگ اسی بات کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس (موت کے) فرشتے آجاویں یا آپ کے پروردگار کا حکم (یعنی قیامت) آجاوے ایسا ہی ان سے پہلے جو لوگ تھے انہوں نے بھی کیا تھا اور ان پر اللہ تعالیٰ نے ذرا ظلم نہیں کیا لیکن وہ آپ ہی اپنے اوپر ظلم کر رہے تھے آخر ان کے اعمال بد کی ان کو سزائیں ملیں اور جس عذاب پر وہ ہنستے تھے ان کو اسی نے آگھیرا۔

تفسیر: ربط: اوپر مشرکین کی ضلالت کا بیان تھا آگے ان کے اضلال کا جو کہ بواسطہ انکار نبوت و قرآن کے تھا مع اس کی وعید کے بیان ہے۔

بیان اضلال مشرکین مع وعید ☆ وَإِذَا قِيلَ لَهُم مَّاذَا أَنزَلَ رَبُّكُمْ (الی قولہ تعالی) فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ ﴿٢٩﴾ اور جب ان سے کہا جاتا ہے (یعنی کوئی ناواقف شخص تحقیق کے لئے یا کوئی واقف شخص امتحان کے لئے ان سے پوچھتا ہے) کہ تمہارے رب نے کیا چیز نازل فرمائی ہے (یعنی قرآن جس کو

www.besturdubooks.net

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کا نازل کیا ہوا فرماتے ہیں آیا یہ صحیح ہے) تو کہتے ہیں کہ (صاحب وہ رب کا نازل کیا ہوا کہاں ہے) وہ تو محض بے سند باتیں ہیں جو پہلوں سے (منقول) چلی آ رہی ہیں (یعنی اہل ملل پہلے سے توحید ونبوت ومعاد کے مدعی ہوتے آئے ہیں ان ہی سے یہ بھی نقل کرنے لگے باقی یہ دعوے خدا کے تعلیم دیئے ہوئے نہیں) نتیجہ اس (کہنے) کا یہ ہوگا کہ ان لوگوں کو قیامت کے دن اپنے گناہوں کا پورا بوجھ جن کو یہ لوگ بے علمی سے گمراہ کر رہے تھے ان کے گناہوں کا بھی کچھ بوجھ اپنے اوپر اٹھانا پڑے گا (گمراہ کرنے سے مراد یہی کہنا ہے اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ کا کیونکہ اس سے دوسرے آدمی کا اعتقاد خراب ہوتا ہے اور جو شخص کسی کو گمراہ کیا کرتا ہے اس گمراہ کو تو گمراہی کا گناہ ہوتا ہے اور اس گمراہ کرنے والے کو اس کی گمراہی کے سبب بن جانے کا اس حصہ تسبب کو کچھ بوجھ فرمایا گیا اور اپنے گناہ کا کامل طور پر اٹھانا ظاہر ہے) خوب یاد رکھو کہ جس گناہ کو یہ اپنے اوپر لاد رہے ہیں وہ برا بوجھ ہے (اور انہوں نے جو گمراہ کرنے کی یہ تدبیر نکالی ہے کہ دوسروں کو ایسی ایسی باتیں کر کے بہکاتے ہیں سو یہ تدبیریں حق کے مقابلہ میں پیش رفت نہ ہوں گی بلکہ خود ان ہی پر ان کا وبال ونکال عود کرے گا چنانچہ) جو لوگ ان سے پہلے ہو گذرے ہیں انہوں نے (انبیاء علیہم السلام کے مقابلہ اور مخالفت میں) بڑی تدبیریں کیں سو اللہ تعالیٰ نے ان (کی تدبیروں) کا بنا بنایا گھر جڑ بنیاد سے ڈھا دیا پھر (وہ ایسے ناکام ہوئے جیسے گویا) اوپر سے ان پر (اس گھر کی) چھت (آ پڑی ہو۔ یعنی جس طرح چھت آ پڑنے سے سب دب کر رہ جاتے ہیں اسی طرح وہ لوگ بالکل خائب وخاسر ہوئے) اور (علاوہ ناکامی کے) ان پر (خدا کا) عذاب ایسی طرح آیا کہ ان کو خیال بھی نہ تھا (کیونکہ توقع تو اس تدبیر میں کامیابی کی تھی خلاف توقع ان پر ناکامی سے بڑھ کر عذاب آ گیا جو کوسوں بھی ان کے ذہن میں نہ تھا کفار سابقین پر عذابوں کا آنا معلوم و معروف ہے یہ حالت تو ان کی دنیا میں ہوئی) پھر قیامت کے دن (ان کے واسطے یہ ہوگا کہ) اللہ تعالیٰ ان کو رسوا کرے گا اور (اس میں سے ایک رسوائی یہ ہوگی کہ ان سے) یہ کہے گا کہ (تم نے جو) میرے شریک بنا رکھے تھے) جن کے بارے میں تم (انبیاء واہل ایمان سے) لڑا جھگڑا کرتے تھے (وہ اب) کہاں ہیں (اس حالت کو دیکھ کر حق کے) جاننے والے کہیں گے کہ آج پوری رسوائی اور عذاب کافروں پر ہے جن کی جان فرشتوں نے حالت کفر پر قبض کی تھی (یعنی آخرت وقت تک کافر رہے شاید ان اہل علم کا قول بیچ میں اس لئے بیان فرمایا ہو کہ کفار کی رسوائی کا عام اور علانیہ ہونا معلوم ہو جاوے) پھر کافر لوگ (اَیْنَ شُرَکَآءِیَ کے جواب میں) صلح کا پیغام ڈالیں گے (اور کہیں گے) کہ (شرک جو اعلیٰ درجہ کی برائی اور مخالفت حق تعالیٰ کی ہے ہماری کیا مجال تھی کہ ہم اس کے مرتکب ہوتے) ہم تو کوئی برا کام (جس میں ادنیٰ مخالفت بھی حق تعالیٰ کی ہو) نہ کرتے تھے (اس کو صلح کا مضمون اس لئے کہا گیا کہ دنیا میں شرک کا جو کہ مخالفت یقینیہ ہے بڑے جوش وخروش سے اقرار تھا کقولہ تعالیٰ: لَوْشَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَکْنَا اور شرک کا اقرار مخالفت کا اقرار تھا خصوصاً انبیاء علیہم السلام کے ساتھ تو خود صریح مخالفت کے مدعی تھے وہاں اس شرک کے انکار سے مخالفت کا انکار کریں گے اس لئے اس کو صلح فرمایا اور یہ انکار ایسا ہے جیسا دوسری آیت میں ہے وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا کُنَّا مُشْرِکِیْنَ [الأنعام : ۲۳] حق تعالیٰ ان کے اس قول کو رد فرمائیں گے کہ) کیوں نہیں (بلکہ واقعی تم نے برے کام مخالفت کے کئے) بیشک اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب اعمال کی پوری خبر ہے سو (اچھا) جہنم کے دروازوں میں (سے جہنم میں) داخل ہو جاؤ (اور) اس میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہو غرض (حق سے) تکبر (اور مخالفت اور مقابلہ) کرنے والوں کا وہ برا ٹھکانا ہے (یہ عذاب آخرت کا ذکر ہو گیا پس حاصل آیات کا یہ ہوا کہ تم نے اپنے سے پہلے کافروں کا حال خسارہ و عذاب دنیا وآخرت کا سن لیا اسی طرح جو تدبیر ومکر دین حق کے مقابلہ میں تم کر رہے ہو اور خلق کو گمراہ کرنا چاہتے ہو یہی انجام تمہارا ہوگا)۔ **ف**: بِغَیْرِ عِلْمٍ کی تفسیر پارۂ ہشتم کے ربع رکوع وَهُوَ الَّذِیْٓ اَنْشَاَ کے اخیر آیت میں اور وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا کُنَّا مُشْرِکِیْنَ کے متعلق تحقیق سورۂ انعام کے رکوع سوم میں گذر چکی ہے۔ **ربط**: اوپر قرآن ورسالت کے متعلق کفار کے بعض اقوال کفر واضلال مع وعید کے بیان ہوا تھا آگے اس کے مقابلہ میں اس کے متعلق مؤمنین کے صالح اقوال واعمال کا مع وعدہ وبشارت کے مذکور ہے۔

بیان اعمال مؤمنین مع بشارت مزید ☆ وَقِیْلَ لِلَّذِیْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّکُمْ ۚ قَالُوْا خَیْرًا ۗ (الی قولہ تعالی) سَلٰمٌ عَلَیْکُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ اور جو لوگ شرک سے بچتے ہیں ان سے (جو قرآن کے بارے میں) کہا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے کیا چیز نازل فرمائی ہے وہ کہتے ہیں کہ بڑی خیر (اور برکت کی چیز) نازل فرمائی ہے جن لوگوں نے نیک کام کئے ہیں (جس میں یہ قول مذکور اور تمام اعمال صالحہ آ گئے) ان کے لئے اس دنیا میں بھی بھلائی ہے (وہ بھلائی ثواب کا وعدہ وبشارت ہے) اور عالم آخرت تو (بوجہ اس کے کہ وہاں اس وعدہ کا تحقق وظہور ہو جاوے گا) اور زیادہ بہتر (اور موجب سرور) ہے اور واقعی وہ شرک سے بچنے والوں کا اچھا گھر ہے وہ گھر (کیا ہے) ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جن میں یہ داخل ہوں گے ان باغوں کے (اشجار وعمارات کے) نیچے سے نہریں جاری ہوں گی جس چیز کو ان کا جی چاہے گا وہاں ان کو ملے گی (اور خاص ان ہی کی کیا تخصیص ہے جن کا قول اس مقام پر مذکور ہے بلکہ) اسی طرح کا عوض اللہ تعالیٰ سب شرک سے بچنے والوں کو دے گا جن کی روح فرشتے اس حالت میں قبض کرتے ہیں کہ وہ (شرک سے) پاک (صاف) ہوتے ہیں (مطلب یہ کہ مرتے دم تک توحید پر قائم رہتے ہیں اور) وہ (فرشتے) کہتے جاتے ہیں السلام علیکم تم (قبض روح کے بعد) جنت میں چلے جانا اپنے

www.besturdubooks.net

اعمال کے سبب **فـ**: قبض روح کے بعد جنت میں جانا روحانی جانا ہے اور جسمانی جانا مخصوص ہے قیامت کے ساتھ اور یہ بھی معنی ہو سکتے ہیں کہ قیامت میں تم جنت میں جانا اور ہر حال میں مقصود بشارت سنانا ہے اور اعمال کو جو سبب دخول جنت کا فرمایا یہ سبب عادی ہے اور سبب حقیقی رحمت الٰہیہ ہے جیسا ایک حدیث میں آیا ہے پس آیت وحدیث میں تعارض نہیں۔ **ربط**: اوپر مؤمنین سے پہلے کفار کے ضلال واضلال کا ذکر مؤمنین کا ذکر بمناسبت مقابلہ تمیم مضمون کے لئے درمیان میں آ گیا اب پھر آگے کفار کے اصرار وعناد پر وعید ہے۔

وعید بر اصرار کفار☆ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ (الی قولہ تعالی) وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ۝ یہ لوگ (جو اپنے کفر و عناد و جہالت پر اصرار کر رہے ہیں اور باوجود وضوح دلائل حق کے ایمان نہیں لاتے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ صرف) اسی بات کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس (موت کے) فرشتے آ جاویں یا آپ کے پروردگار کا حکم (یعنی قیامت) آ جاوے (یعنی کیا موت کے وقت یا قیامت میں ایمان لاویں گے جب کہ ایمان مقبول نہ ہوگا گو اس وقت تمام کفار بوجہ انکشاف حقیقت کے توبہ کریں گے جیسا اصرار کفر پر یہ لوگ کر رہے ہیں) ایسا ہی ان سے پہلے جو لوگ تھے انہوں نے بھی (کفر پر اصرار) کیا تھا اور (اصرار کی بدولت سزایاب ہوئے سو) ان پر اللہ تعالیٰ نے ذرا ظلم نہیں کیا لیکن وہ آپ ہی اپنے اوپر ظلم کر رہے تھے (کہ سزا کے کام جان جان کے کرتے تھے) آخر ان کے اعمال بد کی ان کو سزائیں ملیں اور جس عذاب (کی خبر پانے) پر وہ ہنستے تھے ان کو اسی (عذاب) نے آ گھیرا (پس ایسا ہی تمہارا حال ہوگا)۔ **ربط**: اوپر کفار کو ان کے کفر پر عذاب قیامت سے ڈرایا تھا اس پر کفار کو دو شبہے تھے ایک یہ کہ ہمارا یہ طریقہ جس کو تم کفر کہتے ہو حق تعالیٰ کے نزدیک ناپسندیدہ نہیں تا کہ اس عذاب کا استحقاق ہو سکے دوسرے یہ کہ خود قیامت ہی کوئی چیز نہیں تا کہ برتقدیر استحقاق اس عذاب کا وقوع ہو سکے آگے ان دونوں شبہوں کو مع جواب کے ارشاد فرمایا ہے اور چونکہ ایسے شبہات براہ عناد کے ہوتے تھے اور اس وجہ سے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو حزن شدید ہوتا تھا اس لئے درمیان میں تسلیہ کا مضمون بھی ہے اور چونکہ شبہ اول کا جواب مفصل پارہ ہشتم بعد ربع آیت: سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا الخ [الأنعام: ۱۴۸] میں گذر چکا ہے جیسا کہ وہاں اس کی تقریر قابل ملاحظہ آ چکی ہے اس لئے یہاں اجمالی جواب پر اکتفا ہوا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا الخ روح میں امام کا قول منقول ہے کہ اس حسنہ سے مراد فتح باب مکاشفات ومشاہدات والطاف بھی ہو سکتا ہے میں کہتا ہوں یا حیوٰۃ طیبہ مراد ہو۱۲۔ قولہ تعالی: الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ملائکہ دنیا میں غیر نبی کے ساتھ بھی کلام کرتے ہیں اور نیز اس سے طاعات کے بعض ثمرات کا دنیا میں حاصل ہونا بھی معلوم ہوتا ہے۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱۔ **قوله في اساطير** کہاں ہے وہ تو اشارة الى امرين الاول ان اساطير خبر مبتدأ مقدر اى هو والثانى ان وجه العدول عن الظاهر اى النصب الى الرفع هو ان النصب فيه اقرار بالانزال وكان مزعومهم الانكار ما سياتي بخلاف ما سياتي في قول المؤمنين من نصب خيرا بمعنى انزل خيرا فانه لما كان فيه الاقرار بنزوله من الرب اتوا به منصوبا فافهم۱۲۔ ۲۔ **قوله في ليحملوا** نتیجہ اشارة الى ان اللام للعاقبة۱۲۔ ۳۔ **قوله في اتى** ڈھادیا لما في الروح عن انكشاف اهلك۱۲۔ ۴۔ **قوله في تتوفهم** قبض کی تھی ففيه كما في الروح حكاية حال ماضية بصيغة المضارع۱۲۔ ۵۔ **قوله في فاتقوا** کہیں گے اشارة الى تقدير القول الذى مقوله ما كنا نعمل۱۲۔ ۶۔ **قوله في توضيح** اخير الترجمة انجام تمہارا اشار به الى ان قوله تعالى ويخزيهم وكذا ما بعده كله في الكفار السابقين فالضمائر راجعة الى الذين من قبلهم۱۲۔ ۷۔ **قوله في العنوان** مزید سماه مزيدا لان الجزاء يزيد دائما على العمل۱۲۔ ۸۔ **قوله في حسنة** ثواب کا وعدہ هو اسلم التفاسير عندى وما في قوله تعالى ربنا آتنا في الدنيا حسنة يراد بها عندى التوفيق للاعمال الحسنة فان كلا يحمل على ما هو المناسب المقام۱۲۔ ۹۔ **قوله في جنٰت** وہ اشارة الى انه خبر مبتدأ اى هى۱۲۔ ۱۰۔ **قوله في سيئات** سزائیں ملیں اشارة الى تقدير المضاف كما في النيسابورى اى جزاء سيئات اعمالهم۱۲۔

الروایات: في الدر المنثور اخرج ابن ابى حاتم عن السدى وقتادة وادخلت الحديث بعضه في بعض واختصرته قالا ان ناسا من مشركي العرب كانوا يقعدون بطريق من اتى نبى الله صلى الله عليه وسلم فاذا مروا سئالوهم فاخبروهم بما سمعوا من النبى صلى الله عليه وسلم فقالوا انما هو اساطير الاولين فيرجع احدهم فاذا كان الوافد ممن عزم الله له على الرشاد فقالوا له مثل ذلك (فلا يرجع) فيدخل مكة فيلقى المؤمنين فيسأله ماذا يقول محمد وما انزل ربكم فيقولون خيرًا آه۱۲ منه مرت في الحواشى على الآية السابقة۱۲۔

الکلام: قوله تعالى كاملة فيه دلالة على ان المؤمنين يرجى فيهم سقوط بعض عقابهم ولا تبقى اوزارهم كاملة من الروح۱۲۔

فائدہ: وان شئت حملت اتيان الملائكة على ماحمل عليه قوله تعالى في آخر الانعام هل ينظرون الآية والكل قريب۱۲۔

www.besturdubooks.net

اللغات: البنیان اسم مفرد مذکر بمعنی المبنی القواعد فی البیضاوی الاساس ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ اتی اللہ بنیانھم الخ فی الکلام تمثیل او یقال اتی امر اللہ کما رواہ الطبری عن قتادۃ ۱۲۔

وَقَالَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا عَبَدْنَا مِن دُونِهِ مِن شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِن دُونِهِ مِن شَيْءٍ ۚ
كَذَٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿٣٥﴾ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا
أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ۖ فَمِنْهُم مَّنْ هَدَى اللَّهُ وَمِنْهُم مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلَالَةُ ۚ فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ
فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ﴿٣٦﴾ إِن تَحْرِصْ عَلَىٰ هُدَاهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَن يُضِلُّ ۖ وَمَا لَهُم
مِّن نَّاصِرِينَ ﴿٣٧﴾ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللَّهُ مَن يَمُوتُ ۚ بَلَىٰ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ
النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٨﴾ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي يَخْتَلِفُونَ فِيهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ كَانُوا كَاذِبِينَ ﴿٣٩﴾ إِنَّمَا
قَوْلُنَا لِشَيْءٍ إِذَا أَرَدْنَاهُ أَن نَّقُولَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ﴿٤٠﴾ وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي اللَّهِ مِن بَعْدِ مَا ظُلِمُوا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ ع ۱۱
فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۖ وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿٤١﴾ الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ﴿٤٢﴾

اور مشرک لوگ یوں کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو خدا کے سوا کسی چیز کی نہ ہم عبادت کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہم اس کے بدوں (حکم کے) کسی چیز کو حرام کہہ سکتے جو (کافر) لوگ ان سے پہلے ہوئے ہیں ایسی ہی حرکت انہوں نے بھی کی تھی سو پیغمبروں کے ذمہ تو صرف (احکام کا) صاف صاف پہنچا دینا ہے اور ہم ہر امت میں کوئی نہ کوئی پیغمبر بھیجتے رہے ہیں کہ تم (خاص) اللہ کی عبادت کرو اور شیطان (کے رستے) سے بچتے رہو سو ان میں بعضے وہ ہوئے کہ جن کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی اور بعضے ان میں سے وہ ہوئے جن پر گمراہی کا ثبوت ہو گیا تو اچھا زمین میں چلو پھرو پھر (آثار سے) دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیسا (برا) انجام ہوا ان کے راہ راست پر آنے کی اگر آپ کو تمنا ہو تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو ہدایت نہیں کرتا جس کو گمراہ کرتا ہے اور ان کا کوئی حمایتی نہ ہوگا اور یہ لوگ بڑے زور لگا لگا کر قسمیں کھاتے ہیں کہ جو مر جاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو دوبارہ زندہ نہ کرے گا کیوں نہیں زندہ کرے گا اس وعدہ کو تو اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمے لازم کر رکھا ہے لیکن اکثر لوگ یقین نہیں لاتے تاکہ جس چیز میں یہ لوگ اختلاف کیا کرتے تھے ان کے روبرو اس کا (بطور معائنہ کے) اظہار کر دے اور تاکہ کافر لوگ (پورا) یقین کر لیں کہ واقعی وہی جھوٹے تھے ہم جس چیز کو (پیدا کرنا) چاہتے ہیں بس اس سے ہمارا اتنا ہی کہنا (کافی) ہوتا ہے کہ تو (پیدا) ہو جا پس وہ پیدا ہو جاتی ہے اور جن لوگوں نے اللہ کے واسطے اپنا وطن (مکہ) چھوڑ دیا بعد اس کے کہ ان پر ظلم کیا گیا ہم ان کو دنیا میں ضرور اچھا ٹھکانا دیں گے اور آخرت کا ثواب بدرجہا بڑا ہے کاش ان (کافروں) کو (بھی) خبر ہوتی وہ ایسے ہیں جو صبر کرتے ہیں اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

تفسیر: رد دعویٰ کفار مر اثبات حقیت طریقہ خود و نفی قیامت را مع تسلیہ ☆ وَقَالَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا (الی قولہ تعالی) إِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ إِذَا أَرَدْنَاهُ أَن نَّقُولَ لَهُ كُن فَيَكُونُ اور مشرک لوگ یوں کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ کو (بطور رضا کے یہ امر) منظور ہوتا (کہ ہم غیر اللہ کی عبادت کہ ہمارے طریقہ کے اصول میں سے ہے اور بعض اشیاء کی تحریم کہ ہمارے طریقہ کے فروع میں سے ہے نہ کریں مطلب یہ کہ اگر اللہ تعالیٰ ہمارے طریقہ موجودہ کو ناپسند اور اس کے خلاف کو پسند کرتے) تو خدا کے سوا کسی چیز کی نہ ہم عبادت کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہم اس کے بدون (حکم کے) کسی چیز کو حرام کہہ سکتے (اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کو ہمارا طریقہ پسند ہے ورنہ ہم کو کیوں کرنے دیتے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ اس سے مغموم نہ ہوں کیونکہ یہ بیہودہ مجادلہ کوئی نئی بات نہیں بلکہ) جو (کافر) لوگ ان سے پہلے ہوئے ہیں ایسی ہی حرکت انہوں نے بھی کی تھی (یعنی بے ہودہ مجادلات اپنے پیغمبروں سے کئے تھے) سو پیغمبروں (کا اس سے کیا بگڑا اور وہ جس طریق کی طرف بلاتے ہیں اس کو کیا ضرر پہنچا ان) کے ذمہ تو (احکام کا) صرف صاف صاف پہنچا دینا ہے (صاف صاف یہ کہ دعویٰ واضح ہو اور دلیل صحیح اس پر قائم ہو اسی طرح آپ کے ذمہ بھی یہی کام تھا جو آپ کر رہے ہیں پھر اگر براہ عناد دعویٰ اور دلیل میں خوض نہ کریں تو آپ کی بلا سے) اور (جس طرح ان کا معاملہ آپ کے ساتھ یعنی مجادلہ کوئی نئی بات نہیں اسی طرح آپ کا معاملہ ان کے ساتھ یعنی توحید و دین حق کی طرف بلانا کوئی نئی

www.besturdubooks.net

بات نہیں بلکہ اس کی تعلیم بھی قدیم سے چلی آئی ہے چنانچہ) ہم ہر امت میں (امم سابقہ سے) کوئی نہ کوئی پیغمبر (اس بات کی تعلیم کے لئے) بھیجتے رہے ہیں کہ تم (خاص) اللہ کی عبادت کرو اور شیطان (کے رستہ) سے (کہ وہ شرک وکفر ہے) بچتے رہو (اس میں تحریم مجوث فیہ بھی آ گئی کیونکہ وہ بھی شعبہ شرک وکفر کا تھا) سو ان میں بعضے وہ ہوئے کہ جن کو اللہ نے ہدایت دی (کہ انہوں نے حق کو قبول کر لیا) اور بعضے ان میں وہ ہوئے جن پر گمراہی کا ثبوت ہو گیا (مطلب یہ کہ کفار اور انبیاء میں یہ معاملہ اسی طرح چلا آ رہا ہے اور ہدایت واضلال کے متعلق اللہ تعالیٰ کا معاملہ بھی ہمیشہ سے یوں ہی جاری ہے کہ مجادلہ کفار کا بھی قدیم تعلیم انبیاء علیہم السلام کی بھی قدیم اور سب کا ہدایت نہ پانا بھی قدیم پھر آپ کو غم کیوں ہو یہاں تک تسلی فرمائی گئی جس میں اخیر کے مضمون میں ان کے شبہ کا اجمالی جواب بھی ہو گیا کہ ایسی باتیں کرنا گمراہی ہے جس کے گمراہی ہونے کی آگے تائید اور جواب کی زیادہ توضیح ہے یعنی اگر مجادلہ مع الرسل کا گمراہی ہونا تم کو معلوم نہ ہو) تو (اچھا) زمین میں چلو پھرو پھر (آثار سے) دیکھو کہ (پیغمبروں کے) جھٹلانے والوں کا کیسا (برا) انجام ہوا (پس اگر وہ گمراہ نہ تھے تو ان پر عذاب کیوں نازل ہوا اور واقعات اتفاقیہ ان کو اس لئے نہیں کہہ سکتے کہ خلاف عادت ہوئے اور انبیاء علیہم السلام کی پیشینگوئی کے بعد ہوئے اور مؤمنین اس سے بچے رہے پھر اس کے عذاب ہونے میں کیا شک ہے اور چونکہ بوجہ شدت غم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آپ کے تسلیہ کا اہتمام زائد ہے اس لئے پہلے لوگوں کی گمراہی کی خبر دینے پر تفریع فرمانے کے طور پر آگے پھر آپ کو خطاب ہے کہ جیسے پہلے بعضے لوگ ہوئے ہیں جن پر حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ صادق آتا تھا اسی طرح یہ لوگ بھی ہیں سو (ان کے راہ راست پر آنے کی اگر آپ کو تمنا ہو تو (کچھ نتیجہ نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو ہدایت نہیں کیا کرتا جس کو (اس شخص کے عناد کے سبب) گمراہ کرتا ہے (البتہ اگر وہ عناد کو چھوڑ دے تو ہدایت کر دیتا ہے لیکن یہ عناد کو چھوڑیں گے نہیں اس لئے ان کو ہدایت بھی نہ ہوگی) اور (ضلالت وعذاب کے بارہ میں اگر ان کا یہ گمان ہو کہ ہمارے شرکاء اس حالت میں بھی عذاب سے بچا لیں گے تو وہ سمجھ رکھیں خدا تعالیٰ کے مقابلہ میں) ان کا کوئی حمایتی نہ ہوگا (یہاں تک تقریر ہو گئی ان کے شبہ اول کے متعلق آگے دوسرے شبہ کے متعلق کلام ہے) اور یہ لوگ بڑے زور لگا لگا کر اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ جو مر جاتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کو دوبارہ زندہ نہ کرے گا (اور قیامت نہ آوے گی آگے جواب ہے کہ) کیوں نہیں زندہ کرے گا (یعنی ضرور زندہ کرے گا) اس وعدہ کو تو اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لازم کر رکھا ہے لیکن اکثر لوگ (باوجود قیام دلیل صحیح کے اس پر) یقین نہیں لاتے (اور یہ دوبارہ زندہ کرنا اس لئے ہوگا) تا کہ (دین کے متعلق) جس چیز میں یہ لوگ (دنیا میں) اختلاف کیا کرتے تھے (اور انبیاء کے فیصلہ سے روبراہ نہ آتے تھے) ان کے روبرو اس (کی حقیقت) کا (بطور معائنہ کے) اظہار کر دے اور تا کہ (اس اظہار حقیقت کے وقت) کافر لوگ (پورا) یقین کر لیں کہ واقعی وہی جھوٹے تھے (اور انبیاء ومؤمنین سچے تھے پس قیامت کا آنا یقینی اور عذاب سے فیصلہ ہونا ضروری یہ جواب ہو گیا لا یبعث اللہ کا اور چونکہ وہ لوگ قیامت کی نفی وقوع بنا بر اس کے استبعاد کے کرتے تھے اس لئے آگے اپنی قدرت کاملہ کے اثبات سے اس کا استبعاد دفع فرماتے ہیں کہ ہماری قدرت ایسی عظیم ہے کہ) ہم جس چیز کو (پیدا کرنا چاہتے ہیں بس اس سے ہمارا اتنا ہی کہنا (کافی) ہوتا ہے کہ تو (پیدا) ہو جا پس وہ (موجود) ہو جاتی ہے (تو اتنی بڑی قدرت کاملہ کے روبرو بے جان چیزوں میں دوبارہ جان کا پڑ جانا کون سا دشوار ہے جیسا پہلی بار جان ڈال چکے ہیں اب دونوں شبہوں کا پورا جواب ہو چکا وللہ الحمد)۔ **ف**: كُنْ فَيَكُوْنَ کی بحث آخر پارہ الم رکوع وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ آیت بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ میں آ چکی ہے ملاحظہ فرما لیا جاوے اور لَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان والوں کے لئے بھی زمانہ قدیم میں کچھ رسول مبعوث ہوئے ہیں خواہ ہند ہی میں پیدا ہوئے اور رہے ہوں یا کسی اور ملک میں رہتے ہوں اور یہاں ان کے نائب تبلیغ کے لئے آئے ہوں اور اگر آیت: لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ سے اس کے تعارض کا شبہ ہو تو دو طرح سے مدفوع ہو سکتا ہے ایک یہ کہ کل امۃ میں لفظ کل تکثیر کے لئے ہو اس لئے ہند میں رسول آنے کے مضمون میں احقر نے لفظ ظاہراً بڑھایا ہے۔ دوسرے یہ کہ ہر امت اور قوم کے اوائل میں ایک رسول آ گئے ہوں اس طرح کہ اگر وہ لوگ اس شریعت کا سلسلہ قائم وباقی رکھنا چاہتے تو ممکن ہوتا اور ضرورت اسی قدر سے مرتفع ہو سکتی ہے اور اواخر میں رسول آنے کی ضرورت نہیں رہتی گو اوائل کی تقصیر سے اواخر تک وہ سلسلہ نہ پہنچا ہو بس حکم بعث کا کل امم میں باعتبار اوائل کے ہو اور مَآ اَتٰهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ باعتبار اواخر کے ہو اور اس صورت میں احتمال ہے کہ بعض جگہ جبال وجزائر میں تبلیغ نہ ہوئی ہو واللہ اعلم۔

ربط: اوپر کفار کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایذاء رسانی کا معاملہ کہ مجادلہ بالباطل ہے بیان فرما کر آپ کو تسلی دی ہے آگے کفار کا اہل ایمان کے ساتھ جو ایذاء رسانی کا معاملہ تھا یعنی اخراج عن الوطن اس بارے میں اہل ایمان کو بشارت خیر دارین کی سنا کر تسلی دیتے ہیں لیکن آیت میں ہجرت سے مدینہ کی ہجرت مراد نہیں ہے کیونکہ یہ سورت مکی ہے قبل ہجرت نازل ہوئی بلکہ ہجرت حبشہ مراد ہے اور لَنُبَوِّئَنَّهُمْ سے مدینہ میں قرار دینے کا وعدہ ہے کذا فی الدر عن قتادۃ۔

تبشیر مہاجرین ☆ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ اور جن لوگوں نے اللہ کے واسطے اپنا وطن (مکہ) چھوڑ دیا

www.besturdubooks.net

(اور حبشہ کو چلے گئے) بعد اس کے کہ ان پر (کفار کی طرف سے) ظلم کیا گیا (کیونکہ ایسی مجبوری میں وطن چھوڑنا بڑا شاق گذرتا ہے) ہم ان کو دنیا میں ضرور اچھا ٹھکانہ دیں گے (یعنی ان کو مدینہ پہنچا کر خوب امن وراحت دیں گے چنانچہ بعد چندے مدینہ میں اللہ تعالیٰ نے پہنچا دیا اور اس کو وطن اصلی قرار دیا گیا اس لئے اس کو ٹھکانہ کہا اور ہر طرح کی وہاں سے ترقی ہوئی اس لئے حسنہ کہا گیا اور حبشہ کا قیام عارضی تھا اس لئے اس کو ٹھکانہ نہیں فرمایا) اور آخرت کا ثواب (اس سے) بدرجہا بڑا ہے (کہ خیر بھی ہے اور ابقی بھی) کاش (اس اجر آخرت کی) ان (بے خبر کافروں) کو (بھی) خبر ہوتی (اور اس کے حاصل کرنے کی رغبت سے مسلمان ہو جاتے) وہ (مہاجرین ان وعدوں کے اس لئے مستحق ہیں کہ وہ) ایسے ہیں جو (ناگوار واقعات پر) صبر کرتے ہیں (چنانچہ وطن کا چھوڑنا گوان کو ناگوار ہے لیکن بدون اس کے دین پر عمل نہیں کر سکتے تھے دین کے لئے وطن چھوڑا اور صبر کیا) اور (وہ ہر حال میں) اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں (وطن چھوڑنے کے وقت یہ خیال نہیں کرتے کہ کھاویں پیویں گے کہاں سے) **ف**: گو بعض کا حبشہ ہی میں انتقال ہو گیا تھا لیکن اکثر مدینہ میں پہنچے پھر یہ کہ اصل مطلب تو پریشانی کی نفی کرنا ہے سو یہ اموات پر بھی صادق ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا (الی قوله تعالی) وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ اور حدیث میں تارک منہیات کو مہاجر فرمایا ہے تو اس آیت میں متقی کی بھی بشارت ہے حسناتِ دارین کے ساتھ۔ قولہ تعالیٰ: فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اس میں شیخ کامل کی تقلید بھی داخل ہو گئی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ان تحرص نتیجہ نہیں اشارة الی تقدیر جواب ان ای فلا ینفع حرصك ۱۲منه۔

النحو: قوله حقا صفة لوعدا وعليه متعلق بمقدر ای لازما وهو صفة ايضا لوعدا ووعدا مفعول مطلق للفعل المقدر ۱۲۔ قوله ليبين متعلق بمقدر يدل عليه بلى ای يبعثهم ليبين الخ ۱۲۔ قوله فی الله ای الله كما فی قوله عليه السلام فی هرة ۱۲۔ قوله حسنة ای مباءة حسنة بمعنى منزلا ۱۲۔ قوله الذين صبروا ای هم الذين ۱۲۔ قوله تعالٰى بالبينٰت والزبر متعلق بارسلنا المقدر الدال عليه ما ارسلنا المذكور ۱۲۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٤٣﴾ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ۭ وَاَنْزَلْنَآ
نصف اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٤٤﴾ اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ
اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٤٥﴾ اَوْ يَاْخُذَهُمْ فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿٤٦﴾ اَوْ يَاْخُذَهُمْ
عَلٰي تَخَوُّفٍ ۭ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٤٧﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَاۗىِٕلِ
سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَاۗبَّةٍ وَّالْمَلٰۗىِٕكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٤٩﴾
السجدۃ ع ٦ ١٢ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ
فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿٥١﴾ وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ۭ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ
فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ ﴿٥٣﴾ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٤﴾
لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۣ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ۭ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ
عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿٥٦﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ
مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿٥٨﴾ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْۗءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ۭ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰي هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ ۭ اَلَا سَاۗءَ مَا
ع ٧ ١٠ ١٣ يَحْكُمُوْنَ ﴿٥٩﴾ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٦٠﴾

www.besturdubooks.net

اور ہم نے آپ کے قبل (بھی) صرف آدمی ہی رسول بنا کر معجزات اور کتابیں دے کر بھیجے ہیں کہ ان پر وحی بھیجا کرتے تھے سو اگر تم کو علم نہیں تو (دوسرے) اہل علم سے پوچھ دیکھو اور آپ پر یہ قرآن اتارا ہے تاکہ جو مضامین لوگوں کے پاس بھیجے گئے ان کو آپ ان سے ظاہر کر دیں اور تاکہ وہ (ان میں) فکر کیا کریں اور جو لوگ بری بری تدبیریں کرتے ہیں کیا ایسے لوگ پھر بھی اس بات سے بے فکر ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو زمین میں دھنسا دے یا ان پر ایسے موقع سے عذاب آ پڑے جہاں سے ان کو گمان بھی نہ ہو یا ان کو چلتے پھرتے (کسی آفت میں) پکڑ لے سو یہ لوگ خدا کو ہرگز (بھی) نہیں ہرا سکتے یا ان کو گھٹاتے گھٹاتے پکڑے سو تمہارا رب شفیق بڑا مہربان ہے کیا (ان) لوگوں نے اللہ کی ان پیدا کی ہوئی چیزوں کو نہیں دیکھا جن کے سامنے کبھی ایک طرف کو کبھی دوسری طرف کو اس طور پر جھکتے جاتے ہیں کہ (بالکل) خدا کے (حکم کے) تابع ہیں اور وہ چیزیں بھی عاجز ہیں اور اللہ ہی کی مطیع ہیں جتنی چیزیں چلنے والی آسمانوں میں اور زمین میں موجود ہیں اور بالخصوص فرشتے (بھی) اور وہ تکبر نہیں کرتے وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں جو کہ ان پر بالا دست ہے اور ان کو جو کچھ حکم کیا جاتا ہے وہ اس کو کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ دو (یا زیادہ) معبود مت بناؤ پس ایک معبود وہی ہے تو تم لوگ خاص مجھ ہی سے ڈرو اور اسی کی (ملک) ہیں سب چیزیں جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اور لازمی طور پر اطاعت بجالانا اسی کا حق ہے تو کیا پھر بھی اللہ کے سوا اوروں سے ڈرتے ہو اور تمہارے پاس جو کچھ بھی نعمت ہے وہ سب اللہ ہی کی طرف سے ہے پھر جب تم کو (ذرا) تکلیف پہنچتی ہے تو اسی سے فریاد کرتے ہو پھر جب تم سے اس تکلیف کو ہٹا دیتا ہے تو تم میں ایک جماعت اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ہماری دی ہوئی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں خیر چند روز عیش اڑا لو اب جلدی خبر ہوئی جاتی ہے اور یہ لوگ ہماری دی ہوئی چیزوں میں سے ان معبودوں کا حصہ لگاتے ہیں جن کے متعلق ان کو کچھ علم نہیں قسم ہے خدا کی تم سے تمہاری ان افتراء پردازیوں کی ضرور باز پرس ہوگی اور اللہ تعالیٰ کے لئے بیٹیاں تجویز کرتے ہیں سبحان اللہ اور اپنے لئے چاہتی ہے چیز اور جب ان میں سے کسی کو بیٹی کی خبر دی جائے تو سارے دن اس کا چہرہ بے رونق رہے اور وہ دل ہی دل میں گھٹتا رہے (اور) جس چیز کی اس کو خبر دی گئی ہو اس کی عار میں لوگوں سے چھپا چھپا پھرے آیا اس کو ذلت پر لئے رہے یا اس کو (زندہ یا مار کر) مٹی میں گاڑ دے خوب سن لو ان کی تجویز بہت ہی بری ہے جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے ان کی بری حالت ہے اور اللہ تعالیٰ کے لئے تو بڑے اعلیٰ درجہ کے صفات ثابت ہیں اور وہ بڑے زبردست ہیں بڑے حکمت والے ہیں۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر کی آیت سے پہلے کفار کے بعض شبہات کفریہ کا جواب مذکور تھا آگے ایک شبہ کفریہ کا جواب رسالت کے متعلق مذکور ہے۔

جواب شبہ کفار متعلق رسالت ☆ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ (الی قولہ تعالی) وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ اور (یہ لوگ جو آپ کی رسالت کا اس بنا پر انکار کرتے ہیں کہ رسالت اور بشریت میں منافات سمجھ رہے ہیں محض مہمل بات ہے کیونکہ) ہم نے آپ کے قبل (بھی) صرف آدمی ہی رسول بنا کر معجزات اور کتابیں (یعنی دلائل واحکام) دے کر بھیجے ہیں کہ ان پر وحی بھیجا کرتے تھے سو (اے مکہ والو منکرو) اگر تم کو علم نہیں تو (دوسرے) اہل علم سے پوچھ دیکھو (جو تمہارے نزدیک مسلمانوں کی طرفداری نہ کریں) اور (اسی طرح آپ کو رسول بنا کر) آپ پر بھی یہ قرآن اتارا ہے تاکہ جو مضامین (آپ کے واسطہ سے) لوگوں کے پاس بھیجے گئے ان کو آپ ان سے ظاہر کر دیں اور تاکہ وہ (ان میں) فکر کیا کریں (یعنی آپ اپنا کام کریں اور وہ اپنا کام کریں کہ مجموعہ سے ہدایت ہو غرض یہ کہ جب آپ کی رسالت بھی سنت قدیمہ کے موافق ہے پھر انکار کی کیا وجہ اور دعویٰ تنافی کی کیا دلیل) **ف**: مراد اہل ذکر سے اہل کتاب ہیں جو خود مشرکین کی طرح اہل اسلام کے مخالف تھے اور اگر کوئی کہے کہ اس مسئلہ میں مشرکین ان کے بھی مخالف تھے پھر انکا قول کیسے حجت ہوگا جواب یہ ہے کہ یہ امر منقول ہے مذہبی حیثیت سے قطع نظر کر کے من حیث التواتر ان کا قول حجت ہو جاوے گا اور تواتر میں عدالت شرط نہیں پس اہل کتاب کا مذہبا غیر عادل ہونا مضر احتجاج نہیں ہو سکتا۔

ربط: اوپر آیات وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا الخ سے پہلے آیت ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ اور هَلْ يَنْظُرُوْنَ میں کفار کو عذاب آخرت سے ڈرایا تھا آگے عذاب دنیوی سے ڈراتے ہیں۔

وعید کفار باحتمال عذاب دنیوی ☆ اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ (الی قولہ تعالی) فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ جو لوگ (دین حق کے باطل کرنے کو) بری بری تدبیریں کرتے ہیں (کہ کبھی اس میں شبہات واعتراض نکالتے ہیں اور حق کا انکار کرتے ہیں کہ اضلال ہے کہیں دوسروں کو روکتے ہیں کہ اضلال ہے) کیا ایسے لوگ (یہ کارروائیاں کفر کی کر کے) پھر بھی اس بات سے بے فکر (بیٹھے ہوئے) ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو (ان کے کفر کے وبال میں) زمین میں غرق کر دے یا ان پر ایسے موقع سے عذاب آ پڑے جہاں ان کو گمان بھی نہ ہو (جیسے جنگ بدر میں ایسے بے سروسامان مسلمانوں کے ہاتھ سے ان کو سزا ملی کہ کبھی ان کو اس کا احتمال عقلی بھی نہ ہوتا کہ یہ ہم پر غالب آ سکیں گے) یا ان کو چلتے پھرتے (کسی آفت میں پکڑ لے (جیسے کوئی مرض ہی دفعۃً آ کھڑا ہو) سو (اگر ان امور میں سے کوئی امر ہو جاوے تو) یہ لوگ خدا کو ہرا (بھی) نہیں سکتے یا ان کو گھٹاتے گھٹاتے پکڑ لے (جیسے قحط و وبا پڑے اور تدریجاً خاتمہ ہو جاوے یعنی نڈر ہونا نہ چاہئے خدا کو سب قدرت ہے مگر مہلت جو دے رکھی ہے) سو (اس کی وجہ یہ ہے کہ) تمہارا رب شفیق مہربان بڑا ہے (اس لئے مہلت دی ہے کہ اب بھی سمجھ جاؤ اور فلاح اور نجات کا طریق اختیار کر لو)۔ **ف**: آفت کی اقسام مختلف ہیں اول بواسطہ انسان کے دوسرے غیبی طور پر جو آ جانا ہو تیسرے غیبی اور معمولی طور پر جو

www.besturdubooks.net

خاص شخص کی حالت کے اعتبار سے ہو چوتھے غیبی معمولی طور پر جو عام حالت کے اعتبار سے ہو یَخۡسِفَ اللّٰهُ میں قسم دوم اور یَاۡتِيَهُمُ الۡعَذَابُ میں قسم اول اور یَاۡخُذَهُمۡ فِىۡ تَقَلُّبِهِمۡ میں قسم سوم اور یَاۡخُذَهُمۡ عَلٰى تَخَوُّفٍ میں قسم چہارم کی طرف اشارہ ہے۔ واللہ اعلم باسرار کلامہ۔

ربط: اوپر شروع سورت سے دور تک توحید کا مضمون تھا آگے پھر عود ہے اسی کی طرف۔

عود بسوئے توحید ☆ اَوَلَمۡ يَرَوۡا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنۡ شَىۡءٍ (الی قولہ تعالی) وَيَفۡعَلُوۡنَ مَا يُؤۡمَرُوۡنَ۩ کیا (ان) لوگوں نے اللہ کی ان پیدا کی ہوئی چیزوں کو نہیں دیکھا (اور دیکھ کر توحید پر استدلال نہیں کیا) جن کے سائے کبھی ایک طرف کو کبھی دوسری طرف کو اس طور پر جھکتے جاتے ہیں کہ (بالکل) خدا کے (حکم کے) تابع ہیں (یعنی سایہ کے اسباب کہ آفتاب کا نورانی ہونا اور سایہ دار جسم کا کثیف ہونا ہے اور حرکت سایہ کا سبب کہ آفتاب کی حرکت ہے پھر سایہ کے خواص یہ سب بحکم الٰہی ہے) اور وہ (سایہ دار) چیزیں بھی (اللہ کے روبرو) عاجز (اور تابع حکم) ہیں اور (جس طرح یہ اشیائے مذکورہ جن میں حرکت ارادیہ نہیں جیسا کہ یتفیؤا کی اسناد ظلال کی طرف اس کا قرینہ ہے کیونکہ متحرک بلا ارادہ میں سایہ کی حرکت خود اس متحرک بالارادہ کی حرکت سے ہوتی ہے حکم خدا کے تابع ہیں اسی طرح) اللہ ہی کے مطیع (حکم) ہیں جتنی چیزیں (بالارادہ) چلنے والی آسمانوں میں (جیسے فرشتے) اور زمین میں (جیسے حیوانات) موجود ہیں اور (بالخصوص) فرشتے (بھی) اور وہ (فرشتے باوجود علو مکان ورفعت شان کے اطاعت خداوندی سے) تکبر نہیں کرتے (اور اسی لئے بالخصوص ان کا ذکر کیا گیا باوجودیکہ ما فی السمٰوٰت میں داخل تھے) وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں جو کہ ان پر بالادست ہے اور ان کو جو کچھ (خدا کی طرف سے) حکم کیا جاتا ہے وہ اس کو کرتے ہیں۔

ربط: اوپر توحید کا اثبات تھا آگے اشراک کا ابطال ہے۔

ذم وابطال شرک وترہیب عباد ☆ وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوۡۤا اِلٰهَيۡنِ اثۡنَيۡنِ‌ۚ (الی قولہ تعالی) وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ۝ اور اللہ تعالیٰ نے (تمام مکلفین کو بواسطہ رسل کے) فرمایا ہے کہ دو (یا زیادہ) معبود مت بناؤ بس ایک معبود ہی ہے (اور جب یہ بات ہے) تو تم لوگ خاص مجھ ہی سے ڈرا کرو (کیونکہ جب الوہیت میرے ساتھ خاص ہے تو جو اس کے لوازم ہیں کمال قدرت وغیرہ بھی میرے ہی ساتھ خاص ہوں گے تو انتقام وغیرہ کا خوف مجھ ہی سے چاہئے اور شرک انتقام کو مستدعی ہے پس شرک نہ کرنا چاہئے) اور اسی کی (ملک) ہیں سب چیزیں جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اور لازمی طور پر اطاعت بجالانا اسی کا حق ہے (یعنی وہی اس امر کا مستحق ہے کہ سب اس کی اطاعت بجالاویں جب یہ بات ثابت ہے) تو کیا پھر بھی اللہ کے سوا اوروں سے ڈرتے ہو (اور ان سے ڈر کر ان کو پوجتے ہو) اور (جیسا ڈرنے کے قابل سوا خدا کے کوئی نہیں ایسا ہی نعمت دینے والا اور امید کے قابل بجز خدا کے کوئی نہیں چنانچہ) تمہارے پاس جو کچھ (کسی قسم کی) بھی نعمت ہے وہ سب اللہ ہی کی طرف سے ہے پھر جب تم کو (ذرا) تکلیف پہنچتی ہے تو (اس کے رفع ہونے کے لئے) اسی (اللہ) سے فریاد کرتے ہو (اور کوئی بت وغیرہ اس وقت یاد نہیں آتا جس سے توحید کا حق ہونا اس وقت تمہارے اقرار حال سے بھی معلوم ہو جاتا ہے لیکن) پھر جب (اللہ تعالیٰ) تم سے اس تکلیف کو ہٹا دیتا ہے تو تم میں کی ایک جماعت (اور وہی بڑی جماعت ہے) اپنے رب کے ساتھ (بدستور سابق) شرک کرنے لگتی ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ ہماری دی ہوئی نعمت کی (وہ تکلیف کا رفع کرنا ہے) ناشکری کرتے ہیں (جو عقلاً بھی قبیح ہے) خیر چندروزہ عیش اڑالو (دیکھو) اب جلدی (مرتے ہی) تم کو خبر ہوئی جاتی ہے (اور ایک جماعت اس لئے کہا گیا کہ بعضے اس حالت کو یاد رکھ کر توحید وایمان پر قائم ہو جاتے ہیں کقولہ تعالیٰ: فَلَمَّا نَجّٰىهُمۡ اِلَى الۡبَرِّ فَمِنۡهُمۡ مُّقۡتَصِدٌ‌ؕ [لقمٰن: ۳۲]) اور (منجملہ ان کے شرک کے ایک یہ ہے کہ) یہ لوگ ہماری دی ہوئی چیزوں میں سے ان (معبودوں) کا حصہ لگاتے ہیں جن کے (معبود ہونے کے) متعلق ان کو کچھ علم (اور ان کے معبود ہونے کی کوئی دلیل وسند) نہیں (جیسا اس کی تفصیل پارۂ ہشتم کے رکوع سوم آیت: وَجَعَلُوۡا لِلّٰهِ الخ میں گذری ہے) قسم ہے خدا کی تم سے تمہاری ان افتراء پردازیوں کی (قیامت میں) ضرور باز پرس ہوگی اور (ایک شرک ان کا یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ کے لئے بیٹیاں تجویز کرتے ہیں سبحان اللہ (کیسی مہمل بات ہے) اور (اس پر یہ طرہ کہ) اپنے لئے چاہتی چیز (یعنی بیٹے پسند کرتے ہیں) اور جب ان میں کسی کو بیٹی (پیدا ہونے) کی خبر دی جاوے (جس کو اللہ کے لئے تجویز کرتے ہیں) تو (اس قدر ناراض ہو کہ) سارے دن اس کا چہرہ بے رونق رہے اور وہ دل ہی دل میں گھٹتا رہے (اور) جس چیز کی اس کو خبر دی گئی ہے (یعنی تولد دختر) اس کی عار سے لوگوں سے چھپا چھپا پھرے (اور دل میں اتار وچڑھاؤ کرے کہ) آیا اس (مولود جدید) کو ذلت (کی حالت) پر لئے رہے یا اس کو (زندہ یا مار کر) مٹی میں گاڑ دے خوب سن لو ان کی یہ تجویز بہت ہی بری ہے کہ اول تو خدا کے لئے اولاد ثابت کرنا یہی کس قدر بری بات ہے پھر اولاد بھی وہ جس کو خود اس قدر ذلیل وموجب عار سمجھیں پس) جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے ان کی بری حالت ہے (دنیا میں بھی کہ ایسے جہل میں مبتلا ہیں اور آخرت میں بھی کہ مبتلائے عقوبت وذلت ہوں گے) اور اللہ تعالیٰ کے لئے تو بڑے اعلیٰ درجہ کی صفات ثابت ہیں (نہ وہ جو کہ یہ مشرکین بکتے ہیں) اور وہ بڑے زبردست ہیں (اگر ان کو دنیا میں شرک کی سزا دینا چاہیں تو کچھ مشکل نہیں لیکن ساتھ ہی) بڑی حکمت والے (بھی ہیں بمقتضائے حکمت بعد موت تک سزا کو مؤخر فرما دیا ہے) **ف**: روح المعانی میں ہے کہ خزاعہ ملائکہ کو بیٹیاں خدا کی کہتے تھے اور جیسے نبوت کا اعتقاد مہمل تھا ایسے ہی

www.besturdubooks.net

ان کی تانیث کا بھی۔ واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَمَابِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ الخ باوجود بعض نعمتوں کے ظاہراً منجانب خلق کے ہونے کے سب کو حق تعالیٰ کی طرف سے فرمانا ممکن ہے کہ اس طرف اشارہ ہو کہ نعم کے سب وسائط منعم حقیقی کے مظاہر ہیں اور یہی مسئلہ ہے مظہریت کا ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى سورۂ روم میں ایسی ہی آیت ہے وہاں دیکھ لو ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی افامن یہ کارروائیاں اشارة الی توجیه الفاء ۱۲۔ ۲؎ قوله قبل فان ربکم مہلت اشارة الی ان المذکور علة للمقدر ای لم یفعل ذلك فان ربکم الخ ۱۲ منه۔ ۳؎ قوله فی الیمین والشمائل ایک طرف الخ اشارة الی ان المراد بهما مطلق الجانبین مجازًا ۱۲۔ ۴؎ قوله فی یتفیؤا جھکتے جاتے ہیں اشارة الی ان الفیٔ عام لما قبل الزوال ولما بعده كما نقل الطبری عن قتادة وابن جریج والضحاك ۱۲۔ ۵؎ قوله فی سجدا تابع اشارة الی ان فیه مجازًا لاشتراك المطلقة فیهما ۱۲۔ ۶؎ قوله فی هم داخرون سایہ دار چیزیں اشارة الی ان الضمیر الی شیٔ والجمع باعتبار عمومه معنی كما ان افراد ضمیر ظلاله الراجع الی شیٔ باعتبار افراده لفظا واتی بضمیر ذوی العقول اشارة الی ان دخورها کدخور اهل العقل ۱۲۔ ۷؎ قوله فی الهین یا زیادہ اشارة الی ان المقصود بالنهی التعدد لا خصوصیة العدد ولما كان نفی الاثنین یستلزم نفی ما زاد علیه اقتصر علیه ۱۲۔ ۸؎ قوله فی مسكم ذرا دل علیه مادة المس ۱۲۔ ۹؎ قوله فی لیکفروا حاصل اشارة الی ان اللام للعاقبة ۱۲۔ ۱۰؎ قوله فی توضیحه عقلاً اشارة الی فائدة جملة لیکفروا ۱۲۔ ۱۱؎ قوله قبل لهم طرہ اشارة الی انه لا دخل له فی اشراكهم والانكار انما هو علی المجموع ۱۲۔ ۱۲؎ قوله فی بشر پیدا اشارة الی حذف المضاف ای بولادة الانثی ۱۲۔ ۱۳؎ قوله فی بشر خبر اشارة الی ارادة المطلق بالمقید ویحتمل اعتبار كونه سارا فی نفسه ۱۲۔ ۱۴؎ قوله فی سوء عار اشارة الی ان هذا السوء باعتبار العرف لا فی الواقع ۱۲۔ ۱۵؎ قوله قبل ایمسكه آیا رہنے دے اشارة الی تقدیر الكلام هكذا یتواری ویتفكر فی نفسه ما ذا یفعل المسكه الخ۔ ۱۶؎ قوله فی یدسه زندہ یا مار کر لان عادتهم كانت مختلفة ولما كان مآل الجمیع الدفن دخل فی الدس جمیع الصور ۱۲۔

اللغات: قوله ان یخسف بکم الخسف لازم ومتعد فالباء اما للتعدیة او للملابسة والارض اما مفعول به او نصب بنزع الخافض ۱۲۔ قوله تخوف فی القاموس تخوف الشیٔ تنقصه ومنه قوله تعالیٰ او یاخذهم علی تخوف آه قوله دابة قال البیضاوی الدبیب هی الحركة الجسمانیة سواء كان فی ارض او سماء قلت فیعم الملائكة ۱۲ قوله الدین الطاعة الواصب اللازم الدائم ۱۲ قوله تجئرون الجوار التضرع الصیاع ۱۲۔

النحو: قوله من شیٔ بیان لما خلق ۱۲ قوله من فوقهم حال من ربهم قوله واصبا حال من ضمیر الدین (الی قولہ تعالیٰ) قوله ولهم عطف علی الله معمول لیجعلون۔ قوله علی هون حال من فاعل یمسك ای یمسكه حال كون الممسك ذلیلا وتذكیر الضمیر فی یمسكه باعتبار لفظ ما فی ما بشر ۱۲۔

البلاغة: قوله ان كنتم فی الشرط معنی التكبیت والالزام كما فی قول الاجیر ان كنت عملت لك فاعطنی حقی فان العمل غیر مشكوك فیه كما ان عدم العلم هذا لا یشك فیه ۱۲ منه۔ لعل النكتة فی افراد الیمین وجمع الشمائل مرادا بهما مطلق الجانبین لان التفیو عن الیمین یراد به ما یقارب الطلوع فافراده كافراد النور فی القرآن والتفیو عن الشمال یراد به ما یقارب الغروب فجمعه كجمع الظلمات والله اعلم باسرار كلامه ۱۲۔ قوله اثنین وواحد فی الروح جئی بهما للایضاح والتفسیر لا للتاكید وان حصل و تقریر ذلك ان لفظ آلهین حامل لمعنی الجنسیة اعنی الآلهیة ومعنی العدو اعنی الاثنینیة وكذا لفظ اله حامل لمعنی الجنسیة والواحدة والغرض المسوق له الكلام فی الاول النهی عن اتخاذ الاثنین من الآله لا عن اتخاذ جنس الاله وفی الثانی اثبات الواحد من الاله لا اثبات جنسه فوصف آلهین باثنین واله بواحد ایضاحاً لهذا الغرض ۱۲۔ قوله ثم اذا مسكم وقوله ثم اذا كشف فی الروح ثم فی الاول لتراخی الزمان اشعارا بانهم غمطوا تلك النعم ولم یزالوا علیه الی وقت الالجاء وفی الثانی لتراخی الرتبة ۱۲ قوله فایای فارهبون فی الروح فیه التفات من الغیبة الی التكلم والنكتة فیه بعد النكتة العامة اعنی الایقاظ والتطریة المبالغة فی التخویف فان تخویف الحاضر مواجهة ابلغ من تخویف الغائب ۱۲۔ قوله تالله لتسئلن فی الروح فی صرف الكلام من الغیبة الی الخطاب المنبئ عن كمال الغضب من شدة الوعید ما لا یخفی ۱۲ منه۔

www.besturdubooks.net

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ
سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٦١﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ۭ لَا جَرَمَ اَنَّ
لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿٦٢﴾ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ
الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦٣﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّ
رَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ
يَّسْمَعُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا ٨ ع ١٤
لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ
يَّعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿٦٨﴾ ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ
الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۭ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاۗءٌ لِّلنَّاسِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ
يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٦٩﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۣ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـــًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿٧٠﴾ ٩ ع ١٥

اور اگر اللہ تعالیٰ لوگوں پر ان کے ظلم کے سبب دارو گیر فرماتے تو سطح زمین پر کوئی (حس و) حرکت کرنے والا نہ چھوڑتے لیکن ایک میعادِ معین تک مہلت دے رہے ہیں پھر جب ان کا وقت معین آپہنچے گا اس وقت ایک ساعت نہ پیچھے ہٹ سکیں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے اور اللہ تعالیٰ کے لئے وہ امور تجویز کرتے ہیں جن کو ناپسند کرتے ہیں اور اپنی زبان سے جھوٹے وعدے کرتے جاتے ہیں کہ ان کے (یعنی ہمارے) لئے ہر طرح کی بھلائی لازمی بات ہے کہ ان کے لئے دوزخ ہے اور بے شک وہ لوگ سب سے پہلے دوزخ میں بھیجے جائیں گے۔ بخدا آپ سے پہلے جو امتیں ہو گذری ہیں ان کے پاس بھی ہم نے رسولوں کو بھیجا تھا سو ان کو بھی شیطان نے ان کے اعمال (کفریہ) مستحسن کر کے دکھلائے پس وہ آج ان کا رفیق ہے اور ان کے واسطے دردناک سزا مقرر ہے اور ہم نے آپ پر یہ کتاب صرف اس واسطے نازل کی ہے کہ جن امور (دین) میں لوگ اختلاف کر رہے ہیں آپ (عام) لوگوں پر اس کو ظاہر فرما دیں اور ایمان والوں کی ہدایت (خاصہ) اور رحمت کی غرض سے اور اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس سے زمین کو اس کے مردہ ہونے کے بعد زندہ کیا اس میں ایسے لوگوں کے لئے بڑی دلیل ہے جو سنتے ہیں اور (نیز) تمہارے لئے مواشی میں بھی غور درکار ہے (دیکھو) ان کے پیٹ میں جو گوبر اور خون (کا مادہ) ہے اس کے درمیان میں سے صاف اور گلے میں آسانی سے اترنے والا دودھ (بنا کر) ہم تم کو پینے کو دیتے ہیں اور (نیز) کھجور اور انگوروں کے پھلوں سے تم لوگ نشہ کی چیز اور عمدہ کھانے کی چیزیں بناتے ہو بے شک اس میں ان لوگوں کے لئے بڑی دلیل ہے جو عقل (سلیم) رکھتے ہیں اور آپ کے رب نے شہد کی مکھی کے جی میں یہ بات ڈالی کہ تو پہاڑوں میں گھر بنا لے اور درختوں میں (بھی) اور لوگ جو عمارتیں بناتے ہیں ان میں بھی پھر ہر قسم کے پھلوں سے چوستی پھر اپنے رب کے رستوں میں چل جو آسان ہیں اس کے پیٹ میں سے پینے کی ایک چیز نکلتی ہے جس کی رنگتیں مختلف ہوتی ہیں کہ اس میں لوگوں کے لئے شفاء ہے اس میں (بھی) ان لوگوں کے لئے بڑی دلیل ہے جو سوچتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے تم کو (اول) پیدا کیا پھر تمہاری جان قبض کرتا ہے اور بعضے تم میں وہ ہیں جو ناکارہ عمر تک پہنچائے جاتے ہیں جس کا یہ اثر ہوتا ہے کہ ایک چیز سے باخبر ہو کر پھر بے خبر ہو جاتا ہے بے شک اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی قدرت والے ہیں۔

تفسیر: ربط : اوپر شرک کا رد مذکور تھا اور اگلی آیت کے بعد وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الخ میں پھر اسی کے متعلق مضمون ہے اور درمیان میں یعنی اگلی آیت وَلَوْ يُؤَاخِذُ الخ میں شرک کا بوجہ غایت قبح کے مقتضی تعجیل سزا کا ہونا لیکن بمقتضائے حکمت اس سزا کا مؤجل ہونا اور اس اجل پر لابد اس کا وقوع ہو جانا مذکور ہے جس کی طرف آیت بالا کے اخیر یعنی وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٦٠﴾ میں اشارہ ہو بھی چکا ہے۔

امہال ظالمین تا وقت موعود ☆ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ (الی قولہ تعالی) وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٦١﴾ اور اگر اللہ تعالیٰ (ظالم) لوگوں پر ان کے (یعنی شرک و کفر) کے سبب (فی الفور دنیا میں پوری) دارو گیر فرماتے تو سطح زمین پر کوئی (حس و) حرکت کرنے والا نہ چھوڑتے (بلکہ سب کو ہلاک کر دیتے) لیکن (فی الفور دارو گیر

www.besturdubooks.net

نہیں فرماتے بلکہ) ایک میعادِ معین تک مہلت دے رہے ہیں (تاکہ اگر کوئی توبہ کرنا چاہے تو گنجائش ہو) پھر جب ان کا (وہ) وقت معین (نزدیک) آ پہنچے گا اس وقت ایک ساعت نہ (اس سے) پیچھے ہٹ سکیں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے (بلکہ فوراً سزا ہو جاوے گی) **ف**: تقریر ملازمت شرط و جزاء میں احقر کے نزدیک یہ ہے کہ ظالم تو اپنے ظلم کی وجہ سے ہلاک ہوتے اور غیر ظالم اس لئے کہ حکمت خداوندی باعتبار اکثر اوقات کے اس عالم میں مجموعہ کے آباد کرنے کو مقتضی ہے ورنہ نیکوں کی آبادی زمین پر بغیر ظالموں کے مثل آبادی ملائکہ کے آسمان پر ہوتی پھر آبادی زمین کو جدا کیوں کیا جاتا اور اس مضمون کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے جس میں ارشاد ہے: **لو لم تذنبوا لذهب الله بكم** الخ یعنی لو لم یکن فیکم مذنبون اس لئے نیک بھی نہ رہتے اور چونکہ حیوانات انسان ہی کے منافع کے لئے مخلوق ہوتے ہیں یہ نہ ہوتے تو وہ بھی نہ ہوتے **وهذا من المواهب ولله الحمد** اور اکثر اوقات کی قید اس لئے لگائی کہ بعض اوقات دنیا میں صرف غیر ظالم ہی رہیں گے جیسے زمان عیسیٰ علیہ السلام میں۔ **رَبط**: پھر عود ہے ذم شرک و اہل شرک کی طرف جس سے زیادہ مقصود باوجود شرک مذموم کے ان کے دعویٰ نجات کرنے پر مذمت کرنا ہے۔

ذم دعویٰ اہل شرک باوجود منافی ☆ وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ مَا يَكْرَهُونَ (الی قولہ تعالی) وَأَنَّهُم مُّفْرَطُونَ ۝ اور اللہ تعالیٰ کے لئے وہ امور تجویز کرتے ہیں جن کو خود (اپنے لئے) ناپسند کرتے ہیں (جیسا اوپر آیا ہے وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ الْبَنَاتِ) اور (پھر اس پر) اپنی زبان سے جھوٹے دعوے کرتے جاتے ہیں کہ ان کے (یعنی ہمارے) لئے (بر تقدیر وقوع قیامت) ہر طرح کی بھلائی ہے (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ بھلائی کہاں سے آئی تھی بلکہ) لازمی بات ہے کہ ان کے لئے (قیامت کے دن) دوزخ ہے اور بیشک وہ لوگ (دوزخ میں) سب سے پہلے بھیجے جاویں گے۔ **ف**: وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ مَا يَكْرَهُونَ میں دو وجہ سے تکرار نہیں[1] ایک تو یہ کہ یہ وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ الْبَنَاتِ سے عام ہے چنانچہ اپنی ریاست میں کسی کی شرکت کا ناپسند ہونا بھی اس میں داخل ہے دوسرے یہاں زیادہ مقصود رد ہے **تصف السنتهم** کا کہ ایسی تو باتیں کرتے ہیں اور پھر اپنے لئے قیامت میں امید بھلائی کی رکھتے ہیں جیسا تمہید میں بھی مذکور ہوا اور عنوان بھی اس پر دال ہے اور بر تقدیر وقوع ترجمہ میں اس لئے بڑھایا کہ وہ لوگ قیامت کے منکر تھے پس ان کا یہ کہنا بنائے مذکور پر تھا کقولہ تعالیٰ وَلَئِن رُّجِعْتُ إِلَىٰ رَبِّي إِنَّ لِي عِندَهُ لَلْحُسْنَىٰ۔

رَبط: اوپر کفار کی جہالات و کفریات کا مذکور تھا چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان سے صدمہ پہنچتا تھا آگے آپ کی تسلی جس کے ضمن میں اثبات رسالت و حقانیت قرآن بھی ہے فرماتے ہیں۔

تسلیہ رسول اللہ ﷺ: تَاللَّهِ لَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ أُمَمٍ مِّن قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ (الی قولہ تعالی) وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ ان کے کفر و جہالت پر کچھ غم نہ کیجئے کیونکہ) بخدا آپ (کے زمانہ) سے پہلے جو امتیں ہو گذری ہیں ان کے پاس بھی ہم نے رسولوں کو بھیجا تھا (جیسا آپ کو ان کے پاس بھیجا ہے) سو (جس طرح یہ لوگ اپنی کفریات کو پسند کرتے ہیں اور اس پر قائم ہیں اسی طرح) ان کو بھی شیطان نے ان کے اعمال (کفریہ) مستحسن کر کے دکھلائے پس وہ (شیطان) آج (یعنی دنیا میں) ان کا رفیق ہے (یعنی رفیق تھا کہ ان کو بہکاتا سکھاتا تھا پس دنیا میں تو ان کو یہ خسارہ ہوا) اور (پھر قیامت میں) ان کے واسطے دردناک سزا (مقرر) ہے (غرض یہ لاحقین بھی ان سابقین کی طرح کفر کر رہے ہیں اور ان ہی کی طرح ان کو سزا بھی ہو گی آپ کیوں غم میں پڑیں) اور ہم نے آپ پر یہ کتاب (جس کا نام قرآن ہے اس واسطے نازل نہیں کی کہ سب کا ہدایت پر لانا آپ کے ذمہ ہوتا کہ بعض کے ہدایت پر نہ آنے سے آپ مغموم ہوں بلکہ) صرف اس واسطے نازل کی ہے کہ جن امور (دین) میں لوگ اختلاف کر رہے ہیں (مثل توحید و معاد و احکام حلال و حرام) آپ (عام) لوگوں پر اس کو ظاہر فرما دیں (یہ فائدہ تو قرآن کا عام ہے) اور ایمان والوں کی ہدایت (خاصہ) اور رحمت کی غرض سے (نازل فرمایا ہے سو یہ امور بفضلہ تعالیٰ حاصل ہیں)۔ **رَبط**: اوپر شروع سورت سے زیادہ مضمون توحید کا بہ پیرایۂ انعامات چلا آتا ہے آگے پھر وہی مضمون ہے جو آیت: يَعْرِفُونَ نِعْمَتَ اللَّهِ الخ تک چلا گیا ہے جس میں چند چیزوں سے بترتیب استدلال و امتنان کیا گیا ہے پانی۔ نباتات۔ منافع مواشی۔ منافع نحل۔ احوال بشر یعنی ایجاد و توفی ابقائے شخصی و نوعی اعطائے حواس و عقل اعطاء اسباب معیشت اور درمیان درمیان آیت: فَمَا الَّذِينَ فُضِّلُوا اور آیت: ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا عَبْدًا و آیت: وَضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ میں شرک کا ابطال اور بعض آیات میں صرف اثبات صفات کمال علم و قدرت سے توحید پر استدلال کیا گیا ہے اور ختم آیات پر مضمون تسلیہ کا فرمایا ہے اور شروع سورت سے ان آیات کے ختم تک کہ دو ثلث سورت کا ہے چونکہ ایسے امور مذکور ہیں جو دلائل قدرت ہونے کے علاوہ وجوہ نعمت بھی ہیں اس لئے اس سورت کا نام سورہ نعم بھی ہے یعنی جمع نعمت۔

عود بتوحید متضمن انعامات ☆ وَاللَّهُ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً (الی قولہ تعالی) إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ قَدِيرٌ ۝ اور اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس سے زمین کو اس کے مردہ ہونے کے بعد زندہ کیا (یعنی اس کی قوت نامیہ کو بعد اس کے کہ خشک ہو جانے سے کمزور ہو گئی تھی تقویت دی) اس (امر مذکور) میں ایسے

www.besturdubooks.net

لوگوں کے لئے (توحید کی اور منعم ہونے کی) بڑی دلیل ہے جو (جی سے ان باتوں کو) سنتے ہیں اور (نیز) تمہارے لئے مواشی میں بھی غور درکار ہے (دیکھو) ان کے پیٹ میں جو گوبر اور خون (کا مادہ) ہے اس کے درمیان میں سے (دودھ کا مادہ کہ ایک حصہ خون کا ہے بعد ہضم کے جدا کر کے تھن کے مزاج سے اس کا رنگ بدل کر اس کو) صاف اور گلے میں آسانی سے اترنے والا دودھ (بنا کر) ہم تم کو پینے کو دیتے ہیں اور (نیز) کھجور اور انگوروں (کی حالت میں غور کرنا چاہئے کہ ان) کے پھلوں سے تم لوگ نشہ کی چیز اور عمدہ کھانے کی چیزیں) (جیسے خرمائے خشک و کشمش اور شربت اور سرکہ) بناتے ہو بیشک اس میں (بھی توحید کی اور منعم ہونے کی) ان لوگوں کے لئے بڑی دلیل ہے جو عقل (سلیم) رکھتے ہیں اور (یہ بات بھی غور کے قابل ہے کہ) آپ کے رب نے شہد کی مکھی کے جی میں یہ بات ڈالی کہ تو پہاڑوں میں گھر (یعنی چھتہ) بنالے اور درختوں میں (بھی) اور لوگ جو عمارتیں بناتے ہیں ان میں (بھی چھتہ لگالے چنانچہ ان سب موقعوں پر وہ چھتہ لگاتی ہے) پھر ہر قسم کے (مختلف) پھلوں سے (جو تجھ کو مرغوب ہوں) چوستی پھر۔ پھر (چوس کر چھتہ کی طرف واپس آنے کے لئے) اپنے رب کے رستوں میں چل جو (تیرے لئے باعتبار چلنے کے اور یاد رہنے کے) آسان ہیں (چنانچہ بڑی بڑی دور سے بے راستہ بھولے ہوئے اپنے چھتے کو لوٹ آتی ہے پھر جب چوس کر اپنے چھتہ کی طرف لوٹتی ہے تو) اس کے پیٹ میں سے پینے کی ایک چیز نکلتی ہے (یعنی شہد) جس کی رنگتیں مختلف ہوتی ہیں کہ اس میں لوگوں (کی بہت سے بیماریوں) کے لئے شفاء ہے اس میں (بھی) ان لوگوں کے لئے (توحید کی اور منعم ہونے کی) بڑی دلیل ہے جو سوچتے ہیں اور (اپنی حالت بھی سوچنے کے قابل ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے تم کو (اول) پیدا کیا پھر (عمر ختم ہونے پر) تمہاری جان قبض کرتا ہے (جن میں بعضے تو ہوش و حواس میں چلتے ہاتھ پاؤں اُٹھ جاتے ہیں) اور بعضے تم میں وہ ہیں جو ناکارہ عمر تک پہنچائے جاتے ہیں (جس میں نہ قوت جسمانیہ رہے نہ قوت عقلیہ رہے) جس کا یہ اثر ہوتا ہے کہ ایک چیز سے باخبر ہو کر پھر بے خبر ہو جاتا ہے (جیسا اکثر ایسے بوڑھوں کو دیکھا جاتا ہے کہ ابھی ان کو ایک بات بتلائی اور ابھی بھول گئے اور پھر اس کو پوچھ رہے ہیں) بیشک اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی قدرت والے ہیں (علم سے ہر ایک مصلحت جانتے ہیں اور قدرت سے ویسا ہی کر دیتے ہیں اس لئے حیات و وفات کی حالتیں مختلف کر دیں پس یہ بھی دلیل ہے توحید کی **ف**: الانعام یعنی مواشی سے بھی یہی خاص مواشی مراد ہیں۔ گائے۔ بھینس۔ بھیڑ۔ بکری۔ اونٹ اور نُسۡقِيۡكُمۡ مِّمَّا فِىۡ بُطُوۡنِهٖ الخ کے ترجمہ کی تقریر جو کی گئی اس سے تولد لبن کی کیفیت پر انطباق آیت کا ظاہر ہو گیا حاصل یہ کہ آیت سے یہ مراد نہیں کہ پیٹ میں ایک طرف گوبر ہوتا ہے اور ایک طرف خون اور دونوں کے درمیان میں دودھ رہتا ہے بلکہ پیٹ میں جو غذا ہوتی ہے اس میں وہ اجزاء جو آگے چل کر دودھ بنیں گے اور وہ اجزاء جو گوبر بن جاویں گے سب مخلوط ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو جدا جدا کرتے ہیں کچھ گوبر بن کر دفع ہو جاتا ہے اور کچھ ہضم کبدی میں اخلاط بنتے ہیں جن میں خون بھی ہے پھر اس خون میں وہ حصہ جو آگے چل کر دودھ بنے گا اور وہ حصہ جو دودھ نہ بنے گا یہ دونوں مخلوط ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ ایک حصہ جدا کر کے پستان تک پہنچاتا ہے اور وہ وہاں پہنچ کر دودھ بن جاتا ہے جیسا انثیین میں خاصیت رکھی ہے کہ خون وہاں پہنچ کر مادہ منویہ بن جاتا ہے پس اجزائے دمویہ خاصہ جو آخر میں مستحیل الی اللبن ہوئے ہیں ایک بار اجزائے مستحیلہ الی الفرث سے اور ایک بار اجزائے دمویہ غیر مستحیلہ الی اللبن سے ممیز ہوتے ہیں یہ تمیز اللہ تعالیٰ ہی کا کام ہے خوب سمجھ لینا چاہئے اور تمیز اول کا تو بطن میں ہونا ظاہر ہے اور تمیز ثانی کا محل بطن کو فرمانا یا تو اس اعتبار سے ہے کہ بطن سے مراد ما فی داخل البدن ہو اور یا اس اعتبار سے کہ یہ اجزائے متمیزہ ثانیاً کسی وقت تو بطن ہی میں تھے اور تَتَّخِذُوۡنَ مِنۡهُ سَكَرًا الخ میں دو قول ہیں ایک یہ کہ نزول آیت کے وقت مسکرات حرام نہ تھے کیونکہ آیت مکی ہے اس لئے امتنان فرمایا لیکن چونکہ حرام ہونے والے تھے اس لئے اس کو حسن وغیرہ کے ساتھ موصوف نہ کیا جیسا رزق کو کیا ہے دوسرا قول یہ ہے کہ گو نزول آیت کے وقت مسکرات حرام بھی ہو گئے ہوں اس احتمال پر کہ شاید یہ آیت مدنی ہو لیکن یہاں امتنان حسی مقصود نہیں تا کہ موقوف ہو حلت پر بلکہ امتنان معنوی یعنی استدلال علی التوحید ہے اور وہ باوجود حرمت کے بھی صحیح ہے کیونکہ یہ بھی دلیل قدرت ہے کہ تازہ شیرہ میں نشہ کی صفت نہ تھی پھر ایک نئی کیفیت اس میں حادث ہو گئی جو علت حرمت کی ہو گئی اور حادث کے لئے محدث کی ضرورت ہے پس وجود محدث پر اس طرح سے یہ دلیل ہو گئی اور بعض نے کہا ہے کہ امتنان مقصود ہی نہیں بلکہ عتاب ہے اور ورزقا حسنا میں منّت ہے پس آیت جامع ہے درمیان عتاب و منت کے یعنی ہمارا یہ انعام اور تم ایسی بے جا حرکت کرتے ہو اور شہد کے متعلق اختلاف ہے کہ یہ منہ کی رطوبت ہے یا معدہ کی اگر قول اول ثابت ہے تو کلی کے معنی ہوں گے التقطی اور بطونها سے مراد ہوگا افواهها کیونکہ وہ بھی مشابہ بطن کے ہے اور اگر قول ثانی محقق ہو تو دونوں لفظ اپنے ظاہری معنی پر رہیں گے اور ہر حالت میں فِيۡهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ باعتبار بعض امراض کے ہے رہی یہ بات کہ یہ خاصیت تو اکثر ادویہ میں ہے کہ بعض امراض کے لئے نافع ہے پھر عسل کی کیا تخصیص ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ مکھی شہد کی ایک زہری جانور ہے چنانچہ اس کے کاٹنے سے الم شدید کا ہونا اس کی ظاہر دلیل ہے پس معدن سم سے تریاق و شفا کا پیدا کرنا یہ قدرت عجیبہ ہے اور شہد کے الوان کا مختلف ہونا امر مشاہد ہے اور ارذل عمر ہر شخص میں باختلاف مزاج مختلف ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: يَخۡرُجُ مِنۡۢ بُطُوۡنِهَا شَرَابٌ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ حق تعالیٰ کبھی ظاہری حقیر شئے میں کوئی عزیز شئے رکھ دیتا ہے

www.besturdubooks.net

اس لئے صورت پر نظر نہ کرنا چاہئے جیسا حدیث میں ہے کہ بہت میلے کچیلے ایسے مقبول ہوتے ہیں کہ اگر خدا کے بھروسہ قسم کھا بیٹھیں تو اللہ تعالیٰ ان کی قسم پوری کر دیتا ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) اوپر آیا ہے: وَيَجْعَلُونَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ اور یہاں فرمایا وَيَجْعَلُونَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُونَ اور بظاہر يَكْرَهُونَ کا مصداق بنات معلوم ہوتا ہے پس کلام میں یہ تکرار ہوا اس کے دو جواب دیئے ایک یہ کہ يَكْرَهُونَ کے مصداق میں شرک فی الریاسۃ بھی داخل ہے کہ اپنے لئے ناگوار سمجھتے تھے اور خدا کے لئے گوارا کرتے تھے پس جب یہ عام ہوا تو تکرار نہ رہا دوسرا جواب یہ کہ اگر اس کا مصداق خاص بھی (یعنی بنات) کہا جاوے تب بھی بوجہ اختلاف غرض تکرار نہیں ہے کیونکہ مقام اول پر تو ان کے اس اعتقاد پر انکار تھا اور دوسرے مقام پر باوجود اس ارتکاب قبیح کے دعوئ نجات پر انکار ہے جیسا کہ تمہید یعنی ربط اور عنوان یعنی سرخی میں اس طرف اشارہ ہے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في الناس ظالم كذا في الروح ۱۲۔ ۲ قوله في يواخذ پوری لان بعض المواخذة قد يقع ليذيقهم بعض الذى عملوا الخ ۱۲۔ ۳ قوله في عليها زمین لدلالة الناس عليه ۱۲۔ ۴ قوله في كل الثمرات تجھ کو مرغوب اشارة الى ان الكل الاستغراق العرفي او للتكثير ۱۲۔ ۵ قوله قبل ومنكم من يرد جن میں بعضے تو ہوش الخ اشارة الى ان قوله تعالى ومنكم من يرد معطوف على مقدر اى فمنكم من تعجل وفاته ومنكم الخ ۱۲۔ ۶ قوله في لكيلا يعلم جس کا یہ اثر اشارة الى ان اللام للعاقبة ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: نسقيكم من المجرد والمزيد قراء تان وهما لغتان بمعنى لطيفة ذكر ههنا اربعة اشياء المآء واللبن والخمر والعسل بالترتيب الذى روعى فى عين هذه الاشياء مذكورة فى سورة محمد فى قوله تعالىٰ فيها انهار من ماء غير آسن الخ ولعل السر فى هذا الترتيب ان الماء اصل فى الشرب ثم اللبن اكثر من الخمر ثم الخمر معنى الشرب فيه اقوى من العسل لان العسل قد يوتدم به ففيه معنى الاكل بخلاف الخمر والله اعلم ۱۲۔

اللغات: قوله مفرطون مقدمون او منسيون متركون كذا فى القاموس ۱۲ قوله اوحى الهم والنكتة فى التعبير به ان هذا الالهام يكون بحيث لا يعلمه الا اللطيف الخبير فشابه الوحى ۱۲ قوله لكيلا يعلم کے مصدرية بمعنى ان۔

النحو: فى الروح قوله هدى ورحمة فى موضع نصب على انهما مفعول من اجله والناصب انزلنا ولما اتحد الفاعل فى العلة والمعلول وصل الفعل بهما بنفسه ولما لم يتحد فى التبيين لان فاعل الانزال هو الله تعالىٰ لا الرسول عليه الصلوة والسلام وصلت العلة بالحرف آه قوله مما فى بطونه من بين من الاولى تبعيضية ومن الثانية ابتدائية وكلاهما متعلق بنسقيكم وجوز ان يكون من بين حالا من لبنا قدم عليه لتنكيره وللتنبيه على انه موضع العبرة وتذكير الضمير فى بطونه الراجع الى اللانعام لان الانعام اسم جميع فهو مفرد لفظاً قوله ومن ثمرات متعلق تتخذون ومنه تكرير للظرف تاكيدا كذا فى الروح ۱۲۔

البلاغۃ: قوله تصف السنتهم الكذب فى الروح والمراد من تصف السنتهم الكذب يكذبون وهو من بليغ الكلام و بديعه و سياتى ان شاء الله تعالىٰ قريبا تمام الكلام فى ذلك آه ثم انجر وعده فى آخر السورة وقال السنتهم لكونها منشأ للكذب ومنبعا للزور شخص عالم بكنهه ومحيط بحقيقته يصفه للناس ويعرفه او ضح وصف وابين تعريف ومثل هذا وارد فى كلام العرب والعجم تقول له وجه يصف الجمال وريق يصف السلاف وعين تصف السحر آه قوله هدى ورحمة فى الروح ولعله انما قدمت علة التبيين على علتى الهدى والرحمة لتقدمه فى الوجود عليهما ۱۲ منه قوله يسمعون التعبير بالسمع مع ان ما ذكرها ههنا مبصر اشارة الى انه فى الوضوح من الاستدلال به بحيث يكفى سماعه لا يحتاج الى رؤية ورؤية ۱۲۔

الحواشی: (۲) اى كلمة منه فى قوله تتخذون منه تكرير للظرف اى لقوله من ثمرات ۱۲۔

وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِينَ فُضِّلُوا بِرَآدِّي رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيهِ سَوَآءٌ ط

اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُونَ ﴿۷۱﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِينَ وَحَفَدَةً

وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ط اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُونَ ﴿۷۲﴾ وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ مَا لَا

www.besturdubooks.net

يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٧٣﴾ فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٧٤﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا

رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَضَرَبَ

اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ

ع ۱۰ ۱۶ بِخَيْرٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٧٦﴾

اور اللہ تعالیٰ نے تم میں بعضوں کو بعضوں پر رزق میں فضیلت دی ہے سو جن لوگوں کو فضیلت دی گئی ہے وہ اپنے حصہ کا مال اپنے غلاموں کو اس طرح کبھی دینے والے نہیں کہ وہ (مالک و مملوک) سب اس میں برابر ہو جاویں کیا پھر بھی خدائے تعالیٰ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے تم ہی میں سے تمہارے لئے بیبیاں بنائیں اور (پھر) ان بیبیوں سے تمہارے بیٹے اور پوتے پیدا کئے اور تم کو اچھی اچھی چیزیں کھانے (پینے) کو دیں کیا پھر بھی بے بنیاد چیز پر ایمان رکھیں گے اور اللہ کی نعمت کی ناشکری کرتے رہیں گے اور اللہ کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی عبادت کرتے رہیں گے جو ان کو نہ آسمان سے رزق پہنچانے کا اختیار رکھتی ہیں اور نہ زمین میں سے اور نہ قدرت رکھتی ہیں سو تم اللہ تعالیٰ کے لئے مثالیں مت گھڑو اللہ تعالیٰ (خوب) جانتے ہیں اور تم نہیں جانتے۔ اللہ تعالیٰ ایک مثال بیان فرماتا ہے کہ ایک غلام ہے دوسرے کی ملک کا جو کسی بات کا اختیار نہیں رکھتا اور ایک شخص ہے جسے ہم نے اپنے پاس سے معقول روزی دے رکھی ہے جس میں سے وہ چھپے کھلے خرچ کرتا رہتا ہے کیا یہ سب برابر ہو سکتے ہیں؟ اللہ ہی کے لئے سب تعریف ہے بلکہ ان میں سے اکثر جانتے نہیں اور اللہ تعالیٰ ایک مثال بیان فرماتا ہے دو شخصوں کی جن میں سے ایک گونگا ہے اور کسی چیز پر اختیار نہیں رکھتا بلکہ وہ اپنے مالک پر بوجھ ہے کہیں بھی اسے بھیجے وہ کوئی بھلائی نہیں لاتا کیا یہ اور وہ جو عدل کا حکم دیتا ہے اور ہے بھی سیدھی راہ پر برابر ہو سکتے ہیں۔ ۞

تفسیر: ربط: اور ذکر ہو چکا۔

بقیہ مضمون سابق ☆ وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ (الی قولہ تعالی) وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٧٦﴾ اور (اثبات توحید کے ساتھ شرک کا قبح ایک باہمی معاملہ کے ضمن میں سنو کہ) اللہ تعالیٰ نے تم میں بعضوں کو بعضوں پر رزق (کے باب) میں فضیلت دی ہے (مثلاً کسی کو غنی اور غلاموں کا مالک بنایا کہ ان کے ہاتھ سے ان غلاموں کو بھی رزق پہنچتا ہے اور کسی کو غلام بنا دیا کہ اس کو مالک ہی کے ہاتھ سے رزق پہنچتا ہے اور کسی کو نہ ایسا غنی بنایا کہ دوسرے غلاموں کو دے نہ غلام بنایا کہ اس کو کسی مالک کے ہاتھ سے پہنچے) سو جن لوگوں کو (رزق میں خاص) فضیلت دی گئی ہے (کہ ان کے پاس مال بھی ہے اور غلام بھی ہیں) وہ (لوگ) اپنے حصہ کا مال اپنے غلاموں کو اس طرح کبھی دینے والے نہیں کہ وہ (مالک و مملوک) سب اس میں برابر ہو جاویں (کیونکہ اگر غلام رکھ کر دیا تو مال ان کی ملک ہی نہ ہوگا بلکہ بدستور یہی مالک رہیں گے اور اگر آزاد کر کے دیا تو مساواۃ ممکن ہے مگر وہ غلام نہ رہیں گے پس غلامی اور مساوات ممکن نہیں اسی طرح یہ بت وغیرہ جب باعتراف مشرکین خدا تعالیٰ کے مملوک ہیں تو باوجود مملوک ہونے کے معبودیت میں خدا کے مماثل کیسے ہو جاویں گے اس میں شرک کی غایت تقبیح ہے کہ جب تمہارے غلام تمہارے شریک رزق نہیں ہو سکتے تو اللہ تعالیٰ کے غلام اس کے شریک الوہیت کیسے ہو سکتے ہیں) کیا (یہ مضامین سن کر) پھر بھی (خدائے تعالیٰ کے ساتھ شرک کرتے ہیں جس سے عقلاً یہ لازم آتا ہے کہ خدائے تعالیٰ کی نعمت کا (یعنی اس بات کا کہ خدا نے نعمت دی ہے) انکار کرتے ہیں (وجہ لزوم ظاہر ہے کیونکہ متفرد بالانعام کیلئے تفرد بالمعبودیت لازم ہے اور شرک سے لازم منتفی ہو گیا پس ملزوم بھی منتفی ہو گیا اور تفرد بالانعام اس کے منعم ہونے کے لوازم سے ہے پس اس کا بھی انکار ہو گیا پس شرک مستلزم ہے انکار انعام منعم کو اور یہ فی نفسہٖ عقلاً قبیح ہے پس شرک کا قبح بعنوان دوسرے امر کے جس کا قبح مسلم ہے ظاہر ہو گیا) اور (منجملہ دلائل قدرت و وجوہ نعمت کے ایک بڑی نعمت اور دلیل قدرت اللہ تعالیٰ کی خود تمہارا وجود بقاء شخصی و نوعی ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے تم ہی میں سے (یعنی تمہاری جنس اور نوع سے) تمہارے لئے بیبیاں بنائیں اور (پھر) ان بیبیوں سے تمہارے بیٹے اور پوتے پیدا کئے (کہ یہ بقائے نوعی ہے) اور تم کو اچھی اچھی چیزیں کھانے (پینے) کو دیں (کہ یہ بقاء شخصی ہے اور چونکہ بقاء موقوف ہے وجود پر اس کی طرف بھی اشارہ ہو گیا) کیا (یہ سب دلائل و نعم سن کر) پھر بھی بے بنیاد چیز پر (یعنی بتوں وغیرہ پر جن کے معبود ہونے کی کوئی دلیل نہیں بلکہ خلاف دلیل ہے) ایمان رکھیں گے اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری (وبے قدری) کرتے رہیں گے اور (مطلب اس ناشکری کا یہ ہے کہ) اللہ کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی عبادت کرتے رہیں گے جو ان کو نہ آسمان میں سے رزق پہنچانے کا اختیار رکھتی ہیں اور نہ زمین میں سے (یعنی نہ بارش کرنے کا ان کو اختیار ہے نہ زمین سے کوئی پیداوار کرنے کا) اور نہ (اختیار حاصل کرنے کی) قدرت رکھتی ہیں

www.besturdubooks.net

(اس کی نفی سے زیادہ مبالغہ ہوگیا کیونکہ بعض دفعہ دیکھا جاتا ہے کہ ایک شخص بالفعل تو بااختیار نہیں ہے لیکن جدوجہد سے اختیارات حاصل کر لیتا ہے اس لئے اس کی بھی نفی فرمادی) سو (جب شرک کا بطلان ثابت ہوگیا تو) تم اللہ تعالیٰ کے لئے مثالیں مت گھڑو (کہ اللہ تعالیٰ کی مثال بادشاہان دنیا کی سی ہے کہ ہر شخص ان سے عرض حاجت نہیں کر سکتا اس لئے اس کے نائب ہوتے ہیں کہ عوام ان سے عرض حاجت کرتے ہیں پھر وہ سلاطین سے عرض کرتے ہیں کذا فی الکبیر ویؤخذ من قولہ تعالیٰ : مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَا [الزمر : ۳] وَهٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ [یونس : ۱۸]) اللہ تعالیٰ (خوب) جانتے ہیں (کہ ایسی مثالیں محض مہمل ہیں) اور تم (بوجہ عدم تدبر کے) نہیں جانتے (اس لئے جو چاہتے ہو بک ڈالتے ہو اور) اللہ تعالیٰ (شرک کے بطلان ظاہر کرنے کے لئے) ایک مثال بیان فرماتے ہیں کہ (فرض کرو) ایک (تو) غلام ہے (کسی کا) مملوک کہ (اموال وتصرفات میں سے) کسی چیز کا (بلا اذن) اختیار نہیں رکھتا اور (دوسرا) ایک شخص ہے جس کو ہم نے اپنے پاس سے خوب روزی دے رکھی تو وہ اس میں سے پوشیدہ اور علانیہ (جس طرح جی چاہتا ہے جہاں چاہتا ہے) خرچ کرتا ہے (اس کو کوئی روکنے ٹوکنے والا نہیں) کیا اس قسم کے شخص آپس میں برابر ہو سکتے ہیں (پس جب مالک مجازی اور مملوک مجازی برابر نہیں ہو سکتے تو مالک حقیقی ومملوک حقیقی تو کب برابر ہو سکتے ہیں اور استحقاق عبادت موقوف ہے مساوات پر اور وہ منتفی ہے حقیقت میں) ساری تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لئے لائق ہیں (کیونکہ کامل الذات والصفات وہی ہیں پس معبود بھی وہی ہو سکتا ہے مگر پھر بھی مشرکین غیر اللہ کی عبادت نہیں چھوڑتے) بلکہ ان میں اکثر تو (بوجہ عدم تدبر کے) جانتے ہی نہیں (اور اسی وجہ سے کہ عدم علم لاسبب عدم تدبر ہے معذور نہ ہوں گے) اور اللہ تعالیٰ (اس کی توضیح کے لئے) ایک اور مثال بیان فرماتے ہیں کہ (فرض کرو) دو شخص ہیں جن میں ایک تو (علاوہ غلام ہونے کے) گونگا (بہرا بھی) ہے (اور بوجہ بہرے اندھے بے عقل ہونے کے) کوئی کام نہیں کر سکتا اور (اس وجہ سے) وہ اپنے مالک پر ایک وبال جان ہے (کہ وہ مالک ہی اس کے سارے کام کرتا ہے اور) وہ (مالک) اس کو جہاں بھیجتا ہے کوئی کام درست کر کے نہیں لاتا (یعنی خود تو کیا کرتا دوسروں کی تعلیم سے بھی اس سے کوئی کام درست نہیں ہوتا سو) کیا یہ شخص اور ایسا شخص باہم برابر ہو سکتے ہیں جو اچھی اچھی باتوں کی تعلیم کرتا ہو (جس سے اس کا ناطق عاقل صاحب قوۃ علمیہ ہونا معلوم ہوتا ہے) اور وہ خود بھی (ہر امر میں) معتدل طریقہ پر (چلتا) ہو (جس سے قوۃ عملیہ منتظمہ معلوم ہوتی ہے جب مخلوق مخلوق میں باوجود تشارک فی الماہیت والاوصاف الکثیرہ کے یہ تفاوت ہے تو کجا مخلوق وخالق۔ اور لَا يَقْدِرُ [1] کے ترجمہ میں بلا اذن کی قید سے فقہی [2] شبہات مندفع ہو گئے اور کوئی وسوسہ میں نہ پڑے کہ شاید معبود غیر اللہ کو بھی اذن ہو گیا ہو۔ جواب یہ ہے کہ ربوبیت کے لئے کسی کو اذن نہیں ہوا اور نہ ہو سکتا ہے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : فَلَا تَضْرِبُوْا الخ اس میں دلالت ہے کہ ذات وصفات میں رائے اور ذوق سے کلام نہ کرنا چاہئے اور اس سے اسمائے الٰہیہ کا توقیفی ہونا بھی ظاہراً معلوم ہوتا ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) جو کہ آیت ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا میں واقع ہے ۱۲ منہ۔ (۲) مثلاً یہ کہ ماذون ہونے کے بعد تو وہ قادر علی التصرف ہو جاتا ہے اور قدرت سے مراد قدرت حکمی ہے نہ کہ حسی پس عرفی شبہات بھی نہیں ہو سکتے کہ قدرت تو اس کی مشاہد ہے پھر نفی کیسے کر دی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في و يعبدون مطلب اشارة الى انه عطف تفسير ۱۲۔ ۲ قوله في حسنا خوب اى الكثير وهذا معنى مجازى لانه في الاصل ما يستحسنه الناس والمعروف ان الكثير يستحسونه ۱۲۔ ۳ قوله في يستوٗن اس قسم کے اشار به الى ان المراد الصفات لا الفردان ولذا اورد بصيغة الجمع دون التثنية ۱۲۔ ۴ قوله قبل بل اكثرهم نہیں چھوڑتے فظهر به توجيه كلمة بل ۱۲۔ ۵ قوله في مثلا الثانى اور بقرينة العطف على مثل ۱۲۔ ۶ قوله في احدهما ابكم علاوہ غلام دليله قوله تعالىٰ مولاه فان الظاهر منه المالك وايضا لما اورد المثال الثانى لزيادة التوضيح ينبغي ان يراعى فيه ما روعى في الاول مع شئ زائد ۱۲۔ ۷ قوله في لا يقدر بوجہ بہرے الخ لان المثال لا يظهر وجهه بدون اعتبار هذه الاوصاف فاشار الى دخول كلها في نفى القدرة ولعل تخصيص الابكم بالذكر لان اللسان اكثر فائدة لان غالب الافادة والاستفادة يتعلق به بخلاف غيره فافهم ۱۲۔

اللغات: قوله حفدة في القاموس مع معان اخر اولاد الاولاد ۱۲ قوله كل ثقيل اصله من الغلظ الذى هو نقيض الحدة يقال كل السكين اذا غلظت شفرته كذا في النيسابورى قلت فاطلاق الكل على العبد لغلظة معنوية ۱۲۔

النحو: قوله من الطيبٰت من تبعيضية وهذا ظاهر ۱۲۔

البلاغۃ: قوله مملوكا زاده للدلالة على تعيين معنى العبد دفعاً للاشتراك لانه يستعمل بمعنى عبد الله ايضاً ۱۲۔

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَاللّٰهُ

www.besturdubooks.net

أَخْرَجَكُم مِّن بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ لَا تَعْلَمُونَ شَيْئًا وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿٧٨﴾ أَلَمْ يَرَوْا
إِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرَاتٍ فِي جَوِّ السَّمَاءِ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا اللَّهُ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٧٩﴾ وَ
وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُم مِّن بُيُوتِكُمْ سَكَنًا وَجَعَلَ لَكُم مِّن جُلُودِ الْأَنْعَامِ بُيُوتًا تَسْتَخِفُّونَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ
إِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ أَصْوَافِهَا وَأَوْبَارِهَا وَأَشْعَارِهَا أَثَاثًا وَمَتَاعًا إِلَىٰ حِينٍ ﴿٨٠﴾ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُم مِّمَّا خَلَقَ
ظِلَالًا وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ الْجِبَالِ أَكْنَانًا وَجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيلَ تَقِيكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيلَ تَقِيكُم بَأْسَكُمْ ۚ
كَذَٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُونَ ﴿٨١﴾ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿٨٢﴾ يَعْرِفُونَ
نِعْمَتَ اللَّهِ ثُمَّ يُنكِرُونَهَا وَأَكْثَرُهُمُ الْكَافِرُونَ ﴿٨٣﴾ ع ۱۱ ۱۷

اور آسمان وزمین کا علم صرف اللہ ہی کو معلوم ہے اور قیامت کا اَمر تو ایسا ہی ہے جیسے آنکھ کا جھپکنا بلکہ اس سے زیادہ قریب بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹ سے نکالا ہے کہ اس وقت تم کچھ بھی نہیں جانتے تھے اسی نے تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے کہ تم شکر گذاری کرو کیا ان لوگوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا جو حکم کے بندھے ہوئے آسمان میں ہیں جنھیں بجز اللہ کے کوئی اور تھامے ہوئے نہیں بے شک اس میں تو ایمان لانے والے لوگوں کے لئے بڑی نشانیاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے تمہارے گھروں میں سکونت کی جگہ بنادی ہے اور اسی نے تمہارے لئے چوپایوں کی کھالوں کے گھر بنادیئے ہیں جنھیں تم ہلکا پھلکا پاتے ہو اپنے کوچ کے دن اور اپنے ٹھہرنے کے دن بھی اور ان کی اون اور روؤں اور بالوں سے بھی اس نے بہت سے سامان قوت مقررہ کے لئے فائدہ کی چیزیں بنادیں اللہ ہی نے تمہارے لئے اپنی پیدا کردہ چیزوں میں سے سائے بنائے ہیں اور اسی نے تمہارے لئے پہاڑوں میں غار بنائے ہیں اور اسی نے تمہارے کرتے بنائے ہیں جو تمہیں گرمی سے بچائیں اور ایسے کرتے بھی جو تمہیں لڑائی کے وقت کام آئیں وہ اسی طرح اپنی پوری پوری نعمتیں دے رہا ہے کہ تم حکم بردار بن جاؤ پھر بھی اگر یہ منہ موڑے رہیں تو تجھ پر تو صرف ظاہری تبلیغ کردینا ہی ہے یہ خدا کی نعمتیں جانتے پہچانتے ہوئے ان کے منکر ہو رہے ہیں بلکہ ان میں سے اکثر ناشکرے ہیں۔

تفسیر: ربط: تمہید آیات واللہ انزل الخ میں گذر چکا۔

تتمہ سابق ☆ وَلِلَّهِ غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ (الی قولہ تعالی) وَأَكْثَرُهُمُ الْكَافِرُونَ ﴿﴾ اور آسمانوں اور زمین کی (تمام) پوشیدہ باتیں (جو کسی کو معلوم نہیں باعتبار علم کے) اللہ ہی کے ساتھ خاص ہیں (پس صفت علم میں وہ کامل ہیں) اور (قدرت میں ایسے کامل ہیں کہ ان غیوب میں سے جو ایک امر عظیم ہے) قیامت (اس) کا معاملہ بس ایسا (جھٹ پٹ) ہوگا جیسے آنکھ جھپکنا بلکہ اس سے بھی جلدی (قیامت کے معاملہ سے مراد ہے مردوں میں جان پڑنا اور اس کا جلدی ہونا ظاہر ہے کیونکہ آنکھ جھپکنا حرکت ہے اور حرکت زمانی ہوتی ہے اور جان پڑنا آنی ہے اور آنی ظاہر ہے کہ زمانی سے اسرع ہے اور اس پر تعجب نہ کیا جاوے کیونکہ) یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں (اور اثبات قدرت کے لئے تخصیص ساعت کی شاید اس وجہ سے کی ہو کہ وہ منجملہ غیوب خاصہ کے بھی ہے پس وہ علم اور قدرت دونوں کی دلیل ہے قبل الوقوع تو علم کی اور بعد الوقوع قدرت کی) اور (منجملہ دلائل قدرت و وجوہ نعمت یہ امر ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے اس حالت میں نکالا کہ تم کچھ بھی نہ جانتے تھے (اس مرتبہ کا نام اصطلاح میں عقل ہیولانی ہے) اور اس نے تم کو کان دیئے اور آنکھ اور دل تا کہ تم شکر کرو (استدلال علی القدرت کے لئے) کیا لوگوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا کہ آسمان کے (تلے) میدان میں (قدرت کے) مسخر ہو رہے ہیں (یعنی) ان کو (اس جگہ) کوئی نہیں تھامتا بجز اللہ کے (ورنہ ان کے اجسام کا ثقیل ہونا اور ہواء معاوق کا رقیق ولطیف ہونا طبعاً مقتضی اس کو ہے کہ نیچے گر پڑیں اس لئے) اس (امر مذکور) میں ایمان والوں کے لئے (قدرت الٰہیہ کی) چند دلیلیں (موجود) ہیں (چند نشانیاں اس لئے فرمایا کہ طیور کو خاص وضع پر پیدا کرنا جس سے اُڑنا ممکن ہو ایک دلیل ہے پھر جو کو ایسے طور پر پیدا کرنا جس میں اُڑنا ممکن ہو ایک دلیل ہے پھر بالفعل اس طیران کا وقوع ایک دلیل ہے اور جتنے اسباب کو طیران میں دخل ہے جس کی وجہ سے ثقل جسم ورقۃ قوام معاوق کا اثر طبعی ظاہر نہیں ہوا چونکہ وہ سب اللہ ہی کے پیدا کئے ہوئے ہیں پھر ان اسباب پر مسبب یعنی طیران کا مرتب ہو جانا یہ بھی بہ مشیت الٰہی ہے اس لئے مَا يُمْسِكُهُنَّ الخ فرمایا گیا) اور (منجملہ وجوہ نعمت دلائل قدرت یہ امر ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے تمہارے واسطے (حالت حضر میں) تمہارے گھروں میں رہنے کی جگہ بنائی اور (حالت سفر میں) تمہارے لئے جانوروں کی کھال کے گھر (یعنی خیمے) بنائے

www.besturdubooks.net

جن کو تم اپنے کوچ کے دن اور مقام (کرنے) کے دن ہلکا (پھلکا) پاتے ہو (اور اس وجہ سے اس کا لادنا اور نصب کرنا سب سہل معلوم ہوتا ہے) اور ان (جانوروں) کے اون اور ان کے رووں اور ان کے بالوں سے (تمہارے) گھر کا سامان اور فائدے کی چیزیں ایک مدت تک کے لئے بنائیں (مدت تک اس لئے فرمایا کہ عادۃ یہ سامان بہ نسبت روئی کے کپڑوں کے دیر پا ہوتا ہے) اور (منجملہ دلائل قدرت و وجوہ نعمت کے یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے اپنی بعضی مخلوقات کے سائے بنائے (جیسے درخت و مکانات وغیرہ) اور تمہارے لئے پہاڑوں میں پناہ کی جگہیں بنائیں (یعنی غار وغیرہ جس میں گرمی سردی بارش موذی دشمن آدمی جانور سے محفوظ رہ سکتے ہو) اور تمہارے لئے ایسے کرتے بنائے جو گرمی سے تمہاری حفاظت کریں اور ایسے کرتے (بھی) بنائے جو تمہاری (آپس کی) لڑائی (زخم لگنے) سے تمہاری حفاظت کریں (مراد اس سے زرہیں ہیں) اللہ تعالیٰ تم پر اسی طرح (کی) اپنی نعمتیں پوری کرتا ہے تاکہ تم (ان نعمتوں کے شکریہ میں) فرمانبردار رہو (اور ہر چند کہ نعم مذکورہ میں بعض مصنوعات عباد بھی ہیں مگر مادہ اور سلیقہ ترکیب تو اللہ ہی کا پیدا کیا ہوا ہے اس لئے منعم حقیقی وہی ہیں) پھر (ان نعمتوں کے بعد بھی) اگر یہ لوگ (ایمان سے) اعراض کریں تو (آپ غم نہ کریں آپ کا کوئی ضرر نہیں کیونکہ) آپ کے ذمہ تو صرف صاف صاف پہنچا دینا ہے (اور ان کے اعراض کی وجہ ان نعمتوں کا نہ پہچاننا نہیں ہے) وہ لوگ خدا کی نعمت کو (تو) پہچانتے ہیں (مگر پہچان کر) پھر (برتاؤ میں) اس کے منکر ہوتے ہیں (کہ جو برتاؤ منعم کے ساتھ چاہئے تھا یعنی عبادت وہ دوسرے کے ساتھ کرتے ہیں) اور زیادہ ان میں (ایسے ہی) ناسپاس ہیں۔

ف: لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا میں جو عقل ہیولانی کے مرتبہ میں مطلقاً نفی علم کی کی گئی ہے اگر حکماء کے اس دعوے کی دلیل کے مقدمات سب تسلیم کر لئے جاویں کہ اس وقت نفس کو اپنا علم حضوری ہوتا ہے تو اس شَيْـًٔا سے اس کی تخصیص بدلیل عقل ہو جاوے گی ورنہ اپنے عموم پر رہے گا اور متاع کا مفہوم اثاث سے عام ہے کہ تجارت اور زینت وغیرہ سب کو شامل ہے اور یہاں کرتوں کی صفت میں گرمی کے بچاؤ کا ذکر فرمایا کیونکہ شروع سورت میں لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ میں سردی کا بچاؤ مذکور ہو چکا ہے اور اکثر ممالک میں غالباً سردیوں میں پوستین اور اونی کپڑوں کا استعمال اور گرمیوں میں روئی کا استعمال اس کا مرجح ہوا کہ وہاں سردی[۲] کے بچاؤ کا ذکر ہوا اور یہاں گرمی کے بچاؤ کا۔

الحواشی: (۱) اور اثباتِ قدرت یعنی استدلال علی القدرت کے لئے واقعہ ساعت کو ذکر کے ساتھ اس واسطے خاص فرمایا کہ اس میں دوسرے دلائل سے ایک خصوصیت زائد ہے کہ یہ دال علی العلم ہے ۱۲ منہ۔ (۲) کیونکہ وہاں انعام کا ذکر ہے جس کے یہ اجزاء ہیں اور یہاں مطلق سرابیل ہے جو روئی کو بھی شامل ہے ۱۲۔

اللغات: اللمح النظر ۱۲ قوله الطير جمع طائر ۱۲ قوله الجو الهواء المتباعد من الارض وقيل مسافة ما بين السماء والارض واضافته الى السماء لما انه فى جانبها من الناظر ۱۲ قوله السكن فعل بمعنى المفعول اى ما يسكن فيه ۱۲ قوله تستخفونها السين للوجدان ۱۲ الصوف للغنم الوبر للابل الشعر للمعز السربال القميص وكل ما يلبس كذا فى القاموس ۱۲۔

النحو: قوله من بيوتكم من بيانية ۱۲۔

البلاغة: قوله او هو اقرب قال الفراء او بمعنى بل ولاتنا فى بين تشبيهه فى السرعة بما هو غاية ما يتعارفه الناس فى بابه وبين كونه فى الواقع اقرب من ذلك وهذا بناء على ان الغرض من التشبيه بيان سرعته لا بيان مقدار زمان وقوعه وتحديده كذا فى روح المعانى ۱۲۔

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا
الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ
كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۸۶﴾ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ۨالسَّلَمَ
وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۸۷﴾ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ
بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى
هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۸۹﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ ع ۱۲ ۱۸

www.besturdubooks.net

بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۹۰﴾

جس دن ہم ہر امت میں سے گواہ کھڑا کریں گے پھر کافروں کو نہ اجازت دی جائے گی اور نہ وہ عذر اور رجوع طلب کئے جائیں گے جب یہ ظالم عذاب دیکھ لیں گے پھر نہ تو وہ ان سے ہلکا کیا جائے گا اور نہ وہ ڈھیل دیئے جائیں گے جب مشرکین اپنے شریکوں کو دیکھ لیں گے تو کہیں گے اے ہمارے پروردگار یہی ہمارے وہ شریک ہیں جنہیں ہم تجھے چھوڑ کر پکارا کرتے تھے پس وہ انہیں جواب دیں گے کہ تم بالکل ہی جھوٹے ہو اس دن وہ سب عاجز ہو خدا کے سامنے اطاعت کا اقرار پیش کریں گے اور جو بہتان بازی کیا کرتے تھے وہ سب ان سے گم ہو جائے گا جنہوں نے کفر کیا اور راہ خدا سے روکا ہم انہیں عذابوں پر عذاب بڑھاتے جائیں گے یہ بدلہ ہوگا ان کی فتنہ پردازیوں کا۔ جس دن ہم ہر امت میں ان ہی میں سے ان کے مقابلے میں گواہ کھڑا کریں گے اور تجھے ان سب پر گواہ بنا کر لائیں گے اور ہم نے تجھ پر یہ کتاب نازل فرمائی ہے جو ہر چیز کا شافی بیان ہے اور ہدایت اور رحمت اور خوش خبری ہے مسلمانوں کے لئے۔ اللہ تعالیٰ عدل کا بھلائی کا اور قرابت داروں کے ساتھ سلوک کرنے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی کے کاموں ناشائستہ حرکتوں اور ظلم و زیادتی سے روکتا ہے وہ اب تمہیں نصیحت کر رہا ہے کہ تم نصیحت حاصل کر لو۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر توحید اور نعمت کے ذکر میں کفار کے شرک اور انکار نعمت کا ذکر فرمایا تھا آگے اس پر عذاب یوم قیامت کی وعید فرماتے ہیں۔

وعید کفار بر کفر ☆ وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا (الی قولہ تعالی) بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾ اور (وہ دن یاد کرنے کے قابل ہے) جس دن ہم ہر امت میں سے ایک ایک گواہ (کہ اس امت کا پیغمبر ہوگا) قائم کریں گے (جو ان کے اعمال سیئہ کی شہادت دیں گے) پھر ان کافروں کو (عذر و معذرت کرنے کی) اجازت نہ دی جاوے گی اور نہ ان کو حق تعالیٰ کے راضی کرنے کی فرمائش کی جاوے گی (یعنی ان سے یوں نہ کہا جاوے گا کہ تم توبہ یا کوئی عمل کر کے اللہ کو خوش کر لو وجہ اس کی ظاہر ہے کہ آخرت دار الجزاء ہے دار العمل نہیں) اور جب ظالم (یعنی کافر) لوگ عذاب کو دیکھیں گے (یعنی اس میں پڑیں گے تو) وہ عذاب نہ ان سے ہلکا کیا جاوے گا اور نہ وہ (اس میں) کچھ مہلت دیئے جاویں گے (کہ چند روز کے بعد وہ عذاب جاری کیا جاوے) اور جب مشرک لوگ اپنے شریکوں کو (جن کو خدا کے سواء پوجتے تھے) دیکھیں گے تو (بطور اقرار جرم کے) کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار وہ ہمارے شریک یہی ہیں کہ آپ کو چھوڑ کر ہم ان کی پوجا کرتے تھے سو وہ (شرکاء ڈریں گے کہ کہیں ہماری کمبختی نہ آ جاوے اس لئے وہ) ان کی طرف کلام کو متوجہ کریں گے کہ تم جھوٹے ہو (اصل مطلب ان کا یہ ہوگا کہ ہمارا تمہارا کوئی تعلق نہیں جس سے مقصود اپنی حفاظت ہے اب خواہ یہ مطلب ان کا صحیح ہو جیسا اگر مقبولین مثل ملائکہ و انبیاء علیہم السلام کے یہ بات کہیں تو صحیح ہے کقولہ تعالیٰ: بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ [سبا: ۴۱] اور خواہ یہ غلط ہو جیسے خود شیاطین کہنے لگیں اور خواہ[1] ان کو صحیح غلط ہونے کی خبر ہی نہ ہو جیسے اصنام و اشجار وغیرہ کہنے لگیں) اور یہ (مشرک اور کافر) لوگ اس روز اللہ کے سامنے اطاعت کی باتیں کرنے لگیں گے اور جو کچھ (دنیا میں) افتراء پردازیاں کرتے تھے (اس وقت) وہ سب گم ہو جاویں گی (اور ان میں) جو لوگ (خود بھی) کفر کرتے تھے اور (دوسروں کو بھی) اللہ کی راہ (یعنی دین) سے روکتے تھے ان کے لئے ہم ایک سزا پر (کہ کفر کے مقابلہ میں ہوگی) دوسری سزا بمقابلہ ان کے فساد کے (کہ راہ خدا سے روکتے تھے) بڑھا دیں گے) ف: ایسے مضامین کی آیتیں جا بجا آ چکی ہیں اور ضروریات متعلقہ تفسیر ان کی بیان ہو چکی ہیں۔ ربط: اوپر بیان وعید میں شہادت انبیاء علیہم السلام کو اپنی اپنی امت پر ذکر فرمایا تھا آگے يَوْمَ نَبْعَثُ (الی قولہ تعالی) جِئْنَا میں جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت اپنی امت پر ذکر فرماتے ہیں اور چونکہ یہ شہادت خواص انبیاء علیہم السلام سے ہے اس حیثیت سے اس شہادت سے رسالت محمدیہ کا بھی اثبات ہو گیا اس لئے وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الخ میں اس رسالت پر استدلال فرماتے ہیں اور چونکہ اس جزو آیت میں قرآن کا تبیان اور ہدیٰ و رحمت ہونا مذکور ہے اس لئے آیت اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ الخ میں اس پر تنبیہ فرماتے ہیں کیونکہ کسی کتاب کا ایسی تعالیم پر مشتمل ہونا صاف دلیل ہے اس کے موصوف باوصاف مذکور ہونے کی پس خلاصہ ان آیتوں کا اس تقریر پر یہ ہوا جو عنوان ذیل میں مذکور ہے۔

وعید متضمن رسالت و فضل قرآن ☆ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ (الی قولہ تعالی) لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۹۰﴾ اور (وہ دن قابل یاد کرنے اور لوگوں کے ڈرنے کے ہے) جس دن ہم ہر ہر امت میں ایک ایک گواہ جو ان ہی میں کا ہوگا ان کے مقابلہ میں قائم کریں گے (مراد اس امت کا نبی ہے اور ان ہی میں کا ہونا عام ہے خواہ باعتبار شرکت نسب کے ہو خواہ باعتبار شرکت سکنیٰ کے ہو) اور ان لوگوں کے مقابلہ میں آپ کو گواہ بنا کر لائیں گے اور (اس اخبار شہادت سے جو آپ کی رسالت کا اخبار مفہوم ہوتا ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ) ہم نے آپ پر قرآن اتارا ہے جو (علاوہ معجز ہونے کے جو کہ مدار ہے اثبات رسالت کا ان خوبیوں کا جامع ہے) کہ تمام (دین کی) باتوں کا (بواسطہ یا بلا واسطہ عامہ ناس کے لئے) بیان کرنے والا ہے اور (خاص) مسلمانوں کے واسطے بڑی ہدایت اور بڑی رحمت اور (ایمان پر) خوشخبری سنانے والا ہے (اور قرآن کا ان اوصاف کو جامع ہونا اس سے ظاہر ہے کہ) بیشک اللہ تعالیٰ (اس قرآن میں) اعتدال اور احسان اور اہل قرابت کو دینے کا حکم فرماتے ہیں اور کھلی برائی اور مطلق برائی اور (کسی پر) ظلم (و زیادتی) کرنے سے منع

www.besturdubooks.net

فرماتے ہیں (اور مامورات ومنہیات مذکورہ میں تمام اشیائے حسنہ وقبیحہ آگئیں پس اس جامعیت سے اس کا تبیان وغیرہ ہونا صاف ظاہر ہے اور) اللہ تعالیٰ تم کو (امور مذکورہ کی) اس لئے نصیحت فرماتے ہیں کہ تم نصیحت قبول کرو (اور عمل کرو کہ ہدیٰ ورحمت وبشریٰ ہونا اس کا اسی پر مرتب ہے)۔ **ف**: مامورات میں اعتدال عام ہے قوت علمیہ وعملیہ کو اس میں سارے عقائد واعمال ظاہرہ باطنہ غرض تمام شرائع داخل ہو گئے پھر ان میں سے احسان بوجہ اس کے کہ اس کا نفع متعدی الی الغیر ہے ذکر کے ساتھ خاص کیا گیا۔ پھر احسان میں سے احسان ذی القربیٰ اور زیادہ فضیلت واہمیت رکھتا ہے اس لئے اس کے بعد اس کو لائے اور اسی طرح منہیات میں منکر عام ہے تمام امور خلاف شریعت کو پھر اس میں فحشاء کو بوجہ زیادہ قباحت کے مخصوص بالذکر فرمایا اور اشدیت کی وجہ سے مقدم فرمایا اسی طرح ان امور منکرہ میں سے بغی بوجہ اس کے کہ اس کا ضرر متعدی الی الغیر ہے مخصوص بالذکر کیا گیا پس اس طرح سے اس میں تمام امور حسنہ وقبیحہ داخل ہو گئے اور لِّكُلِّ شَيْءٍ سے مراد دین کی باتیں اور تبیان سے مراد عام بواسطہ وبلا واسطہ لینے سے یہ اشکال رفع ہو گیا کہ اس میں دنیا کی باتیں کہاں ہیں یا دین کی سب باتیں کہاں ہیں وجہ رفع اشکال کی ظاہر ہے کہ دنیا کی باتیں تو مراد[۲] ہی نہیں اور دین کی باتیں بعضی سنت واجماع وقیاس سے ثابت ہیں اور ان تینوں کا حجت ہونا قرآن سے ثابت پس امور ثابتہ بہذہ الدلائل بھی بواسطہ قرآن سے ثابت ہیں۔ **ویؤدہ صریحا ما رواہ البخاری عن ابن مسعودؓ انه قال لعن الله الواشمات و المستوشمات والمتنمصات والمتفلجات للحسن المغيرات خلق الله تعالیٰ فبلغ ذلك امرأة من بنی اسد فقالت له انه بلغنی انك لعنت كيت وكيت فقال وما لی لا العن من لعن رسول الله صلی الله عليه وسلم وهو فی كتاب الله قالت والله لقد قراءت ما بين اللوحين فما وجدته قال والله لئن قرأتيه لقد وجدتيه وما اتكم الرسول فخذوه وما نهكم عنه فانتهوا۔**

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ الخ آیت کا اصول اخلاق کے لئے جامع ہونا ظاہر ہے۔

الحواشی: (۱) کیونکہ ان اشجار واصنام کو خود عبادت ہی کی خبر نہیں تو اس کے احکام متعلقہ صحیح وغلط کی بھی خبر نہیں ۱۲ منہ۔ (۲) **لان القرآن لم ينزل لهذا الغرض بل نزل للمقصود الاصلی وهو التوجه الی الخالق تعالیٰ ذكره فهو جامع له ومملو منه وكماله ان يخلو مما كان خارجًا عن مقصوده كما لا يخفی علی من له عقل سليم ۱۲ منه۔**

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی التمهيد** تنبیہ فرماتے ہیں **كذا فی الروح والدليل علی هذا الربط ما فيه هكذا اخرج احمد عن عثمان ابن ابی العاص قال كنت عند رسول الله صلی الله عليه وسلم جالسًا اذ شخص بصره فقال اتانی جبريل فامرنی ان اضع هذه الآية بهذا الموضع ان الله يامر الخ اه۔** ۲ **قوله فی هدی** بڑی **افاده التنوين والمراد به مع هذا القيد الايصال الی المطلوب فانه اعظم معنی الهدی فافهم ۱۲۔**

اللغات: **قوله يستعتبون فی البيضاوی يسترضون من العتبی وهو الرضا فی الحاشية ای لا يقال ارضوا ربكم آه ۱۲۔**

اللغات: **تبيان فی الاصل مصدر وهو ابلغ من البيان ۱۲۔**

وَأَوْفُوا بِعَهْدِ اللَّهِ إِذَا عَاهَدْتُمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللَّهَ عَلَيْكُمْ كَفِيلًا ۚ إِنَّ اللَّهَ
يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ﴿٩١﴾ وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا ۖ تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ أَنْ
تَكُونَ أُمَّةٌ هِيَ أَرْبَىٰ مِنْ أُمَّةٍ ۚ إِنَّمَا يَبْلُوكُمُ اللَّهُ بِهِ ۚ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَا كُنْتُمْ فِيهِ
تَخْتَلِفُونَ ﴿٩٢﴾ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَٰكِنْ يُضِلُّ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ۚ وَلَتُسْأَلُنَّ
عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٩٣﴾ وَلَا تَتَّخِذُوا أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَعْدَ ثُبُوتِهَا وَتَذُوقُوا السُّوءَ بِمَا
صَدَدْتُمْ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٩٤﴾ وَلَا تَشْتَرُوا بِعَهْدِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۚ إِنَّمَا عِنْدَ اللَّهِ هُوَ
خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٩٥﴾ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ ۖ وَمَا عِنْدَ اللَّهِ بَاقٍ ۗ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِينَ صَبَرُوا أَجْرَهُمْ
بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٩٦﴾

www.besturdubooks.net

اورتم اللہ کے عہد کو پورا کرو جبکہ تم اس کو (تخصیصا یا تعمیما) اپنے ذمہ کرلو اور قسموں کو بعد ان کے مستحکم کرنے کے مت توڑو اورتم اللہ تعالیٰ کو گواہ بھی بنا چکے ہو بے شک اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے جو کچھ تم کرتے ہو اورتم اس عورت کے مشابہ بنو جس نے اپنا سوت کاتے پیچھے بوٹی بوٹی کر کے نوچ ڈالا کہ (اس طرح) تم (بھی) اپنی قسموں کو آپس میں فساد ڈالنے کا ذریعہ بنانے لگو محض اس وجہ سے کہ ایک گروہ سے بڑھ جائے بس اس سے اللہ تعالیٰ تمہاری آزمائش کرتا ہے اور جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے رہے قیامت کے دن ان سب کو تمہارے سامنے (عملاً) ظاہر کردے گا اور اگر اللہ کو منظور ہوتا تو تم سب کو ایک ہی طریقہ کا بنا دیتے لیکن جس کو چاہتے ہیں بے راہ کر دیتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں راہ پر ڈال دیتے ہیں اورتم سے تمہارے سب اعمال کی باز پرس ہوگی اورتم اپنی قسموں کو آپس میں فساد ڈالنے کا ذریعہ مت بناؤ کبھی کسی اور کا قدم جمنے کے بعد نہ پھسل جائے پھر تم کو اس سبب سے کہ تم راہ خدا سے مانع ہوئے تکلیف بھگتنا پڑے اور تم کو بڑا عذاب ہوگا اور تم لوگ عہد خداوندی کے عوض میں (دنیا کا) تھوڑا سا فائدہ مت حاصل کرو پس اللہ کے پاس جو چیز ہے وہ تمہارے لئے بدرجہا بہتر ہے اگر تم سمجھنا چاہو اور جو کچھ تمہارے پاس (دنیا میں) ہے وہ ختم ہو جائے گا اور جو کچھ تمہارے اللہ کے پاس ہے وہ دائم رہے گا اور جو لوگ ثابت قدم ہیں ان کے اچھے کاموں کے عوض میں ان کا اجر ان کو ضرور دیں گے۔

تفسیر: ربط: اوپر یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ میں تمام شرائع کا حکم تھا آگے ان میں سے ایک خاص امر یعنی وفائے عہد کا نہایت اہتمام سے حکم ہے اور وجہ اسکی تخصیص کے علاوہ اسکے فی نفسہٖ مہتم بالشان ہونے کے شاید یہ بھی ہو کہ ابتدائے اسلام میں عہد کے ایفاء اور نقض کا اسلام پر ایک خاص اثر تھا کہ اسلام پر باقی رہنا یہ بھی ایک فرد تھی وفائے عہد کی نیز صلح و جنگ میں مدار اعتبار یہی تھا نیز اس سے اسلام لانے والوں کو اپنے حقوق شخصیہ و جمہوری کے باب میں پورا اطمینان ہوتا تھا جو قوت و ترقی اسلام کا سبب تھا اسی طرح نقض میں اسکے برعکس مفاسد مرتب ہوتے تھے جس کا ضرر اسلام کو پہنچتا تھا اس وجہ سے یہ مضمون قابل اہتمام ہوا۔

امر بایفائے عہد ☆ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ (الی قولہ تعالی) وَ لَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۝ اورتم اللہ کے عہد کو (یعنی جس عہد کو پورا کرنے کا شرعاً حکم ہے اس کو) پورا کرو (اس سے وہ نکل گیا جو خلاف شرع عہد ہو اور باقی سب عہود مشروعہ خواہ متعلق حقوق اللہ کے ہوں یا متعلق حقوق العباد کے ہوں اس میں داخل ہو گئے) جب کہ تم اس کو (تخصیصا یا تعمیما) اپنے ذمہ کرلو (تخصیصا یہ کہ تصریحاً اس کا التزام کرلیا تعمیماً یہ کہ ایمان لائے تو تمام احکام واجبہ کا التزام اس کے ضمن میں ہوگیا) اور (بالخصوص جن عہود میں قسم بھی کھائی ہو وہ زیادہ قابل اہتمام ہیں سو ان میں) قسموں کو بعد ان کے مستحکم کرنے کے (کہ اللہ کا نام لینے سے مستحکم ہو جاتی ہیں) مت توڑو اور تم (ان قسموں کی وجہ سے ان عہود میں) اللہ تعالیٰ کو گواہ بنا چکے ہو (یہ قیدیں بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا اور قَدْ جَعَلْتُمُ واقعی مقتضی للوفاء پر تنبیہ کے لئے ان کی تصریح کی گئی) بیشک اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے جو کچھ تم کرتے ہو (خواہ وفاء یا نقض پس اسی کے موافق تم کو جزاء و سزا دے گا) اور تم (نقض عہد کر کے) اس (دیوانی مکہ میں رہنے والی) عورت کے مشابہ مت بنو جس نے اپنا سوت کاتے پیچھے بوٹی بوٹی کر کے نوچ ڈالا کہ (اس کی طرح) تم (بھی) اپنی قسموں کو (بعد درستی کے توڑ کر ان کو) آپس میں فساد ڈالنے کا ذریعہ بنانے لگو (کیونکہ قسم و عہد توڑنے سے موافقین کو بے اعتباری اور مخالفین کو برانگیختگی پیدا ہوتی ہے اور یہ اصل ہے فساد کی اور توڑنا بھی) محض اس وجہ سے کہ ایک گروہ دوسرے گروہ سے (کثرت یا ثروت میں) بڑھ جاوے (یعنی مثلاً کفار کے دو گروہوں میں باہم مخالفت ہو اور تمہاری ایک سے صلح ہو جاوے پھر دوسری طرف پلہ جھکتا ہوا دیکھ کر اس گروہ مصالح سے عذر کر کے دوسرے گروہ سے سازش کرے یا مثلاً کوئی مسلمان ہو کر مسلمانوں میں شامل ہوا اور پھر کافروں کی طرف زور دیکھا تو عہد اسلام کو توڑ کر مرتد ہو جاوے اور یہ جو ایک گروہ دوسرے سے بڑھا ہوا ہوتا ہے یا دوسری کسی جماعت کے شامل ہو جانے سے بڑھ جاتا ہے تو) بس اس (زائد ہونے) سے اللہ تعالیٰ تمہاری آزمائش کرتا ہے (کہ دیکھیں وفائے عہد کرتے ہو یا جھکتا پلہ دیکھ کر ادھر ڈھل جاتے ہو) اور جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے رہے (اور مختلف راہیں چلتے رہے) قیامت کے دن ان سب (کی حقیقت) کو تمہارے سامنے (عملاً) ظاہر کردے گا (کہ حق والوں کو جزا اور باطل والوں کو سزا ہو جاوے گی آگے اس اختلاف کی حکمت بطور جملہ معترضہ کے اجمالاً بیان فرماتے ہیں) اور (ہر چند کہ اللہ تعالیٰ کو یہ بھی قدرت تھی کہ اختلاف نہ ہونے دیتے چنانچہ) اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو تم سب کو ایک ہی طریقہ کا بنا دیتے لیکن (بمقتضائے حکمت جس کی تفصیل و تعیین یہاں ضروری نہیں) جس کو چاہتے ہیں بے راہ کر دیتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں راہ پر ڈال دیتے ہیں چنانچہ منجملہ ہدایت کے وفائے عہد اور منجملہ ضلالت کے نقض عہد بھی ہے) اور (یہ نہ سمجھنا کہ جیسے دنیا میں گمراہوں کو پوری سزا نہیں ہوتی ایسے ہی آخرت میں مطلق العنان رہیں گے ہرگز نہیں بلکہ قیامت میں) تم سے تمہارے سب اعمال کی ضرور باز پرس ہوگی اور (جیسا نقض عہد و قسم سے حسی ضرر ہوتا ہے جس کا اوپر بیان تھا اسی طرح اس سے معنوی ضرر بھی ہوتا ہے آگے اس کا ذکر ہے یعنی) تم اپنی قسموں کو آپس میں فساد ڈالنے کا ذریعہ مت بناؤ (یعنی قسموں اور عہدوں کو مت توڑو) کبھی (اس کو دیکھ کر) کسی اور کا قدم جمنے کے بعد نہ پھسل جاوے (یعنی دوسرے بھی تمہاری تقلید کریں اور عہد شکنی کرنے لگیں) پھر تم کو اس سبب سے کہ تم (دوسروں کے لئے) راہ خدا سے مانع ہوئے تکلیف بھگتنا پڑے (کیونکہ وفائے عہد راہ خدا ہے تم اس کے نقض کے سبب بن گئے اور یہی ہے وہ معنوی ضرر کہ دوسروں کو بھی ناقض عہد بنایا) اور (وہ تکلیف یہ ہوگی کہ اس حالت میں) تم کو بڑا عذاب ہوگا

www.besturdubooks.net

(اور جس طرح گروہ غالب میں شامل ہو کر جاہ حاصل کرنے کی غرض سے نقض عہد ممنوع ہے جس کا اوپر ذکر ہوا اسی طرح تحصیل مال کی غرض سے جو نقض ہو اس کی ممانعت فرماتے ہیں کہ) اور تم لوگ عہد خداوندی کے عوض میں (دنیا کا) تھوڑا سا فائدہ مت حاصل کرو (عہد اللہ کے معنی تو شروع آیت میں معلوم ہوئے اور ثَمَنًا قَلِيلًا سے مراد دنیا ہے کہ باوجود کثیر ہونے کے بھی قلیل ہے چنانچہ خود فرماتے ہیں کہ) پس اللہ کے پاس کی جو چیز ہے (یعنی ذخیرۂ آخرت) وہ تمہارے (متاع دنیوی سے) بدر جہا بہتر ہے اگر تم سمجھنا چاہو (پس متاع آخرت کثیر ہوئی اور متاع دنیوی قلیل) اور (علاوہ تفاوت قلیل و کثیر کے دوسرا تفاوت فنا و بقاء کا بھی ہے چنانچہ) جو کچھ تمہارے پاس (دنیا میں) ہے وہ (ایک روز) ختم ہو جاوے گا (خواہ زوال سے یا موت سے) اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ دائم رہے گا اور جو لوگ (وفائے عہد وغیرہ احکام دین پر) ثابت قدم ہیں ہم ان کے اچھے کاموں کے عوض میں ان کا اجر (کہ وہی نعمت باقیہ مذکورہ ہے) ان کو ضرور دیں گے (پس وفائے عہد کر کے دولت کثیرہ غیر فانیہ کو حاصل کرو اور قلیل فانی کے لئے نقض عہد مت کرو)۔

ربط: اوپر عمل خاص یعنی ایفائے عہد کا اجر اور فضل اور نقض عہد کی مذمت فرمائی تھی آگے آیت من عمل الخ میں اعمال صالحہ اور عامل صالح کی تعمیم کہ خواہ کوئی عمل صالح ہو اور خواہ عامل مذکر ہو یا مؤنث کوئی ہو مذکور ہے اور چونکہ نقض عہد اور اسی طرح جمیع اعمال غیر صالحہ کا سبب اغوائے شیطان ہے اس لئے اس کے بعد آیت فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ الخ میں اس کے شر سے بچنے کا طریق ارشاد فرماتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ آخرت کو دنیا پر ترجیح دینے کے باب میں صریح ہے۔

ملحقات الترجمہ: ۱؎ قوله في كفيلا گواہ كما في الروح اى شاهدا رقيبا فان الكفيل مراع لحال المكفول به رقيب عليه والعلاقة للمجاز اللزوم۔ ۲؎ قوله في غزلها سوت وفي قوة کاتے وجهه ظاهر ۱۲۔ ۳؎ قوله في انكاثا بوٹی بوٹی کر کے اشارة الى انه حال من غزلها ۱۲۔ ۴؎ قوله في تتخذون الاول کہ اس کی اشارة الى انه حال من فاعل لا تكونوا ۱۲۔ ۵؎ قوله في ان تكونوا محض اس وجہ سے اشارة الى تعلقه بتقدير اللام بتتخذون ۱۲۔ ۶؎ قوله في يبلوكم الله اس زائد ہونے فالضمير المجرور راجع الى كون الامة اربى والكون مذكر ۱۲۔ ۷؎ قوله في تختلفون مختلف راہیں اشارة الى كون الاختلاف اعم من القولي والفعلي والاعتقادي ۱۲۔

اللغات: انكاثا جمع نكث بكسر النون وهو ما ينكث فتله الدخل ما يدخل الشئ ولم يكن منه ثم كنى به عن الفساد اى وسيلة للغدر والفساد ۱۲۔

البلاغة: قوله قدم افردهٗ ايذانا بانه لو زلت قدم واحدة لكفى في الاضرار فكيف بما اذا زلت اقدام ۱۲۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۹۸﴾ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ
ع ۱۳ / ۱۹ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۹۹﴾ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۰﴾
وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾
قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۰۲﴾
وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ۭ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾ اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ
الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

جو شخص کوئی نیک کام کرے گا خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو بشرطیکہ صاحب ایمان ہو تو ہم اس شخص کو (دنیا میں) بالطف زندگی دیں گے اور (آخرت میں) ان کے کاموں کے عوض میں ان کا اجر دیں گے تو جب آپ قرآن پڑھنا چاہیں تو شیطان مردود (کے مکر) سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کریں یقیناً اس کا قابو ان لوگوں پر نہیں چلتا جو ایمان رکھتے ہیں اور اپنے رب پر دل سے بھروسہ رکھتے ہیں بس اس کا قابو تو صرف ان ہی لوگوں پر چلتا ہے جو اس سے تعلق رکھتے ہیں اور ان لوگوں پر جو کہ اللہ کے ساتھ شرک کرتے ہیں اور

www.besturdubooks.net

جب ہم کسی آیت کو بجائے دوسری آیت کے بدلتے ہیں اور حالانکہ اللہ تعالیٰ جو حکم بھیجتا ہے اس کو وہی خوب جانتا ہے تو یہ لوگ کہتے ہیں کہ آپ افترا کرنے والے ہیں بلکہ انہی میں اکثر لوگ جاہل ہیں آپ فرما دیجئے کہ اس کو روح القدس آپ کے رب کی طرف سے حکمت کے موافق لائے ہیں تا کہ ایمان والوں کو ثابت قدم رکھے اور ان مسلمانوں کیلئے ہدایت اور خوشخبری (کا ذریعہ) ہو جاوے اور ہم کو معلوم ہے کہ یہ لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ ان کو تو آدمی سکھلا جاتا ہے جس شخص کی طرف اس کی نسبت کرتے ہیں اس کی زبان تو عجمی ہے اور یہ قرآن صاف عربی ہے۔ جو لوگ اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے ان کو اللہ کبھی راہ پر نہ لاویں گے اور ان کے لئے دردناک سزا ہوگی بس جھوٹ افترا کرنے والے تو یہی لوگ ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے اور یہ لوگ ہیں پورے جھوٹے۔ ۞

تفسیر: فضیلت اعمال خیر: ☆ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۞

حفاظت از دواعی اعمال شر ☆ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ۞ (اور کچھ اجر و ثواب وفائے عہد ہی میں منحصر نہیں اور نہ کسی عامل کی تخصیص ہے بلکہ قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ) جو شخص کوئی نیک کام کرے گا خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو بشرطیکہ صاحب ایمان ہو (کیونکہ کافر کے اعمال صالح مقبول نہیں) تو ہم اس شخص کو (دنیا میں تو) بالطف زندگی دیں گے اور (آخرت میں) ان کے اچھے کاموں کے عوض میں ان کا اجر دیں گے (اور جب عمل صالح کی فضیلت معلوم ہوئی اور اس میں کبھی کبھی شیطان کھنڈت ڈالا کرتا ہے چنانچہ کبھی وفائے عہد کے باب میں اغوا کرتا ہے کبھی دوسرے عمل صالح مثل قراءت قرآن کے باب میں اغوا کرتا ہے) تو (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ اور آپ کے واسطہ سے اور مخاطب سن لیں کہ) جب آپ (کیسا ہی نیک کام کرنا چاہیں حتیٰ کہ) قرآن پڑھنا چاہیں تو شیطان مردود (کے شر) سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کریں (یعنی دل سے خدا پر نظر رکھنا کہ حقیقت استعاذہ کی ہے اصلی واجب ہے اور زبان سے بھی کہہ لینا قراءت میں مسنون ہے اور ہم پناہ مانگنے کا جس کا حاصل خدا پر نظر رکھنا ہے اس لئے حکم کرتے ہیں کہ) یقیناً اس کا قابو ان لوگوں پر نہیں چلتا (یعنی اس کا وسوسہ ان پر مؤثر نہیں ہوتا) جو ایمان رکھتے ہیں اور اپنے رب پر (دل سے) بھروسہ رکھتے ہیں بس اس کا قابو تو صرف ان ہی لوگوں پر چلتا ہے جو اس سے تعلق رکھتے ہیں (اور اس کی مخالفت کا قصد نہیں کرتے اسی لئے اللہ پر ان کی نظر اور بھروسہ نہیں کیونکہ بھروسہ کا عزم تو قصد مخالفت کے وقت کرتا) اور ان لوگوں پر (قابو چلتا ہے) جو کہ اللہ کے ساتھ شرک کرتے ہیں (پس مشرکون مقابل 'امنوا کے ہے اور یتولونہ مقابل یتوکلون کے)

ف: حَيٰوةً طَيِّبَةً سے یہ مراد نہیں کہ اس کو فقر یا مرض کبھی نہ ہوگا بلکہ مطلب یہ ہے کہ اطاعت کی برکت سے اس کے قلب میں ایسا نور پیدا ہوگا جس سے وہ ہر حال میں شاکر و صابر اور رضا و تسلیم سے رہے گا اور اصل جمعیت کی یہی رضا ہے اور استعاذہ میں قرآن کی تخصیص میں یہ نکتہ ہے کہ قرآن کی شان ہے: لَا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ [حم السجدۃ: ۴۲] جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بہ نسبت دوسرے اعمال کے اس میں شیطانی تصرف و وسوسہ کم ہوتا ہے اسی لئے مشہور ہے۔ ع دیو بگریزد ازاں قوم کہ قرآں خوانند۔ اور بعض بعض آیات اور سورتوں میں بالتخصیص بھی فرار شیطان کی تاثیر منقول ہے پس اس تخصیص میں نہایت مبالغہ ہو گیا کہ جب ایسے عمل میں بھی استعاذہ کا حکم ہے تو اور اعمال صالحہ میں تو بدرجہ اولیٰ ضروری ہے اور استعاذہ سے جو اصل مقصود ہے یعنی توکل اس کے اعتبار سے امر اپنے حقیقی معنی وجوب پر باقی ہے اور قابو کی نفی و اثبات کا حاصل گناہ کا صادر کرانا یا نہ کرا سکنا ہے فقط۔ **ربط**: اوپر منجملہ اصول کے توحید کا اور پھر ضمن اثبات رسالت میں اجمالاً کل فروع کا اور تفصیلاً بعض فروع کا مضمون مذکور تھا آگے دوسری اصل یعنی رسالت کے متعلق مخالفین کے شبہات کا جواب مع وعید کے مذکور ہے۔

جواب شبہات بر نبوت مع تہدید ☆ وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ (الی قولہ تعالی) وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ۞ اور جب ہم کسی آیت کو بجائے دوسری آیت کے بدلتے ہیں (یعنی ایک آیت کو لفظاً یا معناً منسوخ کر کے اس کی جگہ دوسرا حکم بھیج دیتے ہیں) اور حالانکہ اللہ تعالیٰ جو حکم (اولاً یا ثانیاً) بھیجتا ہے اس (کی مصلحت) کو وہ ہی خوب جانتا ہے (باعتبار حالت مکلفین کے اول اور مصلحت تھی پھر اور مصلحت ہو گئی) تو یہ لوگ کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) آپ (خدا پر) افترا کرنے والے ہیں (کہ اپنے کلام کو اللہ کی طرف نسبت کر دیتے ہیں ورنہ احکام خداوندی میں نسخ کیوں ہوتا غرض وہ لوگ نسخ کو مستلزم نفی کلام اللہ کہتے ہیں گو عدم نسخ کو مستلزم ثبوت کلام اللہ نہ مانتے تھے اللہ تعالیٰ جواب دیتے ہیں کہ آپ مفتری نہیں ہیں) بلکہ ان ہی میں اکثر لوگ جاہل ہیں (کہ نسخ کو ملزوم اور نفی کلام اللہ کو لازم بلا دلیل مانتے ہیں) آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ (یہ کلام میرا بنایا ہوا نہیں بلکہ) اس کو روح القدس (یعنی جبرئیل علیہ السلام) آپ کے رب کی طرف سے حکمت کے موافق لائے ہیں (پس یہ اللہ کا کلام ہے اور تبدیل احکام بوجہ حکمت کے ہے اور یہ کلام اسلئے بھیجا گیا ہے) تا کہ ایمان والوں کو (ایمان پر) ثابت قدم رکھے اور ان مسلمانوں کے لئے ہدایت اور خوشخبری (کا ذریعہ) ہو جاوے (اس غایت کے بڑھانے سے تعریض ہو گئی کہ ایسی نافع چیز سے یہ مخالفین منتفع نہیں ہوتے) اور ہم کو معلوم ہے کہ یہ لوگ (دوسری بات) یہ بھی کہتے ہیں کہ انکو تو آدمی سکھلا جاتا ہے (مراد اس سے ایک عجمی و رومی نصرانی غلام یا لوہار

www.besturdubooks.net

ہے جس کا نام بلعام یا مقیس تھا وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی باتیں جی لگا کر سنتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کبھی اس کے پاس جا بیٹھتے اور وہ انجیل وغیرہ کچھ جانتا تھا تو کافروں نے یہ ایک بات نکالی کہ حضور کو یہ سکھلا دیتا ہے کذا فی الدر المنثور اللہ تعالیٰ جواب دیتے ہیں کہ قرآن مجید تو مجموعہ لفظ ومعنی کا نام ہے سو اگر معنی کی جزالت خارقہ کے ادراک کی تم کو تمیز نہیں تو الفاظ کی بلاغت خارقہ کو سمجھ سکتے ہو پس اگر فرض کر لیا جاوے کہ مضامین میں وہ شخص سکھلا دیتا ہے تو یہ تو سوچو کہ یہ الفاظ کہاں سے آ گئے کیونکہ) جس شخص کی طرف اس کی نسبت کرتے ہیں اس کی زبان تو عجمی ہے اور یہ قرآن صاف عربی ہے (اور عربی بھی ایسی کہ بلغائے عرب اس کے معارضہ سے عاجز آ گئے تو بیچارہ عجمی کے ایسی عبارت بنا سکتا ہے پھر کیسے احتمال ہو سکتا ہے کہ وہ شخص آپ کو قرآن سکھلاتا ہو اور یہ احتمال کہ وہ مضامین سکھلا دیتا ہو اور آپ اپنے الفاظ میں ادا کر دیتے ہوں پہلے سے مدفوع ہے کیونکہ آپ کی بھی ایسی زبان نہ تھی پھر دوسرے بلغاء اس سے کیوں عاجز ہو گئے اس مقام پر صرف تہمت تعلیم کا رفع کرنا ہے سو تقریر مذکورۂ بالا اس کے لئے کافی ہے آگے ان کے لئے تہدید ہے کہ) جو لوگ اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے (جیسے یہ لوگ آیات قرآنیہ کے منکر ہیں) ان کو اللہ تعالیٰ کبھی راہ پر نہ لاویں گے اور ان کے لئے دردناک سزا ہوگی (اور یہ جو نعوذ باللہ آپ کو مفتری کہتے ہیں سو) بس جھوٹ افتراء کرنے والے تو یہی لوگ ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے (چنانچہ نبی کو مفتری کہنا کتنا بڑا افتراء ہے) اور یہ لوگ ہیں پورے جھوٹے (کیونکہ خلق پر جھوٹ لگانے سے خالق پر جھوٹ باندھنا اشد ہے جب کلام اللہ کا انکار کیا تو خدا پر جھوٹ باندھا کہ ان کی کہی ہوئی بات کو یوں کہا کہ نہیں کہی) **ف**: اور اعجمی کا اطلاق احیاناً غیر واضح وغیرہ مفہوم کلام پر بھی آتا ہے گو عربی ہو آیت میں یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ اس شخص کی تقریر خود کافی وافی نہیں الخ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً روح میں بعض کا قول نقل کیا ہے کہ: فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً وہ ہے جو محبوب کے ساتھ ہو اھ اور یہ اولیاء کو دنیا میں بھی میسر ہو جاتا ہے ۱۲ منہ قولہ تعالیٰ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شیطان کا مؤمن پر ذرا بھی زور نہیں چلتا یعنی جب مؤمن اس پر غالب آنا چاہے اور یہ امر مشاہد ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) ای مدحهم اولا بالایمان فی قوله لیثبت الذین آمنوا وثانیا بالاسلام فی قوله للمسلمین ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله فی وهو مؤمن بشرطیکہ اشارة الی انه حال ۱۲ ۲ قوله فی اذا قراء ت چاہیں ای اردت ۱۲۔ ۳ قوله فی بما ینزل مصلحت اشارة الی تقدیر المضاف الی الموصول ای اعلم بمصلحة ما ینزل ۱۲۔ ۴ قوله فی الکاذبون پورے کذا فی البیضاوی ۱۲۔

اللغات: قوله یلحدون یمیلون قولهم عن الاستقامة الیه ای ینسبون التعلیم الیه۔

النحو: قوله هدی و بشری معطوفان علی محل لیثبت ای تثبیتا وهدایة الخ کذا فی البیضاوی ۱۲۔

البلاغة: قوله من ربك ولم یقل من ربی لما فی الروح فی اضافة الرب الی ضمیره صلی الله علیه وسلم من الدلالة علی تحقیق اضافة آثار الربوبیة علیه علیه الصلٰوة والسلام ما لیس فی اضافته الی یاء المتکلم المنبئته عن التلقین ۱۲۔ المحض کما فی ارشاد العقل السلیم وكانه اعتناء بامر هذه الدلالة لم یقل من ربکم علی ان فی ترك خطابهم من حط قدرهم ما فیه آه قوله للمسلمین فیه وضع المظهر موضع المضمر والعدول عن ضمیرهم او عن المؤمنین لمدحهم بکلا العنوانین ولم یکن هذا فی ما لو قال للمؤمنین موضع للمسلمین ۱۲۔ قوله بشر فی الروح وانما لم یصرح باسم من زعموا مع انه ادخل فی ظهور کذبهم للایذان بان مدار خطائهم لیس بنسبته صلی الله علیه وسلم الی التعلم من الشخص معین بل من لبشر کائنا من کان ۱۲۔

مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖۤ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ

غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝١٠٦ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝١٠٧ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

الْغٰفِلُوْنَ ۝١٠٨ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝١٠٩ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ

ع مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْۤا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝١١٠ يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ

نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝١١١ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً

www.besturdubooks.net

مُّطْمَئِنَّةً يَّأْتِيهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّن كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِأَنْعُمِ اللَّهِ فَأَذَاقَهَا اللَّهُ لِبَاسَ الْجُوعِ

وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوا يَصْنَعُونَ ﴿١١٢﴾ وَلَقَدْ جَاءَهُمْ رَسُولٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمُ الْعَذَابُ

وَهُمْ ظَالِمُونَ ﴿١١٣﴾

جو شخص ایمان لائے پیچھے اللہ سے کفر کرے مگر جس شخص پر زبردستی کی جائے بشرطیکہ اس کا قلب ایمان پر مطمئن ہو لیکن ہاں جو جی کھول کر کفر کرے تو ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہوگا اور ان کو بڑی سزا ہوگی (اور) یہ غضب اور عذاب اس سبب سے ہوگا کہ انہوں نے دنیوی زندگی کو آخرت کے مقابلہ میں عزیز رکھا اور اس سبب سے ہوگا کہ اللہ تعالیٰ ایسے کافروں کو ہدایت نہیں کیا کرتا یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر اور کانوں پر اور آنکھوں پر مہر لگا دی ہے اور یہ لوگ انجام سے بالکل غافل ہیں (اس لئے) لازمی بات ہے کہ آخرت میں یہ لوگ بالکل گھاٹے میں رہیں گے۔ پھر بے شک آپ کا رب ایسے لوگوں کے لئے جنہوں نے مبتلائے کفر ہونے کے بعد ایمان لا کر ہجرت کی پھر جہاد کیا اور (ایمان پر) قائم رہے تو وہ آپ کا رب ان اعمال کے بعد بھی بڑی مغفرت کرنے والا بڑی رحمت کرنے والا ہے جس روز ہر شخص اپنی ہر طرفداری میں گفتگو کرے گا اور دوست کو نہ پوچھے گا اور ہر شخص کو اس کے کئے کا پورا بدلہ ملے گا اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا اور اللہ تعالیٰ ایک بستی والوں کی حالت عجیبہ بیان فرماتے ہیں کہ وہ (بڑے) امن و اطمینان میں (رہتے) تھے (اور) ان کی کھانے پینے کی چیزیں بڑی فراغت سے ہر چہار طرف سے ان کے پاس پہنچا کرتی تھیں سو انہوں نے خدا کی نعمتوں کی بے قدری کی اس پر اللہ تعالیٰ نے ان کو ان حرکات کے سبب ایک محیط قحط اور خوف کا مزہ چکھایا اور ان کے پاس ان ہی میں کا ایک رسول بھی (منجانب اللہ) آیا سو اس (رسول) کو (بھی) انہوں نے جھوٹا بتایا تب ان کو عذاب (الٰہی) نے پکڑا جبکہ وہ بالکل ہی ظلم پر کمر باندھے لگے۔

تفسیر: ربط: اوپر کفار منکرین توحید و رسالت کے حق میں وعیدیں مذکور ہوئی ہیں آگے خاص ان کی وعید جو ایمان لا کر کافر ہو جاویں مَنْ كَفَرَ بِاللَّهِ میں اور اس سے مکرہ کا استثناء إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ میں مذکور ہے۔

وعید مرتدین و استثنائے مکرہین ☆ مَنْ كَفَرَ بِاللَّهِ مِنْ بَعْدِ إِيمَانِهِ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ (الی قولہ تعالیٰ) لَا جَرَمَ أَنَّهُمْ فِي الْآخِرَةِ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿١٠٩﴾ جو شخص ایمان لائے پیچھے اللہ کے ساتھ کفر کرے (اس میں کفر بالرسول بھی داخل ہے) مگر جس شخص پر (کافروں کی طرف سے) زبردستی کی جاوے (کہ اگر تو کفر کا فلانا کام یا فلانا کام نہ کرے گا تو تجھ کو قتل کر دیں گے مثلاً) بشرطیکہ اس کا قلب ایمان پر مطمئن ہو (یعنی عقیدہ میں فتور نہ آوے اور اس قول یا فعل کو برا سمجھتا ہو تو وہ مستثنیٰ ہے کہ اس کو ظاہری کفر کا ارتکاب جائز ہے اور اس کے لئے وہ وعید آئندہ نہیں ہے) لیکن ہاں جو جی کھول کر (یعنی اس کو صحیح اور مستحسن سمجھ کر) کفر کرے تو ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہوگا اور ان کو بڑی سزا ہوگی (اور) یہ (غضب وعذاب) اس سبب سے ہوگا کہ انہوں نے دنیوی زندگی کو آخرت کے مقابلہ میں عزیز رکھا اور اس سبب سے ہوگا کہ اللہ تعالیٰ ایسے کافر لوگوں کو (جو کہ دنیا کو ہمیشہ آخرت پر ترجیح دیں) ہدایت نہیں کیا کرتا (یہ دو سبب الگ الگ نہیں بلکہ مجموعہ سبب ہے حاصل یہ ہے کہ چونکہ عزم فعل کے بعد عادۃ اللہ جاری ہے کہ خلق فعل ہو جاتا ہے اور اس خلق پر صدور فعل مرتب ہوتا ہے پس سبب عادی صدور فعل قبیح کا مجموعہ عزم وخلق ہے اسْتَحَبُّوا میں عزم کی طرف اشارہ ہے اور لَا يَهْدِي میں خلق کی طرف) یہ وہ لوگ ہیں کہ (دنیا میں ان کے اصرار علی الکفر کی یہ حالت ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر اور کانوں پر اور آنکھوں پر مہر لگا دی ہے اور یہ لوگ (انجام سے) بالکل غافل ہیں (اس لئے) لازمی بات ہے کہ آخرت میں یہ لوگ بالکل گھاٹے میں رہیں گے۔ ف: احکام اکراہ کے مفصلاً کتب فقہیہ میں ملاحظہ کئے جاویں۔

ربط: اوپر کفر پر وعید تھی اصلی ہو یا ارتداد ہو آگے فرماتے ہیں کہ اگر یہ لوگ ایمان لے آویں تو یہ کفر اور اس کی وعید سب معاف اور رفع ہو جاویں گے۔

سقوط کفر باثر ایمان ☆ ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ هَاجَرُوا (الی قولہ تعالیٰ) لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١١٠﴾ پھر (اگر کفر کے بعد یہ لوگ ایمان لے آویں تو) بیشک آپ کا رب ایسے لوگوں کے لئے کہ جنہوں نے مبتلائے کفر ہونے کے بعد (ایمان لا کر) ہجرت کی پھر جہاد کیا اور (ایمان پر) قائم رہے (یعنی پھر نہیں پھرے) تو آپ کا رب (ایسے لوگوں کے لئے) ان (اعمال) کے بعد بڑی مغفرت کرنے والا بڑی رحمت کرنے والا ہے (یعنی ایمان اور اعمال صالحہ کی برکت سے ان کے سب گناہ گذشتہ کفر وغیرہ معاف ہو جاویں گے اور رحمت الٰہیہ سے ان کو جنت اور اس میں بڑے بڑے درجے ملیں گے۔ ف: ہر چند کہ مغفرت و نفس رحمت صرف ایمان لانے سے ہو جاتی ہے مگر رحمت کاملہ کے درجات عالیہ بھی ملیں اس کے لئے عادۃً اور اعمال کی بھی ضرورت ہے اور اگر آیت میں نفس رحمت مراد لی جاوے تب بھی مغفرت و رحمت کے لئے مجموعہ ایمان و اعمال کے سبب ہونے سے شرط ہونا لازم نہیں آتا خوب سمجھ لو۔ ربط: اوپر کفار کے حق میں وعید اور مؤمنین کے حق میں وعدہ مذکور ہے آگے اس وعدہ و وعید کے ظہور کا وقت بتلاتے ہیں۔

www.besturdubooks.net

ذکر یوم جزاء: يَوْمَ تَأْتِي كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ (یہ جزا وسزا ندکوراس روز واقع ہوگی) جس روز ہر شخص اپنی ہی طرفداری میں گفتگو کرے گا (اور دوسرے کو نہ پوچھے گا) اور ہر شخص کو اس کے کئے کا پورا بدلہ ملے گا (یعنی نیکی کے بدلہ میں کمی نہ ہوگی گو زیادتی ہوجاوے اور بدی کے بدلہ میں زیادتی نہ ہوگی گو کمی ہوجاوے) اور (یہی مطلب ہے اس کا کہ) ان پر ظلم نہ کیا جاوے گا (پس پورا کہنے میں ایک جگہ زیادتی کی نفی ہے ایک جگہ کمی کی)۔ ف: اور اس سے شفاعت کی نفی کا شبہ نہ ہو کیونکہ وہ اپنی رائے سے نہ ہوگی باذن ہے پس گویا وہ شافع کی طرف منسوب ہی نہیں اور یہاں اس گفتگو کا ذکر ہے جو اپنی رائے سے ہو۔ ربط: اوپر کفر پر عذاب اخروی کی وعید ہے آگے بتلاتے ہیں کہ کفر پر دنیوی آفات کا نزول بھی بعید نہیں۔

بعض آفات کفر در دنیا گو غیر لازم باشد ☆ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً (الی قوله تعالی) فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝ اور اللہ تعالیٰ (وبال کفر پر متنبہ کرنے کے لئے) ایک بستی والوں کی حالت عجیبہ بیان فرماتے ہیں کہ وہ (بڑے) امن و اطمینان میں (رہتے) تھے (اور) ان کے کھانے پینے کی چیزیں بڑی فراغت سے ہر چہار طرف سے ان کے پاس پہنچا کرتی تھیں سو (بجائے اس کے کہ اس حالت میں منعم حقیقی کا احسان مانتے اور اطاعت کرتے) انہوں نے خدا کی نعمتوں کی بے قدری کی (یعنی خدا کے ساتھ شرک و کفر کیا) اس پر اللہ تعالیٰ نے ان کو ان حرکات کے سبب ایک محیط قحط اور خوف کا مزہ چکھایا (کہ جوع سے رزق رغد جاتا رہا اور خوف سے امن و اطمینان فوت ہوگیا) اور (اس سزا میں حق تعالیٰ کی طرف سے کچھ جلدی نہیں کی گئی بلکہ اول ان کی اصلاح کے واسطے) ان کے پاس ان ہی میں کا ایک رسول بھی (منجانب اللہ) آیا (جس کے صدق و امانت کا بوجہ ان ہی میں سے ہونے کے ان کو پورا حال معلوم تھا) سو اس (رسول) کو (بھی) انہوں نے جھوٹا بتایا تب ان کو عذاب (الٰہی) نے پکڑا جب کہ وہ بالکل ہی ظلم پر کمر باندھنے لگے ف: اس کی توجیہ میں مفسرین کی دو تقریریں ہیں ایک یہ کہ مکہ والوں کو یہ مضمون سنانا ہے اور قریہ سے مراد قریہ غیر معین ہے کیونکہ کفار سابقین کے قریوں میں ایسی حالت بہت سے قریوں کی ہوچکی ہے کہ نعمت حسی امن و رزق بھی تھا اور نعمت معنوی یعنی رسول بھی ہوا اور پھر کفر کیا اور مواخذہ کئے گئے پس مکہ والوں کو سناتے ہیں کہ تم اگر ایسا کرو گے تو یہی حال تمہارا ہوگا چنانچہ جب وہ کفر سے باز نہ آئے تو بعد چندے قحط بھی پڑا اور مسلمانوں کے لشکروں کا ہر وقت اندیشہ بھی ان کے لئے طوق گردن ہوگیا اور بعض نے کہا ہے کہ قریہ سے مراد مکہ ہے اور مدینہ والوں کو یہ مضمون سنانا ہے کہ تم ایسے مت ہونا اور ان علماء نے اس آیت کو مدنی کہا ہے قاله مقاتل یہ دونوں قول روح المعانی میں منقول ہیں اور دونوں غیر بعید ہیں اور احقر نے عنوان میں غیر لازم اس لئے کہا کہ بعض اوقات کفر پر دنیا میں سزائے صریح و جلی نہیں ہوتی اور یوں تو قہر خدا اور ناراضی خود بڑی سزا ہے مگر خفی ہے اور چونکہ یہاں دوام سزائے دنیوی کا دعویٰ نہیں کیا گیا اس لئے کوئی شبہ نہیں ہوسکتا ہے مقصود صرف ڈرانا ہے تو ضرر محتمل بھی تخویف کے لئے کافی ہے البتہ سزائے آخرت یقینی اور لازم ہے اور امن و اطمینان میں یہ فرق ہے کہ امن کی حقیقت ہے زوال خوف اعداء وغیرہم اور اطمینان اس امن کا اثر ہے یعنی سکون قلب جب خوف نہ ہوگا سکون ہوگا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قوله تعالیٰ: وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ الخ اور اور چونکہ وسوسہ میں یہ شرح صدر نہیں ہوتا اور نہ اختیار ہوتا ہے بلکہ اس کی بے اختیاری اکراہ کی بے اختیاری سے اشد ہے اس لئے اس میں مطلق ذم نہیں قوله تعالیٰ: ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا جب دنیا کے مذموم ہونے میں صریح ہے اور اس میں بھی کہ جب مذموم وہ ہے جس میں دنیا کا ایثار ہو آخرت پر نہ کہ حب طبعی کہ اس پر ملامت نہیں ۱۲۔ قوله تعالیٰ: فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ اسی کے قریب بلاء میں بہت سے مدعیان زہد مبتلاء ہیں کہ حق تعالیٰ کی نعمتوں کو حقیر سمجھتے ہیں اور اپنے کو لذات کا تارک سمجھتے ہیں اور تارک ذات ہوجاتے ہیں حق تعالیٰ کا یہ ارشاد نہیں دیکھتے: وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ اور فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ الآیہ۔ قوله تعالیٰ: وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ الخ اس سے معلوم ہوا کہ طریقت کے احکام شریعت کے مباین نہیں کہ یہاں کا حلال وہاں کا حرام ہو یا بالعکس ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی فتنوا مبتلائے کفر هو احد الوجوه المذکورة فی الکبیر وهو اوفق بالمقام عندی ۱۲۔ ۲ قوله قبل هاجروا ایمان لاکر دل علیه هاجروا لتوقفها علی الایمان او یقال انها کانت فی الابتداء بمنزلة الاقرار فعبر بها عن الایمان ۱۲۔ ۳ قوله فی یوم جزاء وسزا اشارة الی کونه ظرفا لربهم والخاسرون ۱۲۔ ۴ قوله فی کل نفس الاول ہر شخص اشارة الی جواب عما یرد ظاهرا من اضافة الشیٔ الی نفسه فی نفسها الراجع ضمیره الی النفس فالمعنی نفس النفس والجواب ان النفس الاول بمعنی المرء والثانیة بمعنی العین ولا شناعة فی قولهم عین المرء فافهم ۱۲۔

الروایات: فی الدر المنثور باسانید کثیرة نزول الآیة فی عمارا کره ثم جاء وسأل ۱۲ فی الروح اخرج ابن جریر عن الحسن وعکرمة انها نزلت فی عبدالله بن ابی سرح الذی کان یکتب لرسول صلی الله علیه وسلم فازله الشیطن فلحق بالکفار فاستجار له عثمانؓ یوم فتح مکة آه نعم یشکل علی التفاسیر کلها کون السورة مکیة لکن نقل فی الروح عن ابن عطیة ان هذه الآیة مدنیة او یقال ان الهجرة

www.besturdubooks.net

يراد بها الى الجنة والجهاد يراد به اللغوى او يقال ان الهجرة عن الكفر والجهاد مع النفس او يقال انه اخبار عما سيكون والله اعلم ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فى قراءة فتنوا معروفا فى الروح وهو ضمير المشركين اى عذبوا المؤمنين او وقعوا فى الفتنة فان فتن جاء متعديا ولازما وتستعمل الفتنة فيما يحصل عنه العذا آه اى الكفر وهو اوفق بما مر عن الكبير كما فى قوله تعالىٰ لا يفتننكم الشيطٰن اى لا يضلنكم وكما فى قوله تعالىٰ الا فى الفتنة سقطوا فافهم ۱۲۔

فائده: قد ذكر فى حواشى آية وقد فصل لكم ما حرم عليكم شئ مما يتعلق بالترتيب بين هذه الاية وتلك الاية فى التقديم والتاخير فانظر ۱۲ قوله تعالىٰ ولا تقربوا لما تصف الخ اس سے معلوم ہوا کہ طریقت کے احکام شریعت کے مبائن نہیں کہ یہاں کا حلال وہاں حرام ہو یا بالعکس۔

النحو: قوله من كفر فى الجلالين من مبتدا او شرطية والخبر او الجواب لهم وعيد شديد دل عليه هذا ولكن من شرح ۱۲۔ قوله تعالىٰ ثم ان ربك الخ فى عن ابى البقاء خبر ان الاولى هو الآتى وان الثانية واسمها تكرير للتاكيد والجار والمجرور متعلق باحدى المرفوعين ۱۲ آه۔

البلاغۃ: قوله تعالىٰ اذاقها الله الخ فى البيضاوى استعار الذوق لادراك اثر الضرر واللباس لما غشيهم واشتمل عليهم من الجوع والخوف واوقع الاذاقة عليه بالنظر الى المستعار له لا المستعار كقول كثير غمر الرداء فانه استعار الرداء للمعروف واضاف اليه الغمر الذى هو وصف المعروف لا وصف الرداء وقد ينظر الى المستعار كقوله ينازعنى ردائى عبد عمرو الى قوله فاحتجر منه بشطر استعار الرداء للسيف ثم قال فاحتجر نظرًا الى المستعار آه۔

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۠ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝۱۱۴ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۱۵ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ۝۱۱۶ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۠ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۱۱۷ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝۱۱۸ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْۗءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۱۹ ع ۱۵ ۹ ۲۱

سو جو چیزیں اللہ نے تم کو حلال اور پاک دی ہیں ان کو کھاؤ اور اللہ کی نعمت کا شکر کرو اگر تم اسی کی عبادت کرتے ہو تم پر تو صرف مردار کو حرام کیا ہے اور خون کو اور خنزیر کے گوشت (وغیرہ) کو اور جس چیز کو غیر اللہ کے لئے نامزد کر دیا گیا ہو پھر جو شخص کہ بالکل بے قرار ہو جائے بشرطیکہ طالب لذت نہ ہو اور نہ حد (ضرورت) سے تجاوز کرنے والا ہو تو اللہ تعالیٰ بخش دینے والا مہربانی کرنے والا ہے اور جن چیزوں کے بارے میں محض تمہارا جھوٹا زبانی دعوٰی ہے ان کی نسبت یوں مت کہہ دیا کرو کہ فلانی چیز حلال ہے اور فلانی چیز حرام ہے جس کا حاصل یہ ہوگا کہ اللہ پر جھوٹی تہمت لگا دے گے بلاشبہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ لگاتے ہیں وہ فلاح نہ پائیں گے یہ دنیا میں چند روزہ عیش ہے اور (مرنے کے بعد) ان کے لئے دردناک سزا ہے اور صرف یہودیوں پر ہم نے وہ چیزیں حرام کر دی تھیں جن کا بیان ہم اس کے قبل آپ سے کر چکے ہیں اور ہم نے ان پر کوئی زیادتی نہیں کی لیکن وہ خود ہی اپنے اوپر زیادتی کیا کرتے تھے پھر آپ کا رب ایسے لوگوں کے لئے جنہوں نے جہالت سے برا کام کر لیا پھر اس کے بعد توبہ کر لی اور آئندہ کے لئے اپنے اعمال درست کر لئے تو آپ کا رب اس کے بعد بڑی مغفرت کرنے والا بڑی رحمت کرنے والا ہے۔

تفسیر: ربط: اوپر کفر و شرک کا وبال اخروی و دنیوی مذکور ہوا ہے آگے بطور تفریع کے بعض رسوم شرک و کفر سے کہ وہ تحلیل و تحریم بالہوٰی ہے مع وعید منع فرماتے ہیں خواہ خطاب مسلمانوں کو ہو بایں معنی کہ تم ان کے سے کام مت کرنا خواہ کفار کو ہو بایں معنی کہ ان کاموں کو ترک کر دو۔

www.besturdubooks.net

نہی از بعض رسوم شرکیہ ☆ فَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ (الی قولہ تعالی) وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ۝ (جب کفر وشرک کا اصلاً و فرعاً مذموم ہونا معلوم ہو گیا) سو جو چیزیں اللہ نے تم کو حلال اور پاک دی ہیں ان کو (حرام مت سمجھو کہ رسم شرک ہے بلکہ ان کو) کھاؤ اور اللہ کی نعمت کا شکر کرو اگر تم (واقع میں یا بزعم خود) اسی کی عبادت کرتے ہو (جیسے مسلمان واقع میں خدا کی عبادت کرتے تھے اور کفار اس کے مقصود بالذات ہونے کے مدعی تھے، کہتے تھے: مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَا [الزمر : ۳] پس دونوں خطابوں پر معنی آیت کے واضح ہو گئے) تم پر تو (منجملہ ان اشیاء کے جن میں تم گفتگو کرتے ہو) صرف مردار کو حرام کیا ہے اور خون کو اور خنزیر کے گوشت (وغیرہ) کو اور جس چیز کو غیر اللہ کے نامزد کر دیا گیا ہو پھر جو شخص کہ (مارے فاقہ کے) بالکل بے قرار ہو جاوے بشرطیکہ طالب لذات نہ ہو اور نہ حد (ضرورت) سے تجاوز کرنے والا ہو تو اللہ تعالیٰ (اس کے لئے اگر وہ ان چیزوں کو کھا لے) بخش دینے والا مہربانی کرنے والا ہے اور جن چیزوں کے بارے میں محض تمہارا جھوٹا زبانی دعویٰ ہے (اور اس پر کوئی دلیل صحیح قائم نہیں) ان کی نسبت یوں مت کہہ دیا کرو کہ فلانی چیز حلال ہے اور فلانی چیز حرام ہے (جیسا پارۂ ہشتم کے ربع کے قریب آیات وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ الخ میں ان کے دعوے آ چکے ہیں) جس کا حاصل یہ ہوگا کہ اللہ پر جھوٹی تہمت لگا دو گے (کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کے موافق تو نہیں کہا بلکہ اس کے خلاف فرمایا ہے) بلاشبہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ لگاتے ہیں وہ فلاح نہ پاویں گے (خواہ دارین میں یا آخرت میں) یہ (دنیا میں) چند روزہ عیش ہے اور (آگے مرنے کے بعد) ان کے لئے دردناک سزا ہے اور (یہ مشرکین مدعی ہیں ملت ابراہیمی کے سو اشیائے طیبہ ان کی شریعت میں تو حرام نہ تھیں البتہ بہت روز بعد ان اشیاء میں سے) صرف یہودیوں پر ہم نے وہ چیزیں حرام کر دیں تھیں جن کا بیان ہم اس کے قبل (سورہ انعام میں) آپ سے کر چکے ہیں اور (ان کی تحریم میں بھی) ہم نے ان پر (صورۃً بھی) کوئی زیادتی نہیں کی لیکن وہ خود ہی اپنے اوپر (مخالفت انبیاء کی کر کے) زیادتی کیا کرتے تھے (پس تحریم اشیاء طیبہ مقصوداً تو کبھی نہیں ہوئی اور شریعت ابراہیمیہ میں عارض کی وجہ سے بھی نہیں ہوتی پھر تم نے کہاں سے اختراع کیا)۔ **ف**: ایسی آیت چند جا آئی ہیں وہاں تفسیر ملاحظہ فرمائی جاوے۔ **ربط**: اوپر افتراء علی اللہ کی مذمت اور اس پر وعید ہے آگے ایمان و توبہ کا اس کے لئے مکفر ہونا فرماتے ہیں جیسا ابھی اوپر بھی ایسی ہی آیت اسی مناسبت سے آ چکی ہے۔

سقوط عمل سوء توبہ ☆ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ (الی قولہ تعالی) اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۝ پھر آپ کا رب ایسے لوگوں کے لئے جنہوں نے جہالت سے برا کام (خواہ کچھ بھی ہو) کر لیا پھر اس کے بعد توبہ کر لی (جو طریقہ توبہ کا مقرر ہے) اور (آئندہ کے لئے) اپنے اعمال درست کر لئے تو آپ کا رب اس (توبہ) کے بعد بڑی مغفرت کرنے والا بڑی رحمت کرنے والا ہے۔ **ف**: جہالت کے معنی کے لئے سورۂ نساء کے رکوع سوم کی آیت: اِنَّمَا التَّوْبَةُ [النساء : ۱۷] کی تفسیر اور اَصْلَحُوْا کی قید کے سبب نہ کہ شرط ہونے کے لئے اس آیت کی چار سرخی اوپر کی آیت کی تفسیر مع فائدہ ملاحظہ فرمائیے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱۔ قولہ فی لما تصف ان کی نسبت الخ کما فی الروح اللام صلۃ للقول مثلها فی قولہ تعالی لا تقولوا لم یقتل الخ و معناها الاختصاص وما موصولۃ والعائد محذوف ای لا تقولوا فی شان الذی تصف السنتکم من البھائم بالحل والحرمۃ بمجرد قول باللسان ۱۲۔

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ؕ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱۲۰ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۱۲۱ وَاٰتَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝۱۲۲ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱۲۳ اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝۱۲۴ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝۱۲۵ وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ؕ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ۝۱۲۶ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝۱۲۷ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝۱۲۸ ع ۱۶ ۲۲

www.besturdubooks.net

بے شک ابراہیم علیہ السلام بڑے مقتدا تھے اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار تھے بالکل ایک طرف کے ہو رہے تھے اور وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے شکر گذار تھے اللہ تعالیٰ نے ان کو منتخب کر لیا تھا اور ان کو سیدھے رستہ پر ڈال دیا تھا اور ہم نے ان کو دنیا میں اچھائی دی تھی اور وہ آخرت میں بھی اچھے لوگوں میں ہوں گے پھر ہم نے آپ کے پاس وحی بھیجی کہ آپ ابراہیم علیہ السلام کے طریقہ پر جو کہ بالکل ایک طرف کے ہو رہے تھے چلئے اور وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے۔ بس ہفتہ کی تعظیم تو صرف ان ہی لوگوں پر لازم کی گئی تھی جنہوں نے اس میں خلاف کیا تھا بے شک آپ کا رب قیامت کے دن ان میں باہم فیصلہ کر دے گا جس بات میں یہ اختلاف کیا کرتے تھے۔ آپ اپنے رب کی راہ کی طرف علم کی باتوں اور اچھی نصیحتوں کے ذریعہ سے بلائیے اور ان کے ساتھ اچھے طریقہ سے بحث کیجئے آپ کا رب خوب جانتا ہے اس شخص کو بھی جو اس کے رستہ سے گم ہوا اور وہی راہ پر چلنے والوں کو بھی خوب جانتا ہے اور اگر بدلہ لینے لگو تو اتنا ہی بدلہ جتنا تمہارے ساتھ برتاؤ کیا گیا ہے اور اگر صبر کرو تو وہ صبر کرنے والوں کے حق میں بہت ہی اچھی بات ہے اور آپ صبر کیجئے اور آپ کا صبر کرنا خاص خدا ہی کی توفیق سے ہے اور ان پر غم نہ کیجئے اور جو کچھ یہ تدبیریں کیا کرتے ہیں اس سے تنگ دل نہ ہو جائیے اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے جو پرہیزگار ہوتے ہیں اور جو نیک کردار ہوتے ہیں۔

تفسیر: ربط : اوپر شرک و کفر کے اصول و فروع یعنی انکار توحید و انکار رسالت و تحریم حلال و تحلیل حرام کا ابطال اور رد کیا گیا ہے جو مشرکین مکہ جن سے ان مضامین کا اول خطاب ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں تھے اور اپنے کو ان کے طریقہ پر بتلاتے تھے اس لئے آگے مضامین مذکورہ کی تقویت کے لئے کَانَ اُمَّةً میں ابراہیم علیہ السلام کے مقتدائے خلق ہونا جس کا حاصل نبوت و رسالت ہے اور لَمْ یَكُ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ میں مع سیاق و سباق ان کا مشرک نہ ہونا کہ توحید ہے اور اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ میں اشارۃً اشیائے طیبہ کا ان کے یہاں حرام نہ ہونا اور قَانِتًا کے عموم سے تحلیل حرام و تحریم حلال بالہویٰ دونوں کا نہ ہونا اور اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ ۔ وَاٰتَیْنٰهُ میں اس طریقہ کی اور صاحب طریقہ کی فضیلت اور درمیان میں ثُمَّ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس طریقہ پر ہونا مع اثبات رسالت کے بیان فرماتے ہیں۔ تاکہ ان کو اپنے طریقہ مخالفہ ملت ابراہیمیہ کے ترک کی اور حضور ﷺ کے طریقہ موافقہ ملت ابراہیمیہ کے اختیار کی ترغیب ہو جس کے لوازم سے رسالت محمدیہ کے انکار سے بالخصوص باز آنا بھی ہے۔

تحقیق فضیلت ملتِ ابراہیمیہ برائے ترغیب اتباع ملتِ محمدیہ موافقہ با او!

اِنَّ اِبْرٰهِیْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِیْفًا (الی قولہ تعالی) وَاِنَّ رَبَّكَ لَیَحْكُمُ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ۝ بیشک ابراہیم (علیہ السلام جن کو تم بھی مانتے ہو) بڑے مقتدا (یعنی نبی اولوالعزم امت عظیمہ کے متبوع) تھے (پھر مسئلہ نبوت میں کلام کے کیا معنی اور) اللہ تعالیٰ کے (پورے) فرمانبردار تھے (اپنی ہوائے نفسانی سے کوئی عقیدہ یا عمل نہ کرتے تھے پھر تحلیل حرام اور تحریم حلال میں بلا دلیل اپنی ہوائے نفسانی کی پیروی کیوں کرتے ہو اور وہ) بالکل ایک (خدا کی) طرف کے ہو رہے تھے اور (مطلب ایک طرف ہونے کا یہ ہے کہ) وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے (بلکہ موحد خالص تھے پھر تم شرک کیوں کرتے ہو اور وہ) اللہ کی نعمتوں کے (بڑے) شکر گزار تھے (پھر تم شرک و کفر کر کے ناشکری کیوں کرتے ہو جیسا اوپر آیا ہے فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ غرض ابراہیم علیہ السلام کی یہ شان اور طریقہ تھا اور وہ ایسے مقبول تھے کہ) اللہ تعالیٰ نے ان کو منتخب کر لیا تھا اور ان کو سیدھے راستہ پر ڈال دیا تھا اور ہم نے ان کو دنیا میں بھی خوبیاں (مثل نبوت و اجتباء و ہدایت) دی تھیں اور وہ آخرت میں بھی (اعلیٰ درجہ کے) اچھے لوگوں میں ہوں گے (پس ایسے مقبول کا جو طریقہ ہو گا وہ بالکل مقبول ہو گا اس کو اختیار کرنا چاہئے اور وہ اب منحصر ہے طریقہ محمدیہ میں چنانچہ اس کا ذکر فرماتے ہیں کہ) پھر ہم نے آپ کے پاس وحی بھیجی کہ آپ ابراہیم کے طریقہ پر جو کہ بالکل ایک (خدا کی) طرف کے ہو رہے تھے (اس حیثیت سے کہ وہی آپ کی شریعت ہے) چلئے اور (چونکہ ان کے مدعیان اتباع مشرک و اہل کتب کچھ نہ کچھ شرک میں مبتلا تھے اس لئے مکرر فرماتے ہیں کہ) وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے (تاکہ مشرکین کے ساتھ یہود و نصاریٰ کے طریقہ موجودہ کی بھی نفی ہو جاوے اور جیسا شرک کی نفی مکرر اہتمام کے لئے فرمائی اسی طرح اہتمام کے لئے کہ ایسے رسوم میں زیادہ مبتلا تھے تحریم طیبات کی نفی کی طرف باوجودیکہ قانتاً کے عموم میں مذکور ہو چکی ہے مکرر اشارہ قریب بصراحت فرماتے ہیں کہ) بس ہفتہ کی تعظیم (یعنی اس میں مچھلی کے شکار کی ممانعت جو کہ تحریم طیبات کی ایک فرد ہے وہ) تو صرف ان ہی لوگوں پر لازم کی گئی تھی جنہوں نے (آخر میں) اس میں (عملاً) خلاف کیا تھا (کہ کسی نے مانا اور عمل کیا کسی نے خلاف کیا مراد اس سے یہود ہیں یعنی تحریم طیبات کی یہ صورت مثل دوسری صورتوں کے صرف یہود کے ساتھ مخصوص تھی ملت ابراہیمی میں نہ تھی آگے احکام میں

www.besturdubooks.net

اختلاف کرنے کے متعلق فرماتے ہیں کہ) بیشک آپ کا رب قیامت کے دن ان میں باہم (عملاً) فیصلہ کردے گا جس بات میں یہ (دنیا میں) اختلاف کیا کرتے تھے **ف**: اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ میں صرف تحریم طیبات کا اشارہ ہے شاید تکریر میں اس کی تخصیص اس لئے ہو کہ اس میں شعبہ شرک کا تھا کہ تعظیم اصنام اس تحریم کا سبب تھا بخلاف تحلیل حرام کے کہ فی نفسہ مستقل غلطی تھی تعظیم اصنام کو اس میں دخل نہ تھا اور پھر تحریم طیبات کی صورتوں میں سے ذکر سبت سے صرف تحریم سمک کو مثال میں لانا شاید اس لئے ہو کہ اور طیبات کی تحریم کا اوپر وَ عَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا الخ میں ذکر آ چکا تھا واللہ اعلم۔ ربط: اوپر ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ الخ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے اثبات سے یہ مقصود تھا کہ مرسل الیہم اس رسالت کے حقوق ادا کریں یعنی تصدیق اور اتباع کریں آگے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ادائے رسالت کے حقوق و آداب کی تعلیم ہے جن میں سے مراعاۃ عدل فی الانتقام میں خصوصاً اور آپ کے تابعین کو بھی عموماً خطاب ہے کیونکہ انتقام میں عادۃً تابعین کا اشترک ضروری ہے بخلاف تبلیغ و دعوت و بقیہ احکام مذکورہ آیت کے نبی سے بالانفراد بھی اس کا صدور ہو سکتا ہے اس لئے اس میں خطاب خاص ہے۔

آداب تبلیغ احکام رخصت و عزیمت در انتقام ☆ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝ آپ اپنے رب کی راہ (یعنی دین) کی طرف (لوگوں کو) علم کی باتوں (کے ذریعہ سے جن سے مقصود اثبات مدعا ہوتا ہے) اور اچھی نصیحتوں کے ذریعہ سے (جن سے مقصود ترغیب و ترہیب و ترقیق قلب ہوتا ہے) بلایئے اور (اگر بحث آن پڑے تو) ان کے ساتھ اچھے طریقہ سے (کہ جس میں شدت و خشونت نہ ہو) بحث کیجئے (بس اتنا کام آپ کا ہے پھر آپ اس تحقیق میں نہ پڑیئے کہ کس نے مانا کس نے نہیں مانا کیونکہ یہ کام خدا کا ہے پس) آپ کا رب خوب جانتا ہے اس شخص کو بھی جو اس کے راستہ سے گم ہوا اور وہی راہ پر چلنے والوں کو بھی خوب جانتا ہے اور (اگر کبھی کفار جدال علمی کی حد سے گذر کر جدال عملی تک پہنچ جاویں اور ید یا لسان سے ایذا پہنچاویں اس میں آپ کو مع آپ کے تابعین کے بدلہ لینا بھی جائز ہے کہ رخصت ہے اور صبر کرنا بھی جائز ہے کہ عزیمت ہے پس) اگر (شق اول اختیار کرو یعنی) بدلہ لینے لگو تو اتنا ہی بدلہ لو جتنا تمہارے ساتھ برتاؤ کیا گیا ہے (اس سے زیادتی مت کرو) اور اگر (شق ثانی اختیار کرو یعنی ان کی ایذاؤں پر) صبر کرو تو وہ (صبر کرنا) صبر کرنے والوں کے حق میں بہت ہی اچھی بات ہے (کہ مخالف پر بھی اچھا اثر پڑتا ہے اور دیکھنے والوں پر بھی اور آخرت میں موجب اجر عظیم ہے) اور (ہر چند کہ صبر کرنا عموماً سب کے لئے عزیمت ہے لیکن خصوصاً آپ کے لئے بوجہ اعظمیت شان کے اوروں سے زیادہ عزیمت ہے اس لئے آپ کو خصوصیت کے ساتھ حکم ہے کہ) آپ صبر کیجئے اور (چونکہ) آپ کا صبر کرنا خاص خدا ہی کی توفیق (خاص) سے ہے (اس لئے آپ تسلی رکھیں کہ صبر میں آپ کو دشواری نہ ہوگی) اور ان (لوگوں کی مخالفت) پر غم نہ کیجئے اور جو کچھ یہ (مخالفت میں) تدبیریں کیا کرتے ہیں اس سے تنگ دل نہ ہوجیے (اس سے آپ کا کوئی ضرر نہیں ہوگا کیونکہ آپ تقویٰ و احسان کے ساتھ موصوف ہیں اور) اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے (یعنی ان کا ممد و معاون ہوتا ہے) جو پرہیزگار ہوتے ہیں اور جو نیک کردار ہوتے ہیں۔ **ف**: حکمت اور موعظت حسنہ اور جدال کی تفسیر سے خود ان میں تغایر معلوم ہو گیا اور یہ تفسیر اسلم و اقرب الی العربیۃ ہے بہ نسبت اس کے کہ ان الفاظ کو برہان و خطابت و جدل اصطلاحی پر محمول کیا جاوے جیسا کبیر میں ہے اس میں علاوہ تکلف کے ایک کمی یہ ہے کہ حکمت اور موعظت اور جدال کے مخاطب الگ الگ قسم کے لوگ ہوں گے حالانکہ ذوق سیاق سے یہ بعید معلوم ہوتا ہے اور جاننا چاہئے کہ اصل حکمت میں دلائل قطعیہ ہیں جن کو برہان کہتے ہیں اور ظاہراً قرآن میں بکثرت دلائل خطابیہ عادیہ وظنیہ کا استعمال کیا گیا ہے سو اصل یہ ہے کہ ایسے کسی مدعاء پر ظنی استدلال نہیں کیا گیا جس پر دلیل برہانی قائم نہ ہو بلکہ وہ سب دعوے برہانی ہیں لیکن برعایت فہم مخاطبین اور ان کی تسہیل کے لئے عنوانات مالوفہ اختیار کئے گئے ہیں پس اس سے کوئی شبہ نہ کرے کہ قرآن نے استقراء وغیرہ کو حجت سمجھا ہے اور اس بنا پر اہل قرآن خصم کے ایسے استدلالات پر بے تکلف کلام کرنے کا حق رکھتے ہیں جب تک کہ وہ کوئی برہانی دلیل پیش نہ کریں خوب سمجھ لو۔ اور الا باللہ کے ترجمہ میں توفیق کو خاص کے ساتھ اس لئے مقید کیا گیا کہ بدون توفیق الٰہی کے تو کوئی شخص بھی صبر بلکہ کوئی عمل نیک نہیں کرسکتا پھر آپ اس کی اس میں کیا تخصیص ہے اس قید سے وجہ تخصیص معلوم ہوگئی یعنی توفیق کے مراتب مختلف ہیں نفس توفیق تو مشترک ہے لیکن انبیاء علیہم السلام کے ساتھ خاص اور زائد عنایت ہوتی ہے اور وہ ان کے اعمال میں مؤثر ہوتی ہے فقط۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

تم والحمد للہ تعالیٰ تفسیر سورۃ النحل للرابع والعشرین من جمادی الآخرۃ یوم الخمیس ۱۳۲۴ من الھجرۃ وصلی اللہ علیہ وسلم علی خیر خلقہ محمد والہ واصحابہ اجمعین۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَاٰتَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً الخ اس میں دلالت ہے کہ دنیا میں نعمتوں کا مل جانا مقام عقبیٰ کا منقص نہیں اور بعض نے جو کہا ہے کہ مشہور ولی کا مقام غیر مشہور سے کم ہے مراد اس سے وہ ہے جس میں شہرت کی آفات پیدا ہوگئی ہوں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ اس میں اہل اللہ کے طریق دعوت کی تفصیل ہے اور یہ کہ تبلیغ کے بعد اصرار کی ضرورت نہیں اور یہی مذاق ہے اہل طریق کا قولہ تعالیٰ: وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ الخ صبر کا خصائل اہل اللہ سے ہونا ظاہر ہے قولہ تعالیٰ: وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ الخ صبر کے بہت مراتب ہیں صبر۔ للہ صبر۔ فی اللہ صبر۔ مع اللہ صبر۔ عن اللہ صبر۔ اللہ (ان سب کی حقیقت اصل رسالہ عربی میں دیکھو) اور یہ صبر باللہ سب سے اکمل اسی لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ثابت کیا گیا ہے ۱۲۔

الروایات: روی فی فی الصحاح انه مثل ببعض الانصار والمهاجرين ومنم حمزةؓ يوم احد فقالوا لنمثلن بهم ولزبين عليهم فنزل آه والآية على هذه مدنية وفی الروح ذهب الخامس لی انها كمية آه فشمولها لقصة حمزة لكونها عامة واختاره الامام الرازی قلت قاما صدور هذا لقول فلعلهم خصصوا منها الكفارة فنبهوا على عمومها بواسطة نزول جبريل عليه السلام وقراء ته لها تذكير الم لما كانت الرواية۔

اللغات: قوله فی ضيق فی النيسابوری من قرأ بكسر الضاد فظاهر وهو من الكلام القلوب لان الضيق وصف فهو يكون فی الانسان ولا يكون الانسان فيه وفيه لطيفة اخرى وهی ان الضيق اذا عظم وقوی صار كالشئ المحيط به من جميع الجوانب ومن قرأ بفتحها فاما على انه مصدر ايضا او على انه مخفف ضيق فمعناه فی امر ضيق آه ۲ قوله مما يمكرون من سببية۔

www.besturdubooks.net

سورۃ بنی اسرآءیل

سورۃ بنی اسرآءیل ۱۷ مکیۃ ۵۰ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — ایاتھا ۱۱۱ — رکوعاتھا ۱۲

سورۂ بنی اسرائیل مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۱۱ آیات اور ۱۲ رکوع ہیں

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ لَیۡلًا مِّنَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ اِلَی الۡمَسۡجِدِ الۡاَقۡصَا الَّذِیۡ بٰرَکۡنَا حَوۡلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنۡ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّہٗ ہُوَ السَّمِیۡعُ الۡبَصِیۡرُ ۝۱

وہ پاک ذات ہے جو اپنے بندہ (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کو شب کے وقت مسجد حرام سے (یعنی مسجد کعبہ) سے اقصیٰ (یعنی بیت المقدس) تک جس کے گرداگرد ہم نے برکتیں کر رکھی ہیں لے گیا تاکہ ہم ان کو اپنے کچھ عجائبات قدرت دکھلا دیں بے شک اللہ تعالیٰ بڑے سننے والے بڑے دیکھنے والے ہیں۔

تفسیر: سورة بنی اسرائیل مکیة وقیل الا قوله وان کادوا لیفتنونك الی اخر ثمان ایات وهی مائة وعشر ایات کذا فی البیضاوی۔ اس سورت میں زیادہ مضامین توحید متضمن انعامات کے اور رسالت کے ہیں چنانچہ قصہ معراج سے کہ خارق عظیم ہے اس کی ابتداء کی گئی جو کہ تنزیہ الٰہی کے ساتھ دلالت کرتی ہے رسالت پر اور اس مضمون سے اس کی ابتداء سورۂ نحل کی انتہاء سے بھی متناسب ہے اور تقویت رسالت کے لئے موسیٰ اور نوح علیہما السلام کا ذکر لایا گیا اور اس کی تصدیق کی ترغیب کے لئے نجات طوفان نوح اور تکذیب کی ترہیب کے لئے قصہ فساد بنی اسرائیل اور ان کی سزایابی کا سنایا گیا پھر قرآن کو کہ دلیل رسالت ہے ہادی بتایا گیا یہ رکوع اول ہے پھر توقف عذاب سے جو رسالت پر شبہ تھا اس پر کلام کیا گیا' عذاب کا وقت بتایا گیا' قرنِ سابقہ کا عذاب سنایا گیا دنیا کی مذمت کی گئی جس کی محبت مانع ایمان ہے یہ رکوع دوم ہے قرآن کے بعض احکام بتلائے گئے جن کی لفظی اعجاز اور معنوی خوبی سے رسالت پر استدلال کیا جا سکتا ہے یہ رکوع سوم و چہارم ہے اس کے بعد توحید کا اثبات ہے پھر قرآن اور رسالت کی بحث ہے اور رسالت پر جو اخبار عن البعث سے شبہ تھا اس کا جواب ہے یہ رکوع پنجم ہے پھر انکار و اعتراض پر جو مسلمانوں کو غصہ آ جاتا تھا اس میں نرمی کا حکم ہے پھر رسالت داؤدیہ سے رسالت محمدیہ کی تقویت ہے پھر شرک کا ابطال ہے پھر انکار پر وعید ہے پھر ایک شبہ متعلقہ رسالت کا جواب ہے یہ رکوع ششم ہے پھر ضرر مخالفت ظاہر کرنے کے لئے ابلیس کا قصہ ہے پھر دلائل توحید ہیں یہ رکوع ہفتم ہے پھر مخالفت پر قیامت کی وعید ہے پھر کچھ رسالت کے متعلق مضمون ہے یہ رکوع ہشتم ہے پھر کچھ قرآن کے بعض آثار اور منکرین کی ناشکری کا تسلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بیان ہے یہ رکوع نہم ہے پھر رکوع دہم سے آخر سورت تک رسالت کے متعلق بحث چلی گئی ہے اور ساتھ ساتھ کچھ کچھ مضامین وعید کے ہیں اس تقریر سے سورۂ ہذا کے اجزا کا باہمی ارتباط اور اس کے ابتدا کا سورت سابقہ کے انتہا سے تناسب اور نیز دونوں سورتوں کو بوجہ مشترک فیہ ہونے توحید و رسالت کے مع قطع نظر کے کمی و بیشی سے ظاہر و باہر ہے۔

قصہ اجمالی معراج ☆ سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ لَیۡلًا (الی قوله تعالی) اِنَّہٗ ہُوَ السَّمِیۡعُ الۡبَصِیۡرُ۝ وہ ذات پاک ہے جو اپنے بندہ (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کو شب کے وقت مسجد حرام (یعنی مسجد کعبہ) سے مسجد اقصیٰ (یعنی بیت المقدس) تک جس کے گرداگرد (کہ ملک شام ہے) ہم نے (دینی و دنیوی) برکتیں کر رکھی ہیں (دینی برکت یہ ہے کہ وہاں بکثرت انبیاء مدفون ہیں دنیوی برکت یہ کہ وہاں اشجار و انہار و پیداوار کی کثرت ہے غرض اس مسجد اقصیٰ تک عجیب طور پر اس واسطے) لے گیا تاکہ ہم ان (بندہ) کو اپنے کچھ عجائبات قدرت دکھلا دیں (جن میں بعض تو خود وہاں کے متعلق ہیں مثلاً اتنی بڑی مسافت مدت قصیرہ میں طے کرنا سب انبیاء علیہم السلام کو دیکھنا ان کی باتیں سننا وغیرہ ذالک اور بعض آگے کے متعلق ہیں مثلاً آسمانوں پر جانا اور عجائبات کثیرہ دیکھنا) بیشک اللہ تعالیٰ بڑے سننے والے بڑے دیکھنے والے ہیں (چونکہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال کو سنتے احوال کو دیکھتے تھے اس لئے ان کو اس طرح مکرم و مقرب بنایا)۔

ف: اس مقام پر چند تنبیہات اور چند تحقیقات اور چند اشکالات ہیں۔

www.besturdubooks.net

تنبیہ اول: سبحان تنزیہ وتعجب کے لئے مستعمل ہے چونکہ یہ لے جانا عجیب تھا اور عجیب ہونے کی وجہ سے قدرت عظیمہ پر دال ہے اسلئے اس سے شروع کرنا مناسب ہوا اور اسی لئے احقر نے ترجمہ میں لفظ عجیب طور پر کو ظاہر کر دیا اور یہ جانا براق پر تھا جیسا صحاح میں ہے جس کی برق رفتاری بھی عجیب تھی۔

تنبیہ دوم: اس مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک لے جانے کو اسرا کہتے ہیں اور آگے آسمانوں پر جانے کو معراج کہتے ہیں اور گاہے دونوں لفظ مجموعہ پر اطلاق کئے جاتے ہیں۔

تنبیہ سوم: یہاں **بِعَبْدِهٖ** کہنے سے دو فائدے ہیں ایک تو اظہار آپ کے قرب وقبول کا دوسرے اس عجیب معجزہ کی وجہ سے کوئی آپ ﷺ پر الوہیت کا شبہ نہ کر سکے۔

تنبیہ چہارم: ہر چند کہ اسریٰ رات ہی کے چلنے کو کہتے ہیں لیکن **لَیْلًا** کی تصریح اس لئے ہے کہ تا کہ باعتبار عرف ومحاورات کے تبعیض پر دال ہو اور زیادہ دلالت کرتے قدرت پر کہ تھوڑی ہی رات میں اتنا دراز کام کر لیا گیا اور دلالت علی التبعیض کی تصریح عبدالقاہر سے اور اس کی توجیہ سیبویہ اور ابن مالک سے صاحب روح نے اس طرح نقل کیا ہے: **اللیل والنھار اذا عرفا کانا معیارا للتعمیم وظرفا محددا بخلاف المنکر فلما عدل عن تعریفه علم انه لم یقصد استغراق السری۔**

تنبیہ پنجم: مسجد حرام کا اطلاق گاہے مطلق حرم پر بھی آتا ہے اور یہاں دونوں معنی صحیح ہو سکتے ہیں کیونکہ بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ آپ اس وقت حطیم میں تشریف رکھتے تھے اور بعض میں آیا ہے کہ ام ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے پس آیت کو دونوں پر محمول کر سکتے ہیں اور وجہ تطبیق دونوں حدیثوں میں بہت سہل ہے کیونکہ ام ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر سے حطیم میں آ جانا اور وہاں سے آگے جانا کوئی امر مستبعد نہیں۔

تنبیہ ششم: مسجد اقصیٰ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اقصیٰ کے معنی عربی میں ہیں بہت دور چونکہ وہ مسجد مکہ سے بہت دور ہے اس لئے اقصیٰ کہا گیا۔

تنبیہ ہفتم: ہر چند کہ عجائبات کا مشاہدہ بدون آپ کے لیجائے ہوئے بھی ممکن تھا لیکن اس میں اور اسی طرح رکوب میں اور زیادہ اکرام واظہار شان ہے اس لئے آپ کو اس طرح لے گئے۔

تنبیہ ہشتم: رات کی تخصیص میں یہ حکمت لکھی ہے کہ عادۃً وقت خلوت کا ہے اس میں بلانا دلیل ہے زیادت اختصاص کی۔

تنبیہ نہم: یہاں مسجد اقصیٰ سے مراد صرف اس مسجد کی زمین ہے کہ حقیقت میں مسجد اصالتاً زمین ہی ہوتی ہے اور عمارت تو تبعاً مسجد ہوتی ہے وجہ اس مراد لینے کی ہے کہ یہ امر تاریخ سے ثابت ہے عیسیٰ علیہ السلام کے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کے درمیان میں اس کی عمارت منہدم کر دی گئی تھی چنانچہ عنقریب تفسیر آیات **وَقَضَیْنَآ اِلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ** میں مذکور ہو گا اس لئے ظاہراً اس پر شبہ ہوتا ہے کہ مسجد اقصیٰ کا جب اس وقت وجود ہی نہ تھا پھر وہاں تک لے جانے کے کیا معنی پس اس مراد کی تعیین سے وہ شبہ جاتا رہا اور اگر اس حدیث پر شبہ ہو کہ کفار معترضین نے آپ ﷺ سے بیت المقدس کی ہیئت وکیفیت دریافت کی تھی اس کے کیا معنی تو اس کا جواب یہ ہے کہ اول تو منہدم عمارت کی ہیئت وکیفیت دریافت کرنا بھی ممکن ہے علاوہ اس کے اس زمین کے قرب میں لوگوں نے کچھ عمارتیں بنام نہاد بیت المقدس کے بنائی تھیں اس سے بھی سوال ممکن ہے۔

ضمیمہ: یہ جو کچھ اوپر گذرا تفسیر حقانی سے لکھا گیا تھا بعد میں اس کے متعلق ایک دوست کا خط آیا جس سے عمارت مسجد کا عہد فاروقی تک باقی رہنا معلوم ہوتا ہے لہٰذا اس خط کو مع اپنے جواب کے بعینہٖ ذیل میں نقل کیا جاتا ہے۔

السوال: تنویر السراج ص ۱۷ تنبیہ نہم میں حضرت والا نے تحریر فرمایا ہے یہاں مسجد اقصیٰ سے مراد صرف اس مسجد کی زمین ہے الی قولہ اس کی عمارت منہدم کر دی گئی الخ اور بیان القرآن تفسیر سورۂ بنی اسرائیل میں بھی یہی ارشاد ہوا ہے بندہ نے اس کے متعلق بعض وجوہات سے تواریخ کی مختلف کتابوں کو دیکھا سب سے زیادہ معتبر تاریخ محمد بن جریر الطبری کو دیکھا اس میں خلافت فاروقی ۱۵ھ کے وقائع میں جلد چہارم میں یہ عبارت درج ہے بعینہٖ نظر انور میں گذارتا ہوں۔

قال لما شخص عمر من الجابیة الی ایلیاء فدنا من باب المسجد قال ارقبوا لی کعبا فلما انفرق به الباب قال لبیك اللھم لبیك بما ھو احب الیك ثم قصد المحراب محراب داؤد علیه السلام وذلك لیلا فصلی فیه ولم یلبث ان طلع الفجر فامر المؤذن بالاقامة فتقدم وصلی بالناس وقرأ بھم ص وسجد فیھا ثم قام وقرأ بھم فی الثانیة صدر بنی اسرائیل ثم رکع ثم انصرف فقال علی بکعب تاتی به فقال این تری ان نجعل المصلی فقال الی الصخرة فقال ضاھیت واللہ الیھودیة یاکعب وقد رأیتك وخلعك نعلیك فقال احببت ان اباشره بقدمی فقال قد رأیتك بل نجعل قبلته صدره کما جعل رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قبلة مساجدنا صدورھا اذھب الیك فانا لم نؤمر بالصخرة ولکنا امرنا بالکعبة فجعل قبلته صدره ثم قام من مصلاه الی کناسة قد کانت الروم قد دفنت بھا بیت المقدس فی

www.besturdubooks.net

زمان بنی اسرائیل فلما صار الیھم ابرزوا بعضھا وترکوا سائرھا وقال یا ایھا الناس اصنعوا کما اصنع وجثا فی اصلھا وحثا فی فرج من فروج قبائه وسمع التکبیر من خلفه وکان یکره سوء الرعة فی کل شیٔ فقال ما ھذا فقالوا کبر کعب وکبر الناس تکبیرہ فقال علی به فاتی به فقال یا امیر المؤمنین انه حدثنا علی ما صنعت الیوم بنی منذ خمسمائة سنة فقال وکیف فقال ان الروم انما روا علی بنی اسرائیل فادیلوا علیھم مدفنوہ ثم ادیلوا فلم یفرغوا له حتی اغارت علیھم فارس فبغوا علی بنی اسرائیل ثم ادیلت الروم علیھم الی ان ولیت فبعث اللہ نبیا علی الکناسة فقال ابشری او ری شلم علیك الفاروق ینقیك مما فیك الخ۔ اس سے فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانہ تک باب المسجد کا باقی ہونا محراب داؤد علیہ السلام کا موجود ہونا صخرہ کا اپنے موقع پر رہنا اور مسجد کو مزبلہ بنانا اور اس کو پاٹ دینا اور اس میں سے بعض کا ابراز اور بقیہ کا کناسہ رکھ چھوڑنا ثابت ہوتا ہے اور بالکل منہدم ہونا ثابت نہیں اور پھر فاروق کا تنقیہ مذکور ہے نہ منہدم کی تعمیر مولوی شبلی صاحب نے الفاروق حصہ دوم ص ۹۶ میں لکھا ہے سب سے پہلے مسجد میں گئے محراب داؤد کے پاس پہنچ کر سجدہ داؤد کی آیت پڑھی اور سجدہ کیا اور طبری کے جستہ جستہ موقع کا اخذ کیا ہے اور تفسیر عزیزی میں وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ کی تفسیر میں کناسہ بنانا اور خنزیر وغیرہ ذلوانے کا ذکر کیا ہے بہرحال مسجد بیت المقدس کی عمارت باقی رہنا لیکن ویراں حالت پر رکھ چھوڑنا کناسہ و مزبلہ بنانا ثابت ہوتا ہے نہ کہ منہدم ہونا اس سے معراج کی حدیث تمام وکمال اپنی ظاہر پر رہتی ہے اور تنویر ص: ۵۹ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کی جو حدیث نقل فرمائی ہے وہ بالکل سالم رہتی ہے کیونکہ اس میں دروازوں کا وجود ثابت ہوتا ہے اگر وہ دروازے کفار کو معلوم نہ ہوتے تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ایک شمار کر کے بتلانا اور ان کا باور کرنا حیز خفا میں آ جاتا ہے اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جو رائے ہو اس سے مشرف فرمایا جاؤں۔

الجواب: جَزَاکُمُ اللّٰهُ تعالٰی علی ھذا التحقیق۔ مجھ کو خود تاریخ پر نظر نہیں تفسیر حقانی سے لکھا تھا چنانچہ تفسیر بیان القرآن میں آئندہ کے جس مقام کا حوالہ دیا ہے وہاں تفسیر حقانی سے اخذ کرنے کی تصریح کر دی ہے۔

تنبیہ دہم: الَّذِیْ بٰرَکْنَا بطور مدح کے بڑھایا ہے اور اس سے خود اس مسجد کا مبارک ہونا بدرجۂ اولیٰ مفہوم ہو گیا کیونکہ جب اس کے آس پاس باوجود مسجد نہ ہونے کے برکت ہے تو خود اس میں تو ضرور برکت ہوگی کیونکہ آس پاس دو قسم کی برکتیں ہیں ایک دنیوی سو اس سے تو دینی برکت ضرور زیادہ ہے اور دوسری دینی کہ مدفن انبیاء ہے سو دفن ہونا صرف تلبس جسم کا ہے اور قبلہ ہونا جیسا کہ اکثر انبیاء علیہم السلام کا وہ قبلہ رہا ہے تلبس روح کا ہے اور یہ زیادہ موجب برکت ہو گیا خصوص جب کہ وہاں ہی رہ کر عبادت کریں کہ جسم کا تلبس بھی ہو جاوے گا کیونکہ وہ قبلہ ہونے کے ساتھ اکثر انبیاء کا متعبد اور محل عبادت بھی رہا ہے پس اس طرح خود اس مسجد کے مبارک تر ہونے پر دلالت ہوگئی پس بعض کتب میں جو لکھا ہے کہ موضع جسد شریف رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم عرش سے بھی افضل ہے اس کا فضیلت جزئی پر محمول کرنا مناسب ہے واللہ اعلم۔

تنبیہ یازدہم: لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا میں آیات کا اطلاق جو کہ عرفاً عظم اور کمال پر دال ہوتا ہے اور آیات سماویہ خصوصاً جب کہ آسمانوں پر انبیاء بھی تھے جیسا احادیث معراج میں ہے آیات ارضیہ سے اعظم اور اکمل ہیں اس طرح یہ اطلاق مشیر ہے کہ مسجد اقصٰی سے آگے بھی آپ کو لے گئے اسی لئے روح المعانی میں یہ تفسیر کی ہے: لنریه من اٰیتنا ای لنرفعه الی السماء حتی یری ما یری من العجائب مگر تصریح نہ کرنے میں شاید یہ نکتہ ہو کہ وہ اور زیادہ عجیب ہے اور انکار اس کا قریب ہے اور نص قطعی کا انکار کفر ہے پس تصریح نہ کرنا رحمت ہے ضعفاء کے ساتھ۔

تنبیہ دوازدہم: من کا تبعیضیہ لینا اس وجہ سے ہے کہ واقع میں ایسا ہی ہوا تھا چنانچہ صحاح میں ہے اسمع صریف الاقلام کہ قلم کے چلنے کی آواز آتی تھی اور ظاہراً اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قلم نہیں دیکھے علی ہذا۔

تنبیہ سیز دہم: اَسْرٰی میں ضمیر غائب کی ہے اس سے شروع کیا گیا اور اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ پر کہ اس میں بھی ضمیر غائب کی ہے ختم کیا گیا اور درمیان میں ضمیر متکلم کہ دال تعظیم پر بھی ہے لائی گئی اس میں یہ نکات ہیں۔

اول: تجدید کلام و تنشیط سامع۔ دوم: برکات اور آیات اور ارادات کا عظیم ہونا۔ سوم: اَسْرٰی کے بعد قرب کے زیادہ ہونے کی طرف اشارہ اور قرب کے وقت اصل تکلم ہے۔

تنبیہ چہار دہم: اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ کے بڑھانے کا فائدہ علاوہ فائدہ مذکورہ فی المتن کے ایک یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مکذبین کو وعید ہے کہ ہم تمہاری تکذیب ومخالفت کو دیکھتے سنتے ہیں خوب سزا دیں گے۔

تنبیہ پانز دہم: لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا کے بعد اس کا بڑھانا مشیر اس طرف ہے کہ گو رویت عجائبات کی رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوئی مگر علم میں ہمارے برابر نہیں ہو گئے کیونکہ ان کو ہم نے دکھلایا اور ہم بالذات سمیع بصیر ہیں دوسرے انہوں نے بعض آیات کو دیکھا اور ہم علی الاطلاق سمیع بصیر ہیں۔

www.besturdubooks.net

تحقیقات۔ تحقیق اوّل: یہاں مسجد اقصیٰ تک جانا مذکور ہے اندر جانا احادیث میں مصرح ہے کہ آپ ﷺ اندر تشریف لے گئے اور انبیاء علیہم السلام سے ملے اور آپ ﷺ نماز میں ان کے امام بنے۔

تحقیق دوم: آگے آسمانوں کی طرف جانا اس آیت میں مصرح نہیں ہے گو اشارہ اس کی طرف ہے اور اس سے زیادہ صراحت کے قریب اشارہ سورۂ والنجم میں ہے: وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۔ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى [النجم: ۱۳، ۱٤] یعنی آپ نے جبرئیل علیہ السلام کو دوسری بار سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى کے پاس دیکھا ہے اور پہلی بار کا دیکھنا اس کے قبل وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى میں مذکور ہوا ہے سو اس سے ظاہراً معلوم ہوا کہ آپ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى تک پہنچے تھے کیونکہ عند متعلق رای کے ہے پس رویت عند السدرة سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ رای اور مری دونوں سدرہ کے پاس ہوں گے پھر حدیثوں میں تو اس کی اس قدر تصریح ہے کہ مجال انکار نہیں۔

تحقیق سوم: جمہور اہلسنت و جماعت کا مذہب یہ ہے کہ معراج بیداری میں جسد کے ساتھ ہوئی اور دلیل اسکی اجماع ہے اور مستند اس اجماع کا یہ امور ہو سکتے ہیں:
اول: حق تعالیٰ نے جس اہتمام سے قصہ اسراء کو بیان فرمایا ہے اس سے اس کا غایت عجیب ہونا معلوم ہوتا ہے۔ اگر یہ نوم میں یا روحانی طور پر ہوتی تو یہ کوئی عجیب بات نہیں ہے۔

دوسرے: بِعَبْدِهٖ سے ظاہراً یہی معلوم ہوتا ہے کیونکہ حقیقی اور متبادر معنی جاء نی عبد فلان کے یہی ہیں کہ وہ بیداری میں دھڑ اور جان سمیت آیا پس عبد کا مصداق مجموعہ روح و جسد اور اس فعل کا صدور مقید بالیقظہ ہوتا ہے الا ان یصرح علی خلاف ذٰلك۔

تیسرے: اگر یہ خواب کی حالت میں یا روحانی طور پر ہوتی تو جس وقت کفار نے تکذیب کی تھی یا بیت المقدس اور اپنے قافلہ کے حالات پوچھے تھے جیسا کہ حدیثوں میں آیا ہے: بعضها فی الصحاح و بعضها رواه البیهقی وغیره کما فی الدر المنثور تو آپ ﷺ اُس وقت بہت سہولت سے جواب دے دیتے کہ میں بیداری میں اس کے ہونے کا کب مدعی ہوں جو تم ایسی باتیں کرتے ہو اور بیت المقدس کی ہیئت و کیفیت بیان کرنے کے متعلق فکر میں نہ پڑتے جیسا حدیثوں میں ہے کہ آپ ﷺ کو فکر ہوئی حق تعالیٰ نے منکشف کر دیا اور آپ ﷺ نے بتلا دیا رواہ مسلم اور بعض کو آیت: وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الخ سے شبہ ہوا ہے سو اول تو وہاں احتمال ہے کہ واقعہ بدر یا عمرہ مکہ کا خواب مراد ہو جیسا بعض مفسرین اس طرف گئے ہیں جن کا ذکر اجمالاً: اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا میں آیا ہے اور اگر واقعہ معراج ہی مراد ہو تو رؤیا بمعنی روایت ہے کیونکہ رأی کے دونوں مصدر ہیں مثل قربی اور قرابت کے یا بقول بعض شب کی رویت کو رؤیا کہتے ہیں گو بیداری میں ہو یا تشبیہاً رویا کہہ دیا ہو اور وجہ تشبیہ کی یا عجائب کا دیکھنا ہے اور یا شب کے وقت واقع ہونا ہے کذا فی روح المعانی اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ عالم الغیب کا انکشاف گو بیداری میں ہو مگر اس میں عالم ناسوت سے غیبت ضرور ہوتی ہے گو ہر دو غیبت میں فرق عظیم ہے مگر نفس غیبت کے اشتراک سے یہ بیداری مشابہ نوم کے ہو جاوے گی واللہ اعلم اور بعض کو شریک کی حدیث سے جس کے آخر میں ثم استیقظت ہے شبہ پڑ گیا ہے سو چونکہ شریک محدثین کے نزدیک حافظ حدیث نہیں اور دوسرے حفاظ کے خلاف کیا اس لئے وہ زیادت غیر مقبول ہے کذا فی روح المعانی یا محمول ہے تعداد واقعہ پر کیونکہ علماء نے لکھا ہے کہ عروج روحانی آپ ﷺ کو کئی بار ہوا ہے یعنی اس معراج سے پہلے خواب میں عروج ہوا ہے جس کی حکمت یہ لکھی ہے کہ تدریجاً اس معراج اعظم کی استعداد اور برداشت ہو سکے و نیز ایک توجیہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ مذکورہ بالا تشابہ بالنوم کی بناء پر اس غیبت کے انقطاع کو استیقاظ من النوم کے ساتھ تشبیہ دے کر استیقظت سے تعبیر کر دیا گیا اور بعض کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ و حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اقوال سے شبہ پڑ گیا ہے سو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تو اس وقت تک آپ ﷺ کے نکاح میں بھی نہ آئیں تھیں اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اس وقت تک اسلام بھی نہ لائے تھے خدا جانے کسی سے سن کر کہا ہے یا اجتہاداً کہا ہے یا کسی دوسرے واقعہ کی نسبت کہا اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال علاوہ ازیں قول عائشہ رضی اللہ عنہا ما فقد جسد محمد ﷺ کی یہ توجیہ بھی ہو سکتی ہے کہ فقدان کے معنی تلاش کرنے کے ہیں کما فی سورة یوسف من تنویر المقیاس۔

(قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ) ۔ تطلبون ۔ (قَالُوْا نَفْقِدُ) [یوسف: ۷۱، ۷۲] نطلب (صواع الملك) اھ مطلب یہ کہ معراج کی واپسی اس قدر جلد ہوئی کہ کسی کو آپ ﷺ کے جسد کے غائب ہونے کی اطلاع بھی نہ ہوئی جو تلاش کی نوبت آتی کہ آپ ﷺ کہاں تشریف لے گئے اور اگرچہ اس مضمون کو ما فقد محمد ﷺ سے بھی تعبیر کر سکتے تھے لیکن جسد کی طرف نسبت کرنا اشارہ ہے تعلق معراج بالجسد کی طرف کہ آپ ﷺ کی غیبت ایسی تھی کہ اگر تلاش ہوتی تو تلاش کا متعلق جسد ہوتا سو اس میں بالعکس اور تائید ہوئی اثبات معراج بالجسد کی نہ کہ نفی اور اگر ما فقد جسد محمد ﷺ میں فقدان کے مشہور معنی لئے جاویں تب بھی معراج جسمانی کے منافی نہیں کیونکہ فقدان کے معنی محض غائب اور گم ہونے کے نہیں بلکہ اس کے معنی گم کرنا ہے جس کے لئے ایک کا فاقد دوسرے کا مفقود ہونا ضروری ہے پس مطلب یہ ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس رات کسی نے گھر سے غائب اور گم نہیں پایا اور یہ درست ہے کیونکہ جب

www.besturdubooks.net

آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے اس وقت سب گھر والے سو رہے تھے اور ان کی بیداری سے قبل واپسی ہوگئی غرض اس کی نوبت نہیں آئی کہ کسی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو گھر میں نہ دیکھا ہو۔

تحقیق چہارم: بیت المقدس تک جانے کا منکر کافر ہے اور ماول مبتدع ہے اور آگے جانے کا منکر ماول مبتدع ہے اور ہر چند کہ سورۂ نجم میں تقریباً تصریح ہے لیکن عند میں احتمال ہے کہ وہ راہ کے مفعول کا حاصل ہو اس لئے آپ کے سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچنے میں نص نہیں ہے۔

تحقیق پنجم: اس میں اختلاف ہے کہ حق تعالیٰ کو اس شب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا یا نہیں اس میں سلف اور خلف سب کا اختلاف ہے اور روایات محتمل تاویل کو ہیں کیونکہ روایت مثبتہ رویت میں احتمال ہے کہ رویت بالقلب مراد ہو اور نفی رویت سے کسی خاص رویت کی نفی مراد ہو مثلاً قیامت کے روز جنت میں جو انکشاف ہو گا یہ انکشاف اس سے کم ہو گو رویت صادق آوے جیسے بے عینک دیکھنا بھی دیکھنا ہے اور عینک سے اور زیادہ انکشاف ہوتا ہے غرض اس مسئلہ میں توقف بہتر ہے۔

دفع اشکالات ☆ دفع اشکال اول: بعض کو وسوسہ ہوا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کے باب میں فرمایا ہے نُرِيٓ اِبۡرٰهِيۡمَ مَلَكُوۡتَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ [الأنعام: ۷۵] اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے من تبعیضیہ کیوں فرمایا؟ جواب یہ ہے کہ مَلَكُوۡتَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ کل آیات تو نہیں ہیں اور ممکن ہے کہ یہ بعض جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دکھلایا گیا اس بعض سے اعظم ہو۔

دفع اشکال دوم: بعض ظاہر پرست شبہ کرتے ہیں کہ خرق والتیام افلاک پر محال ہے۔ جواب یہ ہے کہ اس دلیل کے سب مقدمات باطل ہیں جیسا اپنے محل میں مذکور ہے۔

دفع اشکال سوم: بعض کہتے ہیں کہ اس قدر سریع کیونکر ممکن ہے جواب یہ ہے کہ بعض کوکب باوجود اسقدر عظیم ہونے کے نہایت سریع ہیں اور سرعت کی عقلاً کوئی حد نہیں ہے۔

دفع اشکال چہارم: بعض کہتے ہیں کہ آسمان کے نیچے ہوا نہیں اور حرارت شدید ہے جسم عنصری سلامت نہیں رہ سکتا جواب یہ ہے کہ محال ممکن نہیں ہوتا لیکن مستبعد واقع ہو سکتا ہے۔

دفع اشکال پنجم: بعض کہتے ہیں آسمان ہی موجود نہیں جواب یہ ہے کہ: هَاتُوۡا بُرۡهَانَكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ [البقرة: ۱۱۱]

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: سُبۡحٰنَ الَّذِيۡۤ اَسۡرٰى بِعَبۡدِهٖ الخ یہاں آپ کی صفت میں عبد فرمانا اس لئے ہے کہ عبودیت اشرف اوصاف ہے نیز اس میں سد باب ہے کہ آپ کے حق میں کوئی غلو نہ کرنے پاوے جیسا نصاریٰ نے اپنے نبی کی شان میں کیا اور چونکہ اصل معنی اس کے ذل اور خضوع ہے اور یہ بعد معرفت کاملہ کے ہوتا ہے تو اس سے آپ کے کمال معرفت پر دلالت ہوئی قولہ تعالیٰ: لَيۡلًا مِّنَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَـرَامِ اِلَى الۡمَسۡجِدِ الۡاَقۡصَا۔ اتنی طویل مسافت کا اتنے قصیر زمانہ میں قطع کرنا کئی وجہ کو محتمل ہے ایک یہ کہ مکان وزمان دونوں اپنے حال پر رہیں اور سیر میں اس قدر سرعت ہو اور ظاہر یہی ہے۔ دوسرے یہ کہ زمانہ اپنے حال پر رہے اور طی مکان ہو گیا ہو اور صوفیاء نے اور بعض فقہاء نے اس کو اولیاء کے لئے بھی جائز کہا ہے تیسرے یہ کہ مکان اپنے حال پر رہے اور زمانہ میں بسط اور نشر ہو گیا ہو اور صوفیاء نے اولیاء کے لئے اس کو بھی جائز کہا ہے اور اس باب میں عجیب وغریب حکایات ہیں اور اسی طرح نشر مکان وطی زمان میں بھی خوارق ممکنہ سے ہیں اور صوفیہ ان کے بھی قائل ہیں۔ واللہ اعلم

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله و قيل مائة واحدى عشر آية ۱۲۔

اللغات: الاسراء السير بالليل خاصة كالسرى فاسرى وسرى بمعنى ويقال اسراه واسرى به كاخذ الخطام واخذ به وليست همزة اسرى للتعدية كذا في الروح قلت وعلم منه اسرى تستعمل لازما ومتعديا ۱۲۔

وَاٰتَيۡنَا مُوۡسَى الۡكِتٰبَ وَجَعَلۡنٰهُ هُدًى لِّبَنِىۡۤ اِسۡرَاۤءِيۡلَ اَلَّا تَتَّخِذُوۡا مِنۡ دُوۡنِىۡ وَكِيۡلًا ۝۲ ذُرِّيَّةَ مَنۡ حَمَلۡنَا مَعَ نُوۡحٍ‌ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَبۡدًا شَكُوۡرًا ۝۳ وَقَضَيۡنَاۤ اِلٰى بَنِىۡۤ اِسۡرَاۤءِيۡلَ فِى الۡكِتٰبِ لَتُفۡسِدُنَّ فِى الۡاَرۡضِ مَرَّتَيۡنِ وَلَتَعۡلُنَّ عُلُوًّا كَبِيۡرًا ۝۴ فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ اُوۡلٰٮهُمَا بَعَثۡنَا عَلَيۡكُمۡ عِبَادًا لَّنَاۤ اُولِىۡ بَاۡسٍ شَدِيۡدٍ فَجَاسُوۡا خِلٰلَ الدِّيَارِ‌ ؕ وَكَانَ وَعۡدًا مَّفۡعُوۡلًا ۝۵ ثُمَّ رَدَدۡنَا لَـكُمُ الۡكَرَّةَ عَلَيۡهِمۡ

www.besturdubooks.net

وَّاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۝٦ اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ
وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ۭ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْۗءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ
اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ۝٧ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ
لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝٨

اور ہم نے موسیٰ کو کتاب (یعنی توریت) دی اور ہم نے اس کو بنی اسرائیل کے لئے (آلہ) ہدایت بنایا کہ تم میرے سوا (اپنا) کوئی کارساز مت قرار دو۔ اے لوگوں کی نسل جن کو ہم نے نوح علیہ السلام کے ساتھ سوار کیا وہ نوح علیہ السلام بڑے شکر گذار بندہ تھے اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں یہ بات (بطور پیشین گوئی) بتلا دی تھی کہ تم سرزمین (شام) میں دوبارہ خرابی کرو گے اور بڑا زور چلانے لگو گے پھر جب ان دو بار میں سے پہلی بار کی میعاد آئے گی تو ہم تم پر اپنے ایسے بندوں کو مسلط کریں گے جو بڑے جنگجو ہوں گے پھر وہ گھروں میں گھس پڑیں گے اور یہ ایک وعدہ ہے جو ضرور ہو کر رہے گا پھر ہم پھر ان پر تمہارا غلبہ کر دیں گے اور مال اور بیٹوں سے تمہاری مدد کریں گے اور ہم تمہاری جماعت بڑھا دیں گے۔ اگر اچھے کام کرتے رہو گے تو اپنے ہی نفع کے لئے اچھے کام کرو گے اور اگر تم (پھر) برے کام کرو گے تو بھی اپنے ہی لئے۔ پھر جب پچھلی بار کی میعاد آئے گی پھر ہم دوسروں کو مسلط کریں گے تاکہ (مار مار کر) تمہارے منہ بگاڑ دیں اور جس طرح وہ لوگ مسجد (بیت المقدس) میں گھسے تھے یہ لوگ اس میں گھس پڑیں اور جس جس پر ان کا زور چلے سب کو برباد کر ڈالیں عجب نہیں کہ تمہارا رب تم پر رحم فرمائے اور اگر وہی پھر (شرارت) کرو گے تو ہم بھی پھر وہی کریں گے اور ہم نے جہنم کو (ایسے) کافروں کا جیل خانہ بنا (ہی) رکھا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر حق تعالیٰ نے اپنی تنزیہ اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی دلیل بیان فرمائی تھی آگے موسیٰ علیہ السلام کا صاحب کتاب ہونا کہ مؤید نبوت محمدیہ ہے اور درمیان میں اس کتاب کے ہادی ہونے کا کہ علی الاطلاق اطاعت احکام پر حامل ہے اور اس کتاب کا ایک مہتم بالشان مضمون کہ مود تنزیہ و توحید حق تعالیٰ ہے بیان فرماتے ہیں اور مخاطبین کو اولاد اصحاب سفینہ نوح کے عنوان سے پکار کر نوح علیہ السلام کا شاکر ہونا بیان فرماتے ہیں کہ عنوان ہذا سے اپنا احسان جو مقتضی تنزیہ و توحید و اطاعت کو ہے اور ان کے شاکر ہونے سے تنزیہ و توحید و اطاعت کی ترغیب اور ان کے نام کی تصریح سے بوجہ مشہور بالنبوۃ ہونے کے نبویہ محمدیہ کی تائید مفہوم ہو جاوے۔

تقویت توحید و رسالت مع ترغیب اطاعت بطرز بلیغ ☆ وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ۝ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب (یعنی توریت دی) اور ہم نے اُس کو بنی اسرائیل کے لئے (آلہ) ہدایت بنایا (جس میں اور احکام کے ساتھ یہ توحید کا عظیم الشان حکم بھی تھا) کہ تم میرے سوا (اپنا) کوئی کارساز مت قرار دو اے اُن لوگوں کی نسل جن کی ہم نے نوح (علیہ السلام) کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا تھا (ہم تم سے خطاب کر رہے ہیں تاکہ اس نعمت کو یاد کرو کہ اگر ہم ان کو کشتی پر سوار کر کے نہ بچاتے تو آج تم ان کی نسل کہاں ہوتے اور نعمت کو یاد کر کے اس کا شکر کرو جس کی بڑی فرد توحید ہے اور) وہ نوح (علیہ السلام) بڑے شکر گذار بندہ تھے (پس جب انبیاء شکر کرتے رہے تو تم کیسے اس کے تارک ہو سکتے ہو۔ ربط: اوپر وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ میں اتباع ہدایت اور اطاعت احکام الہیہ کی ترغیب تھی اور كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ۝ میں اس کی اور تائید تھی آگے ان بنی اسرائیل کی مخالف احکام کا جن کی ہدایت کے لئے وہ کتاب آئی تھی بیان کر کے اس مخالفت و معصیت سے ترہیب اور عبرت دلانے کا مضمون ہے۔

ترہیب از مخالفت و معصیت ☆ وَقَضَيْنَآ الخ ان آیات میں اجمالاً دو واقعوں کا بیان ہے کہ بنی اسرائیل نے ایک بار معاصی میں انہماک کیا تو ان پر اعداء مسلط ہوئے اور ان کو تباہ کیا پھر ذرا شرارت کم ہوئی تو پھر سنبھل گئے مگر بعد چندے پھر ویسی ہی شرارت کی اور پھر اسی طرح تباہ ہوئے اھ اور تاریخ سے ان لوگوں پر چھ حادثوں کا واقع ہونا معلوم ہوتا ہے۔

واقعہ اول: سلیمان علیہ السلام کی وفات کے تھوڑے دنوں بعد حاکم بیت المقدس نے بے دینی اختیار کی اس پر شاہ مصر چڑھ آیا اور بیت المقدس سے بہت سا اسباب چاندی سونے کا لوٹ لے گیا مگر شہر اور مسجد کو منہدم نہیں کیا۔

واقعہ دوم: تخمیناً چار سو سال کے بعد بعضوں میں بت پرستی اور بعضوں میں نااتفاقی پیدا ہونے کی نحوست سے ایک اور بادشاہ مصر کا چڑھ آیا اور کسی شہر کی عمارتوں اور مسجد کو بھی صدمہ پہنچایا۔

واقعہ سوم: چند سال بعد بخت نصر شاہ بابل نے چڑھائی کی اور شہر کو فتح کر کے اپنے ساتھ بہت سے قیدی پکڑ لے گیا اور مال و دولت لوٹا اور ایک

www.besturdubooks.net

شخص کو پہلے بادشاہ کے خاندان میں سے اپنا نائب مقرر کر کے چلا گیا۔

واقعہ چہارم: اس نئے بادشاہ نے جو کہ بت پرست و بدکار تھا اور حضرت ارمیا علیہ السلام کی نصیحت نہ سنتا تھا بخت نصر سے بغاوت کی وہ پھر چڑھ آیا اور اس قدر کشت وخون وقتل وغارت کیا جس کی حد درئیں اور شہر اور مسجد میں آگ لگادی اور بالکل میدان کر دیا اور یہ حادثہ عظیم تخمیناً چار سو پندرہ سال بعد تعمیر مسجد کے گذرا ہے اور اس کے بعد یہود جلاوطن ہو کر ستر سال تک بابل میں نہایت ذلت وخواری سے رہے پھر شاہ بابل کا شاہ ایران کے ہاتھوں استیصال ہوا تو شاہ ایران نے پھر یہود پر رحم کر کے ان کے ملک شام میں پہنچا دیا اور سامان بھی واپس دیا پھر یہود نے شاہان ایران کی مدد سے پھر مسجد کو نمونہ سابقہ پر تیار کیا اور شہر پناہ وغیرہ کو بھی از سر نو بنایا اور اب تک یہود اپنے افعال قبیحہ پر نادم اور تائب تھے۔

واقعہ پنجم: مگر اس کے بعد پھر وہی پرانی شرارتیں سوجھیں تو ایسے اسباب جمع ہوئے کہ ایک بادشاہ جس نے انطاکیہ آباد کیا ہے بیت المقدس پر حضرت مسیح علیہ السلام سے ایک سو ستر برس پہلے چڑھ آیا چالیس ہزار یہود کو قید چالیس ہزار کو قتل کیا اور مسجد کی بڑی بے عزتی کی مگر مسجد بچ رہی پھر اس بادشاہ کے جانشینوں میں سے ایک بادشاہ نے شہر اور مسجد کو ویران کر دیا پھر بعد چندے سلاطین روم کی اس جگہ حکومت ہوگئی انہوں نے مسجد کو درست کیا اور اس کے آٹھ سال بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے۔

واقعہ ششم: پھر یہود نے سلاطین روم سے بغاوت اختیار کی آخر رومیوں نے پھر شہر اور مسجد کی وہی حالت بنائی اس وقت کے بادشاہ رومی کا نام طیطس تھا جو نہ یہودی تھا نہ نصرانی کیونکہ اس کے بہت روز بعد قسطنطین اول عیسائی ہوا ہے یہ حادثہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے صعود سے چالیس برس بعد ہوا۔ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ تک یہ مسجد ویران پڑی رہی حتیٰ کہ آپ نے تعمیر کرائی یہ ہے اجمالی حکایت ان واقعات کی اب قرآن میں جو مجملاً دو واقعہ مذکور ہیں ہر چند کہ ان کی تعیین یقینی تو مشکل ہے لیکن انسب اور اقرب یہ ہے کہ ان میں جو بڑے واقعات ہیں جن میں شرارت بھی زیادہ کی اور سزا بھی زیادہ کی اور سزا بھی سخت ملی ان پر محمول کیا جاوے سو ان میں ایک تو واقعہ چہارم ہے اور ایک واقعہ ششم اور اگر واقعات کی تفصیل دیکھنا ہو تو تفسیر حقانی ملاحظہ فرمایئے میں نے اس اجمال کا اسی تفصیل سے اقتباس کیا ہے اب تفسیر شروع ہوتی ہے اور یہ بھی کہنا ممکن ہے کہ مرتین سے مراد دو شریعتوں کی مخالفت ہو یعنی لتخالفن شریعتین گو ہر شریعت کی مخالفت کئی کئی بار ہو پس اس طرح اس میں سب واقعات داخل ہو جاویں گے کہ بعض حوادث شریعت موسویہ کی مخالفت کی سزا تھی اور بعض شریعت عیسویہ کی مخالفت کی سزا پھر ان کے بعد ان عدتم میں شریعت محمدیہ کی مخالفت پر وعید ہے اور اس طرح کلام نہایت جامع اور متناسق ہو جاوے گا اور بعض نے خوب کہا ہے کہ قرآن جو اصل مقصود ہے کہ جب معاصی کی کثرت ہوئی سزا دی گئی اس کے لئے تعیین واقعات کی کوئی ضرورت نہیں۔

تفسیر آیات ☆ وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ فِي الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ (الی قوله تعالی) وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا۝
اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں (خواہ توریت میں یا اور انبیاء بنی اسرائیل کے صحف میں) یہ بات (بطور پیشینگوئی) بتلا دی تھی کہ تم سرزمین (شام) میں دوبارہ (گناہوں کی کثرت سے) خرابی کرو گے (ایک بار شریعت موسویہ کی مخالفت دوسری بار شریعت عیسویہ کی مخالفت) اور (دوسروں پر بھی) بڑا زور چلانے لگو گے) یعنی زیادتیاں کرو گے پس لتفسدن میں حقوق اللہ کے اور لتعلن میں حقوق العباد کے ضائع کرنے کی طرف اشارہ ہے اور یہ بھی لکھا تھا کہ دونوں بار سخت سزا میں مبتلا کئے جاؤ گے) پھر جب ان دوبار میں سے پہلی بار (کی سزائے شرارت) کی میعاد آوے گی (تو) ہم (تمہاری سزا کے لئے) تم پر اپنے ایسے بندوں کو مسلط کریں گے جو بڑے جنگجو ہونگے پھر وہ (تمہارے) گھروں میں گھس پڑیں گے (اور تم کو قتل اور قید اور غارت کریں گے) اور یہ (وعدۂ سزا) ایک وعدہ ہے جو ضرور ہو کر رہے گا پھر (جب تم نادم و تائب ہو گے تو) ہم پھر ان پر تمہارا غلبہ کر دیں گے (گو بواسطہ سہی کہ جو قوم) ان پر غالب آوے گی وہ تمہاری حامی ہو گی پس تمہارے وہ دشمن اس قوم سے اور تم سے دونوں سے مغلوب ہوں گے اور مال اور بیٹوں سے (جو کہ قید اور غارت کئے گئے تھے) ہم تمہاری امداد کریں گے (یعنی یہ چیزیں تم کو واپس ملیں گی اور ان سے تم کو قوت پہنچے گی) اور ہم تمہاری جماعت (یعنی تابعین کو) بڑھاویں گے (پس جاہ اور مال اور اولاد اور اتباع سب میں ترقی ہوگی جیسا کہ کرۃ اور اموال اور بنین اور نفیرا اس پر دال ہے اور اس کتاب میں بطور نصیحت یہ بھی لکھا تھا) کہ اگر (اب آئندہ کے لئے) اچھا کام کرتے رہو گے تو اپنے ہی نفع کے لئے اچھے کام کرو گے (یعنی دنیا وآخرت میں اس کا نفع حاصل ہوگا) اور اگر (پھر) تم برے کام کرو گے تو بھی اپنے ہی لئے (برائی کرو گے یعنی پھر سزا ہوگی چنانچہ ایسا ہی ہوا جس کا آگے بیان ہے کہ) پھر جب (ان دوبار میں سے) پچھلی بار کی (سزا کی) میعاد آوے گی (اور تم شریعت عیسویہ کی مخالفت اور شرارت کرو گے) ہم پھر دوسروں کو مسلط کریں گے تاکہ (تم کو مار مار کر) تمہارے منہ بگاڑ دیں اور جس طرح وہ (پہلے) لوگ مسجد (بیت المقدس) میں (لوٹ مار کے ساتھ) گھسے تھے یہ (پچھلے) لوگ بھی اس میں گھس پڑیں اور جس چیز پر ان کا زور چلے سب کو (ہلاک و) برباد کر ڈالیں (اور اس کتاب میں یہ بھی لکھا تھا کہ اگر اس بعث ثانی کے بعد جب دورہ شریعت محمدی کا ہو تم مخالفت ومعصیت سے باز آ کر شریعت محمدیہ کا اتباع کر لو تو) عجب نہیں

www.besturdubooks.net

(یعنی امید بمعنی وعدہ ہے) کہ تمہارا رب تم پر رحم فرماوے (اور تم کو ادبار و ذلت سے بچاوے) اور اگر تم پھر وہی (شرارت) کرو گے تو ہم بھی پھر وہی (سزا کا برتاؤ) کریں گے (چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں انہوں نے آپ کی مخالفت کی پھر قتل اور قید اور ذلیل ہوئے یہ تو دنیا کی سزا ہوگئی) اور (آخرت میں) ہم نے جہنم کو (ایسے ۶ کافروں کا جیل خانہ بنا (ہی) رکھا ہے۔ **ف**: الکتاب کے ترجمہ میں جو احقر نے تردید کی ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ بقول بعض علماء یہ مضمون اب توریت میں نہیں ہے پس یا تو تحریف ہوئی ہے اور یا اور دوسری الہامی کتب مراد ہیں کہ ان میں اب تک یہ مضامین بکثرت پائے جاتے ہیں واللہ اعلم اور لِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ میں لام کے داخل ہونے اور اس کے لِيَسُوْءُا پر معطوف ہونے سے یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ کیا اللہ تعالیٰ کو یہ مقصود تھا کہ مسجد ویران و تباہ ہو۔ جواب یہ ہے کہ تکوینا مقصود ہونا لازم نہیں آتا جس کا حاصل رضا ہے پس کچھ شبہ نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ یہ آیت نص ہے اس میں کہ شرور و قبائح بھی مصالح کے سبب تکوینا مراد ہوتے ہیں اور چونکہ یہاں کفار ان مصالح کے واسطہ بنائے گئے اس لئے ان کو عبادا لنا فرمایا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی وعدا ولهما سزائے شرارت کی میعاد اشارة الی ان فی الكلام مضافاً مقدرا ای وعد عقاب اولا هما لان الوعد ظاهره التعلق بامر مرغوب او مرهوب وهذا مقام الوعيد ويمكن ان يكون الوعد بمعنى الموعد ای الوقت ويصح تطبيق ترجمتی علی کلیهما۱۲۔ ۲ قوله قبل ليسوء مسلط اشارة الى تقدير بعثنا بقرينة المقام۱۲۔ ۳ قوله هناك پہلے لوگ الی پچھلے اشارة الى ان مرجع يدخلوا ودخلوا متغاير ان على حد رجوع الضمير للدرهم في قولك عندي درهم ونصفه وهذا اذا قدر قبل ليسوء واو بعثناهم ولو قدر بعثنا آخرين لم يحتج الى هذا التكلف۱۲ فافهم۔ ۴ قوله في كما دخلوه لوٹ مار تعيين بوجه التشبيه۔ ۵ قوله في ان عدتم اس کتاب میں هكذا في الروح فيلزم على هذا ان الله تعالیٰ او درهم بثلثة عقبيات على ثلثة مخالفات لكن اخر عن وقوع الثين وذكر الثالث بعنوان الشرطية التي لم يخبر عن وقوع مقدمها لكنه قد وقع وتغيير العنوان لنكتة تعميم الحكم۱۲۔ ۶ قوله في الكافرين ایسے اشارة الى ان فيه وضع المظهر في موضع المضمر ايذانا بالعلية۱۲۔

اختلاف القراءۃ: في قراءة ان لا يتخذوا بالغيبة فمن قرأن على الغيبة فان ناصبة ولام العاقبة محذوفة اى لئلا يتخذوا ومن قرأ على الخطاب فان مفسرة معناها اى لا تتخذوا كقولك كتبت اليه ان افعل كذا ۱۲۔ في قراءة ليسوء بالافراد رجوعا للضمير الى الله تعالیٰ فيه صنعة التفات ان قدر بعثنا وان قدر بعث الله فلا التفات۱۲۔

اللغات: قوله قضينا اى اعلمنا هم كذا في الروح قلت لما كان الاعلام متضمنا معنى الانهار للخبر عدى بالى والا لعدى بعلى۱۲ قوله لتعلن العلو الارتفاع تجوز به عن التكبر والاستيلاء على وجه الظلم۱۲ جاسوا قال الراغب توسطوها وترددوا بينها كذا في الروح قوله الكرة الكر العطف والرجوع تجوز به عن الدولة والغلبة ۱۲۔ قوله نفيرا من ينفر مع الرجل من عشيرته واهل بيته وفي الاعراب تمييز وهو فعل بمعنى فاعل وهو اسم للجماعة وقيل هو جمع نفر مثلى عبد وعبيد۱۲۔ قوله ليتبروا ليهلكوا۱۲۔ قوله حصيرا اى سبحان اما جامد او بمعنى حاصر اى محيط فالتذكير اما على معنى النسبة اى ذات حصرا وعلى تاويل جهنم بمذكر و في الاعراب لم يؤنثه لان فصيلا بمعنى فاعل۱۲۔

النحو: قوله ان لا تتخذوا في موضع البدل من الكتاب۱۲۔

البلاغۃ: قوله فاذا جاء في موضعين الفاء للتفصيل الاجمال الذى في لتفسدن مرتين۱۲۔ قوله ان احسنتم احسنتم لم يقل فلها اشارة الى ان الحسنة من شانها ان تصدر ولا بد۱۲ قوله فلها اللام للاختصاص فلا حاجة الى تاويلها بعلى۔

إِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِىْ لِلَّتِىْ هِىَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۙ۝۹

وَّ اَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝۱۰ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ؕ وَكَانَ ع

الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ۝۱۱ وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا

فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ وَكُلَّ شَىْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ۝۱۲ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ

www.besturdubooks.net

طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ؕ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ۝۱۳ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ
حَسِيْبًا ؕ۝۱۴ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ
وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ۝۱۵

بلاشبہ یہ قرآن ایسے طریقہ کی ہدایت کرتا ہے جو بالکل سیدھا ہے (یعنی اسلام) اوران ایمان والوں کو جو کہ نیک کام کرتے ہیں یہ خوشخبری دیتا ہے کہ ان کو بڑا بھاری ثواب ملے گا اور یہ بھی بتلاتا ہے کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم ان کے لئے ایک دردناک سزا تیار کر رکھی ہے اور (بعضا) انسان برائی (یعنی عذاب) کی ایسی درخواست کرتا ہے جس طرح بھلائی کی درخواست اور انسان (کچھ طبعاً ہی) جلد باز ہوتا ہے اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا سو رات کی نشانی کو تو ہم نے دھندلا بنایا اور دن کی نشانی کو ہم نے روشن بنایا تا کہ (دن کو) اپنے رب کی روزی تلاش کرو اور تا کہ برسوں کا شمار اور حساب معلوم کرلو اور ہم نے ہر چیز کو خوب تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اور ہم نے ہر انسان کا عمل اس کے گلے کا ہار کر رکھا ہے اور (پھر) قیامت کے دن ہم ان کا نامہ اعمال اس کے واسطے نکال کر سامنے کر دیں گے جس کو وہ کھلا ہوا دیکھ لے گا اپنا نامہ اعمال (خود) پڑھ لے آج تو خود اپنا آپ ہی محاسب کافی ہے۔ جو شخص (دنیا میں) راہ پر چلتا ہے وہ اپنے نفع کے لئے راہ پر چلتا ہے اور جو شخص بے راہی کرتا ہے سو وہ بھی اپنے ہی نقصان کے لئے بے راہ ہوتا ہے اور کوئی شخص کسی کا بوجھ نہ اٹھائے گا اور ہم (کبھی) سزا نہیں دیتے جب تک کسی رسول کو نہیں بھیج لیتے۔ ۞

تفسیر ربط: شروع سورت میں معجزۂ معراج سے آپ کی رسالت پر استدلال تھا آگے قرآن کی جو کہ رسالت کی بڑی دلیل ہے مدح ہے اور جیسے اوپر تنزیہ باری تعالیٰ کا مضمون تھا ایسے ہی **للتی ھی اقوم** مشتمل ہے اس مضمون کو۔

مدح قرآن دال بر توحید و رسالت ☆ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ (الی قولہ تعالی) اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ بلاشبہ یہ قرآن ایسے طریقہ کی ہدایت کرتا ہے جو بالکل سیدھا ہے (یعنی اسلام) اور (اس طریقہ کو ماننے اور نہ ماننے والوں کی جزا و سزا بھی بتلاتا ہے چنانچہ) ان ایمان والوں کو جو کہ نیک کام کرتے ہیں یہ خوشخبری دیتا ہے کہ ان کو بڑا بھاری ثواب ملے گا اور یہ بھی بتلاتا ہے کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم نے ان کے لئے ایک دردناک سزا تیار کر رکھی ہے۔ **ف**: اگر اجر کبیر سے مراد مطلق جنت ہے تب تو يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ کے قید کی سبب ہونے سے اس کا شرط ہونا لازم نہیں آتا اور اگر مراد درجاتِ عالیہ جنت کے ہیں تو شرط ہونا بھی صحیح ہے اور لَا يُؤْمِنُوْنَ میں آخرت کی تخصیص اس لئے ہے کہ ہر واجب الایمان چیز کا ظہور اس میں ہو جاوے گا۔ **ربط**: اوپر توحید و رسالت و قرآن کی حقیت کا اثبات اور غیر اہل ایمان کے لئے عذاب کا استحقاق مذکور تھا اس پر کفار کو یہ شبہ تھا کہ اگر یہ چیزیں حق ہیں اور ان کا انکار موجب عذاب ہے تو ہم پر دنیا ہی میں عذاب موعود کیوں نہیں آجاتا کقولہ تعالی: اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ ...... [الأنفال : ۳۲] وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا ...... [ص : ۱۶] آگے اس شبہ پر کلام ہے کہ اول وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ میں کفار کا استعجال ذکر فرمایا پھر كُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ سے رَسُوْلًا ۝ تک حساب و کتاب اور موعود عذاب کا معین وقت پر واقع ہونا بیان فرمایا اور درمیان میں تخلیق لیل و نہار کی حکمت سے کہ تحدید اوقات ہے بطور تنظیر کے اس طرف اشارہ فرمایا کہ جس طرح معمولی واقعات محسوب بالاوقات ہیں اسی طرح واقعات عذاب وغیرہ بھی جن میں جو دنیا میں واقع ہونے والے ہیں وہ اپنے وقت پر ہو جاویں گے اور باقی قیامت کے یوم موعود میں ہونے والے ہیں وہ اپنے وقت پر ہو جاویں گے اس مجموعہ سے ان کے شبہ کا جواب ہو گیا اور ممکن ہے کہ درمیان میں آیت: وَجَعَلْنَا الَّيْلَ ...... تقریر توحید کے لئے ہو جو کہ اوپر بھی مذکور ہوئی ہے اور كُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ سے یا تو قرآن کی مدح کرنا ہے جس کا اوپر ذکر ہو چکا ہے اور نیز یہ مضامین مفیدہ بھی اس میں بیان ہو رہے ہیں یا اگر لوح محفوظ مراد ہو تو حساب و کتاب کے مقدر فی اللوح ہونے سے اس کے موقت ہونے کی تقریر ہے۔

جواب شبہ اہل عناد بتوقفِ عذاب ☆ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ؕ (الی قولہ تعالی) وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ۝ اور (بعضا) انسان (جیسے کفار ہیں) برائی (یعنی عذاب) کی ایسی درخواست (تقاضے سے) کرتا ہے جس طرح بھلائی کی درخواست (تقاضے اور جلدی کے ساتھ کرتا ہے) اور انسان (کچھ طبعاً ہی) جلد باز (ہوتا) ہے (مگر جنہوں نے اپنی تہذیب کر لی ہے وہ تعجیل ممنوع سے بچتے ہیں اور جو ہدایت یافتہ نہیں ہیں وہ انجام اندیشی نہیں کرتے اور عذاب مانگتے ہیں اور اس کے نہ آنے سے اس کا انکار کرتے ہیں) اور (ہم نے جس طرح تمام واقعات کا حساب وقت پر رکھا ہے اسی طرح عذاب بھی اپنے وقت پر ہوگا آخرت میں تو ضرور اور ممکن ہے کہ کچھ دنیا میں بھی چنانچہ دنیا کے واقعات کا محسوب ہونا دیکھو کہ) ہم نے رات اور دن کو (اپنی قدرت کی) دو نشانیاں بنایا سو رات کی نشانی (یعنی خود رات) کو تو ہم نے دھندلا بنایا اور دن کی نشانی کو روشن بنایا (کہ اس میں سب چیزیں بے تکلف دکھائی دیں) تا کہ (دن میں) اپنے رب کی روزی تلاش کرو اور تا کہ (دونوں رات اور دن کی آمد و رفت و اختلاف الوان و مقدار و اختلاف مبدأ و منتہا سے) برسوں کا شمار اور (دوسرے چھوٹے چھوٹے) حساب معلوم کرلو (جیسا سورۂ یونس کے پہلے رکوع میں بیان ہوا ہے) اور ہم نے ہر چیز کو خوب تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے

www.besturdubooks.net

(خواہ لوح محفوظ پس کل شیء عام ہے اور یا قرآن میں پس کل شیء سے مراد ضروری ہے اول سورت میں تقریر مطلب کی یہ ہے کہ لوح محفوظ میں ہر شئی کا جدا جدا وقت معین لکھا ہے اور دوسری صورت میں یہ تقریر ہوگی کہ دیکھو قرآن میں کیسے مفید مضامین ہدایت آ گئیں شبہات میں موجب تسکین مذکور ہیں) اور ہم نے ہر (عمل کرنے والے) انسان کا عمل (نیک ہو یا بد) اس کے گلے کا ہار کر رکھا ہے (یعنی ہر شخص کا عمل اس کے ساتھ لازم ہے) اور (پھر) قیامت کے دن ہم اس کا نامۂ اعمال اس کے دیکھنے کے واسطے نکال کر سامنے کر دیں گے جس کو وہ کھلا ہوا دیکھ لے گا اور اس سے کہا جاوے گا کہ لے اپنا نامۂ اعمال (خود) پڑھ لے آج تو خود اپنا آپ ہی محاسب کافی ہے (یعنی اس کی ضرورت نہیں کہ تیرے اعمال کوئی گنا دے نامۂ اعمال پڑھتا جا اور دل میں یاد کر کے ملزم ہوتا جا' مطلب یہ کہ گو ابھی عذاب نہیں آیا لیکن یہ بلا ٹلے گی نہیں ایک وقت ایسا ہوگا کہ اپنے سب اعمال مخزونہ مکنونہ کو کھلی آنکھوں دیکھ لے گا اور حجت استحقاق عذاب کی اس پر قائم ہو جاوے گی اور) جو شخص (دنیا میں) راہ پر چلتا ہے وہ اپنے نفع کے لئے راہ پر چلتا ہے (اس وقت اس کا نفع اس کو نظر آوے گا) اور جو شخص بے راہی کرتا ہے سو وہ بھی اپنے ہی نقصان کے لئے بے راہ ہوتا ہے (وہ اس وقت اس کا خمیازہ بھگتے گا کسی دوسرے کا کچھ نقصان نہیں کیونکہ ہمارا قانون ہے کہ) کوئی شخص کسی (کے گناہ) کا بوجھ نہ اُٹھاوے گا اور (یہ جو کچھ سزا و عقوبت ہوتی ہے اتمام حجت کے بعد کیونکہ ہمارا قانون اور معمول ہے کہ) ہم (کبھی) سزا نہیں دیتے جب تک کسی رسول کو (ہدایت کے لئے) نہیں بھیج لیتے (بشرطیکہ اس شخص کو بواسطہ یا بلاواسطہ اس رسول کی خبر پہنچ چکی ہو اور پھر بھی نہ مانے اس وقت البتہ سزا تجویز کرتے ہیں)۔ **ف**: تقریر مذکور پر کہ مقصود محسوب ہوتا ہے واقعات کا لِتَبْتَغُوْا کالانا تذکیر نعمت اور اس طرف اشارہ ہے کہ وقت موعود کے قبل تو ہماری طرف سے نعمتیں فائض ہو رہی ہیں و نیز اشارہ ہے کہ لیل و نہار کی حکمت حساب میں منحصر نہیں بلکہ ایک حکمت ابتغاء بھی ہے اور نُخْرِجُ فرمانا اس وجہ سے ہے کہ نامۂ اعمال عالم غیب میں ملائکہ کے ہاتھوں میں محفوظ تھا اور قتادہ سے منقول ہے کہ بے پڑھا ہوا آدمی بھی نامۂ اعمال پڑھ لے گا کذا فی الروح اور مَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ الخ سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ جن قوموں تک رسول کی اصلاً خبر نہیں پہنچی وہ کفر و معاصی پر معذب نہ ہوں گے چنانچہ بعض کا یہی مذہب ہے اور جو بعض اس کے قائل ہیں کہ جن عقائد و اعمال کا قبح و مدرک بالعقل ہو سکتا ہے اور کسی سبب سے ادراک کی تحریک بھی ہوئی اور زمانہ تامل و ادراک کا بھی ملا گو بوجہ عدم تامل کے ادراک نہ ہوا ہو یا یہ کہ ادراک ہو گیا ہو اور پھر ایسے عقائد و اعمال کے مرتکب ہوئے ہوں وہ معذب ہوں گے تو ان بعض کا قول بھی اس آیت کے موافق اس طرح ہو سکتا ہے کہ یہ صورت بھی مثل بعث رسل کے ہے کیونکہ فائدہ بعث رسل سے یہی امر ہے پس مقصود اصلی آیت میں یہی فائدہ مشترکہ ہوگا پس مطلب آیت کا یہ ہوگا: **مَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حتی ننبهه بالنقل او بالعقل والله اعلم۔**

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ اس میں اشارہ ہے بعض آداب دعا کی طرف کہ استعجال نہ کرے خصوصاً بددعا میں خصوص دوسرے کے لئے خصوص اپنے انتقام کے لئے جیسے بہت سے مدعی غیظ نفس میں مسلمانوں کے لئے بددعا کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ضرور قبول ہوگی گویا خدائی ان کے قبضہ میں ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله في اقوم بالكل اشارة الى ان التفصيل يراد به الكمال فلا اشكال من لزوم كون غير الاسلام قيما ۱۲۔ ۲ قوله في ان الذين بتلاتا ہے اشارة الى تقدير ويخبر المعطوف على يبشر ۱۲۔ ۳ قوله في اية الليل خودرات اشارة الى ان الاضافة بيانية ۱۲۔ ۴ قوله في كل انسان عمل کرنے والے القرينة عليه طائر والمراد به العمل ۱۲۔**

رسم الخط: حذف الواو من يدع انما هو في الخط لعدم التلفظ به ۱۲۔

النحو: قوله للتي اى للطريقة التي وفي حذف الموصوف فخامة كما لا يخفى ۱۲ قوله ان لهم اى بان لهم كما في الاعراب ۱۲۔ قوله وكل شيء منصوب بفعل محذوف لانه معطوف على الجملة الفعلية ولو لا ذلك لكان الاولى رفعه لعدم احتياجه الى التقدير ۱۲ قوله كل انسان منصوب على حد كل شيء ۱۲۔

البلاغۃ: قوله محونا هو من قبيل قولهم ضيق فم الركية ۱۲۔ قوله الزمناه طائره الطائر كناية عن العمل لان العرب يطيرون بالطائر في الخير والشر وقوله في عنقه تصوير لشدة اللزوم وكما الارتباط ۱۲۔

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا
مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ
فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا

www.besturdubooks.net

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَٰئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَشْكُورًا ۝۱۹ كُلًّا نُمِدُّ هَٰؤُلَاءِ وَهَٰؤُلَاءِ مِنْ عَطَاءِ رَبِّكَ ۚ وَمَا كَانَ عَطَاءُ رَبِّكَ مَحْظُورًا ۝۲۰ انْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ وَلَلْآخِرَةُ أَكْبَرُ دَرَجَاتٍ وَأَكْبَرُ تَفْضِيلًا ۝۲۱

اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو اس کے خوش عیش لوگوں کو حکم دیتے ہیں پھر (جب) وہ لوگ وہاں شرارت مچاتے ہیں تب ان پر حجت تمام ہو جاتی ہے پھر اس بستی کو تباہ اور غارت کر ڈالتے ہیں اور ہم نے بہت سی امتوں کو نوح علیہ السلام کے بعد کفر و معصیت کے سبب ہلاک کیا ہے اور آپ کا رب اپنے بندوں کے گناہوں کا جاننے والا دیکھنے والا کافی ہے۔ جو شخص دنیا (کے نفع) کی نیت رکھے گا ہم ایسے شخص کو دنیا میں جتنا چاہیں گے جس کے واسطے چاہیں گے فی الحال ہی دے دیں گے پھر ہم اس کے لئے جہنم تجویز کریں گے وہ اس میں بدحال راندہ (درگاہ) ہو کر داخل ہوگا اور جو شخص آخرت کے ثواب کی نیت رکھے گا اور اس کے لئے جیسی سعی کرنی چاہئے ویسی ہی سعی بھی کرے گا بشرطیکہ وہ شخص مؤمن بھی ہو سو ایسے لوگوں کی یہ سعی مقبول ہوگی۔ آپ کے رب کی (اس) عطا (دنیوی) میں سے تو ہم اِن کی بھی امداد کرتے ہیں اور اُن کی بھی اور آپ کے رب کی (یہ) عطاء دنیوی کسی پر بند نہیں۔ آپ دیکھ لیجئے ہم نے ایک کو دوسرے پر کس طرح فوقیت دی ہے اور البتہ آخرت درجوں کے اعتبار سے بھی بہت بڑی ہے اور فضیلت کے اعتبار سے بھی بہت بڑی ہے۔

تفسیر: ربط: اوپر وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ الخ میں بدوں بعثت رسول کے عذاب نہ ہونا بیان فرمایا آگے بعثت رسل کے بعد جب کہ اطاعت نہ کریں عذاب کا ہونا بیان فرماتے ہیں تا کہ سننے والے متنبہ ہوں کہ ہماری طرف رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہو چکے ہیں نہ ماننے سے ہم بھی مستحق عذاب ہو جاویں گے گو وقت معین سے قبل نہ ہو جیسا ان پر بھی معین وقت پر آیا تھا اور اوپر جواب شبہ میں یہ مضمون بھی مذکور تھا۔

استحقاق عذاب عصیان رسل ☆ وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً (الی قولہ تعالی) وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ۝۱۷ اور جب ہم کسی بستی کو (جو کہ کفر و معصیت کے سبب بمقتضائے حکمت قابل ہلاک ہو) ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو (اس کو قبل بعثت رسل ہلاک نہیں کرتے بلکہ کسی رسول کی معرفت) اس (بستی) کے خوش عیش (یعنی امیر و رئیس) لوگوں کو (خصوصاً اور دوسرے عوام کو عموماً ایمان و طاعت لیم کا) حکم دیتے ہیں پھر (جب) وہ لوگ (کہنا نہیں مانتے بلکہ) وہاں شرارت مچاتے ہیں تب ان پر حجت تمام ہو جاتی ہے پھر اس بستی کو تباہ اور غارت کر ڈالتے ہیں اور (اسی طرز کے موافق) ہم نے بہت سی امتوں کو نوح (علیہ السلام) کے (زمانہ کے) بعد (ان کے کفر و معصیت کے سبب) ہلاک کیا ہے (جیسے عاد و ثمود وغیرہم اور نوح علیہ السلام کی قوم کا ہلاک ہونا مشہور و معروف ہی ہے اس لئے مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ پر اکتفا کیا گیا اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ شروع سورت یعنی آیت: ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۚ میں لفظ حَمَلْنَا مشیر ہے ان کی قوم کے اہلاک کی طرف اس لئے گویا اس کو اہلاک قوم نوح کا ذکر قرار دے کر یہاں مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ فرمایا گیا) اور آپ کا رب اپنے بندوں کے گناہوں کا جاننے والا دیکھنے والا کافی ہے (پس جیسا جیسا گناہ ہوتا ہے ویسی ویسی سزا دیتا ہے) ف: بعض مفسرین نے اَمَرْنَا کے معنی كثرنا کے ہیں یعنی کثیر کر دیتے ہیں کیونکہ امر جس طرح کثیر شد کے معنی میں آتا ہے اسی طرح کثیر نمود کے معنی میں بھی آتا ہے پس یہ لازم و متعدی دونوں ہے كذا فی الروح اس وقت یہ معنی ہوں گے کہ ہم امراء کو باعتبار عدد اور سامان کے بڑھا دیتے ہیں جس کو استدراج کہتے ہیں حتیٰ کہ ان کو خوب غفلت و انہماک ہو جاتا ہے جیسا اس آیت میں ہے: حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً [الأنعام: ٤٤] مجموعہ تفسیرین کا حاصل یہ ہوا کہ ہم اتمام حجت کے لئے بعثت رسل اور امہال کو مقدم کر دیتے ہیں اور جس حکمت سے وہ لوگ قابل ہلاک ہوتے ہیں اس کی تعیین و تفتیش ضروری نہیں جیسے دوسرے عام واقعات کی حکمت اور راز کا بھی احاطہ نہیں ہو سکتا پس اس پر یہ لازم نہیں آیا کہ قبل بعثت اگر وہ قابل ہلاک نہیں تھے تو گویا ہلاک کرنے کے لئے یہ سلسلہ نکالا جو ظاہراً بعید از رحمت ہے اور اگر قابل ہلاک تھے تو تفسیر اول پر بدوں بعثت رسل قابل ہلاک ہونے کا قائل ہونا پڑتا ہے حاصل حل اشکال کا شق ثانی کا اختیار کرنا ہے بمقتضائے حکمت الٰہیہ ان کا ہلاک مناسب تھا مگر بالفعل ہلاک ہونا بمقتضائے عادت الٰہیہ بعثت رسل پر موقوف رکھا گیا اور سبب ہلاک ذنوب و فسق ہے نہ کہ محض ارادہ اب شبہ ہلاکت کے مقصود بالذات ہونے کا بھی نہ رہا جیسا ظاہراً اِذَآ اَرَدْنَآ کے شرط اور اَمَرْنَا کے جزا ہونے سے ہوتا ہے اور اسی واسطے قریہ کے ترجمہ میں اس قید سے مقید کر دیا کہ جو کہ کفر و معصیت کے سبب الخ اور مترفین کی تخصیص ذکر بوجہ ان کے ذی اثر ہونے کے ہے کہ انکی اطاعت کا بھی معصیت کا بھی عموم کا بھی دوسروں پر در باب کے اثر پڑتا ہے اسلئے ان کو زیادہ سمجھا جاتا ہے دوسرے غافل اور معاند اور احمق بھی زیادہ یہی ہوتے ہیں اور تخصیص ذکر نوح علیہ السلام کی خود تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے۔

ربط: اوپر آیات: وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ الخ میں اس شبہ کا جواب تھا کہ اگر ہمارا طریقہ موجب عذاب ہو تو دنیا ہی میں کیوں نہیں وہ عذاب آ جاتا اب آگے اس شبہ کا جواب ہے کہ اگر ہمارے بعض اعمال مختلف فیہا موجب عذاب بھی ہوں لیکن جو اعمال ہم سے ایسے صادر ہوتے ہیں جو بالاتفاق حسن ہیں جیسے مہمانداری و اعانت مظلوم و انجاح سوال وغیرہا یہ نجات کا ذریعہ ہو جاویں گے حاصل جواب یہ ہے کہ دو حال سے خالی نہیں یا تو ان اعمال سے تم کو نفع دینا مقصود ہے جیسا کہ

www.besturdubooks.net

یہی واقع ہے چنانچہ انکار آخرت اس کی دلیل ہے تب تو تم یُرِیۡدُ الۡعَاجِلَةَ میں داخل ہو جس کا انجام جہنم اور اگر تم کو نفع آخرت مقصود ہے جیسا کہ محض فرضی صورت ہے تو اس میں فھو مؤمن کی قید ہے جو تم میں مفقود ہے اس لئے وہ بھی نجات کا ذریعہ نہیں ہو سکتا پس بہر حال تم مستوجب عذاب رہے و نیز ساتھ ساتھ دنیا کی تذلیل اور آخرت کی تفضیل بھی مذکور ہے۔

اشتراط نیت آخرت و ایمان برائے قبول اعمال مع تحقیرِ دنیا و تفضیلِ آخرت

مَنۡ كَانَ يُرِيۡدُ الۡعَاجِلَةَ (الی قولہ تعالی) وَلَلۡاٰخِرَةُ اَكۡبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكۡبَرُ تَفۡضِيۡلًا۝ جو شخص (اپنے اعمال نیک سے صرف) دنیا (کے نفع) کی نیت رکھے (خواہ اس لئے کہ آخرت کا منکر ہے یا اس لئے کہ آخرت کی نیت نہیں کی) ہم ایسے شخص کو دنیا میں جتنا چاہیں گے (اور پھر سب کے لئے نہیں بلکہ) جس کے واسطے چاہیں گے فی الحال ہی دے دیں گے (یعنی دنیا ہی میں کچھ جزا مل جاوے گی) پھر (آخرت میں خاک نہ ملے گا بلکہ وہاں) ہم اس کے لئے جہنم تجویز کریں گے وہ اس (جہنم) میں بدحال راندہ (درگاہ) ہو کر داخل ہوگا اور جو شخص (اپنے اعمال میں) آخرت (کے ثواب) کی نیت رکھے گا اور اس (آخرت) کے لئے جیسے سعی کرنا چاہے ویسی ہی سعی بھی کرے گا (مطلب اس کا یہ ہے کہ وہ عمل قواعد شرعیہ کے موافق کیا کیونکہ آخرت کے لئے وہی سعی کرنا چاہئے جس کا امر ہوا ہو بخلاف ان اعمال کے جو ہوائے نفسانی کے موافق ہوں کہ وہ مقبول نہیں غرض شرع کے موافق عمل کیا) بشرطیکہ وہ شخص مؤمن بھی ہو سو ایسے لوگوں کی یہ سعی (مذکور عند اللہ) مقبول ہوگی (غرض قبول سعی یعنی عمل کی تین شرطیں ہوئیں تصحیح نیت جس پر اَرَادَ الۡاٰخِرَةَ دال ہے۔ تصحیح عمل حسب شرع جس پر سَعۡيَهَا دال ہے۔ تصحیح عقیدہ جس پر مؤمن دال ہے پس شرائط قبول کے یہ ہیں اور بدوں اس کے غیر مقبول اور کافروں پر نعم دنیویہ ہونا علامت ان کے قبول اعمال کی نہیں ہے کیونکہ نعمت دنیویہ مخصوص مقبولین کے ساتھ نہیں بلکہ) آپ کے رب کی (اس) عطاء (دنیوی) میں سے تو ہم ان (مقبولین) کی بھی امداد کرتے ہیں اور ان (غیر مقبولین) کی بھی (امداد) کرتے ہیں اور آپ کے رب کی (یہ) عطاء (دنیوی کسی پر) بند نہیں (چنانچہ) آپ دیکھ لیجئے ہم نے (اس عطائے دنیوی میں بلا قید ایمان و کفر کے) ایک کو دوسرے پر کس طرح فوقیت دی ہے (حتیٰ کہ اکثر کفار اکثر مؤمنین سے زیادہ تنعم رکھتے ہیں پس یہ چیزیں قابل وقعت نہیں) اور البتہ آخرت (جو مخصوص ہے مقبولین کے ساتھ وہ) درجوں کے اعتبار سے بھی بہت بڑی ہے اور فضیلت کے اعتبار سے بھی بہت بڑی ہے (اس کا اہتمام چاہئے جو مشروط بشرائط مذکورہ ہے)۔ **ف**: سورۂ ہود کے رکوع دوم کی آیت: مَنۡ كَانَ يُرِيۡدُ الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا وَزِيۡنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيۡهِمۡ ...... [ھود: ۱۵] سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ ان کے اعمال کا بدلہ دنیا میں ضرور ملتا ہے اور اس آیت میں مشیت کے ساتھ مقید ہے یہ اشکال اس آیت کے ترجمہ و تفسیر کے ملاحظہ سے دفع ہو جاوے گا کیونکہ وہاں نُوَفِّ اِلَيۡهِمۡ اَعۡمَالَهُمۡ [ھود: ۱۵] کی تفسیر میں ایسے قیود ہیں جن سے لزوم توفیہ جزائے اعمال کا نہیں رہتا بلکہ بعض صورتوں میں توفیہ ہوتا ہے پس مَا نَشَآءُ لِمَنۡ نُّرِيۡدُ کا مصداق وہی صورتیں ہو جاویں گی اور دونوں آیتوں کا مضمون متحد ہو جاوے گا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِذَاۤ اَرَدۡنَاۤ اَنۡ نُّهۡلِكَ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ اسی طرح جب مرید کے قلب کو خراب کرنا منظور ہوتا تو اس پر نفس و شیطان کے عساکر کو مسلط کر دیا جاتا ہے پس شہوات و طبعیات کے اتباع سے خراب ہو جاتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَمَنۡ اَرَادَ الۡاٰخِرَةَ الخ روح میں ہے کہ سعی جو آخرت کے لائق ہو وہ ہے جس میں موافقت شریعت اور استقامت ہو قولہ تعالیٰ: كُلًّا نُّمِدُّ هٰۤؤُلَاۤءِ وَهٰۤؤُلَاۤءِ مِنۡ عَطَآءِ رَبِّكَ ؕ الخ یہ صریح ہے اس میں کہ توسع فی الدنیا قبول کی علامت نہیں جیسے بعض مدعیان طریق فخر کیا کرتے ہیں کہ جو شخص ہمارے سلسلہ میں آ جاتا ہے اس کو مال و عہدہ کی ترقی ہو جاتی ہے اور اس میں اس کی بھی اصل ہے جو بعض اکابر کی عادت ہوتی ہے کہ ایصال نفع میں مؤمنین کی تخصیص نہیں کرتے سو یہ تعمیم اخلاق الٰہیہ میں سے ہے اور لَيۡسَ عَلَيۡكَ هُدٰٮهُمۡ [البقرۃ: ۲۷۲] الآیۃ میں اس کی ترغیب بھی ہے ہاں ہدیہ وغیرہ میں تقویٰ کی رعایت مناسب ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في امرنا ايمان واطاعت اخرجه ابن جرير عن ابن عباس كذا في الدر المنثور والقرينة على تقدير قوله بالطاعة قوله تعالٰى ففسقوا فان المقدر قد يكون عين المذكور وقد يكون ضده تقول امرته فقام وتقول امرته فعصاني ۱۲۔

الروایات: من كان يريد العاجلة قال الضحاك من يريد بعمله الدنيا ۱۲ قوله كلا غد قال الحسن كلا نرزق في الدنيا البر والفاجر كذا في الدر المنثور عن ابن ابي حاتم وغيره ۲۵۔

النحو: قوله كلا مفعول مقدم لنمد وهؤلاء وهؤلاء بدل من كلا۔

البلاغۃ: قوله ما نشاء لمن نريد ذكر المشية في احدهما والارادة في الآخر تفنن قوله من عطاء عبر عن الرزق وغيره بالعطاء ايذانا بان لامداد المذكور ليس بطريق الاستيجاب بل بمحض التفضل۔

www.besturdubooks.net

۳ ع ۲ ۳ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿۲۲﴾ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ اِمَّا
يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ
لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ اِنْ
تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ
وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿۲۷﴾
وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿۲۸﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً
اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ
۳ ع ۸ ۳ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا بَصِيْرًا ﴿۳۰﴾

اللہ (برحق) کے ساتھ اور کوئی معبود مت تجویز کرو ورنہ تو بدحال بے یار و مددگار ہو کر بیٹھ جائے گا اور تیرے رب نے حکم کر دیا ہے کہ بجز اس کے کسی کی عبادت مت کرو اور تم اپنے ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کیا کرو اگر تیرے پاس ان میں سے ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جاویں سو ان کو کبھی (ہاں) ہوں بھی مت کرنا اور نہ ان کو جھڑکنا اور ان سے خوب ادب سے بات کرنا اور ان کے سامنے شفقت سے انکساری کے ساتھ جھکے رہنا اور یوں دعا کرتے رہنا کہ اے میرے پروردگار ان دونوں پر رحمت فرمائیے جیسا انہوں نے مجھ کو بچپن میں پالا پرورش کیا۔ تمہارا رب تمہارے مافی الضمیر کو خوب جانتا ہے اگر تم سعادت مند ہو تو وہ توبہ کرنے والوں کی خطا معاف کر دیتا ہے اور قرابت دار کو اس کا حق (مال وغیرہ) دیتے رہنا اور محتاج اور مسافر کو بھی دیتے رہنا اور (مال کو) بے موقع مت اڑانا (کیونکہ) بے شک بے موقع اڑانے والے شیطانوں کے بھائی بند ہیں اور شیطان اپنے پروردگار کا بڑا ناشکرا ہے اور اگر اپنے رب کی طرف سے جس رزق کے آنے کی امید ہو اس کے انتظار میں تجھ کو ان سے پہلو تہی کرنا پڑے تو ان سے نرمی کی بات کہہ دینا اور نہ تو اپنا ہاتھ گردن ہی سے باندھ لینا چاہئے اور نہ بالکل ہی کھول دینا چاہئے ورنہ الزام خوردہ تہی دست ہو کر بیٹھ رہو گے بلاشبہ تیرا رب جس کو چاہتا ہے زیادہ رزق دیتا ہے اور وہی تنگی کر دیتا ہے بے شک وہ اپنے بندوں کو خوب جانتا ہے دیکھتا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر قبول اعمال کی شرطیں بتلائی ہیں اب آگے بعض اعمال ضروریہ بتلاتے ہیں کہ طالب آخرت ان کو اختیار کرے اور چونکہ بڑی شرط ایمان و توحید تھی اس لئے ان احکام کو توحید سے شروع کیا اور توحید ہی پر ختم کیا اور دونوں جگہ زیادہ اہتمام کے لئے متقارب ہی الفاظ فرمائے لَا تَجْعَلْ الخ پس اس میں هُوَ مُؤْمِنٌ کی قدرے تفصیل ہوگئی اور درمیان احکام میں رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ الخ اور الْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ الخ کے عنوان عام میں اشتراط نیت بھی داخل ہو گیا پس یہ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ کے مناسب ہو گیا اور باقی احکام بتلانے سے قانون شرعی کی تعیین ہو گئی اس سے سَعٰى لَهَا سَعْيَهَا کی تعیین ہو گئی اور یہ احکام مختلف انواع کے متعدد اوامر اور متعدد نواہی ہیں جو اپنی حسن و خوبی کی وجہ سے اہل بصیرت کے لئے رسالت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دلائل بھی ہو سکتے ہیں جس میں اوپر کلام تھا۔

حکم اول ...... توحید ☆ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿۲۲﴾ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ۔ (اے مخاطب) اللہ (برحق) کے ساتھ کوئی اور معبود مت تجویز کر (یعنی شرک مت کر) ورنہ تو بدحال بے یار و مددگار ہو کر بیٹھ رہے گا اور (آگے پھر اسی کی تاکید ہے کہ) تیرے رب نے حکم کر دیا ہے کہ بجز اس (معبود برحق) کے کسی کی عبادت مت کرو۔

حکم دوم ...... ادائے حقوق ابوین ☆ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ (الی قوله تعالی) فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ اور تم (اپنے) ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کیا کرو اگر (وہ) تیرے پاس (ہوں اور) ان میں سے ایک یا دونوں کے دونوں بڑھاپے (کی عمر) کو پہنچ جاویں (جس کی وجہ سے محتاج خدمت ہو جاویں اور جب کہ طبعاً ان کی خدمت کرنا ثقیل معلوم ہو) سو (اس وقت بھی اتنا ادب کرو کہ) ان کو کبھی (ہوں مت کہنا اور نہ ان کو جھڑکنا اور ان سے خوب ادب سے بات کرنا اور ان کے سامنے شفقت سے انکساری کے ساتھ جھکے رہنا اور (ان کے لئے حق تعالیٰ سے) یوں دعا کرتے رہنا کہ اے میرے پروردگار ان

www.besturdubooks.net

دونوں پر رحمت فرمایئے جیسا انہوں نے مجھ کو بچپن (کی عمر) میں پالا پرورش کیا ہے (اور صرف اس ظاہری توقیر و تعظیم پر اکتفامت کرنا دل میں بھی ان کا ادب اور قصد اطاعت رکھنا کیونکہ) تمہارا رب تمہارے مافی الضمیر کو خوب جانتا ہے (اور اسی وجہ سے تمہارے لئے ایک تخفیف بھی سناتے ہیں کہ) اگر تم (حقیقت میں دل ہی سے) سعادت مند ہو (اور غلطی یا تنگ مزاجی یا دل تنگی سے کوئی ظاہری فروگذاشت ہو جاوے اور پھر نادم ہو کر معذرت کرلو) تو توبہ کرنے والوں کی خطا معاف کر دیتا ہے۔ **ف**: ارْحَمْهُمَا میں جو دعا کے لئے فرمایا ہے ظاہراً امر ندب واستحباب کے لئے ہے اور بعض نے کہا ہے کہ وجوب کے لئے ہے لیکن عمر بھر میں ایک بار دعا کرنے سے بھی واجب ادا ہو جاوے گا اور بدلائل شرعیہ یہ دعا کرنا مقید ہے ایمان ابوین کے ساتھ البتہ اگر حالت کفر میں زندہ ہوں اور دعائے رحمت بمعنی دعائے ہدایت کی جاوے تو جائز ہے۔

حکم سوم اوائے حقوق دیگر اہل حق ☆ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَ لَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا۝

حکم چہارم نہی از تبذیر ☆ وَ لَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا۝ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا۝

حکم پنجم رد جمیل ☆ وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا۝

حکم ششم: اقتصاد در انفاق ☆ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا۝ اور قرابت دار کو اس کا حق (مالی وغیر مالی) دیتے رہنا اور محتاج اور مسافر کو بھی (ان کے حقوق) دیتے رہنا اور (مال کو) بے موقع مت اُڑانا (کیونکہ) بیشک بے موقع اڑانے والے شیطانوں کے بھائی بند (یعنی ان کے مشابہ ہوتے) ہیں اور شیطان اپنے پروردگار کا بڑا ناشکرا ہے (کہ حق تعالیٰ نے اس کو دولت عقل کی دی مگر اس نے خدا تعالیٰ کی نافرمانی میں اس کو صرف کیا اسی طرح مبذرین کو دولت مال کی دی مگر وہ خدا تعالیٰ کی نافرمانی میں اس کو صرف کرتے ہیں) اور اگر (کسی وقت تمہارے پاس ان لوگوں کے دینے کو نہ ہو اور اس لئے) تم کو اس رزق کے انتظار میں جس کی اپنے پروردگار کی طرف سے توقع ہو (اس کے نہ آنے تک[۵]) ان سے پہلوتہی کرنا پڑے تو (اتنا خیال رکھنا کہ) ان سے نرمی کی بات کہہ دینا (یعنی دلجوئی کے ساتھ ان سے وعدہ کر لینا کہ ان شاء اللہ تعالیٰ کہیں سے آوے گا تو دیں گے اور دل آزار جواب مت دینا) اور نہ تو اپنا ہاتھ گردن ہی سے باندھ لینا چاہئے (کہ غایت بخل سے بالکل ہی ہاتھ روک لیا جاوے) اور نہ بالکل ہی کھول دینا چاہئے (کہ اسراف کیا جاوے) ورنہ الزام خوردہ (اور) تہی دست ہو کر بیٹھ رہو گے (اور محض کسی کے فقر و احتیاج پر ترحم کر کے اپنے کو پریشانی میں ڈالنا بے کار ہے کیونکہ) بلاشبہ تیرا رب جس کو چاہتا ہے زیادہ رزق دیتا ہے اور وہی (جس پر چاہے) تنگی کر دیتا ہے بیشک وہ اپنے بندوں (کی حالت اور ان کی مصلحت کو) خوب جانتا ہے دیکھتا ہے (تم اس فکر میں کیوں پڑے کہ باوجود گنجائش نہ ہونے کے کچھ دینا چاہئے)۔ **ف**: اسراف اور تبذیر کا حاصل ایک ہی ہے کہ محل معصیت میں خرچ کرنا خواہ وہ معصیت بالذات ہو جیسے شراب وقمار وزنا خواہ بالغیر ہو جیسے فعل مباح میں بہ نیت شہرت وتفاخر خرچ کرنا اور بعض نے یہ فرق کیا ہے کہ اسراف میں جہل بالکمیۃ ہے کہ مقادیر حقوق سے تجاوز ہو اور تبذیر میں جہل بالکیفیت ہے کہ محل و موقع نہ سمجھے اور حق عام ہے مالی اور غیر مالی کو مثل حسن معاشرت کے اور شیاطین چونکہ بہت سے ہیں گو ابلیس ایک ہی ہے اس لئے جمع لائے اور شیطان جو مفرد لایا گیا تو مراد اس سے ابلیس ہے کہ اصل کفران میں وہی ہے اور یا جنس مراد ہے کہ سب شیاطین کو شامل ہے اور آخر میں جو اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ الخ ارشاد فرمایا اس سے یہ مقصود نہیں کہ کوئی کسی کا غم نہ کرے بلکہ مطلب یہ ہے کہ دوسرے کے نفع کے لئے اپنے کو دینی ضرر پہنچانا یا ایسا دنیوی ضرر برداشت کرنا جس کا انجام دینی ضرر ہو یہ ممنوع ہے اگر ایسی حالت میں بہت خوش ہو تو سمجھ لے کہ اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ الخ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا الخ اس سے شیخ مربی کیلئے دعا کرنے کا استحسان مستنبط ہوتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ اسی طرح شیخ کو اپنے مریدوں کے ساتھ معاملہ کرنا چاہئے کہ اپنے حقوق میں اس پر تشدد نہ کرے ہاں جس میں ان کی اصلاح ہو وہ مستثنیٰ ہے قولہ تعالیٰ: وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ الخ اس سے یہ بھی مستنبط ہوتا ہے کہ جب کسی وقت افادہ طالب سے عذر ہو تو اسکو نرم جواب دے اور مصلحت اصلاح یہاں بھی مستثنیٰ ہے قولہ تعالیٰ: وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ الخ اس میں اشارہ ہے مشائخ کو مریدوں کے ساتھ کس طرح رہنا چاہئے یعنی نہ حقائق و معارف ظاہر کرنے میں بخل کرے اور نہ ایسے اسرار بیان کرے جس کا وہ متحمل نہ ہو اور برباد ہو جاوے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] قوله في لا تعبدوا ای کی تاکید اشارة الی وجه التكرار ۱۲ منه [۲] قوله في احسانا سلوک کیا کرو اشارة الی تقدير احسنوا ليصح العطف ۱۲۔ [۳] قوله في عندك تیرے پاس كما قال البيضاوی فی كنفك وكفالتك ويحتمل ان يكون المعنى عندك ای فی حياتك ومن ثم ترجمه البعض بقوله تمہارے سامنے ۱۲۔ [۴] قوله في قولا كريما خوب افاده التاكيد بالمفعول المطلق ۱۲۔ [۵] قوله في ابتغاء اس کے نہ آنے تک اشارة الی دفع ايراد تقريره ان ابتغاء مفعول له لتعرض فهو علة له ولا يصح الابتغاء للعلية وانما العلة عدم

www.besturdubooks.net

الوجدان تقرير الجواب ان الابتغاء لما دل على عدم الوجدان صح جعله مفعولا له فاطلق المسبب على السبب فان فاقد الرزق مبتغ له ۱۲۔

الکلام : استدل بعض بما في الدر المنثور في تفسير الآية وآت ذا القربى انه صلى الله عليه وسلم اعطى فاطمة فدكا حين نزلت آية والجواب بعد تسليم صحة الخبر ان هذا الاعطاء اما ان كان عارية او هبة فان كان الاول فلا احتجاج فيما فيه الكلام وان كان الثاني فما معنى دعوى فاطمة الارث فيه ولم لم تتمسك بهذا الاعطاء فافهم واصل الجواب ما قال ابن كثير هذا مشكل فانه يشعر بان الآية مدنية والمشهور خلافه آه ۱۲۔

اللغات: قوله فتقعد القعود يراد به المكث مطلقا عرفا او يقال ان من شان المذموم المخذول ان يقعد نادمًا متفكرا على ما فرط منه فالقعود على هذا حقيقة قوله قضى بمعنى امر وقوله ان الا تعبدوا اى بان لا تعبدوا قوله كما ربياني في الروح الكاف لتاكيد الوجود كانه قيل رب ارحمهما رحمة محققة مكشوفة لا ريب فيهما كقوله تعالى مثل ما انكم تنطقون ۱۲۔ قوله اف هو اسم صوت ينبئ عن التضجر او اسم فعل هو الضجر واسم الفعل بمعنى المضارع وكذا بمعنى الماضي قليل والكثير بمعنى الامر ۱۲ قوله لا تنهرهما زاده بعد قوله لا تقل لهما اف ذكر الخاص بعد العام للاعتناء بشانه وقيل لان المراد من قوله تعالى لا تقل لهما اف المنع من اظهار الضجر القليل والكثير والمراد من قوله سبحانه ولا تنهرهما المنع من اظهار المخالفة في القول على سبيل الرد عليهما والتكذيب لهما ولذا روعي هذا الترتيب والا فالمنع من التافيف يدل على المنع من المنهر بطريق الاولى۔ قوله واخفض لهما اى تواضع لهما وتذلل وجناح الذل بل خفض الجناح تمثيل في التواضع وقيل المراد بخفضهما ما يفعله الطائر اذا ضم فراخه لتربيته وانه انسب بالمقام ۱۲۔ قوله في الروح وتوحيد ضمير الخطاب في عندك وفيما بعده مع ان ما صرح به فيما سبق على الجمع للاحتراز عن التباس المراد وهو نهي كل احد عن تافيف والديه ونهرهما فانه لو قومل الجمع بالجمع او التثنية بالتثنية لم يحصل ذلك وذكر انه وحد الخطاب في ولا تجعل المبالغة وجمع في ان لا تعبدوا الا اياه لانه اوفق لتعظيم امر القضاء ۱۲۔ قوله ميسورًا اسم مفعول بمعنى سهل كالسعيد والمسعود ۱۲۔ قوله محسورًا اى منقطعا بك لا شئ عندك من حسره السفر اعياه شئ واوقفه حتى انقطع عن رفقة قال الراغب يقال للمعيى حاسر ومحسورا اما الحاسر فتصورا انه قد خسر بنفسه قواه واما المحسور فتصور ان التعب قد خسره كذا في الروح۔

وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ۝ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا ۝ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ۝ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِىَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۠ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔوْلًا ۝ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰۗىِٕكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ۝

اور اپنی اولاد کو ناداری کے اندیشہ سے قتل مت کرو (کیونکہ) ان کو بھی رزق دیتے ہیں اور تم کو بھی بے شک ان کا قتل کرنا بڑا بھاری گناہ ہے اور زنا کے پاس بھی مت پھٹکو بلاشبہ وہ بڑی بے حیائی کی بات ہے اور بری راہ ہے اور جس شخص کے (قتل) کو اللہ تعالیٰ نے حرام فرمایا ہے اس کو قتل مت کرو مگر حق پر اور جو شخص ناحق قتل کیا جائے تو ہم نے اس کے وارث کو اختیار دیا ہے سو اس کے قتل کے بارہ میں حد (شرع) سے تجاوز نہ کرنا چاہئے وہ شخص طرفداری کے قابل ہے اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ مگر ایسے طریقہ سے جو کہ مستحسن ہے یہاں تک کہ وہ اپنے سن بلوغ کو پہنچ جاوے اور عہد (مشروع) کو پورا کیا کرو بے شک (ایسے) عہد کی بازپرس ہونے والی ہے اور جب ناپ (تول) کرو تو پورا ناپو اور صحیح ترازو سے تول کر دو یہ (فی نفسہ بھی) اچھی بات ہے اور انجام بھی اس کا اچھا ہے اور جس بات کی (تجھ کو) تحقیق نہ ہو اس پر عمل درآمد کیا کر

www.besturdubooks.net

(کیونکہ) کان اور آنکھ اور دل ہر شخص سے اس سب کی (قیامت کے دن) پوچھ ہوگی۔

تفسیر: حکم ہفتم نہی از قتل اولاد ☆ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ۝ اور اپنی اولاد کو ناداری کے اندیشہ سے قتل مت کرو (کیونکہ) ہم ان کو بھی رزق دیتے ہیں اور تم کو بھی (البتہ اگر تم رازق ہوتے تو ایسی باتیں سوچتے) بیشک ان کا قتل کرنا بڑا بھاری گناہ ہے۔ ف: جاہلیت میں بعضے آدمی بیٹیوں کو خوف فقر سے مار ڈالتے تھے كذا في الدر المنثور عن قتادة پس اولاد سے مراد بنات ہوں گی اور اولاد کے عنوان سے تعبیر کرنا اظہار تعلق واختصاص کے لئے ہے کہ جوشِ ترحم ہو۔

حکم ہشتم نہی از زنا ☆ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا ۝ اور زنا کے پاس بھی مت پھٹکو (یعنی اس کی مبادی ومقدمات سے بھی بچو) بلا شبہ وہ (فی نفسہٖ بھی) بڑی بے حیائی کی بات ہے اور (باعتبار مفاسد کے بھی) بری راہ ہے (کیونکہ اس پر عداوتیں اور فتنے اور تضییع نسب مرتب ہوتے ہیں)۔

حکم نہم نہی از مطلق قتل ناحق ☆ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ (الى قوله تعالى) اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ۝ اور جس شخص (کے قتل کرنے) کو اللہ نے (قواعد شرعیہ کی رو سے) حرام فرمایا ہے اس کو قتل مت کرو ہاں مگر حق پر (قتل کرنا درست ہے یعنی جب وجوب یا اباحت قتل کا کوئی سبب شرعی پایا جاوے اور اس وقت وہ حَرَّمَ اللّٰهُ میں داخل نہیں) اور جو شخص ناحق قتل کیا جاوے تو ہم نے اس کے وارث (حقیقی یا حکمی) کو (قصاص لینے کا شرعاً) اختیار دیا ہے سو اس کو قتل کے بارے میں حد (شرع) سے تجاوز نہ کرنا چاہئے (یعنی غیر قاتل کو قتل نہ کرے کیونکہ) وہ شخص (زیادتی نہ کرنے کی صورت میں تو شرعاً) طرفداری کے قابل ہے (اور زیادتی کرنے سے پھر فریق ثانی طرفداری کے قابل ہو جاوے گا اس لئے زیادتی کر کے منصوریت سے خارج نہ ہونا چاہئے) ف: ولی سے مراد وہ شخص ہے جس کو حق قصاص ہو اگر کوئی وارث موجود ہو تو وہ ورنہ سلطان۔ کہ وارث حکمی سے یہی مراد ہے۔

حکم دہم نہی از تصرف ناحق در مالِ یتیم ☆ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِىَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۠ اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ (یعنی) اس میں تصرف مت کرو) مگر ایسے طریقہ سے (تصرف کی اجازت ہے) جو کہ (شرعاً) مستحسن ہے یہاں تک کہ وہ اپنے سن بلوغ کو پہنچ جاوے۔ ف: یہی الفاظ سورۂ انعام کے اخیر رکوع سے پہلے رکوع میں آئے ہیں وہاں اس کی تفسیر دیکھ لی جاوے۔

حکم یازدہم امر بوفائے عہد ☆ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔــوْلًا ۝ اور عہد (مشروع) کو پورا کیا کرو بیشک (ایسے) عہد کی (قیامت میں) باز پرس ہونے والی ہے۔ ف: عہد میں تمام احکام الٰہی اور تمام عقود جو فیما بین العباد ہیں داخل ہو گئے چنانچہ کبیر میں ہے: كل عقد تقدم لاجل توثيق الامر و توكيده فهو عهد اور خازن میں ایسی تفسیر کی ہے کہ وعدہ کو بھی شامل ہے وہ یہ ہے: قيل اراد بالعهد ما يلتزمه الانسان على نفسه لیکن وعدہ کا وجوب دیانۃً ہوگا قضاءً نہیں اور مشروع کی قید سے غیر مشروع نکل گئے اور نیز وجوب وفائے وعدہ میں دوسرے دلائل سے عدم عذر کی بھی قید ہے اور عذر میں وجوب ساقط ہے۔

حکم دوازدہم وسیزدہم امر بایفائے کیل ووزن ☆ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ (الى قوله تعالى) وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝ اور (ناپنے کی چیزوں کو) جب ناپ کر دو تو پورا ناپو اور (تولنے کی چیزوں کو) صحیح ترازو سے تول کر دو یہ (فی نفسہٖ بھی) اچھی بات ہے اور انجام بھی اس کا اچھا ہے (آخرت میں ثواب اور دنیا میں اعتبار)۔

حکم چہاردہم نہی از اتباع غیر دلیل ☆ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰۗىِٕكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔــوْلًا ۝ اور جس بات کی تجھ کو تحقیق نہ ہو اس پر عمل درآمد مت کیا کرو (کیونکہ) کان اور آنکھ اور دل ہر شخص سے ان سب کی (قیامت کے دن) پوچھ ہوگی (کہ آنکھ کا استعمال کہاں کیا کان کا کہاں استعمال کیا بے دلیل بات کا کیوں خیال جمایا اس لئے بے تحقیق بات پر وثوق کر کے اس پر عمل درآمد مت کر) ف: علم اصول وکلام میں ہر امر کی تحقیق کا درجہ جدا جدا ثابت ہو چکا ہے پس جس امر میں جس درجہ کی تحقیق ضروری ہے بدون اس درجہ کی تحقیق کے اس پر عمل درآمد جائز نہیں خواہ قولاً ہو مثل نقل وحکایت یا فتویٰ اور خواہ فعلاً ہو کہ اس کام کو کیا جاوے پس قطعیات میں دلیل قطعی تحقیق کا درجہ ہے اور ظنیات میں دلیل ظنی پس اس سے قیاس شرعی کی نفی لازم نہیں آتی خوب سمجھ لو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَقَدْ جَعَلْنَا الخ اس میں قدرت کے وقت ضبط نفس کی تعلیم ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: ولا تقف ما ليس لك به علم۔ اس میں نہی ہے تخمین ورائے سے الہیات اور نبوات میں کلام کرنے سے اور سالک کو دعاوی عاطلہ سے ۱۲۔

اللغات: خطأ كالم و زنا ومعنى قوله الزنى والزناء جاء فيه القصر والمد # قوله القسطاس الميزان في اللغة الرومية ولا يقدح

www.besturdubooks.net

استعماله في القرآن في عربيته لانه يعد التعريب والسماع في فصيح الكلام يصير عربياً قوله ولا تقف قفا اتبع قفاه ثم استعمل في مطلق الاتباع وصار حقيقة فيه ـ

النحو : قوله الا بالحق استثناء منقطع لان من قتل بالحق ليس داخلا في النفس المحرمة قوله مسئولا اى مسئولا عنه على حذف الجار كذا في الروح ۱۲ـ قوله كان عنه مسئولا في الروح وجوز ان يكون اسم كان او فاعله ضمير كل محذوف المضاف اى كان صاحبه عنه مسئولا او كان عنه مسئولا صاحبه فيقال له لم استعملت السمع فيما لا يحل الخ قلت وترجمتي مبنى على هذا التركيب ـ

البلاغة : قوله نحن نرزقهم جواب عن منشاهم وقوله تعالىٰ ان قتلهم دليل على مدعاه من النهي وبه يتم الكلام في المحاجة قوله ولا تقربوا الزنى نهى عن قربانه للمبالغة ولان القربان داع الى المباشرة ۱۲ـ قوله كل اولئك اى كل هذه الاعضاء واشير اليها باولئك لانها (اى كلمة اولئك) جاءت لغير العقلاء من حيث انها (اى اولئك) اسم جمع لذا (اى لفظ ذا) هو اى لفظ ذا يعم القبيلتين (اى العقلاء وغير العقلاء) كذا في الروح قلت فكذا اولئك الذى هو اسم جمع له يعم القبيلتين ۱۲ـ

وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۚ إِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْأَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا ﴿۳۷﴾ كُلُّ ذَٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهُ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوهًا ﴿۳۸﴾ ذَٰلِكَ مِمَّا أَوْحَىٰ إِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۗ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَتُلْقَىٰ فِي جَهَنَّمَ مَلُومًا

ع مَدْحُورًا ﴿۳۹﴾ أَفَأَصْفَاكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِينَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ إِنَاثًا ۚ إِنَّكُمْ لَتَقُولُونَ قَوْلًا عَظِيمًا ﴿۴۰﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا

فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ لِيَذَّكَّرُوا وَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا نُفُورًا ﴿۴۱﴾ قُلْ لَوْ كَانَ مَعَهُ آلِهَةٌ كَمَا يَقُولُونَ إِذًا لَابْتَغَوْا إِلَىٰ

ذِي الْعَرْشِ سَبِيلًا ﴿۴۲﴾ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يَقُولُونَ عُلُوًّا كَبِيرًا ﴿۴۳﴾ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمَاوَاتُ السَّبْعُ

وَالْأَرْضُ وَمَنْ فِيهِنَّ ۚ وَإِنْ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهِ وَلَٰكِنْ لَا تَفْقَهُونَ تَسْبِيحَهُمْ ۗ إِنَّهُ كَانَ

حَلِيمًا غَفُورًا ﴿۴۴﴾

اور زمین پر اتراتا ہوا مت چل کیونکہ تو نہ زمین کو پھاڑ سکتا ہے اور نہ (بدن کو تان کر) پہاڑوں کی لمبائی کو پہنچ سکتا ہے یہ سارے برے کام تیرے رب کے نزدیک (بالکل) ناپسند ہیں۔ یہ باتیں اس حکمت کی ہیں جو خدائے تعالیٰ نے آپ پر وحی کے ذریعے سے بھیجی ہیں اور اللہ برحق کے ساتھ کوئی اور معبود تجویز مت کرو ورنہ تو الزام خوردہ اور راندہ ہو کر جہنم میں پھینک دیا جاوے گا۔ تو کیا تمہارے رب نے تم کو تو بیٹوں کے ساتھ خاص کیا اور خود فرشتوں کو (اپنی) بیٹیاں بنائی ہیں بے شک تم بڑی سخت بات کہتے ہو اور ہم نے اس قرآن میں طرح طرح سے بیان کیا ہے تاکہ (اس کو) اچھی طرح سمجھ لیں اور ان کو نفرت ہی بڑھتی جاتی ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ اگر اس کے ساتھ اور معبود بھی ہوتے ہیں جیسا یہ لوگ کہتے ہیں تو اس حالت میں عرش والے تک انہوں نے راستہ ڈھونڈ لیا ہوتا یہ لوگ جو کچھ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ اس سے پاک اور بہت زیادہ برتر ہے۔ تمام ساتوں آسمان اور زمین اور جتنے اس میں ہیں اس کی پاکی بیان کر رہے ہیں اور کوئی چیز ایسی نہیں جو تعریف کے ساتھ اس کی پاکی (قالاً یا حالاً) بیان نہ کرتی ہو لیکن تم لوگ ان کی پاکی بیان کرنے کو سمجھتے نہیں ہو وہ بڑا حلیم اور بڑا غفور ہے۔

تفسیر: حکم پانزدہم نہی از مرح ☆ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۚ إِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْأَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا ﴿۳۷﴾ اور زمین پر اتراتا ہوا مت چل (کیونکہ) تو (زمین پر زور سے پاؤں رکھ کر) نہ زمین کو پھاڑ سکتا ہے اور نہ (بدن کو تان کر) پہاڑوں کی لمبائی کو پہنچ سکتا ہے (پھر اتراتا عبث) **ف**: یعنی زور سے پاؤں رکھنے کے لئے کم از کم اتنی قوت تو ہونا چاہئے اور تننے کے لئے کم از کم اتنی قدرت ضرور ہے جب اس سے بھی عاجز ہے پھر قوت وقدرت کی وضع کیوں بنائی اور جن چیزوں پر انسان قادر بھی ہے ان پر بھی حقیقۃً قدرت نہیں رکھتا پس تکبر ہر امر میں مذموم ہوا اب اس تعلیل پر یہ شبہ نہ رہا کہ اس سے امور اختیاریہ میں تکبر کا جواز متوہم ہوتا ہے۔ **ربط**: اوپر جن امور جزئیہ کی نہی آئی ہے منہیات میں تو عین مذکورات اور مامورات میں ضد مذکورات آگے عنوانِ کلی سے سب کا قبیح ہونا بیان فرماتے ہیں۔

قبح منہیات مذکورہ: كُلُّ ذَٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهُ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوهًا ۔ یہ سارے (مذکورہ) برے کام تیرے رب کے نزدیک (بالکل) ناپسند ہیں۔ **ف**: جو کہ

www.besturdubooks.net

منہیات میں تو صریحاً مذکور ہیں اور مامورات میں دلالۃً مثلاً اَوْفُوْا سے اس کی ضد یعنی عدم ایفاء کی حرمت پر دلالت نکلتی ہے جیسا سورۂ انعام کی آیت: قُلْ تَعَالَوْا الخ میں حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ کے بعد ارشاد ہوا ہے: اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا حالانکہ عدم اشراک اور احسان حرام نہیں مگر یہ جن اضداد پر دال ہے یعنی شرک واساءت وہ حرام ہیں۔ ربط: اوپر مضامین مذکورہ بیان فرما کر آگے ان پر عمل کرنے کی ترغیب کے واسطے ان کا عین علم وحکمت ہونا بیان فرماتے ہیں اور ان مضامین کو اسی مضمون توحید پر ختم کرتے ہیں جس سے ان کا آغاز فرمایا تھا۔ ربط: اوپر مضامین مذکورہ بیان فرما کر آگے ان پر عمل کرنے کی ترغیب کے واسطے ان کا عین علم وحکمت ہونا بیان فرماتے ہیں اور ان مضامین کو اسی مضمون توحید پر ختم کرتے ہیں جس سے ان کا آغاز فرمایا تھا۔

ختم احکام مذکورہ بر مدح آں تکرار توحید ☆ ذٰلِكَ مِمَّاۤ اَوْحٰۤى اِلَيْكَ (الی قولہ تعالی) مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا۝ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) یہ باتیں (جو مذکور ہوئیں) اس حکمت میں کی ہیں جو خدا تعالیٰ نے آپ پر وحی کے ذریعہ سے بھیجی ہیں۔ اور (اے مخاطب) اللہ برحق کے ساتھ کوئی اور معبود تجویز مت کرنا ورنہ تو الزام خوردہ اور راندہ ہو کر جہنم میں پھینک دیا جاوے گا۔ ربط: اوپر توحید کی تقریر اور تکریر تھی آگے بھی وہی مضمون ہے۔

تاکید توحید: اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا۝ (جب اوپر شرک کا قبیح اور باطل ہونا سن لیا) تو کیا (پھر بھی ایسی باتوں کے قائل ہوتے ہو جو توحید کے خلاف ہیں مثلاً یہ کہ) تمہارے رب نے تم کو تو بیٹوں کے ساتھ خاص کیا ہے اور خود فرشتوں کو (اپنی) بیٹیاں بنائی ہیں (جیسا بعض جہلاء کے زعم تھا پس وجہ انکار اس میں دو ہیں ایک تو اللہ تعالیٰ کے لئے اولاد قرار دینا پھر اولاد بھی وہ جو اپنے لئے ناکارہ سمجھی جاوے پس دو نقص کا نسبت کرنا اللہ تعالیٰ کی طرف لازم آیا) بے شک تم بڑی (سخت) بات کہتے ہو اور (افسوس تو یہ ہے کہ) ہم نے (اسی مضمون اثبات توحید وابطال شرک کو) اس قرآن میں طرح طرح سے بیان کیا ہے تاکہ (اس کو) اچھی طرح سمجھ لیں (جیسا کہ بار بار اور مختلف طرق سے بیان کرنے کا مقتضا یہی ہے کہ سمجھ میں آ جاوے) اور (باوجود اس کے) ان کو (اس توحید سے) نفرت ہی بڑھتی جاتی ہے آپ (ابطال شرک کے لئے ان سے) فرمایئے کہ اگر اس (معبود برحق) کے ساتھ اور معبود بھی (شریک الوہیت وربوبیت) ہوتے جیسا یہ لوگ کہتے ہیں تو اس حالت میں عرش والے (یعنی خدائے حقیقی) تک (مخالفانہ طور پر پہنچنے کا) انہوں نے (کبھی کا) راستہ ڈھونڈ لیا ہوتا (یعنی مخالفت اور مقابلہ واقع ہوتا پھر عالم کا نظام موجود کیسے باقی رہتا حالانکہ نظام عالم قائم ہے معلوم ہوا کہ سبب فساد یعنی تعدد آلہہ منفی ہے پس ثابت ہوا کہ) یہ لوگ جو کچھ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ اس سے پاک اور بہت زیادہ برتر ہے (وہ ایسا پاک ہے کہ) تمام ساتوں آسمان اور زمین اور جتنے (آدمی اور جن اور فرشتے) ان میں (موجود) ہیں (سب کے سب قالاً یا حالاً) اس کی پاکی بیان کر رہے ہیں (چنانچہ فرشتے اور مؤمنین ثقلین کے قالاً بھی اور کفار صرف حالاً) اور (ان ہی پر کیا انحصار ہے اور بھی جتنی چیزیں ہیں ان میں) کوئی چیز ایسی نہیں جو تعریف کے ساتھ اس کی پاکی (قالاً یا حالاً) بیان نہ کرتی ہو لیکن (اے مشرکین) تم لوگ ان (عقلاء واشیائے مذکورہ) کی پاکی بیان کرنے کو سمجھتے نہیں ہو (حالی کو تو اس لئے نہیں سمجھتے کہ اس کی حقیقت استدلال ہے اور وہ موقوف ہے تامل پر اور تم تامل کرتے نہیں اور قالی کو بعض اشیاء میں تو اس لئے کہ وہ امور کشفیہ سے ہے اور مؤمنین کی تسبیح قالی کو اس لئے کہ باوجود سننے کے اس کے معنی اور اس کی حقیقت میں تدبر نہیں کرتے اور تمہاری اس غفلت مذمومہ پر جو عذاب نہیں ہوتا اس سے حقیت توحید میں شبہ نہ کرنا کیونکہ وجہ توقف عذاب کی یہ ہے کہ) وہ بڑا حلیم ہے (ورنہ تمہارا عقیدہ ضرور موجب عذاب ہے البتہ اگر توبہ کر لو تو وہ) بڑا غفور (بھی) ہے (سب معاف کر دے گا) ف:

اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِى الْعَرْشِ کا مضمون ملازمت عادیہ پر مبنی ہے اور ایسی بڑی عظیم القدرت ذاتوں میں دوام صلح بھی عادۃً ممتنع ہے اور اس کا اتفاقی ہونا اس لئے مضر نہیں کہ فی نفسہ یہ برہانی ہے یہاں تقریب افہام کے لئے یہ تقریر اختیار کر لی گئی چنانچہ دلیل برہانی توحید کی پارۂ دوم رکوع چہارم کی تفسیر میں گذر چکی ہے اور آیت تُسَبِّحُ لَهُ الخ میں تسبیح بطور عموم مجاز کے تسبیح حقیقی یعنی قالی اور تسبیح حکمی یعنی حالی دونوں کو شامل ہے پس مطیعین ذوی العقول کی تسبیح قالی تو ظاہر ہے اور غیر ذوی العقول کی تسبیح احادیث سے ثابت اور کشف سے مؤید ہے اور عصاۃ ذوی العقول کی صرف حالی ہے بایں معنی کہ ان کا وجود توابع وجود دال ہیں وجود موجود پر اور اس طرح کی تسبیح حالی اور اقسام موجودات میں بھی عام ہے پس حالاً یا قالاً میں جو تردید ہے بطور منع الخلو کے ہے اور عدم فقہ کا خطاب بقرینہ مقام مشرکین کو ہے اور تَسْبِيْحَهُمْ کی ضمیر بطور تغلیب کے سب مسبحین ومسبحات کی طرف ہے اور ان کا نہ سمجھنا ہر تسبیح کے اعتبار سے ہے جیسا ترجمہ میں تقریر کی گئی اور یہی مدار ملامت بھی ہے جیسا لَا تَفْقَهُوْنَ سے مذمت عدم فقہ کی بقرینہ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا۝ کے معلوم ہوتی ہے ورنہ بعض اقسام کا نہ سمجھنا موجب ملامت نہیں بخلاف مؤمنین کے کہ سب کی تسبیح کو سمجھتے ہیں خواہ مسبح کی ہر تسبیح کو جیسے اہل کشف خواہ بعض مسبح کی ایک تسبیح کو اور بعض کی دونوں تسبیح کو جیسے عامہ مؤمنین کہ جمادات ومخفیات کی صرف تسبیح حالی کو سمجھتے ہیں کہ ان کے وجود مشاہد یا ثابت بالدلیل سے استدلال وجود صانع پر کرتے ہیں اور عقلاء مطیعین کی دونوں تسبیحوں کو سمجھتے ہیں اور بعض کو وسوسہ ہوا ہے کہ تسبیح کے لئے علم اور علم کے لئے حیات چاہئے اور یہ جمادات میں نہیں ہے سو جواب یہ ہے کہ اس قدر علم اور اس قدر حیات اگر حاصل ہو اور محسوس نہ ہو تو کیا امتناع ہے۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اس میں بعد آثار مؤیدہ اس پر دلالت ہے کہ جمادات تسبیح قالی کرتے ہیں اور اس کے لئے شعور لازم ہے گو ضعیف ہی سہی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في اَفَاَصْفٰكُمْ جب اوپر اشار بهذا الى توجيه الفاء الترتيبية۔ ۲ قوله في صرفنا اى مضمون اشارة الى تقدير المفعول ۱۲۔ ۳ قوله في ما يزيدهم بڑھتی جاتی ترجمة بالحاصل لان الاسناد في يزيد الى السبب ۱۲۔

اللغات: قوله مرحا مصدر وقع موقع الحال قوله طولا تميز من الجبال اى لن تبلغ طول الجبال ۱۲ قوله سيئه الاضافة بيانية ۱۲۔

النحو: قوله كما يقولون الكاف في محل النصب على انها نعت لمصدر محذوف اى كونا مشابها لما يقولون والمراد بالمشابهة على ما قيل الموافقة والمطابقة كذا في الروح ۱۲۔

البلاغۃ: قوله في الارض التقييد بالارض ليس للاحتراز عن المشي في الهواء او على الماء للتذكير بالمبدأ والمعاد وهو اردع عن هذا المشي ۱۲ قوله لن تخرق الارض وايثار الاظهار على الاضمار حيث لم يقل لن تخرقها لزيادة الايقاد او التفريع ۱۲ قوله مينه ولم يصرح تعالى بكون المامورات مرضيته لان وراء المفاسد اهم من جلب الصالح قوله ولا تجعل الخ كرر للتنبيه على ان التوحيد مبدء الامر ومنتهاه وانه راس محل حكمة وملاكها رتبا عليه اولا ما يكون اولا وآخر ما يكون آخرا لان المذموم هو الذى يذكر ان الفعل الذى اقدم عليه قبيح ومنكر والملوم هو الذى يقال له لم فعلت مثل هذا الفعل وما الذى حملك عليه وبه يعلم ان الذم يكون اولا و اللوم يكون آخر او كذا المخذول يراد به من تركت اعانته وفوض الى نفسه والمدحور المطرود الترك يكون اولاد الطرد آخرا و كذا القعود مقدم على الالقاء وفي بناء الفعل الفاعل في قوله فتقعد اشارة الى ان التاسف اختيارى بخلاف الالقاء فانه اضطرارى ۱۲ قوله مع اختلاف القراءة قوله كما يقولون وقرا حمزة والكسائي كما تقولون بالتاء والامر ان في مثل هذا المقام شائعان وذلك انه اذا امر احد تبليغ كلام لاحد فالمبلغ له في حال تكلم الامر غائب و يصير غالبا سند التبليغ فاذا لو حظ الاول حقه الغيبة واذا لو حظا الثاني حقه الخطاب كذا في الروح ۱۲۔

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۝۴۵ وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓي اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ۝۴۶ نَحْنُ
اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ
اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝۴۷ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝۴۸ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا
عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ۝۴۹ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ۝۵۰ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ۚ
فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ۭ قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ۭ
ع قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ۝۵۱ يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۵۲

اور جب قرآن پڑھتے ہیں تو ہم آپ کے اور جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے درمیان میں ایک پردہ حائل کر دیتے ہیں اور (وہ پردہ یہ ہے کہ) ہم ان کے دلوں پر حجاب ڈالتے ہیں اس سے کہ وہ اس کو سمجھیں اور ان کے کانوں میں ڈاٹ دے دیتے ہیں اور جب آپ قرآن میں صرف اپنے رب کا ذکر کرتے ہیں تو وہ لوگ نفرت کرتے ہوئے پشت پھیر کر چل دیتے ہیں۔ جس وقت آپ کی طرف یہ لوگ کان لگاتے ہیں ہم خوب جانتے ہیں جس غرض سے یہ سنتے ہیں اور جس وقت یہ لوگ آپس میں سرگوشیاں کرتے ہیں جبکہ یہ ظالم یوں کہتے ہیں کہ تم لوگ محض ایسے شخص کا ساتھ دے رہے ہو جن پر جادو کا اثر ہو گیا ہے آپ دیکھئے کہ یہ لوگ آپ کے لئے کیسے کیسے القاب تجویز کرتے ہیں سو یہ لوگ گمراہ ہو گئے ہیں پس راستہ نہیں پا سکتے اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ کیا جب ہم (مر کر) ہڈیاں اور چورا ہو جاویں گے تو کیا ہم از سر نو پیدا اور زندہ کئے جاویں گے آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ تم پتھر یا لوہا یا اور کوئی مخلوق ہو کر دیکھ لو جو تمہارے ذہن میں بہت ہی بعید ہو اس پر پوچھیں گے کہ وہ کون ہے جو ہم کو دوبارہ زندہ

www.besturdubooks.net

کرے گا آپ فرمادیجئے کہ وہ وہ ہے جس نے تم کو اول بار پیدا کیا تھا اس پر آپ کے آگے سر ہلا ہلا کر کہیں گے کہ اچھا بتلاؤ یہ کب ہوگا آپ فرمادیجئے کہ عجب نہیں یہ قریب ہی آپہنچا ہو یہ اس روز ہوگا کہ اللہ تعالیٰ تم کو پکارے گا اور تم (بالاضطرار) اس کی حمد کرتے ہوئے حکم کی تعمیل کرلو گے اور تم یہ خیال کرو گے کہ تم بہت ہی کم رہے تھے۔

تفسیر ربط: اوپر فرمایا تھا کہ باوجود قرآن میں مضمون توحید مکرر ہونے کے انکو تذکر نہیں ہوتا آگے اس عدم تذکر کی وجہ عدم تدبر و تفکر کو فرماتے ہیں جس کے ساتھ تنفر و تمسخر بھی ہوتا تھا اور اس سے انکے انکار رسالت وقرآن پر بھی دلالت ہوگئی اور مضمون سابق یعنی ان کے انکار توحید کے اخبار کے ساتھ مناسبت ہوگئی۔

معاملۂ کفار وقت استماع قرآن ☆ وَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ (الی قولہ تعالٰی) فَلَا يَسْتَطِيعُونَ سَبِيلًا اور جب آپ (تبلیغ کے لئے) قرآن پڑھتے ہیں تو ہم آپ کے اور جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے درمیان میں ایک پردہ حائل کردیتے ہیں اور (وہ پردہ یہ ہے کہ) ہم ان کے دلوں پر حجاب ڈال دیتے ہیں اس سے کہ وہ (قرآن کے مقصود) کو سمجھیں اور انکے کانوں میں (اسکے بغرض ہدایت سننے سے) ڈاٹ دے دیتے ہیں (یعنی وہ پردہ عدم فہم اور عدم ارادۂ فہم ہے جس سے وہ آپ کی شان نبوت کا ادراک نہیں کرسکتے) اور جب آپ قرآن میں صرف اپنے رب (کے اوصاف و کمالات) کا ذکر کرتے ہیں (اور ان کے معبودین سے ان کمالات کی نفی کرتے ہیں) تو وہ لوگ (اسی عدم تفہم کے سبب اس سے) نفرت کرتے ہوئے پشت پھیر کر چل دیتے ہیں (آگے اس پر وعید ہے کہ) جس وقت یہ لوگ آپ کی طرف کان لگاتے ہیں تو ہم خوب جانتے ہیں جس غرض سے یہ (قرآن کو) سنتے ہیں (یعنی وہ غرض یہی اعتراض و طعن ہے) اور (نیز) جس وقت یہ لوگ (قرآن سننے کے بعد) آپس میں سرگوشیاں کرتے ہیں (ہم اس کو بھی خوب جانتے ہیں) جب کہ (اس سرگوشی میں) یہ ظالم یوں کہتے ہیں کہ تم لوگ (یعنی تمہاری برادری میں سے جو ان کے ساتھ ہوگئے ہیں) محض ایسے شخص کا ساتھ دے رہے ہو جس پر جادو کا (خاص) اثر (کہ وہ جنون ہے) ہوگیا ہے (یعنی یہ جو عجیب عجیب باتیں کرتے ہیں یہ سب مالیخولیا ہے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ذرا) آپ دیکھئے تو یہ لوگ آپ کے لئے کیسے کیسے القاب تجویز کرتے ہیں سو (ایسی ایسی باتیں اور ایسی ایسی مخالفتیں کرکے) یہ لوگ (بالکل ہی) گمراہ ہوگئے تو (اب حق کا) راستہ نہیں پاسکتے (کیونکہ ایسے امور سے استعداد ضائع ہوجاتی ہے غرض قرآن کے ساتھ استہزاء رسول کے ساتھ بھی استہزاء اس سے بڑھ کر کیا ضلالت ہوگی)۔ ف: صحیح حدیثوں میں آیا ہے کہ آپ پر ایک دفعہ جادو چل گیا تھا بعض لوگوں نے اس آیت سے اس حدیث کی تکذیب کی ہے کہ یہ قول تو کفار کا تھا اور باطل تھا جواب اس کا تقریر ترجمہ سے ظاہر ہوگیا کہ ان کا مقصود مسحور کہنے سے بطور کنایہ کے مجنون کہنا تھا جس کے خیالات اور مقالات سب ہذیانات اور توہمات ہوتے ہیں اور وہ وحی کو اسی قبیل سے کہتے تھے یہ بیشک قرآن میں منفی ہے اور آپ پر جو سحر ہوا تھا اس سے بعض جزئی اور امور عادیہ میں ایک گونہ ذہول ہوگیا تھا باقی دنیوی امور میں بھی کوئی اختلال نہیں ہوا اور دینی امور میں تو ایسا ذہول بھی نہیں ہوا اور نہ بعد زوال اس کے اثر کے اللہ تعالیٰ ان امور پر متنبہ فرمادیتے جیسا خطائے اجتہادی میں متنبہ ہوجاتا تھا پھر آیت میں سحر کے اثر خاص یعنی جنون کی نفی ہے اور حدیث میں اثبات مطلق سحر کا آیا ہے اور نفی خاص سے نفی عام کی لازم نہیں آتی۔ پس آیت و حدیث میں کچھ تعارض نہیں۔ ربط: اوپر ان کفار کے انکار توحید و رسالت وقرآن کا جواب تھا آگے ان کے انکار بعث کا جواب ہے و نیز اس سے نبوت پر بھی شبہ کرتے تھے کہ ایسے معاملات کی خبر دینے والا رسول کس طرح ہوسکتا ہے۔ پس اس طور پر ان آیات میں بعث اور رسالت دونوں کے متعلق شبہات کا حل ہے۔

کلام با منکرین بعث ☆ وَقَالُوا أَإِذَا كُنَّا عِظَامًا وَرُفَاتًا (الی قولہ تعالٰی) وَتَظُنُّونَ إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ کیا جب ہم (مرکر) ہڈیاں اور (ہڈیوں کا بھی) چورا (یعنی ریزہ ریزہ) ہوجاویں گے تو کیا (اس کے بعد قیامت میں) ہم ازسر نو پیدا اور زندہ کئے جاویں گے (یعنی اول تو مرکر ہی زندہ ہونا مشکل ہے کہ محل میں قابلیت نہیں رہی پھر خاص کر ایسی حالت میں کہ محل میں اجتماع بھی نہ رہے) آپ (جواب میں) فرمادیجئے کہ (تم ہڈیوں ہی سے حیات کو بعید کہتے ہو اور ہم کہتے ہیں کہ) تم پتھر یا لوہا یا اور کوئی ایسی مخلوق ہو کر دیکھ لو جو تمہارے ذہن میں (قبول حیات سے) بہت ہی بعید ہو (دیکھو زندہ کئے جاؤ گے یا نہیں اور لوہے پتھر کا بعید عن الحیات ہونا ظاہر ہے کہ ان میں کبھی حیوانی حیات نہیں آئی بخلاف اجزائے انسان کے کہ ایک بار حیات کے ساتھ موصوف ہوچکے ہیں جب ابعد کا احیاء ممکن ہے تو اقرب کا احیاء تو بدرجۂ اولیٰ ممکن ہے اور کونوا سے مقصود امر نہیں ہے بلکہ تعلیق ہے کہ اگر حدید و حجارہ بھی ہوجاؤ تب بھی محل قدرت رہو گے) اس پر (یعنی جب قابل کی قابلیت ثابت ہوگئی تو اب فاعل کی تحقیق کرنے کے لئے آپ سے) پوچھیں گے کہ وہ کون ہے جو دوبارہ ہم کو زندہ کرے گا آپ فرمادیجئے کہ وہ وہ ہے جس (کی اتنی بڑی قدرت ہے کہ اس) نے تم کو اول بار میں پیدا کیا تھا (جب کہ تم جماد محض تھے اب اس کی قدرت کہاں گئی خصوص ایسی چیز پر کہ اس میں قابلیت بھی زیادہ ہے غرض قابل تام اور فاعل کامل پھر فعل میں کیا استبعاد) اس پر (جب قابل و فاعل دونوں کی تحقیق ہوچکی زمانہ وقوع کی تحقیق کے لئے) آپ کے آگے (بطور انکار کے) سر ہلا ہلا کر کہیں گے کہ (اچھا یہ بتایئے) یہ (زندہ ہونا) کب ہوگا آپ فرمادیجئے کہ عجب نہیں یہ قریب ہی آپہنچا ہو (آگے اس کے وقت وقوع کی حالت کا بیان ہے کہ) یہ اس روز ہوگا کہ اللہ تعالیٰ تم کو (زندہ کرنے اور میدان حشر میں جمع ہونے کے لئے فرشتہ کے ذریعہ سے) پکارے گا۔ اور تم (بالاضطرار) اس کی حمد (وثنا) کرتے ہوئے حکم کی تعمیل کرلو گے (یعنی زندہ بھی ہوجاؤ گے اور میدان حشر میں بھی

www.besturdubooks.net

حاضر ہو جاؤ گے) اور (اس روز کی ہول و ہیبت دیکھ کر یہ حال ہوگا کہ دنیا و قبر میں رہنے کی نسبت) تم یہ خیال کرو گے کہ تم (قبر و دنیا میں) بہت ہی کم (مدت) رہے تھے (کیونکہ قبر و دنیا میں اس دن کی نسبت سے پھر بھی راحت تھی اور راحت کا زمانہ شدت کے زمانہ کے سامنے کم معلوم ہوتا ہے) **ف:** فَتَسْتَجِيبُونَ بِحَمْدِهِ کی تفسیر میں صاحب روح نے عبد بن حمید سے ابن جبیر کا قول نقل کیا ہے کہ قبروں سے **سبحنك اللهم و بحمدك** کہتے ہوئے نکلیں گے گو کافر کو یہ نافع نہ ہو اور بعض نے کہا ہے کہ یہ کنایہ ہے انقیاد سے یعنی **تنقادون له انقياد الحامدين** اور یہ فرشتہ جس کے ذریعہ سے پکارا جاوے گا اسرافیل علیہ السلام ہیں ان کے نفخہ میں یہی حکم ہوگا اور بالاضطرار اس لئے کہا کہ حیات میں تو مطلق اختیار نہیں اور میدان حشر میں جمع ہونے پر کامل اختیار نہیں۔

ملحقات الترجمة: ۱ **قوله في وجعلنا** وہ پردہ **اشارة الى كون العطف تفسيريا**۱۲۔ ۲ **قوله في توضيح جعلنا على قلوبهم** جس سے وہ **توجيه لعجل الحجاب بينهم وبينه صلى الله عليه وسلم مع انهم كانوا يدركونه و حاصل الوجه وقوع الحجاب بينهم و بينه صلى الله عليه وسلم باعتبار عدم ادراكهم ما هو عليه من النبوة وجلالة القدر**۱۲۔ ۳ **قوله في وحده** کمالات کی نفی **فمعنى وحده ما هو بشرط لا شئ لا ما هو لا بشرط شئ**۱۲۔ ۴ **قوله في ان تتبعون** تمہارے برادری **ففي الكلام تجوز فلا يراد انهم لم يتبعوه صلى الله عليه وسلم**۱۲۔

اللغات: قوله مستورا اما بمعنى اسم الفاعل اى الساتر او بمعنى النسبة اى اذا ستر كذا قالوا ۱۲ قوله وحده قيل مصدر وهو حال بمعنى واحد او قيل انه ليس بمصدر بل هو اسم موضوع موضع المصدر وهو الايجاد الموضوع موضع الحال وهو موحد قوله نفورا مصدر مفعول مطلق او لاجله او جمع نافر ۱۲ قوله بما يستمعون به اى متلبس به من الهزء والاستخفاف بك وبالقرآن فالباء الاولى صلة علم والثانية للتلبس والموصول يراد به الهزء واللغو۱۲۔ قوله نجوى مصدر كزيد عدل او جمع نجى كفضيل وقتلى۱۲۔ قوله الامثال الاوصاف العجيبة البعيدة عنه صلى الله عليه وسلم والمراد الجنس فلا يرد انهم ما قالوا الا مسحوراً فقط او يقال ان قولهم هذا يدل على اقوالهم الأخر المماثلة فجمعت فى الآية۱۲ النغض الحركة والانغاض التحريك وقيل التحريك الذى هو بطريق الانكار خاصة اى سيحر كون انكاراً واستهزاءً ۱۲۔

النحو: قوله اذ يستمعون ظرف لا علم لا باعتبار التقييد بل باعتبار الاخبار عن الواقع للايقاظ من غير تخصيص واذ هم نجوى معطوف على اذ يستمعون لكن من حيث تعلقه بما به التناجي المدلول عليه السياق النظم والمعنى نحن اعلم بما يستمعون به اذ يستمعون اليك ونحن اعلم بما يتناجون به اذ هم نجوى۱۲ قوله ء اذا كنا الظرف متعلق بمقدر اى نبعث لا بمبعوثون لان ان لها الصدر فلا يعمل ما بعدها فى ما قبلها والهمزة الثانية تاكيد للاولى وخلقا جديدًا مفعول مطلق يكون خلقًا بمعنى بعثا او حال فيكون خلقًا بمعنى مخلوقًا قوله يوم عامله تبعثون القدر او يكون المقدر قوله قل الذى اى هو الذى۱۲۔

البلاغة: قوله الذين لا يؤمنون بالأخرة وقوله يقول الظلمون فى كليهما وضع المظهر موضع المضمر ايذانا بالتقبيح۱۲۔ قوله فتستجيبون بحمده هي مبالغة فى انقيادهم للبعث كقولك لمن تامره بامر يشق عليه ستأتي به وانت حامد شاكر وهذا يذكر فى معرض التهديد كذا فى النيسابورى۱۲۔

وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۵۳﴾ رَبُّكُمْ
اَعْلَمُ بِكُمْ ؕ اِنْ يَّشَاْ يَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ؕ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۵۴﴾ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۵۵﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ
دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ﴿۵۶﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ
اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ؕ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾ وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ
مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾

اور آپ میرے (مسلمان) بندوں سے کہہ دیجئے کہ ایسی بات کہا کریں جو بہتر ہو شیطان لوگوں میں فساد ڈلوا دیتا ہے واقعی شیطان انسان کا صریح دشمن ہے۔ تم سب کا حال

www.besturdubooks.net

تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے اگر وہ چاہے تم پر رحمت فرمادے یا اگر وہ چاہے تو تم کو عذاب دینے لگے اور ہم نے آپ (تک) کو ان کا ذمہ دار بنا کر نہیں بھیجا اور آپ کا رب خوب جانتا ہے ان کو جو کہ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہیں اور ہم نے بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت دی ہے اور ہم داؤد علیہ السلام کو زبور دے چکے ہیں۔ آپ فرمادیجئے کہ جن کو تم خدا کے سوا (معبود) قرار دے رہے ہو ذرا ان کو پکارو تو سہی سو وہ یقیناً نہ تم سے تکلیف کو دور کرنے کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ اس کے بدلنے کا یہ لوگ کہ جن کو مشرکین پکار رہے ہیں وہ خود اپنے رب کی طرف وسیلہ ڈھونڈ رہے ہیں کہ ان میں کون زیادہ مقرب بنتا ہے اور وہ اس کی رحمت کے امیدوار ہیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں (اور) واقعی آپ کے رب کا عذاب ہے بھی ڈرنے کے قابل اور (کفار کی) ایسی کوئی بستی نہیں جس کو ہم قیامت سے پہلے ہلاک نہ کریں یا (قیامت کے روز) اس کو سخت عذاب نہ دیں یہ بات کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں لکھی ہوئی ہے۔

تفسیر: ربط: اوپر کفار کی جہالات کا ذکر تھا جو مسلمانوں کو غصہ آنے کا مظنہ تھا اس لئے آگے جواب میں نرمی برتنے کی تعلیم ہے۔

تعلیم ترک خشونت در محاجۂ کفار ☆ وَقُلْ لِّعِبَادِیْ (الی قولہ تعالی) وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ وَكِیْلًا ۝ اور آپ میرے (مسلمان) بندوں سے کہہ دیجئے کہ (اگر کفار کو جواب دیں تو) ایسی بات کہا کریں جو (اخلاق کے اعتبار سے) بہتر ہو (یعنی اس میں سب وشتم اور خشونت اور اشتعال نہ ہو کیونکہ) شیطان (سخت جواب کہلوا کر) لوگوں میں فساد ڈلوا دیتا ہے واقعی شیطان انسان کا صریح دشمن ہے (اور وجہ ہمارے اس علم کی یہ ہے کہ سختی سے کوئی فائدہ نہیں کیونکہ ہدایت و ضلالت بالکل مشیت ازلیہ کے متعلق ہے سو) تم سب کا حال تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے (کہ کون کس قابل ہے پس) اگر وہ چاہے تم (میں سے جس) پر (چاہے) رحمت فرمادے (یعنی ہدایت کردے) یا اگر وہ چاہے تو تم (میں سے جس) کو (چاہے) عذاب دینے لگے (یعنی اس کو توفیق ہدایت نہ دے اور اس پر عذاب ہو) اور ہم نے آپ[1] (تک) کو ان (کی ہدایت) کا ذمہ دار بنا کر نہیں بھیجا (جب آپ باوجود نبوت کے ذمہ دار نہیں بنائے گئے تو اور امتی تو کیونکر ذمہ دار ہو سکتے ہیں پھر اس قدر درپے ہونا اور سختی سے کام لینا کیا ضرور) ف: مراد اس سے بے ضرورت سختی کرنا ہے جیسا اکثر مجادلات میں ہو جاتی ہے ورنہ ضرورت اور مصلحت کے موقع پر اس سے زیادہ قتال تک کی اجازت ہے خوب کہا گیا ہے۔

بے حکم شرع آب خوردن خطاست ☆ وگر خوں بفتوی بریزی رواست

ربط: اوپر وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ اور وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا میں کفار کے انکار رسالت پر دلالت تھی منجملہ ان کے وجوہ انکار[2] رسالت کے ایک ان کا یہ بھی خیال تھا کہ رسول فرشتہ ہونا چاہئے یا اگر بشر ہو تو کوئی رئیس ہو جیسا ان کا قول نقل کیا گیا ہے: لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰی رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْیَتَیْنِ عَظِیْمٍ [الزخرف: ۳۱] آگے اس شبہ کا جواب اور ذکر داؤد علیہ السلام سے آپ کی رسالت کی تائید اور رسولوں میں سے آپ کے افضل ہونے کی طرف اجمالی اشارہ فرماتے ہیں۔

اثبات رسالت وفضیلت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِیّٖنَ عَلٰی بَعْضٍ وَّاٰتَیْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝ اور آپ کا رب خوب جانتا ہے ان کو (بھی) جو کہ آسمانوں میں ہیں اور (ان کو بھی جو کہ) زمین میں ہیں۔ (آسمان والوں سے مراد ملائکہ اور زمین والوں سے جن اور انسان مطلب یہ کہ ہم خوب واقف ہیں کہ ان میں سے کس کو نبی بنانا مناسب ہے اور کس کو نہیں پس اگر آپ کو نبی بنا دیا تو کیا تعجب ہے) اور (اسی طرح اگر آپ کو فضیلت دی تو کیا تعجب ہے کیونکہ) ہم نے (پہلے بھی) بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت دی ہے اور (اسی طرح اگر آپ کو قرآن دیا تو کیا تعجب ہے کیونکہ آپ کے قبل) ہم داؤد (علیہ السلام) کو زبور دے چکے ہیں۔ ف: زبور کی تخصیص میں یہ نکتہ[3] ہے کہ اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحب ملک وسلطنت ہونے کی خبر دی گئی ہے قال تعالٰی: وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِی الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ یَرِثُهَا عِبَادِیَ الصّٰلِحُوْنَ [الأنبیاء: ۱۰۵] چنانچہ تفسیر حقانی میں اس مضمون کا حوالہ ۳۷ زبور کے ۹ اور گیارہویں درس پر کیا ہے۔ ربط: اوپر چند آیتوں میں شرک کا ابطال تھا آگے اس میں سے بعض خاص صورتوں کا رد ہے اور وہ خاص صورت یہ ہے کہ بعض لوگ ملائکہ اور جنات کی پرستش کرتے تھے پھر وہ جنات مسلمان ہو گئے اور فرشتے تو مؤمن ہیں ہی لیکن یہ لوگ پھر بھی ان کی پرستش کرتے رہے اس باب میں یہ آیتیں نازل ہوئی ہیں **رواه البخاری عن ابن مسعود حدیث الجن وابن جریر عنه حدیث الملائكة وفیه یقولون هم بنات الله۔ كذا فی الدر المنثور۔**

عود بابطال شرک ☆ قُلِ ادْعُوا الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ (الی قولہ تعالی) اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ۝ آپ (ان لوگوں سے) فرمادیجئے کہ جن کو تم خدا کے سوا (معبود) قرار دے رہے ہو (جیسے ملائکہ وجنات) ذرا ان کو (تکلیف دور کرنے کے لئے) پکارو تو سہی سو (یقیناً) وہ نہ تم سے تکلیف کو دور کرنے کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ اس کے بدل ڈالنے کا (اختیار رکھتے ہیں مثلاً شدید سے خفیف ہی کر دیں اور وجہ اس کی ظاہر ہے کہ گو جنات وملائکہ نفس اختیار کی صفت سے موصوف ہیں لیکن اپنے اختیار میں محتاج حق تعالٰی کے ہیں پس جس چیز کا اختیار نہیں ہوا اس پر اختیار نہیں رکھتے چنانچہ فرماتے ہیں کہ) یہ لوگ کہ جن کو مشرکین (جلب منفعت یا دفع مضرت کے لئے) پکار رہے ہیں وہ خود ہی اپنے رب کی طرف (پہنچنے کا) ذریعہ ڈھونڈ رہے ہیں کہ ان میں کون زیادہ مقرب بنتا

www.besturdubooks.net

ہے (یعنی خود ہی طاعت وعبادت میں مشغول ہیں تاکہ اللہ تعالیٰ کا قرب میسر ہو جاوے اور چاہتے ہیں کہ زیادہ قرب ہو جاوے) اور وہ اس کی رحمت کے امیدوار ہیں اور اس کے عذاب سے (درصورت نافرمانی کے) ڈرتے ہیں (اور) واقعی آپ کے رب کا عذاب ہے بھی ڈرنے کے قابل (مطلب یہ کہ جب وہ خود عابد ہیں تو معبود کیونکر ہوں گے اور جب وہ خود ہی منفعت یعنی رحمت میں اللہ تعالیٰ کے محتاج ہیں اوروں کو کیا منفعت دے سکتے ہیں۔ اسی طرح جب وہ خود مضرت یعنی عذاب سے بچنے میں اللہ تعالیٰ کے محتاج ہیں تو اوروں سے مضرت کو کیا دفع کر سکتے ہیں پھر ان کا معبود ومعین بنانا محض باطل ہوگا)۔

ربط: اوپر آیات: وَيَدْعُ الْإِنْسَانُ (الی قولہ تعالی) وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُونِ میں فی نفسہٖ کفار کا استحقاق عذاب اور اس کا عارض کی وجہ سے توقف مذکور تھا اب پھر اس کے وقوع کا یقینی ہونا بیان فرماتے ہیں بعض پر دنیا میں بھی اور بعض پر آخرت میں مقصود یہ کہ ٹلے گا نہیں اگر یہاں نہیں تو وہاں ضرور ہوگا اور نیز اس کے قبل کی آیت کے خاتمہ پر: إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُورًا ۝ میں عذاب کو قابل حذر بتلایا تھا اب اس عذاب کے وقوع کو بتلاتے ہیں دونوں توجیہ مناسب کی ہو سکتی ہیں۔

ترہیب کفار از ہلاک وعذاب ☆ وَإِنْ مِنْ قَرْيَةٍ إِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوهَا (الی قولہ تعالی) كَانَ ذَٰلِكَ فِي الْكِتَابِ مَسْطُورًا ۝ اور (کفار کی) ایسی کوئی بستی نہیں جس کو ہم قیامت سے پہلے ہلاک نہ کریں یا (قیامت کے روز) اس (کے رہنے والوں) کو (دوزخ کا) سخت عذاب نہ دیں یہ بات کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں لکھی ہوئی ہے (پس اگر کوئی کافر یہاں کسی آفت میں ہلاک ہونے سے بچ گیا تو قیامت کے روز آفت کبریٰ سے نہ بچے گا۔ **ف**: ہلاک ہونے میں آفت کی قید اس لئے ظاہر کر دی کہ موت طبعی سے تو سب ہلاک ہوتے ہی ہیں اس میں کفر کی تخصیص نہیں ہے۔

ربط اوپر چند آیات میں رسالت کے متعلق کلام تھا چنانچہ آیت: رَبُّكُمْ أَعْلَمُ الخ کی تمہید میں عنقریب مذکور ہوا ہے آگے بھی رسالت ہی کے متعلق ان کے ایک شبہ کا جواب ہے منشا شبہ کا بعض خاص فرمائشی معجزات کا واقع نہ ہونا تھا آیت میں ان کے عدم وقوع کی حکمت کے بیان سے جواب دیا گیا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: وَقُلْ لِعِبَادِي يَقُولُوا الخ اس میں مخالفین کے ساتھ نرمی کرنے کی تعلیم ہے قولہ تعالی: رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِكُمْ الخ اس میں دلالت ہے کہ اصلاح میں کسی کے درپے نہ ہو ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ما ارسلنك آپ تک فيه اشارة الى وجه العدول عن ضمير الجمع الى الواحد فان ظاهر المقام ارسلناكم ۱۲۔ ۲ قوله في التمهيد وجوه انكار رسالت الخ ذكره في روح المعاني ۱۲۔ ۳ قوله في ف نكتہ الخ ذكره في الروح ۱۲۔ ۴ قوله قابل اشارة الى ما في النيسابوري اى حقيقا بان يحذره كل احد ۱۲۔ ۵ قوله في قرية كفار کی دل على هذا التخصيص المقام ۱۲۔ ۶ قوله في معذبوها قیامت کے روز دل عليه السكوت عن القيد السابق ومجيئه في مقابلته وايضا يدل عليه اتصاف العذاب بالشديد المناسب بعذاب القيامة ۱۲۔

النحو: قوله يقولوا عن الزجاج انه مجزوم بلام الامر المقدرة اى ليقولوا كذا في الروح ۱۲۔ قوله اولئك مبتدأ الذين صفة يدعون صلة ويبتغون خبر والمراد باولئك المعبودون والضمير في يدعون الى العابدين والمفعول محذوف اى اولئك الذين يدعونهم الخ قوله ايهم اقرب ذكر الزمخشري وجهين الثاني كون اى استفهامية وهي مبتدأ واقرب خبرها والجملة في محل نصب يبتغون وضمن معنى يحرصون فكانه قيل يحرصون ايهم يكون اقرب الى الله تعالى وذلك بالطاعة وازدياد الخير والصلاح ۱۲۔

البلاغۃ: قوله قل ادعوا الخ في الآية ترق وتدرج لان قوله تعالى ادعوا اعتبر فيه كشف الضر لفظا لقرينة لا يملكون كشف الضر ووجه التخصيص ان دفع الضر اهم من جلب النفع ثم قوله تعالى يدعون اعتبر فيه باطلاقه كشف الضر وجلب النفع كلاهما ثم قاله تعالى في الجواب يبتغون الخ اعتبر فيه ثلثة امور كونهم عابدين المدلول عليه بقوله يبتغون وكونهم محتاجين في جلب النفع المدلول عليه بقوله يرجون وكونهم محتاجين في دفع الضر المدلول عليه بقوله يخافون فافهم ۱۲۔

وَمَا مَنَعَنَا أَنْ نُرْسِلَ بِالْآيَاتِ إِلَّا أَنْ كَذَّبَ بِهَا الْأَوَّلُونَ ۚ وَآتَيْنَا ثَمُودَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوا بِهَا ۚ وَمَا نُرْسِلُ بِالْآيَاتِ إِلَّا تَخْوِيفًا ۝ وَإِذْ قُلْنَا لَكَ إِنَّ رَبَّكَ أَحَاطَ بِالنَّاسِ ۚ وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِي أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُونَةَ فِي الْقُرْآنِ ۚ وَنُخَوِّفُهُمْ فَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا طُغْيَانًا كَبِيرًا ۝ ع ۶

اور ہم کو خاص (فرمائشی) معجزات کے بھیجنے سے صرف یہی امر مانع ہوا کہ پہلے لوگ ان کی تکذیب کر چکے ہیں اور ہم نے قوم ثمود کو اونٹنی دی تھی جو کہ بصیرت کا ذریعہ تھی سو ان

www.besturdubooks.net

لوگوں نے اس کے ساتھ ظلم کیا اور ہم ایسے معجزات کو صرف ڈرانے کے لئے بھیجا کرتے ہیں اور وہ وقت یاد کر لیجئے جب کہ ہم نے آپ سے کہا تھا کہ آپ کا رب (اپنے علم سے) تمام لوگوں کو محیط ہو رہا ہے اور ہم نے جو تماشا آپ کو دکھایا تھا اور جس درخت کی قرآن میں مذمت کی گئی ہے ہم نے تو ان دونوں چیزوں کو ان لوگوں کے لئے موجب گمراہی کر دیا اور ہم ان کو ڈراتے رہتے ہیں لیکن ان کی بڑی سرکشی بڑھتی چلی جاتی ہے۔

تفسیر: حکمت عدم وقوع بعض مقترحات کفار ☆ وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ (الی قوله تعالی) فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿﴾ اور ہم کو خاص (فرمائشی) معجزات کے بھیجنے سے صرف یہی امر مانع ہوا کہ پہلے لوگ ان (کے ہم جنس[1] فرمائشی معجزات) کی تکذیب کر چکے ہیں (اور طبیعتیں اُن کی اور اِن کی مشابہ ہیں پس یہ بھی تکذیب کریں گے) اور (نمونہ کے طور پر ایک قصہ بھی سن لو کہ) ہم نے قوم ثمود کو (ان کی فرمائش کے موافق بطور معجزہ صالح علیہ السلام کی) اونٹنی دی تھی (جو عجیب طور پر پیدا ہوئی اور) جو کہ (معجزہ ہونے کے سبب فی نفسہ) بصیرت[2] کا ذریعہ تھی سو ان لوگوں نے (اس سے بصیرت حاصل نہ کی بلکہ) اس کے ساتھ (بڑا ظلم کیا کہ اس کو قتل کر ڈالا پس ایسا ہی یہ بھی کریں گے) اور ہم ایسے معجزات کو صرف (اس بات سے) ڈرانے کے لئے بھیجا کرتے ہیں (کہ اگر ایمان نہ لاؤ گے تو ابھی ہلاک کر دیئے جاؤ گے یعنی فرمائشی معجزات سے اصل مقصود یہ ہوتا ہے اور اس پر ایمان کا اثر کم مرتب ہوتا ہے پس اگر ان کا وقوع ہوتا تو یہ ایمان نہ لاتے اور ہم اپنے وعدہ تخویفی کو پورا کرتے تو یہ ہلاک ہوتے جیسے ثمود اور اصحاب مائدہ کے ساتھ ہوا اور ابھی بہت سی حکمتوں سے ان کے ہلاک کا وقت مقرر نہیں آیا) اور (ہم جو کہتے ہیں کہ یہ ایمان نہ لاویں گے تو وجہ یہ کہ ہم کو یہ بات پہلے سے معلوم ہے اور اس کے قبل ہم آپ کو اپنے اس معلوم ہونے کی اطلاع بھی دے چکے ہیں چنانچہ) آپ وہ وقت یاد کر لیجئے جب کہ ہم نے آپ سے کہا تھا (کبھی وحی غیر متلو کے ذریعہ سے کہا ہوگا) کہ آپ کے رب (اپنے علم سے) تمام لوگوں (کے احوال ظاہری موجودہ و مستقبلہ) کو محیط ہو رہے ہیں (اور ان احوال مستقبلہ میں ان کا ایمان نہ لانا بھی ہے پس اللہ تعالیٰ کو وہ بھی معلوم ہے) اور جیسا ان کی حالت کا قیاس واقعات اولین پر دلیل ہے ان کے ایمان نہ لانے کی اسی طرح خود ان کے بعض واقعات پر قیاس کرنا نیز دلیل ہے ان کے ایمان نہ لانے پر چنانچہ) ہم نے (واقعہ معراج میں) جو تماشا (بیداری میں) آپ کو دکھلایا تھا اور جس درخت کی قرآن میں مذمت[3] کی گئی ہے (یعنی زقوم کہ طعام کفار ہے) ہم نے ان دونوں چیزوں کو ان لوگوں کے لئے موجب گمراہی کر دیا (یعنی ان دونوں امر کو سن کر تکذیب کی معراج کی تو اس لئے کہ ایک شب میں اتنی دور جانا یا بالخصوص آسمان پر کسی طرح بھی جانا ممکن نہیں اور شجرۂ زقوم کی اس لئے کہ وہ دوزخ میں بتلایا جاتا ہے سو اس پر کہتے تھے کہ آگ سے تو درخت جل جاتا ہے نہ کہ اس میں پیدا ہو۔ خلاصہ یہ کہ ان میں ایک امر خارق تو دنیا ہی میں واقع ہوا اور ایک امر گو دنیا میں خارق ہے لیکن اس کا وقوع آخرت میں ہے کہ وہاں کے اعتبار سے خارق ہونا ضرور نہیں کیونکہ ممکن ہے کہ وہاں کی یہی عادت ہو مگر آخر ان امور کی تکذیب کی پس اس قیاس سے بھی عام مخاطبین بہت جلدی سمجھ سکتے ہیں کہ اگر فرمائشی معجزات آتے ضرور یہ تکذیب کرتے اور یہ دونوں قیاس تقریب فہم ناظرین و سامعین کے لئے ورنہ اصل دلیل تو وہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کو یہ بات معلوم ہے جس کی طرف اَحَاطَ بِالنَّاسِ میں اشارہ ہے) اور ہم (ان کو گو ایسے آیات مقترحہ کے ایقاع سے تخویف نہیں کرتے لیکن آیات[4] تشریعیہ کے ذریعے سے) ان کو (عذاب آخرت) ڈراتے رہتے ہیں لیکن ان کی بڑی سرکشی بڑھتی چلی جاتی ہے (حالانکہ یہ تخویف باصلہ موضوع ہدایت ہی کے لئے ہے جب امر موضوع للہدایت سے ان کو ہدایت نہیں ہوتی تو امر غیر موضوع للہدایہ یعنی آیات مقترحہ موضوعہ للتخویف والتعذیب سے تو ان کو کیا ہدایت ہوتی جیسا یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم ان کے ظاہر ہونے پر ایمان لے آتے اس لئے ظاہر نہ ہونا مصلحت ہوا۔ **ف**: شجرۂ زقوم کے ساتھ علاوہ تکذیب بالنحو المذکور کے ایک استہزاء بھی کرتے تھے جس کا بیان مع زائد تحقیق اس مقام کے سورۂ صف کے دوسرے رکوع کے اخیر میں آوے گا وہاں ملاحظہ فرمایا جاوے۔

ربط: اوپر آیات: وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ میں کفار کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے استہزاء و خلاف کے ساتھ پیش آنا اور اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ الخ میں ملائکہ کا جن کو کفار نے معبود بنا رکھا تھا عبودیت و انقیاد بجالانا اور وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ الخ میں آیات مقترحہ کی کفار کی جانب سے فرمائش ہونا مذکور ہے آگے قصہ آدم و ابلیس کا جو ان سب مضامین کے مناسب ہے بیان فرماتے ہیں کہ اس سے مضمون اول کی وجہ بھی معلوم ہوگئی کہ حسد سے جس طرح ابلیس کو یہی حسد باعث مخالفت آدم علیہ السلام ہوا تھا اور ساتھ ساتھ تسلی بھی کر دی گئی کہ جس طرح اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی شیطان سے حفاظت کرتے ہیں اسی طرح شر کفار سے آپ کو بچالیں گے اور اس سے مضمون ثانی کی بھی تقویت ہوگئی کہ اس میں امتثال ملائکہ کا مذکور ہے اور مضمون ثالث کا سبب بھی معلوم ہوگیا کہ شیطان ان سے ایسے کام کراتا ہے جیسا کہ اس نے کہہ دیا تھا کہ میں گمراہ کروں گا اور ساتھ ساتھ ایسے کام کرنے والوں کے واسطے وعید کی طرف بھی اشارہ ہے جیسا شیطان کے جواب ہی میں کہہ دیا گیا تھا کہ تیرے تابعین کی سزا جہنم ہے۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قوله فی كذب بها ہم جنس زاده لان عين هذه الآيات التي يقترحها قريش لم تقع في الاولين ۱۲۔ [2] قوله في مبصرة بصیرت کا ذریعہ۔ كما في الروح يتبصربها الغير فالصيغة للنسب ۱۲۔ [3] قوله في الملعونة مذمت لقوله تعالى طلعها كانه رؤس

الشياطين واشار به الى ان ماخذه قول العرب لكل طعام مكروه ضار ملعون۱۲۔ ع قوله فى نخوفهم آيات تشريعيه اشارة الى دفع ايراد هو ان قوله تعالى وما نرسل الخ يدل على عدم وقوع التخويف وقوله نخو فهم دال على وقوعه تقرير الدفع ان المنفى التخويف بالعذاب العاجل والمثبت التخويف بالآجل۱۲۔

الروايات: فى الدر المنثور اخرج ابن اسحق وابن جرير وابن المنذر عن الحسن رضى الله عنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اصبح يحدث بذلك فكذب به اناس فانزل الله فيمن ارتد وما جعلنا الخ وفيه اخرج ابن المنذر عن ابن عباس رضى الله عنهما فى قوله والشجرة الملعونة قال ملعونة لان طلعها كانه رؤس الشياطين وهم ملعونون وفى اللباب اخرج الحاكم والطبرانى وغيره عن ابن عباس رضى الله عنهما قال سأل اهل مكة النبى صلى الله عليه وسلم ان يجعل لهم الصفا ذهبا وان ينحى عنهم الجبال فيزرعوا فقيل له ان شئت ان تستانى بهم (اى منتظر) وان شئت نؤتهم الذى سألوا فان كفروا اهلكوا كما اهلكت من قبلهم قال بل استانى بهم فانزل الله تعالى وما منعنا ان نرسل بالآيات الخ وفى اللباب اخرج ابن ابى حاتم والبيهقى فى البعث عن ابن عباس رضى الله عنهما قال لما ذكر الله الزقوم خوف به هذا الحى من قريش قال ابو جهل هل تدرون ما هذا الزقوم الذى يخوفكم به محمد قالوا لا قال الثريد بالزبد اما لئن امكننا منها لتزقمنها زقما فانزل الله والشجرة الملعونة فى القرآن ونخوفهم فما يزيدهم الا طغياناً كبيرا او انزل ان شجرة الزقوم طعام الاثيم وفيه اخرج جرير عن قتادة قال قال ابو جهل زعم صاحبكم هذا ان فى النار شجرة والنار تاكل الشجرة وانا والله ما نعلم الزقوم الا التمر او الزبد فانزل الله حين عجبوا ان يكون فى النار شجرة تخرج فى اصل الجحيم۱۲۔

الكلام: استدل بعض بالرؤيا على ان المعراج كان فى المنام وبترجمتى حصل الجواب كما فى الدر المنثور عن البخارى وخلق كثير عن ابن عباس قال هى رويا عين اريها رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلة اسرى به وليست برؤيا منام۔

النحو: قوله والشجرة الملعونة عطف على الرؤيا اى وما جعلنا الشجرة الا فتنة للناس۱۲۔

البلاغة: قوله وما منعنا الى كبير ذكر فى الآية قياسين الاول قياس حالهم على احوال السابقين فى الآية الاولى والثانى قياس حالهم هذه على حالهم السابقة فى الآية الثانية و خارقين الاول الناقة والثانى الشجرة وتخويفين الاول ما نرسل بالآيات الا تخويفا والثانى ونخوفهم۱۲ قوله اتينا ثمود تخصيص الناقة لوجوه منها ان المشهور ثمود كانوا اقترحوها فنسب ذكرها مع الآيات المقترحة الثانى ان ثمود كانوا من العرب الثالث فى الدر المنثور اخرج البيهقى فى الدلائل عن الربيع بن انسؓ قال قال الناس لرسول الله صلى الله عليه وسلم لو جئتنا بآية كما جاء بها صالح والنبيون الخ فلما ذكروا الناقة بالخصوص ناسب ذكرها خصوصاً۔

وَ اِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ۚ﴿۶۱﴾ قَالَ اَرَءَيْتَكَ

هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ ۫ لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۲﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ

تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ﴿۶۳﴾ وَ اسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَ اَجْلِبْ

عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَ رَجِلِكَ وَ شَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَ الْاَوْلَادِ وَ عِدْهُمْ ؕ وَ مَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۶۴﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ

لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ؕ وَ كَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ﴿۶۵﴾ رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿۶۶﴾ وَ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ؕ وَ كَانَ الْاِنْسَانُ

كَفُوْرًا ﴿۶۷﴾ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ﴿۶۸﴾

اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا

www.besturdubooks.net

لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿٦٩﴾ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ

خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴿٧٠﴾ ع ۷

اور جب کہ ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو سوان سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے (نہ کیا اور) کہا کہ کیا میں ایسے شخص کو سجدہ کروں جس کو آپ نے مٹی سے بنایا ہے کہنے لگا کہ اس شخص کو جو آپ نے مجھ پر فضیلت دی ہے تو بھلا بتلایئے تو خیر اگر آپ نے مجھ کو قیامت کے زمانہ تک مہلت دے دی تو میں (بھی) بجز قدرے قلیل لوگوں کے اس کی اولاد کو اپنے بس میں کرلوں گا۔ ارشاد ہوا جا جو شخص ان میں سے تیرے ساتھ ہولے گا سو تم سب کی سزا جہنم ہے سزا پوری اور ان میں سے جس جس پر تیرا قابو چلے اپنی چیخ پکار سے اس کا قدم اکھاڑ دینا اور ان پر اپنے سوار اور پیادے چڑھا لانا اور ان کے مال اور اولاد میں اپنا ساجھا کرلینا اور ان سے وعدہ کرنا اور شیطان ان لوگوں سے بالکل جھوٹے وعدے کرتا ہے میرے خاص بندوں پر تیرا ذرا قابو نہ چلے گا اور آپ کا رب کافی کارساز ہے۔ تیرا رب ایسا (منعم) ہے کہ تمہارے لئے کشتی کو دریا میں لے چلتا ہے تا کہ تم اس کے رزق کی تلاش کرو بے شک وہ تمہارے حال پر بہت مہربان ہے اور جب تم کو دریا میں کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو بجز خدا کے اور جتنوں کی تم عبادت کرتے تھے سب غائب ہو جاتے ہیں پھر جب تم کو خشکی کی طرف بچالاتا ہے تو پھر تم پھر جاتے ہو اور واقعی انسان ہے بڑا ناشکرا۔ تو کیا تم اس بات سے بے فکر ہو بیٹھے ہو کہ تم کو خشکی کی جانب سے لاکر زمین میں دھنسا دے یا تم پر کوئی ایسی تند ہوا بھیج دے جو کنکر برسانے لگے پھر تم کسی کو اپنا کارساز نہ پاؤ یا تم اس سے بے فکر ہو گئے کہ خدا تعالیٰ پھر تم کو دریا ہی میں دوبارہ لے جائے پھر تم پر ہوا کا سخت طوفان بھیج دے پھر تم کو تمہارے کفر کے سبب غرق کردے پھر اس بات پر کوئی ہمارا پیچھا کرنے والا تم کو نہ ملے اور ہم نے آدم کی اولاد کو عزت دی اور ہم نے ان کو خشکی اور دریا میں سوار کیا اور نفیس نفیس چیزیں ان کو عطا فرمائیں اور ہم نے ان کو اپنی بہت مخلوقات پر فوقیت دی۔ ﴿۷۰﴾

تفسیر: قصۂ آدم علیہ السلام وابلیس ☆ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا (الی قولہ تعالی) وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ﴿۶۵﴾ اور (وہ وقت قابل ذکر ہے) جب کہ ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو سوان سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے (نہ کیا اور) کہا کہ کیا میں ایسے شخص کو سجدہ کروں جس کو آپ نے مٹی سے بنایا ہے (اس پر مردود و مطرود ہوا اس وقت) کہنے لگا کہ اس شخص کو آپ نے مجھ پر فوقیت دی ہے (اور اسی بناء پر سجدہ کراتے ہیں) تو بھلا بتلایئے تو (اس میں کیا فضیلت ہے) خیر (اس کی وجہ سے جیسا میں مردود ہوا ہوں) اگر آپ نے (میری درخواست کے موافق) مجھ کو قیامت کے (قریب) زمانہ تک (موت سے) مہلت دے دی تو میں (بھی) بجز قدرے قلیل لوگوں کے (کہ وہ مخلصین ہیں باقی) اس کی تمام اولاد کو اپنے بس میں کرلوں گا (یعنی گمراہ کردوں گا) ارشاد ہوا جا (جو تجھ سے ہو سکے کرلیجیو) جو شخص ان میں سے تیرے ساتھ ہولے گا سو تم سب کی (یعنی تیری اور ان کی) سزا جہنم ہے سزا پوری اور ان میں سے جس جس پر تیرا قابو چلے اپنی چیخ و پکار سے (یعنی اغواء و وسوسہ سے) اس کا قدم (راہ راست سے) اکھاڑ دینا اور ان پر اپنے سوار اور پیادے (مراد مطلق لشکر) چڑھا لانا (کہ سب مل کر گمراہ کرنے میں خوب زور لگا دیں) اور ان کے مال اور اولاد میں اپنا ساجھا کرلینا (یعنی مال و اولاد کو ذریعہ گمراہی بنا دینا چنانچہ مشاہد ہے) اور ان سے (جھوٹے جھوٹے) وعدے کرنا (کہ قیامت میں گناہ پر مواخذہ نہ ہوگا اور یہ شرکت فی النفس ہے جیسا کہ اس سے پہلے شرکت فی الاموال والاولاد مذکور ہے یہ سب صیغے تہدید کے ہیں) اور (آگے بطور جملہ معترضہ کے فرماتے ہیں کہ) شیطان ان لوگوں سے بالکل جھوٹے وعدے کرتا ہے (جن کا تفصیلاً جھوٹ ہونا نصوص میں منصوص ہے آگے پھر اس کے خطاب کا بیان ہے کہ) میرے خاص بندوں پر تیرا ذرا قابو نہ چلے گا (جیسا تو خود بھی مقر ہے) اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کا قابو کیونکر چلے کہ) آپ کا رب (ان کا) کافی کارساز ہے (یہ سب جواب تھا اس کے قول لئن اخرتن الخ کا اور اس کے قبل کے قَالَ ءَاَسْجُدُ اور ھٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ الخ کا جواب بوجہ غایت ظہور کے مذکور نہیں کیونکہ مامور کو تفتیش عن الحکمۃ کا منصب حاصل نہیں اور شیطان مامور تھا اس لئے اس کا قول ءَاَسْجُدُ اور ھٰذَا الَّذِيْ قابل جواب نہیں ہے اور خیل و رجل سے مراد محاورات میں مطلق لشکر ہے یہ ضرور نہیں کہ شیطان سوار بھی ہوتے ہوں گو ممتنع بھی نہیں اور یہ بات کہ شیطان کو ابتداءً کیسے معلوم ہوا کہ میں اغوائے بنی آدم پر قادر ہوں جواب یہ ہے کہ غالباً انسان کے قوی ترکیبیہ مختلفہ سے اس کو یہ ظن حاصل ہوا۔

ربط: اوپر کی آیتوں میں اثبات توحید وابطال شرک کا مضمون ہے آگے ایک خاص طرز پھر اس کی طرف عود ہے اور وہ خاص طرز توحید کے باب میں بیان ہے بعض نعمتوں کا کہ دلالات علی التوحید کے ساتھ ترغیب بھی ہے ادائے حقوق منعم کی کہ ان میں اعظم توحید ہے اور وہ خاص طرز ابطال اشراک میں اظہار ہے ان کے اعتراف کا وقت مصیبت میں کہ اس وقت خدا کے سوا کسی سے مدد نہیں مانگتے۔

عود بسوئے توحید ☆ رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ (الی قولہ تعالی) ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿۶۹﴾ تمہارا رب ایسا (منعم) ہے کہ تمہارے (نفع کے) لئے کشتی کو دریا میں لے چلتا ہے تا کہ تم اس کے رزق کی تلاش کرو (چنانچہ اکثر تجارت کے لئے بحری سفر ہوتا ہے) بیشک وہ تمہارے حال پر بہت مہربان

www.besturdubooks.net

ہے (کہ تمہارے نفع کے لئے ایسا ایسا سامان بنایا) اور جب تم کو دریا میں کوئی تکلیف پہنچتی ہے (جیسے موج اور ہوا کے طوفان سے غرق ہونے کا خوف) تو (اس وقت) بجز خدا کے اور جتنوں کی تم عبادت کرتے تھے سب غائب ہو جاتے ہیں (دل سے بھی ان کا خیال نہیں آتا اور فریاد رسی سے بھی کہ وہ امداد نہیں کر سکتے جس سے بدلالت حال و مقال خود تمہارے اعتراف سے بطلان شرک لازم آتا ہے) پھر جب تم کو خشکی کی طرف بچالاتا ہے تم پھر (بدستور سابق) روگردانی کرنے لگتے ہو اور (واقعی انسان ہے بڑا ناشکرا (کہ ایسی جلدی منعم کا انعام اور اپنا الحاح بھول جاتا ہے اور تم جو اعراض کرنے لگے) ہو تو کیا تم اس بات سے بے فکر ہو کر بیٹھے ہو کہ تم کو خشکی کی جانب میں لا کر زمین میں دھنسا دے (کہ مثل غرق فی البحر کے ہے) یا تم پر کوئی ایسی تند ہوا بھیج دے جو کنکر پتھر برسانے لگے (جیسا قوم عاد پر ہوا آئی تھی اور یہ عذاب اوپر سے ہے جیسا پہلے نیچے سے تھا) پھر تم کسی کو اپنا کارساز (خدا کے مقابلہ میں نہ پاؤ یا تم اس سے بے فکر ہو گئے کہ خدا تعالیٰ پھر تم کو دریا ہی میں دوبارہ لے جاوے پھر تم پر ہوا کا سخت طوفان بھیج دے پھر تم کو تمہارے کفر (سابق یا دائم) کے سبب غرق کر دے (یعنی اگر خشکی میں غرق ہونا سمجھ میں نہ آوے تو اچھا یہ بھی تو احتمال ہے کہ ایسا کام نکلے کہ پھر سمندر کا سفر کرنا پڑے اور وہاں غرق کر دے) پھر اس بات پر) یعنی غرق کر دینے پر کوئی ہمارا پیچھا کرنے والا (یعنی بدلہ لینے والا) تم کو نہ ملے۔ ربط: اوپر بعض انعامات کے پیرایہ میں توحید کا مذکور تھا آگے دیگر بعض انعامات کے پیرایہ میں توحید کا مذکور ہے۔

ذکر بعض انعامات بغرضِ توحید ☆ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ (الی قولہ تعالی) وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰي كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ۝ اور ہم نے آدم علیہ السلام کی اولاد کو (بعض صفات خاصہ عطا فرمانے سے) عزت دی اور ہم نے ان کو خشکی اور دریا میں (جانوروں اور کشتیوں پر) سوار کیا اور نفیس نفیس چیزیں ان کو عطا[۱۱] فرمائیں اور (ان امور میں) ہم نے ان کو اپنی بہت سی مخلوقات پر فوقیت دی (کیونکہ اور حیوانات اس سے خالی ہیں پس اس نعمت کی قدر کریں اور توحید و طاعت بجا لاویں)۔ **ف**: انسان میں بعض صفاتِ خاصہ ایسی ہیں جو اور حیوانات میں نہیں جیسے حسن صورت جس میں استقامت قامت بھی آ گیا اور عقل اور ایجاد صنائع وغیرہا اور یہ نعم تمام نوع کو عام ہیں پس بنی آدم سے مراد سب بنی آدم ہیں اور چونکہ اوپر کرمنا مجمل تھا جس سے شبہ ہو سکتا تھا کہ ان صفات کے سبب یہ سب سے افضل ہے حالانکہ یہ امر خلاف واقع تھا کیونکہ یہ امور مدار افضلیت علی الملائکہ ہیں وکل بنی آدم میں محقق نہیں اس لئے وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰي كَثِيْرٍ میں یہ ابہام رفع کر دیا کہ مراد تکریم سے تفضیل علی بعض الخلائق ہے یعنی حیوانات اور حیوانات سے جو کم رتبہ ہیں پس آیت ملائکہ اور بشر کے تفاضل متکلم فیہ بین المتکلمین سے ساکت ہے کسی کا استدلال آیت سے نہیں ہو سکتا واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ۝ روح میں ہے کہ اس میں دلالت ہے کہ انسان مواقع ضلال سے بدوں حفاظت حق تعالیٰ کے خود نہیں بچ سکتا ۱۲۔ قولہ تعالیٰ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ الخ یہاں شبہ ہو سکتا ہے کہ حق تعالیٰ نے ان کو حالت ماضیہ یاد دلائی اور اہل طریق ماضی کے یاد کو حجاب کہتے ہیں۔ جواب یہ ہے کہ اہل طریق کا خطاب ان لوگوں کے لئے ہے جن کو غفلت زائل ہو کر مشغول بحق ہو گئے ہوں اور یہاں خطاب اہل غفلت کو ہے تا کہ ان کی تمادی و غفلت دور ہو تو دونوں خطاب میں امر مشترک مشغول بحق کرنا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی طينا** مٹی سے اشارة الى نصبه بنزع الخافض ۱۲۔ ۲ **قوله قبل ارأيتك** اس پر مردود اشارة الى ان بين القولين بعض الفاصل ومن ثم كرر قال ايذانا بان قوله ارأيتك ليس مترتبا على قوله الاول ء اسجد الخ۔ ۳ **قوله في توضيح ارأيتك** اس میں کیا فضیلت اشارة الى وجه التركيب حاصله ان الكاف حرف خطاب مؤكد لمعنى التاء ولا محل له من الاعراب ورای علمیته وهذا مفعولها الاول والمفعول الثانی محذوف لدلالة الصلة عليه ای اخبرنی عن هذا الذی كرمته علی لم كرمته علی والعلاقة ما بين[۱] العلم والاخبار من السببية والمسببيه ۱۲۔ ۴ **قوله قبل لئن اخرتن** خیر اشارة الى ان جملة لئن اخرتن مستانفة فلا دلالة على الاستيناف زيدت هذه الكلمة ۱۲۔ ۵ **قوله فی لاحتنكن** بس میں اشارة الى انه ماخوذ من قولهم حنك الدابة واحتنكها اذا جعل فی حنكها الاسفل حبلا يقودها به والمعنى لاستولين عليهم استيلاء قويا كذا فی روح المعانی عن ابن عباسؓ ۱۲۔ ۶ **قوله فی جزاؤكم** تیری اور ان کی اشارة الى التغليب ۱۲۔ ۷ **قوله فی صوتك** یعنی اغوا كما فی الروح وعبر عن الدعاء الى المعصية والوسوسة بالصوت تحقيراً له حتى كانه لا معنى له الا الصوت ۱۲۔ ۸ **قوله فی اجلب** چڑھا لانا كما فی الروح عن الزجاج اجلب على العدد جمع عليه الخيل ۱۲۔ ۹ **قوله بعد عدهم** تہدید لان الله لا يامر بالفحشاء۔ ۱۰ **قوله قبل وما يعدهم** جملة معترضة اوردها للايذان ببطلان مواعيده المدلول عليها بقولہ وعدهم۔ ۱۱ **قوله فی بربك** اے محمد ﷺ! اشارة الى ان هذا الخطاب له عليه السلام بقرينة هذه الاضافة لمشعرة بالخصوصية ۱۲۔ ۱۲ **قوله فی رزقناهم** عطاء ولم يترجم بالاطعام اشارة الى عمومه لجميع المستلذات من المطعومات والمشروبات والملبوسات مما يحصل بصنعهم او

www.besturdubooks.net

بغير صنعهم كما في الروح؟۔

اللغات: قوله اذهب ليس المراد به ضد المجى بل تخلية وما سولته نفسه اهانة له كقولك لمخالفك افعل ما تريد؟۔ قوله واستفزز الاستفزاز الاستخفاف والخدع والايقاع فيما اراده منه واصل معنى الفز القطع؟۔ قوله بخيلك الباء زائدة؟۔ قوله حاصبا ريحا ترمى بالحصباء؟ قوله قاصفًا كاسرا كل شئ يمر عليه؟۔

النحو: قوله جزاءً موفورا حال لصفتها التى هى حال فى الحقيقة ولذا جاء ت جامدة كقوله تعالٰى قرآنا عربيا وقال النيسابورى وانتصب جزاء موفورًا على المصدر والعامل فيه معنى تجازون المدلول عليه بقوله فان جهنم جزاء كم وفى اعراب القرآن قيل هو تمييز؟۔

البلاغة: قوله وكان الانسان فى الروح فيه لفافة حيث اعرض سبحانه عن خطابهم حيث اعرضوا عن طاعته؟ قوله جانب البر ذكر الجانب ليكون المعنى ان الجوانب كلها متساوية بالنسبة الى قدرته تعالٰى برا او بحرا فالاضافة بيانية؟۔ قوله يعيدكم لم يقل ان تعودوا اشارة الى ان عظم الهول السابق يقتضى ان لا يعودوا الا ان يعادوا؟۔

الحواشى: (۱) ما موصولة وقوله من السببية والمسببية بيان لما فافهم؟۔

يَوْمَ نَدْعُوا كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ۝ وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا ۝ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا قَلِيْلًا ۝ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ۝ وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ۝ ع ۸

جس روز ہم تمام آدمیوں کو ان کے اعمال نامہ سمیت بلاویں گے پھر جس کا نامہ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا ایسے لوگ اپنا نامہ اعمال پڑھیں گے اور ان کا ذرا نقصان نہ کیا جائے گا اور جو شخص دنیا میں اندھا رہے گا سو وہ آخرت میں بھی اندھا رہے گا اور زیادہ گم کردہ راہ ہوگا اور اگر یہ (کافر) لوگ آپ کو اس چیز سے بچلانے ہی لگے تھے جو ہم نے آپ پر وحی کے ذریعے سے بھیجی ہے تاکہ آپ اس کے سوا ہماری طرف غلط بات کی نسبت کریں اور ایسی حالت میں آپ کو گاڑھا دوست بنا لیتے اور اگر ہم نے آپ کو ثابت قدم نہ بنایا ہوتا تو آپ ان کی طرف کچھ کچھ جھکنے کے قریب جا پہنچتے اور اگر ایسا ہوتا تو ہم آپ کو حالت حیات میں اور بعد موت کے دہرا عذاب چکھاتے پھر آپ ہمارے مقابلہ میں کوئی مددگار بھی نہ پاتے اور یہ لوگ اس سرزمین سے آپ کے قدم ہی اکھاڑنے لگے تھے تاکہ آپ کو اس سے نکال دیں اور ایسا ہو جاتا تو آپ کے بعد یہ بھی بہت کم ٹھہرنے پاتے جیسا کہ ان صاحبوں کے باب میں ہمارا یہ قاعدہ رہا ہے جن کو آپ سے پہلے ہم نے رسول بنا کر بھیجا تھا اور آپ ہمارے (اس) قاعدے میں تغیر نہ پاویں گے۔

تفسیر ربط: اوپر آیات: وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا الخ میں اثبات بعث کا مضمون تھا آگے اس یوم بعث کے بعض واقعات کا ذکر ہے نیز اس کے ضمن میں مخالفت پر وعید بھی ہوگئی۔

بعض واقعات قیامت ☆ يَوْمَ نَدْعُوا كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ ۚ (الى قوله تعالٰى) فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ۝ (اس دن کو یاد کرنا چاہئے) جس روز ہم تمام آدمیوں کو ان کے نامۂ اعمال سمیت (میدان محشر) میں بلاویں گے (اور وہ نامۂ اعمال اڑا دیئے جاویں گے اور پھر کسی کے داہنے اور کسی کے بائیں ہاتھ میں آجاویں گے) پھر جس کا نامہ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جاوے گا (اور یہ اہل ایمان ہوں گے) تو ایسے لوگ اپنا نامۂ اعمال (خوش ہوکر) پڑھیں گے اور ان کا ذرا نقصان نہ کیا جاوے گا (یعنی ان کے ایمان و اعمال کا ثواب پورا پورا ملے گا کم نہ ہوگا خواہ زیادہ مل جاوے اور عذاب سے بھی نجات ہوگی خواہ اولاً یا بعد چندے) اور جو شخص دنیا میں (راہِ نجات دیکھنے سے) اندھا رہے گا سو وہ آخرت میں بھی (منزل نجات تک پہنچنے سے) اندھا رہے گا اور (بلکہ بہ نسبت دنیا کے وہاں اور) زیادہ راہ گم کردہ ہوگا (کیونکہ دنیا میں ضلالت کا تدارک ممکن تھا اور وہاں یہ بھی ممکن نہ ہوگا سو ایسا شخص بائیں ہاتھ میں نامۂ عمل دیا جاوے گا)

www.besturdubooks.net

ف: قرآن مجید کی آیات متعددہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بائیں ہاتھ میں نامۂ اعمال کفار کو دیا جائے گا چنانچہ اس کے بارہ میں یہ الفاظ آئے ہیں: اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ [الحاقة: ٣٣] اور اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ [الانشقاق: ١٤] پس تقابل سے معلوم ہوا کہ داہنے ہاتھ میں اہل ایمان کو دیا جاوے گا خواہ عاصی ہوں یا غیر عاصی پھر خوش ہو کر نامۂ اعمال جو پڑھے گا بلکہ اوروں کو بھی بلا کر پڑھوائے گا جیسا ارشاد ہے: هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ [الحاقة: ١٩] یہ خوشی ایمان کی ہوگی کہ مستلزم ہے نجات عن العذاب الابدی کو گو بعض اعمال پر سزا بھی ہو جاوے اور لَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا میں جو اعمال کے ثواب کا ذکر ہے مراد مطلق اعمال صالحہ ہیں گو بعض سہی اور یہ قول اعمال کفار کے لئے بالکل نہ ہوگا کیونکہ شرط قبول یعنی ایمان مفقود ہے اور قرآن میں داہنے اور بائیں ہاتھ میں نامۂ اعمال کے دیئے جانے کی کیفیت مذکور نہیں لیکن بعض حدیثوں میں مجملاً آیا ہے وعند نظایر الکتب رواہ احمد عن عائشة مرفوعاً اور بعض روایات میں اور زیادہ مفصل ہے کہ سب نامۂ اعمال عرش کے نیچے جمع ہوں گے اس وقت ایک ہوا آوے گی کہ اڑا کر کسی کے داہنے ہاتھ میں کسی کے بائیں ہاتھ میں پہنچا دے گی اخرجه العقیلی عن انس مرفوعًا دونوں حدیثیں روح المعانی میں ہیں واللہ اعلم۔ رَبط: اوپر آیات: وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ الخ اور نیز دیگر بعض آیات سابقہ میں کفار کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تکذیب کے ساتھ پیش آنا مذکور ہوا ہے آگے آپ کے ساتھ ان کا عداوت سے پیش آنا مذکور ہوا ہے دین کے اعتبار سے بھی جس کا وان کادوا لیفتنونك میں ذکر ہے اور دنیا کے اعتبار سے بھی جس کا وان کادوا لیستفزونك میں ذکر ہے پس اس مضمون کا رسالت سے تعلق ہے اور دور تک بلکہ آخر سورت تک تقریباً زیادہ تر رسالت ہی کے متعلق مضمون چلا گیا ہے جیسا ہر جگہ ربط کی تقریرات سے معلوم ہوگا۔

معاملہ عداوت کفار بارسولِ مقبول ﷺ در امور دینیہ و دنیویہ ☆ وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا

ف: مُقدمہ: ایک قصہ کی طرف آیات وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ الخ میں اشارہ ہے اور ایک قصہ کی طرف وان کادوا لیستفزونك الخ میں لیکن تعیین قصہ میں اقوال مختلف ہیں اور اسی بناء پر ان آیات کے مکی اور مدنی ہونے میں اختلاف ہے کیونکہ بعض قصے مکہ میں واقع ہوئے اور بعض مدینہ میں چنانچہ مکہ میں جو قصے واقع ہوئے ان میں ایک یہ ہے کہ قریش نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ اگر آپ ہماری طرف رسول ہو کر آئے ہیں تو ان غرباء اور عوام کو اپنے پاس سے بالکل ہٹا دیجئے کہ ہم آپ کے تابع اور اصحاب ہو جاویں اور دوسرا یہ ہے کہ اہل مکہ نے دارالندوہ میں مشورہ کیا تھا کہ آپ کو مکہ سے جبراً نکال دینا چاہئے جس کا ذکر سورۂ انفال کی ان آیات میں ہے: وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ...... [الأنفال: ٣٠] اور مدینہ میں جو قصے واقع ہوئے ایک ان میں یہ ہے کہ قبیلۂ ثقیف نے آپ سے درخواست کی کہ ہم کو اسلام لانے کے لئے ایک سال کی مہلت دیجئے ذرا اس سال بتوں کے چڑھاوے کی آمدنی ہم وصول کرلیں پھر مسلمان ہو جاویں گے اور دوسرا یہ ہے کہ یہود نے آپ سے براہِ شرارت عرض کیا کہ اگر آپ نبی ہیں تو جو مسکن اکثر انبیاء کا رہا ہے یعنی ملک شام آپ بھی وہاں جا کر رہئے چنانچہ آپ کو کچھ خیال ہو گیا یہ سب روایات درمنثور اور لباب النقول میں ہیں پس پہلی آیتیں تو قصۂ اول یا سوم کے متعلق ہیں اور پچھلی آیتیں قصہ دوم یا چہارم کے متعلق ہیں اب تفسیر لکھی جاتی ہے۔ تفسیر: اور یہ (کافر) لوگ (اپنی قوت قید کی وجہ سے) آپ کو اس چیز سے بچلانے (اور ہٹانے) ہی لگے تھے جو ہم نے آپ پر وحی کے ذریعہ سے بھیجی ہے (یعنی اس کی کوشش میں لگے تھے کہ آپ ہمارے حکم کے خلاف کریں کہ مسلمانوں کو ہٹا دیں یا مسلمان ہونے کے لئے ایک سال کی مہلت دے دیں کہ دونوں امر خلاف شرع ہیں اور ان کی یہ کوشش اس لئے تھی) تاکہ آپ اس (حکم وحی) کے سوا ہماری طرف (عملاً) غلط بات نسبت کر دیں (کیونکہ نبی کا فعل خلاف شرع ہوتا نہیں پس نعوذ باللہ اگر آپ اس درخواست کے موافق عمل کرتے تو اس کی نسبت حکم الٰہی ہونے کا دعویٰ لازم آتا اور یہ افتراء ہوتا) اور ایسی حالت میں آپ کو گاڑھا دوست بنا لیتے اور (ان کی یہ تدبیر اور شرارت ایسی تیز تھی کہ) اگر ہم نے آپ کو ثابت قدم نہ بنایا ہوتا (اور معصوم نہ کیا ہوتا جو کہ لازمۂ نبوت ہے) تو آپ ان کی طرف کچھ کچھ جھکنے کے قریب جا پہنچتے (اور) اگر ایسا ہوتا (کچھ قرب رجحان و میلان ہو جاتا) تو ہم آپ کو (بوجہ اس کے مقرباں را بیش بود حیرانی) حالت حیات میں (دنیا میں) اور بعد موت کے (برزخ یا آخرت میں) دوہرا عذاب چکھاتے پھر آپ ہمارے مقابلہ میں کوئی مددگار بھی نہ پاتے (مگر چونکہ آپ کو معصوم اور ثابت قدم بنایا اس لئے کسی قدر قرب میلان بھی نہیں ہوا اور ضعف الحیوۃ و ضعف الممات سے بھی بچ گئے) اور (نیز) یہ (کافر) لوگ اس سرزمین (مکہ یا مدینہ) سے آپ کے قدم ہی اُکھاڑنے لگے تھے (خواہ جبراً یا خداعاً) تاکہ آپ کو اس سے نکال دیں اور اگر ایسا (واقع) ہو جاتا تو آپ کے (جانے کے) بعد یہ بھی بہت کم (یہاں) ٹھہرنے پاتے جیسا ان صاحبوں کے باب میں (ہمارا) قاعدہ رہا ہے جن کو آپ سے پہلے رسول بنا کر بھیجا تھا (کہ جب ان کی قوم نے ان کو وطن سے نکالا تو ان کو بھی رہنا نصیب نہ ہوا) اور آپ ہمارے (اس) قاعدے میں تغیر (تبدل) نہ پاویں گے۔ ف: لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ الخ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تنزیہ میں نہایت ہی مبالغہ ہے کہ اول تو رکون باعتبار مراتب اولیہ کے جیسا کہ شَيْئًا قَلِيْلًا اس پر دال ہے ایک خفیف امر اور وسوسہ کا مرتبہ ہے جو مذموم نہیں پھر اس کا بھی قرب کہ اور بھی اخف ہے مگر آپ سے یہ بھی منفی تھا اور یہ ارشاد عتاب نہیں بلکہ اظہار محبوبیت ہے کہ آپ ایسے محبوب ہیں کہ ہم نے رکون قلیل کے قرب سے بھی آپ کو بچایا اور اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ میں

www.besturdubooks.net

اِذًا سے وہی مراد ہے جو وہاں منفی تھا اس لئے بندہ نے کچھ قرب رجحان سے تفسیر کی اور پچھلی آیتوں میں اگر مدینہ کا قصہ ہے تب تو چونکہ آپ کا خروج نہیں ہوا اس واسطے یہود کے خروج وعدم خروج کے متعلق کوئی اشکال نہیں گو مستقل حکم سے ان کا اخراج کیا گیا اور اگر مکہ کا قصہ ہے تو وہاں سے چونکہ آپ کا خروج ہوا ہے اس لئے اس کی دو طرح سے توجیہ کی گئی ہے بعض نے کہا ہے کہ اخراج پر یہ وعید تھی مگر انہوں نے اخراج نہیں کیا بلکہ باذن الٰہی باختیار تشریف لے گئے اس لئے لَا يَلْبَثُونَ الخ کا مرتب ہونا ضرور نہیں اور بعض آیات میں جو يُخْرِجُونَ الرَّسُوْلَ آیا ہے وہ اسناد مجازی الی السبب ہے اور بعض نے کہا ہے کہ اخراج عام ہے اور وہ بعد نزول آیت کے واقع ہوا و هذا علی تقدیر نزولها بمكة اور عدم لبث اس طرح مرتب ہوا کہ بڑے بڑے روٴسا بدر میں مارے گئے جو بجائے کل سکان مکہ کے تھے اور چونکہ ہر حال میں خروج سے پہلے رائے کا تبدل ضرور ہوتا ہے اگر طبعاً نہیں تو عقلاً سہی اور اسی وجہ سے خارج ہونے والا اخراج جبری میں بھی مقاومت ومزاحمت کو چھوڑ دیتا ہے اس لئے يُخْرِجُوْكَ سے پہلے يَسْتَفِزُّوْنَكَ کو لائے۔ والله اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ الخ یہ نص ہے اس میں کہ انبیاء کا حافظ بھی حق تعالیٰ ہی ہے بدون اس کے قوۃ قدسیہ کافی نہیں تو دوسرے کو تو اپنے تقدس ونسبت باطنہ پر ناز کرنے کا کوئی حق ہی نہیں اور ممکن ہے کہ خود وہ نسبت بھی موہومہ ہی ہو۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله فی امامهم** نامۂ اعمال **اخرجه ابن جرير عن ابن عباس كذا في الدر المنثور وانما سمي بالامام لان كل احد يكون تابعًا لما فيه من موجبات الثواب او العقاب۱۲۔** ۲؎ **قوله في بامامهم** سمیت **فالباء بمعنی مع۱۲۔** ۳؎ **قوله في ضعف الحيوة** دنیا میں **وفي ضعف الممات** برزخ **الخ قوله** دوہرا عذاب **اشارة الي ان اصل الكلام عذابا ضعفا في الحيوة الدنيا وعذابا ضعفا في الممات (اي فيما بعد الممات) فحذف الموصوف واقيم الصفة مقامه ثم اضيفت الصفة كاضافة الموصوف۱۲۔** ۴؎ **قوله في سنة جيبا اشارة الي نزع الخافض كذا في الروح۱۲۔** ۵؎ **قوله في لسنتنا** اس قاعدہ **بقرينة المقام فلا يستدل بالآية علي عدم وقوع الخوارق وان عمت فمعناها انه لا يحولها احد حتى يشك في الانجاز۱۲۔**

البلاغۃ: **قوله يقرء ون كتابهم لم يقل يقرء ونه اعتناء و اهتمامًا قوله ومن كان كان مقتضى الظاهر ان يقال ومن اوتي كتبه بشماله لكن ذكر مآل الايتاء بالشمال فدل عليه ويسمى صنعة الاحتباك حيث ذكر في احد الموضعين السبب الدال على المسبب وفي الآخر المسبب الدال على السبب فافهم۱۲۔**

اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿۷۸﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿۷۹﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾

آفتاب ڈھلنے کے بعد سے رات کے اندھیرے ہونے تک نمازیں ادا کیا کیجئے اور صبح کی نماز بھی بے شک صبح کی نماز (فرشتوں کے) حاضر ہونے کا وقت ہے اور کسی قدر رات کے حصہ میں سو اس میں تہجد پڑھا کیجئے جو آپ کے لئے زائد چیز ہے امید ہے کہ آپ کا رب آپ کو مقام محمود میں جگہ دے گا اور آپ یوں دعا کیجئے کہ اے رب مجھ کو خوبی کے ساتھ پہنچائیو اور مجھ کو خوبی کے ساتھ لے جائیو اور مجھ کو اپنے پاس سے ایسا غلبہ دیجیو جس کے ساتھ نصرت ہو کہہ دیجئے کہ حق آیا اور باطل گیا گذرا ہوا اور واقعی باطل چیز تو یوں ہی آتی جاتی رہتی ہے اور ہم (قرآن میں) ایسی چیزیں نازل کرتے ہیں کہ وہ ایمان والوں کے حق میں تو شفا اور رحمت ہیں اور نا انصافوں کو اس سے اور الٹا نقصان بڑھتا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر کفار کی مخالفت وعداوت کا ذکر تھا جو فی نفسہ موجب تعلق خاطر نبوی ہو سکتا تھا آگے اَقِمِ الصَّلٰوةَ الخ میں اشتغال بالعبادۃ اور قُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ الخ میں التجاء وتفویض الی اللہ کا حکم اور عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ میں بعض بشارات اخرویہ کا وعدہ صراحۃً اور جَآءَ الْحَقُّ میں بعض بشارات دنیویہ کا وعدہ اشارۃً ارشاد فرماتے ہیں تاکہ ان امور میں مشغول ہونے سے وہ تعلق خاطر جو موجب حزن ہوتا نہ ہو یا نہ رہے پھر زیادت تسلیہ کیلئے نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ الخ میں استدلال علی النبوۃ کے ساتھ لَا يَزِيْدُ الخ میں کفار کی بد استعدادی بیان فرمادی تاکہ ان کے ایمان سے مایوسی موجب قلت قلق ہو جاوے پس اس مضمون کا بھی رسالت سے تعلق ہوا۔

www.besturdubooks.net

اوامر ومواعید اخبار خاصہ مقللہ حزن نبوی ☆ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ (الی قولہ تعالی) وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا﴿۸۲﴾ آفتاب ڈھلنے کے[۱] بعد سے رات کے اندھیرے ہونے تک نمازیں[۲] ادا کیا کیجئے (اس میں ظہر' عصر' مغرب' عشاء چار نمازیں آگئیں جیسا کہ حدیث سے اس اجمال کی تفصیل ہوگئی) اور صبح کی نماز بھی[۳] (ادا کیا کیجئے) بیشک صبح کی نماز (فرشتوں کے) حاضر ہونے کا وقت ہے (جیسا حدیثوں میں ہے کہ عصر اور فجر کے وقت ملائکہ کی جو کہ انسان پر حفاظت یا کتابت کے لئے مقرر ہیں بدلی ہوتی اور چونکہ صبح کا وقت نیند سے اُٹھنے کا تھا اس لئے اس کا حکم بھی الگ کیا اور ایک خاص بزرگی بھی بیان کی) اور کسی قدر رات کے حصہ میں بھی (نماز ادا[۴] کیجئے) سو اس میں تہجد پڑھا کیجئے جو کہ آپ کے لئے (پنجگانہ نمازں کے علاوہ) زائد چیز ہے (خواہ فرض زائد ہو یا نفل ہو کہ وہ زائد ہوتا ہی ہے دونوں قول ہیں آگے بشارت ہے کہ) امید (یعنی وعدہ) ہے کہ آپ کا رب آپ کو مقام محمود میں (کہ مقام شفاعۃ کبریٰ ہے) جگہ[۵] دے گا اور (یہ تو عبادت کا حکم اور بشارت اخرویہ کا وعدہ تھا آگے تفویض کا حکم ہے کہ) آپ یوں دعا کیجئے کہ اے رب (مکہ جانے کے بعد) مجھ کو (جہاں لے جانا ہو) خوبی (یعنی راحت) کے ساتھ پہنچائیو اور (جب مکہ) سے لے جانا ہو تو) مجھ کو خوبی (یعنی راحت) کے ساتھ لے جائیو اور مجھ کو اپنے پاس سے (ان کفار پر) ایسا غلبہ دیجیو جس کے ساتھ (آپ کی) نصرت (اور مدد) ہو (جس سے وہ غلبہ بڑھتا ہی جاوے ورنہ عارضی غلبہ تو کفار کو بھی ہو جاتا ہے مگر وہ منصور من اللہ نہیں ہوتے اس لئے جلد زائل ہو جاتا ہے اس میں تفویض کا حکم ہوگیا) اور (آگے بشارت دنیویہ یہ ہے کہ ان دعاؤں کے قبول ہونے کی خبر دینے کے طور پر یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (بس اب دین) حق (غالب ہونے کو) آیا اور باطل (دین) گیا گذرا ہوا (اور) واقعی باطل چیز تو یوں ہی آتی جاتی رہتی ہے (یعنی آپ ان مضامین میں نظر کیجئے اور مغموم نہ ہو جایئے چنانچہ ہجرت کے بعد مکہ فتح ہوا اور سب وعدے پورے ہو گئے) اور (زیادت تسلیہ کے لئے یوں سمجھئے کہ) ہم ایسی چیز یعنی قرآن نازل کرتے ہیں کہ وہ ایمان والوں کے حق میں تو (موجب) شفا اور رحمت ہے (کیونکہ وہ اس کو مانتے ہیں اور عمل کرتے ہیں جس سے حق تعالیٰ کی رحمت ان پر ہوتی ہے اور عقائد و اعمال فاسدہ سے شفا ہوتی ہے) اور ناانصافیوں کو اس سے اور الٹا نقصان بڑھتا ہے (کہ وہ مانتے نہیں زیادہ مغضوب و مستحق ہوتے ہیں جب کہ ان کی یہ حالت ہے پھر ان سے امید قبول اور مخالفت پر حزن بے فائدہ ہے) **ف**: تہجد پہلے سب پر فرض تھا پھر امت سے فرضیت منسوخ ہوگئی لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے باب میں دو قول ہیں کہ ایک یہ کہ آپ پر فرض رہا تھا **اخرجه ابن ابی حاتم عن الضحاك قال نسخ قيام الليل الا عن النبی صلی الله عليه وسلم وعن ابن عباس انه قال فی ذٰلك يعنی خاصة النبی صلی الله عليه وسلم امر بقيام الليل و كتب عليه** اور دوسرا قول یہ ہے کہ آپ پر بھی فرض نہ رہا تھا **اخرجه ابن جرير عن مجاهد** یہ سب روایتیں درمنثور میں ہیں قول اول پر نافلہ بمعنی لغوی ہوں گے یعنی **فريضه زائدة لك** اور تطبیق دونوں میں اس طرح ہو سکتی ہے کہ اول نسخ صرف امت کے لئے ہوا ہو پھر آپ کے لئے بھی ہو گیا ہو اور یہی صحیح ہے کہ آپ پر بھی فرض نہ تھا اور دوسرے قول پر وجہ تخصیص **لك** کی یہ ہوگی کہ فضیلت زائدہ یہ آپ ہی کے ساتھ خاص ہے بخلاف امت کے کہ ان کے لئے کبھی کفارہ سیئات بھی ہوتی ہے اور آپ خود معصوم ہیں اور مقام محمود کی یہ تفسیر صحاح میں آئی ہے اور شفاعت کبریٰ وہ ہے کہ جس میں تمام خلائق کے حساب و کتاب شروع ہونے کی شفاعت ہوگی اور بعض روایات میں جو مقام محمود کی تفسیر میں **شفاعة** لامتی آیا ہے مراد اس سے غیر امت کی نفی نہیں اور اَدْخِلْنِيْ وَ اَخْرِجْنِيْ کی تفسیر ہجرت کے ساتھ ترمذی میں آئی ہے اور قُلْ جَآءَ الْحَقُّ میں فتح مکہ میں یہ آیت پڑھ کر بتوں کو گرا رہے تھے اور باطل کو جو زہوق فرمایا مراد اس سے عام ہے اب یا پھر یا فی نفسہٖ گو ظہور نہ ہوا ہو پس باطل کا چندے رہ جانا موجب شبہ نہ رہا۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ الخ اسی طرح سالک کو تقلب حالات میں ہر وقت اس کی دعا کی حاجت ہے کیونکہ اس کو کچھ خبر نہیں کہ کونسی حالت اس کے لئے نافع ہے اور کونسی حالت مضر ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ الخ اخیر جملہ کا موقع تعلیل میں وارد ہونا اس پر دال ہے کہ آیت ہر حق اور باطل کو عام ہے اس میں باطنی نور ظلمت بھی داخل ہو گئے اور حب اللہ اور حب الخلق بھی آ گئی ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ روح میں ہے کہ شفاء اشارہ ہے تخلیہ کی طرف اور رحمت اشارہ ہے تحلیہ کی طرف ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله فی لدلوك** بعد سے **لان اللام للتاقيت وهی بمعنی بعد كما فی قوله لطول اجتماع لم بنت ليلة معا كذا فی الروح** ۱۲۔ ۲؎ **قوله فی اقم الصلوٰة** نمازیں **للجنسيه** ۱۲۔ ۳؎ **قوله فی قرآن الفجر** نماز **تسمية للكل بجزئه الاشرف واجمع عليه المفسرون كما فی النيسابوری ولعل النكتة فی هذا التعبير الاشارة الی ندب طول القراءة فی الفجر** ۱۲۔ ۴؎ **قوله فی من الليل** ادا کیجئے **اشارة الی تعلق من الليل باقم المقدر المعطوف علی اقم قبله وقوله فتهجد تفسير له خاصة له ومن تبعيضية والباء فی به بمعنی فی** ۱۲۔ ۵؎ **قوله فی يبعثك مقاما**۔ مقام محمود میں جگہ دے گا **اشارة الی امرين الاول ان يبعثك متضمن لمعنی يقيمك اذ لا يصح ان يعمل فی مثل هذا الظرف الافعل فيه معنی الاستقرار كذا فی الروح فالمعنی يبعثك فيقيمك ولذا ترجمت بالحاصل والثانی ان نصب مقاما علی الظرف ای فی**

www.besturdubooks.net

مقام۱۲۔ ۶ قوله يعنی اشارة الى كون من بيانية قدم المبين على البيان اهتماما لشانه۱۲۔

اللغات: قوله دلوك فيه معنى الانتقال ومنه الدلك المعروف لان فيه نقل اليد من موضع الى موضع۱۲قوله غسق شدة الظلمة ومن ثم حمل على وقت العشاء قوله تهجد من الهجو بمعنى النوم والتفعل السلب ومن لم اشترط فيه بعضهم النوم اولا ثم التيقظ ثانيا وعندى ان النوم الذى هو شرط اعم من الحقيقى والحكمى والمراد الاصلى جعله فى آخر الليل سواء كان قبله النوم او وقت النوم فتفكر۱۲ قوله محمودا سمى به لانه عليه السلام يحمده فيه جميع الاولين والآخرين حيث يظهر هنالك كرامته على الله تعالىٰ۱۲۔

النحو: قوله قرآن الفجر اى صلٰوة الفجر معطوف على الصلٰوة۱۲۔

البلاغة: قوله عسى ان يبعثك افاد تهوين المشقة فى العبادة قوله ادخلنى قدمه لانه هو الاهم قوله مدخل صدق الاضافة للمبالغة والمراد ادخالا مرضيا جيدا لا مكروه فيه۱۲۔

وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ﴿۸۳﴾ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ۭ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ
هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿۸۴﴾ ۧ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۭ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۵﴾ وَلَىِٕنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ ع
بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿۸۶﴾ۙ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿۸۷﴾ قُلْ لَّىِٕنِ اجْتَمَعَتِ
الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓي اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿۸۸﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا
لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۡ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۸۹﴾

اور آدمی کو جب ہم نعمت عطا کرتے ہیں تو منہ موڑ لیتا ہے اور کروٹ پھیر لیتا ہے اور جب اس کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ناامید ہو جاتا ہے آپ فرما دیجئے کہ ہر شخص اپنے طریقہ پر کام کر رہا ہے سو تمہارا رب خوب جانتا ہے جو زیادہ ٹھیک راستہ پر ہو اور یہ لوگ آپ سے روح کے بارے میں پوچھتے ہیں (امتحاناً) آپ فرما دیجئے روح میرے رب کے حکم سے بنی ہے اور تم کو بہت تھوڑا علم دیا گیا ہے اور اگر ہم چاہیں تو جس قدر آپ پر وحی بھیجی ہے سب سلب کر لیں پھر اس کے (واپس لانے کے) لئے آپ کو ہمارے مقابلہ میں کوئی حمایتی نہ ملے مگر آپ کے رب ہی کی (یہ) رحمت ہے (کہ ایسا نہیں کیا) بے شک آپ پر یہ بڑا فضل ہے آپ فرما دیجئے کہ اگر تمام انسان اور جنات اس کام کے لئے جمع ہو جائیں کہ ایسا قرآن بنا لاویں تب بھی ایسا نہ لا سکیں گے اگرچہ ایک دوسرے کا مددگار بھی بن جاوے اور ہم نے لوگوں کے سمجھانے کے لئے اس قرآن میں ہر قسم کا عمدہ مضمون طرح طرح سے بیان کیا ہے پھر بھی اکثر لوگ بے انکار کئے ہوئے نہ رہے۔

تفسیر: ربط: اوپر کفار کی مخالفات اور قرآن سے ان کے منتفع نہ ہونے کا بیان تھا اور اس کے ساتھ مؤمنین کا اس سے منتفع ہونا مذکور تھا آگے وَاِذَآ اَنْعَمْنَا الخ میں کفار کی اس مخالفت اور عدم قبول کی علت کا کہ تکبر اور قسوت اور بے تعلقی حق تعالیٰ سے ہے بیان ہے اور قُلْ كُلٌّ الخ میں بعموم الفاظ کفار اور مؤمنین دونوں کے اعمال واقوال کے تفاوت کی علت اور جزاء اجمالاً مذکور ہے۔

اعمال جاہلین خصوصاً واحوال عاملین عموماً ☆ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ (الى قوله تعالى) فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿۸۴﴾ اور (بعض) آدمی (یعنی کافر ایسا ہوتا ہے کہ اس) کو جب ہم نعمت عطا کرتے ہیں تو (ہم سے اور ہمارے احکام سے) منہ موڑ لیتا ہے اور کروٹ پھیر لیتا ہے اور جب اس کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو (بالکل رحمت سے) ناامید ہو جاتا ہے (اور یہ دونوں امر دلیل ہیں اللہ سے بے تعلقی کے اور یہی بے تعلقی اصل سبب ہے ہدایت کی طرف متوجہ نہ ہونے کا اور حق میں غور نہ کرنے کا اور اسی سے کفر وغیرہ پیدا ہوتا ہے) آپ فرما دیجئے کہ (مؤمنین اور کفار اشرار اور اخیار میں سے) ہر شخص اپنے طریقہ پر (جو کہ مقتضا اس کی عقل صحیح یا جہل قبیح کا ہے نیک یا بد) کام کر رہا ہے (اس میں اشارہ ہے علت کی طرف کہ عقل صحیح یا جہل قبیح اعمال خیر وشر کی علت ہے) سو تمہارا رب خوب جانتا ہے جو زیادہ ٹھیک راستہ پر ہو (اور اسی طرح جو ٹھیک راستہ پر نہ ہو (ہر ایک کو اس کے موافق جزا دے گا یہ نہیں کہ بے دلیل شرعی جس کا دل چاہے اپنے کو ٹھیک راستہ پر سمجھنے لگے)۔ ربط: اوپر سے آیات عدیدہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کفار کا معاملہ کہ مباحث متعلقہ رسالت ہے چلا آ رہا ہے آگے بھی رسالت کے امتحان کے لئے جو آپ سے کفار نے سوال کیا تھا اس کا جواب ہے جیسا صحیحین میں ہے کہ یہود نے آپ سے امتحاناً روح کا سوال کیا اور نسائی اور ترمذی کی حدیث میں ہے کہ یہود سے مشورہ کر کے قریش نے یہ سوال کیا تھا اور اسی بناء پر اس آیت کے مکی و مدنی ہونے میں اختلاف ہو گیا کہ

www.besturdubooks.net

قریش تو مکہ میں تھے اور یہود کا سوال مدینہ میں تھا۔

جواب سوال ☆ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا۝ اور یہ لوگ آپ سے (امتحاناً) روح (کی حقیقت) کو پوچھتے ہیں آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ روح (کے متعلق بس اتنا اجمالاً جان لو کہ وہ ایک چیز ہے جو) میرے رب کے حکم سے بنی ہے اور (باقی اس کی مفصل حقیقت سو) تم کو بہت تھوڑا علم (بقدر تمہاری فہم کے اور وہ بھی صرف ضروریات کا) دیا گیا ہے (اور چونکہ اس کا علم ضروریات سے نہیں ہے اور نہ تمہارے فہم میں آ سکتا ہے اس لئے مخفی رکھا گیا) ف: ظاہراً یہ معلوم ہوتا ہے کہ اسی روح کے متعلق سوال تھا جس سے انسان زندہ ہے کیونکہ جب مطلق روح بولتے ہیں یہی مفہوم ہوتا ہے اور جواب سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ نصوص میں اس کی حقیقت ظاہر نہ کرنے کی وجہ بتلائی ہے اور ضروری عقیدہ اس کے حدوث کا ظاہر کر دیا گیا ہے اب یہ امر کہ کسی دوسرے طریقہ سے اس کا انکشاف ہو سکتا ہے یا ہوتا ہے آیت اس کے اثبات و نفی دونوں سے ساکت ہے پس دونوں امر محتمل ہیں اور کوئی شق معارض نص کے نہیں نص علیہ فی حجۃ اللہ البالغۃ اور یہاں جو علم کو قلیل فرمایا تو بہ نسبت علم الٰہی کے اور دوسری آیت میں جو علم کو خیر کثیر فرمایا تو بہ نسبت متاع دنیا کے پس دونوں میں تصادم نہیں اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ قلت صفت علم کی ہے اور کثرت صفت خیر کی اور علم اگرچہ قلیل ہو وہ بھی خیر کثیر ہے اس صورت میں تصادم کا شبہ ہی نہیں ہو سکتا۔ ربط: اوپر وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ الخ میں تنزیل قرآن عموماً اور قُلِ الرُّوْحُ الخ میں تنزیل جواب خصوصاً دال ہیں نبوت محمدیہ پر آگے ان علوم وحی کے ابقاء سے امتنان و تسلیہ کے ساتھ تقریر نبوت پر بھی دلالت ارشاد فرمائی جاتی ہے پس یہ مضمون بھی متعلق رسالت کے ہے۔

امتنان بقاء وحی ☆ وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ (الی قولہ تعالی) اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا۝ اور اگر ہم چاہیں تو جس قدر آپ پر ہم نے وحی بھیجی ہے سب سلب کر لیں (یعنی نہ خارج میں نہ ذہن میں کہیں نہ رہے) پھر اس[1] (وحی) کے (واپس لانے کے) لئے آپ کو ہمارے مقابلہ میں کوئی حمایتی بھی نہ ملے مگر[2] (یہ) آپ کے رب ہی کی رحمت ہے (کہ ایسا نہیں کیا) بیشک آپ پر اس کا بڑا فضل ہے (مطلب یہ کہ آپ نبوت کے متعلق اللہ تعالیٰ کی ان نعمتوں کو یاد کر کے خوش رہئے اور کسی کی مخالفت کا غم نہ کیجئے)۔ ربط: اوپر خاص مضامین سے رسالت کی تقریر تھی اگلے مضمون اعجازِ قرآن میں بھی اسی کی تقریر ہے۔

اعجاز قرآن کریم ☆ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى (الی قولہ تعالی) بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا۝ آپ فرما دیجئے کہ اگر تمام انسان اور جنات سب اس بات کے لئے جمع ہو جاویں کہ ایسا قرآن بنا لاویں تب بھی ایسا نہ لا سکیں گے اگرچہ ایک دوسرے کا مددگار بھی بن جاوے (اور یہ اجتماع آراء ہے تو بدون مدد کے تو بدرجۂ اولیٰ عاجز رہیں گے گو اجتماع ظاہری کو تصمیم عزم میں پھر بھی دخل ہو گا پس اگر بالکل اجتماع نہ ہو تو اولیٰ سے بھی اولیٰ درجہ میں عجز ہو گا۔ ف: شاید جن کا ذکر اس لئے کیا ہو کہ وہ جنات کی عبادت کرتے تھے مطلب یہ ہو گا کہ اگر تمہارے خدا بھی آ جاویں تب بھی نہ بنا سکو اور یا یوں کہا جاوے کہ چونکہ جن بھی مکلف ہیں اس لئے ان کا ذکر کیا گیا۔ ربط: آگے آپ کی تقریر رسالت کے لئے قرآن کا کافی شافی ہونا اور کفار کا عناد کہ باوجود اس کے اس کو نہیں مانتے مذکور ہے اور اسی کے قریب اوپر کے مضامین ہیں۔

ضلالت کفار باوجود ہدایت تامہ قرآن ☆ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا۝ اور ہم نے لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے اس قرآن میں ہر قسم کا عمدہ[3] مضمون طرح طرح سے بیان کیا ہے پھر بھی اکثر لوگ بے انکار کئے ہوئے نہ رہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ اس میں دلالت ہے کہ اسرار غیر ضروریہ کا تفحص مذموم ہے جب کہ اس آیت کا مدلول نہی عن السوال کہا جاوے جیسا کہ ظاہر ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ الخ اسی طرح اہل نسبت کو سلب نسبت سے ڈرتے رہنا چاہئے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کون ہے جب آپ سے یہ خطاب ہے تو دوسرا کس حساب میں ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی بہ اس وحی کے واپس اشارۃ الی عود الضمیر الی الذی اوحینا وتقدیر المضاف ای لا تجد لک باسترداد الذی اوحینا الخ۔ ۲ قولہ فی الا رحمۃ ایسا نہیں کیا اشارۃ الی ان الا بمعنی لکن والتقدیر لکن رحمۃ من ربک ترکتہ غیر مذھوب فلم تحتج الی من یتوکل للاسترداد مایوس عنہ بالفقدان المدلول علیہ بلا تجد والتغائر المعنوی بین الکلامین کاف کذا فی الروح قلت محشیا قولہ مایوس الخ صفۃ لقولہ من ای الذی اویس عنہ فی قولہ لا تجد وقولہ التغایر الخ الذی ھو شرط فی ما قبل لکن التی فسر بہ الا وما بعدہ ۱۲۔ ۳ قولہ فی کل مثل عمدہ مضمون کما فی الروح من کل معنی بدیع ھو فی الحسن والغرابۃ واستجلاب النفوس کالمثل آہ وانما زدت کلمۃ قسم لان القرآن لا یحیط بکل فرد من المعانی بل ھو محیط بکل نوع من المعانی الفاضلۃ ۱۲۔

الروایات: فی اللباب ما مختصرہ ان بعض الیھود قالہ لہ صلی اللہ علیہ وسلم انزل علینا کتابا بالعرفہ والا جئناک بمثل ما تاتی بہ

www.besturdubooks.net

فنزلت ؎۔

اختلاف القراءة: فی الروح قرأ ابن عامر ناء کجاء فقیل ذلک من باب القلب وقیل بمعنی نهض ای اسرع بصرف جانبه وقیل معناه تثاقل عن الشکر ؎۔

اللغات: قوله ونابجانبه نوی عطفه عن طاعتنا واصله البعد المشاکلة المذهب والطریقة التی تشاکل حاله وما هو علیه فی نفس الامر وهو ماخوذ من الشکل ای المثل والنظیر وفسر مجاهد بالطبیعة وروی ذلک عن ابن عباسؓ علی انها من شکلت الدابة اذا قیدتها لان الطبیعة علی الانسان قاهر ؎۔ من الروح۔

النحو: قوله من امر ربی متعلق بکائن ای حادث من امر ربی ای بامر ربی فمن للعلة کما فی الکبیر بتخلیق الله تعالیٰ قوله لا یاتون جواب القسم ساد مسد الجزاء ولیس هو الجزاء بدلیل اثبات النون ؎۔

البلاغة: قوله ونابجانبه زاده مبالغة لان فیه تصویرًا للاعراض فهو تمثیل فالجانب علی ظاهره ؎ قوله لا یأتون بمثله فی الروح اوثر الاظهار علی ایراد الضمیر الراجع الی المثل المذکور احترازا عن ان یتوهم ان له مثلا معینا۔

وَقَالُوا لَن نُّؤْمِنَ لَكَ حَتَّىٰ تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْأَرْضِ يَنبُوعًا ﴿٩٠﴾ أَوْ تَكُونَ لَكَ جَنَّةٌ مِّن نَّخِيلٍ وَعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ
الْأَنْهَارَ خِلَالَهَا تَفْجِيرًا ﴿٩١﴾ أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا أَوْ تَأْتِيَ بِاللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ قَبِيلًا ﴿٩٢﴾ أَوْ يَكُونَ لَكَ بَيْتٌ
مِّن زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقَىٰ فِي السَّمَاءِ وَلَن نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتَّىٰ تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتَابًا نَّقْرَؤُهُ ۗ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّي هَلْ كُنتُ
ع ۱۰ ۹ إِلَّا بَشَرًا رَّسُولًا ﴿٩٣﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَن يُؤْمِنُوا إِذْ جَاءَهُمُ الْهُدَىٰ إِلَّا أَن قَالُوا أَبَعَثَ اللَّهُ بَشَرًا رَّسُولًا ﴿٩٤﴾ قُل
لَّوْ كَانَ فِي الْأَرْضِ مَلَائِكَةٌ يَمْشُونَ مُطْمَئِنِّينَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِم مِّنَ السَّمَاءِ مَلَكًا رَّسُولًا ﴿٩٥﴾ قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا
بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِعِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ﴿٩٦﴾ وَمَن يَهْدِ اللَّهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۖ وَمَن يُضْلِلْ فَلَن تَجِدَ لَهُمْ أَوْلِيَاءَ مِن
دُونِهِ ۖ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَىٰ وُجُوهِهِمْ عُمْيًا وَبُكْمًا وَصُمًّا ۖ مَّأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنَاهُمْ سَعِيرًا ﴿٩٧﴾ ع
ذَٰلِكَ جَزَاؤُهُم بِأَنَّهُمْ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا وَقَالُوا أَإِذَا كُنَّا عِظَامًا وَرُفَاتًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ خَلْقًا جَدِيدًا ﴿٩٨﴾ أَوَلَمْ
يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ قَادِرٌ عَلَىٰ أَن يَخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ أَجَلًا لَّا رَيْبَ
فِيهِ فَأَبَى الظَّالِمُونَ إِلَّا كُفُورًا ﴿٩٩﴾ قُل لَّوْ أَنتُمْ تَمْلِكُونَ خَزَائِنَ رَحْمَةِ رَبِّي إِذًا لَّأَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْإِنفَاقِ ۚ وَكَانَ
ع ۱۱ ۷ ۱۱ الْإِنسَانُ قَتُورًا ﴿١٠٠﴾

اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم آپ پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے جب تک آپ ہمارے لئے (مکہ کی) زمین سے کوئی چشمہ نہ جاری کر دیں یا خاص آپ کے لئے کھجور اور انگور کا باغ نہ ہو پھر اس باغ کے بیچ بیچ میں جگہ جگہ بہت سی نہریں آپ جاری کر دیں جیسا کہ آپ کہا کرتے ہیں آپ آسمان کے ٹکڑے ہم پر نہ گرا دیں یا آپ اللہ کو اور فرشتوں کو ہمارے سامنے لا کھڑا کر دیں یا آپ کے پاس کوئی سونے کا بنا ہوا گھر نہ ہو یا آپ آسمان پر (ہمارے سامنے) نہ چڑھ جاویں اور ہم تو آپ کے (آسمان پر) چڑھنے کا بھی کبھی باور نہ کریں جب تک کہ (وہاں سے) آپ ہمارے پاس ایک نوشتہ نہ لائیں جس کو ہم پڑھ بھی لیں آپ فرما دیجئے کہ سبحان اللہ میں بجز اس کے کہ آدمی ہوں مگر پیغمبر ہوں اور کیا ہوں اور جس وقت ان لوگوں کے پاس ہدایت پہنچ چکی اس وقت ان کو ایمان لانے سے بجز اس کے اور کوئی (قابل التفات) بات مانع نہیں ہوئی کہ انہوں نے کہا کیا اللہ تعالیٰ نے بشر کو رسول بنا کر بھیجا ہے آپ فرما دیجئے کہ اگر زمین پر فرشتے (رہتے) ہوتے کہ اس میں چلتے بستے تو البتہ ہم ان پر آسمان سے فرشتے کو رسول بنا کر بھیجتے۔ آپ (اخیر بات) کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ میرے اور تمہارے درمیان کافی گواہ ہے (کیونکہ) وہ اپنے بندوں کو خوب جانتا ہے خوب دیکھتا ہے اور اللہ جس کو راہ پر لائے وہی راہ پر

www.besturdubooks.net

آتا ہے اور جس کو وہ بے راہ کردے تو خدا کے سوا آپ کسی کو بھی ایسوں کا مددگار نہ پاویں گے اور ہم قیامت کے روز ان کو اندھا گونگا بہرا کرکے منہ کے بل چلائیں گے پھر ان کا ٹھکانا (دوزخ) ہے وہ جب ذرا دھیمی ہونے لگے گی تب ہی ان کے لئے اور زیادہ بھڑکا دیں گے۔ یہ ہے ان کی سزا اس سبب سے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا تھا کہ جب ہم ہڈیاں اور بالکل ریزہ ریزہ ہو جاویں گے تو کیا ہم از سرنو پیدا کرکے (قبروں سے) اٹھائے جاویں گے کیا ان لوگوں کو اتنا معلوم نہیں کہ جس اللہ نے آسمان اور آسمان اور زمین پیدا کئے وہ اس بات پر بدرجہ اولیٰ قادر ہے کہ وہ ان جیسے آدمی دوبار پیدا کردے اور ان کے لئے ایک میعاد معین کر رکھی ہے کہ اس میں ذرہ بھی شک نہیں اس پر بھی بے انصاف لوگ بے انکار کئے نہ رہے۔ آپ فرما دیجئے کہ اگر تم لوگ میرے رب کی رحمت (یعنی نبوت) کے خزانوں (یعنی کمالات) کے مختار ہوتے تو اس صورت میں تم اس کے خرچ کرنے کے اندیشہ سے ضرور ہاتھ روک لیتے اور آدمی ہے بڑا تنگ دل۔ ۞

تفسیر ربط: آگے بھی تقریر رسالت کے لئے مشرکین کے ایک شبہ متعلقہ نبوت کا جواب ہے کہ انہوں نے محض براہ عناد کچھ بے سروپا فرمائشیں کی تھیں اس شبہ کو آیت میں دفع کیا گیا ہے اخرجه ابن جرير عن ابن عباس كذا في اللباب اور اوپر بھی تقریر رسالت کا مضمون تھا۔

جواب اقتراح معاندین ☆ وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ (الى قوله تعالى) قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ۞ اور یہ لوگ (باوجود اس کے کہ اعجاز قرآن سے آپ کی نبوت ثابت ہو چکی ایمان نہیں لاتے بلکہ یوں) کہتے ہیں کہ ہم آپ پر ہرگز ایمان نہ لاویں گے جب تک آپ ہمارے لئے (مکہ کی) زمین سے کوئی چشمہ نہ جاری کردیں یا خاص آپ کے لئے کھجور اور انگوروں کا کوئی باغ نہ ہو پھر اس باغ کے بیچ بیچ میں جگہ جگہ بہت سی نہریں آپ جاری کردیں یا جیسا آپ کہا کرتے ہیں آپ آسمان کے ٹکڑے ہم پر نہ گرادیں (جیسا آیت میں ہے: اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ...... [السبا: ۹]) یا آپ اللہ کو اور فرشتوں کو (ہمارے) سامنے نہ لا کھڑا کردیں (کہ ہم کھلم کھلا دیکھ لیں) یا آپ کے پاس کوئی سونے کا بنا ہوا گھر ہو نہ ہو یا آپ آسمان پر (ہمارے سامنے) نہ چڑھ جاویں اور ہم تو آپ کے (آسمان پر) چڑھنے کا کبھی یقین نہ کریں جب تک کہ (وہاں سے) آپ ہمارے پاس ایک نوشتہ نہ لاویں جس کو ہم پڑھ بھی لیں (وراس میں آپ کے آسمان پر پہنچنے کی تصدیق بطور رسید لکھی ہوئی ہو) آپ (ان سب خرافات کے جواب میں) فرما دیجئے کہ سبحان اللہ میں بجز اس کے کہ آدمی ہوں (مگر) پیغمبر ہوں اور کیا ہوں (کہ ان فرمائشوں کا پورا کرنا میری قدرت میں ہو۔ پس بشریت کہ بالذات عجز کو مقتضی ہے متحقق ہے اور بالعرض قدرت کو کوئی امر مقتضی نہیں اور رسالت گو میری صفت ہے مگر وہ اس کو مقتضی نہیں اور اگر اس کو مقتضی کہا جاوے تو محض غلط ہے کیونکہ اس کا مقتضا صرف اس قدر ہے کہ کوئی دلیل صحیح سالم عن المعارض اس پر قائم ہو سو اس کو بار ہا تم لوگوں کے سامنے پیش کر چکا ہوں اور اب تک اس پر کوئی قدح نہیں کیا گیا اس لئے بالعرض قدرت کو بھی کوئی امر مقتضی نہ رہا پس ان آیت کو بشر یا رسول سے تو کوئی تعلق نہ رہا اب رہ گیا یہ امر کہ حق تعالیٰ بوجود عدم ضرورت کے ظاہر کردیں سو اس کی حکمت کو وہ جانیں کسی کو اس فرمائش کا حق نہیں چنانچہ بعض حکمتیں معلوم بھی ہوگئی ہیں کہ فرمائش کے پورا ہونے پر ایمان نہ لاتے تو استیصال ہی ہو جاتا جیسا کئی بار گذر چکا ہے)۔ **ربط:** اوپر بعض شبہات متعلقہ رسالت کا جواب تھا آگے بھی بعض شبہات متعلقہ رسالت کا جواب ہے وہ شبہ یہ تھا کہ رسول بشر نہ ہونا چاہئے۔ فرشتہ ہونا چاہئے جواب کا حاصل یہ ہے کہ رسول اور مرسل الیہم میں مناسبت ضروری ہے اگر مرسل الیہم فرشتے ہوتے تو رسول بھی فرشتہ ہوتا جب کہ مرسل الیہم بشر ہیں تو رسول بھی بشر ہونا چاہئے۔

جواب بعض شبہات متعلقہ رسالت ☆ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا (الى قوله تعالى) لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ۞ اور جس وقت ان لوگوں کے پاس ہدایت (یعنی دلیل صحیح رسالت کی مثل اعجاز قرآن کے) پہنچ چکی (جس کا مقتضا یہ تھا کہ ایمان لے آتے) اس وقت ان کو ایمان لانے سے بجز اس کے اور کوئی (قابل التفات) بات مانع نہیں ہوئی کہ انہوں نے (بشریت اور رسالت میں تنافی سمجھی جس کے سبب یہ) کہا کیا اللہ تعالیٰ نے بشر کو رسول بنا کر بھیجا ہے (یعنی ایسا نہیں ہوسکتا) آپ (جواب میں ہماری طرف سے) فرما دیجئے کہ اگر زمین پر فرشتے (رہتے) ہوتے کہ اس میں (مثل دیگر سکانِ ارض کے) چلتے بستے (اور بمقتضائے حکمت وتبدیل خاصیت ملکیت آسمانوں پر نہ جاتے) تو البتہ ہم ان پر آسمان سے فرشتہ رسول بنا کر بھیجتے **ف**: اگر وسوسہ ہو کہ جب مناسبت کی ضرورت سے مجانست کی رعایت ہوئی تو پھر رسول کے پاس کہ بشر ہوتا ہے فرشتہ کیسے آتا ہے اور کیونکر فیض ہوتا ہے جواب یہ ہے کہ رسول میں چونکہ شان ملکیت کی بھی ہوتی ہے اس لئے اس کو فرشتہ اور بشر دونوں سے مناسبت ہوتی ہے کہ فرشتہ سے وحی لے کر بشر کو پہنچا دے۔ بخلاف عوام بشر کے ان میں شان ملکیت کی نہیں ہوتی اس لئے مجانست شرط مناسبت ہے اور اگر یہ وسوسہ ہو کہ اگر فرشتہ آدمی کی شکل میں بن کر آجاتا تو عوام کو بھی مناسبت ہو جاتی اس کے دو جواب ہیں ایک تو وہ جو کہ سورۂ انعام کے رکوع اول کے آخر میں آیت: وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا [الأنعام: ۹] میں گذر چکا ہے دوسرا یہ کہ شکل بدلنے سے فرشتہ کی خاصیت نہیں بدلتی پھر بھی مناسبت نہ ہوتی اور اگر یہ وسوسہ ہو کہ آپ میں وصف جامعیت ہے اس لئے ان کو بھی آپ سے فیض ممکن ہے اور يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ کی قید اس لئے لگائی کہ اگر ان کو عروج کی اجازت ہوتی تو ارسال رسول کی ضرورت نہ ہوتی۔ **ربط:** قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ میں رسالت کی دلیل قطعی کا

www.besturdubooks.net

اور بعد کی آیتوں میں اس کے متعلق شبہات کے جوابوں کا بیان تھا چونکہ معاندین ان پر بھی نہیں مانے اس لئے آگے آخری خطاب اور اس کے ساتھ قیامت کے روز وعید عذاب اور اس کے ضمن میں قیامت کے متعلق شبہ کا جواب ارشاد ہے۔

جواب اخیر و وعید سعیر و اثبات یوم عسیر☆ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ (الی قولہ تعالی) فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا۝ (جب یہ لوگ باوجود قیام ادلہ ودفع شبہات کے بھی نہیں مانتے تو) آپ (اخیر بات) کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ میرے اور تمہارے درمیان (کے اختلاف میں) کافی گواہ ہے (یعنی خدا جانتا ہے کہ میں واقع میں رسول ہوں تم نہیں مانتے مت مانو ایک روز بھگتو گے کیونکہ) وہ اپنے بندوں (کے احوال) کو خوب جانتا ہے خوب دیکھتا ہے (تمہارے عناد کو بھی دیکھتا جانتا ہے تم کو اس کی سزا دے گا) اور (واقعی بات یہ ہے کہ) اللہ جس کو راہ پر لاوے وہی راہ پر آتا ہے اور جس کو وہ بے راہ کر دے تو خدا کے سوا (جتنے ہیں جن کی مدد کا ان کو بھروسہ ہے ان میں سے) آپ کسی کو بھی ایسوں کا مددگار نہ پاویں گے (اور خدا کی مدد سے بوجہ کفر کے محروم رہے یعنی جب تک خدا کی طرف سے دستگیری نہ ہو نہ ہدایت ہو سکتی ہے نہ عذاب سے بچ سکتا ہے چنانچہ یہ لوگ باوجود اجتماع اسباب ہدایت کے بوجہ مخذول ہونے کے ہدایت تک نہ پہنچ سکے) اور ہم قیامت کے روز ان کو اندھا گونگا بہرا کر کے منہ کے بل چلائیں گے (پھر) ان کو ٹھکانا دوزخ ہے (اور وہاں کے شدت عذاب کی یہ کیفیت ہوگی کہ) وہ (یعنی اس کی آگ) جب ذرا دھیمی ہونے لگے گی تب ہی ہم ان کے لئے اور زیادہ بھڑکا دیں گے یہ ہے ان کی سزا اس سبب سے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا تھا اور یوں کہا تھا کہ کیا جب ہم ہڈیاں اور (ہڈیاں بھی کیسی کہ) بالکل ریزہ ریزہ ہو جاویں گے تو کیا ہم از سر نو پیدا کر کے (قبروں سے) اٹھائے جاویں گے کیا ان لوگوں کو اتنا معلوم نہیں کہ جس اللہ نے آسمان اور زمین پیدا کئے وہ اس بات پر (بدرجۂ اولیٰ) قادر ہے کہ وہ ان جیسے آدمی دوبارہ پیدا کر دے اور (منکرین کو شاید یہ دوسہ ہو کہ ہزاروں مر گئے مگر اب تک یہ وعدہ بعث عام کا پورا ہوا نہیں تو اس کی وجہ یہ ہے کہ) ان کے (دوبارہ پیدا کرنے کے) لئے ایک میعادِ معین کر رکھی ہے کہ اس (میعاد کے آنے کے وقت دوبارہ پیدا کرنے) میں ذرا بھی شک نہیں اس پر بھی بے انصاف لوگ بے انکار کئے نہ رہے۔

ف: حدیث شیخین میں تصریح ہے کہ کفار منہ کے بل چلیں گے پس عَلٰى وُجُوْهِهِمْ میں تو معنی مجازی یقیناً نہیں اور اسی کے قرینہ سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا میں بھی مجاز نہیں جیسا دوسری آیت میں ہے: قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا [طٰه: ۱۲۵] الخ۔ پھر دوسری آیتوں سے جو ان کا سمیع بصیر ہونا یا ان کا سر اونچا ہونا معلوم ہوتا ہے جیسے: اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ [مریم: ۳۸] مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ [ابراھیم: ۴۳] اس میں متعدد جواب ہو سکتے ہیں لیکن اسہل اور اقرب یہ ہے کہ عین حشر وقت ذلت کے لئے یہ حالت ہوگی بعد میں سمع و بصر و اقناع رؤس دوسری مصلحتوں سے مثل شدت خوف و حیرت وغیرہ کے واقع ہوگا اور یخلقهم کی جگہ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ اس لئے فرمایا کہ یہ خلق جدید ان کو اور تمام آدمیوں کو جو کہ ان مذکورین کے امثال ہیں بلکہ کل مخلوقات کو عام ہوگی یا مِثْلَهُمْ سے یہ مراد ہو من كان على صفتهم من الصغر والحقارة بالنسبة الى السمٰوت والارض اور اس کے عموم میں یہ بھی داخل ہوں۔

ربط: اوپر کفار کا آپ کی نبوت پر انکار کرنا اور عداوت رکھنا مذکور ہوا ہے آگے بطور تفریع کے فرماتے ہیں کہ اگر نبوت تمہارے اختیار میں ہوتی تم تو رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی نہ دیتے مگر وہ فضل خاص خدا کے ہاتھ میں ہے اس لئے تمہاری کراہت و عداوت مانع نہیں ہو سکتی نیز اس سے ان کے اس قول کا جواب بھی نکل آیا جو کہا کرتے تھے: وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ [الزخرف: ۳۱] جس کا جواب اس جگہ ان لفظوں میں دیا ہے اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ [الزخرف: ۳۲] پس دونوں آیتوں کا مضمون قریب قریب ہو گیا چنانچہ یہاں بھی لفظ رحمت مذکور ہے جس کی تفسیر نبوت ہے۔

موکول نبودن عطائے نبوت بعباد☆ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا۝ ۔ آپ فرما دیجئے کہ اگر تم لوگ میرے رب کی رحمت (یعنی نبوت) کے خزانوں (یعنی کمالات) کے مختار ہوتے (کہ) جس کو چاہتے دیتے جس کو نہ چاہتے نہ دیتے جیسا تمہارے بے جا تحکمات سے مترشح ہوتا ہے مثلاً یہ کہنا: لَوْلَا نُزِّلَ [الزخرف: ۳۱] الخ اور مثلاً اقتراح آیات اور مثلاً دعویٰ منافات بشریت و نبوت) تو اس صورت میں تم (اس کے) خرچ کرنے کے اندیشہ سے ضرور ہاتھ روک لیتے (کبھی بھی کسی کو نہ دیتے باوجودیکہ وہ چیز ایسی ہوتی کہ دینے سے بھی نہ گھٹتی مگر خود اس کے دینے ہی کو مثل خرچ کرنے کے سمجھ کر کسی کو بھی نہ دیتے جیسے بعض لوگ علم کی بات غایت بخل سے نہیں بتلایا کرتے) اور آدمی ہے بڑا تنگ دل (کہ ایسی نہ گھٹنے والی چیز کے عطا کرنے سے بھی دریغ کرتا ہے جس کی وجہ بخل عداوت نبویہ کے ساتھ یہ بھی شاید ہوئی کہ اگر کسی کو نبی بنا لیا تو پھر پابندی احکام کرنا پڑے گی جیسے اتفاق کر کے کسی کو بادشاہ قرار دے لینے پر یہی امر مرتب ہوتا ہے)۔

ف: یہ تفسیر مواہب الٰہیہ سے ہے اور مقام کے ساتھ نہایت چسپاں ہے اس میں نبوت کو رحمت کے ساتھ تعبیر کرنا ایسا ہوگا جیسا بالاجماع آیت: اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ [الزخرف: ۳۲] میں تعبیر کیا گیا ہے اور اعطائے نبوت کا انفاق کہنا ایسا ہوگا جیسا بعض مفسرین نے مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ [البقرۃ: ۳] میں انفاق کی تفسیر اضافۂ انوار سے کی ہے۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَقَالُوا لَنْ نُّؤْمِنَ الخ اس میں مذمت ہے طلب خوارق کی قولہ تعالیٰ: قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ الخ اس میں تصریح ہے کہ مقبولین کو یہ قدرت نہیں کہ جوان سے درخواست کی جاوے وہ اس کو پورا کر دیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ الخ وجہ اس حکم کی معلم و متعلم میں مناسبت کا شرط ہونا ہے اور اس شرط کی رعایت قوم میں معروف ہے قولہ تعالیٰ: كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ الخ۔ اس میں اس قول کا رد ہے جو بعض کی طرف منسوب ہے کہ مدت طویلہ کے بعد عذاب نار منقطع ہو جائے گا۔ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ الخ اس میں اشارہ ہے اس شخص کی مذمت کی طرف جو طریق کو طالبین سے چھپاتے ہیں اور وہ طریق کی حقیقت ان چند ملفوظات کو سمجھتے ہیں جو اپنے مشائخ سے سن لئے ہیں ان کو خدا جانے کیا خزائن و دفائن سمجھتے البتہ علوم کشفیہ جزو طریق نہیں ان کو ظاہر نہ کرنا چاہیے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في الارض مکہ بدليل اسباب النزول ۱۲۔ ۲ قوله في حتى تفجر لنا جاری کردیں في الروح هو من باب نصر للتعدى وقرء بعضهم تفجر من التفعيل ووجهه ظاهر ۱۲۔ ۳ قوله في تفجيرا جگہ جگہ مفهوم من المفعول المطلق للتكثير ۱۲۔ ۴ قوله في ما منع الناس قائل التفات اشارة الى جواب سوال انه هو انه ما معنى الحصر مع انه كان لهم شبهات شتى والجواب ان الحصر باعتبار معظم الموانع ولا محذور في تعدد المعظم فلا يرد انه كيف يصح هذا الحصر مع الحصر الآخر في قوله تعالىٰ وما منع الناس ان يومنوا اذ جائهم الهدى ويستغفروا ربهم الا ان تاتيهم سنة الاولين الخ ۱۲۔ ۵ قوله في الا ان قالوا بشریت اور رسالت الخ اشارة الى ان المانع هو الاعتقاد المستتبع لهذا القول كما هو الظاهر ۶ قوله في قل لو كان ہماری طرف سے بقرينة لنزلنا فان بعض الا جوبة حكاية عن الله تعالىٰ وبعضها عن نفسه كما في الآية التي تليهما من قوله قل كفى بالله شهيدا بيني وبينكم الخ ۱۲۔ ۷ قوله في نحشر چلائیں گے هو ترجمة بالحاصل لان اصله الجمع ولما كان هذا الجمع بعد الامشاء صح تفسيره به ۱۲۔ ۸ قوله في اولم يروا معلوم اشارة الى ان الرؤية علمية ۱۲۔ ۹ قوله في ان يخلق دوبارہ لان الكلام في الخلق الجديد ۱۲۔ ۱۰ قوله قبل وجعل بعث عام قيد به لان بعض الموتى قد احياهم الله تعالىٰ معجزة لانبيائه ۱۲۔ ۱۱ قوله في خشية الانفاق خرچ الخ هذا من المواهب وفيه من المبالغة ما لا يخفى حيث جعل الانفاق مخوفا منه وبعضهم قدر المضاف اى خشية عاقبته الانفاق وهو النفاد والمعنى ظاهر ۱۲۔ ۱۲ قوله في ف مواہب وفسرها بعضهم بالمعاني اللغوية فيكون حاصل المرام مع اعتبار الربط بما قبل ان اظهار المقترحات اما للدلالة على النبوة فجوابه ما مر في قوله هل كنت الا بشرا رسولا واما الاتساع الارزاق فجوابه على ما ذكر ههنا ان الاتساع لا يكون حسب قانون التمدن الا بان يعاون بعضهم بعضا وهؤلاء لبخلهم ما كانوا يعاونوا فانتفت هذه الفائدة ايضا فكان اظهار المقترحات عبثا محضا ۱۲۔

اللغات: قوله ينبوع من نبع الماء كيعبوب فالباء زائدة للمبالغة ۱۲۔

النحو: قوله كسفا حال ۱۲ قوله ملكا رسولا ملكا حال مقدمة من رسول وهو مفعول بعث ۱۲۔

البلاغۃ: قوله الا ان قالوا والنكتة في التعبير عن الاعتقاد بالقول الاشارة الى انه لفظ محض لا معنى له ۱۲۔ قوله نحشرهم فيه التفات قوله قادر الى جعل في قوله قادر دلالة على الامكان وفي قوله جعل دلالت على الوقوع وعليه بلغ التفرع بقوله فابى غاية الاستحسان ۱۲۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ جَآءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ﴿۱۰۱﴾
قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ﴿۱۰۲﴾ فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ
مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا ﴿۱۰۳﴾ وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ
جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ﴿۱۰۴﴾ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۗ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾ وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى وقف لازم
النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿۱۰۶﴾ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ
لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿۱۰۷﴾ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ﴿۱۰۹﴾ السجدة

www.besturdubooks.net

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾

ع ۱۲/۱۱

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کھلے ہوئے نو معجزے دیئے جب کہ وہ بنی اسرائیل کے پاس آئے تھے سو آپ بنی اسرائیل سے پوچھ دیکھئے اور فرعون نے ان سے کہا کہ اے موسیٰ میرے خیال میں تم پر ضرور کسی نے جادو کر دیا ہے موسیٰ نے فرمایا تو (دل میں) خوب جانتا ہے کہ یہ عجائبات خاص آسمان کے پروردگار نے بھیجے ہیں جو کہ بصیرت کے لئے کافی ذرائع ہیں اور میرے خیال میں ضرور تیری کم بختی کے دن آگئے ہیں پھر اس نے چاہا کہ بنی اسرائیل کا اس سرزمین سے قدم اکھاڑ دے سو ہم نے اس (ہی) کو اور جو اس کے ساتھ تھے سب کو غرق کر دیا اور اس کے بعد ہم نے بنی اسرائیل کو کہہ دیا کہ (اب) تم اس سرزمین میں رہو سہو پھر جب آخرت کا وعدہ آجائے گا تو ہم سب کو جمع کر کے لا حاضر کریں گے اور ہم نے اس قرآن کو راستی ہی کے ساتھ نازل کیا اور وہ راستی ہی کے ساتھ نازل ہو گیا اور ہم نے آپ کو صرف خوشی منانے اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور قرآن میں ہم نے جا بجا فصل رکھا تا کہ اس کو لوگوں کے سامنے ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں اور ہم نے اس کو اتارنے میں تدریجاً اتارا۔ کہہ دیجئے کہ تم اس قرآن پر خواہ ایمان نہ لاؤ جن لوگوں کو قرآن سے علم دیا گیا تھا یہ قرآن جب ان کے سامنے پڑھا جاتا ہے تو ٹھوڑیوں کے بل گر پڑتے ہیں اور کہتے ہیں ہمارا رب (وعدہ خلافی سے) پاک ہے بے شک ہمارے رب کا وعدہ ضرور پورا ہی ہوتا اور ٹھوڑیوں کے بل گرتے ہیں روتے ہوئے اور یہ قرآن ان کا خشوع اور بڑھا دیتا ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ خواہ اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو جس نام سے بھی پکارو گے سو اس کے بہت اچھے اچھے نام ہیں اور اپنی نماز میں نہ تو بہت پکار کر پڑھئے اور نہ بالکل چپکے چپکے ہی پڑھیے اور ان دونوں کے درمیان ایک طریقہ اختیار کر لیجئے اور کہہ دیجئے کہ تمام خوبیاں اسی اللہ پاک کے لئے (خاص) ہیں جو نہ اولاد رکھتا ہے اور نہ اس کا کوئی سلطنت میں شریک ہے اور نہ کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے اور اس کی خوب بڑائیاں بیان کیا کیجئے۔ ○

تفسیر: ربط: اوپر رسالت محمدیہ اور دلیل رسالت یعنی اعجاز قرآن کا اثبات اور کفار کا بیان تھا آگے بطور تنظیر کے رسالت موسویہ اور معجزات موسویہ کا ذکر اور عناد فرعون کا بیان ہے جس سے آیات مقترحہ کے عدم ظہور کی حکمت بھی مفہوم ہوگئی کہ یہ مثل فرعون کے ضرور انکار کرتے اور مستوجب عذاب ہوتے اور تسلیہ کے لئے عناد فرعون کا اور صبر بنی اسرائیل کا انجام مذکور ہوتا ہے تا کہ ان معاندین کے انجام کو اس پر قیاس کر لیا جاوے اور مسلمانوں کو استقلال سہل ہو اور نظیر مذکور کا بیان کر کے آیت: وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ الخ سے پھر اصلی مدعا یعنی تحقیق رسالت و دلیل رسالت کی طرف عود ہے اور قُلْ اٰمِنُوْا الخ میں تسلیہ کے لئے عدم مبالات کی تصریح ہے پس تمام تر کلام سے مقصود تحقیق رسالت ہے۔

تحقیق رسالت ☆ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (الی قولہ تعالی) وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ۩ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کھلے ہوئے نو معجزے دیئے (جن کا ذکر پارہ نہم کے رکوع ششم آیت اول میں ہے) جب کہ وہ بنی اسرائیل کے پاس آئے تھے سو آپ بنی اسرائیل سے (بھی چاہے) پوچھ دیکھئے (اور چونکہ آپ فرعون کی طرف بھی بھیجے گئے تھے اور فرعون و آل فرعون کے ایمان نہ لانے سے وہ عجائبات ظاہر ہوئے تھے اس لئے موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کو دوبارہ ایمان لانے کے لئے یاد دہانی کی اور ان آیات بینہ سے ڈرایا) تو فرعون نے ان سے کہا کہ اے موسیٰ میرے خیال میں تو ضرور تم پر کسی نے جادو کر دیا (جس سے تمہاری عقل مخبوط ہوگئی کہ ایسی بہکی بہکی باتیں کرتے ہو) موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا تو (دل میں) خوب جانتا ہے (گو عار کی وجہ سے زبان سے اقرار نہیں کرتا) کہ یہ عجائبات خاص آسمان اور زمین کے پروردگار ہی نے بھیجے ہیں جو کہ بصیرت کے لئے (کافی) ذرائع ہیں اور میرے خیال میں ضرور تیری کمبختی کے دن آگئے ہیں (اور یا تو فرعون کی یہ حالت تھی کہ موسیٰ علیہ السلام کی درخواست پر بھی بنی اسرائیل کو مصر سے جانے کی اجازت نہ دیتا تھا اور) پھر (یہ ہوا کہ) اس نے (اس احتمال سے کہ کہیں بنی اسرائیل موسیٰ علیہ السلام کے اثر سے قوت نہ پکڑ جاویں خود ہی) چاہا کہ بنی اسرائیل کا اس سرزمین سے قدم اکھاڑ دے (یعنی ان کو شہر بدر کر دے) سو ہم نے (قبل اس کے کہ وہ کامیاب ہو خود) اس (ہی) کو اور جو اس کے ساتھ تھے سب کو غرق کر دیا اور اس (کے غرق کرنے) کے بعد ہم نے بنی اسرائیل کو کہہ دیا کہ (اب) تم اس سرزمین (کے جہاں سے تم کو نکالنا چاہتا تھا مالک ہو تم ہی اس) میں رہو سہو (خواہ بالقوہ یا بالفعل مگر یہ مالکیت حیات دنیا تک ہے) پھر جب آخرت کا وعدہ آجاوے گا تو ہم سب کو جمع کر کے (قیامت کے میدان میں مملوکانہ محکومانہ) لا حاضر کریں گے اور (جس طرح ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو معجزے دیئے اسی طرح آپ کو معجزے دیئے جن میں عظیم الشان معجزہ قرآن ہے کہ) ہم نے اس قرآن کو راستی ہی کے ساتھ تو نازل کیا ہے اور وہ راستی ہی کے ساتھ (آپ پر) نازل ہو گیا (یعنی جیسا کاتب کے پاس سے چلا تھا اسی طرح مکتوب الیہ تک پہنچ گیا اور درمیان میں کوئی تغیر و تبدل و تصرف نہیں ہوا پس سرتاسر راستی ہی راستی ہے) اور (جس طرح ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو پیغمبر بنایا تھا اور ہدایت ان کے اختیار میں نہ تھی اسی طرح)

www.besturdubooks.net

ہم نے آپ کو (بھی) صرف (ایمان پر ثواب کی) خوشی سنانے والا اور (کفر پر عذاب سے) ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے (اگر کوئی ایمان نہ لاوے کچھ غم نہ کیجئے) اور قرآن (میں صفت راستی کی ساتھ بمقتضائے رحمت اور بھی ایسے صفات کی رعایت کی گئی ہے کہ اس سے ہدایت زیادہ آسان ہو چنانچہ ایک تو یہ کہ اس میں ہم نے (آیات وغیرہ کا) جا بجا فصل رکھا تاکہ آپ اس کو لوگوں کے سامنے ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں (جس میں وہ اچھی طرح سمجھ سکیں کیونکہ تقریر طویل مسلسل بعض اوقات ضبط میں نہیں آتی) اور (دوسرے یہ کہ) ہم نے اس کو اتارنے میں بھی (حسب واقعات) تدریجاً اتارا (تاکہ معانی کا خوب انکشاف ہو اب ان سب امور کا مقتضا یہ تھا کہ یہ لوگ ایمان لے آتے لیکن اس پر بھی ایمان نہ لاویں تو آپ کچھ پرواہ نہ کیجئے بلکہ صاف) کہہ دیجئے کہ تم اس قرآن پر خواہ ایمان لاؤ یا نہ لاؤ (مجھ کو کوئی پرواہ نہیں دو وجہ سے اول تو یہ کہ میرا کیا ضرر کیا۔ دوسرے یہ کہ تم ایمان نہ لائے تو کیا ہوا دوسرے لوگ ایمان لے آئے چنانچہ) جن لوگوں کو قرآن (کے نزول) سے پہلے (دین کا) علم دیا گیا تھا (یعنی منصف علمائے اہل کتاب) یہ قرآن جب ان کے سامنے پڑھا جاتا ہے تو ٹھوڑیوں کے بل سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور کہتے ہیں ہمارا رب (وعدہ خلافی سے) پاک ہے بیشک ہمارے رب کا وعدہ ضرور پورا ہی ہوتا ہے (سو جس کتاب کا جس نبی پر نازل کرنے کا وعدہ کتب سابقہ میں کیا تھا اس کو پورا فرما دیا) اور ٹھوڑیوں کے بل (جو) گرتے ہیں (تو) روتے ہوئے (گرتے ہیں) اور یہ قرآن (یعنی اس کا سننا) ان کا (دلی) خشوع اور بڑھا دیتا ہے (کیونکہ ظاہر و باطن کا توافق کیفیت کو قوی کر دیتا ہے) **ف**: یہ سجدہ میں گرنا بطور شکر کے ہے کہ وعدۂ مندرجہ کتب سابقہ پورا ہوا یا تعظیم و اجلال کے لئے ہے کہ قرآن سن کر ہیبت طاری ہوتی ہے یا مجازاً کنایہ ہے کمال انقیاد و خشوع سے اور سجدہ چہرے کے بل ہوتا ہے مگر ٹھوڑی کے بل کہنا مبالغہ کے لئے ہے کہ اپنے چہرے کو زمین اور خاک سے اس قدر لگائے دیتے ہیں کہ ٹھوڑی لگنے کے قریب ہو جاتی ہے اور ترمذی کی حدیث میں یہود کا آپ سے تسع آیات سے سوال کرنا اور جواب میں احکام بیان فرمان مذکور ہے لیکن آیت میں اس کا مراد لینا سیاقِ کلام سے بعید ہے کہ ظاہراً کلام معجزات میں ہے پس معنی حدیث کے احقر کے نزدیک یہ ہیں کہ آپ نے ان معجزات کو بیان کر کے بطور زیادت علی الجواب کے احکام بھی بیان کر دیئے راوی نے احکام کو مہتم بالشان سمجھ کر معجزات کا مضمون کلام سے حذف کر دیا واللہ اعلم اور مَثْبُوْرًا کہنا اگر لہجۂ شفقت میں ہو تو قول لین کے خلاف نہیں ہے اور چونکہ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے متبوع رہے اس لئے اِذْ جَآءَهُمْ میں بنی اسرائیل کی تخصیص کی۔ **ربط**: اوپر آیات متعددہ میں توحید کی تقریر تھی آگے ختم سورت پر پھر اس کے متعلق بعض تحقیقات و بعض تعلیمات ہیں اور چونکہ سورت کے افتتاح میں بھی باری تعالیٰ کی تنزیہ پر دلالت تھی پس اس کا اختتام پر ہونا لطافت و حسن مراعات کو دوبالا کر دیتا ہے اور ان آیات کے اسباب نزول یہ قصے ہیں۔

اوّل: آپ نے ایک روز دعا میں یا اللہ یا رحمٰن فرمایا مشرکین نے اعتراض کیا کہ ہم کو تو دو معبودوں کے پکارنے سے منع کرتے ہیں اور خود دو معبودوں کو پکارتے ہیں اس پر یہ نازل ہوا: قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ الخ۔

دوم: آپ نماز میں ذرا بلند آواز سے قرآن پڑھتے تو مشرکین قرآن اور حق تعالیٰ اور جبریل علیہ السلام کی شان میں گستاخی کرتے ہیں اس پر یہ نازل ہوا وَلَا تَجْهَرْ الخ۔

سوم: یہود و نصاریٰ اللہ کی اولاد قرار دیتے تھے اور عرب شرک کرتے تھے اور صابئون اور مجوس کہتے تھے کہ اگر اللہ کے مخصوصین نہ ہوں تو نعوذ باللہ اس کی قدر کم ہو جاوے اس پر یہ نازل ہوا: وقل الحمد الخ کذا فی اللباب باسانید مختلفة۔

تحقیق و تعلیم توحید ☆ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝ آپ فرما دیجئے کہ خواہ اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو جس نام سے بھی پکارو گے سو (بہتر ہے کیونکہ) اس کے بہت سے اچھے اچھے نام ہیں (اور اس میں شرک سے کوئی علاقہ نہیں کیونکہ مسمیٰ تو ایک ہی ہے اسماء متعدد ہیں شرک جب ہوتا جب مسمیٰ دوسرا ہوتا) اور اپنی جہری نماز میں نہ تو بہت پکار کر پڑھئے (کہ سن سن کر مشرکین خرافات بکیں اور قلب نماز میں مشوش ہو) اور نہ بالکل ہی چپکے چپکے پڑھئے (کہ نمازیوں کو بھی نہ سنائی دے کیونکہ ان کی تعلیم دینے میں کمی پڑتی ہے) اور دونوں کے درمیان ایک (متوسط) طریقہ اختیار کر لیجئے (کہ منفعت بھی فوت نہ ہو اور مضرت بھی مرتب نہ ہو) اور (کفار پر رد کرنے کے لئے علی الاعلان) کہہ دیجئے کہ تمام خوبیاں اسی اللہ (پاک) کے لئے (خاص) ہیں جو نہ اولاد رکھتا ہے اور نہ اس کا کوئی سلطنت میں شریک ہے اور نہ کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے اور اس کی خوب بڑائیاں بیان کیا کیجئے (اس میں سب عقائد قصہ سوم کا ابطال ہو گیا) **ف**: بندہ نے جو نماز میں جہری کی قید لگائی وجہ اس کی ظاہر ہے کہ اس میں جہر سے احتمال مشرکین کے سننے اور بکنے کا تھا اور لَا تَجْهَرْ کی توضیح میں جو احقر نے کہا ہے کہ قلب نماز میں مشوش ہو وجہ اس کی یہ ہے کہ تبلیغ کے وقت اس ضرر کا اعتبار نہیں کیونکہ وہاں بدون اسماع کے غرض حاصل نہیں ہوتی پس ضروری ہوا اور ضرورت کے لئے اس ضرر کا تحمل کیا جاوے گا بخلاف صلوٰۃ کے کہ یہاں اسماع سے غرض یعنی حضور قلب ہوتا ہے اس لئے منع کیا گیا۔

لطیفہ: جس سے مخلوق کو کسی قدر قوت پہنچا کرتی ہے وہ کبھی تو اپنے سے چھوٹا ہوتا ہے جیسے اولاد اور کبھی مساوی ہوتا ہے جیسے شریک اور کبھی بڑا ہوتا ہے جیسے ناصر

www.besturdubooks.net

وحامی حق تعالیٰ نے بترتیب تینوں کی نفی فرما دی کیونکہ یہاں مقسم ہی نہیں یعنی وہ خود ایسے قوی ہیں کہ کسی سے قوت حاصل کرنے کی ضرورت ہی نہیں۔

لطیفہ دوم: سورت کو تسبیح سے شروع کیا اور تحمید و تکبیر پر ختم کیا پس سبحان اللہ والحمد للہ واللہ اکبر کے معانی پر فاتحہ اور خاتمہ ہوا **والله اعلم وسبحان الله والحمد لله والله اكبر على ما وفقنى لاتمام تفسير سورة الاسراء ليوم الاثنين سادس رجب ۱۳۲۴هجرى ويليه انشاء الله تعالىٰ تفسير سورة الكهف والله المستعان وعليه التكلان فقط۔**

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِنِّي لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا۝ اس میں دلالت ہے کہ جوب تر کی بہ تر کی دینا جب کہ تسامح ورعایت میں کوئی مصلحت نہ ہو کرم اور کمال اخلاق کے منافی نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ الخ اس میں خشیت حق سے رونے کی فضیلت ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فى اذ جاء هم** جبکہ الخ **مقدما على ترجمة فسئل اشارة الى تعلق اذ بآيتنا وكون فسئل جملة معترضة للتقرير والتاكيد۱۲۔** ۲ **قوله قبل فقال له فرعون** دوبارہ **لانه لم تقع هذه الايات اذ جاءه موسى اول مرة۱۲۔** ۳ **قوله فى اسكنوا** بالقوۃ یا بالفعل **اشارة الى الاختلاف بين دخولهم مصر بعد غرقه نعم لا شك فى التمكن من السكنى وهذا هو المراد بالقوة وفسر الارض بعضهم بالشام واراه بعيدا۱۲۔** ۴ **قوله فى فرقناه** آیات الخ **لم اره يعرى واخذنه من قول ابن عباسؓ آية آية انزل وقول ابى بن كعب بيناه وقرأ الاول مثقلا والثانى مخففا كذا فى الدر المنثور۱۲۔** ۵ **قوله فى يخرون الثانى** گرتے ہیں **اشارة الى ان فائدة التكرير تقييد الاول البكاء والخشوع۱۲۔** ۶ **قوله فى تدعوا** جس نام سے الخ **اشارة الى ما قال الزمخشرى انه بمعنى التسمية لا بمعنى النداء وهو يتعدى الى مفعولين تقول دعوته زيدا ثم يترك احدهما استغناء عنه فتقول دعوت زيدًا ۱۲۔** ۷ **قوله فى صلاتك** نماز میں **على توجيهين اما ان يكون المراد بالصلوة القراءة واما ان يقدر المضاف اى بقراءة صلاتك۱۲۔**

اللغات: قوله مثبورًا من الثبور الهلاك۱۲ قوله لفيفا جميعًا كذا فى الروح عن ابن عباس الخ قوله للاذقان اللام قيل للاختصاص وقيل بمعنى على۱۲۔

النحو: قوله فسئل الفاء للاعتراض كما فى قولهم زيد فاعلم فقيه۱۲ قوله قرآنًا عامله مقدر اى فرقنا۱۲۔ قوله اياما اسم شرط جازم منصوب به تدعوا وجازم له فهو عامل ومعمول من جهتين وكلمة من فى قوله من الذل تعليلية۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْكَهْفِ

سُورَةُ الْكَهْفِ ١٨ مَكِّيَّةٌ ٦٩ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ١١٠ رُكُوْعَاتُهَا ١٢

سورۂ کہف مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۱۰ آیات اور ۱۲ رکوع ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۞ قَیِّمًا لِّیُنْذِرَ بَاْسًا شَدِیْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ
وَیُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۞ مّٰكِثِیْنَ فِیْهِ اَبَدًا ۞ وَّیُنْذِرَ
الَّذِیْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۞ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّ لَا لِاٰبَآىِٕهِمْ ؕ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ
اَفْوَاهِهِمْ ؕ اِنْ یَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۞ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰۤى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ یُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِیْثِ
اَسَفًا ۞ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِیْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَیُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۞ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَیْهَا
صَعِیْدًا جُرُزًا ۞

تمام خوبیاں اس اللہ کے لئے ثابت ہیں جس نے اپنے (خاص) بندے پر یہ کتاب نازل فرمائی اور اس میں ذرا بھی کجی نہیں رکھی بالکل استقامت کے ساتھ موصوف بنایا تاکہ وہ ایک سخت عذاب سے جو کہ منجانب اللہ ہوگا ڈرائے اور ان اہل ایمان کو جو نیک کام کرتے ہیں یہ خوشخبری دے کہ ان کو اچھا اجر ملے گا جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور تاکہ ان لوگوں کو ڈرائے جو یوں کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ اولاد رکھتا ہے نہ تو اس کی کوئی دلیل ان کے پاس ہے اور نہ ان کے باپ دادوں کے پاس تھی بڑی بھاری بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے (اور) وہ لوگ بالکل ہی جھوٹ بکتے ہیں اور آپ جو ان پر اتنا غم کھاتے ہیں سو شاید آپ ان کے پیچھے اگر یہ لوگ اس مضمون (قرآنی) پر ایمان نہ لائے تو غم سے اپنی جان دے دیں گے (یعنی اتنا غم نہ کر کے قریب ہلاکت کر دے) ہم نے زمین کی چیزوں کو اس لئے باعث رونق بنایا تاکہ ہم لوگوں کی آزمائش کریں کہ ان میں زیادہ اچھا عمل کون کرتا ہے اور ہم زمین کی تمام چیزوں کو ایک صاف میدان (یعنی فنا) کر دیں گے۔ ۞

تفسیر: سورة الكهف مكية وقيل الا قوله تعالى واصبر نفسك لأية وهى مائة واحدى عشر اية كذا فى البيضاوى ۱۲ وفى قول مائة و عشر آیات ۱۲۔ ربط: اس سورت میں مضامین میں مباحث توحید و رسالت فناء وحقارت دنیا جزاء وسزائے آخرت ذم تکبر وجدال ابطال شرک۔ بعض قصص رسالت وتوحید وبعث پر دلالت کرنے کے لئے چنانچہ مفصلاً تقریرات ربط میں معلوم ہوگا اور ان سب کا تناسق ظاہر ہے کہ ان سب مضامین کو ایمان کے حصول میں دخل ہے اور گذشتہ سورت کا ختم اور اس سورت کا آغاز حمد سے ہونا تناسب طرفین کے لئے کافی ہے واللہ اعلم۔

رسالت و مابہ الرسالت وتسلیہ صاحب رسالت: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ (الى قوله تعالى) وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَیْهَا صَعِیْدًا جُرُزًا ۞ تمام خوبیاں اس اللہ کے لئے ثابت ہیں جس نے اپنے (خاص) بندہ (محمد ﷺ) پر یہ کتاب نازل فرمائی اور اس (کتاب) میں (کسی قسم کی) ذرا بھی کجی نہیں رکھی (نہ لفظی مثل رکاکت واختلال فصاحت کے اور نہ معنوی مثل تناقض ومخالفت حکمت کے بلکہ اس کو) بالکل استقامت کے ساتھ موصوف بنایا (اور نازل اس لئے کیا) تاکہ وہ (کتاب کافروں کو عموماً) ایک سخت عذاب سے جو کہ منجانب اللہ (ان کے لئے آخرت میں) ہوگا ڈرائے اور ان اہل ایمان کو جو کہ نیک کام کرتے ہیں یہ خوشخبری دے کہ ان کو (آخرت میں) اچھا اجر ملے گا جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور تاکہ (کفار میں سے بالخصوص) ان لوگوں کو (عذاب سے) ڈرائے جو یوں کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ اولاد رکھتا ہے (بالخصوص ان کو جدا اس لئے فرمایا کہ عرب میں، نہ ملا

www.besturdubooks.net

بہت تھی کہ وہاں کے مشرکین و یہود و نصاریٰ سب ہی مبتلا تھے) نہ تو اس کی کوئی دلیل ان کے پاس ہے اور نہ ان کے باپ دادوں کے پاس تھی بڑی بھاری بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے (اور) وہ لوگ بالکل (ہی) جھوٹ بکتے ہیں (جس میں بوجہ امتناع عقلی کے صدق کا عقلی احتمال بھی نہیں اور آپ جو ان کے کفر پر اتنا غم کرتے ہیں) سو (معلوم ہوتا ہے کہ) شاید آپ ان کے پیچھے اگر یہ لوگ اس مضمون (قرآنی) پر ایمان نہ لائے تو غم سے اپنی جان دے دیں گے (یعنی اتنا غم نہ کیجئے کہ قریب بہلاکت کر دے وجہ یہ کہ یہ عالم ابتلاء ہے اس میں کفر و ایمان دونوں ہی چیزیں ہوتی ہیں چنانچہ) ہم نے زمین پر کی چیزوں کو اس (زمین) کے لئے باعث رونق بنایا تاکہ ہم (اس کے ذریعہ سے) لوگوں کی آزمائش کریں کہ (دیکھیں) ان میں زیادہ اچھا عمل کون کرتا ہے (اور کون نہیں کرتا یعنی کون تو اس کے اسباب زینت میں مشغول ہو کر حق تعالیٰ سے غافل ہو جاتا ہے اور کون اس پر فریفتہ نہ ہو کر حق تعالیٰ کی طرف مشغول ہوتا ہے غرض یہ عالم ابتلاء ٹھہرا پس تکوینا ضرور ہوا کہ کوئی مبتلائے کفر ہو اور کوئی مشرف بایمان ہو پھر غم بیکار۔ آپ اپنا کام کئے جایئے) اور (ان کے کفر کے نتیجہ کی فکر میں آپ نہ پڑیئے کہ اس کا مرتب کرنا ہمارا کام ہے چنانچہ ایک روز وہ ہوگا کہ) ہم زمین پر کی تمام چیزوں کو ایک صاف میدان (یعنی فنا) کر دیں گے (یعنی قیامت آنے والی ہے جس میں فنا کے بعد بقا اور اس بقا میں جزاو سزا سب واقع ہو جاوے گی۔ خلاصہ یہ کہ آپ تبلیغ کیجئے یوں نہ سوچئے کہ ہائے ان پر عذاب ہوگا وہ ہمارے متعلق ہے جیسا دوسری جگہ فرمایا: اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ [البقرۃ: ۱۱۹] ۔)

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الایۃ (اس میں دلالت ہے اس پر کہ) مقام عبدیت کے مشابہ کوئی مقام نہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کے اعلیٰ مرتبہ میں ہیں۔ قولہ تعالیٰ: لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا الخ یہ باس حجاب ہے جو اشد عذاب ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الخ اور یہ وہ اعمال جن سے خاص حق تعالیٰ کی رضا مقصود ہو اور بعض نے کہا ہے یہ بیزاری ہے اپنی ہستی سے بوجہ ہستی حق کے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا الخ اور یہ اجر رویت اور مشاہدہ بلاحجاب ہے حق تعالیٰ کا ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ الایۃ اس میں اشارہ ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مزید شفقت اور مخالفین کو موافق بنانے کے اہتمام کی طرف۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ الخ اس حسن عمل میں یہ بھی داخل ہے کہ ان اشیاء ارضیہ انہار و اشجار و جبال و معادن کو حق سبحانہ تعالیٰ کے انوار جلال و جمال کے مشاہدہ کا آئینہ بناوے اور ابن عطاء نے فرمایا ہے کہ حسن عمل یہ ہے کہ کل (حوادث) سے بے التفاتی کرے اور بعض نے کہا ہے کہ اہل معرفت و محبت زینت ارض ہیں اور حسن عمل ان کی طرف احترام کے ساتھ نظر کرنا ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝ یہ اشارہ ہے وجود حق کے ظہور سے اشیائے ارضیہ کے ظہور فنا کی طرف ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله لينذر كتاب آثرته لقرب الكتاب بخلاف ما في الفرقان من قوله تبارك الذى نزل الفرقان على عبده ليكون فان فيه الاقرب هو العبد ۱۲۔

الکلام: قوله يعملون الصلحت هو سبب لا شرط ۱۲۔

اللغات: قوله باخع قاتل ومهلك الاسف الحزن والغضب مشترك قوله جرزا ارض لا نبات فيه واصله القطع اى ارض قطع نباتها ۱۲۔

النحو: قوله قيما معمول لجعل المقدر اى جعله قيما ۱۲ قوله لينذر متعلق بقوله انزل قوله ماكثين حال من الضمير في لهم قوله كبرت التانيث باعتبار المقالة وكلمة تميز قوله اسفا مفعول له لقوله باخع ۱۲۔

البلاغۃ: قوله قيما قال الزمخشرى فائدة الجمع بينه وبين نفى العوج التاكيد فرب مستقيم مشهود له بالاستقامة لا يخلو من ادنى عوج عند الصبر والتصفح وقدم النفى للاهتمام ۱۲ قوله تخرج فائدة استعظام اجترائهم على النطق بها واخراجها من افواههم فان كثيرا مما يوسوس به الشيطان وتحدث به النفس لا يمكن ان يتفوه به بل يصرف عنه الفكر فكيف بمثل هذا المنكر كذا فى الروح ۱۲۔ قوله على اثارهم فى البيضاوى اى اذا ولو عن الايمان شبهة[1] لما تداخله من الوجد على توليهم بمن فارقته اعزته وهو يتحسر كائنا على آثارهم ويبخع نفسه وجدا عليهم ۱۲ قوله احسن فى الروح وايراد صيغة التفضيل مع ان الابتلاء شامل للفريقين باعتبار اعمالهم المنقسمة الى الحسن والقبيح ايضا الى الحسن والا حسن فقط للاشعار[2] بان الغاية الاصلية للجعل والمذكور انما هو ظهور كمال احسان المحسنين ۱۲۔ قوله صعيدا جرزا محمول على المجاز عندى لان الصعيد الجرز هى الارض لا ما على الارض وانما تجوز مبالغة وصفا للحال بوصف المحل وعلى الحقيقة عند غيرى بجعله ترابا فصح تسمية صعيدا او على الكناية عن مطلق الفناء كما يقال لمن مات صار ترابا[3] للناس فيما يعشقون مذاهب ۱۲۔

www.besturdubooks.net

الحواشی: (۱) ضمیر المفعول راجع الیه ﷺ ۱۲ منه۔

أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ﴿۹﴾ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ
اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿۱۱﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ
ع ۱۲ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿۱۲﴾ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ﴿۱۳﴾
وَّرَبَطْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا۟ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰـهًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ﴿۱۴﴾
هٰٓؤُلَاۗءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ۭ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ۭ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي
اللّٰهِ كَذِبًا ﴿۱۵﴾ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ
وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾ وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا
غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ
ع ۱۴ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾

کیا آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ غار والے اور پہاڑ والے ہماری عجائبات میں سے کچھ تعجب کی چیز تھے وہ وقت قابل ذکر ہے جبکہ ان نو جوانوں نے اس غار میں جا کر پناہ لی پھر کہا کہ ہمارے پروردگار ہم کو اپنے پاس سے رحمت کا سامان عطا فرمایئے اور ہمارے لئے (اس) کام میں درستی کا سامان مہیا کر دیجئے سو ہم نے اس غار میں ان کے کانوں پر سالہا سال تک نیند کا پردہ ڈال دیا پھر ہم نے ان کو اٹھایا تا کہ ہم معلوم کر لیں ان دونوں گروہ میں کون سا فروہ ان کی رہنے کی مدت سے زیادہ واقف تھا۔ ہم ان کا واقعہ آپ سے ٹھیک ٹھیک بیان کرتے ہیں وہ لوگ چند نو جوان تھے جو اپنے رب پر ایمان لائے تھے اور ہم نے ان پر ہدایت میں اور ترقی کر دی تھی اور ہم نے ان کے دل اور مضبوط کر دیئے جبکہ وہ دین میں پختہ ہو کر کہنے لگے کہ ہمارا رب تو وہ ہے جو آسمان اور زمین کا رب ہے ہم تو اس کو چھوڑ کر کسی معبود کی عبادت نہیں کریں گے کیونکہ اس صورت میں ہم نے یقیناً بڑی ہی بے جا بات کہی یہ جو ہماری قوم ہے انہوں نے اللہ کو چھوڑ کر اور معبود قرار دے رکھے ہیں یہ لوگ ان معبودوں پر کوئی کھلی دلیل کیوں نہیں لاتے تو اس شخص سے زیادہ کون غضب ڈھانے والا ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ تہمت لگائے اور جب تم ان لوگوں سے الگ ہو گئے اور ان معبودوں سے بھی مگر اللہ سے تو تم (فلاں) غار میں چل کر پناہ لو تم پر تمہارا رب اپنی رحمت پھیلا دے گا اور تمہارے لئے تمہارے اس کام میں کامیابی کا سامان درست کر دے گا۔ اور اے مخاطب جب دھوپ نکلتی ہے تو تو اس کو دیکھے گا کہ وہ داھنی جانب کو بچی رہتی ہے اور جب چھپتی ہے تو بائیں طرف ہٹی رہتی ہے اور وہ لوگ اس غار کے ایک فراخ موقع میں تھے یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے جس کو اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پاتا ہے اور جس کو وہ بے راہ کر دیں تو آپ اس کے لئے کوئی مددگار راہ بتانے والا نہ پائیں گے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر رسالت کی بحث تھی آگے ایک قصہ جس میں اصحاب کہف کا واقعہ ہے مذکور ہے جو کہ اس اعتبار سے منجملہ دلائل رسالت کے ہے کہ آپ نے ظاہراً کسی سے یہ مضامین نہیں سنے اور پھر جواب دے دیا چنانچہ کفار قریش نے بتعلیم یہود امتحان نبوت ہی کے لئے یہ تین سوال کئے بھی تھے ایک روح کے متعلق جس کا جواب سورت سابقہ میں گذر چکا ایک اصحاب کہف کا قصہ جو ابھی مذکور ہوتا ہے ایک ذوالقرنین کا قصہ جو اس سورت کے آخر میں آوے گا کذا فی اللباب عن ابن عباس بروایة ابن جریر اور اس روایت میں یہود کا اصحاب کہف کے بارے میں یہ قول بھی فانه کان لهم امر عجیب اور عجب نہیں کہ اسی واسطے اس کی تمہید میں ام حسب الی عجبا فرمایا گیا ہو پس اول اس قصہ کی تمہید پھر اس قصہ کا بیان ہے اول اجمالاً پھر تفصیلاً۔

تمہید قصہ اصحاب کہف ☆ أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ﴿۹﴾۔

اجمال قصہ اصحاب کہف ☆ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ (الی قوله تعالی) ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿۱۲﴾ کیا[۱] آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ غار والے اور پہاڑ والے (کہ دونوں ایک ہی جماعت کے لقب ہیں) ہماری عجائبات (قدرت) میں سے کچھ تعجب[۲] کی چیز تھے (جیسا یہود کے قول سے کان لهم امر عجیب یا ان کے اس فعل سے معلوم ہوتا ہے کہ سوال کے لئے اس کو زیادہ عجیب سمجھ کر اس خیال سے منتخب کیا کہ معمولی واقعہ کا جواب سن سنا کر کچھ قیاس

www.besturdubooks.net

ورائے لگا کر ممکن ہے اور خلاف عادت میں بدون نقل صحیح اور علم تام کے ممکن نہیں اور گو روح وذوالقرنین کے مضمون کو عجیب سمجھا ہو مگر اس کو اور زیادہ عجیب سمجھا ہو گا اس لئے اس حکم میں اس کی تخصیص ہوئی ہو غرض یہ کہ آپ کو مخاطب بنا کر اوروں کو سنانا مقصود ہے کہ یہ قصہ باوجود عجیب ہونے کے فی نفسہ اور آیاتِ قدرت سے مثل خلق سماوات وارض وغیرہا کے زیادہ عجیب نہیں جن کا پیدا کرنا محل معدوم میں تصرف تھا اور اس واقعہ میں تو تصرف محل موجود میں تھا پھر ان مخالفین سے تعجب ہے کہ اس کو تو عجب سمجھتے ہیں اور دوسری آیات قدرت سے عبرت نہیں پکڑتے کہ صانع عالم کے حقوق توحید وطاعت کاملہ کے بجالاویں جس کے لوازم میں سے تصدیق رسالت بھی ہے یہ تو تمہید تھی آگے اجمالاً وہ قصہ فرماتے ہیں کہ) وہ وقت قابل ذکر ہے جب کہ ان نوجوانوں نے (ایک بے دین بادشاہ سے بھاگ کر) ایک ایسے غار میں (جس کا قصہ آتا ہے) جا کر پناہ لی پھر (حق تعالیٰ سے بطور دعا کے) جو کہا کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو اپنے پاس سے رحمت کا سامان عطا فرمایئے اور ہمارے لئے (اس) کام میں درستی کا سامان مہیا کر دیجئے (غالباً) رحمت سے حصول مقاصد کی طرف اشارہ ہے اور تہی رشد سے تصحیح مقدمات کی طرف) سو (ہم نے ان کی دعا قبول کر لی اور ان کی حفاظت کے ساتھ ان کے افکار وتشویشات کو اس طرح دفع کیا کہ) ہم نے اس غار میں ان کے کانوں پر سالہا سال تک نیند کا پردہ ڈال دیا (یعنی ایسے غرق ہو کر سوئے کہ کوئی آواز ان کے کان میں نہ پہنچتی تھی اور اس میں زیادہ مبالغہ ہے بہ نسبت اس کے کہ کہا جاوے کہ آنکھ پر پردہ ڈال دیا کیونکہ آنکھ تو بدون نوم ثقیل کے بھی مبصرات سے معطل ہو جاتی ہے) پھر (سالہا سال کے بعد) ہم نے ان کو (نیند سے) اٹھایا تاکہ ہم (ظاہری) طور پر بھی) معلوم کر لیں کہ ان (کے) دونوں گروہ میں (سے جن میں ایک کا قول تھا: قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ اور دوسرے کا قول تھا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ؕ) کونسا گروہ ان کے (اس حالت میں) رہنے کی مدت سے زیادہ واقف تھا (چنانچہ جس گروہ نے رَبُّكُمْ اَعْلَمُ الخ کہا تھا وہی زیادہ واقف تھا گو اجمالاً سہی کیونکہ طول مدت کا حکم تو صحیح تھا گو بلا تعیین سہی۔ **ف**: چونکہ وہ غار پہاڑ میں تھا اس لئے ان کو اصحاب الکہف اور اصحاب الرقیم کہتے ہیں لیکن چونکہ یہ لکھنا کسی قوی روایت سے منقول نہیں اس واسطے میں نے قرآن کی تفسیر کو اس پر مبنی نہیں کیا البتہ اگر رقیم بمعنی مرقوم لے کر وجہ تسمیہ یہ کہی جاوے کہ اس حال کو عجیب سمجھ کر مثل دوسرے واقعاتِ تاریخیہ کے اس وقت لوگوں نے اس کو کتاب میں ضبط اور مدون کر لیا تھا تو پہلے سے قریب تر ہے اور بندہ نے جو اَيُّ الْحِزْبَيْنِ الخ کی تفسیر کی ہے وہ تفسیر کبیر میں مجاہد سے منقول ہے اور اس کی بنا یہ ہے کہ ہر قول کا قائل جدا ہو اور اگر ایک ہی ہوں تو حزبین کا تعدد حکمی ہو جاوے گا واللہ اعلم آگے اس قصہ کی تفصیل بعد الاجمال ہے۔

تفصیل قصہ اصحاب کہف ☆ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ؕ (الی قولہ تعالی) وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ۝ ہم ان کا واقعہ آپ سے ٹھیک ٹھیک بیان کرتے ہیں (یہ اس لئے کہا کہ لوگوں نے اس کو مختلف طور پر مشہور کیا تھا اس لئے فرمایا کہ ٹھیک وہ ہے جو قرآن میں ہے) وہ لوگ (یعنی اصحاب کہف) چند نوجوان تھے جو اپنے رب پر (موافق تعلیم دین عیسوی) ایمان لائے تھے اور ہم نے (ایمان لانے کے بعد) ان کی ہدایت میں ترقی کر دی تھی (کہ ان کو ثبات وصبر وتوکل وزہد فی الدنیا کی صفتیں بھی عنایت کی تھیں) اور (اس زیادت ہدایت میں سے یہ تھا کہ) ہم نے ان کے دل (صبر وثبات سے) مضبوط کر دیئے جب کہ وہ (دین میں) پختہ ہو کر (آپس میں یا کہ بادشاہ اور لوگوں کے روبرو) کہنے لگے کہ ہمارا رب تو وہ ہے جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے ہم تو اس کو چھوڑ کر کسی معبود کی عبادت نہ کریں گے کیونکہ (اگر خدانخواستہ ہم نے ایسا کیا تو) اس صورت میں ہم نے یقیناً بڑی ہی بے جا بات کہی (عبادت الٰہیہ پر بیجا بات کہنے کو اس لئے مرتب کیا کہ عبادت میں لامحالہ اعتراف ان کی معبودیت کا یا خود ان کے سامنے کلمات تضرع وافتقار زبان سے بھی صادر ہوتے ہیں) یہ جو ہماری قوم ہے انہوں نے خدا کو چھوڑ کر اور معبود قرار دے رکھے ہیں (کیونکہ یہ قوم مع اپنے بادشاہ کے بت پرست تھی سو) یہ لوگ ان معبودوں (کے معبود ہونے) پر کوئی کھلی دلیل کیوں نہیں لاتے (جیسا موحدین توحید پر دلیل روشن رکھتے ہیں) تو باوجود توحید کے اثبات بالدلیل ہونے کے) اس شخص سے زیادہ کون غضب ڈھانے والا ہو گا جو اللہ پر جھوٹ تہمت لگاوے (کہ معاذ اللہ اس کے شریک بھی ہیں) اور پھر آپس میں کہا کہ) جب تم ان لوگوں سے (عقیدہ ہی میں) الگ ہو گئے ہو اور ان کے معبودوں (کی عبادت) سے بھی (الگ ہو گئے ہو) مگر اللہ سے (الگ نہیں ہوئے بلکہ اسی کے واسطے سب سے الگ ہوئے) تو (اس حالت میں مصلحت یہ ہے کہ) تم (فلاں) غار میں (جو مشورہ سے طے ہوا ہو گا) چل کر پناہ لو (تاکہ امن اور فراغ کے ساتھ اللہ کی عبادت کر سکو) تم پر تمہارا رب اپنی رحمت پھیلاوے گا اور تمہارے لئے تمہارے اس کام میں کامیابی کا سامان درست کر دے گا (یہ توقع وہی ہے جس کی دعا ان سے اوپر منقول ہوئی ہے: رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝) اور اے مخاطب (وہ غار ایسی وضع پر ہے کہ) جب دھوپ نکلتی ہے تو تو اس کو دیکھے گا کہ وہ غار سے داہنی جانب کو بچی رہتی ہے تو (غار کے دروازہ سے الگ رہتی ہے) اور جب وہ چھپتی ہے تو (غار کے) بائیں طرف ہٹی رہتی ہے (یعنی اس وقت بھی دروازہ پر نہیں پڑتی تاکہ دھوپ سے ایذاء نہ ہو) اور وہ لوگ اس غار کے ایک فراخ موقع میں تھے (یعنی ایسے غاروں میں جو کہ دور تک چلے جایا کرتے ہیں کہیں فراخ کہیں تنگ جگہیں جو ہوتی ہیں تو وہ ان میں سے فراخ جگہ میں تھے تاکہ جی نہ گھبراوے اور ہوا بھی لگے) یہ (ان لوگوں کا باوجود اپنے ضعف وقلت اور

www.besturdubooks.net

مخالفین کی قوت و کثرت کے ہدایت پانا) اللہ تعالیٰ کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے ہے (کہ وہ کس طرح اپنے بندوں کو خلاف اسباب ظاہری ہمت و استقلال دے دیتے ہیں بس معلوم ہوا کہ) جس کو اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پاتا ہے اور جس کو وہ بے راہ کر دیں تو آپ اس کے لئے کوئی مددگار راہ بتلانے والا نہ پاویں گے۔ **ف**: غار کی داہنی اور بائیں جانب یا تو اس میں داخل ہونے والے کے اعتبار سے ہے اس سے خارج ہونے والے اعتبار سے پس تقدیر اول پر وہ غار شمال رویہ ہوا اور تقدیر ثانی پر جنوب رویہ اور شرق رویہ ہونے میں طلوع کے وقت ان پر دھوپ پڑتی اور غروب رویہ ہونے میں غروب کے وقت اور مقصود اس سے اس جگہ کا محفوظ ہونا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ الخ یہ حالت مشابہ تھی فنا و استغراق کے۔ قولہ تعالیٰ: ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ الخ یہ اشارہ ہے صحو بعد السکر اور جلوت بعد خلوت کی طرف ۱۲ قولہ تعالیٰ: فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ الخ یعنی اپنے محبوب کے ساتھ خلوت کرو اللہ تعالیٰ تمہارے لئے اپنی رحمت و منفعت یعنی معرفت و تجلیات کو ظاہر اور مہیا فرما دے گا۔ بعض عارفین نے کہا ہے کہ غیر اللہ سے عزلت اور خلوت وصل حق کا موجب ہے بلکہ بدون عزلت کے وصل نہیں ہوتا ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ الخ اس کی حکمت یہ ہے کہ غار میں روشنی زیادہ نہ ہو کہ اس سے حضور (وجمعیت قلب) میں خلل پڑتا ہے کیونکہ ظلمت سے فکر اور جمع حواس میں اعانت ہوتی ہے اسی لئے اہل خلوت کو دیکھا جاتا ہے کہ وہ اپنی خلوت کے لئے ایسا مکان تجویز کرتے ہیں جس میں روشنی کم ہو اور باوجود اس کے بھی مراقبہ کے وقت آنکھوں کو بند کر لیتے ہیں قولہ تعالیٰ: مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ وجہ اس کی یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے جو اس کو مخذول کیا ہے (جو حاصل ہے اضلال کا) تو صرف اس لئے کہ اس کی استعداد صالح نہ تھی اور جس میں استعداد (صالح) نہ ہو (ظاہر ہے کہ) اس کی رہبری سخت دشوار (بلکہ عادۃً ممتنع) ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱۔ **قوله فی ام** کیا اشارة الی ان ام بمعنی الهمزة کما فی الروح ۱۲۔ ۲۔ **قوله فی عجبا** تعجب کی چیز اشارة الی تقدیر المضاف ای ذوات عجب لان العجب مصدر ۱۲۔ ۳۔ **قوله فی توضیح حسبت** آپ کو مخاطب بنا کر الخ والقرینة علی کونه صلی الله علیه وسلم مخاطبا ما سیاتی نهن نقص علیك وعلی کون غیره ومسمعا انه صلی الله علیه وسلم کان علی علم صحیح من الحکم علی الاعجب بالاعجب وعلی العجیب بالعجیب ۱۲۔ ۴۔ **قوله فی سنین** سالہا سال بقرینة انضمام عدد الیه الذی هو للتکثیر فان کون الشیء معدودا قد یدل علی التکثیر وقد یدل علی التقلیل فان الکثیر غایة الکثرة لا یعد فلذا افاد التقلیل و کذا التقلیل فی غایة القلة لا یعد فلذا افاد التکثیر ۱۲۔ ۵۔ **قوله فی ضربناه** پردہ اشارة الی تقدیر المفعول ای ضربنا الحجاب ۱۲۔ ۶۔ **قوله بعثنا** نیند سے اشارة الی المجاز العرفی والنکتة فیه والاشارة الی ان نومهم کان من الثقل بحیث یشابه الموت ۱۲۔ ۷۔ **قوله فی قومنا** یہ جو آگے اشارة الی ان قومنا عطف بیان لا خبر ۱۲۔ ۸۔ **قوله فی علیهم** معبود ہونے اشارة الی حذف المضاف ای علی عبادتهم بمعنی معبودتهم۔ ۹۔ **قوله فی الا الله** الگ نہیں ہوئے هکذا فی الخازن فالعامل فی الاستثناء اعتزلتموهم لا یعبدون فافهم ولعل زیادته تتمیم العلة للایواء لانها مجموع عبادة الله وترك عبادة غیره فافهم ۱۲۔ ۱۰۔ **قوله فی ذلك** ہدایت پانا الیه مال صاحب الروح ۱۲۔

اللغات: قوله الکهف النقب المتسع فی الجبل فان لم یکن واسعا فهو غار والرقیم بمعنی محل فی الجبل وقیل بمعنی الجبل من رقمة الوادی ای جانبه کذا فی الروح وقال صاحب القاموس کامیر قریة اصحاب الکهف او جبهلم او کلبهم او الوادی او الصخرة او لوح رصاص نقش فیه نسبهم واسماء هم و دینهم آه قوله شططا ذات شطط ای بعد عن الحق مفرط قوله مرفقا ما ترتفقون وتنتفعون ۱۲ قوله تزاور تتنحی من الزور وهو المیل ۱۲ قوله ذات الیمین من الظروف المتفرقة کیمیناً وشمالاً ۱۲۔ قوله تقرضهم ای تعدل عنهم قال الکسائی یقال قرضت المکان اذا عدلت عنه ولم یقربه ۱۲ قوله فجوة متسع ۱۲ قوله المهتد حذف الیاء تخفیفاً ۱۲۔

النحو: قوله هیئی لنا من امرنا فی الروح اللام ومن متعلقان بهیئ والاولی للاجل والثانیة ابتدائیة ۱۲ قوله احصی فی البیضاوی احصی ضبط وقیل اسم تفضیل من الاحصاء بحذف الزائد کقولهم هو احصی للمال وفی الروح والحق ان الذاهب الی کون احصی افعل تفضیل جعل امدا تمیزا وهو یعمل فی التمییز علی الصحیح آه۔

البلاغة: قوله اذ اوی الفتیة فیه وضع المظهر موضع المضمر تنبیهًا علی انهم کانوا فتیة اما سنا لیدل علی کمال طلبهم للحق حیث اتبعوه فی حالة یشتغلون فیه باللهو واللعب واما اخلاقا لیدل علی کمال قوتهم العملیة ۱۲ قوله لنعلم فی جعله غایة ههنا و جعل قوله لیتسائلوا بینهم غایة فیما بعد للفعل الواحد وهو بعثنا هم اشارة الی کون محصل الغایتین واحد او هو ظهور القدرة الالهیة علیهم

www.besturdubooks.net

فالمقصود هو التسائل ولما كان العلم من لوازمه عبر ههنا بالعلم ۱۲ قوله وترى الشمس فى الروح ليس المرد الاخباء بوقوع الرؤية بل الانباء يكون الكهف لورأية ترى الشمس الخ ۱۲۔

وَتَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُودٌ ۖ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ
بِالْوَصِيْدِ ۗ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ۞١٨ وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا
بَيْنَهُمْ ۗ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ۗ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۗ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا
لَبِثْتُمْ ۗ فَابْعَثُوْۤا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَاۤ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ
مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ۞١٩ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ
فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْۤا اِذًا اَبَدًا ۞٢٠ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْۤا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ
حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ
بُنْيَانًا ۗ رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ ۗ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰۤى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ۞٢١

اور اے مخاطب تو ان کو جاگتا ہوا خیال کرتا حالانکہ وہ سوتے تھے اور ہم ان کو (کبھی) داھنی اور (کبھی) بائیں طرف کروٹ بدل دیتے تھے اور ان کا کتا دہلیز پر اپنے ہاتھ پھیلائے ہوئے تھا اگر (اے مخاطب) تو ان کو جھانک کر دیکھتا تو ان سے پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑا ہوتا اور تیرے اندر ان کی دہشت سما جاتی اور اسی طرح ہم نے ان کو جگایا تا کہ وہ آپس میں پوچھ پاچھ کریں ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ تم کس قدر رہے ہو گے بعضوں نے کہا کہ (غالبًا) ایک دن یا ایک دن سے بھی کچھ کم رہے ہوں گے دوسرے بعضوں نے کہا کہ یہ تو تمہارے خدا ہی کو خبر ہے کہ تم کس قدر رہے اب اپنے میں سے کسی کو یہ روپیہ دے کر شہر کی طرف بھیجو پھر وہ شخص تحقیق کرے کہ کون سا کھانا حلال ہے سو اس میں سے تمہارے پاس کچھ کھانا لے آوے اور (سب) کام خوش تدبیری سے کرے اور کسی کو تمہاری خبر نہ ہونے دے کیونکہ اگر وہ لوگ کہیں خبر پا جاویں گے تو تم کو یا تو پتھروں سے مار ڈالیں گے یا تم کو (جبرا) اپنے طریقے میں پھیر لیں گے اور ایسا ہوا تو تم کو کبھی فلاح نہ ہوگی اور اس طرح ہم نے لوگوں کو ان پر مطلع کر دیا تا کہ وہ لوگ اس بات کا یقین کر لیں کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور یہ کہ قیامت میں کوئی شک نہیں وہ وقت بھی قابل ذکر ہے جب کہ اس زمانہ کے لوگ ان کے معاملہ میں جھگڑ رہے تھے سو ان لوگوں نے یہ کہا کہ ان کے پاس کوئی عمارت بنوا دو ان کا رب ان کو خوب جانتا تھا جو لوگ اپنے کام پر غالب تھے انہوں نے کہا کہ ہم تو ان کے پاس ایک مسجد بنا دیں گے۔ ۞

تفسیر: بقیہ قصہ مذکورہ ☆ وَتَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُودٌ ۖ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖ (الی قولہ تعالی) لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ۞ اور اے مخاطب تو (اگر اس وقت جب کہ وہ غار میں گئے اور ہم نے ان پر نیند کو مسلط کر دیا ان کو دیکھتا تو بوجہ اس کے کہ ان پر ظاہرا خواب کے آثار مثل استرخائے بدن و تغیر سانس وغیرہ کچھ نمودار نہ تھے اور صرف آنکھ بند ہونا علامت یقینی نوم کی ہے نہیں اس لئے) ان کو جاگتا ہوا خیال کرتا حالانکہ وہ سوتے تھے اور سونے کے (اس زمانہ دراز میں) ہم ان کو کبھی داھنی طرف اور (کبھی) بائیں طرف کروٹ دیتے تھے اور (اس حالت میں) ان کا کتا جو کسی ضرورت سے ان کے پاس تھا اور ساتھ چلا آیا تھا غار کی) دہلیز پر اپنے دونوں ہاتھ پھیلائے ہوئے (بیٹھا) تھا (اور ان کے رعب و جلال خداداد کی یہ حالت تھی کہ) اگر (اے مخاطب تو ان کو جھانک کر دیکھتا تو ان سے پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑا ہوتا اور تیرے اندر ان کی دہشت سما جاتی (غالبًا یہ سب امور ان کے اسباب حفاظت ہیں کیونکہ جس کو آدمی جاگتا ہوا سمجھتا ہے دفعۃً اس کو گزند پہنچانے کا حوصلہ نہیں پڑتا اسی طرح کروٹیں دینے سے ان کا بدن مٹی کے کھا لینے سے محفوظ رہا اسی طرح کتا بھی اجنبی آدمی کو آنے جانے سے روکتا ہے اور اگر وہ سوتا بھی ہوتا ہے تو اجنبی آدمی کے آنے کے وقت اکثر اس کی آنکھ کھل جاتی ہے اور دہلیز پر پڑا رہنا یہ حسب عادت اس جانور کے ہے کہ پہرہ کے واسطے اکثر دروازہ پر پڑ جاتا ہے اسی طرح ان کی صورتوں کو ہیبت ناک کر دینا بھی حفاظت کے واسطے ہے کہ ہر شخص کی ہمت وہاں جانے کی نہ ہو تو اس آیت میں عام لوگوں کو خطاب ہے پس اس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مرعوب ہونا لازم نہیں آتا) اور (جس طرح ہم نے ان کو اپنی قدرت

www.besturdubooks.net

محض سے اتنے دنوں تک سلایا) اسی طرح (بعد اس نوم طویل کے اپنی قدرت سے) ہم نے ان کو جگا دیا تا کہ وہ آپس میں پوچھ پاچھ کریں (جس سے اخیر میں ان کو حق تعالیٰ کی قدرت اور حکمت منکشف ہو چنانچہ) ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ تم (اس حالت نوم میں) کس قدر رہے ہو گے (جواب میں) بعضوں نے کہا کہ (غالبًا) ایک دن یا ایک دن سے بھی کچھ کم رہے ہوں گے (اس اندازہ کے لئے سورج وغیرہ کے دیکھنے کی کوئی ضرورت نہیں اکثر لوگ سو کر جب اُٹھتے ہیں نیند بھرنے نہ بھرنے سے اندازہ وقت کا رائے سے کیا کرتے ہیں) دوسرے بعضوں نے کہا (کیونکہ اگر پہلے ہی لوگ اس کے قائل ہوتے تو عبارت یوں ہوتی ربنا اعلم بما لبثنا غرض انہوں نے کہا) کہ (اس کی تفتیش کی کیا ضرورت ہے) یہ تو (ٹھیک ٹھیک) تمہارے خدا ہی کو خبر ہے کہ تم کس قدر رہے (اس جواب میں بھی اس قائل ہونے کی ضرورت نہیں کہ ان کے بال وناخن وغیرہ بڑھے ہوئے تھے اس سے شبہ ہوا محض عبث سمجھ کر اس گفتگو سے روک دیا اور بال وناخن وغیرہ میں دونوں احتمال ہیں) اب (اس قصہ کو چھوڑ کر ضروری کام کرنا چاہئے وہ یہ کہ) اپنے (مجمع) میں سے کسی کو یہ روپیہ (جو کہنے والے کے پاس ہوگا کیونکہ کچھ خرچ بھی لے کر چلے تھے غرض کہ کسی کو یہ روپیہ) دے کر شہر کی طرف بھیجو پھر وہ (وہاں پہنچ کر) تحقیق کرے کہ کونسا کھانا حلال ہے (اخرجه الطبری عن سعید بن جبیر ورجحه کیونکہ ان کے زمانہ پوشیدگی غار میں بتوں کا ذبیحہ بکثرت بکتا تھا) سو اس میں سے تمہارے پاس کچھ کھانا لے آوے اور (سب) کام خوش تدبیری سے کرے (کہ نہ اس کو کوئی پہچانے ایسی ہیئت ووضع سے جاوے اور نہ یہ کسی کو معلوم ہو کہ یہ بت کے ذبیحہ کو اس لئے تحقیق کرتا ہے کہ اس کو حرام سمجھتا ہے) اور کسی کو تمہاری خبر نہ ہونے دے (کیونکہ) اگر وہ لوگ (یعنی اہل شہر جن کو وہ اپنے زعم میں اسی زمانہ گذشتہ کے مشرکین سمجھے ہوئے ہیں) کہیں تمہاری خبر پا جاویں گے تو تم کو یا پتھروں سے مار ڈالیں گے (یہ کنایہ ہے مطلق قتل سے یا اس زمانہ میں سزائے شدید کی یہی صورت ہوگی۔ غرض تم کو ہلاک کر دیں گے) یا (جبرًا) تم کو اپنے طریقہ میں پھر کر لیں گے اور ایسا ہوا تو تم کو کبھی فلاح نہ ہوگی (وجہ یہ کہ گو حالت اکراہ میں تلفظ بالکفر مع اطمینان قلب بالایمان جائز ہے لیکن بکثرت ایسا بھی ہوتا ہے کہ ابتداءً اکراہ سے کفر کیا تھا پھر شیطان کے اغواء سے دنیوی مصالح پر نظر کر کے اس میں سہل انگاری کرتا ہے شدہ شدہ اس کی برائی دل سے نکل جاتی ہے اور دل کھول کر کفر کرنے لگتا ہے چنانچہ ایسے واقعات ہوئے ہیں کہ کوئی شخص نیا مسلمان ہوا مگر اس پر دباؤ ڈال کر پھر کفار نے اس کو اپنے میں شامل کر لیا اول اول تنگی رہی پھر مساوات ہوگئی اور ویسا ہی ہوگیا نعوذ باللہ من ذلک یا فلاح سے مراد فلاح کامل ہو یعنی اکراہ میں کفر کرنا رخصت ہے لیکن عزیمت کے ثواب سے تو جو کہ فلاح کامل ہے محرومی رہے گی۔ غرض ان میں سے ایک شخص کھانا لینے چلا روپیہ جو بازار میں دکھلایا تو کوئی سو برس کے سکہ کا دکاندار کو شبہ چوری کا ہوا تب مجبور ہو کر انہوں نے اپنا پورا قصہ بیان کیا حتیٰ کہ اس کا چرچا ہوا جب پرانے لوگوں نے کہا کہ ہاں ہم نے اپنے بڑوں سے سنا ہے کہ چند نوجوان اس طرح غائب ہو گئے تھے واقعی وہ لوگ یہی ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ اسی مطلع ہونے کے قصہ کو مع ایک حکمت کے فرماتے ہیں) اور (ہم نے جس طرح اپنی قدرت سے ان کو سلایا اور جگایا) اسی طرح ہم نے (اپنی قدرت وحکمت سے اس زمانہ کے) لوگوں کو ان (کے حال) پر مطلع کر دیا تا کہ (منجملہ اور فوائد کے ایک فائدہ یہ بھی ہو کہ) وہ لوگ (اس واقعہ سے استدلال کر کے) اس بات کا یقین (یا زیادہ یقین کر لیں کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور (وہ وعدہ) یہ (ہے) کہ قیامت (کے ہونے) میں کوئی شک نہیں (یقین یا زیادہ یقین دو باتیں اس لئے کہیں کہ یہ لوگ جن کو یہ علم دینا مقصود تھا اگر کافر تھے تب تو یقین حاصل ہوگیا اور اگر مؤمن تھے تو زیادہ یقین ہوگیا اور تقریر اس حصول یقین کی یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام ہمیشہ سے بعث کی خبر دیتے آئے ہیں اور دلائل سمعیہ بھی اس پر قائم ہیں غرض شرائط حصول یقین کے سارے موجود لیکن صرف ایک مانع کی وجہ سے کفار کو یقین نہیں ہوتا تھا اور وہ مانع استبعاد اور خرق عادت تھا اس واقعہ سے خرق عادت کا امکان ثابت ہوگیا بالخصوص اس نوم طویل ویقظہ کو موت اور بعث سے یک گونہ مشابہت بھی ہے پس وہ مانع مرتفع ہوگیا اور شرائط پہلے سے مجتمع تھیں پس یقین مرتب ہوگیا چونکہ حصول یقین کی علت تامہ کا جزو اخیر یہی رفع مانع تھا اس لئے اس کو علت فرمایا گیا اور زیادہ یقین کا مرتب ہونا تو اور بھی اظہر ہے اب یہ شبہ نہ رہا کہ اس واقعہ سے امکان بعث تو معلوم ہو سکتا ہے لیکن تحقق بعث معلوم نہیں ہو سکتا اس تقریر سے علم بالامکان بوجہ رفع مانع کے موجب علم تحقق بعث ہوگیا پھر اسی زمانہ میں یا بعد کے زمانہ میں ان صاحبوں نے وہیں غار میں وفات پائی اور اطلاع وفات پر ان کے متعلق اہل عصر میں ایک اختلاف ہوا جس کو آگے بیان فرماتے ہیں کہ) وہ وقت بھی قابل ذکر ہے جب کہ اس زمانہ کے لوگ ان کے معاملہ میں باہم جھگڑ رہے تھے (اور وہ معاملہ اس غار کا منہ بند کرنا تھا بغرض حفاظت ان کی لاشوں کے یا یادگار قائم کرنا تھا بغرض نشان کے) سو ان لوگوں نے کہا کہ ان کے (غار کے) پاس کوئی عمارت بنوا دو (پھر اختلاف ہوا کہ کیا عمارت ہو کسی نے کچھ کہا کسی نے کچھ کہا اس اختلاف کے وقت) ان کا رب ان (کے احوال مختلفہ) کو خوب جانتا تھا (بالآخر) جو لوگ اپنے (چاہے ہوئے) کام پر غالب (اور قادر) تھے (یعنی اہل حکومت کہ وہ اس وقت دین حق پر تھے) انہوں نے کہا کہ ہم تو ان کے پاس ایک مسجد بناویں گے (تا کہ مسجد اس بات کی بھی علامت رہے کہ یہ لوگ عابد تھا ان کو کوئی معبود نہ بنا لے جیسا کہ دوسری عمارات میں پرستش کا احتمال رہے)۔ ف: پس مسجد بنانا اس مصلحت کے لئے اور دوسرے مفاسد بند کرنے کے لئے تھے سو اگر کسی زمانہ میں مسجد بنانے میں بھی کوئی مفسدہ ہونے لگے وہ بھی ناجائز ہوگی جیسا قواعد شرعیہ شاہد ہیں پس آیت

www.besturdubooks.net

اباحت فی نفسہ سے زائد پر دال نہیں اور شاید اس تنازع کے ذکر کرنے سے بھی ان کی حفاظت نعشوں کی اور پھر بنائے مسجد سے ان کی حفاظت معبودیت بیان فرمانا مقصود ہوتا ہے کہ معلوم ہوجاوے کہ انہوں نے ہم پر توکل کیا اور اطاعت کی ہم نے ہر طرح سے کیسی حفاظت کی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ الخ یہ مثال ہے ان لوگوں کی جو اجسام سے خلق کے ساتھ ہیں اور قلوب سے حق تعالیٰ کے ساتھ ہیں (جس کو خلوت در انجمن کہتے ہیں) نیز اس میں مثال ہے ان لوگوں کی تسلیم (وفناء) کی طرف کہ جیسے مردہ ہوتا ہے غسال کے ہاتھ میں قولہ تعالیٰ: وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ابوبکر وراق کا قول ہے کہ صالحین کی مجالست و مجاورت غنیمت ہے اگرچہ مجانست بھی نہ ہو دیکھئے حق تعالیٰ نے اصحاب کہف کے ساتھ ان کے کتے کا کس طرح ذکر فرمایا ہے صرف اس وجہ سے کہ وہ ان کے ساتھ تھا قولہ تعالیٰ: لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ الخ وجہ اس فرار و رعب کی یہ ہے کہ میں نے ان کو اپنے قہر و ہیبت اور سطوت و عظمت کا لباس پہنا رکھا ہے پس اس ہیبت و عظمت کے سبب یہ فرار و رعب ہے جیسا میں نے جب عصا پر اپنا لباس ہیبت پہنا دیا تو موسیٰ علیہ السلام کو قرار نہ ہوا اور یہ درحقیقت ہماری عظمت کا رعب ہے جو اس آئینہ میں ظاہر ہوئی یہ مثال ہے اس ہیبت کی جو اہل اللہ کو عطا ہوتی ہے) قولہ تعالیٰ: فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ الخ یہ مثال اس کی ہے کہ جب سالک سکر سے صحو کی طرف اور روحانیت سے مادیت کی طرف رجوع کرتا ہے تو پھر وہ معیشت (و مالوفات طبعیہ ضرور یہ مباحہ کا خواہشمند ہوتا ہے اور طریقت کے حقائق کا استعمال کرتا ہے (اور اس کی ظاہری صورتیں بعض مہجور ہوجاتی ہیں) نیز اس فَابْعَثُوْٓا الخ میں اشارہ ہے کہ طالبانِ حق کی شان کے لائق یہ ہے کہ خلق سے سوال کرنا ترک کردیں (اور ہمت عالی رکھیں جیسا اصحاب کہف نے داموں سے کھانا خریدنا تجویز کیا یہ نہیں کیا کہ کسی سے مانگ لاویں) قولہ تعالیٰ: فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا اس میں دلالت ہے کہ طالبان حق کو ورع کا عمل اختیار کرنا چاہئے جیسا اصحاب کہف نے اَزْكٰى بمعنی حلال کو طلب کیا اور اسی واسطے حضرت ذوالنون مصری کا قول ہے کہ عارف وہ شخص ہے جس کا نور معرفت اس کی نور ورع کو نہ بجھا دے (مطلب یہ ہے کہ نور معرفت سے تو وہ سب چیزوں کی نسبت حق سبحانہ وتعالیٰ کی طرف کرتا ہے تو اس میں ناقص کو یہ دھوکا ہوجاتا ہے کہ جب خدا کے سامنے کوئی مالک نہیں تو پھر ہر مال حرام مباح ہے کیونکہ اس میں حق عبد ہے ہی نہیں اور کامل اسی نسبت کے ساتھ یہ بھی دیکھ رہا ہے کہ آخر کسی درجہ میں حق تعالیٰ نے اس مال کی نسبت عبد کی طرف بھی کی ہے گو ضعیف و ناقص و مجاز ہی سہی اور اسی نسبت کے کچھ حقوق و احکام بھی ہیں سو ان میں سے حرمت تناول بلا اذن بھی ہے پس یہ شخص جو عارف کامل ہے اس لئے ورع کو بھی نہ چھوڑے گا) اور بعض نے اَزْكٰى کی تفسیر اطیب بمعنی لذیذ کے ساتھ کی ہے تو اس کا حاصل یہ ہوگا کہ طعام لذیذ و لطیف لاوے جس میں یہ مصلحت تھی کہ انہوں نے مدت سے نہ کھایا تو طعام غیر لطیف ان کو مضر ہوتا اسی طرح بعض مصالح (دینیہ) سے بھی بعض بزرگوں نے جیسے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ نے طعام لطیف و لباس لطیف کو استعمال فرمایا ہے (اور تفصیل ان مصالح کی طویل ہے) قولہ تعالیٰ: وَلْيَتَلَطَّفْ بعض نے تفسیر کی ہے لطف فی المعاملہ کے ساتھ پس یہ وصیت ہے حسن اخلاق و نرمی و حسن معاملہ کی اس شخص سے جس سے خریدے گا ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ۝ یعنی اغیار کو اطلاع نہ ہو اسی طرح اسرار حق کو ان اغیار پر ظاہر نہ کرے جو مطالعہ انوار و وقوف اسرار سے محجوب ہیں ورنہ وہ اجاراً انکار سے سنگسار کریں گے قولہ تعالیٰ: فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا اس بنیان سے مراد یہ ہے کہ ایسی طرح کہ منہ غار کا بند ہوجاوے اور اس مسجد کی نسبت اس کہف کی طرف ایسی کی جیسے مسجد نبوی کی نسبت مرقد مبارک کی طرف (مثلاً یوں کہا جاوے کہ روضہ شریف کی مسجد) پس اس میں قبر پرستوں کی کوئی حجت نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في تحسبهم دیکھتا كذا في الروح المعاني لورأيتهم الخ ۱۲۔ ۲ قوله في ليعلموا مجملہ اور فوائد الخ اشارة الى ان الغاية لا انحصار فيها وكذلك اكثر الغايات ۱۲۔ ۳ قوله في وان الساعة وہ وعدہ الخ اشارة الى ان العطف تفسيري ۱۲۔ ۴ قوله في اذ يتنازعون قائل ذکر هو من المواهب وكذا ارجاع الضمير في ربهم اعلم بهم الى المتنازعين ۱۲۔ ۵ قوله في توضيح يتنازعون اس غار کا من الكشاف و قوله بغرض نشان من غيره۔ ۶ قوله في توضيح لنتخذن اس بات کی بھی يعني مع احد الغرضين المذكورين في التفسير قبل ثلثة اسطر من قوله اوردہ معاملہ الخ ۱۲۔

اللغات: قوله ايقاظ جمع يقظ بكسر القاف قوله ذات اليمين اى جهة تلي ايمانهم قوله الوصيد الفناء والعتبة كذا في القاموس وسمى فم الغار عتبة مجازاً ۱۲ قوله الورق الفضة مضروبا او غير مضروب كما في الحديث اتفا من ورق ۱۲ قوله ازكى احل والمراد الحلال ۱۲۔

النحو: قوله رعبا مفعول ثان باسط ذراعيه كون اسم الفاعل عاملا مع كونه بمعن المضى لكونه الكلام حكاية حال للاستحضار ۱۲ قوله ايها اى الاطعمة دل على المرجع قوله طعاما قوله منه اى ازكى ۱۲۔

البلاغۃ: قوله فابعثوا معنى الفاء وترتب البعث على ما قبله ان قولهم ربكم اعلم دل على ترك هذا التفتيش الغير الضروري فالمعنى

www.besturdubooks.net

اترکوا ما لیس بضروری فاتوا ما ھو ضروری ۴۔

سَيَقُولُونَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُولُونَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُولُونَ سَبْعَةٌ

وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيلٌ ۣ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ۠ وَّلَا

ع تَسْتَفْتِ فِيهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿۲۲﴾ وَلَا تَقُولَنَّ لِشَايْءٍ اِنِّيْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿۲۳﴾ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۫ وَاذْكُرْ ۱۵

رَّبَّكَ اِذَا نَسِيتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿۲۴﴾ وَلَبِثُوا فِي كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ

سِنِينَ وَازْدَادُوا تِسْعًا ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوا ۚ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ

دُونِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ ۡ وَّلَا يُشْرِكُ فِي حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾

بعضے لوگ تو کہیں گے کہ وہ تین ہیں چوتھا ان کا کتا ہے اور بعضے کہیں گے کہ پانچ ہیں چھٹا ان کا کتا ہے اور یہ لوگ بے تحقیق بات کو ہانک رہے ہیں اور بعضے کہیں گے کہ وہ سات ہیں آٹھواں ان کا کتا ہے آپ کہہ دیجئے کہ میرا رب ان کا شمار خوب (صحیح صحیح) جانتا ہے ان کو بہت قلیل لوگ جانتے ہیں سو آپ ان کے بارے میں سرسری بحث نہ کیجئے اور ان کے بارے میں ان لوگوں میں سے کسی سے بھی نہ پوچھئے اور آپ کسی کام کی نسبت یوں نہ کہا کیجئے کہ میں اس کو کل کروں گا مگر خدا کے چاہنے کو ملا دیا کیجئے اور جب آپ بھول جاویں تو اپنے رب کا ذکر کیا کیجئے اور کہہ دیجئے کہ مجھ کو امید ہے کہ میرا رب مجھ کو (نبوت کی) دلیل بننے کے اعتبار سے اس سے بھی نزدیک تر بات بتلا دے اور وہ لوگ اپنے غار میں تین سو برس تک رہے اور نو برس اوپر اور رہے آپ کہہ دیجئے کہ خدا تعالیٰ ان کے رہنے کی مدت کو خوب جانتا ہے تمام آسمانوں اور زمین کا علم غیب اسی کو ہے وہ کیسا کچھ دیکھنے والا اور کیسا کچھ سننے والا ہے ان کا خدا کے سوا کوئی بھی مددگار نہیں اور نہ اللہ تعالیٰ کسی کو اپنے حکم میں شریک کرتا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: یہاں تک قصہ اصحاب کہف کا بقدر اقتضائے مقام ختم ہو چکا چونکہ اس قصہ میں ناقلین بعض بعض اجزاء میں اختلاف رکھتے تھے اس لئے اس کو سن کر اہل اختلاف کی جانب سے ان اختلافات کے اظہار کا محل تھا خصوص ان اجزاء میں جو اوپر اجمال و ابہام کے ساتھ مذکور ہوئے ہیں جیسے فِتْيَةٌ کہ مبہم ہے اس میں ان کا عدد مصرح نہیں اور جیسے سِنِينَ عَدَدًا کی اس میں عدد سِنِينَ کی تعیین نہیں اس لئے آگے بالخصوص ان دونوں اختلافوں سے تصریحاً تعرض کر کے ایک سے تو اول کلام میں منطوقاً سَيَقُولُونَ الخ اور دوسرے سے آخر میں مفہوماً وَلَبِثُوا (الی قولہ تعالی) قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ الخ اور دوسرے [1] اختلافوں کو مقالیسہ پر چھوڑ کر ساتھ ساتھ اور درمیان درمیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان اختلافات کے وقت طرز مخاطبت کی نہیاً و امراً تعلیم فرماتے ہیں حاصل طرز مذکور کا یہ ہے کہ مجموعہ متکلم و مخاطب کی جانب میں تین تین امر ہیں۔ دعویٰ استبہام اعتراض پس ان کے دعویٰ مخالف واقع کی اظہار غلطی کے لئے نقل صحیح قرآنی پیش کر کے قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ اور قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ کہہ دینے کو کافی فرمایا اور ان کے استفہام کی نسبت جب کہ اس کا جواب وحی میں منقول نہ ہو اور قابل جواب بھی ہو اور اس بناء پر جواب کا وعدہ کرلیا جاوے لَا تَقُولَنَّ الخ میں اس دعویٰ کو مشیت الٰہی پر معلق کرنے کا بعنوان عام حکم فرمایا اور استفہام مذکور میں یہ قیود اس لئے لگائی گئیں کہ جس کا جواب وحی میں منقول ہو چکا ہوگا اس میں وعدۂ جواب کی جگہ خود جواب ہی آ چکا ہے اسی طرح جو قابل جواب نہ ہو اس میں بھی وعدۂ جواب نہ ہوگا اس لئے یہ دونوں صورتیں مبحث میں داخل نہیں اب رہا اعتراض جو محض عناداً ہو اس کے جواب میں زائد مشغول ہونے سے لَا تُمَارِ الخ میں منع فرمایا یہ تین امر تو مخالفین کی جانب سے ہوئے اب رہے یہی تینوں امر جو آپ کی طرف سے ہوں تو دعویٰ کے اثبات میں تو نقل صحیح جس کی صحت خود اس کے اعجاز سے ثابت ہے پیش کرنے کو اس سے زائد کاوش نہ کرنے کو ارشاد فرمایا چنانچہ لَا تُمَارِ الخ میں یہ بھی داخل ہے اور استفہام سے بوجہ اس کے غیر ضروری ہونے کے لَا تَسْتَفْتِ الخ میں ممانعت فرمائی اب رہا اعتراض سو لَا تُمَارِ الخ میں اس کی ممانعت بھی آ گئی یہ ہے حاصل آیات آئندہ کا مع وجہ ارتباط و وجہ تخصیص تعرض عدد و مدت لبث و عدم اجتماع فی الذکر یعنی ذکر عدد در اول و ذکر مدت لبث در آخر بغرض احاطۂ اختلافات مجموعہ کلام بقصد اظہار مقصودیت ذکر اختلاف و طرز عمل متعلق اختلاف وللہ الحمد علی ما افھمنی اسلوب ھذا المقام۔

تعلیم مکالمات در مخاصمات ☆ سَيَقُولُونَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ (الی قولہ تعالی) لَا يُشْرِكُ فِي حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ (جس وقت اصحاب کہف کا قصہ بیان کریں گے تو) بعضے لوگ تو کہیں گے کہ وہ تین ہیں چوتھا ان کا کتا ہے اور بعضے کہیں گے کہ وہ پانچ ہیں چھٹا اُن کا کتا ہے (اور) یہ لوگ بے تحقیق بات کو ہانک رہے ہیں اور بعضے کہیں گے کہ وہ سات ہیں اور آٹھواں ان کا کتا ہے آپ (ان اہل اختلاف سے) کہہ دیجئے کہ میرا رب ان کا شمار خوب (صحیح صحیح) جانتا ہے

www.besturdubooks.net

(کہ آیا ان اقوال متعارضہ میں سے کوئی قول صحیح ہے یا سب غلط ہیں) ان (کے شمار) کو (صحیح صحیح) بہت قلیل لوگ جانتے ہیں (اور چونکہ کوئی فائدہ معتد بہا اس کی تعیین کے متعلق نہ تھا لہٰذا اس اختلاف کا کوئی صریح فیصلہ آیت میں نہیں فرمایا لیکن روایات میں حضرت ابن عباسؓ وابو مسعودؓ کا قول آیا ہے انا من القلیل کانوا سبعة یعنی میں ان ہی قلیل میں سے ہوں اور وہ سات تھے کذا فی الدر المنثور عن ابی حاتم وغیرہ اور آیت میں بھی اشارۃً اس کی صحت مفہوم ہوتی ہے کیونکہ اس اخیر قول کو نقل کر کے اس کو رد نہیں فرمایا واللہ اعلم سو (اگر اس پر بھی وہ لوگ اختلاف سے باز نہ آویں تو) آپ (ان لوگوں سے) ان (اصحاب کہف) کے (عدد[۵] وغیرہ) کے بارے میں بجز سرسری بحث کے زیادہ بحث نہ کیجئے (سرسری بحث سے یہ مراد ہے کہ آپ وحی کے موافق ان کے روبرو قصہ بیان کر دیجئے اور زیادہ سوال و جواب نہ کیجئے اس کو اس لئے کہا کہ آخر تلاوت وحی سے اس کے معارض قول کی تغلیط تو ضرور ہی ہوگی بالخصوص رجم بالغیب اور قُلْ رَّبِّیْٓ اَعْلَمُ اور امثال اس کے سے مگر چونکہ اس میں بار بار رد وقدح نہیں ہے اس لئے یہ بحث سرسری قرار دی گئی اور اس نہی کے مضمون میں ان کے اعتراض کے جواب میں زیادہ مشغول ہونا اور اپنے دعوے کے اثبات میں زیادہ کاوش کرنا یا ان پر اعتراضات کرنا یہ سب آ گیا) اور (جس طرح زیادہ بحث کرنے سے ممانعت کی گئی ہے اسی طرح آپ کو ان سے کچھ پوچھنے[۱] سے بھی ممانعت ہے پس) آپ ان (اصحاب کہف) کے بارے میں ان لوگوں میں سے کسی سے بھی کچھ نہ پوچھئے (کیونکہ وحی میں ضروری کی تعلیم ہو چکی اور غیر ضروری غیر ضروری ہے) اور (اگر یہ لوگ آپ سے کوئی بات قابل جواب دریافت کریں اور آپ جواب کا وعدہ کریں تو اس کے ساتھ ان شاء اللہ تعالیٰ یا اس کے ہم معنی[۲] کوئی بات ضرور ملایا کریں بلکہ وعدۂ جواب کی کیا تخصیص ہے ہر امر میں اس کا لحاظ رکھئے پس) آپ کسی کام[۳] کی نسبت یوں نہ کہا کیجئے کہ میں اس کو (مثلاً[۴]) کل کر دوں گا مگر خدا کے چاہنے کو ملا دیا کیجئے (یعنی ان شاء اللہ تعالیٰ وغیرہ بھی ساتھ کہہ دیا کیجئے اور آئندہ ایسا نہ ہو جیسا اس کے قبل ہو گیا کہ آپ سے روح واصحاب کہف وذوالقرنین کا قصہ پوچھا گیا تو آپ نے وحی کے بھروسہ زبان سے ان شاء اللہ بے کہے وعدہ فرما لیا کہ کل جواب دے دوں گا چنانچہ پندرہ روز تک وحی نازل نہ ہوئی اور آپ کو بڑا غم ہوا اس کے بعد جواب کے ساتھ یہ حکم بھی نازل ہوا کذا فی اللباب عن ابن عباس) اور جب آپ (اتفاقاً ان شاء اللہ تعالیٰ کہنا) بھول جاویں (اور پھر کبھی یاد آوے) تو (اس وقت ان شاء اللہ تعالیٰ کہہ کر) اپنے رب کا ذکر کر لیا کیجئے (یعنی جب یاد آوے کہہ لیا کیجئے اور یہ حکم افادۂ برکت کے اعتبار سے ہے جو کہ وعدوں میں مقصود ہے تعلیق وابطال کے اثر کے اعتبار سے نہیں ہے جو کہ طلاق وعتاق ویمین وغیرہ میں مقصود ہے پس اس میں متصل کہنا ابطال اثر میں مفید ہوگا اور منفصل کہنا مفید نہ ہوگا) اور (ان لوگوں سے یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (تم نے جو امتحان نبوت کے لئے اصحاب کہف کا قصہ مجھ سے پوچھا تھا جس کا جواب دینا میری نبوت کے دلائل میں سے ہے سو یہ نہ سمجھا[۵] جاوے کہ میرے نزدیک اس سوال کا جواب دے دینا کوئی اعظم الدلائل اور سرمایۂ ناز وافتخار ہے جیسا تم نے اس قصہ کو عجیب تر سمجھ کر پوچھا ہے اور اس کے جواب کو اعظم دلائل سمجھتے ہو سو چونکہ یہ قصہ عجب الآیات نہیں جیسا تمہید قصہ میں بھی فرمایا گیا ہے: اَمْ حَسِبْتَ الخ اس لئے میرے نزدیک دلالۃ علی النبوۃ میں سب سے اعظم و اقرب نہیں ہے مطلب یہ کہ میری نبوت ایسا امر محقق ہے و متیقن ہے کہ اس پر استدلال کرنے کے لئے جس دلیل کو تم اعظم سمجھتے ہو میں اس سے بھی اعظم دلیلیں اس پر رکھتا ہوں چنانچہ ان میں سے بعض دلائل تو وقتاً فوقتاً تمہارے روبرو پیش کر چکا ہوں مثل اعجاز قرآن وغیرہ کے جو یقیناً اس سوال کے جواب سے دلالت علی المدعا میں فائق تر ہے کہ کوئی شخص کسی طریق سے اس پر قادر نہیں بخلاف جواب سوال کے کہ گو میرے اعتبار سے وہ معجز ہے لیکن عالم بالنقل بھی ایسے سوالات کا جواب دے سکتا ہے اور بعضے ایسے دلائل کی نسبت) مجھ کو امید ہے کہ میرا رب مجھ کو (نبوت کی) دلیل[۱۱] بننے کے اعتبار سے اس (قصہ) سے بھی نزدیک تر بات بتلا دے (چنانچہ اصحاب کہف سے بھی زیادہ جن کا زمانہ قدیم تھا اور جن کے اخبار کا پتہ نہ چل سکتا تھا وہ وحی سے بتلائے گئے کہ وہ یقیناً اس قصہ کے جواب سے اخبار عن الغیب میں زیادہ عجیب وغریب ہیں) اور (جیسا ان لوگوں کا ان کے عدد میں اختلاف ہے اسی طرح مدت نوم میں بھی اختلاف ہے جس میں امر واقعی بتلاتے ہیں کہ) وہ لوگ اپنے (اس) غار میں (حالت خواب میں) تین سو برس تک رہے اور نو برس اوپر اور رہے (اور اگر اس کو سن کر بھی اختلاف کریں تو) آپ کہہ دیجئے کہ خدا تعالیٰ ان کے (غار میں) رہنے کی مدت کو[۱۲] (تو تم سے) زیادہ جانتا ہے اس کی یہ شان ہے کہ) تمام آسمانوں اور زمین کا علم غیب اسی کو ہے وہ کیسا کچھ دیکھنے والا اور کیسا کچھ سننے والا ہے (پس ان کو چاہئے کہ ایسے صاحب علم محیط کے ساتھ دعویٰ علم بالمعلومات میں معارضہ نہ کریں ورنہ مستحق سزا ہوں گے اور سزا کے وقت) ان کا خدا کے سوا (جتنے ہیں ان میں سے) کوئی بھی مددگار نہیں (ہوگا جو اپنی رائے سے مدد کرے) اور نہ اللہ کسی کو اپنے حکم میں شریک (کیا) کرتا ہے (کہ شریک مشورہ بن کر کسی کے نفع رسانی کی رائے دے سکے۔ خلاصہ یہ کہ نہ کوئی مزاحم ہے نہ کوئی شریک ہے پس ایسے عالی شان سرکار کی مخالفت سے بہت حذر کرنا چاہئے)۔ **ف**: ان کے سات ہونے کے متعلق مدارک میں ایک اور لطیفہ بھی ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ جب وہ سو کر اُٹھے ہیں اس قصہ میں ارشاد ہے قَالَ قَآئِلٌ ایک تو یہ ہوا آگے ہے: قَالُوْا لَبِثْنَا تین یہ ہوئے پھر آگے ہے قَالُوْا رَبُّکُمْ تین یہ ہوئے اور ظاہراً سب قائل متغائر معلوم ہوتے ہیں اور جمع کے درجہ اقل سے زائد ہونا محتاج دلیل ہے اور اصل انتفاء ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ لطیفہ مؤید دلیل بن سکتا ہے مستقل دلیل نہیں بن سکتا جیسا کہ ظاہر ہے اور

www.besturdubooks.net

ان شاء اللہ کہنے کے متعلق مسائل مفصلاً کتب فقہ میں مذکور ہیں حاصل اس مقام کا اتنا ہے کہ آیت میں تفویض کے طور پر ان شاء اللہ تعالیٰ کہنے کا بیان ہے سو فصل مدت اس میں مانع نہیں اور تاثیر فی الحکم کے طور پر کہنے کا بیان نہیں ہے جس میں فصل مانع ہے اور ظاہر اً یہ ان شاء اللہ تعالیٰ زبان سے کہنا مستحب ہے لیکن خواص کی پھر اخص الخواص صلی اللہ علیہ وسلم کی شان ارفع ہوتی ہے اس لئے ترک مستحب پر بھی وحی میں دیر ہوگئی اور لَبِثُوْا الخ سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ نے ان کی مدت لبث کی خبر دی ہے اور بعض نے ابن عباس سے نقل کیا ہے کہ مقصود اس سے بھی مثل سَيَقُوْلُوْنَ الخ کے دوسرے لوگوں کا قول نقل کرنا اور قل اللہ اعلم سے اس کا رد کرنا ہے اور يَقُوْلُوْنَ یہاں مقدر ہے یا اوپر کے مقولات عطف پر ہے لیکن اس قول کی کوئی دلیل نہیں اور اگر قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ کو دلیل کہا جاوے جیسا کہ اس روایت میں اسی سے استدلال منقول ہے تو لازم آتا ہے کہ اوپر جو قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ کہا گیا ہے اس سے بھی سب اقوال کا رد کرنا مقصود ہو حالانکہ خود ابن عباسؓ سے تیسرے قول کا صحیح ہونا اثنائے ترجمہ میں نقل کیا گیا ہے پس ظاہراً یہ روایت اور یہ استدلال ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ثابت نہیں اور ظاہر سیاق سے وہی ہے جو اوپر نقل کیا گیا اور اللہ اعلم کی تقریر خود ترجمہ سے ظاہر ہے رہا یہ کہ اس تقدیر پر اللہ تعالیٰ نے عدد کی تعیین تو اشارۃً فرمائی اور مدت لبث کی تعیین صراحۃً فرمائی اس کی کیا وجہ ہے تو عجب نہیں کہ اس کی وجہ یہ ہو کہ یہ واقعہ نوم طویل کا بوجہ نمونہ بعث ہونے کے قدرت الٰہیہ اور امکان بعث پر زیادہ دال ہے بخلاف ان کے سبعہ ہونے کے اور اہل مکہ کو اس مضمون کی زیادہ ضرورت تھی اس لئے اس کی تصریح کر دی گئی واللہ اعلم اور اگر ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس روایت مذکورہ کو خدشات سے صاف مان لیا جاوے جس سے وَلَبِثُوْا الخ میں لوگوں کے قول کی نقل معلوم ہوتی ہے تب بھی اس کا مدلول اس قدر رہوگا کہ اس عدد خاص یعنی تین سو نو میں کلام ہے لیکن شروع قصہ میں سِنِيْنَ عَدَدًا سے تصریحاً سالہا سال تک سونا معلوم ہوتا ہے[۳] پس بعض معاصرین منکرین خوارق کا اس روایت سے سالہا سال تک سونے کی نفی پر استدلال کرنا محض لغو ہے اور سِنِيْنَ والی آیت میں تحریف معنوی کرنا اس سے زیادہ منکر اور اقبح ہے رہا یہ کہ مختصر الفاظ کیوں نہ کہہ دیئے ثَلٰثَ مِائَةٍ وَتِسْعَ سِنِيْنَ میرے نزدیک وجہ یہ ہے کہ اس عبارت میں لفظ سِنِيْنَ ثَلٰثَ مِائَةٍ سے دور ہو جاتا تو جیسے تین سو سال کے معنی پر اب صریح دلالت ہے اس وقت نہ ہوتی اور یہ دلالت بسبب تنبیہ کفار کے قدرت الٰہیہ پر فی نفسہ مقصود ہے اور اگر دونوں جگہ سِنِيْنَ آتا تو تطویل ہوتی اور اگر کوئی کہے کہ اب تسع کی دلالت نو سال کے معنی پر صریحۃً دلالت نہ رہی گو قرینہ مقام دال ہے جواب یہ ہے کہ مقصود مذکور میں مضر نہیں دوسرے تسع بہت چھوٹی کسر ہے بہت بڑے عدد پر اس لئے وَازْدَادُوْا کے لفظ سے اس کی زیادہ اور علاوہ یعنی کسر ہونے پر صراحۃً دلالت فرما دی گئی و اللہ اعلم اور تین سوالوں میں سے دو میں وَيَسْـَٔلُوْنَكَ لانا اور اس قصہ میں نہ لانا شاید اس وجہ سے ہو کہ امر روح باعتبار خفائے ماہیت کے اور امر ذی القرنین بوجہ بعد زمان کے سوال کے قابل تھے بخلاف اس قصہ کے کہ دونوں امر اس میں نہیں ہیں عالم جس میں واقع ہونے سے عدم خفا تو ظاہر ہے اور عدم بعد زمان کا بیان ابھی آتا ہے اس لئے یسئلون کا نہ لانا اشارہ اس طرف ہو گیا کہ یہ سوال ہی کے قبل زیادہ نہ تھا پس یسئلون کا نہ لانا اسی نفی عجب مزعوم اہل کتاب کو مفید ہے جس کو آیت اَمْ حَسِبْتَ اور آیت قُلْ عَسٰٓى الخ مفید ہے اب چار امر اس قصہ کے متعلق اور رہ گئے ایک یہ کہ مذہب عیسوی محرف ہو چکا تھا پھر اصحاب کہف کے قبول کے لئے وہ کیسے کافی ہوا۔ جواب یہ ہے کہ ممکن ہے بعض بعض علماء کے پاس اس وقت مذہب محفوظ ہو۔ دوسرے یہ کہ ان کا زمانہ کونسا تھا تفسیر حقانی میں تاریخ سے نقل کیا ہے کہ سنہ اڑھائی سو عیسوی میں وہ ظالم بادشاہ تھا اور تین سو سال سونے کے ملائے جاویں تو ساڑھے پانسو عیسوی ہوتے ہیں اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تخمیناً ۵۷۰ عیسوی میں پیدا ہوئے ہیں تو اس حساب سے ان کی بیداری آپ کی ولادت شریفہ سے بیس برس پہلے ہوئی تیسری بات یہ کہ یہ اب مر گئے ہیں یا ہیں ظاہر کثیر روایت سے یہی ہے کہ اسی زمانہ کے قریب انتقال کر گئے تھے و اللہ اعلم فقط چوتھا امر یہ کہ ان کا مقام کون سا تھا سو تفسیر حقانی میں اس کا نام افسوس اور طرسوس ایشیاء کوچک کا ایک شہر لکھا ہے جو اب بشکل ویران قصبہ کے حضرت سلطان کی حکومت میں ہے اور آبادی سے تین کوس وہ غار کئی میل کا ہے فقط۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ الخ اس میں ارشاد ہے خالص تجرید وتفرید کا ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ اس میں مطلوبیت ذکر کی ظاہر ہے قولہ تعالیٰ: اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ یعنی وہ کیسا کامل بصیر وسمیع ہے اور یہ کمال کامل اس لئے ہے کہ اس کی صفات عین ذات میں (اس سے زیادہ کامل درجہ تعلق کا ہو نہیں سکتا) قولہ تعالیٰ: مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ الخ وجہ دوسرے کے ولی (ومختار کامل) نہ ہونے کی یہ ہے کہ اس کے سوا کسی کی (حقیقۃً) فاعلیت نہیں ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) قولہ اور دوسرے اختلافوں کو الخ یہ معطوف ہے تعرض کر کے پر ۱۲ منہ (۲) فتقدیر الکلام الا بان یشاء اللہ ۱۲ منہ۔ (۳) حاصل یہ کہ اگر تین سو نو سال کا عدد خاص ثابت نہ بھی ہو تو سنین عدداً بھی سالہا سال کی مدت پر دلالت کرنے کے لئے بالکل کافی ہے پس منکرین خوارق کو اس سے کوئی گنجائش نہیں مل سکتی ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی سیقولون کہیں گے کما فی الروح انه اخبار قبل الوقوع ۱۲ ۲ قولہ فی ثلثة وہ اشارة الی انه خبرا لمبتدأ مقدر ۱۲ ۳ قولہ فی ویقولون کہیں گے اشارة الی اعتبار السنین فیه ایضا بقرینة العطف ۱۲ ۴ قولہ فی ما یعلمهم ان کے شمار اشارة الی

www.besturdubooks.net

حذف المضاف ای عددهم۱۲۔ ۵ قوله فی لا تمار فیهم عددوغیرہ فیه زیادة لفظ غیره نظرا الی ما فی التمهید من قوله مقا بسریر الخ۔ ۶ قوله فی لا تستفت کچھ دل علیه اطلاق الاستفتاء۱۲۔ ۷ قوله فی الا ان یشاء الله اس کے ہم معنی کقوله تعالٰی عسی ان یهدین فانه ایضا جاء وتفویض الی الله تعالٰی فسبحان الله ما احسن الارشاد حیث ارشد اولا الی الکلی ثم ارشد قریباً الی جزئیه ۱۲۔ ۸ قوله فی لشائی کام لان الشیٔ وان کان عاما للعمل وغیره لکن خصصه بمعنی العمل وقوع لفظ ذلك الذی ارید به الشیٔ معمولا للفظ فاعل فی قوله تعالٰی انی فاعل ذلك فکان الشیٔ لا محالة عملا مفعولا۱۲۔ ۹ قوله فی غدا مثلاً اشارة الی ان المراد الزمان المستقبل والتعبیر بالغد لوقوعه فی کلامه صلی الله علیه وسلم اخبرکم غدا کما فی اللباب۱۲۔ ۱۰ قوله فی قل عسی یہ نہ سمجھا جاوے الخ کما فی الروح ان فیه تهویناً للقصة ای کما کان فی ما سبق من قوله ام حسبت۱۲۔ ۱۱ قوله فی رشدا دلیل بنے کما فی الروح ارشاداً للناس ودلالة علی النبوة۱۲۔ ۱۲ قوله فی ما لبثوا مدت اشارة الی ان ما موصولة یراد به المدة والعائد محذوف۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله رجمًا حال بمعنی راجمین۱۲ قوله الا ان یشاء الله مصدر معمول[۲] للباء تقدیره لا تقولن فی حال الا فی حال ملابسته القول بمشیة الله تعالٰی بان تذکر ای بالملابسته الذکریة ولاغبار علی هذا المعنی۱۲ قوله ثلثمائة سنین قال النیسابوری قال النحویون سنین عطف بیان لثلثمائة۱۲ قوله از دادوا ضمیره راجع الی اصحاب الکهف ای از دادوا مدة النوم وهو یتعدی الی واحد۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃُ: قوله رابعهم قد یراد فی مثل هذه الترکیب تشریف المضاف کما ههنا انه کان کانه واحد منهم وقدیراد تشریف المضاف الیه کما فی قوله علیه السلام الله ثالثهما کما هو ظاهر وقد لا ولا کقوله تعالٰی ما یکون من نجوی ثلثة الا هو رابعهم الآیۃ قوله رجما بالغیب ای راجمین بالخبر الذی خفی علیه علمه ویراده بالرجم التکلم من غیر علمه لانه مشابه برجم الحجارة قلما تصیب المرجوم علی السداد۱۲ قوله وثامنهم هذه الواو للصوق الصفة بالموصوف لان الملصوق یناسب الجمع الموضوعة له الواو۱۲۔

وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ
الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ
وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۟ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ
وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۙ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۭ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ
يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۭ بِئْسَ الشَّرَابُ ۭ وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ
اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿۳۰﴾ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ
مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَاۗىِٕكِ ۭ نِعْمَ الثَّوَابُ ۭ
ع ۴ ۹ ۱۶ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۳۱﴾

اور آپ کے پاس جو آپ کے رب کی کتاب وحی کے ذریعے سے آئی ہے وہ پڑھ دیا کیجئے اس کی باتوں کو (یعنی وعدوں) کو کوئی نہیں بدل سکتا اور آپ خدا کے سوا اور کوئی جائے پناہ نہ پائیں گے اور آپ اپنے کو ان لوگوں کے ساتھ مقید رکھا کیجئے جو صبح و شام (یعنی علی الدوام) اپنے رب کی عبادت محض اس کی رضا جوئی کے لئے کرتے ہیں اور دنیاوی زندگانی کی رونق کے خیال سے آپ کی آنکھیں (یعنی توجہات) ان سے ہٹنے نہ پائیں اور ایسے شخص کا کہنا نہ مانئے جس کے قلب کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر رکھا ہو اور وہ اپنی نفسانی خواہش پر چلتا ہو اور اس کا یہ حال حد سے گذر گیا ہے اور کہہ دیجئے کہ یہ دین حق تمہارے رب کی طرف سے آیا ہے سو جس کا جی چاہے ایمان لے آوے اور جس کا جی چاہے کافر رہے بیشک ہم نے ایسے ظالموں کے لئے آگ تیار کر رکھی ہے کہ اس آگ کی قناتیں ان کو گھیرے ہوں گی اور اگر (پیاس سے) فریاد کریں (بھی) تو ایسے پانی سے ان کی فریاد رسی کی جاوے گی جو تیل کی تلچھٹ کی طرح ہوگا (اور) مونہوں کو بھون ڈالے گا کیا ہی برا پانی ہوگا اور وہ دوزخ بھی کیا ہی بری جگہ ہے۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے تو ہم ایسوں کا اجر ضائع نہ کریں گے جو اچھی طرح کام کو کرے (پس) ایسے لوگوں کے لئے ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں ان کے (مساکن کے) نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان کو وہاں سونے کے کنگن پہنائے جاویں گے اور (بہشت) کیا ہی اچھی جگہ ہے۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: اوپر سے رسالت کی بحث چلی آتی ہے اور اسی کی تقریر کے لئے قصہ اصحاب کہف کا بیان کیا گیا ہے آگے بھی منصب رسالت کے حقوق و آداب مذکور ہیں جس کا حاصل استغناء کے ساتھ تبلیغ کرنا اور مصدقین کو باوجود ان کی شکستہ بالی کے مکذبین پر باوجود ان کی خوشحالی کے ترجیح دینا ہے۔
شان نزول: چنانچہ شان نزول بھی اس کا یہی ہے کہ بعض رؤسائے مشرکین نے آپ سے درخواست کی تھی کہ ہمارے آنے کے وقت ان فقراء غرباء کو ہٹا دیا کیجئے جسکی تفصیل پارۂ ہفتم کے نصف کے ذرا بعد آیت: وَأَنذِرْ بِهِ الَّذِينَ يَخَافُونَ ...... وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ ...... [الانعام ۵۱-۵۲] کی تفسیر میں گذر چکی ہے۔
بعض آداب تبلیغ ☆ وَاتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِن كِتَابِ رَبِّكَ (الی قولہ تعالی) وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ۞ اور (آپ کا کام صرف اس قدر ہے کہ) آپ کے پاس جو آپ کے رب کی کتاب وحی کے ذریعہ سے آئی ہے وہ (لوگوں کے سامنے) پڑھ دیا کیجئے (اس سے زیادہ فکر نہ کیا کیجئے اور نہ یہ سوچئے کہ بڑے لوگ اگر مخالف رہے اور ان کی دلجوئی نہ کی گئی تو دین کی کس طرح ترقی ہوگی اس کی ترقی کا تو ہم وعدہ کر چکے ہیں اور) اس کی باتوں کو (یعنی وعدوں کو) کوئی بدل نہیں سکتا (یعنی مخالفین کو یہ قدرت نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ وعدہ پورا کرنے لگیں اور وہ اس کو پورا نہ ہونے دیں اور حق تعالیٰ گو تبدیل پر قادر ہیں مگر دوسرے دلائل سے معلوم ہے کہ وہ تبدیل واقع نہ کریں گے پھر کسی کی مخالفت سے کیا ضرر) اور (اگر ان کی ایسی دلجوئی کی کہ احکام الٰہیہ متروک ہو گئے تو پھر) آپ خدا کے سوا اور کوئی پناہ (بھی) نہ پاویں گے (اور گو اس کا وقوع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بدلائل شرعیہ محال ہے لیکن مقصود اس سے اس فعل کے اثر بیان کرنے میں مبالغہ ہے) اور (جیسا ان رؤساء کفار سے استغناء کا حکم ہے اسی طرح فقراء مسلمین کے حال پر مزید التفات وتوجہ کا آپ کو حکم ہے پس) آپ اپنے کو ان لوگوں کے ساتھ (بیٹھنے میں) مقید رکھا کیجئے جو صبح وشام (یعنی علی الدوام) اپنے رب کی عبادت محض اس کی رضا جوئی کے لئے کرتے ہیں (اور ان کی کوئی دنیوی غرض نہیں ہے) اور دنیوی زندگانی کی رونق کے خیال سے آپ کی آنکھیں (یعنی توجہات) ان سے ہٹنے نہ پاویں (خیال رونق سے مراد یہ کہ رئیس مسلمان ہو جاویں تو اسلام میں زیادہ جمال وکمال ہوگا پس اس میں بتلا دیا کہ اس ظاہری سامان سے اسلام کا جمال وکمال نہیں ہے بلکہ اس کا مدار اخلاص واطاعت کاملہ ہے گو فقراء ہی سے ہو) اور ایسے شخص کا کہنا (دربارہ غرباء کے ہٹا دینے کے) نہ مانئے جس کے قلب کو ہم نے (اس کی سزائے عناد میں) اپنی یاد سے غافل کر رکھا ہے (کہ دین حق کو قبول نہیں کرتا) اور وہ اپنی نفسانی خواہش پر چلتا ہے اور اس کا (یہ) حال (یعنی اتباع ہوا) حد سے گذر گیا ہے اور آپ (ان رؤساء کفار سے صاف) کہہ دیجئے کہ (یہ دین) حق تمہارے رب کی طرف سے (آیا) ہے سو جس کا جی چاہے ایمان لے آوے جس کا جی چاہے کافر رہے (ہمارا کوئی نفع ونقصان نہیں بلکہ ایمان نہ لانے سے اپنا ہی ضرر اور ایمان لانے سے اپنا ہی نفع ہے چنانچہ آگے اللہ تعالیٰ نے اس کو علی الترتیب بیان فرمایا ہے کہ ایمان نہ لانے کا تو یہ ضرر ہے کہ) بیشک ہم نے ایسے ظالموں کے لئے (دوزخ) آگ (سزا کے لئے) تیار کر رکھی ہے کہ اس آگ کی قناتیں ان کو گھیرے ہوں گی (یعنی وہ قناتیں بھی آگ ہی ہیں جیسا حدیث میں ہے وہ اس میں سے نکل نہ سکیں گے) اور اگر (پیاس سے) فریاد کریں گے تو ایسے پانی سے ان کی فریادرسی کی جاوے گی جو (کراہت صورت میں تو) تیل کی تلچھٹ (یعنی کیٹ) کی طرح ہوگا (اور تیز اور گرم اس قدر ہوگا کہ پاس لاتے ہی) مونہوں کو بھون ڈالے گا (حتیٰ کہ چہرے کی کھال اتر کر گر پڑے گی جیسا حدیث میں ہے) کیا ہی برا پانی ہوگا اور وہ دوزخ (بھی) کیا ہی بری جگہ ہوگی (یہ تو ایمان نہ لانے کا ضرر ہوا اور ایمان لانے کا نفع یہ ہے کہ) بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے تو ہم ایسوں کا اجر ضائع نہ کریں گے جو اچھی طرح کام کو کرے (پس) ایسے لوگوں کے لئے ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں ان کے (مساکن کے) نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان کو وہاں سونے کے کنگن پہنائے جاویں گے اور سبز رنگ کے کپڑے باریک اور دبیز ریشم کے پہنیں گے (اور) وہاں مسہریوں میں تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے کیا ہی اچھا صلہ ہے اور (بہشت) کیا ہی اچھی جگہ ہے۔ **ف**: وَاصْبِرْ نَفْسَكَ الخ کا یہ مطلب نہیں ہے کہ جب تک یہ لوگ نہ اٹھیں گے آپ بیٹھے رہا کیجئے بلکہ مطلب یہ ہے کہ بدستور سابق ان کو اپنی طول مجالست سے مشرف رکھئے طول کو مقید ہونا فرمادیا چنانچہ درمنثور میں اس کی تفسیر میں ابراہیم کا قول لا تطردهم عن الذكر اور ابی جعفر کا قول امر ان يصبر نفسه مع اصحابه يعلمهم القران منقول ہے اور بعضوں کو وسوسہ ہوا ہے کہ ان رؤسا نے وعدہ کیا تھا کہ اگر ہماری مجلس خاص بن جاوے تو ہم مسلمان ہو جاویں تو یہ درخواست تو منظوری کے قابل تھی جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو معلوم تھا کہ یہ ایمان نہ لاویں گے دوسرے اگر کوئی کافر کسی امر مباح پر اپنا ایمان معلق کرے تو وہ واجب نہیں ہو جاتا چہ جائیکہ امر مکروہ پر مثلاً اگر کوئی کافر کہے کہ مجھ کو ہزار روپیہ دو تو میں مسلمان ہو جاؤں کسی مسلمان پر اس درخواست کا پورا کرنا واجب نہیں اور يحلون فيها میں بعض کو وسوسہ ہوا ہے کہ مردوں کے ہاتھ میں تو کنگن برے معلوم ہوں گے جواب یہ ہے کہ یہاں بھی جس جگہ اس کا عرف ہے برے نہیں سمجھے جاتے البتہ نہی شرعی مانع ہے سو وہ وہاں نہیں ہوگی اور یہ جو فرمایا کہ سبز لباس ہوگا اس سے حصر مقصود نہیں کیونکہ آیات میں مصرح ہے کہ جس چیز کو جی چاہے گا وہ ملے گی اور یہاں سُندُسٍ اور إِسْتَبْرَقٍ کو مطلق فرمایا مگر سورۂ رحمن میں ارشاد ہے: بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ [الرحمن: ۵۴] یعنی استر دبیز ریشمی کپڑے کا ہوگا اس سے اشارۃً مفہوم ہو سکتا ہے کہ ظہارہ یعنی ابرہ سندس یعنی باریک ریشمی کپڑے ہوگا جیسا دنیا میں بھی اکثر ایسی ہی عادت ہے۔ واللہ اعلم

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ الخ اس آیت میں حکم ہے ان فقراء کی صحبت کا جو اپنے مولیٰ کی خدمت کے لئے انقطاع اختیار کر چکے ہیں اور گو حضور صلی اللہ علیہ وسلم جو ان سے صحبت رکھتے تھے اس صحبت کا فائدہ ان فقراء کو پہنچتا تھا مگر دوسرے اس صحبت سے خود مستفید ہوں گے کیونکہ یہ فقراء ایسی قوم ہے کہ ان کا جلیس محروم نہیں رہتا قولہ تعالیٰ: وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ اس میں پیروں کا حکم ہے کہ طالبین پر توجہ رکھیں اور ان سے اکتا ئیں نہیں قولہ تعالیٰ: تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا اس میں مذمت ہے اغنیاء کی طرف میل اور تواضع کرنے کی جس کا سبب ان کا غناء ہو ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا الخ اس میں مجوبین غافلین کی اطاعت سے منع کیا گیا ہے اور اسی اطاعت میں تواضع بھی داخل ہے کیونکہ وہ حالاً اس کا طالب ہے گو مقالاً ظاہر نہیں کرتا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في التمهيد شانِ نزول كما في الدر المنثور قال جاء ت المؤلفة قلوبهم الى قوله فانزل الله واتل ما اوحى الخ وفيه في قوله ولا تطع نزلت في امية بن خلف اه قلت والآية على بعض الروايات مدنية كما في الروح من قوله وعليه تكون الآيات مستثناة من حكم السورة اى الحكم بكونها مكية ۱۲۔ ۲؎ قوله في يريدون دنیوی غرض نہیں اشارة الى ان المقصود ليس نفى طلب الجنة فانها من آثار وجه الله ۱۲۔ ۳؎ قوله في سرادقها حدیث میں ہے اورده في الروح عن احمد وتاريخ البخاری ۱۲۔ ۴؎ قوله في يشوى الوجوه حدیث میں ہے رواه الترمذی ۱۲۔ ۵؎ قوله في فيها وہاں ہو ترجمة بالحاصل ۱۲۔

اللغات: قوله ملتحدا ملجأ قوله لا تعد لا تتجاوز قوله فرطا۔ افراطا ۱۲۔ قوله السرادق معرب سراپردہ وقيل سراطاق وقيل سرادر ما احاطه بموضع من حاط او مضروب او خباء ۱۲ قوله المهل فسر في الحديث بعكر الزيت وايضا ذكره في القاموس ۱۲ قوله المرتفق في الروح المقرو المجلس آه وقيل مجلس الراحة خاصة فعليه يكون فيه المشاكلة او التهكم ۱۲ قوله العدن القامة ۱۲ قوله اساور جمع اسورة جمع سوار قوله سندس واستبرق معربان مارق من ديباج وغلظ ۱۲۔

النحو: تريد حال فلا اشكال قوله من اساور من ذهب الاولى ابتدائية والثانية بيانية ۱۲۔

البلاغۃ: قوله يريدون وجهه اى رضاه قال السهيلي ان الوجه اذا اضيف اليه تعالى يراد به الرضا والطاعة المرضية مجازا لان من رضى على شخص يقبل عليه ومن غضب يعرض عنه كذا في الروح ۱۲ قوله يحلون مبنيا للمفعول ويلبسون مبنيا للفاعل اشعارًا بانهم لا يتعاطون التحلية بانفسهم وانما يفعله الخدم وكذلك سائر الملوك في الدنيا يلبسهم التيجان ونحوها خدمهم واسند البس اليهم لان الانسان يتعاطى ذلك نفسه خصوصًا اذا كان فيه سترة العورة كذا في الروح ۱۲۔

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ﴿۳۲﴾ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْئًا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ﴿۳۳﴾ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ﴿۳۵﴾ وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿۳۷﴾ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۳۸﴾ وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾ فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۴۲﴾

www.besturdubooks.net

وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ۭ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا

وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ ع ۵ ۱۷

اور آپ ان لوگوں سے دو شخصوں کا حال بیان کیجئے ان دو شخصوں میں سے ایک کو ہم نے دو باغ انگور کے دے رکھے تھے اور ان دونوں (باغوں) کے گرد درختوں سے احاطہ بنا رکھا تھا اور ان دونوں کے درمیان میں کھیتی بھی لگا رکھی (اور) دونوں باغ اپنا پورا پھل دیتے تھے اور کسی کے پھل میں ذرا بھی کمی نہ رہتی تھی اور ان دونوں کے درمیان میں نہر چلا رکھی تھی اور اس شخص کے پاس اور بھی تمول کا سامان تھا سو (ایک بار) اپنے اس (دوسرے) ساتھی ملاقاتی سے ادھر ادھر کی باتیں کرتے کرتے کہنے لگا کہ میں تجھ سے مال میں بھی زیادہ ہوں اور مجمع بھی میرا زبردست ہے اور اپنے اوپر جرم (کفر) قائم کرتا ہوا اپنے باغ میں پہنچا (اور) کہنے لگا کہ میرا تو خیال نہیں کہ یہ باغ (میری مدت حیات میں) کبھی بھی برباد ہو اور میں قیامت کے دن کو نہیں خیال کرتا کہ آوے گی اور اگر میں اپنے رب کے پاس پہنچایا گیا تو ضرور اس باغ سے بہت زیادہ اچھی جگہ مجھ کو ملے گی۔ اس سے اس کے ملاقاتی نے (جو کہ غریب اور دیندار تھا) جواب کے طور کہا کہ کیا تو اس ذات (پاک) کے ساتھ کفر کرتا ہے جس نے تجھ کو (اول) مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ سے پھر تجھ کو صحیح وسالم آدمی بنایا لیکن میں تو یہ عقیدہ رکھتا ہوں کہ وہ اللہ تعالیٰ میرا رب (حقیقی) ہے اور میں اس کے ساتھ شریک نہیں ٹھہراتا اور تو جس وقت اپنے باغ میں پہنچا تھا تو تو نے یوں کیوں نہ کہا کہ جو اللہ کو منظور ہوتا ہے وہی ہوتا ہے اور بدوں خدا کی مدد کے (کسی میں) کوئی قوت نہیں اگر تو مجھ کو مال اور اولاد میں کمتر دیکھتا ہے تو مجھ کو وہ وقت نزدیک معلوم ہوتا ہے کہ میرا رب مجھ کو تیرے باغ سے اچھا باغ دے دے اور اس (تیرے باغ) پر کوئی تقدیری آفت آسمان سے بھیج دے جس سے وہ باغ دفعتہً ایک صاف میدان ہو کر رہ جائے یا اس سے اس کا پانی بالکل اندر (زمین میں) اتر کر خشک ہو جائے پھر تو اس کی کوشش بھی نہ کر سکے اور اس شخص کے سامان تمول کو آفت نے آ گھیرا پھر اس نے جو کچھ اس باغ پر خرچ کیا تھا اس پر ہاتھ ملتا رہ گیا اور وہ اپنی ٹٹیوں پر گرا ہوا پڑا تھا اور کہنے لگا کیا خوب ہوتا کہ میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا اور اس کے پاس کوئی ایسا مجمع نہ ہوا کہ خدا کے سوا اس کی مدد کرتا اور نہ وہ خود ہم سے بدلہ لے سکا ایسے موقعہ پر مدد کرنا اللہ برحق ہی کا کام ہے اسی کا ثواب سب سے اچھا اور اسی کا نتیجہ سب سے اچھا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر بیان آداب تبلیغ کے ضمن میں کفار کی اس درخواست کا کہ ہمارے آنے کے وقت فقراء مسلمین کو ہٹا دیا جاوے رد تھا آگے تذلیل مال و تفضیل ایمان واعمال کے بیان سے ایک قصہ کے پیرایہ میں اس درخواست کے مبنیٰ اور منشاء کا کہ اموال دنیا پر افتخار اور استکبار اور بوجہ ناداری کے غرباء مسلمین کا استحقار واستصغار ہے ہدم فرماتے ہیں اور یہ قصہ قرآن میں بہت مجمل آیا ہے جس میں اہل قصہ کا نام ونشان نہیں بتلایا اسی لئے بعض نے اس کو فرضی قصہ کہا ہے لیکن درمنثور میں ابی عمرو شیبانی کا قول تعیین نہر مذکور فی القصہ کے بارے میں منقول ہے کہ یہ نہر شہر رملہ سے ملک شام کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قصہ واقعی ہے اور چونکہ اصل مقصود تفصیل پر موقوف نہ تھا اس لئے اجمال مضر مقصود نہیں واللہ اعلم اور جیسا اس قصہ سے کفار کی تغلیط ہوگئی اسی طرح مؤمنین کی تسکین اور تسلی بھی ہوگئی کہ ناداری کا غم نہ کریں اور حصول دولت عقبیٰ پر شکر کریں۔ فقط

قصہ در بیان تذلیل مال و تفضیل اعمال ☆ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ (الی قولہ تعالی) هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ اور آپ (دنیا کی بے ثباتی اور عقبیٰ کی ثبات ظاہر کرنے کے لئے) ان لوگوں سے دو شخصوں کا حال (جن میں باہم ملاقات یا قرابت کا تعلق تھا) بیان کیجئے (تاکہ کفار کا زعم باطل ہو جاوے اور مسلمانوں کو تسلی حاصل ہو جاوے سو) ان دو شخصوں میں سے ایک کو (جو کہ بد دین تھا) ہم نے دو باغ انگور کے دے رکھے تھے اور ان دونوں (باغوں) کا کھجور کے درختوں سے احاطہ بنا رکھا تھا (یعنی باڑ کھجور کے درختوں کی تھی) اور ان دونوں (باغوں) کے درمیان کھیتی بھی لگا رکھی تھی (اور) دونوں باغ اپنا پورا پھل دیتے تھے اور کسی کے پھل میں ذرا بھی کمی نہ رہتی تھی (بخلاف اکثر باغوں کے کہ کبھی کسی درخت میں اور کسی سال پورے باغ میں پھل کم آتا ہے) اور ان دونوں (باغوں) کے درمیان میں نہر چلا رکھی تھی اور اس شخص کے پاس اور بھی تمول کا سامان تھا سو (ایک بار) اپنے اس (دوسرے) ملاقاتی سے ادھر اُدھر کی باتیں کرتے کرتے کہنے لگا کہ میں تجھ سے مال میں بھی زیادہ ہوں اور مجمع بھی میرا زبردست ہے (یعنی تو جو میرے طریقہ کو باطل اور عنداللہ ناپسندیدہ بتلایا کرتا ہے اور اپنے طریقہ کو حق اور عنداللہ پسندیدہ کہتا ہے سو ثمرہ دونوں کا دیکھ لے اگر تیرا دعویٰ صحیح ہوتا تو حالت بالعکس ہوتی کیونکہ دشمن کو کوئی نہیں نوازتا اور دوست کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتا) اور وہ (اتفاق سے اپنے ملاقاتی کو ساتھ لے کر) اپنے اوپر جرم (کفر) قائم کرتا ہوا اپنے باغ میں پہنچا (اور) کہنے لگا کہ (اجتماع اسباب بقاء ونشو ونما کے اعتبار سے) میرا تو خیال نہیں ہے کہ یہ باغ (میری مدتِ حیات میں) کبھی بھی برباد ہو (یہ اس نے توحید کے مسئلہ میں کلام کیا کہ تو جو صانع عالم کا اور اس کی قدرت وغیرہ کا قائل ہے سو میں تو نہیں سمجھتا کہ اسبابِ طبعیہ کو کوئی معطل کر سکے اور اس باغ وغیرہ کا کارخانہ جس کی آبادی کے سارے اسباب جمع ہیں کہ نہر بھی ہے، کارکن بھی ہیں، خرچ کرنے کو مال بھی، اس مال کی حفاظت کا سامان بھی ہے کسی طرح محتمل ویرانی کا ہو) اور (اسی طرح) میں قیامت کو نہیں خیال

www.besturdubooks.net

کرتا کہ آوے گی اور اگر (بفرض محال) قیامت آئی بھی اور) میں اپنے رب کے پاس پہنچایا گیا (جیسے تو کہا کرتا ہے) تو ضرور اس باغ سے بہت زیادہ اچھی جگہ مجھ کو ملے گی (یعنی وہاں کی جنت کو تو یہاں سے اچھا تو کہا ہی کرتا ہے اور وہ مقبولین کے واسطے ہے اور میرے مقبول ہونے کی یہی دلیل ہے کہ یہاں کیسی راحت وعزت سے رکھا جاتا ہوں پس اگر قیامت ہوئی وہاں بھی مجھ کو جنت ہی ملے گی پس اس شخص نے چار دعوے کئے کفر کا مذموم نہ ہونا اَنَا اَکْثَرُ الخ میں توحید کا انکار مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِیْدَ الخ میں قیامت کا انکار مَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ الخ میں اپنا مکرم عنداللہ ہونا لَئِنْ رُّدِدْتُّ میں جو فرع ہے پہلے دعویٰ کی) اس (کی یہ باتیں سن کر اس) سے اس کے ملاقاتی نے (جو کہ دیندار اور غریب تھا) جواب[ع] کے طور پر کہا کیا تو (توحید اور قیامت سے انکار کر کے) اس ذات (پاک) کے ساتھ کفر کرتا ہے جس نے تجھ کو (اول) مٹی سے (جو کہ تیرا مادہ بعیدہ ہے بواسطہ آدم علیہ السلام کے) پیدا کیا پھر (تجھ کو) نطفہ سے (جو کہ تیرا مادہ قریبہ ہے رحم مادر میں بنایا یعنی اعضا بنائے) پھر تجھ کو صحیح وسالم آدمی بنایا (یعنی ہاتھ پاؤں سے درست بنایا مطلب یہ کہ توحید اور قیامت کا انکار کفر باللہ ہے توحید میں تو عقلاً بھی اور قیامت میں صرف نقلاً خیر اگر تو کفر کرتا ہے تو کیا کر) لیکن میں تو یہ عقیدہ[ع] رکھتا ہوں کہ وہ یعنی اللہ تعالیٰ میرا رب (حقیقی) ہے اور میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا (اس جواب سے توحید کا بھی اثبات ہو گیا جیسا لا شرک صریحاً دال ہے اور قیامت کا بھی اثبات دلالۃً ہو گیا جیسا ربی سے معلوم ہوا کیونکہ جس کو قدرت احیاء کی بھی نہ ہو وہ عاجز ہے اور عاجز لائق ربوبیت حقیقیہ کے نہیں) اور (جب توحید ثابت ہے جس کے لوازم میں سے ہے قدرت کاملہ کا ثابت ہونا اور اس کے فروع میں سے ہے اسباب طبعیہ کا معطل ہو سکنا تو اس بناء پر تجھ کو واجب تھا کہ آگے بڑھ کر مسبب کی طرف نظر کرتا سو) تو جس وقت اپنے باغ میں پہنچا تھا تو تو نے یوں کیوں نہ کہا کہ جو اللہ کو منظور ہوتا ہے وہی ہوتا ہے (اور) بدون خدا کی مدد[ع] کے (کسی میں) کوئی قوت نہیں (چنانچہ یہ باغ اللہ جب تک چاہے گا قائم رکھے گا اگر وہ چاہے گا ویران ہو جاوے گا اس کی مشیت کے روبرو سب اسباب معطل ہیں اور بدون ان کی مدد کے کوئی اسباب کام نہیں آ سکتے اس سے بھی توحید کی تائید ہو گئی اب دو مضمون رہ گئے ایک اول کا یعنی کفر کے مذموم نہ ہونے پر کثرت اموال وغیرہ سے استدلال اور ایک آخر کا جو اسی کی فرع ہے یعنی ان چیزوں سے مکرم عنداللہ ہونے پر استدلال آگے اس کا جواب ہے کہ) اگر تو مجھ کو مال اور اولاد میں (جو کہ نفرا۔ کے عموم میں داخل ہے) کمتر دیکھتا ہے (اور اس سے اپنے اور اپنے طریقہ کے غیر مذموم عنداللہ ہونے کا شبہ پڑ گیا ہے) تو مجھ کو وہ وقت نزدیک معلوم ہوتا ہے کہ میرا رب مجھ کو تیرے باغ سے اچھا باغ دے دے (خواہ دنیا میں یا مرنے کے بعد جس میں ہر طرح کا سامان عیش ولذت کا ہو اور اس میں اولاد ونفر کی کثرت کا جواب بھی آ گیا کیونکہ مقصود اولاد وغیرہ سے قلب کی راحت ہوتی ہے سو اس اچھے باغ میں راحت کا سب سامان ہوگا خواہ اولاد وغیرہ کے واسطے سے یا کسی چیز کے واسطے سے جو اولاد سے بھی زیادہ ہو) اور اس (تیرے باغ) پر کوئی تقدیری آفت[ع] آسمان سے (یعنی حکم غیبی سے بلا توسط طبعیہ) بھیج دے جس سے وہ باغ دفعۃً[ع] ایک صاف (چٹیل) میدان ہو کر رہ جاوے یا اس سے[ع] اس کا پانی (جو نہر میں جاری ہے) بالکل اندر (زمین میں) اتر (کر خشک ہو) جاوے پھر تو اس (کے لانے اور نکالنے) کی کوشش بھی نہ کر سکے (اور ملنا تو بڑی دور ہے اور اس کافر کی اولاد کی نسبت کوئی بات نہیں کہی اس کی بے تکلف توجیہ میرے خیال میں یہ ہے کہ اولاد کی راحت بھی مال کے ساتھ ہے جب مال نہیں ہوتا تو اولاد الٹا وبال جان ہو جاتی ہے اور آلہ تعذیب ہوتی ہے اور کھیت کا بھی لفظوں میں ذکر نہیں کیونکہ اس کا مدار پانی پر ہے جب وہ نہیں رہا تو کھیت بھی اجڑ جاوے گا یا یہ کھیت تابع تھا اور باغ دو تھے اور ہر جگہ ایک کا ذکر کیا وجہ اس کی یہ ہے کہ مراد جنس باغ ہے جو دونوں کو شامل ہے حاصل یہ ہوا کہ تیرا منشاء اشتباہ یہ دولت وثروت ہے جو تیرے پاس ہے اور میرے پاس نہیں سو اس کا منشاء سمجھنا غلط ہے کیونکہ اول تو یہاں ہی ممکن ہے کہ عکس ہو جاوے پھر کبھی نہ بھی تو یہ فناء ہونے والا ہی ہے اور آخرت کی نعمتیں بھی فنا نہ ہوں گی اس لئے اعتبار وہاں کا ہے یہاں کا نہیں اور من السماء بالتفسیر المذکور سے اس طرف بھی اشارہ ہو گیا کہ اگر غیر معمولی طریقہ سے آفت نازل ہو تو تعطل اسباب طبعیہ بھی معلوم ہو جاوے جس سے توحید کی زائد تائید ہو) اور (اس گفتگو کے بعد یہ واقعہ ہوا کہ) اس شخص کے سامان تمول کو آفت نے آ گھیرا (معلوم نہیں کیا آفت تھی لیکن ظاہراً اس کے ابہام سے جیسا کہ احیط کا مبنی للمفعول ہونا دال ہے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی عظیم آفت تھی اور غیر معمولی عظیم ہونے میں اعظم ہے پس عجب نہیں کہ کوئی امر خارق عادت ہو چنانچہ خازن میں لکھا ہے کہ ایک آگ تھی جو آسمان سے آئی اور باغ وکھیت کو جلا دیا اور پانی کو خشک کر دیا نیز حسبان کی تفسیر بھی بعض نے نار کے ساتھ کی ہے اخرج ذٰلك ابن ابی شیبة وابن ابی حاتم عن الضحاك كذا فی الروح اور اگر نہ بھی ہو تب بھی کچھ خرابی نہیں کیونکہ من السماء کی اگر یہ تفسیر ہو تو اس مؤمن کا یہ خیال تھا جو پورا ہونا ضروری نہیں) پس اس نے جو کچھ اس باغ پر خرچ کیا تھا اس پر ہاتھ ملتا رہ گیا اور وہ باغ اپنی ٹٹیوں پر گرا ہوا پڑا تھا (خواہ وہ بھی سوختہ ہوں یا سب نیم سوختہ ہوں اور باغ کی تخصیص حسرت میں یہ ہے کہ اس میں زیادہ خرچ کیا اور وہ محبوب بھی زیادہ تھا اور ہلاک ہونے پر حسرت کا ذکر نہیں فرمایا وجہ یہ کہ وہ تو ظاہر ہے انفاق کا ذکر اس لئے فرمایا کہ دوہری حسرت تھی حال پر بھی ماضی پر بھی بلا واسطہ بھی بواسطہ بھی) اور کہنے لگا کیا خوب ہوتا کہ میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا (مراد یہ کہ کفر نہ کرتا اس میں انکار قیامت وغیرہ سب آ گیا چونکہ توحید سب میں اعظم ہے اس لئے اس کی تخصیص کا مطلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ سمجھ گیا کہ یہ آفت کفر کے

www.besturdubooks.net

انتقام میں آئی ہے اس لئے اس پر نادم ہوتا ہے کہ اگر کفر نہ کرتا تو یا تو آفت نہ آتی یا آتی تو اس کا بدل آخرت میں ملتا اب خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ [الحج : ۱۱] کا مضمون ہوگیا یہ باتیں مؤمن سے اس کے کان میں پڑی ہوں گی اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ مؤمن ہوگیا ہو کیونکہ یہ ندامت ضرر کی وجہ سے ہے کفر کے مذموم ہونے کی وجہ سے ندامت ثابت نہیں) اور اس کے پاس کوئی ایسا مجمع نہ ہوا کہ خدا کے سوا اس کی مدد کرتا (کہ اس پر آفت نہ آنے دیتا یا آنے کے بعد ہٹا دیتا سارا ناز مجمع پر جاتا رہا) اور نہ وہ خود (ہم سے) بدلا لے سکا ایسے موقع پر مدد کرنا اللہ برحق ہی کا کام ہے (اور آخرت میں بھی) اسی کا ثواب سب سے اچھا ہے اور (دنیا میں بھی) اسی کا نتیجہ سب سے اچھا ہے (یعنی اگر اس کے متبولین کا کوئی نقصان ہو جاتا ہے تو دونوں جہان میں ثمرہ نیک ملتا ہے بخلاف کافر کے کہ بالکل خسارے میں رہ گیا)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ الخ اس میں فقراء متوکلین علی اللہ کی تسلی اور اغنیاء مغرورین کی تنبیہ کی گئی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في كان له ثمر سامان تمول كما فى الروح عن القاموس وغيرها انواع المال ۱۲۔ ۲ قوله في دخل جنته ملاقاتی کو لے کر دل عليه هذا القيد السياق والمحاورة كذا فى الروح ۱۲۔ ۳ قوله في يحاوره الثانی جواب کے طور پر دل عليه وقوعه فى الجواب ۱۲۔ ۴ قوله فى لكنا میں تو یہ عقیدہ اشارة الى اصله وهو لكن انا اعتقد وهو اولى من اقول ۱۲۔ ۵ قوله فى بالله مدد اشارة الى ان الباء للاستعانة ۱۲۔ ۶ قوله فى حسبانا تقدیری آفت كما فى الروح عن الزمخشرى هو مصدر كالبطلان والغفران بمعنى الحساب والمراد به المحسوب والمقدر اى مقدر قدره الله تعالىٰ وحسبه وهو الحكم بتخريبها ۱۲۔ ۷ قوله فى فتصبح دفعۃً دلت عليه الفاء ويتايد به كون الآفة غير معتادة۔ ۸ قوله فى او يصبح یا اس فيه اشارة الى كونه معطوفا على تصبح لا على يرسل ولا تعجب من كون الحسبان السماوى سببا لغور الماء فان الله تعالىٰ قادر على خلاف العادة ۱۲۔ ۹ قوله فى الولاية مددکرنا لانه بفتح الواو اما بكسر الواو فمعناه السطلان والملك ۱۲۔

اللغات: قوله حففنٰهما بنخل اى جعلنا النخل محيطة بها مطيفة بحا فيهما اى جانبيهما يقال حفه القوم اذا طافوا به و حففته بهم اذا جعلتهم حافين حوله فتزيده الباء مفعولا آخر كقولك غشيته به ۱۲ قوله زلقا ليس فيها نبات واصل معنى الزلق الزلل فى الشئ لو حل ونحوه لكن لما كان ذلك فيما لا يكون فيه نبت ونحوه مما يمنع منه تجوز به او كنى عنه بالمصدر عن المزلقة مبالغة ۱۲۔ قوله عقبا بضم القاف والتنوين عاقبة ۱۲۔

البلاغۃ: قوله او يصبح هو مانعة الخلو ۱۲ قوله يقلب كفيه قال غير واحد هو ان يضيع باطن احداهما على ظهر الاخرى ثم يعكس الامر ويكرر ذلك فهو كناية عن الندم والتحسر ولكونه كناية عن الندم عدى بعلى فى قوله تعالىٰ على ما انفق ۱۲۔

وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلَ الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيمًا تَذْرُوهُ الرِّيٰحُ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ۝۴۵ اَلْمَالُ وَالْبَنُونَ زِينَةُ الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا ۖ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِندَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ۝۴۶ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ۝۴۷ وَعُرِضُوا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ۖ لَقَدْ جِئْتُمُونَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّن نَّجْعَلَ لَكُم مَّوْعِدًا ۝۴۸ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِينَ مُشْفِقِينَ مِمَّا فِيهِ وَيَقُولُونَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيرَةً وَّلَا كَبِيرَةً

ع ۵ ۱۸ اِلَّآ اَحْصٰهَا ۚ وَوَجَدُوا مَا عَمِلُوا حَاضِرًا ۗ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ۝۴۹

اور آپ ان لوگوں سے دنیوی زندگی کی حالت بیان فرمایئے کہ وہ ایسی ہے جیسے آسمان سے ہم نے پانی برسایا ہو پھر اس کے ذریعے سے زمین کی نباتات خوب گنجان ہوگئی ہوں پھر وہ ریزہ ریزہ ہو جاوے کہ اس کو ہوا اڑائے لئے پھرتی ہو اور اللہ تعالیٰ ہر ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں مال اور اولاد حیات دنیا کی ایک رونق ہے اور جو اعمال صالح باقی رہنے والے ہیں وہ آپ کے رب کے نزدیک ثواب کے اعتبار سے بھی ہزار درجہ بہتر ہیں اور امید کے اعتبار سے بھی ہزار درجہ بہتر ہیں۔ اس دن کو یاد کرنا چاہئے جس دن ہم پہاڑوں کو ہٹا دیں گے اور آپ زمین کو دیکھیں گے کہ کھلا میدان پڑا ہے اور ہم ان سب کو جمع کر دیں گے اور ان میں سے کسی کو بھی نہیں چھوڑیں گے اور سب کے

www.besturdubooks.net

سب آپ کے رب کے روبرو برابر کھڑے کر کے پیش کئے جائیں گے دیکھو تم ہمارے پاس آئے بھی جیسا ہم نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا بلکہ تم ہی سمجھتے رہے کہ ہم تمہارے لئے کوئی وقت موعود نہ لائیں گے اور نامہ اعمال رکھ دیا جائے گا تو آپ مجرموں کو دیکھیں گے کہ اس میں جو کچھ ہے اس سے ڈرتے ہوں گے اور کہتے ہوں گے کہ ہائے ہماری کم بختی اس نامہ اعمال کی عجیب حالت ہے کہ بے قلمبند کئے ہوئے نہ کوئی چھوٹ گناہ چھوڑا نہ بڑا گناہ (چھوڑا) اور جو کچھ انہوں نے کیا وہ سب (لکھا ہوا) موجود پائیں گے اور آپ کا رب کسی پر ظلم نہ کرے گا۔

تفسیر ربط: اوپر جس طرح ایک تمثیل جزئی کے ضمن میں مال وجاہ دنیا کا فانی اور حقیر ہونا اور اعمال عقبیٰ کا باقی اور وقیع ہونا مذکور تھا اسی طرح آگے بھی ایک تمثیل کلی کے ضمن میں دنیا کا سریع الزوال ہونا اور پھر اعمال صالحہ کا باقی رہنا اور پھر بعض واقعات قیامت کے ذکر سے آخرت کا قابل اہتمام اور مخالفت کا قابل حذر ہونا بیان فرماتے ہیں۔

فنائے دنیا و بقائے عقبیٰ و ہولِ قیامت ☆ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (الی قوله تعالٰی) وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا اور آپ ان لوگوں سے دنیوی زندگی کی حالت بیان فرمائیے کہ وہ ایسی ہے جیسے آسمان[1] سے ہم نے پانی برسایا ہو پھر اس (پانی) کے ذریعہ سے زمین کی نباتات خوب گنجان ہوگئی ہوں پھر وہ (بعد اس کے کہ تر و تازہ اور سرسبز تھے خشک ہو کر) ریزہ ریزہ ہو جاوے کہ اس کو ہوا اڑائے لئے پھرتی ہو (یہی حال دنیا کا ہے کہ آج ہری بھری نظر آتی ہے پھر اس کا نام ونشان بھی نہ رہے گا) اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں (جب چاہیں ایجاد کریں ترقی دیں جب چاہیں فنا کر دیں جب خود اس حیات کا یہ حال ہے اور) مال اور اولاد حیات دنیا کی ایک رونق (اور اس کے توابع میں سے) ہے (تو مال اور اولاد تو اس سے بھی زیادہ سریع الزوال ہے) اور جو اعمالِ صالحہ (ہمیشہ ہمیشہ کو) باقی رہنے والے ہیں وہ آپ کے رب کے نزدیک (یعنی آخرت میں اس دنیا سے) ثواب کے اعتبار سے بھی ہزار درجہ بہتر ہے اور امید کے اعتبار سے بھی ہزار درجہ بہتر ہے (یعنی اعمال صالحہ پر جو امیدیں وابستہ ہوتی ہیں وہ آخرت میں پوری ہوں گی اور اس سے بھی زیادہ زیادہ ثواب ملے گا بخلاف متاع دنیا کے کہ اس سے خود دنیا ہی میں امیدیں نہیں پوری ہوتیں اور آخرت میں تو احتمال ہی نہیں ہیں اس لئے دنیا میں دلچسپی یا اس پر فخر کرنا نہ چاہئے بلکہ آخرت کا اہتمام کرنا چاہئے) اور اس دن کو یاد کرنا[2] چاہئے جس دن ہم پہاڑوں کو (ان کی جگہ سے) ہٹا دیں گے (یہ ابتدا میں ہوگا پھر وہ ریزہ ریزہ ہو جاویں گے) اور (بوجہ اس کے کہ پہاڑ اور اشجار اور عمارات نہ رہیں گے) آپ زمین کو دیکھیں گے کہ کھلا میدان پڑا ہے اور ہم ان سب کو (قبروں سے اٹھا کر میدانِ حساب میں) جمع کر دیں گے اور ان میں سے کسی کو بھی نہ چھوڑیں گے (کہ وہ وہاں نہ لایا جاوے) اور سب کے سب آپ کے رب کے روبرو (یعنی موقف حساب میں) برابر کھڑے کر کے پیش کئے جاویں گے (یہ بھی احتمال نہ رہے گا کہ کوئی کسی کی آڑ میں چھپ جاوے اور ان میں جو قیامت کی تکذیب کرتے تھے ان سے کہا جاوے گا کہ) دیکھو آخر تم ہمارے پاس (دوبارہ پیدا ہو کر) آئے بھی جیسا ہم نے تم کو پہلی بار (یعنی دنیا میں) پیدا کیا تھا (مگر تم باوجود مشاہدہ خلق اول کے خلق ثانی کے قائل نہ ہوئے) بلکہ تم یہی سمجھتے رہے کہ ہم تمہارے (دوبارہ پیدا کرنے کے) لئے کوئی وقت موعود نہ لائیں گے اور نامہ اعمال (خواہ داہنے ہاتھ یا بائیں ہاتھ میں دے کر اس کے سامنے کھلا ہوا) رکھ دیا جاوے گا (جیسا دوسری آیت میں ہے ونخرج له یوم القیٰمة کتٰبا یلقٰه منشورا) تو آپ مجرموں کو دیکھیں گے کہ اس میں جو کچھ (لکھا) ہوگا (اس کو دیکھ کر) اس سے (یعنی اس کی سزا سے) ڈرتے ہوں گے اور کہتے ہوں گے کہ ہائے ہماری کم بختی اس نامہ عمل میں عجیب حالت ہے کہ بے قلمبند کئے ہوئے نہ کوئی چھوٹا گناہ چھوڑا نہ بڑا گناہ (چھوڑا) اور جو کچھ انہوں نے (دنیا میں) کیا تھا وہ سب (لکھا ہوا) موجود پائیں گے اور آپ کا رب کسی پر ظلم نہ کرے گا (کہ بے کیا ہوا گناہ لکھ لے یا کی ہوئی نیکی جب کہ شرائط کے ساتھ کی جاوے نہ لکھے۔ خلاصہ یہ کہ رؤساء مشرکین جس چیز پر فخر کرتے ہیں انہوں نے اس کا حال اور اس کا مآل سن لیا اور جن غربا کو حقیر سمجھتے ہیں ان کے باقیات صالحات کا دولت لازوال ہونا معلوم کر لیا۔ اب بھی عقل نہ آوے تو گولی ماریئے)۔

ملحقات الترجمة: [1] قوله فی کماء وہ ایسی ہے اشارة الی امرین الاول ان الجار والمجرور خبر مبتدأ مقدر ای هی والثانی ان المشبه به لیس نفس الماء بل هذا المجموع باعتبار الهیئة المنتزعة ۱۲ منه۔ [2] قوله فی یوم نسیر یاد اشارة الی تقدیر اذکر ۱۲۔

اللغات: الموبق فی القاموس کل شیء حال بین شیئین۔

البلاغة: قوله خیر عند ربك ثوابا وخیر املا تکریر خیر للمبالغة ۱۲ قوله بل زعمتم بل للاضراب عن توبیخ الی توبیخ فی المشهور وما قررته فی الترجمة عملت فیه علی معناها المشهور ۱۲ قوله لا صغیرة ولا کبیرة الظاهر فی الترقی العکس لکن اذا لم یقصد الترقی بل العموم جاز تقدیم الادنی علی الاعلی کما فی الروح ۱۲۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ

www.besturdubooks.net

وَذُرِّيَّتَهُ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِي وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ۚ بِئْسَ لِلظَّالِمِينَ بَدَلًا ﴿٥٠﴾ مَّا أَشْهَدتُّهُمْ خَلْقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلَا
خَلْقَ أَنفُسِهِمْ وَمَا كُنتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّينَ عَضُدًا ﴿٥١﴾ وَيَوْمَ يَقُولُ نَادُوا شُرَكَائِيَ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ
ع ۷ ۱۹ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُم مَّوْبِقًا ﴿٥٢﴾ وَرَأَى الْمُجْرِمُونَ النَّارَ فَظَنُّوا أَنَّهُم مُّوَاقِعُوهَا وَلَمْ يَجِدُوا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿٥٣﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا
فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ لِلنَّاسِ مِن كُلِّ مَثَلٍ ۚ وَكَانَ الْإِنسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿٥٤﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَن يُؤْمِنُوا إِذْ جَاءَهُمُ
الْهُدَىٰ وَيَسْتَغْفِرُوا رَبَّهُمْ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿٥٥﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ
إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ ۖ وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَمَا أُنذِرُوا
هُزُوًا ﴿٥٦﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ فَأَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ ۚ إِنَّا جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً
أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ۖ وَإِن تَدْعُهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ فَلَن يَهْتَدُوا إِذًا أَبَدًا ﴿٥٧﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُورُ ذُو الرَّحْمَةِ ۖ
لَوْ يُؤَاخِذُهُم بِمَا كَسَبُوا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۚ بَل لَّهُم مَّوْعِدٌ لَّن يَجِدُوا مِن دُونِهِ مَوْئِلًا ﴿٥٨﴾ وَتِلْكَ
ع ۸ الْقُرَىٰ أَهْلَكْنَاهُمْ لَمَّا ظَلَمُوا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِم مَّوْعِدًا ﴿٥٩﴾

اور جب کہ ہم نے ملائکہ کو حکم دیا کہ آدم علیہ السلام کے سامنے سجدہ کرو سو سب نے سجدہ کیا بجز ابلیس کے وہ جنات میں سے تھا سو اس نے اپنے رب کے حکم سے عدول کیا سو کیا پھر بھی تم اس کو اور اس کے چیلے چانٹوں کو دوست بناتے ہو مجھ کو چھوڑ کر حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہیں یہ ظالموں کے لئے بہت برا بدل ہے۔ میں نے ان کو نہ آسمان اور زمین پیدا کرنے کے وقت بلایا اور نہ خود ان کے پیدا کرنے کے وقت (بلایا) اور میں ایسا (عاجز) نہ تھا کہ (کسی کو بالخصوص) گمراہ کرنے والوں کو اپنا (دوست و) بازو بناتا اور اس دن کو یاد کرو کہ حق تعالیٰ فرمادے گا کہ جن کو تم ہمارا شریک سمجھا کرتے تھے ان کو پکارو پس وہ ان کو پکاریں گے سو وہ ان کو جواب ہی نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان میں ایک آڑ کر دیں گے اور (اس وقت) مجرم لوگ دوزخ کو دیکھیں گے پھر یقین کریں گے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں اس سے کوئی بچنے کی راہ نہ پاویں گے اور ہم نے اس قرآن میں لوگوں (کی ہدایت) کے واسطے ہر قسم کے (ضروری) عمدہ مضامین طرح طرح سے بیان فرمائے ہیں اور (اس پر بھی منکر) آدمی جھگڑے میں سب سے بڑھ کر ہے اور لوگوں کے لئے بعد اس کے کہ ان کو ہدایت پہنچ چکی ایمان لانے سے اور اپنے پروردگار سے (کفر وغیرہ) کی مغفرت مانگنے سے اور امر مانع نہیں رہا بجز اس کے کہ ان کو اس کا انتظار ہو کہ اگلے لوگوں (وغیرہ) کا سا معاملہ ان کے ساتھ پیش آئے یا یہ کہ عذاب (الٰہی) کے سامنے آ کھڑا ہو اور رسولوں کو تو ہم صرف بشارت دینے والے اور ڈرانے والے بنا کر بھیجا کرتے ہیں اور کافر لوگ ناحق کی باتیں پکڑ پکڑ کر جھگڑے نکالتے ہیں تاکہ اس کے ذریعے سے حق بات کو بچلا دیں اور انہوں نے میری آیتوں کو اور جس عذاب سے ان کو ڈرایا گیا تھا اس کو دل لگی بنا رکھا تھا اور اس سے زیادہ کون ظالم ہوگا جس کو اس کے رب کی آیتوں سے نصیحت کی جائے پھر وہ اس سے روگردانی کرے اور جو کچھ اپنے ہاتھوں (گناہ) سمیٹ رہا ہے اس (کے نتیجہ) کو بھول جائے ہم نے اس (حق بات) کے سمجھنے سے ان کے دلوں پر پردے ڈال رکھے ہیں اور (اس کے سننے سے) ان کے کانوں میں ڈاٹ دے رکھی ہے اور اس وجہ سے اگر آپ ان کو راہ راست کی طرف بلاویں تو ایسی حالت میں ہرگز بھی راہ پر نہ آویں اور آپ کا رب بڑا مغفرت کرنے والا (اور) بڑا رحمت والا ہے اگر ان سے ان کے اعمال پر دارو گیر کرنے لگتا تو ان پر فوراً ہی عذاب واقع کر دیتا مگر ایسا نہیں کرتا بلکہ ان کے واسطے ایک معین وقت ہے (یعنی یوم قیامت) کہ اس سے اس طرف (یعنی پہلے) کوئی پناہ کی جگہ نہیں پا سکتے اور یہ بستیاں (جن کے قصے مشہور و مذکور ہیں) جب انہوں نے (یعنی ان کے باشندوں نے) شرارت کی تو ہم نے ان کو ہلاک کر دیا اور ہم نے ان کے ہلاک ہونے کے لئے وقت معین کیا تھا۔

تفسیر ربط: اوپر آیت: وَلَا تُطِعْ مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُ عَن ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ وَكَانَ أَمْرُهُ فُرُطًا ﴿٢٨﴾ کے الفاظ عامہ سے رؤسا کفار کے فساد اخلاق افتخار و استکبار اور فساد و عقائد کفر و انکار پر دلالت ہوئی تھی اور اسی سلسلہ سے یہاں تک کلام چلا آیا ہے آگے بھی اسی کے تعلق سے ابلیس کی بدانجامی بسبب تکبر کے اور ان لوگوں کا اس کے تابع ہونا اور قیامت میں اس اتباع کا کچھ کام نہ آنا اور معذب ہونا اور ان لوگوں کا قرآن میں اور رسالت میں جدال کرنا اور دلائل صحیحہ سے

www.besturdubooks.net

اعراض کرنا اور ان کے ایمان سے یاس ظاہر فرمانا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تسلیہ کے لئے اور باوجود استحقاق عذاب کے تاخیر عذاب کی حکمت یہ سب مضامین دو رکوع تک چلے گئے ہیں۔

بیان کفریات وعقوبات منکرین ☆ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا (الی قولہ تعالی) وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا اور (وہ وقت بھی قابل ذکر ہے) جب کہ ہم نے ملائکہ کو حکم دیا کہ آدم (علیہ السلام) کے سامنے سجدہ کرو سوسب نے سجدہ کیا بجز ابلیس کے کہ وہ جنات میں سے تھا سو (اس لئے) اس نے رب کے حکم سے عدول کیا (جیسا اس کے عنصر غالب نار کا مقتضا تھا لیکن وہ معذور اس لئے نہ ہوگا کہ وہ مقتضا مغلوب ہوسکتا تھا جیسا کہ اکثر آدمی کی طبیعت معصیت کی طرف مائل ہوتی ہے مگر اس کو روکنا ممکن ہے) سو (جب ابلیس ایسا ہے تو) کیا پھر بھی تم اس کو اور اس کے چیلے چانٹوں کو (یعنی اس کی اولادؔ اور توابع کو) دوست بناتے ہو مجھ کو چھوڑ کر (یعنی میرے اتباع کو چھوڑ کر عقیدۃً ان کا اتباع کرتے ہو کہ شرک محض ہے) حالانکہ وہ (یعنی ابلیس اور اس کی جماعت) تمہارے دشمن ہیں (کہ ہروقت تمہارے درپے ضرر رہتے ہیں) یہ (ابلیس اور اس کی ذریت کا دوست بنانا) ظالموں کے لئے بہت برا بدل ہے (بدل اس لئے کہا کہ دوست تو بنانا چاہئے تھا مجھ کو اور اس کی جگہ انہوں نے دوست بنایا شیاطین کو پس ان کا عدو ہونا تو اتخاذ ولایت سے مانع ہے اور اتخاذ ولایت کے لئے جو کہ درحقیقت اتخاذ شریک ہے کوئی امر موجب بھی موجود نہیں چنانچہ) میں نے ان کو نہ تو آسمان اور زمین کے پیدا کرنے کے وقت (اپنی مدد یا مشورت کے لئے) بلایا اور نہ خود ان کے پیدا کرنے کے قوت (بلایا یعنی ایک کے پیدا کرنے کے وقت دوسرے کو نہیں بلایا مطلب یہ کہ اگر کوئی خدا کا شریک ہوتا تو اگر وہ مستقل نہ ہوتا تو اقل درجہ معین تابع تو ہوتا اور اگر دوسری مخلوقات میں ان کی شرکت نہ ہوتی تو کم از کم خود ان کے ذاتی تعلقات کے باب میں تو ان کی پوچھ ہوتی جب یہ بھی نہیں تو ان کو شریک قرار دینا سفاہت محضہ ہے) اور میں ایس (عاجز) نہ تھا کہ (کسی کو اور خصوصؔ) گمراہ کرنے والوں کو (یعنی شیاطین کو) اپنا (دست) بازو بناتا (یعنی معین تو وہ ڈھونڈے جو قادر نہ ہو) اور (یہاں تو ان کو شریک خدائی سمجھ رہے ہو وہاں حقیقت معلوم ہوگی سو) اس دن کو یاد کرو کہ حق تعالیٰ (مشرکین سے) فرماوے گا کہ جن کو تم ہمارا شریک سمجھا کرتے تھے ان کو (اپنی امداد کے لئے) پکارو پس وہ ان کو پکاریں گے سو وہ ان کو جواب ہی نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان میں ایک آڑ کردیں گے (جس سے بالکل ہی مایوسی ہوجاوے ورنہ بے آڑ بھی مدد نہیں کرسکتے تھے) اور (اس وقت) مجرم لوگ دوزخ کو دیکھیں گے پھر یقین کریں گے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں اور اس سے کوئی بچنے کی راہ نہ پاویں گے اور ہم نے اس قرآن میں لوگوں (کی ہدایت) کے واسطے ہر قسم کے (ضروری) عمدہ مضامین طرح طرح سے بیان فرمائے ہیں اور (اس پر بھی منکر) آدمی (کا یہ حال ہے کہ وہ ناحق) جھگڑنے میں سب سے بڑھ کر ہے (یعنی جن مخلوقات سے مجادلہ کا صدور ہوسکتا ہے جیسے جن مثلاً اور حیوانات بھی اگر ان میں اس قدر ادراک کے قائل ہوجاویں گے) اور لوگوں کو بعد اس کے کہ ان کو ہدایت پہنچ چکی (جس کا مقتضا یہ تھا کہ ایمان لے آتے) ایمان لانے اور اپنے پروردگار سے (کفر وغیرہ کی) مغفرت مانگنے سے اور کوئی امر مانع نہیں رہا بجز اس کے کہ ان کو اس کا انتظارؔ ہو کہ اگلے لوگوں کا سا معاملہ (اہلاک وغیرہ کا) ان کو بھی پیش آئے یا یہ کہ عذاب (الٰہی) روبرو ان کے سامنے آ کھڑا ہو (مطلب یہ کہ کیا اس لئے ایمان نہیں لاتے کہ ایسے امور کا وقوع ہو تب ایمان لاویں گے جیسا ان کے حالؔ سے مترشح ہے اور کہہ بھی ڈالتے تھے کہ ایسے امور کیوں نہیں واقع ہوتے) اور (اگر وہ رسول کو ماننے کو ان ہی واقعات کے وقوع پر معلق کرتے ہیں تو اس کو مسئلہ رسالت سے کوئی تعلق نہیں کیونکہ) رسولوں کو تو ہم صرف بشارت دینے والے اور ڈرانے والے بنا کر بھیجا کرتے ہیں (اور اس کے اثبات کیلئے کافی دلیل عطا کرتے ہیں اس سے زیادہ فرمائش محض لغو ہے) اور (اس کی نسبت یوں کہا جاوے گا کہ) کافر لوگ ناحق کی باتیں پکڑ پکڑ کر جھگڑے نکالتے ہیں تاکہ اس کے ذریعہ سے حق بات کو بچلا دیویں اور انہوں نے میری آیتوں کو اور جس (عذاب) سے ان کو ڈرایا گیا تھا اس کو دل لگی بنا رکھا ہے اور اس سے زیادہ کون ظالم ہوگا جس کو اس کے رب کی آیتوں سے نصیحت کی جاوے پھر وہ اس سے روگردانی کرے اور جو کچھ اپنے ہاتھوں (گناہ) سمیٹ رہا ہے اس (کے نتیجہ) کو (جو کہ ملنے والا ہے) بھول جاوے ہم نے اس (حق باتؔ) کے سمجھنے سے ان کے دلوں پر پردے ڈال رکھے ہیں اور (اس کے سننے سے) ان کے کانوں میں ڈاٹ دے رکھی ہے اور (اس وجہ سے ان کا یہ حال ہے کہ) اگر آپ ان کو راہ راست کی طرف بلاویں تو ایسی حالت میں (کہ ان کے قلوب وآذان کی یہ کیفیت ہے) ہرگز بھی راہ پر نہ آویں (پس آپ کیوں غم کریں) اور (ان کو تاخیر عذاب سے خیال عدم وقوع عذاب کا ہو رہا ہے سو اس تاخیر کی وجہ یہ ہے کہ) آپ کا رب بڑا مغفرت کرنے والا (اور) بڑا رحمت والا ہے (پس مہلت اس لئے دی ہے کہ اگر مسلمان ہوجاویں تو ان کی مغفرت کردوں گا دوسرے خود رحمت بھی مقتضی ہے کہ ایمان نہ لانے پر بھی دنیا میں عذاب شدید سے مہلت دی جاوے ورنہ ان کے اعمال تو ایسے ہیں کہ) اگر ان سے ان کے اعمال پر دارو گیر کرنے لگتا (یعنی دارو گیر کرنا چاہتاؔ) تو ان پر فوراً ہی عذاب واقع کردیتا (مگر ایسا نہیں کرتا) بلکہ ان کے (عذاب کے) واسطے ایک معین وقت (ٹھہرا رکھا) ہے (یعنی یوم قیامت) کہ اس سے اس طرف (یعنی پہلے) کوئی پناہ کی جگہ نہیں پاسکتے (اس طور سے کہ اس کے آنے سے پہلے اس پناہ میں جا چھپیں اور اس سے محفوظ رہیں) اور (یہی قاعدہ پہلے کفار کے ساتھ بھی برتا گیا چنانچہ) یہ بستیاں (جن

www.besturdubooks.net

کے قصے مشہور و مذکور ہیں) جب انہوں نے (یعنی ان کے سکان نے) شرارت کی تو ہم نے ان کو ہلاک کر دیا (پس کفر کا موجب ہلاک ہونا ثابت ہوا) اور ہم نے ان کے ہلاک ہونے کے لئے وقت معین کیا تھا (اسی طرح ان کے لئے وقت معین ہے پس عدم وقوع کیونکر لازم آیا)۔

مُلحَقَاتُ التَّرجَمَۃِ: ۱ قوله فى ذريته اولاد اور توابع تفسير ان جمع بينهما على سبيل عموم المجاز ۱۲۔ ۲ قوله فى ما كنت متخذ خصوص اشارة الى ان التخصيص الاهتمام والا فلا عضد له تعالٰى من الاولياء ايضًا ۱۲۔ ۳ قوله فى الا ان تاتيهم انتظار اشارة الى حذف المضاف اى انتظارهم ان تاتيهم لان نفس الاتيان ليس بمانع نعم يصح كون الانتظار مانعا لان اصل المانع عدم الوقوع وهو من لازم الانتظار ۱۲۔ ۴ قوله فى توضيح ان تاتيهم مال سے مترشح ہے اشارة الى جواب انهم لم يكونوا منتظرين لان الانتظار يتوقف على التيقن ومع ذلك حكم عليهم بكون الانتظار مانعا لهم والجواب ان كون الانتظار مانعا يترشح من حالهم ومن قالهم لان هذا الحال والقال كحال المنتظر فى انه لا يحل شيئا ولا يعقده ما لم يقع الامر المنتظر ۱۲۔ ۵ قوله فى ان يفقهوه حق بات اشارة الى ان الضمير الى الحق فى قوله ليدحضوا به الحق ۱۲۔ ۶ قوله فى لو يؤاخذهم چاہتا اشارة الى ان المعنى لو ارادان ان يؤاخذهم لان التعجيل والمؤاخذة متحدا ان فكيف الترتب ۱۲۔

فَائِدَۃ: ماورد فى الحديث من ايقاظه صلى الله عليه وسلم عليًا رضى الله عنه وعذره رضى الله عنه وقرائته صلى الله عليه وسلم قوله تعالٰى وكان الانسان اكثر شئ جدلا فهو اقتباس لا تفسير بالاعلم فلا يلزم دخول على فى الانسان المذكور فى الآية لانه لا يعم المؤمن ۱۲۔

اَللُّغَات: قوله يدحضوا يزيلوا ۱۲ موئل۔ ملجا ۱۲۔

اَلنَّحو: قوله جدلا منصوب على التميز ويراد بالشئ الشئ المجادل والمعنى ان جدل الانسان اكثر من جدل كل مجادل ۱۲ قوله تلك القرى مبتدأ واهلكناهم خبره ۱۲۔

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِىَ حُقُبًا ۝۶۰ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا
حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِى الْبَحْرِ سَرَبًا ۝۶۱ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ۡ لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ۝۶۲
قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّىْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ ۡ وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ
فِى الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ۝۶۳ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ۝۶۴ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ
عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ۝۶۵ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ۝۶۶ قَالَ اِنَّكَ لَنْ
تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ۝۶۷ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ۝۶۸ قَالَ سَتَجِدُنِىْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِىْ لَكَ اَمْرًا ۝۶۹
قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِىْ فَلَا تَسْـَٔلْنِىْ عَنْ شَىْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ۝۷۰ ع ۹ / ۲۱

اور وقت یاد کرو جبکہ موسیٰ علیہ السلام نے اپنے خادم سے فرمایا کہ میں (اس سفر میں) برابر چلا جاؤں گا یہاں تک کہ اس موقع پر پہنچ جاؤں جہاں دو دریا آپس میں ملے ہیں یا یوں ہی زمانہ دراز تک چلتا رہوں گا پس جب (چلتے چلتے) دونوں دریاؤں کے جمع ہونے کے موقع پر پہنچے وہاں اپنی مچھلی کو دونوں بھول گئے اور مچھلی نے دریا میں اپنی راہ لی اور چل دی۔ پھر جب دونوں (وہاں سے) آگے بڑھ گئے تو موسیٰ علیہ السلام نے اپنے خادم سے کہا کہ ہمارا ناشتہ لاؤ ہم کو تو اس سفر میں (یعنی آج کی منزل میں) بڑی تکلیف پہنچی خادم نے کہا کہ لیجئے دیکھئے (عجیب) بات ہوئی جب ہم اس پتھر کے قریب ٹھہرے تھے سو میں اس مچھلی کے تذکرہ کو بھول گیا اور مجھ کو شیطان ہی نے بھلا دیا کہ میں اس کا تذکرہ کرتا (اور وہ قصہ یہ ہوا کہ) کہ اس مچھلی نے (زندہ ہونے کے بعد) دریا میں عجیب طور پر اپنی راہ لی موسیٰ علیہ السلام نے (یہ شکایت سن کر) فرمایا کہ یہی وہ موقع ہے جس کی ہم کو تلاش تھی سو دونوں اپنے قدموں کے نشان دیکھتے ہوئے الٹے پاؤں لوٹے سو وہاں پہنچ کر انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندے کو پایا جن کو ہم اپنی خاص رحمت (یعنی مقبولیت) دی تھی اور ہم نے ان کو اپنے پاس سے ایک خاص طور کا علم سکھلایا تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے (ان کو سلام کیا اور) ان سے فرمایا کہ میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں اس شرط سے کہ جو علم مفید آپ کو (منجانب اللہ) سکھلایا گیا ہے اس میں آپ مجھ کو بھی سکھلا دیں ان بزرگ نے جواب دیا آپ میرے ساتھ رہ

www.besturdubooks.net

کر (میرے افعال پر) صبر نہ ہو سکے گا اور (بھلا) ایسے امور پر آپ کیسے صبر کر سکیں گے جو آپ کے احاطہ واقفیت سے باہر ہیں موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا ان شاء اللہ آپ مجھ کو صابر (یعنی ضابط) پاویں گے اور میں کسی بات میں آپ کے خلاف حکم نہ کروں گا ان بزرگ نے فرمایا کہ (اچھا) اگر آپ میرے ساتھ رہنا چاہتے ہیں تو (اتنا خیال رہے کہ) مجھ سے کسی بات کی نسبت کچھ پوچھنا نہیں جب تک کہ اس کے متعلق میں خود ہی ابتداءً ذکر نہ کردوں۔

تفسیر ربط: اوپر روساء کفار کی اس درخواست کی تقبیح تھی کہ ہماری مجلس تعلیم میں فقراء مسلمین نہ رہنے پاویں گے آگے موسیٰ علیہ السلام کے ایک قصہ سے اس تقبیح کی زیادہ توضیح ہے کہ انہوں نے تو اپنے سے چھوٹے کو بعض خاص علوم میں استاد بنانے سے بھی عار نہیں فرمائی اور تم کو ان غریبوں کے شریک تعلیم ہونے سے بھی عار آ گئی ہے وغیز اس مقصود کے ساتھ اس قصہ میں آپ کی نبوت پر بھی دلالت ہو گئی جس کی وجہ ظاہر ہے۔

قصہ موسیٰ علیہ السلام با خضرؑ ☆ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى (الی قولہ تعالی) قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْــَٔــلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ۝ اور وہ وقت یاد کرو جب کہ موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے خادم[۱] سے (جن کا نام یوشع تھا رواہ البخاری) فرمایا کہ میں (اس سفر میں) برابر[۲] چلا جاؤں گا یہاں تک کہ اس موقع پر پہنچ جاؤں جہاں دو دریا آپس میں ملے ہیں یا یوں ہی زمانہ دراز[۳] تک چلتا رہوں گا (یہ ویسا مضمون ہے کہ

؎ دست از طلب ندارم تا کام من برآید ☆ یا تن رسد بجاناں یا جاں زتن برآید

اور وجہ اس سفر کی یہ ہوئی تھی کہ ایک بار موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل میں وعظ فرمایا تو کسی نے پوچھا کہ اس وقت آدمیوں میں سے سب سے بڑا عالم کون شخص ہے؟ آپ نے فرمایا میں۔ مطلب یہ تھا کہ ان علوم میں کہ جن کو قرب الی اللہ کی تحصیل میں دخل ہے میرے برابر کوئی نہیں اور یہ فرمانا صحیح تھا اس لئے کہ آپ نبی اولوالعزم تھے اور انبیاء اولوالعزم کے برابر دوسرے کو یہ علم نہیں ہوتا لیکن چونکہ ظاہر الفظ مطلق تھا اس لئے اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا کہ آپ کو احتیاط فی الکلام کی تعلیم دی جاوے غرض ارشاد ہوا کہ ایک ہمارا بندہ مجمع البحرین میں تم سے بھی زیادہ علم رکھتا ہے مطلب یہ تھا کہ بعض علوم میں وہ زیادہ ہے گو ان علوم کو قرب الٰہی میں دخل نہ ہو جیسا عنقریب واضح ہوگا لیکن اس بناء پر جواب میں مطلقاً تو اپنے کو اعلم کہنا نہ چاہئے تھا۔ غرض موسیٰ علیہ السلام ان کے ملنے کے مشتاق ہوئے اور پوچھا کہ ان تک پہنچنے کی کیا صورت ہے؟ ارشاد ہوا کہ ایک بے جان مچھلی اپنے ساتھ لے کر سفر کرو جہاں وہ مچھلی گم ہو جاوے وہ شخص وہاں ہے اس وقت موسیٰ علیہ السلام نے یوشع علیہ السلام کو ساتھ لیا اور یہ بات فرمائی) پس جب (چلتے چلتے) دونوں دریاؤں کے جمع ہونے کے موقع پر پہنچے (وہاں کسی پتھر سے لگ کر سو رہے اور وہ مچھلی باذنہٖ تعالیٰ زندہ ہو کر دریا میں جا پڑی یوشع علیہ السلام نے بیدار ہو کر مچھلی کو نہ پایا ارادہ تھا کہ موسیٰ علیہ السلام جب جاگیں گے تو اس کا ذکر کروں گا مگر ان کو مطلق یاد نہ رہا شاید اہل اور وطن وغیرہ کے خیالات کا بہت زیادہ ہجوم ہوا ہوگا کہ ذکر کرنا بھول گئے ورنہ ایسی عجیب بات کا بھول جانا کم ہوتا ہے لیکن جو شخص ہر وقت خوارق دیکھتا ہو اس کے ذہن سے کسی ادنیٰ درجہ کی عجیب بات کا نکل جانا کسی خیال کے غلبہ سے عجب نہیں اور موسیٰ علیہ السلام کو بھی پوچھنے کا خیال نہ رہا اس طرح سے) اس اپنی مچھلی کو دونوں بھول گئے اور مچھلی نے (اس کے قبل زندہ ہو کر) دریا میں اپنی راہ لی اور چل[۴] دی پھر جب دونوں (وہاں سے) آگے بڑھ گئے (اور دور نکل گئے) تو موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے خادم سے فرمایا کہ ہمارا ناشتہ تو لاؤ ہم کو تو اس سفر (یعنی آج کی منزل) میں بڑی تکلیف پہنچی (اور اس کے قبل کی منزلوں میں نہیں تھکے تھے جس کی وجہ ظاہراً موقع مقصود سے آگے بڑھنا تھا) خادم نے کہا کہ لیجئے دیکھئے (عجب بات ہوئی (جب ہم اس پتھر کے قریب ٹھہرے تھے (اور سو گئے تھے اس وقت اس مچھلی کا ایک قصہ ہوا اور میرا ارادہ آپ سے ذکر کرنے کا ہوا لیکن میں کسی دوسرے دھیان میں لگ گیا) سو میں اس مچھلی (کے تذکرہ) کو بھول گیا اور مجھ کو شیطان ہی نے بھلا دیا کہ میں اس کو ذکر کرتا اور (وہ قصہ یہ ہوا کہ) اس مچھلی نے (زندہ ہونے کے بعد) دریا میں عجیب طور پر اپنی راہ لی (ایک عجیب طور تو خود زندہ ہو جانا ہے دوسرا عجیب طور یہ کہ وہ مچھلی دریا میں جہاں کو گذری تھی وہاں کا پانی بطور خرق عادت کے اسی طرح سرنگ کے طور پر ہو گیا تھا غالباً پھر مل گیا ہوگا) موسیٰ (علیہ السلام) نے (یہ حکایت سن کر) فرمایا کہ یہی وہ موقع ہے جس کی ہم کو تلاش تھی (وہاں ہی لوٹنا چاہئے) سو دونوں اپنے قدموں کے نشان دیکھتے ہوئے الٹے لوٹے (غالباً وہ راستہ سڑک کا نہ ہوگا اس لئے نشان دیکھنے پڑے) سو (وہاں پہنچ کر) انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ (یعنی خضر) کو پایا جن کو ہم نے اپنی خاص رحمت (یعنی مقبولیت) دی تھی (مقبولیت کے معنی میں ولایت اور نبوت دونوں کا احتمال ہے) اور ہم نے ان کو اپنے پاس سے (یعنی بلا واسطہ اسباب اکتساب) ایک خاص طور کا علم سکھلایا تھا (مراد اس سے علم اسرار کونیہ ہے جیسا واقعات آئندہ سے معلوم ہوتا ہے اور اس علم کو حصول قرب میں کچھ دخل نہیں جس علم کو قرب میں دخل ہے وہ علم اسرار الٰہیہ ہے جس میں موسیٰ علیہ السلام بڑھے ہوئے تھے غرض) موسیٰ (علیہ السلام) نے (ان کو سلام کیا اور) ان سے فرمایا کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں (یعنی آپ ساتھ رہنے کی اجازت دیجئے) اس شرط سے کہ جو علم مفید[۵] آپ کو (منجانب اللہ) سکھلایا گیا ہے اس میں سے آپ مجھ کو بھی سکھلا دیں ان بزرگ نے جواب دیا آپ سے میرے ساتھ رہ کر (میرے افعال پر) صبر نہ ہو سکے گا (یعنی آپ مجھ پر روک ٹوک کریں گے اور معلم پر تعلیم کے متعلق متعلم کی روک ٹوک کرنے سے مصاحبت مشکل ہے) اور (بھلا) ایسے امور پر (روک ٹوک کرنے سے) آپ

www.besturdubooks.net

کیسے صبر کریں گے جو آپ کے احاطۂ واقفیت سے باہر ہیں (یعنی ظاہر میں وہ امور بوجہ منشاء معلوم نہ ہونے کے خلاف شرع نظر آویں گے اور آپ خلاف شرع امور پر سکوت نہ کرسکیں گے) موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (نہیں) انشاء اللہ آپ مجھ کو صابر (یعنی ضابط) پاویں گے اور میں کسی بات میں آپ کے خلاف حکم نہ کروں گا (یعنی مثلاً اگر روک ٹوک سے منع کردیں گے میں روک ٹوک نہ کروں گا اسی طرح اور کسی بات میں بھی خلاف نہ کروں گا) ان بزرگ نے فرمایا کہ (اچھا) تو اگر آپ میرے ساتھ رہنا چاہتے ہیں تو (اتنا خیال رہے کہ) مجھ سے کسی بات کی نسبت کچھ پوچھنا نہیں جب تک کہ اس کے متعلق میں خود ہی ابتداءً ذکر نہ کردوں۔ **ف**: مختلف دو دریاؤں کے ملنے کے متعدد مواقع ہیں ان موقعوں میں یہ بھی کوئی موقع ہوگا تعیین پر کوئی امر ضروری موقوف نہیں اور اگر شبہ ہو کہ جب مجمع بحرین کا موقع ان کو بتلایا گیا تو وہاں پہنچ کر کیوں آگے بڑھ گئے اور گو مچھلی کے زندہ ہونے کا قصہ معلوم نہ ہوا تھا لیکن یہ تو معلوم تھا کہ مجمع البحرین آ گیا جواب یہ ہے کہ مجمع البحرین سے کوئی خاص موقع مراد ہونا ضرور نہیں بلکہ اس کا قرب و جوار دور تک مجمع البحرین کہلایا جاسکتا ہے اور اسی وسعت کی وجہ سے مچھلی میں جان پڑنا علامت مقرر کی گئی تھی اس علامت کو سن کر مخاطب ضرور اس موقع کو متسع سمجھے گا گو متکلم کے نزدیک متعین ہو اور اس مچھلی کا زندہ ہونا ظاہر محض قدرت الٰہیہ سے اس لئے ہوا کہ یہ علامت مقرر کی گئی تھی گو پانی لگنے کے وقت حیات ہوئی ہو مگر اس سے اس پانی کا سبب ہونا لازم نہیں آتا یا سبب ہو تو اسی کے لئے ہوا ہو دوام سببیت لازم نہیں آتا اور اگر شبہ ہو کہ یوشع علیہ السلام نبی ہوئے ہیں پھر ان پر شیطان کا تصرف نسیان کے بارے میں کیسے ہوا جواب یہ ہے کہ جو تصرف مفضی الی المعصیت ہو اس سے انبیاء کا محفوظ ہونا ثابت ہے اور باقی دوسرے تصرفات ایسے ہیں جیسے کوئی کافر کسی نبی کے پتھر مار دے اور چوٹ لگ جاوے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ ﴿وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِفَتٰـہُ﴾ الخ اس میں شیخ کامل کی تلاش میں سعی بلیغ کرنا ثابت ہوتا ہے جب تک اس سے زیادہ کوئی حق واجب فوت نہ ہوجاوے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ ﴿نَسِیَا حُوْتَہُمَا﴾ الخ (اس اپنی مچھلی کو دونوں بھول گئے) یہ آیت دال ہے اس پر کہ زاد راہ کا جو کہ اسباب میں سے ہے سفر میں ساتھ رکھنا توکل کے منافی نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ ﴿لَقَدْ لَقِیْنَا مِنْ سَفَرِنَا﴾ الخ یہ دلیل ہے اس پر کہ اپنی حالت مرض وغیرہ کا اظہار منافی کمال نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ: ﴿وَمَآ اَنْسٰنِیْہُ﴾ الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ وسوسہ و نسیان شیطان کے اثر سے پیش آ جانا یہ ولایت کے بلکہ نبوت کے بھی منافی نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ ﴿عَلَّمْنٰہُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا﴾ یہ تعلیم ممکن ہے کہ بواسطۂ وحی ہو یا بواسطۂ الہام اور یہ الہام انبیاء و غیر انبیاء سب کو ہوتا ہے اور یہ آیت اصل ہے اثبات علم لدنی میں اور اس علم لدنی کو علم حقیقت و علم باطن بھی کہتے ہیں۔ گو ان واقعات جزئیہ مذکورہ فی القصہ کا علم اس نوع میں داخل نہیں لیکن خضر علیہ السلام کو علم لدنی بھی عطا کیا گیا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: ﴿قَالَ لَہٗ مُوْسٰی هَلْ﴾ الخ اسلوب کلام میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے اپنے کلام میں خضر علیہ السلام کے ساتھ کس قدر تواضع و ادب اور لطف کی رعایت فرمائی ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: ﴿فَاِنِ اتَّبَعْتَنِیْ فَلَا تَسْــَٔلْنِیْ﴾ الخ اس سے معلوم ہوا کہ شیخ کو مرید سے مناسب شرطیں لگانے کا حق ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله فی فتاه خادم لان العرب تسمی الخادم فتی لان الخدم اکثر ما یکون فی سن الفتوة ۱۲۔ ۲؎ قوله فی لا ابرح چلا جاؤں گا اشارة الی حذف المضاف ای اسیر بقرینة امضی ۱۲۔ ۳؎ قوله فی حقبا زمانہ دراز اشارة الی انه مفرد بمعنی الزمان الطویل کذا فی الروح ۱۲۔ ۴؎ قوله فی سربا چل دی اشارة الی کونه مصدرا بمعنی ذهابا من سرب المقدر کذا فی الکبیر وهذ احد الوجهین فی التفسیر والوجه الآخر ان یکون السرب بمعنی المنقد کما ورد فی الحدیث امسك الله عن الحوت جریة الماء فصار علیه الطاق ویکون السرب علی هذا حالا من السبیل او مفعولا ثانیا لاتخذ واخترت الاول لکونه اقرب لعدم توقفه علی دلیل غیر اللغة بخلاف الثانی فانه موقف علی مجموع اللغة والحدیث فان قلت ان الاول مخالف للحدیث المذکور قلت ان الحدیث لیس مصرحا بکونه تفسیرا بل لوقوعه وقد صرحت بوقوعه فی ترجمة عجباً ۱۲۔ ۵؎ قوله فی رشدا مفید لان الرشد اصابة الخیر ویلزمه کون العلم مفیدا وهو مصدر وقع صفة لعلماء المقدر وهو المفعول الثانی لعلمت ۱۲۔**

الصرف: قوله نبغ حذف الیاء تخفیفا ۱۲۔

النحو: عجباً صفة المصدر ای اتخاذاً عجباً ۱۲ قوله قصصا مصدرا یقصان قصصا ۱۲ قوله خبرا تمیز محول عن الفاعل ای لم یحط به خبرك ۱۲۔

البلاغۃ: قوله مجمع بینهما الاضافة علی الاتساع بناء علی ان المقام یقتضی ان یضاف المجمع الی الضمیر الراجع الی البحرین کما قال قبله مجمع البحرین فلما اضیف الی البین نسب الی المجاز ۱۲ قوله فاتخذ سبیله الفاء فصیحة ای حیی ذلك الحوت قبل ذلك فاتخذ فلا یلزم کون الاتخاذ موخرا عن النسیان وفی ترجمة اشاره الی ذلك فافهم ۱۲۔ قوله ارایت فی الکبیر الهمزة للاستفهام ورأیت علی معناه الاصلی وقد بما هذا الکلام علی ما هو المتعارف بین الناس فانه اذا حدث لاحدهم امر عجیب قال لصاحبه ارأیت ما حدث لی کذلك ههنا کانه قال ارأیت ووقع لی منه اذا دینا فحذف مفعول ارأیت لان قوله فانی نسیت یدل علیه آه فالترجمة بالحاصل ۱۲۔

www.besturdubooks.net

فَانْطَلَقَا ٚ حَتّٰۤى اِذَا رَكِبَا فِى السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ؕ قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا ﴿۷۱﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ﴿۷۲﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِىْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِىْ مِنْ اَمْرِىْ عُسْرًا ﴿۷۳﴾ فَانْطَلَقَا ٚ حَتّٰۤى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ؕ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ﴿۷۴﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ﴿۷۵﴾ قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَىْءٍۢ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِىْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّىْ عُذْرًا ﴿۷۶﴾ فَانْطَلَقَا ٚ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَيَاۤ اَهْلَ قَرْيَةِ ۨاسْتَطْعَمَاۤ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿۷۷﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِىْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۷۸﴾

پھر دونوں (کسی طرف) چلے یہاں تک کہ دونوں کشتی پر سوار ہوئے تو ان بزرگ نے اس کشتی میں چھید کر دیا موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ کیا آپ نے اس کشتی میں اس لئے چھید کیا کہ اس میں بیٹھنے والوں کو غرق کر دیں آپ نے بڑی بھاری (خطرہ کی) بات کی ہے ان بزرگ نے کہا کہ کیا میں نے کہا نہیں تھا کہ آپ سے میرے ساتھ صبر نہ ہو سکے گا موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ (مجھ کو یاد نہ رہا تھا سو) آپ میری بھول چوک پر گرفت نہ کیجئے اور میرے اس معاملہ میں مجھ پر زیادہ تنگی نہ ڈالئے۔ پھر دونوں کشتی سے (اتر کر آگے) چلے یہاں تک کہ جب ایک (کم سن) لڑکے سے ملے تو ان بزرگ نے اس کو مار ڈالا موسیٰ علیہ السلام (گھبرا کر) کہنے لگے آپ نے ایک بے گناہ کو مار ڈالا (اور وہ بھی) بے بدلے کسی جان کے بے شک آپ نے (یہ تو) بڑی بے جا حرکت کی اور ان بزرگ نے فرمایا کیا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ آپ سے میرے ساتھ صبر نہیں ہو سکے گا موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ (خیر اب کے اور جانے دیجئے) اگر اس مرتبہ کے بعد آپ سے کسی امر کے متعلق کچھ پوچھوں تو آپ مجھ کو اپنے ساتھ نہ رکھیے بے شک آپ میری طرف سے عذر (کی انتہا) کو پہنچ چکے ہیں۔ پھر دونوں (آگے) چلے یہاں تک کہ ایک گاؤں والوں پر گزر ہوا تو وہاں والوں سے کھانے کو مانگا (کہ ہم مہمان ہیں) سو انہوں نے ان کی مہمانی کرنے سے انکار کر دیا اتنے میں ان کو وہاں ایک دیوار ملی جو گرا ہی چاہتی تھی تو ان بزرگ نے اس کو (ہاتھ کے اشارے سے) سیدھا کر دیا موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر آپ چاہتے تو اس کام پر کچھ اجرت ہی لے لیتے ان بزرگ نے کہا کہ یہ وقت ہماری اور آپ کی علیحدگی کا ہے (جیسا کہ خود آپ نے شرط کی تھی) میں ان چیزوں کی حقیقت بتلائے دیتا ہوں جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا۔

تفسیر تمہ قصہ ☆ فَانْطَلَقَا ٚ حَتّٰۤى اِذَا رَكِبَا فِى السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ؕ (الی قولہ تعالی) مَعِىَ صَبْرًا ﴿۷۲﴾ (غرض باہم قول و قرار ہو گیا) پھر دونوں (کسی طرف) چلے (اور غالباً یوشع علیہ السلام بھی ساتھ ہوں گے مگر چونکہ وہ موسیٰ علیہ السلام کے تابع تھے اس لئے متبوع کا ذکر تابع کے ذکر سے مستغنی ہو گیا) یہاں تک کہ (چلتے چلتے کسی ایسے مقام پر پہنچے جہاں کشتی پر سوار ہونے کی ضرورت ہوئی پس) جب دونوں کشتی میں سوار ہوئے تو ان بزرگ نے اس کشتی (کا ایک تختہ نکال کر اس) میں چھید کر دیا (پھر شاید مرمت کر دی ہوگی اور شاید اہل کشتی اجمالاً ان کے معتقد ہوں اس لئے نہ روکا ہو) موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ کیا آپ نے اس کشتی میں اس لئے چھید کیا کہ اس کے بیٹھنے والوں کو غرق کر دیں (یعنی اس پر یہ ضرر مرتب ہونا بعید نہ تھا اور تو یہی ضرر محتمل تھا مگر جب تک کوئی غالب مصلحت نہ ہو اس وقت تک ضرر محتمل بھی واجب الاحتراز ہے اور مصلحت کچھ معلوم نہیں ہوتی) آپ نے بڑی بھاری (یعنی خطرہ کی) بات کی ان بزرگ نے کہا کہ کیا میں نے کہا نہیں تھا کہ آپ سے میرے ساتھ صبر نہ ہو سکے گا (آخر وہی ہوا اور آپ اپنے قول پر نہ رہے) موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (مجھ کو یاد نہ رہا تھا سو) آپ میری بھول چوک پر گرفت نہ کیجئے اور میرے اس معاملہ (متابعت) میں مجھ پر زیادہ تنگی نہ ڈالئے (کہ بھول چوک بھی معاف نہ کی جاوے بات گئی گذری ہوئی) پھر دونوں (کشتی سے اتر کر آگے) چلے یہاں تک کہ جب ایک (کمسن) لڑکے سے ملے تو ان بزرگ نے اس کو مار ڈالا موسیٰ (علیہ السلام گھبرا کر) کہنے لگے آپ نے ایک بے گناہ جان کو مار ڈالا (اور وہ بھی) بے بدلے کسی جان کے بیشک آپ نے (یہ تو) بڑی بے جا حرکت کی (کیونکہ اوّل تو نابالغ کا قتل کرنا جس کو قصاص میں بھی نہیں قتل کیا جاتا پھر اس نے تو کوئی فعل موجب قصاص بھی نہ کیا تھا اس حیثیت سے یہ فعل پہلے سے بھی بڑھ کر ہے کیونکہ وہاں مال کا نقصان گو یقینی ہوا لیکن جان کا ضرر محتمل تھا اور یہاں جان کا ضرر متیقن ہوا اور وہ بھی بالکل مرفوع القلم کا کیونکہ یہ لڑکا نابالغ تھا جیسا مسلم میں حدیث مرفوع ہے لو ادرك الخ نیز حضرت خضر علیہ السلام کے عذر آئندہ سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ اس کے والدین کے بگڑنے کا اندیشہ تھا ورنہ اگر یہ بالغ اور ڈاکو ہوتا جیسا بعض قائل

www.besturdubooks.net

ہوئے ہیں تو یہ عذر زیادہ قریب الفہم تھا اس کو ذکر کرتے) ان بزرگ نے فرمایا کہ میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ آپ سے میرے ساتھ صبر نہ ہو سکے گا
قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ (الی قولہ تعالٰی) سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (خیر اب کے اور جانے دیجئے لیکن) اگر اس مرتبہ کے بعد آپ سے کسی امر کے متعلق پوچھوں تو آپ مجھ کو اپنے ساتھ نہ رکھئے بیشک آپ میری طرف سے عذر (کی انتہاء) کو پہنچ چکے ہیں (یعنی آپ نے بہت درگزر کی اگر اب ساتھ نہ رکھیں گے معذور ہیں اور اب کی بار نسیان کا عذر نہ کرنے سے معلوم ہو کہ نسیان نہ ہوا تھا غرض) پھر دونوں (آگے) چلے یہاں تک کہ جب ایک گاؤں والوں پر گزر ہوا تو وہاں والوں سے کھانے کو مانگا (کہ ہم مہمان ہیں) سو انہوں نے ان کی مہمانی کرنے سے انکار کر دیا اتنے میں ان کو وہاں ایک دیوار ملی جو گرا ہی چاہتی تھی تو ان بزرگ نے اس کو (ہاتھ کے اشارہ سے بطور خرق عادت کے) سیدھا کر دیا موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اگر آپ چاہتے تو اس (کام) پر کچھ اجرت ہی لے لیتے (کہ اس وقت کام بھی چلتا اور ان لوگوں کی بھی اس میں اصلاح اخلاق کی ہوتی ورنہ ایسوں کے ساتھ رعایت کرنے سے دونی بدخلقی ان کی بڑھتی ہے) ان بزرگ نے کہا کہ یہ وقت ہماری اور آپ کی علیحدگی کا ہے (جیسا کہ خود آپ نے شرط کی تھی) میں ان چیزوں کی حقیقت بتلائے دیتا ہوں جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا (چنانچہ آیات آئندہ میں آتا ہے)۔ **ف**: اور عجب نہیں کہ ان اسرار کا بتلانا اس درخواست کو پورا کرنا بھی ہو جو موسیٰ علیہ السلام نے کی تھی تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ گو نمونہ ہی کے طور پر سہی اور[۲] زیادہ ساتھ رہنے میں غالباً وہ مناسب موقع پر خود ہی بتلاتے اور ہر واقعہ پر بتلاتے تو یہ علم زیادہ حاصل ہوتا اور گو یہ علم موسوی کے برابر مفید عام نہ ہو کیونکہ قابل اتباع نہیں تاہم اس معنی کو مفید خاص ضرور ہے کہ بعض حکمتیں مفصلاً منکشف ہوتی ہیں گو اجمالی عقیدہ ہی کہ ہر واقعہ مشتمل حکمتوں پر ہوتا ہے قرب کے لئے کافی ہے اور جب خضر علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام کے بولنے پر نکیر کی تو موسیٰ علیہ السلام نے جواب میں یہ نہ کہا کہ تم خلاف شرع کرتے ہو وجہ یہ کہ بعد غصہ فرو ہو جانے کے اجمالاً سمجھ گئے تھے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ان کے پاس بھیجا ہے تو ان کا فعل موافق ہوگا اور موسیٰ علیہ السلام نے وعدہ کر کے پھر جو اعتراض فرمایا تو اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک ایسے فعل کا بذات خود التزام فرمایا تھا جس کو خدا نے ان پر واجب نہ کیا تھا اور اس التزام پر قائم رہنے میں ان کا فائدہ تھا اور ترک میں حضرت خضر علیہ السلام کا کچھ ضرر نہ تھا بالخصوص جب کہ ان کو یہ بھی علم ہو کہ وہ صبر نہ کر سکیں گے اور جو فعل شرعاً واجب نہ ہو بلکہ آدمی اپنی مصلحت کے لئے اس کا التزام کرے اور اس کے ترک میں دوسرے کا ضرر بھی نہ ہو تو ایسے فعل کا ترک شرعاً معصیت نہیں پس خلف وعدہ جو منہی عنہ ہے وہ لازم نہیں آتا اور جیسا ایک بار ایسے وعدہ کا خلاف جائز ہے کئی بار بھی جائز ہے پس یہ سوال بھی نہیں ہو سکتا کہ کئی بار ایسا کیوں کیا اور اصل سبب اس کا خوش طبعی تھا جو کاملین کو بھی احیاناً ہو سکتا ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: خَرَقَهَا قَالَ اَخَرَقْتَهَا الخ اس سے دو امر ثابت ہوئے ایک یہ کہ بعضے ایسے افعال جن کا ظاہر خلاف شرع ہو اور واقع میں یہ خلاف نہیں ہوتے اکابر سے صادر ہو سکتے ہیں دوسرا امر یہ کہ اولیاء میں ایسے بھی ہیں جو باذن حق تکوین میں تصرف کرتے ہیں (جو خواص باری تعالیٰ سے نہ ہو) اور ایسے لوگوں کو قطب التکوین اور صاحب خدمت کہتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: اِسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا اس سے معلوم ہوا کہ فوری ضرورت کے لئے سوال کرنا جائز ہے اور بعض اہل الطریق نے ضرورات باطن کے لئے نہ کہ ضرورت گرسنگی کے لئے اس کو کبھی کبھی اختیار کیا ہے قولہ تعالیٰ: فَاَقَامَهٗ الخ بخاری کتاب التفسیر میں سعید سے روایت ہے کہ اس دیوار پر ہاتھ پھیر دیا اور وہ سیدھی ہو گئی پس اس تفسیر پر اس میں کرامات اولیاء کا اثبات ہے جب کہ خضر علیہ السلام کی نبوت کا قائل نہ ہو جاوے قولہ تعالیٰ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا اس سے معلوم ہوا کہ اکتساب معیشت اور اس کے اسباب کا اختیار کرنا کمال کے منافی نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ الخ یہ اصل ہے مرید کو جدا کر دینے کی جب کہ اس سے مناسبت و موافقت کی توقع نہ رہے اور بکثرت خلاف اور نزاع ظاہر ہونے لگے ۱۲۔

الحواشی: (۱) مفعول فسر ہ۔ (۲) غالباً مقصود اس سے توجیہ ہے اس حدیث کی جس میں حضور نے تمنا ظاہر فرمائی ہے کہ موسیٰ علیہ السلام اگر نہ بولتے تو اور قصے واقع ہوتے۔ حاصل توجیہ کا یہ ہے کہ خود قصہ سننا محل تمنا نہیں بلکہ وہ اسرار جو ان قصوں میں ظاہر ہوتے اور خضر علیہ السلام سکوت پر خود بھی بتا دیتے اور گو وہ اسرار مفید عام نہیں مگر تفصیل و تعیین حکمت کے اعتبار سے مفید خاص ضرور ہیں اور ظاہر ہے کہ جب ہر ہر واقعہ کی حکمت بیان کی جاتی تو یہ علم زیادہ حاصل ہوتا اس اعتبار سے حضور نے ایسی تمنا فرمائی اور میں نے غالباً اس واسطے کہا کہ اچھی طرح ذہن میں نہیں آیا کہ یہ عبارت لکھتے وقت کیوں بڑھائی تھی ۱۲ منہ عفا اللہ عنہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في لتغرق ضرر مرتب ہوتا اشارة الى ان اللام للعاقبة ۱۲۔ ۲؎ قوله في توضيحه مگر جب تک کوئی غالب الخ زاده ليكون الجواب بقوله اما السفينة الخ متجها والا فلا يرتفع به الاشكال المذكور من خوف الفرق فافهم ۱۲۔ ۳؎ قوله في بغير نفس وہ بھی اشارة الى ان زيادة هذا للمبالغة كما بينه في الترجمة فلا يصح الاحتجاج به على بلوغه والقرينة على كونه غير بالغ استعمال لفظ غلامين فيما سياتي في غير البالغين بدليل يتيمين ۱۲۔

اللغات: الامر والنكر في الروح عن الكشف الظاهر البليغة النكر الا ترى كيف فسر الشاعر في قوله لقد يقى الاقران منى نكرا

www.besturdubooks.net

☆ واهية وهياء اذ امرا النكر[1] بداهية من صفتهما كيت وكيت وجعل الامر بعض اوصافها۔

الصرف: قوله لتخذت بتاء مفتوحة و خاء مكسورة كما فى قراءة اما من تخذ بمعنے اخذا ومن اخذها بدال الفاء تاء و تفصيله فى الروح ۲۔

النحو: قوله قد بلغت من لدنى عذرا مفعل بلغت والمعنى كما نقله فى الروح عن النووى قد بلغت الى الغاية التى تعذر بسببنها فى فراقى حيث خالفتك مرة بعد مرة آه۔

البلاغة: خرقها بدون التاء ثم فقتله بالفاء ثم استطعما بدون الفاء والنكتة فى هذا التفاوت عندى انه فى الركوب والاتيان لا يكون الافتراق عن اهل السفينة واهل القرية سريعًا ولا غير اختيارى فلم يكن فيهما داع الى تعجيل الخرق والاستطعام لانه لا يفوت شئ بالتمهل بخلاف اللقى فانه لا يكون فيه الافتراق باختياره بل ربما يفترق الملاقى الآخر وايضا ربما يفوت لاجماع فيه سريعا ولا يتمكن حينئذ من القتل المقتضى العادة فى مثله الى تعجيل القتل فاتى بالفاء الدالة على التعقيب بلا مهملة فافهم فانه من المواهب ۲ قوله الم اقل لك زاد لك فى امرأة الثانية للمبالغة والتنبيه على كون المخاطب هو المخاطب لا غير ليكون اشد احتمالاً ۲۔

أَمَّا السَّفِينَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِينَ يَعْمَلُونَ فِي الْبَحْرِ فَأَرَدْتُّ أَنْ أَعِيبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّأْخُذُ كُلَّ
سَفِينَةٍ غَصْبًا ﴿٧٩﴾ وَأَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ أَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِينَآ أَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿٨٠﴾ فَأَرَدْنَآ أَنْ
يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّأَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَأَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيمَيْنِ فِي الْمَدِينَةِ
وَكَانَ تَحْتَهُ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ أَبُوهُمَا صٰلِحًا ۚ فَأَرَادَ رَبُّكَ أَنْ يَّبْلُغَآ أَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ
رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ أَمْرِي ۚ ذٰلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٨٢﴾ وَيَسْـَٔلُونَكَ عَنْ ذِي ع ۱۰
الْقَرْنَيْنِ ۖ قُلْ سَأَتْلُوا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿٨٣﴾ إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ فِي الْأَرْضِ وَءَاتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿٨٤﴾ فَأَتْبَعَ
سَبَبًا ﴿٨٥﴾ حَتّٰىٓ إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ۗ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ
إِمَّآ أَنْ تُعَذِّبَ وَإِمَّآ أَنْ تَتَّخِذَ فِيهِمْ حُسْنًا ﴿٨٦﴾ قَالَ أَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهُ ثُمَّ يُرَدُّ إِلٰى رَبِّهِ
فَيُعَذِّبُهُ عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨٧﴾ وَأَمَّا مَنْ ءَامَنَ وَعَمِلَ صٰلِحًا فَلَهُ جَزَآءً الْحُسْنٰى ۖ وَسَنَقُولُ لَهُ مِنْ أَمْرِنَا يُسْرًا ﴿٨٨﴾

وہ جو کشتی تھی سو چند آدمیوں کی تھی جو (اس کے ذریعے سے) دریا میں محنت مزدوری کرتے تھے سو میں نے چاہا کہ اس میں عیب ڈال دوں اور (وجہ اس کی یہ تھی کہ) ان لوگوں سے آگے کی طرف ایک (ظالم) بادشاہ تھا جو ہر (اچھی) کشتی کو زبردستی پکڑ رہا تھا اور رہا وہ لڑکا سو اس کے ماں باپ ایماندار تھے سو ہم کو اندیشہ (یعنی تحقیق) ہوا کہ یہ ان دونوں پر سرکشی اور کفر کا اثر نہ ڈال دے پس ہم کو یہ منظور ہوا کہ بجائے اس کے ان کا پروردگار ان کو ایسی اولاد دے جو پاکیزگی (یعنی دین) میں اس سے بہتر ہو اور رہی دیوار سو وہ دو یتیم لڑکوں کی تھی جو اس شہر میں (رہتے) ہیں اور اس دیوار کے نیچے ان کا کچھ مال مدفون تھا جو ان کے باپ سے میراث میں پہنچا ہے اور ان کا باپ (جو مر گیا ہے وہ) ایک نیک آدمی تھا سو آپ کے رب نے اپنی مہربانی سے چاہا کہ وہ دونوں اپنی جوانی (کی عمر) کو پہنچ جاویں اور اپنا دفینہ نکال لیں اور یہ سارے کام میں نے الہام الٰہی سے کئے ہیں ان میں سے کوئی کام میں نے اپنی رائے سے نہیں کیا لیجئے یہ ہے حقیقت ان باتوں کی جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا۔ ذوالقرنین کا حال پوچھتے ہیں آپ ہے آپ فرما دیجئے کہ میں اس کا ذکر ابھی تمہارے سامنے کرتا ہوں ہم نے ان کو روئے زمین پر حکومت دی تھی اور ہم نے ان کو ہر قسم کا سامان (کافی) دیا تھا۔ چنانچہ مغرب کی ایک راہ پر ہو لئے یہاں تک کہ جب غروب آفتاب کے موقع پر پہنچے تو آفتاب ان ایک سیاہ رنگ کے پانی میں ڈوبتا ہوا دکھلائی دیا اور اس موقع پر انہوں نے ایک قوم دیکھی ہم نے (الہاماً) یہ کہا اے ذوالقرنین خواہ سزا دو اور خواہ ان کے بارے میں نرمی کا معاملہ اختیار کرو ذوالقرنین نے عرض کیا کہ (بہت اچھا اول دعوت ایمان ہی دوں گا) لیکن جو ظالم رہے گا سو اس کو تو ہم لوگ سزا دیں گے پھر وہ اپنے مالک حقیقی کے پاس پہنچایا جائے گا پھر وہ اس کو دوزخ کی سزا دے گا اور جو شخص ایمان لے آوے گا اور نیک عمل کرے گا تو

www.besturdubooks.net

اس کے لئے (آخرت میں بھی) بدلے میں بھلائی ملے گی اور ہم (دنیا میں بھی) اپنے برتاؤ میں اس کو آسان (اور نرم) بات کہیں گے۔

تفسیر: تتمہ قصہ ☆ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا (الی قولہ تعالیٰ) ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿﴾ وہ جو کشتی تھی سو چند غریب آدمیوں کی تھی جو (اس کے ذریعہ سے) دریا میں محنت مزدوری کرتے تھے (اور اسی پر ان کی گذر اوقات ہوتی ہے) سو میں نے چاہا کہ اس میں عیب ڈال دوں اور (وجہ اس کی یہ تھی کہ) ان لوگوں سے آگے کی طرف ایک (ظالم) بادشاہ تھا جو ہر (اچھی) کشتی کو زبردستی پکڑ رہا تھا (سو اگر ان کی کشتی میں عیب نہ ڈالا جاتا تو اس کو بھی چھین لیتا اور ان غریبوں کا کھڑا مارا جاتا پس اس توڑنے میں یہ مصلحت تھی) اور رہا وہ لڑکا سو اس کے ماں باپ ایماندار تھے (اور وہ اگر بڑا ہوتا تو کافر ہوتا اور ماں باپ اس کو چاہتے بہت تھے) سو ہم کو اندیشہ (یعنی تحقیق) ہوا کہ ان دونوں پر سرکشی اور کفر کا اثر نہ ڈال دے (یعنی محبت کے سبب وہ بھی بد دینی میں اس کا ساتھ نہ دینے لگیں) پس ہم کو یہ منظور ہوا کہ (اس کا تو قصہ تمام کر دیا جاوے پھر) بجائے اس کے ان کا پروردگار ان کو ایسی اولاد دے (خواہ لڑکا ہو یا لڑکی) جو پاکیزگی (یعنی دین) میں اس سے بہتر ہو اور (ماں باپ کے ساتھ) محبت کرنے میں اس سے بڑھ کر ہو اور رہی دیوار سو وہ دو یتیم لڑکوں کی تھی جو اس شہر میں (رہتے) ہیں اور اس دیوار کے نیچے ان کا کچھ مال مدفون تھا (جو ان کے باپ سے میراث میں پہنچا ہے) اور ان کا باپ (جو مر گیا ہے وہ) ایک نیک آدمی تھا پس اس کے نیک ہونے کی برکت سے خدا تعالیٰ نے اس کی اولاد کے مال کو محفوظ فرمانا چاہا اور دیوار گرنے سے لوگ مال لوٹ لے جاتے اور غالباً جوان لڑکوں کا سرپرست تھا اور اس کو دفینہ کا علم ہوگا وہ یہاں موجود نہ ہوگا جو انتظام کر لیتا) سو آپ کے رب نے اپنی مہربانی سے چاہا کہ وہ دونوں اپنی جوانی (کی عمر) کو پہنچ جاویں اور اپنا دفینہ نکال لیں اور (یہ سارے کام میں نے بالہام الٰہی کئے ہیں ان میں سے کوئی کام میں نے اپنی رائے سے نہیں کیا (لیجئے صاحب) یہ ہے حقیقت ان باتوں کی جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا (جس کو میں حسب وعدہ بتلا چکا چنانچہ موسیٰ علیہ السلام اس کے بعد ان سے رخصت ہوئے۔ حدیث میں ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے شرما کر یہ کہہ دیا کہ اگر اب کی بار پوچھوں تو ساتھ نہ رکھنا ورنہ اگر ساتھ رہتے تو اور عجائب امور دیکھتے)

ف: اثنائے ترجمہ میں جس قدر مضامین روایت کے متعلق ہیں سب احادیث صحیحین سے ہیں بجز ان جملوں کے جن میں یہ الفاظ آئے ہیں مطلب اور یعنی اور غالباً اور شاید اور احتمال اور مراد اور ظاہراً اور ہو گیا ہوگا اور عجب نہیں اور یا اور اس قصہ سے بعض کو دھوکہ ہو گیا ہے کہ علم باطن علم شریعت سے افضل ہے جواب اس کا یہ ہے کہ علم باطن کے دو شعبے ہیں علم مرضیات الٰہی جو متعلق بالنفس ہیں اور علم اسرار کونیہ پہلا تو شریعت کا ایک جزو ہی ہے اور جزو بھی کل سے افضل نہیں ہو سکتا اور دوسرا چونکہ قرب الٰہی میں کچھ دخل نہیں رکھتا اس لئے افضلیت کا احتمال ہی نہیں دوسرا دھوکہ یہ ہے کہ خضر علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام سے افضل ہیں جواب یہ ہے کہ خضر علیہ السلام کو علم باطن کا دوسرا شعبہ حاصل ہونا اس قصہ سے ثابت ہے اور ابھی سن لیا ہے کہ وہ علم شریعت سے جو کہ موسیٰ علیہ السلام کو حاصل تھا افضل نہیں۔ رہا ان کا ان کے پاس بھیجنا سو بناء اس کی افضلیت نہیں بلکہ تعلیم و تادیب کہ آئندہ تکلم میں احتیاط رکھیں اور مقید کی جگہ مطلق نہ بولا کریں بعض کو یہ دھوکہ ہوا ہے کہ پیر اگر خلاف شرع کوئی کام کریں اس پر انکار نہ کرے چنانچہ اس قصہ حدیث میں آیا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام اگر صبر کرتے تو خوب ہوتا۔ جواب یہ کہ خضر علیہ السلام کا کمال نص سے معلوم تھا اس لئے سکوت جائز تھا دوسرے کا ان پر قیاس کرنا مع الفارق ہے بعض کو دھوکہ ہوا ہے کہ الہام پر خلاف شرع عمل جائز ہے جواب یہ ہے کہ یا تو نبی ہوں گے اور یا یہ کہ شریعت سابقہ ہوگی مگر اس شرع میں جائز نہیں یہاں بعض اہل کتاب کہتے ہیں کہ یہ قصہ موسیٰ مشہور پیغمبر کا نہیں ورنہ ہماری کتابوں میں ہوتا۔ مگر حدیث میں تصریح ہے یہی موسیٰ علیہ السلام صاحب واقعہ ہیں اور بعض کتابیں اہل کتاب کی گم ہو گئی ہیں ممکن ہے کہ ان میں ہو یا اگر نہ بھی ہو تو مثبت مقدم ہے نافی پر اور بعض نے یہ خدشہ کیا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے یہ سفر کب کیا ہے کہ بنی اسرائیل میں مشہور نہ ہو جواب یہ ہے کہ یا تو ان کو علم ہوا ہو اور عار کی وجہ سے چرچا قطع کر دیا ہو یا خود موسیٰ علیہ السلام نے بخیال ان کی غباوت کے ان کو اطلاع نہ کی ہو کہ کسی فتنہ میں مبتلا نہ ہو جاویں اور بنی اسرائیل یوں سمجھتے ہوں کہ کہیں حسب عادت تشریف لے گئے ہوں گے۔ ربط: اوپر اصحاب کہف کا قصہ جس سوال کے جواب میں مذکور ہے جس میں انکے تین سفروں کا بھی بیان ہے۔

قصہ ذوالقرنین ☆ وَيَسْــَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ (الی قولہ تعالیٰ) فَاَتْبَعَ سَبَبًا ﴿﴾۔

سفر اوّل: حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِيْ عَيْنٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ﴿﴾ اور یہ لوگ آپ سے ذوالقرنین کا حال پوچھتے ہیں (اس کے پوچھنے کی وجہ یہ لکھی ہے کہ ان کی تاریخ قریب قریب گم تھی اور اسی لئے جو امور ان کے متعلق قرآن میں مصرح نہیں کہ اصل قصہ سے زائد تھے وہ آج تک مختلف فیہ ہیں اور اسی واسطے انہوں نے اس کو سوال کے لئے تجویز کیا تھا پس اس کا جواب بھی کامل دلیل ہے نبوت کی) آپ فرما دیجئے کہ میں اس کا ذکر ابھی تمہارے سامنے بیان کرتا ہوں (آگے حق تعالیٰ کی طرف سے اس کی حکایت شروع ہوئی کہ وہ ذوالقرنین ایک ایسے جلیل القدر بادشاہ ہو گزرے ہیں کہ) ہم نے ان کو روئے زمین پر حکومت دی تھی اور ہم نے ان کو ہر قسم کا سامان (کافی) دیا تھا (جس سے وہ اپنے شاہی ارادوں کو پورا کر سکیں) چنانچہ وہ (بارادۂ فتوحات ملک مغرب) ایک راہ پر ہو لئے (اور راہ سے سفر کرنا شروع کیا) یہاں تک کہ جب (سفر کرتے کرتے اور درمیانی بلاد و امصار کو فتح

www.besturdubooks.net

کرتے کرتے) غروب آفتاب کے موقع پر (یعنی جہت مغرب میں منتہائے آبادی پر) پہنچے تو آفتاب اُن کو ایک سیاہ رنگ کے پانی میں ڈوبتا ہوا دکھائی دیا (مراد اس سے غالباً سمندر ہے کہ اس کا رنگ اکثر جگہ سیاہ ہے اور سمندر میں گو حقیقۃً غروب نہیں ہوتا لیکن جہاں سمندر سے آگے نگاہ نہ جاتی ہو تو بادی النظر میں سمندر ہی میں غروب ہوتا معلوم ہوگا) اور اس موقع پر انہوں نے ایک قوم دیکھی (جن کے کافر ہونے پر اگلی آیت اما من ظلم الخ دلالت کرتی ہے) ہم نے (الہاماً یا اس زمانہ کی شریعت کے واسطہ سے) یہ کہا کہ اے ذوالقرنین (اس قوم کے بارے میں تم کو دو اختیار ہیں) خواہ (ان کو ابتداء ہی سے قتل وغیرہ کے ذریعہ سے) سزا دو اور خواہ ان کے بارے میں نرمی کا معاملہ اختیار کرو (یعنی اول دعوتِ ایمان کرلو اور ابتداءً قتل کرنا شاید اس لئے جائز ہو کہ ان کو کسی ذریعہ سے دعوت پہنچ چکی ہوگی لیکن دوسری صورت کو بوجہ ترجیح کے اتخاذ حسن سے تعبیر فرمایا) ذوالقرنین نے عرض کیا کہ (بہت اچھا اول دعوت ایمان ہی کروں گا) لیکن (بعد دعوت ایمان کے) جو (ان میں) ظالم (کفار) رہے گا سو اس کو تو ہم لوگ (قتل وغیرہ کی) سزا دیں گے (اور یہ سزا تو دنیا میں ہوگی) پھر (مرنے کے بعد) وہ اپنے مالک حقیقی کے پاس پہنچایا جاوے گا پھر وہ اس کو (دوزخ کی) سخت سزا دے گا اور جو شخص (میری دعوت ایمان کے بعد) ایمان لے آوے گا اور (قواعد دینیہ کے موافق) نیک عمل کرے گا تو اس کے لئے (آخرت میں بھی) بدلے میں بھلائی ملے گی اور ہم (بھی دنیا میں) اپنے برتاؤ میں اس کو آسان (اور نرم) بات کہیں گے (یعنی قولی سختی بھی اس کے ساتھ روا نہ رکھیں گے اور فعلی سختی تو بدرجہ اولیٰ روا نہ رکھی جاوے گی)۔ **ف**: ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ ذوالقرنین کوئی مقبول بزرگ بادشاہ ہیں خواہ نبی ہوں یا ولی ہوں کسی دوسرے نبی کے متبع۔ ہر ولایت کی صورت میں یہ مکالمت بطور الہام ہوئی ہو یا کسی نبی کے ذریعہ سے اور شاید ذوالقرنین کا لقب اس لئے ہوا ہو کہ قرن جانب کو کہتے ہیں اور تثنیہ سے مراد تکریر ہو چونکہ انہوں نے جوانب ارض پر تسلط حاصل کیا تھا اس لئے ذوالقرنین لقب ہو گیا واللہ اعلم اور ذوالقرنین کے دوسفر آئندہ میں یہ مضمون تخییر بین التعذیب والا تخاذ کا مذکور نہیں شاید ایک جگہ ذکر کر کے بقیہ مواقع کو سامعین کے مقایسہ پر چھوڑ دیا ہو اور ان کے معاملہ میں بھی یہی مکالمت ہوئی ہو یا خود مکالمت کو ان کے مقایسہ پر چھوڑ دیا ہو کہ یہی برتاؤ وہاں کریں گے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: كَانَ أَبُوهُمَا صَالِحًا ۚ اس میں بزرگوں کی اولاد کی رعایت کی اصل ہے اور یہ امر اہل سلوک کے لئے مثل امر طبعی کے ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ أَمْرِي ۚ اس سے ان لوگوں کا احتجاج ساقط ہو گیا جو کاملین کے لئے امور خلاف شرع فی الواقع کا صدور جائز رکھتے ہیں وجہ سقوط ظاہر ہے کہ حضرت خضر علیہ السلام کے یہ سب افعال بالکل مامور بہ من اللہ تھے اور یہی مامور بہ شرع ہے اور وہ نبی تھے تب تو یہ افعال شرع جزئی کی طرف مستند ہیں اور اگر نبی نہیں تھے تو شرع کلی کی طرف کسی اصلی غامض سے استنباط کے ذریعہ سے جس پر موسیٰ علیہ السلام کو اس لئے اطلاع نہیں ہوئی کہ ان پر وہ مصالح خاصہ منکشف نہیں ہوئے اس لئے وہ استنباط نہ کر سکے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: ذَٰلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِع عَّلَيْهِ صَبْرًا ۝ الخ اس سے معلوم ہوا کہ ایسے مغیبات پر مطلع ہو جانا اور ان کا منکشف ہو جانا مقاصد میں سے نہیں چنانچہ موسیٰ علیہ السلام باوجودیکہ خضر علیہ السلام سے بوجہ اس کے کہ قطعی نبی اور اولی العزم نہ اہل شرع مستقل سے ہیں اکمل تھے پھر بھی (ان واقعات سے) متعجب رہے اور روح المعانی میں ہے کہ علماء نے اس قصہ سے جیسا کہ شراح حدیث وغیرہ نے ذکر کیا ہے ان فوائد پر استدلال کیا ہے طلب علم کے لئے سفر کا مستحب ہونا اور علماء و مشائخ کے ساتھ ادب کا برتاؤ کرنا اور ان پر اعتراض کا ترک کرنا اور ان کے افعال و حرکات و اقوال میں سے جس کا ظاہر مفہوم نہ ہو اس کی تاویل کر لینا اور ان کے ساتھ جو عہد کیا ہے اس کو وفاء کرنا اور اگر ان کے خلاف کچھ ہو جاوے تو اس کی معذرت کرنا اور سفر میں خادم کو ہمراہ لینا اگرچہ وہ سفر کسی بزرگ کی خدمت میں ہو اور سفر میں زادِ راہ لے جانا اور اس کا منافی توکل نہ ہونا اور نسیان اور دیگر امور مکروہہ کا شیطان کی طرف منسوب کرنا اور ان کی نسبت الی اللہ کرنے سے ادب کرنا اور عالم کا طالب علم سے ایسے فن کی تعلیم نہ کرنے میں عذر کر دینا جس کا وہ متحمل نہ ہو سکے گا اور ہر امر میں مثبت حق کو مقدم رکھنا اور متبوع کو تابع سے کچھ شرطیں لگا لینا اور نسیان پر مواخذہ نہ ہونا اور تین کے عدد کا تکرار میں معتبر ہونا اور سواری کشتی کا جائز ہونا اور حکم ظاہر پر ہونا جب تک کہ اس کے خلاف معلوم نہ ہو چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے اسی بناء پر انکار فرمایا اور احتیاج کے وقت سوال طعام کا جائز ہونا اور احسان کو ترک کرنا اگرچہ نا اہلوں ہی کے ساتھ ہو (چنانچہ باوجود ان اہل قریہ کے طعام نہ دینے کے ان کی دیوار درست کر دی) اور اعمال دنیویہ پر اجرت لینا اور آلات اکتساب کے یا کسی ناکافی چیز کے مالک ہونے سے مسکنت کا باقی رہنا اور غصب کا حرام ہونا اور زمین میں مال کے دفن کرنے کا جائز ہونا اور بھی بہت فوائد ہیں جو تلاش یا غور سے معلوم ہو سکتے ہیں اھ اور بندہ ضعیف کہتا ہے کہ حدیث میں جو امر موسیٰ علیہ السلام کے خضر علیہ السلام کے پاس جانے کے سبب کے بارہ میں آیا ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ طریق اکمل اصلاح کا فعل ہے نہ کہ مختص قول ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ورائهم آگے رجح هذا المعنى من المعنيين لقراءة ابن عباس ما فهم اخرجه البخاري ۱۲۔ ۲ قوله فخشينا تحقيق هكذا في الخازن ۱۲۔ ۳ قوله في فاردنا تمام کر دیا جاوے اشارة الى توجيه تعلق الارادة بالابدال مع عدم كونه محلا للارادة البشرية والتوجيه ان المقصود تعلقها بالقتل المستتبع للابدال حسب التعليم الآلهي ۱۲۔ ۴ قوله في رحمة اپنی مہربانی سے متصلا

www.besturdubooks.net

مع قوله آپ کے رب نے اشارة الى امرين الاول انه مفعول له لقوله اولا ليستخرجا لاختلاف الفاعلين المانع فى المشهور والثانى ان فيه وضع المظهر موضع المضمر ۱۲۔ ۵ قوله فى فعلته کوئی کام اشارة الى ان ضمير المفعول راجع الى كل واحد مما ذكر ۱۲۔ ۶ قوله فى عندها اس موقع پر هو ترجمة بالحاصل وحقيقة الكلام عند العين ۱۲۔ ۷ قوله فى نعذبه ہم لوگ اشار به باعتبار المحاورة الى ان الجمع ليس للتعظيم بل للاستحقار ايذانا بانا نحن اجمعون خدام واتباع فافهم فانه من المواهب ۱۲۔ ۸ قوله فى امرنا برتاؤ لان لفظ الامر وكذا الشئ عام لكل شئ وامر ويخص بقرينة المقام ۱۲۔

اللغات: السبب الطريق الموصل الى المقصود اى مقصود كان نعم العدة والسبيل ۱۲ قوله فى عين حمئة فى الروح المراد بالعين اما عين فى البحر او البحر نفسه وتسمية عينا لا باس به و حمئة ذات حماة هى الطين الاسود وقد ترجمت بالحاصل مراعيا فيه المعنى اللغوى فافهم ولا منافاة بينها وبين القراءة الاندى حامية اى عارة لان للماء لايبعه كون حارا باشمس ۱۲۔

النحو: قوله جزاء حال مقدم ۱۲۔

البلاغة: قوله فخشينا واردنا اعلم ان القول قد اختلف فى نكتة اسناد الارادة فى القصة الاولى الى ضمير المتكلم المفرد وفى الثانية الى ضمير الجمع وفى الثالثة الى المظهر والذى لزق بقلبى هو ما فى الروح انه روعى فى الجواب دال الاعتراض وما تضمنه واشار اليه فلما كان الاعتراض الاول متضمنا اسناد الاغراق الى الخضر وكان الانكار عليه دون الانكار على ما يليه بناء على ان نكرا ابلغ من امرا على ما اختاره المحققون ناسب ان يصرح باسناد ارادة التعييب الى نفسه المشير الى نفى ارادة الاغراق التى يشير كلام موسىٰ عليه السلام اليها وان لا ياتى بما يدل على التعظيم من ضم احد معه خلاف ما حسب عليه السلام ولما كان الاعتراض الثانى فى غاية المبالغة والانكار ناسب ان يشير الى ان ما اعترض عليه وبولغ فى انكاره قداريد به امر عظيم فلذا اسند الخشية والارادة الى ضمير المعظم فان فى اسناد الارادة الى المعظم تعظيم الارادة وفى تعظيم الارادة تعظيم المراد وكذا فى اسناد الخشية ولما كان الاعتراض ههنا جدا حيث كان بلفظ لا تصلب فيه فناسب ان يلين فى جوابه المقام ولا ينسب لنفسه استقلالا او مشاركة شيئا من الافعال آه قوله خيرا او اقرب لا يراد التفضيل انما يراد المبالغة لان المقتول لم تكن فيه زكوة ورحمة اصلا قوله فى المدينة سماها قرية فى ما قبل ومدينة ههنا لان ماله من الاباء والمستهجن يناسب شان القرية التى يكون اهلها فى الغالب اهل جفوة وقساوة وما ههنا من كون اليتيمين ولدى صالح يناسب شان المدينة التى اهلها فى الاكثر ذو داب ورشد ۱۲ قوله فاتبع سببا الفاء فصيحة اى فاراد المسير الى المغرب فاتبع وقد اشرت اليه فى الترجمة ۱۲ قوله فله جزاء الحسنىٰ قدم ههنا جزا الآخرة على ثمرته فى الدنيا وفيما قبل عكس اشارة الى ان الاهم الاقدم فى نظر المؤمن هو الآخرة واما الكافر فادل ما يقع نظره على الدنيا فاخبر معجلا من خسارته فيها التى ليشاهدها ۱۲۔

ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٩﴾ حَتَّىٰٓ إِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ ٱلشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلَىٰ قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَل لَّهُم مِّن دُونِهَا سِتْرًا ﴿٩٠﴾
كَذَٰلِكَ ۖ وَقَدْ أَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿٩١﴾ ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾ حَتَّىٰٓ إِذَا بَلَغَ بَيْنَ ٱلسَّدَّيْنِ وَجَدَ مِن دُونِهِمَا
قَوْمًا لَّا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ قَوْلًا ﴿٩٣﴾ قَالُوا۟ يَٰذَا ٱلْقَرْنَيْنِ إِنَّ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مُفْسِدُونَ فِى ٱلْأَرْضِ فَهَلْ
نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلَىٰٓ أَن تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿٩٤﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّى فِيهِ رَبِّى خَيْرٌ فَأَعِينُونِى بِقُوَّةٍ أَجْعَلْ بَيْنَكُمْ
وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿٩٥﴾ ءَاتُونِى زُبَرَ ٱلْحَدِيدِ ۖ حَتَّىٰٓ إِذَا سَاوَىٰ بَيْنَ ٱلصَّدَفَيْنِ قَالَ ٱنفُخُوا۟ ۖ حَتَّىٰٓ إِذَا جَعَلَهُۥ نَارًا قَالَ ءَاتُونِىٓ
أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿٩٦﴾ فَمَا ٱسْطَٰعُوٓا۟ أَن يَظْهَرُوهُ وَمَا ٱسْتَطَٰعُوا۟ لَهُۥ نَقْبًا ﴿٩٧﴾ قَالَ هَٰذَا رَحْمَةٌ مِّن رَّبِّى ۖ فَإِذَا
جَآءَ وَعْدُ رَبِّى جَعَلَهُۥ دَكَّآءَ ۖ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّى حَقًّا ﴿٩٨﴾

www.besturdubooks.net

پھر ایک (دوسری) راہ پر ہو لئے یہاں تک کہ جب (مسافت طے کر کے) طلوع آفتاب کے موقع پر پہنچے تو آفتاب کو ایک ایسی قوم پر طلوع ہوتے دیکھا جن کے لئے ہم نے آفتاب کے اوپر کوئی آڑ نہیں رکھی یہ قصہ اسی طرح ہے اور ذوالقرنین کے پاس جو کچھ (سامان وغیرہ) تھا ہم کو اس کی پوری خبر ہے۔ پھر (مشرق مغرب فتح کر کے) اور راہ پر ہو لئے یہاں تک کہ جب دو پہاڑوں کے درمیان میں پہنچے تو ان پہاڑوں سے اس طرف ایک قوم کو دیکھا جو کوئی بات سمجھنے کے قریب بھی نہیں پہنچتے انہوں نے (ذوالقرنین سے) عرض کیا کہ اے ذوالقرنین قوم یاجوج ماجوج (جو اس گھاٹی کے اس طرف رہتے ہیں ہماری) اس سرزمین میں (کبھی کبھی بڑا) فساد مچاتے ہیں سو کیا ہم لوگ آپ کے لئے کچھ چندہ جمع کریں اس شرط پر کہ آپ ہمارے اور ان کے درمیان کوئی روک بنا دیں (کہ وہ پھر نہ آنے پاویں) ذوالقرنین نے جواب دیا کہ جس مال میں میرے رب نے مجھ کو اختیار دیا ہے وہ بہت کچھ ہے سو (مال کی تو مجھے ضرورت نہیں البتہ ہاتھ پاؤں سے میری مدد کرو تو میں تمہارے لئے اور ان کے درمیان میں مضبوط دیوار بنا دوں (اچھا تو تم) لوگ میرے پاس لوہے کی چادریں لاؤ یہاں تک کہ جب (ردے ملاتے ملاتے) ان کے دونوں سروں کے بیچ (کے خلا) کو برابر کر دیا تو حکم دیا کہ دھونکو (دھونکنا شروع ہو گیا) یہاں تک کہ جب لال انگارا کر دیا تو (اس وقت) حکم دیا کہ اب میرے پاس پگھلا ہوا تانبا لاؤ (جو پہلے سے تیار کیا گیا ہے) کہ اس پر الٹ دوں۔ اپنے مشرقی سفر کو ختم کر کے پھر ذوالقرنین وہیں مشرق کی طرف ایک راہ چلے دیکھا کہ دو پہاڑ ہیں جو ملے ہوئے ہیں لیکن ان کے درمیان ایک گھاٹی ہے جہاں سے یاجوج ماجوج نکل کر ترکوں پر تباہی ڈالا کرتے ہیں انہیں قتل کرتے ہیں کھیت اور باغات تباہ کرتے جو پہلے سے تیار کرا لیا ہوگا کہ اس پر ڈال دو سو نہ تو ماجوج موجوج اس پر چڑھ سکتے ہیں اور (غایت استحکام کے باعث) نہ اس میں نقب دے سکتے ہیں ذوالقرنین نے کہا کہ یہ (تیاری دیوار کی) میرے رب کی ایک رحمت ہے پھر جس وقت میرے رب کا وعدہ آوے گا (یعنی اس کے فنا کا وقت آئے گا) تو اس کو ڈھا کر (زمین کے) برابر کر دے گا اور میرے رب کا ہر وعدہ برحق ہے۔

تفسیر: سفر دوم ☆ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا (الی قولہ تعالیٰ) كَذٰلِكَ ۭ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا پھر (ممالک مغربیہ فتح کر کے ممالک مشرقیہ فتح کرنے کے ارادہ سے مشرق کی طرف) ایک (دوسری) راہ پر ہو لئے یہاں تک کہ جب (مسافت قطع کر کے) طلوع آفتاب کے موقع پر (یعنی جہت مشرق میں منتہائے آبادی پر) پہنچے تو آفتاب کو ایک ایسی قوم پر طلوع ہوتے دیکھا (یعنی وہاں ایک ایسی قوم آباد تھی) جن کے لئے ہم نے آفتاب کے ادھر کوئی آڑ نہیں رکھی (ظاہراً یہ مطلب معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ مکان وغیرہ بنانا نہ جانتے تھے کہ آفتاب کی گرمی سے پناہ لے سکیں) یہ قصہ اسی طرح ہے اور ذوالقرنین کے پاس جو کچھ (سامان وغیرہ) تھا ہم کو اس کی پوری خبر ہے۔ **ف:** یہ تاکید و تحقیق ہے مضمون کی کہ ہم جو کچھ بیان کر رہے ہیں علم سے کہہ رہے ہیں اور ہمارا علم مطابق واقع کے ہے اور ذلك کا مشار الیہ صرف واقعہ سفر مشرق ہو یا پہلا واقعہ سفر مغرب بھی شاید اس سے زیادت تنبیہ ہو نبوت محمد یہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کہ دیکھو اخبار ماضیہ مندرسہ کو کس طرح ٹھیک ٹھیک بیان فرماتے ہیں جس سے معلوم ہوا کہ ہم بتلاتے ہیں۔

سفر سوم ☆ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا (الی قولہ تعالیٰ) وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا پھر (مغرب و مشرق فتح کر کے) ایک اور راہ پر ہو لئے (چونکہ آبادی شمالی حصہ میں زیادہ ہے اس لئے غالب گمان ہے کہ اس سے سمت شمال مراد ہو مفسرین نے یہی سمت لکھی ہے) یہاں تک کہ جب (مسافت قطع کر کے ایک ایسے مقام پر جو) پہاڑوں کے درمیان میں (تھا) پہنچے تو ان پہاڑوں سے اس طرف ایک قوم کو دیکھا جو (غایت اجنبیت لغت و قلت فہم کی وجہ سے) کوئی بات سمجھنے کے قریب بھی نہیں پہنچتے (یعنی غیر زبان ہونے کی وجہ سے تو بات نہیں سمجھتے اور وحشی اور قلیل الفہم ہونے کی وجہ سے سمجھ کے لگ بھگ بھی نہیں پہنچتے ورنہ عاقل آدمی رموز و قرائن سے کچھ قریب قریب سمجھ لیتا ہے مگر کسی مترجم کے ذریعہ سے) انہوں نے (ذوالقرنین سے) عرض کیا کہ اے ذوالقرنین قوم یاجوج و ماجوج (جو اس گھاٹی کے اس طرف رہتے ہیں ہماری) اس سرزمین میں (کبھی کبھی آ کر) بڑا فساد مچاتے ہیں (یعنی ہم پر مار دھاڑ کرتے ہیں اور ہم کو مقابلہ کی طاقت نہیں) سو کیا (آپ اجازت دیتے ہیں کہ) ہم لوگ آپ کے لئے کچھ چندہ جمع کر دیں اس شرط پر کہ آپ ہمارے اور ان کے درمیان میں کوئی روک بنا دیں وہ پھر آنے نہ پاویں) ذوالقرنین نے جواب دیا کہ جس مال میں میرے رب نے مجھ کو (تصرف کرنے کا) اختیار دیا ہے وہ بہت کچھ ہے سو (مال کی تو مجھ کو ضرورت نہیں البتہ) ہاتھ پاؤں سے میری مدد کرو (تو) میں تمہارے اور ان کے درمیان میں خوب مضبوط دیوار بنا دوں۔ (اچھا تو) تم لوگ میرے پاس لوہے کی چادریں لاؤ (دام سرکار سے ملیں گے اور ضرورت کی اور بھی چیزیں منگوائی ہوں گی مگر رکن اعظم اور اس وحشی ملک میں کم یاب چیز بھی تھی اسلئے ذکر میں اس کی تخصیص کی گئی چنانچہ سب سامان جمع کیا گیا اور دونوں پہاڑوں کے درمیان بنیاد کھود کر اس کو پتھروں وغیرہ سے بھروا کر اوپر سے یہی لوہے چٹانوں کے ردے رکھنے شروع کئے) یہاں تک کہ جب (ردے ملاتے ملاتے) ان (دونوں) پہاڑوں کے دونوں سروں کے بیچ (کے خلا) کو (پہاڑوں کے) برابر کر دیا تو حکم دیا کہ دھوں کو (دھونکنا شروع ہو گیا) یہاں تک کہ جب (دھونکتے دھونکتے) اس کو لال انگارا کر دیا تو (اس وقت) حکم دیا کہ اب میرے پاس پگھلا ہوا تانبا لاؤ (جو پہلے تیار کرا لیا ہوگا) کہ اس پر ڈالوا دوں) چنانچہ تانبا لایا گیا (اور آلات کے ذریعہ سے اوپر چھوڑ دیا گیا کہ تمام درزوں میں گھس کر سب چادریں ایک ذات ہو کر ایک ڈال کی دیوار آہنی بن گئی طول و عرض خدا کو معلوم) سو (اس کے غایت ارتفاع و ملاست کے سبب) نہ تو یاجوج ماجوج اس پر چڑھ سکتے اور (غایت استحکام کے سبب) نہ اس

www.besturdubooks.net

میں نقب دے سکتے تھے (اور دیوار بنانے کے وقت وہ لوگ اس موقع سے بہت دور تھے کیونکہ اس طرف وسیع زمین ہے) ذوالقرنین نے (جب اس دیوار کو تیار دیکھا جس کا تیار ہونا معمولی کام نہ تھا تو بطور شکر کے) کہا کہ یہ (تیاری دیوار کی) میرے رب کی ایک رحمت ہے (مجھ پر بھی کہ میرے ہاتھ سے ایسا کام لیا اور اس دیوار سے باہر بسنے والوں کے لئے بھی کہ یاجوج ماجوج کے شر سے محفوظ ہو گئے) پھر جس وقت میرے رب کا وعدہ آوے گا (یعنی اس کے فنا کا وقت آوے گا تو اس کو ڈھا کر (زمین کے) برابر کر دے گا اور میرے رب کا ہر وعدہ برحق ہے (اور اپنے وقت پر ضرور واقع ہوتا ہے) ف: یا تو یہ مضمون حضرت ذوالقرنین نے اس مجمل بناء پر فرما دیا کہ ہر شے فانی ہے اور یا ممکن ہے کہ ان کو وحی سے اگر وہ نبی ہوں یا الہام یا کسی نبی کے اخبار سے مفصل وقت اس کے انہدام کا کہ قرب قیامت سے معلوم ہو گیا ہو جیسا کہ حدیثوں میں مصرح و مشرح ہے اور یہ بات حضرت ذوالقرنین نے شاید اس لئے فرمادی ہو کہ آدمی کسی حال میں حق تعالیٰ سے غافل اور کسی سامان پر مغرور نہ ہو بلکہ نعمت پر شکر کرے اور فنا کو پیش نظر رکھے اور جاننا چاہئے کہ مصنفین و مؤلفین نے اس سد یاجوج وماجوج کی تعیین کے متعلق اپنے اپنے مقالات و خیالات جمع کئے ہیں اور اس کے مصداق میں اپنی اپنی کہی ہے لیکن قرآن و حدیث میں جو اس کے چند اوصاف معلوم ہوتے ہیں ایک یہ کہ اس کا بانی کوئی بندہ مقبول ہے دوسرے یہ کہ وہ جلیل القدر بادشاہ ہے تیسرے یہ کہ وہ دیوار آہنی ہے چوتھے یہ کہ اس کے دونوں سرے پہاڑوں سے ملے ہوئے ہیں۔ پانچویں یہ کہ اس دیوار کے اس طرف یاجوج ماجوج ہیں وہ ابھی باہر نہیں نکل سکے چھٹے یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں اس میں تھوڑا سا سوراخ ہو گیا ہے ساتویں یہ کہ وہ لوگ ہر روز اس کو چھیلتے ہیں اور پھر وہ باذنہ تعالیٰ ویسی ہی دبیز ہو جاتی ہے اور قرب قیامت میں جب چھیل چکیں گے تو کہیں گے کہ ان شاء اللہ تعالیٰ کل بالکل آر پار کر دیں گے چنانچہ اس روز پھر وہ دبیز نہ ہوگی اور اگلے روز اس کو توڑ کر نکل پڑیں گے۔ آٹھویں یہ کہ یاجوج ماجوج کی قوت باوجود آدمی ہونے کے آدمیوں سے بہت زیادہ بڑھی ہوئی ہے اور عدد میں بہت زیادہ ہیں نویں یہ کہ وہ عیسیٰ علیہ السلام کے وقت نکلیں گے اور اس وقت عیسیٰ علیہ السلام بوحی الٰہی خاص خاص لوگوں کو لے کر کوہ طور پر چلے جاویں گے باقی لوگ اپنے اپنے طور پر قلعہ بند اور محفوظ مکانوں میں بند ہو جاویں گے۔ دسویں یہ کہ وہ دفعۃً غیر معمولی موت سے مر جاویں گے اول کے پانچ اوصاف قرآن سے اور اخیر کے پانچ اوصاف احادیث صحیحہ سے معلوم ہوتے ہیں پس جو شخص ان سب اوصاف کو پیش نظر رکھے گا اس کو معلوم ہوگا کہ جتنی دیواروں کا لوگوں نے رائے سے پتہ دیا ہے یہ مجموعہ اوصاف ایک میں بھی پایا نہیں جاتا پس وہ خیالات صحیح نہیں معلوم ہوتے اور حدیثوں کا انکار یا نصوص کی تاویلات بعیدہ خود دین کے خلاف ہے۔ رہا یہ شبہ مخالفین کا کہ ہم نے تمام زمین کو چھان ڈالا مگر کہیں اس کا پتہ نہیں ملا اور اسی شبہ کے جواب کے لئے ہمارے مؤلفین نے پتہ بتلانے کی کوشش کی ہے لیکن اس کا صحیح جواب وہ ہے جس کو صاحب روح المعانی نے اختیار کیا ہے حاصل ترجمہ اس کا یہ ہے کہ ہم کو اس کا موقع معلوم نہیں اور ممکن ہے کہ ہمارے اور اس کے درمیان میں بڑے بڑے سمندر حائل ہوں اور یہ دعویٰ کرنا کہ ہم تمام خشکی و تری کو محیط ہو چکے ہیں واجب التسلیم نہیں اور عقلاً یہ جائز ہے کہ امریکہ کی طرح سمندر کے درمیان کوئی حصہ زمین کا ایسا ہو جہاں اب تک رسائی نہ ہوئی ہو اور عدم وجدان سے عدم وجود لازم نہیں آتا اور جب مخبر صادق نے جس کا صدق دلائل قطعیہ سے ثابت ہے اس دیوار کی مع اس کے اوصاف کے خبر دی ہے تو ہم پر واجب ہے کہ تصدیق کریں جس طرح اور امور ممکنہ کی خبر دی ہے اور تصدیق ضروری ہے اور ایسے مشککین کے کلام فضول کی طرف التفات کرنے کا منشاء محض ضعف دین اور قلت یقین ہے اھ اور قرآن میں سفر جنوب کا ذکر نہ ہونا شاید اس وجہ سے ہو کہ اس سفر کا اتفاق نہ ہوا ہو یا کسی وجہ سے ذکر نہ کیا ہو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ الخ اس سے معلوم ہوا کہ مال کا حاصل ہونا حتیٰ کہ خزائن تک اور جاہ کا حاصل حتیٰ کہ سلطنت تک کمال کے منافی نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله وذلك يہ قصہ اسی طرح اشارة الى تقدير المبتدأ اى الامر كذلك الذى ذكرنا۱۲۔ ۲ قوله فى اتونى زبر الحديد دام سرکارزادہ لئلا ينافى قوله ما مكنى فيه ابى خير ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فى قراءة لا يفقهون عن الافعال اى لتلعثم كان فى لسانهم ونقص فيهم لا لنقص فى ذى القرنين واهله ۱۲۔

اللغات: قوله السدين الجبلين كما فى الروح عن القاموس سمى به لانه يسد القضاء قوله ياجوج وماجوج اسمان اعجميان ۱۲ قوله خرجا جعلا من الاموال ۱۲ قوله مكنى بالادغام اصله مكننى ۱۲ قوله ردما حاجزا حصينا وهو اكبر من السدد او ثق كما فى الروح و عليه يكون قد وعلهم بالاسعاف بمرامهم فوق ما يرجوه وهو اللائق بشان الملوك قوله زبر جمع زبرة كغرف فى غرفة وهى القطعة العظيمة واصل الزبر الاجتماع ۱۲ قوله ساوى اما متعدد المعنى جعل ما بين جانبى الجبلين من البنيان مساويا لهما فى العلوفين مفعول ساوى وفاعله ضمير ذى القرنين واما لازم والفاعل ضمير السدى حتى اذا ساوى السد الفضا الذى بين الصدفين ۱۲ قوله الصدفين جانب الجبل واصله على ما قيل الميل ولا يقال للمنفرد صدف حتى يصادف الآخر ۱۲ قوله القطر النحاس المذاب وهو قول الاكثرين ۱۲ قوله

www.besturdubooks.net

اسطاعوا بحذف التاء تخفيفاً قوله دكاء ارضا مستوية ۱۲۔

وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿٩٩﴾ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ﴿١٠٠﴾
الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿١٠١﴾ اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ
يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ؕ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿١٠٢﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ
اَعْمَالًا ﴿١٠٣﴾ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿١٠٤﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿١٠٥﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا
كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿١٠٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ
كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿١٠٩﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ
رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿١١٠﴾

اور ہم اس روز ان کی یہ حالت کریں گے کہ ایک میں ایک گڈمڈ ہو جاویں گے اور صور پھونکا جائے گا پھر ہم سب کو ایک ایک کر کے جمع کر لیں گے اور دوزخ کو اس روز کافروں کے سامنے پیش کر دیں گے جن کی آنکھوں پر (دنیا میں) ہماری یاد سے (یعنی دین حق کے دیکھنے سمجھنے سے) پردہ پڑا ہوا تھا اور سن بھی نہ سکتے تھے سو کیا پھر بھی ان کافروں کا خیال ہے کہ مجھ کو چھوڑ کر میرے بندوں کو اپنا کارساز (معبود و حاجت روا) قرار دیں ہم نے تو کافروں کی دعوت کے دوزخ تیار کر رکھا ہے۔ آپ (ان سے) کہئے کہ کیا ہم تم کو ایسے لوگ بتائیں جو اعمال کے اعتبار سے بالکل خسارہ میں ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کی دنیا میں کرائی محنت سب گئی گذری ہوئی اور وہ (بوجہ جہل کے) اسی خیال میں ہیں کہ وہ اچھا کام کر رہے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو رب کی آیتوں کا (یعنی کتاب الہیہ کا) اور اس کے ملنے کا (یعنی قیامت کا انکار کر رہے ہیں) سو اس لئے ان کے سارے کام غارت ہو گئے تو قیامت کے روز ان (کے نیک اعمال) کا ذرا بھی وزن قائم نہ کریں گے بلکہ ان کی سزا وہی ہوگی یعنی دوزخ اس سبب سے کہ انہوں نے کفر کیا تھا اور (یہ کہ) میری آیتوں اور پیغمبروں کا مذاق بنایا تھا۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کی مہمانی کے لئے فردوس (یعنی بہشت) کے باغ ہوں گے جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے (نہ ان کو کوئی نکالے گا اور) نہ وہاں سے کہیں اور جانا چاہیں گے آپ کہہ دیجئے کہ اگر میرے رب کی باتیں لکھنے کے لئے سمندر روشنائی ہو تو میرے رب کی باتیں ختم ہونے سے پہلے سمندر ختم ہو جائے (اور باتیں احاطہ میں نہ آویں) اگرچہ اس سمندر کی مثل دوسرا سمندر اس کی مدد کے لئے ہم لے آویں (اور) آپ (یوں بھی) کہہ دیجئے کہ میں تو تم ہی جیسا بشر ہوں میرے پاس بس یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (برحق) ایک ہی معبود ہے سو جو شخص اپنے رب سے ملنے کی آرزو رکھے تو نیک کام کرتا رہے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔

تفسیر ربط: اوپر آخر قصہ میں ذوالقرنین کا قول جو مشعر اس دیوار کے فناء کا اور مشیر خروج یاجوج ماجوج کی طرف ہے حکایت کیا گیا ہے آگے حق تعالیٰ اپنی طرف سے خروج مذکور کے وقت کی خاص حالت اور عموماً دنیا کا فنا ہو کر پھر ثانیاً پیدا ہونا اور اس کے بعد جزا و سزا کا معاملہ اور جو امور و اعمال جزا و سزا کے اسباب ہیں اجمالاً ان کا بیان فرماتے ہیں۔ غرض فنائے خاص کی مناسبت سے فنائے عام اور اس کی مناسبت سے بقائے ثانی اور اس کی مناسبت سے جزا سزا اور اس کی مناسبت سے موجبات جزا و سزا کا ذکر کیا گیا ہے۔

بیان فناء و بقاء و جزاء یوم لقاء☆ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ (الی قولہ تعالی) لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾ اور ہم نے اس روز (یعنی جب اس دیوار کے انہدام کا وقت موعود آوے گا اور یاجوج ماجوج کا خروج ہوگا تو اس روز ہم ان کی یہ حالت کریں گے کہ ایک میں گڈمڈ ہو جاویں گے (بوجہ اس کے کہ کثرت سے ہوں گے اور ایک دم سے نکل پڑیں گے) اور (یہ قیامت کے قریب زمانہ میں ہوگا پھر بعد چندے قیامت کا سامان شروع ہوگا حتیٰ کہ ایک بار اول صور پھونکا جاوے گا جس سے تمام عالم فنا ہو جاوے گا پھر) صور دوبارہ پھونکا جاوے گا (جس سے سب زندہ ہو جاویں گے) پھر ہم سب کو ایک ایک کر کے

www.besturdubooks.net

(میدانِ محشر میں) جمع کر لیں گے اور دوزخ کو اس روز کافروں کے سامنے پیش کریں گے جن کی آنکھوں پر (دنیا میں) ہماری یاد سے (یعنی دین حق) کے دیکھنے سمجھنے سے) پردہ پڑا ہوا تھا اور (جس طرح حق کو دیکھتے نہ تھے اسی طرح اُس کو) وہ سن بھی نہ سکتے تھے (یعنی امرحق کا ذرا ادراک کرنا نہ چاہتے تھے سو) جب یہ بات ثابت ہے کہ کفر پر ایسی وعید شدید کا استحقاق ہے تو) یا پھر بھی ان کافروں کا خیال ہے کہ مجھ کو چھوڑ کر میرے بندوں کو یعنی جو میرے مملوک و محکوم ہیں اختیاراً یا اضطراراً ان کو) اپنا کارساز (یعنی جو معبود و حاجت روا) قرار دیں (جو کہ شرک اور کفر محض ہے یعنی کفر کا موجب عذاب ہونا دریافت کر کے بھی کفر کرتے ہیں خیرہ وہ جانیں) ہم نے (تو) کافروں کی دعوت کے لئے دوزخ کو تیار کر رکھا ہے) دعوت بطور تہکم کے فرمایا اور اگر ان کو اپنے اعمال پر ناز ہو جن کو وہ بزعم خود اعمال حسنہ سمجھتے ہیں اور اس سبب سے اپنے کو عذاب کفر سے محفوظ اور ناجی سمجھتے ہوں تو اس باب میں) آپ (ان سے) کہئے کہ کیا ہم تم کو ایسے لوگ بتائیں جو اعمال کے اعتبار سے بالکل خسارہ میں ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کی دنیا میں کری کرائی محنت (جو اعمال حسنہ میں کی تھی آخرت میں) سب گئی گزری اور وہ (بوجہ جہل کے) اسی خیال میں ہیں کہ وہ اچھا کام کر رہے ہیں (آگے ان کا مصداق ایسے عنوان سے بتلاتے ہیں جس سے ان کی محنت ضائع ہونے کی وجہ معلوم ہوتی ہے اور پھر اس حبط اعمال کی تصریح بھی بطور تفریع کے فرماتے ہیں یعنی) یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے رب کی آیتوں کا (یعنی کتب الٰہیہ کا) اور اس سے ملنے کا (یعنی قیامت کا) انکار کر رہے ہیں سو (اس لئے) ان کے سارے (نیک) کام غارت گئے تو قیامت کے روز ہم ان (کے نیک اعمال) کا ذرا بھی وزن قائم نہ کریں گے (بلکہ) ان کی سزا وہی ہوگی جو اوپر مذکور ہوئی یعنی دوزخ اس سبب سے کہ انہوں نے کفر کیا تھا (جیسا اوپر بھی معلوم ہوا کہ کفر کا ثمرہ دوزخ ہے) اور (اسی کفر کا ایک شعبہ یہ بھی تھا کہ) میری آیتوں اور پیغمبروں کا مذاق بنایا تھا (آگے ان کے مقابلہ میں اہل ایمان کا حال فرماتے ہیں کہ) بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کی مہمانی کے لئے فردوس (یعنی بہشت) کے باغ ہوں گے جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے (نہ ان کو کوئی نکالے گا) اور نہ وہاں سے کہیں اور جانا چاہیں گے۔

ربط: اوپر آیت أَفَحَسِبَ الخ میں توحید کے انکار پر اور آیت : وَاتَّخَذُوٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ الخ میں رسالت کے انکار پر استحقاق عذاب اور اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الخ میں ان کی تصدیق واطاعت پر وعدہ ثواب مذکور تھا آگے بھی قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ الخ میں توحید کا اور قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ الخ میں رسالت کا بھی اثبات اور فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا الخ میں مؤمن کا ثواب منطوقاً اور منکر کا عذاب مفہوماً مذکور ہے اور اسی پر سورت ختم ہے اور بعینہ یہی مضمون افتتاح سورت میں بھی تھا چنانچہ ملاحظہ آیات سے واضح ہو سکتا ہے۔

توحید و رسالت مع جزائے تصدیق و تکذیب ☆ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ (الی قولہ تعالی) وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝ آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ اگر میرے رب کی باتیں (یعنی وہ کلمات وعبارات جو اوصاف و کمالات الٰہیہ پر دال ہوں اور ان سے ان کی تعبیر کی جاوے پس ایسے کلمات) لکھنے کے لئے سمندر (کا پانی) روشنائی (کی جگہ) ہو (اور اس سے لکھنا شروع کریں) تو میرے رب کی باتیں ختم ہونے سے پہلے سمندر ختم ہو جاوے (اور باتیں احاطہ میں نہ آویں) اگرچہ اس سمندر کے مثل ایک دوسرا سمندر (اس کی) مدد کے لئے ہم لے آویں (تب بھی وہ باتیں ختم نہ ہوں اور دوسرا سمندر بھی ختم ہو جاوے پس اس کے کمالات تو غیر متناہی ہیں اور کوئی معبود تراشیدہ ایسا ہے نہیں پس الوہیت و ربوبیت اسی کے ساتھ مختص ہوئی (اور) آپ (یوں بھی) کہہ دیجئے کہ (تم جو میرے ساتھ انکار سے پیش آتے ہو تو میں امر ممتنع یا مستبعد کا تو مدعی نہیں ہوں بلکہ) میں تو تم ہی جیسا بشر ہوں (اس کا اقرار کرتا ہوں ملکیت وغیرہ کا مدعی نہیں کہ موجب توحش ہو اور) میرے پاس بس یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (برحق) ایک ہی معبود ہے (تو نہ وحی کا آنا کچھ عجیب اور نہ وہ مضمون کچھ وحشت ناک جو وحی کیا جاتا ہے بلکہ توحید خود دلائل عقلیہ سے بھی ثابت ہے) سو (جب توحید و رسالت ثابت ہوگئی تو) جو شخص اپنے رب سے ملنے کی آرزو رکھے (اور ان کا محبوب و مقرب بننا چاہے) تو (مجھ کو رسول مان کر میری شریعت کے موافق) نیک کام کرتا رہے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے (یعنی توحید و رسالت کا اعتقاد رکھے کہ نفس نجات کا موقوف علیہ دائمی ہے اور نیک عمل کرے کہ کمال نجات کا موقوف علیہ اکثری ہے اور شرک کے عموم میں شرک خفی یعنی ریا کا دخول بھی حدیث سے معلوم ہوا پس اس جزو کے اعتبار سے عملا صالحا کے بعد یہ تخصیص بعد تعمیم ہو جاوے گی) **ف**: چونکہ کمالات الٰہیہ میں کمال علمی بھی ہے تو اس سے علوم الٰہیہ کا غیر متناہی ہونا بھی معلوم ہوا پس اس طرح یہ جواب ہوگیا یہود کے اس قول کا بھی کہ ہمارا علم تو کثیر ہے جس کو انہوں نے آیت متضمن جواب روح میں جملہ سن کر کہا تھا : وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا [الاسراء: ۸۵] **کذا فی اللباب واللہ اعلم بالصواب۔** حاصل جواب یہ ہوا کہ علوم الٰہیہ کے مقابلہ میں سب قلیل ہے۔

لطیفہ: آیت قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ الخ کی تفسیر لکھنے کے وقت مجھ کو اپنے ایک بزرگ یعنی جناب ماموں شوکت علی صاحب مرحوم و مغفور کا ایک مخمس جو بمنزلہ ترجمہ اس آیت کے ہے یاد آیا دلچسپی کے لئے اس کو نقل کرتا ہوں اگر جملہ دریا شود روشنائی ☆ کند کلک اشجار مدحت سرائی ☆ محال از ثنائے تو عہدہ برآئی ☆

www.besturdubooks.net

ازل تا ابدا ئے تو فرماں روائی ☆ کرا جز تو در ملک تو بادشاہی خدائے تعالیٰ ان کی مغفرت اور ان پر رحمت فرماوے واقعی بہت خوب لکھا ہے فقط۔

وللہ الحمد حمدا سابقا علی مزید ○ والیوم یوم عید ○ وبختی[۱] بخت سعید ○ حیث وفقنی اللہ الغنی الحمید ○ لا تمام النصف الاکثر من تفسیر القرآن المجید ○ یوم الاربعاء الخامس عشر من رجب ۱۳۲۴ھ ہجرۃ خیر العبید ○ صلی اللہ علیہ وسلم ابدا البید ○ وارجو اللہ تعالیٰ ان یاتی علی عید آخر جدید ○ ویقرب الی البعید ○ یوم اقول بملأ فی وقد کمل التفسیر بالتطریب والتغرید ○ الا ایہا الاحباب عید علی عید ○ انہ یفعل ما یشاء ویحکم ما یرید ○

الحَوَاشی: (۱) فی القاموس البخت الجد معرب ۱۲ منہ۔

مُلحَقَاتُ التَّرجَمَۃ: ۱ قولہ فی جمعنا ایک ایک استفید من التاکید بجمعا فافہم ۱۲۔ ۲ قولہ فی عبادی اختیاراً یا اضطراراً اشارۃ الی تعمیم العباد المقبولین وغیر المقبولین والاصنام فالاضافۃ لیس للتشریف بل لاظہار اختصاص المالکیۃ والمملوکیۃ ۱۲۔ ۳ قولہ فی الاخسرین بالکل استفید من صیغۃ التفضیل ۱۲۔ ۴ قولہ فی جنّٰت الفردوس بہشت کے باغ اشارۃ الی ان المراد بالفردوس المعنی الشرعی لکن لا بمعنی درجۃ الخاصۃ العلیا والا یلزم الاشکال من دخول بعضہم الفردوس وبعضہم ماحولہا من الجنات الاُخر بل بمعنی مطلق الجنۃ وان المراد بالجنات معناہا اللغوی فصح المعنی واستقام ۱۲۔ ۵ قولہ فی لکلمٰت لکھنے اشارۃ الی تقدیر الکتابۃ وکون المقدر کالمذکور ۱۲۔

اللُّغَات: قولہ نزلا ہو ما اعد للضیف وقت النزول ۱۲ فردوس البستان باللغۃ الرومیۃ العربۃ ۱۲ قولہ حولا مصدر بمعنی تحولا ۱۲ المداد ہو فی الاصل اسم لکل ما یمد بہ الشیٔ واختص فی العرف لما تمد بہ الدواۃ من الحبر والمدد العون والزیادۃ ۱۲۔

النَّحو: قولہ من دونی حال مقدم من اولیاء وہو مفعول ثان وفی الاعراب ان یتخذوا سد مسد المفعولین ۱۲ قولہ ذلک مبتدأ وجزاء ہم خبرہ وجہنم خبر مبتدأ محذوف ای ہو جہنم وعلیہ ترجمت ۱۲۔

البَلاغَۃ: قولہ عرضا تخصیص العرض بالکافرین لان العرض الخاص الفظیع الدال علیہ التاکید بعرضا مختص بالکافرین۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ مَرْيَمَ

سُوْرَةُ مَرْيَمَ ۱۹ مَكِّيَّةٌ ۴۴ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۹۸ | رُكُوْعَاتُهَا ۶

سورۂ مریم مکہ میں نازل ہوئی | شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں | اس میں ۹۸ آیات اور ۶ رکوع ہیں

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝۱ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝۲ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝۳ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ
وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝۴ وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ
عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝۵ يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝۶ يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا
نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ۨ اسْمُهٗ يَحْيٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝۷ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ
امْرَاَتِيْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ۝۸ قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ
مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْئًا ۝۹ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ۝۱۰
فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝۱۱ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ
بِقُوَّةٍ ۭ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ۝۱۲ وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ۭ وَكَانَ تَقِيًّا ۝۱۳ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَيْهِ
وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ۝۱۴ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ۝۱۵ ع

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝۱ یہ تذکرہ ہے آپ کے پروردگار کے مہربانی فرمانے کا اپنے بندہ زکریا پر جب کہ انہوں نے اپنے پروردگار کو پوشیدہ طور پر پکارا (جس میں یہ) عرض کیا کہ اے میرے پروردگار میری ہڈیاں (بوجہ پیری کے) کمزور ہوگئیں اور سر میں بالوں کی سفیدی پھیل گئی اور (اس کے قبل کبھی میں) آپ سے مانگنے میں اے میرے رب ناکام نہیں رہا ہوں اور میں اپنے بعد (اپنے) رشتہ داروں (کی طرف) سے اندیشہ رکھتا ہوں اور میری بی بی بانجھ ہے سو (اس صورت میں) آپ مجھ کو خاص اپنے پاس سے ایک ایسا وارث (یعنی بیٹا) دے دیجئے کہ وہ میرے علوم خاصہ میں میرا وارث بنے اور (میرے جد) یعقوب کے خاندان کا وارث بنے اور اس کو اے میرے رب (اپنا) پسندیدہ بنائیے۔ اے زکریا ہم تم کو ایک فرزند کی خوشخبری دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہوگا کہ اس کے قبل ہم نے کسی کو اس کا ہم صفت نہ بنایا ہوگا۔ زکریا نے عرض کیا کہ اے میرے رب اولاد کس طور پر ہوگی حالانکہ میری بی بی بانجھ ہے اور (ادھر) میں بڑھاپے کے انتہائی درجہ کو پہنچ چکا ہوں ارشاد ہوا کہ حالت (موجودہ) یوں ہی رہے گی اور پھر اولاد ہوگی اے زکریا تمہارے رب کا قول ہے کہ یہ (امر) مجھ کو آسان ہے اور میں نے تم کو پیدا کیا حالانکہ تم (پیدائش سے قبل) کچھ بھی نہ تھے۔ جب زکریا نے عرض کیا کہ اے میرے رب میرے لئے کوئی علامت مقرر فرما دیجئے ارشاد ہوا کہ تمہاری (وہ) علامت یہ ہے کہ تم تین دن اور تین رات تک آدمیوں سے بات نہ کر سکو گے حالانکہ تندرست ہوگے پس حجرے میں سے برآمد ہوئے اور ان کو اشارے سے فرمایا کہ تم لوگ صبح اور شام خدا کی پاکی بیان کیا کرو۔ اے یحییٰ کتاب کو مضبوط پکڑ لو اور ہم نے ان کو (ان کے) لڑکپن ہی میں (دین کی) سمجھ اور خاص اپنے پاس سے رقت قلب اور پاکیزگی (اخلاق کی) عطا فرمائی تھی اور بڑے پرہیزگار اور اپنے والدین کے خدمت گذار تھے اور وہ

www.besturdubooks.net

(خلق کے ساتھ) سرکشی کرنے والے (یا حق تعالیٰ کی) نافرمانی کرنے والے نہ تھے اور ان کو اللہ تعالیٰ کا سلام پہنچے جس دن کہ وہ پیدا ہوئے اور جس دن وہ انتقال کریں گے اور جس دن (قیامت میں) زندہ ہو کر اٹھائے جاویں گے۔

تفسیر: بسم اللہ الرحمن الرحیم سورة مريم عليها السلام مكية الا اية السجدة وهي ثمان او تسع و تسعون اية كذا في البيضاوي۔

ربط: اس سورت کا خلاصہ تین مضمون ہیں۔ اول اثبات توحید چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تقریری اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تذکیر اور بعض آیات واقعہ اخیر اس پر دال ہیں دوم ثبات نبوت اس کی تقریر دو طرح ہے ایک بعض انبیاء علیہم السلام کے قصص بیان فرمانے سے اس طرف اشارہ کیا کہ نبوت کوئی امر عجیب وغریب نہیں آپ سے پہلے اور حضرات کو بھی یہ دولت عطا ہوئی ہے۔ دوسرے یہ کہ آپ نے باوجود یکہ خلق سے علوم کو اخذ نہیں فرمایا اخبار ماضیہ کو کس طرح صحیح صحیح بیان فرماتے ہیں جو دلیل ہے صاحب وحی و نبوت ہونے کی۔ سوم مباحث معاد جس میں جزاو سزا کے ذکر کے ساتھ بعض شبہات منکرین بعث کا بھی جواب ہے۔ گذشتہ سورت میں بھی بڑا حصہ ان ہی مضامین کا تھا۔ و نیز یہ مضامین باہم بھی متلاصق و متناسق ہیں اور سورت گزشتہ کے ختم پر اسی طرح بعض انبیائے سابقین کی نبوت کا مضمون ہے پس اس تقریر سے تمام ارتباطات مقصودہ واضح ولائح ہو گئے جاننا چاہئے کہ اس سورت میں انبیاء علیہم السلام کے کئی قصے مذکور ہیں۔

قصہ اول حضرت زکریا و حضرت یحییٰ علیہما السلام: كٓهٰيٰعٓصٓ (الى قوله تعالى) وَ يَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ (اس کے معنی تو اللہ ہی کو معلوم ہیں) یہ (جو آئندہ قصہ آتا ہے) تذکرہ ہے آپ کے پروردگار کے مہربانی فرمانے کا اپنے (مقبول) بندہ حضرت زکریا (علیہ السلام کے حال) پر جب کہ انہوں نے پروردگار کو پوشیدہ طور پر پکارا (جس میں یہ) عرض کیا کہ اے میرے پروردگار میری ہڈیاں (بوجہ پیری کے) کمزور ہو گئیں اور (میرے) سر میں بالوں کی سفیدی پھیل پڑی (یعنی تمام بال سفید ہو گئے اور اس حالت کا مقتضا یہ ہے کہ میں اس حالت میں اولاد کی درخواست نہ کروں مگر چونکہ آپ کی قدرت و رحمت بڑی کامل ہے) اور (میں اس قدرت و رحمت کے ظہور کا خوگر ہمیشہ سے رہا ہوں چنانچہ اس کے قبل بھی) آپ سے (کوئی چیز) مانگنے میں اے میرے رب ناکام نہیں رہا ہوں (اس بناء پر بعید سے بعید مقصود بھی طلب کرنا مضائقہ نہیں) اور (اس طلب کا مرجح یہ امر خاص ہو گیا ہے کہ) میں اپنے (مرنے کے) بعد (اپنے) رشتہ داروں (کی طرف) سے (یہ) اندیشہ رکھتا ہوں (کہ میری مرضی موافق شریعت اور دین کی خدمت نہ بجالاویں گے (یہ امر مرجح ہے طلب اولاد کے لئے جس میں خاص خاص اوصاف پائے جاویں جن کو توقع خدمت (دین میں دخل ہو) اور (چونکہ میری پیرانہ سالی کے ساتھ) میری بی بی (بھی) بانجھ ہے (جس کے کبھی باوجود میری صحت مزاج کے اولاد ہی نہیں ہوئی اس لئے اسباب عادیہ اولاد ہونے کے بھی مفقود ہیں) سو (اس صورت میں) آپ مجھ کو خاص اپنے پاس سے (یعنی بلاتوسط اسباب عادیہ کے) ایک ایسا وارث (یعنی بیٹا) دے دیجئے کہ وہ (میرے علوم خاصہ میں) میرا وارث بنے اور (میرے جد) یعقوب (علیہ السلام) کے خاندان (کے علوم متوارثہ میں ان) کا وارث بنے (یعنی علوم سابقہ ولاحقہ اس کو حاصل ہو اور (بوجہ باعمل ہونے کے) اس کو اے میرے رب (اپنا) پسندیدہ (و مقبول) بنائیے (یعنی عالم بھی ہو اور عامل بھی ہو حق تعالیٰ بواسطہ ملائکہ کے ارشاد ہوا کہ) اے زکریا ہم تم کو ایک فرزند کی خوشخبری دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہو گا کہ اس کے قبل (خاص اوصاف میں) ہم نے کسی کو اس کا ہم صفت نہ بنایا ہو گا (یعنی جس علم و عمل کی تم دعا کرتے ہو وہ تو اس فرزند کو ضرور ہی عطا کریں گے اور مزید برآں کچھ اوصاف خاصہ بھی عنایت کئے جاویں گے مثلاً خشیت الٰہیہ سے خاص درجہ کی رقت قلب وغیرہ چونکہ اس اجابت دعا میں کوئی خاص کیفیت حصول ولد کی بتلائی نہ گئی تھی اس لئے اس کے استفسار کے لئے) زکریا (علیہ السلام) نے عرض کیا کہ اے میرے رب میرے اولاد کس طرح ہو گی حالانکہ میری بی بی بانجھ ہے اور (ادھر) میں بڑھاپے کے انتہائی درجہ کو پہنچ چکا ہوں (پس معلوم نہیں ہم جوان ہوں گے یا مجھ کو دوسرا نکاح کرنا ہو گا یا بحالت موجودہ اولاد ہو گی) ارشاد ہوا کہ حالت (موجودہ) یوں ہی رہے گی (اور پھر اولاد ہو گی اے زکریا) تمہارے رب کا قول ہے کہ یہ (امر) مجھ کو آسان ہے اور (یہ کیا اس سے بڑا کام کر چکا ہوں مثلاً) میں نے تم کو (ہی) پیدا کیا ہے حالانکہ (پیدائش کے قبل) تم کچھ بھی نہ تھے (اسی طرح خود اسباب عادیہ بھی کوئی چیز نہ تھا جب معدوم کو موجود کرنا آسان میں ہے تو ایک موجود سے دوسرا موجود کر دینا کیا مشکل ہے یہ سب ارشاد تقویت رجا کے لئے تھا نہ کہ دفع شبہ کے لئے کیونکہ زکریا علیہ السلام کو کوئی شبہ نہ تھا جب زکریا (علیہ السلام کو قوی امید ہو گئی تو انہوں) نے عرض کیا کہ اے میرے رب (وعدہ پر تو اطمینان ہو گیا اب اس وعدہ کے قرب وقوع یعنی حمل کی بھی) میرے لئے کوئی علامت مقرر فرما دیجئے (تاکہ زیادہ شکر کروں اور خود وقوع تو محسوسات ظاہرہ ہی میں سے ہے) ارشاد ہوا کہ تمہاری (وہ) علامت یہ ہے کہ تم تین رات (اور تین دن تک) آدمیوں سے بات (چیت) نہ کر سکو گے حالانکہ تندرست ہو گے (کوئی بیماری وغیرہ نہ ہو گی اور اسی وجہ سے ذکر اللہ کے ساتھ تکلم پر قدرت رہے گی چنانچہ باذن اللہ تعالیٰ زکریا علیہ السلام کی بی بی حاملہ ہوئیں اور حسب اخبار الٰہی زکریا علیہ السلام کی زبان بستہ ہو گئی) پس حجرے میں سے اپنی قوم کے پاس برآمد ہوئے اور ان کو اشارہ سے فرمایا (کیونکہ زبان سے تو بول نہ سکتے تھے) کہ تم لوگ صبح اور شام خدا کی پاکی بیان کیا کرو (یہ تسبیح اور امر بالتسبیح یا تو حسب معمول تھا ہمیشہ تذکیر از زبان سے کہتے تھے آج اشارہ سے کہا اور یا اس نعمت جدیدہ کے شکر میں خود بھی تسبیح کی کثرت فرمائی اور اوروں کو بھی اسی

www.besturdubooks.net

طور پر امر فرمایا غرض پھر یحییٰ علیہ السلام پیدا ہوئے اور سن شعور کو پہنچے تو ان کو حکم ہوا کہ) اے یحییٰ کتاب کو (یعنی توریت کو کہ اس وقت وہی کتاب شریعت تھی اور انجیل کا نزول بعد میں ہوا) مضبوط ہو کر لو (یعنی خاص کوشش کے ساتھ عمل کرو) اور ہم نے ان کو (ان کے) لڑکپن ہی میں (دین) کی سمجھ اور خاص اپنے پاس سے رقت (کی صفت) اور پاکیزگی (اخلاق کی) عطا فرمائی تھی (حکم میں علم کی طرف اور حنان اور زکوٰۃ میں اخلاق کی طرف اشارہ ہوگیا) اور (آگے اعمال ظاہری کی طرف اشارہ فرمایا کہ) وہ بڑے پرہیزگار اور اپنے والدین کے خدمت گزار تھے (اس میں حقوق اللہ وحقوق العباد دونوں کی طرف اشارہ ہوگیا) اور وہ (خلق کے ساتھ) سرکشی کرنے والے (یا حق تعالیٰ کی) نافرمانی کرنے والے نہ تھے اور (عند اللہ ایسے وجیہ اور مکرم تھے کہ ان کے حق میں منجانب اللہ یہ ارشاد ہوتا ہے کہ) ان کو (اللہ تعالیٰ کا) سلام پہنچے جس[۹] دن کہ وہ پیدا ہوئے اور جس دن وہ انتقال کریں گے اور جس دن (قیامت میں) زندہ ہو کر اُٹھائے جاویں گے۔ **ف**: دعاء خفی اس لئے کی گئی کہ وہ اقرب الی الاجابت ہے اور نادی سے اعلان کا شبہ نہ ہو کیونکہ نداء بمعنی دعاء عام ہے اور بجائے طلب ولد کے اصلاح موالی کی دعا نہ کرنا باوجودیکہ یہ بھی طریق حفاظت دین کا تھا شاید اس لئے ہو کہ جو ابتداء سے صالح ہو عوام پر اس کا اثر وعظ کا زیادہ ہوتا ہے اور من اٰل یعقوب بڑھانا دلیل نقلی ہے اس پر کہ وراثت مالیہ مراد نہیں ہے کیونکہ یقیناً موالی مذکور فی الآیات میں بہ نسبت یحییٰ علیہ السلام کے موروث منہم سے زیادہ قریب تھے پھر بعید کو کب میراث پہنچ سکتی ہے اور انبیاء علیہم السلام کی نظر سے مال ومتاع کا مہتم بالشان نہ ہونا دلیل عقلی ہے وراثت مالیہ کے مراد نہ ہونے پر۔ کیا وہ اس لئے اولاد مانگتے کہ میرا روپیہ پیسہ میرے اور رشتہ داروں کو نہ ملے اور اگر یہ کہا جاوے کہ ہاں یہ نہ ملنا اس لئے چاہتے تھے کہ وہ اوقارب اسکو معصیت میں صرف نہ کریں تو اس کا جواب یہ ہے کہ پھر مورث پر تو کوئی مواخذہ نہیں جو اس کے بچنے کی فکر ہو اور لفظ میراث کا میراث مالی کے ساتھ خاص نہ ہونا یا اس کا شی مکتسب کے ساتھ خاص ہونا دونوں کو یہ آیت رد کرتی ہے: ثُمَّ اَوۡرَثۡنَا الۡكِتٰبَ الَّذِيۡنَ اصۡطَفَيۡنَا مِنۡ عِبَادِنَا [فاطر: ۳۲] اور اس مسئلہ میں اہلسنت کے مذہب کی تائید خود کتب شیعہ میں موجود ہے چنانچہ روح المعانی میں یہ روایتیں منقول ہیں روی الکلینی فی الکافی عن ابی البختری عن ابی عبداللہ جعفر الصادق رضی اللہ عنہ انہ قال ان العلماء ورثۃ الانبیاء و ذٰلك ان الانبیاء لم یورثوا درھما ولا دینارا وانما ورثوا احادیث من احادیثھم فمن اخذ بشیٔ منھا فقد اخذ بحظ وافر۔ وایضًا روی الکلینی فی الکافی عن ابی عبداللہ قال ان سلیمان ورث داؤد وان محمدا صلی اللہ علیہ وسلم ورث سلیمان علیہ السلام۔ اور ظاہر ہے کہ یہ وراثت اخیرہ کسی طرح مالی ہو ہی نہیں سکتی اور آل عمران میں اس دعا کا باعث ظہور خوارق مریم علیہا السلام ہونا باعث مذکور فی ہذا المقام کے منافی نہیں اصل رغبت اس سے ہوئی ہو اور اظہار اس کے سبب ہوا ہو۔ اور اگر شبہ ہو کہ زکریا علیہ السلام کی دعا میں یرثنی سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ میرے بعد بھی رہے اور سورۂ انبیاء: فَاسۡتَجَبۡنَا لَهٗ [الأنبیاء: ۷٦] سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دعاء قبول ہوئی حالانکہ یحییٰ علیہ السلام پہلے قتل کئے گئے۔ جواب یہ ہے کہ یا تو یرثنی عام ہے بقائے ذات وبقائے آثار کو یا فَاسۡتَجَبۡنَا لَهٗ [الأنبیاء: ۷٦] سے بعض اجزاء کے اعتبار سے یا قصہ تقدیم قتل یحییٰ علیہ السلام کا ثابت نہیں اور اگر جواب اول پر شبہ ہو کہ بقاء آثار تو خود حضرت زکریا علیہ السلام کا بھی کافی تھا پس اس غرض سے تو ان کا دعاء کرنا بعید ہے بلکہ ظاہر یہ ہے کہ دعا سے مقصود یہ تھا کہ ان کے بعد کوئی جانشین مصلح قوم باقی رہے کہ زندگی کی حالت میں خود ہی کافی تھے اور بعد وفات ان کے آثار کا بقاء ظاہر ہے سو ممکن ہے کہ یہ جواب دیا جائے کہ چند مصلحین کی تعلیم اور اسی طرح ان کے آثار کثیرہ کا باقی رہنا بہ نسبت مصلح واحد اور آثار واحد کے زیادہ مؤثر فی الاصلاح اور دیرپا ہوتا ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: سورۃ مریم علیہا السلام قولہ تعالیٰ: اِذۡ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا۝ الخ اس میں ذکر خفی کا فی نفسہٖ افضل ہونا معلوم ہوتا ہے گو کسی عارض سے جہر کو ترجیح ہو جاوے ۱۲ قولہ تعالیٰ: قَالَ رَبِّ اِنِّىۡ وَهَنَ الخ اس میں الحاح فی الدعاء کی فضیلت معلوم ہوتی ہے قولہ تعالیٰ: وَاِنِّىۡ خِفۡتُ الۡمَوَالِىَ الخ اس میں دو مسئلے ہیں ایک یہ کہ اولاد کا طلب کرنا زہد کے منافی نہیں دوسرے یہ کہ کسی ایسی چیز کا مانگنا جو اسباب بعیدہ سے مسبب ہو ادب کے منافی نہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَاٰتَيۡنٰهُ الۡحُكۡمَ الخ اس میں اس قول کی اصل ہے جو اکثر لوگوں کی زبان پر جاری ہوتا ہے کہ فلاں شخص مادر زاد ولی ہے۔

الحواشی: (۱) للحدیث الذی رواہ ابن حبان فی صحیحہ مرفوعًا خیر الدعاء لخفی کما فی البحر الرائق ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی ذکر جو آئندہ اشارۃ الی کونہ خبر مبتدأ وھو اسم اشارۃ الی المعھود وانما صحت الاشارۃ الیہ مع عدم جریان ذکرہ لانہ باعتبار کونہ علی جناح الذکر صار فی حکم الحاضر المشاھد کما قیل فی قولھم ھذا ما اشتری فلان ۱۲۔ ۲ قولہ فی عبدہ مقبول افادہ الاضافۃ لتشریفیۃ ۱۲۔ ۳ قولہ فی قال جس میں اشارۃ الی کونہ تفسیر نادی ۱۲۔ ۴ قولہ فی ولیا یعنی بیٹا لقولہ فی آل عمران فدیۃ ۱۲۔ ۵ قولہ یا زکریا بواسطہ ملائکہ بدلیل قولہ تعالیٰ فی آل عمران فنادتہ الملائکۃ ۱۲۔ ۶ قولہ فی من الکبر بڑھاپے کے انتہائی اشارۃ الی کون من الکبر بیانا لعتیا کذا یفھم من الکشاف ۱۲۔ ۷ قولہ فی ثلث لیال اور تین دن لقولہ تعالیٰ فی آل عمران ثلثۃ ایام ۱۲۔ ۸ قولہ فی سلام اللہ تعالیٰ کا اشارۃ الی ان السلام للتحیۃ کذا فی الروح ۱۲۔ ۹ قولہ فی الکتب خاص حصہ الخ کذا فی الروح ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اللغات: عتيا فى القاموس عتا الشيخ عتيا كبر وفى البيضاوى حساوة وكحولا فى العظام اى صلابة وهو سة فى الروح اصله عتو وكقعود فاستقل توالى الضمتين والواوين فكسرت التاء فانقلبت الاولى ياء لسكونها وانكسار ما قبلها ثم انقلبت الثانية ايضا لاجتماع الواو والياء وسبق احدهما بالسكون وكسرت العين اتباعًا لما بعدها آه قوله سميا شبيها لان المتشابهين يتشار كان فى الاسم قوله اوحى اى اشار۔

النحو: قوله شيبا تمييز وحقيقة الكلام واشتعل اى فشا شيب الرأس قوله كذلك۲ اى الامر كذلك۲ قوله ايتك الاضافة لادنى ملابسة۲۔

البلاغة: قوله وهن العظم منى تخصيص العظم لانه اذا وهن فغيره اولى وافراده اشارة الى الجنس يشمل كل عظم قوله اشتعل الرأس شيبا اسناد الاشتعال الى الرأس الذى هو محل الشيب الذى هو فاعل لاشتعال فى الحقيقة مبالغة ومفيد للتفصيل بعد الاجمال۲ قوله رب انى يكون لم يخاطب الملائكة مع كونه بشر بواسطتهم اشارة الى غاية التجانه الى الله تعالىٰ۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ﴿۱۶﴾ فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۫ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿۱۷﴾ قَالَتْ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ﴿۱۸﴾ قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿۱۹﴾ قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا ﴿۲۰﴾ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ﴿۲۱﴾

اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اس کتاب میں مریم کا بھی ذکر کیجئے جب کہ وہ اپنے گھر والوں سے علیحدہ (ہوکر) ایک ایسے مکان میں جو مشرق کی جانب میں تھا (غسل کے لئے) گئیں پھر ان (گھر والے) لوگوں کے سامنے سے انہوں نے پردہ ڈال لیا (اس حالت میں) ہم نے ان کے پاس اپنے فرشتے جبرائیل کو بھیجا اور وہ ان کے سامنے ایک پورا آدمی بن کر ظاہر ہوا کہنے لگیں کہ میں تجھ سے (اپنے خدائے) رحمٰن کی پناہ مانگتی ہوں اگر تو (کچھ) خداترس ہے تو یہاں سے ہٹ جاوے گا فرشتہ نے کہا کہ میں تمہارے رب کا بھیجا ہوا (فرشتہ) ہوں تا کہ تم کو ایک پاکیزہ لڑکا دوں وہ (تعجبا) کہنے لگیں کہ بھلا میرے لڑکا کس طرح ہو جائے گا حالانکہ مجھ کو کسی بشر نے ہاتھ تک نہیں لگایا اور نہ میں بدکار ہوں فرشتہ نے کہا کہ یوں ہی (اولاد) ہو جاوے گی تمہارے رب نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہر بات مجھ کو آسان ہے اور اس طور پر اس لئے پیدا کریں گے تا کہ اس فرزند کو ہم لوگوں کے لئے نشانی (قدرت) بنادیں اور باعث رحمت بنادیں اور یہ ایک طے شدہ بات ہے (جو ضرور ہوگی)۔

تفسیر: قصۂ دوم حضرت عیسیٰ و مریم علیہما السلام ☆ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ (الی قولہ تعالیٰ) وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ﴿۲۱﴾ اور (اے محمد ﷺ) اس کتاب (یعنی قرآن کے اس خاص حصہ یعنی سورت) میں (حضرت) مریم (علیہا السلام) کا (قصہ) بھی ذکر کیجئے (کہ قصۂ مذکورہ سے خاص مناسبت رکھتا ہے اور وہ اس وقت واقع ہو) جبکہ وہ اپنے گھر والوں سے علیحدہ (ہوکر) ایک ایسے مکان میں جو مشرق کی جانب میں تھا (غسل کیلئے) گئیں پھر ان (گھر والے لوگوں کے سامنے) انہوں نے (درمیان میں) پردہ ڈال لیا (تا کہ آڑ میں غسل کر سکیں) پس (اس حالت میں) ہم نے ان کے پاس اپنے فرشتہ (جبرئیل علیہ السلام) کو بھیجا اور وہ (فرشتہ) ان کے سامنے (ہاتھ پاؤں اور حسن جمال سے) ایک پورا آدمی بن کر ظاہر ہوا (چونکہ حضرت مریم اس کو بشر سمجھیں اس لئے گھبرا کر) کہنے لگیں کہ میں تجھ سے (اپنے خدائے) رحمان کی پناہ مانگتی ہوں اگر تو (کچھ) خداترس ہے (تو یہاں سے ہٹ جاوے گا) فرشتے نے کہا کہ (میں بشر نہیں ہوں کہ تم مجھ سے ڈرتی ہو بلکہ) میں تو تمہارے رب کا بھیجا ہوا (فرشتہ) ہوں (اس لئے آیا ہوں) تا کہ تم کو ایک پاکیزہ لڑکا دوں (یعنی تمہارے منہ میں یا گریبان میں دم کردوں کہ اس کے اثر سے باذن اللہ تعالیٰ حمل رہ جاوے اور لڑکا پیدا ہو) وہ (تعجبا) کہنے لگیں (نہ کہ انکارا) کہ (بھلا) میرے لڑکا کس طرح ہو جاوے گا حالانکہ (منجملہ شرائط عادیہ کے مرد کی مقاربت ہے اور وہ بالکل مفقود ہے کیونکہ) مجھ کو کسی بشر نے ہاتھ تک نہیں لگایا (یعنی نہ تو نکاح ہوا) اور نہ میں بدکار ہوں۔ فرشتہ نے کہا کہ (بس بلا مس بشر) یوں ہی (لڑکا) ہو جاوے گا (اور میں اپنی طرف سے نہیں کہتا بلکہ تمہارے رب نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ بات (کہ بلا اسباب عادیہ پیدا کردوں) مجھ کو آسان ہے اور (یہ بھی فرمایا ہے کہ ہم بلا اسباب عادیہ) اس طور پر اس لئے پیدا کریں گے تا کہ ہم اس فرزند کو لوگوں کے (استدلال علی القدرۃ الالہیہ کے) لئے ایک نشانی (قدرت کی) بنادیں اور (نیز اس کے ذریعہ سے لوگوں کے ہدایت پانے کے لئے اس کو) باعث رحمت بنائیں اور یہ (بے باپ کے اس بچہ کا پیدا ہونا) ایک طے شدہ بات ہے (جو ضرور ہوگی) ف: ان کا اول رہنا سہنا مسجد کے متعلق مکانات میں تھا پس اگر یہ اس وقت جوان تھیں تب

www.besturdubooks.net

تو اپنی خالہ حضرت زکریا علیہ السلام کی بی بی کے پاس ان کے گھر آ رہی ہوں گی اور اگر جوان نہ تھیں جیسا بعض کا قول ہے تو غسل کے لئے گھر آتی ہوں گی اور غسل کو مفسرین نے بطور روایت کے بھی نقل کیا ہے اور فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا بھی اس پر قرینہ ہے واللہ اعلم اور اول وہلہ میں گو فرشتہ کو نہیں پہچانا مگر ان کی تقریر سن کر فراست ولایت سے یقین آ گیا پس یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ حضرت مریم نے نرا دعویٰ کیسے قبول کر لیا اور نہ اس غرض خاص کے لئے فرشتہ کے آنے اور کلام کرنے سے نبی ہونا حضرت مریم کا لازم آتا ہے اور تمثیل سے حقیقت ملکیہ کا معدوم ہونا لازم نہیں آتا یہ اشباح اس حقیقت کے اعتبار سے ایسے ہیں جیسے ہمارے اعتبار سے مختلف لباس اور تمثل کے امکان پر یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ ہر شخص میں احتمال ہے کہ شاید کوئی اور مخلوق اس شخص کی شکل میں متمثل ہو گیا ہو وجہ یہ کہ ایسے امور نادر الوقوع ہوتے ہیں۔ پس بدوں دلیل کے یہ احتمال محض غیر ناشی عن دلیل ہے جو عقلاً اصلاً معتبر نہیں اور شاید صورت ملکیہ میں ظاہر نہ ہونے میں یہ حکمت ہو کہ ڈر نہ جاویں اور بشر کی تخصیص شاید اس لئے ہو کہ جنس کو جنس سے انس ہوتا ہے اور مکان کا شرقی ہونا اتفاقی امر تھا نہ کہ قصدی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا اس میں تمثل کا مسئلہ مذکور ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى مريم قصه لان المذكور هو النبأ لا العين ۱۲۔

الروایات: قوله فى لاهب لك يا گریبان میں اخرجه عبد الله بن احمد فى زوائد الزهد عن نوف ان جبرئيل عليه السلام نفخ فى جيبها فحملت الخ كذا فى الروح ۱۲۔

الفقه: استدل بعض الجهلة بقوله لاهب على جواز التسمية برسول بخش ونحوه جهل عظيم لان الاسناد المجازى يتوقف على الملابسة كما ان جبرئيل كان نافخا بخلاف محل النزاع فانه ما صدر فيه فعل من النبى يكون سببا للهبة الحقيقة الالٰهية فافهم ۱۲۔

النحو: قوله اذا انتبذت ظرف للواقع المقدر اى اذكر نبا مريم الذى وقع اذا انتبذت قوله بشرا حال او تمييز قوله ولنجعله متعلق بمقدر اى فعلنا ذلك ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ان كنت تقيا لم يجعل التقوى شرطا للاستعاذة بل شرط مكافاة وامنها منه وكنت عن ذلك بالاستعاذة بالله تعالىٰ مثاله على المكافاة بالطف وجه وابلغه وان من تعرض للمستعيذ به فقد تعرض لعظيم سخطه آه قوله لم يمسسنى بشر كنت به عن الحلال بقرينة المقابلة وارادت به العموم فى آية اخرى للتفنن وقيل غير ذلك ومنه ما قال جار الله كما فى المس عبارة عن النكاح الحلال لانه كناية عنه فى قوله من قبل ان تمسوهن وفى قوله او لا مستم النساء وانما يقال فى الزنا فجر بها وخبث بها ونحو ذلك ولا يليق به الكنايات والآداب آه۔

فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿۲۲﴾ فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ يٰلَيْتَنِىْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ نَسْيًا مَّنْسِيًّا ﴿۲۳﴾ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِىْ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ﴿۲۴﴾ وَهُزِّىْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ﴿۲۵﴾ فَكُلِىْ وَاشْرَبِىْ وَقَرِّىْ عَيْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوْلِىْٓ اِنِّىْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ﴿۲۶﴾

پھر ان کے پیٹ میں لڑکا رہ گیا پھر اس حمل کو لئے ہوئے (اپنے گھر سے) کسی اور جگہ میں الگ چلی گئیں پھر درد زہ کے مارے کھجور کے درخت کی طرف آئیں (گھبرا کر) کہنے لگیں کاش میں اس حالت سے پہلے ہی مر گئی ہوتی اور ایسی نیست و نابود ہو جاتی کہ کسی کو یاد بھی نہ رہتی۔ پھر جبرائیل علیہ السلام نے ان کے (اس) پائیں (مکان) سے پکارا کہ تم مغموم مت ہو تمہارے رب نے تمہارے پائیں میں سے ایک نہر جاری کر دی ہے اور اس کھجور کے تنے کو (پکڑ کر) اپنی طرف ہلاؤ اس سے تم پر خرمائے تر و تازہ جھڑیں گے پھر (اس پھل کو) کھاؤ اور (وہ پانی) پیو اور آنکھیں ٹھنڈی کرو پھر اگر تم آدمیوں میں سے کسی کو بھی (اعتراض کرتا) دیکھو تو کہہ دینا میں نے تو اللہ کے واسطے روزے کی منت مان رکھی ہے سو آج میں کسی آدمی سے نہیں بولوں گی۔ ۞

تفسیر: تتمہ قصہ متضمنہ حمل و تولد ☆ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿۲۲﴾ فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ (الى قوله تعالىٰ) فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ﴿۲۶﴾ پھر (اس گفتگو کے بعد حضرت جبرئیل علیہ السلام نے ان کے گریبان میں پھونک مار دی جس سے) ان کے پیٹ میں لڑکا رہ گیا پھر (جب ان کو آثار وضع کے معلوم ہوئے تو) اس حمل کو لئے ہوئے (اپنے گھر سے) کسی دور جگہ (جنگل پہاڑ میں) الگ چلی گئیں پھر (جب درد شروع ہوا

www.besturdubooks.net

تو) دردِزہ کے مارے کھجور کے درخت کی طرف آئیں (کہ اس کے سہارے بیٹھیں انھیں اب حالت یہ تھی کہ نہ کوئی انیس نہ جلیس، درد سے بے چین ایسے وقت جو سامان راحت وضرورت کا ہونا چاہئے وہ ندارد، اُدھر بچہ ہونے پر بدنامی کا خیال آخر گھبرا کر) کہنے لگیں کاش میں اس (حالت) سے پہلے ہی مرگئی ہوتی اور ایسی نیست و نابود ہو جاتی کہ کسی کو یاد بھی نہ رہتی پس (اسی وقت خدا تعالیٰ کے حکم سے حضرت) جبریلؑ (علیہ السلام) پہنچے اور ان کے احترام کی وجہ سے سامنے نہیں گئے بلکہ جس مقام پر حضرت مریم تھیں اس سے اسفل مقام میں آڑ میں آئے اور انہوں) نے ان کے (اس) پائیں (مکان) سے ان کو پکارا (جس کو حضرت مریم نے پہچانا کہ یہ اسی فرشتہ کی آواز ہے جو اول ظاہر ہوا تھا) کہ تم (بے سروسامانی سے یا خوف بدنامی سے) مغموم مت ہو (کیونکہ بے سروسامانی کا یہ انتظام ہوا ہے کہ) تمہارے رب نے تمہارے پائیں (مکان) میں ایک نہر پیدا کردی ہے (جس کے دیکھنے سے اور پانی پینے سے فرحت طبعی ہو نیز حسب روایت روح ان کو اس وقت پیاس بھی تھی (اور حسب مسئلہ طبیہ مسخنات کا استعمال قبل وضع یا بعد وضع مسہل ولادت و دافع فضلات ومقوی طبیعت بھی ہے اور پانی میں اگر خونت بھی ہو جیسا بعض چشموں میں مشاہد ہے تو اور زیادہ مزاج کے موافق ہوگا و نیز تمر کثیر الغذاء مولد دم مسمن ومقوی گردہ کمر ومفاصل ہونے کی وجہ سے زچہ کے لئے خیر الاغذیہ والادویہ ہے اور حرارت کی وجہ سے جو اس کی مضرت ہے سو اول تو رطب میں حرارت کم ہے دوسرے پانی سے اس کی اصلاح ہوسکتی ہے تیسرے مضرت کا ظہور جب ہوتا ہے کہ عضو میں ضعف ہو ورنہ کوئی چیز بھی کچھ نہ کچھ مضرت سے خالی نہیں ہوتی۔ و نیز قوت طبیعت کے ساتھ خوارقؑ کا مطیعین کے لئے علامت کرامت وقبول عنداللہ ہونا موجب مسرت روحانی بھی ہے) اور اس کھجور کے تنہ کو (پکڑ کر) اپنی طرف ہلاؤ اس سے تم پر خرمائے تروتازہ جھڑیں گے (کہ اس سے بھی پھل کے کھانے میں لذت جسمانی اور بطور خرق عادت کے پھل کے آنے میں لذت روحانی مجتمع ہے) پھر (اس پھل کو) کھاؤ اور (وہ پانی) پیو اور آنکھیں ٹھنڈی کرو (یعنی بچہ کے دیکھنے سے اور کھانے پینے سے اور علامت قبول عنداللہ ہونے سے خوش رہو) پھر جب بدنامی کے احتمال کا موقع آوے یعنی کوئی آدمی اس قصہ پر مطلع ہو تو اس کا یہ انتظام ہوا ہے کہ) اگر تم آدمیوں میں سے کسی کو بھی (آتا اور اعتراض کرتا) دیکھو تو (تم کچھ مت بولنا بلکہ اشارہؑ سے اس سے) کہہ دینا کہ میں نے تو اللہ کے واسطے (ایسے) روزہ کی منت مان رکھی ہے (جس میں بولنے کی بندش ہے) سو (اس وجہ سے) میں آج (دن بھر) کسی آدمی سے نہیں بولوں گی (اور خدا کے ذکر اور دعا میں مشغول ہونا اور بات ہے بس تم اتنا جواب دے کر بے فکر ہو جانا اللہ تعالیٰ اس مولود مسعود کو خرق عادت کے طور پر بولتا کردے گا جس سے ظہور اعجاز دلیل نزاہت وعصمت ہو جاوے گی غرض ہر غم کا علاج ہوگیا) **ف**: یہ تمنائے موت اگر غم دنیا سے تھی تب تو غلبہ حال کو اس کا عذر کہا جاوے گا جس میں انسان من کل الوجوہ مکلف نہیں رہتا اور اگر غم دین سے تھا کہ لوگ بدنام کریں گے اور شاید مجھ سے اس پر صبر نہ ہو سکے تو بے صبری کی معصیت میں ابتلا ہوگا موت سے اس معصیت سے حفاظت رہتی تو ایسی تمنا ممنوع نہیں ہے اور اگر شبہ ہو کہ حضرت مریم کو جو کہا گیا کہ تم کہہ دینا کہ میں نے نذر کی ہے سو انہوں نے نذر تو کی نہ تھی۔ جواب یہ ہے کہ اسی سے یہ حکم بھی مفہوم ہو گیا کہ تم نذر بھی کر لینا اور اس کو ظاہر کر دینا اور روزہ میں بولنے کی بندش کا حکم ان کی شریعت میں تھا ہماری شریعت میں منسوخ ہو چکا ہے **لما رواه ابوداؤد مرفوعًا لا يتم بعد احتلام ولا صمات يوم الى الليل وحسنه السيوطي والعزيزي** اور دردِزہ میں پانی اور کھجور کا استعمال طبًا بھی مفید ہے اور اکل وشرب کا حکم بظاہر اباحت کے لئے معلوم ہوتا ہے واللہ اعلم اور حمل وتولد بلا توسط مرد کے خارق عادت ہے اور خوارق میں کتنا ہی استبعاد ہو مضائقہ نہیں لیکن اس میں اس وجہ سے زیادہ استبعاد بھی نہیں کہ حسب تصریح کتب طب عورت کی منی میں قوت منعقدہ کے ساتھ قوت عاقدہ بھی ہے اس لئے مرض رجاء میں اعضاء کی کچھ ناتمام صورت بھی بن جاتی ہے **کما صرح في القانون** پس اگر یہی قوت عاقدہ اور بڑھ جاوے تو زیادہ مستبعد نہیں ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ ﴿قَالَتْ يٰلَيْتَنِيْ﴾ الخ اس میں دلیل ہے اس پر کہ موت کی تمنا کسی باعث دینی سے جائز ہے کیونکہ مریم علیہا السلام نے موت کی تمنا ان لوگوں کی ملامت کے سبب اور اسی ملامت کی وجہ سے ان لوگوں کی معصیت میں واقع ہونے کے سبب کی۔ قولہ تعالیٰ: ﴿وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ﴾ مریم علیہا السلام کو جو شاخ ہلانے کا حکم فرمایا اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ تحصیل رزق میں فی الجملہ سعی کرنا مطلوب ہے اور وہ توکل کے منافی نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله في فحملته** لڑکا **اشارة الى رجوع ضمير المفعول الى الغلام**۱۲۔ ۲؎ **قوله في فانتبذت** جب ان کو الخ **اشارة الى ان الفاء فصيحة فلا يلزم كون الوضع متصلا بالحمل وان كان محتملا فان صح ما رواه الطبرى عن ابن عباس يقول ما هى الا ان حملت فوضعت تفسير الآية بذلك**۱۲۔ ۳؎ **قوله في قصيا** جنگل پہاڑ **القربة عليه قوله تعالىٰ سريا والنخلة ومن تحتها فان المجموع يسهل تصوره في الفيافي والجبال والله اعلم بحقيقة الحال**۱۲۔ ۴؎ **قوله في فناداها** جبرئیل **يشهد له ظاهر الكلام واخرجه الطبرى عن ابن عباس والضحاك وقتادة وقيل عيسىٰ عليه السلام وهو بعيد ظاهرا ومخالف لما رواه الطبرى عن ابن عباس انه قال لم يتكلم عيسىٰ عليه السلام حتى اتت قومها**۱۲۔ ۵؎ **قوله في جعل** خوارق **دل على كون ما ذكر خارقا روايات مذكورة في التفاسير وظاهر المقام ايضا**

www.besturdubooks.net

لان المقصود تسليتها عليه السلام وظهور الخوارق ادخل فيها والله اعلم۱۲۔ ۶؎ قوله فی قولی اشارة قرينة ظاهر قوله تعالٰی لن اكلم وقوله فاشارت اليه۱۲۔

اللغات: قوله فانتبذت به الباء للمصاحبة كما فی قوله تدوس بناء وقوله تنبت بالدهن قوله قصی بعيد۔ قوله فاجاء ها متعد من جاء لكنه خص عرفا بالاجاء ة التی تكون الجاء ولا يستعمل فی مطلق الاجاء ة كذا قال صاحب الكشاف قوله المخاض مصدر مخضت المرأة اذا اخذها الطلق وتحرك الولد فی بطنها للخروج قوله سريا جد ولا لسريانه۱۲ قوله جذع ما بين العروق وتشعب الاغصان يقال له بالفارسية تنہ۔ قوله نسيا الشئ التافة الذی لا يوبه له ومن شانه وحقه ان ينسى فی العادة ويطرح وان لم ينس ولذا اكد بقوله منسيا فافاء فائدة جديدة فافهم قوله تساقط بمعنى تسقط فعل الاسقاط قوله جنيا ای يجنى من الشجر زاده لدفع توهم ان الساقط من الشجر لا يكون فی الاغلب جيدا بخلاف ما يجنى وجه الدفع ظاهر فمعنى جنيا ما يصلح ان يكون جنيًا۔ قوله قری من القرء بمعنى السكون او بمعنى البرء فان العين اذا رات ما يسر النفس سكنت اليه من النظر الى غيره ويشهد له قوله تعالٰی قدورا عينهم وان دمعة السرور باردة۱۲۔

البلاغة: قوله هزی اليك عدى بالی لتضمنه معنى الميل الى جهتك قوله بجذع عدى بالباء مع كون الهز متعديا بنفسه اما لتنزيله منزلة اللازم ای افعلی فعل الهز فالباء للآلة والكون الباء زائدة كما فی قوله تعالٰی ولا تلقوا بايديكم۱۲۔

فَأَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ؕ قَالُوْا يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْئًا فَرِيًّا ﴿۲۷﴾ يٰٓاُخْتَ هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ
سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِيًّا ﴿۲۸﴾ فَاَشَارَتْ اِلَيْهِ ؕ قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِی الْمَهْدِ صَبِيًّا ﴿۲۹﴾ قَالَ اِنِّیْ
عَبْدُ اللّٰهِ ۛ اٰتٰنِیَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِیْ نَبِيًّا ﴿۳۰﴾ وَّجَعَلَنِیْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ
مَا دُمْتُ حَيًّا ﴿۳۱﴾ وَّبَرًّا بِوَالِدَتِیْ ۫ وَلَمْ يَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا شَقِيًّا ﴿۳۲﴾ وَالسَّلٰمُ عَلَیَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ﴿۳۳﴾

پھر وہ ان کو گود میں لئے ہوئے اپنی قوم کے پاس آئیں لوگوں نے کہا اے مریم تم نے بڑے غضب کا کام کیا اے ہارون کی بہن تمہارے باپ کوئی برے آدمی نہ تھے اور نہ تمہاری ماں بدکار تھیں پس مریم نے بچے کی طرف اشارہ کیا وہ لوگ کہنے لگے کہ بھلا ہم ایسے شخص سے کیونکر باتیں کریں جو ابھی گود میں بچہ ہی ہے وہ بچہ (خود ہی) بول اٹھا کہ میں اللہ کا (خاص) بندہ ہوں اس نے مجھ کو کتاب (یعنی انجیل) دی اور اس نے مجھ کو نبی بنایا (یعنی بنا دے گا) اور مجھ کو برکت والا بنایا میں جہاں کہیں بھی ہوں اور مجھ کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا جب تک میں (دنیا میں) زندہ رہوں اور مجھ کو میری والدہ کا خدمت گزار بنایا اور اس نے مجھ کو سرکش بد بخت نہیں بنایا اور مجھ پر اللہ کی جانب سے سلام ہے جس روز میں پیدا ہوا اور جس روز مروں گا اور جس روز (قیامت) میں زندہ کر کے اٹھایا جاؤں گا۔

تفسیر: تتمہ قصہ متضمنہ ملامت قوم و جواب عیسیٰ علیہ السلام ☆ فَاَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ (الی قولہ تعالی) وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ﴿۳۳﴾ (غرض مریم علیہا السلام کی اس کلام سے تسلی ہوئی اور عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے) پھر وہ ان کو گود میں لئے ہوئے (وہاں سے بستی کو چلیں اور) اپنی قوم کے پاس لائیں لوگوں نے (جو دیکھا کہ ان کی شادی تو ہوئی نہ تھی یہ بچہ کیسا! بدگمان ہو کر) کہا اے مریم تم نے بڑے غضب کا کام کیا (یعنی نعوذ باللہ بدکاری کی اور یوں تو بدکاری کوئی کرے برا ہے لیکن تم سے ایسا فعل ہونا زیادہ غضب کی بات ہے کیونکہ) اے ہارون کی بہن (تمہارے خاندان میں کبھی کسی نے ایسا نہیں کیا چنانچہ) تمہارے باپ کوئی برے آدمی نہ تھے (کہ ان سے یہ اثر تم میں آیا ہو) اور نہ تمہاری ماں بدکار تھیں (کہ ان سے یہ اثر تم میں آیا ہو) پھر ہارون جو تمہارے رشتہ کے بھائی ہیں جن کا نام ان ہارون نبی کے نام پر رکھا گیا ہے وہ کیسے کچھ نیک شخص ہیں غرض جس کا خاندان کا خاندان پاک صاف ہو اس سے یہ حرکت ہونا کتنا بڑا غضب ہے) پس مریم (علیہا السلام) نے (یہ ساری تقریر سن کر کچھ جواب نہیں دیا بلکہ) بچہ کی طرف اشارہ کر دیا (کہ اس سے کہو جو کچھ کہنا ہو جواب دے گا) وہ لوگ (سمجھے کہ یہ ہمارے ساتھ تمسخر کرتی ہیں) کہنے لگے کہ بھلا ہم ایسے شخص سے کیونکر باتیں کرے جو ابھی گود میں بچہ ہی ہے (کیونکہ بات اس شخص سے کی جاتی ہے جو کہ وہ بھی بات چیت کرتا ہو سو جب یہ بچہ ہے اور بات چیت پر قادر نہیں اس سے کیا بات کریں اتنے میں) وہ بچہ (خود ہی) بول اُٹھا کہ میں اللہ کا (خاص) بندہ ہوں (نہ تو اللہ ہوں جیسا جہلائے نصاریٰ سمجھیں گے اور نہ غیر مقبول ہوں جیسا یہود سمجھیں گے اور بندہ ہونے کے اور پھر خاص ہونے کے یہ آثار ہیں کہ) اس نے مجھ کو کتاب (یعنی انجیل) دی (یعنی گو آئندہ دے گا مگر بوجہ یقینی ہونے کے ایسا ہے کہ جیسے دے دی) اور اس نے مجھ کو نبی بنایا (یعنی بنا وے گا) اور مجھ کو برکت والا

www.besturdubooks.net

بنایا (یعنی مجھ سے خلق کو دین کا نفع پہنچے گا) میں جہاں کہیں بھی ہوں (گا مجھ سے برکت پہنچے گی وہ نفع تبلیغ دین ہے خواہ کوئی قبول کرے یا نہ کرے انہوں نے تو نفع پہنچا ہی دیا) اور اُس نے مجھ کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا جب تک میں (دنیا میں) زندہ رہوں (اور ظاہر ہے کہ آسمان پر جانے کے بعد مکلف نہیں رہے اور یہ دلیل ہے بندہ ہونے کی جیسا اور دلائل ہیں خصوصیت کے) اور مجھ کو میری والدہ کا خدمت گزار بنایا (اور چونکہ بے باپ پیدا ہوئے ہیں اس لئے والدہ کی تخصیص کی گئی) اور اس نے مجھ کو سرکش بد بخت نہیں بنایا (کہ ادائے حق خالق یا ادائے حق والدہ سے سرکشی کروں یا حقوق و اعمال کے ترک سے بدبختی خرید لوں) اور مجھ پر (اللہ کی جانب سے) سلام ہے جس روز میں پیدا ہوا اور جس روز مروں گا (کہ وہ زمانہ قرب قیامت کا بعد نزول من السماء کے ہوگا) اور جس روز میں (قیامت میں) زندہ کر کے اُٹھایا جاؤں گا (اور اللہ کا سلام دلیل ہے خاص بندہ ہونے کی) **ف**: عیسیٰ علیہ السلام کے مجموعہ اوصاف و احوال مذکورہ آیت سے نزاہت و طہارت حضرت مریم علیہا السلام کی ثابت ہوگئی جو مقصود تھا اس تکلم خارق عادت سے جس میں سب سے بڑھ کر دلالت علی المطلوب میں وصف نبوت ہے کیونکہ نبوت کے ساتھ فساد نسب جو کہ اعلیٰ درجہ کا سبب عار ہے مجتمع نہیں ہوتا اور عطائے نبوت کا تحقق اس تکلم خارق سے ہوتا ہے کیونکہ بے گناہ سے خارق کا صدور دلیل مقبولیت ہے اور مقبول ہونا کاذب ہونے کے منافی ہے اور اہل قادیان نے ما دمت حیا سے جو استدلال کیا ہے کہ اگر عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہیں تو اس آیت کے موافق آسمان پر بھی نماز و زکوٰۃ کے مکلف ہوں گے والملازم باطل اس کا جواب ترجمہ کے ساتھ "دنیا میں" قید لگانے سے ہو گیا فقط۔ اور اگر ثابت ہو کہ انبیاء پر زکوٰۃ فرض نہیں ہوتی تو اوصانی سے مراد ہوگا شریعت میں اس کا ہونا گو امت ہی کے لئے ہو۔

الرِّوَایَات: في الروح اخرج احمد و مسلم والترمذی والنسائي والطبراني وابن حبان وغيرهم عن المغيرة بن شعبة قال بعثني رسول الله صلى الله عليه وسلم الى اهل نجران فقالوا ارأيت ما تقرء ون يا اخت هارون وموسٰى قبل عيسٰى هكذا وكذا قال فرجعت فذكرت ذلك الرسول الله صلى الله عليه وسلم فقال الا اخبرتهم انهم كانوا يسمون بالانبياء والصالحين قبلهم۔ وروى عن الكلبي هو اخ لها من ابيها آه ۱۲۔

اللُّغَات: قوله جئت فعلت فريا عظيما واصله من الفرى بمعنى القطع على وجه الاصلاح او الافساد ثم شاع استعماله في العظيم من الامر خير او صلاحا كان او شرا وفسادا قولاً كان او فعلاً قوله المهد في الروع عن قتادة حجر امه وقال عكرمة المرباة اى الموجحة وقيل سريره آه قلت اخرج الطبرى قوله قتادة ۱۲۔

النَّحْو: قوله كان في المهد في الروح قال ابو عبيدة كان زائدة بمجرد التاكيد من غير دلالة على الزمان وصبيا حال مؤكدة والعامل فيها الاستقرار فلا يرد ان الناس كلهم كانوا في الماضي صبيانا في المهد وكذا لا يردان كان الزائدة لا تنصب الخبر قوله اينما كنت في الروح عن البحر ان هذا شرط وجزاء ه محذوف لدلالة ما تقدم عليه لان اسم الشرط لا ينصبه فعل قبله فلا يجوز ان يكون معمولا لجعلني السابق اه بتغير واختصار قوله وبرا عطف على مباركا وان جعل الفصل مانعا فيضمر فعل اى وجعلني بارا ۱۲۔

ذٰلِكَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِي فِيهِ يَمْتَرُونَ ﴿۳۴﴾ مَا كَانَ لِلّٰهِ أَنْ يَتَّخِذَ مِنْ وَلَدٍ ۙ
سُبْحَانَهُ ۚ إِذَا قَضَىٰ أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ﴿۳۵﴾ وَإِنَّ اللّٰهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ ۚ هٰذَا صِرَاطٌ
مُسْتَقِيمٌ ﴿۳۶﴾ فَاخْتَلَفَ الْأَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ ۖ فَوَيْلٌ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ مَشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿۳۷﴾
أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ ۙ يَوْمَ يَأْتُونَنَا ۖ لٰكِنِ الظّٰلِمُونَ الْيَوْمَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ﴿۳۸﴾ وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ
إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ ۘ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿۳۹﴾ إِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْأَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ﴿۴۰﴾ ع ۵ وقف لازم

یہ ہیں عیسیٰ بن مریمؑ میں بالکل سچی بات کہہ رہا ہوں جس میں یہ لوگ جھگڑ رہے ہیں اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ (کسی کو) اولاد اختیار کرے وہ بالکل پاک ہے وہ جب کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو بس اس کو ارشاد فرما دیتا ہے کہ ہو جا سو وہ ہو جاتا ہے اور بے شک اللہ میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے سو صرف اس کی عبادت کرو یہی دین کا سیدھا راستہ ہے (پھر بھی) مختلف گروہوں نے اس (بارے میں) باہم اختلاف ڈال لیا سو ان کافروں کے لئے ایک بڑے دن کے آنے سے بڑی خرابی (ہونے والی) ہے۔ جس روز یہ لوگ (حساب و جزاء کے لئے) ہمارے پاس آویں گے کیسے کچھ شنوا اور بینا ہو جاویں گے لیکن یہ ظالم آج (دنیا میں) کیسی صریح غلطی میں ہیں اور آپ ان

www.besturdubooks.net

لوگوں کو حسرت کے دن سے ڈرایئے جبکہ (جنت و دوزخ کا) اخیر فیصلہ کر دیا جائے گا اور وہ لوگ (آج دنیا میں) ہیں اور وہ ایمان نہیں لاتے (لیکن آخر ایک دن مریں گے اور) تمام زمین اور زمین کے رہنے والوں کے ہم ہی وارث (یعنی) آخر مالک رہ جائیں جاویں گے۔

تفسیر ربط: آگے مضمون قصہ عیسیٰ علیہ السلام پر توحید کی تفریع ہے اور اس کے ساتھ ذکر قیامت سے منکرین توحید کی تفریع ہے۔

تفریع توحید و تفریع کا فرعید ☆ ذٰلِكَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ (الی قولہ تعالی) وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ یہ ہیں عیسیٰ بن مریم (جن کے اقوال و احوال مذکور ہوئے جس سے ان کا بندۂ مقبول ہونا معلوم ہوتا ہے نہ جیسے کہ عیسائیوں نے ان کو عبدیت سے خارج کر کے الوہیت تک پہنچایا ہے اور نہ ویسے جیسا کہ یہودیوں نے ان کو مقبولیت سے خارج کر کے طرح طرح کی تہمتیں لگائی ہیں) میں (بالکل) سچی بات کہہ رہا ہوں جس میں یہ (افراط و تفریط کرنے والے) لوگ جھگڑ رہے ہیں (چنانچہ یہود و نصاریٰ کے اقوال اوپر معلوم ہوئے اور چونکہ یہود کا قول ظاہراً بھی موجب تنقیص نبی تھا جو کہ بداہۃً باطل ہے اس لئے اس کے رد کی طرف اس مقام پر توجہ نہیں فرمائی بخلاف قول نصاریٰ کے کہ ظاہراً مثبت زیادت کمال تھا کہ نبوت کے ساتھ بنوت حق تعالیٰ کے ساتھ ثابت کرتے تھے اس لئے آگے اس کو رد فرماتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ اس میں حق تعالیٰ کی تنقیص بوجہ انکار توحید کے لازم آتی ہے حالانکہ) اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ (کسی کو) اولاد اختیار کرے وہ (بالکل) پاک ہے (کیونکہ اس کی یہ شان ہے کہ) وہ جب کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو بس اس کو اتنا فرما دیتا ہے کہ ہو جا سو وہ ہو جاتا ہے (اور ایسے کمال کے واسطے اولاد کا ہونا عقلاً نقص ہے) اور (آپ تقریر توحید کے لئے لوگوں سے فرما دیجئے کہ مشرکین بھی سن لیں) بیشک اللہ میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے سو (صرف) اسی کی عبادت کرو (اور) یہی (خالص خدا کی عبادت کرنا یعنی توحید اختیار کرنا دین کا) سیدھا راستہ ہے سو (توحید پر باوجود ان دلائل منقولہ و معقولہ کے قائم ہونے کے پھر بھی) (مختلف گروہوں نے (اس بارہ میں) باہم اختلاف ڈال لیا (یعنی انکار توحید کا کر کے طرح طرح کے مذاہب ایجاد کر لئے) سو ان کافروں کے لئے ایک بڑے (بھاری) دن کے آنے سے بڑی خرابی (ہونے والی ہے) (مراد اس سے قیامت ہے کہ باعتبار امتداد و اشتداد کے عظیم ہوگا) جس روز یہ لوگ (حساب و جزا کے لئے) ہمارے پاس آویں گے (اس روز) کیسے کچھ شنوا اور بینا ہو جاویں گے (کیونکہ قیامت میں یہ حقائق پیش نظر ہو جاویں گے اور تمام تر غلطیاں[1] رفع ہو جاویں گی) لیکن یہ ظالم آج (دنیا میں کیسی صریح غلطی میں) مبتلا ہو رہے ہیں اور آپ ان لوگوں کو حسرت کے دن سے ڈرایئے جب کہ (جنت دوزخ کا) اخیر فیصلہ کر دیا جاوے گا (جس کا ذکر حدیث میں ہے کہ جنت اور دوزخ والوں کو موت دکھلا کر اس کو ذبح کر دیا جاوے گا اور دونوں کو خلود کا حکم سنا دیا جاوے گا رواہ الشیخان والترمذی اور اس وقت کی حسرت کا بیحد ہونا ظاہر ہے) اور وہ لوگ (آج دنیا میں) بڑی غفلت میں (پڑے) ہیں اور وہ لوگ ایمان نہیں لاتے (لیکن آخر ایک دن مر جاویں گے اور تمام زمین اور زمین پر رہنے والوں کو وارث (یعنی آخر مالک) ہم ہی رہ جاویں گے اور یہ سب ہمارے ہی پاس لوٹائے جاویں گے (پھر اپنے کفر و شرک کی سزا بھگتیں گے) ف: اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ الخ سے امتناع اتخاذ ولد پر استدلال کی تقریر پارہ الم کے تین رکوع وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ [البقرۃ:۱۱۳] میں اسی مضمون کی آیت کی تفسیر میں گذر چکی ہے اور حسرتیں وقت مذکور سے پہلے بھی ہوں گی لیکن اس وقت کی حسرت سب سے اعظم ہوگی اور اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ الخ اس میں بنظر آیات سورۂ زخرف کے جو قصہ عیسویہ میں آئی ہیں ایک توجیہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ اس سے پہلے قال مقدر ہو یعنی حالت صبا میں وہ کہا جو اوپر مذکور ہوا اور پھر بعد نبوت یہ فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ الخ اور احزاب سے مراد جو بعد عیسیٰ علیہ السلام کے ہوئے واللہ اعلم۔

الحواشی: (۱) قولہ قبل لکن الظلمون تمام تر غلطیاں اشارۃ الی جعل الاستدراك متعلقا بما اتصل بہ ونقل فی الروح عن ابی العالیۃ تعلقہ بقولہ فویل للذین کفروا۔

اختلاف القراءۃ: قولہ وان اللہ فی قراءۃ بفتح الھمزۃ بتقریر الجار ای اللام متعلق بقولہ فاعبدوہ ای فاعبدوہ لان اللہ ربی وربکم الروایات ذکرت فی المتن من قصۃ ذبح الموت وفی ھذہ الروایۃ قراءۃ صلی اللہ علیہ وسلم ھاتیك الآیۃ حینئذ ۱۲۔

اللغات: فی القاموس المریۃ الشك والجدل فمعنی یمترون یتنازعون او یشکون قولہ من بینھم فی الروح معناہ ان الاختلاف لم یخرج عنھم بل کانوا ھم المختلفین وبین ظرف استعمل اسماء بدخول من علیہ ونقل فی البحر القول بزیادۃ من قولہ من مشھد مصدر بمعنی الشھود ۱۲۔

النحو: قولہ قول الحق فی الروح قیل نصب علی المصدر ای اقول الحق۔ قولہ یوم الحسرۃ اذ مبدل منہ وبدل۔

البلاغۃ: قولہ لکن الظلمون فیہ وضع المظھر موضع المضمر ۱۲۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۬ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۝ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا

www.besturdubooks.net

يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْـًٔا ﴿۴۲﴾ يٰۤاَبَتِ اِنِّيْ قَدْ جَآءَنِيْ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِيْۤ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿۴۳﴾

يٰۤاَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَبَتِ اِنِّيْۤ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ

عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ﴿۴۵﴾

اور اس کتاب میں ابراہیم علیہ السلام کا (قصہ) ذکر کیجئے وہ بڑے راستی والے پیغمبر تھے جبکہ انہوں نے اپنے باپ سے (جو مشرک تھا) کہا کہ اے میرے باپ تم ایسی چیز کی کیوں عبادت کرتے ہو جو نہ کچھ سنے نہ کچھ دیکھے اور نہ کچھ تمہارے کام آسکے اے میرے باپ میرے پاس ایسا علم پہنچا ہے جو تمہارے پاس نہیں آیا تو تم میرے کہے پر چلو میں تم کو سیدھا رستہ بتلاؤں گا اے میرے باپ تم شیطان کی پرستش مت کرو بے شک شیطان رحمٰن کی نافرمانی کرنے والا ہے اے میرے باپ اندیشہ کرتا ہوں کہ تم پر رحمٰن کی طرف سے کوئی عذاب نہ آپڑے پھر تم (عذاب میں) شیطان کے ساتھی ہو جاؤ۔ ﴿۴۵﴾

تفسیر: قصۂ سوم حضرت ابراہیم علیہ السلام ☆ وجہ ارتباط قصص تمہید سورت میں گذر چکی۔ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ (الی قولہ تعالی) فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ﴿۴۵﴾ اور (اے محمد ﷺ) آپ اس کتاب (یعنی قرآن) میں (لوگوں [1] کے سامنے حضرت) ابراہیم (علیہ السلام) کا (قصہ) ذکر کیجئے (تاکہ ان کو توحید و رسالت کا مسئلہ زیادہ منکشف ہو جاوے) وہ (ہر قول فعل میں) بڑے راستی والے تھے (اور) پیغمبر [2] تھے (اور وہ قصہ جس کا ذکر کرنا اس جگہ مقصود ہے اس وقت ہوا تھا) جب کہ انہوں نے اپنے باپ سے (جو کہ مشرک تھا) کہا کہ اے میرے باپ تم ایسی چیز کی کیوں عبادت کرتے ہو جو نہ کچھ سنے اور نہ کچھ دیکھے اور نہ تمہارے کچھ کام آسکے (مراد بت ہیں حالانکہ اگر کوئی دیکھتا سنتا کچھ کام آتا بھی ہو مگر واجب الوجود نہ ہو تب بھی لائق عبادت نہ ہو گا' چہ جائیکہ ان اوصاف سے بھی عاری ہو وہ تو بدرجہ اولیٰ لائق عبادت نہ ہو گا) اے میرے باپ میرے پاس ایسا علم پہنچا ہے جو تمہارے پاس نہیں آیا (مراد اس سے وحی ہے جس میں احتمال غلطی کا ہو ہی نہیں سکتا پس میں جو کچھ کہہ رہا ہوں قطعاً حق ہے جب یہ بات ہے) تو میرے کہنے پر چلو میں تم کو سیدھا راستہ بتلاؤں گا (اور وہ توحید ہے) اے میرے باپ تم شیطان کی پرستش مت کرو (یعنی شیطان کو اور اس کی عبادت کو تو تم بھی برا سمجھتے ہو اور بت پرستی میں شیطان پرستی بالیقین لازم ہے کہ وہی یہ حرکت کراتا ہے اور کسی کی ایسی اطاعت کرنا کہ حق تعالیٰ کے مقابلہ میں بھی اس کی تعلیم کو حق سمجھے یہی عبادت ہے پس بت پرستی میں شیطان پرستی ہوئی اور) بیشک شیطان (حضرت) رحمان کا نافرمانی کرنے والا ہے (تو وہ کب اطاعت کے لائق ہو گا) اے میرے باپ میں اندیشہ کرتا ہوں (اور وہ اندیشہ یقینی ہے) کہ تم پر رحمان کی طرف سے کوئی عذاب نہ آپڑے (خواہ دنیا میں یا آخرت میں) پھر تم عذاب میں شیطان کے ساتھی ہو جاؤ (یعنی جب اطاعت میں اس کا ساتھ دو گے تو نفس عقوبت میں بھی اس کا ساتھ ہو گا گو شیطان کو دنیا میں عذاب نہ ہوا ہو اور اس شیطان کی معیت اور مشارکت فی العقوبۃ کو کوئی اپنی بھلائی چاہنے والا پسند نہ کرے)

ف: اور عذاب کے ساتھ مِّنَ الرَّحْمٰنِ کہنے سے اشارہ اس طرف ہے کہ گو وہ رحمان ہے مگر یوں نہ سمجھنا کہ کفر پر سزا نہ دے گا بلکہ باوجود رحمان ہونے کے بھی اس پر سزا دے گا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے طریق دعوت میں حسن وادب وخلق اختیار کیا تا کہ مخاطب مکابرہ اور فساد پر آمادہ نہ ہو جاوے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ في اذكر لوگوں کے سامنے اشارة [1] الى انه مثل قوله واتل عليهم نبا ابراهيم ۱۲ ۲؎ قوله في صديقا نبيا اور پیغمبر اشارة الى كون نبيا خبرا بعد خبر لكان ۱۲۔

البلاغۃ: قوله صديقًا نبيا فيه تدرج من الادنى الى الاعلى ۱۲۔

الحواشی: (۱) قوله لانه حاصل قوله واتل عليهم ۱۲ منه۔

قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ﴿۴۶﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ

رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا ﴿۴۷﴾ وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ ۖ عَسٰۤى اَلَّاۤ اَكُوْنَ بِدُعَآءِ رَبِّيْ

شَقِيًّا ﴿۴۸﴾ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿۴۹﴾

www.besturdubooks.net

وَ وَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَ جَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ۝

باپ نے جواب دیا کیا تم معبودوں سے پھرے ہوئے ہو اے ابراہیم علیہ السلام اگر تم باز نہ آئے تو میں ضرور تم کو مار پتھروں کے سنگسار کردوں گا اور ہمیش ہمیش کے لئے مجھ سے برکنار ہوا (ابراہیم علیہ السلام) نے کہا میرا سلام لو اب میں تمہارے لئے اپنے رب سے مغفرت کی درخواست کروں گا بے شک وہ مجھ پر بہت مہربان ہے اور میں تم لوگوں سے اور جن کی تم خدا کو چھوڑ کر عبادت کر رہے ہو ان سے کنارہ کرتا ہوں اور اپنے رب کی عبادت کروں گا امید ہے کہ اپنے رب کی عبادت کر کے محروم نہ رہوں گا۔ پس جب ان لوگوں سے اور جن کی وہ لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے تھے ان سے علیحدہ ہو گئے ہم نے ان کو اسحٰق علیہ السلام (بیٹا) اور یعقوب (پوتا) عطا فرمایا اور ہم نے (ان دونوں میں سے ہر ایک کو نبی بنایا اور ان سب کو ہم نے اپنی رحمت کا حصہ دیا اور آئندہ نسلوں میں ہم نے ان کا نام نیک اور بلند کیا۔۵

تفسیر: تمہ قصہ ☆ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِیْ یٰۤاِبْرٰهِیْمُ ۚ (الی قولہ تعالی) وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ۝ (ابراہیم علیہ السلام کی یہ تمام تر نصائح سن کر) باپ نے جواب دیا کہ کیا تم میرے معبودوں سے پھرے ہوئے ہو اے ابراہیم (اور اس لئے مجھ کو بھی منع کرتے ہو یاد رکھو) اگر تم (ان بتوں کی مذمت سے اور مجھ کو ان کی عبادت سے منع کرنے سے) باز نہ آئے تو میں ضرور تم کو مار پتھروں کے سنگسار کردوں گا (پس تم اس سے باز آ جاؤ) اور ہمیش ہمیش کے لئے مجھ (کو کہنے سننے) سے برکنار رہو ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا (بہتر) میرا سلام لو (اب تم سے کہنا سننا بے سود ہے) اب میں تمہارے لئے اپنے رب سے مغفرت کی (اس طرح) درخواست کروں گا (کہ تم کو ہدایت کرے) جس پر مغفرت مرتب ہوتی ہے) بیشک وہ مجھ پر بہت مہربان ہے (اس لئے اسی سے عرض کروں گا جس کا قبول فرمانا یا نہ فرمانا دونوں مختلف اعتبار سے رحمت اور مہربانی ہے) اور (تم اور تمہارے ہم مذہب جب میری حق بات کو بھی نہیں مانتے تو تم میں رہنا بھی فضول ہے اس لئے) میں تم لوگوں سے اور جن کی تم خدا کو چھوڑ کر عبادت کر رہے ہو ان سے (بدنا بھی) کنارہ کرتا ہوں (جیسا قلباً پہلے ہی سے برکنار ہوں یعنی یہاں رہتا بھی نہیں) اور (اطمینان سے علیحدہ ہو کر) اپنے رب کی عبادت کروں گا (کیونکہ یہاں رہ کر اس میں بھی مزاحمت ہو گی) امید (یعنی یقین) ہے کہ اپنے رب کی عبادت کر کے محروم نہ رہوں گا (جیسا کہ بت پرست اپنے باطل معبودوں کی عبادت کر کے محروم رہتے ہیں غرض اس گفتگو کے بعد ان سے اس طرح علیحدہ ہوئے کہ ملک شام کی طرف ہجرت کر کے چلے گئے) پس جب ان لوگوں سے اور جن کی وہ لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے تھے ان سے (اس طرح) علیحدہ ہو گئے (تو) ہم نے ان کو اسحٰق (بیٹا) اور یعقوب (پوتا) عطا فرمایا (جو کہ رفاقت کے لئے ان کی بت پرست برادری سے بدر جہا بہتر تھے) اور ہم نے (ان دونوں میں) ہر ایک کو نبی بنایا اور ان سب کو ہم نے (طرح طرح کے کمالات دے کر) اپنی رحمت کا حصہ دیا اور (آئندہ نسلوں میں) ہم نے ان کا نام نیک اور بلند کیا (کہ سب تعظیم اور ثناء کے ساتھ ذکر کرتے ہیں اور اسحاق کے قبل اسماعیل ان ہی صفات کے ساتھ عطا ہو چکے تھے)۔ **ف:** اسماعیل علیہ السلام کا اس جگہ ذکر نہ فرمانا اس وجہ سے ہے کہ اول تو وہ اوروں سے اول عطا ہو چکے تھے بعد والوں کے ذکر سے قبل والے کا ذکر خود ہی مفہوم ہو جاتا ہے دوسرے ان کا ذکر مستقل طور پر آئندہ قریب آنے والا ہے تیسرے ابراہیم علیہ السلام کے ذکر سے جیسا عرب کا استجلاب قلب ہوا اسحاق و یعقوب علیہما السلام کے ذکر سے اہل کتاب کا استجلاب قلب مناسب اور اسی نکتہ کی وجہ سے اس کے متصل موسیٰ علیہ السلام کا ذکر آتا ہے پھر ان کے بعد اسماعیل علیہ السلام کا آوے گا **واللہ اعلم باسرار کلامہ۔**

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ سَلٰمٌ عَلَیْكَ الخ اس میں مقابلہ ہے برائی کا بھلائی سے۔ قولہ تعالیٰ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ الخ اس میں دعاء ہے ہدایت کی کافر کے لئے۔ قولہ تعالیٰ: وَ اَعْتَزِلُكُمْ الخ اس میں معاند سے یکسو ہو جانا ہے مایوسی کے وقت ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قولہ قبل واهجرنی باز آ جاؤ اشارۃ الی تقدیر المعطوف علیہ لان للعطف علی المذکور فیہ عطف للانشاء علی الاخبار ۱۲۔ ۲؎ قولہ فی سلام میرا سلام لو اشار بہ الی ان ھذ السلام للمتارکۃ بقرینۃ المقام کما فی قولہ تعالیٰ سلام علیکم لا نبتغی الجاھلین ویؤیدہ قولہ اعتزلکم فلا مس لمسئلۃ السلام علی الکافر جواز او منعا بھذا المقام ۱۲۔ ۳؎ قولہ فی حفیا عرض کروں گا الخ اشار بہ الی ان المقصود بقولہ انہ کان بی حفیا انہ حقیق بالدعاء ولیس المقصود بہ الاخبار عن الاجابۃ لا محالۃ لہ وانی ان ھذا الدعاء لم یجب فانہ لم یؤمن ۱۲۔ ۴؎ قولہ فی شقیا جیسا بت پرست اشارۃ الی ان فی الکلام تعریضًا بہ وبقومہ ۱۲۔ ۵؎ قولہ فی وھبنا رفاقت اشار بہ الی توجیہ منی الشرطیۃ فی لما ولو قیل للظرفیۃ فیہ فلا یشکل اصلاً ۱۲۔**

اللغات: الملی الدھر الطول واراد بہ ھھنا الابد بمعنی مدۃ عمرۃ الحفی البلیغ فی البر والاکرام قولہ لسان صدق علیا اللسان مجاز عن الذکر والصدق بمعنی الصادق ای الحسن والعلی کلاھما صفۃ اللسان احدھما بصورۃ الاضافۃ والآخرۃ بصورۃ الوصف ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ عسی فی تصدیر الکلام بہ اظہار التواضع وحسن الادب وان الاثابۃ بطریق الفضل لا الوجوب۔

www.besturdubooks.net

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مُوسَىٰ ۚ إِنَّهُ كَانَ مُخْلَصًا وَكَانَ رَسُولًا نَّبِيًّا ﴿٥١﴾ وَنَادَيْنَاهُ مِن جَانِبِ الطُّورِ الْأَيْمَنِ
وَقَرَّبْنَاهُ نَجِيًّا ﴿٥٢﴾ وَوَهَبْنَا لَهُ مِن رَّحْمَتِنَا أَخَاهُ هَارُونَ نَبِيًّا ﴿٥٣﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِسْمَاعِيلَ ۚ إِنَّهُ كَانَ
صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُولًا نَّبِيًّا ﴿٥٤﴾ وَكَانَ يَأْمُرُ أَهْلَهُ بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَكَانَ عِندَ رَبِّهِ مَرْضِيًّا ﴿٥٥﴾
وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِدْرِيسَ ۚ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَّبِيًّا ﴿٥٦﴾ وَرَفَعْنَاهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ أَنْعَمَ
اللَّهُ عَلَيْهِم مِّنَ النَّبِيِّينَ مِن ذُرِّيَّةِ آدَمَ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوحٍ وَمِن ذُرِّيَّةِ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْرَائِيلَ
وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ۚ إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُ الرَّحْمَٰنِ خَرُّوا سُجَّدًا وَبُكِيًّا ۩ ﴿٥٨﴾ السجدة

اور اس کتاب میں موسیٰ علیہ السلام کا بھی ذکر کیجئے اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے خاص کئے ہوئے بندے تھے اور وہ رسول نبی بھی تھے اور ہم نے ان کو کوہ طور کی داہنی جانب سے آواز دی اور ہم نے ان کو راز کی باتیں کرنے کے لئے مقرب فرمایا اور ہم نے ان کو اپنی رحمت سے ان کے بھائی ہارون علیہ السلام کو نبی بنا کر عطا کیا اور اس کتاب میں اسمٰعیل کا بھی ذکر کیجئے بلاشبہ وہ وعدے کے بڑے سچے تھے اور وہ رسول بھی تھے نبی بھی تھے اور اپنے متعلقین کو نماز کا اور زکوٰۃ کا حکم کرتے رہتے تھے اور اپنے پروردگار کے نزدیک پسندیدہ تھے اور اس کتاب میں ادریس کا بھی ذکر کیجئے بے شک وہ بڑے راستی والے نبی تھے اور ہم ان کو (کمالات میں) بلند درجہ تک پہنچایا۔ یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے خاص انعام فرمایا ہے منجملہ دیگر انبیاء کے آدم کی نسل سے اور ان لوگوں کی نسل سے جن کو ہم نے نوح علیہ السلام کے ساتھ سوار کیا تھا اور ابراہیم علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام کی نسل سے اور (یہ سب حضرات) ان لوگوں میں سے ہیں جن کو ہم نے ہدایت فرمائی اور ان کو مقبول بنایا جب ان کے سامنے (حضرت) رحمٰن کی آیتیں پڑھی جاتی تھیں تو سجدہ کرتے ہوئے اور روتے ہوئے (زمین پر) گر جاتے تھے۔

تفسیر: قصہ چہارم حضرت موسیٰ علیہ السلام: وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مُوسَىٰ (الی قولہ تعالی) خَرُّوا سُجَّدًا وَبُكِيًّا اور اس کتاب (یعنی قرآن) میں موسیٰ (علیہ السلام) کا بھی ذکر کیجئے بلاشبہ (یعنی لوگوں کو سنایئے ورنہ کتاب میں ذکر کرنے والا تو فی الحقیقۃ اللہ تعالیٰ ہے) وہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے خاص کئے ہوئے (بندے) تھے اور وہ رسول بھی تھے نبی بھی تھے اور ہم نے ان کو کوہ طور کی داہنی جانب سے آواز دی اور ہم نے ان کو راز کی باتیں کرنے کے لئے مقرب بنایا اور ہم نے ان کو اپنی رحمت (وعنایت) سے ان کے بھائی ہارون کو نبی بنا کر عطا کیا (یعنی ان کی درخواست کے موافق ان کو نبی کیا کہ ان کی مدد کریں) اور اس کتاب میں اسماعیل (علیہ السلام) کا بھی ذکر کیجئے بلاشبہ وہ وعدے کے (بڑے) سچے تھے اور وہ رسول بھی تھے نبی بھی تھے اور اپنے متعلقین کو نماز اور زکوٰۃ کا (خصوصاً اور بھی احکام کا عموماً) حکم کرتے رہتے تھے اور وہ اپنے پروردگار کے نزدیک پسندیدہ تھے اور اس کتاب میں ادریس (علیہ السلام) کا بھی ذکر کیجئے بیشک وہ بڑی راستی والے نبی تھے اور ہم نے ان کو (کمالات میں) بلند رتبہ تک پہنچایا یہ (حضرات جن کا شروع سورت سے یہاں تک ذکر ہوا زکریا علیہ السلام سے ادریس علیہ السلام تک یہ) وہ لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے (خاص) انعام فرمایا ہے (چنانچہ نبوت سے بڑھ کر کون سی نعمت ہوگی) منجملہ (دیگر) انبیاء (علیہم السلام) کے (یہ وصف سب مذکورین میں مشترک ہے اور یہ سب) آدم علیہ السلام کی نسل سے تھے) اور (بعضے ان میں) ان لوگوں کی نسل سے (تھے) جن کو ہم نے نوح (علیہ السلام) کے ساتھ کشتی میں سوار کیا تھا (چنانچہ بجز ادریس علیہ السلام کے کہ وہ اجداد نوح علیہ السلام سے ہیں باقی سب میں یہ وصف ہے) اور (بعضے ان میں) ابراہیم (علیہ السلام) اور یعقوب (علیہ السلام) کی نسل سے (تھے چنانچہ حضرت زکریا و عیسیٰ و موسیٰ علیہم السلام دونوں کی اولاد میں تھے اور اسحاق و اسماعیل و یعقوب علیہم السلام صرف حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں تھے) اور (یہ سب حضرات) ان لوگوں میں سے (تھے) جن کو ہم نے ہدایت فرمائی اور ان کو مقبول بنایا (اور باوجود اس مقبولیت واختصاص کے ان سب حضرات موصوفین کی عبدیت کی یہ کیفیت تھی کہ) جب ان کے سامنے (حضرت) رحمان کی آیتیں پڑھی جاتی تھی تو (غایت افتقار وانکسار وانقیاد کے اظہار کے لئے) سجدہ کرتے ہوئے روتے ہوئے (زمین پر) گر جاتے تھے۔ **ف**: یہاں چند فوائد ہیں۔

اول: رسول اور نبی کی تفسیر میں اقوال متعدد ہیں تتبع آیات مختلفہ سے جو بات احقر کے نزدیک محقق ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ ان دونوں کے مفہوم میں عموم وخصوص من وجہ ہے رسول وہ ہے جو مخاطبین کو شریعت جدیدہ پہنچاوے خواہ وہ شریعت اس رسول کے اعتبار سے بھی جدیدہ ہو جیسے تورات وغیرہ یا صرف مرسل الیہم کے اعتبار سے جدیدہ ہو جیسے اسماعیل علیہ السلام کی شریعت کہ وہی شریعت ابراہیمیہ تھی لیکن قوم جرہم کو اس کا علم حضرت اسماعیل علیہ السلام ہی سے حاصل ہوا اور خواہ وہ رسول نبی ہو یا نبی نہ ہو جیسے ملائکہ کہ ان پر رسل کا اطلاق کیا گیا ہے اور وہ انبیاء نہیں ہیں یا جیسے انبیاء کے فرستادے اصحاب جیسا سورۂ یٰسین میں ہے: إِذْ جَاءَهَا

www.besturdubooks.net

الْمُرْسَلُوْنَ [یٰسٓ: ۱۳] اور نبی وہ ہے جو صاحب وحی ہو خواہ شریعت جدیدہ کی تبلیغ کرے یا شریعت قدیمہ کی جیسے اکثر انبیا نے بنی اسرائیل کہ شریعت موسویہ کی تبلیغ کرتے تھے پس من وجہ وہ عام ہے من وجہ یہ عام ہے پس جن آیتوں میں دونوں مجتمع ہیں اس میں تو کوئی اشکال نہیں کہ عام و خاص کا جمع ہونا صحیح ہے اور جس موقع پر دونوں میں تقابل ہوا ہے جیسے وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ [الحج: ۵۲] الخ چونکہ عام و خاص مقابل ہوتے نہیں اس لئے وہاں نبی کو عام نہ لیں گے بلکہ خاص کرلیں گے مبلغ شریعت سابقہ کے ساتھ پس معنی یہ ہوں گے ما ارسلنا من قبلك من صاحب شرع جديدة و لا صاحب شرع غير جديد الخ لیکن چونکہ اب متبادر لفظ رسول سے صاحب نبوت ہوتا ہے اس لئے غیر نبی پر اطلاق اس کا بوجہ ایہام کے درست نہیں جیسے اس وقت بعض اہل زیغ اپنے لئے وحی اور رسالت بلکہ نبوت کے اطلاق کو جائز رکھتے ہیں اور تفسیر بھی ان الفاظ کی بدل ڈالی ہے نعوذ باللہ۔

دوم: موسیٰ علیہ السلام کی وحی کو جو راز کہا تو اس اعتبار سے کہ اس وقت استماع میں کوئی بشر شریک نہ تھا گو بعد میں اوروں کو بھی موسیٰ علیہ السلام کے ذریعہ سے اس کی اطلاع ہوگئی۔ **سوم:** اور اس جانب کو ایمن اس لئے کہا کہ وہ موسیٰ علیہ السلام کے دست راست کی طرف تھی۔ **چہارم:** اور ہارون علیہ السلام کا موسیٰ علیہ السلام کو عطا کیا جانا فرمانے سے مراد یہی ہے کہ ان کی معاونت معاضدت عطاء فرمائی تھی ورنہ ہارون علیہ السلام عمر میں بڑے ہیں۔ **پنجم:** حضرت اسماعیل علیہ السلام کے کمالات میں بالتخصیص صدق وعدہ کو فرمانا اس لئے ہے کہ یہ صفت خصوصیت کے ساتھ آپ پر غالب تھی چنانچہ مشہور ہے جس میں سے ایک فرد اعظم یعنی بچپن میں ایسا سخت وعدہ ذبح کے متعلق سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ [الصّٰفّٰت: ۱۰۲] پورا کر دینا کو قرآن میں مذکور ہے۔ **ششم:** اہلہ سے مراد اگر مطلق امت ہو تب تو تعمیم حاصل ہے اور اگر خاص گھر والے مراد ہوں تو وجہ تخصیص دو ہو سکتی ہیں یا تو باعتبار بداءت کے کہ گھر والوں کے اوروں سے پہلے فرمایا اور یہی شان ہے اہل تبلیغ کی کما ورد قوله تعالى وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ [الشعراء: ۲۱۴] اور یا اس اعتبار سے کہ اور لوگ ان کا اقتدا کریں گے۔ **ہفتم:** صلوٰۃ و زکوٰۃ کی تخصیص باعتبار اہتمام کے ہے نہ کہ انحصار کے۔ **ہشتم:** یہاں انبیاء علیہم السلام کے بعض اوصاف جو کہ مشترک بھی ہیں جدا جدا فرمانا یہ تفنن کلام کا ہے جو زیادہ تدقیق کا محتاج نہیں۔ **نہم:** ادریس علیہ السلام کے قصہ میں رفعت اور مکان اور علو سب معنوی ہیں اور جو قصہ علو حسی کا مشہور ہے اگر وہ صحیح بھی ہو تب بھی تفسیر کا موقوف علیہ بنانے کی ضرورت نہیں علو اور رفعت کا معنوی ہونا تو کثیر الاستعمال ہے لیکن مکان کا معنوی ہونا بھی صاحب روح نے اس شعر سے ثابت کیا ہے۔

ے وكن في مكان اذا ما سقطت تقوم ورجلك في عافية

دہم: چونکہ بعض انبیاء علیہم السلام کی شان میں بعضے ملحدین افراط و تفریط کرتے تھے اس لئے حق تعالیٰ نے ان سب حضرات کے دو قسم کے اوصاف فرمائے ان کا مقبول ہونا و ذی کمال ہونا کہ علاج ہے تفریط کا اور اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ الخ میں ان کا مفتقر و منکسر ہونا کہ علاج ہے افراط کا و الله اعلم بالاسرار المودعة في كتابه مطلع الانوار وما علمنا في علمه الا اقل من قطرة بل من رشحة في جنب البحار۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ مِمَّنْ هَدَيْنَا الخ اس میں وصول الی اللہ کے دونوں طریق کا ذکر ہے سلوک کا بھی جس کو ہدایت کہتے ہیں اور جذب کا بھی جس کو اجتباء کہتے ہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ الخ آیت سے استدلال ہوتا ہے کہ تلاوت قرآن کے وقت رونا مستحب ہے۔

اختلاف القراءۃ: في قراءة مخلصا مبنيا للفاعل اى من اخلص لله تعالىٰ ۱۲۔

الفقه: السجدة المستقلة للاجلال او للشكر خارج الصلوٰة قربة مشروعة لكن غير مقصودة بذاتها بخصوصها فلا تنافي في ورودها في النصوص في قول ابى حنيفةؒ بكراهتها فان هذا القول مقيد باعتقادها قربة مقصودة فافهم ۱۲۔

النحو: اولئك مبتدأ والموصول خبره ومن النبيين بيان للموصول ومن ذرية آدم بدل من الجار والمجرور وممن حملنا ومن ذرية ابراهيم وممن هدينا كلها بدل بعضها بدل الكل وبعضها بدل البعض واذ تتلى استيناف ۱۲۔

البلاغة: قوله نجيا في الروح مثل حاله عليه السلام بحال من قربه الملك لمناجاته واصطفاه لمصاحبته ورفع الوسائط بينه وبينه ۱۲۔

فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿۵۹﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْئًا ﴿۶۰﴾ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ﴿۶۱﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ۭ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿۶۲﴾ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ﴿۶۳﴾

پھر ان کے بعد (بعضے) ایسے ناخلف پیدا ہوئے جنہوں نے نماز کو برباد کیا اور (نفسانی ناجائز) خواہشوں کی پیروی کی سو یہ لوگ عنقریب (آخرت میں) خرابی دیکھیں گے

www.besturdubooks.net

ہاں مگر جس نے توبہ کر لی اور ایمان لے آیا اور نیک کام کرنے لگا سو یہ لوگ جنت میں جاویں گے اور ان کا ذرا نقصان نہ کیا جائے گا اور ہمیشہ رہنے کے باغ کا رحمٰن نے اپنے بندوں سے غائبانہ وعدہ فرمایا ہے اور اس کے وعدے کی ہوئی چیز کو یہ لوگ ضرور پہنچیں گے اس (جنت) میں وہ کوئی فضول بات نہ سننے پاویں گے بجز سلام کے اور ان کو ان کا کھانا صبح و شام ملا کرے گا یہ جنت (جس کا ذکر ہوا) ایسی ہے کہ ہم اپنے بندوں میں سے اس کا مالک ایسے لوگوں کو بنادیں گے جو کہ خدا سے ڈرنے والا ہو۔۞

تفسیر ربط : اوپر حضرت انبیاء علیہم السلام کے قصص ذکر کر کے آگے ان کے متبعین اور مبتدعین کے حال اور دونوں کے مآل کو اس لئے بیان فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ وفاق اور شقاق کرنے والوں کو ترغیب اور ترہیب ہو و نیز اس میں اثبات معاد بھی ہے جو توحید و نبوت کے ساتھ اکثر جگہ قرآن میں مذکور ہوتا ہے۔

حال و مآل اہل وفاق و اہل شقاق ☆ فَخَلَفَ مِنۢ بَعۡدِهِمۡ خَلۡفٌ (الی قولہ تعالی) تِلۡكَ ٱلۡجَنَّةُ ٱلَّتِي نُورِثُ مِنۡ عِبَادِنَا مَن كَانَ تَقِيًّا۞ پھر ان (مذکورین) کے بعد (بعضے) ایسے ناخلف پیدا ہوئے جنہوں نے نماز کو برباد کیا (خواہ اعتقاداً کہ انکار کیا یا عملاً کہ اس کے ادا کرنے میں یا حقوق و آداب ضروریہ میں کوتاہی کی) اور (نفسانی ناجائز) خواہشوں کی پیروی کی (جو ضرور طاعت سے غافل کرنے والی تھیں) سو یہ لوگ عنقریب (آخرت میں) خرابی دیکھیں گے (خواہ ابدی یا غیر ابدی) ہاں مگر جس نے (کفر و معصیت سے) توبہ کر لی اور مطلب کفر سے توبہ کرنے کا یہ ہے کہ) ایمان لے آیا اور (معصیت سے توبہ کرنا یہ ہے کہ) نیک کام کرنے لگا سو یہ لوگ (بلا خرابی دیکھے) جنت میں جاویں گے اور (جزا ملنے کے وقت) ان کا ذرا نقصان نہ کیا جاوے گا (یعنی ہر نیک عمل کی جزا ملے گی یعنی) ان ہمیشہ رہنے کے باغوں میں (جاویں گے) جن کا رحمان نے اپنے بندوں سے غائبانہ وعدہ فرمایا ہے (اور) اس کے وعدہ کی ہوئی چیز کو یہ لوگ ضرور پہنچیں گے (اس جنت) میں وہ لوگ کوئی فضول بات نہ سننے پاویں گے (کیونکہ وہاں فضول بات ہی نہ ہوگی) بجز (فرشتوں اور ایک دوسرے کے) سلام (کرنے) کے (اور ظاہر ہے کہ سلام سے بہت ہی خوشی اور راحت ہوتی ہے تو وہ فضول نہیں) اور ان کو کھانا صبح و شام ملا کرے گا (یعنی یہ تو معین طور پر ہوگا اور یوں دوسرے وقت بھی اگر چاہینگے ملیگا) یہ جنت (جس کا ذکر ہوا) ایسی ہے کہ ہم اپنے بندوں میں سے اسکا مالک ایسے لوگوں کو بنادیں گے جو کہ خدا سے ڈرنے والا ہو۔ (جو مبنی ہے ایمان و عمل صالح کا) **ف**: يلقون غيا کی تفسیر میں ابدی و غیر ابدی دو قسمیں باعتبار کافر و عاصی کے کہی گئیں اس طرح يَدۡخُلُونَ ٱلۡجَنَّةَ کی تفسیر میں جو بلا خرابی کہا گیا یہاں بھی ایمان پر خرابی ابدی کی نفی اور عمل صالح پر مطلق خرابی کی نفی مراد ہے اور لَا يُظۡلَمُونَ صالح و عاصی دونوں کے لئے عام ہے بمقابلہ کفار کے کہ ان کے حسنات پر ثواب نہ ہوگا گو یہ ظلم نہیں مگر یہاں جو اس کی تفسیر ہے ينقصون وہ نقصان تو محقق ہے اور صبح شام مقدار صبح و شام ہے ورنہ جنت میں تو ظلمت ہے ہی نہیں جس کے یہ سب فروع ہیں رواه الطبری عن قتادة و مجاهد۔

ربط : اوپر اہل وفاق کی فضیلت واجر کے بیان کرنے میں اطاعت کی ترغیب فرمائی تھی آگے اس کی تاکید و تقویت کے لئے وما نتنزل الخ میں ملائکہ کا غایت درجہ تابع امر ہونا بیان فرما کر اور پھر رب السموٰت الخ میں تمام عالم کا مسخر قدرت و مربوب ہونا بیان فرما کر فاعبده الخ میں تفریعاً اطاعت کا امر فرماتے ہیں کیونکہ شان نزول وما نتنزل کا جیسا بخاری وغیرہ نے روایت کیا ہے یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے آرزو ظاہر فرمائی تھی کہ ذرا زیادہ آیا کرو اس پر یہ آیت نازل ہوئی جو بطور جواب کے ہے حضرت جبرئیل علیہ السلام کی جانب سے جس کے مضمون سے غایت تابعیت لامر الالٰہی ظاہر ہے اور اس تابعیت سے ترغیب اطاعت کی تاکید و تقویت ظاہر ہے کہ جب فرشتوں کی باوجود عظمت کے یہ کیفیت ہے تو ہم کیونکر اطاعت نہ کریں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في خلف بعضے اعتبارا للواقع وعدم دلالة خلف على العموم ۱۲۔ ۲ قوله في الشهوات ناجائز بقرينة المقام ۱۲۔ ۳ قوله في وامن مطلب اشارة الى كونه عطف تفسير ۱۲۔ ۴ قوله في يدخلون بلاخرابي فسقط احتجاج المعتزلة في اشتراطهم العمل لدخول الجنة مطلقا والتفصيل ان المعتزلة استدلت بقوله تعالى الا من تاب وآمن وعمل الخ على ان العمل شرط لدخول الجنة كالايمان فاجيب عنه ان هذا الدخول المشروط بالعمل في الاكثر هو الدخول الخاص الذى لا يكون معه تبعة واما نفس الدخول ولو بعد تبعة فيكفى فيه الايمان وانما قلت في الاكثر لانه يمكن عندنا ان يدخل الله تعالى العاصى الجنة بلا تبعة۔ ۵ قوله في لا يسمعون فضول بات نہ ہوگی فالنفي المقيد باعتبار نفي المطلق لا القيد فقط ۱۲۔

الكلام: التقييد بالعمل الصالح باعتبار من وجب عليه واما من لم يتمكن بان مات مثلا بعد الايمان فوراً فلا تقييد باعتباره فافهم ۱۲۔

اللغات: خلف بسكون اللام عام للصالح وغير الصالح او خاص بغير الصالح واما بالفتح فخاص بالصالح وقد يستعمل احدهما مكان الآخر قوله غيا هو الضلال حقيقة وجزاءه مجازا وما الطف ترجمة لقوله خرابی فانه منطبق على كلا المعنين ۱۲۔ قوله ماتيا بمعنى اسم مفعول كما حملته عليه او بمعنى آتيا۔

www.besturdubooks.net

اَلنَّحْوُ: قوله الا من تاب استثناء متصل لان ما قبله حمل على العموم قوله جنّٰت عدن بدل من الجنة والمراد بالجنة العرفية وبالجنات اللغوية فتغايرا مفهومًا والتفصيل في روح المعانی۲۔ قوله التي صفا لقوله الجنة لا الجنات قوله بالغيب حال اى غائبة عنهم او غائبين عنها فالباء للملابسة۲ قوله الاسلاما استثناء منفصل۲۔

اَلْبَلَاغَۃُ: قوله بالغيب لعل نكتة التقيـيد به الاشعار بان الله تعالٰى وعدهم ما لا يتوقعونه لعدم تعلق علمهم به بخلاف ملوك الدنيا فانهم فى الاكثر يعدون ما يظنون فيه ان المطيع يتوقعه وذلك غاية من الكرم قوله الا سلاما عندى هذا التخصيص للتمثيل والا فلا ينحصر كلام الجنة فى السلام قوله نورث مجاز عن التمليك ونكتة التعبير به ان الملك الذى يكون فى الميراث لا ليسترد ولا يفسخ فهو اقوى من سائر اقسامه۲۔

وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
ع ١٥ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ۭ هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾ وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾ اَوَلَا يَذْكُرُ
الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْــًٔا ﴿٦٧﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ ۚ
ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ﴿٦٩﴾ ۚ ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ﴿٧٠﴾ وَاِنْ
مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿٧١﴾ ۚ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾

اور ہم (یعنی فرشتے) بدون آپ کے رب کے حکم کے وقتاً فوقتاً نہیں آسکتے اسی کی (ملک) ہیں ہمارے آگے کی سب چیزیں اور ہمارے پیچھے کی سب چیزیں اور جو چیزیں ان کے درمیان میں ہیں اور آپ کا رب بھولنے والا نہیں وہ رب ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو ان دونوں کے درمیان ہیں سو اس کی عبادت کیا کر اور اس کی عبادت پر قائم رہ بھلا تو کسی کو اس کا ہم صفت جانتا ہے اور انسان (منکر بعث) یوں کہتا ہے جب میں مر جاؤں گا تو کیا پھر زندہ کر کے (قبر سے) نکالا جاؤں گا کیا یہ انسان اس بات کو نہیں سمجھتا کہ ہم اس کو اس سے قبل (عدم سے) وجود میں لا چکے ہیں اور یہ (اس وقت) کچھ بھی نہ تھا سو قسم ہے آپ کے رب کی ہم ان کو (اس وقت میں) جمع کریں گے اور شیاطین کو بھی پھر ان کو دوزخ کے گرداگرد اس حالت سے حاضر کریں گے کہ گھٹنوں کے بل گرے ہوں گے پھر (ان کفار کے) ہر گروہ میں سے ان لوگوں کو جدا کریں گے جو ان میں سب سے زیادہ سرکشی کیا کرتا تھا پھر ہم (خود) ایسے لوگوں کو خوب جانتے ہیں جو دوزخ میں جانے کے زیادہ (یعنی اول) مستحق ہیں اور تم میں سے کوئی بھی نہیں جس کا اس پر سے گزر نہ ہو یہ آپ کے رب کے اعتبار سے لازم ہے جو (ضرور) پورا ہو کر رہے گا پھر ہم ان لوگوں کو نجات دے دیں گے جو خدا سے ڈر کر ایمان لاتے تھے۔

تفسیر: محکوم و مربوب بودن ملائکہ وتمامی خلائق مرحق تعالیٰ را وتفریع وجوب عبادت بر آں ☆ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ (الی قولہ تعالی) هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا اور (ہم آپ کی درخواست کا جبرئیل علیہ السلام کی طرف سے جواب دیتے ہیں سنئے وہ یہ ہے کہ) ہم (یعنی فرشتے) بدون آپ کے رب کے حکم کے وقتاً فوقتاً نہیں آسکتے اسی کی (ملک) ہیں ہمارے آگے کی سب چیزیں (مکان ہو یا زمان مکانی ہو یا زمانی) اور (اسی طرح) ہمارے پیچھے کی سب چیزیں اور جو چیزیں ان کے درمیان میں ہیں (آگے کا مکان تو جو منہ کے سامنے ہو اور پیچھے کا جو پشت کی طرف ہو اور ما بین ذلک جس میں یہ شخص خود ہو اور آگے کا زمان جو مستقبل ہو اور پیچھے کا ماضی ہو اور ما بین ذلک جو زمانہ حال ہو) اور آپ کا رب بھولنے والا نہیں (چنانچہ یہ سب امور آپ کو پہلے سے معلوم ہیں مطلب یہ ہے کہ ہم تکویناً وتشریعاً مسخر امر ہیں اپنی رائے سے ایک مکان سے دوسرے مکان میں یا جس زمان میں ہم چاہیں کہیں آ جا نہیں سکتے لیکن جب ہمارا بھیجنا مصلحت ہوتا ہے حق تعالیٰ بھیج دیتے ہیں یہ احتمال نہیں کہ شاید کسی مصلحت کے وقت بھول جاتے ہوں) وہ رب ہے آسمانوں اور زمین کا اور ان سب چیزوں کا جو ان دونوں کے درمیان میں ہیں سو (جب ایسا حاکم و مالک ہے تو اے مخاطب) تو اس کی عبادت (اور اطاعت) کیا کر اور (ایک آدھ بار نہیں بلکہ) اس کی عبادت پر قائم رہ) اور اگر اس کی عبادت نہ کرے گا تو کیا دوسرے کی عبادت کرے گا) بھلا تو کسی کو اس کا ہم صفت[1] جانتا ہے (یعنی کوئی اس کا ہم صفت نہیں تو لائق عبادت بھی کوئی نہیں پس اسی کی عبادت کرنا ضرور ہوا) **ف**: بعض نے جن کو حدیث سے اعتقاد نہیں اس آیت کو اہل جنت کا قول بنایا ہے کہ جنت میں جا کر کہیں گے کہ ہمارا یہ نزول جنت بامر رب ہوا ہے الخ لیکن اول تو یہ صحیح شان نزول کے خلاف ہے۔ دوسرے تنزل کے معنی ہیں بار بار نازل ہونا سو یہ جنت میں مفقود ہے۔ تیسرے اس صورت میں بجائے بامر ربنا کے بامر ربک زیادہ مناسب وقریب بلاغت تھا خوب سمجھ لو۔ **ربط**: اوپر اہل اطاعت ومعصیت کا دنیا میں حال

www.besturdubooks.net

اور آخرت میں مآل مجملاً مذکور ہوا تھا آگے بھی حال اور مآل اور اسی میں بعض کے اقوال کسی قدر مفصلاً مذکور ہیں نیز اس میں مبحث مبعث ومعاد کی بھی تفصیل ہوگئی جو اوپر اجمال کے ساتھ مذکور تھی اور یہ توجیہ ربط کی یہاں سے آخر سورت تک جاری ہے۔

تفصیل حال ومعاد اہل ضلال واہل ارشاد☆ وَيَقُولُ الْإِنسَانُ أَإِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾ (الی قولہ تعالی) وَّنَذَرُ الظَّالِمِينَ فِيهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ اور انسان (منکر بعث) یوں کہتا ہے کہ جب میں مرجاؤں گا تو کیا پھر زندہ کرکے قبر سے نکالا جاؤں گا (اللہ تعالیٰ جواب دیتے ہیں کہ) کیا (یہ) انسان اس بات کو نہیں سمجھتا کہ ہم اس کے قبل (عدم سے) وجود میں لا چکے ہیں اور یہ (اس وقت) کچھ بھی نہ تھا (جب ایسی حالت سے حیات تک لانا آسان ہے تو دوبارہ حیات دینا تو بدرجۂ اولیٰ آسان ہے) سو قسم ہے آپ کے رب کی ہم ان کو (قیامت میں زندہ کرکے موقف میں) جمع کریں گے اور (ان کے ساتھ) شیاطین کو بھی (جو دنیا میں ان کے ساتھ رہ کر بہکاتے سکھاتے تھے جیسا دوسری آیت میں ہے: قَالَ قَرِينُهُ رَبَّنَا مَا أَطْغَيْتُهُ [ق : ٢٧]) پھر ان (سب) کو دوزخ کے گرداگرد اس حالت سے حاضر کریں گے کہ (مارے ہیبت کے) گھٹنوں کے بل گرے ہوں گے پھر (ان کفار کے) ہر گروہ میں سے (جیسے یہود ونصاریٰ ومجوس وبت پرست) ان لوگوں کو جدا کریں گے جو ان میں سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے سرکشی کیا کرتے تھے (تاکہ ایسوں کو اوروں سے پہلے دوزخ میں داخل کریں) پھر (یہ نہیں کہ اس جدا کرنے میں ہم کو کسی تحقیقات کی ضرورت پڑے کیونکہ) ہم (خود) ایسے لوگوں کو خوب جانتے ہیں جو دوزخ میں جانے کے زیادہ (یعنی اولیٰ) مستحق ہیں (پس اپنے علم سے ایسوں کو الگ کرکے اول انکو پھر دوسرے کفار کو دوزخ میں داخل کردیں گے اور یہ ترتیب صرف اولیت میں ہے اور آخریت نہ ہونے میں تو سب مساوی ہیں اور جہنم کا وجود ایسا یقینی ہے کہ اس کا معائنہ سب مؤمن وکافر کو کرایا جاوے گا گو صورت اور غرض معائنہ کی مختلف ہوگی کفار کو بطور دخول کے اور تعذیب ابدی کے واسطے اور مؤمنین کو بطور عبور پل صراط کے اور زیادت شکر اور فرح کے واسطے کہ اس کو دیکھ کر جو جنت میں پہنچیں گے تو اور زیادہ شکر کریں گے اور خوش ہوں گے) اور (بعض عصاۃ کو سزائے محدود کے لئے جو کہ تطہیر ہے اسی عموم معائنہ کی خبر دی جاتی ہے کہ) تم میں سے کوئی بھی نہیں جس کا اس پر گزر نہ ہو (کسی کا دخولاً کسی کا عبوراً) یہ (وعدہ کے موافق) آپ کے رب کے اعتبار سے (بطور) لازم (مؤکد کے) ہے جو (ضرور) پورا ہوکر رہے گا پھر (اس ورود سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ اس میں مؤمن وکفار برابر ہیں بلکہ) ہم ان لوگوں کو نجات دے دیں گے جو خدا سے ڈر کر (ایمان) لاتے تھے (خواہ اول ہی وہلہ میں نجات ہوجاوے جیسے مؤمنین کاملین کو اور خواہ بعد کسی قدر تکلیف کے جیسے مؤمنین ناقصین کو) اور ظالموں کو (یعنی کافروں کو) اس میں (ہمیشہ کے لئے) ایسی حالت میں رہنے دیں گے کہ (مارے رنج وغم کے) گھٹنوں کے بل گر گر پڑیں گے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهِ اس میں ارشاد ہے مجاہدات طریق کی طرف اور تعلیم ہے اول پر صبر وثبات کی اور یہی حاصل ہے رجعنا من الجهاد الاصغر الى الجهاد الاكبر کا اور ان مجاہدات میں قبض بھی آگیا اس پر بھی صبر چاہئے۔

الحواشی: (۱) اس مقام پر مراد تو نفی معلوم کی ہے لیکن عنوان میں نفی علم کو اس لئے اختیار کیا گیا کہ نفی معلوم بدلیلہ ہوجاوے کیونکہ اگر خدا کا کوئی سمی بمعنی ہم صفت ہوتا تو وہ صفت اشتہار میں بھی سمی ہوتا اور جب یہ ہوتا تو جس طرح سب کو باری تعالیٰ کا علم ہے اسی طرح سب کو اس کا علم ہوتا اور جب علم نہیں تو معلوم ہوا کہ سمی نہیں ۱۲ تبیان۔ (۲) آخریت سے مراد انقطاع عذاب اور خروج عن السقر ہے یعنی چونکہ کفار میں سے کوئی بھی کسی وقت نجات نہ پاوے گا اس لئے آخریت میں کوئی ترتیب نہیں بلکہ عدم آخریت سب کے لئے ثابت ہے ۱۲ تبیان۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى ما نتنزل ہم آپ کی درخواست الخ افاد به انه لا يلزم كونه نقلا لكلام جبرئيل عليه السلام لانه لا دليل على انه عليه السلام قاله او لا ثم حكى الله تعالىٰ عنه ثانيا ولا يلزم على تقدير كونه كلامه تعالىٰ رجوع الضمير الى الله تعالىٰ ولا يلزم كونه خطابا وتعليما لجبرئيل عليه السلام ليقوله للنبي صلى الله عليه وسلم فافهم فانه عزيز ۱۲۔ ۲ قوله فى رب السمٰوٰت وہ اشار به الى حذف المبتدأ ۱۲۔ ۳ قوله فى فاعبده اے مخاطب اشار به الى عدم تخصيص الخطاب للنبي صلى الله عليه وسلم ۱۲۔ ۴ قوله فى هل تعلم ہم صفت نہیں اشار به الى ان نفى العلم فى الآية يراد به نفى المعلوم فافهم ۱۲۔ ۵ قوله فى لنحشرنهم ان کو اشار به الى ان الضمائر للكفار الا ضمير منكم محمل على العموم بقرينة الحديث الدال على عموم الورود فافهم ولعل الالتفات من الغيبة الى الخطاب يكون لهذه النكتة ۱۲۔ ۶ قوله فى ثم لنحن پھر یہ نہیں وقوله فى ثم ننجي پھر اس ورود سے الخ اشار بهٰذين التقديرين الى ان قوله تعالىٰ لنحن اعلم وقوله تعالىٰ ننجي ليس بمدخول ثم بل مدخوله ما قدر فالتراخي فى الحكاية لا المحكي عنه ۱۲۔ ۷ قوله فى توضيح الذين هم اولىٰ ایسوں کو الگ کرکے اشار به الى ان الموصول فيه وضع المظهر موضع المضمر لان الظاهر كان نحن اعلم بهم فافهم ۱۲۔ ۸ قوله فى جثيا الثاني گر گر پڑیں گے اشار به الى دفع ما يتوهم ان النصوص ناطقة بما لا يجتمع مع الجثو من الصعود والدوران و نحوهما ووجه الدفع ان قوله

www.besturdubooks.net

گرگر اشارہ یصدق بما اذا سقط ثم قام ثم سقط ثم قام ۱۲۔

الروایات: فی الروح اخرج ابن المنذر عن ابن جریج انها ای آیة ویقول الانسان نزلت فی الولید بن مغیرة واخرج ابن ابی حاتم عن ابن زید انه قال فی الآیة ای قوله وان منکم ورود المسلمین المرور علی الجسر بین ظهریها وورود المشرکین ان یدخلوها آه قال صاحب الروح ولا بد علی هذا من ارتکاب عموم المجاز ۱۲۔

اللغات: قوله اولا یذکر هذا من الذکر الذی بمعنی التفکر الجثی بارکین علی الرکب جمع جاث اصله جثو وبواوین عتیا نبوا عن الطاعة مصدر صلیا مصدر بمعنی الدخول ۱۲۔

البلاغة: قوله لنحشرنهم کان الخ ظاهر ان یقول لنخرجنهم لکن اوثر هذا لیکون ابلغ فی الدلالة یعنی یکون الاخراج مع شیٔ زائد هائل ۱۲۔

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَيُّ الْفَرِيقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَأَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هُمْ أَحْسَنُ أَثَاثًا وَرِئْيًا ﴿٧٤﴾ قُلْ مَن كَانَ فِي الضَّلَالَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمَٰنُ مَدًّا ۚ حَتَّىٰ إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا السَّاعَةَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَأَضْعَفُ جُندًا ﴿٧٥﴾ وَيَزِيدُ اللَّهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا هُدًى ۗ وَالْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ خَيْرٌ عِندَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَخَيْرٌ مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾

اور ظالموں کو اس میں ایسی حالت میں رہنے دیں گے کہ گھٹنوں کے بل گر پڑیں گے اور جب ان (منکر) لوگوں کے سامنے ہماری کھلی کھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو یہ کافر لوگ مسلمانوں سے کہتے ہیں کہ دونوں فریقوں میں سے مکان کس کا زیادہ اچھا ہے اور محفل کس کی اچھی ہے اور ہم نے ان سے پہلے بہت سے ایسے ایسے گروہ ہلاک کئے ہیں جو سامان اور نمود میں ان میں سے بھی (کہیں) اچھے تھے۔ آپ فرما دیجئے کہ جو لوگ گمراہی میں ہیں (یعنی تم) رحمٰن ان کو ڈھیل دیتا چلا جا رہا ہے یہاں تک کہ جس چیز کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے اس کو دیکھ لیں گے خواہ عذاب کو (دنیا میں) خواہ قیامت کو (دوسرے عالم میں) سو (اس وقت) ان کو معلوم ہو جائے گا کہ برا مکان کس کا ہے اور کمزور مددگار کس کے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہدایت والوں کو (دنیا میں تو) ہدایت بڑھاتا ہے اور (آخرت میں ظاہر ہو گا کہ) جو نیک کام ہمیشہ کے لئے باقی رہنے والے ہیں وہ تمہارے رب کے نزدیک ثواب میں بہتر ہیں اور انجام میں بھی میں بہتر ہیں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر کی آیتوں کی تمہید میں گزر چکا۔

رد بعض اقوال منکرین ☆ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ (الی قوله تعالی) وَخَيْرٌ مَّرَدًّا ۝ اور جب منکر لوگوں کے سامنے ہماری (وہ) کھلی کھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں (جن میں مؤمنین کا حق پر ہونا اور کفار کا باطل پر ہونا مذکور ہوتا ہے) تو یہ کافر لوگ مسلمانوں سے کہتے ہیں کہ (یہ بتلاؤ ہم) دونوں فریقوں میں (یعنی ہم میں اور تم میں) مکان کس کا زیادہ اچھا ہے اور محفل کس کی اچھی ہے (یعنی ظاہر ہے کہ خانگی اور مجلسی ساز و سامان اور اہل و عوان میں ہم بڑھے ہوئے ہیں۔ یہ مقدمہ تو حسی ہے اور دوسرا مقدمہ عرفی ہے کہ محبوب کو نعمت دی جاتی ہے ان دونوں مقدموں سے ثابت ہوا کہ ہم اللہ کے محبوب و مقبول ہیں اور تم مغضوب و مخذول۔ آگے اللہ تعالیٰ کا ایک جواب الزامی اور ایک تحقیقی دیتے ہیں پہلا جواب تو یہ ہے کہ لوگ ایسی بات کہتے ہیں (اور یہ نہیں دیکھتے کہ) ہم نے ان سے پہلے بہت سے ایسے ایسے گروہ (ہیبت ناک سزاؤں سے کہ بالیقین عذاب تھے ہلاک کئے ہیں جو سامان اور نمود میں ان سے بھی (کہیں) اچھے تھے (اس سے معلوم ہوا مقدمہ ثانیہ غلط ہے بلکہ کسی حکمت اور مصلحت سے نعمت دنیویہ اور مبغوضیت کا جمع ہونا ممکن ہے آگے دوسرا جواب ہے کہ اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ فرما دیجئے کہ جو لوگ گمراہی میں ہیں (یعنی تم) اللہ تعالیٰ ان کو ڈھیل دیتا چلا جا رہا ہے (یعنی اس نعمت دنیوی میں یہ حکمت ہے کہ مہلت دے کر اتمام حجت کر دے جیسا دوسری آیت میں ہے: أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُم مَّا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَن تَذَكَّرَ [فاطر: ۳۷] الخ اور یہ مہلت چند روزہ ہے) یہاں تک کہ جس چیز کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے جب اس کو دیکھ لیں گے خواہ عذاب کو (دنیا میں) خواہ قیامت کو (دوسرے عالم میں) سو (اس وقت) ان کو معلوم ہو جاوے گا کہ برا مکان کس کا ہے اور کمزور مددگار کس کے ہیں (یعنی دنیا میں جو اپنے اہل مجلس کو اپنا مددگار سمجھتے ہیں اور فخر کرتے ہیں وہاں معلوم ہو گا کہ ان میں کتنا زور ہے کیونکہ وہاں تو زور میں اتنی کمی ہو گی کہ اصلاً زور نہ ہو گا اسی کو اضعف فرمایا تھا) اور (مسلمانوں کا یہ حال ہے کہ) اللہ تعالیٰ ہدایت والوں کو (دنیا میں تو) ہدایت بڑھاتا ہے (یعنی اصل سرمایہ یہ ہے کہ اگر اس کے ساتھ مال و دولت نہ ہو مضر نہیں) اور (آخرت میں ظاہر ہو گا کہ) جو نیک کام ہمیشہ کے باقی رہنے والے ہیں وہ تمہارے رب کے

www.besturdubooks.net

نزدیک ثواب میں بھی بہتر ہیں اور انجام میں بھی بہتر ہیں (پس ان کو ثواب میں بڑی بڑی نعمتیں ملیں گی جن میں مکانات اور باغات سب کچھ ہوں گے اور انجام ان اعمال کا ابدیت ہے ان نعمتوں کی پس کیفیۃً وکمیۃً مسلمانوں ہی کی حالت اخیرہ بہتر ہوگی اور اخیر ہی کا اعتبار بھی ہے)۔ **ف**: آیتوں کا بینات ہونا یا باعتبار اعجاز کے ہے یا اثباتِ مطالب کے یا ہر دو کے اور اضعف جندا سے یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ ان کے پاس وہاں جند ہوگا مگر ضعیف ہوگا کیونکہ یہاں جند اہل مجلس کو کہا جو دنیا میں جند تھے وہاں اُن کا ضعف بیان کرنا مقصود ہے۔ اور اسی طرح اضعف سے یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ اس جند میں وہاں قوت تو ہوگی مگر کم کیونکہ ضعف کا منتہا ہے کہ بالکل قوت نہ رہے تو خالی عن القوت پر بھی اضعف صادق آتا ہے چنانچہ احقر کے تقریر ترجمہ سے یہ دونوں شبہے اسی طرح صاف ہو چکے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ قُلْ مَنْ كَانَ الخ اس کے عموم میں اہل باطل کے اعمال کا بقاء بھی داخل ہے پس احوال پر مغرور نہ ہونا چاہیے ۱۲ قولہ تعالیٰ: يَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ الخ اس میں کوئی حد مقرر نہ ہونے سے مفہوم ہوا کہ ترقی کی کوئی حد نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في للذين امنوا مسلمانوں سے اشار به الى ان اللام للتبليغ لا لمعنى الاجل لان قولهم ليس في حق المؤمنين فقط ۱۲۔ ۲ قوله في مدا چلا جارہا ہے دل عليه التاكيد بالمصدر ۱۲۔

اللغات: المقام المكان والندى المجلس والاثاث متاع البيت والرئى فعل بمعنى المفعول المنظر۔

النحو: قوله مقاما تميز عن المبتدأ قوله حتى غاية قوله فسيعلمون جواب اذا ۱۲۔

البلاغۃ: قوله فليمدد اريد بالامر المضارع ونكتة التعبير به الاشارة الى وقوع هذا المد في الاكثر كانه مطلوب مؤكد لما فيه من ايلاء العذر واتمام الحجة ۱۲۔

أَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ۝۷۷ اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝۷۸ كَلَّا ۚ سَنَكْتُبُ
مَا يَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ۝۷۹ وَّنَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا ۝۸۰ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ
عِزًّا ۝۸۱ كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ۝۸۲ ع ۵ ۱۷ ۸

بھلا آپ نے اس شخص (کی حالت) کو بھی دیکھا جو ہماری آیتوں کے ساتھ کفر کرتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھ کو (آخرت میں) مال اور اولاد ملیں گے کیا یہ شخص غیب پر مطلع ہو گیا ہے یا کیا اس نے اللہ تعالیٰ سے کوئی عہد (اس بات کا) لے لیا ہے ہرگز نہیں (محض غلط کہتا ہے اور) ہم اس کا کہا ہوا بھی لکھے لیتے ہیں اور اس کے لئے عذاب بڑھاتے چلے جائیں گے اور اس کی کہی ہوئی چیزوں کے ہم وارث رہ جائیں گے اور وہ ہمارے پاس (مال و اولاد سے) تنہا ہو کر آئے گا اور ان لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر اور معبود تجویز کر رکھے ہیں تاکہ ان کیلئے وہ (عند اللہ) باعث عزت ہوں (ایسا) ہرگز نہیں (ہوگا بلکہ) وہ تو ان کی عبادت ہی کا انکار کر بیٹھیں گے اور ان کے مخالف ہو جائیں گے۞

تفسیر ربط: آیت ویقول الانسان کی تمہید میں مذکور ہو چکا۔

ردبعض دیگر اقوالِ منکرین ☆ اور اس قول کا قصہ یہ ہے کہ خباب بن ارت صحابی لوہار کا کام کرتے تھے ان کا کچھ قرض عاص بن وائل کے ذمہ رہ گیا تھا انہوں نے ایک بار تقاضا کیا تو عاص نے جواب دیا کہ جب تک تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کفر نہ کرے گا تیرے دام نہ دوں گا انہوں نے کہا کہ اگر تو مر کر بھی زندہ ہو گیا جب بھی کفر نہ کروں گا اس نے کہا پس جب یہ بات ہے کہ میں مر کر پھر بھی زندہ ہونے والا ہوں تو میرے پاس جب ہی آنا میرے پاس اس وقت بھی مال اولاد سب کچھ ہوگا تیرے دام بھگتا دوں گا اس پر یہ آیت آئندہ نازل ہوئی رواه البخاری ومسلم والترمذی والطبرانی وابن حبان وغیرهم۔ آیت و تفسیر اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا (الی قوله تعالی) وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا ۝ (اے محمد ﷺ) بھلا آپ نے اس شخص (کی حالت) بھی دیکھا جو ہماری آیتوں کے ساتھ (جن کا حق یہ ہے کہ ان پر ایمان لایا جاتا جن میں سے آیات بعث بھی ہیں) کفر کرتا ہے اور (علی سبیل الاستہزاء) کہتا ہے کہ مجھ کو (آخرت میں) مال اور اولاد ملیں گے (مطلب یہ کہ اس کی حالت بھی تعجب کے قابل ہے آگے اس کا رد ہے کہ) کیا یہ شخص غیب پر مطلع ہو گیا ہے یا اس نے اللہ تعالیٰ سے کوئی عہد (اس بات کا) لے لیا ہے (یعنی اس دعویٰ کا علم آیا بلاواسطہ اسباب ہوا ہے کہ علم غیب ہے یا بواسطہ اسباب ہوا ہے پھر چونکہ وہ دعویٰ حکم عقلی تو ہی نہیں بلکہ امر نقلی ہے اس لئے صرف دلیل نقلی کہ اخبار خداوندی ہے اس کی دلیل ہو سکتی ہے سو دونوں طریق مفقود ہیں اول تو عقلاً بھی ممتنع ہے اور دوسرا وقوعاً منتفی ہے) ہرگز نہیں (محض غلط کہتا ہے اور) ہم اس کا کہا ہوا بھی لکھے لیتے ہیں (اور وقت پر یہ سزا دیں گے کہ) اس کے لئے عذاب بڑھاتے چلے جائیں گے اور اس کی کہی ہوئی چیزوں کے ہم مالک رہ جاویں گے (یعنی وہ تو دنیا میں مر جاوے گا اور اموال و اولاد پر کوئی اس کا اختیار نہ رہے گا ہم ہی سب کے مالک رہیں گے اور قیامت میں ہم اس

www.besturdubooks.net

کو نہ دیں گے بلکہ) وہ ہمارے پاس (مال واولاد سے) تنہا ہو کر آوے گا۔ رَبط: آیت ویقول الانسان کی تمہید میں گزر چکا۔

ذم بعضے احوال منکرین ☆ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ۝ كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ۝ اوران لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر اور معبود تجویز کر رکھے ہیں تا کہ ان کے لئے وہ (عنداللہ) باعث عزت ہوں (جیسا اس آیت میں حکایت ہے یقولون هؤلاء شفعاؤنا عندالله سوایا) ہرگز نہیں (ہوگا بلکہ) وہ تو (قیامت میں خود) ان کی عبادت ہی کا انکار کر بیٹھیں گے (جیسا سورۂ یونس کے تیسرے رکوع میں گزر چکا: قَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ [یونس:۲۸]) اور (الٹے) ان کے مخالف ہو جاویں گے (قالاً بھی جیسا گذرا اور حالاً بھی کہ بجائے عزت کے سبب ذلت ہو جاویں ان معبودین میں اصنام بھی ہوں گے سوان کا ناطق ہونا جیسا یکفرون کا مقتضا ہے مثل نطق جوارح کے مستبعد مستغرب نہیں۔

مُلحقاتُ الترجمۃ: ۱؎ قوله فى قال لاوتين استهزاء فلا اشكال فى اجتماع انكار البعث وهذا القول فافهم ۱۲۔ ۲؎ قوله فى نرثه ما يقول کہی ہوئی چیزوں اشارة الى ان المراد مصداق ما يقول وهو المال والولد ۱۲۔ ۳؎ قوله فى عزا باعث عزت اشار به الى حذف المضاف وعبر بالمصدر مبالغة ۱۲۔

اللغات: قوله الازم والهز والاستفزاز الازعاج بشدة ۱۲ قوله الوفد الركب او من يقدم على الملوك وبالجملة فاللفظة مشعرة عن الاكرام الورد عطاش واصله المصدر من ورد اى سار الى الماء ويلزمه العطش عادة۔

النحو: قوله تؤزهم فى الروح اما حال مقدرة من الشياطين اور استيناف جوابى ۱۲ قوله يوم نحشرهم ناصبه المقدر المدلول عليه بالكلام السابق اى نعذبهم يوم الخ۔

البلاغۃ: قوله افرأيت تقديره انظرت فرأيت قوله سنكتب السين للتاكيد۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ۝۸۳ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ۝۸۴ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى
الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ۝۸۵ وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ۝۸۶ لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝۸۷ وَقَالُوا
اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ۝۸۸ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا اِدًّا ۝۸۹ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ۝۹۰ اَنْ دَعَوْا
لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ۝۹۱ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ۝۹۲ اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ۝۹۳ لَقَدْ
اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ۝۹۴ وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ۝۹۵ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ
الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۝۹۶ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ۝۹۷ وَكَمْ اَهْلَكْنَا
قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ۭ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ۝۹۸

کیا آپ کو معلوم نہیں کہ ہم نے شیاطین کو کفار پر (ابتلاءً) چھوڑ رکھا ہے کہ وہ ان کو (کفر وضلال پر) خوب ابھارتے رہتے ہیں سو آپ ان کے لئے جلدی نہ کیجئے ہم ان کی باتیں خود شمار کر رہے ہیں (اور) جس روز ہم متقیوں کو رحمٰن (کے دارالنعیم) کی طرف مہمان بنا کر جمع کریں اور مجرموں کو (دوزخ کی طرف (پیاسا) ہانکیں گے (وہاں) کوئی سفارش کا اختیار نہ رکھے گا مگر ہاں جس نے رحمٰن کے پاس (سے) اجازت لی ہے اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اولاد (بھی) اختیار کر رکھی ہے (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ) تم نے (جو) یہ (بات کہی تو) ایسی سخت کی ہے کہ اس کے سبب کچھ بعید نہیں کہ آسمان پھٹ پڑیں اور زمین کے ٹکڑے اڑ جائیں اور پہاڑ ٹوٹ کر گر پڑیں اس بات سے کہ یہ لوگ خدا تعالیٰ کی طرف اولاد کی نسبت کرتے ہیں حالانکہ خدا تعالیٰ کی شان نہیں کہ وہ اولاد اختیار کرے (کیونکہ) جتنے بھی کچھ آسمانوں اور زمین میں ہیں سب خدا تعالیٰ کے روبرو غلام ہو کر حاضر ہوتے ہیں (اور) اس نے سب کو (اپنی قدرت میں) احاطہ کر رکھا ہے اور سب کو شمار کر رکھا ہے اور قیامت کے روز سب کے سب اس کے پاس تنہا تنہا حاضر ہوں گے۔ بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے اللہ تعالیٰ ان کے لئے محبت پیدا کر دے گا سو ہم نے اس قرآن کو آپ کی زبان (عربی) میں اس لئے آسان کیا ہے کہ آپ اس سے متقیوں کو خوشخبری سنا دیں اور (نیز) اس سے جھگڑالو آدمیوں کو خوف دلائیں اور ہم نے ان کے قبل بہت سے گروہوں کو (عذاب وقہر سے) ہلاک کر دیا ہے (سو) کیا آپ ان میں سے کسی کو دیکھتے ہیں ان کی کوئی آہستہ آواز سنتے ہیں۔ ۞

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: اوپر جن ضلالات کا بیان ہوا ہے آگے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی کے لئے ان کا سبب کہ تسلط شیاطین ہے اور پھر ان کا اثر کہ عذاب مبین ہے اور اس کے وقوع کا وقت کہ یوم الدین ہے مذکور فرماتے ہیں یہ خاص ربط ہے اور ربط عام اوپر گزر چکا ہے۔ اوپر بعض ضلالات اور ان کی عقوبت کا بیان تھا آگے بھی ایک خاص ضلال کا مع اس کے ابطال اور اس کے نکال کے بیان ہے۔

بیان سبب ضلال و وبال ضلال و وقت وبال منکرین بغرض تسلیہ رسول امین ﷺ ☆ اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ (الی قولہ تعالی) اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝ (آپ جو ان کی گمراہی سے غم کرتے ہیں تو) کیا آپ کو معلوم نہیں کہ ہم نے شیاطین کو کفار پر (ابتلاء) چھوڑ رکھا ہے کہ وہ ان کو (کفر و ضلال پر) خوب ابھارتے (اور اکساتے) رہتے ہیں (پھر جو خود ہی اپنے اختیار سے اپنے بدخواہ کے بہکانے میں آ جاوے اس کا کیوں غم کیا جاوے) سو (جب شیاطین ابتلاءً مسلط ہوئے ہیں اور تعجیل سزائے مستحق میں ابتلاء رہتا نہیں تو) آپ ان کے لئے جلدی (عذاب ہونے کی درخواست) نہ کیجئے ہم ان کی باتیں (جن پر سزا ہوگی) خود شمار کر رہے ہیں (اور وہ سزا اس روز واقع ہوگی) جس روز ہم متقیوں کو رحمان (کے دار النعیم) کی طرف مہمان بنا کر جمع کریں گے اور مجرموں کو دوزخ کی طرف پیاسا ہانکیں گے (اور کوئی ان کا سفارشی بھی نہ ہوگا کیونکہ وہاں) کوئی سفارش کا اختیار نہ رکھے گا مگر ہاں جس نے رحمٰن کے پاس (سے) اجازت لی ہے (وہ انبیاء و صلحاء ہیں اور اجازت خاص ہے مؤمنین کے ساتھ پس کفار محل شفاعت نہ ہوئے) ف: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا جلدی عذاب چاہنا بعد مایوسی ان کے ایمان لانے کے شاید اس وجہ سے ہو کہ ان کا ضرر کفر دوسروں تک متعدی نہ ہو جاوے پس ایسا استعجال منافی شان رحمت کے نہیں ہے اور ظاہر اً مجرمین سے مراد کفار ہیں تو مقابلہ میں متقین سے مراد مؤمن ہیں پھر یہ حشر اگر جنت کی طرف لے جاتا ہے تب تو مطلق مؤمن مراد ہیں اور اگر یہ حشر من القبر الی الموقف ہے تو مؤمنین کامل مراد ہیں کہ اکرام مستمر ان ہی کے ساتھ خاص ہے اور مؤمنین ناقص کا حال مقایسہ سے مفہوم ہو گیا کہ بین بین ہوگا واللہ اعلم

اوپر بعض ضلالات کی عقوبت کا بیان تھا آگے بھی ایک خاص ضلال کا مع اس کے ابطال اور اس کے نکال کا بیان ہے۔

ابطال و مآل عقیدہ اتخاذ ولد ☆ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ۝ (الی قولہ تعالی) وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ۝ اور یہ (کافر) لوگ کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ نے اولاد (بھی) اختیار کر رکھی ہے (چنانچہ نصاریٰ کثرت سے اور یہود قلت سے اور مشرکین عرب کے اس عقیدۂ فاسدہ میں مبتلا تھے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ) تم نے (جو) یہ (بات کہی تو) ایسی سخت حرکت کی ہے کہ اس کے سبب کچھ بعید نہیں کہ آسمان پھٹ پڑیں اور زمین کے ٹکڑے اڑ جاویں اور پہاڑ ٹوٹ کر گر پڑیں اس بات سے کہ یہ لوگ خدا تعالیٰ کی طرف اولاد کی نسبت کرتے ہیں حالانکہ خدا تعالیٰ کی شان نہیں کہ وہ اولاد اختیار کرے۔ (کیونکہ) جتنے بھی کچھ آسمانوں اور زمین میں ہیں سب خدا تعالیٰ کے روبرو غلام ہو کر حاضر ہوتے ہیں (اور) اس نے سب کو (اپنی قدرت میں) احاطہ کر رکھا ہے اور (اپنے علم سے) سب کو شمار کر رکھا ہے (یہ حالت تو ان کی فی الحال ہے) اور قیامت کے روز سب کے سب اس کے پاس تنہا تنہا حاضر ہوں گے (کہ ہر شخص خدا ہی کا محتاج اور محکوم ہوگا۔ پس اگر خدا کے اولاد ہو تو خدا ہی کی طرف وجوب وجود و لوازم وجوب کے ساتھ موصوف ہونا چاہئے اور خدا کی یہ صفات ہیں جو مذکور ہوئیں۔ عموم قدرت عموم علم اور غیر خدا کی یہ صفتیں ہیں افتقار و انقیاد جو متضاد ہیں وجوب کے پھر ضدین کا اجتماع کیونکر ہو سکتا ہے۔ ف: اس قول میں اور آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں کے ٹوٹنے پھوٹنے میں علاقہ یہ ہے کہ اس قول کا جو اثر ہے معقول ہے اگر وہ محسوس ہوتا تو اس کے آثار خارجیہ یہ ہوتے۔

ربط: اوپر کفار کو قہم اخرویہ کی وعید اور ابرار کو نعم اخرویہ کا وعدہ سنایا تھا آگے اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا الخ میں ابرار کا نعم دنیویہ کا وعدہ اور كَمْ اَهْلَكْنَا الخ میں کفار کو قہم دنیویہ کی وعید سناتے ہیں اور چونکہ یہ وعدہ اور وعیدیں تبشیر و انذار ہیں درمیان آیہ: فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ الخ میں اسی تبشیر و انذار کا تمام قرآن کی غایت ہونا ارشاد فرماتے ہیں اور چونکہ آیات بالا میں کفار کی طرف زیادہ روئے سخن ہے اس لئے مضمون مذکور کو انذار پر ختم فرماتے ہیں اور اسی پر سورت ختم ہے پس سورت کا رحمت سے شروع ہونا اور انذار پر ختم ہونا ایک خاص لطف دیتا ہے۔

تبشیر اہل ایمان و انذار اہل طغیان و بودن او اعظم مقاصد قرآن ☆ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا (الی قولہ تعالی) اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ۝ بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے اللہ تعالیٰ (ان کو علاوہ نعم مذکورہ اخرویہ کے دنیا میں یہ نعمت دے گا کہ) ان کیلئے (خلائق کے دل میں) محبت پیدا کر دے گا سو (آپ ان کو یہ بشارت دے دیجئے کیونکہ) ہم نے اس قرآن کو آپ کی زبان (عربی) میں اس لئے آسان کیا ہے کہ آپ اس سے متقیوں کو خوشخبری سنا دیں اور (نیز) اس سے جھگڑالو آدمیوں کو خوف دلاویں اور ان خوف کی چیزوں میں سے قہمت دنیویہ کا ایک یہ بھی مضمون ہے کہ) ہم نے ان کے قبل بہت گروہوں کو (عذاب و قہر سے) ہلاک کر دیا ہے (سو) کیا آپ ان میں سے کسی کو دیکھتے ہیں یا ان (میں سے کسی) کی کوئی آہستہ آواز سنتے ہیں (یہ کنایہ ہے بے نام و نشان ہونے سے سو کفار اس نعمت دنیویہ کے بھی مستحق ہیں گو کسی مصلحت سے کسی کافر کے لئے اس کا وقوع نہ ہو مگر اندیشہ کے قابل تو ہے) ف: اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا الخ

www.besturdubooks.net

کی یہ تفسیر حدیث میں آئی ہے اور اس کا نعمت ہونا بلکہ اعظم نعمت ہونا ظاہر ہے کیونکہ مغز نعمت کا راحت اور امن ہے اور ظاہر ہے کہ محبوبیت اس کے اعظم اسباب سے ہے اور اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس سے کسی کو بغض نہ ہوگا بلکہ مقصود قرآن وحدیث کا یہ ہے کہ عام خلائق جن کا نہ کوئی نفع اس مؤمن سے وابستہ ہے نہ کوئی ضرر وہ اس سے محبت کرتے ہیں چنانچہ مشاہدہ ہے اور اہل انتفاع کا محبت کرنا جیسا کہ نفع رساں کفار سے بھی لوگوں کو محبت ہوتی ہے یا اہل تضرر کا بغض کرنا جیسا کہ ظالموں کو مسلمانوں سے ہوتا ہے قابل اعتبار نہیں کیونکہ درحقیقت وہ محبت اور بغض اپنے نفع وضرر سے ہے اگر دونوں سے قطع نظر کی جاوے اُس وقت مؤمن کی صفات میں اثر یہ ہے کہ اُس سے عام قلوب کا استجلاب ہوتا ہے اور اہلاک قرون کا مضمون اس سے پہلے رکوع میں بھی آیا ہے لیکن وہاں مقصود دوسرا تھا یعنی جواب دینا کفار کے اس قول کا : اَیُّ الْفَرِیْقَیْنِ خَیْرٌ مَّقَامًا الخ پس تکرار نہ رہا۔ اور آہستہ آواز کی نفی اس واسطے فرمائی گئی کہ دار وگیر کے وقت مجرم خوف زدہ ہوتا ہے۔ دلیری سے بات کرنے کی تو مجال ہی نہیں ہوتی البتہ چپکے چپکے باتیں کرسکتا ہے پس اس کی نفی سے غیر خفی کی نفی بدرجۂ اولیٰ ہوگئی۔

لطیفہ: اس سورت میں مادہ رحمت کا بکثرت لایا گیا ہے چنانچہ لفظ رحمن پندرہ سولہ جگہ آیا ہے اور لفظ رحمت شروع میں آیا ہے اور بھی چند جا لفظ رحمت آیا ہے اس میں نکتہ یہ ہوسکتا ہے کہ اس سورت میں کفار ومؤمنین کا حال زیادہ بیان کیا گیا ہے پس جہاں ذکر مؤمنین میں یہ لفظ آیا ہے وہاں تو اشارہ اس طرف ہے کہ کفار ایسے بڑے رحمت والے کی مخالفت کرتے ہیں اور اس کے احسانات وانعامات سے بھی نہیں شرماتے واللہ اعلم

تمت السورة مع تفسيرها في الخامس والعشرين من رمضان المبارك ۱۳۲۴ من الهجرة۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ الخ یعنی مودت قلوب میں بسبب ان کے ایمان کے اور یہ جعل دنیا ہی میں ہے بدلیل حدیث فیوضع له القبول في الارض پس یہ علامات ولایت ودلائل اہلیت مشیخت سے ہے۔ اور مراد ان قلوب سے وہ قلوب ہیں جن میں حق تعالیٰ کی محبت ہو پس یہ اشکال نہ رہا کہ بہت سے مؤمنین وصلحاء بعض لوگوں کے قلوب میں مبغوض ہوتے ہیں کیونکہ ایسے لوگ بد باطن ہوتے ہیں اور اسی سے معلوم ہوا کہ صلحاء کا بغض علامت ہے خبث باطن کی (اور اقرب یہ ہے کہ مراد وہ قلوب ہوں جن کا نہ کوئی نفع ان صلحاء سے وابستہ ہے نہ کوئی ضرر) سورۂ مریم تمام ہوئی

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله تؤزهم خوب افاد التاكيد المفعول المطلق ۱۲۔ ۲؎ قوله في نعد لهم باتیں اشارة الى تقدير الاعمال وقيل يقدر الاعمال والساعات كناية عن قصورتهم ولا ينافي على هذا المد لان الطور باعتبارهم والقصر باعتباره تعالىٰ ۱۲۔ ۳؎ قوله في لا يملكون کوئی اشارة الى كون مرجع الضمير عاما ۱۲۔ ۴؎ قوله في عهد اجازت كما في الروح قيل المراد بالعهد الامرو الاذن يقال اتخذت الاذن ۱۲۔ ۵؎ قوله في احصٰهم قدرت كما في قوله تعالىٰ علم ان لن تحصوه وفي الحديث ولن تحصوا ۱۲۔

الروایات: اخرج البخاري و مسلم والترمذي وعبد بن حميد وغيرهم عن ابي هريرة رضي الله عنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا احب الله تعالىٰ عبدًا نادٰى جبريل اني قد احببت فلانا فاحبه فينادي في السماء ثم تنزل له المحبة في الارض فذلك قول الله تعالىٰ ان الذين آمنو الآية كذا في الروح ۱۲۔

اللغات: الاد الثقل العظيم وهو بالكسر اسم وبالفتح مصدر والهدم كما في القاموس الهدم الشديد والكسر الركز۔ الصوت الخفي ۱۲۔

النحو: قوله ان دعوا مجرور اما باللام التعليلية واما بالبدلية من الضمير المجرور في منه ۱۲۔

البلاغۃ: قوله اتي الرحمٰن هذا الاتيان كما في الروح معنوي قوله تنشق اختلاف العبارات في الثلاثة عندي للتفنن والله اعلم ۱۲۔ قوله يسرناه بلسانك الباء بمعنى على او على اصله وهو الا لصاق تضمين يسرنا معنى انزلنا اي يسرناه منزلين له بلغتك والفاء لتعليل امر ينساق اليه النظم الكريم كانه قيل بعد ايجاء هذه السورة الكريمة بلغ هذا المنزل وابشر به وانذر فانما يسرناه بلسانك العربي المبين كذا في الروح ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورَۃُ طٰہٰ

سُوْرَۃُ طٰہٰ ۲۰ مَکِّیَّۃٌ ۴۵	بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ	اٰیَاتُھَا ۱۳۵	رُکُوْعَاتُھَا ۸
سورۂ طٰہٰ مکہ میں نازل ہوئی	شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں	اس میں ۱۳۵ آیات اور ۸ رکوع ہیں	

طٰہٰ ۝۱ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓی ۝۲ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ یَّخْشٰی ۝۳ تَنْزِیْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ
وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰی ۝۴ اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی ۝۵ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ
الثَّرٰی ۝۶ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ یَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰی ۝۷ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ۝۸

طٰہٰ (کے معنی تو اللہ تعالیٰ کو معلوم ہیں) ہم نے آپ پر قرآن مجید اس لئے نہیں اتارا کہ آپ تکلیف اٹھائیں بلکہ ایسے شخص کی نصیحت کے لئے (اُتارا ہے) جو اللہ سے ڈرتا ہو یہ اس ذات کی طرف سے نازل کیا گیا ہے جس نے زمین کو اور بلند آسمانوں کو پیدا کیا ہے (اور) وہ بڑی رحمت والا ہے عرش پر قائم ہے اسی کی ملک ہیں جو چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں زمین میں ہیں اور جو چیزیں ان دونوں کے درمیان میں ہیں اور جو چیزیں تحت الثریٰ میں ہیں اور اس کی شان ہے کہ اگر تم پکار کر بات کہو تو وہ چپکے سے کہی ہوئی بات کو اور اس سے زیادہ مخفی کو جانتا ہے (وہ) اللہ ایسا ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اس کے اچھے اچھے نام ہیں۔

سورة طه مكية وهى مائة واربع و ثلثون اية سورة طه مكية وهى مائة واربع اية كذا فى البيضاوى

ربط: اوپر کی سورت میں توحید و رسالت و معاد کا بیان تھا اس سورت میں بھی یہی مضامین ہیں چنانچہ شروع میں رسالت و وحی کے متعلق مضمون ہے اور تَنْزِیْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ سے توحید کے متعلق ہے اور هَلْ اَتٰكَ سے موسیٰ علیہ السلام کے قصہ سے توحید و رسالت دونوں کی تقریر ہوگئی چنانچہ اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰهُ میں توحید کی تصریح ہے اور رسالت موسویہ سے رسالت محمدیہ کی توضیح ہے پھر كَذٰلِكَ نَقُصُّ [طٰہٰ: ۹۹] سے وحی و تنزیل کے مضمون کی تکمیل ہے پھر مَنْ اَعْرَضَ [طه: ۱۰۰] سے اس وحی کے مصدق و مکذب کی جزاو سزا کے ذکر کے ساتھ معاد کی تفصیل ہے پھر وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ [طه: ۱۱۳] الخ میں رسالت کا ذکر اور فَتَعٰلَى اللّٰهُ [طه: ۱۱۴] میں توحید کا ذکر اور لَقَدْ عَهِدْنَآ [طه: ۱۱۵] الخ میں كَذٰلِكَ نَقُصُّ [طٰہٰ: ۹۹] کی تتمیم پھر فَاِمَّا یَاْتِیَنَّكُمْ [طه: ۱۲۳] سے توحید و رسالت کے ماننے اور نہ ماننے کی جزاو سزا اور اَفَلَمْ یَهْدِ لَهُمْ [طه: ۱۲۸] سے وعید سزا کی تقریر اور فَاصْبِرْ [طه: ۱۳۰] الخ میں مکذبین کے معاملہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی اور قَالُوْا لَوْلَا یَاْتِیْنَا [طه: ۱۳۳] سے ختم تک رسالت کے متعلق مکذبین کے ایک شبہ کا جواب ہے اور چونکہ اوپر کی سورت ذکر قرآن پر ختم ہوئی ہے اور یہ سورت بھی ذکر قرآن سے شروع ہوئی ہے اس لئے اس کے خاتمہ اور اس کے فاتحہ میں بھی مناسبت خاص حاصل ہے۔

تفسیر: تقریر رسالت و توحید ☆ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ طٰہٰ ۝۱ (الی قولہ تعالی) لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ۝۸۔ طٰہٰ ۝۱ (کے معنی تو اللہ کو معلوم ہیں) ہم نے آپ پر قرآن (مجید) اس لئے نہیں اتارا کہ آپ تکلیف اُٹھائیں بلکہ ایسے شخص کی نصیحت کے لئے (اتارا ہے) جو (اللہ سے) ڈرتا ہو یہ اس (ذات کی طرف سے نازل کیا گیا ہے جس نے زمین کو اور آسمان کو پیدا کیا ہے (اور) وہ بڑی رحمت والا عرش پر (جو مشابہ ہے تخت سلطنت کے اس طرح) قائم (اور جلوہ فرما) ہے (جو کہ اس کی شان کے لائق ہے اور وہ ایسا ہے کہ) اسی کی ملک ہیں جو چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں زمین میں ہیں اور جو چیزیں ان دونوں کے درمیان میں ہیں (یعنی آسمان سے نیچے اور زمین سے اوپر) اور جو چیزیں تحت الثریٰ میں ہیں (یعنی زمین کے اندر جو تر مٹی ہے جس کو ثریٰ کہتے ہیں جو چیز کہ اس کے نیچے ہے مراد یہ کہ زمین کی تہ میں یہ تو اللہ تعالیٰ کی قدرت و سلطنت تھی) اور (علم کی یہ شان ہے کہ) اگر تم (اے مخاطب) پکار کر بات کہو تو (اس کے سننے میں تو کیا شبہ ہے) وہ تو (ایسا ہے کہ) چپکے سے کہی ہوئی بات کو اور (بلکہ) اس سے بھی زیادہ خفی بات کو (یعنی جو ابھی دل میں ہے) جانتا

www.besturdubooks.net

ہے (وہ) اللہ ایسا ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود (ہونے کا مستحق) نہیں اس کے (بڑے) اچھے اچھے نام ہیں (جو اوصاف وکمالات پر دلالت کرتے ہیں سو قرآن ایسی ذات مجتمع الصفات کا نازل کیا ہوا ہے اور یقینی حق ہے)۔ **ف**: آیت اولیٰ میں تعب کی نفی عام ہے چند صورتوں کو اول یہ کہ کفار کے انکار پر غم حزن نہ کیجئے آپ کا کام تذکیر وتبلیغ ہے جس کی قسمت میں ڈرنا اور ماننا ہے وہ قبول کرے گا۔ دوم آپ شب کو قیام طویل فرماتے تھے اور اس میں اتنا قرآن پڑھتے تھے کہ تھک جاتے تھے اس لئے آسانی کا حکم دیا جیسے ارشاد ہوا ہے: فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ [المزمل: ۲۰] سوم اس قیام طویل پر کفار نے طعن کیا کہ قرآن کی وجہ سے محمد مصیبت میں پڑ گئے اس کی نفی فرمائی چنانچہ دوم وسوم درمنثور میں منقول ہے اور اول بوجہ عموم لفظ کے احتمال مقبول ہے اور عرش حسب روایات وآیات ایک جسم عظیم ہے آسمانوں اور کرسی کے علاوہ اور ان سب کے اوپر مثل قبہ کے اور ان سب سے بڑا اس کے پائے بھی ہیں اور فرشتے اس کو اٹھائے ہوئے ہیں اور وہ ساکن ہے احیانا اس کو حرکت ہو جاتی ہے چنانچہ اس آیت کی تفسیر میں صاحب روح نے وہ سب نصوص جمع کئے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ الخ اس کی دو تفسیریں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ ہم نے آپ پر قرآن اس لئے نازل نہیں کیا کہ آپ کفار کے ایمان نہ لانے سے تاسف اور تحسر کر کے تعب میں پڑیں بلکہ تبلیغ کے لئے نازل کیا ہے سو وہ آپ کر چکے دوسری یہ کہ مجاہدہ شاقہ کے تعب میں نہ پڑیں کیونکہ آپ کو شریعت حنفیہ مصحہ سہلہ دی گئی ہے پس تفسیر اول پر آیت اصل ہے اہل قلوب پر نزول سکینہ کی اور تفسیر ثانی پر تعدیل مجاہدہ کی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی الا بلکہ اتباع للمحاورۃ ۱۲۔ ۲ قولہ فی الرحمٰن وہ اشارۃ الی العہد لربط الکلام والسابق مع اللاحق ۱۲۔

اللغات: قولہ لتشقی فی القاموس الشدۃ والعسر ۱۲۔

النحو: الا تذکرۃ استثناء منقطع ویقدر انزلنا ای ولکن انزلناہ تذکرۃ قولہ تنزیلا مفعول مطلق لانزلنا المقدر قولہ الرحمٰن مبتدأ وکذا اسم الجلالۃ فی قولہ اللہ لا الٰہ الا ھو ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ ممن خلق فیہ وضع المظہر موضع المضمر وکان الظاہر منا ۱۲۔

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝۹ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ (وقف لازم)
اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ۝۱۰ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى ۝۱۱ اِنِّىْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ۝۱۲
وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ۝۱۳ اِنَّنِىْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِىْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِىْ ۝۱۴ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ
اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى ۝۱۵ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ۝۱۶

اور کیا آپ کو موسیٰ علیہ السلام (کے قصہ) کی خبر بھی پہنچی ہے جبکہ انہوں نے (مدین سے آتے ہوئے رات کو) ایک آگ دیکھی سو اپنے گھر والوں سے فرمایا کہ تم ٹھہرے رہو میں نے آگ دیکھی ہے شاید اس میں سے تمہارے پاس کوئی شعلہ لاؤں یا (وہاں) آگ کے پاس راستہ کا پتہ مجھ کو مل جائے۔ سو وہ جب اس (آگ) کے پاس پہنچے تو ان کو (منجانب اللہ) آواز دی گئی کہ اے موسیٰ میں تمہارا رب ہوں پس تم اپنی جوتیاں اتار ڈالو (کیونکہ) تم ایک پاک میدان یعنی طویٰ میں ہو (یہ اس کا نام ہے) اور میں نے تم کو نبی بنانے کے لئے منتخب فرمایا ہے سو (اس وقت) جو وحی کی جا رہی ہے اس کو سن لو (وہ یہ ہے کہ) میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں تم میری ہی عبادت کیا کرو اور میری ہی یاد کی نماز پڑھا کرو (دوسری بات یہ سنو) کہ بلاشبہ قیامت آنے والی ہے میں اس کو (تمام خلائق سے) پوشیدہ رکھنا چاہتا ہوں تاکہ ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ مل جائے سو تم کو قیامت سے ایسا شخص باز نہ رکھنے پائے جو اس پر ایمان نہیں رکھتا اور اپنی (نفسانی) خواہشوں پر چلتا ہے کہیں تم (اس بے فکری کی وجہ سے) تباہ نہ ہو جاؤ۔

تفسیر ربط: اوپر توحید ورسالت کی تقریر تھی آگے قصہ موسویہ میں بھی اسی کا بسط ہے۔

بسط قصہ موسیٰ علیہ السلام ☆ وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝ (الی قولہ تعالیٰ) وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ۝ اور (اے محمد ﷺ) کیا آپ کو موسیٰ (علیہ السلام کے قصہ) کی خبر پہنچی ہے (یعنی وہ سننے کے قابل ۱ ہے کہ اس میں توحید ونبوت کے متعلق علوم ہیں جن کی تبلیغ نافع ہوگی جو کہ اس حالت میں واقع ہوا تھا) جب کہ انہوں نے (مدین سے آتے ہوئے ایک رات کو کہ اس میں سردی بھی تھی اور راستہ بھی بھول گئے تھے کوہ طور پر) ایک آگ دیکھی (کہ واقع میں وہ نور تھا مگر شکل آگ کی سی تھی) سو اپنے گھر والوں سے (کہ صرف ۲ بی بی تھیں یا خادم وغیرہ بھی) فرمایا کہ تم (یہاں ہی) ٹھہرے رہو (یعنی میرے پیچھے پیچھے مت آنا کیونکہ یہ تو احتمال ہی نہ تھا کہ بدون ان کے آگے سفر کرنے لگیں گے) میں نے ایک آگ دیکھی ہے (میں وہاں جاتا ہوں) شاید میں اس میں سے تمہارے پاس کوئی

www.besturdubooks.net

شعلہ (کسی لکڑی وغیرہ میں لگا کر) لاؤں (تا کہ سردی کا علاج ہو) یا (وہاں) آگ کے پاس راستہ کا پتہ (جاننے والا کوئی آدمی بھی۳) مجھ کو مل جاوے سو وہ جب اس (آگ) کے پاس پہنچے تو (ان کو منجانب اللہ) آواز دی گئی کہ اے موسیٰ میں تمہارا رب ہوں بس تم اپنی جوتیاں اتار ڈالو (کیونکہ) تم ایک پاک میدان یعنی طویٰ میں ہو (یہ اس کا نام ہے) اور میں نے تم کو (نبی بنانے کے لئے منجملہ دیگر خلائق کے) منتخب فرمایا ہے سو (اس وقت) جو کچھ وحی کی جا رہی ہے اس کو (غور سے) سن لو (وہ یہ ہے کہ) میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود (ہونے کے لائق) نہیں (اور جب میں ہی لائق معبود ہونے کے ہوں) تو تم میری ہی عبادت کیا کرو اور میری ہی یاد کے لئے نماز پڑھا کرو۔ (دوسری بات یہ سنو کہ) بلاشبہ قیامت آنے والی ہے میں اس کو (تمام خلائق سے) پوشیدہ رکھنا چاہتا ہوں (اور قیامت اس لئے آوے گی) تا کہ ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ مل جاوے سو (جب قیامت کا آنا یقینی ہے تو) تم قیامت (کے لئے مستعد رہنے) سے ایسا شخص باز نہ رکھنے پاوے (یعنی تم ایسے شخص کے اثر سے قیامت کے لئے تیاری کرنے سے بےفکر نہ ہو جانا) جو اس پر ایمان نہیں رکھتا اور (اس وجہ سے) اپنی (نفسانی) خواہشوں پر چلتا ہے کہیں تم (اس بےفکری کی وجہ سے) تباہ نہ ہو جاؤ **ف**: بڑے مسئلے اصول میں تین تھے توحید و نبوت، معاد۔ تینوں کی تعلیم کی گئی اور فَاعْبُدْنِیْ" میں تمام فروع آ گئے نماز کو شرف کی وجہ سے جداگانہ بھی ذکر فرمایا اور موسیٰ علیہ السلام کو یہ فرمانا: فَاعْبُدْنِیْ" یا فَلَا یَصُدَّنَّكَ الخ تاکید استقامت کے لئے ہے اور دوسروں کو سنانے کے لئے بھی کہ جب خاصان درگاہ کو یہ احکام سنائے جاتے ہیں تو اور تو کس شمار میں ہیں خلع نعلین یا تو بوجہ ان کے غیر طاہر ہونے کے تھا یا اس لئے کہ مقام کا ادب ہو یا اس لئے کہ مقام متبرک سے قدم بھی مس کرے کہ اس کی برکت زائد پہنچے اور "اِنَّكَ بِالْوَادِ الخ ہر حال میں علت ہو سکتا ہے جیسا کہ ظاہر ہے اور قصہ کے متعلق توسین کے درمیان کے مضامین روح اور درمنثور کے ہیں اور اس نداء کی کیفیت وصفت نہ کہیں منصوص ہے نہ قیاس سے ادراک کی جا سکتی ہے اس لئے تعیین بالتخمین رجم بالغیب ہے البتہ یہ امر یقینی ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو یقین کے ساتھ یہ امر معلوم ہو گیا کہ یہ نداء منجانب اللہ ہے خواہ یہ یقین علم ضروری سے حاصل ہوا ہو یا کسی علم استدلالی سے واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اِذْ رَاٰ نَارًا اس میں مسئلہ تمثیل مذکور ہے چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کے سامنے نور قدیم نار حادث کی صورت میں متمثل ہوا۔ قولہ تعالیٰ: فَقَالَ لِاَهْلِهِ الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ امر ممکن ہے کہ صاحب کشف کو اپنے کشف کی حقیقت معلوم نہ ہو چنانچہ موسیٰ علیہ السلام اس کو بھی متعارف آگ سمجھے۔ قولہ تعالیٰ: فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ الخ اس سے مقامات مقدسہ کا ادب ثابت ہوتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ۝ اس میں اثبات ہے اسرار باطنہ کا اعمال ظاہرہ میں بعض تفاسیر پر ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: فَلَا یَصُدَّنَّكَ عَنْهَا الخ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ منتہی کامل سے بھی تکالیف شرعیہ ساقط نہیں ہوتیں اور اس سے اباحت کا ابطال ہوتا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی هل اتك قائل اشارة الى ان الاستفهام للتشويق ۱۲۔ ۲؎ قوله فی لاهله صرف بی بی فالجمع على الاول اما لظاهر لفظ الاهل او للتفخيم كما فی قول القائل وان شئت حرمت النساء سواكم ۱۲۔ ۳؎ قوله فی هدى بھی اشارة الى ان الترديد لمانعة الخلو ۱۲۔

الروایات: فی الصحيح من حديث ابى هريرة انه صلى الله عليه وسلم قال من نسى صلاة فليقضها اذا ذكرها فان الله تعالى قال اقم الصلوة لذكرى آه ومنه ظن بعضهم ان اللام فی الآية وقتية والكلام على تقدير مضاف اى لذكر صلاتی وهو من بعض الظن فانِ التعطيل كما فی الكشف صحيح والذكر على ظاهره واراد عليه السلام انه اذا ذكر الصلوة انتقل من ذكرها الى ذكر ما شرعت له وهو ذكر الله تعالى فيحمله على اقامتها كذا فی الروح ۱۲۔

اللغات: الحديث الخبر القبس وشعلة مقتبسة تكون على راس عود ونحوه ففعل بعمنى مفعول الوادى مفرج بين الجبال والتلال كذا فی القاموس طوى اسم واد بالشام كذا فی النيسابورى ومن نونه فعلى تاويل المكان ومن لم ينونه فعلى تاويل البقعة فهو ممنوع من الصرف للعلمية والتانيث قوله اكاد و يجئ كاد بمعنى اراد كما قال ابن جنى فی المحتسب ومنه قوله كادت و كدت وتلك خير ارادة كو عاد من لهو الصبابة ما مضى وقيل معناه اكاد اخفيها اى ابالغ فی اخفائها فلا اجمل كما لم افصل السعى عام للخير والشر لقوله تعالى ان سعيكم لشتى ۱۲۔

النحو: اذ راى متعلق بحديث فان الظرف يكفی لتعلقه او فی رائحة الفعل ولذا نقل الشريف عن بعضهم ان القصة والحديث والخبر يجوز اعمالها فی الظروف خاصة وان لم يرد بها المعنى المصدرى لتضمن معناها الحصول والكون كذا فی الروح ۱۲ قوله نودى فی السراج والظاهر ان القائم مقام فاعل نودى ضمير موسٰى عليه السلام وقيل هو قوله تعالى يا موسٰى و كان ذلك على اعتبار

www.besturdubooks.net

تضمين النداء معنى القول وارادة هذا اللفظ من الجملة فان الجملة لا تكون فاعلا ولا قائما مقامه الا بضرب من التاويل كذا في الروح ۱۲۔

البلاغة: قوله فاخلع الفاء لترتيب الامر على ما قبلها فان ربوبية تعالىٰ من موجبات الامر و دواعيه ۱۲۔

وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يٰمُوسٰى ﴿۱۷﴾ قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ أَتَوَكَّأُ عَلَيْهَا وَأَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِي وَلِيَ فِيهَا مَآرِبُ أُخْرٰى ﴿۱۸﴾ قَالَ أَلْقِهَا يٰمُوسٰى ﴿۱۹﴾
فَأَلْقٰىهَا فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ﴿۲۰﴾ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ۖ سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولٰى ﴿۲۱﴾ وَاضْمُمْ يَدَكَ إِلٰى جَنَاحِكَ
تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ آيَةً أُخْرٰى ﴿۲۲﴾ لِنُرِيَكَ مِنْ آيَاتِنَا الْكُبْرٰى ﴿۲۳﴾ اذْهَبْ إِلٰى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغٰى ﴿۲۴﴾ قَالَ رَبِّ ع ۱
اشْرَحْ لِي صَدْرِي ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِنْ لِسَانِي ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوا قَوْلِي ﴿۲۸﴾ وَاجْعَلْ لِي وَزِيرًا مِنْ أَهْلِي ﴿۲۹﴾
هَارُونَ أَخِي ﴿۳۰﴾ اشْدُدْ بِهِ أَزْرِي ﴿۳۱﴾ وَأَشْرِكْهُ فِي أَمْرِي ﴿۳۲﴾ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيرًا ﴿۳۳﴾ وَنَذْكُرَكَ كَثِيرًا ﴿۳۴﴾ إِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيرًا ﴿۳۵﴾

اور تمہارے داہنے ہاتھ میں کیا ہے اے موسیٰ انہوں نے کہا کہ یہ میری لاٹھی ہے میں کبھی اس پر سہارا لگاتا ہوں اور کبھی اپنی بکریوں پر پتے جھاڑتا ہوں اور اس میں میرے اور بھی کام (نکلتے) ہیں ارشاد ہوا کہ اس کو (زمین پر) ڈال (اے موسیٰ) سوانہوں نے اس کو ڈال دیا یکایک وہ خدا کی قدرت سے) ایک دوڑتا ہوا سانپ بن گیا ارشاد ہوا کہ پکڑ لو اور ڈرو نہیں ہم ابھی اس کو پہلی حالت پر کر دیں گے اور تم اپنا داہنا ہاتھ اپنی (بائیں) بغل میں دے لو (پھر نکالو) وہ بلا کسی عیب (یعنی کسی مرض برص وغیرہ کے) نہایت روشن ہو کر نکلے گا کہ یہ دوسری نشانی ہوگی تاکہ ہم تم کو اپنی (قدرت) کی بڑی نشانیوں میں سے بعض نشانیاں دکھلائیں (اب یہ نشانیاں لے کر) تم فرعون کے پاس جاؤ وہ بہت حد سے نکل گیا ہے عرض کیا اے میرے رب میرا حوصلہ فراخ کر دیجئے اور میرا یہ کام (تبلیغ کا) آسان فرما دیجئے اور میری زبان پر سے بستگی (لکنت کی) ہٹا دیجئے تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں اور میرے واسطے میرے کنبے میں سے ایک معاون مقرر کر دیجئے یعنی ہارون علیہ السلام کو کہ میرے بھائی ہیں ان کے ذریعے سے میری قوت کو مستحکم کر دیجئے اور ان کو میرے (تبلیغ کے کام میں شریک کر دیجئے تاکہ ہم دونوں کی خوب کثرت سے (شرک و نقائص سے) پاکی بیان کریں اور آپ کا خوب کثرت سے ذکر کریں بے شک آپ ہم کو خوب دیکھ رہے ہیں۔

تفسیر: وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يٰمُوسٰى ﴿۱۷﴾ (الی قولہ تعالیٰ) اذْهَبْ إِلٰى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغٰى ﴿۲۴﴾ اور (حق تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے یہ بھی فرمایا کہ) یہ تمہارے داہنے ہاتھ میں کیا چیز ہے اے موسیٰ انہوں نے کہا کہ یہ میری لاٹھی ہے میں (کبھی) اس پر سہارا لگاتا ہوں اور (کبھی) اس سے اپنی بکریوں پر (درختوں کے) پتے جھاڑتا ہوں اور اس میں میرے اور بھی کام (نکلتے) ہیں (مثلاً کندھے پر رکھ کر اسباب وغیرہ لٹکا لینا، اس سے موذی جانوروں کو دفع کرنا وغیرہ وغیرہ) ارشاد ہوا کہ اس (عصا) کو (زمین پر) ڈال دو اے موسیٰ سوانہوں نے اس کو (زمین پر) ڈال دیا یکایک وہ (خدا کی قدرت سے) ایک دوڑتا ہوا سانپ بن گیا (جس سے موسیٰ علیہ السلام ڈر گئے) ارشاد ہوا کہ اس کو پکڑ لو اور ڈرو نہیں ہم ابھی (پکڑتے ہی) اس کو پہلی حالت پر کر دیں گے (یعنی یہ پھر عصا بن جاوے گا اور تم کو کوئی گزند نہ پہنچے گا ایک امر خارق تو یہ ہوا) اور (دوسرا خارق اور دیا جاتا ہے کہ) تم اپنے (داہنا) ہاتھ اپنی (بائیں) بغل میں دے لو (پھر نکالو) وہ بلا کسی عیب (کسی بلا کسی مرض برص وغیرہ) کے (نہایت) روشن ہو کر نکلے گا کہ یہ دوسری نشانی (ہماری قدرت اور تمہاری نبوت کی) ہوگی (اور یہ حکم القائے عصا اور ضم ید کا اس لئے کیا گیا ہے) تاکہ ہم تم کو اپنی (قدرت کی) بڑی نشانیوں میں بعض نشانیاں دکھلائیں (تو اب یہ نشانیاں لے کر) تم فرعون کے پاس جاؤ وہ بہت حد سے نکل گیا ہے (کہ خدائی کا دعویٰ کرتا ہے تم اس کو تبلیغ توحید کرو اور اگر نبوت میں شبہ کرے تو پھر معجزے دکھلا دو) ف: اللہ تعالیٰ یہ پوچھنا کہ وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يٰمُوسٰى ﴿۱۷﴾ الخ اس لئے تھا کہ اس کی اس وقت حقیقت کہ عصا ہے اور اس کے منافع ان کے ذہن میں خوب مستحضر ہو جاویں پھر جو سانپ بن جاوے گا تو ذات و صفات دونوں کا انقلاب قدرت الٰہیہ پر زیادہ دال ہوگا اسی لئے موسیٰ علیہ السلام نے جواب میں حقیقت اور منافع دونوں عرض کئے پس سوال و جواب دونوں بالکل مطابق ہیں اور دوسرے معجزے میں یہ اہتمام نہ فرمانا شاید اس لئے ہو کہ معجزہ عصا کا زیادہ عظیم ہے کہ اس میں ذات اور صفت دونوں کا تبدل ہے اور موسیٰ علیہ السلام کا ڈر جانا بعض نے کہا ہے کہ طبعی ہے جو کسی طرح جلالت شان کے منافی نہیں اور بعض نے کہا ہے کہ جو حادثہ مخلوق کی جانب سے ہو اس میں تو نہ ڈرنا کمال ہے جیسے ابراہیم علیہ السلام آتش نمرودی سے نہیں ڈرے اور جو امر خالق کی طرف سے ہو اس میں ڈرنا ہی کمال ہے کہ وہ فی الحقیقت حق تعالیٰ سے ڈرنا ہے جیسے ہوا تیز ہونے کے وقت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا گھبرا جانا حدیثوں میں آیا ہے سو چونکہ اس تبدل میں مخلوق کا واسطہ نہ تھا اس لئے ڈر گئے کہ یہ کوئی قہر الٰہی نہ ہو اور دوسری

www.besturdubooks.net

آیت میں: اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ [القصص: ۳۱] فرمانے سے تسلی دینا اس طرف مشیر ہے واللہ اعلم۔ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا (جب موسیٰ علیہ السلام کو معلوم ہوا کہ مجھ کو پیغمبر بنا کر فرعون کی فہمائش کے لئے بھیجا جاتا ہے تو اس وقت اس منصب عظیم کے مشکلات کی آسانی کے لئے درخواست کی اور) عرض کیا کہ اے میرے رب میرا حوصلہ (اور زیادہ) فراخ کر دیجئے (کہ تبلیغ میں انقباض یا تکذیب ومخالفت میں ضیق نہ ہو) اور میرا (یہ کام) (تبلیغ کا) آسان فرما دیجئے (کہ اسباب کے مجتمع اور موانع تبلیغ کے مرتفع ہو جاویں) اور میری زبان پر سے بستگی (لکنت کی) ہٹا دیجئے تا کہ لوگ میری بات سمجھ سکیں اور میرے واسطے میرے کنبہ سے ایک معاون مقرر کر دیجئے یعنی ہارون کو کہ میرے بھائی ہیں ان کے ذریعہ سے میری قوت کو مستحکم کر دیجئے اور ان کو میرے (اس تبلیغ کے) کام میں شریک کر دیجئے (یعنی ان کو بھی نبی بنا کر مامور بالتبلیغ کیجئے کہ ہم دونوں تبلیغ کریں اور میرے قلب کو قوت پہنچے) تا کہ ہم دونوں (مل کر تبلیغ ودعوت کے وقت) آپ کی خوب کثرت سے پاکی (شرک ونقائص سے) بیان کریں اور آپ (کے اوصاف کمال) خوب کثرت سے ذکر کریں (کیونکہ اگر دو شخص مبلغ ہوں گے تو ہر شخص کا بیان دوسرے کی تائید سے وافر اور متکاثر ہوگا) بیشک آپ ہم کو (اور ہمارے حال کو خوب دیکھ رہے ہیں) اس حالت سے ہماری احتیاج اس امر کی کہ ایک دوسرے کے معاون ہوں آپ کو معلوم ہے)۔ **ف**: جس گرہ کے کھولنے کی دعاء کی ہے یا تو خلقی لکنت تھی جیسا بعض قائل ہوئے ہیں اور یا بچپن میں ایک بار جب انہوں نے فرعون کی ڈاڑھی پکڑ لی تھی اور فرعون نے بدلہ لینا چاہا اور حضرت آسیہ اہلیہ فرعون نے سفارش کی کہ بچہ ہے اس کو کیا سمجھ ہے اور اس کے امتحان کے واسطے ان کے سامنے آگ حاضر کی گئی اس وقت انہوں نے ایک چنگاری اٹھا کر منہ میں رکھ لی تھی اس سے زبان کی روانی کم ہوگئی تھی هکذا فی الدر المنثور عن سعید بن جبیر اور یہ اشکال کہ ہاتھ تو پہلے جلا ہوگا پھر منہ تک چنگاری کیسے لے گئے اسی طرح ممکن الجواب ہے کہ شاید اس کوئلہ کا ایک حصہ نہ جلا ہو اس کو پکڑ کر جلتا ہوا حصہ منہ میں رکھ لیا ہو۔ پھر یہ مقصود اس دعا سے آیا بالکل بستگی کا رفع ہو جانا تھا یا صرف بقدر ضرورت تفہیم دونوں احتمال ہیں اگرچہ عُقْدَةً کی تنکیر اور يَفْقَهُوْا کو غرض قرار دینا اور لا یکاد یبین کے ظاہر الفاظ مرجح احتمال ثانی کے ہیں لیکن تاہم نص نہیں کیونکہ دو قرینہ اول تو احتمال اول کے ساتھ بھی ظاہراً جمع ہو سکتے ہیں اور قرینہ ثالثہ یعنی جملہ لا یکاد فرعون کا قول ہے جو ممکن ہے کہ عناداً ہو کہ آپ کے بیان حجت کو عدم بیان کہہ دیا ہو اور ہر حال میں اوتیت سؤلك یا موسیٰ نص ہے کہ آپ کی درخواست جو کچھ بھی ہو منظور ہوئی اور احتمال ثانی پر شبہ نہ کیا جاوے کہ قدرے بستگی بھی زبان میں رہنا عیب ہے اور انبیاء عیوب سے مبرا ہوتے ہیں وجہ شبہ نہ ہو سکنے کی یہ ہے کہ ایسی بستگی جو تفہیم میں مخل نہ ہو اور نیز سامعین کو اس سے تنفر بھی نہ ہو اس کا عیب ہونا مسلم نہیں بلکہ روانی کا تفاوت مثل تفاوت فی اللون والجثہ کے ہے اور معاون مانگتے ہیں اہل کی تخصیص شاید اس لئے ہو کہ ان کو طبعی الفت بھی زیادہ ہوگی ان سے زیادہ معاونت ہو سکتی ہے اور احقر نے جو اُشْدُدْ وَاَشْرِكْهُ کی تفسیر میں کہا ہے کہ ان کو نبی بنا کر الخ اس کی دلالت نبوت کی درخواست پر اس لئے ہے کہ حق تعالیٰ سے معاون بنانے کی درخواست کی اور بلا نبوت کے تو یہ خود ہارون علیہ السلام سے بھی درخواست امداد کی کر سکتے تھے اس سے معلوم ہوا کہ مقصود نبی بنوانا ہے اور نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا کو اگر تسبیح وذکر فی الخلوت پر محمول کیا جاوے وہ بھی ایک وجہ حسن ہے یعنی جب اسباب تقویت کے زائد ہوں گے طبیعت میں نشاط زیادہ ہوگا اور قوت نشاط کو کثرت ذکر میں خاص دخل ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا الخ اس سے کاملین کا اسباب کے ساتھ تمسک کرنا ثابت ہوتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى اس میں اثبات ہے خوارق کا۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ اس میں دلالت ہے اس پر کہ امور طبعیہ کاملین میں بھی رہتے ہیں چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کو طبعی خوف پیدا ہوا اور نیز اس میں امر ہے عقلیات سے طبعیات کی تعدیل کرنے کا ۱۲ قولہ تعالیٰ: رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ اس میں دلالت ہے کہ دعا اور کمال توکل میں تنافی نہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا اس سے وہی مسئلہ ثابت ہے جو اَتَوَكَّؤُا سے ثابت ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اس میں دلالت ہے اس پر کہ اکابر کا قصد اسباب سے دین اور استعانت فی الدین ہی ہوتا ہے ۱۲۔ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی ف یہ پوچھنا الخ فالاستفهام للتقرير ۱۲۔ ۲ قولہ فی من لسانی زبان پر سے اشارة الى ان من الابتداء ومعلقة باحلل او بالمقدر الذى هو وصف للعقدة اى عقدة ناشئة من لسانى ۱۲۔ ۳ قولہ فی نسبحك دعوت کے وقت فهو كقوله تعالى اذا ذكر الله وحده اى وقت التبليغ ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قرء ابن عامر اشدد واشركه بلفظ الخبر على انهما جواب الامر ۱۲۔

اللغات: الجناح كما فى القاموس اليد والعضد والابط والجانب ونفس الشئ والمراد ادخل يدك اليمنى من طوق مدرعتك واجعلها تحت الابط اليسرى او تحت عضدها عند الابط او تحتها عنده فلا منافاة بين ههنا وقوله تعالى ادخل يدك فى جيبك كذا فى الروح ۱۲ الوزير المعاون الاذو القوة۔

النحو: قوله اية اخرى حال قوله لنريك عامله مقدر اى فعلنا ما فعلنا او امرنا ما امرنا به ۱۲ اشدد استيناف ۱۲۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ: قوله من غیر سوء فيه احتراس عن ايهام المرضى ولو بويد ۲ قوله اشرح لی ويسر لی فی الروح وفی ذکر كلمة لی مع انتظام الکلام بدونها تاکید لطلب الشرح والتيسير بابهام المشروح والميسر اولا و تفسير هما ثانياً لانه لما قال اشرح لی علم ان ثم شروحًا يختص به حتى لو لا كتفى لتم فاذا قيل صدرى افاد التفسير والتفصيل اما لو قيل اشرح۔ با كتفى به فلا آہ۔

قَالَ قَدْ اُوْتِیْتَ سُؤْلَكَ یٰمُوْسٰی ﴿۳۶﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَیْكَ مَرَّةً اُخْرٰۤی ﴿۳۷﴾ اِذْ اَوْحَیْنَاۤ اِلٰۤی اُمِّكَ مَا یُوْحٰۤی ﴿۳۸﴾ اَنِ اقْذِفِیْهِ فِی التَّابُوْتِ فَاقْذِفِیْهِ فِی الْیَمِّ فَلْیُلْقِهِ الْیَمُّ بِالسَّاحِلِ یَاْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّیْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ ۚ۬ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ ﴿۳۹﴾ اِذْ تَمْشِیْۤ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰی مَنْ یَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰۤی اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ؕ۬ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۬ فَلَبِثْتَ سِنِیْنَ فِیْۤ اَهْلِ مَدْیَنَ ۬ۙ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰی قَدَرٍ یّٰمُوْسٰی ﴿۴۰﴾ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِیْ ﴿۴۱﴾ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰیٰتِیْ وَلَا تَنِیَا فِیْ ذِكْرِیْ ﴿۴۲﴾ اِذْهَبَاۤ اِلٰی فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰی ﴿۴۳﴾ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّهٗ یَتَذَكَّرُ اَوْ یَخْشٰی ﴿۴۴﴾

ارشاد ہوا کہ تمہاری (ہر) درخواست منظور کی گئی اے موسیٰ اور ہم تو ایک دفعہ اور بھی (اس کے قبل بے درخواست ہی) تم پر احسان کر چکے ہیں جبکہ ہم نے تمہاری ماں کو وہ بات الہام سے بتلائی جو الہام سے بتلانے کی تھی (وہ) یہ کہ موسیٰ علیہ السلام کو (جلادوں کے ہاتھوں سے بچانے کے لئے) ایک صندوق میں رکھو پھر ان کو دریا میں ڈال دو پھر ان کو (مع صندوق کے) دریا کے کنارے تک لے آئے گا کہ (آخرکار) ان کو ایک شخص پکڑ لے گا جو میرا بھی دشمن ہے اور ان کا بھی دشمن ہے اور میں نے تمہارے اوپر اپنی طرف سے ایک اثر محبت ڈال دیا اور تاکہ تم میری نگرانی میں پرورش پاؤ (یہ قصہ اس وقت کا ہے) جبکہ تمہاری بہن چلتی ہوئی آئیں پھر کہنے لگیں کیا تم لوگوں کو ایسے شخص کا پتہ دوں جو اس کو (اچھی طرح) پالے رکھے پھر (اس تدبیر سے) ہم نے تم کو تمہاری ماں کے پاس پھر پہنچا دیا تاکہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ان کو غم نہ رہے اور تم نے (غلطی سے) ایک شخص (قبطی) کو جان سے مار ڈالا پھر ہم نے تم کو اس غم سے نجات دی غرض ہم نے تم کو اچھی طرح آزما لیا اور ہم نے تم کو خوب محنتوں میں ڈالا پھر (مدین پہنچے اور) مدین والوں میں کئی سال رہے پھر ایک خاص وقت پر تم (یہاں) آئے اے موسیٰ اور (یہاں آنے پر) میں نے تم کو اپنے لئے منتخب کیا (سواب) تم اور تمہارے بھائی دونوں میری نشانیاں (یعنی معجزات) لے کر جاؤ اور میری یادگاری میں سستی مت کرنا دونوں فرعون کے پاس جاؤ وہ نکل چلا ہے پھر اس سے نرمی کے ساتھ بات کرنا شاید وہ (بہ رغبت) نصیحت قبول کر لے یا (عذاب الٰہی سے) ڈر جائے۔

تفسیر: قَالَ قَدْ اُوْتِیْتَ سُؤْلَكَ یٰمُوْسٰی ﴿﴾ (الی قوله تعالی) لَعَلَّهٗ یَتَذَكَّرُ اَوْ یَخْشٰی ﴿﴾ ارشاد ہوا کہ تمہاری (ہر) درخواست (جو کہ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ الخ میں مذکور ہے) منظور کی گئی اے موسیٰ اور (یہ تو تمہاری خود درخواست کی ہوئی تھی) ہم تو اور دفعہ اور بھی (اس کے قبل بے درخواست ہی) تم پر احسان کر چکے ہیں جب کہ تمہاری ماں کو وہ بات الہام سے بتلائی جو (بوجہ مہتم بالشان ہونے کے) الہام سے بتلانے کے (قابل) تھی (وہ) یہ کہ موسیٰ کو (جلادوں کے ہاتھ سے بچانے کے لئے) ایک صندوق میں رکھو پھر ان کو (مع صندوق کے) دریا میں (جس کی ایک شاخ فرعون کے محل تک بھی گئی تھی ڈال دو پھر دریا ان کو (مع صندوق کے) کنارہ (کے پاس) تک لے آوے گا کہ (آخرکار) ان کو ایک ایسا شخص پکڑ لے گا جو (کافر ہونے کی وجہ سے) میرا بھی دشمن ہے اور ان کا بھی دشمن ہے (خواہ فی الحال بوجہ اس کے کہ سب بچوں کو قتل کرتا تھا خواہ آئندہ ان کا خاص طور پر دشمن ہوگا) اور (جب صندوق پکڑا گیا اور تم اس میں سے نکالے گئے تو) میں نے تمہارے (چہرے کے) اوپر اپنی طرف سے ایک اثر محبت ڈال دیا (تاکہ جو تم کو دیکھے پیار کرے) اور تاکہ تم میری (خاص) نگرانی میں پرورش پاؤ (یہ اس وقت کا قصہ ہے) جب کہ تمہاری بہن (تمہاری تلاش میں فرعون کے گھر) چلتی ہوئی آئیں پھر (تم کو دیکھ کر اجنبی بن کر) کہنے لگیں (جب کہ کسی انا کا دودھ نہ پیتے تھے) کیا تم لوگوں کو ایسے شخص کا پتہ دوں جو اس کو (اچھی طرح) پالے رکھے (چنانچہ ان لوگوں نے چونکہ ان کو تلاش منظور کیا اور تمہاری بہن تمہاری ماں کو بلا کر لائیں) پھر (اس تدبیر سے) ہم نے تم کو تمہاری ماں کے پاس پھر پہنچا دیا تاکہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ان کو غم نہ رہے (جیسا تھوڑے عرصہ تک فراق سے مغموم رہیں) اور بڑے ہونے کے بعد ایک اور احسان کیا کہ) تم نے (غلطی سے) ایک شخص (قبطی) کو جان سے مار ڈالا (جس کا قصہ سورۂ قصص میں ہے اور مار کر غم ہوا خوف عقاب سے بھی اور خوف انتقام سے بھی) پھر ہم نے تم کو اس غم سے نجات دی (خوف عقاب سے تو اس طرح کہ استغفار کی توفیق دی اور اس کو قبول کیا اور خوف انتقام سے اس طرح کہ مصر سے مدین پہنچا دیا) اور (مدین پہنچنے تک) ہم نے تم کو خوب خوب محنتوں میں ڈالا (اور پھر ان سے خلاصی دی

www.besturdubooks.net

جن کا ذکر سورۂ قصص میں ہے کہ خلاصی دینا بھی منت ہے اور خود ابتلاء بھی بوجہ اسکے کہ وہ سبب ہے حصول اخلاق حمیدہ وملکات فاضلہ کا مستقل منت ہے) پھر (مدین پہنچے اور) مدین والوں میں کئی سال رہے پھر ایک خاص وقت پر (جو میرے علم میں تمہاری نبوت وہم کلامی کے لئے مقدر تھا) تم (یہاں) آئے اے موسیٰ اور (یہاں آنے پر) میں نے تم کو اپنے (نبی بنانے کے) لئے منتخب کیا (سواب) تم اور تمہارے بھائی دونوں میری نشانیاں (یعنی معجزات کہ اصل دو معجزے ہیں عصا و ید بیضاء اور ہر ایک میں وجوہ اعجاز متعدد ہیں) لے کر (جس موقع کے لئے حکم ہوتا ہے) جاؤ اور میری یادگاری میں (خواہ خلوت میں خواہ تبلیغ کے وقت) سستی مت کرنا (اب موقع جانے کا بتلایا جاتا ہے کہ) دونوں فرعون کے پاس جاؤ وہ بہت نکل چلا ہے پھر (اس کے پاس جا کر) اس سے نرمی کے ساتھ بات کرنا شاید وہ (رغبت سے) نصیحت قبول کر لے یا (عذاب الٰہی سے) ڈر جاوے (اور اس سے مان جاوے) **ف** : وجوہ اعجاز کا تعدد اس طرح ہے کہ عصا کا اژدھا بن جانا ایک۔ پھر عصا بن جانا دوسرا۔ اور ید کا روشن ہونا ایک۔ پھر اصلی رنگ پر آ جانا دوسرا اور لَاٰیٰتِیْ اہتمام کے لئے فرمایا ورنہ انبیاء میں اس کا احتمال نہیں اور شاید کا لفظ باعتبار دوسرے لوگوں کے فرمایا نہ باعتبار علم الٰہی کے اور دونوں کو حکم فرمانے کے لئے ہارون علیہ السلام کا وہاں تشریف رکھنا ضرور نہیں یا تو موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہو کہ ان سے کہہ دیں یا ان کو ان کے مقام پر وحی ہوئی ہو یا یہ وحی دونوں کے اجتماع کے وقت ہوئی ہو بعد واپسی طور کے **واللہ اعلم** اور بار بار یا موسیٰ فرمانا رافت اور تشریف کے لئے ہے اور الہام جو کہ موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو ہوا تھا اس میں عدد کی تعیین نہیں فرمائی تھی جیسا قصہ سے معلوم ہوتا ہے اور یہ الہام اگر فرشتہ کے ذریعہ سے ہوا ہو تب بھی نبوت لازم نہیں آتی کیونکہ نبوت کے لوازم سے تبلیغ ہے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کے ساتھ جو نرم گفتگو کا حکم ہوا سو اس موقع کے مناسب نرمی ہی تھی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو منافقین کے بارہ میں جو **واغلظ علیھم** ارشاد فرمایا گیا سو ان کے ساتھ سخت برتاؤ ہی مناسب تھا یہ توجیہ بالکل بے غبار ہے بخلاف اس توجیہ کے جو بعض لوگ اس اختلاف حکم کو حضرت موسیٰ علیہ السلام اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مزاج مبارک پر محمول کرتے ہیں کہ وہ سوءِ ادب سے خالی نہیں **واللہ اعلم**۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ اس میں غیر انبیاء کے لئے الہام کا اثبات ہے قول مشہور پر ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَقَتَلْتَ نَفْسًا اس میں دلالت ہے اس پر کہ اکابر کی لغزش چونکہ نفس سے نہیں ہوتی لہٰذا موجب مراد نہیں مگر باوجود اس کے ان پر ندامت غالب ہوتی ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ الخ اس میں مسئلہ ہے مظہریت صفات حق کا ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَقَتَلْتَ نَفْسًا اس میں دلالت ہے کاملین سے لغزش صادر ہونے پر اور اس پر بھی کہ اس کی ایک نئی شان ہوتی ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ الخ اس میں اصل اس قول کی کہ برکت فی التعلیم کے شرائط میں سے یہ ہے کہ معلم خود بھی ذکر میں مشغول ہو ۱۲۔ قولہ تعالیٰ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا اس میں اصل ہے ارشاد میں نرمی کرنے کی اور اس میں دلالت ہے اس پر کہ ہر شخص سے اس کے رتبہ کے موافق پیش آوے اور یہ سب اہل طریق کے اخلاق میں سے ہے۔

اللغات: السؤل المسئول فالفعل بمعنى المفعول ۱۲ قوله اخرى اى مغايرة لا مقابلا للاولٰى قوله فاقذ فيه القذف بمعنى الوضع وعليه يحمل قوله تعالى والقى الالواح اى وضعها قوله بالساحل يراد به ما يقرب من الساحل ۱۲۔

النحو: قوله ولتصنع عطف على مقدر اى ليعطف عليك ولتصنع ۱۲۔

البلاغة: قوله اوتيت عبر بالماضي مع كون بعض المسئول مستقبلا للاهتمام وتيقن الوقوع قوله فليلقه عبر بالامر عن الخبر للدلالة على مطلوبية قوله على عيني التخصيص للتشريف لان كل شيء بعينه تعالٰى۔

قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ۝۴۵ قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ۝۴۶ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۭ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ۭ وَالسَّلٰمُ عَلٰي مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ۝۴۷ اِنَّا قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰي مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝۴۸ قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ۝۴۹ قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰي كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ۝۵۰

دونوں نے عرض کیا کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو اندیشہ ہے کہ (کہیں) وہ ہم پر زیادتی نہ کر بیٹھے یا یہ کہ زیادہ شرارت نہ کرنے لگے ارشاد ہوا کہ تم اندیشہ نہ کرو (کیونکہ) میں تم دونوں کے ساتھ ہوں سب سنتا دیکھتا ہوں سو تم اس کے پاس جاؤ اور (اس سے) کہو کہ ہم دونوں تیرے پروردگار کے فرستادہ ہیں (کہ ہم کو نبی بنا کر بھیجا ہے) سو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ جانے دے اور ان کی تکلیفیں مت پہنچا تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے (اپنی نبوت کا) نشان (یعنی معجزہ بھی) لائے ہیں اور ایسے شخص کے

www.besturdubooks.net

لئے سلامتی ہے جو (سیدھی) راہ پر چلے ہمارے پاس یہ حکم پہنچا ہے کہ (اللہ کا) عذاب اس شخص پر ہوگا (جو حق کو) جھٹلا دے اور (اس سے) روگردانی کرے۔ وہ کہنے لگا پھر (یہ بتلاؤ کہ) تم دونوں کا رب کون ہے اے موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ (ہمارا سب کا) رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کے مناسب بناوٹ عطا فرمائی پھر رہنمائی فرمائی۔

تفسیر: قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ (الی قولہ تعالی) قَالَ رَبُّنَا الَّذِیْٓ اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی (جب یہ حکم دونوں صاحبوں کو پہنچ چکا تو) دونوں نے عرض کیا کہ اے ہمارے پروردگار (ہم تبلیغ کے لئے حاضر ہیں لیکن) ہم کو یہ اندیشہ ہے کہ (کہیں) وہ ہم پر (تبلیغ سے پہلے ہی) زیادتی نہ کر بیٹھے (کہ تبلیغ ہی رہ جاوے) یا یہ کہ (عین تبلیغ کے وقت اپنے کفر میں زیادہ شرارت نہ کرنے لگے (کہ اپنی بک بک میں تبلیغ نہ سنے نہ سننے دے جس سے وہ عدم تبلیغ کے برابر ہو جاوے) ارشاد ہوا کہ (اس امر سے مطلق) اندیشہ نہ کرو (کیونکہ میں تم دونوں کے ساتھ ہوں سب سنتا دیکھتا ہوں (میں تمہاری حفاظت کروں گا اور اس کو مرعوب کر دوں گا جس سے پوری تبلیغ کر سکو گے جیسا دوسری آیت میں ہے: وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا [القصص: ۳۵]) سو تم (بے خوف وخطر) اس کے پاس جاؤ اور (اس سے) کہو کہ ہم دونوں تیرے پروردگار کے فرستادے ہیں (کہ ہم کو نبی بنا کر بھیجا ہے) سو (تو ہماری اطاعت کر اصلاح عقیدہ میں بھی کہ توحید کی تصدیق کر اور اصلاح اخلاق میں بھی کہ ظلم وغیرہ سے باز آ اور) بنی اسرائیل کو (جن پر تو ناحق ظلم کرتا ہے اپنے پنجہ ظلم سے رہا کر کے) ہمارے ساتھ جانے دے (جہاں چاہیں اور جس طرح چاہیں رہیں) اور ان کو تکلیفیں مت پہنچا (اور) ہم (جو دعویٰ نبوت کا کرتے ہیں تو خالی خولی نہیں بلکہ ہم) تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے (اپنی نبوت کا) نشان (یعنی معجزہ بھی) لائے ہیں اور (تصدیق اور قبول حق کا ثمرہ اس قاعدہ کلیہ سے معلوم ہوگا) ایسے شخص کے لئے (عذاب الٰہی سے) سلامتی ہے جو (سیدھی) راہ پر چلے (اور تکذیب ورد حق کے باب میں) ہمارے پاس یہ حکم پہنچا ہے کہ (اللہ کا) عذاب (قہر کا) اس شخص پر ہوگا جو (حق کو) جھٹلاوے اور (اس سے) روگردانی کرے (غرض یہ سارا مضمون جا کر اس سے کہو چنانچہ دونوں حضرات تشریف لے گئے اور جا کر اس سے سب کہہ دیا) وہ کہنے لگا کہ پھر (یہ بتلاؤ کہ) تم دونوں کا رب کون ہے (جس کو تم اپنا فرستادہ بتلاتے ہو) اے موسیٰ (جواب میں) موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ ہمارا (دونوں کا بلکہ سب کا) رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کے مناسب بناوٹ عطا فرمائی پھر (ان میں جو جاندار چیزیں تھیں ان کو ان کے منافع ومصالح کی طرف) رہنمائی فرمائی (چنانچہ ہر جانور اپنی مناسب غذا اور جوڑا اور مسکن وغیرہ ڈھونڈ لیتا ہے پس وہی ہمارا بھی رب ہے) **ف**: ایک آیت میں جو سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ کے ساتھ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا [القصص: ۳۵] آیا ہے سو اقتران فی الذکر سے اقتران فی القول لازم نہیں آتا اب یہ اشکال نہ رہا کہ بعد وعدہ جعل سلطان کے پھر خوف کیوں ہوا اور اگر یسرلی امری کے ساتھ اوتیت سولك کے انضمام سے شبہ ہو کہ تیسیر امر تبلیغ کے وعدہ کے بعد یہ خوف کیوں ہوا سو جواب یہ ہے کہ تیسیر تبلیغ بمعنی ارتفاع الموانع فی المتکلم مستلزم نہیں ارفاع الموانع فی المخاطب کو اور فرعون اگر وجود صانع کا قائل تھا تب تو اعطی الخ کو صلہ میں لانا بوجہ اس کے معلوم ہونے کے ہے اور اگر دہری تھا تو اس کو صلہ میں لانا بوجہ کالمعلوم ہونے کے ہے اور فرعون کا صرف موسیٰ علیہ السلام کو مخاطب بنانا تو اس لئے ہو کہ قرائن سے ان کا اصل ہونا معلوم ہو گیا ہو یا قدیم تعلق کی وجہ سے ہو یا اس لئے ہو کہ کلام بھی موسیٰ علیہ السلام نے کہا تھا ہارون علیہ السلام صرف مؤید تھے۔ واللہ اعلم

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اس میں وہی مسئلہ ہے جو قولہ تعالیٰ: قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ [طہ: ۲۱] میں گزر چکا ہے قولہ تعالیٰ: قَالَ لَا تَخَافَآ الخ اگر جملہ اسمع و اری اننی معکما کی تفسیر ہو تو دلیل ہے قرب صفاتی پر اور اگر مستقل ہو تو اننی معکما دلیل ہے قرب ذاتی پر۔ قولہ تعالیٰ: اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰی مَنْ كَذَّبَ الخ اس میں وہی مسئلہ ہے جو قولا له قولا لینا میں ہے۔ چنانچہ ان العذاب علیك نہیں فرمایا گیا۔ قولہ تعالیٰ قال: فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰی اس جواب میں ارشاد ہے کہ معرفت بالکنہ ممتنع ہے اور بالصفات والافعال جائز ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فارسل جانے دے اشارة الی ان المراد بالارسال الاسترسال لا البعث الی الشام ۱۲۔ ۲ قوله قبل قال فمن ربكما تشریف لے گئے اشارة الی ان فیه ایجازا اعتمادًا علی القرینة ۱۲۔ ۳ قوله فی هدی جو جاندار لان الهداية قرينة عليه ۱۲۔

اللغات: قوله يفرط فی القاموس فرط سبق وعليه فی القول السرف وفی الروح ای يعجل علينا بالعقوبة ولا يصير الی اتمام الدعوة ۱۲۔

النحو: فاتياه عطف لا تخافا قوله اسمع واری تاكيد لقوله اننی معكما ۱۲۔

البلاغة: قوله باية افردها لان المقصود المجی بمطلق الآية لا ذكر تعددها قوله فمن ربكما الفاء لترتيب السوال علی ما سبق من كونهما رسولی ربهما ای اذا كنتما رسولی ربكما الذی ارسلكما فاخبرا من ربكما الذی ارسلكما ۱۲۔

قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰی ۝۵۱ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّیْ فِیْ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّیْ وَلَا يَنْسَی ۝۵۲ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ

www.besturdubooks.net

مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ؕ فَاَخْرَجْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿۵۳﴾ كُلُوْا وَارْعَوْا
اَنْعَامَكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۵۴﴾ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿۵۵﴾ وَلَقَدْ ع ۲
اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿۵۶﴾ قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۵۷﴾ فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ
بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿۵۸﴾ قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿۵۹﴾

فرعون نے کہا کہ اچھا تو پہلے لوگوں کا کیا حال ہوا موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ ان لوگوں کا علم میرے پروردگار کے پاس دفتر (اعمال) میں (محفوظ) ہے میرا رب نہ غلطی کرتا ہے اور نہ بھولتا ہے۔ وہ (رب) ایسا ہے جس نے تم لوگوں کے لئے زمین کو (مثل) فرش (کے) بنایا اور اس (زمین) میں تمہارے (چلنے کے) واسطے راستے بنائے اور آسمان سے پانی برسایا پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعے سے اقسام مختلفہ کے نباتات پیدا کئے (اور تم کو اجازت دی کہ) خود (بھی) کھاؤ اور اپنے مواشی (بھی) چراؤ ان سب چیزوں میں اہل عقل کے واسطے (قدرت الہیہ کی) نشانیاں ہیں ہم نے تم کو اسی زمین سے پیدا کیا اور اسی میں ہم تم کو (بعد موت) لے جاویں گے اور (قیامت کے روز) پھر دوبارہ اسی سے ہم تم کو نکالیں گے اور ہم نے اس کو اپنی وہ سب ہی نشانیاں دکھلائیں سو وہ جھٹلایا ہی کیا اور انکار کرتا رہا اور کہنے لگا کہ اے موسیٰ تم ہمارے پاس اس واسطے آئے ہو (کہ) ہم کو ہمارے ملک سے اپنے جادو (کے زور) سے نکال باہر کرو سو اب ہم بھی تمہارے مقابلہ میں ایسا ہی جادو لاتے ہیں تو ہمارے اور اپنے درمیان میں ایک وعدہ مقرر کرلو جس کا نہ ہم خلاف کریں گے اور نہ تم خلاف کرو کسی ہموار میدان میں (تاکہ سب دیکھ لیں موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تمہارے (مقابلہ) کے وعدے کا وہ وقت وہ دن ہے جس میں (تمہارا) میلہ ہوتا ہے اور جس میں دن چڑھے لوگ جمع ہو جاتے ہیں۔

تفسیر: اور اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ میں کسی شے کے ناقص الخلقت ہونے سے شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ وہاں بھی مناسب ہے گو مصالح اس کے خفی ہوں اور ان العذاب کے ترجمہ میں قہر کی قید سے یہ شبہ جاتا رہا کہ عذاب تو عصاۃ کو بھی ہوگا سو وہ عذاب تطہیر کے لئے ہے نہ کہ قہر سے قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿۵۱﴾ (الی قولہ تعالی) وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿۵۵﴾ فرعون نے اس پر شبہ کیا: اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى [طه: ۴۸] اور) کہا کہ اچھا تو پہلے لوگوں کا کیا ہوا (جو انبیاء کی تکذیب کرتے تھے اور ان پر کون سا عذاب نازل ہوا موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ (میں نے یہ دعویٰ نہیں کیا کہ وہ عذاب موعود دنیا ہی میں آنا ضرور ہے بلکہ کبھی دنیا میں بھی آجاتا ہے اور آخرت میں ضرور ہی ہوگا چنانچہ) ان لوگوں (کی بداعمالیوں) کا علم میرے پروردگار کے پاس دفتر (اعمال) میں (محفوظ) ہے (گو ان کو دفتر کی حاجت نہیں مگر بعض حکمتوں سے ایسا ہی کیا گیا ہے غرض یہ کہ اللہ تعالیٰ کو ان کے اعمال معلوم ہیں اور) میرا رب (ایسا جاننے والا ہے کہ) نہ غلطی کرتا ہے اور نہ بھولتا ہے (پس ان کے اعمال کا صحیح صحیح علم اس کو حاصل ہے مگر عذاب کیلئے وقت مقرر کر رکھا ہے جب (۱) وہ وقت آوے گا وہ عذاب ان پر جاری کردیا جاوے گا پس دنیا میں عذاب نہ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ کفر و تکذیب علت عذاب کی نہ ہو یہاں تک موسیٰ علیہ السلام کی تقریر ہو چکی آگے اللہ تعالیٰ اپنی شان ربوبیت کی کچھ تفصیل بیان فرماتے ہیں جس کا ذکر اجمالاً موسیٰ علیہ السلام کے اس کلام میں تھا: رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰى الخ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ الخ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ الخ چنانچہ ارشاد ہے کہ وہ (رب) ایسا ہے جس نے تم لوگوں کے لئے زمین کو (مثل) فرش (کے) بنایا (کہ اس پر آرام کرتے ہو) اور اس (زمین) میں تمہارے (چلنے کے) واسطے رستے بنائے اور آسمان سے پانی برسایا پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعہ سے اقسام مختلفہ کے نباتات پیدا کئے (اور تم کو اجازت دی کہ) خود (بھی) کھاؤ اور اپنے مواشی کو (بھی) چراؤ ان سب (مذکورہ) چیزوں میں اہل عقل کے (استدلال کے) واسطے (قدرت الہیہ کی) نشانیاں ہیں (جس طرح نباتات کو زمین سے نکالتے ہیں اسی طرح) ہم نے تم کو اسی زمین سے (ابتدا میں) پیدا کیا (چنانچہ آدم علیہ السلام مٹی سے بنائے گئے سو ان کے واسطے سے سب کا مادہ بعید خاک ہوئی) اور اسی میں ہم تم کو (بعد موت) لے جاویں گے (چنانچہ کوئی مردہ کسی حالت میں ہو لیکن آخر کو مدتوں کے بعد ہی مگر مٹی میں ضرور ملے گا) اور (قیامت کے روز) پھر دوبارہ اسی سے ہم تم کو نکال لیں گے (جیسا پہلی بار اس سے پیدا کرچکے ہیں) ف: شاید اللہ تعالیٰ نے یہ جملہ اس لئے بڑھادیا ہو کہ سورت مکیہ ہے کفار مکی توحید و بعث کے منکر تھے اور اس جملہ میں دونوں پر دلالت ہے و اللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاَخْرَجْنَا بِهٖ اس میں اثبات ہے اسباب کا چنانچہ بہ کہا گیا اور اثبات ہے اس کا کہ مؤثر حقیقی حق تعالیٰ ہے چنانچہ فَاَخْرَجْنَا کہا گیا ۱۲۔

الحواشی: (۱) اگرچہ جواب کا ایک طریق یہ بھی تھا کہ امم سابقہ کے عذاب کو اور ان کے واقعات کو ذکر فرما دیتے لیکن اس طریق کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس لئے اختیار نہیں فرمایا کہ اس میں احتمال تھا کہ فرعون ان واقعات کو اتفاق پر محمول کرکے ان کے بطور عذاب ہونے کا انکار کردیتا اور اپنی غباوت سے قہر الٰہی اور اتفاق میں

www.besturdubooks.net

فرق نہ سمجھ سکتا ۱۲ اتبیان۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی كلوا اجازت دی اشارة الى كون الامر معمولا للمقدر حالا ای قائلين و آذنين لكم الخ ۱۲۔ ۲؎ قوله فی تارة اخرىٰ جیسا پہلی بار اشارة الى ان الاخراج والخلق لما كانا متقاربين صح الحكم على الاخراج بكونه تارة اخرىٰ ۱۲۔

اللغات: الرعی لازم ومتعد المهد مصدر ثم جعل اسم جنس لما يمهد للصبی وسلك كما فی القاموس ادخل ای حصل لكم طرقا ووسطها بين الجبال والاودية كذا فی الروح النهى جمع نهية العقل لنهيه عن اتباع الباطل وارتكاب القبح ۱۲۔ موعد او قوله موعدكم مصدر فی الاول بقرينة عود ضمير نخلفه اليه لانه لا معنى لا خلاف وقت الوعد وظرف فی الثانی ليصح الاخبار عنه بقوله يوم الزينة بلا تكلف قوله سوى ای مكانا مستويا من الارض لا وعرفيه ولا جبل ولا اكمة ولا مطمئن بحيث يستر الحاضرين فيه بعضهم عن بعض اخرجه ابن ابی حاتم عن ابن زيد كذا فی الروح ۱۲ قوله السحت والاسحات الاستيصال ۱۲۔

النحو: قوله شتى صفة لازواجا ويمكن ان يجعل صفة لنبات لما انه فی الاصل مصدر يستوى فيه الواحد والجمع ۱۲ قال اجئتنا استيناف قوله وان يحشر الناس عطف على الزينة ای يوم الزينة ويوم الحشر قوله مكانا سوى انتصابه على انه مفعول به لفعل مقدر يدل عليه موعد ای عد مكانا۔

البلاغۃ: قوله فيها نعيدكم لم يقل اليها للدلالة على الاستقرار المديد فيها ۱۲۔

فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿٦٠﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ
افْتَرٰى ﴿٦١﴾ فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿٦٢﴾ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰىنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ
اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿٦٣﴾ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿٦٤﴾ قَالُوْا
يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿٦٥﴾ قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ
سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿٦٦﴾ فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿٦٧﴾ قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿٦٨﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا
صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿٧٠﴾ قَالَ
اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۭ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ
وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۡ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ﴿٧١﴾ قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰي مَا جَاۗءَنَا مِنَ
الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ۭ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٧٢﴾ اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا
خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿٧٣﴾ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ
لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿٧٤﴾ وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ﴿٧٥﴾
جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا مَنْ تَزَكّٰى ﴿٧٦﴾ ع ۱۲

غرض (یہ سن کر) فرعون (دربار سے) لوٹ گیا پھر اپنا مکر کا (یعنی جادو کا) سامان جمع کرنا شروع کر دیا پھر آیا (اس وقت) موسیٰ علیہ السلام نے ان (جادوگر) لوگوں سے فرمایا ارے کم بختی مارو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ افترا مت کرو کبھی خدا تعالیٰ تم کو کسی قسم کی سزا سے بالکل نیست و نابود ہی کر دے گا اور جو جھوٹ باندھتا ہے وہ (آخر کو) ناکام رہتا ہے پس جادوگر (یہ بات سن کر) باہم اپنی رائے میں اختلاف کرنے لگے اور خفیہ گفتگو کرتے رہے (آخر کار سب متفق ہو کر) کہنے لگے کہ بے شک یہ دونوں جادوگر ہیں ان

www.besturdubooks.net

کا مطلب یہ ہے کہ اپنے جادو (کے زور) سے تم کو تمہاری سرزمین سے نکال باہر کریں اور تمہارے عمدہ (مذہبی) طریقہ کا دفتر ہی اٹھادیں سو اب تم مل کر اپنی تدبیری انتظام کرو اور صفیں آراستہ کر کے (مقابلہ میں) آؤ اور آج وہی کامیاب ہے جو غالب ہوا۔ پھر انہوں نے کہا اے موسیٰ علیہ السلام آپ (اپنا عصا) پہلے ڈالیں گے یا ہم پہلے ڈالنے والے بنیں آپ نے فرمایا نہیں تم ہی پہلے ڈالو پس یکا یک ان کی رسیاں اور لاٹھیاں ان کی نظر بندی سے موسیٰ علیہ السلام کے خیال میں ایسی معلوم ہونے لگیں جیسے (سانپ کی طرح) چلتی دوڑتی ہوں سو موسیٰ علیہ السلام کے دل میں تھوڑا سا خوف ہوا ہم نے کہا کہ تم ڈرو نہیں تم ہی غالب رہو گے اور (اس کی صورت یہ ہے کہ تمہارے داہنے ہاتھ میں جو (عصا) ہے اس کو ڈال دو ان لوگوں نے جو کچھ (سانگ) بنایا ہے یہ (عصا) سب کو نگل جائے گا یہ جو کچھ بنایا ہے جادوگروں کا سانگ ہے اور جادوگر کہیں جاوے کامیاب نہیں ہوتا سو جادوگر سجدے میں گر گئے ہم تو ایمان لے آئے ہارون اور موسیٰ علیہ السلام کے پروردگار پر۔ فرعون نے کہا کہ بدوں اس کے کہ میں تم کو اجازت دوں تم موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئے واقعی (وہ سحر میں) تمہارے بھی بڑے ہیں کہ انہوں نے تم کو سحر سکھلایا ہے سو میں تم سب کے ہاتھ پاؤں کٹواتا ہوں ایک طرف کا ہاتھ اور ایک طرف کا پاؤں اور تم سب کو کھجوروں کے درختوں پر ٹنگواتا ہوں اور یہ بھی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ ہم دونوں میں (یعنی مجھ میں اور رب موسیٰ علیہ السلام میں) کس کا عذاب زیادہ سخت اور دیرپا ہے ان لوگوں نے صاف جواب دے دیا کہ ہم تجھ کو کبھی ترجیح نہ دیں گے بمقابلہ ان دلائل کے جو ہم کو ملے ہیں اور بمقابلہ اس ذات کے جس نے ہم کو پیدا کیا ہے تجھ کو جو کچھ کرنا (دل کھول کر) کر ڈال تو بجز اس کے کہ اس دنیاوی زندگی میں کچھ کر لے اور کر ہی کیا سکتا ہے پس اب تو ہم اپنے پروردگار پر ایمان لا چکے ہیں تا کہ ہمارے پچھلے گناہ (کفر وغیرہ) معاف کر دیں اور تو نے جو جادو (کے مقدمہ) میں ہم پر زور ڈالا اس کو بھی معاف کر دیں اور اللہ تعالیٰ (تجھ سے) بدرجہا اچھے ہیں اور زیادہ بقا والے ہیں۔ جو شخص (بغاوت کا) مجرم ہو کر اپنے رب کے پاس حاضر ہوگا سو اس کے لئے دوزخ (مقرر) ہے اس میں نہ مرے گا نہ جئے گا اور جو شخص رب کے پاس مؤمن ہو کر حاضر ہوگا جس نے نیک کام بھی کئے ہوں سو ایسوں کے لئے بڑے اونچے درجے ہیں یعنی ہمیشہ رہنے کے باغات جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے اور جو شخص (کفر و معصیت سے) پاک ہوا اس کا یہی انعام ہے۔

تفسیر: وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا (الی قولہ تعالی) وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى اور ہم نے اس (فرعون) کو اپنی (وہ) سب ہی نشانیاں دکھلائیں (جو کہ موسیٰ علیہ السلام کو عطا ہوئی تھیں) سو وہ (جب بھی) جھٹلاتا ہی کیا اور انکار ہی کرتا رہا (اور) کہنے لگا کہ اے موسیٰ تم ہمارے پاس (یہ دعویٰ لے کر) اس واسطے آئے ہو (گے) کہ ہم کو ہمارے ملک سے اپنے جادو (کے زور) سے نکال باہر کرو (اور خود عوام کو فریفتہ اور تابع بنا کر رئیس بن جاؤ) سو اب ہم بھی تمہارے مقابلہ میں ایسا ہی جادو لاتے ہیں تو ہمارے اور اپنے درمیان ایک وعدہ مقرر کر لو جس کو نہ ہم خلاف کریں اور نہ تم خلاف کرو کسی ہموار میدان میں (تا کہ سب دیکھ لیں) موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا تمہارے (مقابلہ کے) وعدہ کا وقت وہ دن ہے جس میں (تمہارا) میلہ ہوتا ہے اور (جس میں) دن چڑھے لوگ جمع ہو جاتے ہیں (اور ظاہر ہے کہ میلے کا موقع اکثر ہموار ہی زمین میں ہوتا ہے اس سے مکان سوی کی شرط بھی پوری ہو جاوے گی)۔ ف: یہ جو فرعون نے کہا: اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا اگر دل میں غرض سمجھتا ہو جیسا کہ ظاہر یہی ہے تو یہ کہنا اس لئے ہوگا کہ اور سننے والوں کو موسیٰ علیہ السلام پر غیظ پیدا ہو جاوے کیونکہ ترک وطن طبائع پر شاق ہوتا ہے اور اس غیظ کی وجہ سے ان کی طرف میلان نہ ہونے پاوے کہ آیات میں تدبر کر سکیں: فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى غرض (یہ سن کر) فرعون (دربار سے اپنی جگہ) لوٹ گیا پھر اپنا مکر کا (یعنی جادو کا) سامان جمع کرنا شروع کیا پھر (سب کو لے کر اس میدان میں جہاں وعدہ ٹھہرا تھا) آیا (اس وقت) موسیٰ (علیہ السلام) نے ان (جادوگر) لوگوں سے فرمایا کہ ارے کمبختی مارو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ افترا مت کرو (کہ اس کے وجود یا توحید کا انکار کرنے لگو یا اس کے ظاہر کئے ہوئے معجزات کو سحر بتلانے لگو) کبھی خدا تعالیٰ تم کو کسی قسم کی سزا سے بالکل نیست و نابود ہی کر دے اور جو جھوٹ باندھتا ہے وہ (آخر کو) ناکام رہتا ہے پس جادوگر (یہ بات سن کر ان دونوں حضرات کے بارہ میں) باہم اپنی رائے میں اختلاف کرنے لگے اور خفیہ گفتگو کرتے رہے (آخری نتیجہ سب متفق ہو کر) کہنے لگے کہ بیشک یہ دونوں جادوگر ہیں ان کا مطلب یہ ہے کہ اپنے جادو (کے زور) سے تم کو تمہاری سرزمین سے نکال باہر کریں اور تمہارے عمدہ (مذہبی) طریقہ کا دفتر ہی اُٹھادیں تو اب تم مل کر اپنی تدبیر کا انتظام کرو اور صفیں آراستہ کر کے (مقابلہ میں) آؤ اور آج وہی کامیاب ہے جو غالب ہو (پھر انہوں نے موسیٰ علیہ السلام) سے کہا اے موسیٰ (کہئے) آپ (اپنا عصا) پہلے ڈالیں گے یا ہم پہلے ڈالنے والے بنیں آپ نے (نہایت بے پروائی سے) فرمایا نہیں تم ہی پہلے ڈالو (چنانچہ انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈالیں اور نظر بندی کر دی) پس یکا یک ان کی رسیاں اور لاٹھیاں ان کی نظر بندی سے موسیٰ علیہ السلام کے خیال میں ایسی معلوم ہونے لگیں جیسے (سانپ کی طرح) چلتی دوڑتی ہوں۔ سو موسیٰ (علیہ السلام) کے دل میں تھوڑا سا خوف ہوا (جب دیکھنے میں یہ رسیاں اور لاٹھیاں بھی سانپ معلوم ہوتی ہیں اور میرا عصا بھی بہت سے بہت سانپ بن جاوے گا تو دیکھنے والے تو دونوں چیزوں کو ایک ہی سا سمجھیں گے تو حق و باطل میں امتیاز نہ کریں گے اور یہ خوف باقتضائے طبع تھا ورنہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یقین تھا کہ جب اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے تو اس کے تمام نشیب و فراز کا بھی انتظام کر دے گا اور اپنے مرسل کی کافی مدد کرے گا اور ایسا

www.besturdubooks.net

خوف طبعی جو درجہ وسوسہ میں تھا شان کمال کے منافی نہیں الغرض جب یہ خوف ہوا اس وقت) ہم نے کہا کہ تم ڈرو نہیں تم ہی غالب رہو گے اور (اس کی صورت یہ ہے کہ) یہ تمہارے داہنے ہاتھ میں جو (عصا) ہے اس کو ڈال دو۔ ان لوگوں نے جو کچھ (سانگ) بنایا ہے یہ (عصا) سب کو نگل جاوے گا یہ جو کچھ بنایا ہے جادوگروں کا سانگ ہے اور جادوگر کہیں جاوے (معجزہ کے مقابلہ میں کبھی) کامیاب نہیں ہوتا (موسیٰ علیہ السلام کو تسلی ہوگئی کہ اب امتیاز خوب ہو سکتا ہے چنانچہ انہوں نے عصا ڈالا اور واقعی وہ سب کو نگل گیا) سو جادوگر (وں نے جو یہ فعل فوق السحر دیکھا سمجھ گئے کہ یہ بیشک معجزہ ہے اور فوراً ہی سب) سجدہ میں گر گئے (اور بآواز بلند) کہا کہ ہم تو ایمان لے آئے ہارون اور موسیٰ (علیہما السلام) کے پروردگار پر۔ فرعون نے (یہ واقعہ دیکھ کر جادوگروں کو دھمکایا اور) کہا کہ بدوں[۵] اس کے کہ میں تم کو اجازت دوں (یعنی میری خلاف مرضی) تم موسیٰ (علیہ السلام) پر ایمان لے آئے واقعی (معلوم ہوتا ہے کہ) وہ (سحر میں) تمہارے بھی بڑے (اور استاد) ہیں کہ انہوں نے تم کو سحر دکھلایا ہے (اور استاد شاگردوں نے سازش کر کے جنگ زرگری کی ہے تا کہ تم کو ریاست حاصل ہو) سو (اب حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے) میں تم سب کے ہاتھ پاؤں کٹواتا ہوں ایک طرف کا ہاتھ اور ایک طرف کا پاؤں اور تم سب کو کھجوروں کے درختوں پر ٹنگواتا ہوں (تا کہ سب دیکھ کر عبرت حاصل کریں) اور یہ بھی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ ہم دونوں میں (یعنی مجھ میں اور رب موسیٰ میں) کس کا عذاب زیادہ سخت اور دیرپا ہے ان لوگوں نے صاف جواب دے دیا کہ ہم تجھ کو کبھی ترجیح نہ دیں گے بمقابلہ ان دلائل کے جو ہم کو ملے ہیں اور بمقابلہ اس ذات کے جس نے ہم کو پیدا کیا ہے تجھ کو جو کچھ کرنا ہو (دل کھول کر) کر ڈال تو بجز اس کے کہ اس دنیوی زندگانی میں کچھ کر لے اور کر ہی کیا سکتا ہے بس اب تو ہم اپنے پروردگار پر ایمان لا چکے تا کہ ہمارے (پچھلے) گناہ (کفر وغیرہ) معاف کر دیں اور تو نے جو جادو (کے مقدمہ) میں ہم پر زور ڈالا اس کو بھی معاف کر دیں اور اللہ تعالیٰ (باعتبار ذات وصفات کے بھی تجھ سے) بدرجہا اچھے ہیں اور (باعتبار ثواب وعقاب کے بھی) زیادہ بقا والے ہیں (اور تجھ کو نہ خیریت نصیب ہے نہ بقاء تو تیرا کیا انعام جس کا وعدہ ہم سے کیا تھا اور کیا عذاب جس کی اب وعید سناتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے جس ثواب اور عذاب کو بقاء ہے اس کا قانون یہ ہے کہ) جو شخص (بغاوت کا) مجرم ہو کر (یعنی کافر ہو کر) اپنے رب کے پاس حاضر ہوگا سو اس کے لئے دوزخ (مقرر) ہے اس میں نہ مرے ہی گا اور نہ جئے ہی گا (نہ مرنا تو ظاہر ہے اور نہ جینا یہ کہ جینے کا آرام نہ ہوگا) اور جو شخص اس کے پاس مؤمن ہو کر حاضر ہوگا جس نے[۶] نیک کام بھی کئے ہوں سو ایسوں کے لئے بڑے اونچے درجے ہیں یعنی ہمیشہ رہنے کے باغات جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے اور جو شخص (کفر ومعصیت سے) پاک ہوا اس کا یہی انعام ہے (پس اس قانون کے موافق ہم نے کفر کو چھوڑ کر ایمان اختیار کر لیا) **ف**: فرعون کا یہ کہنا کہ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ عوام کو فریب دینے کے لئے تھا ورنہ موسیٰ علیہ السلام سے ان کی بے تعلقی وہ بھی جانتا تھا اور اکرهتنا کہنا یا تو اس بناء پر ہو کہ حکم سلطانی[۲] کے بعد آزادی سے رائے قائم کرنے کی گنجائش نہیں رہتی اور یا اس وجہ سے ہو کہ ساحرین کی رائے مقابلہ میں آنے کی نہ ہوگی کسی مصلحت کے خیال سے اور اس کی کہیں تصریح نہیں دیکھی کہ فرعون نے ان نو مسلموں کو یہ سزا دی یا نہیں اور مؤمن غیر عامل صالحات کا ذکر اس آیت میں نہیں ہے اس کا حال دوسرے دلائل سے معلوم ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَيْلَكُمْ الخ ایسا کلام فرعون سے نہیں فرمایا گیا اس میں بھی حفظ مراتب کا اثبات ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ اس میں اثبات ہے عدم ادعائے کمال کا کیونکہ ایسے شخص کو خوف نہیں ہوتا۔ قولہ تعالیٰ: فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ عمل اختیاری توفیق پر موقوف ہے۔ قولہ تعالیٰ: قَالُوا لَنْ نُؤْثِرَكَ یہ مشعر ہے کہ استعداد کا کامل ہونا مبتدی کو منتہی کے مقام پر پہنچا دیتا ہے (چنانچہ یہ جواب ان کے منتہی ہونے پر دال ہے) قولہ تعالیٰ: فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا اس میں تنبیہ ہے سامع کی حق تعالیٰ کے الطاف پر کہ جس بندہ کو چاہے غایت کفر اور عناد سے نہایت ایمان اور سداد تک پہنچا دے۔

الحواشی: (۱) یعنی اگر اس نے موسیٰ علیہ السلام کے متعلق کوئی خاص رائے قائم نہ کی ہو تب تو استفہام کی وجہ ظاہر ہے یعنی غرض کا دریافت کرنا اور اگر یہ غرض پیشتر سے سمجھ رکھی ہو تو اس وقت سوال ہوگا کہ جب غرض معلوم ہے تو پوچھنے سے کیا فائدہ اس میں اس کا جواب دیا ہے ۱۲ (۲) ای صیغة یحل اللتی بمعنی ینزل یاتی بالکسر والضم (من نصر وضرب) والتی بمعنی یجوز یاتی بالکسر فقط ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمة: ۱؎ قوله في ارنيه دکھلائیں اشارة الى كون الاراء ة بمعنى الابصار او التعريف لانه لا يجوز حذف المفعول الثالث ۱۲۔ ۲؎ قوله في كلها جو کہ موسیٰ علیہ السلام الخ وبه ارتفع الاشكالات كلها وتلك الآيات هي التي ذكرت في قوله اذهب انت واخوك باياتي كما قراء ت في تفسيره ۱۲۔ ۳؎ قوله في خيفة تھوڑا سا افاده التنكير للتقليل ۱۲۔ ۴؎ قوله في كيد ساحر جادوگروں اشارة الى ارادة الجنس ۱۲۔ ۵؎ قوله في قبل ان اٰذن لكم بدوں اشارة الى ان المعنى من غير اذنی كما فی قوله تعالىٰ قبل ان تنفد كلمات ربي لأن اذنه لهم في ذلك واقع بعد او متوقع ۱۲۔ ۶؎ قوله جس نے نیک کام الخ هذه الترجمة بناء على كون الجملة صفة للحال ويحتمل ان يكون حالا بعد حال كما في التفسير النيسابوری ولعله اولیٰ ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَۃِ: قوله ان هذا ان قرأ ابن كثير بتشديد نون هذان وهو على خلاف القياس وفي قراءة ان بتشديد النون وهذان بالف ونون خفيفة على لغة بعض العرب من اجراء الثنى بالالف دائما قالوا ضربة بين اوتاه من يشترى الخفان وهى لغة لكنانة ولبنى الحرث بن كعب وخثعم وزبيد ولبنى العنبر وبنى الهجيم ومراد وعذرة وقرأ ابو عمرو ان هذين واعرابه واضح۔ واما ما نسب الى عائشة من حكمها على القراءة الثانية بكونها لحنا وخطأ من الكتاب فغير ثابت كيف وقد ذكر اهل المصطلح ان مما يدرك به وضع الخبر ما يوخذ من حال المروى كان يكون مناقضا لنص القرآن او السنة المتواترة او الاجماع القطعى او صريح العقل حيث لا يقبل شئ من ذلك التاويل او لم يحتمل سقوط شئ منه يزول به المحذور كذا فى الروح۔

اللُّغَاتُ: الايجاس الاضمار۔

النَّحْوُ: قوله انما صنعوا ما غير كافة النحو قوله اما ان تلقى منصوب بفعل مضمر اى اما تختار القائك او تختار كوننا اول من القى او مرفوع على انه خبر لمبتد المحذوف اى الامر اما القائك او كوننا اول من القى كذا فى الروح۔

وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ۙ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ﴿۷۷﴾ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ﴿۷۸﴾ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ﴿۷۹﴾ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ﴿۸۰﴾ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ﴿۸۱﴾ وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ﴿۸۲﴾

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کے پاس وحی بھیجی کہ ہمارے ان بندوں (یعنی بنی اسرائیل کو مصر سے) راتوں رات (باہر) لے جاؤ پھر ان کے لئے دریا میں (عصا لا کر) خشک راستہ بنا دینا نہ تو تم کو کسی کے تعاقب کا اندیشہ ہوگا اور نہ اور کسی کا خوف ہوگا پس فرعون اپنے لشکروں کو لے کر ان کے پیچھے چلا تو دریا ان پر جیسا ملنے کو تھا آملا اور فرعون اپنی قوم کو بری راہ لایا اور نیک راہ ان کو نہ بتلائی۔ اے بنی اسرائیل (دیکھو) ہم نے تم کو تمہارے (ایسے بڑے) دشمن سے نجات دی اور ہم نے تم سے (یعنی تمہارے پیغمبر سے) کوہ طور کی داہنی جانب آنے کا وعدہ کیا اور (وادی تیہ میں) ہم نے تم پر من وسلویٰ نازل فرمایا (اور اجازت دی کہ) ہم نے جو نفیس چیزیں تم کو دی ہیں ان کو کھاؤ اور اس (کھانے) میں حد (شرعی) سے مت گزرو کہیں میرا غضب تم پر واقع ہو جائے اور جس شخص پر میرا غضب واقع ہوتا ہے وہ بالکل گیا گزرا ہوا اور (نیز) اس کے ساتھ یہ بھی (کہ) میں ایسے لوگوں کے لئے بڑا بخشنے والا بھی ہوں جو توبہ کرلیں اور ایمان لے آویں اور نیک عمل کریں پھر (اسی) راہ پر قائم (بھی) رہیں۔

تَفْسِیر: وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى (الی قولہ تعالی) ثُمَّ اهْتَدٰى ﴿۸۲﴾ اور (جب فرعون اس پر بھی ایمان نہ لایا اور ایک عرصہ تک مختلف معاملات وواقعات ہوتے رہے اس وقت) ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کے پاس وحی بھیجی کہ ہمارے (ان) بندوں کو (یعنی بنی اسرائیل کو مصر سے) راتوں رات (باہر) لے جاؤ (اور دور چلے جاؤ تاکہ فرعون کے ظلم وشدائد سے ان کو نجات ہو) پھر (راہ میں جو دریا ملے گا تو) ان کے لئے دریا میں (عصا مار کر) خشک راستہ بنا دینا (یعنی عصا مارنا کہ اس سے خشک راستہ بن جاوے گا) نہ تو تم کو کسی کے تعاقب کا اندیشہ ہوگا (کیونکہ اہل تعاقب کامیاب نہ ہوں گے گو تعاقب کریں) اور نہ اور کسی قسم کا (مثلاً غرق (وغیرہ کا) خوف ہوگا (بلکہ امن واطمینان سے پار ہو جاؤ گے چنانچہ موسیٰ علیہ السلام موافق حکم کے ان کو شباشب نکال لے گئے اور صبح مصر میں خبر مشہور ہوئی) پس فرعون اپنے لشکروں کو لے کر ان کے پیچھے چلا (اور بنی اسرائیل موافق وعدۂ الٰہیہ کے دریا سے پار ہو گئے اور ہنوز وہ راستے اسی طرح اپنی حالت پر تھے جیسا دوسری آیت میں ہے: وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ۭ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ [الدخان: ۲۴] فرعونیوں نے جلدی میں کچھ آگا پیچھا سوچا نہیں ان راستوں پر ہو لئے جب سب اندر آ گئے تو (اس وقت چاروں طرف سے) دریا (کا پانی سمٹ کر) ان پر جیسا ملنے کا تھا آملا (اور سب غرق ہو کر رہ گئے) اور فرعون اپنی قوم کو بری راہ لایا اور نیک راہ ان کو نہ بتلائی (جس کا اس کو دعویٰ تھا وما اهديكم الا سبيل الرشاد اور بری راہ ہونا ظاہر کہ دنیا کا ضرر ہوا اور آخرت کا بھی حيث اغرقوا فادخلوا نارا۔ پھر بنی اسرائیل کو بعد نعمت انجاء کے اور نعمتیں عنایت ہوئیں مثلاً عطائے تورات اور من وسلویٰ ان نعمتوں کو عطا کر کے ہم نے بنی اسرائیل سے فرمایا (کہ) اے بنی اسرائیل (دیکھو) ہم نے (تم کو کیسی کیسی نعمتیں دیں کہ) تم کو تمہارے (ایسے بڑے) دشمن سے نجات دی اور ہم نے تم سے (یعنی تمہارے

www.besturdubooks.net

پیغمبر سے تمہارے نفع[۲] کے واسطے) کوہ طور کے داہنی جانب آنے کا (اور وہاں آنے کے بعد توراۃ دینے کا) وعدہ کیا اور (وادی تیہ میں) ہم نے تم پر من وسلویٰ نازل فرمایا (اور اجازت دی کہ) ہم نے جو نفیس چیزیں (شرعاً بھی کہ حلال اور طبعاً بھی کہ لذیذ ہیں) تم کو دی ہیں ان کو کھاؤ اور (اس کھانے) میں حد (شرعی) سے مت گزرو (مثلاً یہ کہ حرام سے حاصل کیا جاوے کذا فی الدر یا کھا کر معصیت کی جاوے) کہیں میرا غضب تم پر واقع نہ ہو جاوے اور جس شخص پر میرا غضب واقع ہوتا ہے وہ بالکل گیا گزرا ہوا اور (نیز اس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ) میں ایسے لوگوں کے لئے بڑا بخشنے والا بھی ہوں جو (کفر ومعصیت سے) توبہ کر لیں اور ایمان لے آویں اور نیک عمل کریں پھر (اسی) پر قائم (بھی) رہیں (یعنی ایمان وعمل صالح پر مداومت کریں یہ مضمون ہم نے بنی اسرائیل سے کہا تھا کہ تذکیر نعمت اور امر بالشکر ونہی عن المعصیت اور وعدہ وعید یہ خود بھی دینی نعمت ہے)۔ **ف**: جانب طور کو یمن اس لئے فرمایا کہ وہ جانب اس طرف جانے والے کے داہنے ہاتھ پڑتی ہے اور بعض نے یمن سے لیا ہے بمعنی برکت یعنی جانب مبارک اس کی توجیہ ظاہر ہے کیونکہ محل وحی کے مبارک ہونے میں کیا شبہ ہے چنانچہ اس کو مقدس بھی کہا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] قوله في يا بني اسرائيل ہم نے فرمایا اشارة الى تقدير قلنا فهو حكاية لما خاطبهم به لا خطاب لعاصری نبينا صلى الله عليه وسلم ۱۲۔ [۲] قوله في واعدنكم تمہارے نفع کے واسطے اشارة الى نكتة التعبير بما عبر به وقوله آنے کا اشارة الى حذف المضاف اى واعدنا كم اتيانا ذنب۔

اللغات: الدرك اللحوق قوله اتبعهم بمعنى تبعهم ۱۲۔ قوله يحل من حل الدين يحل كسر الحاء اذا وجب ادائه واصله من الحلول وهو في الاجسام ثم استعير لغيرها وشاع حتى صارت حقيقة فيه واقرأ الكسائي فيحل بضم الحاء ويحل بضم اللام ومعنى مضموم لحاله منزل من حل بالبلد وفي الصباح حال العذاب يحل ويحل(۱) هذه وحدها بالكسر والضم معاد الباقي بالكسر فقط قوله هوى هلك واصله السقوط عن علو الى سفل ۱۲۔

النحو: قوله طريقا مفعول به لاضرب على الاتساع وهو مجاز عقلي والاصل اضرب البحر ليصير لهم طريقا وقيل ان الضرب بمعنى الجعل او الاتخاذ ۱۲ قوله يبسا مصدر وصف به مبالغة۔

البلاغة: قوله ثم اهتدى كلمة ثم اما للتراخي باعتبار الانتهاء لبعده عن الابتداء او للدلالة على بعد ما بين المرتبتين فان المداومة اعلى واعظم من الشروع ۱۲۔

الحواشی: (۱) ومن ثم استدل بهذه الآية بعض الحنفية على ان امر السلطان اكراه ولو لم يتلفظ بلفظ الاكراه ۱۲ منه۔

وَمَآ اَعۡجَلَكَ عَنۡ قَوۡمِكَ يٰمُوۡسٰى ﴿۸۳﴾ قَالَ هُمۡ اُولَآءِ عَلٰۤى اَثَرِىۡ وَعَجِلۡتُ اِلَيۡكَ رَبِّ لِتَرۡضٰى ﴿۸۴﴾ قَالَ فَاِنَّا قَدۡ فَتَنَّا قَوۡمَكَ
مِنۡۢ بَعۡدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِىُّ ﴿۸۵﴾ فَرَجَعَ مُوۡسٰٓى اِلٰى قَوۡمِهٖ غَضۡبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوۡمِ اَلَمۡ يَعِدۡكُمۡ رَبُّكُمۡ وَعۡدًا حَسَنًا ؕ
اَفَطَالَ عَلَيۡكُمُ الۡعَهۡدُ اَمۡ اَرَدۡتُّمۡ اَنۡ يَّحِلَّ عَلَيۡكُمۡ غَضَبٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ فَاَخۡلَفۡتُمۡ مَّوۡعِدِىۡ ﴿۸۶﴾ قَالُوۡا مَاۤ اَخۡلَفۡنَا
مَوۡعِدَكَ بِمَلۡكِنَا وَلٰـكِنَّا حُمِّلۡنَاۤ اَوۡزَارًا مِّنۡ زِيۡنَةِ الۡقَوۡمِ فَقَذَفۡنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلۡقَى السَّامِرِىُّ ﴿۸۷﴾ فَاَخۡرَجَ لَهُمۡ عِجۡلًا جَسَدًا لَّهٗ
ع ۱۳ خُوَارٌ فَقَالُوۡا هٰذَاۤ اِلٰهُكُمۡ وَاِلٰهُ مُوۡسٰى ۙ فَنَسِىَ ﴿۸۸﴾ اَفَلَا يَرَوۡنَ اَلَّا يَرۡجِعُ اِلَيۡهِمۡ قَوۡلًا ۙ وَّلَا يَمۡلِكُ لَهُمۡ ضَرًّا وَّلَا نَفۡعًا ﴿۸۹﴾

اور اے موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم سے آگے جلدی آنے کا کیا سبب ہوا انہوں نے (اپنے گمان کے موافق) عرض کیا کہ وہ لوگ یہی تو ہیں میرے پیچھے پیچھے (آرہے ہیں) اور میں آپ کے پاس جلدی سے اس لئے چلا آیا کہ آپ زیادہ خوش ہوں گے ارشاد ہوا کہ تمہاری قوم کو تو ہم نے تمہارے چلے آنے کے بعد ایک بلا میں مبتلا کر دیا اور ان کو سامری نے گمراہ کر دیا غرض موسیٰ (بعد انقضاء میعاد کے) غصہ اور رنج میں بھرے ہوئے اپنی قوم کی طرف واپس آئے (اور) فرمانے لگے کہ اے میری قوم کیا تم سے تمہارے رب نے ایک اچھا وعدہ نہیں کیا تھا کیا تم پر (میعاد مقررہ سے کچھ) زمانہ گزر گیا یا تم کو یہ منظور ہوا کہ تم پر تمہارے رب کا غضب واقع ہو اس لئے تم نے مجھ سے جو وعدہ کیا تھا اس کو خلاف کیا وہ کہنے لگے کہ ہم نے جو آپ سے وعدہ کیا تھا اس کو اپنے اختیار سے خلاف نہیں کیا لیکن قوم (قبط) کے زیور میں سے ہم پر بوجھ لدرہا تھا سو ہم نے اس (سامری کے کہنے سے آگ میں) ڈال دیا پھر اسی طرح سامری نے (بھی) ڈال دیا پھر اس (سامری) نے ان لوگوں کے لئے ایک بچھڑا (بنا کر) ظاہر کیا کہ وہ ایک

www.besturdubooks.net

قالب تھا جس میں ایک (بے معنی) آواز تھی سو وہ (احمق) لوگ (ایک دوسرے) کہنے لگے کہ تمہارا موسیٰ کا معبود تو یہ ہے موسیٰ تو بھول گئے کیا وہ لوگ اتنا بھی نہیں دیکھتے تھے کہ وہ نہ تو ان کی کسی بات کا جواب دے سکتا ہے اور نہ ان کے کسی ضرر یا نفع پر قدرت رکھتا ہے۔

تفسیر: وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى (الی قولہ تعالی) وَلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اور (جب اللہ تعالیٰ کو تورات دینا منظور ہوا تو موسیٰ علیہ السلام کو کوہ طور پر آنے کا حکم فرمایا اور ساتھ آنے کا قوم کو بھی یعنی بعضوں کو حکم ہوا کذا فی فتح المنان عن الباب التاسع عشر من سفر الخروج موسیٰ علیہ السلام شوق میں سب سے آگے تنہا جا پہنچے اور دوسرے لوگ اپنی جگہ رہ گئے طور کا ارادہ ہی نہیں کیا اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے پوچھا کہ) اے موسیٰ آپ کو اپنی قوم سے آگے جلدی آنے کا کیا سبب ہوا انہوں نے (اپنے گمان کے موافق) عرض کیا کہ وہ لوگ یہی تو ہیں میرے پیچھے پیچھے (آ رہے ہیں) اور میں (سب سے پہلے) آپ کے پاس (یعنی وعدہ مکالمت ومخاطبت کی جگہ) جلدی سے اس لئے چلا آیا کہ آپ (زیادہ) خوش ہوں گے (کیونکہ امتثال امر میں پیش دستی کرنا زیادہ موجب خوشنودی کا ہے) ارشاد ہوا کہ تمہاری قوم کو تو ہم نے تمہارے (چلے آنے کے) بعد ایک بلا میں مبتلا کر دیا اور ان کو سامری نے گمراہ کر دیا (جس کا بیان آگے آتا ہے: فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا الخ اور اضلال سامری کا ظاہر ہے اور فتنا میں اسناد باعتبار تخلیق کے ہے جس میں کوئی قبح نہیں) غرض موسیٰ (علیہ السلام) بعد انقضائے میعاد کے) غصہ اور رنج میں بھرے ہوئے اپنی قوم کی طرف واپس آئے (اور) فرمانے لگے کہ اے میری قوم کیا تم سے تمہارے رب نے ایک اچھا (اور سچا) وعدہ نہیں کیا تھا (کہ ہم تم کو ایک کتاب احکام کی دیں گے تو اس کتاب کا تو تم کو انتظار واجب تھا) کیا تم پر (میعاد مقرر سے کچھ) زیادہ زمانہ گزر گیا تھا (کہ اس کے ملنے سے ناامیدی ہوگئی اس لئے اپنی طرف سے ایک عبادت ایجاد کر لی) یا (باوجود ناامیدی نہ ہونے کے) تم کو یہ منظور ہوا کہ تم پر تمہارے رب کا غضب واقع ہو اس لئے تم نے مجھ سے جو وعدہ کیا تھا (کہ آپ کی واپسی تک بھی اسی دین توحید پر قائم رہیں گے) اس کو خلاف کیا وہ کہنے لگے کہ ہم نے جو آپ سے وعدہ کیا تھا اس کو اپنے اختیار سے خلاف نہیں کیا (یہ معنی نہیں کہ بالکل مضطر ہو گئے بلکہ مطلب یہ ہے کہ جس رائے کو ہم ابتداء مخلی بالطبع ہو کر اختیار کرتے سامری کا فعل ہمارے لئے منشائے اشتباہ بن گیا جس سے ہم نے وہ رائے سابق اختیار نہ کی بلکہ رائے بدل گئی گو اس پر بھی عمل اختیار ہی سے ہوا چنانچہ آئندہ کہا گیا) ولیکن قوم (قبط) کے زیور میں سے ہم پر بوجھ لد رہا تھا سو ہم نے اس کو (سامری کے کہنے سے آگ میں) ڈال دیا پھر اسی طرح سامری نے (بھی اپنے ساتھ کا زیور) ڈال دیا (آگے اللہ تعالیٰ قصہ کی تتمیم فرماتے ہیں) پھر اس (سامری نے ان لوگوں کے لئے ایک بچھڑا (بنا کر) ظاہر کیا کہ وہ ایک قالب (خالی از کمالات) تھا جس میں ایک (بے معنی) آواز تھی سو (اس کی نسبت وہ (احمق) لوگ (ایک دوسرے سے) کہنے لگے کہ تمہارا اور موسیٰ کا بھی معبود تو یہ ہے (اس کی عبادت کرو) موسیٰ تو بھول گئے (کہ طور پر خدا کی طلب میں گئے ہیں حق تعالیٰ ان کی تقبیح فرماتے ہیں کہ) کیا وہ لوگ اتنا بھی نہیں دیکھتے تھے کہ وہ (بواسطہ نہ بلاواسطہ) نہ تو ان کی کسی بات کا جواب دے سکتا ہے اور نہ ان کے کسی ضرر یا نفع پر قدرت رکھتا ہے (ایسا ناکارہ خدا کیا ہوگا اور آلہ حق بواسطہ انبیاء کے خطاب وکلام ضروری فرماتا ہے)۔ ف: زیور لینے کا قصہ پارۂ نہم کے رکوع: وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى [الأعراف: ۱۴۸] الخ میں گذر چکا ہے اور اس زیور کو تصرف میں نہ لانے کی وجہ یہ تھی کہ وہ مال کفار کا بے رضا لیا ہوا تھا اس کا حکم شریعت موسوی میں اب تک معلوم نہ ہوا تھا اس لئے سامری نے جمع کرنے کی رائے دی کہ محفوظ رہے پھر حکم کی تحقیق کر لیں گے اور سامری منسوب ہے سامرہ کی طرف کہ ایک قریہ کا نام ہے شام میں اور یہ شخص منافق تھا اور بچھڑے میں آواز ہونے کی وجہ آگے آوے گی اور ظاہر آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مکالمت طور پر پہنچتے ہی ہوئی اور اس مکالمت کے وقت فتنہ گوسالہ کا واقع ہو چکا تھا پس غالب یہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کے پہنچنے میں جو ایام لگے ہیں ان ایام میں یہ واقعہ ہو گیا اور اگر اس سے زیادہ مدت کسی صحیح روایت سے ثابت ہو جاوے تو فتنا اور اضل کو ماول کیا جاوے گا ابتداء فتنہ واضلال کے ساتھ کہ اس نے لوگوں کی رائے بدلنا اور اس کا منصوبہ سوچنا شروع کیا ہوگا واللہ اعلم۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی الیک وعدہ کی جگہ اشارۃ الی تقدیر المضاف ای الی مکان وحدك لانہ تعالیٰ متعال عن الجسمۃ ۱۲۔

۲ قولہ فی العھد زمانہ کذا فی انکشاف ۱۲۔

اللغات: یحل یجب ۱۲۔

النحو: قولہ ھم اولاء مبتدأ وخبر قولہ علی اثری خبر ثان ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ فانا قد فتنا الفاء للتعقیب ای قد فتنا ھم بعد ان جئت ولا تکلف فیہ قولہ افطال وقولہ افلا یرون لا حاجۃ فیھما الی تقدیر المعطوف علیہ لان الھمزۃ مقدمۃ من تاخیر لصدارتھا کذا فی الروح قولہ فاخرج الخ النکتۃ فی کون التتمیم من اللہ تعالیٰ کما یدل علیہ قولھم دون لنا وقولہ قالوا وقولہ افلا یرون الاشارۃ الی ان المذنب لا یطول کلامہ فلذا انقطع کلامھم علی قولھم القی السامری فافھم قولہ فنسی الفاء للتعلیل للمقدر ای ھذا الھکم فاعبدوہ فان موسیٰ نسی ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِيْ وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿۹۱﴾ قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ﴿۹۲﴾ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ۭ اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ ﴿۹۳﴾ قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَاْسِيْ ۚ اِنِّىْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ ﴿۹۴﴾

اوران لوگوں سے ہارون علیہ السلام نے (موسیٰ علیہ السلام کے لوٹنے سے) پہلے ہی کہا تھا کہ اے میری قوم تم اس (گوسالہ کے) سبب گمراہی میں پھنس گئے ہو اور تمہارا رب (حقیقی) رحمٰن ہے سوتم میری راہ پر چلو اور میرا کہا مانو انہوں نے جواب دیا کہ ہم تو جب تک موسیٰ ہمارے پاس واپس (ہوکر) آئیں اسی کی عبادت میں جمے بیٹھے رہیں گے۔ (موسیٰ علیہ السلام نے) کہا ہارون علیہ السلام جب تم نے (ان کو) دیکھا تھا کہ یہ (بالکل) گمراہ ہو گئے تو (اس وقت) تم کو میرے پاس چلے آنے سے کون امر مانع ہوا تھا تم نے میرے کہنے کے خلاف کیا ہارون علیہ السلام نے کہا کہ اے میرے ماں جائے تم میری داڑھی مت پکڑو اور نہ سر کے بال پکڑو مجھ کو یہ اندیشہ ہوا کہ تم کہنے لگو کہ تم نے بنی اسرائیل کے درمیان تفرقہ ڈال دیا اور تم نے میری بات کا پاس نہ کیا۔

تفسیر: اور روایات کے مضامین درمنثور سے نقل کئے ہیں وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ (الی قولہ تعالٰی) وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ﴿۹۴﴾ اور ان لوگوں سے ہارون (علیہ السلام) نے (حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لوٹنے سے) پہلے بھی کہا تھا کہ اے میری قوم تم اس (گوسالہ) کے سبب گمراہی میں پھنس گئے ہو (یعنی اس طریق میں صواب ۱ کا احتمال نہیں یقیناً ضلالت ہے) اور تمہارا رب (حقیقی) رحمان ہے (نہ کہ یہ گوسالہ) سوتم (دین کے بارہ میں) میری راہ پر چلو اور اس باب میں) میرا کہنا مانو (یعنی میرے قول وفعل ۲ کی اقتداء کرو) انہوں نے جواب دیا کہ ہم تو جب تک موسیٰ (علیہ السلام) ہمارے پاس واپس (ہوکر) آئیں اسی (کی عبادت) پر برابر جمے بیٹھے رہیں گے (غرض ہارون علیہ السلام کا کہنا نہیں مانا تھا یہاں تک کہ موسیٰ علیہ السلام بھی آگئے اور قوم سے اول خطاب کیا جو اوپر آچکا بعد اس کے ہارون علیہ السلام کی طرف متوجہ ہوئے اور) کہا اے ہارون جب تم نے (ان کو) دیکھا تھا کہ یہ (بالکل) گمراہ ہو گئے (اور نصیحت بھی نہیں سنی) تو (اس وقت) تم کو میرے پاس چلے آنے سے کون امر مانع ہوا تھا (یعنی اس وقت میرے پاس چلا آنا چاہئے تھا تاکہ ان لوگوں کو اور زیادہ یقین ہوتا کہ تم ان کے فعل کو نہایت ناپسند کرتے ہو اور نیز ایسے باغیوں سے قطع تعلقات جس قدر زیادہ ہو بہتر ہے) سو کیا تم نے میرا کہنے کے خلاف کیا (کہ میں نے کہا تھا: لَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ [الأعراف: ۱۴۲] جیسا پارۂ نہم میں ہے جو بعموم مدال ہے عدم موافقت مفسدین بوجہ من الوجوہ پر اور اس عموم میں مساکنت بھی داخل ہے) ہارون (علیہ السلام) نے کہا کہ اے میرے ماں جائے (یعنی میرے بھائی) تم میری داڑھی مت پکڑو اور نہ سر (کے بال) پکڑو (اور میرا عذر سن لو میرے تمہارے پاس نہ آنے کی یہ وجہ تھی کہ) مجھ کو یہ اندیشہ ہوا کہ (اگر میں چلا تو میرے ساتھ غیر عابدین عجل بھی چلیں گے اور اس حالت میں) تم کہنے لگو کہ تم نے بنی اسرائیل کے درمیان تفریق ڈال دی (جو بعض اوقات مشارکت فی المسکن سے زیادہ مضر ہوتی ہے کہ مفسدین خالی میدان پا کر بے خطر فساد میں ترقی کرتے ہیں) اور تم نے میری بات کا پاس نہ کیا (کہ میں نے کہا تھا اصلح) **ف**: حاصل مقام کا یہ ہے کہ یہاں دو اجتہاد ہیں ایک یہ کہ ترک مساکنت زیادہ نافع تھی۔ دوسرا یہ کہ ترک مساکنت زیادہ مضر تھی موسیٰ علیہ السلام کا ذہن اجتہاد اول کی طرف گیا اور ہارون علیہ السلام کا ذہن دوسرے اجتہاد کی طرف گیا اور لا تتبع عموم میں محکم نہیں کیونکہ عدم اتباع فی الاعتقاد والعمل بھی اس کے امتثال کے لئے کافی ہے باقی توجیہ اس قدر غضب کی اور اخذ لحیہ اس کی پارۂ نہم رکوع وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى [الأعراف: ۱۴۸] الخ میں گذر چکی ہے اور ان لوگوں کا حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى﴿۹۱﴾ کہنا وعدۂ ترک کے لئے نہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ دیکھیں وہ کیا کہتے ہیں اور بعض مفسرین نے وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ الخ کو متمم مضمون افلا یرون کا کہا ہے اور مجموعہ سے تحمیق ان لوگوں کی مقصود بتلائی ہے یعنی وہ لوگ ایسے احمق تھے کہ نہ ان کو خود سوجھا: اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ الخ اور باوجودیکہ ہارون علیہ السلام نے بھی سمجھایا جب بھی نہ سمجھا واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالٰی: مَا مَنَعَكَ اس میں مفارقت ہے اشرار کی جب ان کی اصلاح سے مایوسی ہو جاوے اور ہارون علیہ السلام کی مفارقت نہ کرنا یہ سبب اجتہاد کے ہے جیسا کہ انہوں نے اِنِّىْ خَشِيْتُ میں خود بیان فرمایا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی انما فتنتم صواب کا احتمال اشارۃ الی تومیہ الحصر ای ما ھذا الا فتنۃ لارشد ۱۲۔ ۲ قولہ فی توضیح اتبعونی قول وفعل اشارۃ الی تکتۃ الجمع بین التباع والاطاعۃ ۱۲۔

النحو: قولہ ان لا تتبعن لا زائدۃ ۱۲۔

قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ ﴿۹۵﴾ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا

www.besturdubooks.net

وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ ﴿۹۶﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ وَاِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ وَانْظُرْ اِلٰٓى اِلٰهِكَ الَّذِيْ ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِي الْيَمِّ نَسْفًا ﴿۹۷﴾ اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿۹۸﴾

(پھر سامری کی طرف متوجہ ہوئے) کہا اے سامری تیرا کیا معاملہ ہے اس نے کہا مجھ کو ایسی چیز نظر آئی تھی جو اوروں کو نظر نہ آئی تھی پھر میں نے اس فرستادہ (خداوندی کی سواری) کے نقش قدم سے ایک مٹھی (بھر خاک) اٹھالی تھی سو میں نے وہ مٹھی (اس قالب کے اندر) ڈال دی اور میرے جی کو یہی بات پسند آئی آپ نے فرمایا تو بس تیرے لئے اس (دنیوی) زندگی میں یہ سزا ہے کہ تو کہتا پھرا کرے گا کہ مجھ کو کوئی ہاتھ نہ لگانا اور تیرے لئے ایک اور وعدہ ہے جو تجھ سے ٹلنے والا نہیں (یعنی آخرت میں جدا عذاب ہوگا) اور اپنے معبود (باطل) کو دیکھ جو پر تو جما ہوا بیٹھا ہوا تھا (دیکھ) ہم اس کو جلا دیں گے پھر اس (کی راکھ) کو دریا میں بکھیر کر بہا دیں گے بس تمہارا حقیقی معبود تو صرف اللہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں وہ اپنے علم سے تمام چیزوں کو احاطہ کئے ہوئے ہے۔

تفسیر: اور ابن اُم سے ان کا اخیافی بھائی ہونا لازم نہیں آتا کیونکہ ممکن ہے کہ استعطاف اور جلب شفقت کے لئے کہہ دیا ہو۔ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ ﴿۹۵﴾ (الی قولہ تعالیٰ) وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿۹۸﴾ (پھر سامری کی طرف متوجہ ہوئے اور اس سے) کہا کہ اے سامری تیرا کیا معاملہ ہے (یعنی تو نے یہ حرکت کیوں کی) اس نے کہا کہ مجھ کو ایسی چیز نظر آئی تھی جو اوروں کو نظر نہ آئی تھی (یعنی جبرئیل علیہ السلام گھوڑے پر چڑھے ہوئے جس روز دریا سے پار اترے ہیں کہ بمصلحت نصرت مؤمنین واہلاک کفار کے آئے ہوں گے اور تاریخ طبری میں سدی سے بسند نقل کیا ہے کہ حضرت جبرئیل موسیٰ علیہ السلام کے پاس یہ حکم لے کر گھوڑے پر سوار ہو کر آئے تھے کہ آپ طور پر جاویں تو اس وقت سامری نے دیکھا تھا اھ) پھر میں نے اس فرستادہ (خداوندی کی سواری) کے نقش قدم سے ایک مٹھی (بھر کر خاک) اُٹھالی تھی (اور خود بخود میرے قلب میں یہ بات آئی کہ اس میں اثر تحصیل حیات کا ہوگا) سو میں نے وہ مٹھی (خاک اس قالب کے اندر) ڈال دی اور میرے جی کو یہی بات (بھائی اور) پسند آئی آپ نے فرمایا تو بس تیرے لئے اس (دنیوی) زندگی میں یہ سزا (تجویز کی گئی) ہے کہ تو یہ کہتا پھرا کرے گا کہ مجھ کو کوئی ہاتھ نہ لگانا اور تیرے لئے (اس سزا کے علاوہ) ایک اور وعدہ (حق تعالیٰ کے عذاب کا) ہے جو تجھ سے ٹلنے والا نہیں (یعنی آخرت میں جدا عذاب ہوگا) اور تو اپنے اس معبود (باطل) کو دیکھ جس (کی عبادت) پر تو جما ہوا بیٹھا تھا (دیکھ) ہم اس کو جلا دیں گے پھر اس (کی راکھ) کو دریا میں بکھیر کر بہا دیں گے (تاکہ نام ونشان اس کا نہ رہے) بس تمہارا (حقیقی) معبود تو صرف اللہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں وہ (اپنے علم سے تمام چیزوں کو احاطہ کئے ہوئے ہے۔ ف: درمنثور میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا الخ کی وہی تفسیر منقول ہے جو احقر نے ترجمہ میں لکھی ہے اور اسی میں حضرت ابن عباسؓ سے یہ بھی مروی ہے کہ جب فرعون بچوں کو قتل کرتا تھا تو سامری کی ماں اس کو کسی غار میں چھپا کر ڈال آئی تھی کہ ذبح سے محفوظ رہے اللہ تعالیٰ نے جبرئیل علیہ السلام سے اس کو پرورش کرایا پس وہ جبرئیل علیہ السلام کو اس صورت سے پہچانتا تھا اور اس روایت پر شبہ نہ کیا جاوے کہ وہ تو قریہ سامرہ کی طرف منسوب ہے اور ذبح ولدان مصر میں تھا دوسرے ذبح مختص تھا بنی اسرائیل کے ساتھ جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ اس کا باپ دادا سامرہ سے بنی اسرائیل میں آ بسا ہو اور بعد الحاق انہیں میں شمار کیا جاتا ہو۔ اور یہ بات کہ اس کو یہ کیسے معلوم ہوا کہ اس میں یہ اثر ہے اس کی وجہ بھی اسی روایت میں ہے القی فی روعه انه لا یلقیها علی شیء فیقول کن کذا الاکان جس کا ترجمہ میری تقریر میں ہے یعنی خود بخود میرے قلب میں الخ یا بقول بعض اس گھوڑے کا جہاں سم پڑتا تھا سبزہ جم آتا تھا اس سے استدلال کیا ہو کذا فی الکمالین اور اسی تفسیر کو روح المعانی میں صحابہ وتابعین وجمہور مفسرین سے منقول کہا ہے اور اس میں بعضے ظاہر پرستوں کو جو استبعادات کی بنا پر سلف صالحین کی تفسیر ترک کرنے والوں پر تشنیع کی ہے فجزاه الله تعالیٰ خیر الجزاء اور سامری کی یہ سزا جو دی گئی ممکن ہے کہ وحیاً ہو یا اجتہاداً ہو اور اس سزا کی تقریر میں مشہور قول یہ ہے کہ اگر کوئی اس کو چھوتا تھا تو دونوں کو بخار چڑھ جاتا تھا کذا فی المعالم اس ڈر کے مارے بھاگا بھاگا پھرتا تھا اور کسی کو دور سے دیکھتا تھا تو کہتا تھا لا مساس اور دوسرے بھی اس سے بچتے تھے اور بعض نے یہ کہا ہے کہ اس کو کچھ جنون سا ہو گیا تھا اس وحشت جنون میں لوگوں سے بھاگتا بھی تھا اور یہ لفظ بھی کہتا تھا اور گوسالہ کے باب میں ایک اختلاف یہ ہے کہ آیا وہ لحم وشحم کا تھا یا چاندی سونے ہی کا تھا پھر اس میں آواز حیوان کی پیدا ہوگئی تھی پہلے قول پر لَنُحَرِّقَنَّهٗ بعد ذبح کے ہوگا اور دوسرے قول پر احراق دو صورت سے ہو سکتا ہے یا تو سوہان سے ریت کر جیسا درمنثور میں ہے یا کسی حیلہ اکسیر یہ سے جیسا صاحب روح نے کہا ہے یا احراق بطور خرق عادت ہو۔ واللہ اعلم۔ اور ہر حالت میں یعنی خواہ وہ لحم وشحم ہو یا چاندی سونا وہ خارق عادت تھا اور اس پر اگر کسی کو شبہ ہو کہ خرق عادت سے تو نبوت پر استدلال کیا جاتا ہے تو کاذب کے ہاتھ پر کیسے ظہور ہو گیا۔ جواب یہ ہے کہ خارق عادت مطلقاً دلیل نبوت نہیں بلکہ جب وہ مقرون ہو دعویٰ رسالت کے ساتھ تو اگر وہ دعویٰ رسالت کا کرتا تو حسب عادت الٰہیہ اس کے ہاتھ پر اس خارق کا ظہور نہ ہوتا مگر ایسے امر کا

www.besturdubooks.net

دعویٰ کیا کہ عقلاً بھی باطل ہے یعنی الوہیت عجل کا تو اس صورت میں اشتباہ والتباس کا احتمال نہیں لہٰذا ظہور خارق میں امتناع نہیں خوب سمجھ لو اور ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا میں تخصیص سامری کی باعتبار بانی ہونے کے ہے اور روح میں بحر کے حوالہ سے حضرت جعفر صادق سے نقل کیا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے اس کے قتل کا ارادہ کیا تھا مگر اللہ تعالیٰ نے اس کے سخی ہونے کے سبب قتل سے منع فرما دیا۔ **ف**: یہاں ایک شبہ ہے وہ یہ کہ بنی اسرائیل نے جو زیور قبطیوں سے لیا تھا اگر وہ اس کے مالک نہ ہوئے تھے تب تو وہ واپس کیوں نہ کیا گیا اور اگر مالک ہو گئے تھے تو اولاً ان کے لئے غنیمت کا حلال ہونا لازم آتا ہے جو بروئے احادیث امت محمدیہ کے خصائص سے ہے ثانیاً یہ کہ جب بنی اسرائیل اس مال کے مالک ہو گئے تھے تو پھر تلف کرنے سے موسیٰ علیہ السلام کے ذمہ اس کا ضمان کیوں نہ واجب ہوا۔ اور جواب اس کا یہ ہے کہ وہ مالک ہو گئے تھے خواہ ابتداءً بعد ہلاک فرعون واہل فرعون کے اور حلت غنیمت کا خاص ہونا شاید خاص ہو غنیمت حاصلہ وقت الحرب کے ساتھ اور یہی جواب ہوگا اس کا بنی اسرائیل قبطیوں کے باغ واملاک کے مالک ہو گئے تھے۔ کما قال اللہ تعالیٰ واورثنا بنی اسرائیل واللہ اعلم اور عدم ضمان موسیٰ علیہ السلام پر اس لئے ہو سکتا ہے کہ آلات معصیت کے اتلاف سے امام پر ضمان نہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوا بِهٖ اس میں نفی ہے اغترار کی کشف وتصرف پر کہ وہ دونوں اہل حق کے ساتھ خاص نہیں۔

اختلاف القراءۃ: قرا الکسائی مالم تبصروا به بالخطاب ولا اشکال لانه یمکن ان خاطب القوم خجالة من خطاب موسٰی عم ۱۲۔

اللغات: ظلت اصله ظللت حذف احد اللامین تخفیفًا قوله بصرت فی الروح قال الزجاج یقال بصرها لشیٔ اذا علمه وابصر اذا نظر وقیل بصره وابصره بمعنی واحد آه فعلی الاول معناه علمت ما لم یعلموه وفطنت لما لم یفطنوا له وهو ان الرسول الذی جاء روحانی محض لا یمس اثره شیئا الا احیاه وعلی الثانی معناه رأیت ما لم یروا وهو ان جبریل جاء علی فرس الحیٰوة کذا فی البیضاوی۔

كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿۹۹﴾ مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
وِزْرًا ﴿۱۰۰﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ۭ وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ﴿۱۰۱﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ﴿۱۰۲﴾
يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ﴿۱۰۳﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ﴿۱۰۴﴾ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ ع ۱۴
عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ﴿۱۰۵﴾ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿۱۰۶﴾ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ﴿۱۰۷﴾ يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ
الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿۱۰۸﴾ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ
الرَّحْمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ﴿۱۰۹﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ﴿۱۱۰﴾ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ۭ وَقَدْ
خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ﴿۱۱۲﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا
عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿۱۱۳﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ وَلَا
تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۡ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾

(جس طرح ہم نے موسیٰ علیہ السلام کا قصہ بیان کیا) اسی طرح ہم آپ سے اور واقعات گزشتہ کی خبریں بھی بیان کرتے رہتے ہیں اور ہم نے آپ کو اپنے پاس سے ایک نصیحت نامہ دیا ہے (یعنی قرآن) جو لوگ اس سے روگردانی کریں گے سو وہ قیامت کے روز بڑا بھاری بوجھ (عذاب کا) لادے ہوں گے (اور) وہ اس (عذاب) میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ بوجھ قیامت کے روز ان کے لئے برا بوجھ ہوگا۔ جس روز صور میں پھونک ماری جائے گی اور اس روز ہم مجرم لوگوں کو جمع کریں گے کہ (آنکھوں سے) کرنجے ہوں گے چپکے چپکے آپس میں باتیں کرتے ہوں گے کہ تم لوگ (قبروں میں) صرف دس روز رہے ہوگے جس (مدت) کی نسبت وہ بات چیت کریں گے اس کو ہم خوب جانتے ہیں (کہ وہ کس قدر ہے) جبکہ ان سب میں کا زیادہ صائب الرائے یوں کہتا ہوگا کہ نہیں تم ایک ہی روز (قبر میں) رہے ہو اور لوگ آپ سے پہاڑوں کی نسبت پوچھتے ہیں (کہ قیامت میں ان کا کیا حال ہوگا) سو آپ فرما دیجئے کہ میرا رب ان کو بالکل اڑا دے گا پھر زمین کو ایک میدان ہموار کر دے گا کہ جس میں تو (اے

www.besturdubooks.net

مخاطب) نہ ناہمواری دیکھے گا اور نہ کوئی بلندی دیکھے گا اس روز سب کے سب (خدائی) بلانے والے کے کہنے پر ہولیں گے اس کے سامنے (کسی کا) کوئی ٹیڑھا پن نہ رہے گا اور تمام آوازیں اللہ تعالیٰ کے سامنے (مارے ہیبت کے) دب جائیں گی سوتو (اے مخاطب) بجز پاؤں کی آہٹ کے اور کچھ نہ سنے گا۔ اس روز (کسی کو کسی کی) سفارش نفع نہ دے گی مگر ایسے شخص کو کہ جس کے واسطے اللہ تعالیٰ نے اجازت دے دی ہو اور اس شخص کے واسطے بولنا پسند کرلیا ہو وہ (اللہ تعالیٰ) ان سب کے اگلے پچھلے احوال کو جانتا ہے اور اس کو ان کا علم احاطہ نہیں کرسکتا اور (اس روز) تمام چہرے اس حی قیوم کے سامنے جھکے ہوں گے اور ایسا شخص تو (ہر طرح) ناکام رہے گا جو ظلم (یعنی شرک) لے کر آیا ہوگا اور جس نے نیک کام کئے ہوں گے اور وہ ایمان بھی رکھتا ہوگا سو اس کو نہ کسی زیادتی کا اندیشہ ہوگا اور نہ کمی کا اور ہم نے اسی طرح اس کو عربی قرآن کر کے نازل کیا ہے اور اس میں ہم نے طرح طرح سے وعید بیان کی ہے تاکہ وہ (سننے والے) لوگ رہ جائیں یا یہ قرآن ان کے لئے کسی قدر (تو) سمجھ پیدا کردے سو اللہ تعالیٰ جو بادشاہ حقیقی ہے بڑا عالی شان ہے اور قرآن (پڑھنے) میں قبل اس کے کہ آپ پر اس کی وحی پوری نازل ہو چکے عجلت نہ کیجئے اور آپ یہ دعا کیجئے کہ اے میرے رب میرا علم بڑھا دیجئے۔

تفسیر لربط: اوپر قصہ موسویہ میں رسالت محمدیہ کا اثبات بھی تھا جس کی تقریر تمہید سورت و تمہید قصہ میں گزر چکی ہے آگے اجمالاً بیان قصص سے اور تنزیل قرآن سے بھی رسالت موصوفہ کا اثبات ہے اور حقیقت قرآن کے ذیل میں معاد کی کچھ تفصیل ہے بمناسبت جزا و سزا مصدق و مکذب قرآن کے اور اس مضمون کے خاتمہ پر آیت: وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ الخ میں قرآن کی مدح اور اس کے تنزیل پر منت اور اس کے متعلق بعض خاص آداب اور اس کے علوم کا مطلوب ہونا بیان فرمایا ہے پس اس مقام کا آغاز و انجام دونوں قرآن کے ذکر سے ہوئے۔ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ (الی قولہ تعالی) وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا (جس طرح ہم نے موسیٰ علیہ السلام کا قصہ بیان کیا) اسی طرح ہم آپ سے اور واقعات گزشتہ کی خبریں (اور حکایتیں بھی بیان کرتے رہتے ہیں (تاکہ نبوت پر دلیلیں کثیر ہوتی جاویں) اور ہم نے آپ کو اپنے پاس سے ایک نصیحت نامہ دیا (یعنی قرآن جس میں وہ خبریں ہیں اور وہ خود بھی استقلالاً بوجہ اعجاز کے دال علی النبوۃ ہے اور وہ نصیحت نامہ ایسا ہے کہ) جو لوگ اس (کے مضامین ماننے) سے روگردانی کریں گے سو وہ قیامت کے روز بڑا بھاری بوجھ (عذاب کا) لادے ہوں گے (اور) وہ اس (عذاب) میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ بوجھ قیامت کے روز ان کے لئے بڑا (بوجھ) ہوگا جس روز صور میں پھونک ماری جاوے گی (جس سے مردے زندہ ہوجاویں گے) اور ہم اس روز مجرم (یعنی کافر) لوگوں کو (میدانِ قیامت میں) اس حالت سے جمع کریں گے کہ (نہایت بدصورت ہوں گے کہ آنکھوں سے) کرنجے ہوں گے (جو بدترین الوان چشم ہے اور خوف زدہ اس قدر ہوں گے کہ) چپکے چپکے آپس میں باتیں کرتے ہوں گے (اور ایک دوسرے سے کہتے ہوں گے کہ تم لوگ (قبروں میں) صرف دس روز رہے ہوگے (مطلب یہ ہو کہ ہم تم یوں سمجھے تھے کہ مر کر پھر زندہ ہونا نہیں یہ گمان تو بالکل غلط نکلا نہ زندہ ہونا تو درکنار یہ بھی تو نہ ہوا کہ دیر ہی میں زندہ ہوتے بلکہ بہت ہی جلدی زندہ ہوگئے کہ وہ مدت دس روز کی درازی اور ہول اور پریشانی ہے کہ مدت لبث فی القبر اس کے سامنے اس قدر قصیر معلوم ہوگی حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ) جس (مدت) کی نسبت وہ بات چیت کریں گے اس کو ہم خوب جانتے ہیں (کہ وہ کس قدر ہے) جب کہ ان سب میں کا زیادہ صائب الرائے یوں کہتا ہوگا کہ نہیں تم تو ایک ہی روز (قبر میں) رہے ہو (اس کو صائب الرائے اس لئے فرمایا کہ اس یوم کے طول اور ہول کے اعتبار سے بھی نسبت اقرب ہے پس اس شخص کو حقیقت شدت کا زیادہ ادراک ہوا اس لئے اس کی رائے پہلے شخص کے اعتبار سے اصوب ہے اور یہ مقصود نہیں کہ یہ شخص مدت کی مقدار تحدید کرنے میں مصیب ہے کیونکہ ظاہر ہے کہ دونوں مقداریں تحدیداً صحیح نہیں اور نہ ان قائلین کا یہ مقصود تھا) اور (اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کا حال سن کر بعضے) لوگ آپ سے پہاڑوں کی نسبت پوچھتے ہیں (کہ قیامت میں ان کا کیا حال ہوگا) سو آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ میرا رب ان کو (ریزہ ریزہ کرکے) بالکل اڑا دے گا پھر زمین کو ایک میدان ہموار کردے گا کہ جس میں تو (اے مخاطب) نہ ناہمواری دیکھے گا اور نہ کوئی بلندی (پہاڑ ٹیلہ وغیرہ کی) دیکھے گا اس روز سب کے سب (خدائی) بلانے والے (یعنی صور پھونکنے والے فرشتہ) کے کہنے پر ہولیں گے (یعنی وہ اپنی صور پھونکنے کی آواز سب کو قبروں سے بلاوے گا سب نکل پڑیں گے) اس کے سامنے (کسی کا) کوئی ٹیڑھا پن نہ رہے گا (کہ قبر سے زندہ ہوکر نہ نکلے جیسے دنیا میں انبیاء علیہم السلام کے سامنے ٹیڑھے رہتے تھے کہ تصدیق نہ کرتے تھے) اور (مارے ہیبت کے) تمام آوازیں اللہ تعالیٰ کے سامنے دب جاویں گی سو (اے مخاطب) تو بجز پاؤں کی آہٹ کے (کہ میدان محشر کی طرف چپکے چپکے چل رہے ہوں گے) اور کچھ (آواز) نہ سنے گا (خواہ بوجہ اس کے کہ اس وقت بولتے ہی نہ ہوں گے گو دوسرے موقعہ پر آہستہ آہستہ بولیں جیسا اوپر آیا ہے یتخافتون اور خواہ بوجہ اس کے کہ بہت آہستہ بولتے ہوں گے جو ذرا فاصلہ سے ہو وہ نہ سن سکے) اس روز (کسی کو کسی کی) سفارش نفع نہ دے گی مگر ایسے شخص کو (انبیاء و صلحاء کی سفارش نفع دے گی) کہ جس (کی سفارش کرنے) کے واسطے اللہ تعالیٰ نے (شافعین) کو اجازت دے دی ہو اور اس شخص کے واسطے (شافع کا) بولنا پسند کرلیا ہو (مراد اس سے مؤمن ہے کہ شافعین کو اس کی سفارش کے لئے اجازت ہوگی اور اس باب میں شافع کا بولنا پسندیدہ حق ہوگا اور کفار کے لئے سفارش کی کسی کو اجازت ہی نہ ہوگی پس عدم نفع بوجہ عدم شفاعت کے ہے

www.besturdubooks.net

اس میں ترہیب ہے کفار معرضین کو کہ تم تو شفاعت سے بھی محروم رہو گے اور) وہ (اللہ تعالیٰ) ان سب کے اگلے پچھلے احوال کو جانتا ہے اور اس (کی معلومات[۱۰]) کو ان کا علم احاطہ نہیں کر سکتا (یعنی ایسا تو کوئی امر نہیں جو خلق کو معلوم ہو اور اللہ تعالیٰ کو معلوم نہ ہو اور ایسے بہت امور ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہیں جن پر شفاعت کی قابلیت یا عدم قابلیت مرتب ہے سو جو اس کا اہل ہو گا اس کے واسطے سفارش کرنے کی شافعین کو اجازت ہو گی اور جو اہل نہ ہو گا اس کے لئے اجازت نہ ہو گی) اور (اس روز) تمام چہرے اس حی و قیوم کے سامنے جھکے ہوں گے (اور سب متکبرین و جاحدین کا تکبر و جحود ختم ہو جاوے گا) اور (اس وصف میں تو اب مشترک ہوں گے پھر آگے ان میں یہ فرق نہ ہو گا کہ) ایسا شخص تو (ہر طرح) ناکام رہے گا جو ظلم (یعنی شرک) لے کر آیا ہو گا اور جس نے نیک کام کئے ہوں گے اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو گا سو اس کو (کامل ثواب ملے گا) نہ کسی زیادتی کا اندیشہ ہو گا اور نہ کمی کا (مثلاً یہ کہ کوئی گناہ اس کے نامۂ اعمال میں زیادہ لکھ دیا جاوے یا کوئی نیکی کم لکھ دی جاوے اور یہ کنایہ ہے کمال ثواب سے پس اس کے مقابلہ میں کفار سے ثواب کی نفی مقصود ہو گی بوجہ عدم موجب ثواب کے گو ظلم و ہضم کفار کے لئے بھی نہ ہو گا اور ان کے حسنات کا نہ لکھا جانا بوجہ عدم شرط قبول یعنی ایمان کے ہضم نہیں ہے) اور ہم نے (جس طرح یہ مضامین مذکورہ مقام صاف صاف ارشاد کئے ہیں اسی طرح اس کو (سارے کو) عربی قرآن کر کے نازل کیا ہے (جس کے الفاظ واضح ہیں) اور اس میں ہم نے طرح طرح سے وعید (قیامت وعذاب کی) بیان کی ہے (جس سے معنی بھی واضح ہو گئے مطلب یہ کہ سارے قرآن کے مضامین ہم نے صاف صاف بتلائے ہیں) تا کہ وہ (سننے والے) لوگ (اس کے ذریعہ سے بالکل) ڈر جائیں (اور فی الحال ایمان لے آئیں) یا (اگر بالکل نہ ڈریں تو یہی ہو کہ) یہ قرآن ان کے لئے کسی قدر (تو) سمجھ پیدا کر دے (یعنی اگر پورا اثر نہ ہو تو تھوڑا ہی ہو اور اسی طرح چند بار تھوڑا تھوڑا جمع ہو کر کافی مقدار ہو جاوے اور کسی وقت مسلمان ہو جاویں) سو اللہ تعالیٰ جو بادشاہ حقیقی ہے عالیشان ہے (کہ ایسا نافع[۱۱] کلام نازل فرمایا) اور (جس طرح عمل کرنا اور نصیحت ماننا جو اوپر مذکور ہوئے قرآن کے حقوق متعلقہ تبلیغ سے ہیں جن کا ادا کرنا سب مکلفین پر فرض ہے اسی طرح بعض آداب قرآن کی تنزیل کے متعلق بھی ہیں جن کے ادا کا تعلق آپ سے ہے ان میں سے ایک یہ ہے کہ) قرآن (پڑھنے) میں قبل اس کے کہ آپ پر اس کی وحی پوری نازل ہو چکے عجلت نہ کیا کیجئے (کہ اس میں آپ کو تکلیف ہوتی ہے کہ جبرئیل علیہ السلام سے سننا اور اس کو پڑھنا ساتھ ساتھ کرنا پڑتا ہے سو ایسا نہ کیجئے اور اس کا اندیشہ نہ کیجئے کہ شاید یاد نہ رہے یاد کرانا ہمارے ذمہ ہے) اور آپ (بھی یاد ہونے کے لئے ہم سے) یہ دعا کیجئے کہ اے میرے رب میرا علم بڑھا دے (اس میں علم حاصل کے یاد رہنے کی اور غیر حاصل کے حصول کی اور جو حاصل ہونے والا نہیں اس میں عدم حصول کی خیر سمجھنے کی اور سب علوم میں خوش فہمی کی یہ سب دعائیں داخل ہیں تو لَا تَعْجَلْ کے بعد اس کا آنا نہایت ہی مناسب ہوا حاصل یہ کہ تدابیر حفظ میں سے تدبیر تعجیل کو ترک کیجئے اور تدبیر دعا کو اختیار کیجئے) **ف**: حدیثوں میں آیا ہے کہ آپ پہلے ایسا کرتے تھے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِي عِلْمًا۝ اس میں طلب ہے ترقی فی السلوک کی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی ما قد سبق واقعات گزشتہ لان المراد بما الحوادث ۱۲۔ ۲؎ قوله فی من اعرض ایسا ہے اشارة الی ان الجملة صفة لذكرا ۱۲۔ ۳؎ قوله فی زرقا آنکھوں سے كذا فی الروح عن ابن عباسؓ ۱۲۔ ۴؎ قوله فی يتخافتون کہتے ہوں گے اشارة الی تضمن يتخافتون ليقولون او تقديره ۱۲۔ ۵؎ قوله في عشرا دس روز في الروح المذكر اذا حذف وابقی عدده قد لا يوتي بالتاء آه فلا اشكال في تقدير ايام لكونه موافقا قول الامثل الا يومًا۔ ۶؎ قوله فی طريقة رائے كذا فی الروح ۱۲۔ ۷؎ قوله فی يذرها زمین دل بذكر الجبال على الارض بقرينة القاع الصفصف ۱۲۔ ۸؎ قوله امتا پہاڑ لم يرد مطلق الارتفاع لانه قد نفی بنفی العوج ۱۲۔ ۹؎ قوله فی همسا آہٹ هو احد معاينة الذكورة فی القاموس اخترته لترجحه للمقام ۱۲۔ ۱۰؎ قوله فی لا يحيطون به معلومات کو ان کا علم اشارة الی حذف المضاف ای بمعلومات والی كون العلم تميزا محولا عن فاعل يحيطون ۱۲۔ ۱۱؎ قوله فی توضيح فتعالٰى ایسا نافع اشارة الی توجيه ترتب حكم بالتعالٰى على ذكر القرآن ۱۲۔

الروایات: قوله تعالٰى ويسئلونك فی الدر المنثور اخرج ابن المنذر عن ابن جريج قال قالت قريش يا محمد كيف يفعل ربك بهذه الجبال يوم القيامة فنزلت ويسئلونك عن الجبال الأية قوله يتبعون الداعی فی الدر المنثور اخرج ابن ابی حاتم عن محمد بن كعب القرظی قال يحشر الله تعالى الناس يوم القيامة الی قوله ينادی مناد فيتبع الناس الصوت يؤمونه فذلك قوله يومئذ يتبعون الآية وعن ابی صالح لا عوج له قال لا عوج عنه ۱۲ قوله ولا تعجل فی الدر المنثور عن ابن ابی حاتم عن السدی قال كان النبی صلی الله عليه وسلم اذا نزل عليه جبريل بالقرآن اتعب نفسه فی حفظه حتی يشق علی نفسه يتخوف ان يصعد جبريل و لم يحفظه فينسی ما علمه فقال الله ولا تعجل بالقرآن من قبل ان يقضی عليك وحيه وقال لا تحرك به لسانك لتعجل به۔

www.besturdubooks.net

اللغات: القاع فی القاموس ارض سهلة قد انفرجت عنها الجبال والاٰكام۔ والصفصف المستوى من الارض آه قلت ویراد بالتکریر التاکید۔ العوج فی الروح عدم الاستقامة المعنوية والحسية وصح الواو فيه لانه منقوص من اعوج ولما صح فی الفعل صح فی المصدر ایضًا۔

النحو: اذ یقول متعلق بیقولون ؓ۔

وَلَقَدْ عَهِدْنَآ إِلَىٰٓ ءَادَمَ مِن قَبْلُ فَنَسِىَ وَلَمْ نَجِدْ لَهُۥ عَزْمًا ﴿١١٥﴾ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَـٰٓئِكَةِ ٱسْجُدُوا۟ لِءَادَمَ فَسَجَدُوٓا۟ إِلَّآ إِبْلِيسَ ع
أَبَىٰ ﴿١١٦﴾ فَقُلْنَا يَـٰٓـَٔادَمُ إِنَّ هَـٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ ٱلْجَنَّةِ فَتَشْقَىٰٓ ﴿١١٧﴾ إِنَّ لَكَ أَلَّا تَجُوعَ فِيهَا وَلَا
تَعْرَىٰ ﴿١١٨﴾ وَأَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا۟ فِيهَا وَلَا تَضْحَىٰ ﴿١١٩﴾ فَوَسْوَسَ إِلَيْهِ ٱلشَّيْطَـٰنُ قَالَ يَـٰٓـَٔادَمُ هَلْ أَدُلُّكَ عَلَىٰ شَجَرَةِ ٱلْخُلْدِ وَمُلْكٍ
لَّا يَبْلَىٰ ﴿١٢٠﴾ فَأَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْءَٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِن وَرَقِ ٱلْجَنَّةِ ۚ وَعَصَىٰٓ ءَادَمُ رَبَّهُۥ فَغَوَىٰ ﴿١٢١﴾
ثُمَّ ٱجْتَبَـٰهُ رَبُّهُۥ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدَىٰ ﴿١٢٢﴾ قَالَ ٱهْبِطَا مِنْهَا جَمِيعًۢا ۖ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۖ فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُم مِّنِّى
هُدًى فَمَنِ ٱتَّبَعَ هُدَاىَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقَىٰ ﴿١٢٣﴾ وَمَنْ أَعْرَضَ عَن ذِكْرِى فَإِنَّ لَهُۥ مَعِيشَةً ضَنكًا وَنَحْشُرُهُۥ يَوْمَ
ٱلْقِيَـٰمَةِ أَعْمَىٰ ﴿١٢٤﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِىٓ أَعْمَىٰ وَقَدْ كُنتُ بَصِيرًا ﴿١٢٥﴾ قَالَ كَذَٰلِكَ أَتَتْكَ ءَايَـٰتُنَا فَنَسِيتَهَا ۖ وَكَذَٰلِكَ
ٱلْيَوْمَ تُنسَىٰ ﴿١٢٦﴾ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِى مَنْ أَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنۢ بِـَٔايَـٰتِ رَبِّهِۦ ۚ وَلَعَذَابُ ٱلْـَٔاخِرَةِ أَشَدُّ وَأَبْقَىٰٓ ﴿١٢٧﴾

اوراس سے (بہت زمانہ) پہلے ہم آدم علیہ السلام کوایک حکم دے چکے تھے سوان سے غفلت (اور بے احتیاطی) ہوگئی اور ہم نے ان میں پختگی نہ پائی اور وہ وقت یاد کرلو ہم نے فرشتوں سے ارشاد فرمایا کہ آدم علیہ السلام کے سامنے سجدہ (تحیت) کرو سوسب نے سجدہ کیا بجز ابلیس کے (کہ اس نے انکار کیا) پھر ہم نے (آدم علیہ السلام سے) کہا کہ اے آدم علیہ السلام (یادرکھو) یہ بلاشبہ تمہارا اور تمہاری بی بی کا دشمن ہے سوکہیں تم دونوں کو جنت سے نہ نکلوادے پھرتم مصیبت میں پڑ جاؤ یہاں جنت میں تو تمہارے لئے یہ (آرام) ہے کہ تم نہ کبھی بھوکے رہو گے نہ ننگے ہو گے اور نہ یہاں پیاسے ہو گے اور نہ دھوپ میں تپو گے پس ان کو شیطان نے بہکایا کہنے لگا اے آدم علیہ السلام کیا تم کو ہمیشگی (خاصیت) کا درخت بتلاؤں اور ایسی بادشاہی کہ جس میں کبھی ضعف نہ آوے سو (اس کے بہکانے سے) دونوں نے اس درخت سے کھالیا تو ان دونوں کے ستر ایک دوسرے کے سامنے کھل گئے اور (اپنا بدن ڈھانپنے کو) دونوں اپنے اوپر جنت کے (درختوں کے) پتے چپکانے لگے اور آدم علیہ السلام سے اپنے رب کا قصور ہوگیا سو غلطی میں پڑ گئے پھر ان کو ان کے رب نے (زیادہ) مقبول بنالیا سوان پر توجہ فرمائی اور راہ (راست) پر (ہمیشہ) قائم رکھا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ دونوں کے دونوں جنت سے اترو (اور دنیا میں) ایسی حالت سے (جاؤ) کہ ایک کا دشمن ایک ہوگا پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت پہنچے تو (تم میں) جو شخص میری اس ہدایت کا اتباع کرے گا تو وہ (نہ دنیا میں) گمراہ ہوگا اور نہ آخرت میں شقی ہوگا اور جو شخص میری اس نصیحت سے اعراض کرے گا تو اس کے لئے تنگی کا جینا ہوگا اور قیامت کے روز ہم اس کو اندھا کرکے (قبر سے) اٹھائیں گے وہ (تعجب سے) کہے گا کہ اے میرے رب آپ نے مجھ کو اندھا کرکے کیوں اٹھایا میں تو (دنیا میں) آنکھوں والا تھا ارشاد ہوگا کہ ایسا ہی تیرے پاس ہمارے احکام پہنچے تھے پھر تو نے ان کا کچھ خیال نہ کیا اور ایسا ہی آج تیرا کچھ خیال نہ کیا جائے گا اور اسی طرح (ہر) اس شخص کو ہم (مناسب عمل کے سزا دیں گے جو حد (اطاعت سے) گزر جائے اور اپنے رب کی آیتوں پر ایمان نہ لائے اور واقعی آخرت کا عذاب ہے بڑا سخت اور دیرپا۔

تفسیر: ربط: اوپر آیت: مَنْ أَعْرَضَ عَنْهُ فَإِنَّهُۥ يَحْمِلُ الخ میں معرضین عن الاحکام کی وعید ارشاد فرمائی تھی اب آگے اس مضمون کی تاکید کے لئے قصہ آدم علیہ السلام کا بیان فرماتے ہیں کہ دیکھو جب باجود ان کے کمال مقرب ومقبول ہونے کے ایک ترک احتیاط سے ان کی شان اور عمل کی مناسب ان کو ضرر پہنچا تو عوام مکلفین تو کس شمار میں ہیں ان کو اعراض عن الذکر کی سزا ہونا کیا مستبعد ہے چنانچہ آغاز قصہ میں وَلَقَدْ عَهِدْنَآ إِلَىٰٓ ءَادَمَ مِن قَبْلُ اور انجام میں مَنْ أَعْرَضَ عَن ذِكْرِى الخ کے عنوانات اس تاکید کے قرائن واضحہ ہیں نیز اس قصہ میں آیت: وَكَذَٰلِكَ نَقُصُّ الخ کی تتمیم اور انجاز وعد بھی ہے۔

تاکید کلام بقصہ آدم علیہ السلام ☆ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ إِلَىٰٓ ءَادَمَ مِن قَبْلُ (الی قولہ تعالی) وَلَعَذَابُ ٱلْـَٔاخِرَةِ أَشَدُّ وَأَبْقَىٰٓ ﴿١٢٧﴾ اور اس سے (بہت زمانہ) پہلے آدم (علیہ السلام) کو ایک حکم دے چکے تھے (جس کا بیان آگے آتا ہے) سوان سے غفلت (اور بے احتیاطی) ہوگئی اور ہم نے (اس حکم کے اہتمام میں) ان میں پختگی

www.besturdubooks.net

(اور ثابت قدمی) نہ پائی اور (اس اجمال کی تفصیل اگر مطلوب ہو تو) وہ وقت یاد کرلو جب کہ ہم نے فرشتوں سے ارشاد فرمایا کہ آدم (علیہ السلام) کے سامنے سجدہ (تحیت) کرو سو سب نے سجدہ کیا بجز ابلیس کے (کہ) اس نے انکار کیا پھر ہم نے (آدم سے) کہا کہ اے آدم (یاد رکھو) یہ بلاشبہ تمہارا اور تمہاری بی بی کا (اس وجہ سے) دشمن ہے (کہ تمہارے معاملہ میں یہ مردود ہوا) سو کہیں تم دونوں کو جنت سے نہ نکلوا دے (یعنی اس کے کہنے سے کوئی ایسا کام مت کر بیٹھنا کہ جنت سے باہر کیے جاؤ) پھر مصیبت (اکتساب معاش) میں پڑ جاؤ (اور ساتھ میں تمہاری بی بی بھی مگر زیادہ حصہ مصیبت کا تم کو بھگتنا پڑے اور) یہاں جنت میں تو تمہارے لئے یہ (آرام) ہے کہ تم نہ کبھی بھوکے ہوگے (جس سے تکلیف ہو یا اس کی تدبیر میں دیر اور پریشانی ہو) اور نہ ننگے ہوگے کہ (کپڑا نہ ملے یا احتیاج کے اتنی دیر بعد ملے کہ تکلیف ہونے لگے) اور نہ یہاں پیاسے ہوگے (کہ پانی ملے یا دیر ہونے سے تکلیف ہو) اور نہ دھوپ میں تپو گے (کیونکہ جنت میں دھوپ ہی نہیں اور مکان بھی ہر طرح پناہ کے ہیں بخلاف اس حالت کے کہ اگر جنت سے نکل کر دنیا میں گئے وہ ساری مصیبتیں ہوں گی اس لئے ان امور کو پیش نظر رکھ کر خوب ہی ہوشیاری و بیداری سے رہنا) پھر ان کو شیطان نے (جھانسہ دیا یعنی) بہکایا کہنے لگا کہ اے آدم کیا میں تم کو ہمیشگی (کی خاصیت) کا درخت بتلا دوں (کہ اس کے کھانے سے ہمیشہ شاد و آباد رہو) اور ایسی بادشاہی جس میں کبھی ضعف نہ آوے سو (اس کے بہکانے سے) دونوں نے اس درخت سے کھا لیا (جس سے ممانعت ہوئی تھی اور شیطان نے اس کو شجرة الخلد کہا تھا) تو (اس کے کھاتے ہی) ان دونوں کے ستر ایک دوسرے کے سامنے کھل گئے اور (اپنا بدن ڈھانکنے کو) دونوں اپنے (بدن کے) اوپر جنت (کے درختوں) کے پتے چپکانے لگے اور آدم سے اپنے رب کا قصور ہو گیا سو (تحصیل مقصود خلد کے باب میں) غلطی میں پڑ گئے پھر (جب انہوں نے معذرت کی تو) ان کو ان کے رب نے (زیادہ) مقبول بنا لیا سو ان پر (مہربانی سے) توجہ فرمائی اور راہ (راست) پر (ہمیشہ) قائم رکھا (کہ پھر ایسی خطا نہیں ہوئی اور جب درخت کھا لیا تو) اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ دونوں کے دونوں جنت سے اترو (اور دنیا میں) ایسی حالت سے (جاؤ) کہ (تمہارے فرزندوں میں) ایک کا دشمن ایک ہوگا پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت کا اتباع کرے گا تو وہ نہ (دنیا میں) گمراہ ہوگا اور نہ (آخرت میں) شقی ہوگا اور جو شخص میری اس نصیحت سے اعراض کرے گا تو اس کے لئے (قیامت سے پہلے دنیا میں قبر اور) تنگی کا جینا ہوگا اور قیامت کے روز اس کو اندھا کر کے (قبر سے) اُٹھائیں گے وہ (تعجب سے) کہے گا کہ اے میرے رب آپ نے مجھ کو اندھا کر کے کیوں اُٹھایا میں تو (دنیا میں) آنکھوں والا تھا (مجھ سے ایسی کیا خطا ہوئی) ارشاد ہوگا کہ (جیسی تجھ کو سزا ہوئی ہے) ایسا ہی (تجھ سے عمل ہوا تھا وہ یہ کہ) تیرے پاس (انبیاء و علماء کے واسطے سے) ہمارے احکام پہنچے تھے پھر تو نے ان کا کچھ خیال نہ کیا اور ایسا ہی آج تیرا کچھ خیال نہ کیا جاوے گا (جیسا تو نے خیال نہ کیا تھا) اور (جس طرح کہ یہ سزا مناسب عمل دی گئی) اسی طرح (ہر) اس شخص کو ہم (مناسب عمل) سزا دیں گے جو حد (اطاعت) سے گذر جاوے اور اپنے رب کی آیتوں پر ایمان نہ لاوے اور واقعی آخرت کا عذاب ہی بڑا سخت اور بڑا دیرپا (کہ اس کی کہیں انتہا ہی نہیں تو اس سے بچنے کا بہت ہی اہتمام کرنا واجب ہے) **ف**: آدم علیہ السلام کے قصہ کی تفصیل اور مضامین کی توجیہ سورۂ بقرہ اور سورۂ اعراف کے شروع میں گذر چکی ہے اور فتشقی میں تخصیص آدم علیہ السلام کی اس لئے ہے کہ اکثر مرد پر مشقت معیشت کی زیادہ ہوتی ہے اور لاتجوع الخ کی جو تقریر ترجمہ میں کی گئی ہے اس سے یہ فائدہ ہے کہ اگر جنت میں کسی قدر بھوک اور پیاس کا تحقق بھی ہو تب بھی اشکال نہ رہے جیسا کہ احتمال ہے کہ شاید خفیف سی بھوک اور پیاس اس مصلحت سے لگے کہ مطعومات و مشروبات میں التذاذ ہو اور عصی اور غوی کا فرق ترجمہ کی تقریر سے ظاہر ہے اور اجتباہ کے ترجمہ میں زیادہ کی تصریح سے یہ اشکال جاتا رہا کہ کیا کسی وقت وہ غیر مقبول بھی تھے اور باوجود اس لغزش کے معصیت نہ ہونے کے اس پر عتاب ہونا اس کی تحقیق سورۂ بقرہ میں گزر چکی اور کافر کا قیامت میں اندھا اٹھنا قبر سے خروج کے وقت ہوگا پھر یہ عمی زائل ہو جاوے گا پس آیات: وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ [الکہف: ۵۳] اور اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ [مریم: ۳] وغیرہا سے اس کا تعارض نہیں اور: كُنْتُ بَصِيْرًا۝ یہ قول اکثر افراد کا ہوگا ورنہ بعضے کفار دنیا میں بھی اعمی ہوتے ہیں اور بعض نے یہ تفسیر کی ہے کہ اعمی عن الحجة وبصيرا بالحجة یعنی دنیا میں تو میں بڑا زبان آور تھا یہاں بالکل گنگ ولال ہو گیا کوئی بات نہ سوجھتی ہے نہ بولا جاتا ہے۔ اور معیشت ضنک قبر میں تو ظاہر ہے کہ قبر کافر پر تنگ ہوگی اور طرح طرح سے اس پر عذاب ہوگا اور دنیا میں تنگی باعتبار قلب کے ہے کہ ہر وقت دنیا کی حرص میں، ترقی کی فکر میں، کمی کے اندیشہ میں بے آرام رہتا ہے گو کوئی کافر بے فکر بھی ہو لیکن اکثر کی حالت یہی ہے اور اگر معیشت ضنک کو تمام کفار کے لئے عام لے لیا جاوے اور دنیا میں بعض کفار کو بالکل تنگی نہ ہونا بھی مان لیا جاوے تو یہ جواب دیا جاوے گا کہ آیت میں مطلق معیشت ضنک آیا ہے اگر کسی کو صرف قبر ہی میں معیشت ضنک ہو تب بھی یہ حکم صادق ہے خوب سمجھ لو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا۝ اس میں دلالت ہے اس پر کہ ضعف طبعی اور کمال میں منافات نہیں۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ يٰٓاٰدَمُ الخ اس میں ثمرات غیر مقصودہ کی طلب کا مضر ہونا مذکور ہے کیونکہ یہ خلد جس کی تحصیل کا امر نہیں کیا گیا اور ایسے ہی ملکیت غیر مطلوب تھی۔ قولہ تعالیٰ: فَاَكَلَا مِنْهَا اس میں ذکر ہے صدور خطا اجتہادی کا کاملین سے اور اس پر ان کے مواخذہ کا بخلاف عوام کے کہ ان کو احیاناً اس پر اجر ملتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ اس میں تقدیم

www.besturdubooks.net

ہے جذب کی سلوک پر کہ اجتباء جذب ہے اور ہدایت سلوک ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا اس میں ذکر ہے بعض اقسام قبض کا جو معصیت سے مسبب ہو اور حقیقی قبض یہی ہے اور دوسرے اقسام محض صورت قبض ہیں ۱۲۔

الروایات: فی الروح اخرج عبدالرزاق وسعید بن منصور و مسدد فی سندہ وعبد بن حمید والحاکم وصححہ والبیہقی فی کتاب عذاب القبر وجماعۃ عن ابن سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قولہ تعالیٰ معیشۃ ضنکا عذاب القبر آہ قلت ولا ینافی التخصیص الذکری العموم الا رادی والتخصیص یحتمل ان یکون تمثیلا او یکون ھذا الفرد اشد وافظع ۱۲۔

اللغات: قولہ فتشقی الشقا الشدۃ العسر ویمد کذا فی القاموس ۱۲۔

النحو: قولہ ابی استیناف ۱۲ قولہ وملک لا یبلی تاکید قولہ ضنکا مصدر وصف بہ یستوی فیہ المذکر والمؤنث ۱۲۔

اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۱۲۸﴾ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ
سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿۱۲۹﴾ فَاصْبِرْ عَلٰي مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ
وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَاۗئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ﴿۱۳۰﴾ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ
اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ڏ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ۭ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۳۱﴾ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ
عَلَيْهَا ۭ لَا نَسْــَٔــلُكَ رِزْقًا ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿۱۳۲﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ
بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۳۳﴾ وَلَوْ اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ
مِنْ قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ﴿۱۳۴﴾ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوْا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ﴿۱۳۵﴾

کیا ان لوگوں کو (اب تک) اس سے بھی ہدایت نہیں ہوئی کہ ہم ان سے پہلے بہت سے گروہوں کو ہلاک کر چکے ہیں کہ ان (ان میں سے بعض) کے رہنے کے مقامات میں یہ لوگ بھی چلتے پھرتے ہیں اس میں تو اہل فہم کے (کافی) دلائل موجود ہیں اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک بات پہلے فرمائی ہوئی نہ ہوتی اور (عذاب کے لئے) ایک میعاد معین نہ ہوتی (کہ وہ قیامت کا دن ہے) تو عذاب لازمی طور پر ہوتا سو آپ ان کی باتوں پر صبر کیجئے اور رب کی حمد کے ساتھ (اس کی) تسبیح کیجئے (اس میں نماز بھی آ گئی) آفتاب نکلنے سے پہلے اور اس کے غروب ہونے سے پہلے اور اوقات شب میں (بھی) تسبیح کیا کیجئے (مثلاً نماز مغرب وعشا) اور دن کے اول وآخر میں تا کہ (آپ کو جو ثواب ملے) آپ (اس سے) خوش ہوں اور ہرگز ان چیزوں کی طرف آپ آنکھ اٹھا کر نہ دیکھئے جن سے ہم نے کفار کے مختلف گروہوں کو ان کی آزمائش کے لئے متمتع کر رکھا ہے کہ وہ (محض) دنیوی زندگی کی رونق ہے اور آپ کے رب کا عطیہ (جو آخرت میں ملے گا) بدرجہا بہتر ہے اور دیرپا ہے اور اپنے متعلقین کو بھی نماز کا حکم کرتے رہئے اور خود بھی اس کے پابند رہئے ہم آپ سے معاش (کموانا نہیں چاہتے معاش تو آپ کو ہم دیں گے اور بہتر انجام تو پرہیزگاری ہی کا ہے۔ اور وہ لوگ (عناداً) یوں کہتے ہیں کہ یہ (رسول) ہمارے پاس کوئی نشانی (اپنی نبوت کی) کیوں نہیں لاتے (جواب یہ ہے کہ) کیا ان کے پاس پہلی کتابوں کے مضامین کا ظہور نہیں پہنچا اور اگر ہم ان کو قبل قرآن آنے کے (سزائے کفر میں) کسی عذاب سے ہلاک کر دیتے تو یہ لوگ بطور عذر کے) یوں کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب آپ نے ہمارے پاس کوئی رسول (دنیا میں) کیوں نہیں بھیجا تھا کہ ہم آپ کے احکام پر چلتے قبل اس کے کہ ہم (یہاں خود بے قدر ہوں اور (دوسروں کی نگاہ میں) رسوا ہوں آپ کہہ دیجئے کہ (ہم) انتظار کر رہے ہیں سو (چندے) اور انتظار کر لو اب عنقریب تم کو (بھی) معلوم ہو جائے گا کہ راہ راست والے کون ہیں اور وہ کون ہے (جو منزل) مقصود تک پہنچا۔

تفسیر ربط: اوپر قصہ آدم علیہ السلام سے آیت: من اعرض عنہ کے مضمون کی تائید تھی جیسا کہ تمہید آیات قصہ میں بیان کیا گیا اب آگے بھی ان ہی معرضین کے احوال واقوال کی تقبیح اور ان اقوال واحوال سے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حزن ہوا کرتا تھا درمیان میں اس حزن کا ازالہ اور آپ کی تسلی کا مضمون ہے اور اس مضمون خاتمہ کو مضمون فاتحہ سورت سے بھی خاص مناسبت ہے چنانچہ وہاں اول آیت میں بھی یہی مضمون آپ کی رفع مشقت کا جو بعمومہ حزن باقوال الکفار کو بھی شامل ہے مذکور تھا اور لمن یخشٰی کے مفہوم مقابل سے غیر خاشین کا عدم تذکر بھی معلوم ہوتا ہے پس جو وہاں مجمل ہے یہاں مفصل ہے واللہ اعلم۔

تقبیح احوال واقوال کفار وتسلیہ سید الابرار صلی اللہ علیہ وسلم ☆ اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ (الی قولہ تعالیٰ) فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ

www.besturdubooks.net

أَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى (یہ معرضین جو اعراض پر اصرار کر رہے ہیں تو) کیا ان لوگوں کو (اب تک) اس سے بھی ہدایت نہیں ہوئی کہ ہم ان سے پہلے بہت سے گروہوں کو (اس اعراض ہی کی بدولت عذاب سے ہلاک کر چکے ہیں کہ ان (میں سے بعض) کے رہنے کے مقامات میں یہ لوگ بھی چلتے (پھرتے) ہیں (کیونکہ شام کو جاتے ہوئے اہل مکہ کے راستہ میں بعض ان قوموں کے مساکن آتے تھے) اس (امر مذکور) میں تو اہل فہم کے (سمجھنے کے) لئے (کافی) دلائل (اعراض کے مذموم عند اللہ ہونے کے) موجود ہیں اور (ان پر عذاب نہ آنے سے جو ان کو شبہ اپنے مسلک کے مذموم نہ ہونے کا ہوتا ہے تو اس کی حقیقت یہ ہے کہ) اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک بات پہلے سے فرمائی ہوئی نہ ہوتی (وہ یہ کہ بعض مصلحتوں کی وجہ سے ان کو مہلت ہوگی) اور (عذاب کے لئے) ایک میعاد معین نہ ہوتی (کہ وہ قیامت کا دن ہے) تو (ان کے کفر و اعراض کے اقتضا سے) عذاب لازمی طور پر ہوتا (خلاصہ یہ کہ کفر تو مقتضی عذاب کا ہے لیکن ایک مانع سے توقف ہو رہا ہے پس ان کا وہ شبہ اور تمسک عدم وقوع عذاب سے غلط ہے غرض یہ کہ امہال ہے اہمال نہیں) سو (جب عذاب کا آنا یقینی ہے تو) آپ ان کی (کفر آمیز) باتوں پر صبر کیجئے (اور بغض فی اللہ کی وجہ سے جو ان پر غیظ آتا ہے اور اس پر توقف عذاب سے اضطراب ہوتا ہے اس اضطراب کو ترک کیجئے) اور اپنے رب کی حمد (وثنا) کے ساتھ (اس کی) تسبیح (وتقدیس) کیجئے (اس میں نماز بھی آ گئی) آفتاب نکلنے سے پہلے (نماز فجر) اور اس کے غروب سے پہلے (مثلاً نماز ظہر و عصر) اور اوقات شب میں (بھی) تسبیح کیا کیجئے (مثلاً نماز مغرب و عشا) اور دن کے اول و آخر میں (تسبیح کرنے کے واسطے اہتمام کے لئے مکرر کہا جاتا ہے جس میں نماز فجر و مغرب کے ذکر کی بھی اہتماماً تکریر ہو گئی) تا کہ (آپ کو جو ثواب ملے) آپ (اس سے) خوش ہوں (مطلب یہ کہ آپ اپنی توجہ معبود حقیقی کی طرف رکھئے ان کی فکر نہ کیجئے) اور ہرگز ان چیزوں کی طرف آپ آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھئے (جیسا اب تک بھی نہیں دیکھا) جن سے ہم نے کفار کے مختلف گروہوں کو (مثلاً یہود و نصاریٰ و مشرکین کو) ان کی آزمائش کے لئے متمتع کر رکھا ہے کہ وہ (محض) دنیوی زندگی کی رونق ہے (مطلب اوروں کو سنانا ہے کہ جب معصوم کے لئے یہ ممانعت ہے جن میں احتمال بھی نہیں تو غیر معصوم کو تو اس کا اہتمام کیونکر ضروری نہ ہوگا اور آزمائش یہ کہ کون احسان مانتا ہے اور کون سرکشی کرتا ہے) اور آپ کے رب کا عطیہ (جو آخرت میں ملے گا) بدرجہا (اس سے) بہتر ہے اور دیرپا ہے (کہ کبھی فنا ہی نہ ہوگا خلاصہ کلام کا یہ ہوا کہ نہ ان کی اعراض بکسر الہمزہ کی طرف التفات کیا جاوے نہ ان کے اعراض بفتح الہمزہ کی طرف سب کا انجام عذاب ہے) اور اپنے متعلقین کو (یعنی اہل خاندان کو یا مؤمنین کو) بھی نماز کا حکم کرتے رہئے اور خود بھی اس کے پابند رہئے (یعنی زیادہ توجہ کے قابل یہ امور ہیں) ہم آپ سے (اور اسی طرح دوسروں سے ایسے) معاش (کموانا) نہیں چاہتے (جو مانع طاعات ضروریہ ہو) معاش تو آپ کو (اور اسی طرح اوروں کو) ہم دیں گے (یعنی مقصود اصلی اکتساب نہیں بلکہ دین اور طاعت ہیں اکتساب کی اسی حالت میں اجازت یا امر ہے کہ ضروری طاعت میں وہ مخل نہ ہو) اور بہتر انجام تو پرہیزگاری ہی کا ہے (اس لئے ہم حکم دیتے ہیں: لَا تَمُدَّنَّ [الحجر: ۸۸] اور وَأْمُرْ أَهْلَكَ الخ اور معرضین کے بعض احوال و اقوال جیسے اوپر معلوم ہوئے اسی طرح ان کا ایک اور قول بھی مذکور ہوتا ہے کہ) وہ لوگ (عناداً) یوں کہتے ہیں کہ یہ (رسول) ہمارے پاس کوئی نشانی (اپنی نبوت کی) کیوں نہیں لاتے (آگے جواب ہے کہ) کیا ان کے پاس پہلی کتابوں کے مضمون کا ظہور نہیں پہنچا (مراد اس سے قرآن ہے کہ اس سے کتب سابقہ کے مضمون پیشین گوئی کی صدق کا ظہور ہو گیا مطلب یہ کہ کیا ان کے پاس قرآن نہیں پہنچا جس کی پہلے سے شہرت تھی کہ وہ نبوت پر کافی دلیل ہے) اور اگر ہم ان کو قبل قرآن آنے کے (سزائے کفر میں) کسی عذاب سے ہلاک کر دیتے (اور پھر قیامت کے روز اصلی سزا کفر کی دی جاتی کہ وہ لازم ہی تھی) تو یہ لوگ (بطور عذر کے) یوں کہتے کہ اے ہمارے رب آپ نے ہمارے پاس کوئی رسول (دنیا میں) کیوں نہیں بھیجا تھا کہ ہم آپ کے احکام پر چلتے قبل اس کے کہ ہم (یہاں خود ہی) بے قدر ہوں اور (دوسروں کی نگاہ میں) رسوا ہوں (سو اب اس عذر کی بھی گنجائش نہیں رہی اگر وہ یوں کہیں کہ وہ عذاب کب ہوگا تو) آپ کہہ دیجئے کہ (ہم) سب انتظار کر رہے ہیں سو (چندے) اور انتظار کر لو اب عنقریب تم کو (بھی) معلوم ہو جاوے گا کہ راہ راست والے کون ہیں اور وہ کون ہے جو (منزل) مقصود تک پہنچا (یعنی وہ فیصلہ عنقریب بعد موت یا بعد الحشر ظاہر ہو جاوے گا) **ف**: اصبر کی تقریر میں حضور کے غیظ کی جو وجہ بیان ہوئی ہے اس سے عدم شفقت کا شبہ جاتا رہا اور نیز تقریر مذکور پر یہ آیت حکم قتال سے منسوخ نہیں ٹھہری کہ ترک اضطراب مستلزم ترک حراب نہیں **وقد تم بحمد الله تعالٰى تفسير السورة للثاني عشر من شوال ۱۳۲۴ من الهجرة۔**

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ الخ اس میں نگاہ کا بند رکھنا ہے شاغل عن اللہ سے پس یہ اصل ہے عمل صوفیہ نظر بر قدم کی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله في نذل خود وفي نخزى دوسروں کی اشار به الى التغائر بين المفهومين المحسن للجمع ۱۲۔**

الروایات: **في الدر المنثور اخرج عبد بن حميد عن عكرمة في قوله واطراف النهار وقال بعد الصبح وعند غروب الشمس آه قلت وعليه فسرت وهذا التكرير لاهتمام كما في قوله تعالٰى والصلوة الوسطٰى والاطراف بمعنى التثنية ان اريد بالنهار النهار لواحد وبمعنى الجمع ان اريد الجنس الشامل لنهار كل يوم وفي تفسيرى التسبيح بالاعم رعاية لجميع الاقوال في التسبيح ۱۲۔**

www.besturdubooks.net

اللغات: اللزام مصدر بمعنی اللازم ومد العین طموح البصر الی الشی کما فی القاموس۔

النحو: من اٰناء اللیل فی الروح ذکر الخفاجی انه معمول بسبح من غیر حاجة لدعوی زیادة الفاء لانها لا تمنع عمل ما بعدها فیما قبلها کما صرح به النحاة قوله اطراف النهار عطف علی محل قوله سبحانه وتعالٰی من آناء اللیل قوله زهرة فی الکشاف فی وجوه انتصابه وعلی ابداله من محل الجار والمجرور ای قوله تعالٰی به ولا حجة فی تضعیف ابن الحاجب قوله من قبله فی الروح متعلق باهلکنا۔

البلاغة: قوله واجل مسمی عطف علی کلمة کما اخرج ابن ابی حاتم عن قتادة والسدی وفصله عما عطف علیه للمسارعة الی بیان جواب لو لا والاشعار باستقلال کل منهما بنفی لزوم العذاب مراعاة فواصل الای الکریمة کذا فی الروح ویراد به یوم القیٰمة وفی الروح تعقب بانه یتحدح بالکلمة السابقة واجیب بانه لا یلزم من تاخیر العذاب عن الدنیا ان یکون له وقت لا یتاخر عنه ولا یتخلف آه فتغائرا قوله ومن آناء اللیل فسبح وللاعتناء بالشان کرر الامر بالتسبیح ولم یقتصر بالعطف۔

سُوْرَةُ الْاَنْبِيَاۗءِ

سُوْرَةُ الْاَنْبِيَاۗءِ ۲۱ مَكِّيَّةٌ ۷۳ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۱۲ رُكُوْعَاتُهَا ۷

سورۃ الانبیاء مکہ میں نازل ہوئی — سورۃ الانبیاء شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۱۲ آیات اور ۷ رکوع ہیں

الجزء ۱۷

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۝۱ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا
اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ۝۲ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ڰ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ڰ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ
اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۝۳ قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۡ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۴
بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۢ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ښ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ۝۵ مَآ
اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝۶ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ
فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۷ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا
خٰلِدِيْنَ ۝۸ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَاۗءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۝۹ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ
كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۱۰ ع ۱

ان (منکر) لوگوں سے ان کا (وقت) حساب نزدیک آ پہنچا اور یہ (ابھی) غفلت میں (پڑے) ہیں (اور) اعراض کیے ہوئے ہیں ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے جو نصیحت تازہ (حسب حال) آتی ہے یہ اس کو ایسے طور سے سنتے ہیں کہ (اس کے ساتھ) ہنسی کرتے ہیں (اور) ان کے دل متوجہ نہیں ہوتے اور یہ لوگ ظالم اور کافر (آپس میں) چپکے چپکے سرگوشی کرتے ہیں کہ یہ (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم) محض تم جیسے ایک (معمولی) آدمی ہیں تو تم کیا پھر بھی جادو کی بات سننے کو (ان کے پاس) جاؤ گے حالانکہ تم جانتے ہو پیغمبر نے فرمایا کہ میرا رب ہر بات کو (خواہ) آسمان میں (ہو اور خواہ) زمین میں (ہو) جانتا ہے اور وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے بلکہ یوں (بھی) کہا کہ یہ (قرآن) پریشان خیالات ہیں بلکہ انہوں نے (یعنی پیغمبر نے) اس کو تراش لیا ہے بلکہ یہ تو ایک شاعر شخص ہیں تو ان کو چاہئے ایسی کوئی (بڑی) نشانی لاویں جیسے پہلے لوگ بنائے گئے ان سے پہلے کوئی بستی والے جن کو ہم نے ہلاک کیا ہے ایمان نہیں لائے سو کیا یہ لوگ ایمان لے آئیں گے۔ اور ہم نے آپ سے قبل صرف آدمیوں ہی کو پیغمبر بنایا جن کے پاس ہم وحی بھیجا کرتے تھے سو (اے منکرو) اگر تم کو (یہ بات) معلوم نہ ہو تو اہل کتاب سے دریافت کر لو اور ہم نے ان رسولوں کے ایسے جسے نہیں بنائے تھے جو کھانا نہ کھاتے ہوں (یعنی فرشتہ نہیں بنایا تھا) اور وہ حضرات ہمیشہ رہنے والے نہیں ہوئے پھر ہم نے جو ان سے وعدہ کیا تھا اس کو سچا کیا یعنی ان کو اور جن جن کو (نجات دینا) منظور ہو ہم نے نجات دی اور حد (اطاعت) سے گزرنے والوں کو ہلاک کیا۔ ہم تمہارے پاس ایسی کتاب بھیج چکے ہیں کہ اس میں تمہاری نصیحت (کافی) موجود ہے کیا پھر بھی تم نہیں سمجھتے (اور نہیں مانتے)۔ ۞

تفسیر: سورة الانبياء مكية وهى مائة واثنتا عشرة اية وسبع ركوعات كذا فى البيضاوى اس صورت میں یہ مضامین مختلط ہیں۔ تحقیق معاد۔

www.besturdubooks.net

تحقیق نبوت۔ تحقیق توحید اور توحید ورسالت کی تائید کے لئے بعض انبیاء علیہم السلام کے قصص مذکور ہوئے ہیں اور یہی مضامین خصوص مضمون قصص وجہ ارتباط ہے سورۂ طٰہٰ کے ساتھ اور اس سورت کے آغاز میں حساب کا اقتراب اور سورۂ طٰہٰ کے ختم میں انکشاف حقیقت حقیت کا اقتراب جو مدلول ہے یہ ین کا وجہ ارتباط ہے دونوں کے آغاز وانجام میں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تشنیع بر غفلت و جہالت و انکار رسالت ☆ اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ (الی قوله تعالی) اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۞ ان (منکر) لوگوں سے ان کا (وقت) حساب نزدیک آ پہنچا (یعنی قیامت وقتاً فوقتاً نزدیک ہوتی جاتی ہے) اور یہ (ابھی) غفلت (ہی) میں (پڑے) ہیں (اور اس کے یقین کرنے سے اس کے لئے تیاری کرنے سے) اعراض کئے ہوئے ہیں۔ (اور ان کی غفلت یہاں تک بڑھ گئی ہے کہ) ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے جو نصیحت تازہ (حسب حال ان کے) آتی ہے (بجائے اس کے کہ ان کو تنبہ ہوتا) یہ اس کو ایسے طور سے سنتے ہیں کہ (اس کے ساتھ ہنسی کرتے ہیں (اور) ان کے دل (اصلاً ادھر) متوجہ نہیں ہوتے اور یہ لوگ یعنی ظالم (اور کافر) لوگ (آپس میں) چپکے چپکے سرگوشی کرتے ہیں (نہ بوجہ خوف اہل اسلام کے کیونکہ مکہ میں کفار ضعیف نہ تھے بلکہ بقصد تمہید مکر وابطال شیوع اسلام کے کہ اخفاء ایسے امور کا عادات میں سے ہے) کہ یہ (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم) محض تم جیسے ایک (معمولی) آدمی ہیں (یعنی نبی نہیں اور یہ جو ایک دلکش دلربا کلام سناتے ہیں اس پر اعجاز کا شبہ اور اس اعجاز سے نبوت کا خیال نہ کرنا کیونکہ وہ حقیقت میں جادو آمیز کلام ہے) تو کیا (باوجود اس بات کے) پھر بھی تم جادو کی بات سننے کو (ان کے پاس) جاؤ گے حالانکہ تم (اس بات کو خوب) جانتے (بوجھتے) ہو پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم کو جواب دینے کا حکم ہوا اور انہوں) نے (موافق حکم کے جواب میں) فرمایا کہ میرا رب ہر بات کو (خواہ) آسمان میں (ہو) اور (خواہ) زمین میں (ہو اور خواہ ظاہر ہو یا خفی ہو خوب) جانتا ہے اور وہ خوب سننے والا خوب جاننے والے ہے (سو تمہارے ان اقوال کفریہ کو بھی جانتا ہے اور تم کو خوب سزا دے گا اور انہوں نے صرف سحر کہنے پر اکتفا نہیں کیا) بلکہ یوں (بھی) کہا کہ یہ (قرآن) پریشان خیالات ہیں (کہ واقع میں دلکش بھی نہیں) بلکہ (اس سے بڑھ کر یہ ہے کہ) انہوں نے (یعنی پیغمبر نے) اس کو (قصداً واختیاراً) اپنے دل سے) تراش لیا ہے (اور اضغاث احلام میں تو انسان کسی قدر بے اختیار اور معذور اور مبتلائے اشتباہ بھی ہوتا ہے اور یہ افتراء کچھ قرآن ہی کے ساتھ خاص نہیں) بلکہ یہ تو ایک شاعر شخص ہیں (ان کی تمام باتیں ایسی ہی تراشیدہ اور خیالی ہوتی ہیں۔ خلاصہ یہ کہ رسول نہیں ہیں اور اگر بڑے مدعی رسالت کے ہیں) تو ان کو چاہئے کہ ہمارے پاس ایسی کوئی (بڑی) نشانی لاویں جیسا پہلے لوگ رسول بنائے گئے (اور بڑے معجزات ظاہر کئے اس وقت ہم رسول مانیں اور ایمان لائیں اور یہ کہنا بھی ایک بہانہ تھا ورنہ انبیائے سابقین کو بھی نہ مانتے تھے حق تعالیٰ جواب میں فرماتے ہیں کہ) ان سے پہلے کوئی بستی والے جن کو ہم نے ہلاک کیا ہے (باوجود ان کے فرمائشی معجزات کے ظاہر ہونے پر) ایمان لے آویں گے (اور ایسی حالت میں ایمان نہ لانے پر عذاب نازل ہو جاوے گا اس لئے ہم وہ معجزات ظاہر نہیں فرماتے اور قرآن معجزہ کافی ہے) اور (رسالت کے متعلق جو ان کا یہ شبہ ہے کہ رسول بشر نہ ہونا چاہئے اس کا جواب یہ ہے کہ) ہم نے آپ سے قبل صرف آدمیوں ہی کو پیغمبر بنایا جن کے پاس ہم وحی بھیجا کرتے تھے سو (اے منکرو) اگر تم کو (یہ بات) معلوم نہ ہو تو اہل کتاب سے دریافت کرلو (کیونکہ اولاً تو خبر متواتر بلا اشتراط عدالت راوی کے واقع میں بھی حجت ہے پھر تم ان کو اپنا دوست سمجھتے ہو تو تمہارے نزدیک معتبر ہونے چاہئیں) اور (اسی طرح رسالت کے متعلق جو اس شبہ کی دوسری تقریر ہے کہ رسول فرشتہ ہونا چاہئے اس کا جواب یہ ہے کہ) ہم نے ان رسولوں کے (جو گزر چکے ہیں) ایسے جسد نہیں بنائے تھے جو کھانا نہ کھاتے ہوں (یعنی فرشتہ نہ بنایا تھا) اور (یہ لوگ جو آپ کی وفات کے انتظار میں خوشیاں منا رہے ہیں لقوله تعالیٰ: نتربص به ریب المنون۔ کذا فی المعالم یہ وفات بھی منافی نبوت نہیں کیونکہ) وہ (گزشتہ) حضرات (بھی دنیا میں) ہمیشہ رہنے والے نہیں ہوئے (پس اگر آپ کی بھی وفات ہو جاوے تو نبوت میں کیا قدح لازم آیا۔ غرض یہ کہ جیسے پہلے رسول تھے ویسے ہی آپ بھی ہیں اور یہ جو لوگ جس طرح آپ کی تکذیب کرتے ہیں اسی طرح ان حضرات کی بھی اس زمانہ کے کفار نے تکذیب کی) پھر ہم نے جو ان سے وعدہ کیا تھا (کہ مکذبین کو عذاب سے ہلاک کریں گے اور تم کو اور مؤمنین کو محفوظ رکھیں گے ہم نے) اس (وعدہ) کو سچا کیا یعنی ان کو اور جن جن کو (نجات دینا) منظور ہوا (اس عذاب سے) ہم نے نجات دی اور (اس عذاب سے) حد (اطاعت) سے گزرنے والوں کو ہلاک کیا (سو ان لوگوں کو ڈرنا چاہئے اور اے منکرو اس تکذیب کے بعد اگر تم پر دنیا یا آخرت میں عذاب آوے تو تعجب نہیں کیونکہ) ہم تمہارے پاس ایسی کتاب بھیج چکے ہیں کہ اس میں تمہاری نصیحت (کافی) موجود ہے کیا (باوجود ایسی تبلیغ موعظت کے) پھر بھی تم نہیں سمجھتے (اور نہیں مانتے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: (سورۃ الانبیاء علیہم السلام) قولہ تعالیٰ: وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۞ میں اشارہ اس طرف ہے کہ غفلت مذمومہ وہ ہے جس میں اعراض ہو نہ مطلق غفلت (کہ عادۃً اس سے کوئی خالی نہیں) قولہ تعالیٰ: وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اس آیت سے جمہور نے استدلال کیا ہے مردوں کے ساتھ رسالت کے خاص ہونے پر اور میں کہتا ہوں کہ اگر تخصیص بھی مسلم نہ ہو تو غالب کا تو انکار ہو ہی نہیں سکتا اور یہ اصل ہے اہل طریق کی اس عادت کی کہ خلافت

www.besturdubooks.net

مردوں ہی کو دیتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا الخ یہ آیت دال ہے اس پر کہ کھانا نہ کھانا کمالات اور علامت مقبولیت سے نہیں جیسا کہ بہت سے عوام اور بعض خواص بھی خیال کرتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في للناس ان اشارة الى كون اللام للمعهود وهم المشركون فى مكة ۱۲۔ ۲ قوله في حسابهم وقت اشارة الى تقدير مضاف۔ ۳ قوله في معرضون اوراس کے الخ اشار به الى كونه خبرا ثانيا والى فائدة زيادته من كونه كالنتيجة للاول وكونه دفعا للشبهة وهى ان الغفلة لعلها تكون عذر انهم فاندفع بزيادته ان هذه الغفلة لمانشات عن الاعراض لم تكن عذرا ۱۲۔ ۴ قوله فى يلعبون ہنسی كذا فى الروح يلعبون مستهزئين ۱۲۔ ۵ قوله في الذين ظلموا یعنی اشارة الى كون الموصول بدلا عن الضمير فى اسروا ۱۲۔ ۶ قوله فى بل هو شاعر خاص نہیں اشار به الى وجه زيادته والتغائر بينه وبين ما قبله والى النكتة فى تغيير العنوان ۱۲۔ ۷ قوله قبل ولياتنا اگر اشار به الى كون المذكور جوابا لمقدر ۱۲۔ ۸ قوله فى اهل الذكر كتاب كذا فى الروح ۱۲۔ ۹ قوله فى فانجيناهم یعنی اشارة الى كون الفاء للتفصيل ۱۲۔

اللغات: قوله هل هذا هو بمعنى النفى ۱۲ قوله جسدا فى القاموس جسم الانسان والجن والملائكة ۱۲۔

البلاغۃ: قوله اسروا النجوى الذين النكتة فى البدل هو الاشعار بكونهم موصوفين بالظلم الفاحش فيما اسروا به ۱۲ فائده بل قسمان انتقالية وابطالية وفى وقوعها للابطال فى كلام الله تعالى خلاف والحق ان الابطال ان كان لما صدر عن الغير فهو واقع فى القرآن كان لما صدر عنه تعالى فغير واقع بل هو محال لانه هذا كذا فى الروح ۱۲۔

وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿۱۱﴾ فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ﴿۱۲﴾ لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۳﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴﴾ فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿۱۵﴾

اور ہم نے بہت سی بستیاں جہاں کے رہنے والے ظالم (یعنی کافر) تھے غارت کر دیں اور ان کے بعد دوسری قوم پیدا کر دی سو جب ان ظالموں نے ہمارا عذاب آتے دیکھا تو اس بستی سے بھاگنا شروع کر دیا بھاگو مت اور اپنے سامان عیش کی طرف اور اپنے مکانوں کی طرف واپس چلو شاید تم سے کوئی پوچھے پاچھے وہ لوگ (نزول عذاب کے وقت) کہنے لگے کہ ہائے ہماری کم بختی بے شک ہم لوگ ظالم تھے سو ان کی یہی غل پکار رہی حتیٰ کہ ہم نے ان کو ایسا (نیست و نابود) کر دیا جس طرح کھیتی کٹ گئی ہو اور آگ ٹھنڈی ہو گئی ہو۔

تفسیر ربط: اوپر مکذبین کی مذمت اور عذاب الٰہی سے ان کا ہلاک ہونا اجمالاً بیان کیا گیا تھا آگے اسی کی کسی قدر تفصیل ہے۔

چیزے از تفصیل اہلاک مخالفین انبیاء ☆ وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً (الى قوله تعالى) حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿۱۵﴾ اور ہم نے بہت سے بستیاں جہاں کے رہنے والے ظالم (یعنی کافر) تھے غارت کر دیں اور ان کے بعد دوسری قوم پیدا کر دی سو جب ان ظالموں نے ہمارا عذاب آتا دیکھا تو اس بستی سے بھاگنا شروع کیا (کہ عذاب سے بچ جاویں حق تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ) بھاگو مت اور اپنے سامان عیش کی طرف اور اپنے مکانوں کی طرف واپس چلو شاید تم سے کوئی پوچھے پاچھے (کہ کیا گزری۔ مقصود اس سے تعریض ہے کہ نہ وہ سامان رہا نہ مکان رہا نہ کسی ہمدرد کا نشان رہا) وہ لوگ (نزول عذاب کے وقت) کہنے لگے کہ ہائے ہماری کم بختی بیشک ہم لوگ ظالم تھے سو ان کی یہی غل پکار رہی حتیٰ کہ ہم نے ان کو ایسا (نیست و نابود) کر دیا جس طرح کھیتی کٹ گئی ہو اور آگ ٹھنڈی ہو گئی ہو۔ **ف**: اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ میں اقرار اس لئے ان کو نافع نہ ہوا کہ مشاہدۂ ملائکہ عذاب کے بعد ہوگا جیسا فرعون کا امنت کہنا ادراک غرق کے وقت والله اعلم۔

اللغات: الحصيد مصدر يستوى فيه الواحد والجمع ۱۲۔

النحو: قوله بعدها اى بعد القرية قوله احسوا راجع الى اهل القرية لا الى قوم آخرين۔ قوله منها اى من القرية وقيل من الباس بتاويل العقوبة قوله حصيدا خامدين مجموعهما كمفعول واحد اى جامعين من الحصاد والخمود فلا يرد ان الجعل لا يتعدى الى ثلثة مفاعيل وفيه الجمع بين التشبيهين دفعة واحدة ۱۲۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ: قوله انشانا بعد هاء السر فى تقديم انشاء هولاء على حكاية مبادى اهلاك اولئك بقوله فلما احسوا الخ التنبيه على استيصال الاولين وقطع دابرهم بالكلية قوله لا تركضوا فى الروح قيل يحتمل ان يكون المراد يجعلون خلقا بان يقال لهم ذلك وان لم يقل آه قلت و الا بلغ ان يقال انهم جعلوا كالحاضرين وقت الحكاية ايذانا بشناعة حالهم ۱۲۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۱۶﴾ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۚ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَهٗ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ۖ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِىَ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِىْ ۗ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ الْحَقَّ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِىْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿۲۵﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۚ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّىْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ۚ كَذٰلِكَ نَجْزِى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ ع ۲

اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ اس کے درمیان ہے اس کو اس طور نہیں بنایا کہ ہم فعل عبث کرنے والے ہوں اور اگر ہم کو مشغلہ ہی بنانا منظور ہوتا تو ہم خاص اپنے پاس کی چیز کو مشغلہ بناتے اگر ہم کو یہ کرنا ہوتا بلکہ ہم حق بات کو باطل پر پھینک مارتے ہیں سو وہ (حق) اس باطل کا بھیجا نکال دیتا ہے (یعنی اس کو مغلوب کر دیتا ہے) سو وہ (مغلوب ہو کر) دفعتہً جاتا رہتا ہے اور تمہارے لئے اس بات سے بڑی خرابی ہوگی جو تم گھڑتے ہو اور حق تعالیٰ کی وہ شان ہے کہ جتنے کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسی کے ہیں اور (ان میں سے) جو اللہ کے نزدیک (بڑے مقبول و مقرب) ہیں وہ اس کی عبادت سے عار نہیں کرتے اور نہ تھکتے ہیں (بلکہ) شب و روز (اللہ تعالیٰ کی) تسبیح کرتے ہیں کسی وقت موقوف نہیں کرتے۔ کیا (باوجود ان دلائل توحید کے) ان لوگوں نے خدا کے سوا اور معبود بنا رکھے ہیں (بالخصوص) زمین کی چیزوں میں سے جو کسی کو زندہ کرتے ہوں زمین (میں یا) آسمان میں اگر اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور معبود (واجب الوجود) ہوتا تو دونوں درہم برہم ہو جاتے سو ان تقریرات سے ثابت ہوا) کہ اللہ تعالیٰ ان امور سے پاک ہے جو کچھ یہ لوگ بیان کر رہے ہیں اور جو کچھ کرتا ہے اس سے کوئی باز پرس نہیں کر سکتا اور اوروں سے باز پرس کی جائے گی۔ کیا خدا کو چھوڑ کر انہوں نے اور معبود بنا رکھے ہیں (ان سے) کہئے کہ تم اپنی دلیل (اس دعویٰ پر) پیش کرو یہ میرے ساتھ والوں کی کتاب (یعنی قرآن) اور مجھ سے پہلے لوگوں کی کتابیں (یعنی توراۃ و انجیل وغیرہ) موجود ہیں بلکہ ان میں زیادہ وہی ہیں جو امر حق کا یقین نہیں کرتے سو (اس وجہ سے) وہ اعراض کر رہے ہیں اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی ایسا پیغمبر نہیں بھیجا جس کے پاس ہم نے یہ وحی نہ بھیجی ہو کہ میرے سوا کوئی معبود (ہونے کے لائق) نہیں پس میری ہی عبادت کیا کرو اور یہ (مشرک) لوگ یوں کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے (فرشتوں کی) اولاد بنا رکھا ہے وہ (اللہ تعالیٰ اس سے) پاک ہے بلکہ (وہ فرشتے اس کے) بندے ہیں (ہاں) معزز وہ اس سے آگے بڑھ کر بات نہیں کر سکتے اور وہ اسی کے حکم کے موافق عمل کرتے ہیں (وہ جانتے ہیں کہ) اللہ تعالیٰ ان کے اگلے پچھلے احوال کو جانتا ہے اور وہ بجز اس کے جس کے لئے شفاعت کرنے کی خدا تعالیٰ کی مرضی ہو اور کسی کی سفارش نہیں کر سکتے اور وہ سب اللہ تعالیٰ کی ہیبت سے ڈرتے رہتے ہیں اور ان میں سے جو شخص (فرضاً) یوں کہے کہ میں علاوہ خدا کے معبود ہوں سو ہم اس کو سزائے جہنم دیں گے (اور) ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: شروع سورت سے یہاں تک مضمون نبوت کا سلسلہ چلا آ رہا تھا آگے تحقیق توحید کی ہے کُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ تک۔

تحقیق توحید ☆ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لَاعِبِينَ ۝ لَوْ أَرَدْنَا أَنْ نَتَّخِذَ (الی قولہ تعالی) كَذَٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ: اور (ہمارے واحد ہونے پر ہماری مصنوعات دلالت کر رہی ہیں کیونکہ) ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے اس کو اس طور پر نہیں بنایا کہ ہم فعل عبث کرنے والے ہوں (بلکہ ان میں بہت سی حکمتیں ہیں جن میں اعظم دلالت علی التوحید ہے اور) اگر ہم کو (آسمان اور زمین کے بنانے سے کوئی حکمت مقصود نہ ہوتی بلکہ ان کو محض) مشغلہ ہی بنانا منظور ہوتا (جس میں کوئی معتد بہ فائدہ مقصود نہیں ہوتا محض دل بہلانا منظور ہوتا ہے) تو ہم خاص اپنے پاس کی چیز کو مشغلہ بناتے (مثلاً اپنی صفات کمال کے مشاہدہ کو) اگر ہم کو یہ کرنا ہوتا (کیونکہ مشغلہ کو شاغل کی شان سے مناسبت چاہئے تو کجا ذات واجب الوجود اور کجا مصنوعات حادثہ البتہ صفات کو بوجہ قدیم اور لازم ذات ہونے کے تاہم مناسبت ہے سو جب بدلائل عقلیہ و اجماع اہل ملل اسی کا مشغلہ قرار دیا جانا محال ہے تو مصنوعات حادثہ میں تو بدرجہ اولی یہ احتمال منتفی ہے پس ثابت ہوا کہ ہم نے عبث پیدا نہیں کیا) بلکہ (اثبات حق اور ابطال باطل کے لئے پیدا کیا ہے اور) ہم (اس) حق بات کو (جس کے ثبوت پر مصنوعات دال ہیں اس) باطل بات پر (اس طرح غالب کر دیتے ہیں جیسے یوں سمجھو کہ ہم اس کو اس پر) پھینک مارتے ہیں سو وہ (حق) اس (باطل) کا بھیجا نکال دیتا ہے (یعنی اس کو مغلوب کر دیتا ہے) سو وہ (مغلوب ہو کر) دفعتہً جاتا رہتا ہے (یعنی دلائل توحید جو ان مصنوعات سے حاصل ہوتے ہیں شرک کی بالکلیہ نفی کر دیتے ہیں جس کی جانب مخالف کا احتمال ہی نہیں رہتا) اور (تم جو باوجود ان دلائل قاہرہ کے شرک کرتے ہو تو) تمہارے لئے اس بات سے بڑی خرابی ہوگی جو تم (خلاف حق کے) گھڑتے ہو اور (حق تعالی کی وہ شان ہے کہ) جتنے کچھ آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اسی کے (مملوک) ہیں اور (ان میں سے) جو اللہ کے نزدیک (بڑے مقبول و مقرب) ہیں (ان کی یہ کیفیت عبدیت کی ہے کہ) وہ اس کی عبادت سے عار نہیں کرتے اور نہ تھکتے ہیں (بلکہ) شب و روز (اللہ کی) تسبیح (و تقدیس) کرتے ہیں (کسی وقت) موقوف نہیں کرتے (جب ان کی یہ حالت ہے تو عام مخلوق تو کس شمار میں ہے پس لائق عبادت کے وہی ہے اور جب کوئی دوسرا ایسا نہیں ہے تو پھر اس کا شریک سمجھنا کتنی بے عقلی ہے) کیا (باوجود ان دلائل توحید کے) ان لوگوں نے خدا کے سوا اور معبود بنا رکھے ہیں (بالخصوص) زمین کی چیزوں میں سے (جو کہ اور بھی سافل تر اور نازل تر ہیں جیسے پتھر یا معدنیات کے بت) جو کسی کو زندہ کرتے ہوں (یعنی جو جان بھی نہ ڈال سکتا ہو ایسا عاجز کب معبود ہونے کے قابل ہوگا اور) زمین (میں یا) آسمان میں اگر اللہ تعالی کے سوا کوئی اور معبود (واجب الوجود) ہوتا تو دونوں (کبھی کے) درہم برہم ہو جاتے (کیونکہ عادۃً دونوں کے ارادوں اور افعال میں تزاحم ہوتا اور اس کے لئے فساد لازم ہے لیکن فساد واقع نہیں ہے اس لئے تعدد آلہہ بھی منفی ہے) سو (ان تقریرات سے ثابت ہوا کہ) اللہ تعالی جو مالک ہے عرش کا ان امور سے پاک ہے جو کچھ یہ لوگ بیان کر رہے ہیں (کہ نعوذ باللہ اس کے اور شرکاء بھی ہیں حالانکہ اس کی ایسی عظمت ہے کہ) وہ جو کچھ کرتا ہے اس سے کوئی باز پرس نہیں کر سکتا اور اوروں سے باز پرس کی جا سکتی ہے (یعنی اللہ تعالی باز پرس کر سکتا ہے پس کوئی عظمت میں اس کا شریک نہ ہوا پھر معبودیت میں کوئی کیسے شریک ہو سکتا ہے یہاں تک تو بطور ابطال اور نقض و استلزام محال کے کلام تھا آگے بطور سوال اور منع کے کلام ہے کہ) کیا خدا کو چھوڑ کر انہوں نے اور معبود بنا رکھے ہیں (ان سے) کہئے کہ تم اپنی دلیل (اس دعوی پر) پیش کرو (یہاں تک تو سوال اور دلیل عقلی سے شرک کا ابطال تھا آگے دلیل نقلی سے استدلال ہے کہ) یہ میرے ساتھ والوں کی کتاب (یعنی قرآن) اور مجھ سے پہلے لوگوں کی کتابیں (یعنی توراۃ و انجیل و زبور) موجود ہیں (جن کا صدق اور منزل من اللہ ہونا دلیل عقلی سے ثابت ہے اور اوروں میں گو تحریف ہوئی ہے مگر قرآن میں تحریف بھی منفی ہے پس جو مضمون ان کتب کا قرآن کے مطابق ہوگا وہ یقیناً صحیح ہے اور ان سب دلائل مذکورہ کا مقتضا یہ تھا کہ یہ لوگ توحید کے قائل ہو جاتے لیکن پھر بھی قائل نہیں) بلکہ ان میں زیادہ وہی ہیں جو امر حق کا یقین نہیں کرتے سو (اس وجہ سے) وہ (اس کے قبول کرنے سے) اعراض کر رہے ہیں اور (یہ توحید کوئی جدید بات نہیں جس سے توحش ہو بلکہ شرع قدیم ہے چنانچہ) ہم نے آپ سے پہلے کوئی ایسا پیغمبر نہیں بھیجا جس کے پاس ہم نے یہ وحی نہ بھیجی ہو کہ میرے سوا کوئی معبود (ہونے کے لائق) نہیں پس میری (ہی عبادت کیا کرو اور یہ (مشرک) لوگ (جو ہیں ان میں بعضے) یوں کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) اللہ تعالی نے (فرشتوں کو) اولاد بنا رکھی ہے (توبہ توبہ) وہ (اللہ تعالی اس سے) پاک ہے (اور وہ فرشتے اس کی اولاد نہیں ہیں) بلکہ (اس کے) بندے ہیں (ہاں) معزز (بندے ہیں اسی سے بے عقلوں کو اشتباہ ہو گیا اور ان کی عبدیت اور محکومیت اور ادب کی یہ کیفیت ہے کہ) وہ اسی کے حکم کے موافق عمل کرتے ہیں (اس کے خلاف نہیں کر سکتے کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ) اللہ تعالی ان کے اگلے پچھلے احوال کو (خوب) جانتا ہے (پس جو حکم ہوگا اور جب حکم ہوگا موافق حکمت کے ہوگا اس لئے نہ فعلی مخالفت کرتے ہیں نہ قولی مخالفت کرتے ہیں) اور (ان کے ادب کی یہ کیفیت ہے کہ) وہ بجز اس (شخص) کے جس کے لئے (شفاعت کرنے کی) خدا تعالی کی مرضی ہو اور کسی کی سفارش نہیں کر سکتے اور وہ سب اللہ تعالی کی ہیبت سے ڈرتے رہتے ہیں اور (یہ تو بیان تھا ان کی مغلوبیت اور محکومیت کا آگے بیان ہے اللہ تعالی کی غالبیت اور حاکمیت کا۔ گو حاصل دونوں کا متقارب ہے یعنی) ان میں سے جو شخص (فرضاً) یوں کہے کہ (نعوذ

www.besturdubooks.net

باللہ) میں علاوہ خدا کے معبود ہوں سو ہم اس کو سزائے جہنم دیں گے (اور) ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں (یعنی خدا کا ان پر پورا بس ہے جیسے اور مخلوقات پر پھر وہ خدا کی اولاد جس کے لئے خدا کا ہونا ضروری ہے کیسے ہو سکتے ہیں) **ف**: يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ میں دوام تسبیح پر یہ شبہ کیا گیا ہے کہ اور اقوال وافعال کے وقت کیسے ممکن ہے جواب یہ ہے کہ افعال کے ساتھ تو اجتماع میں اشکال نہیں اور اقوال کا وقت یا تو اس دوام سے مخصوص ہو یا مثل تسبیح قلبی کے وقوع ہوتا ہو اور لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ الخ میں استدلال عادی ہے اور استدلال عقلی کی طرف اشارہ ہے جس کی تفصیل علم کلام میں ہے اور پارہ دوم کے رکوع چہارم کے شروع میں اس کی تقریر بھی گذر چکی ہے اور گو آیات توحید سے منطوقاً اصنام سے کمالات کی نفی ہوتی ہے جس کے وہ مشرک بھی قائل نہ تھے مگر مقصود یہ ہے کہ استحقاق معبودیت کے لئے یہ کمالات لازم ہیں جب لازمی منتفی ہے ملزوم بھی منتفی ہے فقط۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ۞ یعنی عبث پیدا نہیں کیا یہ بھی اسی مسئلہ پر دال ہے جس پر آل عمران کی یہ آیت دال تھی (رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا [آل عمران: ۱۹۱]) اور وہ وہاں گزر چکا ہے۔ قولہ تعالیٰ: لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا الخ قوم کی زبان زد ہے کہ خلق کی غایت اسماء وصفات کا ظہور ہے کیونکہ وہ جمیل ہیں اس لئے وہ مقتضی ظہور کی ہیں تاکہ ذات ان کا مشاہدہ کرلے پس اگر مراد یہ ہے کہ صرف یہی غایت ہے تب تو یہ باطل ہے کیونکہ یہ تو ایک شغل محض ہوا جس کی نفی آیت میں ہے کیونکہ لہو کے معنی شغل محض کے ہیں اور اگر مراد یہ ہے کہ یہ بھی ہے اور دوسرے مصالح بھی تو کچھ مضائقہ نہیں اور راز اس میں یہ ہے کہ شغل محض تو ایک فائدہ ہے جو راجع ہے حق سبحانہ وتعالیٰ کی طرف اور وہ کسی فائدہ کے حاصل کرنے سے منزہ ہیں اور اس میں مصالح کا رکھنا یہ ایک فائدہ ہے جو راجع ہے خلق کی طرف اور خلق اس کی محتاج ہے اور گویا مِنْ لَّدُنَّآ ۔۔۔ سے اشارہ ہے اسماء وصفات کی طرف کیونکہ سب اشیاء میں زیادہ قرب حق تعالیٰ سے اس کے اسماء صفات کو ہے تو اللہ تعالیٰ نے پاس والی شئی کے ساتھ مشتغل ہونے کی بھی نفی فرما دی ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ۞ ۔ خَشْيَتِهٖ میں اگر ضمیر کا مضاف مقدر نہ کیا جائے جیسا کہ اصل ہے تو آیت اس خوف کی فضیلت پر دال ہے جو نفس عظمت حق سے ہو عذاب نہ ہو اور خواص کا خوف ایسا ہی ہوتا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی من عندہ مقبول اشارۃ الی ان العندیۃ للشرف ۱۲۔ ۲ قولہ فی من الارض بالخصوص اشارۃ الی النکتۃ فی ذکر الارض ۱۲۔ ۳ قولہ فی ینشرون نہ ڈال سکتا ہو اشارۃ الی امرین الاول کون الانشاء بمعنی مطلق الخلق لا الخلق ثانیا خاصۃ والثانی ان ہذا ہو محط الانکار الاستفہامی للاتخاذ فانہ کان متحققا بیقین ۱۲۔ ۴ قولہ فی الہۃ ہوتا اشارۃ الی ان الجمعیۃ یراد بہا الجنس لا التعدد خاصۃ کما فی قولہ لا تزوج النساء فلا یردان الآیۃ افادت نفی الآلہۃ لا نفی الہ واحد سوی اللہ تعالیٰ ۱۲۔ ۵ قولہ فی مکرمون ہاں اشارۃ الی کونہ نشأ الاشتباہ کما صرح بہ فیما بعد ۱۲۔ ۶ قولہ قبل یعلم جانتے ہیں کذا قررہ فی الروح ۱۲۔ ۷ قولہ خشیۃ ہیبت اشارۃ الی ما فی الروح عن بعضہم ان الخشیۃ ہہنا مجاز عن سببہا ای وہم من مہابتہ تعالیٰ شدید والخوف آہ فلا یلزم کون الشئ الواحد سببا ومسببا ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ فیدمغہ فی الروح وجوز ان یکون ہناک تمثیل لغلبۃ الحق علی الباطل حتی یذہبہ برمی جرم صلب علی رأس دماغہ وخویشقہ قولہ من فی السمٰوٰت فی الروح کانہ اریدہنا اظہار مزید العظمۃ فجئ بالسمٰوٰت جمعًا علی معنی لہ کل من ہو فی واحدۃ واحدۃ من السمٰوٰت ولم یرد فیما مر سوی بیان اشتمال ہذا السقف المشاہد والفراش المہد وما استقر بینہما علی الحکم التی لا تحصی فلذا جئ بصیغۃ الافراد دون الجمع قولہ لا یستحسرون فی الروح ہو ابلغ من الحسور والتعبیر بہ للتنبیہ علی ان عبادتہم بثقلہا ودوامہا حقیقۃ بان یستحسر منعا ومع ذلک لا یستحسرون ولیس لنفی المبالغۃ فی الحسور مع ثبوت اصلہ فی الجملۃ ۱۲ قولہ من خشیتہ فی الروح ای بسبب خوف عذابہ عزوجل فمن تعلیلیۃ والکلام علی حذف مضاف وقدیرا ومن خشیتہ تعالیٰ ذلک فلا حاجۃ الیہ آہ ای الی حذف المضاف ۱۲۔

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ۞۳۰ وَجَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ ۠ وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۞۳۱ وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ښ وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ۞۳۲ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

www.besturdubooks.net

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۳۳﴾

کیا ان کافروں کو یہ معلوم نہیں ہوا کہ آسمان اور زمین (پہلے) بند تھے پھر ہم نے دونوں (اپنی قدرت سے) کھول دیا اور ہم نے (بارش کے) پانی سے ہر جاندار چیز کو بنایا ہے کیا (ان باتوں کو سن کر) پھر بھی ایمان نہیں لاتے اور ہم نے زمین میں اس لئے پہاڑ بنائے کہ زمین ان لوگوں کو لے کر ہلنے نہ لگے اور ہم نے اس زمین میں کشادہ کشادہ رستے بنائے تاکہ وہ لوگ (ان کے ذریعے سے) سے منزل (مقصود) کو پہنچ جائیں اور ہم نے اپنی قدرت سے آسمان کو (مثل) ایک چھت کے بنایا جو محفوظ ہے اور یہ لوگ اس آسمان کے اندر کی موجودہ نشانیوں سے اعراض لئے ہوئے ہیں (یعنی ان میں تدبر نہیں کرتے) اور وہ ایسا ہے کہ اس نے رات اور دن اور سورج اور چاند بنائے (وہ نشانیاں یہی ہیں) ہر ایک ایک کے دائرے میں تیر رہے ہیں۔

تفسیر ربط: اوپر آیت: وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ الخ میں اجمالاً ان مصنوعات کا دال علی التوحید ہونا مذکور تھا آگے اس کی تفصیل ہے۔

تفصیل بعضے از دلائل قدرت ☆ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا (الی قولہ تعالی) كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۳۳﴾ کیا ان کافروں کو یہ معلوم نہیں ہوا کہ آسمان اور زمین (پہلے) بند تھے (یعنی نہ آسمان سے بارش ہوتی تھی نہ زمین سے کچھ پیداوار اور اسی کو بند ہونا فرمادیا چنانچہ جس زمانہ میں بارش نہیں ہوتی اور زمین سے کچھ پیدا نہیں ہوتا اب بھی بند ہوتے ہیں) پھر ہم نے دونوں کو (اپنی قدرت سے) کھول دیا (کہ آسمان سے بارش ہونے لگی اور زمین سے نباتات اُگنے لگیں پس فتق تو امر مشاہد ہے اور رتق جو فی الحال ہوتا ہے وہ بھی مشاہد ہے اور جو ابتدائی تھا وہ دلیل عقلی سے معلوم ہوتا ہے کیونکہ فتق حادث ہے پس مسبوق بعدم الفتق ہوگا اور عدم الفتق یا بوجہ عدم محل فتق کے ہوگا یا بعد وجود محل کے ہوگا شق ثانی کی تعیین کتب سماویہ سے ہو جاوے گی جن کا صدق دلیل عقلی سے ثابت ہے: اَوَلَمْ يَرَوْا [الرعد : ٤١] مشاہدہ اور استدلال عقلی اور نقلی سب کو شامل ہے) اور (بارش سے صرف نباتات ہی کو نمو نہیں ہوتا بلکہ) ہم نے (بارش کے) پانی سے ہر جاندار چیز کو بنایا ہے (خواہ حدوثاً خواہ بقاءً خواہ بواسطہ یا بلاواسطہ جیسا دوسری آیت میں ہے: وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ [البقرة : ١٦٤]) کیا (ان باتوں کو سن کر) پھر بھی ایمان نہیں لاتے اور ہم نے (اپنی قدرت سے) زمین میں اس لئے پہاڑ بنائے کہ زمین اُن لوگوں کو لے کر ہلنے نہ لگے اور ہم نے اس (زمین) میں کشادہ کشادہ رستے بنائے تاکہ وہ لوگ (ان کے ذریعہ سے) منزل (مقصود) کو پہنچ جاویں اور ہم نے (اپنی قدرت سے) آسمان کو (بمقابلہ زمین کے اس کے اوپر مثل) ایک چھت (کے) بنایا جو (ہر طرح سے) محفوظ ہے (یعنی گرنے سے بھی ٹوٹنے پھوٹنے سے بھی شیاطین کے استراق اخبار سے بھی کقولہ تعالیٰ: اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ [فاطر : ٤١] وقولہ تعالیٰ: هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ [الملك : ٣] وقولہ تعالیٰ: حَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ [الحجر : ١٧] اور یہ محفوظیت دہر طویل تک رہے گی ابدیت کے ساتھ موصوف نہیں) اور یہ لوگ اس (آسمان) کے اندر کی موجودہ) نشانیوں سے اعراض کئے ہوئے ہیں (یعنی ان میں تدبر نہیں کرتے) اور وہ ایسا (قادر) ہے کہ اس نے رات اور دن اور سورج اور چاند بنائے (وہ نشانیاں آسمان کی یہی ہیں اور شمس و قمر میں سے) ہر ایک ایک دائرہ میں (اس طرح چل رہے ہیں کہ گویا) تیر رہے ہیں۔ ف: رتق وفتق کی بھی تفسیر درمنثور میں ابن عباسؓ سے مروی ہے اخرجه الفريابي وعبد بن حميد والحاكم وصححه والبيهقي في الاسماء والصفات اور جعلنا من الماء الخ کی جو تفسیر لکھی گئی ہے شاید کوئی شاذ و نادر حیوان اس سے خارج رہا ہو اور اگر رہ گیا ہو تو النادر كالمعدوم وللاكثر حكم الكل کے اعتبار سے اس کلیہ مذکورہ میں قدح نہیں لازم آتا اور محاورات میں کل بمعنی اکثر بھی آتا ہے جیسا دوسری آیت میں ہے يجبى اليه ثمرات كل شي اور پہاڑوں کا مانع حرکت ارض ہونا سورۂ نحل کے دوسرے رکوع میں گذر چکا ہے دیکھ لیا جاوے اور فلک گول چیز کو کہتے ہیں چونکہ شمس و قمر کی حرکت مستدیر ہے اسلئے اسکے مدار کو فلک فرمادیا خواہ وہ آسمان ہو یا فضاء بیان السمائین ہو یا فضا بین الارض والسماء ہو یا ثخن سماء ہو کوئی نص اس میں قطعی نہیں اور سلف سے تفسیریں مختلف منقول ہیں كما في الدر المنثور اسلئے اسکو مبہم ہی رکھنا اقرب الی الاحتیاط ہے اور ہر حال میں اس سے آسمان کا مستدیر ہونا ثابت نہیں ہوتا اور ظاہر اسناد يسبحون سے کہ اصل اسناد میں حقیقت ہے شمس و قمر کا حرکت ذاتیہ سے متحرک ہونا معلوم ہوتا ہے اور حرکات مختلفہ ممکنۃ الاجتماع میں تو کوئی اشکال نہیں اور غیر ممکنۃ الاجتماع کا انضباط ایک حرکت کی انقطاع سے بھی ہو سکتا ہے اور دوسرے اجسام کی حرکت سے بھی ہو سکتا ہے خواہ وہ اجسام علویہ ہوں یا سفلیہ بہرحال یہ حرکت کواکب کی نہ حرکت سماء کو مستلزم ہے نہ اس کی نافی والله اعلم باسرار خلقة چونکہ مقاصد شرعیہ میں اس تفصیل کی حاجت نہ تھی اسلئے ابہام مضر نہیں اور اگر یہ قول ثابت ہو جاوے کہ شمس کی حرکت کسی مدار پر نہیں تو خود اس کی حرکت وضعیہ جو محور پر ہے ایک کرہ متوہمہ پیدا کرتی ہے فلک اس کو بھی عام ہو جاویگا اور اگر اسکی حرکت بھی کسی کوکب کے گرد ہوتی ہو جیسا صاحب روح نے سورۂ رحمٰن آیت والشمس والقمر بحسبان کی تفسیر میں بعض فلاسفہ جدید کا قول نقل کیا ہے تو فلک بمعنی مدار ہی بے تکلف رہے گا والله اعلم اور حرکت وضعیہ بھی دال علی القدرة ہے کہ اتنے بڑے جسم میں تصرف ہے اور یہی مقصود مقام ہے پس مقصود بالافادہ یہ دلالت ہو جاوے گی۔

اللُّغَات: الرتق الضم الفتق الفصل الفجاج الطرق الواسعة بين الجبلين آه وما بين الجبلين يصدق عليه انه في الارض فافهم ۱۲۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ: قوله كانتا لم يجمع بتاويل السموٰت بطائفة قوله رتقا لم يثن لكون الرتق مصدرا قوله يسبحون لما كانت السباحة من صنائع العقلاء وحسن التعبير بصيغة ذوى العقول۲ قوله نبلوكم فيه التفات قوله من الرحمٰن وفي التعرض بعنوان الرحمانية تنبيه على انه لا حفظ لهم الا برحمة وتلقين للجواب كما في قوله ما غرك بربك الكريم۳۔

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۖ اَفَاۡئِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ﴿٣٤﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۖ وَنَبْلُوْكُمْ
بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۖ وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ۖ اَهٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ
اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٦﴾ خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ۖ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿٣٧﴾
وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٣٨﴾ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ
النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٣٩﴾ بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا
وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٤٠﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ
يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٤١﴾ قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ۖ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٤٢﴾ اَمْ ع
لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ۖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ﴿٤٣﴾ بَلْ مَتَّعْنَا
هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۖ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ۖ اَفَهُمُ
الْغٰلِبُوْنَ ﴿٤٤﴾ قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ ۖ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ
نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٤٦﴾ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا
تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ۖ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ۖ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿٤٧﴾

اور ہم نے آپ سے پہلے بھی کسی بشر کے لئے ہمیشہ رہنا تجویز نہیں کیا پھر اگر آپ کا انتقال ہو جائے تو کیا یہ لوگ (دنیا میں) ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے جاندار موت کا مزہ چکھے گا اور ہم تم کو بری بھلی حالتوں میں اچھی طرح آزماتے ہیں اور پھر (اس زندگی کے ختم پر) تم سب ہمارے پاس چلے آؤ گے اور یہ کافر لوگ جب آپ کو دیکھتے ہیں تو بس آپ سے ہنسی کرنے لگتے ہیں (اور) آپس میں کہتے ہیں کہ کیا یہی ہیں جو تمہارے معبودوں کا (برائی سے) ذکر کیا کرتے ہیں اور (خود) یہ لوگ (حضرت) رحمٰن کے ذکر پر انکار کیا کرتے ہیں انسان جلدی ہی (کے خمیر) کا بنا ہوا ہے ہم عنقریب (اس کے وقت آنے پر) تم کو اپنی نشانیاں (قہر کی سزائیں) دکھائے دیتے ہیں پس تم مجھ سے جلدی مت مچاؤ اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کس وقت آئے گا اگر تم (وقوع عذاب کی خبر میں) سچے ہو کاش ان کافروں کو اس وقت کی خبر ہوتی جب کہ یہ لوگ (اس) آگ کو نہ اپنے سامنے سے روک سکیں گے اور نہ اپنے پیچھے سے اور نہ ان کی کوئی حمایت کرے گا بلکہ وہ آگ (تو) ان کو ایک دم سے آلے گی سو ان کو بدحواس کر دے گی پھر نہ اس کے ہٹانے کی ان کو قدرت ہوگی اور نہ ان کو مہلت دی جائے گی اور آپ سے پہلے جو پیغمبر گزرے ہیں ان کے ساتھ بھی (کفار کی طرف سے) تمسخر کیا گیا تھا سو جن لوگوں نے ان سے تمسخر کیا تھا ان پر وہ عذاب واقع ہو گیا جس کے ساتھ وہ استہزاء کرتے تھے (اور یہ بھی ان سے) کہہ دیجئے کہ وہ کون ہے جو رات میں اور دن میں رحمٰن (کے عذاب) سے تمہاری حفاظت کرتا ہو بلکہ وہ لوگ اپنے رب کے ذکر سے روگرداں (ہی) ہیں کیا ان کے پاس ہمارے سوا اور ایسے معبود ہیں کہ (عذاب مذکور سے) ان کی حفاظت کر لیتے ہوں وہ خود اپنی حفاظت کی قدرت نہیں رکھتے اور ہمارے مقابلہ میں کوئی اور ان کا ساتھ دے سکتا ہے بلکہ میں نے ان کو اور ان کے باپ دادوں کو (دنیا کا) خوب سامان دیا یہاں تک کہ ان پر (اسی حالت میں) ایک عرصہ دراز گزر گیا کیا ان کو یہ نظر نہیں آتا کہ ان کی زمین کو (بذریعہ فتوحات اسلامیہ کے) ہر چہار طرف سے برابر گھٹاتے چلے جاتے ہیں سو کیا یہ لوگ غالب آویں گے آپ کہہ دیجئے کہ میں تو صرف وحی کے ذریعہ سے تم کو ڈراتا ہوں اور یہ بہرے جس وقت ڈرائے جاتے ہیں سنتے ہی نہیں اور (ان

www.besturdubooks.net

کی عالی ہمتی کی کیفیت یہ ہے کہ) اگر ان کو آپ کے رب کے عذاب کا ایک جھونکا بھی ذرا لگ جاوے تو یوں کہنے لگیں کہ ہائے ہماری کم بختی واقعی ہم خطا کار تھے اور وہاں قیامت کے روز ہم میزان عدل قائم کریں گے (اور سب کے اعمال کا وزن کریں گے) سو کسی پر اصلاً ظلم نہ ہوگا اور اگر (کسی کا) عمل رائی کے دانہ کے برابر بھی ہوگا تو ہم اس کو (وہاں) حاضر کر دیں گے اور ہم حساب لینے والے کافی ہیں۔

تفسیر ربط: شروع سورت میں انکار رسالت پر تشنیع تھی اور اس کے سباق اور سیاق میں اس پر استحقاق وعید عذاب سے تفریع تھی آگے بھی دوسرے عنوان سے یہی مضمون ہے كَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ تک چنانچہ ترجمہ سے ظاہر ہوگا۔

تتمہ مضمون تشنیع بر انکار رسول وتفریع بعذاب مهول ☆ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ (الی قوله تعالی) وَ كَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ اور (یہ لوگ جو آپ کی وفات کی خوشیاں منا رہے ہیں لقولہ تعالی: نَتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ [الطور: ۳۰] یہ وفات بھی منافی نبوت نہیں کیونکہ) ہم نے آپ سے پہلے بھی کسی بشر کے لئے (خواہ وہ نبی ہو یا غیر نبی دنیا میں) ہمیشہ رہنا تجویز نہیں کیا (کقولہ تعالی) : وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ [الانبیاء: ۸] پس جیسے آپ کے قبل نبوت اور وفات محل واحد میں مجتمع ہو چکی ہے اسی طرح آپ میں بھی اجتماع دونوں کا صحیح ہے اور) پھر (یہ کہ) اگر آپ کا انتقال ہو جاوے تو کیا یہ لوگ (دنیا میں) ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے (آخر یہ بھی مریں گے پھر خوشی کا ہے کی مطلب یہ کہ آپ کی وفات کی خوشی اگر بخیال نبوت کے ہے تب تو وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ الخ اس کا جواب ہے اور بخیال نفس مخالفت کے ہے تو افائن مت الخ اس کا جواب ہے غرض ہر حال میں یہ انتظار مہمل اور لغو ہے اور موت تو ایسی چیز ہے کہ تم میں) ہر جاندار موت کا مزہ چکھے گا اور (یہ جو ہم نے چندروزہ تم کو زندگی دے رکھی ہے تو اس سے مقصود محض یہ ہے کہ) ہم تم کو بری بھلی حالتوں سے اچھی طرح آزماتے ہیں (بری حالت سے مراد جو کہ خلاف مزاج ہو جیسے مرض و فقر اور اچھی حالت سے مراد جو کہ موافق مزاج ہو جیسے صحت اور غنا زندگی میں یہی حالتیں مختلف طور پر پیش آتی ہیں کوئی ان میں ایمان اور طاعت بجالاتا ہے اور کوئی کفر و معصیت کرتا ہے مطلب یہ کہ زندگی اس لئے دے رکھی ہے کہ دیکھیں کیسے کیسے عمل کرتے ہو) اور (اس زندگی کے ختم پر) پھر تم سب ہمارے پاس چلے آؤ گے (اور ہر ایک کو اس کے مناسب سزا و جزاء دیں گے پس اہم امر تو موت اور مابعد الموت ہی ہوا اور زندگی محض عارضی پھر یہ لوگ اس پر اتراتے ہیں اور پیغمبر کی وفات پر خوشیاں مناتے ہیں یہ نہ ہوا کہ اس مستعار زندگی میں دولت ایمان و طاعت کما لیتے ان کے کام آتی اور الٹا نامۂ اعمال سیاہ اور آخرت بھاری کر رہے ہیں ڈرتے نہیں) اور (ان منکرین کی یہ حالت ہے کہ) یہ کافر لوگ جب آپ کو دیکھتے ہیں تو بس آپ سے ہنسی کرنے لگتے ہیں (اور آپس میں کہتے ہیں) کہ کیا یہی (صاحب) ہیں جو تمہارے معبودوں کا (برائی سے) ذکر کیا کرتے ہیں (سو آپ پر تو بتوں کے انکار کا بھی اعتراض ہے) اور (خود) یہ لوگ (حضرت) رحمان (جل شانہ) کے ذکر پر انکار (اور کفر) کیا کرتے ہیں (تو اعتراض کی بات تو در حقیقت یہ ہے پس ان کو اپنی اس حالت پر استہزاء کرنا چاہئے تھا اور ان کی یہ حالت ہے کہ جب سزائے کفر کا مضمون سنتے ہیں جیسے ابھی اوپر ذکر ہوا ہے اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ تو بوجہ تکذیب کے اس کے تقاضا کرتے ہیں اور یہ تقاضا اور عجلت کچھ انسانی طبیعت کا خاصہ اکثریہ بھی ہے پس اس کا طبعی ہونا ایسا ہے جیسے گویا) انسان جلدی ہی (خمیر) کا بنا ہوا (ہے یعنی جلدی مثل اس کے اجزائے عنصریہ کے ہے اسی واسطے یہ لوگ عذاب جلدی مانگتے ہیں اور اس میں دیر ہونے کو دلیل عدم وقوع کی سمجھتے ہیں لیکن اے کافرو یہ تمہاری غلطی ہے کیونکہ اس کا وقت معین ہے سو ذرا صبر کرو) ہم عنقریب (اس کے وقت آنے پر) تم کو اپنی نشانیاں (قہر کی یعنی سزائیں) دکھائے دیتے ہیں پس تم مجھ سے جلدی مت مچاؤ (کیونکہ وقت سے پہلے آتا نہیں اور وقت پر ٹلتا نہیں) اور یہ لوگ (جب یہ مضمون سنتے ہیں کہ وقت موعود پر عذاب آوے گا تو رسول اور مؤمنین سے یوں) کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کس وقت آوے گا اگر تم (وقوع عذاب کی خبر میں) سچے ہو (تو توقف کا ہے کا جلدی سے کیوں نہیں واقع کر دیا جاتا اصل یہ ہے کہ ان کو اس مصیبت کی خبر نہیں جو ایسی بے فکری کی باتیں کرتے ہیں) کاش ان کافروں کو اس وقت کی خبر ہوتی جب کہ (ان کو سب طرف سے دوزخ کی آگ گھیرے گی اور) یہ لوگ (اس) آگ کو نہ اپنے سامنے روک سکیں گے اور نہ اپنے پیچھے سے اور نہ ان کی کوئی حمایت کرے گا (یعنی اگر اس مصیبت کا علم ہوتا تو ایسی باتیں نہ بناتے اور یہ جو دنیا ہی میں عذاب نار کی فرمائش کر رہے ہیں سو یہ ضرور نہیں کہ ان کی فرمائش کے موافق عذاب نار آجاوے) بلکہ وہ آگ (تو) ان کو ایک دم سے آلے گی سو ان کو بدحواس کر دے گی پھر نہ اس کے ہٹانے کی ان کو قدرت ہوگی اور نہ ان کو مہلت دی جاوے گی اور (اگر وہ یوں کہیں کہ اگر یہ عذاب آخرت میں موعود ہونے کی وجہ سے دنیا میں نہیں ہوتا تو اچھا دنیا میں اس کا کوئی نمونہ تو دکھلا دو تو گو بقاعدہ مناظرہ نمونہ دکھلانا ضرور نہیں لیکن تبرعاً نمونہ کا پتہ بھی دیا جاتا ہے وہ یہ کہ) آپ سے پہلے جو پیغمبر گزرے ہیں ان کے ساتھ بھی (کفار کی طرف سے) تمسخر کیا گیا سو جن لوگوں نے ان سے تمسخر کیا تھا ان پر وہ عذاب واقع ہو گیا جس کے ساتھ وہ استہزاء کرتے تھے (کہ عذاب کہاں ہے پس اس سے معلوم ہوا کفر موجب عذاب ہے پس اگر دنیا میں وقوع نہ ہو تو آخرت میں ہوگا اور یہ بھی ان سے) کہہ دیجئے (کہ دنیا میں جو تم عذاب سے محفوظ ہو سو یہ حفاظت بھی حضرت رحمان ہی کر رہا ہے اس میں بھی اسی کا احسان ہے اور دلالت علی التوحید ہے اور اگر تم اس کو تسلیم نہیں کرتے تو پھر بتلاؤ) کہ وہ کون ہے جو رات اور دن میں رحمان (کے

www.besturdubooks.net

عذاب) سے تمہاری حفاظت کرتا ہو (اور اس مضمون مسلّم کا مقتضا یہ تھا کہ توحید کے قائل ہو جاتے مگر وہ اب بھی قائل نہ ہوئے) بلکہ وہ لوگ (اب بھی بدستور) اپنے رب (حقیقی) کے ذکر (توحید کے قبول کرنے) سے روگرداں (ہی) ہیں (ہاں ہم مَنْ یَّكْلَؤُكُمْ کے مصداق کو توضیح کے لئے تصریحاً دریافت کرتے ہیں کہ) کیا ان کے پاس ہمارے سوا اور ایسے معبود ہیں کہ (عذاب مذکور سے) ان کی حفاظت کر لیتے ہوں (وہ بے چارے ان کی تو کیا حفاظت کرتے ان کی بے چارگی و درماندگی کی تو یہ حالت ہے) کہ وہ خود اپنی حفاظت کی قدرت نہیں رکھتے (مثلاً ان کو کوئی توڑنے پھوڑنے لگے تو مدافعت بھی نہیں کر سکتے کقولہ تعالیٰ: وَاِنْ یَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ الخ [الحج: ۷۳] پس نہ وہ آلہہ ان کی حفاظت کر سکتے ہیں) اور نہ ہمارے مقابلہ میں کوئی ان کا ساتھ دے سکتا ہے (اور یہ لوگ باوجود ان دلائل ساطعہ کے جو حق کو قبول نہیں کرتے تو یہ وجہ نہیں کہ دعویٰ یا دلیل میں کچھ خلل ہے) بلکہ (اصل وجہ اس کی یہ ہے کہ) میں نے ان کو اور ان کے باپ دادوں کو (دنیا کا) خوب سامان دیا یہاں تک کہ ان پر (اسی حالت میں) ایک عرصۂ دراز گزر گیا (کہ پشت ہا پشت سے عیش آرام کرتے آ رہے ہیں پس کھا کھا کے غرانے لگے اور آنکھیں پتھرا گئیں مطلب یہ کہ ان ہی میں خلل غفلت کا ہے لیکن باوجود منبہات تشریعیہ و تکوینیہ کے اتنی غفلت بھی نہ ہونا چاہئے چنانچہ ایک امر منبہ کا ذکر کیا جاتا ہے وہ یہ کہ) کیا ان کو یہ نظر نہیں آتا کہ ہم (ان کی) زمین کو (بذریعہ فتوحات اسلامیہ کے) ہر چہار طرف سے برابر گھٹاتے چلے جاتے ہیں سو کیا یہ لوگ (یہ توقع رکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مؤمنین پر) غالب آ ویں گے (کیونکہ قرائن عادیہ اور دلائل تنزیلیہ متفق ہیں ان کے مغلوب اور اہل حق کے غالب ہوتے جانے پر تاوقتیکہ مسلمان اطاعت خداوندی سے منہ نہ موڑیں اور حمایت اسلام نہ چھوڑیں پس اس امر میں تامل کرنا بھی تنبیہ کے لئے کافی ہے اگر اس پر بھی عناد و جہالت سے وقوع عذاب ہی کی فرمائش کریں تو) آپ کہہ دیجئے کہ میں تو صرف وحی کے ذریعہ سے تم کو ڈراتا ہوں (عذاب کا آنا میرے بس سے باہر ہے) اور (گو یہ طریقہ دعوت الی الحق کا اور یہ انذار کافی ہے مگر) یہ بہرے جس وقت (حق کی طرف بلائے جانے کے واسطے عذاب سے) ڈرائے جاتے ہیں سنتے ہی نہیں (اور طریق وضوح حق میں تامل ہی نہیں کرتے بلکہ وہی مرغی کی ایک ٹانگ عذاب ہی مانگے جاتے ہیں) اور (کیفیت عالی ہمتی کی یہ ہے کہ) اگر ان کو آپ کے رب کے عذاب کا ایک جھونکا بھی ذرا لگ جاوے تو (ساری بہادری ختم ہو جاوے اور) یوں کہنے لگیں کہ ہائے ہماری کمبختی (کیسی ہمارے سامنے آئی) واقعی ہم خطاوار تھے (بس اس ہمت پر عذاب کی فرمائش ہے واقعی ان کی اس شرارت کا تو یہی مقتضا تھا کہ دنیا ہی میں فیصلہ کر دیتے مگر ہم بہت سی حکمتوں سے دنیا میں سزائے موعود دینا نہیں چاہتے بلکہ آخرت کے لئے اٹھا رکھا ہے) اور (وہاں) قیامت کے روز ہم میزان عدل قائم کریں گے (اور سب کے اعمال کا وزن کریں گے) سو کسی پر اصلاً ظلم نہ ہوگا اور (ظلم نہ ہونے کا یہ ثمرہ ہوگا کہ) اور اگر (کسی کا کوئی) عمل رائی کے دانہ کے برابر بھی ہوگا تو ہم اس کو (وہاں) حاضر کر دیں گے (اور اس کا بھی وزن کریں گے) اور ہم حساب لینے والے کافی ہیں (ہمارے اس وزن اور حساب کے بعد پھر کسی حساب و کتاب کی ضرورت نہ رہے گی بلکہ اسی طرح سب فیصلہ ہو جاوے گا پس وہاں ان لوگوں کی شرارتوں کی بھی سزائے مناسب و کافی جاری کر دی جاوے گی) **ف**:

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ میں نفوس مکلفہ مراد ہیں بقرینہ وَنَبْلُوْكُمْ الخ پس نفخ صور کے وقت ملائکہ کی موت یا عدم موت سے آیت ساکت ہے اور وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ الخ میں دنیا کی قید سے جس پر قرینہ مقام دال ہے نافی حیوٰۃ سماویہ عیسویہ کا استدلال جاتا رہا۔ اور خُلِقَ الْاِنْسَانُ الخ میں اکثریہ کی قید سے یہ اشکال نہ رہا کہ بعض افراد ایسے نہیں ہیں اور آیت: اَفَلَا یَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِی الْاَرْضَ الخ کے متعلق ایک ضروری تحقیق سورۂ رعد کے اخیر رکوع آیت اَوَلَمْ یَرَوْا [الرعد: ۴۱] الخ کے فائدہ تفسیریہ میں گزر چکی ہے ملاحظہ فرمالیا جاوے اور میزان کے متعلق تحقیق سورۂ اعراف کے اول رکوع کے اخیر آیت کی تفسیر میں گزر چکی ہے۔ اور اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ کی تفسیر میں جو یہ کہا گیا تاوقتیکہ الخ اس سے یہ اشکال رفع ہو گیا کہ بعد میں تو مسلمان مغلوب ہوئے ہیں توجیہ رفع اشکال ظاہر ہے اور راز اس میں یہ ہے کہ ابتدا میں اسلام کا مغلوب ہونا اس کی اشاعت میں مخل تھا اور جب اس کی تبلیغ و اشاعت کافی ہو چکی جو اصل مقصود تھی اب مغلوب ہونے سے وہ مفقود نہیں ہو سکتا چنانچہ مشاہد ہے اور موازین کا جمع لانا یا تو اس وجہ سے ہے کہ ہر شخص کے لئے جدا میزان عمل ہو یا چونکہ ایک ہی میزان میں بہت سے لوگوں کے اعمال کا وزن ہوگا اس لئے وہ ایک قائم مقام متعدد کے ہوگی واللہ اعلم۔ اور آیت افلا یرون الخ کی ایک تقریر یہ بھی ہو سکتی ہے بعد اس قول کے کہ خلل غفلت کا ہے یوں کہا جاوے اور ان لوگوں سے تعجب ہے کہ وقوع عذاب علی الکفر کا یک لخت انکار کر رہے ہیں) کیا (مقدمات عذاب میں سے) اس امر کو نہیں دیکھ رہے ہیں کہ ہم (فتوحات اسلامیہ کے ذریعہ سے ان کی) زمین کو ہر چہار طرف سے برابر کم کرتے چلے آتے ہیں سو کیا یہ لوگ (مسلمانوں پر) غالب آ رہے ہیں (نہیں بلکہ مغلوب ہوتے جاتے ہیں سو یہ بھی تو ایک قسم کا عذاب ہے جو مقدمہ ہے عذاب اکبر کا کقولہ تعالیٰ: وَلَنُذِیْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰی دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ [السجدة: ۲۱])۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَیْرِ اس میں ہر ناگوار اور مرغوب امر آ گیا تو اس میں قبض بھی داخل ہو گیا پس آیت اس پر دال ہوئی کہ قبض میں حکمتیں اور اسرار ہوتے ہیں اور اسی سے اہل طریق تسلی لیتے ہیں اور دیتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا اس میں اس پر تشنیع ہے جو اہل

www.besturdubooks.net

اللہ کی بے قدری کرتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ الخ چونکہ اس میں استعجال پر انکار ہے تو اس سے مطلقاً اس کے ترک کرنے کا امر بھی لازم آیا
جس میں سلوک بھی داخل ہو گیا اور تجربہ سے ثابت ہے کہ طریق میں زیادہ تر حصہ تشویشات کا عجلت سے ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله في** فتنة اچھی طرح اشارة الى كونه مفعولاً مطلقاً ۱۲۔ ۲؎ **قوله في** يذكركم برائی بقرينة المقام ۱۲۔ ۳؎ **قوله في** ايٰتي سزائیں كما في الروح ان المراد بالآيات النعمات ۱۲۔ ۴؎ **قوله في** ان كنتم صٰدقين جلدی سے الخ اشارة الى تقدير الجواب اى فلياتنا بسرعة كما في الروح ۱۲۔ ۵؎ **قوله في** حين اس وقت کی اشارة الى كون حين مفعولا كما في الروح عن الكشاف ۱۲۔ ۶؎ **قوله في** وجوههم سامنے اشارة الى كو خا بعمنى القدام والخلف كما في الروح وفيه ايضا ان التخصيص بالذكر لكونهما اشهر الجوانب واستلزم الاحاطة بهما للاحاطة بالكل ۱۲۔ ۷؎ **قوله** قبل بل تاتيهم یہ ضرور نہیں اشارة الى ما في الروح عن ابن عطية انه استدراك مقدر قبله نفي والتقدير ان الآيات لا تاتي بحسب اقترادهم بل تاتيهم بغتة وقوله في تاتيهم آگ قال في الروح استظهره في البحر ۱۲۔ ۸؎ **قوله** قبل بل هم عن ذكر ربهم اب بھی قائل الخ اشارة الى كون المذكور استدراكا من مقدر ۱۲۔ ۹؎ **قوله** قبل ولاهم منا نہ وہ آلہہ اشارة الى كون المذكور معطوفاً على نفي مقدر لزم من قوله ام لهم آلهة اى لا تمنعهم آلهة ولا يصحبهم احد سوى الآلهة۔ ۱۰؎ **قوله** قبل بل متعت کچھ خلل نہیں اشارة الى تقدير المستدرك منه ۱۲۔

اللغات: قوله لا يكفون وقوله ردها تغاير هما ظاهر فللذاجي بهما ۱۲ قوله سخروا منهم من هذه صلة كالباء لسخروا۔ قوله يصبحون قال ابن قتيبة اى لا يجرهم منا احد لان المجير صاحب الجار والعرب تقول صحبك الله اى حفظك آه۔

النحو: قوله القسط صفة للموازين والافراد اما لكونها مصدر او وصف به مبالغة او على حذف مضاف اى ذوات القسط ۱۲۔

البلاغة: قوله ساوريكم فيه التفات ۱۲ قوله اذا ما ينذرون هذا التقييد لبيان كمال شدة الصمم فان الانذار عادة تكون باصوات عالية مكررة مقارنة لسينات دالة عليه قوله مستهم نفحة فيه مبالغات ذكر المس وهو دون النفوذ وما في النفخ من معنى النزارة فان اصله هبوب رائحة الشئ وبناء المراة والتنكير وكون من التبعيض ۱۲۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ
وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ ع
رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا
وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا
بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰى
ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾ فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا
لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى
يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ﴿۶۱﴾
قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿۶۲﴾ قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْئَلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۳﴾
فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا
هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْئًا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿۶۶﴾ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا

www.besturdubooks.net

تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَ انْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْنَا

يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾ وَ اَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ﴿۷۰﴾ وَ نَجَّيْنٰهُ

وَ لُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَ وَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ؕ وَ يَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ

وَ كُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَ جَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ

وَ اِقَامَ الصَّلٰوةِ وَ اِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَ كَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ﴿۷۳﴾

اور ہم نے (آپ سے قبل) موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو ایک فیصلہ کی اور روشنی کی اور متقیوں کے لئے نصیحت کی چیز (یعنی توریت) عطا فرمائی تھی جو (متقی) اپنے رب سے بن دیکھے ڈرتے ہیں اور وہ لوگ قیامت سے بھی ڈرتے ہیں اور یہ قرآن بھی ایک کثیر الفائدہ نصیحت (کی کتاب) ہے جس کو ہم نے نازل کیا سو کیا پھر بھی تم اس کے منکر ہو اور ہم نے اس (زمانہ موسوی) سے پہلے ابراہیم علیہ السلام کو ان کی (شان کے مناسب) خوش فہمی عطا فرمائی تھی اور ہم ان کو خوب جانتے تھے (ان کا وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے) جبکہ انہوں نے اپنے باپ سے اور اپنی برادری سے فرمایا کہ یہ کیا (واہیات) مورتیاں ہیں جن کی (عبادت) پر تم جمے بیٹھے ہو وہ لوگ جواب میں کہنے لگے کہ ہم نے اپنے بڑوں کو ان کی عبادت کرتے ہوئے دیکھا ہے ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ بے شک تم اور تمہارے باپ دادے (ان کو لائق عبادت سمجھنے میں) صریح غلطی میں ہو وہ کہنے لگے کہ کیا تم (اپنے نزدیک) سچی بات (سمجھ کر) ہمارے سامنے پیش کرتے ہو یا دل لگی کر رہے ہو ابراہیم نے فرمایا کہ نہیں (دل لگی نہیں) بلکہ تمہارا رب (حقیقی جو لائق عبادت ہے) وہ ہی تمام آسمانوں اور زمین کا رب ہے جس نے ان سب کو پیدا (بھی) کیا اور میں اس (دعویٰ) پر دلیل بھی رکھتا ہوں اور خدا کی قسم میں تمہارے ان بتوں کی گت بناؤں گا جب تم (ان کے پاس سے) چلے جاؤ گے تو (ان کے چلے جانے کے بعد) انہوں نے ان بتوں کو (تیر وغیرہ سے) ٹکڑے ٹکڑے کر دیا بجز ان کے ایک بڑے بت کے شاید وہ لوگ ابراہیم کی طرف (دریافت کرنے کے لئے) رجوع کریں کہنے لگے کہ یہ ہمارے بتوں کے ساتھ کس نے کیا ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ اس نے بڑا ہی غضب کیا بعضوں نے کہا کہ ہم نے ایک نوجوان آدمی کو جس کو ابراہیم کر کے پکارا جاتا ہے ان بتوں کا (برائی سے) تذکرہ کرتے سنا ہے (پھر) وہ لوگ بولے کہ (جب یہ بات ہے) تو اچھا اس کو سب آدمیوں کے سامنے حاضر کرو تاکہ وہ لوگ (اس اقرار کے) کے گواہ ہو جاویں (غرض وہ سب کے روبرو آئے) ان لوگوں نے کہا کہ کیا ہمارے بتوں کے ساتھ تم نے یہ حرکت کی اے ابراہیم انہوں نے (جواب میں) فرمایا کہ نہیں بلکہ ان کے اس بڑے (گرو) نے کی سو ان (ہی) سے پوچھ لو (نا) اگر یہ بولتے ہوں۔ اس پر وہ لوگ اپنے جی میں سوچے پھر آپس میں کہنے لگے کہ حقیقت میں تم ہی لوگ ناحق پر ہو (کہ) جو ایسا عاجز ہے کیا معبود ہوگا پھر (شرمندگی کے مارے) اپنے سروں کو جھکا لیا (اور یہ بولے کہ) اے ابراہیم تم کو تو یہ معلوم ہی ہے) کہ یہ بت کچھ بولتے نہیں ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ تو کیا خدا کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت کرتے ہو جو تم کو نہ کچھ نفع پہنچا سکے اور نہ کچھ نقصان پہنچا سکے تف ہے تم پر (کہ باوجود وضوح حق کے باطل پر مصر ہو) اور ان پر جن کو تم خدا کے سوا پوجتے ہو کیا تم (اتنا بھی) نہیں سمجھتے۔ آپس میں وہ لوگ کہنے لگے کہ ان کو آگ میں جلاؤ اور معبودوں کا (ان سے) بدلہ لو اگر تم کو کچھ کرنا ہے (جب انہوں نے متفق ہو کر آگ میں ڈال دیا تو اس وقت) ہم نے آگ کو حکم دیا کہ اے آگ تو ٹھنڈی اور بے گزند ہو جا ابراہیم کے حق میں اور ان لوگوں نے ان کے ساتھ برائی کرنا چاہی تھی سو ہم نے ان ہی لوگوں کو ناکام کر دیا اور ہم نے ابراہیم کو اور (ان کے برادر زادے) لوط کو ایسے ملک (یعنی شام) کی طرف بھیج کر بچا لیا جس میں ہم نے دنیا جہاں والوں کے واسطے (خیر و) برکت رکھی ہے اور (ہجرت کے بعد) ہم نے ان کو اسحٰق بیٹا اور یعقوب پوتا عطا کیا اور ہم نے ان سب کو (اعلیٰ درجہ کا) نیک کیا اور ہم نے ان کو مقتدا بنایا کہ ہمارے حکم سے وہ (خلق کو) ہدایت کیا کرتے تھے اور ہم نے ان کے پاس نیک کاموں کے کرنے کا اور (خصوصاً) نماز کی پابندی کا اور زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم بھیجا اور وہ (حضرات) ہماری عبادت (خوب) کیا کرتے تھے۔

تفسیر ربط: شروع سورت سے یہاں تک توحید اور رسالت کا زیادہ اور اس کے ضمن میں اس کے تعلق سے مخالفین رسل کا آخرت میں عموماً معذب ہونا اور بعض کا دنیا میں بھی ہلاک ہونا مذکور تھا آگے بعض حضرات انبیاء علیہم السلام کے قصص بیان فرمانے سے انہی مضامین کی تائید فرماتے ہیں رسالت کی تائید تو ان کے رسول ہونے سے ظاہر ہے اور توحید کی تائید ان کے داعی الی التوحید ہونے سے اور تعذیب کی تائید ان کی بعض امم کی ہلاکت سے۔

قصہ عطائے کتاب بموسیٰ و ہارون علیہما السلام ☆ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ (الی قولہ تعالیٰ) اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾ اور ہم نے (آپ کے قبل) موسیٰ اور ہارون علیہما السلام) کو ایک فیصلہ کی اور روشنی کی اور متقیوں کے لئے نصیحت کی چیز (یعنی توریت) عطا فرمائی تھی جو (متقی) اپنے رب

www.besturdubooks.net

سے بن دیکھے ڈرتے ہیں اور خدا ہی سے ڈرنے کے سبب) وہ لوگ قیامت سے (بھی ڈرتے ہیں (کیونکہ قیامت میں اسی کا خوف ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ناراضی اور سزا نہ ہونے لگے) اور (جیسے ان کو وہ کتاب ہم نے دی تھی اسی طرح) یہ (قرآن بھی) ایک کثیر الفائدہ نصیحت (کی کتاب) ہے جس کو ہم نے نازل کیا سو کیا (بعد اس کے کہ تنزیل کتب کا عادۃ اللہ ہونا معلوم ہو گیا اور خود اس کا منزل ہونا دلیل سے ثابت ہے) پھر بھی تم اس کے (منزل من اللہ ہونے کے) منکر ہو۔

قصہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ☆ وَلَقَدْ اٰتَیْنَآ اِبْرٰهِیْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِیْنَ (الی قولہ تعالی) وَ كَانُوْا لَنَا عٰبِدِیْنَ اور ہم نے اس (زمانہ موسوی) سے پہلے ابراہیم (علیہ السلام) کو ان کی (شان کے مناسب[۱]) خوش فہمی عطا فرمائی تھی اور ہم ان (کے کمالات علمیہ وعملیہ) کو خوب جانتے تھے (یعنی وہ بڑے کامل تھے خواہ بالقوۃ واستعدادا قبل عطائی رشد یا بالفعل بعد عطائی رشد ان کا وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے) جب کہ انہوں نے اپنے باپ سے اور اپنی برادری سے (ان کو عبادت اصنام میں مشغول دیکھ کر) فرمایا کہ کیا (واہیات[۲]) مورتیں ہیں جن (کی عبادت) پر تم جمے بیٹھے ہو (یعنی یہ ہرگز قابل عبادت نہیں) وہ لوگ (جواب میں) کہنے لگے کہ ہم نے اپنے بڑوں کو ان کی عبادت کرتے ہوئے دیکھا ہے (اور وہ لوگ عاقل تھے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مورتیں لائق عبادت کے ہیں ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا کہ بیشک تم اور تمہارے باپ دادے (ان کو لائق عبادت سمجھنے میں) صریح غلطی میں (مبتلا) ہو (یعنی خود ان ہی کے پاس ان کی معبودیت کی کوئی دلیل اور سند نہیں ہے وہ تو اس لئے ضلال میں ہیں اور تم ایسوں کی تقلید کرتے ہو جن کا متمسک بالدلیل ہونا ثابت نہیں اس لئے تم ضلال میں ہو چونکہ ان لوگوں نے ایسی بات کبھی سنی نہ تھی نہایت متعجب[۳] ہو کر) وہ لوگ کہنے لگے کہ کیا (اپنے نزدیک[۴]) سچی بات (سمجھ کر) ہمارے سامنے پیش کر رہے ہو یا (یوں ہی) دل لگی کر رہے ہو ابراہیم (علیہ السلام) نے فرمایا کہ نہیں (دل لگی نہیں بلکہ سچی بات ہے اور صرف میرے ہی نزدیک نہیں بلکہ واقع میں بھی سچی بات بھی ہے کہ یہ عبادت کے قابل نہیں) بلکہ تمہارا رب (حقیقی جو لائق عبادت ہے) وہ ہے جو تمام آسمانوں کا اور زمین کا رب ہے جس نے (علاوہ تربیت کے) ان سب (آسمانوں اور زمین اور ان میں جو مخلوق ہے جس میں یہ اصنام بھی داخل ہیں سب) کو پیدا (بھی) کیا اور میں اس (دعویٰ) پر دلیل[۵] بھی رکھتا ہوں (تمہاری طرح کورانہ تقلید سے تمسک نہیں کرتا) اور خدا کی قسم میں تمہارے ان بتوں کی گت[۶] بناؤں گا جب تم (ان کے پاس سے) چلے جاؤ گے (تاکہ ان کا عاجز اور درماندہ ہونا زیادہ مشاہدہ میں آ جاوے ان لوگوں نے یہ سمجھ کر کہ یہ اکیلے ہمارے مخالف کارروائی کیا کر سکتے ہیں کچھ التفات نہ کیا ہوگا اور چلے گئے) تو (ان کے چلے جانے کے بعد) انہوں نے ان بتوں کو (تبر وغیرہ سے توڑ پھوڑ کر) ٹکڑے ٹکڑے کر دیا بجز ان کے ایک بڑے بت کے (جو جثہ میں یا ان لوگوں کی نظر میں معظم ہونے میں بڑا تھا کہ اس کو چھوڑ دیا جس سے ایک قسم کا استہزاء مقصود تھا کہ ایک کے سالم اور دوسروں کے قطع برید سے ایہام ہوتا ہے کہ کہیں اسی نے تو سب کی خبر نہیں لی پس ابتداء تو ایہام ہے پھر جب وہ لوگ قطع و برید کرنے والے کی تحقیق کریں گے اور اس صنم کبیر پر احتمال بھی نہ کریں گے تو ان کی طرف سے اس کے عجز کا بھی اعتراف ہو جاوے گا اور حجت اور لازم تر ہو جاوے گی پس انتہاء یہ الزام وافحام ہے اور مقصود مشترک اثبات عجز ہے بعض کا انکار سے اور ایک کا ان کے اقرار سے غرض ایک کو اس مصلحت سے چھوڑ کر سب کو توڑ دیا) کہ شاید وہ لوگ ابراہیم کی طرف دریافت کرنے کے طور پر) رجوع کریں (اور پھر وہ تقریر جواب سے مکرر بوجہ ابلغ احقاق حق کر سکیں۔ غرض وہ لوگ جو بت خانہ میں آئے تو بتوں کی بری گت دیکھی آپس میں) کہنے لگے کہ یہ (بے ادبی کا کام) ہمارے بتوں کے ساتھ کس نے کیا ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ اس نے بڑا ہی غضب کیا (یہ بات ایسے لوگوں نے پوچھی جن کو اس قول کی اطلاع نہ تھی تاللہ لاکیدن الخ یا تو اس وجہ سے کہ وہ اس وقت موجود نہ ہوں گے کیونکہ اس مناظرہ کے وقت تمام قوم کا مجتمع ہونا ضرور نہیں اور یا موجود ہوں مگر سنا نہ ہو اور بعضوں نے سن لیا ہو کذا فی الدر المنثور عن ابن مسعود نحوا منہ) بعضوں[۷] نے کہا (جن کو اس قول کا علم تھے) کہ ہم نے ایک نوجوان آدمی کو جس کو ابراہیم کر کے پکارا جاتا ہے ان بتوں کا (برائی کے ساتھ) تذکرہ کرتے سنا ہے (پھر) وہ (سب) لوگ (یا جنہوں نے اول استفسار کیا تھا) بولے کہ (جب یہ بات ہے) تو اچھا اس کو سب آدمیوں کے سامنے حاضر کرو تاکہ (شاید وہ اقرار کر لے اور) وہ لوگ (اس کے اقرار کے) گواہ ہو جائیں (پھر سزا حجت سے دی جاوے جس پر کوئی ملامت نہ کرے غرض سب کے روبرو وہ آئے اور ان سے) ان لوگوں نے کہا کہ کیا ہمارے بتوں کے ساتھ تم نے یہ حرکت کی ہے اے ابراہیم انہوں نے (جواب میں) فرمایا کہ تم (یہ احتمال کیوں نہیں فرض کرتے کہ یہ حرکت میں) نہیں (کی) بلکہ ان کے اس بڑے (گرو) نے کی (اور جب اس کبیر[۸] میں فاعل ہونے کا احتمال ہو سکتا ہے تو ان صغار میں ناطق ہونے کا احتمال بھی ہوگا) سو ان (ہی) سے پوچھ لو (نا) اگر یہ بولتے ہوں (اور اگر یہ شق احتمال فاعلیت وناطقیت کی باطل ہے تو عجز ان کا تمہارے نزدیک مسلم ہو گیا پھر اعتقاد الوہیت کی کیا وجہ) اس پر وہ لوگ اپنے جی میں سوچے[۹] پھر (آپس میں) کہنے لگے کہ حقیقت میں تم ہی لوگ ناحق پر ہو (اور ابراہیم حق پر ہے کہ جو ایسا عاجز ہو وہ کیا معبود ہوگا) پھر (شرمندگی[۱۰] کے مارے) اپنے سروں کو جھکا لیا (اور ابراہیم علیہ السلام سے نہایت مغلوبانہ لہجہ میں بولے کہ) اے ابراہیم تم کو تو معلوم ہی ہے کہ یہ بت (کچھ) بولتے (وولتے) نہیں (ہم ان سے کیا پوچھیں اور اس سے فاعلیت کبیر کی نفی بدرجہ اولیٰ ہو گئی اس وقت) ابراہیم (علیہ السلام) نے (خوب خبر لی اور) فرمایا کہ (افسوس جب یہ ایسے ہیں) تو

www.besturdubooks.net

کیا خدا کو چھوڑ کر تم ایسی چیز کی عبادت کرتے ہو جو تم کو نہ کچھ نفع پہنچا سکے اور نہ (بالمباشرۃ) کچھ نقصان پہنچا سکے (گو تسبیباً ضرر رسانی یقینی ہے کہ سبب کفر و تعذیب ہے) تف ہے تم پر (کہ باوجود وضوح حق کے باطل پر مصر ہو) اور ان پر (بھی) جن کو تم خدا کے سوا پوجتے ہو کیا تم (اتنا بھی) نہیں سمجھتے (اس تمام تر تقریر سے خصوص اس سے کہ توڑنے پھوڑنے سے انکار نہیں فرمایا باوجودیکہ احتمال انتقام مقتضی انکار کو تھا ان کو ثابت ہو گیا کہ یہ کام ان ہی کا ہے اور تقریر کا کچھ جواب بن نہ آیا تو بمقتضائے اس قول کے کہ۔

چو حجت نماند جفا جوئے را ☆ بہ پرخاش درہم کشد روئے را

یعنی جب جاہل جواب نہ رکھتا ہو اور قدرت رکھتا ہو تو برسرپیکار آ جاتا ہے۔ آپس میں) وہ لوگ کہنے لگے کہ ان (ابراہیم) کو آگ میں جلا دو اور اپنے معبودوں کا (ان سے) بدلہ لو اگر تم کو کچھ کرنا ہے (تو یہ کام کرو[1] ورنہ بالکل ہی بات ڈوب جاوے گی غرض سب نے متفق ہو کر اس کا سامان کیا اور ان کو آتش سوزاں میں ڈال دیا اس وقت) ہم نے (آگ کو) حکم دیا کہ اے آگ تو ٹھنڈی اور بے گزند[2] ہو جا ابراہیم کے حق میں (یعنی نہ سوزاں رہ کہ گزند حرارت کا پہنچے اور نہ بہت یخ ہو جا کہ گزند برودت کا پہنچے بلکہ مثل ہوائے معتدل کے بن جا چنانچہ ایسا ہی ہو گیا) اور ان لوگوں نے ان کے ساتھ برائی کرنا چاہا تھا (کہ ہلاک ہو جاویں گے) سو ہم نے ان ہی لوگوں کو ناکام کر دیا (کہ ان کا مقصود حاصل نہ ہوا بلکہ اور بالعکس حقانیت ابراہیم علیہ السلام کا زیادہ ثبوت ہو گیا) اور ہم نے ابراہیم کو اور (ان کے) برادر زادہ کذا فی الدر المنثور عن ابن عباسؓ) کو لوط (علیہ السلام) کو (کہ انہوں نے برخلاف قوم کے ابراہیم علیہ السلام کی تصدیق کی تھی قال تعالیٰ: فامن له لوط اور اس وجہ سے لوگ ان کے بھی مخالف اور درپے تھے) ایسے ملک (یعنی شام) کی طرف بھیج کر (کافروں کے شر و ایذا سے) بچا لیا جس میں ہم نے دنیا جہان والوں کے واسطے (خیر و) برکت رکھی ہے (دنیوی بھی کہ فواکہ و حبوب بکثرت پیدا ہوتے ہیں اور دوسرے[1] لوگ بھی اس سے منتفع ہو سکتے ہیں اور دینی بھی کہ بکثرت وہاں انبیاء علیہم السلام ہوئے جن کے شرائع کی برکت دور دور عالم میں پھیلی یعنی انہوں نے ملک شام کی طرف باذن الٰہی ہجرت فرمائی) اور (ہجرت کے بعد) ہم نے ان کو اسحٰق (بیٹا) اور یعقوب پوتا[2] عطا کیا اور ہم نے ان سب (باپ بیٹے پوتے) کو (اعلیٰ درجہ کا) نیک کیا (اعلیٰ درجہ کی نیکی کا مصداق عصمت ہے جو بشر میں خواص نبوت سے ہے پس مراد یہ کہ ان سب کو نبی بنایا) اور ہم نے ان (سب) کو مقتدا بنایا (جو کہ لوازم نبوت سے ہے) کہ ہمارے حکم سے (خلق کو) ہدایت کیا کرتے تھے (کہ مناصب نبوت سے ہے) اور ہم نے ان کے پاس نیک کاموں کے کرنے کا اور (خصوصاً) نماز کی پابندی کا اور زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم بھیجا (یعنی یہ حکم بھیجا کہ ان کاموں کو کیا کرو) اور وہ (حضرات) ہماری (خوب) عبادت کیا کرتے تھے (یعنی) ان کو جو حکم ہوا تھا اس کو اچھی طرح بجا لاتے تھے پس صالحین میں کمال نبوت کی طرف اور وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ میں کمال علم کی طرف اور وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۝ میں کمال عمل کی طرف اور اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ میں تکمیل للغیر کی طرف اشارہ کافیہ ہے) **ف**: آیت: لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ کی جو تقریر کی گئی ہے اس سے ان لوگوں کا استدلال باطل ہو گیا جو تقلید مشروع کی نفی ایسی آیتوں سے کیا کرتے ہیں اور وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ میں کورانہ تقلید سے وہی تقلید مراد ہے جس کی نفی آیت بالا میں ہوئی ہے اور قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ کی جو تقریر کی گئی ہے اس سے معلوم ہو گیا ہو گا کہ یہ صدق محض ہے مگر چونکہ اس مضمون کے علی سبیل الفرض ہونے پر محض قرینہ مقامیہ دال ہے کوئی قرینہ مقالیہ دال نہیں جیسا هذا ربی میں بھی ایسا ہی ہے اس لئے حدیث میں صورۃ اس پر مجازاً کذب کا اطلاق آیا ہے اور اس آتش ابراہیمی میں چند احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ اس میں حرارت و احراق نہ رہا ہو اور اضاءۃ و اشراق رہا ہو دوسرے یہ کہ ہیئت آگ ہی کی رہی ہو مگر حقیقت اس کی منقلب ہو گئی مثلاً ہوا بن گئی ہو۔ تیسرے یہ کہ آگ ہی رہی ہو مگر موذی نہ رہی ہو اور ظاہر علی ابراہیم کی قید سے احتمال ثالث ہے گو خارق ہر حالت میں ہے اور اس بت شکنی کے قصہ سے کوئی شخص اس مسئلہ فقہیہ پر شبہ نہ کرے کہ ذمی کے بت کا ضمان توڑنے والے پر لازم آتا ہے کیونکہ وہ مسئلہ ذمی کے لئے ہے اور یہ لوگ ذمی نہ تھے اور وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ۝ میں بعض نے لوط علیہ السلام کو بھی داخل کیا ہے سو یہاں ان کا ذکر تبعاً تھا اور آگے استقلالاً پس تکرار نہ ہو گا اور یہ سلامت رہنا ابراہیم علیہ السلام کا اگر باوجود بقاء جرم نار کے ہے تب تو معجزہ عظیمہ ہونا ظاہر ہے اور اگر اطفائے نار کی حالت میں ہے تو اولاً دفعۃً اطفاء ایسی نار عظیمہ کا خود ایک معجزہ عظیمہ ہے ثانیاً بعد اطفاء کے بھی بقائے اثر یعنی حرارت شدیدہ کا بہت عرصہ تک ضروری طبعی ہے ایسی حالت میں سلامت رہنا بھی معجزہ ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ روح المعانی میں من قبل کی تفسیر میں ہے قبل البلوغ اور بقول بعض قبل الولادۃ جب کہ صلب آدم علیہ السلام میں تھے تو اس تفسیر پر آیت میں اس پر دلالت ہے کہ اساس اول استعداد اور فطرت ہے اور یہ اس درجہ کی قوت رکھتی ہے کہ استعداد ایتاء کو ایتاء سے تعبیر فرما دیا (گویا وہ قوت بجائے فعل کے ہے ۱۲) قولہ تعالیٰ: مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الخ چونکہ تماثیل اصنام کے ساتھ خاص نہیں اور اسی طرح عکوف بھی پرستش کے ساتھ خاص نہیں چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے شطرنج کھیلنے والوں پر اسی آیت سے رد فرمایا اس لئے اس آیت سے مولانا شہید رحمۃ اللہ علیہ نے اس

www.besturdubooks.net

تصور شیخ کے منکر ہونے پر استدلال فرمایا ہے جو غلاۃ صوفیہ میں متعارف ہے باقی جس میں نہ مقصودیں مستقلہ ہو اور نہ اس پر عکوف ہو بلکہ مثل دوسرے محبوبات کے غلبہ محبت کے وقت اس کا خیال کرنے لگے اور جب وہ ذہن سے غائب ہونے لگے اس کے ابقاء کا اہتمام نہ کرے تو کچھ حرج نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ الخ آیت ان لوگوں کی بدحالی کا اظہار کرتی ہے جو اپنے دنیوی یا دینی اکابر کے اتباع میں غلو کرتے ہیں جیسا کہ کثرت سے جہلاء کا شعار ہے۔ قولہ تعالیٰ: بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا بعض بزرگوں سے کسی مصلحت دینیہ کے سبب تو یہ منقول ہے یہ آیت اس کی اصل ہے۔ قولہ تعالیٰ: اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ بعض بزرگوں کی عادت ہے کہ مبغوضین فی اللہ کے ساتھ سختی سے پیش آتے ہیں یہ آیت اس کی اصل ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِیْ الخ بعض بزرگوں سے بھی ایسی کراماتیں منقول ہیں وہ اس قصہ کی نظیر ہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِیْ الخ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ مخالف فریق سے ہجرت کر کے موافق کی طرف جاملنا انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے اور یہ توکل کے منافی نہیں ۱۲۔

الحواشی: (۱) یہ برکت شام کی دوسرے اہل عالم کے لئے ہے ۱۲ منہ۔ (۲) وعلیہ جمہور المحققین کما فی النیسابوری ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی رشده مناسب افاده الاضافة ۱۲۔ ۲ قوله فی ما هذه واهيات اشارة الى كون الاستفهام للتحقير ۱۲۔ ۳ قوله فی اجئتنا متعجب اشارة الى كون الاستفهام ناشيا من التعجب ۱۲۔ ۴ قوله فی بالحق اپنے نزدیک لانهم لم يكونوا مترددين ۱۲۔ ۵ قوله فی الشهدين دلیل لان الشاهد يكون على دليل من المشاهدة ونحوها ۱۲۔ ۶ قوله فی اكيدن گت حمل على المجاز من الاجتهاد فی الكسر لان المعنى الحقيقی من الاحتيال مستبعد لما بينه وبين الاظهار عندهم من التضاد ۱۲۔ ۷ قوله فی قالوا سمعنا بعضوں بقرينة المقام ۱۲۔ ۸ قوله قبل فاسئلوهم جب اس کبیر میں الخ وبه ظهر توجيه الفاء فی فاسئلوهم ۱۲۔ ۹ قوله فی فرجعوا سوچنے لگے فی الروح فتفكروا وتدبروا او تذكروا الخ۔ ۱۰ قوله فی ثم نكسوا شرمندگی كذا اختاره فی الروه ناقلا عن الزمخشری ۱۲۔ ۱۱ قوله فی ان كنتم فعلين یہ کام کرو اشارة الى تقدير الجواب ۱۲۔ ۱۲ قوله فی سلاما بے گزند اشارة الى حذف المضاف ای ذات سلامة ۱۲۔ ۱۳ قوله فی نافلة پوتا كذا فی الدر المنثور ۱۲۔

فائدہ: فی الروح كان القياس ان يذكر نوح ثم ابراهيم ثم موسٰى عليهم السلام لكن روعی فی ذلك ترشح التسلی والتاسی فقد ذكر موسٰى عليه السلام لان حاله وما قاساه من قومه وكثرة آياته وتكاثف امة اشبه بمحال نبينا صلى الله عليه وسلم ثم ثنی بذكر ابراهيم عليه السلام وقبل من قبل لهذا ای كون ذكر الانبياء عليهم السلام للتاسی الا ترى الى قوله تعالٰى ونوحاً اذ نادىٰ من قبل ای قبل هؤلاء المذكورين وقيل من قبل ابراهيم ولوط انتهى اقول قوله اشبه الخ لعل الاتيان بقوله تعالٰى هذا ذكر بعد قوله لقد اٰتينا موسٰى لهذا فافهم والله اعلم فقط۔

اللغات: قوله التمثال الصورة المصنوعة مشبهة بمخلوق من مخلوقات الله تعالٰى من مثلت الشئ بالشئ اذا شبهت به آه قوله جذاذا فعال بمعنى المفعول قوله اف صوت ثم صار اسم فعل بمعنى اتضجر وفی اللغات كثيرة واللام لبيان المتأفف له اه۔

النحو: قوله افتعبدون ای اتعلمون ذلك فتعبدون۔ قوله افلا تعقلون تقديره الا تتفكرون فلا تعقلون ۱۲۔

البلاغۃ: قوله الفرقان وضياء وذكرا هذا من عطف وصفه على صفة والصفات كلها متلازمة فلا يردان وصف التوراة بصفات ووصف القرآن بصفة واحدة يوهم كون التوراة افضل من القرآن واما تنكير ضياء وذكر فلعدم الحاجة الى التعريف بعد تعيين مصداقهما بتعريف الفرقان فلذا عرف الفرقان ونكر ما بعده والله اعلم ۱۲۔ قوله لها عاكفون اما بمعنى على لانها صلة العكوف او للتبيين قوله جعلهم اتى بجمع العقلاء تنزيلها لها منزلتهم على زعم هؤلاء قوله يقال له ابراهيم كون المفرد مقولا اذا اريد به اللفظ منقول فی الروح عن الزمخشری ۱۲۔

وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِیْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ۝۷۴

ع وَاَدْخَلْنٰهُ فِیْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝۷۵ وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ

الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝۷۶ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۷۷

اور لوط علیہ السلام کو ہم نے حکمت اور علم (جو شان انبیاء کے مناسب ہوتا ہے) عطا فرمایا اور ہم نے ان کو اس بستی سے نجات دی جس کے رہنے والے گندے گندے کام کیا

www.besturdubooks.net

کرتے تھے بلاشبہ وہ لوگ بڑے بدذات بدکار تھے اور ہم نے لوط کو اپنی رحمت میں داخل کیا (کیونکہ) بلاشبہ وہ بڑے نیکوں میں سے تھے اور نوح علیہ السلام کے قصے کا تذکرہ کیجئے جو کہ اس (زمانہ ابراہیمی) سے (بھی) پہلے انہوں نے دعا کی سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کے تابعین کو بڑے بھاری غم سے نجات دی کہ ہم نے ایسے لوگوں سے ان کا بدلہ لیا جنہوں نے ہمارے حکموں کو (جو کہ نوح علیہ السلام لائے تھے) جھوٹا بتلایا تھا بلاشبہ وہ لوگ بہت برے تھے اسلئے ان سب کو ہم نے غرق کر دیا۔

تفسیر: قصہ حضرت لوط علیہ السلام ☆ وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ اور لوط (علیہ السلام) کو ہم نے حکمت اور علم (جو شان انبیاء کے مناسب ہوتا ہے) عطا فرمایا اور ہم نے ان کو اس بستی سے نجات دی جس کے رہنے والے گندے گندے کام کیا کرتے تھے (جن میں سب سے بدتر لواطت تھی اور بھی بعض افعال شنیعہ کے وہ لوگ معتاد تھے۔ ڈھیلے پھینکنا' کبوتر بازی' گانا بجانا' شراب خوری کرنا' داڑھی کٹانا' سیٹی بجانا' ریشمی لباس پہننا اخرجہ اسحق بن بشیر والخطیب وابن عساکر عن الحسن مرفوعًا کذا فی الروح) بلاشبہ وہ لوگ بڑے بدکار تھے اور ہم نے لوط کو اپنی رحمت میں (یعنی جن بندوں پر رحمت ہوتی ہے ان میں) داخل کیا (کیونکہ) بلاشبہ وہ بڑے (درجہ کے) نیکوں میں سے تھے (بڑے درجہ کے نیک سے مراد معصوم جو لوازم نبوت سے ہے) **ف**: ہرچند کہ ان کے کئی قریئے تھے لیکن چونکہ ان میں اصل پر گناہ ایک تھا اور بقیہ اس کے تابع تھے اس لئے اسی کے ذکر پر اکتفا فرمایا جس سے تبعاً سب کا حال معلوم ہو گیا اور بعض نے خبائث کی تفسیر صرف لواطت سے کی ہے اور جمع لانا اس لئے ہوگا کہ متعدد فاعل کے افعال متعدد ہوں گے اور نَجَّيْنٰهُ میں اشارہ ہے قوم کے معذب ہونے کی طرف اور اِنَّهُمْ كَانُوْا الخ معناً اسی کی علت ہو جاوے گی اور ممکن ہے کہ تعمل الخبائث کی علت ہو چونکہ ان میں بدذاتی اور فسق یعنی حکم عدولی راسخ تھی اس لئے عامل خبائث تھی۔

قصہ نوح علیہ السلام ☆ وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ (الی قولہ تعالی) فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ اور نوح (علیہ السلام کے قصہ) کا تذکرہ کیجئے جب کہ اس (زمانہ ابراہیمی) سے (بھی) پہلے انہوں نے (اللہ تعالیٰ سے) دعا کی (کہ ان کافروں سے میرا بدلہ لیجئے) سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو اور ان کے تابعین کو بڑے بھاری غم سے (جو تکذیب اور ایذائے کفار کی وجہ سے ان کو پیش آتا تھا) نجات دی اور (نجات اس طرح دی کہ) ہم نے ایسے لوگوں سے ان کا بدلہ لیا جنہوں نے ہمارے حکموں کو (جو کہ نوح علیہ السلام لائے تھے) جھوٹا بتایا تھا بلاشبہ وہ لوگ بہت برے تھے اس لئے ہم نے ان سب کو غرق کر دیا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ حق تعالیٰ اپنے مقبولین کا مخذولین سے انتقام لیتا ہے اور اس سے زیادہ صریح اس مضمون میں یہ آیت ہے جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ [القمر: ۱۴] انتہی القول ۱۲۔

اللغات: الکرب الغم الشدید کذا فی الروح قولہ نصرنٰہ فی الروح المتعدی بعلی یدل علی مجر الاعانۃ والمتعدی بمن یدل علی استباع ذلک للانتقام من العدو والانتصار ۱۲۔

النحو: لوطًا معمول لآتینا المقدر یفسرہ آتیناہ قولہ فی رحمتنا ھو علی حذف المضاف ای اھل رحمتنا قولہ نوحًا معمول لا ذکر المقدر ویقدر قبلہ مضاف بنبا نوح واذ بدل من النبا ۱۲۔

وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ﴿۷۸﴾
فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۫ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا
فٰعِلِيْنَ ﴿۷۹﴾ وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ
الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ
مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۲﴾

اور داؤد اور سلیمان علیہما السلام کے قصہ کا تذکرہ کیجئے جبکہ دونوں کسی کھیت کے بارے میں فیصلہ کرنے لگے جبکہ اس (کھیت) میں کچھ لوگوں کی بکریاں رات کے وقت جا پڑیں اور اس کو چر گئیں اور ہم اس فیصلہ کو جو لوگوں کے متعلق ہوا تھا دیکھ رہے تھے سو ہم نے اس فیصلہ کی سمجھ سلیمان کو دی اور یوں ہم نے دونوں کو حکمت اور علم عطا فرمایا تھا اور ہم نے داؤد کے ساتھ تابع کر دیا تھا پہاڑوں کو کہ (ان کی تسبیح کے ساتھ) وہ تسبیح کیا کرتے تھے اور پرندوں کو بھی اور کرنے والے ہم تھے اور ہم نے ان کو زرہ (بنانے) کی صنعت تم لوگوں کے (نفع کے) واسطے سکھلائی تا کہ وہ (زرہ) تم کو لڑائی (میں) ایک دوسرے کی زد سے بچائے سو تم شکر کرو گے بھی یا نہیں اور ہم نے سلیمان کا زور کی ہوا

www.besturdubooks.net

کوتابع بنادیا تھا کہ وہ انکے حکم سے اس سرزمین کی طرف چلتی جس میں ہم نے برکت رکھی ہے (مراد ملک شام ہے) اور ہم ہر چیز کو جانتے ہیں اور بعضے بعضے شیطان ایسے تھے کہ سلیمان کے لئے (دریاؤں میں غوطہ لگاتے تھے تاکہ موتی نکال کر لائیں) اور وہ اور کام بھی اس کے علاوہ کیا کرتے تھے اور ان کے سنبھالنے والے ہم تھے۔

تفسیر: قصہ داؤد وسلیمان علیہما السلام ☆ وَدَاوٗدَ وَ سُلَيْمٰنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ اور داؤد اور سلیمان (علیہما السلام کے قصہ) کا تذکرہ کیجئے جبکہ دونوں (حضرات) کسی کھیت کے بارہ میں (جس میں غلہ تھا یا انگور کے درخت تھے کذا فی الدر المنثور) فیصلہ کرنے لگے جبکہ اس (کھیت) میں کچھ لوگوں کی بکریاں رات کے وقت جا پڑیں (اور اس کو چر گئیں) اور ہم اس فیصلہ کو جو (مقدمہ والے) لوگوں کے متعلق ہوا تھا دیکھ رہے تھے سو ہم نے اس فیصلہ (کی آسان صورت) کی سمجھ سلیمان کو دے دی اور (یوں) ہم نے دونوں (ہی) کو حکمت اور علم عطا فرمایا تھا (یعنی داؤد علیہ السلام کا فیصلہ بھی خلاف شرع نہ تھا۔ صورت مقدمہ کی یہ تھی کہ جس قدر کھیت کا نقصان ہوا تھا اس کی لاگت بکریوں کی قیمت کے برابر تھی۔ داؤد علیہ السلام نے ضمان میں کھیت والے کو وہ بکریاں دلوادیں اور اصل قانون شرعی کا یہی مقتضا تھا جس میں مدعی یا مدعیٰ علیہ کی رضا کی شرط نہیں مگر چونکہ اس میں بکری والوں کا بالکل ہی نقصان ہوتا تھا اس لئے سلیمان علیہ السلام نے بطور مصالحت کے جو کہ موقوف تھی تراضی جانبین پر یہ صورت جس میں دونوں کی سہولت اور رعایت تھی تجویز فرمائی کہ چندروز کے لئے بکریاں تو کھیت والے کو دے دی جاویں کہ ان کے دودھ وغیرہ سے اپنا گزر کرے اور بکری والوں کو وہ کھیت سپرد کیا جاوے کہ اس کی خدمت آبپاشی وغیرہ سے کریں جب کھیت پہلی حالت پر آ جاوے کھیت اور بکریاں اپنے اپنے مالک کو دے دی جاویں **کذا فی الدر المنثور عن مرة وابن مسعود ومسروق وابن عباس ومجاهد وقتادة والزهري** پس اس سے معلوم ہو گیا کہ دونوں فیصلوں میں کوئی تعارض نہیں کہ ایک کی صحت دوسرے کی عدم صحت کو مقتضی ہو اس لئے وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا بڑھا دیا گیا) اور (یہاں تک تو کرامت عامہ کا ذکر تھا جو دونوں حضرات میں مشترک تھی آگے دونوں حضرات کی خاص خاص کرامتوں کا بیان ہے) ہم نے داؤد (علیہ السلام) کے ساتھ تابع کر دیا تھا پہاڑوں کو کہ (ان کی تسبیح کے ساتھ) وہ (بھی) تسبیح کیا کرتے تھے اور (اسی طرح) پرندوں کو بھی (جیسا سورۂ سبا میں ہے يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ [سبا: ۱۰]) اور (کوئی اس بات کا تعجب نہ کرے کیونکہ ان کاموں کے) کرنے والے ہم تھے (اور ہماری قدرت کا عظیم ہونا ظاہر ہے پھر ان خوارق میں تعجب ہی کیا ہے) اور ہم نے ان کو زرہ (بنانے) کی صنعت تم لوگوں کے (نفع کے) واسطے سکھلائی (یعنی) تاکہ وہ (زرہ) تم کو (لڑائی میں) ایک دوسرے کی زد سے بچائے (اور اس نفع عظیم کا مقتضا یہ ہے کہ تم شکر کرو) سو تم (اس نعمت کا) شکر کرو گے بھی (یا نہیں) اور ہم نے سلیمان (علیہ السلام) کا زور کی ہوا کو تابع بنا دیا تھا کہ وہ ان کے حکم سے اس سرزمین کی طرف کو چلتی جس میں ہم نے برکت کر رکھی ہے (مراد ملک شام ہے **کذا فی الدر عن السدی** جوان کا مسکن تھا **کما روی ویدل علیه عمارته بیت المقدس**۔ یعنی جب ملک شام سے کہیں چلے جاتے اور پھر آتے تو یہ آنا اور اسی طرح جانا بھی ہوا کے ذریعہ سے ہوتا تھا جیسا درمنثور میں بروایت وتصحیح حاکم حضرت ابن عباسؓ سے اس کی کیفیت مروی ہے کہ سلیمان علیہ السلام مع اعیان ملک کی کرسیوں پر بیٹھ جاتے پھر ہوا کو بلا کر حکم دیتے وہ سب کو اٹھا کر تھوڑی دیر میں ایک ایک ماہ کی مسافت قطع کرتی) اور ہم ہر چیز کو جانتے ہیں (پس ہمارے علم میں سلیمان کو یہ چیزیں دینے میں حکمت تھی اس لئے عطا فرمائی) اور بعضے بعضے شیطان (یعنی جن) ایسے تھے کہ سلیمان (علیہ السلام) کے لئے (دریاؤں میں) غوطے لگاتے تھے (تاکہ موتی نکال کر ان کے پاس لاویں) اور وہ اور کام بھی اس کے علاوہ (سلیمان کے لئے) کیا کرتے تھے اور (گو وہ جن بڑے سرکش اور شریر تھے مگر) ان کے سنبھالنے والے ہم تھے (اس لئے وہ چوں نہیں کر سکتے تھے) **ف**: مسئلہ جیسا واقعہ بکریوں کا اس قصہ میں واقع ہوا تھا اگر اب واقع ہو ائمہ شریعت میں اس کا حکم مختلف فیہ ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک یہ تفصیل ہے کہ اگر بکریوں کے ساتھ کوئی سائق وقائد نہ ہو تو اس صورت میں کچھ ضمان لازم نہیں **لما رواه الشيخان ان لعجماء جرحها جبار** اور سنن میں جو روایت ہے **قضی رسول الله صلی الله علیه وسلم علی اهل الاموال بحفظها بالنهار وعلی اهل المواشی بحفظها باللیل**۔ اس کے رجال سند میں کلام ہے اس لئے معارض حدیث صحیحین کی نہیں ہو سکتی نیز حدیث میں ضمان سے تعارض بھی نہیں۔ ممکن ہے کہ یہ وجوب مذکور فی الحدیث دیانۃً ہو جس کے ترک سے اہل مواشی کو گناہ ہو اور گناہ مستلزم ضمان کو نہیں۔ اور اگر کوئی سائق وقائد ہمراہ ہو تو ضمان لازم آوے گا اور چونکہ حرث ذوات القیم سے ہے اس لئے قیمت متلف کی لازم آوے گی۔ البتہ اگر بتراضی قیمت کے بدلے کوئی ذات القیم چیز لے لی جاوے تو جائز ہے فقط اور زرہ اگر اول داؤد علیہ السلام کے ہاتھوں ایجاد ہوئی ہے جیسا جلالین میں ہے اور اس وقت سے پہلے تختیاں سی ہوتی تھیں جیسا درمنثور میں سورۂ سبا کی تفسیر میں قتادہ سے منقول ہے تب تو لکم کے معنی ظاہر ہیں کہ تم لوگ اس ایجاد سے متنفع ہو رہے ہو اور اگر ثابت ہو جاوے کہ پہلے بھی زرہ بنتی تھی تو حسن صنعت ورعایت غایت میں زرہ داؤدی بڑھی ہوئی کہی جاوے گی اس اعتبار سے اس کو زیادہ متنفع بہ ہونے میں دخل ہوگا کما قال تعالیٰ فی سورۃ سبا: اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ [السبا: ۱۱] سو اگر تقدیر سرد پہلے سے جاری ہوتی تو ظاہراً اس ارشاد کی ضرورت نہ ہوتی واللہ اعلم اور بعضوں نے جو تسخیر ریح میں خواہ مخواہ تاویل کی ہے کہ جہاز رانی مراد ہے تو فَسَخَّرْنَا لَهٗ اور تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ الفاظ قرآنیہ واقعہ سورۂ ص اور حاکم کی

www.besturdubooks.net

تصحیح سے جو روایت ضمن ترجمہ میں مذکور ہوء ہے یہ سب ان تاویلات فاسدہ کو دفع کرتی ہیں اور اس آیت میں ریح کو عاصف فرمایا اور سورۂ ص میں رخاء فرمایا تو یا تو سلیمان علیہ السلام کے ارادہ پر اس کا عاصف اور رخاء ہونا تھا یا باعتبار تاثیر فی البدن اور راکب کو حرکت نہ ہونے کے رخاء کی صفت رکھتی تھی اور باعتبار سرعت سیر اور قطع مسافت کے عاصف کا حکم رکھتی تھی اور لفظ شیاطین سے ظاہراً مفہوم ہوتا ہے کہ وہ جن کافر تھے کیونکہ اکثر اس لفظ کا اطلاق کفار جن پر آتا ہے اور عملا دون ذلك سے مراد وہ ہیں جو سورۂ سبا میں ہے: يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِن مَّحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُورٍ رَّاسِيَاتٍ [سبا: ۱۳] اور قصہ داؤد علیہ السلام میں تسخیر سے مراد محض جمعیت واقتداء فی التسبیح ہے نہ یہ کہ ان کے فرمانے سے تسبیح کرتے تھے گو ممکن یہ بھی ہے مگر محتاج دلیل ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوُدَ الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اشیاء تسبیح قالی کرتی تھیں ورنہ داؤد علیہ السلام کی تخصیص اس اعتبار سے ہے کہ داؤد علیہ السلام سنتے بھی تھے۔ قولہ تعالیٰ: وَعَلَّمْنَاهُ صَنْعَةَ الخ اس سے دو مسئلہ ثابت ہوتے ہیں ایک یہ کہ دستکاری سے معاش حاصل کرنا اور دوسری یہ کہ اسباب عادیہ کا استعمال کرنا یہ توکل کے منافی نہیں ہے قولہ تعالیٰ: وَمِنَ الشَّيَاطِينِ مَن يَغُوصُونَ لَهُ اس میں اس قول کی اصل ہے۔ یہ رکہ ترسید از حق و تقویٰ گزید ترسد از وے جن وانس ہر کہ دید اور اگر کہیں تخلف ہو جاوے تو کسی عارض سے ہو جاتا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في لحكمهم لوگوں کے متعلق اشارة الى ان المرجع هم اهل الحرث واهل الغنم والاضافة لادنى ملابسة ولكونهم قد حكم لهم وعليهم فلا حاجة الى ارجاع الضمير الى سليمان و داؤد ثم التكلف في توجيه وهذا من خواص المواهب ولله الحمد ۱۲۔

اللغات: قوله الحرث الزرع ومجازا بمعنى الكرم ۱۲ قوله نفشت هو رعى الماشيه في الليل بغير راع كما ان المهل رعيها في النهار كذلك وكان اصله الانتشار والتفرق اى تفرقت وانتشرت كذا في الروح ۱۲ قوله لبوس الدرع واصله ما يلبس ۱۲۔

لطیفہ: في الروح وفي قصتي داؤد وسليمان عليهما السلام ما يدل على عظيم قدرة الله تعالى قال الامام وتسخيرا كثف الاجسام لداؤد عليه السلام وهو الحجر اذا نطقه الله تعالى بالتسبيح والحديد اذا لانه سبحانه له وتسخير الطف الاجسام لسليمان عليه السلام وهو الريح والشياطين وهم من نار وكانوا يغوصون في الماء فلا يضرهم دليل واضح على باهر قدرته سبحانه واظهار الضد من الضد الخ۔

البلاغۃ: قوله في قصة داؤد سخرنا مع داؤد في قصة سليمان ولسليمان الريح في الروح جي باللام ههنا دون الاولى للدلالة على ما بين التسخيرين من التفات فان تسخير ما سخر له عليه السلام كان بطريق الانقياد الكلى له والامتثال بامره ونهيه بخلاف تسخير الجبال والطير لداؤد عليه السلام فانه كان بطريق التبعية والاقتداء به عليه السلام في عبادة الله عز و جل آه قوله يغوصون له في الروح لما كان الغائص قد يغوص لنفسه ولغيره قيل له للايذان بان لاغوص ليس لانفسهم بل لاجله عليه السلام وقد كان عليه السلام يامرهم فيغوصون في البحار ويستخرجون له من نفائسه آه وبهذا علم ان المراد في يعملون يعملون له ۱۲۔

وَأَيُّوبَ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ﴿٨٣﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهُ فَكَشَفْنَا مَا بِهِ مِن ضُرٍّ ۖ وَآتَيْنَاهُ أَهْلَهُ وَمِثْلَهُم مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِندِنَا وَذِكْرَىٰ لِلْعَابِدِينَ ﴿٨٤﴾ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِدْرِيسَ وَذَا الْكِفْلِ ۖ كُلٌّ مِّنَ الصَّابِرِينَ ﴿٨٥﴾ وَأَدْخَلْنَاهُمْ فِي رَحْمَتِنَا ۖ إِنَّهُم مِّنَ الصَّالِحِينَ ﴿٨٦﴾ وَذَا النُّونِ إِذ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ أَن لَّن نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادَىٰ فِي الظُّلُمَاتِ أَن لَّا إِلَٰهَ إِلَّا أَنتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ الظَّالِمِينَ ﴿٨٧﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ ۚ وَكَذَٰلِكَ نُنجِي الْمُؤْمِنِينَ ﴿٨٨﴾

اور ایوب کا تذکرہ کیجئے جبکہ انہوں نے (بعد مبتلا ہونے مرض شدید) کے اپنے رب کو پکارا کہ مجھ کو یہ تکلیف پہنچ رہی ہے اور آپ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہیں سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو جو تکلیف تھی اس کو دور کر دیا اور (بلا استدعا) ہم نے ان کو ان کا کنبہ عطا فرمایا اور ان کے ساتھ (گنتی میں) ان کے برابر اور بھی اپنی رحمت خاصہ کے سبب سے اور عبادت کرنے والوں کے لئے یادگار رہنے کے سبب سے اور اسمٰعیل علیہ السلام اور ادریس علیہ السلام اور ذوالکفل کا ذکر کیجئے (یہ) اب احکام الٰہیہ پر

www.besturdubooks.net

ثابت قدم رہنے والے لوگوں سے تھے اور ہم نے ان کو اپنی رحمت (خاصہ) میں داخل کر لیا تھا بے شک یہ کمال صلاحیت والوں میں سے تھے اور مچھلی والے پیغمبر یعنی یونس کا تذکرہ کیجئے جب وہ اپنی قوم سے خفا ہو کر چل دیئے اور انہوں نے یہ سمجھا کہ ہم ان پر اس چلے جانے میں کوئی دارو گیر نہ کریں گے پس انہوں نے اندھیروں میں پکارا کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے آپ (سب نقائص) پاک ہیں میں بے شک قصوروار ہوں سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو اس گھٹن سے نجات دی اور اسی طرح اور اہل ایمان کو (بھی کرب و بلا سے) نجات دیا کرتے ہیں۔○

تفسیر: قصہ ایوب علیہ السلام ☆ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ (الی قولہ تعالی) وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ۝ اور ایوب (علیہ السلام کے قصہ) کا تذکرہ کیجئے جب کہ انہوں نے (بعد مبتلا ہونے مرض شدید کے) اپنے رب کو پکارا کہ مجھ کو یہ تکلیف پہنچ رہی ہے اور آپ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہیں (پس اپنی مہربانی سے میری تکلیف رفع کر دیجئے) سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو جو تکلیف تھی اس کو دور کر دیا اور (بلا استدعاء) ہم نے ان کو ان کا کنبہ (یعنی اولاد جوان سے غائب ہو گئے تھے قاله الحسن كذا في الدر المنثور یا مر گئے تھے کما قال غیرہ) عطا فرمایا (اس طرح سے کہ وہ ان کے پاس آ گئے یا بایں معنی کہ اتنے ہی اور پیدا ہو گئے قالہ عکرمہ فی فتح المنان) اور ان کے ساتھ (گنتی میں) اس کے برابر اور بھی (دیئے خواہ ان ہی کی صلب سے یا ان کی اولاد کے صلب سے كذا في الفتح عن كتاب ايوب) اپنی رحمت خاصہ کے سبب سے اور عبادت کرنے والوں کے لئے یادگار رہنے کے سبب سے (یعنی عابدین یاد رکھیں کہ اللہ تعالی صابروں کو کیسی جزا دیتے ہیں) ف: ایوب علیہ السلام کی بیماری میں بھی کئی قول ہیں بہرحال کوئی سخت بیماری تھی اور اولاد کے مفقود ہو جانے کا الگ صدمہ تھا ان سب پر ایوب علیہ السلام نے صبر کیا جیسا دوسری آیت میں ہے: اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا [ص: ٤٤] اور یہ دعا خواہ ابتدائے مرض ہی میں ہوئی ہو اور قبولیت خواہ جلدی ہوئی خواہ بدیر کسی مصلحت سے اور خواہ بعد چند روز دعا ہوئی ہو جیسا ابن عباسؓ کا قول ہے: انساه الله الدعا (الی قولہ تعالی) لما انتهى لاجل اذن له في الدعاء ويسره له الخ كذا في الدر المنثور عن ابن جرير اور ہر حال میں دعا منافی صبر کے نہیں اور رحمت اور ذکری دونوں سبب ہیں مگر اول علت مؤثرہ متقدمہ اور ثانی علت غائیہ متاخرہ اور صابرین کی جزا عام ہے خواہ دنیا میں بھی ہو یا صرف آخرت میں۔ اور مِّثْلَهُمْ مَّعَهُمْ اگر ان کے صلب سے ہوں تب تو لہلہ سے مراد اہل سابقین ہیں اور اگرچہ وہ مر گئے ہوں مگر دوسرے جو عطا ہوئے ان کو شدت مماثلت کی وجہ سے حکماً عین سابقین قرار دے لیا اور اگر مِّثْلَهُمْ مَّعَهُمْ سے مراد اولاد الاولاد ہو تو لہلہ سے مراد لاحقین ہو جاویں گے اور توجیہ میں کسی تکلف کی ضرورت نہ ہوگی اور یہاں اولاد پر اہل کے اطلاق کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ ازواج پر کہیں اطلاق نہ ہو خوب سمجھ لو اور دعا میں کشف ضر کی تخصیص غالباً اس لئے ہے کہ مرض کی تکلیف حاضر ہوتی ہے اور موت یا فقدان اولاد پر جو غم ہوتا ہے بعض اوقات غالب ہو جاتا ہے۔

قصہ اسماعیل و ادریس و ذوالکفل علیہم السلام ☆ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ (الی قولہ تعالی) اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ۝ اور اسماعیل اور ادریس اور ذوالکفل (کے قصہ) کا تذکرہ کیجئے (یہ) سب (احکام الٰہیہ تشریعیہ و تکوینیہ پر) ثابت قدم رہنے والے لوگوں سے تھے اور ہم نے ان (سب) کو اپنی رحمت (خاصہ) میں داخل کر لیا تھا بیشک یہ (سب) کمال صلاحیت والوں میں سے تھے۔ ف: حضرت ذوالکفل کے باب میں اختلاف ہے کہ آیا یہ نبی تھے یا ایک صالح شخص تھے پھر پہلے سے صالح یا بعد توبہ کے صالح تھے جیسا ترمذی کی روایت میں مرفوعاً وارد ہے: لا يتورع من ذنب (الی قولہ تعالی) قال والله لا اعصى الله بعدها ابدا۔ ظاہر سیاق قرآن سے ان کا نبی ہونا مظنون ہوتا ہے اور قول پر اور اسی طرح دوسرے قول پر تعدد ذی الکفل کا التزام کیا جاوے گا کہ وہ تائب دوسرے شخص ہوں گے قول ثانی و ثالث پر صابرین اور صالحین میں تشکیک کے قائل ہوں گے اولین اول درجہ کے ہوں گے اور یہ مرتبہ متاخرہ کے۔

قصہ حضرت یونس علیہ السلام ☆ وَذَا النُّوْنِ (الی قولہ تعالی) وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ۝ اور مچھلی والے (پیغمبر یعنی یونس علیہ السلام کے قصہ) کا تذکرہ کیجئے جب وہ اپنی قوم سے (جب کہ وہ ایمان نہ لائے) خفا ہو کر چل دیئے (اور ان کی قوم پر سے عذاب ٹلنے کے بعد بھی خود واپس نہ آئے اور اس سفر کے لئے ہمارے حکم کا انتظار نہیں کیا) اور انہوں نے (اپنے اجتہاد سے) یہ سمجھا کہ ہم (اس چلے جانے میں) ان پر کوئی دارو گیر نہ کریں گے (یعنی چونکہ اس فرار کو انہوں نے اجتہاداً جائز سمجھا اس لئے انتظار نص اور وحی کا نہ کیا لیکن چونکہ امید وحی تک وحی کا انتظار انبیاء کیلئے مناسب ہے اس ترک مناسب پر ان کو یہ ابتلاء پیش آیا کہ راہ میں ان کو کوئی دریا ملا اور وہاں کشتی میں سوار ہوئے کشتی چلتے چلتے رک گئی یونس علیہ السلام سمجھ گئے کہ میرا یہ فرار بلا اذن ناپسند ہوا اس کی وجہ سے یہ کشتی رکی کشتی والوں سے فرمایا کہ مجھ کو دریا میں ڈال دو وہ راضی نہ ہوئے غرض قرعہ پر اتفاق ہوا تب بھی ان ہی کا نام نکلا آخر ان کو دریا میں ڈال دیا اور خدا کے حکم سے ان کو ایک مچھلی نگل گئی اخرجه ابن ابي حاتم عن ابن عباس كذا في الدر المنثور) پس انہوں نے اندھیروں میں پکارا (ایک اندھیرا شکم ماہی کا دوسرے قعر دریا کا پھر دونوں گہرے اندھیرے بجائے بہت سے اندھیروں کے یا تیسرا اندھیرا رات کا قاله ابن مسعودؓ كما في الدر المنثور غرض ان تاریکیوں میں دعا کی) کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے (یہ توحید ہے) آپ (سب نقائص سے) پاک ہیں (یہ تنزیہ ہے) میں بیشک قصوروار ہوں (یہ

www.besturdubooks.net

استغفار ہے جس سے مقصود یہ ہے کہ میرا قصور معاف کر کے اس شدت سے نجات دیجئے) سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو اس گھٹن سے نجات دی (جس کا قصہ سورۂ صٰفّٰت میں ہے: فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ الخ اور (جس طرح دعا کرنے سے یونس علیہ السلام کو نجات دی) ہم اسی طرح (اور) ایمان والوں کو (بھی کرب اور غم سے) نجات دیا کرتے ہیں (جب کہ چندے غم میں رکھنا مصلحت نہ ہو)۔ **ف**: حضرت یونس علیہ السلام سے اس واقعہ میں کوئی امر کی مخالفت نہیں ہوئی صرف اجتہاد میں غلطی ہوئی جو امت کے لئے عفو ہے مگر انبیاء کی تربیت وتہذیب زائد مقصود ہوتی ہے اس لئے یہ ابتلا ہوا اور کچھ قصہ یونس علیہ السلام کا سورۂ یونس میں آچکا ہے کچھ سورۂ صافات میں آوے گا اور استغفار سے پہلے ثنائے الٰہی یعنی توحید وتنزیہ کی تقدیم میں تعلیم ادب استغفار ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ الخ اس میں دو مسئلے ہیں ایک یہ کہ دعا منافی توکل نہیں دوسرے یہ کہ غلبۂ افتقار کے سبب حق تعالیٰ سے شکوہ کرنا منافی رضا نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ روح المعانی میں ایک تفسیر حسن وشعبی وابن جبیر وابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ نقل کی ہے قیل مغاضبا لربہ عز و جل پھر اس پر کچھ شبہ کر کے تاویل کی ہے اور احقر کے نزدیک اس تفسیر کا ادلال پر محمول کر لینا اقرب والطف ہے قولہ تعالیٰ: اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ یونس علیہ السلام نے باوجود عصمت وبراءت عن الذنب کے اپنی طرف ذنب کو منسوب کیا جس میں مجاز کی تاویل کی جاوے گی اس میں اس کی اصل ہے جو بعض اہل طریق سے منقول ہے کہ وہ کفر کی نسبت اپنی طرف کر لیتے ہیں اور ظاہر ہے کہ نبی کو جس قدر ذنب سے بعد ہے اتنا غیر نبی کفر سے نہیں جب اطلاق ابعد جائز ہوا تو بعید میں کیا شبہ ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ظن اجتہاد ہے ومن ثم عبر بالظن فلا يلزم انه خطر بباله عليه السلام الجانب المخالف ۱۲۔

الروایات: اخرج ابن جرير والبيهقي في الاسماء والصفات عن ابن عباسؓ في قوله وذا النون اذ ذهب مغاضبا يقول غضب على قومه فظن ان لن نقدر عليه يقول ان لن تقضي عليه عقوبة ولا بلاء فيما صنع بقومه في غضبه عليهم وفراره قال وعقوبة اخذ النون اياه كذا في الدر المنثور قلت وعليه ترجمت وفي الروح ما ورد من بعض السلف مغاضبا لربه فمعناه مغاضبا لاجل ربه لا على ربه فافهم ۱۲۔

اللغات: في الروح الضر بالفتح شائع في كل ضرر بالضم خاص بما في النفس من مرض وهزال ونحوهما ۱۲ قوله ذا الكفل قيل سمي به لان الكفل الحظ وكان ذا حظ من الله تعالىٰ او لانه الضعف وكان ضعف عمل معاصريه ۱۲۔

النحو: قوله اٰتيناه معطوف على استجبنا لا على كشفنا لان الايتاء لما لم يكن عن دعاء لا يدخل تحت الاستجابة ولذا قلت هناك بلا استدعاء ۱۲۔

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَوَهَبْنَا
لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا
لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿۹۰﴾ وَالَّتِىْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۱﴾
اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۫ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۹۲﴾ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ؕ كُلٌّ
اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿۹۴﴾ ع ۶ ۱۸
وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۹۵﴾ حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ
مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِىَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ
يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِىْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۹۷﴾ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ
اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿۹۸﴾ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ؕ وَكُلٌّ فِيْهَا

www.besturdubooks.net

خٰلِدُوْنَ ﴿۹۹﴾ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

اورزکریا علیہ السلام کا تذکرہ کیجئے جبکہ انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ اے میرے رب مجھ کو لاوارث مت رکھیے (یعنی مجھ کوفرزند دیجئے کہ میرا وارث ہو) اور سب وارثوں سے بہتر آپ ہی ہیں سوہم نے ان کی دعا قبول کی اور ہم نے ان کو یحییٰ (فرزند) عطا فرمایا اور ان کی خاطر سے ان کی بی بی کو (جو کہ بانجھ تھیں) اولاد کے قابل کردیا یہ سب نیک کاموں میں دوڑتے تھے اور امید وبیم کے ساتھ ہماری عبادت کیا کرتے تھے اور ہمارے سامنے دب کر رہتے تھے اور اس بی بی (مریم) کا بھی تذکرہ کیجئے جنہوں نے اپنے ناموس کو (مردوں سے) بچایا (نکاح سے بھی اور ناجائز سے بھی) پھر ہم نے ان میں بواسطہ (جبریل) اپنی روح پھونک دی اور ہم نے ان کو اور ان کے فرزند (عیسیٰ علیہ السلام) کو دنیا جہان والوں کے لئے اپنی قدرت کاملہ کی نشانی بنادی۔ یہ ہے تمہارا طریقہ کہ (جس پر تم کو رہنا ہے) وہ ایک ہی طریقہ ہے اور میں تمہارا رب (حقیقی) ہوں سوتم میری عبادت کیا کرو اور ان لوگوں نے اپنے دین میں اختلاف پیدا کرلیا (سواس کی سزا دیکھیں گے کیونکہ) سب ہمارے پاس آنے والے ہیں سو جو شخص نیک کام کرتا ہوگا اور وہ ایمان والا بھی ہوگا سو اس کی محنت اکارت جانے والی نہیں اور ہم اس کو لکھ لیتے ہیں اور ہم جن بستیوں کو (عذاب سے یا موت سے) فنا کر چکے ہیں ان کے لئے یہ بات ناممکن ہے کہ وہ (دنیا میں) پھر لوٹ کر آویں یہاں تک کہ یاجوج ماجوج دیئے جاویں گے اور (غایت کثرت کی وجہ سے) ہر بلندی سے (جیسے پہاڑ اور ٹیلہ) نکلتے معلوم ہوں گے اور (وہ رجوع وبعث کا) سچا وعدہ نزدیک آپہنچا ہوگا تو بس پھر ایک دن سے یہ قصہ ہوگا کہ منکروں کی نگاہیں پھٹی کی پھٹی رہ جاویں گی (اور یوں کہتے نظر آویں گے) کہ ہائے کم بختی ہماری ہم اس (امر میں غفلت میں تھے بلکہ (واقعی یہ ہے کہ ہم ہی قصوروار تھے۔ بلاشبہ تم (اے مشرکین) اور جن کو تم خدا کو چھوڑ کر پوج رہے ہو سب جہنم میں جھونکے جاؤ گے (اور) تم سب اس میں داخل ہوگے (اور یہ بات سمجھنے کی ہے کہ) اگر یہ تمہارے معبود واقعی معبود ہوتے تو اس (جہنم) میں کیوں جاتے اور سب (عابدین ومعبودین) اس میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے (اوران کا اس میں شور ہوگا اور وہاں (اپنے غل شور میں کسی کی) کوئی بات سنیں گے بھی نہیں (یہ تو دوزخیوں کا حال ہوا (اور) جن کے لئے ہماری طرف سے بھلائی مقدر ہوچکی ہے۔

تفسیر: قصہ زکریا علیہ السلام ☆ وَزَكَرِيَّآ إِذْ نَادٰى رَبَّهٗ (الی قوله تعالی) وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿۹۰﴾ اور زکریا (علیہ السلام کے قصہ) کا تذکرہ کیجئے جب کہ انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ اے میرے رب مجھ کو لاوارث مت رکھو (یعنی مجھ کو فرزند دیجئے کہ میرا وارث ہو قال تعالیٰ: فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا يَّرِثُنِيْ [مریم: ۵-۶ الخ) اور (یوں تو) سب وارثوں سے بہتر (یعنی حقیقی وارث) آپ ہی ہیں (اس لئے وہ وارث حقیقی نہ ہوگا بلکہ ایک وقت وہ بھی فنا ہو جاوے گا لیکن اس ظاہری وارث سے بعض منافع دینیہ حاصل ہوں گے اس لئے اس کو مانگتا ہوں ورنہ کبھی نہ کبھی اس کے اور اس کے نائبوں کے فنا ہو جانے سے ان منافع کا سلسلہ بھی ختم ہو جاوے گا اور حقیقی اور دائمی بقاسب کے بعد آپ ہی کے لئے رہے گا) سوہم نے ان کی دعا قبول کرلی اور ہم نے ان کو یحییٰ (فرزند) عطا فرمایا اور ان کی خاطر سے ان کی بی بی کو (جو کہ بانجھ تھیں لقولہ تعالیٰ و کانت امراتی عاقرا ان کو) اولاد کے قابل کردیا یہ سب (جن کا اس سورت میں ذکر ہوا) نیک کاموں میں دوڑتے تھے اور امید وبیم کے ساتھ ہماری عبادت کیا کرتے تھے اور ہمارے سامنے دب کر رہتے تھے (جس سے ان حضرات کی کمال عبودیت اور ہماری کمال معبودیت ثابت ہوتی ہے پس رسالت اور توحید ہر دو مسئلوں کی تقویت ہوتی ہے جو کہ مقاصد سورت میں سے مقصود اعظم ہے)۔

قصہ حضرت عیسیٰ ومریم علیہما السلام ☆ وَالَّتِيْٓ أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۱﴾ اور ان بی بی (مریم کے قصہ) کا (بھی) ذکر کیجئے جنہوں نے اپنے ناموس کو (مردوں سے) بچایا (نکاح سے بھی اور ناجائز سے بھی) پھر ہم نے ان میں (بواسطہ جبریل علیہ السلام) اپنی روح پھونک دی (جس سے ان کو بے شوہر حمل رہ گیا) اور ہم ان کو اور ان کے فرزند (عیسیٰ علیہ السلام) کو (کہ روح اللہ ہیں علاوہ صفات مذکورہ يُسٰرِعُوْنَ الخ کی ایک صفت زائد کے ساتھ موصوف کیا کہ ان کو) دنیا جہان والوں کے لئے (اپنی قدرت کاملہ کی) نشانی بنادی (کہ ان کو دیکھ کر سن کر سمجھیں کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہیں)۔ ربط: یہاں تک حضرات انبیاء علیہم السلام کے قصص کا بیان ہوا چونکہ یہ سب حضرات موحد وداعی الی التوحید تھے جس کی بعض قصوں میں تفصیل کے ساتھ تصریح ہے جیسے قصہ ابراہیم علیہ السلام میں مناظرہ مشرکین اور قصہ یونس علیہ السلام میں لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ مذکور ہے اور ختم پر وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا الخ میں اجمالاً بالاشتراک اس طرف تلویح ہے اور نیز سب حضرات کا اس میں متفق ہونا مشہور ومعروف بھی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَوَهَبْنَا لَهٗ الخ روح المعانی میں ایک تفسیر وَاَصْلَحْنَا کی یہ نقل کی ہے کہ ان کی بی بی کو جوانی لوٹا دی اس بناء پر اس سے یہ ثابت ہوا کہ جو چیزیں عادۃً اسباب کی طرف مستند ہیں ان میں استجابت دعا کے متعلق اکثر عادت الٰہیہ یہ ہے کہ اس کے اسباب مہیا فرما دیتے ہیں گو وہ بدوں اسباب بھی تکوین پر قادر ہیں قولہ تعالیٰ: اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ چونکہ یہ سابق کی علت کو موقع پر آیا ہے اس سے یہ ثابت ہوا کہ طاعات نعم دنیویہ کا بھی سبب ہوجاتی ہیں۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في جعلناها علاوہ صفات اشعار به الى تخصيصهما به بعد تعميم ما ذكر لهما ايضا ۱۲۔

البلاغۃ: قدم هبة يحيىٰ مع توقفها على اصلاح الزوج للولادة لانها المطلوب الاعظم والواو لا تقتضى ترتيباً كذا فى الروح قوله ففتحنا فيها قال فى الروح هذا الاحياء لعيسٰى عليه السلام وهو لكونه فى بطنها صح ان يقال نفخنا فان ما يكون فيما فى الشئ يكون فيه فلا يلزم ان يكون المعنى احييناها وليس بمراد وهذا كما يقول الزمار نفخت فى بيت فلان وهو قد نفخ فى الزمار فى بيته آه والمقصود منه دفع اشكال وهو ان المراد احياء عيسٰى عليه السلام والمذكور فى القرآن نفخ الروح فى مريم ومعناه احياء مريم لان الحى هو الذى ينفخ فيه الروح وليس احياء المريم مرادا فما معنى الآية والجواب ظاهر من تقريرى ههنا ۱۲۔

إِنَّ الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُم مِّنَّا الْحُسْنَىٰ أُولَٰئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ ﴿١٠١﴾ لَا يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا ۖ وَهُمْ فِي مَا اشْتَهَتْ أَنفُسُهُمْ خَالِدُونَ ﴿١٠٢﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَتَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ هَٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿١٠٣﴾ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۚ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيدُهُ ۚ وَعْدًا عَلَيْنَا ۚ إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ﴿١٠٤﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِن بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ ﴿١٠٥﴾

وہ لوگ اس (دوزخ) سے (اس قدر) دور کئے جاویں گے (کہ) اس کی آہٹ بھی نہ سنیں گے اور وہ لوگ اپنی جی چاہی چیزوں میں ہمیشہ رہیں گے (اور) ان کو بڑی گھبراہٹ (یعنی نفخ ثانیہ سے زندہ ہونے کی) غم میں نہ ڈالے گی اور قبر سے نکلتے ہی فرشتے ان کا استقبال کریں گے (اور کہیں گے کہ) یہ ہے تمہارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا وہ دن بھی یاد کرنے کے قابل ہے۔ جس روز ہم (نفخ اولیٰ کے وقت) آسمان کو اس طرح لپیٹ دیں گے جس طرح لکھے ہوئے مضمون کا کاغذ لپیٹ لیا جاتا ہے (اور) ہم نے جس طرح اول بار پیدا کرنے کے وقت (ہر چیز کی ابتدا کی تھی اسی طرح آسانی سے) اس کو دوبارہ پیدا کر دیں گے یہ ہمارے ذمہ وعدہ ہے اور ہم ضرور اس کو پورا کریں گے اور ہم (سب آسمانی) کتابوں میں لوح محفوظ (میں لکھنے) کے بعد لکھ چکے ہیں کہ اس زمین (جنت) کے مالک میرے نیک بندے ہوں گے۔

تفسیر: اس لئے آگے بطور نتیجہ قصص مذکورہ کے توحید کا اثبات اور اختلاف فی التوحید یعنی شرک کی مذمت اور ان مضامین کی تاکید کے لئے معاد کی تفصیل جس پر اہل حق کو جزا اور اہل باطل کو سزا ہوگی ارشاد فرماتے ہیں۔

توحید مع ذکر معاد برائے تاکید ☆ إِنَّ هَٰذِهِ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً (الى قوله تعالى) أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ ﴿١٠٥﴾ اے لوگو (اوپر جو انبیاء علیہم السلام کا طریقہ توحید کا معلوم ہوا) یہ تمہارا طریقہ ہے (یعنی جس پر تم کو رہنا واجب ہے) کہ وہ ایک ہی طریقہ ہے (یعنی جس میں کسی نبی اور کسی شریعت کو اختلاف نہیں ہوا) اور (حاصل اس طریقہ کا یہ ہے کہ) میں تمہارا رب (حقیقی) ہوں سو تم سب میری عبادت کیا کرو اور (لوگوں کو چاہئے تھا کہ بعد ثابت ہو جانے اس امر مذکور کے سب اسی ایک طریقہ پر رہتے مگر ایسا نہ کیا بلکہ) ان لوگوں نے اپنے دین میں اختلاف پیدا کر لیا (مگر اس کی سزا دیکھیں گے کیونکہ) سب ہمارے پاس آنے والے ہیں (اور آنے کے بعد ہر ایک کو اس کے عمل کا بدلہ ملے گا) سو جو شخص نیک کام کرتا ہوگا اور وہ ایمان والا بھی ہوگا (جو کہ توحید پر موقوف ہے) سو اس (شخص) کی محنت اکارت جانے والی نہیں اور ہم اس کو لکھ لیتے ہیں (پس قیامت میں وہی لکھا ہوا نامہ عمل ظاہر ہوگا اور اس کے موافق اس کو ثواب ملے گا) اور (ہم نے جو كُلٌّ إِلَيْنَا رَاجِعُونَ ﴿٩٣﴾ کہا ہے اس میں منکرین کو اس لئے شبہ ہے کہ اب تک دوبارہ زندہ کر کے کسی کا حساب و کتاب نہیں کیا گیا سو یہ شبہ محض واہی ہے کیونکہ اس رجوع موعود کے لئے ہم نے ایک خاص وقت معین کر رکھا ہے اور جب تک وہ وقت نہیں آتا اس وقت تک تو یہ بات ہے کہ) ہم جن بستیوں کو (عذاب سے یا موت سے) فنا کر چکے ہیں ان کے لئے یہ بات (بامتناع شرعی) ناممکن ہے کہ وہ (دنیا میں حساب کتاب کے لئے) پھر لوٹ کر آویں (مگر یہ عدم رجوع ابدی نہیں ہے جیسا منکرین سمجھتے ہیں بلکہ صرف اس وقت موعود کے نہ آنے تک ہے) یہاں تک کہ جب (وہ وقت موعود آ پہنچے گا جس کا ابتدائی سامان یہ ہوگا کہ) یاجوج و ماجوج (جو اب سد ذوالقرنین میں بند ہیں وہ) کھول دیئے جاویں گے اور وہ (غایت کثرت کی وجہ سے) ہر بلندی سے (جیسے ٹیلہ اور پہاڑ) نکلتے (معلوم) ہوں گے (یعنی جدھر دیکھو وہی نظر آویں گے سو ہموار زمین میں تو نظر پڑتے ہی دکھلائی دیں گے اور بلندی کی آڑ میں اول وہلہ میں نہ دکھلائی دیں گے لیکن تھوڑی دیر میں وہاں سے بھی وہی نکلتے معلوم ہوں گے) اور (وہ رجوع و بعث کا) سچا وعدہ نزدیک آ پہنچا ہوگا تو بس

www.besturdubooks.net

پھر (اس کے واقع ہوتے ہی) ایک دم سے یہ قصہ ہوگا کہ منکروں کی نگاہیں پھٹی پھٹی رہ جاویں گی (اور یوں کہتے نظر آویں گے) کہ ہائے کمبختی ہماری ہم اس (امر) سے غفلت میں تھے (اور سچ پوچھو تو غفلت بھی جب ہی جاتی کہ جب کوئی ہم کو آگاہ نہ کرتا) بلکہ (واقعی یہ ہے کہ) ہم ہی قصوروار تھے (کہ باوجود تنبیہ کے متنبہ نہ ہوئے حاصل یہ ہوا کہ اس وقت منکرین رجوع بھی رجوع کے قائل ہو جاویں گے آگے مشرکین کو جن کا تَقَطَّعُوٓا میں ذکر تھا بمقابلہ مَنْ يَّعْمَلْ الخ کے وعید ہے کہ) بلاشبہ تم (اے مشرکین) اور جس کو تم خدا کو چھوڑ کر پوج رہے ہو سب جہنم میں جھونکے جاؤ گے (اور) تم سب اس میں داخل ہو گے (البتہ اگر معبودین میں سے کسی میں کوئی امر مانع نہ ہو تو اس مقتضی کا اثر واقع نہ ہوگا مثلاً انبیاء و ملائکہ کو کسی نے ان کو معبود بنالیا ہو مگر خود ان کی مقبولیت اس سے مانع ہوگی چنانچہ یہ امر خود عقلی بھی ہے اور اس کی تائید کے لئے آگے آیت بھی ہے: اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ الخ پس اس حکم میں اصنام اور شیاطین بھی داخل رہ گئے اصنام میں تو ایک مقتضی بلا مانع موجود ہے اور شیاطین میں خود دوسرا مقتضی بھی یعنی ان کا کفر موجود ہے غرض یہ سب جہنم میں جاویں گے اور یہ بات سمجھنے کی ہے کہ) اگر یہ (تمہارے معبود) واقعی ہوتے تو اس (جہنم) میں کیوں جاتے اور (جانا بھی کوئی چندروزہ نہیں بلکہ) سب (عابدین و معبودین) اس میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے (اور) ان کا اس میں شور و غل ہوگا اور وہاں (اپنے شور و غل میں کسی کی) کوئی بات سنیں گے بھی نہیں (یہ تو دوزخیوں کا حال ہوا اور) جن کے لئے ہماری طرف سے بھلائی مقدر ہو چکی ہے (اور اس کا ظہور ان کے اعمال اور افعال میں ہوا) وہ لوگ اس (دوزخ) سے (اس قدر) دور رکھے جاویں گے (کہ) اس کی آہٹ بھی نہ سنیں گے (کیونکہ وہ جنت میں ہوں گے اور جنت دوزخ میں بون بعید ہوگا) اور وہ لوگ اپنی جی چاہی چیزوں میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور) ان کو بڑی گھبراہٹ (یعنی نفخۂ ثانیہ سے زندہ ہونے کی اور ہیبت و شدت کے مشاہدہ کرنے کی حالت) غم میں نہ ڈالے گی اور (قبر سے نکلتے ہی) فرشتے ان کا استقبال کریں گے اور کہیں گے کہ) یہ ہے تمہارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا (کہ قیامت آوے گی اور نیک لوگوں کو جزا نیک ملے گی پس یہ تعظیم اور بشارت ان کے لئے زیادہ مسرت کا موجب ہو جاوے گی اور اگر کسی روایت سے عموم ہول ثابت ہو جاوے تو اہل ایمان کے لئے چونکہ اس کا زمانہ بہت ہی قلیل ہوگا اس لئے وہ کالعدم ہے اور اس کے معارض نہیں) وہ دن (بھی) یاد کرنے کے قابل ہے جس روز ہم (نفخۂ اولیٰ کے وقت) آسمانوں کو اس طرح لپیٹ دیں گے جس طرح لکھے ہوئے مضمونوں کا کاغذ لپیٹ لیا جاتا ہے (پھر لپیٹنے کے بعد خواہ معدوم محض کر دیا جاوے یا اسی حالت پر نفخۂ ثانیہ تک رہے دونوں ممکن ہیں اور) ہم نے جس طرح اول بار پیدا کرنے کے وقت (ہر چیز کی) ابتدائی (آفرینش) کی تھی اسی طرح (آسانی سے اور نیز بعض ہیئت کی بقاء سے) اس کو دوبارہ پیدا کر دیں گے یہ ہمارے ذمہ وعدہ ہے (اور) ہم ضرور (اس کو پورا) کریں گے اور (اوپر جو صلحاء سے وعدہ ثواب و نعمت کا ہوا ہے وہ بہت قدیم اور مؤکد وعدہ ہے چنانچہ) ہم (سب آسمانی) کتابوں میں لوح محفوظ (میں لکھنے) کے بعد لکھ چکے ہیں کہ اس زمین (جنت) کے مالک میرے نیک بندے ہوں گے (پس قدامت اس سے ظاہر ہے کہ اول لوح محفوظ میں یہ وعدہ لکھا گیا ہے اور تاکید اس سے ظاہر ہے کہ کتاب الٰہی کوئی اس مضمون سے خالی نہیں) **ف**: آیت: وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ الخ کی تفسیر میں جو حساب و کتاب کی قید ظاہر کر دی ہے اس سے اس شخص کا استدلال باطل ہو گیا جو مرنے کے بعد کسی نبی کے معجزے سے زندہ ہو سکنے کا منکر ہے اور آیت: حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ الخ میں تخصیص اسی علامت کی منجملہ اور علامات ساعت کے دو وجہ سے ہو سکتی ہے ایک تو یہ اکثر علامات کے اعتبار سے قیامت کے قریب زیادہ ہے چنانچہ روح المعانی میں حدیث احمد اور ابن المنذر سے یہ روایتیں نقل کی ہیں: **ان الساعة بعد ان يهلك ياجوج وما جوج كالحامل المتم لا يدى اهلها حتى تفجاهم بولادها ليلا او نهارا وقال لو نتجت فرسي عند خروجهم ماركب فلوها حتى تقوم الساعة**۔ اور ان روایات سے مبالغہ مقصود ہے۔ دوسرے یہ علامت ہولناک بہت ہے اور عدم وقوع کی جو غایت حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ الخ فرمائی گئی ہے حالانکہ فتح یاجوج کے وقت رجوع یعنی بعث نہ ہوگا تو انفرادا وہ غایت نہیں بلکہ مع قیام ساعت کے جس پر یہ فتح اور اقتراب دال ہے اور مقصود غایت بنانا اسی مدلول کا ہے اور دال صرف توطیہ اور تمہید اس کی ہے اور اصنام کا دوزخ میں جانا اس لئے نہیں کہ اصنام معذب ہوں گے بلکہ اس لئے تاکہ کفار پر حجت زیادہ لازم ہو اور وہ حجت یہی ہے: لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً الخ اور تاکہ کفار کو خوب حسرت ہو کہ جس سے توقع خیر کی تھی اور برعکس وہ مبدا شر بن گیا اور تاکہ اپنی حماقت ظاہر ہو کہ جب یہ خود نہ بچ سکے تو ہم کو کیا بچاتے وغیرہ ذلک اور آیت: لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ سے پہلے عابدین و معبودین سب کا ذکر تھا اور لَهُمْ کی ضمیر سب کی طرف راجع کرنا اس لئے خلاف ظاہر ہے کہ اصنام کا صاحب زفیر ہونا لازم آتا ہے اس لئے اس میں تغلیب ہے یعنی صرف عابدین کے اعتبار سے کل کو مرجع بنا دیا اور یہ علم بلاغت میں بکثرت ہے اور آیت: اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ الخ کا ابتدائی مضمون ملائکہ کو بھی شامل ہے پس مَا تَعْبُدُوْنَ سے وہ مخصوص و مستثنیٰ ہو گئے اور اخیر کا مضمون: وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ الخ خاص ہے مؤمنین بشر کے ساتھ یہ طرز بھی تغلیب میں داخل ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الخ اس سے وہ مقولہ ثابت ہوتا ہے کہ اہل اللہ کو فرح دائم میسر ہوتا ہے اور ان کو جو عظمت کے سبب دونوں عالم میں یا عقاب کا خوف دنیا میں ہوتا ہے وہ اس کے منافی نہیں کیونکہ وہ مقتضی عبدیت کا ہے ۱۲۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل ان هذه اے لوگو اشارة الى ان الخطاب للعام۔ ۲ قوله في امتكم واجب اشارة الى كون الاضافة لهذا الملابسة۱۲۔ ۳ قوله في نطوى السماء آسمانوں اشارة الى ارادة الجنس يدل عليه قوله تعالٰى في الزمر والسمٰوٰت مطويات۱۲۔ ۴ قوله في نعيده آسانی اشارة الى ان وجه الشبهة هو السهولة۱۲۔ ۵ قوله في كتبنا الخ آسمان ولوح وجنت اشارة الى حمل الزبور على المعنى اللغوى بمعنى المزبور الشامل للكتب الجنسية كما في قوله تعالٰى وانه لفي زبر الاولين والى حمل الذكر على معنى اللوح كما ورد في حديث البخارى عنه صلى الله عليه وسلم كان الله تعالٰى ولم يكن قبله شئ وكان عرشه على الماء ثم خلق الله السمٰوٰت والارض وكتب في الذكر كل شئ والى حمل الارض على ارض الجنة كما في قوله تعالٰى واورثنا الارض نتبوأ من الجنة اخرج الاول ابن جرير عن ابن عباس وعن ابن زيد والثانى هو عن ابن زيد والثالث هو ابن ابى حاتم عن ابن عباس كذا في الروح۱۲۔

الروایات: في الدر المنثور اخرج ابوداؤد في ناسخه وجماعة عن ابن عباس قال لما نزلت انكم وما تعبدون قال ابن الزبعرى يا محمد هذا شئ لآلهتنا خاصة ام لكل من عبد من دون الله قال بل كل من عبد من دون الله وقال ابن الزبعرى خصمت رب الكعبة فهذه النصارٰى تعبد عيسٰى وهذه اليهود تعبد عزيرا وهذه بنو يلح تعبد الملائكة فضج اهل مكة وفرحوا فنزلت ان الذين سبقت الآية ونزلت لما ضرب ابن مريم مثلاً اذا قومك منه يصدون آه مختصرًا وفي الروح برواية ابن مردويه عن ابن عباسؓ قال صلى الله عليه وسلم بل هم عبدوا الشياطين التي امرتهم بذلك آه قال في الروح وعلى وفق هذا ورد جواب الملائكة عليهم السلام في قوله تعالٰى ويوم يحشرهم جميعا ثم يقول للملائكة اهؤلاء اياكم كانوا يعبدون قالوا سبحنك انت ولينا من دونهم بل كانوا يعبدون الجن اكثرهم بهم مؤمنون آه قلت ولما ورد جوابه صلى الله عليه وسلم في الرواية الثانية ذهب ما كانت الرواية الاولى يوهمه من سكوته صلى الله عليه وسلم نعم يشكل هذا الجواب بانه يقتضى خروج الاصنام من الآلهة ايضًا لاشتراك مبنى الجواب وحله ان هؤلاء الصالحين لما وجد منهم السخط لعبادتهم اياهم ووجد فيهم الصلاح قطع هذا السخط والصلاح نسبة هذه العبادة عنهم واقتصرت على الشياطين بخلاف الاصنام فانه لما لم يوجد منهما السخط والصلاح المذكور بقيت العبادة منسوبة اليها والى الشياطين معا بالاعتبار من المختلفين فمحصل الجواب هو الذى قررته في اثناء الترجمة من ان هؤلاء الصالحين يوجد فيهم بعض الموانع فلم يؤثر المقتضى والآلهة لا يوجد ذلك المانع فيهم فاثر المقتضى فهو صلى الله عليه وسلم نبه على بعض تلك الموانع وكان بعضها من صلاحهم غير خفى فلم ينبه عليه ثم وردت الآية للتنبيه على كون الصلاح مانعا فبمجموع الآية والرواية ظهر مجموع المانعين فتدبر وتشكروا والله اعلم قوله الفزع الاكبر في الدر المنثور اخرج ابن جرير وابن ابى حاتم عن ابن عباس في قوله لا يحزنهم الفزع الاكبر يعنى النفخة الآخرة۱۲۔

اللغات: امة بالكسر والضم الدين كذا في القاموس۱۲ تقطعوا اما بمعنى قطعوا فامرهم مفعول به واما بمعناه ومعنى امرهم في امرهم كذا في الروح۱۲ قوله حرام اى ممتنع سواء كان عادة او شرعًا او عقلاً كذا في الروح۱۲ قوله حدب ما ارتفع من الارض من الجبل والاكمة۔ قوله حصب ما يحصب به اى يرمى سجل الصحيفة والكتب ما يكتب فيه من المعانى كذا في الكشاف۱۲۔

النحو: قوله حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ الخ غاية لقوله لا يرجعون قوله فاذا هى شاخصة جواب لاذا كذا في الروح۱۲ قوله للكتب صفة او حال من السجل اى السجل الكائن او كائنا للكتب قوله كما بدانا وجه التركيب فيه عندى ان مفعول بدانا مقدر دل عليه تنوين خلق هو عوض عن المضاف اليه واول خلق ظرف وضمير المفعول في نعيده عائد الى ذلك المقدر وتقدير الكلام هكذا كما بدانا كل شئ في اول خلقه كذلك نعيد كل شئ۱۲۔ قوله كطى السجل اعترض بانه لا يحسن التشبيه اذ ليس مشبه به اقوى واجيب بانه اقوى نظرا الى اصغر حجمه بالنسبة الى السماء۱۲۔

البلاغۃ: قوله تقطعوا فيه التفات قوله من الصلحت اتى بمن مبالغة في الترغيب اى لا يضيع السعى ولا عمل بعض العمل قوله لا يرجعون لا زائدة كما في قوله تعالٰى ما منعك ان لا تسجد وحرام مثل ما منعك في المادة ايضًا للاشتراك بين المنع والامتناع۱۲ قوله فتحت فيه اسناد مجازى لان المفتوح هو السد لاهم قوله انتم لها هو تاكيد۱۲۔

اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ

www.besturdubooks.net

اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ وَاِنْ
اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۱۱۰﴾
وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا
الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ع

بلاشبہ اس (قرآن) میں (ہدایت کا) کافی مضمون ہے ان لوگوں کے لئے جو بندگی کرنے والے ہیں اور ہم نے (ایسے مضامین نافع دے کر) آپ کو اور کسی بات کے واسطے نہیں بھیجا مگر دنیا جہان کے لوگوں یعنی متقین پر مہربانی کرنے کے لئے۔ (بطور خلاصہ کے مکرر) فرما دیجئے کہ میرے پاس تو صرف یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (حقیقی) ایک ہی معبود ہے سو اب بھی تم مانتے ہو (یا نہیں یعنی اب تو مان لو) پھر (بھی) اگر یہ لوگ سرتابی کریں تو (بطور اتمام حجت کے) آپ فرما دیجئے کہ میں تم کو نہایت صاف اطلاع کر چکا ہوں اور میں یہ جانتا ہوں کہ جس (سزا کا تم سے وعدہ ہوا ہے آیا وہ قریب ہے یا دور دراز ہے البتہ وقوع ضرور ہوگا) کیونکہ اللہ کو تمہاری پکار کر کہی ہوئی بات کی بھی خبر ہے اور جو بات تم دل میں رکھتے ہو اس کی بھی خبر ہے اور میں (بالتعیین) نہیں جانتا (کہ کیا مصلحت ہے) شاید وہ (تاخیر عذاب) تمہارے لئے (صورۃً) امتحان ہو اور ایک وقت (یعنی موت) تک زندگی سے) فائدہ پہنچانا ہو پیغمبر نے (باذن الٰہی) کہا کہ اے میرے رب فیصلہ کر دیجئے حق کے موافق اور (پیغمبر نے کفار سے یہ بھی فرمایا کہ ہمارا رب ہم پر) بڑا مہربان ہے جس سے ان باتوں کے مقابلہ میں مدد چاہی جاتی ہے جو تم بنایا کرتے ہو۔

تفسیر لطط: اب سورت ختم پر پہنچی یہاں تک سورت کے بڑے حصہ میں توحید و نبوت کی تحقیق اور منکرین کے لئے وعید مذکور ہوئی ہے آگے ان مضامین مفیدہ پر مشتمل ہونے کی وجہ سے آیت اِنَّ فِيْ هٰذَا اور وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ الخ میں ان مضامین کی صراحۃً مدح اور دوسری آیت میں اشارۃً ان مضامین لانے والے کی بھی مدح اور آیت: قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى الخ میں بطور تلخیص سابق کے توحید اور اسلام کی طرف جس کے لوازم میں سے تصدیق نبوت بھی ہے دعوت مکررہ اور آیت: فَاِنْ تَوَلَّوْا سے آخر تک بطور تلخیص ہی کے انکار پر وعید مکرر اور وعید کے متعلق اور مناسب مضامین ارشاد ہیں پس مضمون اختتام بمنزلہ حاصل مرام وخلاصہ مقام مجموعۂ کلام کے ہے۔

خاتمہ سورت متضمن تلخیص مضامین توحید و نبوت و وعید اہل شقوت:

اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿﴾ (الی قولہ تعالٰی) وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿﴾ بلاشبہ اس (قرآن یا جزو قرآن یعنی سورت مذکورہ) میں (بوجہ مشتمل ہونے کے مضامین نافعہ پر ہدایت کے باب میں) کافی مضمون ہے ان لوگوں کے لئے جو بندگی کرنے والے ہیں (اور گو بندگی واطاعت سے سرتابی کرنے والوں کے لئے بھی یہ کافی ہدایت ہے اگر وہ ہدایت کے طالب ہوں مگر وہ خود ہی منتفع نہیں ہوتے اس لئے عابدین کی تخصیص ذکر میں ہوئی) اور ہم نے (ایسے مضامین نافعہ دے کر) آپ کو اور کسی بات کے واسطے (رسول بنا کر) نہیں بھیجا مگر دنیا جہان کے لوگوں (یعنی مکلفین) پر (اپنی) مہربانی کے لئے (وہ مہربانی یہی ہے کہ لوگ رسول سے ان مضامین کو قبول کریں اور ہدایت کے ثمرات حاصل کریں اور جو قبول نہ کرے یہ اس کا قصور ہے اس مضمون کی صحت میں کوئی خلل نہیں پڑتا) آپ (ان لوگوں سے بطور خلاصہ کلام کے پھر مکرر) فرما دیجئے کہ میرے پاس تو (در باب اختلاف موحدین و مشرکین کے) صرف یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (حقیقی) ایک ہی معبود ہے سو (بعد ثابت ہو جانے اس کی حقانیت کے) اب بھی تم مانتے ہو (یا نہیں یعنی اب تو مان لو) پھر (بھی) اگر یہ لوگ (اس کے قبول کرنے سے) سرتابی کریں تو آپ (بطور اتمام حجت کے) فرما دیجئے کہ میں تم کو نہایت صاف اطلاع کر چکا ہوں (جس سے ذرہ برابر تم میں کسی پر خفا نہیں رہا خود حقانیت توحید و اسلام کی اطلاع بھی اور انکار پر جو سزا مرتب ہوگی اس کی اطلاع بھی سو نہ مجھ پر کوئی بار رہا اور نہ تم کو کوئی عذر رہا) اور (اگر اس کے حق ہونے میں تم کو یہ شبہ ہو کہ وہ سزا اب تک کیوں نہیں ہوئی سو اس کا وقوع تو ضرور ہوگا باقی) میں یہ جانتا نہیں کہ جس (سزا) کا تم سے وعدہ ہوا ہے آیا وہ قریب (واقع ہونے والی) ہے یا دور دراز (زمانہ میں واقع ہونے والی) ہے (البتہ وقوع تو ضرور ہوگا کیونکہ) اللہ تعالیٰ کو (تمہاری) پکار کر کہی ہوئی بات کی بھی خبر ہے اور جو (بات) تم دل میں رکھتے ہو اس کی بھی خبر ہے (پس جب اس کو سب احوال کی اطلاع ہے اور احوال کفریہ پر سزا کا وعدہ بھی ہے تو لامحالہ سزا ہوگی) اور (تاخیر عذاب سے شبہ عدم وقوع کا کرنا نہ چاہئے کیونکہ اس میں کچھ مصلحت ہے۔ باقی) میں (بالتعیین) نہیں جانتا (کہ کیا مصلحت ہے ہاں اتنا کہہ سکتا ہوں کہ) شاید وہ (تاخیر عذاب) تمہارے لئے (صورۃً) امتحان ہو (کہ عجب نہیں اب بھی ایمان لے آویں) اور ایک وقت (محدود یعنی وقت

موت) تک (زندگی سے) فائدہ پہنچانا ہو (کہ خوب غفلت بڑھے اور عذاب بڑھے پس پہلا امر رحمت ہے اور دوسرا امر عقوبت اور مختلف اعتبارات سے دونوں کا اجتماع ہوسکتا ہے جب ان مضامین سے ہدایت نہ ہوئی تو) پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے (باذن الٰہی) کہا کہ اے میرے رب (ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان میں) فیصلہ کردیجئے (جو کہ ہمیشہ) حق کے موافق (ہوا کرتا ہے کیونکہ خدائی فیصلہ کا حق ہونا لازم ہے مطلب یہ کہ عملی فیصلہ کردیجئے یعنی مسلمانوں کے جس غلبہ کی پیشین گوئی ہے مثلاً: سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ [القمر: ٤٥] اس کو واقع کردیجئے تاکہ حجت اور زیادہ تام ہوجاوے) اور (یہ بھی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار سے فرمایا کہ) ہمارا رب (ہم پر) بڑا مہربان ہے جس سے ان باتوں کے مقابلہ میں مدد چاہی جاتی ہے جو تم بنایا کرتے ہو (کہ مسلمان جلدی نیست و نابود ہوجاویں گے یعنی ہم مدد چاہتے ہیں چنانچہ بدر میں وہ پیشین گوئی واقع ہوگئی و للہ الحمد۔) **ف**: آیت: وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ کی جو تفسیر کی گئی ہے اس پر کوئی اشکال متوجہ نہیں ہوا جس کی توجیہ کی حاجت ہو اور فِتْنَةٌ کے ترجمہ میں صورۃ اس لئے کہا گیا کہ حقیقی امتحان کی تو عالم الغیب ہونے کے ساتھ گنجائش ہی نہیں۔ اور يُوْحٰٓى اِلَيَّ پر جو فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ کو مرتب فرمایا ہے حالانکہ ظاہراً مسئلہ توحید کا مسئلہ نبوت پر موقوف نہیں بلکہ بالعکس ہے سو اس کی وجہ یہ ہے کہ مشرکین سے اثبات واجب یا توحید صانع میں اختلاف نہ تھا بلکہ توحید معبود میں کلام تھا سو توحید بایں معنی کا ترتب مسئلہ نبوت پر اور اس کا ثبوت دلیل سمعی سے محل اشکال نہیں فقط۔

تم تفسیر السورة فی الثالث والعشرین من شوال المکرم یوم الاثنین ۱۳۲۴ من الهجرة السنية ولله الحمد۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ مقبولین کے برکات بلا ان کے قصد کے تمام عالم کو پہنچتے ہیں جیسے آفتاب کی شعاعیں بدون اس کے قصد وعلم کے سب کو پہنچتی ہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ وان ادری الخ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اہل اللہ کو غیب کا علم نہیں جیسے بعض جہلاء اپنے پیروں کی نسبت اعتقاد کر بیٹھتے ہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱۔ **قوله قبل الا رحمة** اور کسی بات کے واسطے **اشارة الى كون رحمة علة و مفعولا له واستثناء من اعم العلل اى لعلة الا الرحمة ۱۲۔ ۲۔ قوله فى رحمة** اپنی **اشارة الى ان رحمة مصدر فاعله الله تعالىٰ ۱۲۔ ۳۔ قوله فى بالحق** جو کہ ہمیشہ **كما فى المعالم قال اهل المعانى معناه رب احكم بحكمك الحق فحذف الحكم واقيم الحق مقامه والله يحكم بالحق طلب منه او لم يطلب ومعنى الطلب ظهور الرغبة من الطالب فى حكمة الحق آه۔**

اختلاف القراءۃ: **فى قراءة قل رب احكم بصيغة الامر واخذت بحاصلها فى ترجمتى لقال فافهم ۱۲۔**

اللغات: **بلغا كفاية كذا فى الروح ۱۲۔ قوله الايذان افعال من الاذن واصله العلم بالاجازة فى شئ وترخيصه ثم تجوز به عن مطلق العلم وصيغ منه الافعال ۱۲۔**

النحو: **قوله لعله فتنة فى الروح جملة لعله الخ موضع المفعول وفى منهية ان الضمير لما علم من الكلام آه۔**

البلاغۃ: **فهل انتم المقصود من الاستفهام الامر ۱۲ قوله على سواء فى الروح من الكشاف انه استعارة تمثيلية شبه بمن بينه وبين اعداءه هدنته فاحس بغدرهم فنبذ اليهم العهد وشهر النبذ اشاعه وآذنهم جميعا بذلك وهو من الحسن بمكان آه قلت ووجه الشبه التشهير كما اشرت اليه بما ترجمت به ۱۲۔ قوله انما يوحى الى انما الخ فى الروح انه قصر قلب بالنسبة الى الشرك الصادر من الكفار ۱۲۔**

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الحَجّ

سُورَةُ الحَجِّ ۲۲ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۳ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۷۸ رُكُوْعَاتُهَا ۱۰

سورۃ الحج مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۷۸ آیات اور ۱۰ رکوع ہیں

يَاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ۝ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۝۲

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو (کیونکہ) یقیناً قیامت (کے دن) کا زلزلہ بڑی بھاری چیز ہوگی جس روز تم لوگ اس (زلزلہ) کو دیکھو گے اس روز تمام دودھ پلانے والیاں (مارے ہیبت) اپنے دودھ پیتے کو بھول جاویں گی اور تمام حمل والیاں اپنا حمل (پورے ہونے سے پہلے) ڈال دیں گی اور (اے مخاطب) تجھ کو لوگ نشہ کی سی حالت میں دکھائی دیں گے حالانکہ وہ (واقع میں) نشہ میں نہ ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب ہے ہی سخت چیز۔

تفسیر: سورة الحج مكية الا ست ايٰت من هذان خصمان الى صراط الحميد وهي ثمانون و سبعون اية كذا في البيضاوی وقال صاحب الروح والاصح القول بانها مختلطة فيها مدنی ومکی وان اختلف فی التعيين وهو قول الجمهور۔

ربط: خلاصہ اس سورت کا یہ مضامین ہیں اول بعث وحساب جس سے سورت شروع بھی ہوئی ہے اور درمیان میں فصل یوم قیامت و جنت و نار کا ذکر موقع پر آیا ہے۔ دوم نبوت اور اس کے متعلق شبہات کا جگہ جگہ جواب اور نبوت ہی کے متعلق وعدۂ نصرت اور اذن جہاد اور اسی کے متعلق مجادلین کی مذمت خواہ وہ جدال قولی ہو یا فعلی جیسے حج یا عمرہ سے روکنا جس کے ضمن میں احکام حج مذکور ہوئے۔ سوم توحید چنانچہ آیات میں تامل کرنے والے پر سب ظاہر ہے اور خاتمہ سورت سابقہ اور فاتحہ سورت ہذا میں ما بہ الارتباط مضمون انذار ہے واللہ تعالٰی اعلم۔

امر بالتقوی وتاکید او بذکر واحوالِ قیامت ☆ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ يَاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ (الی قولہ تعالی) وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۝ اے لوگو اپنے رب سے ڈرو (اور ایمان واطاعت اختیار کرو کیونکہ) یقیناً قیامت[1] (کے دن) کا زلزلہ (جو کہ آنے والا ہے) بڑی بھاری چیز ہوگی (جب زلزلہ کہ اس کے واقعات میں سے ایک واقعہ ہے ایسا ہوگا تو مجموعہ واقعات کی کیا شدت ہوگی تو ان شدائد کے بخیر گزرنے کے لئے سامان کرو اور وہ تقویٰ ہے آگے اس زلزلہ کی شدت کا بیان ہے کہ) جس روز تم لوگ اس (زلزلہ) کو دیکھو گے اس روز (یہ حال ہوگا کہ) تمام دودھ پلانے والیاں (مارے ہیبت اور دہشت کے) اپنے دودھ پیتے (بچہ) کو بھول جاویں گی اور تمام حمل والیاں اپنا حمل (پورے دن ہونے سے پہلے) ڈال دیں گی اور (اے مخاطب) تجھ کو لوگ نشہ کی سی حالت میں دکھائی دیں گے حالانکہ وہ (واقع میں) نشہ میں نہ ہوں گے (کیونکہ نشہ ہوتا ہے کسی مسکر کے استعمال سے جس کا منفی ہونا ظاہر ہے) ولیکن اللہ کا عذاب ہے ہی سخت چیز (جس کے خوف کے مارے لوگوں کی حالت نشہ والوں کی سی ہو جاوے گی) **ف ۱**: روایات سے عین قیامت کے روز اور قیامت سے پہلے بھی زلزلہ کا وقوع ثابت ہے لیکن جس زلزلہ کا آیت میں ذکر ہے حدیث سے اس کا وقوع قیامت کے روز معلوم ہوتا ہے اخرجه احمد وسعيد بن منصور و عبد بن حميد والنسائی والترمذی والحاكم وصححاه عن عمران بن حصين وفيه قال صلی الله عليه وسلم اتدرون ای يوم ذلك قالوا الله ورسوله اعلم قال ذلك يوم يقول الله تعالٰی لآدم عليه السلام ابعث بعث النار الخ كذا فی الروح اور یہ ہیبت ودہشت اگر سب کے لئے عام کہی جاوے تو آیت: لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ [الانبیاء: ۱۰۳] اس لئے معارض نہیں کہ نفی حزن کی باعتبار اکثر احوال کے ہے اور اثبات باعتبار ساعت قلیلہ کے اور اگر اس کو ناس کے اعتبار سے کہا جاوے تو اصل ہی سے اشکال نہ ہوگا اور تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ کے ظاہر الفاظ سے یہ مفہوم ہوتا ہے

www.besturdubooks.net

کہ قیامت کے روز بھی عورتیں بچوں کو دودھ پلائیں گی سو یا تو اس کا التزام کرلیا جاوے اور کہا جاوے کہ جو جس حالت میں مرا ہے اسی حالت میں محشور ہوگا سو ممکن ہے کہ جو عورتیں حالت ارضاع میں مری ہیں ان کی وہاں بھی یہی حالت ہو اور یا کلام کو مبنی تمثیل پر کہا جاوے یعنی لو كانت هنا مرضعة ورضيع لذهلت المرضعة عن رضيعها فی حال ارضاعها اياه لشدة الهول اور یہی دو احتمال تضع كل ذات حمل میں بھی ہیں لیکن جملہ اولیٰ میں احتمال ثانی مظنون ہے اور جملہ ثانیہ میں احتمال اول کیونکہ حمل والیوں کا حالت حمل میں محشور ہونا ظاہراً اقرب ہے بہ نسبت مرضعات کے حالت ارضاع میں محشور ہونے کے لان الحمل شئ داخل وجزء منها والارضاع شئ خارجي ووصف عارضي لها والله اعلم اور مقصود یہ نہیں کہ بس اس زلزلہ کی ہیبت اتنی ہی ہوگی بلکہ مخاطبین کے اذہان میں چونکہ یہ ہیبت بھی عظیم ہے جس پر آثار مذکورہ مرتب ہوں اس لئے اس کو ذکر کردیا پس زائد کی نفی نہیں ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: (سورۃ الحج) قولہ تعالیٰ: وَتَرَى النَّاسَ الخ اس میں غیر سکر کو تشبیہاً سکر فرمادینے سے اس اصطلاح کی اصل نکل آئی کہ بعض حالات باطنہ کو اسی مشابہت کے سبب سکر کہہ دیا جاتا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی زلزلة الساعة قیامت کے دن کا اشارة الى ان الاضافة الى الظرف اتساعًا كما فى يا سارق الليلة ۱۲۔

اللغات: الذهول شغل يورث حزنا ونسيانًا المرضعة هي التى فى حال ارضاعها ملقمة ثديها وهي بخلاف المرضع بلاهاء فانها التى من شانها ان ترضع وان لم تباشر الارضاع فى حال وصفها به ۱۲۔

النحو: يوم ترونها منصوب بتذهل ۱۲۔

البلاغة: قوله شئ فى الروح فى التعبير عنها لشئ ايذان بان العقول قاصرة عن ادراك كنهها والعبارة ضيقة لاتحيطها الا على وجه الابهام آه قوله مرضعة التعبير به هنا دون مرضع ليدل على شدة الامر وتفاقم الهول قوله كل ذات حمل هوا بلغ فى التهويل من حامل او حاملة لاشعاره بالصحبة المشعرة بالملازمة فيشعر الكلام بان الحامل تضع اذ ذاك الجنين المستقر فى بطنها التمكن فيه قوله وترى الناس الاختلاف بالجمعية فى ترونها والافراد فى ترى لما ان المقصود فى الاول عموم الرؤية للزلزلة ولا يقصد فى الثانى الرؤية بل المقصود كون الناس بهذه المثابة وان لم يرهم الجميع بل راه واحد اى واحد فكانه قيل ويصير الناس سكارى۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۝ كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ

فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ

فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ

لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ؕ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ

وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ وَتَرَى

الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا

رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا

كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۝ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ

ع ۸ الْحَرِيْقِ ۝ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝

اور بعضے آدمی ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں (یعنی ذات یا صفات میں) بے جانے بوجھے جھگڑا کرتے ہیں اور ہر شیطان سرکش کے پیچھے ہو لیتے ہیں جس کی نسبت

www.besturdubooks.net

خدا کے یہاں یہ بات لکھی جا چکی ہے کہ جو شخص اس سے تعلق رکھے گا یعنی اس کا اتباع کرے گا تو اس کا کام ہی یہ ہے کہ وہ اس کو (راہ حق سے) بے راہ کر دے گا اور اس کو عذاب کا رستہ دکھا دے گا۔ اے لوگو اگر تم (قیامت کے روز) دوبارہ زندہ ہونے سے شک (وانکار) میں ہو تو ہم نے ہی (اول) تم کو مٹی سے بنایا پھر نطفہ سے (جو کہ غذا سے پیدا ہوتا ہے) پھر خون کے لوتھڑے سے پھر بوٹی سے کہ پوری ہوتی ہے اور (بعضی) ادھوری بھی تا کہ ہم تمہارے سامنے (اپنی قدرت) ظاہر کر دیں اور ہم (ماں کے) رحم میں جس (نطفہ) کو چاہتے ہیں ایک مدت معین (یعنی وقت وضع) تک ٹھہرائے رکھتے ہیں پھر ہم تم کو بچہ بنا کر باہر لاتے ہیں پھر تا کہ تم اپنی بھری جوانی (کی عمر) تک پہنچ جاؤ اور بعضے تم میں وہ ہیں جو (جوانی سے پہلے ہی) مر جاتے ہیں اور بعضے تم میں وہ ہیں جو نکمی عمر (یعنی) زیادہ بڑھاپے تک پہنچا دیا جاتا ہے جس کا اثر یہ ہے کہ ایک چیز سے باخبر ہو کر پھر بے خبر ہو جاتا ہے اور (آگے دوسرا استدلال ہے کہ) اے مخاطب تو زمین کو دیکھتا ہے کہ خشک (پڑی) ہے پھر ہم جب اس پر پانی برساتے ہیں تو وہ ابھرتی ہے اور پھولتی ہے اور ہر قسم کی خوشنما نباتات اُگاتی ہے یہ (سب) اس سبب سے ہوا کہ اللہ تعالیٰ ہی ہستی میں کامل ہے اور وہی بے جانوں میں جان ڈالتا ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے اور ان پر اس سبب سے ہوا کہ قیامت آنے والی ہے اس میں ذرا شبہ نہیں اور اللہ تعالیٰ (قیامت میں) قبر والوں کو دوبارہ پیدا کر دے گا اور بعضے آدمی ایسے ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں بدوں واقفیت (یعنی علم ضروری) اور بدوں دلیل (یعنی استدلال عقلی) اور بدوں کسی روشن کتاب (یعنی استدلال نقلی) کے تکبر کرتے ہوئے جھگڑا کرتے ہیں تا کہ اللہ کی راہ سے (یعنی دین حق سے) بے راہ کر دیں اور ایسے شخص کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم اس کو جلتی آگ کا عذاب چکھا دیں گے اور اس سے کہا جائے گا کہ یہ تیرے ہاتھ کے کئے ہوئے کاموں کا بدلہ ہے اور یہ بات ثابت ہی ہے کہ اللہ تعالیٰ (اپنے) بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں (پس تجھ کو بلا جرم سزا نہیں دے گا)۔

تفسیر ربط: اوپر تاکید تقویٰ کے لئے بعض احوال قیامت کا ذکر فرمایا تھا چونکہ بعضے کفار دیگر امور حقہ کے انکار کے ساتھ امکان قیامت اور بعث کے بھی منکر تھے چنانچہ ابن ابی حاتم نے آیت آئندہ کے شان نزول میں ابی مالک سے روایت کیا ہے کہ نضر بن الحارث بڑا مجادل تھا کہتا تھا کہ نعوذ باللہ ملائکہ اللہ تعالیٰ کی دختر ہیں اور قرآن اساطیر الاولین ہے اور اللہ تعالیٰ اس شخص کے احیاء پر نعوذ باللہ قادر نہیں جو گل سڑ کر مٹی ہو گیا ہکذا فی الروح اس لئے آگے ان پر رد فرماتے ہیں۔

رد بر منکرین بعث وغیرہ: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۙ (الی قولہ تعالیٰ) وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝ اور بعضے آدمی ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بارہ میں (یعنی اس کی ذات یا صفات یا افعال کے مقدمہ میں) بے جانے بوجھے جھگڑا کرتے ہیں اور ہر شیطان سرکش کے پیچھے ہو لیتے ہیں (یعنی گمراہی کی ایسی قابلیت ہے کہ جو شیطان جس طرح بہکا دے اس کے بہکانے میں آ جاتا ہے پس اس شخص میں غایت درجہ کی ضلالت ہوئی کہ اس پر ہر شیطان کی دسترس ہو جاتی ہے) جس کی نسبت (خدا کے یہاں سے) یہ بات لکھی جا چکی ہے (اور طے ہو چکی ہے) کہ جو شخص اس سے تعلق رکھے گا (یعنی اس کا اتباع کرے گا) تو اس کا کام ہی یہ ہے کہ وہ اس کو (راہ حق سے) بے راہ کر دے گا اور اس کو عذاب دوزخ کا راستہ دکھلا دے گا (آگے ان مجادلین کو خطاب ہے کہ) اے لوگو اگر تم (قیامت کے روز) دوبارہ زندہ ہونے (کے امکان) سے شک (وانکار) میں ہو تو (ذرا مضمون آئندہ میں غور کر لو تا کہ شک رفع ہو جاوے وہ یہ کہ) ہم نے (اول بار) تم کو مٹی سے بنایا (کیونکہ غذا جس سے نطفہ بنتا ہے اول عناصر سے پیدا ہوتی ہے جس میں ایک جزو مٹی بھی ہے) پھر نطفہ سے (جو کہ غذا سے پیدا ہوتا ہے) پھر خون کے لوتھڑے سے (کہ نطفہ میں غلظت اور سرخی آنے سے حاصل ہوتا ہے) پھر بوٹی سے (کہ علقہ میں سختی آ جانے سے حاصل ہوتا ہے) کہ (بعضی) پوری ہوتی ہے (کہ اس میں پورے اعضاء بن جاتے ہیں) اور (بعضی) ادھوری بھی (ہوتی ہے کہ بعض اعضاء ناقص رہ جاتے ہیں یہ اس طرح کی ساخت اور ترتیب اور تفاوت سے اس لئے بنایا) تا کہ ہم تمہارے سامنے (اپنی قدرت) ظاہر کر دیں (اور اسی سے ظاہر ہے کہ وہ دوبارہ پیدا کرنے پر بھی قادر ہے) اور (تتمہ اس مضمون کا یہ ہے جس سے اور زیادہ قدرت ظاہر ہوتی ہے کہ) ہم (ماں کے) رحم میں جس (نطفہ) کو چاہتے ہیں ایک مدت معین (یعنی وقت وضع) تک ٹھہرائے رکھتے ہیں (اور جس کو ٹھہرانا نہیں چاہتے ہیں وہاں اسقاط ہو جاتا ہے) پھر (اس مدت معینہ کے بعد) ہم تم کو بچہ بنا کر (ماں کے پیٹ سے) باہر لاتے ہیں پھر (اس کے بعد تین قسمیں ہو جاتی ہیں ایک قسم یہ کہ تم میں سے بعض کو جوانی تک مہلت دیتے ہیں) تا کہ تم اپنی بھری جوانی (کی عمر) تک پہنچ جاؤ اور بعضے تم میں وہ ہیں جو نکمی عمر (یعنی زیادہ بڑھاپے) تک پہنچا دیئے جاتے ہیں جس کا اثر یہ ہے کہ ایک چیز سے باخبر ہو کر پھر بے خبر ہو جاتے ہیں (جیسا اکثر بوڑھوں کو دیکھا کہ ابھی ایک بات بتلائی اور ابھی پھر پوچھ رہے ہیں یہ تیسری قسم ہوئی یہ سب احوال بھی دال علی القدرت ہیں ایک استدلال تو یہ تھا) اور (آگے دوسرا استدلال ہے کہ) اے مخاطب تو زمین کو دیکھتا ہے کہ خشک (پڑی) ہے پھر جب ہم اس پر پانی برساتے ہیں تو وہ ابھرتی ہے اور پھولتی ہے اور ہر قسم (یعنی قسم قسم) کی خوشنما نباتات اُگاتی ہے (سو یہ بھی دلیل ہے قدرت کاملہ کی آگے ایضاح استدلال کے لئے تصرفات مذکورہ کی علت اور حکمت کا بیان فرماتے ہیں یعنی) یہ (جو کچھ اوپر دونوں استدلالوں کے ضمن میں اشیائے مذکورہ کا ایجاد واظہار مذکور ہوا یہ سب) اس سبب سے ہوا کہ اللہ تعالیٰ ہی ہستی میں کامل ہے (یہ تو اس کا کمال ذاتی ہے) اور وہ ہی بے جانوں میں جان ڈالتا ہے (یہ اس کا کمال فعلی ہے) اور وہی ہر چیز

www.besturdubooks.net

پر قادر ہے (یہ اس کا کمال وصفی ہے اور یہ تینوں مل کر امور مذکورہ کی علت ہیں کیونکہ اگر کمالات ثلاثہ میں سے ایک بھی غیر متحقق ہوتا تو ایجاد نہ پایا جاتا چنانچہ ظاہر ہے) اور (نیز اس سبب سے ہوا کہ) قیامت آنے والی ہے اس میں ذرا شبہ نہیں اور اللہ تعالیٰ (قیامت میں) قبر والوں کو دوبارہ پیدا کرے گا (یہ امور مذکورہ کی حکمت ہیں یعنی ہم نے وہ تصرفات مذکورہ اس لئے ظاہر کئے کہ اس میں منجملہ اور حکمتوں کے ایک حکمت اور غایت یہ تھی کہ ہم کو قیامت کا لانا اور مردوں کو زندہ کرنا منظور تھا تو ان تصرفات سے ان کا امکان لوگوں پر ظاہر ہو جاوے گا پس ایجاد اشیائے مذکورہ کی تین علتیں اور دو حکمتیں مذکور ہوئیں اور سبب بالمعنی الاعم سب کو عام ہوا اس لئے بائے سببیت سب پر داخل ہوگئی اور (یہاں تک تو مجادلین کا ضلال اور اس کے رد میں استدلال مذکور تھا آگے ان کا اضلال اور دونوں ضلال و اضلال کا وبال اور نکال مذکور ہوتا ہے کہ) بعضے آدمی (اس میں مجادل مذکور سابق اور اس کا غیر سب داخل ہے) ایسے ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بارہ میں (یعنی اس کی ذات یا صفات یا افعال کے مقدمہ میں) بدوں واقفیت (یعنی علم ضروری) اور بدون دلیل (یعنی علم استدلالی عقلی) اور بدوں کسی روشن کتاب (یعنی علم استدلالی نقلی) کے (اور دوسرے محقق کے اتباع وتقلید سے) تکبر کرتے ہوئے جھگڑا کرتے ہیں تاکہ (دوسرے لوگوں کو بھی) اللہ کی راہ سے (یعنی دین حق) سے بے راہ کر دیں (سو) ایسے شخص کے لئے دنیا میں رسوائی ہے (خواہ کسی قسم کی رسوائی ہو چنانچہ بعضے گمراہ قتل وقید وغیرہ سے ذلیل ہوتے ہیں بعضے مناظرہ اہل حق میں مغلوب ہو کر عقلاء کی نظر میں بے عزت ہوتے ہیں) اور قیامت کے دن ہم اس کو جلتی آگ کا عذاب چکھاویں گے (اور اس سے کہا جاوے گا) کہ یہ تیرے ہاتھ کے کئے ہوئے کاموں کا بدلہ ہے اور یہ بات ثابت ہی ہے کہ اللہ تعالیٰ (اپنے) بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں (پس تجھ کو بلا جرم سزا نہیں دی گئی) **ف**: تخلیق انسان کے اطوار آیت میں اجمالاً مذکور ہیں تفصیل کتب طبیہ قانون وغیرہ میں ہے جس پر یہ اجمال بالکل منطبق ہے۔ **ربط**: اوپر انکار اور جدال پر اصرار کرنے والوں کی مذمت تھی آگے ان کی مذمت ہے جو انکار اور جدال سے توبہ کرنے اور اسلام لانے کے بعض احوال میں کفر وانکار کی طرف عود کرتے اور مرتد ہو جاتے تھے چنانچہ بخاری وغیرہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ بعض اشخاص مدینہ میں آ کر مسلمان ہوتے جب اپنے گھر جا کر مال اولاد میں برکت و فراغت دیکھتے کہتے بڑا اچھا دین ہے ورنہ کہتے برا دین ہے اور پھر جاتے اھ اور ظاہر ہے کہ ایسے لوگوں کا اسلام پر رہنا بھی حقیقت دین کی وجہ سے نہ ہوگا کیونکہ ان کے نزدیک معیار حقیت کا منفعت دنیویہ ہے پس عین اسلام کی حالت میں عقیدہ اور غرض میں فساد ہوتا تھا اس لئے وہ اسلام بوجہ عدم اخلاص معتبر ومعتد بہ نہیں ہے بلکہ از قبیل نفاق کے ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الخ حق تعالیٰ نے اس آیت میں اپنے تصرفات بدیعہ کا سبب اپنی موجود اور کامل الذات والصفات ہونے کو فرمایا اور اس میں قریب قریب اس کی تصریح ہوگئی جو صوفیہ کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ کی صفات بوجہ اپنے جمیل ہونے کے مقتضی ظہور کو ہوئیں اس سے اللہ تعالیٰ نے خلق کو پیدا کیا لیکن اس مقام میں دو امر اور سمجھنے کے قابل ہیں ایک یہ کہ سبب تخلیق کا صرف یہی اقتضا ظہور نہیں بلکہ اس میں اور حکم ومصالح بھی ہیں اور اَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى میں اسی طرف اشارہ ہے دوسرے یہ کہ یہ اقتضاء درجہ اضطرار میں نہیں بلکہ حق تعالیٰ کے افعال اختیار کے اظہار کا داعی ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَمِنَ النَّاسِ الخ روح المعانی میں ہے کہ علم سے مراد علم ضروری ہے اور ہدی سے استدلال اور کتاب منیر سے وحی اور علم ضروری یعنی غیر استدلالی عام ہے علم وجدانی وذوق وکشفی الہامی کو بھی سو اس قسم کے علم کا معتبر ہونا بھی ثابت ہو گیا البتہ جب اس سے اقوی علم اس کے معرض ہوگا اس وقت اس اقوی کو ترجیح ہوگی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ فی** فانه يضله کام ہی یہ ہے اشارة الى كون الناصبة خبر مبتدأ محذوف اى فشانه الاضلال ۱۲۔ ۲ **قولہ فی** البعث امكان لان ما سياتى لا يدل عقلا على الوقوع بل على الصحة ۱۲۔ ۳ **قولہ فی** فانا خلقناكم غور کرلو اشارة الى تقدير الجواب اى فاعلموا انا خلقناكم الخ ۱۲۔ ۴ **قولہ فی** لتبغلوا مہلت اشارة الى تقدير الكلام هكذا ثم نمهلكم لتبلغوا ۱۲۔ ۵ **قولہ فی** لكيلا اثر اشارة الى ان اللام للعاقبة ۱۲۔ ۶ **قولہ فی** الحق ہستی میں کامل لان الحق هو الثابت ودل الحصر على الكمال فان مطلق الثبوت مشترك فلم يبق فى الحصر حجة لنفات الحقائق من السو فسطائية والتفصيل ان بعض السوفسطائية المنتحلين الى الاسلام احتج بالآية على مذهبه فى نفى حقائق الاشياء بان الله تعالىٰ قد حكم بالوجود الثابت منحصر فى ذاته فثبت كون الاشياء الممكنة غير ثابتة والجواب ظاهر بان المراد الوجود الكامل وهو منحصر فيه تعالىٰ ۱۲۔ ۷ **قولہ فی** وان الله ليس ثابت اشارة الى حذف المبتدا اے الامر ان الله الخ۔

الروایات: ذكرت احدها فى المتن والاخرىٰ هذه اخرج ابن جرير عن مجاهد فى قوله ثانى عطفه انزلت فى النضر بن الحارث واخرج ابن مردويه عن ابن عباسؓ فى قوله ثانى عطفه قال هو رجل من بنى عبدالدار كذا فى الدر المنثور قلت وللجمع بين الروايات حملة فى الترجمة على العموم ولو خص بالنضر كما قيل فالتكرار كما قال ابن عطية للتوبيخ فكانه قيل هذه الامثال فى غاية الوضوح والبيان والتكرار مبالغة فى الذم او لكون كل من الآيتين مشتملة على زيادة ليست فى الاخرىٰ ۱۲۔

www.besturdubooks.net

فائدہ: لو اشكل عليك ما فسرت قوله تعالىٰ مخلقة وغير مخلقة بان ظاهره يعارضه ما اخرجه الحكيم الترمذى وغيره عن ابن مسعود قال النطفة اذا استقرت فى الرحم اخذها ملك الارحام بكفه فقال يا رب مخلقة ام غير مخلقة فان قيل غير مخلقة لم تكن تسمة وقذفها الرحم وما الخ وهو فى حكم المرفوع ووجه اللمعارضة ان الحديث يدل ظاهر على تفسير التخليق بنفخ الروح وفسرته فى الأية بكمال الاعضاء فازحة بان الحديث ليس فى توجيه التفسير بل هو نص فى توزيع النطفة الى قسمين وفى الأية تقسيم المضغة الى قسمين فهذا دلالة صريحة بان الحديث لم تقصد به التفسير ۱۲۔

اللغات: مريد فى القاموس مرد فهو مريد اقدم وعتاها مدة فى القاموس فى الارض ان لا يكون بها حيٰوة ولا عود لا نبت ولامطر ۱۲۔ ثانى عطفه فى الدر المنثور عن ابن عباس متكبرا فى نفسه فى الروح اى لا ديا لجانبه وهو كناية عن عدم قبوله وهو مراد ابن عباس آہ۔

النحو: طفلا حال من ضمير المخاطبين والافراد اما باعتبار كل واحد منهم او بارادة الجنس الصادق على الكثير او لانه مصدر فيستوى فيه الواحد وغيره اولان المراد طفلا طفلا فاختصر كذا فى الروح ۱۲۔

البلاغۃ: قوله تعالىٰ ان كنتم فى ريب فى الروح والتعبير عن اعتقادهم فى حقه بالريب اى الشك مع انهم جازمون بعدم امكانه اما للايذان بان اقصى ما يمكن صدوره عنهم وان كانوا فى غاية ما يكون من المكابرة والعناد هو الارتياب فى شانه واما الجزم بعد الامكان فخارج من دائرة الاحتمال كما ان تنكيره وتصديره بكلمة الشك للاشعار بان حقه ان يكون ضعيفا مشكوك الوقوع واما للتنبيه على ان جزمهم ذلك بمنزلة الريب الضعيف لكمال وضوح دلائل الامكان ونهاية قوتها آه قوله يرد التعبير به لان مع بلغ الى ارذل العمر يكون حاله فى الضعف كالطفل فكانه رد الى الحالة الاولى قوله يحيى الموتى تقديم الكمال الفعلى على الكمال الوصفى فى الذكر لان الكلام كان فى الاحياء۔ قوله ليضل اللام للتعليل فان غرض المجادل ما هو اضلال وان لم يعترف بكونه اضلالا ۱۲۔

وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ اِۨطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ اِۨنْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۱﴾ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۲﴾ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿۱۳﴾

اور بعض آدمی اللہ کی عبادت (ایسے طور پر) کرتا ہے (جیسے کسی چیز کے) کنارے پر (کھڑا) ہو پھر اگر اس کو کوئی (دنیوی) نفع پہنچے گا تو اس کی وجہ سے (ظاہری) قرار پالیا اور اگر اس پر کچھ آزمائش آگئی ہو تو منہ اٹھا کر (کفر کی طرف) چل دیا (جس سے) دنیا اور آخرت دونوں کھو بیٹھا یہی کھلا نقصان (کہلاتا) ہے خدا (کی عبادت) کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت کرنے لگا جو نہ اس کو نقصان پہنچا سکتا ہے اور نہ اس کو نفع پہنچا سکتا ہے یہ انتہا درجہ کی گمراہی ہے وہ ایسے کی عبادت کر رہا ہے کہ اس (کی عبادت) کا ضرر بہ نسبت اس کے نفع کے زیادہ قریب الوقوع ہے (اور) ایسا کارساز بھی برا اور ایسا رفیق بھی برا۔ ۞

تفسیر: ذم منافقین ومرتدین از مذبذبین ☆ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ (الى قوله تعالىٰ) لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿۱۳﴾ اور بعض آدمی اللہ کی عبادت (ایسے طور پر) کرتا ہے (جیسے[1] کوئی کسی چیز کے) کنارہ پر (کھڑا ہوا اور موقع پا کر چل دینے پر تیار ہو) پھر اگر اس کو کوئی (دنیوی) نفع پہنچ گیا تو اس کی وجہ سے (ظاہری[2]) قرار پالیا اور اگر اس پر کچھ آزمائش ہوگئی تو منہ اُٹھا کر[3] (کفر کی طرف) چل دیا (جس سے) دنیا وآخرت دونوں کو کھو بیٹھا یہی کھلا نقصان (کہلاتا) ہے (چنانچہ دنیا کا نقصان تو اصابت فتنہ سے مشاہد ہے اور آخرت کا نقصان یہ ہوا کہ اسلام اور) خدا (کی عبادت) کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت کرنے لگا جو (اس قدر عاجز ہے کہ) نہ اس کو (عبادت نہ کرنے کی صورت میں) نقصان پہنچا سکتی ہے اور نہ (عبادت کرنے کی صورت میں) اس کو نفع پہنچا سکتی ہے (اور ظاہر ہے کہ خدائے قادر کو چھوڑنا اور ایسے عاجز کو اختیار کرنا آخرت میں براہین قاطعہ سے مضر ہے) یہ (بھی) انتہا درجہ کی گمراہی ہے (اور صرف یہی نہیں کہ اس کی عبادت سے نفع نہ ہوتا ہو بلکہ عبادت میں ضرر ہوتا ہے سو) وہ ایسے کی عبادت کر رہا ہے کہ اس (کی عبادت) کا ضرر (واقعی عذاب کا سبب بنتا ہے) بہ نسبت اس کے (متوقع غیر واقع) نفع کے زیادہ قریب الوقوع ہے (اور) ایسا کارساز بھی برا اور ایسا رفیق بھی برا (جو بالکل ہی کام نہ آوے نہ مولیٰ یعنی بڑا ہو کر کام آوے اور نہ عشیر یعنی برابر ہو کر کام آوے)۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ الخ روح میں ہے کہ اس میں جو شخص بھی داخل ہو گیا جو خدا تعالیٰ کی عبادت، کرامات اور مدح خلائق وغیرہ کی طمع پر کرتا ہے اگر اس کو حاصل ہوتا ہوا دیکھے تو عبادت میں نشاط ہوتی ہے ورنہ بے دلی اور سستی کرتا ہے اھ کیونکہ خیر اور فتنہ کا لفظ اپنے اطلاق سے اس کو بھی شامل ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في على حرف جیسے کوئی الخ اشارة الى ما في الروح ان في الكلام استعارة تمثيلية كالذى يكون على طرف الجيش فان احس بظفر قرو الافر ۱۲۔ ۲؎ قوله في اطمان ظاہری اشارة الى ان المراد الثبات ظاهر الا انه اطمأن اطمينان المؤمنين الذين لا يزحزحهم عاصف ولا يثنيهم عاطف كما يشهد به شان النزول ۱۲۔ ۳؎ قوله في على وجهه منہ اٹھا کر اشارة الى توجيه معناه اى مستوليا على الجهة التى يواجها غير ملتفت يمينا وشمالا ولا مبال بما يستقبله من حرار وجبال ۱۲۔ ۴؎ قوله في ضره عذاب کا سبب وفى نفعه متوقع اشارة الى دفع التناقض بين نفى الضرر والنفع سابقاً واثباتهما لاحقا تقرير الدفع ان الضرر المنفى ما يكون بطريق المباشرة والمثبت ما يكون بطريق التسبب وكذا النفع المنفى هو الواقعى والمثبت هو التوقعى قيل ولهذا الاثبات عبر بمن فان الضرر والنفع من شانهما ان يصدر من العقلاء كذا في الروح قوله والمثبت هو التوقع قلت فالمثبت في الواقع هو التوقع لا لنفع فافهم ۱۲۔

النحو: قوله لمن ضره في الجلالين ان اللام زائدة آه فالموصولة مفعول ليدعوا وفى الروح قوى بالقول بالزيادة هنا بقراءة عبدالله يدعوا من ضره باسقاط اللام ۱۲۔

إِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝۱۴

مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ

فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ۝۱۵ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ۝۱۶

بلاشبہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے بہشت کے ایسے باغوں میں داخل فرما دیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اللہ تعالیٰ جو ارادہ کرتا ہے کر گزرتا ہے۔ جو شخص (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخالفت کر کے) اس بات کا خیال رکھتا ہو کہ اللہ تعالیٰ رسول کی دنیا اور آخرت میں مدد نہ کرے گا تو اس کو چاہئے کہ ایک رسی آسمان تک تان لے پھر اس کے ذریعے سے آسمان پر پہنچ کر اگر ہو سکے اس وحی کو موقوف کرا دے تو پھر (اب) غور کرنا چاہئے آیا اس کی (یہ) تدبیر اس کی ناگواری کی چیز کو (یعنی وحی کو) موقوف کر سکتی ہو اور ہم نے اس (قرآن) کو اس طرح اتارا ہے جس میں کھلی کھلی دلیلیں حق کی ہیں اور بات یہ ہی ہے کہ اللہ جس کو چاہتا ہے (حق کی) ہدایت کرتا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر کفار کی متعدد جماعتوں کی مذمت تھی آگے سب کے مقابلہ میں مؤمنین کی فضیلت ہے۔

فضل مؤمنین ☆ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے (بہشت کے) ایسے باغوں میں داخل فرما دیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی (اور اوپر جو کفار کی سزا اور مؤمنین کی جزا کا بیان کیا گیا اس کے وقوع میں ذرا شبہ نہیں کیونکہ) اللہ تعالیٰ جو ارادہ کرتا ہے کر گزرتا ہے (اس کے ساتھ کوئی مزاحمت نہیں کر سکتا اور وہ اس جزا و سزا کا ارادہ کر چکا ہے پس ضرور ایسا ہی واقع ہوگا۔ ربط: اوپر کفار مجادلین فی الدین کا ذکر ہوا تھا چونکہ ان کی غرض جدال سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور دین اسلام کو مغلوب اور ضعیف کرنا تھا اس لئے آگے اس غرض والوں کی ناکامی بیان فرماتے ہیں۔

خبیث آمال کفار بدسگال ☆ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ (الی قولہ تعالیٰ) مَا يَغِيْظُ ۝ جو شخص (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخالفت اور مخاصمت کر کے) اس بات کا خیال رکھتا ہو کہ (میں غالب آ جاؤں گا اور آپ کی اور آپ کے دین کی ترقی کو روک دوں گا اور) اللہ تعالیٰ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی (اور آپ کے دین کی) دنیا اور آخرت میں مدد نہ کرے گا (کیونکہ دین اسلام کے مقابلہ میں مخالفانہ تدبیریں اور تقریریں کرنا بدوں اس خیال کے اس لئے خلاف عقل ہے کہ مقصود سعی سے اپنی کامیابی اور مخالف کی ناکامی ہوتی ہے جس کا اصلی موطن آخرت ہے پس جب سعی کی جاوے گی وہ اس قاعدہ عقلیہ کے موافق اس خیال کو مستلزم ہوگی اس لئے اس عنوان سے تعبیر کیا گیا غرض جس کا ایسا خیال ہو) تو اس کو چاہئے کہ ایک رسی آسمان تک تان لے (اور آسمان سے باندھ دے) پھر (اس کے ذریعہ سے آسمان پر پہنچ کر اگر ہو سکے) اس وحی کو موقوف کرا دے (اور ظاہر ہے کہ ایسا کوئی نہیں کر سکتا) تو پھر (اب) غور کرنا چاہئے آیا

www.besturdubooks.net

اس کی (یہ) تدبیر (جس سے بالکل عاجز ہے) اس کی ناگواری کی چیز کو (یعنی وحی کو) موقوف کرسکتی ہے (یعنی ہرگز نہیں کرسکتی)۔ **ف**: حاصل یہ ہوا کہ نصرت الٰہیہ آپ کے ساتھ بوجہ نبوت و وحی کے ہے سو آپ کی ناکامی کی سعی کرنا اس وقت مفید ہوسکتی ہے کہ اس نبوت اور وحی کے قصہ کو پاک کردیا جاوے سو یہ ہونے کا نہیں پس دین کے خلاف میں سعی کرنا موقوف ہے ظن عدم نصرت الٰہیہ للنبی پر اور اس میں کامیابی کا سامان مجتمع کرنا موقوف ہے قدرت علی قطع النبوۃ پر پس کلام میں اصل شرط اور جزا دونوں امر موقوف ہیں اور عبارت میں دونوں امر موقوف علیہ کو ان کے قائم مقام کردیا گیا **روی هذا التفسير بعينه في الدر عن ابن زيد وهو احسن التفاسير وابدعهما عندی وللناس فيما يعشقون مذاهب والله اعلم۔** ربط: اوپر کی آیت میں کسی کا قطع وحی پر قادر نہ ہونا مذکور تھا آگے تاکید سابق کے لئے حق تعالیٰ کا تنزیل وحی کا فاعل ہونا مذکور ہے اور اوپر ختم آیت میں امر تھا نظر اور فکر کا جس کا مقتضا یہ ہے کہ سامع کو ضرور ہدایت ہو جاتی آگے ختم آیت پر ہدایت کا مشیت الٰہی پر موقوف ہونا ارشاد فرمایا گیا۔

فاعل بودن حق تعالیٰ مر تنزیل را و ہدایت سبیل را ☆ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ (الی قوله تعالی) يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ۝۱۶ اور ہم نے اس (قرآن) کو اسی طرح اتارا ہے (کہ اس میں صرف ہمارے ہی ارادہ اور قدرت کا دخل ہے) جس میں کھلی کھلی دلیلیں (تعیین حق کی) ہیں اور (جن میں ہم نظر اور فکر کا بھی حکم کرتے رہتے ہیں مگر باوجود اس کے) بات یہ (ہی) ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے (حق کی) ہدایت کرتا ہے (البتہ انسان کی سعی اور طلب کے بعد اللہ تعالیٰ ارادہ کرہی لیتا ہے)۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: مَنْ كَانَ يَظُنُّ الخ مجاہد کا قول یہ ہے کہ يَّنْصُرَهُ میں ضمیر مفعول کی مَنْ کی طرف راجع ہے اور معنی یہ ہیں کہ جو شخص یہ گمان کرکے کہ حق تعالیٰ اس کی نصرت نہ کرے گا ناخوش ہو تو تدبیر میں جان کھپا کر دیکھ لے کہ کیا اس سے اس کی ناگوار چیز باقی رہے گی سو اس میں رضا کی ترغیب (اور کراہۃ قضا کی مذمت) ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله** فِيْ يَفْعَل کر چکا **اشارة الى ان التذييل قصد به التعليل وتحقيق ما قبله ۱۲۔** ۲ **قوله** جس کا موطن اصلی الخ **اشار الى توجيه زيادة قوله تعالى والآخرة ۱۲۔** ۳ **قوله في ليقطع** وحی **اشارة الى تقديره وكون المقدر كالملفوظ وروى هذا التقدير عن ابن زيد كما في الروح ايضا اخرجه ابن ابی حاتم عنه كما في الدر المنثور ۱۲۔** ۴ **قوله في فلينظر اب الى اشارة الى عدم ترتبه على المدو القطع ۱۲۔**

النحو: **لن ينصره راجع الى محمد صلى الله عليه وسلم لكونه معلومًا معهودًا من الكلام والمقام كذا في الدر عن ابن عباس وابن زيد وغيرهما ۱۲ قوله وان الله خبر لمبتدأ ای والامر ان الله كذا في الروح۔**

البلاغۃ: **فليمدد الامر للتعجيز ۱۲۔**

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـِٕيْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۱۷ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَاۗبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۭ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۭ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاۗءُ ۝۱۸ السجدۃ

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ مسلمان یہود اور صابئین اور نصاریٰ اور مجوس اور مشرکین اللہ تعالیٰ ان سب کے درمیان میں قیامت کے روز (عمل) فیصلہ کردے گا (مسلمانوں کو جنت میں داخل کرے گا اور کافروں کو دوزخ میں) بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز سے واقف ہے۔ اے مخاطب کیا تجھ کو (عقل سے یا مشاہدے سے) یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے (اپنی اپنی حالت کے مناسب) سب عاجزی کرتے ہیں جو کہ آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اور سورج اور چاند اور تارے اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے اور بہت سے (تو) آدمی بھی اور بہت سے ایسے ہیں جن پر بوجہ منقاد نہ ہونے کی عذاب ثابت ہوگیا ہے (سچ یہ ہے کہ) جس کو خدا ذلیل کرے (اور اس کو توفیق ہدایت نہ دے) اس کو کوئی عزت دینے والا نہیں اور اللہ تعالیٰ (کو اختیار ہے) جو چاہے کرے۔

تفسیر ربط: اوپر کفار کا دین حق اور اہل حق کے ساتھ خلاف اور اختلاف کرنا اور اس اختلاف کا دلائل برہانیہ سے قوی فیصلہ باوضح طرق بیان فرمایا تھا مگر چونکہ کفار مذکورین مثل مشرکین وغیر مذکورین مثل اہل کتاب میں سے جو اہل عناد ہیں اس پر اکتفا نہیں کرتے اسلئے آگے قیامت کے عملی فیصلہ کا بیان فرمایا جاتا ہے۔

www.besturdubooks.net

بیان فیصلہ محققین و مبطلین در قیامت ☆ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ﴿۱۷﴾ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ مسلمان اور یہود اور صابئین اور نصاریٰ اور مجوس اور مشرکین اللہ تعالیٰ ان سب کے درمیان میں قیامت کے روز (عملی) فیصلہ کردے گا (کہ مسلمانوں کو جنت میں داخل کردے گا اور کافروں کو دوزخ میں) بیشک خدا تعالیٰ ہر چیز سے واقف ہے (پس اس کو ہر ایک کے کفر و ایمان کی بھی اطلاع ہے ہر ایک کو مناسب پاداش دے گا) **ف**: فرقۂ صابئین کے متعلق پارۂ الم کے نصف سے دو رکوع قبل آیت: اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا الخ کی تفسیر میں کچھ لکھا جا چکا ہے اور مجوس آتش پرست ہیں باقی مشہور ہیں۔ ربط: اوپر مؤمنین و کفار کے درمیان میں قیامت کے روز فیصلہ فرمانے کا بیان تھا چونکہ عادۃً فیصلہ کے لئے اس اختلاف کا باوقعت ہونا ضروری ہے اس لئے آگے فریقین کے محل اختلاف یعنی دین و اطاعت الٰہیہ کا عظیم اور وقیع ہونا جمیع مخلوقات کے انقیاد کے ذکر سے اور ایسے ظاہر اور ثابت امر میں اختلاف بیجا کا ذمیم اور شنیع ہونا مکلفین کے انقسام کے ذکر سے بیان فرماتے ہیں اور نیز اوپر فیصلہ مطلق تھا اگلی آیت میں اس فیصلہ کے عمل ہونے کے حق علیه العذاب ومن یهن الله الخ سے تعیین فرماتے ہیں۔

تعظیم امر انقیاد و تذمیم اختلاف عناد ☆ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ یَسْجُدُ لَهٗ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ ﴿۱۸﴾ اے مخاطب کیا تجھ کو یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ کے سامنے (اپنی اپنی حالت کے مناسب) سب عاجزی کرتے ہیں جو کہ آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اور سورج اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے اور (باوجود تمام مخلوقات کے منقاد ہونے کے آدمی جو خاص درجہ کی عقل رکھتا ہے ان میں سب منقاد نہیں بلکہ) بہت سے (تو) آدمی بھی (انقیاد اور عاجزی کرتے ہیں) اور بہت سے ایسے ہیں جن پر (بوجہ منقاد نہ ہونے کے) عذاب (کا استحقاق) ثابت ہو گیا ہے اور (سچ یہ ہے کہ) جس کو خدا ذلیل (وخوار) کرے (اور اس کو توفیق ہدایت نہ ہو) اس کا کوئی عزت دینے والا نہیں (اور) اللہ تعالیٰ (کو اختیار ہے اپنی حکمت سے) جو چاہے کرے (یُضِلُّ مَنْ یَّشَآءُ وَیَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ [فاطر: ۸])۔ **ف**: غور سے سمجھنا چاہئے کہ اور مخلوقات مذکورہ آیت چونکہ مکلف نہیں ہیں اس لئے ان کے مناسب صرف انقیاد تکوینی و تسخیری ہے اور وہ ان سب میں متحقق ہے اور انسان مکلف ہے اس لئے اس کے مناسب علاوہ انقیاد تسخیری و تکوینی کے انقیاد تشریعی و اختیاری بھی ہے پس یَسْجُدُ میں مناسب کی قید لگا دینے سے سجدہ کا تحقق دیگر مخلوقات کے لئے عام ہو گیا اور انسان کے لئے صرف بعض افراد کے اعتبار سے ہوا پس نہ یَسْجُدُ مکرر نکالنے کی ضرورت اور نہ یَسْجُدُ مذکور کے سب کی طرف منسوب ہونے میں کوئی قباحت اور نہ یہ اشکال کے وارد ہونے کی گنجائش رہی کہ یَسْجُدُ مذکور اگر انقیاد اختیاری كَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ ہے تو دیگر مخلوقات کی طرف نسبت مشکل اور اگر اضطراری ہے تو كَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ کی تحقیق مشکل سو بحمد اللہ تفسیر مذکور سے سب اشکال دفع ہو گیا اور کسی تکلیف کی حاجت نہ رہی اور سجدہ کے معنی مجازی انقیاد کے لے لینے سے کوئی یوں نہ سمجھے کہ آیت: وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ [الأسراء: ٤٤] میں بھی تسبیح مجازی حالی ہی مراد لی جاوے گی اصل یہ ہے کہ تسبیح حقیقی قالی کے لئے تو صدور الفاظ کافی ہے جو کہ وجود لسان پر موقوف نہیں چنانچہ فونوگراف میں اب مشاہدہ ہو گیا ہے اور سجدہ کے معنی حقیقی کے لئے جبہہ کا وجود ضروری ہے اور جبہہ ہر مخلوق میں نہیں ہے خوب سمجھ لیا جاوے اور ہر چند کہ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ میں بوجہ اس کے کہ مَن بمعنی ما ہے اور تغلیباً مَن سے تعبیر کر دیا گیا ہے شمس و قمر وغیرہا سب داخل ہیں لیکن ان کی تخصیص میں حسب قول صاحب روح یہ نکتہ ہے کہ حمقاء نے ان چیزوں کی عبادت کی ہے اس لئے بتلا دیا کہ تمہارے معبود خود عابد ہیں چنانچہ روح میں شمس کا عابد حمیر کو اور قمر کا کنانہ کو اور دبران کا تمیم کو اور شعریٰ کا لخم اور قریش کو اور ثریا کا طی کو اور عطارد کا اسد کو اور مرزم کا ربیعہ کو اور اصنام و احجار کا اکثر عرب کو اور عزیٰ کا جو کہ ایک ببول کا درخت تھا غطفان کو اور بقرہ کا بعض مشرکین کو نقل کیا ہے اور آیت میں جن کا ذکر نہ ہونا دلیل اس کی نفی کی نہیں اور دلائل سے ثابت ہے کہ وہ بھی انسان کی طرح دو قسم ہیں واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: اس آیت میں كَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ فرمانا دلیل اس پر ہے کہ یہ سجدہ و انقیاد غیر عقلاء کا بھی اختیاری ہے کیونکہ اگر سجدہ تسخیر یہ مراد ہوتا تو وہ عام ہے کثیر کی کیا تخصیص تھی ۱۲۔

النحو: قوله وكثير حق في الروح كثير مبتدأ وما بعده خبره ۱۲ قوله ان الله يفصل في الروح انه في حيز الرفع على انه خبر لان السابقة ادخلت على جزئي الجملة للتاكيد آه۔

هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّهِمْ فَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِیَابٌ مِّنْ نَّارٍ یُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِیْمُ ﴿۱۹﴾ یُصْهَرُ بِهٖ مَا فِیْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ﴿۲۰﴾ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِیْدٍ ﴿۲۱﴾ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ یَّخْرُجُوْا

www.besturdubooks.net

ع ۱۲ ۹ مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۗ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا

حَرِيْرٌ ۝ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ۝

یہ (جن کا اوپر ذکر ہوا) دو فریق ہیں جنہوں نے دربارے اپنے رب کے (دین میں) باہم اختلاف کیا سو جو لوگ کافر تھے ان کے (پہننے کے) لئے (قیامت میں) آگ کے کپڑے قطع کئے جاویں گے اور انکے سر کے اوپر تیز گرم پانی چھوڑا جائے گا (اور) اس سے ان کے پیٹ میں کی چیزیں (یعنی انتڑیاں) اور ان کی کھالیں سب گل جاویں گی اور انکے (مارنے کے) لئے لوہے کے گرز ہوں گے وہ لوگ جب (دوزخ میں) گھٹے گھٹے (گھبرا جائیں گے اور) اس سے باہر نکلنا چاہیں گے تو پھر اسی میں دھکیل دیئے جاویں گے اور (ان کو) کہا جاوے گا کہ جلنے کا عذاب ہمیشہ کے لئے چکھتے رہو (اور) اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو کہ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے (بہشت کے) ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی اور انکو وہاں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائینگے اور پوشاک انکی وہاں ریشم کی ہوگی اور سب انعام ان کیلئے اس لئے ہے کہ دنیا میں ان کو کلمہ طیبہ (کے اعتقاد) کی ہدایت ہوگئی تھی اور انکو اس (خدا) کے رستہ کی ہدایت کی گئی جو لائق حمد ہے (وہ راستہ اسلام ہے)۔

تفسیر ربط: اوپر مؤمنین و کفار کے اقسام تفصیلاً اور ان کا عملی فیصلہ اجمالاً مذکور تھا آگے اُن اقسام بطور میزان الکل کے جملہ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ میں اجمالاً اور اُن کا فیصلہ توضیح کے لئے تفصیلاً مذکور ہوتا ہے پس ان آیات میں اس بناء پر منجملہ بدائع کی صنعت تقسیم اور جمع اور تفریق کی ہوئی پس اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے اَشْرَكُوْٓا تک ایک تقسیم ہے اور اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ سے اخْتَصَمُوْا تک جمع ہے اور فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا سے آخر تک تفریق ہے۔

تفصیل فیصلہ فرق مذکورہ ☆ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ (الی قولہ تعالی) وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ۝ یہ (جن کا اوپر آیت اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الخ میں ذکر ہوا) دو فریق ہیں (ایک مؤمن دوسرا کافر پھر اس دوسرے فریق کی کئی قسمیں ہیں۔ یہود اور نصاری اور صابئین اور مجوس اور بت پرست) جنہوں نے دربارہ اپنے رب کے (دین کے) باہم (اعتقاداً اور گاہے مباحثۃً بھی) اختلاف کیا سو (اس اختلاف کا عملی فیصلہ قیامت میں اس طرح ہوگا کہ) جو لوگ کافر تھے ان کے (پہننے کے) لئے آگ کے کپڑے قطع کئے جاویں گے (یعنی آگ چاروں طرف سے پاؤں تک کپڑوں کی طرف محیط ہوگی اور) ان کے سر کے اوپر سے تیز (کھولتا ہوا) گرم پانی چھوڑا جاوے گا (اور) اس سے ان کے پیٹ میں کی چیزیں (یعنی انتڑیاں) اور (ان کی) کھالیں سب گل جاویں گی (اس طرح سے کہ کچھ حصہ اس پانی کے کھال کو توڑ کر اندر گھس جاوے گا اس سے انتڑیاں گل جاویں گی اور کچھ حصہ کھال کے اوپر آ بہے گا اس سے کھال گل جاوے گی) اور ان کے (مارنے کیلئے) لوہے کے گرز ہوں گے (اور اس مصیبت سے کبھی نجات نہ ہوگی چنانچہ) وہ لوگ جب (دوزخ میں) گھٹے گھٹے (گھبرا جائیں گے اور) اس سے باہر نکلنا چاہیں گے (اور کنارہ کی طرف کو بڑھیں گے گو بوجہ قعر اور دروازوں کے بند ہونے کے نکل نہ سکیں گے مگر ایسے وقت میں یہ حرکت طبعی ہوتی ہے) تو پھر اسی میں دھکیل دیئے جاویں گے اور (ان کو) کہا جاوے گا کہ جلنے کا عذاب (ہمیشہ کے لئے) چکھتے رہو (کبھی نکلنا نصیب نہ ہوگا) اور اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو کہ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے (بہشت کے) ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی (اور ان کو وہاں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جاویں گے اور پوشاک ان کی وہاں ریشم ہوگی اور (یہ سب انعام و اکرام ان کے لئے اس سبب سے ہے کہ دنیا میں) ان کو کلمہ طیب (کے اعتقاد) کی ہدایت ہوگئی تھی اور ان کو اس (خدا) کے راستہ کی ہدایت ہوگئی تھی جو لائق حمد (وستائش) ہے (وہ رستہ اسلام ہے)۔ **ف**: اگر کسی کو شبہ ہو کہ جب ما فی البطون اور جلود گل گئے تو محل عذاب نہ رہا پھر عذاب کیسے ہوگا جواب یہ ہے کہ حدیث میں ہے کہ پھر وہ اپنی حالت پر ہو جاوے گا رواہ الترمذی اور دوسری آیت میں ہے: كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ [النساء: ۵۶] اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ سب اہل جنت کا لباس حریر ہوگا اور حدیث میں آیا ہے کہ جو مرد دنیا میں حریر پہنے گا اس کو جنت میں نہ ملے گا گو وہ جنت میں بھی چلا جاوے اوردہ فی الروح بتخریج النسائی و ابن حبان و غیرھما جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ اول داخل ہوتے ہی نہ ملے پھر مل جاوے اور اگر یہ شبہ ہو کہ اس کے نہ ملنے سے اگر حسرت نہ ہوگی تو وعید ہی کیا ہوئی اور اگر حسرت ہوگی تو جنت میں حسرت ہونا لازم آتا ہے جواب یہ ہے کہ تھوڑی دیر کے لئے حسرت ہونے میں وعید بھی ہوگئی اور اشکال بھی نہیں ہے کیونکہ اس کے بعد جو راحت دائمی ہوگی اس کے سامنے وہ کالعدم ہے پس ایسی حسرت ساعت قلیلہ کے لئے جنت میں کسی دلیل سے منفی نہیں ہے۔

الروایات: فی الترمذی فی قولہ یصھر مرفوعاً ان الحمیم لیصب علی رؤسھم فینفذ الا لجمجمۃ حتی یخلص الی جوفہ فیسلت ما

www.besturdubooks.net

فی جوفه حتی یمرق الی قدمیه وهو الصهر ثم یعاد کما کان آه وفی البخاری فی نزول آیة هذان خصمان نزلت فی الذین بار زوا یوم بدر آه قلت وکان اختصامهم هذا ناشا من اختصامهم فی ربهم ای الدین لا عین الاختصام فی الله تعالٰی فسمی به مجازا۳۱۔

النحو: من غم متعلق بیخرجوا من اجلیة قوله وذوقوا بتقدیر القول قوله ولؤلؤ معطوف علی محل اساور۱۲۔

البلاغة: قوله هذان لما کان کل خصم فریقا یجمع طائفة جاء المبتدأ بصیغة التثنیة بجعلهم فریقین والخبر بصیغة الجمع لاشتمال الفریق طوائف قوله قطعت فی الکلام استعارة تمثیلیة وکان جمع الثیاب للایذان تبراکم النار کذا قیل واقول ان العادة ان الاحاطة انما تحصل بثیاب متعددة لا بثوب واحد فلذا جمع قوله اعیدوا فیها لم یقل الیها لانهم لم یخرجوا لیکون العود عودًا الیها۱۲ قوله وهدوا هذه الزیادة کقوله تعالٰی فی اهل النار ذلك بما قدمت یداك۱۲۔

اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِیْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ۨالْعَاکِفُ
فِیْهِ وَالْبَادِ ؕ وَمَنْ یُّرِدْ فِیْهِ بِاِلْحَادٍۭ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۲۵﴾ وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِیْمَ مَکَانَ الْبَیْتِ اَنْ ع
لَّا تُشْرِكْ بِیْ شَیْئًا وَّطَهِّرْ بَیْتِیَ لِلطَّآئِفِیْنَ وَالْقَآئِمِیْنَ وَالرُّکَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۲۶﴾ وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ
یَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ ﴿۲۷﴾ لِّیَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَیَذْکُرُوا اسْمَ
اللّٰهِ فِیْٓ اَیَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰی مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِیْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَکُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِیْرَ ﴿۲۸﴾
ثُمَّ لْیَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْیُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَلْیَطَّوَّفُوْا بِالْبَیْتِ الْعَتِیْقِ ﴿۲۹﴾

بے شک جولوگ کافر ہوئے اور (مسلمانوں کو) اللہ کے رستہ سے اور مسجد حرام (یعنی حرم) سے روکتے ہیں جس کو ہم نے تمام آدمیوں کے واسطے مقرر کیا ہے کہ اس میں سب برابر ہیں اس میں رہنے والا بھی اور باہر سے آنے والا بھی یہ روکنے والے معذب ہوں گے اور جو شخص اس میں (یعنی حرم میں کوئی خلاف دین کا قصد ظلم یعنی شرک وکفر کے ساتھ کرے گا تو ہم عذاب دردناک (کا مزہ) چکھائیں گے اور جبکہ ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو خانہ کعبہ کی جگہ بتلادی (اور حکم دیا) کہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک مت کرنا (یہ ان کے مابعد والوں کو سنانا ہے) اور میرے اس گھر کو طواف کرنے والوں اور نماز میں قیام کرنے والوں کے واسطے پاک رکھنا اور (ابراہیم علیہ السلام سے یہ بھی کہا گیا کہ) لوگوں میں حج (کے فرض ہونے) کا اعلان کردو لوگ تمہارے پاس (حج کو) چلے آویں گے پیادہ بھی اور دبلی اونٹنیوں پر بھی جو کہ دور دراز راستوں سے پہنچی ہوں گی۔ تاکہ اپنے (دینیہ اور دنیویہ) فوائد کے لئے آموجود ہوں اور (اس لئے آویں گے) تاکہ ایام مقررہ (یعنی ایام قربانی) میں ان مخصوص چوپایوں پر (ذبح کے وقت) اللہ کا نام لیں (یعنی بسم اللہ اللہ اکبر کہیں) جو اللہ نے ان کو عطا کئے ہیں سو ان قربانی کے جانوروں میں سے تم (کو) بھی (اجازت مع الاستحباب ہے کہ) کھایا کرو اور (مستحب یہ ہے) کہ مصیبت زدہ محتاج کو کھلایا کرو پھر لوگوں کو چاہئے کہ اپنا میل کچیل دور کردیں اور اپنے واجبات کو پورا کریں اور (ان ہی ایام معلومات میں) اس مامون گھر (یعنی خانہ کعبہ) کا طواف کریں۔

تفسیر ربط: اوپر آیت میں: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یُّجَادِلُ (الی قوله تعالٰی) لِیُضِلَّ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ میں بعض کفار کا جدال اور دین سے اضلال قوی مذکور تھا اور اسی سلسلہ میں یہاں تک کلام چلا آیا تھا آگے ان کے جدال اور بعض احکام دین کے ابطال فعلی کا مع وعید کے ذکر ہے جیسا کفار قریش نے عام حدیبیہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ السلام اور صحابہ کو عمرہ کے لئے مکہ میں جانے سے روک لیا تھا اور اس وعید کی تاکید کے لئے اس مقدس مکان اور اس کے متعلق بعض ارکان اور ان ارکان کے ادا کے اوقات وازمان کی فضیلت اور عظمت کا مضمون ارشاد فرمایا گیا ہے اور زیادت تشدید کے لئے ایسے امکنہ وازمنہ میں شرک کرنے کی مذمت قباحت کا بیان ہوا ہے کہ جو لوگ اس مقام اور ان ایام کے مناسب عبادت کرنے آئے ان کو تو روکا اور خود ان مواقع میں ایسے افعال شرکیہ کرتے ہیں اور یہ مضمون بَشِّرِ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿﴾ تک چلا گیا ہے۔

ذم کفار لنام بر منع اہل اسلام از مسجد حرام و بیان بعض احکام متعلقہ آں مقام وآں ایام ☆ اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا (الی قوله تعالٰی) نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿﴾ بیشک جولوگ کافر ہوئے اور (مسلمانوں کو) اللہ کے رستہ سے (یعنی دین کے کام سے کہ وہ عمرہ ہے) اور (چونکہ عمرہ کے ارکان حرم کے خاص حصہ میں ادا ہوتے ہیں اس لئے) مسجد حرام (یعنی حرم) سے (بھی) روکتے ہیں جس (کی کیفیت کسی کے ساتھ خصوصیت نہ ہونے کی یہ ہے کہ اس) کو ہم نے

www.besturdubooks.net

تمام آدمیوں کے واسطے مقرر کیا ہے کہ اس میں (یعنی تمام حرم میں باستثناء ان حصص کے جو کسی استحقاق صحیح و ثابت بالدلیل سے بشرط وجود ایسی دلیل کے کسی خاص شخص کے مملوک ہیں باقی اجزائے حرم میں) سب برابر ہیں اس (حرم کے داخل حدود) میں رہنے والا بھی (یعنی جو لوگ وہاں مقیم ہیں) اور باہر سے آنے والا (مسافر) بھی (اور جن مواقع سے کفار نے روکا ہے یعنی مسجد وحوالی مسجد جو مقامات ہیں طواف اور سعی کے (اور جن سڑکوں سے وہاں تک پہنچتے ہیں یہ سب مواقع کفار کے مملوک نہیں تھے) یہ (روکنے والے) لوگ (اس روکنے کی وجہ سے) معذب ہوں گے اور (یہ روکنا تو متضمن بہت سے معاصی کو پھر مقرون کفر کے ساتھ بھی ہے اس پر تو عذاب کیسے نہ ہوتا یہ مقام حرم تو ایسا معظم ومحترم ہے کہ) جو شخص اس میں (یعنی حرم میں خواہ وہ جز مملوک ہو یا غیر مملوک کیونکہ روکنے کی حرمت میں تو اس عموم سے بدلیل تخصیص کر لی گئی اور یہاں کوئی دلیل تخصیص کی نہیں ہے اور مرجع دونوں جگہ عام ہی ہے غرض جو شخص حرم کے کسی حصہ میں بھی) کوئی خلاف دین کام (خواہ وہ اس صد مذکور سے کم ہی ہو) قصداً (وارادۃً خصوص جب کہ وہ) ظلم (یعنی شرک وکفر) کے ساتھ (بھی مقرون ہو) کرے گا (جیسا یہ لوگ **یصدون** کے ساتھ **کفروا** کے ساتھ بھی متصف ہیں) تو ہم اس (شخص) کو عذاب دردناک (کا مزہ) چکھادیں گے (تو ان کی تو معصیت بھی اشد تھی ضرور ہی مستحق عذاب الیم ہیں)۔ **ف**: ہر چند کہ دین کے خلاف کام کرنا ہر جگہ موجب عذاب ہے لیکن حرم کے اندر اور زیادہ موجب عذاب ہے پس یہ تخصیص شدت عقوبت کے سبب سے ہے اور باقی آیت یا اور کوئی معتد بہ دلیل اس پر دال نہیں کہ وہاں صغائر حکم کبائر میں ہیں یا ایک سیئہ سے سیئات متعددہ لکھے جاتے ہیں البتہ اور جگہ صغائر وکبائر کا جو اثر ہے حرم میں دونوں کا اثر کیفاً وشدۃً زیادہ ہے لیکن صغیرہ کا اثر حد کبیرہ تک یا واحد سے تجاوز کر کے متعدد پہنچنا ثابت نہیں اور یرد سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ ارادہ کا جو مرتبہ دوسری جگہ موجب تعذیب نہ ہو وہاں موجب تعذیب ہو جاتا ہے بلکہ یرد بمعنی **یتعمد** کی قید اس لئے نہیں کہ بدون شرک کے دوسری معصیت موجب عذاب نہ ہوگی بلکہ اول تو ان مانعین کا یہ فعل واقع میں مقرون بالشرک تھا دوسرے اس کا فائدہ یہ ہے کہ جو شخص ظلم کے ساتھ موصوف ہوگا وہ تو یقیناً معذب ہوگا اور یہ تعذیب کافر کے مکلف بالفروع نہ ہونے کے مسئلہ سے منافی نہیں کیونکہ نفی تکلیف احکام دنیویہ کے اعتبار سے ہے اور احکام اخرویہ کے اعتبار سے مسئلہ مسکوت عنہ ہے اور جو شخص (۱) موصوف بالایمان ہو ممکن ہے کہ ایمان کی برکت سے بلا تعذیب ہی عفو کر دیا جاوے۔ **ف**: مسجد حرام کی تفسیر جمیع حرم کے ساتھ درمنثور میں حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے اور یہ اطلاق مجازی ہے **تسمیۃ للشئ بجزئہ العظم الاھم** اور آیت میں بھی اس کے قرائن موجود ہیں مثلاً: اَلْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ کیونکہ عاکف بقرینہ مقابلہ بادی کے بمعنی مقیم للسکنے کے ہے اور ظاہر ہے کہ اس طرح کی اقامت مَنْ يُّرِدْ فِيْهِ مسجد میں مشروع نہیں اور مثلاً مَنْ يُّرِدْ فِيْهِ میں ضمیر مجرور یقیناً مسجد حرام کی طرف ہے اور ظاہر ہے کہ حکم نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ بالاجماع عام ہے تمام حرم کے لئے اور نیز ان کفار کو یہ فعل حرم میں اور حرم کے متعلق بلا تخصیص مسجد بالمعنی الحقیقی کے واقع ہوا تھا اور علمائے حنفیہ نے اسی تفسیر کو اختیار کر کے اس آیت سے استدلال کیا ہے کہ تمام حرم کی زمین مثل وقف کے ہے کسی کو اس میں ملک کا دعویٰ یا کسی کو انتفاع سے منع کرنا جائز نہیں ان اراضی کا کرایہ لینا جائز ہے اور کچھ احادیث بھی اس بارہ میں آئی ہیں ہدایہ ودرمنثور میں وہ حدیثیں نقل کی ہیں لیکن خود امام صاحب سے بھی جواز کا ایک قول منقول ہے اور اسی پر فتویٰ ہے ہکذا فی الروح اس لئے احقر نے جو تفسیر کی ہے منقول ہے کسی مذہب کو مضر نہیں چنانچہ اس قید سے کہ بشرط وجود ایسی دلیل کے یہ امر ظاہر ہے اور آیت میں جو آیا ہے **یرد فیہ** اس ارادہ کے ایسے معنی ہیں جیسا ان آیات میں قولہ تعالیٰ: اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا [الفرقان: ۶۲] ای طلب وسعی وجدو قصد اور ظلم کی تفسیر شرک کے ساتھ نیز درمنثور میں ابن عباسؓ سے مروی ہے۔

تتمہ سابق ☆ وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْئًا (الی قولہ تعالی) وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ اور (اس مقام محترم کی جو کہ بیت اللہ کو مشتمل ہے عظمت ظاہر کرنے کے لئے تاکہ بے حرمتی کرنے والوں کی زیادہ خرابی ظاہر ہو ان لوگوں کے سامنے اس کا قصہ تذکرہ کیجئے) جب کہ ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کو خانہ کعبہ کی جگہ بتلادی (کیونکہ اس وقت خانہ کعبہ بنا ہوا نہ تھا اور حکم دیا) کہ (اس مکان کو عبادت کے لئے تیار کرو اور اس عبادت میں) میرے ساتھ کسی چیز کو شریک مت کرنا (یہ ان کے مابعد والوں کو سنانا ہے اور ذکر بیت کے ساتھ اس کا ذکر اس لئے نہایت ہی مناسب ہوا کہ کسی حقیقت ناشناس کو تعظیم بیت سے اور اس کے معبد ہونے سے اس کے معبود ہونے کا ایہام نہ ہو جاوے) اور میرے (اس) گھر طواف کرنے والوں کے اور (نماز میں) قیام ورکوع وسجود کرنے والوں کے واسطے (حسی اور معنوی نجاسات سے جیسے اقذار واصنام) پاک رکھنا (جیسا اب تک تم نے پاک رکھا ہے یہ بھی مابعد والوں کو سنانا ہے کہ جن مقدس بزرگ میں عدم تطہیر کا احتمال بھی نہیں تھا جب اہتمام تطہیر کے لئے ان کو یہ امر کیا گیا تو دوسروں کو جو حقیقۃً اس میں اصنام رکھے ہوئے ہیں کیونکہ معاف کر دیا جاوے گا) اور (ابراہیم علیہ السلام سے یہ بھی کہا گیا کہ) لوگوں میں حج (کے فرض ہونے) کا اعلان کردو (اس اعلان سے) لوگ تمہارے پاس (یعنی تمہاری اس عمارت مقدسہ کے پاس حج کو) چلے آئیں گے پیادہ بھی اور (جو اونٹنیاں سفر کے مارے) دبلی (ہوگئی ہوں گی اُن) اونٹنیوں پر (سوار ہو کر) بھی جو کہ دور دراز رستوں سے پہنچی ہوں گی (یا جو سواری کسی کو میسر ہو تخصیص ضامر کی تمثیلاً وبناً علی الغالب ہے اور وہ لوگ اس لئے آویں گے) تاکہ اپنے

www.besturdubooks.net

(دینیہ مقصودہ اور دنیویہ تابعہ) فوائد کے لئے آ موجود ہوں (مثلاً آخرت کے منافع یہ ہیں حج وثواب ورضائے حق اور دنیوی فوائد یہ ہیں قربانی کا گوشت کھانا اور تجارت ومثل ذلك رواه ابن ابی حاتم عن ابن عباس كذا فی الروح البتہ دنیوی فوائد کا مقصود اصلی ہونا مذموم ہے) اور (اس لئے آ ویں گے) تا کہ ایام مقررہ (یعنی ایام قربانی) میں (کہ دسویں گیارہویں بارہویں ذی الحجہ کی ہے) ان مخصوص چوپاؤں پر (یعنی گائے اونٹ بکری بھیڑ پر ذبح کے وقت) اللہ کا نام لیں جو خدا تعالیٰ نے ان کو عطا کئے ہیں (یعنی بسم الله الله اکبر کہیں اور یہ منفعت ذو وجہین ہے من وجہ دنیوی اور من وجہ اخروی۔ یہ ابراہیم علیہ السلام کے خطاب کا مضمون ہو چکا جس سے حج اور قربانی کا یقیناً اس وقت بھی مشروع ہونا معلوم ہوا) سو (اے امت محمدیہ تمہارے لئے بھی یہ حکم حج اور قربانی کا مع متممات آئندہ کے جو کلوا منها الخ میں مذکور ہیں مشروع ہے سوتم بھی قربانی پر بسم اللہ کیا کرو اور) ان (قربانی کے) جانوروں میں سے تم (کو) بھی (اجازت مع استحباب ہے کہ) کھایا کرو اور (مستحب یہ ہے کہ) مصیبت زدہ محتاج کو بھی کھلایا کرو (بلکہ غنی کو بھی کھلاؤ تو کچھ مضائقہ نہیں) پھر (قربانی کے بعد) لوگوں کو چاہئے کہ اپنا میل کچیل دور کر دیں (یعنی احرام کھول ڈالیں اور سر منڈا ڈالیں یا بال کتا دیں اور ناخن اور لب بنوالیں) اور اپنے واجبات کو (خواہ نذر سے قربانی وغیرہ واجب کر لی ہو یا بلا نذر ابتداء جو افعال حج کے واجب ہیں جیسے رمی جمار کہ ایام منیٰ میں ہوتی ہے ان سب کو) پورا کریں اور (ان ہی ایام معلومات میں) اس مامون گھر (یعنی خانہ کعبہ) کا طواف کریں (یہ طواف زیارت کہلاتا ہے جو کہ فرض ہے)۔ **ف**: حاکم وبیہقی وغیرہما نے ابن عباسؓ سے اعلان ابراہیمی کا قصہ نقل کیا ہے کہ جب وہ بعد فراغ تعمیر بیت اللہ اس کے مامور ہوئے تو عرض کیا کہ میری آواز کہاں تک پہنچے گی حق تعالیٰ نے پہنچانے کا وعدہ فرمایا تو اس پکارنے کو سب نے سنا هكذا فی الروح اور کلوا سے لیطوفوا تک جتنے مسائل ترجمہ میں مذکور ہیں سب ہدایہ میں ہیں۔ اور بروئے حدیث ترمذی وغیرہ بیت اللہ کا مامون ہونا یہ معنی کہ جبابرہ میں سے جس نے اس کی بے ادبی کا ارادہ کیا وہ غارت ہوا اور اکثروں کا تو حوصلہ ہی نہیں ہوا۔ اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے جو حجاج بن یوسف لڑا اہانت بیت اس کے مقصود نہ تھا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَطَهِّرْ بَيْتِيَ اس سے معلوم ہوا کہ طالب کی بعض ایسی خدمتیں جو تربیت کے مناسب ہوں شیخ کے ذمہ بھی ہوتی ہیں۔

الحواشی: (۱) قولہ اور جو شخص الخ یہ جملہ متصل ہے جملہ سابقہ جو شخص ظلم کے ساتھ موصوف ہوگا الخ کے ساتھ اور جزو ہے بیان فائدہ بظلم کا یعنی بظلم کی قید کا فائدہ اس امر کا بتلانا ہے کہ جو شخص ظلم کے ساتھ موصوف ہوگا وہ تو یقیناً معذب ہوگا اور جو شخص موصوف بالایمان ہو ظلم سے بری ہو اس کے لئے وعید یقینی نہیں محتمل ہے ۱۲ منہ۔ (۲) معناه ان المعطوف عليه كما قيد بوقت فكذلك المعطوف يكون مقيدا به باعتبار الاصل ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله قبل ان لا تشرك حكم دیا اشارة الى كونه معمولا لقلنا المقدر ۱۲۔ ۲؎ قوله فی بهيمة الانعام مخصوص لان البهيمة عام والانعام مخصوصة بالاصناف ۱۲۔

الفقه: فی الهداية وحواشية ثم يذبح ثم يحلق ثم ياتی من يومه ذلك مكة او من الغداو من بعد الغد فيطوف بالبيت طواف الزيارة ووقته ايام النحر وهی ثلثة العاشر وا لحادی عشر والثانی عشر لان الله تعالٰى عطف الطواف على الذبح قال فكلوا منها ثم قال وليطوفوا فكان وقتهما واحدا لان المعطوف فی حكم المعطوف عليه ولا يجوز تقديم الطواف على ايام النحر بالاجماع ويجوز الاكل من هدى التطوع والمتعة والقران بمنزلة الاضحية ويستحب له ان ياكل منها لما قد صح ان النبی صلى الله عليه وسلم اكل من لحم هديه وحسا من المرقة ولا يجوز الاكل من بقية الهدايا وهی دم النذر والكفارات والاحصار آه والوجه العقلی فی استحباب الاكل من الضحايا زائدا على ما مر من الدليل النقلی على ما فی الروح هو الندب على مواساة الفقراء مساواتهم فی الاكل منها وفی الروح تخصيص البائس الفقير بالاطعام لا ينفی جواز اطعام الغنی وقد يستدل على الجواز بالامر الاول لافادته جواز اكل الذابح ومتى جاز اكله وهو غنی (عسى) جاز ان يوكله غنيا ۱۲۔

اللغات: قوله بوانا اصله جعلناه مباءة له اى مرجعا والحاصل كما قال الزجاج بينا له مكان البيت ليبينه ويكون مبائة له ولعقبه يرجعون اليه ويحجونه ۱۲ قوله فج عميق اصل الفج الطريق بين الجبلين واصل العميق العبيد فی القعر ثم استعملا فی المطلق بدون القيدين قوله البائس من اصابه البوس اى الشدة ۱۲ قوله ليقضوا تفثهم التفث الشعث كما فی القاموس والقضاء فی الاصل القطع والفصل كما فی الروح واريد به الازالة مجازا قله ليوفوا نذورهم فی المدارك نذورهم مواجب حجهم والعرب تقول لكل من خرج عما وجب عليه وفی بنذره وان لم ينذروا ما ينذرونه من اعمال البر فی حجهم قلت ولعل النكتة فی تخلبه بين القضاء والطواف عدم كونه مرتبا بالنسبة الى كل واحد منهما تقديما او تاخيراً ككون الوفاء بالنذر عبادة مستقلة لايترتب عليه شئ ولو لم يتخلل بل قدم او

www.besturdubooks.net

اخر لاوهم ترتبه على شئ او ترتب شئ عليه كالطواف يتاخر عن قضاء التفث ۱۲۔ قوله العتيق سمى به لانه تعالىٰ اعتقه من الجبابرة ۱۲۔

النحو: قوله ان الذين كفروا خبره مقدر اى يعذبون دل عليه جواب من اى نذقه الخ قوله سواء حال من المفعول والعاكف مرفوع بالسواء قوله بالحاد بالباء كما فى الروح زائدة اى يرد الالحاد بظلم ۱۲۔

البلاغة: قوله والركع السجود ولم يعطف السجود لانه من جنس الركوع فى الخضوع بخلاف القيام قوله ياتوك اى ياتوا بيتك فلا اشكال فى من بعده عليه السلام وايقاع الاتيان على ضميره عليه السلام لكون ذلك بنداء ۱۲۵ قوله ياتين والجمع باعتبار المعنى قوله كل فى موضعين للتكثير لا للاحاطة۔ قوله فكلوا او قوله ليقضوا فيهما التفات ۱۲۔

ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۗ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا

الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ۝۳۰ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ۗ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا

خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ۝۳۱ ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ

فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ۝۳۲ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ۝۳۳ ع ۸ / ۱۱

یہ بات تو ہو چکی اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے محترم احکام کی وقعت کرے گا سو یہ (وقعت کرنا) اس کے حق میں اس کے رب کے نزدیک بہتر ہے اور ان مخصوص چوپایوں کو باستثنا ان (بعض کے بعض) جو تم کو پڑھ کر سنا دیئے گئے ہیں تمہارے لئے حلال کر دیا گیا ہے تو تم لوگ گندگی سے یعنی بتوں سے (بالکل) کنارہ کش رہو اور جھوٹی بات سے کنارہ کش رہو اس طور سے کہ اللہ ہی کی طرف جھکے رہو (اور) اس کے ساتھ شریک مت ٹھہراؤ اور جو شخص اللہ کے ساتھ شریک کرتا ہے تو وہ گویا آسمان سے گر پڑا پھر پرندوں نے اس کی بوٹیاں نوچ لیں یا اس کو ہوا نے دور دراز جگہ میں لے جا پٹکا۔ یہ بات بھی ہو چکی اور قربانی کے جانور کے متعلق اور سن لو کہ جو شخص دین خداوندی کے ان (مذکورہ) یادگاروں کا پورا لحاظ رکھے گا تو ان کا یہ لحاظ رکھنا خدا تعالیٰ سے دل کے ساتھ ڈرنے سے ہوتا ہے تم کو ان سے ایک معین وقت تک جوائد حاصل کرنا جائز ہے پھر یعنی بعد بدی بننے کے اس کے ذبح حلال ہونے کا موقع بیت عتیق کے قریب ہے۔ ۞

تفسیر: ایضا تمہ سابق ☆ ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ (الى قوله تعالى) اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ۝ یہ بات تو (جو کہ احکام مخصوصہ مذکورہ کے متعلق تھی) ہو چکی اور (اب کل احکام کے متعلق دوسری بات سن لو کہ) جو شخص اللہ تعالیٰ کے محترم احکام کی (عام اس سے کہ حج کے احکام مذکورہ ہوں یا حج کے احکام غیر مذکورہ یا حج کے متعلق نہ ہوں سو جو شخص ان کی) وقعت کرے گا (علماً بھی کہ ان کو حاصل کرے اور عملاً بھی کہ ان کے خلاف نہ کرے) سو یہ (وقعت کرنا) اس کے حق میں اس کے رب کے نزدیک بہتر ہے (کیونکہ موجب ثواب و منجی عن العذاب ہے) اور (اوپر جو بہیمۃ الانعام کے کھانے کی اجازت ہوئی ہے اس سے استبعاد مت کرنا کہ احرام میں صید تو حرام ہو جاتا ہے یہ کیوں حلال رہا اصل یہ ہے کہ) ان مخصوص چوپاؤں کو باستثناء ان (بعض بعض) کے جو تم کو (بعض آیات قرآنیہ میں) پڑھ کر سنا دیئے گئے ہیں (وہ آیت سورۂ انعام وغیرہ کی ہے: قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ [الأنعام: ۱۴۶] الخ سو باستثناء ان بعض کے باقی بہیمۃ الانعام کو) تمہارے لئے حلال کر دیا ہے (اور حلت و حرمت کا مدار اللہ تعالیٰ کی تحلیل و تحریم پر ہے جب اللہ تعالیٰ نے ان کو حلال کر دیا حلال ہو گئے پھر استبعاد بے معنی ہے پس اس صورت میں کہ ان کی حلت کے ساتھ خدا تعالیٰ کا حکم متعلق ہو چکا ان کا حلال سمجھنا بھی تعظیم حرمات اللہ میں داخل ہے جس کی خیریت اوپر بتلا دی گئی ہے اور جب احکام خداوندی کی تعظیم ہی میں خیریت منحصر ہے) تو تم لوگ گندگی سے یعنی بتوں (کو حق تعالیٰ کے ساتھ شریک کرنے) سے (بالکل کنارہ کش رہو) کہ اس میں تو بڑا بھاری حکم یعنی توحید ضائع ہوتا ہے چنانچہ مشرکین کی عادت تھی کہ لبیک میں اتنا اور ملا دیتے الا شريكا هو لك تملكه وما ملك) اور (علی الاطلاق) جھوٹی بات سے (خواہ عقائد کے باب میں ہو جیسا مشرکین کا قول مذکور یا غیر عقائد میں ہو جیسے شہادت زور سب سے) کنارہ کش رہو اس طور سے کہ اللہ کی طرف جھکے رہو (اور) اس کے ساتھ (کسی کو) شریک مت ٹھہراؤ اور (شرک تو ایسی بری چیز ہے کہ) جو شخص اللہ کے ساتھ شرک کرتا ہے تو (اس کی حالت مشابہ اس کے ہوتی ہے جیسے) گویا وہ آسمان سے گر پڑا پھر (راستہ میں) پرندوں نے اس کی بوٹیاں نوچ لیں یا (اگر پرندوں سے بچ بھی گیا تو) اس کو ہوا نے کسی دور دراز جگہ میں لے جا پٹکا (غرض ہر طرح ہلاک ہوا اسی طرح جو شرک کرتا ہے یا تو کسی کے ہاتھ سے مارا گیا یا کسی وقت موت طبعی سے مر گیا ہر حالت میں دار البوار میں پہنچے گا اور یوں بے ہوا کے جھونکوں کے بھی ضرور ہی گرتا لیکن اس صورت میں اور زیادہ کلفت ہو گی چنانچہ موت طبعی کے ساتھ فرشتوں کے دھکے سے اس کے مشابہ ہیں) یہ بات بھی (جو کہ بطور قاعدہ کلیہ کے تھی) ہو چکی اور (اب ایک خاص بات متعلق قربانی کے جانور کے جو کہ ضروری ہے اور سن

www.besturdubooks.net

لو کہ) جو شخص دین خداوندی کے ان (مذکورہ) یادگاروں (یعنی قربانی کے جانوروں کے متعلق احکام) کا پورا لحاظ رکھے گا (خواہ وہ احکام قبل الذبح ہوں جیسا عنقریب آتا ہے یا وقت ذبح ہوں جیسا اس پر اللہ کا نام لینا یا بعد الذبح ہوں جیسے اکل جوجس کے لئے شرعاً ثابت ہو) تو ان کا یہ لحاظ رکھنا (خدا تعالیٰ سے) دل کے ساتھ ڈرنے سے (حاصل) ہوتا ہے (ان احکام میں قسمیں آخرین تو اوپر بھی مذکور ہوئے ہیں اور قسم اول یہ ہے کہ) تم کو ان سے ایک معین وقت تک فوائد حاصل کرنا جائز ہے (یعنی جب تک وہ قواعد شرعیہ سے ہدی نہ بنائے جاویں پھر بعد ہدی بنا دینے کے دودھ یا رکوب یا بار برداری وغیرہ سے منتفع نہ ہونا چاہئے الابضرورت شدیدہ) پھر (یعنی بعد ہدی بننے کے) اس کے ذبح حلال ہونے کا موقع بیت عتیق کے قریب ہے (مراد کل حرم ہے یعنی حرم سے باہر ذبح نہ کریں) **ف**: یُّعَظِّمْ کے ترجمہ میں پوری کی قید جس پر مقام و مادہ تعظیم بھی دال اس لئے ظاہر کی گئی کہ کچھ نا تمام لحاظ تو بدوں خوف کے بھی ہو سکتا ہے اور آیت اخیرہ کی تفسیر امام ابوحنیفہؒ کے مذہب کے موافق کی گئی ہے کذا ذکر فی الکتب الفقهية الهداية وغيرها والله اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَمَنْ يُّعَظِّمْ الخ یہ دوامر پر دال ہے ایک یہ کہ اصل محل تقویٰ کا قلب ہے دوسرے یہ کہ معالم دین کی تعظیم (حد شرعی کے اندر) جس میں انبیاء و اولیاء کے آثار بھی داخل ہو گئے مشروع ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله في خير بهتر اشارة الى انه ليس المراد التفضيل كذا في الروح ۱۲۔**

اللغات: **تهوى به اى تسقط ۱۲ سحيق بعيد ۱۲ قوله شعائر في الروح جمع شعيرة او شعارة بمعنى العلامة كالشعار واطلقت على البدن الهدايا كما قال ابن عباس لانها من معالم الحج او الدين قوله ثم محلها الى البيت في الجلالين اى مكان حل نهريا عنده والمراد الحرم جميعه آه۔**

النحو: **قوله هو خير راجع الى التعظيم المفهوم من الفعل قوله فانها على حذف المضاف اى تعظيمها قوله ذلك في الروح اى الامر وهذا امثاله يطلق للفصل بين الكلامين او بين وجهي كلام واحد۔**

البلاغۃ: **قوله يتلى في الروح لم يرد منه الاستقبال لسبق تلاوة آية التحريم وكان التعبير بالمضارع استحضارا للصورة الماضية لمزيد الاعتناء قلت وهذا هو الغالب الظاهر ويحتمل على بعد ان يكون على حقيقة وتكون آية التحريم نزلت بعدها قوله واحلت في الروح والجملة معترضة مقررة لما قبلها من الامر بالاكل والاطعام ودافعة لما عسى يتوهم ان الاحرام يحرم ذلك كما يحرم الصيد قوله واجتنبوا قول الزور في الروح ولم يعطف قوله الزور على الرجس بل اعاد العامل لمزيد الاعتناء قوله فتخطفه او تهوى في ايثار المضارع مع العطف على الماضي كما في الروح اشعار باستحضار تلك الحالة العجيبة في مشاهد المخاطب تعجيبا له ۱۲۔**

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ ۗ فَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَلَهُ أَسْلِمُوا ۗ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ ﴿٣٤﴾ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصَّابِرِينَ عَلَىٰ مَا أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيمِي الصَّلَاةِ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ﴿٣٥﴾ وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا لَكُم مِّن شَعَائِرِ اللَّهِ لَكُمْ فِيهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا صَوَافَّ ۖ فَإِذَا وَجَبَتْ جُنُوبُهَا فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۚ كَذَٰلِكَ سَخَّرْنَاهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿٣٦﴾ لَن يَنَالَ اللَّهَ لُحُومُهَا وَلَا دِمَاؤُهَا وَلَٰكِن يَنَالُهُ التَّقْوَىٰ مِنكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلَىٰ مَا هَدَاكُمْ ۗ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِينَ ﴿٣٧﴾

اور (جتنے اہل شرائع گزری ہیں ان میں سے) ہم نے ہر امت کے لئے قربانی کرنا اس غرض سے مقرر کیا تھا کہ وہ ان مخصوص چوپاؤں پر اللہ کا نام لیں جو اس نے ان کو عطا فرمائے تھے سو اس میں یہ بات نکل آئی کہ تمہارا معبود (حقیقی) ایک ہی خدا ہے تو تم ہمہ تن اسی کے ہو کر رہو (یعنی موحد خالص رہو) اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (ایسے احکام الٰہیہ کے سامنے) گردن جھکا دینے والوں کو (جنت وغیرہ) کی خوشخبری سنا دیجئے جو ایسے ہیں کہ ان کے سامنے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جو ان مصیبتوں پر کہ ان پر پڑتی ہیں صبر کرتے ہیں اور جو نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے (بقدر حکم اور توفیق کے) خرچ کرتے ہیں۔ اور قربانی کے اونٹ اور گائے (اور اسی طرح بھیڑ اور بکری کو بھی) ہم نے اللہ (کے دین) کی یادگار بنایا ہے ان جانوروں میں تمہارے (اور بھی) فائدے ہیں سو تم ان پر

www.besturdubooks.net

کھڑے کر کے (ذبح کرتے وقت) اللہ کا نام لیا کرو پس جب وہ (کسی) کروٹ کے بل گر پڑیں (اور ٹھنڈے ہو جائیں) تو تم خود بھی کھاؤ اور بے سوال اور سوالی (محتاج) کو بھی کھانے کو دو (اور) ہم نے ان جانوروں کو اس طرح تمہارے زیر حکم کر دیا تا کہ تم (اس پر اللہ تعالیٰ کا) شکر کرو۔ اللہ کے پاس نہ ان کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ ان کا خون لیکن اس کے پاس تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ نے ان جانوروں کو تمہارا زیر حکم کر دیا تا کہ تم (اللہ کی راہ ان کو قربانی کر کے) اس بات پر اللہ کی بڑائی بیان کرو کہ اس نے تم کو (اس طرح) قربانی کرنے کی توفیق دی اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اخلاص والوں کو خوشخبری سنا دیجئے۔ ۞

تفسیر: ایضاً تتمہ سابق ☆ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا (الی قولہ تعالی) وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِينَ ۞ اور (اوپر جو قربانی کا حرم میں ذبح کرنے کا حکم ہے اس سے کوئی یوں نہ سمجھے کہ مقصود اصلی تعظیم حرم کی ہے بلکہ اصل مقصود اللہ ہی کی تعظیم اور اس کے ساتھ تقرب اور مذبوح اور مذبح اس کا ایک آلہ اور ذریعہ ہے اور تخصیص بعض حکمتوں کی وجہ سے ہے اور اگر یہ تخصیصات مقصود اصلی ہوتیں تو کسی شریعت میں نہ بدلتیں مگر ان کا بدلتا رہنا ظاہر ہے البتہ تقرب الی اللہ جو اصل مقصود تھا وہ سب شرائع میں محفوظ رہا چنانچہ) ہم نے (جتنے اہل شرائع گزرے ہیں ان میں سے) ہر امت کے لئے قربانی کرنا اس غرض سے مقرر کیا تھا کہ وہ ان مخصوص چوپاؤں پر اللہ کا نام لیں جو اس نے ان کو عطا فرمایا تھا (پس اصل مقصود یہ نام لینا تھا) سو (اس سے یہ بات نکل آئی کہ) تمہارا معبود حقیقی ایک ہی خدا ہے (جس کے ساتھ اس کا ذکر کر کے سب کو تقرب کا حکم ہوتا رہا تو تم ہمہ تن اسی کے ہو کر رہو (یعنی موحد خالص رہو کسی مکان وغیرہ کو معظم بالذات سمجھنے سے ذرہ برابر شرک کا شائبہ اپنے عمل میں نہ ہونے دو) اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو لوگ ہماری اس تعلیم پر عمل کریں) آپ (ایسے احکام الٰہیہ کے سامنے) گردن جھکا دینے والوں کو (جنت وغیرہ کی) خوشخبری سنا دیجئے جو (اس توحید خالص کی برکت سے) ایسے ہیں کہ جب (ان کے سامنے) اللہ (کے احکام وصفات اور وعد و وعید) کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جو ان مصیبتوں پر کہ ان پر پڑتی ہیں صبر کرتے ہیں اور جو نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے بقدر حکم اور توفیق کے) خرچ کرتے ہیں (یعنی توحید خالص ایسی بابرکت چیز ہے کہ اس کی بدولت کمالات نفسانیہ وبدنیہ ومالیہ پیدا ہو جاتے ہیں) اور (اسی طرح اوپر جو وَمَن يُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللَّهِ الخ میں بعض انتفاعات کا ممنوع ہونا معلوم ہوا ہے اس سے بھی ان ضحایا کے معظم بالذات ہونے کا شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ اس سے بھی اصل مقصود وہی اللہ تعالیٰ کی اور اس کے دین کی تعظیم ہے اور یہ تخصیصات اس کا ایک طریق ہے پس) قربانی کے اونٹ اور گائے کو (اور اسی طرح بکری بھیڑ کو بھی) ہم نے اللہ (کے دین) کی یادگار بنایا ہے (کہ اس کے متعلق احکام کے علم اور عمل سے اللہ کی عظمت اور دین کی وقعت ظاہر ہوتی ہے کہ اس کے نامزد چیز سے منتفع ہونے میں رائے مالک مجازی کی قابل اعتبار نہ رہے جس سے اس کی پوری عبدیت اور مالک حقیقی کی معبودیت ظاہر ہوتی ہے اور اس حکمت راجع الی تعظیم الدین کے علاوہ) ان جانوروں میں تمہارے (اور بھی) فائدے ہیں (مثلاً دنیوی فائدہ کھانا اور کھلانا اور اخروی فائدہ ثواب اور حکمت راجع الی صاحب الدین ہے) سو (جب اس میں یہ حکمتیں ہیں تو) تم ان پر کھڑے کر کے (ذبح کرنے کے وقت) اللہ کا نام لیا کرو (یہ صرف اونٹوں کے اعتبار سے فرمایا کہ ان کا اس طرح ذبح کرنا بوجہ آسانی ذبح وخروج روح کے بہتر ہے پس اس سے تو اخروی فائدہ یعنی ثواب حاصل ہوا اور نیز اللہ کی عظمت ظاہر ہوئی کہ اس کے نام پر ایک جان قربان ہوا جس سے اس کا خالق اور اس کا مخلوق ہونا ظاہر کر دیا گیا) پس جب وہ (کسی) کروٹ کے بل گر پڑیں (اور ٹھنڈے ہو جاویں) تو تم خود بھی کھاؤ اور بے سوال اور سوالی (محتاج) کو (جو کہ بائس فقیر کی دو قسمیں ہیں) بھی کھانے کو دو (کہ یہ دنیوی فائدہ بھی ہے اور) ہم نے ان جانوروں کو اس طرح تمہارے زیر حکم کر دیا (کہ تم باوجود تمہارے ضعف اور ان کی قوت کے اس طرح اس کے ذبح پر قادر ہو گئے) تا کہ تم (اس تسخیر پر اللہ تعالیٰ کا شکر کرو (یہ حکمت مطلق ذبح میں ہے قطع نظر اس کی قربانی ہونے کے اور آگے ذبح کی تخصیصات کے مقصود بالذات نہ ہونے کو ایک عقلی قاعدے سے بیان فرماتے ہیں کہ دیکھو ظاہر بات ہے کہ) اللہ تعالیٰ کے پاس نہ ان کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ ان کا خون (اور مقصود بالذات شئی کا مقبول اور موصول ہونا لازم تھا پس انتفائے لازم سے ملزوم کا انتفاء ہو گیا) ولیکن اس کے پاس تمہارا تقویٰ (کہ نیت تقرب واخلاص اس کے شعبوں میں سے ہے البتہ) پہنچتا ہے (پس وہی تعظیم الٰہی کی مقصودیت ثابت ہوئی اور جیسے اوپر كَذَٰلِكَ سَخَّرْنَاهَا الخ میں تسخیر کی ایک عام حکمت یعنی قربانی ہونے کی خصوصیت سے قطع نظر کرنے کے اعتبار سے بیان ہوئی تھی آگے تسخیر کی ایک خاص حکمت یعنی بلحاظ خصوصیت مذکورہ کے ارشاد فرماتے ہیں کہ) اسی طرح اللہ تعالیٰ نے ان جانوروں کو تمہارا زیر حکم کر دیا کہ تم (اللہ کی راہ میں ان کو قربانی کر کے) اس بات پر اللہ کی بڑائی (بیان) کرو کہ اس نے تم کو (اس طرح قربانی کرنے کی) توفیق دی (ورنہ اگر توفیق الٰہی رہبر نہ ہوتی تو یا تو ذبح ہی میں شبہات نکال کر اس عبادت سے محروم رہتے اور یا غیر اللہ کے نام پر ذبح کرنے لگتے) اور (اے محمد ﷺ) اخلاص والوں کو خوشخبری سنا دیجئے (اس سے پہلے خوشخبری اخلاص کے شعبوں پر تھی یہ خاص اخلاص پر ہے)۔ **ف**: بدنہ کی تخصیص ذکر میں نفی جواز غیر بدنہ کے لئے نہیں ہے بلکہ اس لئے کہ وہ افضل ہے اور اس میں مذکورہ حکمتوں اور منفعتوں کا زیادہ ظہور ہے پھر صواف میں اونٹ کی تخصیص اس لئے کہ اس میں افضلیت اور ظہور منافع اور زیادہ ہے اور اونٹ کا اس ہیئت سے ذبح کرنا احسن اور اوفق بالسنۃ ہے کہ اس کا ایک ہاتھ دہنا یا بایاں باندھ دیا جاوے اور تین پاؤں پر کھڑا کر کے اس کو نحر کریں اور اگر ایسا نہ کیا

www.besturdubooks.net

حاوے تب بھی درست ہے باقی مسائل اکل واطعام کے متعلق اوپر آیات کے ذیل میں مذکور ہو چکے ہیں واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا کی تفسیر ابن عرفہ نے کی ہے ای مذهبا من طاعة اور اس کے عموم میں اہل باطن کے مسالک کا بوجود اتحاد مقصود کے مختلف ہونا بھی داخل ہو گیا اور لیذکروا اسم میں اس اتحاد مقصود کی طرف اشارہ ہو گیا۔ قولہ تعالیٰ: فَكُلُوا مِنْهَا الخ امر کلوا اباحت کے لئے اور امر اَطْعِمُوا ندب کے لئے کہا گیا ہے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قربانی کے گوشت سے کھانے کا اہتمام فرمانا ظاہراً اس کے مندوب ہونے کی دلیل ہے اور راز اس میں یہ ہے کہ جو چیز حق تعالیٰ کی طرف منسوب ہے اس میں رغبت ظاہر کی جاوے تو اس بناء پر مباحات سے متقع ہونا جب کہ اس میں ایسی ہی نیت ہو مطلوب ٹھہرا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل والبدن بعض انتفاعات ولا يضر اختلاف الشافعي في بعضها لان بعضها متفق عليه كالاجارة للركوب فانه ليس ذلك اتفاقا كما في الروح ۱۲۔

اللغات: قوله منسكا مصدر بمعنى الذبح واصله يعم كل عبادة ۱۲ مخبتين خاشعين كذا في القاموس البدن الابل اتفاقا والبقر ايضا عند الحنفية صواف من الصف اى مصطفة قوائمها الا للواحدة القانع من لا يسأل من قنع بالكسر قناعة او من يسأل من قنع بالفتح قنوعا المعتر اعتروا عترى واحدا اعترض سائلا او غير سائل قولان۔

البلاغۃ: وجبت جنوبها كناية عن الموت ۱۲۔

إِنَّ اللَّهَ يُدَافِعُ عَنِ الَّذِينَ آمَنُوا ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُورٍ ۝ أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ ۝ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِم بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّا أَن يَقُولُوا رَبُّنَا اللَّهُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللَّهِ كَثِيرًا ۗ وَلَيَنصُرَنَّ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ ۝ الَّذِينَ إِن مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنكَرِ ۗ وَلِلَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ ۝

بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ان مشرکین کے غلبہ وغیرہ کو) ایمان والوں سے عنقریب ہٹا دے گا بے شک اللہ تعالیٰ کسی دغاباز کفر کرنے والے کو نہیں چاہتا۔ (اب) لڑنے کی ان لوگوں کو اجازت دی گئی جن سے کافروں کی طرف سے لڑائی کی جاتی ہے اس وجہ سے کہ ان پر (بہت) ظلم کیا گیا ہے اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان کے غالب کر دینے پر پوری قدرت رکھتا ہے (آگے ان کی مظلومیت کا بیان ہے) جو اپنے گھروں سے بے وجہ نکالے گئے محض اتنی بات پر کہ وہ یوں کہتے ہیں کہ ہمارا رب اللہ ہے اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ اللہ تعالیٰ (ہمیشہ سے) لوگوں کا ایک کا دوسرے کے ہاتھ سے زور نہ گھٹواتا رہتا تو اپنے اپنے زمانوں میں نصاریٰ کے خلوت خانے اور عبادت خانے اور مسلمانوں کی وہ مسجدیں جن میں اللہ کا نام بکثرت لیا جاتا ہے سب منہدم ہو گئے ہوتے اور بے شک اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرے گا جو اللہ (کے دین) کی مدد کرے گا بے شک اللہ تعالیٰ قوت والا (اور) غلبہ والا ہے (وہ جس کو چاہے قوت وغلبہ دے سکتا ہے)۔ یہ لوگ ایسے ہیں کہ اگر ہم ان کو دنیا میں حکومت دے دیں تو یہ لوگ (خود بھی) نماز کی پابندی کریں اور زکوٰۃ دیں اور (دوسروں کو بھی) نیک کاموں کے کرنے کو کہیں اور برے کاموں سے منع کریں اور سب کاموں کے انجام تو خدا ہی کے اختیار میں ہے۔

تفسیر ربط: اوپر احکام حج کے ذکر سے بقرینہ مقام مزید تشنیع کفار مانعین عن المسجد الحرام کی مقصود معلوم ہوتی ہے جیسا کہ تمہید آیات: ان الذين كفروا و يصدون...... میں اس کی تقریر گزر چکی ہے ایسے موقع پر کہ جب غلبہ کفار مانعین کا یہ احکام سن کر مسلمان کو خیال ہو سکتا ہے کہ ہم کو حالت موجودہ میں ان احکام پر کہاں عمل نصیب ہوگا وہاں تک رسائی تو ہے ہی نہیں اس لئے آگے مسلمانوں سے بطور پیشین گوئی کے ایک تسلی آمیز وعدہ فرماتے ہیں جس میں کفار کو ایک وعید بھی ہے۔

وعدہ نصرت مؤمنین و وعید خذلان مشرکین ☆ إِنَّ اللَّهَ يُدَافِعُ عَنِ الَّذِينَ آمَنُوا ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُورٍ ۝ بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ان مشرکین کے غلبہ اور ایذاء رسانی کی قدرت کو) ایمان والوں سے (عنقریب) ہٹا دے گا (کہ پھر حج وغیرہ سے روک ہی نہ سکیں گے) بیشک اللہ تعالیٰ کسی دغاباز کفر کرنے والے کو نہیں چاہتا (بلکہ ایسے سے ناراض ہے اس لئے انجام کار ان کو مغلوب اور مؤمنین مخلصین کو غالب کر دے گا)

فائدہ: اس نصرت کا طریق آئندہ آیت میں مذکور ہے۔

www.besturdubooks.net

ربط: اور پر نصرت مؤمنین کا وعدہ تھا آگے اس نصرت کے طریق کا بیان ہے جس میں جہاد کی اجازت اور اس پر نصرت کا وعدہ مذکور ہے اور ہر چند کہ آیت آئندہ واقعہ حدیبیہ سے مقدم ہے کیونکہ یہ آیت جہاد کی آیات میں سب سے اول ہے کما رواہ الحاکم فی المستدرک عن ابن عباس کذا فی الروح اور واقعہ حدیبیہ بعد چند غزوات کے ہوا ہے لیکن تلاوت کی ترتیب میں جو کہ توقیفی ہے اس آیت کا یہاں ہونا ارتباط مذکور کو مقتضی ہے تقریر ارتباط کی یہ ہوگی کہ اس نصرت کا طریق یہ ہے کہ اذن بالجہاد ہو ہی چکا ہے جس پر نصرت موعود ہے پس جب اس کا وقت آوے گا اسی جہاد سے تم ان پر غالب آ جاؤ گے اور نصرت کی اس فرد کا بھی ظہور ہو جاوے گا۔ اور اس کے ساتھ جہاد کی علت اور حکمت اور اخلاص فی الجہاد کی غلبہ پر بشارت اور موعودلہم کی فضیلت کے بھی مضامین ہیں۔

اذن جہاد مع مضامین متعلقہ آں ☆ أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا (الی قولہ تعالی) وَلِلَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ ﴿ (گو اب تک بمصالح کفار سے لڑنے کی ممانعت تھی لیکن اب) لڑنے کی ان لوگوں کو اجازت دے دی گئی جن سے (کافروں کی طرف سے) لڑائی کی جاتی ہے اس وجہ سے کہ ان پر (بہت ظلم کیا گیا ہے (یہ علت ہے مشروعیت جہاد کی) اور (اس حالت اذن میں مسلمانوں کی قلت اور کفار کی کثرت پر نظر نہ کرنا چاہئے کیونکہ) بلاشبہ اللہ تعالی ان کے غالب کر دینے پر پوری قدرت رکھتا ہے (آگے ان کی مظلومیت کا بیان ہے کہ) جو (بیچارے) اپنے گھروں سے بے وجہ نکالے گئے محض اتنی بات پر کہ وہ یوں کہتے ہیں کہ ہمارا رب اللہ ہے (یعنی توحید پر کفار کا یہ تمام تر غیظ وغضب تھا کہ ان کو اس قدر پریشان کیا کہ وطن چھوڑنا پڑا آگے جہاد کی حکمت ہے) اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ اللہ تعالی (ہمیشہ سے) لوگوں کا ایک دوسرے (کے ہاتھ) سے زور نہ گھٹواتا رہتا (یعنی اہل حق کو اہل باطل پر وقتاً فوقتاً غالب نہ کرتا رہتا) تو (اپنے اپنے زمانوں میں) نصاریٰ کے خلوت خانے اور یہود کے عبادت خانے اور (مسلمانوں کی) وہ مسجدیں جس میں اللہ کا نام بکثرت لیا جاتا ہے سب منہدم (اور منعدم) ہو گئے ہوتے (آگے اخلاص فی الجہاد پر غلبہ کی بشارت ہے اور بیشک اللہ تعالی اس کی مدد کرے گا جو کہ اللہ (کے دین) کی مدد کرے گا (یعنی اس کے لڑنے میں خالص نیت اعلائے کلمۃ اللہ کی ہو) بیشک اللہ تعالی قوت والا (اور) غلبہ والا ہے (وہ جس کو چاہے قوت وغلبہ دے سکتا ہے آگے مبشر لهم کی فضیلت ہے) یہ لوگ ایسے ہیں کہ اگر ہم ان کو دنیا میں حکومت دے دیں تو یہ لوگ خود بھی نماز کی پابندی کریں اور زکوۃ دیں اور (دوسروں) کو بھی نیک کاموں کے کرنے کو کہیں اور برے کاموں سے منع کریں اور سب کاموں کا انجام تو خدا ہی کے اختیار میں ہے (پس مسلمانوں کی موجودہ حالت دیکھ کر یہ کیونکر کوئی کہہ سکتا ہے کہ انجام بھی ان کا یہی رہے گا بلکہ ممکن ہے کہ اس کا عکس ہو جاوے چنانچہ ہوا)۔ ف: بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا کی علت ہونے سے کوئی یہ شبہ نہ کرے کہ جو کفار ظالم نہ ہوں مگر اسلام کے زیر فرمان بھی نہ ہوں وہ محل قتال نہیں ہیں اصل یہ ہے کہ اس علت میں انحصار کی کوئی دلیل نہیں بلکہ یکون الدین للہ کو غایت قرار دینے سے دوسری علت یہ بھی معلوم ہوئی کہ کوئی کافر زیر فرمان اسلام نہ ہو اور راز اس میں یہ ہے کہ یہ صورت پھر کسی وقت اہل حق پر ظلم کرنے تک منجر ہو جاوے گی پس جس طرح مظلومیت بالفعل علت ہے اسی طرح مظلومیت بالقوۃ القریبہ بھی اور لَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ کے حکمت ہونے سے کوئی شبہ نہ کرے کہ گاہ گاہ اہل حق بھی مغلوب ہوتے ہیں۔ اصل یہ ہے کہ اتنا غلبہ جس میں حق محو نہ ہو جاوے مقصود بالحکمت ہے سو یہ حاصل رہا ہے اور لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ الخ سے کوئی یہ شبہ نہ کرے کہ یہ سب متعبدات اب بھی حق تعالی کے نزدیک مقبول ہیں۔ اصل یہ ہے کہ اپنے اپنے زمانہ مشروعیت ومقصودیت ملت ہیں ان کی مطلوبیت مقصود ہے جیسا ترجمہ سے ظاہر ہے اور لَيَنصُرَنَّ اللَّهُ الخ سے کوئی یہ شبہ نہ کرے کہ بعض اوقات ناصران حق بھی مغلوب ہوتے ہیں۔ اصل یہ ہے کہ بعد الٹ پلٹ ہونے کے بشرط ثبات انجام میں غلبہ ناصران حق ہی کو ہوتا ہے جیسا حدیث صحیح میں بھی ہے جس میں ہرقل کی حکایت مذکور ہے اور للہ عاقبۃ الامور میں بھی اس طرف لطیف اشارہ ہے اور اعتبار ہر کام میں انجام ہی کا ہے جیسا دوران علاج مریض کی مختلف حالتیں ہوتی ہیں مگر انجام اگر صحت ہے تو علاج کو نافع کہیں گے اور اخیر آیت سے جس میں قضیہ شرطیہ ہے صحابہ کی فضیلت اور خلفائے راشدین کی حقیت ثابت ہوتی ہے کیونکہ اس شرطیہ کا مقدم اخبار متواترہ سے ثابت الوقوع ہے اور اس کا مستلزم ہونا تالی کے لئے نص قطعی سے ثابت التحقیق ہے پس ان حضرات کا کامل مکمل ہونا ثابت ہو گیا اب اس پر یہ شبہ نہ رہا کہ صدق شرطیہ مقتضی وقوع مقدم کو نہیں ہوتا اور نصاریٰ کے دو معبود کا اس لئے ذکر کیا کہ ان میں درویشی کی بھی رسم جاری تھی پس ان کا خاص خلوت کا عبادت خانہ صومعہ ہے اور عام عبادت خانہ جس کو گرجا گھر کہتے ہیں بیعہ ہے فقط۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: إِنَّ اللَّهَ يُدَافِعُ اس میں حق تعالی کی عادت کا بیان ہے کہ وہ اپنے مقبولین کے لئے انتقام لیتے ہیں قولہ تعالی: وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ الخ آیت میں زمانہ ان کے غیر منسوخ ہونے کا ہو تب تو تشریعی حکمتوں پر دال ہے اور اگر ان کے منسوخ ہونے کے زمانہ کو بھی عام ہو (بجز مساجد کے) تو تکوینی حکمتوں پر دال ہے پس احکام تکوینیہ بھی مثل تشریعیہ کے مطلوب ہوں گے دوسری آیت میں بھی اس کی تصریح ہے قولہ تعالی: يُضِلُّ بِهِ كَثِيرًا وَيَهْدِي بِهِ كَثِيرًا [البقرۃ: ۲۶] قولہ تعالی: الَّذِينَ إِن مَّكَّنَّاهُمْ الخ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے اہل تمکین کے حال کی طرف کہ وہ ہادی مہدی ہیں ان کے یہاں شطحیات نہیں اور ان کے کلمات سے کوئی گمراہ نہیں ہوتا۔

www.besturdubooks.net

مُلحقاتُ الترجمۃ: ۱۔ قوله في اذن اب لڑنے کی اشارة الى ان التقدير اذن في القتال وحذف اعتمادا على القرينة ۱۲۔ ۲۔ قوله في مساجد وہ اشارة الى ان قوله يذكر صفة لمساجد وكونها صفة للجميع وان لم يرد عليه دارو لاختلاف الازمنة الا ان صيغة المضارع يناسب ما اخترناه والله اعلم۔

اِختلافُ القراءۃ: في قراء ة يقاتلون مبنيا للفاعل اى الذين يريدون للقتال ويحرصون عليه ۱۲۔

اللُّغات: صوامع معبد للرهبان البيع مصلى للنصارٰى الصلوٰت مصلى اليهود ۱۲۔

النَّحو: الذين اخرجوا بدل من الذين يقاتلون ۱۲۔ الذين ان مكّنٰهم بدل من الذين اخرجوا ۱۲۔

البَلاغۃ: يدافع صيغة المفاعلة للمبالغة اى يبالغ في الدفع مبالغة من يغالب فيه كذا في الروح ۱۲ قوله ظلموا لم يذكر الظالم تصريحا لمزيد السخط تحاشيا عن ذكره قوله صوامع الخ في الروح تاخير ذكر المساجد لان الترتيب الوجودى كذلك ولعل تاخير صلوات عن بيع مع مخالفة الترتيب للمناسبة بينها بين المساجد كذا قيل (اى لان كلا من الشريعتين مستقل) وقيل انما جئ بهذه المتعبدات على هذا النسق للانتقال من شريف الى اشرف فان البيع اشرف من الصوامع لكثرة العباد فيها فانها معبد المرهبان وغيرهم والصوامع معبد للرهبان فقط وكنائس اليهود اشرف من البيع لان حدوثها اقدم وزمان العبادة فيها اطول والمساجد اشرف من الجميع لان الله تعالٰى قد عبد فيها بما لم يعبد به في غيرها آه ۱۲۔

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿۴۲﴾ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿۴۳﴾ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى

فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۴﴾ فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ

مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا

تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿۴۶﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۭ

وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۴۷﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ

الْمَصِيْرُ ﴿۴۸﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۹﴾ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ ع ۶ ۱۰ ۱۳

كَرِيْمٌ ﴿۵۰﴾ وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۵۱﴾

اور یہ لوگ اگر آپ کی تکذیب کرتے ہیں تو آپ مغموم نہ ہو جائیے کیونکہ ان لوگوں سے پہلے قوم نوح علیہ السلام اور عاد اور ثمود علیہ السلام اور قوم ابراہیم علیہ السلام اور قوم لوط اور اہل مدین بھی (اپنے اپنے انبیاء علیہم السلام کی) تکذیب کر چکے ہیں اور موسیٰ علیہ السلام کو بھی (قبط کی طرف سے) کاذب قرار دیا گیا سو (تکذیب کے بعد) میں نے ان کافروں کو (چندے) مہلت دی پھر میں نے (ان کو عذاب میں پکڑ لیا سو دیکھو) میرا عذاب کیسا ہوا غرض کتنی بستیاں ہیں جن کو ہم نے (عذاب سے) ہلاک کیا جن کی حالت یہ تھی کہ وہ نافرمانی کرتی تھیں سو (اب ان کی یہ کیفیت ہے کہ) وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں اور (اسی طرح ان بستیوں میں) بہت سے بے کار کنوئیں اور بہت سے قلعی چونے کے محل سو کیا یہ (منکر) لوگ ملک میں چلے پھرے نہیں جس سے ان کے دل ایسے ہو جاویں کہ ان سے سمجھنے لگیں یا ان کے کان ایسے ہو جاویں جن سے سننے لگیں بات یہ ہے کہ (نہ سمجھنے والوں کی کچھ) آنکھیں اندھی نہیں ہو جایا کرتیں بلکہ دل جو سینوں میں ہیں وہ اندھے ہو جایا کرتے ہیں اور یہ لوگ نبوت میں شبہ نکالنے کے لئے ایسے عذاب کا تقاضہ کرتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ اپنا وعدہ خلاف نہ کرے گا اور آپ کے رب کے پاس کا ایک دن (یعنی قیامت کا دن امتداد میں یا اشتباہ میں) برابر ایک ہزار سال کے ہے تم لوگوں کے شمار کے موافق بہت سی بستیاں ہیں جن کو میں نے (ان کی طرح) مہلت دی تھی اور وہ (ان ہی کی طرح) نافرمانی کرتی تھیں پھر میں نے ان کو (عذاب میں) پکڑ لیا اور سب کو میری ہی طرف لوٹنا ہے (اور) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ اے لوگوں میں تو صرف تمہارے لئے ایک ڈرانے والا ہوں سو جو لوگ (اس ڈر کو سن کر) ایمان لے آئے اور اچھے کام کرنے لگے ان کے لئے مغفرت اور عزت کی روزی (یعنی جنت) ہے اور جو لوگ ہماری آیتوں کے متعلق (ان کے ابطال کی) کوشش کرتے رہتے ہیں نبی کو اور اہل ایمان کو ہرانے کے لئے ایسے لوگ دوزخ میں رہنے والے ہیں۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: اوپر اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَیَصُدُّوْنَ الخ [الحج: ۲۵] کا ارتباط آیت: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یُّجَادِلُ الخ سے مذکور ہوا ہے اور اسی سلسلہ سے یہاں تک مضمون چلا آیا ہے چونکہ جدال سے مقصود کفار کا آپ کی تکذیب تھی جو موجب حزن نبی تھی اس لئے آگے اس پر آپ کی تسلی فرماتے ہیں اور چونکہ ذکر جدال میں مجادل کو عَذَابِ السَّعِیْرِ [الحج: ۴] وَعَذَابُ الْحَرِیْقِ [البروج: ۱۰] کی وعید فرمائی گئی تھی اور کفار اس عذاب کی عدم تعجیل کو دلیل اپنے حق پر ہونے کی اور نعوذ باللہ دعویٰ نبوت میں آپ کے ناحق پر ہونے کی ٹھہراتے ہیں اس لئے تسلی کے بعد ان شبہات کا بھی جواب ہے۔

تسلیہ رسول وجواب شبہات کفار جہول: وَاِنْ یُّکَذِّبُوْكَ فَقَدْ کَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ (الی قولہ تعالیٰ) اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ اور یہ (مجادل) لوگ اگر (درباب نبوت کے) آپ کی تکذیب کرتے ہوں تو (آپ مغموم نہ ہو جایئے کیونکہ) ان لوگوں سے پہلے قوم نوح اور عاد اور ثمود اور قوم ابراہیم اور قوم لوط اور اہل مدین بھی (اپنے اپنے انبیاء علیہم السلام کی) تکذیب کر چکے ہیں اور موسیٰ (علیہ السلام) کو بھی (قبط کی طرف سے) کاذب قرار دیا گیا (سو تکذیب کے بعد) میں نے (ان) کافروں کو (جنہوں نے تکذیب کی تھی چندے) مہلت دی (جیسے ان کو مہلت دے رکھی ہے) پھر میں نے ان کو (عذاب میں) پکڑ لیا سو (دیکھو) میرا عذاب کیسا ہوا۔ غرض کتنی بستیاں ہیں جن کو ہم نے (عذاب سے) ہلاک کیا جن کی یہ حالت تھی کہ وہ نافرمانی کرتی تھیں سو (اب ان کی یہ کیفیت ہے کہ) وہ اپنی چھتوں پر گر پڑی ہیں (مراد یہ کہ ویران ہیں کیونکہ عادۃً اول چھت گرتی ہے پھر اس پر دیواریں آ پڑتی ہیں) اور (اس طرح ان بستیوں میں) بہت سے بیکار کنوئیں (جو پہلے آباد تھے) اور بہت سے قلعی چونے کے محل (جواب شکستہ ہو گئے یہ سب ان بستیوں کے ساتھ تباہ ہوئے پس اس طرح وقت موعود پر یہ لوگ معذب ہوں گے) سو کیا یہ (منکر) لوگ ملک میں چلے پھرے نہیں جس سے ان کے دل ایسے ہو جاویں کہ اس سے سمجھنے لگیں یا ان کے کان ایسے ہو جاویں جس سے سننے لگیں بات یہ ہے کہ (نہ سمجھنے والوں کی کچھ) آنکھیں اندھی نہیں ہو جایا کرتیں بلکہ دل جو سینوں میں ہیں وہ اندھے ہیں وہ اندھے ہو جایا کرتے ہیں (سو ان کے بھی وہی دل اندھے ہو رہے ہیں ورنہ امم مذکورہ کی حالت سے سمجھ لیتے کہ فی الواقع کفر ناپسندیدہ حق ہے جب تو اس پر عذاب آیا) اور یہ لوگ (نبوت میں شبہ نکالنے کے لئے) آپ سے عذاب کا تقاضا کرتے ہیں (اور جلدی نہ آنے سے استدلال عدم وقوع پر کرتے ہیں) حالانکہ اللہ تعالیٰ کبھی اپنا وعدہ خلاف نہ کرے گا (یعنی وعدہ کے وقت ضرور عذاب واقع ہو گا پس وہ استدلال غلط ہے) اور آپ کے رب کے پاس ایک دن (جس میں عذاب واقع ہو گا یعنی قیامت کا دن امتداد میں یا اشتداد میں) برابر ایک ہزار سال کے ہے تم لوگوں کے شمار کے موافق (سو عجب بیوقوف ہیں کہ ایسی مصیبت کا تقاضا کرتے ہیں) اور (خلاصہ جواب مذکور کا مکرر سن لو کہ) بہت سی بستیاں ہیں جن کو میں نے (ان کی طرح) مہلت دی تھی اور وہ (ان ہی کی طرح نافرمانی (کی باتیں) کرتی تھیں (یعنی وہ بھی استعجال واستہزاء کرتے تھے) پھر میں نے ان کو (عذاب میں) پکڑ لیا اور سب کو میری ہی طرف لوٹنا ہو گا (اس وقت کفر کی پوری سزا ہو گی اور) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ اے لوگو (اس عذاب مذکور کے واقع کرنے میں میرا کوئی دخل واختیار نہیں ہے نہ کبھی میں نے اس کا دعویٰ کیا تاکہ عدم ایقاع سے میری تکذیب کی جاوے) میں تو صرف تمہارے لئے آشکارا ڈرانے والا ہوں سو جو لوگ (اس ڈر کو سن کر) ایمان لے آئے اور اچھے کام کرنے لگے ان کے لئے مغفرت اور عزت کی روزی (یعنی جنت) ہے اور جو لوگ ہماری آیتوں کے متعلق (ان کے ابطال کی) کوشش کرتے رہتے ہیں (نبی کو اور اہل ایمان کو) ہرانے کے لئے ایسے لوگ دوزخ (میں رہنے) والے ہیں (پس یہ میرا دعویٰ ہے اور اس پر دلیلیں رکھتا ہوں اور عذاب سے ڈرانا میرا فرض منصبی ہے جس کا وقوع بھی وقت پر باختیار خداوندی ہو گا اس سے میرا کوئی تعلق نہیں جو مجھ سے درخواست کیا کرتے ہو) **ف**: یوم قیامت کے طول خاص کی بناء میں عقلاً دو احتمال ذکر کئے گئے ہیں امتداد اشتداد مگر حدیث سے احتمال اول متعین معلوم ہوتا ہے یعنی اس کا واقعی امتداد ایک ہزار سال کا ہو گا وہ حدیث یہ ہے: **عن سعد بن ابی وقاصؓ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انی لارجو ان لا تعجزا متی عند ربھا ان یؤخرھم نصف یوم قیل لسعد وکم نصف یوم قال خمسمائۃ سنۃ** رواہ ابوداؤد (مشکوٰۃ باب قرب الساعۃ) اور سورۂ معارج میں جو اس کی مقدار خمسین الف سنۃ فرمائی گئی ہے سو وہ بھی واقعی مقدار اس طرح ہو سکتی ہے کہ یہ تفاوت باعتبار اختلاف آفاق کے ہو جس طرح اب معدل النہار کی حرکت کہیں دولابی ہے کہیں حمائلی کہیں رحوی اور اس وجہ سے خط استواء پر ایک یوم بلیلہ چوبیس گھنٹہ کا ہوتا ہے اور عرض تسعین پر ایک سال کا اور ان دونوں کے درمیان مختلف مقادیر پر متفاوت ہوتا چلا جاتا ہے اسی طرح ممکن ہے کہ اول شمس کی حرکت جو معدل کے ساتھ ہے بطور خرق عادت کے اس قدر بطی ہو کہ ایک افق پر ایک ہزار سال کا یوم ہو اور جو افق اس سے پچاس حصہ ہٹا ہوا ہو اس پر پچاس ہزار برس کا ہو اور درمیان میں اسی نسبت سے متفاوت ہو آیتوں میں صرف اقل واکثر بتلا دیا گیا ہو اور اوسط کو مقائسہ پر چھوڑ دیا گیا ہو اور جن آفاق کو پچاس حصہ سے زیادہ تفاوت ہو ممکن ہے کہ وہ اہل محشر سے خالی ہوں۔ واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاِنَّهَا لَا تَعْمَی الْاَبْصَارُ الخ اس میں قلوب کے لئے ابصار واسماع کا اثبات ہے ۱۲۔

الکلام: **قولہ لن یخلف دل علی امتناع الخلف واما وعیدات سائر العصاۃ فالنشائات او اخبارات عن استحقاقھم لا عن ایقاعہ او**

www.besturdubooks.net

هي اخبارات عن ايقاعه مشروطة بعدم العفو وترك التصريح بالشرط الزيادة الترتيب بدليل الجمع بين الآيات كذا قالوا قلت والمرضى عندى هو الاخير ۱۲۔

اللغات: مشيد مرفوع او مبنى بالشيد بالكسر اى الجص ۱۲۔

النحو: قوله كذبت الحق بالفعل تاء التانيث لان الفاعل وهو قوم اسم جمع يجوز تذكره و تانيثه ۱۲ قوله وبئر وقصر معطوف على قرية اى اهلكنا هما۔

البلاغة: قوله عاد و ثمود في الروح استغنى في عاد وثمود عن ذكر القوم لاشتهارهم بهذا الاسم والاصل في التعبير العلم ولا علم بغير هؤلاء ولم يقل وقوم شعيب لان قومه المكذبين هم هؤلاء دون اهل الايكة لانهم اجنبيون والتخصيص لان التسلية عن تكذيب قومه وقال كذب موسٰى مبنيا للمفعول لان المكذبين هم القبط ولبسوا قومه ولم يقل والقبط بل اعيد الفعل الايذان بان تكذيبهم في غاية الشناعة لكون آياته في كمال الوضوح ۱۲۔ قوله وبئر معطلة لعل وصفها بالوصف الذى آلت اليه للتنبيه على ان هلاكها لم يكن مثل هلاك القرية والقصر لان هلاكها كان بالتعطل بخلاف اهل القرية والقصر فان هلاكهما بالانعدام والانهدام فتفكر قوله في الصدور وصف القلوب به على ما قال الزمخشرى لانه قد تعورف ان العمى مكانه البصر فلما اريد اثبات ما هو خلاف المعتقد احتاج هذا التصوير الى زيادة تعيين ليتقرر ان مكان العمى هو القلوب لا الابصار كما تقول ليس المضاء للسيف ولكنه للسانك الذى بين فيك وهو في حكم قولك ما نفيت المضاء عن السيف واثبته للسانك فلتة ولا سهوًا مني تعمدت به اياه تعمدًا كذا في الروح ۱۲۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾ لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۴﴾ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَىِٕذٍ لِّلّٰهِ ۭ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا
۷ ۹ ۱۴ وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾ ع

اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ہم نے آپ کے قبل کوئی رسول اور کوئی نبی ایسا نہیں بھیجا جس کو یہ قصہ پیش نہ آیا ہو کہ جب اس نے (اللہ تعالیٰ کے احکام میں سے) کچھ پڑھا (تب ہی) اس کے پڑھنے میں (کفار) کے قلوب میں شبہ ڈالا پھر اللہ تعالیٰ شیطان کے ڈالے ہوئے شبہات کے (جوابات قاطعہ سے) نیست و نابود کر دیتا ہے پھر اللہ تعالیٰ اپنی آیات کے مضامین کو زیادہ مضبوط کر دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ خوب علم والا خوب حکمت والا ہے اور یہ سارا قصہ اس لئے کیا ہے تاکہ اللہ تعالیٰ شیطان کے ڈالے ہوئے شبہات کو ایسے لوگوں کے لئے آزمائش (کا ذریعہ) بنا دے جن کے دل میں (شک) کا مرض ہے اور جن کے دل (بالکل ہی) سخت ہیں اور واقعی (یہ) ظالم لوگ بڑی مخالفت میں ہیں اور تاکہ جن لوگوں کو فہم (صحیح) عطا ہوا ہے وہ (ان اجوبہ اور نور ہدایت سے) اس امر کا زیادہ یقین کر لیں کہ یہ (جو نبی نے پڑھا ہے وہ) آپ کے رب کی طرف سے حق ہے سو ایمان پر زیادہ قائم ہو جائیں پھر اسی طرف ان کے دل اور بھی جھک جاویں اور واقعی ان ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ ہی راہ راست دکھلاتا ہے۔ اور (رہ گئے) کافر لوگ (سو وہ) ہمیشہ اس (پڑھے ہوئے حکم) کی طرف سے شک ہی میں رہیں گے یہاں تک کہ ان پر دفعتہً قیامت آ جائے یا ان پر کسی بے برکت دن کا (کہ قیامت کا دن ہے) عذاب آ پہنچے بادشاہی اس روز اللہ تعالیٰ ہی کی ہوگی وہ ان سب (مذکورین) کے درمیان (عملی) فیصلہ فرما دیگا سو جو لوگ ایمان لائے ہوں گے اور اچھے کام کئے ہوں گے وہ چین کے باغوں میں ہوں گے اور جنہوں نے کفر کیا ہوگا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہوگا تو ان کے لئے ذلت کا عذاب ہوگا (وہ فیصلہ یہ ہوگا)۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر شیاطین الانس کے مراد جدال وسعی فی ابطال الآیات کے مقابلہ میں منجانب اللہ نصرت حق واہل کا وقوع مذکور تھا آگے شیاطین الجن کے

www.besturdubooks.net

اغواء واضلال ووسوسہ فی الآیات کے مقابلہ میں جو کہ جدال مذکور کا اصل منشاء ہے حق کی نصرت کا وقوع اور اس کید کا مدفع ہونا اور اس کے ذیل میں حق کے قبول کرنے والوں کی جزا اور نہ قبول کرنے والوں کی سزا مذکور ہے۔

افنائے باطل وابقاء حق وجزاوسزائے اہل ہردو☆ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ (الی قولہ) فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ اور (اے محمد ﷺ یہ لوگ جو شیاطین کے اغواسے آپ سے مجادلہ کرتے ہیں یہ کوئی نئی بات نہیں بلکہ (ہم نے آپ کے قبل کوئی رسول اور کوئی نبی ایسا نہیں بھیجا جس کو یہ قصہ پیش نہ آیا ہو کہ جب اس نے (اللہ تعالیٰ کے احکام میں سے) کچھ پڑھا (تب ہی) شیطان نے اس کے پڑھنے میں (کفار کے قلوب میں) شبہ (اور اعتراض) ڈالا (اور کفار انہی شبہات اور اعتراضات کو پیش کر کے انبیاء سے مجادلہ کیا کرتے جیسا دوسری آیات میں ارشاد ہے: وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا [الأنعام:١١٢] وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ [الأنعام:١٢١]) پھر اللہ تعالیٰ شیطان کے ڈالے ہوئے شبہات کو (جوابات قاطعہ ودلائل ساطعہ سے) نیست ونابود کر دیتا ہے (جیسا کہ ظاہر ہے کہ جواب صحیح کے بعد اعتراض دفع ہو جاتا ہے) پھر اللہ تعالیٰ اپنی آیات (کے مضامین) کو زیادہ مضبوط کر دیتا ہے (گو وہ فی نفسہا بھی مستحکم تھیں لیکن اعتراضات کے جوابات سے اس استحکام کا زیادہ ظہور ہو گیا) اور اللہ تعالیٰ (ان اعتراضات کے متعلق خوب) علم والا ہے (اور ان کے جواب کی تعلیم میں) خوب حکمت والا ہے (اور یہ سارا قصہ اس لئے کیا ہے) تا کہ اللہ تعالیٰ شیطان کے ڈالے ہوئے شبہات کو ایسے لوگوں کے لئے آزمائش (کا ذریعہ) بنادے جن کے دل میں (شک کا) مرض ہے اور جن کے دل بالکل ہی) سخت ہیں (کہ وہ شک سے بڑھ کر باطل کا جزم کئے ہوئے ہیں سو ان کی آزمائش ہوتی ہے کہ دیکھیں بعد جواب کے اب بھی شبہات کا اتباع کرتے ہیں یا جواب کو سمجھ کر حق کو قبول کرتے ہیں) اور واقعی (یہ) ظالم لوگ (یعنی اہل شک بھی اور اہل جزم بالباطل بھی) بڑی مخالفت میں ہیں (کہ حق کو باوجود وضوح کے محض عناد کے سبب قبول نہیں کرتے شیطان کو وسوسہ ڈالنے کا تصرف تو اس لئے دیا گیا تھا کہ آزمائش ہو) اور (ان شبہات کا اجوبہ صحیحہ ونور ہدایت سے ابطال اس لئے ہوتا ہے) تا کہ جن لوگوں کو فہم (صحیح) عطا ہوا ہے وہ (ان اجوبہ ونور ہدایت سے) اس امر کا زیادہ یقین کر لیں کہ یہ (جو نبی نے پڑھا ہے وہ) آپ کے رب کی طرف سے حق ہے سو ایمان پر زیادہ قائم ہو جاویں پھر (زیادہ یقین کی برکت سے) اس (پر عمل کرنے) کی طرف ان کے دل اور بھی جھک جاویں اور واقعی ان ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ ہی راہ راست دکھلاتا ہے (پھر کیونکر ان کو ہدایت نہ ہو یہ تو ایمان والوں کی کیفیت ہوئی) اور (رہ گئے) کافر لوگ (سو وہ) ہمیشہ اس (پڑھے ہوئے حکم) کی طرف سے شک ہی میں رہیں گے (جو ان کے دل میں شیطان نے ڈالا تھا) یہاں تک کہ ان پر دفعۃً قیامت آجاوے (جس کی ہول ہی کافی ہے گو عذاب بھی نہ ہوتا) یا (اس سے بڑھ کر یہ کہ) ان پر کسی نے برکت دن کا (کہ قیامت کا دن ہے) عذاب آپہنچے (اور دونوں کا جمع ہونا جو کہ واقع میں ہوگا اور بھی اشد مصیبت ہے مطلب یہ کہ یہ بدوں مشاہدہ عذاب کفر سے باز نہ آویں گے مگر اس وقت نافع نہ ہوگا) بادشاہی (اس روز اللہ ہی کی ہوگی وہ ان سب (مذکورین) کے درمیان (عملی فیصلہ فرماوے گا) سو جو لوگ ایمان لائے ہوں گے اور اچھے کام کئے ہوں گے وہ چین کے باغوں میں ہوں گے اور جنہوں نے کفر کیا ہوگا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہوگا تو ان کے لئے ذلت کا عذاب ہوگا (وہ فیصلہ یہ ہوگا) **ف**: رسول اور نبی کے معانی کی تحقیق سورۂ مریم آیات وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى [مریم:٥١] الخ کی تفسیر میں گزر چکی ہے اور بعض کتب میں ان آیتوں کے متعلق ایک قصہ لکھا ہے جس میں تلك الغرانيق آیا ہے وہ حسب نقل روح بتصریح بیہقی وقاضی عیاض ومحمد بن اسحاق وشیخ ابوالمنصور ماتریدی غیر ثابت بے سند موضوع زنادقہ ہے اور جنہوں نے اس کی صحت کا حکم کیا ہے وہ درجہ میں نفاۃ کے برابر نہیں اور علی سبیل الفرض اگر ثابت بھی ہوتا ہم موقوف علیہ تفسیر آیت کا نہیں اور خود واجب التاویل ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ کی عادت جاری ہے کہ وساوس شیطانی خود بخود مضمحل ہو جاتے ہیں اس کے لئے مستقل تدبیر کی ضرورت نہیں اور یہی بعینہٖ قول ہے محققین اہل ترتیب کا ۱۲ قولہ تعالیٰ: فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ الخ اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ عذاب حقیقی خدا تعالیٰ کے نزدیک مطرود ومہان ہو جانا ہے گو ظاہر میں نعیم میں ہو اور یہی معنی ہیں عارف شیرازی کے اس قول کے۔

حدیث ہول قیامت کہ گفت واعظ شہر ☆ کنایتے ست کہ اندوز گار ہجران گفت

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ في او یاتیهم جمع ہونا اشارۃ الی ان او لمنع الخلو ۱۲۔

روایت: في الدر اخرج ابن ابی حاتم عن مجاهد یوم عقیم قال یوم القیٰمة وروی الطبری عن قتادة هو یوم بدر ذکره عن ابی بن کعب ۱۲۔

اللغات: تمنی قرأ کما في قوله تعالى الا امانی وقول حسان تمنی کتاب الله الخ فان التالی یقدر الحروف ویتصورها فیذکرها شیئا فشیئا کذا في الروح بتغییر ونقل الطبری ایضا تفسیر التمنی بالقراء ة عن الضحاك قوله العقیم مالا نفع فیه ولا خیر فان یوم القیٰمة

www.besturdubooks.net

كذلك للكافر ۱۲۔

النحو: قوله تمنى اى كل واحد كما فى قوله تعالى والله ورسوله احق ان يرضوه قوله ليجعل وليعلم فى الروح متعلق بمحذوف اى فعل ذلك ليجعل وليعلم ويجعل ليجعل علة لفعل التمكين المفهوم مما تقدم وما بعد علة لما بعد من النسخ والاحكام آه بتغيير يسير ۱۲۔

البلاغۃ: بعيد وصف بوصف صاحب الشقاق مبالغة ۱۲ قوله يوم عقيم فيه وضع المظهر موضع المضمر اى ياتيهم عذاب الساعة ونكره للتهويل والتفخيم ۱۲۔

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۵۸ لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ۵۹ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۶۰

اور جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں (یعنی دین کے لئے) اپنا وطن چھوڑا پھر وہ لوگ (کفر کے مقابلہ میں) قتل کئے گئے اللہ تعالیٰ ضرور ان کو ایک عمدہ رزق دے گا اور یقیناً اللہ تعالیٰ سب دینے والوں سے اچھا دینے والا ہے (اور رزق حسن کے ساتھ) اللہ تعالیٰ ان کو ایسی جگہ لے جا کر داخل کرے گا جس کو وہ بہت ہی پسند کریں گے اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ہر بات کی مصلحت کو) خوب جاننے والا ہے بہت علم والا (بھی) ہے یہ (مضمون تو) ہو چکا اور جو شخص (دشمن کو) اس قدر تکلیف پہنچا دے جس قدر اس دشمن کی طرف سے) اس کو تکلیف پہنچائی گئی تھی اور پھر اس شخص پر زیادتی کی جائے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کی ضرور امداد کرے گا اللہ تعالیٰ کثیر العفو کثیر المغفرت ہے (اسے دقائق پر دارو گیر نہیں کرتا)۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ الخ میں جہاد کی اجازت اور نصرت کی بشارت اور اَلَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا میں مؤمنین مظلومین کی مہاجرت ارشاد فرمائی گئی تھی اور یہاں تک اسی سلسلہ میں مضمون چلا آیا تھا چونکہ دوران جہاد و ہجرت میں بعض کو قتل یا موت طبعی کی بھی نوبت آتی ہے اور ہر چند کہ وہ منافی وعدہ نصرت کے اس لئے نہیں کہ منصوریت صفت قوم کی ہوتی ہے نہ کہ ہر واحد کی احاد قوم سے لیکن تاہم یہ موت و قتل جو اوپر مذکور ہوا مظنہ ہو سکتا ہے اس میت یا مقتول کی حسرت کا کہ ہم اس وعدہ کے معائنہ سے متمتع نہ ہوئے اس لئے آگے ان مقتولین یا میتین کو اس بشارت نصرت سے بڑھ کر دوسری بشارت سناتے ہیں۔

بشارت مہاجرین بنعمائے آخرت: وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا (الی قولہ تعالی) وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ۵۹ اور جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں (یعنی دین کے لئے) اپنا وطن چھوڑا (جن کا ذکر اوپر کی آیت میں بھی اس عنوان سے ہو چکا ہے اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ) پھر وہ لوگ (کفار کے مقابلہ میں) قتل کئے گئے یا (ویسے ہی موت طبعی سے) مر گئے (وہ ناکام نہیں ہیں گو دنیا میں ان کو ظفر و غنیمت نہیں ملی مگر آخرت میں) اللہ تعالیٰ ان کو ضرور ایک عمدہ رزق دے گا (یعنی جنت کے میوے اور دیدارِ حق) اور یقیناً اللہ تعالیٰ سب دینے والوں سے اچھا (دینے والا) ہے (اور رزق حسن کے ساتھ) اللہ تعالیٰ ان کو (مسکن بھی اچھا دے گا اور ان کو) ایسی جگہ لے جا کر داخل کرے گا جس کو وہ (بہت ہی) پسند کریں گے اور (رہی یہ بات کہ بعض مہاجرین موت کی صورت میں اس طرح ناکام ہی کیوں رہے اور قتل کی صورت میں کافر قبل قاتل ہونے کے قہر الٰہی سے کیوں نہ ہلاک ہو گیا کہ قتل مؤمن کی نوبت ہی نہ آتی تو وجہ اس کی یہ ہے کہ) بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ہر بات کی حکمت و مصلحت کو) خوب جاننے والا ہے (پس اس ظاہری ناکامی میں بھی بہت سے مصلحتیں ہیں اور) بہت حلم والا (بھی) ہے (اس لئے اپنے اعداء کو ہمیشہ جلدی ہی سزا نہیں دیتا)۔ ربط: مظلوم پر دو طرح ظلم ہوا کرتا ہے ایک یہ کہ ابتداءً ظلم کیا جاوے دوسرے یہ کہ وہ مظلوم اس ابتدائی ظلم کا انتقام لے لے اور اس انتقام کی وجہ سے پھر اس کو ایذا پہنچائی جاوے ہر چند کہ مظلومیت پر وعدۂ نصرت جو اوپر مذکور ہوا ہے دونوں صورتوں کو شامل ہے لیکن قسم دوم کا ظلم ہونا بسبب مسبوقیت بالعقوبت من جناب المظلوم کے مثل قسم اول کے ظاہر نہ تھا اور اس وجہ سے مظنہ عدم شمول وعدہ مذکورہ کا ہو سکتا تھا اس لئے آگے بالتصریح اس قسم پر بھی وعدۂ نصرت فرماتے ہیں اور منشاء اشتباہ یعنی مسبوقیت مذکورہ کا جواب ظاہر ہے کیونکہ وہ عقوبت بوجہ مسبوقیت بالعقوبۃ من جانب الظالم کے مثل عدم عقوبت کے ہے پس یہ ظلم ثانیاً مثل ظلم ابتداءً ہی کے ہوا۔

وعدۂ نصرت بر عدوان بعد انتقام ☆ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۶۰ یہ (مضمون تو) ہو چکا اور (آگے اور سنو کہ) جو شخص (دشمن کو) اسی قدر تکلیف پہنچاوے جس قدر (اس دشمن کی طرف سے) اس کو تکلیف پہنچائی گئی تھی (اور) پھر (اس برابر سرابر ہو جانے کے بعد اس دشمن کی طرف سے) اس شخص پر زیادتی کی جاوے (چنانچہ کفار سے ایسا معاملہ بھی ہوتا تھا) اللہ تعالیٰ اس شخص کی ضرور امداد کرے گا (اگر یہ شخص بدلہ لینا چاہے تو دنیا میں

www.besturdubooks.net

نصرت شرعیہ یقینی ہے یعنی اجازت انتقام کی اور اگر بدلا نہ لے تو آخرت میں نصرت حسیہ ضروری ہے یعنی ظالم کی تعذیب اور یہ جو اوپر قید لگائی گئی بمثل ما عوقب الخ سو اس مماثلت کی مراعات مظلوم کے اجتہاد پر ہے جس میں اس نے اپنی وسعت حتی الامکان مبذول کی ہو اور اس پر بھی اگر مماثلت سے قدرے بیشی ہو جاوے جو بوجہ غایت غموض وخفاء کے ضبط میں نہ آ سکے تو وہ موجب مواخذہ ومخل وعدہ نصرت نہیں بلکہ معاف ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ کثیر العفو کثیر المغفرت ہے (ایسے دقائق پر دارو گیر نہیں فرماتا)۔ **ف**: یہ رعایت مماثلت کا وجوب معاملات معاشرت میں ہے نہ کہ جہاد میں چنانچہ ادلہ شرعیہ سے یہ امر ظاہر ومشہور ہے اور نیز جو افعال ہر حال میں معصیت ہیں وہ اس عموم سے مستثنیٰ ہیں مثلاً کوئی کسی کے والدین کو برا کہے تو عوض میں اس کے والدین کو برا کہنا جائز نہ ہوگا۔

ملحقات الترجمۃ: ؎ قولہ فی مدخلا جگہ اشارۃ الی انہ اسم مکان وقیل مصدر مفعول مطلق ۱۲۔

اللغات: قولہ بمثل ما عوقب بہ فی الروح الباء فی الموضعین للآلۃ ۱۲۔

البلاغۃ: فی الروح وتسمیۃ ما وقع ابتداء عقابا للمشاکلۃ او لکونہ سببا للجزاء او بناء علی العرف من اطلاقہ علی ما یعذب بہ وان لم یکن جزاء جنایۃ ۱۲۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٦١﴾ ذٰلِكَ
بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿٦٢﴾ اَلَمْ تَرَ
اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۡ فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿٦٣﴾ لَهٗ مَا
فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٦٤﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي ع ۸/۷ ۱۵
الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۭ وَيُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَي الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٥﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ۡ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ اُمَّةٍ
جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ۭ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٦٧﴾
وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٨﴾ اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ
تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿٧٠﴾

(مؤمنین کا غالب کر دینا) اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ رات (کے اجزاء) کو دن میں اور دن (کے اجزاء) کو رات میں داخل کر دیتا ہے اور (نیز) اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب احوال واقوال کو) خوب سننے اور دیکھنے والا ہے یہ (نصرت) اس سبب سے (یقینی) ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی ہستی میں کامل ہے اور جن چیزوں کی اللہ کے سوا یہ لوگ عبادت کر رہے ہیں وہ بالکل ہی ہے اور اللہ ہی عالی شان اور (سب سے) سے بڑا ہے اور (اے مخاطب) کیا تجھ کو یہ خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسایا جس سے زمین سرسبز ہوگئی بے شک اللہ تعالیٰ بہت مہربان (اور) سب باتوں کی خبر رکھنے والا ہے سب اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (یعنی وہ سب کا مالک ہے) اور بے شک اللہ ہی ایسا ہے جو کسی کا محتاج نہیں (اور) ہر طرح کی تعریف کے لائق ہے (اور اے مخاطب) کیا تجھ کو یہ خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کو کام میں لگا رکھا ہے زمین کی چیزوں کو اور کشتی کو (بھی) کو وہ دریا میں اس (خدا) کے حکم سے چلتی ہے اور وہی آسمانوں کو زمین پر گرنے سے تھامے ہوئے ہے ہاں مگر اس کا حکم ہو جائے تو خیر بالیقین اللہ تعالیٰ (کے حال پر) بڑی شفقت اور رحمت فرمانے والا ہے اور وہی ہے جس نے تم کو زندگی دی پھر (وقت موعود پر) تم کو موت دے گا پھر (قیامت میں دوبارہ) تم کو زندہ کرے گا واقعی انسان ہے بڑا بے قدرا۔ (جتنی امتیں اہل شرائع گزری ہیں) ہم نے (ان میں) ہر امت کے واسطے ذبح کرنے کا طریق مقرر کیا ہے کہ وہ اسی طریق پر ذبح کیا کرتے تھے سو ان (معزول) لوگوں کو چاہئے کہ آپ سے اس امر (ذبح) میں جھگڑا نہ کریں اور آپ (ان) کو اپنے رب (یعنی اس کے دین) کی طرف بلاتے رہئے کیونکہ آپ یقیناً صحیح رستہ پر ہیں اور اگر اس پر بھی یہ لوگ آپ سے جھگڑا نکالتے ہیں تو آپ اخیر بات یہ فرما دیجئے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں کو خوب جانتا ہے اور اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان قیامت کے روز (عمل) فیصلہ فرمائے گا جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے تھے (جو آگے اس کی تائید ہے کہ) اے مخاطب کیا تجھ کو

www.besturdubooks.net

معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ سب چیزوں کو جانتا ہے جو کچھ زمین اور آسمان میں ہے یقینی بات ہے کہ یہ (جب ان کا قول وفعل) نامہ اعمال میں ہے (پس) یقیناً (ثابت ہو گیا کہ) یہ (فیصلہ کرنا) اللہ تعالیٰ کے نزدیک (بہت ہی) آسان ہے۔

تفسیر ربط: اوپر مؤمنین کے غالب اور کفار کے مغلوب ہونے کا بیان تھا چونکہ مسلمانوں کی موجودہ بے سروسامانی اور کفار کے عدد اور عدد میں فراوانی پر نظر کرنے پر اس میں ایک گونہ استبعاد تھا اس لئے آگے ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الخ میں اپنی قدرت کاملہ کا بیان فرماتے ہیں اور چونکہ جہلائے کفار کو اس مقام پر اپنے معبودین کے ناصر ہونے کا وہم ہو سکتا تھا اس لئے ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الخ میں ان کا ناکارہ ہونا ارشاد فرماتے ہیں اور چونکہ یہ مضمون متضمن توحید ذاتی وصفاتی وافعالی تھا اور روئے سخن تھا مشرکین کی طرف جو کہ شرک میں مبتلا ہونے سے نعم آلہہ سے جحود کرتے تھے اس لئے اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ سے لَكَفُوْرٌ تک اس مضمون کی قدرے تفصیل فرماتے ہیں۔

بیان قدرت وعظمت ونعمت حق تعالیٰ ☆ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ (الی قولہ تعالی) اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ یہ (مؤمنین کا غالب کردینا) اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ (کی قدرت بڑی کامل ہے چنانچہ وہ) رات (کے اجزاء) کو دن میں اور دن (کے اجزاء) کو رات میں داخل کردیتا ہے (اور یہ انقلاب اس انقلاب موعود سے بدرجہا زیادہ عجیب ہے) اور (نیز) اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ (ان سب کے اقوال واحوال کو) خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے (پس کفار کی ظالمیت قولی وفعلی کو اور مؤمنین کی مظلومیت کو سنتا دیکھتا ہے پس اطلاع وقدرت دونوں کا مجموعہ سبب ہو گیا نصرت کا اور نیز) یہ (نصرت) اس سبب سے (یقینی) ہے کہ (اس میں کوئی اللہ تعالیٰ کے ساتھ مزاحمت نہیں کرسکتا کیونکہ) اللہ ہی ہستی میں کامل (اور واجب الوجود) ہے اور جن چیزوں کی اللہ کے سوا یہ لوگ عبادت کر رہے ہیں وہ بالکل ہی لچر ہیں (اولاً بوجہ امکان وحدوث کے ثانیاً بوجہ عجز وضعف قدرت کے تو یہ کیا مزاحمت کرسکتے ہیں) اور اللہ ہی عالیشان اور سب سے بڑا ہے (اور اے مخاطب اس مضمون میں تدبیر کرکے توحید کی حقیقت اور شرک کا بطلان سمجھنا چاہئے اور اس کے علاوہ اور بھی حق تعالیٰ کے کمالات اور نعمتیں ہیں جن سے توحید ووجوب شکر پر استدلال کیا جاسکتا ہے چنانچہ ہم بیان کرتے ہیں) کیا تجھ کو یہ خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسایا جس سے زمین سرسبز ہو گئی بیشک اللہ تعالیٰ بہت مہربان (اور) سب باتوں کی خبر رکھنے والا ہے (اس لئے بندوں کی ضرورتوں پر مطلع ہے اور ان کے مناسب مہربانی فرماتا ہے) سب اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (یعنی وہ سب کا مالک ہے) اور بیشک اللہ ہی ایسا ہے جو کسی کا محتاج نہیں (اور) ہر طرح کی تعریف کے لائق ہے (اور اے مخاطب) کیا تجھ کو یہ خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کو کام میں لگا رکھا ہے زمین کی چیزوں کو اور کشتی کو (بھی) کہ وہ دریا میں اس (خدا) کے حکم سے چلتی ہے اور وہی آسمانوں کو زمین پر گرنے سے تھامے ہوئے ہے ہاں مگر اسی کا حکم ہوجاوے تو خیر (پھر تو ضرور ہی گر پڑے مگر باوجودیکہ اعمال عباد اس کو مقتضی ہیں کقولہ تعالیٰ: اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ [سباء: ۹] پھر جو گرنے کا حکم نہیں دیتا تو وجہ یہ ہے کہ) بالیقین اللہ تعالیٰ لوگوں (کے حال) پر بڑی شفقت اور رحمت فرمانے والا ہے اور وہی ہے جس نے تم کو زندگی دی پھر (وقت موعود پر) تم کو موت دے گا پھر (قیامت میں دوبارہ) تم کو زندہ کرے گا (اور ان دلائل ونعم کا مقتضا یہ تھا کہ لوگ توحید اور شکر کو اختیار کرتے مگر) واقعی انسان ہے بڑا بے قدر (کہ اب بھی کفر وشرک سے باز نہیں آتا مراد انسان سے ایسے ہی لوگ ہیں)۔ ربط: زیادہ اجزائے سورت میں کفار کے جدال اور اس کے وجوہ ابطال کا بیان ہے منجملہ ان مجادلات کے ایک مجادلہ متعلق ذبائح کے تھا جس کا حاصل وہی ہے جو اب بھی بعض کفار کی زبان پر مشہور ہے کہ خدا کی ماری مردار اور اپنی ماری حلال۔ آگے اس پر مشرکین کو زجر ہے **کذا فی الدر المنثور عن علی بن الحسین بروایۃ احمد والحاکم وتصحیحہ والبیھقی وعن ابن عباس وعن مجاھد۔**

زجر مشرکین دراعتراض بر ذبائح: لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ (الی قولہ تعالی) اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ (جتنی امتیں اہل شرائع گزری ہیں) ہم نے (ان میں) ہر امت کے واسطے ذبح کرنے کا طریق مقرر کیا ہے کہ وہ اسی طریق پر ذبح کیا کرتے تھے۔ سو ان (معترض) لوگوں کو چاہئے کہ اس امر (ذبح میں) آپ سے جھگڑا نہ کریں (کیونکہ ان کے اصول مسلمہ سے ہے کہ جو امر قدیم سے چلا آتا ہو وہ صحیح ہے اور ان کے نزدیک جب قدامت محضہ گو مناقض دلیل صحیح کے حجت ہے حتیٰ کہ اپنے عقائد واعمال کی اسی بناء پر تصحیح کرتے ہیں جو کہ واقع میں غیر صحیح ہے تو جب قدامت کے ساتھ اس قدامت کا مبنی دلیل صحیح بھی ہو تب تو اس کی صحت میں کلام ہی نہیں ہوسکتا اور گو ان کو آپ سے اس بات میں خطاب درست نہیں مگر آپ کو ان سے خطاب کا حق ہے پس) آپ (ان کو) اپنے رب (یعنی اس کے دین) کی طرف بلاتے رہئے (کیونکہ) آپ یقیناً صحیح راستہ پر ہیں (اور صحیح راستہ والے کو حق ہوتا ہے غلط راستہ والے کو اپنی طرف بلانے کا اور غلط رستہ والے کو یہ حق نہیں ہوتا) اور اگر (اس پر بھی) یہ لوگ آپ سے جھگڑا نکالتے رہیں تو آپ (اخیر بات یہ) فرما دیجئے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں کو خوب جانتا ہے (وہی تم کو سمجھے گا کیونکہ جب کوئی شخص معقول جواب کو نہ قبول کرے نہ اس میں کوئی معتد بہ شبہ نکال سکے اور خواہ مخواہ گفتگو کئے

www.besturdubooks.net

جائے تو اس کا جواب یہی ہے کہ خدا تم کو سمجھے گا آگے (اسی کی توضیح ہے کہ) اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان قیامت کے روز (عملی) فیصلہ فرما دے گا جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے تھے (آگے اس کی تائید ہے کہ) اے مخاطب کیا تجھ کو معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ سب چیزوں کو جانتا ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے (پس ان لوگوں کے اعمال واحوال کا بھی علم ہے اور باوجود محفوظ فی العلم ہونے کے) یقینی بات ہے کہ یہ (سب ان کا قول وفعل) نامۂ اعمال میں (بھی محفوظ) ہے (پس) یقیناً (ثابت ہو گیا کہ) یہ (فیصلہ کرنا) اللہ تعالیٰ کے نزدیک (بہت) آسان ہے (کیونکہ مدار اعظم فیصلہ کا حاکم کے اعتبار سے علم ہی ہے اور غیر حاکم کے اعتبار سے علم کے ساتھ حصول حکومت کی بھی ضرورت ہے اور اللہ تعالیٰ کا حکم ہونا مسلّم ہی تھا)۔ **ف**: اس رکوع سے چار رکوع پہلے بھی یہ آیت آئی ہے: لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا مگر چونکہ دونوں کے مقصود کا علیحدہ علیحدہ ہونا تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے اس لئے تکرار لازم نہیں آیا اور مشرکین کے اس اعتراض) کا یہ جواب ایک خاص طرز پر ہے اور دوسرے طرز کا جواب پارۂ ہشتم کے رکوع اول کے اخیر پر آیت: تَأْكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللهِ عَلَيْهِ [الأنعام: ۱۱۹] کی تقریر ربط میں مذکور ہو چکا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ل قوله في منسكا ذبح کرنے کا طریق الخ اشارة الى ان منسكا مصدر و ناسكوه مضاف الى الضمير بتقدير الباء والضمير راجع الى المنسك بتقدير المضاف اى جعلنا طريق ذبح هم ذابحون به والطريق هو المعروف من قطع الاوداج مع ذكر اسم الله تعالى عليه ۱۲۔

الکلام: استدل بعض بقوله تعالى يمسك على ان السماء طالب للمركز وليس بذاك لانه يمكن ان يكون معنى الامساك خلقها بحيث لا يطب المركز فافهم ۱۲۔

النحو: قوله الا باذنه استثناء من اعم الاحوال اى لا يتركها تقع في حال من الاحوال الا في حال كونها متلبسة بمشيته تعالى ولا دلالة في الآية على وقوع الاذن بالوقوع كذا في البحر ۱۲۔

البلاغۃ: سلطانا تقديم السمعي على العقلي لان السمعي ارجى في الخلاص عند اللوم واقطع للشغب عند من يسلم السمعي ۱۲۔

وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهِ عِلْمٌ ۗ وَمَا لِلظّٰلِمِينَ مِنْ نَصِيرٍ ۝٧١
وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِ الَّذِينَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ۖ يَكَادُونَ يَسْطُونَ بِالَّذِينَ يَتْلُونَ
ع ۸ / ۱۶ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا ۗ قُلْ أَفَأُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِنْ ذٰلِكُمُ ۗ النَّارُ ۖ وَعَدَهَا اللهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝٧٢
يَا أَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوا لَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللهِ لَنْ يَخْلُقُوا ذُبَابًا وَلَوِ
اجْتَمَعُوا لَهُ ۖ وَإِنْ يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا لَا يَسْتَنْقِذُوهُ مِنْهُ ۚ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوبُ ۝٧٣ مَا قَدَرُوا
اللهَ حَقَّ قَدْرِهِ ۗ إِنَّ اللهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ ۝٧٤ اللهُ يَصْطَفِي مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَمِنَ النَّاسِ ۚ إِنَّ
اللهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ۝٧٥ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۗ وَإِلَى اللهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ۝٧٦

اور یہ (مشرک) لوگ اللہ تعالیٰ کے سوا ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جن (کے جواز عبادت پر) اللہ تعالیٰ نے کوئی حجت (اپنی کتاب میں نہیں بھیجی اور نہ اس کے پاس اس کی کوئی (عقلی) دلیل ہے اور ان ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا اور جب ان لوگوں کے سامنے ہماری آیتیں جو کہ (اپنے مضامین میں) خوب واضح ہیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو تم ان کافروں کے چہروں میں (بوجہ ناگواری باطنی کے) برے آثار دیکھتے ہو قریب ہے کہ یہ ان لوگوں پر اب حملہ کر بیٹھیں گے جو ہماری آیتیں ان کے سامنے پڑھ رہے ہیں آپ ان مشرکین سے کہئے کہ کیا میں تم کو اس (قرآن) سے زیادہ ناگوار چیز بتلا دوں وہ دوزخ ہے (کہ) اس کا اللہ نے کافروں سے وعدہ کیا ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے۔ اے لوگو ایک عجیب بات بیان کی جاتی ہے اس کو کان لگا کر سنو (وہ یہ ہے کہ) اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جن کی تم لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو وہ ایک (ادنیٰ) مکھی کو تو پیدا کر ہی نہیں سکتے گو سب کے سب بھی (کیوں نہ) جمع ہو جاویں اور (پیدا کرنا تو بڑی بات ہے وہ ایسے عاجز ہیں کہ) اگر ان سے مکھی کچھ چھین لے جائے تو اس کو (تو) اس سے چھڑا (ہی) نہیں سکتے ایسا عابد بھی لچر اور ایسا معبود بھی لچر (افسوس ہے) ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی جیسی تعظیم کرنا چاہئے تھی (کہ) اس کے سوا کسی عبادت نہ

www.besturdubooks.net

کرتے وہ نہ کی (کہ شرک کرنے لگے) حالانکہ اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا سب پر غالب (بھی) ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اختیار ہے رسالت کے لئے جس کو چاہتا ہے منتخب کر لیتا ہے فرشتوں میں سے (جن فرشتوں کو چاہے احکام پہنچانے والے مقرر فرما دیتا ہے) اور (اسی طرح) آدمیوں میں سے یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ خوب سننے والا اور خوب دیکھنے والا ہے (یعنی) وہ ان سب فرشتوں اور آدمیوں کی آئندہ اور گزشتہ حالتوں کو خوب جانتا ہے اور تمام کاموں کا مدار اللہ ہی پر ہے (یعنی وہ ایک مستقل بالذات ہے)۔

تفسیر ربط: اوپر آیات: ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ (الی قولہ تعالی) لَكَفُوْرٌ ۝ میں توحید کا بیان تھا آگے لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ تک شرک کا رد ہے۔

ردِ شرک و ذم مشرک ☆ وَ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ اور یہ (مشرک) لوگ اللہ تعالیٰ کے سوا ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جن (کے جواز عبادت) پر اللہ تعالیٰ نے کوئی حجت (اپنی کتب میں) نہیں بھیجی اور نہ ان کے پاس اس کی کوئی (عقلی) دلیل ہے اور (قیامت میں جب ان کو شرک پر سزا ہونے لگے گی تو) ان ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا (نہ قولاً کہ ان کے فعل کے استحسان پر کوئی حجت پیش کر سکے نہ عملاً کہ ان کو عذاب سے بچا لے) اور ان لوگوں کو ضلال اور اہل حق سے عناد رکھنے میں یہاں تک غلو ہے کہ) جب ان لوگوں کے سامنے ہماری آیتیں (متعلق توحید وغیرہ کے) جو کہ (اپنے مضامین میں) خوب واضح ہیں (اہل حق کی زبان سے) پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو تم ان کافروں کے چہروں میں (بوجہ ناگواری باطنی کے) برے آثار دیکھتے ہو (جیسے چہرے پر بل پڑ جانا' ناک چڑھ جانا' تیور بدل جانا اور ان آثار سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ) قریب ہے کہ یہ ان لوگوں پر (اب) حملہ کر بیٹھیں (گے) جو ہماری آیتیں ان کے سامنے پڑھ رہے ہیں (یعنی حملہ کا شبہ ہمیشہ ہوتا ہے اور گاہ گاہ اس حملہ کا تحقق بھی ہوا ہے پس یکادون استمرار کے اعتبار سے فرمایا) آپ (ان مشرکین سے) کہئے کہ (تم کو جو یہ آیات قرآنیہ سن کر ناگواری ہوئی تو) کیا میں تم کو اس (قرآن) سے (بھی) زیادہ ناگوار چیز بتلا دوں وہ دوزخ ہے (کہ) اس کا اللہ تعالیٰ نے کافروں سے وعدہ کیا ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے (یعنی قرآن سے ناگواری کا نتیجہ ناگوار دوزخ ہے اس ناگواری کا تو غیظ سے غضب سے انتقام سے کچھ تدارک بھی کر لیتے ہو مگر اس ناگواری کا کیا علاج کرو گے آگے ایک نہایت بدیہی دلیل سے شرک کا ابطال ہے کہ) اے لوگو ایک عجیب بات بیان کی جاتی ہے اس کو کان لگا کر سنو (وہ یہ ہے کہ) اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جن کی تم لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو وہ ایک (ادنیٰ) مکھی کو پیدا کر ہی نہیں سکتے گو سب کے سب بھی (کیوں نہ) جمع ہو جاویں اور (پیدا کرنا تو بڑی بات ہے وہ تو ایسے عاجز ہیں کہ) اگر ان سے مکھی کچھ (ان کے چڑھاوے میں سے) چھین لے جائے تو اس کو (تو) اس سے چھڑا (ہی) نہیں سکتے ایسا عابد بھی لچر اور ایسا معبود بھی لچر (افسوس ہے) ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی جیسی تعظیم کرنا چاہئے تھی (کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرتے) وہ نہ کی (کہ شرک کرنے لگے حالانکہ) اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا سب پر غالب ہے (تو عبادت اس کا خالص حق تھا نہ کہ غیر قوی اور غیر عزیز کا جس کی عدم قوت باوضح وجوہ معلوم ہو چکی)۔ ربط: اوپر توحید کی تحقیق تھی آگے رسالت کے متعلق مشرکین کے ایک خاص کلام کا جواب ہے وہ کہتے تھے کہ رسول کوئی فرشتہ ہونا چاہئے تھا بشر اور پھر بشر میں بھی آپ کہ ظاہری حشمت شوکت نہ رکھتے تھے رسالت کیلئے صالح نہیں۔

تحقیق مسئلہ رسالت ☆ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ (الی قولہ تعالی) وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ اللہ تعالیٰ (کو اختیار ہے رسالت کیلئے جس کو چاہتا ہے) منتخب کر لیتا ہے فرشتوں میں سے (جن فرشتوں کو چاہے) احکام (انبیاء نبیوں کے پاس) پہنچانے والے (مقرر فرما دیتا ہے) اور (اسی طرح) آدمیوں میں سے (بھی جس کو چاہے عامۂ ناس کی طرف احکام پہنچانے والے مقرر کر دیتا ہے یعنی رسالت کا مدار اصطفائے خداوندی پر ہے اس میں کچھ ملکیت کی خصوصیت نہیں بلکہ جس طرح ملکیت کے ساتھ رسالت جمع ہو سکتی ہے جس کو مشرکین بھی مانتے ہیں چنانچہ فرشتوں کے رسول ہونے کی وہ خود تجویز کرتے تھے اسی طرح بشریت کے ساتھ وہ جمع ہو سکتی ہے رہا یہ کہ اصطفاء کسی ایک خاص کے ساتھ کیوں واقع ہوا تو ظاہری سبب تو اس کا خصوصیات احوال ان رسل کے ہیں اور یہ) یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے (یعنی) وہ ان (سب فرشتوں اور آدمیوں) کی آئندہ اور گذشتہ حالتوں کو (خوب) جانتا ہے (تو حالت موجودہ کو تو بدرجہ اولیٰ جانے گا غرض سب احوال مسموعہ و مبصرہ اس کو معلوم ہیں ان میں بعض کا حال مقتضی اس اصطفاء کا ہو گیا) اور (حقیقی سبب اس کا یہ ہے کہ) تمام کاموں کا مدار اللہ ہی پر ہے (یعنی وہ مالک مستقل بالذات و فاعل مختار ہے اس کا ارادہ مرجح کی ضرورت نہیں کیونکہ ترجیح احد المقدورین متی شاء لوازم ذات ارادہ قدیمہ سے ہے اور ملزوم و لازم کے درمیان تخلل جعل کا محال ہے پس سبب حقیقی ارادہ خداوندی ہے اور اس کا سبب پوچھنا لغو ہے وھو معنی قولہ تعالٰی لا یسئل عما یفعل) ف: انبیاء علیہم السلام کے پاس پیغام خداوندی لانے والے علی القول المشہور حضرت جبرئیل علیہ السلام ہیں پھر رسل ملائکہ میں تعدد کے کیا معنی۔ جواب یہ ہے کہ آیات و روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ بعض پیغاموں کے واسطے دوسرے فرشتے بھی بھیجے گئے ہیں جیسے ارشاد ہے: وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ [ھود: ۶۹] وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا [ھود: ۷۷] گو ان میں رئیس جبرئیل ہی ہوں اور جیسا حدیث میں ہے کہ خاتمہ سورۂ بقرہ کی فضیلت سنانے کے لئے ایک نیا فرشتہ آیا یا حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت سنانے کے لئے اسی طرح ایک نیا فرشتہ آیا البتہ قرآن

www.besturdubooks.net

مجید پورا یقیناً جبرئیل ہی لائے ہیں لقولہ تعالیٰ: نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِينُ [الشعراء: ۱۹۳] بلکہ دوسری کتب الٰہیہ بھی غالباً حضرت جبرئیل ہی لائے ہیں لیکن وحی منحصر نہیں ہے قرآن و کتب مشہورہ میں واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَإِنْ جَادَلُوكَ صوفیہ کا جو طرز ہے کہ کسی معاند سے جدال نہیں کرتے اس میں اس کی اصل ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ الخ اس میں ان مدعیانِ تصوف کی مذمت ہے کہ جب ان کے سامنے ان کے رد کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو ان پر ناگواری کے آثار ظاہر ہوتے ہیں اور ایسے لوگ اس زمانہ میں کثرت سے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَإِنْ يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ الخ اس میں دلالت ہے کہ اس پر مخاطب کی اصلاح میں اس کی فہم و استعداد کی رعایت رکھی جاوے چنانچہ اس تمثیل سے ظاہر ہے کہ ان کی فہم کے موافق لائی گئی۔ اور روح میں ہے کہ اس میں ان لوگوں کی مذمت کی طرف اشارہ ہے جو اولیاء اللہ کے معاملہ میں غلو کرتے ہیں کہ ان سے مدد مانگتے ہیں اور ان کی منتیں مانتے ہیں الخ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله في توضيح يكادون** استرار كذا في الروح ۱۲۔ ۲ **قوله في شر من ذلكم** اس قرآن كذا في العالم ۱۲۔ ۳ **قوله في ما بين ايديهم الخ** آئندہ الخ كما في الروح يعلم مستقبل احوالهم وماضيها ۱۲۔ ۴ **قوله في ترجع** مدار كما انها الروح لانه المالك لها بالذات فلا يسئل جل وعلى عما يفعل من الاصطفاء وغيره ۱۲۔

البلاغۃ: **قوله مثل اى حال مستغربة حقيقة بان تسمي مثلاً وتسير في الامصار والاعصار ۱۲۔**

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ارْكَعُوا وَاسْجُدُوا وَاعْبُدُوا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۩ ۝ وَجَاهِدُوا فِي اللَّهِ حَقَّ جِهَادِهِ ۚ هُوَ اجْتَبَاكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّينِ مِنْ حَرَجٍ ۚ مِلَّةَ أَبِيكُمْ إِبْرَاهِيمَ ۚ هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ مِنْ قَبْلُ وَفِي هَٰذَا لِيَكُونَ الرَّسُولُ شَهِيدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ ۚ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَاعْتَصِمُوا بِاللَّهِ هُوَ مَوْلَاكُمْ ۖ فَنِعْمَ الْمَوْلَىٰ وَنِعْمَ النَّصِيرُ ۝

اے ایمان والو تم رکوع کیا کرو اور سجدہ کیا کرو اور اپنے رب کی عبادت کیا کرو اور تم (ایسے) نیک کام بھی کیا کرو امید یعنی وعدہ ہے کہ تم فلاح پاؤ گے اور اللہ کے کام میں خوب کوشش کیا کرو جیسا کہ کوشش کرنے کا حق ہے اس نے تم کو (اور امتوں سے) ممتاز فرمایا اور (اس نے) تم پر دین (کے احکام) میں کسی قسم کی تنگی نہیں کی تم نے اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی (اس) ملت پر (ہمیشہ) قائم رہو اس (اللہ) نے تمہارا لقب مسلمان رکھا ہے نزول قرآن سے پہلے بھی اور اس (قرآن) میں بھی تاکہ تمہارے (قابل شہادت اور معتبر ہونے کے) رسول (ﷺ) گواہ ہوں اور (اس شہادت رسول کے قبل) تم لوگوں کے مقابلہ میں گواہ (تجویز) ہو سو تم لوگ (خصوصیت کے ساتھ) نماز کی پابندی رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ ہی کو مضبوط پکڑے رہو وہ تمہارا کارساز ہے (کسی کی مخالفت تم کو حقیقتاً ضرر نہ کرے گی) سو کیا اچھا کارساز ہے اور کیا اچھا مددگار ہے۔ ۝

تفسیر ربط: اوپر سورت میں اصول مہمہ یعنی بعث و توحید و رسالت کا اثبات اور ہر ایک کے متعلق شبہات و مجادلات کا جواب مذکور ہو چکا ہے آگے خاتمہ میں اول فروع و شرائع کا امر فرمایا ہے پھر مِلَّةَ أَبِيكُمْ سے مجموعہ اصول و فروع پر کہ حاصل ہے اسلام کا استدامت و استقامت کا حکم دیا ہے اور اس کی تہیج و ترغیب کے لئے بعض مضامین ارشاد فرما کر سورت ختم کردی ہے۔

امر بالقیام علی حقیقۃ الاسلام ☆ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ارْكَعُوا وَاسْجُدُوا وَاعْبُدُوا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۩ (الی قولہ تعالیٰ) فَنِعْمَ الْمَوْلَىٰ وَنِعْمَ النَّصِيرُ ۝ اے ایمان والو تم (اصول اسلام کے قبول کرنے کے بعد فروع کی بھی پابندی رکھو خصوصاً نماز کی پس تم) رکوع کیا کرو اور سجدہ کیا کرو اور (عموماً دوسری فروع کو بھی بجالا کر) اپنے رب کی عبادت کیا کرو اور (جو افعال فی نفسہ و فی ذاتہ عبادت نہیں ہیں بلکہ مباح ہیں لیکن عارض نیت یا نافع للغیر ہونے کی وجہ سے عبادت ہو جاتے ہیں تم ایسے) نیک کام (بھی) کیا کرو امید (یعنی وعدہ) ہے کہ تم فلاح پاؤ گے اور (ان کاموں کو سستی اور بے دلی سے مت کرو بلکہ) اللہ کے کام میں خوب کوشش کیا کرو جیسا کوشش کرنے کا حق ہے (کیونکہ دین میں کوشش کرنے کا مقتضی موجود ہے اور مانع کوئی ہے نہیں چنانچہ) اس نے تم کو (اور امتوں سے) ممتاز فرمایا (جیسا کہ آیہ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا [البقرۃ: ۱۴۳] وغیرہ میں مذکور اور احادیث میں مشہور ہے یہ تو مقتضی ہے حق جہاد کو کیونکہ جس کو کوئی خاص ترجیح دی جاتی ہے وہ خدمت کیلئے زیادہ دوڑتا ہے) اور (اس نے) تم پر دین (کے احکام) میں کسی قسم کی تنگی نہیں کی (چنانچہ

www.besturdubooks.net

تمام ابواب میں احکام رخصت میں نظر کرنے سے معلوم ہوتا ہے البتہ اگر تنگی ہوتی تو بھی کسی درجہ میں وہ حق جہاد سے مانع ہوتا پس مانع بھی مرتفع ہوا اور وجود مقتضی وارتفاع مانع کا مجموع علت ہوتی ہے ترتب معلول کی خواہ ترتب حسی ہو یا ترتب شرعی جیسا ماتحن فیہ میں ہے اور اے ایمان والو جس اسلام کا تم کو امر کیا گیا ہے کہ احکام کی پوری بجا آوری ہو اور یہی ملت ابراہیمی ہے) تم اپنے باپ ابراہیم کی (اس) ملت پر (ہمیشہ) قائم (بھی) رہو (پس اوپر احداث اسلام کا امر تھا اور اس میں ابقاء اسلام کا حکم ہے آگے اس اجتبائے مذکور کی ایک فرد کا بیان ہے کہ) اس (اللہ) نے تمہارا لقب مسلمان رکھا (نزول قرآن سے) پہلے بھی اور اس (قرآن) میں بھی (چنانچہ ابراہیم علیہ السلام کی زبان سے کہلوایا: اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ [البقرة: ۱۲۸] اور شاید اور کتب منزلہ میں بھی ہو اور قرآن میں تو جا بجا آیا ہے اور اللہ تعالیٰ کا مقرر کیا ہوا عنوان معنوں سے خالی ہو نہیں سکتا تو بالضرورۃ امت محمدیہ میں مادۂ انقیاد و اتباع کا زیادہ ہوگا پس ہم نے یہ مادہ اس لئے زیادہ رکھا ہے) تاکہ (تم اس سے اکتساب کمالات کرو جس سے دنیا میں شرف و امتیاز حاصل ہونے کے علاوہ آخرت میں بھی تمہارا بڑا اشرف ظاہر ہو کہ جس مقدمہ کا ابھی ذکر آتا ہے (اس میں) تمہارے قابل شہادت اور معتبر ہونے کے) لئے رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) گواہ ہوں اور (اس شہادت رسول کے قبل) تم ایک بڑے مقدمہ میں جس میں ایک فریق حضرات انبیاء علیہم السلام ہوں گے اور فریق ثانی ان کی مخالفت قومیں ہوگی ان مخالف) لوگوں کے مقابلہ میں گواہ (تجویز) ہو (اور شہادت رسول سے تمہاری شہادت معتبر ہونے کی تصدیق ہو پھر تمہاری شہادت سے اس مقدمہ کا حضرات انبیا علیہم السلام کے حق میں فیصلہ اور مخالفین مجرم قرار پا کر سزایاب ہوں اور اس امر کا اعلیٰ درجہ کی عزت ہونا ظاہر ہے) سو (جب ہم نے تم پر ایسی ایسی عنایتیں کی ہیں تو تم کو بھی ہمارے احکام کی پوری بجا آوری چاہئے تو بس) تم لوگ (خصوصیت کے ساتھ) نماز کی پابندی رکھو (کہ افضل عبادات بدنیہ ہے) اور زکوۃ دیتے رہو (کہ افضل عبادات مالیہ ہے) اور (بقیہ احکام اصلی و فرعی میں بھی عموماً) اللہ ہی کو مضبوط پکڑے رہو (یعنی ہمت و عزم کے ساتھ دین کے کاموں میں غیر اللہ کی رضا و عدم رضا یا اپنے نفس کی مصلحت یا مضرت کی طرف التفات مت کرو) وہ تمہارا کارساز ہے (کسی کی مخالفت تم کو حقیقۃً ضرر نہ کرے گی) سو کیسا اچھا کارساز ہے اور کیسا اچھا مددگار ہے (پس ایسی ذات کے ساتھ تو یہ معاملہ رکھنا چاہئے کہ)۔ مصلحت دید من آن ست کہ یاران ہمہ کار بگذارند و خم طرہ یارے گیرند و اللہ الموافق۔ **ف**: اسلام کے ملت ابراہیمی ہونے کی تحقیق پارۂ الم کے آخری رکوع میں گزر چکی ہے اور ہر چند کہ بالمعنی اللغوی دوسری امم مؤمنہ بھی موصوف باسلام تھیں مگر لقب کے طور پر یہی امت موصوف ہے اور دوسروں کے القاب یہود و نصاریٰ و قوم ہود و قوم صالح وغیرہ ہیں۔ اور ابیکم میں خطاب تمام امت کو ہونا باوجودیکہ ابراہیم علیہ السلام تمام امت کے پدر بالمعنی الحقیقی نہیں اس کی تحقیق پارۂ الم کے آخری رکوع کے ذرا قبل آیہ: وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ [البقرة: ۱۲۸] کے ذیل میں گزر چکی ہے غرض چونکہ ذریۃ ابراہیم بالمعنی اللغوی کے مسلمان اور بالخصوص ان میں عہد نبوی کے مسلمان بقیہ مسلمین کے اعتبار سے نشر دین کے اصل سبب ہوئے اس لئے خطاب میں ان کو غیر پر غالب قرار دے کر تغلیب کا استعمال کیا گیا اور تفسیر وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ...... کی پوری تحقیق شروع پارہ سیقول میں ایسی ہی آیت کے ذیل میں گزر چکی ہے اور لام غایت کے داخل ہونے سے اس کی غایت ہونے کی تقریر ابھی اثناء ترجمہ میں لکھی گئی ہے یعنی سماکم دال ہے وجود صفت اسلام پر اور وہ دال ہے اکتساب کمالات پر اور اس کی غایت ظہور شرف ہے۔ جس پر وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ...... دال ہے **واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم الحمد للہ ثم الحمد للہ** کہ آج ساتویں تاریخ ذی قعدہ روز دوشنبہ وقت چاشت سنہ تیرہ سو چوبیس ہجری کو سورۂ حج کی تفسیر تمام ہوئی اللہ تعالیٰ سے دعاء ہے کہ بقیہ قرآن کی تفسیر بھی مکمل فرماوے آمین۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَجَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ الخ روح میں ہے کہ یہ تمام انواع مجاہدہ کو شامل ہے ان میں سے جہاد نفس بھی ہے اور وہ ادائے حقوق و ترک حظوظ سے اس کا تزکیہ کرنا ہے اور اس میں سے جہاد قلب بھی ہے اور وہ اس کا تصفیہ ہے اور کونین سے اس کا تعلق قطع کرنا اور اس میں سے جہاد روح بھی ہے اور وہ ہستی کا فنا کرنا ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ اس میں دلالت ہے سہولت فی التربیۃ پر۔ قولہ تعالیٰ: هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۵ الخ اس میں بعض صوفیہ کے اس معمول کی اصل ہے جو شخص طریق میں داخل ہوتا ہے اس کو ایک اچھا لقب دیتے ہیں بشرطیکہ مقصود تفاخر اور اہل حق سے تفرد نہ ہو ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی اللہ کام اشارۃ الی تقدیر المضاف الی دین اللہ ۱۲۔

الروایات: فی الدر المنثور بروایۃ الطیالسی واحمد والبخاری فی تاریخہ والترمذی والنسائی والموصلی وابن خزیمۃ وابن حبان والماوردی وابن قانع والطبرانی والحاکم وابن مردویہ والبیہقی فی الشعب عن الحارث الاشعری مرفوعاً قال صلی اللہ علیہ وسلم فی حدیث فادعوا بدعوۃ اللہ التی سماکم بہا المسلمین والمؤمنین آہ وفیہ عن ابن عباس و مجاہد وقتادۃ وسفیان وابن زید فی احدی الروایتین عنہ فی قولہ ہو سماکم اللہ سماکم وفی الروح قراءۃ ابیؓ اللہ سماکم آہ قلت وبناء علی ہذہ الروایات اعدت الضمیر الی اللہ تعالیٰ لا الی ابراہیم علیہ السلام ۱۲۔

www.besturdubooks.net

الفقه : فی هذه السورة سجدة واحدة عند الحنفية دليلهم من المنقول ما فی الروح اخرج ابن ابی شيبة من طريق العريان المجاشعی عن ابن عباس قال فی الحج سجدة واحدة وفيه ان ما روی من حديث عقبة الذی فيه السجدتان قال الترمذی اسناده ليس بالقوی وكذا قال ابوداؤد وغير ذلك ان تقول انه قد قوی بما اخرجه ابوداؤد وابن ماجة وابن مردويه والبيهقی عن عمرو بن العاص ان رسول الله صلی الله عليه وسلم اقرأه خمس عشرة سجدة فی القرآن منها ثلث فی الفصل وفی سورة الحج سجدتان وبعمل كثير من الصحابة الظاهر فی كونه عن سماع منه صلی الله عليه وسلم او رؤية لفعله ذلك آه۔

النحو : قوله ملة ابيكم نصب علی الاغراء ای الزموا۔

البلاغة : قوله جهاده الاضافة الی ضمير الله تعالیٰ لادنی ملابسة واختصاص فلما كان الجهاد مختصا بالله تعالیٰ من حيث انه مفعول لوجهه سبحانه ومن اجله صحت اضافة اليه كذا فی الروح عن الكشاف۔

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۲۳ مَكِّيَّةٌ ۷۴ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱۸ | رُكُوْعَاتُهَا ۶

سورۃ المؤمنون مکہ میں نازل ہوئی | شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں | اس میں ۱۱۸ آیات اور ۶ رکوع ہیں

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝۲ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝۳
وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝۴ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝۵ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ
اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝۶ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝۷ وَالَّذِيْنَ هُمْ
لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝۸ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝۹ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝۱۰ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ
الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۱۱

بالتحقیق ان مسلمانوں نے آخرت میں فلاح پائی جو اپنی نماز میں خشوع کرنے والے ہیں اور جو لغو باتوں سے (خواہ قولی ہوں یا فعلی) برکنار رہنے والے ہیں اور جو (اعمال و اخلاق میں) اپنا تزکیہ کرنے والے ہیں اور جو اپنی شرمگاہوں کی (حرام شہوت رانی سے) حفاظت رکھنے والے ہیں لیکن اپنی بیبیوں سے یا اپنی (شرعی) لونڈیوں سے (حفاظت نہیں کرتے) کیونکہ ان پر (اس میں) کوئی الزام نہیں ہاں جو اس کے علاوہ (اور جگہ شہوت رانی کا) طلب گار ہو ایسے لوگ حد (شرعی) سے نکلنے والے ہیں اور جو اپنی (سپردگی میں لی ہوئی) امانتوں اور اپنے عہدوں کا خیال رکھنے والے ہیں اور جو اپنی نمازوں کی پابندی کرتے ہیں (پس) ایسے ہی لوگ وارث ہونے والے ہیں جو فردوس کے وارث ہوں گے (اور) اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

تفسیر: سورۃ المؤمنون مکیۃ وھی مائۃ وتسع عشرۃ او ثمانی عشرۃ ایۃ کذا فی البیضاوی۔

ربط: اس سورت کا خلاصہ یہ مضامین ہیں اور فضیلت عبادت جو شروع ہی میں مذکور ہے جیسا سورت گذشتہ کے اخیر میں بھی اس کا ذکر تھا اور اس سے دونوں میں تناسب بھی ظاہر ہے اور وہاں فلاح کی امید دلانا لعلکم سے اور یہاں اس فلاح کے وقوع کا حکم کرنا قد سے بیحد لطف ترتیبی پیدا کرتا ہے دوم بیان آثار قدرت الٰہیہ جو انعام و توحید دونوں پر دال ہے سوم تحقیق نبوت مع دفع شبہات جو اس کے متعلق تھے۔ چہارم بعث ومجازات پنجم شناعت و فظاعت حال کفار ششم ان میں سے اکثر کی تقویت کے لئے حکایت بعض قصص۔ ہفتم بعض مکارم اخلاق و اعمال کی تعلیم جو مناسب مضمون اول کے ہے کقولہ تعالیٰ: كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وقولہ تعالیٰ: قُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ وقولہ ادفع وقولہ رَّبِّ اغْفِرْ الخ۔

فضیلت بعض اہم عبادات ☆ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱ (الی قولہ تعالی) هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ بالتحقیق ان مسلمانوں نے (آخرت میں) فلاح پائی جو (صحیح عقائد کے ساتھ صفات ذیل کے ساتھ بھی موصوف ہیں وہ) اپنی نماز میں (خواہ فرض ہو یا غیر فرض) خشوع (خضوع) کرنے والے ہیں اور جو لغو (یعنی لایعنی) باتوں سے (خواہ قولی ہوں یا فعلی) برکنار رہنے والے ہیں اور جو (اعمال و اخلاق میں) اپنا تزکیہ کرنے والے ہیں اور جو اپنی شرمگاہوں کی (حرام شہوت رانی سے) حفاظت رکھنے والے ہیں لیکن اپنی بیبیوں سے یا اپنی (شرعی) لونڈیوں سے (حفاظت نہیں کرتے) کیونکہ ان پر (اس میں) کوئی الزام نہیں ہاں جو اس کے علاوہ (اور جگہ شہوت رانی کا) طلب گار ہو ایسے لوگ حد (شرعی) سے نکلنے والے ہیں اور جو (اپنی سپردگی میں لی ہوئی)

www.besturdubooks.net

امانتوں اور اپنے عہد کا (جو کسی عقد کے ضمن میں کیا ہو یا ویسے ہی ابتداءً کیا ہو) خیال رکھنے والے ہیں اور جو اپنی (فرض) نمازوں کی پابندی کرتے ہیں (بس) ایسے ہی لوگ وارث ہونے والے ہیں جو فردوس (بریں) کے وارث ہوں گے (اور) وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔

فائدہ اول: خشوع کی حقیقت ہے سکون یعنی قلب کا بھی کہ خیالات غیر کو قلب میں بالقصد حاضر نہ کرے اور جوارح کا بھی کہ عبث حرکتیں نہ کرے اور اس کی فرضیت میں کلام ہے مگر حق یہ ہے کہ صحت صلوٰۃ کا تو موقوف علیہ نہیں اور اس مرتبہ میں فرض نہیں اور قبول صلوٰۃ کا موقوف علیہ ہے اور اس مرتبہ میں فرض ہے۔

فائدہ دوم: لغو کا ادنیٰ درجہ گو مباح ہو مگر ترک اس کا اولیٰ اور موجب مدح ہے اور معصیت لغو کا اعلیٰ درجہ ہے اس کا ترک واجب ہے پس لغو کے معنی ہیں غیر مفید پھر اس کی دو قسم ہیں مضر و غیر مضر۔

فائدہ سوم: زکوٰۃ بمعنی مشہور کے ساتھ اس لئے تفسیر نہیں کی کہ آیات مکیہ ہیں اور زکوٰۃ کی فرضیت مدینہ میں ہوئی البتہ اگر ان آیات کا مدنی ہونا ثابت ہو جاوے جیسا بعض اقوال سے مفہوم ہوتا ہے تو وہ تفسیر بھی صحیح ہو سکتی ہے اور اس پر یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ اس صورت میں فاعلون کی جگہ مودون کہنا ضروری تھا۔ جواب یہ ہے کہ اس کی نظیر امیہ بن ابی الصلت کے کلام میں نزول قرآن سے پہلے آ چکی ہے قال۔

المطعمون الطعام فی السنة ☆ الازمة والفاعلون للزکوٰة

اور کسی نے عرب میں سے اس پر خردہ گیری نہیں کی اور یہ توجیہ بھی ممکن ہے الذین هم لاداء الزکوٰة فاعلون یا فاعلون کو متضمن معنی مودون کہا جاوے۔

فائدہ چہارم: اعراض عن اللغو میں حفظ فروج بدرجۂ اولیٰ داخل ہے اسی طرح فعل زکوٰۃ بمعنی التزکیہ مراعات امانات وعہد کو بھی شامل ہے لیکن تخصیص اعتناء شان کی وجہ سے ہے۔

فائدہ پنجم: مَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ میں زنا ولواطت ووطی بہائم وعاریت جواری اجماعاً اور بعض کے نزدیک استمناء بالید بھی داخل ہے اور اگر یہ آیت مدنی ہو تو حرمت متعہ پر بھی اس سے استدلال صحیح ہے کیونکہ ممتوعہ نہ ازواج بالمعنی المتبادر میں داخل ہے نہ مملوکات میں اور مکی ہونے کی صورت میں گو اس آیت سے اس لئے استدلال نہیں ہو سکتا کہ بعض حدیثوں سے یوم خیبر میں اور بعض حدیثوں سے یوم فتح مکہ میں اس کی تحریم وارد ہوئی ہے روی الاول الشیخان والثانی مسلم اور اسی سے تطبیق میں کہا گیا ہے کہ دو بار تحریم ہوئی ہے اور یہ دونوں یوم ہجرت کے بعد ہوئے ہیں لیکن مدار استدلال کا یہی آیت نہیں ہے بلکہ مسلم میں ارشاد نبوی مصرح ہے: کنت آذنت لکم فی الاستمتاع من النساء وقد حرم الله تعالیٰ ذلك الی یوم القیٰمة اور صحیح مسلم میں روایت تحریم متعہ کی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بھی مروی ہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا اس پر اجماع بھی ہے اور حضرت ابن عباسؓ کے رجوع پر ابن الہمام نے ان کے قول سے جو ترمذی میں ہے استدلال کیا ہے انما کانت المتعة فی اول الاسلام (الی قوله) فکل فرج سواهما حرام اور اس کی کچھ بحث پارۂ پنجم آیت: فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ [النساء: ۱] کی تفسیر کے ذیل میں گزر چکی ہے۔

فائدہ ششم: اور وارث کہنے کی وجہ حدیث نبوی میں یہ آئی ہے کہ ہر شخص کے نام پر دو گھر بنے ہیں ایک جنت میں ایک دوزخ میں جو شخص جہنمی ہوگا اس کا گھر اہل جنت کو مل جاوے گا فذلك قوله تعالیٰ: اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ اخرجه سعید بن منصور وابن ماجة وابن المنذر وابن جریر وصححه القرطبی کذا فی الروح اور اگر یہ حدیث کسی کی تحقیق میں ثابت نہ ہو وارث بمعنی مالک بھی ہو سکتا ہے لان الارث اقوی اسباب الملك ففیه المبالغة۔

فائدہ ہفتم: اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ میں جو حصر ہے وہ باعتبار استحقاق فردوس کے ہے جو بحسب احادیث جنت کا اعلیٰ درجہ ہے ورنہ نفس جنت مطلق مؤمنین کے لئے عام ہوگی گو صفات مذکورہ میں کمی ہو۔

ترجمہ مسائل السلوک: (سورۃ المؤمنون) قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ الخ یہ آیت صراحۃً دال ہے خشوع کے مطلوب ہونے پر اور روح میں ہے کہ حق یہ ہے کہ یہ صحت صلوٰۃ کی شرط نہیں مگر قبول کی شرط ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ الخ اس میں اہل طریقت کے مبالغہ فی الورع کی تصریح ہے کہ وہ ایسے امور کو بھی ترک کر دیتے ہیں جن میں نہ ضرر ہو اور نہ نفع جیسا کہ مضر کو ترک کر دیتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ الخ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ وہ اپنی قوۃ شہویہ پر مستولی ہیں ۱۲۔

الفقه: قوله ما ملکت ایمانهم خاص بالاناث فلا یحل المملوك للسیدة ولا للسید والمراد بیان حل الجنس فلا ینافی الحرمة فی بعض الاحوال کالحیض وغیره ۱۲۔

اللغات: الفلاح الفوز بالمرام والافلاح الدخول فی ذلك وراء خلاف وذهب الیه ابو حیان فهو مفعول به وقیل ظرف لا یصلح

www.besturdubooks.net

مفعولا به والمعنى فمن احدث ابتغاء وراء ذلك راعون اصل الرعى حفظ المواشى واستعمل فى مطلق الحفظ ۱۲۔

البلاغة: لامنٰتهم وعهدهم جمع الاول لكونها محسوسة التعدد وافراد الثانى لكونه مصدرا فى الاصل ولكونه امرا معنويا لا يحس تعدده يحافظون نكتة ايراد الفعل فيه تجددوا الصلوٰة وتكررها قوله الذين يرثون فى التقيد بعد الاطلاق والتفسير بعد الابهام من الفخامة ما لا يخفى ۱۲۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝۱۲ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝۱۳ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝۱۴ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ۝۱۵ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ۝۱۶ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ۝۱۷ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ۝۱۸ (وقف لازم) فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝۱۹ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ۝۲۰ وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝۲۱ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۝۲۲ (ع ۲۲)

اور ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصہ (یعنی غذا) سے بنایا پھر ہم نے اس کو نطفہ سے بنایا جو کہ (ایک مدت معینہ تک) ایک محفوظ مقام (یعنی رحم) میں رہا پھر ہم نے اس نطفہ کو خون کا لوتھڑا بنا دیا پھر ہم نے اس خون کے لوتھڑے کو (گوشت) کی بوٹی بنا دیا پھر ہم نے اس بوٹی (کے بعض اجزا) کو ہڈیاں بنا دیا پھر ہم نے ان ہڈیوں پر گوشت چڑھا دیا پھر ہم نے (اس میں روح ڈال کر) اس کو ایک دوسری ہی (طرح) کی مخلوق بنا دیا سو کیسی بڑی شان ہے اللہ کی جو تمام صناعوں سے بڑھ کر ہے پھر تم بعد اس (تمام قصہ عجیبہ) کے ضرور ہی مرنے والے ہو پھر تم قیامت کے روز دوبارہ زندہ کئے جاؤ گے اور ہم نے تمہارے اوپر سات آسمان بنائے اور ہم مخلوق (کی مصلحتوں) سے بے خبر نہ تھے اور ہم نے آسمان سے (مناسب) مقدار کے ساتھ پانی برسایا پھر ہم نے اس کو (مدت تک) زمین میں ٹھہرایا اور ہم اس پانی کے معدوم کر دینے پر (بھی) قادر ہیں پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعے سے باغ پیدا کئے کھجوروں کے اور انگوروں کے تمہارے واسطے ان میں بکثرت میوے بھی ہیں اور ان میں سے کھاتے بھی ہو اور (اسی پانی سے) ایک (زیتون کا) درخت بھی (ہم نے پیدا کیا ہے) جو کہ طور سینا میں (بکثرت) پیدا ہوتا ہے جو اگتا ہے تیل لئے ہوئے اور کھانے والوں کے لئے ہوئے اور تمہارے لئے مواشی میں (بھی) غور کرنے کا موقع ہے کہ ہم تم کو ان کے جوف میں کی چیز (یعنی دودھ) پینے کو دیتے ہیں اور تمہارے لئے ان میں اور بھی بہت سے فائدے ہیں اور (نیز) ان میں سے بعض کو کھاتے بھی ہو اور ان پر اور کشتی پر لدے لدے پھرتے (بھی) ہو۔

تفسیر ربط: اوپر بعض عبادات مہمہ کی فضیلت مذکور تھی آگے مستحق عبادت جل شانہ کے مقابلہ کے بعض آثار و تصرفات کا بیان ہے تا کہ ان سے اس کی قدرت اور عظمت اور وحدت اور منت و نعمت پر استدلال کر کے پورا حق عبادت ادا کیا جاوے اور ایجاد کے ساتھ درمیان میں افناء اور اعادہ کا ذکر تقویت استدلال و تذکیر جزائے عبادات و ترغیب اعمال کے لئے کیا گیا۔

استدلال بر صفات کمال قادر ذوالجلال ☆ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً (الی قوله تعالی) وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۝ (اول بیان ہے ایجاد انسان کا) اور ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصہ (یعنی غذا) سے (جو کہ بعد مٹی کے مادہ بعید ہے انسان کا) بنایا (یعنی اول مٹی ہوتی ہے پھر اس سے بذریعہ نباتات کے غذا حاصل ہوتی ہے) پھر ہم نے اس کو نطفہ سے بنایا جو کہ (ایک مدت معینہ تک) ایک محفوظ مقام (یعنی رحم) میں رہا (اور وہ غذا سے حاصل ہوا تھا) پھر ہم نے اس نطفہ کو خون کا لوتھڑا بنایا پھر ہم نے اس خون کے لوتھڑے کو (گوشت کی) بوٹی بنا دیا پھر ہم نے اس بوٹی (کے بعض اجزاء) کو ہڈیاں بنا دیا پھر ہم نے ان ہڈیوں پر گوشت چڑھا دیا (جس سے وہ ہڈیاں ڈھک گئیں) پھر (ان سب تقلبات کے بعد) ہم نے (اس میں روح ڈال کر) اس کو ایک دوسری ہی (طرح کی) مخلوق بنا دیا (جو حالات [illegible] متغائر و متباین ہے کیونکہ جمادیت و نبادیت میں جو تفاوت ہے ان سے

www.besturdubooks.net

حیوانیت بدرجہا متفاوت ہے) سوکیسی بڑی شان ہے اللہ کی جوتمام صناعوں سے بڑھ کر ہے (کیونکہ دوسرے صناع صرف تحلیل ترکیب کر سکتے ہیں اعطائے حیوۃ حقیقۃ یہ خاص اللہ ہی کا کام ہے اور تفصیل ان تقلبات کی اسی ترکیب کے ساتھ قانون وغیرہ کتب طبیہ میں ہے آگے افناء کا بیان ہے یعنی) پھر تم بعد اس (تمام قصہ عجیبہ) کے ضرور ہی مرنے والے ہو (آگے بیان ہے اعادہ کا یعنی) پھر تم قیامت کے روز دوبارہ زندہ کئے جاؤ گے اور (جس طرح ہم نے تم کو ابتداءً وجود عطا فرمایا اسی طرح تمہاری بقا کا سامان بھی کیا کہ) ہم نے تمہارے اوپر سات آسمان (جن میں ملائکہ کے آمدورفت کے لئے راہیں ہیں) بنائے (کہ اس سے تمہاری بعض مصلحتیں متعلق ہیں) اور ہم مخلوق (کی مصلحتوں) سے بے خبر نہ تھے (بلکہ ہر مخلوق کو مصالح وحکم کا متضمن بنایا اور ہم نے تمہاری تمیم بقا کے لئے) آسمان سے (مناسب) مقدار کے ساتھ پانی برسایا پھر ہم نے اس کو (مدت تک) زمین میں ٹھہرایا (چنانچہ کچھ پانی تو زمین کے اوپر رہتا ہے اور کچھ اندر اتر جاتا ہے جو وقتاً فوقتاً نکلتا رہتا ہے) اور ہم (جس طرح اس کے برسانے پر قادر ہیں اسی طرح) اس (پانی) کے معدوم کردینے پر (بھی) قادر ہیں (خواہ ہوا کی طرف مستحیل کر کے خواہ اتنی دور زمین کے اندر اتار کر کہ آلات کے ذریعہ سے نہ نکال سکو مگر ہم نے باقی رکھا) پھر ہم نے اس (پانی کے ذریعہ سے باغ پیدا کئے کھجوروں کے اور انگوروں کے تمہارے واسطے ان (کھجوروں انگوروں) میں بکثرت میوے بھی ہیں (جب کہ ان کو تازہ تازہ کھایا جاوے تو میوہ سمجھا جاتا ہے) اور ان میں سے (جو بچا کر خشک کر کے رکھ لیا جاتا ہے اس کو بطور غذا کے) کھاتے بھی ہو اور (اسی پانی سے) ایک (زیتون کا) درخت بھی (ہم نے پیدا کیا) جو کہ طور سینا میں (بکثرت) پیدا ہوتا ہے جو اگتا ہے تیل لئے ہوئے اور کھانے والوں کیلئے سالن لئے ہوئے (یعنی اس کے پھل سے دونوں کام کی چیز حاصل ہوتی ہے خواہ روشن کرنے کے اور مالش کرنے کے کام میں لاؤ خواہ اس میں روٹی ڈبو کر کھاؤ سامان مذکور پانی اور نباتات سے تھا) اور (آگے حیوانات کی قبیل سے سامان بقا کا بیان ہے کہ) تمہارے لئے مواشی میں (بھی) غور کرنے کا موقع ہے کہ ہم تم کو ان کے جوف میں کی چیز (یعنی دودھ) پینے کو دیتے ہیں اور تمہارے لئے ان میں اور بھی بہت سے فائدے ہیں (کہ ان کے بال اور اون کام آتی ہے) اور (نیز) ان میں سے بعض کو کھاتے بھی ہو اور ان میں جو بار برداری کے قابل ہیں ان) پر اور کشتی پر لدے لدے پھرتے بھی ہو۔ **ف**: جس پہاڑ کا نام طور ہے طور سینا بھی اسی کا نام ہے کیونکہ وہ جس جگہ ہے اس جگہ کا نام سیناء ہے اور سینین بھی گو اب کچھ اور نام ہوگیا ہو اور زیتون کی تخصیص طور کے ساتھ بوجہ کثرت سے پیدا ہونے کے ہے اور طور کی تخصیص[1] زیتون کے ساتھ بوجہ کثرت منافع کے ہے فقط۔

الحواشی: (۱) یعنی باوجودیکہ وہاں اور اشجار بھی پیدا ہوتے ہیں مگر پھر زیتون ہی پر حکم لگا تا کہ طور سے نکلتا ہے اس لئے ہے کہ یہ شجرہ کثیر المنافع ہے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی نطفة سے اشارة الی نصبه بنزع الخافض كذا فی الروح ۱۲۔ ۲؎ قوله فی خلقا اخر روح الخ كذا تلقيته من مرشدی ثم رأيته منقولا عن ابن عباسؓ فی الدر المنثور ۱۲۔

فائدہ: فی الدر المنثور عن معاذ بن جبل وعن عمر رضی الله تعالٰی عنهما تلاوتهما ۱۲ قوله فتبارك الله احسن الخالقين لما سمعا ما قبله وقوله عليه السلام للاول بها ختمت ونزوله كذلك الثانی واشكل ان ذلك قادح فی اعجازه واجيب لوصحت بان الخارج عن قدرة البشر علی الصحيح ما كان مقدار اقصر سورة منه علی ان اعجازه هذه الآية الكريمة منوط بما قبلها كما تعرب عنه الفاء فانه اعتراض تذئيلی مقرر لمضمون ما قبله كذا فی الروح قلت ان الممتنع الاتيان به بقصد المعارفة لا اتفاقاً ۱۲۔

الكلام: قوله تعالٰی فاسكنٰه فی الارض لا ينافی هذا ما ذكره بعض الحكماء من تكون المياه فی الآبار والعيون من الانجرة لانه يمكن ان يكون للشیء اسباب متعددة ولا دليل عندهم علی ان لا دخل لمياه الامطار فيها كيف وقد قال به ابو البركات البغدادی وايضا يشهد المشاهدة به حيث تقل وتكثر مياه الآبار بقلة الامطار وكثرتها ۱۲۔

اختلاف القراءة: فی قراءة تنبت من الافعال هو بمعنی اللازم ۱۲۔

الفقه: اورد علی ابی حنيفة بعدم حنث من حلف لا ياكل الفاكهة لو اكل النخيل مع تسمية الله تعالٰی اياه فاكهة۔ واجيب علی تقدير رجوع ضمير فيها الی النخيل والاعناب ان تسمية تعالٰی باللغة وعدم الحنث بالعرف ۱۲۔

اللغات: سللٰة من سل بمعنی استخرج فان فعالة اسم لما يحصل من الفعل فتارة تكون مقصودة منه كالخلاصة واخرٰی غير مقصودة منه كالقلامة والكناسة والسلالة من قبيل الاول فانها مقصودة بالسل ای من الغذاء الذی هو سلالة الطين وصفوته وفيه وصف الجنس بوصف اكثر افراده لان خلق آدم عليه السلام لم يكن كذلك قوله مكين متمكن مع ان التمكن وصف ذی المكان وهو النطفة ههنا علی سبيل المجاز كما يقال طريق سائر ۱۲ الخالقين الصانعين كذا فی الروح عن ابن عطية ۱۲ سيناء اسم للبقعة ومنع عن الصرف للعلمية والعجمة البطون المراد مطلق الاجواف ۱۲۔

www.besturdubooks.net

النَّحْو: قوله بالدهن الباء للمصاحبة دون التعدية لان نبات الدهن او انباته لا يكاد يستعمل فالمعنى تنبت الشجرة و فيها الدهن كذا في الكشاف وعطف صبغ عليه من عطف الصفة على الصفة قوله مما في بطونها من ابتدائية ۱۲۔

البَلاغَة: قوله ثم جعلنٰه نطفة الى آخر الآية في الروح وجاء ت المعطوفات الاول بعضها بثم و بعضها بالفاء ولم يجيئ جميعها بثم او بالفاء مع صحة ذلك في مثلها اللاشارة الى تفاوت الاستحالات فالمعطوف بثم مستبعد حصوله مما قبله فجعل الاستبعاد عقلا او رتبة بمنزلة التراخي والبعد الحسي لان حصول النطفة من اجزاء وترابية غريب جدا وكذا جعل النطفة البيضاء السيالة وما احمر جامدا بخلاف جعل الدم لحما مشابها في اللون والصورة وكذا تصليب المضغة حتى تصير عظماء وكذا لحمها عليه ليستره كذا قيل ولا يخلو عن قيل وقال ۱۲ قدوری البطراني في الكبير بسند حسن عن ابي الدرداء ان النبي صلى الله عليه وسلم قال اول شئ يرفع من هذه الامة الخشوع حتى لا ترى فيها خاشعا كذا في مجمع الزوائد وقد روى الديلمي في مسند الفردوس مرفوعًا بسند ضعيف لا صلوٰة لمن لا يتخشع كذا في الجامع الصغير ۱۲ منه۔ قوله عظامًا في الروه جمع العظام دون غيرها مما في الاطوار لانها متغائرة هيئة وصلابة بخلاف غيرها ۱۲۔ قوله لميتون وتبعثون تاكيد الموت باللام دون البعث مع انكار البعث وعدم انكار الموت يقتضي العكس لاعتبار نكتة اخرىٰ وهي ان الموت لكراهة كالمنكر بخلاف البعث فانه مرغوب فيه لكونه حياة في الاصل فافهم۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚۖ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ
اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۲۶﴾
فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ
كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ
اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿۳۰﴾

اور ہم نے نوح علیہ السلام کو ان کی قوم کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا سو انہوں نے (اپنی قوم سے) فرمایا کہ اے میری قوم اللہ ہی کی عبادت کیا کرو اور اس کے سوا کوئی تمہارے لئے معبود بنانے کے لائق نہیں (اور جب یہ بات ثابت ہے تو) پھر کیا تم دوسروں کو معبود بنانے سے ڈرتے نہیں ہو پس نوح علیہ السلام کی یہ بات سن کر ان کی قوم میں جو کافر رئیس تھے (عوام سے کہنے لگے کہ یہ شخص بجز اس کے کہ تمہاری طرح کا ایک معمولی) آدمی ہے اور کچھ نہیں (اس دعوے سے) ان کا مطلب یہ ہے کہ تم سے برتر ہو کر رہے اور اللہ کو رسول بھیجنا ہوتا تو فرشتوں کو بھیجتا ہم نے یہ بات اپنے پہلے بڑوں میں نہیں سنی پس یہ ایک آدمی ہے جس کو جنون ہو گیا ہے سو ایک وقت خاص (یعنی اس کے مرنے کے وقت) تک اس (کی حالت) کا اور انتظار کر لو۔ نوح علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے میرے رب بوجہ اس کے کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا ہے پس ہم نے (ان کی دعا قبول کی اور) ان کے پاس حکم بھیجا کہ تم کشتی تیار کر لو ہماری نگرانی میں اور ہمارے حکم سے پھر جس وقت ہمارا حکم (عذاب کا قریب) آ پہنچا اور (علامت اس کی یہ ہے کہ) زمین سے پانی ابلنا شروع ہو تو (اس وقت) ہر قسم (کے جانوروں) میں سے ایک ایک نر اور ایک ایک مادہ یعنی دو دو عدد اس (کشتی) میں داخل کر لو اور اپنے گھر والوں کو بھی (سوار کر لو) باستثناء اس کے جس پر ان میں سے (غرق ہونے کا) حکم نافذ ہو چکا ہو اور (یہ سن لو کہ) مجھ سے کافروں (کی نجات) کے بارے میں کچھ گفتگو نہ کرنا (کیونکہ) وہ سب غرق کئے جائیں گے پس جس وقت تم اور تمہارے ساتھی (مسلمان) کشتی میں بیٹھ کر چکو تو یوں کہنا کہ شکر ہے خدا کا جس نے ہم کو کافر لوگوں سے (یعنی ان کے افعال اور تکالیف سے) نجات دی اور یوں کہنا کہ اے میرے رب مجھ کو زمین پر برکت کا اتارنا اتاریو اور آپ سب اتارنے والوں سے اچھے ہیں اس (واقعہ مذکورہ) میں بہت سی نشانیاں ہیں اور ہم یہ نشانیاں معلوم کرا کرا اپنے بندوں کو آزماتے ہیں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر توحید معبود پر دلائل قائم کئے گئے تھے آگے مضمون توحید کی تاکید کے لئے بعض قصص مذکور ہیں جو تین طور پر مؤکد توحید ہیں۔ ایک انبیا نے

www.besturdubooks.net

سابقین کا توحید کے لئے امر فرمانا دوسرے منکرین توحید کا انجام برا ہونا تیسرے ظہور خوارق انبیاء علیہم السلام سے جس میں آیت : وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ الخ زیادہ صریح ہے اور دوسرے قصوں میں اشارت مثل سلطان مبین یا شہرت پر اکتفا کیا گیا جیسا اخیر قصہ (۱) میں وجہین اولین کی دلالت کا ذکر صریح نہیں کیا گیا اور نیز قصہ عیسویہ کے ذکر سے بنی اسرائیل کی تکذیب کا بھی بیان کرنا مقصود ہوسکتا ہے اور اس بناء پر اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ کے ساتھ اس کا خاص ارتباط ہوگا جس کی تقریر یہ ہوگی کہ بنی اسرائیل کی ہدایت کے لئے کتاب بھی دی اور ان میں سے متاخرین کے لئے اعجاز عیسوی کا بھی اظہار کیا مگر انہوں نے پھر موسیٰ علیہ السلام کی بھی اور عیسیٰ علیہ السلام کی بھی مخالفت کی واللہ اعلم۔

قصہ نوح علیہ السلام وقوم او ☆ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ (الی قولہ تعالی) اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ۞ اور ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا سو انہوں نے (اپنی قوم سے) فرمایا کہ اے میری قوم اللہ ہی کی عبادت کیا کرو اس کے سوا کوئی تمہارے لئے معبود بنانے کے لائق نہیں (اور جب یہ بات ثابت ہے تو) پھر کیا تم (دوسروں کے معبود بنانے سے) ڈرتے نہیں ہو پس (نوح علیہ السلام کی یہ بات سن کر) ان کی قوم میں جو کافر رئیس تھے (عوام سے) کہنے لگے کہ یہ شخص بجز اس کے کہ تمہاری طرح کا ایک (معمولی) آدمی ہے اور کچھ (رسول وغیرہ) نہیں ہے (اس دعویٰ سے) ان کا (اصل مطلب یہ ہے کہ تم سے برتر ہوکر رہے یعنی جاہ وریاست مقصود ہے اور اگر اللہ کو (رسول بھیجنا) منظور ہوتا تو (اس کام کے لئے) فرشتوں کو بھیجتا (پس دعویٰ ان کا غلط ہے اسی طرح ان کی دعوت کرنا توحید کی طرف یہ دوسری غلطی ہے کیونکہ) ہم نے یہ بات (کہ اور کسی کو معبود مت قرار دو) اپنے پہلے بڑوں میں بھی (ذکر مذکور ہوتے ہوئے) نہیں سنی بس یہ ایک آدمی ہے جس کو جنون ہو گیا ہے (اس واسطے ساری دنیا کے خلاف باتیں کرتا ہے کہ میں رسول ہوں اور معبود ایک ہے) سو ایک وقت خاص (یعنی اس کے مرنے کے وقت) تک اس (کی حالت) کا اور انتظار کرلو (آخر ایک وقت پر پہنچ کر ختم ہو جاوے گا اور سب پاپ کٹ جاوے گا) نوح (علیہ السلام) نے (ان کے ایمان لانے سے مایوس ہوکر جناب باری میں) عرض کیا کہ اے میرے رب (ان سے) میرا بدلہ لے بوجہ اس کے کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا ہے پس ہم نے (ان کی دعا قبول کی اور) ان کے پاس حکم بھیجا کہ تم کشتی تیار کرلو ہماری نگرانی میں اور ہمارے حکم سے (اب طوفان آوے گا اور تم اور مومنین اس کے ذریعہ سے محفوظ رہو گے) پھر جس وقت ہمارا حکم (عذاب کا قریب) آپہنچے اور (علامت اس کی یہ ہے کہ) زمین سے پانی ابلنا شروع ہوتو (اس وقت) ہر قسم (کے جانوروں) میں سے (جو کہ انسان کے کارآمد ہیں اور پانی میں زندہ نہیں رہ سکتے) ایک ایک نر اور ایک ایک مادہ یعنی دو دو عدد اس (کشتی) میں داخل کرلو اور اپنے گھر والوں کو بھی (سوار کرلو) باستثناء جس پر ان میں سے (غرق ہونے کا) حکم نافذ ہو چکا ہے (یعنی جو کافر ہو اس کو مت سوار کرو) اور (یہ سن لو کہ) مجھ سے کافروں (کی نجات) کے بارہ میں کچھ گفتگو مت کرنا (کیونکہ) وہ سب غرق کئے جاویں گے پھر جس وقت تم اور تمہارے ساتھی (مسلمان) کشتی میں بیٹھ چکو تو یوں کہنا کہ شکر ہے خدا کا جس نے ہم کو کافر لوگوں سے (یعنی ان کے افعال سے اور ان کے نکال سے) نجات دی اور جب بعد فرو ہونے طوفان کے کشتی سے زمین پر آنے لگو تو) یوں کہنا کہ اے میرے رب مجھ کو (زمین پر) برکت کا اتارنا اتاریو (یعنی اطمینان ظاہری و باطنی کے ساتھ رکھیو) اور آپ سب اتارنے والوں سے اچھے ہیں (یعنی اور لوگ جو مہمان کو اتار لیتے ہیں حقیقۃً اس کے حصول نفع ودفع ضرر پر قادر نہیں ہوتے اور آپ قادر ہیں) اس (واقعہ مذکورہ) میں (اہل عقل کے لئے ہماری قدرت کی) بہت سے نشانیاں ہیں اور ہم (یہ نشانیاں معلوم کرا کرا اپنے بندوں کو) آزماتے ہیں (کہ دیکھیں کونسا منتفع ہوتا ہے کون نہیں ہوتا اور نشانیاں یہ ہیں۔ رسول بھیجنا۔ ایمانداروں کو بچالینا۔ کافروں کو ہلاک کردینا۔ دفعۃً طوفان پیدا کردینا کشتی کو محفوظ رکھنا وغیرہ وغیرہ) **ف**: پارہ بارہ کے ربع پر بھی اس کے مشابہ آیتیں آئی ہیں وہاں تفسیر مفصل ملاحظہ فرمائی جاوے اور قوم کا يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ اور رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ کہنے میں اجتماع اس ارادہ تفضل کا مطلق جنون کے ساتھ ممکن ہے اور اگر جنون کامل لیا جاوے تو ان کے قولوں میں تناقض ہوگا جو خود ان کے جنون کی دلیل ہے اور چونکہ کفار کے یہ اقوال صریح البطلان تھے اس لئے اس مقام پر ان کے جواب ذکر کرنے کی ضرورت نہ تھی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یہ اس پر دال ہے کہ کمال فیض کی شرط مناسبت ہے اور اہل طریق اس کا بہت اہتمام کرتے ہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ به جنة الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسا حال نہایت محمود ہے جس کو محجوبین جنون سمجھیں اور یہ کمال فناء سے حاصل ہوتا ہے پس آیت اس کے مطلوب ہونے پر دال ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا تُخَاطِبْنِيْ [ھود : ۳۷] الخ اس میں اصل ہے بعض اہل طریق کی اس عادت کی کہ بعض لوگوں سے دعاء کرنے کے متعلق عذر کردیتے ہیں کہ ان کے لئے دعا کا نافع نہ ہونا کشف سے معلوم ہو جاتا ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) یعنی مذکورہ تین طور میں سے طور ثالث تو قصہ اخیرہ میں زیادہ صریح اور اول کے قصوں میں صریح نہیں اور طورین اولین قصہ اخیرہ میں صریح نہیں اور اول کے قصوں میں صریح ہیں ۱۲۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ : ۱؎ قوله فى تربصوا به ختم ہوجاوے گا اخذته من الخازن وهذا كقوله تعالى يتربص بكم الدوائر ۱۲۔

الروایات: قوله رب انزلنى فى الدر المنثور اخرج ابن ابى شيبة وعبد بن حميد وابن جرير وابن المنذر وابن ابى حاتم عن مجاهد رضى الله عنه وقل رب انزلنى منزلا مباركاً قال لنوح حين انزل من السفينة آه۔

اللغات: فاسلك فى الروح سلك دخل وادخل كقوله ما سلككم فى سقر اى ادخلكم ۱۲۔

البلاغۃ : جمع الضمير فى نجنا وتوحيده فى انزلنى لعل النكتة فيه ان اهل الفلك كلهم كانوا مؤمنين فجمعهم معه بخلاف ما بعد النزول فان اهل الارض كانوا مختلفين ولو بعد حين فلم يجمعهم معه والله اعلم ۱۲۔

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ
غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِى الْحَيٰوةِ ع
الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا
مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾
هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾ اِنْ هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنْ
هُوَ اِلَّا رَجُلُ ۨافْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِىْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا
قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾

پھر ہم نے (قوم نوح کے بعد) دوسرا گروہ پیدا کیا پھر ہم نے ان میں ایک پیغمبر کو بھیجا جوان میں ہی کے تھے (ان پیغمبر نے کہا کہ) کہ تم لوگ اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا اور کوئی معبود (حقیقی) نہیں کیا تم شرک سے ڈرتے نہیں ہو اور ان پیغمبر کی یہ بات سن کر ان کی قوم میں جو رئیس تھے جنہوں نے خدا اور رسول کے ساتھ کفر کیا تھا اور آخرت کے آنے کو جھٹلایا تھا اور ہم نے ان کو دنیوی زندگانی میں عیش ہی دیا تھا کہنے لگے کہ بس یہ تو تمہاری طرح ایک (معمولی) آدمی ہیں (چنانچہ) یہ وہی کھاتے ہیں جو تم کھاتے ہو اور وہی پیتے ہو جو تم پیتے ہو اور اگر تم اپنے جیسے ایک (معمولی) آدمی کے کہنے پر چلنے لگو تو بے شک تم (عقل کے) گھاٹے میں ہو کیا یہ شخص تم سے کہتا ہے کہ جب تم مرجاؤ گے اور (مرکر) مٹی اور ہڈیاں ہوجاؤ گے تو (دوبارہ زندہ کرکے زمین سے) نکالے جاؤ گے بہت ہی بعید اور بہت ہی بعید ہے جو بات تم سے کہی جاتی ہے بس زندگی تو یہی دنیوی زندگی ہے کہ ہم کوئی مرتا ہے اور کوئی پیدا ہوتا اور ہم دوبارہ زندہ نہ کئے جاویں گے بس یہ ایک ایسا شخص ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھتا ہے اور ہم تو ہرگز اس کو سچا نہ سمجھیں گے پیغمبر نے دعا کی کہ اے میرے رب میرا بدلہ لے اس وجہ سے کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا ارشاد ہوا کہ یہ لوگ عنقریب پشیمان ہوں گے چنانچہ ان کو ایک سخت آواز نے (یعنی عذاب) موافق وعدہ برحق کے آپکڑا جس سے وہ سب ہلاک ہوگئے پھر ہم نے ان کو خس وخاشاک (کی طرح پامال) کردیا سو خدا کی مار کافر لوگوں پر۔

تفسیر: قصہ عاد یا ثمود ☆ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا (الى قوله تعالى) فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ پھر (قوم نوح کے بعد) ہم نے دوسرا گروہ پیدا کیا (مراد عاد ہے یا ثمود) پھر ہم نے ان میں ایک پیغمبر کو بھیجا جوان ہی میں کے تھے (مراد ہود علیہ السلام یا صالح علیہ السلام ہیں ان پیغمبر نے کہا) کہ تم لوگ اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود (حقیقی) نہیں کیا تم (شرک سے) ڈرتے نہیں ہو اور (ان پیغمبر کی یہ بات سن کر) ان کی قوم میں سے جو رئیس تھے) جنہوں نے (خدا اور رسول کے ساتھ) کفر کیا تھا اور آخرت کے آنے کو جھٹلایا تھا اور ہم نے ان کی دنیوی زندگانی میں عیش بھی دیا تھا کہنے لگے کہ بس یہ تو تمہاری طرح ایک (معمولی) آدمی ہیں (چنانچہ) یہ وہی کھاتے ہیں جو تم کھاتے ہو اور وہی پیتے ہیں جو تم پیتے ہو اور (جب یہ تمہارے ہی جیسے بشر ہیں تو) اگر تم اپنے جیسے ایک (معمولی) آدمی کے کہنے پر چلنے لگو تو بیشک تم (عقل کے) گھاٹے میں ہو (یعنی بڑی بے وقوفی ہے) کیا یہ شخص تم سے یہ کہتا ہے کہ جب تم مرجاؤ گے اور (مرکر) ہڈیاں بے گوشت رہ جاتی ہیں پھر بعد چندے وہ بھی خاک ہوجاتی ہیں تو یہ شخص کہتا ہے کہ جب اس حالت پر پہنچ جاؤ گے) تو (پھر دوبارہ زندہ کرکے زمین سے) نکالے جاؤ گے (تو بھلا ایسا شخص کہیں قابل اطاعت واتباع ہوسکتا ہے اور) بہت ہی بعید اور بہت ہی بعید ہے جو بات تم سے کہی جاتی ہے بس زندگی تو یہی ہماری دنیوی زندگی ہے کہ ہم میں کوئی مرتا ہے اور کوئی پیدا ہوتا ہے اور ہم دوبارہ زندہ نہ کئے جاویں گے بس یہ ایک ایسا شخص ہے جو اللہ پر جھوٹ

www.besturdubooks.net

باندھتا ہے (کہ اس نے مجھ کو رسول بنا کر بھیجا ہے اور کوئی دوسرا معبود نہیں اور قیامت آوے گی) اور ہم تو ہرگز اس کو سچا نہ سمجھیں گے پیغمبر نے دعا کی کہ اے میرے رب میرا بدلہ لے اس وجہ سے کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا ارشاد ہوا کہ یہ لوگ عنقریب پشیمان ہوں گے چنانچہ ان کو ایک سخت آواز نے (یا سخت عذاب نے) موافق وعدہ برحق کے (کہ لَيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ) آ پکڑا (جس سے وہ سب ہلاک ہو گئے) پھر (ہلاک کرنے کے بعد) ہم نے ان کو خس و خاشاک (کی طرح پامال) کر دیا سو خدا کی مار کافر لوگوں پر **ف**: چونکہ صیحہ سے ثمود کا معذب ہونا دوسری آیات میں بھی آیا ہے اس قرینہ سے بعض نے تو اس کو ثمود کا قصہ سمجھا ہے اور چونکہ اکثر جگہ بعد قوم نوح کے عاد کا قصہ آیا ہے اس قرینہ سے بعض نے اس کو عاد کا قصہ سمجھا ہے اور صیحہ سے مراد عقوبت ہائلہ لی ہو جیسا اس شعر میں ہے۔

صاح الزمان بال برمك صيحة ☆ خروا لشدتها على الاذقان

یا ممکن ہے کہ عاد پر بھی صیحہ آیا ہو اور کہیں صرصر اور کہیں صیحہ کا ذکر اس اشارہ کے لئے ہو کہ ہر واحد بھی ان کے اہلاک کے لئے کافی تھا۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله في غثاء طرح اشارة الى حذف الكاف اى كالغثاء ۱۲۔

اللغات: قوله عما قليل عن بمعنى بعد قوله بعدا من الرحمة وهو كما في الكبير من جملة المصادر التي قال سيبويه نصبت بافعال لا يستعمل اظهارها وهي موضوعة مواضع افعالها ومعناه بعدا بعدا۔

النحو: قوله ان اعبدوا اى بان اعبدوا قوله واترفنٰهم اما حال او معطوف على الصلة قوله انكم مخرجون تاكيد لان السابقة في قوله انكم اذا متم ۱۲۔

البلاغة: قوله من قومه تقديمه على الصلة لئلا يطول الفصل بين المبين والبيان ۱۲۔ قوله مما تاكلون المراد جنس ما تاكلون قوله ترابا وعظاما حملها باعتبار بعض بعض قوله هيهات هيهات لما توعدون فاعل هيهات الوقوع واللام للبيان وكذا في قوله للقوم ۱۲۔

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿٤٢﴾ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿٤٣﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٤٤﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ۬ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٤٥﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۠ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿٤٦﴾ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿٤٧﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿٤٨﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗۤ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿٥٠﴾

پھر ان (عاد یا ثمود) کے (ہلاک ہونے کے) بعد ہم نے اور امتوں کو پیدا کیا کوئی امت (ان امتوں میں سے) اپنی مدت معینہ سے (ہلاک ہونے میں) نہ پیش دستی کر سکتی تھی اور نہ (اس مدت سے) وہ لوگ پیچھے ہٹ سکتے تھے پھر (ان کے پاس) ہم نے اپنے پیغمبروں کو یکے بعد دیگرے (ہدایت کے لئے) بھیجا جب کسی امت کے پاس اس امت کا خاص رسول آیا انہوں نے اس کو جھٹلایا سو ہم نے (بھی ہلاک کرنے میں) ایک کے بعد ایک کا نمبر لگا دیا اور ہم نے ان کی کہانیاں بنا دیں سو خدا کی مار ان لوگوں پر جو انبیاء کے سمجھانے پر بھی ایمان نہ لاتے تھے۔ پھر ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور ان کے بھائی ہارون علیہ السلام کو اپنے احکام اور کھلی دلیل دے کر فرعون اور اس کے درباریوں کے پاس (بھی پیغمبر بنا کر) بھیجا سو ان لوگوں نے (ان کی تصدیق و اطاعت سے) تکبر کیا اور وہ لوگ تھے ہی متکبر چنانچہ وہ (باہم) کہنے لگے کہ کیا ہم ایسے دو شخصوں پر جو ہماری طرح کے آدمی ہیں ایمان لے آئیں (اور ان کے مطیع بن جاویں) حالانکہ ان کی قوم کے لوگ (تو خود) ہمارے زیر حکم ہیں غرض وہ لوگ ان کی تکذیب ہی کرتے رہے پس ہلاک کئے گئے اور ان کے ہلاک ہونے کے بعد ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب (یعنی توراۃ) عطا فرمائی تا کہ اس کے ذریعہ سے وہ لوگ (یعنی قوم موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل) ہدایت پاویں۔ اور ہم نے مریم علیہ السلام کے بیٹے (عیسیٰ علیہ السلام) کو اور ان کی ماں (حضرت مریم) کو بڑی نشانیاں بنایا اور ہم نے ان دونوں کو ایک بلند زمین پر لے جا کر پناہ دی جو (بوجہ غلات اور میوہ جات پیدا ہونے کے) ٹھہرنے کے قابل اور شاداب جگہ تھی۔

تفسیر: قصہ بعض دیگر امم اجمالاً ☆ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ (الى قوله تعالى) فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ: پھر ان (عاد یا

www.besturdubooks.net

ثمود) کے (ہلاک ہونے کے) بعد ہم نے اور امتوں کو پیدا کیا (جو کہ تکذیب رسل کے سبب وہ بھی ہلاک ہوئے ان کے ہلاک ہونے کی جو مدت علم الٰہی میں مقرر تھی) کوئی امت (ان امتوں میں سے) اپنی (اس) مدت معینہ سے (ہلاک ہونے میں) نہ پیش دستی کر سکتی تھی اور نہ (اس مدت سے) وہ لوگ پیچھے ہٹ سکتے تھے (بلکہ عین وقت پر ہلاک کئے گئے غرض وہ امتیں اول پیدا کی گئیں) پھر (ان کے پاس) ہم نے اپنے پیغمبروں کو یکے بعد دیگرے (ہدایت کے لئے) بھیجا (جس طرح وہ امتیں یکے بعد دیگرے پیدا ہوا کیں مگر ان کی حالت یہ ہوئی کہ) جب کبھی کسی امت کے پاس اس امت کا (خاص) رسول (خدا کے احکام لے کر) آیا انہوں نے اس کو جھٹلایا سو ہم نے (بھی ہلاک کرنے میں) (ایک کے بعد ایک کا تار باندھ دیا۔ اور ہم نے ان کی کہانیاں بنادیں (یعنی وہ ایسے نیست و نابود ہوئے کہ بجز کہانیوں کے ان کا کچھ نام و نشان نہ رہا) سو خدا کی مار ان لوگوں پر جو (انبیاء کے سمجھانے پر بھی) ایمان نہ لاتے تھے۔ **ف**: ان قرون میں سے بعض کا ذکر سورۂ اعراف وغیرہ میں ہے چنانچہ عاد کے بعد ثمود کا اور ثمود کے بعد قوم لوط کا اور لوط کے بعد اہل مدین کا ذکر آیا ہے اور بعض کی نسبت فرمایا ہے **لا یعلمهم الا الله الخ** واللہ اعلم اور اگر بعض قوموں کی کچھ نسل باقی ہو تو بھی جَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ میں کوئی اشکال نہیں کیونکہ خاص وہ مکذبین تو نیست ہو گئے یا یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ ہم نے ان کو دوسروں کے لئے عبرت بنادیا **ای جعلناهم ذات احادیث بحیث یحکی احادیثهم**۔

قصۂ فرعون ☆ ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَ اَخَاهُ (الی قوله تعالی) لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ۝ پھر ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) اور ان کے بھائی (ہارون علیہ السلام) کو اپنے احکام اور کھلی دلیل (یعنی معجزہ صریحہ کہ دلیل نبوت ہے) دے کر فرعون اور اس کے درباریوں کے پاس (بھی پیغمبر بنا کر) بھیجا (اور بنی اسرائیل کی طرف مبعوث ہونا بھی معلوم ہے) سو ان لوگوں نے (ان کی تصدیق و اطاعت سے) تکبر کیا اور وہ لوگ تھے ہی متکبر (یعنی پہلے ہی سے ان کا دماغ سڑا ہوا تھا) چنانچہ وہ (باہم) کہنے لگے کہ کیا ہم ایسے دو شخصوں پر جو ہماری طرح کے آدمی ہیں (ان میں کوئی بات امتیاز کی نہیں) ایمان لے آویں (اور ان کے مطیع بن جاویں) حالانکہ ان کی قوم کے لوگ (تو خود) ہمارے زیر حکم ہیں (یعنی ہم کو تو خود ان کی قوم پر ریاست حاصل ہے پھر ان دونوں کو ہم پر کیسے ریاست حاصل ہو سکتی ہے۔ ان لوگوں نے ریاست دینیہ کو ریاست دنیویہ پر قیاس کیا کہ جب ہم کو ایک حاصل ہے تو دوسرے کے بھی ہم ہی مستحق ہیں اور جب ان کو ایک نہیں تو دوسری کیسے ہو سکتی ہے اور فساد اس قیاس کا ظاہر ہے) غرض وہ لوگ ان دونوں کی تکذیب ہی کرتے رہے پس (اس تکذیب کی وجہ سے) ہلاک کئے گئے اور (ان کے ہلاک ہونے کے بعد) ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب (یعنی توراۃ) عطا فرمائی تاکہ (اس کے ذریعہ سے) وہ لوگ (یعنی قوم موسیٰ بنی اسرائیل جو کہ موسیٰ علیہ السلام کے دوسرے مرسل الیہم تھے) ہدایت پائیں (اور متاخرین بنی اسرائیل کی ہدایت کے لئے اور دلیل بھی ظاہر کی جس کا بیان وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ میں آتا ہے مگر ان کے قصے بھی مخالفت و عقوبت کے مشہور اور جا بجا مذکور ہیں **ف**: **بشر مثلنا** کے ذیل میں صاحب روح نے خوب لطیفہ لکھا ہے کہ یہ منکرین بشر کے لئے تو نبوت کو محال سمجھتے تھے۔ کس قدر عجیب بات ہے اور تخصیص فرعون کی باوجود بعث الی بنی اسرائیل کے بھی پھر قوم فرعون میں سے تخصیص رؤساء کی اس اعتبار سے ہے کہ یہ لوگ انکار میں اشد تھے ذکری تقبیح حال کے لئے ہے۔

قصہ مریم و عیسیٰ علیہما السلام ☆ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَ اُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّ اٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ۝ اور ہم نے (اپنی قدرت و توحید پر دلالت کے لئے اور نیز بنی اسرائیل کی ہدایت کے لئے) مریم کے بیٹے (عیسیٰ علیہ السلام) کو اور ان کی ماں (حضرت مریم علیہا السلام) کو بڑی نشانی (قدرت کی اور ان کے صدق کی) بنایا (کہ بے باپ تولد ہونا دونوں کے متعلق آیت عظیمہ ہے) اور (چونکہ ان کو نبی بنانا منظور تھا اور ایک ظالم بادشاہ بچپن ہی میں ان کے درپے قتل ہو گیا تھا اس لئے) ہم نے (اس سے بچا کر) ان دونوں کو ایک ایسی بلند زمین پر لے جا کر پناہ دی جو (بوجہ غلات اور میوہ جات پیدا ہونے کے) ٹھہرنے کے قابل اور (بوجہ نہر جاری ہونے کے) شاداب جگہ تھی (یہاں تک کہ امن و امان سے جوان ہوئے اور نبوت عطا ہوئی تو توحید دعویٰ رسالت میں ان کی تصدیق ضروری تھی مگر بعض نے نہ کی)۔ **ف**: یہ ظالم بادشاہ ہیرودس تھا نجومیوں سے یہ سن کر کہ عیسیٰ علیہ السلام کو سرداری ہوگی صغر سن ہی میں ان کا دشمن ہو گیا تھا الہام ربانی سے حضرت مریم علیہا السلام ان کو لے کر ملک مصر میں چلی گئیں اور اس ظالم کے مرنے کے بعد پھر شام میں چلی آئیں **کذا فی الروح وفتح المنان عن انجیل متی وروی فی الدر المنثور تفسیر الربوة عن ابن عباس ووهب وابن زید بمصر وعن زید بن اسلم بالاسکندرية قلت والاسکندرية ایضا بمصر** اور مصر کا اونچا ہونا باعتبار رود نیل کے ہے ورنہ غرق ہو جاتا اور ماء معین رود نیل ہے **والله اعلم**۔

اللُّغَاتُ: **قوله تترى مصدر کذکری وبشری والتاء الاولی منه مبدل من الواو کتجاه وتراث وهو بمعنی المتواترین حال من رسلنا وفی قراءة منونا وهو علی ما قال الفراء مصدر ایضا کصبر والالف فیه مبدل من التنوین وهو ایضا حال کما فی القراءة السابقه ۱۲۔ قوله الاحادیث جمع احدولة ولا یستعمل الا فی الشراد جمع حدیث علی خلاف القیاس ۱۲ عابدون خادمون کما فی الروح نقل الخفاجی عن الراغب انه صرح بان العابد بمعنی الخادم حقیقة وان نظر الی متعارف اللغة ففیه استعارة تبعیة فافهم ۱۲۔ قوله معین فعیل**

www.besturdubooks.net

من معن بمعنی جری او مفعول کمخیط من عانه ادرکه بعینه فان الماء الجاری یکون مشاهدًا بالعین غالبًا ۱۲۔

النَّحْوُ: قوله ثم ارسلنا عطف علی انشانا لکن لا علی معنی ان ارسالهم جمیعا متراخ عن انشاء القرون جمیعا بل علی معنی ان ارسال کل رسول متراخ عن انشاء قرن مخصوص بذلك الرسول والفصل بین المعطوفین بالجملة المعترضة للمسارعة الی بیان هلاك اولئك القرون علی وجه اجمالی ۱۲۔

البَلَاغَةُ: قوله لا یؤمنون اقتصر ههنا علی وصفهم بعدم الایمان جسما اقتصر علی حکایة تکذیبهم اجمالا واما القرون الاولون فحیث نقل عنهم ما لهم من الغلو وتجاوزا لحد فی الکفر العدوان وصفوا بالظلم کذا فی الروح ۱۲۔ قوله بشرین مثلنا شئ البشر لانه یطلق علی الواحد وعلی الجمع ولم یثن مثل نظرا الی کونه فی حکم المصدر ولو افرد البشر لصح لانه اسم جنس کما فی قوله فاما ترین من البشر احدا وکذا لوثنی المثل کما فی قوله تعالٰی یرونهم مثلیهم نظرا الٰی انه فی تاویل الوصف الا ان المرجح لتثنیة الاول وافراد الثانی الاشارة بالاول الی قلتهما وانفرادهما عن قومهما مع کثیرة الملأ واجتماعهم وبالثانی الی شدة تماثلهم حتی کانهم مع البشرین شئ واحد وهو اول علی ما عنوه ۱۲۔ قوله ابن مریم والتعبیر عن عیسٰی علیه السلام بابن مریم وعن مریم بامه للایذان من اول الامر بحیثیة کونهما آیة وتقدیمه علیه السلام لا صالة فیما ذکر من کونه آیة والمراد بالآیة التولد من غیر اب فهی امر مشترك بینهما قلنا افردت ۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝٥١ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً
وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ۝٥٢ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝٥٣ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ
حَتّٰى حِيْنٍ ۝٥٤ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ۝٥٥ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝٥٦ اِنَّ الَّذِيْنَ
هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝٥٧ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝٥٨ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ۝٥٩ وَالَّذِيْنَ
يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۝٦٠ اُولٰۗىِٕكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ۝٦١
وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝٦٢

اے پیغمبرو تم (اور تمہاری امتیں) نفیس چیزیں کھاؤ اور نیک کام (یعنی عبادت) کرو (اور) میں تم سب کے کیے ہوئے کاموں کو خوب جانتا ہوں اور ہم نے ان سب سے یہ بھی کہا کہ یہ ہے تمہارا طریقہ کہ وہ ایک ہی طریقہ ہے (اور حاصل طریقہ کا یہ ہے) کہ میں تمہارا رب ہوں سو تم مجھ سے ڈرتے رہو سو ان لوگوں نے اپنے دین اپنا طریق الگ الگ کر کے اختلاف پیدا کرلیا ہر گروہ کے پاس جو دین ہے وہ اسی سے خوش ہے سو آپ ان کو (اسی) جہالت میں ایک خاص وقت تک رہنے دیجئے کیا یہ لوگ یوں گمان کر رہے ہیں کہ ہم ان کو جو مال و اولاد دیتے چلے جاتے ہیں تو ہم ان کو جلدی جلدی فائدے پہنچا رہے ہیں (یہ بات ہرگز نہیں) بلکہ یہ لوگ اس کی وجہ نہیں جانتے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جو لوگ اپنے رب کی ہیبت سے ڈرتے ہیں اور جو لوگ اپنے رب کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں اور جو لوگ (اس ایمان میں) اپنے رب کے ساتھ شرک نہیں کرتے ہیں اور جو لوگ اللہ کی راہ میں دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور (باوجود دینے کے) ان کے دل اس سے خوفزدہ ہوتے ہیں اور اپنے رب کے پاس جانے والے ہیں یہ لوگ البتہ اپنے فائدے جلدی جلدی حاصل کر رہے ہیں اور ان کی طرف دوڑ رہے ہیں اور ہم (تو) کسی کو اس کی وسعت سے زیادہ کام کرنے کو نہیں کہتے (پس جو کام بتلا رکھے ہیں سب آسان ہی ہیں) اور ہمارے پاس ایک دفتر (نامہ اعمال کا محفوظ) ہے جو ٹھیک ٹھیک اس کا حال بتا دے گا اور لوگوں پر ذرا ظلم نہ ہوگا۔

تفسیر ربط: شروع سورت میں عبادت کا وجوب اور اس کے بعد اس کی تاکید و تحریض کیلئے معبود کی صفات کمال و جلائل نعم کا بیان تھا اور اسی سلسلہ میں چند قصص مذکور ہوئے تھے اب آگے يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا من اباحت استعمال نعم اور اعْمَلُوْا میں وجوب عبادت منعم کا بذریعہ رسل کے شرع قدیم ہونا اور اِنَّ هٰذِهٖٓ الخ سب شرائع کا اس میں متفق ہونا اور اَنَا رَبُّكُمْ الخ میں اس نتیجہ مذکورہ کی تصریح اور فَتَقَطَّعُوْٓا الخ میں اس حکم مذکور سے اختلاف کرنے والوں کی مذمت اور فَذَرْهُمْ میں ان مخالفین کا استحقاق عقوبت اور اَيَحْسَبُوْنَ میں مہلت عن العقوبت پر ان کے مغرور ہونے کا جواب مذکور ہے پس مجموعہ ان مضامین کا مجموعہ مضامین بالا کے لئے بمنزلہ تجدید و تاکید و اجمال بعد التفصیل ہے۔

www.besturdubooks.net

اتحاد شرائع دراداے حق معبود و ذم مخلین درآن ☆ یٰۤاَیُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ (الی قولہ تعالی) بَلْ لَّا یَشْعُرُوْنَ ۝ (ہم نے جس طرح تم کو اوپر استعمال نعم کی اجازت دی اور عبادت کا حکم کیا اسی طرح سب پیغمبروں کو اوران کے ذریعہ سے ان کی امتوں کو یہی حکم دیا کہ) اے پیغمبرو تم (اور تمہاری امتیں نفیس چیزیں کھاؤ کہ خدا کی نعمت ہے) اور (کھا کھا کر شکرادا کرو کہ) نیک کام (یعنی عبادت) کرو (اور) میں تم سب کے کئے ہوئے کاموں کو خوب جانتا ہوں (پس عبادات پر ثمرات عطا کروں گا) اور ہم نے ان سب سے یہ بھی کہا کہ جس طریق کا ابھی بیان ہوا) یہ ہے تمہارا طریقہ (جس پر تم کو رہنا واجب ہے) کہ وہ ایک ہی طریقہ ہے (یعنی کسی شریعت میں مختلف نہیں ہوا) اور (حاصل اس طریقہ کا یہ ہے کہ) میں تمہارا رب (حقیقی) ہوں (مالک ہونے کے اعتبار سے بھی اور منعم ہونے کے اعتبار سے بھی) سو تم مجھ سے ڈرتے رہو (اور میرے احکام کی مخالفت مت کرو کہ مالک ہونے کا اولاً یہی مقتضا ہے پھر منعم ہونے کا اور زیادہ مقتضا ہے) سو (ان رسل کی امت کے لوگوں کو یہ چاہئے تھا کہ باوجود ان مقتضیات کے سب اسی ایک طریق پر رہتے مگر ایسا نہ کیا بلکہ) ان لوگوں نے اپنے دین میں اپنا طریق الگ الگ کر کے اختلاف پیدا کرلیا) (چنانچہ ان میں اب بھی جتنے گروہ موجود ہیں ان میں سے) ہر گروہ کے پاس جو دین ہے وہ اسی سے خوش ہے (اور اس کو باوجود ثبوت بطلان کے حق سمجھتا ہے) سو (جب یہ بات ہے کہ ثبوت بطلان کے بعد بھی اس کو حق سمجھ رہے ہیں تو آپ بھی ان مشرکین قریش کے ایسے ہی دعویٰ بلا دلیل واصرار علی الکفر پر غم نہ کیجئے بلکہ) آپ ان کو ان کی (اسی) جہالت میں ایک خاص وقت تک رہنے دیجئے (جب وہ خاص وقت یعنی وقت موت آجاوے گا سب حقیقت معلوم ہو جاوے گی اور اب جو ان پر عذاب نہیں آتا تو) کیا (اس سے) یہ لوگ یوں گمان کر رہے ہیں کہ ہم ان کو جو کچھ مال واولاد دیتے چلے جاتے ہیں تو ہم ان کو جلدی جلدی فائدے پہنچا رہے ہیں (یہ بات ہرگز نہیں) بلکہ یہ لوگ (اس کی وجہ) نہیں جانتے (یعنی وہ اس کا استدراج ہے جس کا انجام اعلیٰ درجہ کا ضرر ہے نہ کہ نفع) ف: ایسی ہی آیت : اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ الخ سورۂ انبیاء کے اخیر رکوع سے پہلے رکوع کے اخیر میں بھی آچکی ہے اور مسلم اور ترمذی کی حدیث مرفوع میں جو اکل حلال کے باب میں اس آیت سے مع آیت : یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ [البقرۃ : ۱۷۲] کے استشہاد آیا ہے اس سے اس پر شبہ نہ کیا جاوے کہ میں نے طیب کی تفسیر مستلذ نفیس کے ساتھ کی ہے کیونکہ جس مستلذ میں حلت نہ ہو وہ بوجہ ارتفاع استلذاذ معنوی کے گویا مستلذ نہیں ہے پس اگر تفسیر مستلذ کے ساتھ کی جاوے اور حدیث کو اشتراط پر محمول کیا جاوے تو تفسیر اور استشہاد دونوں بحال خود صحیح رہیں گے خوب سمجھ لو۔

ربط : اوپر کفار کی حالت موجودہ دنیویہ کا مساعت فی الخیرات نہ ہونا مذکور تھا آگے مقابلہ میں اہل ایمان کی (جو کہ متمسک بشریعت حقہ ومؤدی حقوق ربوبیت و ممتثل احکام مذکورہ ہیں) حالت موجودہ دینیہ کا مساعت فی الخیرات ہونا بیان فرماتے ہیں حیث صرح هناك اولئك يسارعون في الخيرات۔

بشارت مطیعین بخیر ابدی ☆ اِنَّ الَّذِیْنَ هُمْ مِّنْ خَشْیَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ (الی قولہ تعالی) وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ۝ اس میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ جو لوگ اپنے رب کی ہیبت سے ڈرتے رہتے ہیں اور جو لوگ اپنے رب کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں اور جو لوگ (اس ایمان میں) اپنے رب کے ساتھ شرک نہیں کرتے اور جو لوگ (اللہ کی راہ میں) دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور (باوجود دینے کے) ان کے دل سے خوف زدہ ہوتے ہیں کہ وہ اپنے رب کے پاس جانے والے ہیں (دیکھئے وہاں جاکر ان صدقات کا کیا ثمرہ ظاہر ہو ایسا نہ ہو کہ موافق حکم کے نہ دیا گیا ہو مثلاً مال حلال نہ ہو یا نیت خالص نہ ہو اور بوجہ غموض یا عدم التفات اس کی اطلاع نہ ہوئی ہو تو الٹا مواخذہ ہونے لگے سو جن میں یہ صفات ہوں) یہ لوگ (البتہ) اپنے فائدے جلدی جلدی حاصل کر رہے ہیں اور وہ ان کی طرف دوڑ رہے ہیں (نہ کفار مذکورین) اور یہ (اعمال مذکورہ چونکہ نہایت سہل ہیں اس لئے لوگوں کو ان میں ضرور کوشش کرنا چاہئے کیونکہ) ہم (تو) کسی کو اس کی وسعت سے زیادہ کام کرنے کو نہیں کہتے (پس جو کام بتلا رکھے ہیں سب آسان ہی ہیں) اور (آسان ہونے کے ساتھ ثمرہ ان کا یقینی کیونکہ) ہمارے پاس ایک دفتر (نامۂ اعمال کا محفوظ ہے) جو ٹھیک ٹھیک (سب کا حال) بتادے گا اور لوگوں پر ذرا ظلم نہ ہوگا (بلکہ ہر ایک کی سعی پوری پوری مشکور ہوگی اور ذرہ ذرہ خیر پر ثواب ملے گا)۔ ف: یُؤْمِنُوْنَ کے بعد لَا یُشْرِكُوْنَ کا فائدہ یہ ہوسکتا ہے کہ مشرکین بھی بوجہ خدا کو ماننے کے دعویٰ ایمان وتصدیق کا کرتے تھے جیسا فرمایا ہے : وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَیَقُوْلُنَّ اللّٰهُ [لقمن: ۲۵] اسی بناء پر ارشاد ہوا ہے : وما يؤمن اكثرهم بالله الا وهم مشركون۔ اور بوجہ اس کے کہ سموات وارض آیات الٰہیہ سے ہیں جیسا ارشاد ہے : وَكَاَیِّنْ مِّنْ اٰیَةٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَمُرُّوْنَ عَلَیْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ [یوسف : ۱۰۵] اور اس سے مشرکین پر مؤمن بالآیات ہونے کا شبہ ہوسکتا تھا اس لئے لا یشرکون کا بڑھانا مفید ہوا خوب سمجھ لو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی مِنَ الطَّیِّبٰتِ اس میں رہبانیت کا ابطال ہے جس میں بعض غلاۃ مبتلا ہیں۔ قولہ تعالیٰ : اَیَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا الخ اسی قیاس پر نعم باطنہ سے دھوکہ نہ کھانا چاہئے جیسے احوال ومواجید سے کیونکہ وہ کبھی استدراج ہوتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : وَالَّذِیْنَ یُؤْتُوْنَ الخ اس میں اس کی تعلیم ہے کہ اپنے اعمال اور نفس پر کبھی مطمئن نہ ہو ۱۲۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی یایها الرسل حکم دیا اشارة الی تقدیر قلنا۱۲۔ ۲ قوله قبل اولئک جن میں الخ اشارة الی ان المراد بالموصولات طائفة واحدة جامعة للاوصاف لا طوائف وفی الروح انما کرر الموصول ایذانا باستقلال کل واحدة فی تلک الصفات بفضیلة باهرة علی جبالها۱۲۔

فائدہ: ورد فی الاحادیث یاتون ما اتوا ای یفعلون ما فعلوا وهذه القرأة من الاحاد ولا یتلی فی القرآن الا المتواترة فلا یرد علی المحدثین حیث نقلوا القراءة الغیر الثابة ولا علی القراء حیث ترکوا القراء ة الثانیة ویمکن ان تکون هذه القراء ة من قبیل التفسیر ویکون مقصوده صلی الله علیه وسلم انه لا تخصیص فالایتاء فی هذا الوجل بل هو عام فی کل عمل۱۲۔

اللغات: الغمرة من الغمر وهو الستر ویراد به الجهالة لسترها العقل۱۲۔

النحو: قوله زبرا قطعا جمع زبور حال من امرهم قوله انما نمدهم ماموصولة والعائد الیه فی الخبر محذوف ای نسارع لهم به۱۲۔ قوله وجلة انهم بتقدیر من ای من انهم لکن مناط الوجل هو عدم القبول۱۲۔

البلاغۃ: قوله فذرهم الفاء للترتیب کما یفهم من تقریر الترجمة۱۲۔ قوله ما اتوا الابهام للتفخیم قوله یسارعون لم یقل نسارع لهم ایماء الی استحقاقهم لنیل الخیرات بمحاسن اعمالهم ولم یقل الی الخیرات للایذان بانهم متقلبون فی الخیرات لا انهم خارجون عنها متوجهون الیهما کذا فی الروح قوله هم لها سابقون هو عندی تاکید کالتفسیر لما قبله بمعنی ان المسارعة فی الخیرات معناها السبق الیها لنیلهم لها فی الآخرة فبالنظر الی اسباب الخیرات قیل یسارعون فیها وبالنظر الی اسباب الخیرات نفسها قیل هم لها سابقون والله اعلم۱۲۔

بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِىْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ
بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿۶۴﴾ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِىْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ
عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿۶۶﴾ مُسْتَكْبِرِيْنَ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿۶۷﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾
اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۰﴾
وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ
مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۱﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ڰ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۳﴾ ربع
وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِىْ
طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾ حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ
بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ ع ۴ ۲۷

بلکہ ان کفار کے قلوب اس دین کی طرف سے جہالت (اور شک) میں ہیں اور اس کے علاوہ ان لوگوں کے اور بھی (برے برے) عمل ہیں جن کو یہ کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ ہم جب ان کے ہاں کے خوش حال لوگوں کو عذاب (بعد الموت) میں دھر پکڑیں گے تو فوراً چلا اٹھیں گے اس (وقت ان سے کہا جائے گا کہ) اب مت چلاؤ ہماری طرف سے تمہاری مطلق مدد نہ ہوگی میری آیتیں تم کو پڑھ پڑھ کر (رسول کی زبانی) سنائی جایا کرتی تھیں تو تم الٹے پاؤں بھاگتے تھے تکبر کرتے ہوئے (قرآن کا) مشغلہ بناتے ہوئے (اس قرآن کی شان میں) بے ہودہ بکتے تھے۔ تو کیا ان لوگوں نے اس کلام الٰہی میں غور نہیں کیا یا ان کے پاس ایسی چیز آئی ہے جو ان کے پہلے بڑوں کے پاس نہیں آئی تھی یا یہ لوگ اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) سے واقف نہ تھے اس کے منکر ہوئے یا یہ لوگ آپ کی نسبت جنون کے قائل ہیں (سو ان میں تو کوئی بھی وجہ معقول نہیں) بلکہ (ان کی تکذیب کی اصل وجہ یہ ہے کہ) یہ رسول ان کے پاس حق بات لے کر آئے ہیں اور ان میں اکثر لوگ حق بات سے نفرت رکھتے ہیں اور (بفرض محال) اگر

www.besturdubooks.net

دین ان کے خیالات کے تابع ہو جاتا تو تمام آسمان اور زمین اور جو کچھ ان میں (آباد) ہیں سب تباہ ہو جاتے بلکہ ان کے پاس ہم نے ان کی نصیحت کی بات بھیجی سو یہ لوگ اپنی نصیحت (نافعہ) سے بھی روگردانی کرتے ہیں یا آپ ان سے کچھ آمدنی چاہتے ہیں تو آمدنی تو آپ کے رب کی سب سے بہتر ہے اور وہ سب دینے والوں سے بہتر ہے اور خلاصہ ان کی حالت کا یہ ہے کہ آپ تو ان کو سیدھے رستہ کی طرف (جس کو اوپر حق کہا ہے) لا رہے ہیں اور ان لوگوں کی جو کہ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے یہ حالت ہے کہ اس (سیدھے) رستہ سے ہٹتے جاتے ہیں اور اگر ہم ان پر مہربانی فرما دیں اور ان پر جو تکلیف ہے اس کو ہم دور بھی کر دیں تو وہ لوگ (پھر) اپنی گمراہی میں بھٹکتے ہوئے اصرار کرتے ہیں اور ہم نے ان کو گرفتار عذاب بھی کیا ہے سو ان لوگوں نے نہ اپنے رب کے سامنے (پورے طور سے) فروتنی کی اور نہ عاجزی اختیار کی یہاں تک کہ ہم جب ان پر سخت عذاب کا دروازہ کھول دیں گے تو اس وقت بالکل حیرت زدہ رہ جاویں گے۔

تفسیر: ربط: اوپر آیت: فَذَرْهُمْ فِىْ غَمْرَتِهِمْ اور آیت: اَيَحْسَبُوْنَ الخ میں مخالفانِ دین کی جہالت اور استحقاق عقوبت کا بیان اجمالی تھا آگے اسی کی تفصیل ہے اور درمیان میں مقابلہ کے لئے مؤمنین کا اور ان کے اعمال کا ذکر تھا اور اس تفصیل کے عنوان[1] شروع میں اعمال کفار کا اعمال مؤمنین کے ساتھ مقابلہ بھی مرعی رکھا گیا ہے چنانچہ ترجمہ سے ظاہر ہوگا پس ذکر مؤمنین سابقاً مقابل تھا ذکر کفار کا اور ذکر کفار لاحقاً مقابل ہو گیا ذکر مؤمنین کا پس دونوں طرف سے تقابل کی تصریح ہو گئی۔

اعمال واحوال و مآل وابطال اقوال اہل ضلال ☆ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِىْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا (الی قوله تعالی) اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ۞ (یہ تو اوپر مؤمنین کی حالت سنی مگر کفار ایسے نہیں ہیں) بلکہ (برعکس) ان کفار کے قلوب اس دین کی طرف سے (جس کا ذکر بایات ربهم میں ہے) جہالت (اور شک) میں (پڑے) ہیں (جن کا حال اوپر بھی معلوم ہو چکا فَذَرْهُمْ فِىْ غَمْرَتِهِمْ) اور اس (جہالت وانکار) کے علاوہ ان لوگوں کے اور بھی (برے برے) عمل ہیں جن کو یہ (استمراراً) کرتے رہتے ہیں (جیسے مؤمنین کے علاوہ ایمان بالآیات کے اور اعمال خیر بھی تھے) اسی طرح یہ لوگ شرک اور اعمال سیئہ کے برابر خوگر رہیں گے) یہاں تک کہ جب ہم ان کے خوش حال لوگوں کو (جن کے پاس اب خدم حشم سب ہے) عذاب (بعد الموت) میں دھر پکڑیں گے (اور غریب غرباء تو کس گنتی میں ہیں اور وہ تو عذاب سے کیا بچاؤ کر سکتے ہیں غرض یہ کہ جب ان سب پر عذاب نازل ہوگا) تو فوراً چلا اٹھیں گے (اور سارا انکار واستکبار جس کے اب معتاد ہیں کافور ہو جاوے گا اس وقت ان سے کہا جاوے گا) اب مت چلاؤ (کہ محض غیر مفید ہے کیونکہ) ہماری طرف سے تمہاری مطلق مدد نہ ہوگی (کیونکہ یہ دار الجزاء ہے دار العمل نہیں ہے کہ چلانا اور عاجزی کرنا مفید ہو جو دار العمل تھا اس میں تو تمہارا یہ حال تھا کہ) میری آیتیں تم کو پڑھ پڑھ کر (رسول کی زبان سے) سنائی جایا کرتی تھیں تو تم الٹے پاؤں بھاگتے تھے تکبر کرتے ہوئے قرآن کا مشغلہ بناتے ہوئے (اس قرآن کی شان) میں بیہودہ بکتے ہوئے (کہ کوئی اس کو سحر کہتا تھا کوئی شعر کہتا تھا (اور مشغلہ کا یہی مطلب ہے پس تم نے دار العمل میں جیسا کیا آج دار الجزاء میں ویسا بھگتو اور یہ لوگ جو قرآن کی اور صاحب قرآن کی تکذیب کر رہے ہیں تو اس کا کیا سبب ہے) کیا ان لوگوں نے اس کلام (الہی) میں غور نہیں کیا (جس سے ان کا اعجاز ظاہر ہو جاتا اور یہ ایمان لے آتے) یا (تکذیب کی یہ وجہ ہے کہ) ان کے پاس ایسی چیز آئی ہے جو ان کے پہلے بڑوں کے پاس نہیں آئی تھی (مراد اس سے احکام الہیہ کا آنا ہے بذریعہ رسل کے مطلب یہ کہ یہ بات بھی نہیں ہوئی کہ ان رسول پر یہ وحی جدید آئی ہو بلکہ شرائع تو رسل کے ذریعہ سے ہمیشہ نازل ہوتے آئے ہیں کقولہ تعالیٰ: مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ [الأحقاف: ۹] پس تکذیب کی یہ وجہ بھی باطل ٹھہری اور یہ دو وجہ تو قرآن کے متعلق ہیں آگے صاحب قرآن کے متعلق فرماتے ہیں یعنی) یا (وجہ تکذیب کی یہ ہے کہ) یہ لوگ اپنے رسول (کی صفت دیانت وصدق وامانت) سے واقف نہ تھے اس وجہ سے ان کے منکر ہیں (یعنی یہ وجہ بھی باطل ہے کیونکہ آپ کے صدق پر سب کا اتفاق تھا) یا (یہ وجہ ہے کہ) یہ لوگ (نعوذ باللہ) آپ کی نسبت جنون کے قائل ہیں (سو آپ کا اعلیٰ درجہ کا صائب الرائے ہونا بھی ظاہر ہے سو واقع میں ان میں سے کوئی وجہ بھی معقول نہیں) بلکہ (اصلی وجہ یہ ہے کہ) یہ رسول ان کے پاس حق بات لے کر آئے ہیں اور ان میں اکثر لوگ حق بات سے نفرت رکھتے ہیں (بس یہ تمام تر وجہ ہے تکذیب کی اور عدم اتباع حق کی اور یہ لوگ اس دین حق کا اتباع تو کیا کرتے یہ تو الٹا یہ چاہتے ہیں کہ وہ دین حق ہی ان کے خیالات کے تابع کر دیا جاوے اور جو مضامین قرآن میں ان کے خلاف ہیں ان کو خارج یا ترمیم کر دیا جاوے کقولہ تعالیٰ فی سورۃ یونس: قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ [یونس: ۱۵]) اور (بفرض محال) اگر (ایسا امر واقع ہو جاتا اور) دین حق ان کے خیالات کے تابع (اور موافق) ہو جاتا تو (تمام عالم میں کفر وشرک وضلال پھیل جاتا اور اس کا اثر یہ ہوتا کہ حق تعالیٰ کا غضب تمام عالم پر متوجہ ہو جاتا اور اس کا مقتضا یہ تھا کہ) تمام آسمان اور زمین اور جو ان میں (آباد) ہیں سب تباہ (وہلاک) ہو جاتے (جیسا قیامت میں عموم ضلال سے عموم غضب اور عموم غضب سے عموم ہلاک ہوگا اور اول تو کسی امر کا حق ہونا مقتضی ہے اس کے وجوب قبول کو گو نافع بھی نہ ہو اور اس کا قبول نہ کرنا خود عیب ہے مگر ان لوگوں میں صرف یہی ایک عیب نہیں کہ حق سے کراہت ہو) بلکہ (اس سے بڑھ کر دوسرا اور بھی عیب ہے کہ اپنے لئے جو امر نافع ہے اس سے بھی اعراض کرتے ہیں کیونکہ وہ حق ان کے لئے نافع بھی ہے

www.besturdubooks.net

پس) ہم نے ان کے پاس ان کی نصیحت (اور نفع) کی بات بھیجی سو یہ لوگ اپنی نصیحت (نافعہ) سے بھی روگردانی کرتے ہیں یا) (علاوہ وجوہ مذکورہ کے ان کی تکذیب کی یہ وجہ ہے کہ ان کو یہ شبہ ہوا ہو کہ) آپ ان سے کچھ آمدنی چاہتے ہیں تو (یہ بھی غلط ہے کیونکہ جب آپ جانتے ہیں کہ) آمدنی تو آپ کے رب کی سب سے بہتر ہے اور وہ سب دینے والوں سے اچھا ہے (تو آپ کیوں مانگتے یہ وجہ خامس مخاطبین کی ایک حالت کے اعتبار سے ہے) اور (خلاصہ ان کی حالت کا یہ ہے کہ) آپ تو ان کو سیدھے رستہ کی طرف (جس کو اوپر حق کہا ہے) بلا رہے ہیں اور ان لوگوں کی جو کہ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے (اور اسی لئے خوف نہیں) یہ حالت ہے کہ اس (سیدھے) راستہ سے ہٹے جاتے ہیں (مطلب یہ کہ حق ہونا اور مستقیم ہونا اور نافع ہونا یہ سب مقتضیات ایمان کے مجتمع اور وجوہ خمسہ جو موانع ہو سکتے تھے مرتفع ہیں پھر ایمان نہ لانا اشد درجہ کی جہالت اور ضلالت ہے) اور (ان کی قساوت وعناد کی یہ حالت ہے کہ جس طرح یہ لوگ آیات شرعیہ سے متاثر نہیں ہوتے اسی طرح آیات قہریہ مصائب وبلیات سے بھی متاثر نہیں ہوتے گو مس ضر کے وقت طبعی طور پر ہم کو پکارتے بھی ہیں لیکن وہ دفع الوقتی ہوتی ہے چنانچہ) اگر ہم ان پر مہربانی فرماویں اور ان پر جو تکلیف ہے اس کو ہم دور بھی کر دیں تو وہ لوگ (پھر) اپنی گمراہی میں بھٹکتے ہوئے اصرار کرتے رہیں (اور وہ قول وقرار جو مصیبت میں تھے سب گاؤ خورد ہو جاویں کقولہ تعالیٰ: وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا [یونس: ۱۲] الخ وقولہ تعالیٰ: فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ [العنکبوت: ٦٥] الخ) اور (شاہد اس کا یہ ہے کہ بعض اوقات) ہم نے ان کو گرفتار عذاب بھی کیا ہے) سو ان لوگوں نے نہ اپنے رب کے سامنے (پورے طور سے) فروتنی کی اور نہ عاجزی اختیار کی (پس جب عین مصیبت میں اور مصیبت بھی ایسی سخت جس کو عذاب کہا جا سکے جیسے قحط جو مکہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بددعا سے ہوا تھا انہوں نے عاجزی اختیار نہیں کی تو بعد زوال ضر کے تو بدرجہ اولیٰ ان سے اس کی توقع نہیں مگر ان کی یہ ساری بے پروائی وبیباکی مصائب عادیہ تک ہے) یہاں تک کہ ہم جب ان پر سخت عذاب کا دروازہ کھول دیں گے (جو کہ فوق العادۃ ہو خواہ دنیا ہی میں کہ کوئی غیبی قہر آ پڑے کہ ممکن ہے یا بعد الموت کہ ضرور ہی واقع ہو گا) تو اس وقت بالکل حیرت زدہ رہ جاویں گے (کہ یہ کیا ہو گیا اور سب نشہ ہرن ہو جاوے گا)۔ **ف**: اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ؀ کے مفہوم میں اگر لتنذر قوما ما انذر اباء هم الخ کے مفہوم کے ساتھ ظاہراً تعارض کا شبہ ہو تو جواب یہ ہے کہ پہلی آیت میں آباء بعیدہ مراد ہیں جیسا لفظ اولین بھی اس کا قرینہ ہے اور دوسری آیت میں آبائے قریبہ۔ اور وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ؀ میں لفظ اکثر اس لئے فرمایا کہ بعض ان میں علم الٰہی میں ایمان لانے والے تھے اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ کراہت صرف بعض کو تھی گو عدم جب سب کو تھا کیونکہ بعض کے لئے ایمان سے اور موانع تھے جیسے عار یا خوف فوت مال یا جاہ ومثل ذلک اور حق سے کوئی خاص عداوت نہ تھی اور استکانت میں ظاہر کی قید اور تضرع میں دل کی قید سے دونوں میں تغائر حاصل ہو سکتا ہے اور اس میں پورے طور کی قید اس لئے لگائی کہ من وجہ تو استکانت اور تضرع کا صدور ہوتا تھا لیکن وہ ناتمام اس لئے تھا کہ اس پر کوئی معتد بہ اثر کہ قبول اسلام ہے عین اس عذاب کی حالت میں بھی مرتب نہیں ہوتا تھا صرف وعدہ ہی وعدہ ہوا کرتا تھا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: مُسْتَكْبِرِيْنَ بِهٖ یہ قریش کی شان میں ہے کہ وہ بیت اللہ کے خادم ہونے پر فخر کرتے تھے اس سے معلوم ہوا کہ فضائل اور خصوص اضافیہ پر کہ ہم فلاں بزرگ کی اولاد ہیں یا فلاں مزار کے خادم ہیں یا فلاں فلاں تبرکات کے حامل ہیں یا فلاں سلسلہ میں داخل ہیں فخر کرنا مذموم ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ الخ اس میں اہل طریق کے اس معمول کی اصل ہے کہ وہ مریدین کی خواہشوں اور فرمائشوں کا اتباع نہیں کرتے بلکہ حکمت ومصلحت کا اتباع کرتے ہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا الخ جس شخص کی اصلاح میں سعی کی جاوے اس سے مال طلب کرنے کی اس میں مذمت ہے کہ یہ اس مقصود میں مخل ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) عنوان شروع سے مراد بل هم في غمرة ہے پس تفصیل تو حتى اذا اخذنا سے شروع ہوئی ہے اور بل قلوبهم سے عنوان شروع یعنی توطیہ وتمہید ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في توضيح غمرة حال اوپر بھی الخ اشارة الى قرينة الارتباط المذكور حيث عبر عن جهلهم في السابق واللاحق بالغمرة ۱۲۔ ۲ قوله في توضيح مترفيهم غريب غرباء اشار به الى نكتة التخصيص بالمترفين مع عموم الحكم ۱۲۔

اللغات: قوله تنكصون النكوص الرجوع والاعقاب جمع عقب ورجوع الشخص على عقبه رجوعه في طريقه الاولى كما يقال رجع عوده عفى يداه وهو مستعار للاعراض ۱۲ قوله سامرا اسم جمع كالحاج قوله تهجرون من الهجر بفتحتين الهذيان او من الهجر بضم فسكون وهو الكلام القبيح ۱۲ قوله منكرون اللام للتقوية ۱۲۔

النحو: قوله حتى اذا اخذنا متعلق بعاملون كما قرر في الترجمة قوله به سامرا راجع الى القرآن الذى دل عليه قوله آياتي ۱۲ قوله حتى اذا فتحنا متعلق بما يتضرعون كما قرر في الترجمة ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَهُوَ الَّذِي أَنشَأَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ ۚ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ﴿٧٨﴾ وَهُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ
وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٧٩﴾ وَهُوَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٨٠﴾ بَلْ قَالُوا مِثْلَ
مَا قَالَ الْأَوَّلُونَ ﴿٨١﴾ قَالُوا أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿٨٢﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَآبَاؤُنَا هَٰذَا مِن
قَبْلُ إِنْ هَٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٨٣﴾ قُل لِّمَنِ الْأَرْضُ وَمَن فِيهَا إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٨٤﴾ سَيَقُولُونَ لِلَّهِ ۚ قُلْ أَفَلَا
تَذَكَّرُونَ ﴿٨٥﴾ قُلْ مَن رَّبُّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ﴿٨٦﴾ سَيَقُولُونَ لِلَّهِ ۚ قُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٨٧﴾ قُلْ مَن
بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٨٨﴾ سَيَقُولُونَ لِلَّهِ ۚ قُلْ فَأَنَّىٰ
تُسْحَرُونَ ﴿٨٩﴾ بَلْ أَتَيْنَاهُم بِالْحَقِّ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿٩٠﴾ مَا اتَّخَذَ اللَّهُ مِن وَلَدٍ وَمَا كَانَ مَعَهُ مِنْ إِلَٰهٍ ۚ إِذًا
لَّذَهَبَ كُلُّ إِلَٰهٍ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿٩١﴾ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ
فَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٩٢﴾ قُل رَّبِّ إِمَّا تُرِيَنِّي مَا يُوعَدُونَ ﴿٩٣﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِي فِي الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿٩٤﴾ ع
وَإِنَّا عَلَىٰ أَن نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقَادِرُونَ ﴿٩٥﴾ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ۚ نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَصِفُونَ ﴿٩٦﴾
وَقُل رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ ﴿٩٧﴾ وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَن يَحْضُرُونِ ﴿٩٨﴾

اور وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو۔ اور وہ ایسا ہے جس نے تم کو زمین میں پھیلا رکھا ہے اور تم سب (قیامت میں) اسی کے پاس لائے جاؤ گے اور وہ ایسا ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے اور اسی کے اختیار میں ہے رات اور دن کا گھٹنا بڑھنا سو کیا تم (اتنی بات) نہیں سمجھتے بلکہ یہ بھی ویسی ہی بات کہتے ہیں جو اگلے (کافر) لوگ کہتے چلے آئے یعنی یہ یوں کہتے ہیں کہ کیا جب ہم مر جاویں گے اور ہم مٹی اور ہڈیاں رہ جاویں گے تو کیا ہم دوبارہ زندہ کئے جاویں گے اس کا تو ہم سے اور (جیسے) پہلے ہمارے بڑوں سے وعدہ ہوتا چلا آیا ہے یہ کچھ نہیں محض بے سند باتیں ہیں جو اگلوں سے منقول ہوتی چلی آتی ہیں۔ آپ جواب میں کہہ دیجئے کہ (اچھا یہ بتلاؤ کہ) یہ زمین اور جو اس پر رہتے ہیں یہ کس کے ہیں اگر تم کو کچھ خبر ہے وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ کی ہیں (تو) ان سے کہئے کہ پھر کیوں نہیں غور کرتے (اور) آپ یہ بھی کہئے کہ (اچھا یہ بتلاؤ کہ) ان سات آسمانوں کا مالک اور عالی شان عرش کا مالک کون ہے (اس کا بھی) وہ ضرور یہی جواب دیں گے کہ یہ بھی (سب) اللہ کا ہے (اس وقت) آپ کہئے کہ پھر تم اس سے کیوں نہیں ڈرتے آپ ان سے یہ بھی کہئے کہ (اچھا) وہ کون ہے جس کے ہاتھ میں تمام چیزوں کا اختیار ہے اور وہ پناہ دیتا ہے اس کے مقابلہ میں کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا اگر تم کو کچھ خبر ہے (تب بھی جواب میں) وہ ضرور یہی کہیں گے کہ یہ سب صفتیں بھی اللہ کی ہیں آپ (اس وقت) کہئے کہ پھر تم کو کیسا خبط ہو رہا ہے بلکہ ہم نے ان کو سچی بات پہنچائی ہے اور یقیناً یہ جھوٹے ہیں۔ اللہ نے کسی کو اولاد قرار نہیں دیا اور نہ اس کے ساتھ کوئی اور خدا ہے اگر ایسا ہوتا تو ہر خدا اپنی مخلوق کو (تقسیم کر کے) جدا کر لیتا اور ایک دوسرے پر چڑھائی کرتا اللہ تعالیٰ ان (مکروہ) باتوں سے پاک ہے جو یہ لوگ اس کی (نسبت بیان کرتے ہیں جاننے والا ہے سب پوشیدہ اور آشکارا کا غرض ان لوگوں کے شرک سے وہ بالاتر ہے۔ آپ حق تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ اے میرے رب جس عذاب کا ان کافروں سے وعدہ کیا جا رہا ہے اگر آپ مجھ کو دکھا دیں تو اے میرے رب مجھ کو ظالم لوگوں میں شامل نہ کیجئے اور ہم اس بات پر کہ جو ان سے وعدہ کر رہے ہیں آپ کو دکھا دیں قادر ہیں آپ ان کی بدی کا دفعیہ ایسے برتاؤ سے کر دیا کیجئے جو بہت ہی اچھا (اور نرم) ہو ہم خوب جانتے ہیں جو جو کچھ یہ (آپ کی نسبت) کہا کرتے ہیں اور یوں دعا کیجئے کہ اے میرے رب میں پناہ مانگتا ہوں شیطان کے وسوسوں سے اور اے میرے رب آپ کی پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ شیطان میرے پاس بھی آویں۔

تفسیر: ربط: اوپر کی آیتوں میں کفار کے احوال واقوال مذمومہ کے ساتھ ان کے معذب فی الآخرۃ ہونے کا بھی بیان تھا چونکہ یہ تعذیب مبنی ہے بعث پر اور وہ لوگ اس کے منکر تھے اس لئے آگے حشر اور بعث کا اثبات اور ان کے انکار کا جواب ہے اور اثبات بعث مبنی ہے اثبات کمال قدرت پر اس لئے بعض آیات میں تصرفات قدرت کا بھی بیان ہے اور دونوں مضمون بوجہ تناسق وتلاصق کے مخلوط طور پر مذکور ہیں نیز بہت اوپر یعنی لقد خلقنا الانسان سے علی الفلك

www.besturdubooks.net

تحملون میں صفات کمال کے بیان سے توحید پر استدلال تھا پس ان بعض آیات کا جن میں تصرفات قدرت کا بیان ہے ان آیات سے بھی ارتباط ظاہر ہے۔
استدلال بر عظمت قدرت وصحت بعث ☆ وَهُوَ الَّذِيٓ اَنۡشَاَ لَكُمُ السَّمۡعَ وَالۡاَبۡصَارَ وَالۡاَفۡـِٕدَةَ ؕ (الی قولہ تعالی) فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ۝ اور وہ (اللہ) ایسا (قادر اور منعم) ہے جس نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنائے (کہ آرام بھی برتو اور دین کا بھی ادراک کرو لیکن) تم لوگ بہت ہی کم شکر کرتے ہو (کیونکہ اصلی شکر یہ تھا کہ اس منعم کے پسندیدہ دین کو قبول کرتے اور اس کی قدرت علی البعث کا انکار نہ کرتے) اور وہ ایسا ہے جس نے تم کو زمین میں پھیلا رکھا ہے اور تم سب (قیامت میں) اسی کے پاس لائے جاؤ گے (اس وقت اس کفران نعمت کی حقیقت معلوم ہوگی) اور وہ ایسا ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے اور اسی کے اختیار میں ہے رات اور دن کا گھٹنا اور بڑھنا سو کیا تم (اتنی بات) نہیں سمجھتے (کہ یہ دلائل قدرت توحید اور صحت بعث دونوں پر دال ہیں مگر پھر بھی مانتے نہیں) بلکہ یہ بھی ویسی ہی بات کہتے ہیں جو اگلے (کافر) لوگ کہتے چلے آئے ہیں (یعنی) یوں کہتے ہیں کہ کیا ہم جب مرجاویں گے اور ہم مٹی اور ہڈیاں رہ جاویں گے تو کیا ہم دوبارہ زندہ کئے جاویں گے اس کا تو ہم سے اور (ہم سے) پہلے ہمارے بڑوں سے وعدہ ہوتا چلا آیا ہے۔ یہ کچھ بھی نہیں محض بے سند باتیں ہیں جو اگلوں سے منقول ہوتی چلی آتی ہیں (چونکہ اس قول سے انکار قدرت لازم آتا ہے اور اس سے مثل انکار بعث کے انکار توحید کا بھی ہوتا ہے اس لئے اس قول کے جواب میں اثبات قدرت کے ساتھ اثبات توحید کا بھی ارشاد ہے یعنی آپ (جواب میں) یہ کہہ دیجئے کہ (اچھا یہ بتلاؤ کہ) یہ زمین اور جو اس پر رہتے ہیں یہ کس کے ہیں اگر تم کو کچھ خبر ہے وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ کے ہیں (تو) ان سے کہئے کہ پھر کیوں نہیں غور کرتے (کہ قدرت علی البعث اور توحید دونوں کا تم کو ثبوت ہو جاوے اور) آپ یہ بھی کہئے کہ (اچھا یہ بتاؤ کہ) ان سات آسمانوں کا مالک اور عالیشان عرش کا مالک کون ہے (اس کا بھی) وہ ضرور یہی جواب دیں گے کہ یہ بھی (سب) اللہ کا ہے آپ (اس وقت) کہئے کہ پھر تم (اس سے) کیوں نہیں ڈرتے (کہ اس کی قدرت اور آیات بعث کا انکار کرتے ہو اور) آپ (ان سے) یہ بھی کہئے کہ (اچھا) وہ کون ہے جس کے ہاتھ میں تمام چیزوں کا اختیار ہے اور وہ (جس کو چاہتا ہے) پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابلہ میں کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا اگر تم کو کچھ خبر ہے (تب بھی جواب میں) وہ ضرور یہی کہیں گے کہ یہ سب صفتیں بھی اللہ ہی کی ہیں آپ (اس وقت) کہئے کہ پھر تم کو کیسا خبط ہو رہا ہے (کہ ان سب مقدمات کو جانتے ہو اور نتیجہ کو کہ توحید و بعث کا اعتقاد ہے نہیں مانتے یہ تو استدلال تھا مقصود پر ان کے جواب میں آگے ان کے مقدمہ دلیل یعنی اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِيۡرُ الخ کا ابطال ہے یعنی یہ جو ان کو بتلایا جارہا ہے کہ بعث ہوگا یہ اَسَاطِيۡرُ الۡاَوَّلِيۡنَ ۝ نہیں ہے) بلکہ ہم نے ان کو سچی بات پہنچائی ہے اور یقیناً یہ (خود ہی) جھوٹے ہیں (یہاں تک مکالمہ ختم ہو چکا اور توحید و بعث دونوں ثابت ہو گئے مگر ان دونوں مسئلوں میں چونکہ مسئلہ توحید زیادہ مہتم بالشان اور حقیقت میں مسئلہ بعث کا بھی مبنی اور محل کلام بھی زیادہ تھا اس لئے تتمہ تقریر میں اس کو مستقلاً ارشاد فرماتے ہیں کہ) اللہ تعالیٰ نے کسی کو اولاد نہیں قرار دیا (جیسا مشرکین ملائکہ کی نسبت کہتے تھے) اور نہ اس کے ساتھ کوئی اور خدا ہے اگر ایسا ہوتا تو ہر خدا اپنی مخلوق کو (تقسیم کرکے) جدا کر لیتا اور (پھر مثل عادت رؤسائے دنیا کے دوسرے کی مخلوقات چھیننے کے لئے) ایک دوسرے پر چڑھائی کرتا پھر مخلوق کی تباہی کا تو کیا انتہاء ہے لیکن نظام عالم بدستور قائم ہے اس سے ثابت ہوا کہ) اللہ تعالیٰ ان (مکرزہ) باتوں سے پاک ہے جو یہ لوگ (اس کی نسبت) بیان کرتے ہیں جاننے والا ہے سب پوشیدہ اور آشکارا کا غرض ان لوگوں کے شرک سے وہ بالاتر (اور منزہ) ہے۔ ف: قَلِيۡلًا مَّا تَشۡكُرُوۡنَ [الأعراف: ۱۰] میں یا تو قلت سے مراد نفی ہے اور یا یہ کہ خدا کو فاعل و خالق ماننے والا طبعاً شکر ادا کرتا ہے لیکن فرد اعظم یعنی ایمان منتفی تھی اس لئے وہ شکر قلیل قرار دیا گیا اور آباءنا میں یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ ان کے آباء کے پاس نذیر نہیں آیا تھا لقولہ تعالیٰ: مَّاۤ اُنۡذِرَ اٰبَآؤُهُمۡ [یس: ٦] اس کا جواب آباء کی تقسیم قریب و بعید کی طرف کرکے دیا جاوے جیسا اوپر کے فائدہ میں گذرا یا یہ کہا جاوے کہ انبیائے سابقین کے ایسے اقوال مشہور تھے دوسرے ناقلین کے ذریعہ سے آباء تک پہنچ گئے اور اِذًا لَّذَهَبَ الخ میں جو استلزام ہے اس کا وہی حاصل ہے جو آیت: لَوۡ كَانَ فِيۡهِمَاۤ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا [الأنبياء: ٢٢] کا ہے اس کی تحقیق اسی آیت کے ذیل میں مع بعض دیگر فوائد ضروریہ گزر چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِدۡفَعۡ بِالَّتِيۡ الخ بے ادبیوں کی طرف التفات نہ کرنا یہ معاملہ عوام واجانب کے ساتھ ہے اور خواص و متعلقین کے ساتھ کہ ان کی تادیب کی جاوے سورۂ حجرات میں مذکور ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَقُلۡ رَّبِّ اَعُوۡذُ بِكَ الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ منتہین کو بھی وساوس آتے ہیں تو مبتدی ان کے قطع ہونے کی توقع کیسے کر سکتا ہے۔

اختلاف القراءۃ: قوله سيقولون لله في الموضع الثاني والثالث قرء يعقوب وابو عمر وبغير اللام وكلا الامرين جائز فلو قيل من صاحب هذه الدار فقيل زيد كان جواباً عن لفظ السوال ولو قيل لزيد لكان جواباً على المعنى لان معناه لمن هذه الدار وكلا الامرين وارد في كلامهم كذا في الروح ۱۲۔

اللغات: قوله ذرأ خلق وكثر كذا في القاموس قوله انى تسحرون في الروح كيف تخدعون و تصرفون عن الرشد مع علمكم فان

www.besturdubooks.net

من لا يكون مسحورا مختل العقل لا يكون كذلك ۱۲۔

النَّحْوُ: قوله في الموضعين الاخيرين خبر لمبتدأ محذوف وهو السموات والعرش في الاول وملكوت كل شئ والوصف بانه الذي يجير ولا يجار عليه في الثاني ۱۲۔

البَلَاغَة: في الروح وهذه الآيات الثلث اعني قل لمن الى تسحرون على ما قرر في الكشف تقرير للسابق وتمهيد للاحق وقد روعي في السوال فيها قضية الترقي فسئل عمن له الارض ومن فيها وقيل من تغليبا للعقلاء ولانه يلزم ان يكون له غيرهم من طريق الاولى ثم سئل عمن له السمٰوٰت والعرش العظيم والارض بالنسبة اليه كلا شئ ثم سئل عمن بيده ملكوت كل شئ فاتى باعم العام وكلمة الاحاطة واوثر الملكوت وهو الملك الواسع وقيل بيده تصويرا وتخييلا وكذلك روعي هذه النكتة في الفواصل فعبروا (بالموحدة من العبرة او بالتحتانية من العار) اولا بعدم التذكر فان ايسر النظر يكفي في الخلال عقدهم ثم بعدم الاتقاء وفيه وعيد ثم بالتعجب من خدع عقولهم فيختل الباطل حقا والحق باطلا واني لها التذكر والخوف ۱۲۔

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾ لَعَلِّيْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ۭ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَاۗىِٕلُهَا ۭ
وَمِنْ وَّرَاۗىِٕهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَىِٕذٍ وَّلَا يَتَسَاۗءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنْ
ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِيْ
جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا
تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَاۗلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾
قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ
خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنِّىْ جَزَيْتُهُمُ
الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا ۙ اَنَّهُمْ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا لَبِثْنَا
يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔـلِ الْعَاۗدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾
اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾

یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی (کے سر) پر موت آ (کھڑی ہوتی) ہے اس وقت کہتا ہے کہ اے میرے رب مجھ کو (دنیا میں) پھر واپس بھیج دیجئے تا کہ جس (دنیا) کو میں چھوڑ آیا ہوں اس میں پھر جا کر نیک کام کروں ہرگز (ایسا) نہیں ہوگا یہ (اس کی) ایک بات ہی بات ہے جس کو یہ کہے جا رہا ہے اور ان لوگوں کے آگے ایک (چیز) آڑ کی آنے والی ہے (مراد اس سے موت ہے) قیامت کے دن تک۔ پھر جب (قیامت میں) صور پھونکا جائے گا تو ان میں (جو) باہمی رشتے ناتے (تھے) اس روز نہ رہیں گے اور نہ کوئی کسی کو پوچھے گا سو جس شخص کا پلہ (ایمان کا) بھاری ہوگا تو ایسے لوگ کامیاب (یعنی ناجی) ہوں گے اور جس کا پلہ ہلکا ہوگا (یعنی وہ کافر ہوگا) سو یہ وہ لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنا نقصان کرلیا اور جہنم میں ہمیشہ کے لئے رہیں گے ان کے چہروں کو (اس جہنم کی) آگ جھلستی ہوگی اور اس (جہنم) میں ان کے منہ بگڑے ہوں گے۔ کیوں کیا تم کو میری آیتیں (دنیا میں) پڑھ کر سنائی نہیں جایا کرتی تھیں اور تم ان کو جھٹلایا کرتے تھے (یہ اس کی سزا مل رہی ہے) وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب (واقعی) ہماری بدبختی نے ہم کو گھیر لیا تھا اور بے شک ہم گمراہ لوگ تھے اے ہمارے رب ہم کو اس (جہنم) سے (اب) نکال دیجئے پھر اگر ہم دوبارہ (ایسا) کریں تو ہم بے شک پورے قصوروار ہیں۔ ارشاد ہوگا کہ اسی (جہنم) میں راندے ہوئے پڑے رہو اور مجھ سے بات مت کرو میرے بندوں میں ایک گروہ تھا جو (ہم سے) عرض کیا کرتا تھا کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے سو ہم کو بخش دیجئے اور ہم پر رحمت فرمائیے اور آپ سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر ہیں سو تم نے ان کا مذاق مقرر کیا تھا (اور) یہاں

www.besturdubooks.net

تک (اس کا مشغلہ کیا) کہ مشغلہ نے تم کو ہماری یاد بھی بھلادی اور تم ان سے ہنسی کیا کرتے تھے میں نے ان کو آج ان کے صبر کا یہ بدلہ دیا ہے کہ وہی کامیاب ہوئے۔ ارشاد ہوگا (کہ اچھا یہ بتلاؤ) تم برسوں کے شمار سے کس قدر مدت زمین پر رہے ہوگے وہ جواب دیں گے کہ ایک دن یا ایک سے بھی کم رہے ہوں گے (اور) سچ یہ ہے کہ ہم کو یاد نہیں سو گننے والوں سے پوچھ لیجئے ارشاد ہوگا کہ تم (دنیا میں) تھوڑی ہی مدت رہے (لیکن) کیا خوب ہوتا کہ تم (یہ بات دنیا میں) سمجھتے ہوتے ہاں تو کیا تم نے یہ خیال کیا تھا کہ ہم نے تم کو یوں ہی مہمل (خالی از حکمت) پیدا کر دیا ہے اور یہ خیال کیا تھا کہ تم ہمارے پاس نہیں لائے جاؤ گے۔

تفسیر ربط: اوپر آیت: حَتّٰۤى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ الخ میں کفار کے عناد وطغیان پر وعید عذاب شدید کی فرمائی تھی آگے ایک خاص اور بلیغ عنوان سے کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک دعائے مناسب وقت کی تعلیم اور اظہار قدرت رب عظیم ہے اس عذاب کی غایت فظاعت بیان فرماتے ہیں جو متضمن ہے ان کے رد استعجال واستہزاء کو بھی اور اس عذاب کے وقوع تک آپ کو ان کفار کے ساتھ مجاملت فی المعاملت کا امر فرماتے ہیں۔

تہویل عذاب وبیل وامر بصبر جمیل: قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ﴿﴾ (الی قولہ تعالی) وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿﴾ آپ (حق تعالی سے) دعا کیجئے کہ اے میرے رب جس عذاب کا ان کافروں سے وعدہ کیا جا رہا ہے (جیسا اوپر اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ سے بھی معلوم ہوا) اگر آپ مجھ کو دکھادیں (مثلاً یہ کہ وہ عذاب ان پر میری زندگی میں اس طور پر آوے کہ میں بھی دیکھوں کیونکہ اس عذاب موعود کا کوئی وقت خاص نہیں بتلایا گیا ہے چنانچہ آیت مذکورہ بھی مبہم ہے جس میں یہ احتمال مذکور بھی ہے غرض اگر ایسا ہو) تو اے میرے رب مجھ کو ان ظالم لوگوں میں شامل نہ کیجئے اور ہم اس بات پر کہ جو ان سے وعدہ کر رہے ہیں آپ کو بھی دکھلا دیں قادر ہیں (باقی جب تک ان پر عذاب نہ آوے) آپ (ان کے ساتھ یہ معاملہ رکھئے کہ) ان کی بدی کا دفعیہ ایسے برتاؤ سے کر دیا کیجئے جو بہت ہی اچھا (اور نرم) ہو (اور اپنی ذات کے لئے بدلہ نہ لیجئے بلکہ ہمارے حوالہ کر دیا کیجئے) ہم خوب جانتے ہیں جو جو کچھ یہ (آپ کی نسبت) کہا کرتے ہیں اور (اگر آپ کو بمقتضائے بشریت غیظ آجایا کرے تو) آپ یوں دعا کیا کیجئے کہ اے میرے رب میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں شیطانوں کے وسوسوں سے (جو مفضی ہو جاویں کسی ایسے امر کی طرف جو خلاف مصلحت ہو گو خلاف شریعت نہ ہو) اور اے میرے رب میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ شیطان میرے پاس بھی آویں (اور وسوسہ ڈالنا تو درکنار پس اس سے وہ غیظ جاتا رہے گا)۔ ف: دعائے اول اس وجہ سے نہیں کہ نعوذ باللہ ایسا امر محتمل ہو بلکہ اظہار ہے تہویل عذاب کا کہ جو محل اور اس کا محتمل بھی نہیں ہے جب وہاں امر ہے استعاذہ کا تو جو مستحق ہیں ان کو تو بہت ہی ڈرنا چاہئے اور صحت سوال موقوف نہیں احتمال وقوع پر بلکہ مقدوریت بھی کافی ہے پس مقدوریت مصحح ہے اور قصد تفظیع مرجح ہے اور مطلوبیت استمرار کی توجیہ بھی ہو سکتی ہے دوسری تہویل اگلی آیت سے ہوئی) وَاِنَّا عَلٰۤى اَنْ نُّرِيَكَ الخ جس میں تصریح ہوگئی ان کے استبعاد واستہزاء کی ابطال کی بھی اور آیت سابقہ میں چونکہ قضیہ بشکل شرطیہ کے تھا جو مستلزم نہیں ہوتا صحت وقوع مقدم کو اس آیت لاحقہ میں جو بشکل حملیہ ہے تصریح ہوگئی صحت وقوع مقدم کی بھی پس بلاغۃ علی البلاغۃ ہوگئی اور آیت اِدْفَعْ الخ جہاد کی معارض نہیں کیونکہ جہاد حقوق دین کے لئے ہوتا ہے اور یہ آیت حقوق نفس کے باب میں ہے اور آیت: وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ الخ کے مماثل مضمون سورۂ اعراف کے اخیر میں آیت: وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ [حٰم السجدۃ: ۳۶] الخ آچکی ہے اس کے ذیل میں اس کے متعلق ایک ضروری فائدہ مرقوم ہو چکا ہے ملاحظہ فرما لیا جاوے اور اس کا خلاصہ اشارۃً خود یہاں بھی مذکور ہے اس قول میں جو مفضی ہو جاویں الخ۔

ربط: اوپر آیت: وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿﴾ اور جواب ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿﴾ میں صراحۃً اور جمیع آیات مشعرہ استحقاق عذاب میں دلالۃً معاد کا اثبات ہے آگے اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ تک جو کہ قریب ختم سورت کے ہے بطور تفصیل وتتمیم کے اسی کا اور اس کے وقت واحوال وواقعات کا ذکر ہے۔

ذکر معاد واحوال واہوال او ☆ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿﴾ (الی قولہ تعالی) وَاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿﴾ (یہ کفار اپنے کفر وانکار معاد سے باز نہیں آتے) یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی (کے سر) پر موت آ (کھڑی ہو) تی ہے (اور آخرت کا معائنہ ہونے لگتا ہے) اس وقت (آنکھیں کھلتی ہیں اور اپنے جہل وکفر پر نادم ومتحسر ہو کر) کہتا ہے کہ اے میرے رب (مجھ سے موت کو ٹال دیجئے اور) مجھ کو (دنیا میں) میں واپس بھیج دیجئے تاکہ جس (دنیا) کو میں چھوڑ آیا ہوں اس میں (پھر جا کر) نیک کام کروں (یعنی تصدیق وانقیاد حق تعالی اس درخواست کو رد فرماتے ہیں کہ) ہرگز (ایسا نہیں (ہوگا) یہ (اس کی) ایک بات ہی بات ہے جس کو یہ کہے جا رہا ہے (اور پوری ہونے والی نہیں) اور (وجہ اس کی یہ ہے کہ) ان لوگوں کے آگے ایک (چیز) آڑ کی آنے والی ہے (کہ وہ ضروری الوقوع ہے اور وہی دنیا سے واپس آنے سے مانع ہے مراد اس سے موت ہے کہ اس کا وقوع بھی وقت مقدر پر ضروری وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا [المنفقون: ۱۱] اور اس کا مانع عن الرجوع ہونا) قیامت کے دن تک (یعنی ہمیشہ کے لئے ہے یہ مصیبت تو ان کو مرنے کے وقت پیش آئی) پھر جب (قیامت کا روز ہوگا اور) صور پھونکا جاوے گا تو (ایسی ہول وہیبت میں گرفتار ہوں گے کہ) ان میں (جو) باہمی رشتے ناتے (تھے) اس روز (وہ بھی گویا) نہ رہیں گے (یعنی کوئی کسی کی ہمدردی نہ کرے گا جیسے اجنبی ہوتے ہیں) اور نہ کوئی کسی کو پوچھے گا (کہ بھائی تم کس اجنبی

www.besturdubooks.net

حالت میں ہو غرض نہ رشتہ ناتا کام آوے گا نہ دوستی اور تعارف بس وہاں کام کی چیز ایک ایمان ہوگا جس کی عام شناخت کے لئے کہ سب پر ظاہر ہو جاوے ایک ترازو کھڑی کی جاوے گی اور اس سے اعمال وعقائد کا وزن ہوگا) سو جس شخص کا پلہ (ایمان کا) بھاری ہوگا (یعنی وہ مؤمن ہوگا) تو ایسے لوگ کامیاب (یعنی ناجی) ہوں گے (اور یہ عقوبات مذکورہ تمنی رجعت للایمان اور نفی نفع انساب وتسائل ان کے لئے نہ ہوں گے لقولہ تعالیٰ: لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ [الأنبیاء: ۱۰۳] الایة) اور جس شخص کا پلہ (ایمان کا) ہلکا (یعنی وہ کافر ہوگا) سو یہ وہ لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنا نقصان کرلیا اور جہنم میں ہمیشہ کے لئے رہیں گے ان کے چہروں کو (اس جہنم کی) آگ جھلستی ہوگی اور اس (جہنم) میں ان کے منہ بگڑے ہوں گے (اور ان سے حق تعالیٰ بواسطہ یا بلاواسطہ ارشاد فرماویں گے کہ) کیوں کیا میری آیتیں (دنیا میں) تم کو پڑھ کر سنائی نہیں جایا کرتی تھیں اور تم ان کو جھٹلایا کرتے تھے (یہ اس کی سزا مل رہی ہے) وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب (واقعی ہماری بدبختی نے ہم کو ہمارے ہاتھوں گھیر لیا تھا اور (بیشک) ہم گمراہ لوگ تھے (یعنی ہم جرم کا اقرار اور اُس پر ندامت ومعذرت کا اظہار کر کے درخواست کرتے ہیں کہ) اے ہمارے رب ہم کو اس (جہنم) سے (اب) نکال دیجئے (اور دوبارہ دنیا میں بھیج دیجئے لقولہ تعالیٰ فی الم سجدۃ۔ فارجعنا نعمل صالحا) پھر اگر ہم دوبارہ (ایسا) کریں تو ہم بیشک پورے قصوروار ہیں۔ (اس وقت ہم کو خوب سزا دیجئے اور اب چھوڑ دیجئے) ارشاد ہوگا کہ اسی (جہنم) میں راندے ہوئے پڑے رہو اور مجھ سے بات مت کرو (یعنی ہم نہیں منظور کرتے کیا تم کو یاد نہیں رہا کہ) میرے بندوں میں ایک گروہ (ایمان داروں کا) تھا جو (بیچارے ہم سے) عرض کیا کرتے تھے کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لے آئے سو ہم کو بخش دیجئے اور ہم پر رحمت فرمایئے اور آپ سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والے ہیں سب تم نے (محض اس بات پر جو ہر طرح قابل قدر تھی) ان کا مذاق مقرر کیا تھا (اور) یہاں تک (اس کا مشغلہ کیا) کہ ان سے مشغلہ نے تم کو ہماری یاد بھی بھلا دی اور تم ان سے ہنسی کیا کرتے تھے (سو ان کا تو کچھ نہ بگڑا چند روزہ کلفت تھی کہ صبر کرنا پڑا جس کا یہ نتیجہ ملا کہ) میں نے ان کو آج ان کے صبر کا یہ بدلہ دیا کہ وہی کامیاب ہوئے (اور تم اس ناکامی میں گرفتار ہوئے مطلب جواب کا یہ ہوا کہ تمہارا قصور اس قابل نہیں کہ سزا کے وقت اقرار کرنے سے معاف کردیا جاوے کیونکہ تم نے ایسا معاملہ کیا جس سے ہمارے حقوق کا بھی اتلاف ہوا اور حقوق العباد کا بھی اور عباد بھی کیسے ہمارے مقبول اور محبوب جو ہم سے خصوصیت خاصہ رکھتے تھے کیونکہ ان کو تحریہ بنانے میں ان کی ایذاء کہ اضاعۃ حق العبد ہے اور تکذیب حق جو منشاء تحریہ کا ہے کہ اضاعۃ حق اللہ ہے دونوں لازم آئے پس اس کی سزا کے لئے دوام اور تمام مناسب ہے اور مؤمنین کو جزائے فوز دینا منجملہ تمام سزا ہے کفار کے لئے کیونکہ اعداء کی کامیابی سے بڑھ حانی تازمی ہوتی ہے یہ تو جواب ہو گیا ان کی درخواستوں کا آگے تنبیہ ہے ان کے بطلان اعتقاد ومشرب پر تاکہ ذلت پر ذلت وحسرت پر حسرت ہونے سے اور عقوبت میں شدت ہو اس لئے) ارشاد ہوگا کہ (اچھا یہ بتلاؤ) تم برسوں کے شمار سے کس قدر مدت زمین میں رہے ہوگے (چونکہ وہاں کے ہول وہیبت سے ان کی ہوش و حواس گم ہو چکے ہوں گے اور اس دن کا طول بھی پیش نظر ہوگا) وہ جواب دیں گے کہ (برس کیسے بہت رہے ہوں گے تو) ایک دن یا ایک دن سے بھی کم ہم رہے ہوں گے (اور سچ یہ ہے کہ ہم کو یاد نہیں) سو گنتی والوں سے (یعنی فرشتوں سے کہ اعمال واعمار سب کا حساب کرتے تھے) پوچھ لیجئے ارشاد ہوگا کہ (یوم اور بعض یوم تو غلط ہے مگر اتنا تو تمہارے اقرار سے جو کہ صحیح بھی ہے ثابت ہو گیا کہ) تم (دنیا میں) تھوڑی ہی مدت رہے (لیکن) کیا خوب ہوتا کہ تم (یہ بات اس وقت سمجھتے ہوتے (کہ دنیا کی بقاء ناقابل اعتبار ہے اور اس کے سوا اور کوئی دار القرار ہے مگر وہاں تو بقاء کو دنیا ہی میں منحصر سمجھا اور اس عالم کی نفی کرتے رہے کقولہ تعالیٰ: وَقَالُوا إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ [الأنعام: ۲۹] اور اب جو غلطی ظاہر ہوئی اور صحیح سمجھے تو بیکار اور غلطی اعتقاد پر تنبیہ کے بعد آگے پھر اس اعتقاد پر زجر ہے جو بطور خلاصہ مضمون فرد قرارداد جرم کے ہے کہ) ہاں تو کیا تم نے یہ خیال کیا تھا کہ ہم نے تم کو یوں ہی مہمل (خالی از حکمت) پیدا کر دیا ہے اور یہ (خیال کیا تھا) کہ تم ہمارے پاس نہیں لائے جاؤ گے (مطلب یہ کہ جب ہم نے آیات میں جن کا صدق دلائل صحیحہ سے ثابت ہے بعث و مجازات کی خبر دی تھی تو معلوم ہو گیا کہ مکلفین کی تخلیق کی حکمتوں میں سے ایک حکمت یہ بھی ہے کہ اس کا منکر ہونا کتنا بڑا امر منکر تھا)۔

فائدہ اول: وقت حضور موت کے چونکہ عالم آخرت منکشف ہوتا ہے پس اس تلبس وتعلق کی وجہ سے اس شخص کو من وجہ منتقل الی الآخرت سمجھا جاوے گا اس لئے تاخیر موت کو ارجعون سے تعبیر کیا ورنہ ظاہراً رجعت کا اطلاق بعد الموت ہونا چاہئے۔

فائدہ دوم: إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ سے تحدید غایت کی مقصود نہیں بلکہ مقصود اقناط کلی ہے جیسا ترجمہ سے ظاہر ہے کذا فی الخازن کیونکہ یوم البعث کا زندہ ہونا رجوع الی الدنیا نہیں ہے بلکہ وہ آخرت ہی ہے گو ظاہراً رجوع الی مکان الدنیا ہوگا اور اس اعتبار سے تحدید غایت کی توجیہ بھی ہو سکتی ہے پس منفی حقیقت رجوع الی الدنیا ہے جس کا حاصل رجوع للعمل ہے اور مثبت صورت رجوع ہے جس کا حاصل رجوع للحساب ہے اور یہی دونوں احتمال حَتَّىٰ إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوجُ [الأنبیاء: ۹۶] الخ واقعہ سورۂ انبیاء میں بھی ہیں۔

فائدہ سوم: اس سے تناسخ کا بطلان ہو گیا۔

www.besturdubooks.net

فائدہ چہارم: انساب کی نفی سے مراد نفی نافعیت کی ہے نہ مطلق انساب کی اور اسی طرح تسائل سے مراد تسائل نافع ہے نہ مطلق تسائل لقولہ تعالیٰ: وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ [الصافات: ۲۷]۔

فائدہ پنجم: اور یہ سب انساب و تسائل کی نفی کفار کے ساتھ مخصوص ہے لقرینۃ المقام ولقولہ تعالیٰ: اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ [الزخرف: ٦٧] مگر اہل ایمان کے لئے نسب کا نفع ہونا بایں معنی نہیں کہ شرافت اصطلاحیہ نافع نہ ہوگی بلکہ شریف شرعی یعنی مؤمن مقبول عند اللہ سے نسبت ولدیت نافع ہوگی گو اصطلاحاً وہ شخص کم قوم ہو لقولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ [الطور: ۲۱] الخ اور فَمَنْ ثَقُلَتْ [الأعراف: ۸] الخ میں جو تفصیل ہے اس سے شبہ نہ کیا جاوے کہ آیت بالا مؤمن و کافر سب کے حق میں عام ہے کیونکہ یہ ماسبق کی تفصیل نہیں بلکہ مجموعہ خلائق کی تفصیل سے ماسبق پر استدلال ہے یعنی نفی انساب و تسائل کی وجہ عدم ایمان ہے کیونکہ وہاں نافعیت کے لئے ایمان شرط ہے جس کا حال اس تفصیل سے معلوم ہوگا الخ۔

فائدہ ششم: اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ کی توضیح میں رجعت میں للایمان کی قید اس لئے لگائی کہ فروع اعمال کے لئے رجعت کی تمنا بعض مذنبین سے بھی ہوگی لقولہ تعالیٰ: وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ [المنافقون: ۱۰] الخ اور ترقی مراتب کی طمع سے رجعت کی تمنا بعض مقبولین سے بھی ہوتی ہے جیسا حدیث میں شہداء کی تمنا مذکور ہے۔

فائدہ ہفتم: آیت: فَمَنْ ثَقُلَتْ [الأعراف: ۸] الخ کی نظیر سورۂ اعراف کے اول رکوع کے اخیر میں بھی ایک آیت گزر چکی ہے وہاں اس کے ذیل میں اس کے متعلق بعض ضروری مضامین قابل ملاحظہ مذکور ہیں۔

فائدہ ہشتم: تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ میں وجہ کی تخصیص بوجہ اس کے نازک اور اشرف ہونے کے ہے جس سے شدت عقوبت و ایلام اور دوسرے اعضاء کے لئے عذاب عام ہونے پر دلالت ہوگی۔

فائدہ نہم: كٰلِحُوْنَ﴿﴾ کی تفسیر حدیث مرفوع میں آئی ہے کہ اوپر کا ہونٹ سکڑ کر وسط سر تک جا پہنچے گا اور نیچے کا ہونٹ نکل کر ناف پر آ پڑے گا رواہ الترمذی اور اس ہیئت کے لئے دانتوں کا کھل جانا عادۃً لازم ہے دبہ فسر فی الروح۔

فائدہ دہم: اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ الخ کے شروع میں راقم نے کلام میں بواسطہ یا بلاواسطہ کی تعمیم کی ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ دوسری آیت میں: لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ [البقرة: ۱۷٤] ہے پس وجہ جمع دو ہیں یا تو بواسطہ کلام ہو اور یا اگر بلاواسطہ ہو تو لا یکلم کو محمول کیا جاوے کلام علی وجہ الاکرام پر۔

فائدہ یازدہم: رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا میں اپنے ہاتھوں کی قید اس لئے ظاہر کی گئی کہ شقاوت کا اثر عقوبت ہے کہ انسان کے اکتساب کے ساتھ وابستہ ہے اور مسئلہ اختیار پر دلائل نقلیہ و عقلیہ بکثرت قائم ہیں۔

فائدہ دوازدہم: كُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ﴿﴾ میں اقرار اس غرض سے کیا گیا کہ بعض اوقات اعتراف پر عفو متوجہ ہو جاتا ہے۔

فائدہ سیزدہم: اگر شبہ ہو کہ آخرت میں تو حقائق منکشف ہوں گے اور ان میں سے امتناع رجعت ہے پھر اس کی تمنا کیسے ہوگی جواب یہ ہے کہ یا تو یہ تمنا طبعی ہے اور یا یوں کہا جاوے کہ اس جواب ہی سے یہ حقیقت منکشف ہوئی اور یا کہا جاوے کہ جو حقائق شرعاً مقصود بالذات ہیں ان کا انکشاف ضروری ہے مثل حقیقت توحید و رسالت و معاد و جنان و نیران نہ وہ حقائق جو شرع میں[۱] مقصود بالغیر ہیں مثل عدم وقوع رجعت گو وجوب تصدیق میں سب متماثل و متساوی ہیں۔

فائدہ چہاردہم: اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ کی جو تقریر کی گئی ہے اس سے یہ شبہ جاتا رہا کہ اگر خدا تعالیٰ جزا و سزا کچھ مرتب نہ فرماتا تو کیا نقص عبث لازم آتا اگر یہ ہے تو مجازات کا وجوب عقلی لازم آتا ہے جو کہ اہل حق کے نزدیک منتفی ہے کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو وہ بھی حسن اور غیر عبث ہوتا کیونکہ حکمت اسی میں منحصر نہیں۔

فائدہ پانزدہم: انه كان فريق او سر بما صبروا۔ سزا و جزاء کی تمام علت نہیں ہے بلکہ احد الاجزاء ہے۔

فائدہ شانزدہم: سورۂ طٰہٰ آیت: ان لبثتم الا عشرا۔ میں بھی لبث کی بحث ہے اس کو لبث فی القبر پر محمول کیا گیا ہے اور یہاں اس تفسیر کی اور ہاں اُس تفسیر کی بھی گنجائش ہے اور تقریر قدرے بدل جاوے گی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ الخ چونکہ یہ کفار کے حق میں ہے اور وعید میں مفہوم مخالف معتبر ہے اس سے معلوم ہوا کہ اہل ایمان کو نسبت الی المقبولین خواہ صوری ہو یا معنوی نافع ہوگی اور بزرگوں نے سلسلہ برکات میں اس کی تصریح کی ہے۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ چونکہ یہ ماقبل کی علت ہے اس سے معلوم ہوا کہ اولیاء اللہ کی بڑی شان ہے اور ان سے عداوت کا انجام نار ہے قولہ تعالیٰ: اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا الخ اس

www.besturdubooks.net

میں استقدوا باحت کا صریحا رد ہے کہ نفی تکلیف سے عبثیت صاف لازم ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) تقریر سے مراد وہ عبارت بین القوسین ہے جو ترجمہ کے ختم پر ہے یعنی گو اس حکمت کی رعایت واجب نہ تھی مگر جب ہم نے اس حکمت کے وقوع کی خبر دے دی تھی تو پھر اس حکمت کے وقوع کا انکار کیوں کیا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی حتی باز نہیں آتے اشارة الی تعلقه بمقدر یدل علیه المقام ۱۲ ۔ ۲ قوله فی قائلها پوری ہونے والی نہیں کذا فی الخازن ۱۲ ۔ ۳ قوله فی ورائهم آگے کذا فی الروح ۱۲ ۔ ۴ قوله فی برزخ موت کذا فی الخازن ۱۲۔

اللغات: کلمة فیراد بها الکلام لکون هذا القول مرکبا تا ما کذا فی المدارك قوله لعلی للتعلیل کما فی الروح حکی البغوی عن الواقدی ان جمیع ما فی القرآن من لعل فانها للتعلیل الا قوله تعالی لعلکم تخلدون فانها للتشبیه قوله برزخ الحاجز بین الشیئین کذا فی القاموس ۱۲۔ قوله اخسئوا ذلوا وانزجروا انزجار الکلاب من خسأت الکلب اذا زجرته فخسا انزجر کذا فی الروح ۱۲۔

النحو: فی جهنم خلدون خبر بعد خبر عدد سنین تمیز لکم وهی ظرف زمان للبثتم۔

البلاغۃ: قوله رب فلا تجعلنی جاء الدعا قبل الشرط وقبل الجزاء مبالغة فی الابتهال والتضرع والالتجاء قوله من همزات الشیاطین الجمع للمرات او للتنوع الوساوس او لتعدد الشیاطین قوله اعوذ بك رب ان یحضرون فی الامر بالتعوذ من الحضور بعد الامر بالتعوذ من همزاتهم مبالغة فی التحذیر من ملابستهم واعادة الفعل مع تکریر النداء لاظهار کمال الاعتناء بالمامور به وعرض نهایة الابتهال فی الاستدعاء هذا کله من الروح قوله رب ارجعون فی الروح الواو لتعظیم المخاطب کما فی قول الا فارحمونی یا اله محمد + وقول الآخر وان شئت حرمت النساء سواکم + والحق ان التعظیم یکون فی ضمیر المتکلم والمخاطب والغائب والاسم الظاهر وانکار ذلك غیر رضی آه قوله فیما ترکت فی الروح من الدنیا جعل مفارقة ذلك ترکا له آه۔

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ ع ۶

سو (اس سے کامل طور پر) ثابت ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ بہت ہی عالی شان ہے جو کہ بادشاہ حقیقی ہے اس کے سوا کوئی بھی لائق عبادت نہیں (اور وہ) عرش عظیم کا مالک ہے۔ پاس کوئی بھی دلیل نہیں سو اس کا حساب اسی کے رب کے ہاں ہوگا (جس کا نتیجہ لازمی یہ ہے کہ) یقیناً کافروں کو فلاح نہ ہوگی (بلکہ ابدالآباد معذب رہیں گے) اور آپ یوں کہا کریں کہ اے میرے رب (میری خطائیں) معاف کر اور رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

تفسیر ربط: اور پر تمام سورت میں جو مضامین مذکور ہوئے جن کا خلاصہ سورت کی تمہید میں مرقوم ہوا ہے خاتمہ سورت میں ان پر ایک تفریع بطور استاج اور تخیص کے ارشاد فرماتے ہیں چنانچہ ظاہر ہے کہ عبادت کے امر سے حق تعالیٰ کا اِلٰهَ اور مَلِكُ ہونا اور آثار قدرت سے جو دلائل توحید ہیں اس کا واحد اور متعالی عن الشرک ہونا جو کہ مدلول ہے فَتَعٰلَى اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ کا اور بعث انبیاء سے بھی اس کا ملک اور فرمانروا ہونا اسی طرح بعث و مجازات سے بھی ملک ہونا اسی طرح قصص اہلاک مکذبین سے بھی اس کا ملک ہونا اور شناعت حال کفار سے ان کا قابل دار وگیر ہونا جو مدلول ہے فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ الخ کا ثابت ہوتا ہے مثبتا بالکسر تفصیلاً تمام سورت میں اور ان کا اجمال تمہید سورت میں اور مثبتات بالفتح کا اجمال یہاں خاتمہ میں مذکور ہے اور فَتَعٰلَى پر حرف فاء کا آنا اس ارادہ تفریع کا قرینہ ہے اور ان صفات کمال وجلال الوہیۃ وملکیت ووحدت وتعالیٰ وربوبیت کے ساتھ کسی ذات کے موصوف ہونے کا اس کو مقتضی ہونا کہ اسی کو اپنا قبلہ توجہ و مرجع حاجات بنایا جاوے یہ بھی ظاہر ہے چنانچہ بالکل اخیر کی آیت: وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ الخ کے مضمون میں اسی ترتب کی رعایت ہے اور اس ثبوت و ترتب کی طرف ترجمہ کی عبارت میں بھی اشارہ ہے نیز اس دعا کرنے والوں کا مقبول ومحبوب ہونا اوپر آیت: اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ الخ میں معلوم ہو چکا ہے اس کی تعلیم میں یہ بھی نکتہ ہو گیا کہ جن کی فضیلت اوپر مذکور ہے ان میں سے ہونے کی دعا والتجاء کرنا چاہئے پس اس سے ایک خاص ربط اپنے قریب کے مضمون سے اور بھی حاصل ہو گیا اور شروع میں مومنین کے لئے اثبات فلاح اور خاتمہ میں کافروں سے نفی فلاح جو کہ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱﴾ اور لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ میں مذکور ہے ایک عجیب مقابلہ ہے۔

ذکر صفات ذوالجلال والاکرام مع وعید مشرکین لمام وتعلیم استغفار واسترحام ☆ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ (الی قوله تعالی) وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ (اور یہ سب مضامین جب معلوم ہو چکے) سو (اس سے یہ کامل طور پر ثابت ہو گیا کہ) اللہ تعالیٰ بہت ہی عالیشان ہے جو کہ بادشاہ (ہے اور بادشاہ بھی) حقیقی ہے

www.besturdubooks.net

اس کے سوا کوئی بھی لائق عبادت نہیں (اور وہ) عرش عظیم کا مالک ہے اور جو شخص (اس امر پر دلائل قائم ہونے کے بعد) اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی بھی عبادت کرے کہ جس (کے معبود ہونے) پر اس کے پاس کوئی بھی دلیل نہیں سو اس کا حساب اس کے رب کے یہاں ہوگا (جس کا نتیجہ لازمی یہ ہے کہ) یقیناً کافروں کو فلاح نہ ہوگی (بلکہ ابدالآباد معذب رہیں گے) اور (جب حق تعالیٰ کی یہ شان ہے تو) آپ (اور دوسرے لوگ بدرجۂ اولیٰ) یوں کہا کریں کہ اے میرے رب (میری خطائیں) معاف کر اور (ہر حالت میں مجھ پر) رحم کر (معاش میں بھی توفیق طاعات میں بھی نجات آخرت میں بھی عطائے جنت میں بھی) اور تو سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔ **ف**: مَعَ اللّٰهِ کی قید ایک تو واقعی ہے کیونکہ وہ لوگ خدا کو بھی مانتے تھے اور دوسرے اس سے بدلالۃ النص منکر واجب الوجود کا بدرجۂ اولیٰ حال معلوم ہوگیا اور لا برهان له یہ بھی قید واقعی ہے کیونکہ ہر غیر کی الوہیت کے لئے عدم ثبوت عدم عام ہے اور آپ کا مغفرت و رحمت مانگنا اپنے درجہ کے موافق ہے پس اس سے شبہ معصیت کا نہیں ہو سکتا فقط۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في لا برهان دلیل نہیں اشار به الى ان هذا القيد ليس باحترازی والا لكان حق العبارة ان يقال دليل نہ ہو فافهم ۱۲۔

وقد تم تفسير سورة المؤمنون بحمد الله تعالى للخامس عشر من ذى القعدة الحرام يوم الثلاثاء ۱۳۲۴ھ

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ النُّوْرِ

سُوْرَةُ النُّوْرِ ۲۴ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۲ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۶۴ — رُكُوْعَاتُهَا ۹

سورۃ النور مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۶۴ آیات اور ۹ رکوع ہیں

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝۱ اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۠ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۡ وَّالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۳

یہ ایک سورت ہے جس (کے الفاظ) کو (بھی) ہم (ہی) نے نازل کیا ہے اور اس (کے معنی یعنی احکام) کو (بھی) ہم (ہی) نے مقرر کیا ہے اور ہم نے اس سورہ میں صاف صاف آیتیں نازل کی ہیں تاکہ تم سمجھے (اور عمل کرو) زنا کرانے والی عورت اور زنا کرنے والا مرد سوان میں سے ہر ایک کے سو درے مارو اور تم لوگوں کو ان دونوں پر اللہ کے معاملہ میں ذرا رحم نہ آنا چاہئے اگر اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو اور دونوں کی سزا کے وقت مسلمانوں کی ایک کو حاضر رہنا چاہئے۔ زانی نکاح بھی کسی کے ساتھ نہیں کرتا بجز زانیہ یا مشرکہ کے اور (اسی طرح) زانیہ کے ساتھ بھی اور کوئی نکاح نہیں کرتا بجز زانی یا مشرک کے اور یہ (یعنی ایسا نکاح) مسلمانوں پر حرام (اور موجب گناہ) کیا گیا ہے۔ ۞

تفسیر: سورة النور مدنية وهي ثمان او اربع وستون اٰية كذا في البيضاوي ؒ۔

ربط: اوپر کی سورت کے اخیر میں آیت اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا سے مفہوم و معلوم ہوا تھا کہ خلق انسان کی حکمتوں میں سے ایک حکمت یہ بھی ہے کہ اس کو احکام کا مکلف کیا جاوے اور آخرت میں ان احکام کی اطاعت یا مخالفت پر جزا و سزا ملے اس سورت میں بعض احکام کی تفصیل ہے چنانچہ نصف سورت تک تو احکام عملیہ چلے گئے ہیں اور خاتمہ کے قریب بھی بعض تتمیماً مثل مسئلہ استیذان کے اور بعض ابتداءً مثل مسئلہ اکل کے مذکور ہوئے ہیں اور یہ سب احکام بجز مسئلہ کتابت و اکل من البیوت کے کہ اول صلاح عباد و اماء کے اور ثانی مسئلہ دخول فی البیوت کے ساتھ استطراداً مذکور ہوا ہے باقی سب متعلق عفت کے ہیں پس گویا من وجہ تفصیل و تکمیل ہیں سورت سابقہ کے شروع میں اس آیت کی : وَ الَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝ الخ پس اس طور پر اس کو سورت سابقہ کے اول و آخر دونوں سے ارتباط ہو گیا اور بقیہ نصف سورت کی بعض آیات میں دلائل توحید کہ احکام علمیہ سے ہے اور بعض آیات میں اطاعت احکام و مطیعین کے مناقب اور عصیان و عصاۃ کے مثال مذکور ہیں اور دونوں نصف کے برزخ و حد متوسط یعنی آیت نور میں مطلق احکام کے متعلق علمی و عملی ہدایت و ضلالت کے تمثیلات و تشبیہات ارشاد فرمائے گئے یہ خلاصہ ہے سورت کا جو تامل سے تمام اجزاء پر منطبق ہو سکتا ہے اور ان سب مضامین کی اجمالی تمہید سے سورت کو شروع فرمایا ہے فقط۔

تمہید اجمالی مضامین سورت ☆ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝۱ یہ ایک سورت ہے جس (کے الفاظ) کو (بھی) ہم (ہی) نے نازل کیا ہے اور اس (کے معانی یعنی) احکام) کو (بھی) ہم (ہی) نے مقرر کیا ہے (عام اس سے کہ بعض فرض ہوں اور بعض مندوب جیسے مکاتبت) اور ہم نے (ان احکام پر دلالت کرنے کے لئے) اس (سورت) میں صاف صاف آیتیں (جو کہ ان احکام پر دال ہیں) نازل کی

www.besturdubooks.net

ہیں تا کہ تم سمجھو (اور عمل کرو)۔ ف: اس تمہید میں اپنی طرف منسوب فرما کر الفاظ سورت کی جزالت اور معانی کی جلالت اور معانی پر الفاظ کی وضوح دلالت اور پھر اس مجموعہ کی غایت بیان فرمانے سے ان احکام پر عمل کرنے کا غایت اعتناء شان ہو گیا شاید یہ اہتمام خاص اس لئے فرمایا گیا ہو کہ اس میں کثرت سے احکام عورتوں کے متعلق مذکور ہیں جو غالباً بمنزلۃ الاقدام ہوتے ہیں اور دلالت کا واضح ہونا مدلولات بعبارۃ النص کے اعتبار سے ہے نہ بقیہ استدلالات کے اعتبار سے کہ وہ مخصوص ہے مجتہدین کے ساتھ واللہ اعلم۔ ربط: تمہید اجمالی کے بعد آگے احکام کی تفصیل ہے جو متعدد الانواع ہیں۔

حکم اول حد زنا ☆ اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا (الی قولہ تعالی) طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾ زنا کرنے والی عورت زنا کرنے والا مرد سو (دونوں کا حکم یہ ہے کہ) ان میں ہر ایک کے سو (درے) مارو اور تم لوگوں کو ان دونوں پر اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں ذرا رحم نہ آنا چاہئے (کہ رحم کھا کر چھوڑ دو یا سزا میں کمی کر دو) اگر تم اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو (کیونکہ ان دونوں پر ایمان رکھنا مقتضی ہے وجوب عمل کو کیونکہ اللہ کا تو حکم ہی ہے اور قیامت کا دن تارکین احکام کی سزا کے لئے ہے) اور دونوں کی سزا کے وقت مسلمانوں کی ایک جماعت کو حاضر رہنا چاہئے (تا کہ ان کے ذریعہ سے تشہیر ہو اور سامعین کو عبرت ہو اور دوسرے لوگ اس سے رکیں) ف: یہ سزا اس زانی اور زانیہ کی ہے جو آزاد عاقل بالغ ہوں اور نکاح کئے ہوئے نہ ہوں یا نکاح کے بعد ہمبستری نہ کر چکے ہوں اور جو آزاد نہ ہوں اس کے پچاس درے لگتے ہیں اس کا حکم پارۂ پنجم کے اول رکوع کے ختم پر مذکور ہے۔ اور جو عاقل یا بالغ نہ ہوں وہ مکلّف ہی نہیں اور جس مسلمان میں تمام صفتیں ہوں حریت، بلوغ، عقل، نکاح اور ہمبستری سے فراغ ایسے شخص کو محصن کہتے ہیں اس کی سزا رجم ہے۔ حدیث میں آیا ہے اور جو مرض کی وجہ سے دروں کا متحمل نہ ہو اُس کی صحت کا انتظار کریں گے۔ اور باقی مسائل اس کے متعلق کتب فقہ میں مبسوط ہیں اور امر لیشھد الخ فقہاء کے نزدیک ندب کے لئے ہے **کذا فی الروح** اور سورۂ نساء کے تیسرے رکوع کے شروع میں جو ارشاد ہے يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا [النساء: ۱۵] اس آیت کا حکم منجملہ اُس سبیل کے ہے چنانچہ وہاں بھی تفسیر میں مذکور رہا ہے۔

حکم دوم نکاح زوانی ☆ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ (الی قولہ تعالی) وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳﴾ (زنا ایسی گندی چیز ہے کہ اس سے طبیعت میں ایک ایسا برا مادہ پیدا ہو جاتا ہے کہ ایسے شخص کی بری چیز کی طرف رغبت ہوتی ہے اسی طرح ایسے شخص کی طرف برے آدمی کی رغبت ہوتی ہے چنانچہ) زانی (من حیث الزانی رغبت الی الزنا کے اعتبار سے) نکاح بھی کسی کے ساتھ نہیں کرتا بجز زانیہ یا مشرکہ کے (جس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ ایسے شخص کی بری چیز کی طرف رغبت ہوتی ہے) اور (اسی طرح) زانیہ (من حیث الزانیہ) کے ساتھ بھی (رغبت الی الزنا کے اعتبار سے) اور کوئی نکاح نہیں کرتا بجز زانی یا مشرک کے (جس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ ایسے شخص کی طرف برے آدمی کی رغبت ہوتی ہے) اور یہ (ایسا نکاح جو زانیہ من حیث الزانیہ کے ساتھ ہو جس کے لوازم میں سے ہے اس عورت کا زانیہ رہنا یا مشرکہ کے ساتھ ہو) مسلمانوں پر حرام (اور موجب گناہ) کیا گیا ہے (گو صحت وعدم صحت میں دونوں متفاوت ہوں کہ زانیہ سے تو صحیح ہو جاوے گا اور مشرکہ سے باطل ہی رہے گا)۔ ف: مطلب اس کا یہ ہے کہ جو لوگ زنا کے خوگر ہو جاتے ہیں اور ہنوز انہوں نے توبہ نہ کی ہو بلکہ اسی عادت پر ہوں ان کی اصلی رغبت زنا کی طرف ہوتی ہے اور اسی میں ان کو زیادہ لذت ہوتی ہے حتیٰ ان کو جو عورت پسند آتی ہے اول ان کا مقصود یہی ہوتا ہے کہ اس سے زنا میسر ہو جاوے اور یہ ہمارے ساتھ زانیہ ہونا گوارا کر لے اور جب اس کوشش میں ناکامی ہوتی ہے تو ہارے درجہ نکاح کی کوشش کرتے ہیں لیکن ان دونوں حالتوں میں ارغب والذ حالت ان لوگوں کے نزدیک پہلی ہی حالت ہوتی ہے اور نکاح کو دل سے پسند نہیں کرتے کیونکہ نکاح سے جو مقاصد ہیں تعفف اور حصول نکاح اولاد و امساک بالمعروف واداءِ حقوق زوجیت مثل نفقات وغیرہ وہ ان کو وبال سمجھتے ہیں اور چونکہ ان کا مقصود اصلی زنا ہوتا ہے اس لئے ان کی رغبت مخصوص مؤمنات کے ساتھ نہیں ہوتی بلکہ مشرکات کی طرف بھی ہوتی ہے اور اگر وہ مشرکہ کسی وجہ سے خواہ وہ وجہ راجع الی المذہب ہو یا راجع الی العرف اپنی مواصلت کے لئے نکاح کو شرط ٹھہراوے چونکہ اس کو نکاح اصلی مقصود نہیں اس لئے یہ شخص اس کے جواز و ناجواز سے بھی بحث نہ کرے گا اس نکاح کو وسیلہ مقصود سمجھ کر نکاح بھی کرے گا گو صحیح نہ ہو پس یہ امر صادق آیا کہ اس شخص کی جب کسی عورت کی طرف اصلی رغبت ہوگی اگر وہ مسلمہ ہے تو زانیہ کی طرف ہوگی گو وہ اسی شخص کے ساتھ زنا کرنے سے زانیہ کہلاوے اور یا مشرکہ کی طرف ہوگی کہ اس سے صحبت زنا ہی ہوگا اور اول زنا کی طرف ہوگی اور بدوں نکاح اس سے صحبت ممکن نہ ہو تو مجبوری کو نکاح کرلے گا گو وہ عورت صاف کہہ دے کہ میں اپنا پیشہ یا مذہب شرکی نہ چھوڑوں گی یہ اس پر بھی راضی ہو جاوے گا یہ معنی ہیں اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً کے۔ اسی طرح جو عورت زنا کی خوگر اور اس کی عادی ہے اور اس سے توبہ نہیں کرتی تو جن لوگوں کو مقاصد نکاح مقصود اصلی ہیں چونکہ ایسی حالت میں ان عورتوں سے ان کا حصول متوقع نہیں ان کو ان کے نکاح کی طرف بھی اصلی رغبت نہیں ہوتی جب کہ یہ معلوم ہو جاوے کہ نکاح کے بعد بھی یہ اپنی عادت نہ چھوڑیں گی بلکہ اس کی طرف رغبت اس حیثیت سے زانی کو ہوگی خواہ وہ مسلمان ہو جو صرف زانی کہلاوے گا یا وہ مشرک ہو کہ مشرک ہونے کی حالت میں اگر عورت مسلمان ہے تو صحبت کا زنا ہونا لازم ہی ہے حتیٰ کہ اگر وہ زانیہ مرغوب فیہا باوجود زانیہ رہنے کے کسی مصلحت دنیویہ سے نکاح کو شرط تمکین

www.besturdubooks.net

ٹھہراوے تو یہ زانی مسلم ہو یا مشرک اس پر نظر نہ کرے گا کہ یہ زانیہ نہ رہے گی یا تخالف دینین کی صورت میں نکاح نہ ہوگا بلکہ وہ اس کو اپنے حصول مقصود کا ذریعہ
3 سمجھ کر گوارا کر لے گا یہ معنی ہیں:- الزانية لا ينكحها الا زان او مشرك کے اور حیثیت کی قید سے یہ فائدہ ہوا کہ اگر زانی خانہ داری یا اولاد کی مصلحت سے عفیفہ سے نکاح کی کوشش کرے تو آیت سے اس کی نفی لازم نہیں آتی پس دونوں جملوں کے موضوع میں وصف عنوانی کی حیثیت معتبر ہے اب محمول کے ثبوت اور حکم بالحصر میں کوئی اشتباہ واشکال لازم نہیں آتا اور چونکہ ایک صورت میں دیوثیت لازم آتی ہے اور دوسری میں عدم صحت نکاح اور دونوں حرام ہیں اس لئے حرم کا حکم دونوں کے لئے صحیح ہو گیا گویا ایک جگہ حرمت نکاح کا حکم باعتبار اس کے مفضی الی الحرام ہونے کے ہے بنا بر قاعدہ مقدمۃ الحرام حرام اور ایک جگہ بمعنی بطلان کے ہے پس حرمت بالمعنی الاعم دونوں قسموں حرمت لغیرہ ولعینہ کو شامل ہے اور اس حکم کے منسوخ کہنے کی ضرورت نہ ہوگی اس تقریر پر اول آیت میں جملہ خبریہ پر اشکال عدم صدق کا اور آخر آیت میں جملہ انشائیہ پر شبہ عدم بقائے حکم کا متوجہ نہیں ہوتا۔ هذا ما القى الله فى روعى ولعل غيرى يوتى احسن من هذا والله واسع عليم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا تَأْخُذْكُمْ الخ اس سے ماخوذ ہوتا ہے کہ بعض خطاؤں میں رعایت مضر ہے اور یہ اصل ہے مشائخ کے اس معمول کی کہ مرید کی بعض غلطیوں میں تسامح نہیں فرماتے قولہ تعالیٰ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا الخ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ شیخ جب کسی مرید کی تادیب کرنا چاہے اور اسکے نفس کا توڑنا مقصود ہو تو مناسب ہے کہ مریدوں کے مجمع میں ہو (کہ اس کی بھی شکستگی ہے اور دوسروں کو بھی عبرت)۔ قولہ تعالیٰ: اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ الخ وقولہ تعالیٰ: الْخَبِيثٰتُ لِلْخَبِيثِيْنَ [النور: ٢٦] الخ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ اخیار کو اشرار سے میل جول نہ رکھنا چاہئے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى سورة يہ الخ اشارة الى ان سورة خبر مبتدأ محذوف اى هذه۱۲۔ ۲ قوله فى فاجلدوا سو دونوں کا الخ اشارة الى التركيب اى فحكمهما ما سيتلى فلم يلزم كون الانشاء خبرا۱۲۔

الروايات: فى الروح اخرج ابو داؤد والترمذى كان رجل يقال له مرثدو كانت امرأة بغى مكة يقال لها عناق وكانت صديقة فدعته عناق مرة وقال ما عناق حرم الله زنا فقال يا رسول الله انكح عنا قا فلم يرد عليه شيئا حتى نزل الزانى لا ينكح آه مختصرا قلت والظاهر من حال عناق فى هذه الرواية انها لم تتب من الزنا بل ومن الشرك ولم ترد[1] التوبة فلا اشكال فى الطباق سبب النزول على ما قررته فى تفسير الآية فى المتن۱۲۔

لطیفہ: قال النيسابورى فيه اشارة الى ان اقامة هذا الحد ينبغى ان يكون على الاعتدال بحيث لا يتجاوز الا لم من الجلد الى اللحم فعلى الامام ان ينصب للحدود رجلا عالما بصيرا يعقل كيف يضرب۱۲۔

فائدہ من استاذى عليه الرحمة: قدم الزانية لان الزنا المرأة اقبح واقطع لمنافاة الحياء كما ان تقديم السارق على السارقة فى آية السرقة لان السرقة من الرجل اقبح لمنافاة الهمة وافاد استاذى مولانا محمود حسن الديوبندى ادام الله ظلهم بما حاصله ان تقديم السارق على السارقة جرى على سنن العادة العرفية والقرآنية من كون تقديم الرجال على النساء اصلاحتى ان الاغلب الاكتفاء على ذكر الرجال فقط واما العكس فى هذه الآية على خلاف الاصل فلعارض وجوه ثلثة الاول ان البداية بالزنا اكثر ما يون من المرأة (فانها ناقصة العقل تجيب من استمالهما من غير تدبر فى الامر الدنيا والآخرة ولانها رقيقة القلب فتترحم على طالبها) فاقتضى البداية فى الذكر والثانى المرأة لكونها ضعيفة مظنة الرافة فقدمت لتاكد الحكم بانه لما لم يجز الرافة فى محل الرافة فكيف فى غير محلها والثالث ان الزنا من النساء اكثر عيبا وعارا فى العرف فكان غير مستبعد ان يسعى احد فى وراء الحد عنها لدفع العار والافتضاح عنها وعن قومها فقدمت لهذا الاهتمام والله اعلم۱۲۔

اللغات: الفرض التوقيت وفرض رسول الله صلى الله عليه وسلم اى سن كذا فى القاموس الجلد ضرب الجلد آه۔

النحو: بهما متعلق برافة وان كان مصدرا مؤخر ففى الظرف يتوسع ما لا يتوسع فى غيره كذا فى الروح۱۲۔

البلاغۃ: قوله وانزلنا وتكرير انزلنا لا براز كمال العناية بالشان والابانة لخطرها ان كنتم تهييج والهاب لا تعليق كما يقال ان كنت رجلا فافعل كذا ولا شك فى رجولية لكن القصد تحريك الحمية۱۲۔ قوله الزانى ولعل هذه الجملة متضمنة لتعليل ما تقدم من تقبيح الزنا حيث يجب به الحد ولذا لم يعطف قوله سبحانه الزانى لا ينكح عليه كما عطف قوله عز و جل الآتى والذين يرمون المحصنات واشرت الى هذا المعنى فى تقرير الترجمة بقول زنا ایسی گندی الخ وقدم الزانى على عكس الآية الاولى لانها مسوقة لذكر النكاح

www.besturdubooks.net

والرجل هو الاصل فی الرغبة والخطبة ولكون المرأة مرغوبة فيها اخبر عن الزانية بانه لا ينكحها الا زان على خلاف ما تقضيه المقابلة بان يقال والزانية لا تنكح الا زانيا او مشركا بل واسند الفعل فی كلا الجملتين الى الرجل لانه راغب وجعلها فی كليهما موقعا عليها لانها مرغوبة فيها ولما لم يكن القصد ههنا الا الى تقبيح الزنا لم يزد فی الكلام المشرك لا ينكح الا مشركة او زانية والمشركة لا ينكحها الا مشرك او زان فافهم قوله على المؤمنين التخصيص اما لكون الكفار غير المكلفين او لشرف المؤمنين وهذا اولى ۱۲۔

الحواشی: (۱) من الارادة ۱۲ منه۔

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۢ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۢ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝ ع

اور جو لوگ (زنا کی) تہمت لگائیں پاک دامن عورتوں کو اور پھر چار گواہ (اپنے دعوے پر) نہ لاسکیں تو ایسے لوگوں کو اسی درے لگاؤ اور ان کی گواہی قبول مت کرو (یہ تو دنیا میں ان کی سزا ہوئی) اور یہ لوگ (آخرت میں بھی) مستحق سزا ہیں اس وجہ سے کہ فاسق ہیں لیکن جو لوگ اس (تہمت لگانے) کے بعد (خدا کے سامنے) توبہ کرلیں اور اپنی (حالت کی) اصلاح کرلیں سو (اس حالت میں) اللہ ضرور مغفرت کرنے والا رحمت کرنے والا ہے اور جو لوگ اپنی (منکوحہ) بیویوں کو (زنا کی) تہمت لگائیں اور ان کے پاس بجز اپنے (ہی دعوے کے) اور کوئی گواہ نہ ہوں (جن کو عدد میں چار ہونا چاہئے) تو ان کی شہادت (جو کہ دافع حبس یا حد قذف ہو) یہی ہے کہ چار بار اللہ کی قسم کھا کر یہ کہہ دے کہ بے شک میں سچا ہوں اور پانچویں بار یہ کہے کہ مجھ پر خدا کی لعنت ہو اگر میں جھوٹا ہوں اور (اس کے بعد) اس عورت سے سزائے (حبس یا زنا) اس طرح ٹل سکتی ہے کہ وہ چار بار قسم کھا کر کہے کہ بے شک یہ مرد جھوٹا اور پانچویں بار یہ کہے کہ مجھ پر خدا کا غضب ہو اگر یہ سچا ہو (اور اے مرد اور عورتو) اگر یہ بات نہ ہوتی کہ تم پر اللہ کا فضل اور اس کا کرم ہے (کہ ایسے ایسے احکام مقرر کئے ہیں) اور یہ کہ اللہ تعالیٰ توبہ قبول کرنے والا (اور) حکمت والا ہے تو بڑی مضرتوں میں پڑ تے۔

تفسیر: حکم سوم حد قذف ☆ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ (الى قوله تعالى) فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ اور جو لوگ (زنا کی) تہمت لگائیں پاکدامن عورتوں کو (جن کا زانیہ ہونا کسی دلیل یا قرینہ شرعیہ سے ثابت نہیں) اور پھر چار گواہ (اپنے دعویٰ پر) نہ لاسکیں تو ایسے لوگوں کو اسی درے لگاؤ اور ان کی کوئی گواہی کبھی قبول مت کرو (کہ یہ بھی متمم حد ہے خواہ وہ گواہی کسی معاملہ میں ہو یہ تو دنیا میں اُن کی سزا ہوئی) اور یہ لوگ (آخرت میں بھی مستحق سزا ہیں اس وجہ سے کہ فاسق ہیں لیکن جو لوگ اس (تہمت لگانے) کے بعد (خدا کے سامنے) توبہ کرلیں (کہ تہمت لگانے میں حق اللہ بھی ہے) اور (اس تہمت لگائے ہوئے شخص سے معاف کرا کر بھی) اپنی (حالت کی) اصلاح کرلیں (کیونکہ تہمت لگانے میں حق العبد ہے) سو (اس حالت میں اللہ تعالیٰ ضرور مغفرت کرنے والا رحمت کرنے والا ہے (اور فسق کی وجہ سے جو استحقاق عذاب آخرت کا ہوا تھا وہ مرتفع ہو جائے گا گو رد شہادت جو کہ تتمہ تھا حد کا پھر بھی باقی رہے کیونکہ توبہ سے حد ساقط نہیں ہوتی)۔ ف: مسئلہ: جو عورت کسی کو تہمت لگادے اس کا بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ: اسی طرح جو کسی مرد کو تہمت لگادے اس کو بھی یہی حکم ہے اور رامی میں تخصیص الذین کی جو موضوع ہے مذکر کے لئے اور مرمیہ میں تخصیص محصنات کی جو موضوع ہے مؤنث کے لئے خصوص واقعہ کی وجہ سے ہے: لان الآية نزلت فی امراة عويمر كما فی الروح عن صحيح البخاری۔

مسئلہ: ہر تہمت کا یہ حکم نہیں بلکہ خاص تہمت بالزنا کا گو یہ قید صریحاً مذکور نہیں مگر اَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ اس پر دال ہے کیونکہ چار گواہ کی ضرورت اثبات زنا ہی کے لئے ہوتی ہے۔

مسئلہ: یہ حکم رامی حر کا ہے اور اگر وہ غلام ہو تو چالیس دُرّے لگتے ہیں۔

مسئلہ: محصن ہونے کی شرطیں یہ ہیں کہ مقذوف حر ہو عاقل ہو بالغ ہو مسلم ہو عفیف عن الزنا ہو۔

www.besturdubooks.net

مسئلہ: عفیف عن الزنا وہ ہے جو مرتکب وطی حرام لعینہ کا نہ ہوا اور کوئی علامت زنا کی اُس میں ظاہر نہ ہو جیسے وہ عورت بچہ لے رہی ہو اور اُسکا باپ معلوم نہ ہو۔

مسئلہ: یہ حد جب جاری ہوگی کہ مقذوف مطالبہ بھی کرے۔

مسئلہ: ایسے محدود کی شہادت معاملات میں مقبول نہیں البتہ دیانت محضہ میں جیسے ہلال رمضان یا روایت حدیث بعد توبہ کے مقبول ہے یہ سب مسائل ہدایہ میں ہیں۔

مسئلہ: یہ قاذف اگر کاذب ہے تو فاسق ہی ہے اور اگر صادق ہے جب بھی اس وجہ سے گنہگار ہے کہ اُس نے بلاضرورت ایک شخص کی پردہ دری کی کیونکہ ضرورت ہوتی ہے اقامت حد کی اور وہ بدوں چار گواہ کے قائم نہیں کی جاتی اور گواہ تھے نہیں پھر خواہ مخواہ ایسا دعویٰ کرنا بجز آبرو ریزی کے اور کیا ہے اور کسی کی آبرو ریزی بلاضرورت شرعیہ فسق ہے هكذا في روح المعاني پس فسق کا حکم مستقل ہے بیان حکم آخرت کے لئے اور یہ جملہ استینافیہ ہے حد پر معطوف یا حد کی علت نہیں پس ارتفاع فسق سے ارتفاع رد شہادت کا لازم نہیں آتا۔

مسئلہ: اگر مقذوف معاف کر دے تو حد ساقط ہو جاتی ہے كذا في الروح لیکن اس سے بھی یہ لازم نہیں آیا کہ توبہ سے حد ساقط ہوگئی تاکہ توبہ سے رد شہادت کے ارتفاع کا شبہ ہو سکے اصل یہ ہے کہ مسقط حد توبہ نہیں ہوئی جو کہ فعل قاذف کا ہے بلکہ عفو ہوا جو کہ فعل مقذوف کا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اگر توبہ اور اصلاح یعنی استحلال پایا جاوے مگر عفو نہ ہو تو فسق مرتفع ہو جاوے گا لیکن حد باقی رہے گی اور ارتفاع فسق میں یہ شبہ نہ ہو کہ جب اُس نے معاف نہیں کیا تو گناہ کیسے جاتا رہا۔ بات یہ ہے کہ معذرت کا قبول کرنا خود واجب ہے جب کہ کچھ مالی ضرر نہ ہو پس یہ مستحل سبکدوش ہو جاوے گا۔ اب وہ معذرت قبول نہ کرنے والا عند اللہ قابل ملامت رہے گا۔

مسئلہ: اگر یہ چار گواہ لایا جو آنے کے وقت شہادت پر مستعد تھے مگر اجلاس پر گواہی نہ دی تو گو یہ شخص محدود ہوگا لیکن احکام آخرت میں فاسق نہ ہوگا دلائل شرعیہ اس پر ناطق ہیں۔

فائدہ: رد شہادت بعد توبہ کے مذہب حنفیہ کا ہے اور در منثور میں ان حضرات سے بھی یہ مذہب نقل کیا ہے۔ ابن عباس، سعید بن مسیب، حسن، محمد بن سیرین، سعید بن جبیر، عکرمہ ابن جریج، ابراہیم اور بعض روایات میں جو اصلاح کے بعد قبول توبہ آیا ہے سو شہادت سے مراد بعض شہادات لی جاویں گی جو فسق کی وجہ سے مردود تھیں جیسے دیانات میں چونکہ توبہ سے فسق مرتفع ہوگیا۔ اس لئے وہ شہادت مقبول ہوگئی بخلاف اس شہادت کے جس کا رد بوجہ محدود فی القذف ہونے کے تھا کیونکہ محدودیت تو رفع نہیں ہوئی۔

حکم چہارم لعان ☆ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ (الی قولہ تعالی) وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ اور جو لوگ اپنی (منکوحہ) بیبیوں کو (زنا کی) تہمت لگائیں اور ان کے پاس بجز اپنے (ہی دعوے کے) اور کوئی گواہ نہ ہوں (جن کا عدد میں چار ہونا چاہئے) تو ان کی شہادت (جو کہ دافع حبس یا حد قذف ہو) یہی ہے کہ چار بار اللہ کی قسم کھا کر یہ کہہ دے کہ بیشک میں سچا ہوں اور پانچویں بار یہ کہے کہ مجھ پر خدا کی لعنت ہو اگر میں جھوٹا ہوں اور (اس کے بعد) اس عورت سے سزائے (حبس یا حد زنا) اس طرح ٹل سکتی ہے کہ وہ چار بار قسم کھا کر کہے کہ بے شک یہ مرد جھوٹا ہے اور پانچویں بار یہ کہے کہ مجھ پر خدا غضب ہو اگر یہ سچا ہو (اس طریق سے دونوں سزا سے بچ سکتے ہیں البتہ وہ عورت اس مرد پر حرام ہو جاوے گی) اور (اے مردو اور عورتو) اگر یہ بات نہ ہوتی کہ تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کا کرم ہے (کہ ایسے ایسے احکام مقرر کئے) اور یہ کہ اللہ تعالیٰ توبہ قبول کرنے والا (اور) حکمت والا ہے تو تم بڑی مضرتوں میں پڑ جاتے (جن کا بیان بذیل فائدہ آتا ہے)۔ ف: اس طرح سے کہلوانے کو لعان کہتے ہیں اور لعان خاص اس صورت میں ہوتا ہے جب شوہر اپنی عورت کو تہمت زنا کی لگادے یا اپنے بچہ کو کہے کہ یہ میرے نطفہ سے نہیں ہے اور مقذوفہ مطالبہ موجب قذف کا کرے پس اپنی زوجہ کے علاوہ کسی عورت کو تہمت لگانے سے اگر چار گواہ نہ لا سکے۔ حد قذف واجب ہے جس کا حکم اس سے اوپر گزرا ہے اور اپنی زوجہ کو تہمت لگانے سے اول اُس سے چار گواہ مانگے جاویں گے اگر گواہ پیش کر دے تو عورت پر حد زنا جاری ہوگی اور اگر گواہ نہ لا سکا تو مرد سے کہا جاوے گا کہ یہ الفاظ مذکورہ کہے اگر وہ نہ کہے تو اُس کو حبس کر دیں گے اور جبر کریں گے کہ یا تو اپنے جھوٹے ہونے کا اقرار کرے اور یا یہ الفاظ کہے اگر اُس نے جھوٹے ہونے کا اقرار کر لیا تو حد قذف لگے گی اور اگر ان الفاظ کے کہنے پر راضی ہوگیا تو یہ الفاظ اس سے کہلوائیں گے اس کے بعد عورت سے بعد والے الفاظ کہلوائیں گے اور اگر وہ انکار کرے گی اس کو حبس کر دیں گے اور جبر کریں گے کہ یا تو مرد کی تصدیق کرے اور یا وہ الفاظ کہے کہ اگر اُس نے مرد کی تصدیق کر دی تو اُس پر حد زنا جاری ہوگی اور اگر ان الفاظ کے کہنے پر راضی ہوگئی تو وہ الفاظ اُس سے کہلوائیں گے اور جب لعان سے فراغت ہو جاوے تو اُس عورت سے صحبت اور دواعی سب حرام ہو جاتے ہیں (کذا فی الروح) پھر اگر اُس کو طلاق دے دیا فبہا ورنہ قاضی اُن میں تفریق کر دے گو دونوں

www.besturdubooks.net

رضامند نہ ہوں یعنی زبان سے کہہ دے کہ میں نے ان میں تفریق کی اور یہ تفریق طلاق بائن کے حکم میں ہے پھر اُس سے کبھی نکاح جائز نہیں البتہ اگر یہ کہہ دے کہ میں نے جھوٹ کہا تھا تو حاکم اُس پر حد قذف جاری کرے گا اور پھر نکاح جائز ہو جاوے گا۔ احقر نے جو **فشهادة احدهم** اور **ويدرؤا عنها العذاب** کے ترجمہ میں حبس یا حد کہا ہے اُس کا یہی مطلب ہے جو تفصیل مذکور سے معلوم ہوا اور باقی مسائل لعان کے متعلق کتب فقہ میں مذکور ہیں اور اخیر آیت میں ان احکام کی مشروعیت سے امتنان ظاہر فرمایا توضیح اُس کی یہ ہے کہ اگر یہ حکم مشروع نہ ہوتا تو موافق قاعدہ مذکورہ آیت سابقہ کے زوج پر حد قذف واجب ہوتی اور یا ساری عمر خون کے گھونٹ بھرتا کیونکہ ممکن ہے کہ وہ سچا ہو بخلاف غیر شوہر کے کہ وہ اظہار میں مضطر نہیں ہے اس لئے اس کے قانون میں ان امور کی رعایت ضرور نہیں پھر اگر محض خاوند کی قسمیں کھانے پر ثبوت زنا کا ہو جاتا تو عورت کا بڑا ضرر ہوتا حالانکہ ممکن ہے کہ وہی سچی ہو اسی طرح اگر عورت کی قسمیں کھانے پر یقیناً وہ بری سمجھی جاتی اور مرد پر حد قذف واجب ہو جاتی تو مرد کا بڑا ضرر ہوتا حالانکہ ممکن ہے وہ سچا ہو پس ایسے طور پر یہ حکم مشروع ہوا کہ سب کی رعایت ہے اور یہ اثر ہے فضل اور رحمت اور حکمت کا پھر صادق کے حق میں تو ظاہر ہے اور کاذب کے حق میں بھی دنیا میں تستر اور امہال اثر ہے رحمت و فضل اور حکمت کا کہ شاید توبہ کر لے پھر اگر زوجین میں سے جو کاذب ہو اور توبہ کرے اس کی توبہ قبول ہونا اثر توابیت کا ہے اور اپنے جھوٹے ہونے کا اقرار داخل توبہ ہے اور چونکہ عورتیں لعنت کا استعمال زیادہ کرتی ہیں اس لئے اُن کی جانب میں لفظ غضب مقرر کیا گیا ہے دوسرے عورت محل و مادہ ہے فجور کا اس لئے بھی تغلیظ مناسب تھی اور یہ بات کہ مرد کو یا عورت کو ایسی قسمیں کھانا جائز ہیں یا نہیں اس کا حکم یہ ہے کہ جو شخص دلیل معتبر عند الشرع کی رو سے یقیناً سچا ہو اس کو جائز ہے مثلاً مرد نے اپنی آنکھ سے دیکھ لیا یا تین چار سال تک صحبت نہیں کی اور پھر بچہ ہوا تو اثبات زنا اور نفی ولد اور اس پر قسم سب جائز ہے اسی طرح عورت کو اپنا حال پورا معلوم ہے۔ **ربط**: اور پر حکم سوم میں مطلق محصنات کے متہم کرنے کا حکم مذکور ہوا ہے چونکہ حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر بھی جھوٹی تہمت لگائی گئی تھی اور آپ کا رتبہ بوجہ ام المؤمنین ہونے کے عام محصنات سے زائد ہے اس لئے آگے اس تہمت کی وجہ سے اُس عام مشترک سزائے مذکور پر جو وعیدیں زائد ہیں مع اثبات براءت صدیقہؓ اور وعدہ قبول توبہ عن القذف خصوصیت اور اہتمام کے ساتھ بیان فرماتے ہیں اور یہ مضمون دو رکوع تک چلا گیا ہے۔ **اخرجه الطبراني عن الحكم بن عتيبة كذا في الروح والدر المنثور۔**

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَّ لَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ باوجود توبہ کے ہمیشہ کے لئے یہ عدم قبول شہادت جیسا کہ امام صاحب کا مذہب ہے بعض مشائخ کی اس عادت کی اصل ہے کہ بعض جنایات عفو کر دینے کے بعد بھی اُن سے خاص تعلق نہیں کہتے ہاں اُن کی خیر خواہی میں اور دوسرے کامل کا پتہ دینے میں جہاں مناسبت کی اُمید ہو اور اُس کی طرف رجوع کرنے کے لئے مشورہ دینے میں کوتاہی نہیں کرتے۔

الروایات: **اختلف العلماء في شان نزول الآية فقيل نزلت في عويمر وقيل في هلال ووفق ان قصة هلال وقعت اولا ثم في قريب منه قصة عويمر فصح النسبة اليهما ۱۲۔**

الفقه: **قوله الا الذين تابوا هو استثناء من الجمل التي قبلها عند جماعة ومن الجملة التي تليها عن آخرين ومنهم الحنفية ۱۲۔**

النحو: **قوله فشهادة مبتدأ واربع خبره المعنى الشهادة المشروعة لاحدهم اربع ايمان قوله انه كسرت ان لتعليق العامل من اجل اللام في الخبر ۱۲۔ قوله لو لا فضل الله جوابه محذوف المشير اليه في الترجمة ۱۲۔**

البلاغة: **قوله اولئك ما فيه من معنى البعد للايذان ببعد منزلتهم في الشر والفساد قوله بعد ذلك البعد لتهويل المتوب عنه ۱۲۔ قوله الا انفسهم في الروح وفي جعلهم من جملة الشهداء ايذان كما قيل من اول الامر بعدم الغاء قولهم بالمرة ونظمه في سلك الشهادة بذلك ازداد حسن اضافة الشهادة اليهم في قوله تعالٰى شهادة احدهم الخ۔ قوله انه لمن الصدقين الخ لم يقل اني وعلي وكنت غضب الله علي مع انه يوتى بالضمائر في اللعان كذلك ولم يوت به في النظم الكريم لفسق الضمائر وتكون في جميع الآية على طرز واحد مع ما في ذلك من نكتة رعاية الثاني على ما قيل كذا في الروح ۱۲۔**

اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱﴾ لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۲﴾ لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَوْ

www.besturdubooks.net

لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۱۴ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ
وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ۝۱۵ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا
يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ۝۱۶ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ
مُّؤْمِنِيْنَ ۝۱۷ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۱۸ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۱۹ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ
رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۲۰ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاۗءِ ۲ ع ۱۰ ۸
وَالْمُنْكَرِ ۭ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۲۱
وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۠ۖ وَلْيَعْفُوْا
وَلْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۲۲ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي
الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۲۳ يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۲۴ يَوْمَىِٕذٍ
يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ۝۲۵ اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ
وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰۗىِٕكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝۲۶ ۳ ع ۹ ۹

جن لوگوں نے یہ طوفان (حضرت صدیقہؓ کی نسبت) برپا کیا ہے (اے مسلمانو) وہ تمہارے میں کا ایک (چھوٹا سا) گروہ ہے تم اس (طوفان بندی) کو اپنے حق میں برا نہ سمجھو بلکہ یہ (باعتبار انجام کے) تمہارے حق میں بہتر ہی بہتر ہے ان میں سے ہر شخص جتنا کسی نے کچھ کیا تھا گناہ ہوا اور ان میں جس نے اس (طوفان) میں سب سے بڑا حصہ لیا اس کو سخت سزا ہوگی آگے ان قاذفین مؤمنین کو ناصحانہ ملامت ہے۔ جب تم لوگوں نے یہ بات سنی تھی تو مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں نے اپنے آپس والوں کے ساتھ گمان نیک کیوں نہ کیا اور (زبان سے) یوں کیوں نہ کہا کہ یہ صریح جھوٹ ہے (آگے اس حسن ظن اور نیک گمان کے وجوب کی وجہ ارشاد ہے کہ) یہ (قاذف) لوگ اس (اپنے قول) پر چار گواہ کیوں نہ لائے سو جس صورت میں یہ لوگ (موافق قاعدہ کے) گواہ نہیں لائے تو بس اللہ کے نزدیک یہ جھوٹے ہیں اور اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا کرم و فضل نہ ہوتا دنیا میں اور آخرت میں تو جس شغل میں تم پڑے تھے اس میں تم پر سخت عذاب واقع ہوتا جب کہ تم اس (جھوٹ) کو اپنی زبانوں سے نقل در نقل کر رہے تھے اور اپنے منہ سے ایسی بات کہہ رہے تھے جس کی تم کو (کسی دلیل سے) مطلق خبر نہیں اور تم اس کو ہلکی بات (غیر موجب گناہ) سمجھ رہے تھے حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بہت بھاری بات ہے اور تم نے جب اس کو سنا تھا تو یوں نہ کہا کہ ہم کو زیبا نہیں کہ ایسی بات منہ سے بھی نکالیں معاذ اللہ یہ تو بڑا بہتان ہے اللہ تعالیٰ تم کو نصیحت کرتا ہے کہ پھر ایسی حرکت مت کرنا اگر تم ایمان والے ہو اور اللہ تعالیٰ تم سے صاف صاف احکام بیان کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑا جاننے والا اور حکمت والا ہے۔ جو لوگ (بعد نزول ان آیات کے بھی) چاہتے تھے کہ بے حیائی کی بات کا مسلمانوں میں چرچا ہو ان کے لئے دنیا اور آخرت میں سزائے دردناک (مقرر) ہے (اور اس امر پر سزا کے تعجب مت کرو کیونکہ) اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ (اور اے تائبین) اور اگر یہ بات ہوتی تو تم پر اللہ کا فضل و کرم ہے جس نے تم کو توفیق توبہ کی دی اور جبکہ اللہ تعالیٰ بڑا شفیق بڑا رحیم ہے تو تم بھی (اس وجہ) سے نہ بچتے اے ایمان والو تم شیطان کے قدم بقدم مت چلو (یعنی اس کے اغوا پر عمل مت کرو اور جو شخص شیطان کے قدم بقدم چلتا ہے تو وہ (ہمیشہ ہر شخص کو) بے حیائی اور نامعقول ہی کام کرنے کو کہے گا اور اگر تم پر اللہ کا فضل و کرم نہ ہوتا تو تم میں سے کوئی بھی کبھی (توبہ کر کے) پاک و صاف نہ ہوتا لیکن اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے (توبہ کی توفیق دے کر) پاک صاف کر دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سنتا اور سب کچھ جانتا ہے اور جو لوگ تم میں دینی بزرگی اور دنیوی وسعت والے ہیں وہ اہل قرابت کو اور مساکین کو اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو دینے سے قسم نہ کھا بیٹھیں اور چاہئے کہ یہ معاف کر دیں اور درگزر کریں کیا تم یہ بات نہیں چاہتے کہ اللہ تعالیٰ

www.besturdubooks.net

تمہارے قصور معاف کردے بے شک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ (آگے منافقین کی وعید کی تفصیل ہے) جو لوگ تہمت لگاتے ہیں ان عورتوں کو جو پاک دامن ہیں (اور) ایسی باتوں کے کرنے سے (بالکل) بے خبر ہیں (اور) ایمان والیاں ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی جاتی ہے اور ان کو (آخرت میں) بڑا عذاب ہوگا جس روز ان کے خلاف ان کی زبانیں گواہی دیں گی اور ان کے ہاتھ ان کے پاؤں بھی (گواہی دیں گے) ان کاموں کی جو کہ یہ لوگ کرتے تھے اس روز اللہ تعالیٰ ان کا واجبی بدلہ پورا پورا دے گا اور اس روز ٹھیک ٹھیک ان کو معلوم ہوگا کہ اللہ ہی ٹھیک فیصلہ کرنے والا ہے (اور) بات (کی حقیقت کو کھول دینے والا ہے۔ (اور یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ) گندی عورتیں گندے مردوں کے لائق ہوتی ہیں اور گندے مرد گندی عورتوں کے لائق ہوتے ہیں اور ستھری عورتیں ستھرے مردوں کے لائق ہوتی ہیں اور ستھرے مرد ستھری عورتوں کے لائق ہوتے ہیں یہ اس بات سے پاک ہیں جو یہ (منافق بکتے پھرتے ہیں ان (حضرات) کے لئے (آخرت میں) مغفرت اور عزت کی روزی (یعنی جنت) ہے۔

تفسیر: تبریہ صدیقہ افک ونصیحت مؤمن وفضیحت منافق ☆ اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۞ **ف**: اول قصہ کا خلاصہ لکھا جاتا ہے پھر ترجمہ اور تفسیر لکھوں گا۔ صحیح بخاری وغیرہ میں مروی ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ بنی مصطلق سے جو کہ ۶ ھ میں ہوا تھا مدینہ واپس تشریف لاتے تھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا آپ کے ہمراہ تھیں اور اُن کی سواری کا اونٹ علیحدہ تھا اور اس پر ہودج تھا یہ ہودج میں پردہ چھوڑ کر بیٹھ جاتیں جمال اس ہودج کو اُٹھا کر اونٹ پر باندھ دیتے ایک روز ایک منزل میں مقام ہوا اور کوچ سے ذرا پہلے حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کو قضائے حاجت کی ضرورت ہوئی یہ جنگل کی طرف چلی گئیں اور وہاں اتفاق سے اُن کا ہار ٹوٹ کر گر گیا اس کی تلاش میں دیر لگ گئی یہاں پیچھے کوچ ہو گیا جمال حسب عادت ہودج باندھنے آئے اور اس کے پردے میں پڑے رہنے سے گمان کیا کہ حضرت صدیقہؓ اس میں ہیں اُٹھاتے وقت بھی کچھ شبہ نہ ہوا کیونکہ اُن کی تھوڑی عمر تھی اور بدن میں بہت نحیف تھیں ہودج باندھ کر اُونٹ کو ہانک دیا یہ جو بعد میں اپنے فرودگاہ کو لوٹیں قافلہ کو نہ پایا نہایت استقلال کے ساتھ اُن کی یہ رائے ہوئی کہ جب آگے میں نہ ملوں گی تو ڈھونڈنے کیلئے یہاں ہی آویں گے یہاں سے جانا خلاف مصلحت ہے وہاں ہی چادر میں لپٹ کر بیٹھ رہیں رات کا وقت تھا نیند کا غلبہ ہوا وہاں ہی لیٹ رہیں حضرت صفوان بن معطل صحابیؓ گرے پڑے (سامان) کی خبر گیری کی مصلحت سے قافلہ سے پیچھے رہا کرتے تھے وہ اس موقع پر صبح کے وقت پہنچے دیکھا کوئی آدمی پڑا سوتا ہے قریب آکر پہچانا کیونکہ پردہ کا حکم نازل ہونے سے پہلے اُنہوں نے اُن کو دیکھا تھا انہوں نے غایت تاسف سے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا اس سے اُن کی آنکھ کھل گئی اور منہ ڈھانک لیا اُنہوں نے اونٹ اُن کے قریب لاکر بٹھلا دیا یہ اُس پر پردہ کے ساتھ سوار ہو گئیں اُنہوں نے اونٹ کی نکیل پکڑ کر قافلہ میں لے جا کر ملا دیا۔ عبداللہ بن ابی منافق بڑا ہی خبیث اور دشمن جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا اُس کو ایک بات ہاتھ لگ گئی اور کمبخت نے واہی تباہی بکنا شروع کیا اور بعض بھولے مسلمان بھی سنی سنائی اس کا تذکرہ کرنے لگے جیسے حضرت حسان حضرت مسطحؓ مردوں میں اور حضرت حمنہؓ عورتوں میں چنانچہ درمنثور میں بروایت ابن مردویہ ابن عباس کا قول ہے اعانہ ای عبداللہ حسان مسطح وحمنة حضرت عائشہؓ کو اور عام طور پر سب مسلمانوں کو اور خود جناب رسول اللہ صلی اللہ پر اس شہرت کا سخت صدمہ تھا ایک مہینہ تک یہی قصہ رہا آخر یہ آیتیں براءت میں اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائیں جو اوپر لکھی گئیں اور جن کی تفسیر آگے آتی ہے آپ نے قاذفین پر حد لگائی **رواہ البزاز وابن مردویہ عن ابی ھریرۃ انہ صلی اللہ علیہ وسلم حد مسطحا وحمنة وحسان وروی الطبرانی عن عمر انہ صلی اللہ علیہ وسلم حد عبداللہ حدین کذا فی الدر قلت وکان ذلک خا اضابہ۔** مؤمنین نے توبہ کر لی اور منافقین اُسی گمان میں رہے۔

ترجمہ و تفسیر: جن لوگوں نے یہ طوفانؒ (حضرت صدیقہؓ کی نسبت) برپا کیا ہے (اے مسلمانو جو اس شہرت سے رنجیدہ ہیں اور اس میں خود جن پر تہمت تھی بدرجہ اولیٰ داخل ہیں) وہ تمہارے میں کا ایک (چھوٹا سا) گروہ ہے (کیونکہ قاذف کل چار تھے ایک بالذات اور مخترع یعنی عبداللہ منافق اور تین بالواسطہ اور تبع یعنی حسان و مسطح وحمنہ کہ مؤمن مخلص تھے اور حقیقةً منکم کے مصداق تھے اور منافق مذکور ظاهراً منکم میں شمار کیا گیا ہے بوجہ ادعائے اسلام کے مطلب تسلی ہے کہ زیادہ غم نہ کرو اول تو جھوٹ پھر ناقل بھی کل چار ہی آدمی اور زیادہ آدمی تو اس کے مخالف ہی ہیں پس عرفاً بھی یہ موجب زیادت غم نہ ہونا چاہئے آگے ایک طور پر تسلی ہے کہ) تم اس (طوفان بندی) کو اپنے حق میں برا نہ سمجھو (گو ظاہر میں غم کی بات ہے مگر واقع میں اس سے تمہارا ضرر نہیں) بلکہ یہ (باعتبار انجام کے) تمہارے حق میں بہتر ہی بہتر ہے (کیونکہ اس غم سے تم کو صبر کا ثواب ملا تمہارے درجے بڑھے خصوص متہم حضرات کی براءت کے لئے نص قطعی آئی اور آئندہ بھی مسلمانوں کے حق میں خیر ہے کہ ایسے مصیبت زدہ اس واقعہ سے تسلی حاصل کیا کریں گے پس تمہارا تو کوئی ضرر نہ ہوا البتہ ان چرچا کرنے والوں کو ضرر ہوا کہ) ان میں سے ہر شخص کو جتنا کسی نے کچھ کیا تھا گناہ ہوا (مثلاً زبان سے کہنے والوں کو زیادہ گناہ اور سن کر خاموش رہ جانے والوں کا یا دل سے بدگمانی کرنے والوں کو اس کے موافق گناہ ہوا) اور ان میں جس نے اس (طوفان) میں سب سے بڑا حصہ لیا (کہ اس کو اختراع کیا مراد اس سے عبداللہ بن ابی منافق ہے) اس کو (سب سے بڑھ کر) سخت سزا ہوگی (مراد اس سے جہنم ہے جس کا استحقاق پہلے سے بوجہ کفر ونفاق وعداوتِ رسول کے بھی ہے اب اور زیادہ

www.besturdubooks.net

عقوبت کا مستحق ہو گیا یہ تو غمزدوں کے ضرر کی نفی اور قاذفین کے ضرر کا اثبات تھا آگے ان قاذفین مؤمنین کو ناصحانہ ملامت ہے کہ) جب تم لوگوں نے یہ بات سنی تھی تو مسلمان مردوں (نے جن میں حسان و مسطح بھی آ گئے) اور مسلمانوں عورتوں نے (جن میں حمنہ بھی آ گئیں) اپنے آپس والوں کے ساتھ (یعنی حضرت صدیقہ اور ان صحابی کے ساتھ دل سے) گمان نیک کیوں نہ کیا اور (زبان سے) یوں نہ کہا کہ یہ صریح جھوٹ ہے (جیسا در منثور میں ابوایوب اور ان کی زوجہ کا یہی قول مروی ہے اس میں قاذفین کے ساتھ ساکتین اور شاکین پر بھی ملامت ہے جن میں بجز معدودین کے اور مؤمنین و مؤمنات بھی داخل ہو گئے آگے اس حسن ظن و رد افک کے وجوب کی وجہ ارشاد ہے کہ) یہ (قاذف) لوگ اس (اپنے قول) پر چار گواہ کیوں نہ لائے (جو کہ اثبات زنا کیلئے شرط ہے) سو جس حالت میں یہ لوگ گواہ (موافق قاعدہ کے) نہیں لائے تو بس اللہ کے نزدیک (جو قانون ہے اس کے اعتبار سے) یہ جھوٹے ہیں (مطلب یہ کہ اصل امر نزاہت ہے جب تک اس کا یقینی رافع نہ ہو اسی کا یقین شرعاً واجب ہے لان الیقین لا یزول الا بیقین مثلہ لا بالشك پس اس بنا پر نزاہت صدیقہ کا یقین اور قذف کے مقابلہ میں اس یقین کا اظہار واجب تھا اور یہی یقین ہے جس کا ایسے امور میں عبد مکلف بنایا گیا ہے جس کے لئے عدم ثبوت بالدلیل المخالف کافی ہے نہ یقین باصطلاح اہل المعقول کیونکہ اس کے لئے ثبوت عدم بالدلیل کی حاجت ہے پس محل افک میں قبل نزول آیات کے صرف عدم ثبوت بالدلیل تھا اور بعد آیات کے البتہ ثبوت عدم بالدلیل محقق ہو گیا پس اس وقت یقین استصحاب کافی تھا جس کو اللہ تعالیٰ نے ظن سے تعبیر فرمایا ہے اور عدم ثبوت بالدلیل کو جو کہ اس یقین کا مبنیٰ ہے لو لا جاء وا الخ میں بیان فرمایا ہے اس وقت یقین اصطلاحی کا مکلف نہیں فرمایا تھا البتہ اب بعد نزول آیات چونکہ اس یقین اصطلاحی کا مبنیٰ کہ ثبوت عدم بالدلیل ہے پایا گیا اب اس کا بھی مکلف ہے اور اس کا ترک یعنی احتمال رجوع بھی کفر ہے اور اب اس آیت پر یہ اشکال بھی نہ رہا کہ عدم اتیان بالشہداء مستلزم کذب قاذف کو اور مورث تحقق نزاہت کو کیسے ہوا اور یہ شبہ بھی نہ رہا کہ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تردد تھا چنانچہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا تھا کہ اگر کوئی لغزش ہو گئی ہو تو توبہ کر لینا چاہئے رواہ البخاری اور آیت سے وجوب یقین نزاہت کا معلوم ہوتا ہے پھر تردد میں ترک واجب معصوم سے لازم آیا سو وجہ دفعہ ظاہر ہے کہ یہ تردد منافقین یقین شرعی مذکور کے نہیں چنانچہ اس یقین کو آپ نے خود ان الفاظ سے ظاہر فرمایا تھا ما علمت علی اھلی الا خیرا۔ رواہ البخاری البتہ یقین اصطلاحی اہل معقول کے منافی ہے سو اس کا وجوب نزول آیات کے قبل ہوا نہ تھا جیسا اب بعد نزول آیات کے ہو گیا اور یہاں تو وہ قاذف واقع میں بھی کاذب تھے اور نہ کوئی معائنہ کا مدعی تھا لیکن اگر کسی جگہ خود کوئی شخص معائنہ کر لے اور گواہ نہ لا سکے تو اس کا کاذب ہونا عند اللہ بایں معنی ہے کہ حکم کاذبین کا یعنی حد قذف اس پر جاری کرو کذا فی الخازن آگے اپنی رحمت قاذفین اہل ایمان کے ساتھ ارشاد فرماتے ہیں) اور اگر (اے حسان و مسطح و حمنہ) تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم نہ ہوتا دنیا میں (بھی کہ توبہ کی مہلت دی اور آخرت میں (بھی کہ توبہ کی توفیق دی اور اس کو قبول بھی کر لیا اگر یہ نہ ہوتا) تو جس شغل میں تم پڑے تھے اس میں تم پر سخت عذاب واقع ہوتا (جیسا عبداللہ بن ابی کو بوجہ عدم توبہ کے ہو گا کما مر من قولہ تعالیٰ: والذی تولی و کما سیاتی ولھم عذاب عظیم۔ یوم تشھد گو امہال اس کے لئے بھی ہے مگر مجموعہ دارین میں رحمت نہیں ہے اور اس سے معلوم ہو گیا کہ صحابہ مقبول التوبہ اور پاک ہو کر آخرت میں مرحوم ہیں اور علیکم میں خطاب مؤمنین کو ہونے کا قرینہ اولاً اوپر کی آیت میں یہ ارشاد ہے ظن المؤمنون ثانیاً فی الاخرۃ فرمانا کہ منافق بوجہ استحقاق درک اسفل کے یقیناً مرحوم فی الآخرۃ نہیں ثالثاً آگے یعظکم۔ لو لا فضل اللہ علیکم میں طبرانی نے ابن عباس کا قول نقل کیا ہے یرید مسطحا وحمنۃ و حسانا کذا فی الدر المنثور اور صیغہ مضارع[1] مخاطب بھی اس کا قرینہ مؤید ہے آگے ما افضتم فیہ کے فی نفسہ مؤثر فی العذاب ہونے کی وجہ فرماتے ہیں کہ تم اس عذاب عظیم کے مستحق[2] اس وقت ہو جاتے) جب کہ تم اُس (جھوٹ بات) کو اپنی زبانوں سے نقل در نقل کر رہے تھے اور اپنے منہ سے ایسی بات کہہ رہے تھے جس کی تم کو (کسی دلیل سے) مطلق خبر نہیں (اور ایسی خبر کے ناقل کا کاذب ہونا فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ میں بیان ہو چکا) اور تم اس کو ہلکی بات (یعنی غیر موجب گناہ) سمجھ رہے تھے حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بہت بھاری بات (یعنی موجب گناہ) تھی (اور اولاً رمی محصنات خود معصیت ہے پھر محصنات بھی کون ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن میں سے کہ یہ قذف موجب تاذی بھی ہوا جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے پس) اس میں متعدد اسباب معصیت کے جمع تھے) اور تم نے جب اس (بات) کو (اول سنا تھا) تو یوں کیوں نہ کہا کہ ہم کو زیبا نہیں کہ ایسی بات منہ سے نکالیں معاذ اللہ یہ بڑا بہتان ہے (جیسا کہ بعض صحابہ نے اسی طرح کہا تھا رواہ فی الدر عن سعد بن معاذ و زید بن حارثۃ وابی ایوب اور زائد کی نفی نہیں ہے ممکن ہے اور بہتوں نے کہا ہو مطلب یہ کہ قاذفین اور ساکتین سب کو یہی کہنا چاہئے تھا۔ اور یہ شبہ کہ جیسے بلا دلیل صدق معلوم نہیں تھا اس لئے قذف ناجائز تھا اسی طرح بلا دلیل کذب بھی تو معلوم نہیں ہو سکتا پھر هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ کہنا کیسے جائز بلکہ موجب مدح ہوا سو یہ شبہ اوپر فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ کی تقریر میں دفع کر دیا گیا ہے اسی طرح یہ شبہ کہ جب ان صحابہ کو ایسا تیقن تھا خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کیوں تردد تھا اور آپ نے یہ قول کیوں نہ فرمایا جس کا ترک آیت ہذا میں موجب ملامت معلوم ہوتا ہے یہ شبہ بھی اسی آیت کی تقریر میں دفع کر دیا گیا ہے اور اس قول کے مرادف آپ کا قول بھی نقل کیا گیا ہے یہاں

www.besturdubooks.net

تک تو ماضی پر ملامت تھی اب مستقبل کے لئے نصیحت ہے جو کہ اصل مقصود ہے ملامت سے پس ارشاد ہے کہ) اللہ تعالیٰ تم کو نصیحت کرتا ہے کہ پھر ایسی حرکت مت کرنا اگر تم ایمان والے ہو (یعنی ایمان مستلزم ہے وجوب کف عن العود کو اور مقدم یعنی ایمان موجود ہے پس تالی یعنی وجوب کف بھی متحقق ہے پس عود نہ ہونا چاہئے اور پر جیسا عدم نزول اسباب پر امتنان فرماتے ہیں) اور اللہ تعالیٰ تم سے صاف صاف احکام بیان کرتا ہے (جس میں نصیحت اور حد قذف اور قبول توبہ جو اوپر مذکور ہو چکے ہیں سب داخل ہیں) اور اللہ تعالیٰ بڑا جاننے والا اور حکمت والا ہے (تمہارے دل کی ندامت کا حال بھی اس کو معلوم ہے اس لئے توبہ قبول کی اور سیاست کی حکمت بھی خوب جانتا ہے اس لئے تمہارے سیاست کی گئی بھذا فسرہ ابن عباسؓ رواہ فی الدر اور یہاں تک نزول براءت سے قبل تذکرہ کرنے والوں کا ذکر تھا آگے ان کا ذکر ہے جو بعد نزول براءت کے بھی باز نہ آویں اور ظاہر ہے کہ ایسا شخص بے ایمان ہوگا پس ارشاد ہے کہ) جو لوگ (بعد نزول ان آیات کے بھی) چاہتے ہیں (یعنی اس کی کوشش عملی کرتے ہیں) کہ بے حیائی کی بات کا (ثابت البراءت) مسلمانوں میں چرچا ہو (یعنی یہ خبر شائع ہو کہ ان مسلمانوں میں یہ بے حیائی کی بات ہے۔ حاصل مطلب یہ کہ جو لوگ ان حضرات مقدسین کی طرف زنا کی نسبت کرتے ہیں) اُن کیلئے دنیا اور آخرت میں سزائے دردناک (مقرر) ہے (دنیا میں تو حد قذف جس کا ثبوت استحقاقاً تو دائماً ہے اور وقوعاً بھی احیاناً جب کہ سب شرائط پائے جاویں اور احیاناً بعض عوارض سے وقوع نہیں ہوتا منجملہ اُن کے حنفیہ کے نزدیک یہ بھی ہے کہ بعد حد قذف کے پھر اسی شخص کو وہی تہمت لگا دی مکرر حد نہیں لگتی اور آخرت میں عذاب جہنم جو استحقاقاً و وقوعاً ہر طرح یقینی ہے کیونکہ نص قطعی کے خلاف اعتقاد سے تکلم کرنا کفر ہے اور اگر تکلم نہ ہو صرف اعتقاد پر بھی عذاب آخرت مرتب ہوگا گو دنیا میں عدم ثبوت کی وجہ سے حد سے بچ جاوے اور اس آیت کے مضمون میں جو یہ قید لگائی گئی کہ بعد نزول ان آیات کے طبرانی نے ابن عباس سے نقل کی ہے کما فی الدر) اور (اس امر پر سزا کا تعجب مت کرو کیونکہ) اللہ تعالیٰ جانتا ہے (کہ کون معصیت کس درجہ ہے) اور تم (اس کی حقیقت پوری) نہیں جانتے (رواہ فی الدر ابن عباس آگے اس وعید سے اہل ایمان تائبین کے محفوظ رہنے پر امتنان فرماتے ہیں) اور (اے تائبین) اگر یہ بات نہ ہوتی کہ تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے (جس سے تم کو توفیق توبہ کی دی) اور یہ کہ اللہ تعالیٰ بڑا شفیق بڑا رحیم ہے (جس سے تمہاری توبہ قبول کر لی) تو تم بھی (اس وعید سے) نہ بچتے (آگے مسلمانوں کو اپنی رحمت سے بلا تخصیص اس معصیت مذکورہ کے تمام معاصی سے احتراز رکھنے کا امر اور تزکیہ بالتوبہ کی تصریح مع امتنان جو اہتمام[۲] کے واسطے بعنوانات مختلفہ مکرر ہے ارشاد فرماتے ہیں کہ (اے ایمان والو تم شیطان کے قدم بقدم مت چلو (یعنی اُس کے اغواء و اضلال پر عمل مت کرو) اور جو شخص شیطان کے قدم بقدم چلتا ہے تو وہ تو ہمیشہ ہر شخص کو) بے حیائی اور نامعقول ہی کام کرنے کو کہے گا (جیسا اس واقعہ افک میں تم نے دیکھ لیا) اور (شیطان کے قدم بقدم چل چکنے کے اور گناہ سمیٹ لینے کے بعد اس کے وبال و ضرر سے جو کہ ثابت ہو ہی چکا تھا نجات دے دینا یہ بھی ہمارا ہی فضل تھا ورنہ) اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم نہ ہوتا تو تم میں سے کوئی کبھی بھی (توبہ کر کے) پاک و صاف نہ ہوتا (یا تو توبہ کی توفیق ہی نہ ہوتی جیسا منافقین کو نہ ہوئی اور یا توبہ قبول نہ کی جاتی کیونکہ ہم پر کوئی چیز واجب تو ہے نہیں) لیکن اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے (توبہ کی توفیق دے کر) پاک صاف کر دیتا ہے (اور بعد توبہ کے اپنے فضل سے وعدہ قبول کا بھی فرما لیا ہے) اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سنتا ہے سب کچھ جانتا ہے (پس تمہاری توبہ سن لی اور تمہاری ندامت جان لی اس لئے فضل فرما دیا۔ آگے اس کا بیان ہے کہ بعد نزول آیات براءت کی بعض صحابہ نے جن میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی ہیں رواہ البخاری اور دوسرے صحابہ بھی ہیں کذا فی الدر المنثور عن ابن عباسؓ۔ شدت غیظ میں قسم کھالی کہ جس جس نے یہ چرچا کیا ہے کہ بعض ان میں حاجتمند بھی تھے ان کو اب سے کسی قسم کی مالی امداد نہ دیں گے اللہ تعالیٰ ان کو عفو تقصیر اور امداد جاری کر دینے کے لئے ارشاد فرماتے ہیں) اور جو لوگ تم میں (دینی) بزرگی اور (دنیوی) وسعت والے ہیں وہ اہل قرابت کو اور مساکین کو اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو دینے سے قسم نہ کھا بیٹھیں (یعنی اس قسم کے مقتضیٰ پر استمرار نہ کریں بلکہ توڑ ڈالیں یہ مطلب ہے ورنہ قسم تو ہو ہی چکی تھی یعنی ان صفات کا مقتضیٰ ہے امداد کرنا خصوص جس میں سب ہوں جیسے حضرت مسطح کہ وہ ابوبکر کے نزدیک کے رشتہ دار بھی ہیں اور مسکین اور مہاجر بھی ہیں آگے ترغیب کے لئے فرماتے ہیں کہ) کیا تم یہ بات نہیں چاہتے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے قصور معاف کر دے (سو تم بھی اپنے قصورداروں کو معاف کر دو) بیشک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے (سو تم کو بھی تخلق باخلاق الٰہیہ چاہئے آگے منافقین کی وعید کی تفصیل ہے جس کا اوپر اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ الخ میں اجمالاً ذکر تھا یعنی) جو لوگ (بعد نزول آیات کے بدکاری کی) تہمت لگاتے ہیں ان عورتوں کو جو پاکدامن ہیں (اور) ایسی باتوں (کے کرنے اور ارادے) سے (محض) بے خبر ہیں (اور) ایمان والیاں ہی (اور جن کی براءت نص سے ثابت ہو چکی ہے اور جمع لانا اس لئے ہے کہ سب ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن کو شامل ہو جاوے کہ الطیبات سے سب کی طہارت ثابت ہے اور ظاہر ہے کہ ایسے لوگ جو ایسی مطہرات کو متہم کریں کافر اور منافق ہی ہو سکتے ہیں) ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی جاتی ہے (یعنی خدا تعالیٰ کی رحمت خاصہ سے دارین میں بوجہ کفر کے دور ہوں گے) اور ان کو (آخرت میں) بڑا عذاب ہوگا جس روز ان کے خلاف میں ان کی زبانیں گواہی دیں گی اور ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں بھی (گواہی دیں گے) ان کاموں کی جو کہ یہ لوگ کیا کرتے تھے (مثلاً زبان کہے گی کہ اس نے میرے ذریعہ سے فلاں فلاں کفر کی بات بکی اور ہاتھ

www.besturdubooks.net

پاؤں کہیں گے کہ اس نے ترویج کفریات کے لئے یوں تگاپو کی) اس روز اللہ تعالیٰ ان کو ان کا واجبی بدلہ پورا پورا دے گا اور (اس روز ٹھیک ٹھیک) ان کو معلوم ہوگا کہ اللہ ہی ٹھیک فیصلہ کرنے والا ہے (اور) بات (کی حقیقت) کو کھول دینے والا ہے (یعنی اب بوجہ کفر کے اس امر کا اعتقاد کما حقہ نہیں اس روز معلوم ہو جاوے گا اور یہ معلوم کر کے بالکل نجات سے مایوس ہو جاویں گے کیونکہ ان کے مناسب فیصلہ عذاب ابدی ہے۔ یہ آیتیں غیر تائبین کے بارے میں ہیں کہ نزول آیت کے بعد بھی اعتقاد افک سے باز نہیں آئے تائبین کو فَضْلُ اللّٰهِ ۔ وَرَحْمَتُهٗ میں مرحوم دارین فرمایا اور غیر تائبین کو لعنوا میں ملعون دارین فرمایا تائبین کو لَمَسَّكُمْ فِيْ مَاۤ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ میں عذاب سے محفوظ بتلایا تھا اور غیر تائبین کو لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ میں و نیز اس سے قبل وَ الَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ الخ میں مبتلائے عذاب بتلایا تائبین کے لئے ان اللّٰه غفور رحیم۔ میں بشارت عفو و غفران یعنی ستر معصیت کی فرمائش اور غیر تائبین کے لئے تشهد اور توفیهم میں وعید عدم عفو اور فضیحت کی فرمائی تائبین کو ما زكى منكم الخ میں طاہر بتلایا تھا غیر تائبین کو اگلی آیت میں خبیث فرمایا جس میں مضمون براءت پر استدلال کر کے قصہ کو ختم فرمایا ہے یعنی یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ) گندی عورتیں گندے مردوں کے لائق ہوتی ہیں اور گندے مرد گندی عورتوں کے لائق ہوتے ہیں اور ستھری عورتیں ستھرے مردوں کے لائق ہوتی ہیں اور ستھرے مرد ستھری عورتوں کے لائق ہوتے ہیں (ایک مقدمہ تو یہ ہوا اور دوسرا مقدمہ[۳] ضروریات سے ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر چیز آپ کے لائق اور مناسب ہی دی گئی ہے پس جب آپ ستھرے ہیں تو ضرور اس مقدمہ ضروریہ کے اعتبار سے آپ کی بی بی بھی ستھری ہیں اور ان کے ستھرے ہونے سے اس تہمت خاص سے حضرت صفوان کا منزہ ہونا بھی لازم آیا اسی لئے آگے فرماتے ہیں کہ) یہ اس بات سے پاک ہیں جو یہ (منافق) بکتے پھرتے ہیں ان (حضرات) کے لئے (آخرت میں) مغفرت اور عزت کی روزی (یعنی جنت ہے) مغفرت ہر ایک کی اس کی حالت کے مناسب ہے پس محل اشکال نہیں اور اس میں منافقین کے خبث کا بھی بیان ہو گیا اور نوح اور لوط علیہما السلام کی بیبیاں گو کافر ہوں گی مگر خبث یعنی زنا سے پاک تھیں كما فى در المنثور تفسير سورة التحريم وعن ابن جريج قال كانت كافرتين مخالفتين ولا ينبغى لا مرأة تحت نبى ان تجرو عن ابن عباسؓ قال ما بغت امراة نبى قط اور نکتہ اس میں یہ ہے کہ کفر زوجہ منفر نہیں اور زنائے زوجہ منفر ہے اور انبیاء منفرات سے منزہ ہیں اور شہادۃ السنہ منافی نہیں ختم على الافواہ کے کیونکہ ختم على الافواہ سے معذرت نافعہ کی نفی ہے اور شہادت میں قول مضر کا اثبات ہے و نیز شہادت کی زبان خود متکلم ہوگی متکلم کا آلہ نہ ہوگی یہ مراد ہے ختم سے اور اگر شبہ ہو کہ حضرت علی نے اس مشورہ میں کہا تھا کہ اگر آپ طلاق دے دیں تو عورتیں بہت ہیں جواب یہ ہے کہ ان کو سوءِ ظن نہ تھا بلکہ اس مشورے میں تسکین و تقویت قلب اور تخفیف غم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تھی اور متوجہ کرنا تھا خلو ذہن کے ساتھ تحقیق کی طرف تاکہ براءت خوب ثابت ہو جاوے تو واقع میں اعانت تھی ثبوت براءت میں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ۚ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۔ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ شیوخ کو اس بات پر محزون نہ ہونا چاہئے کہ منکرین ان کے ساتھ تشنیع و انکار سے پیش آویں کہ اس سے ترقی ہوتی ہے قولہ تعالیٰ: لَوْلَاۤ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ الخ اس میں صریح تاکید ہے کہ خبروں میں سخت احتیاط و تحقیق سے کام لینا چاہئے اور یہ اہل اللہ کی عادت لازمہ ہے کہ بعید سے بعید احتمال پر بھی حسن ظن ہی کرتے ہیں قولہ تعالیٰ: وَلَوْلَاۤ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ الخ چونکہ اس قصہ میں علاوہ عام گناہ تہمت کے خاص یہ بات بھی تھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اہلیہ محترمہ سے تعرض تھا اور زیادہ انکار کا سبب یہی ہے تو اس بناء پر یہ اس پر دال ہے کہ شیخ کے اہل و عیال کے ساتھ خصوصیت کے ساتھ ادب و احترام سے پیش آنا چاہئے اور ان کو ایذاء پہنچانا دوسروں کی ایذا سے زیادہ قبیح ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ الخ تصریح ہے کہ مدار کا فضل ہے نہ کہ سعی و مجاہدہ۔ قولہ تعالیٰ: وَ لَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ الخ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ بزرگوں کو مناسب ہے کہ مریدوں کی لغزشوں پر ان سے فیوض کو بند نہ کر دیں۔

الحواشی: (۱) کیونکہ مسلمان ہی احق بالخطاب والتکلم والعنایۃ ہیں اور مراد اس سے یہ صیغے ہیں تلقونه وتقولون وتحبون بخلاف منافقین کے کہ ان کا ذکر بصیغہ غیبت ہوا ہے والذى يحبون ان تشيع الفاحشة الخ۔ (۲) یہ صفت امتنان کی اور یہ مکرر آیا ہے فى السابق قوله تعالىٰ ولولا فضل الله عليكم فى الدنيا والآخرة لمسكم وقوله تعالىٰ ولو لا فضل الله عليكم ورحمته وان الله رؤف رحيم۔ وههنا قوله تعالىٰ ولولا فضل الله عليكم ورحمته ما زكى منكم الآية ۱۲۔ (۳) مطلب ہے یہ کہ یہ ایک واقعہ ہے کہ ہم نے خاص جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارہ میں اس قاعدہ کلیہ کی رعایت ضرور ملحوظ رکھی ہے گو دوسروں کے بارہ میں کسی خاص حکمت کی بناء پر اس قاعدہ کی رعایت التزاماً ملحوظ نہ رکھی گئی ہو اور جب کہ مطلب یہ ہے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی براءت ثابت ہو جائے گی اور یہ لازم نہ ہوگا کہ ہر گندی عورت کا شوہر گندہ اور ہر گندے شوہر کی بی بی گندی اور ہر پاک عورت کا خاوند پاک اور ہر پاک مرد کی بیوی پاک ہو پس اس پر یہ اشکال نہ ہوگا کہ بہت سے اچھے مرد ایسے ہیں کہ ان کی بیویاں بری ہیں اور بہت سے اچھی بیویاں ایسی ہیں کہ ان کے خاوند برے ہیں کیونکہ حق سبحانہ و تعالیٰ نے یہ تو بتلایا ہے کہ خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لئے ہیں الخ مگر یہ نہیں فرمایا کہ ہم نے ہر جگہ اس قاعدہ کا لحاظ بھی

www.besturdubooks.net

رکھا ہے بلکہ خاص جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق اس قاعدہ کے ملحوظ رکھنے کا اظہار فرمایا ہے فتدبر ۱۲ تصحیح۔ (۴) اشکال اس صورت میں ہے کہ اولاء میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی داخل ہوں جیسا جملہ اولئك کا بعد والطیبون الخ کے آنا اس کا ظاہر قرینہ ہے ۱۲ منہ۔

مُلحقاتُ الترجمۃ: ۱ قوله في الافك یہ طوفان اشارة الى ان اللام للعهد۱۲۔ ۲ قوله في الذى تولى عبداللہ الخ كما حققه الطبرى وما ورد في بعض الروايات من قول بعض العائشة ان حسانا تولى كبره وانت تكرمينه وجوابها ان العمى من العذاب العظيم فمبنى على التنزل فحاصل الجواب انه لو فرض كونه تولّى فالمراد من العذاب هو الدنيوى۱۲۔ ۳ قوله في اذ تلقونه مستحق اس وقت اشارة الى تعلق اذ يمس ثم لما اشكل هذا التعلق بان التلقى فى الدنيا والمس فى الآخرة فكيف يتحد وقتهما اشارة الى الجواب بدلالة المس على الاستحقاق ولا اشكال فى اتحاد وقت التلقى والاستحقاق۱۲۔ ۴ قوله في سبحنك معاذ اللہ فيه رعاية للمحاورة لان التسبيح في لساننا لا يستعمل في الاستبعاد والاستعظام بل هو خاص بالتعجب۱۲۔ ۵ قوله قبل يعظكم ملامت کا الخ توضيح المقام ان الملامة على المعاصى لا تقصد بنفسها بل تقصد لغيرها وهذا الغير هو الوعظ اذا كان اللوم من العباد فان خلت منه فتكون خالية عن الفائدة ويشير اليه قوله عليه السلام فى محاجة موسٰى آدم عليهما السلام حج آدم موسٰى فى قوله اتلومنى واذا كان اللوم من الله تعالٰى فالغير الذى يقصد فى الاكثر من الملامة هو الوعظ كما ههنا وتارة الزام الحجة اذا كان المحل محل العقاب وان قيل كيف سأل موسٰى فى موضع كشف الحقائق قلنا الكشف لا يحيط فى عالم الآخرة ايضا۱۲۔ ۶ قوله في يحبون كوشش اشارة الى ان المراد به القصد والارادة لا الميل القلبى فقط بلا عزم وعمل والنكتة فى التعبير بالحب التنبيه على قوة المقتضى ان يكون الاشاعة عن صميم قلب ولا يكون هذا فى الازواج المطهرات الا من كافر عدو موذله صلى الله عليه وسلم۱۲۔ ۷ قوله في اولى القربى خصوص فيكون من عطف الصفة على الصفة۱۲۔ ۸ قوله فى الخبيثين لائق اشارة الى ان اللام للياقة فلا يرد عليه شئ ۱۲۔

اللغات: قوله عصبة فى الروح اصل العصبة الفرقة المتعصبة قلت او كثرت و كثر اطلاقها على العشيرة فما فوقها الى الاربعين وعليه اقتصر فى الصحاح وتطلق على اقل من ذلك ففى مصحف حفصة عصبة اربعة۱۲۔ قوله الكبر بالكسر وضم الاكبر المعظم۱۲۔ قوله افضتم يقال افاض فى الحديث خاض ۱۲۔ قوله لا ياتل لا يحلف افتعال من الالية ۱۲۔

النحو: عصبة منكم خبر لان۱۲۔ قوله ان تعودوا معمول ليعظ بتقدير عن التضمين يعظ معنى الزجر۱۲۔ قوله ان يوتوا معمول للاياتل لتضمنه معنى الامتناع فافهم۱۲۔ قوله يوم تشهد ظرف لما فى لهم من معنى الاستقرار لا لعذاب لما فى جواز اعمال المصدر الموصوف من الخلاف كذا فى الروح۱۲۔

البلاغۃ: جاؤ فى لفظ المجئ اشارة الى انهم اظهروه من عند انفسهم من غير ان يكون له اصل۔ قوله سمعتموه فيه التفات واشارة الى ان متولى كبره لم يكن اهلا للخطاب لبعده عن الحضرة فعبر عنه بالغائب فى قوله والذى تولى ثم خاطب غيره من المؤمنين المخطئين۔ قوله لو لا اذ سمعتموه ظن المؤمنون بانفسهم وصفهم بما يوجب الاتيان بالمحضض عليه ويكفهم عن اساء ة الظن بها كما لا يسيئون الظن بانفسهم فيما هم عنه بريئون والنكتة فى توسيط معمول الفعل المحضض عليه بينه وبين ارادة الشاه التحضيض تخصيص التحضيض باول وقت السماع وقصر التوبيخ واللوم على تاخير الاتيان بالمحضض عليه عن ذلك الآن والتردد فيه اى كان الواجب ان يظنوا ذلك اول ما سمعوا من غير تلعثم۔ قوله بالسنتكم وافواهكم فائدة التقييد بهما افادة كون هذا القول مختصا بالالسنة والافواه من غير ان يكون له مصداق و منشأء فى الواقع ويجوز ان يكون بافواهكم توبيخا كقولك اتقول ذلك بملأ فيك فان القائل ربما رمز وعرض وربما تشدق اى تفصح جاز ما كالعالم۱۲۔ قوله اولئك فيه تغليب لان الاشارة الى اهل البيت النبوى رجالا ونساء ويدخل فيه مع رسول الله صلى الله عليه وسلم الصديقة والازواج و تبريتها ظاهرة واما تبريته صلى الله عليه وسلم فلان قذفها يستلزم شينه صلى الله عليه وسلم بالنفر وحاشا صلى الله عليه وسلم عن ذلك۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝۲۷

فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

www.besturdubooks.net

عَلِيمٌ ﴿٢٨﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ مَسْكُونَةٍ فِيهَا مَتَاعٌ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ ﴿٢٩﴾

اے ایمان والوتم اپنے (خاص رہنے کے) گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں داخل مت ہو جب کہ (ان سے) اجازت حاصل نہ کرلو اور اجازت لینے سے قبل انکے رہنے والوں کو سلام نہ کرلو یہی تمہارے لئے بہتر ہے (یہ بات تم کو اس لئے بتلائی ہے) تا کہ تم خیال رکھو (اور اس پر عمل کرو) پھر اگر ان گھروں میں تم کو کوئی (آدمی) نہ معلوم ہو تو (بھی) ان گھروں میں نہ جاؤ جب تک کہ تم کو (مختار اذن کی جانب سے) اجازت نہ دی جائے اور اگر تم کو اجازت لینے کے وقت یہ کہہ دیا جائے کہ اس وقت لوٹ جاؤ تو تم لوٹ آیا کرو یہی بات تمہارے لئے بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمال کی سب خبر ہے (اگر خلاف کرو گے سزا کے مستحق ہو گے) تم کو ایسے مکانات میں چلے جانے کا گناہ نہ ہو گا جن میں (گھر کے طور پر) کوئی نہ رہتا ہو ان میں تمہاری کچھ برت ہو اور تم جو کچھ اعلانیہ کرتے ہو اور جو پوشیدہ طور پر کرتے ہو اللہ تعالیٰ سب جانتا ہے۔

تفسیر: حکم پنجم استیذان ☆ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا (الی قولہ تعالی) وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ ﴿٢٩﴾ (مکانات کی چار قسمیں ہیں ایک خاص اپنے رہنے کا جس میں دوسرے کے آنے کا احتمال ہی نہیں۔ دوسرا جس میں کوئی اور بھی رہتا ہو گو وہ محارم ہی کیوں نہ ہوں یا کسی کے آجانے کا اس میں احتمال ہو تیسرا جس میں کسی کا بالفعل رہنا یا نہ رہنا دونوں محتمل ہوں چوتھا جس میں کسی کی خاص سکونت نہ رکھنا متیقن ہو جیسے مدرسہ خانقاہ سرائے۔ پس قسم اول کا حکم تو یہ ہے کہ اس میں کسی کی اجازت لینے کی ضرورت نہیں کیونکہ علت وجوب استیذان کی جو آئندہ معلوم ہوگی وہاں منتفی ہے اور دوسری اقسام کا حکم اگلی آیتوں میں فرماتے ہیں کہ) اے ایمان والوتم اپنے (خاص رہنے کے) گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں (جس میں دوسرے لوگ رہتے ہوں خواہ بطور ملک کے یا بطور رعایت یا اجارہ کے) داخل مت ہو جب تک کہ (ان سے) اجازت حاصل نہ کرلو اور (اجازت لینے کے قبل) ان کے رہنے والوں کو سلام نہ کرلو (یعنی اول سلام کر کے اُن سے پوچھو کہ ہم آویں اور ویسے ہی بے اجازت لئے ہوئے مت گھس جاؤ اور گو اجازت لینے کو بعضے آدمی خلاف شان اور موجب ندامت سمجھتے ہیں اور اسلئے اجازت نہ لینے کو مستحسن سمجھتے ہیں لیکن واقع میں) یہ (اجازت لے کر اندر جانا) ہی تمہارے لئے (بے پوچھے چلے جانے سے) بہتر ہے (یہ بات تم کو اس لئے بتائی ہے) تا کہ تم (اس کا) خیال رکھو (اور اس پر عمل کرو اور بہتر اس وجہ سے ہے کہ بے پوچھے چلے جانے میں احتمال ہے ناجائز موقع پر نظر پڑ جانے کا یا گھر والوں کی ایسی حالت پر مطلع ہونے جس پر مطلع ہونا اُن کو ناگوار ہے اسی لئے تجسس کی ممانعت ہے اس لئے یہ حکم عام ہوگا اعمیٰ اور نساء کے لئے بھی اور اس احتمال پر جو مفاسد مرتب ہو سکتے ہیں وہ اُس مذلت وہمیہ سے جو استیذان میں سمجھی جاتی ہے کہیں زائد ہیں یہ حکم ہوا قسم دوم کا) پھر اگر ان گھروں میں تم کو کوئی (آدمی) معلوم نہ ہو (خواہ واقع میں وہاں کوئی ہو یا نہ ہو) تو (بھی) اُن گھروں میں نہ جاؤ جب تک کہ تم کو (مختار اذن کی جانب سے) اجازت نہ دی جاوے (کیونکہ اول تو اس میں آدمی ہونے کا احتمال ہے اور وہ علت مذکورہ وجوب استیذان کی محتمل ہے اور اگر یقین بھی ہو جاوے کہ اس میں کوئی نہیں اور ہے پرایا گھر تب بھی بے اجازت جانے میں تصرف ہے ملک غیر میں بلا اُس کے اذن کچھ کہ حرام ہے یہ حکم ہوا قسم سوم کا) اور اگر اجازت لینے کے وقت) تم سے کہہ دیا جاوے کہ (اس وقت) لوٹ جاؤ تو تم لوٹ آیا کرو یہی بات تمہارے لئے (اس سے) بہتر ہے (کہ وہیں جم جاؤ کیونکہ یہ پوری ذلت اور دوسرے شخص کے اوپر گرانی ڈالنا ہے اور ایذا کی حرمت ظاہر ہے اس طرح بے وجہ ذلیل ہونا بھی مذموم یہ ذلت واقعیہ اور بے ضرورت ہے اور پہلی ذلت وہمیہ اور دوسرے کے حفظ حقوق کے لئے ہے فافترقا) اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمالوں کی سب خبر ہے (اگر خلاف حکم کرو گے سزا کے مستحق ہو گے اور یہی حکم ہے لوٹ آنے کا جب تمہارے بارے پوچھنے پر اجازت نہ ملے جیسے حدیث میں ہے اور) تم کو ایسے مکانات میں (بے خاص اجازت کے) چلے جانے کا گناہ نہ ہوگا جن میں (گھر کے طور پر) کوئی نہ رہتا ہو (اور) اُن میں تمہاری کچھ برت ہو (یہ حکم ہے قسم چہارم کا جہاں منافع عامہ متعلق ہے تو دلالۃً وہاں جانے کی اجازت ہوتی ہے پس جس کو اجازت نہ ہو اُس کو ان مکانات میں بھی جانا جائز نہ ہوگا جن میں چوری یا ضرررسانی کا احتمال وشبہ ہو) اور تم جو کچھ اعلانیہ کرتے ہو اور جو پوشیدہ طور پر کرتے ہو اللہ تعالیٰ سب جانتا ہے (پس سر وعلن میں تقویٰ کی ملازمت لازم ہے۔ **ف**: یہ مسئلہ استیذان کا مردانہ اور زنانہ سب گھروں کے لئے ہے افسوس ہے کہ دوسری بعض قومیں اس سے منتفع ہو رہی ہیں اور مسلمانوں میں سے بالکل متروک ہو گیا ہے اور استیذان واجب ہے اور تقدیم سلام سنت ہے اور اپنے جس گھر میں یقیناً بجز منکوحہ یا مملوکہ شرعی کے کوئی نہ ہو وہ اس سے مستثنیٰ ہے ورنہ وہ بیوت بھی حکم میں غیر بیوتکم کے ہو جاویں گے لاشتراك العلة اور وہ مکان مردانہ بھی اس سے مستثنیٰ ہے جہاں آدمی اسی غرض سے بیٹھا ہو کہ جس کا دل چاہے ملنے کا آوے للاذن دلالة اور جو مکان خلوت اور آرام کے لئے مخصوص ہے گو مردانہ ہی ہو یا مکان ملاقات کا خلوت خانہ بن جانا کسی وقت قرائن سے معلوم ہو جاوے وہاں استیذان کی حاجت ہوگی اور ہر چند کہ یہاں خطاب مردوں کو ہے مگر عورتوں کا حکم بھی یہی ہے مردانہ میں بھی اور زنانہ میں بھی اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے جو اس آیت سابقہ کا آیت لیس علیکم جناح سے نسخ منقول ہے معنی اصطلاحی مراد نہیں بلکہ بیوتا غیر بیوتکم کے عموم ظاہری کی تخصیص غیر مسکونۃ سے مراد ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في وتسلموا اجازت لینے کے قبل لان الواو ليست للترتيب وقدم الاستيناس للاهتمام فانه واجب والتسليم

www.besturdubooks.net

بواجب بل سنة ۱۲۔ ۲ قوله فى ذلكم اجازت لے کر دل عليه الكلام السابق والا فالمذكور عدم الدخول لا الدخول ۱۲۔ ۳ قوله فى خير بے پوچھے چلے جانے سے اشارة الى المفضل عليه وتوجهه التفضيل الذى يلزم منه وجود الخيرية من وجه فى الدخول بلا استيذان قد قررته قبل بقولى گو اجازت لینے کی الخ۔ ۴ قوله فى لعلكم یہ بات تم کو اشارة الى كونه تعليلا لمقدر اى ارشدتم الى ذلك لعلكم ۱۲۔

فائدہ: ورد فى بعض الروايات قول ابن عباس فى تستانسوا خطأ الكاتب وانما هو تستاذنوا وانكر ابن حبان الرواية وبسط الكلام فى المقام على ما افاد المولوى حبيب احمد الكيرانوى فى الحواشى انه اخرج ابن جرير هذه الرواية من طرق عديدة ولكنها كلها تنتهى الى ابى بشر جعفر بن اياس عن سعيد بن جبير عن ابن عباس وابو بشر وسعيد وان كانا ثقتان لا يظن بمثلهما التعمد بالكذب الا انهما لم يكونا بمعصومين عن الوهم والخطأ فلعل احدهما اخطأ فى فهم كلام من يرويه هو عنه او خلط فى الرواية بان روى عن صاحبه ما سمع من غيره توهما وغلطا لا قصدًا وعمدًا وله نظائر فى الفن كما لا يخفى على الماهر وبالجملة هذه الرواية باطلة عن ابن عباس والدليل عليه ان سعيد بن جبير الذى روى هذه الرواية عن ابن عباس ولد بعد سنة اربعين فى خلافة معاوية رضى الله عنه والمصحف العثمانى شاع فى البلاد يومئذ فلو كان حتى تستانسوا وهما من الكاتب اوغلطا منه عنده فكيف لم ينبه عثمان او عليا على هذا الوهم والخطأ حتى تدارك ذلك الغلط دع هذا وكيف لم ينبه احدا من تلامذته غير سعيد بن جبير على هذا الغلط فالواقف على جلالة شان ابن عباسؓ لا يشك بعد ملا حظة ما قلنا فى ان نسبة رواية و هم الكاتب الى ابن عباسؓ باطل ويتايد بطلانه بانه رضى الله عنه فسر الاستيناس بالاستيذان قال ابن جرير حدثنا محمد بن سعد قال ثنى ابى قال ثنى عمى (اسمه حسين) قال ثنى ابى عن ابيه عن ابن عباس قوله يايها الذين آمنوا لا تدخلوا بيوتا غير بيوتكم حتى تستانسوا و تسلموا على اهلها قال الاستيناس الاستيذان و قال ابن جرير ايضًا حدثنا الحسين قال ثنا حجاج عن ابن جريج قال قال ابن عباسؓ قوله حتى تستانسوا قال الاستيذان ثم نسخ واستثنى ليس عليكم جناح ان تدخلوا بيوتا غير مسكونة آه قلت واجاب بعضهم بان المراد الخطأ فى الاختيار وترك ما هو الاولى بحسب ظنه لجمع الناس عليه من الاحرف السبعة[1] لا ان الذى كتب خارج عن القرآن وهذا كله قبل ان يثبت تواتره عنده اما بعد ثبوت التواتر فلا مساغ لتجويز خلافه فافهم والذى تحرر عندى فيه وفيما ورد من امثاله على تقدير ثبوت هذه الروايات ان هؤلاء رضى الله عنهم سمعوا القراء ات التى اختاروها من رسو ل الله صلى الله عليه وسلم ولم يسمعوا القراء ت الموجودة ثم ان تلك القراء ات نسخت ولم يبلغهم الخبر فداوموا عليها انكروا غيرها لمخالفته ظاهر القواعد وعدم سماعه كما كان ابو الدرداء يقرأ والذكر والانثى وكانت عائشةؓ تقرء خمس رضعات فاحفظ كذا افاد جامع الفضائل العلمية والعملية مولانا خليل احمد ابنيتوى دامت بركاتهم ۱۲۔

اللغات: الاستيناس الاستيذان بناء على انه استفعال من آنس الشئ بالمد علمه او بصره وابصار طريق الى العلم فالاستيناس استعلام والمتاذن طالب العلم بالحال مستكشف انه هل يراد دخوله اولا وقيل الاستيناس خلاف الا ستيحاش فهو من الانس بالضم خلاف الوحشة والمراد به الماذونية فكانه قيل حتى يوذن لكم فان من يطرق بيت غيره لا يدرى ايوذن له ام لا فهو كالمستوحش من خفاء الحال عليه فاذا اذن له استانس وهو فى ذلك كناية او مجاز ۱۲۔

الحواشى: (۱) متعلق بقوله الاولى اى الاولى لان يجمع الناس عليه وقوله من الاحرف بيان لقوله ما هو الاولى ۱۲ منه۔

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝۳۰

وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ

عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۪ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ

اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِى الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ

www.besturdubooks.net

الَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا عَلَىٰ عَوْرَاتِ النِّسَاءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ بِأَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ مِن زِينَتِهِنَّ ۚ وَتُوبُوا إِلَى اللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٣١﴾

آپ مسلمان مردوں سے کہہ دیجئے کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں یہ ان کے لئے زیادہ صفائی کی بات ہے بے شک اللہ تعالیٰ کو سب کی خبر ہے جو کچھ لوگ کیا کرتے ہیں اور (اسی طرح) مسلمان عورتوں سے بھی کہہ دیجئے کہ (وہ بھی) اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں اور زینت (کے مواقع) کو ظاہر نہ کریں مگر جو اس (موقع زینت) میں سے (غالباً) کھلا رہتا ہے (جس کے ہر وقت چھپانے میں حرج ہے) اور اپنے ڈوپٹے اپنے سینوں پر ڈالے رہا کریں اور اپنی زینت (کے مواقعہ مذکورہ) کو (کسی پر) ظاہر نہ ہونے دیں مگر اپنے شوہروں پر یا اپنے (محارم پر یعنی) باپ پر یا اپنے شوہر کے باپ پر یا اپنے بیٹوں پر یا اپنے شوہروں کے بیٹوں پر یا اپنے (حقیقی علاتی اور اخیافی بھائیوں یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں پر یا اپنی حقیقی علاتی اور اخیاتی بہنوں کے بیٹوں پر یا اپنی عورتوں پر یا اپنی لونڈیوں پر یا ان مردوں پر جو طفیلی (کے طور پر رہتے) ہوں اور ان کو ذرا توجہ نہ ہو یا ایسے لڑکوں پر جو عورتوں کے پردوں کی باتوں سے بھی ناواقف ہیں (مراد غیر مراہق ہیں) اور اپنے پاؤں زور سے نہ رکھیں کہ ان کا مخفی زیور معلوم ہو جائے اور (مسلمانوں تم سے جو ان احکام میں کوتاہی ہو گئی ہو تو) سب اللہ کے سامنے توبہ کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

تفسیر: حکم ششم غض ابصار و استتار ☆ قُل لِّلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ (الی قولہ تعالی) وَتُوبُوا إِلَى اللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٣١﴾ آپ مسلمان مردوں سے کہہ دیجئے کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں (یعنی جس عضو کی طرف مطلقاً دیکھنا ناجائز ہے اس کو بالکل نہ دیکھیں اور جس کو فی نفسہٖ دیکھنا جائز ہے مگر شہوت سے جائز نہیں اس کو شہوت سے نہ دیکھیں) اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں (یعنی ناجائز محل میں شہوت رانی نہ کریں جس میں زنا اور لواطت سب داخل ہے) یہ ان کے لئے زیادہ صفائی کی بات ہے (اور اس کے خلاف میں آلودگی ہے زنا یا مقدمہ زنا میں) بیشک اللہ تعالیٰ کو سب خبر ہے جو کچھ لوگ کیا کرتے ہیں (پس خلاف کرنے والے سزایابی کے مستحق ہوں گے) اور (اسی طرح) مسلمان عورتوں سے کہہ دیجئے کہ (وہ بھی) اپنی نگاہیں نیچی رکھیں (یعنی جس عضو کی طرف مطلقاً دیکھنا ناجائز ہے اس کو اصلاً نہ دیکھیں اور جس کو فی نفسہٖ دیکھنا جائز ہے مگر شہوت سے جائز نہیں اس کو شہوت سے نہ دیکھیں) اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں (یعنی ناجائز محل میں شہوت رانی نہ کریں جس میں زنا وسحاق سب داخل ہے) اور اپنی زینت (کے مواقع) کو ظاہر نہ کریں (زینت سے مراد زیور جیسے کنگن چوڑی خلخال بازوبند طوق جھومر پٹی بالیاں وغیرہ اور ان کے مواقع سے مراد ہاتھ پنڈلی بازو گردن سر سینہ کان یعنی ان سب مواقع کو سب سے چھپائے رکھیں بلحاظ ان دو استثناؤں کے جو آگے آتے ہیں اور جب ان مواقع کو اجانب سے پوشیدہ رکھنا واجب ہے جن کا ظاہر کرنا محارم کرروبرو جائز ہے جیسا آگے آتا ہے تو اور مواقع واعضاء جو بدن کے رہ گئے جیسے پشت وشکم وغیرہ جن کا کھولنا محارم کے روبرو بھی جائز نہیں ان کا پوشیدہ رکھنا بدلالۃ النص واجب ہو گیا حاصل یہ ہوا کہ سر سے پاؤں تک تمام بدن اپنا پوشیدہ رکھیں) مگر جو اس (موقع زینت) میں سے (غالباً) کھلا (ہی) رہتا ہے (جس کے چھپانے میں ہر وقت حرج ہے مراد اس موقع زینت سے وجہ اور کفین اور قدمین علی الاصح ہے کہ وجہ تو قدرتی طور پر مجمع زینت ہے اور بعض زینتیں قصداً بھی اس میں کی جاتی ہیں مثلاً سرمہ وغیرہ۔ اور کفین واصابع انگوٹھی چھلے مہندی کا موقع ہے اور قدمین میں چھلوں اور مہندی کا موقع ہے پس ان مواقع کو بضرورت ظہور مستثنیٰ فرمایا ہے اور ماظہر کی تفسیر وجہ اور کفین کے ساتھ حدیث میں آئی ہے اور قدمین کو بالقیاس اس میں بعض روایات فقہیہ میں داخل کیا ہے) اور (خصوصاً سر اور سینہ ڈھکنے کا بہت اہتمام کریں اور) اپنے دوپٹے (جو سر ڈھانکنے کے لئے موضوع ہیں) اپنے سینوں پر ڈالے رہا کریں (گو سینہ قمیص سے ڈھنک جاتا ہے لیکن اکثر قمیص میں سامنے سے گریبان کھلا رہتا ہے اس لئے اس اہتمام کی ضرورت ہوئی) اور (جیسے إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا میں ایک استثناء بعض مواد ضرورت کا باعتبار منظور کے اوپر آیا ہے ایک استثناء بعض مواقع رخصت کا باعتبار ناظر کے آگے آتا ہے یعنی) اپنی زینت (کے مواقع مذکورہ) کو (کسی پر) ظاہر نہ ہونے دیں مگر اپنے شوہروں پر یا (اپنے محارم پر یعنی) اپنے باپ پر یا اپنے شوہر کے باپ پر یا اپنے بیٹوں پر یا اپنے شوہر کے بیٹوں پر یا اپنے (حقیقی وعلاتی واخیافی) بھائیوں پر (نہ کہ چچازاد ماموں زاد وغیرہ پر) یا اپنے (مذکورہ) بھائیوں کے بیٹوں پر یا اپنی (حقیقی وعلاتی واخیافی) بہنوں کے بیٹوں پر (نہ کہ چچازاد خالہ زاد بہنوں کی اولاد پر) یا اپنی (یعنی اپنی دین کی شریک عورتوں پر) مطلب یہ کہ مسلمان عورتوں پر کیونکہ کافر عورت کا حکم مثل اجنبی مرد کے ہے (رواہ فی الدر عن ابن عباس و مجاهد وعمر بن الخطابؓ یا اپنی لونڈیوں پر (مطلقاً گو وہ کافر ہی ہوں کیونکہ غلام کا حکم ابوحنیفہؒ کے نزدیک مثل اجنبی مرد کے ہے (رواہ فی الدر عن طاؤس و مجاهد وعطاء وسعید بن المسیب وابراهیم) یا ان مردوں پر جو (محض کھانے پینے کے واسطے) طفیلی (کے طور پر رہتے) ہوں اور ان کو (بوجہ حواس درست نہ ہونے کے عورتوں کی طرف) ذرا توجہ نہ ہو (تابعین کی تخصیص اس لئے ہے کہ اس وقت ایسے لوگ تھے (کذا فی الدر عن ابن عباس) اور اسی حکم میں ہے ہر مسلوب العقل پر مدار حکم سلب حواس پر ہے نہ کہ تابع ہونے پر اس وقت وہ تابع ایسے ہی تھے لقول ابن عباسؓ فی الدر مغفل

www.besturdubooks.net

فی عقله احمق لا یکترث للنساء اور جو سمجھ رکھتا ہو آخر وہ اجنبی مرد ہے گو بوڑھا ہو یا خصی یا مجبوب ہی کیوں نہ ہو) یا ایسے لڑکوں پر جو عورتوں کے پردہ کی باتوں سے ابھی واقف نہیں ہوئے (مراد غیر مراہق پس ان سب کے سامنے وجہ وکفین وقدمین کے ساتھ زینت کے مواقع مذکورہ کا ظاہر کرنا بھی جائز ہے اور شوہر کے روبرو کسی جگہ کا بھی اخفاء واجب نہیں گو خاص بدن کو دیکھنا خلاف اولیٰ ہے (**قالت سیدتنا ام المؤمنین عائشة ما محصله لم ارمنه ولم یرمنی ذلک الموضع اورده فی المشکوة وروی بقی بن مخلد وابن عدی عن ابن عباس مرفوعًا اذا جامع احدکم زوجته او جاریته فلا ینظر الٰی فرجها فان ذلک یورث العمی قال ابن الصلاح جید الاسناد کذا فی الجامع الصغیر**) اور (پردے کا یہاں تک اہتمام رکھیں کہ چلنے میں) اپنے پاؤں زور سے نہ رکھیں کہ ان کا مخفی زیور معلوم ہو جاوے اور مسلمانو (تم سے جو ان احکام میں کوتاہی ہوگئی ہو تو) تم سب اللہ تعالیٰ کے سامنے توبہ کرو تا کہ تم فلاح پاؤ (ورنہ معصیت مانع فلاح کامل ہو جاتی ہے)۔ **ف**: **مسئلہ**: مرد کو شہوت کے ساتھ کسی کی طرف قصداً نظر کرنا جائز نہیں بجز زوجہ اور مملوکہ کے اور بلاشہوت نظر کرنے میں تفصیل ہے کہ محارم کے وجہ اور راس اور صدر اور ساقین اور عضدین اور ذراع وکفین وقدمین کی طرف نظر جائز ہے اور غیر محارم کی وجہ اور کفین اور بروایتے قدمین بھی دیکھنا جائز ہے مطلب یہ کہ یہ اعضاء داخل ستر نہیں اور یہ مطلب نہیں کہ بلاضرورت عورت کے بے پردہ پھرنا اور مردوں کا اس کو نظارہ کرنا درست ہے البتہ بضرورت سامنے آنا یا باہر نکلنا درست ہے اسی طرح بہت بوڑھے سے یہ پردہ نہیں باقی بلاضرورت اور خوف فتنہ کے وقت چہرہ چھپانا بھی واجب ہے چنانچہ حکم دوازدہم میں آتا ہے درمختار میں ہے **تمنع الشابة من کشف الوجه بین الرجال لا لانه عورة بل الخوف الفتنة** احقر کے سالہ القول الصواب میں اس کی پوری تحقیق ہے۔ اور مرد کا دوسرے مرد کے بدن کو بجز ناف سے زانو تک دیکھنا درست ہے اور بقیہ بدن دیکھنا مطلق جائز نہیں لیکن اگر شرعی ضرورت ہو تو اجازت ہے لیکن حتی الامکان قلب سے شہوت کو دفع کرے جیسے کسی جگہ کوئی زخم وغیرہ ہو معالج کو صرف اتنا بدن دیکھنا درست ہے۔ یہ تفصیل ہے مضمون يَغُضُّوا مِنْ اَبْصَارِهِمْ کی اور اسی تفصیل کی وجہ سے من تبعیضیہ ہو سکتا ہے کہ بعض جگہ اجازت ہے اور بعض جگہ اجازت نہیں اور قصداً اس لئے کہا کہ بلاقصد اگر نظر پڑ جاوے اور فوراً نگاہ ہٹالی جاوے تو گناہ نہیں۔ **مسئلہ**: عورت کو شہوت کے ساتھ کسی کی طرف قصداً نظر کرنا جائز نہیں بجز زوج کے اور بلاشہوت نظر کرنے میں تفصیل ہے کہ عورت کا دوسری عورت کے بدن کو بجز ناف سے زانو تک دیکھنا درست ہے اور مرد کے بدن کو ناف اور زانو کے درمیان تو بالاتفاق حرام ہے اور اس کے ماسوا کا دیکھنا مختلف فیہ ہے شافعیہ کے نزدیک حرام ہے اور حنفیہ کے نزدیک بلاشہوت گو حرام نہیں مگر خلاف اولیٰ ہے۔ چنانچہ ابوداؤد وترمذی وبیہقی میں حدیث ہے کہ ابن ام مکتوم صحابی نابینا نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آنا چاہا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ام سلمہؓ ومیمونہؓ سے فرمایا پردہ میں ہو جاؤ انہوں نے عرض کیا کہ وہ تو نابینا ہیں ہم کو نہ دیکھیں گے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کیا تم بھی نابینا ہو کیا تم ان کو نہ دیکھو گی اور شرعی ضرورت سے اجازت ہے اسی طرح بلاقصد نظر پڑنے سے جب کہ فوراً ہٹالی جاوے گناہ نہیں جیسا اوپر کے مسئلہ میں بیان ہوا۔ یہ تفصیل ہے يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ کی اور اس میں بھی من تبعیضیہ کی وہی توجیہ ہے۔ **مسئلہ**: یہ تفصیل تو عورت کے ناظر ہونے میں تھی اور منظور الیہا ہونا یعنی اپنے اعضا کیا کیا اور کس کے سامنے ظاہر کرے اور کس سے پوشیدہ کرے اس کی تفصیل ضمن تقریر ترجمہ میں ہوگئی ہے حاجت اعادہ نہیں البتہ یہ حکم حرائر کا ہے بقرینہ مقابلہ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ کے اور حکم اماء کا یہاں مذکور نہیں اور شوہر کے آباء میں اس کے اجداد ام اور اب دونوں کی طرف سے داخل ہوگئے اسی طرح ابناء میں ابناء الابناء بھی اسی طرح بنی اخوان میں خود بنی البنین بھی اسی طرح بنی اخوات میں ان کے بنین بھی اور یہاں عورت کے اخوال اور اعمام کا گو ذکر نہیں فرمایا مگر حکم ان کا بھی یہی ہے غرض مدار محرمیت پر ہے اور محرم وہ رشتہ دار ہے جس سے ابداً نکاح حرام ہو خواہ نسب سے ہو یا مصاہرۃ سے یا رضاع سے البتہ بعض فقہاء نے زمانہ کے فتن کو دیکھ کے مصاہرت اور رضاع سے خلوت میں رہنے بیٹھنے کو منع کیا ہے۔ **مسئلہ**: کافر عورت سے مثل اجانب کے بدن ڈھانکنا واجب ہے بجز مملوکہ کے اس کا بیان بھی ضمن تفسیر میں ہو چکا۔ **مسئلہ**: جس زیور کی آواز پیدا ہو وہ دو قسم کا ہے ایک وہ جو خود بھی بجتا ہو جیسے گھونگرو یا باجہ دار جانور اس کا پہننا تو بوجہ اس کے کہ حدیث میں جرس سے نہی آئی ہے بالکل ممنوع ہے اور قرآن میں یہ مراد نہیں اور دوسری قسم وہ جو خود نہیں بجتا مگر دوسری چیز سے لگ کر آواز دیتا ہے جیسے چھڑے اور کڑے اس کا پہننا جائز ہے اور اسی کی نسبت اس آیت میں حکم ہے کہ پاؤں زور سے نہ رکھیں یعنی پہننا درست ہے مگر اس کا اظہار بوجہ خوف فتنہ ومیلان اجانب درست نہیں اس سے یہ بھی مفہوم ہو سکتا ہے کہ جب زیور کی صوت کے اخفا کا ایسا اہتمام ہے تو خود صاحب زیور کی صوت کا کہ اکثر مورث فتنہ ومیلان ہو جاتی ہے اخفا کیوں نہ قابل اہتمام ہوگا الا بضرورت چنانچہ دوسری جگہ اس کی تصریح بھی ہے: فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا [الاحزاب: ۳۲] اور نیز یہ بھی مفہوم ہو سکتا ہے کہ جب صوت ایسی قابل اخفاء ہے تو صورت تو کیوں نہ قابل اخفا ہوگی کہ اصل مبدأ فتنہ ہے الا بضرورت رفع حرج جس کی طرف ما ظہر سے اشارہ ہے اور اس کی تقریر ترجمہ میں کر دی گئی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ چونکہ ذلک میں غض بصر بھی داخل ہے جو مقدمات زنا سے ہے پس اس میں افعال غیر مرضیہ کے مقدمات کا

www.besturdubooks.net

انسداد ہے اور یہ تعلیم سلوک کا ایک باب عظیم ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ الخ اس کی نظیر ہے کہ زینت اسرار کو اس کے نامحرم یعنی نااہل سے پوشیدہ رکھنا چاہئے۔

الحواشی: (۱) ویمکن ان یقال فی وجه الفرق ان آباء البعولة اکثر ما یتفق لهم المنظر الیهن اذا کن ذات ازواج بخلاف الاعمام فافترقا ۱۲۔ (۲) واخرجه ابن جریر وقال حدثنی علی قال ثنا ابو صالح قال ثنی معویة عن علی عن ابن عباسؓ قوله او التابعین غیر اولی الاربة من الرجال لهذا الرجل یتسع القوم وهو مغفل فی عقله لا یکترث للنساء ولا یشتهیهن وایضا فیه اسانید اخر تصحیح ۱۲۔ (۳) یعنی جب کشف کی ضرورت نہ ہو ۱۲ منہ (۴) البنین بنی اخوان مراد ہیں ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله اپنی نگاہیں الخ هذا علی ان من زائدة للصلة ویمکن ان یقال انها تبعیضیة والحاصل علی کلتا الوجهین واحد کما لا یخفی علی من تامل فی مازدناه فی تفسیر الترجمة بقولنا یعنی الخ۔ ۲ قوله فی زینتهن زینت کے مواقع اشارة الی تقدیر المضاف والنکتة فیه المبالغة بان الزینة لمنفصلة عن البدن لما وجب سترها فکیف بالبدن ۱۲۔ ۳ قوله فی توضیح ما ظهر حدیث وبالمقایسة اما الحدیث فما اخرجه ابو داؤد وابن مردویه والبیهقی عن عائشة قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لاسماء یا اسماء ان المرأة اذا بلغت المحیض لم یصلح ان یری منها الا هذا واشار الی وجهه وکفه صلی الله علیه وسلم واخرج ابن ابی شیبة وعبد بن حمید عن ابن عباس انه قال فی قوله تعالیٰ الا ما ظهر منها رقعة الوجه وباطن الکف واخرجا عن ابن عمر انه قال الوجه والکفان واما القیاس فما فی الهدایة وحواشیها عن ابی حنیفة ان النظر الی قدمها یباح لان فیه بعض الضرورة لانها تحتاج الی ابداء قدمها اذا مشت حافیة او منتعلة وربما لاتجد الخف فی کل وقت وفی الروح لاسیما بالنسبة الی اکثر نساء العرب الفقیرات اللاتی یمشین لقضاء مصالحهن فی الطرق آه قلت ای فی ذلك الوقت ۱۲۔ ۴ قوله فی خمرهن جو سر ڈھانکنے کے لئے وجهه ان الخمار فی اللغة المقنعة التی تلیقها المرأة علی رأسها من الخمر وهو الستر والمراد من الآیة کما روی ابن ابی حاتم عن ابن جبیر امرهن بستر نحورهن وصدورهن بخمرهن لئلا یری منها شیٔ وکان النساء یغطین رؤسهن بالخمر ویسدلنها کعادة الجاهلیة من وراء ظهر فیبدو نحورهن وبعض صدورهن کذا فی الروح ۱۲۔

الروایات: ذکر بعضها فی المتن وبعضها فی ملحقات الترجمة وبقیت واحدة فی الروح اخرج ابن جریر عن حضرمی ان المرأة اتخذت خلخالا لاعن فضة واتخذت جزعاً فمرت علی قوم فوقع الخلخال علی الجزع فصوت فانزل الله تعالیٰ ولا یضربن الخ ۱۲۔

اختلاف القراءة: قرأ ابن عامر ایه المؤمنون بضم الهاء ووجه انه اتبعت فحرکتها حرکة ما قبله ۱۲۔

فائدة: فی الروح ولم یذکر سبحانه الاعمام والاخوال قیل لانهم فی معنی الاخوان من حیث کون الجداب الام واب الاب فی معنی الاب فیکون ابنه فی معنی الاخ وقیل لم یذکرهم لما ان الاحوط ان یسترن عنهم خدارا من ان یصفوهن لابناء هم فیؤدی ذلك الی نظر الابناء الیهن واخرج ذلك ابن المنذر وابن ابی شیبة عن الشعبی وفیه من الدلالة علی وجوب التستر من الاجانب ما فیه وضعف بانه یجری فی آباء البعولة اذ لو رأوا زینتهن لربما او صفوهن لابناء هم وهم لیسوا محازم فیؤدی الی نظرهم الیهن لا سیما اذا کن خلیات (ای من الازواج بان کن مطلقات او متوفیات الازواج) وقیل لم یذکروا اکتفاء بذکر الآباء فانهم عن الناس بمنزلتهم لا سیما الا عمام وکثیرا ما یطلق الاب علی العم ومنه قوله تعالیٰ واذ قال ابراهیم لابیه ازر آه۔ قلت وهذا اقرب الوجوه عندی ۱۲۔

اللغات: الغض اطباق الخفن علی الجفن الجیوب جمع جیب وهو ههنا فتح فی اعلی القمیص یبدو منه بعض الجسد واصله من الجیب بمعنی القطع وترجمة بالحاصل ۱۲۔ قوله لم یظهروا قال ابن قتیبة لم یطلعوا ۱۲۔

النحو: قوله یغضوا جواب لقل ومفعول القول مقدر کانه قیل قل لهم غضوا فان تقل لهم غضوا یغضوا وفیه ایذان لفرط مطاوعتهم وجوز ان یکون مجزوما بلام امر مقدرة لدلالة قل ای قل لهم لیغضوا ۱۲۔ قوله من ابصارهم وقوله من ابصارهن فی الروح من قیل صلة وسیبویه یابی ذلك فی مثل هذا الکلام والجواز مذهب الاخفش والجل علی انها ههنا لبعضیة والمراد غض البصر عما یحرم والاقتصار به علی ما یحل وجعل الغض عن بعض المبصر غض بعض البصر آه ۱۲۔

البلاغة: قوله قل توجیه الخطاب الیه صلی الله علیه وسلم قیل لانها تکالیف جزئیه کثیرة الوقوع حریة بان یکون الامر بها المتصدی

www.besturdubooks.net

لتدبيرها حافظا ومهيمنا عليهم وقيل ان ذلك لما ان بعض المؤمنين صار اليه صلى الله عليه وسلم كالمستدعي لان يقول له ما في خير القول كما اخرج ابن مردويه عن رجل نظر الى امرأة فاتاه نقص عليه القصة وانزل الله تعالى قل للمؤمنين كذا في الروح ۱۲۔ قوله يحفظوا فروجهم لم يقل من لان الاصل في الفروج الخطر بخلاف النظر فان الاصل فيه الاباحة فدل التبعيض على اصالة الاباحة وتركه على اصالة الخطر۔ قوله لا يبدين الثاني كرر لتمهيل الاستثناء باعتبار الناظر۔ قوله وليضربن بخمرهن في لفظ الضرب مبالغة في الالقاء شبيه الا لصاق كما في النيسابوري قوله بني اخوانهن لم يقل ابناء كما قيل في ابنائهن لان في البنين من المعموم ما ليس في الابناء ولذا لا تسمع احدا يقول ابناء آدم ويقال بني آدم والغالب ان اولاد الاخو ان لتعددهم واختلاف اصنافهم يكون في اولادهم من النكرة ما لا يكون في ابنائهن او ابناء بعولتهن فافهم وكذا القول في بني اخواتهن وايضا فيه تفنن ۱۲ قوله توبوا تلوين الخطاب وصرف له عن رسول الله صلى الله عليه وسلم الى الكل لا براز كما العناية بما في خيره من الامر وانها من المهمات الحقيقة بان يكون سبحانه وتعالى الآمر بها لانه لا يكاد يخلو احد من المكلفين عن نوع تفريط فيه ۱۲۔

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ۭ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝۳۲ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ڰ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ۭ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَاۗءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۳۳

ع ۸ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝۳۴

اور تم میں (یعنی احرار میں) جو بے نکاح ہوں تم ان کا نکاح کر دیا کرو اور اسی طرح تمہارے غلام اور لونڈیوں میں سے جو اس (نکاح کے) لائق ہو اس کا بھی اگر وہ لوگ مفلس ہوں گے تو خدا تعالیٰ اگر چاہے گا ان کو اپنے فضل سے غنی کر دے گا اور اللہ تعالیٰ وسعت والا ہے خوب جاننے والا ہے اور ایسے لوگوں کو کہ جن کو نکاح کا مقدور نہیں ان کو چاہئے کہ (اپنے نفس کو) ضبط کریں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ (اگر چاہے) ان کو اپنے فضل سے غنی کر دے (پھر نکاح کرنے میں) اور تمہارے مملوکوں میں سے جو مکاتب ہونے کے خواہاں ہوں تو بہتر ہے کہ ان کو مکاتب بنا دیا کرو اگر ان میں بہتری کے آثار پاؤ اور اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے اس مال میں سے ان کو بھی دو جو اللہ نے تم کو دے رکھا ہے (تا کہ جلدی آزاد ہو سکیں) اور اپنی (مملوکہ) لونڈیوں کو زنا کرانے پر مجبور مت کرو اور بالخصوص جب وہ پاک دامن رہنا چاہیں محض اس لئے دنیوی زندگی کا کچھ فائدہ (یعنی مال) تم کو حاصل ہو جائے اور جو شخص ان کو مجبور کرے گا تو اللہ تعالیٰ ان کے مجبور کئے جانے کے بعد (ان کے لئے) بخشنے والا مہربان ہے اور ہم نے تمہارے پاس کھلے کھلے احکام بھیجے ہیں اور جو لوگ تم سے پہلے ہو گزرے ہیں ان کی بعض حکایات اور خدا سے ڈرانے والوں کے لئے نصیحت کی باتیں (بھیجی ہیں)۔

تفسیر: حکم ہفتم نکاح وانکاح وحکم ہشتم صبر بر عجز از نکاح ☆ وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ (الی قولہ تعالی) حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ (یعنی احرار میں) جو بے نکاح ہوں (خواہ مرد خواہ عورت اور خواہ ابھی نکاح ہی نہ ہوا ہو یا وفات وطلاق سے اب تجرد ہو گیا ہو) تم ان کا نکاح کر دیا کرو اور (اسی طرح) تمہارے غلام اور لونڈیوں میں جو اس (نکاح کے) لائق ہو (یعنی حقوق زوجیت کو ادا کر سکے) اس کا بھی (نکاح کر دیا کرو اور محض اپنی مصلحت کے خیال سے باوجود غلام لونڈیوں کو ضرورت ہونے کے ان کی اس مصلحت کو فوت مت کیا کرو اور احرار کے نکاح میں اس اپنے عزیز یا عزیزہ کے شوہر یعنی پیغام دینے والے کے فقر وافلاس بالفعل کو جب کہ بالقوہ اس میں مادہ اکتساب وخدمت عیال کا ہو مانع مت سمجھا کرو کیونکہ) اگر وہ لوگ مفلس ہوں گے تو خدا تعالیٰ (اگر چاہے گا) ان کو اپنے فضل سے غنی کر دے گا (پس نہ عدم غنا کو مانع نکاح سمجھیں اور نہ نکاح کو مانع غنا اس کا دار و مدار مشیت پر ہے اگر فقر کے ساتھ مشیت متعلق ہو جاوے تو باوجود نکاح نہ ہونے کے بھی ہو جاوے گا اور اگر غنا کے ساتھ مشیت متعلق ہو جاوے تو باوجود نکاح نہ ہونے کے بھی ہو گا پس ایسے ارتباطات وہمیہ باطلہ پر کیوں نظر کی جاوے) اور اللہ تعالیٰ وسعت والا ہے (جس کو چاہے غنی کر دے اور سب کا حال) خوب جاننے والا ہے (جس کو اہل غنا کا دیکھے غنی کر دے جس کو اہل فقر کا جانے فقیر کر دے) اور (اگر کسی کو بوجہ فقر کے نکاح کا سامان مثلاً بیوی یا مہر معجل میسر نہ ہو تو) ایسے لوگوں کو کہ جن کو نکاح کا مقدور نہیں ان کو چاہئے کہ (اپنے نفس کو) ضبط کریں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ (اگر چاہے) ان کو اپنے فضل سے غنی کر دے (پھر نکاح کر لیں)۔ ف: جو قید عباد واماء میں لگائی ہے کہ صالح یعنی لائق

www.besturdubooks.net

ادائے حقوق زوجیت ہوں اس تقیید سے اشتراط مقصود نہیں گو واقع میں اشتراط بھی دوسری قواعد شرعیہ سے ثابت ہے عبد واماء میں بھی اور احرار میں بھی کیونکہ اگر کسی مرض غیر متوقع الشفاء یا سوء خلق غیر متوقع الاصلاح کی وجہ سے ادائے حقوق کی غالب امید نہیں تو اس کے لئے سعی واعانت واہتمام کرنا بالکل ایک شخص کی عافیت کو برباد کرنا ہے لیکن اس جگہ مقصود اس تقیید سے یہ ہے کہ باوجود صالح ہونے کے کہ مقتضی ہے نکاح کو نکاح میں لیت ولعل مت کیا کرو اس خیال سے کہ ہمارا غلام یا ہماری لونڈی پھر ہماری پوری خدمت نہ کریں گے اور چونکہ احرار میں وجود صلاح کے وقت تو ہم مذکور کی وجہ سے لیت ولعل عادت نہیں اس لئے وہاں یہ قید نہیں لگائی البتہ اور امور احیاناً موجب توقف ہو جاتے ہیں اس لئے انکحوا کا امر فرمایا اور انکحوا عام ہے معاونت وتوسط وتمکین سب کو جیسا جہاں موقع ہو اور اس میں خطاب عام ہے اولیاء یعنی اقارب وسادات یعنی آقاؤں کو اور اذن ولی کا شرط ہونا یا نہ ہونا اور اذن سید کا شرط ہونا یہ دوسرے دلائل سے ہے اور ان یکونوا فقراء کے ظاہری مضمون پر یہ وسوسہ ہوتا ہے کہ مشاہدہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض اوقات نکاح فقیر پر غنا مرتب نہیں ہوتا پھر وعدہ کے کیا معنی تقریر ترجمہ سے اس کا جواب ظاہر ہو گیا کہ وہ معلق ہے مشیت کے ساتھ جیسے دوسری جگہ تشریح ہے : وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ [التوبۃ : ۲۸] اور اس جواب پر اگر شبہ ہو کہ اس میں نکاح کی اور غنا کی کیا تخصیص ہے بے نکاح والے کا بھی غنا اور اسی طرح سب کا فقر کا بھی مشیت ہی کے ساتھ معلق ہے اس کا جواب بھی تقریر ترجمہ سے ظاہر ہو گیا کہ چونکہ اکثر کا خیال ہے کہ فقر میں نکاح اور کوزہ میں کھاج ہے اس لئے اس سے خصوصیت کے ساتھ تعرض کیا گیا اور اگر وسوسہ ہو کہ اول میں تو فقراء کو نکاح کا امر کیا اور آخر میں ان کو ضبط کا حکم کیا جواب یہ ہے کہ فقر تو مانع نہیں لیکن اگر بیوی نہ ملے تو کسی پر جبر تو ہے نہیں اگر ملے کر لو نہ ملے صبر سے بیٹھے رہو البتہ ان سب صور مذکورہ میں قدرۃ بالقوۃ شرط ہے جیسا ان یکونوا فقراء کے ترجمہ سے پہلے اس طرف اشارہ کیا گیا ہے اور امر انکحوا مطلق طلب کے واسطے ہے اور نکاح وانکاح کے وجوب یا ندب یا اباحت یا بعض صورتوں میں کراہت کی تفصیل دوسرے دلائل سے ثابت ہے اور امر لیستعفف وجوب کے لئے ہے۔

حکم نہم کتابت مملوک واعانت او ☆ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ (الی قولہ تعالی) مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ؕ اور تمہارے مملوکوں میں سے (غلام ہوں یا لونڈیاں) جو مکاتب ہونے کے خواہاں ہوں (خواہ ابتداء خواہاں ہوں خواہ کتابت ابتداء مولیٰ کی جانب سے ہوئی ہو اور مملوکین نے اس کو قبول کر لیا ہو خواہاں ہونے کی یہ بھی ایک صورت ہے) تو (بہتر ہے کہ) اُن کو مکاتب بنا دیا کرو اگر اُن میں بہتری (کے آثار) پاؤ اور اللہ کے (دیئے ہوئے) اُس مال میں سے اُن کو بھی دو جو اللہ نے تم کو دے رکھا ہے (تاکہ جلدی آزاد ہو سکیں) **ف** : مکاتبت شرع میں ایک معاہدہ ہے درمیان آقا اور غلام کے آقا اُس سے یہ کہے کہ تو مجھ کو اس قدر مال کما کر دے دے تو تو آزاد ہے اور غلام قبول کر لے اس کا حکم یہ ہے کہ اگر کما کر دے دیا تو آزاد ہو جاوے گا اور اگر کما کر نہ دے سکا سو اگر خود کہہ دیا کہ میں دینے سے عاجز ہوں اور کتابت فسخ کرتا ہوں تو فسخ ہو جاوے گی ورنہ حاکم سے درخواست کی جاوے گی اور وہ فسخ کر دے گا اور لفظ خیر میں یہ سب باتیں آ گئیں۔ کمانے کا سلیقہ بیہودہ خرچ نہ کر ڈالنا' آزاد ہو کر خلق کو تکلیف نہ پہنچانا۔ ورنہ پہلی صورت میں خود دنیوی تکلیف اُٹھائے گا اور کبھی دوسروں سے مانگ کر اُن کو پریشان کرے گا۔ اور دوسری صورت میں مبتلائے معصیت بھی ہوگا اور تیسری صورت میں اوروں کو تکلیف دے گا تو ان حالتوں میں اس کا مقید اور ماتحت ہی رہنا ٹھیک ہے اور اگر قرائن سے خیر کا علم بمعنی ظن غالب ہو تو اس کا مکاتب بنا دینا مستحب ہے بشرطیکہ خیر مظنون ہو پس یہ امر ندب کے لئے ہے۔ کذا فی الهدایه اور اگر خیر مظنون نہ ہو تو گو فی نفسہ مباح ہے کذا فی الهدایة حیث قال فالافضل ان لا یکاتبه لیکن لغیرہ یعنی عارض کی وجہ سے مکروہ ہے کما فی الروح اور امر آتو ہم ندب کے لئے ہے اور مخاطب اس کے عام مسلمین ہیں یعنی اُن کو زکوٰۃ دے کر اعانت کرو کہ وہ بھی مصارف زکوٰۃ میں سے ایک مصرف ہے کذافی الہدایہ گو اس مکاتب کا مولیٰ غنی ہو تب بھی اُس کو زکوٰۃ دینا اور مولیٰ کا اُس کو لے لینا درست ہے کذافی الہدایہ لیکن بنی ہاشم کے مکاتب کو زکوٰۃ دینا بھی درست نہیں کذافی الہدایہ اسی طرح اپنے مکاتب کو زکوٰۃ دینا بھی درست نہیں کذافی الہدایہ یہ تو ایتائے حقیقی میں تفصیل ہے اور ایک ایتائے مجازی وحکمی ہے جس میں تملیک جو لغوی معنی اس لفظ کے ہیں متحقق نہیں بلکہ وضع اور ابراء ہے اور یہ خاص ہے آقا کے ساتھ یعنی بدل کتابت میں سے کچھ کم کر دے بعض روایات مرفوعہ سے یہ تفصیل بھی معلوم ہوتی ہے کذافی الدر المنثور۔ پس یا تو آتوا میں سب کو مخاطب کہا جاوے اور ایتاء میں عموم مجاز لیا جاوے مثلاً عنیو ہم جو ایتاء کے معنی حقیقی ومجازی دونوں کو شامل ہے اور یا تو آتوا میں خطاب صرف دوسرے ہی مسلمانوں کو ہو اور حدیث میں جو تفسیر وارد ہے وہ بناءً علی دلالۃ النص ہو یعنی جب آیت سے غیروں کو اعانت کی ترغیب ہے تو خود مولیٰ کے ساتھ تو اُس کے زیادہ تعلقات ہیں اُس کو بھی کچھ اعانت کرنا بہتر ہے اور خیر کی تفسیر صرف حرفۃ کے ساتھ اور حط بدل کتابت کی تقدیر ربع کے ساتھ جو بعض احادیث مرفوعہ میں آئی ہے کمافی الدر المنثور وہ محمول تمثیل پر ہے نہ نفی ماعدا کے لئے۔

حکم دہم نہی اکراہ علی الزنا ☆ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ (الی قولہ تعالی) غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ اور اپنی (مملوکہ) لونڈیوں کو زنا کرانے پر مجبور مت کرو (اور بالخصوص) جب وہ پاکدامن رہنا چاہیں۔ (اور پھر مجبور بھی محض ایک خسیس غرض کیلئے) یعنی محض اس لئے کہ دنیوی زندگی کا کچھ فائدہ (یعنی مال تم کو حاصل ہو

www.besturdubooks.net

جاوے) اور جو شخص اُن کو مجبور کرے گا (اور وہ بچنا چاہیں گی) تو اللہ تعالیٰ اُن کے مجبور کیے جانے کے بعد (ان کے لئے) بخشنے والا مہربان ہے۔ **ف**: جاہلیت میں بعض لوگ اس بات کی کمائی کرتے تھے اور عبداللہ بن ابی منافق نے بھی اپنی دو لونڈیوں کو اس پر مجبور کیا تھا اس پر یہ آیت نازل ہوئی اخرج الاول ابن مردویہ عن علی والثانی مسلم عن جابر کذا فی الروح اور اس آیت میں چند قیدیں ہیں ایک فتیات جس کے اصلی معنی ہیں جوان عورتیں پھر بمعنی مملوکات مستعمل ہونے لگا۔ دوسری اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا تیسری لِتَبْتَغُوْا یہ سب قیود بناء علی الواقع ہیں یعنی جائز پر بوجہ غیر مرغوب فیہ ہونے کے اکراہ نہ کیا جاتا تھا اور اُن مکرہات نے اس سے بچنا چاہا تھا چنانچہ مسلم کی روایت میں ہے کہ اُن لونڈیوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی شکایت کی تھی اور ان مکرہین کی غرض اکتساب مال ہوا کرتا تھا ورنہ اگر یہ قیود بھی نہ ہوں تب بھی یہ اکراہ جائز نہیں بلکہ یہ بات کہنا ہی جائز نہیں گو بلا اکراہ ہو پس اس تقریر سے سب شبہات دفع ہو گئے اور جس اکراہ سے مکروہات پر مواخذہ نہیں وہ وہ ہے جس میں اتلاف عضو کا خوف ہو اُس کو اکراہ ملجی کہتے ہیں اور چونکہ فی نفسہٖ زنا موجب معصیت ہے گو عارض کی وجہ سے معصیت نہ رہا اس لئے غفور کا استعمال فرمایا ہے ورنہ مغفرت سے شبہ معصیت کا ہوتا ہے سو یہ بلحاظ اُس کے ذاتی اثر کے ہے۔

فائدہ متعلقہ جمیع احکام عشرۂ مذکورہ ☆ حکم اول میں زنا کی تقبیح ہے۔ حکم دوم میں بھی اُسی کی تقویت وتائید ہے۔ حکم سوم میں نسبت الی الزنا کی تقبیح ہے۔ حکم چہارم میں بھی اسی نسبت کے محل خاص کے اعتبار سے بعض احکام ہیں۔ قصہ میں بوجہ رفعت منسوب الیہ کے اس نسبت کی نہایت ہی تشنیع ہے۔ حکم پنجم وششم میں انسداد مخالطۃ بین الرجال والنساء کا ہے جو کہ مقدمات زناء سے ہے۔ حکم ہفتم وہشتم میں نکاح کا امر ہے جو کہ مانع ہے زنا سے۔ حکم نہم گو ظاہراً اس باب سے جدا ہے اور استطراداً الذکر حقوق العباد والاماء مذکور ہو گیا ہے لیکن تامل سے اس طور پر اُسی باب کے متعلق معلوم ہوتا ہے کہ خیر کے عموم میں انتفائے آوارگی بھی داخل ہے۔ پس جس میں ایسا احتمال ہو اُس کے لئے غلام رہنا موجب انسداد زنا ہے اور جس میں یہ احتمال نہ ہو اُس کے لئے اعتاق موجب انسداد زناء ہے کیونکہ بعض اوقات موالی اپنے مصالح خدمت کے خیال سے عبید کا نکاح نہیں کیا کرتے اور حکم دہم میں صریحاً انسداد ہے زنا کا پس سب احکام میں مابہ الارتباط تحصیل وتحصن وکف عن الفواحش ہے جیسا تمہید میں بھی اجمالاً اس طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله في منكم** احرار بقرينة المقابلة وبقرينة تفويض الانكاح اليهم ولا تفويض الى العبد۱۲۔ ۲؎ **قوله في الصالحين** لائق كذا في الكبير في الوجه الثالث۱۲۔ ۳؎ **قوله في ف** یہ امر ندب قال في الهداية وهذا ليس امر ايجاب باجماع بين الفقهاء وانما هو امر ندب هو الصحيح ففي الحمل على الباحة الغاء الشرط اذ هو مباح بدونه اما الندبية فمعلقة به آہ۔ اى بالشرط۱۲ وفي النيسابورى ذهب اكثر العلماء منهم ابن عباسؓ والحسن والشعبي ومالك وابو حنيفة والشافعي والثورى الى انه ندب (الى ان قال) ولان طلب الكتابة كطلب بيعه فمن يعتقه في الكفارة فلا يجب الاجابة۱۲۔ ۴؎ **قوله قبل غفور** ان کے لئے اشارة الى الرابط۱۲۔

الروایات: في الروح اخرج ابن السكن في معرفة الصحابة عن عبدالله بن صبيح قال كنت مملوكا لهو يطب بن عبد العزى فسالته الكتابة فابى فنزلت والذين يبتغون الخ۱۲۔

فائدة: ذهب بعض السلف الى ابتغاء الغنى بالنكاح ففهموا من الآية الترتب وتوجيهه ان الترتب عادى غالبى لان كلمة ان لا عموم لها وسببه مزيد اهتمامه في الكسب والجد التام في السعي حيث ابتلى من تلزمه نفقتها شرعاً وعرفاً وينضم الى ذلك مساعدة المرأة له واعانتها اياه على امر دنياه وهذا كثير في العرب واهل القرى او ورد في هذا الباب بعض الاحاديث المرفوعة ففي تاريخ الخطيب امر صلى الله عليه وسلم رجلا يشكوا اليه الفاقة ان يتزوج واخرج الديلمي والثعلبي قوله عليه السلام التمسوا الرزق بالنكاح وهذا ان الحديثان لا تصريح فيهما على ارادة الترتب بالآية لانه صلى الله عليه السلام اخبر في حديث اخرجه عبدالرزاق واحمد والترمذى وصححه والنسائي وابن ماجة وابن حبان والحاكم وصححه والبيهقي في سنة ان ثلثة حق على الله عونهم ومنهم الناكح يريد العفاف فيمكن ان يكون هذا الاخبار عن وحي غير متلو وبناء عليه امر الرجل بالنكاح حيث علم انه يريد العفاف وامر ايضاً بالتماس الرزق بالنكاح بهذا الشرط بعينه فلا نص فيهما على التفسير ما ان بعض من يريد العفاف لا يحصل له الغنى فجوابه ان معنى امثال هذه الاحاديث بيان تاثير بعض الاعمال في نفسه و ظاهر ان الآثار انما تترتب على المؤثر اذا اجتمع الشرائط وارتفع الموانع هاسرها وايضاً يمكن ان يكون الامر بالنكاح وبالالتماس بطريق النكاح مع الغنية كعادة ذلك الزمان وما ورد من تزوج امراة لغرها لم يزده الله الاذلا ومن تزوجها لما لها لم يزده الله تعالى الا فقرا فمحمول على ما اذا كان المال مقصودا اصليا ولا يلتفت الى دينها واما اذا لم يكن المال مقصودا اصليا بل مرجحا لواحدة من ذوات الدين تبعا فلا بأس له بهذا الحديث ونظير هذا ان الجمال لا

www.besturdubooks.net

ینبغی ان یجعل مرجحا اصلیا لقوله علیه الصلوة والسلام تنکح المرأة لاربع لما لها ولحسبها ولجمالها ولدینها فاظفر بذات الدین تربت یداك ولکن مع هذا روی مسلم عن ابی هریرة قال جاء رجل الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال انی تزوجت امرأة من الانصار قال فانظر الیها فان فی اعین الانصار شیئا فعلم ان الترجیح للجمال لا بأس به اذا لم یکن الجمال مقصودا اصلیا ۱۲۔

اللغات: قوله الا یامٰی مقلوب ایایم جمع ایم لان فیعل لا یجمع علی فعال ای ان اصله ذلك فقدمت المیم وفتحت للتخفیف فقلبت الیاء الفا لتحرکها وانفتاح ما قبلهما وهو کل ذکر لا انثٰی معه و کل انثی لا ذکر معها بکرا او ثیبا وقیل الثیب لانه صلی الله علیه وسلم قابلها بالبکر فی قوله الایم احق بنفسها والبکر الخ وفیه انه یجوز ان یکون ذلك لقرینة اللقابلة ۱۲۔ قوله ان اردن اثر ان علی اذا مع تیقن وجود الارادة اشارة الی ان هذه الارادة لو احتملت کان مؤثرا فی المنع فکیف اذا تیقن وتقیید النهی عن الاکراه بقوله ان اردن قیل لیس شرطا للنهی بل للاکراه فانه لا یوجد دونه وان جعل شرطا للنهی لم یلزم من عدمه جوازا لاکراه جوز ان یکون ارتفاع النهی بامتناع المنهی عنه قاله البیضاوی ای لان النهی انما یتصور اذا امکن المنهی عنه وقد امتنع فلا حاجة الی النهی لان المنهی عنه صار مباحا اقول وهو حسن لکن احسن منه ما فی الروح ان الاکراه یتصور ولو لم یردن التحصن ویکون الاکراه بسبب کراهتهن الزنا لخصوص الزانی او لخصوص الزمان او لخصوص المکان او لغیر ذلك من الامور المصححة للاکراه فی الجملة فالا سهل ان یقال انه للمحافظة علی عادة من نزلت فیهم فافهم ۱۲۔

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ
يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِی اللّٰهُ
لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳۵﴾ فِیْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ
يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۳۶﴾ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ
يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ
حِسَابٍ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ
فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۳۹﴾ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ
ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾ ع ۵ ع ۶ ۱۱

اللہ تعالیٰ نور (ہدایت) دینے والا ہے آسمانوں کا اور زمین کا اس کے نور (ہدایت) کی حالت عجیبہ ایسی ہے جیسے (فرض کرو) ایک طاق ہے (اور) اس میں ایک چراغ ہے اور وہ چراغ ایک قندیل میں ہے اور وہ قندیل طاق میں رکھا ہے اور وہ قندیل ایسا (صاف شفاف) ہے جیسے ایک چمکدار ستارہ ہو (اور) وہ چراغ ایک نہایت مفید درخت (کے تیل) سے روشن کیا جاتا ہے کہ وہ زیتون کا (درخت) ہے جو (کسی آڑ کے) نہ پورب رخ ہے اور نہ پچھم رخ ہے اس کا تیل (اس قدر صاف اور) سلگنے والا ہے کہ اگر اس کو آگ بھی نہ چھوئے تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خود بخود جل اٹھے گا اور جب آگ بھی لگ گئی تب تو نور علی نور ہے اور اللہ اپنے (اس نور ہدایت) تک جس کو چاہتا ہے راہ دے دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ لوگوں (کی ہدایت) کے لئے (یہ) مثالیں بیان فرماتا ہے اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ وہ ایسے گھروں میں (عبادت کرتے) ہیں جن کی نسبت اللہ نے حکم دیا ہے کہ ان کا ادب کیا جائے اور ان میں اللہ کا نام لیا جائے ان میں ایسے لوگ صبح و شام اللہ کی پاکی (نمازوں میں) بیان کرتے ہیں جن کو اللہ کی یاد سے اور (بالخصوص) نماز پڑھنے سے اور زکوٰۃ دینے سے نہ خرید غفلت میں ڈالنے پاتی ہے اور نہ فروخت (اور) وہ ایسے دن (کی دارو گیر) سے ڈرتے رہتے ہیں جس میں بہت سے دل اور بہت سی آنکھیں الٹ جائیں گی انجام ان لوگوں کا یہ ہوگا کہ اللہ ان کو ان کے اعمال کا بہت ہی اچھا بدلہ دے گا (یعنی جنت) اور (علاوہ جزا کے) ان کو اپنے فضل سے اور بھی زیادہ دے گا اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہے بے شمار دے دیتا ہے اور جو لوگ کافر ہیں ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے ایک چٹیل میدان میں چمکتا ہوا ریت کہ پیاسا (آدمی) اس کو (دور سے) پانی خیال کرتا ہے یہاں تک کہ جب اس کے پاس آیا تو اس کو (جو سمجھ رکھا تھا) کچھ بھی نہ پایا اور قضاء الٰہی کو پایا سو اللہ تعالیٰ نے اس (کی عمر) کا

www.besturdubooks.net

حساب اس کو برابر سرابر چکا دیا (یعنی عمر کا خاتمہ کر دیا) اور اللہ تعالیٰ دم بھر میں حساب (فیصلہ کر دیتا ہے یا وہ ایسے ہیں جیسے بڑے گہرے سمندر میں اندرونی اندھیرے کہ اس کو ایک بڑی لہر نے ڈھنک لیا ہو اس (لہر) کے اوپر دوسری لہر اس کے اوپر بادل (ہے غرض) اوپر تلے بہت سے اندھیرے ہی اندھیرے ہیں کہ اگر (کوئی ایسی حالت میں) اپنا ہاتھ نکالے اور دیکھنا چاہے تو دیکھنے کا احتمال بھی نہیں اور جس کو اللہ ہی نور (ہدایت) نہ اس کو (کہیں سے بھی) نور نہیں (میسر ہو سکتا)۔

تفسیر ربط: اس سورت میں کئی قسم کے مضامین مذکور ہوئے ہیں۔ اول احکام جن میں سے عملیات تو زیادہ اوپر مذکور ہوئے ہیں اور کچھ آگے آتے ہیں اور علمیات کچھ اوپر مذکور ہوئے ہیں مثل بعض احوال معاد شہادت جوارح وعذاب عظیم گو قصہ افک کے تبعاً ہی سہی اور زیادہ آگے آتے ہیں مثل تفصیل توحید دوم بعض قصص جیسا اوپر قصہ افک آیا ہے۔ سوم موعظت یعنی ترغیب وترہیب یہ اوپر بھی آیا ہے اور آگے آیت آئندہ میں بھی آوے گا بلکہ مجموعہ قرآن ان ہی مضامین سے مشحون ہے پس ان مضامین کو بیان کر کے آگے اس سورت کے یا بقول بعض تمام قرآن کے نزول پر اپنا امتنان بندوں پر بیان فرماتے ہیں۔

امتنان بنزول ہدایت نامہ ☆ وَ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ (الی قولہ تعالی) وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۴﴾ اور ہم نے (تم لوگوں کی ہدایت کے واسطے اس سورت میں یا قرآن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے) تمہارے پاس کھلے کھلے احکام (علمیہ وعملیہ) بھیجے ہیں اور جو لوگ تم سے پہلے گزرے ہیں اُن کی (یا اُن کی سی) بعض حکایات اور خدا سے ڈرنے والوں کے لئے نصیحت کی باتیں (بھیجی ہیں)۔ **ف**: اگر قرآن مراد ہے تب تو اُس کا اشتمال قصص سابقہ پر ظاہر ہے اور اگر یہی سورت مراد ہے تو توجیہ کلام کی بحذف مضاف ہے یعنی مثلاً من جنس امثال الذین الخ جس کا ترجمہ بندہ نے بین القوسین یہ کیا ہے کہ اُن کی سی مراد اس سے قصہ عائشہ کا ہوگا کہ مشابہ قصہ حضرت یوسف علیہ السلام وحضرت مریم علیہا السلام کے ہے کہ اُن حضرات کو بھی تہمت لگائی گئی تھی۔ اور احکام اور ترغیب و ترہیب پر اشتمال قرآن کا اور سورت کا دونوں امر ظاہر ہیں۔ ربط: اوپر اور اسی طرح آگے بھی مضامین ہدایت آ گئیں ارشاد فرمائے ہیں اور آیت سابقہ **لقد انزلنا الخ** میں تمام سورت یا تمام قرآن بلکہ عند التامل تمام تر وحی کا (متلو یا غیر متلو جلی ہو یا خفی ہو **لان جمیعه منزل من الله معنی و حکما فشمل الادلة الاربعة للشرع** موجب ہدایت ہونا اجمالاً بیان فرمایا ہے چونکہ بعض اُس کو قبول کر کے مہتدی ہوتے ہیں اور بعضے قبول نہ کرنے سے ضال رہتے ہیں اس لئے آگے آیت نور میں توضیح وتمکین فی الذہن کے لئے ہدایت اور ضلالت کی مثال اور اہل ہدایت واہل ضلالت کا حال اور مآل بیان فرماتے ہیں۔

آیت نور در تمثیل ہدایت وفجور وتفصیل حال مؤمن وکفور: اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (الی قولہ تعالی) وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾ اللہ نور (ہدایت) دینے والا ہے آسمانوں (میں رہنے والوں) کا اور زمین (میں رہنے والوں) کا (یعنی اہل آسمان وزمین میں جن کو ہدایت ہوئی ہے ان سب کو اللہ ہی نے ہدایت دی ہے اور مراد آسمان وزمین سے کل عالم ہے پس جو مخلوقات آسمانوں وزمین سے باہر ہے وہ بھی داخل ہوگئی جیسے حملۃ العرش) اُس کے نور (ہدایت کی حالت عجیبہ ایسی ہے جیسے (فرض کرو) ایک طاق ہے (اور) اُس میں ایک چراغ (رکھا) ہے (اور) وہ چراغ (خود طاق میں نہیں رکھا بلکہ) ایک قندیل میں ہے (اور قندیل طاق میں رکھا ہے اور) وہ قندیل ایسا (صاف شفاف) ہے جیسا ایک چمکدار ستارہ ہو (اور) وہ چراغ ایک نہایت مفید درخت (کے تیل) سے روشن کیا جاتا ہے کہ وہ زیتون (کا درخت) ہے جو (کسی آڑ کے) نہ پورب رخ ہے اور نہ (کسی آڑ کے) پچھم رخ ہے (یعنی نہ اُس کی جانب مشرقی میں کسی درخت یا پہاڑ کی آڑ ہے کہ اول نہار میں اس پر دھوپ نہ پڑے اور نہ اس کی جانب غربی میں کوئی آڑ ہے کہ آخر نہار میں اس پر دھوپ نہ پڑے بلکہ کھلے میدان میں ہے جہاں تمام دن دھوپ رہتی ہے ایسے درخت کا روغن بہت لطیف اور صاف اور روشن ہوتا ہے اور) اس کا تیل (اس قدر صاف اور سلگنے والا ہے کہ) اگر اس کو آگ بھی نہ چھوئے تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خود بخود جل اُٹھے گا (اور جب آگ بھی لگ گئی تب تو) نور علیٰ نور ہے (یعنی ایک تو اس میں خود قابلیت نور کی اعلیٰ درجہ کی تھی پھر اوپر سے فاعل یعنی نار کے ساتھ اجتماع ہو گیا اور پھر اجتماع بھی ان کیفیات کے ساتھ کہ چراغ قندیل میں رکھا ہو جس سے بالمشاہدہ چمک بڑھ جاتی ہے۔ اور پھر وہ ایسے طاق میں رکھا ہو جو ایک طرف سے بند ہے ایسے موقع پر شعاعیں ایک جگہ سمٹ کر بہت تیز روشنی ہوتی ہے اور پھر تیل بھی زیتون کا جو مزید اشتراق وقلت دخان میں مشہور ہے تو اس قدر تیز روشنی ہوگئی جیسے بہت سے روشنیاں جمع ہوگئی ہوں اس کو نور علیٰ نور فرمایا۔ یہاں مثال ختم ہو گئی۔ پس اسی طرح مؤمن کے قلب میں اللہ تعالیٰ جب نور ہدایت ڈالتا ہے تو روز بروز اس کا انشراح قبول حق کے لئے بڑھتا چلا جاتا ہے اور ہر وقت احکام پر عمل کرنے کے لئے تیار رہتا ہے گو بالفعل بعض احکام کا علم بھی نہ ہوا ہو کیونکہ علم تدریجاً حاصل ہوتا ہے جیسا وہ تیل قبل مس نار اشتعال کے لئے مستعد تھا اور جب اس کو علم حاصل ہوتا ہے تو نور عمل یعنی عزم علی العمل کے ساتھ جو کہ ایک حال رفیع ہے نور علم بھی منضم ہو جاتا ہے جس سے وہ فوراً ہی قبول کر لیتا ہے پس عمل وعلم جمع ہو کر نور علیٰ نور صادق آ جاتا ہے اور یہ نہیں ہوتا کہ علم احکام کے بعد اس کو کچھ تامل وتردد ہو کہ اگر موافق نفس کے پایا تو قبول کر لیا ورنہ رد کر دیا۔ اس انشراح اور نور کو دوسری آیت میں بیان فرمایا ہے: اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ [الزمر: ۲۲] اور ایک جگہ فرمایا ہے فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ [الأنعام: ۱۲۶] یہ تقریر تشبیہ کی ہے اور مشبہ بہ مذکور سے زیادہ نورانی چیز سے تشبیہ اس لئے نہیں دی کہ یہ مشبہ بہ مالوف اور معتاد اور ہر

www.besturdubooks.net

وقت مستعمل ہونے کی وجہ سے زیادہ حاضر فی الذہن اور اکثر مخاطبین کے جاننے کی وجہ سے قریب الفہم تھا دوسرے مشبہ بہ میں یہ بات نہیں اور مشبہ بہ میں بڑی بات اوضح ہونا ہے گو اقوی نہ ہو غرض نور ہدایت الٰہیہ کی یہ مثال ہے اور) اللہ تعالیٰ اپنے (اس) نور (ہدایت) تک جس کو چاہتا ہے راہ دے دیتا ہے (اور پہنچا دیتا ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ کفار بوجہ عدم تعلق مشیت کے معذور ہیں بلکہ مقصود امتنان ہے اہل ہدایت پر کہ اللہ کا احسان مانیں اسی کی توفیق سے ہدایت پائی ہے نیز اشارہ ہے اس طرف کہ حق تعالیٰ سے ہدایت کے ملتجی رہیں اپنی سعی کو مدار کار نہ سمجھیں) اور (ہدایت کی جو یہ مثال دی گئی اسی طرح قرآن میں بہت سی مثالیں بیان کی گئی ہیں تو اس سے بھی لوگوں کی ہدایت ہی مقصود ہے اسی لئے) اللہ تعالیٰ لوگوں (کی ہدایت) کے لئے (یہ) مثالیں بیان فرماتا ہے (تاکہ مضامین معقولہ مثل امور محسوسہ کے قریب الی الفہم ہو جاویں) اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے (اس لئے جو مثال افادہ مقصود کے لئے کافی اور جس میں اغراض مثال کے پورے مرعی ہوں اسی کو اختیار کرتا ہے مطلب یہ کہ اللہ تعالیٰ مثالیں بیان کرتا ہے اور وہ مثال نہایت مناسب ہوتی ہے تاکہ خوب ہدایت ہو اور یہ ہدایت جو ضرب الامثال پر مرتب ہے عامہ ہے اور **یھدی اللہ** میں ہدایت خاصہ ہے اسی لئے وہاں **من یشاء** کے ساتھ متعلق ہے اور یہاں جمیع ناس کے لئے پس باہم تعارض نہیں یہ تو بیان ہوا ہدایت اور اس کے تعلق کا محل مشیت کے ساتھ آگے اہل ہدایت کا حال بیان فرماتے ہیں کہ) وہ ایسے گھروں میں (جا کر عبادت کرتے) ہیں جن کی نسبت اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ ان کا ادب کیا جاوے اور ان میں اللہ کا نام لیا جاوے (مراد ان گھروں سے مسجدیں ہیں اور ان کا ادب یہ کہ ان میں جنبی و حائض داخل نہ ہو اور ان میں کوئی نجس چیز داخل نہ کی جاوے وہاں غل نہ مچایا جاوے دنیا کے کام اور باتیں کرنے کے لئے وہاں نہ بیٹھیں بدبو کی چیز کھا کر ان میں نہ جاویں وغیر ذلک غرض) ان (مسجدوں) میں ایسے لوگ صبح و شام اللہ کی پاکی (نمازوں میں) بیان کرتے ہیں (یعنی پانچوں نمازیں ادا کرتے ہیں صبح کی نماز غدو میں آ گئی اور چار نمازیں آصال میں آ گئیں کیونکہ آصال کہتے ہیں آفتاب ڈھلنے سے لے کر تمام رات تک) جن کو اللہ کی یاد (یعنی بجا آوری احکام) سے (جس وقت کے متعلق جو حکم ہو) اور (بالخصوص) نماز پڑھنے سے اور زکوٰۃ دینے سے (کہ یہ احکام فرعیہ میں سب سے معظم ہیں) نہ خرید غفلت میں ڈالنے پاتی ہے اور نہ فروخت (اور باوجود امتثال اوامر کے ان کی یہ حالت ہے کہ وہ ایسے دن (کی دارو گیر) سے ڈرتے رہتے ہیں جس میں بہت سے دل اور بہت سے آنکھیں الٹ جاویں گی (جیسا دوسری آیت میں ہے: **یوتون ما اتوا وقلوبھم وجلۃ انھم الی ربھم راجعون**۔ اور مقصود اس سے اہل نور ہدایت کے اوصاف و اعمال کا بیان فرمانا ہے اور آگے مآل کا ذکر ہے کہ) انجام (ان لوگوں کا) یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ ان کو ان کے اعمال کا بہت ہی اچھا بدلہ دے گا (یعنی جنت) اور (علاوہ جزا کے) ان کو اپنے فضل سے اور بھی زیادہ دے گا (جزا وہ جس کا وعدہ مفصل ہے اور زیادہ وہ جس کا مفصل وعدہ نہیں گو ایسے ہی مجمل عنوانوں سے ہوا ہو جیسے **یزیدھم** یا **للذین احسنوا الحسنیٰ وزیادۃ**) اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہے بیشمار (یعنی بہ کثرت سے) دے دیتا ہے (پس ان لوگوں کو جنت میں اسی طرح بے شمار دے گا اور مساجد کی قید رجال کے اعتبار سے ہے اور نساء کے لئے صرف مدار یہ اعمال ہیں اور حدیث سے ان کی نماز کے لئے گھروں کا افضل ہونا ثابت ہے وہی بجائے مسجد کے ہیں یہاں تک تو ہدایت اور اہل ہدایت کا بیان تھا آگے ضلالت اور اہل ضلالت کا ذکر ہے یعنی) اور جو لوگ کافر (اور اہل ضلال اور نور ہدایت سے دور) ہیں ان کے اعمال (بوجہ کافروں کی دو قسمیں ہونے کے دو مثالوں کے مشابہ ہیں کیونکہ ایک قسم تو وہ کفار ہیں جو معاد کے قائل ہیں اور اپنے بعض اعمال پر یعنی جو بزعم ان کے حسنات ہیں توقع جزائے آخرت کی رکھتے ہیں اور دوسری قسم وہ کفار ہیں جو معاد ہی کے منکر ہیں پس قسم اول کفار کے اعمال تو) ایسے ہیں جیسے ایک چٹیل میدان میں چمکتی ہوئی ریت کہ پیاسا (آدمی) اس کو (دور سے) پانی خیال کرتا ہے (اور اس کی طرف دوڑتا ہے) یہاں تک کہ جب اس کے پاس آیا تو اس کو (جو سمجھ رکھا تھا) کچھ بھی نہ پایا اور (غایت پیاس پھر نہایت یاس سے جو جسمانی اور روحانی صدمہ پہنچا اور اس سے تڑپ تڑپ کر مر گیا تو یوں کہنا چاہئے کہ بجائے پانی کے) قضاء الٰہی کو پایا سو اللہ تعالیٰ نے اس (کی عمر) کا حساب اس کو برابر سرابر چکا دیا (اور بیباق کر دیا یعنی عمر کا خاتمہ کر دیا) اور اللہ تعالیٰ (جس چیز کی میعاد آ جاتی ہے اس کا) دم بھر میں حساب (فیصل) کر دیتا ہے (اس کو کچھ بکھیڑا نہیں کرنا پڑتا کہ دیر لگے اور میعاد سے کچھ بھی توقف ہو جاوے پس یہ مضمون ایسا ہے جیسا دوسری جگہ ارشاد ہے: اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا یُؤَخَّرُ [نوح: ۴] وقولہ: وَلَنْ یُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا [المنافقون: ۱۱] حاصل اس مثال کا یہ ہوا کہ جیسے یہ پیاسا ریت کو ظاہری چمک سے پانی سمجھا اسی طرح یہ کافر اپنے اعمال کو ظاہر صورت سے مقبول اور حسن اور مثمر نفع آخرت سمجھا اور جیسا وہ پانی نہیں اسی طرح یہ اعمال بوجہ فقدان شرط قبول یعنی ایمان کے مقبول اور نافع نہیں ہیں اور جیسا وہاں جا کر اس پیاسے کو حقیقت معلوم ہوئی اسی طرح اس کو آخرت میں پہنچ کر حقیقت معلوم ہوگی اور جس طرح یہ پیاسا اپنی توقع کے غلط ہونے سے متحسر اور خائب ہو کر مر گیا اسی طرح یہ کافر بھی اپنی توقع کے غلط ہونے سے خسر ہو گیا اور ہلاکت ابدی یعنی عقاب جہنم میں مبتلا ہوگا ایک قسم کی مثال تو یہ ہوئی آگے دوسری قسم کے کافروں کے اعمال کی مثال ہے یعنی) یا وہ (اعمال باعتبار خصوصیت قسم دوم کے) ایسے ہیں جیسے بڑے گہرے سمندر کے اندرونی اندھیرے (جن کا سبب غایت قعر ہے اور پھر یہ) کہ اس (سمندر کے اصلی سطح) کو ایک بڑی لہر نے ڈھانک لیا ہو (پھر وہ لہر بھی اکیلی نہیں بلکہ) اس (لہر) کے اوپر دوسری لہر (ہو پھر) اس کے اوپر بادل (ہو جس سے

www.besturdubooks.net

ستارہ وغیرہ کی روشنی بھی نہ پہنچتی ہو غرض) اوپر تلے بہت سے اندھیرے (ہی اندھیرے) ہیں کہ اگر ایسی حالت میں کوئی آدمی دریا کی تہہ میں) اپنا ہاتھ نکالے (اور اس کو دیکھنا چاہے) تو (دیکھنا تو درکنار) دیکھنے کا احتمال بھی نہیں (اس مثال کا حاصل یہ ہے کہ یہاں بوجہ انکار معاد کے وہمی نور بھی نہیں بلکہ واقعی ظلمت بھی ہے کہ اس کے اعمال اس کو نافع نہیں اور خیالی ظلمت بھی کہ خود بھی ان اعمال کے غیر نافع ہونے کا اعتقاد اور اعتراف کر رہا ہے گو منشا اس کا انکار معاد ہی ہو بہر حال اس شخص کے پاس اپنے اعمال کے باب میں کوئی معتد بہ دل خوش کن بات نہیں جیسا مشبہ بہ میں ظلمت ہی ظلمت ہے کہ اول تو دریا گہرا کہ اس کے قعر میں اندھیرا ہوتا ہی ہے پھر جب امواج کا تلاطم ہو تو اور اندھیرا بڑھے گا پھر اوپر سے بادل۔ گھٹا بھی ہو تو اندھیرے کا کچھ ٹھکانا ہی نہ رہے گا خصوصاً اس شخص کے لئے جو دریا کی بھی تہ میں ہو ہاتھ کی تخصیص اس لئے کہ اول تو انسان سے خود بہت نزدیک ہے پھر جتنا نزدیک کرنا چاہو نزدیک ہو سکتا ہے یہ بات دوسرے اعضاء میں نہیں جب یہی نظر نہ آیا تو دوسری چیز تو بدرجہ اولیٰ نظر نہ آوے گی اور اس جملہ سے ظلمت کا نقشہ پیش کرنا مقصود ہے مطلب یہ کہ جیسا مشبہ بہ میں ظلمت ہی ظلمت ہے اور اس مشبہ بہ میں لیل کی قید نہیں ہے کیونکہ اس مجموعہ مفروضہ میں تو نہار بھی لیل ہی ہوگا اور اگر اس قرینہ سے کہ مقصود بیان ہے شدت ظلمت کا لیل کی قید بھی معتبر کر لی جاوے تو ممکن ہے اور مراد ان اعمال سے وہ اعمال ہیں جن کو یہ عاملین خیر سمجھتے ہیں کیونکہ احتمال ثمرۂ مطلوبہ کا انہی میں ہو سکتا ہے نیز ذکر مؤمنین میں بھی اعمال حسنہ ہی کا ذکر تھا پس یہ بھی قرینہ ہے کہ ہر فریق کے ایک ہی جنس کے اعمال کا بیان ہو کہ موازنہ پورا معلوم ہو اور اعمال شر میں تو نفی نفع پر سب کا اتفاق ہے اور اس فریق اخیر کے اعمال میں جو ثمرہ کو معتد بہ کے ساتھ مقید کیا گیا وجہ اس کی یہ ہے کہ ایسے لوگ بھی دنیا میں ترقی مال و جاہ کی غرض سے ایسے اعمال کیا کرتے ہیں لیکن وہ بوجہ اعتراف فنا کے معتد بہ نہیں) اور (آگے تذییل میں اعمال کفار کے ایسے مظلم ہونے کی وجہ فرماتے ہیں یعنی) جس کو اللہ ہی نور (ہدایت) نہ دے اس کو (کہیں سے بھی) نور نہیں (میسر ہو سکتا پس ان لوگوں کو چاہئے تھا کہ اتباع احکام الٰہیہ کا ارادہ کرتے تو اللہ تعالیٰ حسب عادت کہ عزم کے بعد فعل پیدا کر دیتا ہے ان کو نور ہدایت دیتا مگر انہوں نے اعراض کیا تو تاریکیوں میں رہ گئے کہیں سے بھی سہارا نہ لگا)۔ **ف**: تشبیہ نور ہدایت کی تقریر کے اخیر میں جو احقر نے کہا ہے کہ مشبہ بہ کا اقویٰ ہونا ضرور نہیں اس کو مدارک میں اس طرح تعبیر کیا ہے **ضرب المثل یکون بدنی محسوس معهود لا بعلی غیر معاین ولا معهود** اور اس کے مناسب ایک دلچسپ حکایت لکھی ہے کہ جب ابوتمام نے مامون الرشید کی مدح میں یہ شعر پڑھا **اقدام عمرو فی سماحة حاتم۔ فی حلم احنف فی ذکاء ایاس۔** تو کسی نے اعتراض کیا کہ خلیفہ تو ان لوگوں سے بڑھ کر ہیں جن کے ساتھ تم نے مثال دی ہے ابوتمام نے فی البدیہہ جواب میں کہا **لا تنکروا ضربی له من دونه۔ مثلا شرودا فی الندی والباس۔ فالله قد ضرب الاقل لنوره۔ مثلا من المشکوة والنبراس** آہ اوپر نور ہدایت اور ظلمت ضلالت کا بیان تھا اور اس سے اوپر متعدد احکام عملیہ کا ذکر تھا آگے دلائل توحید و الوہیت کا ذکر ہے جو کہ احکام علمیہ سے ہے اولوہیت بمعنی معبودیت کو اگر اعتقاد و عمل کے لئے عام لیا جاوے تو احکام عملیہ سے بھی اس میں تعرض ہوگا جیسا **یسبح** الآیہ سے یہی مقصود معلوم ہوتا ہے کہ اور مخلوقات تو اس کی عبادت ارادیہ کریں گو بعض ہی سہی اور انسان نہ کرے **خبیر علیم بما یفعلون** میں وعید کی طرف اشارہ ہے اور ان سب احکام علمیہ و عملیہ کے قبول و عدم قبول کا ہدایت و ضلالت ہونا ظاہر ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ امام غزالی نے نور کی تفسیر ظاہر بنفسہ و مظہر لغیرہ سے کر کے اس کا مصداق وجود کو ٹھہرایا ہے تو نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کے معنی وجود السموات والارض ہوئے اور حاصل مسئلہ وحدۃ الوجود کا یہی ہے۔ قولہ تعالیٰ: مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ الخ مشکوٰۃ اشارہ مؤمن مخلص کے جوف کی طرف اور زجاجہ قلب کی طرف اور مصباح نور قلب کی طرف اور شجرہ زیتونہ وحی و قرآن کی طرف جس سے قلب منور ہے اور جو کہ باعتبار اصل کے عالم غیب میں سے ہونے کے سبب مقید بالجہت نہیں اور وہ غایت وضوح سے بدون ایضاح ظاہر ہوا چاہتا ہے اور ایضاح سے اور زیادہ واضح ہو جاتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ الخ بقول ابوحیان بیوت عام ہے مساجد اور مدارس اور خانقاہوں کو اور رفع سے مراد ان کی تعظیم قدر پس اس بناء پر اس میں خانقاہوں کی فضیلت ہے جو ذکر کے لئے ہے جو ذکر کے لئے موضوع ہیں اور ان کی تعظیم قدر یہ ہے کہ اُن کا حق ادا کیا جاوے یعنی جس غرض کے لئے وہ موضوع ہیں وہ عمل میں لائی جاوے۔ قولہ تعالیٰ: رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ الخ یہ اصل ہے بلکہ یادداشت و خلوت در انجمن کی۔ قولہ تعالیٰ: اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ الخ یہی حالت ہے مغرورین طریق کی کہ اپنے اعمال کو حقائق سمجھتے ہیں حالانکہ وہ محض خیالات ہیں جن کی حقیقت امتحان یا موت کے وقت معلوم ہو جاتی ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ الخ یہ اصل ہے اس کی کہ جس میں استعداد نہیں اس میں فعل نہیں۔

الروایات: **فی الدر المنثور بسنده عن ابن عباس مثل نوره الذی اعطاه المؤمن وعنه نور السموات والارض قال هادی اهل السموات والارض و عنه نور علی نور یعنی بذلك ایمان العبد و عمله۔ وعن قتادة فی قوله لا شرقية ولا غربية قال لا یفی علیها ظل شرقی ولا غربی کنا نتحدث انها ضاحية الشمس وهو اصفی الزیت واطیبه واعذبه وعن مجاهد نور علی نور قال النار علی الزیت**

www.besturdubooks.net

جاورته رد عن ابن عباسؓ فی قوله لا شرقية قال شجرة لا يظلها كهف ولا جبل ولا يواريها شئ وهو اجود لزيتها وعن ابن عباس يقول كما يكاد الزيت الصافى يضئ قبل ان تمسه النار واذا امسته ازداد ضوء على ضوئه كذلك يكون قلب المؤمن يعمل بالهدى قبل ان ياتيه العلم فاذا اتاه العلم ازداد هدى ونور على نور وعن الحسن فى قوله (الى قوله تعالى) اذن الله ان ترفع يقول ان تعظم بذكره يسبح يصلى له فيها۔ وعن ابن عباس فى قوله كسراب الآية قال فلما اتاه لم يجده شيئا وقبض عند ذلك۱۲۔

فوائد مختلطه من ابواب شتى: روعى فيها ترتيب اجزاء الآية لا ترتيب الفنون ليكون ايسر للتلقى وهى باجمعها ماخوذة من الكبير والروح والخازن والمدارك والواردات القلبية۔ **الاولى** قوله نور السموٰت هذا الحمل كزيد عدل اى ذو عدل اى هو ذو نور بمعنى منور وهادى۔ **الثانية** المراد بالنور الهدى۔ **الثالثة** السموٰت بتقدير مضاف اى اهل السماوات۔ **الرابعة** المراد بالسموٰت والارض جميع العالم لان المتقابلين يراد باطلاقهما عموم افراد جنسهما كما فى بكرة واصيل يراد به جميع الاوقات وتخصيصهما لكونهما مقر اكثر المامورين۔ **الخامسة** المثل القصة العجيبة الشان۔ **السادسة** مثل نوره الاضافة للافاضة۔ **السابعة** المشكوٰة الكوة لغير النافذة فى الجدار۔ **الثامنة** التقدير كنور مشكوٰة۔ **التاسعة** درى منسوب الى الدر اى مشابه له فى الصفا۔ **العاشرة** فى اعادة المصباح والزجاجة معرفين اثر سبقهما منكرين والاخبار عنهما بما بعدها مع انتظام الكلام بان يقال كمشكوٰة فيها مصباح فى زجاجة كانها كوكب درى من تفخيم شانهما ورفع مكانتهما بالتفسير اثر الابهام والتفصيل بعد الاجمال وباثبات ما بعدهما لهما بطريق الاخبار المنبئ عن القصد الاصلى دون الوصف المنبئ عن الاشارة الى الثبوت فى الجملة ما لا يخفى۔ **الحادية عشر** لم يشبه الزجاجة بالشمس ولا بالقمر لانهما وقت الانكساف يريان مظلمين بخلاف الكوكب فانه لا يرى وقت الانكساف واذا رؤى رؤى نور انيا مشرقيا۔ **الثانية عشر** يوقد صفة المصباح۔ **الثالثة عشر** من شجرة ابتدائية اى يبتدأ ايقاد المصباح من شجرة۔ **الرابعة عشر** مبركة اى كثيرة المنافع لان الزيت يسرج به ويدهن به ويؤتدم به وايضا فيه منافع وبركات معنوية حض الشارع على تحصيلها۔ **الخامسة عشر** زيتونة بدل من شجرة۔ **السادسة عشر** فى ابهام الشجرة ثم تفسيرها بالزيتون من الفخامة ما لا يخفى۔ **السابعة عشر** لا شرقية صفة لزيتونة **الثامنة عشر** لا شرقية ولا غربية معناه ضاحية للشمس لا يظلها جبل ولا شجر لان المخاطة يفسد ثمرها **التاسعة عشر** يكاد صفة ثانية لزيتونة **العشرون** يكاد حفظ به صدق لكلام۔ **الحادية والعشرون** الزيت دهن الزيتون۔ **الثانية والعشرون** نور خبر مبتدأ مقدر اى هو۔ **الثالثة والعشرون** ثم التمثيل على قوله نور على نور وهذا التشبيه ليس من تشبيه الاجزاء بالاجزاء۔ **الرابعة والعشرون** يهدى الله لنوره الاظهار فى مقام الاضمار لزيادة تقريره وتاكيد فخامته الذاتية بفخامته المنافية الناشئة من اضافة الى ضميره عز وجل وان اشكل عليك ان النور اذا كان هو الهداية فمعنى الآية يهدى الله الى هدايته ولا يفهم له محصل فازحه بان النور هو الهداية بمعنى الايمان وآثار والهداية اليه التوفيق له فتغاير فافهم۔ **الخامسة والعشرون** قوله فى بيوت متعلق بمقدر اى يسبحون دل عليه ما سياتى يسبح الى رجال۔ **السادسة والعشرون** اذن اى امر والنكتة فى التعبير به الايذان بانهم كانهم منتظرون للامر من قبل ان يومروا وكانهم بصدد ان يعملوا لكنهم لا يعملون لاحتمال النهى فلما امروا كان كانهم اذنوا اى رفع عنهم احتمال النهى۔ **السابعة والعشرون** قوله ترفع اى تعظم او تبنى من قوله تعالىٰ اذ يرفع ابراهيم القواعد لا من الرفع بمعنى البنا الشامخ والمشيد۔ **الثامنة والعشرون** قوله يذكر هذا عام فى العبادات كلها وكذا ما سياتى من قوله عن ذكر الله **التاسعة والعشرون** قوله يسبح المراد به الصلوٰة۔ **الثلثون** التسبيح يتعدى بنفسه وباللام **الحادية والثلثون** فى قراءة يسبح مبنيا للمفعول فيدل على الفعل المنسوب الى رجال۔ **الثانية والثلثون** قوله تجارة هو عام لغة لكنه بقرينة المقابلة اريد به الشراء ثم صرح بذكر البيع اشارة الى ان الشراء فيه الربح الموهوم والبيع يكون فيه الربح بالفعل غالبا فلما لم يلههم بيع يتحقق فيه الربح فكيف يلهيهم ما يتوقع فيه بلا تحقق۱۲۔ **الرابعة والثلثون** قوله لا تلهيهم هذا يتحقق بطريقين احدهما لا يتجرون فيتلهون والثانى انهم مع التجارة لا يتلهون فالمدح على عدم الالهاء ولا يراد منه مدح التجارة **الخامسة والثلثون** قوله اقام الصلوٰة تخصيص بعد تعميم **السادسة والثلثون** تتقلب تفصيله فى آية اخرىٰ تشخص فيه الابصار الى قوله وافئدتهم هواء وقوله اذ القلوب لدى الحناجر كاظمين **السابعة**

www.besturdubooks.net

و الثلثون قوله القلوب يرادبه الجنس لان بعضهم آمنون **الثامنة و الثلثون** ليجزيهم اللام للصيرورة والعاقبة **التاسعة والثلثون** احسن ما عملوا بتقدير جزاء بعد احسن والتقدير احسن جزاء ما عملوا فلا يرد ان الجزاء لا يختص بالاحسن بل يعمه والحسن ويمكن ان يقال ان فيه اشارة الى ان كل اعمالهم يجعل كانه احسن **الاربعون** قوله يرزق من يشاء فى هذا نوع ايماء الى انهم ممن شاء الله تعالٰى ان يرزقهم لتعبيره تعالٰى عنهم بعين هذا العنوان فى قوله يهدى الله لنوره من يشاء **الحادية والاربعون** قوله الظمأن تخصيص الظمآن لحسرته على كذب رجاء ه **الثانية والاربعون** قوله شيئا اى مما يحسبه والا فالسراب ايضا شئ **الثالثة والاربعون** قوله وجد الله اى قضاء الله وهذا فى الدنيا ومن تمام المشبه به ولا بعد فى حذف المضاف لان المفسرين باجمعهم متفقون على ذلك وان اختلف المضاف حيث قالوا عقاب الله **الرابعة والاربعون** قوله او كظلمٰت او للتنويع والتقسيم لان الكفار قسمان **الخامسة والاربعون** قوله لجى بمعنى عميق منسب الى اللج وهو معظم الماء **السادسة والاربعون** قوله من فوقه سحاب فى هذه العنوان ايماء الى غاية تراكم الامواج وتضاعفها حتى كانها بلغت السحاب **السابعة والاربعون** ظلمٰت اى هى ظلمات وهو المقابل لقوله نور على نور **الثامنة والاربعون** قوله اذا اخرج اى من ابتلى به واضماره من غير ذكر لدلالة المعنى عليه دلالة واضحة ومعنى اخرج اخرجها من حيث كانت فيه من قبل من الثوب او شئ آخر او مكان بعيد من مكان اتى بها فيه من بعد **التاسعة والاربعون** قوله ومن لم يجعل مقابل لقوله يهدى الله لنوره من يشاء۔

اللغات: مبينت من بين بمعنى تبين وفى قراء ة مبينات للمفعول المثل القصة العجيبة۔

البلاغة: للمتقين التخصيص باعتبار الانتفاع ۱۲۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝۴۱ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۝۴۲ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِىْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ۝۴۳ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِى الْاَبْصَارِ ۝۴۴ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِىْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِىْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِىْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ؕ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝۴۵

(اے مخاطب) کیا تجھ کو معلوم نہیں ہوا کہ اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں سب جو کچھ کہ آسمانوں میں اور زمین میں (مخلوقات) ہیں اور (بالخصوص) پرند جو پر پھیلائے ہوئے (اڑتے پھرتے) ہیں سب کا اپنی اپنی دعا اور اپنی تسبیح معلوم ہے اور اللہ تعالیٰ کو ان لوگوں کے سب افعال کا پورا علم ہے اور اللہ ہی کو حکومت ہے آسمانوں اور زمین میں اور اللہ ہی کی طرف (سب کو) لوٹ کر جانا ہے۔ کیا تجھ کو یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ (ایک بادل کو دوسرے بادل کی طرف) چلتا کرتا ہے (اور) پھر اس بادل (کے مجموعہ) کو باہم ملا دیتا ہے پھر اس کو تہ بتہ کر دیتا ہے پھر تو بارش کو دیکھتا ہے کہ اس (بادل) کے بیچ میں سے نکلتی ہے اور اسی بادل سے یعنی اس کے بڑے بڑے حصوں میں سے اولے برساتا ہے پھر ان کو جس (کی جان پر یا مال) پر چاہتا ہے گراتا ہے اور جس سے چاہتا ہے اس کو ہٹا دیتا ہے اور اس بادل کی بجلی کی چمک کی یہ حالت ہے کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا اس نے اب بینائی لی (اور نیز) اللہ تعالیٰ رات اور دن کو (بھی) بدلتا رہتا ہے اس (سب مجموعہ) میں اہل دانش کے لئے استدلال کا موقع ہے اور اللہ تعالیٰ (ہی) نے ہر چلنے والے جاندار کو (بری ہو یا بحری) پانی سے پیدا کیا ہے پھر ان میں بعضے تو وہ جانور ہیں جو اپنے پیٹ کے بل چلتے ہیں اور بعضے ان میں وہ ہیں جو دو پیروں پر چلتے ہیں اور بعضے ان میں وہ ہیں جو چار (پیروں) پر چلتے ہیں اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے بناتا ہے بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔

تفسیر: دلائل توحید والوہیت ☆ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ (الٰی قولہ تعالٰی) يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝۴۵ (اے مخاطب) کیا تجھ کو (دلائل اور مشاہدہ سے) معلوم نہیں ہوا کہ اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں سب جو کچھ آسمانوں اور زمین میں (مخلوقات) ہیں (خواہ قالاً جو بعض مخلوقات میں مشاہد بھی ہے خواہ حالاً جو کل مخلوقات میں بدلالت عقل معلوم ہے) اور (بالخصوص) پرند (بھی) جو پر پھیلائے ہوئے (اڑتے پھرتے) ہیں (کہ ان کی دلالت علی وجود الصانع اور

www.besturdubooks.net

زیادہ عجیب ہے کہ باوجودان کے ثقیل اجسام کے پھر بین المحیط والمرکز رکے ہوئے ہیں اور) سب (پرندوں) کو اپنی اپنی دعا (اور التجاء اللہ سے) اور اپنی تسبیح (وتقدیس کا طریقہ الہام سے) معلوم ہے اور (باوجودان دلالات کے پھر بھی بعض توحید کو نہیں مانتے تو) اللہ تعالیٰ کو ان لوگوں کے سب افعال کا پورا علم ہے (اس انکار واعراض پر ان کو سزادے گا) اور اللہ ہی کی حکومت ہے آسمانوں اور زمین میں (اب بھی) اور (انتہا میں بھی چنانچہ) اللہ ہی کی طرف (سب کو) لوٹ کر جانا ہے (اس وقت بھی حاکمانہ تصرف اسی کا ہوگا چنانچہ حکومت کا ایک اثر بیان کیا جاتا ہے وہ یہ کہ اے مخاطب) کیا تجھ کو یہ بات معلوم نہیں کہ (اللہ تعالیٰ ایک) بادل کو (دوسرے بادل کی طرف) چلتا کرتا ہے (اور) پھر اُس بادل (کے مجموعہ کو) باہم ملا دیتا ہے پھر اُس کو تہ بہ تہ کرتا ہے پھر تو بارش کو دیکھتا ہے کہ اُس (بادل) کے بیچ میں سے نکل (نکل کر آ) تی ہے اور اسی بادل سے یعنی اُس کے بڑے بڑے حصوں میں سے اولے برساتا ہے پھر اُن کو جس (کی جان پر یا مال) پر چاہتا ہے گراتا ہے (کہ اُس کا نقصان ہو جاتا ہے) اور جس سے چاہتا ہے اُس کو ہٹا دیتا ہے (اور اس کے جان و مال کو بچالیتا ہے اور) اس بادل (میں سے بجلی بھی پیدا ہوتی ہے اور ایسی چمکدار ہے کہ اُس بادل) کی بجلی کی چمک کی یہ حالت ہے کہ ایسا معلوم ہوتا ہے گویا اُس نے اب بینائی لی (سو یہ بھی اُس کے تصرفات سے ہے اور نیز) اللہ تعالیٰ رات اور دن کو (بھی) بدلتا رہتا ہے (سو یہ بھی منجملہ تصرفات میں سے ہے) اس (سب مجموعہ) میں اہل دانش کے لئے استدلال (کا موقع) ہے (جس سے مضمون توحید اور مضمون لَہٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پر استدلال کرتے ہیں) اور اللہ (ہی کا یہ تصرف بھی ہے کہ اُس) نے ہر چلنے والے جاندار کو (بری ہو یا بحری) پانی سے پیدا کیا ہے پھر ان (جانوروں) میں بعضے تو وہ (جانور) ہیں جو اپنے پیٹ کے بل چلتے ہیں (جیسے سانپ مچھلی) اور بعضے ان میں وہ ہیں جو دو پیروں پر چلتے ہیں (جیسے انسان اور پرندے جبکہ ہوا میں نہ ہوں) اور بعضے اُن میں وہ ہیں جو چار (پیروں) پر چلتے ہیں (جیسے مواشی اسی طرح بعضے زیادہ پر بھی اصل یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے بناتا ہے بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پورا قادر ہے (اُس کو کچھ بھی مشکل نہیں)۔ ف: مخلوقات کی تسبیح کی تحقیق پارہ پانزدہم کے ربع کے قریب آیت وان من شیء الخ کے ترجمہ اور فائدہ میں ملاحظہ کر لی جاوے اور جانوروں کا دعا کرنا اللہ تعالیٰ سے جس کا ذکر قد علم صلوته میں ہے حدیثوں میں وارد ہے مثلاً عالم باعمل کے لئے دعا کرنا۔ ایک نبی کے قصے میں آیا ہے کہ انہوں نے ایک چیونٹی کو بارش کی دعا کرتے ہوئے دیکھا تھا اور یُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ میں سماء بمعنی سحاب ہے اور اس کے بڑے بڑے حصوں کو جبال فرما دیا چنانچہ محاورہ ہے کہ فلاں شخص کے پاس سونے کا پہاڑ ہے اور روح میں ابن مقبل کا شعر منقول ہے۔ واکثر بیتا شاعر ضربت له. بطون جبال الشعر حتی تیسرا. اور اولا جس سحاب سے گرتا ہے اس کا کثیر اور متکاثف ہونا بوجہ غایت برودت کے جو سبب ہے اولا پیدا ہونے کا ظاہر ہے اور دواب کی تکوین پانی سے پارۂ ہفدہم کے تیسرے رکوع کی آیت وجعلنا من الماء کل شیء حی۔ اور تفسیر میں مفصلاً مذکور ہے۔ ربط: اوپر کی آیتوں میں دلائل توحید والوہیت بیان فرمائے ہیں آگے ان کی تعلیم پر لقد انزلنا میں امتنان عام بوجہ اس کے کہ تنزیل عامہ ناس کے لئے ہے اور ان پر عمل کرنے کی توفیق پر ویهدی الخ میں امتنان خاص فرماتے ہیں بوجہ اس کے خاص ہونے کے اہل اہتداء کے ساتھ جیسا آیت نور سے پہلے والی آیت میں اسی عنوان سے امتنان تھا پس یہ مضمون امتنان کا بعنوان خاص دونوں جگہ مضمون سابق کی تقریر و تاکید اور مضمون لاحق کی تمہید کے طور پر ہوگا چنانچہ اول موقع پر اس کی تقریر ارتباط آیت نور سے یہ امر واضح ہے اور یہاں بھی تاکید کی توجیہ تو تقریر ربط سے معلوم ہوگئی اور توجیہ تمہید آیت مابعد کے ربط سے ظاہر ہوا چاہتی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قوله تعالیٰ: كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ اگر اس کو حقیقت پر محمول کیا جاوے جیسا کہ ظاہر یہی ہے تو اس سے جمادات وحیوانات کیلئے بھی ادراک اور دعا و تسبیح کا اثبات ہوتا ہے اور اہل کشف اس میں کچھ بھی استبعاد نہیں سمجھتے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی الطیر بالخصوص اشارة الی توجیه افراد الطیر بالذکر مع دخوله فی من فی السمٰوت ولارض المرعی فیه التغلیب ۱۲۔ ۲ قوله فی کل قد علم سب پرندوں کو اشارة الی ان المضاف الذی عوض عنه التنوین هو الطیر بقرینة اسناد العلم الیه لان وجوده فی الجمادات غیر ظاهر وان کان واقعا والمناسب الاستدلال بما هو ظاهر ۱۲۔ ۳ قوله فی صلوته دعا اشارة الی ارادة المعنی اللغوی۔ ۴ قوله بادل سے یعنی الخ اشارة الی ان من الثانیة بدل من الاولی وهی للابتداء واشارة الی کون الثالثة زائدة حیث لم یترجمها ۱۲۔

اللغات: قوله صفت فی القاموس بسط الطائر جناحیه ۱۲ قوله الودق الطرد البرد حب الغمام کذا فی القاموس ۱۲ دابة التاء فیه للنقل الی الاسمیة لا للتانیث ۱۲۔

البلاغۃ: قوله یؤلف بینه اضاف من الی السحاب ولم یذکر معه غیره وبین لا تکون مضافة الی جماعة او اثنین لان السحاب فی معنی جمع واحده سحابة کما فی الطبری ۱۲۔

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ۭ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى

www.besturdubooks.net

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَاۤ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِذَا دُعُوْۤا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ
مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْۤا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿۴۹﴾ ؕ اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْۤا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ
يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْۤا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ع ۱۴
لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ
وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾

ہم نے (حق کے) سمجھانے والے دلائل نازل فرمائے ہیں اور (ان عام میں سے) جس کو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے راہ راست کی طرف ہدایت فرماتا ہے اور (یہ منافق) لوگ (زبان سے) دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لے آئے اور حکم مانا پھر اس کے بعد (موقع ظہور صدق دعویٰ پر) ان میں کا ایک گروہ سرتابی کرتا ہے اور یہ لوگ (دل میں) اصلاً ایمان نہیں رکھتے ہیں اور یہ لوگ جب اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف اس غرض سے بلائے جاتے ہیں کہ رسول ان کے (اور ان کے خصوم کے) درمیان فیصلہ کر دیں تو ان میں کا ایک گروہ پہلوتہی کرتا ہے اور اگر ان کا حق (کسی کی طرف واجب) ہو تو سر تسلیم خم کئے ہوئے آپ کے پاس چلے آتے ہیں آیا ان کے دلوں میں (کفر جازم کا) مرض ہے یا یہ (نبوت کی طرف سے) شک میں پڑے ہیں یا ان کو یہ اندیشہ ہے کہ اللہ اور اس کا رسول ﷺ ان پر ظلم نہ کرنے لگیں (سو ان میں سے کوئی سبب) نہیں ہے بلکہ (اصلی سبب یہ ہے) کہ یہ لوگ برسر ظلم (ہوتے ہیں) مسلمانوں کا قول تو جبکہ ان کو (کسی مقدمہ میں) اللہ کی اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ ان کے درمیان میں فیصلہ کر دیں یہ ہے کہ وہ (بطیب خاطر) کہتے ہیں کہ ہم نے سن لیا اور مان لیا اور ایسے لوگ (آخرت میں فلاں پائیں گے اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا کہا مانے اور اللہ سے ڈرے اور اس کی مخالفت سے بچے بس ایسے لوگ بامراد ہوں گے۔ اور وہ لوگ بڑا زور لگا کر قسمیں کھایا کرتے ہیں کہ واللہ (ہم ایسے فرمانبردار ہیں کہ) اگر آپ ان کو (یعنی) ہم کو حکم دیں تو وہ ابھی نکل کھڑے ہوں (آپ ان سے) کہہ دیجئے کہ بس قسمیں نہ کھاؤ (تمہاری) فرمانبرداری (کی حقیقت) معلوم ہے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کی پوری خبر رکھتا ہے آپ کہئے کہ اللہ کی اطاعت کرو اور رسول ﷺ کی اطاعت کرو پھر اگر تم لوگ اطاعت کرو پھر اگر تم لوگ (اطاعت سے) روگردانی کرو گے تو سمجھ رکھو کہ رسول ﷺ کے ذمہ وہی (تبلیغ) ہے جس کا ان پر بار رکھا گیا ہے اور تمہارے ذمہ وہ ہے جس کا تم پر بار رکھا گیا ہے اور اگر تم نے ان کی اطاعت کر لی تو راہ پر جا لگو گے اور (بہرحال) رسول ﷺ کے ذمہ صرف صاف طور پر پہنچا دینا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ سے بعض علماً وعملاً مہتدی اور بعض کا غیر مہتدی ہونا اجمالاً مذکور ہے آگے مہتدین وغیر مہتدین کے بیان حال سے اس کی تفصیل ہے۔

امتنان بتنزیل علم وتوفیق عمل ☆ لَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۶﴾ ہم نے (حق کے لئے) سمجھانے والے دلائل (ہدایت عام کے لئے) نازل فرمائے ہیں اور (ان عام میں سے) جس کو اللہ چاہتا ہے راہ راست کی طرف (خاص) ہدایت فرماتا ہے (کہ وہ الوہیت کے حقوق علمیہ یعنی عقائد صحیحہ اور حقوق عملیہ یعنی طاعت کو بجا لاتا ہے ورنہ بہت سے محروم ہی رہتے ہیں)۔

بیان بعضے از مہتدین وغیر مہتدین ☆ وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ (الی قولہ تعالی) وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾ اور یہ منافق لوگ (زبان سے) دعویٰ تو کرتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور رسول پر ایمان لے آئے اور (خدا اور رسول کا) حکم (دل سے) مانا پھر اس کے بعد (موقع ظہور صدق دعویٰ پر) ان میں کا ایک گروہ (جو) بہت زیادہ شریر ہے خدا اور رسول کے حکم سے سرتابی کرتا ہے (مراد اس موقع سے وہ صورت مراد ہے کہ جب ان کے ذمہ کسی کا حق چاہتا ہو اور صاحب حق اس منافق سے درخواست کرے کہ چلو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مقدمہ لے چلیں اس موقع پر یہ سرتابی کرتے ہیں کیونکہ جانتے ہیں کہ آپ کے اجلاس میں جب حق محقق ہو جاوے گا تو اسی کے موافق آپ فیصلہ کریں گے جیسا عنقریب آیت وَاِذَا دُعُوْۤا میں اس موقع کا یہی بیان آتا ہے اور تخصیص ایک فریق کی باوجودیکہ تمام منافقین ایسے ہی تھے اسی لئے ہے کہ غریب غرباء کو باوجود کراہت قلبی کے

www.besturdubooks.net

اظہار اباء کی جرأت وہمت نہیں ہوا کرتی یہ کام فریق اہل وجاہت ہی سے ہوسکتا ہے) اور یہ لوگ اصلاً ایمان نہیں رکھتے (یعنی دل میں تو کسی منافق کے ایمان نہیں مگر ان کا تو وہ ظاہری ملمع ایمان بھی نہ رہا جیسا اس آیت میں ہے: وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ [التوبة : ٧٤] اور اس آیت میں ہے: قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ [التوبة : ٦٦] اور (بیان اس سرتابی کا یہ ہے کہ) یہ لوگ جب اللہ اور اس کے رسول کی طرف اس غرض سے بلائے جاتے ہیں کہ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) ان کے (اور اُن کے خصوم کے) درمیان میں فیصلہ کردیں تو ان میں کا ایک گروہ (وہاں حاضر ہونے سے) پہلوتہی کرتا ہے (اور ٹالتا ہے اور یہ بلانا رسول ہی کی طرف ہے مگر چونکہ آپ کا فیصلہ موافق حکم خداوندی ہوتا ہے اس لئے الی اللہ بڑھا دیا غرض جب ان کے ذمہ کسی کا حق چاہتا ہے تب تو ان کی یہ حالت ہوتی ہے) اور اگر (اتفاق سے) ان کا حق (کسی کی طرف واجب) ہو تو سر تسلیم خم کئے ہوئے (بے تکلف) آپ کے پاس چلے آتے ہیں (کیونکہ اطمینان ہوتا ہے کہ وہاں حق رسی ہوگی آگے بطور تردید کے اس اعراض کے اسباب کی چند شقوں کی نفی ہے) آیا (اس کا سبب یہ ہے کہ) ان کے دلوں میں (کفر جازم کا) مرض ہے (کہ یقیناً نفی نبوت کا اعتقاد رکھتے ہیں) یا یہ (نبوت کی طرف سے) شک میں پڑے ہیں (کہ سبب کفر کا عدم جزم ہے جیسا پہلی شق میں کفر کا سبب جزم عدم تھا اور کفر کے طرق کا مختلف ہونا کچھ بعید نہیں ہے) یا ان کو یہ اندیشہ ہے کہ اللہ اور اس کا رسول ان پر ظلم نہ کرنے لگیں (اور ان کے ذمہ جو حق ہے اس سے زائد دلا دیں سو ان اسباب میں سے کوئی سبب) نہیں (ہے) بلکہ (اصلی سبب یہ ہے کہ) یہ لوگ (ان مقدمات میں) برسر ظلم (ہوتے) ہیں (اس لئے حضور نبوی میں مقدمہ لانا پسند نہیں کرتے کہ ہم ہار جائیں گے اور باقی اسباب سابقہ منتفی سو ہر چند کہ ان کے قلوب میں کفر اور ریب یقیناً تھا لیکن مقدمہ نہ لانے کا سبب اس لئے نہیں ہوسکتا کہ اگر یہ سبب ہوتا تو چاہئے تھا کہ جب یہ صاحب حق ہوتے جب بھی مقدمہ نہ لاتے لعموم المعلول بعموم العلۃ اور خوف حیف ہونا ظاہر ہے کہ بالکل ہی منتفی ہے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا صدق وامانت وعدل مخالفین کے نزدیک بھی مسلم تھا سو شقین اولین میں وصف مرض وریب کی ذات منفی نہیں بلکہ اس کی سببیت منفی ہے اور شق ثالث میں خود ذات خوف کی منفی ہے اور ظالمیت کا سبب ہونا ظاہر ہے اسی لئے مظلومیت کے وقت مقدمہ لے آتے ہیں آگے مؤمنین کا قال اور حال مذکور ہے جس میں ان پر بھی تعریض ہے کہ مقتضاء وعدہ ایمان کا یہ تھا جو مؤمنین سے ظاہر ہوا پس ارشاد ہے کہ) مسلمانوں (کی شان اور ان) کا قول تو جب کہ ان کو (کسی مقدمہ میں) اللہ کی اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے یہ ہے کہ وہ (خوشی خوشی) کہہ دیتے ہیں کہ ہم نے (تمہارا کلام) سن لیا اور (اس کو) مان لیا (اور پھر فوراً چلے جاتے ہیں یہ ہے علامت اس کی کہ ایسوں کا امنا اور اطعنا کہنا دنیا میں بھی صادق ہے) اور ایسے (ہی) لوگ (آخرت میں بھی) فلاح پائیں گے اور (ہمارے یہاں کا تو قاعدہ کلیہ ہے کہ) جو شخص اللہ اور اس کے رسول کا کہنا مانے اور اللہ سے ڈرے اور اس کی مخالفت سے بچے بس ایسے لوگ بامراد ہوں گے اور (نیز ان منافقین کی یہ حالت ہے کہ) وہ لوگ بڑا زور لگا کر قسمیں کھایا کرتے ہیں کہ واللہ (ہم ایسے فرمانبردار ہیں کہ) اگر آپ ان کو (یعنی ہم کو) حکم دیں (کہ گھربار سب چھوڑ دو) تو وہ (یعنی ہم) ابھی (سب چھوڑ چھاڑ) نکل کھڑے ہوں آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ بس قسمیں نہ کھاؤ (تمہاری) فرمانبرداری (کی حقیقت) معلوم ہے (کیونکہ اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کی پوری خبر رکھتا ہے (اور اس نے مجھ کو بتلا دیا کقولہ تعالیٰ: قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ [التوبة : ٩٤] اور) آپ (ان سے) کہئے کہ (باتیں بنانے سے کام نہیں چلتا کام کرو یعنی) اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو (آگے اللہ تعالیٰ اہتمام شان مضمون کے واسطے خود ان لوگوں کو خطاب فرماتا ہے کہ رسول کے اس کہنے کے اور تبلیغ کے بعد) پھر اگر تم لوگ (اطاعت سے) روگردانی کرو گے تو سمجھ رکھو کہ (رسول کا کوئی ضرر نہیں کیونکہ) رسول کے ذمہ وہی تبلیغ (کا کام) ہے جس کا ان پر بار رکھا گیا ہے (جس کو وہ کر چکے اور سبکدوش ہوگئے) اور تمہارے ذمہ وہ (اطاعت کا کام) ہے جس کا تم پر بار رکھا گیا ہے (جس کو تم نہیں بجالائے پس تمہارا ہی ضرر ہوگا) اور اگر (روگردانی نہ کی بلکہ) تم نے ان کی اطاعت کرلی (جو عین اطاعت اللہ ہی کی ہے) تو راہ پر جالگو گے اور (بہرحال) رسول کے ذمہ صرف صاف طور پر پہنچا دینا ہے (آگے تم سے بازپرس ہوگی کہ قبول کیا یا نہیں)۔ **ف**: لیخرجن کے دو مطلب ہوسکتے ہیں خروج عن الاموال اور خروج للجہاد درمنثور میں اول قول ابن عباسؓ سے اور ثانی مقاتل سے نقل کیا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ الخ اس میں ان لوگوں کے حال کی طرف بھی اشارہ ہے جو دل سے مشائخ پر انکار کرتے ہیں اور زبان سے باتیں بناتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ جو شخص خود اعراض کرے شیخ کو اس کے درپے ہونا مناسب نہیں اس کا کام صرف تبلیغ کردینا تھا۔ قولہ تعالیٰ: وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت سے کشف حقائق ہوتا ہے جو حاصل ہے اہتداء کا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في مبينٰت حق کے اشارة الى تقدير معمول لمبينات كما هو ظاهر ۱۲۔ ۲ قوله في يتولى حكم سے اشارة الى تقدير معمول يتولى ۱۲۔ ۳ قوله في ما اولئك اصلاً اشارة الى ان الاشارة الى الفريق وتخصيصهم للتوغل كما اوضحه بعد ۱۲۔ ۴ قوله

www.besturdubooks.net

فی لیحکم بینھم اوران کےخصوم اشارۃ الی التقدیر لان بین یضاف الی المتعدد۱۲۔۵ قولہ فی توضیح معرضون الی اللہ بڑھادیا اشارۃ الی ان الدعاء انما ھو الی الرسول ظاھرا وزید ذکر اللہ للتفخیم۱۲۔۶ قولہ آپ کے پاس الخ اشار بہ الی ان صلۃ یاتوا کما استظھرہ صاحب الروح وقال جار اللہ والاحسن ان یتصل بمذعنین لیفید الاختصاص ان لا یتحاکمون اذا عرفوا ان الحق لھم الا الی الرسول مسرعین فی طاعتہ کما فی النیسابوری۱۲۔۷ قولہ فی سمعنا واطعنا تمہاراکلام الخ اشارۃ الی ان معنی اطعنا ھذا غیر اطعنا السابق۱۲۔۸ قولہ فی واقسموا نیز اشارۃ الی ان فیہ من البدائع عودا علی بدء۱۲۔۹ قولہ فی لیخرجن وہ یعنی ہم اشارۃ الی انہ حکایۃ بالمعنی۱۲۔۱۰ قولہ فی فان تولوا سمجھ رکھو اشارۃ الی تقدیر الجزاء ای اعلموا۱۲۔۱۱ قولہ فی ان تطیعوہ یعنی اطاعت اللہ کی اشارۃ الی وجہ الاکتفاء علی بعض ما کان قبل فی قولہ اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول۱۲۔۱۲ قولہ فی وما علی الرسول بہرحال اشارۃ الی ان المقصود بہ التلخیص فلا تکرار۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراءۃ یتقہ بکسر القاف وکسر الھاء من غیر اشباع وفی قراءۃ بکسر القاف وسکون الھاء وقرأ حفص بسکون القاف وکسر الھاء غیر مشبعۃ بعضھم بکسر القاف وکسر الھاء وشبعۃ بحیث یتولدیاء ووجہ ان الاصل فی ھاء الضمیر اذا کان ما قبلھا متحرکان ان تشبع حرکتھا کما فی یرتہ ویؤدہ ووجہ عدم الاشباع ان ما قبل الضمیر ساکن تقدیرا ولا اشباع بحرکتہ فیما اذا اسکن ما قبلہ کفیہ ومنہ ووجہ اسکان الھاء انھا ھاء السکت وھی تسکن فی کلامھم وقیل ھی ھاء الضمیر لکن اجریت مجری ھاء السکت فسکنت وکثیرا ما یجری الوصل مجری الوقف ووجہ قراءۃ حفص انہ اعطی یتقہ حکم کتف لکونہ علی وزنہ فخفف بسکون وسطہ بجعلہ ککلمۃ واحدۃ کما خفف یلد فی قولہ وذی ولد لم یلد ابو ان وعن ابن الانباری انہ لغۃ لبعض العرب فی کل معتل حذف آخرہ فیقولون لم ارزیدا یسقطون الحرف للجزم ثم یسکنون ما قبل وعلی ذلک قولہ ع ومن یتق فان اللہ معہ۔ والھاء ضمیر وکان القیاس ضمھا حینئذ کما فی منہ لکن السکون لعروضہ لم یعتد بہ ولئلا ینتقل من کسر بضم تقدیرا من الروح۱۲۔

النحو: قولہ طاعۃ معروفۃ فی الروح خبر مبتدأ محذوف ای طاعتکم طاعۃ معروفۃ بانھا واقعۃ باللسان فقط من غیر مواطاۃ من القلب لا یجھلھا احد من الناس آہ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ من ماء التنکیر فی ماء للتنویع ای خلق کل دابۃ من نوع من الماء مختص بتلک الدابۃ کما فی النیسابوری والتعریف فی قولہ تعالیٰ وجعلنا من الماء کل شیٔ حیّ اما للعھد کما اخترتہ ھنالک واما للجنس کما قال النیسابوری قولہ فمنھم الخ فیہ تغلیب العقلاء ورتبت لتقدیم ما ھو الاعرف فی القدرۃ۱۲۔ قولہ ثم یتولی للاستبعاد۱۲ لا تقسموا ای علیہ ففیہ ایجاز۱۲۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۠ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ۭ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـــًٔا ۭ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۞ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۞ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۞ ع ۷ ۱۳

(اے مجموعہ امت) تم میں جولوگ ایمان لائیں اور نیک عمل کریں ان سے اللہ تعالیٰ وعدہ فرماتا ہے کہ ان کو (اس) اتباع کی برکت سے زمین میں حکومت عطا فرمائے جیسا ان سے پہلے (اہل ہدایت) لوگوں کو حکومت دی تھی اور جس دین کو (اللہ تعالیٰ نے) ان کے لئے پسند فرمایا ہے (یعنی اسلام اس کو ان کے (نفع آخرت کے) لئے قوت دے گا اور ان کے اس خوف کے بعد اس کو مبدل بامن کردے گا بشرطیکہ میری عبادت کرتے رہیں (اور) میرے ساتھ کسی قسم کا شرک نہ کریں اور جو شخص بعد (ظہور) اس (وعدہ) کے ناشکری کرے گا تو یہ لوگ بے حکم ہیں اور (اے مسلمانو) نماز کی پابندی رکھو اور زکوۃ دیا کرو اور (باقی احکام میں بھی) رسول ﷺ کی اطاعت کیا کرو تاکہ تم پر (کامل) رحم کیا جائے (اے مخاطب) کافروں کی نسبت خیال مت کرنا (کہ ہمارے قہر سے بچنے کے لئے) زمین (کے کسی حصہ) میں (بھاگ کر ہم کو) ہرا دیں گے اور (آخرت میں) ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور بہت ہی برا ٹھکانا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر اتباع ہدایت پر مدح اور اتباع ضلالت پر مذمت مذکور تھی آگے ہدایت اور ضلالت پر بعضے وعدے اور وعیدیں متعلق دنیا اور آخرت کے اور

www.besturdubooks.net

درمیان میں ثبات علی الہدایت کے لئے بعض اوامر مذکور ہیں۔

ترتب بعضے مواعید دنیا وآخرت براطاعت ومعصیت ☆ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ (الی قولہ تعالی) وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (اے مجموعہ امت[ا]) تم میں جو لوگ ایمان لائیں اور نیک عمل کریں (یعنی ہدایت کا کامل اتباع کریں) ان سے اللہ تعالیٰ وعدہ فرماتا ہے کہ ان کو (اس اتباع کی برکت سے) زمین میں حکومت عطا فرماوے گا جیسا ان سے پہلے (اہل ہدایت) لوگوں کو حکومت دی تھی (مثلاً بنی اسرائیل کو قبطیوں پر غالب کیا پھر عمالقہ پر غلبہ دیا اور مصر وشام کی حکومت دی) اور (مقصود اس حکومت دینے سے یہ ہوگا کہ) جس دین کو (اللہ تعالیٰ نے) ان کے لئے پسند کیا ہے (یعنی اسلام لقولہ تعالیٰ ورضيت لكم الاسلام دينا) اس کو ان کے (نفع آخرت کے) لئے قوت دے گا اور (ان کو جو دشمنوں سے طبعی خوف[۲] ہے) ان کے اس خوف کے بعد اس کو مبدل با من کر دے گا بشرطیکہ[۳] میری عبادت (موافق امر کے) کرتے رہیں (اور) میرے ساتھ کسی قسم[۴] کا شرک نہ کریں (نہ جلی نہ خفی جس کو ریاء کہتے ہیں یعنی وعدہ مقید ہے کمال ثبات فی الدین کے ساتھ اور یہ وعدہ تو دنیا میں ہے اور آخرت میں ایمان وعمل صالح پر جو ثمرہ مرتب وموعود ہے وہ جدا رہا) اور جو شخص بعد (ظہور) اس (وعدہ) کے ناشکری[۵] کرے گا (یعنی دین کے خلاف طریقہ اختیار کرے گا اور قید بعد کی اس لئے ہے کہ اس وقت کا کفر وفسق زیادہ اشد ہے کہ صدق آیات کا اس وقت اظہر ہو گیا ورنہ اصل مدار حکم فسق ووعید کا صرف کفر ہے غرض جو ایسا کرے گا) تو (ایسے شخص کے لئے وعدہ استخلاف بالطریق المذکور کا نہیں کیونکہ) یہ لوگ بے حکم ہیں (اور وعدہ تھا حکم برداروں کے لئے جیسا اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ونیز يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ اس پر دال ہے بس ان سے دنیا میں یہ بھی وعدہ نہیں اور آخرت میں جو فسق پر وعید ہے وہ جدا رہی غرض اتباع ہدایت ایسی چیز ہے جس سے دارین میں معیت الٰہی ہوتی ہے اتباع ضلالت وہ چیز ہے جس سے دارین میں خذلان ہوتا ہے) اور (اے مسلمانوں جب تم نے ایمان وعمل صالح کے ثمرات سن لئے تو تم کو چاہئے کہ خوب) نماز کی پابندی رکھو اور زکوٰۃ دیا کرو اور (باقی احکام میں بھی) رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اطاعت کیا کرو تا کہ تم پر (کامل) رحم کیا جائے (جس کا کچھ ثمرہ اوپر وَعَدَ اللّٰهُ ...... میں بھی بیان ہوا ہے آگے کفر ومعصیت کا ثمرہ مذکور ہوتا ہے یعنی اے مخاطب) کافروں کی نسبت یہ خیال مت کرنا کہ زمین (کے کسی حصہ) میں (بھاگ جاویں گے اور ہم کو) ہرا دیں گے (اور ہمارے قہر سے بچ جائیں گے نہیں بلکہ خود ہاریں گے مقہور ومغلوب ہوں گے یہ ثمرہ تو دنیا میں ہے) اور (آخرت میں) ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور بہت ہی برا ٹھکانا ہے۔ **ف**: اس آیت میں مجموعہ امت سے وعدہ ہے ایمان وعمل صالح پر حکومت دینے کا جس کا ظہور خود عہد نبوی سے شروع ہو کر خلافت راشدہ تک متصلاً ممتد رہا چنانچہ جزیرہ عرب آپ کے زمانہ میں اور دیگر ممالک زمانہ خلفائے راشدین میں فتح ہو گئے اور بعد میں بھی وقتاً فوقتاً گو اتصال نہ ہو دوسرے صلحاء ملوک وخلفاء کے حق میں اس وعدہ کا ظہور ہوتا رہا اور آئندہ بھی ہوتا رہے گا جیسا دوسری آیات میں ہے: اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ [المائدۃ: ۵۶] ونحوہ اور اس وعدہ کا حاصل مجموعہ ایمان وعمل صالح وعبادت خالصہ پر مجموعہ استخلاف وتمکین دین وتبدیل خوف بالامن کا مرتب ہونا ہے اور سیاق سے اس مرتب کا اختصاص بھی اس مرتب علیہ کے ساتھ معلوم ہوتا ہے پس فساق یا کفار کو احیاناً حکومت وسلطنت مل جانا محل اشکال نہیں کیونکہ وہاں مجموعہ مرتب نہیں ہوتا چنانچہ حکام فساق کے ہاتھوں دین کی کامل تمکین نہیں ہوئی ایک بوجہ قلت تائید من اللہ کے دوسرے خود فعل ملوک کا بھی خاص اثر ہوتا ہے پس جب خود ثبات کم ہے تو اس سے تثبیت بھی کم ہوگی گو حسب حدیث ان الله ليؤيد هذا الدين بالرجل الفاجر من وجہ دین کی خدمت ان کے ہاتھ سے ہو جاوے اور اس اختصاص سے خلفائے راشدین کی مدح وصحت خلافت بھی صاف ظاہر ہے کیونکہ ان کے وقت میں دین کی تمکین کا کمال اظہر من الشمس ہے اور ثبوت اختصاص سے یہ وسوسہ بھی دفع ہو گیا آیت سے ایمان کامل کا ملزوم اور استخلاف مذکور کا لازم ہونا مفہوم ہوتا ہے اور وجود لازم مستلزم نہیں ہوتا وجود ملزوم کو پھر مدح کیونکر ثابت ہوئی۔ وجہ دفع ظاہر ہے کہ یہ لازم خاص ہے اور وہ ملزوم بھی خاص ہوتا ہے اور اگر شبہ ہو کہ ایمان وعمل صالح سے بھی احیاناً استخلاف متخلف ہوتا ہے جواب اس کا یہ ہے کہ یہاں بیان ہے اقتضاء کا اور تخلف لابتلاء مناقص اقتضا نہیں اور اس اقتضاء کی شرط عادی ظاہری مقابلہ بھی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الخ یہی حال ہے خلافت باطنی کا یعنی منصب ارشاد ملک القلوب کا کہ وہ ایمان کامل وعمل کامل سے ہوئی ہے۔

ملحقات الترجمہ: [ا] قوله قبل وعد ای مجموعہ امت ولا يشكل سبب النزول وهو ما في الدر عن البراء قال فينا نزلت ونحن في خوف شديد وعن ابى العالية قال كان النبى صلى الله عليه وسلم واصحابه يدعون الى الله وهم خائفون لا يؤمرون بالقتال حتى امروا بالهجرة فامرهم الله بالقتال كانوا بها خائفين يمسون فى اصلاح ويصبحون فى السلاح ثم ان رجلا من اصحابه قال يا رسول الله ابد الدهر نحن خائفون هكذا فانزل الله وعد الله الخ فاظهر الله نبيه على جزيرة العرب فامنوا ووضعوا السلاح ثم في امارة ابى بكر وعمر وعثمان حتى وقعوا. فيما وقعوا وكفروا النعمة فادخل الله عليهم الخوف مختصرا فان الظاهر منه اختصاص الخطاب

www.besturdubooks.net

بالحاضرین لان العبرة لعموم الالفاظ لا لخصوص السبب ۱۲۔ ۲؎ قوله فی خوفهم طبعی فلا یرد ان المؤمن الکامل لا یخاف الا الله تعالٰی ۱۲۔ ۳؎ قوله فی یعبدوننی بشرطیکہ اشارة الی کونه حالا کما فی المدارك ۱۲۔ ۴؎ قوله شیئا کسی قسم اشارة الی کونه مفعولا مطلقا ای شیئا من الاشراك کذا فی الروح ۱۲۔ ۵؎ قوله فی کفر ناشکری کذا فی الخازن ۱۲۔

اللغات: فی الروح التمکین فی الاصل جعل الشئ فی مکان ثم استعمل فی لازمه وهو التثبیت والمعنی لیجعلن دینهم ثابتا مقررا بان یعلی سبحانه شانه ویقوی بتائیده تعالٰی ارکانه ویعظم اهله فی نفوس اعدائهم ۱۲۔

النحو: قوله لیستخلفنهم فی الروح اللام واقعة فی جواب القسم المحذوف ومفعول وعد الثانی محذوف دل علیه الجواب ای وعد الله الذین آمنوا استخلافهم واقسم لیستخلفنهم ویجوز ان ینزل وعده تعالٰی لتحقق انجازه لا محالة منزلة القسم والیه ذهب الزجاج ویکون لیستخلفنهم منزلة المفعول فلا حذف آه۔ قوله یعبدوننی حال من ضمیر المفعول فی لیبدلنهم والیه اشیر فی الترجمة فافهم ۱۲۔

البلاغة: قوله وعد الله الخ فی الروح فی الآیة تنویع الخطاب حیث خاطب سبحانه المقسمین علی تقدیر التولی ثم صرفه تعالٰی عنهم الی المؤمنین التائبین قوله ولیمکنن فی الروح تاخیره عن الاستخلاف مع کونه اجل الرغائب الموعودة لما انه کالاثر للاستخلاف المذکور ۱۲۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ؕ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ؕ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ؕ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۸﴾ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۹﴾ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۶۰﴾

اے ایمان والو (تمہارے پاس آنے کے لئے) تمہارے مملوکوں کو اور تم میں جو حد بلوغ کو نہیں پہنچے ان کو تین وقتوں میں اجازت لینا چاہئے (ایک تو) نماز صبح سے پہلے اور (دوسرے) جب (سونے لیٹنے کے لئے) دوپہر کو اپنے (بعض) کپڑے اتار دیا کرتے ہو اور (تیسرے) نماز عشاء کے بعد یہ تین وقت تمہارے پردوں کے (وقت) (اور) ان اوقات کے سوا نہ تم پر کوئی الزام ہے اور (بلا اجازت چلے آنے میں) ان پر کچھ الزام ہے (کیونکہ) وہ بکثرت تمہارے پاس آتے جاتے رہتے ہیں کوئی کسی کے پاس اور کوئی کسی کے پاس اسی طرح اللہ تم سے (اپنے) احکام صاف صاف بیان کرتا ہے اور اللہ تعالٰی جاننے والا حکمت والا ہے اور جس وقت تم میں کے وہ لڑکے (جن کا حکم اوپر آیا ہے) حد بلوغ کو پہنچیں تو ان کو بھی اسی طرح اجازت لینا چاہئے جیسا کہ ان سے اگلے (یعنی ان سے بڑی عمر کے) لوگ اجازت لیتے ہیں اسی طرح اللہ تعالٰی تم سے اپنے احکام صاف صاف بیان کرتا ہے اور اللہ تعالٰی جاننے والا حکمت والا ہے اور بڑی بوڑھی عورتیں جن کو (کسی کے) نکاح (میں آنے) کی کچھ امید نہ رہی ہو ان کو (البتہ) اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے (زائد) کپڑے اتار رکھیں بشرطیکہ زینت (کے مواقع) کا اظہار نہ کریں اور (ہر چند کہ بڑی بوڑھیوں کو منہ کھولنے کی اجازت ہے لیکن اگر) اس سے بھی احتیاط رکھیں تو ان کے لئے اور زیادہ بہتر ہے اور اللہ تعالٰی (سب کچھ) سنتا ہے (سب کچھ) جانتا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر شروع سورت سے رکوع چہارم تک کچھ احکام عملیہ بیان کئے گئے تھے کچھ احکام آگے آتے ہیں۔

حکم یازدہم استیذان وحکم دوازدہم مبالغہ در تستر تتمہ حکم پنجم وششم ☆ اوپر حکم پنجم میں استیذان واستتار کے کچھ احکام مذکور ہوئے ہیں ان سے یہ امور معلوم ہو چکے ہیں۔ اول: علت استیذان کی وجوب استتار یا کراہت اظہار ہے دوم: وجوب استتار میں یہ تفصیل ہے کہ عورتوں کو غیر محرم مردوں سے کل بدن کا چھپانا واجب ہے اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا بتفصیل گذشتہ اور محرم مردوں سے مَا ظَهَرَ مِنْهَا کے ساتھ مواقع زینت ساق وعضد وعنق وسر وغیرہ کا جس کی تفصیل گذر چکی نیز اظہار جائز ہے اور بقیہ بدن کا چھپانا واجب جیسے ظہر وبطن وزانو اور ان کے درمیان کے اعضا اور مرد کو زانو سے ناف تک مردوں اور عورتوں سب سے

www.besturdubooks.net

چھپانا واجب ہے۔ سوم: غیر مراہق لڑکا جس کو اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا الخ سے تعبیر فرمایا گیا ہے حکم محارم میں ہے۔ چہارم: مملوکہ کافرہ حکم محارم میں ہے پنجم: وجہ اور کفین ستر نہیں۔ اب جاننا چاہئے کہ باعتبار اختلاف اشخاص واوقات کے مختلف حالتیں اور صورتیں پیدا ہوتی ہیں۔ صورت اول: بعض اشخاص وہ ہیں جو آزاد اور بالغ ہیں اور اس[1] لئے گھروں میں آنے کے لئے ہر بار اجازت لینا کسی حرج کا باعث نہیں ہے صورت دوم: بعض اشخاص وہ ہیں جو گھر والوں کے مملوک ہیں یا ایسے نابالغ جن پر لَمْ يَظْهَرُوْا الخ صادق آتا ہے اور اس مملوک کو بضرورت گھر والوں کے کاروخدمت کرنے کے گھر میں بار بار آنا پڑتا ہے اسی طرح نابالغ طبعی عادت کے موافق گو ضرورت نہ سہی گھر میں بار بار آتا ہے سو ان کے لئے اگر ہر بار اجازت لے کر آنے کا حکم کیا جاوے تو اس میں حرج عظیم اور کلفت ہے اور چونکہ ان کا اکثر آتا رہنا معلوم ہے اس لئے اعضائے مستترہ یا امور مخفیہ کے اظہار سے تحرز[2] بھی آسان ہے صورت سوم: بعض اوقات وہ ہیں جن میں آدمی بھی قصداً کبھی بلا قصد بے پردہ ہو جاتا ہے جیسے صحبت کا وقت یا سو رہنے کی حالت اور اگر بے پردہ بھی نہ ہو تب بھی بعض ایسے امور مباحہ کا ارتکاب کرتا ہے جس پر کسی کے مطلع ہونے کو گوارا نہیں کرتا جیسے بی بی سے بوس وکنار کا وقت تو اس میں اشخاص مذکورہ صورت دوم کا بلا اجازت چلا آنا محل استتار یا محتمل اظہار کسی امر ناگوار کا ہے اور اشتراط استیذان میں خاص ایسے اوقات کے اعتبار سے حرج وکلفت مذکورہ صورت دوم بھی نہیں ہے پس ان صورتوں میں سے صورت اول کا تو حکم پنجم میں صراحۃً معلوم ہو گیا لیکن صورت دوم وسوم کا حکم گو ان امور ثلثہ میں جو ابھی حکم پنجم وششم کے حوالہ سے مذکور ہوئے ہیں غور کرنے سے معلوم ہو سکتا ہے چنانچہ عنقریب اثنائے ترجمہ میں ان کے اثبات کی تقریر سے واضح ہو جاوے گا لیکن بادی النظر میں ظاہر نہیں ہوتا بلکہ ایک گونہ اشتباہ کا احتمال ہو سکتا ہے کیونکہ حکم پنجم یعنی استیذان کے اطلاق کا مقتضا تو بظاہر یہ ہے کہ اشخاص مذکورہ صورت دوم بھی ہر وقت اذن لیں اور اسی حکم پنجم کا خطاب بالغین کو ہونا مقتضی اس کو ہے کہ نابالغ صورت سوم میں بھی محتاج اذن نہ ہو اور یہ ظاہر اً تعارض کی صورت ہے اس بناء پر یہ صورتیں محل اخفاء تردد ہو سکتیں تھیں چنانچہ بعضی بے احتیاطیاں جو سبب نزول آیت ہیں کما فی الدر بروایۃ ابی داؤد وابن المنذر وابن ابی حاتم وابن مردویہ وسنن البیہقی عن ابن عباسؓ بعضے مملوکین وغیرہم سے واقع ہو گئیں اس لئے آگے آیت استیذان میں ان صورتوں کے حکم کی توضیح فرماتے ہیں پھر امر پنجم سے شبہ ہوتا ہے کہ وجہ اور کفین کا انکشاف ہر حال میں درست ہے اسی لئے آیت والقواعد الخ میں اس کی تحقیق ہے۔

آیت مع ترجمہ وتفسیر حکم یازدہم ☆ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ (الی قولہ)

حکم دوازدہم ☆ وَ الْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَ اَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ۝ اے ایمان والو (تمہارے پاس آنے کے لئے) تمہارے مملوکوں اور تم میں جو حد بلوغ کو نہیں پہنچے ان کو تین وقتوں میں اجازت لینا چاہئے (ایک تو) نماز صبح سے پہلے اور (دوسرے) جب (سونے لیٹنے کے لئے) دوپہر کو اپنے (بعضے) کپڑے اتار دیا کرتے ہو اور (تیسرے) نماز عشاء کے بعد یہ تین وقت تمہارے پردے کے (وقت) ہیں (یعنی یہ اوقات چونکہ عادۃً اور غالباً تخلیہ اور استراحت کے ہیں ان میں اکثر آدمی بے تکلفی سے رہتے ہیں اس لئے اپنے مملوکین اور نابالغ بچوں کو سمجھا دو کہ بے اطلاع اور اجازت لئے ہوئے تمہارے پاس نہ آیا کریں یہ حکم ہے صورت سوم کا اور وجہ اس کی ظاہر ہے کہ وجوب استیذان کی علت اس میں پائی جاتی ہے اور) ان اوقات کے سوا نہ (تو بلا اجازت آنے دینے میں اور منع نہ کرنے میں) تم پر کوئی الزام ہے اور نہ (بلا اجازت چلے آنے میں) ان پر کچھ الزام ہے (کیونکہ وہ بکثرت تمہارے پاس آتے جاتے رہتے ہیں کوئی کسی کے پاس اور کوئی کسی کے پاس (مطلب اس کا موافق مذہب حنفیہ کے یہ ہے کہ غلام تو تمہارے پاس آتے جاتے رہتے ہیں نہ کہ عورتوں کے پاس کیونکہ غلام کا حکم غیر مرد کا سا ہے اور لونڈیاں عورتوں کے پاس بھی اور اسی طرح نابالغ بچے سب جگہ آتے ہیں پس ہر وقت اجازت لینے میں دقت ہے اور چونکہ یہ وقت پردہ کے نہیں ہیں اسی لئے ان میں اعضائے مستورہ کو چھپائے رکھنا کچھ مشکل نہیں پس مرد تو غلام کے سامنے ناف سے زانو تک چھپائے رکھے اور عورت کافر لونڈی سے بجز مواقع زینت کے جس کی تفصیل امر دوم میں ہے باقی سب چھپائے رکھے اور مرد کو لونڈی سے اگر وہ اس کے لئے حلال ہے کسی بدن کا چھپانا ضرور نہیں اور اگر حرام ہے تو ناف سے زانو تک چھپائے رکھے اور عورت مسلمان لونڈی سے سرف۔ ناف سے زانو تک چھپائے رکھے سو اس استتار میں کوئی دشواری نہیں لہٰذا بے اذن آنا جائز ہوا اور نابالغ بچہ کے روبرو مرد صرف زانو سے ناف تک اور عورت باستثناء مواقع زینت کے سب چھپائے رکھے یہ بھی دشوار نہیں اور ہر وقت اجازت لینے میں تنگی ہے کیونکہ اس کی آمد ورفت بھی بہت ہے یہ حکم ہے صورت دوم کا اور وجہ اس کی ظاہر ہے کہ اس میں علت وجوب استتار کی نہیں پائی جاتی اور انکشاف بتفصیل مذکور ان کے روبرو جائز ہی ہے جیسا امر دوم میں اس کی تصریح ہے اور ان تین وقتوں کے ماسوا بھی اگر کوئی عارض مانع ہو تو بھی استیذان واجب ہوگا پس تخصیص باعتبار اس وقت کی عادت کے ہے) اسی طرح (جیسا یہ حکم صاف صاف بیان کر دیا) اللہ تعالیٰ تم سے (اپنے) احکام صاف صاف بیان کرتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے (پس سب مصالح اور حکمتوں پر اس کی نظر ہے اور احکام میں ان کی رعایت فرماتا ہے) اور جس وقت تم میں کے (یعنی احرار میں کے) وہ لڑکے (جن کا

www.besturdubooks.net

اوپر حکم آیا ہے) حد بلوغ کو پہنچیں (یعنی بالغ یا قریب بہ بلوغ ہو جائیں) تو ان کو بھی اسی طرح اجازت لینا چاہئے جیسا ان سے اگلے (یعنی ان سے بڑی عمر کے) لوگ اجازت لیتے ہیں (جو کہ صورت اول ہے اور حکم پنجم میں اس کا حکم مذکور ہوا ہے) اسی طرح اللہ تعالیٰ تم سے اپنے احکام صاف صاف بیان کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ جاننے والا حکمت والا ہے (اس کو مکرر اس لئے لایا گیا کہ قانون استیذان کی مصلحتیں نہایت واضح اور اس کے احکام نہایت قابل رعایت ہیں تکریر سے اہتمام ظاہر ہو گیا) اور (ایک یہ بات جاننا چاہئے کہ حکم ششم کی تفصیل میں جو وجہ اور کفین کو وجوب استتار سے مستثنیٰ کیا ہے جیسا امر پنجم میں مذکور ہے اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ وہ بالذات ستر نہیں نہ یہ کہ عورتیں کھلی مہار اپنی صورت غیر مردوں کو دکھاتی پھرا کریں کیونکہ فتنہ کے احتمال سے یا بالغیر وہ بھی واجب الستر ہے البتہ جہاں احتمال فتنہ کا نہ ہو مثلاً جو) بڑی بوڑھی عورتیں (ہیں) جن کو (کسی کے) نکاح (میں آنے) کی کچھ امید نہ رہی ہو (یعنی اصلاً محل رغبت نہیں رہیں یہ تفسیر ہے بڑی بوڑھی ہونے کی) ان کو (البتہ) اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے (زائد) کپڑے (جس سے چہرہ وغیرہ چھپا رہتا ہے نامحرم کے روبرو) اتار رکھیں بشرطیکہ زینت (کے مواقع) کا اظہار نہ کریں) جن کا ظاہر کرنا محرم کے روبرو بالکل ہی ناجائز ہے جس کا بیان امر دوم میں ہوا ہے بس صرف وجہ اور کفین اور بقولے قدمین کا بھی اظہار جائز ہے بخلاف جوان عورت کے کہ بوجہ احتمال فتنہ کے اس کو چہرہ وغیرہ کا پردہ بھی ضروری ہے مگر بعذر شرعی جیسا سورۂ احزاب کے اخیر میں آوے گا: وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ [احزاب : ۵۹] جن کی تفسیر میں صاحب درمنثور نے محمد بن سیرین سے نقل کیا ہے کہ میں نے عبیدہ سلمانی سے اس کے معنی پوچھے تو انہوں نے چادر میں سر کے ساتھ چہرہ بھی چھپا لیا اور ایک آنکھ کھلی رہنے دی اور اس حکم کی جو علت وہاں مذکور ہے: ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ الخ [ایضاً] اس کا حاصل بھی خوف فتنہ ہے گو انواع فتنہ کے مختلف ہوں) اور (ہر چند کہ عجائز کو کشف وجہ کی اجازت ہے لیکن) اس سے بھی احتیاط رکھیں تو ان کے لئے اور زیادہ بہتر ہے (کیونکہ اول تو ہر گندہ برے را گندہ خورے دوسرے بالکل ہی بے پردگی کا سد باب ہے) اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سنتا ہے سب کچھ جانتا ہے (بہتر یہ ہے کہ اس کی تفسیر میں یہ کہا جاوے کہ یہ تو پردے کا انتظام ہے اب اگر غیر مرد و عورت باہم ہمکلام ہوں یا باہم دل تعلق رکھیں تو اللہ تعالیٰ اس کلام اور اس تعلق سے بھی واقف ہے اگر ناجائز طریق سے ہوگا موجب گناہ ہے اور ممکن ہے کہ سمع اور علم مطلق افعال کے اعتبار سے مراد ہو) **ف**: کچھ تخصیص تین وقت کی نہیں اس وقت عادت اسی کے موافق تھی باقی جہاں جیسے ضرورت ہو وجود علت پر مدار ہے حکم معلول کا اور بلوغ حکم کو مراہقت کے لئے عام لینے کا یہ قرینہ ہے کہ پہلے طفل میں یہ قید لگائی ہے: لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ پس اگر یہ تفسیر نہ کی جاوے تو ایک واسطہ کا حکم غیر مذکور رہ جائے گا چنانچہ درمنثور میں سعید بن جبیر سے اطفال کی تفسیر میں صغار کہا ہے اور ثیاب کے ترجمہ میں جوز ائد کہا ہے درمنثور میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کی تفسیر میں جلباب کہا ہے جس کا ذکر اس آیت میں ہے: يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ۔ [احزاب : ۵۹]

ربط: اوپر استیذان کا بیان تھا جو گھروں میں جانے سے پہلے مشروع ہے آگے بعض ان امور کا بیان ہے جو گھروں میں جانے کے بعد ماذون فیہ یا مامور بہ ہیں خواہ متصل ہی جیسے سلام گھر والوں کو جس کا مامور بہ ہونا آخر آیت میں ارشاد ہے: فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا یا مع الفصل جیسے کھانا پینا جس کا ماذون فیہ ہونا اول آیت میں ارشاد ہے: لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى اور شاید مواکلت کی تقدیم اہتمام بیان رفع جرح مظنون و متوہم کے لئے ہے اور سلام کا استحسان چونکہ مخفی نہ تھا اس لئے اہتمام نہیں کیا گیا اور لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى الخ کے مجموعہ اسباب نزول سے جو کہ درمنثور میں منقول ہیں یہ مستفاد ہوتا ہے کہ پہلے اہل مدینہ میں موافق عادت اہل عرب کے کھانے پینے کے بارہ میں بہت بے تکلفی تھی کہ میں نے تمہارے گھر کھا لیا تم نے میرے گھر کھا لیا بلکہ کبھی دوسرے محتاج غریبوں کو بھی اپنے ساتھ لے جاتے اور کسی عزیز قریب یا دوست کے گھر اس کو بھی کھلا دیتے چونکہ اس بے تکلفی میں افراط زیادہ ہو گیا تھا کہ احیاناً ظلم و اتلاف حقوق کی نوبت آنے لگی تھی اس افراط کے روکنے کے لئے یہ آیت نازل ہوئی: لا تاكلوا اموالكم بينكم بالباطل اس آیت کو سن کر صحابہ ڈر گئے اور بہت ہی مبالغہ کے ساتھ اس میں احتیاط کرنے لگے کہ جن کی یقینی رضا معلوم تھی اور جہاں شرعاً نہی نہ تھی تاہم بوجہ اذن صریح نہ ہونے کے احتیاط کرتے تھے اور کسی کے گھر نہ کھاتے تھے۔ اسی طرح محتاج۔ معذور۔ اندھے۔ لنگڑے۔ بیمار ایسے موقعوں پر جانے سے پرہیز کرنے لگے کہ پرائے گھر لے جا کر کھلانے کا اس شخص کو کیا حق ہے تو ہم کو بھی کھانا جائز نہ ہوگا اور اسی طرح مشترک طعام ساتھ کھانے میں بھی اور خصوصاً ان معذورین کے ساتھ اس لئے پرہیز کرنے لگے کہ مثلاً اندھے کو اچھا لقمہ اور کھانے کا موقع نہیں سوجھتا یا اپنا حصہ پورا نہ لے سکے گا۔ اسی طرح لنگڑا انکلف سے بیٹھتا ہے اس لئے کھانے میں بھی اس کو تکلف ہوتا ہے اور ممکن ہے کہ مجمع میں کھانا شروع ہو جائے اور لنگڑا باوجود حاضر ہو جانے کے دسترخوان پر دیر میں پہنچ سکے اس وجہ سے اس کو بھی اس کا پورا حصہ نہ ملے گا اور مریض کا کم کھانا معلوم ہی ہے اسی طرح ساتھ کھانے میں کم وبیش سب جگہ ایسا احتمال ہے چونکہ اس درجہ کا تکلف واحتیاط بھی موجب تکلیف تھی اس لئے آیت آئندہ میں اس تنگی کو رفع فرماتے ہیں بعض کو لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى میں اور بعض کو لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ میں جیسا تقریر ترجمہ سے واضح ہوگا۔ و نیز درمنثور میں ہے کہ بعض لوگ غایت کرم سے تنہا کھانا نہ کھاتے تھے اگر کوئی ساتھ نہ ملتا تو فاقہ کرتے آخر آیت میں اس کا بھی جواب ہو گیا و نیز بعض روایات میں ہے کہ یہ معذورین اس

www.besturdubooks.net

خیال سے تندرستوں کے ساتھ کھانے میں حرج سمجھتے تھے کہ شاید لوگ ہم سے نفرت کریں کما فی الروح من کتاب الزهرادی عن ابن عباس پس مجموعہ آیت میں اس کا جواب بھی ہو گیا کہ اعمٰی وغیرہ پر اکل میں حرج نہیں خواہ جمیعاً یا اشتاتاً اور ان سب اسباب نزول میں تنافی نہیں ہے۔

الحواشی: (۱) یعنی بوجہ آزاد اور بالغ ہونے کے کیونکہ آزاد ہونے کے سبب کسی کے خادم نہیں جو بار بار آنا پڑے اور بوجہ بالغ ہونے کے گھروں میں آنا ان کا امر طبعی نہیں بلکہ اپنے کام میں اکثر اوقات مشغول رہتے ہیں ۱۲ منہ۔ (۲) یعنی بوجہ اس کے کہ ہر وقت کا آنا معلوم ہے تستر کا اہتمام کر لیا جاتا ہے بخلاف ان کے جن کا آنا کم ہے چونکہ وہ دفعتاً آویں گے عین وقت پر تستر مشکل ہوتا اس لئے استیذان مناسب ہوا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی توضیح لیستاذنکم تمہارو اشارة الى ان القصد هو الامر للمخاطبين لا للاولاد والمملوكين بان يامروهم بذلك فلا يرد ان الذين لم يبلغوا الحلم كيف كلفوا وان اشكل قوله تعالٰى ولا عليهم جناح الظاهر منه ثبوت الجناح على الصغار في عدم الاستيذان فازحه بان الجناح يراد به المعنى اللغوى لا الشرعى اى لاتبعة وهو اعم من الاثم وغيره ومعنى وكون التبعة على الصغار استحقاقهم التاديب والزجر والسياسة للاعتياد لا للاثم كما ورد مروهم بالصلٰوة وهم ابناء سبع واضربوا هم وهم ابناء عشر۱۲۔ ۲ قوله فى توضيح طوافون مطلب اس کا لان الخطاب فى يايها الذين آمنوا للرجال والنساء جميعا وكذا قوله ما ملكت يعم العبيد والنساء جميعا فانفسهم البعض على البعض كما فى الدر عن مقاتل ملكت ايمانكم من العبيد والاماء وما فى الدر عن علىؓ فى قوله ليستاذنكم الذين ملكت ايمانكم قال النساء فان الرجال يستاذنون وكذا عن ابى عبدالرحمٰن السلمى قال هى فى النساء خاصة فالرجال يستاذنون على كل حال بالليل والنهار فانما هذا التخصيص باعتبار الدخول على النساء ومع ذلك فهو يؤيد الحنفية فى ان المملوكين لهم حكم الا جانب باعتبار سيدته وما فى الدر عن ابن عمرؓ قال هو على الذكور دون الاناث فمعناه ان الاناث اى الاماء اللاتى هن حلال على ساداتهم يباح لهم الدخول عليهم اذا لم يكونوا مع نسائهم وليس معناه انهن يدخلن على السيدات فى خلوتهن فافهم فحصل من المجموع التفصيل الذى اخترته التفسير موافقا للمذهب الحنفى۱۲۔

اللغات: الحلم بالضم الجماع فى النوم ولكون البلوغ جديرا بان يقع فيه ذلك سمى به البلوغ۱۲ التبرج اصله الظهور من البرج اى القصر ثم خص بتكشف المرأة للرجال والباء للتعديته۱۲۔

النحو: قوله طوافون الخ خبر مبتدا محذوف اى هم طوافون وقوله بعضكم على بعض مبتدأ وخبر اى بعضكم طائف على بعض۱۲۔

البلاغۃ: قوله ثلث مرات اى ثلاثة اوقات والتعبير عنها بالمرات للايذان بان مدار طلب الاستيذان مقارنة تلك الاوقات لمرور المستاذنين بالمخاطبين لا انفسها وقوله من قبل صلٰوة بدل مفصل من مجمل ومن الظهيرة بيان للحين والتصريح بمدار الامرا عنى وضع الثياب فى هذا الحين دون ما قبل وما بعد لما ان التجرد عن الثياب فيه لاجل القيلولة لقلة زمانها ووقوعها فى النهار الذى هو مظنة الورود والصدور ليس من التحقق والاطراد بمنزلة ما فى الوقتين المذكورين فان تحقق المدار فيهما امر معروف لا يحتاج الى التصريح به والمراد بالقبلية والبعدية طرفا الليل المتصلان اتصالا عاديا بالصلاتين وعدم التعرض للامر بالاستيذان فى باقى الليل لانفهامه من باب الاولى واما لندرة الوارد فيه جدا دون اعلام اهله لما فيه من التهمة۱۲ قوله ثلٰث عورات فيه ايجاز بحذف المضاف اى هى اوقات عورات والجملة استيناف لبيان علة الاستيذان وقوله بعدهن والايراد بعنوان البعدية مع ان كل وقت من الاوقات الباقية قبل كل عورة من العورات كما انها بعد اخرى منهن لتوفية حق التكليف والترخيص الذى هو عبارة عن رفعه اذا لرخصة انما تتصور فى فعل يقع بعد زمان وقوع الفعل المكلف به هذا من الروح۱۲۔

لَيْسَ عَلَى الْأَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى أَنْفُسِكُمْ أَنْ تَأْكُلُوْا مِنْ بُيُوْتِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ أُمَّهٰتِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ إِخْوَانِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ أَخَوٰتِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ أَعْمَامِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ أَخْوَالِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ أَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ أَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَأْكُلُوْا جَمِيْعًا أَوْ أَشْتَاتًا ؕ فَإِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰى

www.besturdubooks.net

ع ۸ اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝۶۱ ۱۴

نہ تو اندھے آدمی کے لئے کچھ مضائقہ ہے اور نہ لنگڑے آدمی کے لئے کچھ مضائقہ ہے اور نہ بیمار آدمی کے لئے کچھ مضائقہ ہے اور نہ خود تمہارے لئے اس بات میں (کچھ مضائقہ ہے) کہ تم اپنے گھروں سے (جن میں بی بی اور اولاد کے گھر بھی آ گئے) کھانا کھالو یا اپنے باپ کے گھر سے یا اپنی ماؤں کے گھر سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا ان گھروں سے جن کی کنجیاں تمہارے اختیار میں ہیں یا اپنے دوستوں کے گھروں سے (پھر اس میں بھی) تم پر کچھ گناہ نہیں کہ سب مل کر کھاؤ یا الگ الگ (کھاؤ) پھر (یہ بھی معلوم کر رکھو کہ) جب تم اپنے گھروں میں جانے لگا کرو تو اپنے لوگوں کو سلام کرلیا کرو (جو کہ) دعا کے طور پر (ہے اور) جو خدا کی طرف سے مقرر ہے (اور) برکت والی عمدہ چیز ہے (خدا تعالیٰ نے جس طرح یہ احکام بتلائے) اسی طرح اللہ تعالیٰ تم سے (اپنے) احکام بیان فرماتا ہے تاکہ تم سمجھو (اور عمل کرو)۔ ۝

تفسیر: حکم سیزدہم جواز اکل از بعضے بیوت ☆ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ......

حکم چہارم امر بسلام بر اہل بیوت ☆ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ (اگر تم کسی اندھے لنگڑے بیمار غریب کو اپنے کسی عزیز یا ملاقاتی کے گھر لے جا کر وقت تیقن رضا صاحب خانہ کے کچھ کھلا پلا دو یا خود کھا پی لو تو ان صورتوں میں) نہ تو اندھے آدمی کے لئے کچھ مضائقہ ہے اور نہ لنگڑے آدمی کے لئے کچھ مضائقہ ہے اور نہ بیمار آدمی کے لئے کچھ مضائقہ ہے اور نہ خود تمہارے لئے اس بات میں (کچھ مضائقہ ہے) کہ تم (لوگ خواہ خود یا تم اور وہ معذورین سب) اپنے گھروں سے (جن میں بی بی اور اولاد کے گھر بھی آ گئے) کھانا کھالو یا (ان گھروں سے جن کا ذکر آگے آتا ہے کھالو یعنی نہ تم کو خود کھانے میں گناہ ہے اور نہ ان معذورین کو کھلانے میں اسی طرح ان معذورین کو تمہارے کھلا دینے سے کھا لینے میں بھی گناہ نہیں اور وہ گھر یہ ہیں مثلاً) اپنے باپ کے گھر سے (کھا لو کھلا دو) یا (اسی طرح) اپنی ماؤں کے گھر سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا ان گھروں سے جن کی کنجیاں تمہارے اختیار میں ہیں یا اپنے دوستوں کے گھروں سے (اس میں اول کی دو تنگیاں منجملہ تین تنگیوں کے جن کا ذکر سبب نزول میں ہوا ہے رفع کردی گئیں آگے تیسری تنگی یعنی ساتھ کھانے کے متعلق رفع کی جاتی ہے یعنی پھر اس میں بھی) تم پر کچھ گناہ نہیں کہ سب مل کر کھاؤ یا الگ الگ (کھاؤ یعنی ایسے ضعیف دسوسے کہ شاید میں زیادہ کھاؤں تو پرایا حق کھالیا اور دوسرا کم کھائے تو اس کا حق رہ گیا شریعت کو مطمح نظر نہیں ہیں مخالطت میں ایسے دقائق کی تکلیف نہیں البتہ اگر کسی کے کھانے پر گھر والے کی رضا نہ صراحۃً قال سے معلوم ہو اور نہ دلالت حال سے اس وقت جائز نہیں اسی طرح جس مواکلت پر شریک با اختیار راضی نہ ہو اس کی تقسیم ضروری ہے اور اگر شریک با اختیار نہیں ہے جیسے یتیم باعتبار اپنے وصی وقیم کے کہ اس کی رضا عدم رضا بوجہ عدم بلوغ نامعتبر ہے وہاں بلا رضا بھی مخالطت درست ہے بشرط رعایت اس کے مصالح کے جس کا بیان سورۂ بقرہ آیت: وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ [البقرۃ: ۲۲] الخ میں گذر چکا ہے آگے حکم چہاردہم مذکور ہے یعنی) پھر (یہ بھی معلوم کر رکھو کہ) جب تم گھروں میں جانے لگا کرو تو اپنے لوگوں کو (یعنی وہاں جو مسلمان ہوں ان کو) سلام کرلیا کرو (جو کہ) دعا کے طور پر (ہے اور) جو (کہ) خدا کی طرف سے مقرر (اور مشروع) ہے اور (بوجہ اس پر ثواب ملنے کے) برکت والی (اور بوجہ مخاطب کے دل خوش کن ہونے کے) عمدہ چیز ہے (خدا تعالیٰ نے جس طرح یہ احکام بتلائے) اسی طرح اللہ تعالیٰ تم سے (اپنے) احکام بیان فرماتا ہے تاکہ تم سمجھو (اور عمل کرو) **ف**: چونکہ مدار اس حکم سیزدہم کا رضا پر ہے اس لئے نہ ان مواقع میں مطرد ہے اور نہ ان میں منحصر ہے پس عدم رضا کے وقت ان مواقع پر بھی یہ حکم ثابت نہ ہوگا اور رضا کے وقت دوسرے مواقع پر بھی ثابت ہو جاوے گا تخصیص بناءً علی الغالب ہے کہ ان میں عادۃً رضا ہوتی ہے خصوصاً عرب میں کہ وہاں ہند کا سا بخل نہیں ہے۔ **ربط**: اوپر بہت سے اوامر ونواہی ارشاد فرمائے ہیں آگے خاتمہ سورت میں ایک حکم خاص مناسب اس وقت کے کہ حکم پانزدہم ہے ایسا ارشاد فرماتے ہیں جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی غایت اطاعت کا وجوب ثابت ہوتا ہے جو کہ مؤکد ہے جمیع اوامر ونواہی مذکورہ کا بلکہ جمیع سعادات دنیویہ واخرویہ ظاہرہ وباطنہ کا چنانچہ اس حکم جزئی کے بعد کی آیت ہی میں کلیاً بھی وجوب اطاعت اور تحریم مخالفت کی تصریح مع وعید فرما دی گئی۔ اور سبب نزول اس کا دو امر ہیں ایک یہ کہ غزوۂ احزاب میں جب مدینہ کے گرد خندق کھودی گئی تو مسلمان تو بڑی محنت کرتے تھے اور اگر مدینہ جانے کا کچھ کام لگتا تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لے کر جاتے اور منافقین اول تو کام سے جی چراتے پھر جب کسی مسلمان کو جاتا ہوا دیکھتے تو اس کی آڑ میں لگے لگے خود بھی بے اطلاع کھسک جاتے اس پر آیت نازل ہوئی **اخرجه ابن اسحق وابن المنذر والبیهقی فی الدلائل عن عروة و محمد بن کعب القرظی** دوسرا امر جمہ وغیرہ میں جب کبھی مسلمانوں کو کوئی ضرورت پیش آتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لے کر جاتے اور اگر آپ خطبہ میں ہوتے تو انگلی کے اشارہ سے دریافت کرلیتے اور انکے جانے کے ساتھ منافقین بھی بوجہ اس کے کہ ان کو نماز اور خطبہ

www.besturdubooks.net

گراں معلوم ہوتا تھا اور انکی آڑ میں چھپ کر کھسک جاتے اس پر آیت نازل ہوئی اخرجه ابو داود فی مرسیله عن مقاتل هذا کله من الدر المنثور۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ او صدیقکم یہ آیت اصل ہے اس کی جو بعض اہل طریق سے منقول ہے کہ انہوں نے مرید کے مال میں بدوں ان کے ظاہری اذن کے اس قسم کا تصرف کیا کہ علاج نفس کیلئے ان کے خرچ کر ڈالنے کا حکم لازم کر دیا وجہ یہ کہ ان کو اذن بالقلب پر اعتماد تھا ورنہ شبہ میں یہ جائز نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی تاکلوا یا تم اور وہ اشارة الی ان فی الخطاب تغلیبا۱۲۔ ۲؎ قوله فی من بیوتکم بی بی اور اولاد بالحمل علیه اندفع ایراد ان الاول ان الاکل من بیت نفسه لاخفاء فیه فما معنی ذکره والثانی ان الازواج والاولاد اقرب انبساطا من غیرهم فما معنی عدم ذکره والاندفاع ظاهر۱۲۔ ۳؎ قوله فی ما ملکتم ان گھروں سے اشارة الی ان المراد بالموصول البیوت وهو معطوف علی بیوت فالمعطوف علیه البیوت المضاف والمعطوف البیوت موصوف ومن ثم لم یحتج الی زیادة البیوت بل لو زید مضافا لم یصح۱۲۔ ۴؎ قوله فی فاذا دخلتم معلوم کرر کھو اشارة الی ان الفاء للتعقیب الذکری لا للترتیب الوقوعی۱۲۔ ۵؎ قوله فی علی انفسکم مسلمان اشارة الی النکتة فی التعبیر بالانفس وهی ان المسلمین کلهم کنفس واحدة۱۲۔

النحو: تحیة انتصابها علی المصدریة ای سلموا تسلیما واصل معناها الدعاء بالحیوٰة بان تقول حیاك الله ثم عمم لکل دعاء ومن عند الله صفة ای مشروعة من عند الله ومبارکة وطیبة صفتان لها۱۲۔

البلاغۃ: قوله ولا علی انفسکم لم یذکر الحرج فیه اکتفاء بذکره فیما مرو الا واخر محل الحذف ولم یکتف بحرج واحد بان یقال لیس علی الاعمی والاعرج والمریض وانفسکم حرج ان تاکلوا التغایر الحرجین فانه فی المعذورین باعتبار الاکل فقط وفی الانفس تارة باعتبار الاکل وتارة باعتبار الاطعام ولم یقل علیکم بل افخم النفس اشارة الی عموم الحکم لمن هو فی مثل حال المخاطبین من المؤمنین قوله ملکتم مفاتحه هو کناية عن کون الشیٔ تحت ید شخص وتصرفه وان لم یکن ثم مفتاح والمفاتح جمع مفتح ومفتاح بمعنی واحد قوله صدیقکم وهو من یصدق فی مودتك وتصدق فی مودته یقع علی الواحد والجمع والمراد به ههنا الجمع وسر التعبیر به دون اصدقائکم الاشارة الی قلة الاصدقاء او الی ان شان الصداقة رفع الاثنینیة۱۲۔

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِذَا كَانُوا مَعَهُ عَلَىٰ أَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوا حَتَّىٰ يَسْتَأْذِنُوهُ ۚ إِنَّ
الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ فَإِذَا اسْتَأْذَنُوكَ لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ فَأْذَن لِّمَن
شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٦٢﴾ لَّا تَجْعَلُوا دُعَاءَ الرَّسُولِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُم بَعْضًا ۚ
قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الَّذِينَ يَتَسَلَّلُونَ مِنكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ أَن تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ
عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٦٣﴾ أَلَا إِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ قَدْ يَعْلَمُ مَا أَنتُمْ عَلَيْهِ وَيَوْمَ يُرْجَعُونَ إِلَيْهِ
ع ۹ ۱۵ فَيُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا ۗ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٦٤﴾

بس مسلمان تو وہی ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتے ہیں اور جب رسول ﷺ کے پاس کسی ایسے کام پر ہوتے ہیں جس کے لئے مجمع کیا گیا ہے (اور اتفاقاً وہاں سے جانے کی ضرورت پڑتی ہے) تو جب تک آپ سے اجازت نہ لیں نہیں جاتے اے پیغمبر جو لوگ آپ سے (ایسے مواقع پر) اجازت لیتے ہیں بس وہی اللہ پر اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتے ہیں تو جب یہ اہل ایمان لوگ ایسے مواقع پر اپنے کسی (ضروری) کام کے لئے آپ سے (جانے کی) اجازت طلب کریں تو ان میں سے جس کے لئے آپ چاہیں اجازت دے دیا کریں اور (اجازت دے کر بھی) آپ ان کے لئے اللہ سے مغفرت کی دعا کیجئے بلاشبہ اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔ تم لوگ رسول ﷺ کے بلانے کو ایسا (معمولی بلانا) مت سمجھو جیسا تم میں ایک دوسرے کو بلا لیتا ہے اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو خوب جانتا ہے جو دوسرے کی آڑ میں ہو کر تم میں سے (مجلس نبوی سے) کھسک جاتے ہیں سو جو لوگ اللہ کے حکم کی (جو کہ بواسطہ رسول ﷺ پہنچا ہے) مخالفت کرتے ہیں ان کو اس سے ڈرنا چاہئے کہ ان پر (دنیا میں) کوئی آفت (نہ) آ پڑے یا ان پر (آخرت میں) کوئی دردناک عذاب نازل نہ ہو جائے اور یہ بھی یاد رکھو کہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں (موجود) ہے سب خدا ہی کا ہے اللہ اس حالت کو بھی جانتا ہے جس پر تم (اب) ہو اور اس دن کو جس میں سب اس کے پاس (زندہ کر کے لائے جائیں گے پھر وہ ان کو سب جتلا دے گا جو کچھ انہوں نے کیا تھا اور اللہ تعالیٰ (تو)

www.besturdubooks.net

سب کچھ جانتا ہے۔ ۞

تفسیر: حکم پانز دہم تحریم خروج مدعووین از مجلس رسول بلا اذن ☆ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿﴾ بس مسلمان تو وہی ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں اور جب رسول کے پاس کسی ایسے کام پر ہوتے ہیں جس کے لئے مجمع کیا گیا ہے (اور اتفاقاً وہاں سے جانے کی ضرورت پڑتی ہے) تو جب تک آپ سے اجازت نہ لیں (اور آپ اس پر اجازت نہ دے دیں مجلس سے اُٹھ کر) نہیں جاتے (اے پیغمبرؐ) جو لوگ آپ سے (ایسے مواقع پر) اجازت لیتے ہیں بس وہی اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں (یہ مکرر نہیں ہے بلکہ ایمان و استیذان میں جانبین سے تعمیم تلازم کے لئے اس کو لائے ہیں۔ پس اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ کا حاصل تو یہ ہے کہ ایمان تو بدوں استیذان کے نہیں پایا جاتا کیونکہ ہر مؤمن اجازت لیتا تھا اور اِنَّ الَّذِیْنَ الخ کا حاصل یہ ہوا کہ استیذان بدوں ایمان کے نہیں پایا جاتا کیونکہ کوئی منافق اجازت نہ لیتا تھا اور سورۂ براءت کے نصف پر آیت: لَا یَسْتَاْذِنُكَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ (الی قولہ تعالی) اِنَّمَا یَسْتَاْذِنُكَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ [التوبة: ٤٤ ـ ٤٥] سے شبہ عکس کا نہ کیا جاوے کیونکہ وہ استیذان اس کا ہے کہ ہم جہاد میں بالکل نہ جاویں تو یہ مؤمنین میں منفی تھا اور منافقین جب بدون اس کے کام چلتا نہ دیکھتے تھے پوچھ لیتے تھے پس جو استیذان علامت اطاعت کی ہے وہ مؤمن کے لئے ثابت اور منافق سے مخفی ہے اور جو استیذان علامت اعراض کی ہے وہ منافق کے لئے ثابت اور مؤمن سے مخفی ہے فلم یتعارضا یہاں تک تو اذن لینے کے متعلق مضمون تھا آگے اذن دینے کے متعلق فرماتے ہیں کہ جب آپ کو اختصاص استیذان کا اہل ایمان کے ساتھ معلوم ہو گیا) تو جب یہ (اہل ایمان) لوگ (ایسے مواقع پر) اپنے کسی (ضروری) کام کے لئے آپ سے (جانے کی) اجازت طلب کریں تو ان میں آپ جس کے لئے (مناسب سمجھ کر اجازت دینا) چاہیں اجازت دے دیا کریں (اور جس کو مناسب نہ سمجھیں اجازت نہ دیا کریں کیونکہ ممکن ہے کہ مستاذنین کے خیال میں وہ ضروری ہو مگر واقع میں ضروری نہ ہو یا واقع میں بھی ضروری ہو لیکن جانے میں اس سے کوئی زیادہ ضروری امر فوت ہوتا ہو تو اس سب کا فیصلہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے مبارک پر مفوض ہے) اور (اجازت دے کر بھی) آپ ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے مغفرت کی دعا کیا کیجئے (کیونکہ استیذان گو کسی قوی عذر کی وجہ سے ہو لیکن تاہم اس میں دنیا کی تقدیم دین پر تو لازم آئی اور اس میں ایک نقص کا شائبہ ہے کہ اس کی تلافی کے لئے استغفار کا امر ہوا پس استغفار جیسے تلافی ذنوب کے لئے ہوتا ہے اسی طرح تلافی نقص کے لئے بھی مفید ہے و نیز ممکن ہے کہ وہ عذر واقع میں قوی نہ ہو اور اس کے قوی سمجھنے میں مستاذن سے خطائے اجتہادی ہوئی اور وہ خطا ایسی ہو کہ تامل و خوف سے رفع ہو سکتی تھی مگر خوض و تامل نہ کیا ترک تامل باوجود قدرت کے ایک خفیف سا امر مکروہ ہے اور وہ امر مکروہ ممنوع ہوتا ہے اور ممنوعات سے استغفار ظاہر ہے) بلاشبہ اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے (چونکہ ان کی نیت اچھی تھی اس لئے ایسے دقائق پر مواخذہ نہیں فرماتا یہاں تک تو حرمت ترک استیذان کی بصورت جملہ خبریہ کے ارشاد فرمائی تھی آگے اس کی اصلی صورت یعنی صیغہ انشائیہ میں ارشاد ہے کہ) تم لوگ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے بلانے کو (جب وہ کسی ضرورت اسلامیہ کے لئے تم کو جمع کریں) ایسا (معمولی بلانا) مت سمجھو جیسا تم میں ایک دوسرے کو بلا لیتا ہے (کہ چاہے آیا یا نہ آیا پھر آ کر بھی جب تک چاہا بیٹھا جب چاہا اُٹھ کر بے اجازت لئے چل دیا سو رسول کا بلانا ایسا نہیں ہے بلکہ اجابت واجب ہے اور بے اجازت جانا حرام اور گو بے اطلاع چلا جانا کسی وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مخفی رہ جائے لیکن یہ یاد رکھو کہ) اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو (خوب) جانتا ہے جو (دوسرے کی) آڑ میں ہو کر تم میں سے (مجلس نبوی سے کھسک جاتے ہیں پس ان کو سزا دے گا اور جب یہ معلوم ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے) سو جو لوگ اللہ کے حکم کی (جو کہ بواسطہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پہنچا ہے جس میں وجوب استیذان بھی داخل ہے) مخالفت کرتے ہیں ان کو اس (بات) سے ڈرنا چاہئے کہ ان پر (دنیا میں) کوئی آفت (نہ) آن پڑے یا ان پر (آخرت میں) کوئی دردناک عذاب نازل (نہ) ہو جائے (یہ تردید علی سبیل منع الخلو ہے یعنی ممکن ہے کہ دارین میں معاقب ہوں کیونکہ مخالفت امر موجب سخط ہے اور وہ مخالفت علم الٰہی سے مخفی بھی نہیں اور یہ بھی یاد رکھو کہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں (موجود) ہے سب خدا ہی کا (مملوک) ہے (پس اختیار بھی اس کو کامل ہے غرض مامور کی طرف سے اس حالت میں مخالفت ہونا کہ آمر کا علم اور قدرت کامل ہو بیشک محل اندیشہ ہے اور یہ جو کہا گیا ہے کہ دو چیزوں کا اندیشہ ہے مصیبت دنیویہ کا اور عقاب اخروی کا تو وجہ اس کی یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ اس حالت کو بھی جانتا ہے جس پر تم (اب) ہو (اس سے تو احتمال ہے کہ شاید دنیا ہی میں تم کو سزا دے دے) اور (اللہ تعالیٰ) اس دن کو بھی (جانتا ہے کہ) جس میں سب اس کے پاس (دوبارہ زندہ کر کے) لائے جاویں گے سو وہ اُن کو سب جتلا دے گا جو جو کچھ انہوں نے کیا تھا (پس آخرت میں بھی سزا دینا مستبعد نہیں غرض جب دارین کے ساتھ اس کا علم متعلق ہے تو دارین میں احتمال سزا ہے) اور علم میں مَاۤ اَنْتُمْ عَلَیْهِ ؕ اور وَیَوْمَ یُرْجَعُوْنَ کی کیا تخصیص ہے) اللہ تعالیٰ (تو) سب کچھ جانتا ہے۔ ف: اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ سے استیذان کا شرائط ایمان سے ہونا معلوم ہوتا ہے حالانکہ کوئی امر واجب امور فرعیہ سے شرط یا شرط ایمان کا نہیں سو تحقیق یہ ہے کہ مقصود مطلق اشتراط نہیں بلکہ مستاذنین و غیر مستاذنین معینین کے اعتبار سے خاص واقعہ کا بیان ہے کہ ان لوگوں میں ایمان بدوں استیذان کے نہیں پایا جاتا نہ بایں معنی کہ اگر استیذان نہ رہے تو ایمان نہ رہے بلکہ بایں معنی

www.besturdubooks.net

کہ واقع یوں ہی ہے کہ جن میں ایمان ہے وہ استیذان ضرور کرتے ہیں۔ اور یہ وجوب[1] استیذان اس وقت ہے جب بلائے ہوئے آویں خواہ نماز کے لئے بذریعہ اذان کے یا کسی مشورہ وغیرہ کے لئے بذریعہ خاص اعلام یا عام اعلان کے ورنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں بارہا لوگ خود حاضر ہوئے اور خود چلے گئے اُن پر ملامت نہیں کی گئی اور اب امام المسلمین اگر لوگوں کو جمع کرے تو بے اجازت اُس کی جانا جائز نہیں اور مدار اس حکم کا وجوب اطاعت امام ہے مباحات میں بھی پس ظاہر ہے کہ لوگوں کا جمع ہونا مباح تھا مگر جب امام کا امر ہوا تو واجب ہو گیا اب چونکہ قرائن مقام سے یقینی ہے کہ اس جمع کرنے میں جیسا جمع ہونا مامور بہ من الامام ہے اسی طرح جمع رہنا بھی مامور بہ من الامام ہے ورنہ جمع کرنا ہی عبث ٹھہرے گا پس اشتراک علت کی وجہ سے دوسرا مامور بہ بھی واجب ہوا اور بے اجازت جانے میں اس واجب کا ترک ہے اس لئے حرام ہو گا رہا جمعہ وغیرہ میں جمع ہو کر بے اجازت امیر المؤمنین کے جانا سو جب علت اور مدار حکم معلوم ہو گیا تو اگر امیر المؤمنین حکم کر دے کہ بدون ہمارے اذن کے کوئی مسجد سے نہ نکلے تو پھر استیذان واجب ہو گا اور اگر قرینہ قویہ سے یا تصریحاً معلوم ہو جاوے کہ عدم خروج بلا استیذان مامور بہ من الامیر نہیں ہے تو بوجہ فقدان علت کے معلوم یعنی وجوب استیذان بھی مفقود ہو گا اور بلا اذن خروج جائز ہو گا اور یہ سب تفصیل اُس وقت ہے جب کہ مستاذن کو قیام فی المسجد جائز ہو اور اگر جائز نہ ہو جیسے عورت کو حیض آ جانا یا کسی شخص کو جنابت ہو جانا وہاں استیذان کی ضرورت نہیں فوراً باہر نکل جاوے صرح بہ فی الخازن والقواعد تشہد لہ اور لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ کی جو تفسیر اختیار کی گئی سدی اور قفال نے اسی کو اختیار کیا ہے کذا فی الکبیر والروح اور بعض نے کہا ہے کہ بعضے لوگ حضور ﷺ کو یا محمد ﷺ کہہ کر پکارتے تھے اس میں اُس کی ممانعت ہے کہ رسول کو اس طرح نہ پکارو پس تفسیر اول میں دُعَآءَ الرَّسُوْلِ مصدر مضاف الی الفاعل ہے اور دوسری تفسیر پر مصدر مضاف الی المفعول ہے اور اُس کے بعد لوگ اس طرح کہنے لگے یا رسول اللہ یا نبی اللہ در منثور میں حضرت عباس سے یہی تفسیر منقول ہے اور اس تفسیر پر اس کا مضمون مدح استیذان وذم عدم استیذان کے بیچ میں آ نا یا تو اس بناء پر ہے کہ استیذان میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کرنا ہو گا اس خطاب کا طریقہ بتلا دیا اور یا استیذان اور ندا بالالقاب دونوں میں وجہ جامع تعظیم رسول ہے وہ ارتباط اور یہ اشتراک تناسب کے لئے کافی ہے لیکن چونکہ تفسیر اول کا اوفق بالمقام ہونا ظاہر ہے اس لئے احقر نے اس کو اختیار کیا اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول سبب نزول کی روایت نہیں جس کی متابعت واجب ہو بلکہ اجتہاد تفسیری اور درایت ہے جس کی متابعت واجب نہیں اور بعض روایات کے الفاظ سے جو سبب نزول ہونا مفہوم ہوتا ہے اس میں بھی یہ احتمال ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنے قیاس واجتہاد ہی سے سبب نزول قرار دیا ہو اور اس احتمال کا صریح قرینہ یہ ہے کہ طبری وغیرہ میں ابن عباس سے اس آیت کی دوسری تفسیر بھی مروی ہے اگر اُن کے نزدیک شانِ نزول متعین ومنصوص ہوتی تو آیت کی مختلف تفسیریں نہ کرتے واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ الخ روح میں ہے کہ اس میں (یہ بھی) اشارہ ہے کہ مرید کو مستقل ہو کر کوئی کام نہ کرنا چاہئے قولہ تعالیٰ فاذن لمن شئت الخ اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ شیخ کی خدمت سے دور ہونا گو باذن ہو مگر قدرے نقصان سے خالی نہیں۔ قولہ تعالیٰ: لا تجعلوا دعاء الرسول اس میں یہ بھی اشارہ ہے کہ شیخ کا خاص ادب واحترام کرے اور دوسروں سے معاملات میں اس کو ممتاز رکھے۔

الحواشی: (۱) خلاصہ اس تمام تر تقریر کا یہ ہے کہ بلانا بھی عام ہے اور اذن بھی عام ہے ہر اذن کو خواہ صراحۃً ہو یا دلالۃً پس آیت اپنے عموم پر بھی رہی اور جن مواقع پر بدون اذن صریح چلا جانا بلا نکیر معمول ہے وہاں اشکال بھی واقع نہیں ہوتا ۱۲ محشی۔

اللغات: التسلل الخروج من البين على التدريج والخفية لو اذا اى ملاوذة بان يستتر بعضهم ببعض حتى يخرج ۱۲۔

النحو: قوله ويوم يرجعون عطف على ما انتم عليه ۱۲۔

البلاغة: قوله امر جامع وصف الامر بالجمع مع انه سبب له للمبالغة والظاهر ان ذلك من المجاز العقلى ۱۲ قوله حتى يستاذنوه فيه ايجاز والمراد حتى يستاذنوه فياذن لهم فالغاية هي الاذن الحاصل بعد الاستيذان والاقتصار على الاستيذان لانه الذى يتم من قبلهم وهو المعتبر فى كمال الايمان لا الاذن ولا الذهاب المرتب عليه واعتباره فى ذلك لما انه كالمصداق لصحته والممير للمخلص عن المنافق فان ديدنه التسلل للفراء قوله فاذا استاذنوك الفاء لترتيب ما بعدها على ما قبلها اى بعد ما تحقق ان الكاملين فى الايمان هم المستاذنون فاذا استاذنوك الخ قوله استغفرلهم وتقديم لهم للمبادرة الى ان الاستغفار للمستاذنين لا للآذن ۱۲۔ قوله ما انتم دخول المنافقين مع ان الخطاب فيما قيل للمؤمنين بطريق الصليب ۱۲۔ فينبئهم الفاء للتعقيب وبترتيب ما بعدها على ما قبلها فان الاعلام مرتب على الاعم ۱۲۔

الحمد للہ کہ تاریخ ۲۹ ذی قعدہ روز سہ شنبہ ۱۳۲۴ھ کو تفسیر سورۂ نور مع الخیر ختم ہوئی یا الٰہی بقیہ تفسیر کو بھی مع الخیر ختم فرما اور وقت پر ہمارا بھی خاتمہ بالخیر فرما آمین۔

آمين وصلى الله تعالىٰ على خير خلقه محمد وآله واصحابه اجمعين۔

www.besturdubooks.net

وجوه المثانی جلد ۲

سورۃ الاعراف ۔ قوله تعالٰى قليلا ما يتذكرون فيه ثلث ت الاولى بياء قبل التاء وتخفيف الذال لابن عامر والثانية بتخفيف الذال ولا يافبل التاء لحفص وحمزة والكسائى والثالثة بتشديد الذال ولا يالء قبل التاء للباقين قوله تعالٰى منها تخرجون فيه تان الاولٰى بفتح التاء وضم الراء لابن ذكوان و حمزة والكسائى والثانية بضم التاء وفتح الراء للباقين قوله تعالٰى و لباس التقوى فيه تان الاولى بنصب السين لنافع وابن عامر والكسائى عطفا على لباسًا والثانية بضم التاء وفتح الراء للباقين قوله تعالٰى ويحسبون فيه تان الاولى بفتح السين لابن عامر وعاصم وحمزة والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰى خالصة فيه تان الاولى برفع الرتاء على انه خبر بعد خبر لنافع والثانية بالنسب على الحال من الضمير المستتر فى الجار والمجرور للباقين قوله تعالٰى ما لم ينزل فيه تان الاولى بالتخفيف لابن كثير وابى عمرو والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالٰى جاء تهم رسلنا فيه تان الاولى بسكون السين لابى عمرو والثانية بالضم للباقين قوله تعالٰى ولكن لا تعلمون فيه قراء تان الاولٰى بالياء على الغيبة لشعبة والثانية بالتاء على الخطاب للباقين قوله تعالٰى لا تفتح لهم فيه ثلث قراء ات الاولٰى بتاء التانيث قبل الفاء وسكون الفاء وتخفيف التاء بعدها لابى عمرو والثانية بالياء على التذكير وسكونَ الفاء وتخفيف التاء لحمزة والكسائى والثالثة بالتانيث وفتح الفاء وتشديد التاء للباقين قوله تعالٰى وما كنا فيه قراء تان الاولى بحذف الواو قبل ما لابن عامر والثانية بالواو للباقين قوله تعالٰى قالوا نعم فيه قراء تان الاولى بكسر العين للكسائى والثانية بالفتح للباقين والكسر لغة فيه نسبت الى كنانة وهذيل قوله تعالٰى ان لعنة الله فيه قراء تان الاولى بتشديدان ونصب التاء للبزى وابن عامر وحمزة والكسائى والثانية بتخفيف ان ورفع التاء للباقين قوله تعالٰى يغشى فيه قراء تان الاولى بفتح الغين وتشديد الشين لشعبة وحمزة والكسائى من التفعيل والثانية بسكون الغين وتخفيف الشين للباقين من الافعال قوله تعالٰى والشمس والقمر والنجوم مسخرات فيه قراء تان الاولى برفع الاربعة لابن عامر والثانية بالنصب للباقين الا ان مسخرات مصوب بالكسرة والرفع على الابتداء والخبرية والنصب على العطف على السمٰوٰت والحالية قوله تعالٰى خفية فيه قراء تان الاولٰى بكسر الخاء لشعبة والثانية بالضم للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى يرسل الريح فيه قراء تان الاولى بالتوحيد لابن كثير وحمزة والكسائى والثانية بالجمع للباقين قوله تعالٰى بشرا فيه اربع قراء ات الاولى بالباء الموحدة وسكون الشين لعاصم والثانية بالنون مفتوحة وسكون الشين لحمزة والكسائى والثالثة بالنون مضمومة وسكون الشين لابن عامر والرابعة بضم النون والشين للباقين وهو على الاولى مخفف بشرا بضمتين جمع بشير اى مبشرات وعلى الثانية مصدر فى موقع الحال بمعنى ناشرات او مفعول مطلق فان الارسال والنشر متقاربان وعلى الثالثة مخفف الرابعة وعلى الرابعة حمع نشور بفتح النون بمعنى ناشر قوله تعالٰى للبلد ميت فيه قراء تان الاولى بتخفيف الياء لابن كثير وابى عمرو وابن عامر وشعبة والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالٰى من اله غيره۔ فيه قراء تان الاولى بخفض الراء والهاء للكسائى والثانية برفع الراء وضم الهاء للباقين وهو على الاول صفة لا له باعتبار لفظه وعلى الثانى صفة له باعتبار محله قوله تعالٰى انى اخاف فيه قراء تان الاولى بفتح الياء لنافع وابن كثير وابى عمرو والثانية بالسكون للباقين قوله تعالٰى تذكرون فيه قراء تان الاولى بتخفيف الذال لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالٰى ابلغكم فى الحرفين قراء تان الاولى بسكون الباء وتخفيف اللام لابى عمرو والثانية بفتح الباء وتشديد اللام للباقين قوله تعالٰى بصطة قرأ نافع والبزى وشعبة والكسائى بالصاد وابو عمرو وهشام وقنبل وحفص وخلف بالسين واما ابن ذكوان وخلاد فقرء بالصاد والسين والمرسوم بالصاد قوله تعالٰى بيوتا فيه قراء تان الاولى بضم الباء لورش وابى عمر وحفص والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰى مفسدين وقال الملأ فيه قراء تان الاولى بالواو قبل قال لابن عامر والثانية بلا واو للباقين قوله تعالٰى من اله غيره۔ فيه ما تقدم قوله تعالٰى لفتحنا فيه قراء تان الاولى بتشديد التاء لابن عامر والثانية بالتخفيف للباقين قوله تعالٰى او امن فيه قراء تان الاولى بسكون الواو عطفا على امن السابق بالترديد لنافع وابن كثير وابن عامر والثانية بفتح الواو للباقينقوله تعالٰى حقيق على ان لا اقول فيه قراء تان الاولى بتشديد الياء والثانية بالسكون للباقين ومعنى الاول ظاهر۔ وتوجيه الثانى ان على بمعنى الباء وحقيق خبر مبتدأ محذوف اى انا جدير بان لا اقول الخ قوله تعالٰى ارجه فيه ست قراء ات الاولى ارجئه بهمزة ساكنة وضم الهاء موصولة بواو لابن كثير وهشام والثانية اجئه بهمزه ساكنة وضم الهاء مختلسة لأبى عمرو والثالثة ارجئه بهمزة ساكنة وكسر الهاء مختلسة لابن ذكوان الرابعة ارجه بلا همز وبسكون الهاء لعاصم وحمزة الخامسة ارجه بلا همز وكسر الهاء مختلسة لقالون السادسة ارجه بلا همز وكسر الهاء موصولة بياء لورش والكسائى وتوجيه الثلث الاول ظاهر فانه امر من الارجئا والضمير منصوب متصل وضم الهاء وكسرها لغتان توجيه الثلث الاخر ان الهمزة حذفت تخفيفا ثم كسر الهاء ظاهر اما السكون فلتشبيه المنفصل بالمتصل وجعل ارجه وكابل فى اسكان وسطه قوله تعالٰى بكل سحر فيه قراء تان الاولى بتشديد الهاء مفتوحة والف بعدها ولا الف قبلها لحمزة والكسائى والثانية بتخفيف الحاء مكسورة والف قبلها للباقين قوله تعالٰى نعم فيه قراء تان الاولى بكسر العين للكسائى والثانية بالفتح للباقين۔ قوله تعالٰى تلقف۔ فيه قراء تان الاولى بسكون اللام وتخفيف القاف لحفص والثانية بفتح اللام وتشديد القاف للباقين بحذف احدى التائين قوله تعالٰى سنقتل فيه قراء تان الاولى بفتح النون وسكون القاف وضم التاء مخففة لنافع وابن كثير والثانية بضم النون وفتح القاف وكسر التاء مشددة للباقين قوله تعالٰى يعرشون فيه قراء تان الاولى بضم الراء لابن عامر والثانية بالكسر للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى يعكفون۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الكاف لحمزة والكسائى والثانية باضم للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى انجينكم فيه قراء تان الاولى بحذف الياء والنون لابن عامر والثانية باثباتهما للباقين قوله تعالٰى يقتلون۔ فيه قراء تان الاولٰى بفتح الياء وسكون القاف وضم التاء مخففة لنافع والثانية بضم الياء وفتح القاف وكسرا التاء مشددة للباقين قوله تعالٰى وٰعدنا موسٰى۔فيه قراء تان الاولٰى بغير الف قبل العين لابى عمرو والثانية بالاف للباقين قوله تعالٰى برسالتى۔ فيه قراء تان الاولٰى بغير الف بعد اللام على التوحيد لنافع وابن كثير والثانية بالاف بعد اللام على الجمع للباقين قوله تعالٰى سبيل الرشد۔ فيه قراء تان الاولٰى بفتح الراء والشين لحمزة والكسائى والثانية بالضم الراء

www.besturdubooks.net

وسکون الشین للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی من حلیهم۔ فیه قراء تان الاولٰی بکسر الحاء لحمزة والکسائی والثانیة بالضم للباقین والثانی اصل اللغة والاول فیه اتباع لکسر اللام قوله تعالٰی لم یرحمنا ربنا وتغفرلنا فیه قراء تان الاولٰی بالخطاب فی ترحمنا وغفرلنا ونصب باء ربنا لحمزة والکسائی والثانیة بالغیبة ورفع الباء للباقین والتوجیه ظاهر قوله تعالٰی اصرهم۔ فیه قراء تان الاولٰی بفتح الهمزة ممدودة والصاد والف بعد الصاد علی الجمع لابن عامر والثانیة بکسر الهمزة وسکون الصاد ولا الف بعدها علی التوحید للباقین قوله تعالٰی نغفرلکم۔ فیه قراء تان الاولٰی تغفر بضم التاء وفتح الفاء علی التانیث لنافع وابن عامر والثانیة بنون مفتوحة وکسر الفاء للباقین قوله تعالٰی خطیئتکم۔ فیه ثلث قراء ات الاولٰی بفتح الطاء وبعدها الف بعدها یاء بعدها الف علی وزن قضایاکم لابی عمرو والثانیة بکسر الطاء بعدها یاء بعدها همزة مفتوحة مقصورة علی التوحید لابن عامر والثالثة کذلك الا ان الهمزة ممدودة علی الجمع للباقین لکن نافعا منهم یضم التاء علی انه مفعول ما لم یسم فاعله والباقون یکسرون قوله تعالٰی معذرة۔ فیه قراء تان الاولٰی بالنصب لحفص والثانیة بالرفع للباقین والعامل علی الاول لعظ وعلی الثانی وعظنا قوله تعالٰی بعذاب بئیس۔ فیه اربع قراء ات الاولٰی بکسر الباء بعدها همزة سکنة لابن عامر وکان اصله بئس بباء مفتوحة وهمزة مکسورة کحذر سکن بعد نقل الحرکة الی الباء للتخفیف والثانیة بکسر الباء بعدها یاء ساکنة لنافع علی قلب الهمزة هی فی القراء ة الاولٰی یاء کما قلبت فی ذئب لسکونها وانکسار ما قبلها والثالثة بفتح الباء بعدها یاء سکنة وبعد الیاء همزة مفتوحة علی وزن فیعل کضیغم هو وجه لشعبة والرابعة بفتح الباء وبعدها همزة مکسورة ممدودة کفعیل للباقین وهو وجه اخر لشعبة وکلها من البوس والباس بمعنی الشدة قوله تعالٰی افلا تعقلون فیه قراء تان بالتاء علی الخطاب لنافع و ابن عامر و حفص والثانیة بالیاء علی الغیبة للباقین قوله تعالٰی یمسکون فیه قراء تان الاولٰی باسکان المیم وتخفیف السین لشعبة والثانیة بفتح المیم وتشدید السین للباقین والاول من الامساك والثانیة من التمسیك قوله تعالٰی ذریتهم۔ فیه قراء تان الاولٰی بالف بعد الیاء وکسر التاء علی الجمع لنافع وابی عمرو وابن عامر والثانیة بغیر الف وفتح التاء علی التوحید للباقین قوله تعالٰی ان تقولوا او تقولوا فیه قراء تان الاولٰی بالیاء فیهم علی الغیبة لابی عمرو والثانیة بالتاء علی الخطاب للباقین قوله تعالٰی یلحدون۔ فیه قراء تان الاولٰی بفتح الیاء والحاء لحمزة والثانیة بضم الیاء وکسر الحاء للباقین قوله تعالٰی ویذرهم فیه ثلث قراء ات الاولٰی بالنون ورفع الراء لنافع وابن کثیر وابن عامر والثانیة بالیاء ورفع الراء لابی عمرو وعاصم والثالثة بالیاء وجزم الراء لحمزة والکسائی والرفع علی الاستیناف والجزم علی العطف علی محل الجملة الاسمیة الواقعة جواب الشرط کانه قیل من یضلل الله لا یهده احد ویذرهم قوله تعالٰی شرکاء فیه قراء تان الاولٰی بکسر الشین وسکون الراء بلا همز بعد الکاف علی المصدر لنافع وشعبة والثانیة بضم الشین وفتح الراء وبعد الکاف الف بعدها همزة جمع شریك للباقین قوله تعالٰی لا یتبعوکم۔ فیه قراء تان الاولٰی بسکون التاء وفتح الباء الموحدة لنافع والثانیة بفتح التاء مشددة وکسر الباء الموحدة للباقین قوله تعالٰی طیف فیه قراء تان الاولٰی بیاء ساکنة بعد الطاء لابن کثیر وابی عمرو والکسائی علی المصدر والثانیة بالالف بعد الطاء بعدها همزة مکسورة للباقین علی صیغة اسم الفاعل قوله تعالٰی یمدونهم فیه قراء تان الاولٰی بضم الیاء وکسر المیم لنافع والثانیة بفتح الیاء وضم المیم للباقین۔

﴿سورة الانفال﴾ قوله تعالٰی مردفین۔ فیه قراء تان الاولٰی بفتح الدال لنافع ووجه لقنبل والثانیة بالکسر للباقین ووجه اخر لقنبل قوله تعالٰی یغشیکم النعاس۔ فیه ثلث قراء ات الاولٰی بفتح الیاء والسین مع التخفیف والف بعدها ورفع السین من النعاس علی الفاعلیة لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بضم الیاء وکسر الشین مخففة ونصب النعاس علی المفعولیة لنافع والثالثة بضم الیاء وفتح الغین وکسر الشین مشددة ونصب السین للباقین قوله تعالٰی وینزل۔ فیه قراء تان الاولٰی بسکون النون وتخفیف الزاء لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بفتح النون وتشدید الزاء للباقین قوله تعالٰی الرعب فیه قراء تان الاولٰی بضم العین لابن عامر والکسائی والثانیة بالسکون للباقین قوله تعالٰی ولکن الله قتلهم ولکن الله رمی۔ فیه قراء تان الاولٰی بکسر النون مخففة ورفع الهاء من اسم الله تعالٰی فیهما لابن عامر وحمزة والکسائی والثانیة بفتح النون مشددة ونصب الهاء للباقین قوله تعالٰی موهن کید فیه ثلث قراء ات الاولٰی بفتح الواو وتشدید الهاء وتنوین النون ونصب الدال علی المفعولیة لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة بسکون الواو وتخفیف الهاء مع تنوین النون ونصب الدال لابن کثیر وشعبة وحمزة والکسائی والثالثة بسکون الواو وتخفیف الهاء وعدم تنوین النون وخفض الدال علی الاضافة لحفص قوله تعالٰی وان الله مع المومنین فیه قراء تان الاولٰی بفتح الهمزة لنافع و ابن عامر و حفص والثانیة بالکسر للباقین والفتح تقدیر المبتدأ ای والامران الله والکسر علی الاستیناف قوله تعالٰی یمیزه فیه قراء تان الاولٰی بضم الیاء الاولٰی وفتح المیم و تشدید الیاء الثانیة مع الکسر حمزة والکسائی والثانیة بفتح الیاء الاولٰی وکسر المیم وسکون الیاء الثانیة للباقین قوله تعالٰی بالعدوة فی الموضعین فیه قراء تان الاولٰی بکسر العین لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالضم للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی من حی۔ فیه قراء تان الاولٰی بیائین الاولٰی مکسورة بلا ادغام لنافع والبزی وشعبة والثانیة بیاء واحدة مشددة بالادغام للباقین قوله تعالٰی ترجع فیه قراء تان الاولٰی بفتح التاء وکسر الجیم لابن عامر وحمزة والکسائی والثانیة بضم التاء وفتح الجیم للباقین قوله تعالٰی یتوفی۔ فیه قراء تان الاولٰی بالتاء علی التانیث لابن عامر والثانیة بالیاء علی التذکیر للباقین قوله تعالٰی ولا یحسبن الذین کفروا۔ فیه ثلث قراء ات الاولٰی بالیاء علی الغیبة وفتح السین لابن عامر وحمزة وحفص والثانیة بتاء الخطاب والفتح لشعبة والثالثة بالتاء والکسر للباقین قوله تعالٰی انهم لا یعجزون۔ فیه قراء تان الاولٰی بفتح الهمزة والثانیة بالکسر للباقین والفتح بتقدیر لام التعلیل ای لانهم والکسر علی الاستیناف قوله تعالٰی للسلم۔ فیه قراء تان الاولٰی بکسر السین لشعبة والثانیة بالفتح للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی وان یکن منکم مائة یغلبوا الفا۔ فیه قراء تان الاولٰی بالتاء علی التانیث لنافع وابن کثیر وابن عامر والثانیة بالیاء علی التذکیر للباقین۔ قوله تعالٰی ضعفاء۔ فیه قراء تان الاولٰی بفتح الضاد لعاصم وحمزة والثانیة بالضم للباقین قوله تعالٰی فان یکن منکم مائة صابرة۔ فیه قراء تان الاولٰی بالیاء علی التذکیر لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بالتاء علی التانیث للباقین قوله تعالٰی لنبی ان یکون فیه قراء تان الاولٰی بالتاء علی التانیث لابی عمرو والثانیة بالیاء علی التذکیر للباقین قوله تعالٰی من الاسرٰی۔ فیه قراء تان الاولٰی بضم الهمزة وفتح السین بعدها الف لابی عمرو والثانیة بفتح

www.besturdubooks.net

الهمزة وسكون السين ولا الف بعدها للباقين قوله تعالى من ولايتهم فيه قراء تان الاولى بكسر الواو ولحمزة والثانية بالفتح للباقين وهما لغتان۔

﴿سُوْرَةُ التَّوْبَةِ﴾ قوله تعالى لا ايمان لهم۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الهمزة لابن عامر والثانية بالفتح جمع يمين للباقين قوله تعالى ان يعمروا مسجد الله فيه قراء تان الاولى بسكون السين ولا الف بعدها على التوحيد لابن كثير وابى عمرو والثانية بفتح السين والف بعدها على الجمع للباقين قوله تعالى يبشرهم۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الياء وسكون الباء الموحدة وضم الشين مخففة لحمزة والثانية بضم الياء وفتح الباء الموحدة وكسر الشين مع التشديد للباقين قوله تعالى ورضوان۔ فيه قراء تان الاولى بضم الراء لشعبة والثانية بالكسر للباقين قوله تعالى وعشيرتكم۔ فيه قراء تان الاولى بالف بعد الراء على الجمع لشعبة والثانية بغير الف على التوحيد للباقين قوله تعالى عزير ابن الله۔ فيه قراء تان الاولى بتنوين عزير لعاصم والكسائى والثانية بلا تنوين للباقين على العلمية والعجمة اما التنوين فعلى انه اسم عربى او اعجمى لكنه صرف لخفته بالصغير قوله تعالى يضاهون۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الهاء وبعدها همزة مضمومة لعاصم والثانية بضم الهاء ولا همزة بعدها للباقين وقد جاء ضاهيت وضاهات بمعنى واحد قوله تعالى يضل به فيه قراء تان الاولى بضم الياء وفتح الضاد لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالفتح الياء وكسر الضاد للباقين وكلاهما ظاهر قوله تعالى كرها۔ فيه قراء تان الاولى بضم الكاف لحمزة والكسائى والثانية بالفتح للباقين وهما لغتان قوله تعالى ان تقبل فيه قراء تان الاولى بالياء على التذكير لحمزة والكسائى والثانية بالتاء على التانيث للباقين قوله تعالى هو اذن فيه قراء تان الاولى بسكون الذال فيهما لنافع والثانية بالضم للباقين والسكون تخفيف الضم قوله تعالى ورحمة للذين امنوا۔ فيه قراء تان الاولى بحر التاء لحمزة عطفا على خير والثانية بالرفع للباقين عطفا على اذن قوله تعالى ان تنزل۔ فيه قراء تان الاولى بسكون النون وتخفيف الزاى لابن كثير وابى عمرو والثانية بفتح النون وتشديد الزاء للباقين قوله تعالى ان نعف وقوله نعذب طائفة فيه قراء تان الاولى نعف بنون مفتوحة وضم الفاء ونعذب بنون مضمومة وكسر الذال وطائفة بالنصب لعاصم والثانية يعف بياء مضمومة وفتح الفاء وتعذب بتاء مضمومة وفتح الذال وطائفة بالرفع للباقين قوله تعالى رسلهم۔ فيه قراء تان الاولى بسكون السين لابى عمرو والثانية بضم للباقين قوله تعالى رضوان۔ الاولى بضم الراء لشعبة والثانية بالكسر للباقين قوله تعالى علام الغيوب۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الغين لشعبة وحمزة والثانية بالضم للباقين قوله تعالى دائرة السوء۔ فيه قراء تان الاولى بضم السين لابن كثير وابى عمرو والثانية بفتح السين للباقين وهو بالضم اسم بمعنى العذاب وبالفتح مصدر قوله تعالى قربة۔ فيه قراء تان الاولى بضم الراء لورش والثانية بالسكون للباقين وهما لغتان قوله تعالى تجرى تحتها۔ فيه قراء تان الاولى بزيادة من وبحر التاء بعد الحاء لابن كثير والثانية بغير من وبفتح التاء للباقين قوله تعالى ان صلاتك فيه قراء تان الاولى بغير واو بعد اللام ونصب التاء على التوحيد لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالواو وكسر التاء على الجمع للباقين قوله تعالى مرجون۔ الاولى بغير همز بين الجيم والواو لنافع وحفص وحمزة والكسائى والثانية بهمزة مضمومة بينهما للباقين وهما لغتان يقال ارجاته وارجيته قوله تعالى والذين اتخذوا فيه قراء تان الاولى بغير واو قبل الذين لنافع وابن عامر والثانية بالواو للباقين قوله تعالى اسس بنيانه فى الموضعين فيه قراء تان الاولى الهمزة وكسر السين الاولى مع التشديد ورفع النون لنافع وابن عامر والثانية بفتح الهمزة والسين مع التشديد ايضا ونصب النون قبل الهاء للباقين قوله تعالى جرف فيه قراء تان الاولى بسكون الراء لابن عامر وشعبة وحمزة والثانية بالرفع للباقين وهما لغتان قوله تعالى تقطع فيه قراء تان الاولى بفتح التاء لابن عامر وحفص وحمزة والثانية بالضم للباقين قوله تعالى فيقتلون ويقتلون فيه قراء تان الاولى بتقديم المقتولين قبل القاتلين لحمزة والكسائى والثانية بتقديم القاتلين قبل المقتولين للباقين قوله تعالى اولا يرون۔ فيه قراء تان الاولى بالتاء على الخطاب لحمزة والثانية بالياء على الغيبة للباقين۔

﴿سُوْرَةُ يُوْنُسَ﴾ قوله تعالى لسحر مبين۔ فيه قراء تان الاولى بكسر السين وسكون الحاء لنافع وابى عمرو وابن عامر والثانية بفتح السين والف بعدها وكسر الهاء للباقين قوله تعالى افلا تذكرون فيه قراء تان الاولى بتخفيف الذال لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالى ضياء۔ فيه قراء تان الاولى بهمزة مفتوحة ممدودة بعد الضاد والثانية بياء مفتوحة بعدها للباقين قوله تعالى يفصل الأيات۔ فيه قراء تان الاولى بالياء لابن كثير وابن عمرو وحفص والثانية بالنون للباقين قوله تعالى لقضى اليه اجلهم فيه قراء تان الاولى بفتح القاف و الضاد والف بعد الضاد ونصب اللام من اجلهم والثانية بضم القاف وكسر الضاد وياء مفتوحة بعد الضاد ورفع اللام من اجلهم للباقين قوله تعالى عما يشركون فيه قراء تان الاولى بالتاء على الخطاب لحمزة والكسائى والثانية بالياء على الغيبة للباقين قوله تعالى يسيركم فيه قراء تان الاولى ينشركم بفتح الياء ونون ساكنة بعدها شين معجمة مضمومة لابن عامر من النشر والثانية بضم الياء الاولى وسين مهملة مفتوحة وبعدها ياء مكسورة مشددة من التيسير للباقين قوله تعالى متاع الحيوة۔ فيه قراء تان الاولى بنصب العين لحفص والثانية بالرفع للباقين والنصب على انه مصدر من الفعل المقدر اى تتمتعون متاع والرفع على تقدير هو قوله تعالى قطعا۔ فيه قراء تان الاولى بسكون الطاء لابن كثير والكسائى والثانية بفتحها للباقين وهو بالسكون اسم مفرد اواسم جنس وبالفتح جمع قطعة قوله تعالى تبلوا۔فيه قراء تان الاولى بتائين لحمزة والكسائى والثانية بعد التاء بباء موحدة للباقين والاول بمعنى تقرأ الصحف والثانى بمعنى تختبر العمل فتعائن جزائه قوله تعالى من الميت ومخرج الميت۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الياء مع التشديد لنافع وحفص وحمزة والكسائى والثانية بسكون الياء للباقين قوله تعالى حقت كلمت ربك۔ فيه قراء تان الاولى بالف بعد الميم على الجمع لنافع وابن عامر والثانية بغير الف بعد الميم على الافراد للباقين قوله تعالى امعن لا يهدى فيه خمس قراء ت الاولى بفتح الياء واسكان الهاء وتخفيف الدال لحمزة والكسائى الثانية بكسر الياء والهاء وتشديد الدال لشعبة والثالثة بفتح الياء وكسر الهاء وتشديد الدال لحفص الرابعة بفتح الياء واخفاء فتحة الهاء وتشديد الدال لقالون وابى عمرو الخامسة بفتح الياء والهاء وتشديد الدال للباقين وعن قالون وجه آخر كالاولى واصله على الاربعة الخيرة يهتدى وكسر الماء على الثانية والثالثة لا لتقاء الساكنين وكسر الياء على الثانية اتباع للهاء وفى الرابعة والخامسة نقلت فتحة التاء الى الهاء قبلها ثم قلبت دالا كالثانية والثالثة لقرب مخرجهما وادغمت فيها واختلاس الفتحة فى الرابعة لتنبيه على ان الحركة عارضة فتامل وامن قوله تعالى ولكن الناس فيه قراء تان الاولى بكسر النون مخففة ورفع السين لحمزة

www.besturdubooks.net

والكسائي والثانية بفتح النون مشددة ونصب السين للباقين قوله تعالى يحشرهم فيه قراء تان الاولى بالياء التحتية لحفص والثانية بالنون للباقين قوله تعالى مما يجمعون فيه قراء تان الاولى بالتاء على الخطاب لابن عامر والثانية بالياء على الغيبة للباقين قوله تعالى وما يعزب۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الزاى لكسائي والثانية بالضم للباقين وهما لغتان قوله تعالى ولا اصغر من ذلك ولا اكبر۔ فيه قراء تان الاولى برفع الراء من اصغر واكبر لحمزة والثانية بالنصب فيهما للباقين وهما على الرفع مبتدأ ان وعلى النصب اسمان للا التي هي لنفي الجنس قوله تعالى ولا يحزنك فيه قراء تان الاولى بضم الياء و كسر الزاى لنافع والثانية بفتح الياء وضم الزاى قوله تعالى بكل سحار عليم فيه قراء تان الاولى بغير الف بعد السين وتشديد الحاء مفتوحة والف بعدها لحمزة والكسائي والثانية بالف بعد السين وتخفيف الحاء مكسورة ولا الف بعدها قوله تعالى به السحر۔ فيه قراء تان الاولى بهمزتين الاولى همزة استفهام فهي مفتوحة والثانية بهمزة وصل وفيها وجهان التسهيل والبدل لابي عمرو والثانية بهمزة وصل فتسقط في الوصل للباقين والمعنى على الاول اى شئ جئتم به اهو السحر وعلى الثاني الذى جئتم به هو السحر قوله تعالى ليضلوا فيه قراء تان الاولى بضم الياء لعاصم وحمزة والكسائي والثانية بالفتح للباقين قوله تعالى ولا تتبعان فيه قراء تان الاولى بتخفيف النون لابن ذكوان فهي نفي بمعنى النهي كقوله تعالى لا تعبدون الا الله والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالى امنت انه۔ فيه قراء تان الاولى بكسر همزة انه لحمزة والكسائي والثانية بالفتح للباقين وجه الاول تقدير القول اى وقال انه ووجه الثاني تقدير الباء قوله تعالى كلمت ربك فيه ما تقدم في هذه السورة قوله تعالى ويجعل الرجس فيه قراء تان الاولى بالنون لشعبة والثانية بالياء للباقين قوله تعالى ننج المؤمنين فيه قراء تان الاولى بسكون النون الثانية و تخفيف الجيم لحفص والكسائي والثانية بفتح النون و تشديد الجيم للباقين من الافعال والتفعيل۔

﴿سُوْرَةُ هُوْدٍ﴾ قوله تعالى الا سحر مبين۔ فيه قراء تان الاولى بفتح السين والف بعدها وكسر الهاء لحمزة والكسائي والثانية بكسر السين و سكون الحاء للباقين و المشار اليه على الاول هو القائل و على الثاني هو القول من الآيات قوله تعالى يضعف لهم فيه قراء تان الاولى بغير الف بعد الضاد و تشديد العين لابن كثير وابن عامر والثانية بالالف بعد الضاد و تخفيف العين للباقين قوله تعالى افلا تذكرون فيه قراء تان الاولى بتخفيف الذال لحفص و حمزة والكسائي والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالى بادى الراى ۔ فيه قراء تان الاولى بهمزة مفتوحة بعد الدال لابي عمرو و الثانية بياء مفتوحة للباقين قوله تعالى فعميت۔ فيه قراء تان الاولى بضم العين و تشديد الميم لحفص و حمزة والكسائي والثانية بفتح العين و تخفيف الميم قوله تعالى افلا تذكرون هو مثل مامر انفا قوله تعالى من كل زوجين۔ فيه قراء تان الاولى بتنوين لام كل لحفص والثانية بغير تنوين للباقين و مفعول احمل على الاول زوجين واثنين صفة له وعلى الثاني اثنين و زوجين مضاف اليه لكل قوله تعالى مجرها فيه ثلث قراء ات الاولى بفتح الميم وامالة الالف بعد الراء لحفص و حمزة والكسائي والثانية بضم الميم والامالة لابي عمرو وورش الا ان ورشا يقرء بين اللفظين والثالثة بضم الميم و فتح الراء للباقين قوله تعالى مرسها فيه قراء تان الاولى بالامالة لابي لحمزة الكسائي وورش الا ان ورشا يقرء بين اللفظين والثانية بالفتح للباقين قوله تعالى يا بنى اركب فيه قراء تان الاولى بفتح الياء من بنى لعاصم والثانية بالكسر في الوصل للباقين والياء هي لام الكلمة و اجتزئ في الاول بالفتحة عن الالف المبدلة من ياء الاضافة في قوله يا بنيا و في الثاني اقتصر بالكسر من كسر الاضافة قوله تعالى انه عمل غير صالح فيه قراء تان الاولى بكسر الميم وفتح اللام بغير تنوين و نصب الراء لكسائي والثانية بفتح الميم ورفع اللام منونة رفع الراء للباقين والوجه ظاهر قوله تعالى فلا تسئلن۔ فيه ثلث قراء ت الاولى بفتح اللام و تشديد النون مع الفتح لابن كثير والثانية بفتح اللام و تشديد النون مع الكسر لنافع و ابن عامر وا لثالثة بسكون اللام و تخفيف النون مع الكسر والنون على الاولين للتاكيد مع حذف ياء المتكلم على الثاني وفي الثالث النون للوقاية مع حذف الياء قوله تعالى مالكم من اله غيره في الموضعين فيه ماتقدم في الاعراف قوله تعالى من خزى يومئذ فيه قراء تان الاولى بفتح ميم يومئذ لنافع والكسائي والثانية بالجر للباقين و فتح يوم لانه مضاف الى اذ وهو غير متمكن۔ قوله تعالى :ان ثمودا فيه قراء تان الاولى بغير تنوين لحفص و حمزة والثانية بالتنوين للباقين وهو ان اول بالقبيلة فهو ممنوع عن الصرف وان اول بالحى لم يمنع قوله تعالى لثمود فيه قراء تان الاولى بتنوين ثمود مع الجر للكسائي والثانية بغير تنوين مع الفتح للباقين قوله تعالى قال سلم فيه قراء تان الاولى بكسر السين و سكون اللام ولا الف بعدها لحمزة والكسائي والثانية بفتح السين واللام والف بعدها للباقين والاول ايضا لغة في سلام قوله تعالى يعقوب قالت فيه قراء تان الاولى بنصب الباء لابن عامر و حفص و حمزة والثانية بالرفع للباقين والنصب على تقدير وبشرنا مع باء الصلة او وهبنا والرفع على الابتداء قوله تعالى فاسر فيه قراء تان الاولى بهمزة الوصل بعد الفاء لنافع وابن كثير والثانية بهمزة قطع للباقين قوله تعالى الا امراتك فيه قراء تان الاولى برفع التاء لابن كثير وابى عمرو والثانية بالنصب للباقين قوله تعالى اصلواتك فيه قراء تان الاولى بلا الف بعد اللام على الافراد لحفص و حمزة والكسائي والثانية بالواو مفتوحة بعد اللام والف بعدها لفظية على الجمع للباقين قوله تعالى مكانتكم في الموضعين فيه قراء تان الاولى بالجمع لشعبة والثانية بالتوحيد للباقين قوله تعالى يوم يأت فيه ثلث قراء ت الاولى باثبات الياء بعد التاء وصلالا وقفا لنافع وابى عمرو والكسائي والثانية اثباتها وصلا و وقفا لابن كثير والثالثة حذفها وصلا وقفا للباقين قوله تعالى سعدوا فيه قراء تان الاولى بضم السين لحفص و حمزة والكسائي والثانية بالفتح للباقين قال الجوهرى سعد فهو سعيد و سعد فهو مسعود قوله تعالى ان كلا لما فيه اربع قراء ات الاولى بتخفيف النون والميم لنافع وابن كثير والثانية بتشديد هما لابن عامر و حفص و حمزة والثالثة بتخفيف الاول تشديد الثاني لشعبة والرابعة بتشديد الاول وتخفيف الثاني لابى عمرو والكسائي والتخفيف والتشديد في النون وجههما ظاهر ونصب كلا على تخفيف النون لان المخففة يجوز اعمالها والغاء ها اما الميم فتشديدها على ان اصله لمن ما فهي مركبة من اللام و من الموصولة او الموصوفة وما الزائدة فقلبت النون فيما للادغام فاجتمعت ثلث ميمات فحذفت الوسطى مخماتم وغم المعلاه و تخفيفها على تركيبها من اردوم دما قوله تعالى عما يعملون فيه قراء تان الاولى بالتا على الخطاب لنافع و ابن عامر حفص والثانية بالياء على الغيبة للباقين تمت سورة هود لخمسة وعشر من رجب ۱۳۳۶ھ۔

www.besturdubooks.net

﴿سُوْرَۃُ یُوْسُفَ﴾ قوله تعالٰی یا بنی۔ فیه قراء تان فی الوصل الاولٰی بفتح الیاء لحفص والثانیة بالکسر والوجه قد ذکر فی هود فی قوله یا بنی ارکب قوله تعالٰی اٰیة للسائلین۔ فیه قراء تان الاولٰی اٰیة علی التوحید لابن کثیر والثانیة ایات علی الجمع للباقین قوله تعالٰی غیابات فی الموضعین۔ فیه قراء تان الاولٰی بالف بین الیاء والتاء علی الجمع لنافع والثانیة بغیر الف علی التوحید للباقین قوله تعالٰی یرتع ویلعب۔ فیه قراء تان الاولٰی بالنون فیهما لابن کثیر وابی عمرو وعامر والثانیة بالیاء للباقین وسکن العین ابو عمرو وابن عامر وعاصم وحمزة والکسائی من الرتع وکسرها الباقون من الارتعاء بمعنی المراعاة او الرعی ای یراعی بعضنا بعضا او نرعی مواشینا او هو تجوز عن اکلهم قوله تعالٰی لیحزننی۔ فیه قراء تان الاولٰی بضم الیاء بعد اللام وکسر الزای لنافع والثانیة بفتح الیاء وضم الزای للباقین قوله تعالٰی یا بشری۔ فیه قراء تان الاولٰی بلا یاء بعد الالف لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بالیاء بعد الالف باضافة بشری الی یاء المتکلم للباقین قوله تعالٰی هیت لك فیه اربع قراء ات الاولٰی بکسر الهاء وسکون الیاء وفتح التاء لنافع وابن ذکوان والثانیة بکسر الهاء وسکون الهمزة والفتح والضم فی التاء لهشام والثالثة بفتح الهاء وسکون الیاء وضم التاء لابن کثیر والرابعة بفتح الهاء وسکون الیاء وفتح التاء للباقین والقراء ات کلها لغات وهی فیها اسم فعل بمعنی هلم ولیست التاء ضمیرا قوله تعالٰی المخلصین۔ فیه قراء تان الاولٰی بکسر اللام بعد الخاء لابن کثیر وابی عمرو وابن عامر والثانیة بالفتح للباقین قوله تعالٰی دأبا فیه قراء تان الاولٰی بفتح الهمزة لحفص والثانیة بسکونها للباقین وهما لغتان فی المصدر قوله تعالٰی یعصرون۔ فیه قراء تان الاولٰی بالتاء علی الخطاب لحمزة والکسائی والثانیة بالیاء عی الغیبة للباقین قوله تعالٰی قال لفتینه۔ فیه الاولٰی بالف بعد الیاء المثناة وبعد الالف نون مکسورة لحفص وحمزة والکسائی والثانیة بعد الیاء المثناة تحت بتاء مثناة فوق مکسورة من غیر الف للباقین وکلاهما جمع لفتی قوله تعالٰی نکتل۔ فیه قراء تان الاولٰی بالیاء لحمزة والکسائی والثانیة بالنون للباقین قوله تعالٰی حفظا فیه قراء تان الاولٰی بفتح الحاء والف بعدها وکسر الفاء لحفص وحمزة والکسائی والثانیة بکسر الحاء وسکون الفاء للباقین قوله تعالٰی درجات من فیه قراء تان الاولٰی بتنوین التاء لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بغیر تنوین للباقین قوله تعالٰی وسئل القریة۔ فیه قراء تان الاولٰی بفتح السین ولا همزة بعدها لابن کثیر والکسائی وکذا حمزة فی الوقف والثانیة بسکون السین وهمزة مفتوحة بعدها للباقین قوله تعالٰی یوحی الیهم۔ فیه قراء تان الاولٰی بالنون قبل الواو وکسر الحاء لحفص والثانیة بالیاء وفتح الحاء للباقین قوله تعالٰی افلا تعقلون۔ فیه قراء تان الاولٰی بالتاء علی الخطاب لنافع وابن عامر وعاصم والثانیة بالیاء علی الغیبة للباقین قوله تعالٰی قد کذبوا۔ فیه قراء تان الاولٰی بتخفیف الذال لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بالتشدید للباقین قوله تعالٰی فنجی۔ فیه قراء تان الاولٰی بنون مضمومة بعدها جیم مشددة ویاء بعد الجیم مفتوحة لابن عامر وعاصم والثانیة بنونین الاولٰی مضمومة والثانیة ساکنة وتخفیف الجیم وسکون الیاء للباقین۔

﴿سُوْرَۃُ الرَّعْدِ﴾ قوله تعالٰی یغشی۔ فیه قراء تان الاولٰی بفتح الغین وتشدید الشین لشعبة وحمزة والکسائی والثانیة بسکون الغین وتخفیف الشین للباقین قوله تعالٰی وزرع ونخیل صنوان وغیر صنوان۔ فیه قراء تان الاولٰی برفع زرع ونخیل وصنوان وغیر لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالخفض فی الاربعة للباقین والاول بالعطف علی جنات والثانی علی اعناب من باب متقلدا سیفاً ورمحاً قوله تعالٰی یسقی فیه قراء تان الاولٰی بالیاء علی التذکیر لابن عامر وعاصم والثانیة بالتاء علی التانیث للباقین قوله تعالٰی ونفضل فیه قراء تان الاولٰی بالیاء لحمزة والکسائی والثانیة بالنون للباقین وفی الاول رد علی یدبر ویفصل ویغشی قوله تعالٰی فی الاکل۔ فیه قراء تان الاولٰی بسکون الکاف لنافع وابن کثیر والثانیة بالضم للباقین وهما بمعنی ما یوکل قوله تعالٰی هل تستوی الظلمات۔ فیه قراء تان الاولٰی علی التذکیر لشعبة وحمزة والکسائی والثانیة علی التانیث للباقین قوله تعالٰی ومما یوقدون فیه قراء تان الاولٰی بالیاء علی الغیبة لحفص وحمزة والکسائی والثانیة بالتاء علی الخطاب للباقین قوله تعالٰی وصدوا فیه قراء تان الاولٰی بضم الصاد لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بالفتح للباقین ولا یخفی وجههما قوله تعالٰی اکلها۔ فیه قراء تان الاولٰی بسکون الکاف لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة بضمها للباقین قوله تعالٰی ویثبت۔ فیه قراء تان الاولٰی بسکون الثاء وتخفیف الباء الموحدة لابن کثیر وابی عمرو وعاصم والثانیة بفتح الثاء وتشدید الباء الموحدة للباقین۔ قوله تعالٰی وسیعلم الکفر۔ فیه قراء تان الاولٰی علی الافراد کالفاجر لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة علی الجمع کالفجار للباقین۔

﴿سُوْرَۃُ اِبْرَاهِیْمَ﴾ قوله تعالٰی الحمید الله۔ فیه قراء تان الاولٰی برفع الهاء لنافع وابن عامر علی الابتداء والثانیة بالجر للباقین علی البدل قوله تعالٰی رسلهم فی ثلثة مواضع وسبلنا ولرسلهم فیها قراء تان الاولٰی باسکان السین والباء لابی عمرو والثانیة بالضم للباقین قوله تعالٰی به الریح۔ فیه قراء تان الاولٰی الریاح بالجمع لنافع والثانیة بالافراد للباقین قوله تعالٰی خلق السموات والارض۔ فیه قراء تان الاولٰی بالف بعد الخاء وکسر اللام ورفع القاف باضافة الی السموات لحمزة والکسائی والثانیة بغیر الف بعد الخاء وفتح اللام والقاف والسموات مفعوله للباقین قوله تعالٰی اکلها فیه ما تقدم فی الرعد قوله تعالٰی لیضلوا فیه قراء تان الاولٰی بفتح الیاء لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالضم للباقین قوله تعالٰی لا بیع فیه ولا خلال۔ فیه قراء تان الاولٰی بالفتح فیهما بلا تنوین لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالرفع والتنوین للباقین قوله تعالٰی لتزول۔ فیه قراء تان الاولٰی بفتح اللام الاولٰی ورفع الاخیرة للکسائی والثانیة بکسر الاولٰی ونصب الثانیة للباقین واللام الاولٰی علی الاول هی الفارقة وعلی الثانی للجحود۔

﴿سُوْرَۃُ الْحِجْرِ﴾ قوله تعالٰی ربما۔ فیه قراء تان الاولٰی بتخفیف الباء لنافع وعاصم والثانیة بتشدیدها للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی ما ننزل الملئکة فیه ثلث قراء ت الاولٰی بضم التاء مع فتح الزای ورفع الملئکة لشعبة والثانیة بنونین الاولٰی مضمومة والثانیة مفتوحة وکسر الزای ونصب الملائکة لحفص وحمزة والکسائی والثالثة بالتاء مفتوحة مع فتح الزای ورفع الملئکة بحذف احدی التائین للباقین۔ قوله تعالٰی سکرت فیه قراء تان الاولٰی بتخفیف الکاف لابن کثیر والثانیة بالتشدید للباقین قوله تعالٰی ارسلنا الریح۔ فیه قراء تان الاولٰی بلا الف بالافراد لحمزة والثانیة بالجمع للباقین قوله تعالٰی منهم المخلصین۔ فیه قراء تان الاولٰی بکسر اللام لابن

www.besturdubooks.net

كثير وابن ابى عمرو وابن عامر والثانية بالفتح للباقين۔ قوله تعالىٰ جزء۔ فيه قراء تان الاولى بضم الزاى لشعبة والثانية بالسكون للباقين قوله تعالىٰ عيون۔ فيه قراء تان الاولى بضم العين لنافع وابى عمرو وهشام وحفص والثانية بالكسر لمناسبة الياء للباقين قوله تعالىٰ انا نبشرك۔ فيه قراء تان الاولى بفتح النون والسكون الباء وضم الشين مخففة لحمزة والثانية بضم النون وفتح الباء وكسر الشين مشددة للباقين قوله تعالىٰ فبم تبشرون۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بكسر النون مخففة لنافع والثانية بكسر النون مشددة لابن كثير والثالثة بفتح النون مخففة للباقين وتوجيه الاول حذف نون الرفع ودلالة ابقاء نون الوقاية على الياء وتوجيه الثانى ادغام نون الجمع فى نون الوقاية والاكتفاء بالكسرة عن الياء والثالث لا يحتاج الى البيان قوله تعالىٰ يقنط۔ فيه قراء تان الاولى بكسر النون لابى عمرو والكسائى والثانية بالفتح للباقين وهما لغتان قوله تعالىٰ لمنجوهم۔ فيه قراء تان الاولى بسكون النون و تخفيف الجيم لحمزة والكسائى والثانيةبفتح النون و تشديد الجيم للباقين قوله تعالىٰ قدرنا فيه قراء تان الاولى بتخفيف الدال لشعبة والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالىٰ فاسر باهلك۔ فيه قراء تان الاولى بوصل الهمزة بعد الفاء لنافع وابن كثير والثانية بالقطع للباقين قوله تعالىٰ بيوتا۔ فيه قراء تان الاولى بضم الباء لورش وابى عمرو وحفص والثانية بالكسر لمناسبة الياء للباقين۔

«سورة النحل» قوله تعالىٰ عما يشركون فى الموضعين فيه قراء تان الاولى بالتاء على الخطاب لحمزة والكسائى والثانية بالياء على الغيبة قوله تعالىٰ ينزل الملئكة فيه قراء تان الاولى بتخفيف الزاى لابن كثير وابى عمرو والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالىٰ ينبت۔ فيه قراء تان الاولى بالنون لشعبة والثانية بالياء للباقين قوله تعالىٰ والشمس والقمر والنجوم مسخرات۔ فيه ثلث قراء ات الاولى برفع الاربعة لابن عامر والثانية بنصب الاولين ورفع الاخيرين لحفص والثالثة بنصب الاربعة للباقين قوله تعالىٰ افلا تذكرون۔ فيه قراء تان الاولى بتخفيف الذال لحفص وحمزة والكسائى والثانية الاولى بكسر النون لنافع والثانية بالفتح للباقين والكسر على حذف ياء المتكلم والاكتفاء بنون الوقاية قوله تعالىٰ تتوفهم فى الموضعين فيه قراء تان الاولى على التذكير لحمزة والثانية على التانيث للباقين قوله تعالىٰ يأتيهم۔ فيه قراء تان الاولى على التذكير لحمزة والكسائى والثانية على التانيث للباقين قوله تعالىٰ فان الله لا يهدى ۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الياء وكسر الدال لعاصم و حمزة والكسائى والثانية بضم الياء وفتح الدال للباقين فمن على هذا نائب الفاعل والعائد محذوف اى من يضله والجملة خبر لان قوله تعالىٰكن فيكون فيه قراء تان الاولى بفتح النون لابن عامر والكسائى والثانية بالرفع للباقين وقد مر فى البقرة قوله تعالىٰ يوحى اليهم۔ فيه قراء تان الاولى بالنون وكسر الحاء لحفص والثانية بالياء وفتح الحاء للباقين قوله تعالىٰ اولم يروا۔ فيه قراء تان الاولى بالتاء على الخطاب لحمزة والكسائى والثانية بالياء على الغيبة للباقين قوله تعالىٰ تفيئو۔ فيه قراء تان الاولى بالتاء على التانيث لابى عمرو والثانية على التذكير للباقين قوله تعالىٰ مفرطون۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الراء لنافع والثانية بالفتح للباقين والاول اسم فاعل من افرط اللازم اذا تجاوز والثانى اسم مفعول من افرطته قدمته قوله تعالىٰ نسقيكم۔ فيه قراء تان الاولى بفتح النون لنافع وابن عامر وشعبة والثانية بالضم للباقين قوله تعالىٰ بيوتا۔ فيه قراء تان الاولى بضم الباء لورش وابى عمرو وحفص والثانية بالكسر للباقين قوله تعالىٰ يعرشون فيه قراء تان الاولى بضم الراء لابن عامر وشعبة والثانية بالكسر للباقين وهما لغتان قوله تعالىٰ يجحدون فيه قراء تان الاولى بالتاء على الخطاب لشعبة والثانية بالياء على الغيبة للباقين قوله تعالىٰ الم يروا الى الطير۔ فيه قراء تان الاولى بالتاء على الخطاب لابن عامر وحمزة والثانية بالياء على الغيبة للباقين قوله تعالىٰ ظعنكم۔ فيه قراء تان الاولى بفتح العين لنافع وابن كثير وابى عمرو والثانية بالسكون للباقين وهما لغتان قوله تعالىٰ تذكرون فيه قراء تان الاولى بتخفيف الذال لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالىٰ ولنجزين۔ فيه قراء تان الاولى بلا نون قبل الجيم لابن كثير وعاصم وهو وجه لابن ذكوان والثانية بالياء للباقين وهو وجه اخر لابن ذكوان قوله تعالىٰ بما ينزل۔ فيه قراء تان الاولى بتخفيف الزاى لابن كثير وابى عمرو والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالىٰ روح القدس۔ فيه قراء تان الاولى بسكون الدال لابن كثير والثانية بالضم للباقين قوله تعالىٰ يلحدون۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الياء والحاء لحمزة والكسائى والثانية بضم الياء وكسر الحاء ولحد والحد لغتان قوله تعالىٰ فتنوا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الفاء والتاء على البناء للفاعل والثانية بضم الفاء وكسر التاء على البناء للمفعول قوله تعالىٰ فى ضيق۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الضاد لابن كثير والثانية بالفتح للباقين وهما لغتان۔

«سورة بنى اسرائيل» قوله تعالىٰ الا تتخذوا فى قراء تان الاولى بالياء على الغيبة لابى عمرو والثانية بالتاء على الخطاب للباقين قوله تعالىٰ ليسوا۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بنون مفتوحة بعد اللام على صيغة المتكلم للكسائى والثانية بياء مفتوحة وهمزة مفتوحة ولا مد على صيغة الواحد الغائب لابن عامر وشعبة وحمزة والثالثة بياء مفتوحة وهمزة مضمومة ومدها على صيغة الجمع الغائب للباقين والضمير على الثانية الى الله تعالىٰ وعلى الثالثة الى العباد قوله تعالىٰ ويبشر۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الياء وسكون الباء الموحدة وضم الشين مخففة لحمزة والكسائى والثانية بضم الياء وفتح الموحدة وكسر الشين مشددة للباقين قوله تعالىٰ يلقاه۔ فيه قراء تان الاولى بضم الياء وفتح اللام و تشديد القاف لابن عامر والثانية بفتح الياء وسكون اللام وتخفيف القاف للباقين قوله تعالىٰ اما يبلغن فيه قراء تان الاولى بالف بعد الغين وكسر النون مشددة لحمزة والكسائى والثانية بغير الف وفتح النون مشددة للباقين واحدهما على القراء ة الاولىٰ بدل من الف الضمير لا فاعل قوله تعالىٰ اف فيه ثلث قراء ات فى الوصل الاولىٰ بالتنوين فى الفاء مع الكسر لنافع وحفص والثانية بفتح الفاء من غير تنوين لابن كثير وابن عامر والثالثة بكسر الفاء من غير تنوين للباقين قوله تعالىٰ خطاء فيه ثلث قراء ت الاولى بكسر الخاء وفتح الطاء ومد بعدها مدا متصلا لابن كثير والثانية بفتحهما ولا مد بعد الطاء لابن ذكوان والثالثة بكسر الخاء وسكون الطاء للباقين وكلها لغات قوله تعالىٰ فلا يسرف۔ فيه قراء تان الاولى بالتاء على الخطاب لحمزة والكسائى والثانية بالياء على الغيبة للباقين قوله تعالىٰ بالقسطاس۔ فيه قراء تان الاولى بكسر القاف لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالضم للباقين وهما لغتان قوله تعالىٰ كان سيئه فيه قراء تان الاولى بفتح الهمزة وبالتاء منونة بالنصب لنافع وابن كثير وابى عمرو والثانية بضم الهمزة وبالهاء مضمومة من غير تنوين للباقين وهو على الاولى خبر كان ومكروها صفته حملا على معنى سيئا قوله تعالىٰ ليذكروا۔ فيه قراء تان الاولى بسكون الذال وضم الكاف من غير تشديد لحمزة والكسائى

www.besturdubooks.net

والثانیة بفتح الذال والکاف مع تشدیدهما للباقین قوله تعالٰی کما تقولون۔ فیه قراء تان الاولی بالغیبة لابن کثیر وحفص والثانیة بالخطاب للباقین قوله تعالٰی عما یقولون۔ فیه قراء تان الاولی بالخطاب لحمزة والکسائی والثانیة بالغیبة للباقین قوله تعالٰی تسبح له۔ فیه قراء تان الاولی بالتذکیر لنافع وابن کثیر وابن عامر وشعبة والثانیة بالتانیث للباقین قوله تعالٰی زبورا۔ فیه قراء تان الاولی بضم الزای لحمزة والثانیة بالفتح للباقین والاول مصدر والثانی اسم مفعول کالحلوب قوله تعالٰی ورجلك فیه قراء تان الاولی بکسر الجیم لحفص والثانیة بسکونها للباقین والاول مفرد والثانی اسم جمع راجل کرکب وراکب قوله تعالٰی ان یخسف۔ او یرسل۔ ان یعیدکم۔ فیرسل۔ فیغرقکم۔ فی هذه الخمسة قراء تان الاولی بالنون لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالتحتیة للباقین قوله تعالٰی خلفك فیه قراء تان الاولی بفتح الخاء وسکون اللام لنافع وابن کثیر وابی عمرو وشعبة والثانیة بکسر الخاء وفتح اللام وبعدها الف للباقین قوله تعالٰی تنزل وقوله تعالٰی حتی تنزل فیهما قراء تان الاولی بسکون النون وتخفیف الزای لابی عمرو والثانیة بفتح النون و تشدید الزای للباقین قوله تعالٰی ونائی۔ فیه قراء تان الاولی بالف ممدودة بعد النون وتاخیر الهمزة لابن ذکوان والثانیة بهمزة بعد النون والف بعدها والثانی بمعنی بعد والاول قیل مقلوب الثانی وقیل بمعنی نهض قوله تعالٰی حتی تفجر فیه قراء تان الاولی بفتح التاء وسکون الفاء وضم الجیم مخففة لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بضم التاء وفتح الفاء وکسر الجیم مشددة للباقین قوله تعالٰی کسفا فیه قراء تان الاولی بفتح السین لنافع وابن عامر وعاصم والثانیة بسکونها للباقین وهو مخفف من المفتوح کسدر وسدر قوله تعالٰی قل سبحان۔ فیه قراء تان الاولی بصیغة الماضی لابن کثیر وابن عامر والثانیة بصیغة الامر للباقین قوله تعالٰی فسئل۔ فیه قراء تان الاولی بفتح السین ولا همزة بعدها لابن کثیر والکسائی والثانیة بسکون السین وهمزة مفتوحة بعدها للباقین قوله تعالٰی لقد علمت فیه قراء تان الاولی بضم التاء للکسائی والثانیة بفتحها للباقین۔

﴿سُوْرَةُ الْكَهْفِ﴾ قوله تعالٰی یبشر فیه قراء تان الاولی بفتح التحتیة وسکون الموحدة وضم الشین مخففة لحمزة والکسائی والثانیة بضم التحتیة وفتح الموحدة وکسر الشین مشددة للباقین قوله تعالٰی مرفقا۔ فیه قراء تان الاولی بفتح المیم وکسر الفاء لنافع وابن عامر والثانیة بکسر المیم وفتح الفاء ولا فرق بینهما معنی علی ما حکاه الزجاج وثعلب قوله تعالٰی تزاور۔ فیه ثلث قراء ات الاولی بتشدید الزای وتخفیف الراء لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة بسکون الزای ولا الف بعدها تشدید الراء علی وز تحمر لابن عامر والثانیة بتخفیف الزای والراء للباقین قوله تعالٰی تحسبهم فیه قراء تان الاولی بفتح السین لابن عامر وعاصم وحمزة والثانیة بکسرها للباقین قوله تعالٰی ولملئت فیه قراء تان الاولی بتشدید اللام بعد المیم لنافع وابن کثیر والثانیة بتخفیفها للباقین قوله تعالٰی رعبا۔ فیه قراء تان الاولی بضم العین لابن عامر والکسائی والثانیة بسکونها للباقین قوله تعالٰی بورقکم فیه قراء تان الاولی بسکون الراء لابی عمرو وشعبة وحمزة والثانیة بکسرها للباقین قوله تعالٰی ثلث مائة سنین فیه قراء تان الاولی بغیر تنوین فی الوصل لحمزة والکسائی والثانیة بالتنوین للباقین والاولی علی الاضافة والثانیة علی البدلیة قوله تعالٰی ولا یشرك فیه قراء تان الاولی بالمثناة فوق قبل الشین وجزم الکاف لابن عامر والثانیة بالتحتیة ورفع الکاف للباقین قوله تعالٰی بالغدوة فیه قراء تان الاولی بضم الغین المعجمة وسکون الدال وبعدها واو مفتوحة لابن عامر والثانیة بفتح الغین والدال والالف بعدها للباقین قوله تعالٰی اکلها۔ فیه قراء تان الاولی بسکون الکاف لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة بضمها للباقین قوله تعالٰی ثمر وقوله تعالٰی ثمره فیهما ثلث قراء ات الاولی بسکون المیم بعد ضم الثاء المثلثة لابی عمرو والثانیة بفتح الثاء المثلثة والمیم لعاصم والثالثة بضم الثاء والمیم للباقین والاولی تخفیف الثالثة والثالثة جمع ثمار وهو جمع ثمر فی الاولی قوله تعالٰی خیرا منها فیه قراء تان الاولی بغیر میم بعد الهاء علی التوحید لابی عمرو والکوفیین اعنی عاصما وحمزة والکسائی والثانیة بالمیم علی التثنیة للباقین والمرجع علی الاول جنة وعلی الثانی جنتین قوله تعالٰی لکنا هو الله۔ فیه قراء تان وصلا الاولی باثبات الالف بعد النون لابن عامر والثانیة بحذفها للباقین والاول اتباع للمرسوم والثانیة علی ان اصله لکن انا بتقدیر القول قوله تعالٰی ولم یکن له فیه قراء تان الاولی بالتحتیة علی التذکیر لحمزة والکسائی والثانیة بالفوقیة علی التانیث للباقین قوله تعالٰی الولایة۔ فیه قراء تان الاولی بکسر الواو لحمزة والکسائی والثانیة بفتحها للباقین قیل هما بمعنی واحد وقال الزمخشری هی بالفتح النصرة وبالکسر السلطان قوله تعالٰی عقبا۔ فیه قراء تان الاولی بسکون القاف لعاصم وحمزة والثانیة بالضم للباقین والمعنی واحد قوله تعالٰی تذروه الریح۔ فیه قراء تان الاولی بالتوحید لحمزة والکسائی والثانیة بالجمع للباقین قوله تعالٰی نسیر الجبال۔ فیه قراء تان الاولی بضم التاء الفوقانیة وفتح الیاء التحتیة بعد السین ورفع الجبال لابن کثیر وابی عمرو وابن عامر والثانیة بالنون المضمومة وکسر الیاء التحتیة بعد السین ونصب الجبال قوله تعالٰی ویوم یقول۔ فیه قراء تان الاولی بالنون لحمزة والثانیة بالیاء للباقین قوله تعالٰی قبلا۔ فیه قراء تان الاولی بضم القاف والباء الموحدة للکوفیین اعنی عاصما وحمزة والکسائی والثانیة بکسر القاف وفتح الموحدة للباقین والاول جمع قبیل وهو النوع او هو بمعنی الثانی اعنی عیانا ومقابلة قوله تعالٰی لمهلکهم فیه ثلث قراء ات الاولی بفتح المیم واللام لشعبة والثانیة بفتح المیم وکسر اللام لحفص والثالثة بضم المیم وفتح اللام للباقین وکلها مصادر قوله تعالٰی وما انسانیه فیه قراء تان الاولی بضم الهاء لحفص والثانیة بکسر الهاء للباقین قوله تعالٰی نبغ۔ فیه ثلث قراء ت الاولی باثبات الیاء وصلا لا وقفا لنافع وابن عمرو والکسائی والثانیة باثبات الیاء وصلا ووقفا لابن کثیر والثالثة بالحذف وقفاً ووصلا وهذا الحذف للتخفیف قوله تعالٰی تعلمنی۔ فیه ثلث قراء ت الاولی اثبات الیا وصلا لا وقفا لنافع وابی عمرو والثانیة اثبات الیاء وقفا ووصلا لابن کثیر والثالثة بالحذف وقفا ووصلا للباقین قوله تعالٰی مما علمت رشدا فیه قراء تان الاولی بفتح اللام وتشدید النون لنافع وابن عامر والثانیة بسکون اللام وتخفیف النون للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی لتغرق اهلها۔ فیه قراء تان الاولی بالیاء التحتیة مفتوحة وفتح الراء ورفع اللام لحمزة والکسائی والثانیة بالتاء الفوقیة مضمومة وکسر الراء ونصب لام اهلها للباقین قوله تعالٰی زکیة فیه قراء تان الاولی بالالف بعد الزای وتخفیف الیاء التحتیة لنافع وابن ذکوان وشعبة والثانیة بسکونها للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی من لدنی۔فیه قراء تان الاولی بضم الدال وتخفیف النون وقرا وشعبة کذلك الا انه یشم الدال فتصیر ساکنة قریبة من الضم والثانیة بضم الدال وتشدید النون للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی لتخذت فیه قراء تان الاولی بتخفیف التاء بعد اللام وکسر الخاء لابن کثیر وابی

www.besturdubooks.net

عمرو والثانية بتشديد التاء وفتح الخاء للباقين واظهر الذال عند التاء ابن كثير وحفص وادغمها الباقون قوله تعالى ان يبدلهما۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الباء الموحدة وتشديد الدال لنافع وابى عمرو والثانية بسكون الموحدة وتخفيف الدال للباقين قوله تعالى رحما۔ فيه قراء تان الاولى بضم الهاء لابن عامر والثانية بالسكون للباقين۔ قوله تعالى فاتبع ثم اتبع في الثلاثة فيه قراء تان الاولى بتشديد التاء الفوقية ووصل الهمزة قبل الفوقية لنافع وابن كثير وابى عمرو والثانية بقطع الهمزة وسكون التاء الفوقية للباقين قوله تعالى حامية۔ فيه قراء تان الاولى بالف بعد الحاء وياء مفتوحة بعد الميم لشعبة وحمزة والكسائي وابن عامر والثانية بغير الف بعد الهاء وبعد الميم همزة مفتوحة للباقين قوله تعالى جزاء الحسنى۔ فيه قراء تان الاولى بنصب الهمزة بعد الزاى منونة وتكسر في الوصل لالتقاء الساكنين لحفص وحمزة والكسائي والثانية برفع الهمزة من غير تنوين للباقين قوله تعالى بين السدين۔ فيه قراء تان الاولى بفتح السين لابن كثير وابى عمرو وحفص والثانية بالضم للباقين قوله تعالى يفقهون فيه قراء تان الاولى بضم اليا و كسر القاف لحمزة والكسائي والثانية بفتحهما للباقين قوله تعالى يا جوج وماجوج فيه قراء تان الاولى بهمزة ساكنة بعد الياء والميم لعاصم والثانية بالالف للباقين قوله تعالى خرجًا فيه قراء تان الاولى بفتح الراء والف بعدها لحمزة والكسائي والثانية بسكون الراء الا الف بعدها قوله تعالى سدا فيه قراء تان الاولى بضم السين لنافع وابن عامر وشعبة والثانية بالفتح للباقين قوله تعالى ما مكني فيه قراء تان الاولى بنون مفتوحة بعد الكاف و بعدها نون مكسورة لابن كثير والثانية بنون واحدة مكسورة مشددة على ادغام احد النونين في الاخرى للباقين قوله تعالى ردما اتوني زبر فيه قراء تان الاولى بهمزة الوصل لشعبة والثانية بهمزة القطع للباقين وعلى الاولى بحذف همزة الوصل وتكون الهمزة التي هي فاء ساكنة والتنوين قبلها مكسورا في حال الوصل وتكون الهمزة مكسورة و بعدها ياء مقلوبة من الهمزة الساكنة في ايتوني في حالة الابتداء وعلى الثانية تكون الهمزة مفتوحة ممدودة وصلا وابتداء قوله تعالى قال اتوني۔ فيه قراء تان الاولى بهمزة والوصل لشعبة وحمزة والثانية بهمزة القطع للباقين واحكام الوصل والقطع كما مر انفا الا التنوين قبل الهمزة قوله تعالى بين الصدفين۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بضم الصاد والدال لابن كثير وابى عمرو وابن عامر والثانية بضم الصاد وسكون الدال لشعبة والثالثة بفتح الصاد والدال للباقين وكلها لغات قوله تعالى فما اسطاعوا فيه قراء تان الاولى بتشديد الطاء بادغام التاء في الطاء لحمزة والثانية بالتخفيف بحذف تاء الافتعال حذرا عن تلاقي المتقاربين مخرجا للباقين وفي الاولى جمع بين الساكنين على غير حده وجوزه جماعة قوله تعالى دكاء۔ فيه قراء تان الاولى بهمزة مفتوحة بعد الكاف والالف للكوفين اعني عاصما وحمزة والكسائي والثانية بالتنوين بغير همزة بعد الكاف للباقين قوله تعالى يحسبون۔ فيه قراء تان الاولى بفتح السين لابن عامر وعاصم وحمزة والثانية بالكسر للباقين قوله تعالى قبل ان تنفد۔ فيه قراء تان الاولى بالياء التحتية على التذكير لحمزة والكسائي والثانية بالفوقية على التانيث للباقين۔

﴿سورة مريم﴾ قوله تعالى يرثني ويرث۔ فيه قراء تان الاولى بجز من الفاء المعلقة فيهما لابى عمرو والكسائي والثانية بالرفع فيهما للباقين والجزم على انه جواب الدعاء قوله تعالى انا نبشرك فيه قراء تان الاولى بفتح النون وسكون الباء الموحدة وضم الشين مخففة لحمزة والثانية بضم النون وفتح الموحدة وكسر الشين مشددة للباقين قوله تعالى عتيا۔ في قراء تان الاولى بكسر العين لحفص وحمزة والكسائي والثانية بضمها للباقين والضم هو الاصل والكسر اتباع لما بعدها۔ قوله تعالى وقد خلقتك۔ فيه قراء تان الاولى بعد القاف بنون بعدها الف لحمزة والكسائي والثانية بعد القاف بتاء مضمومة للباقين قوله تعالى لاهب۔ فيه قراء تان الاولى ليهب لك بالياء لورش وابى عمرو و قالون بخلاف عنه والثانية بالهمزة للباقين۔ قوله تعالى مت۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الميم لنافع وحفص وحمزة والكسائي والثانية بالضم للباقين والاول من مات يمات كخاف يخاف والثاني من مات يموت كقال يقول۔ قوله تعالى نسيا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح النون لحفص وحمزة والثانية بالكسر وهما لغتان كالوتر والوتر قوله تعالى من تحتها۔ فيه قراء تان الاولى بكسر من وجر التاء من تحتها لنافع وحفص وحمزة والكسائي والثانية بفتح من ونصب تحتها للباقين فالفاعل لناذى على الاول هو الضمير المستتر فيه وعلى الثاني هو من الموصولة قوله تعالى تساقط۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بفتح التاء والسين مخففة وفتح القاف لحمزة والثانية بضم التاء وفتح السين مخففة وكسر القاف لحفص والثالثة بفتح التاء وتشديد السين وفتح القاف للباقين والاول والاخير من التساقط مع حذف احدى التائين في الاول وادغامها في السين في الاخير والثاني من المفاعلة بمعنى الاسقاط ونصب رطبا على الثاني على المفعولية وعلى الطرفين التميز قوله تعالى قول الحق۔ فيه قراء تان الاولى بنصب النون لابن عامر والثانية بالرفع للباقين قوله تعالى وان الله۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الهمزة لابن عامر والكوفيين اعني عاصما وحمزة والكسائي والثانية بالفتح للباقين والكسر على انه عطف على اني عبدالله والفتح على انه خبر لمبتدأ اى الامر ان الله قوله تعالى ابراهيم في المواضع الثلثة فيه قراء تان ابراهام بالالف بعد الهاء لهشام والثانية بالياء للباقين قوله تعالى يا ابت في المواضع كلها من هذه السورة فيه قراء تان الاولى بفتح التاء لابن عامر والثانية بالكسر للباقين والاول على حذف الالف قوله تعالى مخلصًا فيه قراء تان الاولى بفتح اللام لعاصم و حمزة والكسائي والثانية بالكسر للباقين قوله تعالى وبكيا۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الباء لحمزة والكسائي والثانية بالضم للباقين اصله بكوى فالضم هو الاصل والكسر على الاتباع قوله تعالى يدخلون الجنة۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الياء وضم الخاء لنافع وابن عامر وحفص وحمزة والكسائي والثانية بضم الياء وفتح الخاء للباقين قوله تعالى يذكر الانسان فيه قراء تان الاولى بسكون الذال وضم الكاف مخففة لنافع وابن عامر وعاصم والثانية بفتح الذال مشددة وكذا الكاف للباقين قوله تعالى جثيا۔ فيه قراء تان الأولى بكسر الجيم لحفص وحمزة والكسائي والثانية بضمها للباقين قوله تعالى صليا۔ فيه ما في جثيا قوله تعالى ننجي۔ فيه قراء تان الاولى بسكون النون الثانية وتخفيف الجيم للكسائي والثانية بفتح النون الثانية وتشديد الجيم للباقين قوله تعالى مقاما۔ فيه قراء تان الاولى بضم الميم لابن كثير والثانية بالفتح ومعنى الاول موضع الاقامة والثاني موضع القيام قوله تعالى رئيا۔ فيه قراء تان الاولى بابدال الهمزة ياء وادغامها في الياء لقالون وابن ذكوان والثانية باثبات الهمزة للباقين قوله تعالى ولدا في جميع السورة۔ فيه قراء تان الاولى بضم الواو وسكون اللام لحمزة والكسائي والثانية

www.besturdubooks.net

بفتحهما للباقين قوله تعالٰى يكاد۔ فيه قراء تان الاولى بالياء على التذكير لنافع والكسائي والثانية بالتاء على التانيث للباقين قوله تعالٰى يتفطرن۔ فيه قراء تان الاولى بعد الياء بنون ساكنة وكسر الطاء مخففة لابى عمر وشعبة وحمزة وابن عامر والثانية بعد الياء بتاء مفتوحة وفتح الطاء مشددة للباقين قوله تعالٰى لتبشر۔ فيه قراء تان الاولى بفتح التاء وسكون الباء الموحدة وضم الشين مخففة لحمزة والثانية بضم التاء وفتح الباء الموحدة وكسر الشين مشددة للباقين۔

﴿سُورَةُ طٰهٰ﴾ قوله تعالٰى انى انا ربك۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الحمزة من انى لابن كثير وابى عمرو والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰى طوى۔ فيه قراء تان الاولى بغير تنوين لنافع وابن كثير وابى عمرو والثانية بتنوين للباقين والمؤمنون يأوله بمكان وغير المنون ببقعة قوله تعالٰى وانا اخترتك۔ في قراء تان الاولى بكسر الهمزة وبتشديد النون من انا واخترناك بنون بعدها الف بلفظ الجمع لحمزة والثانية وانا اخترتك بلفظ الواحد قوله تعالٰى اخى اشدد به ازرى واشركه فيه قراء تان الاولى بهمزة مفتوحة من اشدد بهمزة مضمومة من اشركه على انهما صيغة متكلم لابن عامر والثانية بهمزة وصل من اشدد وفتح الهمزة من اشركه على انهما صيغة امر والفتح على تقدير حرف الجراى بانى او على تقدير العلم اى اعلم انى قوله تعالٰى مهدا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الميم وسكون الهاء من غير الف لعاصم وحمزة والكسائي والثانية بكسر الميم وفتح الهاء والف بعدها للباقين قوله تعالٰى مكانا سوى فيه قراء تان الاولى بضم السين لابن عامر وعاصم وحمزة والثانية بكسرها للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى فيسحتكم فيه قراء تان الاولى بضم الياء وكسر الحاء لحفص وحمزة والكسائي والثانية بفتحهما للباقين والاول لغة نجد وتميم والثانى لغة اهل الحجاز قوله تعالٰى ان هذان۔ فيه اربع قراء ات الاولى بسكون النون من ان والالف في هذان مع تخفيف النون لحفص والثانية بسكون النون من ان وبالالف من هذان مع تشديد النون لابن كثير والثالثة ان هذين بتشديد النون من ان وبالياء بعد الذال من هذين لابى عمرو والرابعة بتشديد النون من ان وبالف من هذان مع تخفيف النون للباقين والاول على كون ان مخففة اهملت عن العمل واللام فارقة او كون ان نافية واللام بمعنى الا والثانى على كون ان مخففة وكون التشديد على خلاف القياس والثالث ظاهر وجهه واستشكل الرابع واجود تخريجاته ان ان ناصبة وهذان اسمها واللام لام الابتداء وساحران خبرها ومجيئ اسم الاشارة بالالف مع انه منصوب جار على لغة بعض العرب من اجراء المثنى بالالف دائما وهى لغة لكنانة ولبنى الحرث خثعم وزبيد ولبنى العنبر وبنى الهجيم ومراد وعذرة وقال ابن الحاجب ان هذان مبنى وان قول الاكثرين هذين جرا ونصبا ليس اعرابا ايضًا وانما هو لغة مستقلة ايضا قوله تعالٰى فاجمعوا فيه قراء تان الاولى بوصل الهمزة بين الفاء والجيم وفتح الميم لابى وعمرو والثانية بهمزة مقطوعة وكسر الميم للباقين قوله تعالٰى يخيل۔ فيه قراء تان الاولى بالتاء الفوقية على التانيث لابن ذكوان والثانية بالياء التحتية للباقين قوله تعالٰى تلقف۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بسكون اللام وتخفيف القاف وجزم الفاء لحفص والثانية بفتح اللام وتشديد القاف ورفع الفاء البن ذكون والثالثة بفتح اللام وتشديد القاف وجزم الفاء للباقين والرفع على كون الجملة مستانفة قوله تعالٰى كيد ساحر۔ فيه قراء تان الاولى بكسر السين وسكون الحاء لحمزة والكسائي والثانية بفتح السين وكسر الحاء والف بينهما للباقين قوله تعالٰى ان اسر۔ فيه قراء تان الاولى بكسر النون وهمزة وصل بعدها لنافع وابن كثير والثانية بسكون النون وهمزة قطع بعدها للباقين قوله تعالٰى لا تخف۔ فيه قراء تان الاولى بجزم الفاء ولا الف بينها وبين الخاء لحمزة والثانية برفع الفاء والف بينها وبين الخاء للباقين والاول على انه جواب الامر اعنى اسرو الثانى على انه حال ثم على الجزم قوله تعالٰى لا تخشى استيناف اى وانت لا تخشى قوله تعالٰى قد انجينكم وواعدناكم ما رزقناكم۔ فيها قراء تان الاولى بتاء مضمومة بعد التحتية وبعد الدال وبعد القاف لحمزة والكسائي والثانية بالنون والف بعدها في الثلثة للباقين واسقط ابو عمرو والالف قبل العين من وعدناكم والبتها لاباقون۔ قوله تعالٰى فيحل۔ فيه قراء تان الاولى بضم الحاء للكسائي والثانية بكسرها للباقين وكذا قوله تعالٰى ومن يحلل ضم اللام الاولى الكسائي وكسرها غيره وهو بالكسر بمعنى يجب و بالضم بمعنى ينزل قوله تعالٰى بملكنا فيه ثلث قراء ات الاولى بفتح الميم لنافع وعاصم والثانية بضمها لحمزة والكسائي والثالثة بكسرها للباقين وكلها لغات معناها واحد قوله تعالٰى حملنا فيه قراء تان الاولى بضم الحاء وكسر الميم مشددة لنافع وابن كثير وابن عامر وحفص والثالثة بفتح الحاء والميم مخففة للباقين قوله تعالٰى لا تتبعن۔ فيه ثلث قراء ات الاولى اثبات الياء بعد النون وقفًا ووصلًا لابن كثير والثانية اثباتها وصلا لا وقفا لنافع وابى عمرو والثالثة حذفها وقفا ووصلا للباقين قوله تعالٰى يبنؤم فيه قراء تان الاولى بفتح الميم لنافع وابن كثير وابى عمرو وحفص والثانية بكسرها للباقين وكان اصل الاول اما والثانى امى۔ قوله تعالٰى بما لم يبصروا۔ فيه قراء تان الاولى بالتاء على الخطاب لحمزة والثانية بالياء على الغيبة للباقين۔ قوله تعالٰى لن تخلفه۔ فيه قراء تان الاولى بكسر اللام لابن كثير وابى عمر والثانية بفتحها للباقين والاول من اخلفت الموعد اذا وجدته خلفا ومعنى الثانى لن يخلفك الله تعالٰى ذلك الوعد قوله تعالٰى ينفخ فيه قراء تان الاولى بنونين الاولى مفتوحة وضم الفاء لابى عمرو والثانية بياء مضمومة وفتح الفاء للباقين قوله تعالٰى فلا يخاف۔ فيه قراء تان الاولى بجزم الفاء ولا الف بعد الخاء لابن كثير والثانية برفعها والف بعد الخاء والاول نهى قوله تعالٰى وانك لا تظمؤ فيه قراء تان الاولى بكسر الهمزة من انك لنافع وشعبة والثانية بفتحها للباقين وهو فى الاول معطوف على ان لك وفى الثانى على ان لا تجوع قوله تعالٰى اولم تاتهم۔ فيه قراء تان الاولى بالفوقية على التانيث لنافع وابى عمرو وحفص والثانية بالتحتية على التذكير للباقين۔

﴿سُورَةُ الْاَنْبِيَاءِ﴾ قوله تعالٰى قل ربى۔ فيه قراء تان الاولى قال بصيغة الماضى لحفص وحمزة والكسائي والثانية قل بصيغة الامر للباقين قوله تعالٰى نوحى اليهم فيه قراء تان الاولى بالنون مضمومة وكسر الحاء لحفص والثانية بالياء مضمومة وفتح الياء للباقين قوله تعالٰى فسئلوا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح السين ولا همزة بعدها لابن كثير والكسائي وكذا يفعل حمزة في الوقف والثانية بسكون السين وهمزة مفتوحة بعدها للباقين قوله تعالٰى يوحى اليه۔ فيه قراء تان كما في يوحى اليهم الاولى لحفص وحمزة والكسائي والثانية للباقين قوله تعالٰى اولم ير۔ فيه قراء تان الاولى الم بغير واو بين الهمزة واللام لابن كثير والثانية اولم بالواو بينهما للباقين قوله تعالٰى افائن مت فيه قراء تان الاولى بكسر الميم لنافع وحفص وحمزة والكسائي والثانية بالضم للباقين قوله تعالٰى هزوا۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بضم

www.besturdubooks.net

الزای وبعدها واو لحفص والثانية بسكون الزای والهمزة لحمزة والثالثة بضم الزای وهمزة منصوبة للباقين هذا فی الوصل واما الوقف فحمزة يقف بالواو وغيره لا يفرق بينه وبين الوصل قوله تعالٰی ولا تسمع الصم فيه قراء تان الاولی بالتاء الفوقية مضمومة وكسر الميم ونصب ميم الصم لابن عامر والثانية بالياء التحتية مفتوحة وفتح الميم ورفع ميم الصم للباقين قوله تعالٰی وان كان مثقال فيه قراء تان الاولی برفع اللام لنافع والثانية بالنصب للباقين قوله تعالٰی ضياءً۔ فيه قراء تان الاولی بهمزة بعد الضاد لقنبل والثانية بالياء للباقين قوله تعالٰی جذاذا۔ فيه قراء تان الاولی بكسر الجيم للكسائی والثانية بالضم للباقين وهما لغتان قوله تعالٰی فسئلوهم فيه ما تقدم فی فسئلوا قوله تعالٰی اف۔ فيه ما تقدم فی بنی اسرائيل قوله تعالٰی لتحصنكم۔ فيه ثلث قراء ت الاولی بالنون لشعبة والثانية بالفوقية لابن عامر وحفص والثالثة بالتحتية والتذكير للفظ اللبوس والتانيث بتاويل الدرع قوله تعالٰی ننجی۔ فيه قراء تان الاولی بنون واحدة مضمومة وتشديد الجيم لابن عامر وابی بكر والثالثة بنونين الثانية ساكنة للباقين قوله تعالٰی زكريا۔ فيه قراء تان الاولی بغير همز لحفص وحمزة والكسائی والثانية بالهمزة للباقين قوله تعالٰی و حرام۔ فيه قراء تان الاولی بكسر الحاء و سكون الراء من غير الف لشعبتو حمزة والكسائی والثانية بفتح الحاء والراء والف بعدها وهما بمعنی واحد كحلال وحل قوله تعالٰی فتحت فيه قراء تان الاولی بتشديد التاء الاولی لابن عامر والثانية بالتخفيف للباقين قوله تعالٰی ياجوج وماجوج فيه ما تقدم فی الكهف قوله تعالٰی للكتب۔ فيه قراء تان الاولی بالجمع لحفص وحمزة والكسائی والثانية بالافراد للباقين قوله تعالٰی الزبور۔ فيه ما تقدم فی بنی اسرائيل قوله تعالٰی قال رب۔ فيه قراء تان الاولی بصيغة الماضی لحفص والثانية بصيغة الامر للباقين۔

﴿سورۃ الحج﴾ قوله تعالٰی سكری وما هم بسكری۔ فيه قراء تان الاولی بفتح السين وسكون الكاف فيهما لحمزة والكسائی والثانية بضم السين وفتح الكاف وبعد الكاف الف للباقين قوله تعالٰی ليضل۔فيه قراء تان الاولی بفتح الياء لابن كثير وابی عمرو والثانية بالضم للباقين قوله تعالٰی ثم ليقطع فيه قراء تان الاولی بسكر اللام لورش وابی عمرو وابن عامر والثانية بسكونها للباقين والسكون علی تشبيه ثم بالواو والفاء والكسر علی الاصل قوله تعالٰی والصابئين۔ فيه قراء تان الاولی بالياء التحتية بعد الباء الموحدة لنافع والثانية بهمزة مكسورة بعد الباء الموحدة قوله تعالٰی هذان۔ فيه قراء تان الاولی بتشديد النون لابن كثير والثانية بالتخفيف قوله تعالٰی سواء فيه قراء تان الاولی بالنصب لحفص والثانية بالرفع للباقين والنصب علی انه مفعول ثان لجعلنا والرفع علی انه خبر والعاكف مبتدأ قوله تعالٰی والباد۔ فيه ثلث قراء ات الاولی باثبات الياء بعد الدال وصلا لاوقفا لورش وابی عمرو والثانية باثباتها وقفا ووصلا لابن كثير والثالثة بحذفها وصلا ووقفا للباقين قوله تعالٰی ثم ليقضوا۔ فيه ما تقدم فی ليقطع الا ان قنبلا ايضا يكسرها قوله تعالٰی ليوفوا وليطوفوا فيه قراء تان الاولی بكسر اللام فيهما لابن ذكوان والثانية باسكانها للباقين وفتح ابوبكر الواو من وليوفوا وشدا لفاء۔ قوله تعالٰی فتخطفه۔ فيه قراء تان الاولی بفتح الخاء وتشديد الطاء لنافع والثانية باسكان الخاء وتخفيف الطاء للباقين قوله تعالٰی منسكا۔ فيه قراء تان الاولی بكسر السين لحمزة والكسائی والثانية بالفتح للباقين وهما لغتان علی ما قال الازهری قوله تعالٰی ان الله يدافع فيه قراء تان الاولی بفتح الياء وسكون الدال وفتح الفاء لابن كثير وابی عمرو والثانية بضم الياء وفتح الدال وبعدها الف وكسر الفاء للباقين قوله تعالٰی اذن۔ فيه قراء تان الاولی بضم الهمزة لنافع وابی عمرو وعاصم والثانية بفتحها للباقين علی ان الفاعل هو الله تعالٰی۔ قوله تعالٰی يقاتلون فيه قراء تان الاولی بفتح التاء الفوقية لنافع وابن عامر وحفص والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰی ولولا دفع فيه قراء تان الاولی بكسر الدال وفتح الفاء والف بعدها لنافع والثانية بفتح الدال وسكون الفاء للباقين۔ قوله تعالٰی لهدمت فيه قراء تان الاولی بتخفيف الدال لنافع وابن كثير والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالٰی اهلكنا فيه قراء تان الاولی علی صيغة الواحدة لابی عمرو والثانية علی صيغة الجمع للباقين قوله تعالٰی مما تعدون فيه قراء تان الاولی علی الغيبة لابن كثير وحمزة والكسائی والثانية علی الخطاب للباقين قوله تعالٰی معجزين فيه قراء تان الاولی من التفعيل لابن كثير وابی عمرو والثانية من المفاعلة للباقين قوله تعالٰی ثم قتلوا فيه قراء تان الاولی بالتشديد لابن عامر والثانية بالتخفيف للباقين قوله تعالٰی مدخلا۔ فيه قراء تان الاولی بفتح الميم لنافع والثانية بالضم للباقين قوله تعالٰی وان ما تدعون فيه قراء تان الاولی علی الخطاب لنافع وابن كثير وابن عامر وشعبة والثانية علی الغيبة للباقين قوله تعالٰی منسكا ذكر قريبا قوله تعالٰی ما لم ينزل قيل قراء تان الاولی من الافعال لابن كثير وابی عمرو والثانية من التفعيل للباقين قوله تعالٰی ترجع الامور۔ فيه قراء تان الاولی بفتح التاء وكسر الجيم لابن عامر وحمزة والكسائی والثانية بضم التاء وفتح الجيم للباقين۔

﴿سورۃ المؤمنون﴾ قوله تعالٰی لامانتهم۔ فيه قراء تان الاولی علی الافراد لابن كثير والثانية علی الجمع للباقين قوله تعالٰی صلوتهم فيه قراء تان الاولی علی التوحيد لحمزة والكسائی والثانية علی الجمع للباقين قوله تعالٰی عظما والعظم فيه قراء تان الاولی بالتوحيد لابن عامر وابی بكر والثانية بالجمع للباقين قوله تعالٰی سيناء فيه قراء تان الاولی بكسر السين لنافع وابن كثير وابی عمرو والثانية بالفتح للباقين والكسر لغة بنی كنانة والفتح لغة جمهور العرب قوله تعالٰی تنبت فيه قراء تان الاولی من الافعال لابن كثير وابی عمروا ولثانية من نصر للباقين قوله تعالٰی نسقيكم فيه ما تقدم فی النحل قوله تعالٰی من اله غيره فيه الموضعين فيه ما تقدم فی الاعراف قوله تعالٰی من كل زوجين فيه ما تقدم فی هود قوله تعالٰی متم فيه ما تقدم فی مريم من قوله تعالٰی يليتنی مت قوله تعالٰی رسلنا فيه ما فی الاعراف من قوله تعالٰی حتی اذا جاء تهم رسلنا قوله تعالٰی تترا۔ فيه قراء تان الاولی بتنوين الراء فی الوصل لابن كثير وابی عمرو والثانية بلا تنوين للباقين والتاء الاولی بدل من الواو كما فی تراث وعلی القراة الثانية الفه للتانيث كالف دعوی و ذكری وهو مصدر فی موضع الحال قوله تعالٰی ربوة فيه قراء تان الاولی بفتح الراء لابن عامر وعاصم والثانية بضمها للباقين وهما لغتان قوله تعالٰی وان هذه فيه ثلث قراء ات الاولی بكسر الهمزة وتشديد النون لعاصم وحمزة والكسائی والثانية بالفتح والتخفيف لابن عامر والثالثة بالفتح والتشديد للباقين و توجيه الثالثة تقديرا علموا والثانية مخففة من الثالثة قوله تعالٰی ايحسبون فيه قراء تان الاولی بفتح السين لابن عامر وعاصم وحمزة والثانية بكسرها للباقين قوله تعالٰی تهجرون۔ فيه قراء تان الاولی من الافعال لنافع والثانية من نصر للباقين واللغتان بمعنی قوله تعالٰی ام تسالهم خرجا۔ فيه قراء تان الاولی بفتح الراء وبعدها الف لحمزة والكسائی والثانية بسكون الراء للباقين قوله تعالٰی فخرج فيه قراء تان الاولی بسكون الراء لابن

www.besturdubooks.net

عامر والثانية بفتحها والف بعدها للباقين قوله تعالى افلا تذكرون۔ فيه قراء تان الاولى بتخفيف الذال لحفص وحمزة والكسائي والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالى سيقولون لله۔ في الموضعين الاخيرين فيهما قراء تان الاولى بالف وصل تبتدأ بالفتح ورفع اللام لابي عمرو والثانية باللام والخفض للباقين ولم يختلف في الاول والقرأة باللام على المعنى قوله تعالى عالم الغيب فيه قراء تان الاولى برفع الميم لنافع وشعبة وحمزة والكسائي على انه خبر مبتدأ محذوف اى هو والثانية بالخفض للباقين قوله تعالى شقوتنا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الشين والقاف وبعد القاف الف لحمزة والكسائي والثانية بكسر الشين وسكون القاف للباقين وكلاهما مصدر قوله تعالى سخريا۔ فيه قراتان الاولى بضم السين لنافع وحمزة والكسائي والثانية بالكسر للباقين ومعناهما واحد قوله تعالى انهم هم الفائزون فيه قراء تان الاولى بكسر الهمزة لحمزة والكسائي والثانية بالفتح للباقين والكسر على الاستيناف والفتح على انه مفعول ثان لجزيت قوله تعالى قال كم لبثتم فيه قراء تان الاولى على صيغة الامر لابن كثير و حمزة والكسائي والثانية على صيغة الماضي للباقين قوله تعالى فسئل العادين۔ فيه ما تقدم في اول سورة الانبياء قوله تعالى قال ان لبثتم۔ فيه ما في كم لبثتم الا ان ابن كثير فيه مع الجمهور قوله تعالى لا ترجعون۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الفوقية وكسر الجيم لحمزة والكسائي والثانية بالضم والفتح للباقين۔

﴿سورة النور﴾ قوله تعالى فرضناها۔ فيه قراء تان الاولى بتشديد الراء لابن كثير وابي عمرو والثانية بالتخفيف للباقين قوله تعالى تذكرون۔ في الموضعين فيه قراء تان الاولى بتخفيف الذال لحفص وحمزة والكسائي والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالى رأفة فيه قراء تان الاولى بفتح الهمزة لابن كثير والثانية بسكونها للباقين وهما لغتان۔ قوله تعالى يرمون المحصنات في الموضعين فيهما قراء تان الاولى بكسر الصاد للكسائي والثانية بالفتح للباقين قوله تعالى اربع شهادات الاول فيه قراء تان الاولى برفع العين لحفص وحمزة والكسائي والثانية بالنصب للباقين والرفع على الخبرية عن الاربع والنصب على المصدرية والخبر محذوف اى واجبة۔ قوله تعالى ان لعنت الله فيه قراء تان الاولى بتخفيف ان ساكنة ورفع لعنة لنافع والثانية بتشديد النون منصوبة ونصب لعنت للباقين۔ قوله تعالى والخامسة الاخير فيه قراء تان الاولى بالنصب لحفص والثانية بالرفع للباقين والنصب على العطف على اربع والرفع على الابتداء قوله تعالى ان غضب الله فيه قراء تان الاولى بتخفيف النون ساكنة وكسر الضاد ورفع الهاء من الاسم الجليل لنافع والثانية بتشديد النون مفتوحة وفتح الضاد وخفض الهاء للباقين۔ قوله تعالى لا تحسبوه وتحسبونه هينا فيهما قراء تان الاولى بفتح السين لابن عامر وحفص وحمزة والثانية بالكسر للباقين قوله تعالى رؤف فيه قراء تان الاولى بمد الهمزة لنافع وابن كثير وابن عامر وحفص والثانية بقصرها للباقين۔ قوله تعالى خطوات في الموضعين فيه قراء تان الاولى بضم التاء لقنبل وابن عامر وحفص والكسائي والثانية بالسكون للباقين۔ قوله تعالى يوم تشهد۔ فيه قراء تان الاولى بالتحتية لحمزة والكسائي والثانية بالفوقية للباقين۔ قوله تعالى بيوتا وبيوتكم وبيوت في جميع السورة فيها قراء تان الاولى بضم الموحدة لورش وابي عمرو وحفص والثانية بكسرها للباقين قوله تعالى تذكرون ذكر اول السورة قوله تعالى جيوبهن فيه قراء تان الاولى بضم الجيم لنافع وابي عمرو وهشام وعاصم والثانية بكسرها للباقين والضم هو الاصل والكسر لمناسبة الياء۔ قوله تعالى غير اولى الاربة فيه قراء تان الاولى بنصب راء غير لابن عامر وشعبة والثانية بكسرها للباقين والنصب على الحال والاستثناء والكسر على البدلية قوله تعالى مبينات فيه قراء تان الاولى بكسر التحتية لابن عامر وحفص وحمزة والكسائي والثانية بالفتح للباقين قوله تعالى درى۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بكسر الدال وهمزة بعد المد لابي عمرو والكسائي والثانية بضم الدال وهمزة بعد المد لشعبة وحمزة والثالثة بضم الدال وبغير همز للباقين والاول والثاني فعيل بكسر الفاء او فعيل بضمها من الدرء بمعنى الدفع لدفعه الظلام والثالثة فعلى منسوب الى الدر في الضوء۔ قوله تعالى توقد۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بفتح التاء الفوقية والواو وتشديد القاف على وزن تفعل لابن كثير وابي عمرو والثانية بضم الفوقية وتخفيف القاف لابي بكر وحمزة والكسائي والثالثة بضم التحتية وتخفيف القاف للباقين قوله تعالى يسبح فيه قراء تان الاولى بفتح الموحدة لابن عامر وشعبة والثانية بالكسر للباقين وعلى الاول قوله تعالى رجال فاعل للفعل المقدر۔ قوله تعالى سحاب ظلمت۔ فيه ثلث قراء ات الاولى سحاب بلا تنوين وجر ظلمات والثانية بتنوين سحاب وجر ظلمات لقنبل والثالثة بالرفع فيهما والتنوين و ظلمات على لا خير خبر مبتدأ محذوف اى هي وعلى الاولين هي بدل من ظلمات الاولى ثم على لاول الاضافة بيانية وعلى لثانية سحاب بدل من ظلمات۔ قوله تعالى وينزل فيه قراء تان الاولى من الافعال لابن كثير وابي عمرو والثانية من التفعيل للباقين قوله تعالى خلق كل دابة فيه قراء تان الاولى بالف بعد الخاء وكسر اللام ورفع القاف وكسر لام كل لحمزة والكسائي والثانية بفتح اللام والقاف ولا الف قبلها ونصب لام كل للباقين۔ قوله تعالى مبينات فيه ما تقدم قريبا قوله تعالى ويتقه۔ فيه اربع قراء ات الاولى بسكون الهاء لابي عمرو وشعبة وخلاد بخلاف عنه والثانية باختلاس كسرة القاف والهاء لقالون والثالثة بسكون القاف وقصّر كسرة الهاء لحفص والرابعة بكسر الكاف واشباع كسر الهاء للباقين وجه الاشباع ان الاصل في هاء الضمير اذا كان ما قبلها متحركا ان تشبع حركتها كما في يوته ويؤده ووجه عدم الاشباع ان ما قبل الضمير ساكن تقديرا لكونه جزاءً ولا اشباع بحركته فيما اذا سكن ما قبله كفيه ووجه اسكان الهاء انها هاء والسكت وهي تسكن في كلامهم وقيل هي هاء الضمير لكن اجريت مجرى هاء السكت فسكنت وكثيرا ما يجرى الوصل مجرى الوقف ووجه قراء ة حفص انه اعطى يتقه حكم كتف لكونه على وزنه فخفف بسكون وسطه لجعله ككلمة واحدة۔ قوله تعالى كما استخلف۔ فيه قراء تان الاولى بضم التاء الفوقية وكسر اللام لابي بكر والثانية بفتح التاء واللام للباقين۔ قوله تعالى ليبدلنهم فيه قراء تان الاولى من الابدال لابن كثير وابي بكر والثانية من التبديل للباقين قوله تعالى لا تحسبن۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بالغيبة وفتح السين لابن عامر وحمزة والثانية بالخطاب وفتح السين لعاصم والثالثة بالخطاب وكسر السين للباقين۔ قوله تعالى ثلث عورات۔ فيه قراء تان الاولى بنصب ثلاث لابي بكر وحمزة والكسائي والثانية بالرفع للباقين والنصب على كونه بدلا من ثلث مرات والرفع على كونه خبر مبتدا محذوف اى هن۔ قوله تعالى امهاتكم۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بكسر الهمزة والميم لحمزة والثانية بكسر الهمزة وفتح الميم للكسائي والثالثة بضم الهمزة وفتح الميم للباقين والكل لغات۔

www.besturdubooks.net

القرآن الحکیم

تفسیر بیان القرآن (مکمل)

جلد سوم

سورۃ الفرقان تا سورۃ الناس

مولانا محمد اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ رحمانیہ

اقرأ سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

www.besturdubooks.net

القرآن الحکیم

تفسیر بیان القرآن (مکمل)

مع اردو ترجمہ مسائل السلوک

ومع عربی وجوہ المثانی مع توجیہ الکلمات والمعانی

لکل از تصانیف حضرت حکیم الامت ماہر العلوم قرآنیہ رأس المفسرین صاحب الشریعۃ والطریقۃ

مولانا محمد اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

جلد سوم

سورۃ الفرقان تا سورۃ الناس

تفسیر بیان القرآن اور اس کے متعلقہ تمام رسائل کی کمپوزنگ اس قدیم نسخے کو سامنے رکھ کر کی گئی ہے جو حکیم الامتؒ کا نظر فرمودہ ہے اس پر حکیم الامتؒ کی تصدیق (دستخط) بھی موجود ہیں اس کے علاوہ مولانا شبیر علی صاحب کے اضافہ جات بھی شامل ہیں۔ یہ نسخہ ۱۹۵۳ء میں اشرف المطابع تھانہ بھون سے شائع ہوا تھا اس نسخے کا عکس بھی جلد اول کی ابتداء میں لگا دیا گیا ہے۔

تسہیل ترجمہ

مولانا سید انظر شاہ کشمیری

خلف الرشید علامہ سید انور شاہ کشمیریؒ

تخریج

مولانا حافظ محبوب احمد خان صاحب

مدرس مدرسہ رحمۃ للعالمین ڈیفنس روڈ لاہور

مکتبہ رحمانیہ

اقرا سنٹر غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور

فون: 042-7224228-7221395

MAKTABA E REHMANIA

www.besturdubooks.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

MAKTABA E REHMANIA

مکتبہ رحمانیہ

نام کتاب: .... تفسیر بیان القرآن (کامل) (جلد سوم)

مؤلف: .... مولانا محمد اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

ناشر: .... مکتبہ رحمانیہ

مطبع: .... ٹل سٹار پرنٹرز لاہور

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم بے حد شکرگزار ہوں گے۔ (ادارہ)

www.besturdubooks.net

فہرست

مضامین تفسیریہ و منصوصہ قرآنیہ (مکمل)

سورۃ الفرقان ㉕

توحید و رسالت ---- ۱۳
ذم شرک و انکار توحید ---- "
حکایات اعتراض اول و رد او ---- ۱۴
حکایات اعتراض دوم تمہ اول و رد آن ---- "
حکایت اعتراض سوم ---- "
حکایت اعتراض چہارم ---- "
رد اعتراض سوم اجمالاً و چہارم تفصیلاً ---- "
جواب تفصیلی از شبہ کنز و جنت ---- ۱۷
علت انکار رسالت بر وجہ مذکور و بیان بعض احوال و اہوال یوم النشور ---- "

پارہ ۱۹

جواب تفصیلی شبہ اکل و مشی مع تسلیہ ---- ۱۹
حکایت اعتراض پنجم و رد او مع جواب تفصیلی شبہ نزول ملک از جزاء اعتراض سوم ---- "
بیان بعض واقعات مصدقین و مکذبین در قیامت ---- ۲۰
تسلیہ رسول ﷺ در عداوت کفار ---- ۲۲
حکایت اعتراض ششم مع رد او ---- ۲۳
مدح اجوبہ مذکورہ شبہات مزبورہ ---- "
سزائے ضلال ---- "
قصہ اول موسیٰ علیہ السلام با قوم ایشان ...... ---- "
قصہ دوم قوم نوح علیہ السلام ---- ۲۵
قصہ سوم و چہارم و پنجم عاد و ثمود و اصحاب الرس و ششم دیگر امم اجمالاً ---- "
قصہ ہفتم قوم لوط در ضمن زجر کفار مکہ ---- "
تشنیع کفار مع اشارہ باعتراض ہفتم و رد او ---- "
دلائل توحید مع بعض متعلقات ---- ۲۸
مدح مؤمنین مطیعین ---- ۳۱
بودن عبدیت مدار خصوصیت ---- ۳۳

سورۃ الشعراء ㉖

حقیقت قرآن و ذم منکرین ---- ۳۵
قصہ اول موسیٰ علیہ السلام با فرعون: ---- ۳۷
تمہ قصہ مذکورہ ---- ۴۰
تمہ قصہ ایضاً ---- ۴۱
قصہ دوم حضرت ابراہیم علیہ السلام با قوم او ---- ۴۳
قصہ سوم حضرت نوح علیہ السلام با قوم او ---- ۴۶
قصہ چہارم عاد قوم ہود علیہ السلام ---- ۴۷
قصہ پنجم ثمود قوم صالح علیہ السلام ---- ۴۸
قصہ ششم قوم لوط علیہ السلام ---- ۴۹
قصہ ہفتم اصحاب الایکہ ---- ۵۰
رجوع بمضمون ابتدائی یعنی حقیت قرآن مع متعلقات آں ---- ۵۲

سورۃ النمل ㉗

تفسیر: دلائل عدم جریان میراث در اموال ---- "
تفسیر: انبیاء علیہم السلام ---- "
تفسیر: تحقیق سماع موتی ---- "
اثبات وحی و رسالت ---- ۵۸
قصہ اول موسیٰ علیہ السلام ---- "
قصہ دوم داؤد علیہ السلام اجمالاً و سلیمان علیہ السلام تفصیلاً ---- ۶۰
تمہ ---- ۶۲
تمہ قصہ ---- ۶۶
قصہ سوم قوم صالح علیہ السلام ---- ۶۸
قصہ چہارم لوط علیہ السلام ---- ۶۹

پارہ ۲۰

خطبہ توحید ---- ۷۰
نوع اول از دلائل توحید ---- "
نوع ثانی ---- "

www.besturdubooks.net

نوع ثالث ---------- "
نوع رابع ---------- "
نوع خامس ---------- "
بحث معاد و متعلقات آن ---------- ۷۲
اثبات حقیقت و برکات قرآن ---------- ۷۴
تسلیۂ رسول اللہ ﷺ ---------- ۷۴
عود بسوئے ذکر قیامت و علامات و واقعات آں ---------- ۷۶
تلخیص مباحث توحید و رسالت و معاد ---------- ۷۸

سورۃ القصص ㉘

افتتاح بہ حقیت قرآن ---------- ۸۰
اجمال قصۂ موسیٰ علیہ السلام با فرعون ---------- "
تفصیل مختصر قصہ ---------- "
تفصیل مبسوط قصہ ---------- ۸۱
تتمۂ قصہ ---------- ۸۴
تتمۂ قصہ ---------- ۸۶
تتمۂ قصہ ---------- ۸۹
اثبات رسالت محمدیہ ﷺ مع جواب بعضے شبہات ---------- ۹۲
اشارہ باستدلال بر رسالت بنا بر ایمان علماء بشارات ---------- ۹۴
تسلیۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنفی قدرت بر ہدایت حقیقیہ ---------- ۹۵
رفع اعذار و موانع ایمان، رفع مانع اول ---------- ۹۶
رفع مانع دوم ---------- "
رفع مانع سوم ---------- "
رفع مانع چہارم ---------- "
رفع مانع پنجم ---------- "
ظہور ثمرات ایمان و ضلال در یوم الاہوال ---------- ۹۸
اثبات توحید و بعضے انعام ---------- ۹۹
حکایت توبیخ مشرکین در قیامت ---------- ۱۰۱
قصۂ قارون ---------- ۱۰۲
مناط بودن طاعت و معصیت برائے جزا و سزائے آخرت ---------- ۱۰۴
تفسیر: دفع استبعاد مضمون ثقل مفاتح قارون ---------- ۱۰۵
تفسیر: بر عصبہ قویہ ---------- "

سورۃ العنکبوت ㉙

تشجیع مؤمنین بر اصطبار در مشاق کفار مع بیان جزا و سزائے فریقین ---------- ۱۰۸
نہی از طاعت والدین در خلاف دین مع ترہیب و ترغیب: ---------- ۱۰۹
تشنیع ضعفاء فی الدین: ---------- ۱۱۰
تکذیب و تعذیب کفار در ضمان حمل اوزار: ---------- ۱۱۰
قصۂ اول نوح علیہ السلام با قوم او: ---------- ۱۱۱
قصۂ دوم ابراہیم علیہ السلام با قوم او: ---------- ۱۱۲
بیان بعث و مجازاۃ: ---------- ۱۱۳
قصۂ سوم لوط علیہ السلام با قوم او: ---------- ۱۱۵
قصۂ چہارم شعیب علیہ السلام: ---------- ۱۱۶
قصۂ پنجم و ششم و ہفتم و ہشتم و نہم تذکرۂ اجمالی عاد و ثمود و قارون و فرعون و ہامان: ---------- "
تفسیر: تقریر لطیف در تحقیق معنی ﴿ان الصلوٰۃ تنھی﴾ ---------- "
تزییف شرک و اثبات توحید: ---------- ۱۱۷

پارہ ۲۱

کلام متعلق رسالت: ---------- ۱۱۹
بقیہ کلام مذکور: ---------- "
بقیہ کلام در رسالت: ---------- ۱۲۱
بقیہ کلام در رسالت: ---------- ۱۲۲
ترغیب ہجرت و تقویت آن بدفع موانع و ذکر بواعث: ---------- "
عود بسوئے تزییف شرک و اثبات توحید: ---------- ۱۲۴
خاتمہ در بشارت اہل مجاہدہ دینیہ: ---------- "

سورۃ الروم ㉚

پیشینگوئی موجب سرور اہل اسلام: ---------- ۱۲۹
توبیخ بر حب دنیا و کفر و انکار: ---------- ۱۳۰
اخبار از وقوع آخرت و جزا و سزا دران: ---------- "
امر بتنزیہ و تحمید: ---------- ۱۳۲
استدلال بر صحت بعث ببیان دلائل قدرت: ---------- ۱۳۳
اثبات توحید: ---------- ۱۳۶
ذکر وبال از شرک و ضلال و سوء اعمال: ---------- ۱۳۸
عود بسوئے توحید مع تسلیہ و اثبات اجمالی معاد: ---------- ۱۴۰
اثبات امکان و وقوع بعث: ---------- ۱۴۲
بیان بلاغت مضامین قرآن و عناد اہل طغیان و تسلیہ صاحب فرقان: -- "

www.besturdubooks.net

سورۃ لقمٰن ۳۱

مدح قرآن و مصدقین و ذم معرضین ضالین مضلین مع مآل فریقین: -- ۱۴۵
توحید: ---- ۱۴۷
حکایت لقمان و وصایائے او از توحید وغیرہ: ---- ۱۴۸
تاکید مضمون توحید: ---- ۱۵۱
تہدید بیوم وعید: ---- ۱۵۳
خاتمہ در اختصاص علم غیب بحق تعالیٰ: ---- "

سورۃ السجدۃ ۳۲

اثبات رسالت و اثبات حقیت قرآن: ---- ۱۵۵
اثبات توحید: ---- ۱۵۶
اثبات بعث وجزا: ---- ۱۵۸
تسلیہ رسول اللہ ﷺ و مؤمنین و دفع شبہات کفار متعلق بعض مضامین
تسلیہ: ---- ۱۵۹
ترجمہ ضمیمہ از روح المعانی: قولہ تعالیٰ: ---- ۱۶۰

سورۃ الاحزاب ۳۳

تسلیہ نبی ﷺ بر نوع اول ایذا قولی از کفار: ---- ۱۶۲
ہدم بناء نوع دوم ایذائے رسول متعلق تبنی و تقویت آں بعض نظائر ---- ۱۶۳
نوع اول اجلال رسول بیان اولویت مع بعض احکام توارث: ---- ۱۶۵
میثاق انبیاء و عذاب اعداء: ---- ۱۶۶
حکایت غزوۂ احزاب و غزوۂ بنی قریظہ متضمن تذکیر نعمت الہیہ و مشعر نوع دوم جلالت شان بمنصوریت من اللہ و شناعت نوع سوم ایذاء بالقتال از کفار و نوع چہارم ایذاء بالاقوال از منافقین رسول ﷺ را: ---- ۱۶۸

پارہ ۲۲

خطاب بازواج مطہرات رضی اللہ عنہن متضمن نہی از نوع پنجم ایذائے نبی ﷺ کہ اخف الانواع است: ---- ۱۷۳
فائدہ ثانیہ: ---- ۱۷۵
فائدہ ثالثہ: ---- "
فائدہ اربعہ: ---- "
فائدہ خامسہ: ---- "
فائدہ سادسہ: ---- "
فائدہ سابعہ: ---- "
فائدہ ثامنہ: ---- "
فائدہ تسعہ: ---- "
فائدہ عاشرہ: ---- "
فائدہ حادیہ عشر: ---- "
فائدہ ثانیہ عشر: ---- "
فائدہ ثالثہ عشر: ---- "
فائدہ رابعہ عشر: ---- "
فائدہ خامسہ عشر: ---- ۱۷۶
فائدہ سادسہ عشر: ---- "
فائدہ سابعہ عشر: ---- "
فائدہ ثامنہ عشر: ---- "
فائدہ تاسعہ عشر: ---- "
فائدہ عشرین: ---- "
فائدہ حادیہ وعشرین: ---- ۱۷۷
تبشیر عام جمیع اہل اسلام بر امتثال احکام: ---- ۱۷۸
نوع سوم جلالت شان رسولؐ بیان وجوب اطاعت حضرت ایشاں و تفصیل جواب
نوع دوم ایذاء کہ طعن بود بر نکاح زینب رضی اللہ عنہا: ---- ۱۸۰
خطاب بمؤمنین بذکر بعض منن و خطاب رسول ﷺ بعض فضائل از اجلال حضرت ایشان مع تسلیہ: ---- ۱۸۲
خطاب بمؤمنین بعض احکام طلاق قبل المس و خطاب رسولؐ بعض احکام خاصہ متعلقہ نکاح کہ نوع پنجم است از اجلال حضرت ایشان ---- ۱۸۵
حکم اول: ---- "
حکم دوم: ---- "
حکم سوم: ---- "
حکم چہارم: ---- "
نہی از نوع ششم امور موجبہ تاذی و اہتمام و تشریع نوع ششم امور مشعرہ جلالت و احترام آں رسول عالی مقام ﷺ از آداب طعام و مسائل روایت و کلام و تحریم نکاح امہات اہل اسلام: ---- ۱۸۹
نوع ہفتم اجلال شان نبوی باخبار و انشائے صلوٰۃ وسلام ---- ۱۹۱
وعید ایذائے رسول ﷺ و مؤمنین: ---- ۱۹۲
نوع ہفتم ایذائے رسول ﷺ مع المومنین بتعرض نساء و ارجاف: ---"
تہدید مخالفین بوقوع قیامت و عقوبت: ---- ۱۹۴
ترہیب از معصیت و ترغیب بر اطاعت: ---- ۱۹۶

www.besturdubooks.net

مکلف بودن باحکام وثمرات طاعات وآثام: ---------- ۱۹۷

سورۃ سبا ۳۴

توحید: ---------- ۱۹۹
اثبات بعث: ---------- ۲۰۰
قصہ داؤد علیہ السلام وسلیمان علیہ السلام: ---------- ۲۰۲
قصہ کفار سبا: ---------- ۲۰۵
بیان حال ومآل متبعین وغیر متبعین ابلیس مع حکمت تسلیط او: ---------- ۲۰۷
اثبات توحید وابطال شرک: ---------- "
اثبات رسالت محمدیہ وعموم او: ---------- ۲۱۰
ذکر بعث وبعض واقعات آں: ---------- "
تسلیہ سید الاخیار وتزییف قول اشرار: ---------- ۲۱۱
تفریع زہد بر مقسومیت رزق: ---------- ۲۱۲
عود بسرائے حشر واہوال او: ---------- "
عود بسوئے تحقیق رسالت: ---------- ۲۱۳
خاتمہ در وخامت عاقبت منکرین حق: ---------- "

سورۃ فاطر ۳۵

اثبات توحید: ---------- ۲۱۸
تسلیہ سید الانس والجان وتحذیر اہل طغیان وتبشیر اہل ایمان: ---------- ۲۱۹
عود بسوئے توحید مع بعض دیگر مضامین مناسبہ مقام: ---------- ۲۲۱
تحذیر منکرین وتسلیہ سید المرسلین ﷺ ---------- ۲۲۴
وحدت وخشیت وتقویت او بعلت: ---------- ۲۲۵
بیان مثوبات وعقوبات مع تفاضل اعمال وتفاوت اعمال: ---------- ۲۲۷
توحید مع تہدید: ---------- ۲۲۹
تشنیع وتفریع بر کفر: ---------- ۲۳۱

سورۃ یٰسٓ ۳۶

اثبات رسالت مع تسلیہ بتفاوت استعداد اعمال وترتب جزا بر وورد حشر: ---------- ۲۳۲

پارہ ۲۳

قصہ اصحاب القریہ ووخامت مکذبین رسالت: ---------- ۲۳۶
اثبات توحید: ---------- ۲۳۹
عدم تاثر کفار از ترہیب وترغیب: ---------- ۲۴۲
احوال آخرت مع تہدید باحتمال عذاب دنیوی: ---------- ۲۴۳
تحقیق رسالت وقرآن: ---------- ۲۴۶
عود بسوئے توحید: ---------- "
تسلیہ رسول ﷺ ---------- "
جواب استبعاد بعث ---------- ۲۴۷

سورۃ الصّٰفّٰت ۳۷

اثبات توحید بدلیل وتاکیدش بقسم: ---------- ۲۴۹
بحث بعث وواقعات او: ---------- ۲۵۲
قصہ اول نوح علیہ السلام باقوم او: ---------- ۲۵۷
قصہ دوم ابراہیم علیہ السلام باقوم ---------- "
قصہ سوم موسیٰ وہارون علیہما السلام ---------- "
قصہ چہارم الیاس علیہ السلام ---------- ۲۶۱
قصہ پنجم لوط علیہ السلام ---------- "
قصہ ششم یونس علیہ السلام ---------- ۲۶۲
ابطال شرک ---------- ۲۶۳
تشنیع بنکث عہود وتفریع بعذاب معہود بر کفار مع تسلیہ سید ابرار ﷺ -- ۲۶۵
خاتمہ در تنزیہ وتحمید رب العالمین وتنویہ شان مرسلین: ---------- ۲۶۶
وجوہ المثانی متعلقہ جلد نہم بیان القرآن ---------- ۲۶۷

سورۃ ص ۳۸

تشنیع مع تفریع بر کفار مکذبین در انکار رسالت: سید المرسلین وتوحید رب العالمین
ووقوع یوم الدین: ---------- ۲۷۳
تسلیہ وقصہ اول داؤد علیہ السلام ---------- ۲۷۶
استدلال اجمالی بر توحید وبعث ورسالت: ---------- ۲۷۹
قصہ دوم سلیمان علیہ السلام متضمن دو قصہ: ---------- ۲۸۰
قصہ سوم ایوب علیہ السلام: ---------- "
قصہ چہارم وپنجم وششم وہفتم ونہم حضرت ابراہیم واسحٰق ویعقوب واسمٰعیل والیسع
وذا الکفل علیہم السلام اجمالاً: ---------- ۲۸۳
تفصیل مجازات: ---------- "
تحقیق توحید ورسالت: ---------- ۲۸۶
قصہ دہم آدم علیہ السلام ---------- "
اختتام بر کلام نصیحت التیام ورنبوت خیر الانام ﷺ ---------- ۲۸۷

سورۃ الزمر ۳۹

احقاق توحید وابطال اتخاذ ندید وحقیت قرآن در تمہید ---------- ۲۸۹

www.besturdubooks.net

ذم ووعید مشرکین ومدح ووعدہ مؤمنین ---- ۲۹۱
امر بایمان ونہی از عصیان وثمرات آنہا از نیران وجنان ---- ۲۹۳
سرعت فنائے دُنیا ---- ۲۹۴
تاثر بعضے وعدم تاثر بعضے از کتاب اللہ ---- "
عذاب ضال وثواب مہتدی ---- ۲۹۵
فضل وکمال قرآن: ---- "

پارہ: ۲۴

تنظیر موحد ومشرک ---- ۲۹۶
مخاصمہ ومحاکمہ یوم قیامت: ---- ۲۹۷
تسلیۂ سیّد المرسلین ﷺ در مقاولات ومعاملات مشرکین: ---- ۲۹۸
عود بسوئے توحید: ---- ۲۹۹
تسلیہ بضمن تعلیم دعا بسید ابرار وتتمیم مضمون بیان جزائے کفار: ---- ۳۰۱
تجہیل وتکلیل مشرک: ---- ۳۰۱
ترتب عفو ونجات مطلقہ بر اسلام وضد او بر ضد او: ---- ۳۰۳
تائید امر بتوحید تحقق وعد ووعید وتاکید ذم تندید: ---- ۳۰۵
خاتمہ در تفصیل مجازات: ---- ۳۰۶

سورۃ المؤمن ⑳

تہدید مجادل عنید وتعدید مدائح اہل توحید بعد بیان حقیت قرآن مجید وبعضے صفات
عزیز حمید بطور تمہید ---- ۳۱۰
بعضے از احوال کفار بعد دخول نار: ---- ۳۱۱
توحید مع التہدید: ---- ۳۱۳
قصۂ موسیٰ علیہ السلام با فرعون واتباع ہردو: ---- ۳۱۶
بعضے از احوال کفار بعد دخول نار: ---- ۳۲۰
تسلیۂ رسول وتوبیخ اہل ضلال ورد بعض جدال: ---- "
توحید ---- ۳۲۳
تہدید مجادلین وتسلیہ سیّد المرسلین ﷺ ---- ۳۲۴
خاتمہ در توحید رب العالمین وتہدید منکرین مشرکین ---- ۳۲۶

سورۃ حٰم السجدۃ ㊶

حقیت قرآن مبین ورسالت سیّد المرسلین وتشنیع منکرین بطور توطیۂ توحید رب
العالمین وتمہش بیان عقوبت مشرکین واجر موحدین مؤمنین ---- ۳۲۸
توحید: ---- ۳۳۰
تہدید ووعید منکرین توحید ورسالت: ---- ۳۳۲
مذمت وعقوبت منکرین قرآن ورسالت ---- ۳۳۵
حسن حال ومآل وتحسین اخلاق واعمال مؤمنین: ---- "
عود بسوئے توحید مع تاکید وتمہید وعید عنید باثبات خلق جدید: ---- ۳۳۷
زجر ووعید بر انکار توحید ورسالت: ---- "

پارہ: ۲۵

تحقیق قیامت وتوحید ورسالت مع تضلیل اہل جہالت: ---- ۳۴۰
توحید ورسالت وبعث وجزا ---- ۳۴۲
تاکید توحید: ---- ۳۴۴
تاکید دلیل توحید وتائید رسالت: ---- ۳۴۵
تحقیق وقوع قیامت وجزا: ---- ۳۴۷
نہی انکار بر اغترار بالعاجلہ وترغیب بر آجلہ ---- "
ابطال اختراع فی الدین واکمال بیان عقاب منکرین وثواب مؤمنین: ---- ۳۴۹
عود تحقیق رسالت ---- "
ابشار تائبین وانذار مصرین ---- ۳۵۱
تفصیل بعضے از افعال وصفات دالہ علی التوحید ---- "
خساست دُنیا ونفاست عقبیٰ وطریق حصولش از اعمال حسنیٰ: ---- ۳۵۴
قبح حال کفار در قیامت: ---- ۳۵۵
ایجاب ایمان بر کفار وخطاب تسلیہ بسید الابرار ﷺ ---- ۳۵۶
توحید: ---- "
تحقیق رسالت مع توحید ومجازات: ---- ۳۵۷

سورۃ الزخرف ㊸

حقیت قرآن ورسالت مع تسلیۂ رسول وتزییف انکار کفار جہول: ---- ۳۵۹
اثبات توحید وابطال اشراک: ---- ۳۶۱
توارث توحید از ابراہیم علیہ السلام وفخشہ متعلقہ نبوت حضرت سیّد الانام ﷺ ---- ۳۶۴
اعتناء بتسلیہ رسول اللہ ﷺ ---- ۳۶۶
قصۂ موسویہ بتائید مضامین سابقہ: ---- ۳۶۸
رد خصومت مشرکین در توحید وبیان دعوت عیسویہ از پئے تائید: ---- ۳۷۰
تہدید کفار بساعت وجزائے اہل شقاوت وسعادت: ---- ۳۷۲
تعلیل عذاب نار بہ تفصیل جرائم کفار: ---- ۳۷۴

سورۃ الدخان ㊹

تعظیم قرآن منزل وتعظیم رسول منزل علیہ وتعظیم رب منزل: ---- ۳۷۷

www.besturdubooks.net

وعید منکرین حق مبین: ---------------- ۳۷۸
قصہ فرعون مشہور برائے تاکید وعید مذکور: ---------------- ۳۸۰
تحقیق بعث ومتعلقات آں: ---------------- ۳۸۲
نبذے از تفصیل واقعات یوم ثقیل: ---------------- ۳۸۳
تحذیر از تیسیر کتاب اللہ کبیر وتصییر بشیر نذیر: ---------------- ۳۸۴

سورۃ الجاثیۃ (۴۵)

تمہید برائے تاکید مضامین سورت: ---------------- ۳۸۵
توحید: ---------------- "
نبوت: ---------------- ۳۸۶
معاد اہل عناد: ---------------- "
عود بسوئے توحید متضمن نعمت مزید: ---------------- ۳۸۷
امر وترغیب حلم براذی مشرکین واشارہ بعقوبت آنہا برائے تسلیۂ مؤمنین: ---------------- "
عود بسوئے نبوت وما یتعلق بہا: ---------------- ۳۸۸
عود بسوئے معاد: ---------------- ۳۸۹
حکمت معاد: ---------------- "
شناعت منکرین معاد: ---------------- "
نقل اقوال منکرین معاد مع جواب: ---------------- ۳۹۱
تائید جواب مذکور وبعض واقعات یوم النشور: ---------------- ۳۹۲
بیان صفات کمال ذی الاکرام والجلال: ---------------- "
رجوع الشانی ---------------- ۳۹۳

پارہ ۲۶

سورۃ الاحقاف (۴۶)

تمہید ---------------- ۳۹۷
توحید مفصل معاد مجمل: ---------------- "
تحقیق رسالت: ---------------- ۳۹۹
تکریر وتاکید مضمون بالا باختلاف عنوان: ---------------- "
نبذے از اعمال ومآل متعلق اہل رشد واہل ضلال: ---------------- ۴۰۲
قصۂ عاد: ---------------- ۴۰۵
قصۂ اجمالیہ بعض دیگر امم مہلکہ: ---------------- ۴۰۶
تفسیر: قصہ ایمان آوردن جن ووعظ شان بقوم خود: ---------------- ۴۰۸

سورۃ محمد (۴۷)

تہجین کافرین وتحسین مؤمنین: ---------------- ۴۱۰
بعض احکام متعلقہ جہاد: ---------------- ۴۱۱
تقریر حکمت وفضیلت وترغیب جہاد وذم ووعید اہل عناد مع بیان علت ودفع
استبعاد: ---------------- ۴۱۲
تفسیر: ابطال استدلال بعض اہل ہوی برانکار استرقاق بآیۃ فاما منا بعد
واما فداءً ---------------- "
تفصیل وتکمیل ثواب وعقاب ابرار واشرار ودر اثنائش دفع اغترار کفار وتسلیۂ رسول
مختار ﷺ ---------------- ۴۱۴
تفضیح وتقبیح منافقین: ---------------- ۴۱۵
امر بہ ثبات علی الایمان وباستغفار من العصیان مع استحضار وعدہ ووعید حضرت
دیان: ---------------- ۴۱۶
تفصیل وتکمیل شنائع منافقین: ---------------- ۴۱۸
تحذیر مؤمنین در طرفین کلام وترغیب شان در اطاعت احکام خصوص در جہاد بالنفس
وبالمال با کفار لئام: ---------------- ۴۲۰

سورۃ الفتح (۴۸)

تفسیر: تحقیق مرئی وغیرہ مرئی بودن آسمان ---------------- ۴۲۴
واقعہ اول تا واقعہ دہم ---------------- "
تہنیت سید المرسلین بفتح مبین مع غایات ملابست تقویت دین: ---------------- ۴۲۵
ذکر نعم بر مؤمنین ونقم بر کافرین: ---------------- ۴۲۶
بیان حقوق اللہ ورسول مع وعدہ ووعید اہل امتثال واہل اخلال: ---------------- ۴۲۸
فضائح متخلفین منافقین: ---------------- ۴۲۹
امر بخطاب مع المتخلفین متعلق بعض واقعات دیگر: ---------------- ۴۳۱
بشارات حسی ومعنویہ مخلصین: ---------------- ۴۳۲
بیان بعضے مقتضیات وبعضے موانع قتال مفضی الی الفتح: ---------------- ۴۳۳
تصدیق رؤیائے نبویہ: ---------------- ۴۳۵
اثبات رسالت سید المرسلین وبشارت فتوحات دنیا ودین بصحابہ رضی اللہ عنہم ---------------- ۴۳۶

سورۃ الحجرات (۴۹)

احکام موجبہ اجلال وتعظیم رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم: ---------------- ۴۳۸
نہی از عمل بالنمیمہ بلا تحقیق: ---------------- ۴۴۱
ایجاب اطاعت مطلقہ رسول ﷺ برامت ووخامت عکس: ---------------- ۴۴۲
حکم اول اصلاح بین المسلمین ودفع شر مفسدین: ---------------- ۴۴۳
حکم دوم نہی از تسخر وطعن وتداعی بالالقاب مکروہہ: ---------------- ۴۴۴

www.besturdubooks.net

حکم سوم وچہارم وپنجم نہی از ظن سوء وتجسس وغیبت: ---- ۴۴۵
حکم ششم نہی از تفاخر بالانساب: ---- ۴۴۶
اوپر تفاخر بالانساب کے بعد ---- "
نہی عن الامتنان بالایمان: ---- ۴۴۷

سورۃ ق (۵۰)

تفسیر: تحقیق مرئی وغیر مرئی بودن آسمان ---- "
تتمہ سابق: ---- ۴۵۱
تتمہ سابق: ---- ۴۵۴
اثبات مبغوضیت کفر بذکر اہلاک کفار: ---- ۴۵۵
امکان بعث مکرر: ---- "
تسلیہ: ---- "
وقوع قیامت مکرر: ---- "

سورۃ الذاریات (۵۱)

تحقیق معاد وذم منکرین وجزائے فریقین: ---- ۴۵۷

پارہ: ۲۷

قصہ ابراہیم مشعر بہ مصدقین ودیگر قصص مخبرہ عقوبت مکذبین: ---- ۴۶۰
تحقیق توحید ورسالت مع تسلیہ: ---- ۴۶۲
مطلوبیت عبادت وتاکید آن بہ ترغیب وترہیب: ---- ۴۶۳

سورۃ الطور (۵۲)

خبر معاد ووعید اہل عناد ووعدۂ اہل انقیاد: ---- ۴۶۶
رد مزعومات مکذبین توحید ورسالت وجمع امر بالتذکیر در اول وتسلیہ در آخر ---- ۴۶۹

سورۃ النجم (۵۳)

تحقیق نبوت: ---- ۴۶۳
توحید: ---- ۴۶۷
تسلیہ سید ابرار ومجازات اشرار واخیار: ---- "
تفضیح اہل اساءت: ---- ۴۷۰
تلخیص مضامین ثلثہ توحید ورسالت وبعث: ---- ۴۷۱

سورۃ القمر (۵۴)

وعید غیر منزجرین باعظم اسباب انزجار: ---- ۴۸۳
قصہ قوم نوح علیہ السلام ---- ۴۸۵
قصہ عاد: ---- ۴۸۵
قصہ ثمود: ---- ۴۸۷
قصہ فرعون وقوم او: ---- ۴۸۸
تہدید کفار بعقوبت وتبشیر ابرار بمثوبت: ---- "

سورۃ الرحمن (۵۵)

نثر مشترک فی الالسنہ ---- "
نعم جسمیہ وروحیہ فائضہ فی الدنیا ---- ۴۹۱
انذار باہوال قیامت: ---- ۴۹۳
ابشار مؤمنین بالآء جنت: ---- ۴۹۶

سورۃ الواقعہ (۵۶)

قیامت وتفصیل ثواب وعقاب: ---- ۵۰۰
تزییف انکار توحید وبعث بیان بعض تصرفات الٰہیہ: ---- ۵۰۳
حقانیت قرآن کریم وتحقیق وقوع یوم عظیم: ---- ۵۰۵

سورۃ الحدید (۵۷)

اثبات توحید ---- ۵۰۷
ایجاب ایمان باللہ والرسول وانفاق فی سبیل اللہ: ---- ۵۰۸
بشارت مؤمنین ومصدقین وخسارت ومذمت منافقین وکافرین ومذمت غیر خاشعین: ---- ۵۱۰
تزہید فی الدنیا وترغیب فی العقبیٰ: ---- ۵۱۳
ذم جزع برغم وفرح برنعم ودیگر ذمائم مانعہ عن الآخرۃ: ---- ۵۱۴
مقصودیت اصلاح آخرت بالذات واصلاح دنیا بالعرض: ---- ۵۱۵
احوال بعضے از رسل وامم سابقین وایجاب ایمان برلاحقین: ---- ۵۱۷

پارہ: ۲۸

سورۃ المجادلۃ (۵۸)

تحقیق حکم ظہار ووعید کفار بعذاب نار: ---- ۵۱۹
مسائل: ---- "
احکام تناجی ودیگر بعض احکام متعلقہ مجالس متضمنہ ذم ووعید یہود ومنافقین: ۵۲۱
واقعہ ششم: ---- ۵۲۲
واقعہ ہفتم: ---- "
تتمہ ذم ووعید منافقین واتمامش برمدح ووعد مؤمنین: ---- ۵۲۵

سورۃ الحشر (۵۹)

افتتاح تسبیح رب قدیر وقصہ اخراج بنی النضیر: ---- ۵۲۸

www.besturdubooks.net

احکام فئی ---- ۵۳۰
خلاف کردن منافقین با یہود در وعدہ نصرت مع تشجیع مؤمنین: ---- ۵۳۳
ترغیب تحصیل جنان وترہیب از موجبات نیران وتاکیدش بذکر علو شان قرآن وصفات کمال حضرت رحمان: ---- ۵۳۵

سورۃ الممتحنۃ ٦٠

نہی از موالات بالکفار: ---- ۵۲۸
قطع تعلق مناکحت بین المؤمنین والمشرکین وامتحان ایمان: ---- ۵۳۱
حکم دوم ---- "
خاتمہ مناسب فاتحہ در نہی از موالات یہود: ---- ۵۳۲
وجوہ المثانی ---- ۵۳۳

سورۃ الصف ٦١

ترغیب در قتال کفار وتاکیدش بتوحید واثبات رسالت مع اشارہ باستحقاق کفار مر قتال را: ---- ۵۳۹

سورۃ الجمعۃ ٦٢

توحید ورسالت وذم ووعید یہود مکذبین: ---- ۵۴۳
امر بایثار آخرت بر دنیا بضمن احکام جمعہ: ---- ۵۴۴

سورۃ المنافقون ٦٣

شنائع منافقین: ---- ۵۴۷
ایثار عقبی بر دنیا ---- ۵۴۸

سورۃ التغابن ٦٤

تفصیل احوال واعمال ومآل اہل ایمان واہل ضلال: ---- ۵۵۰

سورۃ الطلاق ٦٥

بعضے از احکام مطلقات: ---- ۵۵۴
تاکید تقویٰ ووعدہ ووعید مطیع وعاصی: ---- ۵۵۷

سورۃ التحریم ٦٦

تفسیر: تحقیق عزم علی الترک در توبہ ---- ۵۶۰
خطاب بہ نبی ﷺ در بارۂ یمین وعتاب بازواج مطہرات در اکلال حقوق سید المرسلین: ---- "
تفسیر: ترغیب باصلاح وصلاح وثمرات آن وقصص بعضے از اہل سعادت وترہیب او قصص بعضے از اہل شقاوت: ---- ۵۶۲

پارہ: ۲۹

سورۃ الملک ٦٧

تفسیر: توحید وجزائے سعداء موحدین وسزائے اشقیائے منکرین: ---- ۵۶۷
صفات وافعال حق: ---- "
عقوبت منکرین توحید ---- "
تفسیر: دفع اشکال برامر بنزکردن با آسمان بتقدیر ---- "
تفسیر: ثبوت عدم رویت ---- "
احاطۂ علم باری باحوال فریقین مذکورین برائے تاکید جزا: ---- ۵۶۸
ترغیب بذکر بعضے منن ونعم: ---- "
ترہیب بذکر بعضے محن ونقم: ---- "
بعضے دلائل توحید متعلق جو ---- "
ابطال شرک: ---- "
عدم تسویہ مہتدی وضال بطور تفریع: ---- "
بعضے دلائل متعلق انفس: ---- "
ذکر قیامت: ---- "
تخصیص کفار بعذاب الیم وتمسک بمضمون توکل وتفرد حق تعالیٰ بقدرت علی النعیم: ---- ۵۶۹

سورۃ القلم ٦٨

تحقیق رسالت وذم ووعید منکرین ومناسبات آن: ---- ۵۷۲
دفع طعن کفار از ساخت نبوت: ---- "
ذم منکرین: ---- "
تحذیر اہل مکہ از وبال کفر وحکایت قصہ: ---- "
ابطال زعم کفار استحقاق محبوبیت را ---- ۵۷۳
ذلت کفار یوم قیامت ---- ۵۷۴
تزییف اغترار کفار بامہال عن العذاب مع تسلیہ حضور پرنور: ---- "
تسلیہ رسول ﷺ ---- "
دفع طعن جنون بطرز دیگر ---- ۵۷۵

سورۃ الحاقۃ ٦٩

تحقیق قیامت ووخامت انکار آں وبعض واقعات او وحقیت قرآن: ---- ۵۷۷
اثبات حقیت قرآن ورسالت: ---- ۵۷۹

سورۃ المعارج ٧٠

وقوع وواقعات قیامت: ---- ۵۸۲
استثنائے مؤمنین مطیعین از موجبات عقاب وتبشیر ایشان بثواب ---- "
غرابت حال اہل عناد ودفع استبعاد معاد ---- ۵۸۳

سورۃ نوح ٧١

قصہ نوح علیہ السلام با قوم او: ---- ۵۸۶

www.besturdubooks.net

سورۃ الجن (۷۲)

حکایت اقوال جن در توحید و رسالت و مجازاۃ باز تقریر لہٰا در آیات: --- ۵۹۱

سورۃ المزمل (۷۳)

امر بقیام اللیل والذکر والصبر رسول اللہ ﷺ را برائے تسلیہ و تحقیق امور ثلثہ باز
نسخ فرضیت قیام لیل: ---- ۵۹۵
نسخ فرضیت قیام لیل ---- ۵۹۶

سورۃ المدثر (۷۴)

واقعہ اول: ---- ۵۹۹
واقعہ ثانی: ---- "
واقعہ ثالث: ---- ۶۰۰
امر بالانذار: ---- "

سورۃ القیامۃ (۷۵)

تفصیل احوال قیامت مع مضامین استطرادیہ نہی از تعجیل بالقرآن وحالت قرب
موت وحالت ابتدائے خلقت: ---- ۶۰۵

سورۃ الدھر (۷۶)

مقدوریت ومکلفیت انسان وتفصیل مجازات بر کفر وایمان وتسلیہ صاحب فرقان
ووقوع بعث بعد الامکان: ---- ۶۰۹

سورۃ المرسلٰت (۷۷)

وعید مکذبین وبندے از وعد مصدقین ---- ۶۱۳

پارہ: ۳۰

سورۃ النبا (۷۸)

تحقیق بعث امکاناً ووقوعاً: ---- ۶۱۷

سورۃ النزعٰت (۷۹)

وقوع وصحت قیامت مع تخویف مکذبین وتسلیہ رسول رب العالمین ---- ۶۲۰

سورۃ عبس (۸۰)

تفسیر: تحقیق لطیف اختلاف در تعین اہم در قصہ عبد اللہ بن مکتومؓ ---- ۶۲۳
آداب تذکیر وتشنیع بر عدم تذکر وعقوبت غیر متذکر ومثوبت متذکر در آخرت: "

سورۃ التکویر (۸۱)

بیان مجازات قیامت وتاکیدش باحقاق قرآن وترغیب استقامت: ---- ۶۲۶

سورۃ الانفطار (۸۲)

بعث وجزاء وتقریع بر غفلت: ---- ۶۲۸

سورۃ المطففین (۸۳)

ووعید بر تطفیف خصوصاً وبیان مجازات عموماً: ---- ۶۳۱

سورۃ الانشقاق (۸۴)

تفصیل مجازات: ---- ۶۳۵

سورۃ البروج (۸۵)

تسلیہ مومنین ووعید مخالفین: ---- ۶۳۸

سورۃ الطارق (۸۶)

تحقیق وعید بحفظ اعمال وصحت ووقوع بعث وحقیت قرآن: ---- ۶۴۰

سورۃ الاعلیٰ (۸۷)

فنائے دنیا وبقائے عقبیٰ وامر باصلاح نفس واصلاح غیر ---- ۶۴۲

سورۃ الغاشیۃ (۸۸)

مجازات فریقین وتصحیح بعث وتسلیہ نبیؐ ---- ۶۴۴

سورۃ الفجر (۸۹)

ذکر اعمال موجبہ جزاء وسزا واعمال مستحقین آن وبعضے از تفصیل او: ---- ۶۴۷

سورۃ البلد (۹۰)

ترغیب در خیر وترہیب از شر: ---- ۶۵۰

سورۃ الشمس (۹۱)

تخویف کفار بقصہ ثمود قصداً وبیان مقتضیات سعادت وشقاوت تبعاً ---- ۶۵۳

www.besturdubooks.net

سُورۃُ اللَّیل (۹۲)

اختلاف اعمال واجزیہ: ---------- ۶۵۶

سُورۃُ الضُّحیٰ (۹۳)

بیان بعض نعم فائضہ علی النبی ﷺ برائے تقویت مسئلہ نبوت وامر باداء الشکر علیہا: ---------- ۶۵۸

سُورۃُ الم نشرح (۹۴)

تتمہ نعم وامر بالشکر مذکورہ سورت بالا: ---------- ۶۶۰

سُورۃُ التِّین (۹۵)

مبدأ ومعاد انسان: ---------- ۶۶۲

سُورۃُ العَلَق (۹۶)

تعلیم وحی برسول ﷺ وذم وردع مخالف رسول: ---------- ۶۶۴

سُورۃُ القَدر (۹۷)

حقیت وعظمت قرآن: ---------- ۶۶۸

سُورۃُ البَیِّنَۃ (۹۸)

اثبات رسالت ومجازات مصدق ومکذب: ---------- ۶۷۰

سُورۃُ الزِّلزال (۹۹)

واقعات قیامت: ---------- ۶۷۲

سُورۃُ العٰدِیٰت (۱۰۰)

ذم بعض راس القبائح: ---------- ۶۷۳

سُورۃُ القَارِعَۃ (۱۰۱)

مجازات: ---------- ۶۷۵

سُورۃُ التَّکاثُر (۱۰۲)

ذم غفلت عن الآخرۃ: ---------- ۶۷۶

سُورۃُ العَصر (۱۰۳)

ذم تضییع عمر: ---------- ۶۷۷

سُورۃُ الھُمَزَۃ (۱۰۴)

بیان بعض خصال عذاب: ---------- ۶۷۸

سُورۃُ الفِیل (۱۰۵)

استدلال برتحذیر از ہتک حرمات الہیہ بقصہ اصحاب الفیل: ---------- ۶۷۹

سُورۃُ قُرَیش (۱۰۶)

امر بعبادت مر قریش را بر بعض نعم ---------- ۶۸۱

سُورۃُ المَاعُون (۱۰۷)

ذم خصال کفار ومنافقین: ---------- ۶۸۲

سُورۃُ الکَوثَر (۱۰۸)

عطائے کوثر برسول وابتریت عدو آن محبوب ومقبول: ---------- ۶۸۳

سُورۃُ الکٰفِرُون (۱۰۹)

توحید واظہار مخالفت با مشرکین: ---------- ۶۸۵

سُورۃُ النَّصر (۱۱۰)

امر تسبیح وتحمید واستغفار رسول ﷺ را بر قوت وشیوع اسلام: ---------- ۶۸۶

سُورۃُ اللَّھَب (۱۱۱)

خسارۂ مضاد رسول ﷺ ---------- ۶۸۸

سُورۃُ الاِخلاص (۱۱۲)

توحید: ---------- ۶۹۰

سُورۃُ الفَلَق (۱۱۳)

تفسیر ربط: ---------- ۶۹۱

سُورۃُ النَّاس (۱۱۴)

امر باستعاذہ از مضرت دینیہ یعنی وسوسہ شیطانیہ ---------- ۶۹۳
وجوہ الثانی ---------- ۶۹۴

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ

سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ ۲۵ مَكِّيَّةٌ ۴۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۷۷ رُكُوْعَاتُهَا ۶

سورۃ الفرقان مدینہ میں نازل ہوئی | شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والے ہیں | اور اس کی ستتر آیتیں اور چھ رکوع ہیں

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ۝۱ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۝۲ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝۳

بڑی عالیشان ذات ہے جس نے یہ فیصلہ کی کتاب (یعنی قرآن) اپنے بندہ خاص (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر نازل فرمائی تاکہ وہ تمام دنیا جہان والوں کے لئے ڈرانے والا ہو ایسی ذات جس کے لئے آسمانوں اور زمینوں کی حکومت حاصل ہے اور اس نے کسی کو (اپنی) اولاد قرار نہیں دیا اور نہ کوئی اس کا شریک ہے حکومت میں اور اس نے (ممکنات میں سے) ہر (موجود) چیز کو پیدا کیا پھر سب کا الگ الگ انداز رکھا اور (باوجود حق کے ایسا یکتا ہونے کے) ان مشرکین نے خدا (کی توحید) کو چھوڑ کر اور ایسے معبود قرار دیئے ہیں جو کسی چیز کے خالق نہیں اور (بلکہ) وہ خود مخلوق ہیں اور خود اپنے لئے نہ کسی نقصان کے (رفع دفع کرنے) کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ کسی نفع کے حاصل کرنے کا نہ کسی کو مرنے کا اختیار رکھتے ہیں نہ کسی کے جینے کا اور نہ کسی کو (قیامت میں) دوبارہ جلانے کا۔

تفسیر: خاتمہ میں حقوق رسول کا ذکر تھا اور اُس کے شروع میں رسالت کا اثبات ہے۔ خاتمہ اور فاتحہ میں بھی تناسب ظاہر ہو گیا بلکہ غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ زیادہ حصہ سورت کا بحث رسالت میں ہے۔ چنانچہ اول آیت میں بھی بطور براعۃ الاستہلال کے اس کا ذکر ہے۔ پھر تین چار رکوع تک اسی کے متعلق سوال و جواب چلے گئے ہیں۔ پھر آیت: وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا [الفرقان: ۵۲] اور آیت: وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا [الفرقان: ۵۶] میں بھی اس کا اعادہ ہے۔

توحید و رسالت: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ تَبٰرَكَ الَّذِيْ (الی قولہ تعالی) وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۝۔

ذم شرک وانکار توحید: وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً (الی قولہ تعالی) وَلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝۔ بڑی عالی شان ذات ہے جس نے یہ فیصلہ کی کتاب (یعنی قرآن) اپنے بندۂ خاص (محمد ﷺ) پر نازل فرمائی تاکہ وہ (بندہ) تمام دنیا جہاں والوں (یعنی انسان اور جن سب) کے لئے (عذابِ الٰہی سے ایمان نہ لانے کی صورت میں) ڈرانے والا ہو، ایسی ذات جس کے لئے آسمانوں اور زمین کی حکومت حاصل ہے اور اس نے کسی کو (اپنی) اولاد قرار نہیں دیا اور نہ کوئی اس کا شریک ہے حکومت میں اور اس نے (ممکنات میں سے) ہر (موجود) چیز کو پیدا کیا، پھر سب کا الگ الگ انداز رکھا (کہ کسی چیز کے آثار و خواص کچھ ہیں کسی کے کچھ ہیں) اور (باوجود حق تعالیٰ کے ایسے متفرد فی الکمال ہونے کے) ان مشرکین نے خدا (کی توحید) کو چھوڑ کر اور ایسے معبود قرار دیئے ہیں جو (کسی طرح معبود ہونے کے قابل نہیں کیونکہ وہ) کسی چیز کے خالق نہیں اور بلکہ وہ خود مخلوق ہیں اور خود اپنے لئے نہ کسی نقصان (کے رفع کرنے) کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ کسی نفع (کے حاصل کرنے) کا (اختیار رکھتے ہیں) اور نہ کسی کے مرنے کا اختیار رکھتے ہیں (کہ کسی جاندار کی جان نکال سکیں) اور نہ کسی کے جینے کا (اختیار رکھتے ہیں کہ کسی بے جان میں جان ڈال سکیں) اور نہ کسی کو (قیامت میں) دوبارہ جلانے کا (اور استحقاق معبودیت کے لوازم سے ہے ان تصرفات پر بالاستقلال قادر ہونا جب لازم نہیں ملزوم بھی نہیں۔ ف: آلِهَةً الى آخر الاية سے اگر اصنام مراد ہوں تو سب کمالات کا انتفاء ظاہراً و حقیقتاً ظاہر ہے۔ اور اگر مطلق الٰہ عام ذی روح و غیر ذی روح سے مراد ہوں تو بعض کا انتفاء تو ظاہراً بھی ہوگا اور حقیقتاً و استقلالاً سب کا انتفاء ہوگا جیسا کہ ظاہر ہے۔

www.besturdubooks.net

اللغات: تبارك من البركة وهى الزيادة ويراد به زيادة الشان بمعنى علوه فحاصل المعنى تعالى وتعظم قوله الفرقان مصدر بمعنى اسم الفاعل او المفعول اى الفارق بين الحق والباطل او الذى فرق فيه وبه وفصل بين الامور الحق منها والباطل قوله التقدير التهيئة اى هياه لما اراد به من الخصائص والافعال اللائقة به كذا فى الروح قوله النشور الاحياء كذا فى القاموس ۱۲۔

النحو: قوله الذى له ملك نعت للموصول الاول والفاصل ليس باجنبى قوله واتخذوا الضمير للمشركين لا يلزم رجوعه قبل الذكر لان القرينة للذكر كاف ۱۲۔

البلاغة: قوله الذى نزل الفرقان فى الروح ابراز تنزيل الفرقان فى معرض الصلة التى حقها ان تكون معلومة الثبوت للموصول عند السامع مع انكار الكفرة لاجراء ه مجرى المعلوم المسلم تنبيها على قوة دلائله وكونه بحيث لا يكاد يجهله احد وكذا يقال فى نظائره من الصلات التى ينكرها الكفرة ۱۲۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ِۨ افْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ جَاۗءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ۴

وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِىَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۵ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِىْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِى

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۶ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِىْ فِى الْاَسْوَاقِ ۭ

لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۷ اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ۭ وَقَالَ

الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۸ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۹

اور کافر (یعنی مشرک) لوگ (قرآن کے) بارے میں یوں کہتے ہیں کہ یہ تو کچھ بھی نہیں نرا جھوٹ ہے جس کو ایک شخص (یعنی پیغمبر) گھڑ لیا ہے اور دوسرے لوگوں نے اس (گھڑت) میں اس کی امداد کی ہے سو یہ لوگ بڑے ظلم اور جھوٹ کے مرتکب ہوئے اور یہ کافر لوگ یوں کہتے ہیں کہ یہ (قرآن) بے سند باتیں ہیں جو اگلوں سے منقول ہوتی چلی آتی ہیں جن کو اس شخص (یعنی پیغمبر) نے لکھوا لیا ہے اور پھر وہی مضامین اس کو صبح و شام پڑھ پڑھ سنائے جاتے ہیں آپ (اس کے جواب میں) کہہ دیجئے کہ اس (قرآن) کو اس ذات نے اتارا ہے جس کو چھپی باتوں کی خواہ وہ آسمانوں میں ہوں یا زمین میں خبر ہے واقعی اللہ تعالیٰ غفور اور رحیم ہے اور یہ (کافر) لوگ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت) یوں کہتے ہیں کہ اس رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا ہوا کہ وہ ہماری طرح کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے اس کے پاس کوئی فرشتہ کیوں نہیں بھیجا گیا کہ وہ اس کے ساتھ رہ کر ڈراتا یا اس کے پاس (غیب سے) کوئی خزانہ آ پڑتا یا اس کے پاس کوئی (غیبی) باغ ہوتا جس سے کھایا کرتا اور ایمانداروں سے یہ ظالم یوں (بھی) کہتے ہیں کہ تم لوگ ایک مسلوب العقل آدمی کی راہ پر چل رہے ہو (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) دیکھئے تو یہ لوگ آپ کے لئے کیسی عجیب عجیب باتیں کر رہے ہیں سو (ان خرافات سے) وہ بالکل گمراہ ہو گئے پھر وہ راہ نہیں پا سکتے ۔

تفسیر ربط: اول توحید و رسالت دونوں کا اثبات تھا۔ پھر انکار توحید پر تشنیع تھی۔ آگے انکار رسالت کی تقبیح اور اس پر منکرین کے جو شبہات و اعتراضات ہیں ان کا جواب ہے اور وہ اعتراضات متعدد تھے جن سے متعدد آیتیں شروع ہوئی ہیں۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ ۔ وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ ۔ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ ۔ وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ ۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَاۗءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ ۔ وَ اِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ ۔ اِلَّا هُزُوًا ۔ اور ہر اعتراض کے بعد اس کا رد ہے اور یہ مضمون سوال و جواب کا سورت کے تین چار رکوع تک چلا گیا ہے اور درمیان درمیان میں اور مناسب مقام مضامین ہیں۔

حکایات اعتراض اول ورد او: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا (الى قوله تعالى) فَقَدْ جَاۗءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ۴

حکایات اعتراض دوم تمہ اول ورد آن: وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا (الى قوله تعالى) اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۶

حکایت اعتراض سوم: وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ ......

حکایت اعتراض چہارم: وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۸

رد اعتراض سوم اجمالاً و چہارم تفصیلاً: اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۹ اور کافر (یعنی مشرک) لوگ (قرآن کے بارہ میں) یوں کہتے ہیں کہ یہ (قرآن) تو کچھ بھی نہیں نرا جھوٹ (ہی جھوٹ) ہے جس کو اس شخص (یعنی پیغمبر) نے گھڑ لیا ہے اور دوسرے لوگوں نے اس

www.besturdubooks.net

(گھڑت) میں اس (شخص) کی مدد کی ہے (مراد اس سے وہ اہل کتاب ہیں جو مسلمان ہو گئے تھے یا آپ کی خدمت میں ویسے ہی حاضر ہوا کرتے) سو (ایسی بات کہنے سے) یہ لوگ بڑے ظلم اور جھوٹ کے مرتکب ہوئے (چنانچہ اُس کا ظلم اور جھوٹ ہونا بدلیل عنقریب آتا ہے) اور یہ (کافر) لوگ (اعتراض بالا کے تتمہ میں) یوں کہتے ہیں کہ یہ (قرآن) بے سند باتیں ہیں جو اگلوں سے منقول ہوتی چلی آتی ہیں جن کو اس شخص (یعنی پیغمبرؐ) نے (عمدہ عبارت میں سوچ سوچ کراپنے صحابہ کے ہاتھ سے) لکھوالیا ہے (تاکہ منضبط رہے) پھر وہی (مضامین) اس (شخص) کو صبح وشام پڑھ پڑھ کر سنائے جاتے ہیں (تاکہ یاد رہیں' پھر وہی یاد کئے ہوئے مضامین مجمع میں بیان کر کے خدا کی طرف منسوب کر دیئے جاتے ہیں) آپ (اس کے جواب میں کہ اسی سے ان کا مرتکب ظلم وزور ہونا بھی ثابت ہو جاوے گا) کہہ دیجئے کہ اس (قرآن) کو تو اُس ذات (پاک) نے اُتارا ہے جس کو سب چھپی باتوں کی خواہ وہ آسمانوں میں ہوں یا زمین میں ہوں خبر ہے (اور چونکہ اُس کا علم ایسا محیط ہے اُس نے اپنے کلام میں وجوہ اعجاز کی پوری رعایت کر کے اس کو دوسرے کلاموں سے ممتاز فرمایا ہے اور دوسرے کسی کا ایسا علم نہیں ہے' اس لئے کسی کو اپنے کلام میں رعایت اعجاز رکھنے کے لئے اُن وجوہ تک رسائی نہیں ہو سکتی' پس رعایت بھی نہیں ہو سکتی' پس کسی کا کلام معجز بھی نہیں ہو سکتا۔ حاصل جواب یہ ہوا کہ اس کلام کا اعجاز دلیل ہے اس کی کہ کفار کا کہنا اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ...... غلط ہے اور اسی سے ثابت ہو گیا کہ وہ لوگ مرتکب ظلم وزور کے ہیں اگر یہ خود پیغمبر ﷺ کا کلام مفتری یا مکتسب ہوتا یا قوم آخرین کی اعانت سے تصنیف ہوتا تو معجز کیسے ہوتا اور ہر چند کہ مقتضا ایسے کفریات کا یہ ہے کہ ان کو فوراً سزا ہو جاوے لیکن چونکہ) واقعی اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے (اس لئے جب مواخذہ فوریہ میں کوئی خاص حکمت نہ ہو فوراً مواخذہ نہیں فرماتا۔ پس یہ مغفرت و رحمت موقتہ ہے' پھر بعد انقضائے اس کے وقت کے عذاب واقع ہو گا) اور یہ (کافر) لوگ (رسول اللہ ﷺ کی نسبت) یوں کہتے ہیں کہ اس رسول کو (یعنی جو کہ بزعم خود رسول ہے) کیا ہوا کہ وہ (ہماری طرح) کھانا (بھی) کھاتا ہے اور (انتظام معاش کے واسطے ہماری طرح) بازاروں میں (بھی) چلتا پھرتا ہے (یعنی بشر ہے کہ جو محتاج ہوتا ہے طعام واہتمام معاش کا۔ مطلب یہ کہ رسول فرشتہ ہونا چاہئے اور علی سبیل التنزل اگر رسول کا فرشتہ ہونا ضرور نہ ہو تو کم از کم وہ اُس کا مصائب تو ہو۔ تو اس بناء پر سوال ہے کہ) اس (رسول) کے پاس کوئی فرشتہ کیوں نہیں بھیجا گیا کہ وہ اُس کے ساتھ رہ کر (لوگوں کو عذاب الٰہی سے) ڈراتا (یا اگر یہ بھی نہ ہوتا تو کم از کم اہتمام معاش سے تو بے فکری ہوتی اس طرح کہ) اس کے پاس (غیب سے) کوئی خزانہ آ پڑتا (کہ معاش کی فکر نہ ہوتی) یا اس کے پاس کوئی (غیبی) باغ ہوتا جس سے یہ کھایا (پیا) کرتا (جس سے اکل وطعام معمولی اور مشی فی الاسواق کی احتیاج نہ رہتی) اور (ایمانداروں سے) یہ ظالم یوں (بھی) کہتے ہیں کہ (جب ان کے پاس اُمور مذکورہ میں سے کوئی امر عجیب اور موجب امتیاز نہیں ہے جو لازمہ نبوت ہے اور پھر بھی مدعی نبوت ہیں' اس سے معلوم ہوا کہ ان کی عقل میں فتور ہے۔ (پس) تم لوگ ایک مسلوب العقل آدمی کی راہ پر چل رہے ہو (اے محمد ﷺ) دیکھئے تو یہ لوگ آپ ﷺ کے لئے کیسی عجیب عجیب باتیں بیان کر رہے ہیں سو (ان خرافات سے) وہ (بالکل) گمراہ ہو گئے پھر (اس گمراہی میں غالی ہونے کی وجہ سے) وہ (بالکل) راہ نہیں پا سکتے۔

ف۱: اعتراض اول اور دوم قرآن منزل پر تھا اور سوم و چہارم رسول منزل علیہ پر اور یہ سب اعتراضات باہم بھی متجاذب و متناسب ہیں جیسا تقریر ترجمہ سے معلوم ہوا۔ اول اور دوم کا جواب ان کے بعد ہی مفصلاً ذکر فرمایا گیا ہے اور چہارم چونکہ بدیہی البطلان تھا' چونکہ حضور ﷺ کا اعقل الناس ہونا مشاہد تھا' اس لئے اُنْظُرْ الخ اس کے اعتبار سے تفصیلی جواب ہو گیا۔ اور سوم چونکہ قابل تنبیہ تھا اس لئے اس کا اجمالاً تو آیت اخیر میں مذکور ہے جس کی طرف لفظ امثال اور حکم بالضلال مشیر ہے۔ حاصل یہ ہے کہ یہ امور مذکورہ[1] رسالت کے لئے لازم ہونے کی حیثیت سے خود امور عجیبہ من قبیل الامثال ہیں اور جزو عقائد ہونے کی حیثیت سے موجب ضلال ہیں' کیونکہ نبوت کے لئے مطلق خارق کافی ہے' خارق معین غیر ضروری ہے۔ یہ تو اجمالی جواب ہے اور تفصیلی جواب کے ساتھ آگے خطاب ہے۔ تَبٰرَكَ الَّذِیْ میں اس جزو کا جواب اَوْ یُلْقٰۤی اِلَیْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ کیونکہ ان دونوں متعاطفین میں امر مشترک فراغ معاش ہے اور اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ میں اس جزو کا جواب مع تسلیہ مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ...... اور یَوْمَ یَرَوْنَ الْمَلٰٓىِٕكَةَ میں قَالَ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ کے جواب کے ساتھ اس جزو کا بھی جواب لَوْلَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مَلَكٌ چنانچہ آگے واضح ہو گا۔

ف۲: اس آیت سے مشی فی الاسواق کا غیر مکروہ ہونا ثابت ہوتا ہے اور حدیثوں سے جو کراہت معلوم ہوتی ہے تو بلا ضرورت جانا مراد ہے بلکہ اگر عدم مشی فی الاسواق براہ تکبر ہو تو خود عدم مشی مذموم اور مشی محمود ہے اور آیت: قَالَ الظّٰلِمُوْنَ سے آپ پر جادو چلنے کے واقعہ کی نفی لازم نہیں آتی۔ کیونکہ مقصود کفار کا نفی نبوت کی تھی جیسا حصر سے مستفاد ہے' سو یہ مقصود قطعاً منفی ہے اور مطلق سحر کا آپ پر مؤثر ہونا مسکوت عنہ ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاَعَانَهٗ عَلَیْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ...... ایسا ہی طعن بعض اولیاء امیین پر بعض خشک علماء نے کیا ہے کہ ان کے مرید بعض علماء ہیں۔ وہ علوم میں اُن کی اعانت کرتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ یَاْكُلُ الطَّعَامَ وَیَمْشِیْ فِی الْاَسْوَاقِ روح میں ہے کہ اس میں ان لوگوں کی حالت کے قصور کی طرف اشارہ ہے جو اولیاء اللہ پر اس وجہ سے انکار کرتے ہیں کہ وہ لوازم بشریت کھانے پینے وغیرہ میں ان کے ساتھ مشارکت رکھتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ

www.besturdubooks.net

لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مَلَكٌ اس میں اس شخص پر رد ہے جو کمال کا معیار خوارق کو قرار دیتا ہے۔

الحواشی: (۱) یعنی جن امور کی کفار درخواست کرتے تھے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی قال الذین کفروا مشرک والقرینة علیه قوله اعانه علیه قوم اخرون وقول قتادة المروی فی ...... ۱۲۔
۲ قوله فی ظلما: بڑے ظلم افاده التنوین ۱۲۔ ۳ قوله علی سبیل التنزل الخ صرح بهذا التدریج صاحب الروح ناقلا عن الزمخشری واختاره النیسابوری ایضاً ۱۲۔ ۴ قوله فی مسحورا مسلوب العقل لان بعض السحر ما یغلب به علی العقل۔ ۱۲۔

الروایات: فی الدر عن ابن عباسؓ ان عتبة وشیبة و ابا سفیان والنضر فی ثلثة عشر رجلا اجتمعوا وکلموه ﷺ طویلا وفیه فسل لنفسك ربك ان یبعث معك ملکا یصدقك بما تقول ویراجعنا عنك وسله ان یجعل لك جنانا وقصورا من ذهب وفضة الخ ۱۲۔

اللغات: جاء و اهووا توایجی بمعنی فعلوا فیتعدی تعدیة الاکتتاب بمعنی امر بالکتابة فقد شاع افتعل بهذا المعنی کاحتجم وافتصد قوله تملی علیه الاملاء ههنا الالقاء للحفظ بعد الکتابة استعارة او الالقاء للکتابة کما هو المعروف حتی یقال ان الظاهر العکس بان المیت علیه فهو یکتبها ۱۲۔

النحو: قوله فیکون نصب علی جواب التخصیص ۱۲۔

تَبٰرَكَ الَّذِیْٓ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَیْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ وَ یَجْعَلْ لَّكَ
قُصُوْرًا ﴿١٠﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۫ وَ اَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِیْرًا ﴿١١﴾ اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۭ بَعِیْدٍ
سَمِعُوْا لَهَا تَغَیُّظًا وَّ زَفِیْرًا ﴿١٢﴾ وَ اِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَیِّقًا مُّقَرَّنِیْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ﴿١٣﴾ لَا تَدْعُوا
الْیَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّ ادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِیْرًا ﴿١٤﴾ قُلْ اَذٰلِكَ خَیْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِیْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ
كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّ مَصِیْرًا ﴿١٥﴾ لَهُمْ فِیْهَا مَا یَشَآءُوْنَ خٰلِدِیْنَ ؕ كَانَ عَلٰی رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿١٦﴾ وَ یَوْمَ
یَحْشُرُهُمْ وَ مَا یَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَیَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِیْ هٰۤؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِیْلَ ﴿١٧﴾ ؕ
قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ یَنْۢبَغِیْ لَنَاۤ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِیَآءَ وَ لٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَ اٰبَآءَهُمْ حَتّٰی نَسُوا الذِّكْرَ ۚ
وَ كَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿١٨﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِیْعُوْنَ صَرْفًا وَّ لَا نَصْرًا ۚ وَ مَنْ یَّظْلِمْ
مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِیْرًا ﴿١٩﴾

وہ ذات بڑی عالی شان ہے کہ اگر وہ چاہے تو آپ کو (کفار) کی اس (فرمائش) سے (بھی) اچھی چیز دے دے یعنی بہت سے (غیبی) باغات جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں اور آپ کو بہت سے محل دے دے بلکہ یہ لوگ قیامت کو جھوٹ سمجھ رہے ہیں اور (انجام اس کا یہ ہوگا کہ) ہم ایسے شخص کے لئے جو کہ قیامت کو جھوٹ سمجھے دوزخ تیار کر رکھا ہے وہ ان کو دور سے دیکھے گی تو وہ لوگ (دور سے ہی) اس کا جوش و خروش سنیں گے اور (پھر) جب وہ اس (دوزخ) کی کسی تنگ جگہ میں ہاتھ پاؤں جکڑ کر ڈال دیئے جائیں گے تو وہاں موت موت پکاریں گے ایک موت کو نہ پکارو بہت سی موتوں کو پکارو آپ (ان کو یہ مصیبت سنا کر) کہئے کہ (یہ بتلاؤ کہ) کیا یہ (مصیبت کی حالت) اچھی ہے یا وہ ہمیشہ رہنے کی جنت (اچھی ہے) جس کا خدا سے ڈرنے والوں سے وعدہ کیا گیا ہے کہ وہ ان کے لئے ان کی اطاعت کا صلہ ہے اور ان کا آخری ٹھکانا ان کو وہاں وہ سب چیزیں ملیں گی جو کچھ وہ چاہیں گے اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے (اے پیغمبر) یہ ایک وعدہ ہے جو آپ کے رب کے ذمہ ہے اور قابل درخواست ہے۔ اور جس روز اللہ تعالیٰ ان (کافر) لوگوں کو اور جن کو وہ لوگ خدا کے سوا پوجتے تھے ان سب کو جمع کرے گا پھر (ان معبودین سے) فرمادے گا کیا تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا تھا یا یہ (خود ہی) راہ (حق) گمراہ ہو گئے تھے عرض کریں گے کہ معاذ اللہ ہماری کیا مجال تھی کہ ہم آپ کے سوا اور کارسازوں کو تجویز کریں لیکن آپ نے (تو) ان کو اور ان کے بڑوں کو (خوب) آسودگی دی یہاں تک کہ وہ (آپ کی) یاد بھلا بیٹھے اور یہ لوگ خود ہی برباد ہوئے (اس وقت اللہ تعالیٰ ان عابدین کو اظہار لاجواب کرنے کے لئے فرمادے گا

www.besturdubooks.net

کہ تمہارے ان معبودوں نے تو تم کو تمہاری باتوں میں جھوٹا ٹھہرا دیا سو (اب) تم نہ خود (عذاب کو) ٹال سکتے ہو اور نہ کسی دوسرے کی طرف سے مدد دیئے جا سکتے ہو اور جو جو تم میں ظالم (یعنی مشرک) ہوگا ہم اس کو بڑا عذاب چکھائیں گے۔

تفسیر: ربط: اوپر اعتراض سوم کا اجمالی جواب آ چکا ہے۔ آگے تفصیلاً مذکور ہوتا ہے جیسا آیات بالا کے ف اول میں اُس کی تقریر گزر چکی ہے اور اجزائے جواب کے درمیان میں بل کذبوا بالساعة سے رسالت کے انکار اور اس پر اعتراض بالا کی علت ارشاد ہوئی ہے پھر ذکر ساعت کی مناسبت سے کئی آیتوں تک اس کے واقعات متعلق مکذبین ومصدقین کے بیان فرمائے ہیں۔ اسی طرح اعتراض لو لا اُنزل علینا الملائکة ...... کے جواب کے بعد بھی بمناسبت نزول ملائکہ کے بعض واقعات یوم نزول کے ارشاد فرمائے۔

جواب تفصیلی از شبہ کنز وجنت: تَبٰرَكَ الَّذِیْٓ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَیْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ وَ یَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا۝ وہ ذات بڑی عالی شان ہے کہ اگر وہ چاہے تو آپ کو (کفار کی) اُس (فرمائش) سے (بھی) اچھی چیز دے دے یعنی[1] بہت سے (غیبی) باغات جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں (بہتر اس لئے کہا کہ وہ تو مطلق باغ کی فرمائش کرتے تھے گویا ایک ہی ہو اور متعدد باغ کا ایک سے بہتر ہونا ظاہر ہے) اور (بلکہ ان باغوں کے ساتھ اور بھی مناسب چیزیں دے دے جن کی انہوں نے فرمائش بھی نہیں کی یعنی) آپ کو بہت سے محل دے دے (جو اُن باغوں میں بنے ہوں یا باہر ہی ہوں جس سے اُن کی فرمائش مع شئے زائد پوری ہو جاوے۔ مطلب یہ کہ جو جنت میں ملے گا اگر اللہ چاہے تو آپ کو دنیا ہی میں دے دے لیکن بعض حکمتوں سے نہیں چاہا اور فی نفسہٖ ضروری تھا نہیں پس شبہ محض بے ہودہ ہے۔ ف: جنات کی تفسیر میں جو غیبی کی قید ظاہر کی گئی ہے قتادہ کا قول درمنثور میں اس کا مؤید بھی ہے۔ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ وَ یَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا۝ قال وانه واللہ من دخل الجنة لیصیبن قصورا لاتبلی ولا تهدم اور جزو القائے کنز کا جواب بھی بوجہ اتحاد واشتراک مقصود کنز اور جنت کے اسی سے نکل آیا اور تقدیم اس کی جزو اکل طعام و مشی فی الاسواق کے جواب پر شاید اس لئے ہو کہ یہ خارق منافی بشریت کے نہیں اور خوارق غیر منافیہ للبشریہ انبیاء سے صادر ہوا کرتے ہیں تو نظر سرسری سے اس شبہ کی گنجائش ہو سکتی تھی۔ اس لئے اس کو پہلے دفع فرما دیا بخلاف شبہ اکل ومشی کے جس سے مقصود فرمائش ہے ملکیت کی جو کہ منافی ہے بشریت کے اور خوارق منافیہ للبشریہ انبیاء سے صادر نہیں ہوتے۔ پس اس شبہ کی سرسری نظر میں بھی گنجائش نہ تھی۔ اس لئے اس کے جواب کو مؤخر کر دینے میں مضائقہ نہ ہوا۔

ربط: آیات بالا کی تمہید میں گزر چکا۔

علت انکار رسالت بروجہ مذکور و بیان بعض احوال واہوال یوم النشور: بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۫ وَ اَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِیْرًا۝ (الی قولہ تعالی) نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِیْرًا۝ (ان کفار کے ان شبہات مذکورہ کے سبب[2] یہ نہیں ہے کہ ان کو حق کی طلب اور فکر ہوئی ہو اور اس دوران میں قبل تحقیق ایسے شبہات واقع ہو گئے ہوں) بلکہ (وجہ اعتراضات کی محض شرارت اور طلب حق سے بے فکری ہے اور اس بے فکری اور شرارت کا سبب یہ ہے کہ) یہ لوگ قیامت کو جھوٹ سمجھ رہے ہیں (اس لئے فکر انجام نہیں ہے اور جو جی میں آتا ہے کر لیتے ہیں بک دیتے ہیں) اور (انجام اس کا یہ ہوگا کہ) ہم نے ایسے شخص (کی سزا) کے لئے جو کہ قیامت کو جھوٹ سمجھے دوزخ تیار کر رکھی ہے (کیونکہ قیامت کی تکذیب سے اللہ ورسول کی تکذیب لازم آتی ہے جو اصل سبب ہے دوزخ میں جانے کا اور اُس دوزخ کی یہ کیفیت ہوگی کہ) وہ (دوزخ) اُن کو دور سے دیکھے گی تو (دیکھتے ہی غضبناک ہو کر اس قدر جوش مارے گی کہ) وہ لوگ (دور ہی سے) اُس کا جوش وخروش سنیں گے اور (پھر) جب وہ اُس (دوزخ) کی کسی تنگ جگہ میں ہاتھ پاؤں جکڑ کر ڈال دیئے جائیں گے تو وہاں موت ہی موت پکاریں گے (جیسا مصیبت میں عادت ہے کہ موت کو بلاتے اور اس کی تمنا کرتے ہیں اُس وقت اُن سے کہا جاوے گا کہ) ایک موت کو نہ پکارو بلکہ بہت سی موتوں کو پکارو (کیونکہ موت کے پکارنے کی علت مصیبت ہے اور مصیبت غیر متناہی ہے اور ہر مصیبت کا مقتضا موت کا پکارنا ہے تو پکارنا بھی کثیر ہوا اور اسی کی کثرت کو موت کی کثرت کہا گیا پھر خود پکارنے پکارنے میں تغایر حقیقی ہے اور موت موت میں تغایر اعتباری) آپ (ان کو یہ مصیبت سنا کر) کہئے کہ (یہ بتلاؤ کہ) کیا یہ (مصیبت کی) حالت اچھی ہے (جو کہ مقتضا ہے تمہارے کفر وانکار کا) یا وہ ہمیشہ کے رہنے کی جنت (اچھی ہے) جس کا خدا سے ڈرنے والوں سے (یعنی اہل ایمان سے) وعدہ کیا گیا ہے کہ وہ اُن کیلئے (اُن کی اطاعت کا) صلہ ہے اور اُن کا (آخری) ٹھکانا (اور) اُن کو وہاں وہ سب چیزیں ملیں گی جو کچھ وہ چاہیں گے (اور) وہ (اس میں) ہمیشہ رہیں گے (اے پیغمبر) یہ ایک وعدہ ہے جو (بطور فضل وعنایت کے) آپ کے رب کے ذمہ ہے اور قابل[3] درخواست ہے (اور ظاہر ہے کہ جنت الخلد ہی بہتر ہے سو اس میں ترہیب کے بعد ترغیب ایمان کی ہو گئی) اور (وہ دن ان کو یاد دلایئے کہ) جس روز اللہ تعالیٰ ان (کافر) لوگوں کو اور جن کو وہ لوگ خدا کے سوا پوجتے تھے (جن سے اضلال صادر نہیں ہوا خواہ صرف بت مراد ہوں یا ملائکہ وغیرہم بھی) اُن (سب) کو جمع کرے گا پھر (اُن معبودین سے ان عابدین کی تبکیت کے لئے) فرماوے گا کیا تم نے میرے ان بندوں کو (راہِ حق سے) گمراہ کیا تھا یا یہ (خود ہی) راہِ (حق) سے گمراہ ہو گئے تھے (مطلب یہ کہ انہوں نے

www.besturdubooks.net

تمہاری عبادت کہ واقع میں ضلالت ہے تمہارے امر و رضا سے کی تھی جیسا ان لوگوں کا زعم تھا کہ یہ معبودین خوش ہوتے ہیں اور خوش ہو کر اللہ تعالیٰ سے شفاعت کریں گے یا اپنی رائے فاسد سے اختراع کر لی تھی) وہ (معبودین) عرض کریں گے کہ معاذ اللہ ہماری کیا مجال تھی کہ ہم آپ کے سوا اور کارسازوں کو (اپنے اعتقاد میں) تجویز کریں (عام اس سے کہ وہ کارساز ہم ہوں یا ہمارے سوا اور کوئی ہوں مطلب یہ کہ جب الوہیت کو آپ میں منحصر سمجھتے ہیں تو ہم شرک کرنے کا ان کو امر یا اُس پر رضامندی کیوں کرتے) ولیکن (یہ خود ہی گمراہ ہوئے اور گمراہ بھی ایسے نامعقول طور پر ہوئے کہ اسبابِ شکر کو انہوں نے اسباب کفر بنایا' چنانچہ) آپ نے (تو) ان کو اور ان کے بڑوں کو (خوب) آسودگی دی (جس کا مقتضا یہ تھا کہ منعم کی معرفت اور اُس کا شکر و اطاعت کرتے مگر یہ لوگ) یہاں تک (شہوات و تلذذات میں منہمک ہوئے) کہ (آپ کی) یاد (ہی) کو بھلا بیٹھے اور یہ لوگ خود ہی برباد ہوئے (مطلب جواب کا ظاہر ہے کہ دونوں شقوں میں ضلوا السبیل کی شق کو اختیار کیا اور ضلالت کی شناعت و قطاعت کو ذکر تمتیع سے مؤکد کیا جس سے خوب ناراضی اُن عابدین سے ظاہر ہو جاوے اس وقت اللہ تعالیٰ ان عابدین کو اظہار تبکیت کے لئے جو اصل مقصود تھا سوال مذکور سے فرماوے گا) لو تمہارے ان معبودوں نے تو تم کو تمہاری (سب) باتوں میں جھوٹا (ہی) ٹھہرا دیا (اور انہوں نے بھی تمہارا ساتھ نہ دیا اور جرم پورے طور سے قائم ہو گیا) سو (اب) تم نہ تو خود (عذاب کو اپنے اوپر سے) ٹال سکتے ہو اور نہ (کسی دوسرے کی طرف سے) مدد دیئے جا سکتے ہو (حتیٰ کہ جن پر پورا بھروسہ تھا وہ بھی صاف جواب دے رہے ہیں اور تمہاری صریح مخالفت کر رہے ہیں) اور جو (جو) تم میں ظالم یعنی مشرک ہوگا) ہم اُس کو بڑا عذاب چکھائیں گے (اور گو اس وقت مخاطبین سب مشرک ہی ہوں گے مگر اس طرح فرمانے کی یہ وجہ ہے کہ ظلم کا مقتضی عذاب ہونا بیان فرمانا مقصود ہے) **ف**: اِذَا رَاَتْھُمْ سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ دوزخ سے صدور رویت کا ہوگا اور دوسری نصوص سے بھی ظاہراً اس میں ادراک کا وجود معلوم ہوتا ہے۔ **قال اللہ تعالیٰ: وَتَقُوْلُ ھَلْ مِنْ مَّزِیْدٍ** [ق: ۳۰] **و قال صلی اللہ علیہ وسلم النار الی ربھا رواہ البخاری وفی الروح عن الطبرانی مرفوعا قالوا یا رسول اللہ ھل لجھنم من عین قال نعم اما سمعتم اللہ تعالیٰ یقول: اِذَا رَاَتْھُمْ مِّنْ مَّکَانٍۭ بَعِیْدٍ فھل تراھم الا بعینین** اور وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْھَا مَکَانًا ضَیِّقًا سے ظاہراً جہنم کا ضیق ہونا معلوم ہوتا ہے اور حدیثوں سے بے پایاں وسعت معلوم ہوتی ہے لیکن بعد تامل حقیقت ظاہر ہے کہ جہنم کو ضیق نہیں فرمایا بلکہ باوجود اُس کی وسعت کے جس خاص خاص جگہ ہر جہنمی رہے گا وہ جگہ خوب تنگ ہوگی جیسے جیل خانہ بہت بڑا ہو مگر ہر قیدی کے واسطے الگ الگ کوٹھڑی تنگ ہو جیسا روح میں ابن ابی حاتم سے مرفوعاً اس کی تفسیر میں منقول ہے: **انھم لیستکرھون افی النار کما یستکرہ الوتد فی الحائط** اور لَھُمْ فِیْھَا مَا یَشَآءُوْنَ میں لفظ ما کے عموم میں ممتعات داخل نہیں' اس لئے کہ ان ممتعات کے ساتھ اُن کی مشیت ہی متعلق نہ ہوگی مثل مغفرت کفار وغیرہ کے اور معبودین وغیرہ کے بولنے کے متعلق سورۂ یونس رکوع سوم آیت: وَیَوْمَ یَحْشُرُھُمْ [یونس: ۴۵] کی تفسیر میں بذیل فائدہ تحقیق گزر چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے اور تقریر ترجمہ میں وَمَا یَعْبُدُوْنَ کو عدم صدور اضلال کے ساتھ اسلئے مقید کیا کہ شیاطین کے لئے یہ مضمون عام نہیں۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ **قولہ فی جنت** یعنی **اشارۃ الی کونہ بدلا من خیرا** ۱۲ ۲ **قولہ فی بل کذبوا**: سب یہ نہیں الخ **مستفاد من الروح والکبیر** ۱۲۔ ۳ **قولہ فی مسئولا**: قابل **کذا فی الروح** ۱۲۔ ۴ **قولہ فی لا نصرا**: مدد دیئے جا سکتے ہو **اشارۃ الی کونہ مجھولا فحصل التغایر بین الصرف الکائن منھم والنصر الکائن من غیرھم فافھم** ۱۲۔

اللُّغَات: **قولہ تغیظ اظھار الغیظ وقد یکون ذلک مع صوت مسموع والا فھو فی نفسہ لیس بمسموع قولہ مقرنین قرنت ایدیھم الی عناقھم** ۱۲۔

النَّحْو: **قولہ واتھم التانیث باعتبار تاویل سعیر بجھنم۔ قولہ مکانا ضیقا ای فی مکان ضیق ومنھا حال مقدم علیہ** ۱۲۔ **قولہ ضلوا السبیل ای عن السبیل** ۱۲۔ **قولہ من اولیاء فی اعراب القرآن ھو المفعول الاول ومن دونک الثانی وجاز دخول من لانہ فی سیاق النفی اھ۔ وفیہ ماحاصلہ ان من تزاد فی المفعول الثانی عند اکثر النحویین** ۱۲۔

البَلَاغَۃ: **قولہ تدعوا الیوم التقید بالیوم لمزید التھویل والتفظیع والتنبیہ علی انہ لیس کسائر الایام المعھودۃ۔ قولہ جنۃ الخلد فی الروح اضافۃ الجنۃ الی الخلدان کانت نسبۃ الاضافۃ معلومۃ للمدح فان المدح یکون بما ھو معلوم وان لم تکن معلومۃ فلا قادۃ خلود الجنۃ ولا یخدشہ قولہ تعالی خالدین بعد لانہ للدلالۃ علی خلود المھا لا خلودھا فی نفسھا وان تلازما اذان ذلک للتمییز عن حیات الدنیا** ۱۲۔ **قولہ مصیرا ولم یکف بقولہ جزاء لعدم استلزامہ ذلک فقد یثیب الملک فی الدنیا انسانا ھیتان مثلا ولا یراہ فضلا عن ان یسکن فیہ۔ قولہ عبادی الاضافۃ لتعظیم جرمھم لعبادۃ غیر خالقھم مع کونھم عباد اللہ عزوجل۔ قولہ سبحنک فی الروح عن الطیبی توطئہ وتمھید للجواب اھ واشرت الیہ فی الترجمۃ ولما کان العادۃ فی اللسان الھندی اطلاق کلمۃ معاذ اللہ فی امثال ھذا ترجمت بالحاصل۔ قولہ بما تقولون فیہ مجاز ای فی ما تقولون** ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ ؕ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ
فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ۝۲۰ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا ع ۲ ۱۱ ۱۷
الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ نَرٰى رَبَّنَا ؕ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ۝۲۱ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ
وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ۝۲۲

اور ہم نے آپ سے پہلے جتنے پیغمبر بھیجے سب کھانا بھی کھاتے تھے اور بازاروں میں بھی چلتے پھرتے تھے اور ہم نے تم (مجموعہ مکلفین) میں ایک کو دوسرے کے لئے آزمائش بنایا ہے کیا صبر کرو گے (یعنی صبر کرنا چاہئے) اور آپ کا رب خوب دیکھ رہا ہے اور جو لوگ ہمارے سامنے پیش ہونے سے اندیشہ نہیں کرتے (بوجہ اس کے کہ اس کے منکر میں) وہ یوں کہتے ہیں کہ ہمارے پاس فرشتے کیوں آتے یا ہم اپنے رب کو دیکھ لیں یہ لوگ اپنے دلوں میں اپنے کو بہت بڑا سمجھ رہے ہیں اور یہ لوگ حد (انسانیت) سے بہت دور نکل گئے ہیں جس روز یہ لوگ فرشتوں کو دیکھیں گے اس روز مجرموں (یعنی کافروں) کے لئے کوئی خوشی کی بات نہ ہوگی اور کہیں گے کہ پناہ ہے پناہ ہے۔ ۞

تفسیر: ربط: رکوع اول کی آیات وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا...... کے **ف** میں تقریر ربط گزر چکی۔

جواب تفصیلی شبہ اکل و مشی مع تسلیہ: وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ (الی قولہ تعالیٰ) اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ۝ اور ہم نے آپ سے پہلے جتنے پیغمبر بھیجے سب کھانا بھی کھاتے تھے اور بازاروں میں بھی چلتے پھرتے تھے (مطلب یہ کہ نبوت و اکل طعام وغیرہ میں تنافی نہیں۔ چنانچہ جن کی نبوت دلائل سے ثابت ہے گو معترضین اعتراف نہ کریں اُن سب سے اس کا صدور ہوا ہے پس آپ پر بھی یہ اعتراض غلط ہے) اور (اے پیغمبر اور اے تابعین پیغمبر! ان کفار کے ایسے بے ہودہ اقوال سے محزون مت ہو کیونکہ) ہم نے تم (مجموعہ مکلفین) میں ایک کو دوسرے کے لئے آزمائش بنایا ہے (پس اسی عادت مستمرہ کے موافق انبیاء کو ایسی حالت پر بنایا کہ اُمت کی آزمائش ہو کہ کون ان کے حالات بشریہ پر نظر کر کے تکذیب کرتا ہے اور کون اُن کے کمالات نبوت پر نظر کر کے تصدیق کرتا ہے سو جب یہ بات معلوم ہو گئی تو) کیا تم (اب بھی) صبر کرو گے (یعنی صبر کرنا چاہئے) اور (یہ بات یقینی ہے کہ) آپ کا رب خوب دیکھ رہا ہے (تو وقت موعود پر اُن کو سزا دے دے گا پھر آپ کیوں ہم و غم میں واقع ہوں)۔

ربط: اوپر کفار کے بعض اعتراضات متعلقہ رسالت کے جواب مذکور تھے ایک اعتراض یہ تھا: لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ نَرٰى رَبَّنَا جس کا حاصل یہ تھا کہ ہم سے فرشتے یا خدا تعالیٰ بالمشافہ کہہ دے کہ محمد ﷺ رسول ہیں۔ کذا فسر ابن جریج کما فی الدر۔ آگے اس کی حکایت اور اس کا جواب ہے اور اس اعتراض کا مضمون اعتراض سوم کے اس جزو کے ساتھ متحد المقصود ہے: لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ اور اس سے اس قدر ترقی ہے کہ وہاں ملک واحد تھا یہاں ملائکہ جمع ہیں اور وہاں صرف نزول ملک پر اقتصار تھا یہاں رویت رب بھی منضم ہے اور اس (۱) کا جزو دوم لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا...... میں تفصیلاً اور جزو (۲) اول اس میں اجمالاً اور يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ میں تفصیلاً رد کیا گیا ہے اور جزو اول کے اجمالی و تفصیلی جواب میں اعتراض سوم کے جزو نزول ملک کا تفصیلی جواب بھی ہو جاوے گا جیسا اجمالاً پہلے آیت انظر میں ہو چکا تھا۔ چنانچہ رکوع اول کے خاتمہ پر ف میں اس مضمون کا وعدہ و حوالہ بھی لکھا گیا ہے۔

حکایت اعتراض پنجم و رد او مع جواب تفصیلی شبہ نزول ملک از جزاء اعتراض سوم: وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ نَرٰى رَبَّنَا ؕ (الی قولہ تعالیٰ) وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ۝۲۲ اور جو لوگ ہمارے سامنے پیش ہونے سے اندیشہ نہیں کرتے (بوجہ اس کے کہ اُس کے منکر ہیں) وہ (انکار رسالت کے لئے) یوں کہتے ہیں کہ ہمارے پاس فرشتے کیوں نہیں آتے (کہ آ کر ہم سے کہیں گے کہ یہ رسول ہیں) یا ہم اپنے رب کو دیکھ لیں (اور وہ ہم سے کہہ دے کہ واقعی یہ رسول ہیں جب ہم تصدیق کریں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ) یہ لوگ اپنے دلوں میں اپنے کو بہت بڑا سمجھ رہے ہیں (کہ مہبط ملائکہ یا ہم کلام حق ہونے کے لائق اپنے کو جانتے ہیں) اور بالخصوص رویت و مکالمت رب کی فرمائش میں تو) یہ لوگ حد (انسانیت) سے بہت (ہی) دور نکل گئے ہیں (کیونکہ ملائکہ اور انسان میں تو کسی ذاتی بعید میں شرکت بھی ہے اللہ تعالیٰ سے تو کوئی مشارکت ہی نہیں اور خیر خدا کے دیکھنے کے لائق تو کیا ہوتے البتہ فرشتے ایک دن ان کو دکھلائی دیں گے مگر نہ جس طرح یہ چاہتے ہیں بلکہ مصیبت اور پریشانی کے ساتھ) چنانچہ جس روز یہ لوگ فرشتوں کو دیکھیں گے (اور وہ دن قیامت کا ہے) اُس روز مجرموں (یعنی کافروں) کے لئے کوئی خوشی کی بات (نصیب) نہ ہوگی اور (فرشتوں کو جب سامان عذاب کے ساتھ آتا ہوا دیکھیں گے تو گھبرا کر) کہیں گے کہ پناہ ہے پناہ ہے۔

ف: حاصل ارشاد: لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا کا یہ ہوا کہ مرئی کی جانب سے تو کوئی امر نزول یا رویت کا مانع نہیں۔ چنانچہ انبیاء نزول سے مشرف ہوتے ہیں اور رویت سے

www.besturdubooks.net

سب مؤمنین مشرف ہوں گے لیکن رائی میں مانع خاص ہے یعنی عدم لیاقت اور اس مانع کا کوئی رافع متحقق نہیں ہوا' پھر ایسی استدعا اعلیٰ درجہ کا تکبر ہے اور جہاں نزول ورویت کا وقوع ہے وہاں اس مانع کا رافع یعنی فضل الٰہی پایا جاتا ہے لہٰذا باوجود امکان ذاتی کے ان کفار کے حق میں یہ اُمور ممتنع بالغیر ہیں اور حاصل یَوْمَ یَرَوْنَ کا یہ ہوا کہ تمہاری حالت موجودہ کفر وعناد کی مقتضی اس کو ہے کہ اگر ملائکہ تم سے ملیں تو اس طرح ملیں۔ چنانچہ جس روز ملیں گے اس طرح ملیں گے پس دنیا میں جو تم اُس کی درخواست کر رہے ہو تو گویا اُس مصیبت کی درخواست کر رہے ہو۔ اگر یہاں ایسا ہو تو بجائے تمنا کے ان سے پناہ مانگنے لگو پھر عبث ایسی چیز کی طلب کرتے ہو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَقَالَ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ ...اس میں اُس شخص کی مذمت کی طرف اشارہ ہے جو سلوک میں احوال باطنیہ غیر اختیاریہ کا منتظر رہتا ہے اور اس طرف اشارہ ہے کہ منشاء اس انتظار کا حقیقت میں تکبر ہے اور اپنے مجاہدات واعمال پر استحقاق کا دعویٰ۔

اَلْحَوَاشِیْ: (۱) یعنی اس اعتراض کے جزو دوم کا لَقَدِ اسْتَکْبَرُوْا ...... میں تفصیلاً رد کیا گیا ہے ۱۲ منہ۔ (۲) یعنی اس اعتراض کے جزو اول کا لَقَدِ اسْتَکْبَرُوْا ...... میں اجمالاً رد کیا گیا ہے اور یَوْمَ یَرَوْنَ الْمَلٰٓئِکَۃَ میں تفصیلاً رد کیا گیا ہے ۱۲ منہ۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱؎ قولہ فی: اب بھی اشارۃ الی ان المقصود التخصیص علی الصبر بعد وجود المقتضی لہ ۱۲۔ ۲؎ قولہ فی اتصبرون چاہئے اشارۃ الی ان الاستفہام ارید بہ الامر ۱۲۔ ۳؎ قولہ فی لا یرجون اندیشہ نہیں کرتے فی النیسابوری قال الفراء لا یخافون ۱۲۔

اَلنَّحْو: قولہ الا انھم فی النیسابوری قال ابن الانباری المحذوف ھو الو او بعد الا فتکون الجملۃ حالا الخ ۱۲۔

وَقَدِمْنَآ اِلٰی مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰہُ ھَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾ اَصْحٰبُ الْجَنَّۃِ یَوْمَئِذٍ خَیْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّ اَحْسَنُ مَقِیْلًا ﴿۲۴﴾ وَیَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِکَۃُ تَنْزِیْلًا ﴿۲۵﴾ اَلْمُلْکُ یَوْمَئِذِ ۣالْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ۭ وَکَانَ یَوْمًا عَلَی الْکٰفِرِیْنَ عَسِیْرًا ﴿۲۶﴾ وَیَوْمَ یَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰی یَدَیْہِ یَقُوْلُ یٰلَیْتَنِی اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِیْلًا ﴿۲۷﴾ یٰوَیْلَتٰی لَیْتَنِیْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِیْلًا ﴿۲۸﴾ لَقَدْ اَضَلَّنِیْ عَنِ الذِّکْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِیْ ۭ وَکَانَ الشَّیْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الرَّسُوْلُ یٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِی اتَّخَذُوْا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ مَھْجُوْرًا ﴿۳۰﴾

اور ہم اس روز ان کے (یعنی کفار کے) ان (نیک) کاموں کی طرف جو کہ (وہ دنیا میں) کر چکے تھے متوجہ ہوں گے سو ان کو ایسا (بے کار) کر دیں گے جیسے پریشان غبار (البتہ) اہل جنت اس روز قیام گاہ میں بھی اچھے رہیں گے اور آرام گاہ میں بھی خوب اچھے ہوں گے اور جس روز آسمان ایک بدلی پر سے پھٹ جائے گا اور فرشتے (زمین پر) بکثرت اتارے جائیں گے (اور) اس روز حقیقی حکومت (حضرت) رحمٰن (ہی) کی ہوگی اور وہ (دن) کافروں پر بڑا سخت دن ہوگا اور جس روز ظالم (یعنی کافر آدمی غایت حسرت سے) اپنے ہاتھ کاٹ کاٹ کھائے گا اور کہے گا کیا اچھا ہوتا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دین کی راہ پر لگ لیتا ہائے میری شامت (کہ ایسا نہ کیا اور) کیا اچھا ہوتا کہ میں فلاں شخص کو دوست نہ بناتا اس کم بخت نے مجھ کو نصیحت آئے پیچھے بہکا دیا اور ہٹا دیا اور شیطان تو انسان کو (عین وقت پر) امداد کرنے سے جواب دے ہی دیتا ہے اور (اس دن) رسول کہیں گے کہ اے میرے پروردگار میری (اس) قوم نے قرآن کو جو کہ واجب العمل تھا بالکل نظر انداز کر رکھا تھا۔

تفسیر ربط: اوپر یوم نزول ورویت ملائکہ کا اور اُس یوم کے بعض وقائع کا ذکر تھا آگے مناسبت سے اُس یوم ہائل سے دوسرے واقعات متعلقہ مصدقین و مکذبین کا بیان ہے جیسا رکوع دوم آیت تَبٰرَکَ الَّذِیْ ...... کی تمہید میں بھی اس کی تقریر لکھی گئی ہے۔

بیان بعض واقعات مصدقین و مکذبین در قیامت: وَقَدِمْنَآ اِلٰی مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰہُ ھَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾ (الی قولہ تعالیٰ) یٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِی اتَّخَذُوْا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ مَھْجُوْرًا ﴿۳۰﴾ اور ہم (اُس روز) اُن کے (یعنی کفار کے) اُن (نیک) کاموں کی طرف جو کہ وہ (دنیا میں) کر چکے تھے متوجہ ہوں گے سو اُن کو (علانیہ طور پر) ایسا (بیکار) کر دیں گے جیسے پریشان غبار (کہ کسی کام نہیں آتا اسی طرح ان کفار کے اعمال پر کچھ ثواب نہ ہوگا البتہ) اہل جنت اُس روز قیام گاہ میں بھی اچھے رہیں گے اور آرام گاہ میں بھی خوب اچھے ہوں گے (مراد مستقر اور مقیل سے جنت ہے یعنی اُن کے لئے جائے قیام اور جائے آرام ہوگی اور اچھا ہونا اُس کا ظاہر ہے) اور جس روز آسمان ایک بدلی پر سے پھٹ جاوے گا (اُس بدلی کے ساتھ آسمان سے) فرشتے (زمین پر) بکثرت اُتارے جاویں گے (اور اُسی وقت حق تعالیٰ حساب وکتاب کے لئے تجلی فرماویں گے اور) اُس روز حقیقی حکومت (حضرت) رحمٰن (ہی) کی ہوگی (یعنی

www.besturdubooks.net

حساب وکتاب وجزا وسزا میں کسی کو دخل نہ ہوگا جیسا دنیا میں ظاہری تصرف تھوڑا بہت دوسروں کے لئے بھی حاصل ہے) اور وہ (دن) کافروں پر بڑا سخت دن ہوگا (کیونکہ اُن کے حساب کا انجام جہنم ہی ہے) اور جس روز ظالم (یعنی کافر آدمی غایت حسرت سے) اپنے ہاتھ کاٹ کاٹ کھاوے گا (اور) کہے گا کیا اچھا ہوتا میں رسول کے ساتھ (دین کی راہ) پر لگ لیتا ہائے میری شامت (کہ ایسا نہ کیا اور) کیا اچھا ہوتا کہ میں فلاں شخص کو دوست نہ بناتا اُس (کم بخت) نے مجھ کو نصیحت آئے پیچھے اُس سے بہکا دیا (اور ہٹا دیا) اور شیطان تو انسان کو عین وقت پر) امداد کرنے سے جواب دے ہی دیتا ہے (چنانچہ اُس کافر کی اُس حسرت کے وقت اُس نے کوئی ہمدردی نہ کی گو کرنے سے بھی کچھ نہ ہوتا صرف دنیا ہی میں بہکانے کو تھا) اور (اس دن) رسول (صلی اللہ علیہ وسلم حق تعالیٰ سے کافروں کی شکایت کے طور پر) کہیں گے کہ اے میرے پروردگار میری (اس قوم) نے اس قرآن کو (جو کہ واجب العمل تھا) بالکل نظر انداز کر رکھا تھا (اور التفات ہی نہ کرتے تھے عمل تو در کنار مطلب یہ کہ خود کفار بھی اپنی ضلالت کا اقرار کریں گے اور رسول بھی شہادت دیں گے۔ کقولہ تعالیٰ: وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَاۤءِ شَهِيْدًا [النساء: ۴۱] اور ثبوت جرم کی یہی دو صورتیں معتاد ہیں اور اقرار و شہادت اور دونوں اس کے اجتماع سے یہ ثبوت اور بھی مؤکد ہو جائیں گے اور سزایاب ہوں گے) **ف**: اس بدلی کا ذکر پارۂ دوم کے نصف پر آیت هَلْ يَنْظُرُوْنَ [البقرۃ: ۲۱۰] کی تفسیر کے ذیل میں گزر چکا ہے کہ یہ ابر بشکل سائبان کے آسمان سے آئے گا اور اُس میں حق تعالیٰ کی تجلی ہوگی اور اُس کے گرد بکثرت ملائکہ ہوں گے یہ حساب شروع ہونے کا وقت ہوگا اور اُس وقت آسمان کا پھٹنا صرف کھلنے کے طور پر ہوگا۔ یہ وہ پھٹنا نہ ہوگا جو نفخ اول کے وقت اُس کے افناء کے لئے ہوگا کیونکہ نزول غمام کا وقت بعد نفخہ ثانیہ کے ہے جس وقت سب زمین وآسمان دوبارہ درست ہو جائے گا اور آیت: وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ میں ایک قصہ کی طرف اشارہ ہے جو درمنثور میں بالفاظ مختلفہ مروی ہے حاصل مجموعہ کا یہ ہے کہ عقبہ بن ابی معیط نے ایک بار ایک مجلس دعوت میں جناب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو بلایا۔ آپؐ نے فرمایا کہ جب تک تو اسلام نہ لاوے گا میں دعوت نہ مانوں گا۔ اُس نے کلمہ پڑھ لیا' آپ دعوت میں شریک ہو گئے۔ یہ خبر ابی بن خلف کو جو کہ اُس کا دوست تھا پہنچی۔ اس نے ملامت کی۔ عقبہ نے جواب دیا کہ میں نے بمصلحت اُن کی خاطر سے ظاہراً کلمہ پڑھ لیا تھا' دل سے اسلام نہیں لایا تھا۔ غرض وہ کافر کا کافر ہی رہا۔ تو قیامت میں اُس کو اس کی حسرت ہوگی اور گو اول بھی اس نے کلمہ دل سے نہ پڑھا تھا مگر اس کی دوستی کو یہ دخل ہے کہ اس کا کلمہ پڑھنا اُس کی نرم مزاجی پر دال ہے۔ اگر ابی بن خلف سے دوستی نہ ہوتی تو شاید اس ظاہری تاثر سے باطنی تاثر بھی ہو جاتا۔ مگر دوستی کی بدولت بعد زائد اور حرمان دائم ہو گیا اور جَآءَنِیْ سے یہ لازم نہیں آیا کہ اُس نے دل سے دین اسلام کو قبول کر لیا تھا' کیونکہ مجئ اس سے عام ہے اور دخل حسرت میں اس کو یہ ہے کہ مجئ اسباب ہدایت سے ہے تو جانب ذکر سے فاعلیت اور جانب متکلم سے ایک گونہ قابلیت کا تحقق من وجہ قرب ہے حق سے اور اس قرب کے بعد پھر بُعد ہو گیا اور شیطان کے خذلان کا ذکر اس لئے کیا گیا کہ اس مانع کا اثر شیطان ہی کے اغواء سے ہوا اور بعض مفسرین کا یہ قول ہے کہ ظالم سے مراد مطلق کافر اور فلاناً سے مراد شیطان بقرینہ كَانَ الشَّيْطٰنُ اور تفسیر ظاہر ہے۔

رَبط: اوپر رسالت کے متعلق کفار کے متعدد اعتراضات سے اور نیز آئندہ کے اعتراضات سے ان کی عداوت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ معلوم ہوتی ہے آگے آپ کی تسلی فرماتے ہیں کہ اس عداوت سے محزون نہ ہوں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ لَا بُشْرٰى ...... اس طرف اشارہ ہے کہ یہ حالات (مذکورہ بالا) بعض کے لئے مضر ہوتے ہیں جس کو مشائخ اہل تربیت جانتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا...... اس میں دو مسئلے ہیں۔ اول یہ کہ بدون باطن کے محض ظاہری عمل معتد بہ نہیں اور یہ گویا قوم کا اجماعی مسئلہ ہے۔ دوسرا وہ جو روح میں ابن عطاء سے مذکور ہے۔ انہوں نے ان اعمال کو نگاہ رضا سے دیکھا۔ بس ہماری نگاہ سے گر گئے (یعنی عجب حابط اعمال ہے) قولہ تعالیٰ: وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ ...... اس میں اشرار کی صحبت سے تحذیر ہے اور اشرار کی تفسیر ہے کہ ذکر اللہ سے بعید ہونے کا سبب ہو جاوے۔

مُلحقاتُ التَّرجمۃ: ۱علانیہ طور پر اشارۃ الی ان حبط الاعمال وان کان ماضیا واقعا بمجرد الکفر لکن ظهوره مؤخر الی دار الجزاء ۱۲۔

الفقه: استدل بالآیة ای قوله تعالیٰ اتخذوا هذا القرآن علی کراهة عدم تعاهد المصحف بالقراءة فیه لانه نوع من الهجر المذموم فی الآیة وفیه بحث لان المراد به عدم القبول لا عدم الاشتغال مع القبول ولا ما یعمهما والحق انه متی کان ذلك مخلا باحترام القرآن والاعتناء به حرم والا فلا ۱۲۔

اللُّغات: حجرا محجورا فی الروح عن سیبویه ان حجرا من المصادر المنصوبة غیر المتصرفة وانه صاحب اضمارنا صبها یقول الرجل للرجل اتفعل کذا فیقول حجرا۔ وهو من حجره اذا منعه لان المستعیذ طالب من الله تعالیٰ ان یمنع المکروه ان یلحقه وفیه کان الانسان اذا سافر فر ای ما یخاف قال حجرا محجورا ای حرام علیك التعرض لی وفیه وصفة الحجود للتاکید کشعر شاعر وموت ماءت دلیل الیل وان مفعولا ههنا للنسب ای ذوحجر وهو کفاعل یاتی لذلك اه قلت وترجمة بالحاصل قدمنا عمدنا کذا فی

www.besturdubooks.net

الرحو۔ قوله هباء منثورا ما يرى من الغبار في الكوة في ضوء الشمس مقيلا اريد به مكان الاسترواح مطلقا استعمالا للمقيد في المطلق فهو مجاز مرسل وانما يبق على الاصل لما انه لا نوم في الجنة اصلاً اى ولا نصب[1]۔ قوله بالغمام اى عن الغمام كما نقله النيسابورى عن الفراء العض على اليدين كناية عن فرط الحسرة والندامة لانه لازمة لذلك في العادة والعرف۔ قوله فلانا قال النيسابورى زعم بعض ائمة اللغة انه لم يثبت استعمال فلان في الفصيح الاحكاية لا يقال جاء نى فلان ولكن يقال قال زيد جاء نى فلان ۱۲۔ قوله مهجورا من الهجر بالفتح بمعنى الترك وقيل من الهجر بمعنى الهذيان ۱۲۔

النَّحْوُ :وقدمنا هو عندى معطوف على لابشرى لانه من الواقعات في ذالك اليوم وقوله يوم تشقق وقوله يوم يعض الظالم كلاهما معطوف على يوم يرون وقوله الحق بمعنى الثابت صفة للملك ولا يضر الفعل بالظرف ۱۲۔

البلاغة :قوله يوم يرون انما قيل يرون دون تنزل الملائكة ايذانا من اول الامر بان رؤيتهم لهم ليست على طريق الاجابة الى ما طلبوه بل على وجه آخر لم يمر ببالهم منثورا وصف به مبالغة في الغاء اعمالهم فان الهباء تراه منتظما مع الضوء فاذا حركة الريح تناثر وذهب كل مذهب فلم يكف ان شبه اعمالهم بالهباء حتى جعل متناثرا الا يمكن جمعه والانتفاع به اصلا ومثل هذا لا رداف يسمى في البديع بالتتيم والايغال قوله نزل الملئكة فيه ايماء ايضا الى الجواب عن قولهم لو لا انزل علينا الملائكة ۱۲۔

الحواشى :(۱)زاده لان القيلولة تارة تكون للنوم و تارة للاستراحة عن النصب ۱۲ منه۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّ نَصِيْرًا ۝۳۱ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ كَذٰلِكَ ۚ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ۝۳۲ وَلَا يَاْتُوْنَكَ
ع ۳ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ۝۳۳ اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ۝۳۴ وَلَقَدْ
اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا مَعَهٗٓ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ۝۳۵ فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ۝۳۶

اور ہم اسی طرح (یعنی جس طرح یہ لوگ آپ سے عداوت کرتے ہیں) مجرم لوگوں میں سے ہر نبی کے دشمن بناتے رہتے ہیں اور ہدایت کرنے کو اور مدد کرنے کو آپ کا رب کافی ہے اور کافر لوگ یوں کہتے ہیں کہ ان پیغمبر پر قرآن دفعتاً واحدۃً کیوں نہیں نازل کیا اس طرح (تدریجاً) اس لئے (ہم نے نازل کیا) ہے کہ اس کے ذریعہ سے آپ کے دل کو قوی رکھیں اور (اس لئے) ہم نے اس کو بہت ٹھہر ٹھہرا کر اُتارا ہے اور یہ لوگ کیسا ہی عجیب سوال آپ کے سامنے پیش کریں گے مگر ہم اس کا ٹھیک ٹھیک جواب اور وضاحت میں بڑھا ہوا آپ کو عنایت کر دیتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے مونہوں کے بل جہنم کی طرف لے جائے جائیں گے یہ لوگ جگہ میں بھی بدتر ہیں اور طریقہ میں بھی گمراہ ہیں اور تحقیق ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی تھی (یعنی توریت) اور ہم نے ان کے ساتھ ان کے بھائی ہارون علیہ السلام کو (ان کا) معین بنایا تھا پھر ہم نے دونوں کو حکم دیا کہ دونوں آدمی ان لوگوں کے پاس جاؤ جنہوں نے ہماری (توحید کی) دلیلوں کو جھٹلایا ہے سو ہم نے ان کو (اپنے قہر سے) بالکل ہی غارت کر دیا۔

تفسیر :تسلیہ رسول ﷺ درعداوت کفار: وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ (الی قولہ تعالی) وَّ نَصِيْرًا ۝ اور ہم اسی طرح (یعنی جس طرح یہ لوگ آپ سے عداوت کرتے ہیں مجرم لوگوں میں سے ہر نبی کے دشمن بناتے رہے ہیں (یعنی یہ سنت قدیمہ ہے کہ کفار انبیاء کے ساتھ عداوت کرتے رہے ہیں۔ سو یہ کوئی نئی بات نہیں ہے جس کا غم کیا جاوے) اور (جس کو ہدایت دینا منظور ہو اُس کی) ہدایت کرنے کو اور (جو ہدایت سے محروم رہے اُس کے مقابلہ میں آپ کی) مدد کرنے کو آپ کا رب کافی ہے (یعنی غم کے دو سبب ہو سکتے ہیں ایک اُن کا گمراہ رہنا دوسرا اُن کے درپئے ایذا ہونا' سو اللہ تعالیٰ ہدایت کے لئے بھی کافی ہے اگر حکمت مقتضی ہوگی تو ہدایت کی توفیق دے دے گا جب ہدایت نہیں ہوتی تو اس میں ہی حکمت ہے اور ایذاء کے دفع کرنے کے لئے بھی اللہ تعالیٰ کافی ہے۔ اگر چندے دفع نہ کرے تو اسی میں حکمت ہوگی۔ غرض نہ اس سے غم کیجئے نہ اُس سے) **ف**:کل نبی سے اگر مراد عام ہو تو عدو سے مراد بھی عام انس اور جن کو پس آدم علیہ السلام کے اعداء ابلیس اور قابیل ہیں اور لفظ عدو کا اطلاق واحد اور جمع دونوں کے لئے آتا ہے۔ اور اگر مراد لفظ کل سے کثرت ہو تو اس کی ضرورت نہیں' یعنی اکثر انبیاء کے لئے ایسا ہوا ہے اور تسلی کے لئے یہ بھی کافی ہے اور اگر نبی سے مراد خاص وہ نبی لئے جاویں جن کی بعثت سے زیادہ مقصود اصلاح معاد ہے تو کل اپنے عموم پر رہے گا اور آدم علیہ السلام کے لئے اس توجیہ مذکور کی حاجت نہ ہوگی کیونکہ اول انبیاء کی بعثت سے مقصود غالب یا بالمساوی تعلیم ضرورت معاش ہے' اسی بناء پر حدیث میں نوح علیہ السلام کی نسبت اول الرسل آیا ہے۔ یعنی رسل قسم اول میں اول ہیں نہ کہ مطلق رسل کے اول۔ **ربط** :اوپر کفار کے پانچ اعتراض

www.besturdubooks.net

مع اُن کے رد کے حکایت کئے گئے تھے۔ بعض اعتراضات کی آگے حکایت ہے۔

حکایت اعتراض ششم مع رداو: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (الى قوله تعالى) وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا۝ اور کافر لوگ یوں کہتے ہیں کہ ان (پیغمبر) پر یہ قرآن دفعتاً واحدۃً کیوں نہیں نازل کیا گیا (مقصود اعتراض سے یہ ہے کہ اگر خدا کا کلام ہوتا تو یہ بتدریج نازل ہونے کی کیا ضرورت تھی۔ اس سے تو شبہ پڑتا ہے کہ محمد ﷺ خود سوچ سوچ کر تھوڑا تھوڑا بنالیتے ہیں۔ آگے اس اعتراض کا جواب ہے کہ) اس طرح (تدریجاً) اس لئے (ہم نے نازل کیا) ہے تاکہ ہم اس کے ذریعہ سے آپ کے دل کو قوی رکھیں اور (اسی لئے) ہم نے اس کو بہت ٹھہرا ٹھہرا کر اُتارا ہے (چنانچہ تیئس سال کے اندر پورا ہوا تاکہ نزول تدریجی کا فائدہ تام ہو)۔ ف: نزول تدریجی کا فائدہ اسی میں منحصر نہیں ہے' چنانچہ بعض فوائد سورۂ بنی اسرائیل کے ختم کے قریب آیت: وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ [الأسراء: ۱۰٦] میں مذکور ہوئے ہیں جو ترجمہ سے ظاہر ہو سکتے ہیں اور ایک فائدہ اس مقام پر مذکور ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ اس میں رسول اللہ ﷺ کی تقویت قلب ہے چند طریقوں سے۔ اول: یاد رہنے میں آسانی ورنہ کتاب ضخیم کا جبکہ بے لکھی ہوئی ہو یاد رکھنا عادۃً دشوار اور اُس کو دیکھ کر طبیعت کا پریشان ہو جانا طبعی امر ہے اور تدریج میں دل قوی رہتا ہے۔ دوم: جب کفار کوئی اعتراض یا ناگوار معاملہ کرتے تب ہی آپ کی تسلی نازل ہو جاتی اس میں زیادہ تقویت قلب کی ہوتی ہے بہ نسبت اس کے کہ ایک کتاب آدمی کے پاس ہو اور وقت پر اُس میں سے مضمون تلاش کر کے کام میں لاوے۔ سوم: بار بار پیغام خداوندی آنا تازہ شہادت ہے معیت خداوندی کی جو مدار اعظم ہے قوت قلب کا وامثال ذلک اور آپ کے بعد اُمت کے لئے پہلا فائدہ تو لکھے ہوئے ہونے سے سہل الحصول ہو گیا اور فائدہ دوم وسوم خصائص محبوبیت کاملہ سے ہے جو کہ خواص نبوت سے ہے' اس لئے امت کا اشتراک اس میں ضروری نہیں اور نزول تدریجی کی ایک صورت یہ بھی تھی کہ مثلاً بقدر ایک ایک رکوع کے روزانہ نازل کر کے دو تین سال میں پورا کر دیا جاتا لیکن اس میں تقویت قلب کے بعض طرق بوجہ اتم حاصل نہ ہوتے۔ مثلاً دوم وسوم کیونکہ اعتراضات آپ کی پوری عمر تک ہوتے رہتے اور شہادت معیت میں بھی تمام عمر ہی مصلحت رہی۔ اس لئے تیئس برس میں نازل کیا گیا۔ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا۝ کے یہ معنی صاحب کشاف نے لکھے ہیں اور اس سے تَرْتِيْلًا۝ کے بڑھانے کا فائدہ بھی معلوم ہو گیا۔ ربط: اوپر کئی اعتراضوں کے کافی وشافی جواب مذکور ہوئے ہیں۔ آگے اُن جوابوں کی مدح فرماتے ہیں۔

مدح اجوبہ مذکورہ شبہات مزبورہ: وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا۝ اور یہ لوگ کیسا ہی عجیب سوال آپ کے سامنے پیش کریں مگر ہم (اس کا) ٹھیک جواب اور وضاحت میں (بھی) بڑھا ہوا آپ کو عنایت کر دیتے ہیں (تاکہ آپ اس سوال کو دفع فرما دیں) ف: جواب کی دو خوبیاں ہیں۔ ایک ذاتی کہ فی نفسہٖ قاطع مادہ شبہ ہو اور دوسری اضافی کہ اپنی وضاحت کے سبب قریب الفہم ہو الحق میں خوبی اول اور احسن تفسیرًا میں خوبی دوم کی طرف اشارہ ہے و نیز اس آیت میں تثبیت فوائد و مذکور آیت بالا کے طریق دوم کا بھی بیان ہے۔ پس یہ وجہ بھی ارتباط کی ہو سکتی ہے۔ ربط: اوپر اعتراضات کا قولی جواب تھا' آگے فعلی جواب ہے' یعنی اس پر جو سزا ہو گی اُس کا بیان ہے۔

سزائے ضلال: اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا۝۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے مونہوں کے بل جہنم کی طرف لے جائے جاویں گے (خواہ اس طرح کہ منہ کے بل چل سکیں یا اس طرح کہ گھسیٹے جاویں) یہ لوگ جگہ میں بھی بدتر ہیں اور طریقہ میں بھی بہت گمراہ ہیں۔ ف: جگہ سے مراد دوزخ اور طریقہ سے مراد مسلک اور مذہب اور یہ سزا مناسب اس لئے ہے کہ اعتراضات نگونساری عقل سے تھے۔ سزا نگونساری بدن سے ہوئی۔ ربط: اوپر توحید ورسالت کے انکار پر وعید تھی۔ اس کی تائید کے لئے آگے بعض قصص منکرین سابقین کے مع اُن کے وبال ونکال کے مذکور ہیں کہ تحقیق وعید کی بھی ہو اور عبرت بھی ہو' جیسا کہ آیت وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ میں اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ اس پر صراحۃً دال ہے کہ عدم عبرت پر مذمت کی گئی۔ نیز اوپر وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ ...... میں آپ کی تسلی تھی۔ ان قصص میں اُس مضمون کی بھی تائید ہے کہ دیکھئے اس طرح مجرمین انبیاء کے عدو ہوئے ہیں تاکہ خوب تسلی ہو جائے و نیز وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا۝ میں بشارت نصرت کی ہے۔ ان قصص میں اس کی بھی تاکید ہے کہ دیکھئے اس طرح انبیاء کی نصرت کی گئی و نیز اوپر لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ فرمایا تھا۔ ان قصص سے بھی تثبیت فواد ہے جیسا دوسری جگہ تصریح ہے۔ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ [هود: ۱۲۰] یہ سب وجوہ ارتباط کی انفراداً یا اجتماعاً محتمل ہیں اور یہ چند قصے ہیں۔

قصہ اول موسیٰ علیہ السلام با قوم ایشان: ...... وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى (الى قوله تعالى) فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا۝ اور تحقیق ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب (یعنی توراۃ) دی تھی (یعنی وہ بہت جلیل القدر صاحب کتاب نبی تھے) اور (اس کتاب ملنے سے پہلے) ہم نے اُن کے ساتھ اُن کے بھائی ہارون (علیہ السلام) کو (اُن کا) معین (ومددگار) بنایا تھا' پھر (اس معین بنانے کے متصل) ہم نے (دونوں کو) حکم دیا کہ دونوں آدمی اُن لوگوں کے پاس (ہدایت کرنے کے لئے) جاؤ جنہوں نے ہماری (توحید کی) دلیلوں کو جھٹلایا ہے (مراد اس قوم سے فرعون اور اُس کی قوم ہے۔ چنانچہ وہ ہمارا حکم لے کر وہاں پہنچے اور سمجھایا مگر انہوں نے نہ مانا) سو ہم

www.besturdubooks.net

نے اُن کو (اپنے قہر سے) بالکل ہی غارت کر دیا (چنانچہ ان کا غرق کیا جانا مشہور اور قرآن میں مذکور ہے) **ف** : كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ میں دلائل توحید سے مراد یا تو دلائل عقلیہ ہیں اور ظاہر ہے کہ بعد سمجھ جانے ان دلائل کے توحید کا انکار ضرور قابل زجر ہے اور یا مراد دلائل نقلیہ ہیں جو انبیائے ؑ سابقین سے منقول ہوتے ہوئے ان لوگوں تک پہنچے ہوں گے۔ ان کے انکار کا مذموم ہونا ظاہر ہی ہے۔ چنانچہ آیت: وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ [المومن : ٣٤] سے انبیاء کی تعلیم کا اُن تک منقول چلا آنا معلوم ہوتا ہے اور گو کتاب بعد اس ذہاب کے ملی ہے لیکن تقدیم ذکر سے یہ فائدہ ہو سکتا ہے کہ اُن کی جلالت شان اور فرعون وغیرہ کا ذم انکار معلوم ہو جاوے کہ وہ ایسے نبی تھے جن کو بعد میں کتاب بھی ملی تو ان کی تعلیم پہلے ہی سے قوت فطرت کی وجہ سے اکمل و ابلغ تھی مگر پھر بھی وہ لوگ منکر رہے۔

تَرْجَمۃُ مَسَائِلِ السُّلُوْکِ: قولہ تعالیٰ : وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ ...... روح میں ہے کہ اگر اس کو اس قول کے ساتھ ملایا جائے کہ ہر ولی ایک نبی کے قدم پر ہوتا ہے تو اس سے یہ بات لازم آتی ہے کہ ہر ولی کا بھی ایک عدو ہوتا ہے اور اس میں ایسے شخص کی بدحالی کی طرف بھی اشارہ ہے جو اولیاء اللہ سے عداوت رکھے۔ اسی واسطے کہا گیا ہے کہ ان کی عداوت سوء خاتمہ کی علامت ہے۔ قولہ تعالیٰ: كَذٰلِكَ ۚ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ اسی طرح ثمرات اور مقامات میں جو تدریج ہوتی ہے اس میں بھی حکمت ہے کہ ثبات اور رسوخ ہو جاوے کیونکہ جو چیز جلدی آتی ہے جلدی جاتی ہے تو سالک کو دیر ہونے سے تنگ نہ ہونا چاہئے بلکہ صبر کرنا چاہئے۔ قولہ تعالیٰ: اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ ...... روح میں ہے کہ اس طرف اشارہ ہے کہ وہ لوگ طبیعت کی جہت کی طرف متوجہ تھے۔ اسی واسطے سرنگوں محشور ہوئے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃِ: قوله فی **ف** جو انبیائے سابقین وقیل یراد بها ما اتی به موسٰی علیه السلام ولم یکن التعبیر بهذا العنوان فی خطاب موسٰی علیه السلام بل انما وصفوا بذلك عند الحکایة لرسول ﷺ بیانا لعلة استحقاقهم لما یحکی بعده من التدمیر والله اعلم ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: نزل بمعنی انزل فلا یقصد فیه الی التدریج للا یتدافع مع قوله جملة واحدة ۱۲۔ التدمیرا صله کسر الشئ علی وجه لا یمکن اصلاحه ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله هادیا ونصیرا نصبهما علی الحال او التمییز ۱۲۔ قوله لنثبت متعلق بمقدر ای انزلناه کذلك ویعطف علیه رتلنا ۱۲۔ الموصول خبر لمبتدأ محذوف ای هم الذین یحشرون الخ فقلنا عطف علی جعلنا المعطوف بالواو التی لا تقتضی الترتیب فلا یضر تقدم الجعل والقول علی الایتاء فی الوقوع فافهم واما تقدم الایتاء فی الذکر فللایذان من اول الامر بجلالة شانه علیه السلام لیدل علی زیادة شناعة انکارهم کما قررته فی ف ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃُ: قوله جعلنا المراد جعل عداوتهم لاجعل ذواتهم فانه لیس مقصودا بالبیان ۱۲۔ قوله بمثل سمی سوالاتهم مثلا تشبیها لها بالامثال العجیبة لخروجها عن دائرة العقل ۱۲۔ قوله ولقد اٰتینا قدم ذکر موسٰی لشهرة نبوته لاسیما بین اهل الکتاب۔

وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝۳۷ۚۖ وَّعَادًا وَّثَمُوْدَاۡ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًۢا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ۝۳۸ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ۡ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ۝۳۹ وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ۭ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ۝۴۰ وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ۭ اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ۝۴۱ اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ۭ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ۝۴۲ اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰــهَهٗ هَوٰىهُ ۭ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ۝۴۳ۙ اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ۭ

اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ۝۴۴ۧ ع ۴

اور قوم نوح کو ہم ہلاک کر چکے ہیں جب انہوں نے پیغمبروں کو جھٹلایا تو ہم نے انکو (طوفان سے) غرق کر دیا اور ہم نے ان (کے واقعہ) کو لوگوں (کی عبرت) کے لئے ایک نشان بنا دیا اور (آخرت میں) ہم نے (ان) ظالموں کیلئے دردناک سزا تیار کر رکھی ہے اور ہم نے عاد اور ثمود اور اصحاب اور ان کے بیچ بیچ میں بہت سی امتوں کو ہلاک کر

www.besturdubooks.net

دیا اور انے (امم مذکورہ میں) ہرایک (کی ہدایت) کے واسطے عجیب عجیب (یعنی مؤثر اور بلیغ) مضامین بیان کئے اور جب نہ مانا تو ہم نے سب کو بالکل ہی برباد کر دیا اور یہ (کفار مکہ) اس بستی پر ہو کر گزرے ہیں جس پر بری طرح پتھر برسائے گئے (مراد قریہ قوم لوط کا ہے) سو کیا یہ لوگ اس کو دیکھتے نہیں رہتے بلکہ یہ لوگ مر کر جی اٹھنے کا احتمال ہی نہیں رکھتے (یعنی آخرت کے منکر ہیں) اور جب یہ لوگ آپ کو دیکھتے ہیں تو بس آپ سے تمسخر کرنے لگتے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ کیا یہی ہیں جن کو خدا تعالیٰ نے رسول بنا کر بھیجا ہے اس شخص نے تو ہم کو ہمارے معبودوں سے ہٹا ہی دیا ہوتا اگر ہم ان پر (مضبوطی سے) قائم نہ رہتے اور (مرنے کے بعد) جلدی ہی ان کو معلوم ہو جائے گا جب عذاب کا معائنہ کریں گے کہ کون شخص گمراہ تھا اے پیغمبر آپ نے اس شخص کی حالت بھی دیکھی جس نے اپنا خدا اپنی خواہش نفسانی کو بنا رکھا ہے سو کیا آپ اس کی نگرانی کر سکتے ہیں یا آپ خیال کرتے ہیں کہ ان میں اکثر سنتے یا سمجھتے ہیں یہ تو محض چوپایوں کی طرح ہیں (کہ وہ بات کو نہ سنتے ہیں نہ سمجھتے ہیں) بلکہ ان سے زیادہ بے راہ ہیں۔

تفسیر: قصہ سوم قوم نوح علیہ السلام: وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ (الی قولہ تعالی) عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ اور قوم نوح کو بھی (اُن کے زمانہ میں) ہم ہلاک کر چکے ہیں (جن کی ہلاکت اور سبب ہلاکت کا بیان یہ ہے کہ) (جب انہوں نے پیغمبروں کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو (طوفان سے) غرق کر دیا اور ہم نے اُن (کے واقعہ) کو لوگوں (کی عبرت) کے لئے ایک نشان بنا دیا (یہ تو دنیا میں سزا ہوئی) اور (آخرت میں) ہم نے (اُن) ظالموں کے لئے دردناک سزا تیار کر رکھی ہے۔ ف: پیغمبروں کو جھٹلانا اس لئے کہا کہ اصول دین سب پیغمبروں کے ایک ہیں۔ جب ایک کو جھوٹا کہا تو سب کو جھوٹا کہا' یا یہ کہ نوح علیہ السلام سے پہلے جو انبیاء ہو گزرے ہیں اُن کی تعلیم بھی بواسطہ اُن تک پہنچی ہو اور انہوں نے اس کو بھی جھٹلایا ہو۔

قصہ سوم و چہارم و پنجم عاد و ثمود و اصحاب الرس و ششم دیگر امم اجمالاً: وَّعَادًا وَّ ثَمُوْدَا۟ ...... وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ۝ اور ہم نے عاد اور ثمود اور اصحاب الرس اور اُن کے بیچ بیچ میں بہت سی امتوں کو ہلاک کیا اور ہم نے (اُمم مذکورہ میں سے) ہر ایک (کی ہدایت) کے واسطے عجیب عجیب (یعنی مؤثر اور بلیغ) مضامین بیان کئے اور (جب نہ مانا تو) ہم نے سب کو بالکل ہی برباد کر دیا۔ ف: رس لغت میں کہتے ہیں کنوے کو' کذا فی القاموس اور کچھ لوگ قوم ثمود کے رہ گئے تھے اور کسی کنوے پر آباد تھے' وہ اصحاب الرس ہیں۔ کذا فی القاموس والدر عن ابن عباسؓ۔ مگر اُن کے عذاب کی کیفیت منصوص نہیں اور قرون کی تفصیل بھی نہیں بتلائی اور اصحاب الرس میں اور بھی اقوال ہیں۔ احقر نے اپنے نزدیک راجح کو لے لیا۔

قصہ ہفتم قوم لوط در ضمن زجر کفار مکہ: وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِیْۤ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ؕ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ۝ اور یہ (کفار اپنی آمد و رفت ملک شام میں) اس بستی پر ہو کر گزرے ہیں جس پر بری طرح پتھر برسائے گئے تھے (مراد قریہ قوم لوط کا ہے) سو کیا یہ لوگ اُس کو دیکھتے نہیں رہتے (پھر بھی عبرت نہیں پکڑتے کہ کفر و تکذیب کو چھوڑ دیں جس کی بدولت قوم لوط کو سزا ہوئی۔ سو بات یہ ہے کہ عبرت نہ پکڑنے کی وجہ یہ نہیں ہے کہ اُس قریہ کو دیکھتے نہ ہوں) بلکہ (اصل وجہ اُس کی یہ ہے کہ) یہ لوگ مر کر جی اٹھنے کا احتمال ہی نہیں رکھتے (یعنی آخرت کے منکر ہیں اس لئے کفر کو موجب سزا ہی قرار نہیں دیتے اور اس لئے ان کی ہلاکت کو سزائے کفر تجویز نہیں کرتے بلکہ اُمور اتفاقیہ میں سے سمجھتے ہیں۔ یہ وجہ عبرت نہ پکڑنے کی ہے) ف: یہ قریئے کئی تھے۔ یہاں قریہ مفرد لانا یا تو اس لئے ہے کہ بڑا قریہ سدوم مراد ہے اور باقی کا حال تبعاً معلوم ہو گیا اور یا مراد جنس ہو جو سب کو شامل ہے۔ رَبط: اوپر حکایات اعتراضات کے ضمن میں کفار مکہ کی تشنیع و تقبیح چلی آ رہی ہے و نیز آیت: وَلَقَدْ اَتَوْا ذکر قصص کے مقاصد میں سے اُن کی قباحت شناعت کا بھی ہونا مصرح ہے۔ آگے بھی ان کے بعض شنائع و قبائح قولیہ و فعلیہ و حالیہ و مآلیہ کا بیان ہے۔ چنانچہ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ فعل ہے اور اَهٰذَا الَّذِیْ قول ہے اور سَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ...... مآل ہے اور اَرَءَيْتَ حال ہے اور چونکہ هٰذَا تحقیر کے واسطے ہے اس میں بھی اشارہ ہے اُن کے ایک اعتراض کی طرف کہ آپ کے صاحب ثروت نہ ہونے کو بھی منافی شان رسالت سمجھتے تھے جیسا دوسری آیت میں ہے وقالوا لو لا نزل هذا القرآن علی رجل من القریتين عظيم اور سَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ...... میں اشارہ ہے اُسکے جواب کی طرف کہ یہ اعتراض بوجہ عدم دلیل بلکہ مناقض دلیل ہونے کے ضلال محض ہے اور منشاء اُس کا اتباع ہوی ہے۔

تشنیع کفار مع اشارہ باعتراض ہفتم و رد آں: وَ اِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ (الی قولہ تعالی) بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ۝ اور جب یہ لوگ آپ کو دیکھتے ہیں تو بس آپ سے تمسخر کرنے لگتے ہیں (اور کہتے ہیں) کیا یہی (بزرگ) ہیں جن کو خدا تعالیٰ نے رسول بنا کر بھیجا ہے (یعنی ایسا آدمی رسول نہ ہونا چاہئے۔ اگر رسالت کوئی چیز ہے تو کوئی رئیس ہونا چاہئے تھا پس یہ رسول نہیں (البتہ) اس شخص (کی جادو (1) بیانی اس غضب کی ہے کہ اس) نے تو ہم کو ہمارے معبودوں سے ہٹا ہی دیا ہوتا اگر ہم اُن پر (مضبوطی سے) قائم نہ رہتے (یعنی ہم تو ہدایت پر ہیں اور یہ ہم کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتا تھا اللہ تعالیٰ آگے رد فرماتا ہے کہ ابھی اپنے منہ سے اپنے کو مہتدی اور پیغمبر کو منفی النبوۃ اور ضال اور مُضل بتلا رہے ہیں) اور (مرنے کے بعد) جلدی ہی اُن کو معلوم ہو جاوے گا جب عذاب کا معائنہ کریں گے کہ کون شخص گمراہ تھا (آیا وہ خود یا نعوذ باللہ پیغمبر' اس میں اشارہ بھی ہے جواب کی طرف کہ چونکہ دلائل صحیحہ سے ثابت ہے کہ نبوت مستلزم

www.besturdubooks.net

ثروت نہیں اس لئے اس بناء پر انکار کرنا ضلال محض ہے۔ مگر یہاں عدم توجہ سے ضلال ہونا ظاہر نہیں ہوتا' وہاں معائنہ سے ظاہر ہو جاوے گا) اے پیغمبر آپ نے اس شخص کی حالت بھی دیکھی جس نے اپنا خدا اپنی خواہش نفسانی کو بنا رکھا ہے۔ سو کیا آپ اس کی نگرانی کر سکتے ہیں یا آپ خیال کرتے ہیں کہ ان میں اکثر سنتے یا سمجھتے ہیں (مطلب یہ کہ آپ ان کی ہدایت نہ ہونے سے مغموم نہ ہوجئے' کیونکہ آپ ان پر مسلط نہیں کہ خواہی نخواہی ان کو راہ پر لاویں اور نہ ہدایت کی ان سے توقع کیجئے' کیونکہ ان کو نہ سماع ہے نہ عقل ہے) یہ تو محض چوپایوں کی طرح ہیں (کہ وہ بات کو نہ سنتے ہیں نہ سمجھتے ہیں) بلکہ یہ اُن سے بھی زیادہ بے راہ ہیں (کیونکہ ۲ وہ اس راہ دین کے مکلف نہیں تو اُن کا نہ سمجھنا مذموم نہیں اور یہ مکلف ہیں پھر نہیں سمجھتے پھر یہ کہ وہ اگر معتقدان ضروریات دین کے نہیں تو منکر بھی تو نہیں اور یہ تو منکر ہیں اور اَرَءَیْتَ ...... میں اُن کے ضلال کا منشاء بھی بیان کر دیا کہ کسی شبہ دلیل سے اُن کو اشتباہ نہیں ہوا بلکہ اتباع ہوی اس کا سبب ہے) **ف:** تخصیص اکثر کی اس لئے فرمائی کہ بعض کو عنایت ازلیہ سے بعد اتخاذ مذکور کے توفیق ایمان کی ہوئی اور بعض سمع و عقل رکھتے تھے مگر مکابرہ کی راہ سے ایمان نہ لاتے تھے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰـهَهٗ هَوٰىهُ ۭ اس میں خواہش نفسانی کے اتباع کی مذمت ہے اور اس سے اس قول کی اصل بھی نکل آئی۔ کل ما شغلك عن الحق فهو طاغوتك۔

الحواشی: (۱) جادو بیانی هذا هو المناسب للمقام كما لا يخفى وهو احسن مما قال النيسابوري وغيره من ان فيه انه ﷺ بذل قصارى مجهوده في دعوتهم حتى شارفوا على الايمان بزعمهم محشي۔

ملحقات الترجمہ: قوله في بعث الله رسولا: جن کو رسول بنا کر اشارة الى ان العائد محذوف اى بعثه ورسولا حال عن ذلك العائد و جوزان البحث يتضمن معنى الجعل فصح تعدية الى المفعولين حذف عنهما الاول يعني العائد المحذوف صرح بكلتا الوجهين صاحب الاعراب ۱۲۔ ۲ قوله في اضل سبيلا: کیونکہ وہ الخ هذا هو الاقرب عندى واختاره النيسابوري في سورة الاعراف بعنوان قريب منه ۱۲۔

اللغات: التبير التفتيت ۱۲۔

فائدہ: ذكر صاحب الروح حديثا مرفوعا في تفسير اصحاب الرس وقال اذا صح كان القول الذى لا يمكن خلافه ثم اورد الاشكال عليه لم اجاب لكن الحديث اصله في الدر وليس فيه تصريح بكونه قصة اصحاب الرس بل هي قصة مستقلة وقد اشتبه على صاحب الروح لان فيها ايضا ذكر البير ۱۲۔

النحو: قوم نوح منصوب بمضمر دمرنا ۱۲۔ قوله وعادا منصوب بدمرنا المقدر۔ قوله كلا منصوب بمضمر يدل عليه ما بعده فان ضرب المثل في معنى التذكير والتحذير ۱۲۔ قوله...... لو لا هو حال من الضمير المحذوف العائد الى الموصول اى بعثه رسولا او بعث يتضمن معنى جعل فصح تعدية الى المفعولين ۱۲۔

البلاغۃ: قوله للظالمين فيه وضع لمظهر موضع المضمر ايذلنا بعلة العذاب لزجر اهل مكة الظالمين قوله افلم يكونوا في الروح لم يقل افلم يروها مع انه اخصر واظهر قصد بلا افادة التكرار مع الاستمرار ولم يصرح في اول الآية بنحو ذلك بالاقبال ولقد كانوا ياتون بدل ولقد اتوا للاشارة الى المرور ولو مرة كاف في العبرة فتامل الخ ۱۲۔ قوله ليضلنا عن الهتنا لم يقل عن عبادة آلهتنا ايذانا بالمبالغة في الصرف اى ليصرفنا عن عبادتها صرفا كليا بحيث يبعدنا عنها لاعن عبادتها فقط۔ قوله من اضل سبيلا في الروح وكان اولئك الكفرة لما جعلوا دعوته صلى الله عليه وسلم الى التوحيد اضلالا حيث قالوا ليضلنا والمضل لغيره لا بدان يكون ضالا في نفسه جئ بهذه الجملة ردا عليهم بيان انه ﷺ هاد لا مضل على ابلغ وجه فانها تدل على نفي الضلالة عنه ﷺ لان المراد انهم يعلمون انهم في غاية الضلال لا هو ونفي اللازم يقتضي نفي ملزومه فيلزم ان يكون عليه الصلوة والسلام هاديا مضلا ۱۲۔ قوله الهه هواه قدم الثاني على الاول الاعتناء به من حيث انه الذى يدور عليه امر العجيب ۱۲۔

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۙ۴۵

ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ۴۶ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا ۴۷

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ۙ۴۸ لِّنُحْیِۦَ بِهٖ بَلْدَةً

www.besturdubooks.net

مَّيْتًا وَّنُسْقِيَهٗ مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا وَّاَنَاسِيَّ كَثِيْرًا ﴿۴۹﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوْا ۖ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ
اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۵۰﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيْرًا ﴿۵۱﴾ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ﴿۵۲﴾ وَهُوَ
الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿۵۳﴾ وَهُوَ
الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۭ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا ﴿۵۴﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
مَا لَا يَنْفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ۭ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيْرًا ﴿۵۵﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۵۶﴾ قُلْ
مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۵۷﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ
وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ۭ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا ﴿۵۸﴾ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ
اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ اَلرَّحْمٰنُ فَسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا ﴿۵۹﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ ۤ
اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ﴿۶۰﴾ تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ﴿۶۱﴾
وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿۶۲﴾

(اے مخاطب) کیا تو نے اپنے پروردگار (کی) اس قدرت پر نظر نہیں کی کہ اس نے سایہ کو کیونکر دور تک پھیلایا ہے اور اگر وہ چاہتا تو اس کو ایک حالت پر ٹھہرایا ہوا رکھتا پھر ہم نے آفتاب کو اس سایہ کی درازی اور کوتاہی پر علامت مقرر کیا پھر ہم نے اس کو اپنی طرف آہستہ آہستہ سمیٹ لیا اور وہ ایسا ہے جس نے تمہارے لئے رات کو پردہ کی چیز اور نیند کو راحت کی چیز بنایا اور دن کو زندہ ہونے کا وقت بنایا اور وہ ایسا ہے کہ اپنی بارانِ رحمت سے پہلے ہواؤں کو بھیجتا ہے کہ وہ بارش کی امید دلا کر دل کو خوش کر دیتی ہے اور ہم آسمان سے پانی برساتے ہیں جو پاک صاف کرنے کی چیز ہے تاکہ اس کے ذریعے سے مردہ زمین میں جان ڈال دیں اور اپنی مخلوقات میں سے چار پایوں اور بہت سے آدمیوں کو سیراب کر دیں اور ہم اس (پانی) کو (بقدر مصلحت) ان لوگوں کے درمیان تقسیم کر دیتے ہیں تاکہ لوگ غور کریں سو (چاہئے تھا کہ وہ غور کر کے اس کا حق ادا کرتے لیکن) اکثر لوگ ناشکری کئے بنا رہے (اور ہم اگر چاہتے تو آپ کے علاوہ اسی زمانہ میں ہر بستی میں ایک ایک پیغمبر بھیج دیتے سو اس نعمت کے شکریہ ہیں) آپ کافروں کی خوشی کا کام نہ کیجئے اور قرآن سے انکار نہ رہے اور اگر ہم زور شور سے مقابلہ کیجئے دلائل توحید کی طرف اور وہ ایسا ہے جس نے دریاؤں کو صورۃً ملا دیا جن میں ایک کا پانی تو شیریں لیکن بخش ہے اور ایک کا پانی شور تلخ ہے اور کہ ان کے درمیان میں (اپنی قدرت سے) ایک حجاب اور ایک مانع قوی رکھ دیا اور وہ ایسا ہے جس نے پانی سے (یعنی نطفہ سے) آدمی کو پیدا کیا پھر اس کو خاندان والا اور سسرال والا بنایا اور (اے مخاطب) تیرا پروردگار بڑی قدرت والا ہے اور (باوجود اس کے یہ مشرک) لوگ (ایسے) خدا کو چھوڑ کر ان چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو ان کو کچھ نفع نہیں پہنچا سکتی ہیں اور نہ ان کو کچھ ضرر پہنچا سکتی ہیں اور کافر تو اپنے رب کا مخالف ہے اور ہم نے آپ کو صرف اس لئے بھیجا ہے کہ (ایمان والوں کو جنت کی) خوشخبری سنائیں اور کافروں کو دوزخ سے ڈرائیں آپ کہہ دیجئے کہ میں تم سے اس (تبلیغ) پر کوئی معاوضہ نہیں مانگتا ہاں جو شخص یوں چاہے کہ اپنے رب تک (پہنچنے کا) راستہ اختیار کرے اور اس حی لایموت پر توکل رکھے اور اطمینان کے ساتھ اس کی تسبیح و تحمید میں لگے رہتے ہیں اور وہ (خدا) اپنے بندوں کے گناہوں سے کافی خبردار ہے وہ ایسا ہے جس نے آسمان و زمین اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے سب چھ روز (کی مقدار میں) پیدا کیا پھر تخت (شاہی) پر قائم ہوا وہ بڑا مہربان ہے سو اس کی شان کسی جاننے والے سے پوچھنا چاہئے اور جب ان کافروں سے کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو تو بوجہ جہل و عناد کے کہتے ہیں کہ رحمٰن کیا چیز ہے کیا ہم اس کو سجدہ کرنے لگیں جس کو تم سجدہ کرنے کو ہمیں کہو گے اور اس سے ان کو اور زیادہ نفرت ہوتی ہے وہ ذات بہت عالی شان ہے جس نے آسمان میں بڑے بڑے ستارے بنائے اور (اس آسمان) میں ایک چراغ (یعنی آفتاب اور نورانی چاند بنایا) اور وہ ایسا ہے جس نے رات رات اور دن کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے والے بنائے اور یہ سب کچھ (دلائل و نعم جو مذکور ہوئے) اس شخص کے (سمجھنے کے) لئے ہیں جو سمجھنا چاہے یا شکر کرنا چاہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر دور سے انکار رسالت پر تفریع و تشنیع تھی آگے دلائل سے اثبات توحید ہے جن کے ضمن میں انعامات بھی ہیں۔ چنانچہ خاتمہ مضمون پر بذکر

www.besturdubooks.net

سے استدلال کا اور شکورا سے بیان نعمت کا مقصود ہونا معلوم ہوتا ہے اور درمیان درمیان میں اُس کے انکار پر ذم اور ملامت اور بوجہ اس کے کہ باوجود دلائل ساطعہ کے سامعین کا اعراض وخلاف ناصح مشفق کی افسردگی کا سبب طبعی ہے جو دعوت میں عدم نشاط کا موجب ہوسکتا ہے۔ بعض آیات میں حضور ﷺ کا تنشیط اور تہیج کا مضمون مذکور ہے۔ پس اصل مضمون اس مقام میں توحید کا ہے اور دوسرے مضامین بطور استطراد آ گئے ہیں اور یہ مضمون اَرَادَ شُكُوْرًا [الفرقان: ٦٢] تک چلا گیا ہے۔

دلائل توحید مع بعض متعلقات : اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ...... وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا۝ (اے مخاطب) کیا تو نے اپنے پروردگار (کی اس قدرت) پر نظر نہیں کی کہ اُس نے (جب آفتاب اُفق سے طلوع کرتا ہے اُس وقت کھڑی ہوئی چیزوں کے) سایہ کو کیونکر (دور تک) پھیلایا ہے (کیونکہ طلوع کے وقت ہر چیز کا سایہ لمبا ہوتا ہے) اور اگر وہ چاہتا تو اُس کو ایک حالت پر ٹھہرایا ہوا رکھتا (یعنی آفتاب کے بلند ہونے سے بھی نہ گھٹتا اس طرح پر کہ اتنی دور تک آفتاب کی شعاعوں کو نہ آنے دیتا' کیونکہ آفتاب کی شعاعوں کا زمین کے حصوں پر پہنچنا بارادۂ حق ہے نہ کہ بالاضطرار' مگر ہم نے اپنی حکمت سے اُس کو پھیلا ہوا بنا کر) پھر ہم نے آفتاب (کے قرب من الافق وارتفاع عن الافق) کو اس (سایہ کی درازی وکوتاہی) پر (ایک ظاہری) علامت مقرر کیا) مطلب یہ کہ مثل اسباب عادیہ غیر مؤثرہ حقیقیہ اور اُن کے مسببات کے آفتاب اور سایہ میں ایک ظاہری ارتباط وتعلق ایسا بنا دیا کہ سبب کے تغیر سے مسبب میں تغیر ہوتا ہے) پھر (اس تعلق ظاہری کی وجہ سے) ہم نے اُس (سایہ) کو اپنی طرف آہستہ آہستہ سمیٹ لیا (یعنی جوں جوں آفتاب اونچا ہوا وہ سایہ زائل اور معدوم ہوتا گیا اور چونکہ اُس کا غائب ہونا محض قدرت الٰہیہ سے بلاشرکت غیرے ہے اور باوجود غیبوبہ عن الحس کے علم الٰہی سے غائب نہیں ہے اس لئے الینا فرمایا گیا تو یہ حالت مذکورہ مصنوعہ عجیبہ دلیل ہے کمال صانع وانفراد استحقاق الوہیت کی' پھر زوال کے بعد بڑھنا بھی بعینہ اسی طرح دلیل صانعیت ہے لیکن زائد سے ناقص ہونا یہ اظہر ہے مقہوریت وعجز میں اور مقہوریت وعجز مصنوع کا اظہر ہے۔ استدلال علی قدرت الصانع میں پس تخصیص کا یہ نکتہ ہوسکتا ہے) اور وہ ایسا ہے جس نے تمہارے لئے رات کو پردہ کی چیز اور نیند کو راحت کی چیز بنایا اور دن کو (اس اعتبار سے کہ سونا مشابہ موت کے ہے اور دن کا وقت جاگنے کا ہے گویا) زندہ[1] ہونے کا وقت بنایا اور وہ ایسا ہے کہ اپنی بارانِ رحمت سے پہلے ہواؤں کو بھیجتا ہے کہ وہ (بارش کی اُمید دلا کر دل کو) خوش کر دیتی ہیں اور ہم آسمان سے پانی برساتے ہیں جو پاک صاف[2] کرنے کی چیز ہے نہ کہ اُس کے ذریعہ سے مردہ زمین میں جان ڈال دیں اور اپنی مخلوقات میں سے بہت سے چارپایوں اور بہت[3] سے آدمیوں کو سیراب کریں اور ہم اُس (پانی) کو (بقدر مصلحت) اُن لوگوں کے درمیان تقسیم کر دیتے ہیں تاکہ لوگ غور کریں (کہ یہ تصرفات کسی بڑے قادر کے ہیں کہ وہی مستحق عبادت ہے) سو (چاہئے تھا کہ غور کر کے اُس کا حق ادا کرتے لیکن) اکثر لوگ بے ناشکری کئے نہ رہے (جس میں سب سے بڑھ کر کفر وشرک ہے لیکن آپ اُن کی اور بالخصوص اکثر کی ناشکری سن کر یا دیکھ کر سعی فی التبلیغ سے ہمت نہ ہاریئے کہ میں تنہا ان سب سے کیسے عہدہ برآ ہوں گا بلکہ آپ تنہا ہی اپنا کام کئے جایئے کیونکہ آپ کو تنہا نبی بنانے سے خود ہمارا مقصود یہ ہے کہ آپ کا اجر اور قرب بڑھے) اور اگر ہم چاہتے تو (آپ کے علاوہ اسی زمانہ میں) ہر بستی میں ایک ایک پیغمبر بھیج دیتے (اور تنہا آپ پر تمام کام نہ ڈالتے لیکن چونکہ آپ کا اجر بڑھانا مقصود ہے) اس لئے ہم نے ایسا نہیں کیا تو اس طور پر اتنا کام آپ کے سپرد کرنا خدا تعالیٰ کی نعمت ہے) سو (اس نعمت کے شکریہ میں) آپ کافروں کی خوشی کا کام نہ کیجئے (یعنی کافر تو اس سے خوش ہوں گے کہ تبلیغ نہ ہو یا کمی ہو جاوے اور اُن کی آزادی سے تعرض نہ کیا جاوے) اور قرآن (میں جو دلائل حق کے مذکور ہیں جیسا اسی مقام پر دلائل توحید کے ارشاد ہوئے ہیں اُن) سے ان کا زور شور سے مقابلہ کیجئے (یعنی[4] عام اور تام تبلیغ کیجئے یعنی سب سے کہئے اور بار بار کہئے اور ہمت قوی رکھئے جیسا اب تک آپ کرتے رہے ہیں پس مقصود اس امر اور نہی سے احداث نہیں بلکہ ابقاء ہے۔ پس کوئی اشکال لازم نہیں آتا۔ آگے پھر عود ہے دلائل توحید کی طرف) اور وہ ایسا ہے جس نے دو دریاؤں کو (صورۃً) ملایا جن میں ایک (کا پانی) تو شیریں تسکین بخش ہے اور ایک (کا پانی) شور تلخ ہے اور (باوجود اختلاط صوری کے حقیقتاً) اُن کے درمیان میں (اپنی قدرت سے) ایک حجاب اور (اختلاط حقیقی سے) ایک مانع[5] قوی رکھ دیا (جو خود خفی غیر محسوس ہے مگر اس کا اثر یعنی امتیاز دونوں پانی کے مزہ میں محسوس ہے۔ مراد ان دو دریاؤں سے وہ مواقع ہیں جہاں شیریں ندیاں اور نہریں بہتے بہتے سمندر میں آ کر گرتی ہیں وہاں باوجود اس کے کہ اوپر سے دونوں کا سطح ایک معلوم ہوتا ہے۔ لیکن قدرتی الٰہیہ سے اُن میں ایک ایسی حد فاصل ہے کہ ملتقی کے ایک جانب سے پانی لیا جاوے تو شیریں اور دوسری جانب سے جو کہ جانب اول سے بالکل قریب ہے پانی لیا جاوے تو تلخ چنانچہ بنگال[6] میں بھی ایسا موقع موجود ہے کما فی الحاشیۃ) اور وہ ایسا ہے جس نے پانی سے (یعنی نطفہ سے) آدمی کو پیدا کیا پھر اُس کو خاندان والا اور سسرال والا بنایا (چنانچہ باپ دادا وغیرہ شرعی خاندان اور ماں نانی وغیرہ عرفی خاندان ہیں جن سے پیدائش کے ساتھ ہی تعلقات پیدا ہو جاتے ہیں۔ پھر شادی کے بعد سسرالی رشتے پیدا ہو جاتے ہیں۔ یہ دلیل قدرت بھی ہے کہ نطفہ کیا چیز تھی' پھر اُس کو کیسا بنا دیا کہ وہ اتنے علاقوں والا ہو گیا اور نعمت بھی ہے کہ یہ تعلقات مدارِ معاونت ہیں) اور (اے مخاطب) تیرا پروردگار بڑی قدرت والا ہے (ربك سے نعمت کی طرف اور

www.besturdubooks.net

قديرا: سے دلیل قدرت کی طرف اشارہ ہے) اور (باوجود اس کے کہ اللہ تعالیٰ اپنی ذات وصفات میں ایسا کامل ہے جیسا بیان ہوا اور یہ کمالات مقتضی ہیں کہ اُسی کی عبادت کی جاوے مگر) یہ (مشرک) لوگ (ایسے) خدا کو چھوڑ کر اُن چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو (بصورت عبادت کرنے کے) نہ اُن کو کچھ نفع پہنچا سکتی ہیں اور نہ (درصورت عبادت نہ کرنے کے) اُن کو کچھ ضرر پہنچا سکتی ہیں اور کافر تو اپنے رب کا مخالف ہے (کہ اُس کو چھوڑ کر دوسرے کی عبادت کرتا ہے) اور کفار کی مخالفت معلوم کر کے آپ نہ تو اُن کے ایمان نہ لانے سے محزون ہوں کیونکہ) ہم نے آپ کو صرف اس لئے بھیجا ہے کہ (ایمان والوں کو جنت کی) خوش خبری سنائیں اور (کافروں کو دوزخ سے) ڈرائیں (اُن کے ایمان نہ لانے سے آپ کا کیا نقصان ہے پھر آپ کیوں غم کریں اور نہ آپ اُس مخالفت کو معلوم کر کے فکر میں پڑیں کہ جب یہ حق تعالیٰ کے مخالف ہیں تو میں جو حق تعالیٰ کی طرف دعوت کرتا ہوں اس دعوت کو یہ لوگ خیر خواہی کب سمجھیں گے بلکہ میری خودغرضی پر محمول کر کے التفات بھی نہ کریں گے تو اُن کے گمان کی کیونکر اصلاح کی جاوے تاکہ مانع مرتفع ہو سو اگر آپ کو اُن کا یہ خیال قرینہ سے یا زبانی گفتگو سے معلوم ہو تو) آپ (جواب میں اتنا) کہہ دیجئے (اور بے فکر ہو جایئے) کہ میں تم سے اس (تبلیغ پر) کوئی معاوضہ (مالی یا جاہی) نہیں مانگتا۔ ہاں جو شخص یوں چاہے کہ اپنے رب تک (پہنچنے کا) راستہ اختیار کرلے (تو یہ البتہ چاہتا ہوں چاہے اُس کو معاوضہ کہو یا نہ کہو) اور (نہ اُس مخالفت کفار کو دریافت کر کے اُن کی ضرررسانی سے اندیشہ کیجئے بلکہ تبلیغ میں) اُس **حي لا يموت**: پر توکل رکھئے اور اطمینان کے ساتھ اُس کی تسبیح وتحمید میں لگے رہئے (یعنی تبلیغ کہ طاعت متعدیہ ہے اور تسبیح وتحمید کہ عبادت لازمہ ہے اُن کو بے فکری سے ادا کیجئے) اور (نہ مخالفت سن کر تعجیل عقوبت کی اس خیال سے تمنا کیجئے کہ اُن کا ضرر دوسروں کو نہ پہنچ جاوے کیونکہ) وہ (خدا) اپنے بندوں کے گناہوں سے کافی (طور پر) خبردار ہے (وہ جب مناسب سمجھے گا سزا دے دے گا۔ پس ان جملوں میں رسول اللہ ﷺ سے حزن فکر وخوف تمنی کو زائل فرمایا ہے آگے پھر توحید ہے) وہ ایسا ہے جس نے آسمان وزمین اور جو کچھ اُن کے درمیان میں ہے سب چھ روز (کی مقدار) میں پیدا کیا پھر عرش پر (جو مشابہ ہے تخت سلطنت کے اس طرح) قائم (اور جلوہ فرما) ہوا (جو کہ اُس کی شان کے لائق ہے جس کا بیان سورۂ اعراف کے رکوع ہفتم کے شروع آیت میں گزر چکا) وہ بڑا مہربان ہے سو اُس کی شان کسی جاننے والے سے پوچھنا چاہئے (کہ وہ کیسا کافر مشرک کیا جانیں اور اُسی معرفت صحیحہ کے نہ ہونے سے شرک کرتے ہیں۔ **كما قال تعالى**: ﴿وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ﴾ [الأنعام: ۹۱]) اور جب اُن (کافروں) سے کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو تو (بوجہ جہل وعناد کے) کہتے ہیں کہ رحمٰن کیا چیز ہے (جس کے سامنے ہم کو سجدہ کرنے کو کہتے ہو) کیا ہم اُس کو سجدہ کرنے لگیں گے جس کو تم سجدہ کرنے کے لئے ہم کو کہو گے اور اس (امر بسجدۃ الرحمٰن) سے اُن کو اور زیادہ نفرت ہوتی ہے (لفظ رحمٰن ان میں کم مشہور تھا مگر یہ نہیں کہ جانتے نہ ہوں مگر اسلامی تعلیم سے جو مخالفت بڑھی ہوئی تھی تو اطلاقات لفظیہ میں بھی مخالفت کو نباہتے تھے۔ قرآن میں جو یہ لفظ بکثرت آیا وہ اس میں بھی مخالفت کر بیٹھے اور اس حیثیت سے کہ قرآنی محاورہ ہے تجاہل عارفانہ کے طور پر اس میں کلام اور اس کا انکار کرنے لگے۔ گو خدا ہی کا انکار اور سوءِ ادب لازم آجاوے) وہ ذات بہت عالی شان ہے جس نے آسمان میں بڑے بڑے ستارے بنائے اور (اُن ستاروں میں سے دو بڑے نورانی اور فائدہ بخش ستارے بنائے یعنی) اس (آسمان) میں ایک چراغ (یعنی آفتاب) اور نورانی چاند بنایا (شاید آفتاب کو سراج بوجہ تیزی کے کہا) اور وہ ایسا ہے جس نے رات اور دن ایک دوسرے کے پیچھے آنے والے بنائے (اور یہ سب کچھ جو دلائل نعم مذکور ہوئے) اس شخص کے (سمجھنے کے) لئے (ہیں) جو سمجھنا چاہے یا شکر کرنا چاہے (سمجھنے والے کی نظر میں استدلالات ہیں اور شکر گزاری کرنے والے کی نظر میں انعامات ہیں ورنہ اگر صد باب حکمت پیش نادان: بخوانی آیدش بازیچہ درگوش) **ف**: ریاح کا مبشر ہونا سورۂ اعراف کے رکوع ہفتم کے ذیل میں اور بروج کی تحقیق سورۂ حجر کے رکوع دوم میں گزر چکی ہے اور **مرج البحرين**: کے معنی بعض مفسرین نے یہ کئے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے دو قسم کے دریا اپنی جگہ پر رواں کئے۔ شیریں بھی اور تلخ بھی اور درمیان میں زمین کو فاصل بنا دیا جو دونوں کے التقاء سے مانع ہے ورنہ ممکن تھا کہ پانی زمین کو کاٹ کر محیط ہو جاتا۔ پس مرج کے معنی خلط کے نہ ہوں گے بلکہ ارسل کے ہوں گے۔ **كما في القاموس مرج الدابة**۔ اور ظاہر **أفيها**: سے ان کواکب کا آسمان کے اندر مرکوز ہونا معلوم ہوتا ہے لیکن اگر ظاہر کے خلاف کسی دلیل قطعی سے ثابت ہو جاوے تو **فيها**: کو **في قربها**: کے ساتھ ماول کرنا ممکن ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: ﴿اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ﴾...... حاصل تقریر روح کا یہ ہے کہ نور حقیقی کا ماسوا کہ واقع میں ظلمت ہے ظل ہے اور صانع عالم جو کہ معطی نور وجود ہے شمس کے مشابہ ہے اگر مشیت الٰہیہ ہوتی تو اس کو کتم عدم میں ساکن رکھتا مگر شمس کو اس کی دلیل یعنی شاہد بنایا گیا جیسے ارشاد ہے: ﴿اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ﴾ [حٰم سجدة: ۵۳] پھر بتدریج اس کو منقبض کرلیا۔ جیسے ارشاد ہے: ﴿كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ﴾ [القصص: ۸۸] اور ممکنات کو ظل واجب کہنا قوم میں شائع ہے۔ قولہ تعالیٰ: ﴿وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا﴾...... روح میں لباسا سے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ رات تمہارے احوال باطنہ شوق ووجد وگریہ وزاری کی ساتر ہے اور نوم تعب مجاہدات سے تمہارے ابدان کی راحت ہے اور نہار میں اپنی ضروریاتِ معاش کے لئے چلتے پھرتے ہو۔ پس اس مجموعہ میں کئی فائدے ہیں۔ اول یہ کہ اپنے احوال باطنہ کو مخفی رکھنا چاہئے۔ دوسرے صاحب مجاہدات کو ضرورت کے موافق استراحت

www.besturdubooks.net

چاہئے۔ تیسرے طلب معاش کی اجازت ہے۔ چوتھے یہ کہ طلب معاش منافی طریقت نہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَهُوَ الَّذِیٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ ...... اسی طرح واصل کو قبل وصول آثار وصول کے ظاہر ہو جاتے ہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَهُوَ الَّذِیْ مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ اسی کی نظیر ہے۔ بحر روح جو شیرین یعنی موصوف بصفات حمیدہ ہے اور بحر نفس جو تلخ یعنی موصوف بصفات ذمیمہ ہے (اور بعض اوقات ایک دوسرے سے ملتبس معلوم ہوتے ہیں مگر واقع میں دونوں میں امتیاز ہے جس کو مبصر معلوم کرتا ہے)۔ قولہ تعالیٰ: وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ یعنی ایک دوسرے کا قائم مقام ہے اس امر میں کہ جو عمل ایک میں کرنے کا تھا اور وہ کسی عارض سے نہ ہو سکا تو دوسرے میں کر لے اور بعض نے یہ تفسیر کی ہے کہ دونوں کے آنے جانے میں تعاقب کا سلسلہ جاری ہے اور دوسری تفسیر پر یہ نظیر ہے قبض وبسط کی کہ حکمت تذکرو شکر کے لئے یکے بعد دیگر وارد ہوتا رہتا ہے جیسا اہل سلوک اس حکمت کو سمجھتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی نشورا: زندہ ہونے کا وقت ولم احمله علی معنی ذا نشور ینتشر فیه الناس للمعاش لاباء بعض العلماء ذلك كما فی الروح ۱۲۔ ۲ قوله فی طهورا: پاک صاف کرنے کی چیز اشارة الی انه بمعنی الآلة ولیس بمعنی مطهر باصله ۱۲۔ ۳ قوله فی انعاما: بہت اشارة الی ان كثیرا صفة للمتعاطفین كما فی الروح ۱۲۔ ۴ قوله فی كبیرا: عام وتام اشارة الی كون الكبر كما و كیفا ۱۲۔ ۵ قوله فی محجورا: قوی لتاكید الحجر بالمحجور ۱۲۔ ۶ قوله فی توضیح مرج بنگال وتفصیله ما كتب الی حبی المولوی محمد اسحق البردوانی من الكانفور فی جواب استفساری عن ذلك ما تعربیه سألت المولوی عبدالغفور الاركانی والمولوی روشن علی الاركانی عن التقاء البحر العذب والبحر الملح فقالا وهما ثقتان یدرسان البخاری والتلویح وغیرهما ان البحر من الاركان الی الچاٹگام احد شقیه ابیض والآخر اسود والملتقی كانه خط ینتزع من السطحین المتلاقیین والفلك تجری فی الابیض دون الاسود والاسود یتلاطم ویتراكم اشد ما یكون والابیض ساكن جامد كانه قاع صفصف لا تری فیها عوجا ولا امتا ویقولون انا لم نذق ماء هما لكنه مشهور فی دیارنا وتیقن ان ماء الابیض عذب وماء الاسود ملح آه والله اعلم وفی الطبری قال ابن جریج فلم اجد بحرا عذبا الا الانهاء العذاب الخ۔ ۷ قوله فی الامن شاء الخ: ہاں جو الخ اشارة الی ان الاستثناء منقطع وفی اختیاره فائدتان الاولی باعتبار الصورة وهی قلع شبهتا الطمع فی شئ من الاجر والثانیة باعتبار المعنی وهی اظهار الشفقة والمعنی من اتخذ الی ربه سبیلا رضیت به كما یرضی الماجوز باجره ۱۲۔ ۸ قوله فی زادهم نفورا: یہ نہیں کہ جانتے نہ ہوں كما فی الروح قالوا لعلی سبیل التجاهل والوقاحة ۱۲۔

الروایات: قوله ظهیرا فی الدرعن مجاهد والحسن والضحاك وسعید بن جبیر وقتادة معینا للشیطان علی معاصی الله والعداوة والشرك وهكذا فی القاموس ۱۲۔

اللغات: الدلیل من الدلالة راہنما وسمی به العلامة التی علی الطریق ثم علی مطلق العلامة ثم علی السبب الغیر الحقیقی لاشتراكهما فی مطلق الایصال۔ قوله طهورا اسم لما یتطهر به كذا فی القاموس والروح ۱۲۔ البلدة یطلق بمعنی الارض قوله لنسیقه لسقی والاسقاء بمعنی واحد ۱۲۔ مرج خلط كذا فی القاموس البحر هو المالح وسمی به العذب تغلیبا فرات من فرت مقلوب رفت اذا كسر لانه یكسر العطش قوله محجورا بمعنی حاجرا او محجورا به ۱۲۔ قوله فسئل به ای عهد وهذا التفسیر منقول من الدارك فی الروح ان السوال كما یعدی بعن لتضمنه معنی البحث والتفیش یعدی بالباء لتضمنه معنی الاعتناء وعلیه قول علقمة فان تسألونی بالنساء فاننی الخ۔

النحو: قوله بلدة میتا تذكیر صفتها لانه بمعنی البلد او لان میتا من امثلة المبالغة التی لا تشبه المضارع فی الحركات والسكنات وهو یدل علی الثبوت فاجری مجری الجوامد ۱۲۔ قوله جاهد هم به ای بالقرآن ولا یلزم الاضمار قبل الذكر لان ذكر الدلائل ذكر للقرآن نسبا ای ذا نسب و ذا صهر ۱۲۔ قوله خلفة ای ذوی خلفة یخلف كل منهما الآخر بان یقوم مقامه وفی القاموس الخلف والخلفة بالكسر المختلف وعلیه لا حاجة الی تقدیر المضاف والمعنی جعلها مختلفین والافراد لكونه مصدر فی الاصل الكل من الروح ملخصا والوجه لاول هو الاقرب كما لا یخفی قوله الذی خلق خبر مبتدأ مقدر ای هو الذی ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ولو شاء اعتراض بین المتعاطفین۔ قوله ثم جعلنا قوله ثم قبضنا ثم الاولی التراخی الرتبی لان جعل الشمس دلیلا مقدم علی المد و ثم الاخری للتراخی الزمانی وهو ظاهر۔ قوله جعل لكم الیل الخ لم یكرر جعل فی النوم وكرره فی كون النهار نشورا لان النوم من توابع اللیل فكفی الجعل الواحد بخلاف النهار ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ۝ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ
سُجَّدًا وَّقِيَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝ اِنَّهَا سَآءَتْ
مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ لَا
يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ
يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ۝ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ۝ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ
عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ
يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ۝ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا
بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ۝ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا
قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً
وَّسَلٰمًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ
فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ۝ ع ۱۷

اور (حضرت) رحمٰن کے خاص بندے وہ ہیں جو زمین میں عاجزی کے ساتھ چلتے ہیں اور جب ان سے جہالت والے لوگ (جہالت کی) بات (چیت) کرتے ہیں تو وہ رفع شر کی بات کرتے ہیں اور جو راتوں کو اپنے رب کے آگے سجدہ اور قیام یعنی نماز میں لگے رہتے ہیں اور دعائیں مانگتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم سے جہنم کے عذاب کو دور رکھئے کیونکہ اس کا عذاب پوری تباہی ہے بے شک وہ جہنم برا ٹھکانا اور برا مقام ہے (یہ تو ان کی حالت طاعات بدنیتیں ہے) اور (طاعات الیہ میں ان کا یہ طریقہ ہے کہ) وہ جب خرچ کرنے لگتے ہیں تو نہ فضول خرچی کرتے ہیں اور نہ تنگی کرتے ہیں اور ان کا خرچ کرنا اس (افراط و تفریط) کے درمیان اعتدال پر ہوتا ہے اور جو کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور معبود کی پرستش نہیں کرتے اور جس شخص (کے قتل کرنے) کو اللہ تعالیٰ نے حرام فرمایا ہے اس کو قتل نہیں کرتے مگر حق پر اور وہ زنا نہیں کرتے اور جو شخص ایسے کام کرے گا تو سزا سے اسکا سابقہ پڑے گا کہ قیامت کے دن اسکا عذاب بڑھتا چلا جائے گا اور وہ اس (عذاب) میں ہمیشہ ہمیشہ ذلیل وخوار ہو کر رہے گا مگر جو (شرک و معاصی سے) توبہ کرلے اور ایمان (بھی) لے آئے اور نیک کام کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے (گزشتہ) گناہوں کی جگہ نیکیاں عنایت فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے اور جو شخص (جس معصیت سے) توبہ کرتا ہے تو وہ (بھی عذاب سے بچا رہے گا کیونکہ وہ) اللہ تعالیٰ کی طرف خاص طور پر رجوع کر رہا ہے اور وہ بیہودہ باتوں میں شامل نہیں ہوتے اور اگر (اتفاقاً) بیہودہ مشغلوں کے پاس ہو کر گزریں تو سنجیدگی سے گزر جاتے ہیں اور وہ ایسے ہیں کہ جس وقت ان کو اللہ کے احکام کے ذریعے سے نصیحت کی جاتی ہے تو ان احکام پر بہرے اندھے ہو کر نہیں کرتے اور ایسے ہیں کہ دعا کرتے رہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو ہماری نیک بیبیوں اور ہماری اولاد کی طرف آنکھوں کی ٹھنڈک (یعنی راحت) عطا فرما اور ہم کو متقیوں کا افسر بنا دے ایسے لوگوں کو (بہشت میں رہنے کو) بالا خانے ملیں گے بوجہ ان کے دین وطاعت پر ثابت قدم رہنے کے اور انکو اس بہشت میں (فرشتوں کی جانب) بقا کی دعا اور سلام ملے گا اور اس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے وہ کیسا اچھا ٹھکانا اور مقام ہے آپ (عام طور لوگوں سے) کہہ دیجئے کہ میرا رب تمہاری ذرا بھی پروانہ کرے گا اگر تم عبادت نہ کرو گے سو تم تو (احکم الہیہ کو) جھوٹا سمجھتے ہو تو عنقریب یہ جھوٹا سمجھنا تمہارے لئے وبال (جان) ہوگا۔

تفسیر ربط: اوپر دلائل توحید کے ساتھ ساتھ کفار و مشرکین کا کفران وخلاف تنفر مع اُن کی مذمت کے مذکور تھا' آگے مقابلہ میں مؤمنین کا انقیاد و امتثال اور طاعت کی تفصیل مع اُن کی تفصیل کے مذکور ہے اور درمیان میں تبعاً واجمالاً بعض معاصی کی سزا اور توبہ کا مکفر ہونا آ گیا ہے۔

مدح مؤمنین مطیعین: وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ۝ (الی قولہ تعالیٰ) حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝
اور (حضرت) رحمٰن کے (خاص) بندے وہ ہیں جو زمین پر عاجزی کے ساتھ چلتے ہیں (مطلب یہ کہ اُن کے مزاج میں تواضع ہے تمام اُمور میں اور اسی کا اثر

www.besturdubooks.net

چلنے میں بھی ظاہر ہوتا ہے اور خاص چال کی ہیئت بیان کرنا مقصود نہیں' کیونکہ دماغ داری کے ساتھ نرم رفتاری موجب مدح نہیں اور یہ تواضع تو اُن کا طرزِ خاص اپنے اعمال میں ہے) اور (دوسروں کے ساتھ اُن کا طرز یہ ہے کہ) جب اُن سے جہالت والے لوگ (جہالت کی) بات (چیت) کرتے ہیں تو وہ رفع شر کی بات کہتے ہیں (مطلب یہ کہ اپنے نفس کے لئے انتقام قولی یا فعلی نہیں لیتے اور جو خشونت تادیب واصلاح وسیاست شرعیہ یا اعلائے کلمۃ اللہ کے لئے ہو اُس کی نفی مقصود نہیں) اور جو (اللہ تعالیٰ کے ساتھ اپنا یہ طرز رکھتے ہیں کہ) راتوں کو اپنے رب کے آگے سجدہ اور قیام (یعنی نماز) میں لگے رہتے ہیں اور جو (باوجود ادائے حقوق اللہ وحقوق العباد کے اللہ تعالیٰ سے اس قدر ڈرتے ہیں کہ) دعائیں مانگتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم سے جہنم کے عذاب کو دور رکھئے کیونکہ اُس کا عذاب پوری تباہی ہے۔ بے شک وہ جہنم برا ٹھکانا اور برا مقام ہے (یہ تو اُن کی حالت طاعات بدنیہ میں ہے) اور (طاعات مالیہ میں اُن کا یہ طریقہ ہے کہ) وہ جب خرچ کرنے لگتے ہیں تو نہ فضول خرچی کرتے ہیں (کہ معصیت میں صرف کرنے لگیں) اور نہ تنگی کرتے ہیں (کہ طاعت ضروریہ میں بھی خرچ کی کوتاہی کریں اور اصراف میں وہ خرچ بھی آ گیا کہ بلاضرورت استطاعت سے زیادہ مباحات میں یا طاعت غیر ضروریہ میں خرچ کرے جس کا انجام اخیر میں بے صبری اور حرص وبدنیتی ہو کیونکہ یہ امور معصیت ہیں اور مفضی الی المعصیت معصیت ہے۔ پس وہ انفاق فی المعصیت ہوا۔ اسی طرح طاعات ضروریہ میں بالکل خرچ نہ کرنے کی مذمت لَمْ یَقْتُرُوْا سے مفہوم ہوگئی کیونکہ جب قلت انفاق اُس میں جائز نہیں تو عدم انفاق تو بدرجۂ اولیٰ ناجائز ہوگا۔ پس یہ شبہ نہ رہا کہ اقتار مقید بوقت الانفاق کی تو نفی اور نہی ہوئی لیکن عدم الانفاق بالکلیہ کی نفی اور نہی نہ ہوئی۔ غرض وہ انفاق میں افراط وتفریط دونوں سے مبرا ہیں) اور ان کا خرچ کرنا اس (افراط وتفریط) کے درمیان اعتدال پر ہوتا ہے (اور یہ حالت مذکورہ تو اتیان بالطاعات کی تھی) اور جو (ترک معاصی میں یہ شان رکھتے ہیں) کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور معبود کی پرستش نہیں کرتے (کہ یہ معصیت متعلق عقائد کے ہے) اور جس شخص (کے قتل کرنے) کو اللہ تعالیٰ نے (قواعد شرعیہ کی رو سے) حرام فرمایا ہے اُس کو قتل نہیں کرتے' ہاں مگر حق پر (یعنی جب قتل کے وجوب یا اباحت کا کوئی سبب شرعی پایا جاوے اُس وقت اور بات ہے) اور وہ زنا نہیں کرتے (کہ یہ قتل وزنا معاصی متعلقہ اعمال میں سے ہے) اور جو شخص ایسے کام کرے گا (کہ شرک کرے یا شرک کے ساتھ قتل ناحق بھی کرے یا زنا بھی کرے جیسے مشرکین مکہ تھے) تو سزا سے اُس کو سابقہ پڑے گا کہ قیامت کے روز بڑھتا چلا جاوے گا (جیسا کفار کے حق میں دوسری آیات میں آیا ہے: عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ [النحل: ۸۸]) اور وہ اُس (عذاب) میں ہمیشہ ہمیشہ ذلیل (وخوار) ہو کر رہے گا (تاکہ عذاب جسمانی کے ساتھ ذلت کا عذاب روحانی بھی ہو اور شدۃ فی الکیفیت یعنی تضاعف کے ساتھ زیادۃ فی الکمیہ یعنی خلود (بھی ہو اور مراد اس: وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ [البقرۃ: ۲۳۱] سے کفار و مشرکین ہیں بقرینہ یضعف و یخلد و مھانا و امن کیونکہ مؤمن عاصی کے لئے تزاید اور خلود نہ ہوگا اور وہ تطہیر وتزکیہ کے لئے معاقب ہوگا نہ کہ اہانت کے لئے اور اُس کے لئے تجدید ایمان کی ضرورت نہیں' صرف توبہ کافی ہے جس کا آگے بیان ہے۔...... نیز قرائن مذکورہ کے سوا صحیحین میں ابن عباسؓ سے شانِ نزول بھی اس کا یہی منقول ہے کہ مشرکین کے بارہ میں یہ آیت نازل ہوئی) مگر جو (شرک ومعاصی سے) توبہ کرلے اور (اُس توبہ کے قبول ہونے کی شرط یہ ہے کہ) ایمان (بھی) لے آوے اور نیک کام کرتا رہے (یعنی ضروری طاعات کو بجالاتا رہے) تو (اُس کو جہنم میں خلود تو کیا ہوتا جہنم سے اصلاً تلبس نہ ہوگا بلکہ) اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے (گزشتہ) گناہوں (کو محو کر کے اُن) کی جگہ (آئندہ) نیکیاں عنایت فرمادے گا (یعنی چونکہ گزشتہ کفر وگناہ زمانۂ کفر کے اسلام کی برکت سے معاف ہو جاویں گے اور آئندہ بوجہ اعمال صالحہ کے حسنات ثبت ہوتی رہیں گی اور اُن پر ثواب ملے گا اس لئے جہنم سے اُن کا کچھ تعلق نہ ہوگا۔ پس استثناء منقطع ہے اور مَنْ تَابَ کی خبر فَاُولٰٓئِكَ ...... ہے اور مقصود بالحکم تبدیل سیئات بالحسنات ہے جو مجموعہ ایمان وتوبہ وعمل صالح پر مرتب ہے اور وہ مستلزم عدم تلبس بالنار کو ہے اور وہ عدم خلود پر بالاولیٰ دال ہے یا استثناء متصل ہو اور عدم خلود کے لئے مجموعہ ایمان وتوبہ وعمل صالح شرط نہ ہو مگر مجموعہ کے ساتھ عدم خلود کا پایا جانا اس آیت میں مذکور ہو اور صرف ایمان پر عدم خلود کا مرتب ہونا دوسرے دلائل سے ثابت ہو) اور (یہ محو سیئات وثبت حسنات اس لئے ہوا کہ) اللہ تعالیٰ غفور ہے (اس لئے سیئات کو محو کر دیا اور) رحیم ہے (اس لئے حسنات کو ثبت فرمایا۔ یہ تو تائب عن الکفر کا بیان تھا) اور (آگے مؤمن تائب عن المعصیت کا ذکر ہے تاکہ مضمون توبہ کا پورا ہو جاوے ونیز عباد ممدوحین کا تتمہ اوصاف ہے کہ وہ لوگ مؤدی طاعات ومجتنب عن السیئات رہتے ہیں لیکن اگر احیاناً صدور معصیت ہو جاوے تو توبہ کر لیتے ہیں اس لئے تائبین کا حال ارشاد فرمایا یعنی) جو شخص (جس معصیت سے) توبہ کرتا ہے اور نیک کام کرتا ہے (یعنی آئندہ معصیت سے بچتا ہے) تو وہ (بھی عذاب سے بچا رہے گا کیونکہ وہ) اللہ تعالیٰ کی طرف سے خاص طور پر رجوع کر رہا ہے (یعنی خوف واخلاص کے ساتھ کہ شرط توبہ ہے' پس اُس کا اثر بھی یہی عدم تلبس بالنار ہے۔ پس عمل صالح شرط عدم تلبس کی ہے نہ کہ قبول توبہ عما مضیٰ کی اور اگر عمل صالح نہیں بلکہ پھر ارتکاب معصیت کر رہا ہے تو گزشتہ توبہ گو قبول ہو جاوے لیکن عدم تلبس کا وعدہ نہیں اور مؤمن کی توبہ کو اس شبہ کے دفع کرنے کو بیان فرمایا کہ شاید اُن پر زیادہ حقوق ہیں۔ اس لئے معصیت موجب زیادت عتاب ہو کہ توبہ قبول نہ ہو' البتہ ہر معصیت سے توبہ کرنے کا طریقہ جدا ہے جس کی تفصیل کتب فقہ میں ہے۔ آگے پھر عباد رحمٰن کے اوصاف بیان فرماتے ہیں یعنی) اور (اُن میں یہ بات ہے کہ) وہ بے

www.besturdubooks.net

بیہودہ باتوں میں (جیسے لہو ولعب خلاف شرع) شامل نہیں ہوتے اور اگر (اتفاقاً بلا قصد) بے ہودہ مشغلوں کے پاس ہوکر گزریں تو سنجیدگی (وشرافت) کے ساتھ گزر جاتے ہیں (یعنی نہ اُس کی طرف مشغول ہوتے ہیں اور نہ اُن کے آثار سے عاصیوں کی تحقیر اور اپنا ترفع اور تکبر ظاہر ہوتا ہے) اور وہ ایسے ہیں کہ جس وقت ان کو اللہ کے احکام کے ذریعہ سے نصیحت کی جاتی ہے تو اُن (احکام) پر بہرے اندھے ہوکر نہیں گرتے (جس طرح کافر قرآن پر ایک نئی بات سمجھ کر تماشے کے طور پر اور نیز اس میں اعتراضات پیدا کرنے کے لئے اُس کے حقائق ومعارف سے اندھے بہرے ہوکر اندھا دھند بے ترتیب ہجوم کر لیتے تھے۔ کما قال تعالیٰ: كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا [الجن: ۱۹] علی بعض التفاسیر سو عباد مذکور میں ایسا نہیں کرتے بلکہ عقل وفہم کے ساتھ قرآن پر متوجہ اور اُس کی طرف دوڑتے ہیں جس کا ثمرہ زیادت ایمان وعمل بالاحکام ہے۔ پس مقصود نفی صمم اور عمی کی ہے نہ کہ خرور کی کہ بمعنی اکباب واشتیاق عین مطلوب ہے اور اس سے کفار کے لئے بھی خرور ثابت ہوتا ہے مگر وہ مخالفت اور مزاحمت کے طور پر صمم وعمی کے ساتھ تھا اور اس لئے وہ مذموم ہے) اور وہ ایسے ہیں کہ (خود جیسے دین کے عاشق ہیں اسی طرح اپنے اہل وعیال کے لئے بھی اسی کے ساعی اور داعی ہیں۔ چنانچہ عملی کوشش کے ساتھ حق تعالیٰ سے بھی) دعا کرتے رہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں [3] کی ٹھنڈک (یعنی راحت) عطا فرما (یعنی اُن کو دین دار بنا دے اور ہم کو ہماری اس سعی دینداری میں کامیاب فرما کر اُن کو دینداری کی حالت میں دیکھ کر راحت اور سرور ہو) اور (تو نے ہم کو ہمارے خاندان کا افسر تو بنایا ہی ہے مگر ہماری دعا یہ ہے کہ ان سب کو متقی کر کے) ہم کو متقیوں کا افسر بنا دے (تو اصل مقصود افسری مانگنا نہیں ہے۔ گو اُس میں بھی قباحت نہیں مگر مقام دلالت نہیں کرتا بلکہ اصل مقصود اپنے خاندان کے متقی ہونے کی درخواست ہے یعنی بجائے اس کے کہ ہم صرف افسر خاندان ہیں ہم کو افسر خاندان متقی بنا دیجئے۔ یہاں تک عباد رحمٰن کے اوصاف کا بیان تھا' آگے اُن کی جزا ہے یعنی) ایسے لوگوں کو (بہشت میں رہنے کو) بالاخانے ملیں گے بوجہ اُن کے (دین وطاعت پر) ثابت قدم رہنے کے اور اُن کو اس (بہشت میں) (فرشتوں کی جانب سے) بقاء کی دعا اور سلام ملے گا [5] (اور) اُس (بہشت) میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ وہ کیسا اچھا ٹھکانا اور مقام ہے (جیسا جہنم میں سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا ۝ فرمایا ہے) **ف:** يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ پر شبہ تعارض آیت: وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا ...... [الأنعام: ۱۶۰] کا نہ کیا جاوے کیونکہ مماثلت باعتبار کمیت کے ہے کہ ایک گناہ کا ایک ہی لکھا جاتا ہے دو یا زیادہ نہیں لکھے جاتے' پھر اگر وہ ایک ہی کیفیت میں ایسا شدید ہو کہ مقتضی تضاعف بمعنی زیادت کو ہو تو یہ مماثلت کے خلاف نہیں بلکہ یہ بھی معنی مماثلت ہے اور اس مقام پر جو اوصاف مذکور ہوئے ہیں مجموعہ مدار نجات نہیں بلکہ مدار علو درجات ہے جیسا يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ اس پر دال ہے۔ پس عاصی کا غیر ناجی ہونا لازم نہیں آتا اور جنت میں تحیت وسلام کہ دعا ہے باوجود حصول مدعولہ کے محض اکرام ہے نہ کہ تحصیل حاصل۔

ربط: اوپر آیت: وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا ...... میں معرضین عن العبادۃ کی مذمت اور عِبَادُ الرَّحْمٰنِ ...... میں مشتغلین بالعبادۃ کی فضیلت ارشاد فرمائی تھی۔ آگے اسی کی تاکید اور تعلیل کے طور پر فرماتے ہیں کہ بندوں کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی ذاتی خصوصیت تو ہے نہیں کہ خواہی نخواہی اُن کی آو بھگت کریں۔ بس تعلق عبادت کا ہے عبادت جو تصدیق کو بھی شامل ہے کرو گے قدر ہوگی۔ ترک عبادت جس میں تکذیب بھی ہے کرو گے وہ وبال جان ہوگی اور چونکہ یہ اجمالاً تمام مخاطبات سورت کا فیصلہ ہے اس لئے اس پر سورت کا ختم اعلیٰ درجہ کا حسن ختام ہے۔

بودن عبدیت مدار خصوصیت: قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ۝ (اے پیغمبر ﷺ) آپ (عام طور پر لوگوں سے) کہہ دیجئے کہ میرا رب تمہاری ذرا بھی پرواہ نہ کرے گا اگر تم عبادت نہ کرو گے سو (اس [6] سے سمجھ لینا چاہئے کہ اے کفار) تم تو (احکام الٰہیہ کو) جھوٹا سمجھتے ہو تو عنقریب یہ (جھوٹا سمجھنا تمہارے لئے) وبال (جان) ہو (کر رہے) گا (خواہ دنیا میں جیسے واقعہ بدر میں کفار پر مصیبت آئی یا آخرت میں اور وہ ظاہر ہے

قد تم تفسیر سورة الفرقان والحمدلله على تمامه للسادس عشر من ذى الحجة يوم الخميس سنة ۱۳۲۴ھ من الهجرة النبوية على صاحبها ما لا يعد ولا يحصى من السلام والصلوة والتحية اعاننى الله تعالىٰ ببركته عليه الصلوٰة والسلام لا تمام بقية تفسير القرآن وما ذلك على الله بعزيز وهو المستعان فى كل شان وبه الثقة وعليه التكلان۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: عِبَادُ الرَّحْمٰنِ ...... یہ آیتیں اولیاء اللہ کی صفات کی جامع ہیں۔ مثلاً تواضع' اس جملہ میں يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا اور تسامح' اس جملہ میں وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ ...... اور صلوٰۃ اللیل اس جملہ میں وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ اور خوف الٰہی اس جملہ میں وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اور عدل افاضہ میں اس جملہ میں وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا ...... اس طرح سے کہ انفاق عام ہو اور فنائے نفس اس جملہ میں يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۚ اس طرح سے کہ تبدیل ملکات مراد ہو اور ترک لغو اس جملہ میں وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ ...... اور باقیات صالحات پر حریص ہونا اس جملہ میں وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ (اور تفصیل اصل رسالہ عربی میں ہے) قولہ تعالیٰ: قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ ...... یعنی عبادتکم اس میں اس شخص پر رد ہے جو محض کسی صالح کے انتساب پر یا

www.besturdubooks.net

بعض تبرکات کے اعتماد پر بدون عمل نجات یا مقبولیت کا زعم کرتا ہے جیسے بہت سے جاہل صوفی بنے ہوئے ہیں۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله في متاب: خاص طور پر اشارة الى ان المفعول المطلق للتاكيد المقصود به تخصيص فرد خاص مقرون بالخوف والاخلاص ۱۲۔ ۲ قوله في الزور: بے ہودہ باتوں اشارة الى عموم الزور بكل تحسين الشئ ووصفه بحلاف صفة ويدخل فيه كل باطل مموه كما يتحصل من الطبرى ۱۲۔ ۳ قوله فى من ازواجنا: طرف سے اشارة الى ان من ابتدائية ۱۲۔ ۴ قوله فى الغرفة: بالا خانے اشارة الى حمله على الجنس ۱۲۔ ۵ قوله في يلقون: ملے گا كما فى الجلالين سورة الدهر القاهم واعطاهم ۱۲۔ ۶ قوله فى فقد كذبتم: سو اس سے الخ اشارة الى ان الفاء لترتب ما بعدها على ما قبلها والتقدير اذا علمتم انه ما يعبؤكم ربكم بدون العبادة فاعلموا ان عاقبة تكذيبكم يكون لزاما ومآل الكلام ان التكذيب يكون لازما يحيق بكم حتى يكبكم فى النار ۱۲۔

الروايات: فى الدرعن جماعة منهم الشيخان عن ابن عباس ان ناسا من اهل الشرك قد قتلوا فاكثروا وزنوا ثم اتوا محمدا صلى الله عليه وسلم فقالوا ان الذى تقول وتدعو اليه لحسن لو تبخرنا ان لما عملنا كفارة فنزل والذين لا يدعون الخ ۱۲۔ **فائدة**: متعلقة بتبديل السيئات فسره بعضهم بان تحى السيئات نفسها يوم القيامة من صحيفة اعمالهم ويكتب بدلها الحسنات واحتجوا بالحديث الذى رواه مسلم فى صحيحه وفيه فيقال اعطوه مكان كل سيئة عملها حسنة فيقول ان فى ذنوبنا لم ارها۔ ههنا الحديث۔ قلت لكن الحديث ليس نصا فى التفسير بل يحتمل ان يكون هذا واقعة مستقلة لا مسائل لها بما فى الآية فافهم وما اخترته اسنده فى الروح الى كثير من السلف ۱۲۔

اللغات: سلاما فى الطبرى عن مجاهد قالوا سلاما قال سدادا وعن الحسن قال علماء وان جهل عليهم لم يجهلوا ۱۲۔ الغرام الهلاك ۱۲۔ القوام العدل الاثام العقوبة كلها من القاموس ۱۲۔ يشهدون يحضرون ويتأيد بكثير من الروايات فى الدر ۱۲۔ فى القاموس ما اعبا بفلان ما ابالى به اللزام بمعنى اللازم ۱۲۔

النحو: اماما فى الروح امام يستعمل مفردا جمعا والمراد به هنا الجمع ليطابق المفعول الاول لجعل واختير على ائمة لانه اوفق بالفواصل السابقة واللاحقة وقيل هو مفرد وافرد مع لزوم المطابقة لانه اسم جنس فيجوز اطلاقه على معنى الجمع مجازا الخ ۱۲۔

البلاغة: قوله عباد الرحمٰن حسن الاضافة الى الرحمٰن اتيانه بعد قولهم وما الرحمٰن فالمعنى ان الكفار لا يعبدون الرحمٰن ولا يعرفونه وانما الذين يعبدونه ويعرفونه هم الذين كذا و كذا۔ قوله مستقرا ومقاما هذا من باب قوله فالفى قولها كذبا ومينا والمقام يقتضى التطويل والفاصلة ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ

رکوعاتها	اٰیاتها	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	سورۃ الشعرآء
۱۱	۲۲۷		۲۶ مکیۃ ۴۷

سورۃ الشعراء مکہ میں نازل ہوئی ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں ۔ اس میں ۲۲۷ آیات اور ۱۱ رکوع ہیں

طٰسٓمّٓ ۞ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۞ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۞ اِنْ
نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ۞ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ
مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ ۞ فَقَدْ كَذَّبُوْا فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۞ اَوَلَمْ يَرَوْا
اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۞ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۚ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۞ وَاِنَّ رَبَّكَ
ع ۱ / ۹ / ۵ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۞

طٰسٓمّٓ یہ (مضامین جو آپ پر نازل ہوتے ہیں) کتاب واضح (یعنی قرآن) کی آیتیں ہیں ۔ شاید آپ ان کے ایمان نہ لانے پر (رنج کرتے کرتے) اپنی جان دے دیں گے ۔ اگر ہم (ان کو مؤمن کرنا) چاہیں تو ان پر آسمان سے ایک بڑی نشانی نازل کر دیں ۔ پھر ان کی گردنیں اس نشانی سے پست ہو جائیں اور (ان کی حالت یہ ہے کہ) ان کے پاس کوئی تازہ فہمائش ۔ (حضرت) رحمٰن کی طرف ایسی نہیں آئی جس سے بے رخی نہ کرتے ہوں ۔ سو (اس بے رخی کی یہاں تک نوبت پہنچی کہ) انہوں نے (دین حق) کو جھوٹا بتلا دیا ۔ سو عنقریب ان کی اس بات کی حقیقت معلوم ہو جائے گی جس کے ساتھ استہزاء کیا کرتے تھے ۔ کیا انہوں نے زمین کو نہیں دیکھا کہ ہم نے اس میں کس قدر عمدہ عمدہ قسم کی بوٹیاں اگائی ہیں ۔ اس میں (توحید) کی ایک بڑی نشانی ہے اور ان میں اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے اور بلاشبہ آپ کا رب غالب ہے رحیم ہے ۔

سورة الشعراء مكية الا قوله والشعراء وهي مائتان وست او سبع وعشرون كذا في البيضاوى ۔

ربط : اس سورت کے سب سے پہلے اور سب سے پچھلے رکوع میں قرآن اور رسالت کی حقانیت وصدق اور اس کے متعلقات کا ذکر ہے اور اُن کے منکرین کی توبیخ اور عبرت کے لئے رکوع اول کے ختم پر بعض دلائل مثبتہ توحید کہ ایک جزو قرآنی ہے اور سورت کے درمیان میں مکذبین رسل واحکام الٰہیہ کے بعض قصص مذکور ہیں ۔ چنانچہ ہر قصہ میں آیت : اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۚ کا تکرار اس عبرت کے مقصود ہونے پر بطریق اصرح واوضح دال ہے اور سورت سابقہ کا ختم بھی وعید مکذبین پر تھا ۔ پس دونوں سورتوں کے طرفین اور سورت ہذا کے اجزاء سب میں باہمی ارتباط ظاہر ہو گیا ' واللہ اعلم ۔

حقیقت قرآن وذم منکرین : بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ طٰسٓمّٓ ۞ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۞ (الی قوله تعالیٰ) وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۞

۔ طٰسٓمّٓ ۞ یہ (مضامین جو آپ پر نازل ہوتے ہیں) کتاب واضح (یعنی قرآن) کی آیتیں ہیں (اور یہ لوگ جو اس پر ایمان نہیں لاتے تو آپ اتنا غم کیوں کرتے ہیں کہ معلوم ہوتا ہے کہ) شاید آپ اُن کے ایمان نہ لانے پر (تاسف کرتے کرتے) اپنی جان دے دیں گے (اصل یہ ہے کہ یہ عالم ابتلاء ہے' اس میں حق کے اثبات پر وہی دلائل قائم کئے جاتے ہیں جن کے بعد بھی ایمان لانا عبد کے تحت اختیار میں رہتا ہے ورنہ) اگر ہم (الجاء واضطراراً اُن کو مؤمن کرنا) چاہیں تو اُن پر آسمان سے ایک (ایسی) بڑی نشانی نازل کر دیں (کہ اُن کا اختیار ہی بالکل سلب ہو جاوے) پھر اُن کی گردنیں اس نشانی (کے آنے) سے پست ہو جاویں (اور بالاضطرار مومن بن جاویں ۔ لیکن ایسا کرنے سے ابتلاء باقی نہ رہے گا ۔ اس لئے ایسا نہیں کیا جاتا اور امر بین القدر والجبر رہتا ہے) اور (ان کی یہ

www.besturdubooks.net

حالت ہے کہ) اُن کے پاس کوئی تازہ فہمائش (حضرت) رحمٰن (جل شانہٗ) کی طرف سے ایسی نہیں آتی جس سے یہ بے رُخی نہ کرتے ہوں سو (اس بے رُخی کی یہاں تک نوبت پہنچی کہ) انہوں نے (دینِ حق کو) جھوٹا بتلا دیا (جو اعراض کا انتہائی درجہ ہے اور صرف اس کے ابتدائی درجہ یعنی بے التفاتی پر اکتفا نہیں کیا اور پھر تکذیب بھی خالی نہیں بلکہ استہزاء کے ساتھ) سو اب عنقریب ان کو اس بات کی حقیقت معلوم ہو جاوے گی جس کے ساتھ یہ استہزاء کیا کرتے تھے (یعنی جب عذاب الٰہی کا موت کے وقت یا قیامت میں معائنہ ہوگا اُس وقت صدق قرآن اور مافی القرآن یعنی عذاب وغیرہ کا منکشف ہو جاوے گا اور خیر آیات تنزیلیہ کا اگر انکار کیا تھا جن کی دلالت اپنے مدلولات پر شرعی ہے گو صدق ان آیات دالہ کا عقلی ہے۔ لیکن آیات تکوینیہ کا انکار اور زیادہ عجیب ہے کہ اُن کی دلالت اپنے مدلول یعنی توحید صانع پر عقلی محض ہے اور شرع سے اگر نفور ہیں تو عقل سے تو دور نہیں سو) کیا انہوں نے زمین کو نہیں دیکھا جو اُن سے بہت قریب اور ہر وقت پیش نظر ہے) کہ ہم نے اس میں کس قدر عمدہ عمدہ قسم کے بوٹیاں اگائی ہیں (جو مثل جمیع مصنوعات کے وجود اور وحدت کمال صانع پر دال ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ) اس میں (توحید ذاتی وصفاتی وافعالی کی) ایک بڑی نشانی (عقلی) ہے (اور خود یہ مسئلہ بھی عقلی ہے کہ الوہیت کے لئے کمال ذاتی وصفاتی شرط اور کمال مذکور کے لوازم سے انفراد فی الالوہیۃ ہے) اور (باوجود اس کے) ان میں کے اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے (اور شرک کرتے ہیں۔ غرض شرک کرنا انکار نبوت سے بھی بڑھ کر ہے۔ سو اس سے معلوم ہوا کہ ان کے عناد نے ان کی فطرت کو بالکل مختل کر دیا۔ پھر ایسوں کے پیچھے کیوں جان کھوئی جاوے) اور (اگر ان کو شرک کے مذموم عند اللہ ہونے میں یہ شبہ ہو کہ) ہم پر عذاب عاجل کیوں نہیں آ جاتا تو اس کی وجہ یہ ہے کہ) بلاشبہ آپ کا رب (باوجود اس کے کہ) غالب (اور کامل القدرت) ہے (مگر اس کے ساتھ ہی) رحیم (بھی) ہے (اور اس کی رحمت عامہ دنیا میں کفار سے بھی متعلق ہے۔ اُس کا اثر یہ ہے کہ ان کو مہلت دے رکھی ہے ورنہ کفر یقیناً مذموم اور مقتضی عذاب ہے۔ **ف**: ایسی ہی آیت قصص آئندہ کے ختم پر آئی ہے وہاں بھی یہی حاصل ہے کہ وہ واقعات بھی مثل دلیل مذکور فی ہذا المقام کے لائق استدلال واعتبار کے ہیں جن میں غور کر کے خدا سے ڈرنا چاہئے تھا اور اس کے احکام اعتقادیہ وعملیہ کی بجا آوری میں مستعد ہونا چاہئے تھا اور شرک وانکار نبوت کو چھوڑ دینا چاہئے تھا مگر باوجود اس کے یہ لوگ ایمان نہیں لاتے اور خدا تعالیٰ باوجود تعذیب پر قادر ہونے کے رحمت سے مہلت دیتا ہے اور اہتمام کی وجہ سے اس کو مکرر فرمایا ہے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: لَعَلَّكَ بَاخِعٌ ...... اس میں ان امور پر دلالت ہے۔ آپ اپنی اُمت پر کمال شفقت رکھتے تھے۔ (۲) ایمان کا فر پر حرص کرنا حکم ازلی کے معارض نہیں۔ (۳) شفقت میں اعتدال مناسب ہے کہ جو شخص ہدایت نہ پاوے اس پر حزن نہ کیا جاوے اور یہ سب آداب شیوخ سے ہے۔ (۴) کسی کی اصلاح شیخ کے اختیار وقدرت وتصرف میں نہیں۔ قولہ تعالیٰ: اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مگر اس لئے اس شان کا نشان نازل نہیں کیا گیا کہ حق تعالیٰ کی عادت یہ ہے کہ لوگوں کو ایمان کی طرف مضطر نہ کیا جاوے کذا فی الروح۔ احقر کہتا ہے کہ چونکہ باطن میں تصرف کرنا ایک قسم کا لجاء اور جبر ہے اسی لئے محققین نے امرار شاد میں اس کو پسند نہیں کیا۔

ملحقات الترجمۃ: قولہ بعد فقد کذبتم اور پھر تکذیب بھی الخ قال النیسابوری ھذا الترتیب فی غایۃ الحسن کانہ قیل حین اعرضوا عن الذکر فقد کذبوا وحین کذبوا بہ فقد خف عندھم قدرہ حتی صار عرضۃ للاستھزاء وھذہ درجات من الاخذ فی الشقاء فانہ یعرض اولا ثم یصرح بالتکذیب ثانیا ثم بالغ فی التکذیب والانکار الی حیث یستھزی الخ ۱۲۔

البلاغۃ: خاضعین فی الروح خبر عن الاعناق وقد اکتسب التذکیر وصفۃ العقلاء من المضاف الیہ فاخبر عنھا لذلک بجمع من یعقل وقال الزمخشری اصل الکلام فظلوا لھا خاضعین فاقحمت الاعناق لبیان موضع الخضوع لانہ تبرا ای قبل التامل لظھور الخضوع فی العنق نحو الانحناء انہ ھو الخاضع دون صاحبہ وترک الجمع بعد الاقحام علی ما کان علیہ قبل ۱۲۔

اللغات: النجع اصلہ ان تبلغ بالذبح النجاع بکسر الباء وھو عرق مستبطن الفقار وذلک اقصی حد الذبح ۱۲۔

وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰﴾ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ؕ اَلَا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۱﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّىْٓ اَخَافُ اَنْ

يُّكَذِّبُوْنِ ﴿۱۲﴾ وَيَضِيْقُ صَدْرِىْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِىْ فَاَرْسِلْ اِلٰى هٰرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَهُمْ عَلَىَّ ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿۱۴﴾ قَالَ

كَلَّا ۚ فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَآ اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿۱۵﴾ فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ اَنْ

اَرْسِلْ مَعَنَا بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۷﴾ قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ

www.besturdubooks.net

الَّتِیْ فَعَلْتَ وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۱۹﴾ قَالَ فَعَلْتُهَاۤ اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّآلِّیْنَ ﴿۲۰﴾ فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ
فَوَهَبَ لِیْ رَبِّیْ حُكْمًا وَّجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۲۱﴾ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَیَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ ﴿۲۲﴾
قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۲۳﴾ قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا ؕ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِیْنَ ﴿۲۴﴾ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗۤ
اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِیْۤ اُرْسِلَ اِلَیْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۲۷﴾ قَالَ
رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَیْنَهُمَا ؕ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا غَیْرِیْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ
الْمَسْجُوْنِیْنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَیْءٍ مُّبِیْنٍ ﴿۳۰﴾ قَالَ فَاْتِ بِهٖۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِیَ
ع ثُعْبَانٌ مُّبِیْنٌ ﴿۳۲﴾ وَّنَزَعَ یَدَهٗ فَاِذَا هِیَ بَیْضَآءُ لِلنّٰظِرِیْنَ ﴿۳۳﴾

اور (ان لوگوں سے اس وقت قصہ ذکر کیجئے) جب آپ نے موسیٰ کو پکارا اور حکم دیا کہ ان ظالم لوگوں کے یعنی فرعون کے پاس جاؤ (اور اے موسیٰ دیکھو) کیا یہ لوگ ہمارے غضب سے نہیں ڈرتے۔ انہوں نے عرض کیا کہ اے میرے پروردگار مجھ کو یہ اندیشہ ہے کہ وہ مجھ کو جھٹلانے لگیں اور (طبعی طور پر ایسے وقت میں) میرا دل تنگ ہونے لگتا ہے اور میری زبان اچھی طرح نہیں چلتی۔ اس لئے ہارون کے پاس بھی وحی بھیج دیجئے اور میرے ذمے ان لوگوں کا ایک جرم بھی ہے سو مجھ کو یہ اندیشہ ہے کہ وہ لوگ مجھ کو (قبل تبلیغ رسالت) قتل کر ڈالیں۔ ارشاد ہوا کیا مجال ہے سو (اب) تم دونوں ہمارے احکام لے کر جاؤ ہم نصرت (امداد سے) تمہارے ساتھ میں سنتے ہیں سو تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ اور (اس سے) کہو کہ ہم رب العالمین کے فرستادہ ہیں کہ تو بنی اسرائیل ہمارے ساتھ جانے دے (دونوں حضرات گئے اور فرعون سے سب مضامین کہہ دیئے) فرعون کہنے لگا کہ تم ہو کیا ہم نے تم کو بچپن میں پرورش نہیں کیا اور تم اپنی اس عمر میں برسوں ہم میں رہا سہا کئے اور تم نے اپنی وہ حرکت بھی کی تھی جو کی تھی (یعنی قبطی کو قتل کیا تھا) اور تم بڑے ناسپاس ہو۔ موسیٰ نے جواب دیا کہ (واقعی) اس وقت وہ حرکت میں بیٹھا تھا اور مجھ سے غلطی ہوگئی تھی۔ پھر جب مجھے ڈر ہوا تو میں تمہارے ہاں سے مفرور ہوگیا۔ پھر مجھ کو میرے رب نے دانشمند عطا فرمائی اور مجھ کو پیغمبروں میں شامل کر دیا اور (رہا احسان جتلانا پرورش کا سو) وہ یہ نعمت ہے جس کا تو مجھ پر احسان رکھتا ہے کہ تو نے بنی اسرائیل کو سخت ذلت میں ڈال رکھا ہے۔ فرعون (اس بات میں لاجواب ہوا اور سخن کا پہلو بدل کر اس نے) کہا کہ رب العالمین کی ماہیت (اور حقیقت کیا ہے) موسیٰ نے جواب دیا کہ وہ پروردگار ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ (مخلوقات) ان کے درمیان میں ہے۔ اس کا اگر تم کو یقین کرنا ہو تو (یہ پتہ بہت ہے) فرعون نے اپنے اردگرد (بیٹھنے والوں سے کہا کہ تم لوگ کچھ سنتے ہو کہ سوال کچھ جواب کچھ) موسیٰ نے فرمایا کہ وہ پروردگار ہے اور تمہارے پہلے بزرگوں کا فرعون نہ سمجھا اور کہنے لگا کہ یہ تمہارا رسول جو (بزعم خود) تمہاری طرف رسول ہو کر آیا ہے مجنوں معلوم ہوتا ہے۔ موسیٰ نے فرمایا کہ پروردگار ہے مشرق مغرب کا اور جو کچھ انکے درمیان میں ہے۔ اس کا بھی اگر تم کو عقل ہو (تو اس کو مان لو)۔ فرعون (آخر جھلا کر) کہنے لگا کہ اگر تم میرے سوا کوئی اور معبود تجویز کرو گے تو تم کو جیل خانہ بھیج دوں گا موسیٰ نے فرمایا اگر میں کوئی صریح دلیل پیش کر دوں تب بھی (نہ مانے گا)۔ فرعون نے کہا اچھا تو وہ دلیل پیش کرو اگر تم سچے ہو۔ موسیٰ نے اپنی لاٹھی ڈال دی تو وہ دفعۃً ایک نمایاں اژدہا بن گیا اور (دوسرا معجزہ دکھانے کے لئے) اپنا ہاتھ (گریبان میں دے کر) باہر نکالا تو دفعۃً سب دیکھنے والوں کے روبرو بہت ہی چمکتا ہوا ہوگیا۔

تفسیر ربط: اوپر مکذبین و منکرین کی مذمت تھی۔ آگے اُن کی تہدید و عبرت کے لئے چند قصص مذکور ہوتے ہیں۔

قصہ اول موسیٰ علیہ السلام با فرعون: وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰۤى اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۙ (الی قوله تعالیٰ) وَّنَزَعَ یَدَهٗ فَاِذَا هِیَ بَیْضَآءُ لِلنّٰظِرِیْنَ ﴿۳۳﴾ اور (ان لوگوں سے اُس وقت کا قصہ ذکر کیجئے تاکہ ان کو عبرت ہو) جب آپ کے رب نے موسیٰ (علیہ السلام) کو پکارا (اور حکم دیا) کہ تم ان ظالم لوگوں کے یعنی قوم فرعون کے پاس جاؤ (اور اے موسیٰ دیکھو) کیا یہ لوگ (ہمارے غضب سے) نہیں ڈرتے (یعنی ان کی حالت عجیب اور شنیع ہے اس لئے ان کی طرف تم کو بھیجا جاتا ہے) انہوں نے عرض کیا کہ اے میرے پروردگار (میں اس خدمت کے لئے حاضر ہوں لیکن اس خدمت کی تکمیل کے لئے ایک مددگار چاہتا ہوں کیونکہ) مجھ کو یہ اندیشہ ہے کہ وہ مجھ کو (اول ہی وہلہ میں قبل اس کے کہ تقریر پوری کروں) جھٹلانے لگیں اور (طبعی طور پر ایسے وقت میں) میرا دل تنگ ہونے لگتا ہے اور میری زبان (اچھی طرح) نہیں چلتی (جیسا کہا گیا ہے فہم سخن تا نہ کند مستمع: قوت طبع از متکلم مجو) اس لئے ہارون کے پاس بھی وحی بھیج دیجئے (اور ان کو نبوت عطا فرما دیجئے کہ اگر میری تکذیب کی جاوے تو وہ تصدیق کرنے لگیں تاکہ دل شگفتہ اور زبان رواں رہے اور اگر میری زبان کسی وقت بستہ ہو جاوے تو وہ تقریر کرنے

www.besturdubooks.net

لگیں اور ہر چند کہ یہ غرض ویسے بھی ہارون علیہ السلام کو بلا نبوت عطا ہوئے ساتھ رکھنے سے حاصل ہو سکتی تھی مگر عطائے نبوت میں اور زیادہ اکمل وجوہ سے پوئی ہوئی) اور (ایک امر یہ قابل عرض ہے کہ) میرے ذمہ اُن لوگوں کا ایک جرم بھی ہے (کہ میرے ہاتھ سے ایک قبطی قتل ہو گیا ہے جس کا قصہ سورۂ قصص میں آوے گا) سو (اس لئے) مجھ کو (ایک) یہ اندیشہ ہے کہ وہ لوگ مجھ کو (قبل تبلیغ رسالت) قتل کر ڈالیں (تب بھی تبلیغ نہ کر سکوں گا تو اس کی بھی کچھ تدبیر فرما دیجئے) ارشاد ہوا کہ کیا مجال ہے (جو ایسا کر سکیں اور ہم نے ہارون کو بھی پیغمبری دی' اب تبلیغ کے دونوں مانع مرتفع ہو گئے) سو (اب) تم دونوں ہمارے احکام لے کر جاؤ (کہ ہارون بھی نبی ہو گئے اور) ہم (نصرت اور امداد سے) تمہارے ساتھ ہیں (اور جو گفتگو تمہاری اور اُن لوگوں کی ہو گی اُس کو) سنتے ہیں۔ سو تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ اور (اُس سے) کہو کہ ہم رب العالمین کے فرستادہ ہیں (اور دعوت الی التوحید کے ساتھ یہ حکم بھی لائے ہیں) کہ تو بنی اسرائیل کو (اپنے بیگار اور ظلم سے رہائی دے کر اُن کے اصلی وطن ملک شام کی طرف) ہمارے ساتھ جانے دے (مجموعہ دعوت حاصل حقوق اللہ وحقوق العباد میں تعدی کا ترک کرنا ہے۔ چنانچہ یہ دونوں حضرات گئے اور فرعون سے سب مضامین کہہ دیئے) فرعون (یہ سب باتیں سن کر اول موسیٰ علیہ السلام کی طرف اُن کو پہچان کر متوجہ ہوا اور) کہنے لگا کہ (اہا تم ہو) کیا ہم نے تم کو بچپن میں پرورش نہیں کیا اور تم اپنی (اس) عمر میں برسوں ہم میں رہا سہا کئے اور تم نے اپنی وہ حرکت بھی کی تھی جو کی تھی (یعنی قبطی کو قتل کیا تھا) اور تم بڑے ناسپاس ہو (کہ میرا ہی کھایا اور میرا ہی آدمی قتل کیا اور پھر مجھ کو اپنا تابع بنانے آئے ہو چاہئے تو یہ کہ تم مجھ سے ہر طرح دبو) موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا کہ (واقعی) اُس وقت وہ حرکت میں کر بیٹھا تھا اور مجھ سے غلطی ہو گئی تھی (یعنی عمداً میں نے قتل نہیں کیا اُس کی خطا پر اُس کو سیاست کرتا تھا اتفاق سے وہ مر گیا) پھر جب مجھ کو ڈر لگا تو میں تمہارے ہاں سے مفرور ہو گیا۔ پھر مجھ کو میرے رب نے دانشمندی عطا فرمائی اور مجھ کو پیغمبروں میں شامل کر دیا (اور وہ دانشمندی اسی نبوت کے لوازم سے ہے۔ خلاصۂ جواب یہ کہ میں پیغمبر کی حیثیت سے آیا ہوں جس میں دبنے کی کوئی وجہ نہیں اور پیغمبری اس واقعہ قتل خطا کے منافی نہیں' کیونکہ وہ خطا تھا جو قادح استعداد نبوت نہیں اور استعداد کے بعد فعلیت مستبعد نہیں۔ یہ تو جواب ہے اعتراض قتل کا) اور (رہا احسان جتلانا پرورش کا سو) وہ یہ نعمت ہے جس کا تو مجھ پر احسان رکھتا ہے کہ تو نے بنی اسرائیل کو سخت ذلت (اور ظلم) میں ڈال رکھا تھا (کہ اُن کے لڑکوں کو قتل کرتا تھا جس کے خوف سے میں صندوق میں رکھ کر دریا میں ڈالا گیا اور تیرے ہاتھ لگ گیا اور تیری پرورش میں رہا۔ تو اس پرورش کی اصلی وجہ تو تیرا ظلم ہی ہے۔ تو ایسی پرورش کا کیا احسان جتلایا جاتا ہے بلکہ اس سے تو اپنی ناشائستہ حرکات کو یاد کر کے شرمانا چاہئے) فرعون (اس بات میں لاجواب ہوا اور سخن کا پہلو بدل کر اُس) نے کہا کہ (جس کو تم) رب العالمین (کہتے ہو لقولہ تعالیٰ: اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ اس) کی ماہیت (اور حقیقت) کیا ہے؟ موسیٰ (علیہ السلام) نے جواب دیا کہ وہ پروردگار ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ (مخلوقات) اُن کے درمیان میں ہے اِس (سب) کا اگر تم کو یقین (حاصل) کرنا ہو (تو یہ پتہ بہت ہے۔ مطلب یہ کہ ماہیت سے اُس کی معرفت نہیں ہو سکتی۔ جب سوال ہو گا صفات ہی سے جواب ملے گا) فرعون نے اپنے اردگرد (بیٹھنے) والوں سے کہا کہ تم لوگ (کچھ) سنتے ہو (کہ سوال کچھ جواب کچھ) موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ وہ پروردگار ہے تمہارا اور تمہارے پہلے بزرگوں کا (اس جواب میں مکرر تنبیہ ہے اُس مطلب مذکور پر مگر) فرعون (نہ سمجھا اور) کہنے لگا کہ یہ تمہارا رسول جو (بزعم خود) تمہاری طرف رسول ہو کر آیا ہے مجنون (معلوم ہوتا) ہے۔ موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ وہ پروردگار ہے مشرق کا اور مغرب کا اور جو کچھ اُن کے درمیان میں ہے اُس کا بھی اگر تم کو عقل ہو (تو اسی سے مان لو) فرعون (آخر جھلا کر) کہنے لگا کہ اگر تم میرے سوا کوئی اور معبود تجویز کرو گے تو تم کو جیل خانہ بھیج دوں گا۔ موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کیا اگر میں کوئی صریح دلیل پیش کروں تب بھی (نہ مانے گا) فرعون نے کہا کہ اچھا تو وہ دلیل پیش کرو اگر تم سچے ہو۔ سو موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی لاٹھی ڈال دی تو وہ دفعۃً ایک نمایاں اژدہا بن گیا اور (دوسرا معجزہ دکھلانے کے لئے) اپنا ہاتھ (گریبان میں دے کر) باہر نکالا تو وہ دفعۃً سب دیکھنے والوں کے روبرو بہت ہی چمکتا ہوا ہو گیا (کہ اس کو بھی سب نے نظر حسی سے دیکھا) **ف**: موسیٰ علیہ السلام کی زبان میں لکنت تھی۔ اس کے ازالہ کے لئے دعاء کرنا سورۂ طٰہٰ میں مذکور ہے: وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ [طٰہٰ: ۲۷] یہاں لا ینطلق: میں عدم الطلاق سے وہ مراد نہیں ورنہ اگر وہ عدم انطلاق سبب ہوتا دعاء عطائے نبوت ہارونیہ کا تو پھر ازالۂ لکنت کی دعاء کی ضرورت نہ تھی۔ واللہ اعلم اور پارۂ نہم کے شروع میں بھی اس قصہ کے متعلق آیتیں آئی ہیں۔ وہاں کچھ ضروری مضامین متعلق کلمات اَنْ اَرْسِلْ مَعَنَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ۝ وَثُعْبَانٌ مُّبِیْنٌ ۝۔ وَلِلنّٰظِرِیْنَ [الأعراف: ۱۰۵' ۱۰۷] ۔ کے گزر چکے ہیں جو قابل ملاحظہ ہیں اور منت تربیت کے جواب سے نفی احسان ماننے کی مقصود نہیں بلکہ نفی احسان جتلانے کی مقصود ہے جو عموماً مذموم ہے اور خصوصاً جبکہ اس احسان کا سبب اس مدعی احسان کا عدوان ہو خوب سمجھ لو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِذْ نَادٰی رَبُّكَ مُوْسٰٓی ... اس میں کئی امر کی طرف اشارہ ہے: (۱) امور دینیہ میں ایک دوسرے کی مدد کریں (چنانچہ ہارون علیہ السلام کو مدد کے لئے مقرر فرمایا گیا) (۲) گمراہ کے ساتھ الزام حجت میں تلطف برتا جاوے (چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کی گفتگو سے معلوم ہوتا ہے۔ (۳) ایسے شخص سے بے رُخی نہ کی جاوے جس کو تم نے بچپن میں پالا مگر بڑے ہونے پر خدا تعالیٰ نے اُس کو فضیلت دے دی ہو (جیسے فرعون نے بے رُخی کی) کذا فی

www.besturdubooks.net

الروح۔ قولہ تعالیٰ: وَيَضِيْقُ صَدْرِىْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِىْ اس سے معلوم ہوا کہ اُمور طبعیہ اور کمال میں منافات نہیں۔ اسی طرح موسیٰ علیہ السلام کے فَاَخَافُ فرمانے سے بھی یہی معلوم ہوا۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ فَعَلْتُهَآ اس سے کس قدر سادگی و بے تکلفی وصدق ثابت ہوتا ہے کہ لوگ عادۃً اپنے خوف کو اور قاتل ہونے کو ظاہراً نقص سمجھے جاتے ہیں پوشیدہ کرتے ہیں یا تاویل کرتے ہیں۔ آپ نے صاف صاف سب اقرار فرمالیا (یہی اخلاق ہوتے ہیں صادقین کے)۔ قولہ تعالیٰ: وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا...... اس آیت کی دو توجیہیں ہیں جو اصل عربی میں مذکور ہیں۔ ایک پر فرعون کے امتنان کا رد ہے اور ایک پر نعمت فرعون کا اقرار ہے اور کافر کے احسان کے متعلق بزرگوں کی دونوں عادتیں منقول ہیں لیکن اصل ثانی ہے جب کوئی عارض پیش نہ آوے تائید اس کی یوسف علیہ السلام کے اس قول سے ہوتی ہے۔ اِنَّهٗ رَبِّىْٓ اَحْسَنَ مَثْوَاىَ [یوسف: ۲۳] اور اول غلبۂ حال سے ہوتا ہے کہ جب اس کی مبغوضیت عند اللہ کا غلبہ ہوتا ہے تو اُس کی نعمت کی طرف التفات نہیں رہتا۔ خصوص جب کوئی عارض بھی پیش آجاوے جیسا حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پیش آیا۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۳﴾ فرعون نے لفظ ما: سے ماہیت رب تعالیٰ سے سوال کیا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے صفات سے جواب دیا۔ اس نے کئی بار اس جواب پر جرح کیا۔ آپ نے ہر بار صفات ہی سے جواب دیا۔ اس سے وہ مسئلہ صاف ثابت ہوگیا کہ حق تعالیٰ کی معرفت بالکنہ نہیں ہوسکتی بلکہ صرف بالوجہ ہوتی ہے۔

ملحقات الترجمۃ: (۱) قولہ فی اذ نادی ان لوگوں سے القرینۃ علیہ قولہ تعالٰی و اتل علیھم نبا ابراھیم ۱۲۔ (۲) قولہ فی ان یقتلون قبل تبلیغ رسالت اقصارہ فی الروح ۱۲۔

النحو: تلک نعمۃ الخ فی الکشاف تلک اشارۃ الی خصلہ شفاء مبھمۃ لا یدری ماھی الا بتفسیرھا و محل ان عبدت الرفع عطف بیان لتلک نظیرہ قولہ تعالٰی وقضینا الیہ ذلک الامر ان دابر ھؤلاء مقطوع والمعنی تعبیدک بنی اسرائیل و تذلیلھم نعمۃ تمنھا علی الخ ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ الا یتقون قال الزمخشری ھو کلام مستانف اتبعہ عزوجل ارسالہ الیھم للانذار والتسجیل علیھم بالظلم تعجیبا لموسٰی علیہ السلام من حالھم التی شنعت فی الظلم والعسف ومن امنھم العواقب قلت خوفھم وخدرھم من ایام اللہ عزوجل کذا فی الروح قولہ قال فعلتھا الخ فیہ تقدیم للجواب عن قولہ وفعلت الخ المؤخر علی الجواب عن قولہ الم نربک الخ المقدم تقدیما للاھم کما لا یخفی ان القتل اقدح فی النبوۃ من الاخلال بحقوق التنزیۃ ۱۲۔

قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗۤ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۴﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ ۖ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ قَالُوْۤا اَرْجِهْ
وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۳۶﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿۳۷﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۳۸﴾ وَّقِيْلَ
لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿۳۹﴾ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۴۰﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ
لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۴۱﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰۤى اَلْقُوْا مَاۤ اَنْتُمْ
مُّلْقُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ
فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۴۵﴾ فَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالَ
اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِىْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۬ؕ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ
وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۹﴾ قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۖ اِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا
ع ۳/۸/۷ خَطٰيٰنَاۤ اَنْ كُنَّاۤ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۱﴾

فرعون نے اہل دربار سے جو اس کے آس پاس (بیٹھے) تھے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ شخص بڑا ماہر جادوگر ہے۔ اس کا (اصل) مطلب یہ ہے کہ اپنے جا(دو) کے (زور) تم کو تمہاری سرزمین سے باہر کردے سو تم لوگ کیا مشورہ دیتے ہو درباریوں نے کہا کہ آپ ان کو اور ان کے بھائی کو (چندے) مہلت دیجئے اور شہروں میں چپراسیوں کو (حکم نامہ دے کر) بھیج دیجئے کہ وہ (سب) شہروں سے سب ماہر جادوگروں کو آپ کے پاس لاکر حاضر کریں۔ غرض وہ جادوگر ایک معین دن کے خاص وقت

www.besturdubooks.net

پر جمع کے گئے اور (فرعون کی طرف سے بطور اعلان عام کے) لوگوں کو یہ اشتہار دیا گیا کہ کیا تم جمع ہوئے (یعنی جمع ہو جاؤ) تا کہ اگر جادوگر غالب آ جاویں تو ہم ان ہی کی راہ پر رہیں پھر جب وہ جادوگر (فرعون کی پیشی میں) آئے تو فرعون سے کہنے لگے کہ اگر ہم موسیٰ پر غالب آ گئے تو ہم کو کوئی بڑا صلہ (اور انعام) ملے گا۔ فرعون نے کہا کہ ہاں اور مزید برآں تم اس صورت میں (ہمارے) مقرب لوگوں میں داخل ہو جاؤ گے۔ موسیٰ نے ان سے فرمایا کہ تم کو جو کچھ ڈالنا ہو (میدان میں) ڈالو۔ سو انہوں نے اپنی رسیاں ڈالیں اور لاٹھیاں ڈالیں اور کہنے لگے کہ فرعون کے اقبال کی قسم بے شک ہم ہی غالب آویں گے۔ پھر موسیٰ نے اپنا عصا ڈالا سو ڈالنے کے ساتھ ہی (اژدہا بن کر) ان کے تمام تر بنے بنائے دھندے کو نگلنا شروع کر دیا۔ سو (یہ دیکھ کر) جادوگر ایسے متاثر ہوئے کہ سب سجدے میں گر پڑے اور پکار پکار کر کہنے لگے کہ ہم ایمان لے آئے رب العالمین پر جو موسیٰ اور ہارون۔ علیہما السلام) کا بھی رب ہے۔ فرعون کہنے لگا کہ ہیں تم موسیٰ پر ایمان لے آئے بدوں اس کے کہ میں تم کو اجازت دوں ضرور معلوم ہوتا ہے کہ یہ (جادو میں) تم سب کا استاد ہے جس نے تم کو جادو سکھا دیا ہے سو اب تم کا حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے (اور وہ یہ ہے کہ) میں تمہارے ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں کاٹوں گا اور تم سب کو سولی پر چڑھاؤں گا (تا کہ اوروں کو عبرت ہو) انہوں نے جواب دیا کہ کچھ حرج نہیں ہم اپنے مالک کے پاس جا پہنچیں گے (اور) ہم امید رکھتے ہیں کہ ہمارا پروردگار ہماری خطاؤں کو معاف کرے اس وجہ سے کہ ہم (اس موقعہ پر حاضرین میں سے) سب سے پہلے ایمان لائے ہیں۔ ۞

تفسیر: تتمہ قصہ مذکورہ: قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗٓ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ۝ (الی قولہ تعالی) اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (حضرت موسیٰ علیہ السلام کے جو یہ معجزات ظاہر ہوئے تو) فرعون نے اہل دربار سے جو اُس کے آس پاس (بیٹھے) تھے کہا کہ اُس میں کوئی شک نہیں کہ یہ بڑا ماہر جادوگر ہے اس کا (اصل) مطلب یہ ہے کہ اپنے جادو (کے زور) سے (خود رئیس ہو جاوے اور) تم کو تمہاری سرزمین سے باہر کر دے (تا کہ بلا مزاحمت غیرے اپنی قوم کو لے کر ریاست کرے) سو تم لوگ کیا مشورہ دیتے ہو۔ درباریوں نے کہا کہ آپ ان کو اور ان کے بھائی کو (چندے) مہلت دیجئے اور (اپنے حدود قلمرو کے) شہروں میں (گرواوروں کو یعنی) چپڑاسیوں کو (حکم نامے دے کر) بھیج دیجئے کہ وہ (سب شہروں سے) سب ماہر جادوگروں کو (جمع کر کے) آپ کے پاس لا کر حاضر کر دیں۔ غرض وہ جادوگر ایک معین دن کے خاص وقت پر جمع کر لئے گئے (معین دن سے مراد یوم الزینہ ہے اور خاص وقت سے مراد وقت ضحیٰ ہے جیسا سورۂ طٰہٰ کے شروع رکوع سوم میں اس کا متعین ہونا مقابلہ کے لئے مذکور ہے یعنی اس وقت کے قریب تک سب جمع کر لئے گئے اور فرعون کو جمع ہونے کی اطلاع کی گئی) اور (فرعون کی جانب سے بطور اعلان عام کے) لوگوں کو یہ اشتہار دیا گیا کہ کیا تم لوگ (فلاں موقع پر واقعہ) دیکھنے کے لئے جمع ہو گے (یعنی جمع ہو جاؤ) تا کہ اگر جادوگر غالب آ جاویں (جیسا کہ غالب توقع ہے) تو ہم اُن ہی کی راہ پر رہیں (یعنی وہی راہ جس پر فرعون تھا اور دوسروں کو بھی اس پر رکھنا چاہتا تھا۔ مطلب یہ کہ جمع ہو کر دیکھو امید ہے کہ جادوگر غالب رہیں گے تو ہم لوگوں کے طریق کا حق ہونا حجت سے ثابت ہو جاوے گا) پھر جب وہ جادوگر (فرعون کی پیشی میں) آئے تو فرعون سے کہنے لگے کہ اگر (موسیٰ علیہ السلام پر) ہم غالب آ گئے تو کیا ہم کو کوئی بڑا صلہ (اور انعام) ملے گا۔ فرعون نے کہا کہ ہاں (انعام مالی بھی بڑا ملے گا) اور (مزید برآں یہ جاہ ملے گا کہ) تم اس صورت میں (ہمارے) مقرب لوگوں میں داخل ہو جاؤ گے (غرض اس گفتگو کے بعد عین موقع مقابلہ پر آئے اور دوسری طرف موسیٰ علیہ السلام تشریف لائے اور مقابلہ شروع ہوا اور ساحروں نے موسیٰ علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ اپنا عصا پہلے ڈالئے گا یا ہم ڈالیں) موسیٰ (علیہ السلام) نے اُن سے فرمایا کہ تم کو جو کچھ ڈالنا (منظور) ہو (میدان میں) ڈالو۔ سو انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈالیں (جو جادو کے اثر سے سانپ معلوم ہوتے تھے) اور کہنے لگے کہ فرعون کے اقبال کی قسم! بے شک ہم ہی غالب آویں گے پھر موسیٰ (علیہ السلام) نے (بحکم خداوندی) اپنا عصا ڈالا۔ ڈالتے کے ساتھ ہی (اژدہا بن کر) ان کے تمام تر بنے بنائے دھندے کو نگلنا شروع کر دیا۔ سو (یہ دیکھ کر) جادوگر (ایسے متاثر ہوئے کہ) سب سجدہ میں گر پڑے (اور پکار پکار کر) کہنے لگے کہ ہم ایمان لے آئے رب العالمین پر جو موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) کا بھی رب ہے۔ فرعون (بڑا گھبرایا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ساری رعایا ہی مسلمان ہو جاوے۔ تو ایک مضمون گھڑ کر بصورت عتاب ساحروں سے) کہنے لگا کہ ہاں تم موسیٰ پر ایمان لے آئے بدوں اس کے کہ میں تم کو اجازت دوں ضرور (معلوم ہوتا ہے کہ) یہ (جادو میں) تم سب کا استاد ہے جس نے تم کو جادو سکھایا ہے (اور تم اس کے شاگرد ہو اس لئے باہم خفیہ سازش کر لی کہ تم یوں کرنا، ہم یوں کریں گے، پھر اس طرح ہار جیت ظاہر کریں گے تا کہ قبطیوں سے سلطنت لے کر بفراغ خاطر خود ریاست کرو۔ **کقولہ تعالی فی سورۃ الاعراف** ۔ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا...... [الأعراف: ۱۲۳] سو اب تم کو حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے (اور وہ یہ ہے کہ) میں تمہارے ایک طرف کے ہاتھ، دوسری طرف کے پاؤں کانوں گا اور تم سب کو سولی پر ٹانگ دوں گا (تا کہ اوروں کو عبرت ہو) انہوں نے جواب دیا کہ کچھ جرج نہیں۔ ہم اپنے مالک کے پاس پہنچیں گے (جہاں ہر طرح امن وراحت ہے، پھر ایسے مرنے سے نقصان ہی کیا ہوا اور) ہم اُمید رکھتے ہیں کہ ہمارا پروردگار ہماری خطاؤں کو معاف کر دے اس وجہ سے کہ ہم (اس موقع پر حاضرین میں سے) سب سے پہلے ایمان لائے (پس اس پر یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ اُن سے پہلے بعضے ایمان لا چکے تھے جیسے آسیہ اور مؤمن آل فرعون اور بنی اسرائیل۔ **ف**: نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ میں اتباع فرعون کا مقصود ہے۔ اس عنوان سے تعبیر کرنے میں دلیل

www.besturdubooks.net

اتباع کی طرف اشارہ ہے کہ خود غرضی ظاہر نہ ہو اور سورۂ اعراف میں ایسے ہی الفاظ سے یہ قصہ آیا ہے۔ وہاں کچھ ضروری فوائد آیات کے ذیل میں مذکور ہیں۔ ملاحظہ کر لئے جاویں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ سورۂ طٰہٰ میں اس میں تعیین کی تصریح ہے کہ وہ یوم الزینت تھا۔ اس سے معلوم ہوا کہ اہل باطل کے ایسے مجامع میں کسی دینی غرض سے جانا جائز ہے۔ جس کو طالب جاہ علماء بوجہ خلاف وضع ہونے کے کبھی گوارا نہیں کرتے۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى ...... ظاہراً اس میں امر ہے عمل بالسحر کا، لیکن مقصود آپ کا ابطال تھا ان کے سحر کا اور وہ موقوف تھا اس کے اظہار پر۔ اس لئے اظہار کا اذن دیا۔ جیسے زندیق سے کہا جاوے کہ اپنے دعویٰ باطلہ پر دلیل قائم کر اور غرض یہ ہوتی ہے کہ اس کی اقامت کے بعد رد کیا جاوے گا۔ پس بعض بزرگوں سے جو بعض منکرات پر چشم پوشی منقول ہے ایسا ہی عذر ان کے اس فعل میں ہے کہ مقصود ان کا کوئی مصلحت دینیہ ہوتی ہے جو اس وقت خفی ہے اور آئندہ ظاہر ہو جاوے گی۔ قولہ تعالیٰ: فَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ اس میں اثبات ہے جذبۂ الٰہیہ کا جس کا بکثرت بزرگوں کے کلام میں ذکر ہے۔ قولہ تعالیٰ: قَالُوْا لَا ضَيْرَ ...... پس اس میں جیسے عدم مبالات ہے قتل کی۔ اسی طرح اشتیاق الی الموت بھی ہے ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ ما انتم ملقون فی الاتقان ما محصلہ ان فی اختیار اللفظ المبہم اشارۃ الی تحقیر ما القوا کانہ شیٔ حقیر لا یلیق ان یسمی ۱۲۔ قولہ برب العلمین ما لعل اتیان ھذا العنوان لان موسٰی علیہ السلام دعا فرعون الی اللہ تعالٰی بقولہ انا رسول رب العالمین۔

وَ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰۤى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْۤ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۵۲﴾ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ
قَلِيْلُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَ اِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَ اِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوْنٍ ﴿۵۷﴾ وَّ كُنُوْزٍ
وَّ مَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ ؕ وَ اَوْرَثْنٰهَا بَنِىْۤ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۵۹﴾ فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ
مُوْسٰۤى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِىَ رَبِّىْ سَيَهْدِيْنِ ﴿۶۲﴾ فَاَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰۤى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ
الْبَحْرَ ؕ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿۶۳﴾ وَ اَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَ اَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَ مَنْ مَّعَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ ﴿۶۵﴾
ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۶۶﴾ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَ مَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۶۷﴾ وَ اِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۶۸﴾ ع ۱۷/۸

اور ہم نے موسیٰ کو حکم بھیجا کہ میرے ان بندوں کو شبا شب (مصر سے باہر) نکال لے جاؤ (اور فرعون کی جانب سے) تم لوگوں کا تعاقب کیا جائے گا (فرعون نے تعاقب کی تدبیر کے لئے آس پاس کے) شہروں میں چپڑاسی دوڑا دیئے اور یہ کہلا بھیجا کہ یہ لوگ (یعنی بنی اسرائیل) ہماری نسبت تھوڑی سی جماعت ہے اور انہوں نے ہم کو بہت غصہ دلایا ہے اور ہم سب ایک مسلم جماعت (اور باقاعدہ قوت) ہیں۔ غرض ہم نے ان کو باغوں سے اور چشموں سے اور خزانوں سے اور عمدہ مکانات سے نکال باہر کیا۔ ہم نے ان کے ساتھ تو یوں کیا اور ان کے بعد بنی اسرائیل کو ان کا مالک بنایا۔ یہ جملہ معترضہ تھا (آگے قصہ ہے۔ غرض ایک روز) سورج نکلنے کے وقت ان کو پیچھے سے جا لیا۔ پھر دونوں جماعتیں آپس میں ایسی قریب ہوئیں کہ ایک دوسری کو دیکھنے لگیں تو موسیٰ کے ہمراہی گھبرا کر کہنے لگے۔ بس (اے موسیٰ) کہ ہم تو ہاتھ آ گئے موسیٰ نے فرمایا کہ ہرگز نہیں کیونکہ میرے ہمراہ میرا پروردگار ہے۔ وہ مجھ کو (دریا سے نکلنے کا) ابھی رستہ بتلا دے گا اور ہم نے موسیٰ کو حکم دیا کہ اپنے عصا کو دریا پر مارو (چنانچہ انہوں نے اس پر عصا مارا جس سے وہ دریا) پھٹ گیا اور ہر حصہ اتنا بڑا تھا جیسا بڑا پہاڑ اور ہم نے دوسرے فریق کو بھی اس موقع کے قریب پہنچا دیا اور انجام قصہ یہ ہوا کہ ہم نے موسیٰ کو اور ان کے ساتھ والوں کو سب کو بچا لیا پھر دوسروں کو غرق کر دیا (اور) اس واقعہ میں بھی بڑی عبرت ہے اور (باوجود اس کے) میں اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے اور آپ کا رب بڑا زبردست ہے (اور) بڑا مہربان ہے۔

تفسیر: تمۂ قصہ ایضاً: وَ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰۤى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْۤ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ (الی قولہ تعالی) وَ اِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ اور (جب فرعون کو اس واقعہ سے بھی ہدایت نہ ہوئی اور اُس نے بنی اسرائیل کی آزادروی نہ چھوڑی تو) ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو حکم بھیجا کہ میرے (ان) بندوں کو (یعنی بنی اسرائیل کو) شبا شب (مصر سے باہر) نکال لے جاؤ (اور فرعون کی جانب سے) تم لوگوں کا تعاقب (بھی) کیا جاوے گا (چنانچہ وہ موافق حکم کے بنی اسرائیل کو لے کر رات کو چل دیئے۔ صبح یہ خبر مشہور ہوئی تو) فرعون نے (تعاقب کی تدبیر کرنے کے لئے جا بجا آس پاس کے) شہروں میں چپڑاسی دوڑا دیئے (اور یہ کہلا بھیجا) کہ یہ لوگ (یعنی بنی اسرائیل ہماری نسبت) تھوڑی سی جماعت ہے (ان کے مقابلہ سے کوئی اندیشہ نہ کرے) اور انہوں نے (اپنی کارروائی سے) ہم کو

www.besturdubooks.net

بہت غصہ دلایا ہے (وہ کارروائی یہ ہے کہ خفیہ چالاکی سے نکل گئے یا یہ کہ زیور بھی ہمارا بہت سا عاریت کے بہانہ سے لے گئے۔غرض ہم کو احمق بنا کر گئے ہیں ضرور ان کا تدارک کرنا چاہئے) اور ہم سب ایک مسلح جماعت (اور باقاعدہ فوج) ہیں۔غرض (دو چار روز میں جب سامان اور فوج سے درست ہو گیا تو لاؤلشکر لے کر بنی اسرائیل کے تعاقب میں چلا اور یہ خبر نہ تھی کہ اب لوٹنا نصیب نہ ہوگا تو اس حساب سے گویا) ہم نے اُن کو باغوں سے اور چشموں سے اور خزانوں سے اور عمدہ مکانات سے نکال باہر کیا (ہم نے اُن کے ساتھ تو) یوں کیا اور اُن کے بعد بنی اسرائیل کو اُن کا مالک بنایا (یہ جملہ معترضہ تھا آگے قصہ ہے) غرض (ایک روز) سورج نکلنے کے وقت ان کو پیچھے سے جالیا (یعنی قریب پہنچ گئے اُس وقت بنی اسرائیل دریائے قلزم سے اُترنے کی فکر میں تھے کہ کیا سامان کریں) پھر جب دونوں جماعتیں (باہم ایسی قریب ہوئیں کہ) ایک دوسرے کو دیکھنے لگیں تو موسیٰ (علیہ السلام) کے ہمراہی (گھبرا کر) کہنے لگے کہ (اے موسیٰ) بس ہم تو اُن کے ہاتھ آ گئے۔موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ ہرگز نہیں کیونکہ میرے ہمراہ میرا پروردگار ہے۔وہ مجھ کو ابھی (دریا سے نکلنے کا) راستہ بتلا دے گا (کیونکہ موسیٰ علیہ السلام سے امر بالاسراء کے وقت یہ کہہ دیا گیا تھا: فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا لَّا تَخَافُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى [طٰہٰ:۷۷] گو یبوست کی کیفیت نہ بتلائی تھی۔پس موسیٰ علیہ السلام اس وعدہ پر مطمئن تھے اور بنی اسرائیل کیفیت معلوم نہ ہونے سے مضطرب تھے) پھر ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو حکم دیا کہ اپنے عصا کو دریا پر مارو۔چنانچہ (انہوں نے اُس پر عصا مارا جس سے) وہ (دریا) پھٹ کر (کئی حصے ہو) گیا (یعنی پانی کئی جگہ سے ادھر اُدھر ہٹ کر بیچ میں متعدد سڑکیں کھل گئیں) اور ہر حصہ اتنا (بڑا) تھا جیسا بڑا پہاڑ (یہ لوگ دریا میں امن واطمینان سے پار ہو گئے) اور ہم نے دوسرے فریق کو بھی اس موقع کے قریب پہنچا دیا (یعنی فرعون اور فرعونی بھی دریا کے نزدیک پہنچے اور موافق پیشین گوئی سابق وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا اور دریا اُس وقت تک اُسی حال پر ٹھہرا ہوا تھا اس لئے کھلے راستہ کو غنیمت سمجھا اور آگا پیچھا کچھ سوچا نہیں۔سارا لشکر اندر گھس گیا۔اور چاروں طرف سے پانی سمٹنا شروع ہوا اور سارے لشکر کا کام تمام ہوا) اور (انجام قصہ کا یہ ہوا کہ) ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اور اُن کے ساتھ والوں کو سب کو (غرق ہونے سے) بچالیا۔پھر دوسروں کو (یعنی اُن کے مخالفوں کو) غرق کر دیا (اور) اس واقعہ میں بھی بڑی عبرت ہے (یعنی اس قابل ہے کہ کفار اس سے استدلال کریں کہ مخالفت احکام و رسل موجب عذاب خداوندی ہے اور اس کو سمجھ کر مخالفت سے بچیں) اور (باوجود اس کے) ان (کفار مکہ) میں اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے اور آپ کا رب بڑا زبردست ہے (اگر چاہتا دنیا ہی میں ان کو عذاب دیتا لیکن) بڑا مہربان (بھی) ہے (اس لئے اپنی رحمت عامہ سے عذاب کی مہلت مقرر کر دی ہے۔پس عدم تعجیل عذاب سے بے فکر نہ ہونا چاہئے۔ف: وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ کے متعلق پارۂ نہم کے ربع آیت: وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ کے ذیل میں بھی کچھ لکھا گیا ہے۔اس وقت اُس کے متعلق کچھ اور زائد مضمون نظر سے گزرا اُس کو نقل کئے دیتا ہوں۔وہ یہ کہ آیت میں یہ تصریح نہیں ہے کہ فرعون کے ہلاک ہوتے ہی بنی اسرائیل مصر پر مسلط ہو گئے تھے تا کہ آیت پر شبہ لازم آوے کہ تواریخ سے ثابت ہے کہ اس وقت بنی اسرائیل مصر کو نہیں لوٹے بلکہ شام کی طرف بڑھتے رہے۔بیچ میں وادی تیہ کا قصہ ہوا پھر چالیس برس کے بعد شام پر قابض ہوئے اور وہاں ہی رہ پڑے۔اب یہ شبہ نہیں رہا کیونکہ اورثنا عام ہے بلافصل اور مع الفصل کو سو حکومت مصر میں ایسے انقلابات ہوتے رہے کہ ایک وقت میں مصر بھی بنی اسرائیل کی سلطنت میں شامل ہو گیا اور یہ زمانہ سلیمان علیہ السلام کا ہے۔اور بعض نے مضاف محذوف مانا ہے۔یعنی واورثنا امثالها بني اسرائيل اور امثال سے مراد شام کے جنات وعیون لئے ہیں یعنی ہم نے عزیزوں کو ذلیل کیا کہ یہ چیزیں ان کے قبضہ سے نکال دیں اور ذلیلوں کو عزیز کیا کہ ایسا سامان اُن کو عطا کیا گو دوسرے ملک میں کہی واللہ اعلم۔اور فرعونیوں کے زیور لینے کے متعلق سورۂ طٰہٰ میں توجیہ لکھ چکا ہوں۔ایک توجیہ اس وقت اپنی ایک پرانی تحریر میں نظر سے گزری اُس کو نقل کرتا ہوں۔وہ یہ ہے کہ اگر کسی کو شبہ پرایا مال لینے کا ہو تو اس احتمال سے دفع کر لے کہ مصریوں نے خدا جانے ان غریبوں کا کتنا نقصان کر دیا ہوگا اور کتنی مزدوری ان کی ماری ہوگی اس طور پر تو شاید حساب بھی پورا نہ ہوگا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ مع قولہ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ۝ اس میں یہ مسئلہ ہے کہ تدبیر و ترک تدبیر میں تعدیل چاہئے۔چنانچہ تدبیر تو یہ بتلائی گئی کہ بنی اسرائیل کو لے کر شبا شب چلے جاؤ۔پھر جب انہوں نے پکڑے جانے کا اندیشہ ظاہر کیا جس سے مقصود یہ تھا کہ کچھ تدبیر کی جاوے تو موسیٰ علیہ السلام نے اُن کو مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ۝ فرما کر یہ بتلایا کہ حق تعالیٰ کی تدبیر کے ہوتے ہوئے ہماری تدبیر کی ضرورت نہیں اور عارف کی یہی شان ہوتی ہے کہ اسباب سے توسط کے ساتھ تمسک کرتا ہے مگر اس میں مبالغہ نہیں کرتا۔قولہ: فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى روح میں ہے کہ گو حق تعالیٰ بدوں اس طریقہ کے بھی فلق بحر پر قادر تھے مگر اس طریق میں موسیٰ علیہ السلام کی عظمت ظاہر فرمانا تھا اھ اور یہی حکمت ہوتی ہے اولیاء اللہ کے ہاتھ پر خوارق کے ظاہر ہونے کی۔اسی لئے اُس کو کرامت کہتے ہیں۔

اللغات: حاذرون نقل في الروح عن ابن عباس و ابن جبير والضحاك وغيرهم في معناه و التام السلاح وكانه بمعنى صاحب حذر وهي آلة الحرب سميت بذلك مجازا و حمل على ذلك قوله تعالى خذوا حذركم ۱۲۔ الطور الجبل وقيل الجبل العظيم ازلفنا قربنا ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ۝٦٩ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝٧٠ قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ ۝٧١
قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ۝٧٢ اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ۝٧٣ قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ۝٧٤ قَالَ
اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ۝٧٥ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ۝٧٦ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٧٧ الَّذِيْ
خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ۝٧٨ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ۝٧٩ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝٨٠ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ۝٨١
وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ۝٨٢ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝٨٣ وَاجْعَلْ لِّيْ
لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝٨٤ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ۝٨٥ وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ۝٨٦ وَلَا تُخْزِنِيْ
يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ۝٨٧ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۝٨٨ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۝٨٩ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝٩٠
وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ۝٩١ وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ۝٩٢ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ۝٩٣ فَكُبْكِبُوْا
فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ۝٩٤ وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ۝٩٥ قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ۝٩٦ تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ
مُّبِيْنٍ ۝٩٧ اِذْ نُسَوِّيْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٩٨ وَمَآ اَضَلَّنَآ اِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ ۝٩٩ فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ۝١٠٠ وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ۝١٠١ فَلَوْ
اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝١٠٢ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝١٠٣ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝١٠٤ ع

اور آپ ان لوگوں کے سامنے ابراہیمؑ کا قصہ بیان کیجئے جبکہ انہوں نے اپنے باپ سے اور قوم سے فرمایا کہ تم کس کی عبادت کیا کرتے ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم بتوں کی عبادت کیا کرتے ہیں اور ہم انہی (کی عبادت) پر جمے بیٹھے رہتے ہیں۔ ابراہیمؑ نے کہا کیا یہ تمہاری سنتے ہیں جب تم انہیں پکارا کرتے ہو یا یہ تم کو کچھ نفع پہنچاتے ہیں یا یہ تم کو کچھ نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ ان لوگوں نے کہا کہ (ان کی عبادت کرنے کی یہ وجہ تو) نہیں بلکہ ہم نے اپنے بڑوں کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے۔ ابراہیمؑ نے فرمایا کہ بھلا تم نے ان کو غور سے دیکھا ہے جن کی تم عبادت کیا کرتے ہو تم بھی اور تمہارے پرانے بڑے بھی کہ یہ (معبودین) میرے (اور تمہارے) لئے باعث ضرر ہیں مگر ہاں رب العالمین۔ جس نے مجھ کو (اور اسی طرح سب کو) پیدا کیا پھر وہی مجھ کو میری مصلحتوں کی طرف رہنمائی کرتا ہے ور جو کہ مجھ کو کھلاتا پلاتا ہے اور جب میں بیمار ہو جاتا ہوں (جس کے بعد شفا ہو جاتی ہے) تو وہی مجھ کو شفا دیتا ہے اور جو مجھ (وقت پر) موت دے گا۔ پھر قیامت کے روز مجھ کو زندہ کرے گا اور جس سے مجھ کو یہ امید ہے کہ میری غلط کاری کو قیامت کے روز معاف کر دے گا۔ اے میرے رب! مجھ کو حکمت عطا فرما اور (مراتب قرب میں) مجھ کو اعلیٰ درجہ کے نیک لوگوں کے ساتھ شامل فرما اور میرا ذکر آئندہ آنے والوں میں جاری رکھ اور مجھ کو جنت النعیم کے مستحقین میں سے کر اور میرے باپ کو توفیق ایمان کی دے کر اس کی مغفرت فرما کہ وہ گمراہ لوگوں میں ہے اور جس روز سب زندہ ہو کر آئیں گے اس روز مجھ کو رسوا نہ کرنا۔ اس دن میں کہ (نجات کے لئے) نہ مال کام آوے گا اور نہ اولاد۔ مگر اس کی نجات ہوگی جو اللہ کے پاس (کفر وشرک سے) پاک دل لے کر آئے گا اور (اس روز) خدا ترسوں (یعنی ایمان والوں) کے لئے جنت نزدیک کر دی جائے گی اور گمراہوں (یعنی کافروں) کے لئے دوزخ سامنے ظاہر کر دی جائے گی اور (اس روز) ان سے کہا جائے گا کہ وہ معبود کہاں گئے جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کیا کرتے تھے کیا اس وقت وہ تمہارا ساتھ دے سکتے ہیں۔ یا اپنا ہی بچاؤ کر سکتے ہیں۔ پھر (یہ کہہ کر) وہ (معبودین) اور گمراہ لوگ اور ابلیس کا لشکر سب کے سب دوزخ میں اوندے منہ ڈال دیئے جائیں گے۔ وہ کفار دوزخ میں گفتگو کرتے ہوئے (ان معبودین سے) کہیں گے کہ بخدا بے شک ہم صریح گمراہی میں تھے۔ جبکہ تم کو (عبادت میں) رب العالمین کے برابر کرتے تھے۔ اور ہم کو تو بس ان بڑے مجرموں نے (جو کہ بانی ضلالت تھے) گمراہ کیا سو (اب) کوئی ہمارا سفارشی ہے (کہ چھڑا لے) اور نہ کوئی مخلص دوست ہے (کہ خالی دلسوزی ہی کر لے) سو کیا اچھا ہوتا کہ ہم کو (دنیا میں) پھر واپس جانا ملتا کہ ہم مسلمان ہو جاتے۔ بے شک اس واقعہ میں (بھی طالبان حق کے لئے) ایک بڑی عبرت ہے اور باوجود (اس کے) ان (مشرکین مکہ) میں اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے بے شک آپ کا رب بڑا زبردست رحمت والا ہے۔

تفسیر: قصۂ دوم حضرت ابراہیم علیہ السلام با قوم او: وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ۝ (الی قوله تعالى) وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ اور آپ ان لوگوں کے

www.besturdubooks.net

سامنے ابراہیم (علیہ السلام) کا قصہ بیان کیجئے (تا کہ اُن کو دلائل ذم شرک کے معلوم ہوں خصوص ابراہیم علیہ السلام سے منقول ہو کر کیونکہ یہ مشرکین عرب اپنے کو ملت ابراہیمیہ پر بتلاتے ہیں اور وہ قصہ اُس وقت واقع ہوا تھا) جبکہ انہوں نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے (جو کہ بت پرست تھے) فرمایا کہ تم کس (واہیات) چیز کی عبادت کیا کرتے ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم بتوں کی عبادت کیا کرتے ہیں اور ہم ان ہی (کی عبادت) پر جمے بیٹھے رہتے ہیں۔ ابراہیم (علیہ السلام) نے فرمایا کہ کیا یہ تمہاری سنتے ہیں جب تم ان کو (اپنی عرض حاجت کے وقت) پکارا کرتے ہو یا (تم جو ان کی عبادت کرتے ہو تو کیا) یہ تم کو کچھ نفع پہنچاتے ہیں یا (اگر تم ان کی عبادت ترک کر دو تو کیا) یہ تم کو کچھ ضرر پہنچا سکتے ہیں (یعنی استحقاق الوہیت کے لئے علم اور قدرت کاملہ تو ضروری ہے) اُن لوگوں نے کہا نہیں (یہ بات تو نہیں ہے کہ یہ کچھ سنتے ہوں یا کچھ نفع وضرر پہنچا سکتے ہوں اور ان کی عبادت کرنے کی یہ وجہ نہیں) بلکہ ہم نے اپنے بڑوں کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے (اس لئے ہم بھی کفر کرتے ہیں) ابراہیم (علیہ السلام) نے فرمایا کہ بھلا تم نے ان (کی حالت) کو (غور سے) دیکھا بھی جن کی تم عبادت کیا کرتے ہو تم بھی اور تمہارے پرانے بڑے بھی کہ یہ (معبودین) میرے (یعنی تمہارے لئے) باعث ضرر ہیں (یعنی اگر اُن کی عبادت کی جاوے خواہ نعوذ باللہ میں کروں یا تم کرو تو بجز ضرر کے اور کوئی نتیجہ نہیں) مگر ہاں رب العالمین (ایسا ہے کہ وہ اپنے عابدین کا دوست ہے اور اُس کی عبادت سرتا سر نافع ہے) جس نے مجھ کو (اور اسی طرح سب کو) پیدا کیا پھر وہی مجھ کو (میری مصلحتوں تک) رہنمائی کرتا ہے (یعنی عقل وفہم دیتا ہے جس سے نفع وضرر کو سمجھتا ہوں) اور جو کہ مجھ کو کھلاتا پلاتا ہے اور جب میں بیمار ہو جاتا ہوں (جس کے بعد شفا ہو جاتی ہے) تو وہی مجھ کو شفا دیتا ہے اور جو مجھ کو (وقت پر) موت دے گا پھر (قیامت کے روز) مجھ کو زندہ کرے گا اور جس سے مجھ کو یہ اُمید ہے کہ میری غلط کاری کو قیامت کے روز معاف کر دے گا (یہ تمام تر صفات اس لئے سنائیں کہ قوم کو خدا تعالیٰ کی عبادت کی رغبت ہو۔ پھر صفاتِ کمال بیان فرماتے فرماتے غلبۂ حضور سے حق تعالیٰ سے مناجات کرنے لگے کہ) اے میرے پروردگار مجھ کو حکمت (یعنی جامعیت بین العلم والعمل میں زیادہ کمال) عطا فرما (کیونکہ نفسِ حکمت تو وقت دعا کے بھی حاصل ہے) اور (مراتب زیادت قرب میں) مجھ کو (اعلیٰ درجہ کے) نیک لوگوں کے ساتھ شامل فرما (مراد انبیاء عالی شان ہیں) اور میرا ذکر آئندہ آنے والوں میں جاری رکھ (تا کہ میرے طریقہ پر چلیں جس میں مجھ کو زیادہ ثواب ملے) اور مجھ کو جنت النعیم کے مستحقین میں سے کر اور میرے باپ (کو توفیق ایمان کی دے کر اُس) کی مغفرت فرما کہ وہ گمراہ لوگوں میں ہے اور جس روز سب زندہ ہو کر اٹھیں گے اس روز مجھ کو رسوانہ کرنا (آگے اُس دن کے بعض واقعات ہائلہ کا بھی ذکر فرما دیا تا کہ قوم اسے سنے اور ڈرے یعنی وہ ایسا دن ہوگا) جس دن میں کہ (نجات کے لئے) نہ مال کام آوے گا نہ اولاد مگر ہاں (اُس کو نجات ہوگی) جو اللہ کے پاس (کفر وشرک سے) پاک دل لے کر آوے گا اور (اُس روز) خدا ترسوں (یعنی ایمان والوں) کے لئے جنت نزدیک کر دی جائے گی (کہ اُس کو دیکھیں اور یہ معلوم کر کے کہ ہم اس میں جاویں گے خوش ہوں) اور گمراہوں (یعنی کافروں) کے لئے دوزخ سامنے ظاہر کی جاوے گی (کہ اُس کو دیکھ کر غم زدہ ہوں کہ ہم اس میں جاویں گے) اور (اُس روز) اُن (گمراہوں) سے کہا جاوے گا کہ وہ معبود کہاں گئے جن کی تم خدا کے سوا عبادت کیا کرتے تھے کیا (اس وقت) وہ تمہارا ساتھ دے سکتے ہیں یا اپنا ہی بچاؤ کر سکتے ہیں پھر (یہ کہہ کر) وہ (عابدین) اور گمراہ لوگ اور ابلیس کا لشکر سب کے سب دوزخ میں اوندھے منہ ڈال دیئے جاویں گے (بس وہ بت نہ اپنے کو بچا سکے نہ اپنے معبودین کو۔ اسی طرح شیاطین بھی نہ ناصر ہوئے نہ منتصر) وہ کفار اُس دوزخ میں گفتگو کرتے ہوئے (اُن معبودین سے) کہیں گے کہ بخدا بے شک ہم صریح گمراہی میں تھے جبکہ تم کو (عبادت میں) رب العالمین کے برابر کرتے تھے اور ہم کو تو بس ان بڑے مجرموں نے (جو کہ بانیٔ ضلالت تھے) گمراہ کیا سو (اب) نہ کوئی ہمارا سفارشی ہے (کہ چھڑا لے) اور نہ کوئی مخلص دوست ہے (کہ خالی دل سوزی ہی کر لے) سو کیا اچھا ہوتا کہ ہم کو (دنیا میں) پھر واپس جانا ملتا کہ ہم مسلمان ہو جاتے (یہاں تک ابراہیم علیہ السلام کی تقریر ہوگئی آگے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ) بے شک اس واقعہ (مناظرۂ ابراہیمیہ و نیز واقعۂ قیامت) میں (بھی طالبانِ حق اور انجام اندیشوں کے لئے) ایک عبرت ہے (کہ مضامین مناظرہ میں غور کر کے توحید کا اعتقاد کریں اور واقعات قیامت سے ڈریں اور ایمان لاویں) اور (باوجود اس کے) ان (مشرکین مکہ) میں اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔ بے شک آپ کا رب بڑا زبردست رحمت والا ہے (کہ عذاب دے سکتا تھا مگر مہلت دے رکھی ہے)۔ **ف**: خَطِیْٓئَتِیْ سے مراد خلاف اولیٰ ہے ورنہ انبیاء علیہم السلام معاصی سے پاک ہیں۔ اور الحاق سے مراد زیادت مرتبہ قرب مخصوصہ بالصالحین ہے۔ اور اغفر لابی: کے ترجمہ کی جو تقریر کی گئی ہے اس سے شبہ استغفار للکافر کا جاتا رہا اور ابراہیم علیہ السلام کا یہ فرمانا لَا یَنۡفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوۡنَ صاف قرینہ ہے کہ استغفار بالمعنی المتبادر کو کافر کے لئے وہ بھی نافع نہ سمجھتے تھے اور لَا یَنۡفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوۡنَ سے کوئی شخص یہ شبہ نہ کرے کہ مومنین کو تو مال جس کو تصدق کیا ہو اور اولاد جو صالح ہو یا نابالغ مر گئی ہو نافع ہے۔ بات یہ ہے کہ نفی نفع کی باعتبار اُن کی ذات کے ہے اور نافع ہونا بوجہ اقتران بالعمل الصالح یعنی تصدق وصبر کے ہے۔ پس اس جواب کی حاجت نہیں کہ یہ عدم نفع کفار سے مخصوص ہے۔ اور آیت سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ اصنام کو اُس روز کچھ ادراک ہوگا۔ سو عقلاً نقلاً اس سے کوئی امر مانع نہیں۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَهُوَ يَهْدِينِ ۝ وَالَّذِي هُوَ يُطْعِمُنِي اس میں ادب اور عبدیت کا پورا اظہار ہے کہ اس میں ابراہیمؑ نے یہ بتلا دیا کہ جس طرح دینی نعمت یعنی ہدایت کی مجھ کو احتیاج ہے اسی طرح دنیوی نعمت کھانے پینے کی بھی احتیاج ہے بخلاف جاہل مدعیان زہد کے کہ وہ دنیوی نعمتوں کی تحقیر کرتے ہیں اور اس سے اپنا استغناء ظاہر کرتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ ۝ مرض کو جو کہ ایک گونہ نقص ہے اپنی طرف نسبت کرنا اور شفاء کو جو کہ فی نفسہ کمال ہے حق تعالیٰ کی طرف نسبت کرنا رعایت ہے ادب کی اور امانت کی اسناد میں شبہ نہ کیا جاوے کہ وہ بوجہ عموم کے نقص سے نکل گیا۔ قولہ تعالیٰ: وَالَّذِي أَطْمَعُ اس میں دو ادب ہیں ایک اپنی اجتہادی غلطی کو سمجھنا اور اُس کو خطیئہ فرمانا دوسری مغفرت کا لفظاً جزم نہ کرنا تا کہ اللہ تعالیٰ پر کسی امر کا واجب نہ ہونا ظاہر ہو۔ قولہ تعالیٰ: رَبِّ هَبْ لِي حُكْمًا پہلا جملہ قوت علمیہ کی طرف اور دوسرا جملہ قوت عملیہ کی طرف اشارہ ہے اور یہ دونوں آپ کو حاصل تھے۔ پھر ان کے طلب کرنے میں اشارہ ہے کہ سالک کو کسی حد پر ٹھہرنا نہ چاہئے بلکہ ہمیشہ طلب اور ترقی میں لگا رہا ہے اور أَلْحِقْنِي کے عنوان میں تواضع بھی ہے کہ صالح ہونا تو بڑا درجہ ہے صالحین میں ملحق ہی ہو جاؤں۔ قولہ تعالیٰ: وَاجْعَلْ لِي ...... بعض اہل اللہ نے اپنے سلسلہ کے بقاء کی تمنا کی ہے۔ اس میں اس کی اصل ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاجْعَلْنِي مِنْ وَرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيمِ ۝ اس میں اُس شخص پر رد ہے جو جنت سے استغناء کا دعویٰ کرتا ہے مگر مغلوب الحال مستثنیٰ ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱۔ قوله قبل اذ قال اذ قال اور قصہ الخ اشارة الى ان العامل فى اذنبأ كما فى الاعراب والروح ۱۲۔ ۲۔ قوله فى يسمعونكم: تمہاری سنتے ہیں ای دعاء کم ۱۲۔

اللغات: قوله لسان صدق المراد باللسان الذكر الحاقا للسبب على المسبب واللام للنفع والصدق بمعنى الصادق وصف به اللسان مبالغة لم اضيف الموصوف الى الصفة قال جار الله الكبكبة تكرير الكب جعل التكرير فى اللفظ دليلا على التكرير فى المعنى كانه اذا القى فى جهنم ينكب مرة بعد مرة حتى يستقر فى قعرها اعاذنا الله منها۔ الحميم القريب من القاموس ۱۲۔

النحو: قوله اذ تدعون قال ابو حيان لا بد من التجوز فى اذبان تجعل بمعنى اذا وتجوز فى المضارع بان يجعل بمعنى الماضى واعتبار الاستحضار ابلغ فى التبكيت قوله افرأيتم معطوف على مقدر اى اناطتم ورأيتم حال ما كنتم وقوله فانهم عدو لى الخ تفسير لما قصد بقوله فرأيتم قوله الا رب العلمين۔ استثناء منقطع اى فانه ولى لى قوله الا من اتى الله استثناء منقطع اى فانه ينتفع بالنجاة ۱۲۔ فى الروح۔ قوله اذ نسويكم ظرف لكونهم فى ضلال مبين وقيل لمحذوف دل عليه الكلام اى ضللنا وقيل للضلال المذكور وان كان فيه ضعف صناعى الخ ۱۲۔

البلاغۃ: قوله عدو لى المراد عدولكم كقوله تعالى ومالى لا اعبد وفيه تلطيف للدعوة۔ قوله واذا مرضت لم يكرر الموصول لان المرض من توابع الاكل والشرب۔ قوله واجعلنى زاده مع الاستغناء عنه بقوله والحقنى لان المقام لكونه مقام الابتهال يقتضى التطويل ۱۲۔

كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحٍ الْمُرْسَلِينَ ۝ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۝ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ
وَأَطِيعُونِ ۝ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝ قَالُوا أَنُؤْمِنُ
لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْأَرْذَلُونَ ۝ قَالَ وَمَا عِلْمِي بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ إِنْ حِسَابُهُمْ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّي لَوْ تَشْعُرُونَ ۝ وَمَا أَنَا
بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِينَ ۝ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ ۝ قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَا نُوحُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمَرْجُومِينَ ۝ قَالَ
رَبِّ إِنَّ قَوْمِي كَذَّبُونِ ۝ فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَنَجِّنِي وَمَنْ مَعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ فَأَنْجَيْنَاهُ
وَمَنْ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ۝ ثُمَّ أَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبَاقِينَ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ۝
وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝

قوم نوح نے پیغمبروں کو جھٹلایا جب کہ ان سے ان کے برادری کے بھائی نوح (علیہ السلام) نے فرمایا کہ کیا تم اللہ سے نہیں ڈرتے۔ میں تمہارا امانت دار پیغمبر ہوں سو اس کا

www.besturdubooks.net

مقتضا یہ ہے کہ تم لوگ اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو اور نیز میں تم سے کوئی دینوی صلہ نہیں مانگتا۔ میرا صلہ تو بس رب العالمین کے ذمہ ہے۔ سو میری اس بے غرضی کا مقتضا بھی یہ ہے کہ تم اللہ سے ڈرو اور میرا کہنا مانو۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ کیا ہم تم کو مانیں گے حالانکہ رذیل لوگ تمہارے ساتھ ہوئے ہیں۔ نوح (علیہ السلام) فرمایا کہ ان کے (پیشہ اور) کام سے تو مجھ کو کیا بحث ان سے حساب کتاب لینا بس اللہ کا کام ہے کیا خوب ہو کہ تم اس کو سمجھو اور میں ایمانداروں کو دور کرنے والا نہیں ہوں میں تو صاف طور پر ایک ڈرانے والا ہوں۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ اگر تم اس کہنے سننے سے) اے نوح باز نہ آؤ گے تو ضرور سنگسار کر دیئے جاؤ گے۔ نوح (علیہ السلام) نے دعا کی کہ اے میرے پروردگار! میری قوم مجھ کو برابر جھٹلا رہی ہے۔ سو آپ میرے اور اس کے درمیان میں ایک عملی فیصلہ کر دیجئے اور مجھ کو اور جو ایماندار میرے ساتھ ہیں ان کو (اس ہلاکت سے نجات دیجئے۔ تو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور) ان کو اور جو ان کے ساتھ بھری ہوئی کشتی میں (سوار) تھے۔ ان کو نجات دی پھر اس کے بعد ہم نے باقی لوگوں کو غرق کر دیا اس (واقعہ) میں (بھی) بڑی عبرت ہے اور (باوجود اس کے) ان (کفار مکہ) میں اکثر ایمان نہیں لاتے۔ بے شک آپ کا رب زبردست (اور) مہربان ہے۔

تفسیر: قصہ سوم حضرت نوح علیہ السلام با قوم او: كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحِ الْمُرْسَلِينَ (الی قولہ تعالی) وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ (۱۲۲) قوم نوح نے پیغمبروں کو جھٹلایا (کیونکہ ایک پیغمبر کی تکذیب سے سب کی تکذیب لازم آتی ہے) جبکہ اُن سے اُن کی برادری کے بھائی نوح (علیہ السلام) نے فرمایا کہ کیا تم (خدا سے) نہیں ڈرتے، میں تمہارا امانت دار پیغمبر ہوں (کہ بعینہٖ پیغام خداوندی بلا کمی بیشی پہنچا دیتا ہوں) سو (اس کا مقتضا یہ ہے کہ) تم لوگ اللہ سے ڈرو اور میرا کہنا مانو اور (نیز) میں تم سے کوئی (دینوی) صلہ (بھی) نہیں مانگتا۔ میرا صلہ تو بس رب العالمین کے ذمہ ہے۔ سو (میری اس بے غرضی کا مقتضا بھی یہ ہے کہ) تم اللہ سے ڈرو اور میرا کہنا مانو۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ کیا ہم تم کو مانیں گے حالانکہ رذیل لوگ تمہارے ساتھ ہو لئے ہیں (جن کی موافقت سے شرفاء کو عار آتی ہے و نیز اکثر ایسے کم حوصلہ لوگوں کے اغراض بھی حصول مال یا ترفع ہوا کرتا ہے۔ سو یہ لوگ بھی دل سے ایمان نہیں لائے) نوح (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اُن کے (پیشہ اور) کام سے تو مجھ کو کیا بحث (خواہ شریف ہوں یا رذیل ہوں، دین میں اس تفاوت کا کیا اثر رہا۔ یہ احتمال کہ اُن کا ایمان دل سے نہیں، سو اس پر) ان سے حساب کتاب لینا بس خدا کا کام ہے۔ کیا خوب ہو کہ تم اس کو سمجھو اور (رذالت پیشہ کو اپنے ایمان کا مانع قرار دینے سے جو اشارۃً یہ درخواست نکلتی ہے کہ میں ان کو اپنے پاس سے دور کر دوں تو) میں ایمان داروں کو دور کرنے والا نہیں ہوں (خواہ تم ایمان لاؤ یا نہ لاؤ، میرا کوئی ضرر نہیں، کیونکہ) میں تو صاف طور پر ایک ڈرانے والا ہوں (اور تبلیغ سے میرا فرض منصبی پورا ہو جاتا ہے۔ آگے اپنا نفع و نقصان تم لوگ دیکھ لو) وہ لوگ کہنے لگے کہ اگر تم اس کہنے سننے سے) اے نوح باز نہ آؤ گے تو ضرور سنگسار کر دیئے جاؤ گے (غرض جب سالہا سال اس طرح گزر گئے تب) نوح (علیہ السلام) نے دعا کی کہ اے میرے پروردگار! میری قوم مجھ کو (برابر) جھٹلا رہی ہے، سو آپ میرے اور ان کے درمیان ایک (عملی) فیصلہ کر دیجئے (یعنی ان کو ہلاک کر دیجئے) اور مجھ کو اور جو ایمان دار میرے ساتھ ہیں اُن کو (اس ہلاکت سے) نجات دیجئے، تو ہم نے ان کی دعا قبول کی (اور) ان کو اور جو ان کے ساتھ بھری ہوئی کشتی میں (سوار) تھے اُن کو نجات دی۔ پھر اس کے بعد ہم نے باقی لوگوں کو غرق کر دیا۔ اس (واقعہ) میں (بھی) بڑی عبرت ہے اور (باوجود اس کے) ان (کفارِ مکہ) میں اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے، بے شک آپ کا رب زبردست (اور) مہربان ہے (کہ باوجود قدرت تعذیب کے اُن کو مہلت دیئے ہوئے ہے) **ف**: آئندہ قصص میں بھی دوسرے انبیاء کی دعوت میں بعینہٖ اسی مضمون کا آنا اس لئے ہے کہ یہ طرز تبلیغ کا سب میں مشترک ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لَكَ بعض لوگ بعض اہل اللہ سے محض ان کی نسبت یا صناعت کے کم درجہ ہونے کے سبب عار کرتے ہیں اور ان سے استفادہ نہیں کرتے۔ اس میں اس کی مذمت ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جو شخص دین کو ضرر پہنچائے اس کے لئے بددعا کرنا کمال صبر و حلم کے منافی نہیں اور لوگوں کا اضرار بالدین اس آیت میں ہے: اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ۔ [نوح : ۲۷]

البلاغۃ: قولہ فاتقوا اللہ الخ کرر لان المقتضی متعدد کما قررتہ فی الترجمۃ۔ قولہ کذبون لم یقصد بہ الاخبار بل الاستنصار فافہم ۱۲۔

كَذَّبَتْ عَادُ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ (۱۲۳) اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ (۱۲۴) اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ (۱۲۵) فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ (۱۲۶)
وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (۱۲۷) اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ (۱۲۸) وَتَتَّخِذُوْنَ
مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ (۱۲۹) وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ (۱۳۰) فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ (۱۳۱) وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا
تَعْلَمُوْنَ (۱۳۲) اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ (۱۳۳) وَجَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ (۱۳۴) اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ (۱۳۵) قَالُوْا سَوَاۗءٌ عَلَيْنَآ

www.besturdubooks.net

اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۱۳۸﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ۭ اِنَّ
فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۴۰﴾ ع ۷ ۱۸ ۱۱

قوم عاد نے پیغمبروں کو جھٹلایا جب کہ ان (کی برادری) کے بھائی ہود علیہ السلام نے کہا کہ کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں ہو۔ میں تمہارا امانت دار پیغمبر ہوں۔ سو تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور میں تم میں سے اس (تبلیغ) پر کوئی صلہ نہیں مانگتا۔ بس میرا صلہ رب العلمین کے ذمہ ہے۔ کیا تم ہر اونچے مقام پر ایک یادگار (کے طور پر عمارت) بناتے ہو جس کو محض فضول (بلا ضرورت) بناتے ہو اور بڑے بڑے محل بناتے ہو جیسے دنیا میں تم کو ہمیشہ رہنا ہے اور جب کسی پر داروگیر کرنے لگتے ہو تو بالکل جابر (اور ظالم) بلکہ اروگرد کرتے ہوں۔ سو تم (کو چاہئے کہ) اللہ سے ڈرو اور (چونکہ میں رسول ہوں اس لئے) میری اطاعت کرو اور اس (اللہ) سے ڈرو جس نے تمہاری ان چیزوں سے امداد کی جن کو تم جانتے ہو (یعنی) مواشی اور بیٹیوں اور باغوں اور چشموں سے تمہاری اولاد کی۔ مجھ کو تمہارے حق میں (مگر تم ان حرکات سے باز نہ آئے) ایک بڑے سخت دن کے عذاب کا اندیشہ ہے۔ وہ لوگ بولے کہ ہمارے نزدیک تو دونوں باتیں برابر ہیں خواہ تم نصیحت کرو اور خواہ ناصح نہ ہو۔ یہ تو بس اگلے لوگوں کی ایک معمولی عادت اور رسم ہے اور تم جو ہم کو عذاب سے ڈراتے ہو ہم کو ہرگز عذاب نہ ہوگا۔ غرض ان لوگوں نے نے ہودؑ کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو آندھی کے عذاب سے ہلاک کر دیا۔ بے شک اس واقعہ میں بھی عبرت ہے اور باوجود اس کے ان میں اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے اور بے شک آپ کا رب زبردست اور مہربان ہے۔

تفسیر: قصۂ چہارم عاد قوم ہود علیہ السلام: كَذَّبَتْ عَادُ ۨ الْمُرْسَلِيْنَ (الی قوله تعالیٰ) وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ قوم عاد نے پیغمبروں کو جھٹلایا جبکہ اُن سے اُن کی (برادری) کے بھائی ہود (علیہ السلام) نے کہا کہ کیا تم (خدا سے) ڈرتے نہیں ہو میں تمہارا امانت دار پیغمبر ہوں سو تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور میں تم سے اس (تبلیغ) پر کوئی صلہ نہیں مانگتا بس میرا صلہ تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔ کیا تم (علاوہ شرک کے تکبر و تفاخر میں بھی اس درجہ منہمک ہو کہ) ہر اونچے مقام پر ایک یادگار (کے طور پر عمارت) بناتے ہو (تا کہ خوب اونچی نظر آوے) جس کو[1] محض فضول (بلا ضرورت) بناتے ہو اور (اس کے علاوہ جو رہنے کے مکان ہیں جن کی ایک درجہ میں ضرورت بھی ہے اُن میں بھی یہ غلو ہے) کہ بڑے بڑے محل بناتے ہو (حالانکہ اُس سے کم میں آرام مل سکتا ہے) جیسے دنیا میں تم کو ہمیشہ رہنا ہے (یعنی ایسی توسیع اور ایسے ایوان رفیع اور ایسا استحکام اور ایسے یادگار اور اعلام اُس وقت مناسب تھے کہ دنیا میں ہمیشہ رہنا ہوتا تو یہ خیال ہوتا کہ وسیع مکان بناؤ تا کہ آئندہ نسل میں تنگی نہ ہو کیونکہ ہم بھی رہیں گے اور وہ بھی ہوں گے اور رفیع بھی بناؤ تا کہ نیچے جگہ نہ رہے تو اوپر رہنے لگیں گے اور مستحکم بناؤ تا کہ ہماری عمر طویل کے لئے کافی ہو اور یادگاریں بناؤ تا کہ ہمارے زندہ رہنے سے ہمارا ذکر زندہ رہے اور اب تو سب فضول ہے بڑی بڑی یادگاریں بنی ہیں اور بانی کا نام تک معلوم نہیں۔ موت نے سب کا نام مٹا دیا' کسی کا جلدی کسی کا دیر میں) اور (اُس تکبر کے سبب طبیعت میں سختی اور بے رحمی اس درجہ رکھتے ہو کہ) جب کسی پر داروگیر کرنے لگتے ہو تو بالکل جابر (اور ظالم) بن کر داروگیر کرتے ہو (ان اخلاق ذمیمہ[2] کا اس لئے بیان کیا گیا کہ یہ اخلاق ذمیمہ اکثر مانع ایمان وانقیاد سے ہو جاتے ہیں) سو (چونکہ شرک اور اخلاق ذمیمہ مذکورہ سب موجب ناخوشی خداوندی و موجب تعذیب ہیں اس لئے) تم (کو چاہئے کہ) اللہ سے ڈرو اور (چونکہ میں رسول ہوں اس لئے) میری اطاعت کرو اور اُس (اللہ) سے ڈرو (یعنی جس سے ڈرنے کو میں کہتا ہوں وہ ایسا ہے) جس نے تمہاری ان چیزوں سے امداد کی جن کو تم جانتے (یعنی) مواشی اور بیٹوں اور باغوں اور چشموں سے تمہاری امداد کی (تو منعم ہونے کا مقتضا یہ ہے کہ اُس کے احکام کی اصلاً مخالفت نہ کی جاوے) مجھ کو تمہارے حق میں (اگر تم ان حرکات سے باز نہ آئے) ایک بڑے سخت دن کے عذاب کا اندیشہ ہے (یہ ترہیب ہے اور اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ میں ترغیب تھی) وہ لوگ بولے کہ ہمارے نزدیک تو دونوں باتیں برابر ہیں خواہ تم نصیحت کرو اور خواہ ناصح نہ بنو (یعنی ہم دونوں حالتوں میں اپنے کردار سے باز نہ آویں گے اور تم جو کچھ کہہ رہے ہو) یہ تو بس اگلے لوگوں کی ایک (معمولی) عادت (اور رسم) ہے (کہ ہر زمانہ میں لوگ مدعی نبوت ہو کر لوگوں کو یوں ہی کہتے سنتے رہے) اور (تم جو ہم کو عذاب سے ڈراتے ہو تو) ہم کو ہرگز عذاب نہ ہوگا۔ غرض اُن لوگوں نے ہود (علیہ السلام) کو جھٹلایا تو ہم نے اُن کو (عذاب صرصر سے) ہلاک کر دیا۔ بے شک اس (واقعہ) میں بھی بڑی عبرت ہے (کہ احکام کی مخالفت کا کیا انجام ہوا) اور (باوجود اس کے) ان (کفارِ مکہ) میں اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے اور بے شک آپ کا رب زبردست اور مہربان ہے (کہ تعذیب پر قادر بھی ہے اور رحمت سے مہلت بھی دے رکھی ہے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قوله تعالیٰ: اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ ...... اس میں عبث کی مذمت صریح ہے خواہ قول ہو یا فعل۔ قوله تعالیٰ: وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ ...... باوجودیکہ ان کو خلود کی اُمید نہ تھی مگر چونکہ ان کا عمل اس شخص کے عمل کے مشابہ تھا جو خلود کی اُمید رکھتا ہے اس لئے ان کے لئے طمع خلود ثابت فرمائی۔ اسی بناء پر جو شخص کافروں کا کام کرے اُس کو صوفیہ کے کلام میں کافر کہہ دیا جاتا ہے اور احادیث میں بھی بکثرت موجود ہے۔ قوله تعالیٰ: وَاِذَا بَطَشْتُمْ ...... روح میں ہے۔ یعنی جس میں نہ رحم ہو نہ تادیب کا قصد ہو نہ انجام پر نظر ہو اس سے معلوم ہوا کہ جس بطش میں یہ امور ہوں وہ اصلاح ہے اور منافی طریق نہیں۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ا قوله فی تعبثون جس کوالخ اشارة الی ان تعبثون صفة آية ويجوز ان يكون حالا من ضمير تبنون ۱۲۔ ۲ قوله قال ان اخلاق ذمیمہ کا اس لئے الخ فلا يرد كون الكفار غير مكلفين بالفروع على القول المشهور ۱۲۔

اللغات: ربع المرتفع من الارض كذا في القاموس قوله مصانع المبانی من القصور كذا فی القاموس۔ قوله لعلكم كانكم فهو للتشبيه كذا في الروح ای مجازا۔ قوله تعلمون تعرفون كذا في الروح ۱۲۔

كَذَّبَتْ ثَمُودُ الْمُرْسَلِينَ ﴿۱۴۱﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ صَالِحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿۱۴۲﴾ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿۱۴۳﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ
وَأَطِيعُونِ ﴿۱۴۴﴾ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿۱۴۵﴾ أَتُتْرَكُونَ فِي مَا هَاهُنَا آمِنِينَ ﴿۱۴۶﴾ فِي جَنَّاتٍ
وَعُيُونٍ ﴿۱۴۷﴾ وَزُرُوعٍ وَنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيمٌ ﴿۱۴۸﴾ وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَارِهِينَ ﴿۱۴۹﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿۱۵۰﴾
وَلَا تُطِيعُوا أَمْرَ الْمُسْرِفِينَ ﴿۱۵۱﴾ الَّذِينَ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ ﴿۱۵۲﴾ قَالُوا إِنَّمَا أَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِينَ ﴿۱۵۳﴾ مَا
أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا فَأْتِ بِآيَةٍ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿۱۵۴﴾ قَالَ هَٰذِهِ نَاقَةٌ لَهَا شِرْبٌ وَلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَعْلُومٍ ﴿۱۵۵﴾ وَلَا
تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿۱۵۶﴾ فَعَقَرُوهَا فَأَصْبَحُوا نَادِمِينَ ﴿۱۵۷﴾ فَأَخَذَهُمُ الْعَذَابُ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً
وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿۱۵۸﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿۱۵۹﴾ ع ۸ ۱۹ ۱۲

قوم ثمود (نے بھی) پیغمبروں کو جھٹلایا۔ جب کہ ان سے ان کے بھائی صالح (علیہ السلام) نے فرمایا کہ کیا تم (اللہ سے) نہیں ڈرتے میں تمہارا امانت دار پیغمبر ہوں سو تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور میں تم سے اس پر کچھ صلہ نہیں چاہتا۔ بس میرا صلہ تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔ کیا تم ان ہی چیزوں میں بے فکری سے رہنے دیا جائے گا۔ جو یہاں (دنیا میں) موجود ہیں۔ یعنی باغوں اور چشموں میں اور کھیتوں اور ان کھجوروں میں جن کے گچھے خوب باندھے ہوئے ہیں اور کیا (اسی عظمت کی وجہ سے) تم پہاڑوں کو تراش تراش کر اتراتے اور فخر کرتے ہوئے مکان بناتے ہو۔ سو اللہ سے ڈرو اور میرا کہنا مانو اور ان حدود (بندگی) سے نکل جانے والوں کا کہنا مت مانو جو سرزمین میں فساد کیا کرتے ہیں اور کبھی اصلاح (کی بات) نہیں کرتے۔ ان لوگوں نے کہا کہ تم پر تو کسی نے بڑا بھاری جادو کر دیا ہے۔ تم بس ہماری طرح کے (ایک معمولی) آدمی ہو (اور آدمی نبی ہوتا نہیں) سو کوئی معجزہ پیش کرو اگر تم (دعویٰ نبوت میں) سچے ہو۔ صالح (علیہ السلام) نے فرمایا کہ یہ ایک اونٹنی ہے پانی پینے کے لئے ایک باری اس کی ہے اور ایک مقرر دن میں ایک باری تمہاری (یعنی تمہارے مواشی کی اور ایک یہ ہے) اس کو برائی (اور تکلیف وہی) کے ساتھ ہاتھ بھی مت لگانا کبھی تم کو ایک بھاری دن کا عذاب آ پکڑے گا۔ سو انہوں نے اس اونٹنی کو مار ڈالا پھر جب آثار عذاب نمودار ہوئے تو اپنی حرکت پر پشیمان ہوئے۔ پھر آخر عذاب نے آن پکڑا۔ بے شک اس واقعہ میں بڑی عبرت ہے اور (باوجود اس کے) ان (کفار مکہ) میں اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے اور بے شک آپ کا رب بڑا زبردست بہت مہربان ہے۔

تفسیر: **قصۂ پنجم ثمود قوم صالح علیہ السلام**: كَذَّبَتْ ثَمُودُ الْمُرْسَلِينَ (الی قوله تعالی) وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ قوم ثمود نے (بھی) پیغمبروں کو جھٹلایا جبکہ اُن سے ان کے بھائی صالح (علیہ السلام) نے فرمایا کیا تم (اللہ سے) نہیں ڈرتے' میں تمہارا امانت دار پیغمبر ہوں سو تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور میں تم سے اس پر کچھ صلہ نہیں چاہتا۔ بس میرا صلہ تو رب العالمین کے ذمہ ہے (اور تم جو تنعم کی بدولت اس درجہ اللہ سے غافل ہو تو) کیا تم کو ان ہی چیزوں میں بے فکری سے رہنے دیا جاوے گا جو یہاں (دنیا میں) موجود ہیں یعنی باغوں اور چشموں میں اور کھیتوں میں اور اُن کھجوروں میں جن کے گچھے خوب گوندھے ہوئے ہیں (یعنی اُن کھجوروں میں خوب کثرت سے پھل آتا ہے) اور کیا (اسی غفلت کی وجہ سے) تم پہاڑوں کو تراش تراش کر اتراتے (اور فخر کرتے) ہوئے مکانات بناتے ہو۔ سو اللہ سے ڈرو اور میرا کہنا مانو اور اُن حدود (بندگی) سے نکل جانے والوں کا کہنا مت مانو جو سرزمین میں فساد کیا کرتے ہیں اور (کبھی) اصلاح (کی بات) نہیں کرتے (مراد رؤسائے کفار ہیں جو گمراہی پر لوگوں کو آمادہ کرتے تھے اور فساد و عدم اصلاح سے یہی مراد ہے) (ان لوگوں نے کہا کہ تم پر تو کسی نے بڑا بھاری جادو کر دیا ہے (جس سے عقل میں اختلال آ گیا ہے کہ نبوت کا دعویٰ کرتے ہو' حالانکہ) تم بس ہماری طرح کے ایک (معمولی) آدمی ہو (اور آدمی نبی ہوتا نہیں) سو کوئی معجزہ پیش کرو اگر تم (دعویٰ نبوت میں) سچے ہو۔ صالح (علیہ السلام) نے فرمایا کہ یہ ایک اونٹنی ہے (جو بوجہ خلاف عادت پیدا ہونے کے معجزہ ہے جیسا پارۂ ہشتم کے ختم کے قریب گزرا اور علاوہ اس کے کہ یہ میری رسالت پر ایک دلیل ہے خود اس کے بھی کچھ حقوق ہیں۔ چنانچہ ان میں

www.besturdubooks.net

سے ایک یہ ہے کہ) پانی پینے کے لئے ایک باری اس کی ہے اور ایک مقرر دن میں ایک باری تمہاری (یعنی تمہارے مواشی کی) اور (ایک یہ ہے کہ) اس کو برائی (اور تکلیف دہی) کے ساتھ ہاتھ بھی مت لگانا کبھی تم کو ایک بھاری دن کا عذاب آ پکڑے سو انہوں نے (نہ رسالت کی تصدیق کی نہ اونٹنی کے حقوق ادا کئے بلکہ) اُس اونٹنی کو مار ڈالا۔ پھر جب (آثار عذاب نمودار ہوئے تو اپنی حرکت پر) پشیمان ہوئے (مگر اول تو معائنہ عذاب کے وقت ندامت بے کار دوسرے خالی طبعی ندامت سے کیا ہوتا ہے جب تک اختیاری تدارک یعنی توبہ وایمان نہ ہو) پھر (آخر) عذاب نے ان کو آ لیا بے شک اس (واقعہ) میں بڑی عبرت ہے اور (باوجود اس کے) ان (کفار مکہ) میں اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے اور بے شک آپ کا رب بڑا زبردست بہت مہربان ہے (کہ باوجود قدرت کے مہلت دیتا ہے)۔ **ف**: پانی کی باری اس طرح تھی کہ ایک دن اونٹنی کا اور ایک دن اور مواشی کا۔ جب اونٹنی کی باری کا دن ہوتا تو تمام پانی پی جاتی اور اُس روز نہ دوسرے مواشی کو پانی ملتا نہ آدمیوں کو اخرجہ فی الدر عن قتادۃؒ یہی امر ان لوگوں کو ناگوار ہوا اور اس اونٹنی کے دشمن ہو گئے اور حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں ایک کنواں تھا جس میں یہ باری تھی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِیْنَ۔ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ [الشعراء: ۱۵۷ - ۱۵۸] اس ندامت کے نافع نہ ہونے کی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے اپنے فعل کی تلافی ایمان سے نہیں کی۔ اس سے معلوم ہوا کہ توبہ میں ندامت طبعیہ کافی نہیں ندامت عقلیہ چاہیے۔

اللغات: **هضیم منضم فی جوف الجف کذا فی القاموس فرهین اشر وبطر کذا فی القاموس۔**

البلاغۃ: **قوله لا یصلحون زاده تاکیدا لان من المفسدین من یصلح احیانا وهم لیسوا کذلك ۱۲۔**

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۶۲﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۴﴾ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۵﴾ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ﴿۱۶۷﴾ قَالَ اِنِّيْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۷۰﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۳﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۴﴾
ع ۹ ۱۶ ۱۳ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۷۵﴾

قوم لوط نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا جبکہ ان میں سے انکے بھائی (لوط علیہ السلام) نے کہا: کیا تم اللہ سے ڈرتے نہیں ہو میں تمہارا امانتدار پیغمبر ہوں سو تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور میں تم سے اس پر کوئی صلہ نہیں چاہتا۔ بس میرا صلہ رب العالمین کے ذمہ ہے۔ کیا تمام دنیا جہان والوں میں سے تم (یہ حرکت کرتے ہو کہ) مردوں سے فعل کرتے ہو اور تمہارے رب نے جو بیبیاں پیدا کی ہیں ان کو نظر انداز کیے رہتے ہوں بلکہ (اصل بات یہ ہے کہ) تم حد (انسانیت) سے گزر جانے والے ہو۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ اے لوط اگر تم ہمارے کہنے سے باز نہیں آؤ گے تو ضرور (بستی سے) نکال دیے جاؤ گے۔ لوطؑ نے فرمایا کہ میں تمہارے اس کام سے سخت نفرت رکھتا ہوں۔ لوطؑ نے دعا کی اے میرے رب مجھ کو اور میرے (خاص) متعلقین کو ان کے اس کام (کے وبال) سے نجات دے سو ہم نے ان کو اور انکے متعلقین کو سب کو نجات دی بجز ایک بڑھیا کے کہ وہ (عذاب کے اندر) رہ جانے والوں میں رہ گئی پھر ہم نے ان سب کو ہلاک کر دیا اور ہم نے ان پر ایک قسم کا (یعنی پتھروں کا) مینہ برسایا سو کیسا مینہ تھا جو ان لوگوں پر برسا جن کو (عذاب الٰہی) سے ڈرایا گیا تھا۔ بے شک اس (واقعہ) میں (بھی) عبرت ہے اور باوجود اس کے ان کفار مکہ میں اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے اور بے شک آپ کا رب بڑی قدرت والا بڑی رحمت والا ہے۔

تفسیر: قصہ ششم قوم لوط علیہ السلام: كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ الْمُرْسَلِيْنَ (الی قوله تعالی) وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ قوم لوط نے (بھی) پیغمبروں کو جھٹلایا جب کہ اُن سے اُن کے بھائی لوط (علیہ السلام) نے فرمایا کہ کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں ہو میں تمہارا امانت دار پیغمبر ہوں سو تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور میں تم سے اس پر کوئی صلہ نہیں چاہتا بس میرا صلہ تو رب العالمین کے ذمہ ہے تو کیا تمام دنیا جہان والوں میں سے تم (یہ حرکت کرتے ہو کہ) مردوں سے فعل کرتے ہو اور تمہارے رب نے جو تمہارے لئے بیبیاں پیدا کی ہیں ان کو نظر انداز کیے رہتے ہو (یعنی اور کوئی آدمی تمہارے سوا یہ حرکت نہیں کرتا اور یہ نہیں ہے کہ اس کے قبیح ہونے میں کچھ خفا ہے) بلکہ (اصل بات یہ ہے کہ) تم حد (انسانیت) سے گزر جانے والے لوگ ہو وہ لوگ کہنے لگے کہ اے لوط اگر تم

www.besturdubooks.net

(ہمارے کہنے سننے سے) باز نہیں آؤ گے۔ تو ضرور (بستی سے) نکال دیئے جاؤ گے۔ لوط (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (میں اس دھمکی سے کہنے سے نہ رکوں گا کیونکہ) میں تمہارے اس کام سے سخت نفرت رکھتا ہوں (تو کہنا کیسے چھوڑ دوں گا جب کسی طرح اُن لوگوں نے نہ مانا اور عذاب آتا ہوا معلوم ہوا تو) لوط (علیہ السلام) نے دعا کی کہ اے میرے رب مجھ کو اور میرے (خاص) متعلقین کو اُن کے اس کام (کے وبال) سے (جو اُن پر آنے والا ہے) نجات دے سو ہم نے اُن کو اور ان کے متعلقین کو سب کو نجات دی بجز ایک بڑھیا کے (مراد اس سے زوجۂ لوط علیہ السلام کی) کہ وہ (عذاب کے اندر) رہ جانے والوں میں رہ گئی۔ پھر ہم نے اور سب کو (جو لوط اور ان کے اہل کے سوا تھے) ہلاک کر دیا اور ہم نے ان پر ایک خاص قسم کا (یعنی پتھروں کا) مینہ برسایا سو کیا برا مینہ تھا جو ان لوگوں پر برسا (جن کو عذاب الٰہی سے) ڈرایا گیا تھا بے شک اس (واقعہ) میں (بھی) عبرت ہے اور (باوجود اس کے) ان (کفار مکہ) میں اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے اور بے شک آپ کا رب بڑی قدرت والا بڑی رحمت والا ہے (کہ عذاب دے سکتا تھا مگر ابھی نہیں دیا)۔ ف: عذاب میں رہ جانا اس لئے تھا کہ وہ کافر تھی اور اس لئے رات کو لوط علیہ السلام کے ساتھ بستی سے نہ نکلی۔ سورۂ ہود میں یہ قصہ آیا ہے اور روح المعانی تفسیر سورۂ ق میں ہے کہ یہ لوگ نسبی بھائی نہ تھے مجازاً بھائی کہہ دیا۔ سسرالی رشتہ دار تھے کیونکہ لوط علیہ السلام یہاں ہجرت کر کے تشریف لائے تھے آپ کی برادری کے لوگ آپ کے ساتھ نہ تھے۔

مُلحقاتُ التَّرجمۃ: قوله وبال اشارة الى حذف المضاف ۱۲۔

النَّحو: قوله لعملكم في الروح اللام فيه قيل للتبيين كما في سقيالك فهو متعلق بمحذوف اعني وعنى وقيل هى للتقوية ومتعلقها عند من يرى تعلق حرف التقوية محذوف اى انى من القالين لعملكم من القالين وقيل هى متعلقة بالقالين المذكور ويتوسع فى الظروف مالا يتوسع فى غيرها ۱۲۔

البَلاغۃ: قوله عجوزا في الروح التعبير عنها بالعجوز للايماء الى انه مما لا يشق اهلاكها على لوط عليه السلام وسائر اهله بمقتضى الطبيعة البشرية وقيل للايماء انها قد عست (في الصراح سخت پیر شدن) في الكفر ودامت فيه الى ان صارت عجوزا ۱۲۔

كَذَّبَ أَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ۖ إِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ أَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ إِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ أَمِيْنٌ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ
أَطِيْعُوْنِ ۝ وَمَا أَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۚ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ أَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ۝
وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ۝ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ وَاتَّقُوا الَّذِيْ
خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْأَوَّلِيْنَ ۝ قَالُوْٓا إِنَّمَآ أَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ۝ وَمَآ أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَإِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ
الْكٰذِبِيْنَ ۝ فَأَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّيْٓ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَأَخَذَهُمْ
عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۚ إِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۚ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

اصحاب الایکہ نے (بھی) پیغمبروں کو جھٹلایا جب کہ ان سے شعیب (علیہ السلام) نے فرمایا کہ کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں ہو میں تمہارا امانت دار پیغمبر ہوں۔ سو تم اللہ سے ڈرو اور میرا کہنا مانو اور میں تم سے اس پر کوئی صلہ نہیں چاہتا۔ بس میرا صلہ تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔ تم لوگ پورا ناپا کرو اور (صاحب حق کا) نقصان مت کیا کرو اور اسی طرح تولنے کی چیزوں میں سیدھی ترازو سے تولا کرو اور لوگوں کا ان کی چیزوں میں نقصان مت کیا کرو اور سر زمین میں فساد مت مچایا کرو اور (خدائے قادر) سے ڈرو جس نے تم کو اور تمام اگلی مخلوقات کو پیدا کیا۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ بس تم پر تو کسی نے بڑا بھاری جادو کر دیا ہے اور تم تو محض ہماری طرح (کے) معمولی آدمی ہو اور ہم تو تم کو جھوٹے لوگوں میں سے خیال کرتے ہیں۔ سو اگر تم نبیوں میں سے ہو تو ہم پر آسمان سے کوئی ٹکڑا گرا دو شعیبؑ بولے کہ تمہارے اعمال کو میرا رب ہی جانتا ہے پھر وہ لوگ برابر ان کو جھٹلاتے رہے۔ پھر ان کو سائبان کے واقعہ نے آ پکڑا بے شک وہ بڑے سخت دن کا عذاب تھا اور اس واقعہ میں بھی بڑی عبرت ہے (اور باوجود اس کے) ان (کفار مکہ) میں اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے اور بے شک آپ کا رب بڑی قوت والا اور بڑی رحمت والا ہے۔

تفسیر: قصۂ ہفتم اصحاب الایکہ: كَذَّبَ أَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ (الی قوله تعالی) وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ اصحاب الایکہ نے (بھی جن کا ذکر سورۂ حجر کے اخیر میں گزر چکا ہے) پیغمبروں کو جھٹلایا جبکہ اُن سے شعیب (علیہ السلام) نے فرمایا کہ کیا تم اللہ سے ڈرتے نہیں ہو میں تمہارا امانت دار پیغمبر ہوں سو تم اللہ سے ڈرو اور میرا کہنا مانو اور میں تم سے اس پر کوئی صلہ نہیں چاہتا بس میرا صلہ تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔ تم لوگ پورا ناپا کرو اور (صاحب حق کا)

www.besturdubooks.net

نقصان مت کیا کرو اور (اسی طرح تولنے کی چیزوں میں) سیدھی ترازو سے تولا کرو (یعنی ڈنڈی نہ مارا کرو نہ باٹوں میں فرق کیا کرو) اور لوگوں کا ان کی چیزوں میں نقصان مت کیا کرو اور سرزمین میں فساد مت مچایا کرو اور اُس (خدائے قادر) سے ڈرو جس نے تم کو اور تمام اگلی مخلوقات کو پیدا کیا۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ بس تم پر تو کسی نے بڑا بھاری جادو کر دیا ہے (جس سے عقل مختل ہوگئی اور نبوت کا دعویٰ کرنے لگے) اور تم تو محض ہماری طرح (کے) ایک (معمولی) آدمی ہو اور ہم تو تم کو جھوٹے لوگوں میں سے خیال کرتے ہیں۔ سو اگر تم سچوں میں سے ہو تو ہم پر آسمان کا کوئی ٹکڑا گرا دو (تا کہ ہم کو معلوم ہو جاوے کہ واقعی تم نبی تھے تمہاری تکذیب سے ہم کو یہ سزا ہوئی) شعیب (علیہ السلام) بولے کہ (میں عذاب کا لانے والا یا اُس کیفیت کی تعیین کرنے والا کون ہوں) تمہارے اعمال کو میرا رب (ہی) خوب جانتا ہے (اور اُس عمل کا جو مقتضا ہے کہ کیا عذاب ہو اور کب ہو اُس کو بھی وہی جانتا ہے اُس کو اختیار ہے) سو وہ لوگ (برابر) ان کو جھٹلایا کئے پھر اُن کو سائبان کے واقعہ نے آ پکڑا۔ بے شک وہ بڑے سخت دن کا عذاب تھا (اور) اُس (واقعہ) میں (بھی) بڑی عبرت ہے اور (باوجود اس کے) اِن (کفار مکہ) میں اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے اور بے شک آپ کا رب بڑی قدرت والا بڑی رحمت والا ہے (کہ عذاب نازل کر سکتا ہے مگر مہلت دے رکھی ہے)۔

ف: ان آیات کے بعض الفاظ کی شرح پارۂ ہشتم کے اخیر رکوع میں ہو چکی ہے اور اصحاب ایکہ کی تحقیق سورۂ حجر کے اخیر میں مع دیگر مضامین ضروریہ کے متعلق گزر چکی ہے اور وہ عذاب سائبان کا جیسا درمنثور میں مروی ہے یہ تھا کہ اول ان لوگوں پر گرمی مسلط ہوئی پھر ایک ابر نمودار ہوا جس میں سے ٹھنڈی ہوا آتی تھی۔ سب لوگ اس کے نیچے جمع ہو گئے اس میں سے آگ برسنا شروع ہوئی اور سب جل گئے۔

اختلاف القراءۃ: فی قراءۃ لیکۃ علی وزن لیلۃ وھی مخففۃ من الایکۃ ویکتب الایکۃ علی صور قلیکۃ وتکتب الھمزۃ منفصلۃ۔

اللغات: الایکۃ الشجر الملتف۔

البلاغۃ: قولہ قال لھم شعیب لم یقل اخواھم اما علی تقدیر التغایر بین اصحاب المدین واصحاب الایکۃ فظاھروا ما علی تقدیر اتحادھما فلعلہ للاکتفاء فی الذکر اعتمادا علی قرینۃ الذکر فی موضع آخر۔

وَإِنَّهُ لَتَنزِيلُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٩٢﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِينُ ﴿١٩٣﴾ عَلَىٰ قَلْبِكَ لِتَكُونَ مِنَ الْمُنذِرِينَ ﴿١٩٤﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِينٍ ﴿١٩٥﴾
وَإِنَّهُ لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ ﴿١٩٦﴾ أَوَلَمْ يَكُن لَّهُمْ آيَةً أَن يَعْلَمَهُ عُلَمَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿١٩٧﴾ وَلَوْ نَزَّلْنَاهُ عَلَىٰ
بَعْضِ الْأَعْجَمِينَ ﴿١٩٨﴾ فَقَرَأَهُ عَلَيْهِم مَّا كَانُوا بِهِ مُؤْمِنِينَ ﴿١٩٩﴾ كَذَٰلِكَ سَلَكْنَاهُ فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ ﴿٢٠٠﴾ لَا يُؤْمِنُونَ
بِهِ حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٢٠١﴾ فَيَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٢٠٢﴾ فَيَقُولُوا هَلْ نَحْنُ مُنظَرُونَ ﴿٢٠٣﴾ أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ﴿٢٠٤﴾
أَفَرَأَيْتَ إِن مَّتَّعْنَاهُمْ سِنِينَ ﴿٢٠٥﴾ ثُمَّ جَاءَهُم مَّا كَانُوا يُوعَدُونَ ﴿٢٠٦﴾ مَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يُمَتَّعُونَ ﴿٢٠٧﴾ وَمَا أَهْلَكْنَا
مِن قَرْيَةٍ إِلَّا لَهَا مُنذِرُونَ ﴿٢٠٨﴾ ذِكْرَىٰ وَمَا كُنَّا ظَالِمِينَ ﴿٢٠٩﴾ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيَاطِينُ ﴿٢١٠﴾ وَمَا يَنبَغِي لَهُمْ وَمَا
يَسْتَطِيعُونَ ﴿٢١١﴾ إِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُولُونَ ﴿٢١٢﴾ فَلَا تَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَتَكُونَ مِنَ الْمُعَذَّبِينَ ﴿٢١٣﴾ وَأَنذِرْ
عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ ﴿٢١٤﴾ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٢١٥﴾ فَإِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ إِنِّي
بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٢١٦﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ ﴿٢١٧﴾ الَّذِي يَرَاكَ حِينَ تَقُومُ ﴿٢١٨﴾ وَتَقَلُّبَكَ فِي السَّاجِدِينَ ﴿٢١٩﴾ إِنَّهُ هُوَ
السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٢٢٠﴾ هَلْ أُنَبِّئُكُمْ عَلَىٰ مَن تَنَزَّلُ الشَّيَاطِينُ ﴿٢٢١﴾ تَنَزَّلُ عَلَىٰ كُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ ﴿٢٢٢﴾ يُلْقُونَ السَّمْعَ وَأَكْثَرُهُمْ
كَاذِبُونَ ﴿٢٢٣﴾ وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُونَ ﴿٢٢٤﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ ﴿٢٢٥﴾ وَأَنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ ﴿٢٢٦﴾ إِلَّا
الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَذَكَرُوا اللَّهَ كَثِيرًا وَانتَصَرُوا مِن بَعْدِ مَا ظُلِمُوا ۗ وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا

www.besturdubooks.net

ع ۱۱ / ۱۵

اَیَّ مُنۡقَلَبٍ یَّنۡقَلِبُوۡنَ ﴿۲۲۷﴾

اور یہ قرآن رب العالمین کا بھیجا ہوا ہے۔اس کو امانت دار فرشتہ لے کر آیا ہے آپ کے قلب پر صاف عربی زبان میں تا کہ آپ (بھی) منجملہ ڈرنے والوں کے ہوں اور اس (قرآن) کا ذکر پہلی امتوں کی آسمانی کتابوں میں (بھی) ہے۔کیا ان لوگوں کے لئے یہ بات دلیل نہیں ہے کہ اس (پیش گوئی) کو علمائے بنی اسرائیل جانتے ہیں اور اگر (بالفرض) اس قرآن کو کسی عجمی یا (غیر عربی) پر نازل کر دیتے پھر وہ عجمی ان کے سامنے پڑھ بھی دیتا۔یہ لوگ بوجہ غایت عناد کے تب بھی اس کو نہ مانتے۔ہم نے اسی طرح (شدت واصرار کے ساتھ) اس ایمان نہ لانے کو ان فرمانوں کے دلوں میں ڈال رکھا ہے یہ لوگ اس (قرآن) پر ایمان نہ لاویں گے۔جب تک سخت عذاب کو (مرنے کے وقت برزخ میں یا آخرت میں) نہ دیکھ لیں گے جو اچانک ان کے سامنے آ کھڑا ہوگا اور ان کو (پہلے سے) خبر بھی نہ ہوگی پھر اس وقت جان کہیں گے کہ کیا (کسی طور پر) ہم کو (کچھ) مہلت مل سکتی ہے۔کیا ہمارے (وعیدوں کو سن کر) یہ لوگ ہمارے عذاب کی چاہتے ہیں۔اے مخاطب ذرا بتلاؤ تو اگر ہم ان کو چند سال تک عیش میں رہنے دیں پھر جس عذاب کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے وہ ان کے سر پر آ پڑے تو ان کا عیش کس کام آ سکتا ہے اور جتنی بستیاں (منکرین کی ہم نے عذاب سے) غارت کی ہیں سب میں نصیحت کے واسطے ڈرانے والے پیغمبر آئے جب نہ مانا تو عذاب نازل ہوا اور ہم (صورۃ) بھی ظالم نہیں ہیں اور اس (قرآن) کو شیاطین لے کر نہیں آئے اور یہ ان کی (حالت) کے مناسب ہی نہیں اور وہ اس پر قادر بھی نہیں کیونکہ وہ شیطان (وحی آسمانی) سننے سے روک دیئے گئے ہیں۔سو (اے پیغمبر) تم اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی عبادت مت کرنا کبھی تم کو سزا ہونے لگے اور (اس مضمون سے) آپ سب سے پہلے اپنے نزدیک کے کنبہ کو خود اپنے اور ان لوگوں کے ساتھ تو (شفقانہ) فروتنی سے پیش آئیے۔جو مسلمانوں میں داخل ہو کے آپ کی راہ پر چلیں اور اگر یہ لوگ (جن کو آپ نے ڈرایا ہے) آپ کا کہنا نہ مانیں تو آپ کہہ دیجئے کہ میں تمہارے افعال سے بیزار ہوں اور آپ خدائے قادر و رحیم پر توکل رکھیئے۔جو آپ کو جس وقت کہ آپ نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں اور نیز نماز شروع کرنے کے بعد نمازیوں کے ساتھ آپ کی نشست برخاست کو دیکھتا ہے وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔(اے پیغمبر لوگوں سے کہہ دیجئے کہ) کیا میں تم کو بتلاؤں کس پر شیاطین اترا کرتے ہیں۔(سنو) ایسے شخصوں پر اترا کرتے ہیں جو (پہلے سے) دروغ گفتار بڑے بدکردار ہوں اور شیاطین کی خبریں سننے کے لئے کان لگا دیتے ہیں اور وہ بکثرت جھوٹ بولتے ہوں اور شاعروں کی راہ تو بے راہ لوگ چلا کرتے ہیں۔اے مخاطب کیا تم کو معلوم نہیں کہ وہ (شاعر) لوگ (خیالی مضامین کے) ہر میدان میں (حیران) پھرا کرتے ہیں اور زبان سے وہ باتیں کہتے ہیں جو کرتے نہیں۔ہاں اگر جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے اور انہوں نے (اپنے اشعار میں) کثرت سے اللہ کا ذکر کیا اور انہوں نے بعد اس کے کہ ان پر ظلم ہو چکا ہے (اس کا) بدلہ لیا اور عنقریب ان کو معلوم ہو جائے گا جنہوں نے (حقوق اللہ وغیرہ میں) ظلم کر رکھا ہے کہ کیسی جگہ ان کو لوٹ کر جانا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر آیات شروع سورت میں قرآن مجید کی حقانیت مع بعض مضامین متعلقہ اس کے مذکور تھے۔آگے خاتمہ سورت میں عود ہے اُسی مذکور سابق کی طرف اور مضامین متعلقہ اُس کے یہ ہیں۔وعید دوم منکرین دفع بعض شبہات امر بالتبلیغ وتوکل فی التبلیغ اور ختم پر تہدید شدید۔

رجوع بمضمون ابتدائی یعنی حقیت قرآن مع متعلقات آں: وَاِنَّهٗ لَتَنۡزِيۡلُ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿﴾ (الی قوله تعالی) وَسَيَعۡلَمُ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡۤا اَىَّ مُنۡقَلَبٍ يَّنۡقَلِبُوۡنَ اور یہ قرآن رب العالمین کا بھیجا ہوا ہے اُس کو امانت دار فرشتہ لے کر آیا ہے آپ کے قلب پر صاف عربی زبان میں تا کہ آپ (بھی) منجملہ ڈرانے والوں کے ہوں (یعنی جس طرح اور پیغمبروں نے اپنی امت کو احکام الہیہ پہنچائے آپ بھی پہنچائیں اور اس (قرآن) کا ذکر پہلی اُمتوں کی (آسمانی) کتابوں میں (بھی) ہے (کہ ایک ایسی ایسی شان کا پیغمبر ہوگا اور اُس پر ایسا کلام نازل ہوگا۔چنانچہ تفسیر حقانی کے اس مقام کے حواشی میں چند بشارتیں نقل کی ہیں۔آگے اس مضمون وَاِنَّهٗ لَفِىۡ زُبُرِ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿﴾ کی توضیح ہے۔یعنی) کیا ان لوگوں کے لئے (اس پر) یہ بات دلیل نہیں ہے کہ اس (پیشین گوئی) کو علمائے بنی اسرائیل جانتے ہیں (چنانچہ اُن میں جو لوگ اسلام لے آئے ہیں وہ تو علی الاعلان اس کا اعتراف کرتے ہیں اور جو اسلام نہیں لائے وہ بھی خاص خاص لوگوں کے سامنے اس کا اقرار کرتے ہیں جیسا پارۂ اول کے ربع پر آیت: اَتَاۡمُرُوۡنَ النَّاسَ بِالۡبِرِّ [البقرۃ: ۴۴] کی تفسیر میں مذکور ہوا اور اُن معترفین ومقرین کا تعدد اور تکثر اس وقت اگر خبر آحاد تک بھی مان لیا جاوے تاہم محفوف بالقرائن ہونے کے سبب معناً تواتر حاصل تھا اور یہ احتجاج امیین عرب کے اعتبار سے ہے ورنہ لکھے پڑھے لوگ خود اصل کتب میں دیکھ سکتے تھے اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ کتب سابقہ میں تحریف نہیں ہوئی کیونکہ باوجود تحریف کے ایسے مضامین کا رہ جانا زیادہ حجت ہے اور یہ احتمال کہ یہ مضامین ہی تحریف کا نتیجہ ہوں اس لئے غلط ہے کہ اپنے ضرر کے لئے کوئی تحریف نہیں کیا کرتا۔یہ مضامین تو محرفین کو مضر ہیں جیسا کہ ظاہر ہے۔یہاں تک تو دعویٰ وانه لتنزیل کی دو نقلیں دلیلیں یعنی ذکر فی الزبر وعلم بنی اسرائیل کہ ان میں بھی ثانی اول کی دلیل ہے بیان فرمائیں) اور (آگے بضمن بیان عناد منکرین کے دعویٰ مذکورہ کی عقلی دلیل کی طرف اشارہ ہے کہ اعجاز ہے یعنی یہ لوگ ایسے معاند ہیں کہ) اگر بالفرض ہم اس (قرآن) کو کسی عجمی (غیر عربی) پر نازل کر دیتے پھر وہ (عجمی) اُن کے سامنے اس کو پڑھ بھی دیتا (جس میں اعجاز موجود اور زیادہ ظاہر ہوتا کیونکہ اس منزل علیہ کو عربیت پر اصلاً قدرت نہ ہوتی اور اب گو عربیت کے درجۂ اعجاز پر قدرت نہیں مگر نفس عربیہ پر تو قدرت ہے اس لئے اس صورت میں اعجاز بہت ہی زیادہ واضح ہوتا اور اصلاً

www.besturdubooks.net

شبہ کو سرسری نظر میں بھی گنجائش نہ ہوتی لیکن) یہ لوگ (بوجہ غایت عناد) تب بھی اُس کو نہ مانتے (آگے حضور ﷺ کی تسلی کے واسطے اُن کے ایمان لانے سے نا اُمیدی دلاتے ہیں یعنی) ہم نے اسی طرح (شدت واصرار کے ساتھ) اُس [4] ایمان نہ لانے کو ان نافرمانوں کے دلوں میں ڈال رکھا ہے (یعنی کفر میں شدید اور اُس پر مصر ہیں اور اس شدت واصرار کی وجہ سے) یہ لوگ اس (قرآن) پر ایمان نہ لاویں گے جب تک کہ سخت عذاب کو (مرنے کے وقت یا برزخ میں یا آخرت میں) نہ دیکھ لیں گے جو اچانک ان کے سامنے آ کھڑا ہوگا اور ان کو (پہلے سے) خبر بھی نہ ہوگی پھر (اُس وقت جان کو بنے گی) کہیں گے کہ کیا (کسی طور پر) ہم کو (کچھ) مہلت مل سکتی ہے (لیکن وہ وقت نہ مہلت کا ہے نہ قبول ایمان کا اور وہ کفار ایسے مضامین وعید وعذاب کا سن کر براہِ انکار عذاب کا تقاضا کیا کرتے تھے۔ رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا [ص : ١٦] اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً [الأنفال : ٣٢] اور مہلت کو جو کہ استدراج ہے دلیل عدم وقوع عذاب کی ٹھہراتے تھے آگے اُس کا جواب ہے کہ) کیا (ہماری وعیدوں [4] کو سن کر) یہ لوگ ہمارے عذاب کی تعجیل چاہتے ہیں (جس کا منشاء انکار [5] ہے یعنی باوجود قیام دلائل صدق مخبر کے پھر بھی انکار کرتے ہیں۔ رہا مہلت کو بناء انکار قرار دینا سخت غلطی ہے کیونکہ) اے مخاطب ذرا بتلاؤ تو اگر ہم ان کو (چند سال تک) عیش میں رہنے دیں پھر جس (عذاب) کا ان سے وعدہ ہے وہ اُن کے سر پر آ پڑے تو ان کا وہ عیش کس کام آ سکتا ہے (یعنی یہ عیش جو براہِ امہال ہے تخفیف عذاب تک میں تو مؤثر ہے ہی نہیں اور عدم عذاب میں تو اس کو کیا دخل ہوتا۔ پس اُن کا یہ استدلال محض لغو ہے) اور (مہلت دینا حکمت کی وجہ سے چند روز تک خواہ کم یا زیادہ کچھ ان ہی کے ساتھ خاص نہیں بلکہ اُمم سابقہ کو بھی مہلتیں ملی ہیں چنانچہ) جتنی بستیاں (منکرین کی) ہم نے (عذاب سے) غارت کی ہیں سب میں نصیحت کے واسطے ڈرانے والے (پیغمبر) آئے (جب نہ مانا تو عذاب نازل ہوا) اور ہم (صورۃً بھی) ظالم نہیں ہیں (مطلب یہ کہ امہال سے جو مقصود ہے یعنی اتمام حجت وقطع عذر وہ سب کے لئے رہا' پیغمبروں کا آنا سمجھانا یہ بھی تو مستلزم مہلت ہے مگر پھر بھی اہلاک مرتب ہوا۔ پس ان واقعات سے حکمت امہال بھی معلوم ہوگئی اور عدم تنافی امہال اور عذاب میں بھی ثابت ہوگئی اور صورۃً اس لئے کہا گیا کہ حقیقتاً تو کسی حالت میں بھی ظلم نہ ہوتا آگے پھر مقصود اول یعنی مضمون وانه لتنزيل الخ: کی طرف رجوع ہے اور درمیان میں یہ مضامین بمناسبت حال منکرین کے مذکور ہوئے تھے اور حاصل مضمون آئندہ کا دفع شبہات متعلقہ صدق قرآن ہے۔ پس ایک شبہ تو اس کے منزل من اللہ رب العٰلمین ہونے پر تھا کہ جیسے عرب میں پہلے سے کاہن ہوتے آتے تھے نعوذ باللہ آپ کی نسبت بھی بعضے کفار یہی کہتے تھے۔ كما في الدر عن ابن زيد وفي البخاري قول امرأة له صلى الله عليه وسلم استبطأ الوحي تركات شيطانك۔ اس کا جواب ہے کہ یہ رب العٰلمین کا نازل کیا ہوا ہے) اور اس کو شیاطین (جو کاہنوں کے پاس آیا کرتے تھے) لے کر نہیں آئے اور (اس کا وقوع تو کیا محتمل ہوتا خود امکان بھی بوجہ امتناع بالغیر کے محتمل نہیں' کیونکہ اس کے دو مانع قوی موجود ہیں ایک تو صفت انضامیہ شیاطین کی یعنی شیطنت جس کے سبب) یہ (قرآن) اُن (کی حالت) کے مناسب ہی نہیں (کیونکہ قرآن سرتاپا ہدایت اور شیطان سرتاپا ضلالت نہ ان کو ایسے مضامین کی آمد ہو سکتی ہے اور نہ ایسے مضامین کے شیوع سے اُن کی غرض کہ اضلال خلق ہے پوری ہو سکتی ہے ایک مانع تو یہ ہوا) اور (دوسرا مانع ایک امر مبائن خارج ہے وہ یہ کہ) وہ اس پر قادر بھی نہیں کیونکہ وہ شیاطین (وحی آسمانی) سننے سے روک دیئے گئے ہیں (چنانچہ کاہنوں اور مشرکوں سے اُن کے جنات نے اپنی ناکامی کا خود اعتراف کیا جس کی انہوں نے اوروں کو بھی خبر دی۔ چنانچہ بخاری میں ایسے قصص باب اسلام عمرؓ میں مذکور ہیں اور مراد اس سے شہاب ثاقب سے مرجوم ہونا ہے جس کا ذکر سورۂ حجر کے دوسرے رکوع میں ہے۔ پس تلقین شیاطین کا کسی طرح احتمال نہ رہا اور اس جواب کی تتمیم اور دوسرے شبہ کا جواب ختم سورت کے قریب آوے گا۔ درمیان میں تنزیل من اللہ ہونے پر بطور تفریع کے ایک مضمون ہے یعنی جب اس کا منزل من اللہ ہونا ثابت ہے تو اس کی تعلیم واجب العمل ہوئی اور من جملہ اُس کے امر اہم واعظم توحید ہے) سو (اے پیغمبر! ہم اس کے وجوب کی ایک خاص طریق سے تاکید کرتے ہیں کہ ہم آپ کو مخاطب بنا کر کہتے ہیں کہ) تم خدا کے ساتھ کسی اور معبود کی عبادت مت کرنا کبھی تم کو سزا ہونے لگے (حالانکہ آپ میں نعوذ باللہ نہ احتمال شرک کا نہ تعذیب کا' پس جب آپ کے اعتبار سے بھی ان دونوں میں تلازم کا حکم کیا جاتا ہے تو اور بے چارے تو کس شمار میں ہیں۔ شرک سے ان کو کیسے منع نہ کیا جاوے گا اور شرک کر کے عذاب سے کیونکر بچیں گے) اور (اسی مضمون سے) آپ سب [6] سے پہلے) اپنے نزدیک کے کنبہ کو ڈرایئے (چنانچہ آپ نے سب کو پکار کر جمع کیا اور شرک پر عذاب الٰہی سے ڈرایا جیسا حدیثوں میں ہے) اور (آگے انذار کو قبول کرنے والوں اور رد کرنے والوں کے ساتھ معاملہ کا طرز بتلاتے ہیں یعنی) ان لوگوں کے ساتھ (تو مشفقانہ [7]) فروتنی سے پیش آیئے جو مسلمانوں میں داخل ہو کر آپ کی راہ پر چلیں (خواہ کنبہ کے ہوں یا غیر کنبہ کے) اور [8] اگر یہ لوگ (جن کو آپ نے ڈرایا ہے) آپ کا کہنا نہ مانیں (اور کفر پر اڑے رہیں) تو آپ (صاف) کہہ دیجئے کہ میں تمہارے افعال سے بیزار ہوں (ان دونوں امر یعنی وَاخْفِضْ و قُلْ اِنِّيْ [الحجر : ٨٨' ٨٩] میں حب فی اللہ وبغض فی اللہ کی پوری تعلیم ہے۔ کبھی ان مخالفین کی طرف سے ایذاء واضرار کا خطرہ نہ لایئے) اور آپ خدائے قادر ورحیم پر توکل رکھئے جو آپ کو جس وقت کہ آپ (نماز کے لئے) کھڑے ہوتے ہیں اور (نیز نماز شروع کرنے کے بعد) نمازیوں کے ساتھ آپ کی نشست وبرخاست کو دیکھتا ہے (اور نماز کے علاوہ بھی

www.besturdubooks.net

وہ دیکھتا بھالتا ہے کیونکہ) وہ خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے (پس جب اُس کو علم بھی کامل ہے جیسا یَرٰىكَ اور سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ اُس پر دال ہیں اور وہ آپ پر مہربان بھی ہے جیسا الرحیم اس پر دال ہے اور اُس کو سب کچھ قدرت ہے جیسا العزیز سے مفہوم ہوتا ہے تو ضرور وہ لائق توکل ہے۔ وہ آپ کو ضرر حقیقی سے بچاوے گا اور جو متوکل کو ضرر پہنچتا ہے وہ ضرر صوری ہوتا ہے جس کے تحت میں ہزاروں منافع ہوتے ہیں جن کا کبھی دنیا میں کبھی آخرت میں ظہور ہوتا ہے۔ آگے جواب شبہ کہانت کا تتمہ ہے کہ اے پیغمبر لوگوں سے کہہ دیجئے کہ) کیا میں تم کو بتلاؤں کس پر شیاطین اُترا کرتے ہیں (سنو) ایسے شخصوں پر اُترا کرتے ہیں جو (پہلے سے) دروغ گفتار بڑے بدکردار ہوں اور جو (اخبار شیاطین کے وقت اُن شیطانوں کی طرف) کان لگا دیتے ہیں اور (لوگوں سے اُن چیزوں کے بیان کرنے کے وقت) وہ بکثرت جھوٹ بولتے ہیں (چنانچہ سفلی عاملوں کو اب بھی اسی حالت میں دیکھا جاتا ہے اور وجہ اُس کی یہ ہے کہ مفید ومستفید میں مناسبت ضروری ہے تو شیطان کا شاگرد بھی وہی ہوگا جو قولاً افاک اور فعلاً اثیم ہو۔ نیز شیطان کی طرف قلب سے متوجہ بھی ہو کہ بدوں توجہ کے استفادہ نہیں ہوتا اور چونکہ اکثر یہ علوم ناتمام ہوتے ہیں اس لئے ان کے باوقعت اور رنگین کرنے کے لئے کچھ حاشیہ بھی ظن وتخمین سے چڑھانا پڑتا ہے یہ لوازم عادیہ ہیں کہانت کے جو سب کے سب منتفی ہیں ذات نبویہ سے کہ آپ کا اصدق القائلین اور عمل العالمین ابغض الشیاطین اصدق المخبرین ہونا معروف ومشاہد مسلم عند الخصوم تھا پھر کہانت کا کب احتمال رہا) اور (آگے شبہ شاعریت کا جواب ہے کہ آپ شاعر بھی نہیں ہیں جیسا کفار کہتے تھے: بل ھو شاعر یعنی ان کے مضامین خیالی غیر واقعی ہیں گو منظوم نہ ہوں سو یہ احتمال اس لئے غلط ہے کہ) شاعروں کی راہ تو بے راہ لوگ چلا کرتے ہیں (مراد راہ سے شعر گوئی ہے یعنی مضامین خیالی شاعرانہ نثراً یا نظماً کہنا اُن لوگوں کا شیوہ ہے جو مسلک تحقیق سے دور ہوں۔ چنانچہ خیالی مضمون کہتے ہیں اُس کو جو تحقیق کے خلاف ہو۔ آگے اس دعویٰ کی توضیح ہے کہ) اے مخاطب! کیا تم کو معلوم نہیں کہ وہ (شاعر) لوگ (خیالی مضامین کے) ہر میدان میں حیران (ٹکریں مارتے تلاش مضامین میں) پھرا کرتے ہیں اور (جب مضمون مل جاتا ہے تو چونکہ اکثر خلاف توقع ہوتا ہے اس لئے) زبان سے وہ باتیں کہتے ہیں جو کرتے نہیں (چنانچہ شاعروں کی گپوں کا ایک نمونہ لکھا جاتا ہے۔

اے رشک مسیحا تری رفتار کے قرباں ☆ ٹھوکر سے کئی بار میری لاش جلا دی
اے بادِ صبا ہم تجھے کیا یاد کریں گے ☆ اُس گل کی خبر تو نے کبھی ہم کو نہ لا دی
صبا نے اُس کے کوچہ سے اُڑا کر ☆ خدا جانے ہماری خاک کیا کی

وغیرہ وغیرہ حتیٰ کہ کبھی کفریات بکنے لگتے ہیں جو خلاف واقع کی فرد اعظم ہے۔ حاصل جواب کا یہ ہوا کہ مضامین شعریہ کے لئے لوازم میں سے ہے متخیل غیر محقق ہونا اور مضامین قرآنیہ جس باب کے متعلق ہیں سب کے سب محقق غیر متخیل' پس لازم کے انتفاء سے ملزوم بھی منتفی ہو گیا۔ پس آپ کو شاعر کہنا بجز جنون شاعرانہ کے کیا ہے۔ حتیٰ کہ غالباً چونکہ نظم میں ایسے ہی مضامین ہوا کرتے ہیں' اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو نظم پر قدرت بھی نہیں دی' حالانکہ جس شعر کی یہاں نفی مقصود ہے اُس معنی کر دہ شعر کی نہیں ہے اور اوپر چونکہ شعراء کی مذمت ارشاد ہوئی ہے جس کے عموم میں صورۃً سب ناظمین آ گئے گو اُن کے مضامین عین حکمت اور تحقیق ہوں اس لئے آگے اُن کا استثناء فرماتے ہیں کہ) ہاں مگر جو لوگ ان شاعروں میں سے) ایمان لائے اور اچھے اچھے کام کئے (یعنی شرع کے خلاف نہ اُن کا قول ہے نہ فعل یعنی اُن کے اشعار میں بے ہودہ مضامین نہیں ہیں) اور انہوں نے (اپنے اشعار میں) کثرت سے اللہ کا ذکر کیا (یعنی تائید دین واشاعت علم میں اُن کے اشعار ہیں کہ یہ سب ذکر اللہ ہے) اور (اگر کسی شعر میں بظاہر کوئی نامناسب مضمون بھی ہے جیسے کسی کی ہجو کہ بظاہر اخلاقِ حسنہ کے خلاف ہے تو اُس کی وجہ بھی یہ ہے کہ) انہوں نے بعد اس کے کہ اُن پر ظلم ہو چکا ہے (اس کا) بدلہ لیا (ہے یعنی کفار یا فساق نے اول اُن کو ایذاء پہنچائی خواہ قولاً مثلاً اُن کی ہجو کی یا دین کی توہین کی کہ اپنے ہجو سے بھی بڑھ کر موجب ایذاء ہے خواہ فعلاً کہ ان کے مال کو یا جان کو ضرر پہنچایا یعنی یہ لوگ مستثنیٰ ہیں اور ایسے اشعار میں بعضے مباح ہیں بعضے طاعت ہیں) اور (یہاں تک شبہات متعلقہ برسالت کے جوابات پورے ہو گئے اور اس سے پہلے رسالت دلائل سے ثابت ہو چکی تھی۔ اب آگے اُن لوگوں کی وعید ہے جو اس پر بھی منکر نبوت رہے اور حضور کو ایذاء پہنچاتے ہیں یعنی) عنقریب ان لوگوں کو معلوم ہو جاوے گا جنہوں نے (حقوق اللہ وحقوق الرسول یا حقوق العباد میں) ظلم کر رکھا ہے کہ کیسی (بری اور مصیبت کی) جگہ اُن کو لوٹ کر جانا ہے (مراد اس سے جہنم ہے)۔ ف: آیت: اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ اور آیت: يُلْقُوْنَ السَّمْعَ میں تعارض کا شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ اول میں نفی ہے۔ سماع علوم کلیہ متعلقہ باصلاح الخلق کی اور ثانی میں اثبات ہے۔ ادراک اخبار جزئیہ غیر متعلقہ بالاصلاح کا اور مزید تحقیق اس کی سورۂ حجر کے رکوع ثانی کے ذیل میں لکھی گئی ہے جو قابل ملاحظہ ہے اور نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ عَلٰى قَلْبِكَ میں جو نزول علی القلب مذکور ہے اس کی تحقیق پارۂ اول رکوع: قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ ...... [البقرۃ: ۹۷] کے ذیل میں باحسن وافی وجوہ بیان ہو چکی ہیں اور اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ میں جو استثناء فرمایا ہے وہ محض صورت شعر کے اعتبار سے ہے ورنہ ایسے اشعار جن میں حدود شرعیہ مرعیہ ہوں اس شعر کے مفہوم میں داخل ہی نہیں جو صدر کلام میں مذکور ہے کیونکہ اس سے مراد مضامین مخیلہ ہیں منثور ہوں یا منظوم۔ پس خصوصیت نظم قبح میں مؤثر نہیں ہے اور نہ نثر ہونا

www.besturdubooks.net

مانع عن القبح ہے اور کاہن وشاعر ہونے کے سواء اور شبہات کا جواب اور جگہ ہے۔ وقدتم والحمد للہ تفسیر سورۃ الشعراء للثانی والعشرین من ذی الحجۃ سنۃ ۱۳۲۴ من الھجرۃ النبویۃ علی اھلھا ما لا یعد ولا یحصی من السلام والصلوٰۃ والتحیۃ وسیتلوہ ان شاء اللہ تعالیٰ تفسیر سورۃ النمل ومنہ التوفیق لاتمام تفسیر القراٰن وھو المستعان وعلیہ التکلان سورۃ النمل مکیۃ وھی ثلث او اربع وتسعون اٰیۃ کذا فی البیضاوی۔

ربط: اس سورت کا خلاصہ اصل تین مضمون ہیں۔ **اول**: اثبات وحی ورسالت جس سے سورت شروع ہوئی ہے اور اسی پر سورت سابقہ ختم ہوئی تھی اور اسی کی مناسبت سے بعضے قصص انبیاء علیہم السلام کے مذکور ہوئے ہیں۔ **دوم**: توحید جو آیت: قُلِ الْحَمْدُ ...... سے شروع ہے۔ **سوم**: اثبات معاد واشراط ساعت وجزا وسزا جو آیت: قُلْ لَّا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ ...... سے ختم سورت تک چلا گیا ہے اور درمیان میں بعض اور مضامین اس کی مناسبت سے آ گئے ہیں اور خاتمہ پر اِنَّمَآ اُمِرْتُ ...... سے آخر تک یہی مضامین مفصلہ بطور تلخیص واستاج کے اجمالاً بیان فرمانے کے بعد سورت کو ختم کر دیا ہے۔ واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا اسی طرح بعض جہلاء منکرین اولیاء اللہ کو اُن کے لوازم بشریہ طبعیہ کی بناء پر حقیر سمجھتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: فَاَسْقِطْ عَلَیْنَا کِسَفًا ...... اسی طرح بعض جہلاء کسی بزرگ کے انکار کے بعد وبال نازل نہ ہونے سے اپنے انکار کے قبیح نہ ہونے پر استدلال کرتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ رَبِّیْٓ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ...... اس سے ثابت ہوتا ہے کہ خوارق اہل اللہ کے قبضہ میں نہیں۔ قولہ تعالیٰ: نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِیْنُ ...... بِلِسَانٍ متعلق ہے نزل کے جو مقید تھا عَلٰی قَلْبِكَ کے ساتھ۔ اس سے ثابت ہوا کہ وارد قلبی کبھی الفاظ سے بھی مقرون ہوتا ہے اور عَلٰی قَلْبِكَ کی تخصیص کی وجہ روح میں یہ بیان کی ہے کہ آپ کے قلب کو ایک سامعہ مخصوص دیا گیا تھا جس طرح آپ کے قلب کو ایک باصرہ دیا گیا تھا جس کا ذکر اس آیت میں ہے: مَا کَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی [النجم: ۱۱] تو اس تقریر کی بناء پر یہ بھی ثابت ہوا کہ قلب میں بھی سمع وبصر ہیں۔ جیسے ظاہر میں ہیں اور اسی تقریر سے یہ بھی ثابت ہوا کہ کبھی یہ سمع وبصر باطنی سمع و بصر ظاہری کے ساتھ مجتمع ہو جاتے ہیں اور اس حالت میں اوراک کو کبھی مدرک ظاہری کی طرف نسبت کر دیتے ہیں اور کبھی مدرک باطنی کی طرف اور صوفیہ ان تینوں مسائل کے قائل ہیں اور اس کی پوری تحقیق اصل عربی میں ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ...... اس میں تصریح ہے کہ ولی کبھی ایسے درجہ پر نہیں پہنچتا جس میں اس سے تکالیف شرعیہ ساقط ہو جائیں کیونکہ ولی کا درجہ نبی پر فائق نہیں ہوتا۔ پھر جب نبی کے لئے یہ جائز نہیں تو ولی کے لئے کیسے جائز ہوگا۔ قولہ تعالیٰ: وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَكَ الْاَقْرَبِیْنَ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے نسب کے ساتھ جب ایمان منضم نہ ہو وہ بالکل نافع نہیں ہوتا اور چونکہ قرابت کا حجاب بہت سخت ہوتا ہے اس لئے اقربین کے انذار کا حکم کیا گیا اھ۔ قولہ تعالیٰ: وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ ...... اس میں شیوخ کو تعلیم دی گئی ہے کہ اپنے مخلص تابعین سے نرمی وتواضع کے ساتھ پیش آیا کریں تاکہ وہ مسرور ہوں۔ قولہ تعالیٰ: فَاِنْ عَصَوْكَ ...... اس میں دلالت ہے اس پر کہ جو شخص طریق سے مخالف ہو اُس سے شیخ کو تبری کر دینا چاہئے اور اس تبری کی اس کو اطلاع بھی کر دے۔ قولہ تعالیٰ: وَتَوَکَّلْ عَلَی الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ اس میں تعلیم ہے مقام توکل کی جو کہ معروف واتفاقی ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَتَقَلُّبَكَ فِی السّٰجِدِیْنَ بعض تفاسیر پر اس میں دلالت ہے کہ شیخ کو مناسب ہے کہ جو احوال تربیت کے متعلق ہیں ان میں مریدوں کی نگرانی کیا کرے۔ قولہ تعالیٰ: هَلْ اُنَبِّئُكُمْ ...... اس میں اشارہ ہے اس طرف کہ شیطان طالب صادق متقی کے اندر ایسا تصرف نہیں کر سکتا جس سے اُس کے دین کو ضرر پہنچا سکے۔ قولہ تعالیٰ: اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ...... روح میں ہے کہ یہ استثناء ہے اُن شعراء کا جو مؤمن صالح اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے ہیں اور ان کے اشعار بھی توحید وترغیب آخرت وزہد فی الدنیا وغیرہ میں ہوتے ہیں اور جلیل القدر حضرات سے شعر کی مدح منقول ہے۔ چنانچہ حضرت علیؓ کا بھی ارشاد ہے کہ شعر میزان ہے عقل کی اھ۔ مختصراً اور کچھ تو بات ہے جو بڑے بڑے عارفین اور عشاق عربی وعجمی اکثر مقامات واحوال کو اشعار ہی میں زیادہ ظاہر کرتے ہیں اور شعر میں جو کیفیت تہیج وتاثیر کی ہے جو کہ نثر میں نہیں ہے۔ اس کا تو کوئی انکار ہی نہیں کر سکتا اور چونکہ یہ تاثیر خود مطلوب ہے اُس حیثیت سے اس کو نثر پر ترجیح ہوگی اور اسی لئے رسول اللہ ﷺ نے شعر کو حکمت فرمایا ہے بجز اُس نثر کے جس میں یہ تاثیر اکثر واقویٰ ہو جیسے اللہ تعالیٰ کا یا رسول اللہ ﷺ کا کلام ۱۲۔

ملحقات الترجمہ: ۱۔ قولہ فی علی قلبك وقولہ بلسان ما ترجم بہ فیہ اشارۃ الی ان کلیھما متعلق بنزل ۱۲۔ ۲۔ قولہ فی وانہ لفی زبر ذکر اشارۃ الی تقدیر المضاف وھکذا کما یقال فلان فی دفتر الامیر ای اسمہ وذکرہ ۱۲۔ ۳۔ قولہ فی سلکنہ ایمان نہ لانے فیہ اشارۃ الی ان الضمیر المفعول بہ راجع الی عدم الایمان المدلول بقولہ ما کانوا بہ مؤمنین ۱۲۔ ۴۔ قولہ فی افبعذابنا وعیدوں کو سن کر اشارۃ الی معنی الفا ۱۲۔ ۵۔ قولہ فی یستعجلون: انکار اشارۃ الی ان المقصود الانکار علی انکار العذاب الذی عبر عنہ بالاستعجال المقصود منہ الانکار ۱۲۔ ۶۔ قولہ فی انذر: سب سے پہلے اشارۃ الی ان التخصیص لیس لنفی غیرھم ۱۲۔ ۷۔ قولہ فی اخفض: مشفقانہ دلیلہ عظیم الشان النبی وما ذکر من خفض الجناح للوالدین یراد بہ ما یعبر عنہ بالفارسیۃ مطیع انہ ۱۲۔ ۸۔ قولہ فی فان عصوك اور اگر اشارۃ الی ان الفاء المحض

www.besturdubooks.net

العطف و اولرت علی الواو للقصد الی التفصیل وقوله هناك فی مرجع الضمیر: جن کو آپ نے اشارة الی ان المرجع لیس العشیرة خاصة بل الاعم منها الدلول(ا) بقوله عشیرتك علی ما سمعت من انه لیس المقصود التخصیص ۱۲۔ ۹ قوله فی هل انبئكم: اے پیغمبر اشارة الی التقدیر هکذا قل هم انبئکم کما فی الروح ۱۲۔ ۱۰ قوله فی اکثرهم کاذبون: بکثرت جھوٹ الخ اشارة الی ان المراد لیس الکثرة فی القائلین الکذب لیلزم علیه الحکم بکون بعضهم صادقین الذی هو خلاف الواقع لانهم کانوا کاذبین کلهم وانما المقصود الحکم بالکثرة علی اقوالهم کما فی الروح والا کثریة باعتبار اقوالهم علی معنی ان هؤلاء قلما یصدقون فی اقوالهم وانماهم فی اکثرها کاذبون ومآله واکثر اقوالهم کاذبة الخ ۱۲۔

الروایات : فی لباب النقول اخرج ابن جریر عن عروة قال لما نزلت والشعراء الی قوله ما لا یفعلون قال عبدالله بن رواحة قد علم الله انی منهم فانزل الله الی الذین آمنوا الی آخر السورة واخرج ابن جریرؒ والحاکم عن ابی حسن البراء وقال لما نزلت والشعراء الآیة جاء عبدالله بن رواحة وکعب بن مالك وحسان بن ثابت فقالوا یا رسول الله والله لقد انزل الله هذه الآیة وهو یعلم انا شعراء هلکنا فانزل الله الا الذین آمنوا الآیة فدعاهم رسول الله فتلاها علیهم۔

اللغات: الجبلة الخلقة ویقدر المضاف ای ذوی الجبلة کذا فی الروح او الجبلة بمعنی آفریدگان کما فی الصراح فلا حاجة الی التقدیر ۱۲۔ کسفا جمع بمعنی قطعا۔ قوله الاعجمین هو جمع اعجمی الا انه حذف یاء النسب منه تخفیفا ومثله الاشعرین فی جمع اشعری کذا فی الروح وفیه ایضاً قال ابن عطیة هو جمع اعجم واعترض بان اعجم مؤنثة عجماً وافعل فعلاء لا یجمع جمع سلامة ۱۲۔

النحو: قوله :ذکری مفعول له عامله منذرون ۱۲۔

نکتة : کرره فی هذه السورة کلمة رب العالمین مالم یکرر فی غیرها اشارة الی عظم نعمة وعظم کفرهم ۱۲۔

البلاغة: قوله علی قلبك ای نزلناه بحیث تفهمه فی اول الامر ولو کان اعجمیا لکان فی اول الامر ناز لا علی سمعك دون قلبك ۱۲۔ قوله تنزلت وتنزل عبر عن اتیان الشیاطین بالنزول اما للمشاکلة واما لانهم یدعون نزولها من الاعلی واما لانهم فی اغلب الاوقات یکونون فی الهواء والارض سافلة بالنسبة الیها فافهم فانه من المواهب۔ قوله لمن اتبعك فی النیسابوری نواد ههنا لمن اتبعك (ای لم یقل للمؤمنین) کیلا یذهب الوهم الی ان خفض الجناح وهو التواضع ولین الجانب مختص بالمؤمنین من عشیرته وانما لم یقتصر علی قوله لم اتبعك لان کثیرا منهم کانوا یتبعونه للقرابة والنسب اھ۔ قوله حین تقوم تخصیص الصلوٰة بالرؤیة للمبالغة فی توطین نفسه صلی الله علیه وسلم اشارةً الی انه صلی الله علیه وسلم متاهل الرؤیة الخلاصة لانه یعبد ربه والعابد متاهل لذلك لا وجوبا بل وعداو فضلا فافهم فانه من المواهب ۱۲۔ قوله هل انبئکم فی الروح والجملة وقوله تعالیٰ وانه لتنزیل رب العٰلمین وقوله وما تنزلت به الشیاطین اخوات و فرق بینهن بآیات لیست فی معناهن لیرجع الی المجئ بهن ونظریة ذکر ما فیهن کرة بعد کرة فیدل بذلك علی ان المعنی الذی نزلن من فی المعانی التی اشتدت عنایة الله تعالیٰ بها ومثاله ان یحدث الرجل بحدیث وفی صدره اهتمام بشئ منه وفضل عنایة فتراه یعید ذکره لاینفك عن الرجوع الیه اھ۔ قوله تنزل علی کل فی الروح والمراد بواسطة التخصیص فی معرض البیان او السیاق قصر تنزلهم علی کل من اتصف بما ذکر من الصفات وتخصیص ربهم لا یتخطاهم الیٰ غیرهم وکذا قوله والشعراء الخ الحصر مستفاد فیه من نبأ یتبعهم الخ علی الشعراء عند الزمخشری کما قرره فی قوله الله یستهزئ بهم وقوله الله یقدر اللیل ومن لا یری الحصر فی مثل هذا الترکیب یاخذه من الوصف المناسب اعنی الغوایة جعلت علة للاتباع فاذا انتفت انتفی قوله تعالیٰ الم تر الخ فی الروح الخطاب لکل من تتاتی منه الرویة للاشارة الی ان حالهم من الجلاء والظهور بحیث لا یختص برؤیة رداون راء د ۔

الحواشی :(ا) قوله المدلول صفة الاعم ودلالة قوله عشیرتك علی الاعم بما سمعت من ان المقصود فی مفعول انذر هو الاعم وتخصیص العشیرة باعتبار الادلیة فالمفعول الاعم وان لم یذکر لفظا لکنه قصد معنی ۱۲ منه۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ النَّمْلِ

سورۃ النمل ۲۷ مکیۃ ۴۸ | بسم اللہ الرحمن الرحیم | اٰیاتھا ۹۳ رکوعاتھا ۷

سورۃ النمل مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۹۳ آیات اور ۷ رکوع ہیں

طٰسٓ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۝۱ هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ
هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝۳ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ۝۴ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَهُمْ
فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ۝۵ وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝۶ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا ۚ
سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝۷ فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ
حَوْلَهَا ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۸ يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۹ وَاَلْقِ عَصَاكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ
كَاَنَّهَا جَاۗنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ۭ يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۣ اِنِّيْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ۝۱۰ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ
بَدَّلَ حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْۗءٍ فَاِنِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۱ وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاۗءَ مِنْ غَيْرِ سُوْۗءٍ ۣ فِيْ تِسْعِ
اٰيٰتٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝۱۲ فَلَمَّا جَاۗءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۱۳
وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ۭ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝۱۴ ع ۱

طٰسٓ یہ آیتیں (جو آپ پر نازل کی جاتی ہیں) قرآن کی (ہیں) اور ایک واضح کتاب کی یہ (آیتیں) ایمان والوں کے لئے (موجب) ہدایت اور مژدہ سنانے والی ہیں۔ جو (مسلمان) ایسے ہیں کہ نماز کی پابندی کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور آخرت پر پورا یقین رکھتے ہیں (یہ تو ایمان والوں کی صفت ہے اور) جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم نے ان کے اعمال (بد) ان کی نظر میں مرغوب کر رکھے ہیں سو وہ (اپنے) جہل مرکب حق سے دور بھٹکتے پھرتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے (مرنے کے وقت بھی) سخت عذاب ہے اور وہ لوگ آخرت میں سخت خسارہ میں ہیں (کہ کبھی نجات نہ ہوگی) اور آپ کو بالیقین ایک بڑے حکمت والے علم والے کی جانب سے قرآن دیا جا رہا ہے۔ لہٰذا (آپ کے انکار سے غمگین نہ ہوں جیسے اس وقت کا قصہ یاد کیجئے) جبکہ موسیٰ نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ میں نے آگ دیکھی ہے میں ابھی (جا کر) تمہارے پاس (وہاں) سے آگ کا شعلہ کسی لکڑی وغیرہ میں لگا ہوا لاتا ہوں تا کہ تم سینکو۔ سو جب اس (آگ) کے پاس پہنچے تو ان کو (منجانب اللہ) آواز دی گئی کہ جو اس آگ کے اندر ہیں (یعنی فرشتے ہاں پر بھی برکت ہو اور جو اس کے پاس سے (یعنی موسیٰ) اس پر بھی برکت ہو (یہ دعا بطور تحیہ وسلام کے ہے) اور رب العالمین پاک ہے۔ اے موسیٰ بات یہ ہے کہ میں (جو بے کیف کلام کر رہا ہوں) اللہ ہے زبردست حکمت والا اور موسیٰ تم اپنا عصا (زمین پر) ڈال دو۔ سو جب انہوں نے اس کو اس طرح حرکت کرتے دیکھا۔ جیسے سانپ ہو تو پیٹھ پھیر کر بھاگے اور پیچھے مڑ کر بھی تو نہ دیکھا (ارشاد ہوا کہ) موسیٰ ڈرو نہیں اور ہمارے حضور میں پیغمبر نہیں ڈرا کرتے۔ ہاں مگر

www.besturdubooks.net

جس سے کوئی قصور (یعنی لغزش سرزد) ہو جائے پھر برائی ہو جانے کے بعد بجائے اس کے نیک کام کرلے (یعنی توبہ کرلے) تو میں بڑا مغفرت والا رحمت والا ہوں اور تم اپنا ہاتھ اپنے گریبان کے اندر لے جاؤ (اور پھر نکالو تو) وہ بلا کسی عیب (یعنی بلا کسی مرض برص وغیرہ) کے روشن ہو کر نکلے گا تو معجزوں میں سے ہیں (جن کے ساتھ تم کو) فرعون اور اس کی قوم کی طرف بھیجا جاتا ہے کیونکہ وہ بڑے حد سے گزر جانے والا لوگ ہیں۔ غرض ان لوگوں کے پاس جب ہمارے (دیئے ہوئے) معجزے پہنچے جو نہایت واضح (تھے) تو وہ لوگ ان سب کو دیکھ کر بھی بولے یہ صریح جادو ہے اور (غضب تو یہ تھا) کہ ظلم اور تکبر کی راہ سے ان (معجزات) سے (بالکل) منکر ہو گئے حالانکہ ان کے دلوں نے ان کا یقین کر لیا تھا۔ سو دیکھئے کیسا (برا انجام ہوا ان مفسدوں کا۔

تفسیر: اثبات وحی و رسالت: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم طٰسٓ تِلْكَ اٰیٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِیْنٍ (الی قولہ تعالی) وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِیْمٍ عَلِیْمٍ ۔ طٰسٓ (اس کے معنی تو اللہ کو معلوم ہیں) یہ (آیتیں جو آپ پر نازل کی جاتی ہیں) آیتیں ہیں قرآن کی اور ایک واضح کتاب کی (یعنی اس میں دو صفتیں ہیں قرآن ہونا اور کتاب مبین ہونا) یہ (آیتیں) ایمان والوں کے لئے (موجب) ہدایت اور (اُس ہدایت پر جزائے نیک کا) مژدہ سنانے والی ہیں جو (مسلمان) ایسے ہیں کہ (عملاً بھی مہتدی ہیں چنانچہ) نماز کی پابندی کرتے ہیں (جو کہ اعظم عبادات بدنیہ ہے) اور زکوٰۃ دیتے ہیں (جو کہ اعظم عبادات مالیہ ہے) اور (عقیدۃً بھی مہتدی ہیں چنانچہ) وہ آخرت پر (پورا) یقین رکھتے ہیں (یہ تو ایمان والوں کی صفت ہے اور) جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہیں ہم نے ان کے اعمال (بد) اُن کی نظر میں مرغوب کر رکھے ہیں۔ سو وہ (اپنے اس جہل مرکب میں حق سے دور) بھٹکتے پھرتے ہیں (چنانچہ نہ اُن کے عقائد درست ہیں نہ اعمال اس لئے وہ قرآن کو بھی نہیں مانتے سو جیسے قرآن اہل ایمان کو بشارت سناتا تھا ان کو وعید سناتا ہے کہ) یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے (دنیا میں مرنے کے وقت بھی) سخت عذاب (ہونے والا) ہے اور وہ لوگ آخرت میں (بھی) سخت خسارہ میں ہیں (کہ کبھی نجات ہی نہ ہوگی) اور (گو یہ منکر قرآن کو نہ مانیں مگر) آپ کو بالیقین ایک بڑی حکمت والے علم والے کی جانب سے قرآن دیا جا رہا ہے (آپ اس نعمت کے سرور میں ان کے انکار سے محزون نہ ہوجئے)۔

ف: گو اہل کتاب بھی آخرت کے قائل تھے مگر اس میں بہت سی غلط باتیں ملا دینے سے وہ اقرار معتد بہ نہ رہا تھا جس کی طرف احقر نے ترجمہ میں لفظ پورا سے اشارہ کر دیا ہے۔ **ربط**: اوپر اثبات تھا وحی و رسالت کا آگے اس کی تائید کے لئے بعض قصص مذکور ہوتے ہیں جو دو طور پر اس کے مؤید ہیں۔ **اول**: حضور ﷺ اُمی تھے نہ کچھ پڑھا تھا نہ کسی لکھے پڑھے کی صحبت میں بیٹھے تھے پھر گزشتہ کتابی قصوں کو صحیح صحیح بیان فرمانا مؤید ہے صاحب وحی ہونے کا۔ **دوم**: کفار نبوت کو مستبعد سمجھتے تھے اور انبیاء کے ذکر سے استبعاد کا دفعیہ ہو گیا کہ نبوت کوئی انوکھی بات نہیں اور دو تعلق مضمون رسالت سے اور ہیں۔ اول آپ کی تسلی ہے کہ اور انبیاء کے بھی مصدق و مکذب ہوتے آئے ہیں آپ اس سے غم نہ کیجئے۔ دوم منکرین کو وعید ہے کہ انبیاء کے انکار کا انجام خسران ہے تم کو بھی یہ روز بد دیکھنا ہے۔

قصہ اول موسیٰ علیہ السلام: اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّیْٓ اٰنَسْتُ نَارًا (الی قولہ تعالی) فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِیْنَ (اس وقت کا قصہ ذکر کیجئے) جبکہ (مدین سے آتے ہوئے جب کوہ طور کے قریب رات کو سردی کے وقت پہنچے جبکہ مصر کی راہ بھی بھول گئے تھے) موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ میں نے (طور کی طرف) آگ دیکھی ہے میں ابھی (جا کر) وہاں سے (یا تو رستہ کی) کوئی خبر لاتا ہوں یا تمہارے پاس (وہاں سے) آگ کا شعلہ کسی لکڑی وغیرہ میں لگا ہوا لاتا ہوں تا کہ تم سینک لو سو جب اُس (آگ) کے پاس پہنچے تو اُن کو (من جانب اللہ) آواز دی گئی کہ جو اس آگ کے اندر ہیں (یعنی فرشتے) اُن پر بھی برکت ہو اور جو اس (آگ) کے پاس ہے (یعنی موسیٰ) اُس پر بھی (برکت ہو۔ یہ دعا بطور تحیہ و سلام کے ہے جیسا آنے کے وقت آنے والا یا جس کے پاس آیا جاوے وہ سلام کیا کرتا ہے چونکہ موسیٰ علیہ السلام جانتے نہ تھے کہ یہ نور انوار الٰہیہ سے ہے اس لئے خود سلام نہ کر سکے تو منجانب اللہ اُن کے اُنس کے لئے سلام ارشاد ہوا۔ اور فرشتوں کو ملا لینا شاید اس لئے ہو کہ ایسا ہی سلام خاص ناشی عن القرب ہو جیسا فرشتوں کا ہوا کرتا ہے) اور (اس امر کے جتلانے کے لئے کہ یہ نور جو بشکل نار ہے خود ذات واجب نہیں ہے۔ ارشاد فرمایا کہ) اللہ رب العالمین (جہات و حدود و مقدار و الوان وغیرہ سے) پاک ہے (اور یہ نور ان قیود سے مقید ہے۔ پس یہ ذات نہیں ہے اور موسیٰ علیہ السلام اگر اس مسئلہ سے خالی الذہن ہوں تو اس کی تعلیم ہے اور اگر دلائل عقلیہ و فطرت صائبہ سے پہلے سے معلوم ہو تو زیادت تفہیم ہے۔ اس کے بعد ارشاد ہوا کہ) اے موسیٰ! بات یہ ہے کہ میں (جو کہ بے کیف کلام کر رہا ہوں) اللہ ہوں زبردست حکمت والا اور (اے موسیٰ) تم اپنا عصا (زمین پر) ڈال دو (چنانچہ انہوں نے ڈال دیا تو وہ اژدہا بن کر لہرانے لگا) سو جب انہوں نے اس کو اس طرح حرکت کرتے دیکھا جیسے سانپ ہو تو وہ پیٹھ پھیر کر بھاگے اور پیچھے مڑ کر بھی تو نہ دیکھا (ارشاد ہوا کہ) اے موسیٰ ڈرو نہیں (کیونکہ ہم نے تم کو پیغمبری دی ہے) اور ہمارے حضور میں (یعنی خلعت پیغمبری کے عطا ہونے کے وقت) پیغمبر (ایسی چیزوں سے جو کہ خود اُن کی پیغمبری کی دلیل یعنی معجزات ہوں) نہیں ڈرا کرتے (مراد اس صورت خبر سے معنی انشاء ہے یعنی ڈرنا نہ چاہئے) ہاں مگر جس سے کوئی قصور (لغزش سرزد) ہو جاوے (اور وہ اُس لغزش کو یاد کر کے ڈرے تو مضائقہ نہیں لیکن اُس کی نسبت بھی یہ قاعدہ ہے کہ اگر قصور ہو جاوے اور) پھر برائی (ہو جانے) کے بعد بجائے اُس کے نیک کام کرے (یعنی توبہ کرلے) تو میں (اُس کو بھی معاف کر دیتا

www.besturdubooks.net

ہوں کیونکہ میں) مغفرت والا رحمت والا ہوں (یہ اس لئے فرما دیا کہ اس انقلاب عصا سے مطمئن ہو جانے کے بعد بھی اپنا قصہ قتل قبطی کا یاد کر کے پریشان ہوں' اس لئے اس سے بھی مطمئن فرما دیا تا کہ توحش جاتا رہے) اور (اے موسیٰ اس معجزۂ عصا کے سوا ایک معجزہ اور بھی عطا ہوتا ہے وہ یہ کہ) تم اپنا ہاتھ اپنے گریبان کے اندر لے جاؤ (اور پھر نکالو تو) وہ بلا کسی عیب (یعنی بلا کسی مرض برص وغیرہ) کے (نہایت) روشن ہو کر نکلے گا (اور یہ دونوں معجزے اُن) نو معجزوں میں (سے ہیں جن کے ساتھ تم کو) فرعون اور اُس کی قوم کی طرف (بھیجا جاتا ہے کیونکہ) وہ بڑے حد سے نکل جانے والے لوگ ہیں۔ غرض جب اُن لوگوں کے پاس ہمارے (دیئے ہوئے) معجزے پہنچے (جو) نہایت واضح (الدلالات تھے یعنی ابتدائے دعوت میں دو معجزے دکھلائے گئے تھے پھر وقتاً فوقتاً بقیہ دکھلائے جاتے رہے) تو وہ لوگ (اُن سب کو دیکھ کر بھی) بولے یہ صریح جادو ہے اور (غضب تو یہ تھا کہ ظلم) اور تکبر کی راہ سے اُن (معجزات) کے (بالکل) منکر ہو گئے حالانکہ (اندر سے) اُن کے دلوں نے ان کا یقین کر لیا تھا۔ سو دیکھئے کیسا (برا) انجام ہوا اُن مفسدوں کا (کہ دنیا میں غرق اور آخرت میں حرق کی سزا پائی) **ف**: لفظ اهل کا مصداق اور جملہ امکثوا کا حاصل سورۂ طٰہٰ کی تفسیر میں گزر چکا ہے اور اس عصا کو استحالہ کے بعد کہیں ثعبان اور کہیں جان کہنے کی توجیہ اور آیات تسعہ کی فہرست بھی تفسیر سورۂ اعراف میں لکھی گئی ہے اور اس سانپ سے ڈر جانے کا سبب بھی سورۂ طٰہٰ کی تفسیر میں لکھا گیا ہے۔ یعنی یہ یا طبعی ہے اور یا عقلی بوجہ اس کے کہ اس تبدیلی میں کسی مخلوق کا واسطہ نہ تھا اور یہ دونوں خوف منافی شان نبوت کے نہیں۔ پھر لَا تَخَفْ سے جواز الۂ خوف کیا گیا۔ اس کی تقریر اول تقدیر پر یہ ہوگی کہ ایک کیفیت طبعی پر جب دوسری کیفیت طبعیہ غالب آ جاتی ہے تو پہلی کیفیت زائل و مضمحل ہو جاتی ہے۔ پس تم یہ سمجھو کہ ہم نے تم کو نبوت دی ہے۔ اس عنایت متجددہ کا سرور طبعاً ایسا غالب ہوگا کہ اُس خوف کا اثر نہ رہے گا۔ اور دوسری تقدیر پر یہ تقریر ہوگی کہ ہر چند حوادث انبیاء پر بھی آتے ہیں مگر ہم اپنی عادت سے اطلاع دیتے ہیں کہ خود معجزات سے اور بالخصوص عطائے نبوت کے وقت ابتلاء و تضرر نہیں ہوا کرتا۔ پس اب خوف عقلی نہ رہے گا۔ اور چونکہ انبیاء کو اعلام حق ہی سے علم نبوت کا ہوتا ہے اس لئے قبل علم اعطائے نبوت ان خوفوں کا ہونا محل اشکال نہیں اور چونکہ وہ قبطی مقتول حربی مباح الدم فی نفسہ تھا اس لئے اُس کا قتل حق العبد نہیں ہے' البتہ استیمان صوری کا نقض حق اللہ ہے اس لئے معاف کر دیا گیا خصوص جب کہ وہ خطاء تھا اور باوجود یقین قلبی کے فرعون وغیرہ کا ایمان نہ ہونا پارۂ دوم رکوع اول آیت یَعْرِفُوْنَهٗ ...... کے مضمون فائدہ سے معلوم ہو سکتا ہے اور سورۂ طٰہٰ میں موسیٰ علیہ السلام کا قول ہے: لَّعَلِّیْٓ اٰتِیْكُمْ [طٰہٰ: ۱۰] اور یہاں بطور جزم کے ہے مگر مراد یہاں بھی ترجی و بناء علی الظن ہے۔ پس دونوں میں کوئی تدافع نہیں اور ظلم وعلو میں فرق یہ ہے کہ اول سے مراد آیات کو ان کے رتبہ سے گھٹانا ہے۔ کقولہ تعالیٰ فی الاعراف: ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا [الأعراف: ۱۰۳] اور ثانی سے مراد اپنے کو اپنے مرتبہ سے بڑھانا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ...... یہ اس پر دال ہے کہ شہادت قلب ہر شخص کی معتبر نہیں۔ قولہ تعالیٰ: اِنِّیْٓ اٰنَسْتُ نَارًا یہ دو مسئلوں پر دال ہے۔ ایک یہ کہ ممکن ہے کہ صاحب کشف اپنے کشوف کی حقیقت نہ جانے اور دوسرا مسئلہ تجلی مثالی کا صحیح ہونا۔ قولہ تعالیٰ: اِنِّیْ لَا يَخَافُ لَدَیَّ الْمُرْسَلُوْنَ ۝ لَدَیَّ قرب کے لئے موضوع ہے اور مراد حالت قرب ہے حالت وحی ہے' مطلب یہ ہوا کہ وحی کے وقت بوجہ اس میں مستغرق ہونے کے خوفناک چیزوں سے بھی خوف کا احساس نہیں ہوتا اور بعض نے کہا ہے کہ مراد یہ ہے کہ میرے غیر سے خوف نہ ہونا چاہئے تو اس سے دو امر ثابت ہوئے۔ ایک یہ کہ کسی وقت خوف تو ہوتا ہے مگر مغلوب ہونے کے سبب محسوس نہیں ہوتا۔ دوسرا یہ کہ بعض احوال میں مطلقاً خوف بھی زائل ہو جاتا ہے۔ جیسا موسیٰ علیہ السلام کو اولاً خوف ہوا تھا۔ پھر اس کے ازالہ کا حکم ہوا۔

ملحقات الترجمہ: قولہ فی کتاب یعنی اشارۃ الی انہ من عطف صفة علی صفة ۱۲۔

اللغات: قولہ شہاب شعلة و قبس مر فی طٰہٰ لتلقی ای تعطی وتلقن ۱۲۔ قولہ الجان الحیة الصغیرة السریعة الحرکة لم یعقب لم یرجع علی عقبه ولم یلتفت۔ قولہ بدل التبدیل قد یتعدیٰ الی مفعولین بنفسه و قد یتعدی الی احدهما بنفسه والی الآخر بالباء او بمن وهو المذهوب به والمبدل منه وقد یتعدی الی واحد وقد یتعدی الی احدهما وهو المبدل منه بالباء او بمن فکانه قیل ثم بدل بظلمة او من ظلمة حسنا و یشیر الیه۔ قولہ تعالیٰ بعد سوء ۱۲۔

النحو: شهاب قبس بدل من شهاب لان الشهاب قد یکون غیر القبس کالشهاب الثاقب۔ قولہ: هدًی وبشریٰ ای هی۔ قولہ ان بورك ان مفسرة ای ای بورك۔ قولہ الق عطف علی بورك کما فی آیة اخریٰ وان الق۔ قولہ: انه انا الضمیر للشان۔ قولہ الا من ظلم متصل ای فهو یخاف وقوله ثم بدل لیس معطوفا علی ظلم والا یلزم کون المبدل خائفا وهو خلاف المقصود بل هو معطوف علی مستانف محذوف دل علیه المذکور من قوله ظلم کانه قیل لا یخاف لدی المرسلون الا من ظلم فانه یخاف فمن ظلم ثم بدل ای تاب غفرله

www.besturdubooks.net

فلا یخاف وحاصلہ الا من ظلم فانہ یخاف اولا ویزول عن الخوف بالتوبۃ آخرا ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ الذین یقیمون صفۃ مادحۃ ۱۲۔ قولہ بدل عدل الیہ مما یقتضیہ الظاھر من ان یقال لم تاب لانہ اوفق بمقام الایناس۔ قولہ مبصرۃ ای واضحۃ بینۃ وجعل الابصار لھا وھو حقیقۃ لمقابلیھا للملابسۃ بینھما وبینھم لانھم انما یبصرون بسبب تاملھم فیھا ۱۲۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ
دَاوٗدَ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَیْءٍ ؕ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾ وَحُشِرَ
لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ
يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا
وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰى وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ
عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾

اور ہم نے داؤد اور سلیمان کو (شریعت اور ملک داری) کا علم عطا فرمایا اور ان دونوں نے (ادائے شکر کے لئے) کہا کہ تمام تعریفیں اللہ کے لئے سزاوار ہیں جس نے ہم کو اپنے بہت ایمان والے بندوں پر فضیلت دی اور (داؤد کی وفات کے بعد ان کے) قائم مقام سلیمان ہوئے اور انہوں نے (اظہار شکر کے لئے) کہا کہ اے لوگو: ہم کو پرندوں کی بولی سمجھنے کی تعلیم دی گئی ہے اور ہم کو (سامان سلطنت کے متعلق) ہر قسم کی (ضروری) چیزیں دی گئی ہیں۔ واقعی یہ (اللہ تعالیٰ) کا صاف فضل ہے اور سلیمان کے لئے (جو) ان کا لشکر جمع کیا گیا (تھا ان میں) جن بھی (تھے) اور انسان بھی اور پرندے بھی (جو کسی بادشاہ کے مسخر نہیں ہوتے) اور (پھر تے بھی اس کثرت سے تھے) ان کو (چلنے کے وقت روکا جاتا تھا۔ یہاں تک کہ چیونٹیوں کے ایک میدان میں آئے تو ایک چیونٹی نے دوسری چیونٹیوں سے) کہ کہ اے چیونٹیوں اپنے اپنے سوراخوں میں جا گھسو کہیں تم کو سلیمانؑ اور ان کا لشکر بے خبری میں نہ کچل ڈالیں۔ سو سلیمان اس کی بات سے مسکراتے ہوئے ہنس پڑے اور کہنے لگے کہ اے میرے رب رب مجھ کو اس پر مداومت دے کہ میں آپ کی ان نعمتوں کا شکر کیا کروں جو آپ نے مجھ کو اور میرے ماں باپ کو عطا فرمائی ہیں اور (اس پر بھی مداومت دیجئے کہ میں نیک کام کیا کروں) جس سے آپ خوش ہوں اور مجھ کو اپنی رحمت (خاصہ) سے اپنے اعلیٰ درجہ کے نیک بندوں میں داخل رکھیے۔ ۞

تفسیر: قصہ سوم داؤد علیہ السلام اجمالاً و سلیمان علیہ السلام تفصیلاً: وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ (الی قولہ تعالی) وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾ اور ہم نے داؤد (علیہ السلام) اور سلیمان (علیہ السلام) کو (شریعت اور ملک داری کا) علم عطا فرمایا اور اُن دونوں نے (ادائے شکر کے لئے) کہا کہ تمام تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے سزاوار ہے جس نے ہم کو اپنے بہت سے ایمان والے بندوں پر فضیلت دی اور داؤد (علیہ السلام کی وفات کے بعد اُن) کے قائم مقام سلیمان (علیہ السلام) ہوئے (یعنی اُن کو سلطنت وغیرہ ملی) اور انہوں نے (اظہار شکر و تحدیث بالنعمت کے لئے) کہا کہ اے لوگو! ہم کو پرندوں کی بولی (سمجھنے) کی تعلیم کی گئی ہے (جو اور سلاطین کو میسر نہیں) اور ہم کو (سامان سلطنت کے متعلق) ہر قسم کی (ضروری) چیزیں دی گئی ہیں (جیسے فوج و لشکر مال و آلات حرب وغیرہا) واقعی یہ (اللہ تعالیٰ کا) صاف فضل ہے اور سلیمان (علیہ السلام) کے پاس سامان سلطنت بھی عجیب و غریب تھا چنانچہ اُن) کے لئے (جو) اُن کا لشکر جمع کیا گیا (تھا اُن میں) جن بھی (تھے) اور انسان بھی اور پرندے بھی (جو کسی بادشاہ کے مسخر نہیں ہوتے) اور (پھر تھے بھی اس کثرت سے کہ) اُن کو (چلنے کے وقت) روکا جا (یا کر) تا تھا (تا کہ متفرق نہ ہو جاویں پیچھے والے بھی پہنچ جاویں۔ یہ بات عادۃً غایت کثرت میں ہوتی ہے' کیونکہ تھوڑے مجمع میں تو اگلا آدمی خود ہی ایسے وقت رُک جاتا ہے اور بڑے مجمع میں اگلوں کو پچھلے کی خبر بھی نہیں ہوتی' اس لئے اس کا انتظام کرنا پڑتا ہے۔ ایک بار اپنے لاؤ لشکر کے ساتھ تشریف لئے جاتے تھے) یہاں تک کہ جب وہ چیونٹیوں کے ایک میدان میں آئے تو ایک چیونٹی نے (دوسری چیونٹیوں سے) کہا کہ اے چیونٹیو! اپنے اپنے سوراخوں میں جا گھسو۔ کہیں تم کو سلیمان اور اُن کا لشکر بے خبری میں نہ کچل ڈالیں۔ سو سلیمان (علیہ السلام نے اُس کی بات سنی اور) اُس کی بات سے (متعجب ہو کر اس صغر جثہ پر یہ ہوشیاری اور احتیاط) مسکراتے ہوئے ہنس پڑے اور (یہ دیکھ کر کہ میں اس کی بولی سمجھ گیا جو کہ معجزہ ہونے کی وجہ سے ایک نعمت عظیمہ ہے اور نعمتیں بھی یاد آ گئیں اور) کہنے لگے کہ اے میرے رب مجھ کو اس پر مداومت دیجئے کہ میں آپ کی اُن نعمتوں کا شکر کیا کروں جو آپ نے مجھ کو اور میرے ماں باپ کو عطا فرمائی ہیں (ایمان اور علم سب کو اور نبوت خود کو اور والد کو) اور (اس پر بھی مداومت دیجئے کہ) میں نیک کام کیا کروں جس سے آپ خوش ہوں (یعنی عمل مقبول عنایت

www.besturdubooks.net

ہو کیونکہ اگر فی نفسہٖ صالح ہو اور بوجہ اخلال آداب و شرائط کے مقبول نہ ہو وہ غیر مطلوب ہے) اور مجھ کو اپنی رحمت (خاصہ) سے اپنے (اعلیٰ درجہ کے) نیک بندوں (یعنی انبیاء) میں داخل رکھئے (یعنی قرب کو کبھی مبدل بہ بُعد نہ کیجئے)۔ **ف**: فَضَّلَنَا عَلٰی كَثِیْرٍ اس لئے فرمایا کہ بعض انبیاء علیہم السلام کو حق تعالیٰ نے اُن پر فضیلت دی ہے۔ کما قال تعالیٰ: وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِیّٖنَ عَلٰی بَعْضٍ [الأسراء: ۵۵] اور وَوَرِثَ سے مراد وہ میراث اصطلاحی نہیں ہے کیونکہ حدیث میں تصریح ہے کہ وہ میراث انبیاء علیہم السلام کے مال میں نہیں ہوتی بلکہ محض جانشینی اشاعت احکام و اصلاح انام اور ملکی انتظام میں اور ظاہر ہے کہ یہ اموال نہیں ہیں اور روح میں کلینی سے ابوعبداللہ یعنی حضرت جعفر صادق کا قول نقل کیا ہے ان سلیمان ورث داؤد و ان محمد ﷺ ورث سلیمان اور ظاہر ہے کہ جملہ ثانیہ میں میراث اصطلاحی کا احتمال ہی نہیں۔ پس یہ قرینہ ہے تفسیر جملہ اولیٰ کا اور عُلِّمْنَا میں صیغہ جمع کا داؤد علیہ السلام کو شامل کرنے کے لئے نہیں ہے کہ اُن کا سمجھنا منطق الطیر کو ثابت نہیں بلکہ شاہانہ محاورہ ہے۔ جس سے مقصود ترفع نہیں بلکہ رعایا پر رعب بٹھلانا تاکہ حدود الطاعۃ فی الشرع سے خارج نہ ہوں اور قصہ نمل سے معلوم ہوتا ہے کہ جانوروں کی بولی سمجھنے میں صرف طیر کی تخصیص نہ تھی بلکہ غیر طیر کی بھی سمجھتے تھے۔ باقی اس کی تصریح نہیں ہے کہ کوئی صنف حیوانات کی اس سے مستثنیٰ تھی یا نہیں اور ظاہر یہ ہے کہ یہ جانور آدمیوں کی بولی نہ بولتے تھے بلکہ وہی اصوات جن کو حیوانات اپنی اغراض و مقاصد کے لئے استعمال کرتے ہیں سلیمان علیہ السلام کو مفہوم ہو جاتی تھیں اور حاجت کے وقت وہ طیور اُن کے کلام کو سمجھ لیتے تھے جیسا قصۂ ہدہد سے معلوم ہوتا ہے اور قصۂ نمل و ہدہد سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض باتیں مدرکات عقلیہ میں سے حیوانات بھی سمجھتے ہیں' اس کی نفی پر کوئی دلیل نہیں اور ممکن ہے کہ ان میں کچھ عقل ضعیف ہو لیکن وہ مکلف ہونے کے لئے کافی نہ ہو جیسے صبی و معتوہ کو مکلف نہیں کیا گیا اور نملہ کے اس کلام کے وقت یا تو آپ کا لشکر زمین پر چلتا ہوگا اور اگر ہوا پر سفر تھا تو وہاں اُترنے کا ارادہ ہوگا اور نملہ کو بالہام الٰہی سلیمان علیہ السلام کی اور اُن کے لشکر کی اور اس ارادہ کی معرفت ہوگئی ہوگی اور قدرت کے سامنے سب آسان ہے اور ضَاحِكًا سے ثبوت ضحک کا انبیاء علیہم السلام سے ہوتا ہے اور حدیث میں جو حضور ﷺ سے اس کی نفی آئی ہے مراد اس سے نفی عادت کی ہے نہ نفی بالکلیہ فلا یرد ما ورد من وقوع الضحك في بعض الروايات اور سلیمان علیہ السلام اگر دنیا بھر کے بادشاہ مان لئے جاویں تو تدریج کا قائل ہونا چاہئے تاکہ ملک بلقیس کا اس وقت تک آپ کے قبضہ میں نہ آنا موجب اشکال نہ ہو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ ...... آیت اس پر دال ہے کہ کاملین میں غلبہ فنا کے آثار کا ہر وقت مستمر رہنا لازم نہیں۔ چنانچہ دونوں حضرات فنا کے اعلیٰ مقام پر تھے اور باوجود اس کے ان کو اپنے کمالات کی طرف التفات ہوا اور ظاہر ہے کہ یہ التفات غلبہ آثار فنا کے ساتھ مجتمع نہیں ہو سکتا۔ دوسرے اس سے یہ معلوم ہوا کہ اظہار نعمت عجب و کبر میں داخل نہیں' البتہ جو بڑھ کر عجب و کبر ہو جائے وہ مذموم ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاُوْتِیْنَا مِنْ كُلِّ شَیْءٍ آیت سے معلوم ہوا کہ منتہی کے لئے مال و ملک میں اور کمال میں تنافی نہیں۔ قولہ تعالیٰ: لَا یَحْطِمَنَّكُمْ سُلَیْمٰنُ ...... اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انبیاء و اولیاء کو علم غیب نہیں۔

اللغات: قوله فهم يوزعون من الوزع وهو الحبس اى يحبس اولهم لآخرهم من الكثرة قوله اوزعني اجعلني ازع شكرك اى اكفه وارتبطه لا ينفلت عني وهو مجاز عن الملازمة والمداومة قوله حتى ابتدائية۴۔ قوله اتوا على واد النمل في الخازن اى اشرفوا على واد النمل قوله نملة التاء للوحدة وتانيث الفعل لمراعاة ظاهر التانيث۴۔

النحو: قوله لا يحطمنكم فالجملة استيناف ولا يحسن ان يكون جواب الامروان جوزه الزمخشري قال صاحب الاعراب جواب الامر لا يؤكد بالنون في الاختيار وفي الروح تعقب (الزمخشري) بان دخول النون في جواب الشرط مخصوص بضرورة الشعر۴۔

البلاغة: قوله فضلنا على كثير و يلزمه فضل بعضا علينا بحكم العرف من طرح التساوى في مثله عن الاعتبار وجعل التقابل بين المفضل و المفضل عليه الا ترى انهم اذا قالوا لا افضل من زيد فهم انه افضل من الكل كذا في الروح۴۔

قوله جنوده من الجن التخصيص بالثلاثة لا ينفي غير هالان في خبر اخرجه الحاكم كما في الروح عن محمد بن كعب ما هو ظاهر في تسخير الوحش له عليه السلام وتقديم الجن للمسارعة الى الايذان بكمال قوة ملكه عليه السلام وعزة سلطانه من اول الامر لما ان الجن طائفة عاتية وقبيلة باغية ولم يقدم الطير على الانس مع ان تسخيرها اشق ايضا واول على قوة الملك لئلا يفصل بين الجن والانس المتقابلين والمشتركين في كثير من الاحكام كذا في الروح قلت ولم يقدم الطير على الجن لان تسخير الجن اشق من تسخير الطير فان بعض الطيور لسخيرة عامة الناس۔ قوله لا يحطمنكم النهي في الظاهر لسليمان عليه السلام وجنوده وهو في الحقيقة نهي على طريق الكناية للنمل عن التوقف حتى تحطم قوله لا يشعرون فيه مراعاة حسن الادب۔ قوله فتبسم ضاحكا۔ اعنى

www.besturdubooks.net

قد تجاوز حدالتبسم الی الضحک ولم یقل فتبسم لیکون المقصود[1] بالافادة التجاوز الی الضحک۔ وفیه اشعار بقوة تاثیر قولها فیه علیه السلام ولم یقل ضحک لانه لا یدل علی هذا التجاوز من التبسم الی الضحک الدال علی قوة التاثیر بحیث شرع فی التبسم علی عادته لکنه بلغ الی ما یخالف العادة من الضحک ۱۲۔

الحواشی: قوله لیکون متعلق بالنفی ای لم یقل والمعنی انه لو قال فتبسم فقط بدون قوله ضاحکا لم یدل علی ماهو المقصود بالافادة من التجاوز الی الضحک ۱۲ منه۔

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ أَمْ كَانَ مِنَ الْغَائِبِينَ ۝٢٠ لَأُعَذِّبَنَّهُ عَذَابًا شَدِيدًا أَوْ
لَأَاذْبَحَنَّهُ أَوْ لَيَأْتِيَنِّي بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ۝٢١ فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيدٍ فَقَالَ أَحَطْتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِ وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَإٍ بِنَبَإٍ يَقِينٍ ۝٢٢
إِنِّي وَجَدْتُ امْرَأَةً تَمْلِكُهُمْ وَأُوتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَلَهَا عَرْشٌ عَظِيمٌ ۝٢٣ وَجَدْتُهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُونَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُونِ
اللَّهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُونَ ۝٢٤ أَلَّا يَسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي
السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُونَ وَمَا تُعْلِنُونَ ۝٢٥ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۩ ۝٢٦ قَالَ سَنَنْظُرُ
أَصَدَقْتَ أَمْ كُنْتَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ۝٢٧ اذْهَبْ بِكِتَابِي هَٰذَا فَأَلْقِهْ إِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُونَ ۝٢٨

السجدة

اور (ایک بار یہ قصہ ہوا کہ) سلیمانؑ نے پرندوں کی حاضری لی تو ہدہد کو نہ دیکھا فرمانے لگے کہ یہ کیا بات ہے کہ ہدہد نہیں دکھتا کیا کہیں غائب ہوگیا ہے میں اس کو (غیر حاضری) پر سخت سزا دوں گا یا اس کو ذبح کر ڈالوں گا۔ یا وہ کوئی صاف حجت (اور عذر غیر حاضری کا) میرے سامنے پیش کرے۔ سو تھوڑی ہی دیر میں وہ آ گیا اور (سلیمانؑ سے) کہنے لگا کہ میں ایسی بات معلوم کر کے آیا ہوں جو آپ کو معلوم نہیں ہوئی اور اجمالی بیان اس کا یہ ہے کہ میں آپ کے پاس قبیلہ سبا کی ایک تحقیقی خبر لایا ہوں۔ میں نے ایک عورت کو دیکھا کہ وہ ان لوگوں پر بادشاہی کر رہی ہے اور اس کو (سلطنت کے لوازم میں سے) ہر قسم کا سامان میسر ہے اور اس کے پاس ایک بڑا اور قیمتی تخت ہے۔ میں نے اس کو اور اس (عورت) کی قوم کو دیکھا کہ وہ اللہ (کی عبادت) کو چھوڑ کر آفتاب کو سجدہ کرتے ہیں اور شیطان نے ان کے (ان) اعمال (کفریہ) کو ان کی نظر میں مرغوب کر رکھا ہے اور ان کو راہ (حق) سے روک رکھا ہے۔ سو وہ راہ حق پر نہیں چلتے اور اس اللہ کو سجدہ نہیں کرتے جو (ایسا قادر ہے کہ) آسمان اور زمین کی پوشیدہ چیزوں کو (جن میں بارش اور نباتات بھی ہے) باہر لاتا ہے اور (ایسا عالم ہے کہ) تم لوگ جو کچھ (دل میں) پوشیدہ رکھتے ہو اور جو (کچھ زبان وغیرہ سے) ظاہر کرتے ہو وہ سب کو جانتا ہے (پس) اللہ تعالیٰ ہی ایسا ہے کہ اس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔ سلیمانؑ نے (یہ سن کر) فرمایا کہ ہم ابھی دیکھے لیتے ہیں کہ تو سچ کہتا ہے یا جھوٹوں میں سے ہے۔ (اچھا) میرا خط لے جا اور اسکو انکے پاس ڈال دینا پھر (ذرا وہاں سے) سے ہٹ جانا پھر دیکھنا کہ آپس میں کیا سوال جواب کرتے ہیں۔

تفسیر: تمہ: وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ (الی قوله تعالی) فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُونَ اور (ایک بار یہ قصہ ہوا کہ) سلیمان (علیہ السلام) نے پرندوں کی حاضری لی تو (ہدہد کو نہ دیکھا) فرمانے لگے کہ کیا بات ہے کہ میں ہدہد کو نہیں دیکھتا۔ کیا کہیں غائب ہو گیا ہے (اور جب محقق ہو گیا کہ واقع میں غائب ہے تو فرمانے لگے کہ) میں اُس کو (غیر حاضری پر) سخت سزا دوں گا یا اُس کو ذبح کر ڈالوں گا یا وہ کوئی صاف حجت (اور عذر غیر حاضری کا) میرے سامنے پیش کرے (تو خیر چھوڑ دوں گا) سو تھوڑی ہی دیر میں وہ آ گیا اور (سلیمان علیہ السلام سے) کہنے لگا کہ میں ایسی بات معلوم کر کے آیا ہوں جو آپ کو معلوم نہیں ہوئی اور (اجمالی بیان اس کا یہ ہے کہ) میں آپ کے پاس قبیلۂ سبا کی ایک تحقیقی خبر لایا ہوں (جس کا تفصیلی بیان یہ ہے کہ) میں نے ایک عورت کو دیکھا کہ وہ اُن لوگوں پر بادشاہی کر رہی ہے اور اُس کو (سلطنت کے لوازم میں سے) ہر قسم کا سامان میسر ہے اور اُس کے پاس ایک بڑا (جثہ میں بھی اور قیمت میں بھی) تخت ہے (اور مذہبی حالت اُن کی یہ ہے کہ) میں نے اُس (عورت) کو اور اُس کی قوم کو دیکھا کہ وہ خدا (کی عبادت) کو چھوڑ کر آفتاب کو سجدہ کرتے ہیں اور شیطان نے ان کے (ان) اعمال (کفریہ) کو ان کی نظر میں مرغوب کر رکھا ہے اور (اس تزئین کے سبب) ان کو راہ (حق) سے روک رکھا ہے سو وہ راہ (حق) پر نہیں چلتے کہ اس خدا کو سجدہ نہیں کرتے جو (ایسا قادر ہے کہ) آسمان اور زمین کی پوشیدہ چیزوں کو (جن میں سے مطر اور نبات بھی ہے) باہر لاتا ہے اور (ایسا عالم ہے کہ) تم لوگ (یعنی جمیع مخلوق) جو کچھ (دل میں) پوشیدہ رکھتے ہو اور جو کچھ (زبان و جوارح سے) ظاہر کرتے ہو وہ سب کو جانتا ہے (پس) اللہ ہی ایسا ہے کہ اُس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔ سلیمان (علیہ السلام) نے (یہ سن کر) فرمایا کہ ہم ابھی دیکھے لیتے ہیں کہ تو سچ کہتا ہے یا تو جھوٹوں میں سے ہے (اچھا)

www.besturdubooks.net

میرا یہ خط لے جا اور اُس کو اُن کے پاس ڈال دینا پھر (ذرا وہاں سے) ہٹ جانا پھر دیکھنا کہ آپس میں کیا سوال و جواب کرتے ہیں (پھر تو یہاں چلا آنا' وہ لوگ کچھ کارروائی کریں گے' اُس سے تیرا سچ جھوٹ معلوم ہو جاوے گا) ف: یا تو طیور کو کچھ خدمتیں سپرد کر رکھی ہوں گی اس لئے حاضری لی یا یہ کہ محض انضباط و انتظام کے لئے مثل امرائے اجناد کے ایسا کیا اور لا عذبنه سے معلوم ہوا کہ حیوانات کو تعلیم کے لئے تادیب جائز ہے اور دفع اذی کے لئے قتل بھی جائز ہے جہاں تادیب و دفع اذی مرتب ہو ورنہ نہیں۔ مثلاً ہدہد نہ قابل تادیب ہے نہ اُس سے کوئی ایذاء پہنچتی ہے بخلاف اس حالت کے کہ غیر حاضری پر تادیب نافع ہوتی اور عصیان ایک ایذاء ہے اور چونکہ ہدہد کا علم ایک واقعہ جزئیہ حسیہ کے ساتھ متعلق ہوا ہے اس سے تفضیل علم نبی پر لازم نہیں آتی اور مطلب اس قول ہدہد کا یہ ہے کہ میری غیر حاضری عصیانانہ تھی بلکہ من وجہ امتثالاً تھی کہ آپ ہی کی خدمت میں لگا تھا اور سبا ایک شخص کا نام تھا۔ پھر اُس کی اولاد کو کہنے لگے یہ لوگ یمن میں آباد تھے' پھر اُن کے شہر کو بھی جس کا نام مآرب تھا سبا کہنے لگے جو صنعاء سے تین دن کے فاصلہ پر ہے۔ بلقیس اُسی خاندان میں سے ہے اور یعرب بن قحطان کی اولاد میں ہونے کی وجہ سے زبان اُن کی عربی تھی اور خط سلیمان علیہ السلام کا یا تو عربی میں ہوگا گو خود عربی نہیں ہیں لیکن جو شخص منطق الطیر کا علم رکھتا ہے منطق الانسان کا علم اُس کو کیا مشکل ہے یا اپنی زبان میں ہوگا اور وہاں ترجمہ کرالیا ہوگا اور مذہب ان لوگوں کا ہدہد نے شاید اس لئے بیان کیا ہو کہ ترغیب دعوت جہاد کی مقصود ہو۔ اور ہٹ جانے کا حکم جو ہدہد کو دیا گیا اس میں تعلیم ہے تہذیب و ادب مجالس ملوک کی۔ اور ہدہد ہی کی معرفت خط بھیجنا اس لئے کہ اسی کے صدق و کذب کا امتحان کرنا تھا۔ اور ہماری شریعت میں عورت کو بادشاہ بنانے کی ممانعت ہے۔ پس بلقیس کے قصہ سے کوئی شبہ نہ کرے۔ اول تو یہ فعل مشرکین کا تھا' دوسرے اگر شریعت سلیمانیہ نے اس کی تقریر بھی کی ہو تو شرع محمدی میں اس کے خلاف ہوتے ہوئے وہ حجت نہیں اور ظاہر یہ ہے کہ یہ تمام کلام ذات و صفات کے متعلق قول ہدہد کا ہے۔ اوپر کی آیات کے ذیل میں گزر چکا ہے کہ قدر قلیل قوت عقلیہ حیوانات میں محتمل ہے اور بلقیس کے تخت کا بالتخصیص ذکر کرنا اُس کے عجیب اور اُس وقت کے ملوک کے اعتبار سے نایاب ہونے کی وجہ سے ہوگا اور یہ بھی ممکن ہے کہ سلیمان علیہ السلام کو ایسے تخت بنوانے کا باوجود استطاعت کے اہتمام نہ ہوا ہو۔ اور "فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ" سے معلوم ہوتا ہے کہ ہدہد علاوہ سلیمان علیہ السلام کے دوسروں کا کلام بھی سمجھتا تھا' سو یہ بھی معجزۂ سلیمانی ہوگا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا ہدہد کی یہ تقریر اس پر دال ہے کہ بہائم میں بقدر ضرورت عقل و معرفت موجود ہے۔

ملحقات الترجمہ: ل قوله فی تول ذرا ہٹ جانا حمل علیه لان التولی بالکلیة ینافی قوله ثم انظر كذا فی الروح ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قرا الكسائی الا یسجدوا بتخفيف اللام على ان الاحرف تحضيض ويا للنداء واسجدوا صيغة الامر لكن لم ترسم الف یافی الخط والمنادی محذوف والمعنی الا یاقوم اسجدوا ۱۲۔

اللغات: رب العرش العظيم۔ حسن موقع لمقابلة ذكر عرش بلقیس قوله ام كنت من الكذبين لم يقل كذبت اشارة الى ان الكذب فی حضرة الملوك لا يكون الا ممن هو راسخ فی الكذب معتادله معدود وفی الكاملين فيه تخفون فيه تغليب للحاضر على الغائب ۱۲۔
الخبء مصدر بمعنی مخبوء ۱۲۔

النحو: الا یسجدوا ای دابهم ان لا یسجدوا ۱۲۔

قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْٓ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٩﴾ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿٣٠﴾ اَلَّا تَعْلُوْا
عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿٣١﴾ قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْٓ اَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ﴿٣٢﴾ قَالُوْا ع ٢ ١٧
نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ﴿٣٣﴾ قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا
قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ۚ وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَاِنِّيْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌۢ بِمَ يَرْجِعُ
الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿٣٦﴾
اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿٣٧﴾

بلقیس نے (پڑھ کر اپنے سرداروں سے مشورہ کے لئے) تمہارے پاس ایک خط (جس کا مضمون) نہایت باوقعت (ہے) ڈالا گیا ہے۔ وہ سلیمن کی طرف سے ہے اور اس

www.besturdubooks.net

میں یہ (مضمون) ہے (اول) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (اور اس کے بعد یہ کہ) تم لوگ (یعنی بلقیس اور سب اعیان سلطنت جن کے ساتھ عوام وابستہ ہیں) میرے مقابلہ میں تکبیر نہ کرو اور میرے پاس مطیع ہوکر چلے آؤ۔ بلقیس نے کہا کہ اے اہل دربار تم کو مجھ کو اس معاملہ میں رائے دو (کہ مجھ کو سلیمانؑ کے ساتھ کیا معاملہ کرنا چاہئے اور) میں کسی بات کا قطعی فیصلہ نہیں کرتی جب تک کہ تم لوگ میرے پاس موجود نہ ہو۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ ہم بڑے طاقتور اور بڑے لڑنے والے ہیں اور (آئندہ) اختیار تم کو ہے سو تم (مصلحت) دیکھ لو جو کچھ (تجویز کر کے حکم دینا ہو بلقیس کہنے لگی کہ والیان ملک کا قاعدہ ہے کہ) جب بستی میں (مخالفانہ طور پر) داخل ہوتے ہیں۔ تو اس کو تہ و بالا کر دیتے ہیں اور اس کے رہنے والوں میں جو عزت دار ہیں ان کو (ان کا زور گھٹانے کے لئے) ذلیل کیا کرتے ہیں اور یہ لوگ بھی ایسا ہی کریں گے اور میں ان لوگوں کے پاس کچھ ہدیہ بھیجتی ہوں پھر دیکھوں گی کہ وہ فرستادے (وہاں سے) کیا جواب لے کر آتے ہیں۔ سو جب وہ فرستادہ سلیمانؑ کے پاس (اور تحفے پیش کئے تو سلیمان نے) فرمایا کہ تم لوگ (یعنی بلقیس وغیرہ) مال سے میری امداد کرتے ہو سو (سمجھ رکھو کہ اللہ نے جو کچھ مجھ کو دے رکھا ہے وہ اس سے کہیں بہتر ہے جو تم کو دے رکھا ہے ہاں تم ہی اپنے اس ہدیہ پر اتراتے ہوگے (سو یہ تحفے ہم نہ لیں گے) تم (ان کو لے کر) ان لوگوں کے پاس لوٹ جاؤ ہم ان پر ایسی فوجیں بھیجتے ہیں کہ لوگوں سے ان کا ذرا مقابلہ نہ ہو سکے گا۔ ہم ان کو وہاں سے ذلیل کر کے نکال دیں گے اور وہ (ہمیشہ کے لئے) ماتحت ہو جائیں گے۔ ۞

تفسیر: تتمہ قصہ: قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا (الی قولہ تعالیٰ) وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ (سلیمان علیہ السلام نے ہدہد سے یہ گفتگو کر کے بلقیس کے نام ایک خط لکھا جس کا مضمون آگے قرآن میں مذکور ہے اور ہدہد کو حوالہ کیا وہ اس کو منقار میں لے کر چلا اور خلوت میں یا مجلس میں بلقیس کے پاس ڈال دیا) بلقیس نے (پڑھ کر اپنے سرداروں کو مشورہ کے لئے جمع کیا اور) کہا کہ اے اہل دربار میرے پاس ایک خط (جس کا مضمون نہایت) باوقعت (اور عظیم الشان ہے) ڈالا گیا ہے (باوقعت اس لئے کہا کہ حاکمانہ مضمون ہے جس میں باوجود نہایت وجازت کے اعلیٰ درجہ کی بلاغت ہے اور) وہ سلیمان کی طرف سے ہے اور اس میں یہ (مضمون) ہے (اول[1]) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (اور اُس کے بعد یہ کہ) تم لوگ (یعنی بلقیس اور سب اعیان سلطنت جن کے ساتھ عوام بھی وابستہ ہیں) (میرے مقابلہ میں تکبر مت کرو اور میرے پاس مطیع ہوکر چلے آؤ (پس مقصود دعوت جمیع اہل سبا کی ہے اور یہ لوگ سلیمان علیہ السلام کا یا تو پہلے حال سن چکے ہوں گے گو سلیمان علیہ السلام ان لوگوں کو نہ جانتے ہوں اور بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ بڑے آدمی چھوٹوں کو نہیں جانتے اور چھوٹے بڑوں کو جانا کرتے ہیں اور یا خط آنے کے بعد تحقیق کر لیا ہوگا اور مضمون خط کی اطلاع دینے کے بعد) بلقیس نے (یہ) کہا کہ اے اہل دربار تم مجھ کو میرے اس معاملہ میں رائے دو (کہ مجھ کو سلیمان علیہ السلام کے ساتھ کیا معاملہ کرنا چاہئے) اور میں (کبھی) کسی بات کا قطعی فیصلہ نہیں کرتی جب تک کہ تم میرے پاس موجود نہ ہو (اور اس میں شریک نہ ہو) وہ لوگ کہنے لگے کہ ہم (اپنی ذات سے ہر طرح حاضر ہیں اگر مقابلہ و مقاتلہ مصلحت سمجھا جاوے تو ہم) بڑے طاقتور اور بڑے لڑنے والے ہیں اور (آگے) اختیار تم کو ہے سو تم ہی (مصلحت) دیکھ لو جو کچھ (تجویز کر کے) حکم دینا ہو بلقیس کہنے لگی کہ (میرے نزدیک لڑنا تو مصلحت نہیں کیونکہ سلیمان صاحب ملک ہیں اور) والیانِ ملک (کا قاعدہ ہے کہ وہ) جب کسی بستی میں (مخالفانہ طور پر) داخل ہوتے ہیں تو اُس کو تہ و بالا کر دیتے ہیں اور اُس کے رہنے والوں میں جو عزت دار ہیں اُن کو (اُن کا زور گھٹانے کے لئے) ذلیل (وخوار) کیا کرتے ہیں اور (اُن سے مقاتلہ کیا جاوے تو ممکن ہے کہ ان ہی کو غلبہ ہو تو پھر) یہ لوگ بھی ایسا ہی کریں گے (تو بے ضرورت خلجان میں پڑنا خلاف مصلحت ہے سو قتال کو تو ابھی ملتوی کیا جاوے) اور (سردست یوں مناسب ہے کہ) میں ان لوگوں کے پاس کچھ ہدیہ[2] (کسی آدمی کے ہاتھ بھیجتی ہوں پھر دیکھوں گی کہ وہ فرستادے (وہاں سے) کیا (جواب) لے کر آتے ہیں (اُس وقت مکرر غور کیا جاوے گا۔ چنانچہ ہدایا تحائف کا سامان درست ہوا اور قاصد اُس کو لے کر روانہ ہوا) سو جب وہ فرستادہ سلیمان (علیہ السلام) کے پاس پہنچا اور (ہدایا پیش کئے) تو سلیمان (علیہ السلام) نے فرمایا کیا تم لوگ (یعنی بلقیس اور اہل بلقیس) مال سے میری امداد کر (ناچاہ) تے ہو (جو یہ ہدایا لائے ہو) سو (سمجھ رکھو کہ) اللہ نے جو کچھ مجھ کو دے رکھا ہے وہ اس سے کہیں بہتر ہے جو تم کو دے رکھا ہے (کیونکہ تمہارے پاس صرف دنیا ہے اور میرے پاس دین بھی اور دنیا تم سے زیادہ ہے۔ سو میں تو ان چیزوں کا حریص نہیں ہوں) ہاں تم ہی اپنے اس ہدیہ پر اتراتے ہوگے (سو یہ ہدایا ہم نہ لیں گے) تم (ان کو لے کر) ان لوگوں کے پاس لوٹ جاؤ' سو (اگر وہ اب بھی ایمان لے آویں فبہا ورنہ) ہم اُن پر ایسی فوجیں بھیجتے ہیں کہ ان لوگوں سے ان کا ذرا مقابلہ نہ ہو سکے گا اور ہم ان کو وہاں سے ذلیل کر کے نکال دیں گے اور وہ (ذلت کے ساتھ ہمیشہ کے لئے) ماتحت (اور رعیت) ہو جاویں گے (یہ نہیں کہ نکالنے کے بعد آزادی سے چھوڑ دیئے جاویں کہ جہاں چاہیں چلے جاویں بلکہ ذلت دائمی لازم حال ہو جاوے گی)۔ ف: سلیمان علیہ السلام نے ان کو دعوت الی الاسلام کی تھی اور آنے سے مراد جسمانی حاضری نہیں ہے بلکہ اطاعت میں آنا اور ہدیہ کا لوٹانا اگر جزیہ اُن کی شریعت میں مشروع نہ ہو تو ظاہر ہے اور اگر مشروع ہو تو یہ ہدیہ جزیہ نہ تھا جو اطاعت کی علامت ہے بلکہ بلا اطاعت دوستی کا ذریعہ تھا' سو یہ مشروع نہیں الا بضرورت اور یہ امر کہ سلیمان علیہ السلام نے اپنے نبی ہونے پر دلیل قائم کرنے کے لئے کوئی معجزہ کیوں نہ پیش کیا۔ جواب اس کا یہ ہے کہ طلب کے وقت اس کی ضرورت ہے کیونکہ بعض کو انبیاء کے کمالات معنویہ سے نبوت کا یقین ہو جاتا ہے اور جس کو اس سے یقین نہ ہو وہ خود طلب کر سکتا

www.besturdubooks.net

ہے اور چونکہ مضمون خط کا قرآن میں ممکن ہے کہ روایت بالمعنی کے طور پر مذکور ہو۔ اس لئے ضرور نہیں کہ بسم اللہ اسی طرح ہو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: بَلْ اَنْتُمْ ...... اس سے معلوم ہوا کہ جب کفار کے ہدایا کے رد کردینے میں دینی مصلحت ہو ان کا رد کردینا مستحب ہے۔

ملحقات الترجمۃ: قوله في وانه بسم الله (اول) فيه اشارة الى ان بسم الله الرحمٰن الرحيم كان مكتوبا في اول الكتاب واسم سليمٰن عليه السلام لم يكن مقدما عليه كما يفهم من الروح وفيه ايضًا وفى الروح وعلمها بانه من سليمٰن يجوز ان يكون لكتابة اسمه بعد وجوز ان يكون لكتابة في ظاهر الكتاب وباطن الكتاب بسم الله الخ ۱۲۔ ۲ قوله فيه اشارة الى كون الهدية مفعولا للارسال بزيادة الباء وزيادة الباء فى الاثبات محتاج الى النقل ولم تظهر به فى الكتب المتداولة ولكن المنجد صرح بصحة حيث قال ارسل به اليه ويؤيده ظاهر صنيع جامع البيان حيث قال بهدية بايادى رسل ويوافقه تراجم اكابر الدهلى قدس اسرارهم واختار بعضهم تقدير المعمول الارسال كما يظهر من الكشاف ولعل الراجع هو الثانى فليراجع ۱۲۔

اللغات: قوله الفتونى فى الروح عن المغرب اشتقاق الفتوى من الفتى لانها جواب فى حادثة او احداث بحكم او تقوية لبيان مشكل قوله قبل مقابلة ۱۲۔

النحو: ان لا تعلوا ان مفسرة بمعنى اى لا تعلو على انه تفسير لمضمون بلفظه او بمعناه۔ قوله فلما جاء اى الرسول المدلول عليه بقرينة المقام۔ قوله منها اى من بلدتهم المدلول عليها بقرينة المقام۔

البلاغۃ: قوله القى بناء ه للمفعول لعدم الاهتمام بالفاعل او لعدم علمها به قوله اتمدونن فيه تغليب الحاضر على الغائب ۱۲۔

قَالَ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿٣٨﴾ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ
قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ﴿٣٩﴾ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ
يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ ۣ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ۭ وَمَنْ
شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ﴿٤٠﴾ قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِيْٓ اَمْ
تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿٤١﴾ فَلَمَّا جَاۗءَتْ قِيْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ۭ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَاُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا
وَكُنَّا مُسْلِمِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿٤٣﴾ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي
الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ۭ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ڛ قَالَتْ
رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٤﴾ ع ٣ ١٨

سلیمان (کو وحی سے یا کسی طیرہ وغیرہ کے ذریعہ سے اس کا چلنا معلوم ہوا تو انہوں نے) فرمایا کہ اے دربار تم میں کوئی ایسا ہے جو اس بلقیس کا تخت قبل اس کے کہ وہ لوگ میرے پاس مطیع ہو کر آئیں حاضر کردے۔ ایک قوی ہیکل جن نے جواب عرض کیا کہ وہ اس کو آپ کی خدمت میں حاضر کردوں گا قبل اس کے کہ آپ اپنے اجلاس سے اٹھیں اور (گو وہ بہت بھاری ہے) مگر میں اس کے لانے پر طاقت رکھتا ہوں (اور وہ گو بڑا قیمتی مرصع جواہرات سے ہے) مگر امانتدار بھی ہوں۔ جس کے پاس کتاب کا علم تھا (غرض) اس (علم والے) نے اس جن سے کہا کہ میں اس کو تیرے سامنے تیری آنکھ جھپکنے سے پہلے لا کھڑا کرسکتا ہوں۔ جب سلیمانؑ نے اس کو اپنے روبرو رکھا دیکھا۔ تو خوش ہو کر شکر کے طور پر کہنے لگے کہ یہ میرے پروردگار کا ایک فضل تاکہ وہ میری آزمائش کرے کہ میں شکر گزار رہوں یا (خدانخواستہ) ناشکری کرتا ہوں اور (ظاہر ہے کہ) جو شخص شکر کرتا ہے وہ اپنے ہی نفع کے لئے کرتا ہے (اللہ کا کوئی نفع نہیں) اور (اسی طرح) جو ناشکری کرتا ہے میرا رب غنی ہے کریم ہے۔ اس کے بعد سلیمانؑ (بلقیس کی عقل آزمانے کے لئے) حکم دیا کہ اس کے لئے اس کے تخت کی صورت بدل دو ہم دیکھیں اسکو اس کا پتہ لگتا ہے یا اس کا انہی میں شمار ہوتا ہے جن کو (ایسی باتوں کا) پتہ نہیں لگتا۔ (سلیمانؑ نے یہ سب سامان کر رکھا تھا پھر بلقیس پہنچی) سو جب بلقیس آئی تو اس سے (تخت دکھا کر) کہا گیا کہ کیا تمہارا تخت ایسا ہی ہے وہ کہنے لگی کہ ہاں

www.besturdubooks.net

ہے تو ایسا ہی اور (یہ بھی کہا) ہم لوگوں کو تو اس واقعہ سے پہلے ہی آپ کی نبوت کی تحقیق ہو چکی ہے اور ہم اسی وقت سے دل سے مطیع ہو چکے ہیں (اور اس کا ایمان لانے سے) غیر اللہ کی عبادت نے (جس کی اس کو عادت تھی) روک رکھا تھا (اور وہ عادت) اس لئے پڑ گئی تھی کہ وہ کافر قوم میں کی تھی۔ بلقیس سے کہا گیا کہ اس محل میں داخل ہو (وہ چلی راہ میں حوض آیا) تو جب اس کا صحن دیکھا تو اس کو پانی سے (بھرا ہوا سمجھا) اور (اس کے اندر گھسنے کے لئے) اپنی دونوں پنڈلیاں کھول دیں (اس وقت) سلیمان نے فرمایا کہ یہ تو ایک محل ہے جو شیشوں سے بنایا گیا ہے (اس وقت) بلقیس کہنے لگی کہ اے میرے پروردگار میں نے (اب تک) اپنے نفس پر ظلم کیا تھا کہ شرک میں مبتلا تھی اور میں اب سلیمان کے ساتھ یعنی ان کے طریقہ پر ہو کر رب العالمین پر ایمان لائی۔

تفسیر: تمۂ قصہ: قَالَ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا (الی قولہ تعالی) نَنْظُرْ اَتَهْتَدِيْۤ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ (غرض وہ قاصد وہ ہدایا لے کر واپس گیا اور سارا قصہ بلقیس سے بیان کیا مجموعہ حالات سے اُس کو کمالات سلیمانیہ کا علم اور نبوت کا یقین ہو گیا اور حاضر ہونے کے قصد سے اپنے ملک سے چلی) سلیمان (علیہ السلام کو وحی سے یا اور کسی طیر وغیرہ کے ذریعہ سے اس کا چلنا معلوم ہوا تو انہوں) نے (اپنے درباروالوں سے) فرمایا کہ اے اہل دربار! تم میں کوئی ایسا ہے جو اُس (بلقیس) کا تخت قبل اس کے کہ وہ لوگ میرے پاس مطیع ہو کر آویں حاضر کر دے (مسلمین قید واقعی ہے کیونکہ وہ لوگ اسی قصد سے آرہے تھے تخت کا منگانا غالباً اس غرض سے ہے کہ وہ لوگ میرا معجزہ بھی دیکھ لیں کیونکہ اتنا بڑا تخت اور پھر اُس کا ایسے سخت پہروں میں اُس طور پر یکا یک آجانا کہ اطلاع تک نہ ہو عادتِ بشریہ سے خارج ہے اگر تسخیر جن سے ہے تب بھی خود بخود مسخر ہو جانا خارق عادت ہے اور اگر بواسطہ کرامت کسی ولی امت کے ہے تو ولی کی کرامت نبی کا معجزہ ہے اور اگر بلا واسطہ ہے تو براہِ راست معجزہ ہے۔ بہر حال ہر طور پر یہ اعجاز اور دلیل نبوت ہے۔ پس یہ مقصود ہوگا کہ کمالاتِ باطنیہ کے ساتھ کمالاتِ اعجاز یہ بھی دیکھ لیں کہ ایمان واطمینان زائد ہو) ایک قوی ہیکل جن نے جواب (میں) عرض کیا کہ میں اُس کو آپ کی خدمت میں حاضر کر دوں گا قبل اس کے کہ آپ اپنے اجلاس سے اٹھیں اور (گو وہ بہت بھاری ہے مگر) میں اُس (کے لانے) پر طاقت رکھتا ہوں (اور گو بڑا قیمتی مرصع جواہرات سے ہے مگر میں) امانت دار (بھی) ہوں (اُس میں کوئی خیانت نہ کروں گا) جس کے پاس کتاب (الہی) یعنی توریت کا یا اور وحی کی ہوئی کتاب جس میں اسمائے الٰہیہ کی تاثیرات ہوں اس) کا علم تھا (اقرب یہ ہے کہ سلیمان علیہ السلام مراد ہیں غرض) اُس (علم والے) نے (اُس جن سے) کہا کہ (بس تجھ میں تو اتنی ہی قوت ہے اور) میں اُس کو تیرے پاس تیری آنکھ جھپکنے سے پہلے لاکھڑا کر سکتا ہوں (کیونکہ میں توت معجزہ سے لاؤں گا۔ چنانچہ آپ نے حق تعالیٰ سے دعا کی ویسے ہی یا کسی اسم الٰہی کے ذریعہ سے اور وہ تخت فوراً سامنے آموجود ہوا) پس جب سلیمان (علیہ السلام) نے اُس کو اپنے روبرو دیکھا تو (خوش ہو کر شکر کے طور پر) کہنے لگے کہ یہ بھی میرے پروردگار کا ایک فضل ہے (کہ میرے ہاتھ سے یہ معجزہ ظاہر کیا) تا کہ وہ میری آزمائش کرے کہ میں شکر کرتا ہوں یا (خدانخواستہ) ناشکری کرتا ہوں اور (ظاہر ہے کہ) جو شخص شکر کرتا ہے وہ اپنے ہی نفع کے لئے شکر کرتا ہے (اللہ تعالیٰ کا کوئی نفع نہیں) اور (اسی طرح) جو ناشکری کرتا ہے (وہ بھی اپنا ہی نقصان کرتا ہے اللہ تعالیٰ کا کوئی ضرر نہیں کیونکہ) میرا رب غنی ہے کریم ہے (اس کے بعد) سلیمان (علیہ السلام) نے (بلقیس کی عقل آزمانے کے لئے) حکم دیا کہ اُس (کی عقل آزمانے) کے لئے اُس کے تخت کی صورت بدل دو (جس کے بہت سے طریقے ہو سکتے ہیں مثلاً جواہرات کے مواقع بدل دو یا اور کسی طرح) ہم دیکھیں اس کو اس کا پتہ لگتا ہے یا اس کا انہیں میں شمار ہے جن کو (ایسی باتوں کا) پتہ نہیں لگتا (پس اول صورت میں معلوم ہوگا کہ عاقل ہے اور عاقل سے حق فہمی کی زیادہ اُمید ہے اور اس کے حق پرستی کا اثر دوسروں تک بھی بہت متعدی ہوتا ہے اور دوسری صورت میں امید اور تعدیہ دونوں کم ہیں) ف: بعض روایات سیر میں اس عالم کا صحابیٔ سلیمان علیہ السلام میں سے ہونا آیا ہے تو اٰنَا اٰتِيْكَ میں خطاب سلیمان علیہ السلام کو ہوگا اور یہ اس صحابی کی کرامت تھی چونکہ اُمتی کی کرامت نبی کا معجزہ ہوتا ہے اس لئے آپ نے شکر ادا کیا لیکن بعض مفسرین نے یہ قول سلیمان علیہ السلام کا کہا ہے اور وجوہ متعددہ سے جو کہ کبیر میں مذکور ہیں یہی قول راجح معلوم ہوتا ہے۔ پس اس میں وضع مظہر موضع مضمر ہوگا اور اس صورت میں سوال سلیمان کا بطور امتحان اور اظہار عجز جنات کے ہوگا اور یہ غرض تقدیر (۱) اول (یعنی اس ف میں جو اولاً مذکور ہے اور وہ یہ کہ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ کا مصداق کوئی صحابی ہوں ۱۲ منہ) پر بھی ہو سکتی ہے کہ آپ کو معلوم ہو کہ اس صحابی سے یہ کرامت صادر ہوگی اور سوال کرنا اور جنات کو سنانا اور دکھلانا ہو کہ جو قوت میرے مستفیدین میں ہے وہ تم میں بھی نہیں اور ہر حال میں کتاب کی تفسیر اگر توریت کے ساتھ کی جاوے تو اس وصف کو احصار عرش میں کوئی دخل نہ ہوگا محض مدح مقصود ہے۔

تمۂ قصہ: فَلَمَّا جَآءَتْ قِيْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ (الی قولہ تعالی) وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (سلیمان علیہ السلام نے یہ سب سامان کر رکھا پھر بلقیس پہنچی) سو جب بلقیس آئی تو اُس سے (تخت دکھا کر) کہا گیا (خواہ سلیمان علیہ السلام نے خود کہا ہو یا کسی سے کہلوایا ہو) کہ کیا تمہارا تخت ایسا ہی ہے۔ وہ کہنے لگی کہ ہاں ہے تو ویسا ہی (بلقیس سے اس طور پر اس لئے سوال کیا کہ اُس کی ہیئت تو بدل دی گئی تھی تو بمادتہ تو وہی تخت تھا اور بصورتہ وہ نہ تھا اس لئے کاف تشبیہ کا بڑھا دیا گیا اور بلقیس اُس کو پہچان گئی اور اس کے بدل دینے کو بھی سمجھ گئی اس لئے جواب بھی مطابق سوال کے دیا) اور (یہ بھی کہا کہ) ہم لوگوں کو

www.besturdubooks.net

اس واقعہ سے پہلے ہی (آپ کی نبوت کی) تحقیق ہو چکی ہے اور ہم (اُسی وقت سے دل سے) مطیع ہو چکے ہیں (جب سے قاصد سے آپ کے کمالات معلوم ہوئے تھے اس معجزہ کی چنداں حاجت نہ تھی) اور (چونکہ اس معجزہ کے قبل تصدیق واعتقاد کر لینا دلیل کمال عقل کی ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ اُس کے عاقل ہونے کی تقریر فرماتے ہیں کہ فی الواقع وہ بھی سمجھدار مگر چند روز تک جو ایمان نہ لائی تو وجہ اس کی یہ ہے کہ) اس کو (ایمان لانے سے) غیر اللہ کی عبادت[1] نے (جس کی اس کو عادت تھی روک رکھا اور وہ عادت اس لئے پڑ گئی تھی کہ) وہ کافر قوم میں کی تھی (پس جو سب کو دیکھا وہی آپ کرنے لگی اور عادت اکثر اوقات تنبہ سے حاجب ہوتی ہے مگر چونکہ تھی عاقل اس لئے جب تنبیہ کی گئی تنبہ ہو گیا۔ اس کے بعد سلیمان علیہ السلام نے یہ چاہا کہ علاوہ اعجاز وشان نبوت دکھلانے کے اس کو ظاہری شان سلطنت بھی دکھلا دی جاوے تاکہ اپنے کو دنیا کے اعتبار سے بھی عظیم نہ سمجھے اس لئے ایک شیش محل بنوایا کہ اُس کے صحن میں حوض بنوایا اور اس میں پانی اور مچھلیاں بھر کر اس کو شیشہ سے پاٹ دیا اور شیشہ ایسا شفاف تھا کہ بادی النظر میں نظر نہ آتا تھا اور وہ حوض ایسے موقع پر تھا کہ اُس محل میں جانے والے کو لا محالہ اُس پر سے عبور کرنا پڑے۔ چنانچہ اس تمام سامان کے بعد) بلقیس سے کہا گیا کہ اس محل میں داخل ہو (ممکن ہے کہ وہی محل قیام کے لئے تجویز کیا ہو تو اس میں جانا اور ٹھہرنا ضرور ہوا۔ غرض وہ چلیں راہ میں حوض آیا) تو جب اس[2] کا صحن دیکھا تو اس کو پانی (سے بھرا ہوا) سمجھا اور (چونکہ قرینہ سے پایاب گمان کیا اس لئے اس کے اندر گھسنے کے لئے دامن اٹھائے اور) اپنی دونوں پنڈلیاں کھول دیں (اُس وقت) سلیمان (علیہ السلام) نے فرمایا کہ یہ تو ایک محل ہے جو (سب کا سب مع صحن) شیشوں سے بنایا گیا ہے (اور یہ حوض بھی شیشہ سے پٹا ہوا ہے دامن اٹھانے کی ضرورت نہیں اس وقت) بلقیس (کو معلوم ہو گیا کہ یہاں دنیوی صنائع بدائع بھی ایسے ہیں جو آج تک میں نے آنکھ سے نہیں دیکھے تو ان کے دل میں ہر طرح سے سلیمان علیہ السلام کی عظمت پیدا ہوئی اور بے ساختہ) کہنے لگی کہ اے میرے پروردگار! میں نے (اب تک) اپنے نفس پر ظلم کیا تھا (کہ شرک میں مبتلا تھی) اور میں (اب) سلیمان (علیہ السلام) کے ساتھ (یعنی اُن کے طریق پر) ہو کر رب العالمین پر ایمان لائی۔ **ف**: کنایہ مسلمین میں بھی اقرار ایمان کا ہے مگر اس سے مقصود اخبار ہے اور ایمان مطلوب۔ یعنی انشاء وہ اسی صیغہ سے حاصل ہوا ہے۔ آگے تتمۂ قصہ میں اقوال مختلف ہیں مگر اس سے کوئی معتد بہ اور ضروری غرض متعلق نہ ہونے سے تعرض نہیں کیا گیا اور اس قصہ سے بھی علاوہ اخبار عن الاخبار الماضیہ بلا مدارسۃ وممارسۃ جو کہ دلیل نبوت کی ہے خود موافقت انبیاء کی ترغیب کہ بلقیس باوجود اس شان وشوکت کے جب اُس پر حق واضح ہوا ایمان لے آئی۔ اور مخالفت انبیاء سے ترہیب کہ اگر ایمان نہ لاتی تو وہی ہوتا جو سلیمان علیہ السلام نے فرمایا تھا: فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ...... نیز معلوم ہوا کہ جو ان قصص کے بعض مقاصد میں سے ہے اور نیز اشارۃً تسلی بھی ہے رسول اللہ ﷺ کی کہ مثل لشکر سلیمانی کے ہم آپ کے لشکر کو بھی ان کفار پر اگر یہ ایمان نہ لائے مسلط کریں گے۔ چنانچہ بعد میں جہاد شروع ہو گیا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ یہ دلیل ہے صحت خوارق کی۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا اس سے طریق میں داخل ہونے والے کا امتحان ثابت ہوتا ہے۔

ملحقات الترجمہ: [1] قوله فی ما كانت عبادت اشارة الى ان مصدرية ۱۲۔ [2] راته اس کا صحن اشارة الى تقدير المضاف بقرينة المقام۔

اللغات: عفريت الذى يعفرا قرانه والتاء زائدة للمبالغة۔ قوله يرتد اليك طرفك فى الروح الطرف تحريك الاجفان وفتحها للنظر الى شئ ثم تجوز به عن النظر وارتداده انقطاعه بانضمام الاجفان ولكونه امر طبعيا غير منوط بالقصد اوثر الارتداد على الرد فالمعنى قبل ان ينضم جفن عينك بعد فتحه الخ ۱۲۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ۝ ۴۵ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ ۴۶ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ۚ قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ۝ ۴۷ وَكَانَ فِى الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ۝ ۴۸ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝ ۴۹ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ ۵۰ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ ۵۱ فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ۗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ ۵۲ وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝ ۵۳

www.besturdubooks.net

اور ہم نے (قوم) ثمود کے پاس ان کے (برادری کے) بھائی صالح کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا یہ (پیغام دے کر) کہ تم اللہ کی عبادت کرو سو اچانک ان میں دو فریق ہو گئے جو (دین کے بارے میں) باہم جھگڑنے لگے۔ صالح نے فرمایا کہ اے بھائیو تم نیک کام (یعنی توبہ و ایمان) سے پہلے عذاب کو کیوں جلدی مانگتے ہو تم لوگ اللہ تعالیٰ کے سامنے (کفر سے) معافی کیوں نہیں چاہتے جس سے توقع ہو کہ تم پر رحم کیا جاوے (یعنی عذاب سے محفوظ رہو) وہ لوگ کہنے لگے کہ ہم تو تم کو اور تمہارے ساتھ والوں کو منحوس سمجھتے ہیں۔ صالح علیہ السلام نے (جواب میں) فرمایا کہ تمہاری (اس) نحوست (کا سبب) اللہ کے علم میں ہے۔ بلکہ تم لوگ ہو کہ اس کفر کی بدولت عذاب میں مبتلا ہو گے اور (کفر کے سرغنہ) اس بستی میں نو شخص تھے۔ جو سرزمین میں (یعنی بستی سے باہر تک بھی) فساد کیا کرتے تھے اور ذرا اصلاح نہ کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ آپس میں سب (اس پر) اللہ کی قسم کھاؤ کہ ہم شب کے وقت صالح اور ان کے متعلقین (یعنی ایمان والوں کو) جا ماریں گے پھر بروقت تحقیق ہم ان کے وارث سے کہہ دیں گے کہ ہم ان کے متعلقین کے (اور خود ان کے) مارے جانے میں بھی نہ تھے اور ہم بالکل سچے ہیں اور (یہ مشورہ کر کے) انہوں نے ایک خفیہ تدبیر کی اور ایک خفیہ تدبیر ہم نے کی (اس تدبیر کی) ان کو خبر بھی نہ ہوئی۔ سو دیکھئے ان کی شرارت کا کیا انجام ہوا کہ ہم نے ان کو (بطریق مذکور) اور (پھر) ان کی قوم کو سب کو (آسمانی عذاب سے) غارت کر دیا۔ سو یہ انکے گھر ہیں جو ویران پڑے ہیں۔ انکے کفر کے سبب سے بلاشبہ اس (واقعہ) میں بڑی عبرت ہے دانشمندوں کے لئے اور ہم نے ایمان اور تقویٰ والوں کو نجات دی۔ ۞

تفسیر: قصہ سوم قوم صالح علیہ السلام: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا (الی قولہ تعالٰی) وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ۝ اور ہم نے (قوم) ثمود کے پاس اُن کے (برادری کے) بھائی صالح کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا۔ یہ (پیغام دے کر) کہ تم (شرک کو چھوڑ کر) اللہ کی عبادت کرو سو (چاہئے تو یہ تھا کہ سب ایمان لے آتے مگر خلاف توقع) اچانک اُن میں دو فریق ہو گئے جو (دین کے بارہ میں) باہم جھگڑنے لگے (یعنی ایک فرقہ تو ایمان لایا اور ایک نہ لایا اور اُن میں جو جھگڑا اور کلام ہوا بعض اس میں کا سورۂ اعراف میں مذکور ہے۔ قال الملأ الذین استکبروا للذین استضعفوا: اور بعض میں اس کا آگے مذکور ہے: قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ [النمل: ۴۷] اور جب ان لوگوں نے کفر پر اصرار کیا تو صالح علیہ السلام نے موافق عادت انبیاء علیہم السلام کے اُن کو عذاب الٰہی سے ڈرایا جیسا سورۂ اعراف میں ہے: فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ [الأعراف: ۷۳] تو انہوں نے کہا کہ لاؤ وہ عذاب کہاں ہے جیسا سورۂ اعراف میں ہے: وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ [الأعراف: ۷۷] اس پر) صالح (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اے بھائیو تم نیک کام (یعنی توبہ و ایمان) سے پہلے عذاب کو کیوں جلدی مانگتے ہو (یعنی چاہئے تو یہ تھا کہ عذاب کی وعید سن کر ایمان لے آتے نہ یہ کہ ایمان تو نہ لائے اور بالعکس اُس عذاب ہی کی درخواست کرنے لگے۔ بڑی بے باکی کی بات ہے بجائے اس استعجال عذاب کے) تم لوگ اللہ کے سامنے (کفر سے) معافی کیوں نہیں چاہتے جس سے توقع ہو کہ تم پر رحم کیا جاوے (یعنی عذاب سے محفوظ رہو) وہ لوگ کہنے لگے کہ ہم تو تم کو اور تمہارے ساتھ والوں کو منحوس سمجھتے ہیں (کہ جب سے تم نے یہ مذہب نکالا ہے اور تمہاری یہ جماعت پیدا ہوئی ہے قوم میں نااتفاقی ہو گئی اور نااتفاقی کی جو مضرتیں اور خرابیاں ہوتی ہیں وہ سب مرتب ہونے لگیں۔ پس مبدأ اُن تمام تر شرور کے تم لوگ ہو) صالح (علیہ السلام) نے (جواب میں) فرمایا کہ تمہاری (اس) نحوست (کا سبب) اللہ کے علم میں ہے (یعنی تمہارے اعمال کفریہ اللہ کو معلوم ہیں یہ شرور ان ہی اعمال پر مرتب ہیں۔ چنانچہ ظاہر ہے کہ نااتفاقی مذموم وہی ہے جو حق کے خلاف کرنے سے ہو تو اس کا الزام ایمان والوں پر نہیں ہو سکتا بلکہ اہل کفر پر ہوگا اور بعض تفاسیر میں ہے کہ اُن پر قحط ہوا تھا اور تمہارے کفر کی مضرت کچھ ان شرور ہی تک ختم نہ ہوئی) بلکہ تم وہ لوگ ہو کہ (اس کفر کی بدولت) عذاب میں مبتلا ہو گئے اور (یوں تو کافر اُس قوم میں بہت تھے لیکن سرغنہ) اُس بستی (یعنی حجر) میں نو شخص تھے جو سرزمین میں (یعنی بستی سے باہر تک بھی) فساد کیا کرتے تھے اور (ذرا) اصلاح نہ کرتے تھے (یعنی بعضے مفسد ایسے ہوتے ہیں کہ کچھ فساد کیا کچھ اصلاح کر لی مگر وہ ایسے نہ تھے بلکہ خالص مفسد تھے۔ چنانچہ ایک بار یہ فساد کیا کہ) انہوں نے (ایک دوسرے سے) کہا کہ آپس میں سب (اس پر) اللہ کی قسم کھاؤ کہ ہم شب کے وقت صالح اور اُن کے متعلقین (یعنی ایمان والوں) کو جا ماریں گے پھر (اگر تحقیق کی نوبت آئی تو) ہم اُن کے وارث سے (جو خون کا دعویٰ کرے گا) کہہ دیں گے کہ ہم اُن کے متعلقین کے (اور خود ان کے) مارے جانے میں موجود (بھی) نہ تھے (اور مارنا تو درکنار) اور (تاکید کے لئے یہ بھی کہہ دیں گے کہ) ہم بالکل سچے ہیں (اور گواہ کوئی معائنہ کا ہوگا نہیں پس بات دب دبا جاوے گی) اور (یہ مشورہ کر کے) انہوں نے ایک خفیہ تدبیر کی (کہ شب کے وقت اس کارروائی کے لئے چلے) اور ایک خفیہ تدبیر ہم نے کی اور (اُس تدبیر کی) اُن کو خبر بھی نہ ہوئی (وہ یہ کہ ایک پہاڑ پر سے ایک پتھر اُن پر لڑھک آیا اور وہ سب وہاں ہی کھیت رہے یعنی ہلاک ہوئے کذا فی الدر المنثور) سو دیکھئے اُن کی شرارت کا کیا انجام ہوا کہ ہم نے اُن کو (بطریق مذکور) اور (پھر) اُن کی (باقی) قوم کو (آسمانی عذاب سے) سب کو غارت کر دیا (جس کا قصہ دوسری آیات میں ہے: فَعَقَرُوا النَّاقَةَ الی قولہ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ ۔ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ) سو یہ اُن کے گھر ہیں جو ویران پڑے ہیں اُن کے کفر کے سبب سے (جو کہ اہل مکہ کو شام کے سفر میں ملتے ہیں) بلاشبہ اس (واقعہ) میں بڑی عبرت ہے دانشمندوں کے لئے اور ہم نے ایمان اور تقویٰ والوں کو (اُس قتل سے بھی جس کا مشورہ ہوا تھا اور عذاب قہری سے بھی) نجات دی۔ **ف:** لولیہ جس وارث کا ذکر ہے یا تو باایمان ہوگا اور کسی وجہ سے اُس کے قتل کی رائے نہ ہوئی ہوگی۔ مثلاً وہ بھی با

www.besturdubooks.net

وجاہت ہو اور یا اگر مؤمن نہ ہوگا تو حمیت قرابت مطالبہ قصاص کا باعث ہونے کا احتمال ہوگا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله مهلك اهله اور خود اُن کے اشارة الى ان في الكلام اكتفاء اعتمادا على القرينة لان مهلك اهله لكونه للايمان يستلزم مهلكه لكونه اصلا لا يمانهم ۱۲۔

اللغات: تسعة رهط في الروح اختار غير واحد ان اضافة تسعة الى رهط ههنا باعتبار ان رهطا لكونه اسم جمع للقليل في حكم اشخاص ونحوه من جموع القلة وهي يضاف اليها العدد كتسعة اشخاص وتسع انفس وهذا معنى قولهم ان وقوع رهط تمييز التسعة باعتبار المعنى فكانه قيل تسعة اشخاص اه۔ قوله مهلك مصدر ميميّ بمعنى الهلاك ۱۲۔

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۝ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ۝ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ۝ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫ قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ؕ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

اور ہم نے لوط کو بھیجا تھا جبکہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم بے حیائی کا کام کرتے ہو حالانکہ سمجھدار ہو۔ کیا تم مردوں کے ساتھ شہوت رانی کرتے ہو اور عورتوں کو چھوڑ کر (اور اس کی برائی میں نہیں) بلکہ (اسی بات میں) تم (محض) جہالت کر رہے ہو۔ سو (اس تقریر کا) ان کی قوم سے کوئی (معقول) جواب نہ بن پڑا اس کے کہ آپس میں کہنے لگے کہ لوط کے لوگوں کو تم اپنی بستی سے نکال دو (کیونکہ) یہ لوگ بڑے پاک صاف بنتے ہیں۔ سو ہم نے (اس قوم پر عذاب نازل کیا اور) لوط کو اور ان کے متعلقین کو بچالیا ان کی بیوی کے کہ اس کو (بوجہ ایمان نہ لانے کے) ہم نے انہی لوگوں میں تجویز کر رکھا تھا جو عذاب میں رہ گئے تھے اور ہم نے ان پر ایک نئی طرح کا مینہ برسایا سو ان لوگوں کا کیا برا مینہ تھا جو ڈرائے گئے تھے۔ آپ (بیان توحید کے لئے بطور خطبہ) کے کہئے کہ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے سزاوار ہیں اور اس کے ان بندوں پر سلام (نازل ہو) جن کو اس نے منتخب فرمایا ہے کیا اللہ بہتر ہے کیا وہ چیزیں جن کو شریک ٹھہراتے ہو۔

تفسیر: قصۂ چہارم لوط علیہ السلام: وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ (الى قوله تعالى) فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝ اور ہم نے لوط (علیہ السلام) کو (پیغمبر کر کے اُن کی قوم کے پاس بھیجا) تھا جبکہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کیا تم یہ بے حیائی کا کام کرتے ہو حالانکہ سمجھدار ہو (کیا اس کی قباحت نہیں سمجھتے' آگے اُس بے حیائی کا بیان ہے یعنی) کیا تم مردوں کے ساتھ شہوت رانی کرتے ہو عورتوں کو چھوڑ کر (اور اُس کے ارتکاب کے لئے کوئی منشائے اشتباہ نہیں ہوسکتا) بلکہ (اس باب میں) تم (محض) جہالت کر رہے ہو' سو (اس تقریر کا) اُن کی قوم سے کوئی (معقول) جواب نہ بن پڑا بجز اس کے کہ (آخر میں بے ہودگی کی راہ سے) آپس میں کہنے لگے کہ لوط (علیہ السلام) کے لوگوں کو (یعنی مؤمنین کو مع لوط علیہ السلام کے) تم اپنی (اس) بستی سے نکال دو (کیونکہ) یہ لوگ بڑے پاک صاف بنتے ہیں سو (جب یہاں تک نوبت پہنچی تو) ہم نے (اُس قوم پر عذاب نازل کیا اور) لوط (علیہ السلام) کو اور اُن کے متعلقین کو (اس عذاب سے) بچالیا بجز اُن کی بیوی کے کہ اُس کو (بوجہ ایمان نہ لانے کے) ہم نے اُن لوگوں میں تجویز کر رکھا تھا جو عذاب میں رہ گئے تھے اور (وہ عذاب جو ان پر نازل ہوا یہ تھا کہ) ہم نے اُن پر ایک نئی طرح کا مینہ برسایا (کہ وہ پتھروں کا مینہ تھا) سو اُن لوگوں کا کیا برا مینہ تھا جو (اول عذاب خدا سے) ڈرائے گئے تھے (جس پر انہوں نے التفات نہ کیا)۔

ف: سورۂ اعراف میں اس قصہ کے متعلق بعضے ضروری مضامین بیان ہو چکے ہیں' ملاحظہ فرما لیا جاوے اور تبصرون و تجھلون کی تقریر ترجمہ سے اُن میں تعارض کا شبہ دفع ہو گیا کہ ابصار کا حکم اور اُمور میں ہے اور تجھلون کا اس امر میں اور تبصرون کا حکم علماً ہے اور تجھلون کا عملاً۔ ربط: شروع سورت سے یہاں تک رسالت کی بحث تھی۔ آگے توحید کی بحث ہے جس کو ایک بلیغ اور موجز خطبہ سے شروع کیا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ روح میں ہے کہ بعض کے نزدیک اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہوا ہے کہ کفار امم کے ہلاک ہونے پر حق تعالیٰ کی حمد فرما دیں اھ۔ تو اس سے معلوم ہوا کہ معاندین کی ہلاکت پر مسرور ہونا جب کہ اس کا باعث دنیا نہ ہو اخلاق فاضلہ کے منافی نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في لوط بھیجا تھا۔ اشارة الى تقدير العامل اى ارسلنا لوطا ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ۝۶۰ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۶۱ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝۶۲ اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۶۳ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۶۴

یا وہ ذات (بہتر ہے) جس نے آسمان اور زمین کو بنایا اور اس نے آسمان سے پانی برسایا۔ پھر اس (پانی) کے ذریعے سے ہم نے رونق دار باغ اگائے (ورنہ) تم سے تو ممکن نہ تھا کہ تم ان باغوں کے درختوں کو اگا سکو (یہ سن کر بتلاؤ کہ) کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ (عبادت میں شریک ہونے کے لائق) کوئی معبود ہے۔ مگر مشرکین پھر بھی (نہیں مانتے بلکہ یہ ایسے لوگ ہیں کہ دوسروں) کو اللہ کے برابر ٹھہراتے ہیں۔ وہ ذات جس نے زمین کو مخلوق کی قرارگاہ بنایا اور اس کے درمیان نہریں بنائیں اور اس (زمین) کے ٹھہرانے کے لئے پہاڑ بنائے اور دو دریاؤں کے درمیان ایک حد فاصل بنائی۔ کیا اللہ کے ساتھ کوئی معبود ہے (مگر مشرکین نہیں مانتے) مگر ان میں زیادہ تو اچھی طرح سمجھتے بھی نہیں۔ یا وہ ذات جو بے قرار آدمی کی سنتا ہے۔ جب وہ اس کو پکارتا ہے اور (اس کی) مصیبت کو دور کر دیتا ہے اور تم کو زمین میں صاحب تصرف بناتا ہے (یہ سن کر اب بتلاؤ کہ) کیا اللہ کے ساتھ کوئی معبود ہے (مگر) تم لوگ بہت ہی کم یاد رکھتے ہو۔ اچھا پھر اور کمالات سن کر بتلاؤ کہ یہ بت بہتر ہیں یا وہ ذات جو تم کو خشکی اور دریا کی تاریکیوں میں رستہ سمجھاتا ہے اور جو کہ ہواؤں کو بارش سے پہلے بھیجتا ہے۔ جو (بارش کی امید دلا کر دلوں کو) خوش کر دیتا ہے۔ یہ سن کر بتلاؤ کہ کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے (ہرگز نہیں بلکہ) اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے شرک سے برتر ہے۔ یا وہ ذات جو مخلوقات کو اول بار پیدا کرتا ہے (جو کہ مسلم ہے) پھر اس کو دوبارہ زندہ کرے گا اور جو کہ آسمان (سے پانی برسا کر) اور زمین سے (نباتات نکال کر) تم کو رزق دیتا ہے (یہ سن کر اب بتلاؤ کہ) اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے۔ آپ کہیے کہ اچھا تم (ان کے استحقاق عبادت پر) اپنی دلیل پیش کرو۔ اگر تم اس دعوے میں سچے ہو۔

تفسیر: خطبۂ توحید:...... قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ؕ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

نوع اول از دلائل توحید:...... اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ (الی قولہ تعالی) بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ۝۶۰

نوع ثانی: اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ (الی قولہ تعالی) بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۶۱

نوع ثالث: اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ (الی قولہ تعالی) قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝۶۲

نوع رابع: اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ (الی قولہ تعالی) تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۶۳

نوع خامس: اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ (الی قولہ تعالی) اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۶۴

آپ (بیان توحید کے لئے بطور خطبہ کے) کہئے کہ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے سزاوار ہیں اور اُس کے ان بندوں پر سلام (نازل) ہو جن کو اُس نے منتخب فرمایا ہے (یعنی انبیاء و صلحاء آگے مضمون توحید ہماری طرف سے بیان کیجئے وہ یہ کہ لوگو یہ بتلاؤ کہ) کیا (کمالات اور احسانات میں) اللہ بہتر ہے یا وہ چیزیں (بہتر ہیں) جن کو (الوہیت میں) شریک ٹھہراتے ہیں (یعنی ظاہر اور مسلم ہے کہ اللہ ہی بہتر ہے۔ پس مستحق عبادت بھی وہی ہوگا اس میں خیریت تو عقلی ہونے کے سبب کفار کے نزدیک بھی مسلم تھی اور استلزام اس خیریت کا تفرد فی الالوہیۃ کو قضیہ عقلیہ ہے یہ تو اجمالی بیان تھا جو بوجہ بداہت مقدمات کے باوجود اجمال کے بھی کافی ہے مگر اہتمام زیادت تقریر و تنبیہ کے لئے آگے تفصیل ہے کہ اچھا خدا تعالیٰ کے کمالات میں غور کر کے بتلاؤ کہ یہ بت بہتر ہیں) یا وہ ذات (بہتر ہے) جس نے آسمان اور زمین کو بنایا اور اُس نے آسمان سے پانی برسایا پھر اُس (پانی) کے ذریعہ سے ہم نے رونق دار باغ اُگائے (ورنہ تم سے) تو ممکن نہ تھا کہ تم اُن (باغوں) کے درختوں کو اُگا سکو (یہ سن کر اب بتلاؤ کہ) کیا اللہ کے ساتھ شریک عبادت ہونے کے لائق) کوئی اور معبود ہے (مگر مشرکین پھر بھی نہیں

www.besturdubooks.net

مانتے) بلکہ یہ ایسے لوگ ہیں کہ دوسروں کو) خدا کے برابر (عبادت میں) ٹھہراتے ہیں (اچھا) پھر اور کمالات سن کر بتلاؤ کہ یہ بت بہتر ہیں) یا وہ ذات جس نے زمین کو (مخلوق) کی قرارگاہ بنایا اور اُس کے درمیان نہریں بنائیں اور اس (زمین) کے (ٹھہرانے کے) لئے پہاڑ بنائے اور دو دریاؤں کے درمیان ایک حد فاصل بنائی (جیسا فرقان میں مرج البحرین آچکا ہے۔ یہ سن کر بتلاؤ کہ) کیا اللہ کے ساتھ (شریک عبادت ہونے کے لائق) کوئی اور معبود ہے (مگر مشرکین نہیں مانتے) بلکہ اُن میں زیادہ تو (اچھی طرح) سمجھتے بھی نہیں (اچھا پھر اور کمالات سن کر بتلاؤ کہ یہ بہت بہتر ہیں) یا وہ ذات جو بے قرار آدمی کی سنتا ہے جب وہ اُس کو پکارتا ہے اور (اُس کی) مصیبت کو دور کر دیتا ہے اور تم کو زمین میں صاحب تصرف بناتا ہے (یہ سن کر اب بتلاؤ کہ) کیا اللہ کے ساتھ (شریک عبادت ہونے کے لائق) کوئی اور معبود ہے (مگر) تم لوگ بہت ہی کم یاد رکھتے ہو (اچھا پھر اور کمالات سن کر بتلاؤ کہ یہ بت بہتر ہیں) یا وہ ذات جو تم کو خشکی اور دریا کی تاریکیوں میں راستہ سوجھاتا ہے اور جو کہ ہواؤں کو بارش سے پہلے بھیجتا ہے جو (بارش کی اُمید دلا کر دلوں کو) خوش کر دیتی ہیں (یہ سن کر اب بتلاؤ کہ) کیا اللہ کے (شریک عبادت ہونے کے لائق) کوئی اور معبود ہے (ہرگز نہیں) بلکہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے شرک سے برتر ہے (اچھا پھر) اور کمالات سن کر بتلاؤ کہ یہ بت بہتر ہیں) یا وہ ذات جو مخلوقات کو اول بار پیدا کرتا ہے (جو کہ مسلم ہے) پھر اُس کو دوبارہ پیدا کرے گا (جس پر برہان قطعی قائم ہے) اور جو کہ آسمان اور زمین سے (پانی برسا کر اور نباتات نکال کر) تم کو رزق دیتا ہے (یہ سن کر اب بتلاؤ کہ) کیا اللہ کے ساتھ (شریک عبادت ہونے کے لائق) کوئی اور معبود ہے (اور اگر وہ یہ سن کر بھی کہیں کہ ہاں اور معبود بھی مستحق ہیں تو) آپ کہیے کہ (اچھا) تم (اُن کے استحقاق عبادت پر) اپنی دلیل پیش کرو اگر تم (اس دعوے میں سچے ہو (اس طرح سے کہ اُن میں مقتضیات عبادت کو ثابت کرو) **ف**: رواسی کی تحقیق سورۂ حجر میں گزر چکی اور یجیب و یکشف میں دائمی حکم نہیں۔ پس کچھ اشکال نہیں اور چونکہ اصنام سے مطلقاً اجابت منفی ہے لہٰذا استدلال بھی تام رہا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ...... اس میں اس پر دلالت ہے کہ خلائق میں نظر کرنا جبکہ وصول الی الحق کے لئے ہو مطلوب ہے اور توحید کے منافی نہیں۔ البتہ منافی وہ نظر یہ ہے جو مقصود ہو اسی طرح اس کے بعد قریب کی آیت: قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ...... اسی پر دال ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ قبل [۲] اللہ خیر ہماری طرف سے القرینۃ علیہ قولہ انبتنا لعدم صحۃ اسنادہ الیہ ﷺ ۱۲۔ (۲) قولہ قبل امن خلق یہ بت الخ اشارۃ الی ان ام فی امن خلق متصلۃ معادلۃ للھمزۃ وتقدیر الکلام الاصنام خیر ام الذی خلق الخ کذا فی الخازن قلت ولا بأس بالحذف اذا قامت القرینۃ ووجودھا ظاھر نعم یلتزم علی ھذا ان السوال الاجمالی فیہ تقدیم اللہ فی الذکر والتفصیلی فیہ تقدیم لذکر الاصنام ولا محذور فیہ ولو قیلك فی نکتۃ تاخیر ذکر اللہ تعالٰی فی السوال المفصل ان المقصود لما کان استحضار اوصاف اللہ تعالٰی فی الاذھان فرغ اولا عن احد الشیئین لئلا یتوجہ الذھن الی الشق (۱) المؤخر بل یتوجہ بشر شرہ الی استماع ذکر الموصوف بالکمالات فافھم ومن جعلھا منقطعۃ قال فی تقریر الآیۃ انہ بعد السوال المجمل انتقل الی التفصیل فقال امن خلق الخ ای بل امن خلق بلا تشدید ومن ھذہ مبتدأ وخبرہ محذوف بعد قولہ ماءً وھو خیر لم یعطف علیہ قولہ ام ما یشرکون ای آ الذی خلق وفعل کذا و کذا خیر ام الذی یشرکون خیر وکذا یقال فیما بعدھا من القرائن فافھم واللہ یتولی ھداك ۱۲۔

الحواشی: (۱) ای ذکر الاصنام الذی کان مؤخر فی السوال الجمل ولو قدم ذکر اللہ فی السوال المفصل لکان ایضًا مؤخر فی السوال المفصل کالسوال المجمل وبقی السامع منتظرا الی ذکرہ فی عین وقت ذکر اللہ فلذا قدم لیکون الذھن فارغا عنہ ویتوجہ بشرا شرہ الی ذکر اوصاف اللہ تعالٰی ۱۲ منہ۔

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۝۶۵ بَلِ ادّٰرَكَ
عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۚ بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ۝۶۶ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ع ۵
وَّاٰبَآؤُنَاۤ اَىِٕنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ۝۶۷ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِيْرُ
الْاَوَّلِيْنَ ۝۶۸ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ۝۶۹ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ
وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝۷۰ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۷۱ قُلْ عَسٰۤى

www.besturdubooks.net

أَنْ يَكُونَ رَدِفَ لَكُم بَعْضُ الَّذِي تَسْتَعْجِلُونَ ﴿٧٢﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٤﴾ وَمَا مِنْ غَائِبَةٍ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ﴿٧٥﴾

آپ کہہ دیجئے کہ جتنی مخلوقات آسمانوں اور زمین (یعنی عالم) میں موجود ہیں (ان میں سے) کوئی بھی غیب کی بات نہیں جانتا اللہ تعالیٰ کے اور (اسی وجہ سے) ان مخلوقات کو یہ خبر نہیں کہ وہ کب دوبارہ زندہ کئے جاویں گے بلکہ آخرت کے بارے میں (خود) ان کا علم (بالوقوع ہی) نیست ہوگیا بلکہ یہ لوگ اس سے شک میں ہیں بلکہ یہ اس سے اندھے بنے ہوئے ہیں اور یہ کافریوں کہتے ہیں کہ کیا ہم لوگ جب (مرکر) خاک ہوگئے اور (اسی طرح) ہمارے بڑے بھی تو کیا (پھر) ہم (زندہ کر کے قبروں سے) نکالے جائیں گے۔ اس کا تو ہم سے اور ہمارے بڑوں سے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے) پہلے سے وعدہ ہوتا چلا آیا ہے۔ یہ بے سند باتیں جو اگلوں سے نقل ہوگی چلی آئی ہیں آپ کہہ دیجئے کہ تم زمین میں چل پھر کر دیکھو کہ مجرمین کا انجام کیا ہوا اور اگر باوجود (ان مواعظ بلیغہ کے کے پھر بھی مخالفت پر کمربستہ رہیں تو) آپ ان پر غم نہ کیجئے اور جو کچھ یہ شرارتیں کر رہے ہیں اس سے تنگ نہ ہوئیے اور یہ لوگ (بے باکانہ) یوں کہتے ہیں کہ یہ وعدہ (عذاب وقہر کا) کب ہوگا اگر تم سچے ہو (تو بتلاؤ) آپ کہہ دیجئے کہ عجب نہیں کہ جس عذاب کی ہم جلدی مچا رہے ہیں اس میں سے کچھ تمہارے پاس ہی آلگا ہو اور اب تلک جو دیر ہو رہی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کا رب لوگوں پر اپنا بڑا فضل رکھتا ہے لیکن اکثر آدمی (اس بات پر) شکر نہیں کرتے اور آپ کے رب کو سب علم ہے جو کچھ ان کے دلوں میں مخفی ہے اور جس کو وہ اعلانیہ کرتے ہیں اور آسمان اور زمین میں ایسی کوئی مخفی چیز نہیں جو لوح محفوظ میں نہ ہو۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر نبوت کے بعد توحید کا ذکر ہو چکا' آگے معاد کا ذکر ہے جس کی طرف دلائل توحید میں اس قول سے اجمالی اشارہ بھی ہوا ہے ثُمَّ يُعِيدُهُ اور چونکہ کفار اس کی تکذیب کی ایک وجہ یہ بھی قرار دیتے تھے کہ قیامت کا وقت پوچھنے پر بھی نہیں بتلایا جاتا عدم تعیین کو عدم وقوع کی دلیل ٹھہراتے تھے اس لئے اس مضمون کو اختصاص علم غیب باللہ تعالیٰ سے شروع کیا ہے۔ قُل لَّا يَعْلَمُ جس میں اُن کے منشائے اشتباہ کا من وجہ جواب بھی ہوگیا۔ پھر اُن کے شک وانکار پر تشنیع ہے۔ بَلِ ادَّارَكَ پھر اُن کے ایک انکاری قول کی نقل ہے۔ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا پھر اس انکار پر تہدید ہے قُلْ سِيرُوا پھر اس انکار پر آپ کی تسلی ہے۔ وَلَا تَحْزَنْ پھر اُس تحدید کے متعلق ان کے ایک شبہ کا جواب ہے وَيَقُولُونَ...... پھر تہدید کی تاکید ہے۔ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ جیسا تقریر ترجمہ سے ظاہر ہوگا۔

بحث معاد ومتعلقات آن: قُل لَّا يَعْلَمُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ الْغَيْبَ إِلَّا اللَّهُ ۚ (الی قولہ تعالی) وَمَا مِنْ غَائِبَةٍ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ﴿٧٥﴾ (یہ لوگ جو قیامت کا وقت نہ بتلانے سے اُس کے عدم وقوع پر استدلال کرتے ہیں اس کے جواب میں) آپ کہہ دیجئے کہ (یہ استدلال غلط ہے کیونکہ غایت مافی الباب اس سے اتنا لازم آیا کہ مجھ سے اور تم سے اس تعیین کا علم غائب رہا۔ سو اس میں اسی کی کیا تخصیص ہے غیب کی نسبت قاعدۂ کلیہ ہے کہ) جتنی مخلوقات آسمانوں اور زمین (یعنی عالم) میں موجود ہیں (اُن میں سے) کوئی بھی غیب کی بات نہیں جانتا بجز اللہ تعالیٰ کے اور (اسی وجہ سے) ان (مخلوقات) کو یہ خبر (بھی) نہیں کہ وہ کب دوبارہ زندہ کئے جاویں گے (یعنی اللہ تعالیٰ کو تو بے بتلائے سب معلوم ہے اور کسی کو بے بتلائے کچھ بھی معلوم نہیں مگر دیکھا جاتا ہے کہ بہت سے امور جن کا پہلے سے علم نہیں ہوتا واقع ہوتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ عدم علم عدم وقوع کو مستلزم نہیں بلکہ بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو بعض علوم کا غیب رکھنا منظور ہے۔ سو قیامت کی تعیین بھی ان ہی امور میں سے ہے اسی لئے مخلوق کو اس کا علم نہیں دیا گیا مگر اس سے عدم وقوع کیسے لازم آگیا اور یہ عدم علم بالتعیین تو سب میں امر مشترک ہے لیکن ان کفار منکرین میں صرف عدم علم بالتعیین ہی نہیں) بلکہ (اس سے بڑھ کر یہ بات ہے کہ) آخرت کے بارے میں (خود) ان کا (نفس) علم (بالوقوع ہی) نیست ہوگیا (یعنی خود اُس کے وقوع ہی کا علم نہیں جو تعیین کے علم نہ ہونے سے بڑھ کر ہے اور مذموم بھی' کیونکہ علم معاد کا واجب ہے اور ترک واجب مذموم ہے) بلکہ (اُس سے بڑھ کر یہ ہے کہ) یہ لوگ اُس (کے وقوع) سے شک میں ہیں (کہ یہ عدم علم سے بدتر ہے کیونکہ عدم علم فی نفسہ عام ہے خلو ذہن کو بھی اور شک میں باوجود التفات ذہن کے پھر عدم تصدیق ہے) بلکہ (اُس سے بڑھ کر یہ ہے کہ) یہ اس سے اندھے بنے ہوئے ہیں (یعنی جیسے اندھے کو طریق نظر نہیں آتا اس لئے مقصود تک پہنچنا مستبعد ہے۔ اسی طرح تصدیق بالآخرت کا جو طریق ہے یعنی دلائل صحیحہ یہ لوگ غایت عناد سے اس میں تدبر و تامل نہیں کرتے۔ اسی لئے وہ دلائل اُن کو نظر نہیں آتے جس سے مطلوب تک پہنچ جانے کی اُمید ہوتی۔ پس یہ شک سے بھی بڑھ کر ہے کیونکہ شک والا بعض اوقات دلائل میں نظر کر کے رفع شک کر لیتا ہے اور یہ نظر بھی نہیں کرتے۔ پس أَيَّانَ يُبْعَثُونَ ﴿٦٥﴾ سے بڑھ کر تدارک علم ہوا اور اس سے بڑھ کر شک اور اس سے بڑھ کر عمی' پس یہ انتقالات ترقی کے واسطے ہیں اور ترقی میں ماقبل کی نفی نہیں ہے کہ تعارض کا شبہ ہو بلکہ اثبات شئی زائد ہے جس کا

www.besturdubooks.net

حاصل یہ ہے کہ سب اوصاف ثابت ہیں یعنی عدم تعیین بھی اور تدارک بھی اور شک بھی اور عمی بھی اور چونکہ ہر ماقبل ہر مابعد سے مفہوم عام ہے یعنی لابشرط شی ہے بشرط لاشی نہیں ہے لہٰذا اجتماع میں کوئی اشکال نہیں جیسا ترجمہ کی تقریر سے یہ عموم وخصوص ظاہر ہے) اور (اس تشنیع علی الانکار کے بعد آگے اُن کا ایک انکاری قول نقل فرماتے ہیں کہ) یہ کافریوں کہتے ہیں کہ کیا ہم لوگ جب (مرکر) خاک ہو گئے اور (اسی طرح) ہمارے بڑے بھی تو کیا (پھر) ہم (زندہ کر کے قبروں سے) نکالے جاویں گے اُس کا تو ہم سے اور ہمارے بڑوں سے (محمد ﷺ کے) پہلے سے وعدہ ہوتا چلا آیا ہے (کیونکہ تمام انبیاء کا یہ قول مشہور ہے لیکن نہ آج تک ہوا اور نہ کسی نے بتلایا کہ کب ہوگا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ) یہ بے سند باتیں ہیں جو اگلوں سے نقل ہوتی چلی آئی ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ (جب اس کے امکان پر دلائل عقلیہ اور وقوع پر دلائل نقلیہ جا بجا بارہا تم کو سنا دیئے گئے ہیں تو تم کو تکذیب سے باز آنا چاہئے ورنہ جو اور مکذبین کا حال ہوا ہے کہ مقہور ہوئے وہی تمہارا حال ہوگا اگر اُن کی حالت میں کچھ شبہ ہو تو) تم زمین میں چل پھر کر دیکھو کہ مجرمین کا انجام کیا ہوا (چنانچہ آثار ہلاکت بالعذاب کے نمایاں اور باقی تھے) اور (اگر باوجود ان مواعظ بلیغہ کے پھر بھی مخالفت پر کمر بستہ رہیں تو) آپ ان پر غم نہ کیجئے اور جو کچھ یہ شرارتیں کر رہے ہیں اُس سے تنگ نہ ہوجیے (کہ اور انبیاء کے ساتھ بھی یہی معاملہ ہوا ہے) اور (قُلْ سِيرُوْا میں اور اُس کے امثال دوسری آیات میں جو ان کو وعید عذاب سنائی جاتی ہے تو چونکہ دل میں تصدیق نہیں اس لئے) یہ لوگ (بیا کانہ) یوں کہتے ہیں کہ یہ وعدہ (عذاب وقہر کا) کب ہوگا اگر تم سچے ہو (تو بتلاؤ) آپ کہہ دیجئے کہ عجب نہیں کہ جس عذاب کی تم جلدی مچار ہے ہواس میں سے کچھ تمہارے پاس ہی آ لگا ہو اور (اب تک جو دیر ہو رہی ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ) آپ کا رب لوگوں پر (اپنا) بڑا فضل رکھتا ہے (اُس رحمت عامہ کی وجہ سے قدرے مہلت دے رکھی ہے) ولیکن اکثر آدمی (اس بات پر) شکر نہیں کرتے (کہ تاخیر کو غنیمت سمجھیں اور اس مہلت میں حق کی طلب اور اس کو قبول کرلیں کہ عذاب سے نجات ابدی حاصل ہو بلکہ بالعکس انکار اور علی سبیل الاستہزاء استعجال کرتے ہیں) اور (یہ تاخیر چونکہ بمصلحت ہے اس لئے یوں نہ سمجھیں کہ ان افعال کی کبھی سزا ہی نہ ہوگی کیونکہ) آپ کے رب کو سب خبر ہے جو کچھ اُن کے دلوں میں مخفی ہے اور جس کو وہ علانیہ کرتے ہیں اور (علاوہ حق تعالیٰ کو خبر ہونے کے ظاہری طور پر بھی باضابطہ سب چیزیں دفتر خداوندی میں درج ہیں جس میں کچھ ان ہی کے افعال کی تخصیص نہیں بلکہ) آسمان اور زمین میں ایسی کوئی مخفی چیز نہیں جو لوح محفوظ میں نہ ہو (اور دفتر یہی ہے اور جب مخفی چیزیں جن کو کوئی نہیں جانتا اُس میں موجود ہیں تو ظاہر چیزیں تو بدرجہ اولیٰ موجود ہیں۔ غرض اُن کے اعمال کی خدا کو بھی خبر دفتر میں بھی محفوظ اور وہ اعمال خود مقتضی سزا کو بھی اور وقوع سزا پر اخبار صادقہ بھی متعلق۔ پھر اس سمجھنے کی کیا گنجائش ہے کہ سزا نہ ہوگی البتہ دیر ہونا ممکن ہے۔ چنانچہ بعضی سزائیں ان منکرین کو دنیا میں ہوئیں جیسے قحط وقتل اور بعض برزخ میں ہوں گی کہ یہ سب قریب ہیں اور کچھ آخرت میں ہوں گی اس لئے ردف کے ساتھ لفظ بعض فرمایا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ اس پر دال ہے کہ توجہ الی الخلق گو بقصد ارشاد واصلاح ہی ہو اُس میں اعتدال ہونا چاہئے۔

ملحقات الترجمہ: قوله في السموات عالم فسر به لئلا يتوهم عدم نفي علم الغيب عن المجردات التي هي لا في السموات ولا في الارض ۱۲۔

اللغات: من في السموات في تغليب ۱۲ ادرك واصله مدارك وفي قراءة ادرك على وزن اكرم بمعنى او ترك من التدارك وهو التتابع لغة ويراد ههنا التنافي والاضمحلال مجازا من تتابع القوم في الهلاكة او من تتابع حتى انقطع وفنى اطلاقا للمطلق على المقيد او الملزوم على اللازم قوله علمهم في الأخرة في الروح العلم يتعدى بفي كما يتعدى بالباء ۱۲۔ قوله ردف لكم يتعدى بنفسه وباللام قوله :غائبةصفة غلبت في هذا المعنى وان لم تنقل الى الاسمية ويجوز ان تكون صفة منقولة الى الاسمية والتاء للنقل والفرق بين المغلب والمنقول ان الاول يجوز اجراء ه على موصوف مذكر بخلاف الثاني ۱۲۔

النحو: قوله الا الله الاستثناء منقطع تحقيقا لان الله تعالى لا يدخل في من متصل تاويلا على حد۔ وبلدة ليس بها انيس۔ الا اليعا فيروا الا العيس۔ بناء على ادخال اليعا فير في الانيس اه هكذا في الروح وقال الزمخشري هذا على لغة بني تميم يرفعون المستثنى المنقطع على البدل اذا كان المبدل منه مرفوعا الخ ۱۲۔

البلاغة: قوله عسى قال الزمخشري ان عسى ولعل وسوف في وحد الملوك ووعيدهم تدل على صدق الامر وجده ومالا مجال للشك بعده وانما يعنون بذلك اظهار وقارهم وانهم لا يجعلون بالانتقام لادلالهم بقهرهم وغلبتهم ووثوقهم بان عدوهم لا يفوتهم وان الرمزة الى الاغراض كافية من جهتهم فعلي ذلك جرى وعد الله تعالى ووعيد سبحانه اه وفي الروح لا يخفى حسن ذلك ۱۲۔

إِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ أَكْثَرَ الَّذِي هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ وَإِنَّهُ

www.besturdubooks.net

لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ﴿٧٧﴾ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُم بِحُكْمِهِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ﴿٧٨﴾
فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۖ إِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِينِ ﴿٧٩﴾ إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ
الدُّعَاءَ إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ ﴿٨٠﴾ وَمَا أَنتَ بِهَادِي الْعُمْيِ عَن ضَلَالَتِهِمْ ۖ إِن تُسْمِعُ إِلَّا مَن
يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُم مُّسْلِمُونَ ﴿٨١﴾

بے شک یہ قرآن بنی اسرائیل پر اکثر باتوں کی (حقیقت) کو ظاہر کرتا ہے جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں اور بالیقین وہ ایمانداروں کے لئے (خاص) ہدایت اور (خاص) رحمت ہے۔ بالیقین آپ کا رب ان کے درمیان اپنے حکم سے (وہ عملی) فیصلہ (قیامت کے دن) کرے گا اور وہ زبردست اور علم والا ہے سو (جب وہ ایسا ہے تو) آپ اللہ پر توکل رکھئے یقیناً آپ صریح (طریقہ) پر ہیں آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے اور نہ بہروں کو اپنی آواز سنا سکتے ہیں (خصوصاً) جب کہ وہ پیٹھ پھیر کر چل دیں اور نہ آپ اندھوں کو ان کی گمراہی سے بچا کر رستہ دکھلانے والے ہیں۔ آپ تو صرف انہیں کو سنا سکتے ہیں جو ہماری آیتوں کا یقین رکھتے ہیں (اور) پھر وہ مانتے (بھی) ہیں۔

تفسیر: ربط: چونکہ قیامت کا امکان عقلی اور وقوع نقلی وسمعی ہے اور اوپر اس کے وقوع کی خبر دی گئی ہے اور اخبار کے اثبات کے لئے صدق مخبر کا اثبات ضروری ہے اس لئے آگے قرآن کا کہ وہ مخبر ہے صادق ہونا ایک خاص طور پر علاوہ اس کے معجز ہونے کے ثابت فرماتے ہیں مع اس کے برکات کے۔

اثبات حقیقت و برکات قرآن: إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَقُصُّ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَكْثَرَ الَّذِي هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿﴾ وَإِنَّهُ لَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ﴿﴾ بے شک یہ قرآن بنی اسرائیل پر اکثر اُن باتوں (کی حقیقت) کو ظاہر کرتا ہے جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں (اور پھر ظاہر بھی ایسے طور پر کرتا ہے جس میں علمائے بنی اسرائیل کو بھی جو اُن میں کسی قدر منصف ہیں کلام نہیں رہتا اور علماء کے اختلاف کا فیصل کرنے والا اُن علماء سے اعلم ہونا چاہئے اور اعلم ہونے کے دو طریقے ہیں یا تو خالق سے علوم کا استفادہ کیا ہو اور یا مخلوق سے اور رسول اللہ ﷺ میں شق ثانی یقیناً منفی ہے چنانچہ یہ احتمال کسی مخالف نے بھی نہیں نکالا تھا پس لامحالہ شق اول متعین ہوگئی۔ پس آپ کا صاحب وحی ہونا اور قرآن کا وحی ہونا ثابت ہوگیا اور وحی کا صدق ضروری ہے۔ پس قرآن کا جو کہ مخبر عن القیامت ہے صادق ہونا ثابت ہوگیا اور اس سے قیامت کا وقوع جو قرآن میں منقول ہے ثابت ہوگیا۔ وھو المطلوب اور اعجاز قرآن وہ دلیل اس کے علاوہ ہے۔ پس رفع اختلاف مذکور دلیل راجع الی المعنی اور اعجاز دلیل راجع الی النظم ہے اور اعجاز سے بلاواسطہ استدلال عارفین وجوہ بلاغت کے ساتھ خاص ہے گو بواسطہ مشاہدہ عجز بلغاء کے وہ استدلال عام ہو جاتا ہے اور رفع اختلاف سے استدلال فی نفسہ بلغاء وغیر بلغاء سب کے لئے عام ہے اور شاید اسی عموم کے سبب اس مقام پر اس استدلال کو اختیار کرنے میں ترجیح دی گئی ہو) اور (اس کا دلیل ہونا تو برکت ظاہری ہے موافق و مخالف سب کے لئے عام ہے لیکن اس کے برکات معنویہ اگر دیکھنا ہوں تو ایمان لا کر کوئی دیکھے کہ) بالیقین وہ ایمان داروں کے لئے (خاص) ہدایت اور (خاص) رحمت ہے (ہدایت باعتبار طاعات کے اور رحمت باعتبار ثمرات کے)۔ ف: گو اس آیت سے رسالت کا اثبات بھی صاف ہے لیکن سوق کلام اثبات صدق وصحت قرآن کے لئے بحیثیت اس کے مخبر عن القیامۃ ہونے کے ہے۔ پس حیثیت مذکورہ میں یہ عبارت النص ہے اور مطلق اثبات رسالت میں اشارۃ النص ہے اور بنی اسرائیل کے اختلافات رفع کرنے کی مثالیں اس مقام پر تفسیر حقانی میں متعدد نقل کی ہیں اُس میں ملاحظہ کر لی جاویں۔ احقر کتب سابقہ سے واقفیت نہیں رکھتا اور جتنے اُمور اختلافیہ کا قرآن میں فیصلہ ہے اگر بنی اسرائیل میں اُمور اختلافیہ اس سے کم تھے تو لفظ اکثر اپنے معنی پر ہے ورنہ اکثر بمعنی کثیر ہے۔ ربط: اوپر دلیل معاد کا کہ قرآن ہے صحیح و مثبت ہونا مذکور تھا جس کا مقتضا تھا کفار کا انکار سے باز آ جانا اور پھر بھی باز نہ آنے کا مقتضی تھا حضور ﷺ کا محزون ہونا اس لئے آگے تسلیہ ہے آپ کا جیسا کہ اوپر آیت وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ میں بھی یہ مضمون تھا۔

تسلیہ رسول اللہ ﷺ: إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُم بِحُكْمِهِ ۚ (الی قولہ تعالی) فَهُم مُّسْلِمُونَ ﴿﴾ (آپ ان لوگوں کی حالت پر نہ تاسف کیجئے اور نہ اُن کی مخالفت کی فکر کیجئے کیونکہ ان کا کام حد فہمائش سے گزر گیا ہے۔ اب یہ عقلی اور شرعی فیصلہ کو نہ مانیں گے بلکہ عملی فیصلہ کی ضرورت ہے جو خدا کا کام ہے اور) بالیقین آپ کا رب اُن کے درمیان اپنے حکم سے (وہ عملی) فیصلہ (قیامت کے دن) کرے گا (اُس وقت معلوم ہو جاوے گا کہ دین حق کیا تھا اور باطل کیا تھا تو ایسے لوگوں پر کیا تاسف کیا جاوے) اور (اسی طرح فکر مخالفت بھی نہ کیجئے کیونکہ) وہ زبردست اور علم والا ہے (پس بدوں اُس کی مشیت کے کوئی کسی کو ضرر نہیں پہنچا سکتا اور اُس سے کسی کی تدبیر ضرر رسانی کی مخفی نہیں وہ سب کو جانتا ہے اور اپنی قدرت سے سب کو دفع کر سکتا ہے) سو (جب وہ ایسا ہے تو) آپ اللہ پر توکل رکھئے (کہ قدرت علی النصر تو اوپر ثابت ہوئی اور وقوع نصر کا مرجع یہ امر ہے کہ) یقیناً آپ صریح حق (طریقہ) پر ہیں (اور اہل حق بمقابلہ اہل باطل کے

www.besturdubooks.net

منصور ہوا کرتے ہیں۔ پس خوف وفکر نہ کیجئے اور چونکہ بہ نسبت خوف وفکر کے آپ کو حزن زیادہ ہوتا تھا' اس لئے اُس کے متعلق پھر مکرر دوسرے عنوان سے فرماتے ہیں کہ) آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے اور نہ بہروں کو اپنی آواز سنا سکتے ہیں (خصوصاً) جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر چل دیویں اور نہ آپ اندھوں کو ان کی گمراہی سے (بچا کر ان کو) راستہ دکھلانے والے ہیں آپ تو صرف اُن ہی کو سنا سکتے ہیں جو ہماری آیتوں کا یقین رکھتے ہیں (اور) پھر وہ مانتے (بھی) ہیں (مطلب یہ کہ یہ لوگ تو مشابہ مردوں' بہروں اور اندھوں کے ہیں' پھر اُن سے توقع ہدایت اور فہم کی بے کار ہے۔ جب توقع نہ ہوگی حزن بھی نہ ہوگا) ف: اس آیت سے بعض علماء نے استدلال کیا ہے کہ مردے نہیں سنا کرتے ہر چند کہ مردوں سے مراد یہاں کفار ہیں مگر تشبیہ جب ہی درست ہو سکے گی جب مردے نہ سنتے ہوں لیکن چونکہ بعض احادیث میں مردوں کا سننا قریب جگہ سے نہ کہ بعید سے وارد ہے' اس لئے بعض علماء نے آیت میں کہا ہے کہ مراد سماع منفی سے سماع نافع ہے اور قرینہ اس کا علاوہ دفع تعارض حدیث کے یہ بھی ہے کہ کفار سے مطلق سماع کا منفی ہونا مشاہدہ کے خلاف ہے' البتہ سماع نافع ضرور منفی تھا۔ پس مردوں سے بھی منفی ہے۔ چنانچہ ظاہر ہے کہ اگر مردوں کو نصیحت کرے بے کار ہے' کیونکہ وہ دار العمل نہیں اور ثواب سے نفع ہونا یا تلاوت قرآن سے اُنس ہونا یہ دوسری بات ہے مقصود مواعظ کا نافع نہ ہونا ہے اور بعض نے یہ جواب دیا ہے کہ مردے میں مردہ حقیقی جسد ہے وہ نہیں سن سکتا مگر اس سے روح کی نفی سماع لازم نہیں آتی اور علمائے مانعین نے حدیثوں میں کچھ مناسب تاویلیں کر کے تعارض کو دفع کیا ہے۔ واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۖ توکل کی یہ تعلیل اس کی دلیل ہے کہ حق پر ہونے کی خاصیت قوت قلب ہے اور اس کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ ...... اس پر دال ہے کہ ہدایت شیخ کے قبضہ میں نہیں جیسا بعض جاہلوں کا زعم ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ١قوله فى ف تفسیر حقانی قلت وشي منه مذكور في روح المعاني قليلا حظ واهم ما ذكره الطبرى بقوله وذلك كالذى اختلفوا فيه من امر عيسىٰ فقالت اليهود فيه قالت وقالت النصارىٰ فيه ما قالت وتبرأ لاختلافهم فيه هؤلاء من هؤلاء وهؤلاء من هؤلاء ١٢۔ ٢قوله في يقضي قیامت كذا في الخازن ١٢۔ ٣قوله في ما انت بهٰدى بچا کر اشارة الى تضمن الهداية معنى الصرف ١٢۔

اللغات: بحكمه في المدارك بعدله لانه لا يقضي الا بالعدل فسمي المحكوم به حكمها اه فلا يلزم ان القضاء والحكم واحد فيلزم كون الشي سببا لنفسه۔

وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِّنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ أَنَّ النَّاسَ كَانُوا
بِآيَاتِنَا لَا يُوقِنُونَ ﴿٨٢﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِن كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّن يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ
يُوزَعُونَ ﴿٨٣﴾ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوا قَالَ أَكَذَّبْتُم بِآيَاتِي وَلَمْ تُحِيطُوا بِهَا عِلْمًا أَمَّاذَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٨٤﴾
وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِم بِمَا ظَلَمُوا فَهُمْ لَا يَنطِقُونَ ﴿٨٥﴾ أَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا اللَّيْلَ
لِيَسْكُنُوا فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٨٦﴾ وَيَوْمَ يُنفَخُ فِي الصُّورِ فَفَزِعَ مَن
فِي السَّمَاوَاتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَن شَاءَ اللَّهُ ۚ وَكُلٌّ أَتَوْهُ دَاخِرِينَ ﴿٨٧﴾ وَتَرَى الْجِبَالَ
تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ۚ صُنْعَ اللَّهِ الَّذِي أَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ إِنَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَفْعَلُونَ ﴿٨٨﴾
مَن جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ خَيْرٌ مِّنْهَا وَهُم مِّن فَزَعٍ يَوْمَئِذٍ آمِنُونَ ﴿٨٩﴾ وَمَن جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوهُهُمْ
فِي النَّارِ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٩٠﴾

اور جب وعدہ (قیامت کا) ان پر پورا ہونے کو ہوگا تو ہم ان کے لئے ایک (عجیب) جانور نکالیں گے کہ وہ ان سے باتیں کرے گا کہ کافر لوگ ہماری (یعنی اللہ تعالیٰ کی) آیتوں پر یقین نہ لاتے تھے اور جس دن (قبروں سے زندہ کرنے کے بعد) ہم ہر امت میں سے ایک ایک گروہ ان لوگوں کا (حساب کے لئے) جمع کریں گے جو ہماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے پھر ان کو روکا جائے گا۔ یہاں تک کہ جب (موقف میں) حاضر ہو جائیں گے۔ تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا کہ کیا تم نے میری آیتوں کو جھٹلایا

www.besturdubooks.net

تھا۔ حالانکہ تم ان کو اپنے احاطہ علمی میں بھی نہیں لائے بلکہ اور بھی کیا کیا کام کرتے تھے اور (اب وہ وقت ہے) کہ ان پر وعدہ کا پورا ہو گیا کہ دنیا میں انہوں نے (بڑی بڑی) زیادتیاں کی تھیں سو وہ لوگ بات بھی نہ کر سکیں گے۔ کیا انہوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ ہم نے رات بنائی تاکہ لوگ اس میں آرام کریں (اور یہ آرام مشابہ موت کے ہے) اور دن بنایا جس میں دیکھیں (اور یہ مشابہ حیات بعد الموت کے ہے پس) بلاشبہ اس میں بڑی دلیلیں ہیں ان (ہی) لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں اور جس دن صور میں پھونک ماری جائے گی سو جتنے آسمان اور زمین میں ہیں سب گھبرا جاویں گے۔ مگر جس کو اللہ چاہے وہ اس گھبراہٹ سے اور موت سے محفوظ رہے گا اور سب کے سب اسی کے سامنے دبے رہیں گے اور تو جن پہاڑوں کو دیکھ رہا ہے (اور) ان کو خیال کر رہا ہے کہ یہ اپنی جگہ سے جنبش نہ کریں گے۔ حالانکہ وہ بادلوں کی طرح اڑے اڑے پھریں گے۔ یہ اللہ کا کام ہوگا جس نے ہر چیز کو (مناسب انداز پر) مضبوط بنا رکھا ہے۔ یہ یقینی بات ہے کہ اللہ تم کو ہمارے سب افعال کی پوری خبر ہے جو شخص نیکی یعنی ایمان لادے گا۔ سو اس شخص کو اس (نیکی کے اجر) سے بہتر (اجر) ملے گا اور وہ لوگ بڑی گھبراہٹ سے اس روز امن میں رہیں گے اور جو شخص بدی (یعنی کفر و شرک) لادے گا تو وہ لوگ اوندھے منہ آگ میں ڈال دیئے جائیں گے (اور ان سے کہا جائے گا) تم کو ان ہی عملوں کی سزا دی جا رہی ہے جو تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر قُلْ لَّا یَعْلَمُ میں قیامت کا ذکر تھا۔ آگے پھر اسی طرف عود ہے اور درمیان میں تبعاً دوسرے مناسب مضامین آ گئے تھے جن کا تناسب تقریرات ربط میں مذکور ہوا ہے۔ پس اول بعض اشراط قیامت کے مذکور ہیں وَاِذَا وَقَعَ پھر وقوع حشر کا ذکر ہے وَیَوْمَ نَحْشُرُ پھر ایک دلیل امکان بعث کی مذکور ہے اَلَمْ یَرَوْا پھر بعض واقعات عین قیامت کے مذکور ہیں۔ وَیَوْمَ یُنْفَخُ پھر طریقہ جزا و سزا کا مذکور ہے مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ۔

عود بسوئے ذکر قیامت و علامات و واقعات آں: وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ (الی قوله تعالی) هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۞ اور جب وعدہ (قیامت کا) ان (لوگوں) پر پورا ہونے کو ہوگا (یعنی قیامت کا زمانہ قریب[1] آ پہنچے گا) تو ہم ان کے لئے زمین سے ایک (عجیب) جانور نکالیں گے کہ وہ ان سے[2] باتیں کرے گا کہ (کافر) لوگ ہماری (یعنی اللہ تعالیٰ کی) آیتوں پر (بالخصوص جو آیتیں قیامت کے متعلق ہیں ان پر) یقین نہ لاتے تھے (سو اب قیامت قریب آ پہنچی ہے۔ چنانچہ ایک علامت اس کی میرا ظہور ہے مقصود اس سے الزام حجت اور تبکیت کفار کی ہے اور چونکہ یہ خارق عظیم ہوگا اس لئے بالاضطرار اس کی تصدیق کریں گے تو اس میں زیادہ تشنیع کفار کی ہے کہ انبیاء کی تکذیب کرتے رہے۔ اب دابہ کی تصدیق کیوں کی اور چونکہ یہ طلوع الشمس من المغرب کے زمانہ میں ہوگا خواہ اس کے ذرا قبل یا ذرا بعد جیسا خازن میں مسلم سے نقل کیا ہے اس لئے وہ تصدیق مقبول نہ ہوگی یہ تو قرب قیامت میں واقعہ ہوگا) اور (پھر قیامت ہی آ جاوے گی جس کے واقعات آگے فرماتے ہیں کہ اس دن کو یاد دلایئے) جس دن (قبروں سے زندہ کرنے کے بعد) ہم ہر امت میں سے (یعنی امم سابقہ میں سے بھی اور اس امت میں سے بھی) ایک ایک گروہ ان لوگوں کو (حساب کے لئے) جمع کریں گے جو میری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے پھر (ان کو موقف کی طرف حساب کے لئے روانہ کیا جائے گا اور چونکہ کثرت سے ہوں گے اس لئے) ان کو (چلنے میں پچھلوں کے آ ملنے کے واسطے) روکا جاوے گا (یعنی تاکہ آگے پیچھے نہ رہیں سب شامل ہو کر موقف کی طرف چلیں یہ کنایہ ہے کثرت سے کہ کثرت میں ایسا ہوتا ہے خواہ روک ٹوک ہو یا نہ ہو) یہاں تک کہ جب (چلتے چلتے موقف میں) حاضر ہو جاویں گے تو (حساب شروع ہوگا اور) اللہ تعالیٰ ارشاد فرماوے گا کہ کیا تم نے میری آیتوں کو جھٹلایا تھا حالانکہ تم ان کو اپنے احاطہ علمی میں بھی نہیں لائے (جس کے بعد غور کرنے کا موقع ملتا اور غور کر کے اس پر کچھ رائے قائم کرتے۔ مطلب یہ کہ سنتے ہی بلا تدبر و بلا تفکر ان کی تکذیب کر دی اور تکذیب ہی پر اکتفا نہیں کیا) بلکہ[3] (یاد تو کرو اس کے علاوہ) اور بھی کیا کیا کام کرتے رہے (مثلاً[4] انبیاء کو اور اہل ایمان کو آزار دیا جو تکذیب سے بھی بڑھ کر ہے۔ اسی طرح اور عقائد و اعمال کفریہ و فسقیہ میں مبتلا رہے) اور (اب وہ وقت ہے کہ) ان پر (بوجہ قائم ہو جانے جرم کے) وعدہ (عذاب کا) پورا ہو گیا (یعنی سزا کا استحقاق ثابت ہو گیا) بوجہ اس کے کہ (دنیا میں) انہوں نے (بڑی بڑی) زیادتیاں کی تھیں (جن کا آج ظہور ثابت ہو گیا) سو (چونکہ ثبوت قوی ہے اس لئے) وہ لوگ (عذر وغیرہ کے متعلق) بات بھی نہ کر سکیں گے (اور بعض آیات میں جو ان کا اعتذار مذکور ہے وہ ابتداء میں ہوگا پھر بعد اقامت حجت نطق نہ ہوگا اور یہ لوگ جو امکان قیامت کے منکر ہیں تو حماقت محض ہے کیونکہ علاوہ دلائل نقلیہ ثابتۃ الصدق کے اس پر دلیل عقلی بھی تو قائم ہے مثلاً) کیا انہوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ ہم نے رات بنائی تاکہ لوگ اس میں آرام کریں (اور یہ آرام مشابہ موت کے ہے) اور دن بنایا جس میں دیکھیں بھالیں (جو کہ موقوف ہے بیداری پر اور وہ مشابہ حیات بعد الموت کے ہے پس) بلاشبہ اس (روزانہ خواب و بیداری) میں (امکان بعث پر اور ان آیات کے حق ہونے پر جو اس پر دال ہیں) بڑی[5] دلیلیں ہیں (کیونکہ موت کی حقیقت ہے زوال تعلق روح عن الجسد اور حیات ثانیہ کی حقیقت ہے عود اس تعلق کا اور نوم بھی من وجہ زوال ہے اس تعلق کا کیونکہ ضعف بھی اس شئے کے مراتب کے وجود میں سے کسی مرتبہ کا زوال ہوتا ہے اور یقظہ عود ہے اس تعلق زائل کا۔ پس دونوں میں تشابہ تام ہوا اور ایک نظیر کے ساتھ قدرت کا تعلق مشاہد ہے اور یہ تعلق معلل کسی علت سے ہے نہیں بلکہ ذات واجب اس کو مقتضی ہے اور محل قدرت کا امتناع کسی دلیل سے ثابت نہیں اور امکان اولیٰ بدیہی ہے پھر اس کی نظیر کا امکان اس بداہت کو اور قوی کرتا ہے پھر اس کے ساتھ تعلق قدرت میں کیا کلام ہے اور یہ دلیل چونکہ عقلی

www.besturdubooks.net

ہے اس لئے ہر شخص کے لئے عام ہے مگر باعتبار انتفاع کے) اُن (ہی) لوگوں کے لئے (ہے) جو ایمان رکھتے ہیں (کیونکہ وہ تدبر کرتے ہیں اور دوسرے تدبر نہیں کرتے اور انتاج کے لئے نظر و فکر ضروری ہے اس لئے دوسرے اس سے منتفع نہیں ہوتے) اور (ایک واقعۂ ہولناک اس حشر مذکور سے پہلے ہوگا جس کا آگے ذکر ہے یعنی اس دن کی ہیبت بھی یاد دلا یئے) جس دن صور میں پھونک ماری جاوے گی (یہ نفخہ اولیٰ ہے اور حشر مذکور نفخہ ثانیہ کے بعد تھا) سو جتنے آسمان اور زمین میں (فرشتے اور آدمی وغیرہ) ہیں سب گھبرا جاویں گے (اور پھر مر جاویں گے اور جو مر چکے ہیں اُن کی روحیں بے ہوش ہو جاویں گی) مگر جس کو خدا چاہے (وہ اس گھبراہٹ سے اور موت سے محفوظ رہے گا' مراد ان سے حسب حدیث مرفوع جبرئیل و میکائیل و اسرافیل و ملک الموت و حاملان عرش ہیں' پھر ان سب کی بھی بدوں اثر نفخہ وفات ہو جاوے گی کذا فی الدر المنثور سورۃ الزمر) اور (دنیا میں جیسے عادت ہے کہ جس سے گھبراہٹ اور ڈر ہوتا ہے اُس سے بھاگ جاتے ہیں۔ وہاں اللہ تعالیٰ سے کوئی بھاگ نہ سکے گا بلکہ) سب کے سب اُسی کے سامنے دبے جھکے حاضر رہیں گے (یہاں تک کہ زندہ مردہ اور مردے بے ہوش ہو جاویں گے) اور (نفخہ کی یہ تغیر و تاثیر جانداروں میں ہوگی اور آگے بے جان چیزوں میں جو تاثیر ہوگی اُس کا بیان ہے وہ یہ کہ اے مخاطب) تو (اس وقت) پہاڑوں کو ایسی حالت میں دیکھ رہا ہے جس سے (اُن کے ظاہری استحکام کے سبب بادی النظر میں) تجھ کو خیال ہوتا ہے کہ یہ (ہمیشہ یوں ہی رہیں گے اور کبھی اپنی جگہ سے) جنبش نہ کریں گے' حالانکہ (اُس وقت اُن کی یہ حالت ہوگی کہ) وہ بادلوں کی طرح (متخلخل اور خفیف اور متحلل الاجزاء ہو کر جو یعنی فضا بین السماء والارض میں) اڑے اڑے پھریں گے (کقولہ تعالیٰ: وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثًّا [الواقعة : ٥ - ٦] اور اس پر کچھ تعجب نہ کرنا چاہئے کہ ایسی ثقیل اور صلب چیز کا یہ حال کیسے ہو جاوے گا وجہ یہ کہ) یہ خدا کا کام ہوگا جس نے ہر چیز کو (مناسب انداز پر) مضبوط بنا رکھا ہے (اور ابتداء میں کسی شئے میں کوئی مضبوطی نہ تھی' کیونکہ خود اُس شئے کی ذات ہی نہ تھی پس صفت تو بدرجہ اولیٰ نہ تھی سو جیسے اُس نے معدوم سے موجود اور ضعیف سے قوی بنایا اسی طرح اس کا عکس بھی کر سکتا ہے' کیونکہ قدرت ذاتیہ کی نسبت تمام مقدورات کے ساتھ یکساں ہے بالخصوص متناظرات و متشابہات کا تماثل تو زیادہ واضح ہے اسی طرح دوسری مخلوقات قویہ آسمان و زمین وغیرہ میں تغیر عظیم ہونا اور آیات میں ہے: وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً فَيَوْمَىِٕذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ [الحاقة : ١٤ - ١٦] پھر اس کے بعد نفخہ ثانیہ ہوگا جس سے ارواح ہوش میں آ کر اپنے ابدان سے متعلق ہو جاویں گی اور عالم خلق جدید سے درست ہو جاوے گا اور اوپر جو حشر کا ذکر تھا وہ اسی نفخہ ثانیہ کے بعد ہوگا۔ آگے اصل مقصود قیامت کا کہ مجازات ہے بیان ہے پس اول اس کی تمہید کے طور پر ارشاد ہے کہ) یہ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب افعال کی پوری خبر ہے (جو شرط اعظم ہے مجازات کی اور دوسرے شرائط بھی مثل قدرت وغیر با مستقل دلائل سے ثابت ہیں۔ پس مجازات کا ممکن ہونا تو اس سے ظاہر ہے اور پھر حکمت مقتضی ہے وقوع کو پس مجازات کا واقع ہونا ثابت ہو گیا چنانچہ بعد تمہید کے آگے اس کا وقوع مع اُس کے قانون اور طریقہ کے بیان فرماتے ہیں کہ) جو شخص نیکی (یعنی ایمان) لاوے گا سو (وہ ایمان لانے پر جس اجر کا مستحق ہے) اُس شخص کو اُس (نیکی کے اجر مذکور) سے بہتر (اجر) ملے گا اور وہ لوگ بڑی گھبراہٹ سے اُس روز امن میں رہیں گے (جیسا سورۂ انبیاء میں ہے: لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ ...... [الأنبياء : ١٠٣]) اور جو شخص بدی (یعنی کفر و شرک) لاوے گا تو وہ لوگ اوندھے منہ آگ میں ڈال دیئے جاویں گے (اور اُن سے کہا جاوے گا کہ تم کو تو اُنہی عملوں کی سزا دی جا رہی ہے جو تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے (بے وجہ تو عذاب نہیں ہو رہا) ف: دابۃ الارض کے متعلق در منثور و روح المعانی میں روایات مرفوعہ و موقوفہ کثرت سے منقول ہیں۔ خلاصہ اُن کا یہ ہے کہ وہ کوئی دابہ عجیب الخلقت ہے مکہ کی سرزمین سے قرب قیامت کے نکلے گا اور انسان کی طرح باتیں کرے گا اور من الارض سے معلوم ہوتا ہے کہ اُس کا ظہور بطریق تولد ہوگا نہ کہ بطریق توالد' کیونکہ ظاہرا من الارض متعلق اخرجنا کے ہے اور لیل و نہار کے تغیر سے جو امکان بعث پر استدلال کے بعد الآیات لفظ جمع فرمایا ہے حالانکہ بظاہر دلیل واحد ہے یا تو اس وجہ سے کہ مدلول متعدد ہے مثلاً امکان بعث و صدق آیات بعث جیسا ترجمہ میں اس طرف اشارہ بھی ہے تو ہر مدلول کے اعتبار سے گویا ایک ایک دلیل ہے اور یا بوجہ عظیم ہونے کے دلیل کے بجائے کئی دلیل کے ہے اور نفخہ صور کے عدد میں بہت مختلف اقوال ہیں۔ لیکن آیات میں تعدد تو منصوص ہے اور کوئی عدد مصرح نہیں' اس لئے اقل درجہ کہ دو ہی متیقن ہے اور تمام تر واقعات جو نفخوں کے متعلق آئے ہیں وہ دو نفخوں میں سب صادق آ سکتے ہیں' لہٰذا تین چار ماننے کی کوئی ضرورت نہیں نہ نقلی نہ عقلی واللہ اعلم۔ اور ظاہر ان آیات میں شبہ ہوتا ہے کہ اول ففزع الخ میں سب کے لئے فزع ثابت کیا گیا پھر ھم من فزع الخ میں اہل ایمان سے اُس کی نفی کی گئی مگر جواب یہ ہے کہ فزع مثبت اور ہے اور فزع منفی اور ہے۔ فزع اول نفخہ اولیٰ کے وقت ہے اور حقیقت اُس کی ہول طبعی ہے اور اثر اس کا موت ہے اور ثانی نفخہ ثانیہ کے بعد ہے اور حقیقت اُس کی فزع عن العذاب الخلد ہے جو ہر مومن سے منفی ہے گو مطلق فزع ہو اور آیت: مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ کے مماثل ایک آیت سورۂ انعام کے خاتمہ کے قریب آئی ہے وہاں اُس کی تفسیر کے ذیل میں بعضے ضروری مضامین قابل ملاحظہ ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اس سے معلوم ہوا کہ جس کی حقیقت نہ سمجھے اس پر انکار کرنا مذموم ہے جیسے

www.besturdubooks.net

بعضے خشک لوگ عارفین کے کلام پر بے سمجھے ردو انکار کرنے لگتے ہیں (غایت یہ کہ سکوت کریں) قولہ تعالیٰ: وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا یہ صریح ہے اس بات میں کہ صنع متقن تسییر جبال کے منافی نہیں' کیونکہ اتقان کی حقیقت ہے کہ ہر شئے کو حکمت کے موافق بنایا جاوے پس جب حکمت مقتضی تسییر کو ہو تو تسییر بھی عین اتقان ہوگا۔ اس سے معلوم ہوا کہ حوادث کے وجود اور عین حالت وجود میں مضمحل ہونے کے درمیان میں جیسا کہ وحدۃ الوجود والے قائل ہیں تنافی نہیں۔ قولہ تعالیٰ: مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ...... میں اعتقاد توحید و رسالت بھی ہے اور جزاء میں مطاعم و مشارب بھی ہیں اور عبادات کا ان لذات سے افضل ہونا ظاہر ہے باوجود اس کے جزاء کو طاعت سے افضل فرمایا گیا تو من حیث الذات نہیں بلکہ اس حیثیت سے کہ طاعات کا ادا کرنا فعل عبد ہے اور جزاء کا عطا کرنا فعل حق ہے اور فعل حق افضل ہے فعل عبد سے۔ پس لذات سے تو طاعات افضل ہیں اور طاعات کے ادا سے جزاء کی عطا افضل ہے۔

ملحقات الترجمۃ: قوله في اذا وقع قریب آ پہنچے اشارة الى ان معنى وقع قرب وقوع القول كما في قوله تعالى اذا بلغن اجلهن فامسكوهن اى قاربن بلوغ اجلهن ۱۲۔ ۲؎ قوله في تكلمهم ان الناس: اُن سے باتیں کرے گا کہ الخ اشار بالكاف البيانية الى تقدير الباء ۱۲۔ ۳؎ قوله في ام ماذا بلکہ اشارة الى كون ام منقطعة ۱۲۔ ۴؎ قوله قبل الم يروا مثلاً اشارة الى ان المقصود ليس هو الحصر ۱۲۔ ۵؎ قوله آیت بڑی افاده التنوين ۱۲۔ ۶؎ قوله في كل اتوه حاضر رہیں گے یہاں تک الخ رواه في الدر عن ابن زيد قال الداخر الصاغر الراهب لان المرأ اذا فزع انما همة الهرب من الامر الذى فزع منه فلما نفخ في الصور فزعوا فلم يكن لهم من الله منجاه قلت وهو من الحسن بمكان وعلى القول المشهور من ارادة الاتيان للحساب يلزم كون بعض ما يتر تبعلى النفخة الثانية متخللا بين واقعات تترتب على النفخة الاولى ۱۲۔ ۷؎ قوله في ترى الخ ما ترجم به هذا المجموع من تفسير ترى وتحسبها من المواهب ولله الحمد ولا حاجة عليه الى تكلف ما و توجيه يخالف الظاهر ۱۲۔ ۸؎ قوله في من فزع: بڑی افادة التنوين فيطابق بهذا قوله الا يحزنهم الفزع الاكبر ۱۲۔

النحو: قوله من كل امة الخ من هذه تبعيضية ومن في ممكن يكذب بيانية لبيان الفوج فالامة عامة للمؤمن والكافر ومن يكذب بعض منها ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ويوم نحشر في الروح المراد بهذا الحشر الحشر للتوبيخ والعذاب بعد الحشر الكلى الشامل لكافة الخلق وهو المذكور فيما بعد من قوله تعالى ويوم ينفخ في الصور الى آخره ولعل تقديم ما تضمن هذا على ما تضمن ذلك دون العكس من ان الترتيب الوقوعي تقتضيه للايذان بان كلا مما تضمنه هذا وذاك من الاحوال هامة كبرى واهية وهياء حقيقة بالتذكير على حيابها ولو ردى الترتيب الوقوعي لربما توهم ان الكل واهبة قد امر بذكرها مع ان الانسب بذكر ان الكفرة لا يوقنون بالآيات المراد به انهم يكذبون بها ان يذكر بعده ما تضمن التوبيخ منه عزوجل والتعذيب على ذلك التكذيب ۱۲۔

إِنَّمَآ أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِىْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَىْءٍ ۖ وَّأُمِرْتُ أَنْ أَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَأَنْ أَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَإِنَّمَا يَهْتَدِىْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ إِنَّمَآ أَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ ع ۷

مجھ کو تو یہی حکم ملا ہے کہ میں اس شہر (مکہ) کے مالک (حقیقی) کی عبادت کیا کروں جس نے اس (شہر) کو محترم بنایا ہے اور (اس کی عبادت کیوں نہ کی جائے جبکہ وہ ایسا ہے کہ) سب چیزیں اسی کی (ملک) ہیں اور مجھ کو یہ بھی حکم ملا ہے کہ میں فرمانبردار ہوں اور مجھ کو (یہ) بھی حکم ملا ہے کہ میں قرآن کریم پڑھ پڑھ کر سناؤں۔ سو (میری تبلیغ کے بعد) جو شخص راہ پر آئے گا سو وہ اپنے ہی فائدے کے لئے راہ پر آئے گا اور جو شخص گمراہ رہے گا تو آپ کہہ دیجئے کہ میرا کوئی ضرر نہیں کیونکہ میں تو صرف ڈرانے والے پیغمبروں میں سے ہوں اور آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ سب خوبیاں اللہ کی کئے لئے ثابت ہیں وہ تم کو عنقریب اپنی نشانیاں (یعنی قیامت کے واقعات) دکھلا دے گا سو تم (وقوع کے وقت) ان کو پہچانو گے اور آپ کا رب ان کاموں سے بے خبر نہیں جو تم سب لوگ کر رہے ہو۔

تفسیر: ربط: اوپر سورۃ میں جو مضامین ثلاثہ نبوت و توحید و معاد مفصل مذکور ہیں آگے خاتمہ میں اُن کا اجمال و تلخیص ہے۔

تلخیص مباحث توحید و رسالت و معاد: إِنَّمَآ أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِىْ حَرَّمَهَا (الى قوله تعالى) وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ (اے پیغمبر ﷺ لوگوں سے کہہ دیجئے کہ) مجھ کو تو یہی حکم ملا ہے کہ میں اُس شہر (مکہ) کے مالک (حقیقی) کی عبادت کیا کروں جس نے اس (شہر) کو محترم بنایا ہے (کہ حرم ہونا اُسی احترام پر مرتب ہے۔ مطلب یہ کہ عبادت میں شرک سے برکنار رہوں جیسا اب تک برکنار ہوں) اور (اُس کی عبادت کیوں نہ کی جاوے

www.besturdubooks.net

جبکہ وہ ایسا ہے کہ) سب چیزیں اُسی کی (ملک) ہیں اور مجھ کو یہ (بھی) حکم ہوا ہے کہ میں (عقائد واعمال سب میں) فرمانبردار رہوں (یہ توحید ہوئی) اور (مجھ کو) یہ (بھی حکم ملا ہے) کہ میں (تم کو) قرآن پڑھ پڑھ کر سناؤں (یعنی تبلیغ احکام کروں جو نبوت کے لوازم سے ہے) سو (میری تبلیغ کے بعد) جو شخص راہ پر آوے گا سو وہ اپنے ہی فائدہ کے لئے راہ پر آوے گا (یعنی اُس کو اجر وثواب ونجات ہوگی میں اُس سے کسی مالی یا جاہی نفع کا خواہاں نہیں ہوں) اور جو شخص گمراہ رہے گا تو آپ کہہ دیجئے کہ (میرا کوئی ضرر نہیں کیونکہ) میں تو صرف ڈرانے والے (یعنی حکم سنانے والے) پیغمبروں میں سے ہوں (یعنی میرا کام صرف حکم پہنچانا ہے سو پہنچا کر سبکدوش ہو جاؤں گا۔ آگے نہ ماننے کا وبال تم کو بھگتنا پڑے گا۔ مطلب یہ کہ میں پیغمبر ہوں اور تم سے کوئی غرض نہیں رکھتا یہ رسالت کا مسئلہ ہو گیا) اور آپ (یہ بھی کہہ دیجئے کہ (تم جو قیامت کا اس بناء پر انکار کرتے ہو کہ اب تک واقع نہیں ہوئی اگر ہے تو واقع کر و جیسا جابجا کفار کا استعجال مذکورہ تو یہی تمہاری غلطی ہے کیونکہ عدم وقوع مقید مستلزم نہیں ہے مطلق عدم وقوع کو اور مجھ سے درخواست وقوع کی محض بے کار ہے کیونکہ میں نے تو کبھی دعویٰ قدرت کا نہیں کیا بلکہ) سب خوبیاں خالص اللہ ہی کے لئے ثابت ہیں (قدرت بھی علم بھی حکمت بھی سو اپنے علم کے موافق اپنی قدرت سے جب حکمت کا مقتضا ہوگا قیامت کو واقع کر دے گا البتہ اجمالاً اس قدر معلوم ہے کہ بہت زیادہ مدت نہیں ہے بلکہ) وہ تم کو عنقریب اپنی نشانیاں (یعنی قیامت[۲] کے واقعات) دکھلاوے گا سو تم (وقوع کے وقت) اُن کو پہچانو گے (اور اب انکار کر رہے ہو) اور (صرف دکھلانے ہی پر کفایت نہ ہوگی بلکہ اپنے اعمال کے موافق تم کو بھگتنا بھی پڑے گا کیونکہ) آپ کا رب ان کاموں سے بے خبر نہیں ہے جو تم سب لوگ کر رہے ہو (پس پیغمبر اور مؤمنین کو جزا اور کفار کو سزا دے گا۔ یہ قیامت کا بیان ہو گیا)۔ **ف**: پس خاتمہ میں تمام مضامین سورت کے اجمالاً آ گئے۔ **صدق من قال ان احسن الکلام وابلغ النظام کلام اللہ الملک العزیز العلام** اور ضروری احکام حرم کے بعضے پارۂ چہارم کے شروع آیت **ومن دخلہ کان امنا** کے تحت میں اور بعضے سورۂ مائدہ کے شروع میں اور بعضے پارۂ ہفتم کے شروع آیت **لا تقتلوا الصید** میں مذکور ہو چکے ہیں۔ اور واقعات کو آیات یا تو اس اعتبار سے فرمایا کہ وہ علامات قدرت ہیں یا اس لئے کہ وہ مصدق آیات الٰہیہ ہیں تو اُن کا مشاہدہ صدق آیات کا مشاہدہ ہے۔

وللہ الحمد علی ما وفقنی لاتمام تفسیر سورۃ النمل لخاتمۃ ۳۲۳ھ من الھجرۃ النبویۃ علی صاحبھا الف الف سلام و تحیۃ۔ فاللھم وفقنا لکل خیر وجنبنا عن کل ضیر امین۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : اِنَّمَآ اُمِرۡتُ اَنۡ اَعۡبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الۡبَلۡدَةِ ...... صریح ہے اس میں کہ انبیاء علیہم السلام سے بھی تکالیف شرعیہ ساقط نہیں ہوتیں چہ جائیکہ اولیاء۔ قولہ تعالیٰ: قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ ...... روح میں ہے کہ اس پر حمد کیجئے کہ آپ کو نبوت اور تبلیغ احکام عنایت ہوئی اھ۔ پس یہ دال ہے اس پر کہ فیوض کو حق تعالیٰ کی طرف منسوب کرنا واجب ہے اپنے مجاہدہ وعمل کی طرف منسوب نہ کرے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قولہ انما امرت** کہہ دیجئے **اشارۃ الی تقدیر قل بقرینۃ قولہ امرت فالاحکام ثلثۃ التوحید و قدر فیہ قل والرسالۃ وذکر فیہ قل فی قولہ انما انا من المنذرین والبعث وذکر فیہ قل فافھم ۱۲۔ ۲؎ قولہ فی سیریکم** یعنی قیامت **ھکذا فی المدارک بقولہ سیریھم اللّٰہ آیاتہ فی الآخرۃ ۱۲۔**

البلاغۃ: **قولہ رب ھذہ البلدۃ الخ فی الروح تخصیصھا بالاضافۃ لتفخیم شانھا واجلال مکانھا والتعرض لتحریمہ تعالیٰ ایاھا تشریف بعد تشریف عثرہ وتعظیم مع ما فیہ من الاشعار بعلۃ الامر وموجب الامتثال ومن الرمز الی غایۃ ما فعلوا۔**

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْقَصَص

سُوْرَةُ الْقَصَص ۲۸ مَكِّيَّةٌ ۴۹ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۸۸ | رُكُوْعَاتُهَا ۹

سورۃ القصص مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۸۸ آیات اور ۹ رکوع ہیں

طٰسٓمّٓ ① تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ② نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَ فِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ③
اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِى الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَ يَسْتَحْىٖ
نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ④ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِى الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ
اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ⑤ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِى الْاَرْضِ وَنُرِىَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ⑥

یہ (مضامین جو آپ پر وحی کئے جاتے ہیں) کتاب واضح (عام یعنی قرآن) کی آیتیں ہیں۔ ہم آپ کو موسیٰ اور فرعون کا کچھ حصہ ٹھیک ٹھیک پڑھ کر (یعنی نازل کر کے) سناتے ہیں ان لوگوں کے (نفع کے) لئے جو ایمان رکھتے ہیں۔ فرعون سرزمین (مصر) میں بہت بڑھ چڑھ گیا تھا اور اس نے وہاں کے باشندوں کو مختلف قسمیں کر رکھا تھا کہ ان (باشندوں) میں سے ایک جماعت (یعنی بنی اسرائیل) کا زور گھٹا رکھا تھا (اس طرح سے کہ) ان کے بیٹوں کو ذبح کراتا تھا اور ان کی عورتوں (یعنی لڑکیوں) کو زندہ رہنے دیتا تھا۔ واقعی وہ بڑا مفسد تھا۔ (غرض فرعون تو اس خیال میں تھا) اور ہم کو یہ منظور تھا کہ جن لوگوں کا زمین (مصر) میں زور گھٹایا جا رہا تھا ہم ان پر (دینوی ودینی) احسان کریں اور (وہ احسان یہ کہ) ان کو (دین میں) پیشوا بنادیں اور (دنیا میں) ان کو (ملک کا) مالک بنائیں اور (مالک ہونے کے ساتھ) ان کو زمین میں حکومت دیں اور فرعون اور ہامان اور ان کے تابعین کو ان (بنی اسرائیل) کی جانب سے وہ (ناگوار) واقعات دکھلائیں جس سے وہ بچاؤ کر رہے تھے۔ ۞

تفسیر: سورة القصص مكية قيل الاقوله الذين اتيناهم الكتب الى قوله الجاهلين وهى ثمان و ثمانون اية كذا فى البيضاوى۔

ربط: اول حقیت قرآن سے افتتاح کر کے بطور تمہید کے ہے نصف سورت میں قصہ موسیٰ علیہ السلام کا فرعون کے ساتھ اور ختم سورت کے قریب قارون کے ساتھ مذکور ہے جس سے سورت سابقہ کے خاتمہ کے جملہ ومن ضل الخ کے مدلول پر من وجہ استدلال بھی ہے جو دونوں میں مابہ الارتباط بھی ہوسکتا ہے اور دونوں قصوں کے درمیان میں وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ سے رسالت محمدیہ کا اثبات بمناسبت مضمون رسالت موسویہ کے اور اُس کے بعد والے رکوع میں مصدقین رسالت کی مدح اور مکذبین رسالت کی مذمت وتشنیع پھر اُس کے بعد والے رکوع میں معاد کا مضمون اور اُس کے ساتھ شرک کی مذمت اور توحید کے دلائل اور پھر ذکر معاد کے ساتھ شرک کی مذمت مذکور ہے اور پھر قصۂ قارون میں جو جملہ ثواب اللہ خیر ہے تلك الدار الآخرة سے اُس کی توضیح وتائید ہے اور پھر خاتمہ میں یعنی ان الذى فرض سے آخر تک نہایت بلاغت وجازت کے ساتھ رسالت اور توحید اور بعث کی تکریر بطور تلخیص کے ہے اور مضمون رسالت کے ساتھ آپ کا تسلیہ اور مضمون توحید کے ساتھ سب ممکنات کا اضمحلال وجود اور مضمون بعث کے ساتھ مجازاۃ کا بیان ہے۔ والله اعلم باسرار كلامه وخفيات مرامه۔

افتتاح بہ حقیت قرآن: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ طٰسٓمّٓ ① تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ②

اجمال قصۂ موسیٰ علیہ السلام با فرعون: نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَ فِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ③

تفصیل مختصر قصہ: اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِى الْاَرْضِ (الى قوله تعالى) وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِى الْاَرْضِ وَنُرِىَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ⑥

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ ...... اس میں اس پر دلالت ہے کہ زوال کبر میں مواقع فضل الٰہی کا (جس کی افضل افراد امامت فی الدین ہے) ارتفاع ہے۔ چنانچہ اسْتُضْعِفُوْا کے بعد وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً فرمایا ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا تَخَافِىْ وَلَا تَحْزَنِىْ جس خوف اور حزن سے موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو ممانعت کی گئی بوجہ منہی عنہ ہونے کے وہ یقیناً اختیاری تھا جو احتمالات مضرت سے پیدا ہوتا تھا لیکن بعض اوقات اس عقلی اختیاری میں طبعی غیر اختیاری ہونے کا شبہ ہو جاتا ہے اور اس صورت میں وہ اُس سے بچنے کا اہتمام نہ کرتیں اس لئے اُن کو اس سے ممانعت کی گئی تاکہ اُس کے اختیاری ہونے پر متنبہ ہو کر اس سے بچنے کا اہتمام کریں تو اس سے ثابت ہوا کہ عقلی اختیاری کبھی طبعی غیر اختیاری کے ساتھ مشتبہ ہو جاتا ہے (اور سالکین کو یہ امر بکثرت پیش آتا ہے اور کبھی اس کا عکس بھی ہوتا ہے)۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ وَلَا تَخَافِىْ وَلَا تَحْزَنِىْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ
اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٧﴾ فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ۗ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ
وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ﴿٨﴾ وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّىْ وَلَكَ ۗ لَا تَقْتُلُوْهُ ۖ عَسٰٓى اَنْ
يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٩﴾ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ۗ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِىْ بِهٖ لَوْ
لَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠﴾ وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۫ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ
وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١١﴾ وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ
لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ﴿١٢﴾ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَىْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ
اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣﴾ ع

اور جب موسیٰ پیدا ہوئے تو ہم نے موسیٰ کی والدہ کو الہام کیا کہ تم ان کو دودھ پلاؤ۔ پھر جب تم کو ان کی نسبت (جاسوسوں کے مطلع ہونے کا اندیشہ ہو تو (بے خوف ہو کر) ان کو دریا (نیل) میں ڈال دینا اور نہ تو (غرق سے) اندیشہ کرنا اور (مفارقت پر) غم ضرور ان کو پھر تمہارے ہی پاس واپس پہنچا دیں گے اور (پھر اپنے وقت پر) ان کو پیغمبر بنا دیں گے۔ تو فرعون کے لوگوں نے موسیٰ کو (یعنی معہ صندوق کے) اٹھا لیا تاکہ وہ ان لوگوں کے لئے دشمن اور غم کا باعث بنیں۔ بلاشبہ فرعون اور ہامان ان کے تابعین (اس بارہ میں) بہت چوکے اور فرعون کی بی بی (حضرت آسیہؓ) نے (فرعون سے کہا کہ یہ بچہ) میری اور تیری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ اس کو قتل مت کرو عجیب نہیں کہ (بڑا ہو کر) ہم کو کچھ فائدہ پہنچا دے یا ہم اس کو (اپنا) بیٹا ہی بنا لیں اور ان لوگوں کو (انجام کی) خبر نہ تھی۔ اور (ادھر یہ قصہ ہوا کہ) موسیٰ کی والدہ کا دل (خیالات مختلفہ کے ہجوم سے) بے قرار ہو گیا۔ قریب تھا کہ وہ موسیٰ کا حال (سب پر) ظاہر کر دیتیں۔ اگر ہم ان کے دل کو اس غرض سے مضبوط نہ کئے رہتے کہ ہمارے وعدہ پر) یقین کئے (بیٹھی) رہیں انہوں نے موسیٰ کی بہن (یعنی اپنی بیٹی) سے کہا کہ ذرا موسیٰ کا سراغ تو لگا۔ سو انہوں نے موسیٰ کو دور سے دیکھا اور ان لوگوں کو (یہ) خبر نہ تھی (یہ ان کی بہن ہیں اور اس فکر میں آئی ہیں) اور ہم نے پہلے ہی سے موسیٰ پر دودھ پلانے والوں کی بندش کر رکھی تھی۔ سو وہ اس موقع کو دیکھ کر کہنے لگیں کیا میں تم لوگوں کو کسی ایسے گھرانے کا پتہ بتلاؤں جو تمہارے لئے اس بچہ کی پرورش کریں اور وہ دل سے اس کی خیر خواہی کریں۔ غرض ہم نے موسیٰ کو ان کی والدہ کے پاس (اپنے وعدہ کے مطابق) واپس پہنچا دیا۔ تاکہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور تاکہ (افراق کے) غم میں نہ رہیں اور تاکہ اس بات کو جان لیں کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہوتا ہے۔ لیکن (افسوس کی بات ہے کہ) اکثر لوگ اس کا یقین نہیں رکھتے۔

تفسیر: تفصیل مبسوط قصہ: وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ (الی قولہ تعالی) وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣﴾ طٰسٓمّٓ (اس کے معنی اللہ ہی کو معلوم ہیں) یہ (مضامین جو آپ پر وحی کئے جاتے ہیں) کتاب واضح (المعنی یعنی قرآن) کی آیتیں ہیں (جن میں سے اس مقام پر) ہم آپ کو موسیٰ (علیہ السلام) اور فرعون کا کچھ قصہ ٹھیک ٹھیک پڑھ کر (یعنی نازل کر کے) سناتے ہیں اُن لوگوں کے (نفع کے لئے) جو کہ ایمان رکھتے ہیں (کیونکہ مقاصد قصص کے کہ عبرت واستدلال علی النبوۃ وغیرہما مؤمنین ہی کے ساتھ خاص ہیں خواہ حقیقتاً مومن ہوں یا حکماً باعتبار مآل کے یعنی ایمان[1] کا

www.besturdubooks.net

ارادہ رکھتے ہوں اور اجمال تو اُس قصہ کا یہ ہے کہ) فرعون سرزمین (مصر) میں بہت چڑھ گیا تھا اور اُس نے وہاں کے باشندوں کو مختلف قسمیں کر رکھا تھا (اس طرح سے کہ قبطیوں کو معزز بنا رکھا تھا اور سبطیوں یعنی بنی اسرائیل کو پست اور خوار کر رکھا تھا جس کا آگے بیان ہے) کہ اُن (باشندوں) میں سے ایک جماعت (یعنی بنی اسرائیل) کا زور گھٹا رکھا تھا (اس طرح سے کہ) اُن کے بیٹوں کو (جو نئے پیدا ہوتے تھے جلادوں کے ہاتھوں) ذبح کراتا تھا اور اُن کی عورتوں (یعنی لڑکیوں) کو زندہ رہنے دیتا تھا (تا کہ اُن سے خدمت لی جاوے و نیز اُن سے اندیشہ بھی نہ تھا) واقعی وہ بڑا مفسد تھا (غرض فرعون تو اس خیال میں تھا) اور ہم کو یہ منظور تھا کہ جن لوگوں کا زمین (مصر) میں زور گھٹایا جا رہا تھا ہم اُن پر (دنیوی و دینی) احسان کریں اور (وہ احسان یہ کہ) اُن کو (دین میں) پیشوا بناویں اور (دنیا میں) اُن کو (ملک کا) مالک بنائیں اور (مالک ہونے کے ساتھ) اُن کو (ملک بھی بنائیں یعنی) زمین میں اُن کو حکومت دیں اور فرعون اور ہامان اور اُن کے تابعین کو اُن (بنی اسرائیل) کی جانب سے وہ (ناگوار) واقعات دکھلائیں جن سے وہ بچاؤ کر رہے تھے (مراد اس سے زوال سلطنت و ہلاکت ہے کہ اسی سے بچاؤ کرنے کے لئے ابنائے بنی اسرائیل کو بنا بر تعبیر ایک خواب کے جو فرعون نے دیکھا تھا اور نجومیوں نے تعبیر دی تھی قتل کر رہا تھا کذا فی الدر المنثور پس ہمارے قضا و قدر کے سامنے اُن لوگوں کی تدبیر کچھ کام نہ آئی۔ یہ اجمال قصہ کا ہوا) اور (تفصیل اُس کی اول سے یہ ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام اُسی پُر آشوب زمانہ میں پیدا ہوئے تو) ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کی والدہ کو الہام کیا کہ (جب تک ان کا اخفا ممکن ہو) تم ان کو دودھ پلاؤ پھر جب تم کو ان کی نسبت (جاسوسوں کے مطلع ہونے کا) اندیشہ ہو تو (بے خوف و خطر) اُن کو (صندوق میں رکھ کر) دریا (یعنی نیل) میں ڈال دینا اور نہ تو (غرق سے) اندیشہ کرنا اور نہ (مفارقت پر) غم کرنا (کیونکہ) ہم ضرور ان کو پھر تمہارے ہی پاس واپس پہنچا دیں گے اور (پھر اپنے وقت پر) ان کو پیغمبر بنا دیں گے (غرض وہ اسی طرح دودھ پلاتی رہیں پھر جب افشائے راز کا خوف ہوا تو صندوق میں بند کر کے اللہ کے نام پر نیل میں چھوڑ دیا اُس کی کوئی شاخ فرعون کے محل میں جاتی تھی یا تفریحاً فرعون کے متعلقین دریا کی سیر کو نکلے تھے غرض وہ صندوق کنارہ پر رلگا) تو فرعون کے لوگوں نے موسیٰ (علیہ السلام) کو (یعنی مع صندوق کے) اٹھالیا تا کہ وہ ان لوگوں کے لئے دشمن اور غم کا باعث بنیں بلاشبہ فرعون اور ہامان اور اُن کے تابعین (اس بارہ میں) بہت چوکے (کہ اپنے دشمن کو اپنی بغل میں پالا) اور (جب وہ صندوق سے نکال کر فرعون کے سامنے لائے گئے تو) فرعون کی بی بی (حضرت آسیہ) نے (فرعون) سے کہا کہ یہ (بچہ) میری اور تیری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے (یعنی اس کو دیکھ کر جی خوش ہوا کرے گا تو) اس کو قتل مت کرو عجب نہیں کہ (بڑا ہو کر) ہم کو کچھ فائدہ پہنچاوے یا ہم اس کو (اپنا) بیٹا ہی بنالیں اور ان لوگوں کو (انجام کی) خبر نہ تھی (کہ یہ وہی بچہ ہے جس کے ہاتھوں فرعون کی سلطنت غارت ہوگی) اور (ادھر یہ قصہ ہوا کہ) موسیٰ (علیہ السلام) کی والدہ کا دل (خیالات مختلفہ کے ہجوم سے) بے قرار ہو گیا (اور بے قراری بھی ایسی ویسی نہیں بلکہ ایسی سخت بے قراری کہ) قریب تھا کہ (غایت بے قراری سے) وہ موسیٰ (علیہ السلام) کا حال (سب پر) ظاہر کر دیتیں اگر ہم ان کے دل کو اس غرض سے مضبوط نہ کئے رہیں کہ یہ (ہمارے وعدہ پر) یقین کئے (بیٹھی) رہیں (غرض بمشکل انہوں نے دل سنبھالا اور تدبیر شروع کی وہ یہ کہ) انہوں نے موسیٰ (علیہ السلام) کی بہن (یعنی اپنی بیٹی سے) کہا ذرا موسیٰ کا سراغ تو لگا سو (وہ چلیں اور یہ معلوم کر کے صندوق محل میں کھلا ہے محل میں پہنچیں یا تو اُن کی آمد و رفت ہوگی یا کسی حیلہ سے پہنچیں۔ اور) انہوں نے موسیٰ (علیہ السلام) کو دور سے دیکھا اور ان لوگوں کو یہ خبر نہ تھی (کہ یہ اُن کی بہن ہیں اور اس فکر میں آئی ہیں) اور ہم نے پہلے ہی سے (یعنی جب سے صندوق سے نکلے تھے) موسیٰ (علیہ السلام) پر دودھ پلائیوں کی بندش کر رکھی تھی (یعنی کسی کا دودھ نہ لیتے تھے) سو وہ (اس حال کو دیکھ کر موقع پا کر) کہنے لگیں کیا میں تم لوگوں کو کسی ایسے گھرانے کا پتہ بتاؤں جو تمہارے لئے اس بچہ کی پرورش کریں اور وہ (اپنی جبلت کے موافق دل سے) اس کی خیر خواہی کریں (ان لوگوں نے ایسے وقت میں کہ دودھ پلانے کی مشکل پڑ رہی تھی اس مشورہ کو غنیمت سمجھا اور ایسے گھرانے کا پتہ پوچھا۔ انہوں نے اپنی والدہ کا پتہ بتلا دیا چنانچہ وہ بلائی گئیں اور موسیٰ علیہ السلام اُن کی گود میں دیئے گئے۔ جاتے ہی دودھ پینا شروع کر دیا اور ان لوگوں کی اجازت سے چین سے اپنے گھر لے آئیں۔ گاہے گاہے لے جا کر ان کو دکھلا آتیں) غرض ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو (اس طرح) اُن کی والدہ کے پاس (اپنے وعدہ کے موافق) واپس پہنچا دیا تا کہ (اپنی اولاد کو دیکھ کر) ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور تا کہ (فراق کے) غم میں نہ رہیں اور تا کہ (مرتبہ معائنہ میں) اس بات کو (اور زیادہ یقین کے ساتھ) جان لیں کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا (ہوتا) ہے لیکن (افسوس کی بات ہے کہ) اکثر لوگ (اس کا) یقین نہیں رکھتے (یہ تعریض ہے کفار پر)۔ **ف**: باوجود قانون قتل ابناء کے ان کے قتل نہ کرنے کی وجہ سورۂ طٰہٰ میں گزر چکی ہے: وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً [طٰه: ۳۹] کہ جو اُن کو دیکھتا تھا اس کو بے اختیار پیار آتا تھا اور جس اندیشہ سے یہ قانون نکالا تھا اُس کی نسبت اول تو بچہ کا بنی اسرائیل سے ہونا خود موہوم تھا جن کی طرف اندیشہ تھا دوسرے اپنے جی کو سمجھا لیا ہوگا کہ جب ہمارا پرورش یافتہ ہوگا تو ہمارا مخالف کیوں ہوگا یہ خبر نہ تھی کہ خود تو ہمارا مخالف نہ ہوگا مگر وہ ایک ذات جامع الصفات جل شانہ کا موافق ہوگا جس کے ہم ناحق مخالف ہیں۔ وہ موافقت ہمارے ساتھ مخالفت کا باعث ہوگی اور بحق ہوگی اور درمنثور میں ابن جریج سے روایت ہے: وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ۝ سے فرعونیوں کو شبہ ہوا کہ یہ عورت اس بچہ کو پہچانتی ہے تو انہوں نے مجبور کیا کہ بتلاؤ یہ کس کا بچہ ہے

www.besturdubooks.net

ورنہ تم کو اس کا علم کیسے ہوا کہ وہ اس کی خیر خواہی کریں گے انہوں نے فوراً ذہانت سے جواب دیا کہ لہٗ کی ضمیر بادشاہ کی طرف ہے یعنی وہ لوگ سرکاری خیر خواہ ہیں اس کو علم بدیع میں موجہ کہتے ہیں۔ دوسرا جواب وہ ہوسکتا ہے جس کی طرف احقر نے تقریر ترجمہ میں اس لفظ سے اشارہ کیا ہے کہ اپنی جبلت کے موافق۔ اور در منثور میں موقوفاً و مرفوعاً موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا ارضاع پر اجرت لینا بھی مروی ہے جس پر شبہ ہوتا ہے کہ واجب پر اجرت کب جائز ہے۔ جواب اس کا ایک یہ ہے کہ شاید اُس شریعت کا یہ حکم نہ ہو۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ حربی کا مال اس کی رضا سے لینا جائز ہے خواہ کسی طریق سے ہو۔ تیسرا جواب احقر کے نزدیک یہ ہے کہ اس وقت کسی شریعت کا وجود ہی خود محقق نہیں۔ رائے سے ایسا کیا ہو جو قبل شرع موجب ملامت نہیں۔ یہ شبہ مذکورہ کے جواب تھے۔ باقی مصلحت اس میں یہ معلوم ہوئی ہے کہ اجرت نہ لینے میں یہ شبہ ہوتا کہ بوجہ شفقت مادری ایسا کرتی ہیں پس انہیں کا فرزند ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَ قَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ ؕ اس قول کا سبب محض حب طبعی تھا پھر جب اللہ تعالیٰ نے انکو ہدایت فرمادی تو اس سے ثابت ہوا کہ اہل اللہ کی محبت اگرچہ طبعی ہی ہو ایمان اور ہدایت میں نافع ہوجاتی ہے اور کسی مانع کے سبب تخلف ہوجانا مضر نہیں جیسا ابو طالب میں ہوا۔ قولہ تعالیٰ: وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ؕ بعض مفسرین نے یہ تفسیر کی ہے کہ غالباً عن الصبر اور اس قول سے اس تفسیر کی تائید ہوتی ہے: اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْ لَاۤ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا پس والدہ موسیٰ علیہ السلام کا یہ تردد باوجود اس وعدۂ الٰہیہ کے انا رادوہ الیک اس پر دال ہے کہ کامل کبھی امور طبعیہ عود کرتے ہیں تو اس پر اس کو مغموم نہ ہونا چاہئے البتہ کامل کی شان ایسی حالت میں یہ ہے کہ ان امور طبعیہ کے مقتضا پر وہ عمل نہیں کرتا جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے اپنے تردد قلبی کو ظاہر نہیں فرمایا۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے قوت دے دی۔ قولہ تعالیٰ: لَوْ لَاۤ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا اس پر دال ہے کہ تکمیل اخلاق میں قوت بشریہ کافی نہیں بلکہ مدار اس کا تائید الٰہی ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ؗ اس سے معلوم ہوا کہ تدبر میں اعتدال منافی توکل نہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ اس علم کا طریق بعض وعدوں کا مشاہدہ اور بعض کا اُن مشاہدات پر قیاس کرنا ہے کذا فی الروح۔ اس سے معلوم ہوا کہ قبل مشاہدہ اطمینان نہ ہونا کمال ایمان کے منافی نہیں' کیونکہ کمال ایمان تو بواسطہ الہام کے پہلے بھی تھا۔

الحواشی: (۱) یعنی حقیقتاً ارادہ رکھتے ہوں یا حکماً حقیقتاً ارادہ کے معنی تو ظاہر ہیں اور حکماً ارادہ سے مراد یہ ہے کہ ان کا کفر عدم وضوح حق کی بناء پر ہونہ کہ ضد اور ہٹ دھرمی کے طور پر اور اس کے ساتھ وہ طالب حق بھی ہوں اور چونکہ ایسے لوگوں کی یہ حالت ہوتی ہے کہ اگر ان پر حق واضح ہوجائے تو وہ ایمان لے آویں اس لئے ان کو حکماً مرید للایمان کہہ دیا گیا کیونکہ وضوح حق بعد الطلب متیقن ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱قولہ فی من نباء کچھ اشارۃ الی کون من تبیعضیۃ وھو الواقع کما ھو ظاہر ۱۲۔ ۲قولہ فی شیعا اس طرح ھکذا فی المدارک ۱۲۔ ۳ قولہ قیل یستضعف آگے بیان اشارۃ الی ان یستضعف بیان لجلعھم شیعا ۱۲ ۴ قولہ قبل یذبح: اس طرح اشارۃ الی ان یذبح بدل ۱۲۔ ۵ قولہ فی منھم: اُن کی جانب سے اشار فیہ الی تعلقہ بنری ولا یجوز ان یتعلق بیحذرون لان الصلۃ وکذا معمولھا لا تقدم علی الموصول ۱۲۔ ۶ فی فارغا بےقرار کما فی الروح عن بعضھم ۱۲۔

اللغات: فارغا خالیا ای عن الصبر ۱۲۔ قولہ قصیہ ای اتبعی اثرہ وتتبعی خبرہ عن جنب عن بعد مراضع جمع مرضعۃ ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ جنودھما فیہ تغلیب۔ قولہ فالتقطۃ ای اخذوہ اخذ اللقطۃ ای اخذ اعتناء بہ وصیانۃ لہ عن الضیاع۔ قولہ لیکون فیہ استعارۃ تھکمیۃ ضرورۃ انہ لم یدعھم للالتقاط ان یکون لھم عدوا او حزنا وانما دعاھم شئ آخر کالتبنی ونفعہ ایاھم اذا کبر۔ قولہ قرۃ عین لی ولک لتفخیم شان القرۃ عدلت عن لنالی الی ولک کانھا لما تعلم من مزید حب فرعون ایاھا وان مصلحتھا اھم عندہ من مصلحتہ نفسہ قدمت نفسھا علیہ فیکون ذلک ابلغ فی ترغیبہ بترک قتلہ فلا یقال ان الاظھر فی الترغیب بذلک العکس قولہ لا تقتلوہ الخطاب قیل لفرعون والجمع للتعظیم والاصل لمن خصہ لضمیر المتکلم وقیل لفرعون اعوانہ وان لم یحضروا علی التغلیب قولہ لتبدی بہ تعدیۃ الابداء وھو الاظھار لتضمنہ معنی التصریح الھدی بالباء۔ قولہ لاختہ لم یقل لبنتھا للتصریح بمدار المحبۃ الموجبۃ لامتثال الامر ۱۲۔

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰۤى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۴ وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ

مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۗ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ

مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِيْ مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ ۗ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ

www.besturdubooks.net

عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶﴾ قَالَ رَبِّ
بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ فَاَصْبَحَ فِي الْمَدِيْنَةِ خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهٗ
بِالْاَمْسِ يَسْتَصْرِخُهٗ ؕ قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓى اِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾ فَلَمَّآ اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ
قَالَ يٰمُوْسٰٓى اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْاَمْسِ ۗ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِي
الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾ وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ۡ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ
الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۰﴾ فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۡ قَالَ رَبِّ
نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۱﴾ ع ۲ ۸ ۵

اور جب (پرورش پا کر) اپنی بھری (کی عمر) کو پہنچے اور (قوت جسمانیہ وعقلیہ سے) درست ہو گئے تو ہم ان کو حکمت اور علم عطا فرمایا اور ہم نیکو کاروں کو یونہی صلہ دیا کرتے ہیں (یعنی عمل صالح سے فیضان علم میں ترقی ہوتی ہے) اور موسیٰ شہر میں (یعنی مصر میں کہیں باہر سے) ایسے وقت پہنچے کہ وہاں کے (اکثر) باشندے بے خبر (پڑے سو رہے) تھے تو انہوں نے وہاں دو آدمیوں کو لڑتے دیکھا۔ ایک تو ان کی برادری کا تھا اور دوسرا مخالفین میں سے تھا۔ سو وہ جوان کی برادری کا تھا اس نے موسیٰ سے اس کے مقابلہ میں جو کہ ان کے مخالفین میں سے تھا مدد چاہی تو موسیٰ نے اس کو (ایک گھونسا مارا سو اس کا کام ہی تمام کر دیا۔ موسیٰ کہنے لگے کہ یہ تو شیطانی حرکت ہو گئی۔ بے شک شیطان (بھی آدمی کا) کھلا دشمن ہے غلطی میں ڈال دیتا ہے۔ عرض کیا کہ اے میرے پروردگار مجھ سے قصور ہو گیا آپ معاف کر دیجئے سو اللہ تعالیٰ نے معاف فرما دیا۔ بلا شبہ وہ بڑا غفور رحیم ہے موسیٰ نے (یہ بھی) عرض کیا کہ اے میرے پروردگار چونکہ آپ نے مجھ پر بڑے بڑے انعامات فرمائے ہیں سو کبھی میں مجرموں کی مدد نہ کروں گا۔ پھر موسیٰ کو شہر میں صبح ہوئی۔ خوف اور وحشت کی حالت میں کہ اچانک (دیکھتے کیا ہیں) وہی شخص جس نے کل گزشتہ میں ان سے امداد چاہی تھی وہ پھر ان کو (امداد کے لئے) پکار رہا ہے۔ موسیٰ اس سے فرمانے لگے بے شک تو صریح بد راہ ہے سو جب موسیٰ نے اس پر ہاتھ بڑھایا جو دونوں کا مخالف تھا وہ اسرائیلی کہنے لگا: اے موسیٰ! کیا (آج) مجھ کو قتل کرنا چاہتے ہو جیسا کہ کل ایک آدمی قتل کر چکے ہو (معلوم ہوتا ہے کہ) پس تم دنیا میں اپنا زور بٹھلانا چاہتے ہو اور صلح (اور ملاپ) کروانا نہیں چاہتے۔۔ اور (اس مجمع میں) ایک شہر کے (اس کنارے سے) جہاں یہ مشورہ ہو رہا تھا' دوڑے ہوئے آئے (اور) کہنے لگے کہ اے موسیٰ اہل دربار' آپ کے متعلق مشورہ کر رہے ہیں کہ آپ کو قتل کر دیں۔ سو آپ (یہاں سے) چل دیجئے میں آپ کی خیر خواہی کر رہا ہوں۔ پس (یہ سن کر) وہاں سے (کسی طرف کو) نکل گئے اور وحشت کی حالت میں (اور چونکہ راستہ معلوم نہ تھا دعا کے طور پر) کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار! مجھ کو ان ظالم لوگوں سے بچا لیجئے۔ ۞

تفسیر: تتمۂ قصہ: وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ (الی قولہ تعالی) قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۱﴾ اور جب (پرورش پا کر) اپنی بھری جوانی (کی عمر) کو پہنچے اور (قوت جسمانیہ وعقلیہ سے) درست ہو گئے ہم نے ان کو حکمت اور علم عطا فرمایا (یعنی نبوت سے پہلے ہی فہم سلیم وعقل مستقیم جس سے حسن وقبح میں امتیاز کر سکیں عنایت فرمائی) اور ہم نیکو کاروں کو یوں ہی صلہ دیا کرتے ہیں (یعنی عمل صالح سے فیضان علمی میں ترقی ہوتی ہے۔ اس میں اشارہ ہے کہ فرعون کے مشرب کو موسیٰ علیہ السلام نے کبھی اختیار نہ کیا تھا بلکہ اس سے نفور رہے) اور (اسی زمانہ کا ایک واقعہ یہ ہوا کہ ایک بار موسیٰ (علیہ السلام) شہر میں (یعنی مصر میں کذا فی الروح عن ابن اسحٰق کہیں باہر سے) ایسے وقت پہنچے کہ وہاں کے (اکثر) باشندے بے خبر (پڑے سو رہے تھے (اکثر روایات سے یہ وقت دوپہر کا معلوم ہوتا ہے اور بعض روایات سے کچھ رات گئے کا وقت معلوم ہوتا ہے' کذا فی الدر المنثور) تو انہوں نے وہاں دو آدمیوں کو لڑتے دیکھا۔ ایک تو ان کی برادری (یعنی بنی اسرائیل میں) کا تھا اور دوسرا اُن کے مخالفین (یعنی فرعون کے متعلقین ملازمین) میں سے تھا (دونوں کسی بات پر الجھ رہے تھے اور زیادتی اس فرعونی کی تھی) سو وہ جوان کی برادری کا تھا اس نے (جو) موسیٰ (علیہ السلام کو دیکھا تو ان) سے اس کے مقابلہ میں جو کہ ان کے مخالفین میں سے تھا مدد چاہی (موسیٰ علیہ السلام نے اول اس کو سمجھایا جب اس پر بھی وہ باز نہ آیا) تو موسیٰ (علیہ السلام) نے (تادیبا دفع ظلم کے لئے) اُس کو (ایک) گھونسا مارا سو اس کا کام ہی تمام کر دیا (یعنی اتفاق سے وہ مر ہی گیا) موسیٰ (علیہ السلام اس خلاف توقع نتیجہ سے بہت پچھتائے اور) کہنے لگے کہ یہ تو شیطانی حرکت ہو گئی بے شک شیطان (بھی آدمی کا) کھلا دشمن ہے کیسی غلطی میں ڈال دیتا ہے (اور نادم ہو کر حق تعالیٰ سے) عرض کیا کہ اے میرے پروردگار مجھ سے قصور ہو گیا آپ معاف کر دیجئے سو اللہ تعالیٰ نے

www.besturdubooks.net

معاف فرمادیا بلاشبہ وہ بڑا غفور رحیم ہے (گو ظہور اور علم اس معافی کا قطعی طور پر وقت عطائے نبوت کے ہوا کما فی النمل اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ [النمل: ۱۱] اور اس وقت خواہ الہام سے معلوم ہو گیا ہو یا بالکل نہ معلوم ہوا ہو) موسیٰ (علیہ السلام) نے (توبہ عن الماضی کے ساتھ مستقبل کے متعلق یہ بھی) عرض کیا کہ اے میرے پروردگار! چونکہ آپ نے مجھ پر (بڑے بڑے) انعامات فرمائے ہیں (جن کا ذکر سورۂ طٰہٰ میں ہے: وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَیْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓی (الی قولہ تعالی) وَلَا تَحْزَنَ [طٰہٰ: ۳۷ - ۴۰] سو کبھی میں مجرموں کی مدد نہ کروں گا (یہاں مجرمین سے مراد وہ ہیں جو دوسروں سے گناہ کا کام کرانا چاہیں' کیونکہ گناہ کرانا کسی سے بھی یہ جرم ہے پس اس میں شیطان بھی داخل ہو گیا کہ وہ گناہ کراتا ہے اور گناہ کرنے والا اس کی مدد کرتا ہے خواہ عمداً یا خطاءً جیسے[1] اس آیت میں ہے: وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰی رَبِّهٖ ظَهِیْرًا [الفرقان: ۵۵] مطلب یہ ہوا کہ میں شیطان کا کہنا کبھی نہ مانوں گا یعنی مواقع محتملہ خطاء میں احتیاط و تیقظ سے کام لوں گا اور اصل مقصود اتنا ہی ہے مگر شمول حکم کے لئے مجرمین جمع کا صیغہ لگایا گیا کہ اوروں کو بھی عام ہو جاوے۔ غرض اس اثناء میں اس کا چرچا ہو گیا مگر بجز اسرائیلی کے کوئی واقف راز نہ تھا اور چونکہ اسی کی حمایت میں یہ واقعہ ہوا تھا اس لئے اس نے اظہار نہیں کیا۔ اس وجہ سے کسی کو اطلاع نہ ہوئی مگر موسیٰ علیہ السلام کو اندیشہ رہا یہاں تک کہ رات گزری) پھر موسیٰ (علیہ السلام) کو شہر میں صبح ہوئی خوف اور وحشت[2] کی حالت میں اچانک (دیکھتے کیا ہیں کہ) وہی شخص جس نے کل گزشتہ میں اُن سے امداد چاہی ہے وہ پھر ان کو (مدد کے لئے) پکار رہا ہے (کہ کسی اور سے الجھ پڑا تھا) موسیٰ (علیہ السلام یہ دیکھ کر اور کل کی حالت یاد کر کے اس پر ناخوش ہوئے اور) اس سے فرمانے لگے بے شک تو صریح بدراہ (آدمی) ہے کہ (روز لوگوں سے لڑا کرتا ہے۔ موسیٰ (علیہ السلام) نے اُس پر ہاتھ بڑھایا جو دونوں کا مخالف تھا (مراد فرعونی ہے کہ وہ اسرائیلی کا بھی مخالف تھا اور موسیٰ علیہ السلام کا بھی' کیونکہ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل میں سے ہیں اور وہ لوگ سب بنی اسرائیل کے مخالف تھے گو باتعیین موسیٰ علیہ السلام کو اسرائیلی نہ سمجھا ہو اور یا موسیٰ علیہ السلام چونکہ فرعون کے طریقہ سے نفور تھے یہ امر مشہور ہو گیا ہو اس لئے فرعون والے ان کے مخالف ہو گئے ہوں بہر حال جب موسیٰ علیہ السلام نے اس فرعونی پر ہاتھ لپکایا اور اس سے پہلے اسرائیلی پر خفا ہو چکے تھے تو اس سے اس اسرائیلی کو شبہ ہوا کہ شاید آج مجھ پر دارو گیر کریں گے تو گھبرا کر) وہ اسرائیلی کہنے لگا اے موسیٰ کیا (آج) مجھ کو قتل کرنا چاہتے ہو جیسا کہ کل ایک آدمی کو قتل کر چکے ہو (معلوم ہوتا ہے کہ) پس تم دنیا میں اپنا زور بٹھلانا چاہتے ہو اور صلح (اور ملاپ) کروانا نہیں چاہتے (یہ کلمہ اس فرعونی نے سنا قاتل کی تلاش ہو رہی تھی اتنا سراغ لگ جانا بہت ہے فوراً فرعون کو خبر پہنچادی۔ فرعون اپنے آدمی کے مارے جانے سے برہم تھا یہ سن کر آشفتہ ہوا اور شاید اس سے اس کا وہ خواب کا اندیشہ قوی ہو گیا ہو کہ کہیں وہ شخص یہی نہ ہو خصوصاً اگر موسیٰ علیہ السلام کا فرعونی طریقہ کو ناپسند کرنا بھی فرعون کو معلوم ہو تو کچھ عداوت اس سبب سے ہو گی اس پر یہ مزید ہوا' بہر حال اس نے اپنے درباریوں کو مشورہ کے لئے جمع کیا اور اخیر رائے موسیٰ علیہ السلام کو قتل کرنے کی قرار پائی) اور (اس مجمع میں) ایک شخص (موسیٰ علیہ السلام کے محب اور خیر خواہ تھے وہ) شہر کے (اس) کنارہ سے (جہاں یہ مشورہ ہو رہا تھا موسیٰ علیہ السلام کے پاس نزدیک کی گلیوں سے) دوڑے ہوئے آئے (اور) کہنے لگے کہ اے موسیٰ اہل دربار آپ کے متعلق مشورہ کر رہے ہیں کہ آپ کو قتل کر دیں سو آپ (یہاں سے) چل دیجئے' میں آپ کی خیر خواہی کر رہا ہوں پس (یہ سن کر) موسیٰ (علیہ السلام) وہاں سے (کسی طرف کو) نکل گئے خوف اور وحشت کی حالت میں (اور چونکہ راستہ معلوم نہ تھا دعا کے طور پر) کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار مجھ کو ان ظالم لوگوں سے بچا لیجئے (اور امن کی جگہ پہنچا دیجئے) ف: اس فرعونی کا قتل بوجہ حربیت کے مباح تھا اور حق العبد نہ تھا جیسا سورۂ نمل کے اول رکوع کی تفسیر میں بیان ہوا و نیز قتل خطا تھا اور مقصود تادیب تھی لیکن خلاف اولیٰ کو کمال خوف سے گناہ سمجھا۔ اولیٰ یہ تھا کہ زیادہ زور سے گھونسا نہ مارا جاتا اور تصرف ہونا نہ ہونا شیطان کا انبیاء پر سورۂ کہف قصۂ خضر علیہ السلام آیت: وَمَآ اَنْسٰنِیْهُ اِلَّا الشَّیْطٰنُ [الکہف: ۶۳] کے ذیل میں بیان ہو چکا جس کا حاصل یہ ہے کہ اگر غیر معصیت کا صدور اس کے تصرف سے ہو جاوے تو کوئی محذور لازم نہیں آتا اور یہ امر غیر معصیت تھا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ یہ مقتول گو حربی تھا مگر معاہد تھا اور گو معاہد قالاً نہ تھا مگر حالاً تھا اور آپ نے قتل کا قصد نہ کیا تھا محض دفع ظلم چاہا تھا تو قتل بلا قصد ہوا کہ دوسرے طریق سے بھی دفع ظلم ممکن تھا جو غصہ میں سمجھ میں نہیں آیا۔ اس لئے استغفار فرمایا۔ پس اس سے چند مسئلے ثابت ہوئے۔ (۱) کاملین سے بعض طبعیات مثل غضب صادر ہو جاتے ہیں۔ (۲) حسنات الابرار سیئات المقربین اور یہاں وہ حسنہ دفع ظلم تھا۔ (۳) کاملین کو دوسروں سے زیادہ خشیت ہوتی ہے جیسا استغفار سے معلوم ہوا۔ قولہ تعالیٰ: فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِیْرًا لِّلْمُجْرِمِیْنَ ۝ اس سے معلوم ہوا کہ ظالمین کی معونت جائز نہیں اور چونکہ عہدہ حکومت کی دعا کرنا یہ بھی ایک معونت ہے اس لئے اہل اللہ ظالم کے لئے ایسی دعا نہیں کرتے اور اگر شدید ضرورت ہو تو اس میں یہ قید لگا دیتے ہیں کہ اگر خیر ہو جیسے استخارہ میں اسی قید سے دعا ہوتی ہے: قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓی اِنَّكَ ...... اس پر دال ہے کہ کاملین جس طرح عدو پر سیاست کرتے ہیں دوست پر بھی کرتے ہیں جیسا کہ دونوں کے حال کا مقتضا ہوتا ہے سو آپ کا یہ قول: اِنَّكَ لَغَوِیٌّ مُّبِیْنٌ ۝ سبطی پر سیاست تھی اور ارادہ بطش قبطی پر سیاست تھی۔ غرض ان میں عصبیت قومی نہیں ہوتی اُن میں عدل کامل ہوتا ہے۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: قوله ظهيرا للمجرمين جیسے اس آیت میں الخ كما مر في حواشي تلك الآية۔ ۱۲ قوله في يترقب وحشت كذا في الدر المنثور واصله يترصد لحوق الطلب ويلزمه التوحش ۱۲۔

اللغات: على حين بمعنى في قضي عليه في الروح انهى حياته وهو بهذا المعنى يتعدى بعلى كما في الاساس الخ ۱۲۔

النحو: فلن اكون معطوف على المقدر اى اذكر نعمتك فلن اكون ۱۲۔ قوله بك في الروح بسببك ۱۲۔ قوله بالامس محمول على الحقيقة او المجاز اى بالقرب ان كانت الواقعة ليلة كذا في الروح عن الحواشي الشهابية۔

وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۲۲﴾ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۫ وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ؕ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ٚ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿۲۳﴾ فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۫ قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ؕ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ٚ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵﴾ قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۫ اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ عَلٰٓى اَنْ تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ؕ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ؕ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿۲۸﴾ ع

اور جب موسیٰ مدین کی طرف چلنے کہنے لگے کہ امید ہے کہ میرا رب مجھ کو (کسی مقام امن کا) سیدھا راستہ چلا دے گا چنانچہ ایسا ہی ہوا اور مدین جا پہنچے اور جب مدین کے پانی (یعنی کنوئیں پر) پہنچے تو اس پر (مختلف) آدمیوں کا ایک مجمع دیکھا جو پانی پلا رہے تھے اور ان لوگوں سے ایک طرف (الگ) کر دو عورتیں دیکھیں کہ وہ (اپنی بکریاں) روکے کھڑی ہیں۔ موسیٰ نے ان سے پوچھا تمہارا کیا مطلب ہے وہ دونوں بولیں (ہمارا یہ معمول ہے کہ) ہم (اپنے جانوروں کو) اس وقت تک پانی نہیں پلاتے جب تک کہ یہ چرواہے پانی پلا کر (جانوروں کو) ہٹا کر نہ لے جاویں اور ہمارے باپ بہت بوڑھے ہیں۔ پس یہ سن کر موسیٰ نے ان کے لئے پانی (کھینچ کر ان کے جانوروں کو) پلایا۔ پھر (وہاں سے) سے ہٹ کر سایہ میں جا بیٹھے پھر (جناب باری میں) دعا کی کہ اے میرے رب (اس وقت) جو نعمت بھی آپ مجھ کو بھیج دیں میں اس کا سخت حاجت مند ہوں۔ سو موسیٰ کے پاس ایک لڑکی آئی شرماتی ہوئی چلتی تھی (اور آ کر) کہنے لگی کہ میرے والد تم کو بلاتے ہیں تا کہ تم کو اس کا صلہ دیں جو تم نے ہماری خاطر ہمارے جانوروں کو پانی پلا دیا تھا۔ سو جب ان کے پاس پہنچے اور ان سے تمام حال بیان کیا تو انہوں نے (تسلی کی اور) کہا کہ (اب) اندیشہ نہ کرو۔ تم ظالم لوگوں سے بچ آئے۔ (پھر) ایک لڑکی نے کہا کہ ابا جان آپ ان کو نوکر رکھ لیجئے کیونکہ اچھا نوکر وہ شخص ہے جو مضبوط (ہو اور) امانت دار (بھی) ہو۔ وہ (بزرگ موسیٰ) سے کہنے لگے کہ میں چاہتا ہوں کہ ان دونوں لڑکیوں میں سے ایک کو تمہارے ساتھ بیاہ دوں اس شرط پر کہ تم آٹھ سال میری نوکری کرو پھر اگر تم دس سال پورے کر دو تو یہ تمہاری طرف احسان ہے اور میں (اس معاملہ میں) تم پر کوئی مشقت ڈالنا نہیں چاہتا (اور) تم مجھ کو انشاء اللہ خوش معاملہ پاؤ گے (موسیٰ رضامند ہو گئے اور) کہنے لگے کہ (بس تو) یہ بات میرے اور آپ کے درمیان (پکی) ہو چکی ان دونوں مدتوں میں سے جس (مدت) کو پورا کر دوں مجھ پر کوئی جبر نہ ہوگا اور ہم جو (معاملہ) کی بات چیت کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کا گواہ ہے۔

تفسیر: تتمہ قصہ وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ (الى قوله تعالى) وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ: اور جب موسیٰ (علیہ السلام یہ دعا کر کے ایک سمت کو توکلا علی اللہ چلے اور غیبی القاء سے) مدین کی طرف ہو لئے (چونکہ راستہ معلوم نہ تھا اس لئے تقویت توکل و تطمین نفس کے لئے آپ ہی آپ) کہنے لگے کہ امید ہے کہ میرا رب مجھ کو (کسی مقام امن کا) سیدھا راستہ چلا دے گا (چنانچہ ایسا ہی ہوا اور مدین جا پہنچے) اور جب مدین کے پانی (یعنی کنوئیں) پر پہنچے تو اس پر (مختلف) آدمیوں کا ایک مجمع دیکھا جو (اُس کنوئیں سے کھینچ کھینچ کر اپنے مواشی کو) پانی پلا رہے تھے اور ان لوگوں سے ایک طرف (الگ) کو دو عورتیں دیکھیں کہ وہ (اپنی بکریاں) روکے کھڑی ہیں۔ موسیٰ (علیہ السلام) نے (اُن سے) پوچھا تمہارا کیا مطلب ہے۔ وہ دونوں بولیں کہ (ہمارا معمول یہ ہے کہ) ہم (اپنے جانوروں

www.besturdubooks.net

کو) اس وقت تک پانی نہیں پلاتے جب تک کہ یہ چرواہے (جو کنویں پر پانی پلا رہے ہیں) پانی پلا کر (جانوروں کو) ہٹا کر نہ لے جاویں (ایک تو حیا کے سبب دوسرے مردوں سے مزاحمت ناتوانوں سے کب ہوسکتی ہے) اور (اس حالت میں تو ہم آتے بھی نہیں مگر) ہمارے باپ بہت بوڑھے ہیں (اور گھر پر اور کوئی کام کرنے والا ہے نہیں اور کام ضروری ہے اس مجبوری کو ہم کو آنا پڑتا ہے) پس (یہ سن کر) موسیٰ (علیہ السلام کو رحم آیا اور انہوں نے) اُن کے لئے پانی (کھینچ کر ان کے جانوروں کو) پلایا (اور ان کو انتظار اور پانی کھینچنے کی تکلیف سے بچایا) پھر (وہاں سے) ہٹ کر (ایک) سایہ (کی جگہ) میں جا بیٹھے (خواہ کسی پہاڑ کا سایہ ہو یا کسی درخت کا) پھر (جناب باری میں) دعا کی کہ اے میرے پروردگار (اس وقت) جو نعمت بھی (قلیل یا کثیر) آپ مجھ کو بھیج دیں میں اس کا (سخت) حاجت مند ہوں (کیونکہ اس سفر میں کچھ کھانے پینے کو نہ ملا تھا حق تعالیٰ نے اس کا یہ سامان کیا کہ وہ دونوں بیبیاں اپنے گھر لوٹ کر گئیں تو باپ نے معمول سے جلدی آ جانے کی وجہ دریافت کی۔ انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کا تمام تر قصہ بیان کیا۔ انہوں نے ایک لڑکی کو بھیجا کہ اُن کو بلا لاؤ) موسیٰ (علیہ السلام) کے پاس ایک لڑکی آئی کہ شرماتی ہوئی چلتی تھی (جو کہ اہل شرف کی طبعی حالت ہے اور آ کر) کہنے لگی کہ میرے والد تم کو بلاتے ہیں تا کہ تم کو اس کا صلہ دیں جو تم نے ہماری خاطر (ہمارے جانوروں کو) پانی پلا دیا تھا (یہ ان صاحبزادی کو اپنے والد کی عادت سے معلوم ہوا ہوگا کہ احسان کی مکافات کیا کرتے ہوں گے۔ موسیٰ علیہ السلام ساتھ ہو لئے، گو مقصود موسیٰ علیہ السلام کا بالیقین حصول عوض نہ تھا لیکن مقام امن اور کسی رفیق شفیق کے ضرور باقتضائے وقت جویاں تھے اور بھوک کی شدت بھی اس جانے کا ایک جزو علت ہو تو مضائقہ نہیں اور اس کو اجرت سے کچھ تعلق نہیں اور ضیافت کی تو استدعاء بھی خصوص حاجت کے وقت اور خصوص کریم سے کچھ ذلت نہیں، چہ جائیکہ دوسرے کی استدعاء پر ضیافت کا قبول کر لینا۔ راہ میں موسیٰ علیہ السلام نے اُن بی بی سے فرمایا کہ تم میرے پیچھے ہو جاؤ۔ میں اولادِ ابراہیم سے ہوں، اجنبیہ کو بے وجہ بے قصد دیکھنا بھی پسند نہیں کرتا۔ غرض اسی طرح اُن بزرگ کے پاس پہنچے) سو جب ان کے پاس پہنچے اور ان سے تمام حال بیان کیا تو انہوں نے (تسلی کی اور) کہا کہ (اب) اندیشہ نہ کرو تم ظالم لوگوں سے بچ آئے (کیونکہ اس مقام پر فرعون کی عملداری نہ تھی کذا فی الروح پھر) ایک لڑکی نے کہا کہ ابا جان (آپ کو آدمی کی ضرورت ہے اور ہم سیانی ہوئیں اب گھر میں رہنا مناسب ہے تو) آپ ان کو نوکر رکھ لیجئے کیونکہ اچھا نوکر وہ شخص ہے جو مضبوط (ہو اور) امانت دار (بھی) ہو (اور ان میں دونوں صفتیں ہیں چنانچہ قوت ان کے پانی کھینچنے سے اور امانت ان کے برتاؤ سے خصوصاً راہ میں عورت کو پیچھے کر دینے سے ظاہر ہوئی تھی اور اپنے باپ سے بھی بیان کیا تھا، اس پر) وہ (بزرگ موسیٰ علیہ السلام سے) کہنے لگے کہ میں چاہتا ہوں کہ ان دونوں لڑکیوں میں سے ایک کو تمہارے ساتھ بیاہ دوں اس شرط پر کہ تم آٹھ سال میری نوکری کرو (اور اس نوکری کا بدل وہی نکاح ہے اور حاصل یہ کہ آٹھ سال کی خدمت اس نکاح کا مہر ہے) پھر اگر تم دس سال پورے کر دو تو یہ تمہاری طرف سے (احسان) ہے (یعنی میری طرف سے جبر نہیں) اور میں (اس معاملہ میں) تم پر کوئی مشقت ڈالنا نہیں چاہتا (یعنی کام لینے اور وقت کی پابندی وغیرہ وغیرہ فروع معاملہ میں آسانی برتوں گا اور) تم مجھ کو ان شاء اللہ تعالیٰ خوش معاملہ پاؤ گے۔ موسیٰ (علیہ السلام رضامند ہو گئے اور) کہنے لگے کہ (بس تو) یہ بات میرے اور آپ کے درمیان (پکی) ہو چکی۔ میں ان دونوں مدتوں میں سے جس (مدت) کو بھی پورا کر دوں مجھ پر کوئی جبر نہ ہوگا اور ہم جو (معاملہ) کی بات چیت کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ اس کا گواہ (کافی) ہے (اُس کو حاضر ناظر سمجھ کر عہد پورا کرنا چاہئے)

ف: جو مضامین از قسم روایت ترجمہ کے درمیان لکھے ہیں سب درمنثور سے ہیں اور یہ بزرگ شعیب علیہ السلام تھے **کذا فی الدر عن ابن ماجة مرفوعاً** اور چونکہ موسیٰ علیہ السلام کا اولادِ ابراہیم سے ہونا معلوم ہو گیا تھا اس لئے یہ شبہ نہیں ہوسکتا کہ شعیب علیہ السلام نے کفایت کی تحقیق کیوں نہ کی اور اس معاہدہ سے یہ لازم نہیں آتا کہ اُسی وقت نکاح ہو گیا ہو اور نہ وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ سے یہ لازم آتا ہے کہ اس نکاح میں کوئی گواہ نہ تھا بلکہ اس کہنے سے جو مقصود تھا وہ تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے اور رعی مواشی مدت معینہ تک کا مہر مقرر ہونا ہماری شریعت میں بھی جائز ہے **کذا فی ردالمحتار** اور اگر یہ بکریاں ان صاحبزادی کی تھیں تب تو مہر کا ان کو ادا کیا جانا ظاہر ہے اور اگر باپ کی تھیں تو بالغہ کی رضا سے ایسا معاملہ اس شریعت میں بھی جائز ہے اور درمنثور میں ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے دس ہی برس پورے کئے تھے اور اس قصہ سے بے پردگی کا شبہ نہ کیا جاوے، کیونکہ ضرورت کے لئے خروج جائز ہے جبکہ اعضائے مستورہ پوشیدہ ہوں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَسَقٰى لَهُمَا اس میں دلالت ہے کہ کاملین کو خدمت خلق سے عار نہیں ہوتی۔ قولہ تعالیٰ: فَقَالَ رَبِّ اِنِّيْ ...... روح میں حدیث مرفوع ہے آپ کو اس روز ایک کف دست خرما کی احتیاج تھی۔ پس یہ تفسیر اس پر دال ہے کہ کاملین کی شان ہر قلیل و کثیر میں اپنی حاجت کا حق تعالیٰ کے سامنے ظاہر کرنا ہے وہ متکبر مدعیان زہد کی طرح نہیں ہوتی کہ وہ حق تعالیٰ کی نعمتوں سے استغناء بلکہ نفرت ظاہر کیا کرتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ ...... اس لڑکی کا یہ قول: لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ سن کر آپ کا چلا آنا اس پر دال ہے کہ اگر عمل بقصد عوض نہ ہو پھر بعد عمل کچھ عوض قبول کر لیا جاوے تو یہ منافی اخلاق نہیں اور حدیث قوس میں یہی احتمال افضاء کے سبب ہے جو شیخ کو قرائن سے مفہوم ہوتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: اَنْ تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ۔ اس پر دال ہے کہ نوکری یا مزدوری یا دیگر اسبابِ معاش منافی توکل نہیں۔ البتہ جو شخص اس میں مشغول ہو کر علم یا عمل کے لئے فارغ نہ ہو سکے اور وہ تحمل بھی کر سکتا ہو اس کے لئے اسباب کا

www.besturdubooks.net

ترک کرنا مستحسن ہے۔

اللُّغَاتُ: يصدر اى يصدر الرعاة مواشيهم بعد ريها عن الماء وفى قراء ة يصدر بفتح الياء وضم الدال اى حتى يرجع الرعاة مع اغنامهم وكلتا القراء تين تدل على فرط حياء هما وتواريهما من الاختلاط بالاجانب الا ان الاولى تدل على ذبابهم مطابقة والثانية التزاما لان فراغهم من السقى المقصود ومستلزم لذبابهم عادة والله اعلم ۱۲۔

النَّحْوُ: بينى متعلق بثابت المقدر ۱۲۔

البَلاغَۃ: قوله انزلت اى تنزل والتعبير بالماضى بدل المضارع الاستعطاف وقوله لما متعلق بفقير لتضمنه معنى الاحتياج المعدى باللام قوله ليجزيك اسند الدعوة الى ابيها وعللتها بالجزاء لئلا يوهم كلامها ريبة وفيه من الدلالة على كمال العقل والحياء والفقه مالا يخفى ۱۲۔ قوله ان خير من استجارت وقد استغنت بار سال هذا الكلام الذى سياقه سياق المثل والحكمة عن ان تقول استأجره لقوته وامانة ولعمرى ان مثل هذا المدح من المرأة للرجل اجمل من المدح الخاص القبى للحشمة ۱۲۔ قوله: فلا عدوان على وتعميم انتفاء العدوان بكلا الاجلين بصدر المشارطة مع تحقق عدم العدوان فى اطولهما راسا للقصد الى التسوية بينهما فى الانتفاء اى كما لا اطالب بالزيادة على العشر لا اطالب بالزياة على الثمان ۱۲۔

فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّیْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْۤ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوْدِیَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَیْمَنِ فِی الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ یّٰمُوْسٰۤی اِنِّیْۤ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۰﴾ وَ اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّ لَمْ یُعَقِّبْ ؕ یٰمُوْسٰۤی اَقْبِلْ وَ لَا تَخَفْ ۫ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ ﴿۳۱﴾ اُسْلُكْ یَدَكَ فِیْ جَیْبِكَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ ؗ وَّ اضْمُمْ اِلَیْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَاۡىِٕهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّیْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ یَّقْتُلُوْنِ ﴿۳۳﴾ وَ اَخِیْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّیْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِیَ رِدْاً یُّصَدِّقُنِیْۤ ؗ اِنِّیْۤ اَخَافُ اَنْ یُّكَذِّبُوْنِ ﴿۳۴﴾ قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِیْكَ وَ نَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا یَصِلُوْنَ اِلَیْكُمَا ۚۛ بِاٰیٰتِنَاۤ ۚۛ اَنْتُمَا وَ مَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿۳۵﴾

غرض جب موسیٰ اس مدت کو پوری کر چکے اور (یا اجازت شعیب) اپنی بی بی کو لے کر (مصر کو یا شام کو) روانہ ہوئے تو ان کو کوہ طور کی طرف سے ایک (روشنی بشکل) آگ دکھلائی دی۔ انہوں نے اپنے گھر والوں کو کہا کہ تم (یہاں ہی) ٹھہرے رہو میں نے ایک آگ دیکھی ہے میں وہاں جاتا ہوں شاید میں تمہارے واسطے وہاں سے (رستہ کی) کچھ خبر لاتا ہوں یا کوئی آگ کا (دھکتا ہوا انگارا لے آؤں تا کہ تم سینک لو۔ سو جب وہ آگ کے پاس پہنچے تو ان کو اس میدان کی داہنی جانب سے (جو کہ موسیٰ کی داہنی جانب تھا) اس مبارک مقام میں ایک درخت میں سے آواز آئی کہ موسیٰ میں رب العالمین ہوں اور یہ (بھی آواز آئی) کہ تم عصا ڈال دو۔ سو انہوں نے جب اس کو لہراتا ہوا دیکھا جیسا پتلا سانپ (تیز) ہوتا ہے تو پشت پھیر کر بھاگے اور پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھا۔ (حکم ہوا کہ) اے موسیٰ آگے آؤ اور ڈرو مت تم (ہر طرح) امن میں ہو تم ہاتھ گریبان کے اندر ڈالو (اور پھر نکالو) وہ بلا کسی مرض کے نہایت روشن ہو کر نکلے گا اور خوف رفع کرنے کے واسطے اپنا (وہ) ہاتھ پھر اپنے گریبان اور (بغل) سے بدستور (سابق) ملا لینا سو یہ تمہاری نبوت کی دو سندیں تمہارے رب کی طرف سے فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس جانے کے واسطے (جس کا تم کو حکم دیا جاتا ہے) کیونکہ وہ بڑے نافرمان لوگ ہیں۔ انہوں نے عرض کیا کہ اے رب میں نے ان میں سے ایک آدمی کا خون کر دیا تھا۔ سو مجھ کو اندیشہ ہے کہ (کہیں اول ہی مرحلہ میں) وہ لوگ مجھ کو قتل کر دیں اور میرے بھائی ہارون کی زبان مجھ سے زیادہ رواں ہے تو ان کو بھی میرا مددگار بنا کر میرے ساتھ رسالت دیجئے کہ وہ تقریر کی تائید اور تصدیق کریں گے۔ کیونکہ مجھ کو اندیشہ ہے کہ وہ

لوگ (یعنی فرعون اور اس کے درباری میری تکذیب کریں ارشاد ہوا کہ (بہتر ہے) ہم ابھی تمہارے بھائی کو تمہارا قوت بازو بنائے دیتے ہیں (اک درخواست تو یہ منظور ہوئی) اور ہم تم دونوں کو ایک خاص شوکت (اور ہیبت) عطا کرتے ہیں جس سے ان لوگوں کا تم پر دسترس نہ ہوگی۔ پس معجزے لے کر (تم دونوں چلو اور تمہارے پیرو ہوگا (ان لوگوں پر) غالب رہو گے۔

تفسیر: تمہ قصہ: فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ (الی قولہ تعالی) اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ غرض جب موسیٰ (علیہ السلام) اس مدت کو پورا کر چکے اور (باجازت شعیب علیہ السلام کے) اپنی بی بی کو لے کر (مصر کو یا شام کو) روانہ ہوئے تو (ایک شب میں ایسا اتفاق ہوا کہ سردی بھی تھی اور راہ بھی بھول گئے اس وقت) ان کو کوہ طور کی طرف سے ایک (روشنی بشکل) آگ دکھلائی دی۔ انہوں نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ تم (یہاں ہی) ٹھہرے رہو میں نے ایک آگ دیکھی ہے (میں وہاں جاتا ہوں) شاید میں تمہارے پاس وہاں سے (راستہ کی) کچھ خبر لاؤں یا کوئی آگ کا (دہکتا ہوا) انگارا لے آؤں تاکہ تم سینک لو سو وہ جب اُس آگ کے پاس پہنچے تو ان کو اس میدان کے داہنی جانب سے (جو کہ موسیٰ علیہ السلام کی داہنی جانب تھی) اُس مبارک مقام میں ایک درخت میں سے آواز آئی کہ اے موسیٰ میں رب العالمین ہوں اور یہ (بھی آواز آئی) کہ تم اپنا عصا ڈال دو (چنانچہ انہوں نے ڈال دیا اور وہ سانپ بن کر چلنے لگا) سو انہوں نے جب اس کو لہراتا ہوا دیکھا جیسا پتلا سانپ (تیز) ہوتا ہے تو پشت پھیر کر بھاگے اور پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھا (حکم ہوا کہ) اے موسیٰ آگے آؤ اور ڈرو مت (ہر طرح) امن میں ہو (اور یہ کوئی ڈر کی بات نہیں بلکہ تمہارا معجزہ ہے اور دوسرا معجزہ اور عنایت ہوتا ہے کہ) تم اپنا ہاتھ گریبان کے اندر ڈالو (اور پھر نکالو) وہ بلا کسی مرض کے نہایت روشن ہو کر نکلے گا اور (اگر مثل انقلاب عصا کے اس معجزہ سے بھی طبعاً خوف اور حیرت پیدا ہو تو) خوف (رفع کرنے) کے واسطے اپنا (وہ) ہاتھ (پھر) اپنے (گریبان اور بغل) سے (بدستور سابق) ملالینا (تاکہ وہ پھر اصلی حالت پر ہو جاوے اور پھر طبعی خوف بھی نہ ہوا کرے) سو یہ (تمہاری نبوت کی) دو سندیں اور (دلیلیں) ہیں تمہارے رب کی طرف سے فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس لے جانے کے واسطے (جس کا تم کو حکم کیا جاتا ہے کیونکہ) وہ بڑے نافرمان لوگ ہیں۔ انہوں نے عرض کیا کہ اے میرے رب (میں جانے کے لئے حاضر ہوں مگر آپ کی خاص امداد کی ضرورت ہے کیونکہ میں نے اُن میں سے ایک آدمی کا خون کر دیا تھا سو مجھ کو اندیشہ ہے کہ (کہیں اول ہی وہلہ میں) وہ لوگ مجھ کو قتل کر دیں (تبلیغ بھی نہ ہونے پاوے) اور (دوسری بات یہ ہے کہ میری زبان بھی زیادہ رواں نہیں ہے اور) میرے بھائی ہارون کی زبان مجھ سے زیادہ رواں ہے تو ان کو بھی میرا مددگار بنا کر میرے ساتھ رسالت دیدیجئے کہ وہ (میری تقریر کی تائید اور) تصدیق (مفصل و مکمل) طور سے کریں گے (کیونکہ) مجھ کو اندیشہ ہے کہ وہ لوگ (فرعون اور اس کے درباری میری تکذیب کریں (تو اس وقت مناظرہ کی ضرورت ہوگی اور زبانی مناظرہ کے لئے رواں زبان عادۃً زیادہ مفید ہے) ارشاد ہوا کہ (بہتر ہے) ہم ابھی تمہارے بھائی کو تمہارا قوت بازو بنائے دیتے ہیں (ایک درخواست تو یہ منظور ہوئی) اور (دوسری درخواست کی اس طرح منظوری ہوئی کہ) ہم تم دونوں کو ایک خاص شوکت (وہیبت) عطا کرتے ہیں جس سے ان لوگوں کو تم پر دسترس نہ ہوگی (پس) ہمارے معجزے لے کر جاؤ[1] تم دونوں اور جو تمہارا پیرو ہوگا (ان لوگوں پر) غالب رہو گے۔ ف: سورۂ اعراف اور سورۂ طٰہٰ اور سورۂ نمل میں بعضے مضامین ضروری اس قصہ کے گزر چکے ہیں اور ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ طول زمان کی وجہ سے مصر میں چھپ جانے کی امید تھی لیکن فرعون کے پاس جا کر اخفاء کی توقع نہ تھی اس لئے عذر کیا اور شام کو جاتے ہوں تو کچھ اشکال ہی نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا اس میں دلالت ہے کہ اہل اللہ کو منجانب اللہ ایک شان ہیبت عطا ہوتی ہے۔

ملحقات الترجمۃ: قوله بآيتنا: جاؤاشارة الى مقدر يدل عليه قوله تعالى في طٰهٰ اذهب انت واخوك بآياتي ۱۲۔

اللغات: جذوة هي العود سواء كان عليه النار ولم تكن ولذا بينت بقوله من النار وجعلها نفس النار للمبالغة كذا في الروح ۱۲۔ اسلك اى ادخل جناحك يدك لان اليد للانسان بمنزلة الجناح للطير ۱۲۔

النحو: قوله من شاطئ متعلق بنودى قوله الا يمن صفة للشاطئ قوله: في البقعة متعلق بنودى۔ قوله من الشجرة بدل من شاطئ و كون البقعة مباركة باعتبار انها كلم عندها موسٰى عليه السلام ۱۲۔ قوله رداءً في الروح اى عونا كما روى عن قتادة وقال ابو حبان الرد السمين الذى يشتدبه الامر فعل بمعنى مفعول فهو اسم لما يعان به ۱۲۔

البلاغة: قوله اضمم الخ خص بايراده في ادخال اليد تحت الجيب لان الخوف الذى حصل من الانقلاب قد علم تدبير زواله بقوله خذها ولا تخف سنعيدها وهذا من المواهب ولا تكلف في هذا المعنى بوجه من الوجوه ۱۲۔

فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ۝

www.besturdubooks.net

وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ
الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ
صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ
وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ
فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ
ع الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿۴۲﴾

کہ (خواہ مخواہ اللہ پر) افترا کیا جاتا ہے اور ہم نے ایسی بات کبھی نہیں سنی کہ ہمارے اگلے باپ دادوں کے وقت میں بھی ہوئی ہو اور موسیٰ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ میرا پروردگار اس شخص کو خوب جانتا ہے جو صحیح دین اس کے پاس سے لے کر آیا ہے اور جس کا انجام اس عالم سے اچھا ہونے والا ہے (اور) بالیقین ظالم لوگ کبھی فلاح نہ پاویں گے اور (دلائل موسویہ دیکھ کر سن کر) فرعون کہنے لگا کہ اے اہل دربار مجھ کو تو تمہارا اپنے سوا کوئی خدا معلوم نہیں ہوتا۔ تو اے ہامان تم ہمارے لئے مٹی (کی اینٹیں بنوا کر ان) کو آگ میں (پزاوہ لگا کر) پکواؤ۔ پھر (ان پختہ اینٹوں سے) میرے واسطے ایک بلند عمرت بنواؤ تا کہ میں (اس پر چڑھ کر) موسیٰ کے اللہ کو دیکھوں بھالوں اور میں تو (اس دعویٰ میں کہ میرے سوا کوئی اور خدا ہے) موسیٰ کو جھوٹا سمجھتا ہوں اور فرعون اور اس کے تابعین نے حق دنیا میں سر اٹھار کھا تھا اور یوں سمجھ رہے کہ ان کو ہمارے پاس لوٹ کر آنا نہیں ہے تو ہم نے (تکبر کی سزا میں) اس کو اور اس کے تابعین کو پکڑ کر دریا میں پھینک دیا (یعنی غرق کر دیا) سو دیکھئے ظالموں کا کیا انجام ہوا (اور موسیٰ علیہ السلام کے قول کا ظہور ہو گیا) اور ہم نے ان لوگوں کو ایسا رئیس بنایا تھا جو لوگوں کو دوزخ کی طرف بلاتے رہے اور (اسی واسطے) قیامت کے روز ایسے بے کس رہ جائینگے کہ کوئی انکا ساتھ نہ دیگا اور یہ لوگ دونوں عالم میں مبتلائے خسران ہوئے (چنانچہ) دنیا میں بھی ہم نے انکے پیچھے لعنت لگادی اور قیامت کے دن بھی وہ بدحالی لوگوں میں سے ہوں گے۔

تفسیر: تتمہ قصہ: فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ (الی قولہ تعالی) وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿۴۲﴾ غرض جب اُن لوگوں کے پاس موسیٰ (علیہ السلام) ہماری صریح دلیلیں لے کر آئے تو ان لوگوں نے (معجزات دیکھ کر) کہا کہ یہ تو محض ایک جادو ہے کہ (خواہ مخواہ خدا تعالیٰ پر) اور افتراء کیا جاتا ہے (کہ یہ اُس کی جانب سے معجزات اور دلیل رسالت ہیں) اور ہم نے ایسی بات کبھی نہیں سنی کہ ہمارے اگلے باپ دادوں کے وقت میں بھی ہوئی ہو اور موسیٰ (علیہ السلام) نے (اس کے جواب میں) فرمایا کہ (جب باوجود دلائل صحیحہ قائم ہونے کے اور اس میں کوئی شبہ معقول نہ نکال سکنے کے بھی نہیں مانتے تو یہ ہٹ دھرمی ہے اور اس کا اخیر جواب یہی ہے کہ) میرا پروردگار اس شخص کو خوب جانتا ہے جو صحیح دین اس کے پاس لے کر آیا ہے اور جس کا انجام (یعنی خاتمہ) اس عالم (دنیا) سے اچھا ہونے والا ہے (اور) بالیقین ظالم لوگ (جو کہ ہدیٰ اور دین صحیح پر نہ ہوں) کبھی فلاح نہ پاویں گے (کیونکہ اُن کا انجام اچھا نہ ہوگا۔ مطلب یہ کہ خدا کو خوب معلوم ہے کہ ہم میں اور تم میں کون اہل ہدیٰ ہے اور کون ظالم اور کون محمود العاقبت ہے اور کون محروم عن الفلاح۔ پس ہر ایک کی حالت اور ثمرہ کا جلدی مرنے کے ساتھ ہی ظہور ہو جاوے گا اب نہیں مانتے تم جانو) اور (دلائل موسویہ دیکھ کر سن کر) فرعون (کو اندیشہ ہوا کہ کہیں معتقدین ان کی طرف مائل نہ ہو جاویں لوگوں کو جمع کر کے) کہنے لگا کہ اے اہل دربار مجھ کو تو تمہارا اپنے سوا کوئی خدا معلوم نہیں ہوتا (اور اس کے بعد تلبیس کے واسطے اپنے وزیر سے کہا کہ اگر اس سے ان لوگوں کا اطمینان نہ ہو تو) اے ہامان تم ہمارے لئے مٹی (کی اینٹیں بنوا کر اُن) کو آگ میں پزاوہ لگا کر) پکواؤ پھر (ان پختہ اینٹوں سے) میرے واسطے ایک بلند عمارت بنواؤ تا کہ (میں اس پر چڑھ کر) موسیٰ کے خدا کو دیکھوں بھالوں اور میں تو (اس دعویٰ میں کہ کوئی اور خدا ہے) موسیٰ کو جھوٹا سمجھتا ہوں اور فرعون اور اس کے تابعین نے ناحق دنیا میں سر اٹھار کھا تھا یوں سمجھ رہے تھے کہ ان کو ہمارے پاس لوٹ کر آنا نہیں ہے تو ہم نے (اس تکبر کی سزا میں) اس کو اور اس کے تابعین کو پکڑ کر دریا میں پھینک دیا (یعنی غرق کر دیا) سو دیکھئے ظالموں کا کیا انجام ہوا (اور موسیٰ علیہ السلام کے قول کا ظہور ہو گیا مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾) اور ہم نے ان لوگوں کو ایسا رئیس بنایا تھا جو (لوگوں کو) دوزخ کی طرف بلاتے رہے اور (اسی واسطے) قیامت کے روز (ایسے بے کس رہ جاویں گے کہ) ان کا کوئی ساتھ نہ دے گا اور (یہ لوگ دونوں عالم میں مبتلائے خسران ہوئے چنانچہ) دنیا میں بھی ہم نے ان کے پیچھے لعنت لگا دی اور قیامت کے دن بھی وہ بدحال لوگوں میں سے ہوں گے۔ ف: لعنت پیچھے لگا دینے کا مطلب یہ ہے کہ دنیا میں جو ظالموں کافروں وغیرہم پر لعنت کرتا ہے چونکہ وہ لوگ بھی ایسے ہی تھے ان پر بھی پڑتی ہے۔ مقصود فرعون کا محل بنوانے سے لوگوں کو دھوکہ دینا ہے اگر خدائے اعظم ہوتا تو جسم ہوتا اور اعظمیت کے سبب

www.besturdubooks.net

اس کا مکان ارفع ہوتا تو میں تحقیق کر کے آتا ہوں تاکہ لوگ اس کو بڑا محقق سمجھیں اور اس محل کا بنانا یا نہ بنا کسی صحیح روایت میں وارد نہیں شاید دفع الوقتی غرض ہو اور نہ بنوایا ہو۔

الحواشی: (۱) یعنی شام میں جا کر تو فرعون سے مخفی ہی رہتے تو اس صورت میں فرعون کے پاس جانے کا حکم سن کر بوجہ عدم اخفاء کے عذر کیا کہ رب انی قتلت الخ ۱۲۔

النحو: قوله اباء نا حال من هذا ۱۲۔

البلاغة: قوله نبذنهم عبر به اشارة الى حقارتهم ۱۲۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآىِٕرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَلٰكِنَّاۤ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْۤ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّاۤ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَوْلَاۤ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَاۤ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَاۤ اُوْتِيَ مِثْلَ مَاۤ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَاۤ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۫ وَقَالُوْۤا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَاۤ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۰﴾ ع ۸ وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۱﴾ ؕ

اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اگلی امتوں (یعنی نوح و عاد و ثمود) کے ہلاک کئے پیچھے کتاب (یعنی توریت) دی تھی جو لوگوں کے (یعنی بنی اسرائیل کے) لئے دانش مندوں کا سبب اور ہدایت اور رحمت تھی کہ وہ (اس سے) نصیحت حاصل کریں اور آپ (طور کی) مغربی جانب میں موجود نہ تھے جبکہ ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو احکام دیئے تھے اور (وہاں خاص تو کیا موجود ہوئے) آپ (تو) ان لوگوں میں سے (بھی) نہ تھے (جو اس زمانہ میں) موجود تھے لیکن یہ بات ہے کہ ہم نے موسیٰ کے بعد بہت سی نسلیں پیدا کیں پھر ان پر زمانہ دراز گزر گیا اور آپ اہل مدین میں بھی قیام پذیر نہ تھے کہ آپ (وہاں کے حالات دیکھ کر ان حالات کے متعلق) ہماری آیتیں ان لوگوں کو پڑھ کر سنا رہے ہوں لیکن ہم ہی رسول بنانے والے ہیں اور (اسی طرح آپ طور کی جانب زغربی مذکور ہیں) اور اس وقت بھی موجود نہ تھے ہم نے (موسیٰ) کو پکارا تھا لیکن (اس کا علم بھی اسی طرح سے حاصل ہوا کہ) آپ اپنے رب کی رحمت سے نبی بنائے گئے تاکہ آپ ایسے لوگوں کو ڈرائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا۔ کیا عجب ہے کہ نصیحت قبول کریں اور ہم رسول بھی نہ بھیجتے اگر یہ بات نہ ہوتی کہ ان پر ان کے کرداروں کے سبب (جو کہ عقلاً قبیح ہیں) کوئی مصیبت (دنیا و آخرت میں) نازل ہوتی تو یہ کہنے لگتے کہ اے ہمارے پروردگار آپ نے ہمارے پاس کوئی پیغمبر کیوں نہ بھیجا تاکہ ہم آپ کے احکام کا اتباع کرتے اور (ان احکام اور رسول پر) ایمان لانے والوں میں ہوتے ہیں۔ سو جب ہماری طرف سے ان لوگوں کے پاس امر حق پہنچا تو (اس میں شبہ نکالنے کے لئے) یوں کہنے لگے کہ ان کو ایسی کتاب کیوں نہ ملی جیسی موسیٰ کو ملی تھی۔ کیا جو کتاب موسیٰ کو ملی تھی اس کے قبل یہ لوگ اس کے منکر نہیں ہوئے۔ یہ لوگ تو یوں کہتے ہیں کہ دونوں جادو ہیں جو ایک دوسرے کے موافق ہیں اور یوں بھی کہتے ہیں کہ ہم تو دونوں میں سے کسی کو بھی نہیں مانتے۔ آپ کہہ دیجئے کہ اچھا تو (علاوہ تورات و قرآن کے) تم کوئی اور کتاب اللہ کے پاس سے لے آؤ جو ہدایت

www.besturdubooks.net

کرنے میں ان دونوں سے بہتر ہو میں اسی کی پیروی کرنے لگوں گا اگر تم اس دعویٰ میں سچے ہو۔ پھر (اس احتجاج کے بعد) اگر یہ لوگ آپ کا کہنا (نہ) کر سکیں تو سمجھ لیجئے کہ یہ لوگ محض اپنی نفسانی خواہشوں پر چلتے ہیں اور ایسے شخص سے زیادہ کون گمراہ ہوگا جو اپنی نفسانی خواہش پر چلتا ہو بدوں اس کے منجانب اللہ کوئی دلیل (اس کے پاس) ہو (اور) اللہ تعالیٰ ایسے ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا اور ہم نے اس کلام (یعنی قرآن) کو ان لوگوں کے لئے وقتاً فوقتاً یکے بعد دیگرے بھیجا تا کہ یہ لوگ (بار بار تازہ بتازہ سننے سے) نصیحت مانیں۔

تفسیر ربط: موسیٰ علیہ السلام کا قصہ فرعون کے ساتھ ختم ہوا' آگے اس قصہ کے اعظم مقاصد یعنی اثبات رسالت محمدیہ ﷺ کا مضمون مذکور ہے مع جواب بعض شبہات کفار اور تمہید کے لئے تصریح رسالت موسویہ کی ارشاد ہے۔ پس اس کو سابق ولاحق دونوں کے ساتھ ارتباط ہے۔

اثبات رسالت محمدیہ ﷺ مع جواب بعض شبہات: وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ (الی قولہ تعالی) وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۞ اور (رسالت کا سلسلہ خلق کے محتاج اصل ہونے کے سبب ہمیشہ سے چلا آیا ہے' چنانچہ) ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو جن کا قصہ ابھی پڑھ چکے ہو) اگلی امتوں (یعنی قوم نوح وعاد وثمود) کے ہلاک کے پیچھے (جبکہ ان زمانوں کے انبیاء کی تعلیمات نایاب ہو گئی تھیں اور لوگ ہدایت کے سخت حاجت مند تھے) کتاب (یعنی تورات) دی تھی جو لوگوں کے (یعنی بنی اسرائیل کے) لئے دانشمندیوں کا سبب اور ہدایت اور رحمت تھی تا کہ وہ (اُس سے) نصیحت حاصل کریں (طالب حق کی اول فہم درست ہوتی ہے یہ بصیرت ہے پھر احکام قبول کرتا ہے یہ ہدایت ہے' پھر ہدایت کا ثمرہ یعنی قرب وقبول عنایت ہوتا ہے' یہ رحمت ہے) اور (اسی طرح جب یہ دورہ بھی ختم ہو چکا اور لوگ پھر محتاج تجدید ہدایت ہوئے تو اپنی سنت مستمرہ کے موافق ہم نے آپ کو رسول بنایا جس کے دلائل میں سے ایک یہی واقعہ موسویہ کی یقینی خبر دینا ہے کیونکہ قطعی خبر دینے کے لئے کوئی طریق علم کا ضروری ہے اور وہ طریق منحصر ہے چار میں: امور عقلیہ میں عقل' سو یہ واقعہ امور عقلیہ میں سے تو ہے نہیں اور امر نقلیہ میں یا سماع اہل علم ہے جو کہ دوسرا طریق ہے سو یہ بھی بوجہ عدم مخالطت وعدم مدارستہ اہل اخبار کے منتفی ہے اور یا اپنا مشاہدہ جو کہ تیسرا طریق ہے۔ سو اس کی نفی نہایت ہی اظہر ہے۔ چنانچہ ظاہر ہے کہ) آپ (طور کے) مغربی جانب میں موجود نہ تھے جب کہ ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو احکام دیئے تھے (یعنی توراۃ دی تھی) اور (وہاں خاص تو کیا موجود ہوتے) آپ (تو) ان لوگوں میں سے (بھی) نہ تھے جو (اس زمانہ میں) موجود تھے (پس احتمال مشاہدہ کا بھی نہ رہا) ولیکن (بات یہ کہ) ہم نے (موسیٰ علیہ السلام کے بعد) بہت سی نسلیں پیدا کیں پھر ان پر زمانہ دراز گزر گیا (جس سے پھر علوم صحیحہ نایاب ہو گئے اور پھر لوگ محتاج ہدایت ہوئے اور گو درمیان درمیان انبیاء علیہم السلام آیا کئے مگر ان کے علوم بھی اسی طرح نایاب ہوئے اس لئے ہماری رحمت مقتضی ہوئی کہ ہم نے آپ کو وحی ورسالت سے مشرف فرمایا جو کہ چوتھا طریق ہے خبر یقینی کا اور دوسرے طرق علم ظنی کے ہیں جو بحث ہی سے خارج ہے' کیونکہ آپ کی یہ خبریں بالکل یقینی اور قطعی ہیں۔ حاصل یہ کہ علم یقینی کے چار طریقے اور تین منتفی۔ پس چوتھا متعین اور یہی مطلوب ہے) اور (جیسے آپ نے عطائے توراۃ کا مشاہدہ نہیں کیا اور صحیح ویقینی خبر دے رہے ہیں۔ اسی طرح موسیٰ علیہ السلام کے قیام مدین کا مشاہدہ نہیں فرمایا۔ چنانچہ ظاہر ہے کہ) آپ اہل مدین میں بھی قیام پذیر نہ تھے کہ آپ (وہاں کے حالات دیکھ کر ان حالات کے متعلق) ہماری آیتیں (اپنے ان معاصر) لوگوں کو پڑھ پڑھ کر سنا رہے ہوں ولیکن ہم ہی (آپ کو) رسول بنانے والے ہیں (کہ رسول بنا کر یہ واقعات وحی سے بتلا دیئے) اور (اسی طرح) آپ طور کی جانب (غربی مذکور) میں اس وقت بھی موجود نہ تھے جب ہم نے (موسیٰ علیہ السلام کو) پکارا تھا (کہ يٰمُوْسٰٓى اِنِّيْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ جو کہ اُن کو نبوت عطا ہونے کا وقت تھا) ولیکن (اس کا علم بھی اسی طرح حاصل ہوا کہ) آپ اپنے رب کی رحمت سے نبی بنائے گئے تا کہ آپ ایسے لوگوں کو ڈرائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا (نبی) نہیں آیا۔ کیا عجب ہے کہ نصیحت قبول کرلیں (کیونکہ حضور ﷺ کے معاصرین بلکہ اُن کے آباء اقربین نے بھی کسی کو نہیں دیکھا تھا گو بعض شرائع بالخصوص توحید بواسطہ ان تک بھی پہنچی تھی پس: وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا [النحل: ۳۶] سے تعارض نہ رہا) اور (اگر یہ لوگ ذرا تامل کریں تو سمجھ سکتے ہیں پیغمبر بھیجنے سے ہمارا کوئی فائدہ نہیں بلکہ ان ہی لوگوں کا فائدہ ہے کہ یہ لوگ حسن وقبح پر مطلع ہو کر عقوبت سے بچ سکتے ہیں ورنہ جن امور کا قبح عقل سے دریافت ہو سکتا ہے اس پر عذاب بلا ارسال رسول بھی ہونا ممکن تھا لیکن اس وقت ان کو ایک گونہ حسرت ہوتی کہ ہائے اگر رسول آ جاتا تو ہم کو زیادہ تنبہ ہو جاتا اور اس مصیبت میں نہ پڑتے۔ اس لئے رسول بھی بھیج دیا تا کہ اس حسرت سے بچنا ان کو آسان ہو ورنہ احتمال تھا کہ) ہم رسول نہ بھی بھیجتے اگر یہ بات نہ ہوتی کہ ان پر ان کے کرداروں کے سبب (جو کہ عقلاً قبیح ہیں) کوئی مصیبت (دنیا یا آخرت میں) نازل ہوتی (جس کی نسبت ان کو عقل کے یا فرشتے کے ذریعہ سے یقین ہو جاتا کہ یہ سزائے اعمال ہے) تو یہ کہنے لگتے کہ اے ہمارے پروردگار آپ نے ہمارے پاس کوئی پیغمبر کیوں نہ بھیجا تا کہ ہم آپ کے احکام کا اتباع کرتے اور (اُن احکام اور رسول پر ایمان) لانے والوں میں سے ہوتے سو (اس امر کا مقتضا تو یہ تھا کہ رسول کے آنے کو غنیمت سمجھتے اور اس کے دین حق کو قبول کرتے لیکن ان کی یہ حالت ہوئی کہ) جب ہماری طرف سے ان لوگوں کے پاس امر حق (یعنی رسول حق اور دین حق) پہنچا تو (اس میں شبہ نکالنے کے لئے یوں) کہنے لگے

www.besturdubooks.net

کہ ان کو ایسی کتاب کیوں نہ ملی جیسی موسیٰ (علیہ السلام) کو ملی تھی (یعنی قرآن واحدۃً مثل توراۃ کے کیوں نہ نازل ہوا آگے جواب ہے کہ) کیا جو کتاب موسیٰ (علیہ السلام) کو ملی تھی اس کے قبل یہ لوگ اس کے منکر نہیں ہوئے (چنانچہ ظاہر ہے کہ مشرکین موسیٰ علیہ السلام اور توراۃ کو بھی نہ مانتے تھے کیونکہ وہ سرے سے اصل نبوت ہی کے منکر تھے) یہ لوگ تو (قرآن اور توراۃ دونوں کی نسبت) یوں کہتے ہیں کہ دونوں جادو ہیں جو ایک دوسرے کے موافق ہیں (یہ اس لئے کہا کہ اصول شرائع میں دونوں متفق ہیں) اور یوں بھی کہتے ہیں کہ ہم تو دونوں میں کسی کو نہیں مانتے (خواہ یہی عبارت ان کا مقولہ ہو اور خواہ ان کے اقوال سے لازم آتا ہو اور خواہ ایک ہی ساتھ دونوں کا انکار کیا ہو یا مختلف قول جمع کئے گئے ہوں تو اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اس شبہ کا منشاء قصد ایمان بالقرآن بصورت تماثل توراۃ کے نہیں بلکہ یہ بھی ایک حیلہ اور شرارت ہے۔ آگے اس کا جواب ہے کہ اے محمد ﷺ) آپ کہہ دیجئے کہ اچھا تو (علاوہ توراۃ و قرآن کے) تم کوئی اور کتاب اللہ کے پاس سے لے آؤ جو ہدایت کرنے میں ان دونوں سے بہتر ہو۔ میں اسی کی پیروی کرنے لگوں گا اگر تم (اس دعویٰ میں) سچے ہو (کہ سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۔ جس سے مقصود ان دونوں کتابوں کا نعوذ باللہ مفتری اور غلط ہونا ہے' یعنی مقصود تو اتباع حق کا ہے' پس اگر کتب الٰہیہ کو حق مانتے ہو تو ان کی پیروی کرو قرآن کی تو مطلقاً اور توراۃ کی توحید و بشارات محمدیہ میں اور اگر ان کو حق نہیں مانتے تو تم کوئی حق پیش کرو اور اس کا حق ہونا ثابت کر دو جس کو ابدی ہونے سے اس لئے تعبیر کیا گیا ہے کہ مقصود حق سے اس کا وسیلہ ہدایت ہونا ہے اگر فرضاً ثابت کر دو گے تو میں اس کی پیروی کر لوں گا۔ غرض یہ کہ میں حق ثابت کر دوں تو تم اس کا اتباع کرو اور اگر تم حق ثابت کر دو تو میں اتباع کے لئے آمادہ ہوں اور چونکہ قضیہ شرطیہ میں محض حکم اتصال کا ہوتا ہے' اس لئے اتباع غیر کتب الٰہیہ کا اشکال لازم نہیں آتا) پھر (اس احتجاج کے بعد) اگر یہ لوگ آپ کا (یہ) کہنا کہ (فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ) نہ کر سکیں (اور ظاہر ہے کہ نہ کر سکیں گے کقولہ تعالیٰ: فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا [البقرۃ: ۲۴] اور پھر بھی آپ کا اتباع نہ کریں) تو آپ سمجھ لیجئے کہ (ان سوالات کا منشاء کوئی اشتباہ و تردد و حق جوئی نہیں ہے بلکہ) یہ لوگ محض اپنی نفسانی خواہشوں پر چلتے ہیں (انکا نفس کہتا ہے کہ جس طرح بن پڑے انکار ہی کرنا چاہئے۔ پس یہ ایسا ہی کر رہے ہیں گو حق بھی واضح ہو جاوے) اور ایسے شخص سے زیادہ کون گمراہ ہوگا جو اپنی نفسانی خواہشوں پر چلتا ہو بدوں اس کے کہ منجانب اللہ کوئی دلیل (اسکے پاس) ہو (اور) اللہ تعالیٰ ایسے ظالموں کو (جو کہ وضوح حق کے بعد بدوں کسی متمسک صحیح کے بھی اپنی گمراہی سے باز نہ آوے) ہدایت نہیں کیا کرتا (جس کا سبب اس شخص کا خود قصد کرنا ہے اپنے گمراہ رہنے کا اور قصد کے بعد خلق فعل عادت ہے اللہ تعالیٰ کی' اسلئے ایسا شخص ہمیشہ گمراہ رہتا ہے یہاں تک تو جواب الزامی تھا انکے اس قول کا اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اور (آگے تحقیقی جواب ہے جس میں قرآن کے دفعۃً واحدۃً نازل نہ ہونے کی حکمت بیان فرماتے ہیں کہ) ہم نے اس کلام (یعنی قرآن) کو ان لوگوں کے لئے وقتاً فوقتاً یکے بعد دیگرے بھیجا تا کہ یہ لوگ (بار بار تازہ بتازہ سننے سے) نصیحت مانیں (یعنی ہم تو دفعۃً واحدۃً بھیجنے پر بھی قادر ہیں مگر ان ہی کی مصلحت سے تھوڑا تھوڑا نازل کرتے ہیں پھر اندھیر ہے کہ اپنی ہی مصلحت کی مخالفت کرتے ہیں) ف: آیت: وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کنارہ جبل طور کا جس پر کلام ہوا تھا غربی تھا بعض مفسرین نے مستقلاً بھی اس کی تصریح کی ہے کما فی الروح عن البحر تحت قولہ تعالیٰ: فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ اور ان آیات میں مشاہدہ کی نفی کرنا جس کا انتفاء بہ نسبت دوسرے احتمالات کے خود اظہر ہے مبالغہ ہے اور اشارہ ہے اس طرف کہ گویا دوسرے احتمالات ایسے بعید ہیں کہ اس منفی سے ابعد ہیں کہ اس کے انتفاء سے ان کا خود انتفاء ہو جاوے گا یا یہ کم از کم سب متماثل ہیں اور ان کا احتمال ایسا ہے جیسا مشاہدہ کا احتمال اور جس طرح یہ منفی ہے وہ بھی منفی ہیں اور دوسرے مقامات پر خود ان کی نفی مستقلاً بھی فرمائی گئی ہے۔ کذا فی الروح بتغییر یسیر اور ان آیات میں اولاً نفی کی گئی ہے حضور عند عطاء التوراۃ کی جس کا وقوع سب کے بعد ہوا' پھر نفی کی گئی حضور وقت قیام مدین کی جو سب سے پہلے واقع ہوا۔ پھر نفی کی گئی حضور وقت النداء کی جو درمیان میں واقع ہوئی۔ اس ترتیب بدلنے میں یہ نکتہ ہے کہ ہر موقع میں آپ کا تشریف نہ رکھنا مستقل دلیل ہو صاحب وحی ہونے کی ورنہ اگر وقوع کے موافق ذکر میں ترتیب ہوتی تو مجموعہ دلیل واحد سمجھا جاتا اور گو منفی ثانی و ثالث میں ترتیب وقوعی کے موافق ترتیب ذکری ہے مگر منفی اول و ثانی میں ترتیب بدلنے سے اشارہ ہو گیا تعدد دلائل کے قصد کی طرف۔ پس اس سے منفی ثانی و ثالث میں بھی قصد تعدد مفہوم ہو گیا کذا فی الروح بتغییر یسیر اور آیات مذکورہ میں تینوں موقعوں پر حرف استدراک یعنی لکن آیا ہے مگر اول میں تو مستدرک یعنی اَوْحَيْنَآ اَرْسَلْنَا محذوف ہے اور اس کا موجب اور سبب بعید یعنی انشاء قرون و تطاول عمر اس کے قائم مقام کیا گیا ہے جو کہ اس پر دال بھی ہے اور موقع ثانی میں خود مستدرک یعنی كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝ مذکور ہے اور موقع ثالث میں بھی مثل اول کے مستدرک مقدر ہے لیکن اس کا موجب اور سبب قریب یعنی رحمت مذکور ہے جو جزو اخیر ہے علت تامہ ارسال کا۔ پس اس اسلوب سے سبب اول اور سبب اخیر بھی مقصود کا بتلا دیا اور اول کو اول لائے اور اخیر کو اخیر اور درمیان میں مقصود کی تصریح فرما دی جو اول و آخر دونوں کے ساتھ مجاور ہونے سے دونوں جگہ تعیین محذوف پر دال ہے کذا فی الروح بادنی تغییر اور آیت: لَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ میں جواب محذوف ہے لما ارسلنا یا لا حتمل انا لم نرسل رسلا اور کلام میں بجائے اس جواب کے اس کا سبب مذکور ہے یعنی اَنْ تُصِيْبَهُمْ سے فَيَقُوْلُوْا تک پھر اس میں بھی اصل سبب یقولوا ہے جیسا ظاہر ہے لیکن چونکہ اس قول کا سبب خود

www.besturdubooks.net

اصابت مصیبت ہے کیونکہ اگر عقوبت نہ ہوتو اس قول کی کیا ضرورت ہے اس لئے اصابت کو لو لا کے بعد لائے اور یقولو لو کو اس پر عطف کیا۔ پس ارسال کی جگہ اس کا سبب یعنی قول ذکر کیا گیا پھر اس کی جگہ اس کا سبب یعنی مصیبت کو ذکر کیا کذا فی الروح بتغییر۔ اور اس جگہ انجیل وغیرہ کا ذکر گو حقیقتاً نہیں ہے مگر حکماً وہ بھی مذکور ہے کیونکہ علت نہ ماننے کی مشترک ہے اور شاید تخصیص توراۃ کی بوجہ شہرت کے ہو اور قرآن میں تو کلام ہی تھا اور قرآن کو سحر کہنا قرآن ہی میں مذکور ہے اور توراۃ کو یا تو صریحاً کہا ہوگا اور یا اسی سے لازم آ گیا کیونکہ متوافقین میں جو ایک کی صفت ہوگی وہی دوسرے کی ہوگی اور آیت مَّآ اَتٰهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ کے متعلق کچھ ضروری مضمون پارۂ چہاردہم کے نصف آیت وَلَقَدْ بَعَثْنَا کی تفسیر کے ذیل میں لکھا ہے دیکھ لیا جاوے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱قوله في قرونا: نسلیں ترجمة بالحاصل۔ ۲قوله في رحمة: نبی بنائے گئے لان العامل المقدر كالملفوظ وكذا قيل قوله لو لا ان تصيبهم من قوله هم رسول الخ ۱۲۔ ۳ قوله في وصلنا: وقتاً فوقتاً یکے بعد دیگرے القيد الاول مستفاد من الباب والثاني من المادة فالمجموع دل على التفريق ۱۲۔

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿۵۳﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿۵۵﴾ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾

اور جن لوگوں کو ہم نے قرآن سے پہلے (آسمانی کتابیں دی ہیں جو منصف ہیں وہ اس) قرآن پر ایمان لاتے ہیں اور جب قرآن ان کے سامنے پڑھا جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لائے۔ بے شک یہ حق ہے جو ہمارے رب کی طرف سے (نازل ہوا ہے اور) ہم تو اس کے آنے سے پہلے بھی مانتے تھے۔ ان لوگوں کو ان کی پختگی کی وجہ سے دوہرا ثواب ملے گا اور وہ لوگ نیکی (اور تحمل) سے بری (اور ایذا) کا دفعیہ کر دیتے ہیں اور ہم نے جو کچھ ان کو دیا ہے اس میں سے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں اور جب (کسی سے اپنی نسبت) کوئی لغو بات سنتے ہیں تو اس کو (بھی ٹال جاتے ہیں اور سلامت روی کے طور پر) کہہ دیتے ہیں کہ کچھ جواب نہیں دیتے ہمارا کیا ہمارے سامنے آئے گا (بھائی) ہم تم کو سلام کرتے ہیں ہم بے سمجھ لوگوں سے الجھنا نہیں چاہتے۔ آپ جس کو چاہیں ہدایت نہیں کر سکتے بلکہ اللہ جس کو چاہے ہدایت کر دیتا ہے اور ہدایت پانے والوں کا علم (بھی) اسی کو ہے۔

تفسیر ربط: اوپر قصۂ موسویہ سے رسالت محمدیہ پر استدلال تھا مع ذم منکرین مشرکین کے آگے بشارات کتب سماویہ سابقہ کی بنا پر منصف اہل کتاب کے ایمان لانے سے رسالت پر استدلال ہے مع مدح ان مصدقین مؤمنین کے اور نزول اس کا مؤمنین اہل کتاب کی شان میں ہوا ہے جن میں بعض کے نام کی تصریح بھی آئی ہے۔ ابو رفاعہ اور نو آدمی ان کے ساتھ سلمان، عبداللہ بن سلام امین بن یامین اصحاب نجاشی ان میں بعضے پہلے یہودی تھے اور بعضے نصرانی اور ان کو مخالفین سے ایذاء بھی پہنچی تھی۔ كذا في الدر المنثور باسانيد مختلفة۔

اشارہ باستدلال بر رسالت بنا بر ایمان علماء بشارات: اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ (الى قوله تعالى) سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿۵۵﴾ (اور رسول اللہ ﷺ کی رسالت علماء بشارات کتب سابقہ کی تصدیق سے بھی ظاہر ہے چنانچہ) جن لوگوں کو ہم نے قرآن سے پہلے (آسمانی) کتابیں دی ہیں (ان میں جو منصف ہیں) وہ اُس (قرآن) پر ایمان لاتے ہیں اور جب قرآن اُن کے سامنے پڑھا جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لائے بے شک یہ حق ہے (جو) ہمارے رب کی طرف سے (نازل ہوا ہے اور) ہم تو اس (کے آنے) سے پہلے بھی (اس کی بنا بر بشارات اپنی کتب کے) مانتے تھے (اب نزول کے بعد تجدید عہد کرتے ہیں نہ مثل ان لوگوں کے جو نزول سے پہلے تو مصدق اور شائق اور منتظر تھے۔ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ [البقرة: ۸۹] اس سے صاف ظاہر ہوا کہ آپ ہی مصداق بشارات کے ہیں۔ پس یہ بھی ایک دلیل ہے نبوت کی۔ کقولہ تعالیٰ فی آخر الشعراء: ﴿اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ﴾ [الشعراء: ۱۹۷] پھر آگے اُن ایمان والوں کی فضیلت ہے کہ) ان لوگوں کو ان کی پختگی کی وجہ سے (کہ پہلی کتاب پر ایمان رکھنے کے ضمن میں بھی قرآن پر ایمان رکھتے تھے اور بعد نزول قرآن کے بھی اُس ایمان پر قائم رہے اور اُس کی تجدید کی) دوہرا ثواب ملے گا (یہ تو بیان تھا اعتقاد اور جزاء کا) اور (آگے بیان ہے ان کے اعمال واخلاق کا کہ) وہ لوگ نیکی (اور تحمل) سے بدی (اور ایذاء) دفعیہ کر دیتے ہیں اور ہم نے جو کچھ اُن کو دیا ہے اُس میں سے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں اور (جس طرح فعلی ایذاء پر تحمل کرتے ہیں اسی طرح) جب (کسی سے اپنی نسبت) کوئی لغو بات سنتے ہیں (جو ایذائے قولی ہے)

www.besturdubooks.net

تو اس کو (بھی) ٹال دیتے ہیں اور (سلامت روی کے طور پر) کہہ دیتے ہیں کہ (ہم کچھ جواب نہیں دیتے) ہمارا کیا ہمارے سامنے آوے گا اور تمہارا کیا تمہارے سامنے آوے گا (بھائی) ہم تم کو سلام کرتے ہیں (ہم کو جھگڑے سے معاف رکھو) ہم بے سمجھ لوگوں سے اُلجھنا[۲] نہیں چاہتے۔ **ف**: حدیث میں بھی آیا ہے کہ اہل کتاب جو ایمان لائیں ان کو دوہرا ثواب ملتا ہے اور اس کے ساتھ دو شخصوں کے لئے بھی اور اجر مرتین کا وعدہ ہے ایک وہ جس کے پاس شرعی مملوکہ ہو اور وہ اس کو تعلیم و تادیب کر کے آزاد کر کے اس کی رضامندی سے اس سے نکاح کر لے اور ایک وہ غلام جو اللہ تعالیٰ کی بھی اچھی طرح عبادت کرے اور اپنے آقا کی بھی خدمت گزاری و خیرخواہی کرے رواہ الشیخان و غیرھما اور مشہور وجہ اس کی یہ ہے کہ ان لوگوں نے دو دو عمل کئے اس لئے دوہرا ثواب ہوا۔ اور بعض نے یہ سمجھ کر کہ پھر ان کو کیا تخصیص ہے جو شخص دو عمل کرے گا دو ثواب ملیں گے یہ کہا ہے کہ ان لوگوں کو تمام اعمال میں یا ان ہی دو عملوں میں سے ہر ایک عمل پر بہ نسبت دوسرے عاملین کے دوہرا ثواب ملے گا۔ مثلاً اوروں کو اقل درجہ ایک عمل پر دس گونہ ثواب ہوتا ہے تو ان کو ہر عمل پر اقل درجہ بیس گونہ ثواب ہوگا جیسا قرض کی نسبت اٹھارہ گونہ ثواب آیا ہے اور موجہین سابقین کہہ سکتے ہیں کہ ان کے اعمال کی تخصیص مقصود نہیں، مگر ظاہراً تخصیص مقصود معلوم ہوتی ہے۔ لیکن مع انضمام ازواج مطہرات ﷺ کے جن کے لئے نُّؤۡتِهَآ اَجۡرَهَا مَرَّتَيۡنِ [الأحزاب: ۳۱] آیا ہے اس لئے توجیہ ثانی بے غبار ہے واللہ اعلم اور احقر کے نزدیک یدرون میں حب جاہ سے اور مِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ میں حب مال سے ان کے خالی ہونے کی طرف اشارہ ہے اور یہی دو امر اکثر مانع ایمان کے ہوتے ہیں اور یہی نکتہ ذکر کیا گیا ہے سورۂ بقرہ آیت: وَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارۡكَعُوۡا مَعَ الرّٰكِعِيۡنَ [البقرة: ۴۳] میں ان اعمال کی طرف تخصیص کا پس ایمان کے بعد اشارہ ہو گیا ارتفاع موانع ایمان کی طرف۔

ربط: اوپر کی سرخی میں اہل کتاب کا ایمان و انقیاد اور اس سے اوپر آیات: فَلَمَّا جَآءَهُمُ الۡحَقُّ میں مشرکین قریش کا کفر و عناد مذکور تھا اور قریش آپ کے قرابت دار اور اہل کتاب غیر قرابت دار تھے اور غیر قرابت داروں کے ایمان کو دیکھ کر قرابت داروں کے ایمان نہ لانے پر طبعاً زیادہ رنج ہوتا ہے اور ان میں سے بعض کے ایمان لانے کے متعلق آپ کو خاص اہتمام اور شوق غالب تھا۔ اس میں کامیابی نہ ہونے سے اور زیادہ رنج ہوتا تھا۔ اس لئے آگے تسلی کا مضمون ارشاد ہے کہ کسی کو ایمان کی توفیق ہو جانا یہ خدا کے قبضۂ قدرت میں ہے نہ کہ آپ کے پھر رنج کیوں کیا جاوے۔

تسلیۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنفی قدرت بر ہدایت حقیقیہ: اِنَّكَ لَا تَهۡدِيۡ مَنۡ اَحۡبَبۡتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهۡدِيۡ مَنۡ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعۡلَمُ بِالۡمُهۡتَدِيۡنَ ۝ آپ جس کو چاہیں ہدایت نہیں کر سکتے بلکہ اللہ جس کو چاہے ہدایت کر دیتا ہے اور (ہدایت کرنے کی قدرت تو بجز خدا کے کسی کو کیا ہوتی، کسی کو اس کا علم تک بھی تو نہیں کہ کون کون ہدایت پانے والا ہے، بلکہ) ہدایت[۳] پانے والوں کا علم (بھی) اُسی کو ہے۔

ف: اور سورۂ شوریٰ کے اخیر میں جو ہے اِنَّكَ لَتَهۡدِيۡۤ وہ بمعنی اراءۃ طریق و ہدایت صوریہ ہے اور یہاں نفی بمعنی ایصال الی المطلوب و ہدایت حقیقیہ کے ہے۔ صحیح مسلم میں اس آیت کا نزول ابو طالب کے بارہ میں مروی ہے لیکن عموم الفاظ سے دوسروں کو بھی شامل ہے۔ صاحب روح نے کہا ہے کہ بے ضرورت اس مسئلہ میں کلام کرنا یا ان کو برا کہنا موجب تاذی علویین کا یقیناً اور خود حضور کی تاذی کا موجب احتمالاً ہے۔ پس احتیاط بہتر ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: بِمَا صَبَرُوۡا وَيَدۡرَءُوۡنَ بِالۡحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اس میں اہل اللہ کے بعض اخلاق کا ذکر ہے۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّكَ لَا تَهۡدِيۡ مَنۡ اَحۡبَبۡتَ یہ صریح ہے اس میں کہ ہدایت کسی کی قدرت میں نہیں جیسا بعض جہلاء کا گمان ہے کہ شیخ کامل جس کو چاہے اپنے تصرف سے واصل الی اللہ کر دے۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] قولہ فی الکتب: کتابیں اشارۃ الی کون اللام للجنس۔ [۲] قولہ فی لا نبتغی: الجھنا۔ اشارۃ الی تقدیر المضاف ای المخالطۃ والمخاطبۃ ۱۲۔ [۳] قولہ فی المھتدین: ہدایت پانے والوں اشارۃ الی ان الاطلاق باعتبار یؤل کما فی الدر عن مجاھد قال ممن قدر الھدی والضلال ۱۲۔

النحو: قولہ من قبلہ راجع الی القرآن المدلول علیہ فی قولہ وصلنا لھم القول ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ انہ الحق فی النیسابوری تعلیل الایمان بہ لان کونہ حقا من اللہ یوجب الایمان بہ وقولہ انا کنا من قبلہ بیان لقولہ آمنا بہ لان ایمانھم احتمل ان یکون قریب العھد و ان یکون بعیدہ فاخبروا ان ایمانھم بہ متقادم ۱۲۔

وَقَالُوۡۤا اِنۡ نَّتَّبِعِ الۡهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفۡ مِنۡ اَرۡضِنَا ؕ اَوَلَمۡ نُمَكِّنۡ لَّهُمۡ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجۡبٰٓى اِلَيۡهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَىۡءٍ رِّزۡقًا مِّنۡ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ۝ وَكَمۡ اَهۡلَكۡنَا مِنۡ قَرۡيَةٍۢ بَطِرَتۡ مَعِيۡشَتَهَا ۚ فَتِلۡكَ

www.besturdubooks.net

مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ؕ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ۝۵۸ وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى
يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ۝۵۹ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ
مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۶۰ ع ۹

اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر ہم آپ کے ساتھ ہو کر (اس دین کی) ہدایت پر چلنے لگیں تو فی الفور اپنے مقام سے مار کر نکال دیئے جائیں کیا ہم نے ان کو امن وامان والے حرم میں جگہ نہیں دی۔ جہاں ہر قسم پھل کھچے چلے آتے ہیں۔ جو ہمارے پاس (یعنی ہماری قدرت اور خدائی سے) کھانے کو ملتے ہیں لیکن ان میں اکثر لوگ (اس کو) نہیں جانتے اور ہم بہت سی بستیاں ہلاک کر چکے ہیں جو اپنے سامان عیش پر نازاں تھے سو (دیکھ لو) یہ ان کے گھر (تمہاری آنکھوں کے سامنے پڑے) ہیں کہ ان کے بعد آباد ہی نہ ہوئے مگر تھوڑی دیر کے لئے اور آخر کار (ان کے ان سب سامانوں کے) ہم ہی مالک رہے۔ آپ کا رب بستیوں کو (اول ہی بار میں) ہلاک نہیں کیا کرتا جب تک کہ ان بستیوں کے صدر مقام میں کسی پیغمبر کو بھیج نہ لے کہ وہ ان لوگوں کو ہماری آیتیں پڑھ پڑھ کر سنائے اور ہم ان بستیوں کو ہلاک نہیں کرتے۔ مگر اسی حالت میں کہ وہاں کے باشندے بہت ہی شرارت کرنے لگیں اور جو کچھ تم کو دیا دلایا گیا وہ محض (چند روزہ) دنیوی زندگی کے رشتے کے لئے ہے اور یہیں کی (زیب) زینت ہے اور جو (اجر و ثواب) اللہ کے ہاں ہے وہ بدرجہا بہتر ہے اور زیادہ (یعنی ہمیشہ) باقی رہنے والا ہے کیا تم لوگ (اس بات کو) نہیں سمجھتے۔

تفسیر: ربط: اوپر دور سے کفار کے ایمان نہ لانے کا ذکر چلا آ رہا ہے اور ان کے ایمان میں چند امور مانع تھے ایک مانع ان کا شبہ لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مع جواب اوپر مذکور ہو چکا۔ دوسرا مانع ان کا ایک وہمی خوف لحوق مضرت، اختطاف سو فوت منفعت اقتطاف سے' تیسرا مانع بطر معیشت' چوتھا مانع شبہ عدم ہلاک سے باوجود کفر کے پانچواں تعلق دنیا سے اور بے تعلقی آخرت سے' آگے موانع کا ذکر اور ہر ایک کے ساتھ اس کا رفع اور جواب ہے۔

رفع اعذار و موانع ایمان' رفع مانع اول: فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ اوپر گزر چکا۔

رفع مانع دوم: وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ (الی قولہ تعالی) وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

رفع مانع سوم: وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۭ (الی قولہ تعالی) وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ۝

رفع مانع چہارم: وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى (الی قولہ تعالی) كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ۝

رفع مانع پنجم: وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ (الی قولہ تعالی) اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ اور (ایک مانع ان لوگوں کو ایمان لانے سے یہ ہے کہ) یہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر ہم آپ کے ساتھ ہو کر (اس دین کی) ہدایت پر چلنے لگیں تو فی الفور اپنے مقام سے مار کر نکال دیئے جائیں (کہ بے وطنی کی بھی مضرت ہو اور معاش کی پریشانی الگ ہو لیکن اس عذر کا بطلان بالکل ہی ظاہر ہے) کیا ہم نے ان کو امن وامان والے حرم میں جگہ نہیں دی جہاں ہر قسم کے پھل کھچے چلے آتے ہیں جو ہمارے پاس سے (یعنی ہماری قدرت اور رزاقی سے) کھانے کو ملتے ہیں (پس حرم ہونے کی وجہ سے جس کا سب احترام کرتے ہیں لحوق مضرت کا بھی اندیشہ نہیں اور اس مضرت کے منتفی ہونے کی وجہ سے احتمال فوت منفعت رزق کا بھی نہیں' پس ان کو چاہئے تھا کہ اس حالت کو غنیمت سمجھتے اور اس کو نعمت سمجھ کر قدر کرتے اور ایمان لے آتے) ولیکن ان میں اکثر لوگ (اس کو) نہیں جانتے (یعنی اس کا خیال نہیں کرتے) اور (ایک سبب ان کے ایمان نہ لانے کا یہ ہے کہ یہ اپنی خوش عیشی پر نازاں ہیں لیکن یہ بھی حماقت ہے کیونکہ) ہم بہت سی ایسی بستیاں ہلاک کر چکے ہیں جو اپنے سامان عیش پر نازاں تھے سو (دیکھ لو) یہ ان کے گھر (تمہاری آنکھوں کے سامنے پڑے) ہیں کہ ان کے بعد آباد ہی نہ ہوئے مگر تھوڑی دیر کے لئے (کہ کسی مسافر وارد وصادر کا اُدھر کو اتفاقاً گزر ہو جاوے اور وہ تھوڑی دیر وہاں ستانے کو یا تماشا دیکھنے کو بیٹھ جاوے یا شب کو رہ جاوے) اور آخر کار (ان سب سامانوں کے) ہم ہی مالک رہے (کوئی ظاہر وارث بھی ان کا نہ ہوا) اور (ایک شبہ ان کو یہ ہوتا ہے کہ اگر ان لوگوں کی ہلاکت بسبب کفر کے ہے تو ہم تو مدت سے کفر کرتے آ رہے ہیں' ہم کو کیوں نہ ہلاک کیا جیسا دوسری آیتوں میں ہے: يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ [یونس' انبیاء' النمل وغیرہ] اور اس شبہ کی وجہ سے ایمان نہیں لاتے سو اس کا حل یہ ہے کہ) آپ کا رب بستیوں کو (اول ہی بار میں) ہلاک نہیں کیا کرتا جب تک کہ ان (بستیوں) کے صدر مقام میں کسی پیغمبر کو نہ بھیج لے اور (پھر پیغمبر کو بھیجنے کے بعد بھی فوراً) ہم ان بستیوں کو ہلاک نہیں کرتے مگر اسی حالت میں کہ وہاں کے باشندے بہت ہی شرارت کرنے لگیں (یعنی ایک مدت معتد بہ تک بار بار کی تذکیر سے تذکر حاصل نہ کریں اس وقت ہلاک کر دیتے ہیں۔ چنانچہ جن بستیوں کی ہلاکت کا اوپر ذکر تھا وہ بھی اسی قانون کے موافق ہلاک ہوئیں۔ سو اسی قانون کے موافق تمہارے ساتھ عمل درآمد ہو رہا ہے اس لئے نہ رسول سے پہلے ہلاک کیا اور نہ بعد رسول کے ابھی تک ہلاک کیا۔ مگر چند روز گزرنے دو اگر تمہارا یہ عناد ہی رہا تو سزا ہو ہی گی چنانچہ بدر وغیرہ میں

www.besturdubooks.net

ہوئی) اور (ایک وجہ ایمان نہ لانے کی یہ ہے کہ دنیا نقد ہے اس لئے مرغوب ہے اور آخرت نسیہ ہے اس لئے غیر مرغوب ہے۔ پس دنیا کی رغبت سے دل خالی نہیں ہوتا کہ اس میں آخرت کی رغبت سماوے۔ پھر اس کی تحصیل کا طریقہ تلاش کیا جاوے کہ وہ ایمان ہے سو اس کی نسبت یہ سن رکھو کہ) جو کچھ تم کو یاد دلایا گیا ہے وہ محض (چند روزہ) دنیوی زندگی کے برتنے کے لئے ہے اور یہیں کی (زیب و) زینت ہے (کہ خاتمۂ عمر کے ساتھ اس کا بھی خاتمہ ہو جاوے گا) اور جو (اجر وثواب) اللہ کے ہاں ہے وہ بدرجہا اس سے (کیفیۃً بھی) بہتر ہے اور (کمیۃً بھی) زیادہ (یعنی ہمیشہ) باقی رہنے والا ہے۔ سو کیا تم لوگ (اس تفاوت کے تحقق کو یا اس تفاوت کے اقتضاء کو) نہیں سمجھتے (غرض تمہارے اعذار و مناشی اصرار علی الکفر کے سب محض بے بنیاد اور لغو ہیں سمجھو اور مانو) **ف**: صدر مقام سے عادۃً متعلقات میں خبر پہنچ جاتی ہے۔ دوسرے صدر مقام کے باشندے بہ نسبت علاقہ والوں کے فہیم اور سلیم بھی ہوتے ہیں۔ تخاطب اول ایسے ہی لوگوں کے لئے مناسب ہے اور فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ قری ثمود وغیرہم کی طرف اشارہ ہے کہ شام کی آمد ورفت میں نظر آتے تھے اور نو مسلموں کو تکلیف پہنچنا مضمون اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ کے خلاف نہیں ہے کیونکہ اول تو وہ تخطف نہیں دوسرے قلت باعث اس ذلت کا تھا۔ اگر کثرت سے حق کو قبول کرتے تو یہ نوبت نہ آتی اور یہاں سب ہی کے ایمان کی نسبت مضمون ہے۔ تیسرے وہ تکلیف باہر والوں نے نہیں پہنچائی اور تخطف یہی ہے۔ خود اہل مکہ نے حرم کی تعظیم فوت کر کے تکلیف دی غیر اہل حرم نے تو اہل حرم کو نہیں ستایا۔

الرِّوَایَاتُ: في الدر المنثور اخرج النسائي وابن المنذر عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما ان الحارث بن نوفل الذى قال ان نتبع الهدى واخرج ابن جرير وغيره عن ابن عباس ان ناسا من قريش قالوا للنبي ﷺ ان نتبعك يتخطفنا الناس فانزل الله تعالى وقالوا ان نتبع الهدى الآية۱۲۔

اللُّغَاتُ: نتخطف في الروح اى نخرج من ارضنا واصل الخطف الاختلاس بسرعة فاستعير لما ذكر قوله كل شئ اى اشياء كثيرة على ان كل للتكثير ۱۲۔

النَّحْوُ: قوله حرما مفعول لتكن المتضمن لمعنى الجعل والا فالتمكين يعدى بمن قال فى الصراح يقال كفى الله من الشئ وامكنه بمعنى قوله رزقا نصب على المصدر من معنى يجبى لان مآله يرزقون۱۲۔ قوله معيشتها نصب على انه كالمفعول به بطرت لتضمنه معنى فعل متعد اى كفرت او بنزع الخافض اى معيشتها او فى معيشتها۱۲۔

البَلَاغَةُ: قوله وما كنا التفات من الغيبة الى التكلم وقوله الا واهلها ظالمون استثناء مفرغ من عم الاحوال اى ما كنا مهلكين لاهل القرى بعد ما بعثنا فى امها رسولا يدعوهم الى الحق ويرشدهم اليه فى حال من الاحوال الاحال كونهم ظالمين بتكذيب رسولنا والكفر بآياتنا فالبعث غاية لعدم صحته الاهلاك بموجب السنة الالهية (ان معنى قوله ما كان ربك ما صح وما استقام) لالعدم وقوعه حتى يلزم تحقق الاهلاك عقيب البعث كذا فى الروح قلت وان قيل ان الغاية مجموع الامرين احدهما ذكر فى قوله حتى يبعث والآخر بقوله الا واهلها ظالمون لما احتيج الى تاويل قوله ما كان بعدم الصحة وعلى هذا نبيت الترجمة فافهم۱۲۔

اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۶۱﴾
وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِىَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ
اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۖ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ
فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ
الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۶۵﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۶۶﴾ فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ
صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿۶۷﴾

بھلا وہ شخص جس سے ہم نے ایک پسندیدہ وعدہ کر رکھا ہے۔ پھر وہ شخص اس (وعدہ کی چیز) کو پانے والا ہے کیا اس شخص جیسا ہو سکتا ہے جس کو ہم نے دینوی زندگی کا چند روزہ فائدہ دے رکھا پھر وہ قیامت کے روز ان لوگوں میں سے ہوگا جو گرفتار کر کے لائے جائیں گے اور وہ دن قابل یاد کرنے کے ہے جس دن اللہ تعالیٰ ان کافروں کو (تو بیخا

www.besturdubooks.net

)پکار کر کہے گا کہ وہ میرے شریک کہاں ہیں جن کو تم (ہمارا شریک) سمجھ رہے تھے جن پر (بوجہ گمراہ کرنے کے) اللہ کا فرمودہ (یعنی استحقاق عذاب) ثابت ہو چکا ہوگا وہ بول اٹھیں گے کہ بیشک یہ وہی لوگ ہیں جن کو ہم نے بہکایا ہم نے ان کو ویسا ہی (بلا جبر و کراہ) بہکایا جیسا ہم خود بہک چکے تھے۔ ہم آپ کی پیشی میں ان (کے تعلقات) سے دستبرداری کرتے ہیں (اور) یہ لوگ درحقیقت ہم کو نہ پوجتے تھے اور (اس وقت ان مشرکین سے کہا جائے گا کہ (اب اپنے ان شرکاء کو بلاؤ چنانچہ وہ (فرط حیرت سے بالاضطرار) ان کو پکاریں گے سو وہ جواب بھی نہ دیں گے اور (اس وقت) یہ لوگ (اپنی آنکھوں سے) عذاب دیکھ لیں گے اے کاش دنیا میں راہ راست پر ہوتے (تو یہ مصیبت نہ دیکھتے) اور جس دن کافروں سے پکار کر پوچھا جائے گا کہ تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھا۔ سو اس روز ان (کے ذہن) سے سارے مضامین گم ہو جائیں گے۔ تو وہ (نہ خود سمجھیں گے اور) آپس میں پوچھ پاچھ بھی نہ کر سکیں گے۔ البتہ جو شخص (کفر و شرک سے دنیا میں) توبہ کرے اور ایمان لے آئے اور نیک کام کیا کرے تو ایسے لوگ امید ہے کہ (آخرت میں) فلاح پانے والوں میں سے ہوں گے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر آیاتِ کثیرہ میں کفر و ضلالت پر توبیخ اور لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ اور هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ اور اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ اور وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى میں ہدایت و ایمان کی ترغیب مذکور تھی۔ آگے کفر و ایمان کے ثمرات جو قیامت کے روز ظاہر ہوں گے اُن کا ذکر ہے۔ اول اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ میں اجمالاً دونوں کے تفاوت کا بیان ہے، پھر يَوْمَ يُنَادِيْهِمْ سے فَاَمَّا مَنْ تَابَ تک اس تفاوت کی تفصیل ہے۔

ظہور ثمرات ایمان و ضلال در یوم الاہوال: اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ (الی قوله تعالٰی) فَعَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ۝ بھلا وہ شخص جس سے ہم نے ایک پسندیدہ وعدہ کر رکھا ہے پھر وہ شخص اس (وعدہ کی چیز) کو پانے والا ہے کیا اس شخص جیسا ہو سکتا ہے جس کو ہم نے دنیوی زندگی کا چند روزہ فائدہ دے رکھا ہے پھر وہ قیامت کے روز ان لوگوں میں ہوگا جو گرفتار کر کے لائے جاویں گے (مراد پہلے شخص سے مومن ہے جس سے جنت کا وعدہ ہے اور دوسرے سے مراد کافر جو مجرم ہو کر آوے گا اور چونکہ متاع دنیا ہی پر ایسے لوگ بھول رہے ہیں جیسا اوپر آیت: وَمَاۤ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا میں بیان ہو چکا ہے اس لئے اس کی بھی تصریح فرما دی ورنہ عدم تساوی محض باعتبار صفت احضار کے ہے مگر چونکہ اس احضار کے استحضار سے تمتع مانع تھی اس لئے اس سے تعرض فرمایا گیا) اور (آگے اس تفاوت اور کیفیت احضار کی تفصیل ہے کہ وہ دن قابل یاد[2] کرنے کے ہے) جس دن خدا تعالیٰ ان کافروں کو (توبیخاً) پکار کر کہے گا کہ وہ میرے شریک کہاں ہیں جن کو تم (ہمارا شریک) سمجھ رہے تھے (مراد اس سے شیاطین ہیں کہ ان ہی کی اطاعت مطلقہ سے شرک کرتے تھے اس لئے ان کو شرکاء کہا اس کو سن کر شیاطین کہ) جن پر (بوجہ اضلال کے) خدا کا فرمودہ (یعنی استحقاق عذاب اس قول سے کہ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ [ھود: ۱۱۹]) ثابت ہو چکا ہوگا) یہ سمجھ کر کہ یہ اب ہم کو بتلا دیں گے کہ یہ ہیں شرکاء اور خود بری ہونے کی کوشش کریں گے پھر ہم سے دار و گیر اضلال پر شروع ہوگی یہ سمجھ کر) وہ (بطور عذر کے) بول اٹھیں گے کہ اے ہمارے پروردگار بے شک یہ وہی لوگ ہیں جن کو ہم نے بہکایا (یہ جواب کی تمہید ہے۔ اس حکایت کی تصریح اس لئے فرمائی گئی کہ جن کی شفاعت کی ان کو امید ہے وہ برعکس ان کے خلاف شہادت دیں گے اور آگے جواب ہے کہ ہم نے بہکایا تو ضرور لیکن) ہم نے ان کو ویسا ہی (بلا جبر و اکراہ) بہکایا جیسا ہم خود (بلا جبر و اکراہ) بہکتے تھے (یعنی جس طرح ہم پر کوئی مضل مسلط نہیں کیا گیا اسی طرح ہم کو ان پر جابرانہ تسلط نہ تھا، ہمارا کام صرف اغواء تھا اور اس کو قبول کیا انہوں نے خود اپنے قصد اور رائے سے جیسا سورۂ ابراہیم میں ہے: وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّاۤ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ ...... [ابراھیم: ۲۲] مطلب یہ ہے کہ ہم بھی مجرم ہیں مگر یہ بھی نہیں کہ یہ لوگ اپنے اوپر کوئی الزام نہ آنے دیں) اور ہم آپ کی پیشی میں ان کے (تعلقات) سے دست برداری کرتے ہیں (اور) یہ لوگ (درحقیقت بالتخصیص محض) ہم کو (ہی) نہ پوجتے تھے (یعنی جب یہ اپنے اختیار سے بہکے ہیں نہ کہ مجرد ہمارے بہکانے سے تو اس اعتبار سے یہ خواہش پرست تھے نہ صرف شیطان پرست۔ مطلب یہ کہ خود اپنی خواہش سے خراب ہوئے۔ اس درجہ میں ہمارا ان سے کوئی تعلق نہیں، البتہ جس قدر خطا ہماری ہے کہ ہم نے ان کو اغواء کیا اس کے ہم مقر ہیں۔ مقصود اس سب حکایت سے یہ ہے کہ یہ جن کے بھروسے بیٹھے ہیں وہ ان سے کانوں پر ہاتھ رکھیں گے) اور (جب وہ شرکاء اس طرح اُن سے بیزاری و بے رخی کریں گے تو اس وقت ان مشرکین سے تہکماً) کہا جاوے گا کہ (اب) اپنے ان شرکاء کو بلاؤ چنانچہ وہ (فرط حیرت سے بالاضطرار) ان کو پکاریں گے، سو وہ جواب بھی نہ دیں گے اور (اس وقت) یہ لوگ (اپنی آنکھوں) عذاب کو دیکھ لیں گے۔ اے کاش یہ لوگ دنیا میں راہِ راست پر ہوتے (تو یہ مصیبت نہ دیکھتے) اور جس دن ان کافروں سے پکار کر پوچھے گا کہ تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھا (چونکہ اس توبیخ میں یہ احتمال تھا کہ وہ کہہ دیتے کہ ہمارے پاس پیغمبر نہیں آئے اس لئے اس سوال سے یہ بھی جتلا دیا جاوے گا کہ پیغمبر تو آئے تھے اور سمجھایا بھی تھا۔ سو یہ کہنے کی تو گنجائش نہیں کہ کوئی نہیں آیا۔ مگر یہ بات بتلاؤ کہ تم نے کیا جواب دیا) سو اس روز ان (کے ذہن) سے سارے مضامین گم ہو جاویں گے تو وہ (خود بھی نہ سمجھ سکیں گے اور) آپس میں پوچھ پاچھ بھی نہ کر سکیں گے، البتہ جو شخص (کفر و شرک سے دنیا میں) توبہ کرے اور ایمان لے آئے اور نیک کام کیا کرے تو ایسے لوگ امید ہے کہ (آخرت میں) فلاح پانے والوں میں سے ہوں گے (اور ان آفات سے محفوظ رہیں گے)۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاَمَّا مَنۡ تَابَ وَاٰمَنَ ...... اس میں وصول الی المقصود کو تین چیزوں پر معلق فرمایا۔ توجہ قلب اور یہ توبہ ہے اور تصحیح عقائد اور یہ ایمان ہے اور اصلاح اعمال۔ پس آیت تمام طرق سلوک کی جامع ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱قولہ فی محضرین: گرفتار کر کے ماخذہ عرف القران ویمکن ان یقال ان فی اللفظ اشعارا بہ لان الاحضار مشعر بالتکلف والالزام وذلک لا یلیق بجالس اللذۃ والانس وانما یلیق بمواضع الاکراہ والوحشۃ ۱۲۔ ۲قولہ فی ینادیھم: قائل یا اشارۃ الی تقدیر العامل ۱۲۔ ۳قولہ فی فھم لا یتساء لون: تو وہ اشارۃ الی تفریع عدم التساء ل علی عمی الانباء ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ ثم ھو یوم القیٰمۃ فیہ تراخی حال الاحضار عن التمتع لا تراخی وقتہٗ عن وقتہ کما فی النیسا بوری ۱۲۔ قولہ فعمیت علیھم اصلہ فعموا عن الابناء ای لم یھتدوا الیھا ثم قلب للمبالغۃ وضمن العمی معنی المخفا فعدی بعلی ولو لاہ لتعدی بمن ولم یتعلق بالانبیاء ای لم یھتدوا الیھا ثم قلب للمیا لغۃ وضمن العمی معنی الخفاء فعدی بعلی ولو لاہ لتعدی بعن ولم یتعلق بالانبیاء لانھا مسموعۃ لا مبصرۃ کذا فی الروح ۱۲۔ قولہ فاما من تاب لما ذکر حال التابع والمتبوع قال حثالھم علی الاقلاع فاما من تاب فکانہ قبیل ما ذکر لمصرھم فاما من تاب فکلا کذا فی الروح۔ قولہ تکن لم یقل یکنون اشارۃ الی منشاء الخبث وھو الصدر الذی یرقم فیہ الکفر اولا ثم یعلنونہ ۱۲۔

وَرَبُّكَ يَخۡلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخۡتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الۡخِيَرَةُ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۶۸﴾ وَرَبُّكَ يَعۡلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوۡرُهُمۡ وَمَا يُعۡلِنُوۡنَ ﴿۶۹﴾ وَهُوَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الۡحَمۡدُ فِى الۡاُوۡلٰى وَالۡاٰخِرَةِ وَلَهُ الۡحُكۡمُ وَاِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۷۰﴾ قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيۡكُمُ الَّيۡلَ سَرۡمَدًا اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ مَنۡ اِلٰهٌ غَيۡرُ اللّٰهِ يَاۡتِيۡكُمۡ بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسۡمَعُوۡنَ ﴿۷۱﴾ قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيۡكُمُ النَّهَارَ سَرۡمَدًا اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ مَنۡ اِلٰهٌ غَيۡرُ اللّٰهِ يَاۡتِيۡكُمۡ بِلَيۡلٍ تَسۡكُنُوۡنَ فِيۡهِ ؕ اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۷۲﴾ وَمِنۡ رَّحۡمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيۡلَ وَالنَّهَارَ لِتَسۡكُنُوۡا فِيۡهِ وَلِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِهٖ وَلَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ﴿۷۳﴾

اور آپ کا رب جس چیز کو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور (جس حکم کو چاہتا ہے) پسند کرتا ہے ان لوگوں کو تجویز (احکام) کا کوئی حق حاصل نہیں اللہ تعالیٰ ان کے شرک سے پاک اور برتر ہے اور آپ کا رب سب چیزوں کی خبر رکھتا ہے جو ان کے دلوں میں پوشیدہ رہتا ہے اور جس کو یہ ظاہر کرتے ہیں اور اللہ وہی (ذات کامل الصفات ہے) ہے جس کے سوا کوئی (معبود ہونے کے قابل نہیں۔ حمد اور ثنا) کے لائق دنیا اور آخرت میں وہی ہے اور حکومت (قیامت میں) بھی اسی کی ہوگی تم سب اسی کے پاس لوٹ کر جاؤ گے۔ آپ (ان لوگوں سے) کہئے کہ بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر اللہ تعالیٰ تم پر ہمیشہ کے لئے قیامت تک رات ہی رہنے دے تو اللہ کے سوا وہ کون سا معبود ہے جو تمہارے لئے روشنی کرے۔ تو کیا تم (توحید کے ایسے صاف دلائل کو) سنتے نہیں۔ آپ کہئے کہ بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر اللہ تعالیٰ تم پر ہمیشہ کے لئے قیامت تک دن ہی رہنے دے۔ تو اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تمہارے لئے رات کو لے آئے جس میں تم آرام پاؤ کیا تم (اس شاہد قدرت کو) دیکھتے نہیں اور وہ (منعم ایسا ہے کہ) اس نے اپنی رحمت سے تمہارے لئے رات اور دن کو بنایا تا کہ تم رات کو آرام کرو اور تا کہ (دن میں) اس کی روزی تلاش کرو اور تا کہ (ان دونوں نعمتوں پر) تم (اللہ کا) شکر کرو۔

تفسیر ربط: اوپر توبیخ علی الشرک کی حکایت میں شرک کی مذمت مذکور ہوئی ہے آگے توحید کا اور اُس کے ضمن میں انعامات و احسانات کا اثبات ہے۔

اثبات توحید و بعضے انعام: وَرَبُّكَ يَخۡلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخۡتَارُ (الی قولہ تعالی) لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ﴿۷۳﴾ اور آپ کا رب (بالانفراد و صفات کمال کے ساتھ موصوف ہے چنانچہ وہ) جس چیز کو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے (تو تکوینی اختیارات بھی اسی کو حاصل ہیں) اور (جس حکم کو چاہتا ہے) پسند کرتا ہے (اور انبیاء کے ذریعہ سے نازل فرماتا ہے پس تشریعی اختیارات بھی اسی کو حاصل ہیں) ان لوگوں کو تجویز (احکام) کا کوئی[1] حق (حاصل) نہیں (کہ جو حکم چاہیں تجویز کر لیں جیسے یہ مشرک اپنی طرف سے شرک کو جائز تجویز کر رہے ہیں اور اس انفراد سے ثابت ہوا کہ) اللہ تعالیٰ اُن کے شرک سے پاک اور برتر ہے (کیونکہ جب تکویناً و تشریعاً خالق اور مختار ہونے میں وہ منفرد ہے تو استحقاق الوہیت میں جو کہ موقوف ہے مالک تکوین و تشریع ہونے پر نیز وہی منفرد ہے) اور آپ کا رب (علم ایسا کامل رکھتا ہے کہ وہ) سب چیزوں کی خبر رکھتا ہے جو اُن کے دلوں میں پوشیدہ رہتا ہے اور جس کو یہ ظاہر کرتے ہیں (اور کسی (۱) کا ایسا علم بھی نہیں اس سے بھی

www.besturdubooks.net

انفراد ثابت ہوا) اور (آگے اس کی تصریح ہے کہ) اللہ وہی (ذات کامل الصفات ہے) اُس کے سوا کوئی معبود (ہونے کے قابل) نہیں حمد (وثنا) کے لائق[۲] دنیا و آخرت میں وہی ہے (کیونکہ اس کے تصرفات دونوں عالم میں ایسے ہیں جو دال ہیں صفات کمال پر کہ مدار ہیں اہلیت حمد کے) اور (اختیارات سلطنت اُس کے ایسے ہیں) حکومت بھی (قیامت میں) اُسی کی ہوگی اور (قوت و وسعت سلطنت اس کی ایسی ہے کہ تم) سب اسی کے پاس لوٹ کر جاؤ گے (یہ نہیں کہ بچ جاؤ یا اور کہیں جا کر پناہ لے لو۔ پس یہ بھی مقتضی انفراد الوہیت کو ہوا اور اس کے اظہار قدرت کے لئے) آپ (ان لوگوں سے) کہیے کہ بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر اللہ تعالیٰ تم پر ہمیشہ کے لئے قیامت تک رات ہی رہنے دے تو خدا کے سوا وہ کونسا معبود ہے جو تمہارے لئے روشنی کو لے آوے (پس قدرت میں بھی وہی منفرد ہے) تو کیا تم (توحید کے ایسے صاف دلائل کو) سنتے نہیں (اور اسی اظہار قدرت کے لئے) آپ (ان سے اُس کے عکس کی نسبت بھی) کہیے کہ بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر اللہ تعالیٰ تم پر ہمیشہ کے لئے قیامت تک دن ہی دن رہنے دے تو خدا کے سوا وہ کونسا معبود ہے جو تمہارے لئے رات کو لے آوے جس میں تم آرام پاؤ‘ کیا تم (اس شاہد قدرت کو) دیکھتے نہیں (پس انفراد فی القدرت بھی مقتضی انفراد فی الالوہیت کو ہے) اور (وہ منعم ایسا ہے کہ) اس نے اپنی رحمت سے تمہارے لئے رات اور دن کو بنایا تاکہ تم رات میں آرام کرو اور تاکہ (دن میں) اُس کی روزی تلاش کرو اور تاکہ (ان دونوں نعمتوں پر) تم (اللہ کا) شکر کرو (پس انعام میں منفرد ہونا بھی مقتضی اختصاص فی الالوہیت کو ہے۔ پس کل صفات کمال جو اس مقام پر استدلال کے لئے مذکور ہیں یہ ہوئے (۱) خالق ہونا‘ (۲) مختار تشریع ہونا (۳) علم (۴) حکومت (۵) قوت و وسعت سلطنت‘ (۶) قدرت۔ (۷) افاضہ نعمت۔ **ف**: رات ہمیشہ ہونا اس طور پر کہ شمس کو افق سے طلوع نہ ہونے دے یا اس کا نور سلب کر لے اور دن کا ہمیشہ ہونا اس طرح کہ شمس کو غروب نہ ہونے دے یا بلا شمس ایسا نور پیدا کر دے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ...... یعنی حق تعالیٰ کا سا اختیار نہیں اور وہ اختیار مستقل ہے اور اپنے اختیار کے غیر مستقل ہونے کا علماً و عملاً مستحضر رکھنا ہی جبر محمود ہے۔

الحواشی: (۱) یعنی جیسے کوئی اور خالق نہیں اور جیسے کسی اور کو اختیار تکوینی و تشریعی نہیں جس کا اوپر ذکر تھا ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱قولہ فی کان لہم حق افید من اللام ۱۲۔ ۲قولہ فی لہ الحمد: لائق افادہ اللام ۱۲۔

الکلام: ان جعل اللہ الخ فی الروح ان ھھنا اشکالا وھو ان جعل اللیل سرمدا الٰی یوم القیٰمۃ ان تحقق لم یتصور الاتیان بضیاء اصلا لا جتماع المتضاوین فما معنی التقیید بقولہ غیر اللہ وکذا فی عکسہ الجواب ان المراد لیس سوی ان آلھتھم لا یقدرون علی الاتیان بنھار بعد لیل وبلیل بعد نھار اذا اراد اللہ تعالٰی شاء استمرار احدھما وانما القادر علی الاتیان بذلک ھو اللہ سبحانہ وحدہ من غیر نظر الی کون ذلک الاتیان مقیدا بتلک الارادۃ اھ مختصراً ۱۲۔

اللغات: الخیرۃ من التخییر کالطیرۃ من التطییر فی انہ اسم مستعمل بمعنی المصدر وھو التخییر ۱۲ منہ۔ سرمدا دائما متصلا من الرد والیھم زائدۃ کذا فی النیسابوری ۱۲۔

النحو: سرمدا مفعول ثان او حال ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ افلا تسمعون وافلا تبصرون۔ لم یعکس مع ان الاوفق بالضیاء الابصار وباللیل السمع ووجھہ عند ھذا العبد الاشارۃ الی الجمع بین الابصار والسمع فی کلا الموضعین فالابصار لما کان تحققہ اظھر فی الضیاء لم یصرح بہ ونبہ علی السماع ھناک والسمع لما کان تحققہ اظھر فی اللیل لم یصرح بہ ونبہ علی الابصار ھناک وھذا من الواھب۔ قولہ: بضیاء بلا تقیدہ بالصفۃ ودون ان یقال بالنھار وقولہ بلیل بتقییدہ بصفۃ تسکنون فیہ دون ان یقال بظلام اشارۃ الی ان المطلوب فی النھار ھو الضیاء لا النھار بذاتہ والمطلوب فی اللیل ھو السکون لا الظلام فافھم ۱۲۔

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿۷۴﴾ وَنَزَعْنَا مِن كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا فَقُلْنَا
ع ۷ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوٓا أَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿۷۵﴾ إِنَّ قَارُونَ كَانَ مِن قَوْمِ مُوسٰى
فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۖ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوزِ مَآ إِنَّ مَفَاتِحَهُۥ لَتَنُوٓأُ بِالْعُصْبَةِ أُولِي الْقُوَّةِ ۚ إِذْ قَالَ لَهُۥ قَوْمُهُۥ
لَا تَفْرَحْ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِينَ ﴿۷۶﴾ وَابْتَغِ فِيمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ ۖ وَلَا تَنسَ نَصِيبَكَ مِنَ الدُّنْيَا

www.besturdubooks.net

وَأَحْسِنْ كَمَا أَحْسَنَ اللَّهُ إِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْأَرْضِ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِينَ ﴿٧٧﴾ قَالَ إِنَّمَا
أُوتِيتُهُ عَلَىٰ عِلْمٍ عِنْدِي ۚ أَوَلَمْ يَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ قَدْ أَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهِ مِنَ الْقُرُونِ مَنْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً
وَأَكْثَرُ جَمْعًا ۚ وَلَا يُسْأَلُ عَنْ ذُنُوبِهِمُ الْمُجْرِمُونَ ﴿٧٨﴾ فَخَرَجَ عَلَىٰ قَوْمِهِ فِي زِينَتِهِ ۖ قَالَ الَّذِينَ يُرِيدُونَ الْحَيَاةَ
الدُّنْيَا يَا لَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَا أُوتِيَ قَارُونُ إِنَّهُ لَذُو حَظٍّ عَظِيمٍ ﴿٧٩﴾ وَقَالَ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ
ثَوَابُ اللَّهِ خَيْرٌ لِمَنْ آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقَّاهَا إِلَّا الصَّابِرُونَ ﴿٨٠﴾ فَخَسَفْنَا بِهِ وَبِدَارِهِ الْأَرْضَ فَمَا
كَانَ لَهُ مِنْ فِئَةٍ يَنْصُرُونَهُ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِينَ ﴿٨١﴾ وَأَصْبَحَ الَّذِينَ تَمَنَّوْا مَكَانَهُ بِالْأَمْسِ
يَقُولُونَ وَيْكَأَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ ۖ لَوْلَا أَنْ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ۖ وَيْكَأَنَّهُ
ع ۸ ۷ ۱۱ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ ﴿٨٢﴾

اور جس دن اللہ تعالیٰ ان کو پکار کر فرماوے گا کہ جن کو تم میرا شریک سمجھتے تھے وہ کہاں گئے اور ہم ہر امت میں سے ایک ایک گواہ نکال کر لائیں گے پھر ہم (ان مشرکین سے) کہیں گے کہ (اب) اپنی کوئی دلیل (صحت شرک کے دعوے پر) پیش کرو (سو اس وقت) ان کو معلوم ہو جائے کہ سچی بات اللہ ہی کی تھی اور (دنیا میں) جو کچھ باتیں گھڑا کرتے تھے (آج) کسی کا پتہ نہ رہے گا۔ قارون موسیٰ (علیہ السلام) کی برادری میں سے تھا سو وہ (کثرت مال کی وجہ سے) ان لوگوں کے مقابلہ میں تکبر کرنے لگا اور (اس کے مال کی کثرت یہ تھی کہ) ہم نے اس کو اس قدر خزانے دیئے تھے کہ ان کی کنجیاں کئی کئی زور آور شخصوں کو گراں بار کر دیتی تھیں۔ جبکہ اس کو اس کی برادری نے (سمجھانے کے طور پر) کہا کہ تو اس مال وحشت پر اترا مت واقعہ اللہ تعالیٰ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا اور (یہ بھی کہا کہ) تجھ کو اللہ نے جتنا دے رکھا ہے اس میں عالم آخرت کی بھی جستجو کیا کر اور دنیا سے اپنا حصہ (آخرت میں لے جانا) فراموش مت کر اور جس طرح اللہ تعالیٰ نے تیرے ساتھ احسان کیا ہے تو بھی (بندوں کے ساتھ) احسان کیا کر اور دنیا میں فساد کا خواہاں مت ہو بیشک اللہ تعالیٰ اہل فساد کو پسند نہیں کرتا۔ قارون (یہ سن) کہنے لگا کہ مجھ کو تو سب کچھ میری ذاتی ہنرمندی سے ملا ہے کیا اس قارون نے (اخبار متواترہ سے) یہ نہ جانا کہ اللہ تعالیٰ اس سے پہلے گزشتہ امتوں میں ایسے ایسوں کو ہلاک کر چکا ہے جو قوت (مالی) میں (بھی) اس سے کہیں بڑھے ہوئے تھے اور مجمع (بھی) ان کا (اس سے) زیادہ تھا اور اہل جرم سے ان کے گناہوں کا (تحقیق کرنے کی غرض سے سوال نہ کرنا پڑے گا۔ پھر ایک بار ایسا اتفاق ہوا کہ وہ اپنی آرائش (اور شان) سے اپنی برادری کے سامنے نکلا جو لوگ (اس کی برادری میں) دنیا کے طالب تھے) گو مؤمن ہوں) کہنے لگے کیا خوب ہوتا کہ ہم کو بھی وہ ساز و سامان ملا ہوتا جیسا کہ قارون کو ملا ہے واقعہ وہ بڑا صاحب نصیب ہے اور جن لوگوں کو (دین کی) فہم عطا ہوئی تھی وہ ان حریفوں سے کہنے لگے اے تمہارا ناس ہو (تم اس دنیا پر کیا للچاتے ہو) اللہ تعالیٰ کے گھر کا ثواب (اس دنیاوی کروفر سے) ہزار درجہ بہتر ہے جو ایسے شخص کو ملتا ہے کہ ایمان لائے اور نیک عمل کرے اور (پھر) وہ ثواب کامل کے طور پر ان ہی کو دیا جاتا ہے جو دنیا کی حرص و طمع سے) صبر کرنے والے ہیں۔ پھر ہم نے اسے اور اس کے محل سرائے کو (اس کی شرارت بڑھ جانے سے) زمین میں دھنسا دیا سو کوئی ایسی جماعت نہ ہوئی جو اس کو اللہ (کے عذاب) سے بچا لیتی اور نہ وہ خود ہی اپنے کو بچا سکا اور کل (یعنی پچھلے قریب زمانہ میں) جو لوگ اس جیسے ہونے کی تمنا کر رہے تھے وہ (آج اس کو زمین دھنستا دیکھ کر) کہنے لگے بس جی یوں معلوم ہوتا ہے اللہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے زیادہ روزی دیتا ہے اور (بھی چاہے) تنگی سے دینے لگتا ہے۔ اگر ہم پر اللہ تعالیٰ کی مہربانی نہ ہوتی تو ہم کو بھی دھنسا دیتا۔ بس جی معلوم ہوا کہ کافروں کو فلاح نہیں ہوتی۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر دلائل توحید سے پہلے بھی توبیخ علی الشرک کی حکایت میں مذمت شرک کی مذکور تھی۔ اب دلائل توحید کے بعد پھر اسی طرز سے مذمت شرک کی مذکور ہے اور دونوں میں یہ فرق ہو سکتا ہے کہ اول جگہ بطور بیان دعویٰ کے ہے اور دلائل توحید سے اس پر استدلال ہے کہ شرک کا مذموم ہونا ان دلائل سے ثابت ہے اور اس جگہ بطور انتاج و تفریع کے ہے کہ ان دلائل سے شرک کا مذموم ہونا ثابت ہوا جیسے یوں کہا جاوے **العالم حادث لانه متغير و كل متغير حادث فالعالم حادث**: اور یا اہتمام و مبالغہ کی غرض سے اس کو تکرار کہا جاوے۔

حکایت توبیخ مشرکین در قیامت: وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِينَ كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿﴾ (الی قولہ تعالی) وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿﴾ اور جس دن اللہ تعالیٰ ان کو پکار کر فرماوے گا (تا کہ اور لوگ بھی ان کی رسوائی سن لیں) کہ جن کو تم میرا شریک سمجھتے تھے وہ کہاں گئے اور

www.besturdubooks.net

(گو خود ان کے قول سے بھی ان پر حجت قائم ہو جاوے گی لیکن اقرار کے ساتھ شہادت بھی جمع کر دی جاوے گی اس طرح سے کہ) ہم ہر امت میں سے ایک ایک گواہ (بھی) نکال کر لائیں گے (مراد اس سے انبیاء ہیں کہ وہ ان کے کفر کی گواہی دیں گے) پھر ہم (ان مشرکین سے) کہیں گے کہ (اب) اپنی (کوئی) دلیل (صحت شرک کے دعویٰ پر) پیش کرو سو (اس وقت) ان کو (بعین الیقین) معلوم ہو جاوے گا کہ سچی بات خدا کی تھی (جو انبیاء کے ذریعہ سے بتلائی گئی ہے اور شرک کا دعویٰ جھوٹا تھا) اور (دنیا میں) جو کچھ باتیں گھڑا کرتے تھے (آج) کسی کا پتہ نہ رہیگا (کیونکہ انکشاف حق کیلئے باطل کا غائب ہو جانا لازم ہے۔ **ف**: اوپر مَاذَآ اَجَبْتُمُ میں کفار سے انبیاء کو جواب دینے کی نسبت سوال مذکور تھا اور یہاں خود انبیاء سے شہادت دلوانا مذکور ہے۔ اس تفاوت سے بھی مجموعہ بدل گیا اور تکرار نہ رہا۔ **ربط**: اوپر وَ قَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰی سے وَ ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ تک مختلف عنوان سے کفر کا مبغوض عند اللہ و موجب خسران ہونا اور بطر بالمعیشت اور متاع حیات دنیا کا ہلاک و عذاب سے نہ بچا سکنا معلوم و مفہوم ہوا ہے۔ آگے قصہ قارون سے اس مجموعہ کی تائید فرمائی جاتی ہے۔

قصہ قارون: اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰی (الی قولہ تعالی) وَیْكَاَنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۲﴾ قارون (کا حال دیکھو کہ کفر و خلاف کرنے سے اس کو کیا ضرر پہنچا اور اس کا مال و متاع کچھ کام نہ آیا بلکہ اس کے ساتھ وہ مال و متاع بھی برباد ہو گیا۔ مختصر قصہ اس کا یہ ہے کہ وہ) موسیٰ (علیہ السلام) کی برادری میں سے (یعنی بنی اسرائیل میں سے بلکہ ان کا چچازاد بھائی) تھا (کذا فی الدر) سو وہ (کثرت مال کی وجہ سے) اُن لوگوں کے مقابلہ میں[1] تکبر کرنے لگا اور (مال کی اس کے پاس یہ کثرت تھی کہ) ہم نے اس کو اس قدر خزانے دیئے تھے کہ ان کی کنجیاں کئی کئی زور آور شخصوں کو گرانبار کر دیتی تھیں (یعنی ان سے بتکلف اٹھتی تھیں تو جب کنجیاں اس کثرت سے تھیں تو ظاہر ہے کہ خزانے بہت ہی ہوں گے اور یہ تکبر اس وقت کیا تھا) جبکہ اس کو اس کی برادری نے (سمجھانے کے طور پر) کہا کہ تو (اس مال و حشمت پر) اترا مت واقعی اللہ تعالیٰ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا اور (یہ بھی کہا کہ) تجھ کو خدا نے جتنا دے رکھا ہے اس میں عالم آخرت کی بھی جستجو کیا کر اور دنیا سے بھی اپنا حصہ (آخرت[2] میں لے جانا) فراموش مت کر اور (مطلب اِبْتَغِ اور لَا تَنْسَ کا یہ ہے کہ) جس طرح خدا تعالیٰ نے تیرے ساتھ احسان کیا ہے تو بھی (بندوں کے ساتھ) احسان کیا کر اور (خدا کی نافرمانی اور حقوق واجبہ ضائع کر کے) دنیا میں فساد کا خواہاں مت ہو (یعنی گناہ[3] کرنے سے دنیا میں فساد ہوتا ہے کقولہ تعالیٰ: ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَیْدِی النَّاسِ [الروم: ۴۱] بالخصوص متعدی گناہ) بے شک اللہ تعالیٰ اہل فساد کو پسند نہیں کرتا (یہ سب نصیحت مسلمانوں کی طرف سے ہوئی غالباً یہ مضامین موسیٰ علیہ السلام نے اول فرمائے ہوں گے پھر مکرر دوسرے مسلمانوں نے ان کا اعادہ کیا ہو گا) قارون (یہ سن کر) کہنے لگا کہ مجھ کو تو یہ سب کچھ میری ذاتی ہنرمندی سے ملا ہے (یعنی میں وجوہ و تدابیر معاش کی خوب جانتا ہوں اس سے میں نے یہ سب جمع کیا ہے پھر میرا اتفاخر بے جا نہیں اور نہ اس کو غیبی احسان کہا جا سکتا ہے اور نہ کسی کا اس میں کچھ استحقاق ہو سکتا ہے۔ آگے اللہ تعالیٰ اس کے اس قول کو رد فرماتے ہیں کہ) کیا اس (قارون) نے (اخبار متواترہ سے) یہ نہ جانا کہ اللہ تعالیٰ اس سے پہلے گزشتہ امتوں میں ایسے ایسوں کو ہلاک کر چکا ہے جو قوت (مالی) میں (بھی) اس سے کہیں بڑھے ہوئے تھے اور مجمع (بھی اس سے) ان کا زیادہ تھا اور (صرف یہی نہیں کہ بس ہلاک ہو کر چھوٹ گئے ہوں بلکہ بوجہ ان کے ارتکاب جرم کفر اور اللہ تعالیٰ کو یہ جرم معلوم ہونے کے قیامت میں بھی معذب ہوں گے جیسا وہاں کا قاعدہ ہے کہ) اہل جرم سے ان کے گناہوں کا (تحقیق کرنے کی غرض سے) سوال نہ کرنا پڑے گا (کیونکہ اللہ تعالیٰ کو سب معلوم ہے گو تقریع و توبیخ کے لئے سوال ہو۔ لقولہ تعالیٰ: لَنَسْئَلَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ [الحجر: ۹۲] مطلب یہ کہ اگر قارون اس مضمون پر نظر کرتا تو ایسی جہالت کی بات نہ کہتا کیونکہ ہلاکت دنیویہ سے قدرت حقیقیہ کے تحت میں اور مواخذہ اخرویہ سے حکومت حقیقیہ کے تحت میں داخل ہونا ظاہر ہے۔ پھر ایسے شخص کی کیا قدرت کہ اپنے اکتساب کو علت حقیقیہ سمجھے اور ایسے شخص کی کیا رائے کہ حقوق واجبہ کی نفی کرے) پھر (ایک بار ایسا اتفاق ہوا کہ) وہ اپنی آرائش (اور شان) سے اپنی برادری کے سامنے نکلا جو لوگ (اس کی برادری میں) دنیا کے طالب تھے (گو مومن ہوں جیسا اُن کے اگلے قول وَیْكَاَنَّ اللّٰهَ یَبْسُطُ ...... سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے وہ لوگ) کہنے لگے کیا خوب ہوتا کہ ہم کو بھی وہ ساز و سامان ملا ہوتا جیسا قارون کو ملا ہے واقعی وہ بڑا صاحب نصیب ہے (یہ تمنا حرص کی تھی۔ اس سے کافر ہونا لازم نہیں آتا جیسا اب بھی بعضے آدمی باوجود مسلمان ہونے کے شب و روز دوسری قوموں کی ترقیاں دیکھ کر للچاتے ہیں اور اس کی فکر میں لگے رہتے ہیں) اور جن لوگوں کو (دین کی) فہم عطا ہوئی تھی وہ (ان حریصوں سے) کہنے لگے ارے تمہارا ناس[4] ہو (تم اس دنیا پر کیا للچاتے ہو) اللہ تعالیٰ کے گھر کا ثواب (اس دنیوی کروفر سے) ہزار درجہ بہتر ہے جو ایسے شخص کو ملتا ہے کہ ایمان لائے اور نیک عمل کرے اور (پھر ایمان و عمل صالح والوں میں سے بھی) وہ (ثواب کامل طور پر) ان ہی لوگوں کو دیا جاتا ہے جو (دنیا کی حرص و طمع سے) صبر کرنے والے ہیں (پس تم لوگ ایمان کی تکمیل و عمل صالح کی تحصیل میں لگو اور حد شرعی کے اندر دنیا حاصل کر کے اُس کی حرص و طمع سے صبر کرو) پھر ہم نے اس قارون کو اور اس کے محل سرائے کو (اس کی شرارت بڑھ جانے سے) زمین میں دھنسا دیا سو کوئی ایسی جماعت نہ ہوئی جو اس کو اللہ (کے عذاب) سے بچا لیتی (گو وہ بڑی جماعت والا تھا) اور نہ وہ خود ہی اپنے کو بچا سکا اور کل (یعنی پچھلے[5] قریب زمانہ میں) جو لوگ اس جیسے ہونے کی تمنا کر رہے تھے وہ (آج اس کے خسف کو دیکھ کر) کہنے لگے بس جی یوں معلوم

www.besturdubooks.net

ہوتا ہے کہ (رزق کی فراخی اور تنگی کا مدار خوش نصیبی یا بدنصیبی پر نہیں ہے بلکہ یہ تو محض حکمت تکوینیہ سے اللہ ہی کے قبضہ میں ہے بس) اللہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے روزی دے دیتا ہے اور (جس کو چاہے) تنگی سے دینے لگتا ہے (یہ ہماری غلطی تھی کہ اس کو خوش نصیبی سمجھتے تھے۔ ہماری توبہ ہے اور واقعی) اگر ہم پر اللہ تعالیٰ کی مہربانی نہ ہوتی تو ہم کو بھی دھنسا دیتا (کیونکہ معصیت حرص وحب دنیا کے ہم بھی مرتکب ہوئے تھے) بس جی معلوم ہوا کہ کافروں کو فلاح نہیں ہوتی (گو چند روز مزے لوٹ لیں مگر انجام پھر خسران ہے۔ بس فلاح معتد بہ اہل ایمان ہی کے ساتھ مخصوص ہے) **ف:** بعض کوتہ اندیشوں کو کنجیوں کے مضمون میں استبعاد ہوا ہے لیکن اگر تھوڑا غور کیا جاوے تو عادی استبعاد بھی نہیں۔ مثلاً اگر عصبہ کا مصداق دس آدمیوں کو لیا جاوے جیسا بعض اہل لغت کا قول ہے اور ایک ایک کے لئے پانچ پانچ سیر کا بوجھ فرض کیا جاوے کہ کنجیوں کو لے کر چلنے کا جو طریقہ ہے کہ ہاتھ میں یا جیب میں یا کمر بند وغیرہ میں رکھی جاتی ہے ونیز اجرام متکاثفہ مکتنزہ کا گو وزن کم ہو مگر اجرام متخلخلہ منبسطہ کے اٹھانے کی نسبت ان کا اٹھانا محتاج تکلف ہوتا ہے گو وزن دونوں کا برابر ہو اور تکلف کے معنی میں بھی توسع کیا جاوے اور ایک ایک کنجی ایک ایک تولہ کی قرار دی جاوے تو ایک ایک آدمی کے حصہ میں چار سو کنجیاں آتی ہیں اور دس آدمی کے مقابلہ میں چار ہزار کنجیاں ہوتی ہیں۔ اگر ایک ایک کنجی ایک ایک صندوق کی سمجھی جاوے تو چار ہزار صندوق ہوئے تو ایک امیر کبیر کے پاس چار ہزار صندوق نقد ہونے سے پُر ہونا کوئی مستبعد امر نہیں ہے یقیناً اتنے روپے والے اب بھی ہوں گے اور وَيْلَكُمْ کا جو ترجمہ کیا گیا ہے اس سے مقصود بددعا نہیں بلکہ ترحم یا تنبیہ علی الخطا کے موقع پر ایسا کلمہ ہمارے محاورہ میں بھی بولا جاتا ہے۔ اسی طرح عربی کا محاورہ ہے اور لَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ۝ میں جو کامل کی قید لگائی اس کی وجہ ظاہر ہے کہ نفس ثواب مطلق مومن کے لئے حاصل ہے اور قارون جس شرارت کی وجہ سے خسف کیا گیا اس کی نسبت درمنثور میں کئی محدثوں سے حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ اس کو احکام شرعیہ خصوص حکم زکوٰۃ کی وجہ سے عداوت تھی۔ اس نے کسی فاجرہ عورت کو کچھ روپے دے کر بہکایا کہ تو مجمع عام میں موسیٰ علیہ السلام پر فجور کی تہمت لگانا۔ جب اس کا موقع ہوا اللہ تعالیٰ نے اس عورت کو ہدایت کی اور اس نے سچا سچا واقعہ بیان کر دیا۔ اس وقت موسیٰ علیہ السلام کو غصہ آیا اور بددعا فرمائی جس سے وہ مع اپنے گھر بار کے زمین میں غرق ہو گیا اور قرآن مجید میں ایک جگہ اس قدر آیا ہے: فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ آگے اس کی تفصیل میں فرمایا ہے: وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ [العنکبوت: ۴۰] اور ذنب عام ہے ممکن ہے کہ یہی ذنب مذکور ہو یا اس کے سوا اور بھی ہو اور سب سے بڑھ کر کفر کرنا اور ایمان نہ لانا ذنب ہے۔ شاید یہ پہلے ہی ایمان نہ لایا ہو جیسا سورہ مومن میں آیت: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ [المومن: ۲۳ - ۲۴] سے ظاہراً یہی معلوم ہوتا ہے واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ لَا تَفْرَحْ اسی طرح احوال وواردات کو اپنی طرف منسوب کر کے اس پر فرحاں ہونا مذموم ہے اور اگر نعمتوں کو خدا تعالیٰ کی طرف منسوب کر کے اس پر فرح کرے تو وہ مطلوب اور آیت: قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا [یونس: ۵۸] میں مامور بہ ہے اور مراد اس نسبت سے استحضاراً ہے نہ کہ اعتقاداً' کیونکہ نسبت اعتقادی غیر اللہ کی طرف وہ تو کفر ہے اس میں کلام نہیں۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ' اسی طرح ثمرات کو اپنی سعی اور مجاہدہ کی طرف منسوب کرنا مذموم ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اس قول کے مقابلہ میں قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا۔ یہ اس پر دال ہے کہ علم معتبرہ وہ ہے جس سے دنیا مقصود نہ ہو اور یہ دلالت ظاہر ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ كلمۂ زجر ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ نصیحت میں زجر بھی مشروع ہے جبکہ بات واضح ہو اور مخاطب نہ سمجھے۔ قولہ تعالیٰ: لَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ۝ دال ہے مطلوبیت مجاہدہ پر۔

ملحقات الترجمۃ: ۱قولہ فی فبغی: تکبر۔ کذا فی المدارک ۱۲۔ ۲قولہ فی ولا تنس نصیبك: آخرت میں لے جانا ماخذہ قولہ ابن عباس ان تعمل فیها لآخرتك كما في الروح ۱۲۔ ۳ قولہ فی لا تبغ الفساد گناہ کرنے سے کذا فی الخازن ۱۲۔ ۴ قولہ فی ویلکم: تمہارا ناس ہو ترجمة بهذا اللفظ لا الهلاك للتطابق بين الاصل والترجمة لاشتراكهما في معنى الهلاك باعتبار الاصل وفي معنى الزجر للنصح والاشفاق باعتبار التجوز والمراد به ههنا الثاني ۱۲۔ ۵ قوله في اصبح ومكانه وامس: یعنی پچھلے وقولہ: اس جیسے وقولہ کہنے لگے اول اشارة الى ان امس يراد به الزمان القريب مجازاً والثاني اشارة الى ان المكان مصدر والمضاف مقدر اى تمنوا كونهم مثله والثالث اشارة الى ان اصبح بمعنى صار ۱۲۔

اللغات: قوله قارون اسم اعجمي منع الصرف للعلمية والعجمة كذا في الروح۔ قوله: لتنوء بالعصبة من نار به الحمل اذا ثقله حتى اماله فالباء للتعدية۔ قوله لا تنس لا شرك ۱۲۔ قوله ويكان هو مركب من كلمة وهي اسم فعل بمعنى اعجب وتكون للتندم والتحسر وكان بمعنى اظن واقدر فيه عارية من معنى التشبيه جئى به للتحقيق۔ كذا في الخازن مجملاً وفي الروح مفصلاً ۱۲۔

النحو: قوله اذ قال عامله مقدر اى اظهر الفرح اذا الخ۔ قوله عندى صفة لعلم۔ قوله: فخرج عطف على قال وما بينهما اعتراض ۱۲۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ :قوله ضل ای غاب عنهم غيبة الشئ الضائع فضل مستعار لمعنى غاب استعارة تبعية۱۲۔ قوله قال الذين اوتوا العلم لم يقل قال الذين لا يريدون الدنيا اشاره الى مقتضى العلم۱۲۔

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۸۳﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾ اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ قُلْ رَّبِّيْۤ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۸۵﴾ وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْۤا اَنْ يُّلْقٰۤى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۟ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۸﴾ ع ۹

یہ عالم آخرت ہم ان ہی لوگوں کے لئے خاص کرتے ہیں جو دنیا میں نہ بڑا بننا چاہتے ہیں اور نہ فساد کرنا اور نیک نتیجہ متقی لوگوں کو ملتا ہے جو شخص (قیامت کے دن) نیکی لے کر آوے گا اس کو اس (کے مقتضا) سے بہتر (بدلہ) ملے گا اور جو شخص بدی لے کر آدے گا سو ایسے لوگوں کو جو کہ بدی کے کام کرتے ہیں اتنا ہی بدلہ ملے گا جتنا کہ وہ کرتے تھے۔ جس اللہ نے آپ پر قرآن (کے احکام پر عمل اور اس کی تبلیغ) کو فرض کیا ہے (وہ آپ کو آپ کے) اصل وطن (یعنی مکہ) میں پھر پہنچائے گا۔ آپ (ان سے) فرما دیجئے کہ میرا رب خوب جانتا ہے کہ (اللہ کی طرف کون ہے) کون سچا دین لے کر آیا ہے اور کون صریح گمراہی میں (مبتلا ہے) اور آپ کو (اپنے نبی ہونے سے قبل) یہ توقع نہ تھی کہ آپ پر یہ کتاب نازل کی جائے گی مگر محض آپ کے رب کی مہربانی سے اس کا نزول ہوا سو آپ ان کافروں کی ذرا تائید نہ کیجئے اور جب اللہ کے احکام آپ پر نازل ہو چکے تو ایسا نہ ہونے پائے (جیسا اب تک بھی نہیں ہونے پایا) کہ یہ لوگ آپ کو ان احکام سے روک دیں اور آپ (بدستور) اپنے رب (کے دین) کی طرف لوگوں کو بلاتے رہئے اور ان مشرکوں میں شامل نہ ہوئیے اور جس طرح اب تک آپ شرک سے معصوم ہیں اسی طرح آئندہ بھی اللہ کے ساتھ کسی معبود کو نہ پکارنا۔ اس کے سوا کوئی معبود ہونے کے قابل نہیں (اسلئے) کہ سب چیزیں فنا ہونے والی ہیں اسکی ذات کے۔ اسکی حکومت ہے جس کا ظہور کامل قیامت میں ہے اور اسی کے پاس سب کو جانا ہے۔

تفسیر ربط :اوپر قصۂ قارون میں بَغٰى عَلَيْهِمْ اور لَا تَبْغِ الْفَسَادَ سے تکبر اور معصیت اور فرح اور اس کے مرتکب کا مذموم اور مطرود ہونا اور ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ سے ثواب آخرت وایمان وعمل صالح کا خیر اور مقصود ہونا مذکور ہوا ہے اور اس سے پہلے بھی بطر معیشت ومتاع دنیا کا باطل وفانی ہونا اور مَا عِنْدَ اللّٰهِ کا خیر اور باقی ہونا ارشاد ہوا تھا' آگے اسی کی تقویت وتوضیح کے لئے ثواب آخرت کا حصول عدم علو وفساد اور تقویٰ کے ساتھ مشروط ہونا اور آخرت میں اعمال کا مدار ہونا بیان فرماتے ہیں۔

مناط بودن طاعت ومعصیت برائے جزاوسزائے آخرت: تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ (الی قوله تعالی) اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾ یہ عالم آخرت (جس کے ثواب کا مقصود اوپر ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ میں بیان ہوا ہے) ہم انہی لوگوں کے لئے خاص کرتے ہیں جو دنیا میں نہ بڑا بننا چاہتے ہیں اور نہ فساد کرنا (یعنی نہ تکبر کرتے ہیں کہ معصیت نفسانیہ ہے اور نہ کوئی ظاہری گناہ کرتے ہیں خصوص گناہ متعدی جیسا فرعون وقارون علو وفساد کے مرتکب ہوئے کمافی قولہ: اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا الی قوله كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ وفی قولہ تعالیٰ فَبَغٰى عَلَيْهِمْ : وقولہ تعالیٰ: لَا تَبْغِ الْفَسَادَ) اور (صرف ترک نواہی پر اکتفا کافی نہیں بلکہ) نیک نتیجہ متقی لوگوں کو ملتا ہے (جو ترک نواہی کے ساتھ امتثال اوامر کا بھی کرتے ہوں اور کیفیت ان اوامر ونواہی کے امتثال وعدم امتثال پر نتائج مرتب ہونے کی آخرت میں یہ ہوگی کہ) جو شخص (قیامت کے دن) نیکی لے کر آوے گا اس کو اس (کے مقتضا) سے بہتر (بدلہ) ملے گا (کیونکہ مقتضا تو صرف اس قدر ہے کہ عمل کی حیثیت کے موافق عوض ملے مگر وہاں زیادہ ملے گا جس کا اقل درجہ دس حصہ ہے) اور جو شخص بدی لے کر آوے گا سو ایسے لوگوں کو جو کہ بدی کا کام کرتے ہیں اتنا ہی بدلہ ملے گا جتنا وہ کرتے تھے (یعنی اُس کے مقتضا سے زیادہ نہ ملے گا) ف: یہ علو اور اگر حد کفر تک ہے تب تو مطلقاً مانع حصول ثواب آخرت ہے اور اگر حد کفر تک نہیں ہے تو مانع حصول کمال ثواب آخرت ہے اور یریدون کے لانے میں اشارہ ہے کہ عزم معصیت بھی معصیت ہے گو معصیت پر دسترس نہ ہو اور کچھ مضامین اس مقام کے متعلق سورۂ انعام کے اخیر رکوع آیت من جاء بالحسنۃ کی تفسیر میں گزر چکے ہیں' ملاحظہ فرما لئے جاویں۔

ربط :اوپر رسالت اور توحید اور بعث کے مضامین دور سے چلے آ رہے ہیں بلکہ اگر قصۂ موسویہ سے رسالت محمدیہ پر استدلال ہو سکنے کے اعتبار سے اس قصہ کو

www.besturdubooks.net

بھی مضمون رسالت کے متعلق کہا جاوے تو گویا شروع سورت ہی سے یہ سلسلہ چلا آ رہا ہے' آگے خاتمہ میں نہایت بلاغت و وجازت سے ان ہی مضامین رسالت و توحید و بعث کی تکریر بطور تلخیص کے ہے اور مضمون رسالت کے ساتھ آپ کا تسلیہ اور مضمون توحید کے ساتھ سب ممکنات کا اضمحلال وجود اور مضمون بعث کے ساتھ مجازات کا بیان ہے۔ پس خاتمہ گویا مضامین سورت کی میزان کل اجمالی ہے۔ ان آیات کی تفسیر میں بعض روایات کو بھی دخل ہے۔ روایت اولیٰ: جب حضور ﷺ ہجرت کر کے مدینہ کو چلے جحفہ پہنچ کر آپ کو مکہ کا جو کہ آپ کا وطن تھا اشتیاق ہوا۔ وہاں بطور وعدہ کے یہ آیت نازل ہوئی: اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ ...... جس میں آپ کو مکہ میں دوبارہ جانے کی خبر دی گئی جو فتح مکہ کے روز نہایت خوبی و کامیابی کے ساتھ پوری ہوئی کذا فی الدر المنثور بروایات عدیدۃ منھا روایۃ البخاری۔ روایت ثانیہ: کفار مکہ آپ سے کہا کرتے تھے: اِنَّكَ لَفِیْ ضَلٰلِكَ ...... اس کا جواب دیا گیا: قُلْ رَّبِّیْٓ اَعْلَمُ۔ روایت ثالثہ: کفار مکہ آپ سے کہا کرتے تھے کہ آپ اپنے آباؤ اجداد کا دین اختیار کر لیجئے اس پر فرمایا گیا: فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِیْرًا لِّلْكٰفِرِیْنَ۞ یہ اخیر کی دو روایتیں محی السنہ نے معالم میں نقل کی ہیں اور اگرچہ سند نہیں ذکر کی ہے لیکن الفاظ قرآنیہ کے چسپاں ہونے سے صحت کا ظن ہوتا ہے اور ایسی گفتگوئیں کفار سے صادر ہونا یقینی ہیں خواہ کسی عنوان اور کسی لفظ سے ہوں' واللہ اعلم۔ اور اس تحریر کے بعد لباب میں مع سند اس قسم کی روایت نظر سے گزری جو سورۂ احزاب کی تفسیر کے شروع میں ملخصاً اور اس کے حاشیہ عربی میں مکملاً مذکور ہے اور گو سند اس کی ضعیف ہے' مگر تائید کو مضر نہیں کمالا یخفٰی اور یہاں یہ عبارت سورۂ مذکورہ کی تفسیر لکھتے وقت بڑھائی گئی ہے۔

خاتمہ در تقریر رسالت و توحید و بعث: اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ (الی قولہ تعالٰی) لَهُ الْحُكْمُ وَ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ۞ (اور آپ کے ان مخالفین نے جو آپ کو پریشان کر کے ترک وطن پر مجبور کیا ہے جس کی اضطراری مفارقت کا آپ کو صدمہ ہے تو آپ تسلی رکھیں) جس خدا نے آپ پر قرآن (کے احکام پر عمل اور اس کی تبلیغ) کو فرض کیا ہے (جو مجموعاً دلیل ہے آپ کی نبوت کی) وہ آپ کو (آپ کے) اصلی وطن (یعنی مکہ) میں پھر پہنچا دے گا (اور اس وقت آپ آزاد اور غالب اور صاحب سلطنت ہوں گے اور ایسی حالت میں اگر دوسری جگہ قیام کے لئے تجویز کی جاتی ہے' بمصلحت و باختیار ہوتی ہے جس سے رنج نہیں ہوتا اور مبتدا کو الذی فرض سے اسلئے تعبیر کیا کہ اس میں اس پیشین گوئی کے صدق پر تنبیہ ہے کیونکہ حاصل کلام کا یہ ہے کہ جس نے آپ کو نبی و صاحب وحی بنایا ہے اور نبی سے جو وعدہ کیا جاتا ہے وہ بوجہ قطعی ہونے وحی کے یقیناً صادق ہوتا ہے وہ آپ سے یہ وعدہ کرتا ہے پس بالیقین واقع ہوگا اور اس میں فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ سے نقلاً اور وقوع پیشین گوئی سے عقلاً دلیل ہوگئی آپ کی نبوت کی اور باوجود آپ کے تحقق نبوت کے جو یہ لوگ آپ کو غلطی پر اور اپنے کو حق پر سمجھتے ہیں تو) آپ (ان سے) فرما دیجئے کہ میرا رب خوب جانتا ہے کہ کون سچا دین لے کر (منجانب اللہ) آیا ہے اور کون صریح گمراہی میں (مبتلا) ہے (یعنی میرے حق پر ہونے اور تمہارے باطل پر ہونے کے دلائل قطعیہ موجود ہیں مگر جب ان سے کام نہیں لیتے تو اخیر جواب یہی ہے کہ خیر خدا کو معلوم ہے وہ سمجھ دے گا) اور (آپ کی یہ دولت نبوت محض خداداد ہے حتیٰ کہ خود) آپ کو (نبی ہونے کے قبل) یہ توقع نہ تھی کہ آپ پر یہ کتاب نازل کی جاوے گی مگر محض آپ کے رب کی مہربانی سے اس کا نزول ہوا' سو آپ (ان لوگوں کی خرافات کی طرف توجہ نہ کیجئے اور جس طرح اب تک ان سے الگ تھلگ رہے آئندہ بھی کسی طرح) ان کافروں کی ذرا تائید نہ کیجئے اور جب اللہ کے احکام آپ پر نازل ہو چکے تو ایسا نہ ہونے پاوے (جیسا اب تک بھی نہیں ہونے پایا) کہ یہ لوگ آپ ان احکام سے روک دیں اور آپ (بدستور) اپنے رب (کے دین) کی طرف (لوگوں کو) بلاتے رہئے اور (جس طرح اب تک مشرکوں سے کوئی تعلق نہیں رہا اسی طرح آئندہ ہمیشہ) ان مشرکوں میں شامل نہ ہوجئے اور (جس طرح اب تک شرک سے معصوم ہیں اسی طرح آئندہ بھی) اللہ کے ساتھ کسی معبود کو نہ پکارنا (ان آیتوں میں کفار و مشرکین کو ان کی درخواستوں سے ناامید کرنا ہے اور روئے سخن ان ہی کی طرف ہے کہ تم جو حضور ﷺ سے دین میں موافق ہونے کی درخواست کرتے ہو اس میں کامیابی کا کبھی احتمال نہیں مگر عادت ہے کہ جس شخص پر زیادہ غصہ ہوتا ہے اس سے بات نہیں کیا کرتے اپنے محبوب سے باتیں کر کے اس شخص کو سنایا کرتے ہیں اور مَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا سے اس لئے کلام شروع کیا کہ اشارہ ہو جائے ان منہیات کے منفیات ہونے کی طرف کہ جو شخص وہبی طور پر خدا تعالیٰ کی رحمت سے کہ نبوت سے نوازا گیا ہو بھلا وہ کب کافروں کا موافق ہوگا اور خدا تعالیٰ کے احکام نازلہ کی تعمیل سے کیسے رکے گا اور وہ جب خود دوسروں کو حق کی طرف بلاتا ہے تو خود کیسے مشرک بن جاوے گا اور ایسے اللہ واہب الجود کو چھوڑ کر دوسرے الٰہ باطل کو کیسے اختیار کر لے گا۔ اور اس توجیہ کی تائید ابن عباسؓ کے اس قول سے ہوتی ہے جو معالم میں ہے کہ یہ خطاب صرف ظاہر میں آپ کو ہے اور مقصود آپ نہیں۔ یہاں تک رسالت کے متعلق مضمون قصداً تھا' گو توحید کا بھی ضمناً آ گیا آگے توحید کا مضمون قصداً ہے کہ) اس کے سوا کوئی معبود (ہونے کے قابل) نہیں (اس لئے کہ) سب چیزیں فنا ہونے والی ہیں بجز اس کی ذات کے (پس طریان عدم دلیل ہے عدم قدم کی اور عدم قدم دلیل ہے عدم وجوب کی اور استحقاق عبادت کے لئے وجوب شرط ہے اور شرط کا فوت مستلزم فوت مشروط کو ہے۔ پس اس کے سوا کوئی مستحق عبادت نہ ٹھہرا۔ یہ مضمون توحید کا ہو گیا' آگے معاد کا مضمون ہے کہ) اسی کی حکومت ہے (جس کا ظہور کامل قیامت میں ہے) اور اسی کے پاس تم سب کو جانا ہے (پس سب کو ان کے کئے کی جزا دے گا۔ یہ معاد کا مضمون بھی ختم ہو گیا اور شاید رسالت کے مضمون کا ذرا زائد ہونا اس لئے ہو

www.besturdubooks.net

کہ اس کے (۱) ماننے سے بقیہ دونوں مسئلے بآسانی مان لئے جاتے اس لئے اس کا زیادہ اہتمام ہوا ہو واللہ اعلم) **ف**: جن روایتوں میں جنت و دوزخ عرش و کرسی کا فنا نہ ہونا آیا ہے جیسا درِ منثور میں ہے اگر وہ سند صحیح سے ثابت ہو جاویں تو بھی صحت دلیل وصحت استدلال میں کوئی اشکال نہیں ہالک عام ہو جاوے گا ہالک الذات و ہالک الصفات کو اور صفات سب کی بدلتی ہیں بالخصوص تقید بالزمان کہ اس سے بجز منزہ مطلق کے کوئی خالی نہیں' پس سب ہالک ہوئے اور محل حوادث چونکہ حادث ہوتا ہے اس لئے سب حادث ہوئے اور حدوث دلیل ہے عدم وجوب کی' پس استدلال بھی عام رہا۔

وقدتم تفسير سورة القصص بحمد الله تعالى للثاني عشر من شهر الله المحرم ۱۳۲۵ھ والله الموفق لاتمام الباقي۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا ...... یہ اس پر دال ہے کہ آخرت سے جس طرح عمل بالمعاصی مانع ہے اور فساد سے یہی مراد ہے اسی طرح کبر بھی اس سے مانع ہے اور علو سے یہ مراد ہے۔ اسی لئے اہل طریق ترک معاصی ہی کا سا اہتمام ازالۂ تکبر کا بھی کرتے ہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ روح میں ہے کہ بجز وجہ حق یعنی ذاتِ حق کے ہر شے یعنی ہر موجود ہالک ہے یعنی معدوم ہے۔ مراد یہ کہ کالمعدوم ہے' کیونکہ اس کا وجود ذاتی نہ ہونے کے سبب ہر وقت قابل عدم ہے' پس وہ وجود مثل لاوجود کے ہے اور وحدۃ الوجود کا یہی حاصل ہے۔ پس آیت دلیل ہے مسئلہ وحدۃ الوجود کی۔

ملحقات الترجمۃ: **ا قوله في ما كانوا: اتنا اشارة الى تقدير المثل قبل الموصول ۱۲۔ ۲ قوله في رحمة: نزول ہوا اشارة الى تقدير العامل اى القاه رحمة والا بمعنى لكن ۱۲۔**

الروايات: في الروح اخرج عبد بن حميد وابن ابى حاتم عن عكرمة انه قال العلو فى الارض التكبر وطلب الرفث ومنزلة عند سلاطينها وملوكها والفساد العمل بالمعاصى واخذ المال بغير حقه الخ ۱۲۔

الكلام: استدلال بقوله نجعلها على عدم وجود الجنة بالفعل والجواب ان الجعل ليس بمعنى الخلق بل بمعنى التخصيص والاعطاء ۱۲۔

البلاغة: قوله تلك اى التي سمعتها في قوله ثواب الله خير۔ قوله من جاء في الروح عن الكبير ان في التعبير بجاء دون عمل دلالة على ان استحقاق الثواب والعقاب مستفاد من الخاتمة لامن اول العمل ولعل نكتة التعبير بعملوا ثانيا تتاتي عليه ايضا اه قلت ولعل التاتي بان يقيد العمل بالختم عليه بقرينة جاء وقال الراغب في ذكر عملوا ثانيا دون جاء اشارة الى ان ما يجزون عليه ما كان عن قصد لان العمل يخصه۔ قلت فالقصد بجاء الى الختم وبعمل الى القصد فحصل من المجموع مجموع القصد والختم عليه فافهم۔ قوله عملوا السيئات في الروح في جمع السيئات دون الحسنة اشارة الى ان ضم السيئة الى السيئة لا يزيد جزاء هابل جزاء ها اذا انفردت مثل جزائها اذا انضم اليها غيرها وان عدم ضم الحسنة لا يوثر في مقابلتها بما هو خير منها ۱۲۔ قوله الى معاد وجه التنكير ظاهر لان مكة يومئذ كانت معادا له شان لغلبة المسلمين وظهور عز الاسلام واهله وذل اهل الشرك وحزبه كما في النيسابور ۱۲۔ قوله: وجه بمعنى الذات مجازا مرسلا وقد يختص بما شرف من الذوات وقد يعتبر ذلك ههنا ويجعل نكتة للعدول عن الا اياه الى ما ههنا ۱۲

www.besturdubooks.net

سُورَةُ العَنكَبُوت

سُورَةُ العَنكَبُوت ۲۹ مَكِّيَّة ۸۵ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۶۹ | رُكُوْعَاتُهَا ۷

سورۃ العنکبوت مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۶۹ آیات اور ۷ رکوع ہیں

الٓمّٓ ۝۱ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ۝۲ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۝۳ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝۴ مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۵ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝۶ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۷

الٓمّٓ (بعضے مسلمان کو کفار کی ایذاؤں سے گھبرا جاتے ہیں تو) کیا ان لوگوں نے یہ خیال کر رکھا ہے کہ وہ اتنا کہنے پر چھوٹ جائیں گے کہ ہم ایمان لے آئے اور ان کو (قسم قسم کے مصائب سے) آزمایا نہ جائے اور ہم تو (ایسے واقعات سے) ان لوگوں کو بھی آزما چکے ہیں۔ جو ان سے پہلے (مسلمان) ہو گزرے ہیں۔ سو اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ظاہری علم سے بیان کر رہے گا۔ جو (ایمان کے دعویٰ میں سچے تھے اور جھوٹوں کو بھی جان کر رہے گا۔ ہاں کیا جو لوگ برے برے کام کر رہے ہیں وہ خیال کرتے ہیں کہ ہم سے کہیں نکل بھاگیں گے ان کی یہ تجویز نہایت ہی بیہودہ ہے۔ جو شخص اللہ سے ملنے کی امید رکھتا ہے (اس کو تو ایسے ایسے حوادث سے پریشان نہ ہونا چاہئے) کیونکہ اللہ تعالیٰ سے ملنے کا وہ وقت معین ضرور آنے والا ہے (جس سے سارے غم غلط ہو جائیں گے) اور وہ سب کچھ سنتا سب کچھ جانتا ہے اور جو شخص محنت کرتا ہے۔ وہ اپنے ہی (نفع) کے لئے کرتا ہے (ورنہ) اللہ تعالیٰ کو (تو) تمام جہان والوں میں کسی کی حاجت نہیں اور (وہ نفع جو طاعت سے پہنچتا ہے اس کا بیان یہ ہے کہ) جو لوگ ایمان لاتے ہیں اور نیک کام کرتے ہیں ہم ان کے گناہ ان سے دور کر دیں گے اور ان کو ان کے (ان) اعمال (ایمان واعمال صالحہ کا) استحقاق سے زیادہ اچھا بدلہ دیں گے۔ ۞

تفسیر :سورة العنکبوت مکیة وهی تسع وستون اٰیة کذا فی البیضاوی الامن اولها الٰی قوله لیعلمن المنافقین کذا فی الاتقان۔ **ربط** : اس سورت میں زیادہ تر استقامت علی الدین سے موانع کے متعلق احکام ہیں۔ ایک مانع تھا کفار کا مسلمانوں کو ایذاء پہنچانا فعلاً' جس سے سورت شروع کی گئی ہے یا قولاً جیسا بعض غلاۃ اہل کتاب ایسے اقوال کہتے تھے ید الله مغلولة۔ ان الله فقیر یا انکارِ نبوت کرتے تھے جس کے متعلق :لَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ ارشاد ہوا ہے۔ دوسرا مانع تھا بعض کفار کا مسلمانوں پر قولی جبر کرنا جس کا بیان آیت: وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ میں ہے۔ تیسرا مانع تھا کفار کا مسلمانوں کو اغوا کرنا جس کا بیان آیت: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا میں ہے اور امور مذکورہ میں اکثر سے مقصود کفار کا مسلمانوں کو ان کے دین سے ہٹا دینا تھا اور یہی مضمون خاص عنوان سے سورت سابقہ کے خاتمہ کی آیت :وَلَا يَصُدُّنَّكَ میں مذکور ہوا تھا۔ اس سے فاتحہ کا خاتمہ سے ارتباط بھی ظاہر ہو گیا اور ان موانع کے درمیان دوسرے مضامین مناسبہ آ گئے ہیں۔ پھر تسلیہ کے لئے بعض قصص امم سابقہ کے مذکور ہوئے ہیں جن میں ایک تسلیہ اس امر کے معلوم کرنے سے ہو سکتا ہے کہ اہل باطل ہمیشہ اہل حق کے ساتھ مخالفت کرتے رہے ہیں جس کا ذکر اجمالاً قریب شروع کی آیت: وَلَقَدْ فَتَنَّا میں بھی ہوا تھا۔ دوسرا تسلیہ اس سے ہوا کہ اہل باطل ہی آخر میں خائب وخاسر وہالک ہوئے۔ یہ بھی اجمالاً قریب شروع کی آیت: اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ میں بیان ہو چکا ہے۔ تیسرا

www.besturdubooks.net

تسلیہ اس سے ہوا کہ اہل حق کو ان کے صبر و استقلال کا ثمرہ دنیا و آخرت میں ملتا ہے جس کی قصۂ ابراہیمیہ میں تصریح ہے: وَاٰتَیْنٰهُ اَجْرَهٗ فِی الدُّنْیَا...... اور شروع سورت کے قریب بھی دو آیتوں میں عام عنوان سے مذکور ہے جو وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سے شروع ہوئی ہیں۔ چوتھا مانع ہجرت سے تھا۔ فکر رزق جس سے آیت: یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا سے اَللّٰهُ یَرْزُقُهَا تک میں تعرض ہے اور اس سب مجموعہ کے درمیان میں مسائل توحید و نبوت مذکور ہیں جو کفار کی اس تمام تر مخالفت وایذاء کا بڑا سبب تھا۔ چنانچہ مَثَلُ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا اور وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ سے رَكِبُوْا فِی الْفُلْكِ تک توحید اور مَا كُنْتَ تَتْلُوْا سے بطور مناظرہ کے اور بلکہ اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ سے بطور تحقیق کے یَسْتَعْجِلُوْنَكَ تک نبوت اور ان اصولی مسئلوں کے ساتھ بعض فرعی احکام جو معظم و مہتم بالشان تھے اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ میں ذکر فرما دیئے گئے جو نبوت پر بھی دال ہیں اور ان اصول انکار پر بعض آیات میں کفار کو تشنیع و تقریع فرمائی گئی ہے اور سب کے بعد آیت: وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا میں کفار کے ان مصاعب و مصائب پر صبر کرنے والوں اور دین پر مستقیم رہنے والوں کو بشارت عظمیٰ دے کر سورت ختم کر دی گئی اور چونکہ یہ مجاہدہ شروع کی آیت: وَمَنْ جَاهَدَ...... میں بھی مذکور تھا سورت کی طرفین بھی متناسب ہوگئیں اور اگر اول موقع پر لِنَفْسِهٖ اور اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِیٌّ کے اثر میں ہیبت ہے اور دوسرے موقع پر لَنَهْدِیَنَّهُمْ اور مَعَ الْمُحْسِنِیْنَ کے اثر میں کہ انس ہے نظر کی جاوے تو اس ترتیب سے جو لطف تربیت مفہوم ہوتا ہے وہ محرک وجد ہے واللہ اعلم۔

تشجیع مؤمنین بر اصطبار در مشاق کفار مع بیان جزا و سزائے فریقین: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمّٓ ۚ اَحَسِبَ النَّاسُ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَنَجْزِیَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِیْ كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۔ الٓمّٓ (اس کے معنی تو اللہ ہی کو معلوم ہیں بعضے مسلمان جو کفار کی ایذاؤں سے گھبرا جاتے ہیں تو) کیا ان لوگوں نے یہ خیال کر رکھا ہے کہ وہ اتنا کہنے پر چھوٹ جائیں گے کہ ہم ایمان لے آئے اور ان کو (انواع مصائب سے) آزمایا نہ جاوے گا (یعنی ایسا نہ ہوگا بلکہ اس قسم کے امتحانات بھی پیش آویں گے) اور ہم تو (ایسے ہی واقعات سے) ان لوگوں کو بھی آزما چکے ہیں جو ان سے پہلے (مسلمان) ہو گزرے ہیں (یعنی اور امتوں کے مسلمانوں پر بھی یہ معاملے گزرے ہیں) سو (اسی طرح ان کی آزمائش بھی کی جاوے گی اور اس آزمائش میں) اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو (ظاہری علم سے) جان کر رہے گا جو (ایمان کے دعویٰ میں) سچے تھے اور جھوٹوں کو بھی جان کر رہے گا (چنانچہ جو صدق و اعتقاد سے مسلمان ہوتے ہیں وہ ان امتحانات سے ثابت رہتے ہیں بلکہ اور زیادہ پختہ ہو جاتے ہیں اور جو دفع الوقتی کے لئے مسلمان ہو جاتے ہیں وہ ایسے وقت میں اسلام کو چھوڑ بیٹھتے ہیں یعنی یہ ایک حکمت ہے امتحان کی' کیونکہ خلط میں بہت سی مضرتیں ہوتی ہیں خصوص ابتدائی حالت میں یہ مضمون تو مسلمانوں کے متعلق ہوا آگے ان ایذا رساں کفار کی نسبت فرماتے ہیں کہ) ہاں کیا جو لوگ برے برے کام کر رہے ہیں وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم سے کہیں نکل بھاگیں گے' ان کی یہ تجویز نہایت ہی بے ہودہ ہے (یہ جملہ معترضہ کے طور پر تھا جس میں کفار کی بدانجامی سنا کر مسلمانوں کی ایک گونہ تسلی کر دی کہ ان ایذاؤں کا ان سے بدلہ لیا جاوے گا۔ آگے پھر مسلمانوں کی طرف روئے سخن ہے کہ) جو شخص اللہ سے ملنے کی امید رکھتا ہو سو (اس کو تو ایسے ایسے حوادث سے پریشان ہونا ہی نہ چاہئے کیونکہ) اللہ (کے ملنے) کا وہ معین وقت ضرور ہی آنے والا ہے (جس سے سارے غم غلط ہو جاویں گے۔ کقولہ تعالیٰ: وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ) اور وہ سب کچھ سنتا سب کچھ جانتا ہے (نہ کوئی قول اس سے مخفی نہ کوئی فعل' پس لقاء کے وقت تمہاری سب طاعات قولیہ وفعلیہ کا صلہ دے کر سب غم دور کر دے گا) اور (یاد رکھو کہ ہم جو تم کو ترغیب دے رہے ہیں مشقتوں کے برداشت کرنے کی سو اس میں ظاہر اور مسلم ہے کہ ہماری کوئی منفعت نہیں بلکہ) جو شخص محنت کرتا ہے وہ اپنے ہی (نفع کے) لئے محنت کرتا ہے (ورنہ) خدا تعالیٰ کو (تو) تمام جہان والوں میں کسی کی حاجت نہیں (اس میں بھی ترغیب ہے تحمل مشاق کی' کیونکہ اپنے نفع پر مترتب ہونے سے وہ فعل زیادہ آسان ہو جاتا ہے) اور (وہ نفع جو طاعت سے پہنچتا ہے اس کا بیان یہ ہے کہ) جو لوگ ایمان لاتے ہیں اور نیک کام کرتے ہیں ہم ان کے گناہ ان سے دور کر دیں گے (جس میں بعضے گناہ جیسے کفر و شرک تو ایمان سے زائل ہو جاتے ہیں اور بعضے گناہ توبہ سے کہ اعمال صالحہ میں داخل ہیں اور بعضے گناہ صرف حسنات سے اور بعضے گناہ محض فضل سے معاف ہو جاویں گے اور کوئی گناہ بعد قدرے سزا کے تکفیر سب کو عام ہے) اور ان کو ان کے (ان) اعمال (ایمان و اعمال صالحہ) کا (استحقاق سے) زیادہ اچھا بدلہ دیں گے (پس اتنی ترغیبات پر طاعت اور مجاہدہ پر استقامت کا اہتمام پر ضرور ہے) **ف**: الناس میں الف لام عہد کا ہے جس کا مصداق خاص خاص مؤمن ہیں جو اس وقت مصائب میں مبتلا تھے اور یا الف لام جنس کا ہے جس کے صدق کے لئے بعض افراد کا تحقق کافی ہے۔ پس دونوں تقدیر پر یہ شبہ نہ رہا کہ بعض مؤمنین کو تو کچھ بھی تکلیف پیش نہیں آتی اور لَیَعْلَمَنَّ کے ترجمہ میں ظاہری کی قید کی شرح شروع پارۂ دوم قولہ تعالیٰ: لِنَعْلَمَ مَنْ یَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ کی تفسیر میں گزر چکی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَكُوْٓا...... اس میں دلالت ہے کہ مجاہدہ وصول الی المقصود کی شرائط (عادیہ) میں سے ہے گو اضطراری ہی ہو۔ قولہ تعالیٰ: وَمَنْ جَاهَدَ...... اس میں مجاہدہ کے بعد عجب و دعویٰ استحقاق کا قلع ہے۔

ملحقات الترجمۃ: (۱) قولہ فی من کان یرجوا: پریشان ہونا ہی نہ چاہئے۔ اشارۃ الی تقدیر الجزاء ای فلیتحمل الاذی ولا یجزع فان

www.besturdubooks.net

اجل الله الخ۔ (۲) قوله في احسن الذى زياده اچھا بدلہ اشارة الى تقدير مضاف قبل الموصول اى الجزاء و الكلام هكذا ليجزينهم احسن جزاء الذى كانوا يعملون ۱۲۔

الرِّوَایَاتُ: في اللباب اخرج ابن حاتم عن قتادة قال انزلت الم احسب الناس في اناس من اهل مكة خرجوا يريدون النبي ﷺ فعرض لهم المشركون فرجعوا فتكب اليهم اخوانهم بما نزل فيه فخرجوا فقتل من قتل وخلص من خلص فنزل القرآن والذين جاهدوا فينا لنهدينهم سبلنا الآية ۱۲۔

النَّحْوُ: قوله ان يقولوا بتقدير اللام اى بسبب قولهم آمنا قوله ام حسب ام منقطعة كما يظهر من الترجمة ويمكن ان يكون بمعنى الاحزاب للترقي وتقريره كما في النيسابوري ان هذا الحسبان اشنع من الحسبان الاول لان ذلك يقدر انه لا يمتحن لا ايمانه وهذا الظن انه لا يجازى بمساويه ولهذا ختم الآية بقوله ساء ما يحكمون ۱۲۔

وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ۖ وَإِنْ جَاهَدَاكَ لِتُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ۚ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝٨ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصَّالِحِينَ ۝٩ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ فَإِذَا أُوذِيَ فِي اللَّهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللَّهِ ۖ وَلَئِنْ جَاءَ نَصْرٌ مِنْ رَبِّكَ لَيَقُولُنَّ إِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ۚ أَوَلَيْسَ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِمَا فِي صُدُورِ الْعَالَمِينَ ۝١٠ وَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنَافِقِينَ ۝١١

اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیا ہے اور (اس کے ساتھ یہ بھی کہہ دیا ہے کہ) اگر وہ دونوں تجھ پر اس بات کا زور ڈالیں کہ تو ایسی چیز کو میرا شریک ٹھہرائے جس (کے معبود ہونے میں) کوئی (صحیح) دلیل تیرے پاس نہیں ہے۔ تو تو ان کا کہنا نہ ماننا تم سب کو میرے پاس ہی لوٹ کر آنا ہے سو میں تم کو تمہارے سب کام (نیک ہوں یا بد) جتلا دوں گا اور (تم میں) جو لوگ ایمان لائے ہوں گے اور نیک عمل کئے ہوں گے ہم ان کو نیک بندوں (کے درجہ) میں (کہ بہشت ہے) داخل کر دینگے اور بعضے آدمی ایسے بھی ہیں جو کہہ دیتے ہیں کہ ہم اللہ پر ایمان لائے پھر جب راہ اللہ میں کچھ تکلیف پہنچائی جاتی ہے تو لوگوں کی ایذا رسانی کو ایسا (عظیم) سمجھ جاتے ہیں جیسے اللہ کا عذاب اور اگر (کبھی کوئی مدد (مسلمانوں کی) آپ کے رب کی طرف سے آ پہنچی ہے تو (اس وقت) کہتے ہیں کہ تم تو (دین عقیدے میں) تمہارے ساتھ تھے کیا اللہ تعالیٰ کو دنیا جہان والوں کے دلوں کی باتیں معلوم نہیں ہیں۔ (یعنی ان کے دل میں ہی ایمان نہ تھا) اور یہ واقعات اس لئے ہوتے رہتے کہ اللہ تعالیٰ تو ایمان والوں کو معلوم کر کے رہے گا اور منافقوں کو بھی معلوم کر کے رہے گا۔

تفسیر: ربط: کفار طرح طرح سے مسلمانوں کو اسلام سے ہٹانے کی فکریں کرتے تھے' بعضے ایذائیں پہنچاتے جس کا اوپر بیان تھا اور بعضے دوسرے طریقوں سے مجبور کرتے۔ چنانچہ حضرت سعد بن ابی وقاص کی والدہ نے ان سے کہا کہ اللہ کا حکم ہے والدین کی اطاعت کا' سو میں قسم کھاتی ہوں کہ کھانا پانی نہ چکھوں گی جب تک کہ تو اسلام کو نہ چھوڑے گا اگر چہ میری جان نکل جاوے۔ اس پر اگلی آیت نازل ہوئی۔ کذا فی اللباب عن مسلم والترمذی۔ جس میں ارشاد ہے کہ ایسی بات میں والدین کی اطاعت نہیں اور اس کے اخیر میں اس کے متعلق ترغیب وترہیب اجمالاً اور دوسری آیت میں طاعت الٰہیہ پر ترغیب تصریحاً ارشاد فرمائی۔

نہی از طاعت والدین درخلاف دین مع ترہیب وترغیب: وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ۖ (الی قوله تعالی) لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصَّالِحِينَ ۝٩ اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیا ہے اور (اس کے ساتھ یہ بھی کہہ دیا ہے کہ) اگر وہ دونوں تجھ پر اس بات کا زور ڈالیں کہ تو ایسی چیز کو میرا شریک ٹھہرائے جس (کے معبود ہونے) کی کوئی (صحیح) دلیل تیرے پاس نہیں ہے (اور ہر چیز ایسی ہی ہے بلکہ کل اشیاء کی عدم الوہیت پر دلیلیں قائم ہیں) تو (اس باب میں) تو ان کا کہنا نہ ماننا تم سب کو میرے پاس لوٹ کر آنا ہے' سو میں تم کو تمہارے سب کام (نیک ہوں یا بد) جتلا دوں گا اور (تم میں) جو لوگ ایمان لائے ہوں گے اور نیک عمل کئے ہوں گے ہم ان کو نیک بندوں (کے درجہ) میں (کہ بہشت ہے) داخل کر دیں گے (اور اسی طرح اعمال بد پر ان کے مناسب سزا دیں گے' پس اسی بناء پر جس نے والدین کی اطاعت کو ہماری اطاعت پر مقدم رکھا ہو گا وہ سزا پاوے گا اور جس نے اس کا عکس کیا ہو گا نیک جزا پاوے گا حاصل یہ ہوا کہ واقعۂ بالا میں ماں کی عصیان سے وسوسہ گناہ کا نہ کیا جاوے)۔ ربط: اوپر اخبار عن الامتحان کے ساتھ اجمالاً ارشاد ہوا تھا: فَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ صَدَقُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكَاذِبِينَ ۝ اور بعد میں اس کی تفصیل میں صادقین کا ذکر فرمایا تھا' آگے کاذبین کا بیان ہے جو ذرا سی صعوبت سے گھبرا کر دین پر مستقیم نہیں رہتے اور تلخیص کے طور پر اس اجمال کو اس مضمون کے ختم پر پھر لایا گیا ہے اور نزول اس کا بعض خاص لوگوں کے بارہ میں ہوا ہے جو مکہ

www.besturdubooks.net

سے ایمان لا کر ہجرت کر کے چلے تھے۔ بعض رؤسائے مکہ ان کو ہٹا لے گئے اور ان کو تکلیف پہنچائی اور وہ دین پر ثابت قدم نہ رہے کذا فی الدر عن السدی بروایۃ ابن ابی حاتم واخرجه الطبری عن ابن عباسؓ۔

تشنیع ضعفاء فی الدین: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ (الی قوله تعالی) وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ اور بعضے آدمی ایسے بھی ہیں جو کہہ دیتے ہیں کہ ہم اللہ پر ایمان لائے پھر جب ان کو راہ خدا میں کچھ تکلیف پہنچائی جاتی ہے تو لوگوں کو ایذاء رسانی کو ایسا (عظیم) سمجھ جاتے ہیں جیسے خدا کا عذاب (جس سے آدمی بالکل ہی مجبور ہو جاوے اسی طرح اس تکلیف سے گھبرا کر دین کو چھوڑ بیٹھتا ہے اب تو یہ حال ہے) اور اگر (کبھی) کوئی مدد (مسلمانوں کی) آپ کے رب کی طرف سے آ پہنچتی ہے (مثلاً جہاد ہوا اور اس میں ایسے لوگ بھی ہاتھ آ جاویں تو (اس وقت) کہتے ہیں کہ ہم تو (دین وعقیدہ میں) تمہارے ساتھ تھے (یعنی مسلمان ہی تھے گو اکراہ کے سبب ظاہر میں کفار کے ساتھ ہو گئے تھے۔ خدا تعالیٰ اس پر رد فرماتے ہیں کہ) کیا اللہ تعالیٰ کو دنیا جہان والوں کے دلوں کی باتیں معلوم نہیں ہیں (یعنی ان کے دل ہی میں ایمان نہ تھا (اور یہ واقعات اس لئے ہوتے رہتے ہیں کہ) اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو معلوم کر کے رہے گا اور منافقوں کو بھی معلوم کر کے رہے گا۔ ف: مقصود رد سے یہ نہیں ہے کہ ان کا اسلام اب مقبول نہ ہو بلکہ استمرار علی الاسلام فی الماضی کے دعویٰ میں تکذیب ہے اور ہر چند کہ اکراہ میں تلفظ بکلمۂ کفر کی اجازت ہے مگر ملامت اس پر ہے کہ دل سے کیوں کفر کیا تھا جیسا صدور کے لفظ سے معلوم ہوتا ہے اور خام طبیعت کے لوگ دل ہی سے پھر جاتے ہیں اور اس خیال سے کہ روز روز جھگڑے کون برداشت کرے لاؤ ان ہی میں شامل رہو اور آیت میں ان کو منافق اس اعتبار سے فرمایا کہ زمانہ ماضی میں واقع میں تو مومن نہ تھے اور دعویٰ کرتے ہیں کہ مومن تھے واللہ اعلم۔ اور احقر کے نزدیک تشبیہ كَعَذَابِ اللّٰهِ کی یہ توجیہ ہو سکتی ہے کہ عذاب دینے کے وقت جو زبان سے کہے گا وہ دل میں ہو گا۔ پس اشارہ اس طرف ہے کہ فتنہ ناس جو کلمۂ کفر کا کہتا ہے اس میں قلب کو بھی بلا ضرورت موافق کر لیتا ہے اور بلا ضرورت اس لئے کہا کہ دل کی خبر تو مکرہ باسم الفاعل کو نہیں ہوتی' پھر دل سے کفر کرنے کی کیا وجہ۔ اسی لئے شرعاً اس کی اجازت نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: قوله ما ليس لك به علم اور ہر چیز ایسی ہی ہے اشارة الى ان هذا القيد واقعي ۱۲۔

النحو: قوله حسنا بتقدير المضاف صفة مفعول مطلق لوصينا اى وصينا ايصاء ذا حسن۔ قوله وان جاهداك بتقدير القول قبله عطف على وصينا ۱۲۔ قوله اوليس الله عطف على مقدر اى الخفي هذا على الله وليس الخ ۱۲۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ۭ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ
اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۡ وَلَيُسْــَٔـلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا
يَفْتَرُوْنَ ۝ ع ۱۳ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ۭ فَاَخَذَهُمُ
الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

اور کفار مسلمانوں سے کہتے ہیں کہ تم (دین میں) ہماری راہ پر چلو اور (قیامت میں تمہارے گناہ ہمارے ذمہ حالانکہ یہ لوگ ان کے گناہوں میں سے ذرا بھی نہیں لے سکتے یہ بالکل جھوٹ بک رہے ہیں اور (البتہ یہ ہوگا کہ) یہ لوگ اپنے گناہ اپنے اوپر لادے ہوں گے اور اپنے (ان) گناہوں کے ساتھ (ہی) کچھ گناہ اور (بھی لادے ہوں گے) یہ لوگ جیسی جیسی جھوٹی باتیں بناتے تھے قیامت میں ان سے باز پرس (اور پھر سزا) ضرور ہوگی اور ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف (پیغمبر بنا کر) بھیجا سو وہ ان میں پچاس سال کم ایک ہزار برس رہے (اور قوم کو سمجھاتے رہے) پھر (جب اس پر بھی وہ باز نہ آئے تو) ان کو طوفان نے آ دبایا۔ وہ بڑے ظالم لوگ تھے۔ پھر (اس طوفان آنے کے بعد) ہم نے ان کو اور کشتی والوں کو (اس طوفان سے) بچالیا اور ہم نے اس واقعہ کو تمام جہان والوں کے لئے موجب عبرت بنایا۔

تفسیر ربط: اوپر کفار کی ایذاء اور بعض دیگر طرق کا ذکر تھا جس سے مسلمانوں کو دین سے ہٹانے کی کوشش کرتے تھے۔ ایک طریق کا آگے بیان ہے وہ یہ کہ کفار قریش نومسلموں کو کہتے کہ اس دین میں سب چیزیں جن کے تم خوگر ہو حرام ہیں' تم ہٹ جاؤ۔ اگر قیامت ہوئی تو تمہارا گناہ ہمارے ذمہ۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی کذا فی الدر عن مجاهد وابن الحنفية۔

تکذیب وتعذیب کفار در ضمان حمل اوزار: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (الی قوله تعالی) وَلَيُسْــَٔـلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ اور کفار مسلمانوں سے کہتے ہیں کہ تم (دین میں) ہماری راہ چلو اور (قیامت میں) تمہارے گناہ (جو کفر ومعاصی سے ہوں گے) ہمارے ذمہ (اور تم سبکدوش) حالانکہ یہ لوگ ان کے گناہوں میں سے ذرا بھی (اس طور پر کہ وہ سبکدوش ہو جاویں) نہیں لے سکتے یہ بالکل جھوٹ بک رہے ہیں اور (البتہ یہ تو ہوگا کہ) یہ لوگ اپنے گناہ

www.besturdubooks.net

(پورے پورے) اپنے اوپر لادے ہوں گے اور اپنے (ان) گناہوں کے ساتھ (ہی) کچھ گناہ اور (بھی لادے ہوں گے اور یہ دوسرے گناہ وہ کہ جن کے سبب یہ لوگ بنتے تھے مگر اصل گناہ گار جب بھی سبکدوش نہ ہوں گے' غرض دوسرے تو ہلکے نہ ہوئے یہ البتہ اس اضلال واغواء سے زیادہ بھاری ہوگئے گو اغواء مؤثر نہ ہو مگر ان کی طرف سے تو تسبیب کا عزم پایا گیا) اور یہ لوگ جیسی جیسی جھوٹی باتیں بناتے تھے قیامت میں ان سے باز پرس (اور پھر سزا) ضرور ہوگی۔ **ف**: مَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ اور لَيَحْمِلُنَّ کے ترجمہ کی تقریر سے وسوسہ تعارض کا دفع ہوگیا۔

ربط: اوپر کفار کی ایذاؤں اور مخالفتوں کا بیان تھا جس سے مسلمان متضرر ہوتے ہیں' آگے تسلیہ کے لئے بعض قصص امم سابقہ کے مذکور ہیں اور وجوہ تسلیہ کے تمہید سورت میں ذکر کئے گئے ہیں۔

قصہ اول نوح علیہ السلام با قوم او: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ (الی قولہ تعالی) وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ اور ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف (پیغمبر بنا کر) بھیجا سو وہ ان میں پچاس سال کم ایک ہزار برس رہے (اور قوم کو سمجھاتے رہے) پھر (جب اس پر بھی وہ لوگ ایمان نہ لائے تو) ان کو طوفان نے آ دبایا اور وہ بڑے ظالم لوگ تھے (کہ اتنی مدت دراز کی فہمائش سے بھی متاثر نہ ہوئے) پھر (اس طوفان آنے کے بعد) ہم نے ان کو اور کشتی والوں کو (کہ ان کے ساتھ سوار تھے اس طوفان سے) بچا لیا اور ہم نے اس واقعہ کو تمام جہان والوں کے لئے (جن کو تواتر کے ساتھ خبر پہنچی) موجب عبرت بنایا (کہ غور کر کے سمجھ سکتے ہیں کہ مخالفت حق کا کیا انجام ہے) **ف**: روح المعانی میں بروایت ابن ابی شیبہ و عبد بن حمید و ابن المنذر و ابن ابی حاتم و ابن مردویہ و حاکم و تصحیح حاکم۔ حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ نوح علیہ السلام کو چالیس برس میں نبوت ملی اور ساڑھے نو سو برس وعظ فرمایا' پھر طوفان کے بعد ساٹھ برس زندہ رہے اھ سو اس حساب سے ان کی عمر ایک ہزار پچاس سال کی ہوئی واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالی: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اس میں اس قول کی نفی ہے جو بعض مدعیان طریقت اہل ضلالت میں سے اپنے متبعین سے اپنا گروہ بڑھانے کے لئے کہا کرتے ہیں (کہ تم ہمارے طریق آجاؤ اگر کوئی گناہ ہو تو ہمارے ذمہ)۔

البلاغۃ: قوله ولنحمل اصله نحمل على انه جواب عدل الى الامر للمبالغة بالاشارة الى ان العمل لتحققه كانه امر واجب امروا به من آمر مطلاع۔ قوله: لكذبون في الروح عن بعض المحققين الكذب راجع الى الجزء الذى في ضمن وعدهم بالحمل وهو انهم قادرون على انجاز ما وعدو الكذب يرجع الى النطوق تارة والى لازمه اخرى ۱۲۔ قوله فلبث فيهم الف سنة الخ في الروح لعل ما عليه النظم الكريم في بيان مدة لبثه عليه السلام للدلالة على كمال العدد وكونه متعينا نصادون تجوز فان تسعمائة وخمسين قد يطلق على ما يقرب منه ولما في ذكر الالف من تخييل طول المدة لانها اول ما تقرع السمع فان المقصود من القصة تسلية رسول الله ﷺ وتثبية على ما كان عليه من مكابدة ما يناله من الكفرة واظهار ركاكة راى الذين يحسبون انهم يتركون بلا ابتلاء واختلاف اللميزين (اى التميزين من قوله سنة وعاما) لما في التكرير في مثل هذا الكلام من البشاعة والنكتة السنة في الاول والعام في الثاني ان السنة تطلق على الشدة والجذب بخلاف العام فناسب اختيار السنة لزمان الدعوة الذى قاسى عليه السلام فيه ما قاسى من قوله الخ ۱۲۔ قوله رزقا التنكير للتقليل بقرينة وقوعه تحت النفي ۱۲۔

وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ۗ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ۭ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ۭ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝

اور ہم نے ابراہیم کو پیغمبر بنا کر بھیجا جب کہ انہوں نے اپنی قوم سے (جو کہ بت پرست تھے) فرمایا کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم کچھ سمجھ رکھتے ہو تم لوگ اللہ کو چھوڑ کر محض بتوں کو پوج رہے ہو اور (اس کے متعلق) جھوٹی باتیں تراشتے ہو تم اللہ کو چھوڑ کر جن کو پوج رہے ہو وہ تم کو کچھ رزق بھی دینے کا اختیار نہیں رکھتے سو تم لوگ رزق اللہ کے پاس سے تلاش کرو اور اسی کی عبادت کرو اور اس کا شکر کرو اور تم سب کو اسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے اور تم لوگ مجھ کو جھوٹا سمجھو تو میرا کچھ نقصان نہیں کیونکہ) تم سے پہلے بھی بہت سی امتیں اپنے پیغمبروں کو جھوٹا سمجھ چکی ہیں اور (ان کا بھی کچھ نقصان نہیں ہوا وجہ اس کی یہ ہے کہ پیغمبر کے ذمہ تو صرف (بات

www.besturdubooks.net

کا) صاف طور پر پہنچا دیتا ہے۔

تفسیر: قصہ سوم ابراہیم علیہ السلام با قوم او: وَ اِبْرٰهِیْمَ (الی قولہ تعالی) مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ۞ اور ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا جبکہ انہوں نے اپنی قوم سے (جو کہ بت پرست تھے) فرمایا کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو (اور ڈر کر شرک چھوڑ دو) یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم کچھ سمجھ رکھتے ہو (بخلاف طریقہ شرک کے کہ محض بدتر ہے کیونکہ) تم لوگ اللہ کو چھوڑ کر محض بتوں کو (جو محض عاجز اور ناکارہ ہیں) پوج رہے ہو اور (اس کے متعلق) جھوٹی باتیں تراشتے ہو (کہ ان سے ہماری روزی روزگار کی کاربرآری ہوتی ہے اور یہ محض جھوٹ ہے کیونکہ) تم خدا کو چھوڑ کر جن کو پوج رہے ہو وہ تم کو کچھ بھی رزق دینے کا اختیار نہیں رکھتے۔ سو تم لوگ رزق خدا کے پاس سے تلاش کرو (یعنی اس سے مانگو کہ مالک رزق وہی ہے) اور (جب مالک رزق وہی ہے تو) اسی کی عبادت کرو اور (چونکہ پچھلا رزق بھی اسی کا دیا ہوا ہے تو) اسی کا شکر کرو (ایک تو سبب وجوب عبادت کا یہ ہے کہ وہ مالک نفع کا ہے) اور (دوسرا سبب یہ ہے کہ وہ مالک ضرر کا بھی ہے چنانچہ) تم سب کو اسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے (اس وقت کفر پر تم کو سزا دے گا) اور اگر تم (دعوی وجوب عبادت وشکر و اخبار عن البعث میں) مجھ کو جھوٹا سمجھو تو (یاد رکھو کہ میرا کوئی ضرر نہیں، چنانچہ) تم سے پہلے بھی بہت سی امتیں (اپنے پیغمبروں کو) جھوٹا سمجھ چکی ہیں (مگر ان پیغمبروں کا کوئی ضرر نہیں ہوا) اور (وجہ اس کی یہ ہے کہ) پیغمبر کے ذمہ تو صرف (بات کا) صاف طور پر پہنچا دینا ہے (منوانا اس کا کام نہیں پس سب انبیا تبلیغ کے بعد سبکدوش ہو گئے۔ اسی طرح میں بھی، پس ہم کو کوئی ضرر نہیں پہنچا۔ البتہ ماننا تمہارے ذمہ واجب تھا اس کے ترک سے تمہارا ضرر ضرور ہوا) ف: یہ یہاں تک ابراہیم علیہ السلام کا ارشاد ہوا اور کئی آیت کے بعد قوم کا مقولہ اور بقیہ قصہ و مضمون دعوت فما کان جواب قومه سے آوے گا اور درمیان میں اولم یروا سے عذاب الیم تک بطور جملہ معترضہ کے کفار عرب کی طرف مضمون بعث وجزا کے متعلق جس کا ذکر اوپر الیه ترجعون میں بھی تھا اسی مناسبت سے روئے سخن ہے کہ یہ لوگ ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں سے تھے اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مخالفت کرنے میں مشابہ قوم ابراہیم علیہ السلام کے تھے اس لئے ان کو متنبہ کر دیا گیا کہ دیکھو ابراہیم علیہ السلام کی یہ دعوت تھی جس میں الیه ترجعون بھی ہے جو دال ہے بعث پر اور اگر اب بھی اس میں شک وشبہ ہو تو آگلا سن لیں۔

النحو: قوله اذ قال ظرف للارسال ولا يرد عليه ان الارسال قبل الدعوة فكيف يكون وقت الدعوة ظرفا للارسال لان ارسال امر ممتد الى اوان الدعوة ويمكن ان يقال ان المراد ارسلناه حين كان صالحا لان يقول لقومه عبدوا الله اى حين ترقى من رتبة الكمال الى درجة التكميل حيث تصدى للارشاد ۱۲۔ قوله وان تكذبوا عطف على مقدر اى فان تصدقوا انى فقد فزتم وان تكذبوا الخ ۱۲۔

اَوَلَمْ یَرَوْا كَیْفَ یُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ یَسِیْرٌ ۱۹ قُلْ سِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَیْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ یُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۲۰ یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ وَ یَرْحَمُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَ اِلَیْهِ تُقْلَبُوْنَ ۲۱ وَ مَاۤ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِیْنَ فِی الْاَرْضِ وَ لَا فِی السَّمَآءِ ۫ وَ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّ لَا نَصِیْرٍ ۲۲ وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَ لِقَآئِهٖۤ اُولٰٓئِكَ یَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِیْ وَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۲۳

کیا ان لوگوں کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالی کس طرح مخلوق کو اول بار پیدا کرتا ہے (کہ عدم محض سے وجود میں لاتا ہے) پھر وہی اس کو دوبارہ پیدا کرے گا۔ یہ اللہ کے نزدیک بہت ہی آسان بات ہے۔ آپ (ان لوگوں سے کہئے کہ تم لوگ ملک میں چلو پھرو اور دیکھو کہ اللہ تعالی نے مخلوق کو کس طور پر اول بار پیدا کیا ہے پھر اللہ پچھلی بار بھی پیدا کرے گا۔ بے شک اللہ تعالی ہر چیز پر قادر ہے جس کو چاہے گا عذاب دیگا (یعنی جو اس کا مستحق ہوگا) اور جس پر چاہے رحمت فرما دیگا (یعنی جو اس کا مستحق ہوگا) اور تم سب اسی کے پاس لوٹ کر جاؤ گے اور تم نہ زمین میں (چھپ کر اللہ کو) ہرا سکتے ہو اور نہ آسمان میں (اڑ کر) اور اللہ کے سوا نہ تمہارا کوئی کارساز ہے اور نہ کوئی مددگار اور جو لوگ اللہ کی آیتوں کے اور (بالخصوص) اس کے سامنے جانے کے منکر ہیں۔ وہ لوگ (قیامت میں) میری رحمت سے ناامید ہوں گے اور یہی ہیں جن کو عذاب دردناک ہوگا۔

تفسیر: ربط: آیات بالا کے ف کے ذیل میں مفہوم ہو چکا ہے۔

بیان بعث و مجازاۃ: اَوَلَمْ یَرَوْا (الی قولہ تعالی) اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۲۳ کیا ان لوگوں کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالی کس طرح مخلوق کو اول بار پیدا کرتا ہے (کہ عدم محض سے وجود میں لاتا ہے) پھر وہی دوبارہ اس کو پیدا کرے گا۔ یہ اللہ کے نزدیک بہت آسان بات ہے (بلکہ بادی النظر میں دوبارہ پیدا کرنا اول

www.besturdubooks.net

آفرینش سے بھی سہل تر ہے گو قدرتِ ذاتیہ کے اعتبار سے دونوں مساوی ہیں اور یہ لوگ امر اول کا تو اعتراف کرتے تھے لقولہ تعالیٰ: وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ [العنکبوت: ۶۱] اور امر ثانی مماثل اس کے ہے پس اس کی مقدوریت بھی اس دلیل سے معلوم ہوگئی اس لئے اولم یروا اس سے بھی متعلق ہوسکتا ہے اور زیادہ اہتمام کے لئے۔ آگے پھر یہی مضمون قدرے تفاوت عنوان سے سنانے کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہیں کہ) آپ (ان لوگوں سے) کہئے کہ تم لوگ ملک میں چلو پھرو اور دیکھو کہ خدا تعالیٰ نے مخلوق کو کس طور پر اول بار پیدا کیا ہے پھر اللہ پچھلی بار بھی پیدا کرے گا بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے (پہلے عنوان میں بدءِ خلق کے علم عقلی سے اعادہ پر استدلال کیا ہے جیسا اس پر اولم یروا دال ہے اور دوسرے عنوان میں بدء خلق کے علم حسی سے اعادہ پر استدلال ہے جیسا انظروا اس پر دال ہے جس میں اول سے ترقی ہے کہ مابہ الاستدلال صرف امر عقلی نہیں بلکہ امر حسی ہے یہ تو بعث کا اثبات تھا آگے جزاء کا بیان ہے کہ بعد بعث کے) جس کو چاہے گا عذاب دے گا (یعنی جو اس کا مستحق ہوگا) اور جس پر چاہے رحمت فرماوے گا (یعنی جو اس کا اہل ہوگا) اور (اس تعذیب و رحمت میں اور کسی کا دخل نہ ہوگا کیونکہ) تم سب اسی کے پاس لوٹ کر جاؤ گے (نہ کہ اور کسی[1] کے پاس) اور (اس کی تعذیب سے بچنے کی کوئی تدبیر نہیں ہے چنانچہ) تم نہ زمین میں چھپ کر خدا کو) ہرا سکتے ہو (کہ اس کے ہاتھ نہ آؤ) اور نہ آسمان میں (اڑ کر) اور خدا کے سوا تمہارا نہ کوئی کارساز ہے اور نہ کوئی مددگار (پس نہ اپنی تدبیر سے بچ سکے نہ دوسرے کی حمایت سے) اور (اوپر جو ہم نے کہا تھا: یُعَذِّبُ مَنۡ یَّشَآءُ اب ایک قاعدۂ کلیہ سے اس کا مصداق بتلاتے ہیں کہ) جو لوگ خدا تعالیٰ کی آیتوں کے اور (بالخصوص) اس کے سامنے جانے کے منکر ہیں وہ لوگ (قیامت میں) میری رحمت سے ناامید[2] ہوں گے (یعنی اس وقت مشاہدہ ہو جاوے گا کہ ہم محل رحمت نہیں ہیں) اور یہی ہیں جن کو عذاب دردناک ہوگا۔ **ف**: الیه ترجعون سے مقصود اگر اللہ تعالیٰ کا مالک ضرر ہونا کہا جاوے اور الیه تقلبون سے دوسرے کا مالک نہ ہونا لیا جاوے تو تکرار مضمون کا نہ رہے گا اور یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ مقصود تاکید ہے اور عنوان کا تغایر تو ظاہر ہے اور چونکہ اجالت فکر کے لئے ایک چیز کا مشاہدہ کافی ہے اور اجالت نظر کے لئے اشیائے کثیرہ کا اس لئے فانظروا کے ساتھ سیروا فی الارض آیا اور چونکہ اس امر نظر سے مقصود زیادہ اہتمام ہے اس لئے قل کی تصریح بھی فرمائی اور عجب نہیں ینشئ النشاۃ الأخرۃ جو کہ عنوان مفصل ہے اسی لئے اختیار فرمایا ہو کہ یعیدہ کی تفسیر و توضیح ہو جاوے جو مقتضا ہے اہتمام کا اور عقل سے مستقبل کا علم بھی ہوتا ہے اور نظر سے صرف اس کا جو نظر سے پہلے بن کر اب تک موجود ہو اس لئے الم یروا کے ساتھ یبدئ مضارع اور فانظروا کے ساتھ بدأ ماضی نہایت مناسب ہوا و ہذا کلہ من المواہب۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قُلۡ سِیۡرُوۡا فِی الۡاَرۡضِ اس میں اصل ہے اس کی بعض اہل طریق زمین میں سیاحت کرتے ہیں تاکہ ان کے احوال کے تتبع سے عبرت حاصل کریں اور اس میں ان کی اور بھی مصلحتیں ہوتی ہیں جیسے خلق سے تعلقات کی تقلیل اور خمول اور غربت اور اسباب معاصی کا فقدان۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قوله فی تقلبون: نہ کہ اور کسی کے كذا فی الروح قلت فالمحط نفی الغیر ۱۲۔ [2] قوله فی یئسوا ہوں گے اشارة الی ان الماضی بمعنی المضارع ۱۲۔

اللغات: بدأ وبدا بمعنی واحد لکن لا یستعمل ابدا بدون الاعادة کما فی الروح ۱۲۔

النحو: قوله ثم الله ینشئ معطوف علی سیروا لاعلی بدأ فلا یرد کونه مما لم یتعلق به النظر۔ قوله فی الارض وقوله فی السماء متعلقان بمحذوف وهو الهرب فی الاول والتحصن فی الثانی ای ما انتم بمعجزین بالهرب فی الارض ولا بالتحصن فی السماء ۱۲۔

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوۡمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنۡ قَالُوا اقۡتُلُوۡهُ اَوۡ حَرِّقُوۡهُ فَاَنۡجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۲۴﴾
وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَوۡثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَيۡنِكُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۚ ثُمَّ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ يَكۡفُرُ
وقف لازم بَعۡضُكُمۡ بِبَعۡضٍ وَّيَلۡعَنُ بَعۡضُكُمۡ بَعۡضًا ۙ وَّمَاۡوٰٮكُمُ النَّارُ وَمَا لَـكُمۡ مِّنۡ نّٰصِرِيۡنَ ﴿۲۵﴾ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوۡطٌ ۘ
وَقَالَ اِنِّىۡ مُهَاجِرٌ اِلٰى رَبِّىۡ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۲۶﴾ وَوَهَبۡنَا لَهٗۤ اِسۡحٰقَ وَيَعۡقُوۡبَ وَجَعَلۡنَا فِىۡ
ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالۡكِتٰبَ وَاٰتَيۡنٰهُ اَجۡرَهٗ فِى الدُّنۡيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِى الۡاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيۡنَ ﴿۲۷﴾

سو (ابراہیم کی اس تقریر دلپذیر کے بعد) ان کی قوم کا (آخری) جواب بس یہ تھا کہ (آپس میں) کہنے لگے کہ ان کو یا قتل کر ڈالو یا ان کو جلا دو (چنانچہ جلانے کا سامان کیا) سو اللہ نے ان کو اس آگ سے بچا لیا۔ بے شک اس واقعہ میں ان لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں نشانیاں ہیں اور ابراہیم نے (وعظ میں بھی) فرمایا کہ تم نے جو اللہ کو چھوڑ

www.besturdubooks.net

کر بتوں کو (معبود) تجویز کر رکھا ہے بس یہ تمہارے دنیا کے تعلقات کی وجہ سے ہے۔ پھر قیامت میں تمہارا یہ حال ہے کہ (تم میں ایک دوسرے کا مخالف ہو جائے گا او ایک دوسرے پر لعنت کرے گا اور اگر تم اس بت پرستی سے باز نہ آئے تو) تمہارا ٹھکانا دوزخ ہوگا اور تمہارا کوئی حمایتی نہ ہوگا۔ سو (اتنے وعظ پر بھی ان کی قوم نہ مانی) صرف لوط نے ان کی تصدیق فرمائی اور ابراہیم نے فرمایا کہ اپنے پروردگار کی (بتلائی ہوئی جگہ کی) طرف ترک وطن کر کے چلا جاؤں گا وہ بے شک زبردست حکمت والا ہے اور ہم نے تو (ہجرت کے بعد) ان کو اسحق (بیٹا) اور یعقوب (پوتا) عنایت فرمایا اور ہم نے ان کی نسل میں نبوت اور کتاب (کے سلسلہ) کو قائم رکھا اور ہم نے ان کا صلہ ان کو دنیا میں بھی دیا اور آخرت میں بھی (بڑے درجے کے) نیک بندوں میں ہوں گے۔ ۞

تفسیر ربط: آیات: وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ کے **ف** کے ذیل میں ملاحظہ کر لیا جاوے۔

تتمہ قصہ ابراہیم علیہ السلام: فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ (الی قولہ تعالی) وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ سو (ابراہیم علیہ السلام کی اس تقریر دلپذیر کے بعد) ان کی قوم کا (آخری[1]) جواب بس یہ تھا کہ (آپس میں) کہنے لگے کہ ان کو یا تو قتل کر ڈالو یا ان کو جلا دو (چنانچہ جلانے کا سامان کیا) سو اللہ نے ان کو اس آگ سے بچالیا (جس کا قصہ سورۂ انبیاء میں گزر چکا ہے) بے شک اس واقعہ میں ان لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں کئی نشانیاں ہیں (یعنی یہ واقعہ کئی مدلول کی دلیل ہے اللہ کا قادر ہونا ابراہیم علیہ السلام کا نبی ہونا کفر و شرک کا باطل ہونا پس دلیل واحد باعتبار تعدد مدلول کے تغایر اعتباری کے طور پر بجائے متعدد دلائل کے ہوگئی) اور ابراہیم (علیہ السلام) نے (وعظ میں یہ بھی) فرمایا (خواہ بعد واقعہ نار کے یا قبل بھی) کہ تم نے جو خدا کو چھوڑ کر بتوں کو (معبود) تجویز کر رکھا ہے بس یہ تمہارے باہمی دنیا کے تعلقات کی وجہ سے ہے (چنانچہ مشاہد ہے کہ اکثر آدمی اپنے علاقہ اور دوستی اور رشتہ والوں کے طریق پر رہتا ہے یا تو اس وجہ سے حق میں غور ہی نہیں کرتا اور یا سمجھ کر بھی ڈرتا ہے کہ یہ سب چھوٹ جاویں گے) پھر قیامت میں (تمہارا یہ حال ہوگا کہ) تم میں ایک دوسرے کا مخالف ہو جاوے گا اور ایک دوسرے پر لعنت کرے گا (جیسا سورۂ اعراف میں ہے: لَعَنَتْ اُخْتَهَا [الأعراف: ۳۸] اور سورۂ سبا میں ہے: يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ١لْقَوْلَ [سباء: ۳۱] اور سورۂ بقرہ میں ہے: اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا [البقرة: ۱۶۶]) اور (اگر تم اس بت پرستی سے باز نہ آئے تو) تمہارا ٹھکانا دوزخ ہوگا اور تمہارا کوئی حمایتی نہ ہوگا سو (اتنے وعظ و پند پر بھی ان کی قوم نے نہ مانا) صرف لوط (علیہ السلام) نے فرمایا کہ میں (تم لوگوں میں نہیں رہتا بلکہ) اپنے پروردگار کی (بتلائی ہوئی جگہ کی) طرف ترک وطن کر کے چلا جاؤں گا۔ بے شک وہ زبردست حکمت والا ہے (وہ میری حفاظت کرے گا اور مجھ کو اس کا ثمرہ دے گا) اور ہم نے (ہجرت کے بعد) ان کو اسحق (بیٹا) اور یعقوب (پوتا) عنایت فرمایا اور ہم نے ان کی نسل میں نبوت اور کتاب (کے سلسلہ) کو قائم رکھا اور ہم نے ان کا صلہ ان کو دنیا میں بھی دیا اور وہ آخرت میں بھی (بڑے درجہ کے) نیک بندوں میں ہوں گے (اس صلہ سے مراد قرب و قبول ہے کقولہ تعالیٰ فی البقرۃ: لَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا [البقرة: ۱۳۰])

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ اس میں دلالت ہے کہ جس اتفاق و اتحاد میں فساد دین ہو اس کا ترک واجب ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ فِي الدُّنْيَا اس میں دلالت ہے کہ دنیوی نعمتوں کا عطا ہونا جیسا بعض اہل اللہ کو ہوتی ہیں آخرت میں اس کے رتبہ کو نہیں گھٹاتا۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قوله في جواب: آخری لان الكلام لم ينحصر فيه ۱۲۔

نکتة: لم يذكر في الآية هبة اسماعيل له عليهما السلام اما لان المقام مقام الامتنان وهبة الولد من العجوز اعظم منة من هبة من الشابة واما لان التلويح اليه وقع في قوله ذريته ولم يصرح به لشهرة امره مع ان المخاطب ﷺ من اولاده وهو اعلم به فلا يخفى من فهمه ۱۲۔

النحو: قوله مودة مفعول لاجله مما هو علة كقعدت جنباء ۱۲۔

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾ اَئِنَّكُمْ

لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ۭ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا

ع اِئْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾ وَلَمَّا جَاۗءَتْ

رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾

قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ۭ قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ڵ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ڭ كَانَتْ مِنَ

www.besturdubooks.net

الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا
تَحْزَنْ قف اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ
رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۳۵﴾

اور ہم نے لوط کو پیغمبر بنا کر بھیجا جب کہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم ایسی بے حیائی کرتے ہو کہ تم سے پہلے کسی نے دنیا جہان والوں میں نہیں کی۔ کیا تم مردوں سے فعل کرتے ہو (وہ بے حیائی کا کام یہی ہے) اور تم ڈاکے ڈالتے ہو اور (غضب یہ ہے) کہ اپنی بھری مجلس میں) معقول حرکت کرتے ہو۔ سو ان کی قوم کا (آخرت) جواب بس یہ تھا کہ تم ہم پر اللہ کا عذاب لے آؤ اگر تم (اس بات میں سچے ہو کہ یہ افعال وجب عذاب ہیں) لوط (علیہ السلام) نے دعا کی کہ اے میرے رب مجھ کو ان مفسد لوگوں پہ غالب (اور ان کو عذاب سے ہلاک) کر دے اور ہمارے وہ بھیجے ہوئے فرشتے جب ابراہیم کے پاس بشارت لے کر پہنچے تو (اثناء گفتگو میں) ان فرشتوں نے (ابراہیم سے) کہ ہم اس بستی والوں کو ہلاک کرنے والے ہیں (کیونکہ) وہاں کے باشندے بڑے شریر ہیں۔ ابراہیم نے فرمایا کہ وہاں تو لوطؑ (بھی موجود) ہیں۔ فرشتوں نے کہا کہ جو جو وہاں (رہتے ہیں) ہم سب جانتے ہیں ہم ان کو اور ان کے خاص متعلقین کو بچالیں گے۔ ان کی بی بی کے کہ وہ عذاب میں رہنے والوں میں سے ہوگی۔ یہ گفتگو تو ابراہیم سے ہوئی اور پھر وہاں سے فارغ ہو کر جب ہمارے وہ فرستادے لوطؑ کے پاس پہنچے تو لوطؑ ان (کے آنے) کی وجہ سے مفہوم ہوئے اور ان کے سبب تنگ دل ہوئے اور فرشتوں نے جب یہ حال دیکھا تو فرشتے کہنے لگے کسی بات کا آپ اندیشہ نہ کریں اور نہ مغموم ہوں کہ ہم آپ کے اور آپ کے خاص متعلقین کو بچالیں گے۔ آپ کی بی بی کو وہ عذاب میں رہ جانے والوں میں ہوں گی (اور آپ کو بمع متعلقین اس سے بچا کر) ہم اس بستی کے (بقیہ) باشندوں پر ایک آسمانی عذاب ان کی بدکاریوں کی سزا میں نازل کرنے والے ہیں اور ہم نے اس بستی کے کچھ ظاہر نشانی (اب تک) رہنے دیئے ہیں ان لوگوں (کی عبرت) کے لئے جو عقل رکھتے ہیں۔ ۞

تفسیر: قصۂ سوم لوط علیہ السلام با قوم او: وَلُوْطًا (الی قولہ تعالی) وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۳۵﴾ اور ہم نے لوط (علیہ السلام) کو پیغمبر بنا کر بھیجا جب کہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم ایسی بے حیائی کا کام کرتے ہو کہ تم سے پہلے کسی نے دنیا جہان والوں میں نہیں کیا' کیا تم مردوں سے فعل کرتے ہو (وہ بے حیائی کا کام یہی ہے) اور (اس کے علاوہ دوسری نامعقول حرکتیں بھی کرتے ہو مثلاً یہ کہ) تم ڈاکہ ڈالتے ہو (كذا في الدر عن ابن زيد) اور (غضب یہ ہے کہ) اپنی بھری مجلس میں نامعقول حرکت کرتے ہو (اور معصیت کا اعلان یہ خود ایک معصیت وقبح عقلی ہے) سو ان کی قوم کا (آخری) جواب بس یہ تھا کہ ہم پر اللہ کا عذاب لے آؤ اگر تم (اس بات میں) سچے ہو (کہ یہ افعال موجب عذاب ہیں) لوط (علیہ السلام) نے دعا کی کہ اے میرے رب مجھ کو ان مفسد لوگوں پر غالب (اور ان کو عذاب سے ہلاک) کر دے اور (ان کی دعا قبول ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ نے عذاب کی خبر دینے کے لئے فرشتے معین فرمائے اور دوسرا کام ان فرشتوں کو یہ بتلایا گیا کہ ابراہم علیہ السلام کو اسحٰق علیہ السلام کے تولد کی بشارت دیں' چنانچہ) ہمارے (وہ) بھیجے ہوئے فرشتے جب ابراہیم (علیہ السلام) کے پاس (ان کے فرزند اسحٰق کے تولد کی) بشارت لے کر آئے تو (اثنائے گفتگو میں جس کا مفصل بیان دوسرے موقع پر ہے: قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ [الحجر: ۵۷]) ان فرشتوں نے (ابراہیم علیہ السلام سے) کہا کہ ہم اس بستی والوں کو (جس میں قوم لوط آباد ہے) ہلاک کرنے والے ہیں (کیونکہ) وہاں کے باشندے بڑے شریر ہیں۔ ابراہیم (علیہ السلام) نے فرمایا کہ وہاں تو لوط (علیہ السلام بھی موجود) ہیں (وہاں عذاب نہ بھیجا جاوے کہ ان کو گزند پہنچے گا) فرشتوں نے کہا کہ جو جو وہاں (رہتے) ہیں ہم کو سب معلوم ہیں' ہم ان کو اور ان کے خاص متعلقین کو (یعنی ان کے خاندان والوں کو اور جو مومن ہوں اس عذاب سے) بچالیں گے (اس طرح سے کہ نزول عذاب کے قبل ان کو بستی سے باہر نکال لے جاویں گے) بجز ان کی بی بی کے کہ وہ عذاب میں رہ جانے والوں سے ہوگی (جس کا ذکر سورۂ ہود اور سورۂ حجر میں گزر چکا یہ گفتگو تو ابراہیم علیہ السلام سے ہوئی) اور (پھر وہاں سے فارغ ہو کر) جب ہمارے وہ فرستادے لوط (علیہ السلام) کے پاس پہنچے تو لوط (علیہ السلام) ان (کے آنے) کی وجہ سے (اس لئے) مغموم ہوئے (کہ وہ بہت حسین جوانوں کی شکل میں آئے تھے اور لوط علیہ السلام نے ان کو آدمی سمجھا اور اپنی قوم کی نامعقول حرکت کا خیال آیا) اور (اس وجہ سے) ان (کے آنے) کے سبب تنگ دل ہوئے اور (فرشتوں نے جو یہ حال دیکھا تو) وہ فرشتے کہنے لگے آپ (کسی بات کا) اندیشہ نہ کریں اور نہ مغموم ہوں (ہم آدمی نہیں ہیں' عذاب کے فرشتے ہیں۔ کقولہ تعالی: انا رسل ربك اور اس عذاب سے) ہم آپ کو اور آپ کے خاص متعلقین کو بچالیں گے بجز آپ کی بی بی کے کہ وہ عذاب میں رہ جانے والوں میں ہوگی (اور آپ کو مع متعلقین کے اس سے بچا کر) ہم اس بستی کے (بقیہ) باشندوں پر ایک آسمانی عذاب (یعنی اسباب غیر طبعیہ غیر ارضیہ سے) ان کی بدکاریوں کی سزا میں نازل کرنے والے ہیں (چنانچہ وہ بستی الٹ دی گئی اور غیبی پتھروں سے سنگ باری کی گئی (اور ہم نے اُس بستی کے کچھ ظاہر نشان (اب تک) رہنے دیئے ہیں ان لوگوں (کی عبرت) کے لئے جو عقل رکھتے ہیں (چنانچہ اہل مکہ سفر شام میں ان ویران مقامات کو دیکھتے تھے اور جو اہل عقل تھے وہ منتفع بھی ہوتے

www.besturdubooks.net

تھے کہ ڈر کر ایمان لے آتے تھے)۔ **ف**: سورۂ اعراف و سورۂ ہود و سورۂ حجر میں یہ قصہ آ چکا ہے بعض ضروری فوائد اس کے متعلق وہاں لکھے گئے ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ رَبِّ انْصُرْنِیْ ..... اعدائے دین پر بددعا کرنے کا جواز ثابت ہوتا ہے اور یہ کہ یہ کمال اخلاق مثل حلم و کرم کے منافی نہیں۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ اِنَّ فِیْهَا لُوْطًا اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اہل اللہ کا کسی مجمع میں ہونا ان پر عقوبت نازل ہونے سے مانع ہوتا ہے اور اہل اللہ کا ان سے جدا ہو جانا اس مانع کا ارتفاع ہے اور یہ اقتضا اس کا فی نفسہ ہے گو کسی عارض سے متخلف ہو جاوے۔ قولہ تعالیٰ: وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا اس سے ثابت ہوا کہ طبعی غم اور ضیق کمال کے منافی نہیں جبکہ ان کے مقتضا سے غیر مشروع پر عمل نہ کیا جاوے۔ قولہ تعالیٰ: اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِیْنَ اس میں دلالت ہے کہ مقبولین کے ساتھ محض قرابت کا تعلق بدوں ایمان کے نافع نہیں۔

حاشیہ: (۱) مراد اس سے وہی اتیان رجال ہے کہ سر مجلس کرتے تھے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: (۱) قوله في تركنا منها: اس بستی اشارة الى المرجع القرية والآية الديار الخربة كذا في الخازن ۱۲۔

النحو: قوله منجوك محل الكاف الجر بالاضافة ولذا حذفت النون عند سيبويه واهلك منصوب على اضمار فعل اى وننجي اهلك وذهب الاخفش وهشام الى ان الكاف في محل النصب واهلك معطوف عليه وحذفت النون لشدة طلب الضمير الاتصال بما قبله للاضافة كذا في الروح ۱۲۔

وَاِلٰى مَدْیَنَ اَخَاهُمْ شُعَیْبًا ۙ فَقَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْیَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ﴿۳۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ ﴿۳۷﴾ وَعَادًا وَّثَمُوْدَاۡ وَقَدْ تَّبَیَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۟ وَزَیَّنَ لَهُمُ الشَّیْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِیْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِیْنَ ﴿۳۸﴾ وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۟ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰی بِالْبَیِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِی الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِیْنَ ﴿۳۹﴾ فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَیْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّیْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِیَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ ﴿۴۰﴾

اور مدین والوں کے پاس ہم نے ان (کی برادری) کے بھائی شعیب کو پیغمبر بنا کر بھیجا سو انہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو (اور شراب چھوڑ دو) اور روز قیامت سے ڈرو اور سرزمین میں فساد مت پھیلاؤ۔ سو ان لوگوں نے شعیب کو جھٹلایا پس زلزلہ نے ان کو آ پکڑا پھر وہ اپنے گھروں میں اوندھے منہ گر کر رہ گئے اور ہم نے عاد اور ثمود کو بھی (انکے عناد و خلاف کی وجہ سے) ہلاک کیا اور یہ ہلاک ہونا تم کو ان کے رہنے کے مقامات سے نظر آ رہا ہے اور حالت ان کی یہ تھی کہ شیطان نے کے اعمال (بد) کو ان کی نظر میں مستحسن کر رکھا تھا اور (اس ذریعہ سے) ان کو راہ (حق) سے باز رکھا تھا اور وہ لوگ (ویسے) ہوشیار تھے اور ہم نے قارون اور فرعون اور ہامان کو بھی (انکے کفر کے سبب) ہلاک کیا اور ان (تینوں) کے پاس موسیٰ کھلی دلیلیں (حق کی) لے کر آئے تھے پھر ان لوگوں نے زمین میں سرکشی کی اور (ہمارے عذاب سے) بھاگ نہ سکے تو ہم نے ہر ایک کو اسکے گناہ کی سزا میں پکڑ لیا سو ان میں بعضوں پر تو ہم نے تند ہوا بھیجی اور ان میں بعضوں کو ہولناک آواز نے آ دبایا اور ان میں بعضوں کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا اور ان میں بعضوں کو ہم نے (پانی میں) ڈبو دیا۔ اللہ تعالیٰ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا لیکن یہی لوگ (شرارتیں کر کے) اپنے اوپر ظلم کیا کرتے تھے۔

تفسیر: قصۂ چہارم شعیب علیہ السلام: وَاِلٰى مَدْیَنَ (الی قوله تعالیٰ) فَاَصْبَحُوْا فِیْ دَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ ﴿۳۷﴾ اور مدین والوں کے پاس ہم نے ان (کی برادری) کے بھائی شعیب (علیہ السلام) کو پیغمبر بنا کر بھیجا سو انہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو (اور شرک چھوڑ دو) اور روزِ قیامت سے ڈرو[1] (اور انکار بعث چھوڑ دو) اور سرزمین میں فساد مت پھیلاؤ (یعنی حقوق اللہ و حقوق العباد کو ضائع مت کرو جیسا کفر و شرک کے ساتھ کم ناپنے تولنے کے بھی خوگر تھے اور اقامت عدل کے ترک کا فساد ہونا ظاہر ہے) سو ان لوگوں نے شعیب (علیہ السلام) کو جھٹلایا پس زلزلہ نے اُن کو آ پکڑا پھر وہ اپنے گھروں میں اوندھے گر کر رہ گئے۔ **ف**: سورۂ اعراف اور سورۂ ہود میں یہ قصہ مع ضروری فوائد کے گزرا ہے۔

قصۂ پنجم و ششم و ہفتم و ہشتم و نہم تذکرۂ اجمالی عاد و ثمود و قارون و فرعون و ہامان: وَعَادًا وَّثَمُوْدَاۡ (الی قوله تعالیٰ) وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ ﴿۴۰﴾ اور ہم نے عاد و ثمود کو بھی (اُن کے عناد و خلاف کی وجہ سے) ہلاک کیا اور یہ ہلاک ہونا تم کو ان کے رہنے کے مقامات سے نظر آ رہا ہے (کہ آثار ویرانی و بربادی

www.besturdubooks.net

کے ان سے نمایاں ہیں اور یہ مقامات شام کو جاتے ہوئے ملتے تھے) اور (حالت ان کی یہ تھی کہ) شیطان نے ان کے اعمال (بد) کو ان کی نظر میں مستحسن کر رکھا تھا اور (اس ذریعہ سے) ان کو راہ (حق) سے روک رکھا تھا اور وہ لوگ (ویسے) ہوشیار تھے (مجنون ومعتوہ نہ تھے مگر اس جگہ انہوں نے اپنی عقل سے کام نہ لیا) اور ہم نے قارون اور ہامان کو بھی (ان کے کفر کے سبب) ہلاک کیا اور (ان تینوں) کے پاس موسیٰ (علیہ السلام) کھلی دلیلیں (حق کی) لے کر آئے تھے پھر ان لوگوں نے زمین میں سرکشی کی اور ہمارے (عذاب سے) بھاگ نہ سکے تو ہم نے (ان پانچوں میں سے) ہر ایک کو اس کے گناہ کی سزا میں پکڑ لیا' سو ان میں بعضوں پر تو ہم نے تند ہوا بھیجی (مراد اس سے قوم عاد ہے) اور ان میں بعضوں کو ہولناک آواز نے آ دبایا (مراد اس سے ثمود ہے ۔ لقولہ تعالیٰ فی سورۃ ہود: وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ [ہود : ٦٧]) اور ان میں بعض کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا (مراد اس سے قارون ہے) اور ان میں بعض کو ہم نے (پانی میں) ڈبو دیا (مراد اس سے فرعون وہامان ہے) اور (ان لوگوں پر جو عذاب نازل ہوئے تو) اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا (یعنی بلاوجہ سزا دیتا جو ظاہراً مشابہ ظلم کے ہے' گو واقع میں بوجہ اپنے ملک میں تصرف کرنے کے یہ بھی ظلم نہ ہوتا) لیکن یہی لوگ (شرارتیں کر کے) اپنے اوپر ظلم کیا کرتے تھے (کہ اپنے کو مستحق تعذیب بنایا اور غارت ہوئے تو اپنا ضرر خود کیا) **ف**: عاد ثمود کا قصہ اعراف اور ہود میں گزر چکا ہے اور بقیہ تین کا سورۂ قصص میں ۔ **ربط**: شروع سورت سے کفار کے مسلمانوں کو ایذاء دینے کے مضمون کا سلسلہ یہاں تک چلا آیا ہے ۔ آگے توحید ونبوت کی تحقیق ہے جو بناء تھی اس ایذاء رسانی کی اور اس سے اس ایذاء رسانی کا ناحق ہونا بھی واضح ہو جاوے گا' کقولہ تعالیٰ: وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ ..... [البروج : ٨]

ملحقات الترجمة: ۱قوله في ارجوا: ذ رواشارة الى ان الرجاء بمعنى الخوف ۱۲۔

اللغات: الحاصب الريح التى ترمي بالحصباء العنكبوت في اعراب القرآن النون في العنكبوت اصل و التاء زائدة لقولهم في جمعه عناكب وفي القاموس يقع على الذكر والانثىٰ ۱۲۔على الذكر والانثىٰ ۱۲۔

النحو: عادا مع ما عطف عليه معمول لقد راى اهلكنا المدلول عليه بقوله فاخذتهم الرجفة۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ؕ وَ اِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴۲﴾ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۴﴾

وقف لازم

ع ۴

جن لوگوں نے اللہ کے سوا اور کارساز تجویز کر رکھے ہیں ان لوگوں کی مثال مکڑی کی سی مثال ہے ۔ جس نے ایک گھر بنایا اور کچھ شک نہیں کہ سب گھروں میں زیادہ بودا مکڑی کا گھر ہوتا ہے ۔ اگر وہ (حقیقت حال کو) پہنچانتے تو ایسا نہ کرتے ۔ اللہ تعالیٰ (تو) ان سب چیزوں (کی حقیقت اور صنعت) کو جانتا ہے جس جس کو وہ لوگ اللہ کے سوا پوج رہے ہیں (پس وہ چیزیں تو نہایت ضعیف ہیں) اور وہ (اللہ تعالیٰ) زبردست حکمت والا ہے اور ہم ان (قرآنی) مثالوں کو لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے بیان کرتے ہیں اور ان مثالوں کو بس علم والے ہی لوگ سمجھتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو مناسب طور پر بنایا ہے ایمان والوں کے لئے اس میں (اس کے استحقاق عبادت کی) بڑی دلیل ہے ۔ ۞

تفسیر : تزییف شرک واثبات توحید: مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ (الی قوله تعالی) اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۴﴾ جن لوگوں نے خدا کے سوا اور کارساز تجویز کر رکھے ہیں ان لوگوں کی (مثال) مکڑی کی سی مثال ہے جس نے ایک گھر بنایا اور کچھ شک نہیں کہ سب گھروں میں زیادہ بودا مکڑی کا گھر ہوتا ہے (پس جیسا اُس مکڑی نے اپنے زعم میں اپنی پناہ بنائی ہے مگر واقع میں وہ پناہ غایت ضعف سے کالعدم ہے' اسی طرح یہ مشرک معبودات باطلہ کو اپنے زعم میں اپنی پناہ سمجھتے ہیں مگر واقع میں وہ پناہ لاشئے محض ہے) اگر وہ (حقیقت حال کو) جانتے تو ایسا نہ کرتے (یعنی شرک نہ کرتے لیکن وہ نہ جانیں تو کیا ہوا (اللہ تعالیٰ (تو) ان سب چیزوں (کی حقیقت اور ضعف) کو جانتا ہے جس جس کو وہ لوگ خدا کے سوا پوج رہے ہیں (پس وہ چیزیں تو نہایت ضعیف ہیں) اور وہ (خود یعنی اللہ تعالیٰ) زبردست حکمت والا ہے (جس کا حاصل قوت علمیہ وعملیہ میں کامل ہونا ہے) اور (چونکہ ہم ان چیزوں کی حقیقت کو جانتے ہیں اس لئے) ہم ان (قرآنی) مثالوں کو (جن میں سے ایک مثال اس مقام پر مذکور ہے) لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے بیان کرتے ہیں اور ان (مثالوں سے

www.besturdubooks.net

چاہئے تھا کہ ان لوگوں کا عدم علم جو لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ؀ سے مفہوم ہوتا ہے مبدل بہ علم ہو جاتا ہے مگر) ان مثالوں کو بس علم والے ہی لوگ سمجھتے ہیں (خواہ حالاً موصوف بالعلم ہوں یا مآلاً ہوں یعنی علم اور حق کے طالب ہوں اور یہ لوگ طالب بھی نہیں اس لئے جہل میں مبتلا رہتے ہیں لیکن ان کے جہل سے حق' حق ہی رہے گا جس کو خدا جانتا ہے اور اپنے بیان سے ظاہر فرماتا ہے پس غیر اللہ کا مستحق عبادت نہ ہونا تو ثابت ہوا آگے اللہ تعالیٰ کے مستحق عبادت ہونے کی دلیل ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو مناسب طور پر بنایا ہے (چنانچہ وہ بھی تسلیم کرتے ہیں) ایمان والوں کے لئے اس میں (اس کے استحقاق عبادت کی) بڑی دلیل ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اس آیت میں دلالت ہے کہ عقل ونظر کے ہوتے ہوئے تسویل نفسانی وشیطانی عذر نہیں اگرچہ عقل ونظر کے استعمال سے غافل رہے۔

ملحقات الترجمۃ: قولہ فی الأیۃ بڑی افادہ التنوین ۱۲۔

النحو: قولہ ما یدعون من دونہ من شئ من الاولٰی متعلقۃ بیدعون والثانیۃ للتبیین ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ اتخذت الخ بیان لصفۃ العنکبوت التی یدور علیھا امر التشبیہ فالمشرکون مشبہ والعنکبوت مشبہ بہ وکذا الاولیاء مشبہ والبیت مشبہ بہ ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْكَرِ ؕ وَ لَذِكْرُ
اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَ لَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۖ اِلَّا
الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَ قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَ اِلٰهُنَا وَ اِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّ نَحْنُ لَهٗ
مُسْلِمُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَ كَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَ مِنْ هٰٓؤُلَآءِ
مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَ مَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾

یہ کتاب آپ پر وحی کی گئی ہے آپ اسے پڑھا کیجئے اور نماز کی پابندی رکھئے بے شک نماز (اپنی وضع کے اعتبار سے) بے حیائی اور ناشائستہ کاموں سے روک ٹوک کرتی رہتی ہے اور اللہ کی یاد بہت بڑی چیز ہے اور اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں کو جانتا ہے اور تم اہل کتاب کے ساتھ مہذب طریقہ کے مباحثہ مت کرو۔ ہاں جو ان میں زیادتی کریں اور یوں کہو کہ ہم اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو ہم پر نازل ہوئی اور ان کتابوں پر بھی جو تم پر نازل ہوئیں اور (یہ تم بھی تسلیم کرتے ہو کہ) ہمارا اور تمہارا معبود ایک ہے اور ہم تو اس کی اطاعت کرتے ہیں اور اسی طرح ہم نے آپ پر کتاب نازل فرمائی۔ سو جن لوگوں کو ہم نے کتاب (کی نافع سمجھ) دی ہے وہ اس (آپ والی) کتاب پر ایمان لے آتے ہیں اور ان (اہل عرب مشرک) لوگوں میں بھی بعض ایسے (منصف) کہ اس کتاب پر ایمان لے آتے ہیں اور ہماری آیتوں سے (ضدی) کافروں کے اور کوئی منکر نہیں ہوتا۔

تفسیر ربط: اوپر توحید کا ذکر تھا جس کی وجہ ارتباط اس کے قبل تمہید میں بیان ہو چکی ہے۔ آگے نبوت کا ذکر ہے۔ اس ترتیب سے کہ اول حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ سے تبلیغ قولی اور اَقِمِ الصَّلٰوةَ سے تبلیغ فعلی کا حکم اور اس کے بعد کے جملوں میں بیان فضل اعمال و بیان علم الٰہی سے ترغیب و ترہیب شرائع کی کہ معین مقصود تبلیغ ہے اور لَا تُجَادِلُوْٓا سے قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ تک منکرین رسالت سے کلام اول اہل کتاب سے پھر غیر اہل کتاب سے پھر آگے يَسْتَعْجِلُوْنَكَ سے بعض منکرین رسالت کے ایک شبہ کا جواب مذکور ہے۔

کلام متعلق رسالت: اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ (الی قولہ تعالی) وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ آپ رسول ہیں اس لئے) جو کتاب آپ پر وحی کی گئی ہے آپ (تبلیغ کے واسطے) اُس کو (لوگوں کے سامنے) پڑھا کیجئے اور (تشریع قولی کے ساتھ تشریع فعلی بھی کیجئے کہ ان کو دین کے کام کر کے دکھلایئے بالخصوص) نماز کی (جو کہ اعظم عبادات ہے) پابندی رکھئے (تاکہ اور لوگ بھی اس کا اتباع کریں اور اس اتباع کی ترغیب کے لئے اس کی فضیلت سنائی جاتی ہے کہ) بے شک نماز (اپنی وضع کے (اعتبار سے) بے حیائی اور ناشائستہ کاموں سے روک ٹوک کرتی رہتی ہے (یعنی بلسان حال کہتی ہے کہ جس معبود کی تو اتنی تعظیم کرتا ہے فحشاء ومنکر کے ارتکاب سے اس کی بے تعظیمی نہایت نازیبا ہے) اور (اسی طرح نماز کے سوا جتنے اعمال خیر ہیں سب پابندی کے قابل ہیں کیونکہ وہ سب قولاً یا فعلاً اللہ کی یاد ہیں اور) اللہ کی یاد بہت بڑی چیز ہے (یعنی اس میں بڑی فضیلت ہے اس لئے قابل پابندی کے ہے) اور (ترغیب کے ساتھ ترہیب کا مضمون بھی عام عنوان سے سن لو وہ یہ کہ) اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں کو جانتا ہے (اور جیسا کام کرو گے ویسا بدلہ ملے گا خیر کا خیر اور شر کا شر) ف: اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى کی جو تقریر ترجمہ میں کی گئی ہے اس سے شبہ مشہورہ جاتا رہا کہ اکثر لوگ باوجود یکہ نماز کے پابند ہیں مگر برے کام بھی کرتے ہیں۔ منشاء شبہ کا یہ ہے کہ نہی کے لئے انتہا کو لازم سمجھ لیا گیا۔ تقریر مذکور کا مبنی یہ ہے کہ انتہاء لوازم نہی سے نہیں پس یہ نہی ایسی ہے جیسے حدیث میں قرآن مجید کی آیت: جَآءَكُمُ النَّذِيْرُ کی تفسیر شیب کے ساتھ آئی ہے جس سے شیب کا ناہی ہونا مفہوم ہوا مگر اہل شیب بھی بعضے نہیں ڈرتے' البتہ اس نہی بلسان الحال پر اگر بار بار نظر واقع ہوتی رہے تو اکثر اس پر انتہاء یعنی باز رہنا معاصی سے مرتب ہو جاتا ہے اور یہ معنی ہیں اس حدیث کے جو روح المعانی میں بروایت احمد وابن حبان و بیھقی حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ کسی شخص کا حال حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ رات کو نماز پڑھتا رہتا ہے صبح ہوتے چوری کرتا ہے۔ آپ نے فرمایا: سینھاہ ما تقول اھ۔ آپ کو وحی سے خاص اس شخص کا حال معلوم ہو گیا ہوگا کہ نہی خالی اس کو مؤثر ہو جاوے گی اس سے عموم لازم نہیں آتا تاکہ اشکال واقع ہو۔

بقیہ کلام مذکور: جس کا ربط ابھی بیان ہو چکا: وَ لَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ (الی قولہ تعالی) وَ مَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾ اور (جب پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت ثابت ہے تو اے مسلمانو منکرین رسالت میں سے جو اہل کتاب ہیں ہم ان سے گفتگو کا طریقہ بتلاتے ہیں اور یہ تخصیص اس لئے کہ اول تو وہ بوجہ اہل علم ہونے کے بات کو سنتے ہیں اور مشرکین تو بات سننے سے پہلے ایذاء کے درپے ہو جاتے تھے۔ دوسرے اہل علم کے ایمان لے آنے سے عوام کا ایمان زیادہ متوقع

www.besturdubooks.net

ہو جاتا ہے اور وہ طریقہ یہ ہے کہ) تم اہل کتاب کے ساتھ بجز مہذب طریقہ کے مباحثہ مت کرو ہاں جو ان میں زیادتی کریں (تو ان کو جواب ترکی بترکی دینے کا مضائقہ نہیں گو افضل جب بھی طریقہ احسن ہے) اور (وہ مہذب طریقہ یہ ہے کہ مثلاً ان سے) یوں کہو کہ ہم اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو ہم پر نازل ہوئی اور ان کتابوں پر بھی (ایمان رکھتے ہیں) جو تم پر نازل ہوئیں (کیونکہ مدار ایمان کا منزل من اللہ ہونا ہے پس جب ہماری کتاب کا منزل من اللہ ہونا تمہاری کتب سے بھی ثابت ہے۔ پھر تم کو قرآن پر بھی ایمان لانا چاہئے) اور (یہ تم بھی تسلیم کرتے ہو کہ) ہمارا اور تمہارا معبود ایک ہے (کقولہ تعالیٰ: کَلِمَةٍ سَوَآءٍ بَیْنَنَا [ال عمران : ٦٤] جب توحید متفق علیہ ہے اور احبار و رہبان کی اطاعت سے نبی زمان پر ایمان نہ لانا خلاف توحید ہے تو تم کو ہمارے نبی پر ایمان لانا چاہئے۔ کقولہ تعالیٰ: ولا یتخذ بعضنا ...) اور (اس گفتگو کے ساتھ اپنا مسلمان ہونا تنبیہ کے لئے سنا دو کہ) ہم تو اس کی اطاعت کرتے ہیں (اس میں عقائد و اعمال سب آ گئے یعنی اسی طرح تم کو بھی چاہئے جبکہ مقتضی موجود ہے۔ کقولہ تعالیٰ: فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ [ال عمران : ٦٤] اور (جس طرح ہم نے پہلے انبیاء پر کتابیں نازل کیں) اسی طرح ہم نے آپ پر کتاب نازل فرمائی (جس کی بناء پر مجادلہ بالاحسن کی تعلیم کی گئی) سو جن لوگوں کو ہم نے کتاب (کی نافع سمجھ[۲]) دی ہے وہ اس (آپ والی) کتاب پر ایمان لے آتے ہیں (اور ان سے مجادلہ کی بھی نوبت شاذ و نادر آتی ہے) اور ان (اہل عرب مشرک) لوگوں میں بھی بعض ایسے (منصف) ہیں کہ اس کتاب پر ایمان لے آتے ہیں (خواہ خود سمجھ کر یا اہل علم کے ایمان سے استدلال کر کے) اور (وضوح دلائل کے بعد) ہماری (اس کتاب کی) آیتوں سے بجز (ضدی[۴]) کافروں کے اور کوئی منکر نہیں ہوتا۔ ف: مجادلہ بالاحسن کا حکم مشرکین کے ساتھ بھی آخر سورۂ نحل میں آیا ہے۔ یہاں وجہ تخصیص اہل کتاب کی خود تقریر ترجمہ میں لکھ دی گئی۔

تَرْجَمَهٔ مَسَائِلُ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ: اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ اس آیت میں اصول اعمال سلوک یعنی تلاوت و صلوٰۃ و ذکر و مراقبہ مجتمع ہیں اور دوسرے اعمال ان کے تابع ہوتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اس میں دلالت ہے کہ مخالف کے ساتھ اولاً نرمی برتے اور جب عناد ظاہر ہو تو خشونت کی اجازت ہے اور اہل اللہ کا مخالفین کے ساتھ یہی طریق ہے۔ باقی طالبین کے ساتھ دوسرا طرز ہے کہ عذر کی حالت میں نرمی اور عذر نہ ہونے کے وقت سختی اور یہی طرز تھا رسول اللہ ﷺ کا صحابہؓ کے ساتھ۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَة: [۱] قوله قبل لذكر الله: سب یاد ہیں کما فی الحصن الحصين و كل يطيع الله تعالى فهو ذاكر ١٢۔ [۲] قوله فی اتيناهم نافع سمجھ لم يروا التقدير بل اراد ان ايتاء الكتب المعتدبه هو ما اذا عمل به ١٢۔ [۳] قوله فی ومن هؤلاء: اہل عرب مشرک دل عليه كون هؤلاء مقابلا للذين آتينهم الكتب ويتايد بان السورة مكية وما كان فيها الا المشركون ١٢۔ [۴] قوله فی الكافرون: ضدی اشارة الى ان المراد الكاملون فی الكفر ١٢۔

وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿٤٨﴾ بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ
صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ
قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٥٠﴾ اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ۭ
ع اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٥١﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِي
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٥٢﴾

اور آپ اس کتاب سے پہلے نہ کوئی کتاب پڑھے ہوئے تھے اور نہ کوئی کتاب اپنے ہاتھ سے لکھ سکتے۔ کہ ایسی حالت میں یہ ناحق شناس لوگ کچھ شبہ نکالتے بلکہ یہ کتاب خود بہت سی واضح دلیلیں ہیں ان لوگوں کے ذہن میں جن کو علم عطا ہوا ہے اور ہماری آیتوں سے بس ضدی لوگ ہی انکار کئے جاتے ہیں اور یہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ ان پر ان کے رب کے پاس سے نشانیاں کیوں نہیں نازل ہوئیں۔ آپ یوں کہہ دیجئے کہ وہ نشانیاں تو اللہ کے قبضہ میں ہیں اور میں تو صرف ایک صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ کیا ان لوگوں کو یہ بات کافی نہیں ہوئی کہ ہم نے آپ پر یہ کتاب نازل فرمائی جو ان کو سنائی جاتی رہتی ہے۔ بلا شبہ اس کتاب میں ایمان لانے والے لوگوں کے لئے بڑی رحمت اور نصیحت ہے۔ آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ میرے اور تمہارے درمیان گواہ بس ہے۔ اس کو سب چیز کی خبر ہے جو چیز آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے اور جو لوگ جھوٹی باتوں پر یقین رکھتے ہیں اور اللہ کے منکر ہیں تو وہ لوگ بڑے زیاں کار ہیں۔

www.besturdubooks.net

تفسیر: بقیہ کلام در رسالت: وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ (الی قولہ تعالیٰ) اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ (اوپر مجادلہ کی تقریر دلیل نقلی تھی جس سے خاص اہل نقل کو تخاطب تھا' آگے دلیل عقلی ہے جس میں عام تخاطب ہے یعنی) اور (جو لوگ آپ کی نبوت کے منکر ہیں ان کے پاس کوئی منشاء اشتباہ بھی تو نہیں' کیونکہ) آپ اس کتاب (یعنی قرآن) سے پہلے نہ کوئی کتاب پڑھے ہوئے تھے اور نہ کوئی کتاب اپنے ہاتھ سے لکھ سکتے کہ ایسی حالت میں یہ ناحق شناس لوگ کچھ شبہ نکالتے (کہ یہ لکھے پڑھے آدمی ہیں' آسمانی کتابیں دیکھ بھال کر ان کی مدد سے مضامین سوچ کر فرصت میں بیٹھ کر لکھ لیتے اور یاد کر کے ہم لوگوں کو سنا دیئے۔ یعنی اگر ایسا ہوتا تو کچھ امر منشاء اشتباہ تو ہوتا' گو جب بھی یہ شبہ کرنے والے مبطل ہوتے' کیونکہ اعجاز قرآنی پھر بھی دلالت علی النبوۃ کے لئے کافی تھا' لیکن اب تو اتنا منشاء اشتباہ بھی نہیں اس لئے یہ کتاب محل ارتیاب نہیں) بلکہ یہ کتاب (باوجود واحد ہونے کے چونکہ ہر حصہ اس کا معجز ہے اور حصص کثیر ہیں اس لئے وہ تنہا گویا) خود بہت سی واضح دلیلیں ہیں ان لوگوں کے ذہن میں جن کو علم عطا ہوا ہے اور (باوجود ظہور اعجاز کے) ہماری ان آیتوں سے بس ضدی لوگ انکار کئے جاتے ہیں (ورنہ منصف کو تو ذرا شبہ نہیں رہنا چاہئے) اور یہ لوگ (باوجود عطاء معجزہ قرآن کے محض براہ تعنت وعناد) یوں کہتے ہیں کہ ان (پیغمبر) پر ان کے رب کے پاس سے (ہماری فرمائشی) نشانیاں کیوں نہیں نازل ہوئیں۔ آپ یوں کہہ دیجئے کہ وہ نشانیاں تو خدا کے قبضہ قدرت میں ہیں اور (میرے اختیار کی چیزیں نہیں) میں تو صرف ایک صاف صاف (عذاب الٰہی سے) ڈرانے والا (یعنی رسول) ہوں (اور رسول ہونے پر صحیح دلیلیں رکھتا ہوں جن میں اعظم قرآن ہے' پھر خاص دلیل کی کیا ضرورت ہے خصوص جبکہ اس کے واقع نہ ہونے میں حکمت بھی ہو' آگے قرآن کا اعظم فی الدلالۃ ہونا فرماتے ہیں) کیا (دلالت علی النبوۃ میں) ان لوگوں کو یہ بات کافی نہیں ہوئی کہ ہم نے آپ پر یہ کتاب (معجز) نازل فرمائی ہے جو ان کو (ہمیشہ) سنائی جاتی رہتی ہے (کہ اگر ایک بار سننے سے اعجاز ظاہر نہ ہو تو دوسری بار میں ہو جاوے یا اس کے بعد ہو جاوے اور دوسرے معجزات میں تو یہ بات بھی نہ ہوتی' کیونکہ اس کا خارق عادت ہونا مستمر نہ ہوتا جیسا ظاہر ہے اور ایک ترجیح اس معجزہ میں یہ ہے کہ) بلاشبہ اس کتاب میں (معجزہ ہونے کے ساتھ) ایمان لانے والے لوگوں کے لئے بڑی رحمت اور نصیحت ہے (رحمت یہ کہ تعلیم احکام کی ہے جو نفع محض ہے اور نصیحت ترغیب وترہیب سے ہے اور یہ بات دوسرے معجزہ میں کب ہوتی۔ پس ان ترجیحات سے تو اس کو غنیمت سمجھتے اور ایمان لے آتے اور اگر اس سطوع دلائل کے بعد بھی ایمان نہ لاویں تو آخری جواب کے طور پر) آپ کہہ دیجئے کہ (خیر بھائی مت مانو) اللہ تعالیٰ میرے اور تمہارے درمیان (میری رسالت کا) گواہ بس ہے) اس کو سب چیز کی خبر ہے جو آسمان میں ہے اور زمین میں ہے اور (جب میری رسالت اور اللہ کا علم[1] محیط ثابت ہوا تو) جو لوگ جھوٹی باتوں پر یقین رکھتے ہیں اور اللہ (کی باتوں) کے منکر ہیں (جن میں رسالت بھی داخل ہے) تو وہ لوگ بڑے زیاں کار ہیں (یعنی جب اللہ کے ارشاد سے میری رسالت ثابت ہوگئی تو اس کا انکار کفر باللہ ہے اور اللہ تعالیٰ کا علم محیط ہے تو اس کو اس انکار وکفر کی بھی خبر ہے اور اللہ تعالیٰ کفر پر سزائے خسارہ دیتے ہیں' پس لامحالہ ایسے لوگ خاسر ہوں گے)۔ ف: مبطل کی جو تقریر کی گئی اس سے معلوم ہو گیا کہ ان کا مبطل کہنا صرف باعتبار زمان عدم تلاوت وعدم خط ہی کے نہیں ہے بلکہ تلاوت وخط کی تقدیر پر بھی ارتیاب کرنے سے مبطل ہی ہوتے اور فی صدور الذین اوتوا العلم کا ترجمہ مجمل کیا گیا ہے مفصل مقصود اس کا یہ ہے کہ اہل علم سے مراد مؤمنین ہیں قالہ الحسن کما فی الدر اور یہ صفت قرآن کی مدح کے لئے بڑھائی کہ یہ قوت حافظہ میں محفوظ ہے اور محتاج تقیید بالکتابۃ نہیں جس سے علاوہ اس کے فی نفسہٖ عجب ہونے اور مصداق ہونے کتب سابقہ کی اس پیشین گوئی کے کہ انا جیلھم فی صدورھم خود اس کتاب کے لئے تحریف وتبدیل سے موجب حفاظت بھی ہے اور اس صفت کا مادحہ ہونا ظاہر ہے اور درمنثور میں قتادہ سے مروی ہے کہ اہل علم سے مراد اہل کتاب ہیں اور ھو کی ضمیر رسول اللہ ﷺ کی طرف ہے اور معنی یہ ہے کہ آپ باعتبار اوصاف ما کنت تتلوا الخ کے جس کا حاصل اُمی ہونا ہے اہل کتاب کے صدور میں کہ محل علم ہیں' گویا خود دلیل ہیں اپنے صدق ونبوت کی اھ۔ اور اس تقدیر پر ھو کی ضمیر قرآن کی طرف بھی راجع ہو سکتی ہے اور دونوں احتمال پر حاصل اس کا یہ ہوگا یعرفونہ کما یعرفون ابناءھم...... اور قل کفی باللہ بینی و بینکم شھیدًا۔ باوجود یکہ دلیل نہ ماننے والے کے مقابلہ میں جواب ہے مگر پھر بھی اس میں اشارہ ہے دلیل کی طرف کیونکہ اللہ کی شہادت یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دلائل آپ کے صدق ونبوت پر قائم کئے اور باطل کے عموم میں تمام اھواء آلہہ باطلہ داخل ہو گئے۔

الحواشی: (۱) علم محیط موصوف صفت ۱۲۔

فائدۃ ملحقات: بقولہ تعالیٰ لا تخطّہٗ اختلف فی انہ صلی اللہ علیہ وھل کان بعد النبوۃ یقرأ ویکتب ام لا فقیل لما نزل القرآن واشتھر الاسلام وظھرا مرا لارتیاب تعرف الکتابۃ حینئذ وفی صحیح البخاری فی صلح الحدیبیۃ فاخذ رسول اللہ ﷺ الکتاب ولیس یحسن یکتب فکتب وقیل لا یکتب لما فی الحدیث سخن امۃ امیۃ لانکتب ولا نحسب ومعنی کتب امر بالکتابۃ والاولون یؤولون قولہ لا نکتب ان اکثر الامۃ امیون ملخصا من الروح واللہ تعالیٰ ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اللُّغَات: قوله يمينك تاكيد كقولك رأيت بعيني ١٢۔

النَّحْو: قوله اولم يكفهم عطف على مقدر اى اقصر عن الدلالة ولم يكفهم ١٢۔

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ ۚ وَلَوْلَا أَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَاءَهُمُ الْعَذَابُ وَلَيَأْتِيَنَّهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٥٣﴾ يَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ ﴿٥٤﴾ يَوْمَ يَغْشَاهُمُ الْعَذَابُ مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ وَيَقُولُ ذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٥٥﴾ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ أَرْضِي وَاسِعَةٌ فَإِيَّايَ فَاعْبُدُونِ ﴿٥٦﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ۖ ثُمَّ إِلَيْنَا تُرْجَعُونَ ﴿٥٧﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُبَوِّئَنَّهُم مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ نِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ ﴿٥٨﴾ الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ﴿٥٩﴾ وَكَأَيِّن مِّن دَابَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللَّهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦٠﴾

اور یہ لوگ آپ سے عذاب کا تقاضا کرتے ہیں اور اگر (علم الٰہی میں عذاب آنے کی) میعاد معین نہ ہوتی تو ان پر عذاب آچکا ہوتا اور وہ عذاب ان پر دفعۃً آپہنچے گا اور ان کو خبر بھی نہ ہوگی یہ لوگ آپ سے عذاب کا تقاضا کرتے ہیں اور اس میں کچھ شک نہیں کہ جہنم ان کافروں کو گھیر لے گی۔ جس دن کے ان پر عذاب ان کے اوپر سے اور ان کے نیچے سے گھیر لے گا اور حق تعالیٰ فرمادے گا کہ جو کچھ کرتے رہے ہو (اب اس کا مزہ) چکھو۔ اے میرے ایماندار بندو! میری زمین فراخ ہے۔ سو خالص میری ہی عبادت کرو ہر شخص کو موت کا مزہ چکھنا ہے پھر تم سب کو ہمارے پاس آنا ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے عمل کئے ہم ان کو جنت میں بالا خانوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں چلتی ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے کام کرنے والوں کا کیا اچھا اجر ہے جنہوں نے صبر کیا اور اپنے رب پر توکل کیا کرتے تھے اور بہت سے جانور ایسے ہیں جو اپنی غذا اٹھا کر نہیں رکھتے اللہ ہی ان (مقدر) روزی پہنچاتا ہے اور تم کو بھی اور وہ سب کچھ سنتا ہے سب کچھ جانتا ہے۔

تفسیر: بقیہ کلام در رسالت: وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ (الی قولہ تعالیٰ) ذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٥٥﴾ اور یہ (کافر) لوگ آپ سے عذاب (واقع ہونے) کا تقاضا کرتے ہیں (اور عذاب نہ آنے سے آپ کی رسالت پر شبہ وانکار کرتے ہیں) اور اگر (علم الٰہی میں عذاب آنے کے لئے) میعاد معین نہ ہوتی تو (اُن کی درخواست کے ساتھ ہی) ان پر عذاب آچکا ہوتا (پس مانع عذاب سے یہ ہے نہ کہ عدم تحقق نبوت جیسا انکار زعم فاسد ہے) اور (جب وہ میعاد آجاوے گی تو) وہ عذاب اُن پر دفعتاً آپہنچے گا اور ان کو خبر بھی نہ ہوگی (آگے ان کی جہالت اور رکاکت عقل کے اظہار کے لئے ان کے استعجال کی مکرر حکایت کے ساتھ اس میعاد کی تعیین اور اس عذاب کی تعیین فرماتے ہیں کہ) یہ لوگ آپ سے عذاب کا تقاضا کرتے ہیں اور (عذاب کی صورت یہ ہے کہ) اس میں کچھ شک نہیں کہ جہنم ان کافروں کو (ہر چہار طرف سے) گھیر لے گا جس دن کہ ان پر (اس جہنم کا) عذاب ان کے اوپر سے اور ان کے نیچے سے گھیر لے گا اور (اس وقت ان سے) حق تعالیٰ فرمادے گا کہ جو کچھ (دنیا میں) کرتے رہے ہو (اب اس کا مزہ) چکھو (پس وہ عذاب عذاب جہنم اور وہ میعاد یوم قیامت ہے)۔ ف: اور قیامت کا عذاب اچانک اس طرح ہوسکتا ہے کہ برزخ میں گو عذاب کا مشاہدہ ہے لیکن وہاں کا عذاب اور بھی اشد ہوگا اس کا مشاہدہ نہیں ہوا تھا گو علم الیقین ہو مگر عین الیقین کے مرتبہ کا انکشاف تو بغتۃً ہے۔ لقولہ تعالیٰ: النَّارُ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَعَشِيًّا ۖ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ أَدْخِلُوا آلَ فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذَابِ [المؤمن: ۴۶] واللہ اعلم۔ ربط: اوپر شروع سورت کفار کی عداوت مسلمانوں کے ساتھ اور اوپر کی متصل آیتوں میں انکار توحید ورسالت کے ضمن میں ان کی معاندت حق واہل حق کے ساتھ مذکور ومفہوم ہے اور یہ عداوت ومعاندت بوجہ مانع ہونے کے اقامت شرائع واجبہ سے اکثر ترک وطن یعنی ہجرت کی ضرورت و مقتضی ہوتی ہے اس لئے آگے ہجرت کا امر فرماتے ہیں اور چونکہ اس میں احیاناً ترک وطن واقارب کا خیال اور احیاناً فقر وفاقہ کا اندیشہ مانع ہوجاتا ہے اس لئے امر بالہجرت کے ساتھ ان موانع کا ابطال اور ساتھ مصاعب میں صبر اور رزق میں توکل اور ہجرت میں اقامت شرائع کا اجر ترغیب ہجرت کے لئے فرماتے ہیں۔

ترغیب ہجرت وتقویت آن بدفع موانع وذکر بواعث: يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا (الی قولہ تعالیٰ) وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦٠﴾ اے میرے ایماندار بندو (جب یہ لوگ غایت عداوت ومعاندت سے تم کو اقامت شرائع واختیار دین پر ایذاء پہنچاتے ہیں تو یہاں رہنا کیا ضرور) میری زمین فراخ ہے۔ سو (اگر یہاں رہ کر عبادت نہیں کرسکتے تو اور کہیں چلے جاؤ اور وہاں جاکر) خالص میری ہی عبادت کرو (کیونکہ یہاں اہل شرک کا زور ہے تو ایسی عبادت جو توحید محض پر مبنی ہو اور شرک سے خالص ہو یہاں مشکل ہے۔ البتہ خدا کے ساتھ غیر خدا کی بھی عبادت ہو یہ ممکن ہے مگر وہ عبادت ہی نہیں اور اگر تم کو ہجرت میں احباب واوطان کی

www.besturdubooks.net

مفارقت شاق معلوم ہوتو یہ سمجھ لو کہ ایک نہ ایک روز یہ تو ہونا ہی ہے کیونکہ) ہر شخص کو موت کا مزہ چکھنا (ضرور) ہے (آخر اس وقت سب چھوٹیں گے اور) پھر تم سب کو ہمارے پاس آنا ہے (اور نافرمان ہو کر آنے میں خوف سزا کا ہے) اور (یہ مفارقت اگر ہماری رضا کے واسطے ہو تو ہمارے پاس پہنچنے کے بعد اس وعدہ کے مستحق ہو جاؤ اور وعدہ یہ ہے کہ) جو لوگ ایمان لائے اور اچھے عمل کئے (جس کے لئے بعض اوقات ہجرت موقوف علیہ ہے تو ایسے وقت ہجرت بھی کی) ہم ان کو جنت کے بالا خانوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں چلتی ہوں گی اور وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور ان نیک) کام کرنے والوں کا کیا اچھا اجر ہے جنہوں نے (واقع شدہ سختیوں پر جن میں ہجرت کی سختی بھی داخل ہوگئی) صبر کیا اور (محتمل الوقوع تکالیف کے اندیشہ کے وقت جن میں دوسری محتمل سختیوں کے ساتھ اندیشہ رزق بھی آ گیا جس کا آگے ذکر ہوگا) وہ اپنے رب پر توکل کیا کرتے تھے اور (اگر ہجرت میں تم کو یہ وسوسہ ہو کہ پردیس میں کھانے کو کہاں سے ملے گا تو یہ سمجھ لو کہ) بہت سے جانور ایسے ہیں جو اپنی غذا اٹھا کر نہیں رکھتے (یعنی جمع نہیں کرتے گو بعضے جمع بھی کرتے ہیں مگر بہت سے نہیں بھی کرتے) اللہ ہی ان کو (مقدر) روزی پہنچاتا ہے اور تم کو بھی (مقدر روزی پہنچاتا ہے خواہ تم کہیں ہو پھر ایسا وسوسہ مت لاؤ بلکہ دل قوی کر کے اللہ پر بھروسہ رکھو) اور (وہ بھروسہ کے لائق ہے کیونکہ) وہ سب کچھ سنتا سب کچھ جانتا ہے (اسی طرح دوسری صفات میں کامل ہے اور جو ایسا کامل الصفات ہو وہ ضرور بھروسہ کے قابل ہے)۔

ملحقات الترجمۃ: قوله في السميع العلم: سب کچھ دل عليه الصيغة ۱۲۔

النحو: قوله يوم يغشٰهم متعلق بقوله محيطة ۱۲۔ قوله غرفا اسهل الوجوه انه مفعول ثان ۱۲۔

البلاغۃ: قوله السميع العليم تخصيص الوصفين من بين سائر الصفات لكونهما الصق بامر التوكل لان اشد ما يكون المانع من التوكل هو ذهول المتوكل عليه ۱۲۔

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ ۖ فَأَنّٰى يُؤْفَكُونَ ﴿٦١﴾ اللّٰهُ يَبْسُطُ
الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ لَهُ ۚ إِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٦٢﴾ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ
مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ﴿٦٣﴾ وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ
الدُّنْيَا إِلَّا لَهْوٌ وَلَعِبٌ ۚ وَإِنَّ الدَّارَ الْآخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿٦٤﴾ فَإِذَا رَكِبُوا فِي
الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰهُمْ إِلَى الْبَرِّ إِذَا هُمْ يُشْرِكُونَ ﴿٦٥﴾ لِيَكْفُرُوا بِمَا
آتَيْنٰهُمْ ۙ وَلِيَتَمَتَّعُوا ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿٦٦﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا آمِنًا وَيُتَخَطَّفُ النَّاسُ
مِنْ حَوْلِهِمْ ۚ أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُونَ ﴿٦٧﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا
أَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُ ۚ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِلْكٰفِرِينَ ﴿٦٨﴾ وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۚ
وَإِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٦٩﴾

اور اگر آپ ان سے دریافت کریں کہ وہ کون ہے جس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا اور جس نے سورج اور چاند کو کام میں لگا رکھا ہے تو وہ لوگ بھی کہیں گے کہ وہ اللہ ہے پھر کدھر الٹے چلے جا رہے ہو۔ اللہ ہی اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہے روزی فراخ کر دیتا ہے۔ بے شک اللہ ہی سب چیزوں کے حال سے واقف ہے اور اگر آپ ان سے دریافت کریں کہ وہ کون ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس نے زمین کو بعد اس کے خشک پڑی تھی تر و تازہ کر دیا۔ تو لوگ بھی یہی کہیں گے کہ وہ بھی اللہ ہی ہے آپ کہہ دیجئے کہ الحمد للہ بلکہ ان میں اکثر سمجھتے بھی نہیں اور دینوی زندگی (کی تفسیر) لہو و لعب کے اور کچھ نہیں اور اصل زندگی عالم آخرت ہے اگر ان کو اس کا علم ہوتا تو ایسا نہ کرتے پھر جب یہ لوگ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو خالص اعتقاد کر کے اللہ ہی کو پکارنے لگتے ہیں پھر جب ان کو نجات دے کر خشکی کی طرف لے آتا ہے تو فوراً ہی شرک کرنے لگتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ ہم نے جو نعمت ان کو دی ہے ان کی ناقدری کرتے ہیں اور یہ لوگ چندے اور حظ حاصل کر لیں پھر قریب ہی ان کو سب خبر ہوئی جاتی ہے۔ کیا ان لوگوں نے اس بات پر نظر نہیں کی کہ ہم نے امن والا حرم بنایا ہے اور ان کے گرد پیش میں لوگوں کو نکالا جا رہا ہے پھر کیا یہ لوگ جھوٹے معبودوں پر تو ایمان لاتے

www.besturdubooks.net

ہیں اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ناشکری کرتے ہیں اور اس شخص سے زیادہ کون ناانصاف ہوگا جو اللہ پر جھوٹ افترا کرے اور جب سچی بات اس کے پاس پہنچے وہ اس کو جھٹلا دے کیا ایسے کافروں کا جہنم میں ٹھکانہ نہ ہوگا اور جو لوگ ہماری راہ میں مشقتیں برداشت کرتے ہیں ہم ان کو اپنے (قرب وثواب یعنی جنت کے) راستے ضرور دکھلائیں گے اور بے شک اللہ تعالیٰ (کی رضا ورحمت) ایسے خلوص والوں کے ساتھ ہے۔

تفسیر ربط: اوپر مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا ...... میں تزئیف شرک واثباتِ توحید کا مضمون تھا اور پھر رسالت وہجرت کا بیان آ گیا تھا چونکہ امرِ توحید نہایت مہتم بالشان ہے اس لئے آگے پھر توحید کی طرف عود ہے قریب ختم سورت تک۔

عود بسوئے تزئیف شرک واثبات توحید: وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (الی قوله تعالی) اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ اور (توحید فی الالوہیۃ کا جومنکر ہے یعنی توحید فی التکوین وہ توان لوگوں کے نزدیک بھی مسلم ہے چنانچہ) اگر آپ اُن سے دریافت کریں کہ (بھلا) وہ کون ہے جس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا اور جس نے سورج اور چاند کو کام میں لگا رکھا ہے تو وہ لوگ یہی کہیں گے کہ وہ اللہ ہے پھر (جب توحید فی التکوین کو مانتے ہیں تو توحید فی الالوہیۃ کے بارہ میں) کدھر اُلٹے چلے جارہے ہیں (اور جیسا خالق اللہ ہی ہے اسی طرح) اللہ ہی (رازق بھی ہے چنانچہ) وہ اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور جس کے لئے چاہے تنگ کر دیتا ہے بے شک اللہ ہی سب چیز کے حال سے واقف ہے (جیسی مصلحت دیکھتا ہے ویسی ہی روزی دیتا ہے۔ غرض رازق وہی ٹھہرا۔ پس رزق کے لئے بھی شرک کرنا بیہودہ ٹھہرا۔ کقولہ تعالیٰ اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ) اور (جیسا توحید فی التکوین ان کے نزدیک مسلم ہے اسی طرح توحید فی الابقاء والتدبیر بھی ان کے نزدیک مسلم ہے چنانچہ) اگر آپ اُن سے دریافت کریں کہ وہ کون ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس سے زمین کو بعد اس کے کہ خشک (ناقابل نباتات) پڑی تھی تروتازہ (قابل نباتات) کر دیا تو (جواب میں) وہ لوگ یہی کہیں گے کہ وہ بھی اللہ ہی ہے۔ آپ کہئے کہ الحمد للہ (اتنا تو اقرار کیا جس سے احتجاج توحید فی الالوہیت پر بدیہی ہے مگر یہ لوگ مانتے نہیں مع) بلکہ (اس سے بڑھ کر یہ ہے کہ) ان میں اکثر سمجھتے بھی نہیں (نہ اس وجہ سے کہ عقل نہیں بلکہ عقل سے کام نہیں لیتے اور غور نہیں کرتے اس لئے بدیہی بھی خفی رہتا ہے) اور (وجہ ان کے غور نہ کرنے کی انہماک ہے مشاغل دنیا میں حالانکہ) یہ دنیوی زندگی (جس کے یہ تمام تر اشغال ہیں فی نفسہ) بجز لہو ولعب کے اور کچھ بھی نہیں اور اصل زندگی عالم آخرت (کی) ہے (چنانچہ دنیا کے فانی اور آخرت کے باقی ہونے سے یہ دونوں مضمون ظاہر ہیں پس فانی میں اس قدر انہماک کہ باقی سے ذہول وحرمان ہو جاوے خود یہ بے عقلی کی بات ہے) اگر ان کو اس کا (کافی) علم ہوتا تو ایسا نہ کرتے (کہ فانی میں منہمک ہو کر باقی کو بھلا دیتے اور اس کے لئے سامان نہ کرتے بلکہ یہ لوگ دلائل میں غور کرتے اور ایمان لے آتے جیسا کہ مقتضا ان کے اقرار توحید فی التکوین والابقاء کا ہے) پھر (جیسا ان کے اقرار توحید فی التکوین کا مقتضا ہے توحید فی الالوہیت گاہ گاہ اس کا بھی اظہار اور اقرار ہوتا ہے چنانچہ) جب یہ لوگ کشتی میں سوار ہوتے ہیں (اور وہ کشتی زیر وزبر ہونے لگتی ہے) تو (اس وقت) خالص اعتقاد کر کے اللہ ہی کو پکارنے لگتے ہیں (کہ: لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ [الأنعام: ٦٣] ای الموحدین جس سے توحید فی الالوہیۃ میں اور بھی حجت لازم ہو جاتی ہے مگر یہ حالت بوجہ انہماک فی الدنیا کے دیرپا نہیں ہوتی۔ چنانچہ اس وقت تو سب قول وقرار توحید کے ہو چکتے ہیں مگر) پھر جب ان کو (اس آفت سے) نجات دے کر خشکی کی طرف لے آتا ہے تو وہ فوراً ہی شرک کرنے لگتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ ہم نے جو نعمت (نجات وغیرہ) ان کو دی ہے اس کی ناقدری کرتے ہیں اور یہ لوگ (عقائد شرکیہ واعمال فسقیہ میں ہوائے نفسانی کا اتباع کر کے چندے اور حظ حاصل کر لیں پھر قریب ہی ان کو سب خبر ہوئی جاتی ہے (اور اب اس انہماک فی الدنیا کی وجہ سے کچھ نظر نہیں آتا سو ایک مانع تو ان کو توحید سے یہ انہماک ہے اور دوسرا ایک اور نامعقول حیلہ مانعہ نکالا ہے۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ: اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا [القصص: ٥٧] حالانکہ مشاہدہ سے ان کو خود لغویت اس کی معلوم ہو سکتی ہے کیونکہ) کیا ان لوگوں نے اس بات پر نظر نہیں کی کہ ہم نے (ان کے شہر مکہ کو) امن والا حرم بنایا ہے اور ان کے گرد وپیش (کے مقامات) میں جو (خارج حرم ہیں) لوگوں کو (مار دھاڑ کر ان کے گھروں سے) نکالا جا رہا ہے (بخلاف ان کے کہ امن سے بیٹھے ہیں اور یہ بات خود محسوسات میں ہے تو بدیہیات سے گزر کر محسوسات میں بھی خلاف کرتے اور خوف تخطف کو ایمان لانے میں عذر مانع بتاتے ہیں اور) پھر (وضوح حق کے بعد اس حماقت اور ضد کا) کیا (ٹھکانا ہے کہ) یہ لوگ جھوٹے معبود (وں) پر تو ایمان لاتے ہیں (جس پر ایمان لانے کا کوئی مقتضی نہیں اور موانع بہت سے) اور اللہ (جس پر ایمان لانے کے بہت سے مقتضی اور صحیح معنی ایک نہیں اس) کی نعمتوں کی ناشکری (یعنی اللہ کے ساتھ شرک) کرتے ہیں (کیونکہ شرک سے بڑھ کر کوئی ناشکری نہیں کہ نعمت تخلیق وترزیق وابقاء وتدبیر وغیرہ وہ عطا فرمادے اور عبادت جو کہ ان نعمتوں کا شکر ہے دوسرے کے لئے تجویز کی جاوے) اور (واقعی یہ ہے کہ) اس شخص سے زیادہ کون ناانصاف ہوگا جو (بلا دلیل) اللہ پر جھوٹ افتراء کرے (کہ وہ شریک رکھتا ہے) اور جب سچی بات اس کے پاس (دلیل کے ساتھ) پہنچے وہ اس کو جھٹلا دے (بے انصافی ظاہر ہے کہ بلا دلیل بات کی تو تصدیق کرے اور دلیل والی بات کی

www.besturdubooks.net

تکذیب) کیا ایسے کافروں کا (جو اس قدر نا انصافی کریں) جہنم میں ٹھکانا نہ ہوگا (یعنی ضرور ہے کیونکہ سزا مناسب جرم کے ہوتی ہے پس جیسا جرم عظیم ایسی ہی سزا بھی عظیم)**ف**: لہو ولعب کے ساتھ فی نفسہٖ کی قید اس لئے لگائی کہ اگر حیاۃ دنیا تحصیل دین کا ذریعہ بن جاوے تو پھر وہ لہو ولعب نہیں بلکہ باعتبار ثمرہ کے وہ بھی باقی ہے اور آیت اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى جس کا ذکر ترجمہ وَيُتَخَطَّفُ النَّاسُ میں آیا ہے پارہ بستم کے نصف پر گزری ہے اور وہاں اس کی تفسیر دیکھ لی جاوے۔

ربط: سورت میں تمام تر وہ مضامین ہیں جن سے مسلمانوں پر مشقتوں کا وقوع مفہوم ہوتا ہے چنانچہ اول میں تو مع قصص کے افتنان کی صریح حکایت ہے اور آخر کے قریب ہجرت کا مضمون ہے اور اس میں مشقت ظاہر ہے اور توحید و رسالت کے جو مضامین ہیں ان میں گفتگو کرنے سے اکثر اہل دین کو مشقت پیش آتی ہے۔ پس تمام تر مضامین مشقت پر مشتمل ہیں۔ اس لئے خاتمہ میں دین کے لئے مشقت برداشت کرنے والوں کو بشارت عظمیٰ دے کر سورت کو ختم فرماتے ہیں جیسا کہ شروع کے قریب بھی آیت و من جاھد الخ میں دوسرے عنوان سے یہ مضمون تھا جس کے متعلق تمہید سورت میں بھی کچھ بیان ہوا ہے۔

خاتمہ در بشارت اہل مجاہدہ دینیہ: وَ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۚ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (یعنی اوپر تو ان کا حال تھا جو اہل کفر اور نفس پرست ہوں) اور (اب ان کے اضداد کا بیان ہے کہ) جو لوگ ہماری راہ میں مشقتیں برداشت کرتے ہیں ہم ان کو اپنے (قرب و ثواب یعنی جنت[۱]) کے راستے ضرور دکھاویں گے (جس سے وہ جنت میں پہنچ جاویں گے کقولہ تعالیٰ: وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا [الأعراف: ۴۳]) اور بے شک اللہ تعالیٰ (کی رضا و رحمت) ایسے خلوص والوں کے ساتھ ہے (دنیا[۵] میں بھی اور آخرت میں بھی) ف: راستے اس لئے کہا گیا کہ جنت میں جانے والے بہت سے ہوں گے تو ایک راستے کے بہت سے حصے ہو جاویں گے واللہ اعلم۔

الحمد للہ آج انیسویں محرم الحرام روز چہار شنبہ وقت ضحیٰ ۱۳۲۵ھ مقام تھانہ بھون میں سورۂ عنکبوت کی تفسیر ختم ہوئی جس کے ختم سے بفضلہ تعالیٰ مجموعہ تفسیر ہذا کے دو ثلث اختتام کو پہنچ گئے۔ اللہ تعالیٰ سے التجا کی کہ ان دو ثالث مکمل کو مقبول اور ثلث باقی کو مقبولیت کے ساتھ مکمل فرماویں۔ آمین یا رب العالمین۔

وصلى الله تعالىٰ خير خلقه سيدنا و سيد الخلائق

محمد و على اخوانه من النبيين و على اٰله و اصحابه و ذريته اجمعين۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ ...... زہد فی الدنیا اور ترغیب آخرت میں صریح ہے اور دنیا کو آخرت پر ترجیح دینے والے پر جہل کا حکم ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ ...... ان کا یہ اخلاص اگر دل سے نہ تھا تب تو اس میں دلالت ہے کہ محض صورۂ عمل کافی نہیں اور اگر دل سے تھا تو اس پر دلالت ہے کہ عمل بدون استقامت کافی نہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا اس میں دلالت ہے کہ مجاہدہ مفتاح مشاہدہ ہے۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] **قوله في يقدر له**: جس کے لئے اشارة الى ان المرجع من يشاء المذكور لكن بلا ملاحظة متعلقه فالمراد من يشآء الآخر غير المذكور فهو قريب من الاستخدام ۱۲۔ [۲] **قوله قبل بل اكثرهم**: مانتے نہیں اشارة الى التقدير لتوجيه بل ۱۲۔ [۳] **قوله نعمة الله** نعمتوں اشار الى ارادة الجنس ۱۲۔ [۴] **قوله نعمة الله المدارك** ۱۲۔ [۵] **قوله فی لمع المحسنين**: دنیا میں بھی الخ لكون الجملة الاسمية بخلاف لنهدينهم لكونها فعلية مؤكدة بالنون الخاصة بالمستقبل و الله اعلم ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: **قوله وليتمتعوا في قراءة بسكون اللام على انه لام الامر ولذا حملته على لام الامر ولم احمل لام ليكفروا عليه ليوافق ما ههنا قوله تعالىٰ في الروم ليكفروا بما آتيناهم فتمتعوا فسوف تعلمون ۱۲۔**

النحو: **الدار الآخرة موصوف و صفة ۱۲۔**

البلاغۃ: **الحيوان هو مصدر وصف به للمبالغة قوله ليكفروا فيه لام العاقبة داخلة على المسبب اقيم مقام السبب ۱۲۔**

وجوہ المثانی

سورۃ الفرقان: **ياكل منها۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالنون لحمزة و الكسائى و الثانية بالياء للباقين۔ قوله تعالىٰ ويجعل فيه قراء تان الاولى برفع اللام لابن كثير وابن عامر وشعبة و الثانية بالسكون للباقين قال الزمخشرى ان الشرط اذا كان ما ضيا جاز في جوابه الجزم والرفع۔ قوله تعالىٰ ضيقا فيه قراء تان الاولىٰ بسكون الياء لابن كثير و الثانية بكسر الياء مشددة للباقين۔ قوله تعالىٰ نحشرهم فيه قراء تان الاولىٰ بالياء لابن كثير وحفص و الثانية بالنون للباقين۔ قوله تعالىٰ فيقول فيه قراء تان الاولىٰ بالنون لابن عامر و الثانية بالياء للباقين۔ قوله تعالىٰ فما تستطيعون فيه قراء تان الاولىٰ بتاء الخطاب لحفص و الثانية بياء الغيبة للباقين۔ قوله تعالىٰ تشقق ۔ فيه**

www.besturdubooks.net

قراء تان الاولیٰ بتخفیف الشین لابی عمرو والکوفین والثانیة بالتشدید للباقین۔ قوله تعالیٰ وننزل الملئکة فیه قراتان الاولیٰ بنونین الاولیٰ مضمومة والثانیة ساکنة وتخفیف الزای ورفع اللام ونصب الملئکة لابن کثیر والثانیة نزل بنون واحدة مضمومة وزاء مشددة وفتح اللام ورفع الملئکة للباقین۔ قوله تعالیٰ وثمودا۔ فیه قراء تان الاولیٰ بغیر تنوین لحفص وحمزة والثانیة بالتنوین للباقین والاول بتاویل القبیلة والثانی بتاویل الحی۔ قوله تعالیٰ ام تحسب۔ فیه قراء تان الاولیٰ فتح السین لابن عامر و عاصم و حمزة والثانیة کسرها للباقین۔ قوله تعالیٰ ارسل الریح۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالتوحید لابن کثیر والثانیة بالجمع للباقین۔ قوله تعالیٰ بشرا فیه ما تقدم فی الاعراف۔ قوله تعالیٰ لیذکروا۔ فیه قراء تان الاولیٰ بسکون الذال والکاف مخففة لحمزة والکسائی والثآنیة بفتح الذال وضم الکاف مشددتین للباقین۔ قوله تعالیٰ فسئل به۔ فیه ما فی سورة الانبیاء۔ قوله تعالیٰ لما تأمرنا۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالیاء التحتیة لحمزة والکسائی والثانیة بالتاء الفوقیة للباقین۔ قوله تعالیٰ سراجا۔ فیه قراء تان الاولیٰ بضم السین والراء علی الجمع لحمزة والکسائی والثانیة بکسر السین وفتح الراء والف بعدها علی التوحید للباقین۔ قوله تعالیٰ یذکر۔ فیه قراء تان الاولیٰ بسکون الذال وضم الکاف مخففة لحمزة والثانیة بفتح الذال والکاف مشددتین للباقین۔ قوله تعالیٰ لم یقتروا۔ فیه ثلث قراء ات الاولیٰ بضم التحتیة وکسر الفوقیة لنافع وابن عامر والثانیة بفتح التحتیة وکسر الفوقیة لابن کثیر وابی عمرو والثالثة بفتح التحتیة وضم الفوقیة۔ قوله تعالیٰ یضاعف له العذاب۔ فیه اربع قراء ات الاولیٰ من المضاعفة مع ضم الفاء لشعبة والثانیة من التضعیف مع ضم الفاء لابن عامر والثالثة من التضعیف مع جزم الفاء لابن کثیر والرابعة من المضاعفة مع جزم الفاء للباقین والجزم علی البدلیة والرفع علی الاستیناف۔ قوله تعالیٰ یخلد۔ فیه قراء تان الاولیٰ برفع الذال لابن عامر وشعبة والثانیة بالجزم للباقین وقد عرفت وجههما انفا۔ قوله تعالیٰ فیه مهانا۔ فیه قراء تان الاولیٰ بصلة الهاء من فیه لحفص وابن کثیر والثانیة بغیر صلة للباقین۔ قوله تعالیٰ ذریتنا۔ فیه قراء تان الاولیٰ علی الجمع لنافع وابن کثیر وابن عامر وحفص والثانیة علی الافراد للباقین۔ قوله تعالیٰ یلقون۔ فیه قراء تان الاولیٰ بفتح الیاء وسکون اللام وتخفیف القاف لحمزة والکسائی والثانیة بضم الیاء وفتح اللام وتشدید القاف للباقین۔

سورۃ الشعراء : قوله تعالیٰ تنزل۔ فیه قراء تان الاولیٰ من الانزال لابن کثیر وابی عمرو والثآنیة من التنزیل للباقین۔ قوله تعالیٰ ارجه واخاه۔ فیه ما تقدم فی الاعراف۔ قوله تعالیٰ تلقف تقدم فی الاعراف۔ قوله تعالیٰ ان اسر تقدم فی طه۔ قوله تعالیٰ حذرون۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالف بعد الحاء لابن ذکوان والکوفیین والثانیة بغیر الف للباقین وهما بمعنی الا ان الصفة المشبهة تفید الثبات۔ قوله تعالیٰ عیون فی المواضع الثلاثة فیهٔ قراء تان الاولیٰ بضم العین علی الاصل لنافع وابی عمرو وهشام وحفص والثانیة بکسرها علی الاتباع للباقین۔ قوله تعالیٰ الا خلق الاولین۔ فیه قراء تان الاولیٰ بضم الخاء واللام لنافع وابن عامر وعاصم وحمزة والثانیة بفتح الخاء وسکون اللام الباقین ومعنی الثانی الاختلاف۔ قوله تعالیٰ بیوتا۔ تقدم فی النور۔ قوله تعالیٰ فرهین۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالف بعد الفاء لابن عامر والکوفیین والثآنیة بغیر الف للباقین وهما بمعنی الا ان الصفة المشبهة فیه الثبات۔ قوله تعالیٰ اصحاب لئیکة۔ فیه قراء تان الاولیٰ بلام مفتوحةمن غیر الف وصل قبلها وباء ساکنة ولاهمزه وفتح تاء التانیث لنافع وابن کثیر وابن عامر والثانیة باسکان اللام وقبلها همزة وصل وبعد اللام همزة مفتوحة وبعدها یاء ساکنة وخفض تاء التانیث للباقین وایکة معناها الغیضة ولیکة اسم للقریة کما فی القاموس۔ قوله تعالیٰ بالقسطاس تقدم فی بنی اسرائیل۔ قوله تعالیٰ کسفا۔ فیه قراء تان الاولیٰ بفتح السین لحفص والثانیة بالسکون للباقین۔ قوله تعالیٰ نزل به الروح الامین۔ فیه قراء تان الاولیٰ بتخفیف الزای والروح والامین برفعهما لنافع وابن کثیر وابی عمرو وحفص والثانیة بتشدید الزای والروح والامین بنصبهما للباقین۔ قوله تعالیٰ اولم تکن لهم اية۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالتاء الفوقیة ورفع اية لابن عامر والثانیة بالیاء التحتیة ونصب اية للباقین۔ فکان علی الاول تامة وعلی الثانی ناقصة۔ قوله تعالیٰ فتوکل۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالفاء لنافع وابن عامر والثانیة بالواو للباقین قوله تعالیٰ یتبعهم فیه قراء تان الاولیٰ بسکون التاء الفوقیة وفتح الباء الموحدة لنافع والثانیة بتشدید الفوقیة وکسر الموحدة للباقین۔

سورۃ النمل : قوله تعالیٰ بشهاب قبس۔ فیه قراء تان الاولیٰ بتنوین شهاب للکوفیین والثانیة بغیر تنوین للباقین والتنوین علی الصفة او البدل وترک التنوین علی الاضافة البیانیة۔ قوله تعالیٰ لیاتینی فیه قراء تان الاولیٰ بنونین الاولیٰ مفتوحة مشددة والثانیة مکسورة

www.besturdubooks.net

مخففة لابن كثير والثانية بنون واحدة مكسورة شددة للباقين۔ قوله تعالٰى فمكث۔ فيه قراء تان الاولٰى بفتح الكاف لعاصم والثانية بالضم للباقين۔ قوله تعالٰى من سبا۔ فيه ثلث قراء ات الاولٰى بفتح الهمزة من غير تنوين لابى عمر والبزى والثانية باسكان الهمزة لقنبل والثالثة بالخفض والتنوين ويأول على الاول بالقبيلة وعلى الثالثة بالحى وخرج الثانى على اجراء الوصل مجرى الوقف۔ قوله تعالٰى الا يسجدوا۔ فيه قراء تان الاولٰى بتخفيف اللام وقفا ووصلا للكسائى والثانية بالتشديد للباقين واصل الاول الا للتنبيه ويا حرف نداء والمنادى محذوف واسجدوا امر المخاطب ولذا يقف الكسائى على ياء ويبتدئ بضم همزة اسجدوا وسقطت الف يا والف الوصل فى اسجدوا وكتبت الياء متصلة بالسين على خلاف القياس۔ قوله تعالٰى ما تخفون وما تعلنون۔ فيه قراء تان الاولٰى بالفوقية فيهما للكسائى وحفص والثانية بالتحتية فيهما للباقين قوله تعالٰى فالقه فيه ثلث قراء ات الاولٰى بسكون الهاء لابى عمرو و عاصم وحمزة والثانية باختلاس كسرة الهاء لقالون وهشام بخلاف عنه۔ والثالثة باشباع الكسرة للباقين۔ قوله تعالٰى عن ساقيها۔ فيه قراء تان الاولٰى بهمزة ساكنة لقنبل والثانية بالف ساكنة للباقين والهمزة لغة فيه۔ قوله تعالٰى لنبيتنه واهله ثم لنقولن فيهما قراء تان الاولٰى بصيغة جمع المخاطب لحمزة والكسائى والثانية بصيغة جمع المتكلم للباقين۔ قوله تعالٰى مهلك ذكر فى الكهف۔ قوله تعالٰى بيوتهم مر فى النور قوله تعالٰى قدرنا۔ فيه قراء تان الاولٰى بتخفيف الدال لشعبة والثانية بالتشديد للباقين۔ قوله تعالٰى اما يشركون۔ فيه قراء تان الاولٰى بالياء التحتية لابى عمرو وعاصم والثانية بالفوقية للباقين۔ قوله تعالٰى ما تذكرون۔ فيه ثلث قراء ات الاولٰى بالتحتية وتشديد الذال لابى عمرو وهشام۔ والثانية بالفوقية وتخفيف الذال لحمزة والكسائى وحفص والثالثة بالفوقية وتشديد الذال للباقين۔ قوله تعالٰى يرسل الريح۔ فيه قراء تان الاولٰى بالتوحيد لحمزة والكسائى وابن كثير والثانية بالجمع للباقين۔ قوله تعالٰى بشرا۔ فيه ما فى الاعراف۔ قوله تعالٰى بل ادرك۔ فيه قراء تان الاولٰى من الافعال لابى عمرو وابن كثير والثانية من الافاعل للباقين۔ قوله تعالٰى فى ضيق۔ فيه قراء تان الاولٰى بكسر الضاد لابن كثير والثانية بالفتح للباقين۔ قوله تعالٰى ولا يسمع الصم الدعاء۔ فيه قراء تان الاولٰى لا يسمع بالياء التحتية مفتوحة وفتح الميم ورفع الصم لابن كثير والثانية بالتاء الفوقية مضمومة وكسر الميم ونصب الصم للباقين۔ قوله تعالٰى وما انت بهادى العمى۔ فيه قراء تان الاولٰى تهدى بتاء فوقية وسكون الهاء ونصب العمى لحمزة والثانية بالموحدة مكسورة وفتح الهاء بعدها الف وخفض العمى للباقين۔ قوله تعالٰى ان الناس۔ فيه قراء تان الاولٰى بفتح الهمزة من ان للكوفيين والثانية بكسرها للباقين والكسر على اضمار القول او اجراء التكليم من الكلام مجراه او على ان الكلام من جهته سبحانه۔ قوله تعالٰى وكل اتوه۔ فيه قراء تان الاولٰى بقصر الهمزة وفتح التاء لحمزة وحفص والثانية بمد الهمزة وضم التاء للباقين۔ قوله تاعلٰى تحسبها۔ فيه قراء تان الاولٰى بكسر السين لنافع وابن كثير وابى عمرو والكسائى والثانية بفتحها للباقين۔ قوله تعالٰى بما يفعلون۔ فيه قراء تان الاولٰى بالغيبة لابن كثير وابى عمرو وهشام والثانية بالخطاب للباقين۔ قوله تعالٰى من فزع يومئذ۔ فيه ثلث قراء ات الاولٰى بتنوين فزع وفتح الميم من يومئذ لعاصم وحمزة والكسائى والثانية بلا تنوين وفتح الميم لنافع والثلاثة بلا تنوين وكسر الميم للباقين وجه الاول كون الظرف منصوباً بقوله تعالٰى امنون وجه الثانى اضافته الى يوم وهو مفتوح بناء لاضافته الى غير متمكن ووجه الثالث ظاهر۔ قوله تعالٰى مما تعملون۔ فيه قراء تان الاولٰى بالخطاب لنافع وابن عامر وحفص والثانية بالغيبة۔

سورۃ القصص: قوله تعالٰى ونرى فرعون وهامان وجنودهما۔ فيه قراء تان الاولٰى بالتحتية من الرؤية ورفع الاسماء الثلثة بعده على الفاعلية لحمزة والكسائى والثانية بالنون من الارائة ونصب الاسماء على المفعولية للباقين۔ قوله تعالٰى يصدر۔ فيه قراء تان الاولٰى بفتح الياء وضم الدال لابى عمرو وابن عامر والثانية بضم الياء وكسر الدال للباقين والاول لازم والثانى متعد والمعنى باغنامهم۔ قوله تعالٰى يا ابت فيه قراء تان الاولٰى بفتح التاء لابن عامر والثانية بالكسر للباقين۔ قوله تعالٰى هاتين۔ فيه قراء تان الاولٰى بتشديد النون لابن كثير والثانية بالتخفيف للباقين وكذلك فى قوله فذانك الا ان ابا عمرو فيه مع ابن كثير۔ قوله تعالٰى او جذوة فيه ثلث قراء ات الاولٰى بفتح الجيم لعاصم والثانية بضمها لحمزة والثالثة بالكسرر للباقين وهن لغات۔ قوله تعالٰى :من الرهب فيه۔ ثلث قراء ت الاولٰى بفتح الراء وسكون الهاء لحفص والثالثة بضم الوارء و سكون الهاء للباقين وكلها لغات۔ قوله تعالٰى يصدقنى۔ فيه قراء تان الاولٰى برفع القاف لعاصم وحمزة والثانية بالجزم للباقين والرفع على كونه صفة والجزم على كونه جوابا للامر۔ قوله تعالٰى قال موسٰى۔ فيه قراء

www.besturdubooks.net

تان الاولیٰ بغیر واو قبل قال لابن کثیر والثانية وقال بالواو للباقین۔ قوله تعالیٰ تكون له۔ فيه قراء تان الاولیٰ بالياء بالتذكير لحمزة والكسائی والثانية بالتاء على التانيث للباقین۔ قوله تعالیٰ لا يرجعون۔ فيه قراء تان الاولیٰ بفتح الياء وكسر الجيم لنافع وحمزة والكسائی والثانية بضم الياء وفتح الجيم للباقین۔ قوله تعالیٰ سحران۔ فيه قراء تان الاولیٰ بكسر السين وسكون الحاء للكوفيين والثانية بفتح السين وكسر الحاء والف بينهما للباقین۔ قوله تعالیٰ يجبى۔ فيه قراء تان الاولیٰ بالفوقية لنافع والثانية بالتحتية للباقین۔ قوله تعالیٰ افلا تعقلون۔ فيه قراء تان الاولیٰ بالغيبة لابی عمرو والثانية بالخطاب للباقین۔ قوله تعالیٰ لخسف بنا۔ فيه قراء تان الاولیٰ بفتح الخاء والسين لحفص والثانية بضم الخاء وكسر السين للباقین۔

سورۃ العنکبوت: قوله تعالیٰ النشاة فيه قراء تان الاولیٰ بفتح الشين والف بعد الشين ممدودة قبل الهمزة لابن كثير وابی عمرو والثانية بسكون الشين والهمزة بعد الشين للباقین۔ قوله تعالیٰ مودة بينكم۔ فيه ثلث قراء ات الاولیٰ مودة بالنصب والتنوين بينكم بنصب النون لنافع وابن عامر وشعبه والثانية برفع مودة من غير تنوين وجر النون لابن كثير وابی عمرو والكسائی والثالثة بنصب مودة من غير تنوين وجر النون للباقین والرفع على كونه خبر مبتدأ محذوف ای هی والنصب على كونه مفعولا له۔ قوله تعالیٰ انكم لتاتون الاول فيه قراء تان الاولیٰ بالجر لنافع وابن كثير وابن عامر وحفص والثانية بالاستفهام للباقین۔ قوله تعالیٰ رسلنا۔ فيه قراء تان الاولیٰ بسكون السين لابی عمرو والثانية بالضم للباقین۔ قوله تعالیٰ ابراهيم۔ فيه قراء تان الاولیٰ ابراهام هنا بالالف لهشام والثانية بالياء للباقین۔ قوله تعالیٰ لننجينه۔ فيه قراء تان الاولیٰ من الانجاء لحمزة والكسائی والثانية من التنجية للباقین۔ قوله تعالیٰ منجوك۔ فيه قراء تان الاولیٰ من الانجاء لابن كثير وشعبة وحمزة والكسائی والثانية من التنجية للباقین۔ قوله تعالیٰ منزلون۔ فيه قراء تان الاولیٰ من التنزيل لابن عامر والثانية من الانزال للباقین۔ قوله تعالیٰ ثمود۔ فيه قراء تان الاولیٰ بغير تنوين لحمزة وحفص بتاويل قبيلة والثانية بالتنوين للباقين بتاويل الحی۔ قوله تعالیٰ البيوت۔ فيه قراء تان الاولیٰ بضم الياء لورش وابی عمرو وحفص والثانية بالكسر للباقین۔ قوله تعالیٰ ما يدعون۔ فيه قراء تان الاولیٰ بالغيبة لابی عمرو وعاصم والثانية بالفوقية للباقین۔ قوله تعالیٰ ايات من ربه۔ فيه قراء تان الاولیٰ بالجمع لنافع وابی عمرو وابن عامر وحفص والثانية بالافراد للباقین۔ قوله تعالیٰ ويقول فيه قراء تان الاولیٰ بالتحتية لنافع والكوفيين والثانية بالنون للباقین۔ قوله تعالیٰ يا عبادی۔ فيه قراء تان الاولیٰ بفتح الياء لنافع وابن كثير وابن عامر وعاصم والثانية بالسكون للباقین۔ قوله تعالیٰ ارضی۔ فيه قراء تان الاولیٰ فتح الياء لابن عامر والثانية سكونها للباقین۔ قوله تعالیٰ ترجعون۔ فيه قراء تان الاولیٰ بالتحتية لابی بكر والثانية بالفوقية للباقین۔ قوله تعالیٰ لنبوئنهم۔ فيه قراء تان الاولیٰ بعد النون بثاء مثلثة ساكنة وبعدها واو مكسورة مخففة وبعد الواو ياء مفتوحة لحمزة والكسائی والثانية بعد النون بباء موحدة مفتوحة وبعدها واو مشددة وبعد الواو همزة مفتوحة للباقين والاول من الثواء بمعنى الاقامة والثانی من التبوية بمعنى التنزيل۔ قوله تعالیٰ وليتمتعوا۔ فيه قراء تان الاولیٰ بكسر اللام لورش وابی عمرو وابن عامر وعاصم والثانية بالسكون للباقين واللام على الاول لام كی وعلى الثانی لام الامر۔ قوله تعالیٰ سبلنا۔ فيه قراء تان الاولیٰ سكون الموحدة لابی عمرو والثانية ضمها للباقین۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الرُّوْمِ

سُوْرَةُ الرُّوْمِ ۳۰ مَکِّیَّةٌ ۸۴ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیَاتُهَا ۶۰ | رُکُوْعَاتُهَا ۶

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں

الٓمّٓ ۞ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۞ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ۞ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ۬ۗ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ۭ وَيَوْمَىِٕذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۞ بِنَصْرِ اللّٰهِ ۭ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۞ وَعْدَ اللّٰهِ ۭ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۞

الٓمّٓ اہل روم ایک قریب کے موقع میں مغلوب ہوگئے اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد عنقریب تین سال سے لے کر نو سال کے اندر اندر غالب آجائیں گے۔ پہلے بھی اختیار اللہ ہی کو تھا اور پیچھے بھی اور اس روز مسلمان اللہ تعالیٰ کی اس امداد پر خوش ہوں گے وہ جس کو چاہے غالب کر دیتا ہے اور وہ زبردست رحیم ہے اس کا وعدہ فرمایا اللہ تعالیٰ اپنے وعدے کے خلاف نہیں فرماتا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ ۞

تفسیر: سورة الروم مكية: الا قوله فسبحان وهي ستون او تسع و خمسون اية كذا في البيضاوى۔ **ربط:** اس سورت میں یہ مضامین ہیں۔ **اول:** بعض واقعات موجبہ فرح اہل اسلام کی پیشین گوئی جس میں دلالت علی النبوۃ کے ساتھ اوپر کی سورت میں کفار کی ایذا رسانی سے جو مسلمانوں کو رنج ہوتا تھا جس پر اس کے خاتمہ میں مجاہدہ وتحمل مشاق کی فضیلت مذکور ہوئی تھی اس رنج کا ازالہ بھی ہے اور اس سے دونوں میں ارتباط بھی ظاہر ہوگیا۔ **ثانی:** کفار کا تعنت وعناد اور ان کو کفر وتکذیب پر توبیخ اور اس کی تقویت کے لئے اجمالاً بعض مکذبین سابقین کی بدانجامی۔ **ثالث:** اثبات معاد اور اس کے احوال واہوال جس سے مضمون ثانی کی بھی تقویت ہوتی ہے۔ **رابع:** اثبات توحید اور اس کے دلائل۔ **خامس:** بعض اعمال مہمہ فرعیہ جو حقوق اعتقاد توحید میں سے ہیں۔ پھر خاتمہ میں ان مضامین بلیغہ سے کفار کے متاثر نہ ہونے پر حضور ﷺ کا تسلیہ' واللہ اعلم۔

پیشینگوئی موجب سرور اہل اسلام: جس قصہ کے متعلق یہ پیشین گوئی ہے اس کا ملخص یہ ہے کہ ایک بار روم اور فارس میں مقام اذرعات وبصری کے درمیان (كما في الروح معزيا الى طرق عديدة مع ترجيح ابن حجر له) لڑائی ہوئی اور رومی مغلوب ہوگئے۔ مشرکین مکہ مسلمانوں سے کہنے لگے کہ تم اور رومی اہل کتاب ہو اور ہم اور فارسی غیر اہل کتاب ہیں۔ پس فارس کا روم پر غالب آنا فال ہے اس کی کہ ہم بھی تم پر غالب رہیں گے۔ اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں جس میں پیشین گوئی ہے کہ نو سال کے اندر رومی فارسیوں پر غالب آجاویں گے۔ چنانچہ اس سے ساتویں برس پھر دونوں کا مقابلہ ہوا اور رومی غالب آگئے۔ جس سے وہ پیشین گوئی پوری ہوئی اور اتفاق سے جس زمانہ میں یہ روم کا غلبہ ہوا ہے یہاں مسلمان جنگ بدر میں مشرکین پر غالب آئے تھے۔ بعض نے يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۞ کی یہی تفسیر کی ہے اور اس کو دوسری پیشین گوئی قرار دیا ہے۔ یہ سب روایات درمنثور میں باسانید مختلفہ مذکور ہیں۔

آیات و تفسیر: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٓمّٓ ۞ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۞ (الی قولہ تعالی) وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۞۔ الٓمّٓ ۞ (اس کے معنی اللہ کو معلوم ہیں) اہل روم ایک قریب کے موقع میں (یعنی ارض روم[1] کے ایسے مقام میں جو بہ نسبت فارس کے عرب سے قریب تر ہے۔ مراد اس سے اذرعات وبصری ہے جو ملک شام میں دو شہر ہیں۔ كذا في القاموس اور حکومت روم کے تحت میں ہونے سے ارض روم میں داخل ہیں۔ ایسے موقع میں اہل روم اہل فارس کے مقابلہ میں) مغلوب ہوگئے (جس سے مشرکین خوش ہوئے) اور وہ (رومی) اپنے (اس) مغلوب ہونے کے بعد عنقریب (اہل فارس پر

www.besturdubooks.net

دوسرے مقابلہ میں) تین سال سے لے کر نو سال کے اندر غالب آ جائیں گے (اور یہ مغلوب اور غالب ہونا سب خدا کی طرف سے ہے' کیونکہ مغلوب ہونے سے) پہلے بھی اختیار اللہ ہی کو تھا (جس سے مغلوب کر دیا تھا) اور (مغلوب ہونے سے) پیچھے بھی (اللہ ہی کو اختیار ہے جس سے غالب کر دے گا) اور اس روز (یعنی جب اہل روم غالب آویں گے) مسلمان اللہ تعالیٰ کی اس امداد پر خوش ہوں گے (اس امداد سے یا تو مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو قول میں غالب فرماوے گا' کیونکہ اس پیشین گوئی کو مسلمانوں نے کفار پر ظاہر کیا اور انہوں نے تکذیب کی تو اس کے وقوع سے مسلمانوں کی جیت ہو جاوے گی اور یا یہ مراد ہے کہ مسلمانوں کو مقاتلہ میں بھی غالب کر دے گا۔ چنانچہ وہ وقت جنگ بدر میں منصور ہونے کا تھا اور ہر حال میں نصرت کا محل اہل اسلام ہی ہیں اور مسلمانوں کی حالت ظاہری مغلوبیت کی دیکھ کر اس منصوریت فی المقابلہ پر استبعاد نہ کیا جاوے یا دو آدمیوں کی حالت ظاہری مغلوبیت کی دیکھ کر مسلمانوں کی اس منصوریت فی المقابلہ پر استبعاد نہ کیا جاوے' کیونکہ نصرت اللہ کے قبضے میں ہے) وہ جس کو چاہے غالب کر دیتا ہے اور وہ زبردست ہے (کفار کو جب چاہے قولاً یا فعلاً مغلوب کرا دے اور) رحیم (بھی) ہے (مسلمانوں کو جب چاہے غالب کر دے) اللہ تعالیٰ نے اس کا وعدہ فرمایا ہے (اور) اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کو خلاف نہیں فرماتا (اس واسطے یہ پیشین گوئی ضرور واقع ہوگی خواہ ایک مراد ہو یا دو) ولیکن اکثر لوگ (اللہ تعالیٰ کے تصرفات کو) نہیں جانتے (بلکہ صرف ظاہری اسباب کو دیکھ کر ان اسباب پر حکم لگا دیتے ہیں۔ اس لئے اس پیشین گوئی میں استبعاد کرتے ہیں' حالانکہ مسبب الاسباب اور مالک اسباب حق تعالیٰ ہے' اس کو اسباب بدلنا بھی آسان' اسباب کے خلاف مسبب کا واقع کرنا بھی آسان اور جس طرح وقوع کے قبل اسباب کو دیکھ کر صدق وعدہ الٰہیہ کا یقین نہیں کرتے اسی طرح بعد وقوع کے اس کو وعدہ الٰہیہ کا ظہور نہیں جانتے جس سے اس وعدہ کی پیشگی خبر دینے والے کی نبوت پر استدلال کرنا لازم تھا۔ پس لَا يَعْلَمُوْنَ میں دونوں امر آ گئے)۔

ف: مسلمانوں کا کفار سے اس پیشین گوئی کا دعویٰ سے اظہار کرنا ترمذی میں موجود ہے۔

ملحقات الترجمۃ: قولہ فی توضیح ادنی الارض :ارض روم اشارۃ الی ان اللام فی الارض للعھد ۱۲۔

يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۣ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝۸ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝۹ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوا السُّوْۗآٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۰ ع

یہ لوگ صرف دنیوی زندگی کے ظاہر کو جانتے ہیں اور یہ لوگ آخرت سے بے خبر ہیں۔ کیا انہوں نے اپنے دلوں میں یہ غور نہیں کیا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین اور ان چیزوں کو جو ان کے درمیان میں ہیں کسی حکمت ہی سے اور ایک میعاد معین کے لئے پیدا کیا ہے اور بہت سے آدمی اپنے رب کے ملنے کے منکر ہیں۔ کیا یہ لوگ زمین میں چلے پھرے نہیں جس میں دیکھتے بھالتے کہ جو لوگ ان سے پہلے ہو گزرے ہیں ان کا انجام کیا ہوا وہ ان سے قوت میں بھی بڑھے ہوئے تھے اور انہوں نے زمین کو بھی بویا جوتا تھا اور جتنا انہوں نے اس کو آباد کر رکھا ہے اس سے زیادہ انہوں نے آباد کیا تھا اور ان کے پاس ان کے پیغمبر معجزے لے کر آئے تھے سو اللہ تعالیٰ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا ولیکن وہ تو خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کر رہے تھے پھر ایسے لوگوں کا انجام جنہوں نے برا کام کیا تھا بری ہوا۔ اس وجہ سے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلایا تھا اور ان کی ہنسی اڑاتے تھے۔

تفسیر ربط: اوپر اخبار بالغیب کے ساتھ جو کہ دلیل نبوت بھی ہے کفار کا جہل لَا يَعْلَمُوْنَ سے بیان فرمایا تھا جس سے ان لوگوں کا جہل عن النبوۃ مفہوم ہوا تھا۔ آگے ان کا جہل عن الآخرۃ کہ فرع ہے جہل عن النبوۃ کی مع اس کے سبب عظیم کے کہ انہماک فی الدنیا ہے اور مع توبیخ کے بیان فرماتے ہیں۔

توبیخ بر حب دنیا و کفر و انکار: يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (الی قولہ تعالی) وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ (ان لوگوں کے جہل باللہ و بالنبوۃ کا جو کہ اوپر معلوم ہوئے سبب یہ ہے کہ) یہ لوگ صرف دنیوی زندگانی کی ظاہر (حالت) کو جانتے ہیں اور یہ لوگ آخرت سے (بالکل) بے خبر ہیں (کہ وہاں کیا ہوگا' اس لئے ان کو نہ اسباب عقوبت سے کہ کفر و انکار ہے اندیشہ ہے نہ اسباب نجات کی کہ تصدیق و ایمان ہے فکر ہے) کیا (دلائل وقوع آخرت کے سن کر بھی ان کی

www.besturdubooks.net

نظر دنیا ہی پر مقصور[1] رہی اور) انہوں نے اپنے دلوں[2] میں یہ غور نہیں کیا کہ اللہ تعالیٰ[3] نے آسمانوں اور زمین کو اور ان چیزوں کو جو ان کے درمیان میں ہیں کسی حکمت ہی سے اور ایک میعاد معین (تک) کے لئے) پیدا کیا ہے (جیسا اس نے آیات میں خبر دی ہے کہ ان حکمتوں میں سے ایک مجازات ہے اور میعاد معین قیامت ہے۔ اگر اپنے دلوں میں غور کرتے تو ان واقعات کا امکان عقل سے اور ان کا وقوع نقل سے اور اس نقل کا صدق صفت اعجاز سے منکشف ہو جاتا اور آخرت کے منکر نہ ہوتے، مگر غور نہ کرنے سے منکر ہو رہے ہیں) اور (یہی کیا اور) بہت سے آدمی اپنے رب کے ملنے[4] کے منکر ہیں، کیا یہ لوگ (کبھی گھر[5] سے نہیں نکلے اور) زمین میں چلے پھرے نہیں جس میں دیکھتے بھالتے کہ جو (منکر) لوگ ان سے پہلے ہو گزرے ہیں ان کا (آخری) انجام کیا ہوا (کیفیت ان کی یہ تھی کہ) وہ ان سے قوت میں بھی بڑھے ہوئے تھے اور انہوں نے زمین کو بھی (ان سے زیادہ) بویا جوتا تھا اور جتنا انہوں نے (سامان اور مکان سے) اس کو آباد کر رکھا ہے اس سے زیادہ انہوں نے اس کو آباد کیا تھا اور ان کے پاس بھی ان کے پیغمبر معجزے لے کر آئے تھے (جن کو انہوں نے نہیں مانا اور عذاب سے ہلاک[6] ہوئے جن کی ہلاکت کے آثار ان کے دیار سے جو طریق شام میں ملتے ہیں نمودار ہیں) سو (اس ہلاکت میں) خدا تعالیٰ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا ولیکن وہ تو خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کر رہے تھے (کہ انکار رسل کا کر کے مستحق ہلاک ہوئے یہ تو ان کی حالت دنیا میں ہوئی اور) پھر (آخرت میں) ایسے لوگوں کا انجام جنہوں نے (ایسا) برا کام (یعنی رسل کا انکار) کیا تھا برا ہی ہوا (محض[7]) اس وجہ[8] سے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو (یعنی احکام واخبار کو) جھٹلایا تھا اور (تکذیب سے بڑھ کر یہ کہ) ان کی ہنسی اڑاتے تھے (وہ انجام سزائے دوزخ ہے)

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا...... اس میں اس شخص کی جہالت کا اظہار ہے جو اپنی نظر کو صرف دنیا کے مزخرفات ولذات محسوسہ تک مقتصر رکھتا ہے اور آخرت سے جو کہ مقصود ہے غافل رہتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ...... اس میں بعض اہل طریق کو اس عادت کی اصل ہے کہ بلاد میں سیاحت کیا کرتے ہیں جس میں مصالح دینیہ ہوتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قوله في اولم يتفكروا: مقصور ہی اشارة الى تقدير المعطوف عليه اى اقصروا نظر هم على الدنيا ولم يتفكروا ۱۲۔ [2] قوله في انفسهم: اپنے دلوں اشارة الى ان الانفس آلات التفكر لا محله وزيادته للمبالغة والتقرير كقوله اعتقدت بقلبي ۱۲۔ [3] قوله في ما خلق الله کہ اللہ تعالیٰ نے اشار به الى ان الجملة مفعول ليتفكروا والنفى لا يمنع ذلك كما في اعراب القرآن ۱۲۔ [4] قوله في بلقاء ربهم اپنے رب کے ملنے اشارة الى كون بلقاء ربهم معمولا لكفرون واللام لا تمنع ذلك كما في الاعراب ۱۲۔ [5] قوله في اولم يسيروا: گھر سے اشارة الى تقدير المعطوف عليه اى اقعدوا في بيوتهم ولم يسيروا ۱۲۔ [6] قوله في فما كان الله ہلاک ہوئے اشارة الى ان الفاء في فما كان الله فصيحة ۱۲۔ [7] قوله في ان كذبوا: (محض) اشار به الى ارتباط الكلام بالسابق والمقصود انه اذا كان الظلم عن الله سبحانه منتفيا لم يكن سبب سوء العاقبة الاعتقائد هم الباطلة وافعالهم السيئة ۱۲۔ [8] قوله في ان كذبوا اس وجہ سے اشارة الى تقدير اللام او الباء ۱۲۔

اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَ يَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ
الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَ كَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَ يَوْمَ
تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَ اَمَّا
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَسُبْحٰنَ
اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

اللہ تعالیٰ خلق کو اول بار بھی پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ پیدا کرے گا پھر اس کے پاس لائے جاؤ گے اور جس روز قیامت قائم ہوگی اس روز مجرم لوگ حیرت زدہ رہ جائیں گے ان کے شریکوں میں سے ان کا کوئی سفارشی نہ ہوگا اور اپنے شریکوں سے منکر ہو جائیں گے اور جس روز قیامت قائم ہوگی اس روز سب آدمی جدا جدا ہو جائیں گے یعنی جو لوگ ایمان لائے تھے اور انہوں نے اچھے کام کئے تھے وہ تو باغ میں مسرور ہوں گے اور جن لوگوں نے کفر کیا تھا اور ہماری آیتوں کو اور آخرت کے پیش آنے کو جھٹلایا تھا وہ لوگ عذاب میں گرفتار ہوں گے۔ سو تم اللہ کی تسبیح کیا کرو شام کے وقت اور صبح کے وقت اور تمام آسمانوں اور زمین میں اس کی حمد ہوتی ہے اور بعد زوال اور ظہر کے وقت۔

تفسیر ربط: اوپر جہل انکار آخرت پر توبیخ تھی آگے آخرت کا وقوع مع بیان مآل انکار و تکذیب اور ایمان و تصدیق کے مذکور ہے۔

www.besturdubooks.net

اخبار از وقوع آخرت و جزا و سزا در آں: اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ (الى قوله تعالى) فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ۝ اللہ تعالیٰ خلق کو اول بار پیدا بھی کرتا ہے پھر وہی دوبارہ بھی اس کو پیدا کرے گا' پھر (پیدا ہونے کے بعد) اس کے پاس (حساب کتاب کے لئے) لائے جاؤ گے اور جس روز قیامت قائم ہوگی (جس میں اعادہ مذکور ہونے والا ہے) اس روز مجرم (یعنی کافر) لوگ (باز پرس کے وقت) حیرت زدہ رہ جاویں گے (یعنی کوئی معقول بات ان سے بن نہ پڑے گی (اور ان کے (تراشے ہوئے) شریکوں میں سے (جن کو شریک عبادت بھی بناتے تھے) ان کا کوئی سفارشی نہ ہوگا اور (اس وقت خود) یہ لوگ (بھی) اپنے شریکوں سے منکر ہو جاویں گے (کہ وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ [الأنعام: ۲۳]) اور جس روز قیامت قائم ہوگی اس روز (علاوہ واقعہ مذکورہ کے ایک واقعہ یہ بھی ہوگا کہ مختلف طریقوں کے) سب آدمی جدا جدا ہو جاویں گے یعنی جو لوگ ایمان لائے تھے اور انہوں نے اچھے کام کئے تھے وہ تو (بہشت کے) باغ میں مسرور ہوں گے اور جن لوگوں نے کفر کیا تھا اور ہماری آیتوں کو اور آخرت کے پیش آنے کو جھٹلایا تھا وہ لوگ عذاب میں گرفتار ہوں گے (یہ معنی ہیں جدا جدا ہونے کے)۔ ربط: اوپر ایمان و عمل صالح کی فضیلت یعنی اس پر جنت کے ترتب کا ذکر تھا آگے ایک خاص عنوان جامع سے ایمان و عمل صالح کی ترغیب ہے' کیونکہ تسبیح و تحمید جو آگے مذکور و مامور بہ ہے ایک صراحۃً (۱) دوسری اشارۃً جامع ہے جمیع انواع عبادات کو جس کی فرد اعظم نماز ہے جس سے ذکر اوقات کو خاص مناسبت و تعلق ہے۔

امر بتنزیہ و تحمید: فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ۝ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ۝ (جب ایمان و عمل صالح کی فضیلت تم کو معلوم ہوگئی) سو تم اللہ کی تسبیح (اعتقاداً و جناناً بھی جس میں ایمان آ گیا اور قولاً و لساناً بھی جس میں اقرار و دیگر اذکار آ گئے اور عملاً و ارکاناً بھی جس میں تمام عبادتیں عموماً اور نماز خصوصاً آ گئیں' غرض تم اللہ کی تسبیح ہر وقت کیا کرو (اور خصوصاً شام کے وقت اور صبح کے وقت اور (اللہ کی تسبیح کرنے کا جو حکم ہوا ہے تو وہ واقعی اس کا مستحق بھی ہے' کیونکہ) تمام آسمان اور زمین میں اسی کی حمد ہوتی ہے (یعنی آسمان میں فرشتے اور زمین میں بعض اختیاراً اور بعض اضطراراً اس کی حمد و ثنا کرتے ہیں۔ کقولہ تعالیٰ: وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ [الأسراء: ٤٤] پس جب وہ ایسا محمود الصفات کامل الذات ہے تو تم کو بھی ضرور اس کی تسبیح کرنا چاہئے) اور بعد زوال (بھی تسبیح کیا کرو) اور ظہر کے وقت (بھی تسبیح کیا کرو کہ یہ اوقات تجدد نعمت و زیادت ظہور آثار قدرت کے ہیں' ان میں تجدید تسبیح کی مناسب ہے بالخصوص نماز کے لئے بھی اوقات مقرر ہیں۔ چنانچہ مساء میں مغرب و عشاء آ گئی اور عشی میں ظہر و عصر دونوں داخل تھے' مگر ظہر صراحۃً مذکور ہے' اس لئے صرف عصر مراد رہ گئی اور صبح بھی تصریحاً مذکور ہے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ ...... اوپر مؤمنین اور کافرین کا حال بیان فرمایا ہے' پھر اس پر امر بالتسبیح متفرع فرمانا (جیسا فاء کا مدلول ہے) اس پر دال ہے کہ حق تعالیٰ جس طرح اپنی صفات و جمال کے ظہور کے سبب ثناء کا اہل ہے اسی طرح اپنی صفات جلال کے ظہور سے بھی اس کا اہل ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) یہ متعلق ہے ماسبق یعنی مامور بہ کے نہ کہ مابعد یعنی جامع کے' مطلب یہ ہے کہ تسبیح تو صراحۃً مامور بہ ہے اور تحمید صراحۃً تو مخبر عنہ ہے لیکن اشارۃً مامور بہ ہے' کیونکہ مقصود خبر سے امر و ترغیب ہے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فاما الذين: يعني اشارة الى ان الفاء للتفصيل ۱۲۔ ۲ قوله في التمهيد جامع اما التسبيح فقط اذا اريد به جميع الانواع اطلاقا للخاص على العام واما مع الحمد لو نظر الى كونه مامورًا به ايضا و لو اشارة ۱۲۔

اللغات: قوله يحبرون في القاموس الحبر بالفتح السرور كالحبور والحبرة والحبر محركة واجره سره ۱۵ اهـ ۱۲۔

النحو: قوله عشيا عطف على حين تمسون ۱۲۔

البلاغة: قوله ترجعون فيه التفات۔ قوله يوم تقوم الساعة الثاني اعيد للتهويل۔ قوله يومئذ يتفرقون بدل من يوم وفائدته تهويل ۱۲۔ قوله عشيا تقديمه في الذكر على الظهر مع رعاية الترتيب في الباقي اما لرعاية الفاصلة واما لان العصر بالنسبة الى الظهر كالمساء بالنسبة الى الصباح فلما قدم المساء على الصباح للترتيب الوجودي قدم العصر على الظهر لنكتة النسبة وتغيير الاسلوب في عشيا لما انه لا يجئ منه الفعل بمعنى الدخول في العشي كالمساء والصباح والظهيرة ۱۲۔

ع ۵ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ
اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا

www.besturdubooks.net

لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝۲۱ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ۝۲۲ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ
مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَاۗؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۝۲۳
مِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ
فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝۲۴ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَاۗءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ۭ ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ڰ مِّنَ
الْاَرْضِ ڰ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ۝۲۵ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ۝۲۶ وَهُوَ الَّذِيْ
يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ ۭ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۲۷ ع ۸

وہ جاندار کو بے جان سے باہر لاتا ہے اور بے جان کو جاندار سے باہر لاتا ہے اور زمین کو اس کے مردہ ہونے کے بعد زندہ کرتا ہے اور اسی طرح تم لوگ نکالے جاؤ گے اور نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ تم کو مٹی سے پیدا کیا پھر تھوڑے ہی دن بعد تم آدمی بن کر پھیلے ہوئے پھرتے ہو اور اسی کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تمہارے واسطے تمہاری جنس کی بیبیاں بنائیں تا کہ ان کے پاس آرام ملے اور تم میاں بیوی میں محبت اور ہمدردی پیدا کی۔ اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو فکر سے کام لیتے ہیں اور اسی کی نشانیوں میں سے آسمانوں زمین کا بنانا ہے اور تمہارے لب لہجہ اور رنگتوں کا الگ الگ ہونا ہے اس میں دانشمندوں کے لئے نشانیاں ہیں اور اس کی نشانیوں میں سے تمہارا سونا ہے رات اور دن میں اور اس کی روزی کو تمہارا تلاش کرنا ہے اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو سنتے ہیں اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ وہ تم کو بجلی دکھاتا ہے جس سے ڈر بھی ہوتا ہے اور امید بھی ہوتی ہے اور وہی آسمان سے پانی برساتا ہے پھر اسی سے زمین کو اس کے مردہ ہو جانے کے بعد زندہ کر دیتا ہے اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو عقل رکھتے ہیں اور اسی کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ آسمانوں اور زمین اس کے حکم سے قائم ہے پھر جب تم کو پکار کر زمین میں سے بلا دے گا تو تم یکبارگی نکل پڑو گے اور جتنے آسمان اور زمین میں موجود ہیں سب اسی کے تابع ہیں اور اسی سے جو اول بار پیدا کرتا ہے پھر ہی دوبارہ پیدا کرے گا اور یہ اس کے نزدیک زیادہ آسان ہے اور آسمان وزمین میں اسی کی شان اعلیٰ ہے اور وہ بڑا زبردست حکمت والا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: سرخی بالا سے اوپر وقوع آخرت کا ذکر تھا' چونکہ کفار مشرکین اس کے امکان ہی کا انکار کرتے تھے اس لئے آگے اس کی امکان اور صحت کے ثابت کرنے کے لئے دلائل قدرت بیان فرماتے ہیں اور درمیان میں تسبیح و تحمید کا ذکر آ گیا تھا۔ توجیہ استدلال یہ ہے کہ وقوع ساعت فی نفسہ امر ممکن ہے' کیونکہ کوئی دلیل اس کے امتناع کی نہیں اور اگر استبعاد کا شبہ ہو تو جو امور قدرت سے واقع ہوئے ہیں یہ قیامت ان سے زیادہ مستبعد نہیں ہے' پس قبول وجود میں سب مساوی پھر قدرت ذاتی ہے جس کی نسبت سب مقدورات سے مساوی اور بعد ثبوت امکان و دفع استبعاد نقل صحیح مخبر ہے وقوع سے پس وقوع اس کا ضروری۔ اگلا رکوع پورا اسی مضمون میں ہے۔

استدلال بر صحت بعث بیان دلائل قدرت: يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ (الی قولہ تعالی) وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (اس کو دوبارہ پیدا کرنا کیا مشکل ہے' کیونکہ اس کی ایسی قدرت ہے کہ) وہ جاندار کو بے جان سے باہر لاتا ہے اور بے جان کو جاندار سے باہر لاتا ہے (مثلاً نطفہ اور بیضہ سے انسان اور بچہ اور انسان اور پرندہ سے نطفہ اور بیضہ) اور زمین کو اس کے مردہ (یعنی خشک) ہونے کے بعد زندہ (یعنی تازہ وشاداب) کرتا ہے اور اسی طرح تم لوگ (قیامت کے روز قبروں سے) نکالے جاؤ گے اور اسی کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے ایک یہ (امر) ہے کہ تم کو مٹی سے پیدا کیا (یا تو اس طرح کہ آدم علیہ السلام مٹی سے پیدا ہوئے جو مشتمل تھے تمام ذریت پر اور یا اس طرح کہ نطفہ کی اصل غذا ہے اور اس کی اصل عناصر ہیں جس میں جزو غالب مٹی ہے) پھر تھوڑے ہی روزوں بعد (کیا ہوا کہ) تم آدمی بن کر (زمین پر) پھیلے ہوئے پھرتے (نظر آتے) ہو اور اسی کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے یہ (امر) ہے کہ اس نے تمہارے (فائدے کے) واسطے تمہاری جنس کی بیبیاں بنائیں (اور وہ فائدہ یہ ہے کہ) تا کہ تم کو ان کے پاس (جا کر بیٹھ کر) آرام ملے اور تم میاں بی بی میں محبت اور ہمدردی پیدا کی اس (امر مذکور) میں (بھی) ان لوگوں کے لئے (قدرت کی) نشانیاں ہیں جو فکر سے کام لیتے ہیں (کیونکہ استدلال کے لئے فکر کی ضرورت ہے اور نشانیاں جمع۔ اس لئے فرمایا کہ امر مذکور کئی امر پر مشتمل ہے) اور اسی کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے آسمان اور زمین کا بنانا ہے اور

www.besturdubooks.net

تمہارے لب ولہجہ اور رنگتوں کا الگ الگ ہونا ہے (لب ولہجہ سے مراد یا لغات ہوں یا آواز وطرز گفتگو) اس (امر مذکور) میں (بھی) دانشمندوں کے لئے (قدرت کی) نشانیاں ہیں (یہاں بھی جمع کی وہی توجیہ مذکور ہو سکتی ہے) اور اسی کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے تمہارا سونا لیٹنا ہے رات میں اور دن میں (گو رات کو زیادہ اور دن کو کم ہو) اور اس کی روزی کو تمہارا تلاش کرنا ہے (دن کو زیادہ اور رات کو کم اسی لئے دوسری آیات میں تخصیص واقع ہوئی ہے) اس (امر مذکور) میں (بھی) ان لوگوں کے لئے (قدرت کی) نشانیاں ہیں جو (دلیل کو توجہ سے) سنتے ہیں اور اسی کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے یہ (امر[1]) ہے کہ وہ تم کو (بارش کے وقت) بجلی (چمکتی ہوئی) دکھلاتا ہے جس سے (اس کے گرنے کا) ڈر بھی ہوتا ہے اور (اس سے بارش کی) امید بھی ہوتی ہے اور وہی آسمان سے پانی برساتا ہے پھر اس سے زمین کو اس کے مردہ (یعنی خشک) ہو جانے کے بعد زندہ (یعنی تروتازہ) کر دیتا ہے اس (امر مذکور) میں (بھی) ان لوگوں کے لئے (قدرت کی) نشانیاں ہیں جو عقل (نافع رکھتے ہیں) اور اسی کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے یہ (امر) ہے کہ آسمان اور زمین اس کے حکم (یعنی ارادہ) سے قائم ہیں (اس میں بیان ہے ان کے ابقاء کا اور اوپر خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ میں ذکر تھا ان کے حدوث کا اور یہ تمام[2] نظام عالم جو مذکور ہوا یعنی تمہارا سلسلہ توالد وتناسل کا جاری ہونا اور باہم ازواج ہونا اور آسمان اور زمین کا بہیئت کذائیہ موجود وقائم ہونا اور السنہ والوان کا اختلاف اور لیل ونہار کے انقلاب میں خاص مصلحتوں کا ہونا اور بارش کا نزول اور اس کے مبادی وآثار کا ظہور یہ سب اسی حیات اولیٰ کے بقائے سلسلہ تک ہے اور ایک روز یہ سب ختم ہو جاوے گا) پھر (اس وقت یہ ہوگا کہ) جب تم کو پکار کر زمین میں سے بلاوے گا تو تم یکبارگی نکل پڑو گے (اور دوسرا نظام شروع ہو جاوے گا جو مقصود مقام ہے) اور (اوپر دلائل قدرت سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ) جتنے (فرشتے اور انسان وغیرہ) آسمان اور زمین میں موجود ہیں سب اسی کے (مملوک) ہیں (اور) سب اسی کے تابع (یعنی مسخر قدرت) ہیں اور (اس ثبوت واختصا قدرتِ کاملہ سے یہ ثابت ہو گیا کہ) وہی ہے جو اول بار پیدا کرتا ہے (چنانچہ یہ مخاطبین کے نزدیک بھی مسلم تھا) پھر وہی دوبارہ پیدا کرے گا (جیسا کہ دلائل مذکورہ کے ساتھ انضمام خبر صادق سے معلوم ہوا) اور یہ (دوبارہ پیدا کرنا) اس کے نزدیک (باعتبار مخاطبین کے بادی النظر کے بہ نسبت اول بار پیدا کرنے کے) زیادہ آسان ہے (جیسا قدرتِ بشریہ کے اعتبار سے عادت غالبہ یہی ہے کہ کسی چیز کو پہلی بار کے بنانے سے دوسری باری بنانا سہل تر ہوتا ہے) اور آسمان اور زمین میں اسی کی شان (سب سے) اعلیٰ ہے (یعنی نہ آسمانوں[3] میں کوئی ایسا بڑا ہے اور نہ زمین میں۔ کقولہ تعالیٰ) وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ [الجاثیۃ : ۳۷] اور وہ (بڑا) زبردست (یعنی قادرِ مطلق اور) حکمت والا ہے (چنانچہ اوپر کے تصرفات سے قدرت اور حکمت دونوں ظاہر ہیں۔ پس قدرت سے اعادہ کرے گا اور جتنا توقف ہو رہا ہے اس میں حکمت ومصلحت ہے پس قدرت وحکمت کے ثبوت کے بعد فی الحال واقع نہ ہونے سے انکار کرنا جہل ہے) **ف**: وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا اس مقام میں دوبارہ لانا شاید اس لئے ہو کہ یہاں تذکرہ بعث کا ہے اور یہ اس کا خاص نمونہ ہے اور فواصل کا اختلاف يَّتَفَكَّرُوْنَ اور لِّلْعٰلِمِيْنَ اور يَّسْمَعُوْنَ اور يَّعْقِلُوْنَ سے تفنن عبارت ہے جو منجملہ وجوہ بلاغت ہے اور دوسری توجیہات خالی از تکلف نہیں۔ وللناس فیما یعشقون مذاہب اور اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ سے اوپر کی آیات میں جو آیا ہے وہ بطور تقدیم دعویٰ کے ہے اور یہاں جو آیا ہے وہ بطور تفریع مطلوب کے ہے اور درمیان میں دوبارہ تخرجون آنا اس لئے ہے کہ تاکید مقصود کے زیادہ مناسب ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَكُمْ ...... اس میں دلالت ہے کہ اس پر بیبیوں کی طرف میلان ہونا حق تعالیٰ کے احسانات سے ہے کیونکہ یہ موقع امتنان کا ہے بس اس سے معلوم ہوا کہ یہ میلان منافی کمال نہیں جیسا بعض زاہدان خشک سمجھتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ ...... اس سے معلوم ہوا کہ استراحت کے لئے سونا اور اسی طرح اسباب معاش کا حاصل کرنا یہ منافی کمال نہیں کیونکہ موقع منت میں ذکر فرمایا ہے تو ایسی چیز منافی کمال کیسے ہوگی البتہ ان میں انہماک یہ ممنوع ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَ مِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ چونکہ خطاب اپنے عموم سے کاملین کو بھی شامل ہے اس عموم سے یہ اس پر دال ہے کہ خوف وطمع طبعی منافی کمال نہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَ لَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى مثل بحسین بمعنی مثال ہے۔ اس کا اثبات مطلقا اس آیت میں اور اس کا ایراد جزئیا دوسری آیات مثل: مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ [النور : ۳۵] میں اور مثل بکسر المیم وسکون الثاء کی نفی آیت: لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ [الشوریٰ : ۱۱] میں دال ہے اس پر کہ حق تعالیٰ کے لئے مثال کا استعمال جو کہ توضیح کے لئے ہوتی ہے بشرطیکہ خلاف شان حق تعالیٰ کے نہ ہو جائز ہے اور مثل کا ناجائز ہے اور فرق دونوں میں یہ ہے کہ مثال کے معنی ہیں مشارک فی الوصف اور مثل کے معنی ہیں مشارک فی النوع ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قولہ فی یریکم: یہ امر ہے اشارۃ الی تقدیر ان لیصح کونہ مبتدأ ۱۲۔ [2] قولہ قبل ثم اذا دعاکم: یہ تمام نظام الخ یتاید بما ذکرہ ابو السعود قریباً منہ ۱۲۔ [3] قولہ فی السمٰوٰت یعنی نہ آسمانوں میں فالسمٰوٰت ظرف باعتبار المفضل علیہ کصنع صاحب الکبیر وان اختلف الصنع ۱۲۔

النحو: قولہ یریکم بتقدیر ان ۱۲۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ: قوله ثم اذا انتم لا يستبعد الاجتماع بين التراخي والمفاجاة بكون الاول رتبيا والثاني حقيقيا او مع كونهما حقيقيين بان تكون الانتقال دفعيا لكن بعد زمان كثير۱۲۔ قوله لتسكنوا غاية للتقييد بانفسكم لان المجانسة اصل الموانسة۔ قوله جعل بينكم فيه تغليب۔ قوله اختلاف السنتكم في الروح وانما نظم اختلاف الالسنة والالوان في سلك الآيات الآفاقية من خلق السمٰوات والارض مع كونه من الآيات الانفسية الحقيقية بالانتظام في سلك ما سبق من خلق انفسهم وازواجهم للايذان باستقلاله والاحتراز عن توهم كونه متممات خلقهم اه۔ قوله ابتغاؤكم اى بالليل والنهار وحذف لدلالة ما قبل عليه۱۲۔

ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ۭ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَاۗءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ
فِيْهِ سَوَاۗءٌ تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝۲۸ بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَاۗءَهُمْ
بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ يَّهْدِيْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ۭ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝۲۹ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۭ فِطْرَتَ
اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ڎ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا
يَعْلَمُوْنَ ۝۳۰ڎ مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۳۱ۙ مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا
دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝۳۲ وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُّنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ
ثُمَّ اِذَآ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ۝۳۳ۙ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۣ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝۳۴
اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ۝۳۵ وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا ۭ وَاِنْ
تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ اِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ ۝۳۶ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ
وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝۳۷ فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۭ
ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ ۡ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۳۸ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ
النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ۝۳۹ اَللّٰهُ
الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ
ع۱۳ ۷ مِّنْ شَيْءٍ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۴۰ۧ

اللہ تعالیٰ تم سے ایک مضمون عجیب تمہارے ہی حالات میں سے بیان فرماتے ہیں۔ کیا تمہارے۔ غلاموں میں کوئی شخص تمہارے اس مال میں جو ہم نے تم کو دیا ہے شریک ہے کہ تم اور وہ اس برابر ہوں۔ جن کا تم ایسا خیال کرتے ہو جیسا اپنے آپس کا خیال کرتے ہو۔ ہم اسی طرح سمجھداروں کے لئے دلائل صاف صاف بیان کرتے رہتے ہیں بلکہ ان ظالموں نے بلادلیل اپنے خیالات کا اتباع کر رکھا ہے۔ سو جس کو اللہ گمراہ کردے اس کو کون راہ پر لائے اور ان کا کوئی حمایتی نہ ہوگا۔ سو تم یکسو ہوکر اپنا رخ اس دین کی طرف رکھو۔ اللہ کی دی ہوئی قابلیت کا اتباع کرو جس پر اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو پیدا کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی اس پیدا ہوئی چیز کو جس پر اس نے تمام آدمیوں کو پیدا کیا ہے بدلنا نہ چاہے بس سیدھا دین یہی ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ تو اللہ کی طرف رجوع ہوکر فطرت الٰہیہ کا جاع کرو اور اس سے ڈرو اور نماز کی پابندی کرو اور شرک کرنے والوں میں سے مت رہو۔ جن لوگوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کرلیا اور بہت سے گروہ بن گئے ہر گروہ اپنے اس طریقے پر نازاں ہے۔ جو ان کے پاس ہے اور جب لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے رب کو اسی کی طرف رجوع ہوکر پکارنے لگتے ہیں۔ پھر جب اللہ تعالیٰ ان کو اپنی طرف سے کچھ عنایت کا مزہ چکھا دیتا ہے تو بس ان میں سے

www.besturdubooks.net

بعض لوگ اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتے ہیں۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ ہم نے جوان کو دیا ہے اس کی ناشکری کریں سو چند روز اور حظ حاصل کرلو۔ پھر جلد ہی تم معلوم کرلو گے۔ کیا ہم نے ان پر کوئی سند نازل کی ہے کہ وہ ان کو شرک کرنے کو کہہ رہی ہے اور ہم جب لوگوں کو کچھ عنایت کا مزہ چکھا دیتے ہیں تو وہ اس سے خوش رہتے ہیں اور اگر ان کے اعمال کے بدلہ میں جو پہلے اپنے ہاتھوں کر چکے ہیں۔ ان پر کوئی مصیبت آ پڑتی ہے۔ تو بس وہ لوگ ناامید ہو جاتے ہیں۔ کیا ان کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہے زیادہ روزی دیتا ہے اور جس کو چاہے کم دیتا ہے اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں اور پھر قرابت دار کو اس کا حق دیا کرو اور مسکین اور مسافر کو بھی۔ یہ ان لوگوں کے لئے بہتر ہے جو اللہ کی رضا کے طالب ہیں اور ایسے لوگ فلاح پانے والے ہیں اور جو چیز تم اس غرض سے دو گے کہ وہ لوگوں کے مال میں پہنچ کر زیادہ ہو جائے تو یہ اللہ کے نزدیک نہیں بڑھتا اور جو زکوٰۃ دو گے جس سے اللہ کی رضا طلب کرتے ہو گے تو ایسے لوگ نہ اللہ تعالیٰ کے پاس بڑھاتے رہیں گے اللہ تعالیٰ ہی وہ ہے جس نے تم کو پیدا کیا پھر تم کو رزق دیا پھر تم کو موت دیتا ہے پھر تم کو جلائے گا کیا تمہارے شریکوں میں بھی کوئی ایسا ہے جو ان کاموں میں سے کچھ بھی کر سکے وہ ان کے شرک سے پاک اور برتر ہے۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر بعث کا مضمون تھا جس پر استدلال کرنے کے لئے حق تعالیٰ کے افعال و صفات کمال کا بیان کیا گیا تھا۔ آگے توحید کا مضمون مقصود اً مذکور ہے۔ اور چونکہ مسئلہ بعث و توحید خود بھی قرآن میں متلاصق ہیں پھر صفات الٰہیہ و توحید اور زیادہ متناسق ہیں اس لئے سابق و لاحق دو وجہ سے مرتبط ہو گئے اور یہ مضمون پورے رکوع تک ممتد ہے۔ صرف درمیان میں دلائل توحید میں سے رزاقی کی مناسبت سے استطراداً و تفریعاً بعض فروع متعلق انفاق مال اور اس کے اغراض کا بیان آ گیا ہے باقی اصل مقصود مضمون توحید ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اثبات توحید: ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ۚ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ (الی قولہ تعالی) سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۞ اللہ تعالیٰ (شرک مذموم و باطل ثابت کرنے کے لئے) تم سے ایک مضمون عجیب تمہارے ہی حالات لطیف سے بیان فرماتے ہیں۔ وہ (یہ کہ غور کرو) کیا تمہارے غلاموں میں کوئی شخص تمہارا اس مال میں جو ہم نے تم کو دیا ہے شریک ہے کہ تم اور وہ (باعتبار اختیارات کے) اس میں برابر ہوں جن کا تم (تصرفات کے وقت) ایسا خیال کرتے ہو جیسا اپنے آپس (کے شریک و سہیم آزاد و خود مختار کا) خیال کیا کرتے ہو (اور ان سے اذن لے کر تصرفات کیا کرتے ہو یا کم از کم اندیشہ مخالفت ہی ان سے رہتا ہے اور ظاہر ہے کہ غلام اس طرح شریک نہیں ہوتا' پس جب تمہارا غلام جو نوع وغیرہ میں تمہارا شریک ہے صرف ایک امر اضافی اس میں اور تم میں موجب امتیاز ہے تمہارے خاص حق تصرف میں تمہارا شریک نہیں ہو سکتا تو تمہارے قرار دیئے ہوئے معبودات باطلہ جو کہ حق تعالیٰ کے غلام ہیں اور کسی کمال ذاتی یا وصفی میں خدا تعالیٰ کے مماثل نہیں' بلکہ بعض تو ان میں سے خود مخلوقات الٰہیہ کے مصنوع ہیں۔ یہ معبودین حق تعالیٰ کے خاص حق معبودیت میں کس طرح اس کے ساتھ شریک ہو سکتے ہیں اور ہم نے جس طرح یہ دلیل شافی کافی بطلان شرک کی بیان فرمائی) ہم اسی طرح سمجھداروں کے لئے دلائل صاف صاف بیان کرتے رہتے ہیں (اور مقتضا تبیین و تفصیل کا یہ تھا کہ وہ لوگ حق کا اتباع اختیار کر لیتے ہیں اور شرک چھوڑ دیتے مگر وہ حق کا اتباع نہیں کرتے[۱]) بلکہ ان ظالموں نے بلا (کسی صحیح) دلیل (کے محض) اپنے خیالات (فاسدہ) کا اتباع کر رکھا ہے سو جس کو (اس کے تعنت و عناد و اصرار علی الباطل کی وجہ سے) خدا (ہی گمراہ) کرے اس کو کون راہ پر لاوے (اس میں ان کے عذر کا بیان نہیں بلکہ تسلیہ ہے پیغمبر ہادی ﷺ کا) اور (جب ان گمراہوں کو عذاب ہونے لگے گا تو) ان کا کوئی حامی نہ ہوگا (اور جب اوپر کے مضمون سے توحید کی حقیقت واضح ہوگئی) تو (مخاطبین میں سے ہر ہر شخص سے کہا جاتا ہے کہ) تم (ادیان باطلہ سے) یکسو ہو کر اپنا رخ اس دین (حق) کی طرف رکھو (اور سب) اللہ کی دی ہوئی قابلیت کا اتباع کرو[۲] جس (قابلیت) پر اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو پیدا کیا ہے (مطلب فطرت کا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر شخص میں خلقۃً یہ استعداد رکھی ہے کہ اگر حق کو سننا اور سمجھنا چاہے تو وہ سمجھ میں آ جاتا ہے اور اس کے اتباع کا مطلب یہ ہے کہ استعداد اور قابلیت سے کام لے اور اس کے مقتضا پر کہ ادراک حق ہے عمل کرے غرض اس فطرت کا اتباع چاہئے اور) اللہ تعالیٰ کی اس پیدا کی ہوئی چیز کو جس پر اس نے تمام آدمیوں کو پیدا کیا ہے بدلنا نہ چاہئے' پس سیدھا (راستہ) دین (کا) یہی ہے لیکن اکثر لوگ (اس کو بوجہ عدم تدبر کے) نہیں جانتے (اس لئے اس کا اتباع نہیں کرتے' غرض) تم خدا کی طرف رجوع ہو کر فطرت الٰہیہ کا اتباع کرو اور اس (کی مخالفت اور اس مخالفت کے عذاب) سے ڈرو اور (اسلام قبول کر کے) نماز کی پابندی کرو (کہ اول علی التوحید ہے) اور شرک کرنے والوں میں سے مت رہو جن[۳] لوگوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر لیا (یعنی حق تو یہ ایک تھا اور باطل بہت ہیں انہوں نے حق کو چھوڑ دیا اور باطل کی مختلف راہیں اختیار کر لیں یہ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ہے کہ ایک نے ایک لے لیا دوسرے نے دوسرا) اور بہت سے (مختلف) گروہ ہو گئے (اور اگر حق پر رہتے تو ایک گروہ ہوتے اور باوجود اس کے کہ ان حق کے چھوڑنے والوں میں سب کے طریقے باطل ہیں مگر پھر بھی غایت جہل سے ان میں) ہر گروہ اپنے اس طریقے پر نازاں ہیں جو ان کے پاس ہے اور (جس توحید کی طرف ہم بلاتے ہیں اضطرار کے وقت عام طور پر لوگوں کے حال و قال سے باوجود اس خلاف و انکار کے اس کا اظہار و اقرار بھی ہونے لگتا ہے جس سے اس کے فطری ہونے کی بھی تائید ہوتی ہے' چنانچہ مشاہدہ کیا جاتا ہے

www.besturdubooks.net

کہ) جب لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے (اس وقت بے قرار ہو کر) اپنے رب (حقیقی) کو اسی کی طرف رجوع ہو کر پکارنے لگتے ہیں (اور سب معبودین کو چھوڑ دیتے ہیں مگر) پھر (قریب ہی یہ حالت ہو جاتی ہے کہ) جب اللہ تعالیٰ ان کو اپنی طرف سے کچھ عنایت کا مزہ چکھا دیتا ہے تو بس ان میں سے بعضے لوگ (پھر) اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ ہم نے جو (آرام وعیش) ان کو دیا ہے اس کی ناشکری کرتے ہیں (جو عقلاً بھی قبیح ہے) سو (خیر) چندروز اور حظ حاصل کرلو پھر جلدی تم (حقیقت) معلوم کرلو گے (اور یہ لوگ جو شرک کرتے ہیں خصوص اقرار توحید کے بعد تو ان سے کوئی پوچھے کہ اس کی کیا وجہ ہے) کیا ہم نے ان پر کوئی سند (یعنی کوئی کتاب) نازل کی ہے کہ وہ ان کو خدا کے ساتھ شرک کرنے کو کہہ رہی ہے (یعنی ان کے پاس اس کی کوئی دلیل نقلی بھی نہیں اور مقتضائے بداہت عقل کے خلاف ہونا خود ان کی تسلیم سے حالت اضطرار میں ظاہر ہے پس سرتاسر باطل ٹھہرا) اور (آگے مضمون بالا اِذَا مَسَّ النَّاسَ کی تتمیم ہے اور اَمْ اَنْزَلْنَا درمیان میں دلیل عقلی کے انتفاء کی مناسبت سے دلیل نقلی کے انتفاء کے لئے آ گیا تھا وہ تتمہ یہ ہے کہ) ہم جب (ان) لوگوں کو کچھ عنایت کا مزہ چکھا دیتے ہیں تو وہ اس سے (اسی طرح) خوش ہوتے ہیں (کہ غفلت وانہماک میں پڑ کر شرک کرنے لگتے ہیں جیسا اوپر ذکر آیا) اور اگر ان کے ان اعمال (بد) کے بدلے میں جو پہلے اپنے ہاتھوں کر چکے ہیں ان پر کوئی مصیبت آ پڑتی ہے تو بس وہ لوگ نا امید ہو جاتے ہیں (مقام میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس تتمہ میں اصل مقصود پہلا جملہ: اِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ ہے کہ اس میں سبب مذکور ہے شرک کا کہ فرح وغفلت ہے اور دوسرا جملہ اس مقصود کی مناسبت سے بیان کر دیا کہ دونوں میں تقابل ہے اور اس میں تشارک بھی ہے کہ دونوں دال ہیں۔ ایسے لوگوں کے ضعف تعلق مع اللہ پر' پس اصل مضمون اثبات توحید وابطال شرک ہی کا ہے' آگے اسی کی دوسری دلیل ہے کہ یہ لوگ جو شرک کرتے ہیں تو) کیا ان کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہے زیادہ روزی دیتا ہے اور جس[۱] کو چاہے کم دیتا ہے (اور یہ مشرکین کے نزدیک مسلّم بھی تھا کہ روزی کا گھٹانا بڑھانا اصل میں خدا ہی کا کام ہے۔ لقولہ تعالیٰ: وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ [العنکبوت : ۶۳] اس (امر) میں (بھی توحید کی) نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں (یعنی وہ سمجھتے ہیں اور دوسرے بھی سمجھ سکتے ہیں' کیونکہ جو شخص ایسا قادر ہو گا مستحق عبادت کا وہی ہو گا) پھر (جب دلائل توحید میں معلوم ہوا کہ رزق کا بسط وقبض اللہ ہی کی طرف سے ہے تو اس سے ایک بات اور بھی ثابت ہوئی کہ بخل کرنا مذموم ہے' کیونکہ اس سے تقدیر سے زیادہ نہیں مل سکتا' پھر امساک بے فائدہ' پس اے مسلمان[۲] انفاق فی الخیر میں بخل مت کیا کرو بلکہ) قرابت دار کو اس کا حق دیا کرو اور (اسی طرح) مسکین اور مسافر کو بھی (ان کے حقوق دیا کر جن کی تفصیل دلائل شرعیہ سے معلوم ہے) یہ ان لوگوں کے لئے بہتر ہے جو اللہ کی رضا کے طالب ہیں اور ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیں اور (ہم نے جو خیر ہونے کے لئے يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ کی قید لگائی ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ ہمارے نزدیک مطلق انفاق خیر موجب فلاح نہیں ہے' بلکہ اس کا قانون یہ ہے کہ) جو چیز تم (دنیا کی غرض سے خرچ کرو گے مثلاً کوئی چیز) اس غرض سے (کسی کو) دو گے کہ وہ لوگوں کے مال میں (شامل ہو کر یعنی ان کی ملک وقبضہ میں) پہنچ کر (تمہارے لئے) زیادہ ہو (کر آ) جاوے (جیسا نوتہ وغیرہ رسوم دنیویہ میں اکثر اسی غرض سے دیا جاتا ہے کہ یہ شخص ہمارے موقع پر کچھ اور شامل کر کے دے گا) تو یہ اللہ کے نزدیک نہیں بڑھتا (کیونکہ خدا کے نزدیک پہنچنا اور بڑھنا اس مال کے ساتھ خاص ہے جو اللہ کی خوشنودی کے لئے خرچ کیا جاوے جیسا آگے آتا ہے اور حدیث میں بھی ہے کہ ایک تمرہ مقبولہ احد پہاڑ سے بھی زیادہ بڑھ جاتا ہے اور اس میں یہ نیت تھی نہیں لہٰذا نہ مقبول ہوا نہ زائد ہوا) اور جو زکوٰۃ (وغیرہ) دو گے جس سے اللہ کی رضا طلب کرتے ہو گے تو ایسے لوگ (اپنے دیئے ہوئے کو) خدا تعالیٰ کے پاس بڑھاتے رہیں گے (جیسا ابھی حدیث کا مضمون گزرا' اور یہ مضمون انفاق کا مضمون رزاقی دال علی التوحید کے ساتھ تبعاً آ گیا جیسا اوپر ذکر توحید کے ساتھ صلوٰۃ کا امر آ گیا تھا جس سے عبادات بدنیہ ومالیہ دونوں کا ذکر ہو گیا باقی اصل مقصود مضمون توحید ہے اس لئے آگے پھر اسی کا ذکر ہے) اللہ ہی وہ ہے جس نے تم کو پیدا کیا' پھر تم کو رزق دیا' پھر تم کو موت دیتا ہے پھر (قیامت میں) تم کو جلائے گا (جس میں بعض مخاطبین کے اقرار سے ثابت ہے اور بعض دلائل سے غرض وہ تو ایسا قادر ہے اب یہ بتلاؤ کہ) کیا تمہارے شرکاء میں بھی کوئی ایسا ہے جو ان کاموں میں سے کچھ بھی کر سکے (اور ظاہر ہے کہ کوئی بھی نہیں' پس ثابت ہوا کہ) وہ ان کے شرک سے پاک اور برتر ہے (یعنی اس کا کوئی شریک نہیں' پس توحید کا اثبات اور شرک کا ابطال ہو گیا) **ف**: فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا پر یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ جس لڑکے کو خضر علیہ السلام نے قتل کیا تھا اس کے واسطے حدیث میں ہے کہ پیدائشی کافر تھا کیونکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ اس کی قسمت میں یہ تھا کہ بڑا ہو کر کافر ہو گا نہ یہ کہ اس میں فطرت بمعنی استعداد لقبول الحق نہ تھی' حدیث میں طبع کافرا کا یہی مدلول ہے اور فَرِحُوْا بِهَا میں اس فرح کی مذمت ہے جو براہ بطر ہو اور سورۂ یونس میں فَلْيَفْرَحُوْا اس فرح کا امر ہے جو بطور شکر ہو' پس ان میں کچھ تعارض نہیں اور مضمون آیت: وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً ...... کے متعلق ایک ضروری مضمون سورۂ یونس کے رکوع دوم آیت: وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ...... کی تفسیر کے ذیل میں لکھا گیا ہے جو قابل ملاحظہ ہے اور آیت: مَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ ...... اگر مکی ہو تو زکوٰۃ بمعنی مطلق صدقہ کے ہو گی کیونکہ فرضیت زکوٰۃ کی مدینہ میں ہے۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اس میں اتباع ہواء کا مذموم اور ناشی عن الجہل ہونا مصرح ہے۔ قولہ تعالیٰ: لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ یہ اپنے اطلاق سے اس پر دال ہے کہ فطریات میں تبدل نہیں ہوتا' ریاضت سے تعدیل ہو جاتی ہے اور یہ فن کا بہت بڑا مسئلہ ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ اس میں اشارہ ہے کہ انسان کی طبیعت ہدایت اور ضلال سے مرکب ہے مصیبت کے وقت ہدایت کا ظہور ہوتا ہے اور زوال مصیبت کے بعد میں ضلالت کا هذا حاصل ما فی الروح ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی انفسکم: حالات اشارة الی تقدیر المضاف ای مثلا من احوال انفسکم لیکون اقرب الی افهامکم ۱۲۔ ۲ قوله قبل بل اتبع نہیں کرتے۔ اشارة الی مقدر ای ما عقلوا ولم یتبعوا الحق یدل علیه یعقلون ۱۲۔ ۳ قوله فی فطرة: اتباع کرو۔ اشارة الی تقدیر عامل فطرة یدل علیه اتبع الذین ۱۲۔ ۴ قوله فی منیبین اتباع کرو عامل منیبین هو العامل فی فطرة لکن کرر ذکره فی الترجمة مع انه مقدر مرة للفصل الطویل بین العامل والحال ۱۲۔ ۵ قوله فی من الذین کفروا: جن لوگوں نے الخ اشارة الی کونه بدلا من المشرکین ۱۲۔ ۶ قوله فی یقدر جس کو چاہے اشارة الی تقدیر من یشاء والمقدر کالمذکور ۱۲۔ ۷ قوله قبل فات اے مسلمان اشارة الی ان المخاطب عام لا النبی ﷺ خاصة ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراءة لتربوا ای لتصیروا ذوی رباء فی بمعنی من ای من اموال الناس او هی اجلیة بمعنی السبب ویقدر المضاف ای لتصیر واذوی زیادة بسبب اجتلاب اموال الناس واجتذابها ۱۲۔

البلاغۃ: قوله فاقم لعل الافراد مع ارادة الجمع للاهتمام بکون کل واحد واحد مستقلا فی کونه مامورًا بالتوحید فافهم۔ قوله التی فطر الوصف لتاکید وجوب امتثال الامر ۱۲۔ قوله لا تبدیل تعلیل للامر بلزوم فطرته تعالیٰ ووجوب الامتثال (۱) به وفیه اقامة المظهر موضع المضمر والمعنی لاصحة ولا استقامة شرعًا وعقلاً لتبدیل الفطرة فکان الحاصل بالنفی النهی ولیس المراد لا صحة وقوعا لان التبدیل قد وقع وایراده بصورة الخبر لعله للمبالغة ۱۲۔ قوله ضر وقوله رحمة التنکیر للتقلیل للمبالغة ۱۲۔ قوله ربا سماه ربا مجازا لانه سبب للربا الغوی ۱۲۔ قوله اولئک هم المضعفون فیه التفات من الخطاب الی الغیبة ۱۲۔

الحواشی: (۱) قوله به متعلق بقوله تعلیل یعنی ان الامر بلزوم الفطرة ووجوب الامتثال قد علل بقوله لا تبدیل الخ ۱۲ منه۔

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۱﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ﴿۴۲﴾ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَىِٕذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿۴۳﴾ مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ﴿۴۴﴾ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۵﴾

خشکی اور تری میں لوگوں کے اعمال کے سبب بلائیں پھیل رہی ہیں تا کہ اللہ تعالیٰ ان کے بعض اعمال کا مزہ ان کو چکھا دیں تا کہ وہ باز آ جائیں۔ آپ فرما دیجئے کہ ملکوں میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ جو لوگ پہلے ہو گزرے ہیں ان کا اخیر کیسا ہوا۔ ان میں اکثر مشرک ہی تھے۔ سو تم اپنا رخ اس دین راست کی طرف رکھو قبل اس کے کہ ایسا دن آ جائے جس کے واسطے پھر اللہ کی طرف سے ہٹنا نہ ہوگا۔ اس دن سب لوگ جدا جدا ہو جائیں گے جو شخص کفر کر رہا ہے اس پر تو اس کا کفر پڑے گا اور جو نیک عمل کر رہا ہے سو یہ لوگ اپنے لئے سامان کر رہے ہیں جس کا حاصل یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو اپنے فضل سے جزا دے گا' جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے واقعی اللہ تعالیٰ کافروں کو پسند نہیں کرتا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر اثبات توحید اور شرک کا ابطال تھا آگے ذنوب و معاصی کا جن میں شرک و کفر سب سے اعظم واقبح ہے۔ دنیا و آخرت میں شامت و وبال اور تمیم و مقابلہ کے لئے توحید و طاعات کا نیک مآل مذکور ہے۔

ذکر وبال از شرک و ضلال و سوء اعمال: ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ (الی قوله تعالیٰ) اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۵﴾ (شرک و معصیت ایسی بری چیز ہے کہ) خشکی اور تری (یعنی تمام دنیا) میں لوگوں کے (برے) اعمال کے سبب بلائیں پھیل رہی ہیں (مثلاً قحط و وبا و طوفان) تا کہ اللہ تعالیٰ ان کے بعضے اعمال (کی سزا) کا مزہ ان کو چکھا دے تا کہ وہ (اپنے ان اعمال سے) باز آ جاویں (جیسا دوسری آیت میں ہے: وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ

www.besturdubooks.net

فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ [الشوری : ۳۰] اور بعض کا مطلب یہ ہے کہ اگر سب پر یہ عقوبتیں مرتب ہوں تو ایک دم زندہ نہ رہیں۔ کقولہٖ تعالیٰ : وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰي ظَهْرِهَا مِنْ دَاۗبَّةٍ [فاطر : ۴۵] اس معنی کو آیت بالا میں وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ فرمایا ہے۔ غرض جب اعمال بد مطلقاً سبب وبال ہیں تو شرک و کفر تو سب سے بڑھ کر موجب وبال ہوگا اور اگر ان مشرکین کو اس کے ماننے میں کچھ تردد ہوا تو) آپ (ان سے) فرما دیجئے کہ ملک میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ جو (کافر و مشرک) لوگ پہلے ہو گزرے ہیں ان کا اخیر کیسا ہوا ان میں اکثر مشرک ہی تھے (سو دیکھ لو وہ عذاب آسمانی سے کس طرح ہلاک ہوئے جس سے صاف واضح ہوا کہ شرک کا بڑا وبال ہے اور بعضے کفر کی دوسری انواع میں بھی مبتلا تھے جیسے قوم لوط اور قارون جو مسخ ہو کر قردہ اور خنازیر ہو گئے تھے کہ آیات کی تکذیب اور نبی کی مخالفت کر کے مبتلائے کفر و لعن ہوئے اور شاید شرک کا بالتخصیص ذکر اس لئے ہو کہ کفار مکہ کی اخص و اشہر حالت یہی تھی اور جب شرک کا موجب وبال ہونا محقق ہو گیا) سو (اے مخاطب!) تم اپنا رخ اس دین راست (یعنی توحید اسلامی) کی طرف رکھو قبل اس کے کہ ایسا دن آ جاوے جس کے واسطے پھر خدا کی طرف سے ہٹنا نہ ہوگا (یعنی جیسے دنیا میں خاص عذاب کے وقت کو اللہ تعالیٰ قیامت کے وعدہ پر ہٹاتا جاتا ہے جب وہ موعود دن آ جاوے گا پھر اس کو نہ ہٹاوے گا اور توقف و امہال نہ ہوگا۔ اس جملہ میں شرک کے وبال اخروی کا ذکر ہو گیا جیسا اوپر ظَهَرَ الْفَسَادُ اور كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ میں وبال دنیوی مذکور تھا اور) اور اس دن (یہ ہوگا کہ) سب (عمل کرنے والے) لوگ (باعتبار جزا کے) جدا جدا ہو جاویں گے (اس طور پر کہ) جو شخص کفر کر رہا ہے اس پر تو اس کا (وبال) کفر پڑے گا اور جو نیک عمل کر رہا ہے سو یہ لوگ اپنے (نفع کے) لئے سامان[1] کر رہے ہیں جس کا حاصل یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو اپنے فضل سے (نیک) جزا دے گا جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے (اور اس سے کفار محروم رہیں گے جیسا اوپر: فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ سے معلوم ہوا جس کی وجہ یہ ہے کہ) واقعی اللہ تعالیٰ کافروں کو پسند نہیں کرتا (بلکہ ان کے کفر پر ان سے ناخوش ہے اور کفر ہے بھی ناخوشی کی بات' اس لئے اس دولت سے محروم ہیں)۔ **ف**: بعض نے برّ و بحر دونوں سے آبادی مراد لی ہے' اول سے جو دریا سے دور ہوں اور ثانی سے جو دریا کے قریب ہوں اور مصائب اور بلیّات کے مسبب عن المعاصی ہونے پر اگر شبہ ہو کہ اکثر غیر عاصین پر بھی حوادث کا وقوع ہوتا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ مطلق حوادث کی علت کا معاصی میں انحصار مقصود نہیں بلکہ جو حوادث بطور سزا کے ہوں ان کی علت صرف معاصی ہیں اور جن حوادث میں دوسری مصلحتیں ہوں مثلاً زیادتِ درجات یا تحسین اخلاق ان کی یہ علت نہیں اور مسبوقیت بالمعاصی اور عدم مسبوقیت بالمعاصی دونوں کے فرق کا قرینہ اور علامت ہے یعنی جس حادثہ سے پہلے معصیت ہوئی ہو اس کو مسبب عن المعصیت کہیں گے اور جس سے پہلے معصیت نہ ہو جیسے انبیاءؑ میں مثلاً اس کو مسبب عن المعصیت نہ کہیں گے اور آیت: مَنْ كَفَرَ ...... میں جو دو حکم ہیں دوسری آیت میں سے ایک حکم یعنی علیہ کفرہ کی علت بیان فرمانا: اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ ...... اور دوسرے حکم یعنی فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ کو بعنوان حاصل جو مدلول ہے لام عاقبت کا بلا علت مکرر تاکید کے لئے ذکر فرمانا اور بجائے علت کے من فضلہ بڑھا دینا اشارہ ہے کہ سزا تو بلا علت نہیں ہوتی لیکن رحمت بلا علت محض فضل سے ہوتی ہے اور نیز اشارہ ہے اہتمام رحمت کی طرف جو مستفاد ہے تکریر و تاکید سے اور چونکہ مقام ہے ذکر وبال کفر کا اس لئے اول آیت کو اسی سے شروع کرنا اور دوسری آیت کو اسی پر ختم کرنا مناسب ہوا اور درمیان میں ایمان اور اس کی جزا کا تتمیماً بیان فرما دیا' واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ (الی قولہ تعالی) لِيُذِيْقَهُمْ اس میں اشارہ ہے کہ شر مقصود بالذات نہیں بلکہ مثل شگاف زخم کے ہے (کہ مقصود صحت ہوتی ہے اور شگاف محض اس کا ذریعہ)۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قوله في يمهدون سامان اشارة الى حمل مهد على معنى عمل كما في القاموس ۱۲۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ
تَشْكُرُوْنَ ۝۴۶ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَاۗءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ۭ وَكَانَ
حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۴۷ اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِي السَّمَاۗءِ كَيْفَ
يَشَاۗءُ وَيَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ
يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝۴۸ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ۝۴۹ فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ
اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۵۰ وَلَىِٕنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ

www.besturdubooks.net

مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾ فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَآ اَنْتَ

بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ۭ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۵۳﴾ ع ۱۲ / ۸

اور اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ وہ ہواؤں کو بھیجتا کہ وہ خوشخبری دیتی ہیں اور تا کہ تم کو اپنی رحمت کا مزہ چکھادے اور تا کہ کشتیاں اس کے حکم سے چلیں اور تا کہ تم اس کی روزی تلاش کرو اور تا کہ تم شکر کرو اور ہم نے آپ سے پہلے بہت سے پیغمبران کی قوموں کے پاس بھیجے اور وہ ان کے پاس دلائل لے کر آئے سو ہم نے ان لوگوں سے انتقام لیا جو مرتکب جرائم ہوئے تھے اور اہل ایمان کا غالب کرنا ہمارے ذمہ تھا۔ اللہ تعالیٰ ایسا ہے کہ وہ ہوائیں بھیجتا ہے پھر وہ بادلوں کو اٹھاتی ہیں پھر اللہ تعالیٰ اس کو جس طرح چاہتا ہے آسمان میں پھیلا دیتا ہے اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے پھر مینہ کو دیکھتے ہو کہ اس کے اندر سے نکلتا ہے پھر جب وہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے پہنچا دیتا ہے تو بس وہ خوشیاں کرنے لگتے ہیں اور وہ لوگ قبل اس کے کہ ان کے خوش ہونے سے پہلے ان پر سے ناامید تھے۔ سو رحمت الٰہی کے آثار دیکھو کہ اللہ تعالیٰ زمین کو اس کے مردہ ہونے کے بعد کس طرح زندہ کرتا ہے کچھ شک نہیں کہ وہی مردوں کو زندہ کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور اگر ہم ان پر اور ہوائیں چلائیں پھر یہ لوگ کھیتی کو زرد ہوا دیکھیں تو یہ اسکے بعد ناشکری کرنے لگیں۔ سو آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے اور بہروں کو آواز نہیں سنا سکتے۔ جب کہ پیٹھ پھیر کر چل دیں اور آپ اندھوں کو ان کی بے راہی سے راہ پر نہیں لا سکتے۔ آپ تو بس ان کو سنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں میں یقین رکھتے ہیں پھر وہ مانتے ہیں۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر کی سرخی سے اوپر مضمون توحید کا تھا' آگے باختلاف عنوان پھر اس کی طرف عود ہے اور وہ اختلاف عنوان یہ ہے کہ پہلے اثبات بہ پیرایہ ذکر دلائل تھا اور یہاں اقتضاء بہ پیرایہ ذکر بعض انعامات خاصہ متعلقہ مبادی وآثار نزول مطر ہے جیسا کہ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۴۶﴾ اور فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ میں ترغیب شکر وتذکیر نعمت فرمانا اور لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾ میں خلاف طبع حالت میں ناشکری پر شکایت فرمانا اس کا قرینہ ہے۔ حاصل مجموعہ کا یہ ہوا کہ تصرفات الٰہیہ دلیل ہونے کے اعتبار سے بھی مثبت توحید ہیں اور نعمت ہونے کے اعتبار سے بھی اس لئے مقتضی توحید ہیں کہ نعمت مقتضی شکر ہوتی ہے اور شرک اعلیٰ درجہ کی ناشکری ہے اور چونکہ مشرکین ان دلائل میں تدبر اور ان نعمتوں پر تشکر سے معرض اور شرک وخلاف پر مصر تھے اور اس پر سرکار نبوی ﷺ کو حزن ہوتا تھا' اس لئے باستثناء مضمون بالا آیت: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا...... میں اور مضمون ہذا کے ختم پر آیت: فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ میں آپ کا تسلیہ فرمایا گیا جس کا حاصل یہ ہے کہ عدم تدبر تو اس لئے ہے کہ یہ مشابہ موتی اور صم اور اعمٰی کے ہیں' پس ان سے امید نہ کی جاوے اور ان کی ناشکری اور مخالفت حق کی طرف بھی التفات نہ کیا جاوے کہ عنقریب انتقام لیا جاوے گا اور چونکہ مجموعہ مضمون متعلق توحید میں ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا سے اول اثبات من حیث الاستدلال کیا گیا تھا اس لئے عدم تدبر کے مضمون پر کہ متعلق استدلال کے ہے اختتام کلام بھی مناسب ہوا کہ ایک ہی شے کا مبدا اور منتہی ہونا تناسب کا ابلغ طریقہ ہے' اس لئے فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ کو اخیر میں لائے اور لَقَدْ اَرْسَلْنَا کو کہ متضمن ہے تسلیہ متعلقہ عدم تشکر کو احوال ریاح کے درمیان میں بطور جملہ معترضہ کے لے آئے اس لئے ذکر میں مضمون مقدم کا تسلیہ مؤخر اور مضمون مؤخر کا تسلیہ مقدم ہو گیا اور چونکہ اوپر قیامت کا ذکر بضمن بیان سزائے اخروی شرک کے آیا تھا اور کفار کو اس میں بھی کلام تھا اس لئے مضمون نعم میں بتقریب مضمون احیائے ارض کے جملہ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ...... میں اجمالاً قیامت کا اثبات بھی فرما دیا جو مابعد یعنی آیت: اَللّٰهُ الَّذِيْ...... کے لئے جس میں معاد کی تفصیل ہے بطور تمہید کے بھی ہو گیا' واللہ اعلم باسرار کتابہ۔

عود بسوئے توحید مع تسلیہ واثبات اجمالی معاد: وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ (الی قولہ تعالی) اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۵۳﴾

اور اللہ تعالیٰ کی (قدرت ووحدت ونعمت کی) نشانیوں میں سے ایک یہ (بھی) ہے کہ وہ (بارش سے پہلے) ہواؤں کو بھیجتا ہے کہ وہ (بارش کی) خوشخبری دیتی ہیں (پس ان کا بھیجنا ایک تو جی خوش کرنے کے لئے ہوتا ہے) اور (نیز اس واسطے) تا کہ (اس کے بعد بارش ہو اور) تم کو اپنی (اس) رحمت (بارش) کا مزہ چکھا دے (یعنی بارش کے فوائد عنایت فرماوے) اور (نیز اس واسطے ہوا بھیجتا ہے) تا کہ (اس کے ذریعہ سے ہوائی) کشتیاں اس کے حکم سے چلیں اور تا کہ (اس ہوا کے ذریعہ سے بواسطۂ جریان کشتی کے دریا کے سفر کر کے) تم اس کی روزی تلاش کرو (یعنی جریان فلک اور ابتغائے فضل دونوں ارسال ریاح کے مسبب ہیں' اول قریب بلا واسطہ اور ثانی بعید بواسطہ اول کے) اور تا کہ (روزی حاصل کر کے اس پر کہ مسبب (۱) بواسطہ ثانی کے ہے اور یا سب امور مذکورہ پر) تم شکر کرو اور (ان دلائل بالغہ اور نعم سابغہ پر بھی یہ مشرکین حق تعالیٰ کی جو ناشکریاں کرتے ہیں کہ وہ شرک اور مخالفت رسول اور ایذائے مؤمنین ہے تو آپ اس پر محزون نہ ہوں کیونکہ ہم عنقریب ان سے انتقام لینے والے اور اس میں ان کو مغلوب اور اہل حق کو غالب کرنے والے ہیں' جیسا کہ پہلے بھی ہوا ہے' چنانچہ) ہم نے آپ سے پہلے بہت سے پیغمبران کی قوموں کے پاس بھیجے اور وہ ان کے پاس دلائل (ثبوت حق کے) لے کر آئے (جس پر بعضے ایمان لائے اور بعضے نہ لائے) سو ہم نے ان لوگوں سے انتقام لیا جو مرتکب جرائم ہوئے تھے (اور وہ جرائم تکذیب حق ومخالفت اہل حق ہیں اور اس انتقام میں ہم نے ان کو مغلوب اور اہل ایمان کو غالب

www.besturdubooks.net

کیا) اور اہل ایمان کا غالب کرنا (حسب وعدہ و عادت) ہمارے ذمہ تھا (وہ انتقام عذاب الٰہی تھا اور اس میں کفار کا ہلاک ہونا ان کا مغلوب ہونا ہے اور مسلمانوں کا بچ جانا ان کا غالب آنا ہے۔ غرض اسی طرح ان کفار سے انتقام لیا جاوے گا خواہ دنیا میں خواہ بعد موت اور تقدیر ثانی پر مابہ الاشتراک مطلق انتقام ہے قطع نظر موطن انتقام سے اور یہ مضمون تسلیہ کا بطور جملہ معترضہ کے تھا' آگے ارسال ریاح کے بعض آثار مذکورہ بالا اجمال کی تفصیل ہے کہ) اللہ ایسا (قادر و حکیم و منعم) ہے کہ وہ ہوائیں بھیجتا ہے پھر وہ (ہوائیں) بادلوں کو (جو کہ کبھی ان ہواؤں سے پہلے بخارات اٹھ کر بادل بن چکتے ہیں اور کبھی وہ بخارات ان ہی ہواؤں سے بلند ہو کر بادل بن جاتے ہیں۔ پہلی تقدیر پر موجودہ بالفعل بادلوں کو اور دوسری تقدیر پر موجودہ بالقوہ بادلوں کو وہ ہوائیں ان کی جگہ سے کہ تقدیر اول پر جو قریب من الارض ہے اور تقدیر ثانی پر خود ارض ہے) اٹھاتی ہیں پھر اللہ تعالیٰ اس (بادل) کو (کبھی تو) جس طرح چاہتا ہے آسمان (کی جہت یعنی جو کی بلندی) میں پھیلا دیتا ہے اور (کبھی) اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے (بسط کا مطلب یہ ہے کہ مجتمع کر کے دور تک پھیلا دیتا ہے اور کیف کا مطلب یہ کہ کبھی تھوڑی دور تک کبھی بہت دور تک اور کسفا کا مطلب یہ کہ مجتمع نہیں ہوتا متفرق رہتا ہے) پھر (دونوں حالت میں) تم مینہ کو دیکھتے ہو کہ اس (بادل) کے اندر سے نکلتا ہے (مجتمع بادل سے برسنا تو بکثرت ہے اور بعض موسموں میں اکثر بارش متفرق بدلیوں سے بھی ہوتی ہے) پھر (بادل سے نکلنے کے بعد) جب وہ (مینہ) اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے پہنچا دیتا ہے تو بس وہ خوشیاں کرنے لگتے ہیں اور وہ لوگ قبل اس کے کہ ان کے خوش ہونے[۳] سے پہلے ان پر برسے (بالکل ہی) نا اُمید ہو رہے) تھے (یعنی ابھی ابھی نا امید تھے اور ابھی خوش ہو گئے جیسا ابلاس کا قبیل تنزیل اور تنزیل کا قبیل استبشار ہونا دال ہے وجود ابلاس قبیل استبشار پر اور ایسا ہی مشاہد بھی ہے کہ انسان کی کیفیت ایسی حالت میں بہت ہی جلد بدل جاتی ہے) سو (ذرا) رحمت الٰہی (یعنی بارش) کے آثار (تو) دیکھو کہ اللہ تعالیٰ (اس کے ذریعہ سے) زمین کو اس کے مردہ (یعنی خشک) ہونے کے بعد کس طرح زندہ (یعنی تر و تازہ) کرتا ہے (اور یہ بات نعمت اور دلیل وحدت ہونے کے علاوہ دلیل قدرت علی البعث بھی ہے کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جس خدا نے مردہ زمین کو زندہ کر دیا) کچھ شک نہیں کہ وہی (خدا) مردوں کو زندہ کرنے والا ہے (پس عقلاً امکان میں دونوں برابر اور قدرت کی ذاتیت دونوں کے ساتھ تساوی نسبت کو مستلزم اور دونوں امر کا تشابہ حسی دافع استبعاد۔ پس جب ایک پر قدرت ثابت ہے دوسرے پر بھی ثابت ہے) اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے (یہ مضمون احیائے موتی کا بمناسبت حیات ارض کے جملہ معترضہ تھا) اور (آگے پھر امطار و ریاح کے متعلق مضمون ہے جس میں اہل غفلت کی ناشکری کا جس کے قبح پر آیات نعم دال ہیں بیان ہے یعنی اہل غفلت ایسے ناحق شناس و ناسپاس ہیں کہ اتنی بڑی بڑی نعمتوں کے بعد) اگر ہم ان پر اور (قسم کی) ہوا چلا دیں پھر (اس ہوا سے) یہ لوگ کھیتی[۴] کو (خشک اور) زرد ہوا دیکھیں (کہ اس کی سبزی اور شادابی جاتی رہی) تو یہ اس کے بعد[۵] ناشکری کرنے لگیں (اور پچھلی نعمتیں سب طاق نسیان میں رکھ دیں) سو (جب ان کی غفلت اور ناشکری پر اقدام اس درجہ پر ہے تو اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ بالکل ہی بے حس ہیں تو ان کے عدم ایمان و عدم تدبر فی الآیات پر غم بھی بے کار ہے کیونکہ) آپ مردوں کو (تو) نہیں سنا سکتے اور بہروں کو (بھی) آواز نہیں سنا سکتے (خصوصاً جب کہ پیٹھ پھیر کر چل دیں (کہ اشارہ کو بھی نہ دیکھیں) اور (اسی طرح) آپ (ایسے) اندھوں کو (جو کہ بصیر کا اتباع نہ کریں) ان کی بے راہی سے راہ پر نہیں لا سکتے (یعنی یہ تو ان ماؤف الحواس والحیٰوۃ کے مشابہ ہیں) آپ تو بس ان کو سنا سکتے ہیں جو ہماری آیتوں کا یقین رکھتے ہیں (اور) پھر وہ مانتے (بھی) ہیں (اور جب یہ لوگ موتی اور صم اور عمی کے مشابہ ہیں پھر ان سے توقع ایمان کی نہ رکھئے اور غم نہ کیجئے)۔ **ف:** سورۂ نمل کے آخری رکوع سے ذرا اوپر ایسی ہی آیت آئی ہے وہاں سماع موتی کی تحقیق گزری ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ ...... اس میں تجلی افعالی کے مشاہدہ کا حکم ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى (الی قولہ تعالیٰ) عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ تینوں جملے اس پر دال ہیں کہ ہدایت نہ کسی نبی کے قبضہ میں ہے اور نہ کسی ولی کے' تو بعض لوگ کیسے گمان کرتے ہیں کہ کامل بنا دینا شیوخ کے اختیار میں ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ ...... اس میں ایمان کو شرعاً سماع ٹھہرایا ہے حالانکہ امر بالعکس ہے' پس معلوم ہوا کہ مراد ایمان سے مرتبہ استعداد کا ہے' پس فعل کا استعداد پر موقوف ہونا اس سے ثابت ہوا ۱۲۔

الحواشی: (۱) یعنی حصول رزق پر کہ مسبب ہے ارسال ریاح سے بواسطہ ثانی یعنی بواسطہ ابتغاء و اکتساب کے' پس اس مقام میں ارسال ریاح کے تین مسبب ہوئے۔ اول جریان فلک' دوسرا اس کے واسطہ سے ابتغائے رزق' تیسرا اس کے واسطہ سے حصول رزق ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل وليذيقكم جی خوش کرنے کے لئے اشارة الى توجيه ما عطف عليه ليذيقكم المدلول عليه بقوله مبشرات اى ليبشركم بها وليذيقكم ۱۲۔ ۲ قوله قبل فانتقمنا: بعضے ایمان اشارة الى ان الفاء فصيحة ۱۲۔ ۳ قوله في من قبله: خوش اشارة الى ان الضمير المجرور الى الاستبشار كما نقله في الروح مختار للبعض فمن هذه متعلقة بينزل ومن الاولٰى متعلقة بمبلسين وفائدة اقحامه الايذان بسرعة تقلب قلوبهم من الياس الى الاستبشار بالاشارة الى غاية تقارب زمانيهما ببيان اتصال الياس بالتنزيل المتصل بالاستبشار

www.besturdubooks.net

بشهادة اذا الفجائية۱۲۔ ۴؎ قوله فی فراده كهيئ اشارة الى ان المرجع النبات بدلالة المقام۱۲۔ ۵؎ قوله من بعده ای متصلا من غير تلعثم وهذه فائدة زيادته۱۲۔

البلاغة :قوله بامره وانما جئ به لان الريح قد تهب ولا تكون مواتية الا بامره۱۲۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّشَیْبَةً ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِیْمُ الْقَدِیْرُ ﴿٥٤﴾ وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ یُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ۬ مَا لَبِثُوْا غَیْرَ سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ كَانُوْا یُؤْفَكُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَقَالَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِیْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰی یَوْمِ الْبَعْثِ ؗ فَهٰذَا یَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَیَوْمَئِذٍ لَّا یَنْفَعُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ یُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰیَةٍ لَّیَقُوْلَنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿٥٨﴾ كَذٰلِكَ یَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِ الَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿٥٩﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا یَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِیْنَ لَا یُوْقِنُوْنَ ﴿٦٠﴾ ع ٦

اللہ تعالیٰ ایسا ہے جس نے تم کو ناتوانی کی حالت میں بنایا پھر ناتوانی کے بعد توانائی عطا کی پھر توانائی کے بعد ضعف اور بڑھاپا کیا وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور وہ جاننے والا اور قوت رکھنے والا ہے اور جس روز قیامت قائم ہوگی مجرم لوگ قسم کھائیں گے کہ وہ لوگ (یعنی ہم عالم برزخ میں) ایک ساعت سے زیادہ نہیں رہے۔ اسی طرح یہ لوگ الٹے چلا کرتے تھے اور جن لوگوں کو علم اور ایمان عطا ہوا ہے وہ کہیں گے کہ تم تو فرشتہ خداوندی کے مطابق قیامت کے دن تک رہے ہو۔ سو قیامت کا دن یہی ہے لیکن تم یقین نہ کرتے تھے۔ غرض اس دن ظالموں کو ان کا عذر کرنا نفع نہ دے گا اور نہ ان سے اللہ کی خفگی کا تدارک چاہا جائے گا اور ہم نے لوگوں کے واسطے اس قرآن میں ہر طرح کے عمدہ مضامین بیان کیے ہیں اور اگر آپ ان کے پاس کوئی نشانی لے کر آئیں تب بھی یہ لوگ جو کافر ہیں یہی کہیں گے کہ تم سب نرے اہل باطل ہو جو لوگ یقین نہیں کرتے اللہ تعالیٰ ان کے دلوں پر یوں ہی مہر کر دیتے ہیں۔ سو آپ صبر کیجئے بے شک اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور یہ بے یقین لوگ آپ کو بے برداشت نہ کرنے پائیں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر توحید کا مضمون تھا آگے بعث کے متعلق مضمون ہے جو اوپر مضمون توحید کے شروع آیت اَللّٰهُ یَبْدَؤُا الْخَلْقَ میں اور اس کے وسط میں یَوْمَئِذٍ یَّصَّدَّعُوْنَ میں بھی اور اس کے ختم پر استطراداً اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْیِ الْمَوْتٰی ۚ میں بھی آچکا ہے۔

اثبات امکان و وقوع بعث: اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ (الی قولہ تعالی) فَیَوْمَئِذٍ لَّا یَنْفَعُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ یُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٥٧﴾

اللہ ایسا ہے جس نے تم کو ناتوانی کی حالت میں بنایا (مراد اس سے ابتدائی حالت بچپن کی ہے) پھر (اس) ناتوانی کے بعد توانائی (یعنی جوانی) عطا کی پھر (اس) توانائی کے بعد ضعف اور بڑھاپا کیا (اور) وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور وہ (ہر تصرف کو) جاننے والا (اور اس تصرف کے نافذ کرنے پر) قدرت رکھنے والا ہے (پس جو ایسا قادر ہو اس کو دوبارہ پیدا کرنا کیا مشکل ہے۔ یہ تو بیان تھا بعث کے امکان کا) اور (آگے اس کے وقوع کا بیان ہے یعنی) جس روز قیامت قائم ہوگی مجرم (یعنی کافر) لوگ (وہاں کی ہول و ہیبت و پریشانی کو دیکھ کر قیامت کی آمد کو غایت درجہ ناگوار سمجھ کر) قسم کھا بیٹھیں گے کہ (قیامت بہت جلدی آگئی اور) وہ لوگ (یعنی ہم لوگ عالم برزخ میں) ایک ساعت سے زیادہ نہیں رہے (یعنی جو میعاد قیامت کے آنے کی مقرر تھی وہ بھی پوری نہیں ہونے پائی کہ قیامت آپہنچی' جیسا مشاہدہ کیا جاتا ہے کہ اگر پھانسی والے کی میعاد ایک ماہ مقرر کی جاوے تو جب مہینہ گزر چکے گا اس کو ایسا معلوم ہوگا کہ گویا مہینہ نہیں گزرا اور مصیبت جلدی آگئی' حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ) اسی طرح یہ لوگ (دنیا میں) الٹے چلا کرتے تھے (یعنی جس طرح یہاں آخرت میں قیامت کی ایک واقعی حالت کا کہ اس کا اپنے وقت معین پر وقوع ہے غلط انکار کر دیا اور انکار بھی مؤکد بالقسم' اسی طرح دنیا میں قیامت کی ایک واقعی حالت کا کہ اس کا نفس وقوع ہے غلط انکار کیا کرتے تھے اور انکار بھی مؤکد جیسے: وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِیْنَ [الأنعام: ۲۹] وغیرہ) اور جن لوگوں کو علم اور ایمان عطا ہوا ہے (مراد اہلِ ایمان ہیں کہ اخبار شرعیہ کا علم ان کو حاصل ہے) وہ (ان مجرمین کے جواب میں) کہیں گے کہ (تم برزخ میں میعاد سے کم تو نہیں رہے جیسا تمہارا غلط دعویٰ ہے بلکہ) تم تو (میعاد)

www.besturdubooks.net

نوشتہ خداوندی کے موافق[۲] قیامت کے دن تک رہے ہو سو قیامت کا دن یہی ہے (جو میعاد تھی لبث فی البرزخ کی) ولیکن (وجہ اس بات کی کہ اس کو میعاد سے جلدی آیا ہوا سمجھتے ہو یہ ہے کہ) تم (دنیا میں قیامت کے وقوع کا) یقین (اور اعتقاد) نہ کرتے تھے (بلکہ تکذیب و انکار کیا کرتے تھے۔ اس انکار کے وبال میں آج پریشانی کا سامنا ہوا' اس وجہ سے گھبرا کر خیال ہوا کہ ابھی تو میعاد بھی پوری نہیں ہوئی اور اگر تصدیق کرتے اور ایمان لے آتے تو اس کے وقوع کو جلدی نہ سمجھتے بلکہ یوں چاہتے کہ اس سے بھی جلدی آ جاوے کہ عادۃ طبعیہ ہے وعدۂ راحت کے وقت کا جلدی آنا چاہتا ہے اور انتظار شاق اور اس کی مدت طویل معلوم ہوا کرتی ہے جیسا حدیث میں بھی ہے کہ کافر قبر میں کہتا ہے: رب لا تقم الساعۃ اور مؤمن کہتا ہے رب اقم الساعۃ اور مؤمنین کے اس جواب سے بھی جو یہاں مذکور ہے کہ کم کہاں رہے بہت تو رہے مترشح ہوتا ہے کہ وہ مشتاق اور مستعجل تھے) غرض اس روز ظالموں (یعنی کافروں کی پریشانی اور مصیبت کی یہ کیفیت ہوگی کہ ان) کو ان کا (کسی قسم کا جھوٹا سچا) عذر کرنا نفع نہ دے گا اور نہ ان سے خدا کی خفگی کا تدارک چاہا جاوے گا یعنی اس کا موقع نہ دیا جاوے گا کہ توبہ کر کے خدا کو راضی کر لیں)۔ **ف**: مجرمین اس قسم یعنی: مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ۚ میں ایسے ہی جھوٹے ہوں گے جیسے سورۂ انعام کے تیسرے رکوع میں ان کا یہ قول ہے: وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ جس پر ارشاد ہوا ہے: اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ..... [الأنعام: ۲۳ - ۲۴] اور سورۂ طٰہٰ آیت: يَتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا [طٰہٰ: ۱۰۳] میں جو ان کے اس قول کی تکذیب نہیں کی گئی تو وہاں ان کے اس قول سے اور مقصود ہے جو وہاں مذکور ہے دیکھ لیا جاوے اور یہاں اور مقصود ہے اس لئے وہاں تکذیب نہیں کی گئی اور یہاں تکذیب کی گئی۔ ربط: اب خاتمہ میں دو مضمون ہیں جو بطور نتیجہ سورت کے ہیں یعنی مجموعہ سورت کے مضامین مفصلہ کی مدح اور بلاغت کا اجمالی بیان جس کا حاصل ان مضامین کی قوت فاعلیہ اور کمالِ تاثیر ہے اور باوجود اس شدت مؤثریت کے کفار کے نہ ماننے پر حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے تسلیہ کے لئے کفار کی معاندت اور جہالت کا ذکر جس کا حاصل ان کی قوت انفعالیہ کا فقدان اور عدم تاثر ہے۔

بیان بلاغت مضامین قرآن و عناد اہل طغیان و تسلیہ صاحب فرقان: وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ (الی قولہ تعالٰی) وَلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ۝ اور ہم نے لوگوں (کی ہدایت) کے واسطے اس قرآن (کے مجموعہ یا اس کے اس خاص جزو یعنی سورت) میں ہر طرح کے عمدہ (اور عجیب) مضامین (ضروریہ) بیان کئے ہیں (جو اپنی بلاغت و کمال کی وجہ سے مقتضی اس کو ہیں کہ ان کافروں کو ہدایت ہو جاتی مگر ان لوگوں نے غایت عناد سے اس کو قبول نہ کیا اور اس سے منتفع نہ ہوئے) اور (قرآن کی کیا تخصیص ہے ان لوگوں کا عناد اس درجہ بڑھ گیا ہے کہ) اگر (قرآن کے علاوہ ان خوارق سے جن کی یہ خود فرمائش کیا کرتے ہیں) آپ ان کے پاس کوئی نشان لے آویں تب بھی یہ لوگ جو کہ کافر ہیں یہی کہیں گے کہ تم سب (یعنی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور مؤمنین جو آیاتِ تشریعیہ و تکوینیہ کے مصدق ہیں) نرے اہل باطل ہو (پیغمبر کو سحر کی تہمت لگا کر صاحب باطل کہیں اور مسلمانوں کو سحر کی تصدیق کرنے سے اہل باطل کہیں اور ان لوگوں کے اس عناد کے بارہ میں اصل بات یہ ہے کہ) جو لوگ (باوجود تکریر آیات و دلائل کے حق میں) یقین نہیں کرتے (اور نہ اس کے حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں) اللہ تعالیٰ ان کے دلوں پر یوں ہی مہر کر دیا کرتا ہے (جیسا ان کے دلوں پر ہو رہی ہے یعنی روزانہ استعداد قبول حق کی مضمحل و ضعیف ہوتی جاتی ہے' اس لئے انقیاد میں ضعف اور عناد میں قوت بڑھتی جاتی ہے) سو (جب یہ ایسے معاند ہیں تو ان کی مخالفت اور ایذا رسانی اور بد کلامی وغیرہ پر) آپ صبر کیجئے' بے شک اللہ تعالیٰ کا وعدہ (کہ آخر میں یہ ناکام اور اہل حق کامیاب ہوں گے) سچا ہے (وہ وعدہ ضرور واقع ہوگا پس صبر و تحمل تھوڑے ہی دن کرنا پڑتا ہے) اور یہ بد یقین لوگ آپ کو برداشت نہ کرنے پاویں (یعنی ان کی طرف سے خواہ کیسی ہی بات پیش آوے مگر ایسا نہ ہو کہ آپ برداشت نہ کریں)

ف: مطلب یہ کہ نفسانی انتقام گو فی نفسہ جائز ہے مگر صاحب تبلیغ کے لئے اور خصوص تخاطب کے وقت کہ اسلام کی ابتدائی حالت تھی خلاف مصلحت ہے اور جہاد نفسانی (۲) انتقام نہیں ہے' اس لئے دونوں میں تعارض نہیں کہ ناسخ و منسوخ کا قائل ہونا پڑے۔

تم وللہ الحمد تفسیر سورۃ الروم للسابع والعشرین من شہر اللہ المحرم ۱۳۲۵ ھ من ھجرۃ خیر الانام علٰی صاحبہا الف الف صلوٰۃ و سلام۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالٰی: فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ...... اس میں وراثان محمدی کو جو کہ اہل ارشاد ہیں ارشاد ہے منکرین کے مکارہ پر صبر کرنے کا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی ما لبثوا: مشاہدہ اخذتہ من الکبیر مع انضمام ما فتح اللہ علی فی ھذا المقام بعد ان کل ذھنی و وفقنی للدعاء بالفتح ۱۲۔ ۲ قولہ فی کتب اللہ موافق کما یقال ما حکم الواقعۃ فی الشرع ای موافقًا للشرع وھو حال من المصدر المدلول

www.besturdubooks.net

عليه بقوله لبثتم اى لبثا كائنا فى كتاب الله وقضائه ۱۲۔

اللغات : قوله الساعة القيامة وصار علما لها بالغلبة كالنجم للثريا والكوكب للزهرة ۱۲۔ قوله يستعتبون فى الروح الاستعتاب طلب العتبى وهى الاسم من الاعتاب بمعنى ازالة العتب كالعطاء والاستعطاء اى لا يطلب منهم ازالة عتب الله تعالى والمراد به غضبه سبحانه عليهم بالتوبة (۱) والطاعة ۱۲۔

البلاغة : قوله خلقكم من ضعف۔ اى ابتدأ كم ضعفا وجعل الضعف اساس امر كم كقوله تعالى وخلق الانسان ضعيفا وفى الضعف استعارة مكنية حيث شبه بالاساس والمادة فى ادخال من عليه تخييل۔ قوله شيبة للبيان او للجمع بين تغيير قواهم وظواهرهم او المراد بالضعف ابتداء ه وبالشيب كماله ۱۲۔ قوله ان انتم فى الروح و توحيد الخطاب فى جنتهم على ما يقتضيه الظاهر واما جمعه فى قولهم ان انتم فلئلا يبقى بزعمهم له عليه السلام شاهد من المؤمنين حيث جعلوا الكل مدعين اه قلت وهو من الحسن واللطافة بمكان ۱۲۔

الحواشی : (۱) متعلق بازاله لا بغضبه ۱۲ منه: (۲) قولہ نفسانی صفت ہے انتقام کی نہ کہ ماقبل کی ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ لُقْمٰنَ

سُوْرَۃُ لُقْمٰنَ ۳۱ مَکِّیَّۃٌ ۵۷	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اٰیَاتُہَا ۳۴	رُکُوْعَاتُہَا ۴

سورۃ لقمان مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۳۴ آیات اور ۴ رکوع ہیں

الٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ
وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ
لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۶﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا
وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۷﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ
جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ﴿۸﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۹﴾

الٓمّٓ یہ آیتیں ہیں ایک پرحکمت کتاب کی جو کہ ہدایت اور رحمت ہے نیک کاروں کے لئے جو نماز کی پابندی کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور وہ لوگ آخرت کا پورا یقین رکھتے ہیں یہ لوگ آپنے رب کی سیدھی راہ پر ہیں اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں اور بعضا آدمی ایسا (بھی) ہے جو ان باتوں کا خریدار بنتا ہے جو اللہ سے غافل کرنے والے ہیں تاکہ اللہ کی یاد سے بے سمجھے گمراہ کرے اور اس کی ہنسی اڑائے ایسے لوگوں کے لئے ذلت کا عذاب ہے اور جب اس کے سامنے ہماری آتیں پڑھی جاتی ہیں تو وہ شخص تکبر کرتا ہوا منہ موڑ لیتا ہے جیسے اس نے سنا ہی نہیں جیسے اس کے کانوں میں ثقل ہے سو اس کو ایک دردناک عذاب کی خبر سنا دیجئے۔ البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کے لئے عیش کی جنتیں ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اللہ نے سچا وعدہ فرمایا ہے اور وہ زبردست حکمت والا ہے۔

تفسیر: **سورة لقمان مكية قيل الاثلثا من قوله ولو ان ما في الارض من شجرة اقلام۔ وآيها اربع وثلثون وقيل ثلث وثلثون۔ كذا في البيضاوي۔**

ربط: اس سورت میں یہ مضامین ہیں۔ شروع میں مدح قرآن کی جو سورت سابقہ کے ختم پر بھی مذکور ہے اور مدح قرآن کے ساتھ مثل فاتحہ سورۂ بقرہ کے اس کے مصدقین کی مدح اور مکذبین ومعرضین کی مذمت پھر مکذبین کی سزا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اور فَبَشِّرْهُ پھر مصدقین کی جزا اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا میں پھر خَلَقَ السَّمٰوٰتِ سے خَتَّارٍ كَفُوْرٍ تک توحید اور درمیان میں تتمیم قصہ لقمان کے لئے يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ سے بعض احکام فرعیہ اور اِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا سے ضعف متمسک مشرکین اور قوت متمسک موحدین اور مَنْ كَفَرَ سے بیان وعید مشرکین کے ساتھ حضور ﷺ کا تسلیہ اور يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ سے وعظ کے پیرایہ میں وعید مذکور مدلول آیت: نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ...... اور اس کے وقت وقوع یعنی قیامت کے تقریر اور ختم پر بیان اختصاص علم غیب بحق تعالیٰ واللہ اعلم۔

مدح قرآن ومصدقین وذم معرضین ضالین مضلین مع مآل فریقین: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ الٓمّٓ ۔ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ (الی قولہ تعالیٰ) وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۔ الٓمّٓ (اس کے معنی اللہ ہی کو معلوم ہیں) یہ (جو اس سورت یا قرآن میں مذکور ہیں) آیتیں ہیں ایک پرحکمت کتاب (یعنی قرآن) کی جو کہ ہدایت اور رحمت (کا سبب) ہے نیک کاروں کے لئے جو نماز کی پابندی کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور وہ لوگ آخرت کا پورا یقین رکھتے ہیں (سو) یہ لوگ (اس قرآن کے اعتقاد اور عمل کی بدولت) اپنے رب کے سیدھے راستہ پر ہیں اور یہی لوگ (اس ہدایت کی بدولت) فلاح پانے والے

www.besturdubooks.net

ہیں (پس قرآن اس طرح ان کے لئے ہدایت اور رحمت کا جس کا اثر فلاح ہے سبب ہوگیا' پس بعضے آدمی تو ایسے ہیں جیسا بیان کیا گیا) اور (برخلاف ان کے) بعضا آدمی ایسا (بھی) ہے جو (قرآن سے اعراض کر کے) ان باتوں کا خریدار بنتا ہے (یعنی ایسی باتیں اختیار کرتا ہے) جو (اللہ سے) غافل کرنے والی ہیں (سو اول تو لہو کا اختیار کرنا جب کہ مقرون بالاعراض عن آیات اللہ ہو خود ہی کفر اور ضلال ہے' پھر خاص کر جبکہ اس کو اس غرض سے اختیار کیا جاوے کہ) تا کہ (اس کے ذریعہ سے دوسروں کو بھی) اللہ کی راہ (یعنی دین حق) سے بے سمجھے بوجھے (حقیقت امر کے) گمراہ کرے اور (اسی گمراہ کرنے کے ساتھ) اس (راہ حق) کی ہنسی اڑا دے (تا کہ دوسروں کے دل سے بالکل اس کی وقعت اور تاثیر نکل جاوے تب تو کفر بر کفر اور ضلال کے ساتھ اضلال ہے اور) ایسے لوگوں کے لئے (آخرت میں) ذلت کا عذاب (ہونے والا) ہے (جیسا کہ ان کے اضداد کے لئے فلاح کا ہونا معلوم ہوا) اور (اس شخص مذکور کے اعراض کی یہ حالت ہے کہ) جب اس کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو وہ شخص تکبر کرتا ہوا (ایسی بے التفاتی سے) منہ موڑ لیتا ہے جیسے اس نے سنا ہی نہیں' جیسے اس کے کانوں میں ثقل ہے (یعنی جیسے بہرا ہے) سو اس (شخص) کو ایک دردناک عذاب کی خبر سنا دیجئے (یہ تو معرض کی سزا کا بیان ہوا' آگے اہل ہدی کی جزا جو کہ فلاح موعود کی تفصیل ہے مذکور ہے' یعنی) البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کے لئے عیش کی جنتیں ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہ اللہ نے سچا وعدہ فرمایا ہے اور وہ زبردست حکمت والا ہے (پس کمال قدرت سے وعدہ اور وعید کو واقع کر سکتا ہے اور حکمت سے اس کو حسب وعدہ واقع کرے گا)۔ **ف**: گو شانِ نزول آیت: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِىْ کا خاص ہے کہ نضر بن حارث ایک رئیس کافر تھا وہ تجارت کے لئے فارس جاتا تو وہاں شاہانِ عجم کے قصص اور تواریخ مول لاتا اور قریش سے کہتا کہ محمد ﷺ تم کو عاد و ثمود کے قصہ سناتے ہیں میں رستم و اسفندیار اور اکاسرہ کے قصے سناتا ہوں۔ لوگ اس کے قصوں کو لذیذ سمجھتے اور قرآن کو نہ سنتے **اورده فى الروح عن اسباب النزول للواحدى عن الكلبى ومقاتل وذكر نحوه فى الدر برواية البيهقى عن ابن عباسؓ**۔ و نیز اس نے ایک گانے والی لونڈی خرید کی تھی جب کسی کو اسلام کی طرف راغب دیکھتا اس کو اپنی اس لونڈی کے پاس لے جاتا اور اس سے کہتا کہ اس کو کھلا پلا اور گانا سنا اور اس شخص سے کہتا کہ یہ اس سے بہتر ہے جس کی طرف محمد ﷺ بلاتے ہیں کہ نماز پڑھو روزہ رکھو اور اپنی جان دو **اورده فى الدر عن ابن عباسؓ** مگر عموم الفاظ کی وجہ سے حکم عام ہے۔ چنانچہ ترمذی وغیرہ میں حدیث مرفوع ہے کہ گانے والی لونڈیوں کی تجارت مت کرو اور اس کے بعد یہ فرمایا **وفى مثل هذا انزلت هذه الاية** وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِىْ الخ اور بخاری نے ادب مفرد میں ابن عباسؓ کا قول بیان کیا ہے **لهو الحديث هو الغناء واشباهه كذا فى الروح**۔ پس لفظ مثل اور اشباہ سے عموم ظاہر ہے' پس اس بناء پر جو شغل دین اسلام سے ضلال یا اضلال کا موجب بن جاوے وہ حرام بلکہ کفر ہے اور آیت میں یہی مقصود ہے۔ چنانچہ مقابلہ مَنْ يَّشْتَرِىْ کا ذکر مؤمنین کے ساتھ اور خود يَّشْتَرِىْ کہ دال ہے استبدال باطل بالحق پر اور ولّٰی سے دلالت اس کے ضلال پر اور لیضل سے اس کے اضلال پر اور اس کی وعید میں عَذَابٌ مُّهِيْنٌ آنا جو مخصوص ہے کفار سے' سب اسی مقصود کے قرائن ہیں اور دوسرے دلائل شرعیہ سے استقلالاً ثابت ہے کہ جو لہو اعمال فرعیہ شرعیہ سے باز رکھے یا کسی معصیت کا سبب ہو جاوے وہ صرف معصیت ہے اور جو لہو کسی امر واجب کا مفوت نہ ہو اور اس میں کوئی شرعی غرض و مصلحت بھی نہ ہو وہ مباح لیکن لایعنی ہونے کی وجہ سے خلاف اولیٰ ہے اور مسابقت فرس و مسابقت سہم و ملاعبت اہل میں چونکہ معتدبہ غرض تھی اس لئے حدیث میں اس کو لہو باطل سے مستثنیٰ فرمایا اور مسئلہ غنا اور سماع کا اس آیت کا مدلول ہونا ضروری نہیں' اس کا حکم مفصل مستقلاً مثل دیگر اقسام لہو کے دوسرے دلائل حدیثیہ و فقہیہ سے اپنے محل پر ثابت ہے اور اس تفصیل سے تمام مشاغل اور تفریحات کا حکم بھی جس میں اخبار اور ناول وغیرہ بھی آ گئے معلوم ہو گیا' واللہ اعلم اور زکوٰۃ کی فرضیت گو مدنی ہو مگر مشروعیت مکی ہو سکتی ہے' اس لئے مکی سورتوں میں جیسے یہ سورت یا سورۂ مؤمنین یا سورۂ روم میں اس کا وقوع محل اشکال نہیں جس کو احقر نے ان دو مذکورہ سورتوں کی تفسیر میں صدقہ سے تعبیر کیا ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ باوجود محسنین کے اعلیٰ درجات ہدایت پر ہونے کے پھر ان کے لئے قرآن کا موجب ہدایت ہونا اس پر دال ہے کہ مراتب ہدایت غیر متناہی بمعنی لاتقف عند حد ہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِىْ اس میں اس گناہ کی حرمت بھی آ گئی جو عملاً مفضی الی الغفلت عن الدین یا اعتقاداً موجب ضلال ہو اور جو دونوں سے مبرا ہو اس کا یہ حکم نہیں اور یہی فیصلہ ہے اس باب میں ۱۲۔

البلاغۃ: **قوله يشترى۔ فيه عموم المجاز وله فرد ان المعنى الحقيقى ومطلق الاختيار والاستحباب ولو من غير اشتراء وكذا لهو الحديث بمعنى اللهو من الحديث فيه عموم المجاز وله فرد ان الاخبار والاحاديث الملهية وما هو سبب اللهو كالقنية وكونها لهوا مبالغة كتسمية النساء والبنين شهوة فى قوله تعالى زين للناس حب الشهوات والنكتة فى هذه المبالغة الاشارة الى ان المقصود الاصلى بالقنية هو حديثها فكانه هو المشترى حقيقة ودل على اعتبار عموم المجاز فى كلا اللفظين الاشتراء واللهو الروايات الدالة على العموم المذكورة فى فائدة متن التفسير من قوله عليه السلام فى مثل هذا ومن قول ابن عباسؓ اشباهه لان العموم لا يبقى الاعلى**

www.besturdubooks.net

اخذ عموم المجاز فی کلیهما ولو لم تدل الروایات علی العموم لصح کون الاشتراء علی حقیقة مع التجوز فی لهو الحدیث لان کتب الاعاجم والقنیات کلتا هما مشتراة ثم احدهما حدیث والاخری کالحدیث فی کونها الهاء ۱۲۔ قوله: لیضل زید لزیادة الذم ونظر الی الواقع فی سبب النزول والا فالاشتراء المذکور ذمیم بانفراده ایضا لکونه مقرونا بالاعراض عن آیات الله۔ قوله بغیر علم قید واقعی لا احترازی۔ قوله :کان فی اذنیه بدل او بیان للترقی فی الذم ۔ ۱۲

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰی فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ تَمِیْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ؕ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَنْۢبَتْنَا فِیْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِیْمٍ ۝۱۰ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِیْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِیْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝۱۱ ع ۱۰

اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو بلاستون بنایا تم ان کو دیکھ رہے ہو اور زمین میں پہاڑ ڈال رکھے ہیں کہ وہ تم کو لے کر ڈانواں ڈول نہ ہونے لگے اور اس میں ہر قسم کے جانور پھیلا رکھے ہیں اور ہم نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس زمین میں ہر طرح کے عمدہ اقسام اگائے یہ تو اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزیں ہیں اب تم مجھ کو دکھاؤ کہ اس کے سوا جو ہیں انہوں نے کیا چیزیں پیدا کیں بلکہ یہ ظالم لوگ صریح گمراہی میں ہیں۔

تفسیر ربط: اوپر قرآن اور اس کے مصدقین کی مدح اور معرضین کی مذمت تھی آگے دور تک توحید کا مضمون ہے جو قرآن کی اہم تعلیم ہے۔

توحید: خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا (الی قوله تعالیٰ) بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝ اللہ نے آسمانوں کو بلاستون بنایا (چنانچہ) تم ان کو دیکھ رہے ہو اور زمین میں (بھاری بھاری) پہاڑ ڈال رکھے ہیں کہ وہ تم کو لے کر ڈانوا ڈول نہ ہونے لگے اور اس (زمین) میں ہر قسم کے جانور پھیلا رکھے ہیں اور ہم نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس زمین میں ہر طرح کے عمدہ اقسام (نباتات کے) اُگائے (اور ان لوگوں سے جو کہ شرک کرتے ہیں کہیے کہ) یہ تو اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزیں ہیں (سو اگر تم دوسروں کو شریک الوہیت قرار دیتے ہو تو) اب تم لوگ مجھ کو دکھاؤ کہ اس کے سوا جو (معبود بنا رکھے) ہیں۔ انہوں نے کیا کیا چیزیں پیدا کیا ہیں (تاکہ ان کا استحقاق الوہیت ثابت ہو اور اس دلیل کا مقتضا یہ تھا کہ وہ لوگ ہدایت پر آجاتے مگر انہوں نے ہدایت کو قبول نہیں کیا) بلکہ یہ ظالم لوگ (بدستور) صریح گمراہی میں (مبتلا) ہیں۔ **ف**: اس استدلال سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ استحقاق الوہیت کے لئے ایجاد ممکنات لازم ہے کیونکہ استحقاق الوہیت تو قدیم ہے اگر ایجاد اس کے لوازم سے ہوگا تو وہ بھی قدیم ہو جاوے گا۔ تو اس سے عالم کا قدیم ہونا لازم آوے گا۔ وهو باطل بلکہ مطلب یہ ہے کہ ممکنات کی تقدیر وجود پر یعنی جب وہ موجود ہوں تو لازم ہے کہ ان کا موجد وہی ہو جو مستحق الوہیت ہو۔ اب خدشہ مذکور دفع ہو گیا خوب سمجھ لو اور تَرَوْنَهَا کی تحقیق سورۂ رعد کے پہلے رکوع میں اور اَلْقٰی فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ کی تحقیق سورۂ نحل کے دوسرے رکوع میں گزر چکی ہے۔

البلاغۃ: قوله انبتنا فیه التفات من الغیبة الی التکلم ۱۲۔ قوله بل الظلمون فیه وضع المظهر موضع المضمر ۱۲۔

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ وَمَنْ یَّشْكُرْ فَاِنَّمَا یَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ ۝۱۲ وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ یَعِظُهٗ یٰبُنَیَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ ۝۱۳ وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰی وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِیْ عَامَیْنِ اَنِ اشْكُرْ لِیْ وَلِوَالِدَیْكَ ؕ اِلَیَّ الْمَصِیْرُ ۝۱۴ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰۤی اَنْ تُشْرِكَ بِیْ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۙ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِی الدُّنْیَا مَعْرُوْفًا ۫ وَّاتَّبِعْ سَبِیْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَیَّ ۚ ثُمَّ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۱۵ یٰبُنَیَّ اِنَّهَاۤ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ۝۱۶ یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰی مَاۤ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝۱۷ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ

www.besturdubooks.net

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ ﴿۱۸﴾ وَاقْصِدْ فِي مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ۚ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ﴿۱۹﴾

اور ہم نے دانشمندی عطا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے رہو اور جو شخص شکر کرے گا وہ اپنے ذاتی نفع کے لئے شکر کرتا ہے اور جو ناشکری کرے گا تو اللہ تعالیٰ بے نیاز خوبیوں والا ہے اور جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ بیٹا اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا بیشک شرک کرنا بھاری ظلم ہے اور ہم نے انسان کو اس کے ماں باپ کے متعلق تاکید کی ہے اس کی ماں نے ضعف اٹھا کر اس کو پیٹ میں رکھا اور دو برس میں اس کا دودھ چھوٹتا ہے کہ تو میری اور اپنے ماں باپ کی شکرگزاری کیا کر۔ میری طرف لوٹ کر آنا ہے اور اگر تجھ پر دونوں اس بات کا زور ڈالیں کہ تو میرے ساتھ ایسی چیز کا شریک ٹھہرا جس کی تیرے پاس کوئی دلیل نہ ہو تو ان کا کہنا نہ ماننا اور دنیا میں ان کے ساتھ خوبی سے بسر کرنا اور اسی کی راہ پر چلنا جو میری طرف رجوع ہو پھر تم سب کو میرے پاس آنا ہے پھر میں تم کو جتلا دوں گا جو کچھ تم کرتے تھے۔ بیٹا اگر کوئی عمل رائی کے دانہ کے برابر ہو پھر وہ کسی پتھر کے اندر ہو یا وہ آسمان کے اندر ہو یا وہ زمین کے اندر ہو تب بھی اس کو اللہ تعالیٰ ظاہر کر دے گا۔ بے شک اللہ تعالیٰ بڑا باریک بین باخبر ہے۔ بیٹا نماز پڑھا کر اور اچھے کاموں کی نصیحت کر اور برے کاموں سے منع کیا کر اور تجھ پر جو مصیبت واقع ہو اس پر صبر کیا کر۔ یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے اور لوگوں سے اپنا رخ مت پھیر اور زمین پر اترا کر مت چل بے شک اللہ تعالیٰ کسی تکبر کرنے والے فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتے۔ اعتدال اختیار کر اور اپنی آواز کو پست کر بے شک آوازوں میں سب سے بری آواز گدھوں کی آواز ہے۔

تفسیر ربط: آگے بھی اوپر کی طرح توحید کا مضمون ہے اور اس کی تقریر کے لئے قصہ لقمان علیہ السلام کا مذکور ہے جن کی وصیت میں تعلیم توحید بھی ہے جو تکمیل اعتقادی کی فردِ اعظم ہے، پھر تکمیل عملی کی تعلیم ہے جس کا ذکر علم و عمل کے تناسب سے کر دیا گیا اور مقصودِ اعظم ذکر توحید معلوم ہوتا ہے اور تاکید توحید کے لئے قصہ کے درمیان بطور ضمیمہ کے آیت: وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ آ گئی ہے۔

حکایت لقمان ووصایائے اوازتوحید وغیرہ: وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ﴿۱۹﴾ اور ہم نے لقمان کو دانشمندی (جس کی حقیقت علم مع العمل ہے) عطا فرمائی (اور ساتھ ہی یہ حکم دیا) کہ (سب نعمتوں پر عموماً اور اس نعمت حکمت پر کہ افضل النعم ہے خصوصاً) اللہ تعالیٰ کا شکر کرتے رہو اور جو شخص شکر کرے گا وہ اپنے ذاتی نفع کے لئے شکر کرتا ہے (یعنی اسی کا نفع ہے کہ اس سے نعمت میں ترقی ہوتی ہے۔ کما قال لئن شکرتم لازیدنکم۔ دنیوی نعمت میں تو باعتبار نفس نعمت کے کبھی اور باعتبار ثواب کے ہمیشہ اور دینی نعمت میں مثل علم وغیرہ کے دونوں طرح پر یعنی علم بھی بڑھتا ہے اور ثواب بھی ملتا ہے) اور جو ناشکری کرے گا تو (اپنا ہی نقصان کرے گا کیونکہ) اللہ تعالیٰ (تو) بے نیاز اور (سب) خوبیوں والا ہے (یعنی چونکہ وہ اپنی ذات میں کامل ہے جو مدلول ہے حَمِيْدٌ کا اس لئے وہ غنی ہے۔ اس کو کسی کے شکر و ثنا کی احتیاج نہیں کہ اس میں استکمال بالغیر لازم آتا ہے اور چونکہ لقمان موصوف ہیں حکمت یعنی علم و عمل کے ساتھ اس سے مفہوم ہوا کہ انہوں نے تعلیم شکر پر بھی عمل کیا ہوگا پس وہ شاکر بھی تھے اور شاکر ہونے سے ان کی حکمت میں ترقی بھی ہوئی ہوگی۔ پس وہ اعلیٰ درجہ کے حکیم ہوئے) اور (ایسے حکیم کی تعلیم ضرور قابل عمل ہونا چاہئے۔ سو ان کی تعلیمات ان لوگوں کے سامنے ذکر کیجئے) جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ بیٹا خدا کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہرانا بے شک شرک کرنا بڑا بھاری ظلم ہے (جس کی حقیقت ہے وضع الشئ فی غیر محلہ اور ظاہر ہے کہ یہ وضع الشئ فی غیر محل شرک میں بدرجۂ اشد ہے) اور (درمیان قصہ کے تاکید امر توحید کے لئے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ) ہم نے انسان کو اس کے ماں باپ کے متعلق تاکید کی ہے کہ (ان کی اطاعت اور خدمت کرے کیونکہ انہوں نے اس کے لئے بڑی مشقتیں جھیلی ہیں بالخصوص ماں نے چنانچہ) اس کی ماں نے ضعف پر ضعف اٹھا کر اس کو پیٹ میں رکھا (کیونکہ جوں جوں حمل بڑھتا جاتا ہے حاملہ کا ضعف بڑھتا جاتا ہے) اور (پھر) دو برس میں اس کا دودھ چھوٹتا ہے (ان دنوں میں بھی وہ ہر طرح کی خدمت کرتی ہے اسی طرح اپنی حالت کے موافق باپ بھی مشقت اٹھاتا ہے اس لئے ہم نے اپنے حقوق کے ساتھ ماں باپ کے بھی حقوق ادا کرنے کا حکم فرمایا چنانچہ یہ ارشاد کیا) کہ تو میری اور اپنے ماں باپ کی شکرگزاری کیا کر (حق تعالیٰ کی شکرگزاری تو عبادت واطاعت حقیقیہ کے ساتھ اور ماں باپ کی خدمت وادائے حقوق شرعیہ کے ساتھ کیونکہ) میری ہی طرف (سب کو) لوٹ کر آنا ہے (اس وقت میں اعمال کی جزا وسزا دوں گا اس لئے احکام کی بجا آوری ضروری ہے) اور (باوجودیکہ ماں باپ کا اتنا بڑا حق ہے جیسا ابھی معلوم ہوا لیکن امر توحید ایسا عظیم الشان ہے کہ) اگر تجھ پر وہ دونوں (بھی) اس بات کا زور ڈالیں کہ تو میرے ساتھ ایسی چیز کو شریک ٹھہرائے جس (کے شریک الوہیت ہونے) کی تیرے پاس کوئی دلیل (اور سند) نہ ہو (اور ظاہر ہے کہ کوئی چیز بھی ایسی نہیں کہ جس کے استحقاق شرکت پر کوئی دلیل قائم ہو بلکہ عدم استحقاق پر دلیلیں قائم ہیں پس مراد یہ ہوئی کہ اگر وہ کسی چیز کو بھی شریک الوہیت ٹھہرانے کا تجھ پر زور دیں) تو تو ان کا کہنا نہ ماننا اور (ہاں یہ ضرور ہے کہ) دنیا (کے حوائج ومعاملات) میں (جیسے انفاق وخدمت وغیرہ) ان کے ساتھ خوبی کے ساتھ بسر کرنا اور (دین کے بارے میں صرف) اس (ہی) شخص کی راہ پر چلنا جو میری طرف رجوع ہو (یعنی میرے احکام کا معتقد اور عامل ہو) (پھر تم سب کو میرے پاس آنا ہے پھر (آنے کے وقت) میں تم کو جتلا دوں گا جو کچھ تم کرتے تھے (اس لئے کسی امر میں

www.besturdubooks.net

میرے حکم کے خلاف مت کرو آگے پھر تکمیل ہے قصہ وصایا لقمانیہ کی کہ انہوں نے اپنے بیٹے کو اور نصیحتیں بھی کیں چنانچہ توحید وعقائد کے بارے میں یہ بھی نصیحت کی کہ) بیٹا (حق تعالیٰ کا علم اور قدرت اس درجہ ہے کہ) اگر (کسی کا) کوئی عمل (کیسا ہی مخفی ہو مثلاً فرض کرو کہ وہ) رائی کے دانہ کے برابر (مقدار میں) ہو (اور) پھر (فرض کرو کہ) وہ کسی پتھر کے اندر (چھپا رکھا) ہو (جو کہ ایسا حجاب ہے کہ اس کا رفع ہونا دشوار ہے اور بدوں رفع کسی کو اس کے اندر کا علم نہیں ہوتا) یا وہ آسمانوں کے اندر ہو (جو کہ عام خلائق سے مکاناً بہت بعید ہے) یا وہ زمین کے اندر ہو (جہاں خوب ظلمت رہتی ہے اور یہی اسباب ہیں خفائے شئی کے علم خلق سے کیونکہ کبھی غایت صغر جثہ سے ایک شئے مخفی ہو جاتی ہے کبھی حجاب کے شدید ہونے سے کبھی مکان کے بعید ہونے سے کبھی ظلمت سے لیکن حق تعالیٰ کی ایسی شان ہے کہ اگر اتنے اسباب بھی اختفاء کے مجتمع ہوں) تب بھی (قیامت کے روز حساب کے وقت) اس کو اللہ تعالیٰ حاضر کر دے گا (جس سے علم اور قدرت دونوں ثابت ہوئے) (بے شک اللہ تعالیٰ بڑا باریک بین (اور) باخبر ہے (اور اعمال کے باب میں یہ نصیحت کی کہ) بیٹا نماز پڑھا کرو (کہ بعد تصحیح عقائد کے اعلیٰ درجہ کا عمل ہے) اور (جیسا تصحیح عقائد واعمال سے اپنی تکمیل کی ہے اسی طرح دوسروں کی تکمیل کی بھی کوشش کرنا چاہئے پس لوگوں کو) اچھے کاموں کی نصیحت کیا کر اور برے کاموں سے منع کیا کر اور (اس امر بالمعروف ونہی عن المنکر میں بالخصوص اور ہر حالت میں بالعموم) تجھ پر جو مصیبت واقع ہو اس پر صبر کیا کر یہ (صبر کرنا) ہمت کے کاموں میں سے ہے اور (اخلاق وعادات کے باب میں یہ نصیحت کی کہ بیٹا) لوگوں سے اپنا رخ مت پھیر اور زمین پر اترا کر مت چل بے شک اللہ تعالیٰ کسی تکبر کرنے والے فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتے اور اپنی رفتار میں اعتدال اختیار کر (نہ بہت دوڑ کر چل کہ وقار کے خلاف ہے نیز گر جانے کا بھی احتمال ہے اور نہ بہت گن گن کر قدم رکھ کہ وضع متکبرین کی ہے بلکہ بے تکلف اور متوسط رفتار تواضع وسادگی کے ساتھ اختیار کر جس کو دوسری آیت میں اس عنوان سے ذکر کیا ہے: يَمْشُونَ عَلَى الْأَرْضِ هَوْنًا [الفرقان: ٦٣]) اور (بولنے میں) اپنی آواز کو پست کر (یعنی بہت غل مت مچا اور یہ مطلب نہیں کہ اتنی پست کر کہ دوسرا سنے بھی نہیں آگے غل مچانے سے نفرت دلاتے ہیں کہ) بے شک آوازوں میں سب سے بری آواز گدھوں کی آواز (ہوتی) ہے (تو آدمی ہو کر گدھوں کی طرح چیخنا چلانا کیا مناسب ہے۔ نیز چیخ چلاؤ سے بعض اوقات دوسروں کو وحشت واذیت بھی ہوتی ہے) **ف**: حضرت لقمان کو عکرمہ اور لیث نے نبی کہا ہے لیکن حکیم ترمذی نے نوادر میں حدیث مرفوع نقل کی ہے کہ ان کو قبل داؤدؑ کے خلافت دی جاتی تھی۔ انہوں نے عرض کیا کہ اگر حکم ہے تو سر آنکھوں پر اور اگر میری مرضی پر ہے تو میں معافی چاہتا ہوں پھر بعد میں داؤد علیہ السلام کو خلافت دی گئی۔ یہ سب روایات درمنثور میں ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ لقمان علیہ السلام نبی نہ تھے نیز ابن عباسؓ وغیرہ سے بھی ان کے نبی نہ ہونے کی روایتیں درمنثور میں ہیں اور حکیم ترمذی کی روایت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ان کا زمانہ قریب داؤد علیہ السلام کے تھا۔ پس ان کے نبی نہ ہونے کی بناء پر ان کو یہ حکم ہونا...... یا بطور الہام کے ہوگا یا اس زمانہ کے کسی نبی کی تعلیم کے ذریعہ سے اور جس فرزند کو انہوں نے نصیحت کی ہے صحیح اور صریح طور پر کہیں نہیں دیکھا کہ ان کے فرزند کا کیا طریقہ تھا آیا پہلے موحد تھے یا اس نصیحت کے بعد موحد ہوئے یا کیا ہوا واللہ اعلم اور ظاہرا إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ یہ بھی حضرت لقمان کا قول معلوم ہوتا ہے اور صحیحین کی روایت سے اس کی تائید ہوتی ہے کہ آیت: الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُمْ بِظُلْمٍ [الأنعام: ۸۲] کے نزول کے وقت جناب رسول اللہ ﷺ نے یہاں تک تمام قول کو حضرت لقمان کی طرف منسوب فرمایا اور اس آیت میں جو دو سال میں دودھ چھڑانے کا ذکر ہے جو علماء مدت رضاعت اڑھائی سال کہتے ہیں وہ اس کو عادت غالبہ پر محمول کریں گے اور عمل کو جو مثقال حبة سے موصوف کیا ہے یہ بنا بر تمثیل معقول بالمحسوس ہے اور عزم بمعنی واجب اس لئے نہیں لیا گیا کہ ضمیر کے بعض افراد صرف مستحب ہیں اس لئے اس کے دوسرے معنی لئے گئے کما فی القاموس عزم جد فی الامر اور اس مقام پر جو امور مذکور ہیں ان میں بعضے منجملہ آداب ومستحبات ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: أَنِ اشْكُرْ لِي اس میں تصریح ہے کہ واسطہ فی النعمۃ کا شکر بھی مثل شکر منعم کے مطلوب ہے اور اس واسطہ میں والدین اور استاذ اور پیر سب آ گئے البتہ معارضہ شریعت کے وقت اتباع میں ان لوگوں کا جائز نہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ (الی قولہ تعالی) وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ انواع اصلاح میں سے اس میں بعض احکام اخلاق کی تعلیم ہے ۱۲۔

اللغات: الوعظ التذكير بالخير فيما يرق له القلب ۱۲۔ قوله: ولا تصعر من الصعر بمعنى الصيد وهو داء يعترى البعير فيلوى منه عنقه واللام تعليلية والمراد لا تصعر لاجل الاعراض عن الناس او صلة والمعنى لا تمله عنهم ولا تولهم صفحة وجهك كما يفعله المتكبرون ۱۲۔

النحو: قوله ان اشكر معمول لمقدر وتقدير الكلام هكذا اتينا لقمان الحكمة آمرين وقائلين له ان اشكر لله۔ قوله وهناً على وهن۔ حال بتقدير مضاف اى حال كونها ذات وهن على وهن۔ قوله معروفا۔ صفة لمصدر محذوف اى صحاباً معروفا عند الشرع قوله انها اى الخصلة الحسنة والسيئة لدلالة المقام عليه ۱۲۔

www.besturdubooks.net

الْبَلَاغَۃ :قوله بنى التصغير للترحم لا للتحقير۔ قوله: حملته تخصيص (ا) الام لزيادة مشقتها۔ قوله فى الدنيا قيل ذكره لتهوين امر الصحبة والاشارة الى انها فى ايام قلائل وشيكة الانقضاء فلا يضر تحمل مشقتها لقلة ايامها وسرعة انصرامها وعلى ما حملته (۲) عليه للاشارة الى ان الرفق بهما فى الامور الدنيوية لا الدينية۱۲۔ قوله كل مختال وضع الكلام رفع الايجاب الكلى والمراد السلب الكلى۱۲۔ قوله ان انكر الجملة تعليل للامر بالغض على ابلغ وجه وآكده حيث شبه الرافعون اصواتهم بالحمير و مثلت اصواتهم بالنهاق ثم اخلى الكلام من لفظ التشبيه واخرج مخرج الاستعارة وافراد الصوت لما ان المراد ليس بيان صوت كل واحد من آحاد هذا الجنس حتى يجمع بل بيان صوت هذا الجنس من بين اصوات سائر الاجناس وجمع الحمير للمبالغة فى التنفير فان الصوت اذا توافقت عليه الحمير كان انكر كذا فى الروح ملخصا وعلى ما اخترت لا يتوقف التعليل على الاستعارة كما يظهر بالتامل فى تقرير الترجمة۱۲۔

الْحَوَاشِی :(ا) اى ذكر مشاقها خصوصًا مع ان المقام يقتضى ذكر مشقة الاب ايضا۱۲ منه۔ (۲) اى فى اثناء الترجمة بقولى: دنیا کے حوائج ۱۲ منہ۔

أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً ۗ وَمِنَ النَّاسِ مَن
يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتٰبٍ مُّنِيرٍ ﴿٢٠﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ
اٰبَاءَنَا ۚ أَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوهُمْ إِلَىٰ عَذَابِ السَّعِيرِ ﴿٢١﴾ وَمَن يُسْلِمْ وَجْهَهُ إِلَى اللَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ
الْوُثْقَىٰ ۗ وَإِلَى اللَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ ﴿٢٢﴾ وَمَن كَفَرَ فَلَا يَحْزُنكَ كُفْرُهُ ۚ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ
الصُّدُورِ ﴿٢٣﴾ نُمَتِّعُهُمْ قَلِيلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ إِلَىٰ عَذَابٍ غَلِيظٍ ﴿٢٤﴾ وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ
اللَّهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢٥﴾ لِلَّهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿٢٦﴾ وَلَوْ أَنَّ
مَا فِي الْأَرْضِ مِن شَجَرَةٍ أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِن بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللَّهِ ۗ إِنَّ
اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٢٧﴾ مَّا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ إِلَّا كَنَفْسٍ وَاحِدَةٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ﴿٢٨﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُولِجُ
اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى وَأَنَّ اللَّهَ
بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿٢٩﴾ ذٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ مِن دُونِهِ الْبٰطِلُ وَأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿٣٠﴾ ع ۳ ۱۱ ۱۲
أَلَمْ تَرَ أَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللَّهِ لِيُرِيَكُم مِّنْ اٰيٰتِهِ ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ
شَكُورٍ ﴿٣١﴾ وَإِذَا غَشِيَهُم مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰهُمْ إِلَى الْبَرِّ
فَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَا إِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ ﴿٣٢﴾

کیا تم لوگوں کو یہ بات معلوم نہیں ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے تمام چیزوں کو تمہارے کام میں لگا رکھا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اس نے تم پر اپنی نعمتیں ظاہری اور باطنی پوری کر رکھی ہیں اور بعضے آدمی ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں بدوں واقفیت بدوں دلیل کے اور بدوں کسی روشن کتاب کے جھگڑا کرتے ہیں اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اس چیز کا اتباع کرو جو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی ہے تو کہتے ہیں کہ نہیں ہم ان کا اتباع کریں گے جس پر اپنے بڑوں کو پایا ہے کیا اگر شیطان ان کے بڑوں کو عذاب دوزخ کی طرف بلاتا رہا ہے تب بھی اور جو شخص اپنا رخ اللہ کی طرف جھکا دے اور وہ مخلص بھی ہو تو اس نے بڑا مضبوط حلقہ تھام لیا اور اخیر سب کاموں کا

www.besturdubooks.net

اللہ ہی کی طرف پہنچے گا اور جو شخص کفر کرے سو آپ کے لئے اس کا کفر باعث غم نہ ہونا چاہئے۔ ان سب کو ہمارے ہی پاس لوٹنا ہے۔ سو ہم جتلا دیں گے۔ جو جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اللہ تعالیٰ کو دلوں کی باتیں خوب مظلوم ہیں۔ ہم ان کو چند روزہ عیش دیئے ہوئے ہیں پھر ان کو ہم کشاں کشاں ایک سخت عذاب کی طرف لے آئیں گے۔ اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمانوں و زمین کو کس نے پیدا کیا ہے تو ضرور یہی جواب دیں گے کہ اللہ نے۔ آپ کہئے کہ الحمدللہ بلکہ ان میں اکثر نہیں جانتے۔ جن کچھ آسمانوں اور زمین میں موجود ہے سب اللہ ہی کا ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ بے نیاز سب خوبیوں والا ہے اور جتنے درخت زمین بھر میں ہیں اگر وہ سب قلم بن جاویں اور یہ جو سمندر ہے اس کے علاوہ سات سمندر اور ہو جاویں تو اللہ تعالیٰ کی باتیں ختم نہ ہوں۔ بے شک اللہ تعالیٰ زبردست حکمت والا ہے۔ تم سب کا پیدا کرنا اور زندہ کرنا بس ایسا ہی ہے جیسا ایک شخص کا۔ بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ سنتا ہے سب کچھ دیکھتا ہے۔ اے مخاطب کیا تجھ کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کر دیتا ہے اور اس نے سورج اور چاند کو کام میں لگا رکھا ہے کہ ہر ایک مقرر وقت تک چلتا رہے گا اور اللہ تعالیٰ تمہارے سب عملوں کی پوری خبر رکھتا ہے۔ یہ اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی ہستی میں کامل ہے اور جن چیزوں کی اللہ کے سوا یہ لوگ عبادت کر رہے ہیں بالکل ہی لچر ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی عالی شان اور بڑا ہے۔ اے مخاطب کیا تجھ کو یہ (دلیل توحید کی) معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ ہی کے فضل سے کشتی دریا میں چلتی ہے تاکہ تم کو اپنی نشانیاں دکھلائے۔ اس میں نشانیاں ہیں ہر ایک شخص کے لئے جو صابر اور شاکر ہو اور جب ان لوگوں کو موجیں سائبانوں کی طرح گھیر لیتی ہیں تو وہ خالص اعتقاد کر کے اللہ ہی کو پکارنے لگتے ہیں پھر ان کو جب نجات دے کر خشکی کی طرف لے آتا ہے سو بعضے تو ان میں اعتدال پر رہتے ہیں اور ہماری آیتوں کے بس وہی لوگ منکر ہیں جو بدعہد اور ناشکر ہیں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر سے مضمون توحید کا چلا آتا تھا اور اسی کی مناسبت سے وصایائے لقمانیہ کا ذکر آ گیا تھا' آگے پھر مضمون توحید ہے۔

تاکید مضمون توحید: اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ (الی قولہ تعالی) وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ۝ کیا تم لوگوں کو (مشاہدہ و دلائل سے) یہ بات معلوم نہیں ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے تمام چیزوں کو (بواسطہ یا بلاواسطہ) تمہارے کام میں لگا رکھا ہے جو کچھ آسمانوں میں (موجود) ہیں اور جو کچھ زمین میں (موجود) ہیں اور اس نے تم پر اپنی نعمتیں ظاہری اور باطنی پوری کر رکھی ہیں (ظاہری وہ کہ حواس سے مدرک ہوں اور باطنی وہ جو عقل سے مدرک ہوں اور مراد نعمتوں سے وہ نعمتیں ہیں جو تسخیر سموات وارض پر مرتب ہوتی ہیں۔ پس اس سے سب مخاطبین کا مشرف باسلام ہونا لازم نہیں آتا) اور (باوجودیکہ اس دلیل سے توحید ثابت ہوتی ہے مگر) بعضے آدمی ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں (یعنی اس کی توحید میں) بدوں واقفیت (یعنی علم ضروری) اور بدون دلیل (یعنی علم استدلالی عقلی) اور بدوں کسی روشن کتاب (یعنی علم استدلالی نقلی) کے جھگڑا کرتے ہیں اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اس چیز کا اتباع کرو جو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی ہے (یعنی دلیل مثبت للحق میں تدبر کر کے اس کا اتباع کرو) تو (جواب میں) کہتے ہیں کہ (ہم اس کا اتباع) نہیں (کرتے) ہم (تو) اسی کا اتباع کریں گے جس پر ہم نے اپنے بڑوں کو پایا ہے (آگے ان پر رد ہے کہ) کیا اگر شیطان ان کے بڑوں کو عذاب دوزخ کی طرف (یعنی گمراہی کی طرف جو کہ سبب ہے عذاب دوزخ کا) بلاتا رہا ہو تب بھی (انہیں کا اتباع کریں گے' مطلب یہ کہ ایسے معاند ہیں کہ باوجود اس کے کہ ان کو دلیل کی طرف بلایا جاتا ہے مگر پھر بھی بلادلیل بلکہ خلاف دلیل محض آبائے ضالین کی راہ پر چلتے ہیں۔ یہ حالت تو اہل ضلالت کی ہوئی) اور جو شخص (حق کا اتباع کر کے) اپنا رخ اللہ کی طرف جھکا دے (یعنی فرمانبرداری اختیار کرے عقائد میں بھی اعمال میں بھی مراد اسلام و توحید ہے) اور (اس کے ساتھ) وہ مخلص بھی ہو (یعنی محض ظاہری اسلام نہ ہو) تو اس نے بڑا مضبوط حلقہ تھام لیا (یعنی وہ اس شخص کے مشابہ ہو گیا جو کسی مضبوط رسی کا حلقہ ہاتھ میں تھام کر گرنے سے مامون رہتا ہے' اسی طرح یہ شخص ہلاکت و خسران سے محفوظ ہو گیا) اور اخیر سب کاموں کا اللہ ہی کی طرف پہنچے گا (پس یہ اعمال یعنی اتباع باطل و اتباع حق بھی اسی کے حضور میں پیش ہوں گے' پس وہ ہر ایک کو مناسب جزا و سزا دے گا) اور جو شخص (باوجود ان دلائل مثبت حق کے قائم ہونے کے) کفر کرے سو آپ کے لئے اس کا کفر باعث غم نہ ہونا چاہئے (یعنی آپ غم نہ کریں) ان سب کو ہمارے ہی پاس لوٹنا ہے' سو ہم ان سب کو جتلا دیں گے جو جو کچھ وہ (دنیا میں) کیا کرتے تھے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ کو (تو) دلوں کی باتیں (تک) خوب معلوم ہیں (تا بظاہر چہ رسد پس ہم سے کوئی امر مخفی نہیں سب جتلا دیں گے اور مناسب سزا دیں گے' اس لئے آپ کچھ غم نہ کریں اور یہ لوگ اگر محض چند روزہ عیش پر بھول رہے ہیں تو ان کی بڑی غلطی ہے کیونکہ یہ دائمی نہیں بلکہ) ہم ان کو چند روزہ عیش دیئے ہوئے ہیں۔ پھر ان کو کشاں کشاں ایک سخت عذاب کی طرف لے آویں گے (پس اس پر ناز کرنا جہل محض ہے) اور (ہم جس توحید کی طرف ان کو بلا رہے ہیں اس کے مقدمات کو خود یہ لوگ بھی تسلیم کرتے ہیں مگر اس سے انتاج کا کام نہیں لیتے' چنانچہ) اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمان و زمین کو کس نے پیدا کیا ہے تو ضرور یہی جواب دیں گے کہ اللہ نے (اس پر) آپ کہئے کہ الحمدللہ (جو مقدمہ مہتم بالشان تھا وہ تو تمہارے اعتراف سے ثابت ہوا اور دوسرا مقدمہ نہایت ہی ظاہر ہے کہ جو خود مخلوق و مصنوع ہو وہ مستحق الوہیت نہیں' پس مطلوب ثابت ہو گیا مگر یہ لوگ مطلوب کو نہیں مانتے) بلکہ ان میں اکثر (تو مجموعہ مقدمات کو بھی) نہیں جانتے (چنانچہ دوسرے مقدمہ جلیہ کی طرف توجہ نہیں کرتے کہ استحقاق الوہیت خواص خالق سے ہے اور اللہ کی وہ شان ہے کہ) جو کچھ آسمان و زمین میں موجود ہے سب

www.besturdubooks.net

اللہ ہی کا (مملوک) ہے (پس سلطنت تو ان کی ایسی) اور بے شک اللہ تعالیٰ (خود اپنی ذات میں بھی) بے نیاز (اور) سب خوبیوں والا ہے (پس سزاوار الوہیت وہی ہے) اور (اس کی خوبیاں اس کثرت سے ہیں کہ) جتنے درخت زمین بھر میں ہیں اگر وہ سب قلم بن جائیں (یعنی متعارف قلم کے برابر ان کے اجزاء کے قلم بنالئے جاویں اور ظاہر ہے کہ اس طرح ایک ایک درخت میں ہزاروں قلم تیار ہوں) اور یہ جو سمندر ہے اس کے علاوہ سات (روشنائی کی جگہ) اس میں اور شامل ہوجاویں (اور پھر ان قلموں اور اس روشنائی سے حق تعالیٰ کے کمالات لکھنا شروع کریں) تو (سب قلم روشنائی ختم ہوجاویں اور) اللہ کی باتیں (یعنی وہ کلمات جن سے اللہ تعالیٰ کے کمالات کی حکایت ہو) ختم نہ ہوں بے شک خدا تعالیٰ زبردست حکمت والا ہے (کہ وہ قدرت میں بھی کامل ہے اور علم میں بھی اور یہ دونوں صفتیں چونکہ تمام صفات وافعال سے تعلق رکھتی ہیں شاید اس لئے بعد عموم کے ان کو خصوصاً بیان فرمادیا اور اس کمال صفت قدرت کی ایک فرع بعث بھی ہے جس کو بدفہم دشوار سمجھ رہے ہیں، حالانکہ وہ ایسا قادر ہے کہ) تم سب کا (پہلی بار) پیدا کرنا اور (دوسری بار) زندہ کرنا (اس کے نزدیک) بس ایسا ہی ہے جیسا ایک شخص کا (پیدا کرنا اور زندہ کرنا۔ گو یہاں مقصود قرینہ مقام سے بعث کا ذکر فرمانا ہے لیکن ذکر خلق سے استدلال اور قوی ہوگیا) بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ سنتا اور سب کچھ دیکھتا ہے (پس جو لوگ باوجود ان دلائل کے بعث کا انکار کررہے ہیں اور اس جرأت پر فسق و فجور کرتے ہیں ان سب کو سن رہا ہے' دیکھ رہا ہے ان کو سزا دے گا' آگے پھر توحید ہے کہ) اے مخاطب کیا تجھ کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ رات (کے اجزاء) کو دن میں اور دن (کے اجزاء) کو رات میں داخل کردیتا ہے اور اس نے سورج اور چاند کو کام میں لگا رکھا ہے کہ ہر ایک مقررہ وقت تک (یعنی قیامت تک) چلتا رہے گا اور (کیا تجھ کو) یہ (معلوم نہیں) کہ اللہ تعالیٰ تمہارے سب عملوں کی پوری خبر رکھتا ہے (پس اس کمال اتقان فی الفعل اور اس اطلاع علی العمل کا مقتضا یہ ہے کہ شرک چھوڑ دیا جائے اور اوپر جو ان افعال متقنہ مدلولہ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اور یُوْلِجُ اور سَخَّرَ کا اختصاص حق تعالیٰ کے ساتھ بیان کیا گیا ہے) یہ (اختصاص) اس سبب سے ہے کہ اللہ ہی ہستی میں کامل (اور واجب الوجود) ہے اور جن چیزوں کی اللہ کے سوا یہ لوگ عبادت کررہے ہیں بالکل ہی لچر ہیں اور اللہ ہی عالی شان اور (سب سے) بڑا ہے (اس لئے یہ سب تصرفات اس کے ساتھ مختص ہیں البتہ اگر دوسرے موجودات باطل اور مستہلک و ممکن نہ ہوتے بلکہ نعوذ باللہ کوئی اور بھی واجب الوجود ہوتا تو پھر یہ تصرفات حق تعالیٰ کے ساتھ مختص نہ ہوتے۔ چنانچہ ظاہر ہے پس حق تعالیٰ کا اختصاص وجوب وجود و علو اور کبریاء کے ساتھ دلیل لمی ہے اختصاص تصرفات کی اس لئے اس پر حرف باء لایا گیا اور اختصاص تصرفات دلیل انی ہے اختصاص کمالات کی جیسا کہ اوپر سے اسی استدلال کا مقصود مقام ہونا ظاہر ہے۔ پس یہ شبہ نہ رہا کہ اوپر تو اثبات التوحید بالافعال ہے اور اس آیت میں اثبات الافعال بالتوحید ہے اصل یہ ہے کہ پہلا اثبات فی الذہن ہے اور دوسرا فی الخارج اثبات اول دلیل انی کہلاتا ہے اور اثبات ثانی دلیل لمی اور) اے مخاطب کیا تجھ کو (توحید کی) یہ (دلیل) معلوم نہیں کہ اللہ ہی کے فضل سے کشتی دریا میں چلتی ہے تاکہ تم کو اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھلادے (چنانچہ ہر ممکن اور محدث دلیل ہے وجود واجب اور محدث کی اسی طور پر) اس میں (بھی قدرت کی) نشانیاں ہیں ہر ایسے شخص کے لئے جو صابر شاکر ہو (مراد اس سے مومن ہے کہ صبر و شکر میں کامل ہونا اسی کی صفت ہے و نیز صبر و شکر محرک ہے تذکر مدبر عالم کو اور استدلال کے لئے تذکر و تفکر ضروری ہے اس لئے یہ دونوں وصف یہاں مناسب ہوئے بالخصوص کشتی کی حالت کے اعتبار سے کہ موجوں کا اٹھنا محل صبر ہے اور سلامت کنارہ پر جالگنا محل شکر ہے' پس جو لوگ ان سب واقعات میں فکر کرتے رہتے ہیں استدلال کی توفیق ان ہی کو ہوتی ہے) اور (جیسا اوپر آیت: وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ میں مقدمات دلیل کا اعتراف ان کفار کی طرف سے ثابت ہے' بعض اوقات خود نتیجہ دلیل یعنی توحید کا اعتراف کرتے ہیں جس سے توحید خوب ہی واضح ہوگئی' چنانچہ) جب ان لوگوں کو موجیں سائبانوں (یعنی بادلوں) کی طرح (محیط ہوکر) گھیر لیتی ہیں تو وہ خالص اعتقاد کرکے اللہ ہی کو پکارنے لگتے ہیں پھر جب ان کو نجات دے کر خشکی کی طرف لے آتا ہے سو بعضے تو ان میں اعتدال پر رہتے ہیں (یعنی کجی شرک کو چھوڑ کر توحید کو جو کہ اعدل الطرق ہے اختیار کرلیتے ہیں) اور (بعضے پھر ہماری آیتوں کے منکر ہوجاتے ہیں اور) ہماری آیتوں کے بس وہی لوگ منکر ہوتے ہیں جو بدعہد اور ناشکر ہیں (کہ کشتی میں جو عہد توحید کا کیا تھا اس کو توڑ دیا اور خشکی میں آنے کا مقتضا تھا شکر کرنا اس کو چھوڑ دیا) **ف**: سات سمندر بطور تمثیل کے فرض کئے گئے ہیں۔ اس پر یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ سمندر تو ایک ہی ہے اور یہاں مُقْتَصِدٌ کا بمقابلہ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ کے آنا قرینہ ہے ارادۂ مطلق مومن کا اور سورۂ فاطر میں ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ [فاطر: ۳۲] اور سابق بِالْخَيْرٰتِ کے مقابلہ میں مُقْتَصِدٌ کا آنا قرینہ ہے ارادۂ قسم خاص مومن کا جو نہ طاعات میں بڑھا ہوا ہو نہ معاصی میں۔ پس اس مقام پر تقسیم کے حاصر نہ ہونے کا شبہ نہ کیا جاوے اور يَّجْرِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى کا مدلول صرف اَجَلٍ مُّسَمًّى تک نفس جریان ہے اگر اَجَلٍ مُّسَمًّى سے پہلے یہ جریان کسی روز خلاف[1] عادت ہوجاوے یا اَجَلٍ مُّسَمًّى کے بعد بھی جب تک خدا چاہے جریان رہے تو ان دونوں کا انتفاء اس سے لازم نہیں آتا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَنْ كَفَرَ ...... اس میں دلالت ہے کہ اصلاح ناس کے اہتمام میں زیادہ مبالغہ نہ کرے' آزاد ہے۔ سورہ لقمان تمام ہوئی۔

الحواشی: (۱) قولہ خلاف عادت الخ کطلوع الشمس من مغربها وقوله: اجل مسمی کے بعد بھی الخ کما ذهب اليه الشيخ الاكبر انهما

تجریان کالیوم فی النہار ۲ منہ۔
ملحقات الترجمۃ: قولہ: فی یمدہ من بعدہ علاوہ اشارۃ الی حملہ علی معنی در کما فی الروح معزوا الی بعضھم ۱۲۔
الروایات: قولہ ظاھرۃ وباطنۃ فی الروح عن البیھقی مرفوعًا اما الظاھرۃ فما سوی من خلقک واما الباطنۃ فما ستر من عورتک وایضا عنہ مرفوعًا اما الظاھرۃ فالاسلام وما سوی من خلقک واما الباطنۃ فما ستر من مساوی عملک اھ۔ قلت والمراد التمثیل فلا ینافی ما فسرتھما بہ۔ قولہ ما نفدت فی الروح۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِي وَالِدٌ عَن وَلَدِهِ وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ جَازٍ عَن وَالِدِهِ شَيْئًا ۚ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ ۖ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ ﴿٣٣﴾ إِنَّ اللَّهَ عِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ
ع ۴ ۱۳ تَمُوتُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ﴿٣٤﴾

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو اور اس دن سے ڈرو جس میں نہ کوئی باپ اپنے بیٹے کی طرف سے کچھ مطالبہ ادا کر سکے گا اور نہ کوئی بیٹا ہی ہے کہ وہ اپنے باپ کی طرف سے ذرا بھی مطالبہ ادا کر دے۔ یقیناً اللہ کا وعدہ سچا ہے سو تم کو دنیوی زندگی میں دھوکہ میں نہ ڈالے اور نہ تم کو دھوکہ باز شیطان اللہ سے دھوکہ میں ڈالے۔ بے شک اللہ ہی کو قیامت کی خبر ہے اور وہی مینہ برساتا ہے اور وہی جانتا ہے جو کچھ رحم میں ہے اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کل کیا عمل کرے گا اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کس زمین میں مرے گا بے شک اللہ تعالیٰ سب باتوں کا جاننے والا باخبر ہے۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر شرک کا ابطال اور نُمَتِّعُهُمْ قَلِيلًا میں اس پر اجمالی وعید تھی‘ آگے برنگ وعظ عام اس پر تذکیر قیامت سے تفصیلی تہدید ہے جس کی طرف اجمالاً آیت: مَا خَلْقُكُمْ میں اشارہ بھی ہو چکا۔

تہدید بیوم وعید: يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِي وَالِدٌ عَن وَلَدِهِ وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ جَازٍ عَن وَالِدِهِ شَيْئًا ۚ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ ۖ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ ﴿٣٣﴾ اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو (اور کفر و شرک چھوڑ دو) اور اس دن سے ڈرو جس میں نہ کوئی باپ اپنے بیٹے کی طرف سے کچھ مطالبہ ادا کر سکے گا اور نہ کوئی بیٹا ہی ہے کہ وہ اپنے باپ کی طرف سے ذرا بھی مطالبہ ادا کر دے (اور یہ دن آنے والا ضرور ہے‘ کیونکہ اس کی نسبت اللہ کا وعدہ ہے اور) یقیناً اللہ کا وعدہ سچا (ہوتا) ہے سو تم کو دنیوی زندگی دھوکہ میں نہ ڈالے (کہ اس میں منہمک ہو کر اس دن سے غافل رہو) اور نہ تم کو وہ دھوکہ باز (یعنی شیطان) اللہ سے دھوکہ میں ڈالے (کہ تم اس کے اس بہکانے میں آ جاؤ کہ اللہ تم کو عذاب نہ دے گا جیسا کہا کرتے تھے: وَلَئِن رُّجِعْتُ إِلَىٰ رَبِّي إِنَّ لِي عِندَهُ لَلْحُسْنَىٰ [حم السجدة : ۵۰]) ف: تحقیق نحوی کی سورۂ بقرہ کے ربع پر آیت: وَاتَّقُوا يَوْمًا [البقرة : ۴۸] کی تفسیر کے ذیل میں گزر چکی ہے اور اسی سے جزاء اور شفاعت میں فرق بھی معلوم ہو جاوے گا‘ پس یہاں شفاعت سے تعرض نہیں البتہ وہاں نفی شفاعت کی جس اعتبار سے ہے اس کا بھی وہاں ہی بیان ہوا ہے۔ ربط: اوپر وعید تھی یوم قیامت کی اور منکرین بقصد انکار اس کا وقت پوچھا کرتے تھے۔ کقولہ تعالیٰ: يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا [الأعراف : ۱۸۷] اس لئے آیت آئندہ میں کہ اس کے شانِ نزول میں بھی بعض لوگوں کا حضور ﷺ سے اس کے متعلق سوال کرنا درمنثور میں مذکور ہے۔ بطور جواب کے اپنا اختصاص علم غیب کے ساتھ (جن میں سے بعض وجوہ سے بعض کو بالتخصیص بھی ذکر فرمایا) ارشاد فرمایا‘ حاصل جواب یہ ہوا کہ نبی ﷺ کا وقت قیامت کو نہ جاننا مستلزم اس کے عدم وقوع کو نہیں ہے۔ نیز اس آیت میں دوسری مخلوقات سے جس میں معبودات باطلہ بھی آ گئے علم غیب کی نفی فرمانا مؤکد اثبات توحید کو بھی ہو گیا کہ ایسا ناقص العلم معبود نہیں ہو سکتا‘ پس آیت کو سابق سے دو طور پر ارتباط ہو گیا اور خلاصہ تمام سورت کا یہی دو امر تھے جزاء و سزاء جس کا اصل وقت قیامت ہے اور توحید۔ پس یہ آیت اس طرح تمام مضامین سورت کی جامع ہو گئی‘ اس لئے اس پر ختم سورت کا عین بلاغت ہوا۔

خاتمہ در اختصاص علم غیب بحق تعالیٰ: إِنَّ اللَّهَ عِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ﴿٣٤﴾ بے شک اللہ ہی کو قیامت کی خبر ہے اور وہی (اپنے علم کے موافق) مینہ برساتا ہے (پس اس کا علم اور قدرت بھی اسی کے ساتھ خاص ہے) اور وہی جانتا ہے جو کچھ (لڑکا لڑکی حاملہ کے) رحم میں ہے اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کل کیا عمل کرے گا (اس کی بھی اسی کو خبر ہے) اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کس زمین میں مرے گا (اس کی بھی اسی کو خبر ہے اور انہی چیزوں کی کیا تخصیص ہے جتنے غیوب ہیں) بے شک اللہ (ہی

www.besturdubooks.net

ان) سب باتوں کا جاننے والا (اوران سے) باخبر ہے (کوئی دوسرا اس میں شریک نہیں) ف: یہاں چند امور قابل بتلانے کے ہیں۔ اول: جب علم غیب یعنی علم بلاواسطہ ہر شئے کا اور علم محیط مجموعہ اشیاء کا حق تعالیٰ سے مختص ہے پھران اشیائے خمسہ کی تخصیص ذکری کی کیا وجہ سو اس کی دو وجہ ہو سکتی ہیں۔ اول سوال ان ہی اشیاء سے کیا گیا تھا (کمافی الدر عن مجاہد و عن عکرمہ) دوسری وجہ یہ کہ اکثر نفوس ان اشیاء کے علم کے مشتاق زیادہ ہوتے ہیں۔ کذا فی الروح۔ امر دوم: بعض اوقات علامات سے جنین کا حال اور نزول غیث کا وقت دوسرے لوگ بھی جان لیتے ہیں پھر اختصاص کے کیا معنی؟ جواب یہ ہے کہ یہاں اختصاص مطلق علم کا نہیں بلکہ اختصاص علم غیب کا مراد ہے خواہ مطلق علم کی بھی نفی دوسری دلیل سے ہو جیسے علم ساعت کہ مطلقاً منفی ہے یا مطلق علم ثابت ہو جیسے محل مسئول عنہ میں کہ علم بواسطہ جو علم غیب نہیں۔ امر سوم: ﴿يُنَزِّلُ الْغَيْثَ﴾ میں صرف تنزیل غیث کی اسناد حق تعالیٰ کی طرف ہوتی ہے نہ کہ اس کے علم کی جواب یہ ہے کہ قرینۂ مقام سے اسی اسناد علم کا مقصود ہونا معلوم ہو گیا اور اس تعبیر میں یہ نکتہ ہے کہ تنزیل غیث کے ساتھ بہت سے منافع متعلق ہیں یُنزل کی اسناد تصریحاً اس کے مہتم بالشان ہونے پر دال ہے اگر یعلم تنزیل الغیث فرمایا جاتا تو یہ اشارہ حاصل نہ ہوتا۔ امر چہارم: غیث یا مافی الارحام کے علم سے اختصاص علم پر کیسے دلالت ہوئی؟ جواب یہ ہے کہ قرینہ مقام سے ہوئی۔ امر پنجم: علم ساعت کو جملہ اسمیہ سے اور ﴿يُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ﴾ کو جملہ فعلیہ سے تعبیر فرمانے میں کیا نکتہ ہے؟ جواب یہ ہے کہ ساعت تو ایک امر متعین ہے اور نزول غیث اور تکون فی الارحام امور متجددہ ہیں کہ وقتاً فوقتاً ہوتے رہتے ہیں۔ یہ وجہ اس تفاوت تعبیر کی ہوئی۔ امر ششم: اثبات علم باری میں مادۂ علم لایا گیا اور نفی علم خلق میں مادہ درایت اس میں کیا نکتہ ہے؟ جواب یہ ہے کہ درایت کہتے ہیں اس علم کو جو حیلہ اور سعی سے حاصل ہو۔ پس اس میں اشارہ ہو گیا کہ علم غیب حیلہ اور سعی سے بھی حاصل نہیں ہو سکتا۔ امر ہفتم: ﴿مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا﴾ میں تخصیص اپنے مکسوب کی کرنے میں کیا نکتہ ہے؟ جواب یہ ہے تا کہ مکسوب غیر کی نفی بدرجۂ اولیٰ ہو جاوے۔ امر ہشتم: ﴿بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ﴾ میں علم مکان کی نفی کی گئی حالانکہ زمان کا بھی علم نہیں؟ جواب یہ ہے کہ مکان بعض اوقات دیکھا ہوا بھی ہوتا ہے اور موجود فی الحال تو ضرور ہی ہے بخلاف زمان کے پس اس کی نفی بدرجۂ اولیٰ ہو گئی۔ امر نہم: اول جملوں میں اختصاص کو اثبات علم الباری سے تعبیر کیا اور اخیر کے جملوں میں اختصاص کو نفی علم عن الخلق سے تعبیر کیا۔ جواب یہ ہے کہ کسب اور موت اپنا حال ہونے کی وجہ سے اقرب الی العلم ہے اور دوسرے معلومات دوسری اشیاء کا حال ہونے کی وجہ سے ابعد ہیں اور اقرب میں احتمال علم کا تھا اس لئے تصریحاً نفی کی گئی اور ابعد میں انتفاء خود ہی ظاہر ہے وہاں اپنے انتفاء علم سے شبہ ابعد یہ عن علم الباری کا ہو سکتا[1] تھا اس لئے تصریحاً اثبات کیا گیا۔ امر دہم: حدیث میں مفاتیح الغیب خمس آیا ہے مراد تمثیل ہے۔ پس اول امر میں جو تحقیق کیا گیا ہے حدیث سے وہ متعارض نہیں۔

تم تفسیر سورة لقمٰن غرة صفر ۱۳۲۵ھ من الهجرة وفی ذلك اليوم افتتح فی تفسیر سورة تالية لها۔

ملحقات الترجمة: قوله فی الامر الثالث من منافع ومنها احياء الارض من حيث دلالته على احياء الموتى المناسب الاشارة اليه للمقام ۱۲۔

اللغات: فی القاموس يجزى يقضى ۱۲۔

النحو: قوله ولا مولودٌ مبتدأ والمسوغ للابتداء به مع انه نكرة تقدم النفى وجملة هو جاز خبره و شيئا مفعول به او منصوب على المصدرية لانه صفة مصدر محذوف اى جزاء شيئا ۱۲۔

البلاغة: قوله ولا مولود قد ذكروا وجوها فى تاكيد الجملة الثانية دون الاولى وهى لا تغنى عنى شيئا والاول بحول الله وقوته ان الكلام اذا كان فى نفيان فمقتضى البلاغة الترقى فى الثانى على الاول ولو كان الثانى اولا والاول ثانيا لعكس[2] الامر فى التاكيد ۱۲۔

الحواشی: (۱) ای انی بما هو اول الآن موكد اولم يوكد ما هو ثان الآن ۱۲ منه۔ (۲) بناءً على قياس الغائب على الشاهد ۱۲ منه۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ ۳۲ مَكِّيَّةٌ ۷۵ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۳۰ | رُكُوْعَاتُهَا ۳

سورۃ السجدۃ مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۳۰ آیات اور ۳ رکوع ہیں

الٓمّٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۲ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝۳ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا

بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ۭ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝۴

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝۵ ذٰلِكَ عٰلِمُ

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۶ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۝۷ ثُمَّ جَعَلَ

نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝۸ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۹

الٓمّٓ یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے اس میں کچھ شبہ نہیں یہ رب العالمین کی طرف سے ہے کیا یہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ پیغمبر نے یہ اپنے دل سے بنالیا ہے۔ بلکہ یہ بھی کتاب ہے تا کہ آپ ایسے لوگوں کو ڈرائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا۔ تا کہ وہ لوگ راہ پر آ جائیں۔ اللہ ہی ہے جس نے آسمان اور زمین کو اور اس مخلوق کو جو ان دونوں کے درمیان میں ہے چھ روز میں پیدا کیا پھر تخت پر قائم ہوا بدوں اس کے نہ تمہارا مددگار ہے اور سفارش کرنے والا سو کیا تم سمجھتے نہیں ہو۔ وہ آسمان سے لے کر زمین تک ہر امر کی تدبیر کرتا ہے۔ پھر ہر امر اسی کے حضور میں پہنچ جائے گا۔ ایک ایسے دن میں جس کی مقدار تمہارے شمار کے مطابق ایک ہزار برس کی ہوگی۔ وہی ہے جاننے والا پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا زبردست رحمت والا ہے۔ جس نے جو چیز بنائی خوب بنائی اور انسان کی پیدائش مٹی سے شروع کی پھر اس کی نسل کو خلاصہ اخلاط یعنی ایک بے قدر پانی سے بنایا۔ پھر اسکے اعضا درست کئے اور اس میں اپنی روح پھونکی اور تم کو کان اور آنکھیں اور دل دیئے۔ تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو (یعنی نہیں کرتے) ۝

تفسیر: سورة السجدة مكية وهى ثلثون اٰية وقيل تسع وعشرون اية كذا فى البيضاوى۔

ربط: سورت سابقہ میں توحید و معاد کے مضامین تھے۔ اس سورت کے شروع میں اثبات حقیت قرآن سے اثبات رسالت ہے۔ جس کا تناسب توحید و معاد سے ظاہر ہے۔ پھر اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سے توحید ہے اور قَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا سے معاد کا ذکر ہے اور پہلا مضمون دوسرے پر بھی من وجہ مشتمل ہے پھر وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى سے تائید مسئلہ رسالت کی اور تسلیہ صاحب رسالت کا معاملہ مکذبین میں ہے اور اَوَلَمْ يَهْدِ سے آخر تک مکذبین کی توبیخ اور ان کے بعض اقوال کا جواب ہے۔

اثبات رسالت و اثبات حقیت قرآن: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٓمّٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۲ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝۳۔ الٓمّٓ (اس کے معنی اللہ کو معلوم ہیں) یہ نازل کی ہوئی کتاب

www.besturdubooks.net

ہے (اور) اس میں کچھ شبہ نہیں (اور) یہ رب العالمین کی طرف سے ہے (جیسا اس کا اعجاز خود اس کی دلیل ہے) کیا یہ (منکر) لوگ یوں کہتے ہیں کہ پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے یہ اپنے دل سے بنالیا ہے (یعنی یہ کہنا محض لغو اور جھوٹ ہے یہ بنایا ہوا نہیں) بلکہ سچی کتاب ہے آپ کے رب کی طرف سے (آئی ہے) تا کہ آپ (اس کے ذریعہ سے) ایسے لوگوں کو (عذاب الٰہی سے) ڈرائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تھا تا کہ وہ لوگ راہ پر آ جاویں۔

ف: سورۂ نحل کے رکوع پنجم آیت وَلَقَدْ بَعَثْنَا میں مضمون لِتُنْذِرَ قَوْمًا کے متعلق کچھ لکھا گیا ہے ملاحظہ فرمالیا جاوے۔ رلط: اوپر اثبات رسالت تھا آگے اثبات توحید ہے اور ضمناً معاد کی طرف بھی اشارہ ہے۔

اثباتِ توحید: اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (الی قولہ تعالی) قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ اللہ ہی ہے جس نے آسمان اور زمین کو اور اس مخلوق کو جو ان دونوں کے درمیان میں (موجود) ہے چھ روز (کی مقدار) میں پیدا کیا پھر عرش پر (جو مشابہ ہے تخت سلطنت کے اس طرح) قائم (اور جلوہ فرما) ہوا (جو کہ اس کی شان کے لائق ہے وہ ایسا عظیم ہے کہ) بدوں اس (کی رضا و اذن) کے نہ تمہارا کوئی مددگار ہے اور نہ سفارش کرنے والا (البتہ اذن سے شفاعت ہو جاوے گی اور نصرت (۱) کے ساتھ اذن ہی متعلق نہ ہوگا) سو کیا تم سمجھتے نہیں ہو (کہ ایسی ذات کا کوئی شریک نہیں ہو سکتا اور) وہ (ایسا ہے کہ) آسمان سے لے کر زمین تک (جتنے امور ہیں) ہر امر کی (وہی) تدبیر (اور انتظام) کرتا ہے پھر ہر امر اسی کے حضور میں پہنچ جاوے گا ایک ایسے دن میں جس کی مقدار تمہاری شمار کے موافق ایک ہزار برس کی ہوگی (یعنی (۲) قیامت میں سب امور مع مالہا و ما علیہا اسی کے حضور میں پیش ہوں گے۔ کقولہ تعالیٰ: وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ [ھود: ۱۲۳] وہی ہے جاننے والا پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا زبردست رحمت والا جس نے جو چیز بنائی خوب بنائی (یعنی جس مصلحت کے لئے اس کو بنایا اس کے مناسب بنایا) اور انسان (یعنی آدم علیہ السلام) کی پیدائش مٹی سے شروع کی پھر اس (انسان یعنی آدم) کی نسل کو خلاصہ اخلاط یعنی ایک بے قدر پانی سے (یعنی نطفہ سے جو فضلہ ہے ہضم رابع غذا کا جو مستحیل ہے باخلاط ہو جاتی ہے) بنایا پھر (ماں کے رحم میں) اس کے اعضاء درست کئے اور اس میں اپنی (طرف سے) روح پھونکی اور (بعد تولد) تم کو کان اور آنکھیں اور دل (یعنی ادراکات ظاہرہ و باطنہ) دیئے (اور ان سب کا کہ دال علی القدرۃ والانعام ہیں مقتضا یہ تھا کہ خدا کا شکر کرتے جس کی فرد اعظم توحید ہے مگر تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو (یعنی نہیں کرتے) ف: سورۂ مومنین کے پہلے رکوع میں چونکہ سُلٰلَةٍ کے ساتھ مِنْ طِيْنٍ بھی ہے جس میں من ابتدائیہ ہے اس لئے وہاں احقر نے غذا کے ساتھ تفسیر کی ہے اور یہاں مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ جس میں مِنْ بیانیہ ہے اس لئے خلاصہ اخلاط سے تفسیر کی اور چونکہ سلالہ دونوں پر صادق آتا ہے اس لئے کچھ تدافع نہیں اور روح اگر مادی ہوتب تو فِيْهِ کے معنی ظاہر ہیں اور اگر مجرد ہو تو مجاز ہے تعلق بالبدن سے اور روحہ میں اضافت تشریفی ہے جیسے بیت اللہ میں اور یہ مطلب نہیں کہ اللہ میں کوئی روح ہے اس کا کوئی جز و انسان میں پیدا کر دیا نعوذ باللہ منہ اور اس یوم کو ایک جگہ خَمْسِيْنَ اَلْفَ [المعارج: ۴] کہنا بعض کے اعتبار سے ہے کہ بعض کو زیادہ اشد اور سے زیادہ امتداد محسوس ہوگا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ آیت بصر یحہا دال ہے اس پر کہ ہر مخلوق فی حد ذاتہ حسن ہے حتیٰ کہ صفت کبر و بخل بھی جب اپنے محل میں استعمال کئے جائیں کما قیل

اے بسا امساک کز انفاق بہ ☆ مال حق را جز بامر حق مدہ

وقیل التکبر مع المتکبرین عبادۃ اور ضرر سوء استعمال کے سبب ہے البتہ مکسوب بعضے قبیح محض ہیں جیسے کفر و معاصی ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ تسویہ بمعنی متساوی گردانیدن۔ اجزاء کے بعد جو کہ خواص اجسام سے ہے نفخ روح کا ذکر فرمانے سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ روح جسم نہیں اور امام غزالی کا یہی مذہب ہے اور جمہور نے جسم لطیف کہا ہے اور میرے نزدیک ان دونوں میں تعارض نہیں ممکن ہے کہ اس مجرد کا تعلق بدن کے ساتھ بواسطہ اسی جسم لطیف کے ہو ۱۲۔

الحواشی: (۱) اس طرف اشارہ ہے کہ لاھم ینصرون اپنے اطلاق پر باقی ہے ۱۲۔ (۲) مقدار یوم قیامت کی تحقیق سورۂ حج میں مذکور ہوئی ہے وہاں دیکھ لیا جاوے ۱۲ منہ۔

اختلاف القراءۃ: فی قراءۃ خلقه بسکون اللام مصدراً وھو بدل من کل شئ وحاصل القراء تین واحد ۱۲۔

النحو: قوله تنزیل خبر مبتدأ ای ھو ثم لا ریب خبر بعد خبر وکذا من رب العالمین کما اشرت الی ھذا کله فی الترجمة۔ قوله: من السماء الی الارض متعلقان بمقدر ھو حال من الامر بمعنی الشئ والشان ای کل امر کائن من ابتداء السماء الی انتهاء الارض ای مما بینهما وفی یوم متعلق بیعرج بمعنی یرجع ویصیر للمحاسبة والمجازاۃ ۱۲۔

البلاغة: قوله جعل لکم السمع۔ لا یخفی حسن موقع ما فیه من الالتفات حیث ذکره بعد نفخ الروح وتشریفه بخلقه الخطاب حین

www.besturdubooks.net

صلح للخطاب ۱۲۔

وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۬ؕ بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ﴿١٠﴾ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ
مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿١١﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ
رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿١٢﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ
الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا
نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤﴾ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا
بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿١٥﴾ ۩ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۫ وَّمِمَّا
رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿١٦﴾ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٧﴾ اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ
كَانَ فَاسِقًا ؕ لَا يَسْتَوٗنَ ﴿١٨﴾ اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۫ نُزُلًۢا بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٩﴾
وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ
كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٢١﴾
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى
الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿٢٣﴾ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ
اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ۣ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ﴿٢٤﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٢٥﴾ اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ؕ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ﴿٢٦﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا
تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ؕ اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ﴿٢٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٨﴾
قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٢٩﴾ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ
وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿٣٠﴾

اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ جب ہم زمین میں نیست و نابود ہو گئے تو کیا ہم پھر نئے جنم میں آویں گے بلکہ وہ لوگ اپنے رب سے ملنے کے منکر ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ تمہاری جان موت کا فرشتہ قبض کرتا ہے جو تم پر متعین ہے پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹا کر لائے جاؤ گے اور اگر آپ دیکھیں تو عجب حال دیکھیں جبکہ مجرم لوگ اپنے رب کے سامنے سر جھکائے ہوں گے کہ اے پروردگار بس ہماری آنکھیں اور کان کھل گئے سو ہم کو پھر بھیج دیجئے ہم نیک کام کیا کریں ہم کو پورا یقین آ گیا اور اگر ہم کو منظور ہوتا تو ہم ہر شخص کو اس کا رستہ عطا فرماتے لیکن میری یہ بات محقق ہو چکی ہے کہ میں جہنم کو جنات اور انسان دونوں سے ضرور بھروں گا۔ تو اب اس کا مزہ چکھو کہ تم اپنے اس دن کے آنے کو بھول رہے تھے۔ ہم نے بھی تم کو بھلا دیا اور اپنے اعمال کی بدولت ابدی عذاب کا مزہ چکھو۔ پس ہماری آیتوں پر تو وہ لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب ان کو وہ آیتیں یاد

www.besturdubooks.net

دلائی جاتی ہیں تو وہ سجدہ میں گر پڑتے ہیں اوا پنے رب کی تسبیح وتحمید کرنے لگتے ہیں اور وہ لوگ تکبر نہیں کرتے ان کے پہلوخواب گاہوں سے علیحدہ ہوتے ہیں اس طور پر کہ وہ لوگ اپنے رب کو امید سے اور خوف سے پکارتے ہیں اور ہماری دی چیزوں سے خرچ کرتے ہیں سو کسی شخص کو خبر نہیں جو جو آنکھوں کی ٹھنڈک کا سامان ایسے لوگوں کے لئے خزانہ غیب میں موجود ہے۔ یہ انہیں کے اعمال کا صلہ ملا ہے تو جو شخص مؤمن ہو گیا وہ اس شخص جیسا ہو جائے گا جو بے حکم ہو وہ آپس میں برابر نہیں ہو سکتے جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے سو ان کے لئے ہمیشہ کا ٹھکانہ جنتیں ہیں جو ان کے اعمال کے بدلے میں بطور ان کی مہمانی کے ہیں اور جو لوگ بے حکم تھے سو ان کا ٹھکانا دوزخ ہے وہ لوگ جب اس سے باہر نکلنا چاہیں گے تو پھر اس میں دھکیل دیئے جائیں گے اور ان کو کہا جاوے گا کہ دوزخ کا وہ عذاب چکھو جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے اور ہم ان کو قریب کا (یعنی دنیا میں آنے والا) عذاب بھی اس بڑے عذاب سے پہلے چکھادیں گے۔ تاکہ یہ لوگ باز آ جائیں۔ اور اس شخص سے ظالم کون زیادہ ہوگا جس کو اس کے رب کی آیتیں یاددلائی جائیں پھر وہ ان سے اعراض کرے۔ ہم ایسے مجرموں سے بدلہ لیں گے اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تھی سو آپ اس کے ملنے میں کچھ شک نہ کیجئے اور ہم نے اس کو بنی اسرائیل کے لئے موجب ہدایت بنایا تھا اور ہم نے ان میں جب کہ انہوں نے صبر کیا بہت سے پیشوا بنادیئے تھے جو ہمارے حکم سے ہدایت کیا کرتے تھے اور وہ لوگ ہماری آیتوں کا یقین رکھتے تھے۔ آپ کا رب قیامت کے روز ان سب کے آپس میں فیصلہ ان امور میں کر دے گا جن میں یہ باہم اختلاف کرتے تھے۔ کیا ان کو یہ امر موجب رہنمائی نہیں ہوا کہ ہم ان سے پہلے کتنی امتیں ہلاک کر چکے ہیں جن کے رہنے کے مقامات میں یہ لوگ آتے جاتے ہیں۔ اس میں صاف نشانیاں ہیں کیا یہ لوگ سنتے نہیں ہیں۔ کیا انہوں نے اس بات پر نظر نہیں کی کہ ہم خشک افتادہ زمین کی طرف پانی پہنچاتے ہیں پھر اسی کے ذریعے سے کھیتی پیدا کرتے ہیں جس سے ان کے مواشی اور وہ خود بھی کھاتے ہیں۔ تو کیا وہ دیکھتے نہیں ہیں اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ فیصلہ کب ہوگا آپ فرما دیجئے کہ اس فیصلہ کے دن کافروں کو ان کا ایمان لانا نفع نہ دے گا اور نہ ان کو مہلت بھی ملے گی سو ان کی باتوں کا خیال نہ کیجئے اور آپ منتظر رہئے یہ بھی منتظر ہیں۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر مضمون توحید کا تھا' آگے بعث وجزا کا بیان ہے اور زیادت تہدید منکرین کے لئے سزائے قیامت سے پہلے ایک سزا کا بیان فرمادیا جس کو عذاب ادنیٰ کہا ہے اور اس کے ساتھ استحقاق عقوبت کی علت کی تصریح کر دی کہ اظلمیت اور مجرمیت ہے۔

اثبات بعث وجزا: وَقَالُوٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِی الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ (الی قوله تعالی) اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِیْنَ مُنْتَقِمُوْنَ اور یہ (کافر) لوگ کہتے ہیں کہ ہم جب زمین میں (مل جل کر) نیست و نابود ہو گئے تو کیا ہم پھر (قیامت میں) نئے جنم میں آویں گے (اور یہ لوگ اس بعث ونشر پر صرف متعجب ہی نہیں ہیں جیسا کہ ظاہراً ان کے عنوان سے معلوم ہوتا ہے) بلکہ (درحقیقت) وہ لوگ اپنے رب سے ملنے کے منکر ہی ہیں (اور یہ استفہام ان کا انکاری ہے) آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ تمہاری جان موت کا فرشتہ قبض کرتا ہے جو تم پر (اللہ کی طرف سے) متعین ہے پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹا کر لائے جاؤ گے (جواب میں اصل مقصود تو یہی تُرْجَعُوْنَ ہے اور یَتَوَفّٰکُمْ بیچ میں بڑھا دینا تخویف کے لئے ہے کہ موت بھی فرشتہ کے ذریعہ سے آوے گی جو جان نکلنے کے وقت تم کو مارے دھاڑے گا بھی جیسا دوسری آیت میں ہے: وَلَوْ تَرٰٓی اِذْ یَتَوَفَّی الَّذِیْنَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ یَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ [الأنفال: ۵۰] پس مر جانے کا انجام صرف خاک ہی میں مل جانا نہ ہوگا جیسا تمہارے قول ءَاِذَا ضَلَلْنَا ...... سے معلوم ہوتا ہے) اور (اس رجوع کے وقت جس پر تُرْجَعُوْنَ دال ہے) اگر آپ (ان لوگوں کا حال) دیکھیں تو عجب حال دیکھیں جبکہ یہ مجرم لوگ (غایت انفعال سے) اپنے رب کے سامنے سر جھکائے (کھڑے) ہوں گے (اور کہتے ہوں گے) کہ اے ہمارے پروردگار! بس (اب) ہماری آنکھیں اور کان کھل گئے (اور معلوم ہو گیا کہ پیغمبروں نے جو کچھ کہا سب حق تھا) سو ہم کو (دنیا میں) پھر بھیج دیجئے' ہم (اب کے جا کر خوب) نیک کام کیا کریں گے (اب) ہم کو پورا یقین آ گیا اور (یہ کہنا ان کا بے کار محض ہوگا کیونکہ دنیا میں تو ان کو جب بھیجتے کہ خواہ مخواہ ان کا راہ ہی پر آنا تکویناً ضرور مطلوب ہوتا اور دوبارہ بھیجنے میں ان کا راہ پر آنا بھی ضرور واقع ہوتا حالانکہ دونوں باتیں منتفی ہیں' اول کا انتفاء تو اس لئے کہ) اگر ہم کو (یہ) منظور ہوتا (کہ ضرور ہی یہ راہ پر آویں) تو ہم ہر شخص کو اس (کی نجات) کا راستہ (ایصال الی المطلوب کے درجہ میں ضرور) عطا فرماتے (جیسا کہ ہدایت بمعنی اراءۃ مطلوب ان کو عطا فرمائی ہے) ولیکن میری (تو) یہ (ازلی تقدیر) بات (بہت سی حکمتوں سے) محقق ہو چکی ہے کہ میں جہنم کو جنات وانسان دونوں (میں جو کافر ہوں گے ان) سے ضرور بھروں گا (اور بیان بعض حکمتوں کا سورۂ ہود کے اخیر میں ایسے ہی آیت کی تفسیر میں گزرا ہے' غرض امر اول کا انتفاء تو اس لئے ہے اور امر ثانی کا انتفاء سورۂ انعام کے رکوع سوم آیت وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا ...... میں مذکور ہے' سو جب دونوں امر جن پر رجوع الی الدنیا موقوف ہے منتفی ہیں تو رجوع بھی منتفی ہے اور جب رجوع منتفی ہے) تو (ان سے کہا جاوے گا کہ) اب اس کا مزہ چکھو کہ تم اپنے اس دن کے آنے کو بھولے رہے' ہم نے تم کو بھلا دیا (یعنی رحمت سے محروم کر دیا جس کو بھلانا مجازاً کہہ دیا) اور (ہم جو کہتے ہیں کہ مزہ چکھو تو ایک دو روز کا نہیں' بلکہ اس کی حقیقت یہ ہے کہ) اپنے اعمال (بد) کی بدولت ابدی عذاب کا مزہ چکھو (یہ تو کفار کا حال اور ان کا مآل ہوا' آگے مؤمنین کا حال اور مآل مذکور ہے' یعنی) بس ہماری آیتوں پر تو وہ لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب ان کو وہ آیتیں یاددلائی جاتی ہیں تو سجدہ میں گر پڑتے ہیں (جس کی تحقیق سورۂ مریم کے رکوع چہارم میں

www.besturdubooks.net

ہوئی ہے) اور اپنے رب کی تسبیح وتحمید کرنے لگتے ہیں اور وہ لوگ (ایمان سے) تکبر نہیں کرتے (جیسا کافر کا حال آیا ہے: وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا [لقمان : ۷] یہ تو ان کی تصدیق واقرار واخلاق کا حال تھا اور اعمال کا یہ حال ہے کہ شب کو) ان کے پہلو خواب گاہوں سے علیحدہ ہوتے ہیں (خواہ فرض عشاء کے لئے یا تہجد کے لئے بھی اور اس سے سب روایتیں جمع ہو گئیں اور خالی علیحدہ ہی نہیں ہوتیں بلکہ) اس طور پر (علیحدہ ہوتی ہیں) کہ وہ لوگ اپنے رب کو (ثواب کی) امید سے اور (عذاب کے) خوف سے پکارتے ہیں (اس میں نماز اور دعاء وذکر سب آ گیا) اور ہماری دی ہوئی چیزوں میں سے خرچ کرتے ہیں (مطلب یہ کہ ایمان لانے والوں کی یہ صفات ہیں جن میں بعض تو نفس ایمان کا موقوف علیہ ہے اور بعض کمال ایمان کا) سو کسی شخص کو خبر نہیں جو جو آنکھوں کی ٹھنڈک کا سامان ایسے لوگوں کے لئے خزانہ غیب میں موجود ہے یہ اُن کو اُن کے اعمال (نیک) کا صلہ ملا ہے (اور جب فریقین کا حال اور مآل معلوم ہو گیا) تو (اب بتلاؤ) جو شخص مؤمن ہو کیا وہ اس شخص جیسا ہو جاوے گا جو بے حکم (یعنی کافر) ہو (نہیں) وہ آپس میں (نہ حالاً نہ مآلاً) برابر نہیں ہو سکتے (چنانچہ معلوم بھی ہوا ہے اور خاص مآل کی عدم تساوی کی تفصیل تاکید کے لئے پھر بھی سن لو کہ) جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے سو ان کے لئے ہمیشہ کا ٹھکانا جنتیں ہیں جو ان کے اعمال (نیک) کے بدلے میں بطور ان کی مہمانی کے ہیں (یعنی مثل مہمان کے ان کو یہ چیزیں اکرام کے ساتھ ملیں گی نہ کہ سائل محتاج کی طرح بے قدری اور بے وقعتی کے ساتھ) اور جو لوگ بے حکم تھے سو ان کا ٹھکانا دوزخ ہے وہ لوگ جب اس سے باہر نکلنا چاہیں گے (اور کنارہ کی طرف کو بڑھیں گے گو بوجہ قعر اور اغلاق ابواب کے نکل نہ سکیں گے مگر ایسے وقت میں یہ حرکت طبعی ہوتی ہے) تو پھر اسی میں دھکیل دیئے جاویں گے اور ان کو کہا جاوے گا کہ دوزخ کا وہ عذاب چکھو جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے (اور یہ عذاب موعود تو آخرت میں ہوگا) اور ہم ان کو قریب کا (یعنی دنیا میں آنے والا) عذاب بھی اس بڑے عذاب (موعود فی الآخرۃ) سے پہلے چکھاویں گے (جیسے امراض واسقام ومصائب کذا فی الدر مرفوعًا وموقوفًا جو حسب آیت: وَمَآ اَصَابَكُمْ معاصی کے سبب آتے ہیں) تاکہ یہ لوگ (متاثر ہو کر کفر سے) باز آویں (کقولہ تعالیٰ: ظَهَرَ الْفَسَادُ (الی قولہ تعالی) يَرْجِعُوْنَ پھر جو نہ باز آوے اس کے لئے عذاب اکبر ہے ہی) اور (ایسے لوگوں پر عذاب ہونے سے کچھ تعجب نہ ہونا چاہئے (کیونکہ) اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا جس کو اس کے رب کی آیتیں یاد دلائی جاویں پھر وہ ان سے اعراض کرے (تو اس کے استحقاق عذاب میں کیا شبہ ہے اس لئے) ہم ایسے مجرموں سے بدلہ لیں گے۔ رَبط: اوپر فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ اور بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ اور كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا اور فَسَقُوْا اور تُكَذِّبُوْنَ اور اَعْرَضَ اور مُجْرِمِيْنَ میں کفار کی تکذیب ومخالفت کا ذکر آیا ہے چونکہ تکذیب وغیرہ سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حزن ہوتا تھا اور مخالفت کے بعض آثار مثل ایذاء وغیرہ مومنین کے لئے بھی موجب اذیت ہوتے تھے۔ اسلئے آگے آپ کے اور مؤمنین کے تسلیہ کی تقریر ہے اور مضامین تسلیہ کے متعلق کفار کے بعض شبہات وسوالات تھے ان کا جواب ہے اور اسی پر سورت ختم ہے۔

تسلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومؤمنین و دفع شبہات کفار متعلقہ بعض مضامین تسلیہ: وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ (الی قولہ تعالی) وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ۝ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو (آپ ہی کی طرح) کتاب دی تھی (جس کی اشاعت میں ان کو تکلیفیں برداشت کرنا پڑیں اسی طرح آپ کو برداشت کرنا چاہئے ایک تسلی تو یہ ہوئی پھر اسی طرح آپ کو بھی کتاب دی) سو آپ (اپنی) اس (کتاب) کے ملنے میں کچھ شک نہ کیجئے (کقولہ تعالیٰ وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ [النمل : ٦] مطلب یہ کہ آپ صاحب کتاب صاحب خطاب ہیں۔ پس جب آپ اللہ کے نزدیک ایسے مقبول ہیں تو اگر مشتے چند احمق آپ کو قبول نہ کریں کوئی غم کی بات نہیں ایک تسلی کی بات یہ ہوئی) اور ہم نے اس (کتاب موسوی) کو بنی اسرائیل کے لئے موجب ہدایت بنایا تھا (اسی طرح آپ کی کتاب سے بہتوں کو ہدایت ہوگی آپ خوش رہئے ایک تسلی یہ ہوئی) اور ہم نے ان (بنی اسرائیل) میں بہت سے (دین کے) پیشوا بنا دیئے تھے جو ہمارے حکم سے ہدایت کرتے تھے جبکہ وہ لوگ (تکالیف پر) صبر کئے رہے اور ہماری آیتوں کا یقین رکھتے تھے (اس لئے ان کی اشاعت اور خلق کی ہدایت میں مشقت گوارا کرتے تھے۔ یہ تسلی ہے مؤمنین کی کہ تم لوگ صبر کرو اور جب تم صاحب یقین ہو اور یقین کا مقتضا صبر کرنا ہے تو تم کو صبر ضرور ہے اس وقت ہم تم کو بھی ائمہ دین بناویں گے۔ یہ تو تسلی دنیا کے اعتبار سے ہے اور ایک تسلی آخرت کے اعتبار سے تم کو رکھنا چاہئے اور وہ امر موجب تسلیہ یہ ہے کہ) آپ کا رب قیامت کے روز ان سب کے آپس میں (عملی) فیصلہ ان امور میں کر دے گا جن میں یہ باہم اختلاف کرتے تھے (یعنی مومن کو جنت میں اور کفار کو دوزخ میں ڈال دے گا اور قیامت بھی کچھ دور نہیں اس سے بھی تسلی حاصل کرنا چاہئے اور اس مضمون کو سن کر کفار دو شبہ کر سکتے تھے۔ ایک یہ کہ ہم اسی کو نہیں مانتے کہ اللہ تعالیٰ کو ہمارا کفر ناپسند ہے جیسا يَفْصِلُ سے مفہوم ہوتا ہے دوسرا یہ کہ ہم قیامت ہی کو ناممکن سمجھتے ہیں۔ آگے دونوں کے دفع کے لئے دو مضمون ہیں۔ اول یہ کہ ان کو جو کفر کے مبغوض ہونے میں شبہ ہے تو) کیا ان کو یہ امر موجب رہنمائی نہیں ہوا کہ ہم ان سے پہلے (ان کے کفر وشرک ہی کے سبب) کتنی امتیں ہلاک کر چکے ہیں (کہ ان کے طریق ہلاکت سے و نیز نبی کی پیشین گوئی کے بعد بطور خرق عادت کے واقع ہونے سے خدا کا غضب ٹپکتا تھا جس سے مبغوض ہونا کفر کا صاف واضح ہوتا ہے) جن کے رہنے کے مقامات میں یہ لوگ (اثنائے سفر شام میں) آتے جاتے (گزرتے) ہیں اس (امر) میں (تو) صاف نشانیاں (مبغوضیت کفر کی

www.besturdubooks.net

موجود) ہیں۔ کیا یہ لوگ (ان گزشتہ امم کے قصص) سنتے نہیں ہیں (کہ مشہور اور زبانوں پر مذکور ہیں۔ دوسرا مضمون یہ کہ ان کو جو قیامت میں شبہ عدم امکان کا ہے تو) کیا انہوں نے اس بات پر نظر نہیں کی کہ ہم (بادلوں یا نہروں وغیرہ کے ذریعہ سے) خشک زمین کی طرف پانی پہنچاتے ہیں' پھر اس کے ذریعہ سے کھیتی پیدا کرتے ہیں جس سے ان کے مواشی اور وہ خود بھی کھاتے ہیں۔ تو کیا (اس بات کو شب و روز) دیکھتے نہیں ہیں (یہ صاف نمونہ ہے احیائے موتی کا جیسا کئی جگہ اس کی تقریر گزری ہے' پس دونوں شبہے دفع ہو گئے) اور یہ لوگ (قیامت اور فیصلہ کا ذکر سن کر بطور استعجال و استہزاء کے یوں) کہتے ہیں کہ اگر تم (اس بات میں) سچے ہو تو (بتلاؤ) یہ فیصلہ کب ہوگا؟ آپ فرما دیجئے کہ (تم عبث اس کا تقاضا کرتے ہو۔ تمہارے لئے تو وہ پوری مصیبت کا دن ہے' کیونکہ) اس فیصلہ کے دن کافروں کو ان کا ایمان لانا (بالکل) نفع نہ دے گا (اور یہی ایک صورت بچاؤ کی تھی اور وہی مقصود ہے) اور (نفع نجات تو کیا ہوتا) ان کو مہلت بھی (تو) نہ ملے گی سو (اے پیغمبر ﷺ) ان کی باتوں کا خیال نہ کیجئے (جن کے خیال سے غم ہوتا ہے) اور آپ (فیصلہ موعود کے) منتظر رہئے' یہ بھی (اپنے زعم میں آپ کے ضرر کے) منتظر ہیں (لقولهم: نَتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ [الطور: ۳۰] مگر معلوم ہو جاوے گا کس کا انتظار مطابق واقع کے ہے اور کس کا نہیں۔ کقوله تعالىٰ في جوابهم: قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ [الطور: ۳۱]) ف: شاید موسیٰ علیہ السلام کی تخصیص ذکر کی اس لئے ہو کہ آپ میں اور موسیٰ علیہ السلام میں بہت وجوہ مشابہت کی مجتمع ہیں' واللہ اعلم۔

تم تفسير الٓمّٓ السجدة والحمد لله ثاني صفر ۱۳۲۵ھ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ ..... بعض احادیث میں اس کی تفسیر تہجد سے آئی ہے تو اس میں تہجد کی فضیلت ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً ..... اس میں دلالت ہے کہ جب مرید میں ریاضت اور یقین کا مشاہدہ کیا جاوے تو اس کو خلافت دے دینا مناسب ہے۔ قولہ تعالیٰ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ (الى قوله تعالى) فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ یہاں قانون مناظرہ پر جواب نہ دینا اور اس سے اعراض کا امر فرمانا دال ہے ترک جدال پر جو کہ طریقہ ہے قوم کا۔

ملحقات الترجمۃ: قوله في ذوقوا بما نسيتم اس کا مزہ (الی) تم اپنے ترجمة بالحاصل والافمفعول ذوقوا محذوف والباء سببية ۱۲۔۲ قوله في جزاء: ان کو اشار به الى تقدير الكلام هو هكذا جوز واجزاء الخ۔۳ قوله في ولقد اٰتينا موسى الكتب: آپ ہی کی طرح وفي من لقائه: اپنی اس کتاب اشارة الى ما في الروح من ان الضمير المذكور للكتاب المراد به الجنس وايتاء ذلك الجنس باعتبار ذلك الجنس باعتبار ايتاء التوراة ولقاء ه باعتبار لقاء القرآن وهذا كقوله تعالىٰ وانك لتلقى القرآن من لدن حكيم عليم ۱۲۔

الروایات: في الدر اخرج ابن جرير وابن ابى حاتم عن قتادة قال قال الصحابة ان لنا يوما يوشك ان نستريح فيه ونتنعم فيه فقال المشركون متى هذا الفتح ان كنتم صٰدقين فنزلت الخ ۔

اللغات: قوله ضللنا اى ضعنا بان صرنا ترابًا مخلوطا بترابها من ضل المتاع اذا ضاع ۱۲۔

النحو: قوله قوله ء انا الاستفهام لتاكيد الانكار لا لانكار التاكيد ۱۲۔ قوله جنت الماوى اضيفت الجنان الى الماوى لانها المسكن الحقيقي والدنيا مرتحل عنه لا محالة فهو من قبيل اضافة الموصوف الى الصفة ۱۲ ۔ قوله تاكل زاده للتبيه على ان ما يستدل به امر محبوس مالوف معتاد منصوب باعينهم ۱۲۔ قوله لما صبروا الضمير لائمة لكونه اقرب والوجه الآخر ان الضمير يعود الى بنى اسرائيل والراجح هو الاول لافادة الترغيب في الصبر والايقان بخلاف الوجه الثاني فان ظاهر عطاء الثمرة لبعض الصابرين الموقنين فلا يكمل الترغيب وان كان فائدة هذا العطاء عائد الى الكل معنى ۱۲۔

البلاغۃ: قوله لاٰتينا وحق القول منى جمع الاول وافراد الثانى لان ايتاء الهدى يكون بدفعات وثبوت القول وكذا الملأ كلاهما كان دفعة واحدة۔ قوله الادنى مع الاكبر في الروح وانما لم يقل الاصغر في مقابلة الاكبر او الا بعد في مقابلة الادنى لان المقصود هو التخويف والتهديد وذنك انما يحصل بالقرب لا بالصغر وبالكبر لا بالبعد اھ ۱۲۔ قوله تاكل زاده للتنبيه على ان ما يستدل به امر محسوس مالوف معتاد منصوب باعينهم ۱۲۔

ترجمہ ضمیمہ از روح المعانی: قولہ تعالیٰ: مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ اس میں اشارہ ہے کہ اسباب کی طرف التفات اور ان پر اعتماد نہ چاہئے۔ قولہ تعالیٰ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ اس میں اشارہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی تدبیر پر نظر کر کے اپنی تدبیر سے مستغنی ہو جاوے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ اس میں ارشاد ہے کہ کسی مخلوق کو قبیح نہ سمجھے فی نفسہ سب اچھے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ..... اشارہ ہے اطوار وجود میں انسان کے تدرج

www.besturdubooks.net

کی طرف۔قولہ تعالیٰ: اِنَّمَا یُؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا......اس میں کامل الایمان لوگوں کا حال اور سجود و تسبیح و تحمید و تواضع للہ کی علوشان مذکور ہے۔قولہ تعالیٰ: تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ۝ شروع میں صفات کمال کی طرف اور آخر میں تکمیل کی طرف اشارہ ہے یعنی معارف وفیوض کا بذل کرتے ہیں۔قولہ تعالیٰ وَلَنُذِیْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰی...... :بعض نے کہا ہے کہ عذاب ادنیٰ حرص علی الدنیا ہے اور عذاب اکبر اس حرص پر جو سزا ہوگی۔ قولہ تعالیٰ: وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً......اس میں شیخ کامل کی علامات ہیں اور جو بدون ان علامات کے مرشد ہونے کا مدعی ہو وہ ضال مضل ہے۔قولہ تعالیٰ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ۝ اس میں اشارہ ہے کہ جو لوگ عارفین اور سالکین کے کمالات کے منکر ہوں اور ان کے ساتھ استہزاء کرتے ہوں جب ان کو فہمائش نافع نہ ہو تو ان سے اعراض مناسب ہے اور ان کے ہلاک کا انتظار کرے کہ ضرور ان پر وبال آنے والا ہے۔

تمت سورۃ السجدۃ

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْاَحْزَاب

سُوْرَةُ الْاَحْزَاب ۳۳ مَدَنِيَّة ۹۰ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۷۳ | رُكُوْعَاتُهَا ۹

سورۃ الاحزاب مدینہ میں نازل ہوئی ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں ۔ اس میں ۷۳ آیات اور ۹ رکوع ہیں

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝١ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰۤى اِلَيْكَ
مِنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝٢ وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝٣ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ
قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـئِْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ
بِاَفْوَاهِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ۝٤ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْۤا
اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ؕ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَاۤ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ
وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝٥

اے نبی اللہ سے ڈرتے رہیے اور کافروں اور منافقوں کو کہنا نہ مانیے ۔ بے شک اللہ تعالیٰ بڑا علم والا بڑی حکمت والا ہے اور آپ کے پروردگار کی طرف سے جو حکم آپ پر وحی کیا جاتا ہے اس پر چلیے تم لوگوں کے سب اعمال کی اللہ تعالیٰ پوری خبر رکھتا ہے اور آپ اللہ پر بھروسہ رکھیئے اور اللہ تعالیٰ کافی کارساز ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کسی شخص کے سینہ میں دو دل نہیں بنائے اور تمہاری ان بیبیوں کو جن سے تم ظہار کر لیتے ہو تمہاری ماں نہیں بنا دیا اور تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا (سچ مچ کا) بیٹا نہیں بنا دیا۔ یہ صرف تمہارے منہ سے کہنے کی بات ہے اور اللہ تعالیٰ حق بات فرماتا ہے اور وہی سیدھا رستہ بتلاتا ہے۔ تم ان کو ان کے باپوں کی طرف منسوب کیا کرو یہ اللہ کے نزدیک راستی کی بات ہے اور اگر تم ان کے باپوں کو نہ جانتے ہو تو تمہارے بھائی ہیں اور تمہارے دوست ہیں اور تم کو اس میں جو بھول چوک ہو جائے تو اس سے تم پر کچھ گناہ نہیں لیکن ہاں جو دل سے ارادہ کر کے کرو اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ ۝

تفسیر: سُوْرَةُ الْاَحْزَاب مدنية وهي ثلث و سبعون اٰية كذا في البيضاوي ۔

ربط: مضامین سورت میں مابہ الاشتراک دلالت ہے جناب رسالت مآب ﷺ کی منصوریت ومحبوبیت وخصوصیت واکرمیت عند اللہ بوجوہ مختلفہ اور آپ کے وجوب تعظیم متکثرہ وحرمت ایذاء بانواع متحققہ علی الناس پر باقی مضامین یا اس کے مقدمات ہیں یا متممات چنانچہ تامل سے اجمالاً اور میرے رسالہ سبق الغایات میں دیکھنے سے اور اس سے زیادہ تفسیر ہذا میں تمہیدات آیات سورت کے دیکھنے سے تفصیلاً معلوم ہو سکتا ہے اور سورت سابقہ کا اختتام بھی حضور ﷺ کے تسلیہ پر تھا کہ وہ بھی دلیل ہے محبوبیت کی اور چونکہ ایذائے رسول بطور کلی مشکک کے شامل ہے چند اقسام ایذاء کو بعضہا اشد بعضہا اخف چنانچہ اوپر اس کی طرف اشارہ (1) بھی ہوا ہے۔ سو ان میں سے ایک ایذاء کفار کی طرف سے قولی تھی کہ آپ سے درخواست کرتے تھے کہ نعوذ باللہ آپ دعوتِ اسلام سے باز رہیں اور ہم آپ کو اتنا مال دیں گے اور بعض نے قتل کی دھمکی دی کذا فی الدر اس پر آپ کو رنج ہوا۔ چنانچہ سورت اسی کے متعلق مضمون سے شروع کی گئی۔

تسلیۂ نبی ﷺ بر نوع اول ایذاء قولی از کفار: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ (الی قوله تعالیٰ)

www.besturdubooks.net

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا۝ اے نبی اللہ سے ڈرتے رہئے (اور کسی سے نہ ڈریئے اور ان کی دھمکیوں کی ذرا پرواہ نہ کیجئے) اور کافروں کا (جو کہ کھلم کھلا خلاف دین مشورے دیتے ہیں) اور منافقوں کا (جو کہ درپردہ ان لوگوں کے ہم رائے ہیں) کہنا نہ مانئے (بلکہ اللہ ہی کا کہنا کیجئے) بے شک اللہ تعالیٰ بڑا علم والا بڑی حکمت والا ہے (اس کا ہر حکم فوائد ومصالح پر متضمن ہوتا ہے) اور (اللہ کا کہنا ماننا یہ ہے کہ) آپ کے پروردگار کی طرف سے جو حکم آپ پر وحی کیا جاتا ہے اس پر چلئے (اور اے لوگو) بے شک تم لوگوں کے سب اعمال کی اللہ تعالیٰ پوری خبر رکھتا ہے (تم میں جو ہمارے پیغمبر سے مخالفت ومزاحمت کر رہے ہیں ہم سب کو سمجھیں گے) اور (اے نبی) آپ (ان لوگوں کی تخویف کے باب میں) اللہ پر بھروسہ رکھئے اور اللہ کافی کارساز ہے (اس کے مقابلہ میں ان لوگوں کی کوئی تدبیر نہیں چل سکتی' اس لئے کچھ اندیشہ نہ کیجئے' البتہ اگر اللہ تعالیٰ ہی کی حکمت کسی ابتلاء کو مقتضی ہو تو وہ عین منفعت ہے۔ غرض یہ لوگ اضرار پر قادر نہیں) **ف**: اتَّقِ اور لَا تُطِعِ اور اتَّبِعْ اور تَوَكَّلْ ان سب امر ونہی پر آپ پہلے ہی سے عامل ہیں۔ یہاں زیادہ مقصود مخالفین کو سنانا ہے کہ ہمارے نبی تو اس حالت پر رہیں گے تم خائب وخاسر ہو کر بیٹھ رہو اور احقر نے منافقین کے ترجمہ کے ساتھ جس عبارت کی تصریح کر دی ہے اس سے یہ شبہ جاتا رہا کہ اگر وہ لوگ ایسے مشورے دین کے خلاف دیتے تھے تو وہ منافق کیسے رہے' مجاہر ہو گئے اور یہ بھی ممکن ہے کہ انہوں نے براہ چالاکی کسی عمل مباح کے پردہ میں یہ مشورہ اعلانیہ دیا ہو۔ مثلاً یہی کہا ہو کہ چندے مختلف فیہ مضامین سے سکوت کرنا موجب تالیف قلوب اور میلان الی الاسلام کا ہو جاوے گا اور ظاہر ہے کہ بعض مواقع پر ایک خاص وقت تک سکوت جائز بھی ہے اور اس صورت میں لَا تُطِعِ کی توجیہ اور بھی سہل ہو جاوے گی' کیونکہ ایسا ارادہ خلاف عصمت ومنافی شان نبوت نہیں' واللہ اعلم۔ ربط: اوپر رسول اللہ ﷺ کو ایذاء دینے کے انواع میں سے ایک نوع کے متعلق مضمون مذکور ہوا ہے۔ دوسری نوع ایذائے قولی کی یہ واقع ہوئی تھی کہ حضور ﷺ نے حضرت زینبؓ سے نکاح کیا تھا جن کو حضرت زید بن حارثہؓ نے طلاق دے دی تھی اور ان زید کو حضور ﷺ نے کسی وقت اپنا متبنیٰ بنا لیا تھا جس کا خلاصہ قصہ یہ تھا کہ یہ زید عربی الاصل بنی کلب میں سے ہیں' یہ اپنے ننہال بنی معن میں گئے ہوئے تھے کہ وہاں لوٹ مار ہوئی اور یہ گرفتار ہو کر سوق عکاظ میں بیچے گئے اور حضرت خدیجہؓ نے اپنے برادرزادہ حکیم بن حزام کو ایک ہوشیار غلام خرید کرنے کو کہا تھا' انہوں نے ان کو خریدا' پھر جب ان سے حضور ﷺ نے نکاح کیا تو آپ نے ان سے ان کو بطور ہبہ کے لے لیا' ایک بار یہ سفر شام میں اپنی قوم میں کو گزرے تو ان کو ان کے چچا اور باپ نے پہچان لیا اور سب حال سن کر مکہ میں حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کو مانگا آپ نے انہیں کو اختیار دے دیا انہوں نے آپ ہی کے پاس رہنا پسند کیا ان کے عزیزوں نے کہا بھی کہ تم غلامی کو پسند کرتے ہو' انہوں نے کہا چاہے کچھ ہی ہو میں آپ کو نہ چھوڑوں گا' آپ نے خوش ہو کر ان کو آزاد کر دیا اور اپنا متبنیٰ بنا لیا اس سے وہ لوگ بھی خوش ہو گئے۔ پس زمانہ بعثت سے پہلے یہ زید بن محمد کہلاتے تھے اور بعد میں بھی آیت: اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ کے نازل ہونے تک پھر زید بن حارثہ پکارے جانے لگے کذا فی الدر' غرض جب آپ نے حضرت زینبؓ سے نکاح کیا تو مخالفین نے طعن کیا کہ اپنے بیٹے کی بیوی سے نکاح کر لیا' کما رواہ الترمذی۔ آگے اس طعن کی بناء کا اجمالاً جواب دینا مقصود ہے: مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ اور تفصیلاً یہ مضمون نصف سورت پر آوے گا اور تقویت جواب کے لئے دو مضمون جو اس کی نظیر ہیں اور بیان فرما دیئے۔ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ اور مَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ اور ان دونوں مضمون میں بھی مثل مسئلہ تبنی کے اصلاح بعض اغلاط جاہلیت کی مقصود ہے۔

ہدم بناء نوع دوم ایذائے رسول متعلق تبنی وتقویت آں ببعض نظائر: مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ (الی قولہ تعالی) وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۝ (متبنیٰ کو بیٹا سمجھنا اور اس بناء پر اس کی مطلقہ بی بی سے نکاح کرنے پر طعن ایسا ہی غلط مشہور ہو گیا ہے جیسا زوجہ کو زبان سے ماں قرار دینا اور اس بناء پر اس کو نکاح سے خارج سمجھنا یا کسی شخص کو زیادہ ذکاوت کے سبب یہ سمجھنا کہ اس کے دو قلب ہیں غلط مشہور ہو گیا ہے اور واقع میں) اللہ تعالیٰ نے کسی شخص کے سینے میں دو دل نہیں بنائے اور (اسی طرح) تمہاری ان بیبیوں کو جن سے تم ظہار کر لیتے ہو تمہاری ماں نہیں بنا دیا اور (اسی طرح سمجھ لو کہ) تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا (سچ مچ کا) بیٹا (بھی) نہیں بنا دیا یہ صرف تمہارے منہ سے کہنے کی بات ہے (جو واقع کے مطابق نہیں اور غلط ہے اور غلط بناء پر کوئی امر واقعی مبنی نہیں ہوتا پس مطلقۂ متبنیٰ سے نکاح پر طعن کرنا محض جہل ہے) اور اللہ حق بات فرماتا ہے اور وہی سید ھا راستہ بتلاتا ہے (چنانچہ ان تینوں غلطیوں کی اصلاح فرمائی اور جب وہ واقع میں تمہارے بیٹے نہیں ہیں تو) تم ان کو (متبنیٰ بنانے والوں کا بیٹا مت کہو بلکہ) ان کے (حقیقی) باپوں کی طرف منسوب کیا کرو یہ اللہ کے نزدیک راستی کی بات ہے اور اگر تم ان کے باپوں کو نہ جانتے ہو تو (ان کو اپنا بھائی اپنا دوست کر کے پکارو' کیونکہ آخر) وہ تمہارے دین کے بھائی ہیں اور تمہارے دوست ہیں اور تم کو اس میں جو بھول چوک ہو جاوے تو اس سے تم پر کچھ گناہ نہ ہوگا لیکن ہاں جو دل سے ارادہ کر کے کرو (تو اس سے گناہ ہوگا) اور (اس سے بھی اگر استغفار کر لو تو پھر معاف ہو جاوے گا' کیونکہ) اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔

ف: جاہلیت میں یہ تینوں غلط باتیں مشہور تھیں کہ ذہین وعقیل آدمی کے دو دل سمجھا کرتے اور ظہار سے حرمت مؤبدہ کا حکم کرتے اور متبنیٰ کو تمام احکام میں مثل حقیقی بیٹے کے قرار دیتے یہاں سیاق کلام سے زیادہ مقصود تیسری غلطی کا رفع کرنا ہے مگر تقویت کے لئے دو غلطیاں اور رفع کر دیں جن میں جس کا انتفاء زیادہ ظاہر تھا

www.besturdubooks.net

اس کو مقدم فرمایا: مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ...... اور ظاہر ہونا اس لئے کہ اول تو یہ امر محسوسات سے ہے تشریح سے اس کی تحقیق ہو سکتی ہے بخلاف دوسرے امور کے کہ امور معنویہ سے ہیں دوسرے آثار سے بھی بسہولت اس کی حقیقت معلوم ہو جاتی تھی۔ چنانچہ روح المعانی میں ایک شخص کی حکایت ہے جو ذوقلبین ہونے کا مدعی تھا کہ بدر سے اس حال میں بھاگا کہ ایک جوتا پاؤں میں اور ایک ہاتھ میں ابوسفیان نے اس حال میں دیکھ کر تو کا تو اس نے بیان کیا کہ میں دونوں جوتے پاؤں میں سمجھا تھا اس سے اس کے دعویٰ کا کذب صاف واضح ہو گیا' اس کے بعد ظہار کے متعلق غلطی کو رفع کیا جس کی تفصیل سورۂ مجادلہ میں ہے۔ چونکہ ظہار میں تشبیہ و تغایر کی تصریح ہوتی ہے اس لئے ضعف تاثیر اس کا خود ظاہر ہے جس سے تحریم مؤبد کا ترتب نہ ہونا غیر مستبعد ہے' اس لئے اصل مقصود سے اس کو بھی مقدم کیا کہ فہم مقصود میں اس تدریج سے اعانت ہو اور ان سے تقویت مقصود کی یا تو بطور قیاس تمثیل کے ہے اور ما بہ الاشتراک سب میں ایک امر واقعی اور ایک امر غیر واقعی کا عدم اجتماع ہے۔ چنانچہ ایک قلب واقعی ہے اور دوسرا ادعائی غیر واقعی' پس دونوں مجتمع نہیں ہوئے اور زوجیت واقعیہ ہے اور بوجہ عدم دلیل کے حرمت مؤبدہ غیر واقعی پس دونوں جمع نہیں ہوئے' اسی طرح بنوت اب حقیقی کے اعتبار سے واقعی اور بنوت غیر اب حقیقی کے اعتبار سے غیر واقعی یہ بھی مجتمع نہ ہوں گے اور اس مانعۃ الجمع میں احد الطریقین یقیناً ثابت ہے' پس حسب قاعدہ منطقیہ کہ مانعۃ الجمع میں استثناء عین مقدم منتج نقیض تالی کو اور استثناء عین تالی منتج نقیض مقدم کو ہے طرف آخر یعنی غیر اب حقیقی کے اعتبار سے بنوت مرتفع ہو گی اور یا تقویت محض اس اعتبار سے ہے کہ متبنّیٰ کا ابن ہونا محض مبنی علی المشہور ہے اور یہ کوئی حجت نہیں۔ چنانچہ دیکھو فلاں فلاں امر بھی مشہور ہیں حالانکہ محض غلط ہیں اور اس زمانہ میں بعض اخبارات کی نقل کہ امریکہ میں کسی شخص کے دو دل ہیں بعد تسلیم صحت نقل اس آیت کے معارض نہیں' کیونکہ اول تو مَا جَعَلَ ماضی ہے اس سے مستقبل کی نفی نہیں ہوئی' دوسرے کبھی کلیہ سے اکثریہ مراد ہوتا ہے اور اکثریت میں شبہ نہیں اور اس جملہ پر جو ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ کی توضیح میں لکھا گیا ہے کہ غلط بناء پر کوئی امر واقعی مبنی نہیں ہوتا۔ اگر یہ شبہ ہو کہ ظہار سے کفارہ کا واجب ہونا جو کہ قرآن میں مذکور ہے اور غلام کو بیٹا کہہ دینے سے اس کا آزاد ہو جانا جیسا فقہ حنفی میں مذکور ہے کیوں مرتب ہوتا ہے تو جواب یہ ہے کہ کفارہ سزا اُس قول کی ہے اس طرح کہ یہ قول منکر جنایت ہے اور پر جنایت کی سزا حرمت موقتہ ہوئی اور اس کے ارتفاع کے لئے کفارہ ہوا اور قول (۲) موجود واقعی ہے اور اعتاق بنا بر معنی مجازی ہے اور انشاء اعتاق کی صحت لفظ مجاز سے نیز امر واقعی ہے جن کی واقعیت دلیل صحیح سے متحقق ہے بخلاف دعاوی جاہلیت کے کہ بناء (۳) ان کی وجود حقیقی کے اعتبار سے یقیناً غلط ہے اور وجود حکمی یعنی تاثیر کسی صحیح دلیل سے ثابت نہیں اور نہ ہی مذکور میں یہ صورت داخل نہیں جو شفقۃً و مجازاً بیٹا کہہ دیا جاوے بلکہ خاص جاہلیت کے طور پر باعتقاد ترتب ان آثار مخصوصہ کے بیٹا کہنے سے نہی ہے اور تعمد منہی عنہ کی دو صورتیں ہیں۔ ایک تو یہی جو مذکور ہوئی۔ دوسری یہ کہ متکلم کا یہ اعتقاد نہ ہو مگر یقیناً جانتا ہے کہ اس سے ترویج امر جاہلیت کی ہو گی تب بھی قصداً کہنا منہی عنہ ہے اور اسی خوف ترویج کے وقت اگر عادت قدیمہ کے موافق سہو ہو یا سبق لسانی کے طور پر نکل جاوے وہ اَخْطَاْتُمْ کا مدلول ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: سورۃ الاحزاب' قولہ تعالیٰ: وَّاتَّبِعْ مَا یُوْحٰٓى اِلَیْكَ اس میں دلالت ہے کہ کامل کسی ایسے مقام میں نہیں پہنچتا کہ اس سے تکالیف شرعیہ ساقط ہو جاویں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَیْنِ فِیْ جَوْفِهٖ اس میں اس قول کی اصل ہے کہ نفس ایک آن میں دو طرف متوجہ نہیں ہوتا اور اس پر بہت سے فروع کو مبنی کیا ہے' مثلاً وسوسہ کا علاج یہ کیا گیا ہے کہ ذکر کی طرف متوجہ ہو جاوے اور اس مقام سے اس شخص کا کذب ظاہر ہوتا ہے جو تسبیح بھی پھرا تا رہتا ہے اور باتیں بھی کرتا رہتا ہے اور دعوے کرتا ہے کہ میں عین باتیں کرنے میں مشغول باللہ کر رہتا ہوں۔ قولہ تعالیٰ: فَاِخْوَانُكُمْ فِی الدِّیْنِ...... اس سے پیر بھائیوں کے حقوق مثل بھائیوں کے اور پیر کے حقوق مثل باپ کے ثابت ہوتے ہیں۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے مشارکین فی الدین کو اخوان فرمایا اور رسول اللہ ﷺ کی بیبیوں کو مومنین کی مائیں فرمایا۔

الحواشی: (۱) یعنی فی قولہ حرمت ایذاء بانواع متشتة ۱۲ منہ۔ (۲) قولہ: قول موجود واقعی ہے۔ پس امر واقعی پر دوسرا امر واقعی مبنی ہوا اور امر غیر واقعی پر امر غیر واقعی مبنی نہیں ہوا ۱۲ منہ۔ (۳) لفظ بنا بلا اضافت مبتدا ہے اور لفظ وجود حقیقی مضاف الیہ ہے لفظ اعتبار کا ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: قولہ فی بما تعملون: لوگو اشارۃ الی ان الخطاب لیس له ﷺ ویؤیدہ قراءۃ یعملون بالیاء ۱۲۔

الروایات: فی اللباب اخرج جویبر عن الضحاک عن ابن عباسؓ قال ان اهل مکة منهم الولید بن المغیرة و شیبة بن ربیعة دعوا النبی ﷺ ان یرجع عن قوله علی ان یعطوه شطر اموالهم و خوفه المنافقون و الیهود بالمدینة ان لم یرجع قتلوه فانزل اللّٰه تعالٰی یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَ لَا تُطِعِ الْكٰفِرِیْنَ وَ الْمُنٰفِقِیْنَ ۱ھ قلت جویبر و ضحاک ضعیفان ولکن لا یضر فی التائید کما سبق فی سورة القصص قبیل قوله تعالٰی ان الذی فرض علیك القرآن فلا بأس بنقله تتمیما للفائدة ۱۲۔ فی الدر اخرج عبد الرزاق و ابن جریر عن الزهری فی قوله ماجعل اللّٰه لرجل من قلبین فی جوفه قال بلغنا ان ذلك فی زید بن حارثة ضرب له مثلا یقول لیس ابن رجل آخر ابنك ۱ھ قلت و هذه الروایة تؤید

www.besturdubooks.net

ما قررت به الآية ولا ينافي هذا ما رواه الترمذی من نزولها ردا لقول المنافقين لما خطر ﷺ خطرة فی الصلوٰة لان المقصودين لا تنافی بينهما فصح ان يقصد بالآية ردّ قول المنافقين فی الخطرة ويقصد ايضا بها تقوية مسئلة التبنی فافهم ۱۲۔

الفقه : لو كان المدعو فاسقا واقتضى دعاءه بالاخوة والولاية تعظيمه خص عن الآية ودليل التخصيص هو دليل حرمة تعظيم الفاسق من الروح ملخصا ۱۲۔ قلت فالامر بالدعاء بالاخوة والولاية ليس عاما وانما اصل المقصود بالآية النهی عن نسبتهم الی غير الآباء لا الامر بالدعاء بالاخوة فافهم ۱۲۔

اللغات :قوله ادعياء جمع دعی كفعيل من يدعی ابنا ۱۲۔

البلاغة :قوله لرجل ای لاحد فخصوص الرجل ليس بمقصود وتخصيصه بالذكر لكمال لزوم الحيوٰة فيه۔ قوله: فی جوفه للتاكيد والتصوير كالصدور فی قوله تعالٰی القلوب التی فی الصدور۔ قوله:فاخوانكم كان دعاء هم بهذا التطييب قلوبهم ولذالم يؤمر بدعائهم باسمائهم فقط وان جاز فالامر للوجوب ولم يذكر واخواتكم للانثی مع انه لا فرق لان العادة كان التبنی المذكور دون الاناث كما فی الروح انا لم نقف علی وقوع التبنی للاناث فی الجاهلية الخ ۱۲۔

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰی بِبَعْضٍ فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُهٰجِرِیْنَ اِلَّاۤ اَنْ تَفْعَلُوْۤا اِلٰۤی اَوْلِیٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِی الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۶﴾
وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِیْمَ وَمُوْسٰی وَعِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ ۪ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّیْثَاقًا غَلِیْظًا ۙ﴿۷﴾
لِّیَسْـَٔلَ الصّٰدِقِیْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابًا اَلِیْمًا ﴿۸﴾ ع ۱۷

نبی صلی اللہ علیہ وسلم مؤمنوں کے ساتھ خودان کے نفس سے بھی زیادہ تعلق رکھتے ہیں اور آپ کی بیبیاں ان کی مائیں ہیں اور رشتہ دار کتاب میں ایک دوسرے سے زیادہ تعلق رکھتے ہیں۔ بہ نسبت دوسرے مؤمنین اور مہاجرین کے مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں سے کچھ کرنا چاہو تو وہ جائز ہے یہ بات لوح محفوظ میں لکھی جاچکی ہے اور جب کہ ہم نے ان تمام پیغمبروں سے ان کا اقرار لیا اور آپ سے اور نوح اور ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ ابن مریم سے بھی اور ہم نے ان سے خوب پختہ عہد لیا۔ تا کہ ان سچوں سے ان کے سچ کی تحقیقات کرے اور کافروں کے لئے اللہ تعالیٰ نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

تفسیر ربط: تمہید تفسیر سورت میں معلوم ہو چکا ہے کہ محصل سورت کا دلالت ہے حضور ﷺ کی جلالت شان پر مختلف عنوانوں سے ان میں سے ایک حرمت ایذاء ہے جس کے بعض انواع کا ذکر ہو چکا ہے اور بعض کا آوے گا اور ان میں ایک وجوب اتباع و تعظیم ہے اور اس کے بھی متعدد انواع ہیں ان میں ایک نوع جو من وجہ جامع جمیع انواع کی ہے آگے مذکور ہوتی ہے یعنی آپ کی اولویت مؤمنین کے ساتھ اور اس اولویت کے معنوی ہونے کی مناسبت سے ایک مسئلہ توارث کی تحقیق جس کو اولویت کے صوری ہونے سے تعلق ہے ارشاد فرمادی۔

نوع اوّل اجلال رسول بیان اولویت مع بعض احکام توارث: اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ (الی قوله تعالی) كَانَ ذٰلِكَ فِی الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۶﴾ نبی (ﷺ) مؤمنین کے ساتھ خودان کے نفس (اور ذات) سے بھی زیادہ تعلق رکھتے ہیں (کیونکہ نفس اگر برا ہے تب تو ظاہر ہی ہے کہ وہ بدخواہ ہے اور حضور ﷺ خیر خواہ ہیں اور اگر نفس اچھا ہے تب بھی بعض مصالح و منافع اس سے مخفی رہتے ہیں ان مصالح کا مشورہ وہ نفس نہیں دے سکتا اور حضور ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے جمیع مصالح ضروریہ کا علم عطا فرمایا ہے اور آپ نے ان کو تعلیم فرمائی ہے بہر حال آپ سے نفع ہی نفع ہے اور پھر ہر نوع کا نفع پہنچتا ہے اس لئے آپ کا اپنی جان سے بھی زیادہ حق ہے اور آپ کی اطاعت مطلقاً اور تعظیم بدرجۂ کمال واجب ہے اور اس میں تمام احکام و معاملات آ گئے) اور (اس اولویت مذکورہ کی جو کہ ابوت معنویہ ہے فرع یہ بھی ہے کہ) آپ کی بیبیاں ان (مؤمنین) کی مائیں ہیں (وجوب تعظیم میں) اور (یہ ابوت چونکہ معنوی ہے اس لئے اس کے لوازم میں سے مؤمنین کی اخوت صوریہ نہیں ہے کہ توارث اس کے لئے لازم ہو بلکہ تعلق ایمان و ہجرت سے توارث بعض مصالح سے ایک وقت محدود تک جاری رکھا گیا اور اب تغیر مصالح سے اس کو منسوخ کر کے یہ حکم دیا گیا کہ) رشتہ دار کتاب اللہ (یعنی حکم شرعی) میں ایک دوسرے سے (میراث کا) زیادہ تعلق رکھتے ہیں بہ نسبت دوسرے مؤمنین اور مہاجرین کے مگر یہ کہ تم اپنے (ان) دوستوں سے (بطور وصیت کے) کچھ سلوک کرنا چاہو تو وہ جائز ہے۔ یہ بات لوح محفوظ میں لکھی جاچکی تھی (کہ اخیر حکم شریعت کا توارث بالارحام ہو جاوے گا) ف: ازواج کا امہات ہونا باعتبار تعظیم کے ہے اور تعظیم کی ایک نوع تحریم

www.besturdubooks.net

بھی ہے اس لئے تحریم بھی واقع ہوئی۔ قال تعالیٰ: وَلَاۤ اَنۡ تَنۡكِحُوۡۤا اَزۡوَاجَهٗ مِنۡۢ بَعۡدِهٖۤ اَبَدًا اور بے حجابی (۱) کا تعظیم سے کوئی تعلق نہیں بلکہ احتجاب اقرب الی التعظیم ہے اس لئے ان احکام یعنی جواز خلوت ونظر ومس وامثالہا میں امومیت ثابت نہیں اور جب امومیت کی اصل حقیقت تعظیم ہے تو ازواج مطہرات ام المؤمنات بھی ہیں۔ چنانچہ حضرت اُم سلمہؓ کا ارشاد ہے: انا ام الرجال منکم والنساء اخرجہ فی الروح عن ابن سعد اور حضرت عائشہؓ سے جو منقول ہے: انا ام رجالکم لا ام نسآئکم اخرجه فی الروح ایضا عن ابن سعد و سنن البیهقی وہ باعتبار مجموعہ اصل وفرع کے جو انتفاء فرع یعنی حرمت نکاح سے مرتفع ہے کیونکہ حرمت نکاح موقوف ہے قابلیت نکاح پر اور وہ نساء میں نساء کے ساتھ مفقود ہے اور ابوت معنویہ باصلہا المذکور تمام انبیاء علیہم السلام کے لئے ثابت ہے اسی لئے لوط علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: هٰۤؤُلَآءِ بَنٰتِیۡۤ [الحجر: ۷۱] چنانچہ روح میں مجاہد سے منقول ہے کل نبی اب لامته۔ البتہ اس اصل کی فرع یعنی تحریم نکاح ازواج انبیاء علیہم السلام سوا اس پر کوئی دلیل نفیاً یا اثباتاً کافی نہیں البتہ روح میں مواہب سے اس کا خصوصیت حضور ﷺ سے ہونا نقل کیا ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔ اور پارۂ پنجم کے رکوع اول کی ختم آیت: وَلِكُلٍّ جَعَلۡنَا مَوَالِیَ اور سورۂ انفال کی ختم آیت: وَاُولُوا الۡاَرۡحَامِ کی تفسیر میں توارث بالاسلام والہجرۃ کے متعلق پوری تحقیق گزر چکی ہے۔ دیکھ لیا جاوے۔ **ربط**: اوپر شروع سورت جملہ: اِتَّبِعۡ مَا یُوۡحٰۤی اِلَیۡكَ میں حضور ﷺ کو اتباع وحی کا اور اوپر قریب کی آیت: اَلنَّبِیُّ اَوۡلٰی بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ میں مؤمنین کو اتباع صاحب وحی کا حکم ہوا ہے آگے ان کی تاکید کے لئے اخذ میثاق انبیاء کا اور استحقاق عذاب منکرین انبیاء کا مضمون ارشاد فرماتے ہیں۔

میثاق انبیاء وعذاب اعداء: وَاِذۡ اَخَذۡنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیۡثَاقَهُمۡ وَمِنۡكَ وَمِنۡ نُّوۡحٍ وَّاِبۡرٰهِیۡمَ وَمُوۡسٰی وَعِیۡسَی ابۡنِ مَرۡیَمَ (الی قولہ تعالی) وَاَعَدَّ لِلۡكٰفِرِیۡنَ عَذَابًا اَلِیۡمًا اور (وہ وقت قابل ذکر ہے) جبکہ ہم نے تمام پیغمبروں سے ان کا اقرار لیا (کہ احکام کا اتباع کرنا جس میں تبلیغ اور تناصر بھی داخل ہے) اور (ان پیغمبروں میں) آپ سے بھی (اقرار لیا) اور نوح اور ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ بن مریم (علیہم السلام) سے بھی اور (ایسا ویسا عہد نہیں لیا بلکہ) ہم نے ان سب سے خوب پختہ عہد لیا تاکہ (قیامت کے روز) ان سچوں سے (یعنی پیغمبروں سے جو کہ اپنے اس قول وقرار میں سچے تھے) ان کے سچ کی تحقیقات کرے (جس سے ان کا شرف اور نہ ماننے والوں پر احتجاج ظاہر ہو جاوے پس اس عہد اور اس غایت سے دونوں امر کا وجوب ثابت ہو گیا، صاحب وحی پر اتباع وحی کا وجوب اور غیر صاحب وحی پر اتباع صاحب وحی کا وجوب) اور کافروں کے لئے (جو صاحب وحی کے اتباع کے منحرف ہیں) اللہ تعالیٰ نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ **ف**: لفظ صادقین سے انبیاء علیہم السلام کا اپنے عہد کو پورا کرنا ظاہر فرما دیا پس ان کا تو امر اِتَّبِعۡ مَا یُوۡحٰی پر عمل ثابت ہو گیا۔ اب دوسرے مامور بالاتباع رہ گئے جن کو ترک اتباع پر وعید سنانے کے لئے اَعَدَّ لِلۡكٰفِرِیۡنَ فرمایا ہے اور چونکہ تاکید کے لئے تہدید مناسب تر ہے اس لئے یہاں ترک اتباع کی وعید پر اکتفاء فرمایا گیا اور پارۂ سوم کے آخری رکوع کی پہلی آیت میں میثاق انبیاء کی تحقیق ہو چکی ہے دیکھ لیا جاوے اور مشکوٰۃ میں بروایت احمد مرفوعاً آیا ہے خصوصا بمیثاق اخر فی الرسالة والنبوة وهو قوله تعالی: وَاِذۡ اَخَذۡنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیۡثَاقَهُمۡ...... اور سورۂ مائدہ کی اخیر آیت: قَالَ اللّٰهُ هٰذَا یَوۡمُ یَنۡفَعُ...... میں صدق رسل کی تفسیر ملاحظہ کر لی جاوے۔ **ربط**: اوپر: اَلنَّبِیُّ اَوۡلٰی...... میں مؤمنین کو اتباع رسول ﷺ کا امر ہے جو کہ آپ کے رسول من اللہ ومبلغ عن وحی عن اللہ ہونے کی وجہ سے عین اطاعت اللہ تعالیٰ کی ہے۔ آگے اس اطاعت الٰہیہ کی تاکید کے واسطے اپنی ایک نعمت عظیمہ یعنی دو غزووں میں کامیابی اور بڑی پریشانی کا رفع ہونا یاد دلاتے ہیں تاکہ تذکیر نعمت سے اطاعت کی ترغیب ہو جیسا اوپر: وَاَعَدَّ لِلۡكٰفِرِیۡنَ میں معصیت پر تذکیر نقمت سے ترہیب تھی اور نیز اس نعمت کی حکایت میں شناعت کفار کی اور منافقین کی کہ ایک کا قتال اور دوسروں کے اقوال جیسے: مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ اور لَا مُقَامَ لَكُمۡ ...... اور اِنَّ بُیُوۡتَنَا ...... اور زبان درازی جس پر سَلَقُوۡكُمۡ دال ہے موجب ایذائے رسول ﷺ تھے مذکور ہے اور شناعت ایذائے رسول کی خود بھی مقاصد سورت سے ہے جیسا تمہید میں مذکور ہوا و نیز اس حکایت سے آپ کی منصوریت من اللہ کہ اثر ہے محبوبیت کا نمایاں ہے اور جلالت وشرف رسول بھی مقاصد سورت سے ہے پس مجموعہ وجوہ سے اس حکایت کا ارتباط زیادہ متاکد ہو گیا۔

اَلۡحَوَاشِیۡ: (۱) جس کا احتمال بنا بر اشتراک فی اب واحد ہو سکتا تھا ۱۲ منہ۔

اَلنَّحۡوُ: قوله الا ان تفعلوا استثناء منقطع بناءً علی ان المراد بما فیه الاولویة (المذکورة فی قوله بعضهم اولی ببعض) هو التوارث فیکون الاستثناء من خلاف الجنس المدلول علیه بفحوی الکلام کانه قیل لا تورثوا غیر اولی الارحام لکن فعلکم بناء علی ان المصدریة معروفا جائز فیکون ذلک له بالوصیة لا بالمیراث ۱۲۔

اَلۡبَلَاغَةُ: قوله ومنك ومن نوح الخ تخصیصهم بالذکر مع اندراجهم فی النبیین اندراجا بینا للایذان بمزید فضلهم وکونهم من مشاهیر ارباب الشرائع واولی العزم من الرسل صلوات الله تعالی وسلامه علیهم اجمعین وتقدیم نبینا ﷺ مع انه آخرهم بعثا للایذان

www.besturdubooks.net

بمزيد خطره اولانه هو المخاطب فيما سبق من قوله اتبع ما يوحى المقصود تاكيده بهذه او لتقدمه في الخلق فقد روى في الدر المنثور باسانيد مختلفة قوله ﷺ لما قيل يا رسول الله متى اخذ ميثاقك قال وآدم بين الروح والجسد وقوله عليه السلام كنت اول الانبياء في الخلق وآخرهم في البعث وروايات كثيرة نحو هذا۱۲۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿٩﴾ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ
وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ﴿١٠﴾ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ﴿١١﴾ وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ
قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿١٢﴾ وَاِذْ قَالَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ
وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛؕ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚۛ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿١٣﴾ وَلَوْ دُخِلَتْ ع
عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُىِٕلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَاۤ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿١٤﴾ وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ
لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْـُٔوْلًا ﴿١٥﴾ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا
تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿١٦﴾ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿١٧﴾ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآىِٕلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ
الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿١٨﴾ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى
عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ؕ اُولٰٓىِٕكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ
اَعْمَالَهُمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿١٩﴾ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ
فِي الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآىِٕكُمْ ؕ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْۤا اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٢٠﴾ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ ع ۲ ۱۸
حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ﴿٢١﴾ وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا
وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ؗ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّاۤ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ﴿٢٢﴾ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ
صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ﴿٢٣﴾ لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ
الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٢٤﴾ وَرَدَّ اللّٰهُ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ؕ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ﴿٢٥﴾ وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ
ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ﴿٢٦﴾

www.besturdubooks.net

وَاَوْرَثَکُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۷﴾ ع ۱۹

اے ایمان والو اللہ کا انعام اپنے اوپر یاد کرو جب تم پر بہت سے لشکر چڑھ آئے تھے ہم نے ان پر ایک آندھی بھیجی جو تم کو دکھائی نہ دیتی تھی اور اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کو دیکھتے تھے۔ جب وہ لوگ تم پر آ چڑھے اوپر کی طرف سے بھی اور نیچے کی طرف سے بھی اور جب کہ آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئی تھیں اور کلیجے منہ کو آنے لگے تھے اور تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ طرح طرح کے گمان کر رہے تھے اور موقع پر مسلمانوں کا امتحان کیا گیا اور سخت زلزلہ میں ڈالے گئے اور جبکہ منافقین اور وہ لوگ جن کے دلوں میں مرض ہے یوں کہہ رہے تھے کہ ہم سے تو اللہ نے اور اس کے رسول نے محض دھوکہ دہی کا وعدہ کر رکھا ہے اور جبکہ ان میں سے بعض لوگوں نے کہا کہ اے یثرب کے لوگو! تمہارے لئے شہر کا موقعہ نہیں سو لوٹ چلو اور بعض لوگ ان میں نبی سے اجازت مانگتے تھے کہتے تھے کہ ہمارے گھر غیر محفوظ ہیں۔ حالانکہ وہ غیر محفوظ نہیں ہیں۔ یہ محض بھاگنا ہی چاہتے ہیں۔ اور اگر مدینہ میں اس کے اطراف سے ان پر کوئی آ گھسے پھر ان سے فساد کی درخواست جائے تو وہ اسے کو منظور کر لیں اور ان گھروں میں بہت ہی کم ٹھہریں۔ حالانکہ یہی لوگ پہلے اللہ سے عہد کر چکے تھے کہ پیٹھ نہ پھیریں گے اور اللہ تعالیٰ سے جو عہد کیا جاتا ہے اس کی باز پرس ہوگی۔ آپ فرما دیجئے کہ تم کو بھاگنا کچھ نافع نہیں ہو سکتا اگر تم موت سے یا قتل سے بھاگتے ہو اور اس حالت میں تھوڑے دنوں کے اور زیادہ متمتع نہیں ہو سکتے۔ یہ بھی فرما دیجئے کہ وہ کون ہے کہ جو تم جو اللہ سے بچا سکے اگر وہ تمہارے ساتھ برائی کرنا چاہے یا وہ کون ہے جو اللہ کے فضل کو تم سے روک سکے اگر وہ تم پر فضل کرنا چاہے اور اللہ کے سوا نہ کوئی اپنا حمایتی پائیں گے اور نہ کوئی مددگار۔ اللہ تعالیٰ تم میں سے ان لوگوں کو جانتا ہے جو مانع ہوتے ہیں اور جو اپنے (وطنی یا نسبی) بھائیوں سے یوں کہتے ہیں کہ ہمارے پاس آ جاؤ اور لڑائی میں بہت ہی کم آتے ہیں' تمہارے حق میں بخیلی لئے ہوئے' سو جب خوف پیش آتا ہے تو ان کو دیکھتے ہو کہ وہ آپ کی طرف اس طرح دیکھنے لگتے ہیں کہ ان کی آنکھیں چکرائی جاتی ہیں جیسے کسی پر موت کی بے ہوشی طاری ہو پھر جب وہ خوف زدہ ہو جاتا ہے تو تم کو تیز تیز زبانوں کے طعنے دیتے ہیں۔ مال پر حرص لئے ہوئے یہ لوگ ایمان نہیں لاتے تو ان کے تمام اعمال اللہ تعالیٰ نے بیکار کر رکھے ہیں اور یہ بات اللہ تعالیٰ کے نزدیک بالکل آسان ہے۔ ان لوگوں کا یہ خیال ہے کہ (ابھی تک) لشکر گئے نہیں اور اگر (بالفرض) یہ (گئے ہوئے) لشکر (جو لوٹ کر) آ جاویں تو (پھر تو) یہ لوگ (اپنے لئے) یہی پسند کریں کہ کاش ہم (دیہاتوں میں باہر جا رہیں کہ تمہاری خبریں پوچھتے ہیں اور اگر تم ہی میں رہیں تب بھی کچھ یوں ہی لڑیں۔ تم لوگوں کے لئے یعنی ایسے لوگوں کے لئے جو اللہ سے اور روز آخرت سے ڈرتا ہو اور کثرت سے ذکر الٰہی کرتا ہو رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ایک عمدہ نمونہ موجود تھا اور جب ایمانداروں نے ان لشکروں کو دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ وہی ہے جس کی ہم کو اللہ اور رسول نے خبر دی تھی اور اللہ اور رسول نے سچ فرمایا تھا اور اس سے ان کے ایمان اور اطاعت میں اور ترقی ہو گئی۔ ان مومنین میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ انہوں نے جس بات کا اللہ سے عہد کیا تھا اس میں سچے اترے۔ پھر بعضے تو ان میں وہ ہیں جو اپنی نذر پوری کر چکے ہیں اور بعضے ان میں سے مشتاق ہیں اور انہوں نے ذرا تغیر تبدیل نہیں کیا یہ واقعہ اس لئے ہوا تا کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ان کے سچ کا صلہ دے اور منافقوں کو چاہے سزا دے یا چاہے ان کو توبہ کی توفیق دے بے شک اللہ غفور رحیم ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے کافروں کو ان کے غصہ میں بھرا ہوا ہٹا دیا کہ ان کی کچھ بھی مراد بھی پوری نہ ہوئی اور جنگ میں مسلمانوں کے لئے آپ ہی کافی ہو گیا اور اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا بڑا زبردست ہے اور جن اہل کتاب نے ان کی مدد کی تھی ان کو ان کے قلعوں سے نیچے اتار دیا اور ان کے دلوں میں تمہارا رعب بٹھا دیا بعض کو تم قتل کرنے لگے اور بعض کو قید کر لیا اور ان کی زمین اور ان کے گھروں اور ان کے مالوں کا تم کو مالک بنا دیا اور ایسی زمین کا بھی جس پر تم نے قدم نہیں رکھا اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے۔ ۞

تفسیر: حکایت غزوۂ احزاب وغزوۂ بنی قریظہ متضمن تذکیر نعمت الٰہیہ ومشعر نوع دوم جلالت شان بمنصوریت من اللہ وشناعت نوع سوم ایذاء بالقتال از کفار ونوع چہارم ایذاء بالاقوال از منافقین رسول صلی اللہ علیہ وسلم را: خلاصہ اس واقعہ کا یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود بنی نضیر کو جن کا قصہ سورۂ حشر میں آوے گا مدینہ سے نکال دیا تھا انہوں نے سنہ چار یا پانچ ہجری میں قبائل عرب کو بہکایا اور سب دس بارہ ہزار آدمی مدینہ پر چڑھ آئے۔ آپ نے مدینہ کے گرد (یعنی جہاں جہاں سے آنے کا موقع تھا) خندق کھدوائی اور تین ہزار آدمیوں سے مقابل ہوئے اور ردو درود رسے کچھ لڑائی بھی ہوتی رہی۔ قریب ایک ماہ کے یہ محاصرہ رہا۔ آخر اللہ تعالیٰ نے ظاہراً ایک آندھی سے اور باطناً ملائکہ کے لشکر سے سب کفار کو منتشر اور منہزم کر دیا۔ چونکہ یہود بنی قریظہ نے اپنے معاہدہ کے برخلاف ان محاصرین کو مدد دی تھی اس لئے آپ بمجرد فراغ غزوۂ احزاب کے ان کے مقابلہ کے لئے چلے۔ وہ اول قلعہ بند ہو گئے اور بیس پچیس روز تک محصور رہے پھر آخر تنگ ہو کر نکلے اور بعضے قتل اور بعض قید کئے گئے اور اس واقعہ میں منافقوں سے بھی بہت مروتی کی باتیں صادر ہوئیں اور چونکہ اس میں بہت سے گروہ چڑھ آئے تھے اور خندق بھی کھدی تھی اس لئے اس کا نام غزوۂ احزاب بھی ہے اور غزوۂ خندق بھی' یہاں سے دو رکوع تک یہی مضمون چلا گیا ہے۔ اب تفسیر آیات کی مرقوم ہوتی ہے۔

تفسیر آیات: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ (الی قولہ تعالی) وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۷﴾ اے ایمان والو! اللہ کا انعام اپنے

www.besturdubooks.net

اوپر یاد کرو جب تم پر بہت سے لشکر چڑھ آئے (یعنی عیینہ کا لشکر اور ابوسفیان کا لشکر اور یہود بنی قریظہ) پھر ہم نے ان پر ایک آندھی بھیجی (جس نے ان کو پریشان کر دیا اور ان کے خیمے اکھاڑ پھینکے) اور (فرشتوں کی) ایسی فوج بھیجی جو تم کو (عام طور پر) دکھائی نہ دیتی تھی (گو بعض صحابہؓ نے مثل حضرت حذیفہ کے بعض ملائکہ کو بشکل انسان دیکھا بھی اور کفار کے لشکر میں یہ جاسوسی کے لئے گئے تھے۔ وہاں یہ آواز بھی سنی کہ بھاگو بھاگو اور یہ ملائکہ لڑے نہ تھے محض القائے رعب کے لئے بھیجے گئے تھے) اور اللہ تعالیٰ تمہارے (اس وقت کے) اعمال کو (مثل حفر خندق وثبات فی القتال واستقلال کے) دیکھتے تھے (اور خوش ہو کر تمہاری امداد فرما رہے تھے۔ یہ واقعہ اس وقت ہوا تھا) جبکہ وہ (دشمن) لوگ تم پر (ہر طرف سے نرغہ کر کے) آ چڑھے تھے اوپر کی طرف سے بھی اور نیچے کی طرف سے بھی (یعنی کوئی قبیلہ مدینہ کی نشیب کی طرف سے اور کوئی قبیلہ فراز کی طرف سے) اور جبکہ آنکھیں (مارے دہشت کے) کھلی کی کھلی رہ گئیں تھیں اور کلیجے منہ کو آنے لگے تھے اور تم لوگ اللہ کے ساتھ طرح طرح کے گمان کر رہے تھے (جیسا مواقع شدت میں طبعی طور پر مختلف وسوسے آیا کرتے ہیں اور یہ کچھ مذموم نہیں اور نہ اس کے منافی ہے کہ آگے اہل ایمان کا قول آوے گا: هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَ صَدَقَ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ کیونکہ اس میں مشار الیہ احزاب کا آنا ہے جیسا اس کی تفسیر میں معلوم ہوگا۔ پس چونکہ اس کی خبر دی گئی تھی اس لئے یہ متیقن تھا' لیکن انجام اس واقعہ کا نہیں بتلایا گیا تھا' اس لئے اُس میں احتمالات مختلفہ غالبیت ومغلوبیت کے پیدا ہوتے تھے) اس موقع پر مسلمانوں کا (پورا) امتحان کیا گیا (جس میں وہ پورے اترے) اور (سخت) زلزلہ میں ڈالے گئے اور (یہ واقعہ اس وقت ہوا تھا) جبکہ منافقین اور وہ[1] (وہ) لوگ (ہیں) جن کے دلوں میں (نفاق اور شک کا) مرض ہے یوں کہہ رہے تھے کہ ہم سے تو اللہ نے اور اس کے رسول نے محض دھوکہ ہی کا وعدہ کر رکھا ہے (جیسا معتب بن قشیر اور اس کے ہمراہیوں نے یہ قول اس وقت کہا تھا کہ خندق کھودتے وقت کدال لگنے سے کئی بار آگ کا شرارہ نکلا اور حضور ﷺ نے ہر بار میں ارشاد فرمایا کہ مجھ کو فارس اور روم وشام کے محل اس کی روشنی میں نظر آئے اور اللہ تعالیٰ نے ان کی فتح کا وعدہ فرمایا ہے جب احزاب کے اجتماع کے وقت پریشانی ہوئی تو یہ لوگ کہنے لگے کہ یہ تو حالت ہے اور اس پر فتح روم وفارس کی بشارتیں ہیں یہ محض دھوکہ ہے اور گو وہ اس کو اللہ کا وعدہ نہ سمجھتے تھے نہ آپ کو رسول جانتے تھے پھر یہ کہنا: مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ یا تو محکی عنہ میں نہ تھا صرف حکایت میں ہے اور یا بطور فرض واستہزاء کے ہے) اور (یہ واقعہ اس وقت تھا) جب کہ ان (منافقین) میں سے بعض لوگوں نے (دوسرے حاضرین معرکہ سے) کہا کہ یثرب (یعنی مدینہ) کے لوگو (یہاں) ٹھہرنے کا موقع نہیں (کیونکہ یہاں رہنا موت کے منہ میں جانا ہے) سو (اپنے گھروں کو) لوٹ چلو۔ (یہ قول اوس بن قیظی نے کہا تھا اور بھی کچھ لوگ اس میں شریک تھے) اور بعضے لوگ ان (منافقین) میں نبی (ﷺ) سے (گھر جانے کی) اجازت مانگتے تھے کہتے تھے کہ ہمارے گھر غیر محفوظ ہیں (صرف عورتیں بچے رہ گئے ہیں دیواریں قابل اطمینان نہیں کبھی چور نہ آ گھسیں یہ قول ابوعرابہ اور دوسرے بعض بنی حارثہ کا تھا) حالانکہ وہ (ان کے خیال میں) غیر محفوظ نہیں ہیں (یعنی ان کو اندیشہ چوری وغیرہ کا ہرگز نہیں اور نہ جانے سے یہ نیت ہے کہ ان کا انتظام قابل اطمینان کر کے چلے آویں گے) یہ محض بھاگنا ہی چاہتے ہیں اور (ان کی یہ حالت ہے کہ) اگر مدینہ میں اس کے (سب) اطراف سے ان پر (جب یہ اپنے گھروں میں ہوں) کوئی (لشکر کفار کا) آ گھسے پھر ان سے فساد (یعنی مسلمانوں سے لڑنے) کی درخواست کی جاوے تو یہ (فوراً) اس (فساد) کو منظور کر لیں اور ان گھروں میں بہت ہی کم ٹھہریں (یعنی اتنا توقف ہو کہ کوئی ان سے درخواست کرے اور یہ منظور کریں اور اس کے بعد فوراً ہی تیار ہو جاویں اور مسلمانوں کے مقابلہ میں جا پہنچیں اور کچھ بھی گھروں کا خیال نہ کریں کہ ہم تو دوسروں کو لوٹ مار کرنے جاتے ہیں کبھی کوئی ہمارے گھر کو لوٹ لے تو اگر گھروں کی بڑی حفاظت ہے تو اب گھروں میں کیوں نہیں رہے۔ اس سے صاف معلوم ہوا کہ اصل میں ان کو مسلمانوں سے عداوت اور کفار سے محبت ہے' اس لئے تکثیر سواد سے بھی مسلمانوں کی نصرت پسند نہیں کرتے باقی گھروں کا تو بہانہ ہے) حالانکہ یہی لوگ (اس سے) پہلے خدا سے عہد کر چکے تھے کہ (دشمن کے مقابلہ میں) پیٹھ نہ پھیریں گے (یہ عہد اس وقت کیا تھا جبکہ بدر میں بعض شرکت سے رہ گئے تھے تو بعض منافقین بھی مفت کرم داشتن کے طور پر کہنے لگے کہ افسوس ہم نہ شریک ہوئے ایسا کرتے ویسا کرتے جب وقت آیا تو ساری قلعی کھل گئی) اور اللہ سے جو (اس قسم کا) عہد کیا جاتا ہے اس کی باز پرس ہوگی آپ (ان سے) فرما دیجئے کہ (تم جو بھاگے بھاگے پھرتے ہو کما قال تعالیٰ: اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا تو) تم کو بھاگنا کچھ نافع نہیں ہو سکتا اگر تم موت سے یا قتل سے بھاگتے ہو اور اس (بھاگنے کی) حالت میں بجز تھوڑے دنوں کے (کہ وہ بقیہ عمر مقدر ہے) اور زیادہ (حیات سے) متمتع نہیں ہو سکتے (یعنی بھاگ کر عمر نہیں بڑھ سکتی کیونکہ اس کا وقت مقدر ہے اور جب مقدر ہے تو اگر نہ بھاگتے تو بھی وقت سے پہلے مر نہیں سکتے' پس نہ قرار بالقاف سے کوئی ضرر اور نہ فرار بالفاء سے کوئی نفع' پھر بھاگنا محض بے عقلی اور اس مسئلہ قدر کی تحقیق کے لئے ان سے) یہ بھی فرما دیجئے کہ وہ کون ہے جو تم کو خدا سے بچا سکے اگر وہ تمہارے ساتھ برائی کرنا چاہے (مثلاً تم کو ہلاک کرنا چاہے تو کیا تم کو کوئی بچا سکتا ہے جیسا تم فرار کو نافع خیال کرتے ہو) یا وہ کون ہے جو خدا کے فضل کو تم سے روک سکے اگر وہ تم پر فضل کرنا چاہے (مثلاً زندہ رکھنا چاہے جو کہ رحمت دنیویہ ہے تو کوئی اس کا مانع ہو سکتا ہے جیسا تمہارا خیال ہے کہ ثبات فی المعرکہ کو قاطع حیات سمجھتے ہو) اور (وہ لوگ سن رکھیں کہ) خدا کے سوا نہ کوئی اپنا حمایتی پائیں گے (جو نفع پہنچاوے) اور نہ کوئی مددگار (جو ضرر سے بچاوے' اب مسئلہ قدر کے

www.besturdubooks.net

بعد پھر تشنیع منافقین کی چلی ہے یعنی) اللہ تعالیٰ تم میں سے ان لوگوں کو (خوب) جانتا ہے جو (دوسروں کو لڑائی میں جانے سے) مانع ہوتے ہیں اور جو اپنے (نسبی یا وطنی) بھائیوں سے یوں کہتے ہیں کہ ہمارے پاس آ جاؤ (وہاں اپنی جان کیوں دیتے ہو یہ بات ایک شخص نے اپنے حقیقی بھائی سے کہی تھی اور اس وقت یہ کہنے والا گوشت بریاں اور روٹی کھا رہا تھا مسلمان بھائی نے کہا افسوس تو اس چین میں اور حضور ﷺ ایسی تکلیف میں وہ بولا میاں تم بھی یہاں ہی چلے آؤ) اور (ان کی بزدلی اور حرص و بخل کی یہ کیفیت ہے کہ) لڑائی میں بہت ہی کم آتے ہیں (جس میں ذرا نام ہو جاوے یہ تو ان کی بزدلی ہے اور آتے بھی ہیں تو) تمہارے حق میں بخیلی لئے (یعنی آنے میں بڑی نیت یہ ہوتی ہے کہ سب غنیمت مسلمانوں کو نہ مل جاوے برائے نام شریک ہونے سے استحقاق غنیمت کا دعویٰ تو کسی درجہ میں کر سکیں گے) سو (جب ان کا جبن اور بخل دونوں امر ثابت ہو گئے تو اس مجموعہ کا اثر یہ ہے کہ) جب (کوئی) خوف (کا موقع) پیش آتا ہے تو ان کو دیکھتے ہو کہ وہ آپ کی طرف اس طرح دیکھنے لگتے ہیں کہ ان کی آنکھیں چکرائی جاتی ہیں جیسے کسی پر موت کی بے ہوشی طاری ہو (یہ تو جبن کا اثر ہوا) پھر جب وہ خوف دور ہو جاتا ہے تو تم کو تیز تیز زبانوں سے طعنے دیتے ہیں مال (غنیمت) پر حرص لئے ہوئے (یعنی مال غنیمت لینے کے لئے دلخراش باتیں کرتے ہیں کہ کیوں ہم شریک نہ تھے ہماری ہی پشتی سے تم کو یہ فتح میسر نہیں ہوئی' یہ اثر بخل و حرص کا ہے۔ یہ تو معاملہ ان کا تم سے ہے اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ ان کا معاملہ یہ ہے کہ) یہ لوگ (پہلے ہی سے) ایمان نہیں لائے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے تمام اعمال (نیک پہلے ہی سے) بیکار کر رکھے ہیں (آخرت میں کچھ ثواب نہ ملے گا) اور یہ بات اللہ کے نزدیک بالکل آسان ہے (کوئی اس سے مزاحمت نہیں کر سکتا کہ ہم ان اعمال کا صلہ لیں گے اور یہ حالت تو ان کی اجتماع احزاب کے وقت تھی مگر ان کا جبن یہاں تک بڑھا ہوا ہے کہ احزاب کے چلے جانے کے بعد بھی) ان لوگوں کا یہ خیال ہے کہ (ابھی تک) یہ لشکر گئے نہیں اور (غایت جبن سے ان کی یہ حالت ہے کہ) اگر (بالفرض) یہ (گئے ہوئے) لشکر (پھر لوٹ کر) آ جاویں تو (پھر تو) یہ لوگ (اپنے لئے) یہی پسند کریں کہ کاش ہم (کہیں) دیہاتیوں میں باہر جا رہیں کہ (وہاں ہی بیٹھے بیٹھے آنے جانے والوں سے) تمہاری خبریں پوچھتے رہیں (اور وہ جگر دوز معرکہ اپنی آنکھ سے نہ دیکھیں) اور اگر (اتفاق سے کل یا بعض دیہات میں نہ جا سکیں بلکہ) تم ہی میں رہیں تب بھی (اس وقت کی لے دے سن کر بھی کبھی غیرت نہ آ دے اور محض نام کرنے کو) کچھ یوں ہی سا لڑیں (آگے ثبات فی الحرب میں رسول اللہ ﷺ کے اقتداء و اتباع کا مقتضائے ایمان ہونا بیان فرماتے ہیں تاکہ منافقین کی تعبیر ہو کہ باوجود دعویٰ ایمان اس کے مقتضا سے تخلف کیا اور مخلصین کی تبشیر ہو کہ یہ لوگ البتہ مصداق كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ ...... کے ہیں۔ پس ارشاد فرماتے ہیں کہ) تم لوگوں کے لئے یعنی ایسے شخص کے لئے جو اللہ سے اور روزِ آخرت سے ڈرتا ہو اور کثرت سے ذکرِ الٰہی کرتا ہو (یعنی مؤمن کامل ہو يَرْجُوا میں مبدا و معاد کا اعتقاد آ گیا اور ذکر اللہ میں سب طاعتیں آ گئیں' غرض ایسے شخص کے لئے) رسول اللہ (ﷺ) کا ایک عمدہ نمونہ موجود تھا (کہ جب آپ ہی شریک رہے تو آپ سے زیادہ کون پیارا ہے کہ وہ اقتدا نہ کرے اور اپنی جان بچائے پھرے) اور (آگے منافقین کے مقابلہ میں مؤمنین مخلصین کا ذکر ہے کہ) جب ایمانداروں نے ان لشکروں کو دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ وہی (موقع) ہے جس کی ہم کو اللہ رسول نے خبر دی تھی (چنانچہ اس آیت بقرہ میں اس کا اشارہ قریب بصراحت ہے: اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ (الی قولہ تعالی) وَزُلْزِلُوْا [البقرة: ۲۱٤] کیونکہ سورۂ بقرہ نزول میں سورۂ احزاب سے مقدم ہے کذا فی الاتقان) اور اللہ رسول نے سچ فرمایا تھا اور اس (احزاب کے دیکھنے) سے (جو کہ مصداق پیشین گوئی ہے) ان کے ایمان اور طاعت میں ترقی ہو گئی (یہ وصف تو سب مؤمنین میں مشترک ہے اور بعض اوصاف بعض مؤمنین میں خاص بھی ہیں' جس کا بیان یہ ہے کہ) ان مؤمنین میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ انہوں نے جس بات کا اللہ سے عہد کیا تھا اس میں سچے اترے (اس تقسیم کا یہ مطلب نہیں ہے کہ بعضے مسلمانوں نے عہد کیا اور سچے نہیں اترے بلکہ یہ تقسیم اس بناء پر ہے کہ بعض نے عہد ہی نہیں کیا تھا اور بلا عہد ہی ثابت قدم رہے۔ ان معاہدین کے ذکر کی تصریح بمقابلہ آیت بالا کے ہے جو منافقین کے حق میں ہے۔ وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ ...... اور مراد ان معاہدین سے حضرت انس بن النضر اور ان کے رفقاء ہیں۔ یہ حضرات اتفاق سے غزوۂ بدر میں شریک نہیں ہونے پائے تھے تو ان کو افسوس ہوا اور عہد کیا کہ اگر اب کے کوئی جہاد ہو تو اس میں ہماری جان توڑ کوشش دیکھ لی جاوے گی۔ مطلب یہ تھا کہ منہ نہ موڑیں گے گو مارے جاویں) پھر ان (معاہدین) میں (دو قسمیں ہو گئیں) بعضے تو ان میں وہ ہیں جو اپنی نذر پوری کر چکے (مراد وہ عہد ہے جو مثل نذر کے واجب الایفاء ہے' مطلب یہ کہ شہید ہو چکے اور اخیر دم تک منہ نہیں موڑا۔ چنانچہ حضرت انس ممدوح احد میں شہید ہو گئے تھے' اسی طرح حضرت مصعب) اور بعضے ان میں (اس کے ایفاء کے آخری اثر یعنی شہادت کے) مشتاق ہیں (ابھی شہید نہیں ہوئے) اور (اب تک) انہوں نے (اس میں) ذرا (۳) تغیر و تبدل نہیں کیا (یعنی اپنے عزم پر قائم ہیں۔ پس مجموعہ قوم دو قسم ہیں' منافق جن کا اوپر بیان ہوا اور مؤمنین' پھر مؤمنین دو قسم معاہد اور غیر معاہد اور ثبات دونوں میں مشترک ہے۔ لقولہ تعالیٰ: لَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ ...... پھر معاہد دو قسم شہید اور منتظر شہادت کل چار قسمیں ان آیات میں مذکور ہیں' آگے اس غزوہ کی ایک حکمت بیان فرماتے ہیں کہ) یہ واقعہ اس لئے ہوا تھا کہ اللہ تعالیٰ سچے مسلمانوں کو ان کے سچ کا صلہ دے اور منافقوں کو چاہے سزا دے یا چاہے ان کو (نفاق سے) توبہ کی توفیق دے (کیونکہ ایسے مصائب اور حوادث میں مخلص اور متصنع متمیز ہو جاتا ہے اور احیاناً ملامت سے بعض متصنعین بھی متاثر ہو کر مخلص ہو

www.besturdubooks.net

جاتے ہیں اور بعضے بحالہ بھی رہتے ہیں) بے شک اللہ غفور رحیم ہے (اس لئے توبہ کا قبول ہو جانا مستبعد نہیں' اس میں ترغیب ہے توبہ کی) اور (یہاں تک اس مجمع اسلام کے اقسام مختلفہ کے حالات تھے آگے کفار مخالفین کی حالت کا ذکر ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے کافروں کو (یعنی مشرکین کو اطلاقاً للعام علی الخاص) اس کے غصہ میں بھرا ہوا (مدینہ سے) ہٹا دیا کہ ان کی کچھ بھی مراد پوری نہ ہوئی (اور اسی کا غصہ بھرا ہوا تھا) اور جنگ میں اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے لئے آپ ہی کافی ہو گیا (یعنی کفار کو قتال متعارف کی نوبت بھی نہ آئی کہ پہلے ہی دفع ہو گئی اور خفیف لڑائی متفرق طور پر منفی نہیں ہے) اور (اس طرح کافروں کا ہٹا دینا کچھ عجیب نہ سمجھو کیونکہ) اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا بڑا زبردست ہے (اس کو کچھ دشوار نہیں یہ تو مشرکین کا حال ہوا) اور (دوسرا گروہ مخالفین میں یہود بنی قریظہ کا تھا' آگے ان کا ذکر ہے کہ) جن اہل کتاب نے ان (مشرکین) کی مدد کی تھی ان کو (اللہ تعالیٰ نے) ان کے قلعوں سے (جن میں وہ محصور تھے) نیچے اتار دیا اور ان کے دلوں میں تمہارا رعب بٹھلا دیا (جس سے وہ اتر آئے اور پھر) بعض کو تم قتل کرنے لگے اور بعض کو قید کر لیا اور ان کی زمین اور ان کے گھروں اور ان کے مالوں کا تم کو مالک بنا دیا اور ایسی زمین کا بھی (تم کو اپنے علم ازلی میں مالک بنا رکھا ہے) جس پر تم نے (ابھی) قدم (تک) نہیں رکھا (اس میں بشارت ہے فتوحات مستقبلہ کی عموماً یا فتح خیبر کی خصوصاً جو اس سے کچھ بعد ہوا) اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے (اس لئے یہ امور کچھ بعید نہیں ہیں) **ف:** قتل واسر وملک غنائم منقولہ و غیر منقولہ کے احکام کتب فقہ میں مبسوط ہیں اور ان آیات کی تقریر ترجمہ میں جتنے مضامین از قبیل روایت ہیں سب درمنثور سے ماخوذ ومنقول ہیں اور بعض صحابہؓ احیاء کی نسبت جو آیا ہے هٰذَا مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ تشبیہاً باعتبار اجر وثواب کے ہے۔ **ربط:** ایذائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منہی عنہ ہونے کا مقاصد سورت میں ہونا تمہید سورت میں گزر چکا اور بعض انواع ایذاء کی مذمت جدا جدا بھی آیات میں گزر چکی ہے۔ اس کی ایک نوع اگرچہ وہ اس لئے اخف الانواع ہے کہ وہ قصد ایذاء سے خالی تھی اور حب قلبی کے ساتھ مقرون تھی وہ ایذاء تھی جو ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے کچھ زائد سامانِ دنیوی تقاضے کے ساتھ مانگنے سے جس کو وہ غلطی سے زائد نہ سمجھی تھیں آپ کے قلب مبارک کو پہنچی' حتیٰ کہ آپ ناخوش ہو کر ایک مہینے کیلئے سب سے الگ ہو گئے' اگلی آیتیں اس کے متعلق حضرات اُمہات المؤمنین کی فہمائش کے لئے ارشاد ہوئیں۔ حدیث میں یہ قصہ خوب مفصل آیا ہے اور غالباً اس مانگنے کی وجہ یہ ہوئی کہ فتح خیبر وغیرہ سے کسی قدر مالی وسعت حاصل ہو گئی تھی تو اپنے خیال میں وہ اس کو موجب تکلیف نہیں سمجھیں اور یہ قصہ بعد فتح خیبر کے واقع ہوا۔ چنانچہ اس وقت حضرت صفیہ بھی آپ کے نکاح میں جو خیبر سے حاصل ہوئی ہیں اور اس سے بعد ذکر فتح خیبر کے جو کہ اَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا کا مصداق کہا گیا ہے' اس مضمون کا آنا غایت حسن رکھتا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: زَاغَتِ الْاَبْصَارُ ...... زیغ ابصار سے مراد حیرت ودہشت اور بلغت القلوب الحناجر سے مراد خوف شدید اور ظنون سے مراد خواطر نفس جو خوف طبعی سے پیدا ہو جاتے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ احوال طبعیہ غیر اختیاریہ کمال ایمان کے منافی نہیں۔ قولہ تعالیٰ: هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ اس سے معلوم ہوا کہ بلیات کا پیش آنا اور ان ہی میں مکارہ باطنہ مثل قبض وغیرہ بھی داخل ہیں کبھی امتحان صدق کے لئے بھی ہوتا ہے' پس سالک پر ایسی حالت میں واجب ہے کہ صبر کرے اور طاعات پر ثبات رکھے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ ...... (الی قولہ تعالی) تَسْلِيْمًا اس میں دلالت ہے کہ مکارہ جس میں قبض بھی ہے کاملین کے لئے گاہے زیادت معارف کا سبب ہو جاتے ہیں۔ قولہ: مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ (الی قولہ تعالی) مَّنْ يَّنْتَظِرُ قضی نحبہ کی تفسیر آتی ہے مات یعنی مر گیا اور پھر حضرت طلحہؓ کی نسبت آیا ہے کہ یہ قضی نحبہ والوں میں سے ہیں اور ایک روایت میں ان کی نسبت شہید آیا ہے اور اس وقت یہ زندہ تھے تو اس میں مسئلہ میں فناء کی طرف اشارہ ہے اور یہ انتظار موت مشعر ہے اشتیاق الی الموت کا' پس اس میں حب موت کی طرف اشارہ ہے تو اس آیت میں دو مسئلے مذکور ہوئے۔

الحواشی: (۱) اشارۃ الی کون العطف تفسیریا ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قولہ فی ولقد کانوا عاھدوا اللہ اس قسم کا ای ما کان واجبا فی نفسہ و یتاکد وجوبہ بعد الوعد کما ھو معلوم من القواعد الشرعیۃ ۱۲۔ ۲؎ قولہ فی ینتظر: مشتاق فسر بہ بقرینۃ المقام لان المقصود لیس اثبات نفس الانتظار بل المقرون بالاشتیاق وفیہ اطلاق العام علی الخاص ۱۲۔ ۳؎ قولہ فی ما بدلوا تبدیلا: ذرا تغیر تبدل الکلمۃ الاولی من الترجمۃ مستفادۃ من التنوین والثانیۃ والثالثۃ من تکرار التبدیل ۱۲۔

اللغات: قولہ زاغت فی القاموس زاغ البصر کل ۱۲ قولہ ھنالک ظرف مکان ارید بہ ظرف الزمان ۱۲۔ قولہ عورۃ ای ذات خلل خالیۃ من الرجال ضائعۃ ۱۲۔ قولہ اشحۃ علیکم ای اشحۃ بالمال علیکم فان الشح کما فی القاموس یتعدی بالباء وبعلی قیل الشح علی الشیء ھو ان یراد ابقاءہ ولم یسلمہ الخفاجی قلت ان ثبت فیمکن ان یقال فی معناہ اشحۃ علی مالکم فحذف المضاف اعتمادًا علی القرینۃ التی بعدہ من قولہ اشحۃ علی الخیر۔ قولہ: سلقوکم فی القاموس اذاہ وطعنہ ۱۲۔ قولہ اسوۃ قدوۃ بمعنی المصدر فالمعنی ظاھر او

www.besturdubooks.net

بمعني ما يقتدى به فالكلام اما جار على التجريد او يقال ان الخصلة الحسنة هي مما يتاسى به كذبها۔ قوله: قضى نحب النحب النذر يقال قضى فلان نحبه اى وفى بنذره وشاع قضى فلان نحبه بمعنى مات لان الموت لازم كالنذر وتحتمل الآية كلا المعنيين وقال بعض الاجلة يجوز ان يكون مستعار الالتزام الموت شهيدًا كذا في الروح ملخصا۱۲۔ قوله: صياصيهم جمع صيصة وهى كل ما يمتنع به من قرن الثور والظباء وشوكة الديك التى فى رجله والمراد به ههنا الحصون۱۲۔

النحو: قوله اذ جاء وكم۔ بدل من اذ قبله وكذا كل اذ بعده۱۲۔ قوله تلبثوا بها الضمير المجرور راجع الى البيوت۱۲۔ قوله او اراد بكم رحمة فى الكلام تقدير هكذا ومن يمنعكم من رحمة الله ان اراد بكم رحمة ويدل عليه قرينة المقام لان العصمة ليس الا من السوء۱۲۔ قوله ليجزى عامله مقدر اى وقع ما وقع ليجزى الله۱۲۔

البلاغة: قوله بلغت القلوب الحناجر اى فزعت فزعًا عظيما الا انها تحركت من موضعها وتوجهت الى الحناجر فالكلام على المبالغة وقيل القلب عند الغضب يندفع وعند الخوف يجتمع فيتقلص بالحنجرة وقد يفضى الى ان يسد مخرج النفس فلا يقدر المرء ان يتنفس ويموت خوفا وقيل ان الرية تنتفخ من شدة الفزع والغضب والغم الشديد واذا انفتخت ربت وارتفع القلب بارتفاعها الى راس الحنجرة۱۲۔ قوله ارضا لم تطؤها معطوف على ارضهم فلا بد من حمل الايراث على عموم المجاز يشمل ايراث الماضى والمستقبل۱۲۔

القرأة: قوله الظنونا فى الروح كتب الظنونا و كذا امثاله من المنصوب المعرف بال كالسبيلا والرسولا فى المصحف بالف فى آخره فحذفها ابو عمرو وقفاء وصلا وابن كثير والكسائى و حفص يحذفونها و صلا خاصة و يثبتها باقى السبعة فى الحالين اه ۱۲۔

www.besturdubooks.net

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ قُل لِّأَزۡوَٰجِكَ إِن كُنتُنَّ تُرِدۡنَ ٱلۡحَيَوٰةَ ٱلدُّنۡيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيۡنَ أُمَتِّعۡكُنَّ وَأُسَرِّحۡكُنَّ سَرَاحٗا جَمِيلٗا ۝٢٨
وَإِن كُنتُنَّ تُرِدۡنَ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ وَٱلدَّارَ ٱلۡأٓخِرَةَ فَإِنَّ ٱللَّهَ أَعَدَّ لِلۡمُحۡسِنَٰتِ مِنكُنَّ أَجۡرًا عَظِيمٗا ۝٢٩ يَٰنِسَآءَ ٱلنَّبِيِّ
مَن يَأۡتِ مِنكُنَّ بِفَٰحِشَةٖ مُّبَيِّنَةٖ يُضَٰعَفۡ لَهَا ٱلۡعَذَابُ ضِعۡفَيۡنِۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرٗا ۝٣٠
وَمَن يَقۡنُتۡ مِنكُنَّ لِلَّهِ وَرَسُولِهِۦ وَتَعۡمَلۡ صَٰلِحٗا نُّؤۡتِهَآ أَجۡرَهَا مَرَّتَيۡنِ وَأَعۡتَدۡنَا لَهَا رِزۡقٗا كَرِيمٗا ۝٣١
يَٰنِسَآءَ ٱلنَّبِيِّ لَسۡتُنَّ كَأَحَدٖ مِّنَ ٱلنِّسَآءِ إِنِ ٱتَّقَيۡتُنَّ فَلَا تَخۡضَعۡنَ بِٱلۡقَوۡلِ فَيَطۡمَعَ ٱلَّذِي فِي قَلۡبِهِۦ
مَرَضٞ وَقُلۡنَ قَوۡلٗا مَّعۡرُوفٗا ۝٣٢ وَقَرۡنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجۡنَ تَبَرُّجَ ٱلۡجَٰهِلِيَّةِ ٱلۡأُولَىٰۖ وَأَقِمۡنَ
ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتِينَ ٱلزَّكَوٰةَ وَأَطِعۡنَ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥٓۚ إِنَّمَا يُرِيدُ ٱللَّهُ لِيُذۡهِبَ عَنكُمُ ٱلرِّجۡسَ أَهۡلَ ٱلۡبَيۡتِ
وَيُطَهِّرَكُمۡ تَطۡهِيرٗا ۝٣٣ وَٱذۡكُرۡنَ مَا يُتۡلَىٰ فِي بُيُوتِكُنَّ مِنۡ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ وَٱلۡحِكۡمَةِۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ لَطِيفًا خَبِيرًا ۝٣٤ ع

اے نبی آپ اپنی بیبیوں سے فرما دیجئے کہ تم اگر دنیوی زندگی (کا عیش) اور اس کی بہار چاہتی ہو تو آؤ میں تم کو کچھ مال ومتاع (دنیوی) دے دوں اور تم کے ساتھ رخصت کروں اور تم اللہ تعالیٰ کو چاہتی ہو اور اس کے رسول اور عالم آخرت کو تم میں سے نیک کرداروں کے لئے اللہ تعالیٰ نے اجر عظیم مہیا کر رکھا ہے۔ اے نبی کی بیبیو جو کوئی تم میں کھلی ہوئی بیہودگی کرے گی اس کو دوہری سزا دی جائے گی اور یہ بات اللہ تعالیٰ کو آسان ہے اور جو کوئی تم میں اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری کرے گی اور نیک کام کرے گی تو ہم اس کو اس کا ثواب دہرا دیں گے اور ہم نے اس کے لئے ایک عمدہ روزی تیار کر رکھی ہے۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیبیو تم معمولی عورتوں کی طرح نہیں ہو۔ اگر تم تقویٰ اختیار کرو تو تم (نامحرم مرد سے) بولنے میں (جبکہ بضرورت بولنا پڑے) نزاکت مت کرو (اس سے) ایسے شخص کو (طبعًا) خیال (فاسد پیدا) ہونے لگتا ہے جس کے غلب میں خرابی ہے اور قاعدہ (صفت) کے مطابق کرو اور تم اپنے گھروں میں قرار سے رہو اور قدیم زمانہ جاہلیت کے دستور کے موافق مت پھرو اور تم نمازوں کی پابندی رکھو اور زکوٰۃ دیا کرو اور اللہ کا اور اس کے رسول کا کہنا مانو اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہے کہ اے گھر والو! تم سے آلودگی کو دور رکھے اور تم کو (ہر طرح ظاہر وباطن) پاک صاف رکھے اور تم ان آیات الٰہیہ کو اور اس علم (احکام) کو یاد رکھو جس کا تمہارے گھروں میں چرچا رہتا ہے بے شک اللہ راز دان ہے پورا خبردار ہے۔

خطاب بازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن متضمن نہی از نوع پنجم ایذائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ اخف الانواع است: **تفسیر:** يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ قُل لِّأَزۡوَٰجِكَ (الی قولہ تعالیٰ) إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ لَطِيفًا خَبِيرًا ۝ اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ اپنی بیویوں سے فرما دیجئے (تم سے دوٹوک بات کہی جاتی ہے تاکہ ہمیشہ کے لئے قصہ ایک طرف ہو وہ بات یہ ہے کہ) تم اگر دنیوی زندگی (کا عیش[1]) اور اس کی بہار چاہتی ہو تو آؤ (یعنی لینے کے لئے متوجہ[2] ہو) میں تم کو کچھ (مال و) متاع (دنیوی) دے دوں (یا تو مراد اس سے وہ جوڑا ہے جو مطلقہ مدخولہ کو وقت طلاق کے دینا مستحب ہے یا مراد نان ونفقہ عدت کا ہے یا دونوں کو شامل ہے) اور (متاع دے کر) تم کو خوبی کے ساتھ رخصت کروں (یعنی موافق سنت کے طلاق دے دوں تاکہ جہاں چاہو جا کر دنیا حاصل کرو) اور اگر تم اللہ کو چاہتی ہو اور (مطلب اللہ کو چاہنے کا اس جگہ یہ ہے کہ) اس کے رسول کو (چاہتی ہو یعنی بحالت کذائیہ قناعت علی الکفاف کے رسول کے نکاح میں رہنا چاہتی ہو) اور عالم آخرت (کے درجاتِ عالیہ) کو (چاہتی ہو جو کہ زوجیت رسول پر مرتب ہونے والے ہیں) تو (یہ تمہاری نیک کرداری ہے اور) تم میں سے نیک کرداروں کے لئے اللہ تعالیٰ نے (آخرت میں) اجر عظیم مہیا کر رکھا ہے (یعنی وہ ثواب جو مخصوص ہے زوجات نبی کے لئے کہ اور نیک بیبیوں کے اجر سے وہ عظیم ہے اور جس سے زوجیت نبی کو اختیار نہ کرنے کی صورت میں حرمان ہوگا گو عموم دلائل سے مطلق ایمان واعمال صالحہ کے ثمرات اس صورت میں بھی حاصل ہوں گے یہاں تک تو مضمون تخییر کا ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ازواج کو خطاب ہوگا۔ آگے حق تعالیٰ ان کو خود خطاب کر کے وہ احکام فرماتے ہیں جو بصورت اختیار زوجیت واجب الاہتمام ہوں گے۔ پس ارشاد ہے کہ) اے نبی کی بیبیو! جو کوئی تم میں کھلی ہوئی بے ہودگی کرے گی (مراد اس سے وہ معاملہ ہے جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تنگ اور پریشان ہوں تو) اس کو (اس پر آخرت میں) دوہری سزا دی جاوے گی (یعنی دوسرے شخص کو اس عمل پر جتنی سزا ملتی اس سے دوہری سزا ہوگی) اور یہ بات اللہ کو (بالکل) آسان ہے (یہ نہیں کہ حکام دنیوی کی طرح احیانًا سزا بڑھانے سے کسی کی عظمت اس کو مانع ہو جاوے اور اس سزا کے بڑھنے کی علت ابھی

www.besturdubooks.net

تضعیف اجر کی تقریر میں آتی ہے) اور جو کوئی تم میں اللہ کی اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے گی (یعنی جن امور کو اللہ تعالیٰ نے واجب فرمایا ہے ان کو ادا کرے گی اور خود رسول اللہ ﷺ کے زوج ہونے کے جو حقوق اطاعت وغیرہ واجب ہیں وہ ادا کرے گی کیونکہ حیثیت رسالت کے حقوق قنوت اللہ میں داخل ہو گئے) اور (امور غیر واجبہ میں سے جو) نیک کام (ہیں ان کو) کرے گی تو ہم اس کو اس کا ثواب (بھی) دوہرا دیں گے اور ہم نے اسکے لئے (علاوہ اجر مضاعف موعود کے) ایک (خاص) عمدہ روزی (جو جنت میں ازواج نبی ﷺ کے لئے مخصوص ہے اور جو صلہ عمل سے زائد ہے) تیار کر رکھی ہے (علت اس تضعیف اجر اور اسی طرح تضعیف وزر کی جو اس کے قبل ارشاد ہے شرف زوجیت نبی ہے جس پر یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ دال ہے کیونکہ اہل خصوصیت کا عصیان بھی اوروں کے عصیان سے اشد ہوتا ہے اسی طرح ان کی طاعت بھی اوروں کی طاعت سے زیادہ مقبول ہوتی ہے۔ پس وعدہ و وعید دونوں میں وہ دوسروں سے ممتاز ہوتے ہیں اور خصوصاً مقام کلام میں یہ کہنا ممکن ہے کہ حضرات امہات المؤمنین سے خدمت واطاعت کا صدور حضور ﷺ کے قلب کو راحت افزا زیادہ ہوگا اور اسی طرح اس کے خلاف کا صدور آپ کے لئے کلفت افزا زیادہ ہوگا۔ پس آپ کی راحت رسانی موجب اجر تھی۔ زیادہ راحت رسانی موجب زیادتی اجر ہوگی علیٰ ہذا اس کی ضد میں سمجھنا چاہئے یہاں تک ازواج سے آپ کے حقوق کے متعلق خطاب تھا' آگے عام احکام کے متعلق زیادہ اہتمام کے لئے خطاب ہے کہ) اے نبی کی بیبیو! (محض اس بات پر مت پھول جانا کہ ہم نبی کی بیبیاں ہیں اور اس لئے عام عورتوں سے ممتاز ہیں' یہ نسبت اور شرف ہمارے لئے بس ہے سو یہ وسوسہ مت کرنا یہ بات صحیح ہے کہ) تم معمولی عورتوں کی طرح نہیں ہو (بے شک ان سے ممتاز ہو مگر مطلقاً نہیں' بلکہ اس کے ساتھ ایک شرط بھی ہے' وہ یہ کہ) اگر تم تقویٰ اختیار کرو (تب تو واقعی اس نسبت کے سبب تم کو اوروں سے شرف ہے' حتیٰ کہ ثواب مضاعف ملے گا اور اگر یہ شرط متحقق نہیں تو یہی نسبت بالعکس تضاعف وزر کا سبب بن جاوے گی۔ جب یہ بات ہے کہ نری نسبت بلا تقویٰ ہیچ ہے) تو (تم کو احکام شرعیہ کی پوری پابندی کرنا چاہئے عموماً اور ان احکام مذکورہ آیت آئندہ کی خصوصاً اور وہ احکام یہ ہیں کہ) تم (نامحرم مرد سے) بولنے میں (جب کہ بضرورت بولنا پڑے) نزاکت مت کرو (اس کا یہ مطلب نہیں کہ قصداً نزاکت مت کرو' کیونکہ اس کا برا ہونا تو بدیہی ہے۔ دوسرے مخاطب یعنی ازواج مطہرات میں اس کا احتمال نہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ جیسے عورتوں کے کلام کا فطری انداز ہوتا ہے کہ کلام میں نرمی ہوتی ہے سادہ مزاجی سے اس انداز کو مت برتو) کہ (اس سے) ایسے شخص کو (طبعاً) خیال (فاسد پیدا) ہونے لگتا ہے جس کے قلب میں خرابی (اور بدی) ہے (بلکہ ایسے موقع پر تکلف اور اہتمام سے اس فطری انداز کو بدل کر گفتگو کرو) اور قاعدہ (عفت) کے موافق بات کہو (یعنی ایسے انداز سے جس میں خشکی، درروکھا پن ہو کہ یہ حافظ عفت ہے اور یہ بداخلاقی نہیں ہے۔ بداخلاقی وہ ہے جس سے کسی کے قلب کو تالم و تاذی ہو تو سد باب طمع فاسد سے ایلام لازم نہیں آتا اس میں تو بولنے کے متعلق حکم فرمایا) اور (آگے پردہ کے متعلق ارشاد ہے اور امر مشترک دونوں میں حفظ عفت ہے یعنی) تم اپنے گھروں میں قرار سے رہو (مراد اس سے یہ ہے کہ محض کپڑا اوڑھ لپیٹ کر پردہ کر لینے پر کفایت مت کرو بلکہ پردہ اس طریقے سے کرو کہ بدن مع لباس نظر نہ آوے جیسا آج کل شرفاء میں پردہ کا طریقہ متعارف ہے کہ عورتیں گھروں ہی سے نہیں نکلتیں' البتہ مواقع ضرورت دوسری دلیل سے مستثنیٰ ہیں) اور (آگے اسی حکم کی تاکید کے لئے ارشاد ہے کہ) قدیم زمانہ جہالت کے دستور کے موافق مت پھرو (جس میں بے پردگی رائج تھی گو بلا تفحش ہی کیوں نہ ہو اور قدیم جاہلیت سے مراد وہ جاہلیت ہے جو اسلام سے پہلے تھی اور اس کے مقابلہ میں ایک مابعد کی جاہلیت ہے کہ بعد تعلیم و تبلیغ احکام اسلام کے ان پر عمل نہ کیا جاوے۔ پس جو تبرج بعد اسلام ہوگا وہ جاہلیت اخری ہے اس لئے تشبیہ میں تخصیص جاہلیت اولیٰ کی ظاہر ہے کیونکہ مشبہ و مشبہ بہ کا تغایر ضروری ہے۔ مطلب یہ کہ جاہلیت اخری حادث کر کے جاہلیت اولیٰ کا اقتداء نہ کرو جس کے مٹانے کو اسلام آیا ہے' یہاں تک احکام متعلقہ عفت کے تھے) اور (آگے دوسرے شرائع کا ارشاد ہے کہ) تم نمازوں کی پابندی رکھو اور زکوٰۃ (اگر نصاب کی مالک ہو) دیا کرو (کہ دونوں اعظم شعائر سے ہیں اس لئے ان کی تخصیص کی گئی) اور (جتنے بھی احکام ہیں اور تم کو معلوم ہیں سب میں) اللہ کا اور اس کے رسول کا کہنا مانو (اور ہم نے جو تم کو ان احکام کے اس التزام اور اہتمام کا مکلف فرمایا ہے تو تمہارا ہی نفع ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ کو (ان احکام کے بتانے سے تشریعاً) یہ منظور ہے کہ اے (پیغمبر کے) گھر والو تم سے (معصیت و نافرمانی کی) آلودگی کو دور رکھے اور تم کو (ظاہراً و باطناً عقیدۃً و عملاً وخلقاً بالکل) پاک صاف رکھے (کیونکہ علم بالا حکام کے سبب مخالفت سے جو کہ موجب رجس اور مانع تطہیر ہے بچنا ممکن ہے) اور (چونکہ ان احکام پر عمل واجب ہے اور عمل موقوف ہے احکام کے جاننے اور ان کے یاد رکھنے پر اس لئے) تم ان آیات الٰہیہ (یعنی قرآن) کو اور اس علم (احکام) کو یاد رکھو جس کا تمہارے گھروں میں چرچا رہتا ہے (اور یہ بھی پیش نظر رکھو کہ) بے شک اللہ تعالیٰ رازداں ہے (کہ اعمال قلوب کو بھی جانتا ہے اور) پورا خبردار ہے (کہ پوشیدہ اعمال کو بھی جانتا ہے' اس لئے ظاہراً و باطناً سراً و علانیۃً امتثال اوامر و اجتناب نواہی کا اہتمام واجب ہے۔ ف: فائدہ اولیٰ: اُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ۝ کے ترجمہ میں طلاق سنت سے مراد طلاق غیر بدعی ہے خواہ طریق تعلیق سے بدعی ہو جیسے حیض میں سب کے نزدیک یا تین طلاق دفعۃً دینا حنفیہ کے نزدیک خواہ دوسرے عارض سے بدعی ہو مثلاً مطلقہ کو کسی قسم کا ضرر پہنچنا۔

www.besturdubooks.net

فائدۂ ثانیہ: اُمَتِّعۡکُنَّ کے ترجمہ میں جو جوڑا لکھا ہے اس کے مسائل ضروری سورۂ بقرہ آیت: وَلِلۡمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالۡمَعۡرُوۡفِ [البقرۃ: ۲۴۱] کے ذیل میں گزر چکے ہیں۔

فائدۂ ثالثہ: اُسَرِّحۡکُنَّ کا جزاء اِنۡ کُنۡتُنَّ تُرِدۡنَ الۡحَیٰوۃَ ...... میں واقع ہونا ظاہراً دلیل ہے کہ ایسی عورت کو جو کہ زینت دنیا کے لئے طلاق اختیار کرتی دوسری جگہ نکاح جائز ہوتا کیونکہ حصولِ دنیا اگر بلاواسطہ دوسرے نکاح کے مراد ہو تو وہ تو بقائے زوجیت نبویہ کے ساتھ بھی ممکن ہے۔ یا پھر تسریح کی کیا ضرورت تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ مراد اس سے وہی ہے جو بطریق دوسرے نکاح کے ہو۔ صاحب روح نے یہ مسئلہ امام سے نقل کیا ہے۔

فائدۂ ارابعہ: اَعَدَّ لِلۡمُحۡسِنٰتِ مِنۡکُنَّ میں جو کلمہ من ہے اگر تبیین کے لئے ہو تب تو کوئی اشکال ہی نہیں اور اگر تبعیض کے لئے ہو جس سے شبہ بعض کے غیر محسنہ ہونے کا واقع ہوتا ہے اس کی دو توجیہ ممکن ہیں۔ ایک یہ کہ بعض روایات میں آیا ہے کہ ایک عورت عامریہ حمیریہ نے اس تخییر کے بعد آپ کی زوجیت میں رہنا نہیں چاہا اوردہ فی الروح عن ابن سعد۔ اس تبعیض سے اس کا مستثنیٰ کرنا مقصود ہے اور اگر یہ روایت ثابت نہ ہو تو دوسری توجیہ یہ ہے کہ گو سب محسنات تھیں مگر وقت تخییر قبل اختیار اس کا ظہور تو نہ تھا۔ پس ظاہر حال سے ہر ایک میں دونوں احتمال تھے۔ پس یہ تبعیض بطور معنی تعلیقی کے ہے۔ یعنی مَنۡ اَحۡسَنَ مِنۡکُنَّ اور یہی معنی ہیں اس قول کے کہ مطلق بعض کا تحقق گاہے ضمن کل میں ہوتا ہے اور گاہے بضمن بعض مقابل للکل کے۔

فائدۂ خامسہ: صاحب روح نے امام رازی سے ایک اور مسئلہ بھی نقل کیا ہے کہ جو اس تخییر کے بعد اللہ و رسول کو اختیار کر لے اس کو پھر طلاق دینا رسول اللہ ﷺ کے لئے جائز نہیں معلوم ہوتا ورنہ تخییر اور اختیار غیر مثمر ہے لیکن احقر کے نزدیک یہ استنباط محض ضعیف ہے عارض اختیار دنیا سے مستحق طلاق نہ ہونا اس کو مستلزم نہیں کہ اور کسی عارض سے بھی اس کو طلاق نہ دیا جاوے۔ پس بعض روایات میں جو حضرت سودہ و حضرت حفصہ کو طلاق دینے کا ارادہ یا ایک رجعی طلاق دینا آیا ہے۔ اگر وہ بعد اس آیت کے ہو تب بھی کچھ اشکال نہیں۔

فائدۂ سادسہ: جب یہ آیت تخییر نازل ہوئی آپ نے اپنی بیبیوں کو پڑھ کر سنادی۔ آپ کی جو نو بیبیاں مشہور ہیں حضرت عائشہؓ حفصہ ؓ ام حبیبہؓ سودہؓ ام سلمہ۔ یہ پانچوں قریش سے ہیں۔ صفیہ خیبریہ میمونہ ہلالیہ زینت اسدیہ جویریہ مصطلقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہن۔ ان سب نے آپ کی زوجیت میں رہنا قبول کیا اور دنیا کی طرف التفات نہیں فرمایا۔

فائدۂ سابعہ: اس میں یہ کلام ہوا ہے کہ آیا تخییر تفویض طلاق تھی اور اختیار کر لینا ایقاع طلاق ہو جاتا اور آپ کی تطلیق کی حاجت نہ ہوتی یا یہ تخییر رائے کا دریافت کرنا تھا اور اختیار رائے کا اظہار تھا اور اختیار کے بعد تطلیق کی حاجت ہوتی لیکن آیت کا دونوں طرز پر انطباق ہو سکتا ہے۔

فائدۂ ثامنہ: مسئلہ لفظ اِخۡتَارِیۡ جو کہ کنایات طلاق سے ہے اگر زوجہ کو کہہ دے تو محض اس سے طلاق واقع نہیں ہوتی اگر وہ کچھ جواب نہ دے یا جواب میں کہہ دے اخترتک البتہ اگر اخترت نفسی کہہ لے تو واقع ہو جاتی ہے۔ تفصیل اس کی کتب فقہ میں ہے۔

فائدۂ تسعہ: ظاہراً اس نص سے حضور ﷺ پر واجب تھا کہ ازواج کو تخییر دیں اور یہ بھی ظاہراً واجب معلوم ہوتا ہے کہ مختارہ للدنیا کو طلاق دے دیں۔ اس کو بھی صاحب روح نے امام سے نقل کیا ہے لیکن یہ حکم چونکہ عام نہیں اس لئے دوسروں کے لئے صرف مستحب ہے کہ بے شرع عورت سے اس طرح کہہ لیں اور اسی طرح کر لیں اور فقہاء نے تصریح کی ہے کہ لا یجب تطلیق الفاجرۃ۔

فائدۂ عاشرہ: فاحشہ کی تفسیر بیہقی نے مقاتل سے نقل کی ہے: انما العصیان للنبی ﷺ اور طلب مزید سے ضیق قلب مبارک ہو اسی میں داخل ہے۔ اس کے لئے دو دلیلیں اس کی اور ہیں۔ اول اس کو مُّبَیِّنَۃٍ فرمایا اور معنی متعارف مبینہ کا مصداق نہیں الا بتجوز دوسرے مقابلہ میں وَمَنۡ یَّقۡنُتۡ ...... فرمایا۔ معلوم ہوا کہ اس سے مراد عدم قنوت ہے اور معنی متعارف کا ازواج انبیاء میں متحمل نہ ہونا سورۂ نور آیت الطَّیِّبٰتُ ...... کی تفسیر میں گزر چکا۔

فائدۂ حادیہ عشر: عذاب کو تو صرف فاحشہ مبینہ پر کہ ایک عمل ہے مرتب فرمایا اور اجر مرتین کو مجموعہ قنوت و عمل صالح پر کہ مجموعہ شرائع ہے۔ وجہ اس کی ظاہر ہے کہ مقبولیت تامہ کے لئے اتیان بالجمیع ضروری ہے اور عقوبت کے لئے اخلال بالبعض بھی بس ہے۔

فائدۂ ثانیہ عشر: تضاعف عذاب و تضاعف ثواب کی وجہ اثنائے تقریر ترجمہ میں مبین ہو چکی۔

فائدۂ ثالثہ عشر: تضاعف عذاب سے شبہ تعارض مَنۡ جَآءَ بِالسَّیِّئَۃِ فَلَا یُجۡزٰۤی اِلَّا مِثۡلَہَا [الأنعام: ۱۶۰] کا نہ کیا جاوے کیونکہ حالت کذائیہ خصوصیت کا مقتضی شدت عقوبت ہونا عین مماثلت ہے درمیان عمل و عقوبت کے۔ پس یہاں خود مضاعفت ہی مماثلت ہے۔

فائدۂ رابعہ عشر: اِنِ اتَّقَیۡتُنَّ سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ متقی نہ تھیں بلکہ مقصود اس سے محض تعلیق ہے افضلیت علی النساء کی اتقاء پر تا کہ مدار ہونا تقویٰ کا ظاہر ہو جاوے۔ گو واقع میں مقدم و تالی دونوں متحقق ہوں۔ دوسری توجیہ یہ بھی موافق محاورہ کے ہے کہ اتَّقَیۡتُنَّ کے معنی دمتن علی التقوٰی ہوں یعنی اگر متقی رہو جیسے

www.besturdubooks.net

اب متقی ہو تب اوروں سے افضل رہو گی۔

فائدۂ خامسہ عشر: لَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ باعتبار مقول لہ کے گو ظاہراً مطلق ہے مگر مقصود تخصیص ہے مکالمہ اجانب کے ساتھ۔

فائدۂ سادسہ عشر: لَا تَخْضَعْنَ اور قَرْنَ اور لَا تَبَرَّجْنَ باعتبار عبارت خطاب کے کہ مخاطب حضرات ازواج مطہرات ہیں' گو ظاہراً خاص ہیں مگر دلالت خطاب کے اعتبار سے مقصود صون عفت ہے جو سب سے مطلوب ہے' یہ احکام عام ہیں سب عورتوں کے لئے جیسا کہ مقاتل نے: ثم عمت نساء المؤمنين في التبرج میں کہا ہے رواہ فی الدر بلکہ تأمل سے معلوم ہوتا ہے کہ اور عورتوں کے لئے یہ احکام بدرجہ اولیٰ ہیں کیونکہ علت ان احکام کی سدِ ذرائع فساد ہے جیسا: يَطْمَعَ اس پر دال ہے اور ظاہر ہے کہ دوسری عورتیں سد ذرائع کی زیادہ محتاج ہیں و نیز قَرْنَ کے مقابل یعنی عدم قرار کو تشبیہ دینا امر جاہلیت سے خود عدم قرار کی ذم کے لئے کافی ہے اور ظاہر ہے کہ ایسا امر مذموم دوسری عورتوں کے لئے بھی مشروع نہیں ہو سکتا۔ نیز حدیثوں میں اس قسم کے مضامین المرأة عورة فاذا خرجت استشرفها الشيطن و نحو ذلك وارد ہیں جو دلالت علی المطلوب کے لئے وافی ہیں۔ پس عام ہونا ان احکام کا ثابت ہو گیا۔ رہی تخصیص فی الذکر اس کی یہ وجہ ہے کہ یہاں وعظ امہات المؤمنین کو ہے۔ اس لئے ضمائر میں وہی مخاطب ہیں مگر تخصیص فی الذکر سے تخصیص فی الحکم لازم نہیں اور اگر لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ سے شبہ تخصیص کا پڑے تو اس کے معنی جو لکھے گئے ہیں اس سے اس شبہ کی اصلاً گنجائش نہیں اور اگر بعض علماء کے اس قول سے کہ حجاب صرف ازواج مطہرات کے لئے ہے حجاب واجب لغیرہ ہے کہ سد ذرائع اس کی علت ہے اور یہی وجہ ہے کہ لَا تَخْضَعْنَ اور لَا تَبَرَّجْنَ کو کسی نے خاص نہیں کہا۔ پس قَرْنَ کہ محفوف بین الامرین ہے۔ وہ کیوں خاص ہوگا اور تفصیل و تحقیق اس مضمون کی احقر کے رسالہ القول الصواب میں مشبع ہے۔

فائدۂ سابعہ عشر: قَرْنَ کی توضیح ترجمہ میں جو مواقع ضرورت کو مستثنیٰ کہا ہے اس کی دلیل قولی یہ حدیث ہے: قد اذن لكن ان تخرجن لحاجتكن (رواہ مسلم) اور دلیل فعلی خود جناب رسول اللہ ﷺ کا سفر اور حج میں ازواج کو لے جانا ہے۔ اب بعض اہل بدعت کا اعتراض حضرت عائشہؓ جنگ جمل کے متعلق نفس خروج میں محض لاشی ہے خصوصاً جبکہ وہ خاص اسی کام کے لئے نکلی بھی نہ تھیں بلکہ وہ مکہ حج کو گئی ہوئی تھیں۔

فائدۂ ثامنہ عشر: بُيُوتِكُنَّ میں اضافت ملک اور سکنی دونوں کی ہو سکتی ہے۔ صورت اولیٰ میں یہ کہا جاوے گا کہ حضور ﷺ نے اپنی حیات میں ان کو مالک کر دیا ہو' کیونکہ میراث کا تو احتمال ہے ہی نہیں اور صورت ثانیہ میں اس کا سکنی کے بعد وفات نبوی ﷺ کے مالکانہ نہ ہوگا بلکہ جس طرح اہل حاجت اوقاف سے منتفع ہوتے ہیں۔ ہاں دونوں احتمالوں میں سے ایک کی تعیین محتاج دلیل مستقل ہے۔ قرآن کا انطباق دونوں پر ممکن ہے۔

فائدۂ تاسعہ عشر: اس مقام پر جو لفظ اہل بیت آیت تطہیر میں آیا ہے۔ سیاق و سباق کے دیکھنے سے بالیقین اس کا مصداق ازواج مطہرات ہیں' چنانچہ ابن عباسؓ کا قول اس آیت تطہیر میں ہے۔ نزلت في نساء النبي ﷺ خاصة اور عکرمہ کا قول ہے من شاء باهلته انها نزلت في ازواج النبي ﷺ۔ اور یہ بھی عکرمہ نے کہا: ليس بالذي تذهبون اليه انما هو نساء النبي ﷺ هذا كله في الدر المنثور پس اس میں تو کوئی شبہ نہیں اور عنکم میں ضمیر مذکر یا تو باعتبار حضور ﷺ کے مبنی بر تغلیب ہے و یا باعتبار لفظ اہل کے ہے جیسا قال لاهله امكثوا اب رہا حضرات اہل عبا اس کا مصداق ہونا جیسا حدیث میں ہے کہ آپ نے ان حضرات کو کملی میں لپیٹ کر فرمایا: اللهم هؤلاء اهل بيتي فاذهب عنهم الرجس وطهر تطهيراً یا ازواج مطہرات ﷺ کا مصداق نہ ہونا جیسا ایک حدیث میں ہے کہ حضرت سلمہؓ نے بھی کملی میں آنا چاہا تو آپ نے فرمایا: انك على خير اور ان کو داخل نہیں کیا اھ۔ سو اس میں محقق بات یہ ہے کہ آیت اور حدیث میں اہل بیت کا مفہوم متحد نہیں' بلکہ حدیث میں تو عترت مراد ہے اور آیت میں یا تو عام مراد ہے جس کی ایک نوع تو آیت ہی کی مدلول ہے اور دوسری نوع کا مدلول ہونا آپ نے اپنے اس فعل سے ظاہر فرما دیا اور حضرت ام سلمہ کا داخل نہ کرنا اس لئے ہوگا کہ تمہارا تو مدلول آیت ہونا ظاہر ہی ہے جن کا مخفی ہے ان کو ظاہر کرتا ہوں۔ پھر تم کو اس کا اہتمام کیا' ضرور اور خیر سے یہی مدلولیت مراد ہوگی اور یا آیت میں صرف حضرات ازواج مراد ہیں۔ اس صورت میں عبا میں داخل فرمانا اور آیت پڑھنا یا آیت کے مناسب الفاظ سے دعاء کرنا بطور علم کے اعتبار ہوگا جیسا حضور ﷺ نے خیبر میں آیت : فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ [الصٰفّٰت: ۱۷۷] پڑھ دی تھی جس کا نزول مشرکین کے حق میں ہے اور جیسا شاہ ولی اللہ نے مسئلہ قدر میں آپ کا آیت: فاما من اعطى کا پڑھ دینا اسی پر محمول کیا ہے کذا فی الفوز الکبیر۔ پس مطلب یہ ہوگا کہ اے اللہ ایک نوع اہل بیت کی یہ بھی ہے' ان کے لئے بھی میں دعا کرتا ہوں اور دعا میں اذہاب رجس اور تطہیر سے تطہیر تکوینی مراد ہونا یہ اور زیادہ مؤید ہے اس دعوے کا کہ یہ ادخال بطور علم اعتبار کے ہے' کیونکہ آیت میں تطہیر تشریعی مراد ہے اور حدیث میں وہ مراد نہیں ورنہ اس دعاء کے کوئی معنی محصل نہ ہوں گے اور اس صورت میں انك على خير سے یہ مقصود ہونا کہ تم اہل بیت سے نہیں ہو اصلاً محل اشکال نہیں' یعنی اس نوع سے نہیں ہو جو اس وقت مراد ہے اور یہی مطلب ہے حضرت زید بن ارقم کے ارشاد کا کہ اہل بیت وہ ہیں جن پر صدقہ حرام ہے یعنی عترت جب ان سے اہل بیت کے معنی پوچھے گئے رواہ مسلم۔ پس قرینہ سوال سے انہوں نے یہ معنی فرمائے باقی نہ ان سے آیت کی تفسیر پوچھی گئی اور نہ انہوں نے آیت کے متعلق یہ ارشاد

www.besturdubooks.net

فرمایا۔ پس ازواج کا اہل بیت نہ ہونا ان کے قول سے ثابت نہیں۔ چنانچہ اسی روایت میں یہ بھی ان ہی کا قول ہے نساءہ من اهل بیته بلکہ معالم میں تو بسند متصل حضرت اُم سلمہؓ کے اس سوال پر کہ میں اہل بیت سے نہیں ہوں؟ خود ارشاد نبویؐ مروی ہے بلی ان شاء اللّٰہ تعالٰی غرض اہل بیت کے دو مفہوم ہیں۔ ایک ازواج دوسرے عترت اور خصوصیت قرائن سے کسی مقام پر ایک مفہوم مراد ہوتا ہے کہیں دوسرا اور کہیں عام بھی مراد ہو سکتا ہے۔ پس آیت میں ظاہراً مفہوم اول مراد ہے اور مفہوم ثالث بھی محتمل ہے اور حدیث ثقلین و حرمت صدقہ و حدیث عبا میں دوسرا مفہوم مراد ہے۔ پس اس تحقیق کے بعد نہ آیت میں اشکال ہے نہ کسی حدیث میں نہ باہم تعارض اور نہ اہل حق پر کسی کا کوئی شبہ وارد ہے اور نہ اہل حق کو کسی جگہ تکلف و تاویل کی حاجت ہے۔

فائدۂ عشرین: چونکہ ارادۂ اذہاب رجس و تطہیر کی تفسیر ارادۂ تشریعی کے ساتھ معلوم ہو چکی ہے۔ اس لئے اس سے عصمت اہل بیت پر استدلال اصلاً گنجائش نہیں رکھتا' خواہ اہل بیت سے خاص مراد ہو یا عام اور خواہ ارادہ تشریعیہ کا مراد ہونا متیقن ہو یا محتمل لانه اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال جیسا دوسری آیت میں مؤمنین کو عام ارشاد ہے: ولکن یرید لیطهرکم رہا یہ کہ پھر اہل بیت کی فضیلت کیا ثابت ہوگی' کیونکہ ارادہ تشریعیہ تو تمام مکلفین کے لئے عام ہے۔ جواب یہ ہے کہ اس سے تو اتنی ہی فضیلت ثابت ہوگی کہ ان کی تطہیر کی طرف حق تعالٰی کو توجہ اور اعتناء ہوا اور گو یہ اعتناء سب مکلفین میں مشترک ہے لیکن کلی مشکک کے طور پر زیادہ اعتناء زیادہ فضیلت پر ضرور دال ہوگا جیسا لفظ اہل بیت جس کا حاصل یہ ہے یا من هو من اهل بیت نبینا وعبدنا المقبول المحبوب المرضی عندنا۔ اس اختصاص بالاعتناء پر دال ہے اور اس سے زیادہ فضائل اہل بیت کے بای معنی اعتبر اس آیت پر موقوف نہیں اور دلائل قرآن و حدیث کے اس پر دال ہیں۔

فائدۂ حادیہ وعشرین: حدیث میں اور بھی بعض کے لئے تضعیف اجر مرتین آیا ہے۔ وہ حدیث مع اس کے تحقیق معنی کے پارہ بستم کے نصف پر آیت: أُولَٰئِكَ يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُمْ [القصص : ٥٤] کے ذیل میں گزر چکی ہے اور اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ تین شخصوں کو دوہرا اجر ملتا ہے لیکن عدد حصر کے لئے نہیں تا کہ اس آیت کے معارضہ کا اشکال لازم آوے۔ چنانچہ ایک حدیث میں چار کا عدد آ گیا ہے اور ازواجِ مطہرات کو اس میں داخل کیا گیا ہے: کما فی الدر بروایة الطبرانی عن امامة قال قال رسول اللّٰه ﷺ اربعة یؤتون اجرهم مرتین منهم ازواج رسول اللّٰه ﷺ۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالٰی : يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ اس میں دلالت ہے کہ دنیا اور اس کی زینت کی محبت اللہ اور رسول سے بعد کا سبب ہے ۱۲۔ قولہ تعالٰی : يُضَاعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ...... اس میں دلالت ہے کہ جس کی فضیلت زیادہ ہے جیسا : لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِنَ النِّسَاءِ اس پر دال ہے اس کا عصیان اور طاعت دونوں اوروں سے اشد و اکمل ہیں نزدیکاں رابیش بود حیرانی کی اس میں اصل ہے۔ قولہ تعالٰی: فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ ...... اس میں اسباب فتنہ سے بچنے کا ارشاد ہے اگرچہ اسباب بعیدہ ہی ہوں خصوص عورتوں سے کہ ان کا قصہ بڑا سخت ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱۔ قوله فی الحیٰوة: عیش اشارة الی حذف المضاف ۱۲۔ ۲۔ قولی فی فتعالین: یعنی متوجہ اشارة الی ان المجیٔ لیس حسیا بل معنویا ۱۲۔ ۳۔ قوله فی تبرج الجاهلیة: دستور اخذ بالحاصل المفهوم من تاکید الفعل بالمصدر القمود منه التشبیه ۱۲۔ ۴۔ قوله فی یتلی: چرچا اشاربه الی ان التلاوة ههنا لیس خاصا بالآیات ۱۲۔ ۵۔ قوله فی لطیفاً: رازدان فی القاموس العالم بخفایا الامور ودقائقها ۱۲۔

الروایات: قوله قرن فی الدر المنثور اخرج ابن ابی حاتم عن ام نائلة رضی اللّٰه تعالٰی عنها قالت جاء ابو برزة فلم یجدام ولده فی البیت وقالوا ذهبت الی المسجد فلما جاء ت صاح بها فقال ان اللّٰه تعالٰی نهی النساء ان یخرجن وامرهن یقرن فی بیوتهن ولا یتبعن جنازة ولا یأتین مسجدا ولا یشهدن جمعة اه قلت وهو نص فی ان الامر بالقرار فی البیوت لیس خاصا بامهات المؤمنینؓ والتخصیص بالذکر لان الکلام فی المقام معهن وکذا افاد النهی للنساء عن الخروج ولو الی المساجد وان اشکل علیك ان الآیة لو کانت عامة لمنعن عن الخروج فی عهده ﷺ فازحه بان مراد ابی برزةؓ عموم الآیة بواسطة القیاس باشتراك العلة وهی الفتنة وانها لم تقع فی عهده ﷺ فلم تعم الآیة ووقعت بعده فعمت ۱۲۔ قوله لا تبرجن فی الدر ایضا اخرج ابن سعد وابن ابی حاتم عن مجاهد رضی اللّٰه تعالٰی عنه قال کانت المرأة تخرج فتمشی بین الرجال فذلك تبرج الجاهلیة الاولی واخرج ابن ابی حاتم عن مقاتل قال التبرج انها تلقی الخمار علی راسها ولا تشده فیواری قلائدها وقرطها وعنقها ویبد وذلك کله منها اه قلت وساق روایات اخر فی معنی التبرج ویحصل من المجموع ان التبرج عام فی مطلق الخروج بلا ضرورة ولو مع ستر العورات او مع کشف شیٔ منها ولو بلا شیٔ من المریبات او مع شیٔ منها ۱۲۔ فائده: تتعلق بآیة التطهیر وایضا عدم ادخال ام سلمةؓ کان للحجاب عن علیؓ لان آیة التطهیر متاخرة عن آیة التخییر وهی متاخرة عن مسئلة الحجاب التی ضربت اولا علی زینب فی اول عرسها وقد کانت فی المخیرات وانما سألته ام سلمة مع علمها

www.besturdubooks.net

بالحجاب لانه كان ممكنا مع الحجاب الذى يكون فى حالة الضرورة فافهم ۱۲۔

اللغات: قوله تبرج ظهور ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ليذهب الخ فى المدارك استعار للذنوب الرجس و للتقوى الطهر لان عرض المقترف للمقبحات يتلوث بها كما يتلوث به بدنه بالارجاس واما المحسنات فالعرض منها نقى كالثواب اه قلت وبه علم وجه الجمع بينهما ۱۲۔

إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْقَانِتِينَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِينَ وَالصَّادِقَاتِ وَالصَّابِرِينَ وَالصَّابِرَاتِ وَالْخَاشِعِينَ وَالْخَاشِعَاتِ وَالْمُتَصَدِّقِينَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّائِمِينَ وَالصَّائِمَاتِ وَالْحَافِظِينَ فُرُوجَهُمْ وَالْحَافِظَاتِ وَالذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ مَغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ۝

بے شک اسلام کے کام کرنے والے مرد اور اسلام کے کام کرنے والی عورتیں اور ایمان لانے والے مرد اور ایمان لانے والی عورتیں اور فرمانبرداری کرنے والے مرد اور فرمانبرداری کرنے والی عورتیں اور راستباز مرد اور راستباز عورتیں اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں اور خشوع کرنے والا مرد اور خشوع کرنے والی عورتیں اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں اور روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور بکثرت اللہ کو یاد کرنے والے مرد اور یاد کرنے والی عورتیں ان سب کے لئے اللہ تعالیٰ نے مغفرت اور اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔ ۝

تفسیر ربط: اوپر اوامر و نواہی میں اصل روئے سخن حضرات ازواج مطہرات کی طرف تھا اور ان کے لئے اعمال صالحہ پر بشارت اجر و ثواب و تطہیر و اذہاب رجس کی تھی آگے تعمیم رحمت و شریعت کے اظہار کے لئے عام مومنین و مومنات کو اعمال صالحہ پر اسی فضل کی بشارت دیتے ہیں۔ چنانچہ مغفرت اور اذہاب رجس متقارب المعنی ہیں اور اجر عظیم اور اجر مرتین متناسب الالفاظ بھی ہیں چنانچہ بعض اسباب نزول اس تقریر ربط کے مؤید بھی ہیں۔ جیسا در منثور میں قتادہؓ سے ہے کہ بعض بیبیاں ازواج مطہرات کے پاس جا کر کہنے لگیں کہ تمہارا تو قرآن میں ذکر آیا ہمارا نہیں یعنی اس موقع پر نہیں آیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور بعض روایات میں جو ہے کہ حضرت ام سلمہؓ نے تمنا کی تھی کہ ہمارا بھی ذکر قرآن میں آتا اور اس پر یہ آیت نازل ہوئی کذا فی الدر ایضا تو اس میں یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ اوپر کی آیات میں تو ان کا ذکر آ چکا تھا شاید تمنا اس کی ہوگی کہ تشریع عام کے طور پر عورتوں کا بھی ذکر آ وے اور مردوں کا ذکر ملا دینے میں اشارہ ہے جواب کی طرف کہ استقلالاً ذکر آنے کی اس لئے ضرورت نہیں کہ شرائع مردوں اور عورتوں میں مشترک ہیں پھر مرد متبوع ہوتے ہیں ان کا خطاب کافی ہے۔

تبشیر عام جمیع اہل اسلام بر امتثال احکام: إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ (الی قوله تعالی) أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ مَغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ۝ بے شک اسلام کے کام کرنے والے مرد اور اسلام کے کام کرنے والی عورتیں اور ایمان لانے والے مرد اور ایمان لانے والی عورتیں (پس اس تفسیر پر اسلام سے مراد اعمال نماز، روزہ، زکوۃ، حج وغیرہا ہوئے اور ایمان سے مراد عقائد ہوئے۔ جیسا صحیحین میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کے پوچھنے پر حضور ﷺ کا یہی جواب دینا مروی ہے) اور فرمانبرداری کرنے والے مرد اور فرمانبرداری کرنے والی عورتیں (اس میں اشارہ ہے کہ اعمال و عقائد ان کے محض براہ انقیاد ہیں ان میں کچھ پس و پیش یا کراہت نہیں ہے) اور راست باز مرد اور راست باز عورتیں (اس میں صدق فی القول و فی العمل و فی النیت و فی الایمان سب آ گیا یعنی نہ وہ کاذب فی الکلام ہیں نہ عمل میں کم ہمت اور سست ہیں نہ نیت میں ریا کار ہیں اور نہ منافق ہیں) اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں (اس میں سب اقسام صبر کے آ گئے۔ صبر طاعات پر اور صبر معاصی سے اور صبر مصائب پر) اور خشوع (خضوع) کرنے والے مرد اور خشوع (خضوع) کرنے والی عورتیں (اس میں تواضع جو ضد تکبر کی ہے وہ بھی داخل ہے اور نماز اور عبادات میں توجہ قلب اور جوارح سے بھی داخل ہے) اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں (اس میں زکوۃ اور صدقات نافلہ سب داخل ہیں) اور روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں (اس میں بھی روزہ فرض اور نفل سب آ گیا) اور اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور بکثرت خدا کی یاد کرنے والے مرد اور یاد کرنے والی عورتیں (یعنی جو اذکار مفروضہ کے علاوہ اذکار نافلہ کو بھی ادا کرتے ہیں) ان سب کے لئے اللہ تعالیٰ نے مغفرت اور اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔

البلاغۃ: قوله لهم فيه تغليب ولعل الاكتفاء بضمير المذكر اشارة الى ان الذكورهم الاصول ومن ثم لم يصرح بذكر النساء فى الاكثر ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ
وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ۞ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْۤ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ
عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ
تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْۤ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا
مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۞ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا
مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ۞ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا
اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۞ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ
وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۞ ع ۵ ۲

اور کسی ایماندار مرد اور کسی ایمان دار عورت کو گنجائش نہیں ہے جب کہ اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام کا حکم دے دیں کہ (پھر) ان کو ان (مؤمنین) کے اس کام میں کوئی اختیار (باقی) رہے اور جو شخص اللہ کا اور اس کے رسول کا کہنا نہ مانے گا وہ صریح گمراہی میں پڑا۔ اور جب آپ اس شخص سے فرما رہے تھے جس پر اللہ تعالیٰ نے بھی انعام کیا اور آپ نے بھی انعام کیا کہ اپنی بی بی (زینب) کو اپنی زوجیت میں رہنے دے اور اللہ سے ڈر اور آپ اپنے دل میں وہ (بات بھی) چھپائے ہوئے تھے جس کو اللہ تعالیٰ آخر میں ظاہر کرنے والا تھا اور آپ لوگوں (کے طعن سے) اندیشہ کرتے تھے اور ڈرنا تو آپ کو اللہ ہی سے زیادہ سزاوار ہے۔ پھر جب زید کا اس سے جی بھر گیا۔ ہم نے آپ سے اس کا نکاح کر دیا تاکہ مسلمانوں پر اپنے منہ بولے بیٹوں کی بیبیوں کے (نکاح کے) بارے میں کچھ تنگی نہ رہے۔ جب وہ (منہ بولے) ان سے اپنا جی بھر چکیں اور اللہ کا یہ حکم تو ہونے والا تھا ہی اور ان پیغمبر کیلئے جو بات (تکوینیاً یا تشریعاً) اللہ تعالیٰ نے مقرر کر دی۔ اس میں ان کو کوئی الزام نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان (پیغمبروں) کے حق میں (بھی) یہی معمول کر رکھا ہے جو پہلے ہو گزرے ہیں اور اللہ کا حکم تجویز کیا ہوا (پہلے سے) ہوتا ہے۔ یہ سب (پیغمبران گزشتہ) ایسے تھے کہ اللہ کے احکام پہنچایا کرتے تھے اور (اس باب میں) اللہ ہی سے ڈرتے تھے اور اللہ کے سوا کسی سے نہ ڈرتے تھے اور اللہ حساب لینے کے لئے کافی ہے۔ محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں۔ لیکن اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں پر ختم ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر چند جگہ بیان ہوا ہے کہ اعظم مقاصد سورت آپ کی تعظیم و اجلال و اطاعت کا اہتمام اور آپ کو ایذاء دینے کی تحریم ہے اور دونوں کے بعض بعض انواع اوپر آ چکے ہیں جن میں نوع دوم ایذاء کی تمہید میں حضرت زید کا قصہ بھی لکھا گیا ہے۔ آگے اسی قصہ کے متعلق دو مضمون ہیں ایک نوع سوم آپ کی تعظیم حق کی اور ایک تفصیل نوع دوم ایذاء کی جو اوپر اجمالاً آئی تھی۔ سبب نزول مضمون اول کا یہ ہے کہ حضور ﷺ نے ان حضرت زید کا نکاح اپنی پھوپھی زاد بہن حضرت زینبؓ سے کرنا چاہا چونکہ حضرت زید عام میں غلام مشہور ہو چکے تھے حضرت زینبؓ نے اور ان کے بھائی حضرت عبداللہ بن جحشؓ نے اس نکاح کی منظوری سے عذر کیا۔ اس پر مضمون اول کی آیت نازل ہوئی : وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ...... اور مضمون ثانی کا سبب نزول یہ ہے کہ جب آیت اولیٰ کے نزول پر نکاح منظور کر لیا گیا اتفاق سے باہم مزاجوں میں توافق نہ ہوا حضرت زید نے طلاق دینا چاہی اور حضور ﷺ سے مشورہ کیا آپؐ نے فہمائش کی کہ طلاق مت دو مگر جب کسی طرح موافقت نہ ہوئی آخر پھر طلاق کا عزم ظاہر کیا اس وقت آپ کو وحی سے معلوم ہوا کہ زید ضرور طلاق دیں گے اور زینبؓ کا نکاح آپ سے ہوگا۔ اوردہ فی الروح بروایۃ الحکیم الترمذی وغیرہ من الامام زین العابدین علی بن الحسین اور اس وقت مصلحت بھی یہی تھا کیونکہ اول تو یہ نکاح خلاف مرضی ہونے سے موجب رنج طبعی ہوا تھا پھر اس پر طلاق دینا اور زیادہ موجب کلفت و دل شکنی تھا۔ اس دل شکنی کا تدارک جس سے حضرت زینب کی اشک شوئی ہو سکتی تھی اس سے بہتر اور کوئی نہ تھا کہ حضور ان سے نکاح کر کے انکی دلجوئی اور قدر افزائی فرماویں مگر ساتھ ہی خیال تھا طعن عوام کا مگر حکم الٰہی سے نکاح ہوا جس میں علاوہ مصلحت مذکورہ خاصہ کے مصلحت شرعیہ عامہ یہ تھی کہ متبنّیٰ کی زوجہ سے نکاح کی حلت فعل رسول اللہؐ سے بھی ثابت ہو جاوے کما قال تعالیٰ: لِكَيْ لَا يَكُوْنَ...... کہ تشریع قولی کے ساتھ تشریع فعلی کا انضمام زیادہ مؤکد و مقوی حکم و رافع وساوس و شکوک ہے پس پچھلی آیتیں اس کے متعلق نازل ہوئیں۔

www.besturdubooks.net

نوع سوم جلالت شانِ رسول ؐ بیان وجوب اطاعت حضرت ایشاں وتفصیل جواب نوع دوم ایذاء کہ طعن بود بر نکاح زینب رضی اللہ عنہا:

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ (الی قولہ تعالی) وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا اور کسی ایماندار مرد اور کسی ایماندار عورت کو گنجائش نہیں جبکہ اللہ اور اس کا رسول کسی کام کا (گو وہ دنیا ہی کی بات کیوں نہ ہو وجوباً) حکم دے دیں کہ (پھر) ان (مؤمنین) کو ان کے اس کام میں کوئی اختیار (باقی) رہے (یعنی اس اختیار کی گنجائش نہیں رہتی کہ خواہ کریں یا نہ کریں بلکہ عمل ہی کرنا واجب ہوتا ہے) اور جو شخص (بعد حکم وجوبی کے) اللہ کا اور اس کے رسول کا کہنا نہ مانے گا وہ صریح گمراہی میں پڑا (یہاں مؤمن کے عموم میں حضرت عبداللہ بن جحش ؓ اور مؤمنہ کے عموم میں حضرت زینب بنت جحش ؓ اور اَمْرِهِمْ کے عموم میں حضرت زید ؓ سے نکاح کرنا داخل ہیں۔ چنانچہ اس آیت کے سننے کے بعد وہ نکاح منظور کر لیا) اور (آگے اس نکاح کے بعد کا قصہ ہے کہ اس وقت کو یاد کیجئے) جب آپ (فہمائش ومشورہ کے طور سے) اس شخص سے فرما رہے تھے جس پر اللہ نے بھی انعام کیا (کہ اسلام کی توفیق دی کہ انعام دینی ہے اور غلامی سے چھڑایا کہ نعمت دنیویہ ہے) اور آپ نے بھی انعام کیا (تعلیم دین فرمائی اور آزاد کیا اور پھوپھی زاد بہن سے نکاح کرایا مراد زید ہے کہ آپ ان کو سمجھا رہے تھے) کہ اپنی بی بی (زینب) کو اپنی زوجیت میں رہنے دے (اور اس کی معمولی خطاؤں پر نظر نہ کرے کہ گا ہے اس سے ناموافقت ہو جاتی ہے) اور خدا سے ڈر (اور اس کے حقوق میں بھی کوتاہی نہ کر کہ گا ہے اس سے ناموافقت ہو جاتی ہے) اور (جب شکایتیں حد سے متجاوز ہو گئیں اور قرائن سے اصلاح وتوافق کی امید نہ رہی تو اس وقت فہمائش کے ساتھ) آپ اپنے دل میں وہ بات (بھی) چھپائے ہوئے تھے جس کو اللہ تعالیٰ (آخر میں) ظاہر کرنے والا تھا (مراد اس سے نکاح ہے حضرت زینب ؓ سے درصورت تطلیق زید کے جس کو حق تعالیٰ نے زَوَّجْنٰكَهَا میں قولاً اور خود نکاح واقع کر دینے سے فعلاً ظاہر فرمایا) اور (اس ارادۂ معلقہ نکاح کے ساتھ ہی) آپ لوگوں (کے طعن) سے (بھی) اندیشہ کرتے تھے (کیونکہ اس وقت تک اس نکاح میں مصلحت دینیہ ہونا ذہن مبارک میں نہ آیا ہوگا محض دنیوی مصلحت خاص حضرت زینب کے خیال میں ہوگی اور امورِ دنیویہ میں ایسا اندیشہ ہونا مضائقہ نہیں بلکہ بعض حیثیتوں سے مطلوب ہے جبکہ اعتراض سے دوسروں کی دین کی خرابی کا احتمال ہو اور ان کو اس سے بچانا مقصود ہو) اور ڈرنا تو آپ کو خدا ہی سے زیادہ سزاوار ہے (یعنی چونکہ واقع میں اس میں دینی مصلحت ہے جیسا آگے لِكَیْ لَا یَكُوْنَ ...... میں مذکور ہے اس لئے خلق سے اندیشہ نہ کیجئے۔ چنانچہ بعد اطلاع مصلحت دینیہ کے پھر اندیشہ آپ نے نہیں کیا اور ارادۂ نکاح میں تو کیا اندیشہ ہوتا خود نکاح کے بعد بھی اندیشہ نہیں کیا جس کا قصہ آگے ہے کہ) پھر جب زید کا اس (زینب) سے جی بھر گیا (یعنی طلاق دے دی اور عدت بھی گزر گئی تو) ہم نے آپ سے اس کا نکاح کر دیا تاکہ مسلمانوں پر اپنے منہ بولے بیٹوں کی بیبیوں کے (نکاح کے) بارہ میں کچھ تنگی نہ رہے جب وہ (منہ بولے بیٹے) ان سے اپنا جی بھر چکیں (یعنی طلاق دے دیں مطلب یہ ہے کہ اس تشریع کا اظہار ہم کو مقصود تھا) اور خدا کا یہ حکم تو ہونے والا تھا ہی (کیونکہ حکمت اس کو مقتضی تھی آگے طعن کا جواب ہے کہ) ان پیغمبر کے لئے خدا تعالیٰ نے جو بات (تکویناً تشریعاً) مقرر کر دی تھی اس میں نبی پر کوئی الزام (اور طعن کی بات) نہیں اللہ تعالیٰ نے ان (پیغمبروں کے) کے حق میں (بھی) یہی معلوم کر رکھا ہے جو پہلے ہو گزرے ہیں (کہ ان کو جس امر کی اجازت ہوتی ہے بے تکلف وہ اس کو کرتے رہے ہیں اور محل طعن نہیں ہو سکے ایسے ہی یہ نبی بھی محل اعتراض نہیں) اور (ان پیغمبروں کے بھی اس قسم کے جتنے کام ہوئے ان سب کے بارے میں بھی) اللہ کا حکم تجویز کیا ہوا (پہلے سے) ہوتا ہے (اور اسی کے موافق ان کو حکم ہوتا ہے اور وہ عمل کرتے ہیں شاید آپ کے قصہ میں اس مضمون کو لانا اور پھر انبیاء کے تذکرہ میں اس کو مکرر لانا اس طرف[1] اشارہ ہو کہ ایسے امور مثل تمام امور کائنہ کے ایسے متضمن حکمت ہوتے ہیں کہ پہلے ہی سے علم الٰہی ہی میں تجویز ہو چکتے ہیں پھر نبی پر طعن کرنا اللہ پر طعن کرنا ہے بخلاف ان امور کے جن پر خود حق تعالیٰ ملامت فرماویں گو وہ مقدر ہونے کی وجہ سے متضمن حکمت ہوں مگر محل ملامت ہونا دلیل ہے اس کے تضمن مفاسد کی اس لئے ان مفاسد کے اعتبار سے ان پر نکیر جائز ہے۔ آگے ایک مدح خاص ہے ان پیغمبروں کی تاکہ آپ کو تسلی ہو یعنی) یہ سب (پیغمبرانِ گزشتہ) ایسے تھے کہ اللہ تعالیٰ کے احکام پہنچایا کرتے تھے (اگر تبلیغ قولی کے مامور ہوئے تو قولاً اور اگر تبلیغ فعلی کے مامور ہوئے تو فعلاً) اور (اس باب میں) اللہ ہی سے ڈرتے تھے اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے تھے (پس آپ کو بھی جب تک معلوم نہ تھا کہ یہ نکاح تبلیغ فعل ہے اندیشہ ہونا مضائقہ نہیں لیکن اب جب یہ بات معلوم ہو گئی تو آپ بھی اندیشہ نہ کیجئے جیسا کہ مقتضا ہے شانِ رسالت کا' چنانچہ اس کے انکشاف کے بعد پھر آپ نے اندیشہ نہیں کیا اور باوجودیکہ خود آپ کو رسالات میں خشیت نہیں ہوئی نہ اس کا احتمال تھا پھر بھی انبیاء کا قصہ سنانا زیادہ تقویت قلب کے لئے ہے) اور (آپ کی اور زیادہ تسلی کے لئے فرماتے ہیں کہ) اللہ (اعمال کا) حساب لینے کے لئے کافی ہے (پھر کسی سے کاہے کا ڈر' نیز آپ کے طاعنین کو بھی سزا دے گا آپ طعن سے مغموم نہ ہوجئے یہ اوپر تو اس فعل کا استحسان مذکور ہوا ہے آگے اس کے استہجان کا جواب ہے جس کا معترضین دعویٰ کرتے تھے یعنی) محمد (ﷺ) تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں (یعنی جو لوگ رسول اللہ ﷺ سے علاقۂ اولاد نہیں رکھتے جیسا مِنْ رِّجَالِكُمْ ...... کی اضافت سے قطع اضافت آپ سے مقصود ہے۔ آپ کو ان لوگوں کے ساتھ ایسی ابوت حاصل نہیں جو کسی دلیل صحیح سے موجب تحریم اس کی زوجہ کی ہو جاوے' پھر جب طعن کا مبنیٰ ہی باطل ہے تو مبنی بھی محض فاسد ہے) لیکن

www.besturdubooks.net

(ہاں ایک دوسری ابوت روحانی بے شک حاصل ہے چنانچہ) آپ اللہ کے رسول ہیں (اور رسول روحانی مربی ہونے سے اب روحانی ہوتا ہے) اور (اس ابوت روحانیہ میں اس درجہ کامل ہیں کہ سب رسولوں سے اکمل وافضل ہیں۔ چنانچہ آپ) سب نبیوں کے ختم پر ہیں (اور جو نبی ایسا ہوگا وہ ابوت روحانیہ میں سب سے بڑھ کر ہوگا کیونکہ اوروں کی تربیت تو غیر مؤبد ہوگی اور ایسے نبی کی ابوت مؤبد ہوگی اور خاتم کا دورۂ نبوت اگر اور انبیاء کے زمانہ سے زیادہ بھی نہ ہوتا تب بھی ابوت کی تقویت کیفیہ کے لئے نفس تابید ہی کافی ہو جاتی اور جب زمانہ بھی اوروں سے زیادہ ہوگیا تو تقویت کمیہ بھی منضم ہوکر زیادہ قوت ہوگئی اور اگر عموم بعثت پر بھی لحاظ کیا جاوے تو اور زیادہ قوت ثابت ہوگئی۔ مطلب یہ کہ ابوت جسمانیہ تو ہے نہیں جو موجب اعتراض ہوتی البتہ ابوت روحانیہ بدرجہ کمال ہے اور وہ خود قاطع اعتراض ہے کیونکہ نبی کا اعتقاد اور اس کیلئے انقیاد فرض ہے) اور (اگر یہ وسوسہ ہو کہ یہ نکاح ناجائز تو نہیں لیکن اگر نہ ہوتا تو بہتر تھا کہ اعتراض کا موقع ہی نہ ہوتا تو یہ سمجھ لینا چاہئے کہ) اللہ تعالیٰ ہر چیز (کے باوجود یا عدم کی مصلحت) کو خوب جانتا ہے (پس اس کے وجود ہی میں مصلحت تھی اس لئے نبی ﷺ کے لئے تجویز کیا گیا) ف: آیت وَمَا كَانَ ...... میں مِنْ اَمْرِهِمْ عام ہے امر دینی وامر دنیوی کو پس امور دنیویہ میں بھی اگر آپ جزماً کوئی حکم فرماویں واجب العمل ہوگا اور حدیث تابیر میں جو ارشاد ہے انتم اعلم بامور دنیاکم۔ یہ اس صورت میں ہے جب آپ محض رائے اور مشورہ کے طور پر فرماویں اور رہا یہ کہ پھر بلا جزم فرمانے میں تو امور دینیہ میں بھی اتباع واجب نہیں جیسے نوافل میں پھر حدیث تابیر میں ارشاد مذکور کا مقابلہ اذا امرتکم بشیء من الدین سے کیا۔ معنی جواب یہ ہے کہ امر دینی میں ایک اتباع مطلقاً واجب ہے یعنی اعتقاد بخلاف امر دنیا کے کہ اس کی مصلحت اور نافع ہونے کا اعتقاد بھی واجب نہیں اور چونکہ حضرت زید کو قرائن سے معلوم ہوگیا ہوگا کہ آپ بطور رائے ومشورہ کے عدم تطلیق کے لئے فرما رہے ہیں اس کو نہ ماننا مَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ میں داخل نہ ہوا جیسا حضرت بریرہؓ کو مغیثؓ کے پاس رہنے کو فرمایا اور انہوں نے یہ تحقیق کر کے محض شفاعت ہے امر نہیں ہے منظور نہیں کیا اور ملامت نہیں ہوئی اور حضرت عبداللہ و حضرت زینبؓ سے جزماً ارشاد فرمایا ہوگا اور آیت اِذْ تَقُوْلُ میں یاد دلانا جس سے ایک معاتبۂ محبت مترشح ہے یہ بات بتلاتا ہے کہ آپ کو جب وحی سے اپنے ساتھ آئندہ تزوج ہونا معلوم تھا فہمائش مناسب نہ تھی اور گو فہمائش اس لئے اس کے منافی بھی نہیں کہ وقت تزوج ثانی کا معلوم نہ ہوگا آپ چاہتے ہوں گے کہ جب تک وہ وقت نہ آوے ابقائے زوجیت ہی بہتر ہے اور مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ کی تفسیر محبت وغیرہ سے کرنا جیسا بعض اقوال شاذہ وغیر مستندہ الی الدلیل الصحیح میں ہے صحیح نہیں کیونکہ ان سے پوچھا جاوے گا کہ پھر اللہ تعالیٰ نے اس کا ابداء کہاں کیا بخلاف تفسیر بالنکاح کے کہ زَوَّجْنٰكَهَا میں اس کا ابداء ہوا ہے اور زَوَّجْنٰكَهَا سے آیا یہ مراد ہے کہ ظاہری نکاح کی بھی حاجت نہیں یا یہ کہ ہم حکم کرتے ہیں کہ نکاح کرلو دونوں طرف مفسر گئے ہیں اور ہر ایک دوسری روایات میں تاویل مناسب کر لے گا اور جو تفسیر رِّجَالِكُمْ کی کی گئی ہے اس میں نساء بھی شریک ہیں مگر کلام زید میں ہو رہا ہے اس لئے ذکر میں رجال کی تخصیص کی گئی اور نساء کی زوجات سے نکاح کے کوئی معنی بھی نہیں اور عیسیٰ علیہ السلام کو نبی ہوں گے مگر ان کی نبوت حادث نہ ہوگی اور مستقل ہو کر نہ آویں گے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَ تَخْشَى النَّاسَ ۚ ...... یعنی لوگوں کے اعتراض سے ڈرتے تھے۔ اس میں دلالت ہے کہ جس فعل میں کوئی دینی مصلحت ہو جیسے اس قصہ میں مصلحت تھی اس میں ملامت کی پرواہ نہ کرنا چاہئے اور وہ مصلحت وہ ہے جس کو حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے: لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ البتہ جس میں بجائے مصلحت کے عام مؤمنین کے لئے کوئی مفسدہ ومضرت ہو اس میں احتیاط کرنا چاہئے جیسے حضور ﷺ نے حطیم میں کیا۔ قولہ تعالیٰ: مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ اس پر دال ہے کہ معنوی باپ جیسے شیخ کا حکم جسی باپ کا سا نہیں مثلاً میراث یا وجوب نفقہ یا حرمت نکاح۔ پس بعض جہلاء کا جو خیال ہے کہ مرید نی پردہ نہ کرے یا مرید نی سے نکاح درست نہیں محض غلط ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) مطلب یہ کہ دوبارہ جس عنوان سے یہ مضمون لایا گیا ہے یعنی قَدَرًا مَّقْدُوْرًا اس عنوان خاص میں اشارہ ہے کہ جب یہ ہمارا تجویز کیا ہوا تھا تو پھر کیا ہم پر اعتراض کیا جاتا ہے یہ نکتہ اول عنوان یعنی مفعولا میں نہ تھا کیونکہ وہ بمادتہ صرف وقوع پر دال ہے نسبت الی اللہ بالتقدیر پر دال نہیں اور آگے چل کر جو یہ عبارت ہے بخلاف ان امور کے الخ اس کو اس اشارہ میں دخل نہیں مستقل جواب ہے سوال مقدر کا ۱۲ منہ۔ (۲) ای حال زید من انعام الرسول علیہ یعنی کونہ منعما علیہ الذی من لوازمہ الانبساط وعدم الاحتشام یقتضی ان لا یظھر ﷺ خلاف ما فی ضمیرہ ۱۲ منہ۔

فائدۃ: متعلقۃ بقولہ تعالیٰ ما کان محمد الخ قد ذکروا اشکالًا فی الآیۃ وھو ان سیاقھا لنفی ابوتہ علیہ السلام لزید فیرد بہ علی المعترض فان ارید بالابوۃ الحقیقیۃ اللغویۃ لم تلایم السیاق ولم یحصل بھا الرد المذکور اذ لم یکن احد یزعم انہ ﷺ کان ابا لزید بالولادۃ وان ارید بھا الابوۃ المجازیۃ لم یسلموا نفیھا لتحققھا عندھم بالتبنی وبما قررت الآیۃ انحل ھذا الاشکال فتامل فی قولی ایسی ابوت حاصل نہیں جو کسی دلیل صحیح سے الخ۔

اللغات: خیرۃ مصدر ۱۲۔ قولہ امسک تعدیۃ بعلی لتضمنہ معنی الحبس۔ قولہ قضی وطرا ای طلقھا ومعنی الوطر الحاجۃ لان

www.besturdubooks.net

الطلاق یکون اذا لم یبق حاجة الی المرأة۔ قوله خاتم بکسر التاء اسم فاعل من الختم وبفتح التاء یا نختم به فالکلام علی التشبیه البلیغ ای کالخاتم۔

البلاغۃ: قوله ان یکون لهم الخیرة من امرهم وضمیر لهم عائد الی النکرة باعتبار المعنی وکذا فی امرهم ولعل الفائدة فی العدول عن الظاهر فی الضمیر الاول بان یقال له علی ما قال الطیبی الایذان بانه کما لا یصح لکل فرد فرد من المؤمنین ان یکون لهم الخیرة کذلك لا یصح ان یجتمعوا علی کلمة واحدة لان تاثیر الجماعة واتفاقهم اقوی من تاثیر الواحد ویستفاد منه فائدة الجمع فی الضمیر الثانی وکذا وجه افراد الامر اذا امعن النظر اہ من الروح۔ قوله للذی انعم الله علیه فی الروح وایراده بالعنوان المذکور کما قال شیخ الاسلام لبیان منافاة[۲] حاله لما صدر عنه علیه السلام من اظهار خلاف ما فی ضمیره الشریف اذ هو انما یقع عند الاستحیاء والاحتشام وکلاهما مما لا یتصور فی حق زید رضی الله تعالی عنه۔

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا ﴿٤١﴾ وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ﴿٤٢﴾ هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا ﴿٤٣﴾ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهُ سَلَامٌ ۚ وَأَعَدَّ لَهُمْ أَجْرًا كَرِيمًا ﴿٤٤﴾ يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ﴿٤٥﴾ وَدَاعِيًا إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُنِيرًا ﴿٤٦﴾ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُمْ مِنَ اللَّهِ فَضْلًا كَبِيرًا ﴿٤٧﴾ وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ وَدَعْ أَذَاهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ وَكَفَى بِاللَّهِ وَكِيلًا ﴿٤٨﴾

کہ وہ (خواہ بھی) اور اس کے فرشتے تم پر رحمت بھیجتے رہتے ہیں تاکہ حق تعالیٰ تم کو تاریکیوں سے نور کی طرف لے آئے اور اللہ تعالیٰ مؤمنین پر بہت مہربان ہے۔ وہ جس روز اللہ سے ملیں گے تو ان کو جو سلام ہوگا وہ یہ ہوگا کہ السلام علیکم اور اللہ نے ان کے لئے عمدہ صلہ (جنت میں) تیار کر رکھا ہے۔ اے نبی ہم نے بے شک آپ کو اس شان کا رسول بنا کر بھیجا ہے کہ آپ گواہ ہوں گے اور آپ (مؤمنوں کو) بشارت دینے والے ہیں اور (کفار) کو ڈرانے والے ہیں اور سب کو اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلانے والے ہیں اور آپ کو ایک روشن چراغ ہیں اور مؤمنین کو بشارت دیجئے کہ ان پر اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہونے والا ہے اور کافروں اور منافقوں کا کہنا نہ کیجئے اور ان کی طرف سے جو ایذا پہنچے اس کا خیال نہ کیجئے اور اللہ پر بھروسہ کیجئے اللہ کافی کارساز ہے۔

تفسیر ربط: اوپر نکاح زینبؓ کے متعلق دفع طعن تھا اور اس کے ضمن میں آپ کی فضیلت رسالت وختم نبوت کا ذکر تھا جس کا نفع تمام عام مسلمانوں کی طرف ہے آگے مسلمانوں کو اس احسانِ عظیم کے شکریہ میں خصوص کے ساتھ ذکر وطاعت کا حکم اور زیادت ترغیب ذکر وطاعات کے لئے اپنے اور بھی احسانات عاجلہ و آجلہ کی حکایت اور بشارت اور دفع طعن واثبات فضیلت نبویہ کی تقویت کے لئے آپ کے بعض اور فضائل مع آپ کے تسلیہ کے ارشاد فرماتے ہیں اور یہ بیان فضائل نوع چہارم ہے جلالت شانِ نبوی کی۔

خطاب بمؤمنین بذکر بعض منن وخطاب رسول ﷺ ببعض فضائل از اجلال حضرت ایشان مع تسلیہ:

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا (الی قوله تعالی) وَكَفَى بِاللَّهِ وَكِيلًا ﴿٤٨﴾ اے ایمان والو! تم (احسانات الٰہیہ کو عموماً اور ایسے اکمل رسل کی بعثت کے احسان کو خصوصاً یاد کر کے اس کا یہ شکریہ ادا کرو کہ) اللہ کو خوب کثرت سے یاد کرو (اس میں سب طاعات آ گئیں) اور (اس ذکر وطاعت پر دوام رکھو پس) صبح وشام (یعنی علی الدوام) اس کی تسبیح و (تقدیس) کرتے رہو (جناناً بھی ارکاناً بھی لساناً بھی' پس جملہ اولیٰ سے عموم اعمال وطاعات کا اور جملہ ثانیہ میں عموم ازمنہ واوقات کا حاصل ہو گیا یعنی نہ تو ایسا کرو کہ کوئی حکم بجالائے اور کوئی نہ بجالائے اور نہ ایسا کرو کہ کسی دن کوئی کام کر لیا' کسی دن نہ کیا اور جیسا اس نے تم پر بہت سے احسان کئے ہیں وہ آئندہ بھی کرتا رہتا ہے۔ پس بالضرور وہ مستحق ذکر وشکر ہے چنانچہ) وہ ایسا (رحیم) ہے کہ وہ (خود بھی) اور (اس کے حکم سے) اس کے فرشتے (بھی) تم پر رحمت بھیجتے رہتے ہیں (اس کا رحمت بھیجنا تو رحمت کرنا ہے اور فرشتوں کا رحمت بھیجنا رحمت کی دعاء کرنا ہے۔ کما قال الَّذِينَ يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ (الی قوله تعالی) وَقِهِمُ السَّيِّئَاتِ [المؤمن ۷ تا ۹] اور یہ رحمت بھیجنا اس لئے ہے) تاکہ حق تعالیٰ (ببرکت اس رحمت کے) تم کو (جہالت و ضلالت کی) تاریکیوں سے (علم اور ہدایت کے نور) کی طرف لے آوے (یعنی خدائی رحمت اور دعائے ملائکہ کی برکت ہے کہ تم کو علم اور ہدایت کی توفیق اور

www.besturdubooks.net

اس پر ثبات حاصل ہے کہ یہ نعمت ہر وقت متجدد ہوتی رہتی ہے) اور (اس سے ثابت ہوا کہ) اللہ تعالیٰ مؤمنین پر بہت مہربان ہے (اور یہ رحمت تو مؤمنین کے حال پر دنیا میں ہے اور آخرت میں بھی وہ مورد رحمت ہوں گے چنانچہ) وہ جس روز اللہ سے ملیں گے تو ان کو جو سلام ہوگا وہ یہ ہوگا کہ (اللہ تعالیٰ خود ان سے ارشاد فرماوے گا) السلام علیکم (کہ اولاً خود سلام ہی علامت اعزاز کی ہے پھر جبکہ خود اللہ تعالیٰ کی طرف سے سلام ہو کما قال: سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ [يٰسٓ : ۵۷] اور حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ خود اہل جنت سے فرماوے گا السلام علیکم رواہ ابن ماجۃ وغیرہ اور یہ سلام تو روحانی انعام ہے جس کا حاصل اکرام ہے) اور (آگے جسمانی انعام سقی واطعام کی خبر بعنوان عام ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے ان (مؤمنین کے لئے) عمدہ صلہ (جنت میں) تیار کر رکھا ہے (کہ ان کے جانے کی دیر ہے یہ گئے اور وہ ملا آگے حضور ﷺ کو خطاب ہے کہ) اے نبی (آپ مشتے چند معترضین کے طعن سے مغموم نہ ہوں اگر یہ سفہاء آپ کو نہ جانیں تو کیا ہوا ہم نے تو ان بڑی بڑی نعمتوں اور رحمتوں کا جو کہ خطاب مؤمنین میں مذکور ہوئی ہیں آپ ہی کو واسطہ بنایا ہے اور آپ کے مخالفین کی سزا کے لئے خود آپ کا بیان کافی قرار دیا گیا ہے کہ ان کے مقابلہ میں آپ سے ثبوت نہ لیا جاوے گا۔ پس اس سے ظاہر ہے کہ آپ ہمارے نزدیک کس درجہ مقبول ومحبوب ہیں چنانچہ) ہم نے بے شک آپ کو اس شان کا رسول بنا کر بھیجا ہے کہ آپ (قیامت کے روز امت کے اعتبار سے خود سرکاری) گواہ ہوں گے (کہ آپ کے بیان موافق ان کا فیصلہ ہوگا کما قال: اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۬ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ [المزمل : ۱۵] اور ظاہر ہے کہ خود صاحب معاملہ کو دوسرے فریق اہل معاملہ کے مقابلہ میں گواہ قرار دینا اعلیٰ درجہ کا اکرام اور علوشان ہے اس علوشان کا تو قیامت کے روز ظہور ہوگا) اور (دنیا میں جو آپ کی صفات کمال ظاہر ہیں وہ یہ ہیں کہ) آپ (مؤمنین کے) بشارت دینے والے ہیں اور (کفار کے) ڈرانے والے ہیں اور (عام طور پر سب کو) اللہ کی طرف سے اس کے حکم سے بلانے والے ہیں (اور یہ تبشیر و انذار و دعوت تو تبلیغاً ہے) اور (یوں خود اپنی ذات وصفات وکمالات وعبادات وعادات وغیرہا مجموعی حالات کے اعتبار سے) آپ (سرتاپا نمونہ ہدایت ہونے میں بمنزلہ) ایک روشن چراغ (کے) ہیں (کہ آپ کی ہر حالت طالبان انوار کے لئے سرمایۂ ہدایت ہے۔ پس قیامت میں ان مؤمنین پر جو کچھ رحمت ہوگی وہ آپ ہی کی ان صفاتِ بشیر ونذیر وداعی وسراج منیر کے واسطہ سے ہے پس آپ اس غم و پریشانی کو الگ کیجئے) اور (اپنے منصبی کام میں لگئے یعنی) مؤمنین کو بشارت دیجئے کہ ان پر اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہونے والا ہے اور (اسی طرح کافروں اور منافقوں کو ڈراتے رہئے جس کو ایک خاص عنوان سے تعبیر کیا ہے وہ یہ کہ) کافروں اور منافقوں کا کہنا نہ کیجئے (یعنی ان کا طعن واعتراض موجب ترک تبلیغ الیہم نہ ہو جاوے جو ان کی عین مرضی ہے کہ ان کا ایسا چاہنا گویا بدلالت حال اس کا امر ہے اور ترک تبلیغ کا وقوع گو بسبب طعن واعتراض ہی کے کیوں نہ ہو مشابہ موافقت اس امر کے ہے اور ہر چند کہ آپ سے اس کا احتمال نہیں مگر خود رنج مظنہ اس کا فی نفسہ ہوتا ہے اس لئے مقتضی اہتمام کو ہوا اور تنفیر عن الترک کے لئے اس کو اطاعت سے تعبیر کیا۔ غرض مبشر ونذیر ہونے کا حق ادا کرتے رہئے) اور ان (کافروں اور منافقوں) کی طرف سے جو (کوئی) ایذاء پہنچے (جیسا اس نکاح میں کہ تبلیغ فعلی ہے ایذائے قولی پہنچی) اس کا خیال نہ کیجئے اور (فعلی ایذاء کا بھی اندیشہ نہ کیجئے اور اگر وسوسہ آوے تو) اللہ پر بھروسہ کیجئے اور اللہ کافی کارساز ہے (وہ آپ کو ہر ضرر سے بچاوے گا اور اگر تبلیغ میں کوئی ظاہری ضرر پہنچتا ہے وہ باطناً نفع ہوتا ہے وہ وعدۂ کفایت اور وکالت کے منافی نہیں) ف: احقر کے نزدیک چراغ سے تشبیہ دینے میں یہ نکتہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک تو چراغ تک رسائی آسان ہے پھر چراغ سے ہر وقت نور حاصل کرنا ممکن ہے پھر سہل الحصول ہے پھر اس سے نور حاصل کرنے میں اکتساب اور قصد کو بھی دخل ہے پھر صحیح المزاج و صحیح البدن آدمی کو اس سے ناگواری کسی وقت نہیں پھر اس میں شان انیس ہونے کی بھی ہے اور ان سب صفات کو انبیاء علیہم السلام کی شان سے زیادہ مناسبت ہے اور بعض نے سِرَاجًا مُّنِيْرًا سے آفتاب مراد لیا ہے۔ کقولہ تعالیٰ: وَّجَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا [الفرقان : ۶۱] اھ وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ [البقرة : ۱۴۸]

الرِّوَايَاتُ: اخرج عبد بن حميد وابن المنذر قال لما نزلت ان الله وملئكته يصلون على النبى قال ابوبكرؓ ما انزل الله تعالٰى عليك خير الا اشر كنا فيه فنزلت هو الذى يصلى عليكم وملئكته واخرج ابن جرير وابن عكرمة عن الحسن قال لما نزل ليغفر لك الله ما تقدم وما تأخر قالوا يا رسول الله قد علمنا ما يفعل بك فما ذا يفعل بنا فانزل الله تعالٰى وبشر المؤمنين بان لهم من الله فضلاً كبيراً اوردهما فى الروح۔

فائدہ: متعلقه بقوله فى ف تاویل مناسب فما ورد من رواية تزوجها يمكن عمله على معنى صار زوجا لها بتزويج الله تعالٰى وما ورد من رواية دخوله عليها بلا اذن وسوالهاؓ اياه عليه السلام يمكن حمله على زعمها الاحتياج الى الاذن مطلقا ولو فى دخول الزوج على الزوجة وما ورد من تفاخرها على سائر الامهات بنكاحها على السماء فيمكن حمله على معنى نزول الآية مشتملا على ذكر تزوجها وهو مما لا يشاركها فيه غيرها والله اعلم ۱۲۔

اللُّغَاتُ: قوله يصلى عليكم اى يترحم بقرينة رحيمًا و يشترك بين الله تعالٰى والملئكته ولو اختلف حقيقتهما ۱۲۔

www.besturdubooks.net

النحو :قوله تحيتهم المصدر مضاف الى المفعول۔

البلاغۃ :قوله منيرا قيد به لان من السرج ما لا يضئ اذا قل سليطه و قت فتيلته ۱۲۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ
عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَحْلَلْنَا لَكَ
اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْۤ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ
وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ۫ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ
النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۚ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْۤ اَزْوَاجِهِمْ
وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۰﴾ تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ
مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْۤ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ
وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَاۤ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ﴿۵۱﴾ لَا
يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْ بَعْدُ وَلَاۤ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ
ع ۶ ۱۲ ۴ يَمِيْنُكَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿۵۲﴾

اے ایمان والو! تم جب مسلمان عورتوں سے نکاح کرو (اور) پھر تم ان کو قبل ہاتھ لگانے کے (کسی اتفاق سے) طلاق دے دو۔ تو تمہاری ان پر کوئی عدت واجب نہیں۔ جس کو تم شمار کرنے لگو تو ان کو کچھ (مال) متاع دے دو اور خوبی کے ساتھ ان کو رخصت کر دو۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے آپ کے لئے آپ کی یہ بیبیاں جن کو آپ ان کے مہر دے چکے ہیں حلال کی ہیں اور وہ عورتیں بھی جو تمہاری مملوکہ ہیں جو اللہ تعالیٰ نے غنیمت میں آپ کو دلوا دی ہیں آپ کے چچا کی بیٹیاں اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں اور آپ کے ماموں کی بیٹیاں اور آپ کی خالاؤں کی بیٹیاں جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی ہو اور وہ مسلمان عورت بھی جو بلا عوض اپنے آپ کو پیغمبر کو دے دے بشرطیکہ پیغمبر اس کو نکاح میں لانا چاہیں یہ سب آپ کے لئے مخصوص کئے گئے ہیں نہ اور مؤمنین کے لئے ہم کو وہ احکام معلوم ہیں جو ہم نے ان پر ان کی بیبیوں اور لونڈیوں کے بارے میں مقرر کیے ہیں۔ تاکہ آپ پر کسی قسم کی تنگی واقع نہ ہو اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ ان میں سے آپ جس کو چاہیں (اور جب تک چاہیں) اپنے سے دور رکھیں اور جس کو چاہیں (اور جب تک چاہیں) اپنے نزدیک رکھیں اور جن کو دور کر رکھا ہے ان میں پھر کسی کو طلب کریں تب بھی آپ پر کوئی گناہ نہیں اس میں زیادہ توقع ہے کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں گی اور آزردہ خاطر نہ ہوں گی اور جو کچھ بھی آپ ان کو دیں گے اس پر سب کی سب راضی رہیں گی اور اللہ تعالیٰ کو تم لوگوں کے دلوں کی سب باتیں معلوم ہیں اور اللہ تعالیٰ (یہی کیا) سب کچھ جاننے والا ہے بردبار ہے۔ ان کے علاوہ اور عورتیں آپ کے لئے حلال نہیں ہیں اور نہ یہ درست ہے کہ آپ ان (موجودہ) بیبیوں کی جگہ دوسری بیبیاں کرلیں۔ اگرچہ آپ کو ان (دوسریوں) کا حسن اچھا معلوم ہو مگر جو آپ کو مملوک ہو اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کی حقیقت اور آغاز و مصالح کا پورا نگران ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر منجملہ انواع جلالت شانِ نبوی کے کہ منجملہ اعظم مقاصد سورت ہے جیسا تمہید میں معلوم ہوا چار نوعیں آیات میں متفرقاً مذکور ہوئی ہیں آگے اس کی نوع پنجم آتی ہے جس کا حاصل آپ کا اختصاص ہے بعض احکام نکاح کے ساتھ اور اختصاص کا دلیل شرف ہونا ظاہر ہے۔ اصل یہ مضمون يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَحْلَلْنَا سے چلا ہے لیکن تاکید تحقیق اختصاص کے لئے کہ عدم وجدان فی غیر المختص بہ اور اس کے مفہوم کا جزو ہے اصل مضمون سے پہلے ایک حکم متعلق بنکاح عام مؤمنین جس کا اثر طلاق سے ظاہر ہوا ہے لایا گیا جس سے تمایز احکام امت و نبی کا خوب ظاہر ہو سکتا ہے۔ چنانچہ ان آیات میں: خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ فرمانا اور: قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فرمانا تمایز مذکور کے مقصود فی المقام والکلام ہونے کا صاف قرینہ ہے۔

www.besturdubooks.net

خطاب بمؤمنین بعض احکام طلاق قبل المس وخطاب رسول بعض احکام خاصہ متعلقہ نکاح کہ نوع پنجم است از اجلال حضرت ایشاں

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ (الی قولہ تعالٰی) وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ رَّقِیْبًا اے ایمان والو (تمہارے نکاح کے احکام میں سے تو ایک حکم یہ ہے کہ) تم جب مسلمان عورتوں سے نکاح کرو (اور) پھر تم ان کو قبل ہاتھ لگانے کے (کسی اتفاق سے) طلاق دے دو تو تمہاری ان پر کوئی عدت (واجب) نہیں جس کو تم شمار کرنے لگو (تاکہ ان کو اس عدت میں نکاح ثانی کرنے سے روک سکو جیسا کہ عدت کی صورت میں شرعاً یہ روکنا جائز بلکہ واجب ہے اور جب اس صورت میں عدت نہیں) تو ان کو کچھ (مال) متاع دے دو اور خوبی کے ساتھ ان کو رخصت کر دو (اور مؤمنات کی مثل کتابیات کا بھی حکم ہے پس یہ قید بیان اولٰی واحری کے لئے ہے کہ مومن کو مومنہ سے نکاح زیادہ بہتر ہے اور ہاتھ لگانا کنایہ صحبت سے ہے حقیقتاً یا حکماً مثل خلوت صحیحہ کے پس دونوں سے عدت واجب ہے۔ کذا فی الهدایة وغیرها اور متاع میں یہ تفصیل ہے کہ اگر اس کا مہر مقرر نہیں ہوا تو یہ متاع ایک جوڑا ہے وقد مر فی تفسیر ایة البقرة :لَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ ...... [البقرة : ۲۳۶] اور اگر مہر مقرر ہوا ہے تو یہ متاع نصف مہر ہے کما فی قولہ تعالٰی ھنالك : وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ [البقرة : ۲۳۷] اور سراح جمیل یہ کہ اساک بلا حق نہ کرے اس کا متاع واجب نہ رکھے اور دیا ہوا واپس نہ لے کوئی سخت بات نہ کہے یہ حکم تو مثل دیگر احکام مذکورۂ آیات دیگر مجملہ احکام متعلقہ عام مسلمین ہے اور) اے نبی (بعض احکام آپ کے ساتھ مخصوص ہیں جن سے آپ کا اختصاص اور شرف بھی ثابت ہوتا ہے ان میں سے بعض یہ ہیں۔

حکم اول: ہم نے آپ کے لئے آپ کی یہ بیبیاں (جو کہ اس وقت آپ کی خدمت میں حاضر ہیں اور) جن کو آپ ان کے مہر دے چکے ہیں (باوجود زیادت عدد کے) حلال کی ہیں۔

حکم دوم: اور وہ عورتیں بھی (خاص طور پر حلال کی ہیں) جو تمہاری مملوکہ ہیں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو غنیمت میں دلوادی ہیں (اس خاص طور کا بیان بذیل ف آوے گا، حکم سوم) اور آپ کے چچا کی بیٹیاں اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں ہیں یعنی ان سب کو) بھی (اللہ تعالیٰ نے آپ کے لئے حلال کیا ہے مگر یہ خاندان کی عورتیں مطلقاً نہیں بلکہ ان میں سے صرف وہی) جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی ہو (ساتھ کا مطلب یہ کہ اس عمل میں موافقت کی ہو اور معیت زمانیہ کی قید نہیں ہے اور اس قید سے وہ نکل گئیں جو مہاجر نہ ہوں۔

حکم چہارم: اور اس مسلمان عورت کو بھی (آپ کے لئے حلال کیا) جو بلا عوض (یعنی بلا مہر) اپنے کو پیغمبر کو دے دے (یعنی نکاح میں آنا چاہے) بشرطیکہ پیغمبر اس کو نکاح میں لانا چاہیں (اور مسلمانوں کی قید سے کافرہ نکل گئی کہ حضور ﷺ کو اس سے نکاح درست نہ تھا اور یہ حکم پنجم ہے اور (یہ سب (احکام) آپ کے لئے مخصوص کئے گئے ہیں نہ اور مؤمنین کے لئے (کہ ان کے لئے اور احکام ہیں چنانچہ) ہم کو وہ احکام معلوم ہیں (اور آیات و روایات میں اوروں کو بھی معلوم کرا دیئے ہیں) جو ہم نے ان (عام مؤمنین) پر ان کی بیبیوں اور لونڈیوں کے بارے میں مقرر کئے ہیں (جو ان احکام سے متمایز اور متغائر ہیں جن میں سے نمونہ کے طور پر ایک اور بھی آیت اِذَا نَكَحْتُمُ میں مذکور ہے جس میں فَمَتِّعُوْهُنَّ سے مہر کا لزوم نکاح کے لئے تسمیۃً یا وجوباً حقیقتاً یا حکماً ثابت ہوتا ہے اور نکاح نبوی حکم چہارم میں مہر سے خالی ہے اور یہ اختصاص اس لئے ہے) تاکہ آپ پر کسی قسم کی تنگی (واقع) نہ ہو (پس جن احکام مخصوصہ میں اوروں سے توسیع ہے جیسے احکام اول و چہارم ان میں تو تنگی نہ ہونا ظاہر ہے اور جن میں ظاہراً تقیید و تضییق ہے جیسے حکم سوم و پنجم وہاں تنگی نہ ہونے کے یہ معنی ہیں کہ ہم نے یہ قید آپ کے بعض مصالح کے لئے لگائی ہے اگر یہ قید نہ ہوتی تو آپ کی وہ مصلحت فوت ہوتی اور اس وقت آپ کو تنگی ہوتی جو ہم کو معلوم ہے۔ اس لئے رعایت اس مصلحت کی کی گئی تاکہ وہ تنگی محتمل واقع نہ ہو اور حکم دوم کے متعلق بذیل ف تقریر آوے گی) اور (رفع حرج کی رعایت کچھ احکام مختصہ ہی میں ہے بلکہ عام مؤمنین کے متعلق جو احکام ہیں ان میں بھی یہ امر مرعی ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے (پس رحمت سے احکام میں مناسب سہولت کی رعایت فرماتے ہیں (اور سہل احکام میں بھی کوتاہی ہو جانے پر احیاناً مغفرت فرماتے ہیں جو دلیل غایت رحمت کی ہے جو بناء ہے سہولت احکام و رفع حرج کی اور یہ تو بیان تھا اقسام نساء محللات کا، آگے اس کا بیان ہے کہ جو اقسام حلال کی گئی ہیں ان میں سے جتنی جس وقت آپ کے پاس ہوں ان کے کیا احکام ہیں پس حکم ششم ارشاد ہے کہ) ان میں سے آپ جس کو چاہیں (اور جب تک چاہیں) اپنے سے دور رکھیں (یعنی اس کو باری نہ دیں اور جس کو چاہیں (اور جب تک چاہیں) اپنے نزدیک رکھیں (یعنی اس کو باری دیں) اور جن کو دور کر رکھا تھا ان میں سے پھر کسی کو طلب کریں تب بھی آپ پر کوئی گناہ نہیں (مطلب یہ ہوا کہ ان کی باری وغیرہ کی رعایت آپ پر واجب نہیں اور اس میں ایک بڑی ضروری مصلحت ہے وہ یہ کہ) اس میں زیادہ توقع ہے کہ ان (بیبیوں) کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں گی (یعنی خوش رہیں گی) اور آزردہ خاطر نہ ہوں گی اور جو کچھ بھی آپ ان کو دے دیں گے اس پر سب کی سب راضی رہیں گی (کیونکہ بناء رنج کی عادۃً دعویٰ استحقاق کا ہوتا ہے اور جب معلوم ہو جاوے کہ جو کچھ مال یا توجہ مبذول ہوگی وہ تبرع محض ہے پس کسی کو کوئی شکایت نہ رہے گی اور لونڈیوں کا حق باری میں نہ ہونا سب ہی کے لئے معلوم ہے) اور (اے مسلمانو

www.besturdubooks.net

یہ احکام مختصہ سن کر دل میں یہ خیالات مت پکا لینا کہ یہ احکام عام کیوں نہ ہوئے۔ اگر ایسا کرو گے تو) خدا تعالیٰ کو تم لوگوں کے دلوں کی سب باتیں معلوم ہیں (ایسا خیال پکا لینے پر تم کو سزا دے گا کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ پر اعتراض اور رسول ﷺ پر حسد ہے جو موجب تعذیب ہے) اور اللہ تعالیٰ (بھی کیا) سب کچھ جاننے والا ہے (اور معترضین کو جو عاجلاً سزا نہیں ہوئی تو اس سے نفی علم لازم نہیں آتی بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ) بردبار (بھی) ہے (اس لئے کبھی دیر میں سزا دیتا ہے۔ آگے بقیہ احکام مختصہ بحضرۃ الرسالۃ ارشاد فرماتے ہیں جن میں بعضے تو بعض احکام بالا کا تتمہ ہیں اور بعضے جدید ہیں۔ پس ارشاد ہے کہ اوپر جو حکم سوم و پنجم میں منکوحہ عورتوں میں ہجرت اور ایمان کی قید لگائی ہے سو) ان کے علاوہ اور عورتیں (جن میں یہ قید نہ ہو) آپ کے لئے حلال نہیں ہیں (یعنی اہل قرابت میں سے غیر مہاجرات حلال نہیں اور دوسری عورتوں میں سے غیر مؤمنات حلال نہیں یہ تو تتمہ ہوا حکم بالا کا) اور (آگے حکم ہفتم جدید ہے کہ) نہ یہ درست ہے کہ آپ ان (موجودہ) بیبیوں کی جگہ دوسری بیبیاں کر لیں (اس طرح سے کہ ان میں سے کسی کو طلاق دے دیں اور بجائے ان کے دوسری کر لیں اور یوں بدوں ان کے طلاق دیئے ہوئے اگر کسی سے نکاح کر لیں تو اس کی ممانعت نہیں۔ اسی طرح اگر بلا قصد تبدل کسی کو طلاق دیں تو اس کی بھی ممانعت ثابت نہیں بلکہ لفظ تبدل اس مجموعہ کی ممانعت پر دال ہے پس یہ تبدل ممنوع ہے) اگرچہ آپ کو ان (دوسریوں) کا حسن اچھا معلوم ہو مگر جو آپ کی مملوکہ ہو (کہ وہ حکم پنجم اور ہفتم دونوں سے مستثنیٰ ہے یعنی وہ کتابیہ ہونے پر بھی حلال ہے اور اس میں تبدل بھی درست ہے) اور اللہ تعالیٰ ہر چیز (کی حقیقت اور آثار و مصالح) کا پورا نگراں ہے (اس لئے ان سب احکام میں مصلحتیں و حکمتیں ہیں گو عام مکلفین کو وہ تعیینا نہ بتلائی جاویں اس واسطے کسی کو سوال یا اعتراض کا منصب و استحقاق نہیں) **ف**: فوائد عدیدہ اول اٰتَیۡتَ قید واقعی ہے کیونکہ مصداق اس کا ازواج موجود ہیں (قالہ مجاہد) اور ظاہر ہے کہ اس صورت میں قید اشتراطی نہیں ہو سکتی۔ دوم اَفَآءَ اللّٰہُ عَلَیۡکَ قید اتفاقی ہے جس کا اصل مقصود یہ ہے کہ سبب تملک کا مشروع ہونا متیقن ہو اور فی اس کی ایک مثال ہے پس اشتراء یا ہبہ سے جو مملوک ہو اس کا غیر حلال ہونا ثابت نہیں۔ چنانچہ اخیر آیت میں: مَا مَلَکَتۡ یَمِیۡنُکَ میں کوئی قید نہیں (کذا فی الروح) سوم: حکم دوم میں جو لفظ خاص طور پر ہے اس کا بیان کہیں تصریحاً تو نظر سے نہیں گزرا لیکن سیاق کلام سے کہ مقام بیان اختصاص کا ہے۔ اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ مملوکات کے بارہ میں بھی کوئی حکم آپ کے لئے خاص ہے (**کما فی الکبیر فی تفسیر قولہ تعالیٰ**: قَدۡ عَلِمۡنَا...... **فان لہ فی النکاح خصائص لیست لغیرہ و کذلک فی السراری**) رہا یہ کہ وہ کیا ہے سو عجب نہیں کہ وہ یہ ہو کہ آپ کی وہ لونڈی جو وفات تک آپ کے پاس ہو جیسے ماریہ قبطیہ' دوسروں کے لئے حرام ہو مثل ازواج کے **نقلہ فی الروح فی تفسیر قولہ تعالیٰ**: وَلَاۤ اَنۡ تَنۡکِحُوۡۤا اَزۡوَاجَہٗ اور ممکن ہے کہ اور کچھ ہو جو اس زمانہ والوں کو معلوم ہوا اور ان ہی کے معلوم ہونے کی ضرورت ہے کہ اثر اختصاص کے ظہور کا وہی وقت تھا یہاں تک لکھنے کے بعد ظہر کی نماز میں جو کھڑا ہوا تو من جانب اللہ قلب پر دو حکم مملوکات کے متعلق وارد ہوئے' ایک یہ کہ غنیمت کی تقسیم سے پہلے آپ کو ایک چیز لے لینے کا اختیار تھا اور وہ چیز صفی کہلاتی تھی جیسا غزوۂ خیبر میں حضرت صفیہ کو لیا تھا' رواہ ابوداؤد۔ دوسرے اہل حرب کی جانب سے جو ہدیہ خاص آتا تھا وہ آپ کا ہوتا تھا جیسے مقوقس نے ماریہ کو دیا تھا اور دوسروں کے لئے صفی جائز نہیں اور ہدیہ عامہ مسلمین کا حق ہے کذا فی الدر المختار۔ چہارم حکم سوم میں جو هَاجَرۡنَ کی قید ہے ظاہراً احترازی ہے جیسا ام ہانی بنت ابی طالب کے قول سے معلوم ہوتا ہے (**فلم اکن احل لہ لانی لم اھاجر معہ کنت من الطلقآء**) نیز لَا یَحِلُّ لَکَ النِّسَآءُ مِنۡۢ بَعۡدُ کی تفسیر سے جو احقر نے اختیار کی ہے اسی کی تائید ہوتی ہے اور ابن عباسؓ اور مجاہد سے یہی تفسیر منقول ہے۔ چنانچہ مجاہد کے یہ الفاظ ہیں) لَا یَحِلُّ لَکَ النِّسَآءُ مِنۡۢ بَعۡدُ **ما بینت لک من ھذہ الاصناف بنات عمک** (الی قولہ تعالیٰ) **فاحل لہ من ھذہ الاصناف ماشاء**)۔ پنجم: بنات عم و عمات و بنات خال و خالات کی جو تفسیر کی گئی ہے معالم و دیگر تفاسیر میں اسی طرح ہے۔ پس خاص عم و خال و عمہ و خالہ مراد نہیں۔ ششم: حکم چہارم میں جو واہبات کا ذکر ہے اس میں اِنۡ وَّہَبَتۡ شرط حلت نہیں بلکہ شرط تو صرف ایمان ہے اور یہ قید رفع شبہ کے لئے اور اثبات الحکم فی النکاح بالاولیٰ کے لئے ہے کیونکہ حرہ محل ہبہ نہیں جب اس عقد بلا عوض سے وہ حلال ہو جاتی ہے تو نکاح بعوض سے تو بدرجہ اولیٰ حلال ہو جاوے گی۔ پس حاصل یہ ہوا کہ اقارب کے لئے تو ہجرت شرط ہے اور اجانب کے لئے ایمان کافی ہے' گو بلا عوض نکاح ہو جاوے (قالہ الشعبی) اور اس میں اختلاف ہے کہ ایسی بی بی کوئی تھیں یا نہیں۔ قائلین قول اول نے یہ نام بتلائے ہیں خولہ بنت حکیم' ام شریک' میمونہ' لیلیٰ بنت حطیم۔ ان میں ثانیہ کی نسبت قبلہا بھی آیا ہے اور ثالثہ ازواج میں معروف ہیں' بقیہ کو قبول نہ کیا ہوگا۔ قائلین قول ثانی نے کہا ہے (**لم یکن عند رسول اللہ ﷺ امرأۃ وھبت نفسھا لہ**): تو کلام بطور شرط و جزا کے ہوگا کہ اگر ایسا ہو تو درست ہے' لیکن ایسا ہوا نہیں' یعنی شرط ثانی اِنۡ اَرَادَ النَّبِیُّ محقق نہیں ہوئی' ورنہ شرط اول اِنۡ وَّہَبَتۡ یقیناً واقع ہوئی ہے اور یہ قائلین قول ثانی قائل اول کی روایات کو ثابت نہیں کہتے۔ ممکن ہے کہ ان میں جس سے نکاح کیا ہو بلفظ ہبہ نہ ہوا ہو۔ ہفتم: اسی حکم چہارم میں جو مومنہ کی قید ہے وہ بھی مثل قید ہجرت کے احترازی ہے۔ چنانچہ: لَا یَحِلُّ لَکَ النِّسَآءُ کی تفسیر میں بھی احقر نے اشارہ کیا ہے اور یہی تفسیر مجاہد سے منقول ہے (لَا یَحِلُّ لَکَ النِّسَآءُ مِنۡۢ بَعۡدُ **یھودیات و لا نصرانیات لا ینبغی ان یکن امھات المؤمنین الا ما ملکت یمینک قال ھی الیھودیات و النصرانیات لا باس ان یشتریھا**) ہشتم: یہاں سات حکم مختص ہیں۔ حکم اول میں اختصاص یہ ہے کہ اس وقت آپ

www.besturdubooks.net

کے پاس نو بیبیاں ہیں اور اس قدر بیبیاں جمع کرنا کسی امتی کو جائز نہیں اور وجہ شرف ہونا اس کا ظاہر ہے حکم دوم کے اختصاص کی تقریر فائدہ سوم میں گزر چکی ہے اور اسی وجہ سے وجہ شرف ہونا بھی ظاہر ہے۔ حکم سوم میں اختصاص یہ ہے کہ ہجرت کی قید ہے جو اور لوگوں کے لئے نہیں اس میں بھی آپ کا شرف ظاہر ہے کہ اکمل چیز آپ کے لئے تجویز کی گئی۔ حکم چہارم میں اختصاص یہ ہے کہ مہر واجب نہیں ہوا۔ اس میں امتیاز ظاہر ہے۔ حکم پنجم کی تقریر بھی مثل حکم سوم کے ہے۔ حکم ششم کا اختصاص اور سبب شرف ہونا ظاہر ہے۔ حکم ہفتم کا اختصاص تو ظاہر ہے کہ دوسرے امتیوں کے لئے یہ تبدل ممنوع نہیں' باقی موجب شرف ہونا اس لئے کہ اس میں تبدیل سے شبہ (۳) قید عدد کا ہوتا ہے' جیسا دوسرے امتی اگر چار بیبیاں رکھتے ہوں تو پانچویں بدوں تبدل مذکور کے حلال نہیں۔ پس یہ موجب شرف ہونے میں قریب قریب حکم اول کے ہے۔ فائدہ نہم: اول آیت میں جو خَالِصَةً آیا ہے زمخشری نے اس کو چاروں کے متعلق کہا ہے۔ فائدہ دہم: اول کے پانچ حکموں کی جو حکمت ارشاد فرمائی ہے: لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ط وہاں تفسیر میں حکم سوم و پنجم کی حکمت مجملاً بیان کی گئی ہے اور حکم دوم کی تقریر کا وعدہ کیا گیا ہے' جس کی تقریر بضمن فائدہ سوم ہو چکی ہے اور وہ حکمت اس میں بھی اجمالاً جاری ہو سکتی ہے اور تفصیل کسی کی بھی ضروری نہیں مگر تبرعاً حکم دوم میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ وفات تک کسی لونڈی کو اپنے پاس رکھنا دلیل ہے محبت وخصوصیت کی اور محبت وخصوصیت کے لوازم عادیہ میں سے ہے غیرت' پس اگر ایسی لونڈی بھی دوسرے کے لئے حلال ہوتی تو ممکن ہے کہ آپ کو بوجہ محبت وخصوصیت کے شدت غیرت سے یہ سوچ کر کلفت اور تنگی ہوتی کہ دوسرا اس میں شریک ہوگا بخلاف اس کے جس کو آپ ہبۃً یا بیعاً کسی کو خود دے دیں کہ دے دینا خود ہی علامت ہوگی ضعف محبت وخصوصیت کی اور اس وجہ سے کلفت بھی نہ ہوگی اور فائدہ سوم کے اخیر میں جو عبارت بعد میں بڑھائی گئی ہے اس میں صفی اور ہدیہ کے اختصاص کے لئے عدم حرج کا علت ہونا محتاج بیان نہیں اور حکم سوم میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اہل قرابت بے تکلف زیادہ ہوتے ہیں اور زیادہ بے تکلفی بدوں درستی اخلاق کے اکثر موجب کلفت ہوتی ہے اور ہجرت سے اکثر جو پریشانیاں پیش آتی ہیں ان سے اخلاق درست ہو جاتے ہیں۔ پس اس قید کے نہ ہونے سے شاید آپ کو تنگی اور کلفت پیش آتی' نیز قرابت نبوی مایۂ افتخار رہے اور افتخار اکثر موجب کلفت ہوتا ہے۔ سو ہجرت سے اس کی بھی اصلاح ہو جاوے گی بخلاف اجانب کے کہ ان میں یہ عوارض نہیں۔ اس لئے صرف قید مومنہ پر کفایت کی گئی اور حکم پنجم میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ زوجہ سے انبساط زیادہ ہوتا ہے۔ پس اگر وہ کافرہ ہو تو انبساط میں اس سے بوجہ فساد عقائد و اخلاق ضرور تنگی وکلفت ہوگی۔ پس اس طور پر رفع حرج ان حکموں کی علت بن گئی اور اول و چہارم کے لئے عدم حرج کا علت ہونا اظہر من الشمس ہے۔ باقی حکم ششم کی حکمت خود قرآن میں ہے: ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ ...... اور حکم ہفتم کی حکمت یہ ہو سکتی ہے کہ اس طرح کے تبدل میں کم فہموں کو شبہ غرض پرستی کا ہو سکتا ہے کہ اپنے ایک نفسانی نفع کے لئے ایک جدیدہ حاصل ہو جاوے۔ ایک قدیمہ کو ضرور پہنچایا گیا بخلاف اس کے کہ اگر قدیمہ کی طلاق اور جدیدہ سے نکاح مجتمع نہ ہو تو اس شبہ کی گنجائش نہیں ہو سکتی۔ فائدہ یازدہم: حکم ششم کی جو تفسیر اختیار کی گئی ہے محمد بن کعب قرظی اور قتادہ سے اسی طرح منقول ہے (**قالا كان رسول الله ﷺ موسعا عليه في قسم ازواجه ان يقسم بينهن كيف يشآء**) فائدہ دوازدہم: لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ کی جو تفسیر کی گئی ہے فائدہ چہارم میں اس کا ماخذ بیان کیا گیا ہے۔ اس تفسیر پر حضرت عائشہ کے اس قول کو (**لم يمت رسول الله ﷺ وسلم حتى احل الله له ان يتزوج من النساء ما شاء الا ذات محرم**) اس امر پر محمول کرنے کی ضرورت نہیں کہ: لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ منسوخ ہے اور تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ جو تلاوت میں مقدم ہے بوجہ تاخر نزول کے اس کا ناسخ ہے' کیونکہ تفسیر مذکور پر آیت: لَا يَحِلُّ زائد علی التسع کی حرمت پر دال ہی نہیں۔ فائدہ سیزدہم: وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ کی جو تفسیر کی گئی ہے عبداللہ بن شداد سے اسی طرح منقول ہے (**قال لو طلقهن لم يحل له ان يستبدل وقد كان ينكح بعد ما نزلت هذه الاية ما شاء**) اور اسی طرح امام زین العابدینؒ و انس بن مالکؓ سے منقول ہے۔ فائدہ چہاردہم: اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ کی جو تفسیر کی ہے اس میں حکم پنجم سے مستثنیٰ ہونے کی دلیل تو ابوذرؓ کا قول ہے: (لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ **قال من المشركات الا ما سبيت فملكته يمينك**) اور حکم پنجم کی جو حکمت فائدہ دہم میں گزر چکی ہے اس سے نقض وارد نہیں ہوتا' کیونکہ مملوکہ سے اتنا انبساط نہیں ہوتا اور حکم ہفتم سے مستثنیٰ ہونے کی دلیل اتصال کلام کافی ہے۔ فائدہ پانزدہم: لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ پر کوئی وسوسہ نہ کیا جاوے' کیونکہ اول تو یہ غیر اختیاری ہے' دوسرے حقیقت اس کی ادراک الشیٔ علی ما هو عليه سو یہ واقع میں کمال ہے اور جو امر مذموم ہے کہ بلا ضرورت واذن شرعی قصداً نظر کرنا یا اس کے تصور سے لذت حاصل کرنا اس پر یہ لفظ کسی طرح دال نہیں اور دوسرے دلائل اس کے عدم پر دال ہیں اور ان فوائد پانزدہ گانہ میں جتنی روایتیں لکھی گئی ہیں سب درمنثور میں باسانید مختلفہ صحیحہ وحسنہ ولینہ موجود ہیں۔ ربط: اوپر متفرق آیتوں میں تحریم بعض انواع ایذائے نبوی مذکور ہوئی ہے' آگے تحریم بعض انواع کی کہ وہ بھی مثل نوع پنجم بوجہ عدم قصداً ایذاء اخف انواع ہے مذکور ہے جس کا قصہ یہ ہے کہ جب آپ کی شادی حضرت زینبؓ سے ہوئی تو آپ نے لوگوں کی دعوت ولیمہ فرمائی۔ بعض لوگ کھانا کھا کر باتیں کرنے لگے۔ آپ نے اٹھنے کا ارادہ کیا تا کہ لوگ اٹھ کھڑے ہوں مگر اس اشارہ کو وہ لوگ نہ سمجھے' آخر آپ اٹھ کھڑے ہوئے۔ اس وقت سب تو اٹھ گئے مگر تین شخص پھر بھی بیٹھے رہے۔ آپ پھر تشریف لائے تب بھی وہ بیٹھے تھے۔ آپ لوٹ گئے' تب وہ اٹھ کر چلے گئے۔

www.besturdubooks.net

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ ﷺ کو خبر کی' تب آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ اس وقت یہ آیت حجاب نازل ہوئی' رواہ الشیخان وغیرہما اور ہر چند کہ اس قصہ میں انتظام مقصود کیلئے یہاں سے ارشاد چلا ہے: فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا لیکن اس کے قبل یہ بھی ارشاد فرمایا: لَا تَدْخُلُوْا جو کہ تکمیل انتظام وزیادۂ اہتمام کو بھی مفید ہے کہ مقدمات کا اہتمام مقصود کے مہتم بالشان ہونے پر دال ہوتا ہے اور نیز ایک دوسری عادات کے انسداد اور اصلاح کو بھی مفید ہے جس کو صاحب درِ منثور وصاحب روح نے عبد بن حمید سے بروایت حضرت انسؓ نقل کیا ہے کہ بعضے آدمی عین کھانے کے وقت حضور ﷺ کے دولت خانہ میں جا پہنچے (کیونکہ اس وقت آیت حجاب نازل نہ ہوئی تھی) اور وہاں کے کھانا پکنے کے انتظار میں بیٹھے باتیں کرتے رہتے اھ۔ کھانا کھلانے والا تو حضور سے بڑھ کر کون تھا' مگر اس طرح جا کر بیٹھ رہنا بے شک گراں گزرتا ہے۔ سو اول کے ارشاد میں اس کا انتظام بھی ہو گیا اور وجوب حجاب سے ایسے واقعات کا ہمیشہ کے لئے انسداد فرمایا گیا۔ نیز سد ذرائع کے ساتھ حجاب میں احترام واجلال شان بھی حضور ﷺ کا ظاہر ہوتا ہے اور اسی مقام میں ایک مسئلہ تحریم نکاح امہات المؤمنین بعد وفات نبوی کے بھی بیان فرمادیا جس کا سبب نزول یہ ہے کہ کسی شخص نے یہ کہا کہ آپ کی وفات کے بعد آپ کی کسی بیوی سے نکاح کروں گا اور ایک روایت میں ہے کہ آپ کو بھی خبر پہنچ گئی تو کلفت ہوئی اور روایت میں ہے کہ کسی نے مسئلہ حجاب پر یہ کہا کہ ہم سے ہماری چچازاد بہنوں کو چھپایا جاتا ہے۔ اگر آپ کی وفات ہو جاوے گی تو ہم آپ کی بیبیوں سے نکاح کریں گے۔ اس پر یہ حکم نازل ہوا' یہ سب روایات درمنثور میں ہیں۔ پس اس مضمون کو کئی طور پر مقام سے مناسبت ہوئی۔ اول اس میں آپ کا احترام واجلال شان ہے جیسا اوپر چند آیات میں بعض احکام مظہرہ آپ کی حالت شان کے آئے ہیں۔ دوسرے دفع ایذا بھی ہے' تیسرے تتمہ مضمون حجاب کا بھی ہو گیا و نیز ایک اور طور پر بھی حجاب کا تتمہ ہو سکتا ہے۔ وہ یہ کہ امہات المؤمنین کا ایسا حجاب ہے کہ جن سے ایک دفعہ حجاب واجب ہو گیا پھر ابداً ابداً اس میں احتمال ارتفاع کا نہیں' حتیٰ کہ ایک صورت اس کے ارتفاع کی نکاح تھا' وہ بھی حرام کر دیا گیا۔ اس کے بعد مسئلۂ حجاب کے متعلق ان کا ذکر ہے جن سے حجاب نہیں ہے اور ہر چند کہ سورۂ نور میں بھی مستثنیات کا ذکر آ چکا ہے' لیکن وہاں عام نساء کا حکم تھا جس میں یہ احتمال ہو سکتا تھا کہ ازواج مطہرات کے متعلق بعض احکام مختص بھی ہیں تو شاید ان کو محارم وغیرہ کے سامنے آنا بھی جائز نہ ہو' اس لئے ان کے احکام میں بھی اس استثناء کو مکرر فرمادیا' واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ...... اس پر دال ہے کہ تعدد ازواج کمال زہد کے منافی نہیں ۱۲۔

الحواشی: (۱) لان حرف العين والميم متصلين يوجد في العم والعمات وكذا حرف الخاء والالف واللام متصلة في الخال والخالات ولو ذكر الاعمام والاخوال زال الاتصال بين الحروف المذكورة وفات الاجناس ۱۲ منه۔ (۲) یعنی کبھی یہ شبہ ہوتا ہے کہ معلوم نہیں اس وصف خاص مثلاً ہبہ نفس کے ساتھ جو موصوف ہو اس میں بھی حکم ثابت ہے یا نہیں۔ پس اس غرض سے اس وصف کو لایا جاوے تاکہ اس وقت بھی حکم کا ثبوت بتلا دیا جاوے جیسا اس وقت یہ ان وھبت قوت میں اس کے ہے وامراۃ مؤمنۃ ان اھبت۔ جس سے مقصود یہ ہے کہ واہبۃ کے لئے بھی یہ حکم ثابت ہے ۱۲ منہ۔ (۳) یعنی اگر آپ ایک بی بی کو چھوڑ کر دوسری سے نکاح فرماویں تو کسی کو یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ شاید بدوں اس کے چھوڑے ہوئے دوسری سے نکاح درست نہ تھا جیسا امتیوں میں سے جس کے پاس چار ہوں اس کو بدوں کسی کے طلاق کے خامسہ سے نکاح درست نہیں۔ اس لئے آپ کے لئے تبدیل ممنوع ہوا ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: قوله في وان وهبت: جو بلا عوض اخذ بالحاصل واشارة الى ان هذا الشرط ليس لتعليق الجواز به لان النكاح على المهر لاشك في جوازه كما حققته في الفائدة السادسة من متن التفسير بل الشرط قائم مقام الوصف الذي يذكر لدفع (۲) شبهة ثبوت الحكم في الموصوف فالمقصود الاشتراط بالشرط الثاني من قوله ان اراد النبي فما قالوا ان الشرطين اذا اجتمعا فالثاني شرط للاول وانماهو اكثرى اذا اريد التعليق بكلا الشرطين واما ههنا فانما المقصود هو الثاني واما الاول ففي قوة ان الوصلية فالمعنى احللنا لك المؤمنة بشرط قبول النبي لها وان كانت وهبت واما اذا سمى المهر فبالاولى فافهم هداك الله ۱۲۔

اللغات: قوله تبدل بحذف احدى التائين بمعنى تستبدل ۱۲۔

النحو: قوله وامرأة مؤمنة قال صاحب الاعراب في الناصب له وجهان احدهما احللنا في اول الآية وقدر وهذا قوم وقالوا احللنا ماض وان وهبت هو صفة للمرأة مستقبل واحللنا في موضع جوابه وجواب الشرط لا يكون ماضيا في المعنى وهذا ليس بصحيح لان معنى الاحلال ههنا الاعلام بالحل اذا وقع الفعل على ذلك كما تقول ابحت لك ان تكلم فلانا ان سلم عليك الوجه الثاني ان ينتصب بفعل محذوف اى ونحل لك امرأة اھ۔ قوله: خالصة مصدر كعافية عامله مقدر اى خلص لك هذه الاحلالات خلوصًا لا يشاركك فيها غيرك ۱۲۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ :قوله فما لكم اشار باللام الى نفع العدة وعائدتها عائدة اليهم لانها لصيانة مياههم والانساب الراجعة اليهم ثم فى بعض الصور قام نفس النكاح مقام الوطى وان لم يتحقق بل ولم يتوهم الوطى كما اذا تو فى الزوج قبل الخلوة خصوصًا اذا كان صغيرًا ۱۲۔ قوله عملك مفردًا او عمتك جمعًا وكذا الخالة الخلة فى افراد العم والخال وجمع العمات والخالات نكات احسنها عندى ثلثة الاول فيه حفظ النوع من(۱) الجناس ولو جمع العم والخال لغات كما لا يخفى والثانى من فوائد النكاح التناصر بالاصهار والتناصر انما يكون بالرجال دون الاناث وهو يجعل المتعدد فى حكم الواحد فلذا افرد الذكور دون الاناث والثالث ان فى اشعار العرب لم يرا لعم مضافًا اليه ابن او بنت بالافراد او الجمع الا مفردا (كما نقل شواهده فى الروح) وافراد الخال لمناسبة وجمع العمات والخالات على الاصل والله اعلم بلطائف كلامه ۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۡ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ۭ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔــلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَاۗءِ حِجَابٍ ۭ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ۭ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ۝۵۳ اِنْ تُبْدُوْا شَـيْـــًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝۵۴ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَاۗىِٕهِنَّ وَلَآ اَبْنَاۗىِٕهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَاۗءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَاۗءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَاۗىِٕهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ۝۵۵

اے ایمان والو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گھروں میں (بے بلائے) مت جایا کرو۔ مگر جس وقت تم کو کھانے کے لئے اجازت دی جائے۔ ایسے طور پر کہ اس کی تیاری کے منتظر نہ رہو۔ لیکن جب تم کو بلایا جائے (کہ کھانا تیار ہے) تب جایا کرو۔ پھر جب کھانا کھا چکو تو اٹھ کر چلے جایا کرو اور باتوں میں جی لگا کر مت بیٹھے رہا کرو اس بات سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ناگواری ہوتی ہے سو وہ تمہارا لحاظ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ صاف صاف بات کہنے سے (کسی) کا لحاظ نہیں کرتا اور جب تم ان سے کوئی چیز مانگو تو پردے کے باہر سے مانگا کرو۔ یہ بات (ہمیشہ کے لئے) تمہارے دلوں سے اور ان کے دلوں سے پاک رہنے کا عمدہ ذریعہ ہے اور تم کو جائز نہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو کلفت پہنچاؤ اور یہ جائز ہے کہ تم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کی بیبیوں سے کبھی بھی نکاح کرو۔ یہ اللہ کے نزدیک بڑی بھاری (معصیت کی) بات ہے۔ اگر تم کسی چیز کو ظاہر کرو گے یا اس کو پوشیدہ رکھو گے تو اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں۔ پیغمبر کی بیبیوں پر اپنے باپوں کے بارے میں کوئی گناہ نہیں اور نہ اپنے بیٹوں اور نہ اپنے بھائیوں کے اور نہ اپنے بھتیجوں کے اور نہ اپنے بھانجوں کے اور نہ اپنی عورتوں کے اور نہ اپنی لونڈیوں کے اور اللہ سے ڈرتی رہو بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر حاضر و ناظر ہے۔

تفسیر: نہی از نوع ششم امور موجبہ تاذی و اغتمام و تشریع نوع ششم امور مشعرہ جلالت و احترام آں رسول عالی مقام صلی اللہ علیہ وسلم از آداب طعام و مسائل روایت و کلام و تحریم نکاح امہات اہل اسلام: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ (الی قولہ تعالیٰ)

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں (بے بلائے) مت جایا کرو مگر جس وقت تم کو کھانے کے لئے (آنے کی) اجازت دی جاوے تو (جانا مضائقہ نہیں مگر تب بھی جانا) ایسے طور پر (ہو) کہ اس (کھانے) کی تیاری کے منتظر نہ رہو (یعنی بے دعوت[۱] تو جاؤ مت اور دعوت ہو تب بھی بہت پہلے سے مت جا بیٹھو) لیکن جب تم کو بلایا جاوے (کہ اب چلو کھانا تیار ہے) تب جایا کرو پھر جب کھانا کھا چکو تو اٹھ کر چلے جایا کرو اور باتوں میں جی لگا کر مت بیٹھے رہا کرو (کیونکہ) اس بات سے نبی کو ناگواری ہوتی ہے سو وہ تمہارا لحاظ کرتے ہیں (اور زبان سے نہیں فرماتے کہ اٹھ کر چلے جاؤ) اور اللہ تعالیٰ صاف بات کہنے سے (کسی کا) لحاظ نہیں کرتا (اس لئے صاف صاف تم کو کہہ دیا گیا) اور (اب سے یہ حکم کیا جاتا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیبیاں تم سے پردہ کیا کریں گی تو اب سے) جب تم ان سے کوئی چیز مانگو تو پردہ کے باہر (کھڑے ہو کر وہاں) سے مانگا کرو (یعنی بے ضرورت تو پردہ کے پاس جانا اور بات کرنا بھی نہ چاہئے لیکن ضرورت میں کلام کا مضائقہ نہیں مگر رویت نہ ہونا چاہئے) یہ بات (ہمیشہ کے لئے) تمہارے دلوں اور ان کے دلوں کے پاک رہنے کا عمدہ[۲]

www.besturdubooks.net

ذریعہ ہے (یعنی جیسے اب تک جانبین کے دل پاک ہیں اس سے آئندہ بھی احتمال عدم طہارت کا مندفع ہوگیا جو کہ غیر معصوم کے اعتبار سے فی نفسہ محتمل ہوسکتا تھا۔ اور (حرمت ایذائے نبوی صرف فضول جم کر بیٹھ جانے ہی کی صورت میں منحصر نہیں' بلکہ علی الاطلاق حکم ہے کہ) تم کو (کسی امر میں) جائز نہیں کہ رسول اللہ (ﷺ) کو کلفت پہنچاؤ اور نہ یہ جائز ہے کہ تم آپ کے بعد آپ کی بیبیوں سے کبھی بھی نکاح کرو۔ یہ خدا کے نزدیک بڑی بھاری (معصیت کی) بات ہے (اور جس طرح یہ نکاح ناجائز ہے ایسے ہی اس کا زبان سے ذکر کرنا یا دل میں ارادہ کرنا سب گناہ ہے سو) اگر تم (اس کے متعلق) کسی چیز کو (زبان سے) ظاہر کرو گے یا اس (کے ارادہ) کو (دل میں) پوشیدہ رکھو گے تو اللہ تعالیٰ (کو دونوں کی خبر ہوگی کیونکہ وہ) ہر چیز کو خوب جانتے ہیں (پس تم کو اس پر سزا دیں گے اور ہم نے جو اوپر حجاب کا حکم دیا ہے تو اس سے بعضے مستثنیٰ بھی ہیں جن کا بیان یہ ہے کہ) پیغمبر کی بیبیوں پر اپنے باپوں کے (سامنے ہونے کے) بارہ میں کوئی گناہ نہیں اور نہ اپنے بیٹوں کے (یعنی جس کے بیٹا ہو) اور نہ اپنے بھائیوں کے اور نہ اپنے بھتیجوں کے اور نہ اپنے بھانجوں کے اور نہ اپنی (دین شریک) عورتوں کے اور نہ اپنی لونڈیوں کے (یعنی ان کے سامنے آنا جائز ہے) اور (اے پیغمبر کی بیبیو ان احکام مذکورہ کے امتثال میں) خدا سے ڈرتی رہو (کسی حکم کے خلاف نہ ہونے پاوے) بے شک اللہ ہر چیز پر حاضر (ناظر) ہے (یعنی اس سے کوئی امر مخفی نہیں پس خلاف میں احتمال سزا کا ہے) **ف**: اول آیت میں جو احکام دخول بیوت و طعام کے مذکور ہیں وہ بتصریح علماء سرکار نبوی کے ساتھ خاص نہیں یعنی اس قسم کی بات کسی کو گراں و ناگوار ہو وہ ناجائز ہے اور: فَيَسْتَحْيِ مِنكُمْ ۖ وَاللَّهُ لَا يَسْتَحْيِ مِنَ الْحَقِّ ۚ سے شبہ نہ کیا جاوے کہ حضور ﷺ احیاناً اظہار حق نہ فرماتے تھے اصل یہ ہے کہ جس حق کا اظہار واجب ہے وہ حق اللہ ہے اور جس سے آپ کا استحیاء واقع ہوا وہ حق للنفس تھا کہ اپنے اوپر کلفت اٹھائی۔ اس سے حکم شرعی کا اخفاء لازم نہیں آیا کہ منشاء وسوسہ ہو اور حجاب میں: وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ کے بڑھانے کا فائدہ تقریر ترجمہ سے ظاہر ہوگیا کہ مبالغہ کے لئے ہے یعنی ویسے تو حجاب کیوں نہ ضروری ہوگا ایسی حاجت شدیدہ کے وقت بھی حجاب ضروری ہے اور یہ آیت حجاب کی آیت: وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ سے مقدم ہے' کیونکہ اس کا نزول حضرت زینبؓ کی اول شادی میں ہوا ہے اور آیت تخییر کا وقت جس سے آیت وَقَرْنَ ...... متعلق ہے حضرت زینبؓ کے نکاح کے بہت بعد ہوا ہے' چنانچہ مخیرات میں وہ بھی تھیں جس سے پہلے طلب نفقات ہو چکا تھا جس کا شادی کے زمانے کے بہت بعد اتفاق ہوا کرتا ہے۔ پس اس آیت سے حجاب فرض ہوا اور قَرْنَ سے اس کی تاکید ہوئی اور مسائل حجاب وقرار فی البیوت کے آیت وَقَرْنَ کی تفسیر میں مذکور ہوئے ہیں اور ازواجِ مطہرات سے نکاح کا حرام ہونا مجملاً تو منصوص اور اجماعی ہے' البتہ بعض تفاصیل میں اختلاف ہے۔ امام الحرمینؒ اور رافعیؒ نے تحریم کو مدخول بہا کے ساتھ خاص کہا ہے اور رازی و غزالیؒ نے اس زوجہ کو حلال کہا ہے جو تخییر کے بعد دنیا کو اختیار کرے اور بعض علماء نے مملوکات میں سے صرف اس کو حرام کہا ہے جو وقت وفات تک آپ کے پاس ہو اور آیت لَّا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ میں جو مستثنیات ہیں ان میں انحصار مقصود نہیں بلکہ جمیع محارم نسبیہ و رضاعیہ اور جو آیت نور میں مذکور ہیں سب مراد ہیں اور اس آیت کے بعض اجزا کی تفسیر آیت نور کی تفسیر میں گزر چکی ہے' ملاحظہ فرمالیا جاوے۔ **ربط**: اوپر سرکار نبوی ﷺ کی جلالت شان کا تحریم ازواجِ مطہرات سے اظہار فرمایا تھا' اس کے قبل بھی کئی آیتوں میں مختلف پیرایوں سے اس کا بیان کیا تھا' آگے صلوٰۃ وسلام کے اخبار اور انشاء سے اس پر دلالت فرماتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ ...... ذَٰلِكُمْ کا مشار الیہ کھانے کے بعد حضور ﷺ کے گھر میں ٹھہرا رہنا ہے۔ اس سے دو باتیں معلوم ہوئیں۔ ایک یہ کہ ایسے موقع میں صاف طور سے نہ کہنا طبع کریم کا مقتضا ہے اور صاف طور سے کہہ دینا عقل حکیم کا مقتضاء ہے۔ پس مصلح مقتضائے عقل کو مقتضائے طبع پر ترجیح دیتا ہے۔ دوسری بات معاشرت کی اصلاح کا واجب ہونا اور جس حرکت سے دوسرے کو ایذاء ہو اور وہ ضروری نہ ہو اس کا حرام ہونا ہے۔ آج کل ایسے امور کی اہل علم و مشائخ تک میں احتیاط نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله: فى توضيح لا تدخلوا: یعنی بے دعوت الخ بتقرير ترجمتى لا جزاء الآية اندفع شبهة التكرار فى قوله الا ان يؤذن لكم مع قوله اذا دعيتم فان الاول الدعوة للطعام قبل الاوان كما هو العادة من الاعلام به قبل وقت او يوم والثانى الدعاء الى الطعام فى عين الاوان ۱۲۔ ۲ قوله فى اطهر عمدہ افادہ صيغة التفضيل ۱۲۔

اللغات: قوله اناه اى نضجه و بلوغه ۱۲۔ قوله لحديث اللام للتعليل اى بسبب الحديث ۱۲۔

النحو: قوله الا ان يؤذن بتقدير المضاف اى وقت الاذن بمعنى الدعوة ومن ثم عدى بالى ۱۲۔ قوله غير ناظرين حال من فاعل اد خلوا المقدر اى ادخلوا وقت الاذن غير ناظرين ۱۲۔ قوله لا مستانسين حال من مقدر اى لا تمكثوا مستانسين ۱۲۔

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ۝ إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ

www.besturdubooks.net

وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۸﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۹﴾ لَىِٕنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۰﴾ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿۶۱﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۶۲﴾

بے شک اللہ تعالیٰ اور اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں ان پیغمبر پر۔ اے ایمان والوتم بھی آپ پر رحمت بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو۔ بے شک جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول کو ایذا دیتے ہیں اللہ ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کرتا ہے اور ان کیلئے ذلیل کرنے والا عذاب تیار رکھا ہے اور جو لوگ ایمان والے مردوں کو اور ایمان والی عورتوں کو بدوں اسکے کہ انہوں نے کچھ کیا ہو' ایذا پہنچاتے ہیں تو وہ لوگ بہتان اور صریح گناہ کا بار لیتے ہیں۔ اے پیغمبر! اپنی بیبیوں سے اور اپنی صاحبزادیوں سے اور دوسرے مسلمانوں کی بیبیوں سے بھی کہہ دیجئے کہ (سر سے) نیچے کرلیا کریں اپنے تھوڑی سی اپنی چادریں اس سے جلدی پہچان ہو جایا کریگی تو آزادی نہ دی جایا کرینگی اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔ یہ منافقین اور وہ لوگ جن کے دلوں میں خرابی ہے اور وہ لوگ جو مدینہ میں (جھوٹی جھوٹی) افوا ئیں اڑا دیا کرتے ہیں اگر باز نہ آئے تو ضرور ہم آپ کو ان پر مسلط کرینگے پھر یہ لوگ آپ کے پاس مدینہ میں بہت ہی کم رہنے پاوینگے۔ وہ بھی (ہر طرف سے) پھٹکارے ہوئے جہاں ملیں گے پکڑ دھکڑ اور مار دھاڑ کی جائیگی اللہ تعالیٰ نے ان (مفسد) لوگوں میں بھی اپنا یہی دستور کر رکھا ہے جو پہلے ہو گزرے ہیں اور آپ اللہ کے دستور میں کسی شخص کی طرف سے ردو بدل نہ پاوینگے۔

تفسیر: نوع ہفتم اجلال شان نبوی باخبار وانشائے صلوٰۃ وسلام: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓىِٕكَتَهٗ (الی قولہ تعالیٰ) وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں ان پیغمبر (ﷺ) پر اے ایمان والو! تم بھی آپ پر رحمت بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو (تا کہ آپ کا حق عظمت جو تمہارے ذمہ ہے ادا ہو) ف: اللہ تعالیٰ کا رحمت بھیجنا تو رحمت فرمانا ہے اور مراد اس سے رحمت مشترکہ نہیں ہے کہ اس سے اختصاص مقصود ثابت نہیں ہوتا۔ بلکہ رحمت خاصہ ہے جو آپ کی شان عالی کے مناسب ہے اور فرشتوں کا رحمت بھیجنا اور اسی طرح جس رحمت بھیجنے کا ہم کو حکم ہے اس سے مراد اس رحمت خاصہ کی دعا کرنا ہے اور اسی کو ہمارے محاورے میں درود کہتے ہیں اور اس دعاء کرنے سے حضور ﷺ کے مراتب عالیہ میں بھی ترقی ہو سکتی ہے' کیونکہ ترقی کی کوئی حد نہیں۔ چنانچہ خود حضور پرنور ﷺ نے دعاء بعد الاذان میں دعائے وسیلہ کی عام امتیوں کو تعلیم فرمائی ہے اور حضرت عمرؓ کو حکم فرمایا تھا اشرکنا فی الدعاء اور خود دعاء کرانے والے کو بھی اس وجہ سے کہ امتثال امر الٰہی کیا اور آپ کا حق تعظیم ادا کیا نفع ہوتا ہے۔ چنانچہ حدیث میں ہے کہ ایک بار درود بھیجنے سے اس شخص پر اللہ تعالیٰ کی دس رحمتیں نازل ہوتی ہیں اور آپ پر سلام بھیجنے کے معنی مجموعہ دو امر کا ہے۔ ایک دعا ہے سلامت عن الآفات کی دوسرے ثناء ہے جو اس دعاء کے لئے لازم ہے' کیونکہ عرفاً یہ صیغہ مخصوص مستحق ثناء ہی کے لئے ہے' پس حالت حیات میں تو دونوں کا تحقق ہو سکتا ہے اور بعد وفات مجرد معنی ثانی رہ جاتے ہیں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مقصود اس تسلیم سے دعاء ہو سلام من اللہ کی اور اس سلام سے مقصود بشارت سلامت ہو۔ پس حاصل یہ ہوگا کہ اللهم بشر النبی ﷺ بالسلامة الابدية الموعودة له اور یہ معنی بعد وفات بھی بلا تکلف صحیح ہو سکتے ہیں اور یہ صلوٰۃ وسلام دو طرح کے صیغوں سے ادا ہو سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ مکلف اپنی طرف اس کی اسناد کرے' مثلاً یوں کہے: نصلی و نسلم اور دوسرے یہ کہ بطور دعاء کے اللہ تعالیٰ کی طرف اسناد کرے' جیسے اللهم صل یا اللهم سلم یا صلی اللّٰہ علیه و سلم اور تشہد میں جو وارد ہے السلام علیک اس میں دونوں احتمال ہیں سلامی جیسے اس شعر میں ۔

بلغ الله صلاتی وسلامی ابدا الخ۔ یا سلام الله بقرینة رحمة الله و بر کاته کے اور حدیثوں کے صیغوں کو دیکھنے سے دوسرے صیغہ کی افضلیت و ارجحیت ثابت ہوتی ہے اور صلاتی وسلامی بھی بعد تاویل اسی طرف راجع ہو سکتا ہے کہ اضافت بادنی ملابست ہو اور معنی یہ ہوں صلوٰة اللّٰہ منی و سلام الله منی ای مطلوباً منی اور علماء محققین نے فرمایا ہے کہ صیغہ امر کا نص قطعی الثبوت وقطعی الدلالت میں فرضیت کے لئے ہے اور مقتضی تکرار کو ہے نہیں' اس لئے عمر بھر میں ایک بار تو فرض ہے جیسا کلمہ توحید کا تلفظ ایک بار فرض ہے اور جس مجلس میں آپ کا ذکر مبارک ہو وہاں نظرا الی الوعيد الوارد فی الاحاديث والی الدلائل النافية للحرج ایک بار واجب ہے اور اس سے زیادہ نظرا الی الفضائل: مستحب ہے اور یہ سب خارج نماز کی تفصیل ہے اور نماز میں مختلف فیہ ہے'

www.besturdubooks.net

امام صاحب کے نزدیک سنت ہے۔ یہ سب تفصیل صیغۂ صلوٰۃ میں ہے اور لفظ سلام میں ظاہر صیغۂ امر کو دیکھ کر بعض نے عمر بھر میں ایک بار اس کو بھی فرض کہا ہے لیکن نظراً الی المعنی صلوٰۃ اور سلام سے چونکہ مقصود واحد ہے اس لئے صلوٰۃ سے امر بالسلام کا بھی امتثال ہو سکنے سے بالاستقلال اس کی فرضیت کا ثبوت محل کلام میں ہے اور اسی اتحاد مقصود کے اعتبار سے یصلون: کے ساتھ یُسَلِّمُوْنَ نہیں فرمایا کہ وہ بھی خود مفہوم ہو جاوے گا پس مقصود گویا یہ ہے اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ و یسلمون عَلَى النَّبِيِّ ؕ تا کہ آگے صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا اس پر متفرع ہونے میں منطبق ہو جاوے اور شاید دوسری جگہ اس لئے تصریح کر دی ہو کہ مخاطبین پر حضور ﷺ کے حقوق از بس عظیم ہیں' اس لئے اہتمام کے لئے دو صیغوں کی تصریح پھر دوسرے صیغہ کی تاکید مفعول مطلق سے فرمائی گئی کہ تاکد طلب کے ساتھ مطلوبیت تکثیر پر بھی دال ہو اور روح میں حموی سے انہوں نے منیۃ المفتی سے نقل کیا ہے کہ اگر صرف صیغۂ صلوٰۃ پر یا صیغۂ سلام پر اکتفاء کرے تب بھی مکروہ نہیں' البتہ جمع اولیٰ ہے جیسا قعدۂ اخیرہ نماز میں جمع کیا گیا ہے کہ تشہد میں سلام ہے اور آگے صلوٰۃ ہے اور قعدۂ اولیٰ میں صرف سلام کا ہونا صاف دلیل ہے عدم کراہت افراد کی' چونکہ اس مقام کے مطالعہ کے وقت احتمال ہے کہ شاید ناظرین کو قصداً صلوٰۃ وسلام سے ذہول ہو جاوے' اس لئے ایک مختصر صیغہ عبارت میں لکھ دینا بھی مناسب ہے کہ لکھا ہوا تو ضرور ہی پڑھیں گے۔ **اللھم صل علی سیدنا و مولنا محمد و علی 'ال سیدنا و مولنا محمد و بارك وسلم۔**

ربط: اوپر آیات متفرقہ میں انواع مختلفہ ایذائے نبوی کی ممانعت مذکور ہوئی تھی جن میں بعض جو بلا قصد تھیں ان میں تو صرف فہمائش اور نصیحت کر دی گئی تھی جیسے طلب نفقات زائدہ از واج اور مکث فی البیوت قبل الطعام یا بعد الطعام اور بعض جو بقصد ایذا رہ گئیں جیسے مخالفین کی جانب سے پیش آتی تھیں ان میں آگے وعید شدید فرماتے ہیں اور تاکید کے لئے اول آیت میں ایذاء رسول کو مثل ایذائے الٰہی کے قرار دیتے ہیں اور آیت ثانیہ میں مطلقاً اہل ایمان کی ایذاء کو بھی معصیت کبیرہ میں شمار فرماتے ہیں جس سے ایذائے رسول کے موجب وعید ہونے کی اور زیادہ تاکید ہوتی ہے کہ جب مطلق مومنین کی ایذاء ایسی ہے تو سید المؤمنین کی ایذاء کیسی ہوگی۔ دوسرے مخالفین اس کے بھی قصداً مرتکب ہوتے تھے ان کی وعید بھی مؤکد ہوگئی کہ دو امر سبب عذاب ہیں۔

وعید بر ایذائے رسول ﷺ ومؤمنین: اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ (الی قولہ تعالی) فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا بے شک جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (ﷺ) کو (قصداً) ایذا دیتے ہیں اللہ تعالیٰ ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کرتا ہے اور ان کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے اور (اسی طرح) جو لوگ ایمان والے مردوں کو اور ایمان والی عورتوں کو بدوں اس کے کہ انہوں نے کچھ (ایسا کام) کیا ہو (جس سے وہ مستحق سزا ہو جاویں) ایذاء پہنچاتے ہیں تو وہ لوگ بہتان اور صریح گناہ کا (اپنے اوپر) بار لیتے ہیں (یعنی اگر وہ ایذائے قولی ہے تو بہتان ہے اور اگر فعلی ہے تو مطلق گناہ ہی ہے) **ف**: اللہ کے ناراض کرنے کو مجازاً ایذا کہہ دیا گیا اور قصداً کی قید ترجمہ يُؤْذُوْنَ میں چند دلیل سے ثابت ہے۔ اول ایذاء افعال اختیاریہ میں سے ہے اور افعال اختیاریہ میں قصد شرط ہے۔ دوم جس فعل سے بلا قصد ایذاء ہو جاوے وہ درحقیقت مقدمہ ایذاء ہے اس کو ایذاء کہنا مجاز ہے اور کلام میں اصل حقیقت ہے اور وہ مختص ہے ایذائے قصدی سے۔ سوم شریعت میں امور غیر قصدیہ پر وعید مرفوع ہے **کما قال علیہ السلام رفع عن امتی الخطأ**: اور اس پر وعید وارد ہے اور بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا کی قید سے تادیب وسیاست کا جواز جبکہ قاعدہ شرعی سے ہو ثابت ہو گیا اور ایذاء بلا قصد میں جو يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ [ھود: ۲۰] آیا ہے وہ تقریر تمہید کے کہ صرف فہمائش ونصیحت الخ منافی نہیں' کیونکہ یہ وعید معلق ہے کہ بعد اس کے علم ہو گیا کہ یہ امر موجب ایذاء ہے' اس کا ارتکاب موجب وعید ہے اور اس کا وقوع نہ ہوا تھا اور جس کا وقوع ہوا تھا اس کے سبب ایذاء ہونے کی طرف التفات اور اس کا علم نہ ہوا تھا۔ ربط: اوپر ایذائے رسول وایذائے عام مؤمنین پر وعید فرمائی تھی' آگے بعض خاص ایذاؤں کے متعلق کلام ہے جیسا بعض خاص ایذائیں اوپر متفرق آیات میں مذکور ہو چکی ہیں اور یہ ایذاء منافقین کی جانب سے دو طور پر واقع ہوئی تھی' ایک یہ کہ ان میں سے بعض شریر طینت مسلمانوں کی کنیزوں کو راستہ میں چھیڑتے اور بعضی بیبیوں سے بھی کنیزوں کے شبہ میں تعرض کرتے۔ دوسرے یہ کہ ہمیشہ ایسی جھوٹی خبریں اڑاتے کہ فلاں غنیم چڑھ کر آنا چاہتا ہے۔ ان دونوں امر سے رسول اللہ ﷺ اور عام مؤمنین ومؤمنات کو کلفت ہوتی۔ حق تعالیٰ نے پہلے امر کا انتظام حرائر کے لئے ادناء جلباب سے جس کی تحقیق آگے آتی ہے فرمایا اور غیر حرائر کے لئے وعید اغراء سے فرمایا اور امر دوم کا بھی اسی اغراء سے انسداد فرمایا۔ چنانچہ اس وعید سے ان کی وہ شورہ پشتی اور بے باکی بند ہو گئی۔ اس لئے وہ وعید واقع بھی نہیں کی گئی اور ان دونوں امر کے اعتبار سے منافقین تین قسم کے تھے۔ بعض جو رئیس اور نفاق میں اصل تھے وہ تو اپنی حفظ وجاہت کے لئے ان امور کا ارتکاب خود نہ کرتے تھے بلکہ رائیں دیتے اور تجویزیں کیا کرتے اور عوام میں بعضے امر اول کے مرتکب ہوتے' بعضے امر دوم کے۔ ان آیتوں میں ان سب کا ذکر ہے' ماخذ اس تمام تر تقریر کا روایات درِ منثور کی ہیں۔

نوع ہفتم ایذائے رسول ﷺ مع المؤمنین بتعرض نساء وارجاف:

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ (الی قولہ تعالی) وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا اے پیغمبر اپنی بیبیوں اور اپنی صاحبزادیوں سے اور دوسرے

www.besturdubooks.net

مسلمانوں کی بیبیوں سے کہہ دیجئے کہ (سر سے) نیچی کرلیا کریں اپنے (چہرہ کے) اوپر تھوڑی سی اپنی چادریں اس سے جلدی پہچان ہوجایا کرے گی تو آزار نہ دی جایا کریں گی (یعنی کسی ضرورت سے باہر نکلنا پڑے تو چادر سے سر اور چہرہ بھی چھپالیا جاوے جیسا سورۂ نور کے ختم کے قریب غیر متبرجات بزینۃ میں اس کی تفسیر روایت سے گزر چکی ہے چونکہ غیر حرائر کے لئے سر فی نفسہٖ داخل ستر نہیں اور انکشاف وجہ میں ان کو حرائر سے زیادہ رخصت ہے جس کی وجہ بغرض خدمت موالی زیادہ ضرورت خروج وانکشاف ہے اس بناء پر اس وضع سے حرائر کو غیر حرائر سے امتیاز ہوجاوے گا اور وہ لوگ حرائر کو بوجہ ان کی وجاہت اور غلبہ ظن ان کی حمایت کے قصدانہ چھیڑتے تھے پس حرائر کے لئے اس وضع سے پردہ شرعی کے امر کا امتثال بھی ہوجاوے گا اور بہت سہولت کے ساتھ ان شریروں سے حفاظت ہوجاوے گی۔ رہ گئیں غیر حرائر ان کا انتظام آگے آوے گا) اور (اس سر اور چہرہ کے ڈھانکنے میں جو بلا قصد کمی یا بے احتیاطی ہوجاوے تو) اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے (اس کو معاف کردے گا اور بخشنا اس لئے فرمایا کہ غالباً اس کوتاہی کا منشا کسی قدر بے پروائی وبے التفاتی ہوا کرتی ہے جو فی نفسہٖ ایک گونہ گناہ ہے مگر ایسے صغائر کبھی حسنات سے کبھی فضل سے معاف ہوتے رہتے ہیں' آگے ان تعرض کرنے والوں کو اس شرارت پر اور ایک دوسری شرارت پر بھی دھمکاتے ہیں یعنی) یہ (خاص اصل) منافقین (جو رئیس اور بانی فساد وشرارت ہیں) اور (عام منافقین میں سے) وہ لوگ جن کے دلوں میں (شہوت پرستی کی) خرابی ہے (اور اس لئے کنیزوں سے تعرض کرتے ہیں) اور (ان ہی عام منافقین میں) وہ لوگ جو مدینہ میں (جھوٹی جھوٹی یا پریشان ۵ کرنے والی) افواہیں اڑایا کرتے ہیں (یہ لوگ) اگر (اپنی حرکتوں سے) باز نہ آئے تو ضرور (ایک نہ ایک دن) ہم آپ کو ان پر مسلط کریں گے (یعنی ان کے اخراج کا حکم کردیں گے) پھر (اس حکم کے بعد) یہ لوگ آپ کے پاس مدینہ میں بہت ہی کم رہنے پاویں گے وہ بھی (ہر طرف سے) پھٹکارے ہوئے (یعنی مدینہ سے نکل جانے کا سامان کرنے کے لئے جو کچھ قدر قلیل مدت معین کی جاوے گی پس اس قدر تو یہ یہاں رہ لیں گے اور اس مدت میں بھی ہر شخص کی نظر میں ذلیل وخوار ہوں گے' پھر نکال دیئے جاویں گے اور نکالنے کے بعد بھی کہیں امن نہ ہوگا بلکہ) جہاں ملیں گے پکڑ دھکڑ اور مار دھاڑ کی جاوے گی (وجہ یہ کہ ان منافقین کے کفر کا مقتضا تو یہی تھا لیکن نفاق کی آڑ میں ان کو پناہ ملی ہوئی ہے جب علی الاعلان ایسی مخالفتیں کرنے لگیں گے تو وہ مانع بھی اٹھ گیا' اس لئے ان کے ساتھ بھی اسی اقتضائے اصلی کے موافق معاملہ ہوگا کہ ان کا اخراج اور قید وقتل سب جائز ہے اور اگر خروج کے لئے کوئی مدت معین ہوجاوے تو اس مدت کے اندر اندر بوجہ معاہدہ کے مامون ہوں گے' اس کے بعد پھر جہاں ملیں گے بوجہ عدم بقائے عہد قید وقتل کی اجازت ہوگی۔ اس دھمکی میں تعرض غیر حرائر کا انتظام بھی ہوگیا اور ارجاف کا بھی انسداد ہوگیا' یعنی مجاہرانہ ومکابرانہ کارروائی سے باز آ گئے گو منافقانہ شرارتیں رہی ہوں جس پر یہ احکام گاہے متوجہ نہیں کئے گئے اور فساد وشورش پر سزا کا مشروع کرنا کچھ ان ہی کے ساتھ خاص نہیں بلکہ) اللہ تعالیٰ نے ان (مفسد) لوگوں میں بھی اپنا یہی دستور (جاری) رکھا ہے جو (ان سے) پہلے ہو گزرے ہیں (کہ ان کو آسمانی سزائیں دی جائیں یا انبیاء کے ہاتھ سے بمشروعیۃ جہاد وسیاست سزائیں دلوائی ہیں' پس اگر پہلے ایسا نہ ہو چکتا تو ان کو اس وعید کے استبعاد کا وسوسہ بعید نہ تھا اور اب تو گنجائش ہی نہیں) اور آپ خدا کے دستور میں (کسی شخص کی طرف سے) رد وبدل نہ پاویں گے (کہ خدا تو کوئی بات جاری کرنا چاہے اور کوئی اس کو روک سکے' پس سُنَّةَ اللّٰهِ میں احتمال قبل الوقوع کا دفعیہ فرمادیا اور لَنْ تَجِدَ میں احتمال بعد الوقوع کا دفعیہ فرمادیا کہ جب وہ واقع کرنے لگے تو کوئی ہٹا نہیں سکتا)۔ **ف**: شرعی لونڈیوں کے اعضائے مکشوفہ حرہ سے زائد ہیں' یعنی اس میں مثل محرم عورتوں کے ہیں کذا فی الهداية: جن کا حکم سورۂ نور آیت قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ...... [النور: ۳۰] کی تفسیر میں گزر چکا ہے اور اس انتظام ادناء جلباب میں غیر حرائر کو شریک نہ کرنا اس لئے ہے کہ اس میں اس کی منصبی خدمات خلل پذیر ہوتی تھیں مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ان کے لئے تعرض کو گوارا کیا گیا' بلکہ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ میں ان کا انتظام کافی مذکور ہے' پس حاصل انتظام ادناء جلباب کا یہ ہوا کہ بیبیوں کی بے حجابی سے لونڈیوں کی حفاظت تو ہو ہی نہ جاوے گی بلکہ ایک نشد دوشد کا مضمون ہو جاوے گا' اس لئے تم کو تو وضع اصلی کے چھوڑنے کی کوئی ضرورت نہیں اور اس میں تمہاری حفاظت بھی سہل ہے' اس لئے تم اس کی پابند رہو' باقی کنیزوں کا دوسرا انتظام ہوسکتا ہے (هكذا في القول الصواب لهذا العبد): باقی ضروری مضامین اس کے متعلق اس کی تمہید میں مذکور ہو چکے ہیں' حاجت اعادہ نہیں اور یہ آیت منع عن کشف الوجہ میں صریح ہے' اگر کسی کو وسوسہ ہو کہ یہ تو عارض دفع تعرض کے لئے تھا' جواب یہ ہے کہ حاصل اس دفع تعرض کا دفع فتنہ ہے' پس جہاں فتنہ ہوگا وہاں کشف وجہ ممنوع ہوگا خصوصیت کسی فتنہ کی معتبر نہیں اور چونکہ منی اس کا دفع فتنہ ہے اس لئے اس وجوب ستر وجہ کو لغیرہ کہتے ہیں اور عجائز کو مستثنیٰ کہتے ہیں۔ البتہ ازواج مطہرات کے لئے دوسری دلیل سے اس وجوب کو لعینہ کہتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ ...... اس سے مستنبط ہوتا ہے کہ لباس وغیرہ میں امتیاز رکھنا جبکہ اس میں کسی مفسدہ ومضرت سے بچاؤ ہو اور کبر سے نہ ہو مذموم نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في اول ف: رحمت بھیجنا الخ اشارة الى عموم المجاز في الآية فلا يتوجه سوال ولا يحتاج الى جواب ۱۲۔ ۲ قوله في ف: ناراض کرنے کو ولا يلزم الجمع بين الحقيقة والمجاز لان المراد عموم المجاز فافهم ۱۲۔ ۳ قوله في التمهيد: روايات وهي

www.besturdubooks.net

ماسنذکرہ ۱۲۔ ؎ قولہ فی العنوان: نوع ہفتم هذا وان اشتمل علی نوعین لکن لما او عدد علیهما بوعید واحد وهو الاغراء نظما فی سلک واحد وایضا فیه رعایاة التماثل (ا) عدوی انواع الاجلال المامور به وانواع الایذاء المنهی عنه ۱۲۔ ؎ قوله فی المرجفون: یا پریشان اشارة الی ان الوعید شامل للخبر الصادق الذی لا ینبغی اذاعته ویذاع لان یتاذی به المسلمون یدل علیه قوله تعالی واذا جاء هم امر من الامن الخ ۱۲۔

الروایات: فی الدر المنثور عن ابن عباسؓ فی قوله ان الذین یؤذون الله ورسوله الآیة قال نزلت فی الذین علی النبی ﷺ حین اخذ صفیة بنت حیی رضی الله تعالی عنها وعنه ایضًا قال انزلت فی عبدالله بن ابی وقاص معه قذفوا عائشةؓ فخطب النبی ﷺ وقال من یعذرنی فی رجل یؤذینی ویجمع فی بیته من یؤذینی فنزلت ۱۲۔ قوله تعالی: ذلك ادنی ان یعرفن عن ابی مالك قال کان ناس من المنافقین یتعرضون لهن فقیل ذلك للمنافقین فقالوا انما نفعله بالاماء فنزلت الی قوله حتی عرفوا من الاماء وعن قتادة قال قد کانت المملوکة یتناولونها۔ قوله تعالی: لئن لم ینته عن قتادة قال ان اناسا من المنافقین ارادوا ان یظهروا نفاقهم فنزلت فیهم لئن لم ینته المنافقون وعنه قال الارجاف الکذب الذی یذیعه اهل النفاق یقولون قد اتاکم عدد وعدة الی قوله فلما او عدهم الله بهذه الآیة کتموا ذلك واسروه فقال اخذوا وقتلوا اذا اظهروا النفاق وعن محمد بن کعبؒ فی قوله لئن لم ینته المنافقون قال یعنی المنافقین باعیانهم وعن عبید بن جنینؒ فی قوله لئن لم ینته المنافقون قال عرف المنافقین باعیانهم والذین فی قلوبهم مرض والمرجفون فی المدینة هم المنافقون جمیعًا وعن عکرمة والذین فی قلوبهم مرض قال اصحاب الفواحش وعن السدی فی مثل عبدالله بن ابی سلول وعبدالله بن نبتل ومالك بن واعس فکان هؤلاء وجوها من وجوه الانصار فکانوا یستحیون ان یاتوا الزنا یصونون بذلك انفسهم هذا کله فی الدر المنثور ۱۲۔

اللغات: قوله تعالی: یدنین الادناء التقریب وضمن معنی الارخاء او السدل ولذا عدی بعلی کذا فی الروح۔ قوله: لنغرینك یقال اغراه بکذا اذا ادعاه الی تناوله بالتحریض علیه والمراد التسلیط۔

النحو: قوله ملعونین حال من مقدر ای یجاورون قلیلاً ملعونین دل علیه المذکور من قوله تعالی لا یجاورونك فیها الا قلیلا۔

الحواشی: (ا) ای لیکون انواع الاجلال سبعة وانواع الایذاء سبعة ۱۲ منه۔

يَسْئَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ۝۶۳ اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ۝۶۴ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝۶۵ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ۝۶۶ وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاۗءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ۝۶۷ رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ۝۶۸ ع ۵

یہ (سن کر) لوگ آپ سے قیامت کے متعلق سوال کرتے ہیں آپ دعا کیجئے کہ اس کی خبر تو بس اللہ ہی کے پاس ہے اور آپ کو اس کی کیا خبر عجب نہیں کہ قیامت ہی واقع ہو جائے بے شک اللہ تعالیٰ نے کافروں کو رحمت سے دور رکھا ہے اور ان کے لئے آتش سوزاں تیار کر رکھی ہے۔ جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے نہ کوئی یار پائیں گے اور نہ کوئی مددگار جس روز ان کے چہرے دوزخ میں الٹ پلٹ کئے جائیں گے۔ یوں کہیں گے: اے کاش! ہم نے اللہ کی اطاعت کی ہوتی اور ہم نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کی ہوتی اور کہیں گے کہ اے ہمارے رب! ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کا کہنا مانا تھا۔ سوانہوں نے ہم کو (سیدھے) راستہ سے گمراہ کیا تھا۔ اے ہمارے رب! ان کو دوہری سزا دیجئے اور ان پر بڑی لعنت کیجئے۔

تفسیر ربط: اوپر آیت: اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ...... میں اللہ و رسول کی مخالفت پر لعنة فی الدنیا والآخرت اور عذاب مہین کی وعید فرمائی تھی چونکہ اس میں اثبات ہے قیامت اور آخرت کا اور بعضے فرقے اللہ و رسول کی مخالفت کرنے والوں میں اس کے منکر تھے وہ اس قسم کی وعیدیں سن کر بطور انکار کے قیامت کا وقت وغیرہ پوچھا کرتے تھے اس لئے آگے اس کا جواب مع تہدید اور لعنت مذکورہ وعذاب مذکور کی کسی قدر تفصیل اور کیفیت ارشاد فرماتے ہیں۔

تہدید مخالفین بوقوع قیامت وعقوبت: يَسْئَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ (الی قوله تعالی) وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ۝ یہ (منکر) لوگ آپ سے قیامت کے متعلق

www.besturdubooks.net

(منکرانہ) سوال کرتے ہیں (کہ کب ہوگی) آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ اس (کے وقت) کی خبر تو بس اللہ ہی کے پاس ہے اور آپ کو اس کی کیا خبر (کہ کب ہے البتہ اجمالاً ان لوگوں کو جان رکھنا چاہئے کہ) عجب نہیں کہ قیامت قریب ہی واقع ہو جاوے (کیونکہ جب وقت معین نہیں تو احتمال قرب کا بھی تو ہے تو اس احتمال سے ان کو چاہئے تھا کہ ڈرتے اور اس کے لئے تیاری کرتے نہ کہ منکرانہ استعجال اور استہزاء کرتے ہیں اور قرب سے مراد اگر غایت قرب ہے تو قرب کا وقوع نہ ہونا اس لئے محل اشکال نہیں کہ باعتبار عباد کے لَعَلَّ کے ساتھ خبر دی گئی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جب عباد سے مخفی ہے تو ان کو چاہئے کہ اس کے قرب کا احتمال رکھیں خواہ وہ قرب واقع ہو یا نہ ہو اور اسی علت اخفاء سے یہی قرب ہر زمانہ میں محتمل ہے پس وجوب خوف بھی تمام ازمنہ میں عام ہوا اور اگر قرب سے مراد مطلق قرب ہے تو لعل تحقیق کے لئے بھی ہو سکتا ہے اور وہ قرب واقع کے موافق بھی ہے کیونکہ اول تو یوماً فیوماً اس کا وقت قریب ہی آتا جاتا ہے یعنی جتنا بعد مثلاً کل تھا آج اس قدر نہیں رہا پس یہ بھی قرب ہے دوسرے یوم قیامت کے اشد ادوامتداد کے سامنے دنیا کی مدت طویلہ بھی قصیر معلوم ہوگی پس اس کے مقابلہ میں یہ مجموعی مدت قریب ہے پس ہر حال میں تہدید صحیح ہوگئی یا احتمال قرب سے یا روزانہ مہلت کم ہوتے جانے سے یا اس وقت کے ہول اور طول سے۔ اب آگے لعنت اور عقوبت یوم قیامت کی کیفیت ارشاد ہے کہ) بے شک اللہ تعالیٰ نے کافروں کو رحمت سے دور کر رکھا ہے (جیسا اوپر بھی فرمایا ہے: لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ) اور (اس لعنت ہی کا اثر یہ ہے کہ) ان کے لئے آتش سوزاں تیار کر رکھی ہے (جیسا اوپر بھی فرمایا ہے: وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِیْنًا) جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور) نہ کوئی یار پائیں گے اور نہ کوئی مددگار (پائیں گے) جس روز ان کے چہرے دوزخ میں الٹ پلٹ کئے جاویں گے (یعنی چہروں کے بل گھسیٹے جاویں گے کبھی چہرہ کی اس کروٹ کبھی اس کروٹ جیسا اس طرح گھسیٹنے[۲] میں مشاہدہ ہوتا ہے کہ اس شخص کا کبھی ایک طرف منہ ہو جاتا ہے کبھی دوسری طرف اور اس وقت غایت حسرت سے) یوں کہتے ہوں گے اے کاش ہم نے (دنیا میں) اللہ کی اطاعت کی ہوتی اور ہم نے رسول کی اطاعت کی ہوتی (تو آج اس مصیبت میں مبتلا نہ ہوتے) اور (حسرت کے ساتھ اپنے گمراہ کرنے والوں پر غیظ وغضب پیدا ہوگا تو) یوں کہیں گے کہ اے ہمارے رب ہم نے اپنے سرداروں کا (یعنی اہل حکومت کا) اور اپنے بڑوں کا (جن میں اور کسی وجہ سے متبوعیت کی صفت پائی جاتی تھی) کہنا مانا تھا سو انہوں نے ہم کو (سیدھے) راستہ سے گمراہ کیا تھا اے ہمارے رب (اس لئے) ان کو دوہری سزا دیجئے اور ان پر بڑی لعنت کیجئے (یہ ایسا مضمون ہے جیسا سورۂ اعراف کے رکوع چہارم میں ہے: رَبَّنَا هٰۤؤُلَاۤءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ [الأعراف: ۳۸] جس کا جواب مل جاوے گا: قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ [ایضاً] جس کی تفسیر وہاں گزری ہے جس سے معلوم ہوگیا کہ ان کفار کی درخواست سے جو غرض تھی وہ اس میں ناکام رہے اس تفسیر کو دیکھ لیا جاوے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَقَالُوْا رَبَّنَاۤ اِنَّاۤ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا اس میں دلالت ہے کہ ایسی تقلید عذر نہیں اور آج کل بدعات ورسوم کے اختیار کرنے میں منتسبین الی المشائخ اس سے بہت تمسک کرتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: قوله في ما يدريك: اس کی کیا خبر اشارة الى ان المفعول الثانی ليدريك هو المقدر لاقوله لعل الساعة بل هو جملة مستانفة هدد بها المنكرين وفهمته من تفسير المعالم ۱۲۔ ۲ قوله فی تقلب: گھسیٹنے اخذته من المعالم وهذا كقوله تعالىٰ يوم يسحبون فی النار وهذا التقلب ان كان من المسحوب طبعًا و اضطرارًا صح اسناده الى الملائكة كما يدل عليه كون الصيغة متعدية بناء على صدور سببه اى السحب منهم ۱۲۔

القراۃ: قوله الرسولا والسبيلا انظر فی ما كتبت فی قوله تعالىٰ تظنون بالله الظنونا۔ قوله كبيرا فی قراءة كثيرا بالمثلثة ۱۲۔

النحو: قوله قريبا ليس هو خبرا بل هو ظرف اى فی زمان قريب ۱۲۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ۟ ۶۹ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۟ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۟

اے ایمان والو! تم ان لوگوں کی طرح مت ہونا جنہوں نے (کچھ تہمت تراش کر) موسیٰ کو ایذا دی۔ سو ان کو اللہ تعالیٰ نے بری ثابت کر دیا اور وہ اللہ کے نزدیک بڑے معزز ہیں۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور راستی کی بات کہو اللہ تعالیٰ (اس کے صلہ میں) تمہارے اعمال کو قبول کرے گا اور تمہارے گناہ معاف کر دے گا اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا۔ سو وہ بڑی کامیابی کو پہنچے گا۔

تفسیر ربط: اوپر کی آیتوں میں اللہ ورسول کی مخالفت احکام کا جس کو ایذاء سے تعبیر فرمایا گیا تھا مہلک ہونا معلوم ہوا ہے اور اہل وعید کی اس تمنا سے کہ:

www.besturdubooks.net

یٰلَیْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿۶۶﴾ اللہ و رسول کی موافقت احکام کا منجی ہونا مفہوم ہوا ہے آگے بطور تفریع کے مسلمانوں کو کہ وہی منتفع ہوتے ہیں اس مخالفت سے نہی اور اس موافقت کا امر اور اس نہی کے ساتھ اشارۃً مخالفت کا مضر ہونا اور اس امر کے ساتھ صراحۃً موافقت کا نافع ہونا ارشاد فرماتے ہیں۔

ترہیب از معصیت وترغیب براطاعت: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا (الی قولہ تعالیٰ) فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا ﴿۷۱﴾ اے ایمان والو! تم ان لوگوں کی طرح مت ہونا جنہوں نے (کچھ تہمت تراش کر) موسیٰ (علیہ السلام) کو ایذاء دی تھی سو ان کو خدا تعالیٰ نے بری ثابت کر دیا (یعنی ان کا تو کچھ ضرر نہ ہوا تہمت لگانے والے ہی کذاب اور مستحق عتاب ٹھہرے) اور وہ (یعنی موسیٰ علیہ السلام) اللہ کے نزدیک بڑے معزز (پیغمبر) تھے (اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان کی براءت ظاہر فرما دی جیسا اور انبیاء علیہم السلام کے لئے بھی وجاہت اور تہمتوں سے براءت عام ہے۔ مطلب یہ کہ تم رسول کو ان کی مخالفت کر کے ایذا مت دینا کہ وہ اللہ کی مخالفت بھی ہے ورنہ تم ہی متضرر ہو گے بلکہ ہر امر میں اللہ و رسول کی اطاعت کرنا جس کا آگے حکم کیا جاتا ہے کہ) اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو (یعنی ہر امر میں اس کی اطاعت کرو) اور (بالخصوص کلام کرنے میں اس کی بہت رعایت رکھو کہ جب بات کرنا ہو) راستی کی بات کہو (جس میں عدل اور اعتدال سے تجاوز نہ ہو) اللہ تعالیٰ (اس کے صلہ میں) تمہارے اعمال کو قبول کرے گا اور تمہارے گناہ معاف کر دے گا (کچھ ان اعمال کی برکت سے کچھ توبہ کی برکت سے جو تقویٰ اور قول سدید میں داخل ہے) اور (یہ ثمرات مذکورہ اطاعت پر ہیں اور اطاعت وہ چیز ہے کہ) جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا سو وہ بڑی کامیابی کو پہنچے گا۔ ف: موسیٰ علیہ السلام کے ایذاء دینے اور ان کی براءت کا قصہ جس کو خود جناب رسول اللہ ﷺ نے اس آیت کی تفسیر کے طور پر فرمایا ہے بخاری وغیرہ میں اس طرح مذکور ہے کہ بنی اسرائیل غلبہ جہل سے اعلانیہ برہنہ نہایا کرتے تھے اور موسیٰ علیہ السلام جیسا کہ بدن چھپانے کا حکم شرعی ہے آڑ میں غسل فرماتے' بنی اسرائیل نے چرچا کیا کہ ان کے بدن میں کوئی عیب ومرض ضرور ہے' اس لئے یہ سب کے روبرو بدن نہیں کھولتے' یہ بات ایذاء رسانی کی تھی۔ اللہ تعالیٰ کو آپ کی براءت اس عیب سے ظاہر کرنا تھی۔ آپ نے بار تنہائی میں کپڑے اتار کر پتھر پر رکھ دیئے اور غسل کرنے لگے۔ خدا کے حکم سے وہ پتھر کپڑوں سمیت وہاں سے چلا۔ آپ کپڑے اٹھانے کے لئے اس کے پیچھے ہو لئے۔ آپ کا گمان یہ تھا کہ یہاں خالی میدان میں کوئی آدمی نہ ہو گا۔ اتفاق سے ایک مجمع بنی اسرائیل کا موجود تھا۔ وہ پتھر وہاں جا کر ٹھہرا اور سب نے سر سے پاؤں تک دیکھ لیا کہ کسی قسم کا کوئی عیب آپ کے بدن میں نہیں' پھر آپ نے کپڑے پہن لئے اور اس وقت سرمد کا یہ قول باحسن وجوہ صادق آ گیا۔

؎ پوشاند لباس ہرا کرا عیبے دید ☆ بے عیباں را لباس عریانی داد

اور اس قصہ میں موسیٰ علیہ السلام پر تو اس لئے اعتراض نہیں ہو سکتا کہ آپ کے اختیار کو اس میں کوئی دخل نہ تھا اور اللہ تعالیٰ پر اس لئے اعتراض نہیں ہو سکتا کہ وہ کسی قانون کے محکوم نہیں ہیں اور یہاں تو حکمت تبریہ موسیٰ علیہ السلام کی بھی ظاہر ہے اور خود تبریہ میں یہ حکمت ہے کہ نبی سے کسی کو تنفر نہ ہو جو کہ طبعاً حاجت اقتدا ہو جاتا ہے۔ یہ قصہ حضور ﷺ نے بیان فرما کر ارشاد فرمایا: فذلک قولہ تعالیٰ: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اٰذَوْا مُوْسٰی پس یہ قصہ تو بالیقین اس کی تفسیر ہے۔ باقی دوسرے قصے بھی اگر عموم ایذاء میں داخل کر لئے جاویں اور اس کی تخصیص کو تمثیل پر محمول کیا جاوے تو گنجائش ہے' لیکن اس قصہ کے تفسیر ہونے کا انکار صحیح نہیں اور شعب تقویٰ وطاعات میں سے قول سدید کی کہ طاعت لسانی ہے تخصیص شاید اس لئے ہو کہ اس کو اکثر لوگ سہل سمجھتے ہیں یا اس لئے ہو کہ وہ ایذاء میں اصرح اور اقبح ہوتا ہے و نیز کثیر الوقوع بھی ہوتا ہے اور یُصْلِحْ بمعنی یتقبل کی وجہ ترتب تقویٰ وقول سدید پر ظاہر ہے' کیونکہ عمل کا مقبول ہونا جن شرائط پر موقوف ہے وہ سب جزء تقویٰ ہیں' جب کبھی مقبولیت عمل میں اختلال ہو گا ضرور تقویٰ کے کسی جزء کا فقدان ہو گا اور لَا تَكُوْنُوْا سے یہ لازم نہیں آتا کہ کبھی مسلمانوں نے قصداً ایسا کیا ہو بلکہ ہمیشہ احتیاط رکھنے کا حکم ہے جیسا میرے ترجمہ سے ظاہر ہے اور حدیثوں میں جو بعضے لوگوں کے قصے آئے ہیں یا تو وہ منافقوں کے قصے ہیں یا بعضے مزاج ناشناس مسلمانوں کو ان اقوال کے موذی ہونے کی طرف التفات نہ ہوا ہو گا۔ ربط: اوپر آیات میں اللہ و رسول کی اطاعت کا وجوب اور مخالفت کی حرمت مذکور ہے' بلکہ تمام تر سورت اسی مضمون کی شرح ہے' کیونکہ اعظم مقاصد سورت جیسا کہ تمہید میں مذکور ہوا ہے رسول ﷺ کے اجلال واحترام کا وجوب اور ایذاء وایلام کی تحریم ہے اور یہ بھی وجوب اطاعت اللہ و رسول اور حرمت مخالفت اللہ و رسول کا ایک تعبیری عنوان ہے' آگے اسی وجوب وحرمت کی تاکید وتقویت کے لئے خاتمہ سورت میں انسان کا مکلف باحکام ہونا اور ان کو امانت کے ساتھ تشبیہ دے کر اس کے ادائے حق کرنے والوں کا مورد عنایت اور اس کی اضاعت کرنے والوں کا مستحق عذاب ہونا بیان فرماتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ...... اس میں دلالت ہے کہ اعمال صالحہ کو جیسا ثواب میں دخل ہے اسی طرح دوسرے اعمال کی اصلاح میں بھی ان کو دخل ہے' اسی بناء پر مشائخ بعض اوقات ایک عمل کا امر کرتے ہیں مگر مقصود اس سے کسی دوسرے عمل کی اصلاح ہوتی ہے' اس تعلق کو وہ حضرات خوب جانتے ہیں۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: لے قوله في براه: بری ثابت اشارة الى ان البراء ة كانت مقدمة وانما المرتب هو اظهارها ۱۲۔ ۲ قوله في توضيح براه: ضرر نہ ہو اشارة الى ما في التمهيد من قوله اشارةً: مخالفت کا الخ ۱۲۔ ۳ قوله في وجيها: جیسا اور انبیاء الخ اشارة الى ان التخصيص ليس في الحكم بل انما هو في الذكر لاقتضاء المقام وتخصيص موسىٰ في التشبيه لكونه عليه السلام اشبه نبينا ﷺ في كثير من الصفات الجليلة الجميلة ككونهما صاحبي شرع جديدة وكونهما صاحبي سيف وكونهما صاحبي رعب ۱۲۔ ۴ قوله في يصلح: قبول اخذته من الخازن ففيه قال ابن عباس يتقبل حسناتكم وهكذا في المدارك قلت وهذا لان العمل اذا كان صالحاً يكون مقبولا فعجله صالحًا يستلزم جعله مقبولا فصح ارادة معنى يتقبل ۱۲۔ ۵ قوله في يغفرلكم: تمہارے گناہ اشار بترك ترجمة اللام الى كونها للتقوية محسب ۱۲۔

إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَنْ يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ ۖ
إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا ﴿٧٢﴾ لِيُعَذِّبَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ وَيَتُوبَ
۹ ع ۵ ۶ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿٧٣﴾

ہم نے یہ امانت (یعنی احکام جو منزلہ امانت کے ہیں) آسمان وزمین اور پہاڑوں کے سامنے پیش کی تھی سوانہوں نے اس کی ذمہ داری سے انکار کردیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اس کو اپنے ذمے لے لیا وہ ظالم ہے جاہل ہے انجام یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ منافقین اور منافقات اور مشرکین اور مشرکات کو سزا دے گا اور مؤمنین ومؤمنات پر توجہ و(رحمت) فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔

تفسیر: مکلف بودن باحکام وثمرات طاعات وآثام: إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ (الی قولہ تعالیٰ) وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ہم نے یہ امانت (یعنی احکام جو بمنزلہ امانت کے ہیں) آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں کے سامنے پیش کی تھی (یعنی ان میں کچھ شعور پیدا کر کے جو کہ اب بھی ہے ان کے روبرو اپنے احکام اور بصورت ماننے کے اس پر انعام واکرام اور بصورت نہ ماننے کے اس پر تعذیب وایلام پیش کر کے ان کو لینے نہ لینے کا اختیار دیا اور حاصل اس پیش کرنے کا یہ تھا کہا گر تم ان احکام کو اپنے ذمہ رکھتے ہو تو ان کے موافق عمل کرنے کی صورت میں تم کو ثواب ملے گا اور خلاف کرنے کی صورت میں عذاب ہوگا اور اگر نہیں لیتے تو مکلف نہ بنائے جاؤ گے اور ثواب وعذاب کے بھی مستحق نہ ہوگے تم کو دونوں اختیار ہیں کہ اس کو نہ لینے سے نافرمان نہ ہوگے جس قدر ان میں شعور تھا وہ اجمالاً اس مضمون سمجھ لینے کے لئے کافی تھا چونکہ ان کو اختیار بھی دیا گیا تھا) سوانہوں نے (خوف عذاب کے سبب احتمال ثواب سے بھی دست برداری کی اور) اس کی ذمہ داری سے انکار کردیا اور اس (کی ذمہ داری) سے ڈر گئے (کہ خدا جانے کیا انجام ہو اور اگر وہ اپنے ذمہ رکھ لیتے تو مثل انسان کے ان کو بھی عقل عطا کی جاتی جو تفصیل احکام ومثوبات وعقوبات کے سمجھنے کے لئے موقوف علیہ ہے' چونکہ اس کو نہیں منظور کیا اس لئے عقل کی بھی ضرورت نہ ہوئی۔ غرض انہوں نے تو عذر کردیا) اور (جب ان سموات وارض وجبال کے بعد انسان کو پیدا کر کے اس سے یہی بات پوچھی گئی تو) انسان نے (بوجہ اس کے کہ علم الٰہی میں اس کا خلیفہ ہونا مقرر تھا) اس کو اپنے ذمے لے لیا (غالباً اس وقت تک اس میں بھی اتنا ہی ضرورت کے قدر شعور ہوگا اور غالباً یہ پیش کرنا اخذ میثاق سے مقدم ہے اور وہ میثاق اسی حمل کی فرع ہے اور اس میثاق کے وقت اس میں عقل عطا کی گئی ہوگی اور یہ کسی خاص انسان سے مثل آدم علیہ السلام کے نہیں پوچھا گیا بلکہ مثل اخذ میثاق کے یہ عرض بھی عام ہوگا اور التزام بھی عام تھا' پس سموات وارض وجبال مکلف نہ ہوئے اور یہ مکلف بنادیا گیا۔ آیت میں اس کا یاد دلانا غالباً اسی حکمت سے ہے جیسا میثاق یاد دلایا (یعنی ان احکام کا تم نے از خود التزام کیا ہے پھر نباہنا چاہئے اور چونکہ مکلف جن بھی ہے' اس لئے غالباً وہ بھی اس عرض اور حمل میں شریک ہے مگر تخصیص ذکر انسان کی صرف اس لئے ہے کہ اس مقام میں کلام اسی سے ہو رہا ہے' پھر اس التزام کے بعد انسان کی حالت باعتبار اکثر افراد کے یہ ہوئی کہ) وہ (انسان عملیات میں) ظالم ہے (اور علمیات میں) جاہل ہے (یعنی دونوں امر میں اعمال میں بھی اور عقائد میں بھی خلاف ورزی کرتا ہے۔ یہ تو حالت باعتبار اکثر افراد کے ہے' باقی مجموعہ کے اعتبار سے اس ذمہ داری کا) انجام یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ منافقین ومنافقات اور مشرکین ومشرکات کو (کہ یہ لوگ احکام کے ضائع کرنے والے ہیں) سزا دے گا اور مؤمنین ومؤمنات پر توجہ (اور رحمت) فرماوے گا اور (بعد مخالفت بھی اگر کوئی باز آجاوے تو پھر اس کو بھی مؤمنین ومؤمنات کے زمرہ میں شامل کرلیا جاوے گا کیونکہ) اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ ف: احکام کو امانت سے تشبیہ دینا بنا بر وجوب ادا اس کے حقوق کے ہے اور تعذیب ورحمت کا انجام حمل ہونا بواسطہ اضاعت واطاعت کے ہے اور اس آیت کی جو تفسیر اختیار کی گئی ہے اس پر کلام حقیقت پر محمول ہو کر بھی تمام اشکالات نقلیہ وعقلیہ سے بفضلہٖ تعالیٰ محفوظ ہے۔ ولله الحمد على ذلك ثم له الحمد على اتمام تفسير هذه السورة للسادس عشر من صفر يوم الاثنين ۱۳۲۵ھ من هجرة سيد الثقلين صلى الله عليه وعلى آله وسلم مدة دور الملوين وسير النيرين۔

www.besturdubooks.net

ترجمۂ مسائل السلوک: ضمیمہ از روح المعانی۔ قولہ تعالیٰ: یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰهَ ...... اس میں عظمت شان تقویٰ کی طرف اشارہ ہے اور نیز اس میں یہ بھی اشارہ ہے کہ اعداء اللہ سے محبت نہ چاہئے کیونکہ ان کی اطاعت کرنا جس سے ممانعت مذکور ہے اور ان سے محبت کرنا یہ دونوں لازم وملزوم ہیں۔ سورۂ احزاب تمام ہوئی۔

الروایات: المتعلقة بالامانة فی الدر المنثور عن ابن عباسؓ الامانة الفرائض عرضها الله علی السموات والارض والجبال ان ادوها اثابهم وان ضیعوها عذبهم فکرهوا ذلك واشفقوا من غیر معصیة (لکونها مخیرة فی الحمل وعدمه) ولکن تعظیما لدین الله ان لا یقوموا بها ثم عرضها علی آدم (ای مع ذریته) فقبلها بمافیها وعن قتادة وحملها الانسان قیل له اتحملها قال نعم اه قلت وبهذا یتاید تفسیری آدم فی الروایة الاولی بقولی ای مع ذریته وتخصیص ذکر آدم لکونه اصلالهم وعن مجاهد قال لما خلق الله تعالی السموات والارض عرض علیهم الامانة فلم یقبلها فلما خلق آدم علیه السلام عرضها علیه اه قلت ودل علی ما قلت سمٰوات وارض وجبال: کے بعد انسان کو پیدا کرکے الخ۔

البلاغة: قوله وحملها لم یذکر العرض المدلول علیه بالروایات اکتفاء بذکر الحمل الدال علیه ففیه ایجاز۔ قوله: انه کان ظلومًا جهولا اعتراض بین الحمل و غایة ای عاقبة للایذان من اول الامر بعدم وفاء ه بما تحمل ویکفی فی صدق الحکم علی الجنس بشیٔ وجوده فی بعض افراده فضلاً عن وجوده فی غالبها ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ سَبَإٍ

سُوْرَةُ سَبَإٍ ۳۴ مَكِّيَّةٌ ۵۸ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۵۴ — رُكُوْعَاتُهَا ۶

سورۂ سبا مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۵۴ آیات اور ۶ رکوع ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ① يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاۗءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ②

تمام تر حمد و ثنا اس اللہ کو سزاوار ہے جس کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اسی کو حمد (ثنا) آخرت میں (بھی) سزاوار ہے اور وہ حکمت والا خبردار ہے وہ سب کچھ جانتا ہے۔ جو چیز زمین کے اندر داخل ہوتی ہے (مثلاً) بارش اور جو چیز اس میں سے نکلتی ہے (مثلاً نباتات) اور جو چیز آسمان سے اترتی ہے اور جو چیز اس میں چڑھتی ہے اور وہ (اللہ تعالیٰ) رحیم (اور) غفور (بھی) ہے۔

تفسیر: سورة سبا مكية قيل الا ويرى الذين اوتوا العلم وايها خمس واربعون كذا في البيضاوى ۔

ربط: اس سورت میں یہ مضامین مذکور ہیں شروع سورت میں توحید جو کہ مفہوم کلی امانت کی جزئی اعظم ہونے اور شرک کے مقابل ہونے کی وجہ سے خاتمہ سورت سابقہ سے بھی مرتبط ہے، پھر قیامت کا اثبات مع بیان بعض دلائل قدرت کے جو کہ امکان قیامت کو مفید ہے ختم رکوع اول تک اور درمیان میں قرآن کی حقیقت جو کہ اخبار عن القیامت پر بھی مشتمل ہے پھر اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ کی مناسبت سے داؤد و سلیمان علیہما السلام کا ذکر جو کہ اعلیٰ درجہ کے منیب تھے ترغیب فی الانابۃ کے لئے پھر ترہیب عن عدم الانابۃ کے لئے بعض غیر منیبین یعنی کفار سبا کا ذکر پھر منیبین وغیر منیبین میں اتباع و عدم اتباع ابلیس کا تفاوت اور اس کے تسلیط کی حکمت رکوع دوم تک پھر عود الی التوحید پھر مَآ اَرْسَلْنٰكَ سے اثبات رسالت پھر وَيَقُوْلُوْنَ سے عود الی البعث پھر وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ سے کفار کے کفر اور فخر کے بارے میں حضور ﷺ کا تسلیہ اور ان لوگوں کے منشائے تفاخر کا ابطال اور مَآ اَنْفَقْتُمْ سے مقابلہ میں بعض مضرات کفار کا مومنین کے لئے نافع ہونا کہ مقابلہ کے ساتھ وہ بسط رزق کے مضمون پر متفرع بھی ہے، پھر يَوْمَ يَحْشُرُهُمْ سے عود الی البعث پھر وَاِذَا تُتْلٰى سے عود الی الرسالۃ پھر وَلَوْ تَرٰٓى سے اصول مذکورہ کے منکرین کی وخامت عاقبت کے بیان پر سورت ختم ہے۔

توحید: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ (الى قوله تعالى) وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ② تمام تر حمد (و ثنا) اسی اللہ کو سزاوار ہے جس کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور (جس طرح فی الحال اس کا مستحق حمد ہونا بیان کیا گیا اسی طرح) اسی کو حمد (و ثنا) آخرت میں (بھی) سزاوار ہے (چنانچہ اس کا ظہور بھی اس طرح ہوگا کہ اہل جنت کہیں گے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ [فاطر : ۳۴] اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ [الزمر : ۷۴] اور وہ حکمت والا (ہے کہ موجودات ارضیہ و سماویہ کو منافع و مصالح پر متضمن بنایا ہے اور وہ) خبردار (بھی) ہے (کہ ان مصالح و منافع کو پیدا کرنے کے قبل سے جانتا تھا پھر ان کو پیدا کر کے ارضیات و سماویات میں رکھ دیا اور وہ ایسا خبیر ہے کہ) وہ سب کچھ جانتا ہے جو چیز زمین کے اندر داخل ہوتی ہے (مثلاً بارش) اور جو چیز اس میں سے نکلتی ہے (مثلاً نباتات) اور جو چیز آسمان سے اترتی ہے اور جو چیز اس میں چڑھتی ہے (مثلاً ملائکہ کہ نزول و عروج کرتے ہیں اور مثلاً احکام جن کا نزول ہوتا ہے اور اعمال جن کا صعود ہوتا ہے) اور (چونکہ ان سب چیزوں میں جسمانی یا روحانی منافع ہیں مقتضا ان کا یہ ہے کہ پورا پورا شکر ادا کیا جاوے اور جو کوتاہی کرے وہ مستحق سزا ہو لیکن) وہ (اللہ) رحیم (اور) غفور (بھی) ہے (پس اپنی رحمت سے صغیرہ کوتاہی کو حسنات سے اور کبیرہ کوتاہی کو توبہ سے اور کبھی دونوں کو فضل سے اور جو کوتاہی حد کفر و شرک تک پہنچی ہو اس کو ایمان لانے سے معاف فرما دیتا ہے پس مبدأ

www.besturdubooks.net

رحمت اور نتیجہ مغفرت ہے۔

ملحقات الترجمة: لـ قوله في وله الحمد في الأخرة: اور جس طرح الخ لان (۱) مدلول الحكم بشي مطلقًا هو الحكم باعتبار زمان التكلم اولا ثم يثبت العموم او الخصوص بدليل مستقل ۱۲۔

فائدة: وبما قررت قوله وهو الحكيم الخبير وقوله وهو الرحيم الغفور لا يرد ما توهم ان العكس النسب ۱۲۔

البلاغة: قوله يعرج فيها وضمن العروج معنى السير فعدى بفي دون الى ۱۲۔

الحواشي: (۱) دليل لقيد في الحال الذى ليس صريحًا في الكلام وانما فهم من هذا الدليل ۱۲ منه۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَا اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَا اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳﴾ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۴﴾ وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿۵﴾ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ﴿۶﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۷﴾ اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ﴿۸﴾ اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿۹﴾ ع

اور یہ کافر کہتے ہیں کہ ہم پر قیامت نہ آئے گی آپ فرما دیجئے کہ کیوں نہیں قسم ہے پروردگار عالم الغیب کی وہ ضرور تم پر آئے گی اس (کے علم) سے کوئی ذرہ برابر بھی غائب نہیں نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور نہ کوئی چیز اس (مقدار مذکور) سے چھوٹی ہے اور نہ کوئی چیز (اس سے) بڑی ہے مگر یہ سب کتاب مبین میں (مرقوم ہے) تاکہ ان لوگوں کو صلہ نیک دے جو ایمان لائے تھے اور انہوں نے نیک کام کئے (سو) ایسے لوگوں کے لئے مغفرت اور (بہشت میں) عزت کی روزی ہے اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کے متعلق (ان کے ابطال کی) کوشش کی تھی ہرانے کے لئے ایسے لوگوں کے واسطے سختی کا دردناک عذاب ہوگا اور جن لوگوں کو (آسمانی کتابوں کا) علم دیا گیا ہے وہ اس قرآن کو جو کہ آپ کے رب کی طرف سے آپ کے پاس بھیجا گیا ہے ایسا سمجھتے ہیں کہ وہ حق ہے اور وہ خدائے غالب محمود (کی رضا) کا رستہ بتلاتا ہے۔ اور یہ کافر (آپس میں) کہتے ہیں کہ کیا ہم تم کو ایسا آدمی بتائیں جو کہ تم کو یہ عجیب خبر دیتا ہے کہ جب تم ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے تو (اس کے بعد قیامت کو) ضرور ایک نئے جنم میں آؤ گے۔ معلوم نہیں اس شخص نے اللہ پر (قصداً) جھوٹ بہتان باندھا ہے یا اس کو کسی طرح کا جنون ہو گیا ہے بلکہ جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے (وہی) عذاب اور دور دراز گمراہی میں (مبتلا) ہیں۔ تو کیا انہوں نے آسمان اور زمین کی طرف نظر نہیں کی جو ان کے آگے بھی اور ان کے پیچھے بھی موجود ہیں۔ اگر ہم چاہیں تو ان کو زمین میں دھنسا دیں یا ان پر آسمان کے ٹکڑے گرا دیں اس (دلیل مذکور) میں (قدرت الٰہی کی) پوری دلیل ہے (مگر) اس جذبے کے لئے جو (اللہ کی طرف) متوجہ (بھی) ہو۔

تفسیر ربط: اوپر توحید کا ذکر تھا آگے قیامت کا ذکر ہے کہ منکرین توحید اس کے بھی منکر تھے و نیز منکرین توحید کے عذاب کا وہ اصلی وقت بھی ہے اور درمیان میں سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا کے تناسب تقابل سے و نیز اس لئے کہ وقوع قیامت مدلول قرآن ہے حقیت قرآن کا ذکر فرما دیا گیا۔

اثبات بعث: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ (الی قوله تعالی) اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ اور یہ کافر کہتے ہیں کہ ہم پر قیامت نہ آوے گی آپ فرما دیجئے کہ کیوں نہیں (آوے گی) قسم اپنے پروردگار عالم الغیب کی وہ ضرور تم پر آوے گی (اور وہ ایسا عالم بالعلم المحیط ہے کہ) اس (کے علم) سے کوئی ذرہ برابر بھی غائب نہیں نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں (بلکہ سب اس کے علم میں حاضر ہیں) اور نہ کوئی چیز اس (مقدار مذکور) سے چھوٹی ہے اور نہ کوئی چیز (اس سے) بڑی ہے مگر یہ سب (بوجہ احاطہ علم الٰہی کے) کتاب مبین (یعنی لوح محفوظ) میں (مرقوم) ہے (قیامت کے متعلق کفار کے کئی شبہے تھے ایک یہ کہ اگر آنے والی ہے تو اس کا وقت بتلایئے کما قال تعالیٰ: اَيَّانَ مُرْسٰهَا [الأعراف: ۱۸۷] دوسرا یہ کہ جن اجزاء کو جمع کر کے ان میں حیات پیدا کرنا بتلایا جاتا ہے

www.besturdubooks.net

ان کا کہیں نشان بھی نہ رہے گا پھر جمع کیسے ہوں گی۔ کما قال تعالیٰ: إِذَا ضَلَلْنَا فِي الْأَرْضِ أَإِنَّا لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ [السجدة : ۱۰] اس مضمون اثبات علم غیب سے شبہ اول کا جواب ہو گیا کہ اس کا علم بوجہ حکمت کے مختص ہے باری تعالیٰ کے ساتھ پس عدم علم نبی سے عدم وقوع لازم نہیں آتا کما قال تعالیٰ: قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللَّهِ اور مضمون اثبات علم محیط سے دوسرے شبہ کا جواب ہو گیا کہ باوجود اجزاء کے اختلاط فی الارض وانتشار فی الھواء کے وہ ہمارے علم سے خارج نہ ہوں گے ہم جب چاہیں گے جمع کر لیں گے۔ کما قال تعالیٰ: قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْأَرْضُ مِنْهُمْ ...... [ق : ۴] فی جواب قولہم: ءَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ...... [ق :

۳] تیسرا شبہ استحالہ کا تھا' اس کا جواب آ گے آ وے گا: أَفَلَمْ يَرَوْا ...... اب قیامت کی غایت بتلاتے ہیں کہ وہ قیامت اس لئے آ وے گی) تا کہ ان لوگوں کو صلہ (نیک) دے جو ایمان لائے تھے اور انہوں نے نیک کام کئے تھے (سو) ایسے لوگوں کیلئے مغفرت اور (بہشت میں) عزت کی روزی ہے اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کے متعلق (ان کے ابطال کی) کوشش کی تھی (نبی کو) ہرانے کے لئے (گو اس کوشش میں ناکام ہی رہے) ایسے لوگوں کے واسطے تختی کا دردناک عذاب ہوگا اور (آیات قرآنیہ کی تکذیب پر یہ سزا ہونا ہی چاہئے' کیونکہ اول تو قرآن فی نفسہ امر حق منزل من اللہ ہے اور ایسے امر حق کی تکذیب خود حق تعالیٰ کی تکذیب ہے' اس پر جتنی سزا ہو بجا ہے۔ دوسرے قرآن راہِ راست مرضی عند اللہ کی تعلیم وہدایت کرتا ہے جو شخص اس کو نہ مانے گا وہ راہِ راست سے قصداً دور رہے گا' نہ اس کو عقائد حقہ کا پتہ لگے گا نہ اعمال صالحہ کا اور یہی طریقہ تھا نجات کا۔ پس طریق نجات سے قصداً دور رہنے پر سزا ہونا بے جا نہیں ہے اور قرآن کا حق اور ہادی ہونا ایسا واضح ہے کہ علاوہ اس کے کہ اور دلائل سے ثابت ہے ایک سہل طریق اس کے ثبوت کا یہ ہے کہ) جن لوگوں کو (آسمانی کتابوں کا) علم دیا گیا ہے وہ اس قرآن کو جو کہ آپ کے رب کی طرف سے آپ کے پاس بھیجا گیا ہے ایسا سمجھتے ہیں کہ وہ حق ہے اور وہ خدائے غالب محمود (کی رضا) کا راستہ بتلاتا ہے (اس استدلال بعلم العلماء اہل الکتاب کی تقریر شروع رکوع اخیر سورۂ شعراء میں گزر چکی ہے اور شاید من جملہ جمیع امور واجبۃ الایمان کے بیان حقیت قرآن کا اہتمام اس لئے فرمایا ہو کہ یہ ان امور واجبۃ الایمان پر مشتمل ہے بالخصوص خبر قیامت پر جس میں اس مقام میں کلام ہے۔ پس اس بناء پر حاصل یہ ہوا کہ قیامت کے روز اسی قیامت کی تکذیب پر بھی سزا ہو گی) اور (آگے پھر قیامت کا اثبات ہے یعنی) یہ کافر (آپس میں) کہتے ہیں کہ کیا ہم تم کو ایک ایسا آدمی بتائیں جو تم کو یہ (عجیب) خبر دیتا ہے کہ جب تم بالکل ریزہ ریزہ ہو جاوے گے تو (اس کے بعد قیامت کو) تم ضرور ایک نئے جنم میں آ ؤ گے۔ معلوم نہیں اس شخص نے خدا پر (قصداً) جھوٹ بہتان باندھا ہے یا اس کو کسی طرح کا جنون ہے (کہ بلا قصد جھوٹ کے جھوٹ بول رہا ہے' کیونکہ یہ امر تو محال ہے تو اس کے وقوع کی خبر ضرور غلط ہے خواہ تعمد سے ہو یا فساد تخیل سے ہو' حق تعالیٰ ان دونوں شقوں کو رد فرماتے ہیں کہ ہمارے نبی تو مفتری اور مجنون کچھ بھی نہیں) بلکہ جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے (وہی) عذاب اور دور دراز گمراہی میں (مبتلا) ہیں (اس گمراہی کا حالی اثر یہ ہے کہ سچے بھی مفتری اور مجنون نظر آتے ہیں اور مآلی اثر یہ ہے کہ عذاب بھگتنا پڑتا ہے اور یہ جاہل جو اس جمع و احیاء اجزائے متفرقہ جمادیہ کو محال بعید از قدرت سمجھ رہے ہیں) تو کیا انہوں نے (دلائل عظمت قدرت الٰہیہ میں سے) آسمان اور زمین کی طرف نظر نہیں کی جو ان کے آگے (بھی) اور ان کے پیچھے (بھی) موجود ہیں (کہ جدھر دیکھیں وہ نظر آ رہے ہیں۔ پس ان اجرام عظیمہ کا ابتداءً پیدا کرنے والا کیا اجسام صغیرہ کے ثانیاً پیدا کرنے پر قادر نہیں ہے۔ کما قال تعالیٰ: لَخَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ [المؤمن : ۵۷] اور باوجود وضوح دلائل حق کے پھر بھی انکار و عناد کرنے سے یہ ہیں تو اس قابل کہ ان کو ابھی سزا دے دی جاوے اور سزا بھی ایسی کہ انہی دلائل قدرت کو کہ صلاحیت للاستدلال کے اعتبار سے نعمت عظیمہ بھی ہیں۔ ان کے لئے آلہ تعذیب بنا دیا جاوے کہ جس نعمت کا کفران ہوا سی نعمت کو نقمت بنانے سے سخت حسرت ہوتی ہے اور ہم اس سزا پر بھی قادر ہیں' چنانچہ) اگر ہم چاہیں تو ان کو زمین میں دھنسا دیں یا (اگر چاہیں تو) ان پر آسمان کے ٹکڑے گرا دیں۔ (لیکن حکمت مقتضی ہے تاخیر کو اس لئے مہلت دے رکھی ہے غرض ان لوگوں کو دفع تو ہم استحالہ کے لئے آسمان و زمین پر نظر کرنا چاہئے کیونکہ) اس (دلیل مذکور) میں (قدرت الٰہیہ کی) پوری دلیل ہے (مگر) اس بندہ کے لئے جو (خدا کی طرف) متوجہ (بھی) ہو (اور حق کی طلب ہو یعنی دلیل تو کافی ہے مگر ان کی طرف سے طلب نہیں' اس لئے محروم ہیں) تفسیر دیگر اور قولہ تعالیٰ: أَفَلَمْ يَرَوْا (الی قولہ تعالی) السَّمَاءِ کی ایک تفسیر اور بھی سہل اور لطیف ہے کہ اس کو استدلال نہ کہا جاوے بلکہ وعید کہا جاوے منکرین بعث کے لئے اور الْأَرْضِ اور السَّمَاءِ ثانی میں وضع مظہر موضع مضمر کہا جاوے یعنی انکو ڈر نہیں لگتا کہ یہ آسمان و زمین جو ان کو نظر آ رہا ہے ہم سزائے مخالفت میں اس زمین میں ان کو دھنسا دیں یا اس آسمان کو ان پر گرا دیں اور اس امر پر قادر ہونے میں جو کہ إِنْ نَشَأْ سے مفہوم ہوتا ہے بندگان منیب کے لئے کافی عبرت ہے کہ اس مقدور کے وقوع سے اندیشہ کریں اور انکار سے بچیں۔

اللغات: قوله رجز اشد العذاب وهو بيان لعذاب اليم وافاد البيان التاكيد ۱۲۔

النحو: قوله ولا اصغر وقوله ولا اكبر رفعهما بالابتداء والخبر قوله تعالٰى الا فى كتاب مبين ۱۲۔ قوله ليجزى متعلق بقوله لتاتينكم ۱۲۔ قوله ويهدى عطف على الحق عطف الفعل على الاسم لان الفعل فى تاويل الاسم كما فى قوله تعالٰى صافات ويقبضن اى قابضات۔

www.besturdubooks.net

قوله اذا مزقتم قدر جزاء ه ای تحشرون دل علیه قوله انكم لفی خلق جدید۔ قوله انكم لفی خلق جدید معمول لینبئكم وهو معلق ولولا اللام فی خبر ان لكانت مفتوحة والجملة سدت مسد المفعولین والشرطیة علی هذا اعتراض وقد منع قوم التعلیق فی باب اعلم والصحیح جوازه وعلیه قوله ۔ حذار فقد نبئت انك للذی ستجزی بما تسعی فتسعد او تشقی كما فی الروح ۱۲۔

البلاغۃ: قوله لا تاتینا اراد وابنفی اتیانها نفی وجودها بالكلیة لا عدم حضورها مع تحقیقها فی نفس الامر وانما عبروا عنه بذلك لانهم كانوا یوعدون باتیانها ۱۲۔ قوله فی العذاب والضلل وتقدیم العذاب علی ما یوجبه ویستتبعه للمسارعة الی بیان ما یسوئهم والاشعار بغایة سرعة ترتبه علیه كانه یسابقه فیسبقه ووصف الضلال بالبعید الذی وهو وصف الضال للمبالغة لان ضلالهم اذا كان بعیدا فی نفسه فكیف بهم انفسهم۔

فائدہ: قوله افتری علی الله الخ استدل به الجاحظ علی ان صدق الخبر مطابقة للواقع مع الاعتقاد وكذبه عدمها معه وغیرهما لیس بصدق ولا كذب وتقریر استدلاله مشهور والجواب ان الافتراء هو الكذب عن عمد فالمعنی انه كذب عن عمدام كذب عن غیر عمد فالامر ان قسمان للكذب فالثانی لیس قسیما للكذب بل لما هو خص منه ای الكذب عن عمد ۱۲۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ۙ﴿۱۰﴾ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ
فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ
وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ؕ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ؕ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ
عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۱۲﴾ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ؕ اِعْمَلُوْٓا
اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿۱۳﴾ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ
تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۱۴﴾

اور ہم نے داؤد کو اپنی طرف سے بڑی نعمت دی تھی' اے پہاڑو! داؤد کے ساتھ بار بار تسبیح کرو اور (اسی طرح) پرندوں کو بھی حکم دیا اور ہم نے ان کے واسطے لوہے کو (مثل موم کے) نرم کر دیا اور یہ حکم دیا کہ تم پوری زرہیں بناؤ اور کڑیوں کے جوڑنے میں اندازہ رکھو اور تم سب نیک کام کیا کرو۔ میں تمہارے سب کے اعمال دیکھ رہا ہوں اور سلیمان (علیہ السلام) کے لئے ہوا کو مسخر کر دیا کہ اس (ہوا) کی صبح کی منزل ایک مہینہ بھر کی راہ ہوتی اور اس کی شام کی منزل ایک مہینہ بھر کی (راہ) ہوتی اور ہم نے ان کے لئے تانبے کا چشمہ بہا دیا اور جنات میں بعضے وہ تھے جو ان کے آگے کام کرتے تھے ان کے رب کے حکم سے اور ان میں سے جو شخص ہمارے (اس) حکم سے سرتابی کرے گا ہم (اسکو آخرت میں) دوزخ کا عذاب چکھا دینگے۔ وہ جنات ان کیلئے وہ وہ چیزیں بناتے ہیں جو ان کو بنوانا' منظور ہوتا بڑی بڑی عمارتیں اور مورتیں اور لگن (ایسے بڑے) جیسے حوض اور (بڑی بڑی) دیگیں جو ایک ہی جگہ جمی ہیں۔ اے داؤد کے خاندان والو! تم سب شکریہ میں نیک کام کیا کرو اور میرے بندوں میں شکرگزار کم ہی ہوئے ہیں۔ پھر جب ہم نے ان پر موت کا حکم جاری کیا تو کسی چیز نے ان کے مرنے کا پتہ نہ بتلایا مگر گھن کے کیڑے نے کہ وہ سلیمانؑ کے عصا کو کھاتا تھا۔ سو جب وہ گر پڑے تب جنات کو حقیقت معلوم ہوئی۔ اگر وہ غیب جانتے ہوتے تو اس ذلت کی مصیبت میں نہ رہتے۔

تفسیر ربط: اوپر اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ میں اللہ کی طرف متوجہ ہونے والے بندوں کی فضیلت اجمالاً بیان فرمائی تھی۔ آگے اس کی تفصیل کے لئے ان میں سے بعض اعلیٰ درجہ کے حضرات یعنی داؤد و سلیمان علیہما السلام کا قصہ بیان فرماتے ہیں تاکہ انابت کا سرمایۂ سعادت ہونا معلوم ہو اور اپنی استعداد کے موافق اس سے بہرہ ور ہوں اور دوسری توجیہ بھی ربط کی ہو سکتی ہے کہ اوپر کے قول عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ میں کفار کا انکار کرنا نبوت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول تھا آگے دو نبیوں کا ذکر فرماتے ہیں تاکہ استبعاد عطائے نبوت مندفع ہو اور شاید تخصیص ان حضرات کی اس نکتہ کی وجہ سے ہو کہ ان کے بعض فضائل متعلقہ سامان دنیوی ظاہر پرستوں کو بھی محسوس ہو سکتے ہیں۔ پس گنجائش انکار نہ رہنے سے استدلال مقصود اول یا ثانی پر تام ہو جاوے۔

قصۂ داؤد علیہ السلام وسلیمان علیہ السلام: وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ (الی قوله تعالی) مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۱۴﴾ اور ہم نے داؤد (علیہ السلام) کو اپنی طرف سے بڑی نعمت دی تھی (چنانچہ ہم نے پہاڑوں کو حکم دیا تھا کہ) اے پہاڑو داؤد کے ساتھ بار بار تسبیح کرو (یعنی جب یہ ذکر میں مشغول ہوں تم بھی

www.besturdubooks.net

ان کا ساتھ دو) اور (اسی طرح) پرندوں کو بھی حکم دیا (کہ ان کے ساتھ تسبیح کرو کما قال تعالیٰ: اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ۝ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً...... [ص: ۱۸، ۱۹] شاید اس میں ایک حکمت یہ ہو کہ ان کے ذکر میں نشاط ہوگا اور یہ بھی حکمت ہو کہ آپ کا ایک معجزہ ظاہر ہوگا اور غالباً یہ تسبیح ایسی ہوگی جو سامعین کو مفہوم ہو ورنہ غیر مفہوم تسبیح تو عام ہے۔ اس میں معیت داؤد یہ کی کیا تخصیص ہوگی۔ کما قال تعالیٰ: وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ [بنی اسرائیل: ۴۴]) اور (ایک نعمت یہ دی کہ) ہم نے ان کے واسطے لوہے کو (مثل موم کے) نرم کر دیا اور (یہ حکم دیا) کہ تم (اس لوہے کی اچھی) پوری زرہیں بناؤ اور (کڑیوں کے) جوڑنے میں (مناسب) اندازہ (کا خیال) رکھو اور (جیسے ہم نے تم کو نعمتیں دی ہیں ان کے شکر میں) تم سب (یعنی داؤد اور ان کے متعلقین) نیک کام کیا کرو میں تمہارے سب کے اعمال کو دیکھ رہا ہوں (اس لئے رعایت حدود کا پورا اہتمام رکھو) اور سلیمان (علیہ السلام) کے لئے ہوا کو مسخر کر دیا کہ اس (ہوا) کا صبح کا چلنا مہینے بھر کی مسافت تھی اور (اسی طرح) اس کا شام کا چلنا مہینے بھر کی مسافت تھی (یعنی وہ ہوا سلیمان علیہ السلام کو اتنی اتنی دور پہنچاتی کما قال تعالیٰ: فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ [ص: ۳۶]) اور (ایک نعمت ان کو یہ دی کہ) ہم نے ان کے لئے تانبے کا چشمہ بہا دیا (یعنی تانبے کو اس کے معدن میں رقیق سیال کر دیا تا کہ اس سے مصنوعات بنانے میں بدوں آلات کے سہولت ہو پھر وہ منجمد ہو جاتا یہ بھی ایک معجزہ ہے) اور (ایک نعمت یہ تھی کہ ہم نے جنات کو ان کے تابع کر دیا تھا چنانچہ) جنات میں بعضے وہ تھے جو ان کے آگے (طرح طرح کے) کام کرتے تھے ان کے رب کے حکم (تسخیری) سے (یعنی چونکہ پروردگار نے مسخر کر دیا تھا) اور (حکم تسخیری کے ساتھ ان کو حکم تشریعی بھی مع وعید یہ دیا گیا تھا کہ) ان میں سے جو شخص ہمارے (اس) حکم سے (کہ سلیمان علیہ السلام کی اطاعت کرو) سرتابی کرے گا (یعنی تسلیم وانقیاد سے کام نہ کرے گا گو بوجہ تسخیر کے سلیمان علیہ السلام اس سے جبراً کام لینے پر قادر ہوں گے جیسے بیگاریوں سے کام لیا جاتا ہے تو) ہم اس کو (آخرت میں) دوزخ کا عذاب چکھا دیں گے (اس سے یہ بھی مفہوم ہوا کہ جو تسلیم وانقیاد سے کام کرے گا اور پورا انقیاد یہ ہے کہ ایمان بھی اختیار کرے کیونکہ ہر نبی اپنے محکومین کو اس کا امر کرتا ہے تو بدوں اس کے انقیاد نہیں۔ پس حاصل یہ کہ جو جن ایمان و اطاعت اختیار کرے گا وہ عذاب سعیر سے محفوظ رہے گا' جیسا کہ ایمان کا مقتضا ہے' آگے ان کاموں کو بتلاتے ہیں جن پر جنات مامور تھے) یعنی وہ جنات ان کے لئے وہ وہ چیزیں بناتے جو ان کو (بنوانا) منظور ہوتا' بڑی بڑی عمارتیں اور مورتیں اور لگن (ایسے بڑے) جیسے حوض اور (بڑی بڑی) دیگیں جو ایک ہی جگہ جمی رہیں (ہلائے ہل نہ سکیں اور ہم نے ان کو یہ حکم دیا کہ جیسے ہم نے تم کو نعمتیں دی ہیں) اے داؤدؑ کے خاندان والو (یعنی سلیمانؑ اور ان کے متعلقین) تم سب (ان نعمتوں کے) شکریہ میں نیک کام کیا کرو اور میرے بندوں میں شکر گزار کم ہی ہوتے ہیں (اس لئے شکر گزاری کرنے سے جس کا طریق مقصود عمل صالح ہے تم کو خلق کثیر پر امتیاز ہو جاوے گا' پس اس جملہ میں تحریض ہوگئی شکر و عمل صالح پر جیسے داؤد علیہ السلام کو بھی اعْمَلُوْا صَالِحًا حکم ہوا تھا اور اسی طرح وہاں تسخیر جبال وطیر تھی اور یہاں تسخیر ریح وجن مذکور ہوئی اور وہاں الانت حدید تھی' یہاں الانت نحاس غرض زندگی بھر سلیمان علیہ السلام کے سامنے جنات کا یہ معاملہ رہا) پھر جب ہم نے ان پر (یعنی سلیمان علیہ السلام پر) موت کا حکم جاری کر دیا (یعنی انتقال فرما گئے) تو (ایسے طور پر موت واقع ہوئی کہ ان جنات کو خبر نہ ہوئی' وہ یہ کہ سلیمان علیہ السلام موت کے قریب عصا کو دونوں ہاتھ سے پکڑ کر اس کو زیر زنخ لگا کر تخت پر بیٹھ گئے اور اسی حالت میں روح قبض ہوگئی اور اسی طرح سال بھر تک بیٹھے رہے۔ جنات آپ کو بیٹھا دیکھ کر زندہ سمجھتے رہے۔ یہ کسی کی مجال نہ تھی کہ پاس جا کر یا خوب گھور کر دیکھ سکتے۔ خصوصاً جبکہ کوئی وجہ شبہ کی نہ ہو اور زندہ سمجھ کر بدستور کام کرتے رہے اور) کسی چیز نے ان کے مرنے کا پتہ نہ بتلایا مگر گھن کے کیڑے نے کہ وہ سلیمان (علیہ السلام) کے عصا کو کھاتا تھا (یہاں تک کہ ایک حصہ اس کا کھالیا تو وہ عصا گر پڑا' اس کے گرنے سے سلیمان علیہ السلام گر پڑے) سو جب وہ گر پڑے (اور گھن کے کھانے کا تخمینہ سے حساب کرنے سے معلوم ہوا کہ ان کو توفات پائے ہوئے ایک سال ہوا) تب جنات کو (اپنے دعوئے غیب دانی کی) حقیقت معلوم ہوئی (وہ یہ کہ) اگر وہ غیب جانتے ہوتے تو (سال بھر تک) اس ذلت کی مصیبت میں نہ رہتے (مراد اعمال شاقہ ہیں جن میں بوجہ محکومیت کے ذلت بھی اور مشقت کی وجہ سے مصیبت بھی ہے) **ف**: زرہ میں مناسب اندازہ یہ کہ کڑیاں نہ بہت بڑی ہوں نہ بہت چھوٹی نہ بہت پتلی ہوا' نہ بہت موٹی۔ یہ اس لئے حکم فرمایا کہ زرہ سے جو غرض ہے وہ بدوں اس کے حاصل نہیں ہوتی اور تماثیل (۱) بمعنی تصاویر کا بنانا اس شریعت میں جائز تھا ہماری شریعت نے اس کو منسوخ کر دیا اور مِنَ الْجِنِّ کے ترجمہ میں تبعیضیہ اختیار کرنے کی بناء دو امر ہو سکتے ہیں۔ یا تو تمام عالم کے جنات مسخر نہ ہوں گے محض بقدر حاجت تسخیر ہوئی ہو یا مسخر سب ہوں مگر مامور بالعمل بعض ہوں' بقیہ کے عمل کی احتیاج نہ ہوئی ہو اور داؤد و سلیمان علیہم السلام کے ساتھ ان کے متعلقین کو نعم مذکورہ کے شکر کا حکم فرمانا اس لئے ہے کہ ان نعمتوں کا نفع ان کو بھی پہنچتا تھا خواہ حسی خواہ غیر حسی اقل درجہ ایسے منعم علیہ سے انتساب ہی سہی اور سلیمان علیہ السلام کے اخفائے موت میں دنیوی مصلحت یہ تھی کہ ضروری کام پورے ہو جاویں اور دینی مصلحت یہ تھی کہ مخلوق کے لئے علم غیب سے اعتقاد کی غلطی برای العین مشاہد ہو جاوے اور گو جنات کو پہلے سے بھی اپنے علم غیب کے انتفاء کا حال معلوم تھا مگر یہاں یہ مقصود ہے کہ پہلے تو دل ہی میں جانتے تھے مگر اوروں سے چھپاتے اور ان کو بہکاتے تھے۔ آج وہ جاننا ایسا آشکارا ہوا کہ کسی کے سامنے دعویٰ کرنے کا منہ نہ رہا۔ پس

www.besturdubooks.net

تبین سے مراد تبین یقین ہے نہ مطلق تبین۔ ربط: اوپر انابت وتوجہ الی اللہ کے برکات وثمرات ظاہر کرنے کے لئے بعض حضرات منیبین کا ذکر تھا‘ آگے عدم انابت واعراض عن الاحکام کی وخامت ووبال ظاہر کرنے کے لئے بعض معرضین یعنی کفار سبا کا قصہ مذکور ہوتا ہے تاکہ مخالفین رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو عموماً اور کفار کو خصوصاً تخویف ہو اور تخصیص سبا کی شاید اس لئے ہو کہ یہ لوگ عرب ہیں۔ ان کے حال سے کفار مکہ کو کہ اقرب مخاطبین ہیں زیادہ تاثر ہوسکتا ہے و نیز بقول صاحب روح اہل مکہ میں اہل سبا اور ان کے قصے کی شہرت بھی تھی۔ خلاصہ قصہ ان کا یہ ہے کہ سبا ایک شخص کا نام ہے‘ پھر اس کے تمام خاندان کو سبا کہنے لگے۔ اس خاندان کے بہت سے قبائل علاقہ یمن شہر مارب بروزن منزل میں رہتے تھے اور ان میں سلطنت بھی تھی۔ بعضے سلاطین اچھے بھی ہوئے اور بعضے بت پرست تھے۔ کسی بادشاہ نے برساتی پانی روکنے کے لئے ایک مستحکم بند جس کا طول کئی میل تھا تیار کیا تھا۔ دور دور کا پانی وہاں جمع ہوتا اور اس سے جو چھوٹی چھوٹی شاخیں اور نہریں نکالی گئی تھیں ان کے ذریعہ سے سال بھر تک کھیتیاں اور باغات سیراب کئے جاتے اور یہ باغات دورویہ سڑکوں پر منزلوں تک چلے گئے تھے اور منزلوں تک یعنی بقولے شام تک اور بقولے صنعاء تک جو مارب سے تین منزل ہے پاس پاس بستیاں چلی گئی تھیں کہ مسافر جہاں چاہتا جس وقت چاہتا ٹھہر جاتا اور ہر جگہ کھانے پینے کا سامان مہیا کرسکتا اور اتصال آبادی کے سبب ہر طرح کا امن بھی تھا اور آب وہوا بھی اس ملک کی نہایت پاکیزہ تھی‘ مگر جب لوگوں نے بجائے شکر واطاعت کے ناشکری ومعصیت شروع کی تو ان کے انتقام کا وقت آیا‘ ایک بار وہ بند ٹوٹ گیا‘ بعض روایات میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے موش کور یعنی چھچھوندر کو اس پر مسلط کردیا۔ اس نے اس بند میں سوراخ کردیا۔ پھر سیلاب سے وہ وسیع ہوگیا اور تمام آبادی اور باغات کو غرق کردیا اور جب پانی خشک ہوا تو ان باغات کی جگہ کچھ جھاڑ جھنکاڑ رہ گئے اور تمام اہل ملک بھی کچھ ہلاک کچھ پریشان ہوکر منتشر ہوگئے۔ چنانچہ از دعمان واز دسراۃ وکندہ ومذحج واشعریین وانمار وبجیلہ وعاملہ وغسان ولخم وجذام وقضاعہ وخزاعہ وآل جفنہ شعبہ غسان واوس وخزرج وآل مالک بن فہم وآل عمرو وآل جذیمہ ابرش واہل حیرہ وآل محرق یہ سب قبائل سبا کے ہیں جو عمان وسراۃ ومدینہ وتہامہ ومکہ وشام وحجاز وسلمی وعراق میں منتشر ہوگئے۔ حتیٰ کہ بطور تمثیل کے عرب کا محاورہ ہوگیا تفرقوا ایدی سبا بمعنی انفس اھل سبا اور واقعہ سیل عرم کا بعد عیسیٰ علیہ السلام کے ہوا ہے اور بعض روایات میں ان کی طرف تیرہ نبیوں کا تشریف لانا آیا ہے۔ سو وہ عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے آئے تھے جن کی تعلیم بواسطہ ناقلین وقت انتقام تک چلی آرہی ہوگی جب مہلت کی حد ہوگئی قہر نازل ہوا۔ من فتح المنان والروح والدر المنثور ملخصا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ اس میں تین مسئلے ہیں۔ ایک خوارق کا اثبات‘ دوسرا دستکاری سے کمانے کی فضیلت‘ تیسرا ہر کام میں اعتدال وانتظام وتناسب کی رعایت‘ حتیٰ کہ امور حسیہ ودنیویہ میں بھی۔ قولہ تعالیٰ: وَ مِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ ...... اس میں دلالت ہے کہ اگر جنات کا مسخر ہونا کسی عمل وغیرہ کے ذریعہ سے نہ ہو محض منجانب اللہ ہو تو عبدیت کے منافی نہیں۔ قولہ تعالیٰ: فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ ...... اس میں اشارہ ہے کہ قوی کو کبھی ضعیف سے بعض علم حاصل ہوجاتا ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) هذا مبنی علی احد القولين والقول الآخر ان يحمل علی غير صور الحيوان كصور الاشجار وغيرها لان التمثال كل ما صور علی مثل صورة غيره من حيوان او غير حيوان كما قاله الزمخشری فلا يحتاج الی النسخ ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی اعملوا لداوٗد: نیک‌ قرينة التقييد قوله فی قصة داوٗد اعملوا صالحا ۱۲۔

الروایات: عن وهبؒ قال امر الله الجبال والطير ان تسبح مع داوٗد عليه السلام اذا سبح وعن سعيد بن المسيبؒ قال كان سليمان عليه السلام يركب الريح وعن ابن عباس فی قوله واسلنا قال اعطاه الله عينا من صفر تسيل كما يسيل الماء وعن قتادةؒ عن النحاس وعن عكرمةؒ فی قوله قضينا عليه الموت ثم جلس علی كرسيه ثم جمع كفيه علی طرف عصاه ثم جعلها تحت ذقنه ومات فمكثت الجن سنة يحسبون انه حی وكانت لا ترفع ابصارها اليه وبعث الله الارضة فاكلت طرف العصا فخر منكبا علی وجهه هذا كله فی الدر المنثور وبه يتايد ما فسرت الآيات به ۱۲۔

الکلام: قوله تعالی يجبال قيل المراد بتاويبها حملها اياه علی التسبيح اذا تامل ما فيها وفيه مع كونه خلاف الماثور ان قوله معه يا باه وايضا لا اختصاص له عليه السلام بتاويب الجبال بهذا المعنی حتی يفضل به او يكون معجزة له وقيل كان عليه السلام ينوح علی ذنبه بترجيع وتحزين وكانت الجبال تسعده باصدائها وفيه ان الصدی ليس بصوت الجبال حقيقة وانما هو من آثار المتكلم والله تعالی امر الجبال ان تؤوب معه وايضا ای اختصاص له عليه السلام بذلك ولصوت كل احد صدی عند الجبال كذا فی الروح ۱۲۔

اللغات: قوله فضلاً نعمةً واحساناً اوبی التاويب من الاوب بمعنی الرجوع ای الترجيع والمعنی رجعی معه التسبيح ورددیه

www.besturdubooks.net

سابغات کاملات من الدروع السرد نسج الدروع القطر النحاس ۱۲۔ قولہ المحاریب القصور العالیۃ سمیت باسم صاحبھا لانہ یحارب غیرہ فی حمایۃ فان المحراب اسم فاعل من صیغ المبالغۃ ۱۲۔ قولہ الجواب الحیاض جمع جابیۃ من الجبایۃ ای الجمع ۱۲۔ قولہ قضینا ای حکمنا واوقعنا۔ قولہ دابۃ الارض من اضافۃ الشئ الی فعلہ فالارض مصدر ارضت الدابۃ الخشب تارضہ اذا اکلتہ من باب ضرب یضرب۔ قولہ منساۃ العصا من نسأت البعیر اذا طردتہ لانھا یطرد بھا او من نسأتہ اذا اخرتہ ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قولہ یا جبال بتقدیر القول۔ قولہ والطیر بتقدیر وامرنا قولہ ان اعمل بتقدیر القول۔ قولہ لسلیمٰن الریح بتقدیر سخرنا قولہ غدوھا ای مسیرۃ غدوھا وکذا رواحھا ۱۲۔ قولہ ومن یزغ بتقدیر القول علی ما اخترت۔ قولہ اعملوا بتقدیر القول ۱۲۔

لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ۬ؕ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ۞ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ۞ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ؕ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ۞ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ؕ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ۞ فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۞

سبا کے لوگوں کیلئے ان کے وطن (کی مجموعی حالت) میں نشانیاں موجود تھیں دو قطاریں تھیں۔ باغ کے دائیں اور بائیں اپنے رب کا (دیا ہوا) رزق کھاؤ اور اسکا شکر کرو (کہ رہنے کو) عمدہ شہر اور بخشنے والا پروردگار سوانہوں نے سرتابی کی تو ہم نے ان پر بند کا سیلاب چھوڑ دیا اور ہم نے انکے ان دورویہ باغوں کے بدلے اور دو باغ دے دیئے۔ جن میں دو چیزیں رہ گئیں۔ بدمزہ پھل اور جھاؤ اور قدرے قلیل بیری انکو یہ سزا ہم نے ان کی ناسپاسی کے سبب دی اور ہم ایسی سزا ناسپاسی ہی کو دیا کرتے ہیں اور ہم نے انکے اور ان بستیوں کے درمیان میں جہاں ہم نے برکت کر رکھی ہے بہت سے گاؤں آباد کر رکھے تھے جو نظر آتے تھے اور ہم نے انکے چلنے کا ایک خاص انداز رکھا تھا کہ بے خوف وخطر ان میں راتوں کو اور دنوں کو چلو۔ سو وہ کہنے لگے کہ اے ہمارے پروردگار! ہمارے سفروں میں درازی کر دے اور (علاوہ) اس ناشکری کے انہوں نے (اور بھی نافرمانیاں کر کے) اپنی جانوں پر ظلم کیا۔ سو ہم نے انکو افسانہ بنا دیا اور انکو تتر بتر کر دیا۔ بے شک اس (قصہ) میں ہر صابر شاکر (مؤمن) کیلئے بڑی بڑی عبرتیں ہیں۔ ۞

تفسیر: قصہ کفار سبا: لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ (الی قولہ تعالی) اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۞ سبا کے (لوگوں) کے لیے (خود) ان کے وطن (کی مجموعی حالت) میں (وجوب اطاعت احکام خداوندی کی) نشانیاں موجود تھیں (ان میں سے ایک نشانی) دو قطاریں تھیں باغ کی (ان کی سڑک کے) داہنے اور بائیں (یعنی ان کے تمام علاقہ میں دو طرفہ متصل باغات چلے گئے تھے کہ جس میں آمدنی بھی وافر پھل بھی اس قدر کہ ختم کئے ختم نہ ہوں' سایہ بھی رونق بھی ہم نے انبیائے ناصحین کی معرفت ان کو حکم دیا کہ) اپنے کا (دیا ہوا) رزق کھاؤ اور (کھا کر) اس کا شکر کرو (یعنی اطاعت کرو کہ دو قسم کی نعمتیں مقتضی اطاعت ہیں' ایک دنیوی کہ رہنے کو) عمدہ شہر اور (ایک اخروی کہ درصورت ایمان اطاعت کے اگر کچھ کوتاہی ہو جائے تو گناہ بخشنے کو) بخشنے والا پروردگار (پس ایسے مقتضی پر مقتضا کا ترتب ضرور ہونا چاہئے) سو (اس پر بھی) انہوں نے (اس حکم سے) سرتابی کی (شاید یہ لوگ آفتاب پرست بھی ہوں جیسے بعض کی نسبت سورۂ نمل میں ہے وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ [نمل: ۲۴]) تو ہم نے (ان پر اپنا قہر اس طرح نازل کیا کہ) ان پر بند کا سیلاب چھوڑ دیا (یعنی جو سیلاب بند سے رکا رہتا تھا بند ٹوٹ کر اس سیلاب کا پانی چڑھ آیا جس سے ان کے وہ دورویہ باغات سب غارت ہو گئے) اور ہم نے ان کے ان دورویہ باغوں کے بدلے اور دو باغ دے دیئے جن میں یہ چیزیں رہ گئیں بدمزہ پھل اور جھاؤ اور قدرے قلیل بیری (وہ بھی شہری نہیں بلکہ جنگلی خودرو جس میں کانٹے بہت اور پھل میں لطافت ندارد) ان کو یہ سزا ہم نے ان کی ناسپاسی کے سبب دی اور ہم ایسی سزا بڑے ناسپاس کو دیا کرتے ہیں (ورنہ معمولی خطاؤں پر تو ہم درگزر ہی کرتے رہتے ہیں اور ظاہر ہے کہ کفر سے بڑھ کر کیا ناسپاسی ہوگی جس میں وہ مبتلا تھے) اور (اس نعمت مذکورہ عامہ للمساکن کے علاوہ ایک اور نعمت خاص متعلق سفر کے تھی وہ یہ کہ) ہم نے ان کے اور ان بستیوں کے درمیان میں جہاں ہم نے (باعتبار پیداوار وغیرہ کے) برکت کر رکھی ہے بہت سے گاؤں آباد کر رکھے تھے جو (سڑک پر سے) نظر آتے تھے (کہ مسافر کو سفر میں بھی وحشت نہ ہو اور کہیں ٹھہرنا چاہے تو وہاں جانے میں تکلف و تردد بھی نہ ہو) اور ہم نے ان دیہات

www.besturdubooks.net

کے درمیان ان کے چلنے کا ایک خاص اندازہ رکھا تھا (یعنی ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں تک چال کے حساب سے ایسا مناسب فاصلہ رکھا تھا کہ استراحات معتادہ سفر کے مواقع پر کوئی نہ کوئی گاؤں مل جاتا جہاں کھا پی سکے آرام کر سکے) کہ بے خوف وخطر ان میں (چاہو) راتوں کو اور (چاہو) دنوں کو چلو (یعنی نہ خطرۂ رہزن کہ پاس پاس گاؤں تھے نہ خطرہ آب ودانہ وزادراہ کے میسر نہ ہونے کا کہ ہر جگہ ہر سامان ملتا تھا) سو (ان نعمتوں کی انہوں نے جیسے اصلی شکر گزاری کہ طاعت الٰہیہ تھی نہیں کی ایسے ہی ظاہری شکر گزاری کہ نعمت الٰہیہ کو غنیمت سمجھنا اور اس کی قدر کرنا ہے وہ بھی نہیں کی چنانچہ) وہ کہنے لگے اے ہمارے پروردگار! (ایسے پاس پاس دیہات ہونے سے سفر کا لطف نہیں آتا لطف تو اسی میں ہے کہ کہیں زادِ راہ ختم ہو گیا' کہیں پیاس ہے اور پانی نہیں ملتا' اشتیاق ہے' انتظار ہے' کہیں چوروں کا اندیشہ ہے' نوکر پہرہ دے رہے ہیں' ہتھیار بندھے ہوئے ہیں جیسے بنی اسرائیل من وسلوی سے اکتا گئے تھے اور بقل وقثاء کی درخواست کی تھی و نیز اس حالت موجودہ میں ہم کو اپنی امارات کے اظہار کا موقع بھی نہیں ملتا' امیر غریب سب یکساں سفر کر سکتے ہیں۔ اس لئے یوں جی چاہتا ہے کہ) ہمارے سفروں میں درازی (اور فاصلہ) کر دے (یعنی بیچ کے دیہات اجاڑ دے کہ منزلوں میں خوب فاصلہ ہو جاوے) اور (علاوہ اس ناشکری کے) انہوں نے (اور بھی نافرمانیاں کر کے) اپنی جانوں پر ظلم کیا' سو ہم نے ان کو افسانہ بنا دیا اور ان کو بالکل تتر بتر کر دیا (یا تو اس طرح کہ بعض کو ہلاک کر دیا کہ ان کے قصے ہی رہ گئے اور بعض کو پریشان کر دیا اور یا بحیثیت اس حالت تنعم کے سب ہی افسانہ ہو گئے یعنی وہ سامان تنعم سب کا جاتا رہا اور یا بایں معنی کہ ان کی حالت کو عبرت بنا دیا ای جعلنا هم ذات حكايات يعتبر بها۔ غرض خود ان کے مساکن و باغات بھی اور ان کے وہ قری متصلہ سب ویران ہو گئے) بے شک اس (قصہ) میں ہر صابر شاکر (یعنی مؤمن کے لئے بڑی بڑی عبرتیں ہیں۔ **ف**: بٰرَكْنَا فِيْهَا کے ترجمہ میں جو غیرہ کہا ہے سو اگر قری شام کے مراد ہوں تو اس سے مراد دینی برکات ہیں' چونکہ شام مسکن انبیاء کا رہا ہے اور اگر قری صنعاء مراد ہوں تو انہار واز ہار مراد ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ اس میں دلالت ہے کہ طاعت اور معصیت کو دنیاوی نعمتوں کے حصول اور زوال میں بھی دخل ہے۔ چنانچہ آگے تصریح ہے: ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ؕ۔

اختلاف القراءة: قوله لسبا فى قراءة غير منصرف للعلمية وتاويلها بالقبيلة دون الحى ١٢۔ قوله اكل خمط فى قراءة بالاضافة من باب ثوب خز ١٢۔

اللغات: قوله مسكنهم محل سكناهم وهو كالدار يطلق على الماوى للجميع وان كان قطرا واسعا كما تسمى الدنيا دارا۔ قوله جنتان جماعتان من البساتين عن يمين بلدهم وشماله واطلاق الجنة على كل جماعة لانها التقارب افرادها وتضامها كانها جنة واحدة ١٢۔ قوله العرم المسناة والاضافة لادنى ملابسة۔ قوله خمط الحامض او المر من كل شئ كذا فى القاموس۔ قوله اثل الطرفاء۔ قوله احاديث جمع احدوثة وهى ما يتحدث به على سبيل الاستغراب ١٢۔

النحو: قوله جنتان بدل من آية ١٢۔ قوله كلوا بتقدير القول ١٢۔ قوله بلدة بتقدير المبتدأ اى بلدتكم بلدة طيبة وربكم رب غفور ١٢۔ قوله سيروا بتقدير القول لكن لا يجب ان يكون حقيقة بل يجوز انه نزل تمكينهم من السير المذكور وتسوية مبادية واسبابه منزلة القول لهم وهو للاباحة ١٢۔

البلاغة: قوله جنتين سماهما جنتين تهكما ومشاكلة ١٢۔ قوله جزينٰهم الى نجازى قال الخفاجى لم ترد المجازاة فى القرآن الا مع العقاب بخلاف الجزاء فانه عام ١ه قلت ولذا لم يقيد فى الثانى وقيد فى الاول بقوله بما كفروا ٢١۔

وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ
ع ۲ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ؕ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۲۱﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ
دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ﴿۲۲﴾
وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ؕ حَتّٰى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۲۳﴾
قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّاۤ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾ قُلْ لَّا تُسْـَٔلُوْنَ

www.besturdubooks.net

عَمَّآ اَجۡرَمۡنَا وَلَا نُسۡـَٔلُ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۵﴾ قُلۡ یَجۡمَعُ بَیۡنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ یَفۡتَحُ بَیۡنَنَا بِالۡحَقِّ ؕ وَهُوَ الۡفَتَّاحُ الۡعَلِیۡمُ ﴿۲۶﴾ قُلۡ اَرُوۡنِیَ الَّذِیۡنَ

اَلۡحَقۡتُمۡ بِهٖ شُرَکَآءَ کَلَّا ؕ بَلۡ هُوَ اللّٰهُ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۲۷﴾

اور واقعی ابلیس نے ان لوگوں کے بارے میں اپنا گمان صحیح پایا کہ یہ سب اسی کی راہ پر ہو گئے۔ مگر ایمان والوں کا گروہ اور ابلیس کا ان لوگوں پر (جو) تسلط (بطور اغوا ہے) اس کے اور کسی وجہ سے نہیں کہ ہم کو (ظاہری طور پر) ان لوگوں کو جو کہ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں۔ ان لوگوں سے (الگ کر کے) معلوم کرنا ہے جو اس کی طرف سے شک میں ہیں اور آپ کا رب ہر چیز کا نگراں ہے۔ آپ فرمائیے کہ جن کو تم اللہ کے سوا (دخیل خدائی) سمجھ رہے ہو ان کو پکارو وہ ذرہ برابر اختیار نہیں رکھتے۔ نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور نہ ان کی ان دونوں (کے پیدا کرنے) میں کوئی شرکت ہے اور نہ ان میں کوئی اللہ کا کسی کام میں مددگار ہے اور اللہ کے سامنے (کسی کی) سفارش کسی کے لئے کام نہیں آتی۔ مگر اس کے لئے جس کی نسبت (شفیع کو) اجازت دے دے۔ یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے تو ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں کہ تمہارے پروردگار نے کیا حکم فرمایا' وہ کہتے ہیں کہ (فلانی) حق بات کا حکم فرمایا ہے اور وہ عالیشان سب سے بڑا ہے۔ آپ (تحقیق توحید کے لئے یہ بھی) پوچھئے کہ (اچھا بتلاؤ) تم کو آسمان اور زمین سے کون روزی دیتا ہے۔ آپ (ہی) کہہ دیجئے اللہ روزی دیتا ہے اور (یہ بھی کہئے کہ اس مسئلہ توحید میں بے شک ہم یا تم ضرور راہ راست پر ہیں یا نرے گمراہی میں ہیں۔ آپ (یہ بھی) فرما دیجئے کہ اگر ہم مجرم ہیں (تو) تم سے ہمارے جرائم کی باز پرس نہ ہوگی اور ہم سے تمہارے اعمال کی باز پرس نہ ہوگی (اور یہ بھی) کہہ دیجئے کہ ہمارا رب ہم سب کو (ایک جگہ) جمع کرے گا پھر ہمارے درمیان میں ٹھیک ٹھیک فیصلہ (عملی) کر دے گا اور وہ بڑا فیصلہ کرنے والا جاننے والا ہے۔ آپ یہ بھی کہئے کہ مجھ کو وہ دکھاؤ جن کو تم نے شریک بنا کر اللہ کے ساتھ ملا رکھا ہے ہرگز اس کا کوئی شریک نہیں بلکہ (واضح میں) وہی ہے اللہ زبردست حکمت والا ہے۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر بعض منیبین وغیر منیبین کا ذکر ہوا تھا' آگے مطلق منیبین وغیر منیبین میں اتباع وعدم اتباع ابلیس کا تفاوت حالی اور مآلی اور اس کے تسلیط کی حکمت بیان فرماتے ہیں اور اس سے منیبین کی فضیلت اور غیر منیبین کی مذمت پر بھی دلالت ہوگئی کہ منیبین ایسے بڑے مغوی سے بچتے ہیں اور غیر منیبین ایسے بدخواہ کے ہاتھ میں پھنستے ہیں۔

بیان حال ومآل متبعین وغیر متبعین ابلیس مع حکمت تسلیط او: وَلَقَدۡ صَدَّقَ عَلَیۡهِمۡ اِبۡلِیۡسُ ظَنَّهٗ (الی قوله تعالی) وَرَبُّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ حَفِیۡظٌ ﴿۲۱﴾ اور واقعی ابلیس نے اپنا گمان ان لوگوں کے بارے میں (یعنی بنی آدم کے بارے میں) صحیح پایا (یعنی اس کا یہ گمان: لَاَحۡتَنِکَنَّ ذُرِّیَّتَهٗۤ اِلَّا قَلِیۡلًا [بنی اسرائیل: ۶۲] جس کا منشا شاید استدلال ہو خاک کے ضعف اور آتش کی قوت سے کذا فی الدار عن ابن عباس صحیح نکلا) کہ یہ سب اسی کی راہ پر ہو لئے مگر ایمان والوں کا گروہ (کہ وہ محفوظ رہا اگر ایمان کامل تھا بالکل محفوظ رہا اور اگر ایمان ضعیف تھا تو شرک وکفر میں اس کا اتباع نہیں کیا گو اور معاصی میں اتباع کر لیا) اور ابلیس کا ان لوگوں پر (جو) تسلط (بطور اغوا کے ہے وہ) بجز اس کے اور کسی وجہ سے نہیں کہ ہم کو (ظاہری طور پر) ان لوگوں کو جو کہ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں ان لوگوں سے (الگ کر کے) معلوم کرنا ہے جو اس کی طرف سے شک میں ہیں (یعنی ابتلاء وامتحان مقصود ہے کہ مومن وکافر متعین ہو جاویں کہ بعض کو ثواب اور بعض کو عذاب دینا مقتضائے حکمت ہے کہ وہ ظہور اسماء وصفات ہے یا اور کچھ جو بشر کو معلوم نہ ہو) اور (چونکہ) آپ کا رب ہر چیز کا نگران (حال اور مطلع) ہے (اور ہر چیز میں ایمان اور عدم ایمان بھی داخل ہے' اس لئے اس کی بھی اس کو خبر ہے اور حکمت مقتضی جزا وسزا کو ہے' اس لئے ہر ایک کو مناسب پاداش ملے گی)۔ ف: ظاہری طور پر جاننے کی تقریر پارہ سیقول کے شروع قول: اِلَّا لِنَعۡلَمَ مَنۡ یَّتَّبِعُ الرَّسُوۡلَ [البقرة: ۱۴۳] میں گزر چکی ہے۔ ملاحظہ کر لیا جاوے اور ایمان میں آخرت کی تخصیص کی یہ وجہ ہو سکتی ہے کہ اس کا اعتقاد طلب حق وتصحیح دین میں زیادہ دخل رکھتا ہے۔ ربط: اوپر شروع سورت میں توحید کا ذکر تھا' آگے پھر عود ہے توحید کی طرف' و نیز اہل سبا کے ذکر میں کفران کی مذمت تھی اور شرک سے بڑھ کر کیا کفران ہوگا' اس لئے اس کا ابطال کرتے ہیں دونوں وجہ ربط کی ہو سکتی ہیں۔

اثبات توحید وابطال شرک: قُلِ ادۡعُوا الَّذِیۡنَ زَعَمۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ۚ (الی قوله تعالی) بَلۡ هُوَ اللّٰهُ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۲۷﴾ آپ (ان لوگوں سے) فرمائیے کہ جن (معبودوں کو) تم خدا کے سوا (دخیل خدائی) سمجھ رہے ہو' ان کو (اپنی حاجتوں کے لئے) پکارو (تو سہی معلوم ہو جائے گا کہ کتنی قدرت اور اختیار رکھتے ہیں ان کی حالت واقعیہ تو یہ ہے کہ) وہ ذرہ برابر (کسی چیز کا) اختیار نہیں رکھتے نہ آسمانوں (کی کائنات) میں اور نہ زمین (کی کائنات) میں اور نہ ان کی ان دونوں (کے پیدا کرنے) میں کوئی شرکت ہے اور نہ ان میں سے کوئی اللہ کا (کسی کام میں) مددگار ہے (یعنی نہ ایجاد عالم میں ان کا کوئی دخل ہے وہذا قوله: مَا لَهُمۡ فِیۡهِمَا مِنۡ شِرۡکٍ اور نہ بعد موجود ہو جانے کے ان کا استقلالاً اختیار ہے۔ وذلک: لَا یَمۡلِکُوۡنَ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ اور نہ نیابۃً اختیار ہے۔ وذلک قوله: وَمَا لَهٗ مِنۡهُمۡ مِّنۡ ظَهِیۡرٍ ﴿۲۲﴾) اور (جس طرح وہ خود کام نہیں کر سکتے اسی طرح اللہ تعالیٰ سے کہہ کر بھی کوئی کام نہیں کرا سکتے جس کو شفاعت کہتے ہیں جیسا کفار کا قول تھا: هٰۤؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنۡدَ اللّٰهِ [یونس: ۱۸] اور بھلا ان معبودین میں جو جمادات ہیں وہ تو بے چارے کیا شفاعت کرتے' ان کی قابلیت ہی نہیں رکھتے' اسی طرح

www.besturdubooks.net

جوذی روح ہیں مگر خود عنداللہ مقبول نہیں جیسے شیاطین وہ بھی کیا شفاعت کرتے جوذی روح مقبول بھی ہیں جیسے ملائکہ مشرکین ان کو بنات اللہ اور مستحق معبودیت سمجھتے تھے خود ان کی شفاعت اس قانون عام میں داخل ہے کہ) خدا کے سامنے (کسی کی) سفارش کے لئے کام نہیں آتی (بلکہ سفارش ہی نہیں ہو سکتی) مگر اس کے لئے جس کی نسبت (شفیع کو) وہ اجازت دے دے (اور دلائل سے ثابت ہے کہ یہ اذن صرف حق مؤمنین میں ہوگا پس اس قانون عام کے موافق وہ بھی کفار کی سفارش نہ کریں گے اور فرشتے بلا اذن سفارش کرنے کی کب جرأت کر سکتے ہیں ان کا تو غلبۂ ہیبت وعظمت الٰہی سے یہ حال ہے کہ جب ان کو حق تعالیٰ کی طرف سے کوئی حکم ہوتا ہے تو اسی میں ہیبت کے مارے گھبرا[۲] اٹھتے ہیں) یہاں تک کہ جب (اس حکم کے ختم ہو چکنے پر) ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے تو ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں کہ تمہارے پروردگار نے کیا حکم فرمایا؟ وہ کہتے ہیں کہ (فلانی) حق بات کا حکم فرمایا (یعنی حکم دینے کے وقت شدت ہیبت سے ان کی ازخودرفتگی کی یہ حالت ہوتی ہے کہ ان کو اس وقت کے اپنے سمجھنے اور یاد رکھنے پر پورا بھروسہ نہیں ہوتا اس لئے طالب علموں کی طرح کہ استاد کی تقریر کا اعادہ کیا کرتے ہیں باہم پوچھ پاچھ اور تحقیق کرتے ہیں اور جب وہ حکم اس طرح محقق ہو چکتا ہے پھر اس پر عمل کرتے ہیں۔ پس جب حق تعالیٰ کی جانب سے جو ابتدائی خطاب معمولی احکام کا ہوتا ہے اس میں ان کی یہ حالت ہے تو خود ان کا ابتداءً خطاب کرنا ایک نئی بات کے متعلق اس کی تو کیا گنجائش ہے پس جب ملائکہ مقربین کی یہ حالت ہو تو اصنام وشیاطین تو کس شمار میں ہیں کہ ایک میں قابلیت نہیں دوسرے میں مقبولیت نہیں) اور (اس کے روبرو فرشتوں کا ایسا حال ہو جانا کیا عجب ہے واقعی) وہ (ایسا ہے) عالیشان (اور) سب سے بڑا ہے (اور ان سے) آپ (تحقیق توحید کے لئے یہ بھی) پوچھئے کہ (اچھا بتلاؤ) تم کو آسمان وزمین سے (پانی برسا کر اور نباتات نکال کر) کون روزی دیتا ہے (چونکہ جواب اس کا ان کے نزدیک بھی متعین ہے اس لئے) آپ (ہی) کہہ دیجئے کہ اللہ (روزی دیتا ہے) اور (یہ بھی کہئے کہ اس مسئلہ توحید میں) بے شک ہم یا تم ضرور راہِ راست پر ہیں یا صریح گمراہی میں ہیں (یعنی یہ تو ہو نہیں سکتا کہ قائلین توحید اور منکرین توحید دونوں حق پر یا دونوں غلطی میں ہوں۔ ضرور ہے کہ ایک فریق مہتدی ہے دوسرا ضال اب غور کرنا ضرور ہوا اور ظاہر ہے کہ دلائل توحید کے بعد غور کا نتیجہ اہل توحید کا حق پر ہونا ثابت ہوگا۔ یہ تلطیف دعوت ہے کہ باوجود تعیین مہتدی وضال کے اس طرح تردید کے طور پر فرمایا تا کہ مقابل کو اشتعال نہ ہو جاوے جو تامل وطلب سے مانع ہو جاتا ہے) آپ (ان سے اس مناظرہ میں یہ بھی فرما دیجئے (کہ جب تم باوجود وضوح حق کے حق کو قبول نہیں کرتے تو اخیر درجہ کی بات یہی ہے) کہ (اگر ہم خطاپر اور مجرم ہیں تو) تم سے ہمارے جرائم کی باز پرس نہ ہوگی اور ہم سے تمہارے اعمال کی باز پرس نہ ہوگی (اس میں بھی غایت نرمی ہے کہ مخاطبین کے اعمال کو جرائم سے تعبیر نہیں کیا اور یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (یہ احتمال نہ کیا جاوے کہ بالکل ہی باز پرس نہ ہو جیسا منکرین قیامت کہتے ہیں بلکہ ایک وقت ضرور آنے والا ہے جس میں) ہمارا رب ہم سب کو (ایک جگہ) جمع کرے گا پھر ہمارے درمیان میں ٹھیک ٹھیک فیصلہ (عملی) کر دے گا اور وہ بڑا فیصلہ کرنے والا (اور سب کا حال) جاننے والا ہے (اس سے کسی کا حال پوشیدہ نہیں جس سے غلط فیصلہ کا شبہ ہو سکے) آپ (یہ بھی) کہئے کہ (بعد اس کے کہ تم نے حق تعالیٰ کی شان اور دوسرے آلہہ کا عجز سن لیا) مجھ کو ذرا وہ تو دکھلاؤ جن کو تم نے شریک بنا کر (استحقاق عبادت میں) خدا کے ساتھ ملا رکھا ہے ہرگز (اس کا کوئی شریک) نہیں بلکہ (واقع میں) وہی ہے اللہ (یعنی معبود برحق) زبردست حکمت والا۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ ...... روح میں ہے اس میں اشارہ ہے کہ ہیبت بھی مانع فہم ہو جاتی ہے۔ احقر کہتا ہے کہ ہیبت کا مانع فہم ہو جانا بھی اس حد تک پہنچ جاتا ہے کہ انسان کو معذور کر دیتا ہے جیسے بعض اہل حال کو پیش آ جاتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَاِنَّآ اَوْ اِیَّاكُمْ ...... اس میں مجادل کے ساتھ ملاطفت پر دلالت ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) قوله لاحد متعلق بشفاعة لا بلفظ المضاف اى لا تنفع شفاعة احد لاحد وهذا الاحد الثانى المجرور باللام مراد من اعم الذوات المذكور قبله اى لاحد الالمن الخ ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] قوله فى فريقا: ایمان والوں کا گروہ اشارة الى ان من للبيان وقرره بحيث لا يروان فريقا من المؤمنين يتبعونه فى المعاصى ۱۲۔ [۲] قوله قبل حتىٰ اذا فزع: گھبرا اٹھتے ہیں اشارة الى تقدير المغيا هكذا ولا تنفع الشفاعة اى لا تحقق ولو من الملائكة لانهم يهابون الله تعالىٰ بحيث يفزعون اذا اوحى اليهم حتىٰ اذا فزع اى ازيل الفزع الخ ۱۲۔

الروایات: فى صحيح البخارى وغيره عن ابى هريرةؓ قال رسول الله ﷺ قال اذا قضى الله تعالى الامر فى السماء ضربت الملائكة اجنحتها خضعانا لقوله تعالىٰ كانه سلسلة على صفوان فاذا فزع عن قلوبهم قالوا ما ذا قال ربكم قالوا قال الحق الخ قلت وهو احسن التفاسير لموافقة الرواية الصحيحة ويستخرج عليه معنى المغيا من المفهوم كما قررت فى الترجمة وكذا دل ذكر الشفاعة على ذكر الملائكة لكونهم اهلا للشفاعة ولحصول الاذن لهم واعلم ان اللام فى الحق للعهد فكانهم يتذاكرون ما قال ويقولون اظهارا

www.besturdubooks.net

لاعتقادهم حقية انه تعالىٰ قال القول الحق الذى تذاكرناه۱۲۔

اللغات :قوله صدق عليهم اى وجد ظنه صادقا كذا فى الروح وفى قراءة صدق بالتخفيف فنصب ظنه على اسقاط حرف الجراى صدق فى ظنه ووجده مصيبا فى الواقع فصدق حينئذ بمعنى اصاب مجازا ويجوز ان يتعدى بنفسه كما فى قوله تعالىٰ رجال صدقوا ما عاهدوا الله الخ۔

النحو :قوله الا لمن اذن له استثناء من اعم الذوات اى لا تنفع شفاعة احد على ان اللام عوض عن المضاف اليه لاحد الا لمن اى لمشفوع له اذن الله الشفيع لشفاعته۱۲۔

البلاغة :قوله ممن هو منها كان الظاهر ممن لا يؤمن بها عدل عنه لنكتة وهى الايذان بان ادنىٰ مراتب الكفر وهو الشك مهلكة وان لم يوجد جهود۱۲۔ قوله ادعوا امر توبيخ قوله فى السمٰوٰت اى فى العالم كله۱۲۔ قوله لا تنفع اى لا توجد راسا وانما علق النفى بنفعها تصريحًا بنفى ما هو غرضهم من وقوعها ۱۲۔ قوله قل من يرزقكم امر ﷺ ان يقول ذلك تبكيتًا للمشركين بحملهم على الاقرار بان الهتهم لا يملكون مثقال ذرة فى السمٰوٰت ولا فى الارض وان الرازق هو الله عزوجل فانهم لا ينكرونه وحيث كانوا يتلعثمون احيانا فى الجواب مخافة الالزام قيل له عليه السلام قل الله۔ قوله لعلى هدى او فى ضلل ادخل على على الهدى للدلالة على استعلاء صاحبه وتمكنه واطلاعه على ما يريد كالواقف على مكان عال او الراكب على جود يركضه حيث شاء وفى على الضلال للدلالة على انغماس صاحبه فى ظلام حتى كانه فى مهواة مظلمة لا يدرى اين يتوجه۔ قوله :قل لا تسئلون هذا ابلغ فى الانصاف حيث عبر عن اعمال المؤمن ما لعظائم بصيغة الماضى وعن عظائم الكافر بالاعمال بصيغة المضارع۔ قوله قل ارونى استفسار عن شبهتهم بعد الزام الحجة عليهم زيادةً فى تبكيتهم۱۲۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾ قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَلَا بِالَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚۖ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ۨالْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ؕ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۳﴾

اور ہم نے تو آپ کو تمام لوگوں کے واسطے پیغمبر بنا کر بھیجا ہے (ایمان لانے پر ان کو ہماری رضا وثواب کی) خوشخبری سنانے والے اور ایمان نہ لانے پر ان کو ہمارے غضب و عذاب سے ڈرانے والے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے اور یہ لوگ (ایسے مضامین سن کر) کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب ہوگا۔ اگر تم (یعنی نبی اور آپ کے اتباع) سچے ہو (تو بتلاؤ) آپ کہہ دیجئے کہ ایک خاص دن کا وعدہ (مقرر ہے کہ اس سے نہ ایک پیچھے ہٹ سکتے ہو اور نہ آگے بڑھ سکتے ہو اور یہ کفار (دنیا میں تو خوب خوب باتیں بناتے ہیں اور) کہتے ہیں کہ ہم ہرگز نہ اس قرآن پر ایمان لائیں گے اور نہ اس سے پہلی کتابوں پر اور اگر آپ (ان کی) اس وقت کی حالت دیکھیں (تو ایک ہولناک منظر نظر آئے) جب یہ ظالم اپنے رب کے سامنے کھڑے کئے جائیں گے ایک دوسرے پر بات ڈالتے ہوں گے (چنانچہ) ادنیٰ درجے کے لوگ بڑے لوگوں سے کہیں گے کہ ہم تمہارے سبب برباد ہوئے اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور ایمان لے آتے۔ (اس پر) یہ بڑے لوگ ان ادنیٰ درجے کے لوگوں سے کہیں گے کہ کیا ہم نے تم کو ہدایت پر عمل کرنے سے زبردستی روکا تھا۔ بعد اس کے کہ وہ (ہدایت) تم کو پہنچ چکی تھی بلکہ خود قصوروار ہو اور (اس کے جواب میں) یہ کم درجے کے لوگ ان بڑے لوگوں سے کہیں گے کہ (ہم زبردستی کو مانع نہیں رکھتے) بلکہ تمہاری رات دن کی تدبیروں نے روکا تھا جب تم ہم سے فرمائش کرتے تھے کہ ہم اللہ کے ساتھ کفر کریں اور اس کے لئے شریک قرار دیں اور وہ لوگ

www.besturdubooks.net

(اپنی اس) پشیمانی کو (ایک دوسرے سے) مخفی رکھیں گے جبکہ عذاب دیکھیں گے اور ہم کافروں کی گردنوں میں طوق ڈالیں گے۔ جیسے کرتے تھے ویسا ہی تو بھرا۔ ﴿۳۳﴾

تفسیر ربط: اوپر توحید کا ذکر تھا' آگے رسالت محمدیہ کا اور اس کے عموم کا مضمون ہے کہ وہ لوگ اس کے بھی منکر تھے پھر حق توحید بدوں اتباع رسول کے حاصل بھی نہیں ہوتا۔

اثبات رسالت محمدیہ وعموم او: وَمَآ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً (الی قولہ تعالی) وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۸﴾ اور ہم نے تو آپ کو تمام لوگوں کے واسطے (خواہ جن ہوں یا انسان عرب ہوں یا عجم موجود ہوں یا آئندہ ہونے والے ہوں سب کے لئے) پیغمبر بنا کر بھیجا ہے (ایمان لانے پر ان کو ہماری رضا وثواب کی) خوشخبری سنانے والے اور (ایمان نہ لانے پر ان کو ہمارے غضب وعذاب سے) ڈرانے والے' لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے (پس جہالت سے انکار کرتے ہیں گو یقین ہی آ جاوے یا یقین حاصل بھی کر سکیں)۔ ربط: اوپر توحید ورسالت کی تحقیق تھی' آگے بعث کا اور اس کے بعض واقعات کا ذکر ہے جن میں سے بعض کا ابھی بیان توحید میں ذکر بھی آیا ہے یجمع بیننا ربنا ثم یفتح بیننا کہ وہ لوگ اس کے بھی منکر تھے و نیز بدوں احتمال بعث کے گا ہے حق کی جس میں توحید و رسالت فرد اعظم ہیں طلب اور فکر نہیں ہوتی۔

ذکر بعث وبعض واقعات آں: وَيَقُوۡلُوۡنَ مَتٰى هٰذَا الۡوَعۡدُ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿۲۹﴾ (الی قولہ تعالی) وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۳۶﴾ اور یہ لوگ (ایسے مضامین یجمع بیننا ربنا ثم یفتح الخ سن کر) کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب (واقع) ہوگا اگر تم (یعنی نبی اور آپ کے اتباع) سچے ہو (تو بتلاؤ) آپ کہہ دیجئے کہ تمہارے واسطے ایک خاص دن کا وعدہ (مقرر) ہے کہ اس سے نہ ایک ساعت پیچھے ہٹ سکتے ہو اور نہ آگے بڑھ سکتے ہو (یعنی گو ہم وقت نہ بتلاویں[۱] گے جو تم پوچھ رہے ہو مگر آوے گی ضرور جس کا اس پوچھنے سے انکار کرنا تمہارا مقصود ہے) اور یہ کفار (دنیا میں تو خوب خوب باتیں بناتے ہیں اور) کہتے ہیں کہ ہم ہرگز نہ اس قرآن پر ایمان لاویں گے اور نہ اس سے پہلی کتابوں پر اور (قیامت میں یہ ساری لمبی چوڑی باتیں ختم ہو جاویں گی چنانچہ) اگر آپ (ان کی) اس وقت کی حالت دیکھیں (تو ایک ہولناک منظر نظر آوے) جبکہ یہ ظالم اپنے رب کے سامنے کھڑے کئے جاویں گے ایک دوسرے پر بات ڈالتا ہوگا (جیسے کوئی کام بگڑ[۲] جانے کے وقت عادت ہوتی ہے چنانچہ) ادنیٰ درجہ کے لوگ (یعنی توابع) بڑے لوگوں سے (یعنی متبوعین سے) کہیں گے کہ (ہم تو تمہارے سبب برباد ہوئے) اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور ایمان لے آئے ہوتے (اس پر) یہ بڑے لوگ ان ادنیٰ درجہ کے لوگوں سے کہیں گے کہ کیا ہم نے تم کو ہدایت (پر عمل کرنے) سے (زبردستی) روکا تھا' بعد اس کے کہ وہ (ہدایت) تم کو پہنچ چکی تھی نہیں بلکہ تم ہی قصوروار ہو (کہ وضوح حق کے بعد اس کو قبول نہ کیا' اب ہمارے سر دھرتے ہو) اور (اس کے جواب میں) یہ کم درجہ کے لوگ ان بڑے لوگوں سے کہیں گے کہ (ہم زبردستی کو مانع) نہیں (کہتے) بلکہ تمہاری رات دن کی تدبیروں نے روکا[۳] تھا جب تم ہم کو فرمائش کرتے رہتے تھے کہ ہم اللہ کے ساتھ کفر کریں اور اس کے لئے شریک قرار دیں (تدبیروں سے مراد ترغیب وترہیب ہے' پس رات دن کی ان تعلیمات اور ان تدبیرات کا اثر ہو گیا اور تباہ وبرباد ہوئے' بس ہم کو تم ہی نے خراب کیا) اور (اس گفتگو میں تو ہر شخص دوسرے پر الزام دے گا مگر دل میں اپنا اپنا قصور بھی سمجھیں گے مضلین سمجھیں گے کہ واقعی ہم نے ایسا کیا تو تھا اور ضالین سمجھیں گے کہ گو انہوں نے ہم کو غلط راستہ بتلایا تھا لیکن آخر ہم بھی تو اپنا نفع نقصان سمجھ سکتے تھے' ضرور ہمارا بھی بلکہ زیادہ ہمارا ہی قصور ہے لیکن) وہ لوگ (اپنی اس) پشیمانی کو (ایک دوسرے سے) مخفی رکھیں گے جبکہ (اپنے اپنے عمل پر) عذاب (ہوتا ہوا) دیکھیں گے (تا کہ نقصان مایہ کے ساتھ شماتت ہمسایہ نہ ہو' لیکن آخر میں شدت عذاب سے وہ تحمل جاتا رہے گا) اور منجملہ اس عذاب مشترک بین الکفار کے یہ ہوگا کہ) ہم کافروں کی گردنوں میں طوق ڈالیں گے (اور ہاتھ پاؤں میں زنجیر' پھر مشکیں کسا ہوا جہنم میں جھونک دیا جاوے گا) جیسا کرتے تھے ویسا ہی بھرا۔ ف: اگر شبہ ہو کہ بعض کفار نے تو اپنے اتباع پر زبردستی بھی کی ہے' پھر اس کے کیا معنی: اَنَحۡنُ صَدَدۡنٰكُمۡ ..... جواب یہ ہے کہ اصل ایمان اعتقاد ہے اور اس کا محل قلب ہے' وہاں اکراہ ممکن نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] قولہ فی لا تستقدمون: ہم وقت نہ بتلاویں گے الخ اشارۃ الی ان الجواب من اسلوب الحکیم ۱۲۔ [۲] قولہ فی یرجع: بگڑ جانے کے ھکذا فی الکبیر فالقول علی ھذا قول المتکلم لا قول المخاطب کما یفصح عنہ ترجمۃ بعضھم حیث قال: ایک کی بات ایک رد کر رہا ہوگا لان الرد بھذا المعنی یتعدی بعلی لا بالی وانما المراد ھھنا توجیہ الخطاب الی المخاطب لبراءۃ نفسہ فافھم ۱۲۔ [۳] قولہ فی مکر الیل: روکا اشارۃ الی تقدیر الفعل ای صدنا مکرکم باللیل والنھار ۱۲۔

النحو: قولہ کافۃ حال من الناس قدم مع الا علیہ للاھتمام واصلہ من الکف بمعنی المنع وارید بہ العموم لما فیہ من المنع من الخروج واشتھر فی ذلک حتی قطع النظر فیہ عن معنی المنع بالکلیۃ فمعنی جاء الناس کافۃ جاؤا جمیعًا وھو الذی ذھب الیہ ابو علی وابن کیسان وابن برھان والرضی وابن مالک وابو حیان وقال ھو الصحیح واعترض بانہ یلزم علیہ عمل ما قبل الا وھو ارسل فیما

www.besturdubooks.net

بعدها وهو للناس وليس بمستثنى ولا مستثنى منه ولا تابعًا له وقد منعوه واجيب بان التقدير وما ارسلناك للناس الا كافة فهو مقدم رتبة ومثله كاف في العمل مع انهم يتوسعون في الظرف مالا يتوسعون في غيره كذا في الروح ۱۲۔

البلاغۃ: قوله قال الذين استكبروا بلا واو وقوله وقال الذين استضعفوا بالواو لما ان قول المستضعفين عود منهم الى الكلام السابق عطف بعض اجزاء كلامهم على بعضها بخلاف قول المستكبرين فانه ابتداء كلام وقع جوابا للاعتراض عليهم فلذا ترك العاطف ۱۲۔

قوله بل مكروا الليل اضراب عن اضراب المخاطبين في قولهم بل كنتم مجرمين ۱۲۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۙ وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۳۵﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۡ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ ع ۱۰

اور ہم نے کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا (پیغمبر) نہیں بھیجا مگر وہاں کے خوش حال لوگوں نے یہی کہا کہ ہم توان احکام کے منکر ہیں جوتم کو دے کر بھیجا گیا ہے اور انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہم مال واولاد میں تم سے زیادہ ہیں اور ہم کو عذاب نہ ہوگا کہہ دیجئے کہ میرا پروردگار جس کو چاہتا ہے زیادہ روزی دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے کم دیتا ہے لیکن اکثر لوگ (اس سے) واقف نہیں اور مال اولا د ایسی چیز نہیں جو درجہ میں تم کو ہمارا مقرب بنادے (یعنی مؤثر وعلت قرب کی بھی نہیں) مگر ہاں جو ایمان لائے اور اچھے کام کرے (یہ دونوں چیزیں البتہ سبب قرب ہیں سوایسے لوگوں کے لئے ان کے (نیک) عمل کا دگنا صلہ ہے اور وہ (بہشت) کے بالا خانوں میں چین سے بیٹھے ہوں گے اور جو لوگ ہماری آیتوں کے متعلق (ان کے ابطال کی) کوشش کر رہے ہیں (نبی کو) ہرانے کے ایسے لوگ عذاب میں لائے جائیں گے۔

تفسیر ربط: او پر تعذیب کفار کا بیان تھا چونکہ منکرین عذاب دنیا کی خوش حالی سے نفی عذاب آخرت پر استدلال کیا کرتے تھا کما قال تعالیٰ: وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى [حٰم سجدة: ۵۰] اور یہ طبعاً حضور ﷺ کے حزن کا مظنہ بھی تھا۔ آگے کفار کے زعم کو رد اور آپ کا تسلیہ فرماتے ہیں۔

تسلیہ سید الاخیار وتزییف قول اشرار: وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ (الی قوله تعالی) اُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ اور اے پیغمبر ﷺ ان لوگوں کے افعال ضلالت واقوال جہالت سے آپ مغموم نہ ہوں' کیونکہ یہ معاملہ انوکھا آپ ہی کے ساتھ نہیں ہوا' بلکہ) ہم نے کسی بستی میں کوئی ڈرسنانے والا (پیغمبر) نہیں بھیجا مگر وہاں کے خوش حال لوگوں نے (ان کفار معاصرین کی طرح) یہی کہا کہ ہم توان احکام کے منکر ہیں جو تم کو دے کر بھیجا گیا ہے اور انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہم مال اور اولاد میں تم سے زیادہ ہیں (کما قال في الكهف انا اكثر منك مالا واعز نفرا) اور یہ دلیل ہے ہمارے مکرم ومقبول عند اللہ ہونے کی پس) ہم کو کبھی عذاب نہ ہوگا (اور یہی بات کفار مکہ کہتے ہیں کما قال تعالیٰ: قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا [مریم: ۷۳] پس غم نہ کیجئے' البتہ ان کے قول کو رد کیجئے اور ان سے یوں) کہہ دیجئے کہ (وسعت رزق کا مدار قبول عند اللہ نہیں ہے بلکہ محض مشیت ہے چنانچہ) میرا پروردگار جس کو چاہتا ہے زیادہ روزی دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے کم دیتا ہے (اور اس میں حکمتیں ہوتی ہیں) ولیکن اکثر لوگ (اس سے) واقف نہیں (کہ مدار اس کا دوسری مصلحتوں پر ہے کرامت عند اللہ پر نہیں ہے) اور (اے کفار تم یہ بھی سن رکھو کہ جس طرح تمہارے اموال واولاد دلیل وعلامت قرب عند اللہ کے نہیں' اسی طرح) تمہارے اموال واولاد ایسی چیز نہیں جو تم کو درجہ میں ہمارا مقرب بنادے (یعنی مؤثر وعلت قرب کی بھی نہیں پس نہ اموال واولاد کرامت پر مرتب ہے کہ کرامت کی دلیل انی ہو اور نہ اموال واولاد پر کرامت مرتب ہے کہ کرامت کی دلیل لمی ہو) ہاں مگر جو ایمان لاوے اور اچھے کام کرے (یہ دونوں چیزیں البتہ سبب قرب ہیں) سو ایسے لوگوں کے لئے ان کے (نیک) عمل کا دونا صلہ ہے (یعنی عمل سے زیادہ خواہ دونے سے بھی زیادہ لقوله تعالیٰ: مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا [الأنعام: ۱۶۰]) اور وہ (بہشت کے) بالا خانوں میں چین سے (بیٹھے) ہوں گے اور جو لوگ (ان کے خلاف محض اموال واولاد پر مغرور ہیں اور ایمان وعمل صالح کو اختیار نہیں کرتے بلکہ وہ) ہماری آیتوں کے متعلق (ان کے ابطال کی) کوشش کر رہے ہیں (نبی کو) ہرانے کے لئے ایسے لوگ عذاب میں لائے جاویں گے۔ ف: مترفین کی تخصیص اس لئے فرمائی کہ اکثر اول تکذیب انہیں سے شروع ہوتی ہے اور ان کا اُرْسِلْتُمْ کہنا بطور استہزاء کے ہے ورنہ وہ لوگ تو رسالت کے منکر تھے۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في قالوا: یہ بھی اشارة الى عود الضمير الى المترفين كما في الروح ولما دل حكاية قولهم هذا على قول اهل مكة تشابههم صح وقوع قوله قل بعده جوابا ۱۲۔ ۲ قوله قبل وما اموالكم: اور اے کفار اشارة الى ان هذا خطاب من الله تعالى بقرينة قوله عندنا و آياتنا۔ ۳ قوله في زلفى: درجہ اصله القرب وهو مفعول مطلق وانما ترجم بالحاصل حذرا عن التكرار اللفظي كما احترز عنه في القرآن العظيم ۱۲۔ ۴ قوله في الاسبب: قریب ہیں اشارة الى ان الاستثناء منقطع ومن آمن مبتدأ و خبره مقدر وهو فانهما يقربانه ۱۲۔

قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝۳۹ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ۝۴۰ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ۝۴۱ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۝۴۲

آپ (مؤمنین) سے فرما دیجئے کہ میرا رب اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے فراخ روزی دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے تنگی سے دیتا ہے اور جو چیز تم (مواقع راہ الٰہی میں) خرچ کرو گے سو وہ یعنی اللہ تعالیٰ اس کا عوض دے گا اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے اور وہ دن قابل ذکر ہے جس روز اللہ تعالیٰ ان سب کو (میدان قیامت میں) جمع فرمائے گا۔ پھر فرشتوں سے ارشاد فرمائے گا کیا یہ لوگ تمہاری عبادت کرتے تھے وہ عرض کریں گے کہ آپ پاک ہیں ہمارا تو آپ سے تعلق ہے نہ کہ ان سے بلکہ یہ لوگ شیطان کی پوجا کرتے تھے اور ان میں سے اکثر لوگ انہی کے معتقد تھے۔ سو کافروں سے کہا جائے گا' آج تم مجموعہ عابدین ومعبودین میں سے نہ کوئی کسی کو نفع پہنچانے کا اختیار رکھتا ہے اور نہ نقصان پہنچانے کا اور (اس وقت) ہم ظالموں (یعنی کافروں) سے کہیں گے کہ جس دوزخ کے عذاب کو تم جھٹلایا کرتے تھے (اب) اسکا مزہ چکھو۔ ۝

تفسیر ربط: اوپر بسط وقدر رزق کے متعلق بالمشیۃ پر کفار کے بطلان زعم کو متفرع فرمایا تھا۔ آگے اسی پر مؤمنین کی ایک اصلاح کو متفرع فرماتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ جب مال کی کمی بیشی محض مشیت پر ہے تو مؤمن کو چاہئے کہ اس کے ساتھ قلب کو زیادہ متعلق نہ کرے۔ اور کفار کی طرح اس کو مقصود نہ سمجھے بلکہ اس کو آلہ حصول رضا وقرب الٰہی کا جو کہ اصل مقصود ہے بناوے۔

تفریع زہد بر مقسومیت رزق: قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ (الى قوله تعالى) وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ (آپ (مؤمنین سے) یہ فرما دیجئے کہ میرا رب اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے فراخ روزی دیتا ہے اور جس کو چاہے تنگی دیتا ہے اور (اس صورت میں امساک سے رزق بڑھ نہیں سکتا اور انفاق حسب الشرع سے گھٹ نہیں سکتا' پس مال سے زیادہ تعلق مت رکھو بلکہ جہاں جہاں حقوق اللہ وحقوق العیال وحقوق الفقراء وغیرہا میں خرچ کرنے کا حکم ہے بے دھڑک خرچ کرتے رہو کہ اس سے رزق مقسوم میں تو کمی کا ضرر نہ ہوگا اور آخرت کا نفع ہوگا اس طرح سے کہ) جو چیز تم (مواقع حکم الٰہی میں) خرچ کرو گے سو وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) اس کا (آخرت میں تو ضرور اور گاہے دنیا میں بھی) عوض دے گا اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے (پس اس خرچ سے دنیوی روزی تمہاری کم نہ کرے گا اور اخروی روزی علاوہ عطا فرماوے گا) ف: رٰزِقِيْنَ جمع لانا اس اعتبار سے ہے کہ جو لوگ ظاہر میں اپنے ہاتھ سے دیتے دلاتے ہیں ان کو مجازاً رازق قرار دے دیا گیا اور چونکہ اللہ تعالیٰ رازق حقیقی ہے اس لئے اس کا خیر الرازقین ہونا ظاہر ہے۔ ربط: اوپر: وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ [یونس: ۴۸] میں بعث وحشر کا بیان تھا' آگے پھر اسی طرف عود ہے۔

عود بسرائے حشر واہوال او: وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ (الى قوله تعالى) كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۝ اور (وہ دن قابل ذکر ہے) جس روز اللہ تعالیٰ ان سب کو (میدانِ قیامت میں) جمع فرماوے گا' پھر فرشتوں سے ارشاد فرماوے گا کیا یہ لوگ تمہاری عبادت کرتے تھے (یہ سوال تبکیت مشرکین کے لئے ہوگا جو ملائکہ اور غیر ملائکہ کو اس خیال سے پوجتے تھے کہ یہ راضی ہو کر ہماری شفاعت کریں گے۔ کقولہ تعالیٰ: يٰعِيْسٰى ءَاَنْتَ قُلْتَ [المائدة: ۱۱۶] پس یہ سوال اس لئے کیا گیا کہ جواب سے مشرکین کی غلطی ظاہر ہو جاوے۔ مطلب سوال کا یہ ہے کہ کیا تمہاری رضا سے تمہاری عبادت کرتے تھے جیسا دوسری آیت میں ہے: ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ [الفرقان: ۱۷] ونیز جواب بھی اس قید کا قرینہ ہے جیسا ترجمہ جواب سے معلوم ہوگا) وہ (اول حق تعالیٰ کے اظہار تنزیہ عن الشریک کے لئے) عرض کریں گے کہ آپ (شریک سے) پاک ہیں (یہ جواب سے پہلے اس لئے کہا گیا کہ نسبت الی الشریک کی حکایت سے گھبرا گئے۔ اس لئے اول یہ عرض کیا ونیز اس سے بھی مشرکین کی غلطی مطلقاً ثابت ہوئی کہ آپ تو مطلقاً شریک سے پاک ہیں خواہ وہ فرشتہ ہو یا اور کچھ' پھر آگے اس سوال کا جواب دیں گے کہ ہمارا تو (محض) آپ سے تعلق ہے نہ کہ ان سے (اس سے نفی ہوگئی رضا اور امر کی' یعنی نہ ہم نے ان سے کہا نہ

www.besturdubooks.net

ہم ان کے فعل سے راضی ہم تو آپ کے مطیع ہیں جو چیز آپ کو ناپسند ہے مثل شرک وغیرہ اس سے ہم بھی ناخوش ہیں۔ جب اس شرک میں نہ ہمارا امر ہے نہ رضا تو فی الواقع یہ ہماری عبادت نہ کرتے تھے) بلکہ یہ لوگ شیاطین کو پوجا کرتے تھے (کیونکہ وہ شیاطین اس کی ترغیب بھی دیتے تھے اور اس سے راضی بھی تھے۔ پس فی الواقع ان کے معبود ہوئے کیونکہ عبادت مستلزم ہے اطاعت مطلقہ کو کہ اس کے سامنے پھر کسی کی اطاعت نہ کرے۔ اسی طرح ایسی اطاعت مستلزم ہے عبادت کو پس جب ہماری طرف سے امر و رضا متحقق نہیں تو اطاعت منفی ہوئی۔ سو عبادت بھی منفی ہوئی۔ اور جب شیاطین کی اطاعت مطلقہ کی تو عبادت بھی انہیں کی ہوئی گو یہ لوگ اس کا نام کچھ ہی رکھیں خواہ عبادت ملائکہ یا عبادت اصنام مگر واقع میں وہ عبادت شیاطین کی ہے اور جیسا لزوماً یہ لوگ عابد شیاطین تھے اسی طرح) ان میں اکثر لوگ (التزاماً بھی) انہیں (شیاطین) کے معتقد تھے (یعنی قصداً بھی بہت سے ان کو پوجتے تھے کما قال تعالیٰ: وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ (وغير ذلك من الآيات) [الجن : ٦]) سو (کافروں سے کہا جاوے گا کہ لو جن سے تم امیدیں رکھتے تھے) آج (خود ان کی تبری سے بھی اور ان کے عجز واقعی سے بھی خلاف تمہارے زعم کے یہ حالت ظاہر ہوئی کہ) تم (مجموع عابدین و معبودین) میں سے نہ کوئی کسی کو نفع پہنچانے کا اختیار رکھتا ہے اور نہ نقصان پہنچانے کا (مطلب تو یہ ہے کہ یہ معبودین تم کو نفع نہیں پہنچا سکتے مگر مبالغہ کے لئے بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ سے تعبیر فرمایا تاکہ اس ابہام سے دونوں کی تساوی اس امر میں ثابت ہو جاوے کہ جیسے تم عاجز ہو وہ بھی عاجز ہیں اور ضرر کا ذکر تعمیم عجز کے لئے ہے اس سے کلام اور بھی مؤکد ہو گیا) اور (اس وقت) ہم ظالموں (یعنی کافروں) سے کہیں گے کہ جس دوزخ کے عذاب کو تم جھٹلایا کرتے تھے (اب) اس کا مزہ چکھو (اور تخصیص ملائکہ کی باوجودیکہ تبری اور عجز جمیع معبودین کے لئے عام ہے اس لئے ہے کہ دوسروں کا حکم بدرجہ اولیٰ ثابت ہو جاوے کہ جب افضل المعبودین کا یہ حال ہوگا تو دوسرے معبودین کا عدم نفع بدرجہ اولیٰ سمجھ لیا جاوے) ف: سورۂ فرقان کے دوسرے رکوع آیت: وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ میں بھی اسی جواب کے قریب الفاظ میں جواب آیا ہے۔ وہاں سُبْحٰنَكَ اور نفی اتخاذ اولیاء کی تقریر ترجمہ کی اور طرح پر ہوئی ہے۔ اس وقت وہی سمجھ میں آئی تھی۔ باقی یہاں کی تقریر وہاں اور وہاں کی یہاں بھی صحیح ہو سکتی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ: جن سے مراد شیاطین ہیں یعنی غیر اللہ کی عبادت کرنے میں شیاطین کی اطاعت کرتے ہیں تو گویا ان شیاطین ہی کی عبادت کرتے ہیں کذا فی الروح اور اس میں دلالت ہے کہ عامل بعض اوقات ایک عمل کرتا ہے مگر اس کا حاصل دوسرا عمل ہوتا ہے جس کا وہ قصد بھی نہیں کرتا مگر اس پر یہ حکم کر دیا جاتا ہے کہ وہ اس دوسرے عمل کا مرتکب ہوا اور صوفیہ اصلاحات میں اس قاعدہ کا بکثرت استعمال کرتے ہیں (مثلاً کسی امر میں مرید نے اپنی رائے پر عمل کیا تو شیخ کہتا ہے کہ تم یہ چاہتے ہو کہ میں تمہارا تابع بنوں تم میرے تابع نہ بنو)۔

ملحقات الترجمۃ: قوله في التمهيد: ایک اصلاح گو اشار به الى دفع لزوم التكرار كما هو ظاهر من تقريرى ۱۲۔

النحو: قوله ويوم يحشرهم معمول لا ذكر المقدر او لقالوا المذكور بعده ۱۲۔

البلاغة: قوله التي كنتم في الروح وقع الموصول ههنا وصفا للمضاف اليه وفي السجدة في قوله تعالى عذاب النار الذى كنتم به تكذبون صفة للمضاف فقال ابو حيان لانهم ثمه كانوا ملابسين للعذاب كما ينبئ عنه قوله تعالى كلما ارادوا ان يخرجوا منها اعيدوا فيها فوصف لهم ثمه مالا بسوه وهنا لم يكونوا ملابسين له بل ذلك اول ما راوا النار عقب الحشر فوصف ما عاينوه لهم الخ ۱۲۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ؕ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۳﴾ وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ ﴿۴۴﴾ وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ ۖ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۵﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا ۖ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ﴿۴۶﴾ قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۴۷﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۴۸﴾ ع ۵ / ۱۱

www.besturdubooks.net

قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيدُ ﴿٤٩﴾ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ عَلٰى نَفْسِيْ ۚ وَاِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوْحِيْٓ اِلَيَّ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ ﴿٥٠﴾

اور جب ان لوگوں کے سامنے ہماری آیتیں جو (حق اور ہادی ہونے کی صفت میں) صاف صاف ہیں پڑھی جاتی ہیں تو یہ لوگ پڑھنے والے یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) یہ محض ایسا شخص ہے جو یوں چاہتا ہے کہ تم کو ان چیزوں کی (عبادت) سے باز رکھے جن کو (قدیم سے) تمہارے بڑے پوجتے تھے اور (قرآن کی نسبت) کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) یہ محض ایک تماشا ہے جھوٹ ہے اور یہ کافر اس امر حق (یعنی قرآن) کی نسبت جبکہ وہ ان کے پاس پہنچا یوں کہتے ہیں کہ یہ محض ایک صریح جادو ہے اور ہم نے ان کو کتابیں نہیں دی تھیں کہ ان کو پڑھتے پڑھاتے ہوں اور (اس طرح) ہم نے آپ سے پہلے ان کے پاس کوئی ڈرانے والا (یعنی پیغمبر) نہیں بھیجا تھا اور ان سے پہلے جو (کافر) لوگ تھے انہوں نے تکذیب کی تھی اور یہ (مشرکین عرب) تو اس سامان کے جو ہم نے ان کو دے رکھا تھا' دسویں حصہ کو بھی نہیں پہنچے۔ غرض انہوں نے میرے رسولوں کی تکذیب کی سو (دیکھو) میرا ان پر کیسا عذاب ہوا۔ آپ کہئے کہ میں تو صرف ایک بات سمجھاتا ہوں' وہ یہ کہ تم (محض) اللہ کے واسطے کھڑے ہو جاؤ اور دو دو اور ایک ایک پھر سوچو کہ تمہارے اس ساتھی کو جنون (تو) نہیں ہے وہ تم کو ایک سخت عذاب آنے سے پہلے ڈرانے والا ہے۔ آپ کہہ دیجئے کہ میں نے تم سے (اس تبلیغ پر) کچھ معاوضہ ہو تو وہ تمہارا رہا۔ میرا معاوضہ تو بس اللہ ہی کے ذمے ہے اور وہی ہر چیز پر اطلاع رکھنے والا ہے۔ آپ کہہ دیجئے کہ میرا رب حق بات (یعنی ایمان) کو (کفر پر) غالب کر رہا ہے (اور) وہ علام الغیوب ہے۔ آپ کہہ دیجئے کہ حق (دین) آگیا (دین) باطل نہ کرنے کا رہا نہ دھرنے کا آپ کہہ دیجئے کہ اگر (مثلاً فرضاً) میں گمراہ ہو جاؤں تو میری گمراہی مجھ پر (وبال ہوگی) اگر میں راہ راست پر ہوں تو یہ بدولت اس قرآن کے ہے جس کو میرا رب میرے پاس بھیج رہا ہے وہ سب کچھ سنتا (اور) بہت نزدیک ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر: وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ ..... میں رسالت کا مسئلہ مذکور تھا آگے پھر اسی کی طرف عود ہے۔

عود بسوئے تحقیق رسالت: وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ (الی قوله تعالی) اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ اور جب ان لوگوں کے سامنے ہماری آیتیں جو (حق اور ہادی ہونے کی صفت میں) صاف صاف ہیں پڑھی جاتی ہیں تو یہ لوگ (پڑھنے والے یعنی نبی ﷺ کی نسبت) کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) یہ محض ایک ایسا شخص ہے جو یوں چاہتا ہے کہ تم کو ان چیزوں (کی عبادت) سے باز رکھے جن کو (قدیم سے) تمہارے بڑے پوجتے (آرہے) تھے اور (ان سے باز رکھ کر اپنا تابع بنانا چاہتا ہے مطلب ان کم بختوں کا یہ تھا کہ یہ نبی نہیں اور ان کی دعوت من جانب اللہ نہیں' بلکہ اس میں خود ان کی ذاتی غرض ریاست کی ہے) اور (متلو کی نسبت) کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) یہ محض ایک تراشا ہوا جھوٹ ہے (یعنی خدا کی طرف اس کی نسبت کرنا محض تراشی ہوئی بات) اور یہ کافر اس امر حق (یعنی قرآن) کی نسبت جبکہ وہ ان کے پاس پہنچا (اس دفع دخل کے لئے کہ اگر یہ تراشا ہوا جھوٹ ہے تو پھر بہت سے عاقل اس کا اتباع کیوں کرتے ہیں اور یہ ایسا مؤثر کیوں ہے) یوں کہتے ہیں کہ یہ محض ایک صریح جادو ہے (بس اس کو سن کر لوگ مغلوب العقل اور فریفتہ ہو جاتے ہیں) اور (ان کو تو قرآن کی اور نبی کی بڑی قدر کرنا چاہئے تھا' کیونکہ ان کے لئے تو یہ محض غیر مترقبہ نعمتیں تھیں' اس سبب سے کہ) ہم نے (اس قرآن سے پہلے) ان کو (کبھی آسمانی) کتابیں نہیں دی تھیں کہ ان کو پڑھتے پڑھاتے ہوں (جیسے بنی اسرائیل کے پاس کتابیں تھیں تو ان کے حق میں تو قرآن بالکل ایک نئی چیز تھی' اس لئے اس کی قدر کرنا چاہئے تھا) اور (اسی طرح) ہم نے آپ سے پہلے ان کے پاس کوئی ڈرانے والا (یعنی پیغمبر) نہیں بھیجا تھا (تو ان کے حق میں نبی بھی ایک نئی دولت تھی اس لئے ان کی بھی قدر کرنا چاہئے تھا پھر خصوص جبکہ علاوہ نعمت جدیدہ ہونے کے خود ان کی تمنا بھی تھی۔ کما قال تعالیٰ: اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ [فاطر: ٤٢] مگر ان لوگوں نے پھر بھی قدر نہ کی' کما قال تعالیٰ: فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا [ایضا] بلکہ تکذیب کی) اور (تکذیب کر کے بے فکر نہ ہو بیٹھیں' کیونکہ تکذیب کا وبال بڑا سخت ہے' چنانچہ) ان سے پہلے جو (کافر) لوگ تھے انہوں نے (بھی انبیاء اور وحی کی) تکذیب کی تھی اور یہ (مشرکین عرب) تو اس سامان کے جو ہم نے ان کو دے رکھا تھا دسویں حصے کو بھی نہیں پہنچے (یعنی ان کی سی قوت' ان کی سی عمریں' ان کی سی ثروت ان کو نہیں ملی جو کہ مایۂ اغترار و مایۂ الافتخار ہوتا ہے۔ کما قال تعالیٰ: كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا [التوبة: ٦٩] وقال تعالی: وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ [الأحقاف: ٢٦]) غرض انہوں نے میرے رسول کی تکذیب کی سو (دیکھو) میرا (ان پر) کیسا عذاب ہوا (سو یہ بے چارے تو کیا چیز ہیں کہ ان کے پاس تو اتنا سامان بھی نہیں جب اس قدر ثروت کام نہ آئی تو یہ کس دھوکہ میں ہیں ونیز جب ان کے پاس سامان کم ہے جو مایۂ اغترار ہوتا ہے تو ان کا جرم بھی اشد ہے' پھر یہ کیسے بچ جاویں گے' یہاں تک تکذیب نبوت پر کفار کو تہدید فرما کر آگے ان کو تصدیق نبوت کا ایک طریقہ بتلاتے ہیں کہ اے محمد ﷺ) آپ (ان سے) یہ کہئے کہ میں تم کو صرف ایک بات (مختصر سی) سمجھاتا ہوں (اس سے حق واضح ہو جاوے گا' بس اس کو کرلو) وہ یہ کہ تم (محض) خدا کے واسطے (کہ اس میں

www.besturdubooks.net

نفسانیت وتعصب نہ ہو) کھڑے (یعنی مستعد) ہو جاؤ (کسی موقع پر) دو دو اور (کسی موقع پر) ایک ایک (یعنی چونکہ مقصود تفکر ہے جیسا آگے آتا ہے اور فکر کا قاعدہ ہے کہ بعض اوقات اور بعض طبائع کے اعتبار سے دو کے ملنے سے ہر شخص کی فکر کو دوسرے سے اعانت ملتی ہے اور بعض اوقات اور بعض طبائع کے اعتبار سے اکیلے خوب فکر میں جولانی ہوتی ہے اور بہت زیادہ مجمع میں اکثر قوت فکر یہ مشوش ہو جاتی ہے' اس لئے اسی پر اکتفاء فرمایا۔ غرض اس طرح مستعد ہو جاؤ) پھر (خوب) سوچو (کہ جیسے دعوے میں کرتا ہوں' مثلاً یہ کہ قرآن کا مماثل ممکن نہیں' جیسے کئی مکی سورتوں میں یہ مضمون ہے' ایسے دعوے دو ہی شخص کر سکتے ہیں' یا تو وہ جس کے دماغ میں خلل ہو کہ انجام کی خبر نہ ہو اور یا وہ کہ جو نبی ہو' جس کو پورا اعتماد اس دعوے کے صدق و من اللہ ہونے کا ہو' ورنہ اگر نبی نہ ہو اور عاقل بھی ہو تو وہ ایسے دعوے کے وقت رسوائی سے اندیشہ کرے گا کہ اگر کوئی اس کا مماثل بنا لاوے گا تو میری کیا رہ جاوے گی۔ اس تردید حاصر کے بعد میرے مجموعی احوال میں غور کر کے یہ سوچو کہ آیا مجھ کو جنون ہے یا نہیں۔ سو یہ امر مشاہدہ سے معلوم ہو جاوے گا) کہ تمہارے اس ساتھی کو (جو ہر وقت تمہارے سامنے رہتا ہے اور جس کے تمام حالات تم مشاہدہ کیا کرتے ہو یعنی مجھ کو) جنون (تو) نہیں ہے (جب تردید حاصر میں سے ایک شق باطل ہو گئی' پس دوسری شق متعین ہو گئی کہ) وہ (تمہارا ساتھی پیغمبر ہے اور بحیثیت پیغمبری) تم کو ایک سخت عذاب آنے سے پہلے ڈرانے والا ہے (پس اس طریق سے نبوت کا ثبوت اور اس کی تصدیق بہت آسان ہے اور دوسری جگہ بھی اس کے قریب قریب مضمون ہے۔ کما قال: اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ [المؤمنون: ٦٩] اور چونکہ تردید مذکور کا حاصر ہونا عادی ہے' اس لئے یہ استدلال اقناعی ہے اور چونکہ نبوت پر دلائل برہانیہ بھی قائم ہیں' مثلاً اعجاز قرآنی اس لئے اقناعی کی طرف محض اس مصلحت سے متوجہ کرنا مضائقہ نہیں کہ دلیل برہان محتاج نظر اصطلاحی ہے اور یہ دلیل اقناعی محض محتاج تنبیہ' پھر اس سے تدریجاً ذہن نظر کا بھی معتاد ہو جاوے گا اور وصول الی المطلوب دونوں طریق سے ہو جاوے گا' اب آگے اثبات نبوت کے بعد کفار کے اس شبہ طلب ریاست کا جو: مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ سے مفہوم ہوا تھا جواب ارشاد ہے' گو اثبات نبوت ہی سے وہ بھی دفع ہو گیا لیکن مستقلاً دفع کرنے سے اور زیادہ مطلوب مؤکد ہو جاتا ہے۔ پس فرماتے ہیں کہ اے محمد ﷺ) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ میں نے تم سے (اس تبلیغ پر) کچھ معاوضہ مانگا ہو تو وہ تمہارا ہی رہا (یعنی تم اپنے ہی پاس رکھو یہ محاورہ میں نفی ہے طلب اجر کی بطریق مبالغہ) میرا معاوضہ تو بس (حسب وعدہ فضل) اللہ ہی کے ذمہ ہے اور وہی ہر چیز پر اطلاع رکھنے والا ہے (بس وہ آپ ہی میرے حال کے لائق مجھ کو اجر دے دیں گے' معاوضہ میں مال اور جاہ یعنی ریاست سب آ گیا' کیونکہ اعیان واعراض دونوں میں اجر بننے کی صلاحیت ہے۔ مطلب یہ کہ میں تم سے کسی غرض کا طالب نہیں ہوں' جو شبہ ریاست کا کیا جاوے۔ رہا انتظام اصلاح معاملات وانفاذ سیاسات وفصل خصومات کا یہ موجب شبہ اس لئے نہیں ہو سکتا کہ اس میں آپ کی کوئی غرض نہ تھی' چنانچہ آپ کے طرز معاشرت ومعیشت سے صاف ظاہر ہے کہ ان چیزوں سے آپ کو کوئی تمتع نہیں ہوا بلکہ خود قوم ہی کا نفع تھا کہ ان کے انفس واموال واعراض محفوظ رہتے تھے۔ باپ جو اپنے چھوٹے بچوں کی حفاظت اور ان کی تادیب محض خیر خواہی سے کرتا ہے اس کو خود غرضی اور طلب ریاست سے کوئی تعلق نہیں ہو سکتا۔ جب نبوت بھی ثابت ہو چکی اور شبہ مقامیہ بھی دفع ہو گیا آگے اس کی نقیض کے ابطال کو اس کے اثبات پر متفرع فرماتے ہیں کہ اے محمد ﷺ) آپ کہہ دیجئے کہ میرا رب حق بات کو (کہ ایمان اور ثبوت ایمانیات ہے باطل پر کہ کفر اور انکار ایمانیات ہے) غالب کر رہا ہے (محاجہ ومکالمہ سے بھی چنانچہ ابھی دیکھا اور مقاتلہ اور مصارمہ کا بھی سامان کرنے والا ہے۔ غرض ہر طرح حق غالب ہے اور) وہ علام الغیوب ہے (اس کو پہلے ہی سے معلوم تھا کہ حق غالب ہوگا اوروں کو تو اب وقوع کے بعد معلوم ہوا اور اسی طرح اس کو معلوم ہے کہ آئندہ غلبہ بڑھے گا۔ چنانچہ فتح مکہ میں حضور ﷺ کا اگلی آیت کو پڑھنا کما رواہ ابن کثیر عن الشیخین وغیرہما قرینہ ہے کہ اس مضمون کے اخبار میں غلبۂ بالسیف بھی داخل ہے۔ آگے اسی مضمون کی زیادہ توضیح کے لئے ارشاد ہے کہ اے محمد ﷺ) آپ کہہ دیجئے کہ (دین) حق آ گیا اور (دین) باطل نہ کرنے کا رہا نہ دھرنے کا (یعنی محض گیا گزرا' اس کا یہ مطلب نہیں کہ اہل باطل کو بھی شوکت نہ ہوگی بلکہ مطلب یہ ہے کہ جیسے اس دین حق کے آنے سے پہلے کبھی باطل پر شبہ حق ہونے کا ہو جایا کرتا تھا اب باطل اس صفت کی حیثیت سے بالکل نیست ونابود ہو گیا' یعنی اس کا بطلان خوب ظاہر ہو گیا اور ہمیشہ قرب قیامت تک یوں ہی ظاہر رہے گا۔ آگے ثبوت حق پر اتباع حق میں نجات کے منحصر ہونے کو متفرع فرماتے ہیں کہ اے محمد ﷺ) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (جب اس دین کا حق ہونا ثابت ہو گیا تو اس سے یہ بھی لازم آ گیا کہ) اگر (مثلاً وفرضاً) میں اس (حق کو چھوڑ کر) گمراہ ہو جاؤں تو میری گمراہی مجھی پر وبال ہو گی (دوسروں کا کیا ضرر ہے) اور اگر میں اس حق کا اتباع کر کے) راہ (راست) پر رہوں تو یہ بدولت اس قرآن (اور دین) کے ہے جس کو میرا رب میرے پاس بھیج رہا ہے (اصل مقصود مخاطبین کو سنانا ہے کہ باوجود وضوح حق کے اگر تم نے حق کا اتباع نہ کیا تو تم بھگتو گے میرا کیا بگڑے گا اور اگر راہ پر آ گئے تو یہ راہ پر آنا اسی دین حق ثابت بالوحی کے اتباع کی بدولت ہو گا۔ پس تم کو چاہئے کہ راہِ راست پر آنے کے لئے اس دین کو اختیار کرو اور گمراہ ہونا کسی کا یا راہ پر آنا خالی نہ جائے گا کہ بے فکری کی گنجائش ہو بلکہ ہر ایک کا حال اللہ کو معلوم ہے کیونکہ) وہ سب کچھ سنتا (اور) بہت نزدیک ہے (اور وہ ہر ایک کو اس کے مناسب جزا دے گا) **ف:** وَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ کو آیت سورہ مؤمنین: جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ [المؤمنون: ٦٨] کے معارض نہ

www.besturdubooks.net

سمجھا جائے' کیونکہ ارسال رسول بلا واسطہ کی نفی سے خبر توحید بوسائط منقول و مسموع ہونے کی نفی لازم نہیں آتی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا (الی قولہ تعالی) يَعْبُدُ آبَاؤُكُمْ روح میں ہے کہ یہی حال ہے منکرین اولیاء کا کہ لوگوں کو ان کے ساتھ اعتقاد رکھنے اور ان کا اتباع کرنے سے روکتے ہیں اھ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في يصدكم: مطلب ان الخ وبهذا التفسير اندفع ما يتوهم انهم صدقوا فيما قالوه لان كل نبی يصد عن المعبود الباطل ۱۲۔ ۲؎ قوله قبل ما بصاحبكم: معلوم ہو جاوے گا اشارة الى تقدير فى الكلام اى تتفكروا فى كذا و كذا فتعلموا ما بصاحبكم ۱۲۔

البلاغۃ: قوله عما كان يعبد آبآء كم فى الروح اضافة الآباء الى المخاطبين لا الى (۱) انفسهم لتحريك عرق العصبية مبالغة فى تقريرهم على الشرك وتنفيرهم عن التوحيد ۱۲۔

البلاغۃ: قوله وقال الذين كفروا فى الروح وفى ذكر قال ثانيا والتصريح بذكر الكفرة وما فى لما من المسارعة انكار عظيم له وتعجب بليغ منه۔ قوله كان نكير فى الروح جعل التدمير انكاراً تنزيلا للفعل منزلة القول كما فى قوله ونشتم بالافعال لا بالتكلم۔ قوله وما بلغوا جملة معترضة۔ قوله فكذبوا رسلى فيه تفصيل لما اجمل اولا فلا تكرار۔ قوله بواحدة صرح بوحدتها لتسهيل الامر على المخاطبين واشرت اليه بقولى مختصر۔ قوله ما بصاحبكم فى الروح عبر به للايماء الى ان حاله ﷺ مشهور بينهم كما قرر فى الترجمة ۱۲۔ قوله قل ما سألتكم فيه اعادة قل ثانيا ثم اعاد ثالثا و رابعا و خامسا للاعتناء بشان كل مقول لقول و كونه بحيث يستقل فى المخاطبة به۔ قوله وما يبدئ الباطل وما يعيد فى الروح اى ذهب واضمحل بحيث لم يبق له اثر ماخوذ من هلاك الحى فانه اذا هلك لم يبق له ابداء اى فعل امر ابتداء ولا اعادة اى فعله ثانيا كما يقال لا ياكل ولا يشرب اى ميت فالكلام كناية او مجاز اه قلت ولا يخفى ان ما ذكرته فى ترجمة الكلتين يناسب الاول الاول لان لفظة کرتا يفهم منه ايجاد ويناسب الثانى فى الثانى لان لفظة دہرتا يفهم منه ابقاء ۱۲۔ قوله ان ضللت فيه تعريض بالمخاطبين باللطف كيلا يشتعلوا كما فى قوله تعالى وما لى لا اعبدای ومالكم لا تعبدون وهذا التفسير من المواهب۔ قوله وان اهتديت فى الروح وكان الظاهر ان يقال وان اهتديت فلها او ان ضللت فانما اضل بنفسى ليظهر التقابل لكنه عدل عن ذلك اكتفاءً بالتقابل بحسب المعنى لان الكلام عليه اجمع فان كل ضرر فهو من النفس وبسببها وعليها وباله وقد دل لفظ على فى القرينة الاولى على معنى اللام فى الثانية والباء فى الثانية على معنى السببية فى الاولى فكانه قيل قل ان ضللت فانما اضل بسبب نفسى على نفسى وان اهتديت فانما اهتدى لنفسى بهداية الله تعالى وتوفيقه سبحانه وعبر عن هذا بما يوحى الى ربى لانه لازمه ۱۲۔

النحو: قوله ان تقوموا بتقدير مبتدأ اى هى الخ ۱۲۔

الحواشی: (۱) اى لم يقل آباء نا ۱۲ منه۔

وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ فَزِعُوا فَلَا فَوْتَ وَأُخِذُوا مِن مَّكَانٍ قَرِيبٍ ﴿۵۱﴾ وَقَالُوا آمَنَّا بِهِ وَأَنَّىٰ لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِن مَّكَانٍ
بَعِيدٍ ﴿۵۲﴾ وَقَدْ كَفَرُوا بِهِ مِن قَبْلُ ۖ وَيَقْذِفُونَ بِالْغَيْبِ مِن مَّكَانٍ بَعِيدٍ ﴿۵۳﴾ وَحِيلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ
مَا يَشْتَهُونَ كَمَا فُعِلَ بِأَشْيَاعِهِم مِّن قَبْلُ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا فِي شَكٍّ مُّرِيبٍ ﴿۵۴﴾ ع ٦ ١٢

اور اگر آپ وہ وقت ملاحظہ کریں تو آپ کو حیرت ہو بلکہ یہ کفار گھبراتے پھریں گے پھر نکل بھاگنے کی صورت نہ ہوگی اور پاس کے پاس (یعنی فوراً) پکڑ لئے جائیں گے اور کہیں ہم دین حق پر ایمان لے آئے اور اتنی جگہ دور سے (ایمان کا) ان کے ہاتھ آنا کہاں ممکن ہے۔ حالانکہ پہلے سے (دنیا میں) یہ لوگ اس کا انکار کرتے رہے اور بے تحقیق باتیں دور ہی دور سے ہانکا کرتے تھے اور ان میں اور ان کی (قبول ایمان کی) آرزو میں ایک آڑ کر دی جائے گی۔ جیسا کہ ان کے مشرکوں کے ساتھ (بھی یہی) برتاؤ کیا جائے گا جو ان سے پہلے تھے کیونکہ یہ سب بڑے شک میں تھے جس نے ان کو تردد میں ڈال رکھا تھا۔

تفسیر ربط: مجموعہ سورت میں توحید و رسالت و بعث کا بیان تھا' جس کو مع دیگر اجزائے دین کے اوپر کی آیت میں عنوان حق سے تعبیر فرمایا ہے۔ آگے خاتمہ

www.besturdubooks.net

میں اصول مذکورہ کے منکرین کی عقوبت وتحسر غیر منقطع کا ذکر ہے۔

خاتمہ در وخامت عاقبت منکرین حق: وَلَوْ تَرٰۤی اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِیْبٍ (الی قوله تعالی) اِنَّهُمْ كَانُوْا فِیْ شَكٍّ مُّرِیْبٍ اور اے محمدؐ! اگر آپ وہ وقت ملاحظہ کریں (تو آپ کو حیرت ہو) جب کہ یہ کفار (قیامت کے ہول وہیبت سے) گھبرائے پھریں گے پھر نکل بھاگنے کی کوئی صورت نہ ہوگی اور پاس کے پاس ہی سے (یعنی فوراً) پکڑ لئے جاویں گے اور (اس وقت) کہیں گے کہ ہم دین حق پر ایمان لے آئے (اور جتنے امور اس میں بتلائے گئے ہیں سب کو مان لیا، سو ہماری توبہ قبول کر لیجئے خواہ بلا رجوع الی الدنیا یا مع الرجوع الی الدنیا کما قال تعالیٰ: رَبَّنَاۤ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا [السجدة : ۱۲]) اور اتنی دور جگہ سے (ایمان کا) ان کے ہاتھ آنا کہاں ممکن ہے (یعنی ایمان لانے کی جگہ بوجہ دار العمل ہونے کے دنیا تھی جو بڑی دور ہوگئی اب آخرت میں کہ دار الجزاء ہے ایمان مقبول نہیں اور رجوع اولا بدلیل شرعی ممتنع ہے پھر وہ ایمان بوجہ معائنہ کے مثل ایمان فی الآخرۃ ہی کے ہے ایمان بالغیب نہیں) حالانکہ پہلے سے (دنیا میں) یہ لوگ اس حق کا انکار کرتے رہے اور (انکار بھی کیسا جس کا کوئی منشا صحیح نہ تھا، بلکہ) بے تحقیق باتیں دور ہی دور سے ہانکا کرتے تھے (دور کا مطلب یہ کہ اس کی تحقیق سے دور تھے یعنی دنیا میں تو کفر کرتے رہے اب ایمان سوجھا ہے اور اس کے مقبول ہونے کی آرزو ہے) اور (چونکہ آخرت دار العمل نہیں ہے اس لئے) ان میں اور ان کے (قبول ایمان کی) آرزو میں ایک آڑ کر دی جائے گی (یعنی ان کی آرزو پوری نہ ہوگی (جیسا کہ ان کے ہم مشربوں کے ساتھ (بھی) یہی برتاؤ کیا جاوے گا جو ان سے پہلے (کفر کر چکے تھے) یعنی ان کا ایمان بھی آخرت میں مقبول نہ ہوگا اور وجہ دونوں کے ساتھ ایک معاملہ کرنے کی یہ ہے کہ عمل بھی دونوں کا یکساں ہے کیونکہ) یہ سب بڑے شک میں تھے جس نے ان کو تردد میں ڈال رکھا تھا۔ ف: یہاں شک مقابل یقین کے ہے کہ جحود جازم کو بھی شامل ہے اور اس تعبیر میں یہ نکتہ ہو سکتا ہے کہ اس میں اشارہ ہوگیا کہ اگر حق میں شک بھی ہو تب بھی مہلک ہو چہ جائیکہ جحود جازم ہو اور تردد سے بھی مراد یہی ہوگا کہ حق پر دل نہیں جمتا اور یہ بھی شامل ہے اس کی ضد پر دل کے جم جانے کو یا یوں کہا جاوے کہ حق جب بار بار باطل کے کان میں پہنچتا ہے طبعی طور پر کچھ نہ کچھ احتمال جانب مخالف کا اکثر ہو ہی جاتا ہے پس شک اور تردد دونوں اپنے معنی پر رہے، مگر چونکہ حق کا جزم حاصل نہیں کیا اس لئے باطل کا اتنا اکھڑ جانا مقبول نہیں ہوا اور فَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ کی تفسیر قبول توبہ کے ساتھ اور اٰمَنَّا بِهٖ کی تقریر میں تعمیم رجوع وعدم رجوع کی منافی نہیں (۱) ہے آیت: فَارْجِعْنَا کے کیونکہ اصل مقصود ان کا قبول ایمان اور نجات ہے اور رجوع الی الدنیا اس کا ایک طریق ہے اگر بدوں اس کے مقصود حاصل ہو جاوے تو خود رجوع مطلوب بالذات نہیں۔

تم بحمدالله تفسیر سورة سبا للثالث والعشرين من صفر يوم الاثنين ۱۳۲۵ من هجرة خير البرية عليه ما لا يحصر وما لا يضبط من السلام والتحية وفي هذا اليوم قد افتتح في تفسير سورة تليها۔

الحواشی: (۱) جیسا ظاہراً منافاۃ کا شبہ ہوتا ہے اس طرح کہ فَارْجِعْنَا سے تو معلوم ہوتا ہے کہ رجوع ہی مقصود ہے اور اس تفسیر سے معلوم ہوتا ہے کہ رجوع مقصود نہیں بلکہ توبہ مقصود ہے خواہ رجوع ہو یا نہ ہو اور تقریر عدم منافات خود تفسیر میں مذکور ہے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: **قوله في يقذف: غالب ترجم بالحاصل وحقيقة معناه قد ذكرت في سورة الانبياء تفسير قوله بل نقذف بالحق على الباطل ۱۲۔**

اللغات والبلاغة: **قوله من مكان قريب اى اول وهلة قاله ابن كثير وهو تاكيد لنفي الفوت لان الفوت يكون بالرحلة الى مكان بعيد والمراد بذكر قرب المكان كما في الروح سرعة نزول العذاب بهم و الاستهانة بهم وبهلاكم والافلا قرب ولا بعد ها لنسبته الى الله عزوجل قوله التناوش وهو التناول وهو متعد و ترجمة بالحاصل ۱۲۔ قوله من مكان بعيد في الموضع الاول في الروح المراد تمثيل حالهم في الاستخلاص بالايمان بعد ما فات عنهم وبعد بحال من يريد ان يتناول الشئ بعد ان بعد عنه وفات في الاستحالة ۔ قوله ويقذفون بالغيب المراد بالغيب ما خفي عن علمهم اى يرجمون بالمظون و يتكلمون بما لم يظهر لهم ولم ينشأ عن تحقيق وهو المراد بقولي في الترجمة** بے **تحقيق۔ قوله من مكان بعيد في الموضع الثاني معناه عندى تمثيلهم في بعدهم عن العلم بالحق بحال من هو في مكان بعيد عن الشئ المطلوب فهو تاكيد لمعنى الغيب لاشتراكهما في خفاء الحق عنهم وبعدهم عنه ۱۲۔**

النحو: **قوله باشياعهم من قبل۔ تعلق من قبل باشياعهم لا بفعل لان ما يفعل بجميعهم في الآخرة انما هو في وقت واحد ۱۲۔**

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ فَاطِرٍ

سُوْرَۃُ فَاطِرٍ ۳۵ مَکِّیَّۃٌ ۴۳ — بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — اٰیَاتُھَا ۴۵ — رُکُوْعَاتُھَا ۵

سورۂ فاطر مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۴۵ آیات اور ۵ رکوع ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِکَۃِ رُسُلًا اُولِیْٓ اَجْنِحَۃٍ مَّثْنٰی وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ یَزِیْدُ فِی الْخَلْقِ مَا
یَشَآءُ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝۱ مَا یَفْتَحِ اللّٰہُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَۃٍ فَلَا مُمْسِکَ لَھَا وَمَا یُمْسِکْ فَلَا مُرْسِلَ لَہٗ
مِنْ بَعْدِہٖ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۝۲ یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اذْکُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ ھَلْ مِنْ خَالِقٍ غَیْرُ اللّٰہِ یَرْزُقُکُمْ مِّنَ
السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاَنّٰی تُؤْفَکُوْنَ ۝۳

تمام تر حمد (اسی) اللہ کو لائق ہے جو آسمان اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے جو فرشتوں کو پیغام رساں بنانے والا ہے جن کے دو دو اور تین تین اور چار چار پر دار باز ہیں وہ پیدائش میں جو چاہے زیادہ کر دیتا ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ جو رحمت (بارش وغیرہ) لوگوں کے لئے کھول دے سو اس کا کوئی بند کرنے والا نہیں اور جس کو بند کر دے سوا سکے (بند کرنے کے بعد) بعد اس کا کوئی جاری کرنے والا نہیں اور وہی غالب حکمت والا ہے۔ اے لوگو! تم پر جو اللہ کے احسانات ہیں ان کو یاد کرو (شکر کرو اور غور کرو) کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی خالق ہے جو تم کو آسمان وزمین میں سے رزق پہنچاتا ہو۔ اسکے سوا کوئی لائق عبادت نہیں سو تم (شرک کر کے) کدھر الٹے جا رہے ہو۔

تفسیر: سورۃ فاطر و تسمی سورۃ الملٰئکۃ مکیۃ وھی خمس واربعون اٰیۃ کذا فی البیضاوی وغیرہ۔

ربط: اس سورت کا زیادہ حصہ اثبات توحید وابطال شرک میں ہے اور بعض آیات میں تسلیہ ہے رسول ﷺ کا جیسے رکوع اول میں وَاِنْ یُّکَذِّبُوْکَ اور رکوع سوم میں وَمَا یَسْتَوِی الْاَعْمٰی آخر رکوع تک اور بعض آیات میں بعث وجزاء کا مضمون ہے جیسے رکوع اول میں اِنَّ وَعْدَ اللّٰہِ حَقٌّ اور رکوع دوم میں کَذٰلِکَ النُّشُوْرُ اور رکوع چہارم میں اِنَّ الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ سے ختم رکوع تک اور بعض آیات میں اعمال کے منافع ومضار جیسے رکوع دوم میں مَنْ کَانَ یُرِیْدُ الْعِزَّۃَ سے یبور تک اور رکوع سوم کے شروع سے **مصیر** تک اور بعض آیات میں کفر کی شناعت اور اس پر وعید جیسے رکوع پنجم کے فاتحہ اور خاتمہ میں اور سورت سابقہ کے ختم پر انکار حق شامل للتوحید کی وخامت عاقبت کا ذکر تھا' پس ذکر توحید کے ساتھ جس سے یہ سورت شروع ہوئی ہے اس کا تناسب ظاہر ہے۔

اثبات توحید: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (الی قولہ تعالٰی) فَاَنّٰی تُؤْفَکُوْنَ ۝ تمام تر حمد (وثنا اسی) اللہ کو لائق ہے جو آسمان اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے جو فرشتوں کو پیغام رساں بنانے والا ہے جن کے دو دو اور تین تین اور چار چار پر دار بازو ہیں (پیغام سے مراد وحی لانا انبیاء علیہم السلام کی طرف عام اس سے کہ شرائع ہوں یا بشارات وغیرہ ہوں اور کچھ چار ہی پر منحصر نہیں بلکہ) وہ پیدائش میں جو چاہے زیادہ کر دیتا ہے (حتیٰ کہ بعض فرشتوں کے چھ سو بازو پیدا کئے ہیں' جیسا حدیث میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کی نسبت آیا ہے) بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے (اور قادر بھی ایسا بلا مزاحم ہے کہ وہ) اللہ جو رحمت لوگوں کے لئے کھول دے (مثلاً بارش دنیا تات ورزق) سو اس کا کوئی بند کرنے والا نہیں اور جس کو بند کر دے سو اس کے (بند کرنے کے) بعد اس کا کوئی جاری کرنے والا نہیں (البتہ وہی پھر بند اور کشادہ کر سکتا ہے) اور وہی غالب (یعنی قادر اور) حکمت والا ہے (یعنی بند اور کشادہ کرنے پر قادر ہے اور ان میں سے جس کو ترجیح دیتا ہے اس میں حکمت ہوتی ہے) اے لوگو! (علاوہ کامل القدرت ہونے کے وہ کامل النعمت بھی ہے۔ چنانچہ بے شمار نعمتیں

www.besturdubooks.net

فائض فرمائی ہیں سو) تم پر جو اللہ کے احسانات ہیں ان کو یاد کرو (اور ان کا شکر کرو اور وہ شکر یہ ہے کہ توحید اختیار کرو اور شرک چھوڑو۔ چنانچہ ہم تم کو دو بڑی نعمتوں پر کہ ایجاد و ابقاء ہے متنبہ کرتے ہیں تم غور کرو کہ) کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی خالق[۲] ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق پہنچاتا ہو (یعنی نہ کوئی صاحب تخلیق ہے کہ نعمت ایجاد ہے اور نہ کوئی صاحب ترزیق ہے کہ نعمت ابقاء ہے پس جب وہ ہر طرح کامل ہے تو یقیناً) اس کے سوا کوئی لائق عبادت (بھی) نہیں (کیونکہ معبود کے لئے کمال پرضرور ہے) سو (جب معبودیت اسی کا حق ہے تو) تم (شرک کر کے) کہاں الٹے چلے جارہے ہو۔ **ف**: شاید فرشتوں کی رسالت ذکر کرنے میں یہ حکمت ہو کہ بعض مشرکین ان کو بھی معبود قرار دیتے تھے پس اس میں ان کا محکوم و مامور ہونا بتلا دیا تا کہ ان کی الوہیت کا ابطال ہو جاوے اور ان کے معنی رسالت کی تحقیق و تفصیل آخر سورۂ حج آیت: اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا [الحج : ۷۵] کی تفسیر میں گزر چکی ہے اور مثنیٰ و ثلٰث و ربٰع میں یہاں زائد کی نفی نہ ہونے کی تقریر سورۂ نساء مثنیٰ و ثلٰث و ربٰع کی تفسیر میں گزر چکی ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في من بعده: اس کے بند کرنے کے بعد اشارة الى تقدير المضاف لان المعنى لا يظهر صحته بدونه ۱۲۔ ۲؎ قوله في من خالق: خالق ہے هذا مبنى على ان قوله تعالى من خالق مبتدأ وغير الله خبره كما في الروح عن الكشف وان منعه البعض لكنه موافق لما اختاره اكابرنا الدهلويون في تراجمهم ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ما يفتح في الروح اى ما يطلقها ويرسلها فالفتح مجاز عن الارسال بعلاقة السببية فان فتح المغلق سبب لا طلاق ما فيه وارساله ولذا قوبل بالامساك والاطلاق كناية عن الاعطاء وفي اختيار لفظ الفتح رمز الى ان الرحمة من انفس الخزائن واعزها منا لا وتنكيرها للاشاعة والابهام اى اى شئ يفتح الله من خزائن رحمته اى رحمة كانت من نعمة وصحة وامن وعلم الى غير ذلك مما لا يحاط به حتى ان عروة كان يقول كما اخرج ابن المنذر عن محمد بن جعفر بن الزبير عنه في ركوب المحمل هي والله رحمة فتحت للناس لم يقول ما يفتح الله للناس من رحمة الخ قلت ويدخل في هذا العموم المركب البرى الدخاني الذى صنع وشاع في زماننا هذا الذى يسمى بالريل ومنا للاتفاقات العجيبة ان تاريخ دخول الريل في بلدنا هذا بقرب من الجبانة هو تاريخ كتابة تفسير هذه الآية وهو الثالث والعشرون من صفر ۱۳۲۵ ھ من الهجرة ۱۲۔

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ٚ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ؕ اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝ؕ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ۬ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝ؒ ع ۲/۷ ۱۳
اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ؕ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۖ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝۸

اور اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلائیں تو (آپ غم نہ کریں کیونکہ) آپ سے پہلے بھی بہت سے پیغمبر جھٹلائے جاچکے ہیں اور سب امور اللہ ہی کے روبرو پیش کئے جائیں گے۔ اے لوگو! اللہ تعالیٰ کا (یہ) وعدہ ضرور سچا ہے سو ایسا نہ ہو کہ یہ دنیوی زندگی تم کو دھوکہ میں ڈال رکھے اور ایسا نہ ہو کہ تم کو دھوکہ باز شیطان اللہ سے دھوکہ میں ڈال دے۔ یہ شیطان بے شک تمہارا دشمن ہے سو تم اس کو (اپنا) دشمن (ہی) کہتے رہو وہ تو اپنے گروہ کو محض اس لئے (باطل کی طرف) بلاتا ہے تا کہ وہ لوگ دوزخیوں میں سے ہو جائیں۔ (پس) جو لوگ کافر ہو گئے ان کے لئے سخت عذاب ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے ان کے لئے بخشش اور ایمان پر بڑا اجر ہے۔ تو کا ایسا شخص جس کو اس کا عمل بد اچھا کر کے دکھایا گیا پھر وہ اس کو اچھا سمجھنے لگا (یعنی کافر) اور ایسا شخص جو قبیح کو قبیح سمجھتا ہو (یعنی مؤمن) کہیں برابر ہو سکتے ہیں۔ سو اللہ جس کو چاہے گمراہ کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے۔ سو ان پر افسوس کر کے کہیں آپ کی جان نہ جاتی رہے۔ اللہ کو ان سب کاموں کی خبر ہے۔

تفسیر: ربط: اوپر توحید کا ذکر تھا چونکہ کفار اس کا انکار کرتے تھے اور اس انکار سے رسول اللہ ﷺ کو حزن بھی ہوتا تھا' آگے انکار پر تحذیر اور حزن پر تسلیہ کا مضمون اور درمیان میں تتمیم مقابلہ کے لئے مؤمنین کے لئے بشارت مذکور ہے۔

تسلیہ سید الانس والجان وتحذیر اہل طغیان وتبشیر اہل ایمان: وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ؕ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا

www.besturdubooks.net

يَصْنَعُوْنَ اور (اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) اگر یہ لوگ (دربارۂ توحید و رسالت وغیرہ کے) آپ کو جھٹلائیں تو (آپ غم نہ کریں' کیونکہ) آپ سے پہلے بھی بہت سے پیغمبر جھٹلائے جا چکے ہیں (ایک تو اس سے تسلی حاصل کیجئے) اور (دوسری بات یہ ہے کہ) سب امور اللہ ہی کے روبرو پیش کئے جاویں گے (وہ خود سب سے سمجھ لے گا آپ کیوں فکر میں پڑے آگے عام لوگوں کو خطاب ہے کہ) اے لوگو (یہ سن کر کہ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ۝ جس میں قیامت کی خبر ہے تعجب واستبعاد مت کرنا) اللہ تعالیٰ کا (یہ) وعدہ ضرور سچا ہے' سو ایسا نہ ہو کہ یہ دنیوی زندگی تم کو دھوکہ میں ڈالے رکھے (کہ اس میں منہمک ہو کر اس یوم موعود سے غافل رہو) اور ایسا نہ ہو کہ تم کو دھوکہ باز شیطان اللہ سے دھوکہ میں ڈال دے (کہ تم اس کے اس بہکانے میں آ جاؤ کہ اللہ تعالیٰ تم کو عذاب نہ دے گا جیسا کہا کرتے تھے: وَّلَىِٕنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْۤ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى [حٰمٓ السجدہ: ۵۰] اور) یہ شیطان (جس کے دھوکہ کا اوپر ذکر ہے) بے شک تمہارا دشمن ہے سو تم اس کو (اپنا) دشمن (ہی) سمجھتے رہو وہ تو اپنے گروہ کو (یعنی اپنے متبعین کو) محض اس لئے (باطل کی طرف) بلاتا ہے تاکہ وہ لوگ دوزخیوں میں سے ہو جاویں (پس) جو لوگ کافر ہو گئے (اور اس کی دعوت وغرور میں پھنس گئے) ان کے لئے سخت عذاب ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے اور اس کی دعوت وغرور میں نہیں پھنسے) ان کے لئے (معاصی کی) بخشش اور (ایمان وعمل صالح پر) بڑا اجر ہے (اور جب کافر کا انجام عذاب شدید اور مؤمن کا انجام مغفرت واجر کبیر ہے) تو کیا (دونوں مساوی ہو سکتے ہیں یعنی) ایسا شخص جس کو اس کا عمل بد اچھا کر کے دکھلایا گیا پھر وہ اس کو اچھا سمجھنے لگا اور ایسا شخص جو قبیح کو قبیح سمجھتا ہے کہیں برابر ہو سکتے ہیں (پہلے شخص سے مراد کافر جو اغوائے شیطانی سے باطل کو حق اور ضار کو نافع سمجھتا ہے اور دوسرے شخص سے مراد مومن جو اتباع انبیاء ومخالفت شیطان سے باطل کو باطل' حق کو حق' ضار کو ضار' نافع کو نافع جانتا ہے۔ یعنی یہ دونوں برابر کہاں ہوئے بلکہ ایک جہنمی اور ایک جنتی ہے۔ پس شیطان کے دھوکہ میں آنے والے اور اس کو دشمن سمجھنے والوں میں یہ تفاوت ہے' اس لئے ہم کہتے ہیں لَا يَغُرَّنَّكُمْ اور اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ اور اگر اس پر تعجب ہو کہ عاقل آدمی بد کو نیک کیسے سمجھ لیتا ہے) سو (اس کی وجہ یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے (اس کی عقل واژگوں ہو جاتی ہے) اور جس کو چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے (اس کا ادراک صحیح رہتا ہے' پھر جب ہدایت واضلال کا اصل مدار مشیت ہے) تو ان پر افسوس کر کے کہیں آپ کی جان نہ جاتی رہے (یعنی کچھ افسوس نہ کیجئے صبر سے بیٹھے رہئے) اللہ تعالیٰ کو ان کے سب کاموں کی خبر ہے (وقت پر ان سے سمجھ لے گا) ف: اس تفسیر میں افمن زين له متفرع ہے مضمون الذين كفروا ...... والذين امنوا ...... پر اور فان الله يضل سبب ہے زين له ...... کا۔ اور فلا تذهب متفرع ہے ان الله يضل ...... پر اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ افمن زين له ...... متفرع ہو غرور شیطانی پر یعنی اس کے فریب دیئے' ایسے بھی ہیں جو بری باتوں کو اچھا سمجھتے ہیں تو تفریع محض رویت حسن کے اعتبار سے ہوگی نہ کہ نفی تساوی بين المستحسن والمستقبح بصیغہ اسم الفاعل کے اعتبار سے اور مقصود اس سے بھی تسلیہ ہوگا یعنی جب نیک و بد میں تمیز نہ رہے تو بس بادی کو مایوس ہو کر غم نہ کرنا چاہئے اور فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ سبب ہوا اس تسلیہ کا اور فَلَا تَذْهَبْ بدستور متفرع ہوا اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ پر یا مضمون سابق تسلیہ پر جو مفہوم ہوتا ہے اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ ...... سے اور احقر کے نزدیک یہ دوسری تقریر اچھی ہے مگر پہلی تقریر متن کی لکھ چکا تھا اس لئے بدلنا مناسب نہیں سمجھا' واللہ اعلم۔ البتہ دوسری تقریر فہم ناظرین کے اعتماد پر لکھنے سے رہ گئی تھی' اب نظر ثانی میں تسہیلاً لکھتا ہوں اجر کبیر کا جو ترجمہ ہے بڑا اجر ہے (اس کے بعد اس طرح عبارت ہوگی اور جو لوگ شیطانی دھوکہ میں آ جاتے ہیں) تو (ان کی یہ حالت ہو جاتی ہے کہ وہ بری باتوں کو اچھا اور اپنے کو اچھوں کے برابر سمجھنے لگتے ہیں مگر) کیا (واقع میں) ایسا شخص جس کو اس کا عمل بد اچھا کر کے دکھلایا گیا پھر وہ اس کو اچھا سمجھنے لگا اور ایسا شخص جو قبیح کو قبیح سمجھتا ہے کہیں برابر ہو سکتے ہیں (تو ایسے بدتمیزوں سے ہدایت کی امید نہ رکھئے اور غم نہ کیجئے کیونکہ اس سب کا مدار مشیت پر ہے) سو اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے (کیونکہ اس کی عقل واژگوں ہو جاتی ہے الخ اس کے بعد عبارت بدستور رہے گی)۔ **ربط**: شروع سورت میں توحید کا مضمون تھا' آگے پھر وہی مضمون ہے ختم رکوع تک۔ صرف درمیان میں بمناسبت احیائے ارض کے كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ میں اشارہ بعث کی طرف کر دیا گیا اور بمناسبت مضمون بالا تعزیر شیطان کے کفار کی ایک غلطی کا درباب طلب عزت کے اور اس کی مناسبت سے صحیح طریقہ حصول عزت کا اور اس کی مناسبت سے اس طریقہ کے خلاف کرنے والوں کی خیبت اور خسارت کا بیان فرما دیا ونیز طلب عزت کا مضمون اِلَيْهِ النُّشُوْرُ سے بھی مناسبت رکھتا ہے کہ جب سب کو قیامت میں حاضر ہونا ہے تو وہاں کی عزت کا جو طریق تم نے سمجھا ہے وہ غلط ہے اور صحیح طریقہ یہ ہے الخ۔

ترجمہ مسائل السلوک: سُوْرَۃُ فَاطِرٍ۔ قولہ تعالیٰ: وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ ...... روح میں ہے کہ اس میں اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے وارثوں کو تسلی دی ہے اور ان کو اعداء کی ایذاء اور تکذیب اور انکار پر صبر کے لئے ارشاد فرمایا ہے۔ قولہ تعالیٰ: اس میں طریق سے اعراض کرنے والے پر زیادہ غم کرنے سے ممانعت ہے ۱۲۔

النحو: قوله افمن زين مبتدأ خبره محذوف اى كمن هو ليس كذلك او نحوه ولما كان المقدر كالملفوظ جعلت ترجمة جزءً لترجمة الآية۔ قوله حسرات مفعول له والجمع مع ان الحسرة في الاصل مصدر صادق على القليل والكثير للدلالة على تضاعف

www.besturdubooks.net

اغتمامہ ﷺ علی احوالھم او علی کثرۃ قبائح اعمالھم الموجبۃ للتاسف والتحسر ۱۲۔

وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ
كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۹ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ۭ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ۭ
وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۭ وَمَكْرُ اُولٰۗىِٕكَ هُوَ يَبُوْرُ ۱۰ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ
جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ۭ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ۭ وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى
اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۱۱ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ڰ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَاۗىِٕغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۭ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا
وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۱۲ يُوْلِجُ الَّيْلَ
فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ڮ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ
الْمُلْكُ ۭ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ۱۳ ۭ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَاۗءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا
اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ۭ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ ۭ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ۱۴

اور اللہ ایسا (قادر) ہے جو (بارش سے پہلے) ہواؤں کو بھیجتا ہے پھر وہ ہوائیں بادلوں کو اٹھاتی ہیں پھر ہم اس بادل کو خشک قطعہ زمین کی طرف ہانک لے جاتے ہیں پھر ہم اس کے (پانی کے) ذریعے زمین کو زندہ کرتے ہیں۔ اسی طرح قیامت میں آدمیوں کا جی اٹھنا ہے۔ جو شخص عزت حاصل کرنا چاہے تو تمام تر عزت اللہ ہی کے لئے ہے۔ اچھا کلام اسی تک پہنچا ہے اور اچھا کام اسی کو پہنچاتا ہے اور جو لوگ (اسی کے خلاف) بری بری تدبیریں کر رہے ہیں ان کو سخت عذاب ہوگا اور ان لوگوں کا یہ مکر نیست و نابود ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ نے تم (ضمنا) مٹی سے پیدا کیا ہے پھر (استقلالا) نطفہ سے پیدا کیا پھر تم کو جوڑے جوڑے بنایا اور کسی عورت کو نہ حمل رہتا ہے اور نہ وہ جنتی ہے مگر سب اس کی اطلاع سے ہوتا ہے اور اس طرح نہ کسی کی عمر زیادہ (مقرر) کی جاتی ہے اور نہ کسی کی عمر کم (مقرر) کی جاتی ہے مگر یہ سب لوح محفوظ میں ہوتا ہے یہ سب اللہ کو آسان ہے اور دونوں دریا برابر نہیں ہیں (بلکہ) ایک تو شیریں پیاس بجھانے والا ہے۔ جس کا پینا بھی آسان اور ایک شور تلخ ہے۔ اور تم ہر ایک (دریا) سے (مچھلیاں نکال کر) ان کا تازہ گوشت کھاتے ہو (نیز) زیور (یعنی موتی) نکالتے ہو جس کو تم پہنتے ہو اور تو کشتیوں کو اس میں دیکھتا ہے پانی کو پھاڑتی ہوئی چلتی ہیں تا کہ تم (ان کے ذریعے سے) اس کی روزی ڈھونڈو اور تا کہ تم شکر کرو۔ وہ رات کو دن میں داخل کر دیتا ہے اور دن کو رات میں داخل کر دیتا ہے اور مثلاً یہ کہ اس نے سورج اور چاند کو کام میں لگا رکھا ہے۔ ہر ایک وقت مقرر تک چلتے رہیں گے۔ یہی اللہ (جس کی یہ شان ہے) تمہارا پروردگار ہے۔ اس کی ہی سلطنت ہے اور اس کے سوا جن کو تم پکارتے ہو وہ تو کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کی برابر بھی اختیار نہیں رکھتے۔ اگر تم ان کو پکارو بھی تو تمہاری پکار (اول تو) سنیں گے نہیں اور اگر (بالفرض) سن بھی لیں تو تمہارا کہنا نہ کریں گے اور قیامت کے روز وہ (خود) تمہارے شرک کی مخالفت کریں گے اور تجھ کو خبر رکھنے والے کی برابری کوئی نہیں بتلا دے گا۔

تفسیر: عود بسوئے توحید مع بعض دیگر مضامین مناسبہ مقام: وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ (الی قولہ تعالی) وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ اور اللہ ایسا (قادر) ہے جو (بارش سے پہلے) ہواؤں کو بھیجتا ہے پھر وہ (ہوائیں) بادلوں کو اٹھاتی ہیں (جس کی کیفیت سورۂ روم کے رکوع پنجم آیت: اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ کی تفسیر میں گزری ہے) پھر ہم اس بادل کو خشک قطعۂ زمین کی طرف ہانک لے جاتے ہیں) کہ وہاں بارش ہوتی ہے) پھر ہم اس کے ذریعہ سے (یعنی اس بادل کے پانی کے ذریعہ سے) زمین کو (نباتات سے) زندہ کرتے ہیں (اور جس طرح زمین کے مناسب اس کو حیات عطا فرمائی) اسی طرح (قیامت میں آدمیوں کا) جی اٹھنا ہے (کہ ان کے مناسب حیات ان کو عطا ہوگی۔ وجہ تشبیہ ظاہر ہے کہ دونوں میں ایک صفت زائلہ کا احداث ہے گو ارض میں صرف ایک امر عرضی کا تعلق ہوا ہے اور اعضاء میں ایک امر جوہری یعنی روح کا یہ مضمون نشور کا اثنائے دلائل توحید میں تبعا لاحیاء الارض آ گیا ہے پھر اس نشور کی مناسبت سے ایک اور مضمون ہے وہ یہ کہ جب قیامت میں زندہ ہونا ہے تو وہاں کی ذلت و خواری سے بچنے کی فکر کرنا ضروری ہے اس بارہ میں مشرکین نے اپنے آلہہ کو بتعزیہ شیطانی جس کا اوپر مذکور ہے آلہ حصول عزت قرار دے رکھا تھا۔ چنانچہ وہ کہتے تھے: هٰٓؤُلَاۗءِ شُفَعَاۗؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ [یونس: ۱۸] یعنی یہ ہمارے علی الاطلاق شفیع

www.besturdubooks.net

ہیں دنیاوی حوائج میں بھی اور اگر قیامت کوئی چیز ہے تو نجات اخروی کے لئے بھی' جیسا حق تعالیٰ نے سورۂ مریم میں ارشاد فرمایا ہے: مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا [مریم ۸۱] اس کے متعلق ارشاد ہے کہ) جو شخص (آخرت میں) عزت حاصل کرنا چاہے (اور یہ چاہنا بوجہ تیقن وقوع آخرت کے ضرور ہے) تو (اس کو چاہئے کہ اللہ سے عزت حاصل کرے کیونکہ) تمام تر عزت (بالذات) خدا ہی کے لئے (حاصل) ہے (اور دوسرے کے لئے جب ہوگی بالعرض ہوگی اور مابالعرض ہمیشہ مابالذات کا محتاج ہوتا ہے۔ پس اس میں سب خدا ہی کے محتاج ہوئے اور خدا سے اس کا حاصل کرنا اس طرح ہے کہ قولاً وعملاً اس کی اطاعت و انقیاد اختیار کرے کہ خدا کے نزدیک یہی چیزیں پسندیدہ ہیں' چنانچہ) اچھا کلام اسی تک پہنچتا ہے (یعنی وہی اس کو قبول کرتا ہے) اور اچھا کام اس کو پہنچاتا ہے (اچھے کلام میں کلمۂ توحید اور تمام اذکار الہیہ اور اچھے کام میں تصدیق قلبی اور جمیع اعمال صالحہ ظاہرہ و باطنہ داخل ہیں اور رفع عام ہے اور نفس قبول تام کو اور اس اجمال کو دوسرے دلائل نے اس طرح مفصل کر دیا کہ تصدیق قلبی تو جمیع کلم طیب کے لئے نفس قبول کی شرط ہے اور دوسرے اعمال صالحہ جمیع کلم طیب کے لئے قبول تام کی شرط ہے نہ کہ نفس قبول کی کیونکہ فاسق سے اگر کلم طیب کا صدور ہو تو بھی قبول صحیح ہے پس جب یہ چیزیں عند اللہ پسندیدہ ہیں تو جو شخص ان کو اختیار کرے گا وہ معزز ہوگا) اور جو لوگ (اس کے خلاف طریقہ اختیار کر کے آپ کی مخالفت کر رہے ہیں کہ وہ اللہ ہی کی مخالفت ہے اور آپ کے ساتھ) بری بری تدبیریں کر رہے ہیں ان کو سخت عذاب ہوگا (جو موجب ان کی ذلت کا ہوگا اور ان کے آلہہ مزعومہ ان کو خاک عزت نہ دے سکیں گے بلکہ بالعکس خود وہ ان کے خلاف ہو جاویں گے۔ کما قال تعالٰی فی مریم: سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا [مریم: ۸۲] یہ تو ان کا خسران آخرت میں ہوگا) اور (دنیا میں بھی ان کو یہ خسران ہوگا کہ) ان لوگوں کا یہ مکر نیست و نابود ہو جاوے گا (یعنی ان تدبیروں میں ان کو کامیابی نہ ہوگی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ وہ اسلام کو مٹانا چاہتے تھے خود ہی مٹ گئے۔ یہ مضمون بطور جملہ معترضہ کے تمام ہو کر آگے پھر عود ہے مضمون توحید کی طرف یعنی حق تعالیٰ کا ایک تصرف تو وہ تھا جو اوپر اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ میں بیان کیا گیا) اور (دوسرا تصرف کہ دال علی التوحید ہے یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے تم کو (ضمناً خلق آدم میں) مٹی سے پیدا کیا پھر (استقلالاً) نطفہ سے پیدا کیا' پھر تم کو جوڑے جوڑے بنایا (یعنی کچھ مذکر کچھ مؤنث بنائے' یہ تو اس کی قدرت ہے) اور (علم اس کا ایسا ہے کہ) کسی عورت کو نہ حمل رہتا ہے اور نہ جنتی ہے مگر سب اس کی اطلاع سے ہوتا ہے (یعنی اس کو پہلے سے سب کی خبر ہوتی ہے) اور (اسی طرح) نہ کسی کی عمر زیادہ (مقرر) کی جاتی ہے اور نہ کسی کی عمر کم (مقرر) کی جاتی ہے مگر یہ سب لوح محفوظ میں (لکھا ہوا) ہوتا ہے (جس کو حق تعالیٰ نے اپنے علم قدیم کی موافق اس میں ثبت فرما دیا ہے اور گو معلومات لا تعد ولا تحصی مگر یہ تعجب نہ کرو کہ قبل از وقوع سب واقعات کو کیسے مقدور و مقرر فرما دیا کیونکہ) یہ سب اللہ کو آسان ہے (کیونکہ اس کا علم ذاتی ہے جس کی نسبت جمیع معلومات کے ساتھ قبل از وقوع و بعد از وقوع یکساں ہے) اور (آگے قدرت کے اور دلائل سنو کہ باوجودیکہ پانی مادۂ واحدہ ہے مگر باوجود وحدت قابل کے اس میں اختلاف افعال سے دو مختلف قسمیں پیدا کر دیں' چنانچہ) دونوں دریا برابر نہیں ہیں (بلکہ) ایک تو شیریں پیاس بجھانے والا ہے جس کا پینا بھی (بوجہ قبول طبیعت کے) آسان اور ایک شور تلخ ہے (تو یہ امر بھی عجائب قدرت سے ہے) اور (دوسرے دلائل قدرت بھی ہیں جو دلالت علی القدرۃ کے ساتھ دال علی النعمۃ بھی ہیں۔ بعض تو انہیں دریاؤں کے متعلق ہیں' مثلاً یہ کہ) تم ہر ایک (دریا) سے (مچھلیاں نکال کر ان کا) تازہ گوشت کھاتے ہو اور (نیز) زیور (یعنی موتی) نکالتے ہو جس کو تم پہنتے ہو اور (اے مخاطب) تو کشتیوں کو اس میں دیکھتا ہے پانی کو پھاڑتی ہوئی چلتی ہیں تاکہ تم (ان کے ذریعہ سے سفر کر کے) اس کی روزی ڈھونڈو اور تاکہ (روزی حاصل کر کے) تم (اللہ کا) شکر کرو (اور بعض اور نعمتیں مثلاً یہ کہ) وہ رات (کے اجزاء) کو دن (کے اجزاء) میں داخل کر دیتا ہے اور دن (کے اجزاء) کو رات (کے اجزاء) میں داخل کر دیتا ہے (جس سے دن اور رات کے گھٹنے بڑھنے کے متعلق منافع حاصل ہوتے ہیں) اور (مثلاً یہ کہ) اس نے سورج اور چاند کو کام میں لگا رکھا ہے (ان میں سے) ہر ایک وقت مقرر (یعنی یوم قیامت تک) (اسی طرح چلتے رہیں گے' یہی اللہ (جس کی یہ شان ہے) تمہارا پروردگار ہے اسی کی سلطنت ہے اور اس کے سوا جن کو پکارتے ہو وہ تو کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے برابر بھی اختیار نہیں رکھتے۔ چنانچہ جمادات میں تو ظاہر ہے اور ذوات الارواح میں بایں معنی کہ بالذات اختیار نہیں رکھتے اور ان کی یہ حالت ہے کہ) اگر تم ان کو پکارو بھی تو وہ تمہاری (اول تو) سنیں گے نہیں (جمادات تو بوجہ عدم قوت سامعہ کے اور ذوات الارواح بایں معنے کہ جیسے سماع کے کفار معتقد تھے کہ سماع لازم و دائم ہے وہ منفی ہے) اور اگر (بالفرض) سن بھی لیں تو تمہارا کہنا نہ کریں گے (جمادات میں تو یہ تقدیر فرض محض اور بوجہ شرطیہ ہونے قضیہ کے وقوع مقدم کا ضروری نہیں اور ذوات الارواح میں یہ تقدیر گاہے واقعی بھی ہو سکتی ہے اور مَا اسْتَجَابُوْا میں نفی استجابت کی جمادات کے حق میں تو بوجہ عدم قابلیت کے ہے اور ذوات الارواح میں سے جو مقبول ہیں مثل ملائکہ کے ان میں بوجہ عدم رضا کے اور جو غیر مقبول ہیں جیسے شیاطین ان میں جو امور مدعولہا ان کے اختیار سے خارج ہیں ان میں بوجہ عدم قدرت کے اور جو اختیار میں ہے ان میں باعتبار عدم قدرت مستقلہ کے یہ حالت تو ان معبودین کی دنیا میں ہے) اور قیامت کے روز وہ (خود) تمہارے شرک کرنے کی مخالفت کریں گے۔ (کقولہ تعالٰی: مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ وغیر ذلك من الآیات) اور (ہم نے جو کچھ فرمایا ہے اس کے صدق میں ذرا شک وشبہ نہیں' کیونکہ ہم حقائق امور کی پوری خبر رکھنے والے ہیں

www.besturdubooks.net

اور اے مخاطب) تجھ کو خبر رکھنے والے کے برابر کوئی نہیں بتلاوے گا (پس ہمارا بتلانا سب سے زیادہ صحیح ہے) ف: یہ مشہور ہے کہ موتی صرف دریائے شور سے نکلتے ہیں۔ اگر یہ صحیح ہے تو وَتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً ...... صرف دریائے شور کے اعتبار سے ہوگا ای و تستخرجون من الملح حلية الخ: یعنی منفعت مذکورہ لحم طری کی تو مشترک تھی اور بعضے منافع خاص ہیں دریائے شور کے ساتھ کہ وہ استخراج حلیہ ہے اور اس صورت میں وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ میں ضمیر مجرور کا اعادہ بھی بحر ملح کی طرف مناسب ہوگا جو استخراج حلیہ کے قرینہ سے مثل مذکور متصل کے ہے اور گو یہ منفعت مشترک ہے مگر دریائے شور میں اکثر بڑے بڑے جہازوں کا چلنا جس میں معنے مخر اور ابتغائے فضل کے زیادہ محقق ہیں وجہ اختصاص کی ہو سکتی ہے اور كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى کے متعلق ایک ضروری مضمون سورۂ لقمان کے رکوع سوم کے اخیر اسی جملہ کے مشابہ جملہ کی تفسیر میں لکھا گیا ہے جو قابل ملاحظہ ہو اور اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا کے ترجمہ میں بالذات کی قید ظاہر کر دینے سے یہ آیت اس آیت کے منافی نہ رہی۔ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ جیسا کہ ظاہر ہے اور ان آیات میں قدرت کے دلائل زیادہ اور علم کے فرمانے کی شاید یہ وجہ ہو کہ آثار قدرت کے آثار علم سے اظہر ہیں اور دلائل قدرت میں دونوں طرف دلائل آفاقیہ اور درمیان میں دلائل انفسیہ شاید اس لئے لائے گئے ہوں کہ التفات آفاقیہ کی طرف زیادہ ہوتا ہے جیسا مشاہد ہے اور تلبسون کے متعلق سورۂ نحل کے دوسرے رکوع میں ضروری مضمون لکھا گیا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ...... ان میں اس علم و قدرت کی نفی ہے جس کا جہلاء کو غیر اللہ میں اعتقاد ہے اور جو لوگ ان کو بامید اجابت پکارتے ہیں ان کی تحمیق ہے۔

اللغات: قوله البلد القطعة من الارض النشور الحياة۔ قوله الكلم اسم جمع جنسي وتذكير الصفة نظرًا الى اللفظ الطيب سمي به لانه يستطيبه العقل والشرع والملائكة ۱۲۔ قوله قطمير في الصراح پوستك تنك دانة خرما ولما كان في الاكثر يزول عنه ويتلف مع لب التمر يكنى به عن شئ لا يعتد به۔ قوله الكفر الانكار وترجم بالحاصل ۱۲۔

النحو: قوله احيينا به راجع الى السحاب اما لكونه سببا بعيد اللاحياء او بتقدير المضاف اى بماء ۱۲۔ قوله من كان يريد العزة حذف جزاء ه اى فليطلبها من الله تعالىٰ ۱۲۔ قوله العمل الصالح مبتدأ خبره يرفعه برجوع المرفوع الى العمل والمنصوب الى الكلم الطيب وهو مؤيد باكثر الآثار المذكورة في الدر المنثور وغيره۔ قوله السيئات صفة للمكرات المفعول المطلق ۱۲۔ قوله بعلمه اى متلبسة بعلمه ۱۲۔ قوله من عمره راجع الى المعمر لكن لا باعتبار معناه المتبادرى الذى زيد عمره بل باعتبار تاويله باحد لكن سمى في المرجع معمرا باعتبار ما يؤل اليه واعيد الضمير اليه باعتبار الاصل المحول عنه فمآل ذلك لا ينقص من عمر احد اى ولا يجعل من ابتداء الامر ناقصًا كقولهم ضيق فم الركية ۱۲۔

البلاغة: قوله يصعد صعود الكلم اليه تعالىٰ مجاز مرسل عن قبوله بعلاقة اللزوم او استعارة بتشبيه القبول بالصعود ۱۲۔ قوله ترى في الروح افرد ضمير الخطاب مع جمعه فيما سبق وما لحق لان الخطاب لكل احد[1] تتاتى منه الرؤية دون المنتفعين بالبحرين ۱۲۔

الحواشي: (۱) هو خبر لان يعني ان الخطاب واقع لكل احد دون المنتفعين بالبحر خاصةً كما كان الخطاب لهم في تاكلون وتستخرجون وغيرهما ۱۲ منه۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۱۵﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾

وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ

وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ؕ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى

لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ﴿۱۹﴾ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ﴿۲۰﴾ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ﴿۲۱﴾ وَمَا

يَسْتَوِي الْاَحْيَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾ اِنْ اَنْتَ

اِلَّا نَذِيْرٌ ﴿۲۳﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ؕ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ﴿۲۴﴾ وَاِنْ

www.besturdubooks.net

يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتَابِ الْمُنِيرِ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ

أَخَذْتُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿۲۶﴾ ع ۳ ۱۲ ۱۵

اے لوگو! تم (وہی) اللہ کے محتاج ہو اور اللہ (تو) بے نیاز ہے (اور خود تمام) خوبیوں والا ہے اگر وہ چاہے تو تم کو فنا کر دے اور ایک نئی مخلوق پیدا کر دے اور یہ بات اللہ کو کچھ مشکل نہیں اور کوئی دوسرے کا بوجھ (گناہ کا) نہ اٹھائے گا اور اگر کوئی بوجھ کا لدا ہوا (یعنی گناہگار) کسی کو اپنا بوجھ اٹھانے کے لئے بلائے گا (بھی) تب بھی اس سے کچھ بوجھ نہ بٹایا جائے گا۔ اگرچہ وہ شخص قرابتدار ہی کیوں نہ ہو۔ آپ تو صرف ایسے لوگوں کو ڈرا سکتے ہو جو بے دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور نماز کی پابندی کرتے ہیں اور جو شخص پاک ہوتا ہے وہ اپنے لئے پاک ہوتا ہے اور اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے اور اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں اور نہ تاریکی اور نہ روشنی اور نہ چھاؤں اور نہ دھوپ اور زندے اور مردے برابر نہیں ہو سکتے۔ اللہ جس کو چاہتا ہے سنوا دیتا ہے اور ان لوگوں کو آپ نہیں سنا سکتے جو قبروں میں (مدفون) ہیں آپ تو صرف ڈرانے والے ہیں ہم نے ہی آپ کو (دین) حق دے کر خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور کوئی امت ایسی نہ ہوئی جس میں ڈرانے والا نہ گزرا ہو اور اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلائیں گے تو جو لوگ ان سے پہلے گزرے ہیں انہوں نے بھی جھٹلایا تھا (اور) ان کے پاس بھی ان کے پیغمبر معجزے اور صحیفے اور روشن کتابیں لے کر آئے تھے۔ پھر میں نے ان کافروں کو پکڑ لیا سو (دیکھو) میرا کیسا عذاب ہوا۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر توحید کا ذکر تھا چونکہ کفار اس کا انکار کرتے تھے اور اس انکار سے رسول اللہ ﷺ کو حزن بھی ہوتا تھا آگے انکار سے حق تعالیٰ کا ضرر نہ ہونا بلکہ خود ان کفار ہی کا ضرر ہونا اور تسلیم سے حق تعالیٰ کا کچھ نفع نہ ہونا بلکہ خود ان ہی کا نفع ہونا اور دنیا میں اس ضرر کا احتمال اور آخرت میں اس کا وقوع بیان کر کے کفار کی تحذیر اور اس کے بعد رسول ﷺ کے حزن پر آپ کے تسلیہ کا مضمون ہے۔

تحذیر منکرین و تسلیہ سید المرسلین ﷺ ...... يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَنْتُمُ الْفُقَرَاءُ إِلَى اللَّهِ (الی قولہ تعالی) فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿۲۶﴾ اے لوگو تم (ہی) خدا کے محتاج ہو اور اللہ (تو) بے نیاز (اور خود تمام) خوبیوں والا ہے (پس تمہاری احتیاج دیکھ کر تمہارے نفع کے لئے توحید وغیرہ کی تعلیم کی گئی ہے۔ اگر تم نہیں مانو گے تو تم اپنا ضرر کرو گے باقی حق تعالیٰ کو تو بوجہ غنائے ذاتی و کمال ذاتی کے تمہاری یا تمہارے عمل کی کوئی حاجت ہی نہیں کہ اس کے ضرر کا احتمال ہو اور کفر پر جو ضرر ہونے والا ہے خدا تعالیٰ اس کے فی الحال ایقاع پر بھی قادر ہے چنانچہ) اگر وہ چاہے تو (تمہارے کفر کی سزا میں) تم کو فنا کر دے اور ایک نئی مخلوق پیدا کر دے (جو تمہاری طرح کفر و انکار نہ کریں) اور یہ بات خدا کو کچھ مشکل نہیں (لیکن بمصلحت مہلت دے رکھی ہے' غرض یہاں تو وہ ضرر محض محتمل الوقوع ہے لیکن قیامت میں وہ ضرور واقع ہو جاوے گا) اور (اس وقت یہ حالت ہوگی کہ) کوئی دوسرے کا بوجھ (گناہ کا) نہ اٹھاوے گا اور (خود تو کوئی کسی کی کیا رعایت کرتا یہ حالت ہوگی کہ) اگر کوئی بوجھ کا لدا ہوا (یعنی کوئی گنہگار) کسی کو اپنا بوجھ اٹھانے کے لئے بلاوے گا (بھی) تب بھی اس میں سے کچھ بھی بوجھ نہ بٹایا جاوے گا' اگرچہ وہ (جس کو اس نے بلایا تھا اس کا) (قرابت دار ہی) کیوں نہ ہو) پس اس وقت پورا ضرر اس کفر و بدعملی کا خود ہی بھگتنا پڑے گا' یہ تو تحذیر منکرین کی ہوگئی۔ آگے حضور ﷺ کا تسلیہ ہے کہ اے محمد ﷺ آپ ان کے انکار پر جس کی سزا یہ ایک دن ضرور بھگتیں گے اس قدر غم و افسوس کیوں کرتے ہیں) آپ تو (ایسا ڈرانا جس پر نفع مرتب ہو) صرف ایسے لوگوں کو ڈرا سکتے ہیں جو بے دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور نماز کی پابندی کرتے ہیں (مراد اس الذین سے مؤمنین ہیں یعنی آپ کے انذار سے صرف مؤمنین منتفع ہوتے ہیں' فی الحال ہوں یا باعتبار مایؤل کے اور امر مشترک دونوں میں طلب حق ہے' مطلب یہ کہ طالب حق کو نفع ہوا کرتا ہے۔ یہ لوگ طالب حق ہی نہیں ان سے امید ہی نہ رکھئے) اور (آپ ان کے ایمان نہ لانے سے اس قدر فکر کیوں کرتے ہیں) جو شخص (ایمان لا کر شرک و کفر سے) پاک ہوتا ہے وہ اپنے (نفع کے) لئے پاک ہوتا ہے اور (جو نہیں ایمان لاتا وہاں بھگتے گا' کیونکہ سب کو) اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے (پس نفع ہے تو ان کا' آپ کیوں غم کرتے ہیں) اور (ان لوگوں سے کیا توقع رکھی جاوے کہ ان کا ادراک مثل ادراک مؤمنین کے ہو اور اس ادراک سے مؤمنین کی طرح یہ بھی طریق حق کو قبول کر لیں اور قبول حق کے ثمرات دینی میں بھی یہ لوگ شریک ہو جاویں' کیونکہ مؤمنین کی مثال ادراک حق میں بصیر کی سی اور ان کی مثال عدم ادراک حق میں اعمی کی سی ہے اور اسی طرح مؤمن نے ادراک حق کے ذریعہ سے جس طریق ہدایت کو اختیار کیا ہے اس طریق حق کی مثال نور کی سی ہے اور کافر نے عدم ادراک حق سے جس طریقہ کو اختیار کیا ہے اس کی مثال ظلمت کی سی ہے۔ کما قال تعالیٰ: وَجَعَلْنَا لَهُ نُورًا يَمْشِي بِهِ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَثَلُهُ فِي الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِنْهَا [الأنعام: ۱۲۲] اور اسی طرح جو ثمرہ جنت وغیرہ اس طریق پر مرتب ہوگا اس کی مثال ظل بارد کی سی ہے اور جو ثمرہ جہنم وغیرہ طریق باطل پر مرتب ہوگا اس کی مثال جلتی دھوپ کی سی ہے۔ کما قال تعالیٰ: وظل ممدود الی قولہ فی سموم اور ظاہر ہے کہ) اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں اور نہ تاریکی اور روشنی اور چھاؤں اور دھوپ (پس نہ ان کا اور مؤمنین کا ادراک برابر ہوا اور نہ ان کا طریقہ اور نہ اس طریقہ کا ثمرہ) اور (مومن اور کافر میں جو تفاوت اعمی و بصیر

www.besturdubooks.net

کا سا کہا گیا تو اس سے مقصود نفی کمی کی ہے نہ کہ زیادتی کی' کیونکہ ان میں تفاوت مردہ اور زندہ کا سا ہے۔ پس ان کی برابری کی نفی کے لئے یوں بھی کہنا صحیح ہے کہ) زندے اور مردے برابر نہیں ہو سکتے (اور جب یہ مردے ہیں تو مردوں کو زندہ کرنا خدا کی تو قدرت میں ہے بندہ کی قدرت میں نہیں۔ پس اگر خدا ہی ان کو ہدایت کر دے تب تو اور بات ہے' کیونکہ) اللہ جس کو چاہتا ہے سنوا دیتا ہے (باقی آپ کی کوشش سے یہ لوگ حق کو قبول نہیں کریں گے' کیونکہ ان کی مثال تو مردوں کی آپ نے سن لی) اور آپ ان لوگوں کو نہیں سنا سکتے جو قبروں میں (مدفون) ہیں (لیکن اگر یہ نہ مانیں تو آپ غم میں نہ پڑیئے' کیونکہ) آپ تو (کافروں کے حق میں) صرف ڈرانے والے ہیں (آپ کے ذمہ یہ نہیں کہ وہ کافر ڈر کر مان بھی جاویں اور یہ ڈرانا آپ کا اپنی طرف سے نہیں جیسا منکرین نبوت کہتے تھے بلکہ ہماری طرف سے ہے کیونکہ) ہم ہی نے آپ کو (دین) حق دے کر (مسلمانوں کو) خوشخبری سنانے والا اور (کافروں کو) ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہے اور (یہ بھیجنا کوئی انوکھی بات نہیں' جیسا کافر کہتے تھے بلکہ) کوئی امت ایسی نہیں ہوئی جس میں کوئی ڈر سنانے والا (یعنی پیغمبر) نہ گزرا ہو اور اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلا دیں تو (آپ ان گزشتہ پیغمبروں کا جن کا ابھی اجمالاً ذکر ہوا ہے اور تفصیلاً دوسری آیات میں ذکر ہے کافروں کے ساتھ معاملہ یاد کر کے اپنے دل کو سمجھا لیجئے کیونکہ) جو لوگ ان سے پہلے ہو گزرے ہیں انہوں نے بھی (اپنے وقت کے پیغمبروں کو) جھٹلایا تھا (اور (ان کے پاس بھی ان کے پیغمبر معجزے اور صحیفے اور روشن کتابیں لے کر آئے تھے (یعنی بعضے صحائف اور بعضے بڑی کتابیں اور بعضے صرف معجزات مصدقہ نبوت اور احکام انبیائے سابقین لے کر آئے) پھر (جب انہوں نے جھٹلایا تو) میں نے ان کافروں کو پکڑ لیا۔ (دیکھو) میرا کیسا عذاب ہوا (اسی طرح ان کے وقت پر ان کو سزا دوں گا) ف: ظلمات و نور و ظل و حرور کی تساوی کی نفی اس پر مبنی نہیں کہ ان کے مشبہ کے تساوی کا شبہ تھا' بلکہ اس لئے ہے کہ استدلال ہے ان کی ہدایت نہ ہونے پر کہ دیکھو ان اشیاء کے مشبہات یعنی ہدایت وضلالت و جنت و نار کی عدم تساوی تو معلوم ہی ہے اور ہر فریق کے لئے ایک ایک شق مقدر ہے تو کافروں کی ہدایت کی توقع کرنا گویا ان امور کی توقع تساوی کو مستلزم ہے جو کہ محال ہے۔ پس ملزوم بھی علی المبالغۃ منفی ہے اور ان انت الا نذیر کے ترجمہ سے شبہ ثانی کا اگلی آیت اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا...... سے جاتا رہا۔ پس اس حصر سے یا تو بشیر کی نفی اصلاً مقصود نہ ہو بلکہ مقصود آپ کے مسئول عنہ ہونے کی نفی ہو۔ کما قال تعالیٰ: وَلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ [البقرۃ: ۱۱۹] اور یا بشیر کی نفی باعتبار کفار کے ہو میرے ترجمہ سے دونوں امر ظاہر ہیں اور سورۂ نمل کے رکوع چہارم آیت وَلَقَدْ بَعَثْنَا...... کی تفسیر میں وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ کے متعلق کچھ مضمون گزر چکا ہے' ملاحظہ فرما لیا جاوے۔ اور سماع موتی کے متعلق سورۂ نمل کی آخری آیت انك لا تسمع الموتی کی تفسیر میں ضروری بحث لکھی گئی ہے اور لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ معارض نہیں۔ آیت عنکبوت: وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ [العنکبوت: ۱۳] کے چنانچہ اس کی تقریر ترجمہ دیکھنے سے واضح ہو سکتی ہے۔

اللغات: قوله الحمل ما يحمل الحرور الحر۔

البلاغۃ: قوله ما يستوى الاعمى الخ لم يعد فيه لا كما اعيد فيما بعده لان المخاطب فى اول الكلام لا يقصر فى فهم المراد لكون توجهه طريا بخلاف ما بعده فاقتضى التاكيد والاهتمام ولما كان عدم الاستواء بين الكافر والمؤمن مقصودا بدئ الكلام به واختتم عليه واعيد الفعل بخلاف عدم الاستواء فى طريقتهما المشار اليها بقوله الظلمت والنور وثمرتهما المشار اليها بقوله الظل والحرور فانه حكم به تبعًا فلم يعد فيه الفعل والله اعلم۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ۭ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ۝ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ۭ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ۝

(اے مخاطب) کیا تو نے اس بات پر نظر نہیں کی کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے اس کے ذریعے سے مختلف رنگتوں کے پھل نکالے اور اسی طرح پہاڑوں کے بھی مختلف حصے ہیں (بعض) سفید (بعض) سرخ کہ ان کی بھی رنگتیں مختلف ہیں اور (بعض نہ سفید نہ سرخ بلکہ) بہت گہرے سیاہ اور اسی طرح آدمیوں اور جانوروں اور چوپایوں میں بھی ایسے ہیں کہ ان کی رنگتیں مختلف ہیں (اور) اللہ سے وہی بندے ڈرتے ہیں جو (اس کی عظمت کا) علم رکھتے ہیں واقعہ اللہ بڑا زبردست بخشنے والا ہے۔

تفسیر ربط: جیسا اوپر کئی جگہ توحید کا مضمون آ چکا ہے آگے پھر عود ہے توحید کی طرف اور توحید کے ساتھ اس کے علم کے ایک ثمرۂ عملی کا کہ خشیت ہے اور اس ثمرہ کی تعلیل کے لئے بعض صفات الہیہ کا بیان ہے۔

وحدت وخشیت وتقویت او بعلت: اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً (الی قوله تعالی) اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ۝ (اے مخاطب) کیا تو نے اس

www.besturdubooks.net

بات پر نظر نہیں کی کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی اتارا' پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعہ سے مختلف رنگتوں کے پھل نکالے (خواہ مع اختلاف انواع و اصناف کے خواہ ایک ہی نوع اور ایک ہی صنف میں) اور (اسی طرح) پہاڑوں کے بھی مختلف حصے ہیں (بعضے) سفید اور (بعضے) سرخ کہ (پھر خود) ان (سفید اور سرخ) کی بھی رنگتیں مختلف ہیں (کہ بعضے بہت سفید اور بہت سرخ ہیں اور بعضے ہلکے سفید اور ہلکے سرخ) اور (بعضے نہ سفید نہ سرخ بلکہ) بہت گہرے سیاہ اور اسی طرح آدمیوں اور جانوروں اور چوپایوں میں بھی بعضے ایسے ہیں کہ ان کی رنگتیں مختلف ہیں (بعض اوقات اختلاف اصناف کے ساتھ اور بعض اوقات ایک صنف میں بھی۔ پس جو لوگ ان دلائل قدرت میں غور کرتے ہیں ان کو خدا تعالیٰ کی عظمت کا علم ہوتا ہے اور) خدا سے اس کے وہی بندے ڈرتے ہیں جو (اس کی اس عظمت کا) علم رکھتے ہیں (اگر علم عظمت کا اعتقادی ہے تو خشیت بھی اعتقادی ہے اور اگر علم عظمت کا حالی ہے تو خشیت بھی حالی ہے اور) واقعی اللہ تعالیٰ (سے ڈرنا فی نفسہ بھی ضرور ہے کیونکہ وہ) زبردست (ہے کہ سب کچھ کر سکتا ہے اور ایک غایت مقصود کی وجہ سے بھی ضرور ہے' کیونکہ وہ ڈرنے والوں کے گناہوں کا) بڑے بخشنے والا ہے (پس خشیت مقتضائے عزت بھی ہے اور مقتضائے غفوریت بھی) **ف**: اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ ...... کی جو تقریر کی گئی ہے اس سے اس شبہ کی گنجائش نہیں رہی کہ بعض اہل علم کو خشیت سے خالی دیکھا جاتا ہے اور ان آیتوں کے ارتباط کی ایک تقریر اور بھی ہو سکتی ہے' وہ یہ کہ یہ بھی داخل مضمون تسلیہ ہے جو اس کے متصل آیات میں مذکور ہے۔ پس حاصل یہ ہوگا کہ ہم نے جو مؤمن و کافر میں تفاوت اعمٰی و بصیر کا سا رکھا ہے سو کچھ ان کی تخصیص نہیں۔ ہم نے اور مخلوقات میں بھی بمقتضاء حکمت امور کثیرہ میں اختلاف رکھتے ہیں۔ چنانچہ دیکھو ثمرات اور احجار اور حیوانات کے الوان ہی میں کیسا تفاوت رکھا ہے۔ پس اس صورت میں کافروں سے کیا توقع رکھی جاوے اور ان کے ایمان نہ لانے سے کیوں افسوس کیا جاوے۔ آپ کے انذار سے تو صرف انہیں لوگوں میں خشیت اور خشیت سے اطاعت پیدا ہو سکتی ہے جن کو مضمون انذار میں تدبر کر کے حق تعالیٰ کی عظمت کا علم حاصل ہوتا ہے۔ جیسا اسی مضمون سے تسلیہ شروع بھی ہوا تھا۔ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ ...... پس چونکہ مضمون مقصود یہی تھا اسی پر ختم بھی کیا گیا اور پہلی تقریر لکھ چکنے کے بعد جب یہ تقریر خیال میں آئی تو اس سے احسن معلوم ہوئی فاختر ایھما شئت اور امور مختلفہ میں تخصیص لون کی شاید اس لئے ہو کہ اس میں اختلاف اظہر ہے اور مقدمہ دلیل جس قدر اظہر ہو مفید للمطلوب ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا روح میں ہے مراد وہ ہیں جو حق تعالیٰ کی ذات و صفات جلیلہ و افعال و شیون جمیلہ کو جانتے ہیں نہ وہ جو محض صرف و نحو جانتے ہیں۔ سو مدار خشیت کا پہلا علم ہے نہ دوسرا علم اھ۔

اللغات: فی الروح جدد جمع جدة بالضم وهی الطريقة من جده اذا قطعه وقال ابو الفضل هی من الطرئق ما يخالف لونه لون ما يليه ومنه جدة الحمار للحظ الذی فی وسط ظهره يخالف لونه اه ونحوه فی القاموس قلت وما ترجمت به هو اخذ بالحاصل لان طرائق الجبل لا يراد بها الطريق بين الجبلين بل الطرائق للصعود الی الجبل والهبوط منه وهذه الطرائق ظاهر كونها اجزاء منه وفی الروح ان الكلام علی تقدير مضاف ان لم تقصد المبالغة لان الجبال ليس نفس الطرائق ای ذوجدد۔ قوله الغرابيب هو الذی بعد فی السواد واغرب فيه وكثر فی كلامهم اتباعه للاسود علی انه صفة له او تاكيد۱۲۔

النحو: قوله اخرجنا فيه التفات۱۲۔ قوله من الجبال خبر مقدم وجدد بيض مبتدا موخر و فی قوله مختلف الوانها مختلف صفة بيض وحمر والوانها فاعل له وليس بمبتدأ ومختلف خبره لوجوب مختلفة وقوله غرابيب عطف علی بيض وسود بدل من غرابيب لا صفة لان الاتصاف الامر فيه بالعكس واصل الكلام ان الغرابيب صفة لسود مقدر قبله وقوله من الناس بتقدير المبتدأ ومنهم بعض مختلف الوانه او تباديل من بالبعض واعتباره مبتدأ ای و بعضهم مختلف الوانه علی ما ذكر وافی قوله تعالیٰ ومن الناس من يقول آمنا بالله۔ قوله كذلك فی محل النصب صفة لمصدر مختلف والتقدير مختلف اختلافا كائنا كذلك ای كاختلاف الثمرات والجبال۱۲۔

البلاغة: قوله غرابيب سود لما كان اصل الكلام وسود غرابيب سود كما يظهر لك مما يتعلق بالنحو فی هذه الآية يكون فی سود المذكور التفسير بعد الابهام ومزيد الاعتناء بوصف السواد حيث دل عليه من طريق الاضمار والاظهار ولعل النكتة فی الاعتناء كثرة هذا اللون فی جبال الحجاز بالنسبة الی اخواتها وكانه لما اعتنی بامر السواد بافادة انه فی غاية الشدة لم يذكر بعده الاختلاف بالشدة والضعف كذا فی الروح وفيه ايضا ان ايراد الجملتين اسميتين مع مشاركتهما لما قبلهما من الجملة الفعلية فی الاستشهاد بمضمونها لما ان اختلاف الجبال والناس والدواب والانعام فيما ذكر من الالوان امر مستمر فعبر عنه بما يدل علی الاستمرار واما اخراج الثمرات المختلفة فحيث كان امرا حادثا عنه بما يدل علی الحدوث۱۲ھ۔

www.besturdubooks.net

إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً يَرْجُونَ تِجَارَةً لَنْ تَبُورَ ﴿٢٩﴾
لِيُوَفِّيَهُمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدَهُمْ مِنْ فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٣٠﴾ وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ هُوَ الْحَقُّ
مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ بِعِبَادِهِ لَخَبِيرٌ بَصِيرٌ ﴿٣١﴾ ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِينَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۖ فَمِنْهُمْ
ظَالِمٌ لِنَفْسِهِ وَمِنْهُمْ مُقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيرُ ﴿٣٢﴾ جَنَّاتُ
عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤًا ۖ وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ ﴿٣٣﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ
الَّذِي أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۖ إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٣٤﴾ الَّذِي أَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهِ لَا يَمَسُّنَا فِيهَا
نَصَبٌ وَلَا يَمَسُّنَا فِيهَا لُغُوبٌ ﴿٣٥﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ لَا يُقْضَىٰ عَلَيْهِمْ فَيَمُوتُوا وَلَا يُخَفَّفُ
عَنْهُمْ مِنْ عَذَابِهَا ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي كُلَّ كَفُورٍ ﴿٣٦﴾ وَهُمْ يَصْطَرِخُونَ فِيهَا رَبَّنَا أَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا
غَيْرَ الَّذِي كُنَّا نَعْمَلُ ۚ أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاءَكُمُ النَّذِيرُ ۖ فَذُوقُوا
ع ۴ ۱۱ ۱۶ فَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ نَصِيرٍ ﴿٣٧﴾

جو لوگ کتاب اللہ کی تلاوت (مع العمل) کرتے رہتے ہیں اور نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتے ہیں۔ وہ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں جو کبھی ماندنہ ہوگی تاکہ ان کو ان کی اجرتیں (بھی پوری پوری) دیں اور ان کو اپنے فضل سے اور زیادہ بھی دیں۔ بیشک وہ بخشنے والے قدردان ہیں اور یہ کتاب جو ہم نے آپ کے پاس وحی کے طور پر بھیجی ہے یہ بالکل ٹھیک ہے جو کہ اپنے سے پہلی کتابوں کی بھی تصدیق کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی (حالت کی) پوری خبر رکھنے والا خوب دیکھنے والا ہے۔ جاتے ہیں بڑا فضل ہے۔ وہ باغات ہمیشہ رہنے کے لئے جن میں یہ لوگ داخل ہوں گے (اور) ان کو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے اور پوشاک ان کی وہاں ریشم کی ہوگی اور کہیں گے کہ اللہ کا لاکھ شکر ہے جس نے ہم سے (رنج و) غم دور کیا۔ بے شک ہمارا پروردگار بڑا بخشنے والا بڑا قدردان ہے جس نے ہم کو اپنے فضل سے ہمیشہ رہنے کے مقام میں لا اتارا۔ جہاں ہم کو نہ کوئی کلفت پہنچے گی اور نہ ہم کو کوئی خستگی پہنچے گی اور جو لوگ (برخلاف ان کے) کافر ہیں ان کے لئے دوزخ کی آگ ہے نہ تو ان کی قضا آئے گی کہ مر ہی جائیں اور نہ دوزخ کا عذاب ہی ان سے ہلکا کیا جائے گا ہم ہر کافر کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں اور وہ لوگ اس (دوزخ) میں چلائیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو (یہاں سے) نکال لیجئے ہم (اب خوب) اچھے (اچھے) کام کریں گے برخلاف ان کاموں کے جو کیا کرتے تھے کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہ دی کہ جس کو سمجھنا ہوتا وہ سمجھ سکتا اور تمہارے پاس ڈرانے والا بھی پہنچا تھا سو (اس نہ ماننے کا) مزہ چکھو کہ ایسے ظالموں کا (یہاں) کوئی مددگار نہیں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر تین جگہ ایک تو اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ (الی قولہ تعالی) كَبِيرٌ اور دوسرے كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ (الی قولہ تعالی) يَبُوْرُ۔ تیسرے: وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ (الی قولہ تعالی) الْمَصِيْرُ اجمالاً آخرت اور اس کی مجازاۃ و مکافاۃ کا ذکر آ چکا ہے اور مضمون بالا کے ختم پر...... سے بھی جزا و سزا کی طرف اشارہ ہوا ہے آگے اس کی تفصیل اور زیادت تصریح ہے۔

بیان مثوبات و عقوبات مع تفاضل اعمال و تفاوت اعمال: اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ (الی قولہ تعالی) فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ۞ جو لوگ کتاب اللہ (یعنی قرآن) کی تلاوت (مع العمل) کرتے رہتے ہیں اور (خصوصیت و اہتمام کے ساتھ) نماز کی پابندی رکھتے اور جو کچھ ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے پوشیدہ اور اعلانیہ (جس طرح بن پڑتا ہے) خرچ کرتے ہیں وہ (بوجہ وعدہ الٰہیہ کے) ایسی (دائم النفع) تجارت کے امیدوار ہیں جو کبھی ماندنہ ہوگی (کیونکہ اس سودے کا خریدار کوئی مخلوقات میں سے نہیں ہے جو کبھی تو سودے کی قدر کرتا ہے اور کبھی نہیں کرتا' بلکہ اس کا خریدار خود حق تعالیٰ ہوگا جو ضرور حسب وعدہ اپنی غرض سے نہیں بلکہ محض ان کی نفع رسانی کے لئے اس کی قدر کرے گا) تاکہ ان کو ان (کے اعمال) کی اجرتیں

www.besturdubooks.net

(بھی) پوری (پوری) دیں (جس کا آگے بیان آوے گا جَنّٰتُ عَدْنٍ......الخ) اور (علاوہ اجرت کے) ان کو اپنے فضل سے اور زیادہ (بھی) دیں (اور اس میں تضاعف حسنات بھی ہے۔کما قال تعالیٰ: مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا [الأنعام : ۱۶۰]) بے شک وہ بڑا بخشنے والا بڑا قدردان ہے (پس ان کے اعمال میں جو کچھ کوتاہی رہ گئی تھی اس کی ایسی قدر کی کہ اجرت کے علاوہ انعام بھی دیا) اور (قرآن مجید پر عمل کرنے کی برکت سے جو ان کو اجر و فضل ملا سو واقعی قرآن مجید ایسی ہی چیز ہے کیونکہ) یہ کتاب جو ہم نے آپ کے پاس وحی کے طور پر بھیجی ہے یہ بالکل ٹھیک ہے جو کہ اپنے سے پہلی کتابوں کی بھی (بایں معنے) تصدیق کرتی ہے (کہ ان کو باصلہ منزل من اللہ بتلاتی ہے گو بعد میں محرف ہوگئی ہوں غرض یہ کتاب ہر طرح کامل ہے اور چونکہ) اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی (حالت کی) پوری خبر رکھنے والا (اور ان کی مصلحتوں کو) خوب دیکھنے والا ہے (اس لئے اس وقت ایسی ہی کتاب کامل کا نازل کرنا قرین حکمت بھی تھا اور کتاب کامل کا عامل مستحق بھی جزائے کامل ہی کا ہوگا جو کہ مجموعہ ہے اجر و فضل کا۔پس اس اجر و فضل کے افاضہ کے لئے یہ کتاب ہم نے اول آپ پر نازل کی اور) پھر یہ کتاب ہم نے ان لوگوں کے ہاتھوں میں پہنچائی جن کو ہم نے اپنے (تمام دنیا جہان کے) بندوں میں سے (باعتبار ایمان کے) پسند فرمایا (مراد اس سے اہل اسلام ہیں جو اس حیثیت ایمان سے تمام دنیا والوں میں مقبول عند اللہ ہیں۔گو ان میں کوئی دوسری وجہ مثل سوء عمل کے موجب ملامت بھی ہو مطلب یہ کہ مسلمانوں کے ہاتھوں میں وہ کتاب پہنچائی (پھر) (ان میں باوجود اشتراک فی الاصطفاء کے تین قسمیں ہیں کہ) بعضے تو ان میں (کوئی گناہ کر کے) اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے ہیں اور بعضے ان میں (جو نہ گناہ کرتے ہیں اور نہ طاعات میں ضروریات سے تجاوز کرتے ہیں) متوسط درجہ کے ہیں اور بعضے ان میں جو خدا کی توفیق سے نیکیوں میں ترقی کئے چلے جاتے ہیں (کہ گناہوں سے بھی بچتے ہیں اور فرائض کے ساتھ غیر فرائض کی بھی ہمت کرتے ہیں۔غرض ہم نے تینوں قسم کے مسلمانوں کے ہاتھوں میں وہ کتاب پہنچائی اور) یہ (یعنی ایسی کتاب کامل کا پہنچا دینا خدا کا) بڑا فضل ہے (کیونکہ اس پر عمل کرنے کی بدولت کیسے اجر و فضل کے مستحق ہوگئے آگے اس اجر و فضل مذکور بالا کا بیان ہے کہ) وہ (اجر و فضل) باغات میں ہمیشہ رہنے کے جس میں یہ لوگ (مذکورین آیت اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ) داخل ہوں گے (اور) ان کو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جاویں گے اور پوشاک ان کی وہاں ریشم کی ہوگی اور (وہاں داخل ہو کر) کہیں گے کہ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے جس نے ہم سے (ہمیشہ کے لئے رنج و) غم دور کیا بے شک ہمارا پروردگار بڑا بخشنے والا بڑا قدردان ہے جس نے ہم کو اپنے فضل سے ہمیشہ رہنے کے مقام میں لا اتارا جہاں نہ ہم کو کوئی کلفت پہنچے گی اور نہ ہم کو کوئی خستگی پہنچے گی (یہ تو عاملان کتاب اللہ و احکام کا حال ہوا) اور جو لوگ (برخلاف ان کے) کافر ہیں ان کے لئے دوزخ کی آگ ہے نہ تو ان کی قضا آوے گی کہ مر ہی جاویں (اور مر کر چھوٹ جاویں) اور نہ دوزخ کا عذاب ہی ان سے ہلکا کیا جاوے گا ہم کافر کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں اور وہ لوگ اس (دوزخ) میں (پڑے) ہوئے چلاویں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو (یہاں سے) نکال لیجئے ہم (اب خوب) اچھے (اچھے) کام کریں گے برخلاف ان کاموں کے جو (پہلے) کیا کرتے تھے (ارشاد ہوگا کہ) کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہ دی تھی کہ جس کو سمجھنا ہوتا وہ سمجھ سکتا اور (صرف عمر ہی دینے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ) تمہارے پاس (ہماری طرف سے) ڈرانے والا (یعنی پیغمبر) بھی پہنچا تھا (خواہ بواسطہ یا بلاواسطہ مگر تم نے ایک نہ سنی) سو (اب اس نہ ماننے کا) مزہ چکھو کہ ایسے ظالموں کا (یہاں کوئی مددگار نہیں (ہم تو بوجہ ناراضی کے اور دوسرے بوجہ عدم قدرت کے خواہ اس کے ساتھ عدم رضا ہو یا رضا ہو) **ف**: اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ میں جو عمر مذکور ہے مراد اس سے عمر بلوغ ہے کہ بقدر ضرورت اس میں کمال فہم حاصل ہو جاتا ہے اسی لئے اس میں مکلف ہو جاتا ہے۔قتادہؓ سے درمنثور میں یہی تفسیر منقول ہے۔قال اعلموا ان طول العمر حجة نزلت وان فيهم لابن ثمان عشر سنةً اور مراد اس سے بلوغ ہے جیسا امام صاحب نے اکثر بلوغ کی یہی مدت ٹھہرائی ہے اور بعض حدیثوں میں جو اس کی تفسیر میں ساٹھ برس آئے ہیں مراد اس سے تخصیص نہیں بلکہ مقصود یہ ہے کہ اس سے اور زیادہ احتجاج ہوگا اور يَتْلُوْنَ پر ترتب دخول جنت کا دال ہے اس کے تسبب پر اور اس سے موقوف علیہ ہونا لازم نہیں آتا اور اگر دخول اول کا موقوف علیہ ٹھہرا جاوے تو تلاوت سے مراد عمل ہے جو کہ مقصود بالتلاوۃ ہے کیونکہ بدوں عمل کے تلاوت معتد بہ نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک:......قاصر فی العمل کو ذی اصطفا کی قسم قرار دینا اس پر دال ہے کہ مطلق اصطفاء ولایت ہر مومن کو حاصل ہے اور ولایت عامہ یہی ہے۔

الروایات: اخرج الترمذی وحسنه مرفوعًا فى هذه الآية ثم اورثنا الى الخيرات هؤلاء كلهم بمنزلة واحدة وكلهم فى الجنة ۵۱ وقوله ﷺ كلهم فى الجنة عطف تفسيرى ۱۲۔

اللغات: قوله النصب فى الروح التعب۔ قوله اللغوب كلال وفتور وهو نتيجة النصب واشرت الى هذا الفرق فى الترجمة۔ قوله لا يقضى اى الحكم بالموت لا الموت ليحتاج قوله فيموتوا الى تاويله بيستريحوا واشرت الى ذلك ايضا فى الترجمة ۱۲۔

النحو: قوله ليوفيهم متعلق بمحذوف يدل عليه المذكور من قوله لن تبور كما يتضح من ترجمتى ۱۲۔ قول ثم اورثنا ثم محمولة على ظاهر معناه من التراخى الزمانى لان الا يراث متاخر عن الايحاء اما كونه بمهلة فان اعتبر الا يراث باعتبار مجموع المسلمين فظاهر

www.besturdubooks.net

وان قطع النظر عنه فالمهلة وعدم المهلة ليس لهما حد مضبوط وانما يدور على العرف باعتبارات مناسبة للمقام۔ قوله جنت اى هى جنت والضمير راجع الى الاجور والفضل۔ قوله لؤلؤا عطف على محل من اساور ۳۔ قوله دار المقامة مفعول احلنا وليس بظرف كما فى الاعراب ۳۔

البلاغۃ: قوله سرا و علانية عن جميع الاحوال كيفما اتفق لا انهم يقصد ونهما ۳۔ قوله يرجون عبر عن الرجاء مع تحقق الوعد اشارة الى ما فى قوله قلوبهم وجلة ۳۔ قوله فمنهم الخ لعل النكتة فى التقسيم قصد الايذان بان الا يراث لا يتخصص بالسابقين او مع المقتصدين يتبادر من اطلاق الاصطفاء الموهم لكماله ۳۔ قوله ان ربنا لغفور شكور الى فضله اعادة ذكر غفور شكور و ذكر الفضل بعد قوله انه غفور شكور۔ وقوله يزيدهم من فضله كالصريح فى ان قوله جنت عدن هى بيان للاجر والفضل لا للفضل الكبير المراد به الاصطفاء ۳۔

إِنَّ اللَّهَ عَالِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿۳۸﴾ هُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ ۚ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ ۖ وَلَا يَزِيدُ الْكَافِرِينَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ إِلَّا مَقْتًا ۖ وَلَا يَزِيدُ الْكَافِرِينَ كُفْرُهُمْ إِلَّا خَسَارًا ﴿۳۹﴾ قُلْ أَرَأَيْتُمْ شُرَكَاءَكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ أَمْ آتَيْنَاهُمْ كِتَابًا فَهُمْ عَلَىٰ بَيِّنَتٍ مِنْهُ ۚ بَلْ إِنْ يَعِدُ الظَّالِمُونَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا إِلَّا غُرُورًا ﴿۴۰﴾ إِنَّ اللَّهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ بَعْدِهِ ۚ إِنَّهُ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا ﴿۴۱﴾

بے شک اللہ ہی جاننے والا ہے آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ چیزوں کا بے شک وہی جاننے والا ہے دل کی باتوں کا وہی ایسا ہے جس نے تم کو زمین میں آباد کیا سو جو شخص کفر کرے گا اس کے کفر کا وبال اسی پر پڑے گا اور کافروں کے لئے ان کا کفران کے پروردگار کے نزدیک ناراضی ہی بڑھنے کا باعث ہوتا ہے اور (نیز) کافروں کے لئے ان کا کفر خسارہ ہی بڑھنے کا باعث ہوتا ہے۔ آپ کہئے کہ تم اپنے قرار دادشریکوں کا حال تو بتاؤ جن کو تم اللہ کے سوا پوجا کرتے ہو (یعنی) مجھ کو بتلاؤ کہ انہوں نے زمین کا کون سا جزو بنایا ہے۔ یا ان کا آسمان بنانے میں کچھ ساجھا ہے یا ہم نے ان کو کوئی کتاب دی ہے کہ یہ اس کی کسی دلیل پر قائم ہوں بلکہ یہ ظالم ایک دوسرے سے بڑے دھوکہ کی باتوں کا وعدہ کرتے آئے ہیں۔ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کو تھامے ہوئے ہے کہ وہ موجودہ حالت کو چھوڑ نہ دیں اور اگر (بالفرض) وہ موجودہ حالت کو بھی چھوڑ دیں تو پھر اللہ کے سوا اور کوئی ان کو تھام بھی نہیں سکتا۔ وہ حلیم غفور ہے۔

تفسیر: ربط: اوپر اکثر آیات سورت میں توحید مذکور ہوئی ہے۔ آگے پھر اثبات توحید وابطال شرک کا مضمون ہے اور درمیان میں بطور تفریع کے کفر کی شناعت مذکور ہے۔

توحید مع تہدید: اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (الی قوله تعالى) اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾ بے شک اللہ (ہی) جاننے والا ہے آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ چیزوں کا' بے شک وہی جاننے والا ہے دلوں کی باتوں کا (پس کمال علمی تو اس کا ایسا ہے اور کمال عملی جو کہ قدرت اور نعمت دونوں پر دال ہے یہ ہے کہ) وہی ایسا ہے جس نے تم کو زمین میں آباد کیا (اور ان دلائل ونعم کا مقتضا یہ تھا کہ استدلالاً وشکراً توحید واطاعت اختیار کرتے مگر بعضے اس کے خلاف کفر وخلاف پر مصر ہیں) سو (کسی دوسرے کا کیا بگڑتا ہے بلکہ) جو شخص کفر کرے گا اس کے کفر کا وبال اسی پر پڑے گا اور (اس وبال کی تفصیل یہ ہے کہ) کافروں کے لئے ان کا کفران کے پروردگار کے نزدیک ناراضی ہی بڑھنے کا باعث ہوتا ہے (جو دنیا ہی میں متحقق ہو جاتی ہے) اور (نیز) کافروں کے لئے ان کا کفر (آخرت میں) خسارہ ہی بڑھنے کا باعث ہوتا ہے (کہ وہ حرمان ہے جنت سے اور کندہ بننا ہے جہنم کا اور یہ جو کفر وشرک پر مصر ہیں) آپ (ان سے ذرا یہ تو) کہئے کہ تم اپنے قرار دادشریکوں کا حال تو بتلاؤ جن کو تم خدا کے سوا پوجا کرتے ہو یعنی مجھ کو یہ بتلاؤ کہ انہوں نے زمین کا کونسا جزو بنایا ہے یا ان کا آسمان (بنانے) میں کچھ ساجھا ہے (تاکہ دلیل عقلی سے ان کا استحقاق عبادت ثابت ہو) یا ہم نے ان (کافروں) کو کوئی کتاب دی ہے (جس میں صحت اعتقاد شرک لکھا ہو) کہ یہ اس کی کسی دلیل پر قائم ہوں (اور اس دلیل نقلی سے اپنے دعوے کو ثابت کر دیں اصل یہ ہے کہ نہ دلیل عقلی ہے نہ دلیل نقلی ہے) بلکہ یہ ظالم ایک دوسرے سے نری

www.besturdubooks.net

دھوکہ کی باتوں کا وعدہ کرتے آتے ہیں (کہ ان کے بڑوں نے ان کو بے سند غلط بات بتلا دی کہ: هٰٓؤُلَاۤءِ شُفَعَآؤُنَا عِنۡدَ اللّٰهِ [یونس: ۱۸] حالانکہ واقع میں وہ محض بے اختیار ہیں' پس وہ مستحق عبادت بھی نہیں' البتہ مختار مطلق حق تعالیٰ ہے تو وہی قابل عبادت بھی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے مختار اور دوسروں کے غیر مختار ہونے کے دلائل میں سے نمونہ کے طور پر ایک مختصر سی بات بیان کرتے ہیں کہ دیکھو یہ تو) یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کو (اپنی قدرت سے) تھامے ہوئے ہے کہ وہ موجودہ حالت کو چھوڑ نہ دیں اور اگر (بالفرض) وہ موجودہ حالت کو چھوڑ بھی دیں تو پھر خدا کے سوا اور کوئی ان کو تھام بھی نہیں سکتا (جب اوروں سے عالم کی حفاظت بھی نہیں ہو سکتی ہو تو احداث و ایجاد جواہر یا اعراض جس میں حوائج بھی داخل ہیں ان سے کیا صادر ہوا' پھر استحقاق عبادت کی ساتھ اور باوجود بطلان شرک کے شرک کرنا مقتضی اس کو تھا کہ ان کو ابھی سزا دے دی جاوے' مگر چونکہ) وہ حلیم (ہے اس لئے مہلت دے رکھی ہے اور اگر اس مہلت میں یہ لوگ حق کی طرف آ جاویں تو چونکہ وہ) غفور (بھی) ہے (اس لئے سب گزشتہ شرارتیں ان کی معاف کر دی جاویں) ف: یُمۡسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ سے سکون سموات یا سکون ارض پر استدلال کرنے کا جواب احقر کے ترجمہ سے نکل آیا' یعنی زوال سے مراد انتقال ہے حالت موجودہ منتظمہ سے ہے کہ وہی برہم زن نظام عالم ہے خواہ وہ حالت بالفعل حرکت کی ہو یا سکون اور حرکت خواہ اینیہ ہو یا وضعیہ واللہ اعلم۔

ملحقات الترجمۃ: قوله فی من بعده: سواکذا فی الخازن ۱۲۔

النحو: قوله اروني بدل اشتمال من ارايتم لانه بمعنى اخبروني ۱۲۔ قوله يمسك بمعنى يمنع فان تزولا مفعولا على الحذف والايصال لانه يتعدى بمن اى يمنعها من ان تزولا اه وترجمة بالحاصل ۱۲۔

البلاغة: قوله لا يزيد فى الروح بيان وتفسير لقوله سبحانه فعليه كفره ولزيادة تفصيله نزل منزلة المغائر له ولو لا ذلك لفصل عنه والتكرير لزيادة التقرير والتنبيه على ان اقتضاء الكفر لكل واحد واحد من الامرين المقت والخسار مستقل باقتضاء قبحه ووجوب التجنب عنه بمعنى انه لو لم يكن الكفر مستوجباً لشئ سوى مقت الله لكفى ذلك فى قبحه وكذا لو لم يستوجب شيئا سوى الخسار لكفى۔ قوله ام اتيناهم فيه التفات ۱۲۔

وَاَقۡسَمُوۡا بِاللّٰهِ جَهۡدَ اَيۡمَانِهِمۡ لَئِنۡ جَآءَهُمۡ نَذِيۡرٌ لَّيَكُوۡنُنَّ اَهۡدٰى مِنۡ اِحۡدَى الۡاُمَمِ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمۡ نَذِيۡرٌ مَّا زَادَهُمۡ اِلَّا نُفُوۡرَا ۙ﴿۴۲﴾ اسۡتِكۡبَارًا فِى الۡاَرۡضِ وَمَكۡرَ السَّيِّیٴِ ؕ وَلَا يَحِيۡقُ الۡمَكۡرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهۡلِهٖ ؕ فَهَلۡ يَنۡظُرُوۡنَ اِلَّا سُنَّتَ الۡاَوَّلِيۡنَ ۚ فَلَنۡ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبۡدِيۡلًا ۚ وَلَنۡ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحۡوِيۡلًا ﴿۴۳﴾ اَوَلَمۡ يَسِيۡرُوۡا فِى الۡاَرۡضِ فَيَنۡظُرُوۡا كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ وَكَانُوۡۤا اَشَدَّ مِنۡهُمۡ قُوَّةً ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعۡجِزَهٗ مِنۡ شَىۡءٍ فِى السَّمٰوٰتِ وَلَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيۡمًا قَدِيۡرًا ﴿۴۴﴾ وَلَوۡ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوۡا مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهۡرِهَا مِنۡ دَآبَّةٍ وَّلٰـكِنۡ يُّؤَخِّرُهُمۡ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمۡ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيۡرًا ﴿۴۵﴾ ع ۵ ۸ ۱۷

اور ان کفار (قریش) نے بڑی زور دار قسم کھائی تھی کہ اگر ان کے پاس کوئی ڈرانے والا آوے تو وہ ہر ہر امت سے زیادہ ہدایت قبول کرنے والے ہوں پھر جب ان کے پاس ایک پیغمبر آ پہنچے تو بس ان کی نفرت ہی کو ترقی ہوئی دنیا میں اپنے کو بڑا سمجھنے کی وجہ سے اور ان کی بری تدبیروں کو اور بری تدبیروں کا وبال (حقیقی) ان تدبیر والوں والوں ہی پر پڑتا ہے سو کیا یہ اسی دستور کے منتظر ہیں جو اگلے (کافر) لوگوں کے ساتھ ہوتا رہا ہے۔ سو آپ اللہ کے (اس) دستور کو کبھی بدلتا ہوا نہ پائیں گے اور آپ اللہ کے دستور کو کبھی منتقل ہوتا ہوا نہ پائیں گے اور کیا یہ لوگ زمین میں چلے پھرے نہیں جس میں دیکھتے بھالتے کہ جو (منکر) لوگ ان سے پہلے ہو گزرے ہیں ان کا انجام کیا ہوا حالانکہ وہ قوت میں ان سے بڑھے ہوئے تھے اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ کوئی چیز (قوت والی) اس کو ہرا دے' نہ آسمان میں اور نہ زمین میں (کیونکہ وہ علم والا اور) بڑی قدر والا ہے اور اگر اللہ تعالیٰ (ان) لوگوں پر ان کے اعمال کے سبب (فوراً) دارو گیر فرمانے لگتا تو روئے زمین پر ایک متنفس کو نہ چھوڑتا لیکن اللہ تعالیٰ ان کو ایک میعاد معین (یعنی قیامت) تک مہلت دے رہا ہے۔ سو جب ان کی وہ میعاد آ پہنچے گی (اس وقت) اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو آپ دیکھ لے گا۔

www.besturdubooks.net

تفسیر: ربط: اوپر بضمن بیان توحید و رسالت و بعث کے کفار کی تکذیب کا متعدد جگہ بیان ہوا ہے۔ کقولہ تعالیٰ: وَاِنْ یُّكَذِّبُوْكَ ...... وکقولہ تعالیٰ: اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ وکقولہ تعالیٰ: وَالَّذِیْنَ یَمْكُرُوْنَ وکقولہ تعالیٰ: وَالَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ وکقولہ تعالیٰ: فَمَنْ كَفَرَ ...... وکقولہ تعالیٰ: اِنْ یَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ ......اس انکار و تکذیب پر تشنیع اور اس پر تفریع فرما کر سورت ختم کرتے ہیں۔

تشنیع و تفریع بر کفر: وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ (الی قوله تعالی) فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِیْرًا ۝ اور ان کفار (قریش) نے (قبل بعث رسول اکرم ﷺ) بڑی زوردار قسم کھائی تھی کہ اگر ان کے (یعنی ہمارے) پاس کوئی ڈرانے والا (یعنی پیغمبر) آوے تو وہ (یعنی ہم) ہر ہر امت سے زیادہ ہدایت قبول کرنے والے ہوں (یعنی یہود و نصاریٰ وغیرہم کی طرح ہم تکذیب نہ کریں۔ سو پہلے سے یہ قسمیں کھایا کرتے تھے) پھر جب ان کے پاس ایک پیغمبر (یعنی رسول اللہ ﷺ) آ پہنچے تو بس ان کی نفرت ہی کو ترقی ہوئی۔ دنیا میں اپنے کو بڑا سمجھنے کی وجہ سے اور (صرف نفرت ہی پر اکتفا نہیں ہوا بلکہ ان کی بری تدبیروں کو (بھی ترقی ہوئی یعنی تکبر کی وجہ سے آپ کے اتباع سے عار تو ہوئی ہی تھی مگر یہ بھی نہ کیا کہ نہ اتباع ہوتا اور نہ درپے ایذاء ہوتے بلکہ آپ کی ایذاء رسانی کی فکر میں لگ گئے۔ چنانچہ ہر وقت ان کا اسی میں لگا رہنا معلوم و مشہور ہے) اور (یہ جو کچھ ہمارے رسول کے ضرر کے لئے بری بری تدبیریں کر رہے ہیں خود اپنا ہی ضرر کر رہے ہیں، کیونکہ) بری تدبیروں کا وبال (حقیقی) ان تدبیر والوں ہی پر پڑتا ہے (گو ظاہر میں کبھی اس شخص کو بھی کچھ ضرر پہنچ جاوے جس کو ضرر پہنچانا چاہا ہے، لیکن وہ ضرر دنیوی ہے بخلاف ظالم ضرر رساں کے کہ اس پر اخروی ضرور وبال پڑے گا اور دنیوی ضرر اخروی ضرر کے سامنے لاشئے ہے۔ پس اس ضرر حقیقی کے اعتبار سے حصر بالکل واقعی ہے) سو (یہ جو مضادۃ و مضارۃ پر مصر ہیں تو) کیا یہ (اپنے ساتھ بھی حق تعالیٰ کے) اسی دستور کے منتظر ہیں جو اگلے (کافر) لوگوں کے ساتھ ہوتا رہا ہے (یعنی سزا و اہلاک) سو (واقعی ان کے لئے بھی یہی ہونا ہے کیونکہ) آپ خدا کے (اس) دستور کو کبھی بدلتا ہوا نہ پاویں گے (کہ ان پر بجائے عذاب کے عنایت ہونے لگے) اور (اسی طرح آپ خدا کے (اس) دستور کو کبھی منتقل ہوتا ہوا نہ پاویں گے (کہ ان کی جگہ دوسروں کو جو ایسے نہ ہوں عذاب ہونے لگے۔ مطلب یہ کہ حق تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ کافروں کو عذاب ہوگا خواہ دنیا میں بھی خواہ صرف آخرت میں اور حق تعالیٰ کا وعدہ ہمیشہ سچا ہوتا ہے، پس نہ یہ احتمال ہے کہ ان کو عذاب نہ ہو نہ یہ احتمال ہے کہ دوسروں کو ہونے لگے۔ مقصود اس تکریر سے تاکید ہے وقوع عذاب کی) اور (یہ جو سمجھتے ہیں کہ کفر موجب تعذیب نہیں ہے تو ان کی بڑی غلطی ہے) کیا یہ لوگ زمین میں (مثلاً سفر شام و مساکن ثمود و یمن و مساکن سبا وغیرہ میں) چلے پھرے نہیں جس میں دیکھتے بھالتے کہ جو (منکر) لوگ ان سے پہلے ہو گزرے ہیں ان کا (آخری) انجام (اسی تکذیب کے سبب) کیا ہوا (کہ معذب ہوئے) حالانکہ وہ قوت میں ان سے بڑھے ہوئے تھے اور (کسی میں خواہ کیسی ہی قوت ہو لیکن) خدا ایسا نہیں ہے کہ کوئی چیز (قوت والی) اس کو ہرا دے نہ آسمان میں اور نہ زمین میں (کیونکہ) وہ بڑے علم والا (اور) بڑی قدرت والا ہے (پس علم سے ہر اپنے ہر ارادہ کے نافذ کرنے کا طریقہ جانتا ہے اور قدرت سے اس کو نافذ کر سکتا ہے اور دوسرا کوئی ایسا ہے نہیں پھر اس کو کون چیز ہرا سکتی ہے) اور (اگر یہ اس دھوکہ میں ہوں کہ اگر ہم کو عذاب ہونا ہوتا تو ہو چکتا اور اس سے عدم قبح کفر و نفی عذاب پر استدلال کریں تو یہ بھی ان کی غلطی ہے، کیونکہ بمقتضائے حکمت ان کے لئے مواخذہ عاجلہ تجویز نہیں کیا گیا ورنہ) اگر اللہ تعالیٰ (ان) لوگوں پر ان کے اعمال (کفریہ) کے سبب (فوراً) دارو گیر فرمانے لگتا تو روئے زمین پر ایک متنفس کو نہ چھوڑتا (کیونکہ کفار تو کفر سے ہلاک ہو جاتے اور اہل ایمان بوجہ قلت کے دنیا میں نہ رکھے جاتے کیونکہ نظام عالم بمقتضائے حکمت مجموعہ کے ساتھ وابستہ ہے اور یہ ضرور نہیں کہ وہ اسی عذاب سے ہلاک ہوتے اور دوسری مخلوقات اس لئے کہ غایت ان کی تخلیق کی انتفاع بنی آدم ہے جب یہ نہ ہوتے وہ بھی نہ رہتے) لیکن اللہ تعالیٰ ان کو ایک میعاد معین (یعنی قیامت) تک مہلت دے رہا ہے، سو جب ان کی وہ میعاد آ پہنچے گی (اس وقت) اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو آپ دیکھ لے گا (یعنی ان میں جو کفار ہوں گے ان کو سزا دے لے گا)۔ ف: لَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ کی تفسیر مذکور پر اہل طبیعات کے انکار خوارق پر استدلال کی گنجائش نہ رہی اور سورہ نحل کے رکوع ہشتم کے شروع میں بھی...... کی تفسیر اس سے واضح ہوئی ہے، دیکھ لیا جاوے۔

وقد تم بحمد الله وعونه تفسير سورة فاطر يوم الخميس للسادس والعشرين من صفر ۱۳۲۵ من الهجرة وفي ذالك اليوم ابتدأ في تفسير سورة يٰس والله الموفق۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَلَمَّا جَآءَهُمْ ......اس میں وہی مذکور ہے جو صوفیہ کہا کرتے ہیں اوراد و اشغال سے فاسد الاستعداد کا مرض اور بڑھ جاتا ہے کہ وہ اپنے کو بزرگوں میں شمار کرنے لگتا ہے اور اس آیت میں: اِسْتِكْبَارًا فِی الْاَرْضِ اس طرف مشیر ہے۔ سورہ فاطر تمام ہوئی۔

الروایات: في الدر المنثور اخرج ابن ابي حاتم عن ابي هلال انه بلغه ان قريشا كانت تقول لو ان الله بعث منا نبيا ما كانت امة من الامم اطوع لخالقها ولا اسمع لنبيها ولا اشد تمسكا بكتابها منا فانزل الله لو ان عندنا ذكرا من الاولين ولو ان انزل علينا الكتب لكنا اهدى منهم واقسموا بالله جهد ايمانهم لئن جاء هم نذير ليكونن اهدى من احدى الامم وكانت اليهود تستفتح به على الانصار

www.besturdubooks.net

فیقولون انا نجد نبیا یخرج اھ۔

اللُّغَاتُ: قوله یحیق فی القاموس حاق به احاط به کاحاق وفیه السیف حاك وبهم الامر لزمهم ووجب علیهم ونزل ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله مکر السیئ عطف علی نفور او اظهرته بترجمتی ۱۲۔ قوله فاذا جاء یقدر جزاء ه ای نجازی کلامنهم ۱۲۔

البَلَاغَۃُ: قوله لئن جاء هم حکایة علی المعنی لانهم قالوا جاء نا وکذا لیکونن۔ قوله احدی بمعنی واحدة وانهما عامة وان کانت نکرة فی الاثبات لاقتضاء المقام العموم۔ قوله فهل ینظرون هو مجاز بجعل ما یستقبل بمنزلة ما ینتظر ویتوقع والافائ توقع کان لهم ۱۲۔ قوله فلن تجد الفاء لتعلیل ما یفیده الحکم بانتظارهم العذاب من منجیئه ونفی وجدان التبدیل والتحویل عبارة عن نفی وجودهما بالطریق البرهانی وتخصیص کل منهما بنفی مستقل لتاکید انتفاء هما ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ یٰسٓ

سُوْرَۃُ یٰسٓ ۳۶ مَکِّیَّۃٌ ۴۱ — بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — اٰیَاتُھَا ۸۳ — رُکُوْعَاتُھَا ۵

سورۂ یٰسین مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۸۳ آیات اور ۵ رکوع ہیں

یٰسٓ ۞ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۞ اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ۞ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۞ تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ ۞ لِتُنْذِرَ

قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُھُمْ فَھُمْ غٰفِلُوْنَ ۞ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓی اَکْثَرِھِمْ فَھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۞ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ

اَعْنَاقِھِمْ اَغْلٰلًا فَھِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَھُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۞ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا

فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۞ وَسَوَآءٌ عَلَیْھِمْ ءَاَنْذَرْتَھُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۞ اِنَّمَا تُنْذِرُ

مَنِ اتَّبَعَ الذِّکْرَ وَخَشِیَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَیْبِ فَبَشِّرْہُ بِمَغْفِرَۃٍ وَّاَجْرٍ کَرِیْمٍ ۞ اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ الْمَوْتٰی وَنَکْتُبُ

ع ۱۲ ۱۸ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَھُمْ ط وَکُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰہُ فِیْٓ اِمَامٍ مُّبِیْنٍ ۞

یٰسین۔ قسم ہے قرآن باحکمت کی کہ بے شک آپ منجملہ پیغمبروں کے ہیں (اور) سیدھے رستے پر ہیں۔ یہ قرآن خدائے زبردست مہربان کی طرف سے نازل کیا گیا ہے کہ آپ (اولاً) ایسے لوگوں کو ڈرا دیں جن کے باپ دادے نہیں ڈرائے گئے سو اسی سے یہ بے خبر ہیں۔ ان میں سے اکثر لوگوں پر بات (تقدیری) ثابت ہو چکی ہے۔ سو یہ لوگ (ہرگز) ایمان نہ لائیں گے۔ ہم نے ان کی گردنوں میں طوق ڈال دیئے ہیں پھر وہ ٹھوڑیوں تک (اڑ گئے) ہیں جس سے ان کے سر اوپر کو اٹھ گئے اور ہم نے ایک آڑ ان کے سامنے کر دی اور ایک آڑ ان کے پیچھے کر دی۔ جس سے ہم نے (ہر طرف سے) ان کو (پردوں سے) گھیر دیا سو وہ نہیں دیکھتے اور ان کے حق میں آپ کا ڈرانا یا نہ ڈرانا دونوں برابر ہیں یہ ایمان نہ لائیں گے۔ پس آپ تو صرف ایسے شخص کو ڈرا سکتے ہیں جو نصیحت پر چلے اور اللہ سے بے دیکھے ڈرے سو آپ اس کی مغفرت اور عمدہ عوض کی خوش خبری سنا دیجئے بے شک ہم مردوں کو زندہ کریں گے اور ہم لکھتے جاتے ہیں وہ اعمال بھی جن کو لوگ آگے بھیجتے جاتے ہیں اور ان کے وہ اعمال بھی جن کو پیچھے چھوڑ جاتے ہیں اور ہم نے ہر چیز کو ایک واضح کتاب میں ضبط کر دیا تھا۔ ۞

تفسیر: سُوْرَۃُ یٰسٓ مکیۃ وھی ثلث و ثمانون کذا فی البیضاوی۔

ربط: خلاصہ اس سورت کا تین مضمون ہیں۔ ایک اثبات رسالت جس سے سورت شروع ہوئی ہے اور خاتمہ سورت سابقہ میں اسی رسالت سے کفار کا انکار و استکبار مذکور تھا جس سے اس کے خاتمہ اور اس کے فاتحہ میں بھی ارتباط ظاہر ہو گیا اور آیت: اِنَّا جَعَلْنَا ...... میں اسی کے تعلق سے تسلیہ ارشاد ہے اور اسی مسئلہ کی تائید کے لئے دوسرے رکوع میں اصحاب القریہ کا قصہ مذکور فرمایا اور مَا عَلَّمْنٰہُ الشِّعْرَ ...... میں پھر اسی کا ذکر ہے۔ دوسرا اثبات حشر اول اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ ...... میں اجمالاً مذکور ہوا اور پھر رکوع سوم کے اخیر وَیَقُوْلُوْنَ سے رکوع چہارم کے قریب ختم تک یہی چلا گیا ہے اور پھر سورت کے ختم پر اسی کی طرف عود ہوا ہے۔ تیسرا اثبات توحید جو تیسرے رکوع کے شروع سے اس کے قریب ختم تک ہے اور آیت آیت کر کے اس کے دلائل ارشاد فرمائے ہیں اور اس کے ساتھ آیت: وَاِذَا قِیْلَ لَھُمُ اتَّقُوْا ...... اور آیت: وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ اَنْفِقُوْا ...... میں کفار کا دلائل توحید سے متاثر نہ ہونا نہ ترہیباً نہ ترغیباً مذکور ہے اور پھر پانچویں رکوع کی آیت:

www.besturdubooks.net

اَوَلَمْ یَرَوْا ...... میں اسی کی طرف رجوع ہے اور درمیان کی بعض آیات میں کفار کو ان کے کفر پر عذاب کی تہدید فرمائی گئی ہے کقولہ تعالیٰ: اَلَمْ یَرَوْا کَمْ اَهْلَکْنَا وکقولہ تعالیٰ: وَلَوْ نَشَاۤءُ لَطَمَسْنَا ......۔

اثبات رسالت مع تسلیہ بتفاوت استعداد اعمال وترتب جزا بروز حشر: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۙ (الی قولہ تعالی) وَكُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰهُ فِیْۤ اِمَامٍ مُّبِیْنٍ ۠ کی اس مراد اللہ ہی کو معلوم ہے) قسم ہے قرآن باحکمت کی کہ بے شک آپ منجملہ پیغمبروں کے ہیں (اور سیدھے رستہ پر ہیں (کہ اس میں جو آپ کی پیروی کرے خدا تک پہنچ جاوے نہ سیدھے کفار کہتے ہیں: لَسْتَ مُرْسَلًا [الرعد: ٤٣] اور کہتے تھے: بَلِ افْتَرٰهُ [الأنبیاء: ٦] جس کے لئے ضلال لازم ہے اور تعلیم ہدایت کے ساتھ آپ کے اثبات رسالت کے لئے بھی جس کا اوپر دعویٰ ہوا ہے) یہ قرآن خدائے زبردست مہربان کی طرف سے نازل کیا گیا ہے (اور آپ پیغمبر اس لئے بنائے گئے ہیں) تاکہ آپ (اولاً) ایسے لوگوں کو (عذاب خداوندی سے) ڈراویں جن کے باپ دادے (قریب کے کسی رسول کے ذریعہ سے) نہیں ڈرائے گئے تھے سو اسی سے یہ بے خبر ہیں (کیونکہ گو عرب میں بعض مضامین شرائع رسل سابقہ کے بھی منقول تھے کما قال تعالیٰ: اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ یَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِیْنَ [المؤمنون: ٦٨] مگر پھر بھی نبی کے آنے سے جس قدر متنبہ ہوتا ہے محض اس کے بعض احکام واخبار کے منقول ہونے جبکہ وہ ناتمام اور متغیر بھی ہو گئے ہوں ویسا متنبہ نہیں ہوتا اور اولاً ڈرانا آپ کا قریش کو تھا اور پھر عام لوگوں کو بھی آپ نے دعوت فرمائی کیونکہ بعثت آپ کی عام ہے اور باوجود آپ کے صحت رسالت وصدق قرآن کے یہ لوگ جو نہیں مانتے آپ اس کا غم نہ کیجئے کیونکہ) ان میں اکثر لوگوں پر (تقدیری) بات ثابت ہو چکی ہے (وہ بات یہ ہے: لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ [هود: ١١٩]) سو یہ لوگ (ہرگز) ایمان نہ لاویں گے (البتہ بعض کی قسمت میں ایمان بھی تھا وہ ایمان لے بھی آئے اور ان کی مثال بعد عن الایمان میں ایسی ہو گئی کہ گویا) ہم نے ان کی گردنوں میں (بھاری بھاری) طوق ڈال دیئے ہیں پھر وہ ٹھوڑیوں تک (اڑ گئے) ہیں جس سے ان کے سر اوپر کو ابل گئے (یعنی اٹھے رہ گئے نیچے کو نہیں ہو سکتے خواہ اس وجہ سے کہ طوق میں جو موقع تحت ذقن رہنے کا ہے وہاں کوئی میخ وغیرہ ایسی ہو جو ذقن میں جا کر اڑ جاوے اور یا طوق چوڑا چکلا ایسا ہو کہ اس کی کگر ذقن میں اڑ جاوے بہرحال دونوں طور پر وہ راہ دیکھنے سے محروم رہے) اور (نیز ان کی مثال بعد عن الایمان میں ایسی ہو گئی کہ گویا) ہم نے ایک آڑ ان کے سامنے اور ایک آڑ ان کے پیچھے کر دی جس سے ہم نے (ہر طرف سے) ان کو (پردوں میں) گھیر دیا سو وہ (اس احاطہ حجابات کی وجہ سے کسی چیز کو) نہیں دیکھ سکتے اور (دونوں تمثیلوں سے حاصل یہ ہے کہ) ان کے حق میں آپ کا ڈرانا یا نہ ڈرانا دونوں برابر ہیں یہ (کسی حالت میں بھی) ایمان نہیں لاویں گے (پس یاس سے راحت حاصل کر لیجئے) بس آپ تو (ایسا ڈرانا جس پر نفع مرتب ہو) صرف ایسے شخص کو ڈرا سکتے ہیں جو نصیحت پر چلے اور خدا سے بے دیکھے ڈرے (کہ ڈر ہی سے طلب حق ہوتی ہے اور طلب سے وصول اور یہ ڈرتے ہی نہیں) سو (جو ایسا شخص ہو) آپ اس کو (گناہوں کی) مغفرت اور (طاعت پر) عمدہ عوض کی خوشخبری سنا دیجئے (اور اسی سے اس پر بھی دلالت ہو گئی کہ جو ضلالت اور اعراض کا مرتکب ہو وہ مغفرت اور اجر سے محروم اور مستحق عذاب ہے اور گو دنیا میں اس جزا وسزا کا ظہور لازم نہیں لیکن) بے شک ہم (ایک روز) مردوں کو زندہ کریں گے (اس وقت اس سب کا ظہور ہو جاوے گا) اور (جن اعمال پر جزا وسزا ہو گی) ہم (ان اعمال کو برابر لکھتے جاتے ہیں وہ اعمال بھی جن کو لوگ آگے بھیجتے جاتے ہیں اور ان کے وہ اعمال بھی جن کو پیچھے چھوڑ جاتے ہیں (مَا قَدَّمُوْا [یونس: ١٢] سے مراد جو کام اپنے ہاتھوں سے کیا اور اٰثَارَهُمْ سے مراد وہ اثر جو اس کام کے سبب پیدا ہوا اور بعد مرگ بھی باقی رہا مثلاً کسی نے کوئی نیک کام کیا اور وہ سبب ہو گیا دوسروں کی بھی ہدایت کا یا کسی نے کوئی برا کام کیا اور وہ سبب ہو گیا دوسروں کی بھی ضلالت کا غرض یہ سب لکھے جا رہے ہیں اور وہاں ان سب پر جزا وسزا مرتب ہو جاوے گی) اور (ہمارا علم تو ایسا وسیع ہے کہ ہم اس کتابت کے بھی محتاج نہیں جو بعد الوقوع ہوئی ہے کیونکہ) ہم نے (تو) ہر چیز کو (جو کچھ قیامت تک ہو گا وقوع سے پہلے ہی) ایک واضح کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں ضبط کر دیا تھا (محض بعض حکمتوں سے کتابت ہوتی ہے پس جب قبل وقوع ہم کو سب چیزوں کا علم ہے تو بعد وقوع تو کیوں نہ ہوتا پس کسی عمل سے مکرنے کی یا پوشیدہ رکھنے کی گنجائش نہیں ضرور سزا ہو گی اور لوح محفوظ کو واضح باعتبار تفصیل اشیاء کے کہا گیا) ف: قرآن کی قسم اگر باعتبار کلام نفسی کے ہے تب تو غیر مخلوق کی قسم ہے اور اگر کلام لفظی کے ہے تو توجیہ قسم بالمخلوق کی سورۂ حجر کے رکوع پنجم ...... کے ذیل میں گزر چکی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: (سورۃ یٰسٓ) قولہ: اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّکْرَ ...... اس میں دلالت ہے کہ تربیت پر جو فائدہ مرتب ہوتا ہے وہ طالب کی استعداد کا ظہور نہ کہ مربی ظاہری کی عطاء اور مسئلہ مشہور ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ١ قوله فی کل شیٔ: قیامت تک دلیله ما مر فی حاشیة قوله تعالیٰ ما فرطنا فی الکتب من سورة الانعام ١٢۔

النحو: قوله علی صراط خبر بعد خبر قوله تنزیل مفعول مطلق لمقد ای نزن تنزیل بمعنی نزل العزیز الرحیم تنزیلا قوله لتنذر متعلق بقوله لمن المرسلین ١٢۔

www.besturdubooks.net

فائدة: ما فسرت به قوله آثارهم لا يعارض ما في سنن الترمذى من نزولها في بنى سلمة المتبادر منه تفسير الآثار بآثار الاقدام لان الحديث يحتمل جريه على ظن الراوى نزولها في الواقعة المذكورة واستبعده ابن كثير لكون السورة كلها مكية ويمكن ان يكون تلاوته عليه السلام لها عليهم استدلالا بدلالة النص بان الآثار بعد الموت لما كانت مكتوبة فكيف بالاعمال المكتسبة بالاختيار او هو استشهاد بنظير على نظير آخر ويتايد ما اخترته ما في الدر المنثور عن ابن ابى حاتم عن جرير بن عبد الله البجلى قال قال رسول الله ﷺ من سنة سنه حسنة الخ ومن سن سنة سيئة الخ ثم تلاهذه الآية ونكتب ما قدموا وآثارهم ۱۲۵۱۔

البلاغة: قوله تنزيل العزيز الرحيم اشار بهما الى صفات القهر للكافرين واللطف للمؤمنين فتضمن الوعيد والوعد قوله انا جعلنا الكلام على التمثيل قوله وجعلنا تمثيل آخر كما في الجلالين ولعل الاول لمن بعد جدا والثانى لمن دونه ولم يورد كلمة او قصداً الى تمثيل المجموع بالمجموع لاتشبيه البعض بالبعض صريحا كما في البقرة وان كان المراد هو ذلك وقوله من بين ايديهم ومن خلفهم يراد بهما الجوانب كلها وقوله فاغشيناهم معناه على حذف المضاف اى اغشينا ابصارهم كما قال تعالى وعلى ابصارهم غشاوة۔

وقف لازم وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۚ ﴿۱۳﴾ اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا
فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ
مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ
الْمُبِيْنُ ﴿۱۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾ قَالُوْا
طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى
قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾
وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۲﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا
تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿۲۳﴾ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾ ؕ
قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۭ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَمَآ
اَنْزَلْنَا عَلٰي قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً
فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾ يٰحَسْرَةً عَلَي الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ
اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾ ع

اور آپ ان کے سامنے ایک قصہ یعنی ایک بستی والوں کا قصہ اس وقت کا بیان کیجئے جب کہ اس بستی میں کئی رسول آئے یعنی جب کہ ہم نے ان کے پاس (اول) دو کو بھیجا سو ان لوگوں نے (اول) دونوں کو جھوٹا بتلایا پھر تیسرے (رسول) سے تائید کی سو ان تینوں نے کہا کہ ہم تمہارے پاس بھیجے گئے ہیں۔ ان لوگوں نے کہا کہ تم جاری طرح (محض) معمولی آدمی ہو اور اللہ رحمٰن نے تو کوئی چیز نازل (ہی) نہیں کی تم صرف جھوٹ بولتے ہو۔ ان رسولوں نے کہا: ہمارا پروردگار جانتا ہے کہ بے شک ہم تمہارے پاس بھیجے گئے ہیں اور ہمارے ذمے تو صرف واضح طور پر حکم کا پہنچا دینا تھا۔ وہ کہنے لگے کہ ہم تو تم کو منحوس سمجھتے ہیں اگر تم باز نہ آئے تو ہم پتھروں سے تمہارا کام تمام کر دیں گے اور تم کو ہماری طرف سے سخت تکلیف پہنچے گی ان رسولوں نے کہا کہ تمہاری نحوست تو تمہارے ساتھ ہی لگی ہوئی ہے کیا اس کو نحوست سمجھتے ہو کہ تم کو نصیحت

www.besturdubooks.net

کی جائے بلکہ تم (خود) حد (عقل و شرع) سے نکل جانے والے لوگ ہو۔ اور ایک شخص (مسلمان) اس شہر کے کسی دور مقام سے دوڑتا ہوا آیا (اور) کہنے لگا کہ اے میری قوم! ان رسولوں کی راہ پر چلو (ضرور) ایسے لوگوں کی راہ پر چلو جو تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتے اور وہ خود راہ راست پر بھی ہیں۔ اور میرے پاس کون سا عذر ہے کہ میں اس (معبود) کی عبادت نہ کروں جس نے مجھ کو پیدا کیا اور تم سب کو اسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے۔ کیا میں اللہ کو چھوڑ کر اور ایسے ایسے معبود قرار دے لوں کہ اگر اللہ نے رحمٰن مجھ کو کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو نہ ان معبودوں کی سفارش میرے کام آئے اور نہ وہ مجھ کو چھڑا سکیں۔ اگر میں ایسا کروں تو صریح گمراہی میں جا پڑا میں تمہارے پروردگار پر ایمان لا چکا۔ سو تم بھی میری بات مان لو سو تم (بھی) میری بات سن لو ارشاد ہوتا کہ جا جنت میں داخل ہو۔ کہنے لگا کہ کاش میری قوم کو یہ بات معلوم ہو جاتی کہ میرے پروردگار نے مجھ کو بخش دیا اور مجھ کو عزت داروں میں شامل کر دیا اور ہم نے اس (شہید) کی قوم پر اسکے بعد کوئی لشکر (فرشتوں کا) آسمان سے نہیں اتارا اور نہ ہم کو اتارنے کی ضرورت تھی وہ سزا بس ایک آواز سخت تھی اور وہ سب اسی دم (اس سے) بجھ کر (یعنی مر کر) رہ گئے۔ افسوس (ایسے بندوں) کے حال پر کبھی ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا۔ جس کی انہوں نے ہنسی نہ اڑائی ہو کیا ان لوگوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ ہم نے ان سے پہلے بہت سی امتیں غارت کر چکے ہیں کہ وہ (پھر) ان کی طرف (دنیا میں) لوٹ کر نہیں آتے اور ان میں کوئی ایسا نہیں جو مجموعی طور پر ہمارے روبرو حاضر نہ کیا جائے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر مسئلہ رسالت مع تسلیہ مذکور تھا آگے رسالت کی تائید اور مکذبین کی تہدید کے لئے ایک قصہ مذکور ہے جو مکذبین رسالت کی تشنیع و تفریع پر ختم کیا گیا ہے جس سے مضمون ترتب سزا کی بھی تائید ہوگئی جو اوپر مذکور تھا اور اس قصہ میں اصحاب القریہ کے بت پرست ہونے سے اور ان پر عذاب نازل ہونے سے وجوب توحید بھی مستفاد ہوتا ہے جو کہ مقاصد سورت میں سے ہے۔

قصہ اصحاب القریہ و وخامت مکذبین رسالت: وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا أَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ (الی قولہ تعالی) وَإِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۞ اور آپ ان (کفار) کے سامنے (اس غرض سے کہ رسالت کی تائید اور ان کو انکار توحید و رسالت پر تہدید ہو) ایک قصہ یعنی ایک بستی والوں کا قصہ اس وقت کا بیان کیجئے جبکہ اس بستی میں کئی رسول آئے یعنی جبکہ ہم نے ان کے پاس (اول) دو کو بھیجا سو ان لوگوں نے اول دونوں کو جھوٹا بتلایا پھر تیسرے (رسول) سے (ان دونوں کی) تائید کی (یعنی تائید کے لئے پھر تیسرے کو وہاں جانے کا حکم دیا) سو ان تینوں نے (ان بستی والوں سے) کہا کہ ہم تمہارے پاس (خدا کی طرف سے) بھیجے گئے ہیں (تاکہ تم کو ہدایت کریں کہ توحید اختیار کرو اور بت پرستی چھوڑو کیونکہ وہ لوگ بت پرست تھے **کما یدل علیہ قولہ تعالی**: وَمَا لِيَ لَآ أَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ (الی قولہ تعالی) ءَأَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ان لوگوں نے (یعنی بستی والوں نے) کہا کہ تم تو ہماری طرح (محض) معمولی آدمی ہو (تم کو رسول ہونے کا امتیاز حاصل نہیں) اور (تمہاری کیا تخصیص ہے۔

مسئلہ: رسالت ہی خود بے اصل ہے اور) خدائے رحمٰن نے (تو) کوئی چیز (کتاب و احکام کے قبیل سے کبھی) نازل (ہی) نہیں کی تم نرا جھوٹ بولتے ہو ان رسولوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار علیم ہے کہ بے شک ہم تمہارے پاس (بطور رسول کے) بھیجے گئے ہیں اور (اس قسم سے یہ مقصود نہیں کہ اسی سے اثبات رسالت کرتے ہیں بلکہ بعد اقامت دلائل بھی جب انہوں نے نہ مانا تب آخری جواب کے طور پر مجبور ہو کر قسم کھائی جیسا آگے خود ان کے ارشاد سے معلوم ہوتا ہے کہ) ہمارے ذمہ تو صرف واضح طور پر (حکم کا) پہنچا دینا تھا (چونکہ وضوح موقوف ہے اثبات بالدلیل پر اس سے معلوم ہوا کہ اول دلائل قائم کر چکے تھے آخر میں یہ فرمایا غرض یہ کہ ہم اپنا کام کر چکے تم نہ مانو تو ہم مجبور ہیں) وہ کہنے لگے کہ ہم تو تم کو منحوس سمجھتے ہیں (یہ یا تو اس لئے کہ ان پر قحط پڑا تھا کما فی المعالم اور یا اس لئے کہا کہ جب کوئی نئی بات سنی جاتی ہے گو لوگ اس کو قبول نہ کریں مگر اس کا چرچا ضرور ہوتا ہے اور اکثر عام لوگوں میں اس کی وجہ سے گفتگو اور اس گفتگو میں اختلاف اور کبھی نزاع و نا اتفاقی کی نوبت پہنچ جاتی ہے پس مطلب یہ ہوگا کہ تمام لوگوں میں ایک فتنہ ڈال دیا جس سے مضرتیں پہنچ رہی ہیں یہ نحوست ہے اور اس نحوست کے سبب تم ہو) اگر تم (اس دعوے اور دعوے سے) باز نہ آئے تو (یاد رکھو) ہم پتھروں سے تمہارا کام تمام کر دیں گے اور (سنگساری سے پہلے بھی تم کو ہماری طرف سے سخت تکلیف پہنچے گی (یعنی اور طرح طرح سے ستاویں گے نہیں مانو گے تو اخیر میں سنگسار کر دیں گے) ان رسولوں نے کہا کہ تمہاری نحوست تو تمہارے ساتھ لگی ہوئی ہے (یعنی جس کو تم مضرت کہتے ہو اس کا سبب تو حق کا قبول نہ کرنا ہے اگر حق قبول کرنے پر متفق ہو جاتے نہ افتنان و افتراق ہوتا نہ عقوبت قحط میں مبتلا ہوتے رہا پہلا اتفاق تو ایسا اتفاق جو باطل پر ہو خود مطلوب نہیں بلکہ واجب الازالہ ہے اسی طرح قحط نہ ہونا وہ استدراک تھا یا بوجہ عدم بلوغ حق کے تھا اور استدراج یا عدم بلوغ حق خود تمہاری سعادت کے خلاف تھا پس تم پر جو تکمیل سعادت کے مخالف ہونے حوادث کا ہجوم ہوا اس کا سبب وہی مخالفت ہے جو تمہارا فعل ہے پس ہر حال میں اس نحوست کا موجب تمہارا فعل ہوا) کیا اس کو نحوست سمجھتے ہو کہ تم کو نصیحت کی جاوے (جو اساس سعادت ہے تو توقع میں یہ نحوست نہیں) بلکہ تم (خود) حد (عقل و شرع) سے نکل جانے والے لوگ ہو (پس مخالفت شرع سے تم پر یہ نحوست آئی اور مخالفت عقل سے تم نے اس کا سبب غلط سمجھا) اور گفتگو کی خبر جو شائع ہوئی ہو) تو ایک شخص (جو مسلمان تھا) اس شہر کے کسی دور مقام سے (جو یہاں دور تھا یہ خبر سن کر اپنی قوم کی خیر خواہی کی غرض سے یا اس

www.besturdubooks.net

اندیشہ ہے کہ کہیں یہ لوگ ان رسولوں کو قتل نہ کر دیں جیسا : لَنَرْجُمَنَّكُمْ سے دھمکایا تھا ان کی طرف داری کی غرض سے یا دونوں غرض سے) دوڑتا ہوا (یہاں) آیا (اوران لوگوں سے) کہنے لگا کہ اے میری قوم ان رسولوں کی راہ پر چلو (ضرور) ایسے لوگوں کی راہ پر چلو جو تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتے اور وہ خود راہ راست پر بھی ہیں (یعنی خود غرضی جو مانع اتباع ہے وہ مرتفع اور اہتداء جو مقتضی اتباع ہے وہ موجود پھر اتباع کیوں نہ کیا جاوے)اور میرے پاس کونسا عذر ہے کہ میں اس (معبود) کی عبادت نہ کروں جس نے مجھ کو پیدا کیا (جو کہ منجملہ دلائل استحقاق عبادت کے ہے) اور (اپنے اوپر رکھ کر اس لئے کہا کہ مخاطب کو اشتعال نہ ہو جو کہ مانع تدبر ہو جاتا ہے اور اصل مطلب یہی ہے کہ تم کو کونسا عذر ہے جیسا آگے اس کہنے سے معلوم ہوتا ہے کہ) تم سب کو اسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے (پس ایسی حالت میں اتباع حق نہایت ضرور ہے یہاں تک تو معبود حق کے استحقاق عبادت کا بیان کیا آگے معبودات باطلہ کے عدم استحقاق عبادت کا مضمون ہے یعنی) کیا میں خدا کو چھوڑ کر اور ایسے ایسے معبود قرار دے لوں (جن کی کیفیت عجز کی یہ ہے کہ) اگر خدائے رحمٰن مجھ کو کچھ تکلیف پہنچانا چاہے تو نہ ان معبودوں کی سفارش میرے کچھ کام آوے اور نہ وہ مجھ کو (خود اپنی قدرت سے اس تکلیف سے) چھڑا سکیں (یعنی نہ وہ قادر نہ واسطہ الی القادر کیونکہ اول تو جمادات میں شفاعت کی اہلیت ہی نہیں دوسرے شفاعت بلا اذن محقق نہیں اور) اگر میں ایسا کروں تو صریح گمراہی میں جا پڑا (یہ بھی اپنے اوپر رکھ کر ان لوگوں کو سنانا ہے) میں تو تمہارے پروردگار پر ایمان لا چکا سو تم (بھی) میری بات سن لو (اور ایمان لے آ ؤ مگر ان لوگوں پر کچھ اثر نہ ہوا بلکہ اس کو پتھروں سے یا آگ میں ڈال کر یا گلا گھونٹ کر کما فی الدر المنثور شہید کر ڈالا بجز شہادت اس کو خدا کی طرف سے) ارشاد ہوا کہ جا جنت میں داخل ہو (اس وقت بھی اس کو اپنی قوم کی فکر ہوئی) کہنے لگا کہ کاش میری قوم کو یہ بات معلوم ہو جاتی کہ میرے پروردگار نے (ایمان واتباع رسل کی برکت سے) مجھ کو بخش دیا اور مجھ کو عزت داروں میں شامل کر دیا (تو اس حال کو معلوم کر کے وہ بھی ایمان لے آتے اور اسی طرح وہ بھی مغفور اور مکرم ہوتے) اور (جب ان بستی والوں نے رسل اور متبع رسل کے ساتھ یہ معاملہ کیا تو ہم نے ان سے انتقام لیا اور انتقام لینے کے لئے) ہم نے اس (شخص شہید) کی قوم پر اس (کی شہادت) کے بعد کوئی لشکر (فرشتوں کا) آسمان سے نہیں اتارا اور نہ ہم کو اتارنے کی ضرورت تھی (کیونکہ ان کا ہلاک کرنا موقوف نہ تھا جمعیت کثیرہ پر کذا فسرہ ابن مسعود فیما نقل ابن کثیر عن ابن اسحق حیث قال ما کاثرنا ھم بالجموع الامر کان ایسر علینا من ذلك بلکہ) وہ سزا بس ایک آواز سخت تھی (جو جبرئیل علیہ السلام نے کر دی کذا فی المعالم: یا اور کسی فرشتہ نے کر دی ہو یا صیحہ سے مطلق عقوبت مراد ہو جس کی تعیین نہیں کی گئی کما مر فی تفسیر فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ [المؤمن : ٤١]) اور وہ سب اسی دم (اس سے) بجھ کر (یعنی مر کر) رہ گئے (آگے بطور تذئیل قصہ کے مکذبین کی مذمت فرماتے ہیں کہ) افسوس (ایسے) بندوں کے حال پر کبھی ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا جس کی انہوں نے ہنسی نہ اڑائی ہو کیا ان لوگوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ ہم ان سے پہلے بہت سی امتیں (اسی تکذیب واستہزاء کے سبب) غارت کر چکے کہ وہ (پھر) ان کی طرف (دنیا میں) لوٹ کر نہیں آتے (اگر اس میں غور کرتے تو تکذیب واستہزاء سے بچتے اور یہ سزا تو مکذبین کو دنیا میں دی گئی) اور (پھر آخرت میں) ان سب میں کوئی ایسا ہی نہیں جو مجتمع طور پر ہمارے روبرو حاضر نہ کیا جاوے (پس وہاں پھر سزا ہوگی اور وہ سزا غیر منقطع ہوگی) ف: اکثر مفسرین نے اس قریہ بمعنی مدینہ کو انطاکیہ کہا ہے اور ابن کثیر نے اس پر چند اعتراض کئے ہیں اور صاحب فتح المنان نے ان اعتراضات کو جواب بھی دیئے ہیں باقی اعتراض اور جواب کے ضعف وقوت کے تفاوت میں مذاق مختلف ہیں لیکن تفسیر آیات اس تعیین پر موقوف نہیں لہٰذا ابہام ہی اسلم ہے اور بنائے بر اختلاف قصہ مرسلون میں دو احتمال ہیں کہ وہ مرسل من اللہ بلا واسطہ تھا جس کو پیغمبر کہتے ہیں یا مرسل من اللہ بواسطہ کسی پیغمبر کے تھے جس کو نائب پیغمبر کہنا چاہئے اور اس صورت میں اَرْسَلْنَآ فرمانا بواسطہ ہوگا ترجمہ میں لفظ رسول احقر نے عام معنی میں استعمال کیا ہے اور اگر وہ خود پیغمبر تھے تب تو اہل قریہ کا قول : مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ظاہر التوجیہ ہے کہ بشریت اور نبوت میں تنافی کے قائل تھے اور اگر نائب پیغمبر تھے تو احقر کے نزدیک محط فائدہ مِثْلُنَا ہوگا یعنی ہم سے تم کو کسی بات میں امتیاز نہیں پس اس سے تو نفی ہوگی نیابت پیغمبر کی اور مَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ سے نفی ہوگئی مطلق مسئلہ پیغمبری کی اور اگر یہ حضرات پیغمبر تھے تب تو اس قصہ سے تائید مسئلہ رسالت کی ظاہر ہے اور اگر نائب پیغمبر تھے تو نیابت پیغمبر موقوف ہے تحقیق پیغمبری پر پس بواسطہ تائید ہو جاوے گی اور ترتب سزا کی تائید ہلاک قوم سے ظاہر ہے اور تذئیل سے اس کی تصریح بھی ہوگئی ہے اور بلاغ مبین کی تفسیر میں جو لفظ دلیل آیا ہے اگر وہ حضرات پیغمبر تھے تو معجزات اس کا مصداق ہے اور اگر وہ نائب پیغمبر تھے تو اثبات خوارق کی ضرورت نہیں کیونکہ غیر نبی میں اس کی حاجت نہیں بلکہ دلائل علیہ مراد ہوں گے جن سے اپنے غیب کی پیغمبری اور ان احکام کا منسوب ہونا ان منیب تک ثابت ہو پھر منیب کی پیغمبری کے لئے ان منیب کے خوارق کا بھی اثبات کرنا ہوگا اور قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ میں اگر دخول فی الفور مراد ہو تو جنت سے مراد کوئی مقام ملابس جنت ہوگا کیونکہ بعد دخول جنت کے پھر خروج ہوتا نہیں اور حشر ونشر یقیناً خارج جنت ہے اور اگر مقصود اس سے محض بشارت سنانا ہے کہ تو وقت موعود پر مستحق ہے دخول جنت کا تو خود جنت بھی مراد لینا صحیح ہے اور وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ پر نزول ملائکہ یوم بدر لقتال الکفار سے شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ اس سے مقصود نفی احتیاج کی ہے نہ یہ کہ دوسری حکمتوں سے بھی نزول نہ ہوگا پس ممکن ہے کہ قصہ ہذا

www.besturdubooks.net

میں کوئی حکمت مقتضی نزول ملائکہ نہ ہوا اور بدر میں ہو جس کی طرف اجمالاً اس ارشاد میں اشارہ بھی ہے: وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَىِٕنَّ قُلُوْبُكُمْ [آل عمران: ۱۲۶] اور اَلَمْ یَرَوْا کی ضمیر اگر صرف اہل مکہ کی طرف راجع نہ ہو چنانچہ تفسیر میں اسی کو اختیار کیا گیا ہے تو یہ حکم باعتبار اکثر کے ہوگا کیونکہ اول مہلکین یعنی دنیا میں جو قرن سب سے اول ہلاک ہوا اس پر یہ حکم نہیں ہو سکتا: اَلَمْ یَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اور قرآن میں یہ مذکور نہیں کہ پھر ان رسل ثلاثہ کا کیا قصہ ہوا واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِذْ اَرْسَلْنَاۤ اِلَیْهِمُ اثْنَیْنِ یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے فرستادہ تھے کذا فی الروح پس یہ اصل ہے بعض مشائخ کے اس طریقہ کی کہ اپنے خلفاء کو ارشاد خلق کے لئے مختلف بلاد میں بھیج دیتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: قَالُوْا مَاۤ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا منشا اس قول کا یہ تھا کہ منتہی احوال ظاہرہ میں مبتدی کے مشابہ ہوتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: قَالُوْۤا اِنَّا تَطَیَّرْنَا بِكُمْ روح میں ہے کہ جب انہوں نے رسل کی تکذیب کی تو ان پر قحط یا مرض جذام مسلط ہوا اھ اور مقبولین کے انکار کرنے کے وقت اللہ تعالیٰ کی یہی عادت جاری ہے۔ قولہ تعالیٰ: قَالُوْا طَآىِٕرُكُمْ روح میں ہے یہ اشارہ ہے ان کی استعداد فاسد کی طرف اھ قولہ تعالیٰ: وَمَا لِیَ لَاۤ اَعْبُدُ الَّذِیْ فَطَرَنِیْ اپنے اوپر رکھ کر کہنا ارشاد میں تلطف ہے اور مصلحین کا یہ طرز ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في التمهيد: تائید اور تہدید یدل علی ارادة هذا المعنى قوله تعالى واضرب لهم الدال على كون المقصود اسماعهم ۱۲۔ ۲ قوله في تطيرنا: بات والقرينة على كون مناط التطيير بهم مقاتلهم قوله تعالى لئن لم تنتهوا ۱۲۔ ۳ قوله في العباد: ایسے اشارة الى ان المراد العباد المكذبون بقرينة السياق ۱۲۔

اللغات: قوله عززنا قوينا وشددنا ۱۲ قوله اقصى بمعنى ابعد قوله بما غفر الباء صلة للعلم كما في قوله بكل شئ عليم۔ قوله جميع بمعنى مجموع وليس هو للتاكيد۔

النحو: قوله اصحب القرية بدل بتقدير المضاف اى مثل اصحاب القرية وفي هذا البدل من التفسير بعد الابهام ما لا يخفى قوله اذ جاء ها ظرف لمقدر اى القصة الواقعة وقت المجئ قوله اذ ارسلنا بدل من اذ قبله ۱۲ قوله ائن ذكرتم جوابه مقدر وهو تطيرتم قوله ان كانت اى الاخذة والعقوبة ۱۲۔ قوله انهم بدل من كم اهلكنا على المعنى بدل اشتمال قوله ان كل لما ان نافية ولما بمعنى الا وفي الروح ومجيها بهذا المعنى ثابت في السان العربنقل الثقات فلا يلتفت الى زعم الكسائى انه لا يعرف ذلك اه وفي قراة لما بالتخفيف على ان ان مخففة من المثقلة واللام فارقة وما مزيدة للتاكيد والمعنى ان الشان كلهم مجموعون ۱۲۔

البلاغۃ: قوله اذ جاء ها لم يقل اذ جاء هم اشارة الى ان المرسلين اتوهم في مقرهم قوله ارسلنا اليهم لم يقل ارسلنا اليها ليطابق اذ جاء ها لان الارسال حقيقة انما يكون اليهم لا اليها بخلاف المجئ وايضا التعقيب بقوله تعالى فكذبوهما عليه اظهر قوله فعززنا بحذف المفعول اى عززنا هما قوله انا اليكم مرسلون وقوله ربنا يعلم اكد في المرة الاولى لان تكذيب الاثنين تكذيب للثالث لاتحاد المقالة فلما بالغو في تكذيبهم زادوا في التاكيد ۱۲۔ قوله وما لي تهديد هم بتخويفهم بالرجوع الى شديد العقاب مواجهة وصريحًا ولو قال واليه ارجع كان فيه تهديد بطريق التعريض قوله اني امنت لم يرد احداث الايمان بل الصدع بالحق اظهارا للتصلب في الدين قوله خامدون شبهوا بالنار على سبيل الاستعارة لانطفاء الحرارة العزيزة بالموت ۱۲۔

وَاٰیَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَیْتَةُ ۚۖ اَحْیَیْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ یَاْكُلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَجَعَلْنَا فِیْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّ
اَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِیْهَا مِنَ الْعُیُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِیَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَیْدِیْهِمْ ؕ اَفَلَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾
سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاٰیَةٌ لَّهُمُ
الَّیْلُ ۚۖ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ
الْعَلِیْمِ ﴿۳۸﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰی عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمْسُ یَنْۢبَغِیْ لَهَاۤ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ
وَلَا الَّیْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَاٰیَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّیَّتَهُمْ فِی الْفُلْكِ

www.besturdubooks.net

اَلْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾

اور ایک نشانی ان لوگوں کے لئے رات ہے کہ ہم اس (رات) پر سے دن کو اتار لیتے ہیں۔ سو یکا یک وہ لوگ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں اور (ایک) نشانی آفتاب (ہے کہ وہ اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا رہتا ہے یہ اندازہ باندھا ہوا ہے اس (اللہ) کا جو زبردست علم والا ہے اور چاند کے لئے منزلیں مقرر کیں۔ یہاں تک کہ ایسا رہ جاتا ہے جیسے کھجور کی پرانی ٹہنی نہ آفتاب کی مجال ہے کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات دن سے پہلے آ سکتی ہے اور دونوں ایک ایک دائرے میں تیر رہے ہیں اور ایک نشانی ان کے لئے یہ ہے کہ ہم نے ان کی اولاد کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا اور ہم نے ان کے لئے کشتی ہی جیسی چیزیں پیدا کیں جن پر یہ لوگ سوار ہوتے ہیں اور اگر ہم چاہیں ان کو غرق کر دیں پھر نہ تو کوئی ان کا فریادرس ہو اور نہ یہ خلاصی دیئے جائیں مگر یہ ہماری ہی مہربانی ہے اور ان کو ایک وقت معین تک فائدہ دینا (منظور) ہے۔

تفسیر ربط: اوپر رسالت کے متعلق مضمون تھا جس میں توحید بھی مستفاد ہوئی ہے آگے توحید کا قصداً ایسے دلائل سے اثبات ہے جو متضمن ذکر نعم ومنن کو بھی ہے جس سے شرک کا قبح وجہ سے معلوم ہو گیا اور اس کے ختم پر بمناسبت ذکر فلک کے اشارہ ایک وعید کی طرف بھی کر دیا گیا اور اس وعید میں اشارہ نفی قدرت شرکاء کی طرف بھی کر دیا جیسا تقریر ترجمہ سے معلوم ہوگا۔

اثباتِ توحید: وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ (الی قولہ تعالی) وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ اور (منجملہ نشانہائے قدرت کے دلیل توحید بھی ہے اور نعمت بھی) ایک نشانی ان لوگوں کے (استدلال کے) لئے مردہ زمین ہے (اور اس میں نشانی کی بات[1] یہ ہے کہ) ہم نے ان کو (بارش سے) زندہ کیا اور ہم نے اس (زمین) سے (مختلف) غلے[2] نکالے سو ان میں[3] سے لوگ کھاتے ہیں اور (نیز) ہم نے اس (زمین) میں کھجوروں اور انگوروں کے باغ لگائے اور (نیز) اس زمین میں (باغ کی آبپاشی کے لئے) چشمے[4] (اور نالے) جاری کیے تا کہ (مثل[5] غلے کے) لوگ[6] باغ کے پھلوں میں سے (بھی) کھائیں اور اس (پھل[7] اور غلہ) کو ان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا (گو تخم ریزی اور آبپاشی بظاہر انہیں کے ہاتھوں ہوئی ہو مگر پھل اور غلہ کی صورت نوعیہ کا فائض کرنا خاص خدا ہی کا کام ہے) سو (ایسے دلائل دیکھ کر بھی) کیا شکر نہیں کرتے (جس کا اول زینہ توحید ہے یہ تو استدلال تھا بعض خاص آیات آفاقیہ ارضیہ سے آگے استدلال ہے عام آیات ارضیہ اور آیات انفسیہ سے یعنی) وہ پاک ذات ہے جس نے تمام مقابل قسموں کو پیدا کیا نباتات زمین کے قبیل سے بھی (خواہ مقابل مماثلت کا ہو جیسے ایک غلے ایک سے پھل خواہ مقابلہ مضادت کا ہو جیسے گیہوں اور جو اور شیریں پھل اور ترش پھل یا اس سے بھی زیادہ اختلاف ہو بشرطیکہ مقولات[1] عشر میں سے کسی مقولہ کے تحت میں داخل ہو بلاواسطہ جیسے جزئیات اور اجناس سافلہ یا بواسطہ جزئیات کے جیسے اجناس عالیہ کہ ان کی جزئیات کسی مقولہ میں ضرور داخل ہیں) اور (خود) ان آدمیوں میں سے بھی (جیسے مرد اور عورت) اور ان چیزوں میں بھی جن کو (عام) لوگ نہیں جانتے (کہ باعتبار مفہوم عام مقابلہ کے اشیاء مخفیہ میں بھی کوئی شئے مقابل سے خالی نہیں اور اسی سے حق تعالیٰ کا بے مقابل ہونا معلوم ہو گیا کیونکہ مقولات عشرہ میں سے کہ اجناس عالیہ ہیں کوئی مقولہ اس پر صادق نہیں آتا پس کسی موجود کے ساتھ کسی ذاتی میں اس کو شرکت نہیں پس ازواج سب مخلوق اور وہ ان سب کا خالق یہاں سے آیت: وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ [الذاریات: ۴۹] کی بھی توضیح ہو گئی) اور (آگے بعض آیات آفاقیہ سماویہ اور ان کے بعض آثار سے استدلال ہے یعنی) ایک نشانی ان لوگوں کے لئے رات (کا وقت) ہے کہ (بوجہ اصل ہونے ظلمت کے گویا اصل وقت وہی تھا اور عارض نور آفتاب سے گویا ان کو دن نے چھپا لیا تھا جیسے بکری کے گوشت کو اس کی کھال چھپا لیتی ہے پس) ہم (اسی عارض کو زائل کر کے گویا) اس (رات) پر سے دن کو اتار لیتے ہیں سو یکا یک (پھر رات نمودار ہو جاتی ہے اور) وہ لوگ اندھیری میں رہ جاتے ہیں اور (ایک نشانی) آفتاب (ہے کہ وہ) اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا رہتا ہے (یہ عام ہے اس نقطہ کو بھی جہاں سے چل کر سالانہ دورہ کر کے پھر اسی نقطہ پر جا پہنچتا ہے اور نقطہ افقیہ کو بھی کہ حرکت یومیہ میں وہاں پہنچ کر غروب ہو جاتا ہے) یہ اندازہ باندھا ہوا ہے اس (خدا) کا جو زبردست (یعنی قادر ہے اور) علم والا ہے (کہ علم سے ان انتظامات میں مصلحت وحکمت جانتا ہے اور قدرت سے ان انتظامات کو نافذ کرتا ہے) اور (ایک نشانی) چاند (ہے کہ اس کی چال) کے لئے منزلیں مقرر کیں (کہ ہر روز ایک منزل قطع کرتا ہے) یہاں تک کہ (اپنی آخر سیر میں پتلا ہوتا ہوتا) ایسا رہ جاتا ہے جیسے کھجور کی پرانی ٹہنی (کہ پتلی اور خم دار ہوتی ہے اور ممکن ہے کہ ضعف نور کی وجہ سے زردی میں بھی تشبیہ کا اعتبار کیا جاوے اور سورج اور چاند کی چال اور رات اور دن کی آمد ورفت ایسے انداز اور انتظام سے رکھی گئی ہے کہ) نہ آفتاب کی مجال ہے کہ چاند کو (اس کے ظہور نور کے وقت یعنی رات میں جبکہ وہ منور ہو) جا پکڑے (یعنی قبل از وقت خود طلوع ہو کر اس کو اور اس کے وقت کو کہ شب ہے محو کر دے جیسا قمر بھی اسی طرح آفتاب کو اس کے ظہور نور کے وقت نہیں پکڑ سکتا کہ شب آ جاوے اور اس کا نور ظاہر ہو جاوے) اور (اسی طرح) نہ رات دن (کے زمانہ مقررہ کے ختم ہونے سے) پہلے آ سکتی ہے) جیسے دن بھی رات کے زمانہ مقررہ کے ختم ہونے سے پہلے

www.besturdubooks.net

نہیں آسکتا) اور (چاند سورج) دونوں ایک ایک دائرہ میں حساب سے اس طرح چل رہے ہیں جیسے گویا) تیر رہے ہیں (اور حساب سے باہر نہیں ہو سکتے کہ رات دن کے حساب میں خلل واقع ہو سکے) اور (آگے آیات آفاقیہ ارضیہ میں سے ایک آیت خاصہ متعلقہ رکوب وسفر ارشاد فرماتے ہیں یعنی) ایک نشانی ان کے لئے یہ ہے کہ ہم نے ان کی اولاد کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا (اپنی اولاد کو اکثر لوگ تجارت کے لئے سفر میں بھیجتے تھے پھر اس تعبیر میں تین نعمتوں کی طرف اشارہ ہو گیا اول بھری ہوئی کشتی جو بمقتضائے ثقل مقتضی غرق ہے سطح آب پر رواں کرنا دوسرے ان لوگوں کو اولاد عطا فرمانا تیسرے رزق وسامان دینا جس سے خود گھر بیٹھے رہیں اور اولاد کو کارندہ بنا کر بھیجیں) اور (سفر خشکی کے لئے) ہم نے ان کے لئے کشتی ہی جیسی ایسی چیزیں پیدا کیں جن پر یہ لوگ سوار ہوتے ہیں (مراد اس سے اونٹ وغیرہ اور تشبیہ کشتی کے ساتھ اس خاص وصف کے اعتبار سے ہے کہ اس پر بھی سواری اور بار برداری اور قطع مسافت کی جاتی ہے اور اس تشبیہ کا حسن اس سے بڑھ گیا کہ عرب میں اونٹوں پر سفائن البر کا اطلاق شائع تھا کما قیل سفائن بر والسراب بحارها) اور (آگے ایک وعید مناسب ذکر کشتی کے جس کا ذکر اوپر بوجہ زیادہ عجیب ہونے کے زیادہ مقصود تھا گو اونٹوں وغیرہ کا ذکر بھی مناسبت سے آ گیا تھا ارشاد فرماتے ہیں یعنی باوجود وضوح دلائل توحید کے جو یہ لوگ نہیں مانتے تو ہیں تو اس قابل کہ ان کو فوراً سزا دے دی جائے اور ہم اس پر قادر بھی ہیں چنانچہ) اگر ہم چاہیں تو ان کو غرق کر دیں پھر نہ تو (شرکاء مزعومہ وغیرہم میں سے) ان کا کوئی فریاد رس ہو (جو غرق سے بچا لے) اور نہ یہ (بعد غرق کے موت سے) خلاصی کئے جاویں (یعنی نہ کوئی موت سے چھڑا سکے) مگر یہ ہماری مہربانی ہے اور ان کو ایک وقت معین تک (دنیوی زندگی سے) فائدہ دینا (منظور) ہے (اس لئے مہلت دے رکھی ہے وھذا کما قال تعالیٰ فی سورة سبا اَفَلَمْ یَرَوْا اِلٰى مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَیْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ [سبا: ۹] فَیُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ [بنی اسرائیل: ۶۹]) ف: ...... کی تفسیر میں ایک حدیث آئی ہے کہ مستقر اس کا تحت عرش ہے اور یہ غروب کے وقت سجدہ کر کے حکم دریافت کرتا ہے تو اس کو طلوع معتاد کا حکم ہوتا ہے یہاں تک کہ ایک روز اس کو واپس لوٹنے کا حکم ہوگا تو آفتاب مغرب سے طلوع کرے گا اس سے چند امور معلوم ہوئی جو قابل تحقیق ہیں ایک یہ کہ مستقر حرکت یومیہ کے اعتبار سے ہے لیکن احقر نے جو تفسیر کی ہے وہ چونکہ اس کو بھی شامل ہے لہٰذا اس سے تنافی نہیں دوسرا امر یہ کہ مستقر اس کا تحت العرش ہے سو جن دو نقطوں کا احقر نے تفسیر میں ذکر کیا ہے وہ دونوں تحت العرش ہیں اس سے بھی منافات نہیں رہا یہ کہ تمام افلاک اور ان کے نقاط اس وصف میں مشترک ہیں پھر تخصیص کی کیا وجہ اس کا جواب یہ ہے کہ تخصیص مقصود ہونا ضرور نہیں ممکن ہے کہ یہ قید واقعی ہو اور اصلی مقصود اخبار عن السجدہ ہو اور اس تعبیر سے یہ فائدہ ہو کہ اس سے تحت الامر الالٰہی ہونے کی تصریح ہوگئی کیونکہ...... کا کنایہ ہونا نفاذ احکام وتصرفات سے آیات عدیدہ ہیں مذکور ہے تیسرا امر یہ کہ سجدہ کرنے کے کیا معنی سو چونکہ ظاہر آیات وروایات سے ان مخلوقات میں بھی من وجہ شعور ہونا ثابت ہے سو ممکن ہے کہ یہ اسی قوۃ شعوریہ کے اعتبار سے حق تعالیٰ کے حضور میں خشوع وخضوع اور عرض معروض کرتا ہو پس سجدہ سے یہ مراد ہو اور سہل یہ ہے کہ اس کی روح کو ساجد کہا جاوے تو بہت سے شبہات کا استیصال ہو جائے گا چوتھا امر یہ کہ ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت اس کو سکون ہو جاتا ہو حالانکہ دلائل رصدیہ سے عدم انقطاع حرکت ثابت ہے جواب یہ ہے کہ سجدہ بالمعنی المذکور کے لئے اول تو انقطاع حرکت ضروری نہیں دوسرے ممکن ہے کہ یہ سکونی آنی ہو اور حرکت زمانی ہو اس لئے حساب رصدی مختل نہ ہوتا ہو اور نہ وہ منضبط اور مدرک ہوتا ہو۔ پانچواں امر یہ کہ غروب حقیقی تو کبھی ہوتا نہیں ایک جگہ غروب ہوتا ہے دوسری جگہ طلوع ہوتا ہے پھر اس کے کیا معنی جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ معظم معمورہ کا غروب مراد ہو یعنی ایسا وقت جبکہ اکثر حصہ آبادی میں آفتاب طالع نہ ہو یا خاص مدینہ کا جو مکان تکلم ہے یا خط استواء کا جو موضع اعتدال حرکت آفتاب ہے غروب مراد ہو بہرحال مخبر صادق کی خبر ہے اور عقلی کوئی اشکال نہیں اس لئے تسلیم واجب ہے اور آیت: وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ کے متعلق کچھ مضمون شروع سورۂ یونس میں اور: كُلٌّ فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ کی تقریر سورۂ انبیاء کے رکوع سوم لکھ چکا ہوں ملاحظہ کر لیا جاوے اور نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ کی تفسیر میں جو ظلمت کو اصل کہا گیا وجہ اس کی ظاہر ہے کہ اجرام نیرہ حادث ہیں اگر یہ نہ ہوتے تو ان کا نور بھی نہ ہوتا اور مِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ کی زیادت توضیح کے لئے شروع سورۂ نحل کی آیت: وَیَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ [النحل: ۸] کا ترجمہ ملاحظہ کر لیا جاوے۔

الحواشی: (۱) وفی حرکة الارض بناءً علی ما هو المشهور ان القائل بحرکة الشمس ینفی الحرکة عن الارض وبالعکس والافحرکة کل منهما محتمل عقلا ۱۲ منه۔ (۲) اس شرط کا فائدہ یہاں سے چوتھی سطر کی اس عبارت سے مفہوم ہوگا اور اسی سے حق تعالیٰ کا (الی) پس ازواج سب مخلوق ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله قبل احییناها: نشانی کی بات اشارة الی کون قوله تعالیٰ احییناها بیانا لما قبله ۱۲۔ ۲ قوله فی حبا: غلے اشارة الی ارادة الجنس به ۱۲۔ ۳ قوله فی فمنه: ان میں سے اشارة الی کون من ابتدائیة ۱۲۔ ۴ قوله فی من العیون: چشمے اشارة الی کون من بیانیة ای شیئا هو العیون ۱۲۔ ۵ قوله فی لیاکلوا: مثل غلہ کے اشارة الی کون قوله تعالیٰ لیاکلوا ناظرا الی قوله من قبل فمنه یاکلون ۱۲۔ ۶ قوله

www.besturdubooks.net

فی ثمرہ:باغ اشارۃ الی ان الضمیر الی النخیل والاعناب بتاویل المجعول۱۲۔ ے قولہ فی ما عملتہ:پھل اورغلہ اشارۃ الی عود الضمیر الی الجمیع بتاویل المذکور۱۲۔ ۸ے قولہ فی مثلہ:اونٹ وغیرہ حصحت ھذا التفسیر لقولہ تعالٰی فی الزخرف وجعل لکم من الفلک والانعام ما ترکبون حیث قرن بین الفلک والانعام۱۲۔

اَلْکَلَامُ :قولہ تجری ظاھرہ یقتضی کون الشمس متحرکۃ دون الارض و دون ھذہ الحرکۃ ذاتیۃ لا تبعا للفلک لو لم یؤول بان ھذا الجری فی رای العین۔

اَللُّغَاتُ :قولہ الازواج الانواع والصناف قولہ نسلخ یستعمل کما صرح فی الروح بمعنیین النزع وکشط الجلد عن نحوہ الشاۃ و بمعنی الاخراج یقال سلخت الاھاب عن الشاۃ وسلخت الشاۃ من الاھاب ولما کان الاستعمال الاول اکثر فسرتہ بہ ویترجم ایضاً بوجوہ اخر لا تخفی قولہ لمستقر اللام بمعنی الی العرجون العذق اذا یبس واعوج کذا فی القاموس۱۲ قولہ ینبغی بمعنی یتسھل ویمکن فی الروح اصلہ مطاوع بغی بمعنی طلب وما طاوع وقیل الفعل فقد تسخر وتسھل الصریخ المغیث۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃُ :قولہ نسلخ منہ النھار ای نکشف ونزیل الضوء من مکان اللیل وموضع القاء ظلہ وظلمتہ وھو الھواء فالنھار عبارۃ عن الضوء اما علی التجوز او علی حذف المضاف وقولہ تعالٰی منہ علی حذف مضاف وذلک لان النھار واللیل عبارتان عن زمان کون الشمس فوق الافق وتحتہ ولا معنی لکشف احدھما عن الآخر وفی السلخ استعارۃ لان اصلہ کشط الجلد عن نحو الشاۃ ودل ھذا السلخ علی اتیان اللیل بعدالنھار ودل فیما بعدہ من قولہ والشمس الخ علی عکسہ فلا یذھب وھمک الی السوال عن نکتۃ ذکر احدھما دون الآخر قولہ تعالٰی فاذا ھم قیل ان المفاجاۃ انما تتصور فیما لا یکون مترقبا والاظلام مترقب بعد السلخ بالتفسیر الذی اختیر والجواب انٰ نزع الضوء عن اللیل لکون ظھورہ فی غایۃ الکمال کان المترقب فیہ ان یکون فی مدۃ مدیدۃ فحصول الظلام بعدہ فی مدۃ قصیرۃ امر غیر مترقب التقطۃ من الروح قولہ لا الشمس فی الروح عن الکشف ان المقصود بیان معاقبۃ کل من الشمس والقمر فی ترتیب الاضائۃ وسلطانہ وکذلک اختلاف اللیل والنھار فقیل ولا اللیل سابق النھار کنایۃ عن سبق آیۃ آیۃ فحصل الدلالۃ علی الاختلاف ایضا او ماجا ءہ واشرت الی مقصودیۃ کلا الامرین بتقریر ترجمتی۱۲۔ قولہ حملنا ذریتھم الفتح بذکر الآیات الارضیۃ وختم علیھا لانھا اکثر ما یشاھد۱۲۔

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّقُوا مَا بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝ وَمَا تَأْتِيهِم مِّنْ آيَةٍ مِّنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا
كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ۝ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَنُطْعِمُ
مَن لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ أَطْعَمَهُ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ
صَادِقِينَ ۝ مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُونَ ۝ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ
أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ ۝ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ ۝ قَالُوا يَا وَيْلَنَا ع ۳ ۱۸
مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا ۜ هَٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ ۝ إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ
جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ۝ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ إِنَّ أَصْحَابَ
الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِي شُغُلٍ فَاكِهُونَ ۝ هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِي ظِلَالٍ عَلَى الْأَرَائِكِ مُتَّكِئُونَ ۝ لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَ
لَهُم مَّا يَدَّعُونَ ۝ سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ ۝ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ ۝ أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَا بَنِي

www.besturdubooks.net

اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝۶۰ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝۶۱ وَلَقَدْ
اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۭ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ۝۶۲ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝۶۳ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا
كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝۶۴ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓي اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝۶۵ وَلَوْ
نَشَاۗءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓي اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ۝۶۶ وَلَوْ نَشَاۗءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰي مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا
مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ۝۶۷ۧ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۭ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ۝۶۸

اور جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ تم لوگ اس عذاب سے ڈرو جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے ہے تاکہ تم پر رحم کیا جائے تو وہ اصلاً پرواہ نہیں کرتے اور ان کے رب کی آیتوں میں سے کوئی آیت بھی ان کے پاس ایسی نہیں آئی جس سے وہ سرتابی نہ کرتے ہوں اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ نے جو کچھ تم کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرو تو یہ کفار ان مسلمانوں سے یوں کہتے ہیں کہ ہم ایسے لوگوں کو کھانے کو دیں جن کو اگر اللہ چاہے تو (بہتیرا کچھ) کھانے کو دے دے تم صرف صریح غلطی میں (بڑے) ہو اور یہ لوگ (بطور انکار) کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب ہوگا اگر تم سچے ہو۔ یہ لوگ بس ایک آواز سخت کے منتظر ہیں جو ان کو آ پکڑے گی اور وہ سب باہم لڑ جھگڑ رہے ہوں گے۔ سو نہ تو انہیں وصیت کرنے کی فرصت ہوگی اور نہ اپنے گھر والوں کے پاس لوٹ کر جا سکیں گے اور پھر دوبارہ صور پھونکا جائے گا سو وہ سب یکایک قبروں سے (نکل نکل کر) اپنے رب کی طرف جلدی جلدی چلنے لگیں گے۔ کہیں گے کہ ہائے ہماری کم بختی ہم کو قبروں سے کس نے اٹھا دیا یہ وہی (قیامت) جس کا ہم سب سے رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبر سچ کہتے تھے۔ پس وہ ایک زور کی آواز ہوگی جس سے یکایک سب جمع ہو کر ہمارے پاس حاضر کر دیئے جائیں گے۔ پھر اس دن کسی شخص پر ذرا ظلم نہ ہوگا اور تم کو بس انہی کاموں کا بدلہ ملے گا' جو تم کیا کرتے تھے اہل جنت بے شک اس دن اپنے مشغلوں میں خوش ہوں گے۔ وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں مسہریوں پر تکیہ سے ٹیک لگائے بیٹھے ہوں گے۔ ان کے وہاں (ہر طرح) کے میوے ہوں گے اور جو کچھ مانگیں گے ان کو ملے گا۔ ان کو پروردگار مہربان کی طرف سے سلام فرمایا جائے گا اور اے مجرمو! آج (اہل ایمان سے) الگ ہو جاؤ اے اولاد آدم! کیا میں نے تم کو تاکید نہیں کر دی تھی کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا یہ تمہارا صریح دشمن ہے اور یہ کہ میری ہی عبادت کرنا یہی سیدھا راستہ ہے اور وہ شیطان تم میں ایک کثیر تعداد گمراہ کر چکا ہے سو کیا تم نہیں سمجھتے ہو یہی وہ دوزخ ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جایا کرتا تھا۔ آج اپنے کفر کے بدلے میں اس میں داخل ہو جاؤ۔ آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے اور انکے ہاتھ ہم سے کلام کریں گے اور انکے پاؤں شہادت دیں گے' جو کچھ یہ لوگ کیا کرتے تھے اور اگر ہم چاہتے تو (دنیا ہی میں) انکی آنکھوں کو ملیامیٹ کر دیتے پھر یہ رستہ کی طرف دوڑتے پھرتے سو انکو کہاں نظر آتا اور اگر ہم چاہتے تو انکی صورتیں بدل ڈالتے۔ اس حالت سے کہ یہ جہاں ہیں وہیں رہ جاتے۔ جس سے یہ لوگ نہ آگے چل سکتے اور نہ پیچھے کو لوٹ سکتے اور ہم جس کی زیادہ عمر کر دیتے ہیں تو اس کی طبعی حالت میں الٹا کر دیتے ہیں۔ سو کیا وہ لوگ نہیں سمجھتے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر دلائل توحید کا ذکر تھا جو متضمن بیان نعم کو بھی ہے اور ختم کیا تھا اس کو وعید بالنعم پر جس کا حاصل ترغیب ہے ایمان و توحید پر اور ترہیب ہے کفر و شرک پر آگے ترغیب و ترہیب سے کفار کا متاثر نہ ہونا مذکور ہے بطور لف و نشر غیر مرتب کے یعنی تمت مذکورہ کے امثال سے عدم تاثر پہلے مذکور ہے اور نعم مذکور کے امثال سے عدم تاثر بعد میں مذکور ہے۔

عدم تاثر کفار از ترہیب و ترغیب: وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ (الی قولہ تعالی) اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اور جب ان لوگوں سے (دلائل توحید کے ساتھ مضمون وعید مثل وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ سنا کر) کہا جاتا ہے کہ تم لوگ اس عذاب سے ڈرو جو تمہارے سامنے (یعنی دنیا میں آ سکتا) ہے (جیسے غرق مذکور قریب یا خسف مذکور سورۃ سبا: اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ [سبا: ۹] یا قتل وغیرہ) اور جو تمہارے (مرے) پیچھے (یعنی آخرت میں یقیناً آنے والا ہے) (یعنی انکار توحید پر جو عذاب واقع ہوگا خواہ صرف آخرت میں یا دنیا میں بھی تم اس سے ڈرو اور ایمان لے آؤ) تاکہ تم پر رحمت کی جاوے تو وہ (اس ترہیب کی) اصلاً پروا نہیں کرتے اور (اس مضمون کی کیا تخصیص ہے وہ تو ایسے سنگدل ہو گئے ہیں کہ) ان کے رب کی آیتوں میں سے کوئی آیت بھی (ان کے پاس ایسی نہیں آیت جس سے یہ سرتابی نہ کرتے ہوں اور (اسی طرح ترغیب بھی ان کو نافع نہیں ہوتی چنانچہ) جب (ان کو نعم الٰہیہ جیسے اوپر مذکور ہوئی ہیں بارش و حبوب و ثمرات وغیرہا یاد دلا کر کما یدل علیہ رَزَقَكُمُ اللّٰهُ) ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ نے جو کچھ تم کو دیا ہے اس میں سے (اللہ کی راہ میں فقیروں مسکینوں پر) خرچ کرو تو (باوجودیکہ انفاق و اطعام کا استحسان ان کے مسلمات میں سے بھی ہے چنانچہ ان کا افتخار ان امور سے مشہور ہے مگر اس پر بھی شرارت سے) یہ کفار

www.besturdubooks.net

(ان) مسلمانوں سے (جنہوں نے انفاق فی سبیل اللہ کے لئے کہا تھا) یوں کہتے ہیں کہ کیا ہم ایسے لوگوں کو کھانے کو دیں جن کو اگر خدا چاہے تو (بہتیرا کچھ) کھانے کو دے دے تم نری صریح غلطی میں (پڑے) ہو (پس جس امر کا استحسان مسلم ہے جب تذکیر نعم سے ترغیب اسی میں نافع نہیں تو ایمان وقبول توحید کا استحسان تو ابھی ان کے نزدیک مسلم بھی نہیں ہوا اس میں تو ان سے کیا توقع ہے کہ نعم وفن مذکورہ کی تذکیر قبول ایمان میں مؤثر ہو جاوے غرض نہ تریب سے وہ ایمان لاویں نہ ترغیب سے) ف: مسلمانوں کا ان سے اَنْفِقُوْا کہنا بطور نقل حکم شرعی کے نہ تھا کیونکہ کفار یا تو مکلف بالفروع نہیں یا ان سے فروع بلا ایمان مقبول نہیں بلکہ اگر اہل حاجت مستضعفین اس کے قائل تھے تب تو بطور سوال کے ہے جو کہ ضرورت شدیدہ میں جائز ہے اور اگر غیر اہل حاجت اس کے قائل تھے تو بطور سفارش اہل حاجت کے ہے اور سوال اور سفارش سے کفر مانع نہیں اور ظاہراً کفار کا یہ کہنا باوجود اعتقاد رزاقیت خداوندی کے **كما يدل عليه قوله تعالى** : وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ [العنکبوت: ۶۱] صرف شرارت سے تھا مقصود مسلمانوں پر اعتراض کرنا تھا کہ تم تو اللہ کو رزاق مانتے ہو پھر ہم سے سوال یا سفارش کیوں کرتے ہو اللہ تو رزق دے سکتا ہے اس سے کیوں نہیں مانگتے اب یہ وسوسہ بھی جاتا رہا کہ فی نفسہٖ تو یہ بات صحیح ہے کہ خدا جس کو چاہے کھانے کو دے دے دفع وسوسہ یہ ہے کہ اس سے مقصود ان کا اعتراض تھا اور اثبات تنافی درمیان امر بالانفاق واعتقاد مشیت کے سو یہ مقصود باطل ہے اور اس اعتراض سے تذکیر نعم وترغیب کا موثر فی الانفاق نہ ہونا اس طرح ثابت ہے کہ جو شخص راغب فی الخیر ہوتا ہے ادنیٰ محرک اس کے لئے کافی ہوتا ہے اور وہ کہنے والے کی خصوصیت کو نہیں دیکھتا بلکہ **انظر الى ما قال ولا تنظر الى من قال** پر کاربند ہوتا ہے انہوں نے جب خصوصیت قائل پر نظر کی اور اس سے عداوت مانع انفاق ہوگئی تو عدم موثریۃ ثابت ہوگئی اور ان کا یہ اعتراض نرا مہمل ہے جس کا دفع اعتراض سے پہلے ہی رَزَقَكُمُ اللّٰهُ سے ہو چکا ہے تقریر اس کی یہ ہے کہ کسی مخلوق کا دینا اطعام حق کے منافی نہیں کیونکہ اطعام بواسطہ بھی اطعام حق ہی ہے جیسے بادشاہ مالک خزائن کبھی خود انعام دے دیتا ہے کبھی اپنے خزانچی سے دلوا دیتا ہے دونوں عطاء شاہی ہیں اگر یہ نہ دیں گے اللہ تعالیٰ دوسرے طریق سے دینے پر قادر ہے پھر یہ کہ یہ اعتراض تو ان پر بھی وارد ہوتا ہے جیسا ان کا رزاقیہ کو تسلیم کرنا اوپر معلوم ہوا۔ رَبط: اوپر مضمون توحید اور اس کے ساتھ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ میں ترہیب عذاب آخرت سے اجمالاً مذکور تھا آگے احوال آخرت کسی قدر تفصیل کے ساتھ مذکور ہیں اور اس کے اخیر میں وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا ...... سے احتمال عذاب دنیا سے تہدید ہے جس سے ...... کی ایک گونہ شرح ہوگئی اور علاوہ اس ربط مذکور کے ویسے بھی توحید اور بعث کا ذکر قرآن میں بکثرت مقروناً آتا ہے۔

احوالِ آخرت مع تہدید باحتمال عذابِ دُنیوی: وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ۝ (الی قولہ تعالیٰ) اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ۝ اور یہ (کافر) لوگ (پیغمبر ﷺ اور آپ کے متبعین سے بطور انکار) کہتے ہیں کہ یہ وعدہ (قیامت کا جو...... کا مصداق ہے اور ویسے بھی اکثر اس کی خبر دیا کرتے ہو وہ) کب ہوگا اگر تم (اس دعوے میں) سچے ہو (تو بتلاؤ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ یہ جو بار بار کھوج رہے ہیں تو گویا) یہ لوگ بس ایک آواز سخت (یعنی نفخۂ اولیٰ) کے منتظر ہیں جو ان کو (یعنی مطلق کفار کو) آ پکڑے گی اور وہ سب (اس وقت) باہم (معمولی طور پر اپنے معاملات میں) لڑ جھگڑ رہے ہوں گے سو (اس آواز کے ساتھ معاً اس طرح فنا ہو جاویں گے کہ) نہ تو وصیت کرنے کی فرصت ہوگی اور نہ اپنے گھر والوں کے پاس لوٹ کر جا سکیں گے (بلکہ جو جس حال میں ہوگا مر کر رہ جاوے گا) اور (پھر دوبارہ) صور پھونکا جاوے گا سو وہ سب یکایک قبروں سے (نکل نکل) اپنے رب کی طرف (یعنی جہاں حساب ہوگا) جلدی جلدی چلنے لگیں گے (اور وہاں کی ہول وہیبت دیکھ کر) کہیں گے کہ ہائے ہماری کمبختی ہم کو ہماری قبروں سے کس نے اٹھا دیا (کہ یہاں کی نسبت سے تو وہاں ہی راحت میں تھے فرشتے جواب دیں گے کہ) یہ وہی (قیامت) ہے جس کا رحمان نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبر سچ کہتے تھے (مگر تم نے نہ مانا تھا آگے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ) وہ (نفخۂ ثانیہ صور کا) بس ایک زور کی آواز ہوگی (جیسے نفخۂ اولیٰ بھی صیحہ واحدہ تھا کما قال تعالیٰ: مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً اسی طرح یہ بھی ایک آواز ہوگی) جس سے یکایک سب جمع ہو کر ہمارے پاس حاضر کر دیئے جاویں گے (پہلے موقف کی طرف چلنا مذکور تھا اور یہاں پہنچ جانا اور یہ چلنا اور پہنچنا جبراً وقہراً ہوگا یدل علیہ قولہ تعالیٰ: مُحْضَرُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ) پھر اس دن کسی شخص پر ذرا ظلم نہ ہوگا اور تم کو بس ان ہی کاموں کا بدلہ ملے گا جو تم (دنیا میں کفر وغیرہ) کیا کرتے تھے (یہ تو اہل نار کا حال ہوا اور) اہل جنت (کا حال یہ ہے کہ وہ) بے شک اس روز اپنے مشغلوں میں خوش دل ہوں گے وہ اور ان کی بیبیاں سایوں میں مسہریوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے (اور) ان کے لئے وہاں (ہر طرح کے) میوے ہوں گے اور جو کچھ مانگیں گے ان کو ملے گا (اور) ان کو پروردگار مہربان کی طرف سے سلام فرمایا جاوے گا (یعنی حق تعالیٰ خود فرماویں گے: **السلام عليكم يا اهل الجنة** رواہ ابن ماجہ) اور (آگے پھر تتمہ ہے قصہ اصحاب نار کا کہ نیز ان کو موقف میں حکم ہوگا کہ) اے (کفر کے ارتکاب کرنے والے) مجرمو آج (اہل ایمان سے) الگ ہو جاؤ (کیونکہ ان کو جنت میں بھیجنا ہے اور تم کو دوزخ میں اور اس وقت ان سے ملامت کے طور پر یہ فرمایا جاوے گا کہ) اے اولاد آدم (اور اسی طرح جنات سے بھی خطاب ہوگا دل علیہ قولہ تعالیٰ: يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ...... [الرحمٰن: ۳۳]) کیا میں نے تم کو تاکید نہیں کر دی تھی کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا وہ تمہارا صریح دشمن ہے اور یہ کہ میری

www.besturdubooks.net

(ہی) عبادت کرنا یہی سیدھا راستہ ہے (عبادت سے مراد اطاعت مطلقہ وہذا کقولہ تعالیٰ: لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ وَلَا یَفْتِنَنَّکُمُ الشَّیْطٰنُ) اور (نیز تم کو شیطان کی نسبت یہ بات بھی معلوم کرائی گئی تھی کہ) وہ تم میں (یعنی تمہاری ہی نوع میں) ایک کثیر مخلوق کو گمراہ کر چکا (ہے جن کی گمراہی کا وبال بھی تم کو جتلا دیا تھا جیسے قصص مکذبین اور ان کی عقوبات کے قرآن میں مذکور ہیں) سو کیا تم (اتنا) نہیں سمجھتے تھے کہ (اگر ہم اس کے گمراہ کرنے سے گمراہ ہو جاویں گے تو ہم بھی اسی طرح مستحق عذاب ہوں گے لوگ اب) یہ جہنم ہے جس کا تم سے (کفر کی تقدیر پر) وعدہ کیا جاتا تھا آج اپنے کفر کے بدلہ اس میں داخل ہو آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے (جس سے یہ عذر باطل نہ کر سکیں جیسا شروع شروع میں کہیں گے: وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِیْنَ [الأنعام: ۲۳]) اور ان کے ہاتھ ہم سے کلام کریں گے اور ان کے پاؤں شہادت دیں گے جو کچھ یہ لوگ کیا کرتے تھے (یہ عذاب تو آخرت میں ہوگا) اور اگر ہم چاہتے تو (دنیا ہی میں ان کے کفر کی سزا میں) ان کی آنکھوں کو ملیا میٹ کر دیتے (خواہ بینائی کو خواہ عضو ہی کو) پھر یہ راستے کی طرف (چلنے کے لئے) دوڑتے پھرتے سو ان کو کہاں نظر آتا (جیسا قوم لوط کے لئے ہوا قال تعالیٰ: فَطَمَسْنَا) اور (اس سے بڑھ کر اگر ہم چاہتے تو (ان کی سزائے کفر میں) ان کی صورتیں بدل ڈالتے (جیسے پہلے بعضے لوگ قردہ و خنازیر ہو گئے) اس حالت سے یہ کہ جہاں ہیں وہیں رہ جاتے (یعنی مسخ کے ساتھ اقعاد بھی ہوتا جس کا حاصل یہ ہے کہ جانور بنا دیتے اور جانور بھی اپاہج) جس سے یہ لوگ نہ آگے کو چل سکتے اور نہ پیچھے کو لوٹ سکتے اور (اس کا کچھ تعجب نہ کرنا چاہئے کہ طمس و مسخ کیسے ہو جاتا ہے دیکھو اس کی نظیر پر ہماری قدرت مشاہد ہے کہ) ہم جس کی زیادہ عمر کر دیتے ہیں (یعنی بہت بوڑھا کر دیتے ہیں) تو اس کو طبعی حالت میں الٹا کر دیتے ہیں (طبعی حالت سے مراد قویٰ مدرکہ سامعہ باصرہ وغیرہ اور فاعلہ ہاضمہ نامیہ وغیرہا اور رنگ و روغن و حسن و جمال ہیں اور الٹا کرنے سے مراد ہے ان کا انقلاب اور تغیر حالت ادون وارذل کی طرف پس طمس و مسخ بھی ایک قسم کا تغیر ہے کامل سے ناقص کی طرف سو کیا (اس حالت کو دیکھ کر بھی) وہ لوگ نہیں سمجھتے (کہ جب ایک تغیر پر قدرت ہے دوسری پر بھی ہے بلکہ قدرت کی نسبت تو جمیع ممکنات کے ساتھ مساوی ہے گو ان میں تناظر و تماثل بھی نہ ہو سو ان لوگوں کو اس پر نظر کر کے ڈرنا اور کفر کو ترک کر دینا چاہئے)۔ **ف:**

یَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ میں قائل کفار مکہ تھے اور تَاْخُذُهُمْ میں جن کا ماخوذ ہونا اثر نفخہ میں مذکور ہے اور لوگ ہوں گے لیکن اصل مقصود ایسے حادثہ میں ماخوذ ہونا ہے جس سے انکار قیامت کی گنجائش نہ رہے سو قیامت سے پہلے جو کفار گزر رہے ہیں ان کے لئے موت جس کے ساتھ معاینہ آخرت کا ہو جاتا ہے ایسا ہی حادثہ ہے پس تاخذ میں مرجع مطلق کفار ہیں اور چونکہ قیامت کا علم مخفی رکھا گیا ہے اسی لئے یہاں ضمیر میں ابہام رکھا گیا کہ کفار قائلین مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ کے لئے وقوع ساعت کا محتمل رہے اور یہاں نفخہ ثانیہ کے وقت یَنْسِلُوْنَ فرمایا اور ایک جگہ ارشاد ہے: فَاِذَا هُمْ قِیَامٌ یَّنْظُرُوْنَ [الزمر: ۶۸] سو ممکن ہے کہ اول دہلہ میں حیرت زدہ کھڑے رہیں پھر فرشتوں کے ہانکنے سے دوڑنا شروع کر دیں اور اَزْوَاجُهُمْ میں حوریں اور ازواج مؤمنات دونوں مراد ہو سکتی ہیں انفراداً یا اجتماعاً اور ظلال جنت کی تحقیق سورہ رعد کی آیت اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا [الرعد: ۳۵] کی تفسیر میں گزری ہے اور یَدَّعُوْنَ کی جو تفسیر مانگنے سے کی گئی ہے اس سے اہل جنت کے مانگنے میں کوئی اشکال نہ کیا جاوے کیونکہ مانگنا محبوب اور عظیم سے خصوص جبکہ فوراً مل جائے فی نفسہ ایک امر موجب لذت ہے پس اس سے وجود کلفت کا جنت میں لازم نہیں آیا اور بعض نے یَدَّعُوْنَ کو بمعنی یتمنون کے کہا ہے اس سے اور بھی سہولت ہو گئی اور یہ خطاب: لَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِیْرًا باعتبار اکثر کفار کے ہے پس سب سے اول جو کافر ہوئے ہیں جنہوں نے دوسرے کفار کا گمراہ ہونا اور ان پر وبال نازل نہیں دیکھا ان کو اس خطاب کا شامل نہ ہونا محل وسوسہ نہیں اور یہ ظاہر ہے کہ ایک منبہ کے نہ ہونے سے دوسرے دلائل و منبہات کی نفی لازم نہیں آتی پس الزام ان پر بھی قائم ہے اور مہر لگنا یا حقیقتاً ہے یا مجاز ہے سکوت محض ہے اور ایک آیت میں: تَشْهَدُ عَلَیْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ [النور: ۲۴] بھی آیا ہے اور ایک میں: شَهِدَ عَلَیْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ [حم السجدة: ۲۰] آیا ہے یہ سب اعضاء متکلم اور شاہد ہوں گے اور ختم علی الافواہ و شہادت السنہ میں وجہ تطبیق سورۂ نور کی آیت: یَوْمَ تَشْهَدُ عَلَیْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ [النور: ۲۴] کی تفسیر میں گزر چکی ہے اور مقصود سلام سے جنت میں یا محض اکرام ہے یا بشارت و اخبار ہے سلامت دائمی سے پس شبہ نہ رہا کہ انشاء و دعائے سلامت میں تحصیل حاصل ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَیْكُمْ ...... یہاں اطاعت کو زیادت تحذیر و تنفیر کے لئے عبادت سے تعبیر فرمایا تو بعض عبادات صوفیہ میں جو ایسی نسبت بت پرست وغیرہ الفاظ واقع ہیں وہ اقرار کفر نہیں مطیع نفس کے معنی میں ہیں۔

الحواشی: (۱) یعنی اگر انفاق عبد و رزاقیت حق میں تنافی ہے تو پھر انفاق و اطعام کے استحسان اور اس پر تفاخر سے نفی لازم آوے گی رزاقیت حق تعالیٰ کی الخ ۱۲ منہ۔

لغات الترجمۃ: ۱قولہ قبل وما تاتیھم: پروا نہیں کرتے اشارۃ الی تقریر اعرضوا جوابا لقولہ تعالٰی واذا قیل لھم اتقوا دل علیہ قولہ تعالٰی وما تاتیھم الخ۔ ۲قولہ فی للذین امنوا: جنہوں نے الخ والقرینۃ علیہ جعلھم ھؤلاء المؤمنین مخاطبین لجوابھم انطعم الخ ۱۲۔ ۳

www.besturdubooks.net

قوله قبل ما ينظرون: بار بار پوچھ رہے ہیں يفهم من عادتهم ونعادهم وخبر انتظار هم في قوله تعالٰى ما ينظرون الذى يقتضى التكرار عادة ۱۲۔

الفقه: قوله تكلمنا ايديهم استدل بعضهم به على كون الكافر مكلفا بالفروع المكتسبة بالايدى والارجل ولا يتم الاستدلال لانه يحتمل كونه خاصاً بالاعمال الكفرية الصادرة من الجوارح ۱۲۔

اللغات: قوله يخصمون اصله يختصمون فسكنت التاء وادغمت في الصاد بعد قلبها صادا ثم كسرت الخاء لا لتقاء الساكنين قوله مرقدنا موضع النوم ويراد بالمفرد الجمع وهو استعارة [1] عن مضجع الموت قوله شغل هو الشان الذى يصد المرء ويشغله عما سواه من شئونه فكونه اهم عنده من الكل اما لا يجابه كما المسرة او كمال المسائة والمراد ههنا هو الاول والمراد به النعيم وهذا مفرد في معنى الجمع قوله فكهون في القاموس طيب النفس قوله يدعون من الدعاء بمعنى الطلب واصله يد تعيون على وذن يفتعلون سكنت الياء بعد ان القيت حركتها على ما قبلها وحذفت بسكونها وسكون الواو بعد بافصار يدتعون فقبليت التاء والاو ادغمت وافتعل بمعنى فعل الثلاثى كثير وجوز ان يكون من الادعاء بمعنى التمنى قال ابو عبيدة العرب تقول ادع على ما شئت بمعنى تمن على كذا في الروح ۱۲۔ قوله مضيا اصله مضوى اجتمعت الواو ساكنة مع الياء فقلبت ياء وادغمت الياء في الياء وقلبت ضمة الضاد كسرة لتخفف وتناسب الياء قوله ننكسه من تنكيس السهم اذا جعلت اعلاه اسفله كذا في المدارك ۱۲۔ النحو قوله على مكانتهم هو عندى حال متعلق بمقدر اى مسخناهم مقعدين على مكانتهم ۱۲۔

النحو: صدق المرسلون اى صدق فيه المرسلون قوله سلم مبتدأ موصوف وقولا مصدر لفعل مقدر هو صفة للمبتدأ اى سلام يقال قولاً الخ۔

البلاغة: قوله هذا ما وعد جواب على اسلوب الحكيم اى الا هم انما هو السوال ما هذا البعث ذوالاهوال والافزاع قوله ان كانت المراد به تهوين امر ساعة ۱۲۔

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّ قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۝۶۹ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ
عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝۷۰ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ۝۷۱ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ
فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ۝۷۲ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝۷۳ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ
اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝۷۴ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ۝۷۵ فَلَا يَحْزُنْكَ
وقف لازم قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝۷۶ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ
خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝۷۷ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝۷۸ قُلْ يُحْيِيْهَا
الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُ ۝۷۹ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ
وقف غفران تُوْقِدُوْنَ ۝۸۰ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۭ بَلٰى ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ
الْعَلِيْمُ ۝۸۱ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَـيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝۸۲ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ
ع ۵ ۱۲ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۸۳

اور ہم نے آپ کو شاعری کا علم نہیں دیا اور وہ آپ کے شایان ہی نہیں۔ یہ تو محض نصیحت (کا مضمون) اور ایک آسمانی کتاب ہے جو احکام ظاہر کرنے والی ہے تا کہ ایسے شخص

www.besturdubooks.net

کو ڈرائے جو زندہ ہو اور تا کہ کافروں پر (عذاب کی) حجت ثابت ہو جائے کیا ان لوگوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ ہم نے ان کے (نفع کے) کے لئے اپنے ہاتھ کی ساخت
چیزوں میں سے معاش پیدا کئے پھر یہ لوگ ان کے مالک بن رہے ہیں اور ہم کو ان کا تابع بنا دیا سو ان میں بعض تو ان کی سواریاں ہیں اور بعض کو وہ کھاتے ہیں اور ان میں
ان لوگوں کے اور بھی نفع ہیں اور پینے کی چیزیں بھی ہیں (یعنی دودھ) سو کیا یہ لوگ شکر نہیں کرتے اور انہوں نے اللہ کے سوا اور معبود قرار دے رکھے ہیں اس امید پر کہ ان کو
مدد ملے (لیکن) وہ ان کی کچھ مدد کر ہی نہیں سکتے اور وہ ان لوگوں کے حق میں ایک فریق (مخالف) ہو جائیں گے جو حاضر کئے جائیں گے تو ان لوگوں کی باتیں آپ کے
لئے آزردگی کا باعث نہ ہونا چاہئے' بے شک ہم سب جانتے ہیں جو کچھ یہ دل میں رکھتے ہیں اور جو کچھ یہ ظاہر کرتے ہیں کیا آدمی کو یہ معلوم نہیں کہ ہم نے اس کو نطفہ سے
پیدا کیا سو وہ لانیہ اعتراض کرنے لگا اور اس نے ہماری شان میں ایک عجیب مضمون بیان کیا اور اپنی اصل کو بھول گیا۔ کہتا ہے کہ ہڈیوں کو (مخصوص) جبکہ وہ بوسیدہ ہوگئی ہوں
جن کو زندہ کرتا ہے؟ آپ جواب دیجئے کہ ان کو وہ زندہ کرے گا جس نے اول بار میں ان کو پیدا کیا ہے اور وہ سب طرح کا پیدا کرنا جانتا ہے اور ایسا قادر ہے
کہ (بعض) ہرے درخت سے تمہارے لئے آگ پیدا کر دیتا ہے۔ پھر تم اس سے اور آگ سلگا لیتے ہو اور جس نے آسمان اور زمین پیدا کئے ہیں کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ
ان جیسے آدمیوں کو (دوبارہ) پیدا کر دے۔ ضرور وہ قادر ہے اور وہ بڑا پیدا کرنے والا ہے اور خوب جاننے والا ہے۔ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو بس اس کا معمول تو یہ
ہے کہ اس چیز کو کہہ دیتا ہے کہ ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے۔ تو اسکی پاک ذات ہے۔ جسکے ہاتھ میں ہر چیز کا پورا اختیار ہے اور تم سب کو اسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے۔

تفسیر: ربط: اوپر بعث و جزاء کا مضمون تھا آگے رسالت اور اس کے اعظم دلائل یعنی قرآن کی حقیت کا مضمون ہے جو شروع سورت میں بھی تھا۔

تحقیق رسالت و قرآن: وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ (الی قولہ تعالی) وَيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ اور (یہ کفار جو نفی نبوت کے لئے آپ کو شاعر یعنی خیال بند کہتے ہیں گو نظم نہ ہو سو محض باطل ہے اس لئے کہ) ہم نے آپ کو شاعری (یعنی خیالی مضامین مرتب کرنے) کا علم نہیں دیا (اور بلا تعلیم خواہ وہ وہبی ہو یا مکتسب ہو کسی شئی کا علم حاصل ہوتا نہیں پس آپ فن شاعری سے منزہ ہوئے) اور وہ (شاعری) آپ کے لئے شایاں بھی نہیں (کیونکہ آپ اعلیٰ درجہ کے محقق اور مضامین شعریہ کی بنا تخیل محض پر ہوتی ہے پس دونوں میں تنافی ہوئی جس سے اجتماع بالفعل تو محال ہی ہے لیکن اجتماع بالقوۃ القریبہ یہ نہ ہونا یعنی شاعری پر قدرت نہ ہونا تنافی کا بہت ہی اعلیٰ درجہ اور کمال نزاہت ہے حتیٰ کہ نظم میں چونکہ غالباً مضامین متخیلہ ہوا کرتے ہیں اس لئے نظم میں بھی مہارت نہیں دی گو وہ شعر بالمعنی المشہی نہ ہو) وہ (یعنی ان کو جو ہم نے وحی سے تعلیم کیا جس کو وہ لوگ شعر کہا کرتے تھے وہ) تو محض نصیحت (کا مضمون) وار ایک آسمانی کتاب ہے جو احکام کی ظاہر کرنے والی ہے تا کہ (اپنی ابانت احکام کے اثر سے) ایسے شخص کو (نافع ڈرانا) ڈراوے جو (حیوۃ قلبیہ کے اعتبار سے) زندہ ہو اور تا کہ کافروں پر (عذاب کی) حجت ثابت ہو جاوے۔ (کہ ان سے کہا جاوے گا کہ باوجود سننے احکام کے تم نے انکار کیا) ف: سورۂ شعراء کے اخیر رکوع آیت وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ [الشعراء: ۲۲۴] کی تفسیر میں بھی نفی شعر کے معنے اور وجہ گذر چکی ہے جس کا ملاحظہ مفید ہے اور کسی شعر کا نقل کرنا کسی غرض صحیح سے یا بلا قصد کوئی کلام موزون منہ سے نکل جانا یہ منافی نہیں ہے مضمون آیت کے۔ ربط: اوپر وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ ...... میں ایسے دلائل سے اثبات توحید تھا جو متضمن بیان نعم الٰہیہ کو بھی ہیں آگے پھر اسی مضمون کی طرف عود ہے ایسے ہی دلائل سے اور وہاں اخیر میں شرکاء کی نفی تھی اشارۃً یہاں صراحۃً ہے۔

عود بسوئے توحید: اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ (الی قولہ تعالی) وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ کیا ان (مشرک) لوگوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ ہم نے ان کے (نفع کے) لئے اپنے ہاتھ کی ساختہ چیزوں میں سے مواشی پیدا کئے (ہمارے مالک بنانے سے) یہ لوگ ان کے مالک بن رہے ہیں اور (آگے اس نفع کی کچھ تفصیل ہے کہ) ہم نے ان مواشی کو ان کا تابع بنا دیا سو (وہ ان کے کام میں لانے سے کام دیتے ہیں چنانچہ) ان میں سے بعضے تو ان کی سواریاں ہیں اور بعض کو وہ کھاتے ہیں اور ان میں ان لوگوں کے اور بھی نفع ہیں (جیسے بال کھال ہڈی وغیرہ مختلف طریقوں سے استعمال میں آتے ہیں) اور ان میں ان لوگوں کے) پینے کی چیزیں بھی ہیں (یعنی دودھ) سو کیا (اس پر بھی) یہ لوگ شکر نہیں کرتے (جس میں اقدم اور اہم قبول توحید ہے) اور انہوں نے (بجائے شکر اور توحید کے کفر اور شرک اختیار کر رکھا ہے چنانچہ) خدا کے سوا اور معبود قرار دے رکھے ہیں اس امید پر کہ ان کو (ان معبودین کی طرف سے) مدد ملے (لیکن) وہ ان کی کچھ مدد کر ہی نہیں سکتے اور (مدد تو کیا کرتے اور الٹے) وہ (معبودین) ان لوگوں کے حق میں ایک فریق (مخالف) ہو جاوینگے جو (موقف حساب میں بالاضطرار) حاضر کئے جاوینگے (اور وہاں حاضر ہو کر ان کی مخالفت کا اظہار کریں گے **کما قال تعالی فی سورۃ مریم:** وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا [مریم: ۸۲] **وقال تعالی فی سورۃ یونس:** قَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ [یونس: ۲۸] **وغیر ذلک من الایات)** ف: ان آیتوں کی جو بھی لکھی گئی ہیں تفسیر ملاحظہ کر لینا مفید ہے اور انعام سے اگر مراد خاص مواشی ہیں جو حلال ہیں تو مِنْهَا تَاْكُلُوْنَ میں من ابتدائیہ لینے پر تو کوئی اشکال نہیں اور تبعیضیہ لینا یا تو باعتبار اجزاء کے ہے نہ کہ باعتبار جزئیات کے اور ظاہر ہے کل اجزاء ماکول نہیں ہوتے اور یا اگر جزئیات کے اعتبار سے ہے تو مشروعیت کے اعتبار سے نہ ہو بلکہ وقوع کے اعتبار سے ہو اور ظاہر ہے کہ واقع محض اکل البعض ہے گو جواز کل کو شامل ہو اور ہاتھوں کے ساختہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ تخلیق میں کوئی اور دخیل

www.besturdubooks.net

نہیں۔ ربط : اوپر باوجود وضوح مقتضی توحید کے کہ خلق انعام ہے جس کے وضوح اقتضاء کی طرف اَوَلَمْ یَرَوْا سے اشارۃ مفہوم ہے مشرکین کا توحید کو قبول نہ کرنا اور باوجود وضوح مانع اشراک کے کہ عجز اصنام ہے جس کا وضوح مشاہدہ سے اور نیز لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ ...... سے صراحۃً معلوم ہے ان کا شرک کو اختیار کرنا مذکور تھا جس سے ان کا غایت درجہ کا غبی یا نہایت درجہ کا معاند ہونا لازم آتا ہے آگے اس لازم پر تسلیہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مضمون متفرع فرماتے ہیں اور اس کو اِنَّا نَعْلَمُ ...... سے مؤکد فرماتے ہیں جو کہ مناسب ہے کہ مضمون بعث مذکور بالا کے اور اس مضمون سے دربارۂ مسئلۂ رسالت کی اور زائد تسلی حاصل ہوتی ہے کہ جب یہ لوگ حق تعالیٰ کے ساتھ ایسا معاملہ کرتے ہیں تو آپ کے ساتھ کچھ بھی عجب نہیں پس اس مجموعی تقریر سے یہ مضمون تسلیہ کا بعث اور رسالت اور توحید جو بالترتیب اوپر مذکور ہیں سب سے مرتبط ہوگیا۔

تسلیہ رسول ﷺ : فَلَا یَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ اِنَّا نَعْلَمُ مَا یُسِرُّوْنَ وَمَا یُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾ (جب یہ لوگ ایسے واضح واضح امور میں خلاف کرتے ہیں) تو ان لوگوں کی باتیں (درباب توحید ورسالت وغیرہ کے) آپ کے لئے آزردگی کا باعث نہ ہونا چاہئے (کیونکہ آزردگی ہوتی ہے امید سے اور امید ہوتی ہے مخاطب کے عقل اور انصاف سے اور یہاں اگر غباوت ہے تو عقل نہیں اور اگر عناد ہے تو انصاف نہیں پھر کیا اُمید پھر غم کیوں آگے دوسرے طور پر تسلیہ کی تاکید ہے کہ) بیشک ہم سب جانتے ہیں جو کچھ یہ دل میں رکھتے ہیں اور جو کچھ (زبان سے) ظاہر کرتے ہیں (بس ان کو وقت پر جزائے کافی ملے گی) ربط : اوپر وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ میں مضمون بعث کا تھا آگے خاتمہ میں پھر عود ہے اسی کی طرف الیتہ وہاں چونکہ سوال وقوع سے تھا کما یدل قولہ تعالٰی : وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اس لئے وہاں واقعات زیادہ ہیں گو وَلَوْ نَشَآءُ ...... میں بعض ان واقعات کی صحت پر بھی استدلال ہے اور یہاں چونکہ اعتراض اس کے امکان پر تھا جیسا لباب میں بتصحیح حاکم ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ عاص ابن وائل ایک بوسیدہ ہڈی لیکر حضور نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوا اور اس کو چٹکی سے مَل کر کہنے لگا کہ کیا یہ ایسی حالت کے بعد زندہ ہوگی آپؐ نے فرمایا ہاں اور تو دوزخ میں جاوے گا اس پر اَوَلَمْ یَرَ الْاِنْسَانَ سے آخر سورت تک آیتیں نازل ہوئیں اس لئے یہاں زیادہ استدلال ہے صحت وامکان پر گو بالکل اخیر کی آیت میں وقوع کا بھی حکم ہے۔ واللہ اعلم

جواب استبعاد بعث: اَوَلَمْ یَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ (الی قولہ تعالٰی) وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ کیا (اس) آدمی کو (جو کہ بعث کا انکار کرتا ہے) یہ معلوم نہیں کہ ہم نے اس کو (ایک حقیر) نطفہ سے پیدا کیا (جس کا مقتضا تو یہ تھا کہ اپنی اس ابتدائی حالت کو یاد کر کے اولاً بوجہ اپنی حقارت اور خالق کی عظمت کے جرأت انکار و گستاخی اعتراض سے طبعاً شرماتا ثانیاً خود اس حالت سے صحت بعث پر عقلاً استدلال کرتا) سو (اس نے ایسا نہ کیا بلکہ برخلاف اقتضائے مذکور) وہ علانیہ اعتراض کرنے لگا اور (اور وہ اعتراض یہ کہ) اس نے ہماری شان میں ایک عجیب مضمون بیان کیا (عجیب اسلئے کہ اس سے انکار قدرت لازم آتا ہے) اور اپنی اصل کو بھول گیا (کہ نطفہ حقیر ہے جس سے ہم نے اس کو انسان بنایا ورنہ طبعاً اور عقلاً ایسی بات نہ کہتا اگر اپنی اصل کو نہ بھولتا) کہتا ہے کہ ہڈیوں کو (خصوص) جبکہ وہ بوسیدہ ہوگئی ہوں کون زندہ کردیگا آپ جواب دیجئے کہ ان کو وہ زندہ کریگا جس نے اول بار میں ان کو پیدا کیا ہے (جب کہ وہ حیات سے بہت بعید تھیں اور اب تو ایک بار وہ حیات کو قبول بھی کر چکی ہیں) اور وہ سب طرح کا پیدا کرنا جانتا ہے (ابداء بھی اعادہ بھی اس کو کچھ مشکل نہیں) وہ ایسا (قادر مطلق) ہے کہ (بعض) ہرے درخت سے تمہارے لئے آگ پیدا کردیتا ہے پھر تم اس سے اور آگ سلگا لیتے ہو (چنانچہ عرب میں ایک درخت تھا مرخ اور ایک عفار ان سے چقماق کا کام لیتے تھے پس جب پانی میں کہ ضد حرارت اسی کا اثر ہے آگ پیدا کردیتے ہیں تو جماد میں حیات پیدا کرنا کیا مشکل ہے کیونکہ وہاں تو آگ کے ساتھ پانی بھی رہتا ہے اور یہاں تو حیات کے ساتھ جمادیت نہ رہے گی تو وہ اس احیاء سے زیادہ عجیب ہے) اور جس نے آسمان اور زمین پیدا کئے ہیں کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ ان جیسے آدمیوں کو (دوبارہ) پیدا کردے ضرور قادر ہے (بلکہ زمین وآسمان تو اور بھی بڑے ہیں قال تعالٰی : لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ ...... [المؤمن : ۵۷]) اور وہ بڑا پیدا کرنے والا خوب جاننے والا ہے (اور اس کی قدرت ایسی ہے کہ) جب وہ کسی چیز (کے پیدا کرنے) کا ارادہ کرتا ہے تو بس اس کا معمول تو یہ ہے کہ اس چیز کو کہہ دیتا ہے کہ ہوجا بس وہ ہوجاتی ہے (تو اس کو کیا بات مشکل ہوسکتی ہے) تو (ان سب مقدمات سے ثابت ہوگیا کہ) اس کی پاک ذات ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا پورا اختیار ہے (یعنی وہ عجز وغیرہ کے نقص سے منزہ ہے) اور (یہ امر سب شبہات سے سالم باقی رہ گیا کہ) تم سب کو (قیامت میں) اسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے۔ ف: مِثْلَهُمْ کے ایسے معنے جیسے محاورات میں بولتے ہیں کہ میں تم جیسوں کو کیا سمجھتا ہوں یعنی تم کو بھی اور تمہارے امثال کو بھی اور یہاں کئی استدلال جمع ہیں اول یُحْیِیْهَا جس کی طرف نَیِّیَ مِنْ نُّطْفَةٍ اور نَسِیَ میں بھی اشارہ ہے ثانی : وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِیْمُ ﴿۷۹﴾ جو کہ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ ﴿۸۱﴾ سے متقارب ہے ثالث : اَلَّذِیْ جَعَلَ لَكُمْ ...... رابع اَوَلَیْسَ الَّذِیْ ...... خامس اِنَّمَآ اَمْرُهٗ ...... اور فَسُبْحٰنَ ...... میں اشارہ ہے مطلوب ثابت بالدلائل المذکورہ کی طرف جیسا کلمۂ فا اس پر دال اور تحقیق كُنْ فَیَكُوْنُ ﴿۸۲﴾ کی اخیر پارہ الٓمّٓ میں گزری ہے اور تکون اشیاء میں گو اسباب میں تدریج بھی ہوتی ہے مگر افاضہ صورت نوعیہ کا دفعی ہے یا تدریجیات میں کن تدریجاً حکم ہوتا ہے اور دفعیات میں کن دفعۃً

www.besturdubooks.net

وقدتم بحمد الله تفسير سُوْرَةُ يٰسٓ ثانى ربيع الاول يوم الثلاثاء ۱۳۲۵ھ من الهجرة ، الموحود من الله تعالى التوفيق لاتمام البقية۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ...... اشارہ ہے کہ مخالفین کی باتوں کی پرواہ نہ کرنا چاہئے خدا تعالیٰ خود مطلع ہے مناسب انتقام لے لے گا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ان هو یعنی ان کو جو اشارة الى المرجع الدال عليه المقام ۱۲۔ ۲ قوله في لينذر تا کہ آپ انی اباب اشارة الى تعلق لينذر لمبين وفي قرأة لتنذر بالفوقانية ايضا يصح تعلق اللام لمبين بعد تقدير الجار والمجرور اى بين فيه الاحكام لتنذر انت به ۱۲۔ ۳ قوله قبل فلا يحزنك جب یہ لوگ اشارة الى توجيه الفاء بما هو ظاهر غوى عن البيان ۱۲۔ ۴ قوله في هو بكل خلق اس کو کچھ مشکل نہیں قرر الآية هكذا في الخازن ۱۲۔ ۵ قوله في امره معمول اشارة الى كون الامر بمعنى الشان ۱۲۔

اللغات: قوله ركوبهم بمعنى المركوب كفعول بمعنى المفعول ومنه الحصور وحلوب ۱۲ قوله مشارب جمع مشرب مصدر بمعنى المفعول وهو اللبن خص مع دخوله في المنافع لشرفه واعتناء العرب به وجمع باعتبار اصنافه ۱۲۔

النحو: قوله رميم لم يقل رميمة لاستواء المذكر والمؤنث في فصيل ۱۲۔

البلاغة: قوله حيا فيه استعارة كلما في قوله كان ميتا فاحييناه قوله ايدينا وفي آية خلقت بيدى بالشي وفي آية يد الله فوق ايديهم بالافراد وهذا عندى تفنن قوله انعاما تخصيصها لكثرة منافعها وتكرار مشاهدتها قوله وهم لهم هو عندى بمعنى عليهم ۱۲۔

سُوْرَةُ يٰسٓ ختم ہوئی۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ

سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ ۳۷ مَكِّيَّةٌ ۵۶ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۸۲ — رُكُوْعَاتُهَا ۵

سورۃ الصفت مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۸۲ آیات اور ۵ رکوع ہیں

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝۱ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝۲ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝۳ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝۴ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝۵ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ﹰالْكَوَاكِبِ ۝۶ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ
شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝۷ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝۸ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ
وَّاصِبٌ ۝۹ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝۱۰

منزل ۶

قسم ہے ان فرشتوں کی جو صف باندھ کر کھڑے ہوتے ہیں۔ پھر ان فرشتوں کی جو بندش کرنے والے ہیں۔ پھر ان کی جو ذکر کی تلاوت کرنے والے ہیں کہ تمہارا معبود برحق ایک ہے۔ وہ پروردگار ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے اور پروردگار ہے طلوع کرنے کے مواقع کا ہم ہی نے رونق دی ہے اس طرف والے آسمان کو ایک عجیب آرائش یعنی ستاروں کے ساتھ اور حفاظت بھی کی ہے ہر شریر شیطان سے۔ وہ شیاطین عالم بالا کی طرف کان بھی نہیں لگا سکتے اور وہ ہر طرف سے مار کر دھکے دے دیئے جاتے ہیں اور ان کے لئے دائمی عذاب ہوگا مگر جو شیطان کچھ خبر لے ہی بھاگے تو ایک دہکتا ہوا شعلہ اس کے پیچھے لگ لیتا ہے۔

تفسیر: سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ مَكِّيَّةٌ وایٰتها مائة واحدى او اثنان وثمانون كذا في البيضاوی **ربط:** اس سورۃ کا خلاصہ یہ مضامین ہیں توحید جس سے سورت شروع بھی کی گئی اور پھر بعث جس پر شروع سورت ہی میں بعض دلائل مذکورہ توحید سے استدلال بھی کیا گیا اور رکوع دوم کے ختم تک وہی مضمون بعث کا چلا گیا اور پھر رسالت جس کا سلسلہ بضمن قصص قریب ختم سورت تک چلا گیا پھر فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ ...... سے عود ہے توحید و تنزیہ کی طرف پھر وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ سے منکرین کی تقریع وعید سے اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا تسلیہ وعدہ سے پھر خاتمہ میں تنزیہ ذوالجلال والاکرام اور تنویہ شان رسل کرام جو کہ توحید و رسالت کے مناسب ہے اور اس سے سورت کے مجموعہ کا اس سورت سابقہ کے مجموعہ سے بھی ارتباط ظاہر ہوگیا کہ وہ بھی ان ہی مضامین پر مشتمل تھی۔

اثباتِ توحید بدلیل وتاکیدش بقسم: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝۱ (الی قولہ تعالی) فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝۱۰ قسم ہے ان فرشتوں کی جو (عبادت میں یا حق تعالیٰ کا حکم سننے کے وقت) صف باندھ کر کھڑے ہوتے ہیں (جیسا اسی سورت میں آگے آوے گا: وَاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ اور حدیث میں ہے: الا تصفون کما تصف الملائکہ) پھر (قسم ہے) ان فرشتوں کی جو (شہاب ثاقب کے ذریعہ سے آسمانی خبریں لانے سے شیاطین کی) بندش کرنے والے ہیں (جیسا اسی سورت میں عنقریب آتا ہے: وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝۸ ......) پھر (قسم ہے) ان فرشتوں کی جو ذکر (الٰہی تسبیح و تقدیس) کی تلاوت کرنے والے ہیں (جیسا اسی سورت میں آوے گا: وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ غرض ان سب کی قسم کھا کر کہتے ہیں) کہ تمہارا معبد (برحق) ایک ہے (اور دلیل اس توحید کی یہ ہے کہ) وہ پروردگار ہے آسمانوں کا اور زمین کا (یعنی ان کا مالک اور متصرف) اور پروردگار ہے (سب ستاروں کے) طلوع کرنے کے مواقع کا (اور) ہم ہی نے رونق دی ہے اس طرف والے آسمان کو ایک عجیب آرائش یعنی ستاروں کے ساتھ اور (ان ہی ستاروں کے ساتھ اس آسمان کی یعنی اس کی خبروں کی) حفاظت بھی کی ہے ہر شریر شیطان سے (جس کا طریق آگے آتا ہے يُقْذَفُوْنَ ...... اور اسی انتظام قذف و رجم کی وجہ سے) وہ شیاطین عالم بالا (یعنی ملائکہ) کی (باتوں کی) طرف کان بھی نہیں لگا سکتے (یعنی اکثر تو رجم کے ڈر سے دور ہی دور رہتے ہیں) اور (اگر کبھی اتفاقاً اس کی کوشش کرتے بھی ہیں تو) وہ ہر

www.besturdubooks.net

طرف سے (یعنی جس طرف بھی جو شیطان جاوے) مار کر دھکے دے دیئے جاتے ہیں (یہ عذاب وذلت تو ان کو فی الحال ہے) اور (پھر آخرت میں) ان کے لئے (جہنم کا دائمی عذاب ہوگا (غرض قبل خبر سننے ہی کے رجم کر دیا جاتا ہے اور استماع کا قصد کر کے سمع خبر میں ناکام رہتا ہے) مگر جو شیطان کچھ خبر لے ہی بھاگے تو ایک دہکتا ہوا شعلہ اس کے پیچھے لگ لیتا ہے (کہ اس کو جلا پھونک دیتا ہے پس سمع خبر کے بعد بھی اسماع وایصال خبر میں ناکام رہتا ہے پس یہ تمام تر انتظامات وتصرفات دال علی التوحید ہیں اور گو اس استدلال کے بعض مقدمات سمعی ہیں لیکن خود اس دلیل سمعی کی صحت دلیل عقلی سے ثابت ہے لہٰذا وہ سمعی بھی مثل عقلی ہی کے ہوا اور یہ استدلال علی التوحید معنیً عقلی ہی رہا اور شہاب ثاقب سے شیطان کے رجم اور استراق سمع کی تحقیق شروع سورۂ حجر میں گذر چکی ہے اور ظاہر آیت: اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا سے کواکب کا اسی آسمان میں ہونا معلوم ہوتا ہے اور اہل ہیئت کے پس کواکب کے جدا جدا آسمان پر ہونے کی کوئی دلیل کافی نہیں اور اگر کسی دلیل صحیح سے یہ ثابت ہو جاوے تو آیت کی توجیہ یہ ہوگی کہ جب بھی اس کی تزیین تو ان سے ہو سکتی ہے اور مخلوق کی قسم کھانے کی تحقیق بذیل تفصیل آیت: لعمرك واقعہ سورہ حجر گذر چکی ہے اور مقصود ان قسموں سے استدلال نہیں استدلال تو آگے ہے محض تاکید کلام ہے جیسا کہ سرخی کا عنوان اس طرف مشیر ہے البتہ ان قسموں میں اشارہ استدلال باحوال مقسم علیہ کی طرف ہوتا ہے یا مقسم بہ نظیر مقسم علیہ کی ہوتا ہے کہ نظیر بھی ایک گونہ دال ہوتی ہے دوسری نظیر پر چنانچہ ان صافات کے احوال میں کہ مصنوع ہیں دلالت علی الصانع والتوحید ظاہر ہے اسی طرح ہر جگہ تامل سے معلوم ہو سکتا ہے اور ظاہر اسیاق آیت: لَا يَسَّمَّعُوْنَ سے معلوم ہوتا ہے کہ اول استماع کی نفی کی باعتبار اکثر کے پھر بعد استماع شاذ ونادر کے يُقْذَفُوْنَ میں اسمع کی نفی کی پھر بعد سمع اتفاقی کے اَتْبَعَهٗ سے اسماع کی نفی کی اور مِنْ كُلِّ جَانِبٍ کا مطلب یہ نہیں کہ ہر شیطان کو ہر طرف سے رجم کرتے ہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ جس طرف کوئی شیطان جاوے ادھر ہی مرجوم ہوتا ہے اور جن فرشتوں کی قسم کھائی ہے ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ سب فرشتے مختلف جماعتیں ہیں کوئی مدبرات ارض ہیں جن کو احکام بتلائے جاتے ہیں کوئی قیام عبادت میں مشغول ہیں اور یہ دونوں صف باندھتے ہیں یا احکام سننے والوں کا اصطفاف بمعنی اصطفاف اجنحہ کے ہو اور بعض مدبرات سماء ہیں جو شیاطین کو رجم کرتے ہیں اور بعض محض تسبیح وتقدیس کے لئے مخصوص ہیں اس صورت میں تو عطف ظاہر ہے اور اگر ایک ہی جماعت یہ سب کام کرتی ہو تو عطف باعتبار تغایر صفت کے ہوگا اور تعقیب کلمہ فا سے باعتبار فعل قسم کے ہے یعنی کئی قسمیں آگے پیچھے کھاتے ہیں اس میں اور کسی توجیہ کی ضرورت نہیں کیونکہ جب قسم متعدد ہوگی تو ان میں مرتبہ تلفظ میں تعاقب ہو ہی گا اور عذاب دائمی شیاطین کو بوجہ ان کے کفر کے ہوگا اور یہاں مغارب کا ذکر اس لئے نہیں ہوا کہ مشارق کا ذکر اس پر بھی دال ہے اور شاید تخصیص مشارق کی اس لئے ہو کہ اشراق بوجہ نصب العین ہونے کے قدرت پر زیادہ دال ہے گو دوسری کئی وجہ سے غروب زیادہ دال ہو اور اس آیت میں مشارق جمع آیا ہے اور بعض میں تثنیہ کے صیغہ سے آیا ہے جیسے سورۂ رحمٰن میں سو وہ باعتبار شمس وقمر کے ہوگا اور بعض جگہ مفرد آیا ہے جیسے سورۂ مزمل میں سو یا تو اس سے مراد جنس ہوگا یا خاص آفتاب کا مطلع ومغرب بوجہ اس کے اشہر الکواکب ہونے کے مراد ہوگا اور اس کے سوا اور بھی توجیہات محتمل ہیں اور شیاطین کی اس حالت بیان کرنے سے علاوہ استدلال علی التوحید بالتقریر المذکور کے اشارہ ابطال شرک کی طرف ایک اور تقریر سے بھی ہو گیا یعنی شیاطین جن کو تم شرکاء قرار دیتے ہو وہ اس درجہ مدحور ومطرود ہیں کہ عالم بالا تک رسائی تو میسر نہیں اس سے زیادہ رفعت وقدرت تو ان کو کیا ہوگی پھر الوہیت کے مستحق کب ہو سکتے ہیں نیز اشارہ صحت رسالت کی طرف بھی اس طرح حاصل ہو گیا کہ اس قرآن میں کہانت کا احتمال نہیں اور بعث پر اس سے استدلال خود آگے موجود ہے بس اس طور پر یہ مضمون جامع ہو گیا اصول ثلٰثہ کو)۔

اَلْحَوَاشِيْ: (۱) یعنی نہ سننے کا قصد کرتے ہیں اور نہ ان کا سننا واقع ہوتا ہے ۱۲ منہ۔

اَللُّغَاتُ: قوله واصب دائم اتمع بمعنى تبع ثاقب مضى لثقبه الجو بالضوء ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله الكواكب بدل من زينة قوله وحفظا مفعول مطلق لمقدر اى وحفظناها به حفظاً قوله دحورا مفعول مطلق ليقذفون باعتبار المعنى قوله الا من خطف استثناء متصل من واو يسمعون ومن بدل منه والاستثناء باعتبار مجموع الستماع والسمع اى لا يستمعون ولا يسمعون الا لخاطف فيستمع ويسمع لكن لحرقه لا يقدر على اسماع غيره والايصال اليه ۱۲۔

فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۱۷﴾ قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دٰخِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ

www.besturdubooks.net

وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝١٩ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ۝٢٠ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ
تُكَذِّبُوْنَ ۝٢١ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ۝٢٢ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى ع ۱ ۵
صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ۝٢٣ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ۝٢٤ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ۝٢٥ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ۝٢٦
وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝٢٧ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ۝٢٨ قَالُوْا بَلْ
لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝٢٩ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ۝٣٠ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ اِنَّا
لَذَآىِٕقُوْنَ ۝٣١ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ۝٣٢ فَاِنَّهُمْ يَوْمَىِٕذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ۝٣٣ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ۝٣٤
اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝٣٥ وَيَقُوْلُوْنَ اَىِٕنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ
مَّجْنُوْنٍ ۝٣٦ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٣٧ اِنَّكُمْ لَذَآىِٕقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ۝٣٨ وَمَا تُجْزَوْنَ
اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٣٩ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝٤٠ اُولٰٓىِٕكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ۝٤١ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ۝٤٢
فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝٤٣ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝٤٤ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۝٤٥ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝٤٦ لَا فِيْهَا
غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ۝٤٧ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ۝٤٨ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ۝٤٩ فَاَقْبَلَ
بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝٥٠ قَالَ قَآىِٕلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ۝٥١ يَّقُوْلُ اَىِٕنَّكَ لَمِنَ
الْمُصَدِّقِيْنَ ۝٥٢ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ۝٥٣ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ۝٥٤ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ
فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝٥٥ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ۝٥٦ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۝٥٧ اَفَمَا
نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ۝٥٨ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۝٥٩ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝٦٠ لِمِثْلِ هٰذَا
فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ۝٦١ اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ۝٦٢ اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ۝٦٣ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ
فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ۝٦٤ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ۝٦٥ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ۝٦٦ ثُمَّ
اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ۝٦٧ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ۝٦٨ اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ۝٦٩ فَهُمْ
عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ۝٧٠ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝٧١ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝٧٢ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ
عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝٧٣ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝٧٤ ع ۲ ۶

تو آپ ان سے پوچھئے کہ یہ لوگ بناوٹ میں زیادہ سخت ہیں یا ہماری پیدا ہوئی یہ چیزیں (کیونکہ) ہم نے ان لوگوں کو چپکتی مٹی سے پیدا کیا ہے۔ بلکہ آپ تو تعجب کرتے ہیں اور یہ لوگ تمسخر کرتے ہیں اور ان کو سمجھایا جاتا ہے تو یہ سمجھتے نہیں اور جب یہ کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو خود اس کی ہنسی اُڑاتے ہیں اور کہتے ہیں یہ تو صریح جادو ہے (کیونکہ)

www.besturdubooks.net

بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہم پھر زندہ کئے جائیں گے اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی۔ آپ کہہ دیجئے کہ ہاں (ضرور زندہ ہوں گے) اور تم ذلیل بھی ہو گے۔ پس قیامت تو بس ایک للکار ہوگی (یعنی نفخہ ثانیہ) سب یکا یک دیکھنے بھالنے لگیں گے۔ اور کہیں گے ہائے ہماری کم بختی یہ تو وہی روز جزا (معلوم ہوتا ہے ارشاد ہوگا کہ ہاں) یہ وہی فیصلہ کا دن ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے جمع کر لو ظالموں کو اور ان کے ہم مشربوں کو اور ان معبودوں کو جن کی وہ لوگ اللہ کو چھوڑ کر عبادت کرتے تھے۔ پھر ان سب کو دوزخ کا رستہ بتلاؤ اور (اچھا) ان کو ذرا ٹھہراؤ ان سے کچھ پوچھا جائے گا کہ اب تم کو کیا ہوا ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے بلکہ وہ سب کے سب اس روز سر افگندہ کھڑے ہوں گے اور وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر جواب سوال (یعنی اختلاف) کرنے لگیں گے چنانچہ تابعین کہیں گے کہ ہم پر تمہاری آمد بڑے زور کی ہوا کرتی۔ متبوعین کہیں گے۔ نہیں بلکہ تم خود ہی ایمان نہیں لائے تھے اور ہمارا تم پر کوئی زور تو تھا ہی نہیں۔ بلکہ تم خود ہی سرکشی کیا کرتے تھے۔ سو ہم سب پر ہی ہمارے رب کی یہ ازلی بات تحقیق ہو چکی تھی کہ ہم سب کو مزہ چکھنا ہے۔ تو ہم نے تم کو بہکایا ہم خود ہی گمراہ تھے۔ تو وہ سب کے سب اس روز عذاب میں (بھی) شریک رہیں گے (اور) ہم ایسے مجرموں کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے ہیں۔ وہ لوگ ایسے تھے کہ جب ان سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں تو تکبر کیا کرتے تھے کہ کیا ہم اپنے معبودوں کو ایک شاعر دیوانہ کی وجہ سے چھوڑ دیں گے بلکہ یہ تو ایک سچا دین لے کر آئے ہیں اور دوسرے پیغمبروں کی تصدیق کرتے ہیں تم سب کو عذاب چکھنا پڑے گا اور تم کو اسی کا بدلہ ملے گا جو کچھ تم کیا کرتے تھے۔ ہاں مگر جو اللہ کے خالص برگزیدہ بندے ہیں ان کے واسطے ایسی غذائیں ہیں جن کا حال (دوسری سورتوں) میں معلوم ہو چکا ہے۔ یعنی میوے اور وہ لوگ بڑی عزت سے آرام کے باغوں میں تختوں پر آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے ان کے پاس ایسا جام شراب لایا جائے گا جو بہتی ہوئی شراب سے بھرا ہوگا سفید ہوگی پینے والوں کو لذیذ معلوم ہوگی نہ اس میں درد سر ہوگا اور نہ اس سے عقل میں فتور آئے گا اور ان کے پاس نیچی نگاہ والی بڑی بڑی آنکھوں والی (حوریں) ہوں گی گویا وہ بیضے ہیں جو چھپے ہوئے رکھے ہیں پھر ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر بات چیت کریں گے ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا کہ دنیا میں میرا ایک ملاقاتی تھا۔ وہ کہا کرتا تھا کہ کیا تو بعث کے معتقدین میں سے ہے' کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو ہم کیا جزا سزا دیئے جائیں گے ارشاد ہوگا کہ کیا تم جھانک کر (اس کو) دیکھنا چاہتے ہو؟ سو وہ شخص جھانکے گا تو اس کو وسط جہنم میں دیکھے گا۔ کہے گا کہ اللہ کی قسم تو تو مجھ کو تباہ ہی کرنے کو تھا اور اگر میرے رب کا فضل نہ ہوتا تو میں بھی ماخوذ لوگوں میں ہوتا کیا ہم پہلی بار مرنے کے اب نہیں مریں گے اور نہ ہم کو عذاب ہوگا یہ بے شک بڑی کامیابی ہے ایسی ہی کامیابی کے لئے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہئے بھلا یہ دعوت بہتر ہے یا زقوم کا درخت؟ ہم نے اس درخت۔ کو ظالموں کے لئے موجب امتحان بنایا ہے وہ ایک درخت ہے جو قعر دوزخ میں سے نکلتا ہے اس کے پھل ایسے ہیں جیسے سانپ کے پھن تو وہ لوگ اس سے کھائیں گے اور اسی سے پیٹ بھریں گے۔ پھر ان کو کھولتا ہوا پانی (پیپ میں) ملا کر دیا جائے گا۔ پھر آخیر ٹھکانا دوزخ ہی کی طرف ہوگا کیونکہ انہوں نے اپنے بڑوں کو گمراہی کی حالت میں پایا تھا پھر یہ بھی ان ہی کے قدم بقدم تیزی کے ساتھ چلتے تھے اور ان سے پہلے بھی اگلے لوگوں میں اکثر گمراہ ہو چکے ہیں اور ہم نے ان میں بھی ڈرانے والے (پیغمبر) بھیجے تھے۔ سو دیکھ لیجئے ان لوگوں کا کیسا (برا) انجام ہوا جنکو ڈرایا گیا تھا ہاں مگر اللہ کے خاص کئے ہوئے بندے تھے۔

تفسیر ربط: اوپر اثبات توحید تھا آگے اثبات بعث ہے جس سے امکان بعض اجزاء دلیل مذکور سے استدلال بھی کیا گیا ہے جیسا کلمہ فَاسْتَفْتِهِمْ میں اس پر دال ہے اور ثبوت نبوت سے اس کے وقوع پر استدلال کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جیسا وَاِذَا رَاَوْا ...... کی تقریر ترجمہ سے معلوم ہوگا اور بعث کے ساتھ کفار کا عذاب اور مؤمنین کا ثواب کا ذکر فرمایا گیا ہے اور اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ میں بطور تتمیم مضمون کے عذاب کفار کی ایک تعلیل ارشاد ہوئی ہے۔

بحث بعث و واقعات او: فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا (الی قولہ تعالی) اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ (اور جب دلائل توحید میں حق تعالیٰ کا مخلوقات میں تصرفات مذکورہ پر قادر ہونا اور ان مخلوقات کا مقدور ہونا معلوم ہو گیا) تو آپ ان (منکرین بعث) سے (بطور تبکیت والزام کے) پوچھئے کہ یہ لوگ بناوٹ میں زیادہ سخت ہیں یا ہماری پیدا کی ہوئی یہ چیزیں (جن کا ابھی ذکر ہوا سو واقع میں یہی چیزیں زیادہ سخت ہیں کیونکہ) ہم نے ان لوگوں کو (تو ابتدائے خلق آدم میں اسی معمولی) چپکتی مٹی سے پیدا کیا ہے (جس میں نہ کچھ قوت ہے نہ صلابت اور انسان جو اس سے بنا ہے وہ بھی زیادہ قوی اور صلب نہیں ہے پس جب مخلوقات قویہ صلبہ کے ابتدائے خلق پر ہم قادر ہیں تو مخلوق ضعیف اور رخو کے اعادہ پر قدرت کیوں نہ ہوگی مگر باوجود ایسی دلیل واضح کے بھی یہ لوگ امکان بعث کے قائل نہیں ہوئے) بلکہ (اس سے بڑھ کر بات یہ ہے کہ) آپ تو (ان کے انکار قدرت الٰہیہ سے جو کہ نفی امکان سے لازم آتا ہے) تعجب کرتے ہیں اور یہ لوگ (انکار سے بڑھ کر اس دعویٰ بعثت سے) تمسخر کرتے ہیں اور (ظاہر ہے کہ اس دعوے کے دو ہی جز ہیں امکان بعث اور وقوع بعث جز اول کا اثبات دلائل عقلیہ کے یاد دلانے سے ہو سکتا ہے جن میں ایک ابھی مذکور ہوئی اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا ...... اور جزو دوم کا اثبات ثبوت نبوت سے ہو سکتا ہے مگر ان کی کیفیت یہ ہے کہ) جب ان کو (دلائل عقلیہ سے امکان) سمجھایا جاتا ہے تو یہ سمجھتے نہیں اور جب یہ کوئی معجزہ دیکھتے ہیں (جو بغرض ثبوت نبوت ان کو دکھلایا جاتا ہے جس سے وقوع بعث ثابت کیا جاوے) تو (خود) اس کی ہنسی اڑاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ تو صریح جادو ہے (کیونکہ اگر یہ معجزہ ہو تو اس سے نبوت کا ثبوت اور اس سے مدعی بعث کا صدق لازم آتا ہے اور لازم محال ہے کیونکہ) بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہم (پھر) زندہ کئے جاوینگے اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی

www.besturdubooks.net

(زندہ ہونگے) آپ کہہ دیجئے کہ ہاں (ضرور زندہ ہوگے) اور تم ذلیل بھی ہوگے (جو شخص دلیل کے بعد بھی عناداً انکار کرے اس کے لئے ایسا ہی جواب زیبا ہے آگے ثبوت مقدمات بعث پر تفریع فرماتے ہیں کہ) پس قیامت تو بس ایک للکار ہوگی (یعنی نفخۂ ثانیہ) سو (اس سے) سب یکایک (زندہ ہوکر) دیکھنے بھالنے لگیں گے اور (تحسرا) کہیں گے ہائے ہماری کمبختی یہ تو وہی روز جزاء (معلوم ہوتا) ہے (ارشاد ہوگا کہ ہاں) یہ وہی فیصلہ کا دن ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے (آگے تفصیل ہے بعض واقعات کی کہ ملائکہ کو حکم ہوگا کہ) جمع کرلو ظالموں کو (یعنی جو بانی اور مقتدائے کفر وشرک تھے) اور ان کے ہم مشربوں کو (یعنی جو ان کے ساتھ تابع تھے) اور ان معبودوں کو جن کی وہ لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کیا کرتے تھے (یعنی شیاطین واصنام) پھر ان سب کو دوزخ کا راستہ بتلاؤ (یعنی ادھر لیجاؤ) اور (پھر یہ حکم ہوگا کہ اچھا) ان کو (ذرا) ٹھہراؤ ان سے کچھ پوچھا جاوے گا (چنانچہ ان سے یہ سوال ہوگا) کہ اب تم کو کیا ہوا کہ (عذاب کا حکم سن کر) ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے (یعنی متبوعین انسان ہو یا شیاطین اپنے تابعین کی مدد نہیں کرتے جیسا دنیا میں اضلال واغواء کے وقت تابعین کو دھوکے دیتے تھے کہ اس طریق شرکی کو اختیار کرو کچھ ضرر نہ ہوگا مگر اس سوال کے بعد بھی کچھ تناصر نہ ہوگا) بلکہ وہ سب کے سب اس روز سر افگندہ (کھڑے) ہونگے اور (بجائے تناصر کے اور باہم تنافر اور تنازع ہوگا کہ) وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوکر جواب سوال (یعنی اختلاف) کرنے لگیں گے (چنانچہ) تابعین (متبوعین سے) کہیں گے کہ (کہ ہم کو تو تم نے گمراہ کیا کیونکہ) ہم پر تمہاری آمد بڑے زور کی ہوا کرتی تھی (یعنی ہم پر خوب زور ڈال کر ہمارے اضلال کا اہتمام اور اس میں سعی کیا کرتے تھے) متبوعین کہیں گے کہ نہیں بلکہ تم خود ہی ایمان نہیں لائے تھے اور (ہم پر ناحق کا الزام ہے کیونکہ) ہمارا تم پر کوئی زور تو تھا ہی نہیں بلکہ تم خود ہی سرکشی کیا کرتے تھے سو (جب مرتکب کفر کے تم بھی تھے اور ہم بھی یدل علی الاول لم تکونوا مؤمنین وعلی الثانی قولھم ما کان لنا علیکم من سلطٰن ای فی قسر کم علی طریقنا تو اس سے معلوم ہوا کہ) ہم سب ہی پر ہمارے رب کی یہ (ازلی) بات محقق ہو چلی تھی کہ ہم سب کو (عذاب کا) مزہ چکھنا ہے (جو حاصل ہے :لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ [ھود : ۱۱۹] کا) تو (اس کا سامان یہ ہوگیا کہ) ہم نے تم کو بہکایا (جس سے تم بلا ہمارے اکراہ کے باختیار خود گمراہ ہوئے اور ادھر) ہم خود بھی (اپنے اختیار سے) گمراہ تھے (پس دونوں کی گمراہی کے اسباب مجتمع ہوگئے جس میں تمہارا اختیار تمہارے اسباب غوایت کا ایک جزو ہے پھر اپنے کو بری کرنا کیسے چاہتے ہو آگے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جب دونوں فریق کا اشتراک فی الکفر ثابت ہے) تو وہ سب کے سب اس روز عذاب میں (بھی) شریک رہیں گے (اور) ہم ایسے مجرموں کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے ہیں (آگے ان کے کفر وجرم کا بیان ہے کہ) وہ لوگ ایسے تھے کہ (توحید کے بھی منکر تھے اور رسالت کے بھی چنانچہ) جب ان سے (بواسطہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے) کہا جاتا تھا کہ خدا کے سوا کوئی معبود برحق نہیں تو (اس کے ماننے سے) تکبر کیا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ کیا ہم اپنے معبودوں کو ایک شاعر دیوانہ (کے کہنے) کی وجہ سے چھوڑ دینگے (پس اس میں توحید اور رسالت دونوں کا انکار ہوگیا حق تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ پیغمبر نہ شاعر ہیں نہ مجنون) بلکہ (پیغمبر ہیں کہ) ایک سچا دین لے کر آئے ہیں اور (اصول توحید وغیرہ میں) دوسرے پیغمبروں کی تصدیق (اور موافقت) کرتے ہیں (یعنی ایسے اصول بتلاتے ہیں جس میں سب مرسلین متفق ہیں پس وہ اصول بشہادت اجماع براہین کثیرہ حق ہیں خیال بندی نہیں اور حق بات کا کہنا جنون نہیں اسی طرح اور امم نے اپنے انبیاء کے ساتھ اسی کے قریب قریب برتاؤ کیا یہاں بعض آیات میں صرف اس امت کے کفار کا ذکر باعتبار خصوصیت مخاطبین وقت نزول قرآن کے ہوگیا آگے بیان ہے ان کو مشافہۃً اس عذاب مشترک کے سنانے کا کہ) تم سب (تابع ومتبوع) کو دردناک عذاب چکھنا پڑے گا اور (اس حکم میں تم پر کوئی ظلم نہیں ہوا کیونکہ) تم کو اس ہی کا بدلہ ملے گا جو کچھ تم (کفر وغیرہ) کیا کرتے تھے ہاں مگر جو اللہ کے خاص کئے ہوئے بندے ہیں (مراد اس سے اہل ایمان ہیں کہ انہوں نے حق کا اتباع کیا اللہ تعالیٰ نے ان کو مقبول اور مخصوص فرمالیا سو) ان کے واسطے ایسی غذائیں ہیں جن کا حال (دوسری سورتوں میں) معلوم (ہوچکا) ہے یعنی میوے (جن کا ملنا سورۂ یٰسین آیت: لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ میں اور جن کا وصف سورۂ واقعہ وَفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ۔ لَامَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ میں اس کے قبل نازل ہوچکا ہے کیونکہ سورۂ یٰسین وواقعہ سورۂ صافات سے نزول میں مقدم ہیں کذا فی الاتقان) اور وہ لوگ بڑی عزت سے آرام کے باغوں میں تختوں پر آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے (اور) ان کے پاس ایسا جام شراب لایا جاویگا (یعنی غلمان لاوینگے کما فی الواقعۃ :يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ ......) جو بہتی ہوئی شراب سے بھرا جاویگا (کما قال تعالیٰ : وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ جس سے اس کی کثرت اور لطافت معلوم ہوئی اور دیکھنے میں) سفید ہوگی (اور پینے میں) پینے والوں کو لذیذ معلوم ہوگا (اور) نہ اس میں دردسر ہوگا (جیسا دنیا کی شراب میں ہوتا ہے جس کو خمار کہتے ہیں) اور نہ اس عقل میں فتور آویگا اور ان کے پاس نیچی نگاہ والی بڑی بڑی آنکھوں والی (حوریں) ہونگی (کما قال تعالیٰ وَحُوْرٌ عِيْنٌ جن کی رنگت ایسی صاف ہوگی کہ) گویا بیضے ہیں جو (پروں کے نیچے) چھپے ہوئے ہیں (کہ گرد وغبار اور داغ سے بالکل محفوظ ہوتے ہیں تشبیہ محض صفائی میں ہے بوجہ عادت عرب کے کہ عورتوں کے لئے اس تشبیہ کا استعمال کیا کرتے ہیں کذا فی الروح اور خصوصیت رنگت میں تشبیہ نہیں چنانچہ سورۂ رحمٰن میں یاقوت اور مرجان سے تشبیہ دی ہے تو مختلف رنگتیں کیسے جمع ہوسکتی ہیں یا یوں کہا جاوے کہ سب الوان کچھ کچھ دکھتے ہونگے) پھر (جب سب ایک جلسہ

www.besturdubooks.net

میں جمع ہونگے تو) ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر بات چیت کرینگے (اس بات چیت کے اثناء میں) ان (اہل جنت) میں سے ایک کہنے والا (اہل مجلس سے) کہے گا کہ (دنیا میں) میرا ایک ملاقاتی تھا وہ (مجھ سے بطور تعجب کہا کرتا تھا کہ کیا تو بعث کے معتقدین میں سے ہے کیا جب ہم مرجاویں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جاوینگے تو کیا ہم (دوبارہ زندہ کئے جاوینگے اور زندہ کر کے) جزا سزا دیئے جاوینگے (یعنی وہ منکر بعث تھا پس ضرور وہ دوزخ میں گیا ہوگا حق تعالیٰ کا) ارشاد ہوگا کہ (اے اہل جنت) کیا تم جھانک کر (اس کو) دیکھنا چاہتے ہو (اگر چاہو تو تم کو اجازت ہے) سو وہ شخص (جس نے قصہ بیان کیا تھا) جھانکے گا (خواہ اور لوگ بھی جھانکیں یا نہ جھانکیں شق اول پر اس کی تخصیص اس لئے ہے کہ باعث اذن اطلاع کا یہی ہوا اور اسی کا اشتیاق بھی زیادہ تھا اور دوسری شق پر تخصیص ظاہر ہے غرض جب جھانکے گا) تو اس کو وسط جہنم میں (پڑا ہوا) دیکھے گا (وسط کے لئے حقیقی ہونا ضروری نہیں اس کو وہاں دیکھ کر اس سے) کہے گا کہ خدا کی قسم تو تو مجھ کو تباہ ہی کرنے کو تھا (یعنی مجھ کو بھی منکر بعث بنانے کی کوشش کیا کرتا تھا) اور اگر میرے رب کا (مجھ پر) فضل نہ ہوتا (کہ مجھ کو خدا نے اعتقاد صحیح پر قائم رکھا) تو میں بھی (تیری طرح) ماخوذ لوگوں میں ہوتا (اس کے بعد اپنے یاران جلسہ اہل جنت سے کہے گا کہ) کیا ہم بجز پہلی بار کے مر چکنے کے (کہ دنیا میں مر[1] چکے ہیں) اب نہیں مریں گے اور نہ ہم کو عذاب ہوگا (یہ بات اہل جنت سے اور اسی طرح پہلی بات اس کافر ملاقاتی کے متعلق اور اس کو جھانکنا دیکھنا اس سے باتیں کرنا یہ سب جوش خوشی میں ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے سب آفات اور کلفتوں سے بچالیا اور ہمیشہ کے لئے بے فکر کر دیا آگے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اے سامعین جو کچھ جنت کی نعیم جسمانی و روحانی سے مذکور ہوا) یہ بیشک بڑی کامیابی ہے ایسی ہی کامیابی (حاصل کرنے) کے لئے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہئے (یعنی ایمان لانا اور اطاعت کرنا چاہئے آگے دونوں عذاب وثواب کا موازنہ کر کے اہل ایمان کو ترغیب اور کفار کو ترہیب فرماتے ہیں کہ اے سامعین بتلاؤ) بھلا یہ دعوت (نعیم جنت کی کہ فواکہ وغیرہا ہیں) بہتر ہے (جو اہل ایمان کے لئے ہے) یا زقوم کا درخت (جو کفار کے لئے ہے) ہم نے اس درخت کو (علاوہ عقوبت فی الآخرۃ بنانے کے دنیا میں بھی ان) ظالموں کے لئے موجب امتحان بنایا ہے (کہ اس کو سن کر تصدیق کرتے ہیں یا تکذیب واستہزاء کرتے ہیں چنانچہ کفار تکذیب واستہزاء سے پیش آئے کہنے لگے کہ زقوم تو مسکہ اور خرما کو کہتے ہیں وہ تو خوب لذیذ چیز ہے اور کہنے لگے کہ زقوم اگر درخت ہے تو دوزخ میں کہ آگ ہے درخت کیسے ہوسکتا ہے اس کا جواب آگے فرماتے ہیں کہ) وہ ایک درخت ہے جو قعر دوزخ میں سے نکلتا ہے (یعنی مسکہ وخرما نہیں ہے اور چونکہ خود آگ ہی میں پیدا ہوتا ہے اس لئے وہاں رہنا بعید نہیں جیسا سمندر جانور کہ آگ میں پیدا ہوتا ہے اور آگ میں رہتا ہے اس سے دونوں باتوں کا جواب ہوگیا آگے اس کی ایک کیفیت مذکور ہے کہ) اس کے پھل ایسے (کریہ المنظر) ہیں جیسے سانپ کے پھن (پس ایسے درخت سے ظالموں کی دعوت ہوگی) تو وہ لوگ (بھوک کی شدت میں جب اور کچھ نہ ملے گا تو) اس سے کھاوینگے اور (چونکہ بھوک سے مضطر ہونگے) اسی سے پیٹ بھرینگے پھر (جب پیاس سے بیقرار ہو کر پانی مانگیں گے تو) ان کو کھولتا ہوا پانی (غساق یعنی پیپ میں) ملا کر دیا جاویگا اور (یہ نہیں کہ اس مصیبت کا خاتمہ ہو جاوے بلکہ اس کے بعد) پھر اخیر ٹھکانا ان کا دوزخ ہی کی طرف ہوگا (یعنی اس کے بعد بھی وہاں ہی ہمیشہ کے لئے رہنا ہوگا اور وجہ ان کی اس سزا کی یہ ہوئی کہ) انہوں نے (ہدایت الٰہیہ کا اتباع نہیں کیا تھا بلکہ) اپنے بڑوں کو گمراہی کی حالت میں پایا تھا پھر یہ بھی ان ہی کے قدم بقدم تیزی کے ساتھ چلتے تھے (یعنی شوق اور رغبت سے ان کی راہ بے راہی پر چلتے تھے) اور ان (کفار موجودین) سے پہلے بھی اگلے لوگوں میں اکثر گمراہ ہو چکے ہیں اور ہم نے ان میں بھی ڈرانے والے (پیغمبر) بھیجے تھے سو دیکھ لیجئے ان لوگوں کا کیسا (برا) انجام ہوا جن کو ڈرایا گیا تھا (اور انہوں نے نہ مانا تھا کہ ان پر دنیا ہی میں کیا کیا عذاب نازل ہوا) ہاں مگر جو اللہ کے خاص کئے ہوئے (یعنی ایمان والے) بندے تھے (وہ اس عذاب دنیوی سے بھی محفوظ رہے)۔ **ف**: فواکہ اور زقوم باہم اور کاس اور حمیم باہم مقابل ہیں اور دونوں یَتَسَآءَلُوْنَ معنی مقابل ہیں اور عباد مخلصین کا استثناء ایک جگہ عذاب اخروی سے ہے ایک جگہ عذاب دنیوی سے اور اِنَّھُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَھُمْ کا حکم باعتبار اکثر کفار کے ہے اور اولین کی تعذیب کی علت خود ان کا ضلال میں اصل ہونا اور مِثْلِ ھٰذَا سے مراد خود ہذا ہی ہے محاورات میں اس طرح بولا کرتے ہیں اور جس جنتی کا یہاں قصہ مذکور ہے اس کی تعیین کسی روایت صحیحہ قویہ سے ثابت نہیں اور یہ بھی ضرور نہیں کہ ساری جنت میں ایسا شخص ایک ہی ہو اور فَاطَّلَعَ سے بناء بر کثرت استعمال ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ جنت اعلیٰ میں اور دوزخ اسفل میں ہے اور اس وقت باہم ایسی نسبت ہوگی کہ جھانکنے سے نظر آ جاویگا اور قَالَ ھَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ کا فاعل احقر نے اللہ تعالیٰ کو قرار دیا ہے اور مثل بعض مفسرین کے اس جنتی کو قرار نہیں دیا کیونکہ ظاہراً بلا اذن حق تعالیٰ کے اہل جنت کا خود اپنی رائے سے دوزخ کو جھانکنا تاکنا مستبعد معلوم ہوتا ہے اور زقوم کو بیضاوی نے لکھا ہے کہ ایک درخت کا نام ہے جس کے چھوٹے چھوٹے پتے ہوتے ہیں اور بدبودار تلخ ہوتا ہے تہامہ میں بکثرت پیدا ہوتا ہے اھ ہندوستان میں اس کے قریب قریب تھوہر اور سینڈھ کا درخت ہوتا ہے اور تشبیہ رؤس حیات کے ساتھ بدنمائی میں ہے جیسے ہندوستان میں ایک درخت خاردار کو مشابہت شکل سے ناگ پھن کہتے ہیں اور سانپوں کو شیاطین بوجہ خبث وایذاء رسانی کے کہتے ہیں اور کفار کے استہزاء کی وجہ یہ ہے کہ زقوم لغت عربی اس معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے لیکن شجرہ کی قید جب اس کے ساتھ مصرح ہے اصلاً اس احتمال کی گنجائش نہ تھی اور یہ روایت استہزاء وتکذیب کی اور اس پر

www.besturdubooks.net

آیت: اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ ...... کے نزول کی درمنثور میں منقول ہے اور اسی مضمون کا ذکر ہے سورۂ بنی اسرائیل میں اَلْفِتْنَةَ لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ اور چونکہ آیت: اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ اس شبہ کے بعد نازل ہوئی ہے جیسا روایت مذکورہ میں تصریح ہے پس اس شجر کا نار میں ہونا کسی اور دلیل سے معلوم ہوا ہوگا یا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور تفسیر کے فرمایا ہوگا یا اس مضمون کو سن کر کہ شجر زقوم دوزخیوں کا طعام ہے لزوم عادی کے طور پر اس شجر کا نار میں ہونا سمجھے ہونگے مثلاً سورۂ واقعہ کی آیت: ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ۔ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ سے جو کہ نزول میں بنی اسرائیل اور صافات سے مقدم ہے یہ سمجھا ہو اور یہ شبہ کیا ہو جس کو بنی اسرائیل میں کہ واقعہ سے متاخر ہے اجمالاً نقل کیا پھر صافات میں کہ بنی اسرائیل سے متاخر ہے اس کا جواب بھی ارشاد فرمادیا اور یہ ترتیب نزول کی اتقان میں مذکور ہے واللہ اعلم اور آیت: اِنَّ مَرْجِعَهُمْ ...... کے متعلق ایک ضروری تحقیق سورۂ مومن آیت: ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ کے ذیل میں آوے گی۔

ترجمہ مسائل السلوک: (سورۂ والصفت) قولہ تعالیٰ: اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ تصریح ہے کہ آخرت کی نعمتیں جنت وحور وقصور مطلوب ہیں جن پر ترغیب دی گئی نہ کہ ان مدعیوں کی طرح جو کہتے ہیں کہ ہم کو جنت کی کیا پرواہ ہے اور وہ کیا چیز ہے البتہ مغلوب الحال لوگوں سے جو منقول ہے وہ معذور ہیں۔

الحواشی: (۱) قوله ذكر وراى بصيغة الواحد لماضى المجهول والمعلوم ۱۲ منه۔ (۲) المراد بالدنيا ما قبل الآخرة فالمراد بالاولى الماضية التي وقعت قبل الحيٰوة الاخروية سواء سميت واحدة او اثنين ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله فى فحق وفى فاغوينكم اس سے معلوم ہوا الخ اسباب مجتمع اشارة الى التفريع فى الاول باعتبار الوجود الذهنى والثانى باعتبار الوجود الخارجى فصح التفريعان بلا تكلف بهذا من المواهب ۱۲۔ ۲ قوله فى ثم ان مرجعهم يعنى الى ہمیشہ اشارة الى حمل الرجوع على بقاء ه لا حدوثه فصح التراخى بلا كلفة هذا من المواهب ۱۲۔ ۳ قوله فى ف درمنثور ذكرت هذه الرواية فى حواشى قوله تعالىٰ فى بنى اسرائيل وما جعلنا الرؤيا التى اريناك الا فتنة للناس ۱۲۔ ۴ قوله سورۂ واقعہ ولتقدم نزولها على بنى اسرائيل والصافات اور والشجرة فيها نكرة وفيها معرفة للعهد فتبصر۔

اختلاف القراءة: قوله بل عجبت وفى قراءة بالتكلم وتوجيه تقدير قل قبل بل او بعده كما قيل وقيل ۱۲۔

اللغات: قوله كاس فى الروح عن اكثر اللغويين ان اناء الخمر لا يسمى كاسا حقيقة الا وفيه خمر فان خلا منه فهو قدح قوله معين اى جار كما تجرى الانهار غول فى القاموس الصداع ينزفون فى القاموس نزف كعني ذهب عقله قوله بيض معروف وهو اسم جنس والواحدة بيضة قوله لمدينون لمجزيون ۱۲ قوله طلعها المراد ههنا اول ما يبدو من الثمر وهو استعارة لان اصله فى طلع النخل الشيطين الحيات كذا فى القاموس الاهراع الاسراع ۱۲۔

النحو: فقوله بل عجبت ويسخرون عندى ان مدخول بل المجموع باعتبار يسخرون كما يظهر من ترجمتى قوله مالكم عامله مقدر اى فيسئلون ۱۲۔ الا عباد الله استثناء منقطع بمعنى لكن واولئك خبره قوله فواكه بدل من رزق علوم قوله من معين صفة كاس اى كائنة من معين ومعين صفة لمقدر اى من خمر معين بمعنى الجارى كالماء ۱۲۔

البلاغة: قوله طين لازب وصفه به لاستحضار صورته وحقارته قوله يتسخرون لما كان السخرية اشد وافظع بعد ما ذكر[۳] ورأى الآية عبر عنه ههنا بالاستفعال لانه سخرية بالدعوى وكان السابق سخرية بالدليل فاتى به مجردا ولما كان الدليل طريقا الى اثبات الدعوى فالسخرية بالدليل قاطع لرجاء الهدى قوله عن اليمين مجاز مرسل او استعارة عن القوة والقهر فان اليمين موصوفة بالقوة وبها يقع البطش اى تقصدوننا عن السلطان والغلبة حتى تحملونا على الضلال كذا فى الروح عن الفرء واخترته لمناسبته قوله تعالىٰ وما كان لنا عليكم من سلطان قوله انا لذائقون اصله انكم لذائقون لانه لا يجوز نسبة الذوق الى الله تعالىٰ الا انه عدل الى لفظ المتكلم لانهم متكلمون بزلك من انفسهم۔ قوله لذة مصدر وصف به مبالغة قصرات كناية عن العفة لان العفيفة لا تنظر الى غير زوجها اى قصرن ابصارهن على ازواجهن يتساء لون كناية عن التحادث وان لم يكن فيه سوال وجواب ۱۲۔

وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ۝ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ

www.besturdubooks.net

الْبٰقِيْنَ ۝۷۷ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝۷۸ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝۷۹ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝۸۰ اِنَّهٗ مِنْ
عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۸۱ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ۝۸۲ وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ۝۸۳ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ
سَلِيْمٍ ۝۸۴ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ۝۸۵ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ۝۸۶ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ
الْعٰلَمِيْنَ ۝۸۷ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ۝۸۸ فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ۝۸۹ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ۝۹۰ فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ
فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ۝۹۱ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ۝۹۲ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ۝۹۳ فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ۝۹۴
قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ۝۹۵ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۹۶ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِي الْجَحِيْمِ ۝۹۷
فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ۝۹۸ وَقَالَ اِنِّيْ ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ۝۹۹ رَبِّ هَبْ
لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝۱۰۰ فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ۝۱۰۱ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ
اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ۭ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۡ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝۱۰۲
فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ۝۱۰۳ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۝۱۰۴ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي
الْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۰۵ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰۗؤُا الْمُبِيْنُ ۝۱۰۶ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ۝۱۰۷ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝۱۰۸ سَلٰمٌ
عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝۱۰۹ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۱۰ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۱۱ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ
نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝۱۱۲ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ۭ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ۝۱۱۳

اور ہم کو نوح نے پکارا سو ہم خوب فریاد سننے والے ہیں اور ہم نے ان کو اور ان کے تابعین کو بڑے بھاری غم سے نجات دی اور ہم نے باقی انہی کی اولاد کو رہنے دیا اور ہم نے ان کے لئے پیچھے آنے والے لوگوں میں یہ بات رہنے دی کہ نوح پر سلام ہو عالم والوں میں ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں بے شک وہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے۔ پھر ہم نے دوسرے لوگوں کو (یعنی کافروں) کو غرق کر دیا اور نوح کے طریقہ والوں میں سے ابراہیم بھی تھے جب کہ وہ اپنے رب کی طرف صاف دل سے متوجہ ہوئے جب کہ انہوں نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے فرمایا کہ تم کس (واہیات) چیز کی عبادت کیا کرتے ہو۔ کیا جھوٹ موٹ کے معبودوں کو اللہ کے سوا پوجتے ہو۔ تو تمہارا رب العالمین کے ساتھ کیا خیال ہے سو ابراہیم نے ستاروں کو ایک نگاہ بھر کر دیکھا اور کہہ دیا کہ میں بیمار ہونے کو ہوں غرض وہ لوگ ان کو چھوڑ کر چلے گئے تو یہ ان کے بتوں میں جا گھسے اور کہنے لگے کہ کیا تم کھاتے نہیں ہو تم کو کیا ہوا تم تو بولتے بھی نہیں ہو پھر ان پر قوت کے ساتھ جا پڑے اور مارنے لگے سو وہ لوگ ان کے پاس دوڑتے ہوئے آئے۔ ابراہیم نے فرمایا کہ کیا تم ان چیزوں کو پوجتے ہو جن کو خود تراشتے ہو حالانکہ تم کو اور تمہاری بنائی ہوئی چیزوں کو اللہ ہی نے پیدا کیا ہے وہ لوگ کہنے لگے کہ ابراہیم کے لئے ایک آتش خانہ تعمیر کرو اور ان کو اس دہکتی آگ میں ڈال دو غرض ان لوگوں نے ابراہیم کے ساتھ برائی کرنا چاہی تھی سو ہم نے ان کو ہی نیچا دکھایا اور ابراہیم کہنے لگے کہ میں تو اپنے رب کی طرف چلا جاتا ہوں وہ مجھے اچھی جگہ پہنچا ہی دے گا۔ اے میرے رب! مجھ کو ایک نیک فرزند دے سو ہم نے ان کو ایک حلیم المزاج فرزند کی بشارت دی۔ سو جب وہ لڑکا ایسی عمر کو پہنچا کہ ابراہیم کے ساتھ چلنے لگا تو ابراہیم نے فرمایا کہ برخوردار میں خواب دیکھتا ہوں کہ میں تم کو بامر الٰہی ذبح کر رہا ہوں سو تم بھی سوچ لو کہ تمہاری کیا رائے ہے وہ بولا کہ ابا جان آپ کو جو حکم ہوا ہے۔ آپ (بلا تامل) کیجئے ان شاء اللہ تعالیٰ آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے دیکھیں گے۔ غرض جب دونوں نے اللہ کے حکم کو تسلیم کر لیا اور باپ نے بیٹے کو ذبح کرنے کے لئے کروٹ پر لٹایا ہم نے ان کو آواز دی کہ اے ابراہیم! شاباش تم نے خواب کو خوب سچ کر دکھایا۔ وہ وقت بھی عجیب تھا ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں۔ حقیقت میں یہ تھا بھی صریح امتحان اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ ان کے عوض دیا اور ہم نے پیچھے آنے والوں میں یہ بات ان کے لئے رہنے دی کہ ابراہیم پر سلام ہو۔ ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے اور ہم نے ایک انعام ان پر یہ کیا کہ ان کو

www.besturdubooks.net

اسحٰق کی بشارت دی کہ نبی اور نیک بختوں میں سے ہوں گے اور ہم نے ابراہیم اور اسحٰق پر برکتیں نازل کیں اور (پھر آگے) ان دونوں کی نسل میں بعضے اچھے بھی ہیں اور بعض ایسے بھی ہیں جو (بدیاں کر کے) صریح اپنا نقصان کر رہے ہیں۔

تفسیر: ربط: اوپر مبدأ و معاد یعنی توحید و یوم الوعید کا مضمون تھا اور ختم پر لَقَدْ اَرْسَلْنَا ...... میں اجمالاً مسئلہ رسالت کا اثبات تھا آگے اس اجمال کی تفصیل قصص الانبیاء علیہم السلام سے فرمائی جاتی ہے اور چونکہ سب انبیاء داعی الی التوحید تھے توحید کی بھی تائید ہوگئی اور مکذبین کے اہلاک سے کفر پر استحقاق وعید بھی ثابت ہوگیا جس سے کَیْفَ کَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِیْنَ کی تفسیر اور مسئلہ معاد کی نظیر بھی ہوگئی۔

قصہ اول نوح علیہ السلام با قوم او: وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ (الی قوله تعالی) ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِیْنَ ۞ اور ہم کو نوح (علیہ السلام) نے (نصرت کے لئے) پکارا (یعنی دعا کی) سو (ہم نے ان کی فریادرسی کی اور) ہم خوب فریاد سننے والے ہیں اور ہم نے ان کو اور ان کے تابعین کو بڑے بھاری غم سے (جو کہ تکذیب وایذاء کفار سے پیش آیا) نجات دی (کہ طوفان سے کفار کو غرق کر دیا اور ان کو اور ان کے تابعین کو بچالیا) اور ہم نے باقی ان ہی کی اولاد کو رہنے دیا (اور کسی کی نسل نہیں چلی) اور ہم نے ان کے لئے پیچھے آنے والے لوگوں میں یہ بات (مدت دراز کے لئے) رہنے دی کہ نوح پر سلام ہو عالم والوں میں (یعنی خدا کرے ان پر تمام اہل عالم جن وانس وملائکہ سلام بھیجا کریں بایں معنی کہ ان کی ثناء کریں یا بایں معنی کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ نوح علیہ السلام کو بشارت سلامت مطلقہ کاملہ کی جاوے جو کہ ناجین مقربین کیلئے موعود ہے چنانچہ علیہ السلام کہنا اس اعتبار سے کہ سلام بوجہ اطلاق کے تمام افراد سلام کائنہ من الثقلین والملائکہ کو شامل ہے یا اس اعتبار سے کہ الف لام استغراق کا ہے حکم میں اسی عبارت کے ہے: سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ) ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں بیشک وہ ہمارے ایمان دار بندوں میں تھے پھر ہم نے دوسرے (طریق کے) لوگوں کو (یعنی کافروں کو) غرق کر دیا۔ ف: سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ کا ظاہر مطلب یہ ہے کہ ان ہی کی اولاد کی نسل چلی کفار تو غرق ہو گئے اور بقیہ اہل کشتی کی نسل بھی نہیں چلی پس اب جس قدر آدمی دنیا میں ہیں سب کا نسب نوح علیہ السلام تک منتہی ہوتا ہے جیسا ترمذی نے اس آیت میں مرفوعاً دو حدیثیں نقل کی ہیں اول قال حام وسام ویافث ثانی سام ابوالعرب وحام ابوالحبش ویافث ابوالروم اور ظاہراً قرآن مجید سے جیسے: وَجَعَلْنَا ذُرِّیَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِیْنَ ۞ اور لَا تَذَرْ عَلَی الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ دَیَّارًا قُلْنَا احْمِلْ فِیْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ وغیرها من الایات طوفان کا تمام روئے زمین کے لیے عام ہونا معلوم ہوتا ہے اور ترمذی کی مذکورہ روایتوں سے بھی ظاہراً اسی کی تائید ہوتی ہے اور جمہور نے اسی کو اختیار کیا ہے اور قدرے قلیل کا یہ قول ہے کہ یہ طوفان صرف ارض عرب میں تھا جہاں نوح علیہ السلام تشریف رکھتے تھے اور وَجَعَلْنَا ذُرِّیَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِیْنَ میں حصر باعتبار خاص مغرقین ارض عرب کے کہتے ہیں گو دوسرے ممالک کے لوگوں کی نسل باقی ہوا ور لَا تَذَرْ عَلَی الْاَرْضِ میں بھی ارض سے مراد خاص ارض لیتے ہیں اور شق اول پر جو عموم بعثت نوح علیہ السلام کا شبہ ہوتا ہے اس کا جواب سورۂ آل عمران آیت: فَلَمَّاۤ اَحَسَّ عِیْسٰی مِنْهُمُ الْكُفْرَ کی تفسیر میں گزر چکا ہے اور ممکن ہے کہ اس وقت آبادی دنیا کی خاص اسی مقام تک محدود ہو جہاں نوح علیہ السلام تشریف رکھتے تھے اور عموم بعث کے معنی یہ ہوں کہ جب اقوام متعددہ کثیرہ عامر الارض موجود ہوں ان سب کی طرف بعثت ہو ورنہ آدم علیہ السلام کا بھی عموم بعثت لازم آویگا اور اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی سے یہ لازم نہیں آتا کہ تمام امور میں تشبیہ ہو بلکہ معنی یہ ہیں کہ محسنین کو جزائے حسن دیا کرتے ہیں اب جس مرتبہ کا احسان اسی مرتبہ کی جزا پس انبیاء وغیر انبیاء کی تساوی لازم نہیں آتی اور ثم اغرقنا میں ثم تراخی ذکری کے لئے ہے کیونکہ اغراق زماناً ابقائے ذریت سے متاخر نہیں۔

قصہ دوم ابراہیم علیہ السلام با قوم وَاِنَّ مِنْ شِیْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِیْمَ ۞ (الی قوله تعالی) وَظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِیْنٌ ۞ اور نوح (علیہ السلام) کے طریقہ والوں میں سے (یعنی متفقین فی الاصول میں سے) ابراہیم بھی تھے (ان کا قصہ اس وقت کا قابل یاد کرنے کے ہے) جب کہ وہ اپنے رب کی طرف صاف دل سے متوجہ ہوئے (صاف دل کا مطلب یہ کہ سوء عقائد وریاء وغیرہ سے پاک تھا جس کا حاصل توحید خالص واخلاص کامل ہے اور) جب کہ انہوں نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے (کہ بت پرست تھے) فرمایا کہ تم کس (واہیات) چیز کی عبادت کیا کرتے ہو کیا جھوٹ موٹ کے معبودوں کو اللہ کے سوا (معبود بنانا) چاہتے ہو تو تمہارا رب العالمین کے ساتھ کیا خیال ہے (یعنی تم نے جو اس کی عبادت ترک کر رکھی ہے تو کیا اس کے معبود ہونے میں کوئی شبہ ہے یعنی اول تو ایسا ہونا نہ چاہئے اور اگر ہے تو رفع کر لو غرض یونہی بحث ومباحثہ ہوتا رہتا تھا ایک بار کا واقعہ ہے کہ ان کا کوئی تہوار آیا قوم نے ان سے بھی درخواست کی کہ ہمارے میلہ میں چلو کذا فی الدر عن زید بن اسلم) سو ابراہیم (علیہ السلام) نے ستاروں کو ایک نگاہ بھر کر دیکھا اور کہہ دیا کہ میں بیمار ہونے کو ہوں (اس لئے میلہ میں نہیں جا سکتا کہ جاتے یا آتے تکلیف ہوگی ان لوگوں کو لیجانا شاید اس غرض سے ہو کہ ہماری شان وشوکت دیکھ کر ہمارے طریقہ کی شاید کچھ وقعت ان کے دل میں پیدا ہو جاوے اور آپ کو منظور یہ تھا کہ اکیلا رہ جاؤں تو یہاں بتوں کی مرمت کروں اس لئے ستاروں کو دیکھ کی حیلہ کر دیا یہ ستاروں کو دیکھنا بطور ایہام وتوریہ کے تھا کہ وہ تو بوجہ اس کے کہ کواکب کو متصرف فی الحوادث سمجھتے تھے یوں سمجھے کہ ان کو کوئی قاعدہ نجوم کا آتا ہوگا جس سے رفتار ستارہ دیکھ کر ان کو معلوم ہوگیا کہ میں تھوڑی دیر میں

www.besturdubooks.net

بیمار ہو جاؤں گا اور چونکہ وہ نجوم کے معتقد تھے اس لئے اصرار نہیں کیا اور واقع میں اس نظر سے وہی غرض تھی جو شریعت میں محمود ہے یعنی صانع کی کمال وعظمت کے استحضار کے لئے کما قال تعالیٰ: اَوَلَمْ یَنْظُرُوْا فِیْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وقال تعالیٰ : یَتَفَكَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ وقال تعالیٰ : قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اور یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ یہ ایہام ان کی ضلالت کا سبب ہو گیا بات یہ ہے کہ وہ تو پہلے ہی ضال تھے رہا بقائے علی الضلالۃ سو چونکہ آپ موقع پا کر توحید کے بارہ میں ان سے صریح مناظرہ کرنے والے تھے نیز بہت سے مناظرات کر بھی چکے تھے اس لئے یہ ایہام اس صریح اعلام کے ہوتے ہوئے بقاعلی الضلالۃ میں مؤثر نہیں ہو سکتا رہا یہ کہ اس تصریح کے بعد پھر ایہام کیسے ہو سکتا ہے وہ لوگ جانتے تھے کہ آپ معتقد نہیں سو بات یہ ہے کہ جو امر نفس کے موافق ہوتا ہے اس کا احتمال ضعیف بھی دل خوش کن ہوتا ہے شاید وہ سمجھے ہوں کہ ان کی کچھ رائے بدل گئی ہو اور یہ ہمارے طریق پر آ جاوینگے اور اگر اس میں بھی کوئی ضرر اضلال متوہم ہے تو اول تو عنقریب مناظرۂ صریحہ سے وہ رفع ہو گیا دوسرے اس اضرار کا قصد نہ تھا بلکہ مقصود اپنی جان چھڑانا تھا جو وسیلہ بنے گا ان سے مناظرہ کر کے ان کی حجت قطع کرنے کا پس ایسی ضرورت میں ایسا ضرر معتد بہ نہیں ہے رہا اِنِّیْ سَقِیْمٌ کہنا ظاہر میں خلاف واقع ہونے سے موجب وسوسہ ہو سکتا ہے لیکن واقع میں بالکل صحیح ہے یعنی یہ صیغہ بمعنی مستقبل ہے مطلب یہ ہے کہ میں آئندہ کبھی بیمار ہوں گا سو چونکہ موت یقینی ہے اور اگر آدمی قبل موت بمعنی متعارف بیمار نہ بھی ہو تب بھی جس وقت موت شروع ہوتی ہے تو اس وقت مزاج میں اعتلال اور خروج عن الاعتدال لازم ہے یہی مرض ہے اور موت نام ہے زہوق روح کا پس ہر موت سے پہلے مرض اور سقم کا ہونا ضروری ہوا) غرض وہ لوگ (ان کا یہ عذر سن کر) انکو چھوڑ کر چلے گئے (کہ ناحق بیماری میں ان کو اور ان کی وجہ سے اوروں کو تکلیف ہوگی) تو یہ (یعنی ابراہیم علیہ السلام) ان کے بتوں میں جا گھسے اور (بطور تہکم واستہزاء کے ان سے) کہنے لگے کیا تم (یہ چڑھاوے جو تمہارے سامنے رکھے ہیں) کھاتے نہیں ہو (اور) تم کو کیا ہوا تم بولتے بھی نہیں پھر ان پر قوت کے ساتھ جا پڑے اور مارنے لگے (اور تبر وغیرہ سے ان کو توڑ پھوڑ دیا کما قال تعالیٰ : فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا) سو (ان لوگوں کو جب اس کی اطلاع ہوئی تو) وہ لوگ ان کے پاس دوڑے ہوئے (گھبرائے ہوئے غصہ میں) آئے (اور گفتگو شروع ہوئی) ابراہیم (علیہ السلام) نے فرمایا کیا تم ان چیزوں کو پوجتے ہو جن کو خود (اپنے ہاتھ سے) تراشتے ہو (تو جو تمہارا محتاج ہو وہ خدا کیا ہوگا) حالانکہ تم کو اور تمہاری ان بنائی ہوئی چیزوں کو (سب کو) اللہ ہی نے پیدا کیا ہے (سو عبادت اس کی کرنا چاہئے) وہ لوگ (جب مناظرہ میں مغلوب ہوئے جھلا کر باہم) کہنے لگے کہ ابراہیم کے لئے ایک آتش خانہ تعمیر کرو (اور اس میں آگ دہکا کر) ان کو اس دہکتی آگ میں ڈال دو غرض ان لوگوں نے ابراہیم کے ساتھ برائی کرنا چاہا تھا (کہ یہ ہلاک ہو جاوینگے) سو ہم نے ان ہی کو نیچا دکھایا (جس کا قصہ سورۂ انبیاء میں گزر چکا ہے) اور ابراہیم (علیہ السلام جب ان لوگوں کے ایمان سے مایوس ہو گئے تو) کہنے لگے کہ میں تو (تم سے ہجرت کر کے) اپنے رب کی (راہ میں کسی طرف) چلا جاتا ہوں وہ مجھ کو (اچھی جگہ) پہنچا ہی دیگا (چنانچہ ملک شام میں جا پہنچے اور یہ دعاء کی کہ) اے میرے رب مجھ کو ایک نیک فرزند دے سو ہم نے ان کو ایک حلیم المزاج فرزند کی بشارت دی (اس کی تحقیق عنقریب آ دیگی کہ یہ فرزند اسمٰعیل علیہ اسلام ہیں یا اسحٰق علیہ السلام اور وہ فرزند پیدا ہوا اور ہوشیار ہوا) سو جب وہ لڑکا ایسی عمر کو پہنچا کہ ابراہیم (علیہ السلام) کے ساتھ چلنے پھرنے لگا تو ابراہیم (علیہ السلام) نے (ایک خواب دیکھا کہ میں اس فرزند کو بامر الٰہی ذبح کر رہا ہوں اور یہ ثابت نہیں کہ حلقوم کٹا ہوا بھی دیکھا یا نہیں غرض آنکھ کھلی تو اس وجہ سے کہ خواب انبیاء کا وحی ہوتی ہے اس کو امر الٰہی سمجھے اور اس کے امتثال کے لئے آمادہ ہوئے پھر اس خیال سے کہ یہ فعل متعلق فرزند کے بھی ہے خدا جانے اس کی کیا رائے ہو یعنی اتفاق یا اختلاف اس کو اطلاع کرنا ضروری سمجھا کہ شق اول میں طبیعت یکسو ہو جاویگی اور شق ثانی میں اس کو سمجھا دینگے اس لئے اس فرزند سے) فرمایا کہ برخوردار میں دیکھتا ہوں کہ میں تم کو (بامر الٰہی) ذبح کر رہا ہوں سو تم بھی سوچ لو تمہاری کیا رائے ہے وہ بولے ابا جان (اس میں مجھ سے پوچھنے کی کیا بات ہے جب آپ کو خدا کی طرف سے یہ حکم دیا گیا ہے تو) آپ کو جو حکم ہوا ہے آپ (بلا تامل) کیجئے ان شاء اللہ تعالیٰ آپ مجھ کو سہار کرنے والوں میں سے دیکھیں گے غرض جب دونوں نے (خدا کے حکم کو) تسلیم کر لیا اور باپ نے بیٹے کو (ذبح کرنے کے لئے) کروٹ پر لٹایا اور (چاہتے تھے کہ گلا کاٹ ڈالیں اور اس وقت) ہم نے ان کو آواز دی کہ ابراہیم (شاباش ہے) تم نے خواب کو خوب سچ کر دکھایا (یعنی جو خواب میں حکم ہوا تھا اپنی طرف سے اس پر پورا عمل کیا اب ہم اس حکم کو منسوخ کرتے ہیں بس ان کو چھوڑ دو وہ وقت بھی عجیب تھا غرض ان کو چھوڑ دیا جان کی جان بچ گئی اور مراتب علیا مزید برآں عطا ہوئے) ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں (کہ دونوں جہان کی راحت ان کے نقد وقت کرتے ہیں) حقیقت میں یہ تھا بھی بڑا امتحان (جس کو بجز مخلص کامل کے دوسرا برداشت نہیں کر سکتا تو ایسے امتحان میں پورا اترنے پر ہم نے صلہ بھی بڑا بھاری دیا اور اس میں جیسا امتحان ابراہیم علیہ السلام کا تھا اسی طرح اسمٰعیل علیہ السلام کا بھی تھا تو وہ صلہ میں بھی شریک ہونگے) اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اس کے عوض میں دیا (کہ ابراہیم علیہ السلام سے وہ ذبح کرایا گیا جس کا بیان آگے آ دیگا) اور ہم نے پیچھے آنے والوں میں یہ بات ان کے لئے رہنے دی کہ ابراہیم پر سلام ہو (چنانچہ ان کے نام کے ساتھ اب تک علیہ السلام کہا جا رہا ہے) ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں (کہ ان کو محل دعا وبشارت بالسلام کا بناتے ہیں) بیشک وہ ہمارے ایمان دار بندوں میں سے تھے اور ہم نے (ایک انعام اُن پر یہ کیا کہ) ان کو اسحٰق

www.besturdubooks.net

کی بشارت دی کہ نبی اور نیک بختوں میں سے ہونگے اور ہم نے ابراہیمؑ پر اور اسحٰقؑ پر برکتیں نازل کیں (ایک ان میں سے کثرت نسل اور اس نسل میں کثرت انبیاء ہے) اور (پھر آگے) ان دونوں کی نسل میں بعضے اچھے بھی ہیں اور بعضے ایسے بھی ہیں جو (بدیاں کر کے) صریح اپنا نقصان کر رہے ہیں (اس میں اظہار ہو گیا اس بات کا کہ اصول کا نیک ہونا ذریات کے کام نہیں آ سکتا جبکہ وہ خود ایمان سے محروم ہوں اس میں علمائے یہود کے تفاخر کا قلع قمع کر دیا)۔

ف: فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ میں ایہام کی تقریر اس لئے کی کہ علم نجوم شرعاً مذموم ہے خواہ اس وجہ سے کہ وہ باصلہ باطل ہے اور کواکب میں سعادت ونحوست منفی ہے اور اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ اور يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ سے اس کا شبہ کرنا محض غلط ہے کیونکہ یہ نحوست عذاب کی خاص باعتبار ان معذبین کے ہے ورنہ بمقتضائے آیت اولی پورا ہفتہ ہونا چاہئے کیونکہ اس کی تفسیر سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ خود قرآن میں آئی ہے اور آیت کی تفسیر یوم اربعاء سے آئی ہے حالانکہ نجومی ہر چہار شنبہ کو منحوس نہیں کہتے اور مستمر یوم کی صفت نہیں ہے بلکہ نحس یعنی مصدر کی صفت ہے یعنی وہ نحوست ان کے حق میں مستمر ہے بوجہ خلود فی النار کے جیسا قیامت کی نسبت آیا ہے فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ اور بعض واقعات کا اہل نجوم کے کہنے کی موافق ہو جانا اگر اس کے صدق کا تجربہ سمجھا جاوے تو ان سے زیادہ واقعات کا خلاف ہونا اس کے کذب کا بدرجۂ اولیٰ تجربہ ہوگا اور فرعون کو نجوم سے خبر دینا جو منقول ہے سو ممکن ہے کہ وہ کہانت سے خبر دی گئی ہو کہ پہلے کچھ آسمانی خبریں بذریعہ شیاطین کے معلوم ہو جاتی تھیں اور یا اس وجہ سے مذموم ہے کہ کواکب کی سعادت ونحوست میں گو ثبوت عدم نہ ہو مگر عدم ثبوت ہے اور اس کے قواعد کسی دلیل صحیح کی طرف مستند نہیں اور پھر مفاسد کثیرہ اس پر مرتب ہوتے ہیں اعتقاد قبیح اور شرک صریح اور ضعف توکل علی اللہ اور ترک علوم نافعہ وغیر ذلک حاصل یہ کہ نجوم مذموم ہے خواہ قبح لعینہ کی وجہ سے مذموم ہو خواہ قبح لغیرہ کی وجہ سے اور خواب میں حکم ہونے کی شاید یہ حکمت ہو کہ ابراہیم علیہ السلام کا انقیاد زیادہ ظاہر ہو کہ خواب کو خیال نہیں سمجھا اتنے بڑے کام پر آمادہ ہو گئے اور اس میں اختلاف ہوا ہے کہ ذبیح اسمٰعیل علیہ السلام تھے یا اسحاق علیہ السلام روایات دونوں طرف متکلم فیہ ہیں آیت کے سیاق سے ظاہراً اسمٰعیل علیہ السلام معلوم ہوتے ہیں کہ هب لی من الصّٰلحين کے بعد اول بشارت ولد کی مذکور ہے پھر قصہ ذبح کا پھر بشارت اسحٰق علیہ السلام کی جس سے متبادر ہوتا ہے کہ اول مبشر بہ اسحٰق نہیں ہیں اسی طرح ایک دوسری آیت اس کی مؤید ہے فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ [ھود: ۷۱] جب اسحٰق علیہ السلام کے صاحب اولاد ہونے کی بشارت ہو چکی تھی تو اس امر بالذبح سے خود معلوم ہو جاتا کہ یہ ذبح نہ ہونگے تو اس صورت میں یہ امتحان عظیم نہ ہوگا۔ دوسرے لوگ جواب دیتے ہیں کہ اس مقام کی آیتوں میں اول مبشر بہ ولادت اسحٰق ہے اور ثانی مبشر بو نبوت اسحٰق ہے اور باسحٰق میں وضع مظہر موضع مضمر ہے اور من وراء اسحق يعقوب میں یہ کیا ضرور ہے کہ دونوں کی بشارت ایک وقت میں ہوئی ہو اور بعض قلیل کا قول ہے کہ دونوں کے لئے یہ قصہ واقع ہوا شام میں اور منیٰ میں مگر یہ نہایت بعید معلوم ہوتا ہے اور ذبح عظیم کی تعیین میں بھی کلام ہے بعض نے کہا ہے معمولی دنبہ اور عظیم بمعنی عظیم الجثہ ہے اور بعض نے کہا ہے کہ جنت سے بھیجا گیا تھا اور عظیم بمعنی عظیم القدر ہے لکونہ من الجنۃ اور جب حجر اسود وغیرہ کا جنت سے آنا ثابت ہے تو ایک حیوان کا آنا کیا بعید ہے اور یہاں آ کر یہاں کی خاصیت پیدا ہو گئی اس لئے ذبح کے بعد زہوق روح میں کوئی اشکال نہیں کہ اشیاء جنت فانی کیسے ہو گئیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ ...... اس سے معلوم ہوا کہ طبعی غم کمال کے منافی نہیں کیونکہ طبعی بشری اقتضائات کامل میں بھی رہتے ہیں اور اس کے خلاف جو منقول ہے وہ غلبہ حال ہے۔ قولہ: اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ...... اس میں اشارہ ہے کہ حق تعالیٰ کا قرب جس کو مجیئی سے تعبیر فرمایا ہے اس کے ساتھ مشروط ہے کہ قلب تمام آفات سے مثل فساد عقائد و نیات وصفات سے سالم ہو۔ قولہ تعالیٰ: فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ...... اس میں دفع شر کے لئے حیلہ کا جواز مذکور ہے وہ شر دنیوی ہو یا دینی ہو۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ اس میں دلالت ہے کہ کبھی خواص کا بھی امتحان ہوتا ہے سو اس کو طرد و بعد کا گمان نہ کرنا چاہئے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في العٰلمين یعنی الخ استفدته من الكبير قال معناه الدعاء بثبوت هذه التحية فيهم اى لا يخلو احد منهم منها كانه قيل اثبت الله التسليم على نوح وادامه في الملائكة والثقلين۔

الفقه: قال ابو حنيفةؒ ان من نذر ان يذبح ولده فعليه شاة كذا في الدر المختار واستدل بالقصّة وبما في الدر المنثور عن ابن عباسؓ من نذر ان يذبح نفسه فليذبح كبشاثم تلالقد كان لكم في رسول الله اسوة حسنة وفي رواية انه تلا وفديناه بذبح عظيم وفي الروح الغاه الثاني والشافعي لانه نذر معصية وهذا المدرك اقوى من مدرك الامام ١٥ ١٢۔

اللغات: قوله فراغ في القاموس مال واخذتني بالرويغة بالحيلة ۱۲ قوله تله في القاموس القاه قوله للجبين في القاموس الجبينان حرفان مكتنفا الجبهة من جانبيها فيما بين الحاجبين مصعداً الى قصاص الشعر او حروف الجبهة ما بين الصدغين متصلا عند

www.besturdubooks.net

الناصية كله جبين ۱ه قوله صدقت اى وفيت حقها من العمل وبذل سعيه فى ايقاعها ولا يلزم وقوعها ۱۲ قوله غلم فى القاموس الغلام الطار الشاب او من حين يولد الى ان يشب ۱۲۔

النّحو: قوله سلام وارد على الحكاية اى تركنا عليه هذا الكلام بعينه كذا فى الروح ۱۲۔ قوله اذ قال بدل من اذ جاء قوله ائفكا اما مفعول له قدم للاهتمام لان الاهم مكافحتهم بانهم على افك واما مفعول به بمعنى اتريدون افكا وتكون الآلهة بدلا منه وجعلها عين الافك على المبالغة قوله ضربا مفعول مطلق لضرب المقدر او المدلول عليه بقوله راغ قوله من الصّٰلحين صفة لمقدر اى ولدا قوله معه متعلق بقوله السعى قدم للتوسع فى الظرف قوله فلما اسلما مع ما عطف عليه من تله وناديناه جوابه مقدر اى كان ما كان ۱۲۔

البلاغة: قوله جاء ربه فيه استعارة بتشبيه الهيئة المنتزعة من الاخلاص بالهيئة المنتزعة من المجئ بمحضر شخص قوله الا تاكلون ولا تنطقون فيه تهكم واتى بضمير العقلاء لمعاملته عليه السلام معهم معاملة العقلاء قوله حليم وصفه وبه للاخبار عن وصفه واى حلم مثل حلمه حيث رضى بالذبح ۱۲ قوله يبنى ويا ابت الاول ترحم والثانى توقير ۱۲ قوله افعل ما تؤمر هو جواب حكيم لانه فوض الامر اليه ظاهرًا حيث استشاره فاجاب بانه ليس مجازها وانما الواجب امضاء الامر قوله من الصّٰبرين وفيه دون صابرا من التواضع ما فيه وايضًا فيه حفظ لرؤس الآى۔ قوله سلٰم لم يقل فى العالمين لانه ليس له من الشهرة كنوح عليهما السلام قوله كذلك نجزى لا تكرار فيه كما يظهر من الترجمة وطرح ان مبالغة فى دفع توهم اتحاده بما سبق ۱۲۔

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ
الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِى
الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ
اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ
الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِى الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۲۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰۤى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۱﴾
اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ اِلَّا
ع عَجُوْزًا فِى الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۳۵﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَبِالَّيْلِ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾

اور البتہ تحقیق ہم نے موسیٰ اور ہارون پر بھی احسان کیا اور ہم نے ان دونوں کو اور ان کی قوم کو بڑے غم سے نجات دی اور ہم نے ان سب کی (فرعون کے مقابلہ میں) مدد کی سو یہی لوگ غالب آئے اور ہم نے ان دونوں کو واضح کتاب دی اور ہم نے ان دونوں کو سیدھے راستے پر قائم رکھا اور ہم نے ان دونوں کے لئے پیچھے آنے والے لوگوں میں یہ بات رہنے دی کہ موسیٰ اور ہارون پر سلام ہو ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں بے شک وہ دونوں ہمارے (کامل) ایماندار بندوں میں تھے اور الیاس بھی (بنی اسرائیل کے) پیغمبروں میں سے تھے۔ جب کہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم اللہ سے نہیں ڈرتے۔ کیا تم بعل کو پوجتے ہو اور اس کو چھوڑے بیٹھے ہو جو سب سے بڑھ کر بنانے والا ہے اور وہ معبود برحق ہے تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا بھی رب ہے۔ سو ان لوگوں نے ان کو جھٹلایا سو وہ لوگ پکڑے جائیں گے۔ مگر جو اللہ تعالیٰ کے خاص بندے تھے اور ہم نے الیاس کے لئے پیچھے آنے والے لوگوں میں یہ بات رہنے دی کہ ال یاسین پر سلام ہو ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں بے شک وہ ہمارے کامل ایمانداروں میں سے تھے اور بے شک لوط علیہ السلام پیغمبروں میں سے تھے۔ جب کہ ہم نے ان کو اور ان کے متعلقین کو سب کو نجات دی بجز اس بڑھیا (یعنی ان کی بیوی) کے کہ وہ رہ جانے والوں میں رہ گئی۔ پھر ہم نے اور سب کو ہلاک کر دیا اور تم تو ان (کے دیار و مساکن) پر صبح ہوتے ہی رات میں گزرا کرتے ہو تو کیا پھر بھی نہیں سمجھتے ہو۔

www.besturdubooks.net

تفسیر: قصۂ سوم موسیٰ وہارون علیہما السلام: وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰی مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ ۝ (الی قولہ تعالی) اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اور ہم نے موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) پر بھی احسان کیا (کہ ان کو نبوت اور دیگر کمالات سے مشرف فرمایا) اور (نیز) ہم نے ان دونوں کو اور ان کی قوم (یعنی بنی اسرائیل) کو بڑے غم سے (کہ وہ ان کو تکلیف پہنچتا تھا فرعون کی جانب سے) نجات دی اور ہم نے ان سب کی (فرعون کے مقابلہ میں) مدد کی سو (آخر میں) یہی لوگ غالب آئے (کہ فرعون غرق کردیا گیا اور یہ صاحب حکومت ہو گئے) اور ہم نے (بعد غرق فرعون کے) ان دونوں (صاحبوں) کو (یعنی موسیٰ علیہ السلام کو اصالۃً اور ہارون علیہ السلام کو تبعاً) واضح کتاب دی۔ (مراد توراۃ ہے کہ اس میں احکام واضح طور پر مذکور تھے) اور ہم نے ان کو سیدھے راستہ پر قائم رکھا (جس کا اعلیٰ درجہ عصمت ہے جو نبوت کے لوازم میں سے ہے) اور ہم نے ان دونوں کے لئے پیچھے آنے والے لوگوں میں (مدت ہائے دراز تک کے لئے) یہ بات رہنے دی کہ موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) پر سلام (چنانچہ دونوں حضرات کے لئے علیہ السلام کہا جاتا ہے) ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں (کہ ان کو مستحق ثناء وذعا کا بناتے ہیں بیشک وہ دونوں ہمارے (کامل) ایماندار بندوں میں سے تھے (اس لئے صلہ بھی کامل عطا ہوا)۔

قصۂ چہارم الیاس علیہ السلام: وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اور الیاس (علیہ السلام) بھی (بنی اسرائیل کے) پیغمبروں میں سے تھے (ان کا قصہ اس وقت کا ذکر کیجئے) جبکہ انہوں نے اپنی قوم (بنی اسرائیل) سے (کہ وہ بت پرستی کرتے تھے) فرمایا کہ کیا تم خدا سے نہیں ڈرتے کیا تم بعل کو (جو ایک بت کا نام تھا) پوجتے ہو اور اس (کی عبادت) کو چھوڑ بیٹھے ہو جو سب سے بڑھ کر بنانے والا ہے (کیونکہ اور لوگ تم صرف بعض اشیاء کی تحلیل وترکیب پر قدرت رکھتے ہیں وہ بھی عارضی اور وہ تمام اشیاء کے ابداع وایجاد پر قدرت ذاتی رکھتا ہے پھر دوسرا کوئی جان نہیں ڈال سکتا اور وہ جان ڈالتا ہے اور وہ) معبود برحق ہے (اور) تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا بھی رب ہے سو ان لوگوں نے (اس دعوے توحید میں) ان کو جھٹلایا سو (اس جھٹلانے کی شامت میں) وہ لوگ (عذاب آخرت میں) پکڑے جاوینگے مگر جو اللہ کے خاص مندے یعنی ایمان والے) تھے (وہ ثواب واجر میں ہونگے) اور ہم نے الیاس کے لئے پیچھے آنے والے لوگوں میں (مدت ہائے دراز کے لئے یہ بات رہنے دی کہ الیاسین پر (کہ یہ بھی الیاس علیہ السلام کا نام ہے) سلام ہو ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں (کہ ان کو مورد ثناء دعاء کا بناتے ہیں) بیشک وہ ہمارے (کامل) ایماندار بندوں میں سے تھے۔

ف: طبری نے ان کا بنی اسرائیل سبط ہارون میں سے ہونا نقل کی ہے اور بعض مفسرین نے کہا ہے کہ بعلبک جو شام میں ایک شہر مشہور ہے وہ اس بعل بت کے نام سے ہے اور روح میں الیاسین کو الیاس کا ایک لغت لکھا ہے اور کشاف سے نقل کیا ہے کہ شاید لغت سریانیہ میں اس یا دونوں کے کچھ معنی ہونگے جیسا سیناء میں سینین اور یہاں اس لغت کے اختیار کرنے میں رعایت فواصل کی بھی ہے اور ایک قراءۃ میں آل یاسین آیا ہے اس میں بھی یاسین کو ایک لغت الیاس میں کہا گیا ہے اور لفظ آل تفخیم کے لئے مقحم ہے۔ واللہ اعلم۔

قصۂ پنجم لوط علیہ السلام: وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ (الی قولہ تعالی) اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ اور بیشک لوط (علیہ السلام) بھی پیغمبروں میں سے تھے (ان کا اس وقت کا قصہ قابل ذکر ہے) جب کہ ہم نے ان کو اور ان کے متعلقین کو سب کو نجات دی بجز اس بڑھیا (یعنی ان کی زوجہ) کے کہ وہ (عذاب کے اندر) رہ جانے والوں میں رہ گئی پھر ہم نے اور سب کو (جو لوط اور ان کے اہل کے سوا تھے) ہلاک کردیا (جن کا قصہ کئی جگہ آچکا ہے) اور (اے اہل مکہ) تم تو ان کے دیار ومساکن پر (سفر شام میں بھی) صبح ہوتے اور (کبھی) رات میں گزرا کرتے ہو (اور آثار بربادی دیکھتے ہو) تو کیا (اس کو دیکھ کر) پھر بھی نہیں سمجھتے ہو (کہ کفر کا کیا انجام ہوا جو کفر کرے گا اس کو بھی اندیشہ ہے)۔ ف: صبح اور رات کا ذکر اسلئے کیا کہ عرب میں اکثر عادت رات کو صبح تک چلنے کی ہے اگر اس مقام مساکن قوم لوط کے قریب سے منزل شروع ہوئی تو رات کے وقت وہاں گزر ہوگا اور اگر ختم ہوئی تو صبح کو وہاں گزر ہوگا۔

البلاغۃ: قوله ونجينٰهما فى الروح والتنجية وان كانت بحسب الوجود مقارنة لما ذكر من النصر لكنها لما كانت بحسب المفهوم عبارة عن التخليص عن المكروه بدأبها ثم بالنصر الذى يتحقق مدلوله بمحض تنجية المنصور من عدوه من غير غلبة عليه ثم باالغلبة لتوفية مقام الامتنان حقه باظهار ان كل مرتبة من هذه المراتب الثلثة نعمة جليلة على حيالها اه۔ قوله تدعون بعلا الخ فى الصراح قال المؤلف سمعت عمن له نصاب تام ونصيب عام من العربية ان كلمتى دع وذر امران فى معنى الترك الا ان دع للمخاطب بترك الشئ قبل العلم به وذر امر بتركه بعد ما علمه وروى ان بعض الائمة سأل الامام فخر الدين الرازى رحمه الله عن قول الله تعالٰى اتدعون بعلا وتذرون احسن الخالقين لم لم يقل وتدعون احسن لخالقين وهذا اقرب الى الفصاحة للمجانسة بينهما فقال رحمه الله لانهم اتخذوا الاصنام آلهة وتركوا الله بعد ما علموا ان الله ربهم ورب آباء هم الاولين استنكارا واستكبارا فلزلك قيل لهم وتذرون ولم يقل وتدعون والله اعلم اه قوله الله ربكم الخ التعريض لذكر ربوبيته تعالٰى لآباء هم الاولين لتاكيد

www.besturdubooks.net

انکار ترکهم اياه تعالٰی والاشعار ببطلان آراء آباء هم ايضاً ۱۲ قوله فكذبوه ای فيما تضمنه كلامه من التوحيد فلا يرد ان المذكور في كلامه عليه السلام هو الاستفهام لا الخبر فما معنى التكذيب المخصوص بالخبر ۱۲۔

وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٣٩﴾ إِذْ أَبَقَ إِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿١٤٠﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِينَ ﴿١٤١﴾ فَالْتَقَمَهُ الْحُوتُ
وَهُوَ مُلِيمٌ ﴿١٤٢﴾ فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِينَ ﴿١٤٣﴾ لَلَبِثَ فِي بَطْنِهِ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿١٤٤﴾ فَنَبَذْنَاهُ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ
سَقِيمٌ ﴿١٤٥﴾ وَأَنْبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِنْ يَقْطِينٍ ﴿١٤٦﴾ وَأَرْسَلْنَاهُ إِلَىٰ مِائَةِ أَلْفٍ أَوْ يَزِيدُونَ ﴿١٤٧﴾ فَآمَنُوا فَمَتَّعْنَاهُمْ إِلَىٰ
حِينٍ ﴿١٤٨﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ أَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُونَ ﴿١٤٩﴾ أَمْ خَلَقْنَا الْمَلَائِكَةَ إِنَاثًا وَهُمْ شَاهِدُونَ ﴿١٥٠﴾ أَلَا إِنَّهُمْ
مِنْ إِفْكِهِمْ لَيَقُولُونَ ﴿١٥١﴾ وَلَدَ اللَّهُ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿١٥٢﴾ أَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِينَ ﴿١٥٣﴾ مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ ﴿١٥٤﴾
أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿١٥٥﴾ أَمْ لَكُمْ سُلْطَانٌ مُبِينٌ ﴿١٥٦﴾ فَأْتُوا بِكِتَابِكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿١٥٧﴾ وَجَعَلُوا بَيْنَهُ وَبَيْنَ
الْجِنَّةِ نَسَبًا ۚ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ إِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ ﴿١٥٨﴾ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿١٥٩﴾ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿١٦٠﴾
فَإِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ ﴿١٦١﴾ مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفَاتِنِينَ ﴿١٦٢﴾ إِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيمِ ﴿١٦٣﴾ وَمَا مِنَّا إِلَّا لَهُ مَقَامٌ
مَعْلُومٌ ﴿١٦٤﴾ وَإِنَّا لَنَحْنُ الصَّافُّونَ ﴿١٦٥﴾ وَإِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُونَ ﴿١٦٦﴾

بے تحقیق یونس نبیوں میں سے تھے جب بھاگ کر بھری ہوئی کشتی کے پاس پہنچے پھر قرعہ اندازی ہوئی یہی ملزم ٹھہرے پھر ان کو مچھلی نے (ثابت) نگل لیا اور وہ خواپنے تئیں ملامت کرنے لگ گئے۔ پس اگر یہ پاکی بیان کرنے والوں میں نہ ہوتے قیامت تک اُسی کے پیٹ میں ہی رہتے۔ پس اسے ہم نے چٹیل میدان میں ڈال دیا اور وہ اس وقت مضمحل تھے اور ان پر سایہ کرنے والا بیلدار کی قسم کا ایک درخت ہم نے اگا دیا اور ہم نے انہیں ایک لاکھ بلکہ اور زیادہ آدمی کی طرف بھیجا۔ پس وہ ایمان لائے اور ہم نے بھی انہیں ایک زمانہ تک عیش و عشرت دی سوان لوگوں سے پوچھئے کہ اللہ کے لئے تو بیٹیاں ہوں اور تمہارے لئے بیٹے ہاں کیا ہم نے فرشتوں کو مؤنث بنایا ہے اور وہ (اپنے بننے کے وقت) دیکھ رہے تھے۔ خوب سن لو کہ وہ لوگ اپنی سخن تراشی سے کہہ رہے ہیں کہ اللہ کی اولاد ہے یقیناً یہ محض جھوٹے ہیں کیا اللہ تعالیٰ نے بیٹیوں کے مقابلہ میں بیٹیاں زیادہ پسند کی ہیں۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے کیسے حکم لگاتے پھرتے ہو۔ کیا تم اس قدر بھی نہیں سمجھتے؟ یا تمہارے پاس اس کی کوئی صاف دلیل ہے۔ تو جاؤ اگر تم سچے ہو تو اپنی کتاب کو اب لے آؤ۔ ان لوگوں نے تو اللہ کے اور جنات کے درمیان بھی قرابتداری ٹھہرائی ہے اور حالانکہ خود جنات یقین رکھتے ہیں کہ اس عقیدے کے لوگ عذابوں کے سامنے یقیناً پیش کئے جائیں گے جو کچھ یہ بیان کررہے ہیں اس سے اللہ تعالیٰ پاک ہے یقین مانو کہ تم سب اور تمہارے سارے معبود باطل کسی کو بھکا نہیں سکتے مگر اسی کو جو کہ (علم الٰہی میں) جہنم رسید ہونے والا ہے فرشتوں کا قول ہے کہ ہم میں سے تو ہر ایک کی جگہ مقرر ہے اور ہم تو زندگی اللہ میں صف بستہ کھڑے ہوتے ہیں اور ہم پاکی بیان کرنے میں بھی لگے ہوئے ہیں۔

تفسیر: قصہ ششم یونس علیہ السلام: وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ (الی قوله تعالی) فَآمَنُوا فَمَتَّعْنَاهُمْ إِلَىٰ حِينٍ اور بیشک یونس (علیہ السلام) بھی پیغمبروں میں سے تھے (ان کا اس وقت کا قصہ یاد کیجئے) جبکہ (انہوں نے اپنی قوم سے ایمان نہ لانے پر بحکم الٰہی عذاب کے آنے کا وعدہ کیا اور خود وہاں سے چلے گئے اور یوم موعود پر جب عذاب کے آثار نمودار ہونے لگے تو قوم کو بقصد ایمان لانے کے یونس علیہ السلام کی تلاش ہوئی جب وہ نہ ملے تو سب نے متفق ہو کر حق تعالیٰ کے سامنے گریہ وزاری کی اور ایمان اجمالی لے آئے اور وہ عذاب ٹل گیا یونس علیہ السلام کسی ذریعہ سے یہ خبر معلوم کر کے بہ خیال طبعی شرمندگی کے اپنے اجتہاد سے بلا اذن صریح حق تعالیٰ کے کہیں دُور چلے جانے کے قصد سے اپنی جگہ سے) بھاگ کر (چلے راہ میں دریا تھا اس میں مسافروں سے بھری ہوئی کشتی کے پاس پہنچے (کشتی چلی تو طوفان آیا کشتی والے کہنے لگے ہم میں کوئی نیا قصوروار ہے اس کو کشتی سے علیحدہ کرنا چاہئے تعیین کے لئے قرعہ پر اتفاق ہوا) سو یونس (علیہ السلام) بھی شریک قرعہ ہوئے تو (قرعہ میں) یہی ملزم ٹھہرے (یعنی ان ہی کا نام نکلا پس انہوں نے اپنے کو دریا میں ڈال دیا شاید کنارہ قریب ہوگا شناوری کر کے کنارہ پر جا پہنچنے کا ارادہ ہوگا پس شبہ خودکشی کا لازم نہیں آتا) پھر (جب دریا میں گرے تو ہمارے حکم سے) ان کو مچھلی نے (ثابت) نگل لیا اور یہ

www.besturdubooks.net

(اس وقت) اپنے کو (اس اجتہادی غلطی پر) ملامت کر رہے تھے (یہ تو دل سے توبہ ہوئی اور زبان سے بھی توحید وتسبیح کے ساتھ استغفار کر رہے تھے جیسا دوسری آیت میں ہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ) سو اگر وہ (اس وقت) تسبیح (واستغفار) کرنے والوں میں سے نہ ہوتے تو قیامت تک اسی کے پیٹ میں رہتے (مطلب یہ کہ پیٹ سے نکلنا میسر نہ ہوتا بلکہ اس کی غذا بنا دیئے جاتے) پس اس مطلب پر اس کا اور اس کے بطن کا قیامت تک باقی رہنا لازم نہیں آتا یعنی اس اجتہادی غلطی پر بقاعدہ۔ نزدیکاں رابیش بود حیرانی۔ یہ جسمانی کلفت کی پاداش دی جاتی کیونکہ انبیاء حقیقی گناہ اور حقیقی عقوبت سے تو پاک ہی ہوتے ہیں) سو (چونکہ انہوں نے تسبیح اور توبہ کی اس لئے) ہم نے (ان کو اس سے محفوظ رکھا اور مچھلی کے پیٹ سے نکال کر ان کو ایک میدان میں ڈال دیا (یعنی مچھلی کو حکم دیا کہ کنارے پر اُگل دے) اور وہ اس وقت مضمحل تھے (کیونکہ مچھلی کے پیٹ میں کافی ہوا اور غذا نہ پہنچتی تھی) اور ہم نے (دھوپ سے بچانے کے لئے) ان پر ایک بیلدار درخت بھی اُگا دیا تھا (اور کوئی بز کوہی بحکم الٰہی ان کو دودھ پلا جایا کرتی) اور (ہم نے جو اوپر کہا ہے: اِنَّ یُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ۞ تو ان کے مرسل علیہم بڑی کثرت سے تھے چنانچہ) ہم نے ان کو ایک لاکھ یا اس سے بھی زیادہ آدمیوں کی طرف (شہر نینوا قریب موصل میں) پیغمبر بنا کر بھیجا تھا پھر وہ لوگ ایمان لے آئے تھے (معائنہ آثار عذاب کے وقت اجمالاً اور جب قصہ حوت کے بعد یونس علیہ السلام وہاں دوبارہ تشریف لے گئے ہیں اس وقت تفصیلاً) تو (ایمان کی برکت سے) ہم نے ان کو ایک زمانہ تک (یعنی مدت عمر تک خیر خوبی سے) عیش دیا۔ **ف**: یہ قرعہ کسی حق کے اثبات کے لئے نہ تھا جس میں ائمہ کا اختلاف ہے بلکہ مالکان کشتی ویسے بھی کسی عذر سے کسی راکب کو کشتی سے اتار دینے کے مجاز تھے اور خود یونس علیہ السلام بھی اپنی خوشی سے کشتی سے علیحدہ ہو گئے تھے اور عذاب کے ٹل جانے سے خلف وعدہ لازم نہیں آتا کیونکہ انفاذ موعود معلق تھا عدم ایمان پر اور شاید اس میدان میں کوئی تنہ دار درخت ہوگا جس کے پتے سایہ دار نہ ہونگے اس پر ایسا بیلدار درخت جس کے پتے چوڑے ہوں پھیل گیا ہوگا جس کی تعیین بھی بعض روایات میں ہے کہ کدو کی بیل تھی اب یہ وسوسہ نہیں رہا کہ زمین پر پھیلنے والے درخت کا ان پر سایہ کیسے ہوا اور لفظ عراء اس کے منافی نہیں کیونکہ بڑے میدان میں ایک آدھ درخت ہونے سے اس کے خالی ہونے میں قدح لازم نہیں آتا اور بعض نے کہا ہے کہ خرق عادت کے طور پر وہ تنہ دار ہو گیا تھا اور او یزیدون شک کے لئے نہیں ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ اگر کسر کا اعتبار نہ کرو تو ایک لاکھ کہو اور اگر کسر کا اعتبار کرو تو زیادہ کہو پس او تخییر کے لئے ہے اور ترمذی میں مرفوعاً آیا ہے کہ بیس ہزار زیادہ تھے اور یہ قصہ سورۂ یونس اور سورۂ انبیاء میں بھی آیا ہے وہاں بھی اس کے متعلق کچھ ضروری مضامین لکھے گئے ہیں۔ اور یہاں جو مضامین روایت کے قبیل سے مرقوم ہوئے ہیں وہ درمنثور سے منقول ہیں۔

ربط: اوپر قصص سے ان سب انبیاء علیہم السلام کا جن کی نبوت عقلاً ثابت ہے مومن وموحد وعابد ومخلص اور داعی الی التوحید والایمان ہونا ثابت ہوتا ہے اس کے قبل شروع سورت میں عقلی دلائل توحید کے مذکور ہو چکے ہیں آگے ان دلائل نقلیہ وعقلیہ پر بطور تفریع کے ابطال شرک وکفر کا فرماتے ہیں اور وجہ تفریع کی دلیل عقلی پر تو ظاہر ہے اور دلیل نقلی پر یہ ہے کہ نبوت کے لئے صدق لازم پس توحید کا حق ہونا ضروری اور بطلان شرک کا اس کے لوازم میں سے ہونا ظاہر۔

ابطالِ شرک: فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ (الی قولہ تعالی) وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ۞ (توحید کے دلائل تو اوپر بیان ہو چکے) سو (اب اس کے بعد) ان لوگوں سے (جو ملائکہ اور جنات کو خدا کا شریک ٹھہراتے ہیں اس طرح پر کہ ملائکہ کو نعوذ باللہ خدا کی بیٹیاں اور سرداران جن کی بیٹیوں کو ان فرشتوں کی مائیں قرار دیتے ہیں جس سے نعوذ باللہ فرشتوں سے علاقۂ نسب اور جنات سے علاقۂ زوجیت ومصاہرت لازم آتا ہے سو ان سب سے بطور تبکیت کے) پوچھئے کہ کیا خدا کے لئے تو بیٹیاں (ہوں) اور تمہارے لئے بیٹے (ہوں یعنی جب اپنے لئے بیٹے پسند کرتے ہو تو عقیدۂ مذکورہ میں خدا کے لئے بیٹیاں کیسے تجویز کرتے ہو پس ایک قبح تو اس عقیدہ میں یہ ہے اور) ہاں (دوسری بات سنو کہ) کیا ہم نے فرشتوں کو عورت بنایا ہے اور وہ (ان کے بننے کے وقت) دیکھ رہے تھے (یعنی ایک دوسرا قبح یہ ہے کہ بلا دلیل فرشتوں پر انوثت کی تہمت رکھتے ہیں کیونکہ دلیل علاوہ مشاہدہ کے یا دلیل عقلی ہو یا دلیل نقلی دونوں منتفی ہیں تو مشاہدہ ہونا چاہئے) خوب سن لو کہ وہ لوگ (یا دلیل کچھ نہیں رکھتے بلکہ محض) اپنی سخن تراشی سے کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) اللہ صاحب اولاد ہے اور وہ) یقیناً (بالکل) جھوٹے ہیں (پس ایک تیسرا قبح اس عقیدہ میں یہ ہوا کہ اولاد کی نسبت حق تعالیٰ کی طرف لازم آتی ہے اور ان تینوں قبحوں میں قبح اول کا قبح عرف سے بھی اور قبح ثانی کا قبح نقل اور قبح ثالث کا قبح عقل سے ثابت ہے اور جہلاء پر قبح عرفی کا لزوم زیادہ حجت ہوتا ہے اس لئے قبح اول کو دوسرے عنوان سے پھر مکرر فرماتے ہیں اور زیادہ تبکیت کے لئے التفات مستعمل ہوا کہ ہاں) کیا اللہ تعالیٰ نے بیٹوں کے مقابلہ میں بیٹیاں زیادہ پسند کیں تم کو کیا ہو گیا تم کیسا (بیہودہ) حکم لگاتے ہو (جس کو تم عرفاً بھی مذموم سمجھتے ہو) پھر (علاوہ عرف کے) کیا تم (عقل اور) سوچ سے کام نہیں لیتے ہو (کہ خود عقل کے بھی خلاف ہے کئی وجہ سے اول حق تعالیٰ کا ذی ولد ہونا دوسرے مرتبہ ذات وصفات میں امر ناقص کا اس کی طرف منسوب ہونا کیونکہ اولاد ہونے کا اثر ذات وصفات تک پہنچے گا جیسا آخر پارہ الٓم آیت: وقالوا اتخذ اللّٰہ الخ میں جو تقریر ہے اس سے یہ ظاہر ہے پس دلیل عقلی بھی اس کی مبطل ہے آگے دلیل نقلی کا انتفاء فرماتے ہیں کہ) ہاں (اگر دلیل عقلی نہیں تو) کیا

www.besturdubooks.net

تمہارے پاس (اس پر) کوئی واضح دلیل موجود ہے (مراد اس سے دلیل نقلی ہے کیونکہ اثبات مدعا میں وہ واضح تر ہوتی ہے گو خود اس کا دلیل ہونا موقوف کسی دوسری حجت عقلیہ پر ہو اور آگے بکتٰبکم سے اس کو تعبیر کرنا بھی اس مراد کی دلیل ہے پس مطلب یہ ہوا کہ کیا تمہارے پاس کوئی دلیل نقلی موجود ہے) سو تم اگر (اس میں) سچے ہو تو اپنی وہ کتاب پیش کرو (حاصل مقام کا یہ ہوا کہ جس کے تم مدعی ہو اس میں تین توجیح ہیں عرفی بھی نقلی بھی عقلی بھی اور دلیل ایک بھی نہیں نہ مشاہدہ جس کی نفی کی فیح ثانی میں تصریح ہے اور دوسروں میں بھی انتفاء ظاہر ہے اور نہ عقل جس کا عدم بلکہ دلالت علی النقیض اَفَلَا تَذَكَّرُونَ ۝ میں مذکور ہے اور نہ نقل جس کا انتفاء اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ ...... میں مذکور ہے) اور (عقیدہ مذکور میں علاوہ ملائکہ کو اولاد قرار دینے کے) ان لوگوں نے اللہ میں اور جنات میں (بھی) رشتہ داری قرار دی ہے (جس کا بطلان اور بھی زیادہ ظاہر ہے کیونکہ بی بی جس کام کی ہوتی ہے اس سے حق تعالیٰ منزہ ہے اور جب زوجیت محال ہے تو صہریت جو اس کی فرع ہے نیز محال ہے) اور (جس جس کو یہ لوگ خدا کا شریک ٹھہرا رہے ہیں ان کی تو یہ کیفیت ہے کہ ان میں جو) جنات (ہیں خود) ان کا یہ عقیدہ ہے کہ (ان میں جو کافر ہیں) وہ (عذاب میں) گرفتار ہونگے (اور عذاب میں کیوں نہ گرفتار ہوں کہ حق تعالیٰ کی نسبت بُری بُری باتیں بیان کرتے ہیں حالانکہ) اللہ ان باتوں سے پاک ہے جو جو یہ بیان کرتے ہیں (پس ان بیانات کفریہ سے وہ گرفتار عذاب ہونگے) مگر جو اللہ کے خاص (یعنی ایمان والے) بندے ہیں (وہ اس عذاب سے بچیں گے اور مؤمنین جو کا اس اعتقاد کے ساتھ موصوف ہونا تو ظاہر ہے اور کفار عرب کے معبودین میں سے بعضے جن اسلام بھی لے آئے تھے جیسا کہ سورۂ بنی اسرائیل آیت قل ادعوا الذین زعمتم کی تفسیر میں گزرا ہے اور کفار جن میں سے بھی بعضے شاید اولہٰ سن کر اضطرارًا اس کے معتقد ہوں پس یہ حکم نفی الوہیت جنات کا خاص باعتبار معتقدین احضار ہی کے ہوگا اور غیر معتقدین احضار کی نفی الوہیت دوسرے دلائل سے باطل ہو جاوے گی خلاصہ یہ کہ جنات بیچارے تو خود ہی اپنی نسبت لوازم عبدیت کے معتقد و معترف ہیں پھر ان کو شریک قرار دینا بڑی حماقت ہے اور ملائکہ کا ذکر آگے آویگا اور درمیان میں بمناسبت استثناء مخلصین کے ایک مضمون بطور تفریع کے فرماتے ہیں جس سے شاید مقصود یہ ہو کہ کفار قریش اپنے اضلال کے ساتھ دوسروں کے اضلال کی فکر میں لگے رہا کرتے تھے پس ان کی ناکامی ظاہر کرنے کے لئے فرماتے ہیں کہ جب اہل اخلاص احضار فی العذاب سے مستثنیٰ ہیں اور ظاہر ہے کہ اس استثناء کے ساتھ علم خداوندی کا تعلق واجب ہے اور خلاف علم خداوندی ممتنع) سو (اس سے لازم آ گیا کہ) تم اور تمہارے سارے معبود (سب مل کے بھی) خدا سے کسی کو نہیں پھیر سکتے (جیسی تم کوشش کیا کرتے ہو) مگر اسی کو جو کہ (علم الٰہی ہی میں) جہنم رسید ہونے والا ہے اور (آگے ملائکہ کا ذکر فرماتے ہیں کہ ان میں جو ملائکہ ہیں ان کا یہ مقولہ ہے کہ ہم تو بندۂ محض ہیں چنانچہ جو خدمت ہم کو سپرد ہے اس میں) ہم میں سے ہر ایک کا ایک معین درجہ ہے (کہ اسی کی بجا آوری میں لگے رہتے ہیں اپنی رائے سے کچھ نہیں کر سکتے) اور ہم (خدا کے حضور میں حکم سننے کے وقت یا عبادت کے وقت ادب سے) صف بستہ کھڑے ہوتے ہیں اور ہم (خدا کی) پاکی بیان کرنے میں بھی لگے رہتے ہیں (غرض ہر طرح محکوم اور عبد ہیں سو جب فرشتے خود اعتراف عبدیت کر رہے ہیں پھر ان پر شبہ معبودیت کا کرنا سفاہت محضہ ہے پس باحسن وجوہ اعتقاد الوہیت کا جنات اور ملائکہ کے حق میں باطل ہو گیا)۔

ترجمہ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ: اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِينَ ۝ اس عنوان خاص سے نکیر کرنا باوجودیکہ بنین کا وجود بھی حق سبحانہ وتعالیٰ کے لئے ممتنع ہے اس پر دال ہے کہ اذہان میں ایک چیز جو کہ ادنیٰ ہے اور دوسری چیز جو کہ اعلیٰ ہے ان دونوں میں تفاوت ہے گو وہ دونوں اس میں متساوی ہوں کہ حق تعالیٰ دونوں سے منزہ ہیں پس اس سے یہ بات اخذ کی جاتی ہے کہ جس وجہ سے حق تعالیٰ کا اضطرارًا تصور رہتا ہو یہ جائز نہیں ہے کہ اختیارًا ایسی وجہ سے تصور کیا جاوے جو ذہن میں اس وجہ سابق سے ادنیٰ ہو مثلاً ایک شخص مقدار عظیم سے مجرد حق تعالیٰ کے تصور پر قادر نہ ہو تو اس کو مقدار صغیر کے ساتھ تصور جائز نہ ہوگا باوجودیکہ وہ مطلق مقدار سے بھی منزہ ہے اور جس سے طبعًا تحرز نہیں کر سکتا اس میں معذور ہے البتہ یہ واجب ہے کہ عقلاً اس سے بھی تنزیہ کا اعتقاد رکھے خوب سمجھ لو بغایت عزیز الوجود مضمون ہے اور نااہل سے اس کا ذکر مت کرو۔ قولہ تعالیٰ: وَمَا مِنَّآ إِلَّا لَهُۥ مَقَامٌ مَّعْلُومٌ ۝ روح میں سدی سے منقول ہے کہ مقام معلوم قرب اور مشاہدہ میں اور اسی کے دوسرے موقع میں ہے کہ فرشتہ کو اپنے مقام سے ترقی اور ہبوط دونوں نہیں ہوتے اور انسان کو دونوں ہوئے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ : قولہ فی نسبا اور بھی زیادہ ظاہر اشار بہ الی وجہ عدم ذکر بطلانہ صریحاً ۱۲۔

الروایات : فی الدر المنثور عن مجاهد فی قوله تعالیٰ وجعلوا بینه وبین الجنة نسبا قال قال کفار قریش الملائکة بنات الله تعالیٰ فقال لهم ابو بکر الصّدیق فمن امهاتهم فقالوا بنات سادات الجن ۱۲۔

فائدۃ : لم یذکر ههنا وفی ما یلیه من قصّة یونس علیه السلام ما ذکر قبله من السلام ونحوه اکتفاء بما سبق لان اشتراك العلة من کونهما مرسلاً یدل علی اشتراك ما یترتب علیه من السلام ونحوه لا سیما وقد سلم علیهم جمیعاً فی آخر السورة بقوله وسلام علی المرسلین فافهم ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اَللُّغَاتُ: قوله ساهم قارع قوله المدحضين المغلوبين واصله المزلق اسم مفعول قوله مليم نفسه على ان الهمزه للتعدية العراء المكان الخالى قوله يقطين فى القاموس كل مالا ساق له ۱۲۔ قوله نسبا عام لغة لانه من النسبة فيشمل النسب بالمعنى الخاص والصهر والزوجية۔ قوله ما انتم عليه بفاتنين فى المدارك عليه على الله بفاتنين مضلين يقال فتن فلان على فلان امرأة كما تقول افسدها عليه ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله ام خلقنا وقوله ام لكم ام فيهما منقطعة كما يظهر بترجمتى قوله الا عباد استثناء من ضمير محضرون كذا فى الخازن ۱۲۔ قوله تعالٰى وما منا عامله مقدر يدل عليه المقام اى ويقول الملائكة او هو من قوله تعالٰى لكنه حكى بلفظهم واصله وما منهم۔

اَلْبَلَاغَۃُ: قوله هم شاهدون وتخصيص المشاهده بالذكر للمبالغة فى المقصود كان غيرها من الدلائل اظهر انتفاء ومنها حيث لم يحتج الى التنصيص على الانتفاء واحتاجت هى اليه۔

وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿۱۷۲﴾ وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۴﴾ وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۵﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۷﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۸﴾ وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾ ع ۵ ۹

کفار تو کہا کرتے تھے کہ اگر ہمارے سامنے اگلے لوگوں کے واقعات ہوتے تو ہم بھی اللہ تعالیٰ کے چیدہ بندے بن جاتے لیکن پھر اس (قرآن) کے ساتھ کفر کر گئے۔ پس عنقریب جان لیں گے اور ہمارے خاص بندوں یعنی پیغمبروں کے لئے ہمارا یہ قول پہلے ہی سے مقرر ہو چکا ہے۔ بے شک وہی لوگ غالب کئے جائیں گے اور ہمارا تو (قاعدہ عام ہے کہ) ہمارا ہی لشکر غالب رہتا ہے تو آپ (تسلی رکھئے اور) تھوڑے زمانہ تک صبر کیجئے اور ان کی مخالفت اور ایذا رسانی کا خیال نہ کیجئے اور (ذرا) ان کو دیکھتے رہئے سو عنقریب یہ بھی دیکھ لیں گے ہمارے عذاب کا تقاضا کرتے ہیں سو وہ (عذاب) جب انکے روبرو نازل ہوگا سو وہ دن ان لوگوں کا جن کو ڈرایا جا چکا تھا بہت ہی برا ہوگا (ٹل نہ سکے گا) اور تھوڑے زمانہ تک ان کا خیال نہ کیجئے اور دیکھتے رہئے سو عنقریب یہ بھی دیکھ لیں گے آپ کا رب جو بڑی عظمت والا ہے ان باتوں سے پاک ہے جو یہ کافر بیان کرتے ہیں اور سلام ہو پیغمبروں پر اور تمام تر خوبیاں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام عالم کا پروردگار ہے۔

تَفْسِیْر رَبط: اوپر کفار مشرکین کے کفریات اور ان کے ابطال بالدلیل کا مضمون تھا آگے ان پر ایک دوسرے طریق پر کہ وہ نقض وعدہ ہے تشنیع ہے اور اس پر وعید سے تقریع ہے اور اسی کے ضمن میں تسلیہ نبی شفیع ﷺ ہے۔

تشنیع بنکث عہود وتقریع بعذاب معہود بر کفار مع تسلیہ سیّد ابرارؐ: وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ (الی قوله تعالٰی) فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ اور یہ لوگ (یعنی کفار عرب قبل بعثت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے) کہا کرتے تھے کہ اگر ہمارے پاس کوئی نصیحت (کی کتاب) پہلے لوگوں (کی کتابوں) کے طور پر آتی (یعنی جیسے یہود ونصاریٰ کے پاس رسول اور کتابیں آئیں اگر ہمارے لئے ایسا ہوتا) تو ہم اللہ کے خاص بندے ہوتے (یعنی تصدیق اور عمل کرتے ان کی طرح تکذیب ومخالفت نہ کرتے وہذا کقولہ تعالیٰ: لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ [فاطر: ۴۲]) پھر (جب وہ نصیحت کی کتاب رسول کے ذریعہ سے ان کو پہنچی تو) یہ لوگ اس کا انکار کرنے لگے (اور اپنا وہ عہد توڑ دیا) سو (خیر) اب ان کو (اس کا انجام معلوم ہوا جاتا ہے (چنانچہ مرنے کے ساتھ ہی انجام کفر کا منکشف ہوگیا اور بعض عقوبتیں قبل موت بھی نازل ہوئیں) اور (آگے مضمون تسلیہ کا ہے کہ گو اس وقت ان مخالفین کو کسی قدر شوکت ہے لیکن یہ چند روزہ ہے کیونکہ) ہمارے خاص بندوں یعنی پیغمبروں کے لئے ہمارا یہ قول پہلے ہی سے (یعنی لوح محفوظ ہی میں) مقرر ہو چکا ہے کہ بیشک وہی غالب کئے جاوینگے (کما قال تعالیٰ: كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ [المجادلة: ۲۱]) اور (ہمارا تو قاعدہ عامہ ہے کہ) ہمارا ہی لشکر غالب رہتا ہے (جو کہ اتباع رسل کو بھی شامل ہے تو رسل کے لئے تو اس کا تحقق بدرجۂ اولیٰ واتم ہوگا سو جب یہ بات ہے کہ آپ غالب آنے والے ہیں ہی) تو آپ (تسلی رکھئے اور) تھوڑے زمانہ تک (صبر کیجئے اور) ان (کی مخالفت اور ایذاء رسانی) کا خیال نہ کیجئے اور (ذرا) ان کو دیکھتے رہئے (یعنی ان کی حالت کا قدرے انتظار کیجئے کذا قال ابن

www.besturdubooks.net

کثیر ای انظرھم وارتقب ما ذا یحل بھم) سوعنقریب یہ بھی دیکھ لیں گے (اس کا بھی وہی مطلب ہے جو فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ کا تھا اور اس وعید پر وہ کہہ سکتے تھے کہ وہ وعید کب واقع ہوگی اور اکثر یہ بات کہا بھی کرتے تھے کما قال تعالیٰ: وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ وَنَحْوَهٗ اس لئے آگے اس کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں کہ) کیا ہمارے عذاب کا تقاضا کر رہے ہیں سو وہ (عذاب) جب ان کے روبرو آ نازل ہوگا سو وہ دن ان لوگوں کا جن کو (پہلے سے) ڈرایا جا چکا تھا بہت ہی برا ہوگا (کہ وہ عذاب ٹل نہ سکے گا) اور (جب یہ بات ہے کہ ان لوگوں پر عذاب واقع ہونیوالا ہے تو) آپ (تسلی رکھئے اور) تھوڑے زمانہ تک (صبر کیجئے اور) ان (کی مخالفت اور ایذاء رسانی) کا خیال نہ کیجئے اور (ذرا ان کو یعنی ان کی حالت کو) دیکھتے رہئے (یعنی منتظر رہئے) سوعنقریب یہ بھی دیکھ لیں گے (بھی کا مطلب کہ اَبْصِرْ کے بعد يُبْصِرُوْنَ ۝ کا آنا اس پر دال ہے دونوں جگہ یہ ہے کہ آپ کو تو ہمارے کہنے سے یقین ہی ہے اور یہی یقین منی انتظار کا ہے بعد معائنہ ان کو بھی یقین ہو جاویگا اور چونکہ اوپر یہ مضمون مرتب ہے تغلیب اہل حق پر اور یہاں مرتب ہے تعذیب اہل باطل پر اسلئے معنًا اس میں تکرار نہیں)۔

ف: مطلب اہل حق کے غالب ہونے کا یہ ہے کہ اس کا مقتضائے اصلی یہی ہے پس عارضی مغلوبیت حکمت ابتلاء سے اس کے مناقض نہیں اور تفصیل اس مضمون کی پارہ لا یحب اللہ کے تین پاؤ آیت: وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ [المائدۃ: ۵۶] کی تفسیر کے تحت میں قابل ملاحظہ ہے۔

ربط: سورت میں تین مضمون اصل مقصود تھے توحید ورسالت وبعث جیسا تمہید سورت میں مذکور ہوا ہے پھر اعتقاد بعث بوجہ توقف بعث کے نقل پر واقع میں فرع ہے اعتقاد رسالت کی اور اہل عقل میں سے جو دلیل عقلی سے قائل معاد روحانی کے ہوئے ہیں ان دلائل کے مقدمات سراسر مجروح ہیں پس اس فرعیت کے اعتبار سے اصل مقصود بالاثبات توحید ورسالت کے مضمون رہ گئے سورت کا اکمال ان ہی کے اجمال پر کیا جاتا ہے اور چونکہ توحید اقدم واعظم ہے اور رسالت کا قائل ہونا اسی پر موقوف ہے گو اعتقاد توحید اس کو مستلزم نہیں اس لئے کلام کا آغاز وانجام توحید سے کیا اور مرسلین کا ذکر درمیان میں لائے اور توحید میں چونکہ نفی نقائص اثبات کمالات سے اہم ہے لان النقص عیب فی نفسہ بخلاف الکمال فان انتفاءہ لم یکن عیبا فی نفسہ وان استلزم العیب بالنظر الی ذات الواجب جل مجدہ اس لئے تنزیہ کو تحمید پر مقدم فرمایا واللہ اعلم۔

خاتمہ در تنزیہ وتحمید رب العالمین وتنویہ شان مرسلین: سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ آپ کا رب جو بڑی عظمت والا ہے ان باتوں سے پاک ہے جو یہ (کافر) بیان کرتے ہیں (پس خدا کو منزہ سمجھو) اور پیغمبروں کو واجب الاتباع سمجھو کیونکہ ان کی ایسی شان ہے کہ ہم ان کی شان میں یہ کہتے ہیں کہ) سلام ہو پیغمبروں پر اور (خدا کو منزہ سمجھنے کے ساتھ موصوف بکمالات بھی سمجھو کیونکہ) تمام ترخوبیاں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام عالم کا پروردگار (اور مالک) ہے۔ ف: سبحان اللہ کیا اچھا خاتمہ ہے کہ اجمالاً تمام اصول وفروع کو حاوی ہے کیونکہ کوئی فرع اعتقاد رسالت پر مرتب ہونے سے خالی نہیں اور اس خاتمہ کی جلالت وجزالت کی وجہ سے روایت میں نماز کے بعد اور مجلس سے اٹھنے کے وقت اس کا پڑھنا منقول ہے اخرج الاول الخطیب عن ابی سعید مرفوعًا والثانی ابن ابی حاتم عن الشعبی مرفوعا کما فی الروح اسلئے تبرکاً میرا بھی جی چاہتا ہے کہ تفسیر کی اس جلد کو کہ جلد نہم ہے اسی پر ختم کروں فاقول سبحان ربك رب العزة عما يصفون۔ وسلم علی المرسلین۔ والحمد للہ رب العالمین۔ وقدتم بحمد اللہ تفسیر سورۃ الصّٰفّٰت یوم الثلثاء تاسع ربیع الاول ۱۳۲۵ من الھجرۃ وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی رب العزۃ عظمت والا کما فی الروح عن الزمخشری اضیف الرب الی العزۃ لاختصاصہ تعالیٰ بھا کانہ قیل ذوالعزۃ کما تقول صاحب لاختصاصہ بالصّدق فحاصل معناہ العزیز وجوز ان یکون معناہ المعز علی ان الرب بمعنی المالك ای مالك عز المخلوقین ومعطیھا واللہ اعلم ۱۲۔

النحو: قولہ من الاولین بتقدیر المضاف ای من ذکر الاولین بمعنی من جنسہ ومثلہ لاعین ذکر الاولین ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ فی الرسل لھم المنصورون وفی الجند لھم الغلبون اذن البناء للمفعول فی الاول زیادۃ تعلقھم وقربھم مع للہ تعالیٰ حیث دل المنصوریۃ علی کون اللہ تعالیٰ ناصرًا لھم ولما کان الجند عاما لغیرھم ایضا لم ینبہ علی ھذا التعلق الخاص المذکور قولہ بساحتھم شبہ العذاب بجیش یھجم علی قوم فی ساحتھم وھی العرصۃ الواسعۃ عند الدور بغتۃ فیحل بھا والنزول تخییل قولہ صباح الصباح مستعار لوقت نزول العذاب ای وقت کان کما اشرت الیہ بترجمتی ماخوذ من صباح الجیش المبیت للعدو وھو السائر الیہ لیلا لیھجم علیہ وھو فی غفلۃ صباحًا وکثیر اما یسمون الغارۃ صباحًا لما انھا فی الاعم الاغلب تقع فیہ قولہ ابصر لم یذکر ھھنا مفعولا اکتفاء علی الاول ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وجوه المثاني متعلقه جلد نهم بيان القرآن

سورة الروم: قوله تعالىٰ عاقبة الذين۔ فيه قراء تان الاولى بالرفع لنافع وابن كثير وابى عمرو والثانية بالنصب للباقين وعلى الاول هو اسم كان وعلى الثاني خبره۔ قوله تعالىٰ ثم اليه ترجعون۔ فيه قراء تان الاولى على الغيبة لابى عمرو وشعبة والثانية على الخطاب للباقين قوله تعالىٰ الميت في موضعين۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الياء مشددة لنافع وحفص حمزة والكسائى والثانية بالسكون للباقين قوله تعالىٰ تخرجون۔ فيه قراء تان الاولى بالبناء للفاعل من نصر لحمزة والكسائى وابن ذكوان بخلاف عنه والثانية بالبناء للمفعول للباقين قوله تعالىٰ للعالمين۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الام قبل الميم لحفص والثانية بالفتح للباقين قوله تعالىٰ ينزل۔ فيه قراء تان الاولى من الانزال لابن كثير وابى عمرو والثانية من التنزيل للباقين قوله تعالىٰ فرقوا دينهم۔ فيه قراء تان الاولى بالالف بعد الفاء وتخفيف الراء لحمزة والكسائى والثانية بغير الف وتشديد الراء للباقين قوله تعالىٰ يقنطون۔ فيه قراء تان الاولى بكسر النون بعد القاف لابى عمرو والكسائى والثانية بالفتح للباقين وهما لغتان قوله تعالىٰ وما اٰتيتم۔ فيه قراء تان الاولى بقصر الهمزة لابن كثير والثاني بمدها للباقين ومعنى الاول ما جئتم به من عطاء ربا قوله تعالىٰ لتربوا۔ فيه قراء تان الاولى بتاء الخطاب بعد اللام مضمومة وسكون الواو لنافع والثانية بالياء التحتية مفتوحة ونصب الواو للباقين ومعنى الاول لتزيدوه في اموال الناس والثاني ليزيد ذلك الرباني اموال الناس قوله تعالىٰ عما يشركون۔ فيه قراء تان الاولى بتاء الخطاب لحمزة والكسائى والثانية بالياء التحتية للباقين قوله تعالىٰ لنذيقهم فيه قراء تان الاولى بالنون بعد اللام لقنبل والثاني بالياء التحتية للباقين قوله تعالىٰ يرسل الرياح۔ فيه قراء تان الاولى الريح بالافراد لابن كثير وحمزة والكسائى والثانية بالجمع للباقين قوله تعالىٰ كسفا۔ فيه قراء تان الاولى والثانية بفتحها للباقين ومر وجههما في بنى اسرائيل قوله تعالىٰ ان ينزل فيه قراء تان الاولى من الافعال لابن كثير وابى عمرو والثانية من التفعيل للباقين قوله تعالىٰ الىٰ اٰثر رحمة۔ فيه قراء تان الاولى بالف بعد الثاء المثلثة لابن عامر وحفص وحمزة والكسائى والثانية بغير الف للباقين قوله تعالىٰ ولا يسمع الصم۔ فيه قراء تان ذكرتا في سورة النمل قوله تعالىٰ وما انت بهادى العمى فيه ما في النمل قوله تعالىٰ ضعف في موضعين وضعفا فيها قراء تان الاولى بفتح الضاد لعاصم وحمزة بخلاف عن حفص والثانية بالضم وكان حفص يختار الضم قوله تعالىٰ لا ينفع۔ فيه قراء تان الاولى بالغيبة للكوفيين والثانية بالخطاب للباقين۔

سورة لقمٰن: قوله تعالىٰ ورحمة للمحسنين۔ فيه قراء تان الاولى بالرفع لحمزة والثانية بالنصب للباقين وهو على الاول خبر بعد خبر لتلك وعلى الثاني حال من اٰيات قوله تعالىٰ ليضل۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الياء قبل الضاد لابن كثير وابى عمرو والثانية بضمها للباقين قوله تعالىٰ يتخذها۔ فيه قراء تان الاولى بنصب الذال لحمزة والكسائى وحفص والثانية بالضم للباقين وهو معطوف في الاول على يضل وفي الثاني على يشترى قوله تعالىٰ اذنيه۔ فيه قراء تان الاولى بسكون الذال لنافع والثانية بالضم للباقين والاول مخفف عن الثاني قوله تعالىٰ يا بنى لا تشرك۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بفتح الياء لحفص والثانيه بسكونها لابن كثير والثالثة بكسرها للباقين والفتح والكسر مروجههما في هود اما السكون فعلى اجراء الوصل مجرى الوقف قوله تعالىٰ يا بنى انها۔ فيه قراء تان الاولى فتح الياء لحفص والثانية كسرها للباقين قوله تعالىٰ مثقال۔ فيه قراء تان الاولى برفع اللام لنافع والثانية بالنصب وعلى الاول ضمير انهاللقصة ومثقال فاعل لتك وتانيث الفعل لاضافة الفاعل الى المؤنث وعلى الثاني الضمير للخصلة ومثقال خبر لتك والاسم مستتر فيه قوله تعالىٰ يٰبنى اقم۔ فيه ثلث قراء ات مثل قوله تعالىٰ يٰبنى لا تشرك الاولى لحفص والوزى والثانية لقنبل والثالثة للباقين قوله تعالىٰ لا تصعر۔ فيه قراء تان الاولى من التفعيل لابن كثير وابن عامر وعاصم والثانية من المفاعلة للباقين والكل واحد قوله تعالىٰ نعمة۔ فيه قراء تان الاولى بفتح العين وبعد الميم هاء مضمومة للضمير لنافع وابى عمرو وحفص والثانية بسكون العين وبعد الميم تاء مفتوحة منونة للباقين والوجه ظاهر قوله تعالىٰ فلا يحزنك۔ فيه قراء تان الاولى من الافعال لنافع والثانية من نصر للباقين قوله تعالىٰ والبحر۔ فيه قراء تان الاولى بنصب الراء لابى عمرو والثانية

www.besturdubooks.net

بالرفع للباقين وهو في الاول معطوف على ما في الارض وفي الثاني هو مبتدأ والواو للحال قوله تعالٰى ما يكون۔ فيه ما تقدم في الحج قوله تعالٰى وينزل الغيث فيه قراء تان الاولى من التنزيل لنافع وابن عامر وعاصم والثانية من الانزال للباقين۔

سورۃ السجدۃ: قوله تعالٰى خلقه۔ فيه قراء تان الاولى بفتح اللام صفة لشئ لنافع والكوفيين والثانية بالسكون بدلا عن كل للباقين قوله تعالٰى اذا و قوله تعالٰى ء انا فيه ثلث قراء ات الاولى بالاستفهام في الاول والخبر في الثاني لنافع ولاكسائي والثانية بالعكس لابن عامر والثالثة بالاستفهام فيهما للباقين قوله تعالٰى ما اخفي۔ فيه قراء تان الاولى بسكون الياء على صيغة المتكلم لحمزة والثانية بالفتح للباقين قوله تعالٰى لما صبروا۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الميم وتخفيف الميم لحمزة والكسائي والثانية بفتح اللام وتشديد الميم للباقين۔

سورۃ الاحزاب: قوله تعالٰى بما تعملون خبيرا وبما تعملون بصيرا۔ فيهما قراء تان الاولى بالغيبة لابى عمرو والثانية بالخطاب للباقين قوله تعالٰى اللائى۔ فيه قراء تان الاولى بالياء بعد الهمزة لابن عامر والكوفيين والثانية بلاياء بعد الهمزه للباقين قوله تعالٰى تظاهرون۔ فيه اربع قراء ات الاولى من المفاعلة لعاصم والثانية من التفاعل بحذف احدى التائين لحمزة والكسائي والثالثة من التفاعل بادغام حرف المضارع في الظاء لابن عامر والرابعة من الافعل للباقين قوله تعالٰى النبي۔ فيه قراء تان الاولى بالهمزة لنافع والثانية بالياء المدغمة للباقين قوله تعالٰى الظنونا هنا والرسولا والسبيلا اخر السورة۔ فيها ثلث قراء تات الاولى باثبات الالف في الثلثة وقفا ووصلا لنافع وابن عامر وشعبة والثانية بحذف الالف وقفا ووصلا لابى عمرو وحمزة والثالثة بالالف في الوقف دون الوصل للباقين قوله تعالٰى لا مقام لكم۔ فيه قراء تان الاولى بضم الميم لحفص والثانية بالفتح للباقين قوله تعالٰى النبي ذكر قريبا قوله تعالٰى بيوتنا وبيوتكم۔ فيه قراء تان الاولى بضم الباء لورش وابى عمرو وحفص والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰى لاتوها۔ فيه قراء تان الاولى بقصر الهمزة بمعنى فعلوها لنافع وابن كثير والثانية بمدها بمعنى لاعطوها للباقين قوله تعالٰى يحسبون۔ فيه قراء تان الاولى بفتح السين لابن عامر وعاصم وحمزة والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰى اسوة۔ فيه قراء تان الاولى بضم الهمزة لعاصم والثانية بكسرها للباقين قوله تعالٰى الرعب۔ فيه قراء تان الاولى بضم العين لابن عامر والكسائي والثانيه بالسكون للباقين قوله تعالٰى مبينة۔ فيه قراء تان الاولى بفتح التحتية لابن كثير وشعبة والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰى يضعف لها العذاب۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بصيغة الغائب المجهول من المفاعلة وبرفع العذاب لنافع وعاصم وحمزة والكسائي والثانية بصيغة جمع المتكلم المعروف من التفعيل وبنصب العذاب لابن كثير وابن عامر والثالثة بصيغة الغائب المجهول من التفعيل وبرفع العذاب لابى عمرو قوله تعالٰى وتعمل صالحا نؤتها۔ فيه قراء تان الاولى بالتحتية في يعمل ويؤتها لحمزة والكسائي والثانية بالفوقية في تعمل والنون في نؤتها للباقين قوله تعالٰى وقرن۔ فيه قراء تان الاولى بفتح القاف لنافع وعاصم والثانية بالكسر للباقين والاول من باب علم اصله اقررن فحذفت الراء الاولى والقيت فتحتها على ما قبلها وحذفت الهمزة للاستغناء عنها بتحرك القاف والثاني من باب ضرب فعل به ما فعل بالاول لكن فيه القيت كسرتها على ما قبلها قوله تعالٰى بيوتكن۔ فيه ما تقدم في بيوتنا وبيوتكم قوله تعالٰى ان يكون۔ فيه قراء تان الاولى بالياء التحتية للكوفيين وهشام والثانية بالفوقية للباقين قوله تعالٰى خاتم النبيين۔ فيه قراء تان الاولى بفتح التاء لعاصم والثانية بالكسر للباقين والاول ما يختم به والثاني اسم فاعل قوله تعالٰى تمسوهن۔ فيه قراء تان الاولى بضم التاء والف بعد الميم لحمزة والكسائي والثانية بفتح التاء ولا الف بعد الميم للباقين قوله تعالٰى ترجي۔ فيه قراء تان الاولى بياء ساكنة بعد الجيم لنافع وحفص وحمزة والكسائي والثانية بهمزة مضمومة بعد الجيم للباقين ومر الوجه في سورة براء ة قوله تعالٰى لا تحل۔ فيه قراء تان الاولى بتاء التانيث لابى عمرو والثانية بالياء التحتية للباقين قوله تعالٰى فسئلوهن۔ فيه ماتقدم في سورة الانبياء قوله تعالٰى سادتنا۔ فيه قراء تان الاولى بالف بعد الدال وكسر التاء لابن عامر والثانية بغير الف بعد الدال وفتح التاء قوله تعالٰى كبيرا۔ فيه قراء تان الاولى بالموحدة بعد الكاف لعاصم والثانية بالمثلثة للباقين۔

سورۃ سبا: قوله تعالٰى علم الغيب۔ فيه ثلث قراء ات الاولى برفع الميم لنافع وابن عامر والثانية بكسرها لابن كثير وابى

www.besturdubooks.net

عمرو وعاصم والكل بالف قبل اللام المكسورة والثالثة بعد العين بلا مشددة والف وخفض الميم لحمزة والكسائی والرفع على كونه خبر مبتدأ ای هو والكسر على كونه بدلا من المقسم بهقوله تعالٰی لا يعزب فيه ما تقدم فی يونس قوله تعالٰی معجزين۔ فيه ما تقدم فی الحج قوله تعالٰی من رجز اليم۔ فيه قراء تان الاولٰی برفع الميم لابن كثير وحفص والثانية بالجر للباقين والرفع على انه صفة للعذاب والجر على كونه صفة لرجز قوله تعالٰی ان نشأ نخسف بهم الارض او نسقط۔ فيه قراء تان الاولٰی بالتحتية فی الثلاثة لحمزة والكسائی والثانية بالنون للباقين قوله تعالٰی كسفا۔ فيه قراء تان الاولٰی بفتح السين لحفص والثانيه بالسكون للباقين والوجه قدمر فی بنی اسرائيل قوله تعالٰی لسليمٰن الريح۔ فيه قراء تان الاولٰی بالرفع لشعبة والثانية بالنصب والرفع على كونه مبتدأ تاخر عن خبره والنصب بتقدير سخرنا قوله تعالٰی كالجواب۔ فيه ثلث قراء ات الاولٰی باثبات الياء بعد الباء الموحدة فی الفصل دون الوقف لورش وابی عمرو والثانيه باثباتها وقفا ووصلا لابن كثير والثالثة بالحذف وقفا ووصلاً للباقين وهو جمع جابية الحوض العظيم قوله تعالٰی من عبادی الشكور۔ فيه قراء تان الاولٰی باسكان الياء لحمزة والثانية بالفتح للباقين قوله تعالٰی منسأته۔ فيه ثلث قراء ات الاولٰی بعد السين بالف لنافع وابی عمرو والثانية بعد السين بهمزة ساكنة لابن ذكوان والثالثة بهمزة مفتوحة للباقين وفی الاوليين ابدال وتخفيف غير قياسی قوله تعالٰی لسبأ۔ فيه ثلث قراء ات الاولٰی بهمزة مفتوحة بعد الموحدة من غير تنوين المبزی وابی عمرو والثانية بهمزة ساكنة لقنبل والثالثة بهمزة مكسورة منونة ويأول فی الاول بالقبيلة وفی الثالث بالحی واسكان الهمزة على نية الوقف قوله تعالٰی فی مسٰكنهم۔ فيه ثلث قراء ات الاولٰی بسكون السين وفتح الكاف ولا الف بينهما لحمزة وحفص والثانية كذلك الا ان الكاف مكسورة للكسائی والثالثة بفتح السين والف بعدها وكسر الكاف للباقين والثانی لغة خلاف القياس كمسجد لان ما ضمت عين مضارعه او فتحت قياس لمفعل منه الفتح قوله تعالٰی اكل خمط۔ فيه ثلث قراء ات الاولٰی بضم الكاف وعدم تنوين اللام لابی عمرو والثانية بسكون الكاف وتنوين اللام لنافع وابن كثير والثالثة بالضم والتنوين للباقين اما السكون والضم فقد مر وجههما فی الرعد والتنوين على الصفة وتركه على الاضافة البيانية قوله تعالٰی وهل نجازی الا الكفور۔ فيه قراء تان الاولٰی بالنون وكسر الزاء ونصب راء الكفور لحمزة والكسائی وحفص والثانية بالياء وفتح الزاء ورفع الكفور قوله تعالٰی بعد بين اسفارنا۔ فيه قراء تان الاولٰی من التبعيد لابن كثير وابی عمرو وهشام والثانية من المباعدة للباقين قوله تعالٰی لقد صدق۔ فيه قراء تان الاولٰی بتشديد الدال بعد الصاد للكوفيين والثانية بالتخفيف للباقين ومعنى الاول وجد ظنه صادقا ومعنى الثانی صدق فی ظنه قوله تعالٰی اذن له۔ فيه قراء تان الاولٰی بالبناء للمفعول لابی عمرو وحمزة والكسائی والثانية بابناء للفاعل للباقين قوله تعالٰی حتى اذا فزع۔ فيه قراء تان الاولٰی بابناء للفاعل لابن عامر والضمير الى الله تعالٰی والثانية بالبناء للمفعول للباقين قوله تعالٰی فی الغرفت۔ فيه قراء تان الاولی بسكون الراء بلا الف بعد الفاء على التوحيد لحمزة والثانية بالضم والالف على الجمع للباقين قوله تعالٰی معجزين۔ تقدم انفا قوله تعالٰی نحشرهم ثم نقول۔ فيهما قراء تان الاولٰی بالياء لحفص والثانية بالنون للباقين قوله تعالٰی التناوش۔ فيه قراء تان الاولٰی بالهمزة لابی عمرو وابی بكر وحمزة والكسائی والثانية بالواو للباقين قوله تعالٰی حبل۔ فيه قراء تان الاولٰی بضم الحاء لابن عامر والكسائی والثانية بالكسر للباقين۔

سورۃ فاطر : قوله تعالٰی غير الله۔ فيه قراء تان الاولی بخفض الراء لحمزة والكسائی والثانية بالرفع للباقين وهو بالخفض صفة لخالق على اللفظ وبالرفع صفة على المحل قوله تعالٰی ترجع۔ فيه قراء تان الاولی بفتح التاء وكسر الجيم لابن عامر وحمزة والكسائی والثانية بالضم والفتح للباقين قوله تعالٰی ارسل الريح۔ فيه قراء تان الاولٰی بالتوحيد لابن كثير وحمزة والكسائی بالثانية بالجمع للباقين قوله تعالٰی بلد ميت۔ فيه قراء تان الاولٰی بالتشديد لنافع وحفص وحمزة والكسائی والثانية بالتخفيف للباقين قوله تعالٰی رسلهم۔ فيه قراء تان الاولی بسكون السين لابی عمرو والثانية بالضم للباقين قوله تعالٰی يدخلونها۔ فيقرأ قراء تان الاولٰی المجهول لابی عمرو والثانية المعروف للباقين قوله تعالٰی ولؤلؤا۔ فيه قراء تان الاولٰی بالنصب لنافع وعاصم والثانية بالخفض للباقين قوله تعالٰی كذلك نجزی كل۔ فيه قراء تان الاولی بياء مضمومة وفتح الزاء ورفع كل

www.besturdubooks.net

لابی عمرو والثانیة بنون مفتوحة وكسرا لزاء ونصب كل **قوله تعالٰی** علی بینة فيه قراء تان الاولی بغير الف بعد النون لابن كثير وابی عمرو وحفص وحمزة علی التوحيد والثانية بالالف علی الجمع للباقين **قوله تعالٰی** يواخذ۔ فيه ثلث قراء ات الاولٰی بالواو وصلا لورش والثانية بالواو وقف لحمزة والثالثة بالهمزة مطلقا للباقين وكذا يؤخرهم۔

سورۃ یٰسٓ **قوله تعالٰی** تنزيل العزيز۔ فيه قراء تان لاولی بالنصب لابن عامر وحفص وحمزة والكسائی والثانية بالرفع للباقين ومعنی الاول نزل تنزيل والثانی هو تنزيل **قوله تعالٰی** سدا فی الموضعين۔ فيه قراء تان الاولٰی بفتح السين لحمزة والكسائی وحفص والثانية بالضم للباقين وهما لغتان **قوله تعالٰی** فعززنا فيه قراء تان الاولٰی بتخفيف الزاء الاولٰی لشعبة والثانية بتشديدها للباقين والزاء الثانية ساكنة بلا خلاف **قوله تعالٰی** لما جميع۔ فيه قراء تان الاولٰی بتشديد المیم لابن عامر وعاصم وحمزة بمعنی الاوان نافية والثانية بتخفيف للباقين علی ان ما صلة للتاكيد وان مخففة من الثقيلة وهی متلقاة باللام لا محالة **قوله تعالٰی** الارض الميتة۔ فيه قراء تان الاولٰی بتشديد الياء بعد الميم لنافع والثانية بالتخفيف للباقين **قوله تعالٰی** من العيون فيه ما تقدم فی الشعراء **قوله تعالٰی** من ثمره۔ فيه قراء تان الاولٰی بضم الثاء والميم لحمزة والكسائی والثانية بفتحهما للباقين **قوله تعالٰی** وما عملته ايديهم۔ فيه قراء تان الاولٰی بحذف الهاء من عملة لحمزة والكسائی والثانية باثباتها للباقين **قوله تعالٰی** والقمر قدرناه۔ فيه قراء تان الاولٰی برفع راء القمر لنافع وابن كثير وابی عمرو والثانية بالنصب للباقين والرفع علی الابتداء وقدرناه خبره والنصب بفعل يفسره المذكور ای وقدرنا القمر قدرناه۔ **قوله تعالٰی** ذريتهم۔ فيه قراء تان الاولٰی بالف بعد الياء التحتية وكسر الفوقية علی الجمع لنافع وابن عامر والثانية بغير الف وفتح الفوقية علی الافراد للباقين **قوله تعالٰی** يخصمون۔ فيه ثلث قراء ات الاولٰی بفتح الخاء وتشديد الصّاد لنافع وابن كثير وابی عمرو وهشام والثانية بسكون الخاء وتخفيف الصّاد لحمزة والثالثة بكسر الخاء وتشديد الصّاد للباقين واصله علی الطرفين يختصمون فسكنت التاء وادغمت فی الصّاد بعد قلبها صادًا ثم كسرت الخاء لالتقاء الساكنين فی الثالثة ونقلت حركة التاء وهی الفتحة الی الخاء ثم ادغمت فی القراء ة الاولٰی **قوله تعالٰی** فی شغل۔ فيه قراء تان الاولٰی بضم الغين لابن عامر والكوفيين والثانية بسكونها للباقين وهما لغتان **قوله تعالٰی** فی ظلل۔ فيه قراء تان الاولٰی بضم الظاء ولا الف بين اللامين لحمزة والكسائی والثانية بكسر الظاء والف بين اللامين للباقين **قوله تعالٰی** جبلا۔ فيه ثلث قراء ات الاولٰی بكسر الجيم والباء الموحدة وتشديد اللام لنافع وعاصم والثانية بضم الجيم وسكون الموحدة لابی عمرو وابن عامر والثالثة بضم الجيم والموحدة مع تخفيف اللام للباقين ومعنی الجميع الجماعة كما فی القاموس **قوله تعالٰی** مكاناتهم۔ فيه قراء تان الاولٰی بالف بعد النون علی الجمع لشعبة والثانية بغير الف علی الافراد للباقين **قوله تعالٰی** ننكسه۔ فيه قراء تان الاولٰی بضم النون الاولٰی وفتح النون الثانية وتشديد الكاف مكسورة لعاصم وحمزة والثانية بفتح النون الاولٰی وسكون الثانية وتخفيف الكاف مضمومة۔ **قوله تعالٰی** افلا تعقلون۔ فيه قراء تان الاولٰی بالتاء علی الخطاب لنافع وابن ذكوان والثانية بالغيبة للباقين **قوله تعالٰی** فلا يحزنك۔ فيه قراء تان الاولٰی من الافعال لنافع والثانية من نصر للباقين **قوله تعالٰی** فيكون۔ فيه قراء تان الاولٰی بنصب النون لابن عامر والكسائی والثانية بالرفع للباقين ومر التوجيه فی البقرة۔

سورۃ الصّٰفّٰت **قوله تعالٰی** بزينة الكواكب۔ فيه ثلث قراء ات الاولٰی بتنوين زينة ونصب الكواكب لشعبة والثانية بالتنوين وكسر الكواكب لحفص وحمزة والثالثة بغير تنوين وكسر باء الكواكب والكواكب فی الاول بدل اشتمال من السماء وتزيينها بالنور وهو المراد بزينة التی زين بها الكواكب اولاً والسماء بواسطة الكواكب وفی الثانی بدل من الكواكب وفی الثالثة اضيف اليه للبيان **قوله تعالٰی** لا يسمعون۔ فيه قراء تان الاولٰی بفتح السين وتشديد الميم لحمزة والكسائی وحفص والثانية بسكون السين وتخفيف الميم للباقين **قوله تعالٰی** بل عجبت۔ فيه قراء تان الاولٰی بضم التاء لحمزة والكسائی والثانية بالفتح للباقين وتوجيه الاول الحمل علی اللازم وهو رؤية ما هم عليه بالغا الغاية فی القبح **قوله تعالٰی** او اٰباؤنا فيه قراء تان الاولٰی بسكون الواو لقالون وابن عامر والثانية بفتحها للباقين وجه الاول ظاهر والثانی فيه عطف بالواو والمستفهم عنه مقدر ای ايبعث اٰباؤنا الخ **قوله**

www.besturdubooks.net

تعالٰی قل نعم۔ فیہ قراء تان الاولٰی بکسر العین للکسائی والثانیۃ بفتحھا للباقین قولہ تعالٰی المخلصین وکذا ما فی جمیع السورۃ۔ فیہ قراء تان الاولٰی بفتح الام بعد الخاء لنافع وعاصم وحمزۃ والکسائی والثانیۃ بالکسر للباقین قولہ تعالٰی ینزفون۔ فیہ قراء تان الاولٰی بکسر الزاء لحمزۃ والکسائی والثانیۃ بالفتح للباقین والثانی من انزف والھمزۃ للصیرورۃ او للدخول فی الشئی ولذا صار لازماً قولہ تعالٰی ینزفون۔ فیہ قراء تان الاولٰی بضم الیاء من ازف لحمزۃ والثانیۃ بالفتح للباقین الھمزۃ فی الاول لیست للتعدیۃ قولہ تعالٰی یابنی۔ فیہ قراء تان الاولٰی بفتح الیاء لحفص والثانیۃ بالکسر للباقین والتوجیہ قد ذکر فی ھود قولہ تعالٰی ما ذا تری۔ فیہ قراء تان الاولٰی بضم التاء وکسر الراء لحمزۃ والکسائی والثانیۃ بفتحھما للباقین ومعنی الاول ما الذی ترینی ایاہ من الصبر وغیرہ قولہ تعالٰی یا ابت۔ فیہ قراء تان وصلا الاولٰی بفتح التاء لابن عامر والثانیۃ بالکسر للباقین وقد ذکر فی سورۃ مریم قولہ تعالٰی ان الیاس۔ فیہ قراء تان الاولٰی بھمزۃ الوصل من الیاس وان ابتدئ فبالفتح لابن ذکوان بخلاف عنہ والثانیۃ بقطع الھمزۃ مکسورۃ للباقین وتوجیہ الاول ان یکون قد وصل ھمزۃ القطع او ان یکون اسمہ یاسا ودخلت علیہ ال کما قیل فی الیسع قولہ تعالٰی اللّٰہ ربکم ورب ابائکم۔ فیہ قراء تان الاولٰی بنصب الھاء والموحدۃ لحمزۃ والکسائی وحفص والثانیۃ بالرفع فی الثلاثۃ والاسماء علی الاول بدل من احسن وعلی الثانی مبتدأ وخبر قولہ تعالٰی الیاسین۔ فیہ قراء تان الاولٰی بفتح الھمزۃ ممدودۃ وکسر اللام وقطعھا عن الیاء لنافع وابن عامر والثانیۃ بکسر الھمزۃ وسکون اللام وھی مقطوعۃ عن الیاء وتوجیہ الثانی انہ لغۃ فی الیاس وتوجیہ الاول ان یکون ال مقحما ویاسین ھو الیاس نفسہ قولہ تعالٰی افلا تذکرون۔ فیہ قراء تان الاولٰی بتخفیف الذال لحمزۃ والکسائی وحفص والثانیۃ بالتشدید للباقین۔ (وجوہ المثانی متعلقہ جلد نہم تمام ہوئی)

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ صٓ

سُوْرَةُ صٓ ۳۸ مَكِّيَّةٌ ۳۸ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۸۸ — رُكُوْعَاتُهَا ۵

سورۃ ص مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں — اس میں ۸۸ آیات اور ۵ رکوع ہیں

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّكْرِ ۝۱ بَلِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِیْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ۝۲ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ
فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ ۝۳ وَعَجِبُوْۤا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ؗ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝۴
اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۖۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ۝۵ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰۤی
اٰلِهَتِكُمْ ۖۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ یُّرَادُ ۝۶ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۖۚ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۝۷ ءَاُنْزِلَ
عَلَیْهِ الذِّكْرُ مِنْ بَیْنِنَا ؕ بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِیْ ۚ بَلْ لَّمَّا یَذُوْقُوْا عَذَابِ ۝۸ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآىِٕنُ رَحْمَةِ
رَبِّكَ الْعَزِیْزِ الْوَهَّابِ ۝۹ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا ۫ فَلْیَرْتَقُوْا فِی الْاَسْبَابِ ۝۱۰
جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ۝۱۱ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ۝۱۲ وَثَمُوْدُ
ع وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ لْـَٔیْكَةِ ؕ اُولٰٓىِٕكَ الْاَحْزَابُ ۝۱۳ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ۝۱۴ وَمَا یَنْظُرُ
هٰۤؤُلَآءِ اِلَّا صَیْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ۝۱۵ وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ یَوْمِ الْحِسَابِ ۝۱۶

ص قسم ہے قرآن کی جو نصیحت سے پُر ہے بلکہ (خود) یہ کفار (ہی) تعصب اور (حق کی) مخالفت میں ہیں۔ ان سے پہلے بہت سی اُمتوں کو ہم (عذاب سے) ہلاک کر چکے ہیں۔ سو انہوں نے ہلاکت کے وقت بڑی ہائے پکار کی اور وہ وقت خلاصی کا نہ تھا اور ان کفار (قریش) نے اس بات پر تعجب کیا کہ ان کے پاس ان (ہی) میں سے ایک (پیغمبر) ڈرانے والا آ گیا اور کہنے لگے کہ یہ شخص (خوارق میں) ساحر اور دعویٰ نبوت میں جھوٹا ہے (اور) کیا ان شخص سچا ہو سکتا ہے کہ ایک ہی معبود رہنے دیا جائے واقعی یہ عجیب بات ہے اور (توحید کا مضمون سن کر) ان کفار میں کے رئیس یہ کہتے ہوئے چلے کہ یہاں سے چلو اور اپنے معبودوں (کی عبادت) پر قائم رہو۔ یہ کوئی مطلب کی بات ہے۔ ہم نے تو یہ بات اپنے پچھلے مذہب میں نہیں سنی ہو نہ ہو یہ (اس شخص کی) من گھڑت ہے۔ کیا ہم سب میں سے اسی شخص پر کلام الٰہی نازل کیا گیا۔ بلکہ وہ لوگ (خود) میری وحی کی طرف سے شک (یعنی انکار) میں ہیں۔ بلکہ (اصل وجہ یہ ہے کہ) انہوں نے ابھی تک میرے عذاب کا مزہ نہیں چکھا۔ کیا ان لوگوں کے پاس آپ کے پروردگار زبردست فیاض کی رحمت کے خزانے ہیں (جس میں نبوت بھی داخل ہے) یا کیا ان لوگوں کو آسمان اور زمین اور جو چیزیں ان کے درمیان کی ہر چیز کی بادشاہت ان ہی کی ہے تو ان کو چاہئے کہ سیڑھیاں لگا کر (آسمان پر) چڑھ جائیں۔ اس مقام پر ان لوگوں کی یونہی ایک بھیڑ ہے۔ منجملہ (مخالفین رسل کے) گروہوں کے شکست دیئے جائیں گے۔ ان سے پہلے بھی قوم نوح نے اور عاد اور فرعون نے جس (کی سلطنت کے) کھونٹے گڑ گئے تھے اور ثمود اور قوم لوط نے اور اصحاب ایکہ نے تکذیب کی تھی (اور) وہ گروہ یہی لوگ ہیں ان سب نے رسولوں کو جھٹلایا سو میرا عذاب ان پر واقع ہو گیا اور یہ لوگ ایک زور کی چیخ کے منتظر ہیں، جس میں

www.besturdubooks.net

دَم لینے کی گنجائش نہ ہوگی (مراد اس سے قیامت ہے) اور یہ لوگ کہنے لگے کہ جلد جلد حصہ ہم کو روز حساب سے پہلے دیدے۔

تفسیر: سورة صٓ مكية وهي ست او ثمان وثمانون اٰية كذا في البيضاوي۔ ربط: اس سورت میں زیادہ مضمون متعلق رسالت کے ہے بعض آیات میں اس کی تکذیب وانکار پر مذمت اور وعید ہے اور بعض آیات میں اس کا اثبات اور آپ کا تسلیہ اور قصص سے اثبات رسالت کی اور بعض قصص سے تسلیہ کی بھی تائید ہوتی ہے اور بعض آیات میں خاص توحید ومجازات کے انکار میں مخالفت رسول کی شناعت ہے جیسا: اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اور عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا سے مفہوم ہے اور بعض آیات میں اس توحید وبعث کی مجمل دلیل اور بعض میں ان دونوں کے تحقق اور وقوع کی قدرے تفصیل ہے جیسا مَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ سے كَالْفُجَّارِ تک مضمون مجمل اور هٰذَا ذِكْرٌ سے الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ تک مضمون مفصل مدلول ومعلوم ہے اور بمناسبت مسئلہ رسالت کے بعض آیات میں قرآن کی مدح ہے جیسے شروع میں اس کو ذی الذکر فرمایا اور درمیان میں مبارک اور ختم پر ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ اور سورت سابقہ کو بھی ان ہی مضامین میں اس سے تقارب ہے اور یہی تقارب وجہ تناسب ہے اور سبب نزول ابتدائی آیات کا یہ ہے کہ ابو طالب کے مرض میں قریش ان کے پاس آئے اور حضور ﷺ بھی تشریف لائے تو قریش نے ان سے آپ کی شکایت کی انہوں نے آپ سے پوچھا کہ آپ اپنی قوم سے کیا بات چاہتے ہیں آپ نے فرمایا صرف ایک کلمہ چاہتا ہوں جس سے تمام عرب انکا مطیع ہو جاوے اور عجم ان کو جزیہ دینے لگیں انہوں نے پوچھا وہ ایک کلمہ کونسا ہے آپ نے فرمایا لا الٰہ الا اللہ قریش کہنے لگے کہ لو سب معبودوں کی نفی کر کے ایک ہی معبود قرار دیدیا یہ عجیب بات ہے اس پر صٓ سے بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ تک نازل ہوا اورده في اللباب عن احمد والترمذي والنسائي والحاكم اور ایک روایت میں ہے کہ ناراض ہو کر اٹھ کھڑے ہوئے اورده في الروح عن غير واحد اور اس سورت کے شروع میں جو قرآن کی قسم کھائی گئی ہے اگر اس سے مراد کلام نفسی ہو تب تو کوئی اشکال نہیں کہ وہ صفت غیر مخلوق ہے اور اگر کلام لفظی مراد ہو جو کہ مخلوق ہے تو توجیہ اسکی سورۂ حجر آیت لَعَمْرُكَ کے تحت گزر چکی ہے اور شروع سورۂ صٰفٰت میں جو حکمت ایسی قسموں میں لکھی گئی ہے یہاں اسکی تقریر یہ ہے کہ قرآن رسالت پر دلیل ہے۔

تشنیع مع تقریع بر کفار مکذبین در انکار رسالت: سیّد المرسلین وتوحید رب العالمین ووقوع یوم الدین: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ (الی قوله تعالی) قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ۔ صٓ (اس کے معنی تو اللہ کو معلوم ہیں) قسم ہے قرآن کی جو نصیحت سے پُر ہے (کہ کفار جو کچھ نفیٔ رسالت کے متعلق کہہ رہے ہیں وہ ٹھیک نہیں) بلکہ (خود) یہ کفار (ہی) تعصب اور (حق کی) مخالفت میں پڑے) ہیں (اور اس تعصب ومخالفت کا وبال ایک روز ان پر پڑنے والا ہے جیسا) ان سے پہلے بہت سی امتوں کو ہم (عذاب) سے ہلاک کر چکے ہیں سو انہوں نے (ہلاکت کے وقت) بڑی ہائے پکار کی (اور بہت شور وغل مچایا) اور (اس وقت شور وغل سے کیا ہوتا ہے کیونکہ) وہ وقت خلاصی کا نہ تھا (جیسا ارشاد ہے: ﴿فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا﴾ [المؤمن: ۵۸] اور ان کفار (قریش) نے اس بات پر تعجب کیا کہ انکے پاس اُن (ہی) میں سے (یعنی جو کہ اُن کے مثل بشر ہے) ایک (پیغمبر ڈرانے والا آ گیا (وجہ تعجب کی اُن کا جہل تھا کہ بشریت اور نبوت میں منافات ہے) اور (یہاں تک اس منافات کے معتقد ہوئے کہ (دعویٰ نبوت اور اظہار معجزات میں کہ اعظم اُنکا معجزۂ قرآنی ہے آپ کی شان میں) کہنے لگے کہ (نعوذ باللہ) یہ شخص (خوارق میں) ساحر اور (دعویٰ نبوت میں) کذاب ہے (یعنی بوجہ بشر ہونے کے نبی ہونا تو محال ہے اور اس کے معجزہ ہونے سے نبوت کا ثبوت لازم آتا ہے پس جب لازم منتفی ہے تو ملزوم یعنی اس کا معجزہ ہونا بھی منتفی ہے اور ہے عجیب پس لامحالہ سحر ہوگا اور) کیا (یہ شخص سچا ہو سکتا ہے کہ) اس نے اتنے معبودوں کی جگہ ایک ہی معبود رہنے دیا (اور سب کے معبود ہونے کی نفی کر دی) واقعی یہ بہت ہی عجیب بات ہے (جس کی وجہ عنقریب آتی ہے: مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا ...... اور توحید کا مضمون سن کر) ان کفار میں کے رئیس (مجلس مکالمہ سے اٹھ کر اور لوگوں سے) یہ کہتے ہوئے چلے کہ (یہاں سے) چلو اور اپنے معبودوں (کی عبادت) پر قائم رہو (کیونکہ اول تو) یہ (دعوت الی التوحید ان پیغمبر کی) کوئی مطلب کی بات (معلوم ہوتی) ہے (کہ اس بہانہ سے ریاست کے خواہاں ہیں وهذا كقول قوم نوح ﴿يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ﴾ [المؤمنون: ۲۴] دوسرے خود دعویٰ بھی باطل اور عجیب ہے کیونکہ) ہم نے تو یہ بات (اپنے) پچھلے مذہب میں سنی نہیں ہو نہ ہو یہ (اس شخص کی) گھڑت ہے (پچھلے مذہب کا مطلب یہ کہ دنیا میں بہت سے طریقہ کے لوگ ہوئے سب سے پیچھے ہم موجود ہیں اور حق پر ہیں سو ہم نے اس طریقہ کے بزرگوں سے کبھی یہ بات نہیں سنی پس حاصل اس کا وہی ہے: ﴿مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ﴾ [المؤمنون: ۲۴] اور یہ شخص جو مدعی نبوت ہے اور توحید کو تعلیم الٰہی بتلاتا ہے سو اول تو نبوت وبشریت میں منافات ہے دوسرے اگر اس سے قطع نظر کی جاوے تو) کیا ہم سب میں سے اسی شخص (کو کوئی فوقیت وفضیلت تھی کہ اسی کو نبوت ملی اور اسی) پر کلام الٰہی نازل کیا گیا (بلکہ کسی رئیس پر ہوتا تو مضائقہ نہ تھا وهذا كقوله تعالیٰ: ﴿لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ﴾ [الزخرف: ۳۱] آگے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ان کا یہ کہنا کہ ان پر کیوں نزول ہوا کسی رئیس پر کیوں نہیں ہوا اس سبب سے نہیں ہے کہ اگر ایسا ہوتا تو اس کا اتباع کرتے) بلکہ (اصل بات یہ ہے کہ) یہ لوگ (خود) میری وحی کی طرف سے شک (یعنی انکار) میں ہیں (یعنی نفس مسئلہ نبوت ہی کے منکر ہیں خصوص بشر کے لئے اور یہ انکار

www.besturdubooks.net

بھی کچھ اس سبب سے نہیں کہ انکے پاس اس کی کوئی دلیل ہے خواہ عموماً یا ثبوت للبشر کے لئے خصوصاً) بلکہ (اس کی اصلی وجہ یہ ہے کہ) انہوں نے ابھی تک میرے عذاب کا مزہ نہیں چکھا (ورنہ سب عقل ٹھکانے آجاتی اس تقریر سے ان کے دونوں شبہوں کا یعنی تنافی بشریت ونبوت کا اور شبہ بعد التنزل اُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ ...... کا جواب ہوگیا آگے دوسرے طرز پر جواب ہے کہ) کیا ان لوگوں کے پاس آپ کے پروردگار زبردست فیاض کی رحمت کے خزانے ہیں (جس میں نبوت بھی داخل ہے کہ جس کو چاہیں دیں جس کو چاہیں نہ دیں یعنی نبوت ایک امر عظیم ہے اس کے عطا کے لئے معطی کا مالک الخزائن اور شدید الغلبہ اور کثیر المواہب ہونا لازم ہے سو اس طرح اگر یہ ان کے اختیار میں ہوتا تو ان کو اس کہنے کی گنجائش تھی کہ ہم نے بشر کو نبوت نہیں دی تو پھر وہ نبی کیسے ہوگیا یا ہم نے فلاں بشر کو دی اور فلاں کو نہیں دی اس صورت میں یہ کہنا ان کا زیبا تھا) یا (اگر کل خزائن قبضہ میں نہ ہوں تو کم از کم سماویات وارضیات ہی قبضہ میں ہوتے وجہ یہ کہ نبوت سے احکام الٰہیہ معلوم ہوتے ہیں اور احکام پر عمل کرنا موجب بقائے عالم ہے یہی وجہ ہے کہ جب کوئی مؤمن نہ رہے گا قیامت آجاوے گی پس نبوت کو تمام عالم کے نظام اور بقاء میں دخل ہوا تو معطی نبوت ایسا شخص ہونا چاہئے جو تمام عالم کے مصالح کو جانتا ہو اس کے نافذ کرنے پر قادر ہو تاکہ ایسے مناسب احکام مشروع کرے جس سے نظام ومصلحت عالم وابستہ ہو اور اگر اجزائے عالم میں سے سماویات وارضیات کے سوا اور اجزاء کے وجود میں کسی کو کلام ہو تو سماویات وارضیات کا وجود تو مسلم ومشاہد ہے تو اس کا تو ضرور احکام سے وابستہ ماننا ظاہر ہے تو خیر ان سماویات وارضیات ہی پر اس معطی نبوت کے علم وقدرت کو محیط ہونا چاہئے اس لئے: اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ کے بعد فرماتے ہیں کہ کم از کم یہی قبضہ میں ہوتے تو) کیا ان کو آسمان اور زمین اور جو چیزیں ان کے درمیان میں ہیں ان (سب) کا اختیار حاصل ہے (اور آگے بطور تعجیز وتہکم کے ارشاد ہے کہ اگر ان کو اس پر اختیار ہے) تو ان کو چاہئے کہ سیڑھیاں لگا کر (آسمان پر) چڑھ جاویں (اور ظاہر ہے کہ اس پر قادر نہیں پس جب باوجود عدم مانع عقلی کے ان کو آسمان پر پہنچنے کی بھی قدرت نہیں جو کہ ان کا حال معلوم کرنیکا سہل ذریعہ ہے اور دوسرے تصرفات سے بہت اہون ہے تو اور طرق علم اور تصرفات صعبہ پر تو کیا قدرت ہوگی جب علم وقدرت نہیں تو ان کے نظام کی کیا رعایت کر سکتے ہیں پس معطی نبوت بننے کی کیا صلاحیت ہو سکتی پھر ان کو ایسی بے سروپا باتیں کہنے کا کیا حق ہے مگر اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ ان کے خلاف وشقاق سے فکر نہ کریں کیونکہ) اس مقام پر (یعنی مکہ میں) ان لوگوں کی یوں ہی ایک بھیڑ ہے منجملہ (مخالفین رسل کے) گروہوں کے جو (عنقریب) شکست دیئے جاویں گے (چنانچہ بدر میں یہ پیشینگوئی پوری ہوئی اور) ان سے پہلے بھی قوم نوح نے اور عاد نے اور فرعون نے جس (کی سلطنت) کے کھونٹے گڑ گئے تھے (یعنی اس کی سلطنت مدید اور شدید تھی **كما قال ابن مسعودؓ وابن عباسؓ في رواية عطية الاوتاد الجنود يقوون ملكه كما يقوى الوتد الشئ كذا في الروح** اور ایک تفسیر اس لفظ کی سورۂ فجر میں آوے گی) اور ثمود نے اور قوم لوط نے اور اصحاب ایکہ نے (جن کے قصے متعدد جگہ آچکے ہیں ان سب نے) تکذیب کی تھی (اور) وہ گروہ (جنکا اوپر من الاحزاب میں ذکر آیا ہے) یہی لوگ ہیں ان سب نے صرف رسولوں کو جھٹلایا تھا (جیسا یہ کفار قریش آپ کو جھٹلا رہے ہیں) سو میرا عذاب (ان پر) واقع ہوگیا (پس جب جرم مشترک ہے تو عقوبت کے اشتراک سے یہ کیوں مطمئن ہیں) اور یہ لوگ (جو تکذیب پر مصر ہیں تو) بس ایک زور کی چیخ (یعنی نفخۂ ثانیہ) کے منتظر ہیں جس میں دم لینے کی گنجائش نہ ہوگی (مراد اس سے قیامت ہے کما قال تعالیٰ: ﴿فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ﴾ [محمد: ۱۸] اور یہ لوگ (قیامت کی وعید سن کر تکذیب رسول واستہزاء کے طور پر) کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب (آخرت میں جو کافروں کو عذاب ہوگا اس میں سے) ہمارا حصہ ہم کو روزِ حساب سے پہلے ہی دیدے (مطلب یہ کہ قیامت نہیں ہے اور اگر ہے تو ہم کو ابھی عذاب مطلوب ہے جب عذاب نہیں ہوتا تو معلوم ہوا قیامت نہ آوے گی **نعوذ بالله من الجهل**) **ف**: اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ سے یہ مقصود نہیں کہ ان کی اور صفات کی نفی کی جاوے بلکہ کفار معاصرین نزول وحی کے اس توہم کے رفع کرنے کو کہ شاید ان کی ہلاکت کا سبب ان کا کفر نہ ہوا ہو اور کوئی امر ہوا ہو یہ حصر اضافی ادعائی کیا گیا یعنی بجز کفر اور تکذیب کے اصل سبب کوئی نہ تھا کیونکہ ان مہلکین کا دوسرے ذمائم پر اصرار بھی اسی کی تکذیب رسالت کی وجہ سے تھا پس معتد بہ سبب یہی تھا۔ **ربط** اوپر کفار کی مخالفت اور ان کے بعض اقوال کفریہ کا ذکر تھا کقولهم: هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ وقولهم: اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ وقولهم: اَنِ امْشُوْا قولهم: مِنْۢ بَيْنِنَا وقولهم: رَبَّنَا عَجِّلْ چونکہ ان امور سے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کو حزن ہوتا تھا اس لئے آگے صبر کا حکم اور بعض انبیاء علیہم السلام کے قصص کا ذکر کہ وہ بھی کمال صبر کے ساتھ موصوف تھے فرماتے ہیں اور ان قصص میں علاوہ تسلیہ مذکورہ کے بمقابلہ منکرین کے تائید نبوت کی بھی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۖ بعض اہل غلو نے اس سے وحدۃ الوجود اس طرح ثابت کیا ہے کہ سب اللہ کو الٰہ واحد قرار دینے پر کفار نے انکار کیا تو معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وحدت کا دعویٰ فرمایا ہوگا لیکن یہ استدلال اس لئے غلط ہے کہ یہاں جعل واحد کے معنے یہ ہیں کہ دوسرے الٰہ کی نفی فرمائی اور الٰہ واحد کا اثبات کیا نہ یہ کہ سب کے اتحاد کا دعویٰ کیا ہو (نعوذ باللہ) فمن ادعٰی فعلیہ البیان پس یہ جعل ایسا ہے جیسا حدیث میں آیا ہے: ((من جعل الهموم هما واحدا هم الآخرة)) اور ظاہر ہے کہ یہ مراد نہیں کہ ہموم دنیا وہم آخرت کو متحد کر دیا بلکہ مقصود یہی ہے کہ ہموم دنیا کی نفی کر دی

www.besturdubooks.net

اور ہم آخرت کو ثابت و باقی کہا خوب سمجھ لو۔ قولہ تعالیٰ: أَأُنزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِن بَيْنِنَا ...... چونکہ اس قول کا منشا کبر تھا تو آیت دال ہوئی اس پر کہ کبر ایسی مذموم چیز ہے کہ بعض اوقات کفر تک پہنچا دیتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَمَا يَنظُرُ هَٰؤُلَاءِ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً مَّا لَهَا ...... باوجود اس کے کہ وہ اس صیحہ کے معتقد ہی نہ تھے تو اس کا انتظار کیوں کرتے پھر ان کو اس کا منتظر کہنا اس بناء پر ہے کہ ان کی غفلت و اعراض سے گویا یہ حالاً لازم آتا تھا تو اس میں دلالت ہوئی کہ مقام ارشاد میں نہ کہ مقام افتاء میں لازم کو مثل ملتزم کے قرار دے سکتے ہیں جیسے مشائخ مرید خود رائی سے کہتے ہیں کہ تو یوں چاہتا ہے کہ میں تیرا تابع بنوں اور تو میرا تابع نہ بنے و مثل ذلک۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله قبل بل الذين كفروا ٹھیک نہیں كما في الخازن ما الامر كما تقول الكفار ۱۲۔ ۲؎ قوله في يراد کوئی مطلب كما في الكبير عن القفال قال معناها انه ليس غرض محمد من هذا القول تقرير الدين وانما غرضه ان يستولي علينا فيحكم في اموالنا واولادنا بما يريدآه فكان تقدير الكلام هكذا ان الدعوة للتوحيد شيء يراد لغرض آخر ۱۲۔ ۳؎ قوله في الآخرة اپنے پچھلے كما في الروح عن مجاهد وقتادة ارادوا ملة العرب ونحلتها التي ادركوا عليها آبائهم آه ۱۲۔

اللغات: قوله لات حين هي لا المشبهة بليس عند سيبويه زيدت عليها تاء التانيث لتائيد معناها وهو النفي لان زيادة البنا تدل على زيادة المعنى او لان التاء تكون للمبالغة كما في علامة واسمها محذوف اى ليس الحين حين مناص ومذهب الاخفش انها لا النافية للجنس زيدت عليها التاء فحين مناص اسمها والخبر محذوف اى لهم كذا في الروح مناص يقال ناصه ينوصه اذا فاته قوله جعل بمعنى التصيير في القول والتسمية وليس تصييرا في الخارج ثم هذا الجعل ليس بحكم شيء على شيء بل بنفي شيء واثبات آخر فليس ذلك من باب انكار وحدة الوجود في شيء فافهم ۱۲۔ الاسباب الطرق والمراد ههنا المعارج والصاعد التي يتوصل بها الى السموات فواق هو الزمن الذى بين حلبتي الحالب ورضعتي الراضع والكلام على تقدير مضافين اى ما ينتظر هؤلاء الا صيحة واحدة ما لها من توقف مقدار فواق كذا في الروح قطنا هو النصيب والصك وكتاب المحاسبة كذا في القاموس ۱۲۔

النحو: جند ما خبر لمبتدأ محذوف اى هم جند حقير وهنالك صفة جند ومهزوم صفة ثانية له ومن الاحزاب صفة ثالثة لجند ويوافقه ترجمتي ۱۲۔

البلاغة: قوله عجبوا والمراد انهم عدوا ذلك امرا عجيبا خارجا عن احتمال الوقوع وانكروه اشدا لانكار لا انهم اعتقدوا وقوعه وتعجبوا منه كذا في الروح ۱۲۔ قوله جند ما مزيدة للتحقير قوله ذو الاوتاد في الكبير ان اصل هذه لكلمة من ثبات البيت المطنب باوتاده ثم استعير لا ثبات العز والملك قال الشاعر ولقد غنوا فيها بانعم عيشة في ظل ملك ثابت الاوتاد وهكذا في الكشاف وقال القاضي حمل الكلام على هذا الوجه اولى لانه لما وصف بتكذيب الرسل فيجب فيما وصف ان يكون تفخيما لامر ملكه ليكون الزجر بما ورد من قبل الله تعالى عليه من الهلاك مع قوة امره امر وابلغ آه قوله ان كل الا كذب في الانتصاف ان في تكرار تكذيبهم فائدة وهي ان الكلام لما طال بتعديد آحاد المكذبين ثم اريد ذكر ما حاق بهم من العذاب جزاء لتكذيبهم كرر ذلك مصحوبا بالزيادة المذكورة ليلي قوله تعالى فحق عقاب على سبيل التطرية المعتادة عند طول الكلام وهو كما في قوله تعالى وكذب موسى حيث كرر الفعل ليقترن بقوله فامليت للكافرين ۱۲۔

اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۱۷﴾ اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ﴿۱۸﴾
وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ؕ كُلٌّ لَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۱۹﴾ وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾ وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا
الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى
بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَاۤ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ هٰذَاۤ اَخِيْ ۫ لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ
نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۫ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ ﴿۲۳﴾ قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى

نِعَاجِهٖ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ؕ
سجدہ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۩ ۲۴ فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ
مَاٰبٍ ۲۵ يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِى الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ
ع ۲ ۱۱ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ۲۶

آپ لوگوں کے اقوال پر صبر کیجئے۔اور ہمارے بندے داؤد جو بڑی قوت (اور ہمت) والے تھے اور (اللہ کی طرف) رجوع ہونے والے تھے۔ہم نے پہاڑوں کو حکم کر رکھا تھا کہ ان کے ساتھ شام اور صبح تسبیح کیا کریں اور اسی طرح پرندوں کو بھی جو (تسبیح کے وقت ان کے پاس) جمع ہو جاتے تھے سب ان کی (تسبیح کی) وجہ سے مشغول ذکر رہتے اور ہم نے ان کی سلطنت کو بڑی قوت دی تھی اور ہم نے ان کو حکمت اور فیصلہ کرنے والی تقریر عطا فرمائی تھی اور بھلا ان اہل مقدمہ کی خبر بھی آپ کو پہنچی ہے جبکہ وہ لوگ (داؤد کے) عبادت خانہ کی دیوار پھاند کر داؤد کے پاس آئے تو وہ (ان کے اس طرح آنے سے) گھبرا گئے۔دونوں کہنے لگے کہ آپ گھبرائیں نہیں ہم دو اہل معاملہ ہیں کہ ایک نے دوسرے پر کچھ زیادتی کی ہے سو آپ ہم میں انصاف سے فیصلہ کر دیجئے اور بے انصافی نہ کیجئے اور ہم کو معاملہ کی سیدھی راہ بتا دیجئے (پھر ایک شخص بولا صورت مقدمہ کی یہ ہے کہ) یہ شخص میرا بھائی ہے اس کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے پاس صرف ایک دنبی ہے سو یہ کہتا ہے کہ وہ بھی مجھ کو دے ڈال اور بات چیت میں مجھ کو دباتا ہے۔داؤد نے کہا: یہ جو تیری دنبی اپنی دنبیوں میں ملانے کی درخواست کرتا ہے تو واقعی تجھ پر ظلم کرتا ہے اور اکثر شرکاء (کی عادت ہے کہ) ایک دوسرے پر (یوں ہی) زیادتی کیا کرتے ہیں۔مگر ہاں جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اور نیک کام کرتے ہیں اور ایسے لوگ بہت ہی کم ہیں۔داؤد کو خیال آیا کہ ہم نے ان کا امتحان کیا ہے۔سو انہوں نے اپنے رب کے سامنے توبہ کی اور سجدہ میں گر پڑے اور رجوع ہوئے۔سو ہم نے ان کا وہ جرم معاف کر دیا اور ان کے لئے ہمارے یہاں (خاص) قرب اور (اعلیٰ درجہ کی) نیک انجامی ہے۔اے داؤدؑ ہم نے تم کو زمین پر حاکم بنایا ہے سو لوگوں میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کرتے رہنا اور آئندہ بھی نفسانی خواہش کی پیروی مت کرنا (اگر ایسا کرو گے تو) وہ خدا کے رستہ سے تم کو بھٹکا دے گی۔جو لوگ خدا کے رستہ سے بھٹکتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہوگا اس وجہ سے کہ وہ روز حساب کو بھولے رہے۔

تفسیر: تسلیہ وقصہ اوّل داؤد علیہ السلام: اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ (الی قولہ تعالی) لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ آپ ان لوگوں کے اقوال پر صبر کیجئے اور ہمارے بندہ داؤد کو یاد کیجئے جو (عبادت میں جس میں صبر بھی داخل ہے) بڑی قوت (اور ہمت) والے تھے (اور) وہ (خدا کی طرف) بہت رجوع ہونیوالے تھے (اور ہم نے ان کو یہ نعمتیں عطا فرمائی تھیں ایک یہ کہ (ہم نے پہاڑوں کو حکم کر رکھا تھا کہ ان کے ساتھ (شریک ہو کر) شام اور صبح (کہ یہ اوقات تھے تسبیح داؤد علیہ السلام کے) تسبیح کیا کریں اور (اسی طرح) پرندوں کو بھی (یہی حکم دے رکھا تھا) جو کہ (تسبیح کے وقت ان کے پاس) جمع ہو جاتے تھے (اور جبال وطیور مذکورہ میں سے) سب انکی (تسبیح کی) وجہ سے مشغول ذکر رہتے اور (دوسری نعمت یہ کہ) ہم نے ان کی سلطنت کو نہایت قوت دی تھی اور (تیسری نعمت یہ کہ) ہم نے ان کو حکمت (یعنی نبوت) اور فیصلہ کر دینے والی تقریر (جو نہایت واضح اور جامع ہو) عطا فرمائی تھی (اور باوجود اس بڑی سلطنت کے جو اکثر احوال میں آدمی کو از خود رفتہ کر دیتی ہے ببرکت نور نبوت کے نہایت ضابط اور صابر تھے چنانچہ ان کے اخبار سے ثابت ہے) اور (ہاں ان اخبار دال علی الصبر میں سے) بھلا آپ کو ان اہل مقدمہ کی خبر بھی پہنچی ہے (جو داؤد علیہ السلام کے پاس مقدمہ لائے تھے) جبکہ وہ لوگ (داؤد علیہ السلام کے) عبادت خانہ کی دیوار پھاند کر داؤد (علیہ السلام) کے پاس آئے (کیونکہ دروازہ میں سے پہرہ داروں نے اس وجہ سے نہیں آنے دیا کہ وہ وقت خاص آپ کی عبادت کا تھا فصل خصومات کا نہ تھا) تو وہ (ان کے اس بے قاعدہ طور پر آنے سے) گھبرا گئے (کہ کہیں یہ لوگ دشمن نہ ہوں کہ بقصد قتل تنہائی میں اس طرح آ گھسے ہوں) وہ لوگ (ان سے) کہنے لگے کہ آپ ڈریں نہیں ہم دو اہل معاملہ ہیں کہ ایک نے دوسرے پر (کچھ) زیادتی کی ہے (اس کے فیصلے کے لئے ہم آئے ہیں چونکہ پہرہ داروں نے دروازے سے نہیں آنے دیا اس لئے اسطرح پر آنے کے مرتکب ہوئے) سو آپ ہم میں انصاف سے فیصلہ کر دیجئے اور بے انصافی نہ کیجئے اور ہم کو (معاملہ کی) سیدھی راہ بتلا دیجئے (پھر ایک شخص بولا کہ صورت مقدمہ یہ ہے کہ) یہ شخص میرا بھائی ہے (باعتبار دین کے کما فی الدر عن ابن مسعودؓ یا باعتبار ملاقات کے اور) اس کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے پاس (کل) ایک دنبی ہے سو یہ کہتا ہے کہ وہ بھی مجھ کو دے ڈال اور بات چیت میں مجھکو دباتا ہے (کہ میری بات کو منہ زوری سے چلنے نہیں دیتا) داؤد (علیہ السلام) نے کہا کہ یہ جو تیری دنبی اپنی دنبیوں میں ملانے کی درخواست کرتا ہے تو واقعی تجھ پر ظلم کرتا ہے اور اکثر شرکاء (کی عادت ہے کہ) ایک دوسرے پر (یونہی) زیادتی کیا کرتے ہیں مگر ہاں جو ایمان رکھتے ہیں اور نیک کام کرتے ہیں اور ایسے لوگ بہت ہی کم ہیں (یہ مضمون تسلی مظلوم کے لئے فرمایا) اور داؤد (علیہ السلام) کو خیال آیا کہ (اس واقعہ کے پیش آنے میں حکمت یہ ہے کہ) ہم نے ان کا امتحان کیا

www.besturdubooks.net

ہے (کہ دیکھیں یہ کیسے صابر و متحمل ہیں کیونکہ ایسے بڑے جلیل القدر سلطان کے خلوت خانہ خاص میں کسی کا بے اجازت پھر اس بے ڈھنگے پن سے آ گھسنا پھر بات چیت اس طرز سے کرنا کہ اول تو یہ کہنا کہ ڈرومت جس سے متکلم کا بڑا اور مخاطب کا چھوٹا ہونا مترشح ہوتا ہے پھر یہ کہنا کہ انصاف سے فیصلہ کرنا اور بے انصافی مت کرنا جس سے ایہام ہوتا ہے کہ نعوذ باللہ آپ سے بے انصافی کا بھی احتمال ہے اور ان مضامین کے اقتران کے قرینہ سے اھدنآ الخ کا مدلول بھی اسی کے قریب قریب مفہوم ہوتا ہے کہ ان کو احتمال اس کے خلاف کا بھی ہے جس میں ترک واجب کا اتہام لازم آتا ہے گو مناجات میں یہ صیغہ موجب سوء ادب نہیں اول تو مناجات وتضرع اس ایہام سے مانع ہے ثانیاً حق تعالیٰ پر کوئی چیز واجب نہیں جس سے محذور لازم آتا تھا غرض ان کا مجموعہ اقوال وافعال نہایت درجہ گستاخی در گستاخی ہے پس اس میں داؤد علیہ السلام کے تحمل وصبر کا امتحان ہوگیا کہ آیا زور سلطنت میں ان متواتر گستاخیوں پر دار و گیر کرتے ہیں اور اس مقدمہ کو ملتوی کر کے ان پر دوسرا مقدمہ قائم کرتے ہیں یا غلبۂ نور نبوت سے عفو فرماتے ہیں اور اس مقدمہ کو کمال عدل سے بلا شائبہ غیظ وغضب فیصل کرتے ہیں چنانچہ امتحان میں صابر ثابت ہوئے اور مقدمہ کو نہایت ٹھنڈے دل سے ساعت اور فیصل فرمایا لیکن انبیاء کی جلالت شان عدل کے جس درجہ علیا و ذروۂ قصوی کو مقتضی ہے اس سے بظاہر ایک گونہ بعید اتنا خفیف سا یہ امر پیش آ گیا کہ بعد قیام بُرہان شرعی کہ وہ بینہ ہو یا اقرار بجائے اس کے کہ صرف ظالم سے یہ خطاب فرماتے کہ تم نے ظلم کیا اس مظلوم سے خطاب فرمایا کہ تجھ پر ظلم کیا جس سے ایک صورت طرفداری کی متوہم ہوتی ہے اور گو مظلوم ہونے کی حیثیت سے یہ طرفداری بھی عبادت ہے خصوص مقدمہ ختم ہو چکنے کے بعد لیکن فریق مقدمہ ہونے کی حیثیت اور عدم تبدل مجلس تخاصم اور مجلس واحد کے جامع المتفرقات ہونے کی سیئیت سے اس متوہم طرفداری کا بھی نہ ہونا اعدل واکمل تھا) سو (داؤد علیہ السلام غایت تقویٰ سے اتنی بات کو بھی مخل کمال صبر و منافی ثبات فی الامتحان سمجھے اور) انہوں نے (اس سے بھی) اپنے رب کے سامنے توبہ کی اور سجدہ میں گر پڑے اور (خاص طور پر خدا کی طرف) رجوع ہوئے سو ہم نے ان کو وہ (امر) معاف کر دیا (اور اس سے جو کمی ان کے اجر مرتب علی کمال الصبر میں ہوتی اس کمی کا ازالہ کر دیا) اور (وجہ ایسے خفیف امر پر توبہ اور سجدہ کرنے کی یہ ہے کہ) ہمارے یہاں ان کے لئے (خاص) قرب اور (اعلیٰ درجہ کی) نیک انجامی (یعنی جنت کا درجہ علیا) ہے (اور مقربین اور خوش انجاموں کی یہی شان ہوتی ہے کہ تل برابر بات کو بھی اپنے لئے پہاڑ سمجھتے ہیں جب داؤد علیہ السلام اس امتحان میں پورے اترے تو ہم نے ان کا دل بڑھانے کو خاص طور پر خطاب فرمایا کہ) اے داؤد ہم نے تم کو زمین پر حاکم بنایا ہے سو (جس طرح اب تک کرتے رہے ہو اسی طرح آئندہ بھی) لوگوں میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کرتے رہنا اور (جس طرح اب تک بھی نفسانی خواہش کی پیروی نہیں کی اسی طرح) آئندہ بھی نفسانی خواہش کی پیروی مت کرنا (کہ اگر ایسا کرو گے تو) وہ خدا کے راستہ سے تم کو بھٹکا دیگی (اور) جو لوگ خدا کے راستہ سے بھٹکتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہوگا اس وجہ سے کہ وہ روز حساب کو بھولے رہے (یہ بات اوروں کو سنا دی جو بھٹک رہے ہیں) **ف**: تسبیح جبال وطیر کی تحقیق سورۂ سبا کے شروع رکوع دوم میں گزر چکی ہے اور فَتَنّٰهُ کی تفسیر میں قول مشہور اور ہے جس میں ایک بی بی سے نکاح کرنے کا واقعہ ہے مگر محققین نے اس کا ابطال کیا ہے چنانچہ ابن کثیر نے کہا ہے: **اکثرها ماخوذ من الاسرائیلیات ولم یثبت فیها عن المعصوم حدیث یجب اتباعه لکن روی ابن حاتم ههنا حدیثا لا یصح سنده لانه من روایة یزید الرقاشی عن انسؓ و یزید وان کان من الصالحین لکنه ضعیف الحدیث عند الائمة** اھ اور تفسیر خازن میں ہے: **روی سعید بن المسیب والحارث الاعور عن علی بن ابی طالبؓ انه قال من حدثکم بحدیث داؤد علی ما یرویه القصاص جلدته مائة وستین جلدة وهو حد الفریة علی الانبیاء** آہ اور تفسیر حقانی میں ماخذ اس قصہ کا کتاب صموئیل کو کہا ہے اور آج تک پورا پتہ اہل کتاب کو بھی نہیں ملتا کہ اس کا مصنف کون ہے وہ ایک تاریخ کی کتاب یہود میں مروج تھی جس کو یہود و نصاریٰ نے خواہ مخواہ الہامی فرض کر لیا اھ۔ اور بعض نے داؤد علیہ السلام کا لَقَدْ ظَلَمَكَ بلا تحقیق کہہ دینا اس کی تفسیر میں کہا ہے کہ گو مقصود تعلیق ہے یعنی ان فعل کذا مگر صورۃً غیر معلق ہے لیکن بعض نے نقل کیا ہے کہ مدعی علیہ کے اقرار کے بعد لَقَدْ ظَلَمَكَ فرمایا تھا سو اس تاویل کی گنجائش نہ رہی۔ اور بعض نے کہا ہے کہ ان کی گستاخیوں پر غصہ آ گیا تھا اس سے استغفار کیا مگر غصہ آنا ثابت نہیں کر سکتے بندہ نے جو تفسیر کی ہے اس کا مبنیٰ خود منصوص قرآنی ہے اور اِصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ کے ساتھ اس قصہ کا یاد دلانا قرینہ ہے کہ اس میں بھی صبر علی الاقوال تھا گو دونوں جگہ اقوال میں کفر اور سوء ادب کا اختلاف ہو البتہ[1] یہ امر مظنون ہے کہ داؤد علیہ السلام نے اسی کو مبنا سمجھا ہو سو چونکہ اور تفسیروں کا خود مبنا بھی قرآن میں نہیں اس لئے یہ تفسیر اوروں سے اقرب ہے اور الْخُلَطَآءِ سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ ان میں شرکت ہوگی اور صورت معاملہ شاید ایسی ہو جس سے ظالم تلبیس کر سکتا تھا اور ممکن ہے کہ خُلَطَآء بمعنے اہل اختلاط و ملاقات ہو اور خصمین میں خواہ یہ قصہ واقع ہوا یا نہ ہوا ہو ویسے ہی بات بنائی ہو یا فرشتے ہوں کہ امتحان کے لئے بھیجے گئے ہوں اور مقصود سوال فرضی ہو اور یہ کذب نہیں واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ...... اس کو تسبیح قالی پر محمول کرنے کی صورت میں جیسا کہ قرآن کا ظاہر اور نیز مؤید بالکشف ہے اس سے دو امر ماخوذ ہوتے ہیں اول اجتماع فی الذکر جس سے تنشیطِ نفس اور تقویتِ ہمت اور برکاتِ ذکر کا باہمی تعاکس حاصل ہوتا ہے اور دوسرے بعض اشغال کی

www.besturdubooks.net

صحت جس میں تمام عالم کو ذاکر تصور کیا جاتا ہے اور اس شغل کی جمع ہمت اور قطع خطرات میں عجیب تاثیر ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا تُشْطِطْ ان اہل معاملہ کے اس خلاف تہذیب کلمہ کو داؤد علیہ السلام کا برداشت فرمانا دلیل ہے اس پر کہ حاکم کو اور اسی طرح مفتی اور شیخ کو ایسے امور کا تحمل کرنا چاہئے نیز اس میں اُس شخص کے لئے عبرت ہے جس کو اپنے تقدس پر ناز ہو کہ جب معصوم سے یہ کہا جاتا ہے کہ حد سے تجاوز نہ کیجئے تو غیر معصوم کو اپنے نفس پر وثوق کرنا کہ مجھ میں یہ احتمال نہیں کب زیبا ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ ...... اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اکثر میں جبلۃً یا عادۃً غلبہ ظلم اور شرہی کا ہے اور جو جبلۃً پاک ہیں یا مجاہدہ سے پاک ہوگئے ہوں ایسے کم ہی ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى ...... اس میں ہوائے نفسانی کی مذمت ظاہر ہے۔

الحواشی: (۱) یہ متصل ہے اوپر کے اس جملہ کے ساتھ بندہ نے جو تفسیر کی ہے اس کا مبنا خود منصوص قرآنی ہے الخ مطلب یہ کہ اس کے مبنا کا قرآن میں منصوص ہونا تو متیقن ہے مگر یہ امر محض مظنون ہے کہ داؤد علیہ السلام نے اس کو مبنا سمجھا ہو اور وہ مبنا یہ قول ہے لَقَدْ ظَلَمَكَ ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فى سخرنا حکم کر رکھا تھا تفسير باللام لان هذا التسخير من لوازمه الامر التكويني واشار به ايضا الى ان التسخير كان لله تعالىٰ لا لداؤد عليه السلام ۱۲۔ ۲؎ قوله فى كل له اواب تسبیح کی وجہ سے مشغول اشار الى امرين الاول ان الكلام على تقدير المضاف اى كل لتسبيحة اواب والثانى ترجمة الاواب بلازم لان الرجوع الى الله من لوازمه العادية الاشتغال بالذكر ۱۲۔ ۳؎ قوله فى توضيح فتنة پھر یہ کہنا کہ انصاف الخ ويتايد كونه سوء ادب ما ورد فى الصحاح من قول احد الخصمين له صلى الله عليه وسلم اقض بيننا بكتاب الله وقول الآخر أءذن فى التكلم وقول الصحابى فى الحديث لهذا الآخر انه كان افقه منه ۱۲۔ ۴؎ قوله فى فاستغفر سمجھے يدل على هذا التقرير المار قوله تعالىٰ ظن داؤد المسبوق بقوله تعالىٰ لقد ظلمك فلا اشكال فى ترتب هذا الفهم على كون خطاب المظلوم غير الاولىٰ ثم الاستغفار مرتب على هذا الفهم فترتب الاستغفار بواسطة هذا الفهم على الكون المذكور فلا يرد ان الفاء داخلة على استغفر وما قررت به الترجمة يقتضى دخولها على الفهم المذكور فافهم ۱۲۔

اللغات: الايد القوة محشورة مجتمعة الخصم فى الاصل مصدر بمعنى المخاصم وجاء للجمع هنا لظاهر ضمائره قوله خصمان المراد به فوجان لا شخصان ولا يمنع ذلك كون التحاكم انما وقع بين الاثنين لجواز ان يصحب كلامنهما من يعاضده والعرف يطلق الخصم على المخاصم ومعاضده وان لم يخاصم بالفعل وجوز ان يكون المراد اثنين والضمائر الجموعة مرادبها تشنية فيتوافقان وايد بقوله ان هذا اخى كذا فى الروح قوله تسوّروا اى عدوا سورة و نزلوا اليه۔ نعجة الانثى من الضأن اكفلنيها اى ملكنيها وحقيقة اجعلنى اكفلها كما اكفل ما تحت يدى وقيل اجعلها كفلى اى نصيبى عزنى غلبنى فى مخاطبة اياى محاجة راكعا بمعنى ساجد الاشتراك فى الانحناء والخشوع ۱۲۔

النحو: قليل ماهم ما مزيدة وقليل خبر مقدم للضمير المبتدأ معه متعلق ليسبحن ۱۲۔

البلاغة: قوله محشورة زاده لانها كانت متفرقة من قبل فهو ادل على القدرة فصل الخطاب اى الخطاب الفاصل المميز للمقصود عن غيره ۱۲۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ﴿٢٧﴾ اَمْ
نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۫ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ﴿٢٨﴾ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ
مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٢٩﴾ وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿٣٠﴾ اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ
الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ﴿٣١﴾ فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿٣٢﴾ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ؕ فَطَفِقَ
مَسْحًۢا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ﴿٣٣﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿٣٤﴾ قَالَ رَبِّ
اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٣٥﴾ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ تَجْرِيْ

www.besturdubooks.net

بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ﴿۳۶﴾ وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾ هٰذَا
عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾ ۳ ع ۱۲

اور ہم نے آسمان وزمین کو اور جو چیزیں ان کے درمیان موجود ہیں ان کو خالی از حکمت نہیں پیدا کیا۔ یہ (یعنی ان کا خالی از حکمت ہونا) ان لوگوں کا خیال ہے جو کافر ہیں۔ سو کافروں کیلئے (آخرت) میں بڑی خرابی ہے یعنی دوزخ ہاں تو کیا ہم ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے ان کے برابر کردیں گے جو کفر وغیرہ کر کے دنیا میں فساد کرتے پھرتے ہیں یا ہم پرہیزگاروں کو بدکاروں کے برابر کردیں گے۔ بابرکت ہے جس کہ ہم نے آپ پر اس واسطے نازل کیا ہے تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور کریں اور تاکہ اہل فہم نصیحت حاصل کریں اور ہم نے داؤد کو سلیمان عطا کیا بہت اچھے بندے تھے کہ (اللہ کی طرف رجوع ہونے والے تھے چنانچہ وہ قصہ ان کا یاد کرنے کے قابل ہے) جب کہ شام کے وقت ان کے روبرو (اور) عمدہ گھوڑے پیش کیے گئے تو کہنے لگے کہ (افسوس) میں اس مال کی محبت میں (لگ کر) اپنے رب کی یاد سے غافل ہو گیا۔ یہاں تک کہ آفتاب پردہ (مغرب) میں چھپ گیا (پھر چشم وحذم کو کیا) ان گھوڑوں کو ذرا پھر میرے سامنے لاؤ سو انہوں نے ان کی پنڈلیوں اور گردنوں پر تلوار سے ہاتھ صاف کرنا شروع کیا اور ہم نے سلیمان کو (ایک اور طرح سے بھی) امتحان میں ڈالا اور ہم نے ان کے تخت پر (ایک ادھورا) دھڑ لا ڈالا پھر انہوں نے (اللہ کی طرف) رجوع کیا۔ دعا مانگی کہ اے میرے رب! میرا پچھلا قصور معاف کردے اور آئندہ کے لئے مجھ کو ایسی سلطنت دے کہ میرے سوا کسی شخص کو لائق نہ ہو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور (نیز) ہم نے ہوا کو ان کے تابع کردیا کہ وہ ان کے حکم سے جہاں وہ (جانا) چاہتے نرمی سے چلتی اور جنات کو بھی ان کے تابع کردیا۔ یعنی تعمیر بنانے والوں کو بھی اور غوطہ خوروں کو بھی اور دوسرے جنات کو بھی جو زنجیروں میں جکڑے رہتے تھے (اور ہم نے یہ سلیمان دے کر ارشاد فرمایا کہ) یہ ہمارا عطیہ ہے سو خواہ (کسی کو) دو یا نہ دو تم سے کچھ دارو گیر نہیں اور (علاوہ اس کے) اس کے لئے ہمارے یہاں (خاص) قرب اور نیک انجامی ہے۔

تفسیر ربط: اوپر قصہ داؤد علیہ السلام کا تھا اور عنقریب دوسرے قصص آتے ہیں لیکن قصہ داؤد علیہ السلام سے پہلے جو مضمون توحید و رسالت بعثت کے متعلق مذکور تھا اس کے اہتمام وتاکید کے لئے قصص کے درمیان پھر اسی کا دوسرے عنوان سے اعادہ ہے چنانچہ آئندہ تین آیتوں سے اول کی آیت میں استدلال علی التوحید اور ثانی میں استدلال علی البعث اور ثالث میں استدلال علی الرسالت ہے نیز ان آیتوں کو متصل کی آیتوں سے بھی یہ ارتباط ہے کہ تسبیح جبال وطیور دال علی التوحید ہے اور یوم الحساب میں اشارہ بعث کی طرف ہے اور پھر ان سب مضامین کا قرآن میں ہونا مشعر ہے فضل قرآن کا۔ پھر ان تینوں آیتوں میں باہم بھی خاص ربط ہے چنانچہ آیت اولیٰ کے خاتمہ میں ذکر ہے نار کا جو واقعات یوم بعث سے ہے اور آیت ثانیہ میں ایمان وعمل صالح وتقویٰ کا ذکر ہے جس کا حاصل عمل بالقرآن ہے۔

استدلال اجمالی بر توحید وبعث ورسالت: وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ (الی قوله تعالی) وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو چیزیں اُنکے درمیان موجود ہیں اُن کو خالی از حکمت نہیں پیدا کیا (بلکہ بہت سے حکمتیں ہیں جن میں اعظم ولالت علی التوحید ہے) یہ (یعنی ان کا خالی از حکمت ہونا جو کہ انکار توحید سے جو کہ اعظم حکم سے لازم آتا ہے) ان لوگوں کا خیال ہے جو کافر ہیں (کیونکہ جب توحید کا انکار کیا تو بڑی حکمت کا انکار کردیا) سو کافروں کے لئے (آخرت میں) بڑی خرابی ہے یعنی دوزخ (کیونکہ توحید کا باوجود دلائل قائم ہونے کے انکار کرتے تھے) ہاں (ایک غلطی ان کافروں کی اور لو کہ قیامت کے انکار سے بھی ہماری ایک حکمت عظیمہ کے منکر ہیں کیونکہ دلائل نقلیہ قطعیہ ثابت الصحۃ بالعقل سے ہم نے مصرحاً بتلا دیا کہ قیامت میں یہ حکمت ہے کہ نیکوں کو جزا اور مفسدوں کو سزا ہو اور یہ اس کے منکر ہیں تو اس سے لازم آتا ہے کہ اس حکمت کا وقوع وتحقق نہ ہو بلکہ سب برابر رہیں) تو کیا ہم ان لوگوں کو جو کہ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے ان کے برابر کردیں گے جو (کفر وغیرہ کر کے) دنیا میں فساد کرتے پھرتے ہیں یا (بعبارت دیگر یوں کہا جاوے کہ کیا) ہم پرہیزگاروں کو بدکاروں کے برابر کردینگے (یعنی ہم نے جس حکمت کے ایقاع کا قصد کیا تھا جو امر اس کی نفی کو مستلزم ہو وہ باطل ہے پس انکار بعث باطل ہے اور جس طرح توحید وبعث بدلیل ثابت ہے اسی طرح رسالت بھی بدلیل ثابت ہے چنانچہ) یہ (قرآن) ایک بابرکت کتاب ہے جس کو ہم نے آپ پر اس واسطے نازل کیا ہے تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور کریں (یعنی ان کے اعجاز میں بھی اُنکے مضامین کثیر النفع میں بھی جو حاصل ہے برکت کا) اور تاکہ (غور سے اُس کی حقیقت معلوم کر کے اس سے) اہل فہم نصیحت حاصل کریں (یعنی اس پر عمل کریں اس تذکر میں اعتقاد رسالت بھی آ گیا اور بقیہ شرائع بھی آ گئے) ف: آیت ثانیہ کے مضمون سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ مجازات ومکافات کا وجوب عقلی ہے یہ تو معتزلہ کا مذہب ہے اور نہایت تعجب ہے کہ کشاف نے جو اس مقام کی تقریر کردی ہے تمام پچھلے مفسرین اسی کو نقل کرتے چلے گئے اور کسی نے اس دسیسۂ معتزلہ میں نظر نہیں کی الحمد للہ کہ حق تعالیٰ نے بندہ پر فضل فرمایا اور آیت کی تفسیر بر طبق اصول اہل سنت بعد تعب ونصب کے قلب پر وارد فرمائی جس کا حاصل یہ ہے کہ مجازات خود واجب الوقوع نہیں بلکہ بعد انضمام خبر صادق کے واجب الوقوع ہے

www.besturdubooks.net

یعنی واجب عقلی نہیں واجب نقلی ہے ہاں اس نقل کی صحت عقلی ہے اگر کہا جاوے کہ عدم وقوع منافی حکمت ہونے کی وجہ سے محال ہے تو وقوع واجب ہوا جواب یہ ہے کہ خود یہ حکمت ہی واجب الوقوع نہیں جائز الوقوع ہے اگر قیامت کا وقوع نہ ہوتا تو اس وقت اُسی میں حکمت ہوتی مگر چونکہ اس حکمت جائزہ کا وقوع دلیل قطعی سے معلوم ہو گیا اب اس حکمت کی نفی کفر اور قبیح ہے خوب سمجھ لینا چاہئے اور اگر مثل تفسیر مشہور کے ما خلقنا السماء الخ کو بھی بیان حکمت قیامت پر محمول کیا جاوے تو اس کی یہ تقریر ہو جاوے گی کہ ہم نے آسمان و زمین کو بے حکمت پیدا نہیں کیا بلکہ حکمت سے پیدا کیا اور نصوص صحیحہ ثابت الصحۃ بالعقل سے ثابت ہو گیا کہ اس میں یہ حکمت ہے کہ لوگ اس سے متمتع ہوں اور نعمت انتفاع کا شکر اور اُس شکر میں طاعت بجالاویں اور اس شکر و طاعت پر حسب وعدہ آخرت میں ثمرۂ باقیہ ملے اور جو کفران کرے وہ خسران میں پڑے اور ذلك ظن الذين كفروا میں اس ظن عدم مجازات کو کفر اس لئے فرمایا کہ اس میں تکذیب امر ثابت بالشرع کی لازم آتی ہے بہر حال ضرورۃ وقوع حکمت مذکورہ کے لئے کہ فی نفسہ ممکن ہے انضمام دلیل نقلی کا ماننا ضرور ہے اور آیت ثانیہ میں ایک عنوان سے دوسرے عنوان کی طرف عدول فرمانا شاید اس وجہ سے ہو کہ مومنین کا اتصاف ایمان کے ساتھ اور کفار کا افساد کے ساتھ کفار کے نزدیک اس قدر واضح نہ تھا وہ ایمان کو ایمان ہی نہ سمجھتے تھے اور اپنے کفر کو فساد ہی نہ جانتے تھے بخلاف دوسرے عنوان کے اس واسطے کہ بہت امر قبائح عقلیہ میں سے ہیں اور مومنین کا ان سے بچنا اور کفار کا ان میں مبتلا ہونا خود کفار بھی سمجھتے اور دیکھتے تھے۔ رَبط: اوپر کا مضمون قصص کے درمیان آ گیا تھا آگے پھر عود ہے قصص کی طرف۔

قصۂ دوم سلیمان علیہ السلام متضمن دو قصہ: وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ (الی قوله تعالی) وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ۝ اور ہم نے داوٗد (علیہ السلام) کو سلیمان (علیہ السلام فرزند) عطا کیا بہت اچھے بندے تھے کہ (خدا کی طرف) بہت رجوع ہونے والے تھے (چنانچہ وہ قصہ ان کا قابل یاد کرنے کے ہے) جبکہ شام کے وقت ان کے روبرو اصیل (اور) عمدہ گھوڑے (جو بغرض جہاد وغیرہ رکھے جاتے تھے) پیش کئے گئے (اور ان کے ملاحظہ کرنے میں اس قدر دیر ہو گئی کہ دن چھپ گیا اور کچھ معمول از قسم نماز فوت ہو گیا كذا في الدر المنثور عن علیؓ اور بوجہ ہیبت وجلالت کے کسی خادم کی جرأت نہ ہوئی کہ مطلع و متنبہ کرے كذا في الدر عن ابن عباسؓ پھر جب خود ہی متنبہ ہوا) تو کہنے لگے کہ (افسوس) میں اس مال کی محبت میں (لگ کر) اپنے رب کی یاد سے (یعنی نماز سے) غافل ہو گیا یہاں تک کہ آفتاب پردہ (مغرب) میں چھپ گیا (پھر حشم خدم کو حکم دیا کہ) ان گھوڑوں کو ذرا پھر تو میرے سامنے لاؤ (چنانچہ لائے گئے) سو انہوں نے ان (گھوڑوں) کی پنڈلیوں اور گردنوں پر (تلوار) سے ہاتھ صاف کرنا شروع کیا (كذا في الدر مرفوعا بسند حسن یعنی ان کو ذبح کر ڈالا اس کو اصلاح تصوف میں غیرت کہتے ہیں کہ جو چیز سبب غفلت عن اللہ کا ہو جاوے اس کو اپنے پاس نہ رہنے دیں ایک قصہ تو ان کا یہ ہوا) اور (دوسرا قصہ یہ ہے کہ) ہم نے سلیمان (علیہ السلام) کو (ایک اور طرح سے بھی) امتحان میں ڈالا (جیسا حدیث شیخین میں ہے کہ ایک بار سلیمان علیہ السلام اپنے امراء لشکر پر ان کی کسی کوتاہی جہاد پر خفا ہوئے اور فرمانے لگے کہ میں آج کی رات اپنی ستر بیبیوں سے ہم بستر ہونگا کہ ان سے ستر مجاہد پیدا ہونگے فرشتہ نے قلب میں القا کیا کہ ان شاء اللہ کہہ لیجئے آپ کو کچھ خیال نہ رہا چنانچہ صرف ایک عورت حاملہ ہوئی اور اس سے بھی ایک ناقص الخلقت بچہ پیدا ہوا جس کے ایک طرف کا دھڑ نہ تھا) اور (اسی نسبت کہا گیا ہے کہ) ہم نے ان کے تخت پر ایک (ادھورا) دھڑ لا ڈالا (یعنی قابلہ نے آپ کے سامنے تخت پر لا رکھا کہ یہ پیدا ہوا كذا في الروح) پھر انہوں نے (خدا کی طرف) رجوع کیا اور ترک ان شاء اللہ سے توبہ کی اور توبہ کرنا ایسے خفیف امر سے چونکہ دلیل ہے کمال ثبات فی الدین کی اس کو امتحان میں پورا اترنا کہیں گے اور اس وقت ان کے دل میں خیال آیا کہ یہ دو لغزشیں مجھ سے جو جہاد کے متعلق ہوئیں ایک سواریوں کے سامان جمع کرنے میں اور دوسری سواروں کے مہیا کرنے میں تو لغزشوں سے توبہ کر کے آئندہ کے لئے ایسی دعا کرنی چاہئے کہ اس معتاد سامان کی ضرورت ہی نہ پڑے جس میں پھر اندیشہ ایسی لغزش کا ہو اس لئے خدا سے) دعا مانگی کہ اے میرے رب میرا (پچھلا) قصور معاف کر اور (آئندہ کیلئے) مجھ کو ایسی سلطنت دے کہ میرے سوا (میرے زمانہ میں) کسی کو میسر نہ ہو (خواہ کوئی غیبی وہبی سامان عطا کر دیجئے خواہ سلاطین زمانہ کو ویسے ہی دبا دیجئے تاکہ مقابلہ ہی نہ کر سکیں اور) آپ بڑے دینے والے ہیں (آپ کو اس دعا کا قبول کر لینا کچھ دشوار نہیں) سو (ہم نے ان کی دعا قبول کی اور اُن کی خطا بھی معاف کر دی اور نیز) ہم نے ہوا کو ان کے تابع کر دیا کہ وہ ان کے حکم سے جہاں وہ (جانا) چاہتے نرمی سے چلتی (کہ اس سے گھوڑوں سے استغناء ہو گیا) اور جنات کو بھی انکا تابع کر دیا یعنی تعمیر بنانے والوں کو بھی اور موتی وغیرہ کے لئے غوطہ خوروں کو بھی اور دوسرے جنات کو بھی جو زنجیروں میں جکڑے رہتے تھے (غالباً جو خدمات مفوضہ سے گریز یا اُس میں کوتاہی کرتا ہو اُس کو قید کی سزا ہوتی ہوگی کما قالہ ابن کثیر پس ان جنات سے آدمیوں سے جن میں سوار بھی آ گئے استغناء ہو گیا اور سب سلاطین کو ان سے پست اور مغلوب کر دیا اور ہم نے یہ سامان دیکر ارشاد فرمایا کہ) یہ ہمارا عطیہ ہے سو خواہ (کسی کو) دو یا نہ دو تم سے کچھ دارو گیر نہیں (یعنی جتنا سامان ہم نے تم کو دیا ہے اُس میں تم کو خازن و حارس نہیں بنایا جاتا جیسا دوسرے ملوک خزائن ملکیہ کے مالک نہیں ہوتے ہیں ناظم ہوتے ہیں بلکہ تم کو مالک ہی بنا دیا ہے مالکانہ تصرفات کے مختار ہو تو اس سے حقوق واجبہ کے ترک میں تخییر لازم نہیں آتی) اور (علاوہ اس سامان کے جو دنیا میں اُن کو عطا ہوا تھا) اُن کے لئے ہمارے یہاں (خاص) قرب اور (اعلیٰ درجہ

www.besturdubooks.net

کی) نیک انجامی ہے (جس کا ثمرہ پورے طور سے آخرت میں ظاہر ہوگا) ف: یہ نماز جو رہ گئی تھی اگر نفل تھی تب تو کوئی اشکال نہیں مگر انبیاء کی شان اعظم ہوتی ہے اس لئے انہوں نے اس کا بھی تدارک کیا۔ اور اگر فرض تھی تو نسیان میں گناہ نہیں ہوتا۔ اور یہ قطع کر دینا سوق و اعناق کا اتلاف مال نہ تھا بلکہ بطور قربانی کے تھا اور قطع سوق کو شاید خروج دم و زہوق روح میں آسانی ہونے کی وجہ سے اختیار کیا ہو کذا فی الروح مگر ہماری شریعت میں قطع سوق مشروع نہیں للنھی عن النخع کذا فی تخریج الزیلعی عن الطبرانی وھذا مثلہ اور تسخیر ریح کے متعلق سورۂ انبیاء کی آیت: ﴿وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً﴾ [انبیاء: ۸۱] میں کچھ ضروری مضمون قابل ملاحظہ گزر چکا ہے اور جنات گو لطیف ہوں مگر اُن کی قید اُن ہی کے مناسب ہوگی جیسا اب بھی عملیات کے ذریعہ سے سُنا جاتا ہے۔ اور ان شاء اللہ تعالیٰ زبان سے نہ کہنا بھی گناہ نہ تھا دل میں ہونا کافی ہے لیکن غایت قرب سے اس پر بھی تنبیہ کیا گیا اور سلیمان علیہ السلام کا قصہ اگر محض تتمیم ہے قصہ داؤد علیہ السلام کی کما یدل علیہ قولہ ووھبنا لداؤد سلیمٰن تب تو ان کے لئے استقلالاً اثبات صبر کی حاجت نہیں اور اگر یہ قصہ مستقلاً مقصود ہے اور اس کو بھی اصبر ما یقولون کی تائید کیلئے یاد دلایا ہے تو اس میں اثبات صبر کی ضرورت ہے سو قصہ جہاد میں صبر یہ ہوا کہ اتنے مال کثیر کی کچھ پرواہ نہ کی یہ غایت ثبات فی الدین کی کہ حقیقت صبر کی یہی ہے دلیل ہے اور قصہ جسد میں توبہ کرنا باوجودیکہ یہ معصیت نہ تھی نیز دلیل ہے غایت ثبات فی الدین کی واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ ...... بعض نے اس آیت کے ساتھ حدیث تقریری کا مضمون الا کل شیء ما خلا اللہ باطل ملا کر وحدۃ الوجود بالاصطلاح الفاسد پر اس طرح استدلال کیا ہے کہ حدیث سے باطل کے معنی ماسوی اللہ معلوم ہوتے ہیں اور آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ مخلوق باطل نہیں ہے تو مجموعہ سے مستفاد ہوا کہ مخلوق ماسوی اللہ نہیں ہے اور یہ استدلال محض باطل ہے کیونکہ قرآن میں باطل کے معنے ہیں بے فائدہ اور حدیث میں اس کے معنی ہیں بے بقاء پس مخلوق بے بقاء ہے بیفائدہ نہیں تو ان دونوں میں کیا جوڑ ہے۔ قولہ تعالیٰ: اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ ...... اس میں کئی مسئلے ہیں اوّل آرام کے سامان کے استعمال کا جواز خصوص جبکہ اس میں دینی مصلحت بھی ہو۔ دوسرے اکابر کا مستحبات سے ذہول کا امکان اگرچہ وہ مستحب اُن کی شان پر نظر کرنے کے اعتبار سے اوکد مستحبات ہو۔ تیسرے ایسے ذہول کے سبب کی تلافی اس طریقہ سے کہ اُسکو ملک سے خارج کر دے اور اس کو اصطلاح میں غیرت کہتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ ...... مقصود ایسی سلطنت کے طلب کرنے سے یہ تھا کہ اس کو مزید قرب کا ذریعہ بناویں اور سب سے زیادہ مزید قرب کا ذریعہ مال کیلئے دوسروں کی تکمیل ہے اور سلطنت اس کا بہت اچھا ذریعہ ہے اور اقرب یہ ہے کہ احد سے مُراد اہل دُنیا لئے جاویں چونکہ ایسا بڑا جاہ اہل دنیا کے لئے مضر تھا اسلئے شفقت کی وجہ سے ان کو ایسی دنیا ملنے سے مستثنیٰ کر دیا پس آیت میں دلالت ہوئی کہ بعض شئی کامل کو مضر نہیں ہوتی۔ اور ناقص کو مضر ہوتی ہے جیسے اس پر دلالت تھی کہ جاہ اور کمال میں تنافی نہیں جبکہ جاہ میں دینی مصلحت ہو۔ قولہ تعالیٰ: فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ (الی قولہ تعالی) وَالشَّيٰطِيْنَ اس سے یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ بعض اوقات اولیاء یا عاملین کے مسخر ہو جاتے ہیں تو سلیمان علیہ السلام کے ساتھ اس کا اختصاص نہ رہا جواب یہ ہے کہ وہ اختصاص ایک خاص شان کے ساتھ تھا جو عام اور تام تھا دوسروں کے لئے ایسا نہیں۔ قولہ تعالیٰ: هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ ...... یعنی نہ تو دینے پر حساب ہوگا اور نہ ہی نہ دینے پر حساب ہوگا ہر طرح سے تصرف کی اجازت ہے اور حکمت اسکی یہ ہے تا کہ ان کا قلب ادائے حقوق مال میں مشوش نہ ہو کیونکہ اصل ضرر اسباب دنیا کا تشویش ہے اس سے بچا لیا اور اس سے معلوم ہوا کہ بڑا سرمایہ سالک کا جمعیت قلب ہے اس لئے صوفیہ کو اس کا خاص اہتمام ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی من النار یعنی اشارۃ الی کون من بیانیۃ ۱۲۔ ۲ قولہ فی من بعدی میرے سوا وھذا کقولہ تعالیٰ فمن یھدیہ من بعد اللہ کذا فی الروح وقولہ ھھنا میرے زمانہ میں لان الغرض الذی قد ذکرتہ ویدل علیہ السیاق لا یتوقف علی عموم الدعاء لجمیع الازمان واما ما ورد فی الحدیث من تفلت عفریت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وارادتہ قطع صلوتہ وھمّہ صلی اللہ علیہ وسلم ربطہ الی ساریۃ المسجد ثم ذکرہ دعوۃ سلیمان علیہ السلام ھذا فلا ینافی ذلک لانہ اراد کمال رعایۃ دعوتہ حیث راعی صورتھا الاطلاقیۃ فافھم ویتفرع علی تفسیری ان من ادعی استخدام الجن لا یناقض القرآن کما زعم البعض من دلالتہ علی کونہ مخصوصا بسلیمان علیہ السلام کیف وقد شوھد الاستخدام والآثار الکثیرۃ تدل علی وقوعہ ۱۲ ۳ قولہ فی فسخرنا لہ خطا بھی معاف ولم یذکر فی القرآن لان المغفرۃ بعد الاستغفار لکونھا موعودہ ظاھر وجودھا بخلاف ھبۃ الملک حیث لم تکن موعودۃ صرح بذکرھا فافھم ۱۲۔
۴ قولہ فی غواص موتی وغیرہ الخ اشار الی ما فی القاموس الغواص من یغوص فی البحر علی اللؤلؤ وزاد فی المنجد ونحوہ ۱۲۔

اللغات: الصّٰفِنٰتُ الذی یرفع احدی یدیہ او رجلیہ ویقف علی مقدم حافرھا وھو من الصفات المحمودۃ فی الخیل الجیاد جمع جواد للذکر والانثی یقال جاد الفرس صار رائضاً قولہ مسحا فی الروح عن الکشاف یمسح السیف بسوقھا واعناقھا یقطعھا تقول مسح علاوتہ اذا ضرب عنقہ ومسح المسفر الکتاب اذا قطع اطرافہ بسیفہ آہ اصاب اراد کذا فی الطبری عن ابن عباسؓ

www.besturdubooks.net

والحسنؒ والضحاك وقتادة ۱۲۔

اَلنَّحْوُ : قوله ام هي منقطعة ۱۲۔ حب الخير بمعنى المال مفعول مطلق لا جلبت ولدلالته على الذهول عن غيره عدى بعن في قوله عن ذكر ربي قوله توارت راجع الى الشمس المدلول عليها بالعشي مسحا عامله مقدر اى يمسح قوله وآخرين عطف على كل بناء لا على الشيا طين لان الآخرين من الشياطين ايضا۔ قوله بغير حساب حال من المستكن في الامر ۱۲۔

وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿٤١﴾ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ
بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿٤٢﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿٤٣﴾ وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا
فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ؕ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ۚ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿٤٤﴾ وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي
الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ﴿٤٥﴾ اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ﴿٤٦﴾ وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿٤٧﴾
وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿٤٨﴾ هٰذَا ذِكْرٌ ؕ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٤٩﴾ جَنّٰتِ عَدْنٍ
مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿٥٠﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿٥١﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ
اَتْرَابٌ ﴿٥٢﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٥٣﴾ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿٥٤﴾ هٰذَا ؕ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ
مَاٰبٍ ﴿٥٥﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿٥٦﴾ هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿٥٧﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ اَزْوَاجٌ ﴿٥٨﴾
هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ؕ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ﴿٥٩﴾ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۟ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ؕ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ
فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٦٠﴾ قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿٦١﴾ وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا
ع ۴ ۱۳ نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿٦٢﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿٦٣﴾ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾

اور آپ ہمارے بندے ایوب کو یاد کیجئے جبکہ انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ شیطان نے مجھ کو رنج اور آزار پہنچایا ہے اپنا پاؤں مارو یہ نہانے کا ٹھنڈا پانی ہے اور پینے کا اور ہم نے ان کو ان کا کنبہ عطا فرمایا اور ان کے ساتھ (گنتی میں ان کے برابر بھی دے) اپنی رحمت خاصہ کے سبب سے اور اہل عقل کے لئے یادگار رہنے کے سبب سے اور تم اپنے ہاتھ میں ایک مٹھا سینکوں کا لو اور اس سے مارو اور قسم نہ توڑو بے شک ہم نے ان کو صابر پایا اچھے بندے تھے کہ بہت رجوع ہوتے تھے اور ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب کو یاد کیجئے جو ہاتھوں والے اور آنکھوں والے تھے۔ ہم نے ان کو ایک خاص بات کے ساتھ مخصوص کیا تھا کہ وہ یاد آخرت کی ہے اور وہ (حضرات) ہمارے یہاں منتخب اور سب سے اچھے لوگوں میں سے ہیں اور اسمٰعیل اور الیسع اور ذوالکفل کو بھی یاد کیجئے اور یہ سب کے سب اچھے لوگوں میں سے ہیں ایک نصیحت کا مضمون تو یہ ہو چکا اور پرہیزگاروں کے لئے (آخرت میں) اچھا ٹھکانا ہے یعنی ہمیشہ رہنے کے باغات جن کے دروازے ان کے واسطے کھلے ہوں گے۔ وہ ان باغوں میں تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے (اور) وہ وہاں جنت کے خادموں سے بہت سے میوے اور پینے کی چیزیں منگوائیں گے اور ان کے پاس نیچی نگاہ والیاں ہم عمر ہوں گی۔ (اے مسلمانو) یہ وہ نعمت ہے جس کا تم سے روز حساب آنے پر وعدہ کیا جاتا ہے۔ بے شک یہ جاری عطا ہے اس کا کہیں ختم بھی نہیں یہ بات تو ہو چکی اور سرکشوں کے لئے برا ٹھکانا ہے۔ یعنی دوزخ اس میں وہ داخل ہوں گے سو بہت ہی بری جگہ ہے یہ کھولتا ہوا پانی اور پیپ ہے سو یہ لوگ اس کو چکھیں اور اس کے علاوہ بھی اسی قسم کی (ناگوار) طرح طرح کی چیزیں ہیں۔ یہ ایک جماعت اور آئی جو تمہارے ساتھ (عذاب میں) شریک ہونے کیلئے دوزخ میں گھس رہے ہیں۔ ان پر اللہ کی مار۔ یہ بھی دوزخ میں آ رہے ہیں۔ وہ اتباع ان متوعین سے کہیں گے بلکہ تمہارے ہی اوپر اللہ کی مار (کیونکہ) تم ہی تو یہ (مصیبت) ہمارے لئے لائے سو (جہنم) بہت ہی برا ٹھکانا ہے دعا کریں گے کہ اے ہمارے پروردگار! جو شخص اس مصیبت کو ہمارے آگے لایا اس کو دوزخ میں دونا عذاب دیجئے اور وہ لوگ کہیں گے کہ کیا بات ہے ہم ان لوگوں کو دوزخ میں نہیں رکھتے۔ جن کو ہم برے لوگوں میں شمار کیا کرتے تھے۔ کیا ہم نے ان لوگوں کو ہنسی کر رکھی تھی یا ان (کے دیکھنے) سے نگاہیں چکرا ہی ہیں یہ بات یعنی دوزخیوں کا آپس میں لڑنا جھگڑنا بالکل سچی بات ہے۔

www.besturdubooks.net

تفسیر: قصۂ سوم ایوب علیہ السلام: وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوبَ (الی قوله تعالی) إِنَّهُ أَوَّابٌ اور آپ ہمارے بندہ ایوب (علیہ السلام) کو یاد کیجئے جبکہ انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ شیطان نے مجھ کو رنج اور آزار پہنچایا ہے (یہ رنج و آزار حسب قول بعض مفسرین وہ ہے جو احمد نے کتاب الزہد میں ابن عباس سے روایت کیا ہے کہ ایک بار شیطان بشکل طبیب کے ایوب علیہ السلام کی بی بی کو راستہ میں ملا انہوں نے اس کو طبیب سمجھ کر علاج کی درخواست کی اُس نے کہا کہ اس شرط سے کہ اگر انکو شفا ہو جاوے تو یوں کہہ دینا کہ تو نے ان کو شفا دی میں اور کچھ نذرانہ نہیں چاہتا انہوں نے ایوب علیہ السلام سے ذکر کی انہوں نے فرمایا کہ بھلی مانس وہ تو شیطان تھا میں عہد کرتا ہوں کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھ کو شفا دیدے تو میں تجھ کو سو قمچیاں مارونگا کذا فی الدر المنثور پس آپ کو اس سے سخت رنج پہنچا کہ میری بیماری کی بدولت شیطان کا یہاں تک حوصلہ بڑھا کہ خاص میری بی بی سے ایسے کلمات کہلوانا چاہتا ہے جو ظاہراً موجب شرک ہیں گو تاویل سے شرک نہ ہو گو ازالہ مرض کے لئے پہلے بھی دعا کرتے تھے کمافی سورۃ الانبیاء: ﴿أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ﴾ [الأنبياء: ۸۳] مگر اس واقعہ سے اور زیادہ ابتہال و تضرع سے دعا کی اور ابتہال ہی کی وجہ سے نصب اور عذاب دو لفظ جمع کئے گئے پس ہم نے ان کی دعا قبول کرلی اور حکم دیا کہ) اپنا پاؤں (زمین پر) مارو (چنانچہ انہوں نے زمین پر پاؤں مارا تو وہاں سے ایک چشمہ پیدا ہو گیا رواہ احمد فی الزھد عن ابن عباسؓ کذا فی الدر پس ہم نے اُن سے کہا کہ) یہ (تمہارے لئے) نہانے کا ٹھنڈا پانی ہے اور پینے کا (یعنی اس میں غسل کرو اور پیو بھی چنانچہ نہائے اور پیا اور بالکل اچھے ہو گئے) اور ہم نے ان کو ان کا کنبہ عطا فرمایا اور ان کے ساتھ (گنتی میں) ان کے برابر اور بھی (دیئے) اپنی رحمت خاصہ کے سبب سے اور اہل عقل کے لئے یادگار رہنے کے سبب سے (یعنی اہل عقل یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ صابروں کو کیسی جزا دیتے ہیں اور اب ایوب علیہ السلام نے اپنی قسم پورا کرنے کا ارادہ کیا مگر چونکہ انہوں نے ایوب علیہ السلام کی خدمت بہت کی تھی اور کوئی امر معصیت کا ان سے صادر بھی نہ ہوا تھا اسلئے حق تعالیٰ نے اپنی رحمت سے اُنکے لئے ایک تخفیف فرمائی) اور (ارشاد فرمایا کہ اے ایوب) تم اپنے ہاتھ میں ایک مٹھا سینکوں کا لو (جس میں سو سینکیں ہوں) اور (اپنی بی بی کو) اس سے مارلو اور (اپنی قسم نہ توڑو (چنانچہ ایسا ہی ہوا آگے ایوب علیہ اسلام کی تعریف ہے کہ) بیشک ہم نے ان کو (بڑا) صابر پایا اچھے بندے تھے کہ (خدا کی طرف) بہت رجوع ہوتے تھے۔ ف: اس طرح سے قسم پورا ہو جانا یہ مخصوص تھا ایوب علیہ السلام کیساتھ اگر اب کوئی ایسی قسم کھاوے تو بدوں معنی متبادر کے واقع کئے ہوئے قسم پوری نہ ہوگی البتہ جہاں سزا دینا واجب نہ ہو وہاں قسم توڑ دینا جائز اور جہاں جائز نہ ہو وہاں واجب ہوگا اور بارد کی قید کی تصریح شاید اسلئے ہو کہ باقتضائے موسم یا بموجب مزاج اس سے تفریح ہوگی اور کچھ ضروری مضمون اھله و مثلھم کے متعلق سورۂ انبیاء قصہ ایوب علیہ السلام میں گزر گیا ہے اور ایوب علیہ السلام کا قول اس قسم کے بارہ میں روایت بالا میں آیا ہے لله علی اسلئے لا تحنث فرمایا گیا اور اس قصہ سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ احکام میں ہر جگہ حیلہ جائز ہے اس میں قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جس حیلہ سے کسی حکمت شرعیہ و غرض شرعی کا ابطال مقصود ہو وہ حرام ہے اور جس میں یہ نہ ہو بلکہ کسی امر مطلوب شرعی کی تحصیل مقصود ہو وہ جائز ہے اور جزئیات کا انطباق اس قاعدہ کلیہ پر محتاج ہے تجر و تفقہ کا اور تائید اصبر علی ما یقولون کی اس قصہ سے انا وجدناہ صابرا کی تصریح سے ظاہر ہے۔

قصۂ چہارم و پنجم و ششم و ہفتم و نہم حضرت ابراہیم و اسحٰق و یعقوب و اسمٰعیل و الیسع و ذا الکفل علیہم السلام اجمالاً: وَاذْكُرْ عِبَادَنَا إِبْرَاهِيمَ (الی قوله تعالی) وَكُلٌّ مِّنَ الْأَخْيَارِ اور ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب (علیہم السلام) کو یاد کیجئے جو ہاتھوں (سے کام کرنے) والے اور آنکھوں (سے دیکھنے) والے تھے (یعنی ان میں قوت عملیہ بھی تھی اور قوت علمیہ بھی اور) ہم نے ان کو ایک خاص بات کے ساتھ مخصوص کیا تھا کہ وہ یاد آخرت کی ہے (چنانچہ ظاہر ہے کہ انبیاء میں یہ صفت سب سے زیادہ تام اور کامل ہوتی ہے اور شاید یہ اس لئے بڑھا دیا ہو کہ اہل غفلت کے کان ہوں کہ جب انبیاء اس فکر سے خالی نہ تھے تو ہم کس شمار میں ہیں اور وہ (حضرات) ہمارے یہاں منتخب اور سب سے اچھے لوگوں میں سے ہیں (یعنی منتخب لوگوں میں سے بھی سب سے بڑھ کر چنانچہ ظاہر ہے کہ انبیاء دوسرے اولیاء و صلحاء سے افضل ہوتے ہیں) اور اسمٰعیل اور الیسع اور ذوالکفل کو بھی یاد کیجئے اور یہ سب بھی سب سے اچھے لوگوں میں سے ہیں۔

ف: ان حضرات کے قصہ سے تائید: اصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ کی ان کے اخیار ہونے سے ہو سکتی ہے کیونکہ صبر موقوف علیہ ہے صفت اخیار کے ساتھ موصوف ہونے کا اور حضرت ذوالکفل کا قصہ سورۂ انبیاء میں گزر چکا ہے اور الیسع علیہ السلام کو الیاس علیہ السلام نے بنی اسرائیل پر اول اپنا نائب مقرر کیا پھر ان کو نبوت عطا ہوگئی کذا فی الروح عن ابن جریر۔

ربط: اوپر وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ سے أُولُو الْأَلْبَابِ تک توحید و مجازات و رسالت کے متعلق مجمل مضمون تھا آگے کسی قدر مفصل ہے۔

تفصیل مجازات: هَٰذَا ذِكْرٌ (الی قوله تعالی) إِنَّ ذَٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ أَهْلِ النَّارِ ایک نصیحت کا مضمون تو یہ ہو چکا (مراد قصص انبیاء ہے کہ مکذبین کے لئے اس میں اثبات ہے مسئلہ نبوت کا اور مصدقین کے لئے اس میں تعلیم ہے اخلاق جمیلہ و اعمال فاضلہ کی) اور (دوسرا مضمون مجازات کے متعلق اب شروع ہوتا ہے جسکی تفصیل یہ ہے کہ) پرہیزگاروں کے لئے (آخرت میں) اچھا ٹھکانہ ہے یعنی ہمیشہ رہنے کے باغات جن کے دروازے ان کے واسطے کھلے ہوئے ہوئے

www.besturdubooks.net

ہونگے (ظاہر مراد یہ ہے کہ پہلے سے کھلے ہوں گے۔ کما قال تعالٰی: ﴿حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ﴾ ...... [الزمر: ۷۱]۔ وہ ان باغوں میں تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے (اور) وہ وہاں جنت کے خادموں سے) بہت سے میوے اور پینے کی چیزیں منگوا دیں گے اور ان کے پاس نیچی نگاہ والیاں ہم عمر ہونگی (مراد حوریں ہیں اے مسلمانو!) یہ (جس کا اوپر ذکر ہوا) وہ (نعمت) ہے جس کا تم سے روز حساب آنے پر وعدہ کیا جاتا ہے بیشک یہ ہماری عطا ہے اس کا کہیں ختم ہی نہیں (یعنی نعمت دائمہ ابدیہ ہے) یہ بات تو ہو چکی (جو متعلق اہل سعادت کے تھی) اور (آگے اہل شقاوت کے متعلق مضمون ہے وہ یہ کہ) سرکشوں کے لئے (یعنی جو کفر میں متبوع تھے ان کے لئے) برا ٹھکانہ ہے یعنی دوزخ اُسمیں وہ داخل ہونگے سو بہت ہی بری جگہ ہے یہ کھولتا ہوا پانی اور پیپ (موجود) ہے سو یہ لوگ اس کو چکھیں اور (اس کے علاوہ) اور بھی اسی قسم کی (ناگوار و موجب آزار) طرح طرح کی چیزیں (موجود) ہیں (اُس کو بھی چکھیں اور جو تابع تھے اُن کے لئے بھی یہی چیزیں ہیں گو تقدم و تاخر اور اشدیت اور شدت کا تفاوت ہو باقی نفس عذاب میں سب شریک ہیں چنانچہ جب متبوعین اول داخل ہو چکیں گے پھر اتباع آویںگے تو متبوعین باہم کہیں گے کہ لو) یہ ایک جماعت اور آئی جو تمہارے ساتھ (عذاب میں شریک ہونے کیلئے جہنم میں) گھس رہے ہیں ان پر خدا کی مار یہ بھی دوزخ ہی میں آرہے ہیں (یعنی کوئی تو ایسا آتا جو مستحق عذاب نہ ہوتا اسکے آنے کی خوشی بھی ہوتی اور اُس کی آؤ بھگت بھی کرتے یہ تو خود ہی جہنمی ہیں ان سے کیا امید اور ان کے آنے کی کیا خوشی اور کیا آؤ بھگت) وہ (اتباع ان متبوعین سے) کہیں گے کہ بلکہ تمہارے ہی اوپر خدا کی مار (کیونکہ) تم ہی تو یہ (مصیبت) ہمارے آگے لائے (کیونکہ تم ہی نے ہم کو بہکایا تھا) سو (جہنم) بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے (جو تمہاری بدولت ہمارے آگے آگے آیا اس کے بعد جب ان میں ہر شخص دوسرے پر الزام رکھنے لگے گا تو اس وقت اتباع ان کا خطاب چھوڑ کر حق تعالٰی) سے دعا کرینگے کہ اے ہمارے پروردگار جو شخص اس (مصیبت) کو ہمارے آگے لایا ہو اُسکو (دوزخ) میں دونا عذاب دیجیو (کما قال: ﴿رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ﴾ ...... [الأعراف: ۳۸] اور وہ لوگ (یعنی متبوعین یا سب دوزخی آپس میں) کہیں گے کہ کیا بات ہے ہم اُن لوگوں کو (دوزخ میں) نہیں دیکھتے جن کو ہم بُرے لوگوں میں شمار کیا کرتے تھے (یعنی مسلمانوں کو بدراہ اور حقیر سمجھا کرتے تھے وہ کیوں نظر نہیں آتے) کیا ہم نے (ناحق) ان کی ہنسی کر رکھی تھی (اور وہ اس قابل نہ تھے اور جہنم میں نہیں آئے) یا (کہ جہنم میں موجود ہیں مگر) ان (کے دیکھنے سے) نگاہیں چکرا رہی ہیں (کہ ان پر نظر نہیں جمتی مطلب یہ کہ عذاب کیساتھ یہ ایک اور حسرت ہوگی اور) یہ بات یعنی دوزخیوں کا آپس میں لڑنا جھگڑنا بالکل سچی بات ہے (کہ ضرور ہوگی)۔ **ف**: معکم سے مراد معیت زمانیہ نہیں مشارکت فی العذاب ہے اور مفتحۃ کی تقریر میں ظاہر اسلئے کہا کہ بعض نے وفتحت ابوابھا میں واؤ کو زائد کہا ہے اور اس کے قائل ہوئے ہیں کہ جنت کے دروازے اہل جنت کے پہنچنے کے بعد کھلیں گے اس صورت مفتحۃ میں صرف تفتیح مذکور ہوگی قید قبلیت کی نہ ہوگی لیکن واؤ کا زائد ہونا خلاف ظاہر ہے اور ہم عمر عورتوں کا بعض طبائع کو محبوب نہ ہونا بلکہ اپنے سے کم عمر کا محبوب ہونا دنیا میں اسلئے ہے کہ صغیرہ میں حسن و جمال وغنج و دلال زیادہ ہوتا ہے اور چونکہ وہاں یہ صفات حوروں میں بدرجہ اتم ہونگے اس لئے ہم عمری مانع محبوبیت نہ ہوگی بلکہ اور زیادہ تناسب و موانست کا ذریعہ ہوگی اور یہ ہم عمری باعتبار زمان کے نہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ شکل و شمائل و ظاہری ہیئت میں ہم عمروں کا سا تشابہ ہوگا واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالٰی: اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ ...... اس سے معلوم ہوا کہ غیر معصیت میں کاملین پر شیطان کا تسلط ممکن ہے۔ قولہ تعالٰی: فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ؕ بعض نے اس کو تمام حیلوں کی صحت کی اصل کہا ہے اور حقیقت میں ایسا نہیں جس حیلہ میں کسی مقصود شرعی کا ابطال لازم آوے وہ جائز نہیں اور کامل اسی قید سے تجویز کر سکتا ہے پس اسکی تجویز کو دیکھ کر اُس پر اعتراض کرنا زیبا نہیں ہے ۱۲۔ قولہ تعالٰی: وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ مقام ترغیب میں اس کا ذکر کرنا دلیل ہے اس پر کہ مباح عورتوں کی طرف رغبت نہ کمال کے منافی ہے نہ حب الٰہی کے۔

اللغات: الضغث فی القاموس قبضه حشيش مختلطة الرطب باليابس آه خالصة اسم فاعل ای خصلة خالصة جليلة الشان لا شوب فيها قوله ذكرى بمعنى التذكر في الروح اليسع اللام فيه زائدة لازمة لمقارنتها الوضع ولا ينا فی كونه غير عربي فانها قد لزمت في بعض الاعلام الاعجمية كالاسكندر كذا في الروح وقرأ حمزة والكسائي واليسع بلامين والتشديد كان اصله ليسع بوزن فيعل دخل عليه آه ۱۲۔ اتراب جمع ترب بمعنى متارب كمثل بمعنى مماثل واصله السقوط على التراب حين الولادة فكان كناية عن المتساويين في العمر من شكله ای مثله مقتحم راكب الشدة داخل فيها قدمتموه تقديم العذاب بتاخير الرحمة ای ابعادهم عنها فالاسناد الى السبب قوله سخريا بالكسر من السخر وهو الهزء وحكى عن ابی عمرو قال ما كان من مثل العبودية فسخرى بالضم وما كان من مثل الهزء فسخرى بالكسر كذا في الروح ۱۲۔

النحو: قوله جنٰت بدل قوله مفتحة صفت جنات قوله هذا وان للطّغين خبر لمبتدا محذوف او مبتدأ لخبر محذوف ای الامر

www.besturdubooks.net

هذا۔ قوله هذا فليذوقوه حميم هذا مبتدأ خبره وغساق وما بينهما معترض قوله واخر مبتدأ خبره محذوف اى ولهم عذاب آخر ومن شكله صفة الآخر وازواج صفة ثانية له وآخر وان كان مفردا لكنه متعدد معنى لان العذاب انواع قوله لا مرحبا بهم وهو مفعول به لفعل واجب الاضمار وبهم بيان للمدعو عليهم وتكون الباء للبيان قوله ام زاغت ام متصلة والمقابلة باعتبار اللازم لان وقوع الاستسخار يدل على عدم كونهم فى النار فالمعنى اتخذناهم سخريا وليسوا فى النار ام هم فى النار لكن زاغت عنهم الابصار قوله تخاصم بدل من محل اسم ان او خبر لمبتدأ مقدر اى هو ۱۲۔

البلاغۃ : قوله شراب لم يوصف بالكثرة لان العادة ان الماكول يكون انواعه اكثر من انواع المشروب قوله لا مرحبا المراد بذلك مثبتا الدعاء بالخير مطلقا ومنفيا الدعاء بالسوء مطلقا ۱۲۔

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۶۵﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا
الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿۶۶﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿۶۷﴾ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿۶۸﴾ مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى اِذْ
يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۶۹﴾ اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۰﴾ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ﴿۷۱﴾
فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّآ
اِبْلِيْسَ ۭ اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ۭ
اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ ﴿۷۵﴾ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۭ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿۷۶﴾ قَالَ
فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۷۷﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۷۸﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ
يُبْعَثُوْنَ ﴿۷۹﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۸۱﴾ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۲﴾
اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۸۳﴾ قَالَ فَالْحَقُّ ۡ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿۸۴﴾ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ
مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا
ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿۸۸﴾ ع ۵/۱۴

آپ کہہ دیجئے کہ میں تو تم کو عذاب خداوندی سے ڈرانے والا ہوں اور اللہ واحد غالب کے کوئی لائق عبادت نہیں ہے وہ پروردگار ہے آسمانوں اور زمین اور ان چیزوں کا جو ان کے درمیان میں ہیں (اور وہ) زبردست بڑا بخشنے والا ہے۔ آپ کہہ دیجئے کہ یہ ایک عظیم الشان مضمون ہے۔ جس سے تم (بالکل ہی) بے پرواہ ہو رہے ہو۔ مجھ کو عالم بالا کی بحث (گفتگو) کی کچھ خبر نہ تھی جبکہ وہ تخلیق آدم کے بارے میں جھگڑ رہے تھے۔ میرے پاس (جو) وحی آتی ہے (تو) اسی سبب سے آتی ہے کہ میں منجانب اللہ صاف صاف ڈرانے والا بھیجا گیا ہوں۔ جب اس کو پورا بنا چکوں اور اس میں (اپنی طرف) سے جان ڈال دوں تو تم سب اس کے آگے سجدہ میں گر پڑنا سو (جب اللہ نے اس کو بنا لیا) تو سارے کے سارے فرشتوں نے (آدم کو) سجدہ کیا مگر ابلیس نے کہ وہ غرور میں آ گیا اور کافروں میں سے ہو گیا۔ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اے ابلیس جس چیز کو میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا۔ اس کو سجدہ کرنے سے تجھ کو کون سی چیز مانع ہوئی کیا تو غرور میں آ گیا (اور واقع میں بڑا نہیں ہے) یا یہ کہ تو (واقع میں ایسے) بڑے درجوں والوں میں ہے۔ کہنے لگا (شق ثانی واقع ہے یعنی) میں آدم سے بہتر ہوں (کیونکہ) آپ نے مجھ کو آگ سے پیدا کیا ہے اور اس (آدم) کو خاک سے پیدا کیا ہے۔ ارشاد ہوا کہ تو (اچھا پھر) آسمان سے نکل کیونکہ بے شک (اس حرکت سے) مردود ہو گیا اور بے شک تجھ پر میری لعنت رہے گی قیامت کے دن تک کہنے لگا تو پھر مجھ کو مہلت دیجئے قیامت کے دن تک ارشاد ہوا کہ جب تو مہلت مانگتا ہے تو (جا) تجھ کو وقت معین کی تاریخ تک مہلت دی گئی کہنے لگا جب مجھ کو مہلت مل گئی ہے تو (مجھ کو بھی تیری عزت کی قسم کہ میں ان سب کو گمراہ کروں گا۔ آپ ان بندوں کے جو ان میں منتخب کئے گئے ہیں۔ ارشاد ہوا کہ میں سچ کہتا ہوں اور میں تو ہمیشہ ہی کہا کرتا ہوں کہ میں تجھ سے اور جو ان

www.besturdubooks.net

میں تیرا ساتھ دے ان سے دوزخ کو بھر دوں گا۔ آپ کہہ دیجئے کہ میں تم سے اس قرآن کی تبلیغ پر نہ کچھ معاوضہ چاہتا ہوں اور نہ کچھ بدلہ اور نہ میں بناوٹ کرنے والوں میں ہوں۔ یہ قرآن تو اللہ کا کلام اور بس دنیا جہان والوں کے لئے نصیحت ہے اور تھوڑے دنوں پیچھے تم کو اس کا حال معلوم ہو جائے گا۔

تفسیر ربط: مضامین ثلثہ میں سے جن کا ذکر اوپر کی سُرخی میں ہوا ہے مجازات کی تفصیل مذکور ہو چکی ہے آگے نبوت اور توحید کا مضمون ہے اور چونکہ رسالت سے توحید کی خوب تحقیق ہوتی ہے اس لئے مثل تمام سورت کے یہاں بھی سیاق کلام ناظر الی الرسالت زیادہ ہے۔

تحقیق توحید ورسالت: قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ (الی قولہ تعالی) اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ آپ کہہ دیجئے کہ (تم جو رسالت اور توحید کے مسئلہ میں تکذیب و انکار کرتے ہو تو تمہارا ہی نقصان ہے میرا کچھ ضرر نہیں کیونکہ) میں تو (تم کو صرف عذاب خداوندی سے) ڈرانیوالا (پیغمبر) ہوں (چنانچہ ابھی اوپر بیان مجازات میں عذاب سے انذار ہو بھی چکا ہے) اور (جیسا میرا رسول اور منذر ہونا واقعی ہے اسی طرح توحید بھی امر حق ہے یعنی) بجز اللہ واحد غالب کے کوئی لائق عبادت کے نہیں ہے وہ پروردگار ہے آسمانوں اور زمین کا اور اُن چیزوں کا جو اُن کے درمیان میں ہیں (اور وہ) زبردست (اور گناہوں کا) بڑا بخشنے والا ہے (اور چونکہ توحید کو تو کسی درجہ میں وہ لوگ مانتے بھی تھے اور رسالت کے بالکل ہی منکر تھے اس لئے رسالت کی مزید تحقیق کے لئے ارشاد ہے کہ اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم آپ کہہ دیجئے کہ یہ (یعنی اللہ تعالیٰ کا مجھ کو توحید و شرائع کی تعلیم کیلئے رسول بنانا جو مفہوم ہے کلام سابق سے) ایک عظیم الشان مضمون ہے جس (کا تم کو بڑا اہتمام چاہئے تھا مگر افسوس کہ اُس) سے تم (بالکل ہی) بے پرواہ ہو رہے ہو (اور اُسکے نبأ عظیم ہونے کی وجہ یہ ہے کہ حصول سعادت حقیقیہ کا بدون اس کے اعتقاد کے ممتنع ہے آگے اثبات رسالت کی ایک دلیل ہے وہ یہ کہ) مجھ کو عالم بالا (کی بحث و گفتگو) کی (کسی ذریعہ سے) کچھ خبر نہ تھی جبکہ وہ (تخلیق آدم کے بارہ میں جس کی تفصیل آگے آتی ہے اللہ تعالیٰ سے مستفیدانہ) گفتگو کر رہے تھے (کیونکہ ذریعہ اطلاع یا مشاہدہ ہے اور وہ مفقود یا نقل ہے سو اہل کتب سے میرا اختلاط نہیں یا تلقی عن الغیب ہے پس یہ متعین ہے سو اس سے یہ ثابت ہو گیا کہ) میرے پاس (جو) وحی (آتی ہے جس سے احوال ملأ اعلیٰ بھی معلوم ہوتے ہیں تو) محض اس سبب سے آتی ہے کہ میں (منجانب اللہ) صاف صاف ڈرانیوالا (کر کے بھیجا گیا) ہوں (یعنی چونکہ مجھکو پیغمبری ملی ہے اس لئے وحی نازل ہوتی ہے پس واجب ہے کہ تم میری رسالت کی تصدیق کرو)۔ ف: اللہ تعالیٰ سے ملائکہ کی گفتگو کو مجازاً اختصام کہا گیا کہ ظاہراً مشابہ اختصام کے تھی کذا فی الخازن۔ ربط: اوپر علم احوال ملأ اعلیٰ وقت الاختصام بالوحی سے استدلال تھا رسالت پر آگے قصۂ آدم علیہ اسلام میں ان احوال کی حکایت ہے اور اس قصہ کو قصص سابقہ کے ساتھ تائید رسالت میں تو اشتراک ہے اور تعلیم صبر کے اعتبار سے اشتراک نہیں کیونکہ اس میں اس کا قصد نہیں ہے اور گو اس قصہ میں اختصام مذکور کا بیان نہیں ہے لیکن زمانہ اختصام کے واقعات کا بیان ہے پس اذ قال بدل ہو جاویگا اذ یختصمون سے اور وہ متعلق ہوگا ایک محذوف کے جس کو مقام مقتضی ہے یعنی ما کان لی علم بحال الملأ الاعلی وقت الاختصام اور قصہ تفصیل ہوگا اس حال کی پس یہ شبہ نہ رہا کہ یہاں اختصام کا تو بیان کیا نہیں گیا اور سورۂ بقرہ پر حوالہ اسلئے خلاف ظاہر ہے کہ وہ مدنی ہے اور نزول میں سورۂ ص سے متاخر خوب سمجھ لیا جاوے۔

قصۂ دہم آدم علیہ السلام: اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ (الی قولہ تعالی) وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ (وہ اختصام مذکور اس وقت ہوا تھا) جبکہ آپ کے رب نے فرشتوں سے ارشاد فرمایا کہ میں گارے سے ایک انسان کو (یعنی اس کے پتلے کو) بنانیوالا ہوں سو میں جب اس کو (یعنی اُس کے اعضائے جسمانیہ کو) پورا بنا چکوں اور اُس میں اپنی طرف سے) جان ڈال دوں تو تم سب اُس کے روبرو سجدہ میں گر پڑنا سو (جب اللہ تعالیٰ نے اس کو بنالیا تو) سارے کے سارے فرشتوں نے (آدم علیہ السلام کو) سجدہ کیا مگر ابلیس نے کہ وہ غرور میں آ گیا اور کافروں میں سے ہو گیا حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اے ابلیس جس چیز کو میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا (یعنی جس کے ایجاد کی طرف خاص عنایت ربانیہ متوجہ ہوئی یہ تو اُس کا شرف فی نفسہ ہے اور پھر اُس کے سامنے سجدہ کرنے کا حکم بھی دیا گیا کما قال تعالی :اذ امرتك) اس کو سجدہ کرنے سے تجھ کو کون چیز مانع ہوئی کیا تو غرور میں آ گیا (اور واقع میں بڑا نہیں ہے) یا یہ کہ تو (واقع میں ایسے) بڑے درجہ والوں میں ہے (جس کو سجدہ کا حکم ہی کرنا زیبا نہیں) کہنے لگا کہ (شق ثانی واقع ہے یعنی میں آدم سے بہتر ہوں (کیونکہ) آپ نے مجھ کو آگ سے پیدا کیا ہے اور اس (آدم) کو خاک سے پیدا کیا ہے (پس مجھ کو حکم دینا کہ اس کے سامنے سجدہ کروں خلاف حکمت ہے) ارشاد ہوا تو (اچھا پھر) آسمان سے نکل کیونکہ بیشک تو (اس حرکت سے) مردود ہو گیا اور بیشک تجھ پر میری لعنت رہے گی قیامت کے دن تک (اور اس کے بعد مرحوم ہونے کا احتمال ہی نہیں) کہنے لگا (کہ اگر مجھ کو آدم کی وجہ سے مردود کیا ہے) تو پھر مجھ کو (مرنے سے) مہلت دیجئے قیامت کے دن تک (تاکہ ان سے اور ان کی اولاد سے خوب بدلہ لوں) ارشاد ہوا (جب تو مہلت مانگتا ہے) تو (جا) تجھ کو معین وقت کی تاریخ تک مہلت دی گئی کہنے لگا (جب مجھ کو مہلت مل گئی) تو (مجھ کو بھی) تیری (ہی) عزت کی قسم (ہے) کہ میں ان سب کو گمراہ کرونگا بجز آپ کے ان بندوں کے جو اُن میں منتخب کئے گئے ہیں (یعنی آپ نے ان کو میرے اثر سے محفوظ رکھا ہے) ارشاد ہوا کہ میں سچ کہتا ہوں اور میں تو (ہمیشہ) سچ ہی کہتا ہوں کہ میں تجھ سے اور جو ان میں تیرا ساتھ دے اُن سب سے دوزخ کو بھر دوں گا۔ ف: سورۂ اعراف اور سورۂ حجر میں اس قصہ کے الفاظ

www.besturdubooks.net

ان آیات کے ہیں اس کے متعلق ضروری مضامین ان دو مقاموں میں ملاحظہ فرما لئے جاویں اور خلق آدم کا مادہ کہیں طین آیا ہے کہیں تراب اور کہیں ﴿صَلْصَالٍ مِنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ﴾ [الحجر : ۲۶] اوران میں کچھ تعارض نہیں کہیں مادۂ قریبہ بتلا دیا کہیں مادۂ بعیدہ۔ اور اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ کا بدل ہونا اِذْ یَخْتَصِمُوْنَ سے تمہید میں لکھا گیا ہے اس پر یہ شبہ ہوتا ہے کہ وہ تو قول تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تو یہ بھی آپ کا قول ہونا چاہیے تو اس صورت میں بجائے ربک کے ربی ہوتا۔ جواب یہ ہے کہ یہ قول ہے آپ کا بعبارت حق تعالیٰ۔ رَبط : اوپر تمہید سورت میں رسالت کا حاصل سورت ہونا مذکور ہو چکا ہے جس پر مناظرانہ طرز پر کلام ہو چکا ہے اب بطرزِ ناصحانہ اسی پر سورت کا خاتمہ فرمایا جاتا ہے۔

اختتام برکلام نصیحت التیام در نبوت خیر الانام علیہ الصلوۃ والسلام: قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ (الی قوله تعالی) وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ۟

آپ (بطور قطع عذر و اتمام حجت و قول اخیر کے) کہہ دیجئے کہ میں تم سے اس قرآن (کی تبلیغ) پر نہ کچھ معاوضہ چاہتا ہوں اور نہ میں بناوٹ کرنے والوں میں ہوں (کہ بناوٹ کی راہ سے نبوت کا دعویٰ کیا ہو اور غیر قرآن کو قرآن کہہ دیا ہو یعنی اگر جھوٹ بولتا تو اُس کا منشا یا تو کوئی نفع عقلی ہوتا جس کو اجر کہا ہے اور یا کوئی عادت طبعی ہوتی جس کو تکلف کہا ہے سو یہ دونوں امر نہیں بلکہ فی الواقع) یہ قرآن تو (اللہ کا کلام اور) دنیا جہان والوں کے لئے ایک نصیحت ہے (جس کی تبلیغ کے لئے مجھ کو نبوت ملی ہے اور جس میں سراسر تمہارا ہی نفع ہے) اور (اگر وضوح حق کے بعد بھی نہیں مانتے تو) تھوڑے دنوں پیچھے تم کو اس کا حال معلوم ہو جاویگا (یعنی مرنے کے ساتھ ہی حقیقت کھل جائیگی کہ یہ حق تھا اور انکار باطل تھا مگر اُس وقت معلوم ہونے سے کچھ نفع نہیں)۔

ف: اس سورت میں قرآن کی تین جگہ مدح ہے اور تینوں جگہ اُس کو ذکر فرمایا گیا ہے اول میں ذی الذکر وسط میں لیتذکر اخیر میں ذکر للعلمین وقدتم بحمد اللہ تفسیر سورۃ ص لخمس عشرۃ خلون من ربیع الاول یوم الاثنین ۱۳۲۵ھ۔ والحمد للہ والسّلام علی رسول اللہ وعلی جمیع انبیاء اللہ واولیاء اللہ واصفیاء اللہ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ ... بعض اہل اشارہ نے یدین کی تاویل صفت لطف وقہر سے کی ہے اور باقی صفات ان ہی دو کی طرف راجع ہیں تو اس سے انسان کا مظہر جامع ہونا معلوم ہوا۔ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ اس سے تکلف کی مذمت ثابت ہوتی ہے جس میں آج کل اکثر علماء و مشائخ تک مبتلا ہیں۔ سورۂ ص تمام ہوئی۔

النحو: قوله الا انما بتقدير اللام اى لانما هكذا قال غير واحد والمسند اليه فى يوحى هو الحدث اى يوقع الوحى الى ۱۲۔ قوله فالحق مبتدأ لخبر محذوف او خبر لمبتدأ محذوف وهو قولى على كلا التقديرين والحق اقول مفعول به وفعل وفى القراءة فالحق بالنصب اما منصوب بنزع الخافض اى بالحق كما قالوا او مفعول الفعل محذوف اى اقول كما اقول ولا تكرار كما يظهر بالترجمة ۱۲۔ قوله عليه وقوله ان هو وقوله نبأه الضمائر راجعة الى القرآن لدلالة المقام عليه ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الزُّمَرِ

سُوْرَةُ الزُّمَرِ ۳۹ مَكِّيَّةٌ ۵۹ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۷۵ | رُكُوْعَاتُهَا ۸

سورۃ الزمر مکہ میں نازل ہوئی　　شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں　　اس میں ۷۵ آیات اور ۸ رکوع ہیں

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ① اِنَّاۤ اَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ
الدِّيْنَ ② اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ؕ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَاۤ اِلَى اللّٰهِ
زُلْفٰى ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ③
لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ④
خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ
وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ⑤ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا
وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ
رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ⑥

یعنی مرنے کے ساتھ ہی حقیقت کھل جائے گی کہ یہ حق تھا۔ یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے اللہ غالب حکمت والے کی طرف سے ہم نے ٹھیک طور پر اس کتاب کو آپ کی طرف نازل کیا ہے۔ سو آپ (قرآن کی تعلیم کے موافق) خالص اعتقاد کر کے اللہ کی عبادت کرتے رہئے۔ یاد رکھو کہ عبادت جو (شرک) سے خالص ہو اللہ ہی کے لئے سزاوار ہے اور جن لوگوں نے اللہ کے سوا اور شرکاء تجویز کر رکھے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ ہم تو ان کی پرستش صرف اس لئے کرتے ہیں کہ وہ ہم کو اللہ کا مقرب بنا دیں تو ان کے اور (ان کے مقابل اہل ایمان کے) باہمی اختلافات کا (قیامت کے روز) اللہ تعالیٰ فیصلہ کر دے گا۔ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو راہ پر نہیں لاتا جو (قولاً) جھوٹا اور (اعتقاداً) کافر ہو اگر (بالفرض) اللہ تعالیٰ کسی کو اولاد بنانے کا ارادہ کرتا تو ضرور اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہتا منتخب فرماتا وہ پاک ہے وہ ایسا اللہ ہے جو واحد ہے زبردست ہے۔ اس نے آسمان وزمین کو حکمت سے پیدا کیا وہ رات کی (ظلمت) کو دن (کی روشنی کے محل یعنی ہوا) پر لپیٹتا ہے اور دن کی (روشنی) کو رات پر لپیٹتا ہے اور اس نے ایک سورج اور چاند کو کام میں لگا رکھا ہے (کہ ان میں سے) ہر ایک وقت مقررہ تک چلتا رہے گا۔ یاد رکھو کہ وہ زبردست ہے بڑا بخشنے والا ہے۔ اس نے تم لوگوں کو تن واحد (یعنی آدمؑ) سے پیدا کیا۔ پھر اسی سے اس کا جوڑا بنایا اور (بعد اس حدوث کے) تمہارے (نفع وبقا کے) لئے آٹھ نر ومادہ چارپایوں کے پیدا کئے۔ تم کو ماؤں کے پیٹ میں ایک کیفیت کے بعد دوسری کیفیت پر بناتا ہے۔ تین تاریکیوں میں۔ یہ ہے اللہ تعالیٰ تمہارا رب اسی کی سلطنت ہے اس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں (سو ان دلائل کے بعد) تم کہاں (حق سے) پھرے جا رہے ہو۔

تفسیر: سورۃ الزمر مکیۃ الی قولہ تعالیٰ قل یا عبادی الآیۃ وآیہا خمس وسبعون او اثنان وسبعون کذا فی البیضاوی۔

ربط: جیسے سورۂ سابقہ میں زیادہ مضامین متعلق رسالت کے تھے اس سورت میں زیادہ مضامین متعلق توحید کے ہیں اس کا اثبات اس کا وجوب اس کے

www.besturdubooks.net

مصدقین کی مدح اور جزا۔ اس کی ضد یعنی شرک کا ابطال اسکی ضد یعنی شرک سے نہی اس کے مکذبین یعنی مشرکین کی قدح اور سزا اور فریقین کا تفاوت حال و مآل منجملہ مضامین متعلقہ توحید کے خاص اہتمام سے مذکور ہوا ہے کہ کوئی رکوع اس سے خالی نہیں اجمالاً یا تفصیلاً اور کسی رکوع میں تعدد کے ساتھ اور بقیہ مضامین اس کے تابع ہیں جیسے حقیت قرآن جس سے سورت شروع ہو کر خاتمہ سورت سابقہ سے بھی مرتبط ہوگئی کہ قرآن آمر بالتوحید ہے اسی لئے اس کے بعد فَاعْبُدِ اللّٰهَ کو کلمہ فاء کے ساتھ متفرع فرمایا اور بعض دوسری آیات میں بھی قرآن کے برکات و منافع اسی مناسبت سے مذکور ہیں اور جیسے مضمون تسلیہ جو اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ اور اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ ...... میں مذکور ہے کہ تکذیب توحید بھی آپ کے حزن کا موجب ہوتی تھی اور جیسے وعدۂ مغفرت ذنوب کہ برکات توحید میں سے ہے و نحو ذلك مما لا تخفي على من تامل و تعقل۔

احقاق توحید و ابطال اتخاذ ندید و حقیت قرآن در تمہید: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ (الی قولہ تعالیٰ) فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے اللہ غالب حکمت والے کی طرف سے (کہ غالب ہونا اس کا مقتضی تھا کہ جو اس کی تکذیب کرے اُس کو سزا دیدی جاوے مگر چونکہ حکیم بھی ہے اور مہلت میں مصلحت تھی اس لئے سزا میں مہلت دے رکھی ہے) ہم نے ٹھیک طور پر اس کتاب کو آپ کی طرف نازل کیا ہے سو آپ (قرآن کی تعلیم کے موافق) خالص اعتقاد کر کے اللہ کی عبادت کرتے رہئے (جیسا اب تک کرتے رہے ہیں اور جب آپ پر بھی یہ واجب ہے تو اوروں پر تو کیوں نہیں واجب ہوگا اے لوگو) یاد رکھو عبادت جو کہ شرک سے خالص ہو اللہ ہی کے لئے سزاوار ہے (یعنی توحید واجب علی الکل ہے) اور جن لوگوں نے (عبادت خالصہ چھوڑ کر) خدا کے سوا اور شرکا تجویز کر رکھے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ ہم تو ان کی پرستش صرف اس لئے کرتے ہیں کہ ہم کو خدا کا مقرب بنا دیں (یعنی ہماری حوائج یا عبادات کو خدا کے حضور میں پیش کر دیں جیسا دنیا میں وزرائے دربار سلاطین میں اس کام کے ہوتے ہیں) تو ان کے (اور ان کے مقابل اہل ایمان کے) باہمی اختلافات کا (قیامت کے روز) اللہ تعالیٰ (عملی) فیصلہ کر دے گا (کہ اہل توحید کو جنت میں اور اہل شرک کو دوزخ میں داخل کر دیگا یعنی ان لوگوں کے نہ ماننے پر آپ غم نہ کریں ان کا فیصلہ وہاں ہوگا اور اس کا بھی تعجب نہ کریں باوجود قیام براہین کے یہ راہ حق پر نہیں آتے کیونکہ) اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو راہ پر نہیں لاتا جو (قولاً) جھوٹا اور (اعتقاداً) کافر ہو (یعنی منہ سے اقوال کفریہ اور دل سے عقائد کفریہ پر مصر ہو اور اس سے باز نہ آنے کا اور طلب حق کا قصد ہی نہ کرتا ہو تو اس کے اس عناد سے اللہ تعالیٰ بھی اس کو توفیق ہدایت کی نہیں دیتا اور چونکہ مشرکین میں بعضے خدا کی طرف اولاد کی نسبت کرتے تھے جیسے ملائکہ کو بنات اللہ کہتے تھے آگے ان کا رد ہے کہ) اگر (بالفرض) اللہ تعالیٰ (کسی کو اولاد بنا تا تو بوجہ اس کے کہ بدوں ارادۂ خداوندی کوئی فعل واقع نہیں ہوتا اول اولاد بنانے کا ارادہ کرتا اور اگر) کسی کو اولاد بنانے کا ارادہ کرتا تو (چونکہ ماسوا اللہ سب مخلوق ہیں اس لئے) ضرور اپنی مخلوق (ہی) میں سے جس کو چاہتا (اس امر کیلئے) منتخب فرماتا (اور لازم باطل ہے کیونکہ) وہ (عیوب سے) پاک ہے (اور اولاد غیر جنس ہونا عیب ہے پس مخلوق کا ولدیت کیلئے منتخب ہونا محال پس ارادۂ اتخاذ ولد بھی محال اور موقوف علیہ کا استحالہ مستلزم استحالۂ موقوف ہے پس استحالہ ارادہ سے استحالہ فعل اتخاذ بھی لازم ہوا پس شرک کی یہ صورت بھی باطل ہوئی پس ثابت ہوگیا کہ) وہ ایسا اللہ ہے جو واحد ہے (کہ اس کا کوئی شریک بالفعل نہیں اور) زبردست ہے (اس کا کوئی شریک بالقوہ بھی نہیں کیونکہ صلاحیت جب ہوتی جب کوئی ویسا ہی زبردست ہوتا وھو منتف آگے دلائل توحید ارشاد فرماتے ہیں کہ) اس نے آسمان اور زمین کو حکمت سے پیدا کیا وہ رات (کی ظلمت) کو دن (کی روشنی کے محل یعنی ہوا) پر لپیٹتا ہے (جس سے دن غائب اور رات آموجود ہوتی ہے) اور دن (کی روشنی) کو رات (کی ظلمت کے محل یعنی ہوا) پر لپیٹتا ہے (جس سے رات غائب اور دن آموجود ہوتا ہے) اور اُس نے سورج اور چاند کو کام میں لگا رکھا ہے کہ (ان میں) ہر ایک وقت مقرر تک چلتا رہیگا یاد رکھو کہ (ان دلائل کے بعد انکار توحید سے اندیشہ عذاب ہے اور اللہ تعالیٰ اس پر قادر بھی ہے کیونکہ وہ زبردست ہے (لیکن اگر بعد انکار کے بھی کوئی تسلیم کر لے تو انکار گزشتہ پر عذاب نہ دیگا کیونکہ وہ) بڑا بخشنے والا (بھی) ہے اس سے توحید کی ترغیب اور شرک سے ترہیب ہوگئی اور اوپر استدلال تھا دلائل آفاقیہ سے آگے استدلال ہے دلائل انفسیہ سے گو بعض مافی الآفاق بھی تبعاً مذکور ہو گئے یعنی) اُس نے تم لوگوں کو تنِ واحد (یعنی آدم علیہ السلام) سے پیدا کیا (کہ اول وہ تنِ واحد پیدا ہوا) پھر اُسی سے اُس کا جوڑا بنایا (مراد اس سے حوا ہیں آگے پھر اُن سے تمام آدمی پھیلا دیئے) اور (بعد حدوث کے) تمہارے (نفع بقاء کے) لئے آٹھ نر و مادہ چارپایوں کے پیدا کئے (جن کا ذکر پارۂ ہشتم کے ربع پر رکوع وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ میں آیا ہے اور ان کی تخصیص اسلئے کہ یہ زیادہ کام میں آتے ہیں یہی ہے وہ جزو جو مافی الآفاق میں سے تبعاً مذکور ہوگیا اور تبعاً اس لئے کہا گیا کہ مقصود بیان کرنا ہے بقائے انفس کے اور یہ اسباب بقاء میں سے ہے آگے کیفیت خلقت نسل انسان کی فرماتے ہیں کہ) وہ تم کو ماؤں کے پیٹ میں ایک کیفیت کے بعد دوسری کیفیت پر (اور دوسری کیفیت کے بعد تیسری کیفیت پر و علی ہذا مختلف کیفیات پر) بناتا ہے (کہ اول نطفہ ہوتا ہے پھر علقہ پھر مضغہ الی آخرہ اور یہ بنانا) تین تاریکیوں میں (ہوتا ہے ایک تاریکی شکم کی دوسری رحم کی تیسری اُس جھلی کی جس میں بچہ لپٹا ہوتا ہے پس خلق علی الکیفیات المختلفہ کمال قدرت کی دلیل ہے اور ظلمات ثلثہ میں پیدا کرنا کمال علم کی دلیل ہے) یہ ہے اللہ تمہارا رب (جس کی صفات ابھی تم

www.besturdubooks.net

نے سنیں) اُسی کی سلطنت ہے اُس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں سو (ان دلائل کے بعد) تم کہاں (حق سے) پھرے چلے جا رہے ہو (بلکہ واجب ہے کہ توحید کو قبول کرو اور شرک کو چھوڑو)

ف: خلق زوجہا من نفس واحدۃ کا بیان شروع سورۂ نساء میں ہو چکا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ۔ اس میں اخلاص کا امر ہے اور اپنے اطلاق سے سب مراتب کو شامل ہے۔ قولہ تعالیٰ: مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ ...... اس میں دلالت ہے کہ خواص باری تعالیٰ کا غیر کے لئے اثبات مطلقاً مذموم ہے اور اس میں ما بالذات اور ما بالعرض کا فرق کچھ نافع نہیں۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ ...... روح میں ہے کہ اس میں (بالنظر الی عموم اللفظ) اُس شخص کی تہدید کی طرف اشارہ ہے جو اپنے لئے ولایت کے کسی رتبہ کا جھوٹا دعویٰ کرے اور لَا يَهْدِيْ میں اُسکے حرمان کی طرف اشارہ ہے۔ قولہ تعالیٰ: يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ ...... روح میں ہے کہ اس میں (بطریق قیاس النظیر علی النظیر) سائرین الی اللہ کے احوال کے تعاقب کی طرف اشارہ ہے جیسے قبض و بسط و صحو و سکر و جمع و فرق و تجلی و استتار و غیر ذلک ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل ما نعبدهم کہتے ہیں اشارة الى تقدير الكلام هكذا والذين اتخذوا من دونه اولياء قائلين فالخبر ان الله يحكم ۱۲۔ ۲ قوله فى يختلفون اوران کے مقابل اشارة الى ان الضمير راجع الى المشركين المذكور لا الى الموحدين الغير المذكور المدلول عليه بالمذكور ۱۲۔ ۳ قوله قبل ثم جعل منها زوجها وہ تن واحد پیدا ہوا اشارة الى تقدير المعطوف عليه فصح التراخي المدلول بثم ۱۲۔ ۴ قوله فى انزل لكم پیدا کئے اشارة الى كون الانزال مجازا عن الاحداث والعلاقة بينهما الظهور بعد الخفاء ۱۲۔

البلاغۃ: قوله يكور هو فى الاصل اللف واللى والمراد يغشى احدهما الآخر اى يذهب احدهما ويغشى مكانه الآخر اى يلبسه مكانه فيصير اسود مظلما بعد ما كان ابيض منيرا وبالعكس فالمغشى حقيقة المكان وجعل احاطته على محاط الآخر احاطة عليه مجازا من الروح مختصر ۱۲۔

اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۗ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ۗ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۗ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۗ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۷﴾ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۗ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۖ اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ﴿۸﴾ اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ۗ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۗ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۹﴾ ع ۱۵
قُلْ يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۗ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۗ وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ۗ اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۱۰﴾

اگر تم کفر کرو گے تو اللہ تعالیٰ حاجتمند نہیں اور وہ اپنے بندوں کے لئے کفر کو پسند نہیں کرتا اور اگر تم شکر کرو گے تو اس کو تمہارے لئے پسند کرتا ہے اور کوئی کسی (کے گناہ) کا بوجھ نہیں اٹھاتا۔ پھر اپنے پروردگار کے پاس تم کو لوٹ کر جانا ہوگا۔ سو وہ تم کو تمہارے سب اعمال جتلا دے گا۔ وہ دلوں تک کی باتوں کا جاننے والا ہے اور (مشرک) آدمی کو جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے پروردگار کو اس کی طرف رجوع ہو کر پکارنے لگتا ہے پھر جب اللہ تعالیٰ اس کو اپنے پاس سے نعمت (امن و آسائش کی) عطا فرما دیتا ہے تو جس کے لئے پہلے سے (اللہ کو) پکار رہا تھا۔ اس کو بھول جاتا ہے اور اللہ کے شریک بنانے لگتا ہے۔ جس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ سے (دوسروں کو) گمراہ کرتا ہے آپ ایسے شخص سے کہہ دیجئے کہ اپنے کفر کی بہار تھوڑے دنوں اور لوٹ لے (پھر آخر کار تو) دوزخیوں میں سے ہونے والا ہے۔ بھلا جو شخص اوقات شب میں سجدہ قیام (یعنی نماز) کی حالت میں عبادت کر رہا ہو آخرت سے ڈر رہا ہو اور اپنے پروردگار کی رحمت کی اُمید کر رہا ہو۔ آپ کہئے کیا علم والے اور جہل والے (کہیں) برابر ہوتے ہیں۔ وہی لوگ نصیحت پکڑتے ہیں جو اہل عقل (سلیم) ہیں۔ آپ (مومنین کو میری طرف سے) کہئے کہ اے میرے ایمان والے بندو! تم اپنے پروردگار سے

www.besturdubooks.net

ڈرتے رہو۔ جولوگ اس دنیا میں نیکی کرتے ہیں ان کے لئے نیک صلہ ہے اور اللہ کی زمین فراخ ہے مستقل مزاج والوں کو ان کا صلہ بے شمار ہی ملے گا۔

تفسیر ربط: اوپر احقاق توحید وابطال شرک کا مضمون تھا آگے کفر وشرک کا قبح اور ناپسندیدہ ہونا اور اہل کفر کی مذمت اور اُس پر تہدید اور ایمان کا پسندیدہ ہونا اور اہل ایمان واخلاص کی مدح اور اُن سے وعدۂ لطف مزید ہے۔

ذم ووعید مشرکین ومدح ووعدۂ مؤمنین: اِنۡ تَكۡفُرُوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِىٌّ عَنۡكُمۡ (الی قولہ تعالی) اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوۡنَ اَجۡرَهُمۡ بِغَيۡرِ حِسَابٍ (اے لوگو تم نے کفر وشرک کا بطلان سن لیا اس کے بعد) اگر تم کفر کرو گے (جس میں شرک بھی داخل ہے) تو خدا تعالیٰ (کا کوئی ضرر نہیں کیونکہ وہ) تمہارا (اور تمہاری عبادت کا) حاجتمند نہیں (کہ تمہارے عبادت توحید اختیار نہ کرنے سے کچھ اُس کو ضرر پہنچے) اور (یہ بات ضرور ہے کہ) وہ اپنے بندوں کے لئے کفر کو پسند نہیں کرتا (کیونکہ کفر سے بندوں کو ضرر پہنچتا ہے) اور اگر تم شکر کرو گے (جس کی فرد اعظم اور دوسرے افراد کی موقوف علیہ ایمان ہے) تو (اس کو کوئی نفع نہیں مگر چونکہ تمہارا نفع ہے اس لئے وہ) اُس کو تمہارے لئے پسند کرتا ہے اور (چونکہ ہمارے یہاں قاعدہ مقرر ہے کہ) کوئی کسی کا بوجھ (گناہ کا) نہیں اُٹھاتا (اس لئے کفر کر کے یوں بھی نہ سمجھنا کہ ہمارا کفر دوسرے کے نامۂ اعمال میں کسی وجہ سے درج ہو جاویگا اور ہم بری ہو جاوینگے خواہ اس وجہ سے کہ ہم دوسروں کے تبع ہیں معاصرین کے یا آبائے اقدمین کے خواہ اس وجہ سے کہ دوسرے وعدہ اس اٹھا لینے کا کرتے ہیں جیسا بعض کفار کہا کرتے تھے: وَلۡنَحۡمِلۡ خَطٰيٰكُمۡ [العنکبوت: ۱۲] غرض یہ نہ ہوگا بلکہ تمہارا کفر تمہارے جرائم میں لکھا جاویگا) پھر اپنے پروردگار کے پاس تم کو لوٹ کر جانا ہوگا سو وہ تم کو تمہارے اعمال جتلا دیگا اور سزا دے گا پس یہ گمان بھی غلط ہے کہ ان اعمال کی پیشی کا وقت نہ آویگا اور) وہ دلوں تک کی باتوں کا جاننے والا ہے (پس یہ گمان بھی مت کرنا کہ ہمارے کفر کی شاید اس کو اطلاع نہ ہو جیسا حدیثوں میں ہے کہ بعض لوگوں میں گفتگو ہوئی کہ معلوم نہیں اللہ تعالیٰ ہماری باتیں سنتا ہے یا نہیں کسی نے کچھ جواب دیا کسی نے کچھ جواب دیا جس پر یہ آیت نازل ہوئی: ﴿وَمَا كُنۡتُمۡ تَسۡتَتِرُوۡنَ اَنۡ يَّشۡهَدَ﴾ [حم السجدۃ: ۲۲]) اور (مشرک) آدمی (کی حالت یہ ہے کہ اُس) کو جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے رب (حقیقی) کو اسی کی طرف رجوع ہو کر پکارنے لگتا ہے (اور سب معبودین کو بھول جاتا ہے) پھر جب اللہ تعالیٰ اس کو اپنے پاس سے نعمت (امن وآسائش کی) عطا فرما دیتا ہے تو جس (تکلیف کے دفع کرنے) کے لئے پہلے سے (خدا کو) پکار رہا تھا اس کو بھول جاتا ہے (اور غافل ہو جاتا ہے) اور خدا کے شریک بنانے لگتا ہے جس کا اثر (علاوہ اپنے ضلال کے) یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ سے دوسروں کو (بھی) گمراہ کرتا ہے (اور اگر اس مصیبت کو پیش نظر رکھتا تو اس کا مقتضا کہ اخلاص فی التوحید ہے نیز باقی رہتا یہ مشرک کی مذمت ہوگئی آگے تہدید ہے کہ) آپ (ایسے شخص سے) کہہ دیجئے کہ اپنے کفر کی بہار تھوڑے دنوں اور لوٹ لے (پھر آخر کار) تو دوزخیوں میں سے ہونے والا ہے (آگے اہل توحید کی مدح وبشارت ہے یعنی) بھلا جو شخص (برعکس حال مشرک مذکور کے) اوقات شب میں (جو عموماً غفلت کا وقت ہوتا ہے) سجدہ وقیام (یعنی نماز) کی حالت میں عبادت کر رہا ہو (یہ تو اس کا ظاہر ہوا اور باطن یہ ہو کہ) آخرت سے ڈر رہا ہو اور اپنے پروردگار کی رحمت کی امید (بھی) کر رہا ہو (کیا ایسا شخص اور مشرک مذکور برابر ہو سکتے ہیں ہرگز نہیں بلکہ یہ قانت مداوم علی العبادت وساجد وقائم وخائف وراجی محمود ہے اور مشرک جو مطلب نکال لینے کے بعد اخلاص کو چھوڑ دیتا ہے مذموم ہے اور چونکہ ان عبادات کے ترک کو کفار مذموم نہ سمجھتے تھے اس لئے اس تفاوت کی بناء پر محمودیت ومذمومیت کے حکم میں ان کو خفاء وکلام ہو سکتا تھا اس لئے آگے اس سے زیادہ واضح اور مسلم عنوان سے اس حکم کا اثبات فرماتے ہیں یعنی اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (ان سے بایں عنوان) کہئے کہ کیا علم والے اور جہل والے (کہیں) برابر ہوتے ہیں (چونکہ جہل کو ہر شخص بُرا سمجھتا ہے اس کے جواب میں اُنکی طرف سے بھی یہی کہا جا سکتا ہے کہ اہل جہل مذموم ہیں آگے یہ ثابت کرنا رہ جاویگا کہ صاحب عمل صاحب علم ہے اور معرض عن العمل صاحب جہل ہے سو یہ امر ذرا تامل سے ثابت ہے اور ہر چند کہ اس بیان سے کفر واہل کفر کا مذموم اور ایمان واہل ایمان کا محمود ہونا ثابت ہو گیا لیکن پھر بھی) وہی لوگ نصیحت پکڑتے ہیں جو اہل عقل (سلیم) ہیں (اور جب اہل اطاعت کا عند اللہ محمود ہونا معلوم ہو گیا تو اطاعت کی ترغیب دینے کیلئے) آپ (مومنین کو میری طرف سے) کہہ دیجئے کہ اے میرے ایمان والے بندو تم اپنے پروردگار سے ڈرتے رہو (یعنی مداوم علی الطاعات محترز عن المعاصی رہو کہ یہ سب فرع ہیں تقویٰ کی آگے اس کا ثمرہ ہے کہ) جو لوگ[1] اس دنیا میں نیکی کرتے ہیں اُن کے لئے نیک صلہ ہے (آخرت میں تو ضرور اور دنیا میں بھی باطناً یعنی راحت ضرور اور کبھی ظاہراً بھی) اور (اگر وطن میں کوئی نیکی کرنے سے مانع ہو تو ہجرت کر کے دوسری جگہ چلے جاؤ کیونکہ) اللہ کی زمین فراخ ہے (اور اگر ترک وطن میں کچھ تکلیف پہنچے تو اس میں استقلال رکھو کیونکہ دین میں) مستقل رہنے والوں کو ان کا صلہ بیشمار ہی ملے گا (پس اس سے ترغیب اطاعت کی ہو گئی) ف: بے شمار کنایہ ہے کثیر سے کیونکہ متناہی اشیاء کی ثابت ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَمَّنۡ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيۡلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا ...... روح میں ہے کہ یہ مشیر ہے آداب عبودیت کی ظاہراً وباطناً بلافتور وبا تیسیر اہتمام کی طرف ۱۲۔

www.besturdubooks.net

الحواشی: (۱) کذا فی الجلالین قولا واحدا ففی هذه الدنیا قید لاحسنوا والقول الثانی تفسیر الحسنة بالصحة والعافیة ففی هذه الدنیا قید لحسنة والتفسیر الاول قول مقاتل والثانی قول السدی کذا فی المعالم وذوقی یشهد بترجیح الثانی ۱۲ منه۔

اختلاف القراءة: قوله یرضه وفی قراء ة بالاشباع والقاعدة ان الهاء ان سکن ما قبلها لم تشبع نحو علیه والیه وان تحرک اشبعت نحو به وغلامه وههنا قبلها ساکن تقدیرا وهو الالف المحذوفة للجازم فان جعلت موجودة حکما لم تشبع وان قطع النظر عنها اشبعت قوله ام من هو وفی قراء ة امن بتخفیف المیم فالهمزة للاستفهام ومن موصوفة وفی قراء ة التشدید ام منقطعة بمعنی بل والهمزة وفی کلا الحالین من مبتدأ محذوف الخبر وهو کمن لیس کذالك ۱۲۔

اللغات: خوله اعطاه ۱۲

النحو: بغیر حساب حال من اجرهم قوله یدعو الیه الکلام علی حذف مفعول الفعل وحذف المضاف الی المجرور ای نسی الضر الذی کان یدعو ربه الی کشفه ۱۲۔

قُلْ اِنِّیْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّیْنَ ﴿۱۱﴾ وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۱۲﴾ قُلْ اِنِّیْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَیْتُ رَبِّیْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۳﴾ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهُ دِیْنِیْ ﴿۱۴﴾ فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ؕ قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِیْنَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِیْهِمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ ﴿۱۵﴾ لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ؕ ذٰلِكَ یُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ یٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِیْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ اَنْ یَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْٓا اِلَی اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰی ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿۱۷﴾ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۸﴾ اَفَمَنْ حَقَّ عَلَیْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِی النَّارِ ﴿۱۹﴾ لٰكِنِ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِیَّةٌ ۙ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا یُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِیْعَادَ ﴿۲۰﴾

آپ کہہ دیجئے کہ مجھ کو (منجانب اللہ) حکم ہوا ہے کہ میں اللہ کی اس طرح عبادت کروں کہ عبادت کو اس کے لئے خاص رکھوں اور مجھ کو یہ بھی حکم ہوا ہے کہ سب مسلمانوں میں اول میں ہوں۔ آپ بھی کہہ دیجئے اگر (بالفرض محال) میں اپنے رب کا کہنا نہ مانوں تو میں ایک بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ رکھتا ہوں۔ آپ کہہ دیجئے کہ میں اللہ ہی کی عبادت اس طرح کرتا ہوں کہ اپنی عبادت کو اسی کے لئے خاص رکھتا ہوں۔ سو اللہ کو چھوڑ کر تمہارا دل جس چیز کو چاہے اس کی عبادت کرو۔ آپ کہہ دیجئے کہ پورے زیاں کار وہی لوگ ہیں جو اپنی جانوں سے اور اپنے متعلقین سے قیامت کے روز خسارہ میں پڑے ہیں۔ یاد رکھو کہ صریح خسارہ یہ ہے۔ ان کے لئے ان کے اوپر سے بھی آگ کے محیط شعلے ہوں گے اور ان کے نیچے بھی آگ کے شعلے ہوں گے۔ یہ وہی (عذاب) ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے اے میرے بندو! مجھ سے (یعنی میرے عذاب سے) ڈرو۔ اور جو لوگ شیطان کی عبادت سے بچتے ہیں (مراد غیر اللہ کی عبادت ہے) اور ہمہ تن اللہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں وہ مستحق خوشخبری سنانے کے ہیں۔ سو آپ میرے ان بندوں کو خوشخبری سنا دیجئے جو اس کلام (الٰہی) کو کان لگا کر سنتے ہیں اور پھر اس کی اچھی اچھی باتوں پر چلتے ہیں۔ یہی ہیں جن کو اللہ نے ہدایت کی اور یہی ہیں جو اہل عقل ہیں۔ بھلا جس شخص پر عذاب کی (ازلی تقدیری) بات محقق ہو چکی تو آپ ایسے شخص کو جو کہ (علم الٰہی میں) دوزخ میں ہے چھڑا سکتے ہیں لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے ان کے لئے (جنت کے) بالاخانے ہیں (اور) جن کے اوپر بالاخانے ہیں جو بنے بنائے تیار ہیں ان کے نیچے نہریں چل رہی ہیں۔ یہ اللہ نے وعدہ کیا ہے (اور) اللہ وعدہ خلاف نہیں کرتا۔

تفسیر ربط: اوپر کفر و شرک کا غیر مرضی اور موجب وعید شدید اور ایمان و اخلاص کا مرضی و موجب وعدۂ مزید ہونا مذکور تھا آگے ایمان و اخلاص کا صراحۃً مامور بہ ہونا جو مقتضا ہے اُسکے مرضی ہونے کا اور کفر و شرک کا اخاف ان عصیت میں اشارۃً منہی عنہ ہونا جو مقتضا ہے اُسکے نامرضی ہونے کا اور وعدہ و وعید مذکورین کی تکمیل و تفصیل مذکور ہے۔

www.besturdubooks.net

امر بایمان ونہی از عصیان وثمرات آنہا از نیران وجنان: قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ (الی قولہ تعالی) لَا يُخْلِفُ اللَّهُ الْمِيعَادَ ۝ آپ کہہ دیجئے کہ مجھ کو (منجانب اللہ) حکم ہوا ہے کہ میں اللہ کی اس طرح عبادت کروں کہ عبادت کو اسی کے لئے خالص رکھوں (یعنی اس میں شائبہ شرک کا نہ ہو) اور مجھ کو یہ (بھی) حکم ہوا ہے کہ (اس امت کے لوگوں میں) سب مسلمانوں میں اول (اسلام کو حق ماننے والا) میں ہوں (اور ظاہر ہے کہ نبی کا قبول احکام میں اول ہونا ضرور ہے اور) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ اگر (بفرض محال) میں اپنے رب کا کہنا نہ مانوں (جس کے ماننے کا اوپر حکم ہوا ہے) تو میں ایک بڑے دن کے عذاب کا (کہ وہ یوم قیامت ہے) اندیشہ رکھتا ہوں (مطلب یہ کہ توحید خالص کا وجوب اور اس کے ترک پر عذاب کا استحقاق ایسا عام ہے کہ معصوم جس میں احتمال معصیت کا ہے ہی نہیں وہ بھی اس قاعدہ سے مستثنیٰ نہیں تو غیر معصوم تو کس شمار میں ہے اور) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (جس بات کا مجھ کو حکم ہوا ہے جس کا ابھی ذکر ہوا ہے میں تو اسی پرکار بند بھی ہوں چنانچہ) میں تو اللہ ہی کی عبادت اس طرح کرتا ہوں کہ اپنی عبادت کو اسی کیلئے خالص رکھتا ہوں (کہ اُس میں اصلاً شائبہ شرک نہیں ہے) سو (چاہئے تو تم کو بھی ایسی ہی عبادت خالیہ عن الشرک کا اختیار کرنا لیکن اگر تم نہیں مانتے تو تم جانو اور) خدا کو چھوڑ کر تمہارا دل جس چیز (کی عبادت) کو چاہے اس کی عبادت کرو (قیامت کے دن اس کا زیاں دیکھو گے اور) آپ (ان سے یہ بھی) کہہ دیجئے کہ پورے زیاں کار وہی لوگ ہیں جو اپنی جانوں سے اور اپنے متعلقین سے قیامت کے روز خسارہ میں پڑے (یعنی نہ اپنی جان سے ان کو نفع اور تمتع ہوا کہ راحت اور نجات نصیب ہوتی اور نہ متعلقین سے تمتع ونفع ہوا کیونکہ اگر وہ اہل ناجی ہوئے تو بعد ظاہر ہے اور اگر وہ بھی اُن کے اضلال سے محروم عن النجات رہے تب بھی دوزخ کا اجتماع موجب انتفاع نہیں ہو سکتا) یاد رکھو کہ صریح خسارہ یہ ہے (کہ قیامت کے روز کہ آخری فیصلہ کا روز ہے خسارہ میں واقع ہو۔ آگے اس خسارہ کی کیفیت ہے کہ) ان کیلئے ان کے اوپر سے بھی آگ کے محیط شعلے ہونگے اور ان کے نیچے سے بھی آگ کے محیط شعلے ہونگے یہ وہی (عذاب) ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے (اور اس سے بچنے کی تدبیریں بتلاتا ہے کہ وہ دین حق پر عمل کرنا ہے سو) اے میرے بندو مجھ سے (یعنی میرے عذاب سے) ڈرو (اور دین حق پر عمل کرو۔ یہ حال تو کفار و مشرکین کا ہوا) اور جو لوگ شیطان کی عبادت سے بچتے ہیں (مراد غیر اللہ کی عبادت ہے جو منی ہے اطاعت مطلقہ شیطان پر جو حقیقت ہے عبادت کی) اور (ہمہ تن) اللہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں وہ مستحقؔ خوشخبری سنانے کے ہیں سو آپؐ میرے ان بندوں کو (جو مجتنب اور منیب ہیں) خوشخبری سنا دیجئے جو (اس صفتؔ کے ساتھ بھی موصوف ہیں کہ) اس کلام (الٰہی) کو کان لگا کر سنتے ہیں پھر اس کی اچھی اچھیؔ باتوں پر (کہ تمام احکام ایسے ہی کما سیاتی من قولہ تعالیٰ: أَحْسَنَ الْحَدِيثِ) چلتے ہیں یہی ہیں جن کو اللہ نے ہدایت کی اور یہی ہیں جو اہل عقل ہیں (سو ان لوگوں کو بشارت دیدیجئے اور ما بہ البشارت آگے آتا ہے: لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا اور درمیان میں بطور تسلیہ کے کفار و مشرکین مذکورین بالا کے ایمان کو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اختیار سے خارج ہونا بیان فرماتے ہیں کہ) بھلا جس شخص پر عذاب کی (ازلی تقدیری) بات محقق ہو چکی تو کیا آپ ایسے شخص کو جو کہ (علم الٰہی میں) دوزخ میں ہے (موجبات نار سے) چھڑا سکتے ہیں (یعنی دوزخ میں جانیوالے ہیں وہ کوشش سے بھی ضلالت سے نہ نکلیں گے تو تاسف وغم بے سود ہے) لیکن جو لوگ (ایسے ہیں کہ انکے حق میں كَلِمَةُ الْعَذَابِ محقق نہیں ہوا اور اس وجہ سے وہ آپ سے احکام سن کر) اپنے رب سے ڈرتے رہے (جنکی صفات اوپر آ چکی ہیں اجْتَنَبُوا الطَّاغُوتَ...... سو) انکے لئے (جنت کے) بالا خانے ہیں جن کے اوپر اور بالا خانے ہیں جو بنے بنائے تیار ہیں (اور) اُنکے نیچے نہریں چل رہی ہیں یہ اللہ نے وعدہ کیا ہے (اور) اللہ وعدہ میں خلاف نہیں کرتا (پس ضرور ان کو یہ سب کچھ ملے گا)۔

مُلحقاتُ الترجمۃ: ۱؎ قولہ فی لھم البشریٰ مستحق اشارۃ الی کون اللام للاستحقاق ۱۲۔ ۲؎ قولہ فی فبشر عباد الذین صفت کے ساتھ بھی اشارۃ الی ان فیہ وضع المظهر موضع المضمر ایذانا باتصافھم بصفۃ الاستماع والاتباع ایضا ۱۲۔ ۳؎ قولہ فی احسنہ اچھی اچھی اشارۃ الی کون احسن بمعنی حسن وکون المراد بہ کل القرآن ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ افمن حق لعل توسیط التسلیۃ بین البشری وما بہ البشری لحرصہ صلی اللہ علیہ وسلم بذکر البشری فی اول الوھلۃ علی ان یفوز ھؤلاء ایضا بھذہ البشری وبہ ظھر وجہ تفریع الانقاذ علی ذکر البشری فافھم فانہ من المواھب وکذا تقریر الاستدراك بلكن كما ظهر بالترجمۃ قولہ مبنیہ فائدۃ زیادتہ کما یظھر بالترجمۃ الایذان بکونھا قد فرغ من امرھا لانھا مبتنی یوم القیامۃ وفیہ من ادخال السرور ما لا یخفی ولم یوصف الغرف الاول بہ لان وصف الغرف الثانی بہ یستلزم وصف الاول بہ لتوقف العلو علی السفل ۱۲۔

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَلَكَهُ يَنَابِيعَ فِي الْأَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهِ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا أَلْوَانُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ

www.besturdubooks.net

ع ۱۲ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۲۱﴾ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ
فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۲﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ
تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ
بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ
وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا
يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ وقف لازم
ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ ۚ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ
لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾

کیا تو نے اس پر نظر نہیں کی کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسایا پھر اُس کو زمین کے سوتوں میں داخل کر دیتا ہے پھر اُس کے ذریعہ سے کھیتیاں پیدا کرتا ہے جس کی مختلف قسمیں ہیں پھر وہ کھیتی بالکل خشک ہو جاتی ہے سو اس کو تو زرد دیکھتا ہے پھر اس کو چورا چورا کر دیتا ہے۔ اس میں اہل عقل کے لئے بڑی عبرت ہے۔ سو جس شخص کا سینہ اللہ تعالیٰ نے اسلام (کے قبول کرنے) کے لئے کھول دیا اور وہ اپنے پروردگار کے (عطا کئے ہوئے) نور پر ہے (کیا وہ شخص اور قساوت برابر ہیں) سو جن لوگوں کے دل ذکر سے متاثر نہیں ہوتے ان کے لئے بڑی خرابی ہے۔ یہ لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے بڑا عمدہ کلام نازل فرمایا ہے جو ایسی کتاب ہے کہ باہم ملتی جلتی ہے بار بار دہرائی گئی ہے جس سے ان لوگوں کے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں بدن کانپ اٹھتے ہیں پھر ان کے بدن اور دل نرم (اور منقاد) ہو کر اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں یہ قرآن اللہ کی ہدایت ہے جس کو وہ چاہتا ہے اس کے ذریعہ سے ہدایت کرتا ہے اور اللہ جس کو گمراہ کرتا ہے اس کا کوئی ہادی نہیں۔ بھلا وہ شخص جو اپنے منہ کو قیامت کے روز سخت کی بناوے گا اور ایسے ظالموں کو حکم ہوگا کہ جو کچھ تم کیا کرتے تھے۔ اس کا مزہ چکھو تو کیا یہ (معذب) اور جو ایسا نہ ہو برابر ہو سکتے ہیں۔ جو لوگ ان سے پہلے ہو چکے انہوں نے بھی (حق کو) جھٹلایا تھا ان پر (اللہ کا) عذاب ایسے طور پر آیا کہ ان کو خیال بھی نہ تھا۔ سو اللہ تعالیٰ نے ان کو اسی دنیوی زندگی میں بھی رسوائی کا مزہ چکھایا اور آخرت کا عذاب اور بھی بڑا (سخت) ہے۔ کاش یہ لوگ نہیں جانتے۔ اور ہم نے لوگوں کی (ہدایت) کیلئے اس قرآن میں ہر قسم کے (ضروری) عمدہ مضامین بیان کئے ہیں تاکہ یہ لوگ نصیحت پکڑیں۔ جس کی کیفیت یہ ہے کہ وہ عربی قرآن ہے جس میں ذرا کجی نہیں (اور) تاکہ یہ لوگ ڈریں۔

تفسیر: ربط: اوپر ایمان کے مقتضی اور باعث کا اثبات تھا کہ بیان ہے آخرت کی نعمت و نقمت لازوال کا آگے ایمان کے منع کا کہ انہماک فی الدنیا ہے رفع ہے کہ بیان ہے اسکی سرعت فنا و اضمحلال کا و هکذا کقوله تعالٰی فی الحدید: اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ (الٰی قوله تعالٰی) سَابِقُوْٓا [۲۰، ۲۱]

سرعت فنائے دُنیا: اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ (الٰی قوله تعالٰی) اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ (اے مخاطب) کیا تو نے اس (بات) پر نظر نہیں کی کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس کو زمین کے سوتوں میں (یعنی اُن قطعات میں جہاں سے پانی ابل کر کنوؤں اور چشموں کے ذریعہ سے نکلتا ہے) داخل کر دیتا ہے پھر (جب وہ ابلتا ہے تو) اس کے ذریعہ سے کھیتیاں پیدا کرتا ہے جس کی مختلف قسمیں ہیں پھر وہ کھیتی بالکل خشک ہو جاتی ہے سو اس کو تو زرد دیکھتا ہے پھر (اللہ تعالیٰ) اس کو چورا چورا کر دیتا ہے اس (نمونہ) میں اہل عقل کے لئے بڑی عبرت ہے (کہ یہی حالت بعینہٖ انسان کی دُنیوی حیات کی ہے آخر فنا تو اس میں منہمک ہو کر ابدی راحت سے محروم رہنا اور ابدی مصیبت کو سر پر لینا نہایت حماقت ہے) **ف**: چشموں اور کنوؤں میں پانی کا تکون دو سبب سے ثابت ہوا ہے بخارات کا انقلاب برودت ارض سے اور پیوست ہو جانا آب باراں ارض کا اعماق ارض میں پھر ان کا سمت کر جمع ہو جانا اس آیت میں ایک کا ذکر ہے اور دوسرے کی نفی نہیں پس آیت کو مسئلہ فلسفیہ سے تعارض نہیں۔ ربط: اوپر حق کا اثبات اور ایجاب اور باطل کی نفی اور نہی نہایت شافی کافی بلیغ وجوہ سے مذکور ہے آگے ان بیانات سے بعض کا تاثر اور بعض کا عدم تاثر مذکور ہوتا ہے۔

تاثر بعضے و عدم تاثر بعضے از کتاب اللہ: اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ (الٰی قوله تعالٰی) وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ (گو ہمارا بیان نہایت بلیغ ہے مگر پھر بھی سب سننے والے باہم متفاوت ہیں) سو جس شخص کا سینہ اللہ تعالیٰ نے اسلام (کے قبول کرنے) کے لئے کھول دیا (یعنی اسلام کی حقیت کا اس کو یقین آ

www.besturdubooks.net

گیا) اور وہ اپنے پروردگار کے (عطا کئے ہوئے) نور (یعنی ہدایت کے مقتضا) پر (چل رہا) ہے (یعنی یقین لا کر اُسی کے موافق عمل کرنے لگا) کیا وہ شخص اور اہل قساوت برابر ہیں۔ جن کا ذکر آگے آتا ہے) سو جن لوگوں کے دل خدا کے ذکر سے (اس میں احکام و مواعید سب آ گئے) متاثر نہیں ہوتے (یعنی ایمان نہیں لاتے) ان کیلئے (قیامت میں) بڑی خرابی ہے (اور دنیا میں) یہ لوگ کھلی گمراہی میں (گرفتار) ہیں آگے اس نور اور ذکر کا بیان ہے یعنی) اللہ تعالیٰ نے بڑا عمدہ کلام (یعنی قرآن) نازل فرمایا ہے جو ایسی کتاب ہے کہ (باعتبار اعجاز نظم و صحت معانی کے) باہم ملتی جلتی ہے (جو دلیل ہے معجز ہونے کی اما بالنظم فظاهر واما بالمعنى فلما مرفى قوله تعالى: وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا [النساء: ۸۲] اور جس میں سمجھانے کے لئے بعضی بعضی بہت ضروری بات) بار بار دہرائی گئی ہے (وہذا کقولہ تعالیٰ: وَلَقَدْ صَرَّفْنَا ...... جس میں باوجود فائدہ تاکید و رسوخ مدعا کے قلب مخاطب میں ہر جگہ خاص خاص لطائف بھی مرعی ہوتے ہیں جس سے تکرار محض نہیں رہتا اور مثانی ہونا دلیل ہے کما قال ہدایت پر مشتمل ہونیکی) جس سے ان لوگوں کے جو کہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں بدن کانپ اُٹھتے ہیں (یہ کنایہ ہے خوف سے گو قلب ہی میں رہے بدن پر اثر نہ آوے اور گو وہ خوف عقلی و ایمانی ہو طبعی و حالی نہ ہو) پھر اُن کے بدن اور دل نرم (اور منقاد) ہو کر اللہ کے ذکر (یعنی کتاب اللہ پر عمل کرنے) کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں (یعنی ذکر اعمال جوارح و اعمال قلب کو انقیاد و توجہ سے بجا لاتے ہیں اور) یہ (قرآن) اللہ کی ہدایت ہے جس کو وہ چاہتا ہے اُس کے ذریعہ سے ہدایت کرتا ہے (جیسا خائفین کا حال ابھی سنا گیا) اور خدا جس کو گمراہ کرتا ہے اسکا کوئی ہادی نہیں (جیسا قاسین کا حال ابھی سنا گیا) **ف**: اور سورۂ آل عمران میں جو بعض قرآن کو متشابہ فرمایا ہے وہاں اس سے اور مراد ہے جیسا وہاں ترجمہ سے ظاہر ہے۔ **ربط**: اوپر خاشی مہتدی اور قاسی ضال کا تفاوت حالی باعتبار تاثر و عدم تاثر عن الحق کے مذکور تھا آگے دونوں کا تفاوت مآلی باعتبار استحقاق ثواب و عقاب کے مذکور ہے آخرت میں بالیقین اور دنیا میں فی بعض الحین۔

عذاب ضال وثواب مہتدی: اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ (الی قولہ تعالی) لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ بھلا جو شخص اپنے منہ کو قیامت کے روز سخت عذاب کی سپر بنا دے گا اور ایسے ظالموں کو حکم ہوگا کہ جو کچھ تم کیا کرتے تھے (اب) اس کا مزہ چکھو تو کیا یہ (معذب) اور جو ایسا نہ ہو برابر ہو سکتے ہیں (اور کفار ان عذابوں کو سنکر انکار نہ کریں کیونکہ) جو لوگ ان سے پہلے ہو چکے ہیں انہوں نے بھی (حق کو) جھٹلایا تھا سو ان پر (خدا کا) عذاب ایسے طور پر آیا کہ ان کو خیال بھی نہ تھا سو (اس عذاب کے نازل کرنے سے) اللہ تعالیٰ نے انکو اسی دنیوی زندگی میں (بھی) رسوائی کا مزہ چکھایا (کہ خسف و مسخ و قذف وغیرہ سے بدنام عالم ہوئے) اور آخرت کا عذاب اور بھی بڑا (اور سخت) ہے کاش یہ لوگ سمجھ جاتے۔

ف: سپر بنانے کا مطلب یہ کہ آدمی کی عادت ہے کہ جو کوئی اس پر حربہ ضرب کرتا ہے ہاتھ پر روکتا ہے مگر وہاں ہاتھ پاؤں جکڑے ہونگے اسلئے سب منہ ہی پر لیگا نعوذ باللہ من غضب اللہ۔ **ربط**: اوپر اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ ...... میں قرآن سے بعض کا تاثر اور بعض کا عدم تاثر بیان فرمایا تھا آگے قرآن کا فی نفسہ مقتضی تاثر ہونا ارشاد فرماتے ہیں جسکا حاصل یہ ہوا کہ یہ تفاوت باعتبار قابل کے ہے ورنہ فاعل میں نقص نہیں۔

فضل وکمال قرآن: وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ (الی قولہ تعالی) لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اور ہم نے لوگوں (کی ہدایت کے لئے اس قرآن میں ہر قسم کے (ضروری) عمدہ مضامین بیان کئے ہیں تاکہ یہ لوگ نصیحت پکڑیں جس کی کیفیت یہ ہے کہ وہ عربی قرآن ہے جس میں ذرا کجی نہیں (اور اس لئے یہ مضامین اس میں لائے گئے) تاکہ یہ لوگ (ان مضامین صادقہ بلیغہ کو سنکر) ڈریں (پس کتاب الہدایت ہونے کیلئے جن صفات کمال کی ضرورت تھی قرآن ان پر حاوی چنانچہ عمدہ مضامین ہونا پھر عربی ہونا جس کو اہل عرب جو مخاطب اول ہیں بلاواسطہ سمجھ سکتے تھے پھر اوروں کا سمجھ لینا ان کے واسطے سے سہل ہے پھر کسی مضمون میں کوئی خلل نہیں لیکن اگر ان ہی کی استعداد فاسد ہو تو کیا کیا جاوے)

ف: کجی کے معنی سورۂ کہف کی اول آیت میں گزر چکے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ ...... حدیث میں اس نور و شرح صدر کی علامت یہ آئی ہے کہ دار الخلود کی طرف توجہ اور دار الغرور سے بےتعلقی اور موت کے لئے تیاری۔ کذا فی الروح عن مستدرک الحاکم وشعب الایمان للبیهقی وابن مردویہ۔ قولہ تعالی: فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ شرح صدر کے مقابلہ میں قساوت کا آنا اس کی حقیقت کو بتلاتا ہے یعنی شرح صدر کے آثار سے خالی ہونا جو اوپر کی آیت میں مذکور ہیں پس اس سے اس توہم کا فساد معلوم ہوتا ہے جو بعض سالکین کو ہو جاتا ہے کہ رقت طبعیہ کے نہ ہونے کو قساوت سمجھتے ہیں۔ قولہ تعالی: اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ ...... اس آیت میں ایک وجد لطیف مذکور ہے اور اس سے صعقہ وغیرہ کا ابطال لازم نہیں آتا اور بعض سلف سے جو اس پر انکار منقول ہے وہ مرائین و غیر متقین پر محمول ہے۔

www.besturdubooks.net

اللغات: ينبوع بمعنى المنبع سلك ادخل كذا في القاموس يهيج ييبس كذا في القاموس وفي النيسابورى اى يتم جفافه قال الاصمعى لانه اذ اتم جفافه جاز له ان يثور عن منابته ويذهب آه الحديث ما يتحدث به لا الحادث قشعريرة في القاموس رعدة ۱۲۔

النحو: في الارض صفة ينابيع من شرح الله مبتدأ محذوف الخبر كما اظهرته بالترجمة قوله من ذكر الله عدى القساوة بمن لتاويله بعدم التاثر المعدى بمن كما عدى قوله تعالى بمسبوقين بعلى لتاويله بمعنى غير قادرين المتعدى بعلى۔ قوله كتاباً بدل من احسن قوله متشابها مثاني صفتان لكتاب وجمع مثاني باعتبار تفاصيل الكتاب اى كتابا فصولا مثاني والنكتة في الجمع المبالغة ۱۲۔ قرآنا عربيا حال من هذا والاعتماد فيها على الصفة والا فقرآنا عين ذى الحال فلا يظهر حاله فالحال في الحقيقة عربيا وقرآنا للتمهيد لعلهم يتقون علة اخرى مترتبة على الاولى ۱۲۔

البلاغۃ: يجعله اسنده الى الله تعالى لغرابته كالاخراج قوله ثم تلين في الروح ولعله لم يذكر هناك اى في قوله تقشعر على طرز ذكرها ههنا لانها لا توصف بالاقشعرار وتوصف باللين وعدى بالى لتضمنه معنى الاخبات والرجوع ۱۲۔ قوله من حيث لا يشعرون زاده لان ذلك اشد على النفس ۱۲۔

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًاؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّ اِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖۤ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾

اللہ تعالیٰ نے (موحد جو مشرک کے بارے میں) ایک مثال فرمائی کہ ایک شخص (غلام ہے) جس میں کئی ساجھی ہیں۔ جن میں باہم وضدی (بھی) ہے اور ایک شخص ہے کہ پورا ایک ہی شخص کا (غلام) ہے تو کیا ان دونوں کی حالت یکساں ہو سکتی ہے الحمد للہ بلکہ (قبول تو کیا) ان میں اکثر سمجھتے بھی نہیں۔ آپ کو بھی مرنا ہے اور ان کو بھی مرنا ہے۔ پھر قیامت کے روز تم مقدمات اپنے رب کے سامنے پیش کرو گے (اس وقت عملی فیصلہ ہو جائے گا)۔ سو اس شخص سے زیادہ بے انصاف کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے اور سچی بات کو (یعنی قرآن کو) جبکہ وہ اس کے پاس (رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے پہنچی) جھٹلا دے کیا (قیامت کے دن) جہنم میں ایسے کافروں کا ٹھکانہ نہ ہوگا؟ اور جو لوگ سچی بات لے کر آئے اور (خود بھی) اس کو سچ جانا تو یہ لوگ پرہیزگار ہیں (ان کا فیصلہ یہ ہوگا کہ) وہ کچھ چاہیں گے ان کے لئے ان کے پروردگار کے پاس سب کچھ ہے۔ یہ صلہ ہے نیک کاروں کا تاکہ اللہ تعالیٰ ان سے ان کے برے عملوں کو دور کرے اور ان نے نیک کاموں کے عوض ان کو ان کا ثواب دے۔

تفسیر ربط: اوپر يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ...... میں تفاوت مؤمن و مشرک کا ضلال واہتداء میں معلوم ہوا تھا آگے ایک مثال سے اس تفاوت کی تنویر اور توحید کی تقریر اور شرک سے تعبیر ہے جو کہ مابہ التفاوت ہیں۔

تنظیر موحد و مشرک: ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ (الى قوله تعالى) بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ۔ اللہ تعالیٰ نے (موحد و مشرک کے بارہ میں) ایک مثال بیان فرمائی کہ ایک شخص (غلام) ہے جس میں کئی ساجھی ہیں جن میں باہم ضد اضدی (بھی) ہے اور ایک اور شخص ہے کہ پورا ایک ہی شخص کا (غلام) ہے (تو) کیا ان دونوں کی حالت یکساں (ہو سکتی) ہے (اور ظاہر ہے کہ دونوں برابر نہیں بلکہ پہلا شخص تکلیف میں کہ ہمیشہ متحیر رہتا ہے کہ کس کا کہنا مانوں کس کا نہ مانوں دوسرا آرام میں ہے کہ ایک ہی شخص سے تعلق ہے پس پہلی مثال مشرک کی ہے کہ ہمیشہ ڈانواں ڈول رہتا ہے کبھی غیر اللہ کی طرف دوڑتا ہے کبھی خدا کی طرف پھر کبھی غیر اللہ میں بھی ایک پر اطمینان نہیں ہوتا کبھی کسی کی طرف رجوع کرتا ہے کبھی کسی کی طرف اور چونکہ یہ لوگ بھی اس لے سوا اور کچھ جواب نہیں دے سکتے جس سے لازم ہونا حجت کا ثابت ہے اس پر ارشاد ہے کہ) الحمد للہ (حق ثابت ہو گیا لیکن پھر بھی یہ لوگ قبول نہیں کرتے) بلکہ (قبول تو کیا) ان میں اکثر سمجھتے بھی نہیں (کیونکہ اس کا قصد نہیں کرتے)۔

www.besturdubooks.net

ربط: اوپر جب ہر پہلو سے بحث کا فیصلہ ہو گیا اور معاندین نے اس فیصلہ کو قبول نہ کیا آگے فیصلہ قیامت کا جو کہ آخری فیصلہ ہوگا اور جس سے کوئی سرتابی کر ہی نہیں سکتا بیان فرماتے ہیں اور تمہید کیلئے موت کی خبر دیتے ہیں کہ مقدمہ ہے قیامت کا۔

مخاصمہ ومحاکمہ یوم قیامت: اِنَّكَ مَيِّتٌ (الی قوله تعالی) عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ۔ (اے پیغمبر ﷺ یہ اس عقلی وسمعی فیصلہ کو جو دنیا میں نہیں مانتے تو آپ غم نہ کریں کیونکہ دنیا سے) آپ کو بھی مر (کر جا) نا ہے (اسی طرح آپ کے اتباع اس حکم میں آ گئے) اور ان کو بھی مر (کر جا) نا ہے پھر قیامت کے روز تم (دونوں فریق اپنے اپنے) مقدمات اپنے رب کے سامنے پیش کرو گے (اس وقت عملی فیصلہ ہو جاویگا جسکے ظہور کا آگے بیان آتا ہے۔ فَمَنْ اَظْلَمُ ......۔

ربط: اوپر وقوع اختصام فریق اپنے اپنے) مقدمات اپنے رب کے سامنے پیش کرو گے (اس وقت عملی فیصلہ ہو جاوے گا جس کے ظہور کا آگے بیان آتا ہے)

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ (الی قوله تعالی) وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔ سو (اس اختصام کے وقت فیصلہ یہ ہوگا کہ ناحق پرستوں کو عذاب جحیم نصیب ہوگا اور حق پرستوں کو اجر عظیم اور ظاہر ہے کہ) اس شخص سے زیادہ بے انصاف (اور ناحق پرست) کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے (یعنی خدا کی نسبت یوں کہے کہ وہ صاحب شریک ہے) اور سچی بات کو (یعنی قرآن کو) جبکہ وہ اس کے پاس (رسول کے ذریعہ سے) پہنچی جھٹلائے (سوایسے شخص کا اظلم ہونا بھی ظاہر ہے اور اظلم کا مستحق عقوبت اعظم ہونا بھی ظاہر ہے اور عقوبت اعظم جہنم ہے تو) کیا (قیامت کے دن) جہنم میں ایسے کافروں کا ٹھکانا نہ ہوگا (پس ناحق پرستوں کا تو یہ فیصلہ ہوا) اور (برخلاف ان کے) جو لوگ سچی بات لیکر (خدا کی طرف سے یا رسول کی طرف سے لوگوں کے پاس) آئے (اس مفہوم عام میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم بلکہ جمیع انبیاء بھی کہ خدا کی طرف سے حق لیکر آئے اور دوسرے داعی الی الحق بھی کہ رسول کی طرف سے حق لیکر آئے سب داخل ہیں) اور (خود بھی) اس کو سچ جانا (یعنی صادق بھی ہیں اور مصدق بھی جیسے پہلے لوگ یعنی اظلم کاذب بھی تھے اور مکذب بھی) تو یہ لوگ پرہیزگار ہیں (ان کا فیصلہ یہ ہوگا کہ) وہ جو کچھ چاہیں گے ان کے لئے ان کے پروردگار کے پاس سب کچھ ہے یہ صلہ ہے نیک کاروں کا (اور یہ صلہ ان کے واسطے اس لئے تجویز کیا) تاکہ اللہ تعالیٰ ان سے ان کے برے [۱] عملوں کو دور کر دے اور ان کے نیک کاموں کے عوض ان کو ان کا ثواب دے (چونکہ یہ تکفیر اور اعطائے اجر مقصود تھا اسلئے ان سے وعدہ کیا گیا لَهُمْ مَا يَشَاءُوْنَ تاکہ یہ لوگ اس تکفیر واجر کی خواہش کریں تو حسب وعدہ ان کی یہ خواہش پوری کر دی جاوے اور اس کی خواہش ہونا ظاہر ہی ہے)

ف: یہاں یہ مقصود نہیں کہ جہنم میں جانے کیلئے مجموعہ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ موقوف علیہ ہے یا اسی طرح نجات کے لئے مجموعہ دعوت الی الصدق اور تصدیق موقوف علیہ ہے بلکہ اس مقام میں جن اہل اختصام کا ذکر ہے ان میں دونوں طرف مجموعہ متحقق تھا و نیز زیادت مدح وزیادت قدح مقصود ہے پس تخصیص باعتبار وقوع یا زیادت مدح وقدح کے ہے نہ باعتبار قصد توقف کے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في الذی جو لوگ اشارة الی ما في الروح حمل بعضهم الموصول علی الجنس الخ ۱۲۔ ۲ قوله في اسوء واحسن برے و نیک اشارة الی ان الاسوء والاحسن ههنا ليس للتفضيل ونظيره قوله تعالى وبعولتهن احق بردهن ۱۲۔

النحو: قوله ليكفر متعلق بمقدر يدل عليه فحوى الكلام ای وعدهم ما يشاء ون من زوال المضار وحصول المسار ليكفر الخ ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ضرب الله وجه التمثيل التحير وتوزع القلب والراحة عنه قوله انك ميت ومن معه ﷺ في الدين هو معه في هذا الحكم وكذا يراد بقوله انكم هو ﷺ ومن معه ۱۲۔

الحواشی: (۱) اور اس آیت میں اسوء اور احسن کو محل تکفیر ومحل جزا قرار دینا حالانکہ حکم مطلق سیئی اور مطلق حسن کو بھی عام ہے اس لئے ہے کہ اسوء میں تو مبالغہ ہے یعنی اسوء کا بھی کفارہ ہو جائے گا چہ جائیکہ سیئی اور احسن میں اظہار رحمت ہے کہ ہم ان کے حسن کو بھی احسن قرار دیکر اس پر جزا دینگے ۱۲ منہ۔

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۚ ﴿۳۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ

www.besturdubooks.net

رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۴۱﴾ ع ۱

کیا اللہ اپنے بندۂ خاص محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی حفاظت کے لئے کافی نہیں اور یہ لوگ آپ کو (ان جھوٹے معبودوں) سے ڈراتے ہیں۔ جو اللہ کے سوا تجویز کر رکھے ہیں اور جس کو اللہ گمراہ کرے اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں اور جس کو وہ ہدایت دے اس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں کیا اللہ تعالیٰ زبردست انتقام لینے والا نہیں اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمان اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے تو یہی کہیں گے کہ اللہ نے آپ (ان سے) کہئے کہ بھلا پھر یہ تو بتلاؤ کہ اللہ کے سوا تم جن معبودوں کو پوجتے ہو اگر اللہ تعالیٰ مجھ کو کوئی تکلیف پہچانا چاہے کیا یہ معبود اس کی دی ہوئی تکلیف دور کر سکتے ہیں یا اللہ تعالیٰ مجھ پر اپنی عنایت کرنا چاہے کیا یہ معبواس کی عنایت روک سکتے ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ (اس سے ثابت ہو گیا کہ) میرے لئے اللہ کافی ہے توکل کرنے والے اسی پر توکل کرتے ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ تم اپنی حالت پر عمل کئے جاؤ میں بھی عمل کر رہا ہوں سو اب جلدی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ وہ کون شخص ہے جس پر (دنیا میں) ایسا عذاب آیا چاہتا ہے جو اس کو رسوا کر دے گا اور (بعد مرگ) اس پر دائمی عذاب نازل ہو گا۔ ہم نے آپ پر یہ کتاب لوگوں کے (نفع کے) لئے اتاری جو حق کو لئے ہوئے ہے پس جو شخص راہ راست پر آئے گا تو اپنے نفع کے واسطے اور جو شخص بے راہ رہے گا تو اس کا بے راہ ہونا (یعنی اس کا وبال) اس پر پڑے گا اور آپ ان پر (کچھ بطور ذمہ داری کے) مسلط نہیں کئے گئے۔

تفسیر ربط: اوپر کی کئی آیتوں میں احقاق توحید وابطال شرک ہے ایسے مضامین سن کر کفار مشرکین آپ سے کہتے کہ ہمارے معبودوں سے گستاخی نہ کیجئے ورنہ ہم ان سے درخواست کر کے آپ کو مجنون کرا دینگے چنانچہ اس پر آیت وَ يُخَوِّفُوْنَكَ ...... نازل ہوئی کذا فی اللباب اسی طرح اور بھی خلاف وعناد کی باتیں کیا کرتے تھے آپ مغموم ومہموم ہوتے آگے آپ کے تسلیہ کے مضامین میں جن میں سے بعض میں آپکو مخاطب اور بعض میں مجیب بنانا مقصود ہے۔

تسلیۂ سیّد المرسلین ﷺ در مقاولات ومعاملات مشرکین: اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ (الی قولہ تعالی) وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۴۱﴾ کیا اللہ تعالیٰ اپنے بندہ (خاص محمد ﷺ کی حفاظت) کے لئے کافی نہیں یعنی وہ تو سب ہی کی حفاظت کے لئے کافی ہے خصوص اپنے محبوب خاص بندہ کے لئے کیوں نہ کافی ہوگا) اور یہ لوگ (ایسے احمق ہیں کہ حفاظت خداوندی سے تجاہل کر کے) آپ کو ان (جھوٹے معبودوں) سے ڈراتے ہیں جو خدا کے سوا (تجویز کر رکھے) ہیں (حالانکہ وہ خود ہی جماد عاجز ہیں اور قادر بھی ہوتے تو خدا کی حفاظت ہوتے ہوئے عاجز ہی ہوتے) اور (اصل بات یہ ہے کہ) جس کو خدا گمراہ کرے اس کا کوئی ہدایت دینے والا نہیں اور جس کو وہ ہدایت دے اس کا کوئی گمراہ کرنے والا نہیں (چونکہ یہ لوگ گمراہ ازلی ہیں ہدایت کے اتنے شعبہ سے بھی بے بہرہ ہیں کہ خدا کے قادر اور اصنام کے عاجز ہونے پر نظر کر کے حماقت تخویف کے مرتکب نہ ہوتے چنانچہ خدا کے کافی ہونے کا مبنیٰ کہ قدرت کاملہ ہے آگے تصریحاً ارشاد ہے کہ) کیا (ان کے نزدیک) خدا تعالیٰ زبردست (اور) انتقام لینے (پر قدرت رکھنے) والا نہیں ہے (یعنی اللہ تعالیٰ صفت ناصریت میں کامل اور عبد خاص منصوریت کے قابل اور آلہۂ باطلہ قدرت اور نصرت سے عاطل پھر یہ تخویف عین ضلالت ومحض جہالت نہیں تو کیا ہے) اور (لطف یہ ہے کہ حق تعالیٰ کے نصرت میں کافی اور قدرت میں وافی ہونے کے مقدمات کو یہ بھی تسلیم کرتے ہیں چنانچہ) اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمان اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے تو یہی کہیں گے کہ اللہ نے (اور ایسے اجرام عظیمہ کا عدم محض سے وجود میں لانا ظاہر ہے کہ مستلزم ہے کمال قدرت کو پس جب لازم کو مان لیا تو ملزوم کو مان لینا لازم ہوگا چنانچہ آگے آپ کو جواب میں اسی تقریر کے پیش کرنے کا حکم ہے یعنی اس پر) آپ (ان سے) کہئے کہ بھلا (جب تم اللہ کو خالق متفرد مانتے ہو تو) پھر یہ تو بتلاؤ کہ خدا کے سوا تم جن معبودوں کو پوجتے ہو اگر اللہ تعالیٰ مجھ کو کوئی تکلیف پہنچانا چاہے کیا یہ معبود اس کی دی ہوئی تکلیف کو دور کر سکتے ہیں یا اللہ تعالیٰ مجھ پر اپنی عنایت کرنا چاہے کیا یہ معبود اس کی عنایت کو روک سکتے ہیں (یعنی اللہ کے متفرد فی الخالقیۃ کے تسلیم کے بعد کہ مستلزم ہے کمال قدرت کو کیا غیر اللہ کے مقاوم ومزاحم فی القدرت ہونے کے قائل ہو سکتے ہو جس سے اس لازم کا انتفاء لازم آتا ہے اور اس کے واسطے ملزوم یعنی تفرد فی الخالقیۃ کا انتفاء جس کو پہلے تسلیم کر لیا لہٰذا خلف اور ان کے تخویف کے مضمون کے جواب میں: هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ کافی تھا کیونکہ[1] اس میں بر تقدیر شتم کے ایصال ضرر ہی سے تعرض تھا اور بر تقدیر عدم شتم کے حفظ عن الضرر سے تعرض نہ تھا تا کہ جواب میں: هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ کی ضرورت ہوتی لیکن چونکہ وہ تخویف قرینہ سے اس کو بھی مستلزم ہے کہ اگر آپ ان آلہہ کو کچھ نہ کہیں گے تو وہ آپ کو مضرت نہ پہنچنے دیں گے اس لئے هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ بڑھا دیا گیا آگے ارشاد ہے کہ جب اس تقریر سے وافی فی

www.besturdubooks.net

القدرت ہونا ثابت ہو جاوے تو) آپ (کافی فی النصرت ہونے کا جو کہ بطور نتیجہ کے ہے اس پر ترتب ظاہر کر دیجئے اور) کہہ دیجئے کہ (اس سے ثابت ہو گیا کہ) میرے لئے خدا کافی ہے (اور یہی مدعا تھا جیسا اول میں ارشاد ہوا ہے اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ اور چونکہ وہ ایسا قادر و ناصر ہے اس لئے) توکل کرنے والے اسی پر توکل کرتے ہیں (پس میں بھی اسی پر توکل رکھتا ہوں اور تمہارے خلاف وعناد کی کچھ پرواہ نہیں کرتا اور چونکہ وہ لوگ ان حجج ساطعہ و براہین قاطعہ پر بھی اسی اپنی جہالت اور ضلالت پر مصر تھے اس لئے آگے آخری جواب کی تعلیم ہے کہ) آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ (اگر اس پر بھی تم نہیں مانتے تم جانو بہتر ہے تم اپنی حالت پر عمل کئے جاؤ میں بھی (اپنے طور پر) عمل کر رہا ہوں (یعنی جیسے تم اپنا طریقہ نہیں چھوڑتے میں اپنا طریقہ نہیں چھوڑتا) سو اب جلدی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ وہ کون شخص ہے جس پر (دنیا میں) ایسا عذاب آیا چاہتا ہے جو اس کو رسوا کر دے گا اور (بعد مرگ اس پر دائمی عذاب نازل ہوگا (چنانچہ دنیا میں بدر میں سزا ہوئی اور وہاں کا بعد مرگ بھگتنا ہوگا جو دائمار ہے گا یہاں تک تو ازالۂ بیم وخوف مخالفین سے تسلیہ ہے آگے ازالۂ غم وحزن سے تسلیہ ہے کہ) ہم نے آپ پر یہ کتاب لوگوں کے (نفع کے) لئے اتاری جوحق کو لئے ہوئے ہے سو (آپ کا کام اس کا پہنچا دینا ہے پھر) جو شخص راہ راست پر آوے گا تو اپنے نفع کے واسطے (راہ راست پر آوے گا) اور جو شخص بے راہ رہے گا تو اس کا بے راہ ہونا (یعنی اس کا وبال) اسی پر پڑے گا اور آپ ان پر (کچھ بطور ذمہ داری کے) مسلط نہیں کئے گئے (کہ ان کی بے راہی کی باز پرس آپ سے ہونے لگے آپ پھر ان کے ضلال سے کیوں محزون ہوتے ہیں)

ترجمۂ مسائل السلوک: ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا رَّجُلًا فِیْہِ شُرَکَآءُ مُتَشٰکِسُوْنَ یہی حالت ہے اس شخص کی جو اشغال دنیا کی کشاکشی میں ہے وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ یہ حالت مؤمن خالص کی ہے جس کو مولیٰ سے کوئی چیز غافل نہیں کرتی۔ قولہ تعالیٰ: فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ کَذَبَ عَلَی اللّٰہِ...... اپنے عموم لفظ سے ان کو بھی شامل ہے جو دعوے ولایت میں کاذب ہیں اور شریعت کو پس پشت ڈال کر اس کو قشر بتلاتے ہیں۔

الحواشی: (۱) یعنی اس تخویف عن الاصنام کے مضمون میں صرف اس دعوے سے تعرض تھا کہ اگر آپ شتم کریں گے تو یہ اصنام ایصال ضرر کریں گے اور اس کے جواب کیلئے هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ کافی تھا اور ان کی تخویف میں اس دعوے سے تعرض نہ تھا کہ اگر آپ شتم نہ کریں گے تو وہ آپ کو ضرر سے محفوظ رکھیں گے اگر اس میں اس سے بھی تعرض ہوتا تو هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖ کا مناسب ہونا ظاہر ہوتا۔

اختلاف القراءۃ: قوله بكاف عبده قرأ الكسائي وحمزة عباده بالجمع وفسره بالانبياء والمؤمنين كذا في الروح ۱۲۔

البلاغۃ: قوله كشفت ضره قيل كاشفات وممسكات على ما يصفونها به من الانوثة تنبيها على كمال ضعفها ۱۲۔

اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰۤى اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝۴۲ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ؕ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ۝۴۳ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ؕ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۴۴ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝۴۵

اللہ ہی قبض (یعنی معطل) کرتا ہے (ان) جانوں کو ان کی موت کے وقت اور ان جانوں کو بھی جن کی موت نہیں آئی اور ان کے سونے کے وقت پھر ان جانوں کو تو روک لیتا ہے جن پر موت کا حکم فرما چکا ہے اور باقی جانوں کو ایک میعاد معین تک کے لئے رہا کر دیتا ہے اس میں ان لوگوں کے لئے جو کہ سوچنے کے عادی ہیں دلائل ہیں۔ ہاں کیا ان (مشرک) لوگوں نے اللہ کے سوا دوسروں کو (معبود) قرار دے رکھا ہے جو ان کی سفارش کریں گے۔ آپ کہہ دیجئے اگر چہ یہ کچھ بھی قدرت نہ رکھتے ہوں اور کچھ بھی علم نہ رکھتے ہوں۔ آپ کہہ دیجئے کہ سفارش تو تمام تر اللہ کے اختیار میں ہے۔ تمام آسمانوں اور زمین کی سلطنت اسی کی ہے پھر تم اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے اور جب فقط اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان لوگوں کے دل منقبض ہوتے ہیں جو کہ آخرت کا یقین نہیں رکھتے اور جب اس کے سوا اوروں کا ذکر آتا ہے تو اسی وقت وہ لوگ خوش ہو جاتے ہیں۔

تفسیر ربط: اوپر چیسے چند جا تو حید تھی آگے پھر اسی طرف عود ہے۔

عود بسوئے توحید: اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا (الی قوله تعالی) وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝ اللہ ہی قبض (یعنی معطل) کرتا ہے (ان) جانوں کو (جن کا وقت موت کا آ گیا ہے) ان کی موت کے وقت (من کل الوجوہ) اور ان جانوں کو بھی کہ جنکی موت نہیں آئی ان کے

www.besturdubooks.net

سونے کے وقت (من بعض الوجوہ کہ حیات رہتی ہے ادراک نہیں رہتا اور موت میں دونوں چیزیں بدن میں نہیں رہتیں) پھر (اس معطل کرنے کے بعد) ان جانوں کو تو (تصرف فی الابدان کی طرف عود کرنے سے) روک لیتا ہے جن پر موت کا حکم فرما چکا ہے اور باقی جانوں کو (جو کہ نوم میں معطل ہو گئیں تھیں اور ابھی ان کی موت کا وقت نہیں آیا) ایک میعاد معین (یعنی مدت عمر) تک کے لئے رہا کر دیتا ہے (کہ جاگ کر پھر بدستور ابدان میں تصرف کرنے لگتی ہیں) اس (مجموعہ تصرف مذکور میں ان لوگوں کے لئے جو کہ سوچنے کے عادی ہیں (خدا تعالیٰ کی قدرت وانفراد فی التصرف پر) دلائل ہیں (جن سے توحید پر استدلال کرتے ہیں) ہاں کیا (باوجود قیام دلائل توحید کے) ان (مشرک) لوگوں نے خدا کے سوا دوسروں کو) معبود قرار دے رکھا ہے جو (ان کی) سفارش کریں گے (جیساوہ کہا کرتے تھے: ﴿ وَيَقُولُونَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِندَ اللّٰهِ ﴾ [یونس : ۱۸]) آپ کہہ دیجئے کہ اگر چہ یہ (شفعائے مزعومہ) کچھ بھی قدرت نہ رکھتے ہوں اور کچھ بھی علم نہ رکھتے ہوں (کیا پھر بھی ان کو شفیع ہی سمجھے جاؤ گے یعنی شفاعت کیلئے کم از کم علم وقدرت تو درکار ہے جوان میں بوجہ جماد ہونے کے محض مفقود ہے اور چونکہ یہاں مظنہ اس امر کا ہے کہ کوئی مشرک کہے کہ یہ جمادات فی نفسہ شفیع نہیں بلکہ یہ جن کے تماثیل ہیں اور وہ ذی ارواح ہیں جن میں علم وقدرت دونوں ہیں اس لئے آگے اس کا جواب تعلیم فرماتے ہیں کہ) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ سفارش تو تمام تر خدا ہی کے اختیار میں ہے (کہ بدوں اس کے اذن کے کسی کی مجال نہیں کہ سفارش کر سکے اور اذن کیلئے دو شرطیں ہیں شفیع کا مقبول ہونا اور مشفوع لہ کا قابل مغفرت ہونا پس جن ارواح کو یہ معبود قرار دیتے ہیں اگر وہ شیاطین ہیں تو دونوں شرطیں مفقود اور اگر وہ ملائکہ وغیرہم ہیں تو شرط ثانی مفقود ہے بہر حال اذن مفقود ہے پس ان کی شفاعت بھی منفی ہے اور یہی بنا تھا ان کے معبود قرار دینے کا پس ان کی معبودیت باطل ٹھہری اور حق تعالیٰ کی توحید ثابت ہوگئی۔ اور خدا تعالیٰ کی یہ شان ہے کہ) تمام آسمان وزمین کی سلطنت اسی کی ہے پھر (بعد انقضاء اس عالم کے) تم اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے (پس سب کو چھوڑ کر اسی سے ڈرو اسی کی عبادت کرو) اور (باوجود قیام دلائل توحید کے کفار ومشرکین کا یہ حال ہے کہ) جب فقط اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے (کہ وہی متصرف ہے وہی معبود ہے) تو ان لوگوں کے دل منقبض ہوتے ہیں جو کہ آخرت کا یقین نہیں رکھتے (کیونکہ ان کو توحید سے تنفر ہے) اور جب اس کے سوا اوروں کا ذکر آتا ہے (خواہ انفراداً خواہ اشتراکاً اللہ کے ذکر کے ساتھ) تو اسی وقت وہ لوگ خوش ہو جاتے ہیں (کیونکہ شرک ان کو محبوب ہے)۔ ف: سورۂ انعام کے رکوع ہشتم کی پہلی آیت میں اس توفی کی تفسیر گزری ہے ملاحظہ کر لیا جاوے اور اعتقاد سفارش کا حوائج دنیویہ میں تو تھا ہی اور آخرت میں بنا بر فرض آخرت کے ساتھ کقولھم: ﴿وَلَئِن رُّجِعْتُ إِلٰى رَبِّىٓ إِنَّ لِى عِندَهُۥ لَلْحُسْنٰى﴾ [حم السجدۃ : ۵۰]

ترجمہ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ: وَإِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ ...... اسی کے مشابہ بعض جہلاء مدعیہ طریق کی حالت ہے کہ توحید خالص کے ذکر سے منقبض ہوتے ہیں اور اولیاء کے ساتھ استغاثہ کرنے والوں کی حکایات سے خوش ہوتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ قولہ فی اللہ یتوفی اللہ الخ اشارۃ الی ان التقدیم للحصر واعتبارہ اوفق بالمقام من التقوی۔ ۲ قولہ فی ذلک مجموعہ تصرف مذکور اشارۃ الی توجیہ افراد اسم الاشارۃ ۱۲۔ ۳ قولہ فی ام اتخذوا ہاں اشارۃ الی کون ام منقطعۃ ۱۲۔

اللغات: اشمازت انقبضت ونفرت ۱۲۔

النحو: الی اجل مسمی غایۃ لجنس الارسال لا لفرد منہ فانہ آنی لا امتداد لہ ولئلا یرد لزوم ان لا یقع نوم بعد الیقظۃ الاولی ۱۲۔

البلاغۃ : قولہ یرسل وعبر بالارسال رعایۃ للتقابل۔ قولہ اشمازت ویستبشرون وقد بولغ فی بیان حالھم القبیحۃ حیث بین الغایۃ فیھما فان الاستبشار ان یمتلئ القلب سرورا حتی ینبسط لہ بشرۃ الوجہ والاشمزاز ان یمتلئ غیظا وغما ینقبض عنہ ادیم الوجہ کما یشاھد فی وجہ العابس المحزون ۱۲۔

قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِي مَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿۴۶﴾
وَلَوْ أَنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ مِن سُوٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
وَبَدَا لَهُم مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ ﴿۴۷﴾ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّـَٔاتُ مَا كَسَبُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ
يَسْتَهْزِءُونَ ﴿۴۸﴾ فَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ إِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا قَالَ إِنَّمَآ أُوتِيتُهُ عَلٰى عِلْمٍۭ بَلْ
هِيَ فِتْنَةٌ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۴۹﴾ قَدْ قَالَهَا الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَمَآ أَغْنٰى عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿۵۰﴾

www.besturdubooks.net

فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ؕ وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰۤؤُلَاۤءِ سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۱﴾ اَوَلَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ ع ۲۱

آپ کہئے کہ اللہ آسمان اور زمین کے پیدا کرنے والے باطن اور ظاہر کے جاننے والے آپ ہی (قیامت کے روز) اپنے بندوں کے درمیان ان امور میں فیصلہ فرمادیں گے جن میں وہ باہم اختلاف کرتے تھے اور اگر ظلم (یعنی شرک وکفر) کرنے والوں کے پاس دنیا بھر کی تمام چیزیں ہوں اور ان چیزوں کے ساتھ اتنی چیزیں اور بھی ہوں تو وہ لوگ قیامت کے دن سخت عذاب سے چھوٹ جانے کے لئے (بے تامل) ان کو دینے لگیں اور اللہ کی طرف سے ان کو وہ معاملہ پیش آئے گا جس کا ان کو گمان بھی نہ تھا اور (اس وقت) ان کو تمام اپنے برے اعمال ظاہر ہو جائیں گے اور جس عذاب کے ساتھ وہ استہزاء کیا کرتے تھے وہ ان کو آگھیرے گا۔ پھر جس وقت (اس مشرک) آدمی کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہم کو پکارتا ہے پھر جب ہم اس کو اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا فرمادیتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو مجھ کو (میری) تدبیر سے ملی ہے بلکہ وہ ایک آزمائش ہے لیکن اکثر لوگ سمجھتے نہیں۔ یہ بات (بعض) ان لوگوں نے بھی کہی تھی جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ (جیسے قارون نے کہا تھا) سو ان کی کارروائی ان کے کچھ کام نہ آئی۔ پھر ان کی تمام بداعمالیاں اُن پر آپڑیں (اور سزایاب ہوئے) اور ان میں بھی جو ظالم ہیں ان پر بھی انکی بداعمالیاں ابھی پڑنے والی ہیں اور یہ (اللہ تعالیٰ کو) ہرا نہیں سکتے کیا ان لوگوں کو (احوال) میں غور کرنے سے یہ معلوم نہیں ہوا کہ اللہ ہی جس کو چاہتا ہے زیادہ رزق دے دیتا ہے اور وہی (جس کے لئے چاہتا ہے) تنگی بھی کر دیتا ہے اسی (بسط وقدر) میں ایمان لانے والوں کے واسطے نشانیاں ہیں۔

تفسیر: ربط: اوپر توحید کے ضمن میں مشرکین کے مکابرہ وعناد کا بیان ہے جیسا تقریر ترجمہ اَمِ اتَّخَذُوْا الخ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ ...... سے معلوم ہوا چونکہ مکابرہ وعناد موجب حزن مبلغ ہوتا ہے آگے آپ کے تسلیہ کیلئے ایک دعاء کی تعلیم اور بیان جزاء سے تسلیہ اور مضمون دعا کی تتمیم فرماتے ہیں۔

تسلیہ بضمن تعلیم دعا بسید ابرار و تتمیم مضمون بیان جزائے کفار: قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (الی قوله تعالی) وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۸﴾۔ آپ (ان کی شدت عناد سے محزون ہو جیئے اور اللہ سے دعا میں یہ) کہئے کہ اے اللہ آسمان اور زمین کے پیدا کرنیوالے باطن اور ظاہر کے جاننے والے آپ ہی (قیامت کے روز) اپنے بندوں کے درمیان ان امور میں فیصلہ فرماویں گے جن میں وہ باہم اختلاف کرتے تھے (یعنی آپ ان مکابرین کی فکر میں نہ پڑیئے بلکہ ان کا معاملہ اللہ کے سپرد کیجئے وہ خود عملی فیصلہ کر دینگے) اور (اس فیصلہ کے وقت یہ حالت ہوگی کہ) اگر ظلم (یعنی شرک وکفر) کرنے والوں کے پاس دنیا بھر کی تمام چیزیں ہوں اور ان چیزوں کے ساتھ اتنی چیزیں اور بھی ہوں تو وہ لوگ قیامت کے دن سخت عذاب سے چھوٹ جانے کے لئے (بے تامل) ان کو دینے لگیں (گو مقبول نہ ہو کما فی المائدۃ: مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ [المائدة: ۳۶]) اور خدا کی طرف سے ان کو وہ معاملہ پیش آوے گا جس کا ان کو گمان بھی نہ تھا (کیونکہ اول تو آخرت کے منکر تھے پھر اس میں بھی حسنیٰ کے مدعی تھے) اور (اس وقت) ان کو تمام اپنے برے اعمال ظاہر ہو جاویں گے اور جس (عذاب) کے ساتھ وہ استہزاء کیا کرتے تھے وہ ان کو آگھیرے گا۔

ربط: اوپر اَمِ اتَّخَذُوْا ...... اور وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ ...... میں جیسا مشرکین کا عناد و مکابرہ مفہوم ہوتا ہے جس کی مناسبت سے مضمون تسلیہ مع تتمہ مذکور ہوا ہے اسی طرح ان کا ذکر غیر اللہ سے استبشار اور ذکر اللہ سے استنکار خود مدلول صریح عبارت کا ہے آگے اس کی مناسبت سے اس پر بطور تعکیس وتنکیس کے مشرکین کی ایک حالت کی کلمۂ فاء سے تفریع اور اس کی تتمیم کے لئے ان کی ایک دوسری حالت کا ذکر اور پھر اس پر تشنیع وتفریع فرماتے ہیں۔

تجہیل وتنکیل مشرک: فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا (الی قوله تعالی) اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ (یوں تو مشرک غیر اللہ کے ذکر سے مسرور اور صرف اللہ کے ذکر سے نفور رہتا ہے) پھر جس وقت (اس مشرک) آدمی کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو (جن کے ذکر سے مسرور ہوا کرتا تھا ان سب کو چھوڑ کر صرف) ہم کو پکارتا ہے (جس سے پہلے نفور تھا اور یہ صریح تناقض اقوال وتعارض احوال ہے جس سے مشرک کی صاف حماقت وجہالت ظاہر ہونے کے علاوہ اس کا مسلک بھی باطل قرار پاتا ہے کیونکہ ان میں سے ایک نقیض تو یقیناً صحیح ہے یعنی توحید پس دوسری نقیض یعنی شرک باطل ہے مگر) پھر جب ہم اس کو اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا فرمادیتے ہیں تو (اس توحید پر جس کا حق ہونا خود اس کے اقرار سے ثابت ہو چکا تھا قائم نہیں رہتا چنانچہ اس نعمت کو حق تعالیٰ کی طرف منسوب نہیں کرتا بلکہ یوں) کہتا ہے کہ یہ تو مجھ کو (میری) تدبیر سے ملی ہے (اور جب کہ نسبت حق تعالیٰ کی طرف نہیں کرتا بلکہ اپنی تدبیر کا نتیجہ سمجھتا ہے اس لئے توحید پر ثابت نہیں رہتا بلکہ اپنے قدیم طریقہ شرک کی طرف عود کر کے غیر اللہ کی عبادت میں لگ جاتا ہے آگے حق تعالیٰ اس کے قَالَ اِنَّمَاۤ اُوْتِيْتُهٗ کا رد فرماتے ہیں کہ وہ اس کی تدبیر کا نتیجہ نہیں ہے) بلکہ وہ (نعمت خدا ہی کی دی ہوئی ہے اور اس کی طرف سے انسان کی) ایک آزمائش ہے (کہ دیکھیں اس کے ملنے پر ہم کو بھول جاتا ہے اور کفر کرتا ہے یا یاد رکھتا ہے اور شکر کرتا ہے اور اسی آزمائش کیلئے بعض نعمتوں میں اسباب وکسب کا واسطہ بھی رکھ دیا ہے اس سے اور زیادہ آزمائش ہوگئی

www.besturdubooks.net

کہ دیکھیں اس علت صوریہ پر نظر کرتا ہے یا علت حقیقیہ پر) لیکن اکثر لوگ (اس بات کو) سمجھتے نہیں (اس لئے اس کو اپنی تدبیر کا نتیجہ بتلاتے ہیں اور مبتلائے شرک رہتے ہیں آگے تفریع ہے کہ) یہ بات (بعض) ان لوگوں نے بھی کہی تھی جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں (جیسے قارون نے کہا تھا: إِنَّمَآ أُوتِيتُهُۥ عَلَىٰ عِلْمٍ یا جو لوگ منکر صانع کے ہو گزرے ہیں جیسے نمرود و فرعون ظاہر ہے کہ وہ بھی کسی نعمت کی نسبت خدا کی طرف نہ کرتے تھے بلکہ غیر مکتسب میں بخت و اتفاق اور مکتسب میں ہنر اور تدبیر کی طرف نسبت کرتے تھے) سو ان کی کارروائی انکے کچھ کام نہ آئی (اور مانع عن العذاب نہ ہوئی) پھر (مانع نہ ہو سکنے کے بعد دافع للعذاب بھی نہ ہوئی بلکہ) ان کی تمام بداعمالیاں ان پر آ پڑیں (اور سزایاب ہوئے) اور (یہ زمانہ حال کے لوگ یہ خیال نہ کریں کہ جو کچھ ہونا تھا اگلوں کے ساتھ ہو چکا بلکہ) ان میں بھی جو ظالم ہیں ان پر بھی ان کی بداعمالیاں ابھی پڑنے والی ہیں اور یہ (خدا تعالیٰ کو) ہرا نہیں سکتی (چنانچہ بدر میں خوب سزا ہوئی اور اوپر بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ سے إِنَّمَآ أُوتِيتُهُۥ عَلَىٰ عِلْمٍ کا مجرد اظہار بطلان تھا آگے اس بطلان پر اشارۃً اقامت برہان ہے یعنی بعضے احمق جو نعمت و رزق کو اپنی تدبیر کی طرف منسوب کرتے ہیں تو) کیا ان لوگوں کو (احوال میں غور کرنے سے) یہ معلوم نہیں ہوا کہ اللہ ہی جس کو چاہتا ہے زیادہ رزق دیدیتا ہے اور وہی (جس کیلئے چاہتا ہے) تنگی بھی کر دیتا ہے اس (بسط و قدر) میں (غور کرنے سے) ایمان والوں کے واسطے (کہ اہل فہم ہوتے ہیں اس بات پر) نشانیاں (یعنی دلائل قائم) ہیں (کہ باسط و قابض وہی ہے تدبیر و سوء تدبیر اس میں علت حقیقیہ نہیں پس ان دلائل کو جو شخص سمجھ لے گا وہ اپنی تدبیر کی طرف نسبت نہ کریگا بلکہ خدا کے منعم ہونے سے ذہول نہ کریگا جو سبب ہو گیا تھا ابتلاء بالشرک کا بلکہ وہ موحد رہیگا اور ضراء و سراء میں اس کا حال و قال متناقض و متعارض نہ ہوگا) **ف**: اولم یروا الخ میں جس استدلال کی طرف اشارہ قریب بصراحت ہے اسکی تقریر یہ ہے کہ ہم بسا اوقات دیکھتے ہیں کہ دو شخصوں کے پاس ایک سا سرمایہ ایک سا سلیقہ ہے ایک سی تدبیر و تجربہ پھر ایک پر فراخی ایک پر تنگی اگر کہا جاوے کہ ایک کی تدبیر بن آئی ایک کی نہ بن پڑی اس کا بطلان یہ ہے کہ بن پڑنا اگر اختیار میں تھا تو دوسرے نے کیوں نہ بنالیا اگر اختیار میں نہیں ہے تو ہمارا مطلوب ثابت ہو گیا کیونکہ جب موقوف علیہ اختیاری نہیں تو موقوف بھی پورا اختیاری نہیں پس ثابت ہوا کہ مؤثر بسط و قدر میں کسی فاعل مختار کی مشیت ہے کہ جس طرح چاہے اس کو متعلق کردے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَبَدَا لَهُم مِّنَ ٱللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا۟ يَحْتَسِبُونَ اس سے اس شخص کی غلطی معلوم ہوتی ہے جو اپنے اعمال و مجاہدات سے کشف کو مقصود سمجھتا ہے کیونکہ اگر کشف کوئی کمال ہوتا تو کفار کو حاصل نہ ہوتا۔ قولہ تعالیٰ: ثُمَّ إِذَا خَوَّلْنَٰهُ نِعْمَةً (الی قولہ تعالی) عَلَىٰ عِلْمٍ اس میں اس شخص کی شناعت بھی معلوم ہوگئی جو ثمرات طریق کو کہ نعم الٰہیہ ہیں اپنے عمل و مجاہدہ کی طرف منسوب کرتا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل فاذا مس یوں تواخ اشار به الى توجيه الفار على طريق الاستعارة التبعية التهكمية وهذا كما تقول فلان يسىء الى فلان فاذا احتاج سأله فاحسن اليه كذا فى الروح ۱۲۔ ۲ قوله فى علم میری اشارة الى تقدير الكلام هكذا على علم عندى ۱۲۔ ۳ قوله فى توضيح علم اور چونکہ نسبت الخ اشارة الى التطبيق بين ما ههنا وبين ما فى الآيات الاخر من قوله تعالى اذا فريق منهم بربهم يشركون ونحوه وقد جمع بينهما فى قوله تعالى فى اول الزمر نسى ما كان يدعو اليه من قبل وجعل لله اندادا فافهم واغتنم لعلك لا تجده فى غير هذا الموضع ۱۲۔

اللغات: حاق فى القاموس احاط ۱۲۔

النحو: قوله اوتيته اى النعمة والتذكير باعتبار المعنى قوله بل هى اى النعمة والتانيث باعتبار اللفظ ويجوز ان يكون باعتبار الخبر ۱۲۔ قد قالها اى الكلمة والمقالة المذكورة من قوله إِنَّمَآ أُوتِيتُهُۥ عَلَىٰ عِلْمٍ ۱۲۔

البلاغۃ: قوله لا فتدوا وليس المراد اثبات الشرطية بل التمثيل لحالهم بحال من يجادل التخلص والفداء مما هو فيه بما ذكر فلا يتقبل منه وحاصله ان العذاب لازم لهم لا يخلصون منه ولو فرض هذا المحال ففيه من الوعيد والاقناط ما لا يخفى ۱۲۔

قُلْ يَٰعِبَادِىَ ٱلَّذِينَ أَسْرَفُوا۟ عَلَىٰٓ أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا۟ مِن رَّحْمَةِ ٱللَّهِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ يَغْفِرُ ٱلذُّنُوبَ جَمِيعًا ۚ إِنَّهُۥ هُوَ ٱلْغَفُورُ ٱلرَّحِيمُ ﴿٥٣﴾ وَأَنِيبُوٓا۟ إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَأَسْلِمُوا۟ لَهُۥ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَكُمُ ٱلْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ ﴿٥٤﴾ وَٱتَّبِعُوٓا۟ أَحْسَنَ مَآ أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَكُمُ ٱلْعَذَابُ بَغْتَةً وَأَنتُمْ لَا تَشْعُرُونَ ﴿٥٥﴾ أَن تَقُولَ نَفْسٌ يَٰحَسْرَتَىٰ عَلَىٰ مَا فَرَّطتُ فِى جَنۢبِ ٱللَّهِ وَإِن كُنتُ لَمِنَ ٱلسَّٰخِرِينَ ﴿٥٦﴾ أَوْ تَقُولَ لَوْ أَنَّ ٱللَّهَ

www.besturdubooks.net

هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۹﴾ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ۭ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۰﴾ وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ۡ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۱﴾

آپ کہہ دیجئے کہ اے میرے بندو! جنہوں نے (کفروشرک کر کے) اپنے اوپر زیادتیاں کی ہیں کہ تم اللہ کی رحمت سے ناامید مت ہو بالیقین اللہ تعالیٰ تمام (گزشتہ) گناہوں کو معاف فرمائے گا واقع وہ بڑا بخشنے والا بڑی رحمت ہے اور تم اپنے رب کی طرف رجوع کرو اور اسلام قبول کرنے میں اس کی فرمانبرداری کرو قبل اس کے کہ تم پر عذاب (الٰہی) واقع ہونے لگے (اور) پھر اس وقت کسی کی طرف سے تمہاری کوئی مدد نہ کی جائے اور تم کو چاہئے کہ اپنے رب کے پاس سے آئے ہوئے اچھے اچھے حکموں پر چلو قبل اس کے کہ تم پر اچانک عذاب آپڑے اور تم کو (اس کا) خیال بھی نہ ہو۔ کبھی (کل قیامت کو) کوئی شخص کہنے لگے کہ افسوس میری اس کوتاہی پر جو میں نے اللہ کی جناب میں کی اور میں تو (احکام خداوندی پر) ہنستا ہی رہا۔ یا کوئی یہ کہنے لگے کہ اگر اللہ تعالیٰ (دنیا میں) مجھ کو ہدایت کرتا تو میں بھی پرہیزگاروں سے ہوتا یا کوئی عذاب کو دیکھ کر یوں کہنے لگے کہ کاش میرا (دنیا میں) پھر جانا ہو جائے پھر میں نیک بندوں میں ہو جاؤں۔ ہاں بے شک تیرے پاس میری آیتیں پہنچی تھیں۔ سو تو نے ان کو جھٹلایا ور (جھٹلانا کسی شبہ سے نہ تھا بلکہ) تو نے تکبر کیا اور کافروں میں (ہمیشہ) شامل رہا۔ اور آپ قیامت کے دن ان لوگوں کے چہرے سیاہ دیکھیں گے جنہوں نے اللہ پر جھوٹ بولا تھا کیا ان متکبرین کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے اور جو لوگ (شرک و کفر سے) بچتے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو کامیابی کے ساتھ (جہنم سے) نجات دے گا ان کو (ذرا) تکلیف نہ پہنچے گی اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

تفسیر: ربط: اوپر شرک کی مذمت اور اس پر وعید ہے جس سے مقصود دعوت الی التوحید ہے ایسے مضامین سن کر بعض کو شبہ ہوا کہ جب ایسی وعید شدید کے مستحق ہیں تو اگر آئندہ کیلئے ایمان و توحید بھی اختیار کر لیا تب بھی گزشتہ شرک کا وبال تو بھگتنا پڑے گا پھر اسلام لانے سے کیا فائدہ ہوا اس کا جواب اگلی آیتوں میں یہ دیا گیا کہ یہ سب معاف ہو جاویگا اس پر مطلق عذاب نہ ہوگا اور اس معافی کا طریقہ بھی کہ توبہ عن الشرک و رجوع الی الاسلام ہے بتلایا گیا اور اس کے ساتھ یہ بھی سنا دیا کہ جیسے اسلام پر عفو و نجات کا وعدہ مرتب ہے اس کی ضد یعنی اصرار علی الکفر پر وعید مرتب ہے۔

ترتب عفو و نجات مطلقہ بر اسلام وضد او بر ضداو: قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ (الی قولہ تعالیٰ) لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ آپ (ان سوال کرنیوالوں کے جواب میں میری طرف سے) کہہ دیجئے کہ اے میرے بندو جنہوں نے (کفروشرک کر کے) اپنے اوپر زیادتیاں کی ہیں کہ تم خدا کی رحمت سے ناامید مت ہو (اور یہ خیال نہ کرو کہ ایمان لانے کے بعد گزشتہ کفروشرک پر مواخذہ ہوگا سو یہ بات نہیں بلکہ) بالیقین اللہ تعالیٰ (اسلام کی برکت سے) تمام (گزشتہ) گناہوں کو (گو کفروشرک ہی کیوں نہ ہو) معاف فرمادیگا واقعی وہ بڑا بخشنے والا بڑی رحمت کرنیوالا ہے اور (چونکہ اس معافی کی شرط اور طریق کفر سے توبہ کرنا اور اسلام لانا ہے اس لئے) تم (کفر سے توبہ کرنے کیلئے) اپنے رب کی طرف رجوع کرو اور (اسلام قبول کرنے میں) اس کی فرمانبرداری کرو قبل اس کے کہ (اسلام نہ لانے کی صورت میں) تم پر عذاب (الٰہی) واقع ہونے لگے (اور) پھر (اس وقت کسی کی طرف سے) تمہاری کوئی مدد نہ کی جاوے (یعنی جیسا اسلام لانے کی صورت میں سب کفروشرک معاف ہو جاوے گا اسی طرح اسلام نہ لانے کی صورت میں اس کفروشرک پر عذاب ہوگا جس کا کوئی دفعیہ نہیں) اور (جب یہ بات ہے کہ اسلام نہ لانے کا یہ انجام ہے تو) تم (کو چاہئے کہ) اپنے رب کے پاس سے آئے ہوئے اچھے حکموں پر چلو قبل اس کے کہ تم پر اچانک عذاب آپڑے اور تم کو (اس کا) خیال بھی نہ ہو (مراد اس سے عذاب آخرت ہے بقرینہ مابعدہ اور اچانک یا تو اس لئے کہا کہ نفخۂ اولیٰ میں سب ارواح مدہوش ہو جاوینگی پھر نفخۂ ثانیہ کے بعد ادراک عذاب کا ہونے لگے گا۔ اور یا اس لئے کہ جیسا عذاب واقع ہوگا قبل وقوع اس کی حقیقت کا ادراک نہ تھا اور ویسا گمان نہ تھا اور یہ انابت و اسلام و اتباع کا حکم اس لئے دیا جاتا ہے کہ) کبھی (کل قیامت کے روز) کوئی شخص کہنے لگے کہ افسوس میری اس کوتاہی پر جو میں نے خدا کی جناب میں کی (یعنی اس کی اطاعت میں جو مجھ سے تقصیر ہوئی) اور میں تو (احکام خداوندی پر) ہنستا ہی رہا یا کوئی یوں کہنے لگے کہ اگر اللہ تعالیٰ (دنیا میں) مجھ کو ہدایت کرتا تو میں بھی پرہیزگاروں میں سے ہوتا (مگر ہدایت ہی سے محروم رہا اس لئے یہ تمام تر تقصیر و کوتاہی ہوئی) یا کوئی عذاب کو دیکھ کر یوں کہنے لگے کہ کاش میرا (دنیا میں) پھر جانا ہو جاوے پھر میں نیک بندوں میں ہو جاؤں (یہاں حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ کی قید لگانے سے مفہوم ہوتا ہے کہ پہلے دو قول قبل رویت عذاب ہونگے غالباً اول ہی موقف میں جب اطلاع ہوگی اپنے تقصیر فی الاعمال کی اس وقت قول اول کا صدور ہوگا پھر بطور عذر و تعلل کے کہ شاید

تمسک مسئلہ جبر سے جان بچ جاوے قول ثانی سے تقصیر کو عدم ہدایت حق کا مسبب بتاوینگے پھر جب اس عذر کو نافع نہ پاوینگے اور عذاب ہی کا معاینہ ہو جاویگا اس وقت تمنائے رجعت کرینگے پس تینوں قول یکے بعد دیگرے مرتب ہیں خواہ ہر کافر سے تینوں قول کا صدور ہو یا بعض سے بعض کا پس او منع الخلو کیلئے ہے اور چونکہ قول ثانی ظاہراً موجب تلبیس ہے اسلئے اس کا جو رد فرمایا جاویگا اسکو نقل فرماتے ہیں کہ لَوْ اَنَّ اللّٰہَ هَدٰىنِیْ کے جواب میں اس سے کہا جاویگا کہ) ہاں بیشک تیرے پاس میری آیتیں پہنچی تھیں سو تو نے ان کو جھٹلایا اور (جھٹلانا کسی شبہ سے نہ تھا بلکہ) تو نے تکبر کیا اور (یہ بھی نہ ہوا کہ دوسرے وقت دماغ درست ہو جاتا بلکہ) کافروں میں (ہمیشہ) شامل رہا (حاصل جواب یہ کہ ہدایت جبریہ تو خلاف ابتلاء ہے اس کی نفی تو محل اشکال نہیں اور ہدایت غیر جبریہ کی نفی غلط ہے کیونکہ مجئ آیات بھی ہدایت ہے پس هَدٰىنِیْ کا تو تحقق تھا لیکن تقویٰ کا تحقق تیرے سوء اختیار و سوء اکتساب سے نہیں ہوا پس یہ تیرا عذر محض باطل ہے) اور (آگے مصر علی الکفر و تائب عن الکفر کی سزا و جزا کا مختصراً ذکر فرماتے ہیں کہ اے پیغمبر) آپ قیامت کے روز ان لوگوں کے چہرے سیاہ دیکھیں گے جنہوں نے خدا پر جھوٹ بولا تھا (اس میں دو امر آگئے جو بات خدا نے نہیں کہی مثل شرک وغیرہ اس کو کہنا کہ خدا نے کہی ہے اور جو بات خدا نے کہی جیسے قرآن اس کو کہنا کہ خدا نے نہیں کہی ہے) کیا ان متکبرین کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے (جو کہ عناداً و استکباراً تکذیب کریں) اور جو لوگ (شرک و کفر سے) بچتے تھے اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو کامیابی کے ساتھ (جہنم سے) نجات دیگا ان کو (ذرا) تکلیف نہ پہنچے گی اور نہ وہ غمگین ہونگے (کیونکہ جنت میں غم نہیں)۔

ترجمہ مسائل السلوک : وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ ... روح میں ہے کہ ان کے قلوب کی سیاہی ان کے چہروں میں منعکس ہو جاویگی اھ اور راز اس میں یہ ہے کہ عالم معاد کشف حقائق کا عالم ہے۔

الروایات: فی الروح اخرج ابن جریر وابن مردویه عن ابن عباس انه قال ان اهل مكة قالوا يزعم محمد ﷺ انه من عبد الاوثان ودعا مع الله الٰها آخر وقتل النفس التى حرم الله لم يغفر له فكيف نهاجر ونسلم وقد عبدنا الألهة وقتلنا النفس ونحن اهل شرك فانزل الله تعالٰى قل يعبادى الذين الخ۔ وفى اللباب عن ابن عمر قال كنا نقول ما لمفتتن توبة اذا ترك دينه بعد اسلامه ومعرفته فلما قدم رسول الله ﷺ لمدينة انزل فيهم يا عبادى الذين اسرفوا الآية ١٢۔

النحو : قوله ان تقول اى لئلا تقول۔ قوله بمفازتهم حال من الذين اتقوا والباء للملابسة والمعنى ظاهر ١٢۔

البلاغة : قوله عبادى الاضافة للعهد۔ قوله اسرفوا على انفسهم عدى الاسراف بعلى لتضمنه معنى الجناية قوله نفس التنوين للتنكير بقرينة المقام او للتبعيض ويكفى ذلك فى الوعيد لان كل نفس يحتمل ان تكون تلك قوله على ما فرطت على تعليلة وما مصدرية قوله جنب الله اصل الجنب الجارحة ثم يستعار للناحية والجهة التى تليها والمراد بالجهة ههنا الطاعة مجازاً لاشتراكهما فى التعلق بالشىء قوله بلٰى جواب لقوله لو ان الله هدانى المفهوم منه نفى الهداية ولا يشترط فى الجواب ببلى تقدم النفى صريحا وقد اخر عن القرينة الثالثة لتناسب القرائن الثلاثة وتناسقها والتناسب بينهن اتم من التناسب بين القرينة الثانية وجوابها ١٢۔

اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ز وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿٦٢﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٦٣﴾ قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٥﴾ بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ
الشّٰكِرِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ
مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ط سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٧﴾

کیونکہ جنت میں غم نہیں۔ اللہ ہی پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کا اور وہی ہر چیز کا نگہبان ہے اور اسی کے اختیار میں ہیں کنجیاں آسمانوں کی اور زمین کی اور جو لوگ (اس پر بھی) اللہ کی آیتوں کو نہیں مانتے وہ بڑے خسارے میں رہیں گے آپ (ان کے جواب میں) کہہ دیجئے کہ اے جاہلو! کیا پھر بھی تم مجھ کو غیر اللہ کی عبادت کرنے کی فرمائش کرتے ہو اور آپ کی طرف بھی اور پیغمبر آپ سے پہلے ہو گزرے ہیں ان کی طرف بھی یہ (بات) وحی میں بھیجی جا چکی ہے کہ اے عام مخاطب اگر تو شرک کرے گا تو تیرا کیا کرایا کام (سب) غارت ہو جائے گا تو خسارہ میں پڑے گا (تو اے مخاطب کبھی شرک مت کرنا) بلکہ (ہمیشہ) اللہ ہی کی عبادت کرنا اور (اللہ تعالیٰ کا) شکر گزار رہنا اور (افسوس

www.besturdubooks.net

ہے کہ) ان لوگوں نے اللہ کی عظمت نہ کی۔ جیسی عظمت کرنی چاہئے تھی حالانکہ (اس کی وہ شان ہے کہ) ساری زمین اس کی مٹھی میں ہوگی قیامت کے دن اور تمام آسمان لپٹے ہوں گے اس کے داہنے ہاتھ وہ پاک اور برتر ہے ان کے شرک سے۔

تفسیر ربط: اوپر امر بالتوحید اور اس پر ترتب لطف مزید اور منع عن الشرک والتندید اور اس پر ترتب وعید شدید مذکور تھا آگے آیات اَللّٰهُ خَالِقُ الخ اور لَهٗ مَقَالِيْدُ ...... اور وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا ...... میں بعض صفات الٰہیہ سے توحید وتحقق وعدو وعید کی تائید اور درمیان میں ذم شرک سے نہی عن الشرک کی تاکید ونیز وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا ...... سے تفصیل آئندہ احوال یوم الوعید کی تمہید کے مضامین ہیں۔

تائید امر بتوحید تحقق وعدو وعید وتاکید ذم تندید: اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ (الى قوله تعالى) سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ اللہ ہی پیدا کرنیوالا ہے ہر چیز کا اور وہی ہر چیز کا نگہبان ہے (اور) اسی کے اختیار میں ہیں کنجیاں آسمان اور زمین کی (یعنی موجد بھی وہی وہو قولہ خالق۔ متقی اور حافظ بھی وہی وہو قولہ وکیل اور متصرف بھی وہی وهو قوله له مقاليد لان المتصرف فى الخزائن عادة هو صاحب المقاليد پس ایسے اوصاف کمال رکھنے والا شریک سے بھی منزہ ہوگا اور جزا وسزا کا بھی مالک ہوگا اس سے اوپر کے دونوں مضمون توحید ووعدہ ووعید کی تائید ہوگئی) اور (چونکہ خالق وحافظ ومالک مقالید ہونا مخالفین کے نزدیک بھی مسلم تھا پس مقدمات کے تسلیم سے مقاصد یعنی ثبوت توحید وصحت مجازات کا تسلیم کرنا زیادہ ترمؤکد ہوگیا پس) جو لوگ (اس پر بھی) اللہ کی آیتوں کو (جو کہ مشتمل ہیں توحید ومجازات پر اور مؤید ہیں مقدمات مسلمہ سے) نہیں مانتے وہ بڑے خسارہ میں رہیں گے (اور اے پیغمبر یہ لوگ خود تو کفر وشرک میں مبتلا تھے ہی مگر ان کا یہاں تک حوصلہ بڑھا ہے کہ نعوذ باللہ آپ کو اپنے طریقہ پر لانے کی فرمائش کرتے ہیں سو) آپ (ان کے جواب میں) کہہ دیجئے کہ اے جاہلو کیا (بعد اس[1] کے کہ توحید ثابت ہوچکی اور شرک باطل ہو چکا) پھر بھی تم مجھ کو غیر اللہ کی عبادت کرنے کی فرمائش کرتے ہو اور (اے پیغمبر بھلا آپ میں نعوذ باللہ صدور شرک کا کب احتمال ہے جس پر وہ احمق توقع کرتے ہیں کیونکہ) آپ کی طرف بھی اور جو پیغمبر آپ سے پہلے ہو گزرے ہیں ان کی طرف بھی یہ (بات) وحی (میں) بھیجی جاچکی ہے (کہ اپنے ہر امتی کو پہنچادیں) کہ اے عام مخاطب اگر تو شرک کریگا تو تیرا کیا کرایا کام (سب) غارت ہو جاویگا اور تو خسارہ میں پڑیگا (تو اے[2] مخاطب کبھی شرک مت کرنا) بلکہ (ہمیشہ) اللہ ہی کی عبادت کرنا اور (اللہ کا) شکر گزار رہنا (یہ دلیل ہے قبح شرک کی کہ وہ اشد (درجہ کی ناشکری ہے پس جب انبیاء کو قبح شرک وحی سے معلوم ہے اور دوسروں تک اسکے پہنچانے کا حکم ہے تو ان سے کہ ان میں سے آپ بھی ہیں صدور شرک کب ممکن ہے تو ایسی ہوس رکھنا انکا خلل دماغ ہے) اور (افسوس ہے کہ) ان لوگوں نے خداتعالیٰ کی کچھ عظمت نہ کی جیسے عظمت کرنی چاہئے تھی (حق عظمت سے مراد توحید ہے اور اس کی نفی سے مراد شرک) حالانکہ (اس کی وہ شان ہے کہ) ساری زمین اس کی مٹھی میں ہوگی قیامت کے دن اور تمام آسمان لپٹے ہونگے اس کے داہنے ہاتھ میں (اور کوئی دوسرا ایسا ہے نہیں پس) وہ پاک اور برتر ہے ان کے شرک سے (اور اس آیت میں تقریر توحید کے ساتھ آئندہ مضمون کی تمہید بھی ہوگئی) ف: وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا کی تقریر ترجمہ سے معلوم ہوگیا ہوگا کہ یہاں اس کا لانا بطور تفریع علی السابق کے ہے پس نہ یہ وسوسہ رہا کہ یہاں سزا کے ساتھ جزا کیوں نہ مذکور ہوئی اور نہ اس وسوسہ کے دفع کیلئے اس کہنے کی ضرورت رہی کہ اس کا عطف وَيُنَجِّي پر ہے کہ اس میں دوسرا وسوسہ ہوگا کہ اسکا مقابلہ تو تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا سے پورا ہو چکا تھا پھر اسکی کیا ضرورت رہی اور وَ السَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ کی تفسیر کیلئے سورۂ انبیاء کی آیت: يَوْمَ نَطْوِى السَّمَآءَ ...... [الأنبياء: ۱۰۴] کی تفسیر ملاحظہ کرلی جاوے اور یمین وغیرہ کا ثبوت متشابہات میں سے ہے بلاکیف ایمان واجب ہے تو توحید کو حق تعظیم باعتبار عقائد کے کہا اور نہ حق تعظیم اسمیں منحصر نہیں اور کسی شئے کا حق ہونا باعتبار وسع عبد کے ہے ورنہ اسکی ذات کاملہ کا حق کون ادا کرسکتا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قوله فى افغير الله بعد اس کے اشارة الى وجه التفريع بالفاء ۱۲۔ [2] قوله فى بل الله فاعبد تو اے مخاطب الخ اشار به الى معنى الفاء وبل ۱۲۔

الروایات: فى الدر اخرج البيهقى فى الدلائل عن الحسنؒ قال قال المشركون للنبى ﷺ اتضلل آبائك واجدادك يا محمد فانزل الله قل افغير الله الى الشاكرين ۱۲۔

اللغات: قبضته مصدر بمعنى المقبوض ۱۲۔

البلاغۃ: لهٗ مقاليد فى المدارك هو من باب الكناية لان حافظ الخزائن ومدبر امرها هو الذى يملك مقاليدها ومنه قولهم فلان يملك مقاليد الملك وهى المفاتيح واحدها اقليد وقيل لا واحد لها من لفظها والكلمة اصلها فارسية۔ قوله قبضته الخ اختار فى الارض القبضة وفى السموات اليمين رعايةً لصغر الارض۔ وكبر السموات فان العادة انه يقبض على الشئ اذا كان صغيرا ويوضع فى اليد من غير قبض اذا كان كبيرا وان كانت الاشياء كلها صغيرة بالنسبة الى يد الله تعالىٰ كذا اجرى الله تعالىٰ على

www.besturdubooks.net

لسان اهلي وقت بلوغها هذه الآية في درسها ترجمة القرآن فلا تنظروا الى من قال وانظروا الى ما قال فالله تعالى يلقي ما يشاء علي من يشاء وادعوا الله لها واسأل الناظرين ان يدعوا لها ان يرزقها علما وعملا ويغفر لها ويرحمها ۱۲۔

وَ نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَ اَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَ وُضِعَ الْكِتٰبُ وَ جِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَ هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَ وُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۰﴾ ع وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَ قَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَ يُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا بَلٰى وَ لٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۱﴾ قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَ فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَ قَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ وَ قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَ اَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۷۴﴾ ع وَ تَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَ قِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۵﴾

اور (قیامت کے روز) صور میں پھونک ماری جائے گی سو تمام آسمان اور زمین والوں کے ہوش اڑ جائیں گے مگر جس کو اللہ چاہے پھر اس (صور) میں دوبارہ پھونک ماری جائے گی تو دفعۃً سب کے سب کھڑے ہو جائیں گے (اور چاروں طرف) دیکھنے لگیں گے اور زمین اپنے رب کی نور (بے کیف) سے روشن ہو جائے گی اور (سب کا) نامۂ اعمال (ہر ایک کے سامنے) رکھ دیا جائے گا اور پیغمبر اور گواہ حاضر کئے جائیں گے اور سب میں ٹھیک ٹھیک فیصلہ کیا جائے گا اور ان پر ذرا ظلم نہ ہوگا اور ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور وہ سب کاموں کو خوب جانتا ہے اور جو کافر ہیں وہ جہنم کی طرف گروہ گروہ بنا کر ہانکے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب دوزخ کے پاس پہنچے گے تو اس وقت اس کے دروازے کھول دیے جائیں گے ان سے دوزخ کے محافظ (فرشتے بطور ملامت) کہیں گے کیا تمہارے پاس تم ہی لوگوں میں سے پیغمبر نہ آئے تھے۔ جو تم کو تمہارے رب کی آیتیں پڑھ کر سنایا کرتے تھے اور تم کو تمہارے اس دن کے پیش آنے سے ڈرایا کرتے تھے۔ کافر کہیں گے کہ ہاں لیکن عذاب کا وعدہ کافروں پر پورا کر رہا۔ پھر ان سے کہا جائے گا (یعنی وہ فرشتے کہیں گے) کہ جہنم کے دروازوں میں داخل ہو اور ہمیشہ اس میں رہا کرو غرض (خدا کے احکام سے) تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے اور جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے تھے وہ گروہ گروہ کر کے جنت کی طرف روانہ کئے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب اس جنت کے پاس پہنچیں گے اور اس کے دروازے پہلے سے کھلے ہوئے ہوں گے تا کہ ذرا بھی دیر نہ لگے اور وہاں کے محافظ فرشتے ان سے کہیں گے السلام علیکم تم مزہ میں رہے سو اس جنت میں ہمیشہ رہنے کے لئے داخل ہو جاؤ۔ اور داخل ہو کر کہیں گے کہ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے جس نے ہم سے اپنا وعدہ سچا کیا۔ اور ہم کو اس سرزمین کا مالک بنا دیا۔ کہ ہم جنت میں جہاں چاہیں مقام کریں۔ غرض نیک عمل کرنے والوں کا اچھا بدلہ ہے اور آپ فرشتوں کو دیکھیں گے کہ (حساب کے اجلاس کے وقت) عرش کے گرداگرد حلقہ باندھے ہوں گے اور اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے ہوں گے اور تمام بندوں میں ٹھیک ٹھیک فیصلہ کر دیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ ساری خوبیاں خدا کو زیبا ہیں جو تمام عالم کا پروردگار ہے۔

تفسیر ربط: اوپر: وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ [الأنعام: ۹۱] میں بضمن اثبات توحید و ابطال شرک مضمون مجازات کی تمہید تھی اور اس سے اوپر بھی بعض آیات میں اجمالاً اس کا ذکر ہوا ہے آگے مقصوداً و مفصلاً ختم سورت تک یہی مضمون ہے۔

خاتمہ در تفصیل مجازات: وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ (الی قوله تعالی) وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۵﴾ اور (قیامت کے روز جس کا اوپر ذکر آیا ہے) صور میں پھونک ماری جاوے گی سو تمام آسمان اور زمین والوں کے ہوش اڑ جاویں گے (پھر زندہ تو مر جاویں گے اور مردوں کی روحیں بیہوش ہو جاویں گی) مگر جس کو خدا چاہے (وہ اس بیہوشی اور موت سے محفوظ رہیگا) پھر اس (صور) میں دوبارہ پھونک ماری جاوے گی تو دفعۃً سب کے سب (ہوش میں آ کر اور ارواح

www.besturdubooks.net

کا تعلق ابدان سے ہو کر قبروں سے نکل) کھڑے ہو جاوینگے (اور چاروں طرف) دیکھنے لگیں گے (جیسا کہ حادثۂ غریبہ کے وقوع کے وقت عادت طبعی ہے) اور (پھر حق تعالیٰ حساب کے لئے زمین پر اپنی شان کے مناسب نزول وتجلی فرماوینگے اور) زمین اپنے رب کے نور (بے کیف) سے روشن ہو جاویگی اور (سب کا) نامۂ اعمال (ہر ایک کے سامنے) رکھ دیا جاویگا اور پیغمبر اور گواہ حاضر کئے جاوینگے (گواہ مفہوم عام سے شامل ہے پیغمبروں کو کما قال: جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ [النساء: ٤١] اور فرشتوں کو کما قال تعالى: مَعَهَا سَائِقٌ وَشَهِيدٌ [ق: ٢١] جس کی تفسیر ملک کے ساتھ مرفوعاً وموقوفاً وارد ہے كذا في سورة ق من الدر المنثور اور امت محمدیہ کو کما قال تعالى: لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ [النساء: ١٤٣] اور اعضاء وجوارح کو کما قال تعالى: وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُمْ [يس: ٦٥]) اور سب (مکلفین) میں (حسب اعمال) ٹھیک ٹھیک فیصلہ کیا جاویگا اور ان پر ذرا ظلم نہ ہوگا (کہ کوئی نیک عمل جو بشرائط واقع ہوا ہو چھپا لیا جاوے یا کوئی بد عمل بڑھا دیا جاوے) اور ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جاویگا (اعمال نیک میں بدلہ کے پورا ہونے سے مقصود نفی کمی کی ہے اور اعمال بد میں بدلہ کے پورا ہونے سے مقصود زیادتی کی نفی ہے) اور وہ سب کے کاموں کو خوب جانتا ہے (پس اس کو ہر ایک کے موافق جزا دیدینا کچھ مشکل نہیں) اور (بیان اس کا بدلہ جو نتیجہ فیصلہ کا ہے یہ ہے کہ) جو کافر ہیں وہ جہنم کی طرف گروہ گروہ بنا کر دھکے دے کر ذلت وخواری کے ساتھ) ہانکے جاوینگے (گروہ گروہ اس لئے کہ اقسام ومراتب کفر کے جدا جدا ہیں پس ایک ایک طرح کے کفار کا ایک ایک گروہ ہوگا) یہاں تک کہ جب دوزخ کے پاس پہنچیں گے تو (اس وقت) اس کے دروازے کھول دیئے جاوینگے اور ان سے دوزخ کے محافظ (فرشتے بطور ملامت کے) کہیں گے کیا تمہارے پاس تم ہی لوگوں میں سے (کہ اس صورت میں فیض لینا بھی آسان تھا) پیغمبر نہ آئے تھے جو تم کو تمہارے رب کی آیتیں پڑھ کر سنایا کرتے تھے اور تم کو تمہارے اس دن کے پیش آنے سے ڈرایا کرتے تھے وہ کافر کہیں گے کہ ہاں (رسول بھی آئے تھے اور انہوں نے ڈرایا بھی) لیکن عذاب کا وعدہ کافروں پر (جن میں ہم بھی داخل ہیں) پورا ہو کر رہا (یہ اعتذار نہیں بلکہ اعتراف ہے کہ باوجود ابلاغ کے ہم نے کفر کیا اور کافروں کیلئے جو عذاب موعود تھا وہ ہمارے سامنے آیا واقعی ہماری نالائقی ہے۔ پھر ان سے) کہا جاویگا (یعنی وہ فرشتے کہیں گے) کہ جہنم کے دروازوں میں داخل ہو (اور) ہمیشہ اس میں رہا کرو غرض (خدا کے احکام سے) تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے (پھر اس حکم کے بعد وہ جہنم میں داخل کئے جاوینگے اور دروازے بند کر دیئے جاوینگے کما قال تعالى: عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ [البلد: ٢٠] یہ تو کفار کا حال ہوا) اور جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے تھے (جس کا ابتدائی مرتبہ ایمان ہے پھر آگے مراتب مختلفہ ہیں) وہ گروہ گروہ ہو کر (کہ جس مرتبہ کا تقویٰ ہوگا اس مرتبہ کے متقی ایک جگہ کر دیئے جاوینگے اور) جنت کی طرف (شوق دلا کر جلدی) روانہ کئے جاوینگے یہاں تک کہ جب اس (جنت) کے پاس پہنچیں گے اور اس کے دروازے (پہلے سے) کھلے ہوئے ہونگے (تا کہ ذرا بھی دیر نہ لگے اور نیز اہل اکرام کے لئے ایسا ہی ہوتا ہے جیسا مہمان کے لئے عادت ہے کہ پہلے سے دروازہ کھول دیا جاتا ہے کما قال تعالى: مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْأَبْوَابُ [ص: ٥٠]) اور وہاں کے محافظ (فرشتے) ان سے (بطور اکرام وثناء کے) کہیں گے کہ السلام علیکم تم مزہ میں رہو سو اس (جنت) میں ہمیشہ رہنے کیلئے داخل ہو جاؤ (اس وقت اس میں داخل ہو جاویں گے اور داخل ہو کر) کہیں گے کہ اللہ کا (لاکھ لاکھ) شکر ہے جس نے ہم سے اپنا وعدہ سچا کیا اور ہم کو اس سرزمین کا مالک بنا دیا کہ ہم جنت میں جہاں چاہیں مقام کریں (یعنی ہر شخص کو خوب فراغت کی جگہ ملی ہے کہ خوب کھل کھیل کر چلیں پھریں بیٹھیں اٹھیں قیام کے طور پر تو اپنی ہی جگہ میں اور سیر کے طور پر دوسرے جنتی کے درجہ میں بھی) غرض (نیک) عمل کرنیوالوں کا اچھا بدلہ ہے (یا تو ان ہی کا کلام ہو یا اللہ تعالیٰ کا ہو) اور (آگے اجلاس سے اخیر فیصلہ تک کے اسی مضمون کو مختصر اور پرشوکت الفاظ میں بطور تلخیص کے فرماتے ہیں کہ) آپ فرشتوں کو دیکھیں گے کہ (نزول اجلاس للحساب کے وقت) عرش کے گرداگرد حلقہ باندھے ہونگے (اور) اپنے رب کی تسبیح وتحمید کرتے ہونگے اور تمام بندوں میں ٹھیک ٹھیک فیصلہ کر دیا جاویگا اور (اس فیصلہ کے ٹھیک ہونے پر ہر طرف سے جوش کے ساتھ یہی خروش ہوگا اور) کہا جاویگا کہ ساری خوبیاں خدا کو زیبا ہیں جو تمام عالم کا پروردگار ہے (جس نے ایسا عمدہ فیصلہ کیا پھر اس نعرۂ تحسین پر دربار برخاست ہو جاویگا) **ف:** یہاں قیام فرمایا اور یٰسین میں ينسلون وجہ تطبیق سورۂ یٰسین میں مذکور ہوئی ہے۔ اور إِلَّا مَن شَاءَ کی تفسیر سورۂ نمل کے اخیر رکوع میں گزر چکی ہے اور أَشْرَقَتِ الْأَرْضُ اور وَتَرَى الْمَلَائِكَةَ حَافِّينَ کی تفسیر میں جو لکھا گیا ہے درمنثور کی حدیث مرفوع سے ماخوذ ہے اور جنت کے موضع مشی کو ارض کہنے میں حقیقت اور مجاز دونوں محتمل ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قوله تعالى: وَسِيقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ بعض نے کہا ہے کہ میدان محشر میں ان کو ایک بار رویت حق ہو چکی ہوگی کما

www.besturdubooks.net

فی صحیح مسلم اوران کو یہ معلوم نہ ہوگا کہ جنت میں بھی رویت ہوگی اس لئے جنت میں جاتے ہوئے متردد ہونگے پس فرشتوں کے سوق کی نوبت آوے گی اور بعض نے کہا ہے کہ اس سوق کا فاعل شوق ہے جب ان کو معلوم ہوگا کہ جنت میں رؤیت ہوگی اس شوق میں دوڑے ہوئے چلے جائیں گے اور دونوں قولوں میں امر مشترک انکار رؤیت الہیہ کو مقصود بالذات سمجھنا ہے۔ سورۂ زمر تمام ہوئی۔

اللغات: حافين من حول العرش في القاموس محدقين باحفته اى جوانبه ۱۲۔

النحو: حتى اذا جاء وها وفتحت الخ الواو للحال وجواب اذا محذوف مقدر على ختم الآية اى دخلوها وعطف عليه وقالوا ۱۲۔

وقدتم بعونه تعالى وصونه تفسير سورة الزمر للثاني والعشرين من ربيع الاول شهر مولد الشفيع الاول

يوم الثنين ۱۳۲۵ھ من الهجرة۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْمُؤْمِن

سُوْرَةُ الْمُؤْمِن ۴۰ مَكِّيَّة ۶۰ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۸۵ | رُكُوْعَاتُهَا ۹

سورۃ المؤمن مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۸۵ آیات اور ۹ رکوع ہیں

حٰمٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝۲ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَ قَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي
الطَّوْلِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝۳ مَا يُجَادِلُ فِيْۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ
تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ۝۴ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۪ وَ هَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۭ بِرَسُوْلِهِمْ
لِيَاْخُذُوْهُ وَ جٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝۵ وَ كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ
رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝۶ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَ مَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ
بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَ يَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا
فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَ اتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَ قِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝۷ رَبَّنَا وَ اَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨ الَّتِيْ
وَعَدْتَّهُمْ وَ مَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَ اَزْوَاجِهِمْ وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۸ وَ قِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ
١ ع ۹ ٦ وَ مَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹

حٰمٓ ۔ (اس کے معنی اللہ ہی کو معلوم ہیں) یہ کتاب اتاری گئی ہے اللہ کی طرف سے جو زبردست ہے ہر چیز کا جاننے والا۔ گناہ بخشنے والا ہے اور توبہ کا قبول کرنے والا سخت سزا دینے والا ہے۔ قدرت والا ہے۔ اس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں۔ اسی کے پاس سب کو جانا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ان آیتوں میں یعنی قرآن میں (لوگ ناحق کے) جھگڑے نکالتے ہیں جو اس کے منکر ہیں سو ان لوگوں کا شہروں میں امن وامان سے چلنا پھرنا آپ کو اشتباہ میں نہ ڈالے۔ ان سے پہلے نوح کی قوم نے اور دوسرے گروہوں نے بھی جو ان کے بعد ہوئے (جیسے عاد وثمود وغیرہ ہم دین حق کو) جھٹلایا تھا اور ہر امت میں سے جو لوگ ایمان نہ لائے تھے۔ انہوں نے اپنے پیغمبر کے گرفتار کرنے کا ارادہ کیا اور ناحق کے جھگڑے نکالے تاکہ اس ناحق سے حق کو باطل کر دیں۔ سو میں نے آخر ان پر داروگیر کی سو (دیکھو) میری میری طرف سے ان کو کیسی سزا ہوئی اور اسی طرح تمام کافروں پر آپ کے پروردگار کا یہ قول ثابت ہو چکا ہے کہ وہ لوگ (آخرت میں) دوزخی ہوں گے۔ ہر چیز کو شامل ہے سو ان لوگوں کو بخش دیجئے جنہوں نے (شرک وکفر سے) توبہ کر لی ہے اور آپ کے رستہ پر چلتے ہیں اور ان کو جہنم کے عذاب سے بچا لیجئے اے ہمارے پروردگار ان کو ہمیشہ رہنے کی بہشتوں میں جن کا آپ نے ان سے وعدہ کیا ہے داخل کر دیجئے اور ان کے ماں باپ اور بیبیوں اور اولاد میں جو جنت کے لائق یعنی مؤمن ہوں ان کو بھی داخل کر دیجئے بلاشک آپ زبردست حکمت والے ہیں اور ان کو قیامت کے دن ہر طرح کی تکالیف سے بچائیے اور آپ جس کو اس دن کی تکالیف سے بچالیں تو اس پر آپ نے بہت مہربانی فرمائی اور یہ بڑی کامیابی ہے۔

تفسیر: سوۃ المؤمن مکیۃ وآیہا خمس او ست او ثمان و ثمانون و کذا فی الروح۔

www.besturdubooks.net

ربط: اس تمام تر سورت کا حاصل تین مضمون ہیں ایک توحید کہیں اس پر استدلال ہے کہیں اس کا امر اور اسکے ضد سے نہی ہے اور کہیں اس کے اعتقاد رکھنے والوں کی مدح اور بشارت ہے۔ دوسرا مضمون مجادلین فی الحق کی کہ عموم حق میں رسالت وغیرہ بھی داخل ہے تہدید ہے کہیں عقوبت دنیویہ سے کہیں عذاب اخروی سے۔ تیسرا مضمون رسول اللہ ﷺ کا تسلیہ ہے اور تہدید وتسلیہ کی تاکید وتائید کے لئے فرعون اور موسیٰ علیہ السلام کا قصہ کسی قدر مفصل اور انبیائے سابقین کا ارسال بعنوان مجمل بیان فرمایا ہے اور سورت سابقہ کے ختم پر مؤمنین وکفار کا تفاوت حال آخرت میں کہ ایک ناجی ایک مبتلائے نکال ہے اور اس سورت میں فریقین کا تفاوت حال دنیا میں کہ ایک مؤمن منقاد دوسرا گرفتار جدال وضلال ہے مذکور ہونے سے دونوں کے خاتمہ وفاتحہ میں بھی تناسب ظاہر ہو گیا اور اس بیان حال فی الدنیا سے پہلے جو منزل بالفتح کی حقیت اور منزل بالکسر کی بعض صفات مع توحید وارد ہیں وہ بطور تمہید وتعیین محل اختلاف مجادلین اور انکے مقابلین کے سمجھنا چاہئے پس خاتمہ وفاتحہ کے مضمون میں تخلل اجنبی کا شبہ نہ کرنا چاہئے۔

تہدید مجادل عنید وتعدید مدائح اہل توحید بعد بیانِ حقیت قران مجید وبعضے صفات عزیز حمید بطور تمہید

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ (الٰی قولہ تعالٰی) وَ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ ۔ حٰمٓ۔ (اس کے معنی اللہ ہی کو معلوم ہیں) یہ کتاب اتاری گئی ہے اللہ کی طرف سے جو زبردست ہے ہر چیز کا جاننے والا ہے گناہ کا بخشنے والا ہے اور توبہ کا قبول کرنیوالا ہے سخت سزا دینے والا ہے قدرت والا ہے اسکے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اسی کے پاس (سب کو) جانا ہے (پس قرآن اور توحید کی حقیت کا مقتضا یہ ہے کہ اس میں انکار وجدال نہ کیا جاوے مگر پھر بھی) اللہ تعالیٰ کی ان آیتوں میں (یعنی قرآن میں جو کہ مشتمل توحید پر بھی ہے) وہی لوگ (ناحق کے) جھگڑے نکالتے ہیں جو (اسکے) منکر ہیں (اور انکار کا مقتضا یہ ہے کہ ان کو سزا ہو جاتی لیکن عاجلاً سزا نہ ہونا استدراج ہے) (سو ان لوگوں کا شہروں میں (امن وامان سے حظوظ دنیویہ کے لئے) چلنا پھرنا آپ کو اشتباہ میں نہ ڈالے (کہ اس سے ان کا سزا سے ہمیشہ کے لئے بچا رہنا سمجھ لیا جاوے اور آپ کے اس خطاب سے دوسروں کو سنانا مقصود ہے غرض ان پر کسی نہ کسی وقت دار وگیر ضرور ہوگی چنانچہ) ان سے پہلے نوح (علیہ السلام) کی قوم نے اور دوسرے گروہوں نے بھی جو کہ ان کے بعد ہوئے (جیسے عاد وثمود وغیرہم دین حق کو) جھٹلایا تھا اور ہر امت (میں سے جو لوگ ایمان نہ لائے تھے انہوں) نے اپنے پیغمبر کے گرفتار کرنے کا ارادہ کیا (کہ پکڑ کر قتل کر دیا جاوے) اور ناحق کے جھگڑے نکالے تاکہ اس ناحق سے حق کو باطل کر دیں سو میں نے (آخر) ان پر دار وگیر کی سو (دیکھو) میری طرف سے (انکو کیسی سزا ہوئی اور (جس طرح ان کو دنیا میں سزا ہوئی) اسی طرح تمام کافروں پر آپ کے پروردگار کا یہ قول ثابت ہو چکا ہے کہ وہ لوگ (آخرت میں) دوزخی ہونگے (یعنی یہاں بھی سزا ہوئی اور وہاں بھی ہوگی۔ اسی طرح کفر کے سبب ان کفار حاضرین کو بھی دار وگیر اور سزا ہونے والی ہے خواہ دونوں عالم میں یا آخرت میں۔ یہ تو حال منکرین کا ہوا کہ مستحق اہانت وعقوبت ہیں اور جو لوگ موحد اور مومن ہیں وہ ایسے مکرم ہیں کہ ملائکہ مقربین مثل ایمان وتسبیح کے ان کیلئے دعا واستغفار کرنے میں مشغول رہتے ہیں جو کہ حسب قاعدہ یفعلون ما یؤمرون علامت ہے ان کے مامور بالاستغفار ہونے کی جس سے مؤمنین کا محبوب عنداللہ ہونا ثابت ہوتا ہے چنانچہ ارشاد ہے کہ) جو فرشتے کہ عرش (الٰہی) کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو فرشتے اس کے گرداگرد ہیں وہ اپنے رب کی تسبیح وتحمید کرتے رہتے ہیں اور اس پر ایمان رکھتے ہیں اور ایمان والوں کے لئے (اس طرح دعا و) استغفار کیا کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار آپ کی رحمت (عامہ) اور علم ہر چیز کو شامل ہے (پس اہل ایمان پر بدرجہ اولیٰ رحمت ہوگی اور ان کے ایمان کا آپ کو علم بھی ہے) سو ان لوگوں کو بخش دیجئے جنہوں نے (شرک وکفر سے) توبہ کر لی ہے اور آپ کے راستہ پر چلتے ہیں اور ان کو جہنم کے عذاب سے بچا لیجئے (جو کہ مقتضا ہے مغفرت کا کیونکہ سبب عذاب کا ذنوب ہیں ان کے ارتفاع سے وہ بھی مرتفع ہو جاویگا) اے ہمارے پروردگار اور (دوزخ سے بچا کر) ان کو ہمیشہ رہنے کی بہشتوں میں جس کا آپ نے ان سے وعدہ کیا ہے داخل کر دیجئے اور ان کے ماں باپ اور بیبیوں اور اولاد میں جو (جنت کے) لائق (یعنی مؤمن) ہوں (گو ان موصوفین کے درجہ کے نہ ہوں) ان کو بھی داخل کر دیجئے بلاشک آپ زبردست حکمت والے ہیں (کہ مغفرت پر قادر ہیں اور ہر ایک کے مناسب اس کو درجہ عطا فرماتے ہیں) اور (جیسا) ان کو دوزخ سے جو کہ عذاب اعظم ہے بچانے کیلئے آپ سے دعاء ہے اسی طرح یہ بھی دعاء ہے کہ) ان کو (قیامت کے دن ہر طرح کی) تکالیف سے بچایئے (گو وہ جہنم سے خفیف ہوں جیسے میدان قیامت کی پریشانیاں) اور آپ جس کو اس دن کی تکالیف سے بچالیں تو اس پر آپ نے (بہت) مہربانی فرمائی اور یہ (جو مذکور ہوا مغفرت وحفاظت عذاب اکبر واصغر سے اور دخول جنت) بڑی کامیابی ہے (پس اپنے مؤمن بندوں کو اس سے محروم نہ رکھئے)۔ ف: یہاں سے سورۂ احقاف تک متصل سات سورتیں حم سے شروع ہوئی ہیں اور عجیب لطیفہ ہے کہ ساتوں قرآن مجید کے منزل وموحیٰ من اللہ ہونے کے مضمون سے شروع ہوئی ہیں اور ایک آیت میں جو: وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ [الشوریٰ: ۵] آیا ہے اس میں یا تو مَنْ فِي الْاَرْضِ سے مراد مؤمنین ہیں یا استغفار سے مراد دعائے ترک معاجلت عقوبت ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: (سورۂ مؤمن) قولہ تعالیٰ: مَا يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اس آیت میں جدال بالباطل کی مذمت ہے چنانچہ اس کے

www.besturdubooks.net

بعد متصل ہی ارشاد ہے: وَجٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ اور جو جدال بالحق وللحق ہے وہ مامور بہ ہے قال تعالی: وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ أَحْسَنُ [النحل: ۱۲۵] اوران میں فرق کی رعایت کرنا اہل اللہ کے خواص سے ہے۔ قولہ تعالیٰ: اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ...... اس میں اشارہ ہے شرف ایمان واہل ایمان کی طرف کہ ملائکہ ان کیلئے استغفار کرتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في يجادل ناحق للقرينة العقلية والنقلية من قوله وجادلوا بالباطل ۱۲۔ ۲ قوله قبل فاغفر پس اہل ایمان اہل علم بھی ہے اشار به الى توجيه مدخلية الرحمة والعلم في الدعاء بالمغفرة كما هو مدلول الفاء ۱۲۔

اللغات: الطول في القاموس القدرة والغنى والسعة والفضل قوله ليدحضوا دحضت الحجة بطلت كذا في القاموس ۱۲۔

البلاغۃ: قوله العزيز الى ذى الطول في بعض الصفات ترهيب وفي بعضها ترغيب قوله وقابل التوب توسيط الواو بين الغافر والقابل لافادة الجمع للمذنب التائب بين رحمتين الغفران وقبول التوبة ولا ينافي ذلك انه عز وجل قد يغفر لمن لم يتب كذا في الروح مختصر ۱۲۔

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ أَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ أَنْفُسَكُمْ إِذْ تُدْعَوْنَ إِلَى الْإِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰﴾ قَالُوْا رَبَّنَا أَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَأَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ إِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۱۱﴾ ذٰلِكُمْ بِأَنَّهٗ إِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ وَإِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ﴿۱۲﴾

جولوگ کافر ہوئے (اس وقت) ان کو پکارا جائے گا کہ جیسی تم کو (اس وقت) اپنے سے نفرت ہے اس سے بڑھ کر اللہ کو (تم سے) نفرت تھی جب کہ تم (دنیا میں) ایمان کی طرف بلائے جاتے تھے پھر تم نہیں مانا کرتے تھے۔ وہ لوگ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار آپ ہم کو دوبارہ مردہ رکھا اور دوبارہ زندگی دی سو ہم اپنی خطاؤں کا اقرار کرتے ہیں تو کہاں (یہاں سے) نکلنے کی کوئی صورت ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ جب صرف اللہ کا نام لیا جاتا تھا تو تم انکار کرتے تھے اور اگر اس کے ساتھ کسی کو شریک کیا جاتا تھا تو تم مان لیتے تھے سو (اس پر) یہ فیصلہ اللہ کا ہے جو عالیشان (اور) بڑے رتبے والا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر تہدید میں أَنَّهُمْ أَصْحٰبُ النَّارِ سے کفار کا دوزخ میں داخل ہونا مذکور تھا آگے دخول نار کے بعد کا حال مذکور ہوتا ہے۔

بعضے از احوال کفار بعد دخول نار: إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (الی قولہ تعالی) فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ﴿۱۲﴾ جولوگ کافر ہوئے (وہ جب دوزخ میں جا کر اپنے کفر وشرک کے اختیار کرنے پر حسرت وافسوس کرینگے اور خود ان کو اپنے سے سخت نفرت ہوگی حتی کہ غصہ کے مارے اپنی انگلیاں کاٹ کاٹ کھاوینگے كما في الدر عن الحسن (اسوقت) ان کو پکارا جاویگا کہ جیسی تم کو (اس وقت) اپنے سے نفرت ہے اس سے بڑھ کر خدا کو (تم سے) نفرت تھی جبکہ تم (دنیا میں) ایمان کی طرف بلائے جاتے تھے پھر (بلانے کے بعد) تم نہیں مانا کرتے تھے (اس کہنے سے مقصود زیادت تحسیر وتندیم ہے) وہ لوگ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار (ہم جو حیات ثانیہ کا انکار کیا کرتے تھے اور اسی کے انکار سے کفر وشرک وجمیع معاصی پر دلیر تھے اب ہم کو اپنی غلطی معلوم ہوگئی چنانچہ ہم نے دیکھ لیا کہ) آپ نے ہم کو دوبار مردہ رکھا (ایک بار قبل تولد جبکہ حالت جمادیت میں تھے جس میں جان متعارف نہیں ہوتی اور دوسری بار جس کو سب موت کہتے ہیں) اور دوبار زندگی دی (ایک دنیا کی زندگی دوسری آخرت کی وہذا کقولہ تعالیٰ: وَكُنْتُمْ أَمْوَاتًا [البقرۃ: ۲۸] یہ سب چار حالتیں ہوئیں گو ان میں انکار ایک ہی کا تھا اور اسی کا اقرار اس وقت مقصود ہے لیکن بقیہ تین حالتیں اس لئے ذکر کردیں کہ وہ یقینی تھیں پس مقصود یہ ہوگا کہ یہ رابعہ بھی مثل ان ہی ثلثہ کے متیقن ومحقق ہے۔) سو ہم اپنی خطاؤں کا (جس میں اصل انکار بعث ہے اور باقی اس کے فروع) اقرار کرتے ہیں تو کیا (یہاں سے) نکلنے کی کوئی صورت ہے (کہ دنیا میں پھر جا کر ان سب خطاؤں کا تدارک کرلیں کقولہ تعالیٰ: هَلْ إِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ [الشوری: ۴۴] وقولہ فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا [السجدۃ: ۱۲] جواب ارشاد ہوگا کہ تمہارے نکلنے کی کوئی صورت نہیں بلکہ ہمیشہ یہیں رہنا ہوگا اور) وجہ اس کی یہ ہے کہ جب صرف اللہ کا نام لیا جاتا تھا (یعنی توحید کا ذکر ہوتا تھا) تو تم انکار کیا کرتے تھے اور اگر اس کے ساتھ کسی کو شریک کیا جاتا تھا تو تم مان لیتے تھے (کقولہ تعالیٰ وَإِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ...... [الزمر: ۴۵]) سو (اس پر) یہ فیصلہ اللہ کا (کیا ہوا) ہے جو عالیشان (اور) بڑے رتبہ والا ہے (یعنی چونکہ حق تعالیٰ کے علو وکبریاء کے اعتبار سے یہ جرم عظیم تھا اسلئے فیصلہ میں عقوبت بھی عظیم تجویز ہوئی یعنی خلود)۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل ذلكم کوئی صورت نہیں اشارة الى ان الجواب هو لا سبيل الى الخروج وقوله ذلكم الخ دال عليه قائم مقامه ۱۲۔

الکلام: قوله امتنا الخ فيه دليل على بطلان التناسخ لان القائلين به يقولون بكون كل من الاحياء والاماتة فائتا للحصر فضلا

www.besturdubooks.net

عن اثنتين ۱۲۔

النحو: قوله لمقت الله الخ الروح هذا معمول للنداء لتضمنه معنى القول كانه قيل ينادون مقولا لهم لمقت الله الخ واللام للابتداء وللقسم آه لمقتصرا قوله اذ تدعون اذ ظرفية وهي ظرف لمقت الاول والمعنى لمقت الله تعالى انفسكم في الدنيا اذ تدعون الى الايمان فتكفرون اشد من مقتكم اياها اليوم وانتم في النار فزمان المقتين مختلف وكون زمان الاول الدنيا والثاني الآخرة مروى عن الحسن اخرجه عبد بن حميد وابن المنذر عن مجاهد واعترض عليه بلزوم الفصل بين المصدر وما في صلته باجنبي هو الخبر وفي امالي ابن الحاجب لا باس بذلك لان الظروف متسع فيها كذا في الروح قلت ويظهر هذا التركيب من ترجمتي۔

البلاغة: قوله امتنا في الروح والاماتة وان كانت حقيقة في تصيير الحيوة معدومة بعد ان كانت موجودة فهو من باب المجاز كما قرأوه في ضيق فم الركية وفي الآية يقال بعموم المجاز لئلا يلزم الجمع بين الحقيقة والمجاز ۱۲۔

هُوَ الَّذِىْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِى الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾ يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَىْءٌ ؕ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾ اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۷﴾ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ؕ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ﴿۱۸﴾ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِى الصُّدُوْرُ ﴿۱۹﴾ وَاللّٰهُ يَقْضِىْ بِالْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَىْءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۲۰﴾ ع اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِى الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۲۱﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِىٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾

وہی ہے جو تم کو اپنی نشانیاں دکھلاتا ہے اور (وہی ہے جو) آسمان سے تمہارے لئے رزق پہنچاتا ہے اور صرف وہی شخص نصیحت قبول کرتا ہے جو (اللہ کی طرف) رجوع (کرنے کا ارادہ) کرتا ہے سو تم لوگ اللہ کو خالص اعتقاد کر کے پکارو۔ گو کافروں کو ناگوار (ہی) کیوں نہ ہو۔ وہ رفیع الدرجات ہے وہ عرش کا مالک ہے وہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے وحی یعنی اپنا حکم بھیجتا ہے تا کہ وہ صاحب وحی لوگوں کی اجتماع کے دن (یعنی قیامت کے دن) سے ڈرائے جس دن سب لوگ (اللہ کے) سامنے آ موجود ہوں گے (کہ) ان کی بات اللہ سے مخفی نہ رہے گی۔ آج کے روز کسی کی حکومت ہوگی بس اللہ ہی کی ہوگی جو یکتا (اور) غالب ہے آج ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ دیا جائے گا آج (کسی پر) کچھ ظلم نہ ہوگا اللہ تعالیٰ بہت جلد حساب لینے والا ہے اور آپ ان لوگوں کو ایک قریب آنے والے مصیبت کے دن سے (کہ روز قیامت ہے) ڈرائیے جس وقت کلیجے منہ کو آ جائیں گے (اور غم سے) گھٹ گھٹ جائیں گے (اس روز) ظالموں کا کوئی ولی نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی سفارشی ہوگا جس کا کہنا مانا جائے وہ (ایسا ہے کہ) آنکھوں کی چوری کو جانتا ہے اور ان باتوں کو بھی جو سینوں میں پوشیدہ ہیں اور اللہ تعالیٰ ٹھیک ٹھیک فیصلہ کر دے گا اور اللہ کے سوا جن لوگوں کو یہ لوگ پکارا کرتے ہیں وہ کسی طرح کا بھی فیصلہ کر سکتے (کیونکہ) اللہ ہی سب کچھ سننے والا سب کچھ دیکھنے والا ہے۔ کیا ان لوگوں نے ملک میں چل پھر کر نہیں دیکھا کہ جو (کافر) لوگ ان سے پہلے ہو گذرے ہیں ان کا کیسا انجام ہوا وہ لوگ قوت اور ان نشانوں میں جو کہ زمین پر چھوڑ گئے ہیں۔ ان سے بہت زیادہ تھے سو ان کے گناہوں کی وجہ سے اللہ نے ان پر دارو گیر فرمائی اور ان کا کوئی اللہ (کے عذاب) سے بچانے والا نہ ہوا یہ (مواخذہ) اس سبب سے ہوا کہ ان کے پاس ان کے رسول واضح دلیلیں لے کر آتے رہے۔ پھر انہوں نے نہ مانا تو اللہ تعالیٰ نے ان پر مواخذہ فرمایا۔ وہ بڑی قوت والا سخت سزا دینے والا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر شروع کی آیتوں میں جو توحید و تہدید کا مضمون ہے آگے پھر اسی طرف عود ہے و نیز متصلا اوپر اِذَا دُعِیَ اللّٰهُ ...... میں تسبب عقاب کا شرک

سے مذکور ہے اگلے مضمون سے اس کی بھی تقریر ہوگئی۔

توحید مع التہدید: هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ وہی ہے جو تم کو اپنی نشانیاں (قدرت کی) دکھلاتا ہے (تا کہ ان سے توحید پر استدلال کرو) اور (وہی ہے جو) آسمان سے تمہارے لئے رزق بھیجتا ہے (یعنی بارش کرتا ہے جس سے رزق پیدا ہوتا ہے یہ بھی منجملہ مذکورہ نشانیوں کے ہے) اور (ان نشانیوں سے) صرف وہی شخص نصیحت قبول کرتا ہے جو (خدا کی طرف) رجوع (کرنے کا ارادہ) کرتا ہے (کیونکہ قصد رجوع سے غور و تامل کرتا ہے اور تامل سے حق تک پہنچ جاتا ہے) سو (جب توحید پر دلائل قائم ہیں تو) تم لوگ (کفر و شرک کو چھوڑ کر) خدا کو خالص اعتقاد کر کے (یعنی توحید کے ساتھ) پکارو (اور مسلمان ہو جاؤ) گو کافروں کو ناگوار (ہی کیوں نہ) ہو وہ رفیع الدرجات ہے وہ عرش کا مالک ہے وہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے وحی یعنی اپنا حکم بھیجتا ہے تا کہ وہ (صاحب وحی لوگوں کو) اجتماع کے دن سے (یعنی قیامت کے دن سے) ڈرائے جس دن سب لوگ خدا کے) سامنے آ موجود ہوں گے (کہ) انکی بات خدا سے مخفی نہ رہے گی آج کے روز کس کی حکومت ہوگی بس اللہ ہی کی ہوگی جو یکتا (اور) غالب ہے آج ہر شخص کو اس کے کئے (ہوئے کاموں) کا بدلا دیا جاوے گا آج (کسی پر) کچھ ظلم نہ ہوگا اللہ تعالی بہت جلد حساب لینے والا ہے اور (جیسا سب پیغمبروں کو اس دن سے ڈرانے کا حکم ہوا ہے **کما مر من قولہ تعالی الخ** اسی طرح آپ بھی اس کے مامور ہیں پس) آپ (بھی) ان لوگوں کو ایک قریب آنے والی مصیبت کے دن سے (کہ روز قیامت ہے) ڈرائیے جس وقت کلیجے منہ کو آ جاویں گے (غم سے) گھٹ گھٹ جاویں گے (اس روز) ظالموں (یعنی کافروں) کا نہ کوئی دلی دوست ہوگا اور نہ کوئی سفارشی ہوگا جس کا کہا مانا جاوے (اور) وہ (ایسا ہے کہ) آنکھوں کی چوری کو جانتا ہے اور ان (باتوں) کو بھی جو سینوں میں پوشیدہ ہیں (جن کو دوسرا نہیں جانتا۔ مطلب یہ کہ اس کو تمام اعمال عباد کا احاطہ علمیہ ہے جس پر مجازات موقوف ہے) اور (چونکہ) اللہ تعالی (کا علم اور جمیع صفات کامل ہیں اس لئے وہ) ٹھیک ٹھیک فیصلہ کر دے گا اور خدا کے سوا جن کو یہ لوگ پکارا کرتے ہیں وہ کسی طرح کا بھی فیصلہ نہیں کر سکتے (کیونکہ) اللہ ہی سب کچھ سننے والا سب کچھ دیکھنے والا ہے (اسی طرح اس میں اور بھی صفات کمال ہیں اور دوسرے معبودان صفات کمال سے عاری ہیں اس لئے اس کے سوا کوئی فیصلہ بھی نہیں کر سکتا اس سے دو باتیں ثابت ہوئیں ایک عجز انداد کا نصرت سے دوسرے نفی شرکت کی اور یہ لوگ جو ایسے مضامین مجازات و مکافات کی سن کر کفر و شرک کے موجب سزا ہونے سے انکار کرتے ہیں تو) کیا ان لوگوں نے ملک میں چل پھر کر نہیں دیکھا کہ جو (کافر) لوگ ان سے پہلے ہو گزرے ہیں (اس کفر کی بدولت) انکا کیسا انجام ہوا وہ لوگ قوت اور ان نشانیوں میں جو کہ زمین پر چھوڑ گئے ہیں (مثل عمارات وغیرہ) ان (موجودین) سے بہت زیادہ تھے سو ان کے گناہوں کی وجہ سے (کہ اشد درجہ ان میں کفر تھا) خدا نے ان پر دارو گیر فرمائی (یعنی عذاب نازل کیا) اور انکا کوئی خدا (کے عذاب) سے بچانے والا نہ ہوا (آگے ان ذنوب کی تفصیل ہے کہ) یہ (مواخذہ) اس سبب سے ہوا کہ ان کے پاس ان کے رسول واضح دلیلیں (یعنی معجزات کہ دلائل نبوت ہیں) لیکر آتے رہے پھر انہوں نے نہ مانا تو اللہ تعالی نے ان پر مواخذہ فرمایا بیشک وہ بڑی قوت والا سخت سزا دینے والا ہے (پس جب علت مواخذہ کی کفر و شرک ہے جو ان میں بھی مشترک ہے پھر یہ مواخذہ سے کیسے مامون ہیں خواہ دارین میں خواہ دار آخرت میں) **ف**: رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ کے حسب قول خازن وغیرہ دو معنی ہو سکتے ہیں ایک رافع الدرجات اس صورت میں رسالت اور بعث کے مضمون سے اسکو مناسبت ہوگی کہ وہ کسی کا درجہ رسالت تک بڑھا دیتا ہے جیسا آگے ہے: يُلْقِي الرُّوْحَ ...... اور اسی طرح قیامت میں اہل عمل کو مختلف درجات عطا فرماوے گا جیسا دوسری جگہ ارشاد ہے: هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ...... [ال عمران: ۱۶۳] اور دوسرے معنی مرتفع الدرجات یعنی عظیم الصفات پس درجات کا بالمعنی المجازی صفات پر اطلاق ہوگا کیونکہ معنی حقیقی اس کے مصاعد و معارج کے ہیں اور قیامت کو یوم الاجتماع کہنا ظاہر ہے کہ سب خلائق اس میں مجتمع ہوں گے۔ اور درمنثور میں لمن الملك فرمانا دوبار مروی ہے ایک بعد نفخہ اولی کے بعد سب کے فنا کے۔ دوسرا بعد نفخہ ثانیہ کے قبل شروع حساب کے روی الاول فی قولہ تعالی: وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ ...... [الزمر: ۶۸] وروی الثانی فی ہذہ الایات لیکن قرآن مجید کی تفسیر ان روایات پر موقوف نہیں ظاہر متبادر مدلول قرآنی یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہاں اس نداء کی حکایت نہیں بلکہ تکلم کے وقت مبالغۃً اس یوم کو حاضر فرض کر کے بطور استفہام تقریری کے سوال کر کے جواب ارشاد فرماتے ہیں اور اس فرض کی وجہ سے یومئذ کی جگہ الیوم فرمایا کمافی قولہ تعالی: فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ [المطففین: ۳۴] پس آیت نہ اس روایت کو مقتضی ہے نہ اس کی نافی ہے اس لئے نہ باہم تلازم ہے نہ باہم تنافی و تزاحم۔ اور الآزفة میں قیامت کو قریب اسلئے کہا کہ روزانہ قریب ہوتی جاتی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ اطلاق لفظ سے اس کو بھی شامل ہے کہ غیر محبوب حقیقی پر استحسان واستلذاذ سے نظر کی جاوے یا دل سے اس کی تمنا کی جاوے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ قبل ولو کرہ** مسلمان ہو جاؤ اشار بہ الی ان قولہ تعالی ولو کرہ الکافرون لیست قرینۃ قویۃ علی ان الخطاب

www.besturdubooks.net

فی فادعوا اللّٰہ للمؤمنین خاصۃ بل یتجہ ان الخطاب للکفار وامروا بالاسلام فیتسی بہ علیہ قولہ ولو کرہ الکافرون۱۲

اللغات: الأزفة بمعنی القریبة موصوفها مقدر ای الخطة۔ خائنة صفة للنظرة وجعل النظرة خائنة اسناد مجازی او ھو مصدر کالکاذبة والعافیة ای خیانة الاعین۱۲۔

النحو: کاظمین حال من اصحاب القلوب علی المعنی فان ذکر القلوب یدل علی ذکر اصحابھا۱۲ رفیع الدرجت وکذا لا یخفی وکذا یعلم ھی اخبار ھو المقدر او ھو فی ھو الذی یریکم فالمقصود بھذا کلہ تعدید صفات الکمال للہ تعالیٰ فلا حاجة الی التکلف فی ربط قولہ تعالیٰ یعلم بقولہ ما للظٰلمین الخ کما فعل بعضھم۱۲ منہ۔

البلاغة: اذ القلوب الخ کنایة عن شدة الخوف او فرط التالم قولہ یطاع المراد نفی الصفة والموصوف۱۲۔

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿٢٣﴾ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَقَارُونَ فَقَالُوا سَاحِرٌ كَذَّابٌ ﴿٢٤﴾
فَلَمَّا جَاءَهُم بِالْحَقِّ مِنْ عِندِنَا قَالُوا اقْتُلُوا أَبْنَاءَ الَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ وَاسْتَحْيُوا نِسَاءَهُمْ ۚ وَمَا كَيْدُ
الْكَافِرِينَ إِلَّا فِي ضَلَالٍ ﴿٢٥﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُونِي أَقْتُلْ مُوسَىٰ وَلْيَدْعُ رَبَّهُ ۖ إِنِّي أَخَافُ أَن يُبَدِّلَ دِينَكُمْ
أَوْ أَن يُظْهِرَ فِي الْأَرْضِ الْفَسَادَ ﴿٢٦﴾ وَقَالَ مُوسَىٰ إِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُم مِّن كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ
ع ۳/٧/٨ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٢٧﴾ وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ إِيمَانَهُ أَتَقْتُلُونَ رَجُلًا أَن يَقُولَ رَبِّيَ اللَّهُ
وَقَدْ جَاءَكُم بِالْبَيِّنَاتِ مِن رَّبِّكُمْ ۖ وَإِن يَكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهُ ۖ وَإِن يَكُ صَادِقًا يُصِبْكُم بَعْضُ
الَّذِي يَعِدُكُمْ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿٢٨﴾ يَا قَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظَاهِرِينَ فِي
الْأَرْضِ فَمَن يَنصُرُنَا مِن بَأْسِ اللَّهِ إِن جَاءَنَا ۚ قَالَ فِرْعَوْنُ مَا أُرِيكُمْ إِلَّا مَا أَرَىٰ وَمَا أَهْدِيكُمْ
إِلَّا سَبِيلَ الرَّشَادِ ﴿٢٩﴾ وَقَالَ الَّذِي آمَنَ يَا قَوْمِ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُم مِّثْلَ يَوْمِ الْأَحْزَابِ ﴿٣٠﴾ مِثْلَ
دَأْبِ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ وَالَّذِينَ مِن بَعْدِهِمْ ۚ وَمَا اللَّهُ يُرِيدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ﴿٣١﴾
وَيَا قَوْمِ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ﴿٣٢﴾ يَوْمَ تُوَلُّونَ مُدْبِرِينَ مَا لَكُم مِّنَ اللَّهِ مِنْ عَاصِمٍ ۗ وَمَن
يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ ﴿٣٣﴾ وَلَقَدْ جَاءَكُمْ يُوسُفُ مِن قَبْلُ بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا زِلْتُمْ فِي شَكٍّ مِّمَّا
جَاءَكُم بِهِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَن يَبْعَثَ اللَّهُ مِن بَعْدِهِ رَسُولًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابٌ ﴿٣٤﴾
الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ ۖ كَبُرَ مَقْتًا عِندَ اللَّهِ وَعِندَ الَّذِينَ آمَنُوا ۚ كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ
اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿٣٥﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يَا هَامَانُ ابْنِ لِي صَرْحًا لَّعَلِّي أَبْلُغُ الْأَسْبَابَ ﴿٣٦﴾ أَسْبَابَ السَّمَاوَاتِ
فَأَطَّلِعَ إِلَىٰ إِلَٰهِ مُوسَىٰ وَإِنِّي لَأَظُنُّهُ كَاذِبًا ۚ وَكَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوءُ عَمَلِهِ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيلِ ۚ
ع ٤/١٠/٩ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ إِلَّا فِي تَبَابٍ ﴿٣٧﴾ وَقَالَ الَّذِي آمَنَ يَا قَوْمِ اتَّبِعُونِ أَهْدِكُمْ سَبِيلَ الرَّشَادِ ﴿٣٨﴾ يَا قَوْمِ إِنَّمَا هَٰذِهِ

www.besturdubooks.net

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ۫ وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿۳۹﴾ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا
مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۴۰﴾ وَيٰقَوْمِ مَا لِيْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى
النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿۴۱﴾ تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۡ وَّاَنَا
اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ﴿۴۲﴾ لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي
الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۴۳﴾ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ
اُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ
فِرْعَوْنَ سُوْۗءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾ اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۣ اَدْخِلُوْٓا
اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿۴۶﴾

اور ہم نے موسیٰ کو اپنے احکام اور کھلی دلیل کے ساتھ فرعون اور ہامان اور قارون کے پاس بھیجا تو ان لوگوں نے کہا کہ یہ جادوگر (اور) جھوٹا ہے پھر (اس کے بعد) جب وہ (عام) لوگوں کے پاس دین حق جو ہماری طرف سے تھا' لے کر آگئے تو ان (مذکورہ) لوگوں نے (بطور مشورہ کے) کہا کہ جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لے آئے ہیں' ان کے بیٹوں کو قتل کر ڈالو اور ان کی لڑکیوں کو زندہ رہنے دو اور کافروں کی تدبیر محض بے اثر رہی اور فرعون نے (اہل دربار سے) کہا کہ مجھ کو چھوڑ دو میں موسیٰ کو قتل کر ڈالوں' اور اس کو چاہئے کہ اپنے رب کو مدد کے لئے پکارے۔ مجھ کو (اندیشہ) ہے کہ وہ (کہیں) تمہارا دین (نہ) بدل ڈالے یا ملک میں کوئی خرابی (نہ) پھیلا دے اور موسیٰ نے (جب یہ بات سنی تو) کہا کہ میں اپنے اور تمہارے (یعنی سب کے) پروردگار کی پناہ لیتا ہوں ہر خرد ماغ شخص (کے شر) سے جو روز حساب پر یقین نہیں رکھتا۔ اور (اس مجلس مشورہ میں) ایک مومن شخص نے جو کہ فرعون کے خاندان سے تھے (اور) اب تک ایمان پوشیدہ رکھتے تھے کہا کیا تم ایک شخص کو (محض) اس بات پر قتل کرتے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے حالانکہ وہ تمہارے رب کی طرف سے (اس دعویٰ پر) دلیلیں بھی لے کر آیا ہے اور اگر (بالفرض) وہ جھوٹا ہے تو اس کا جھوٹ اسی پر پڑے گا اور گر وہ سچا ہے تو وہ جو کچھ پیش کر رہا ہے اس میں سے کچھ تو تم پر (ضرور ہی) پڑے گا اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو مقصود تک نہیں پہنچاتا جو (اپنی) حد سے گذر جانے والا بہت جھوٹ بولنے والا ہو۔ اے میرے بھائیو! آج تو تمہاری سلطنت ہے کہ اس سرزمین میں تم حاکم ہو سو اللہ کے عذاب میں ہماری کون مدد کرے گا اگر (ان کے قتل کرنے سے) وہ ہم پر آ پڑا فرعون نے (یہ تقریر سن کر جواب میں) کہا کہ میں تو تم کو وہی رائے دوں گا جو جو دیکھ رہا ہوں (کہ ان کا قتل ہی مناسب ہے) اور میں تم کو عین طریق مصلحت بتاتا ہوں۔ اور اس مومن نے کہا: صاحبو مجھ کو تمہاری نسبت اور امتوں کے سے روز بد کا اندیشہ ہے جیسا قوم نوح اور عاد اور ثمود اور ان کے بعد والوں (یعنی قوم لوط) وغیرہ کا حال ہوا تھا اور اللہ تعالیٰ تو بندوں پر کسی طرح کا ظلم کرنا نہیں چاہتا اور صاحبو مجھ کو تمہاری نسبت اس دن کا اندیشہ ہے جس میں کثرت سے ندائیں ہوں گی۔ جس روز (موقف حساب سے) پشت پھیر کر (دوزخ کی طرف) لوٹو گے اور اس وقت تم کو اللہ سے بچانے والا کوئی نہ ہوگا اور جس کو اللہ ہی گمراہ کرے اس کا کوئی ہدایت کرنے والا نہیں اور اس سے قبل تم لوگوں کے پاس یوسف علیہ السلام دلائل (توحید نبوت کے) لے کر آ چکے ہیں سو تم ان امور میں بھی برابر شک ہی میں رہے ہیں جو وہ تمہارے پاس لے کر آئے تھے۔ حتیٰ کہ جب ان کی وفات ہوگئی تو تم لوگ کہنے لگے کہ بس اب اللہ کسی رسول کو نہ بھیجے گا اسی طرح اللہ تعالیٰ آپے سے باہر ہو جانے والوں (اور) شہادت میں گرفتار رہنے والوں کو غلطی میں ڈالے رکھتا ہے جو بلا کسی سند کے ان کے پاس موجود ہو اللہ کی آیتوں میں جھگڑے نکالا کرتے ہیں اس سے اللہ تعالیٰ کو بھی بڑی نفرت ہے اور مومنین کو بھی اور اسی طرح اللہ تعالیٰ ہر مغرور جابر کے پورے قلب پر مہر کر دیتا ہے اور فرعون نے کہا: اے ہامان میرے واسطے ایک بلند عمارت بناؤ شاید میں آسمان پر جانے کی رہوں تک پہنچ جاؤں پھر (وہاں جا کر) موسیٰ کے اللہ کو دیکھوں بھالوں اور میں تو موسیٰ کو جھوٹا ہی سمجھتا ہوں اور اسی طرح فرعون کی (اور) بد کرداریاں (بھی) اسے مستحسن معلوم ہوتی تھیں اور (سیدھے) راستہ سے رُک گیا اور فرعون کی ہر تدبیر غارت ہی گئی اور اس مومن نے کہا اے بھائیو! تم میری راہ پر چلو میں تم کو ٹھیک ٹھیک راہ بتلاتا ہوں اے بھائیو یہ دنیوی زندگانی محض حظ چند روز ہے اور (اصل) ٹھہرنے کا مقام تو آخرت ہے (جہاں جزاء کا یہ قانون ہے کہ) جو شخص گناہ کرتا ہے اس کو تو برابر سرابر ہی بدلہ ملتا ہے اور جو نیک کام کرتا ہے خواہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ مومن ہو ایسے لوگ جنت میں جائیں گے (اور) وہاں بے حساب ان کو رزق ملے گا اور اے میرے بھائیو! یہ کیا بات ہے کہ میں تو تم کو (طریق) نجات کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھ کو دوزخ کی طرف بلاتے ہو (یعنی) تم مجھ کو اس بات کی طرف بلاتے ہو کہ میں اللہ کے ساتھ کفر کروں اور اس کا

www.besturdubooks.net

ساتھی بناؤں جس (کے ساجھی ہونے) کی میرے پاس کوئی دلیل نہیں اور میں تم کو اللہ زبردست خطا بخش کی طرف بلاتا ہوں۔ یقینی بات ہے کہ تم جس چیز (کی عبادت) کی طرف مجھ کو بلاتے ہو وہ نہ تو دنیا ہی میں پکارے جانے کے لائق ہے اور نہ آخرت ہی میں اور (یقینی بات ہے کہ) ہم سب کو اللہ کے پاس جانا ہے اور جو لوگ دائرہ (عبودیت) سے نکل رہے ہیں وہ سب دوزخی ہوں گے۔ سو آگے چل کر تم میری بات کو یاد کرو گے اور میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ سب بندوں کا نگران ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے (اس مؤمن) کو ان لوگوں کی مضر تدبیروں سے محفوظ رکھا اور فرعون والوں پر (مع فرعون کے) موذی عذاب نازل ہوا (جس کا آگے بیان ہے کہ) ہو لوگ (برزخ میں) صبح اور شام آگ کے سامنے لائے جاتے ہیں اور جس روز قیامت قائم ہوگی (حکم ہوگا) فرعون والوں کو (مع فرعون کے) نہایت سخت آگ میں داخل کرو۔

تفسیر ربط: اوپر جا بجا منکرین توحید و رسالت کی تہدید کے ضمن میں کفار کا خلاف وعناد مذکور ہے جو مظنہ ہے حزن رسول اللہ ﷺ کا آگے تسلیہ رسول کے لئے و نیز تائید تہدید منکرین توحید و رسالت کے لئے قصۂ موسیٰ علیہ السلام اور فرعون اور دونوں کے اتباع کا مذکور ہوتا ہے۔

قصۂ موسیٰ علیہ السلام با فرعون و اتباع ہردو: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى (الی قولہ تعالی) اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنے احکام اور کھلی دلیل (یعنی معجزہ جو دلیل ہے صدق دعوئے نبوت کی) دیکر فرعون اور ہامان اور قارون کے پاس بھیجا تو ان لوگوں (میں سے بعض نے یا کل) نے کہا کہ (نعوذ باللہ یہ جادوگر (اور) جھوٹا ہے (جادوگر معجزہ میں کہا اور کذاب دعویٰ نبوت و احکام میں کہا اور قارون چونکہ بنی اسرائیل میں سے تھا اس لئے اس کا ساحر کہنا اور نہ کہنا دونوں محتمل ہیں اگر اس نے نہ کہا ہو تو قَالُوْا میں تغلیب ہو جاوے گی) پھر (اس کے بعد) جب وہ (عام) لوگوں کے پاس دین حق (ثابت بالدلیل) جو ہماری طرف سے تھا لے کر آئے (جس پر بعض لوگ مسلمان بھی ہو گئے) تو ان (مذکور) لوگوں نے (بطور مشورہ کے) کہا کہ جو لوگ ان کے ساتھ (ہو کر) ایمان لے آئے ہیں ان کے بیٹوں کو قتل کر ڈالو (تا کہ ان کی جمعیت اور قوت نہ بڑھ جاوے جس سے اندیشہ زوال سلطنت کا ہے) اور (چونکہ عورتوں سے ایسا اندیشہ نہیں و نیز ہمارے گھروں میں کاروخدمت کے لئے ان کی ضرورت ہے اس لئے) ان کی لڑکیوں کو زندہ رہنے دو (غرض انہوں نے غلبۂ موسویہ کے انسداد کی یہ تدبیر کی) اور ان کافروں کی تدبیر محض بے اثر رہی (چنانچہ آخر میں موسیٰ علیہ السلام غالب آئے خواہ یہ تدبیر عمل میں لائی گئی ہو یا نہ لائی گئی ہو کوئی روایت اس کے متعلق نہیں دیکھی اور یہ قتل مغایر ہے۔ قتل اول قبل ولادت موسویہ کے پھر اس کے بعد خود موسیٰ علیہ السلام کے قتل کے بارہ میں گفتگو ہوئی) اور فرعون نے (اہل دربار سے) کہا کہ مجھ کو چھوڑ دو میں موسیٰ کو قتل کر ڈالوں اور اس کو چاہئے کہ اپنے رب کو (مدد کے لئے) پکارے مجھ کو اندیشہ ہے کہ وہ (کہیں) تمہارا دین (نہ) بدل ڈالے یا ملک میں کوئی خرابی (نہ) پھیلا دے (کہ ایک ضرر دین ہے دوسرا ضرر دنیا۔ اور فرعون کا ذرونی کہنا یا تو اس وجہ سے ہے کہ اہل دربار نے شاید اس لئے قتل کی رائے نہ دی ہوگی کہ اس کو مصلحت ملکی کے خلاف سمجھا ہوگا کہ عام چرچا ہوگا کہ ایک بے سروسامان شخص سے ڈر گئے یا یہ کہنا بطور تمویہ کے ہے کہ عام سننے والے سمجھیں کہ اب تک توقف قتل میں مشیروں کے روکنے کے سبب ہے گو واقع میں قتل پر جرأت نہ ہونے کا سبب نزول بلائے آسمانی کا خوف ہو کیونکہ دل میں تو معجزات سے یقین ہو ہی گیا تھا کما قال تعالیٰ: وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ [النمل : ١٤] اور اسی طرح وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ کہنا اظہار جلادت کے لئے ہو گو دل اندر سے تھرا رہا ہو) اور موسیٰ (علیہ السلام نے جو یہ بات سنی خواہ بالمشافہ سنا ہو یا بواسطہ تو انہوں نے) کہا میں اپنے اور تمہارے (یعنی سب کے) پروردگار کی پناہ لیتا ہوں ہر خرد ماغ شخص (کے شر) سے جو روز حساب پر یقین نہیں رکھتا (اور اسلئے حق کا مقابلہ کرتا ہے پہلی صورت یعنی بالمشافہ سننے میں رَبِّكُمْ کا خطاب فرعون وغیرہ کو ہوگا اور مِنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ میں وضع مظہر موضع مضمر ہوگا اور اس کا ایسا مضمون ہوگا جیسا دوسری آیت میں ہے: اِنِّىْ عُذْتُ بِرَبِّىْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ [الدخان : ٢٠] اور دوسری صورت میں رَبِّكُمْ کا خطاب مبلغین خبر کو ہوگا اور ایسا مضمون ہوگا جیسا اور آیت میں ہے: قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا [الأعراف : ١٢٨]) اور (اس مجلس مشورہ میں) ایک مؤمن شخص نے جو کہ فرعون کے خاندان سے تھے (اور اب تک) اپنا ایمان پوشیدہ رکھتے تھے (یہ مشورہ سن کر لوگوں سے) کہا کیا تم ایک شخص کو (محض) اس بات پر قتل کرتے ہو کہ وہ کہتا ہے میرا پروردگار اللہ ہے حالانکہ وہ تمہارے رب کی طرف سے (اس دعوے پر) دلیلیں (بھی) لیکر آیا ہے (یعنی معجزات بھی دکھلاتا ہے جو دلیل ہے صدق دعویٰ نبوت اور مامور من اللہ تبلیغ التوحید ہونے کی اور دلیل موجود ہوتے ہوئے صاحب دلیل کی مخالفت کرنا اور مخالفت بھی اس درجہ کی کہ قتل کا قصد کیا جاوے نہایت نازیبا ہے) اور اگر (بالفرض) وہ جھوٹا ہی ہو تو اس کا جھوٹ اسی پر پڑیگا (اور آپ ہی مخذول من اللہ ہوگا قتل کرنے کی کیا ضرورت) اور اگر وہ سچا ہوا تو وہ جو کچھ پیشنگوئی کر رہا ہے (کہ ایمان نہ لانے کی) صورت میں ایسا ایسا عذاب ہوگا کما قال تعالیٰ: اِنَّا قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى [طه : ٤٨] اس میں سے کچھ تو تم پر (ضرور ہی) پڑیگا (تو اس صورت میں قتل کرنے سے اور زیادہ بلا اپنے سر پر لینا ہے غرض اس کے کذب کی صورت میں قتل فضول اور صدق کی صورت میں مضر پھر ایسا فعل کیوں کیا جاوے اور قاعدۂ کلیہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو مقصود تک نہیں پہنچاتا جو (اپنی) حد سے گذر جانیوالا (اور) بہت جھوٹ بولنے والا ہو (یعنی

www.besturdubooks.net

برائے چندے اس کی بات چل جاوے مگر انجام اس اسراف اور کذابیت کا خذلان اور حرمان و ناکامی ہے پس اس قاعدۂ کلیہ کے اعتبار سے اگر موسیٰ علیہ السلام بالفرض کاذب ہوں تو بوجہ اس کے کہ جھوٹا دعویٰ نبوت کا حد درجہ کا اسراف اور کذب ہے ایسے کاذب کو اگر مقہور و ہلاک نہ کیا جاوے تو تلبیس علی الخلق لازم آتی ہے اور یہ عقلاً حق تعالیٰ سے منفی ہے لامحالہ یہ مغلوب و مخذول ہونگے پھر حاجت قتل کیا اور اگر صادق ہیں تو تم لوگ بالیقین کاذب ہو اور کذب میں مسرف بھی ہو کہ مدعی الوہیت فرعونیہ ہو اور مسرف کذاب کو کامیابی ہوتی نہیں پس تم لوگ قتل میں کامیاب نہ ہوگے یا تو قدرت نہ ہوگی یا اس کا اخیر نتیجہ برا ہوگا بہرحال دونوں شقوں کا مقتضا یہی ہوا کہ ان کو قتل نہ کیا جاوے اور اس پر یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ پھر اس تقریر سے تو کسی مفسد کو قتل نہ کیا جایا کرے جواب یہ ہے کہ یہ تقریر اس صورت میں ہے جہاں کاذب یا صادق ہونے میں شبہ ہو اور معجزات سے اقل درجہ احتمال صدق کا ضرور تھا اور جہاں دلائل قطعیہ سے کذب متیقن ہو وہاں یہ تردید نہیں ہے اور گو اس مؤمن کو موسیٰ علیہ السلام کے صدق کا پورا یقین تھا مگر اس طرز سے گفتگو کرنا تلطیف فی الدعوت اور تدریج فی الھدایۃ ہے آگے بھی اسی قتل سے روکنے کے متعلق مضمون ہے کہ) اے میرے بھائیو آج تو تمہاری سلطنت ہے کہ اس سرزمین میں تم حاکم ہو سو خدا کے عذاب میں ہماری کون مدد کریگا اگر (انکے قتل کرنے سے) وہ ہم پر آ پڑا (جیسا کہ احتمال صدق میں اس کا احتمال ہے) فرعون نے (یہ تقریر سن کر جواب میں) کہا کہ میں تو تم کو وہی رائے دونگا جو خود سمجھ رہا ہوں (کہ ان کا قتل ہی مناسب ہے) اور میں تم کو عین طریق مصلحت بتلاتا ہوں اور اس مؤمن نے (جب دیکھا کہ نصیحت میں نرمی اور رعایت خیال مخاطب یعنی تلطیف سے کام نہیں چلتا تو اب تہدید و تخویف سے کام لیا اور) کہا صاحبو مجھ کو تمہاری نسبت اور امتوں کے سے روز بد کا اندیشہ ہے جیسا قوم نوح اور عاد اور ثمود اور ان کے بعد والوں (یعنی قوم لوط وغیرہ) کا حال ہوا تھا اور خدا تعالیٰ تو بندوں پر کسی طرح کا ظلم کرنا نہیں چاہتا (لیکن جب تم حرکتیں ہی ایسی کرو گے تو ضرور ہی اپنی سزا کو پہنچو گے) اور یہ تہدید تھی عذاب دنیا سے آگے تہدید ہے عذاب آخرت سے کہ) صاحبو مجھ کو تمہاری نسبت اس دن کا اندیشہ جس میں کثرت سے ندائیں ہونگی (یعنی وہ دن مشتمل ہے واقعات عظیمہ پر کیونکہ نداؤں کی کثرت واقعات کے عظیم ہونے میں ہوتی ہیں چنانچہ سب سے اول نداء نافخ صور کی ہوگی جس سے مردے زندہ ہونگے قال تعالیٰ: يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ [ق : ۴۱ - ۴۲] ایک حساب کے لئے ندا ہوگی قال تعالیٰ: يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ [الأسراء : ۷۱] ایک تنادی باہم اہل جنت و اہل نار میں ہوگی قال تعالیٰ فی الاعراف: وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ...... [۴۴] وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ الخ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ...... ایک ندا اخیر میں وقت ذبح موت کے ہوگی جیسا حدیث میں ہے: ((یا اهل الجنة خلود ولا موت ویا اهل النار خلود ولا موت)) اور آگے اس دن کی ایک اور حالت بیان کی گئی ہے کہ) جس روز (موقف حساب سے) پشت پھیر کر (دوزخ کی طرف) لوٹو گے (کذا فسر البغوی اور اس وقت) تم کو خدا (کے عذاب) سے کوئی بچانے والا نہ ہوگا اور یہ (مضمون بدرجہ غایت مقتضی ہدایت ہے لیکن) جس کو خدا ہی گمراہ کرے اس کا کوئی ہدایت کرنے والا نہیں اور (آگے توبیخ ہے اس پر کہ موسیٰ علیہ السلام سے پہلے اور پیغمبر کی بھی تکذیب کر چکے ہیں یعنی) اس کے قبل تم لوگوں کے پاس یوسف (علیہ السلام) دلائل (توحید و نبوت کے) لے کر آ چکے ہیں (یعنی اسی قوم قبط میں جن میں سے تم بھی ہو اور آبائے سابقین سے تم تک بھی انکی خبر متواتر آ پہنچی ہے) سو تم ان امور میں بھی برابر شک (و انکار) ہی میں رہے جو وہ تمہارے پاس لیکر آئے تھے حتی کہ جب ان کی وفات ہوگئی تو تم لوگ کہنے لگے کہ بس اب اللہ تعالیٰ کسی رسول کو نہ بھیجے گا (یہ قول بطور شرارت کے تھا مطلب یہ کہ اول تو یوسف بھی رسول نہ تھے اور اگر بالفرض تھے بھی تو جب ایک کو نہ مانا تو اللہ میاں کہیں گے کہ دوسرے کو بھیجنا کیا ضرور تو ہمیشہ کے لئے یہ جھگڑا پاک ہوگیا مقصود اصلی اس سے نفی مسئلہ رسالت کی ہے جیسا کہ اگلے قول سے معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح اس مسئلہ میں تم غلط کار ہو) اسی طرح اللہ تعالیٰ آپے سے باہر ہو جانے والوں (اور) شبہات میں گرفتار رہنے والوں کو غلطی میں ڈالے رکھتا ہے جو بلا کسی سند کے کہ ان کے پاس موجود ہو خدا کی آیتوں میں جھگڑے نکالا کرتے ہیں اس (کج بحثی) سے خدا تعالیٰ کو بھی بڑی نفرت ہے اور مؤمنین کو بھی اور (جس طرح تمہارے دلوں پر مہر لگا رکھی ہے) اس طرح اللہ تعالیٰ ہر مغرور جابر کے پورے قلب پر مہر کر دیتا ہے (کہ اس میں اصلاً گنجائش حق فہمی کی نہیں رہتی۔ یہ تقریر تھی ان مؤمن بزرگ کی اور اس تقریر سے ان بزرگ کا کتمان ایمان جاتا رہا خواہ اول تقریر سے خواہ بعد کی تقریر سے: يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ اور ظاہر شق اول ہے لقولہ تعالیٰ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ...... اور وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا...... وغیرہ سے شق ثانی کا شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ مقصود اس سے تلطیف ہے نہ کہ کتمان) اور فرعون نے (جو یہ تقریر لاجواب سنی تو اس مؤمن کو تو کچھ جواب دے نہ سکا اپنی جہالت قدیمہ پر بزعم خود حجت قائم کرنے کے لئے ہامان سے) کہا اے ہامان میرے واسطے ایک بلند عمارت بنواؤ (میں اس پر چڑھ کر دیکھوں گا) شاید میں آسمان پر جانے کی راہوں تک پہنچ جاؤں پھر (وہاں جا کر) موسیٰ کے خدا کو دیکھوں بھالوں اور میں تو موسیٰ کو (اس دعوے میں کہ اور خدا ہے) جھوٹا ہی سمجھتا ہوں (پھر خدا کو معلوم محل بنایا نہیں بنا) اور (آگے بطور تلخیص کے فرعون کی مجموعی حالت کی مذمت ارشاد ہے کہ اسی جہالت پر کیا منحصر ہے) اسی طرح فرعون کی (اور) بدکرداریاں (بھی) اس کو مستحسن معلوم ہوئی تھیں اور (سیدھے) راستہ سے رک گیا اور (موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ میں بڑی بڑی تدبیریں کیں مگر) فرعون کی (ہر) تدبیر غارت ہی گئی (اور کسی

www.besturdubooks.net

میں کامیاب نہ ہوا) اور اس مؤمن نے (جب دیکھا کہ فرعون سے کوئی معقول جواب نہیں بن پڑا تو پھر مکرر) کہا کہ اے بھائیو تم میری راہ پر چلو میں تم کو ٹھیک ٹھیک راستہ بتلاتا ہوں (یعنی سَبِيْلَ الرَّشَادِ میرا بتلایا ہوا راستہ ہے نہ کہ فرعون کا جیسا اس نے کہا تھا: مَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ) اے بھائیو یہ دنیوی زندگانی محض چندروزہ ہے اور (اصل ٹھہرنے کا مقام تو آخرت ہے (جہاں جزاء کا یہ قانون ہے کہ) جو شخص گناہ کرتا ہے اس کو تو برابر سرابر ہی بدلہ ملتا ہے اور جو نیک کام کرتا ہے خواہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ مؤمن ہو ایسے لوگ جنت میں جاوینگے (اور) وہاں بے حساب ان کو رزق ملے گا اور (قوم کے حال یا قال سے اس مؤمن کو معلوم ہوا کہ میری باتوں پر متعجب ہیں اور خود مجھ ہی کو اپنے طریقۂ کفریہ کی طرف بلانا چاہتے ہیں اس لئے یہ بھی کہا کہ) اے میرے بھائیو یہ کیا بات ہے کہ میں تو تم کو (طریق) نجات کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھ کو (طریق) دوزخ کی طرف بلاتے ہو (یعنی) تم مجھ کو اس بات کی طرف بُلاتے ہو کہ (توبہ توبہ) میں خدا تعالیٰ کے ساتھ کفر کروں اور ایسی چیز کو اس کا ساجھی بناؤں جس (کے ساجھی ہونے) کی میرے پاس کوئی بھی دلیل نہیں (بلکہ واقع میں بھی کوئی دلیل نہیں بلکہ اس کے خلاف پر دلیلیں قائم ہیں) اور میں تم کو خدائے زبردست خطابخش کی طرف بلاتا ہوں یقینی بات ہے کہ تم جس چیز (کی عبادت) کی طرف مجھ کو بلاتے ہو وہ نہ تو دنیا ہی میں (کسی حاجت دنیویہ کے لئے) پکارے جانے کے لائق ہے اور نہ (دفع عذاب کے لئے) آخرت ہی میں (کیونکہ حق دعوت کے لئے علم وقدرت علی الکمال شرط ہے اور شرط مفقود ہے) اور (یقینی بات ہے کہ) ہم سب کو خدا کے پاس جانا ہے اور (یقینی بات ہے کہ) جو لوگ دائرہ (عبودیت) سے نکل رہے ہیں (جیسے عابدین غیر اللہ) وہ سب (وہاں جاکر) دوزخی ہوں گے سو (اب میرا کہنا تمہارے جی کو نہیں لگتا مگر) آگے چل کر تم میری بات کو یاد کرو گے اور (آثار یا کلمات سے قوم کی طرف سے کچھ دھمکی معلوم ہوئی ہوگی کذا فی المعالم اور کم از کم شبہ تو ضرور ہی تھا اس لئے اس مؤمن نے یہ بھی کہا کہ) میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد (اور حوالہ) کرتا ہوں خدا تعالیٰ سب بندوں کا (خود) نگران ہے (میں تم سے اصلاً نہیں ڈرتا) پھر خدا تعالیٰ نے اس (مؤمن) کو ان لوگوں کی مضرتدبیروں سے محفوظ رکھا (تفصیل نظر سے نہیں گذری کہ فرعونیوں نے اس کے واسطے کیا تدبیر سوچی ہوگی بہر حال وہ محفوظ رہا چنانچہ حسب قول قتادہ اس کو بھی موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ غرق سے نجات ہوئی کذا فی الدر) اور فرعون والوں پر (مع فرعون کے) موذی عذاب نازل ہوا (جس کا آگے بیان ہے کہ) وہ لوگ (برزخ میں) صبح وشام آگ کے سامنے لائے جاتے ہیں (اور ان کو بتلایا جاتا ہے کہ تم قیامت کے روز اس میں داخل ہو گے) اور جس روز قیامت قائم ہوگی (حکم ہوگا کہ) فرعون والوں کو (مع فرعون کے) نہایت سخت عذاب میں داخل کرو (چنانچہ وہ داخل ہونگے اور مراد اس سے دوزخ ہے اور پھر دوزخ کا بھی سخت طبقہ اور برزخ میں اس آگ کا صرف معاینہ وقرب ووصول اثر ہے اور جس آگ سے برزخی عذاب ہے وہ برزخی آگ ہے خواہ اس کی حقیقت کچھ جدا ہو یا وہ نار جہنم کا ہی اثر ہو) ف: تحقیق صرح بننے نہ بننے کی سورۂ قصص میں گذر چکی ہے اور اخیر کی آیتوں سے عذاب برزخ ثابت ہوتا ہے اس پر ابن کثیر نے ایک سوال وجواب لکھا ہے۔ سوال یہ کہ یہ آیت مکیہ ہے اور حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ مدینہ میں حضرت عائشہؓ نے کسی یہودیہ کو کچھ دیا تو اس نے دعا دی کہ تم کو خدا تعالیٰ عذاب قبر سے بچاوے حضرت عائشہؓ نے جناب سرور کائنات ﷺ سے پوچھا آپ نے نفی فرمائی اس کے بعد فرمایا کہ ہاں مجھ کو وحی سے معلوم ہوا کہ قبر میں عذاب ہوتا ہے پس جب آیت مکیہ اس پر دال تھی تو آپ نے نفی کیسے فرمائی اس کے کئی جواب دیئے ہیں سب سے اچھا جواب یہ ہے کہ آپ نے مطلقاً نفی نہیں فرمائی تھی بلکہ مؤمنین سے نفی فرمائی تھی چنانچہ احمد کی روایت میں ہے انما یفتن یهود پھر وحی کے بعد بعض مؤمنین کے لئے بھی ہونا معلوم ہوا چنانچہ اسی روایت میں ہے فلبثنا لیالی ثم قال رسول اللہ ﷺ الا انکم تفتنون فی القبور اھ اور احقر کے نزدیک سہل جواب یہ ہے کہ آیت سے صرف آل فرعون کے لئے عذاب برزخی ثابت ہے دوسروں کے لئے نفی فرمادی تھی پھر وحی سے معلوم ہوگیا۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۖ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اس میں دلالت ہے کہ اہل باطل سے حق کا کتمان جبکہ خوف کے سبب ہو خصوص جب اس میں سہولت ارشاد کی بھی مصلحت ہو قبیح نہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ اس میں دلالت ہے کہ کلام بقدر عقول مخاطبین کے مناسب ہے ورنہ یہ شق واقع میں بھی اور اس کا تم کے نزدیک بھی غیر محتمل ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی فلما جاء هم عام الخ اشارة الی ان الضمیر المفعول عام للمذکورین وغیرهم توجیها للفاء لان المجیئ الی المذکورین لم یکن متعقبا لقولهم ساحر کذاب بل کان متقدما علیه ۱۲۔ ۲ قوله فی متکبر ہر مغرور لان النکرة تعم فی الاثبات بقرینة المقام کما فی قوله علمت نفس ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قوله علی کل قلب بتنوین قلب ودونه ومتی تکبر القلب تکبر صاحبه وبالعکس وکل علی القراء تین لعموم الضلال جمیع القلب لا لعموم القلب کذا فی الجلالین ویجوز ان یکون کل لعموم افراد قلب موصوف بالمتکبر الجبار علی قراءة او مضاف الی المتکبر الجبار علی اخری فان هذین مفهومان کلیان لهما افراد افاد کل عمومها ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اللغات: تباب خسار وهلاك قوله لا جرم حقا ابن كثير عن اسدى وابن جرير۔ قوله له دعوة اللام للاستحقاق اى لا يليق له دعوة لا فى الدنيا فى الحوائج ولا فى الآخرة بالنصرة ودفع العذاب ۱۲۔

النحو: ان يقول بتقدير اللام اى لان يقول كبر راجع الى الجدال ۱۲۔

البلاغة: قوله وان يك الخ فيه مبالغة في التحذير فانه اذا حذرهم من اصابة البعض افاد انه مهلك مخوف فما بال الكل واظهار للانصاف وعدم التعصب ولذا قدم احتمال كونه كاذبا قوله ان جاء نا نظم نفسه فى سلكهم فيما يسوء هم من مجئ باس الله تعالٰى تطييبا لقلوبهم وايذانا بانه مناصح لهم ساع فى تحصيل ما يجديهم ودفع ما يرديهم سعيه فى حق نفسه ليتاثر وابنصحه ۱۲۔ قوله ويقوم ما لى ادعوكم كر رنداء هم ايقاظاً لهم عن سنته الغفلة واهتماما بالمنادى له ومبالغة فى توبيخهم على ما يقابلون دعوته وترك العطف فى النداء الثانى وهو يا قوم انما هذه الحيٰوة الدنيا الخ لانه تفسير لما اجمل فى النداء قبله من الهداية اى سبيل الرشاد ولم يترك فى هذا النداء لانه ليس بتلك المثابة لانه لتحقيق انه هاد وانهم مضلون وليس ذلك من تفسير الهداية فى شئ۔ قوله العزيز الغفار فى الصفتين تخويف وترجية ۱۲۔

وَاِذْ يَتَحَاجُّوْنَ فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ الضُّعَفٰۗؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ
عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ ۙ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾
وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ﴿۴۹﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ تَكُ
تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۭ قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ وَمَا دُعٰۗؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾ اِنَّا ع ۵ ۱۰
لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ﴿۵۱﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ
مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْۗءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ
الْكِتٰبَ ﴿۵۳﴾ هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۵۴﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ
بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ اِنْ فِيْ
صُدُوْرِهِمْ اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۵۶﴾ لَخَلْقُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَمَا
يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ڏ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْۗءُ ۭ قَلِيْلًا مَّا
تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَقَالَ رَبُّكُمُ
ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ ع ۶ ۱۱

اور جب کہ کفار دوزخ میں ایک دوسرے سے جھگڑیں گے تو ادنیٰ درجہ کے لوگ بڑے درجہ کے لوگوں سے کہیں گے کہ ہم (دنیا میں) تمہارے تابع تھے سو کیا تم ہم سے آگ کا کوئی جزو ہٹا سکتے ہو وہ بڑے لوگ کہیں گے کہ ہم سب ہی دوزخ میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ بندوں کے درمیان فیصلہ کر چکا اور (اس کے بعد) جتنے لوگ دوزخ میں ہوں گے جہنم کے موکل فرشتوں سے (درخواست کے طور پر) کہیں گے کہ تم ہی اپنے پروردگار سے دُعا کرو کہ کسی دن تو ہم سے عذاب ہلکا کر دے۔ فرشتے کہیں گے کہ (یہ بتلاؤ) کیا تمہارے پاس تمہارے پیغمبر معجزات لے کر نہیں آتے رہے دوزخی کہیں گے کہ ہاں آتے تو رہے تھے۔ فرشتے کہیں گے پھر تم ہی دُعا کرو اور کافروں کی دعا محض بے اثر

www.besturdubooks.net

ہے۔ ہم اپنے پیغمبروں کی اور ایمان والوں کی دینوی زندگانی میں بھی مدد کرتے ہیں اور اس روز بھی جس میں گواہی دینے والے (یعنی) فرشتے جو کہ اعمال نامے لکھتے تھے کھڑے ہوں گے جس دن کہ ظالموں (یعنی کافروں) کو ان کی معذرت کچھ نفع نہ دے گی اور ان کے لئے اس عالم میں خرابی ہوگی اور (آپ کے قبل) ہم موسیٰ کی ہدایت نامہ (یعنی توریت) دے چکے ہیں اور (پھر) ہم نے وہ کتاب بنی اسرائیل کو پہنچائی تھی۔ کہ وہ ہدایت اور نصیحت (کی کتاب) تھی اہل عقل کے لئے سو آپ صبر کیجئے بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور اپنے (اس) گناہ کی جس کو مجازاً گناہ کہہ دیا معافی مانگئے اور شام وصبح اپنے رب کی تسبیح وتحمید کرتے رہئے (اور) جو لوگ بلا کسی سند کے ان کے پاس موجود ہو خدائی آیتوں میں جھگڑے نکالا کرتے ہیں اور ان کے دلوں میں نری بڑائی (ہی بڑائی) ہے کہ وہ اس تک پہنچنے والے نہیں۔ سو آپ اللہ کی پناہ مانگتے رہئے بے شک وہی ہے سب کچھ دیکھنے والا۔ بالیقین آسمانوں اور زمین کا (ابتداءً) پیدا کرنا آدمیوں کے (دوبارہ) پیدا کرنے کی نسبت بڑا کام ہے۔ لیکن اکثر آدمی (اتنی بات) نہیں سمجھتے اور بینا نابینا اور (ایک) وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے اور (دوسرے) بدکار برابر نہیں ہوتے تم لوگ بہت ہی کم سمجھتے ہو۔ قیامت تو ضرور آ کر ہی رہے گی اس کے آنے میں کسی طرح شک ہے ہی نہیں مگر اکثر لوگ نہیں مانتے۔ اور تمہارے پروردگار نے فرما دیا ہے کہ مجھ کو پکارو میں تمہاری درخواست قبول کروں گا جو لوگ (صرف) میری عبادت سے سرتابی کرتے ہیں وہ عنقریب (مرتے ہی) ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے۔

تفسیر ربط: اوپر کفار کو چند جا وعید سنائی گئی ہے شروع سورت میں فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝ اور اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ دوسرے رکوع میں وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ ...... اور قصہ میں اَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝ آگے اہل نار کا بعد دخول نار کے بعض حال مذکور ہوتا ہے جیسا: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ ...... میں یہی مضمون تھا اور ان اہل نار کے عموم میں آل فرعون بھی داخل ہیں جن کا قصہ ابھی مذکور رہا تھا۔

بعضے از احوال کفار بعد دخول نار: وَاِذْ يَتَحَآجُّوْنَ فِى النَّارِ (الی قولہ تعالی) وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اور (وہ وقت بھی پیش نظر کرنے کے قابل ہے) جبکہ کفار (مکہ) دوزخ میں ایک دوسرے سے جھگڑیں گے تو ادنیٰ درجہ کے لوگ (یعنی تابعین) بڑے درجہ کے لوگوں سے (یعنی متبوعین سے) کہیں گے کہ ہم (دنیا میں) تمہارے تابع تھے سو کیا تم ہم سے آگ کا کوئی جزو ہٹا سکتے ہو (یعنی جب تم ہم سے اپنا اتباع کراتے تھے تو اب تم کو ہماری مدد کرنا چاہئے) وہ بڑے لوگ کہیں گے کہ ہم سب ہی دوزخ میں (پڑے) ہیں (یعنی جیسے تم دوزخ میں ہو ہم بھی دوزخ میں ہیں سو اگر ہم کو کچھ قدرت مدد کرنے کی ہوتی تو اول اپنی ہی فکر کرتے جب اپنے ہی سے عذاب دفع نہیں کر سکتے تو تم سے کیا دفع کریں گے) اللہ تعالیٰ (اپنے) بندوں کے درمیان (قطعی) فیصلہ کر چکا (اب اس کے خلاف محتمل نہیں اس فیصلہ میں ہم سب ناری ٹھہرے اب کیا ہوتا ہے) اور (اس کے بعد) جتنے لوگ دوزخ میں ہونگے (یعنی متبوعین وتابعین سب ملکر) جہنم کے مؤکل فرشتوں سے (درخواست کے طور پر) کہیں گے کہ تم ہی اپنے پروردگار سے دعا کرو کہ کسی دن تو ہم سے عذاب ہلکا کر دے (یعنی اس کی تو کیا امید کریں کہ عذاب بالکل ہٹ جاوے یا ہمیشہ کے لئے ہلکا ہو جاوے مگر خیر ایک ہی دن کے لئے ہلکا ہو جاوے) فرشتے کہیں گے کہ (یہ بتلاؤ) کیا تمہارے پاس تمہارے پیغمبر معجزات لے کر نہیں آتے رہے تھے (اور دوزخ سے بچنے کا طریقہ نہیں بتلاتے رہے تھے) دوزخی کہیں گے کہ ہاں آتے تو رہے تھے (مگر ہم نے ان کا کہنا نہ مانا کما قال تعالیٰ: قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَآءَنَا نَذِيْرٌ فَكَذَّبْنَا [الملك : ۹]) فرشتے کہیں گے تو پھر (ہم تمہارے لئے دعا نہیں کر سکتے کیونکہ مکذبین کے لئے دعاء کرنے کا ہم کو اذن نہیں ہے) تم ہی (اگر جی چاہے) دعاء کر لو اور (تمہاری دعاء کا بھی کوئی نتیجہ نہ ہوگا کیونکہ) کافروں کی دعاء (گو حق تعالیٰ ہی سے ہو آخرت میں) محض بے اثر ہے (کیونکہ اس دعاء کا اور اسکی شرط اجابت کا کہ ایمان ہے موقع دنیا ہی میں تھا کہ دار العمل ہے یہاں کہ دار الجزاء ہے عمل بیکار ہے)

ف: وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ کی تقریر میں جو کہا گیا ہے گو حق تعالیٰ سے ہو یہ اس لئے کہ غیر حق سے تو دنیا میں بھی بے اثر ہے چنانچہ سورۂ رعد کے دوسرے رکوع میں ایسا ہی جملہ آیا ہے وہاں یہی معنی ہیں۔ اور یہ جو کہا کہ آخرت میں اس سے یہ فائدہ ہوا کہ دُنیا میں کافر کی دعاء قبول ہو سکتی ہے جیسا ابلیس نے عمر طویل مانگی اور منظور کی گئی۔

ربط: اوپر جا بجا بضمن تہدید منکرین حق ان کا خلاف وجدال مذکور ہے جس سے رسول اللہ ﷺ کو حزن بھی ہوتا تھا جیسا تمہید قصہ موسویہ میں تقریر کی گئی ہے آگے آپ کا تسلیہ اخبار عن النصرۃ سے کہ اس پر قصۂ موسویہ مذکورہ سے استشہاد اور اس میں وقوع عذاب مذکور متصلاً کی تعلیل بھی ہے اور اخبار عن بنی اسرائیل سے جس میں مسئلہ رسالت کی تائید بھی ہے۔ اور امر بالصبر والتسبیح والاستعاذہ سے اور آپ کے تسلیہ کے ساتھ مجادلین منکرین کو توبیخ اور ان کے بعض ما فیہ الجدال کے متعلق کچھ کلام ہے۔

تسلیہ رسول وتوبیخ اہل ضلال ورد بعض جدال: اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا (الی قولہ تعالی) سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ہم اپنے پیغمبروں کی اور ایمان والوں کی دینوی زندگانی میں بھی مدد کرتے ہیں (جیسا اوپر موسیٰ علیہ السلام کے قصہ سے معلوم ہوا) اور اس روز بھی جس میں کہ گواہی دینے والے (فرشتے جو کہ نامۂ اعمال لکھتے تھے اور قیامت کے روز اس بات کی گواہی دینگے کہ رسولوں نے عمل تبلیغ کیا اور کفار نے عمل تکذیب غرض وہ فرشتے گواہی کے لئے) کھڑے

www.besturdubooks.net

ہوں گے (مراد اس سے قیامت کا دن ہے چنانچہ وہاں کی مدد کا حال ابھی کفار کے معذب بالنار ہونے سے معلوم ہوا آگے اس دن کا بیان ہے یعنی) جس دن کہ ظالموں (یعنی کافروں) کو انکی معذرت کچھ نفع نہ دے گی (یعنی اول تو کوئی معتد بہ معذرت نہ ہوگی اور اگر کچھ حرکت مذبوحی کی طرح ہوئی تو وہ نافع نہ ہوگی) اور ان کے لئے لعنت ہوگی اور ان کے لئے اس عالم میں خرابی ہوگی (پس اسی طرح آپ اور آپ کے اتباع بھی منصور ہوں گے اور مخالفین مخذول ومقہور ہوں گے تو آپ تسلی رکھئے) اور (آپ کے قبل) ہم موسیٰ (علیہ السلام) کو ہدایت نامہ (یعنی توریت) دے چکے ہیں اور (پھر) ہم نے وہ کتاب بنی اسرائیل کو پہنچائی تھی کہ وہ ہدایت اور نصیحت (کی کتاب) تھی اہل عقل (سلیم) کے لئے (بخلاف بے عقلوں کے کہ وہ اس سے منتفع نہ ہوئے اسی طرح مثل موسیٰ علیہ السلام کے آپ بھی صاحب رسالت وصاحب وحی ہیں اور اسی طرح مثل بنی اسرائیل کے آپ کے اتباع آپ کی کتاب کی خدمت کریں گے اور جیسے ان میں اُولِی الْاَلْبَاب۔ مصدق ومتبع تھے اور غیر اُولِی الْاَلْبَاب۔ منکر ومخالف اسی طرح آپ کی امت میں بھی دونوں طرح کے لوگ ہیں سو (اس سے بھی) آپ (تسلی حاصل کیجئے اور کفار کی ایذاؤں پر) صبر کیجئے بیشک اللہ کا وعدہ (جس کا اوپر لَنَنْصُرُ ...... میں ذکر ہوا ہے بالکل) سچا ہے اور (اگر احیانا کمال صبر میں کچھ کمی ہوگئی ہو جو حسب قواعد شرعیہ واقع میں تو گناہ نہیں مگر آپ کے رتبۂ عالی کے اعتبار سے وجوب تدارک میں مثل گناہ ہی کے ہے اس کا تدارک کیجئے وہ تدارک یہ ہے کہ) اپنے (اس) گناہ کی (جس کو مجازاً گناہ کہدیا) معافی مانگئے اور (ایسے شغل میں رہیے کہ امور موجب حزن کی طرف التفات ہی نہ ہو وہ شغل یہ ہے کہ) شام اور صبح (یعنی علی الدوام) اپنے رب کی تسبیح وتحمید کرتے رہیے (یہ مضمون تو تسلیہ کے متعلق ہوگیا آگے منکرین مجادلین پر توبیخ اور رد ہے یعنی) جو لوگ بلا کسی سند کے کہ ان کے پاس موجود ہو خدا کی آیتوں میں جھگڑے نکالا کرتے ہیں (ان کو کوئی وجہ اشتباہ کی نہیں ہے کہ وہ جدال کا سبب ہو بلکہ) ان کے دلوں میں نری بڑائی (ہی بڑائی) ہے کہ وہ اس تک کبھی پہنچنے والے نہیں (اور وہی بڑائی سبب جدال کا ہے کیونکہ اپنے کو بڑا سمجھتے ہیں اتباع سے عار آتا ہے وہ خود اوروں ہی کو اپنا تابع بنانے کی ہوس رکھتے ہیں لیکن ان کو یہ بڑائی نصیب نہ ہوگی بلکہ جلدی ہی ذلیل وخوار ہونگے چنانچہ مشاہد ووقائع میں مسلمانوں سے مغلوب ہوئے) سو (جب یہ خود بڑائی چاہتے ہیں تو آپ سے حسد وعداوت سب کچھ کریں گے لیکن) آپ (اندیشہ نہ کیجئے بلکہ ان کے شر سے) اللہ کی پناہ مانگتے رہئے بیشک وہی ہے سب کچھ سننے والا سب کچھ دیکھنے والا (تو وہ اپنی صفات کمال سے اپنی پناہ میں آئے ہوئے کو محفوظ رکھے گا یہ جدال تو ان کا رسول ماننے میں تھا چنانچہ کبر کا سبب ہونا اس پر دال ہے کہ آگے ان کا جدال فی البعث مع رد مذکور ہے یعنی وہ لوگ جو آدمیوں کے (دوبارہ) پیدا ہونے کے منکر ہیں بڑے کم عقل ہیں اس واسطے کہ) بالیقین آسمانوں اور زمین کا (ابتداءً) پیدا کرنا آدمیوں کے (دوبارہ) پیدا کرنے کی نسبت بڑا کام ہے (جب بڑے پر قدرت ثابت ہوگئی تو چھوٹے پر بدرجۂ اولیٰ ثابت ہے اور یہ دلیل ثبوت کے لئے کافی وشافی ہے) لیکن اکثر آدمی (اتنی بات) نہیں سمجھتے (بوجہ اس کے کہ غور نہیں کرتے اور بعضے جو غور کرتے ہیں وہ سمجھتے بھی ہیں اور مانتے بھی ہیں اور اس سمجھنے اور ماننے میں تفاوت کی وجہ سے دو طرح کے مختلف لوگ ہوگئے ایک موصوف بصیرت وایمان کے ساتھ کہ اول صفت حاصل ہے سمجھنے کی دوسری صفت حاصل ہے ماننے کی دوسری قسم موصوف عمی اور مسیئیت کے ساتھ کہ اول صفت حاصل ہے نہ سمجھنے کی دوسری صفت حاصل ہے نہ ماننے کی) اور ان دونوں قسموں کے آدمی یعنی ایک) بینا (دوسرا) نابینا اور (ایک) وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے اور (دوسرے) بدکار باہم برابر نہیں ہوتے (اس میں آپ کا تسلیہ بھی ہے کہ ہر قسم کے لوگ ہوا کرتے ہیں سب کیسے سمجھنے لگیں اور منکرین پر عذاب قیامت کی وعید بھی ہے کہ ہم سب کو برابر نہ رکھیں گے۔ آگے منکرین کو جو اعمٰی اور مسئی کے مصداق ہیں بطور التفات کے توبیخاً فرماتے ہیں کہ) تم لوگ بہت ہی کم سمجھتے ہو (ورنہ اعمٰی اور مسئی نہ رہتے۔ اوپر قیامت کے متعلق جدال کا جواب دیکر آگے اس کے ایقاع کی خبر دیتے ہیں کہ) قیامت تو ضرور ہی آکر رہے گی اس (کے آنے) میں کسی طرح کا شک ہے ہی نہیں مگر اکثر لوگ (بوجہ عدم تدبر فی الدلائل کے اس کو) نہیں مانتے اور (ایک جدال ان کا توحید میں تھا کہ خدا کے ساتھ شریک کرتے تھے آگے اس کے متعلق کلام ہے یعنی) تمہارے پروردگار نے فرما دیا ہے کہ (غیروں کو حوائج کے لئے مت پکارو بلکہ) مجھ کو پکارو میں (باستثناء نامناسب معروض کے) تمہاری (ہر) درخواست قبول کرلوں گا (اور یہی معنی ہیں اس قید کے فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ [الأنعام: ۴۱]) جو لوگ (صرف) میری عبادت سے (جس میں مجھ سے دعاء مانگنا بھی داخل ہے) سرتابی کرتے ہیں (اور غیروں کو پکارتے اور ان کی عبادت کرتے ہیں حاصل یہ ہوا کہ جو لوگ توحید سے اعراض کر کے شرک کرتے ہیں) وہ عنقریب (مرتے ہی) ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہونگے۔ **ف**: اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا کے متعلق تحقیق سورۂ مائدہ کے رکوع ہشتم کی اخیر آیت میں گزر چکی ہے یہاں اس سے زائد اتنی بات اور تفسیر ابن کثیر میں نظر سے گذری کہ نصرت کی صورت کبھی بدلہ لینا ہوتا ہے تو مطلب یہ ہوا کہ ہم رسولوں کا اور ایمان والوں کا بدلہ کفار سے لیا کرتے ہیں چنانچہ جب کبھی کفار نے رسل اور مؤمنین پر غلبہ پاکر ان کو قتل وہلاک کیا گو اس وقت اہلِ حق مغلوب ہوگئے مگر منجانب اللہ کسی وقت ان سے بدلہ ضرور لیا گیا چنانچہ قرآن وحدیث وتواریخ سب شاہد ہیں اور یہ جواب احقر کو بہت پسند آیا۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ یعنی آپ کی شان کے اعتبار سے۔ اور اس میں اصل ہے اس قول کی حسنات الابرار سیئات

www.besturdubooks.net

المقربین۔قولہ تعالیٰ ادْعُوْنِیْۤ (الی قولہ تعالی) عَنْ عِبَادَتِیْ اس میں عبدیت کی فضیلت اور دعاء کا منافی توکل ورضا نہ ہونا مذکور ہے۔

النَّحْوُ : فهل انتم نصيبا مفعول لما دل عليه الغناء من الدفع ومن النار بيان النصيب قوله يوما من العذاب يوما مفعول فيه ومفعول يخفف مقدر اى شيئا ومن العذاب بيان له۱۲۔

البَلَاغَة : قوله ولا المسئ عدل فيه عن التقابل الظاهر كما فى الاعمى والبصير اى ما فى النظم الجليل اشارة الى ان المؤمنين علم فى الاحسان وقدم الاعمى لمناسبة العمى ما قبله من نفى العلم وقدم الذين آمنوا بعد لمجاورة البصير وشرفهم واعيدت لا فى المسئ تذكيرا لنفى السابق لما بينهما من الفصل بطول الصلة كذا فى الروح۱۲۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِتَسْكُنُوْا فِیْهِ وَ النَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَی النَّاسِ
وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۶۱﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ ۘ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؗ منزل ۶
فَاَنّٰی تُؤْفَكُوْنَ ﴿۶۲﴾ كَذٰلِكَ یُؤْفَكُ الَّذِیْنَ كَانُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ یَجْحَدُوْنَ ﴿۶۳﴾ اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ
قَرَارًا وَّ السَّمَآءَ بِنَآءً وَّ صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَ رَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚۖ
فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۴﴾ هُوَ الْحَیُّ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ؕ اَلْحَمْدُ
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۵﴾ قُلْ اِنِّیْ نُهِیْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِیَ الْبَیِّنٰتُ
مِنْ رَّبِّیْ ؗ وَ اُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۶﴾ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ
عَلَقَةٍ ثُمَّ یُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْۤا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُیُوْخًا ۚ وَ مِنْكُمْ مَّنْ یُّتَوَفّٰی مِنْ
قَبْلُ وَ لِتَبْلُغُوْۤا اَجَلًا مُّسَمًّی وَّ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ هُوَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰۤی اَمْرًا فَاِنَّمَا
یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ﴿۶۸﴾ ع ۸ / ۷

اللہ ہی ہے جس نے تمہارے (نفع کے) لئے رات بنائی تا کہ تم اس میں آرام کرو اور اسی نے دن کو (دیکھنے کے لئے) روشن بنایا۔ بے شک اللہ تعالیٰ کا لوگوں پر بڑا ہی فضل ہے۔لیکن اکثر آدمی (ان نعمتوں) کا شکر نہیں کرتے۔ یہ اللہ ہے تمہارا رب وہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔اس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں سو (بعد اثبات توحید کے) تم لوگ شرک کر کے کہاں الٹے چلے جارہے ہو۔اسی طرح وہ (پہلے) لوگ بھی الٹے چلا کرتے تھے جو اللہ کی نشانیوں کا انکار کیا کرتے تھے۔اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے زمین کو (مخلوق کا) قرارگاہ بنایا اور آسمان کو (مثل) چھت (کے) بنایا اور تمہارا نقشہ بنایا سو عمدہ نقشہ بنایا اور تم کو عمدہ عمدہ چیزیں کھانے کو دیں۔ (پس) یہ اللہ ہے تمہارا رب سو بڑا عالیشان ہے۔اللہ جو سارے جہاں کا پروردگار ہے۔وہی (ازلی ابدی) زندہ (رہنے والا) ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔سو تم (سب) خالص اعتقاد کر کے اس پکارا کرو۔تمام خوبیاں اس اللہ کے لئے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہان کا۔آپ (ان مشرکوں کو منانے کے لئے) کہہ دیجئے کہ مجھ کو اس سے ممانعت کر دی گئی ہے کہ میں ان شرکاء کی عبادت کروں جن کو اللہ کے علاوہ تم کو پکارتے ہو جب کہ میرے پاس میرے رب کی نشانیاں آ چکیں اور مجھ کو حکم ہوا ہے کہ میں (صرف) رب العالمین کے سامنے گردن جھکالوں۔وہی ہے جس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا۔پھر نطفہ سے پھر خون کے لوتھڑے سے پھر تم کو بچہ کر کے (ماں کے پیٹ سے) نکالتا ہے پھر (تم کو زندہ رکھتا ہے) تا کہ تم اپنی جوانی کو پہنچو پھر تا کہ تم بوڑھے ہو جاؤ اور کوئی کوئی تم میں سے پہلے ہی مر جاتا ہے اور تا کہ تم سب (اپنے اپنے) وقت مقرر (مقدر) تک پہنچ جاؤ اور (یہ سب کچھ اس لئے کیا گیا) تا کہ تم لوگ سمجھو۔وہی ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے۔پھر جب وہ کسی کام کو (دفعۃً پورا کرنا) چاہتا ہے سو بس اس کی نسبت (اتنا) فرما دیتا ہے کہ ہو جا سو وہ ہو جاتا ہے۔

تفسیر ربط : اوپر کی آیتوں میں منجملہ مافیہ الجدال کے آخر میں توحید کا ذکر تھا آگے بھی یہی مضمون ہے و نیز توحید حسب تقریر تمہید اصل مقاصد سورت سے ہے۔

www.besturdubooks.net

توحید: اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِتَسْكُنُوْا فِیْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا (الی قولہ تعالیٰ) فَاِذَا قَضٰۤی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ
اللہ ہی ہے جس نے تمہارے (نفع کے) لئے رات بنائی تاکہ تم اس میں آرام کرو اور اسی نے دن کو (دیکھنے کے لئے) روشن بنایا (تاکہ بے تکلف معاش حاصل کرو) بے شک اللہ تعالیٰ کا لوگوں پر بڑا ہی فضل ہے (کہ ان کی مصلحتوں کی کیسی کیسی رعایت فرمائی) لیکن اکثر آدمی (ان نعمتوں کا) شکر نہیں کرتے (بلکہ الٹا شرک کرتے ہیں) یہ اللہ ہے تمہارا رب (جس کا ذکر ہوا نہ وہ جن کو تم نے تراش رکھا ہے) وہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں سو (بعد اثبات توحید کے) تم لوگ کہاں (شرک کرکے) الٹے چلے جارہے ہو (اور مخاطبین کی کیا تخصیص ہے جس طرح تعصب وعناد سے یہ الٹے چلے جارہے ہیں) اسی طرح وہ (پہلے) لوگ بھی الٹے چلا کرتے تھے جو اللہ کی (تکوینی وتنزیلی) نشانیوں کا انکار کیا کرتے تھے (کذا کقولہ تعالیٰ: تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ [البقرۃ: ۱۱۸] اس میں ایک گونہ آپ کی تسلی بھی ہے) اللہ ہی ہے جس نے زمین کو (مخلوق کا) قرارگاہ بنایا اور آسمان کو (اوپر سے مثل) چھت (کے) بنایا اور تمہارا نقشہ بنایا سو عمدہ نقشہ بنایا (چنانچہ انسان کے اعضاء کے برابر کسی حیوان کے اعضاء میں تناسب نہیں اور یہ مشاہد ومسلم ہے) اور تم کو عمدہ عمدہ چیزیں کھانے کو دیں (پس) یہ اللہ ہے تمہارا رب سو بڑا عالیشان ہے اللہ جو سارے جہان کا پروردگار ہے وہی (ازلی ابدی) زندہ (رہنے والا) ہے اس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں سو تم (سب) خالص اعتقاد کرکے اس کو پکارا کرو (اور شرک نہ کیا کرو) تمام خوبیاں اسی اللہ کے لئے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہان کا آپ (ان مشرکوں کو سنانے کے لئے) کہہ دیجئے کہ مجھ کو اس سے ممانعت کردی گئی ہے کہ میں ان (شرکاء) کی عبادت کروں جن کو خدا کے علاوہ تم پکارتے ہو جبکہ میرے پاس میرے رب کی نشانیاں آچکیں (مراد دلائل عقلیہ ونقلیہ ہیں مطلب یہ کہ شرک سے مجھ کو ممانعت ہوئی ہے) اور مجھ کو یہ حکم ہوا ہے کہ میں (صرف) رب العالمین کے سامنے (عبادت میں) گردن جھکالوں (مطلب یہ کہ مجھ کو توحید کا حکم ہوا ہے) وہی ہے جس نے تم کو (یعنی تمہارے باپ کو) مٹی سے پیدا کیا پھر (آگے ان کی نسل کو) نطفہ سے پھر خون کے لوتھڑے سے (جیسا سورۂ حج میں بیان ہوا ہے) پھر تم کو بچہ کرکے (ماں کے پیٹ سے) نکالتا ہے پھر (تم کو زندہ رکھتا ہے) تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچو پھر (تم کو اور زندہ رکھتا ہے) تاکہ تم بوڑھے ہو جاؤ اور کوئی کوئی تم میں سے (ان عمروں سے یعنی جوانی اور بڑھاپے سے) پہلے ہی مرجاتا ہے (یہ تو سب کا الگ الگ حال ہوا کہ کوئی جوان ہوا کوئی نہ ہوا کوئی بوڑھا ہوا کوئی نہ ہوا) اور (امر آئندہ سب میں مشترک ہے وہ یہ کہ تم ہر ایک کو ایک خاص عمر دیتا ہے) تاکہ تم سب (اپنے اپنے) وقت مقرر (مقدر) تک پہنچ جاؤ (پس یہ امر کلی ہے اور جزئیات مختلفہ سب اسی کلی کے جزئی ہیں) اور (یہ سب کچھ اس لئے کیا) تاکہ تم لوگ (ان امور میں غور کرکے خدا تعالیٰ کی توحید کو) سمجھو وہی ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے پھر جب وہ کسی کام کا (دفعۃً) پورا کرنا چاہتا ہے تو بس اس کی نسبت (اتنا) فرما دیتا ہے کہ ہو جا سو وہ ہو جاتا ہے۔ **ف**: كُنْ فَیَكُوْنُ کی تحقیق اخیر پارہ الٓمّٓ میں گذر چکی ہے اور اس سے تخلیق تدریجی کی نفی نہ سمجھ لی جاوے بلکہ مطلب یہ ہے کہ وہ ایسا قادر ہے کہ اگر کسی چیز کو دفعۃً پیدا کرنا چاہے تو کرسکتا ہے تو تدریجاً تو بدرجۂ اولیٰ اور تقریر ترجمہ سے اس جواب کی طرف اشارہ ہو گیا ہے اور ایک جواب اس کا آخر سورۂ یٰسین میں گزر چکا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِتَسْكُنُوْا فِیْهِ روح میں ہے کہ شب کے وقت ہر شخص کا سکون جدا ہوتا ہے۔ عوام کا راحت نفوس وابدان کے ساتھ اور اہلِ طاعت کا حلاوت اعمال کے ساتھ اور اہلِ محبت کا شوق قلوب کے ساتھ۔ قولہ تعالیٰ: فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ روح میں ہے کہ تم کو اپنے جمال وجلال کا مرآۃ بنایا۔

النحو: قوله لتبلغوا عامله مقدر اى ويبقيكم وكذا قوله ولتكونوا شيوخا عامله ويبقيكم بقاء زائدا وكذا قوله لتبلغوا اجلا عامله فعل ما فعل من بلوغ بعض الاشد وكون بعض شيوخا وتوفي بعض من قبل فالمخاطب فى هذا جميع من ذكر كما فى الخازن من قوله لتبلغوا اى جميعا وهو احسن ما فسروا به ۱۲۔

البلاغۃ: قوله فاذا قضى الفاء للدلالة على ان ما بعدها من نتائج ما قبلها من حيث انه يقتضى قدرة ذاتية غير متوقفة على العدد والمواد وجوز كونها تفصيلية وتعليلية ايضاً كذا فى الروح ۱۲۔

معانقة

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ یُجَادِلُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِ اللّٰهِ ؕ اَنّٰى یُصْرَفُوْنَ ﴿۶۹﴾ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَاۤ اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۛ
فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ﴿۷۰﴾ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ؕ یُسْحَبُوْنَ ﴿۷۱﴾ فِی الْحَمِیْمِ ۙ ثُمَّ فِی النَّارِ یُسْجَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ ثُمَّ
قِیْلَ لَهُمْ اَیْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۳﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَیْـًٔا ؕ كَذٰلِكَ

www.besturdubooks.net

يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾ اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾ ع ۸ / ۱۲

کیا آپ نے ان لوگوں (کی حالت) کو نہیں دیکھا جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں میں جھگڑے نکالتے ہیں (حق سے) کہاں پھرے چلے جارہے ہیں۔ جن لوگوں نے اس کتاب (یعنی قرآن) کو جھٹلایا اور اس چیز کو بھی جو ہم نے اپنے پیغمبروں کو دے کر بھیجا تھا۔ سو ان کو ابھی (یعنی قیامت میں جو قریب ہے) معلوم ہوا جاتا ہے۔ جب کہ طوق ان کی گردنوں میں ہوں گے اور زنجیریں ان کو گھسیٹتے ہوئے کھولتے پانی میں لے جائیں گی پھر یہ آگ میں جھونک دیئے جائیں گے پھر ان سے پوچھا جائے گا کہ وہ (معبود) غیر اللہ کہاں گئے جن کو تم شریک (اللہ) ٹھہراتے تھے وہ کہیں گے کہ وہ تو سب ہم سے غائب ہو گئے بلکہ ہم اس کے قبل کسی کو بھی نہیں پوجتے تھے۔ اللہ تعالیٰ اسی طرح کافروں کو غلطی میں پھنسائے رکھتا ہے یہ (سزا) اس کے بدلہ میں ہے کہ تم دنیا میں ناحق خوشیاں مناتے تھے اور اس کے بدلہ میں ہے کہ تم اتراتے تھے۔ جہنم کے دروازوں میں گھسو (اور) ہمیشہ ہمیشہ اس میں رہو سو متکبرین کا وہ برا ٹھکانہ ہے۔ (اور جب ان سے اس طرح انتقام لیا جائے گا) تو آپ (چندے) صبر کیجئے بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ پھر جس (عذاب) کا ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں اس میں سے کچھ تھوڑا سا (عذاب) اگر ہم آپ کو دکھلائیں یا (اس کے نزول کے قبل ہی) ہم آپ کو وفات دے دیں سو ہمارے ہی پاس ان کو آنا ہوگا اور ہم نے آپ سے پہلے بہت سے پیغمبر بھیجے جن میں بعض تو وہ ہیں کہ ان کا قصہ ہم نے آپ سے بیان کیا ہے اور بعض وہ ہیں جن کا ہم نے آپ سے قصہ بیان نہیں کیا اور اتنا امر سب میں مشترک ہے کہ کسی رسول سے یہ نہ ہو سکا کہ کوئی معجزہ بدوں اذنِ الٰہی کے ظاہر کر سکے۔ پھر جس وقت اللہ تعالیٰ کا حکم (نزول عذاب کے لئے) آئے گا ٹھیک ٹھیک فیصلہ ہو جائے گا اور اس وقت اہل باطل خسارہ میں رہ جائیں گے۔

تفسیر ربط: اوپر آیات اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا ...... میں جس طرح کفار پر توبیخ اور آپ کا تسلیہ تھا اسی طرح آگے بھی ہے لیکن وہاں جزائے کفر اجمالاً مذکور تھی **لھم اللعنۃ ولھم سوء الدار** یہاں کسی قدر تفصیلاً ہے اور وہاں تسلیہ میں صرف موسیٰ علیہ السلام کا جزئیاً ذکر تھا یہاں جمیع رسل کا کلیاً ذکر ہے۔

تہدید مجادلین وتسلیۂ سید المرسلین ﷺ: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالٰی) وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ کیا آپ نے ان لوگوں (کی حالت) کو نہیں دیکھا جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں میں جھگڑے نکالتے ہیں (حق سے) کہاں پھرے چلے جارہے ہیں جن لوگوں نے اس کتاب (یعنی قرآن) کو جھٹلایا اور اس چیز کو بھی (جھٹلایا) جو ہم نے اپنے پیغمبروں کو دیکر بھیجا تھا (اس میں کتب واحکام ومعجزات سب داخل ہو گئے کیونکہ مشرکین عرب اور کسی پیغمبر کو بھی نہیں مانتے تھے) سو ان کو ابھی (یعنی قیامت میں کہ قریب ہے) معلوم ہوا جاتا ہے جبکہ طوق ان کی گردنوں میں ہونگے اور (ان طوقوں میں) زنجیریں (پروئی ہوئی ہوں گی جن کا دوسرا سرا فرشتوں کے ہاتھ میں ہوگا اور ان زنجیروں سے) ان کو گھسیٹتے ہوئے کھولتے پانی میں لیجائیں گے پھر یہ آگ میں جھونک دیئے جائیں گے پھر ان سے پوچھا جاوے گا کہ وہ (معبود) غیر اللہ کہاں گئے جن کو تم شریک (خدائی) ٹھہراتے تھے (یعنی تمہاری مدد کیوں نہیں کرتے) وہ کہیں گے کہ وہ تو سب ہم سے غائب ہو گئے بلکہ (سچ بات تو یہ ہے کہ) ہم اس کے قبل (دنیا میں جو بتوں کو پوجتے تھے تو اب معلوم ہوا کہ) کسی کو بھی نہیں پوجتے تھے (یعنی معلوم ہوا کہ وہ لاشیٔ محض تھے ایسی بات غلط ظاہر ہونے کے وقت کہی جاتی ہے جیسے کوئی شخص تجارت میں خسارہ اٹھاوے اور اس سے پوچھا جاوے کہ تم فلاں مال کی تجارت کیا کرتے ہو اور وہ کہے کہ میں تو کہیں کی بھی تجارت نہیں کرتا یعنی جب اس کا ثمرہ حاصل نہ ہوا تو یوں سمجھنا چاہیے کہ گویا وہ عمل ہی نہیں ہوا آگے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ) اللہ تعالیٰ اسی طرح کافروں کو غلطی میں پھنسائے رکھتا ہے (کہ جس چیز کے لاشیٔ وغیرہ نافع ہونے کا وہاں وہ خود اقرار کریں گے آج یہاں ان کی عبادت میں مشغول ہیں ارشاد ہوگا کہ (یہ سزا) اس کے بدلہ میں ہے کہ تم دنیا میں ناحق خوشیاں مناتے تھے اور اس کے بدلہ میں ہے کہ تم اتراتے تھے (فرح متعلق قلب کے اور مرح متعلق بدن کے خواہ لغۃً یا مقابلۃً یعنی متاع دنیا کو اصل مقصود سمجھ کر اس کے حصول پر دل میں ایسے خوش ہوتے تھے کہ اس کے آثار ظاہر پر نمودار ہوتے تھے جیسے چال وغیرہ میں جس کی ممانعت آئی ہے: وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا [الاسراء: ۳۷] اور اس کے قبل ان کو حکم ہوگا کہ) جہنم کے دروازوں میں گھسو (اور) ہمیشہ ہمیشہ اس میں رہو سو متکبرین (عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ [القصص: ۸۸]) کا وہ برا ٹھکانا ہے (اور جب ان سے اس طرح

www.besturdubooks.net

انتقام لیا جاویگا) تو آپ (چندے) صبر کیجئے بیشک اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے پھر جس (عذاب) کا (مطلقاً) ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں (کہ کفر موجب تعذیب ہے) اس میں سے کچھ تھوڑا سا (عذاب) اگر ہم آپ کو دکھلا دیں (یعنی آپ کی حیات میں ان پر اس کا نزول ہو جاوے) یا (اس کے نزول کے قبل ہی) ہم آپ کو وفات دیدیں (پھر خواہ بعد میں نزول ہو یا نہ ہو) سو (دونوں احتمال ہیں کوئی شق ضروری نہیں لیکن ہر حال اور ہر احتمال پر) ہمارے ہی پاس ان کو آنا ہوگا (اور اس وقت بالیقین ان پر عذاب واقع ہوگا) اور (اس بات کو یاد کر کے بھی تسلی حاصل کیجئے کہ) ہم نے آپ سے پہلے بہت سے پیغمبر بھیجے جن میں بعضے تو وہ ہیں کہ ان کا قصہ ہم نے آپ سے (اجمالاً یا تفصیلاً) بیان کیا ہے اور بعضے وہ ہیں جن کا ہم نے آپ سے بیان نہیں کیا اور (اتنا امر سب میں مشترک ہے کہ) کسی رسول سے یہ نہ ہو سکا کہ کوئی معجزہ بدوں اذن الٰہی کے ظاہر کر سکے (اور امت کی ہر فرمائش پوری کر سکے سو بعضے اس لئے بھی اُن کی تکذیب کرتے رہے اسی طرح یہ لوگ آپ کی تکذیب کرتے ہیں تو آپ تسلی رکھئے اور صبر کیجئے) پھر جس وقت اللہ کا حکم (نزول عذاب کیلئے) آویگا (خواہ دنیا میں یا آخرت میں لقولہ تعالیٰ: وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعۡضَ الَّذِيۡ نَعِدُهُمۡ ...... [یونس: ۴۶]) ٹھیک ٹھیک (عملی) فیصلہ ہو جاوے گا اور اس وقت اہل باطل خسارہ میں رہ جاویں گے۔

فــ: كَذَّبُوۡا بِالۡكِتٰبِ وَبِمَاۤ اَرۡسَلۡنَا...... سے یہ مقصود نہیں کہ مجموعہ تکذیبین مدار تعذیب کا ہے کیونکہ یقیناً ہر واحد بھی سبب عذاب مخلد کا ہے بلکہ مقصود بیان کرنا حال مشرکین کا ہے کہ وہ دونوں کی تکذیب کیا کرتے تھے اور یہ جو ارشاد فرمایا: يُسۡحَبُوۡنَۙ فِي الۡحَمِيۡمِ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسۡجَرُوۡنَ اس سے ظاہر تقدم حمیم کا دخول نار سے معلوم ہوتا ہے چنانچہ بعض علماء اسی کے قائل ہیں کہ حمیم خارج جہنم ہے اور انہوں نے سورۂ صافات کی آیت: ثُمَّ اِنَّ مَرۡجِعَهُمۡ لَاِلَى الۡجَحِيۡمِ [۶۸] کو اسی پر محمول کیا ہے کہ حمیم بلانے کے وقت ان کو جہنم سے باہر لاوینگے اور حمیم پلا کر پھر جہنم میں لیجاوینگے جیسا لفظ مرجع اس پر دال ہے اور بعض اس کے قائل نہیں ہوئے اور ان آیتوں پر نظر کی قولہ تعالیٰ: خُذُوۡهُ فَاعۡتِلُوۡهُ اِلٰى سَوَآءِ الۡجَحِيۡمِ ثُمَّ صُبُّوۡا فَوۡقَ رَاۡسِهٖ مِنۡ عَذَابِ الۡحَمِيۡمِ [الدخان: ۴۷-۴۸] قولہ تعالیٰ: وَمَا هُمۡ بِخٰرِجِيۡنَ مِنَ النَّارِ [البقرۃ: ۱۶۷] کہ آیت اول سے تقدیم جحیم کا حمیم پر معلوم ہوتا ہے اور آیت ثانیہ سے جہنم سے باہر آنے کی نفی ہوتی ہے اور ہر فریق نے دوسرے کے دلائل میں مناسب تاویل کی ہے احقر کو آیات میں غور کرنے سے ظناً یہ معلوم ہوتا ہے کہ دوزخ میں انواع انواع عذاب ہونگے کبھی کچھ کبھی کچھ ان میں سے حمیم و جحیم بھی ہے پس دونوں کا سلسلہ برابر جاری رہیگا پس ہر نوع باعتبار ایک فرد کے دوسری نوع سے مقدم بھی ہے اور باعتبار دوسری فرد کے اس سے مؤخر بھی اور دوزخ کا اطلاق کبھی حمیم کے مقابل پر آتا ہے کبھی حمیم سے عام مفہوم پر کیونکہ حمیم کا حمیم ہونا خود اُسی نار کا اثر ہے پس اُس سے ملابستہ بین ملابستہ بالنار ہے پس معنیٰ اول کے اعتبار سے حمیم کو خارج از جحیم کہہ سکتے ہیں اور معنیٰ ثانی کے اعتبار سے عدم خروج من النار کا حکم صحیح رہتا ہے اس تقریر پر تمام آیتیں جمع ہو گئیں اور تائید اس تقریر کی اس آیت سے ہوتی ہے: هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيۡ يُكَذِّبُ بِهَا الۡمُجۡرِمُوۡنَ يَطُوۡفُوۡنَ بَيۡنَهَا وَبَيۡنَ حَمِيۡمٍ اٰنٍ [الرحمن: ۴۳-۴۴] اور ابن کثیر مفسر نے اس مقام پر کہا ہے: یسحبونهم علی وجوههم تارة الی الحمیم وتارة الی الجحیم والله اعلم بحقیقة الحال اور ضلوا عنا پر ایک شبہ ہوتا ہے کہ دوسری آیات سے خود اصنام و شیاطین کا بھی دوزخ میں ہونا معلوم ہوتا ہے قال تعالیٰ: وَمَا تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ [الانبیاء: ۹۹] وقال تعالیٰ: قَرِيۡنُهٗ رَبَّنَا مَاۤ اَطۡغَيۡتُهٗ...... [ق: ۲۷] پھر ضلوا کے کیا معنیٰ۔ جواب یہ ہے کہ یا تو اس وقت وہ ان کی نظر سے مخفی ہوں یا سہل تر یہ معنیٰ کہ ضلوا عن نصرتنا اور فاصبر کی علت میں وقوع عذاب کے وعدہ کا سچا ہونا جو بیان فرمایا اس سے شبہ ہوتا ہے کہ آپ باوجود ایسے رحیم وشفیق ہونے کے ان کے لئے عذاب چاہتے تھے۔ جواب یہ ہے کہ ان کے ایمان سے مایوس ہونے کے بعد اہل حق کے ساتھ (کہ جن کو وہ ظالم ستاتے تھے) ہمدردی کرنا سبب اس عذاب چاہنے کا ہو تو رحمت وشفقت کے خلاف نہیں کیا جب ظالم کو مظلوم کی نصرت میں سزا دی جاوے تو اس کو کوئی رحمت وشفقت کے منافی کہہ سکتا ہے آخر اسی حکمت کے لئے جہاد بھی ہوتا تھا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَا كَانَ لِرَسُوۡلٍ اَنۡ يَّاۡتِىَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذۡنِ اللّٰهِ اس میں اولیاء کا تصرفات مستقلہ سے عاجز ہونا بالاولیٰ مذکور ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی قیل ادخلوا اس کے قبل کذا فی الروح عن ابن عطیة یقال لهم قبل هذه المحاورة فی اول الامر ادخلوا ۱۲۔

اللغات: یسجرون یحرقون ظاهرا وباطنا من سجر التنور اذا ملأه ایقادا کذا فی الروح ۱۲۔

النحو: الذین کذبوا بدل من الموصول الاول او بیان له او صفة له۔ قوله من دون الله هو عندی حال من مفعول یشرکون قوله کذلك معناه مثل ذلك الاضلال الذی ضلوا به واعترفوا به یضل الله الکافرین فی الدنیا حتی انهم یدعون فیها ما یتبین لهم انه لیس بشیء ۱۲۔

البدیع والبلاغة: قوله تفرحون وتمرحون فیه تجنیس حسن۔ قوله مثوی لم یقل مدخل المتکبرین لیتجاوب الصدر والعجز لان

www.besturdubooks.net

الدخول المقيد بالخلود سبب الثواء والتحاوب صح معنى ۱۲۔ قوله ليتجاوب الخ علة ليقل لالم يقل وقوله لان الدخول الخ علة لقوله لم يقل ۱۲منہ۔

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا
حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ﴿۸۱﴾
اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ
قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَمَّا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا
بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸۳﴾ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ
وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ۭ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ
قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ ع ۹ ۱۴

اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لئے مواشی بنائے تا کہ ان میں سے سواری لو اور ان میں سے بعض (ایسے ہیں کہ ان) کو کھاتے بھی ہو اور تمہارے لئے ان میں اور بھی بہت فائدے ہیں اور اس لئے بنائے تا کہ تو ان پر اپنے مطلب تک پہنچو جو تمہارے دلوں میں ہے اور ان پر (بھی) اور کشتی پر (بھی) لدے لدے پھرتے ہو اور (ان کے علاوہ) تم کو اپنی اور بھی نشانیاں دکھلاتا رہتا ہے۔ پھر تم اللہ تعالیٰ کی کون سی نشانیوں کا انکار کرو گے۔ کیا ان لوگوں نے ملک میں چل پھر کر نہیں دیکھا کہ جو (مشرک) لوگ ان سے پہلے ہو گذرے ہیں ان کا کیا انجام ہوا (حالانکہ) وہ لوگ ان سے زیادہ تھے اور قوت اور نشانیوں میں (بھی) جو کہ زمین پر چھوڑ گئے ہیں بڑھے ہوئے سو ان کی (یہ تمام تر) کمائی ان کے کچھ بھی کام نہ آئی غرض جب ان کے پیغمبر ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آئے تو وہ لوگ اپنے (اس) علم (معاش) پر بڑے نازاں ہوئے جو ان کو حاصل تھا اور ان پر وہ عذاب آ پڑا جس کے ساتھ تمسخر کرتے تھے۔ پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھا تو کہنے لگے (اب) ہم خدائے واحد پر ایمان لائے اور ان سب چیزوں سے ہم منکر ہوئے جن کو ہم اس کے ساتھ شریک ٹھہراتے تھے سو ان کو ان کا ایمان لانا نافع نہ ہوا جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا اللہ تعالیٰ نے اپنا یہ معمول مقرر کیا ہے جو اس کے بندوں میں پہلے سے ہوتا چلا آیا ہے اور اس وقت کافر خسارہ میں رہ گئے۔

تفسیر ربط: اوپر آیات اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ ...... میں توحید کا مضمون تھا آگے اسی پر سورت ختم ہے جس میں اول توحید کی دلیل پھر اس کے انکار پر توبیخ پھر مشرکین امم سابقہ کا حال یاد دلا کر تہدید اور اسی سلسلہ میں معائنہ عذاب کے وقت شرک سے توبہ مقبول نہ ہونا ارشاد ہے۔

خاتمہ در توحید رب العالمین وتہدید منکرین مشرکین: اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ (الی قولہ تعالی) وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لئے مواشی بنائے تا کہ ان میں بعض سے سواری لو اور ان میں بعض (ایسے ہیں کہ ان کو) کھاتے بھی ہو اور تمہارے لئے ان میں اور بھی بہت سے فائدے ہیں (کہ ان کے بال اور اون کام آتی ہے) اور (اس لئے بنائے) تا کہ تم ان پر سوار ہو کر) اپنے مطلب تک پہنچو جو تمہارے دلوں میں ہے (جیسے کسی سے ملنے کے لئے جانا تجارت کے لئے جانا وغیرہ وغیرہ اور یہ رکوب غایت تھی یہاں اس رکوب کی غایت ہے) اور (سوار ہونے میں کچھ ان ہی کی تخصیص نہیں بلکہ) ان پر (بھی) اور کشتی پر (بھی) لدے لدے پھرتے ہو اور (ان کے علاوہ) تم کو اپنی (قدرت کی) اور بھی نشانیاں دکھلاتا رہتا ہے (چنانچہ ہر مصنوع اس کی صنعت پر ایک نشان ہے) سو تم اللہ کی کون کون سے نشانیوں کا انکار کرو گے (اور یہ لوگ جو بعد قیام دلائل بھی توحید کے منکر ہیں تو کیا ان کو شرک کے وبال کی خبر نہیں اور) کیا ان لوگوں نے ملک میں چل پھر کر نہیں دیکھا کہ جو (مشرک) لوگ ان سے پہلے ہو گذرے ہیں (اس شرک کی بدولت) ان کا کیسا انجام ہوا (حالانکہ) وہ لوگ ان سے (عدد میں بھی) زیادہ تھے اور قوت اور ان نشانوں میں (بھی) جو کہ زمین پر چھوڑ گئے ہیں (مثل عمارات وغیرہ) بڑھے ہوئے تھے سو ان کی (یہ تمام تر) کمائی ان کے کچھ کام نہ آئی (اور عذاب الٰہی سے نہ بچ سکے) غرض جب ان کے پیغمبر ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آئے تو وہ لوگ اپنے (اس) علم (معاش) پر بڑے نازاں ہوئے جو ان کو حاصل تھا (یعنی معاش کو مقصود سمجھ کر اور اس میں جو ان کو لیاقت حاصل تھی اس پر خوش ہوئے اور معاد کا انکار

www.besturdubooks.net

کرکے اس کی طلب کو دیوانگی اور اس کے انکار پر وعید عذابی کو مایہ تمسخر ٹھہرایا کقولہ تعالیٰ: یَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ...... [الروم : ۷] اور (اس کے وبال میں) ان پر وہ عذاب آ پڑا جس کے ساتھ تمسخر کرتے تھے پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھا تو کہنے لگے (اب) ہم خدائے واحد پر ایمان لائے اور ان سب چیزوں سے ہم منکر ہوئے جن کو ہم اس کے ساتھ شریک ٹھہراتے تھے سو ان کو ان کا یہ ایمان لانا نافع نہ ہوا جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا (کیونکہ وہ ایمان اضطراری ہے اور عبد مکلف ہے ایمان اختیاری کا) اللہ تعالیٰ نے اپنا یہی معمول مقرر کیا ہے جو اس کے بندوں میں پہلے سے ہوتا چلا آیا ہے اور اس وقت (یعنی جبکہ ایمان نافع نہ ہوا) کافر خسارہ میں رہ گئے (پس ان مشرکین کو بھی یہ سب مضامین سمجھ کر ڈرنا چاہئے ان کیلئے بھی یہی ہوگا پھر کچھ تلافی نہ ہو سکے گی) **ف**:

مسئلہ: جب عذاب آخرت وملائکہ عذاب نظر آ جاویں گے پھر اس وقت کا ایمان مقبول نہیں اور اس کو ایمان یاس کہتے ہیں اور اس کی تحقیق سورۂ نساء کے تیسرے رکوع میں گذری ہے ملاحظہ فرمایئے۔ **تم بحمد اللہ تعالیٰ تفسیر سورة المؤمن للسابع والعشرين من ربيع الاول يوم السبت ۱۳۲۵ من الهجرة ويتلوه ان شاء الله تعالىٰ تفسير حم السجدة۔**

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ (الی قولہ تعالی) تُحْمَلُوْنَ۔ اس میں دلالت ہے کہ اسباب معیشت سے منتفع ہونا طریق میں نقص نہیں جیسا بعض متقشفین کا زعم ہے۔ قولہ تعالیٰ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ (الی قولہ تعالی) مِّنَ الْعِلْمِ اس میں ایسے علم پر فرحت کرنے کی مذمت ہے جو شریعت کے مبائن ہو اور اس میں تصوف باطل بھی آ گیا۔ سورۂ مؤمن تمام ہوئی۔

النحو: قوله ولتبلغوا عطف على لتركبوا ۱۲۔

البلاغة: قوله فما اغنى الى قوله فلم يك ينفعهم فى الروح عنها اربعة فاء ات فاء فما اغنى وفاء فلما جاء تهم وفاء فلما راوا وفاء فلم يك فالفاء الاولى للنتيجة والثانية تفسيرية والثالثة للتعقيب ومثلها الفاء الرابعة آه مختصر ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سورۃ حم السجدۃ

سورۃ حم السجدۃ ۴۱ مکیۃ ۶۱ — بسم اللہ الرحمن الرحیم — آیاتہا ۵۴ رکوعاتہا ۶

سورۃ حم السجدۃ مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۵۴ آیات اور ۶ رکوع ہیں

حٰمٓ ۝۱ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۲ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝۳ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ
اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝۴ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ
حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ۝۵ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ۗ
وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۝۶ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝۷ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝۸ ع ۱۵

حٰمٓ ۔ یہ کلام رحمن رحیم کی طرف سے نازل کیا جاتا ہے یہ ایک کتاب ہے جس کی آیتیں صاف صاف بیان کی گئی ہیں ۔ یعنی ایسا قرآن ہے جو عربی (زبان میں) ہے ایسے لوگوں کے لئے (نافع) ہے جو دانشمند ہیں ۔ بشارت دینے والا ہے (اور نہ ماننے والوں کے لئے) ڈرانے والا ہے سو اکثر لوگوں نے (اس سے) روگردانی کی پھر وہ (بوجہ اعراض کے) سنتے ہی نہیں اور وہ لوگ کہتے ہیں کہ جس بات کی طرف آپ ہم کو بلاتے ہیں ہمارے دِل اس سے پردوں میں ہیں اور ہمارے کانوں میں ڈاٹ لگ رہی ہے اور ہمارے آپ کے درمیان میں ایک حجاب ہے سو آپ اپنا کام کئے جائیے ہم اپنا کام کر رہے ہیں ۔ آپ فرما دیجئے کہ میں بھی تم ہی جیسا بشر ہوں مجھ پر یہ وحی نازل ہوتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے سو اس (معبود برحق) کی طرف سیدھ باندھ لو اور اس سے معافی مانگو اور ایسے مشرکوں کیلئے بڑی خرابی ہے جو زکوٰۃ نہیں دیتے جو آخرت کے منکر ہی رہتے ہیں (اور برخلاف ان کے) جو لوگ ایمان لے آئے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کیلئے (آخرت میں) ایسا اجر ہے جو کبھی موقوف ہونے والا نہیں ۔

تفسیر: سورۃ حٰمٓ السجدہ مکیۃ وھی اربع وخمسون ایۃ وست رکوعات کذا فی البیضاوی۔

ربط: اس سورت کا حاصل یہ مضامین ہیں ۔ توحید جس سے تمہید کے بعد سورت شروع ہوتی ہے اور سورت گزشتہ اسی پر ختم ہوئی تھی جس کا صریح بیان رکوع دوم سے چلا ہے پھر ان آیات میں عود ہوا ہے: وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ ...... پھر ختم کے قریب عود ہوا ہے: مَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ ...... دوسرا مضمون رسالت جو توحید سے پہلے بطور تمہید کے اولاً مذکور ہوا ہے پھر ثانیاً ان آیات میں: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا اور اسی سلسلہ میں بطور تسلیہ کے آپ کو ترغیب صبر وعفو وصفح کی دی گئی ہے اس آیت میں: وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ ...... پھر ثالثاً مع تسلیہ ان آیات میں: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ ...... تیسرا مضمون انکار توحید ورسالت پر زجر وانکار وعید عذاب ہے اولاً وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ...... میں ثانیاً: فَاِنْ اَعْرَضُوْا ...... میں ثالثاً: اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ ...... میں اور چونکہ اس میں عذاب قیامت مذکور ہے اس مناسبت سے وقوع قیامت کی تحقیق ہے اور اولاً: اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا لَمُحْيِ الْمَوْتٰى میں ثانیاً: اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ میں ثالثاً: اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاۗءِ رَبِّهِمْ میں اور اسی مضمون کے مقابلہ اور تتمیم کے لئے چند جا اہل ایمان کے بشارات بھی مذکور ہیں اور بقیہ مضامین درمیان ان ہی مضامین کی تبعیت میں مذکور ہیں ۔

حقیتِ قرآن مبین ورسالت سید المرسلین وتشنیع منکرین بطور توطیہ توحید رب العالمین وتتمیمش بیان عقوبت مشرکین واجر موحدین مومنین:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ (الی قولہ تعالی) لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ ۔ حٰمٓ ۔ (اس کے معنی اللہ کو معلوم ہیں)

www.besturdubooks.net

یہ کلام رحمٰن رحیم کی طرف سے نازل کیا جاتا ہے یہ (کلام) ایک کتاب ہے جس کی آیتیں صاف صاف بیان کی گئی ہیں یعنی ایسا قرآن ہے جو عربی (زبان میں) ہے (تا کہ جن لوگوں میں اس کا نزول ہوا ہے وہ آسانی سے سمجھ لیں اور) ایسے لوگوں کیلئے (نافع) ہے جو دانشمند ہیں (یعنی گو مکلف سب ہی ہیں مگر منتفع صرف اہل دانش ہی ہوتے ہیں اور ماننے والوں کیلئے) بشارت دینے والا ہے (اور نہ ماننے والوں کیلئے) ڈرانے والا ہے سو (مقتضی ان صفات کمال کا یہ تھا کہ اس پر سب ایمان لاتے مگر) اکثر لوگوں نے (اس سے) روگردانی کی پھر (بوجہ اعراض کے) وہ سنتے ہی نہیں اور (جب آپ ان کو سناتے ہیں تو وہ لوگ کہتے ہیں کہ جس بات کی طرف آپ ہم کو بلاتے ہیں ہمارے دل اس سے پردوں میں ہیں (یعنی ہماری سمجھ میں نہیں آتی) اور ہمارے کانوں میں ڈاٹ (لگ رہی) ہے اور ہمارے اور آپ کے درمیان میں ایک حجاب ہے سو آپ اپنا کام کئے جایئے ہم اپنا کام کر رہے ہیں (یعنی ہم سے کچھ امید قبول کی نہ رکھئے اور پھر بھی کہنے کو جی چاہے کہے جایئے آپ جانیں اور آپ کا کام ہم اپنے طریقہ کو نہ چھوڑیں گے) آپ فرما دیجئے کہ (بھائی تم کو ایمان پر مجبور کرنے کی تو میں قدرت رکھتا نہیں جو زبردستی قبول کرا سکوں کیونکہ) میں بھی تم ہی جیسا بشر ہوں (لیکن خدا تعالیٰ نے مجھ کو یہ امتیاز دیا ہے کہ) مجھ پر (وحی نازل ہوتی ہے اور وحی بھی ایسے مضمون کی جو عقلاً قابل قبول ہے یعنی) یہ وحی نازل ہوتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے (یعنی میں صاحب وحی ونبوت ہوں جس کی تصدیق معجزات سے ہو چکی ہے جن میں اعظم قرآن ہے جس کا اوپر بیان ہے اور نبی ہونا اس کو مقتضی ہے کہ اگر اس کی کوئی بات ثابت بالعقل نہ ہو تب بھی ماننا چاہئے چہ جائیکہ وہ بات بھی ثابت بالعقل ہو) سو (اس حالت میں تمہارے قبول نہ کرنے کی کوئی وجہ نہیں ضرور قبول کرو اور) اس (معبود برحق) کی طرف سیدھے باندھ لو (یعنی اور کسی کی عبادت کی طرف توجہ مت کرو) اور (جواب تک غیر اللہ کی عبادت کی ہے اس عبادت کی) اس سے معافی مانگو (یعنی توحید اختیار کرو اور شرک سابق سے توبہ کرو) اور (آگے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ) ایسے مشرکوں کیلئے بڑی خرابی ہے جو (اس مضمون ثبوت نبوت و وجوب اتباع کو سن کر بھی اپنے طریقہ کو نہیں چھوڑتے اور) زکوٰۃ نہیں دیتے اور وہ آخرت کے منکر ہی رہتے ہیں (اور برخلاف ان کے) جو لوگ (حقانیت رسالت کا اعتقاد کر کے) ایمان لے آئے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کیلئے (آخرت میں) ایسا اجر ہے جو (کبھی) موقوف ہونیوالا نہیں **ف**: یہاں ایک سوال ہے وہ یہ کہ یہاں اللہ تعالیٰ نے کفار کا یہ قول قُلُوْبُنَا فِیْٓ اَکِنَّةٍ ...... معرض ذم میں نقل کیا ہے جس سے اس کا کاذب اور باطل ہونا معلوم ہوتا ہے اور بعض آیات میں خود ان چیزوں کا اثبات فرمایا ہے جیسے: وَجَعَلْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ اَکِنَّةً [الأنعام: ۲۵] وَفِیْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا **کما فی سورة الانعام وبنی اسرائیل والکهف** پس ان میں وجہ جمع کیا ہے۔ جواب یہ ہے کہ مقصود کفار کا ان اقوال سے فقدان مطلق استعداد کا تھا اور یہ باطل ہے اور مقصود حق تعالیٰ کا فقدان استعداد قریب من الفعل کا ہے اور یہ حق ہے۔ دوسرے غرض ان کی اس کلام سے اخبار تھا اپنے عزم اصرار علی الکفر سے اور یہ مذموم اور شنیع ہے اور رد اسی اعتبار سے ہے کیونکہ کلام کا رد کرنا گاہے مدلول کے اعتبار سے نہیں ہوتا بلکہ غرض کے اعتبار سے ہوتا ہے۔ اور یہاں لَا یُؤْتُوْنَ الزَّکٰوةَ کے متعلق دو سوال ہیں ایک یہ کہ کفار پر ترک زکوٰۃ سے وعید کے کیا معنی۔ دوسرے زکوٰۃ مدینہ میں فرض ہوئی تھی اور یہ سورت مکیہ ہے جواب سوال اول کا یہ ہے کہ ترک پر من حیث الذات مذمت مقصود نہیں بلکہ اس حیثیت سے کہ یہ ترک کفار میں بوجہ ایمان نہ لانے کے علامت عدم ایمان کی ہے پس اصل مقصود ذم علی الکفر ہے اور منجملہ دوسری علامات کے اس کی تخصیص شاید اس لئے ہے کہ ایمان نہ لانے کے اسباب میں سے ایک حب مال بھی ہے جو سبب ہے ترک زکوٰۃ کا۔ اور دوسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ یہ لغت معنی انفاق فی الخیر میں اہل عرب میں پہلے سے بھی معروف تھا چنانچہ شعر **امیه الفاعلون للزکوٰة** منقول ہے اور مطلق انفاق فی الخیر بعض مواقع میں مکہ میں بھی واجب تھا اور بالمعنی الخصوص وبالشرط الخصوص فرض ہونا مختص ہے مدینہ کے ساتھ۔

ترجمہ مسائل السلوک: (سورۂ حم السجدہ) قولہ تعالیٰ: ...... اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا روح میں سدی سے منقول ہے کہ یہ آیت مریضوں اور بوڑھوں کے حق میں نازل ہوئی جو مرض یا ضعف پیری کے سبب اکمال طاعات سے عاجز ہو جاویں تو ان کیلئے ویسا ہی ثواب ملتا ہے جو حالت صحت وقوت میں عمل کرنے سے لکھا جاتا تھا اھ اور اسی سے مشائخ سالکین کو تسلی دیتے ہیں جب ان کو کوئی عذر پیش آ جاتا ہے جس سے وہ پورا عمل نہیں کر سکتے۔

النحو: **قوله قرآنا نصب علی الاختصاص والمدح۔ قوله لقوم الا جود ان یکون صفة مثل ما قبله وما بعده ای قرآنا عربیا کائنا لقوم الخ کذا فی الکشاف قوله اکثرهم المرجع هو الناس بقرینة المقام۱۲۔**

البلاغة: **قوله قالوا قلوبنا جمعت الآیة الحجب الثلاثة علی القلب وعلی الآذان وعلی الابصار کما یتبادر من قوله حجاب۱۲۔**

قُلْ اَئِنَّکُمْ لَتَکْفُرُوْنَ بِالَّذِیْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِیْ یَوْمَیْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ ذٰلِکَ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۚ﴿۹﴾ وَجَعَلَ

فِیْهَا رَوَاسِیَ مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَکَ فِیْهَا وَقَدَّرَ فِیْهَآ اَقْوَاتَهَا فِیْٓ اَرْبَعَةِ اَیَّامٍ ؕ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِیْنَ ﴿۱۰﴾ ثُمَّ اسْتَوٰٓی

www.besturdubooks.net

اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ۝۱۱ فَقَضٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ؕ وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ ۖ وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝۱۲

آپ فرمایئے کہ کیا تم لوگ ایسے اللہ (کی توحید) کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو (باوجود اتنی بڑی وسعت کے) دو روز میں پیدا کیا اور تم اس کے شریک ٹھہراتے ہو یہی سارے جہان کا رب ہے اور اس نے زمین اس کے اوپر پہاڑ بنا دیئے ہیں اور اس (زمین) میں فائدہ کی چیزیں اور اس (کے رہنے والوں) کی غذائیں تجویز کر دی چار دن میں (ہوا جو شمار میں) پورے ہیں پوچھنے والوں کے لئے پھر آسمان (کے بنانے) کی طرف توجہ فرمائی اور وہ (اس وقت) دھواں سا تھا سو اس سے اور زمین سے فرمایا کہ تم دونوں خوشی سے آؤ یا زبردستی سے دونوں نے عرض کیا کہ ہم خوشی سے حاضر ہیں۔ سو دو روز میں اس کے سات آسمان بنا دیئے اور ہر آسمان میں اس کے مناسب اپنا حکم (فرشتوں کو) بھیج دیا اور ہم نے اس قریب والے آسمان کو ستاروں سے زینت دی اور (استراق شیاطین سے) اس کی حفاظت کی۔ یہ تجویز ہے (خدائے) زبردست واقف الکل کی۔

تفسیر ربط: اوپر تمہید توحید کے طور پر رسالت کا مضمون تھا آگے توحید کا مضمون ہے۔

توحید: قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ (الی قولہ تعالی) ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝۱۲۔ آپ (ان لوگوں سے) فرمایئے کہ کیا تم لوگ ایسے خدا (کی توحید) کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو (باوجود اتنی بڑی وسعت کے) دو روز (کی مقدار کے وقت) میں پیدا کر دیا اور تم اس کے شریک ٹھہراتے ہو یہی (خدا جس کی قدرت معلوم ہوئی) سارے جہان کا رب ہے (پس الٰہ بھی وہی ہے) اور اس نے زمین میں اس کے اوپر پہاڑ بنا دیئے اور اس (زمین) میں فائدہ کی چیزیں رکھ دیں (جیسے نباتات و حیوانات وغیرہ) اور اس (زمین) میں اس (کے رہنے والوں) کی غذائیں تجویز کر دیں (چنانچہ مشاہد ہے کہ ہر حصۂ ارض کے رہنے والوں کے مناسب الگ الگ غذائیں ہیں یعنی زمین میں ہر قسم کے غلے میوے پیدا کر دیئے کہیں کچھ کہیں کچھ جن کا سلسلہ اب تک چلا آتا ہے یہ سب) چار دن میں (ہوا دو میں زمین دو میں جبال وغیرہ جو شمار میں) پورے ہیں (کمیت و کیفیت خلق کی) پوچھنے والوں کیلئے (جیسے یہود نے آپ سے خلق السمٰوٰت والارض کو پوچھا کذا فی الدر المنثور) پھر (یہ سب کچھ پیدا کر کے) آسمان (کے بنانے) کی طرف توجہ فرمائی اور وہ (اسوقت) دھواں سا تھا (یعنی اس کا مادہ جو کہ مادۂ ارض کے بعد اور صورت موجودۂ ارض کے قبل بن چکا تھا اس شکل میں تھا) سو اس سے اور زمین سے فرمایا کہ تم دونوں (کو ہمارے حکم کی طرف آنا تو ضرور پڑیگا اب تم کو اختیار ہے خواہ) خوشی سے آؤ یا زبردستی سے (آؤ مطلب یہ کہ ہمارے احکام تکوینیہ جو تم دونوں میں جاری ہوا کرینگے مثلاً آسمان میں اس کے بعد ہی تغیر ہونے والا تھا کہ اس کا مادۂ وحدانیہ سمٰوات متعددہ بننے والے تھے اور زمین میں بے انتہا تغیرات قیامت تک چلے جاوینگے تو انکا جاری ہونا تو تمہارے اختیار سے خارج ہے لیکن جو ادراک و شعور تم کو عطا ہوا ہے اس سے تمہاری حالت کے مناسب رضا و عدم رضا دونوں کا تحقق ہو سکتا ہے جیسے مرض یا موت انسان کے لئے کہ باوجود غیر اختیاری ہونے کے کوئی اس پر راضی ہے کوئی ناراض سو تم دیکھ لو کہ ہمارے ان احکام پر راضی رہا کرو گے یا کراہت رکھو گے) دونوں نے عرض کیا کہ ہم خوشی سے (ان احکام کے لئے) حاضر ہیں سو دو روز میں اس کے سات آسمان بنا دیئے اور (چونکہ سمٰوات ملائکہ سے معمور کر دیئے تھے اس لئے) ہر آسمان میں اس کے مناسب اپنا حکم (فرشتوں کو) بھیج دیا (یعنی جن فرشتوں سے جو کام لینا تھا وہ ان کو بتلا دیا جیسا کہ مدتوں بعد زمین پر وحی آتی تھی) اور ہم نے اس قریب والے آسمان کو ستاروں سے زینت دی اور (استراق شیاطین سے) اس کی حفاظت کی یہ تجویز ہے (خدائے) زبردست واقف الکل کی (پس عبادت کے لائق یہ ذات کامل الصفات ہے یا دوسری اشیاء ناقص الذات والصفات)۔ **ف**: زمین و آسمان کی ترتیب تخلیق کے متعلق سورۂ بقرہ رکوع سوم کے اخیر میں اور ادراک جمادات کے متعلق سورۂ بنی اسرائیل رکوع پنجم کی ابتداء آیت وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ میں اور تزئین سماء دنیا کے متعلق سورۂ صافات کے پہلے رکوع میں اور حفظ سمٰوات کے متعلق سورۂ حجر کے دوسرے رکوع کی شروع میں کلام ہو چکا ہے۔ البتہ حفظ سمٰوات کے متعلق اتنی بات رہ گئی تھی کہ جب سماء دنیا شیاطین سے محفوظ ہے تو دوسرے سمٰوات بدرجۂ اولیٰ محفوظ ہیں اب چند فوائد اس مقام کے متعلق لکھتا ہوں۔ اول یہ کہ فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ؕ جو جَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ وتقدیر اقوات کے ساتھ فرمایا یہ صرف اسی کا ظرف نہیں ورنہ مجموعہ آٹھ روز ہو جاویں گے حالانکہ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ چند جا مصرح ہے بلکہ اس کا مع ما قبل کے ظرف ہے جیسا محاورات میں بولا جاتا ہے کہ دو سال میں تو اس لڑکے کا دودھ چھڑایا اور چار سال میں مکتب میں بٹھلایا ظاہر ہے کہ یہ مطلب نہیں ہوتا کہ ان دو سال کے علاوہ چار سال ثانی ان چار یوم میں سواء کیوں فرمایا وجہ یہ ہے کہ جن دو یوم میں آسمان بنایا ہے وہ دو روز پورے نہ تھے بلکہ اس کی ساعت اخیرہ یعنی بعد عصر میں آدم علیہ السلام بنائے گئے رواہ مسلم اس لئے وہاں سواء فرمایا تاکہ سامع مجاز پر محمول نہ کر لے جیسا محاورات میں کسر کو پورا کر لیا کرتے ہیں ثالث للسائلین کی تخصیص خلق ارضیات میں کیوں کی۔ جواب یہ ہے کہ شاید اس میں اشارہ ہو کہ عام سائلین کے ذہن سے ارضیات کا چار روز میں بننا اقرب

www.besturdubooks.net

ہے بہ نسبت سموات کے دو روز میں بننے کے کہ مدت کم اور مجعول اعظم پس سوال کا جواب ارضیات میں سہل الفہم ہے۔ رابع ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا کا خطاب زمین سے بعد تسویہ ہونا اور آسمان سے قبل تسویہ ہونا کیا وجہ۔ جواب یہ ہے کہ زمین میں بعد تسویہ بھی تغیرات کثیرہ ہونے والے تھے بخلاف آسمان کے اس لئے ارض کی حالت بعد تسویہ اور آسمان کی حالت قبل تسویہ گویا متساوی ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ اس میں جمادات کیلئے ادراک کا اثبات ہے کیونکہ طوع ادراک پر موقوف ہے۔

الروایات: فی الدر المنثور اخرج ابن جریر والنحاس فی ناسخه وابو الشیخ فی العظمة والحاکم وصححه وابن مردویه والبیهقی فی الاسماء والصفات عن ابن عباسؓ ان الیهود اتت النبی ﷺ فسأله عن خلق السمٰوات والارض فقال خلق الله الارض یوم الاحد والاثنین وخلق الجبال وما فیهن من المنافع یوم الثلاثاء وخلق یوم الاربعاء الشجر والماء وخلق یوم الخمیس السماء وخلق یوم الجمعة النجوم والشمس والملئکة وفیه بروایة ابی الشیخ من وجه آخر عن عکرمة عن ابن عباس عن النبی ﷺ خلق یوم الثلاثاء دواب البحر ودواب الارض الخ قلت ولا یلزم من سوال الیهود کون الآیة مدنیة وما ورد فیه من الروایات المختلفة فیمکن الجمع بینها بحمل البعض علی الاکثر والبعض علی الاقل بان وقع خلق شیٔ فی یومین مختلفین بعضه فی جزء من یوم واحد وبعضه فی جزء من الآخر ۱۲۔

اللغات: استوی قصد وتوجه الیها دون ارادة تاثیر فی غیرها من قولهم استوی الی مکان کذا اذا توجه الیه لا یلوی علی غیر ۱۲۔

النحو: اقواتها بتقدیر المضاف ای اقوات اهلها او الاضافة لادنی ملابسة ای الاقوات لتی برزت وخرجت منها قوله فی اربعة ایام متعلق بحصول الامور المذکورة۔ قوله سواء ای استوت سواء۔ قوله للسائلین متعلق بمحذوف وقع خبر المبتدأ محذوف ای هذا الحصر فی اربعة کائن للسائلین۔ قوله فقضٰهن ضمیر هن اما للسماء علی المعنی لانه بمعنی السمٰوات واما مبهم یفسره ما بعده ۱۲۔

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ۝۱۳ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝۱۴ فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ۝۱۵ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝۱۶ وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝۱۷ وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝۱۸ ع ۲/۱۶ وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝۱۹ حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۲۰ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ؕ قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۲۱ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝۲۲ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝۲۳ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ

www.besturdubooks.net

مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَاءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ ع ۳/۷ ۱۷

پھر اگر (دلائل توحید سن کر بھی) یہ لوگ (توحید سے) اعراض کریں تو آپ کہہ دیجئے کہ تم کو ایسی آفت سے ڈراتا ہوں جیسی عاد وثمود پر (شرک وکفر کی بدولت) آفت آئی تھی جب کہ ان کے پاس ان کے آگے سے بھی اور ان کے پیچھے سے بھی پیغمبر آئے کہ اللہ کے اور کسی کو مت پوجو انہوں نے جواب دیا کہ اگر ہمارے پروردگار کو (یہ منظور ہوتا (کہ کسی کو پیغمبر بنا کے بھیجے) تو فرشتوں کو بھیجتا سو ہم اس توحید سے) منکر ہیں جس کو دے کر بزعم خود تم بھیجے گئے ہو پھر وہ عاد کے لوگ تھے وہ دنیا میں ناحق کا تکبر کرنے لگے اور کہنے لگے وہ کون ہے جو قوت میں ہم سے زیادہ ہے۔ (آگے جواب ہے کہ) کیا ان کو یہ نظر نہ آیا کہ جس اللہ نے ان کو پیدا کیا وہ ان سے قوت سے بہت زیادہ ہے اور ہماری آیتوں کا انکار کرتے رہے تو ہم نے ان پر ایک ہوائے تند ایسے دنوں میں بھیجی جو منحوس تھے تاکہ ہم ان کو اس دنیوی حیات میں رسوائی کے عذاب کا مزہ چکھا دیں اور آخرت کا عذاب اور زیادہ رسوائی کا سبب ہے اور ان کو مدد نہ پہنچے گی اور وہ جو ثمود تھے تو ہم نے ان کو پیغمبر کے ذریعے سے رستہ بتلایا سو انہوں نے گمراہی کو بمقابلہ ہدایت کے پسند کیا پس ان کو عذاب سراپا ذلت کی آفت نے پکڑ لیا ان کی بدکاریوں کی وجہ سے اور ہم نے (اس عذاب سے) ان لوگوں کو نجات دی جو ایمان لائے اور (ہم سے) ڈرتے تھے اور (ان کو وہ دن بھی یاد دلایئے) جس دن اللہ کے دشمن (یعنی کفار) دوزخ کی طرف جمع کرانے کے لئے موقف حساب میں لائے جائیں گے پھر وہ روکے جائیں گے (تاکہ بقیہ بھی آ جائیں گے) یہاں تک کہ جب وہ ان کے قریب آئیں گے تو ان کے کان اور آنکھیں اور ان کی کھالیں ان پر ان کے اعمال کی گواہی دیں گے اور اس وقت وہ لوگ (متعجب ہو کر اپنے اعضا سے کہیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف میں کیوں گواہی دی۔ وہ اعضا کہیں گے کہ ہم کو اس اللہ نے گویائی دی جس نے ہر (گویا) چیز کو گویائی دی اور اسی نے تم کو اول بار پیدا کیا تھا اور اسی کے پاس پھر لائے گئے ہو اور تم (دنیا میں) اس بات سے تو اپنے آپ کو چھپا ہی نہ سکتے تھے کہ تمہارے اوپر تمہارے کان اور آنکھیں اور کھالیں تمہارے خلاف گواہی دیں۔ لیکن تم گمان میں رہے کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے بہت سے اعمال کی خبر بھی نہیں اور تمہارے اس گمان نے جو کہ تم نے اپنے رب کے ساتھ کیا تم کو برباد کیا پھر تم ابدی خسارہ میں پڑ گئے۔ سو اور ہم نے (دنیا میں) ان کے لئے کچھ ساتھ رہنے والے (شیاطین) مقرر کر رکھے تھے سو انہوں نے ان کے اگلے پچھلے اعمال ان کی نظر میں مستحسن کر رکھے تھے اور ان کے حق میں بھی ان لوگوں کے ساتھ اللہ کا قول (یعنی وعدۂ عذاب) پورا ہو کر رہا جو ان سے پہلے جن وانسان (کفار) ہو گزرے ہیں بے شک وہ سب بھی خسارہ میں رہے۔

تفسیر ربط: اوپر منکرین توحید کے مقابلہ میں شرک پر انکار اور توحید کا اثبات تھا آگے منکرین توحید کو عذاب عاجل سے تہدید اور عذاب آجل کی وعید سناتے ہیں اور ضمن قصہ میں انکار رسالت پر بھی تشنیع فرماتے ہیں حیث قال اذا جاءتھم الرسل الخ۔

تہدید ووعید منکرین توحید ورسالت: فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً (الی قولہ تعالی) اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ پھر (دلائل توحید سن کر بھی) اگر یہ لوگ (توحید سے) اعراض کریں تو آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ میں تم کو ایسی آفت سے ڈراتا ہوں جیسی عاد وثمود پر (شرک وکفر کی بدولت) آفت آئی تھی (مراد عذاب اہلاک ہے چنانچہ اہل مکہ بھی بدر میں ہلاک کئے گئے اور یہ قصہ عاد وثمود کا اس وقت واقع ہوا تھا) جبکہ ان (عاد وثمود) کے پاس انکے آگے سے بھی اور ان کے پیچھے سے بھی پیغمبر آئے (یعنی جو پیغمبر انکی طرف مبعوث ہوئے تھے انہوں نے بڑی کوشش سے بکثرت سمجھایا جیسے کوئی شخص کسی کو کبھی سامنے سے آ کر سمجھاوے اور کبھی پیچھے سے آ کر سمجھاوے وہذا کقولہ تعالیٰ: حکایۃ عن ابلیس: لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ ...... [الأعراف: ۱۷] اور ان پیغمبروں نے یہی کہا) کہ بجز اللہ کے اور کسی کو مت پوجو انہوں نے جواب دیا کہ (تم جو کہتے ہو کہ خدا نے ہم کو پیغمبر بنا کر اسلئے بھیجا ہے کہ دعوت الی التوحید کریں خود یہی غلط ہے کیونکہ) اگر ہمارے پروردگار کو (یہ) منظور ہوتا (کہ کسی کو پیغمبر بنا کر بھیجے) تو (اس کام کے لئے) فرشتوں کو بھیجتا سو (جب یہ نہیں ہوا تو) ہم اس (توحید) سے بھی منکر ہیں جس کو دیکر (بزعم خود) تم (پیغمبری کے طور پر) بھیجے گئے ہو پھر (اس قال مشترک کے بعد ہر ایک کے حال خاص کی یہ تفصیل ہے کہ) وہ جو عاد کے لوگ تھے وہ دنیا میں ناحق کا تکبر کرنے لگے اور (جب عذاب کی وعید سنی کما قال تعالیٰ عن ھود افلا تتقون: قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ [الأعراف: ۷۱] الی اَلْمُنْتَظِرِيْنَ تو) کہنے لگے وہ کون ہے جو قوت میں ہم سے زیادہ ہے (جو ہم پر کوئی حادثہ واقع کرے جس کو ہم دفع نہ کر سکیں آگے جواب ہے کہ) کیا ان کو یہ نظر نہ آیا کہ جس خدا نے ان کو پیدا کیا وہ ان سے قوت میں بہت زیادہ ہے (اور وہ عذاب واقع کر سکتا ہے مگر باوجود اس کے بھی ایمان نہ لائے) اور ہماری آیتوں کا انکار کرتے رہے تو ہم نے ان پر ایک ہوائے تند ایسے دنوں میں بھیجی جو (بوجہ نزول عذاب الٰہی کے ان کے حق میں) منحوس تھے تاکہ ہم ان کو اس دنیوی حیات میں رسوائی کے عذاب کا مزہ چکھا دیں اور آخرت کا عذاب اور زیادہ رسوائی کا سبب ہے اور (اس رسوائی کے وقت کسی طرف سے بھی) ان کو مدد نہ پہنچے گی اور وہ جو ثمود تھے تو (ان کی کیفیت یہ ہوئی کہ) ہم نے ان کو (پیغمبر کے ذریعہ سے) راستہ بتلایا سو انہوں نے گمراہی کو بمقابلہ ہدایت کے

www.besturdubooks.net

پسند کیا پس ان کو عذاب سراپا ذلت کی آفت نے پکڑ لیا ان کی بدکرداریوں کی وجہ سے اور ہم نے (اس عذاب سے) ان لوگوں کو نجات دی جو ایمان لائے اور ہم سے ڈرتے تھے (یہاں تک عذاب دنیوی کا ذکر تھا) اور (آگے عذاب آخرت کا ذکر ہے یعنی ان کو وہ دن بھی یاد دلا یئے) جس دن اللہ کے دشمن (یعنی کفار) دوزخ کی طرف جمع کرنے کے (لئے موقف حساب میں) لائے جاوینگے پھر (راہ میں غایت کثرت کی وجہ سے مجتمع رہنے کے لئے) وہ روکے جائینگے (تا کہ بقیہ بھی آ جاویں کما مرفی قولہ تعالیٰ: وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ [النمل: ۱۷] یہاں تک کہ جب وہ (سب جمع ہو کر) اس (دوزخ) کے قریب آ جاوینگے (مراد موقف ہے کیونکہ دوزخ قریب ہی نظر آ ویگا جیسا حدیث میں ہے کہ دوزخ کو موقف میں حاضر کریں گے اور آیا ہے کہ کافر اپنے چاروں طرف نار ہی دیکھے گا غرض یہ کہ جب موقف میں آ جاوینگے اور حساب شروع ہوگا) تو ان کے کان اور آنکھیں اور ان کی کھالیں ان پر ان کے اعمال کی گواہی دینگے اور (اسوقت) وہ لوگ (متعجب ہو کر) اپنے اعضاء سے کہیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف میں کیوں گواہی دی (ہم تو دنیا میں تمہارے ہی لئے سب کچھ کرتے تھے کمافی الحدیث عن انس مرفوعا فعنکن کنت انا ضل رواہ مسلم) وہ (اعضاء) جواب دینگے کہ ہم کو اس (قادر مطلق) نے گویائی دی جس نے ہر (گویا) چیز کو گویائی دی (جس سے ہم نے خود اپنے اندر اس کی قدرت کا مشاہدہ کر لیا) اور اسی نے تم کو اول بار پیدا کیا تھا اور اسی کے پاس پھر (دوبارہ زندہ کر کے) لائے گئے ہو (گو تم اس کے منکر تھے پس جو خدا ایسا قادر اور عظیم الشان ہو اس کے سامنے اس کے پوچھنے پر ہم حق کو کیسے چھپا سکتے تھے کہ اس کی عظمت اس سے مانع تھی اس لئے ہم نے گواہی دیدی) اور (آگے حق تعالیٰ ان منکروں کو خطاب فرماویں گے کہ) تم (دنیا میں) اس بات سے تو اپنے کو (کسی طرح) چھپا (اور بچا) ہی نہ سکتے تھے کہ تمہارے کان اور آنکھیں اور کھالیں تمہارے خلاف میں گواہی دیں (کیونکہ حق تعالیٰ کی قدرت علی الاطلاق اور علم بالاعمال واقع میں ثابت ہے اور اس کا مقتضا یہ تھا کہ اعمال نامرضیہ سے بچتے) لیکن تم (اس لئے نہ بچے کہ) اس گمان میں رہے کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے بہت سے اعمال کی خبر بھی نہیں (یہاں علم وخبر بالمعنی الاعم ہے کیونکہ بعض جہلاء تو خود علم ہی کے معتقد نہ تھے جیسا اس کی شان نزول میں روایت ہے اور بعض علم بمعنی التفات کے نافی تھے یعنی خدا کے نزدیک قابل سزا نہیں کیونکہ سزا ہوتی ہے قبیح پر اور وہ ان اعمال کفریہ کو قبیح نہ سمجھتے تھے اور علم کا جو مآل ہے جزا بوجہ انکار بعثت کے اس کے سب نافی تھے پس یہاں علم بطور عموم مجاز کے اطلاع والتفات وجزاء سب کو شامل ہے) اور تمہارے اسی گمان نے جو کہ تم نے اپنے رب کے ساتھ کیا تھا تم کو برباد کیا (کیونکہ اس گمان سے اعمال کفریہ کے مرتکب ہوئے اور وہ موجب بربادی ہوئے) پھر تم (ابدی) خسارہ میں پڑ گئے سو (اس حالت میں) اگر یہ لوگ (اس بربادی وخسارہ پر) صبر کریں (اور تن بتقدیر دہ کر عذر وغیرہ کچھ نہ کریں) تب بھی دوزخ ہی ان کا ٹھکانا ہے (یہ نہیں کہ ان کی صبر وخاموشی موجب رحم ہو جاوے جیسا احیاناً دنیا میں ایسا ہو جاتا ہے) اور اگر وہ عذر کرنا چاہیں گے تو بھی مقبول نہ ہوگا اور ہم نے (دنیا میں) ان (کفار) کے لئے کچھ ساتھ رہنے والے (شیاطین) مقرر کر رکھے تھے سو انہوں نے ان کے اگلے پچھلے اعمال ان کی نظر میں مستحسن کر رکھے تھے اس لئے ان پر مصر تھے) اور (اصرار علی الکفر کی وجہ سے) ان کے حق میں بھی ان لوگوں کے ساتھ اللہ کا قول (یعنی وعدۂ عذاب) پورا ہو کر رہا جو اُن سے پہلے جن اور انسان (کفار) ہو گزرے ہیں بیشک وہ (سب) بھی خسارہ میں رہے۔ **ف**: عاد وثمود کی تخصیص ذکر میں اس لئے ہے کہ سفر یمن وشام میں عرب کو ان کے مساکن وآثار نظر آتے تھے اور ان قوموں کو یہ جانتے بھی خوب تھے۔ اور رُسل جو جمع کے صیغہ میں سے فرمایا حالانکہ مشہور عاد میں ہود علیہ السلام کا اور ثمود میں صالح علیہ السلام کا آنا ہے یا تو یہ وجہ ہے کہ اور کوئی رسول بھی آئے ہوں اور وہ: مَنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ [المؤمن: ۸۷] میں داخل ہوں یا دو ہی کو تعظیماً یا اس لئے کہ ہر ایک نے گویا کئی کئی رسولوں کا کام کیا جمع فرما دیا یا ہود وصالح علیہم السلام کے ذریعہ سے اور رسل متقدمین کی خبر اور اتفاق فی اصل التوحید پہنچا ہو پس مجیٔ رُسل عام ہوگا مجیٔ ذات ومجیٔ خبر کو جیسا: كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ [الشعراء: ۱۰۵] میں کہا جاتا ہے کہ ایک کی تکذیب سے سب کی تکذیب ہوگئی۔ اور اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ کے متعلق ضروری تحقیق سورۂ صافات قصہ ابراہیم علیہ السلام آیت: فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ (۸۸) کی تفسیر میں گزر چکی ہے۔ اور كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ اس لئے فرمایا کہ نفی علم جس معنی کی ہو ہر عمل کے لئے اس کا اعتقاد عام نہ تھا چنانچہ جو اعمال علانیہ کئے جاتے ہیں ان میں اطلاع کے سب معتقد تھے اور بعض اعمال کو قبیح بھی سمجھتے تھے اور ان پر دنیوی جزاء کے قائل تھے چنانچہ قیامت میں جھوٹی قسم کھانے سے تباہ ہو جاتے سے ڈرتے تھے اور بعض تفاسیر میں لکھا ہے اور اچھا لکھا ہے کہ وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ ...... میں اَعْدَآءُ معبودین یعنی کفار مکہ مراد ہیں سب مراد نہیں کیونکہ سب کی صفت میں فِيْۤ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ ...... صادق نہیں آتا۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْۤ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ اور یہ ایام سات راتیں اور آٹھ دن تھے جیسا سورۂ حاقہ میں منصوص ہے اس سے سعد ونحس عرفی کا اعتقاد باطل ہوگیا ورنہ کوئی دن بھی سعد نہ رہیگا یہاں نحس خاص ان کے حق میں بھی بوجہ عذاب کے اور دوسری آیت میں جو نحس مستمر فرمایا گیا ہے تو یہ بھی اُنہیں کے حق میں بوجہ استمرار ان کے عذاب کی ہے۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في لجلودهم اعضاء اشارة الى عموم المراد مجازا فان الجلد محيط لجميع الاعضاء وح لا يرد السوال عن تخصيص الجلود من بين الاسماع والابصار۱۲۔ ۲ قوله في كل شئ گویا اشارة الى دفع السوال وهو ان كل شئ لا ينطق۱۲۔ ۳ قوله هناك مشاہدہ اشارة الى تخصيص ذكر الانطاق من بين سائر دلائل القدرة۱۲۔ ۴ قوله في ترجعون لائے گئے ہو اشارة الى كون المضارع بمعنى الماضى استحضارًا للصورة فلا يحتاج ح الى التكلف فى توجيه المستقبل۱۲۔ ۵ قوله في تستترون نہ کر سکتے تھے اشارة الى ان المراد بالاستتار هو الامتناع المقصود بالاستتار عادة بمعنى القدرة على الامتناع بعلاقة القوة والفعل لان القدرة على الامتناع هو الامتناع بالقوة۱۲۔ ۶ قوله في لا يعلم بالمعنى الاعم اشارة الى حمله على عموم المجاز لان ظن عدم العلم بالمعنى المتبادر لم يكن عاما لهم ولما كان السخط والجزاء لا زمين للعلم عادةً وجد بين المعنى الحقيقى والمجازى علاقة الملزوم واللازم ولك ان تقول بالتجوز في ظننتم اى عاملتم معاملة من يظن ان الله لا يعلم الخ من الجرأة وعدم الخشية كما يقال في قوله تعالى لو كانوا يعلمون مع قوله تعالى ولقد علموا ۱۲۔ ۷ قوله في فاصبحتم ابدی اشارة الى اندفاع التكرار وما ذكرته في الملحقات كله موهوب نعم ما ذكر في قوله كل شئ فمنقول۱۲۔

الروایات: في الباب عن الشيخين والترمذى وغيرهم عن ابن مسعودؓ قال اختصم عند البيت ثلثة نفر قرشيان وثقفى او ثقفيان وقرشى فقال احدهم اترون ان الله يسمع ما نقول فقال الآخر يسمع ان جهرنا ولا يسمع ان اخفينا وقال الآخر ان كان يسمع اذا جهرنا فهو يسمع اذا اخفينا فانزل الله وما كنتم تستترون الآية۱۲۔

اللغات: صٰعقة بمعنى مطلق العذاب مجازا۱۲۔ قوله يستعتبوا انظر فى آخر سورة الروم۱۲۔

النحو: قوله صٰعقة العذاب الهون هو صفة للعذاب ووصف به مصدرا للمبالغة وكذا اضافة صاعقة الى العذاب فيفيد ذلك ان عذابهم عين الهون وان له صاعقة كذا في الروح۱۲۔

البلاغۃ: قوله من بين ايديهم كناية عن غاية الاجتهاد كما في الكبير ان المعنى ان الرسل المبعوثين اليهم اتوهم من كل جانب واجتهدوا بهم واتوا بجميع وجوه الحيل۱۲۔ قوله فهم يوزعون الفاء للتفصيل قوله شهدتم صيغة العقلاء لوقوع ذلك موقع السوال والجواب المختصين بالعقلاء۱۲۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ۝۲۶ فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۲۷ ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ
لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ۭ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ۝۲۸ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ
اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ۝۲۹ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ
اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝۳۰ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ
ع ۱۸ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ۝۳۱ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ۝۳۲
وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝۳۳ وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا
السَّيِّئَةُ ۭ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ۝۳۴ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ
وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝۳۵ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۳۶

اور یہ کافر (باہم) یہ کہتے تھے کہ اس قرآن کو سنو ہی مت اور (اگر پیغمبر سنانے لگیں تو) اس کے بیچ میں غل مچا دیا کرو۔ شاید (اس تدبیر سے) تم ہی غالب رہو۔ سو ہم ان

www.besturdubooks.net

کافروں کو سخت عذاب کا مزہ چکھادیں گے اوران کوان کے اپنے برے کاموں کی سزادیں گے یہی سزا ہے اللہ کے دشمنوں کی یعنی دوزخ ان کے لئے وہ ہمیشگی کا مقام ہوگا۔ اس بات کے بدلہ میں کہ وہ ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے اور (جب مبتلائے عذاب ہوں گے تو) وہ کفار کہیں گے کہ ہمارے پروردگار ہم کو وہ دونوں شیطان اور انسان دکھادے جنہوں نے ہم کو گمراہ کیا تھا۔ ہم ان کو اپنے پیروں کے تلے روند ڈالیں تاکہ وہ خوب ذلیل ہوں۔ جن لوگوں نے (دل سے) اقرار کرلیا کہ ہمارا رب اللہ ہے۔ پھر اس پر مستقیم رہے ان پر فرشتے اتریں گے کہ نہ اندیشہ کرو اور نہ رنج کرو اور تم جنت (کے ملنے) پر خوش رہو جس کا تم سے (پیغمبروں کی معرفت) وعدہ کیا جاتا تھا اور ہم تمہارے رفیق تھے دنیوی زندگی میں بھی اور آخرت کی زندگی میں بھی رہیں گے اور تمہارے لئے اس جنت میں جس چیز کو تمہارا جی چاہے گا موجود ہے اور نیز تمہارے لئے اس میں جو مانگو گے موجود ہے یہ بطور مہمانی کے ہوگا غفور رحیم کی طرف سے اور اس سے بہتر کس کی بات ہوسکتی ہے جو لوگوں کو اللہ کی طرف بلائے اور (خود بھی) نیک عمل کرے اور کہے کہ میں فرماں برداروں میں سے ہوں اور نیکی اور بدی برابر نہیں ہوتی (ہر ایک کا اثر جدا ہے تو آپ (مع اتباع) نیک برتاؤ سے (بدی کو) ٹال دیا کیجئے۔ پھر یکایک آپ میں اور جس شخص میں عداوت تھی وہ ایسا ہو جائے گا جیسا کوئی دلی دوست ہوتا ہے اور یہ بات انہی لوگوں کو نصیب ہوتی ہے جو بڑے مستقل (مزاج) ہیں اور یہ بات اسی کو نصیب ہوتی ہے جو بڑا صاحب نصیب ہے اور اگر (ایسے وقت میں) آپ کو شیطان کی طرف سے کچھ وسوسہ آنے لگے (تو فوراً) اللہ کی پناہ مانگ لیا کیجئے بلاشبہ وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔

تفسیر: **ربط**: اوپر شروع سورت میں قرآن ورسالت کے متعلق مضمون تھا آگے اس کے منکرین پر تفریع وتشنیع ہے۔

مذمت وعقوبت منکرین قرآن ورسالت: وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا (الی قولہ تعالی) نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِیَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِیْنَ اور یہ کافر (باہم) یہ کہتے ہیں کہ اس قرآن کو سنو ہی مت اور (اگر پیغمبر سنانے لگیں تو) اس کے بیچ میں غل مچادیا کروشاید (اس تدبیر سے) تم ہی غالب رہو (اور پیغمبر ہار کر چپ ہو جاویں) سو (اس نالائق حرکت اور اس کے عزم کے بدلہ میں) ہم ان کافروں کو سخت عذاب کا مزہ دکھادینگے اور ان کو ان کے (ایسے) برے برے کاموں کی سزا دیں گے یہی سزا ہے اللہ کے دشمنوں کی یعنی دوزخ اُن کے لئے وہاں ہمیشگی کا مقام ہوگا اس بات کے بدلہ میں کہ وہ ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھا اور (جب مبتلائے عذاب ہونگے تو) وہ کفار کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو وہ دونوں شیطان اور انسان دکھلا دیجئے جنہوں نے ہم کو گمراہ کیا تھا ہم ان کو اپنے پیروں کے تلے مل ڈالیں تاکہ وہ خوب ذلیل ہوں (یعنی اس وقت اُن لوگوں پر غصہ آویگا جنہوں نے بہکایا تھا آدمی بھی اور شیطان بھی خواہ ایک ایک ہو یا متعدد ہوں اور اس درخواست کا منظور ہونا ضرور نہیں اور یوں تو مضلین بھی نار میں ہوں گے مگر شاید درخواست کے وقت نظر نہ آویں)۔

ربط: اوپر کفار کی بدحالی اور بدمآلی مذکور تھی آگے مؤمنین کا حسن حال وحسن مآل مذکور ہے اور ساتھ ہی ان کو اخلاق واعمال حسنہ کا امر وترغیب بھی ہے جس سے ان کی خوش حالی ونیک مآلی میں ترقی ہو اور جس کی ضرورت ایسے لوگوں کے مقابلہ میں واقع ہوگی جن کا اوپر قول آیا ہے: لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ......

حسن حال ومآل وتحسین اخلاق واعمال مؤمنین: اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ جن لوگوں نے (دل سے) اقرار کرلیا کہ ہمارا رب (حقیقی صرف) اللہ ہے (مطلب یہ کہ شرک سے تبری کر کے توحید اختیار کرلی) پھر (اس پر) مستقیم رہے (یعنی اُس کو چھوڑا نہیں) ان (لوگوں) پر (اللہ کی طرف سے رحمت وبشارت کے) فرشتے اتریں گے (اول مرتے وقت پھر قبر میں پھر بعث کے وقت كذا في الدر المنثور عن زيد ابن اسلم اور کہیں گے) کہ تم (آخرت کی آنے والی ہواؤں سے) نہ اندیشہ کرو اور نہ (دنیا کے چھوڑنے پر) رنج کرو (کیونکہ آگے تمہارے لئے امن اور نعم البدل ہے) اور تم جنت (کے ملنے) پر خوش رہو جس کا تم سے (پیغمبر کی معرفت) وعدہ کیا جایا کرتا تھا (اور) ہم تمہارے رفیق تھے دنیوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی رہیں گے (چنانچہ دنیا میں نیکیوں کا الہام۔ حوادث میں صبر وسکینہ ملائکہ ہی کا فیض ہے پس وہ حسب حدیث قرین رہتے ہیں اور آخرت میں تتلقاهم الملائكة اور يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ [الرعد: ۲۳]۔ ونحو ذلك خود آیات میں وارد ہے) اور تمہارے لئے اس (جنت) میں جس چیز کو تمہارا جی چاہے گا موجود ہے اور نیز تمہارے لئے اس میں جو مانگو گے موجود ہے (یعنی طلب اضطراری ہو یا اختیاری دونوں علی السواء پوری ہوں گی) یہ بطور مہمانی کے ہوگا غفور رحیم کی طرف سے (یعنی یہ نعمتیں اکرام کے ساتھ ملیں گی جس طرح مہمان کو ملتی ہیں) اور (حسن حال کے بعد ان کا حسن اعمال بتلاتے ہیں کہ) اس سے بہتر کس کی بات ہوسکتی ہے جو (لوگوں کو) خدا کی طرف بلائے اور (خود بھی) نیک عمل کرے اور (اظہار اطاعت کے لئے) کہے کہ میں فرمانبرداروں میں سے ہوں (یعنی بندگی کو فخر سمجھے متکبرین کی طرح عار نہ کرے) اور (چونکہ دعوت الی اللہ میں جس کا اوپر ذکر ہے اکثر جہلاء کی طرف سے اضرار اور ایذاء کا سامنا ہوتا ہے اس کے متعلق خصوصاً اور دوسرے حالات میں بھی عموماً معاملہ جمیل کی تعلیم فرماتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خصوصاً اور آپ کے اتباع کو عموماً یعنی اول بطور مقدمہ کے سمجھنا چاہئے کہ) نیکی اور بدی برابر نہیں ہوتی (بلکہ ہر ایک کا اثر جدا ہے جب یہ بات محقق ہوگئی تو اب) آپ (مع اتباع) نیک برتاؤ سے (بدی کو) ٹال دیا کیجئے پھر یکایک (دیکھ لینا کہ) آپ میں اور جس شخص میں عداوت تھی وہ ایسا ہو جاوے گا جیسا کوئی دلی دوست ہوتا ہے (یعنی بدی

www.besturdubooks.net

کی مکافات بدی سے کرنے میں تو عداوت بڑھتی ہے اور نیکی کرنے سے بشرط سلامت طبع عدو کی عداوت گھٹتی ہے حتیٰ کہ اکثر بالکل عداوت جاتی رہتی ہے اور اس امر میں مشابہ دوست کے ہو جاتا ہے گو دل سے دوست نہ ہو) اور یہ بات ان ہی لوگوں کو نصیب ہوتی ہے جو (اخلاق کے اعتبار سے) بڑے مستقل (مزاج) ہیں اور یہ بات اسی کو نصیب ہوتی ہے جو (ثواب کے اعتبار سے) بڑا صاحب نصیب ہے اور اگر (ایسے وقت میں) آپ کو شیطان کی طرف سے (غصہ کا) کچھ وسوسہ آنے لگے تو (فوراً) اللہ کی پناہ مانگ لیا کیجئے بلاشبہ وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔

ف: بشرط سلامت کی قید دلیل عقل سے ہے اب یہ خدشہ نہ رہا کہ احیاناً اس کے خلاف مشاہدہ ہوتا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى الذين اضلّنا یا متعدو فیکون المراد بالاثنين الفريقان ۱۲۔ ۲ قوله فى لكم فيها ما تشتهى على السواء اشارة الى فائدة زيادة قوله تدعون مع صحة الاكتفاء بقوله تشتهى لان حصول المشتهى يستلزم بالاولى حصول المدعى وحاصل الفائدة القصد الى التسوية بينهما تاكيد المفهوم قوله لكم فيها ما تشتهى الخ فافهم فانه من المواهب ۱۲۔ ۳ قوله فى اننى من المسلمين عارنہ کرے اشار به الى فائدة زيادته مع الاستغناء عنه بقوله دعاء وقوله عمل لان الدعوة والعمل من شرط اعتبارهما الاسلام فافهم فانه ايضاً من المواهب ۱۲۔

اللغات: اللغو لغط القطا كذا فى القاموس ويراد به اللغط مطلقا مجازاً ۱۲۔ يلقى يعطى ۱۲۔

النحو: ما يلقّها اى هذه الخصلة الشريفة المفهومة من السياق ۱۲۔

البلاغة: قوله ثم استقاموا ثم للتراخى الرتبى فان الاستقامة فوق القول واما للتراخى الزمانى لان الدوام متاخر عن الحدوث قوله لا السيئة لا زائدة للتاكيد قوله كانه زاد حرف التشبيه لانه ربما لا يكون حميما من صميم القلب واشرت الى هذا المعنى فى تقرير الترجمة ۱۲۔

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ؕ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَهُنَّ اِنْ
كُنْتُمْ اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۳۷﴾ فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّكَ یُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا یَسْـَٔمُوْنَ ﴿۳۸﴾ السجدۃ
وَمِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَیْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِیْۤ اَحْیَاهَا لَمُحْیِ الْمَوْتٰى ؕ اِنَّهٗ عَلٰى
كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۳۹﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِنَا لَا یَخْفَوْنَ عَلَیْنَا ؕ اَفَمَنْ یُّلْقٰى فِی النَّارِ خَیْرٌ اَمْ مَّنْ یَّاْتِیْۤ اٰمِنًا یَّوْمَ
الْقِیٰمَةِ ؕ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِیْزٌ ﴿۴۱﴾ لَّا یَاْتِیْهِ
الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَكِیْمٍ حَمِیْدٍ ﴿۴۲﴾ مَا یُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِیْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ
قَبْلِكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّ ذُوْ عِقَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۴۳﴾ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِیًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰیٰتُهٗ ؕ
ءَاَعْجَمِیٌّ وَّعَرَبِیٌّ ؕ قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ وَالَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَیْهِمْ عَمًى ؕ اُولٰٓئِكَ
یُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِیْدٍ ﴿۴۴﴾ وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِیْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِیَ ع ۵ ۱۷
بَیْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِیْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِیْبٍ ﴿۴۵﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَیْهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ ﴿۴۶﴾ ۱۹

اور منجملہ اس کی (قدرت و توحید) کی نشانیوں کے رات اور دن ہے اور سورج ہے اور چاند ہے (پس) تم لوگ نہ سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو اور (صرف) اس اللہ کو سجدہ کرو جس نے ان سب نشانیوں کو پیدا کیا اگر تم کو خدا کی عبادت کرنا ہے پھر اگر یہ لوگ تکبر کریں تو جو فرشتے آپ کے رب کے مقرب ہیں وہ شب و روز اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور وہ (اس سے) ذرا نہیں اکتاتے اور منجملہ اس کی (قدرت و توحید کی) نشانیوں کے ایک یہ ہے کہ اے مخاطب تو زمین کو دیکھتا ہے کہ دبی دبائی پڑی ہے پھر جب ہم

www.besturdubooks.net

اس پر پانی برساتے ہیں تو وہ ابھرتی ہے اور پھولتی ہے اس سے ثابت ہوا کہ جس نے اس زمین کو زندہ کر دیا وہی مردوں کو زندہ کر دے گا بے شک وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ بلاشبہ ہماری آیتوں میں کج روی کرتے ہیں جو وہ لوگ ہم پر مخفی نہیں ہیں سو بھلا جو شخص نار میں ڈالا جائے گا وہ اچھا ہے یا وہ شخص جو قیامت کے دن امن وامان کے ساتھ (جنت) میں آئے۔ جو جی چاہے کرلو وہ تمہارا سب کیا ہوا دیکھ رہا ہے جو لوگ اس قرآن کا جب کہ وہ ان کے پاس پہنچتا ہے انکار کرتے ہیں (ان میں خود تدبیر کی کمی ہے) اور یہ قرآن بڑی باوقعت کتاب ہے۔ جس میں غیر واقعی نہ اس کے آگے کی طرف سے آسکتی ہے اور نہ اس کے پیچھے کی طرف سے یہ خدائے حکیم ومحمود کی طرف سے نازل کیا گیا ہے آپ کو وہی باتیں (تکذیب وایذا کی) کہی جاتی ہیں جو آپ سے پہلے رسولوں کو کہی گئی ہیں۔ آپ کا رب بڑی مغفرت والا ہے اور دردناک سزا دینے والا ہے۔ اور اگر ہم اس کو عجمی (زبان) کا قرآن بناتے تو یوں کہتے کہ اس کی آیتیں صاف صاف کیوں نہیں بیان کی گئیں۔ یہ کیا بات ہے کہ عجمی کتاب اور عربی رسول۔ آپ کہہ دیجئے کہ یہ قرآن ایمان والوں کے لئے تو رہنما اور شفا ہے اور جو ایمان نہیں لائے ان کے کانوں میں ڈاٹ ہے اور وہ قرآن ان کے حق میں نابینائی ہے۔ یہ لوگ (بوجہ عدم انتفاع کے ایسے ہیں کہ گویا) کسی بڑی دور جگہ سے پکارے جارہے ہیں کہ آواز سے سنتے ہوں مگر پہچانتے نہ ہوں اور ہم نے موسیٰ کو بھی کتاب دی تھی سو اس میں بھی اختلاف ہوا اور اگر ایک بات نہ ہوتی جو آپ کے رب کی طرف سے پہلے ٹھہر چکی ہے (کہ پورا عذاب آخرت میں ملے گا) ان کا فیصلہ (دنیا ہی میں) ہو چکا ہوتا اور یہ لوگ اس کی طرف سے ایسے شک میں ہیں جس نے ان کو تردد میں ڈال رکھا ہے۔ جو شخص نیک عمل کرتا ہے وہ اپنے نفع کیلئے اور جو برا عمل کرتا ہے اس کا وبال اسی پر پڑے گا اور آپ کا رب بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔

تفسیر: ربط: اوپر رکوع دوم میں توحید کا مضمون تھا آگے پھر اسی کی طرف عود ہے اور اس کے ختم پر بمناسبت احیائے ارض کے احیائے موتیٰ کا ذکر فرما دیا ہے جس سے عقوبت قیامت کی جو کہ منکرین کیلئے سورت میں جابجا مذکور ہے تاکید بھی ہوگئی اور اس کے بعد متصل ہی جو وعید نار کی مذکور ہے اس کی تمہید بھی ہوگئی۔

عود بسوئے توحید مع تاکید وتمہید وعید عنید باثبات خلق جدید: وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اور منجملہ اس کی (قدرت وتوحید کی) نشانیوں کے رات ہے اور دن ہے اور سورج ہے اور چاند ہے (پس) تم لوگ نہ سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو (سجدہ کرو جیسے صائبین وغیرہم کواکب کی عبادت کرتے تھے **کذا فی الکشاف والمدارک والخازن**) اور (صرف) اس خدا کو سجدہ کرو جس نے ان (سب) نشانیوں کو پیدا کیا اگر تم کو خدا کی عبادت کرنا ہے (یعنی مشرکین جو عبادت خداوندی کے بھی مدعی ہیں تو جس عبادت میں شرک ہو وہ حقیقۃً خدا کی عبادت نہیں ہے اور وہ دعویٰ غلط ہے اگر خدا کی عبادت کرنا ہے تو شرک کو چھوڑ کر عبادت کرو) پھر اگر یہ لوگ (عبادت توحید یہ سے جس میں طریقہ آبائیہ کو چھوڑنا اور نبی کا اتباع کرنا پڑتا ہے اور عار اور) تکبر کریں تو (ان کی حماقت ہے کیونکہ) جو فرشتے آپ کے رب کے مقرب ہیں (اور شان وعظمت میں ان سے ہزاروں درجے زیادہ ہیں) وہ شب وروز اس کی پاکی کرتے ہیں اور وہ (اس سے ذرا) نہیں اکتاتے (تو ان ہی کو کیا عار پڑی ہے **وہذا کقولہ تعالیٰ فی اخر الاعراف**: اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ [۲۰۶] **بعد قولہ واذکر ربك الخ**) اور منجملہ اس کی (قدرت وتوحید کی) نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ (اے مخاطب) تو زمین کو دیکھتا ہے کہ دبی دبائی (پڑی) ہے پھر جب ہم اس پر پانی برساتے ہیں تو وہ ابھرتی ہے اور پھولتی ہے (اور اس سے علاوہ دلالت علی التوحید کے دلالت علی امکان البعث بھی حاصل ہوئی اور ثابت ہوا کہ) جس نے زمین کو (اس کے مناسب) زندہ کر دیا وہی مردوں کو (ان کے مناسب) زندہ کر دے گا بیشک وہ ہر چیز پر قادر ہے (اور دونوں امر مذکور امکان میں متساوی پس دونوں پر قدرت یکساں ہوگی اور ایک کا سہل عند القدرۃ ہونا مشاہد ہے پس دوسرا بھی سہل ہوگا پھر اس کو مستبعد جاننا جہل محض ہے)۔

ربط: اوپر وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ اور فَاِنْ اَعْرَضُوْا...... میں منکرین توحید ورسالت پر زجر ووعید ہے آگے پھر اسی طرف عود ہے اور اوپر کی متصل آیت میں اس کی تمہید بھی آچکی ہے۔ **کما ذکر فی وجہ الربط ھنالك**۔

زجر ووعید بر انکار توحید ورسالت: اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ۔ بلاشبہ جو لوگ ہماری آیتوں میں (جو دال علی التوحید اور نازل علی النبی الوحید ہیں) کجروی کرتے ہیں (یعنی اس کے متعلق جو استقامت ہے کہ اس پر ایمان لاویں اس کو چھوڑ کر اس کی تکذیب کرتے ہیں **کما فی الدر المنثور عن قتادۃ**) وہ لوگ ہم پر مخفی نہیں (ہم کو ان کا سب حال معلوم ہے اور ان کو ہم سزائے نار دیں گے) سو بھلا جو شخص نار میں ڈالا جاوے (جیسا یہ مکذب ڈالا جاوے گا) وہ اچھا ہے یا وہ شخص جو قیامت کے روز امن وامان کے ساتھ (جنت میں) آئے (آگے خطاب تہدید ہے کہ) جو (جو) جی چاہے (خوب) کرلو وہ تمہارا سب کیا ہوا دیکھ رہا ہے (ایک دفعہ ہی سزا دے دے گا)

ربط: اوپر شروع سورت میں پھر وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ (۲۶) کے ضمن میں رسالت وقرآن کے متعلق گفتگو ہوئی تھی آگے پھر یہی گفتگو ہے اور اسی سلسلہ میں منکرین کے بعض اقوال کا جواب اور بعض مضامین سے تسلیہ جناب رسالت مآب بھی ارشاد ہوا ہے۔

www.besturdubooks.net

احقاق قرآن وتسلیہ سید الانس والجان وذم ورد اہل طغیان: اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ (الی قولہ تعالی) وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ۔ جو لوگ اس قرآن کا جبکہ وہ انکے پاس پہنچتا ہے انکار کرتے ہیں (ان میں خود تدبر کی کمی ہے) اور (اس قرآن میں کوئی کمی نہیں کیونکہ) یہ (قرآن) بڑی باوقعت کتاب ہے جس میں غیر واقعی بات نہ اس کے آگے کی طرف سے آسکتی ہے اور نہ اس کے پیچھے کی طرف سے (یعنی اس میں کسی پہلو اور کسی جہت سے اس کا احتمال نہیں کہ یہ قرآن منزل من اللہ نہ ہو اور پھر خلاف واقع اس کو منزل من اللہ کہہ دیا جاوے جیسا کفار آپ پر یہی شبہ کرتے تھے حق تعالیٰ نے ایک قاعدۂ کلیہ سے اس شبۂ خاص کی بھی نفی کردی وجہ اس احتمال کے انتفاء کی اس کا معجز ہونا ہے پس ثابت ہوگیا کہ) یہ خدائے حکیم محمود (الذات والصفات) کی طرف سے نازل کیا گیا ہے (اور باوجود اس کے جو یہ لوگ آپ کی تکذیب کرتے ہیں تو یہ معلوم کرکے تسلی کرلیجئے کہ) آپ کو وہی باتیں تکذیب وایذا کی) کہی جاتی ہیں جو آپ سے پہلے رسولوں کو کہی گئی ہیں (انہوں نے بھی صبر کیا تھا آپ بھی صبر کیجئے اور اس سے بھی تسلی حاصل کیجئے کہ) آپ کا رب بڑی مغفرت والا اور دردناک سزا دینے والا ہے (پس اگر یہ مخالفین خلاف سے باز آکر مستحق مغفرت نہ ہوگئے تو ان کو سزا بھی دوں گا پھر آپ کاہے کے لئے پریشان ہوں) اور (یہ لوگ ایک شبہ یہ کرتے ہیں کہ قرآن کا کچھ حصہ عجمی بھی ہونا چاہئے تھا کذا فی الدر المنثور عن سعید بن جبیر حاکیا عن قریش جس سے اس کا اعجاز خوب ظاہر ہوتا کہ جو نبی عجمی نہیں جانتے وہ عجمی میں تکلم کریں سو بات یہ ہے کہ) اگر ہم اس کو (کلًا یا بعضاً) عجمی (زبان کا) قرآن بناتے (تو یہ ہرگز نہ ہوتا کہ اس کو مان لیتے بلکہ اس میں ایک اور حجت نکالتے کیونکہ جب ماننے اور سمجھنے کا ارادہ نہیں ہوتا تو ہر تقدیر پر کچھ نہ کچھ شاخ نکال لی جاتی ہے چنانچہ اگر ایسا ہوتا) تو یوں کہتے کہ اس کی آیتیں (اس طرح) صاف صاف کیوں نہیں بیان کی گئیں (کہ ہم سمجھ لیتے یعنی عربی میں کیوں نہیں۔ آیا اگر بعض عجمی ہوتا تو کہتے یہ بعض بھی عربی کیوں نہیں ہے اور یوں کہتے کہ) یہ کیا بات ہے کہ عجمی کتاب اور عربی رسول (خلاصہ یہ کہ اب جو قرآن عربی ہے تو کہتے ہیں عجمی کیوں نہیں اور اگر عجمی ہوتا تو کہتے عربی کیوں نہیں کسی حال پر ان کو قرار نہیں پھر عجمی ہونے سے کیا فائدہ ہوتا۔ رہا اعجاز سو عربیت کی حالت میں بھی معجز ہے بلکہ اس وقت کا اعجاز زیادہ حجت ہے کیونکہ بوجہ اپنی مہارت فن عربی اور باوجود اس کے بعجز عن الاتیان بمثلہ کے اس وقت اس کا اعجاز مفصلاً سمجھ سکتے ہیں اور اس وقت اجمالاً سمجھتے گو اجمالاً سمجھ لینا بھی اعجاز کا حجۃ کافیہ ہے جیسا اہل عجم قرآن کے اعجاز کو اسی طرح سمجھ سکتے ہیں مگر حجت وافیہ اور بھی ابلغ ہے حجت کافیہ سے غرض یہ شبہات محض لغو ہیں اصل مدار اعجاز پر ہے جس کا اوپر ذکر آچکا ہے لا یاتیه الباطل پس معلوم ہوا کہ اس کے حق ہونے میں تو کوئی کمی اور شبہ نہیں اگر کوئی شخص نہ مانے اسی میں کچھ کمی ہے آگے اس مضمون سے جواب دینے کا حکم ہے کہ اے پیغمبر) آپ کہہ دیجئے کہ یہ قرآن ایمان والوں کے لئے تو (نیک کاموں کے بتلانے میں) رہنما ہے اور (برے کاموں سے جو روگ دلوں میں پیدا ہوجاتے ہیں جب اس قرآن کی رہنمائی پر عمل کیا جاوے تو یہ ان روگوں سے) شفا ہے (پس چونکہ ان لوگوں میں تدبر وطلب حق کی کمی نہ تھی ان کے حق میں قرآن اپنی حقانیت سے ان کو نافع ہوا) اور جو (باوجود وضوح حق کے عناداً) ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں ڈاٹ ہے (جس سے حق کو انصاف اور تدبر سے نہیں سنتے اور وہ کمی یہی ہے) اور (اسی کمی کی وجہ سے) وہ قرآن اُن کے حق میں نابینائی ہے (کیونکہ قلت تدبر وقلت انصاف سے تعصب میں قوت رہتی ہے اور تعصب مانع ہدی بلکہ باعث زیادت ضلالت ہوجاتا ہے نابینائی کا سبب ہونے کی یہ وجہ ہے جیسے آفتاب عالم کو روشنی دیتا ہے خفاش کو کور کرتا ہے اور) یہ لوگ (بوجہ عدم انتفاع بسماع الحق کے ایسے ہیں کہ گویا) کسی بڑی دور جگہ سے پکارے جارہے ہیں (کہ آواز سنتے ہوں مگر سمجھتے نہ ہوں) اور (آپ کی تسلی کیلئے جیسا اوپر مجملاً رسولوں کا ذکر ہوا ہے اب خاص موسیٰ علیہ السلام کا ذکر ہوتا ہے کہ) ہم نے موسیٰ کو بھی کتاب دی تھی سو اس میں بھی اختلاف ہوا (کسی نے مانا کسی نے نہ مانا یہ کوئی نئی بات آپ کیلئے نہیں ہوئی پس آپ مغموم نہ ہوں) اور (یہ منکرین ایسے مستحق عذاب ہیں کہ) اگر ایک بات نہ ہوتی جو آپ کے رب کی طرف سے پہلے ٹھہر چکی ہے (کہ پورا عذاب ان کو آخرت میں دوں گا) تو ان کا (قطعی) فیصلہ (دنیا ہی میں) ہوچکا ہوتا اور یہ لوگ (باوجود قیام براہین کے) ابھی تک اس (فیصلہ یعنی عذاب موعود) کی طرف سے ایسے شک میں (پڑے) ہیں جس نے ان کو تردد میں ڈال رکھا ہے (کہ ان کو عذاب کا یقین ہی نہیں آتا حالانکہ فیصلہ ضرور واقع ہوگا اور اس فیصلہ کا حاصل یہ ہے کہ) جو شخص نیک عمل کرتا ہے وہ اپنے نفع کے لئے (یعنی ضرر وعذاب) اسی پر پڑے گا اور آپ کا رب بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں (کہ کوئی نیکی جو بشرط عمل میں لائی گئی ہو اس کو شمار نہ کرے یا کسی بدی کو زائد شمار کرلے)۔

ف: احقر نے اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِیْمٍ کا محمل جو تسلیہ ٹھہرایا ہے اس سے اگر کسی کو وسوسہ ہو کہ ذکر عقاب سے تسلی ہونا موہم ہے کہ آپ ان کا عقاب چاہتے تھے جواب اُسکا سورۂ مؤمن کے ساتویں رکوع کی تفسیر میں بذیل ف: گزر چکا ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ (الی قولہ تعالی) فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَةِ۔ اطلاق الفاظ سے آیت اس کو بھی شامل ہے کہ اوقات امتحان ظاہری یا باطنی میں ملائکہ ان پر سکینہ وبرکات فائض کرتے ہیں اور قول کا اطلاق کلام بالمشافہ کو بھی شامل ہے اور اس تقدیر پر ملائکہ کا کلام غیر نبی سے بھی ثابت ہوتا ہے اور استقامت اپنے اطلاق سے تمام مراتب استقامت کو شامل ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا

www.besturdubooks.net

جملہ عَمِلَ صَالِحًا میں اس طرف اشارہ ہے کہ داعی الی اللہ وشیخ کو خود بھی عامل ہونا چاہئے ورنہ اس کی تعلیم میں برکت نہیں ہوتی۔ قولہ تعالیٰ: اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ وقولہ تعالیٰ: وَمَا یُلَقّٰهَآ اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا وقولہ تعالیٰ: وَاِمَّا یَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ۔ اس مجموعہ میں تین مسئلے ہیں اول اخلاق کی تعلیم دوسرے اخلاق میں مجاہدہ کی ضرورت تیسرے کاملین کے لئے وسوسہ کا امکان اور التجا الی اللہ میں اس کا مضرنہ ہونا اور فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ میں اس طرف اشارہ ہے کہ کسی وقت بےفکر نہ ہونا چاہئے۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّ الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْٓ اٰیٰتِنَا اس میں غلات صوفیہ بھی داخل ہوگئے جو آیات کی غلط تفسیریں کرتی ہیں۔

اَللُّغَات: قوله خاشعة يابسة متطامنة مستعار من الخشوع بمعنى التذلل ۱۲۔

اَلنَّحْو: قوله ان الذين كفروا خبر ان محذوف وهو عندى لم يتدبروا قوله ء اعجمي وعربي تقديره اكلام عجمي ورسول عربي وزيدت الياء في اعجمي للمبالغة ۱۲۔

اَلْبَلَاغَة: قوله ياتى فى الروح كان الظاهر ان يقابل الالقاء فى النار بدخول الجنة لكنه عدل عنه الى ما فى النظم الجليل اعتناءً بشان المؤمنين لان الامن من العذاب اعم ولهم ولذا عبر فى الاول بالالقاء الدال على القسر والقهر وفيه بالاتيان الدال على انه بالاختيار والرضا مع الامن آه قوله من بين يديه كناية عن جميع الجهات وفيه تمثيل لتشبيهه بشخص عمى من جميع جهاته فلا يمكن اعداء ه الوصول اليه كذا فى الروح۔ قوله ينادون تمثيل لهم فى عدم فهمهم وانتفاعهم بما دعوا له بمن ينادى من مسافة نائية فهو يسمع الصوت ولا يفهم اولا يسمع ولا يفهم فقد حكى اهل اللغة انه يقال للذى لايفهم انت تنادى من بعيد وارادة هذا المعنى مروية عن علىؓ ومجاهد كذا فى الروح ۱۲۔

اِلَیْهِ یُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰی وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ
وَیَوْمَ یُنَادِیْهِمْ اَیْنَ شُرَكَآءِیْ ۙ قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ شَهِیْدٍ ﴿۴۷﴾ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ
وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِیْصٍ ﴿۴۸﴾ لَا یَسْئَمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَیْرِ ۫ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَیَئُوْسٌ قَنُوْطٌ ﴿۴۹﴾
وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَیَقُوْلَنَّ هٰذَا لِیْ ۙ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ
رُّجِعْتُ اِلٰی رَبِّیْٓ اِنَّ لِیْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰی ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ۫ وَلَنُذِیْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ
غَلِیْظٍ ﴿۵۰﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَی الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِیْضٍ ﴿۵۱﴾ قُلْ اَرَءَیْتُمْ
اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِیْ شِقَاقٍ بَعِیْدٍ ﴿۵۲﴾ سَنُرِیْهِمْ اٰیٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ
وَفِیْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ؕ اَوَلَمْ یَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ﴿۵۳﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ فِیْ مِرْیَةٍ
مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ؕ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ ﴿۵۴﴾

قیامت کے علم کا حوالہ اللہ ہی کی طرف دیا جا سکتا ہے اور کوئی پھل اپنے خول میں سے نہیں نکلتا اور نہ کسی عورت کو حمل رہتا ہے اور وہ بچہ جنتی ہے مگر یہ سب اس کی اطلاع سے ہوتا ہے اور جس روز اللہ تعالیٰ ان (مشرکین) کو پکارے گا (اور کہے گا) کہ میرے شریک (اب) کہاں ہیں وہ کہیں گے کہ (اب تو) ہم آپ سے یہی عرض کرتے ہیں کہ ہم میں (اس عقیدہ کا) کوئی مدعی نہیں اور جن جن کو یہ لوگ پہلے سے (یعنی دنیا میں) پوجا کرتے تھے وہ سب غائب ہوجائیں گے اور یہ لوگ سمجھ لیں گے کہ ان کے لئے کہیں بچاؤ کی صورت نہیں۔ ترقی کی خواہش سے آدمی کا جی نہیں بھرتا اور اگر اس کو کچھ تکلیف پہنچتی ہے تو ناامید ہراساں ہوجاتا ہے اور اگر ہم اس کو کسی تکلیف کے بعد جو کہ اس پر واقع ہوئی تھی اپنی مہربانی کا مزہ چکھا دیتے ہیں۔ تو کہتا ہے یہ تو میرے لئے ہونا ہی چاہئے تھا اور میں قیامت کو آنے والا نہیں خیال کرتا اور اگر میں اپنے رب کے پاس پہنچایا بھی گیا تو میرے لئے اس کے پاس بھی بہتری ہی ہے۔ سو ہم ان منکروں کو ان کے (یہ) سب کردار ضرور بتلا دیں گے اور ان کو سخت عذاب کا مزہ چکھا دیں گے اور جب ہم آدمی کو نعمت عطا کرتے ہیں تو (ہم سے اور احکام سے) منہ موڑ لیتا ہے اور کروٹ پھیر لیتا ہے اور جب اس کو تکلیف پہنچتی ہے تو خوب لمبی چوڑی دعائیں کرتا ہے۔ آپ

www.besturdubooks.net

کہئے کہ بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر یہ قرآن اللہ کے یہاں سے آیا ہو (اور) پھر تم اس کا کروانکار تو ایسے شخص سے زیادہ کون غلطی میں ہوگا جو (حق سے) ایسی دور دراز مخالفت میں پڑا ہو ہم عنقریب ان کو اپنی (قدرت کی) نشانیاں ان کے گردونواح میں بھی دکھادیں گے اور خود ان کی ذات میں بھی اور یہاں تک کہ ان پر ظاہر ہو جائے گا کہ قرآن حق ہے (تو) کیا آپ کے رب کی یہ بات (آپ کی حقیقت کی شہادت کے لئے) کافی نہیں کہ وہ ہر چیز پر شاہد ہے۔ یادرکھو کہ وہ لوگ اپنے رب کے روبرو جانے کی طرف سے شک میں پڑے ہیں یادرکھو کہ وہ ہر چیز کو (اپنے علم کے) احاطہ میں لئے ہوئے ہے۔

تفسیر ربط: اوپر منکرین توحید ودلیل رسالت یعنی کلام مجید کو عقوبت یوم الوعید سے تہدید کی گئی ہے آگے ان تینوں کے بارہ میں مخلوط کلام ہے۔

تحقیق قیامت وتوحید ورسالت مع تضلیل اہل جہالت:

اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ (الی قولہ تعالی) اَلَاۤ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ (اوپر جس قیامت کا ذکر ہے اس میں ان کو جزا ملے گی اس) قیامت کے علم کا حوالہ خدا ہی کی طرف دیا جاسکتا ہے (یعنی اس سوال کے جواب میں کہ قیامت کب آوے گی جیسا کہ کفار بغرض انکار اس کا سوال کیا کرتے تھے یہی کہا جاوے گا کہ اس کا علم خدا ہی کو ہے مخلوق کو اس کا علم نہ ہونے سے اس کا عدم وقوع لازم نہیں آتا) اور (قیامت ہی کی کیا تخصیص ہے اس کا علم ہر شئی کو محیط ہے حتیٰ کہ) کوئی پھل اپنے خول میں سے نہیں نکلتا اور نہ کسی عورت کو حمل رہتا ہے اور نہ وہ بچہ جنتی ہے مگر یہ سب اس کی اطلاع سے ہوتا ہے (اور اس اطلاع کی وجہ اس کی صفت علم کا ذاتی ہونا ہے جو بوجہ اعلیٰ درجہ کے کمال ہونے کے دلیل توحید بھی ہے اور بوجہ تساوی نسبت صفت ذاتیہ کے جمیع متعلقات کے ساتھ دلیل علم قیامت کی بھی ہے پس اس سے دونوں مضمون کی تائید ہوگئی) اور (آگے اس قیامت کے ایک واقعہ کا ذکر ہے جس سے اثبات توحید وابطال شرک بھی ہوتا ہے یعنی) جس روز اللہ تعالیٰ ان (مشرکین) کو پکارے گا (اور کہے گا) کہ (جن کو تم نے میرا شریک قرار دے رکھا تھا وہ) میرے شریک (اب) کہاں ہیں (ان کو بلاؤ کہ تم کو اس مصیبت سے بچاویں) وہ کہیں گے کہ (اب تو) ہم آپ سے یہی عرض کرتے ہیں کہ ہم میں کوئی (اس عقیدہ کا) مدعی نہیں (یعنی اپنی غلطی کے مقر ہیں چونکہ وہاں حقائق عقائد کے منکشف ہو جاویں گے پس یہ اقرار یا تو اضطراری ہے یا اس سے کچھ توقع نجات کی ہو) اور جن جن کو یہ لوگ پہلے سے (یعنی دنیا میں) پوجا کرتے تھے وہ سب غائب ہو جاویں گے (یا تو یہ مراد ہے کہ ان کی شرکت کا اعتقاد وضوح حق کے سبب ذہن سے سب زائل ہو جاوے گا یا یہ کہ وہ نصرت نہ کر سکیں گے اور بعض آیات میں جو آیا ہے: وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ وہ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ کے منافی نہیں کیونکہ وہ پکارنا فرط حیرت وبدحواسی سے ہو گا نہ کہ اعتقاد سے) اور (جب یہ احوال دیکھیں گے تو) یہ لوگ سمجھ لیں گے کہ ان کے لئے کہیں بچاؤ کی صورت نہیں (اس وقت شرکاء کا بطلان اور اللہ واحد کا حق ہونا معلوم ہو جاوے گا آگے شرک وکفر کا ایک بڑا اثر طبیعت انسانی پر بیان فرماتے ہیں کہ جو شخص توحید وایمان سے بے بہرہ ہے اس) آدمی (کے اخلاق واعمال وعقائد ایسے بُرے ہوتے ہیں کہ ایک تو کسی حالت میں یعنی آرام وتنگی دونوں میں) ترقی[1] کی خواہش سے اس کا جی نہیں بھرتا (اور یہ کمال حرص ہے) اور (خاص حالت تنگی وغیرہ میں یہ کیفیت ہے کہ) اگر اس کو کچھ تکلیف پہنچتی ہے تو ناامید ہراساں ہو جاتا ہے (اور یہ غایت ناشکری وسوء ظن باللہ وکراہت لامر اللہ ہے) اور (خاص زوال تنگی کی حالت میں یہ کیفیت ہے کہ) اگر ہم اس کو کسی تکلیف کے بعد جو کہ اس پر واقع ہوئی تھی اپنی مہربانی کا مزہ چکھادیتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو میرے لئے ہونا ہی چاہئے تھا (کیونکہ میری تدبیر ولیاقت وفضیلت اسی کو مقتضی تھی اور یہ بھی غایت ناشکری وکبر ہے) اور (اس نعمت میں یہاں تک پھولتا ہے اور بھولتا ہے کہ یوں بھی کہتا ہے کہ) میں قیامت کو آنے والا نہیں خیال کرتا اور اگر (بفرض محال آئی بھی اور) میں اپنے رب کے پاس پہنچایا بھی گیا (جیسا نبی کہتے ہیں) تو میرے لئے اس کے پاس بھی بہتری ہی ہے (کیونکہ میں حق پر ہوں اور اس کا مستحق ہوں اور قیامت کا انکار غایت درجہ کا کفر اور فرض وقوع پر دعوی حسنی کا غایت درجہ کا اغتراء باللہ ہے غرض کفر وشرک سے یہ مفاسد پیدا ہوئے وہ ایسی بُری چیز ہے) سو (یہ لوگ یہاں جو چاہیں دعویٰ احقاق واستحقاق کا کر لیں اب عنقریب) ہم ان منکروں کو ان کے (یہ) سب کردار ضرور بتلادیں گے اور ان کو سخت عذاب کا مزہ چکھادینگے اور (نیز تتمہ آثار کفر وشرک میں سے حالت نعمت میں خوہ پہلے سے وہ نعمت ہو یا بعد زوال محنت ملی ہو ایک یہ ہے کہ) جب ہم (ایسے) آدمی کو نعمت عطا کرتے ہیں تو (ہم سے اور ہمارے احکام سے) منہ موڑ لیتا ہے اور کروٹ پھیر لیتا ہے (اور غایت درجہ کا اشر وبطر ہے اور نعمت کا اوپر جو اثر مذکور ہوا وہ متعلق عقیدہ کے تھا اور یہ متعلق اعمال کے اور مقصود مجموعہ کا اثبات ہے) اور (حالت تنگی وضرر میں تتمۂ آثار کفر وشرک میں سے ایک یہ ہے کہ) جب اس کو تکلیف پہنچتی ہے تو (فقدان نعمت پر جزع وفزع کی راہ سے نہ کہ منعم کی طرف توجہ والتجا کے طور پر) خوب لمبی چوڑی دعائیں کرتا ہے (اور یہ غایت درجہ کی بے صبری اور حب دنیا میں انہماک ہے اور اوپر جو محنت کا اثر مذکور ہوا وہ کیفیات اور احوال میں سے تھا اور یہ اقوال وافعال میں سے ہے غرض یہ اور جو اوپر مذکور ہوئے سب مفاسد کفر وشرک سے ہیں بخلاف ایمان کے کہ اس کے آثار ہیں۔ حریض نہ ہونا حالت[1] ضرر میں یاس وجزع وفزع نہ کرنا حالت امن وعیش میں کفر اور کفران نہ کرنا۔ اب توحید اور قیامت کی تحقیق کے ساتھ رسالت اور قرآن کی جو کہ توحید اور قیامت سے بھی مشعر اور مخبر ہے تحقیق بطور تلطیف دعوت کی فرماتے ہیں یعنی اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (ان منکرین سے) کہئے کہ (اے

www.besturdubooks.net

منکر و قرآن کے حق ہونے پر جو دلائل قائم ہیں مثل اعجاز و اخبار عن الغیوب اگر تم عدم تدبر کی وجہ سے ان کو مورث یقین نہیں سمجھتے تو اقل درجہ مورث احتمال تو ضرور ہوں گے کیونکہ نفی پر تمہارے پاس کوئی دلیل تو قائم نہیں سو) بھلا یہ بتلاؤ کہ اگر (بناء علی الاحتمال المذکور) یہ قرآن خدا کے یہاں سے آیا ہو اور پھر تم اس کا کرو انکار تو ایسے شخص سے زیادہ کون غلطی میں ہوگا جو (حق سے) ایسے دور دراز مخالفت میں پڑا ہو (اور اس تقدیر یکون من عند اللہ پر تم اس مفہوم کے مصداق ہوگئے اور اس تالی کا ترتب اس مقدم پر ضروری ہے گو وجود تالی بوجہ محتمل ہونے مقدم کے محتمل ہو لیکن عقلاً احتمال ضلال سے بھی بچنا واجب ہے اور وہ موقوف ہے تدبر فی القرآن پر پس مقدمہ واجب ہونے کی وجہ سے وہ بھی واجب ہوا پس انکار میں مبادرت مت کرو بلکہ سوچ سمجھ سے کام لوتا کہ حق واضح ومتعین ہو جاوے اور ان لوگوں سے تو کیا امید ہے کہ یہ تدبر کریں مگر خیر) ہم (خود ہی) عنقریب ان کو اپنی (قدرت کی) نشانیاں (جو کہ دال ہوں صدق قرآن پر) ان کے گرد و نواح میں بھی دکھائیں گے (کہ اقطار عرب پیشین گوئی کے موافق فتح ہو جاویں گے) اور خود ان کی ذات (خاص) میں بھی (دکھلائیں گے کہ یہ بدر میں مارے جائیں گے اور ان کا مسکن مکہ بھی فتح ہو جاوے گا) یہاں تک کہ (بالاضطرار ان پیشین گوئیوں کے وقوع و مطابقت واقع سے) ان پر ظاہر ہو جاوے گا کہ وہ قرآن حق ہے (کہ اس کی پیشینگوئیاں کس طرح صادق ہو رہی ہیں گو یہ علم اضطراری بدون تصدیق اختیاری کے معتد بہ نہیں لیکن اتمام حجت میں تو قوت زیادہ ہو جاوے گی غرض اس کی حقیت ایک روز اس طرح ظاہر ہوگی باقی فی الحال جو یہ لوگ آپ کی وحی و رسالت کا انکار کر رہے ہیں آپ مغموم نہ ہوں کیونکہ اگر یہ لوگ اس پہ شہادت نہ دیں تو) کیا آپ کے رب کی یہ بات (آپ کی حقیت کی شہادت اور تسلی کے لئے) کافی نہیں کہ وہ ہر (واقعی) چیز کا شاہد ہے (اور اس نے جابجا آپ کی رسالت کی شہادت دی ہے قولاً بھی اور عملاً بھی اظہار معجزات سے پس وہ شہادت کافی ہے کقولہ تعالیٰ: قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ [۱] آگے اصل وجہ اس انکار اور نیز دوسرے امور حقہ کے انکار کی بتلاتے ہیں اور اس سے تسلی زیادہ بھی ہو سکتی ہے کہ) یاد رکھو کہ وہ لوگ اپنے رب کے روبرو جانے کی طرف سے شک میں پڑے ہیں (پس دل میں ڈر نہیں جس سے حق کو طلب کریں مگر) یاد رکھو کہ وہ ہر چیز کو (اپنے علم کے) احاطہ میں لئے ہوئے ہے۔ پس ان کے شک وشبہ کو بھی جانتا ہے اور اس پر سزا دے گا) **ف**: آیت لَا يَسْـَٔمُ (الی قولہ تعالی) عَرِيْضٍ کے متعلق سورۂ یونس کے دوسرے رکوع آیت: وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ ...... کی تفسیر میں ایک تحقیق گزر چکی ہے اس کا ملاحظہ معین حل مقام ہذا ہوگا۔ اور یاس و دعاء میں تعارض وہاں دو طور پر دفع کیا گیا تھا یہاں ایک تیسری بات اور زیادہ بعض تفاسیر سے معلوم ہوئی وہ یہ کہ یہ دعا التجاء الی اللہ کے طور پر نہیں بلکہ جس طرح عاشقان دنیا ذرا ذرا واقعات ناگوار نفس پر شور و غل ہائے واویلا مچایا کرتے ہیں کہ ہائے اللہ کیا کروں ہائے اللہ کیا ہوگا و مثل ذلک تقریر ترجمہ: وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ میں احقر نے اس طرف اشارہ کر دیا ہے۔

الحواشی: (۱) یہ حریص نہ ہونے کے متعلق نہیں ہے بلکہ مابعد کے متعلق ہے یعنی یاس و جزع و فزع نہ کرنا و کذا ما بعدہ ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله فی دعاء الخیر ترقی اشارة الی الخیر الدنیوی من السعة فی العیش ونحوه ۱۲۔ ۲؎ قوله فی الأفاق ان کے اشارة الی ان الالف واللام عوض عن المضاف الیه وهو من المواهب ۱۲۔

اللغات: قوله اکمامها جمع کم بالکسر فی القاموس وعاء الطلع وعظاء النور شهید فعیل من الشهادة محیص مهرب یؤس قنوط فی الروح الیاس صفة القلب وهو ان یقطع رجاء الخیر والقنوط ان یظهر علیه اثر الیاس فیتضاء ل وینکسر ۱۲۔

النحو: قوله انه علی کل شیٔ بدل من ربك والمعنی او لم یکف شهادة بك علی کل شیٔ ۱۲۔

البلاغة: ثمرات جمع باعتبار الانواع اٰذنٰك فی الروح ای اعلمناك والمراد بالاعلام الاخبار لانه تعالٰی عالم فلا یصح اعلامه بما هو سبحانه عالم به بخلاف الاخبار فانه یکون للعالم واستظهر ابو حیان ان المراد احداث ایذان لا اخبار عن ایذان سابق علی نحو طلقت وامثاله ۱۵ ۱۲۔

قد تم بحمد الله تعالٰی تفسیر سورة حم السجدة للثانی او الثالث من ربیع الأخر یوم الخمیس ۱۳۲۳ من الهجرة وصلی الله تعالٰی علٰی خیر خلقه محمد وآله واصحابه اجمعین۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ الشُّوْرٰی

رکوعاتہا	اٰیاتہا		سورۃ الشوریٰ
۵	۵۳	بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ	۴۲ مکیۃ ۶۲

سورۃ الشوریٰ مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۵۳ آیات اور ۵ رکوع ہیں

حٰمٓ ۝۱ عٓسٓقٓ ۝۲ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۳ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝۴ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ
وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝۵ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ اللّٰهُ
حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ڮ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝۶ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى
وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ ۝۷ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ
لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَاۗءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝۸ اَمِ اتَّخَذُوْا
ع ۹ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى ۡ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۹

حٰمٓ عٓسٓقٓ اسی طرح آپ پر اور جو (پیغمبر) آپ سے پہلے ہو چکے ہیں ان پر اللہ تعالیٰ جو زبردست حکمت والا ہے (دوسری سورتوں اور کتابوں کی) وحی بھیجتا رہا ہے۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور وہی سب سے برتر اور عظیم الشان ہے کچھ بعید نہیں کہ آسمان اپنے اوپر سے (کہ ادھر ہی بوجھ پڑتا ہے) پھٹ پڑیں اور (وہ) فرشتے اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے ہیں اور اہل زمین کے لئے معافی مانگتے ہیں خوب سمجھ لو کہ اللہ تعالیٰ ہی معاف کرنے والا رحمت کرنے والا ہے اور جن لوگوں نے اللہ کے سوا دوسرے کارساز قرار دے رکھے ہیں اللہ ان کو دیکھ بھال رہا ہے اور آپ کو ان پر کوئی اختیار نہیں دیا گیا اور ہم نے اس طرح آپ پر (یہ) قرآن عربی وحی کے ذریعے سے نازل کیا تاکہ آپ (سب سے پہلے) مکہ کے رہنے والوں کو اور جو اس کے آس پاس ہیں ان کو ڈرائیں اور جمع ہونے کے دن سے ڈرائیں جس کے آنے میں ذرا شک نہیں۔ ایک گروہ جنت میں (داخل) ہوگا اور ایک دوزخ میں ہوگا اور اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو ان سب کو ایک ہی طریق کا بنا دیتا۔ لیکن وہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کر لیتا ہے اور ان ظالموں کا (قیامت کے روز) کوئی حامی مددگار نہیں۔ کیا ان لوگوں نے اللہ کے سوا دوسرے کارساز قرار دے رکھے ہیں سو اللہ تعالیٰ ہی کارساز ہے اور وہی مردوں کو زندہ کرے گا اور وہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

تفسیر: سورۃ الشوریٰ مکیۃ وھی ثلث وخمسون اٰیۃ کذا فی البیضاوی۔

ربط: اس سورت میں یہ مضامین ایک دوسرے میں متداخل ہیں ایک توحید و ابطال شرک اور اس سلسلہ میں صفات کمال و افعال حکمت و نعمت اشتمال کا بیان ہے۔ دوسرے رسالت اور اس سلسلہ میں تسلیہ کے مضامین بھی ہیں تیسرے بعث و جزاء اور اس سلسلہ میں شبہ استعجال کا بھی جواب دیا ہے چوتھے مذمت انہماک فی الدنیا کی اور ترغیب طلب آخرت کی۔ پانچویں اہل ایمان کا حسن اعمال و حسن مآل اور کفار کا قبح اعمال و قبح مآل چنانچہ آیت میں نظر کرنے سے سب کا انطباق واضح ہو جاوے گا اور سورت سابقہ کا اختتام اور اس کا افتتاح توحید و رسالت و بعث میں مشترک ہے۔

توحید و رسالت و بعث و جزا: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ (الی قولہ تعالی) وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ ۔ حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ (اس

www.besturdubooks.net

کے معنی اللہ کو معلوم ہیں جس طرح فوائد عظیمہ واصول دینیہ کی تحقیق کے لئے یہ سورت آپ پر نازل ہو رہی ہے) اسی طرح (اصول دینیہ کی تحقیق کے لئے) آپ پر اور جو پیغمبر آپ سے پہلے ہو چکے ہیں ان پر اللہ تعالیٰ جو زبردست حکمت والا ہے (دوسری سورتوں اور کتابوں کی) وحی بھیجتا رہا ہے (اور اس کی یہ شان ہے کہ) اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور وہی سب سے برتر اور عظیم الشان ہے (اور اس کی عظمت شان کو گو بعض اہلِ ارض نہ جانیں اور نہ مانیں مگر سمٰوات میں اس کے جاننے والے یعنی فرشتے اس کثرت سے ہیں کہ) کچھ بعید نہیں کہ آسمان (ان کے بوجھ کی وجہ سے) اپنے اوپر سے (کہ ادھر ہی سے بوجھ پڑتا ہے) پھٹ پڑیں (جیسا حدیث میں ہے:((اطت السماء وحق لها ان تئط ما فیہ موضع اربعة اصابع الا وملك واضع جبهته ساجدا لله)) رواه الترمذی وابن ماجة وفسر به فی المدارك) اور (وہ) فرشتے اپنے رب کی تسبیح وتحمید کرتے ہیں اور اہل زمین (میں جو لوگ اس عظمت کا حق نہیں ادا کرتے مثلاً شرک کرتے ہیں اور اس وجہ سے وہ مستحق عقوبت ہیں وہ فرشتے ان) کے لئے (ایک وقت خاص تک کے لئے) معافی مانگتے ہیں (محدود معافی سے مراد دنیا میں عذاب استیصال سے بچا رہنا اور ویسے معمولی واقعات سے سزائیں ہونا یا آخرت میں عذاب اصلی ہونا اس استغفار کے مفہوم سے خارج ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کی اس درخواست کو منظور فرمالیتا ہے اور اس سے عذاب عاجل مشرکین پر نازل نہیں فرماتا) خوب سمجھ لو کہ اللہ ہی معاف کرنے والا (ہے گو کفار کے لئے وہ معافی محدود سہی اور وہی) رحمت کرنے والا ہے (گو وہ رحمت کفار پر دنیا ہی میں ہوتی ہے) اور (آپ ان مشرکین کے عدم نزول عذاب عاجل سے محزون نہ ہوں کیونکہ) جن لوگوں نے خدا کے سوا دوسرے کارساز قرار دے رکھے ہیں اللہ ان (کے اعمال قبیحہ) کو دیکھ بھال رہا ہے (وہ آپ ہی مناسب وقت پر سزا دے گا) اور آپ کو ان پر کوئی اختیار نہیں دیا گیا (کہ آپ جب چاہیں ان پر عذاب نازل کرا دیں) اور (اسی طرح آپ ان کے عدم ایمان پر بھی محزون نہ ہوں کیونکہ آپ کا کام صرف تبلیغ ہے اس سے زیادہ آپ کیوں فکر کرتے ہیں چنانچہ) ہم نے اسی طرح (جیسا کہ آپ دیکھ رہے ہیں) آپ پر (یہ) قرآن عربی وحی کے ذریعہ سے (محض اس لئے) نازل کیا ہے تا کہ آپ (سب سے پہلے) مکہ کے رہنے والوں کو اور جو لوگ اس کے آس پاس (بستے) ہیں ان کو ڈرائیں اور (ڈرائیں بھی ایک بڑی چیز سے یعنی) جمع ہونے کے دن سے ڈرائیں (مراد اس سے قیامت کا دن ہے کہ اس میں اولین وآخرین سب جمع ہو جائیں گے لقولہ تعالیٰ: يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ [التغابن : ٨]) جس (کے آنے) میں ذرا شک نہیں (جس میں یہ فیصلہ ٹھہرے گا کہ) ایک گروہ جنت میں (داخل ہوگا اور ایک گروہ دوزخ میں (داخل) ہوگا (بس آپ کا کام محض ایسے دن سے ڈرا دینا ہے) اور (باقی ان کے ایمان وعدم ایمان سے آپ کو کیا بحث وہ مشیت الٰہی پر ہے چنانچہ) اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو ان سب کو ایک ہی طریقہ کا بنا دیتا (یعنی سب کو ایمان نصیب کر دیتا کقولہ تعالیٰ: وَلَوْ شِئْنَا لَآتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰهَا ...... [حٰمٓ السجدة : ١٣]) لیکن (بہت سی حکمتوں سے اس کو یہ منظور نہیں ہوا بلکہ) وہ جس کو چاہتا ہے (ایمان دے کر) اپنی رحمت میں داخل کر لیتا ہے (اور جس کو چاہتا ہے مبتلائے شرک وکفر رکھ کر رحمت سے خارج کر دیتا ہے) اور (ان) ظالموں کا (جو کہ شرک وکفر میں مبتلا ہیں قیامت کے روز) کوئی حامی مددگار نہیں (ہوگا اوراو پر يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ [التغابن : ٨] میں اشراک پر تہدید تھی آگے اشراک کا ابطال ہے یعنی) کیا ان لوگوں نے خدا کے سوا دوسرے کارساز قرار دے رکھے ہیں سو (اگر کارساز بنانا ہے تو) اللہ ہی کارساز (بنائے جانے کا مستحق) ہے اور وہی مردوں کو زندہ کرے گا اور وہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے (تو کارساز بنانے کے لائق وہی ہوا جس کی قدرت ہر چیز پر عموماً اور احیائے موتی پر خصوصاً ثابت ہے اس قدرت خاصہ کا اس لئے بیان کیا کہ اس وقت اوروں کی قدرت جواب برائے نام ہے وہ بھی بے نام ونشان ہو جاوے گی تو ظہور قدرت کا اتم ہوگا۔ **ف:** لِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى ...... میں جو شبہ عموم بعثت پر واقع ہو سکتا تھا قید اولیت سے جو کہ ترجمہ میں لکھی گئی ہے رفع ہو گیا۔ اور يَتَفَطَّرْنَ کی تفسیر میں جو حدیث لکھی ہے اس سے متبادراً معلوم ہوتا ہے کہ ملائکہ میں ثقل بھی ہے اور اس میں کچھ استبعاد نہیں کیونکہ اجسام ہونا تو ان کا نصوص قطعیہ سے ثابت ہے لاثبات خواص الاجسام لها اور اجسام میں ثقل ہونا جائے عجب نہیں اگر یہ شبہ ہو کہ ثقل کی علت میلان الی المرکز ہے اور اجسام لطیفہ مائل الی المحیط ہوتے ہیں۔ جواب اس کا یہ ہے کہ اول تو یہ دونوں قضیے مسلّم نہیں خدا تعالیٰ کسی جسم کو اگر اس کے خلاف پیدا کر دے نفی کی کیا دلیل ہے۔ دوسرے اجسام لطیفہ کا میلان الی المحیط اس لئے ہے کہ اس طرف ان کا حیز ہے پس اصل میلان الی الحیز ہے چونکہ ہر آسمان کے فرشتوں کا حیز وہی آسمان ہے تو قاعدۂ طبعیہ مذکورہ کے موافق ان کا میلان اسی آسمان کی طرف ہوگا اور چونکہ وہ فرشتے اس آسمان کی سطح فوقانی پر رہتے ہیں پس اس میلان کا وزن اور اثر اس آسمان کے اوپر ہوگا اسی کو لغۃً ثقل کہا جا سکتا ہے گو اصطلاحاً بمعنی میلان الی المرکز اس کو ثقل نہ کہیں خوب سمجھ لو۔

الرِّوَایَاتُ: فی الدر المنثور عن ابن عباسؓ تکاد السمٰوات یتفطرن من فوقهن قال من الثقل ۱۲۔

النَّحْوُ: قوله فریق فی الروح ساغ الابتداء بالنکرة لانها فی سیاق التفصیل والتقسیم کما فی قوله فثوب لبست وثوب اجر قوله فالله هو الولی جواب شرط محذوف ای ان اراد واولیا الخ ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللَّهِ ۚ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبِّي عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ﴿١٠﴾
فَاطِرُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ جَعَلَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا وَمِنَ الْأَنْعَامِ أَزْوَاجًا ۖ يَذْرَؤُكُمْ فِيهِ ۚ لَيْسَ كَمِثْلِهِ
شَيْءٌ ۖ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ﴿١١﴾ لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّهُ
بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿١٢﴾ شَرَعَ لَكُمْ مِنَ الدِّينِ مَا وَصَّىٰ بِهِ نُوحًا وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا
بِهِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ وَعِيسَىٰ ۖ أَنْ أَقِيمُوا الدِّينَ وَلَا تَتَفَرَّقُوا فِيهِ ۚ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ مَا تَدْعُوهُمْ
إِلَيْهِ ۚ اللَّهُ يَجْتَبِي إِلَيْهِ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ يُنِيبُ ﴿١٣﴾ وَمَا تَفَرَّقُوا إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ
الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَبِّكَ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ أُورِثُوا
الْكِتَابَ مِنْ بَعْدِهِمْ لَفِي شَكٍّ مِنْهُ مُرِيبٍ ﴿١٤﴾ فَلِذَٰلِكَ فَادْعُ ۖ وَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ ۖ وَلَا تَتَّبِعْ
أَهْوَاءَهُمْ ۖ وَقُلْ آمَنْتُ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ مِنْ كِتَابٍ ۖ وَأُمِرْتُ لِأَعْدِلَ بَيْنَكُمُ ۖ اللَّهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۖ
لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ ۖ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ ۖ اللَّهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۖ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ﴿١٥﴾

اور جس جس بات میں تم (اہل حق کے ساتھ) اختلاف کرتے ہو اس کا فیصلہ اللہ ہی کے سپرد ہے۔ اللہ تعالیٰ میرا رب ہے میں اسی پر توکل کرتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں وہ آسمان اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے اس نے تمہارے لئے تمہاری جنس کے جوڑے بنائے اور (اسی طرح) چارپایوں کے جوڑے بنائے (اور) اس کے جوڑے ملانے کے ذریعہ سے تمہاری نسل چلاتا رہتا ہے۔ کوئی چیز اس کی مثل نہیں اور وہی بات کا سننے والا دیکھنے والا ہے اس کے اختیار میں ہیں کنجیاں آسمان کی اور زمین کی جس کو چاہے زیادہ روزی دیتا ہے اور (جس کو چاہے) کم دیتا ہے بے شک وہ ہر چیز کا پورا جاننے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کے واسطے وہی دین مقرر کیا ہے جس کا اس نے نوح کو حکم دیا تھا اور جس کو ہم نے آپ کے پاس وحی کے ذریعہ سے بھیجا ہے اور جس کا ہم نے ابراہیمؑ اور موسیٰؑ عیسیٰؑ کو (مع ان سب کے اتباع کا) حکم دیا تھا اور ان کی امم کو یہ کہا تھا کہ اسی دین کو قائم رکھنا اور اس میں تفرقہ نہ ڈالنا۔ مشرکین کو وہ بات بڑی گراں گزرتی ہے جس کی طرف آپ کو بلا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی طرف جس کو چاہے کھینچ لیتا ہے اور جو شخص (اللہ کی طرف) رجوع کرے اس کو اپنے تک رسائی دے دیتا ہے اور وہ لوگ بعد اس کے کہ ان کے پاس علم پہنچ چکا تھا محض آپس کی ضدمندی سے باہم متفرق ہو گئے اور اگر آپ کے پروردگار کی طرف سے ایک وقت معین تک (کے لئے مہلت دینے کی) ایک بات پہلے قرار نہ پاچکتی تو (دنیا ہی میں) ان کا فیصلہ ہو چکا ہوتا اور جن لوگوں کو ان کے بعد کتاب دی گئی ہے (مراد اس سے مشرکین عہد نبوی کے ہیں) وہ اس کی طرف سے ایسے (قوی) شک میں پڑے ہیں۔ جس نے (ان کو) تردد میں ڈال رکھا ہے سو آپ اسی طرف (ان کو برابر) بلاتے جایئے اور جس طرح آپ کو حکم ہوا ہے (اس پر مستقیم رہئے اور ان کی رفاسد) خواہشوں پر نہ چلئے اور کہہ دیجئے کہ اللہ نے جتنی کتابیں نازل فرمائی ہیں۔ میں سب پر ایمان لاتا ہوں اور مجھ کو یہ بھی حکم ہوا ہے کہ اپنے اور تمہارے درمیان میں عدل رکھوں۔ اللہ ہمارا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی مالک ہے ہمارے اعمال ہمارے لئے اور تمہارے عمل تمہارے لئے ہماری تمہاری کچھ بحث نہیں اللہ ہم سب کو جمع کرے گا اور (اس میں شک نہیں کہ) اسی کے پاس جانا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر مضامین ثلثہ میں جو توحید کا مضمون تھا آگے بھی اسی کی تقویت وتاکید ہے۔

تاکید توحید: وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ (الی قولہ تعالی) إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿١٢﴾ اور (آپ ان لوگوں سے جو کہ توحید میں آپ سے اختلاف کرتے ہیں کہئے کہ) جس جس بات میں تم (اہل حق کے ساتھ) اختلاف کرتے ہو (مثل توحید وغیرہ) اس (سب) کا فیصلہ اللہ ہی کے سپرد ہے (دنیا میں دلیل صحیح سے اور آخرت میں: فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ ﴿٧﴾ سے) یہ اللہ (جس کی یہ شان ہے) میرا رب ہے میں (ان اختلافات کے آثار یعنی تمہارے قصد اضرار وغیرہ کے بارہ میں) اسی پر توکل رکھتا ہوں اور (تمام امور دنیا و دین میں) اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں (پس نہ ان مضرتوں سے ڈرتا ہوں اور نہ توحید میں جس کو

www.besturdubooks.net

کہ اس نے حق کہہ دیا ہے کوئی شبہ کرتا ہوں اس سے مضمون توحید خوب مؤکد ہو گیا آگے اور صفات کمال کے بیان سے اس کی تاکید کی جاتی ہے یعنی) وہ آسمانوں کا اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے (اور تمہارا بھی پیدا کرنے والا ہے چنانچہ) اس نے تمہارے لئے تمہاری جنس کے جوڑے بنائے اور (اسی طرح) مواشی کے جوڑے بنائے (اور) اس (جوڑے ملانے) کے ذریعے سے تمہاری نسل چلاتا رہتا ہے (وہ ایسا کامل الذات والصفات ہے کہ) کوئی چیز اس کے مثل نہیں اور وہی ہر بات کا سننے والا دیکھنے والا ہے (بخلاف دوسروں کے کہ کسی بات کو سن دیکھ لیا اور کسی کو نہ دیکھا سنا پس اس میں بھی کوئی اس کے مثل نہیں) اسی کے اختیار میں ہیں کنجیاں آسمانوں کی اور زمین کی (یعنی متصرف وہی ہے جس میں ایک تصرف یہ ہے کہ) جس کو چاہے زیادہ روزی دیتا ہے اور (جس کو چاہے) کم دیتا ہے بیشک وہ ہر چیز کا پورا جاننے والا ہے (کہ کس کے لئے کیا مصلحت ہے)۔

ربط: اوپر فَحُكْمُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ سے جو کہ حکم فی الدنیا وحکم فی الآخرۃ کو عام ہے توحید کی تاکید تھی آگے اس عام کی ایک فرد یعنی حکم فی الدنیا کی تفصیل وتاکید ہے اور اس سے تاکید مضمون رسالت کی بھی ہو گئی جس کا مضامین ثلثہ میں اوپر ذکر تھا۔

تاکید دلیل توحید وتائید رسالت: شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ (الی قوله تعالى) وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝ اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کے واسطے وہی دین مقرر کیا جس کا اس نے نوح (علیہ السلام) کو حکم دیا تھا اور جس کو ہم نے آپ کے پاس وحی کے ذریعہ سے بھیجا ہے اور جس کا ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ (علیہم السلام) کو (مع ان سب کے اتباع کے) حکم دیا تھا (اور ان کی امم کو یہ کہا تھا) کہ اس دین کو قائم رکھنا اور اس میں تفرقہ نہ ڈالنا (مراد اس دین سے اصول دین ہیں جو مشترک ہیں تمام شرائع میں مثل توحید ورسالت وبعث ونحوہ اور قائم رکھنا یہ کہ اس کو تبدیل مت کرنا اس کو ترک مت کرنا اور تفرق یہ کہ کسی بات پر ایمان لاویں کسی پر ایمان نہ لاویں یا کوئی ایمان لاوے کوئی نہ لاوے حاصل یہ کہ توحید وغیرہ دین قدیم ہے کہ اول سے اس وقت تک تمام شرائع اس میں متفق رہی ہیں اور اسی کے ضمن میں نبوت کی بھی تائید ہو گئی پس چاہئے تھا کہ اس کے قبول کرنے میں لوگوں کو ذرا پس وپیش نہ ہوتا مگر پھر بھی) مشرکین کو وہ بات (یعنی توحید) بڑی گراں گزرتی ہے جس کی طرف آپ ان کو بلا رہے ہیں (اور اسی کے ساتھ یہ بھی ہے کہ) اللہ اپنی طرف جس کو چاہے کھینچ لیتا ہے (یعنی دین حق قبول کرنے کی توفیق دے دیتا ہے اور جو شخص (خدا کی طرف) رجوع کرے اس کو اپنے تک رسائی دے دیتا ہے (مشیت کے بعد اجتباء ہوتا ہے اور اجتبا یعنی توفیق ایمان کے بعد اگر انابت واطاعت ہو تو اس پر قرب الٰہی وثواب غیر متناہی مرتب ہوتا ہے۔ خلاصہ یہ کہ مشرکین متصف بالاباء ہیں اور مؤمنین متصف بالاجتباء والاہتداء ہیں) اور (ہمارا جو امم سابقہ کو حکم تھا کہ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ تو بہت لوگ اس پر قائم نہ رہے اور متفرق ہو گئے لیکن اس کا سبب کوئی التباس واشتباہ نہ تھا کہ احتمال معذوری کا ہو بلکہ) وہ لوگ بعد اس کے کہ ان کے پاس (یعنی ان کے اسماع واذہان تک) علم (صحیح) پہنچ چکا تھا محض آپس کی ضدا ضدی سے باہم متفرق ہو گئے (اس طرح کہ اول طلب مال ودولت اور طلب جاہ وریاست سے اغراض مختلف ہوئیں پھر فرقے بن گئے ایسے وقت میں دین کو بھی آڑ دوسرے کی تنقیص وتعییب کی بنایا کرتے ہیں شدہ شدہ مسلک ومذہب مختلف ہو جاتا ہے پھر فروع سے اصول میں جا پہنچتے ہیں) اور (یہ لوگ اس جرم عظیم میں کہ حق کو سمجھ کر مختلف ہوئے ایسے عذاب شدید کے مستحق ہو گئے تھے کہ) اگر آپ کے پروردگار کی طرف سے ایک وقت معین تک (کے لئے مہلت دینے کی) ایک بات پہلے قرار نہ پا چکتی (کہ ان کا عذاب موعود آخرت میں ہوگا) تو (دنیا ہی میں) ان (کے اختلافات) کا فیصلہ ہو چکا ہوتا (یعنی عذاب سے استیصال کر دیا جاتا اور گو امم سابقہ پر عذاب آیا لیکن غیر مؤمنین پر آیا مؤمنین میں سے جنہوں نے تفرق کیا ببرکت التزام ایمان کے ان پر نہیں آیا یا اگر کسی پر ثابت ہو جاوے تو سب پر نہیں آیا اس تقدیر پر یہ معنی ہوں گے کہ جن بعض پر نہیں آیا اس کی وجہ عدم مقتضی کا نہیں بلکہ اس کی وجہ مانع یعنی امہال الی اجل مسمی کا وجود ہے یہ تو قصہ امم سابقہ کا ہوا) اور جن لوگوں کو ان (امم سابقہ) کے بعد کتاب دی گئی ہے (مراد اس سے مشرکین عہد نبوی کے ہیں کہ آپ کے ذریعہ سے ان کو قرآن پہنچا) وہ (لوگ) اس (کتاب) کی طرف سے ایسے (قوی) شک میں پڑے ہیں جس نے (ان کو) تردد میں ڈال رکھا ہے (مطلب یہ کہ جیسے امم سابقہ میں سے بعض نے جیسے انکار کیا تھا اسی طرح اب ان کی نوبت آئی) سو آپ (کسی کے انکار سے دل شکستہ نہ ہوجئے بلکہ جس طرف آپ ان کو پہلے سے بلا رہے ہیں جس کا ذکر اس آیت میں ہے: كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ یعنی توحید) اسی طرف (ان کو برابر) بلائے جائیے اور جس طرح آپ کو حکم ہوا ہے (کہ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ) اس پر) مستقیم رہئے اور ان کی (فاسد) خواہشوں پر نہ چلئے (یعنی وہ مخالفت کر کے یہ چاہتے ہیں کہ ہم کو کہنا چھوڑ دیں تو آپ چھوڑیئے نہیں) اور آپ کہہ دیجئے کہ (میں جس بات کی طرف تم کو بلاتا ہوں میں خود بھی اس پر عامل ہوں چنانچہ) اللہ نے جتنی کتابیں نازل فرمائی ہیں (جن میں قرآن بھی داخل ہے) میں سب پر ایمان لاتا ہوں (جن کے مضامین متفق علیہا میں سے توحید بھی ہے) اور مجھ کو یہ (بھی) حکم ہوا ہے کہ (اپنے اور) تمہارے درمیان میں عدل (وانصاف) رکھوں (یعنی جس چیز کو تم پر واجب ولازم کہوں اپنے اوپر بھی اس کو لازم رکھوں یہ نہیں کہ تم کو کلفت میں ڈالوں اور خود آزاد رہوں ایسے مضامین ومعاملہ سے سلیم الطبع کو رغبت اتباع کی ہوتی ہے اور اس پر بھی اگر نرم نہ ہوں تو اخیر بات یہ ہے کہ) اللہ ہمارا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی مالک ہے (یعنی وہ سب

www.besturdubooks.net

کا حاکم ہے اور) ہمارے عمل ہمارے لئے اور تمہارے عمل تمہارے لئے ہماری تمہاری کچھ بحث نہیں اللہ (جو سب کا مالک ہے قیامت میں) ہم سب کو جمع کرے گا اور (اس میں شک ہی نہیں کہ) اسی کے پاس جانا ہے (وہ سب کا فیصلہ اعمال کے موافق کر دے گا اس وقت تم سے سب بحث فضول ہے ہاں تبلیغ کئے جاویں گے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: (سورۃ الشوریٰ) قولہ تعالیٰ: اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ ...... روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے جذب وسلوک کی طرف اھ وجہ یہ کہ جبا کے معنی جذب کے ہیں اور ہدایت کے معنی سالک کو اراءۃ طریق۔ قولہ تعالیٰ: لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) يَجْمَعُ بَيْنَنَا اس میں ایسے وقت کے خطاب کی تعلیم ہے جب مناظرہ کے ختم ہونے پر بھی قبول حق سے مایوسی ہو۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله قبل ما اختلفتم آپ کہئے الخ اشارة الى تقدير قل بقرينة ذلكم الله ربى ۱۲۔ ۲؎ قوله فى فيه جوڑے ملانے کے ذریعے سے اشارة الى ان فى بمعنى الباء كما فى الخازن وانما عبر بفى ايذاناً بان الجعل كالمنبع المذرء والضمير المجرور الى جعل الازواج المذكور اولا لان الثانى تبع للاول ۱۲۔ ۳؎ قوله قبل ان اقيموا ان کی امم الخ اشارة الى امرين الاول ان الخطاب لامم لينا سب ما بعده من قوله تفرقوا والثانى الى التركيب بتقدير العامل اى وصينا قائلين لاممهم ان اقيموا ويدل على اعتبار ذكر الامم لذكر الرسل المتبوعين ۱۲۔ ۴؎ قوله فى لا عدل اپنے كذا فى الروح ففى الضمير تغليب او اكتفاء ۱۲۔

الروایات: قوله يذرؤكم فى الدر عن مجاهد نسلا من بعد نسل ۱۲۔

اللغات: ذرأ خلق وكثر كذا فى القاموس ۱۲۔ يجتبى من الجبى كما فى قوله تعالىٰ يجبى اليه ثمرات ۱۲۔

النحو: قوله ومن الانعام ازواجا فى الروح اى وخلق للانعام من جنسها ازواجا ففيه جملة مقدرة لدلالة القرينة او وخلق لكم من الانعام اصنافا ذكورا واناثا ۱۲

البلاغۃ: كمثله الكاف زائدة للتاكيد او غير زائدة ويكون المراد من المثل ذاته كناية ومبالغة وهى ان المماثلة منفية عمن يكون مثله فرضا فكيف عن نفسه كقولهم مثلك لا يبخل وكقول اوس بن حجر ليس كمثل الفتى زهير خلق يوازيه فى الفضائل ۱۲۔ قوله شرع الخ تخصيص المذكورين بالذكر لعلو شانهم وعظم شهرتهم ولاستمالة قلوب الكفرة الى الاتباع لانفاق كل على نبوة بعضهم حتى ان المشركين وان لم يكونوا يقولون بالنبوة لكنهم كانوا يعظمون ابراهيم عليه السلام وآثر التوصية لا عرابها عن تاكيد الامر وايثار الايحاء على ما قبله وما بعده من التوصية لما فيه من التصريح برسالته عليه الصلوٰة والسلام القامع لا نكار الكفرة والالتفات الى نون العظمة لا ظهار كمال الاعتناء بايحانه ولذا عبر فيها بالذى التى هى اصل الموصولات وذلك هو السر فى تقديم الذى اوحى اليه عليه الصلوٰة والسلام على ما بعده مع تقدمه عليه زمانا وتقديم توصية نوح عليه السلام للمسارعة الى بيان كون المشروع لهم دينا قديما كذا فى الروح بتغيير واختصار ما قوله فلذلك فادع تكرار الفاء للتاكيد واللام تكون صلة الدعاء كالتى كما فى قوله دعوت لما نا بنى مسور او معنى الفاء تعقيب الاستمرار على الدعاء بكونهم فى شك والمعنى ان لا يمنعك كونهم فى شك عن الدعاء ۱۲۔

وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِى اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ
وَّلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۝۱۶ اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ
السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ۝۱۷ يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ وَيَعْلَمُوْنَ
اَنَّهَا الْحَقُّ ۭ اَلَآ اِنَّ الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ فِى السَّاعَةِ لَفِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ۝۱۸ اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ
ع وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝۱۹ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ
الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ۝۲۰

www.besturdubooks.net

اور جو لوگ اللہ تعالیٰ (کے دین) کے بارہ میں (مسلمانوں سے) جھگڑے نکالتے ہیں بعد اس کے کہ وہ مان لیا گیا ان لوگوں کی حجت ان کے رب کے نزدیک باطل ہے اور ان پر غضب (واقع ہونے والا) ہے اور ان کے لئے (قیامت) کو سخت عذاب (ہونے والی) ہے اللہ ہی ہے جس نے (اس) کتاب (یعنی قرآن) کو اور انصاف کو نازل فرمایا اور آپ کو (اس کی) کیا خبر عجب نہیں کہ قیامت قریب ہو۔ (مگر) جو لوگ اس کا یقین نہیں رکھتے اس کا تقاضا کرتے ہیں اور جو لوگ یقین رکھنے والے ہیں وہ اس سے ڈرتے ہیں اور اعتقاد رکھتے ہیں کہ وہ برحق ہے۔ یاد رکھو کہ جو لوگ قیامت کے بارے میں جھگڑتے ہیں بڑی دور کی گمراہی میں (مبتلا) ہیں۔ اللہ تعالیٰ دنیا میں اپنے بندوں پر مہربان ہے جس کو (جس قدر) چاہتا ہے روزی دیتا ہے اور وہ قوت والا اور زبردست ہے جو شخص آخرت کی کھیتی کا طالب ہو اور ہم اس کو اس کی کھیتی میں ترقی دیں گے اور جو دنیا کی کھیتی کا طالب ہو تو ہم اس کو کچھ دنیا (اگر چاہیں) دے دیں گے اور آخرت میں اس کا کچھ حصہ نہیں۔

تفسیر: ربط: اوپر: اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۞ میں اور نیز اُس سے اوپر مضامین ثلثہ میں بعث وجزا کا ذکر تھا آگے اسی کے متعلق مضمون ہے جس میں منکرین توحید کی تعذیب کی بھی خبر دی گئی ہے پس اس کو مضمون توحید سے بھی تعلق ہوا اور جس میں بضمن: اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ کے ذکر رسالت سے بھی ارتباط ہو گیا۔

تحقیق وقوع قیامت وجزا: وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِي اللّٰهِ (الی قوله تعالی) لَفِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ۞ اور جو لوگ اللہ تعالیٰ (کے دین) کے بارہ میں (مسلمانوں سے) جھگڑے نکالتے ہیں بعد اس کے کہ وہ مان لیا گیا (یعنی بعد اس کے کہ بہت سے آدمی عقیل وفہیم مسلمان ہو کر اس کو مان چکے جس سے حجت اور زیادہ ظاہر ہو گئی اور ظاہر ہے کہ بعد زیادت ظہور حجت کے انکار ومجادلہ اور زیادہ مذموم ہے سو) ان لوگوں کی حجت ان کے رب کے نزدیک (پہنچ کر ظاہر ہو جاوے گا کہ) باطل ہے اور ان پر (خدا کی طرف سے) غضب (واقع ہونے والا) ہے اور ان کے لئے (قیامت کو) سخت عذاب (ہونے والا) ہے اور (اس سے بچنے کا طریقہ یہی ہے کہ اللہ کو اور اس کے دین کو مانو اور اس کا ماننا یہ ہے کہ کتاب اللہ کو جو کہ جامع ومشتمل ہے حقوق اللہ وحقوق العباد کو سچ اور واجب العمل جانو کیونکہ) اللہ ہی ہے جس نے (اس) کتاب (یعنی قرآن) کو اور (اس میں جو بالخصوص حکم ہے) انصاف (کا اس) کو نازل فرمایا (جب وہ کتاب اللہ کی ہے تو اللہ کو ماننا بدوں اس کے مانے ہوئے معتبر نہیں اور بدوں اللہ کے مانے ہوئے عذاب وغضب سے نجات نہیں پس نجات موقوف ہوئی قرآن کے ماننے پر پس جیسا غیر اہل اسلام خدا کو بزعم خود مانتے تھے وہ نجات کیلئے کافی نہیں) اور (یہ لوگ جو ان واقعات قیامت کو سن کر آپ سے قیامت کی تعیین وقت پوچھتے ہیں تو) آپ کو (اس کی) کیا خبر (لیکن خبر نہ ہونے سے اور خبر نہ دینے سے اس کی نفی لازم نہیں آتی بلکہ اس کا وقوع بدلائل ثابت ہے اور تعیین وقت کی نسبت اتنا اجمالاً سب کو سمجھ لینا کافی ہے کہ) عجب نہیں کہ قیامت قریب ہو (مگر) جو لوگ اس کا یقین نہیں رکھتے (وہ باوجود تیقن وقوع واحتمال قرب کے بھی نہیں ڈرتے بلکہ بطور استہزاء وانکار کے) اس کا تقاضا کرتے ہیں اور جو لوگ یقین رکھنے والے ہیں وہ اس سے (کانپتے اور) ڈرتے ہیں اور اعتقاد رکھتے ہیں کہ وہ برحق ہے یاد رکھو کہ (ان دونوں قسم کے لوگوں میں سے قسم اول کے لوگ یعنی) جو لوگ قیامت کے (منکر ہیں اور اس کے) بارہ میں جھگڑتے ہیں بڑی دور (ودراز) کی گمراہی میں (مبتلا) ہیں۔ ف: مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا میں جس خوف کا اثبات ہے وہ خوف اعتقادی ہے کہ دو امر کے اعتقاد سے پیدا ہوا ہے ایک اعتقاد وقوع قیامت کا دوسرا اعتقاد اپنے اعمال کے محتمل الرد ہونے کا پس اگر کسی کو بوجہ غلبۂ حال کے اشتیاق موت یا قیامت کا عارض ہو جاوے تو وہ شوق طبعی واضطراری اس خوف اعتقادی واختیاری کے منافی نہیں اسی طرح قبر میں بعض مردہ کا یہ کہنا رب اقم الساعة محل اشکال نہیں کیونکہ وہاں یقینی بشارتیں زوال خوف کی سن کر احتمال رد اعمال کا نہیں رہتا پس یہ اشفاق دنیا میں ہے اور ہیبت اس کی امر عقلی ہے خوب سمجھ لو اور: لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ۞ کی تقریر سورۂ احزاب کے ختم سے ذرا پہلے آیت یسئلك الناس الخ کی تفسیر میں گزری ہے اور کتاب اللہ میں ہرچند کہ حقوق العباد معبر بالمیزان بھی داخل ہیں مگر جداً لانا اہتمام شان کے لئے ونیز شاید اس لئے ہے کہ اس کی تصدیق کی زیادہ رغبت ہو کہ اس کتاب کے ماننے سے تو ہمارے مصالح دنیویہ کی بھی حفاظت رہے گی۔ ربط: اوپر مجادلین فی الساعۃ کے ضلال کا ذکر تھا آگے ان کے اس جدال وانکار کی علت یعنی اغترار بالدنیا اور اس اغترار کا جواب اور رد اور اس اغترار کی مذمت اور اس کے مقابل یعنی طلب آخرت کی ترغیب ارشاد فرماتے ہیں۔

نہی انکار بر اغترار بالعاجلہ وترغیب برآجلہ: اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ (الی قوله تعالی) وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ۞ (اور یہ منکر لوگ جو دنیا کی ناز ونعمت پر پھولے ہیں اور اس میں منہمک ہو کر آخرت کو بھولے ہیں اور اپنی اس ناز ونعمت سے استدلال کرتے ہیں کہ ہمارا مسلک اگر خلاف رضائے حق ہوتا تو ہم کو یہ عیش وکامرانی کیوں دیتے سو یہ ان کی حماقت ہے کیونکہ یہ دلیل رضا نہیں بلکہ اس کی وجہ تو یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ (دنیا میں) اپنے بندوں پر (عام طور سے) مہربان ہے (اور اسی رحمت عامہ دنیویہ سے سب کو روزی دیتا ہے گو حسب مصلحت اس میں کمی بیشی بھی ہوتی ہے کہ) جس کو (جس قدر) چاہتا ہے روزی دیتا ہے (کقوله تعالی: عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ [الأسراء: ۱۸] مگر نفس روزی مرزوقین میں مشترک ہے) اور (اس لطف فی الدنیا سے یہ لازم نہیں آتا کہ ان کا

www.besturdubooks.net

مسلک حق ہو اور آخرت میں بھی ان پر لطف ہو اور عذاب نہ ہو بلکہ وہاں بوجہ تمسک بالباطل کے معذب ہوں گے اور ان کو عذاب دینا کوئی امر مستبعد نہیں کیونکہ) وہ قوت والا اور زبردست ہے (اس کو سب قدرت ہے وہ اکیلا ان سب کو سزا دے سکتا ہے غرض ان کی تمام تر خرابی کی وجہ اغترار بالدنیا ہے سو لوگوں کو اس پر مغرور نہ ہونا چاہئے بلکہ آخرت کو طلب کریں اور سن لیں کہ) جو شخص آخرت کی کھیتی کا طالب ہو (یعنی ثواب آخرت کا طالب ہو جو ثمرہ ہے اعمال کا اسی لئے اس کو کھیتی کہدیا کہ وہ ثمرہ ہوتا ہے تخم کا مطلب یہ کہ آخرت کیلئے بامید ثواب عمل کرے) ہم اس کو اس کی کھیتی میں ترقی دیں گے (یعنی اعمال پر اس کو ثواب دیں گے اور اس ثواب کو مضاعف کریں گے کقولہ تعالیٰ: مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا [الأنعام : ۱۶۰]) اور جو دنیا کی کھیتی کا طالب ہو (یعنی تدبیر وسعی سے غرض اس کی متاع دنیا ہو اور آخرت کے لئے کچھ سعی نہ کرے حتی کہ ایمان بھی نہ لاوے) تو ہم اس کو کچھ دنیا (اگر چاہیں) دے دیں گے (لقولہ تعالیٰ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ [الأسراء : ۱۸]) اور آخرت میں اس کا کچھ حصہ نہیں (کیونکہ وہ مشروط ہے ایمان کے ساتھ اور وہ مفقود ہے پس اس حالت میں طلب کے قابل آخرت ہی ہے نہ کہ دنیا کہ حسب تمنا نصیب نہیں ہوتی اور اس میں پڑ کر آخرت سے بے بہرہ رہ جاتا ہے اور لطیف کے معنی اگر باریک بین کے لئے جاویں تو تقریر یہ ہوگی کہ کامرانی دلیل (رضا نہیں بلکہ اس کی یہ وجہ ہے) کہ حق تعالیٰ اپنے بندوں کے خفیات امور اور دقائق مصالح سے خوب آگاہ ہیں حسب مصلحت جس کو چاہتے ہیں (زیادہ) روزی دے دیتے ہیں (پس اس روزی دینے سے ان کا حق پر ہونا لازم نہیں آتا بلکہ یہ باطل پر ہیں اور بوجہ تمسک بالباطل کے معذب ہوں گے الخ)۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في الميزان حکم ہے الخ هكذا في المدارك ۱۲۔

اللغات: في القاموس اللطيف البر المحسن الى خلقه بايصال المنافع اليهم برفق ولطف او العالم بخفايا الامور ودقائقها ۱۲۔

النحو: قريب وجه تذكيره اما تقدير المضاف المذكر في جانب اسم لعل اى اتيان الساعة او تاويل الساعة بالبعث او كون قريب من باب تامرو لابن اى ذات قرب من الروح ۱۲۔

البلاغۃ: الميزان العدل وفيه استعارة ۱۲۔ الحرث في الاصل القاء البذر في الارض ويطلق على الزرع الحاصل منه ويستعمل في ثمرات الاعمال بطريقة الاستعارة ۱۲۔

اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۲۱ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَاۗءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝۲۲ ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ قُلْ لَّآ اَسْـَٔــلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ۭ وَمَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝۲۳ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا ۚ فَاِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ عَلٰي قَلْبِكَ ۭ وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۲۴

کیا ان کے کچھ شریک (خدائی) ہیں جنہوں نے ان کے لئے ایسا دین مقرر کر دیا ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی اور اگر (اللہ کی طرف سے) ایک قول فیصل (ٹھہرا ہوا) نہ ہوتا تو (دنیا ہی میں) ان کا فیصلہ ہو چکا ہوتا اور (آخرت میں) ان ظالموں کو ضرور دردناک عذاب ہوگا (اس روز) آپ ان ظالموں کو دیکھیں گے کہ اپنے اعمال (کے وبال) سے ڈر رہے ہوں گے اور وہ (وبال) ان پر ضرور پڑ کر رہے گا اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے وہ بہشتوں کے باغوں میں (داخل) ہوں گے وہ جس چیز کو چاہیں ان کے رب کے پاس ان کو ملے گی یہی بڑا انعام ہے۔ یہی ہے جس کی بشارت اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو دے رہا ہے جو ایمان لائے اور اچھے عمل کئے۔ آپ (ان سے) یوں کہئے کہ میں تم سے کچھ مطلب نہیں چاہتا بجز رشتہ داری کی محبت کے اور جو شخص کوئی نیکی کرے گا ہم اس میں اور خوبی زیادہ کر دیں گے۔ بے شک اللہ تعالیٰ بڑا بخشنے والا قدردان ہے کیا یہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ انہوں نے اللہ پر جھوٹ بہتان باندھ رکھا ہے سو اللہ اگر چاہے تو آپ کے دل پر بند لگا دے اور اللہ تعالیٰ باطل کو مٹایا کرتا ہے اور حق کو اپنے احکام سے ثابت کرتا ہے وہ دلوں کی باتیں جانتا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر شَرَعَ لَكُمْ ...... میں دین حق کا مشروع من اللہ ہونا جو توحید وغیرہ امور حقہ کو شامل ہے بیان فرمایا تھا آگے دین باطل اہل شرک وکفر وغیرہ

www.besturdubooks.net

کا غیر مشروع بالدلیل الصحیح ہونا بیان فرماتے ہیں و نیز اوپر وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ...... میں منکرین کا مستحق عذاب ہونا اور مومنین کا صراحۃً اشفاق اور اشارۃً موعود بالرضا والثواب ہونا اور اس کے بعد مَنْ كَانَ يُرِيْدُ...... میں مومنین کا صراحۃً موعود بالثواب المعلوم ہونا اور منکرین مفترین بالدنیا کا ثواب سے محروم ہونا مذکور ہوا تھا آگے بھی اس کی کسی قدر توضیح اور تفصیل ہے اور اس مجموعی مضمون کے درمیان میں اس مضمون اور نیز دوسرے جمیع مضامین وحی کی حقیت کے اثبات کے لئے قُلْ لَّآ اَسْــَٔلُكُمْ بطور جملہ معترضہ کے واقع ہے۔

ابطال اختراع فی الدین واکمال بیان عقاب منکرین وثواب مومنین: اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا (الی قوله تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ (دین حق کو تو خدا نے مشروع ومقرر فرمایا ہے مگر یہ لوگ جو اس کو نہیں مانتے تو) کیا ان کے (تجویز کئے ہوئے) کچھ شریک (خدائی) ہیں جنہوں نے ان کے لئے ایسا دین مقرر کر دیا ہے جس کی خدا نے اجازت نہیں دی (مقصود استفہام انکاری سے یہ ہے کہ کوئی اس قابل نہیں کہ خدا کے خلاف اس کا مقرر کیا ہوا دین معتبر ہو سکے) اور اگر (خدا کی طرف سے) ایک قول فیصل (ٹھہرا ہوا) نہ ہوتا (وہ یہ کہ اصل عذاب ان پر بعد مرگ ہوگا) تو (دنیا ہی میں) ان کا (عملی) فیصلہ ہو چکا ہوتا اور (آخرت میں) ان ظالموں کو ضرور دردناک عذاب ہوگا) اس (روز) آپ ان ظالموں کو دیکھیں گے کہ اپنے اعمال (کے وبال) سے ڈر رہے ہوں گے اور وہ (وبال) ان پر (ضرور) پڑ کر رہے گا (یہ تو منکرین کا حال ہوگا) اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے (ہوں گے) وہ بہشتوں کے باغوں میں (داخل) ہوں گے (بہشت کو جمع اس لئے لائے کہ بہشت کے مختلف طبقات اور درجات ہیں ہر طبقہ ایک بہشت ہے اور ہر طبقہ میں متعدد باغات ہیں اپنے اپنے رتبہ کے موافق کوئی کہیں ہوگا کوئی کہیں ہوگا) وہ جس چیز کو چاہیں ان کے رب کے پاس ان کو ملے گی یہی بڑا انعام ہے (نہ وہ جو دنیا میں عیش وعشرت موجود ہے) یہی ہے جس کی بشارت اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو دے رہا ہے جو ایمان لائے اور اچھے عمل کئے (اور چونکہ کفار پورا مضمون سننے سے پہلے ہی تکذیب کرنے کے خوگر تھے اس لئے اس مضمون بشارت کی تمیم سے پہلے ہی ایک جملہ معترضہ میں منکرین کی مبادرت الی التکذیب کے روکنے کے لئے ان کو ایک دل گداز مضمون سنانے کا آپ کو حکم فرماتے ہیں یعنی) آپ (ان سے) یوں کہئے کہ میں (تمہارے مخاطبات میں) تم سے اور کچھ مطلب نہیں چاہتا بجز رشتہ داری کی محبت کے (یعنی اتنا چاہتا ہوں کہ میرے تمہارے جو تعلقات رشتہ داری کے ہیں جو کہ تمام قریش میں بلکہ تمام عرب میں پھیلے ہوئے تھے دور یا نزدیک جیسا برادری میں ہوا کرتا ہے ان کے حقوق کا تو خیال رکھو کیا رشتہ داری کا یہی حق ہے کہ ۔ منہ نہ کھولا تھا کہ پر باندھنے صیاد آیا۔ کیا اس کا یہ حق نہیں کہ مجھ سے عداوت میں جلدی نہ کرو بلکہ سادہ دل سے سہولت واطمینان کے ساتھ میری پوری بات سن لو اور اس کو میزان عقل ودلیل صحیح سے جانچو اور اگر معقول ہو تو قبول کر لو اور کچھ شبہ ہو صاف کر لو اور بفرض محال باطل ہو تو مجھ کو سمجھا دو راہ پر لے آؤ غرض جو بات ہو خیر خواہی سے ہو یہ نہیں کہ فوراً ہی بھڑک اٹھو بلکہ سمجھ جانے پر بھی خلاف سے باز نہ آؤ اور اس سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى کے بعد ایمان مطلوب نہیں اصل یہ ہے کہ یہ ایمان ہی کا تدریج ولطافت کے ساتھ طریقہ موصلہ بتلایا ہے) اور (آگے تتمہ آتا ہے بشارت مذکورہ کا یعنی) جو شخص کوئی نیکی کرے گا ہم اس (نیکی) میں اور خوبی زیادہ کر دیں گے (یعنی اس خوبی کا مقتضائی نفسہ جس قدر ثواب ہے ہم اس سے زیادہ ثواب دیں گے) بیشک اللہ (مطیعین کے گناہوں کا) بڑا بخشنے والا (اور ان کی نیکیوں کا) بڑا قدردان (اور ثواب عطا کرنے والا) ہے۔

ربط: اوپر شروع سورت میں منجملہ مضامین ثلثہ کے وحی ورسالت کی حقانیت مذکور ہوئی تھی پھر شرع لکم میں توحید کے ساتھ اس کی بھی تائید ہوئی تھی پھر انزل الکتٰب میں ضمناً پھر اس طرف تلویح تھی آگے پھر اس کی طرف عود ہے۔

عود تحقیق رسالت: اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا (الی قوله تعالیٰ) اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ کیا یہ لوگ (آپ کی نسبت نعوذ باللہ) یوں کہتے ہیں کہ انہوں نے خدا پر جھوٹ بہتان باندھ رکھا ہے (کہ نبوت اور وحی کا خلاف واقع دعویٰ کیا ہے) سو (ان کا یہ قول خود افتراء ہے جس کی تقریر یہ ہے۔ مقدمہ اوّل کسی کے ہاتھ پر خارق کا صدور یا عدم صدور فی نفسہ دونوں امکان اور دخول تحت القدرۃ الالٰہیہ میں بداہۃً مساوی ہیں۔ مقدمہ دوم خلق کو التباس سے بچانے کے لئے عادت الٰہیہ دائمہ ثابت بالعقل یہ ہے کہ نبوت کے مدعی صادق کے ہاتھ پر صدور خوارق کو ترجیح دی جاتی ہے اور کاذب کے ہاتھ پر عدم صدور کو ترجیح دی جاتی ہے پس کذب مستلزم عدم صدور کو ہے۔ مقدمہ سوم انتفائے لازم دلیل ہے انتفائے ملزوم کی۔ مقدمہ چہارم آپ کی زبان فیض ترجمان سے کلام خارق معجز نظام کا صدور ہو رہا ہے تو لازم منتفی ہوا پس ملزوم یعنی کذب بھی منتفی ہوا اور اس سے آپ کا صدق اور ان لوگوں کا کذب ثابت ہو گیا وہو المطلوب چنانچہ ارشاد ہے کہ) خدا (کو یہ قدرت حاصل ہے کہ) اگر (وہ) چاہے تو آپ کے دل پر بند لگا دے (اور یہ کلام آپ کے قلب میں نہ حادث ہو نہ باقی رہے بلکہ سلب ہو جائے اور آپ بالکل بھول جاویں کقوله تعالیٰ: وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ [الاسراء: ۸۶] اور اس صورت میں ظاہر ہے کہ زبان سے صدور ہو ہی نہیں سکتا۔ حاصل یہ کہ خدا کو قدرت پہلے بھی حاصل تھی اور اب بھی حاصل ہے کہ اس خارق کا صدور نہ ہونے دیں بحکم مقدمہ اول) اور اللہ تعالیٰ (کی یہ عادت ہے کہ وہ نبوت کے) باطل (دعوے) کو مٹایا کرتا ہے (چلنے نہیں دیتا یعنی اس کے ہاتھ سے صدور خوارق نہیں ہوتا) اور (نبوت کے) حق (دعویٰ) کو اپنے

www.besturdubooks.net

(احکام تنزیلیہ یا تکوینیہ) سے ثابت (اور غالب) کیا کرتا ہے (بحکم مقدمہ دوم اور مقدمہ سوم بدیہی اور چہارم مشاہد ہے پس آپ صادق اور وہ کاذب ہیں اور چونکہ) وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) دلوں (تک) کی باتیں جانتا ہے (چہ جائیکہ زبان کے اقوال اور جوارح کے افعال پس اللہ تعالیٰ کو ان لوگوں کے عقائد واقوال واعمال سب کی اطلاع ہے ان سب پر خوب سزا دے گا)۔ ف: احکام تکوینیہ سے مراد عادت ہے اور احکام تنزیلیہ سے مراد ایسے ہی مضمون کی آیتیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ باطل مٹتا ہے اور حق ثابت رہتا ہے کھذہ الآیة و کقوله تعالیٰ: وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ......[الحاقة : ٤٤] اور پہلی تفسیر پر جمع لانا یا باعتبار معنی جنسی کے ہے یا یہ کہ یہ عادت مجموعہ عادات متعددہ کا ہے مثلاً ایک یہ کہ صادق کے ہاتھ پر صدور خوارق کا ہو ایک یہ کہ کاذب کے ہاتھ پر نہ ہو پھر دونوں کا وقوع بارہا ہو چکا پس تعدد ظاہر ہو گیا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قوله تعالیٰ اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا ...... اس میں شرک و بدعت کا ابطال ہے۔ قوله تعالیٰ: قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى۔ روح میں ابن جبیر اور سدی اور عمرو بن شعیب سے یہ تفسیر منقول ہے کہ میں تم سے صرف یہ درخواست کرتا ہوں کہ میرے اہل بیت اور اہل قرابت سے محبت کرو اھ تو اس میں دلالت ہوئی اس پر منجملہ حقوق شیخ کے اس کے خاندان اور اقارب سے محبت کرنا بھی ہے اور جب شیخ سے محبت ہوگی عادۃً لازم ہے کہ اس کے اقارب سے بھی ہوگی ترمذی کی حدیث مرفوع اس کی مؤید ہے۔ احبوا اهل بيتي لحبي۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله في مما كسبوا وبال اشارة الى تقدير المضاف اى من وبال ما كسبوا ۱۲۔ ۲ قوله في روضٰت الجنّٰت بہشتوں کے باغوں اشارة الى حمل الروضات على المعنى اللغوى والجنات على المعنى الشرعى فلا يحتاج الى تكلف ما في الاضافة ۱۲۔ ۳ قوله في اجرًا مطلب اشارة الى ان اجراء بمعنى مطلق النفع لا النفع المالى بخصوصه ويصح الاستثناء متصلاً ان اريد بالنفع ما يعم صورته ومنفصلاً ان اريد به حقيقة فافهم ۱۲۔

الروايات: في الدر عن الشيخين وغيرهما عن ابن عباسؓ قال ان النبى صلى الله عليه وسلم لم يكن بطن من قريش الا كان له فيهم قرابة فقال الا ان تصلوا ما بينى وبينكم من القرابة ۱۵۱۲۔ قوله تعالىٰ فان يشاء الله يختم في الدر المنثور عن قتادة قال ان يشاء الله انساك ما قد آتاك ۱۲۵۔

النحو: ويمح مستانف لا معطوف على يختم واسقاط الواو من الكتابة اتباع للرسم كما في قوله تعالىٰ ويدع الانسان بالشر دعائه بالخير ۱۲۔

وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۲۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۸﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾ وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۰﴾ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚۖ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۳۱﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۳۲﴾ اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۳﴾ اَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۴﴾ وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۵﴾

اور ایسا (الرحیم) ہے کہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور وہ تمام گناہ (گزشتہ) معاف کر دیتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اس (سب) کا جانتا ہے اور ان لوگوں کی عبادت

www.besturdubooks.net

قبول کرتا ہے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے اور ان کو اپنے فضل سے اور زیادہ (ثواب) دیتا ہے اور جو لوگ کفر کر رہے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہے اور اگر اللہ تعالیٰ اپنے سب پر بندوں کے لئے روزی فراخ کر دیتا تو وہ دنیا میں شرارت کرنے لگتے لیکن جتنا رزق چاہتا ہے انداز مناسب (ہر ایک کے لئے) اتارتا ہے وہ اپنے بندوں (کے مصالح) کو جاننے والا اور ان کا حال دیکھنے والا ہے اور وہ ایسا ہے جو لوگوں کے نا اُمید ہو جانے کے بعد مینہ برساتا ہے اور اپنی رحمت پھیلاتا ہے اور (سب کا) کارساز قابل حمد ہے اور منجملہ اس (قدرت) کی نشانیوں کے پیدا کرنا ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور ان جانداروں کا جو اس نے آسمانوں اور زمین پر پھیلا رکھے ہیں اور وہ ان (خلائق) کے جمع کر لینے پر بھی جب ہو (جمع کرنا چاہے) قادر ہے اور تم (اے گنہگارو) جو کچھ مصیبت پہنچتی ہے تو وہ تمہارے ہی ہاتھوں کے کئے ہوئے کاموں سے (پہنچتی ہے) اور بہت سے تو درگزر ہی کر دیتا ہے تم زمین میں پناہ لے کر اس کو ہرا نہیں سکتے اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی بھی حامی و مددگار نہیں اور منجملہ ان نشانیوں کے جہاز ہیں سمندر میں ایسے اونچے جیسے پہاڑ اگر وہ چاہے ہوا کو ٹھہرا دے تو وہ (بادبانی جہاز) سمندر کی سطح پر کھڑے کے کھڑے رہ جائیں بے شک اس میں نشانیاں ہیں صابر شاکر (یعنی مؤمن) کے لئے یا ان جہازوں کو ان کے اعمال (بدکفر وغیرہ) کے سبب تباہ کر دے اور (ان میں) بہت سے آدمیوں سے درگزر کر جائے اور اس تباہی کے وقت ان لوگوں کو جو ہماری آیتوں میں جھگڑے نکالتے ہیں معلوم ہو جائے کہ (اب) ان کا کہیں بچاؤ نہیں۔

تفسیر ربط: اوپر کئی جگہ کہیں ضمناً کہیں قصداً منکرین پر تشنیع وتقریع کی گئی ہے چونکہ مقصود اس تقریع سے یہی ہے کہ کفر وشرک سے توبہ کر لیں اور ایمان لے آویں اس لئے آگے توبہ کی برکت اور ایمان کی فضیلت مذکور ہے اور ختم پر ان لوگوں کے لئے وعید بھی فرما دی جو توبہ نہ کریں کفر وشرک پر مصر رہیں۔

ابشار تائبین وانذار مصرین: وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ (الی قولہ تعالی) وَالْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۝ اور وہ ایسا (رحیم) ہے کہ اپنے بندوں کی توبہ (بشرائطہا) قبول کرتا ہے (پس اگر کوئی کافر کفر سے توبہ کر لے اور اسلام لے آوے تو ہم اس کا ایمان قبول کر لیں گے) اور وہ (اس توبہ کی برکت سے) تمام گناہ (گزشتہ) معاف فرما دیتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو وہ اس (سب) کو جانتا ہے (پس اس کو یہ بھی خبر ہے کہ توبہ خالص کی ہے یا غیر خالص کی ہے تو تم کو خالص توبہ کرنی چاہئے) اور (جب کفر سے توبہ کر کے مسلمان ہو گیا تو اس کی عبادتیں جو پہلے مقبول نہ ہوتی تھیں اب مقبول ہونے لگیں گی کیونکہ اللہ تعالیٰ) ان لوگوں کی عبادت[۱] (بشرط عدم ریاء) قبول کرتا ہے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے (وہ عبادتیں یہی نیک عمل ہیں قبول کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ان کو ثواب دیتا ہے) اور (علاوہ اس ثواب کے جو بدلیل شرعی فی نفسہ مقتضا اس عمل کا ہے) ان کو اپنے فضل سے اور زیادہ (ثواب) دیتا ہے (یہ تو ایمان والوں کے لئے ہوا) اور جو لوگ کفر (پر اصرار) کر رہے ہیں (اور ایمان نہیں لائے) ان کے لئے سخت عذاب (مقرر) ہے۔ ربط: اوپر شروع سورت میں توحید کا مضمون تھا پھر آیات متعددہ میں اس کی تاکید اور اس کی دلیل کی تائید تھی آگے اپنے صفات وافعال کے بیان سے پھر اسی کی زیادہ تفصیل ہے۔

تفصیل بعضے از افعال وصفات دالہ علی التوحید: وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ (الی قولہ تعالی) مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ۝ اور (اللہ تعالیٰ کی صفت حکمت کے آثار میں سے یہ ہے کہ اس نے سب آدمیوں کو زیادہ مال نہیں دیا کیونکہ) اگر اللہ تعالیٰ اپنے سب بندوں کے لئے (حالت موجودہ میں جیسے کہ عام طور پر ان کے طبائع ہیں) روزی فراخ کر دیتا تو وہ دُنیا میں (بالعموم) شرارت کرنے لگتے (کیونکہ عام طبائع کے اعتبار سے زیادہ وجہ دبے رہنے کی احتیاج ہے اغنیاء[۱] کو فقراء سے کام میں مدد لینے کی احتیاج اسی لئے جب مزدور اتفاق کر لیتے ہیں تو آخر بڑے بڑے کارخانہ والوں کو ان سے مغلوب ہونا پڑتا ہے۔ اور فقراء کو اغنیاء سے پیسہ لینے کی احتیاج اور ظاہر ہے کہ اگر غناء عام ہو جاوے تو مال کی احتیاج تو کسی کو کسی سے باقی نہ رہے اور کام کسی کا کوئی کرے نہیں تو جانبین سے احتیاج جاتی رہے پھر کون کسی سے دبے اور اغراض میں اشتراک پھر بھی اس لئے باقی رہے کہ ہر چیز ہر ایک کے پاس نہیں ہوا کرتی اور رغبت ہر چیز میں محتمل ہے مثلاً اس حالت میں کسی کا گھوڑا کسی کو پسند آ گیا کسی کی عورت کسی کو پسند آ گئی اور وہ ایک ہی ہے اور طالب دو ہیں ضرور ان میں تزاحم ہو گا ایک دوسرے سے غصب پر آمادہ ہو گا اور بوجہ عدم فقر کے کوئی کسی کی اعانت وحفاظت نہ کرے گا وہ خود ہی آپس میں لڑیں مریں گے اسی طرح ہر شخص کے پاس بلزوم عادی کوئی نہ کوئی چیز ایسی ضرور ہو گی جس میں دوسرے کو رغبت ہو اور یہی قصہ ہر ہر شخص میں پیدا ہو گا تو بغی کا عام ہونا ظاہر ہے اور یہ علت بسط عام کے ساتھ مخصوص ہے کیونکہ اگر فقر عام ہو جاوے تو چونکہ کسی کے پاس کوئی چیز نہ ہو گی اس لئے دوسرے کی رغبت کا احتمال ہی نہیں جو علت تھی بغی کی اور اگر شاذ و نادر کوئی چیز کسی کے پاس دوسرے کی رغبت کے لائق ہوئی بھی تو بہت کم ہو گی پس بغی بھی کم ہو گا بہر حال یا تو نفس بغی نہ ہو گا گو دوسری مضرتیں لاحق ہو جاویں مثلاً سب بجائے خود ہلاک ہو جاویں اور یہی حکمت ہے فقر کے عام نہ ہونے میں لیکن جس ضرر کا یہاں بیان ہے وہ مخصوص ہے بسط عام کے ساتھ اور ہر چند کہ انجام بغی عام کا بھی ہلاکت ہی معلوم ہوتا ہے لیکن مر جانا مارے جانے سے اسلم ہے اس لئے یہ ضرر اس ضرر سے اشد ہے اور عجب نہیں کہ اسی واسطے یہاں بسط عام نہ ہونے کی حکمت بالخصوص بیان فرمائی گئی ہو اور فقر عام نہ ہونے کی حکمت سے تعرض نہ کیا گیا ہو غرض مضرت مذکورہ بالا کی وجہ سے غناء کو عام نہیں کیا) لیکن (یہ بھی نہیں کیا کہ بالکل ہی کسی کو کچھ نہ دیا ہو بلکہ) جتنا رزق چاہتا ہے انداز (مناسب) سے (ہر ایک کے لئے) اتارتا ہے (کیونکہ) وہ اپنے بندوں (کے مصالح) کو جاننے والا (اور ان کا حال) دیکھنے

www.besturdubooks.net

والا ہے (اس سے علاوہ حکیم ہونے کے خبیر بصیر دو صفتیں اور ثابت ہوئیں) اور وہ ایسا (رحیم) ہے جو (بسا اوقات) لوگوں کے ناامید ہو جانے کے بعد مینہ برساتا ہے اور اپنی رحمت (کے آثار عالم میں) پھیلاتا ہے (مراد آثار سے نباتات اور ثمرات ہیں) اور وہ (سب کا) کارساز (اور اس کارسازی پر) قابل حمد (وثنا) ہے (پس اوپر کی تین صفات کے ساتھ تین صفتیں اور ثابت ہوئیں۔ رحیم۔ ولی۔ حمید) اور منجملہ اس کی (قدرت کی) نشانیوں کے پیدا کرنا ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور ان جانداروں کا جو اس نے زمین وآسمان میں پھیلا رکھے ہیں (اس سے اوپر کی چھ صفات کے ساتھ خالق ہونا بھی ثابت ہوا) اور وہ (قیامت کے دن دوبارہ زندہ کر کے) ان (خلائق) کے جمع کر لینے پر بھی جب وہ (جمع کرنا) چاہے قادر ہے (اس سے اوپر کی سات صفات کے ساتھ قدیر ہونا بھی ثابت ہوا) اور (وہ منتقم اور منتقم کے ساتھ صاحب عفو بھی ہے چنانچہ) تم کو (اے گناہگارو) جو کچھ مصیبت (حقیقۃً) پہنچتی ہے تو وہ تمہارے ہی ہاتھوں کے کئے ہوئے کاموں سے (پہنچتی ہے اور پھر بھی ہر گناہ پر نہیں بلکہ بعض بعض گناہوں پر) اور بہت (سے گناہوں) سے تو درگزر ہی کر دیتا ہے (خواہ دونوں جہان میں یا صرف دنیا میں) اور (اگر وہ سب پر مواخذہ کرنے لگے تو) تم زمین (کے کسی حصہ) میں (پناہ لے کر اس کو) ہرا نہیں سکتے اور (ایسے وقت میں) خدا کے سوا تمہارا کوئی حامی مددگار نہیں (ہو سکتا اس سے اوپر کی آٹھ صفات کے ساتھ منتقم اور عفو اور عزیز ہونا بھی ثابت ہوا) اور منجملہ اس کی (قدرت کی) نشانیوں کے جہاز ہیں سمندر میں (ایسے اونچے) جیسے پہاڑ (مراد یہ کہ ان کا سمندر میں چلنا دلیل ہے حق تعالیٰ کی صنع عجیب کی ورنہ) اگر وہ چاہے تو ہوا کو ٹھہرا دے تو وہ (ہوائی جہاز) سمندر کی سطح پر کھڑے کے کھڑے رہ جائیں (یہ اسی کا کام ہے کہ ہوا کو چلاتا ہے اور اس سے وہ جہاز چلتے ہیں) بے شک اس میں (قدرت پر دلالت کرنے والی) نشانیاں ہیں ہر صابر شاکر (یعنی مؤمن) کے لئے (تقریر اس کی سورۂ لقمان کے اخیر رکوع کے اس قسم کے جملہ کی تفسیر میں گزر چکی غرض اگر وہ چاہے ہوا کو ساکن کر کے جہازوں کو کھڑا کر دے) یا (اگر وہ چاہے تو زور کی ہوا چلا کر) ان جہازوں (کے سواروں) کو ان کے اعمال (بد کفر وغیرہ) کے سبب تباہ کر دے (کقولہ تعالیٰ فی یٰسٓ: وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ ۴۳) اور (ان میں) بہت سے آدمیوں سے درگزر کر جاوے (یعنی اس وقت غرق نہ ہوں گو آخرت میں سزا یاب ہوں) اور (اس تباہی کے وقت) ان لوگوں کو جو کہ ہماری آیتوں میں جھگڑے نکالتے ہیں معلوم ہو جاوے کہ (اب) ان کے لئے کہیں بچاؤ (کی صورت) نہیں (کیونکہ شرکاء مزعومہ کو ایسے وقت وہ بھی عاجز جانتے تھے پس اس سے اوپر کی گیارہ صفات کے ساتھ افعال واشیاء میں متصرف مستقل ہونا بھی ثابت ہو گیا)۔ **ف**: آیت: لَوْ بَسَطَ ...... کی تقریر میں حالت موجودہ کی قید اس لئے لگائی کہ اگر اللہ تعالیٰ طبائع کو بدل دیں تو پھر بغی مرتب نہ ہو جیسا جنت میں طبائع سلیم ہوں گے یا زمان برکت اقتران مہدی علیہ السلام کے بارہ میں حدیث میں آیا ہے کہ کوئی کسی کا صدقہ قبول نہ کرے گا اور اس کے بعد ایک قید اور لگائی ہے یعنی عام طور پر وہ اس لئے کہ عباد سے مراد عوام عباد ہیں نہ کہ خواص ومقبولین مثل انبیاء واکثر اولیاء کے کہ وہاں بغی سے ایک امر مانع موجود ہے اور گو بسط مقتضی ہو مگر محض مقتضی کا وجود بدوں رفع مانع ترتب مقتضا کے لئے کافی نہیں۔ اور: یُنَزِّلُ الْغَیْثَ میں بسا اوقات اس لئے کہا کہ بسا اوقات قبل قنوط بھی بارش ہوتی ہے اور بعض اوقات قنوط کے بعد بھی نہیں ہوتی اور کلام میں کوئی قرینہ کلیت پر دال نہیں۔ اور بَثَّ فِیْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ میں اگر دابہ مجازاً بمعنی مطلق ذی روح لیا جاوے تب آسمان پر ملائکہ ذی روح کا ہونا ظاہر ہے اور اگر دابہ سے مراد خاص جانور لیا جاوے تو اس صورت میں دو توجیہیں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ فیہما کے معنی فی مجموعہما ہوں اور اس کے تحقق کے لئے وجود فی الارض کافی ہے وجود فی السمٰوات کی ضرورت نہیں اور یا یوں کہا جاوے کہ آسمان پر بھی جانور ہیں جیسا حدیثوں سے جنت میں جو کہ سمٰوات کی طرف ہیں اور فی الحال موجود ہیں یاقوتی گھوڑوں کا اور پرندوں کا ہونا ثابت ہے رواہ الترمذی پس سمٰوات سے مراد مطلق عالم علوی ہوگا اور دابہ کے معنی میں جو دبیب علی الارض ماخوذ ہے اس ارض سے مراد مطلق مستقر ہوگا کمافی قولہ تعالیٰ: وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ [الزمر: ۷۴] اور وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِیْبَةٍ میں جو مخاطب میں تخصیص کی اور پھر حقیقۃً کی قید لگائی اس سے مقصود ایک سوال کے دو جواب دینا ہیں۔ سوال یہ ہے کہ لفظ ما کے عموم سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ ہر مصیبت ذنوب ہی سے آتی ہے حالانکہ انبیاء علیہم السلام پر بڑی بڑی بلائیں آئی ہیں اور ان کا ذنوب سے پاک ہونا معلوم ہے۔ اول جواب یہ ہے کہ یہاں خطاب عام نہیں بلکہ صرف اہل ذنوب مخاطب ہیں دوسرا جواب یہ ہے کہ انبیاء پر جو بلائیں آئیں وہ گو صورتاً مصیبت ہیں مگر معنیً وحقیقتاً مصیبت نہیں بلکہ وہ نعمتیں ہیں کہ وہ ان سے پریشان نہیں ہوتے بلکہ وہ اپنے علوم واحوال ومدارج قرب میں اس سے ترقی کا مشاہدہ کر کے اس پر راضی رہتے ہیں۔ اور یَظْلَلْنَ کے ترجمہ میں ہوائی کی قید اس لئے لگائی کہ یہاں ذکر ان ہی جہازوں کا ہے اس زمانہ میں وہی تھے۔ اور کسی کو دخانی جہازوں کے ہوا کا محتاج نہ ہونے سے ان کے استغناء عن الصنعۃ الالٰہیہ کا شبہ نہ ہو کیونکہ وہاں اگر ہوا کے واسطے سے احتیاج نہ ہو تو دخان وبخار کے واسطہ سے احتیاج ہے کیونکہ دخان وبخار بھی مسخر قدرت ہیں اگر ریح کے مفہوم کو عام کر لیا جاوے کیونکہ بخار میں اجزاء مائیہ کے ساتھ اجزاء ہوائیہ بھی ہوتے ہیں اور اسی طرح اسکان کو بخارات کے صعود نہ کرنے کے لئے عام کر لیا جاوے تو دخانی جہازوں کے احتیاج کا واسطہ بھی ریح ہو جاوے گی۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِی الْاَرْضِ اسی طرح بسط باطنی بھی بعض کے لئے مضر ہوتا ہے تو اس کے نہ ہونے سے

www.besturdubooks.net

مغموم نہ ہو۔ قولہ تعالیٰ: وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ اسی طرح مصیبت باطنی بھی مثل قبض کے کبھی گناہ کی سبب ہوتی ہے اور روح میں ہے کہ یہ اہل ذنوب کی ہے اور غیر اہل ذنوب پر مصیبت رفع درجات کیلئے یا کسی اور حکمت کے لئے بھی آتی ہے اھ اسی طرح قبض بھی بعض مصالح باطنیہ کیلئے ہوتا ہے۔

الحواشی: (۱) یہ مع اپنے مابعد کے یعنی قولہ اور فقراء کو الخ کی تفصیل ہے لفظ احتیاج کی جو اوپر اس قول میں مذکور ہے وجہ (دبے رہنے کی احتیاج ہے ۱۲منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في يستجيب عبادت كما في الروح يجوز ان يكون المراد يثيبهم على طاعتهم فان الطاعة لكونها طلب ما يترتب عليها من الثواب شابهت الدعاء وشابهت الاثابة عليها الاجابة ومن هذا يسمى الثناء دعاءً آه ۱۲۔ ۲ قوله في رحمته آثار اشارة الى تقدير المضاف ۱۲۔ ۳ قوله في جمعهم خلائق اشارة الى ان المرجع ليس اهل السمٰوات والارض جميعا بل هو مطلق الخلق المتحقق في ضمن المقيد الخاص اى اهل الارض وضمير العقلاء للتغليب لان المقصود الاهم بالجمع هم العقلاء ۱۲۔ ۴ قوله في يوبقهن سواروں اشارة الى تقدير المضاف اى اهلهن ۱۲۔ ۵ قوله في ويعلم الذين ان لوگوں کو معلوم ہو جاوے اشارة الى ان الموصول فاعل يعلم وهو احسن التوجيهات رجحه في الروح وغيرها ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراء ة يعلم الذين بالرفع عطف على المضمون السابق اى ويعلم المجادلون حينئذ الخ ۱۲۔

اللغات: الغيث هو المطر النافع المغيث الجوار جمع جارية يوبق يهلك ۱۲۔

النحو: قوله اذا يشاء متعلق يجمعهم لان القدرة لا يتقيد بالمشية۔ قوله ويعلم عطف على المجزوم كما في قوله تعالى ولما يعلم الله الذين جاهدوا منكم ويعلم الصابرين ۱۲۔

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۳۶﴾
وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا
لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۠ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۠ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ
الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾ وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ
لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۱﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى
الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴۲﴾ وَلَمَنْ صَبَرَ
وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۴۳﴾ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا ع
الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۴﴾ وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ
طَرْفٍ خَفِيٍّ ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ
مُّقِيْمٍ ﴿۴۵﴾ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَاۗءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۶﴾

سو جو کچھ تم کو یا دو لایا گیا ہے وہ محض (چند روزہ) دنیوی زندگی کے برتنے کے لئے ہے اور (اجر وثواب آخرت میں) جو اللہ کے یہاں ہے وہ بدر جہا اس سے بہتر ہے اور زیادہ پائیدار وہ ان لوگوں کے لئے ہے جو ایمان لے آئے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں اور جو کبیرہ گناہوں سے اور (ان میں) بے حیائی کی باتوں سے بچتے ہیں اور جب ان کو غصہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیں اور جن لوگوں نے کہ اپنے رب کا حکم مانا اور وہ نماز کے پابند ہیں اور ان کا ہر کام (جن میں بالیقین نص نہ ہو) آپس کے مشورہ سے ہوتا ہے اور جو کچھ ان کو دیا ہے اس میں خرچ کرتے ہیں اور جو ایسے ہیں کہ جب ان پر ظلم واقع ہوتا ہے تو وہ برابر کا بدلہ لیتے ہیں اور برائی کا بدلہ برائی ہے ویسی ہی پھر (بعد اجازت انتقام کے) جو شخص معاف کرے اور اصلاح کرے تو اس کا ثواب اللہ کے ذمہ ہے واقعی اللہ تعالیٰ ظالموں کو پسند نہیں کرتا اور جو اپنے اوپر ظلم ہو چکنے کے بعد

www.besturdubooks.net

برابر کا بدلہ لے لے سوایسے لوگوں پر کوئی الزام نہیں الزام صرف ان لوگوں پر ہے جو ظلم کرتے ہیں لوگوں پر اور ناحق دنیا میں سرکشی (اور تکبر) کرتے ہیں ایسوں کے لئے دردناک عذاب (مقرر) ہے اور جو شخص صبر کرے اور معاف کر دے یہ البتہ بڑی ہمت کے کاموں سے ہے۔ وقت کہ ان کو عذاب کا معائنہ ہوگا۔ کہتے ہوں گے کیا (دنیا میں) واپس جانے کی کوئی صورت ہے؟ اور (نیز) ان کو اس حالت میں دیکھیں گے کہ وہ دوزخ کے روبرو لائے جائیں گے مارے ذلت کے جھکے ہوئے ہوں گے سست نگاہ سے دیکھتے ہوں گے اور (اس وقت) ایمان والے کہیں گے کہ پورے خسارہ والے وہ لوگ ہیں جو اپنی جانوں سے اور اپنے متعلقین سے (آج) قیامت کے روز خسارہ میں پڑے۔ یاد رکھو کہ ظالم (یعنی مشرک وکافر) لوگ عذاب (دائی) میں رہیں گے اور (وہاں) ان کے کوئی مددگار نہ ہوں گے جو اللہ سے الگ (ہوکر) ان کی مدد کریں اور جس کو اللہ گمراہ کر دے اس کی نجات کے لئے کوئی راستہ ہی نہیں۔

تفسیر ربط: اوپر مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ میں اغترار بالدنیا کی مذمت اور طلب آخرت کی ترغیب فرمائی تھی آگے مذمت مذکورہ کی تاکید کے لئے دنیا کی تحقیر اور ترغیب مذکور کی تاکید کے لئے آخرت کی خیریت اور اعمال فاضلہ کے ذکر سے اس کی طلب کا طریق ارشاد فرماتے ہیں و نیز اوپر وَلَوْ بَسَطَ میں تقلیل رزق کی حکمت اور منفعت اور مَآ اَصَابَكُمْ اور يَعْلَمَ الَّذِيْنَ میں ذنوب کی شامت او مضرت کا بیان ہوا تھا آگے دنیا کا متاع فانی ہونا کہ معادل تقلیل کے ہے اور اعمال وطاعات کی فضیلت اور برکت کہ مقابل شامت ذنوب کے ہے بیان فرمانا نہایت ہی مناسب ہوا۔

خساست دُنیا و نفاست عقبیٰ و طریق حصولش از اعمال حسنیٰ: فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۴۳﴾

(اور تم اوپر سن چکے ہو کہ طالب دنیا کی دنیوی تمنا پوری نہیں ہوتی اور آخرت سے محروم رہتا ہے اور طالب آخرت کو ترقی ہوتی ہے و نیز سن چکے ہو کہ زیادہ دنیا کا انجام اچھا نہیں اکثر اس سے اعمال مضرہ پیدا ہوتے ہیں) سو (اس سے ثابت ہوا کہ مطلوب بنانے کے قابل دنیا نہیں بلکہ آخرت ہے اور باقی دنیا کی چیزوں میں سے) جو کچھ تم کو دیا دلایا گیا ہے وہ محض (چند روزہ) دنیوی زندگی کے برتنے کے لئے (کہ خاتمہ عمر کے ساتھ اس کا بھی خاتمہ ہو جاوے گا) اور جو (اجر وثواب آخرت میں) اللہ کے ہاں ہے وہ بدرجہا اس سے (کیفیۃً بھی) بہتر ہے اور (کمیۃً بھی) زیادہ پائیدار (یعنی ہمیشہ کار ہنے والا پس دنیا کی طلب چھوڑ کر آخرت کی طلب کرو مگر اس کے مطلق حصول کے لئے اعظم طاعات یعنی ایمان کا اختیار کرنا اور اعظم ذنوب یعنی کفر کا ترک کرنا شرط ضروری ہے اور اس کے حصول اولیٰ کے لئے جمیع طاعات ضروریہ کا اختیار کرنا اور تمام ذنوب کا چھوڑنا شرط غالبی ہے اور نوافل طاعات کا اختیار کرنا اور مباحات غیر اولیٰ کا ترک کرنا اولیت کے ساتھ اولویت واقربیت کا بھی سبب ہے چنانچہ) وہ (ثواب مذکور بالتفصیل المزبور) ان لوگوں کے لئے ہے جو ایمان لے آئے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں اور جو کہ کبیرہ گناہوں سے اور (ان میں) بے حیائی کی باتوں سے (بالخصوص زیادہ) بچتے ہیں اور جب ان کو غصہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیں اور جن لوگوں نے کہ اپنے رب کا حکم مانا اور وہ نماز کے پابند ہیں اور ان کا ہر (مہتم بالشان) کام (جس میں بالتعیین نص نہ ہو) آپس کے مشورہ سے ہوتا ہے اور ہم نے جو کچھ ان کو دیا ہے وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں اور جو ایسے (منصف) ہیں کہ جب ان پر (کسی کی طرف سے کچھ) ظلم واقع ہوتا ہے تو وہ (اگر بدلہ لیتے ہیں تو) برابر کا بدلہ لیتے ہیں (زیادتی نہیں کرتے اور یہ مطلب نہیں کہ معاف نہیں کرتے) اور (برابر کا بدلہ لینے کے لئے ہم نے یہ اجازت دے رکھی ہے) برائی کا بدلہ برائی ہے ویسی ہی (بشرطیکہ وہ فعل فی نفسہ معصیت نہ ہو) پھر (بعد اجازت انتقام کے) جو شخص معاف کر دے اور (باہمی معاملہ کی) اصلاح کر لے (جس سے عداوت جاتی رہے اور دوستی ہو جاوے کہ یہ معافی سے بھی بڑھ کر ہے) تو اس کا ثواب (حسب وعدہ) اللہ کے ذمہ ہے (اور جو بدلہ لینے میں زیادتی کرنے لگے تو یہ سن رکھے کہ) واقعی اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا اور جو (زیادتی نہ کرے بلکہ) اپنے اوپر ظلم ہو چکنے کے بعد برابر کا بدلہ لے لے سوایسے لوگوں پر کوئی الزام نہیں الزام صرف ان لوگوں پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں (خواہ ابتداءً یا انتقام کے وقت) اور ناحق دُنیا میں سرکشی (اور تکبر) کرتے (پھرتے) ہیں (اور یہی کبر سبب ظلم کا ہو جاتا) ہے اور ناحق قید واقعی ہے کیونکہ تکبر کرنے کا حق کسی کو بھی حاصل نہیں آگے اس الزام کا بیان ہے کہ) ایسوں کے لئے دردناک عذاب (مقرر) ہے اور جو شخص دوسرے کے ظلم پر) صبر کرے اور معاف کر دے یہ البتہ بڑے ہمت کے کاموں میں سے ہے (یعنی ایسا کرنا بہتر ہے اور اولوا العزمی ہے)۔

ف: اس میں مختلف اعمال مذکور ہوئے ہیں۔ عقائد وفرائض وغیر فرائض اور سب پر ثواب باختلاف درجات ثواب مرتب ہے جیسا خود تقریر ترجمہ میں مذکور ہوا ہے اور شُوریٰ میں مہتم بالشان کی قید اسلئے ہے کہ معمولی کاموں میں مشورہ منقول نہیں جیسے دو وقت کا کھانا کھانا وغیرہ اور نص نہ ہونے کی قید اسلئے کہ منصوصات متعینہ میں بھی مشورہ نہیں جیسے یہ مشورہ کہ پانچ وقت کی نماز پڑھا کروں یا نہ پڑھا کروں اور انتقام میں یہ قید کہ فی نفسہ معصیت نہ ہو اس لئے ہے کہ ایسے امور میں انتصار بالمثل الصوری جائز نہیں مثلاً کسی نے اس سے حرام شہوت رانی کی تو اس سے حرام شہوت رانی جائز نہ ہوگی۔ اور يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾ میں تو منتصرین کی من حیث الانصاف مدح ہے اور جَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ میں اس کا جواز اور لَمَنِ انْتَصَرَ میں اس میں حرمت کی نفی ہے اور گو ہر متقدم ہر متاخر کو مستلزم ہے لیکن قصد تصریح

www.besturdubooks.net

سے اس میں بلاغت آ گئی اور تکرار بھی نہ رہا اور اسی طرح ھُمْ یَغْفِرُوْنَ میں اس عامل کی مدح اس صفت سے کرنا اور من عفا میں اس کے اجر کا اثبات اور من صبر سے عمل کی مدح کرنا دافع تکرار ہے۔ اور کبائر کی تحقیق پارہ ۵ کے شروع میں آ چکی ہے۔

ربط: اوپر مؤمنین طالبان عقبیٰ کا حسن مآل بیان فرمایا ہے آگے کفار طالبان دنیا کے قبح مآل کا بیان ہے۔

قبح حال کفار در قیامت: وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِیٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ (الی قولہ تعالی) وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِیْلٍ ﴿۴۶﴾ (یہ حال مذکور تو مہتدین کا تھا کہ ہدایت من اللہ فی الدنیا وثواب فی العقبیٰ سے مشرف ہوئے) اور (آگے اہل ضلالت کا حال سنو وہ یہ کہ) جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کردے تو اس کے بعد اس شخص کا (دنیا میں بھی) کوئی چارہ ساز نہیں (کہ اس کو راہ پر لے آوے) اور قیامت میں بھی بُرا حال ہوگا چنانچہ اس روز) آپ (ان) ظالموں کو دیکھیں گے جس وقت کہ ان کو عذاب ہوگا کہ (نہایت حسرت سے) کہتے ہوں گے کیا (دنیا میں) واپس جانے کی کوئی صورت (ہوسکتی) ہے (تاکہ پھر اچھے عمل کرکے آویں کقولہ تعالیٰ: فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا [السجدۃ: ۱۲]) اور (نیز) آپ ان کو اس حالت میں دیکھیں گے کہ وہ دوزخ کے روبرو لائے جاویں گے مارے ذلت کے جھکے ہوئے ہوں گے (اور وہ اس کو) سُست (سُست) نگاہ سے دیکھتے ہوں گے (جیسا خوف زدہ آدمی اسی طرح دیکھا کرتا ہے اور دوسری آیت میں جو اعمیٰ ہونے کی خبر دی ہے وہ حشر کے وقت ہے اور یہ اس کے بعد ہے چنانچہ وہاں نحشرہ مصرح ہے) اور (اس وقت) ایمان والے (اپنے بچنے پر شکر کرنے کے لئے اور ان پر ملامت کرنے کے لئے) کہیں گے کہ پورے خسارہ والے وہ لوگ ہیں جو اپنی جانوں سے اور اپنے متعلقین سے (آج) قیامت کے روز خسارہ میں پڑے (مر تفسیرہ فی الرکوع الثانی من الزمر) یاد رکھو کہ ظالم (یعنی مشرک وکافر) لوگ عذاب دائمی میں (گرفتار) رہیں گے اور (وہاں) ان کے کوئی مددگار نہ ہوں گے جو خدا سے الگ (ہوکر) ان کی مدد کریں اور جس کو خدا گمراہ کردے اس (کی نجات) کے لئے کوئی راستہ ہی نہیں (یعنی نہ معذرت نہ نصرت نہ اور کچھ)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ یَغْفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ مع قولہ تعالیٰ: وَالَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْیُ هُمْ یَنْتَصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾ روح میں ہے کہ دونوں اپنے اپنے موقع پر محمود ہیں اور اہل اللہ کے نزدیک یہ موقع جانی کی مصلحت سے بدلتا ہے وہ اپنی مصلحت پر دوسرے کی مصلحت کو مقدم رکھتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ قبل انما اوتیتم سو اس سے الخ اشارۃ الی توجیه الفاء ۱۲۔ ۲ قولہ فی الذین اذا اصابتھم منصف الخ اشارۃ الی ان المقصود بالمدح ھو عدم الاعتداء لا عدم الصلح واما کون الانتصار افضل فی بعض الواقع فلا ینافی مدلول الآیة لان المقصود ھھنا بیان حکم الافعال فی انفسھا من غیر نظر الی العوارض ۱۲۔

اللغات: طرف خفی فی الروح مصدر طرف اذا حرك عینه والمراد بالخفی الضعیف وھکذا نظر الناظر الی المکارہ لا یقدر ان یفتح اجفانه علیھا ۱۲۔

النحو: قولہ للذین خبر ثان۔ قولہ شوریٰ بتقدیر المضاف ای ذو ۱۲۔ من بعدہ ای من بعد الاضلال او المعنی من غیر اللہ۔ قولہ علیھا الضمیر راجع الی النار المدلول علیھا بالعذاب ۱۲۔

البلاغۃ: قال الذین اٰمنوا اسند الی المؤمنین دلالة علی الابتھاج والا فالقول والرؤیة لکل من یتاتی منه القول والرؤیة کذا فی الروح ۱۲۔

اِسْتَجِیْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ یَّوْمَىٕذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِیْرٍ ﴿۴۷﴾ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ حَفِیْظًا ؕ اِنْ عَلَیْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿۴۸﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّیَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾ اَوْ یُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَیَجْعَلُ مَنْ یَّشَآءُ عَقِیْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ﴿۵۰﴾ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ یُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْیًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ یُرْسِلَ رَسُوْلًا فَیُوْحِیَ بِاِذْنِهٖ مَا یَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِیٌّ حَكِیْمٌ ﴿۵۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِیْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ

www.besturdubooks.net

لَتَهْدِیْۤ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍۙ(۵۲) صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِؕ اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ(۵۳)

تمہارے بارے میں کوئی (اللہ سے) روک ٹوک کرنے والا ہے۔ پھر اگر یہ لوگ (یہ سن کر بھی) اعراض کریں تو ہم نے آپ کو ان پر نگران کر کے نہیں بھیجا (جس سے آپ کو اپنی باز پرس کا احتمال ہو) آپ کے ذمہ تو صرف (حکم کا) پہنچا دینا ہے اور جب ہم اس قسم کے آدمی کا کچھ اپنی عنایت کا مزہ چکھا دیتے ہیں وہ اس پر خوش ہو جاتا ہے اور اگر ایسے لوگوں پر ان کے ان اعمال کے بدلے میں جو پہلے اپنے ہاتھوں کر چکے ہیں کوئی مصیبت آ پڑتی ہے تو آدمی ناشکری کرنے لگتا ہے۔ اللہ کی ہی ہے سلطنت آسمان اور زمین کی وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے جس کو چاہتا ہے بیٹیاں عطا فرماتا ہے اور جس کو چاہتا ہے بیٹے عطا فرماتا ہے یا ان کو جمع کر دیتا ہے بیٹے بھی اور بیٹیاں بھی اور جس کو چاہے بے اولاد رکھتا ہے بے شک وہ بڑا جاننے والا بڑی قدرت والا ہے اور کسی بشر کی (حالت موجودہ میں) یہ شان نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے کلام فرمادے مگر (تین طریق سے) یا تو الہام سے یا حجاب کے باہر سے یا کسی فرشتے کو بھیج کر کہ وہ اللہ کے حکم سے جو اللہ کو منظور ہوتا ہے پیغام پہنچا دیتا ہے۔ وہ بڑا عالی شان ہے بڑی حکمت والا بھی ہے اور اسی طرح ہم نے آپ کے پاس بھی وحی بھیجی یعنی اپنا حکم بھیجا ہے آپ کو یہ خبر نہ تھی کہ کتاب (اللہ) کیا چیز ہے اور نہ یہ خبر تھی کہ ایمان کا انتہائی کمال کیا چیز ہے لیکن ہم نے اس قرآن کو ایک نور بنایا جس کے ذریعے ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت کرتے ہیں اس میں کوئی شبہ نہیں کہ آپ ایک سیدھے رستہ کی ہدایت کر رہے ہیں یعنی اس اللہ کے رستہ کی کہ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے یاد رکھو سب امور اسی کی طرف رجوع ہوں گے۔

تفسیر ربط: اوپر عدم ایمان پر عذاب قیامت کی وعید سنا کر آگے بطور تفریع کے قبل تحقق اس وعید کے کفار کو ایمان لانے کا حکم اور ان کے ایمان نہ لانے کی صورت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی کا مضمون فرماتے ہیں۔

ایجاب ایمان بر کفار و خطاب تسلیہ بسید الابرار صلی اللہ علیہ وسلم: اِسْتَجِیْبُوْا لِرَبِّكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ (اے لوگو جب تم نے یہ وعید سن لی تو) تم اپنے رب کا حکم (ایمان وغیرہ کا) مان لو قبل اس کے کہ ایسا دن آ پہنچے جس کے لئے خدا کی طرف سے ہٹنا نہ ہوگا (یعنی دنیا میں جس طرح عذاب ہٹتا جاتا ہے وہاں توقف و امہال نہ ہوگا اور) نہ تم کو اس روز کوئی (اور) پناہ ملے گی اور نہ تمہارے بارہ میں کوئی (خدا سے) روک ٹوک کرنے والا ہے (کہ اتنا ہی پوچھ لے کہ ان کا یہ حال کیوں بنایا گیا اور اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کو یہ سنا دیجئے) پھر اگر یہ لوگ (یہ سن کر بھی) اعراض کریں (اور ایمان نہ لاویں) تو (آپ فکر اور غم میں نہ پڑیں کیونکہ) ہم نے آپ کو ان پر نگران کر کے نہیں بھیجا (جس سے باز پرس کا احتمال ہو کہ آپ کی نگرانی میں ان سے یہ امور کیوں صادر ہوئے بلکہ) آپ کے ذمہ تو صرف (حکم کا) پہنچا دینا ہے (جس کو آپ کر رہے ہیں پھر آپ اس سے زیادہ کیوں فکر کریں) اور (سبب ان کے اعراض عن الحق کا ضعف تعلق مع اللہ ہے جو اس حالت کے مشاہدہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ) ہم جب (اس قسم کے) آدمی کو کچھ اپنی عنایت کا مزہ چکھا دیتے ہیں تو وہ اس پر (بطور بطر اور اشر یعنی اترانے کے) خوش ہو جاتا ہے (منعم پر نظر کر کے شکر نہیں کرتا) اور اگر (ایسے) لوگوں پر ان کے (ان) اعمال (بد) کے بدلہ میں جو پہلے اپنے ہاتھوں کر چکے ہیں کوئی مصیبت آ پڑتی ہے تو (ایسا) آدمی ناشکری کرنے لگتا ہے (اور حق تعالیٰ کی طرف بطریق توبہ عن المعاصی والتجاء و دعاء و توکل و رضا بالقضاء کے رجوع نہیں کرتا اور یہ دونوں حالتیں دلیل ہیں حظوظ نفسانیہ سے شدت تعلق اور حق تعالیٰ سے بے تعلقی کی اور اسی سے کفر ناشی ہوا ہے اور یہ حالت ان لوگوں کی طبیعت ثانیہ ہوگئی ہے پس ان سے آپ ایمان کی توقع کیوں رکھیں جو موجب غم ہو پس تسلیہ دو طور پر ہوا ایک آپ کی حالت کے اعتبار سے: اِنْ عَلَیْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ اور ایک ان لوگوں کی حالت کے اعتبار سے اِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقْنَا ...... ربط: اوپر چند جا توحید کا ذکر ہوا ہے اور متصل کی آیتوں میں بھی عذاب کے وقت غیر اللہ کا مشرکین کے کام نہ آنا جس سے شرک کا ابطال ہوتا ہے مذکور ہوا ہے آگے بھی توحید کا بیان ہے ایسے عنوان سے کہ متصل کے مضمون کی علت پر بھی دال ہے چنانچہ لِلّٰهِ مُلْكُ میں تقدیم للہ کی مفید ہے اللہ تعالیٰ کے استقلال تصرف کو جو مستلزم ہے بطلان تصرف غیر کو۔

توحید: لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهٗ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ اللہ ہی کی ہے (سب) سلطنت آسمانوں کی اور زمین کی وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے (چنانچہ) جس کو چاہتا ہے بیٹیاں عطا فرماتا ہے اور جس کو چاہتا ہے بیٹے عطا فرماتا ہے یا ان کو (جس کے لئے چاہے) جمع کر دیتا ہے (کہ) بیٹے بھی (دیتا ہے) اور بیٹیاں بھی اور جس کو چاہے بے اولاد رکھتا ہے بے شک وہ بڑا جاننے والا بڑی قدرت والا ہے۔ ف: لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ...... عام ہے جمیع تصرفات کو اس میں سے تخصیص اس تصرف متعلق خلق ذکور و اناث کے شاید اس لئے ہو کہ یہ ہر وقت مشاہد ہے اور انسان کے اقرب والزم احوال سے ہے اس سے استدلال سہل ہے اور اولاد دینے نہ دینے کے اعتبار سے جو تقسیم کی گئی ان اقسام میں حصر عقلی ہے اور سقط سے حصر پر شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ اگر اس کو ولد نہ کہو جیسا قبل نفخ روح مناسب ہے تب تو مَنْ یَّشَآءُ عَقِیْمًا میں آ گیا اور اگر ولد ہے جیسا بعد نفخ روح مناسب ہے تو اعضائے مصورہ کے تابع ہے اور اگر بعض اعضائے مصورہ نہ ہوں یا دونوں طرح کے مصور ہو جاویں تو واقع میں وہ مذکر ہے یا مؤنث گو حسا تعیین نہ ہو۔

ربط: اوپر رسالت کا چند جا ذکر ہوا ہے اور متصل کی آیتوں میں بھی اِنْ عَلَیْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ارشاد ہے چونکہ منجملہ شبہات متعلقہ بالنبوۃ کے کفار کا ایک شبہ یہ بھی تھا

www.besturdubooks.net

کہ ہم سے اللہ تعالیٰ یا فرشتے بالمشافہ کیوں نہیں کہہ دیتے کہ یہ رسول ہیں۔ کما مر ذکرہ عن ابن جریج فی تفسیر قولہ تعالی : وَقَالَ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَیْنَا الْمَلٰٓئِکَۃُ اَوْ نَرٰی رَبَّنَا [الفرقان : ۲۱] اس کا ایک مشترک جواب تو اسی آیت میں دیا گیا ہے لَقَدِ اسْتَکْبَرُوْا...... [الفرقان : ۲۱] اور خاص کلام ربّ کے متعلق آئندہ آیات میں اس کا جواب ہے اور اسی سلسلہ میں آپ کی نبوت اور اس پر امتنان اور قرآن کی عظمت شان اور اس کا خالص اور عام ہدایت اور فیضان اور اس فیضان وہدایت کے وجوب اتباع کی تاکید کے لئے صراحۃً عظمت الٰہیہ اور اشارۃً مجازات کا بیان ارشاد فرما کر سورت کو ختم کرتے ہیں۔

تحقیق رسالت مع توحید ومجازات: وَمَا کَانَ لِبَشَرٍ اَنْ یُّکَلِّمَہُ اللّٰہُ (الی قولہ تعالی) اَلَآ اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ اور کسی بشر کی (حالت موجودہ میں) یہ شان نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے کلام فرماوے مگر (تین طریق سے) یا تو الہام سے (کہ قلب میں کوئی اچھی بات بلا واسطہ مدرکات طبعیہ کے ڈال دے یقظہ میں یا منام میں خواہ وہ الہام قطعی ہو جیسا انبیاء کا الہام یا غیر قطعی ہو جیسا غیر انبیاء کا الہام پس ایک طریق تو یہ ہے) یا حجاب کے باہر سے (کچھ کلام سنادے جیسے موسیٰ علیہ السلام نے سنا تھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تجلی صفاتی کے حجاب سے ارشاد بلا واسطہ ہوا تھا۔ فیم یختصم الملأ الاعلی رواہ الترمذی۔ اور حجاب کوئی جسم حائل نہیں اور نہ یہ حجاب حق تعالیٰ کی ذات ونور کو مخفی کر سکتا ہے بلکہ حقیقت اس حجاب کی بشر کا ضعف ادراک ہے جس سے باوجود کمال ظہور نور ذات کے ادراک سے عاجز ہے بقول شاعر ؎ شد ہفت پردہ برچشم ایں ہفت پردۂ چشم ☆ بے پردہ ورنہ ما ہے چوں آفتاب دارم

اور یہی حجاب تھا جو موسیٰ علیہ السلام کو رویت سے مانع ہوا تھا اور یہ مانع جنت میں مرتفع ہو جاوے گا یعنی رویت کی قوت اور تحمل دے دیا جاوے گا اور یہ مسموع بھی خواہ قطعی ہو جیسا انبیاء علیہم السلام کے لئے ہو یا غیر قطعی ہو جیسا اگر اولیاء کے لئے یہ ثابت ہو جاوے وقد نقل فی الروح اثباتہ لعمرؓ عن عبدالوھاب الشعر انی واللّٰہ اعلم ولم ینفہ نص یہ دوسرا طریق ہوا) یا کسی فرشتہ کو بھیج دے کہ وہ خدا کے حکم سے جو خدا کو منظور ہوتا ہے پیغام پہنچا دیتا ہے (اگر غیر انبیاء کے لئے اس کا وقوع ثابت ہو جاوے کما رایتہ فی بعض الکتب منقولا عن الشیخ الاکبر۔ اور تکلیم ملائکہ مع مریم سے اس کی تائید ہوتی ہے تو اس میں بھی دو قسمیں قطعی ظنی نکلیں گی گو ظنی کو وحی کہنا ایہام کے سبب منہی عنہ ہے اور گو آیت میں ایک ہی قسم مراد ہو اور دوسری قسم ظنی کا وجود ناقص حصر نہ ہوگا کیونکہ مقسم میں تخصیص قطعی کی ممکن ہے اور اقسام ظنیہ مستقل دلائل سے ثابت ہو جاویں گے پس یہ تیسرا طریق کلام کا ہوا اور تینوں کو کلام کہنا عموم مجاز پر مبنی ہے غرض کلام مع البشر کے یہ تین طریق ہیں اور مشافہۃً معاینۃً کلام کرنا اس لئے عادۃ اللہ کے خلاف ہے کہ خود معاینہ کا تحمل حالت موجودہ میں بشر کو حاصل نہیں پھر ان معترضین کو کیسے حوصلہ ہوتا ہے کہ معاینۂ حق تعالیٰ سے ہم کلام ہوں حالانکہ ان میں خود ان طرق ثلثہ میں سے ظلیات کی بھی قابلیت بوجہ کفر کے نہیں ہے اور اس سے یہ وسوسہ بھی دفع ہو گیا کہ وہ یوں کہہ سکتے تھے کہ اچھا جو طریق کلام کا معتاد ہے اسی طریق سے ہم سے کلام ہونا چاہئے وجۂ جواب ظاہر ہے کہ وہ اس قابل بھی نہ تھے جیسا دوسری آیت میں ہے: قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰی نُؤْتٰی مِثْلَ مَآ اُوْتِیَ رُسُلُ اللّٰہِ ؔ اَللّٰہُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہٗ [الانعام : ۱۲۴] پس دونوں آیتوں سے دونوں کا جواب ہو گیا۔ آگے مجموعہ مضمون مذکور کی علت ارشاد فرماتے ہیں کہ) وہ بڑا عالی شان ہے (اس سے جب تک وہ خود تحمل نہ دے کوئی ہم کلام نہیں ہو سکتا یہ علت مستثنیٰ منہ کی ہوئی مگر اس کے ساتھ) بڑی حکمت والا (بھی) ہے (اس لئے مصالح عباد رعایت سے تین طریق کلام کے مقرر فرما دیئے ہیں۔ یہ علت مستثنیٰ کی ہوئی) اور (جس طرح بشر کے ساتھ ہمارے ہم کلام ہونے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے) اسی طرح (یعنی اسی قاعدہ کے موافق) ہم نے آپ کے پاس (بھی) وحی یعنی اپنے حکم بھیجا ہے (اور آپ کو نبی بنایا ہے اور اس وحی کے وحی ہونے پر دلائل خارقہ قائم ہیں جو آپ کی اثبات نبوت کے لئے کافی ہیں اور اثبات نبوت اس پر کہیں موقوف نہیں کہ ہم لوگوں سے بالمشافہ والمعاینہ کہیں اور یہ کیونکر ہو سکتا ہے جب آپ سے باوجود صلاحیت رسالت کے معاینۃ ومشافہۃ کلام نہیں ہوتا ہے بلکہ بطریق مذکورہ کلام ہوتا ہے تو یہ کس شمار میں ہیں آگے اتباع وحی مذکور کے عموم وجوب کی تاکید ونیز آپ کی مسرت وامتنان کے لئے اس وحی کا ہدایت کبریٰ ہونا بیان فرماتے ہیں کہ یہ ایسا ہدایت نامہ ہے کہ آپ کے ان بے مثل علوم میں اسی کی بدولت ترقی ہوئی چنانچہ اس کے قبل) آپ کو نہ یہ خبر تھی کہ کتاب (اللہ) کیا چیز ہے اور نہ یہ خبر تھی کہ ایمان (کا کمال اقصٰی جو کہ اب حاصل ہے) کیا چیز ہے (گو نفس ایمان ہر نبی کو ہر وقت قبل نبوت بھی حاصل ہوتا ہے) ولیکن ہم نے (آپ کو نبوت اور قرآن دیا اور) اس قرآن کو (آپ کے لئے اولاً اور دوسرے کے لئے ثانیاً) ایک نور (یعنی ہادی الی العلوم والاعمال) بنایا (جس سے آپ کو یہ علوم عظیمہ واحوال رفیعہ حاصل ہوئے جس سے اس کا ہدایت کبریٰ ہونا صاف ثابت ہوتا ہے کیونکہ بہ نسبت اس کتاب کے جس کو پڑھ کر ایک ادنیٰ سا طالب علم بن جاوے وہ کتاب جس کو پڑھ کر بڑے درجہ کا عالم بن جاوے ظاہر ہے کہ عالی اور رفیع اور انفع ہوگی اور) جس کے ذریعہ سے (آپ سے پہنچنے کے بعد) ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت کرتے ہیں (پس اس کے نور عظیم ہونے میں کوئی شبہ نہیں اب جو اندھا ہی ہو وہ اس نور کے نفع سے محروم بلکہ اس کا منکر ہے جیسے یہ معترضین) اور ہم نے نَّھْدِیْ بِہٖ میں ہدایت کو خاص اپنا فعل بتایا ہے اور اس کے ساتھ مَنْ نَّشَآءُ کہا ہے یہ ہدایت

بالمعنی الخاص کے اعتبار سے ہے ورنہ ہدایت بالمعنی العام یعنی دلالت علی الطریق کے اعتبار سے وہ آپ کا منصبی فعل ہے اور وہ سب کے لئے عام بھی ہے گو کسی عارض سے کسی تک خبر نہ پہنچے چنانچہ) اس میں کوئی شبہ نہیں کہ آپ (اس قرآن اور وحی کے ذریعہ سے عام لوگوں کو) ایک سیدھے راستہ کی ہدایت کر رہے ہیں (آگے اس راستہ کا بیان جس کی طرف آپ ہدایت فرماتے ہیں) یعنی اس خدا کے راستہ کی (ہدایت کرتے ہیں) کہ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (یہ تو توحید وتعظیم صاحب احکام کی ہوگئی آگے ان احکام کے ماننے نہ ماننے والوں کی مجازات کی طرف اشارہ ہے کہ) یاد رکھو سب امور اسی کی طرف رجوع ہوں گے (پس وہ سب پر جزا وسزا دے گا)۔ ف: بشر کی تخصیص یا تو اس وجہ سے ہے کہ ملائکہ سے بالمشافہ کلام ہوتا ہو مگر یہ امر میری نظر سے نفیاً یا اثباتاً نہیں گزرا بلکہ ظاہر النصوص سے نفی مترشح ہوتی ہے جیسے جبرئیل علیہ السلام نے کہا تھا کہ میں بہت قریب ہوگیا تھا اور پھر بھی ستر (۷۰) ہزار حجاب رہ گئے رواہ الترمذی تو اس صورت میں تخصیص محض ذکر میں اس لئے ہوگی کہ کلام بشر ہی میں تھا۔ اور حالت موجودہ کی قید سے احتراز ہوگیا ان صورتوں سے جس میں مشافہۃ ومعاینۃ کلام ثابت ہے جیسا بعض اکابر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے معراج میں قائل ہیں یا ترمذی میں حضرت جابرؓ کی حدیث ہے کہ ان سے حضور ﷺ نے فرمایا فکلمه کفاحا یا جنت میں معائنہ ومشافہہ ثابت ہے پس ان سب میں کہا جاوے گا کہ حالت موجودہ ضعف تحمل کو قوت تحمل سے مبدل فرما دیا۔ رہا حدیث مذکور میں جو آیا ہے کہ اور کسی سے کفاحاً کلام نہیں فرمایا مطلب یہ کہ ایسے درجہ کے کسی شخص سے بجز ان کے کفاحاً کلام نہیں ہوا پس ان سے بڑے درجہ والوں کو نفی مشتمل نہیں اور مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ کی تقریر میں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حق تعالیٰ کا ہم کلام ہونا لکھا گیا ہے اس پر یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ قرآن میں كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا [النساء: ١٦٤] اور حدیث مشکوٰۃ میں: ((قسم الله رؤيته و كلامه بين موسى ومحمد عليهما السلام او نحوه)) آیا ہے جس سے تخصیص کلام کی موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ معلوم ہوتی ہے بات یہ ہے کہ اس آیت اور حدیث میں کلام سے مراد کلام بانحج الخصوص بموسیٰ ہے جیسا کہ تکلیما کا بڑھانا اس کا قرینہ بھی ہے واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ (الی قولہ تعالی) مَا يَشَآءُ اس میں غیر انبیاء کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے کلام کے بعض اقسام کا اثبات ہے اس کی مبسوط تقریر میری تفسیر بیان القرآن میں ہے۔ قولہ تعالیٰ: مَا كُنْتَ تَدْرِيْ (الی قولہ تعالی) نُوْرًا اس میں دلالت ہے کہ ہر کامل اپنی ذات میں کمالات سے عاری ہے اور کمالات سب موہوب ہیں اور جس وہبہ کی قدرت ہے سلب کی بھی قدرت ہے تو کسی کو اپنے کمال پر ناز نہ چاہئے۔ سورۂ شوریٰ تمام ہوئی۔

اللغات: نكير اى من ينكر حالكم كذا في الخازن وكذا في الكبير من قوله ممن ينكر ذلك حتى يتغير حالكم بسبب ذلك المنكر وقد شهد به ذوقي من قبل ١٢۔ التزويج جعل الشئ زوجا فالمعنى كما في الخازن يجمع بينهما فيولد له الذكور والاناث ولا يلزم كونهما توأمين لان الجمع في نفس الولادة لا في الزمان وكذا في المدارك من قوله يقرنهم ١٢۔

النحو: يزوجهم الضمير راجع الى الذكور والاناث المذكورين وذكرا واناثا حال منه ١٢۔ قوله ما كان في المدارك عن الخليل الا بان يوحى او ان يسمع من وراء حجاب او ان يرسل آه وقد تفطنت منه ما اشار اليه من التقديرات ١٢۔

البلاغة: قوله اذقنا الانسان المراد الجمع للجنس لا المفرد وباعتباره رجع اليه ضمير الجمع في قوله تصبهم وضع المظهر موضع المضمر في قوله فان الانسان للاهتمام واورد في الرحمة اذا وفي السيئة ان اشارة الى ان الغالب هو الرحمة والنعمة والغالب كالمتيقن واما السيئة والمصيبة فانها قليلة الوقوع ١٢۔ قوله يهب لمن يشاء اناثا في المدارك قدم الاناث لان سياق الكلام انه فاعل ما يشاء ه لا ما يشاء ه الانسان فكان ذكر الاناث اللاتي هي من جملة ما لا يشاء ه الانسان اهم والاهم واجب التقديم ولما اخر الذكور وهم احقاء بالتقديم تدارك تاخيرهم بتعريفهم لان التعريف تنويه وتشهير ثم اعطى بعد ذلك كلا الجنسين حقه من التقديم والتاخير وعرف ان تقديمهن لم يكن لتقدمهن ولكن لمقتض آخر فقال ذكرانا واناثا آه قلت وهو من الحسن بمكان واما عدم ذكر المشية في التزويج ففي الروح لتركبه منها لم يكرر فيه حديث المشية آه اى لان توقف الاجزاء على شئ يستلزم توقف المجموع عليه فلو ذكر لكان مكررا ولذلك اورد او في التزويج دون الواو ليدل بتعين العنوانين على ان هذا القسم ليس كالاقسام الأُخر لانها مستقلة وهو غير مستقل بل هو مركب من القسمين ١٢۔

قدتم بحمد الله تفسير سورة الشورىٰ ثامن ربيع الثانى ١٣٢٥ھ من الهجرة يوم الثلاثاء

وصلى الله تعالى على خير خلقه محمد وآله واصحابه اجمعين۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ

سُورَةُ الزُّخْرُفِ ۴۳ مَكِّيَّةٌ ۶۳ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۸۹ — رُكُوْعَاتُهَا ۷

سورۃ الزخرف مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۸۹ آیات اور ۷ رکوع ہیں

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۙ﴿۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۚ﴿۳﴾ وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ؕ﴿۴﴾ اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ﴿۵﴾ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶﴾ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۷﴾ فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸﴾

حٰمٓ ۔ قسم ہے اس کتاب واضح کی کہ ہم نے اس کو عربی زبان کا قرآن بنایا ہے تاکہ (اے عرب) تم (آسانی سے) سمجھ لو اور وہ ہمارے پاس لوح محفوظ میں بڑے رتبہ کی اور حکمت بھری کتاب ہے کیا ہم تم سے اس نصیحت (نامہ) کو اس بات پر ہٹالیں گے کہ تم حد (اطاعت) سے گزرنے والے ہو اور ہم پہلے لوگوں میں بہت سے نبی بھیجتے رہے ہیں اور ان لوگوں کے پاس کوئی ایسا نبی نہیں آیا جس کے ساتھ انہوں نے استہزا نہ کیا ہو۔ پھر ہم نے ان لوگوں کو جو ان سے زیادہ زور آور تھے غارت کر ڈالا اور پہلے لوگوں کی یہ حالت (ہلاک وغارت کی) ہو چکی ہے۔

تفسیر ربط: سورة الزخرف مكية وقيل الا قوله وَسْئَلْ مَنْ اَرْسَلْنَا ...... وايها تسع وثمانون كذا في البيضاوی۔

ربط: اس سورت میں یہ مضامین ہیں۔ اثبات توحید۔ ابطال شرک۔ الغاء اعتراض مشرکین بر مضمون دخول اصنام در نار۔ اثبات وحی ورسالت۔ جواب بعض شبہات متعلقہ رسالت وتسلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وامر بصفح تحقیر دنیا وعدم مدخلیت مال دنیا در اہلیت نبوت۔ تہدید منکرین۔ قصص ابراہیم وموسیٰ وعیسیٰ علیہم السلام بتائید توحید ورسالت وتہدید وعد ووعید قیامت برائے مصدقین ومکذبین۔ اور اس سورت کے شروع میں اور سورت کے گزشتہ کے ختم میں مضمون رسالت ما بہ الاشتراک ہے۔

حقیقت قرآن ورسالت مع تسلیہ رسول وتزییف انکار کفار جہول: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ حٰمٓ ۚ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۙ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ۔ حٰمٓ ۔ (اس کے معنی اللہ کو معلوم ہیں) قسم (ہے) اس کتاب واضح (المعنی) کی کہ ہم نے اس کو عربی زبان کا قرآن بنایا ہے تاکہ (اے عرب) تم (آسانی سے) سمجھ لو اور وہ ہمارے پاس لوح محفوظ میں بڑے رتبہ کی اور حکمت بھری کتاب ہے (پس جب وہ سمجھنے میں آسان اور خاص ہماری زیر حفاظت اور بوجہ اعجاز کے عظیم الرتبہ اور اپنی حقیقت پر دال پھر مضامین منافع ومصالح پر مشتمل تو ایسی کتاب کو ضرور ماننا چاہئے لیکن اگر تم نہ بھی مانو تب بھی ہم بوجہ اقتضائے حکمت کے اس کا بھیجنا اور تم کو اس کا مخاطب بنانا نہ چھوڑیں گے جیسا ارشاد ہے کہ) کیا ہم تم سے اس نصیحت (نامہ) کو (محض) اس بات پر ہٹالیں گے کہ تم حد (اطاعت) سے گزرنے والے ہو (اور اس کو نہیں مانتے یعنی خواہ تم مانو یا نہ مانو مگر نصیحت تو برابر کی جاوے گی اور یہ فیض کامل ہو کر رہے گا کہ مؤمنین کو نفع ہونا اور تم پر حجت قائم ہونا وغیر ذلک اس میں حکمتیں ہیں) اور ہم پہلے لوگوں میں (باوجود ان کی تکذیب کے) بہت سے نبی بھیجتے رہے ہیں (یہ نہیں ہوا کہ تکذیب سے سلسلہ بند ہو جاتا) اور (اے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم جیسے ہم نے ان کی تکذیب کی پرواہ نہیں کی اسی طرح آپ بھی کچھ پرواہ اور غم نہ کیجئے کیونکہ) ان (پہلے لوگوں (کا بھی یہی حال تھا کہ ان) کے پاس کوئی نبی ایسا نہیں آیا جس کے ساتھ انہوں نے استہزاء نہ کیا ہو پھر ہم نے ان لوگوں کو جو کہ ان (اہل مکہ) سے زیادہ زور آور تھے (سزائے تکذیب واستہزاء میں) غارت کر ڈالا اور پہلے لوگوں کی یہ حالت (اہلاک وغارت کی) ہو چکی ہے (پس نہ آپ غم کریں کہ ان کا بھی ایسا ہی حال ہونا ہے چنانچہ بدر وغیرہ میں ہوا اور نہ یہ بے فکر ہوں کہ نمونہ موجود ہے)۔ **ف:** واضح ہونا قرآن کا باعتبار معانی اولیہ ومضامین متعلقہ اصول مہمہ دین

www.besturdubooks.net

وترغیب وترہیب کے مستلزم اس کو نہیں کہ معانی مستنبطہ اس کے ایسے سہل ہوں کہ ہر شخص کو اجازت اجتہاد کی ہو جاوے۔اور یہاں جو قسم واقع ہوئی وہ علاوہ تاکید کلام حسب عادت عرب کے خود جواب قسم کی دلیل بھی ہے کیونکہ قرآن کی حالت میں غور کرنے سے اس کا اعجاز ظاہر ہوتا ہے اور وہ دلیل ہے منزل من اللہ ہونے کی پس ایک ذات کی ایک صفت اس کی دوسری صفت کی دلیل ہے۔ آفتاب آمد دلیل آفتاب...... گر دلیلت باید از وے رومتاب۔اور عربی ہونے سے اشکال اس کے خطاب عام ہونے پر نہ کیا جاوے کیونکہ حکمت اس تخصیص کی عرب کا مخاطب اول ہوتا ہے اور لدینا باعتبار اختصاص وشرف کے فرمایا پس یہ قرب رتبہ ہے قرب مکان نہیں۔

الکلام: استدل المعتزلة بقوله جعلناه على حدوث القرآن والجواب ان الجعل ليس بمعنى الخلق بل بمعنى التصيير لان الكلام لم يسق لتاكيد كونه مخلوقا وما كان انكارهم متوجها عليه بل هو مسوق لاثبات كونه قرآنا عربيا مفصلا واردا على اساليبهم لا يعسر عليهم فهم مافيه ودرك كونه معجزا كما يوذن به قوله تعالى لعلكم تعقلون وان دل على المخلوقية فلا يدل على اكثر من مخلوقية الكلام اللفظي ولا نزاع فيها الا من الحنابلة كذا فى الروح مختصراً۔ قلت ولو فسر ام الكتاب بالعلم الالٰهى كانت الآية دالة على قدم الكلام النفسي ويفسر قوله لدينا بكونه فى مرتبة الصفات التى هى اقرب الى الذات ويفسر قوله لعلى بكونه عاليا عن الحدوث وقوله حكيم بمحكم لان القديم لا يتغير والمسئلتان عقليتان وانما ذكرت ما ذكرتُ تبرعاً وتقوية للعقل بالنقل ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قوله ان كنتم قراءة بالفتح مصدرية اى لان كنتم وفى قراءة بالكسر شرطية ۱۲۔

اللغات: قوله افنضرب من قولهم ضرب الغرائب عن الحوض استعير للتنحية صفحا اعراضا وهو مفعول مطلق لان تنحية الذكر اعراض قوله مثل الاولين اى حالة الاولين من العقوبة وهذا كقوله تعالىٰ وقد خلت من قبلهم المثلات ۱۲۔

النحو: فى ام الكتب حال من على لانه صفة نكرة تقدمتها ولدينا بدل من الظرف الاول ولعلى حكيم خبران لان ۱۲۔

البلاغۃ: قوله افنضرب الفاء لبيان ان ما قبلها وهو جعل القرآن عربيا سبب لما بعدها وهو انكار الضرب ۱۲۔

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿٩﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ
الْأَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿١٠﴾ وَالَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ ۚ فَأَنْشَرْنَا بِهٖ
بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿١١﴾ وَالَّذِيْ خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ﴿١٢﴾
لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ
ع مُقْرِنِيْنَ ﴿١٣﴾ وَإِنَّآ إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿١٤﴾ وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا ۚ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥﴾ أَمِ اتَّخَذَ
مِمَّا يَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّأَصْفٰكُمْ بِالْبَنِيْنَ ﴿١٦﴾ وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿١٧﴾
أَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ﴿١٨﴾ وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ
إِنَاثًا ۚ أَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ۚ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْـَٔلُوْنَ ﴿١٩﴾ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ۗ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ
مِنْ عِلْمٍ ۚ إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿٢٠﴾ أَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿٢١﴾ بَلْ قَالُوْا إِنَّا وَجَدْنَا
اٰبَآءَنَا عَلٰى أُمَّةٍ وَّإِنَّا عَلٰى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَكَذٰلِكَ مَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ إِلَّا
قَالَ مُتْرَفُوْهَا ۙ إِنَّا وَجَدْنَا اٰبَآءَنَا عَلٰى أُمَّةٍ وَّإِنَّا عَلٰى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ﴿٢٣﴾ قٰلَ أَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِأَهْدٰى مِمَّا وَجَدْتُّمْ

www.besturdubooks.net

عَلَیۡهِ اٰبَآءَکُمۡ ؕ قَالُوۡۤا اِنَّا بِمَاۤ اُرۡسِلۡتُمۡ بِهٖ کٰفِرُوۡنَ ﴿۲۴﴾ فَانۡتَقَمۡنَا مِنۡهُمۡ فَانۡظُرۡ کَیۡفَ کَانَ عَاقِبَةُ الۡمُکَذِّبِیۡنَ ﴿۲۵﴾ ع ۲

اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمان وزمین کس نے پیدا کیا ہے تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ ان کو زبردست جاننے والے (اللہ) نے پیدا کیا ہے جس نے تمارے (آرام) کے لئے زمین کو (مثل) فرش (کے) بنایا (کہ اس پر آرام کرتے رہو) اور اس میں اس نے تمہارے لئے رستے بنائے تا کہ تم منزل مقصود تک پہنچ سکو اور جس نے آسمان سے پانی ایک انداز سے برسایا پھر ہم نے اس سے خشک زمین کو (اس کے مناسب) زندہ کیا اسی طرح تم بھی (اپنی قبروں سے) نکالے جاؤ گے اور جس نے تمام اقسام بنائیں اور تمہاری وہ کشتیاں اور چوپائے بنائے جن پر تم سوار ہوتے ہو تا کہ تم ان کی پیٹھ پر جم کر بیٹھو۔ پھر (جب اس پر بیٹھ چکو تو) اپنے رب کی نعمت کو دل سے یاد کرو اور زبان سے (مستجابا) یوں کہو کہ اس کی ذات پاک ہے جس نے ان چیزوں کو ہمارے بس میں کر دیا اور ہم تو ایسے نہ تھے جو ان کو قابو میں کر لیتے اور ہم کو اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے اور ان لوگوں نے اللہ کے بندوں میں (جو مخلوق ہوتے ہیں) اللہ کا جز ٹھہرایا واقعی انسان صریح ناشکرا ہے کیا اللہ نے اپنی مخلوقات میں سے بیٹیاں پسند کیں اور تم کو بیٹوں کے ساتھ مخصوص کیا۔ حالانکہ جب ان میں سے کسی کو ایک چیز کے ہونے کی خبر دی جاتی ہے جس کو اللہ رحمٰن کا نمونہ (یعنی اولاد) بنا رکھا ہے (مراد بیٹی ہے) تو اس قدر ناراض ہو کہ سارے دن اس کا چہرہ بے رونق رہے اور وہ دل ہی دل میں گھٹتا رہے کیا جو کہ (عادتاً) آرائش میں نشوونما پائے اور وہ مباحثہ میں قوت بیانیہ (بھی) نہ رکھے اور انہوں نے فرشتوں کو جو کہ اللہ کے بندے ہیں عورت قرار دے رکھا ہے کیا یہ ان کی پیدائش کے وقت موجود تھے۔ ان کا یہ دعویٰ لکھ لیا جاتا ہے اور (قیامت میں) ان سے باز پرس ہوگی اور وہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو ہم ان کی عبادت نہ کرتے ان کو اس کی کچھ تحقیق نہیں محض بے تحقیق بات کر رہے ہیں۔ کیا ہم نے ان کو اس قرآن سے پہلے کوئی کتاب دے رکھی ہے کہ یہ اس سے استدلال کرتے ہیں۔ بلکہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریقہ پر پایا ہے اور ہم بھی ان کے پیچھے پیچھے رستہ چل رہے ہیں اور اس طرح ہم نے آپ سے پہلے کسی بستی میں کوئی پیغمبر نہیں بھیجا۔ مگر وہاں کے خوش حال لوگوں نے یہی کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریقہ پر پایا ہے اور ہم بھی ان ہی کے پیچھے پیچھے چلے جا رہے ہیں۔ (اس پر) ان کے پیغمبر نے کہا (رسم آبائی کا ہے اتباع کئے جاؤ گے) اگرچہ میں اس سے اچھا مقصود پہنچا دینے والا طریقہ تمہارے پاس لایا ہوں کہ جس پر تم نے اپنے باپ دادوں کو پایا ہے۔ وہ کہنے لگے کہ ہم تو اس دین کو مانتے نہیں جس کو دے کر تم کو بھیجا گیا ہے سو ہم نے ان سے انتقام لیا سو دیکھئے تکذیب کرنے والوں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

تفسیر ربط: اوپر رسالت کا مضمون تھا جس کی اعظم دعوت توحید ہے آگے توحید کا اثبات ایسے دلائل سے جو متضمن انعام بھی ہیں و نیز آخر میں حَتّٰی جَآءَهُمُ الۡحَقُّ سے اس پر تنبیہ کرنا دلیل نقلی ثابت بالدلیل العقلی سے اور احیائے ارض کے مناسبت سے احیائے موتی کا بھی ذکر ایک جملۂ معترضہ میں اور درمیان میں شرک کا ابطال ارشاد ہے۔

اثباتِ توحید وابطالِ اشراک: وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ (الی قوله تعالی) فَانۡتَقَمۡنَا مِنۡهُمۡ فَانۡظُرۡ کَیۡفَ کَانَ عَاقِبَةُ الۡمُکَذِّبِیۡنَ ﴿۲۵﴾ اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمان اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ ان کو زبردست جاننے والے (خدا) نے پیدا کیا ہے (اور انفراد فی الخلق مستلزم افراد فی الالوہیۃ کو ہے پس توحید ان کے اعتراف سے ثابت ہوگئی آگے اللہ تعالیٰ تقویت توحید کے لئے اپنے دوسرے افعال دالہ علی التوحید بیان فرماتے ہیں تا کہ توحید کی رغبت ہو کہ شکر نعمت ہے وہذا کقولہ تعالیٰ فی طٰہٰ: فَاَخۡرَجۡنَا بِهٖ ...... یعنی یہ زمین وآسمان اس نے پیدا کیا ہے) جس نے تمہارے (آرام کے) لئے زمین کو (مثل) فرش (کے) بنایا (کہ اس پر آرام کرتے ہو) اور اس (زمین) میں اس نے تمہارے (منازل مقصود تک پہنچنے کے) لئے رستے بنائے تا کہ (ان رستوں میں چل کر) تم منزل مقصود تک پہنچ سکو اور جس نے آسمان سے پانی ایک انداز (خاص) سے (حسب مشیت وحکمت کے) برسایا پھر ہم نے اس (پانی) سے خشک زمین کو (اس کے مناسب) زندہ کیا (اور اس سے علاوہ دلالت علی التوحید کے یہ بھی سمجھ لینا چاہئے کہ) اسی طرح تم (بھی اپنی قبروں سے) نکالے جاؤ گے (کہ توحید کے ساتھ اس کا بھی انکار کیا جاتا تھا) اور جس نے (مختلف اجناس وانواع میں) تمام (مختلف) اقسام (یعنی اصناف) بنائیں اور تمہاری وہ کشتیاں اور چوپائے بنائے جن پر تم سوار ہوتے ہو تا کہ تم ان (کشتیوں اور چارپایوں) کی (سطح اور) پیٹھ پر جم کر (اطمینان سے) بیٹھو پھر جب اس پر بیٹھ چکو تو اپنے رب کی (اس) نعمت کو (دل سے) یاد کرو اور (زبان سے استحبابا) یوں کہو کہ اس کی ذات پاک ہے جس نے ان چیزوں کو ہمارے بس میں کر دیا اور ہم تو ایسے (طاقتور اور ہنرور) نہ تھے جو ان کو قابو میں کر لیتے (کیونکہ جانور سے زیادہ زور نہیں اور بے الہام حق کشتی چلانے کی تدبیر سے واقف نہیں دونوں کے متعلق حق تعالیٰ نے تدبیر تعلیم فرما دی) اور ہم کو اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے (اس لئے ہم اس پر سوار ہو کر غفلت عن الشکر یا تفاخر وتعاظم نہیں کرتے کہ شکر اور ناشکری دونوں کا بدلہ وہاں ملے گا یہ اس لئے بڑھا دیا کہ تذکر انقلاب الی الرب حامل ہوتا ہے شکر کا جس کی تقریر ابھی ہوئی جیسا کہ حامل صبر پر بھی ہوتا ہے جیسا اِنَّا لِلّٰهِ کے ساتھ اِنَّاۤ اِلَیۡهِ رٰجِعُوۡنَ بڑھا دیا ہے) اور (باوجود قائم ہونے دلائل توحید کے) ان لوگوں نے (شرک اختیار کر رکھا ہے اور وہ بھی کیسا قبیح کہ فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے ہیں اور ان کی عبادت کرتے ہیں پس ایک خرابی تو یہ ہوئی کہ انہوں نے) خدا کے بندوں میں سے

www.besturdubooks.net

(جو مخلوق ہوتے ہیں) خدا کا جز ٹھہرا دیا (اور جزو ہونا عقلاً محال اور قبیح ہے) واقعی (ایسا) انسان صریح ناشکر ہے (کہ خدا تعالیٰ کے ساتھ اتنا بڑا کفر کرتا ہے کہ اس کو صاحب جزو قرار دیتا ہے جو مستلزم حدوث کو ہے غرض ایک خرابی تو یہ ہوئی اور دوسری خرابی یہ کہ یہ لوگ لڑکی کو ناقص سمجھتے ہیں اور پھر خدا کے لئے بیٹیاں مانتے ہیں تو) کیا خدا نے اپنی مخلوق میں سے (تمہارے زعم میں اپنے لئے تو) بیٹیاں پسند کیں اور تم کو بیٹوں کے ساتھ مخصوص کیا حالانکہ (تم بیٹیوں کو اتنا برا سمجھتے ہو کہ) جب تم میں کسی کو اس چیز کے ہونے کی خبر دی جاتی ہے جس کو خدائے رحمان کا نمونہ (یعنی اولاد) بنا رکھا ہے (مراد بیٹی ہے) تو (اس قدر ناراض ہو کہ) سارے دن اس کا چہرہ بے رونق رہے اور وہ دل ہی دل میں گھٹتا رہے (تو حیرت ہے کہ خدا کی طرف نسبت نقص کی کرتے ہو اور اس کی پوری تقریر سورۂ صٰفّٰت کے اخیر رکوع میں گزری ہے اور یہ تقریر مذکور رد الزامی تھا آگے اسی کے متعلق ایک رد تحقیقی ہے یعنی گو لڑکی ہونا فی نفسہٖ موجب عار و ذلت نہیں جیسا تم سمجھ رہے ہو لیکن اس میں تو کوئی شک نہیں کہ وہ باعتبار اپنی اصل وضع کے قطع نظر عوارض سے ناقص العقل ضعیف الرائے ضرور ہے جب یہ بات ہے تو) کیا (خدا نے اولاد بنانے کے لئے لڑکی کو پسند کیا ہے) جو کہ (عادۃً) آرائش و زیبائش میں نشو و نما پائے (جو کہ علامت اور نیز سبب ہے رغبت الی الحلیہ کا جس کے لوازم عادیہ سے ہے ضعف رائے و عقل) اور وہ (بوجہ ضعف قوت فکریہ کے) مباحثہ میں قوت بیانیہ (بھی) نہ رکھے (چنانچہ ان کی تقریرات میں ذرا غور کرنے سے مشاہدہ ہوتا ہے کہ نہ اپنے دعوے کو کافی بیان سے ثابت کر سکیں اور نہ دوسرے کے دعوے کو ہدم کر سکیں ہمیشہ ادھوری بات کہیں گی یا فضول باتیں اس میں ملا دیں گی جن کو مطلوب کچھ دخل نہ ہو کہ اس سے بھی تبیین مقصود میں خلل پڑ جاتا ہے اور مباحثہ کی تخصیص اس حیثیت سے ہے کہ اس میں بوجہ زیادتی احتیاج بیان کے ان کا عجز زیادہ ظاہر ہو جاتا ہے پس ہر کلام مطول اسی کے حکم میں ہے اور معمولی جملوں کا ادا ہو جانا قوت بیانیہ کی دلیل نہیں جیسے میں آ گئی تھی وہ گئی تھی یہ دو تقریریں دوسری خرابی کی ہوئیں) اور (تیسری خرابی قطع نظر لزوم شرک کے یہ ہے کہ) انہوں نے فرشتوں کو جو کہ خدا کے (مخلوق) بندے ہیں (اور اس لئے اللہ تعالیٰ کو ان کی پوری حالت اور صفت معلوم ہے اور بوجہ ان کے غیر محسوس ہونے کے جب تک وہ کسی کو ان کی حالت نہ بتلا دے معلوم ہو نہیں سکتی اور ان کو ان کا عورت ہونا کہیں نہ بتلایا باوجود اس کے انہوں نے ان کو بلا دلیل) عورت قرار دے رکھا ہے (اور دلیل عقلی[1] و نقلی کا انتفاء یقینی ہے پس مشاہدہ ہونا چاہئے تو کیا یہ ان کی پیدائش کے وقت موجود تھے (اور دیکھ رہے تھے اور ہر چند کہ مشاہدہ کا انتفاء بھی یقینی ہے مگر اس میں ان کی تحمیق کی تصریح زیادہ ہے) ان کا یہ دعویٰ (بلا دلیل انوثت ملائکہ کے بارہ میں دفتر اعمال میں) لکھ لیا جاتا ہے اور (قیامت میں) ان سے باز پرس ہو گی کیونکہ دعویٰ بلا دلیل کذب ہے بالخصوص عقائد میں پھر بالخصوص جب کہ اس کے ساتھ اور مفاسد بھی منضم ہوں۔ یہ گفتگو ان کی بنوت اور انوثت کے متعلق تھی اور (آگے ان کی معبودیت کے متعلق ہے کہ) وہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ (اس بات کو خوشی سے) چاہتا (کہ ملائکہ کی عبادت نہ ہو یعنی اس عبادت سے وہ ناخوش ہوتا) تو ہم (کبھی) ان کی عبادت نہ کرتے (کیونکہ وہ کرنے ہی نہ دیتا بلکہ جبراً روک دیتا جب نہیں روکا تو معلوم ہوا کہ وہ ان کی عبادت نہ کرنے سے خوش نہیں بلکہ عبادت کرنے سے خوش ہے آگے ان کا رد ہے کہ) ان کو اس (بات) کی کچھ تحقیق نہیں (ہے) محض بے تحقیق بات کر رہے ہیں (کیونکہ قادر کر دینا دلیل رضا کی نہیں جیسا پارۂ ہشتم کے نصف سے پہلے آیت: سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا ..... میں اس کی تقریر ہوئی ہے پس استدلال بالمشیۃ جو کہ استدلال عقلی ہے لغو و مہمل ٹھہرا تو اب یہ بتلا دیں کہ) کیا ہم نے ان کو اس (قرآن) سے پہلے کوئی کتاب دے رکھی ہے کہ یہ (اس دعوے میں) اس سے استدلال کرتے ہیں (حقیقت یہ ہے کہ نہ دلیل عقلی ہے نہ دلیل نقلی) بلکہ (محض اتباع رسم پیشینیاں ہے چنانچہ) وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریقہ پر پایا ہے اور ہم بھی ان کے پیچھے پیچھے راستہ چل رہے ہیں اور (جس طرح یہ لوگ بلا دلیل بلکہ خلاف دلیل اپنی رسم قدیم کو سند لاتے ہیں) اسی طرح ہم نے آپ سے پہلے کسی بستی میں کوئی پیغمبر نہیں بھیجا مگر وہاں کے خوش حال لوگوں نے (اولاً اور تابعین نے ثانیاً) یہی کہا ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریقہ پر پایا ہے اور ہم بھی ان ہی کے پیچھے پیچھے چلے جا رہے ہیں (اس پر) ان کے (اس) پیغمبر نے (ان سے) کہا کہ کیا (رسم آبائی ہی کا اتباع کئے جاؤ گے) اگرچہ میں اس سے اچھا (منزل) مقصود پر پہنچا دینے والا طریقہ تمہارے پاس لایا ہوں وہ (براہ عناد) کہنے لگے کہ ہم تو اس (دین) کو مانتے ہی نہیں جس کو دے کر (بزعم تمہارے) تم کو بھیجا گیا ہے سو (جب عناد حد سے بڑھ گیا اس وقت) ہم نے ان سے انتقام لیا سو دیکھئے تکذیب کرنے والوں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

ف: تَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِیْ ..... کے سیاق و سباق سے متبادر ہوتا ہے کہ یہ کلمات کشتی میں سوار ہو کر بھی پڑھے اور گو حدیث میں صرف دابہ کی سواری میں منقول ہے مگر فلک کے لئے نفی نہیں اور منقول نہ ہونا شاید اس لئے ہو کہ اس وقت اس کا کم اتفاق ہوا۔ اور اعتقاد جزئیت گو ان سے تصریحاً کہیں منقول نہ ہو مگر بنوت کے معتقد تھے اور وہ بالمعنی الحقیقی مستلزم جزئیت ہے۔ اور اگر فی الخصام[2] کے جواب میں وہ کہیں کہ وہ عارض ملکیت ہے جو جابر نقصان ہے تو اس عارض کا مؤثر ہونا ان کو ثابت کرنا ہو گا کیوں کہ مطلق عارض کافی نہیں۔

الحواشی: (۱) معطوف ہے جملہ سابقہ ان کو ان کا عورت ہونا نہیں بتلایا اھ پر یعنی نہ تو اللہ تعالیٰ نے بتلایا اور نہ دلیل عقلی و نقلی ہے پس اس صورت میں بناء

www.besturdubooks.net

دعویٰ مشاہدہ ہونا چاہئے الخ ۱۲ منہ۔ (۲) مطلب یہ کہ وھو فی الخصام غیر مبین سے استدلال کرنے کی تقریر میں جو کہا گیا تھا کہ وہ لڑکی باعتبار اپنی اصلی وضع کے قطع نظر عوارض سے ناقص العقل ہے جو آیت او من ینشؤ کے ترجمہ کی تمہید میں لکھا گیا ہے وہ اس کے جواب میں اگر یہ کہیں کہ قید (قطع نظر عوارض سے) میں تم اس کے مقر ہو کہ عارض کے سبب یہ نقصان مرتفع ہوسکتا ہے سو یہاں وہ عارض ملکیت ہو پس جب نقصان نہ رہا بنائے استدلال نہ رہی تو استدلال بھی نہ رہا ۱۲ منہ۔

اللغات: مقرنین مطیقین قوله مثلا بمعنی الشبه ویراد به الولد لکونه شبها للوالد ۱۲۔

النحو: قوله او من ینشؤا مبتدأ خبره محذوف ای ولد له او هو مفعول عامله محذوف ای ام اتخذ ولدا من ینشؤ کما هو صنیعی فی الترجمة ۱۲۔

البلاغة: قوله انشرنا فیه التفات قوله من الفلک بیان مقدم قوله لتستووا اللام للغایة ولا یقصد به الحصر لان الغایات متعددة الانتفاع الدنیوی والانتفاع الاخروی المذکور فی المقام قوله علی ظهوره فیه تغلیب لذی الظهر من الدابة علی غیر ذی الظهر من الفلک قوله سخرلنا هذا هو للتصویر او للتحقیر قوله وجعلوا ارید بالجعل الاعتقاد والتقول قوله ستکتب السین للتاکید ۱۲۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖٓ اِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۶﴾ اِلَّا الَّذِيْ فَطَرَنِيْ فَاِنَّهٗ سَيَهْدِيْنِ ﴿۲۷﴾ وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾ بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۹﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿۳۱﴾ اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۭ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۭ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿۳۴﴾ وَزُخْرُفًا ۭ وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۵﴾ ع ۱۰/۹

اور (وہ وقت بھی قابل ذکر ہے) جبکہ ابراہیم نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے فرمایا کہ میں ان چیزوں (کی عبادت) سے بیزار ہوں جن کی تم عبادت کرتے ہو مگر ہاں جس نے مجھ کو پیدا کیا پھر وہی مجھ کو رہنمائی کرتا ہے اور وہ اس (عقیدہ) کو اپنی اولاد میں بھی ایک قائم رہنے والی بات کر گئے تا کہ (ہر زمانہ میں مشرک) لوگ (شرک سے) باز آتے رہیں۔ بلکہ میں نے ان کو اور ان کے باپ دادوں کو (دنیا کا) خوب سامان دیا ہے۔ یہاں تک کہ ان کے پاس سچا قرآن اور صاف بتانے والا رسول آیا اور جب ان کے پاس یہ سچا قرآن پہنچا تو کہنے لگے کہ یہ تو جادو ہے اور ہم اس کو نہیں مانتے اور کہنے لگے کہ یہ قرآن (اگر کلام الٰہی ہے تو) ان دونوں بستیوں (مکہ اور طائف کے رہنے والوں) میں سے کسی بڑے آدمی پر کیوں نہیں نازل کیا گیا۔ کیا یہ لوگ آپ کے رب کی رحمت (خاصہ یعنی نبوت) کی تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔ دنیوی زندگی میں (تو) ان کی روزی ہم (ہی) نے تقسیم کر رکھی ہے اور ہم نے ایک کو دوسرے پر رفعت دے رکھی ہے تا کہ ایک دوسرے سے کام لیتا رہے (اور عالم کا انتظام پر قائم ہے) اور آپ کے رب کی رحمت بدرجہا اس (دنیوی مال ومتاع) سے بہتر ہے۔ جس کو یہ لوگ سمیٹتے پھرتے ہیں اور اگر یہ بات (متوقع نہ ہوتی کہ تمام آدمی ایک ہی طریقے کے ہو جائیں گے تو جو لوگ اللہ کے ساتھ کفر کرتے ہیں ان کے لئے ان کے گھروں کی چھتیں ہم چاندی کی کر دیتے اور (نیز) زینے بھی جن پر سے چڑھا (اترا) کرتے ہیں اور انکے گھروں کے کواڑ بھی اور تخت بھی جن پر تکیہ لگا کر بیٹھتے ہیں اور (یہی چیزیں) سونے کی بھی اور یہ سب (ساز وسامان) کچھ بھی نہیں صرف دنیوی زندگی کی چند روزہ کامرانی ہے اور آخرت آپ کے پروردگار کے ہاں خدا ترسوں کیلئے ہے۔

تفسیر: ربط: اوپر توحید کا مضمون تھا آگے اسی کی تاکید وتائید کے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے جو کہ مسلم ومعظم عند العرب تھے اس کا منقول ہونا (جس سے ان کے دعوے اتباع آباء پر بھی تعریض ہوگئی کہ اور آباء واجداد سے یہ جد اعظم احق الاتباع ہیں) اور انکے بعد پھر انکی اولاد میں اسکا منقول چلا آنا اور اب آخر میں پیغمبر آخر الزماں کی معرفت اُسکی تجدید فرمانا اور اسکے ساتھ پیغمبر آخر الزماں ﷺ کی نبوت کے متعلق ان لوگوں کے ایک اعتراض کا جواب مذکور ہے۔

www.besturdubooks.net

توارث توحید از ابراہیم علیہ السلام ودفع شبہ متعلقہ نبوت حضرت سید الانام ﷺ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖٓ (الی قولہ تعالٰی) وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ۝ اور (وہ وقت قابل ذکر ہے) جب کہ ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے فرمایا کہ میں ان چیزوں (کی عبادت) سے بیزار (اور بے تعلق) ہوں جن کی تم عبادت کرتے ہو مگر ہاں (اس خدا سے تعلق رکھتا ہوں) جس نے مجھ کو پیدا کیا پھر وہی مجھ کو (میرے دین ودنیا کی مصلحتوں تک) رہنمائی کرتا ہے (مطلب یہ کہ ان لوگوں کو ابراہیم علیہ السلام کا حال یاد کرنا چاہئے کہ وہ خود بھی توحید کے معتقد تھے) اور (بذریعہ وصیت کے) وہ اس (عقیدہ) کو اپنی اولاد میں (بھی) ایک قائم رہنے والی بات کر گئے (یعنی اپنی اولاد کو بھی وصیت کی لقولہ تعالٰی : وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ [البقرۃ : ۱۳۲] جس کا اثر کچھ کچھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تک بھی برابر رہا یہاں تک کہ زمانہ جاہلیت میں بھی عرب میں بعض لوگ شرک سے نفور تھے کما یظھر من التواریخ اور یہ وصیت انہوں نے اس لئے کی تھی) تا کہ (ہر زمانہ میں مشرک) لوگ (موحدین سے توحید سُن سُن کر شرک سے) باز آتے رہیں (مگر یہ لوگ پھر بھی باز نہیں آتے اور اس طرف توجہ نہیں کرتے) بلکہ میں نے (جو) ان کو اور ان کے باپ دادوں کو (دنیا کا) خوب سا سامان دیا ہے (اس میں منہمک ومشتغل وغافل ہو رہے ہیں) یہاں تک کہ (اسی اشتغال وانہماک وخواب غفلت سے بیدار کرنے کے لئے) ان کے پاس سچا قرآن (جو بوجہ معجز ہونے کے اپنے سچا ہونے کی آپ ہی دلیل ہے) اور صاف صاف بتلانے والا رسول (اللہ کی طرف سے) آیا ہے اور جب ان کے پاس یہ سچا قرآن پہنچا (اور اس کا اعجاز ظاہر ہوا) تو کہنے لگے کہ یہ جادو ہے اور ہم اس کو نہیں مانتے (یہ تو قرآن کی نسبت کہا) اور (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت) کہنے لگے کہ یہ قرآن (اگر کلام الٰہی ہے اور من حیث الرسالۃ آیا ہے تو) ان دونوں بستیوں (یعنی مکہ اور طائف کے رہنے والوں) میں سے کسی بڑے آدمی پر کیوں نہیں نازل کیا گیا (یعنی رسول کے لئے عظیم الشان ہونا ضروری ہے اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم مال اور ریاست نہیں رکھتے تو یہ پیغمبر نہیں ہو سکتے مقصود انکار تھا پیغمبری کا اس شبہ سے تمسک کر کے آگے اس شبہ کا رد فرماتے ہیں کہ) کیا یہ لوگ آپ کے رب کی رحمت (خاصہ یعنی نبوت) کو (خود) تقسیم کرنا چاہتے ہیں (یعنی یہ چاہنا کہ ہماری رائے کے موافق ملے گی گویا خود تقسیم کنندہ ہونے کی ہوس کرنا ہے کہ یہ تقسیم ہمارے سپرد ہو سو یہ ہوس نری نادانی ہے کیونکہ) دنیوی زندگی میں (تو) ان کی روزی ہم (ہی) نے تقسیم کر رکھی ہے اور (اس تقسیم میں) ہم نے ایک کو دوسرے پر رفعت دے رکھی ہے تا کہ (اس سے یہ مصلحت حاصل ہو کہ) ایک دوسرے سے کام لیتا رہے (اور عالم کا انتظام قائم رہے) اور (ظاہر اور یقینی بات ہے کہ) آپ کے رب کی رحمت (خاصہ یعنی نبوت) بدرجہا اس (دنیوی مال ومتاع اور اس کے توابع ریاست وجاہ) سے بہتر ہے جس کو یہ لوگ سمیٹتے پھرتے ہیں (پس جب دنیوی معیشت کی کہ ادنیٰ درجہ کی چیز ہے تقسیم ان کی رائے پر نہیں رکھی بلکہ رعایت مصالح کے لئے کہ وہ بھی عظیم نہیں ہیں خود ہی اپنی حکمت ومشیت پر رکھی ہے تو نبوت جو خود بھی اعلیٰ درجہ کی چیز ہے اور اس کے مصالح بھی اعظم درجہ کے ہیں وہ کیونکر ان کی رائے پر تقسیم کی جاتی رہا یہ کہ صلاحیت ہونا تو ضروری ہے اور بناء صلاحیت کی مال وریاست ہے سو اس کا جواب یہ ہے کہ امر عظیم کی صلاحیت کی بناء پر امر عظیم ہونا چاہئے) اور (دنیا کی دولت وجاہ ہمارے نزدیک اس قدر صغیر وحقیر ہے کہ) اگر یہ بات (متوقع) نہ ہوتی کہ (قریب قریب) تمام آدمی ایک ہی طریقہ کے ہو جاویں گے (یعنی کافر ہو جاویں گے) تو جو لوگ خدا کے ساتھ کفر کرتے ہیں (اور خدا کے نزدیک سخت مبغوض ہیں) ہم ان (سب) کے لئے ان کے گھروں کی چھتیں چاندی کی کر دیتے اور (نیز) زینے بھی (چاندی کے کر دیتے) جن پر چڑھا (اُترا) کرتے اور ان کے گھروں کے کواڑ بھی (چاندی کے کر دیتے) اور تخت بھی (چاندی کے کر دیتے) جن پر تکیہ لگا کر بیٹھتے ہیں اور (یہی چیزیں) سونے کی بھی (کر دیتے یعنی کچھ چاندی کی کچھ سونے کی مگر یہ سامان سب کفار کو اس لئے نہیں دیا کہ اکثر طبائع میں حرص مال ومتاع کی غالب ہے اور اس صورت مفروضہ میں کفر سبب یقینی ہوتا حصول مال ومتاع کا پس باستثناء بعض قلیل کے قریب قریب کل کے کفر اختیار کر لیتے یہ مصلحت ہے عدم تعمیم الدنیا للکفار میں اور بعض کفار کو سامان نہ دینے میں اور بعض کو کم دینے میں ورنہ اگر یہ مصلحت نہ ہوتی تو ہم ایسا ہی کرتے اور ظاہر ہے کہ دشمن کو قدر ووسعت کی چیز نہیں دیا کرتے اس سے معلوم ہوا کہ دنیا واقع میں امر عظیم نہیں ہے پس وہ منصب عظیم یعنی نبوت کی صلاحیت کی بناء بھی نہ ہوگی بلکہ بناء اس کی صلاحیت کی ملکات فاضلہ موہوبہ من اللہ ہیں جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں بدرجہ اکمل مجتمع ہیں پس نبوت ان ہی کے لئے زیبا تھی نہ کہ مکہ وطائف کے رئیسوں کے لئے) اور (آگے منجملہ وجوہ حقارت دنیا کے ایک وجہ جو نہایت ظاہر ہے ارشاد فرماتے ہیں وہ یہ کہ) یہ سب (ساز وسامان جو مذکور ہوا) کچھ بھی نہیں صرف دنیوی زندگی کی چند روزہ کامرانی ہے (پھر فناء آخر فناء) اور آخرت (جو اس کے مقابلہ میں ہے اور باقی وابدی ہے اور اس لئے اس سے بہتر ہے وہ) آپ کے پروردگار کے ہاں خدا ترسوں کے لئے ہے (پس جو چیز فانی ہو وہ نہ قابل قدر ہے نہ قابل طلب البتہ آخرت جو کہ باقی ہے وہ اور اس کے تحصیل کے ذرائع کہ اعمال وطاعات ہیں وہ بے شک قابل اعتبار ہیں۔ اس میں بھی جواب مذکور کے دوسرے جزو کی طرف کہ وہ ملکات فاضلہ مبنیٰ ہیں صلاحیت للامر العظیم کے اشارہ ہو گیا کہ وہ اس لئے قابل وقعت ہیں کہ وہ اسباب فوز بالآخرۃ میں سے ہیں اور سبب عظیم کا عظیم ہے پس وہ ملکات اور فواضل امر عظیم ہیں جن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متصف ہیں)۔

www.besturdubooks.net

ف: مِمَّا تَعْبُدُوْنَ میں مَا تَعْبُدُوْنَ سے مراد اصنام ہیں اور اگر وہ اللہ کی بھی عبادت کرتے ہوں جیسا اکثر مشرکین کا مسلک ہے تب بھی بوجہ اس کے کہ وہ عبادت کالعدم ہے مَا تَعْبُدُوْنَ کا عموم اس کو شامل نہ ہوگا پس استثناء منقطع ہوگا اور ان کا : لَوْلَا نُزِّلَ...... پر ان کے اس کہنے[1] سے شبہ نہ کیا جاوے کہ بشر اور نبوت میں منافات ہے۔ اصل یہ ہے کہ ایک قول ان کا اصلی عقیدہ تھا اور ایک علی سبیل التنزل و التسلیم اور تخصیص قریتین کی اس لئے کہ قرب وجوار میں اور کوئی شہر نہ تھا اور دیہات کے لوگوں کو خود اس قابل نہیں سمجھا کرتے علاوہ کم سلیقہ کے اکثر مال وجاہ میں بھی اہل شہر سے کم ہوتے ہیں اور اس جواب مذکور فی الآیۃ سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ انبیاء میں وقعت دنیوی کا لحاظ اصلاً نہیں ہوتا حدیث بخاری قصہ ہرقل میں خود ہے۔ کذا الرسل تبعث فی نسب قومها بلکہ مقصود یہ ہے کہ وقعت بقدر ضرورت کافی ہے کہ وہ عام نظروں میں حقیر نہ سمجھا جاوے جو سبب ہو جاوے عار عن الاتباع کا اس سے زیادہ ترفع محض ہے اور جاہ کی جو مذمت آئی ہے اس سے بھی دوسرا مرتبہ مراد ہے نہ کہ مرتبہ اولیٰ کہ ضروریات مقصودہ بالتحصیل سے ہے اور یَكُوْنُ النَّاسِ کی تقریر ترجمہ میں جو میں نے قریب قریب بڑھا دیا اس سے ایک شبہ کا جواب ہوگیا جو کہ اس ملازمت پر کیا گیا ہے تقریر اس کی یہ ہے کہ اب بھی بہت سے آدمی ایسے ہیں کہ کسی ذریعہ سے وہ بالیقین جانتے ہیں کہ کافر ہو جانے سے دنیا خوب مل سکتی ہے لیکن اگر ان کو کوئی قتل بھی کردے تب بھی ہرگز کافر نہ ہوں۔ جواب کی تقریر یہ ہے کہ الناس سے مراد کل ناس نہیں ہیں بلکہ اکثر ناس ہیں اور گو کفار باعتبار عدد کے اب بھی اکثر ہیں مگر مطلق اکثر مراد نہیں بلکہ قریب قریب کل کے اس طرح کہ مسلمان فی نفسہ بھی قلیل ہوتے سو بحمد اللہ یہ بات نہیں ہے پس اس پر کوئی شبہ نہیں رہا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَ قَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ اسی طرح منکرین اولیاء بھی جاہ و شرف نسبی نہ ہونے کے سبب ان کی ولایت سے انکار کرتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَ لَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً (الی قولہ تعالی) وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ...... اس میں دلالت ہے دنیا و زینت دنیا سے زہد اور تقویٰ کی ترغیب پر۔

الحواشی: (۱) اور اس کہنے کا بیان آگے ہے کہ بشر اور نبوت میں منافات ہے مطلب یہ کہ ان کا یہ قول تھا منافات کا تو اس قول سے یہاں کے قول موجود یعنی لو لا نزل الخ پر شبہ نہ کیا جاوے الخ ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قولہ فی ابواب کواڑ اشارۃ الی ان المراد بالباب لیس الفضاء بین المصرا عین بل نفس المصر اعین وعلیہ قولہ تعالیٰ فتحت ابوابها وقولہ تعالیٰ فتحت لهم ابواب السماء ۱۲۔

الروایات: قولہ القریتین فی الدر المنثور عن ابن عباس وغیرہ مکۃ وطائف ۱۲۔

اللغات: براء مصدر نعت بہ قولہ سیهدین للتاکید لیطابق قولہ فی الشعراء خلقنی فهو یهدین قولہ سخری نسبۃ الی السخرۃ وهی التذلیل۔ قولہ یظهرون فی الخازن یصعدون ویرتقون ۱۲۔

النحو: قولہ معارج عطف علی سقفا فهو شریک فی قیدہ ای من فضۃ کما هو الشائع فی الاکثر قولہ زخرفا معطوف علی محل فضۃ ای ومن زخرف ۱۲۔

البلاغۃ: هذا القرآن قالوہ قاتلهم اللہ علی وجہ الاستحقار لانهم لم یقولوہ تسلیما بل انکارا قولہ ولبیوتهم کرر التکریر لزیادۃ التقریر ولانہ ابتداء آیۃ کذا فی الروح قلت ویمکن ان یقال ان السقف والابواب لما کانت من اجزاء البیت عرفا صرح فیهما بالبیوت بخلاف المعارج والسرر ۱۲۔

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ
اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۷﴾ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ
اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۹﴾ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ
مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾ فَاسْتَمْسِكْ
بِالَّذِيْۤ اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا
مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَاۤ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾ ع ۴/۱۰

www.besturdubooks.net

اور جوشخص اللہ کی نصیحت سے اندھا بن جاوے ہم اُس پر ایک شیطان مسلط کر دیتے ہیں سو وہ اُس کے ساتھ رہتا ہے اور وہ ان کو راہ (حق) سے روکتے رہتے ہیں اور یہ لوگ یہ خیال کرتے رہتے ہیں کہ راہ (راست) پر ہیں یہاں تک کہ جب ایسا شخص ہمارے پاس آئے گا (تو اس شیطان سے) کہے گا کہ کاش میرے اور تیرے درمیان میں (دنیا میں) مشرق و مغرب کے برابر فاصلہ ہوتا کہ (تو تو) برا ساتھی تھا۔ اور (ان سے کہا جائے گا) جبکہ تم (دنیا میں) کفر کر چکے تھے تو آج یہ بات تمہارے کام نہ آئے گی کہ تم (اور شیاطین) سب عذاب میں شریک ہوں سو کیا آپ (ایسے) بہروں کو سنا سکتے ہیں (ایسے) اندھوں کو اور ان لوگوں کو جو کہ صریح گمراہی میں ہیں راہ پر لا سکتے ہیں۔ پس اگر ہم (دنیا سے) آپ کو اٹھا لیں تو بھی ہم ان سے بدلہ لینے والے ہیں۔ یا اگر ان سے جو ہم نے عذاب کا وعدہ کر رکھا ہے وہ آپ کو (بھی) دکھلا دیں تب بھی (کچھ بعید نہیں کیونکہ) ہم کو ان پر ہر طرح کی قدرت ہے۔ تو آپ اس قرآن پر قائم رہئے جو آپ پر وحی کے ذریعے سے نازل کیا گیا ہے آپ بیشک سیدھے راستے پر ہیں اور قرآن آپ کے لئے اور آپ کی قوم کے لئے بے شک بڑے شرف کی چیز ہے اور عنقریب تم سب پوچھے جاؤ گے اور آپ ان سب پیغمبروں سے جن کو ہم نے آپ سے پہلے بھیجا ہے پوچھ لیجئے کیا ہم نے خدائے رحمٰن کے سوا دوسرے معبود ٹھہرا دیئے تھے کہ ان کی عبادت کی جائے۔

تفسیر ربط: اوپر منکرین توحید و رسالت کے کفر و ضلالت کا بیان تھا آگے اس کفر و ضلالت پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حزن کے ازالہ اور تسلیہ کے لئے اس ضلالت کی علت اور پھر قیامت میں ان کی ندامت اور خسارت اور ان کی ہدایت کا آپ کے اختیار سے خارج ہونا اور ان کا عقوبت سے نہ بچ سکنا اور قرآن اور اسلام اور توحید کا نعمت اور حق ہونا کہ اس کو بھی تسلیہ میں دخل ہوتا ہے مذکور ہے۔

اعتناء بتسلیہ رسول اللہ ﷺ: وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ (الی قولہ تعالیٰ) اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ اور جو شخص اللہ کی نصیحت (یعنی قرآن اور وحی سے) (جان بوجھ کر) اندھا بن جاوے (جیسے یہ کفار ہیں کہ دلائل شافیہ موجب للعلم بالضرورۃ کے ہوتے ہوئے تجاہل و تغافل کرتے ہیں جیسا فرعونیوں کا حال آیا ہے: جَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ [النمل: ۱۴]) ہم اس پر ایک شیطان مسلط کر دیتے ہیں سو وہ (ہر وقت) اس کے ساتھ رہتا ہے اور وہ (ساتھ رہنے والے شیاطین) ان (معرضین عن القرآن) کو (برابر) راہ (حق) سے روکتے رہتے ہیں (اور تسلط کا یہی اثر ہے) اور یہ لوگ (باوجود راہ حق سے دور ہونے کے) یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ (یعنی ہم) راہ (راست) پر ہیں (سو جس کی گمراہی کی یہ صورت اور یہ حالت ہو اس کے راہ پر آنے کی کیا امید ہے سو غم کیوں کیا جاوے اور اس سے بھی تسلی رکھئے کہ ان کا یہ تغافل جلدی ہی ختم ہوگا اور جلدی ہی ان کو اپنی غلطی ظاہر ہو جاوے گی کیونکہ یہ تغافل محض دنیا ہی دنیا تک ہے) یہاں تک کہ جب ایسا شخص ہمارے پس آوے گا (اور اس کی غلطی ظاہر ہوگی) تو (اس شیطان قرین سے) کہے گا کہ کاش میرے اور تیرے درمیان میں (دنیا میں) مشرق و مغرب کے برابر فاصلہ ہوتا (کیوں) کہ (تو تو) برا ساتھی تھا (تو نے مجھ کو گمراہ کیا مگر یہ حسرت اس وقت کام نہ آوے گی) اور (نیز ان سے کہا جاوے گا کہ) جب کہ تم (دنیا میں) کفر کر چکے تھے تو (جس طرح آج حسرت تمہارے کام نہیں آئی اسی طرح) آج یہ بات (بھی) تمہارے کام نہ آوے گی کہ تم (اور شیاطین) سب عذاب میں شریک ہو (جیسے دنیا میں بعض اوقات دوسرے کو شریک مصیبت دیکھ کر ایک گونہ تسلی ہو جاتی ہے وہاں چونکہ عذاب بہت زیادہ شدید ہوگا اس لئے دوسرے کی طرف التفات بھی نہ ہوگا ہر شخص اپنے حال میں مبتلا ہوگا اور اپنے ہی کو سب سے زیادہ مبتلا سمجھے گا) سو (آپ کو جب ان کی یہ حالت معلوم ہوگئی کہ ان کی ہدایت کی کوئی امید نہیں تو) کیا آپ (ایسے) بہروں کو سنا سکتے ہیں یا (ایسے) اندھوں کو اور ان لوگوں کو جو کہ صریح گمراہی میں (مبتلا) ہیں راہ پر لا سکتے ہیں (یعنی ان کی ہدایت آپ کے اختیار سے خارج ہے آپ درپے نہ ہوں) پھر (ان کا یہ عصیان اور یہ طغیان خالی جانے والا نہیں بلکہ اس پر ضرور عقوبت مرتب ہونے والی ہے خواہ آپ کی حیات میں ہو خواہ آپ کی وفات کے بعد ہو پس) اگر ہم (دنیا سے) آپ کو اٹھا لیں تو بھی ہم ان (کافروں) سے بدلہ لینے والے ہیں یا اگر ان سے جو ہم نے عذاب کا وعدہ کر رکھا ہے وہ (آپ کی حیات میں ان پر نازل کر کے) آپ کو (بھی) دکھلا دیں تب بھی (کچھ بعید نہیں کیونکہ) ہم کو ان پر ہر طرح کی قدرت ہے (مطلب یہ ہے کہ عذاب ضرور ہوگا خواہ کب ہی ہو اور جب یہ بات ہے) تو آپ (تسلی رکھئے اور اطمینان سے) اس قرآن پر قائم رہئے جو آپ پر وحی کے ذریعہ سے نازل کیا گیا ہے (کیونکہ) آپ بے شک سیدھے رستہ پر ہیں (اور استمساک میں تبلیغ بھی داخل ہے مطلب یہ کہ اپنا کام کئے جایئے دوسروں کے کام کا غم نہ کیجئے) اور یہ قرآن (جس کے ساتھ تمسک کرنے کو ہم کہتے ہیں) آپ کے لئے اور آپ کی قوم کے لئے بڑے شرف کی چیز ہے (آپ کے لئے تو اس لئے کہ آپ مخاطب بلا واسطہ ہیں اور قوم کے لئے اس واسطے کہ مخاطب بواسطہ ہیں ملوک کا مخاطب ہونا ظاہر ہے کہ موجب شرف ہے چہ جائے ملک الملوک کا مخاطب بننا خواہ قوم سے مراد قریش ہوں یا عرب ہوں یا تمام امت ہو کہ تدریجاً و تعاقباً قرآنی خطاب سب کو ہے غرض یہ کہ موجب شرف ہونے کی وجہ سے یہ بڑی نعمت ہے) اور عنقریب (قیامت کے روز) تم سب (اپنے ذمہ کے واجب حقوق سے) پوچھے جاؤ گے (پس آپ سے صرف تبلیغ کے متعلق سوال ہوگا جس کو آپ خوب ادا کر چکے ہیں اور عمل کے متعلق ان سے سوال ہوگا جس میں انہوں نے اخلال کیا کقولہ تعالیٰ: فَلَنَسْئَلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْئَلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ [الأعراف: ٦]) پس جب آپ سے ان کے اعمال کے بارہ میں باز پرس نہ ہوگی تو پھر آپ کیوں

www.besturdubooks.net

غم کرتے ہیں) اور (ہم نے جو اوپر فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيٓ اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ میں تعلیم قرآنی کو حق فرمایا ہے اس میں بڑا اول مابہ النزاع ان کفار سے توحید ہے جس کے حق ہونے میں ان کو بڑا کلام ہے سو وہ ایسا امر حق ہے کہ اس پر تمام انبیاء علیہم السلام کا جو کہ جامع بین العقل والنقل ہیں اجماع ہے اور اس حیثیت سے گویا اس پر ہزاروں عقلی ونقلی ادلہ قائم ہیں چنانچہ اگر آپ کا جی چاہے تو) آپ ان سب پیغمبروں سے جن کو ہم نے آپ سے پہلے بھیجا ہے پوچھ لیجئے (یعنی ان کی کتب وصحف سے جن کا کچھ بقیہ موجود ہے تحقیق کر لیجئے) کہ کیا ہم نے خدائے رحمان کے سوا (کبھی بھی) دوسرے معبود ٹھہرا دیئے تھے کہ ان کی عبادت کی جاوے (یہ اوروں کو سنانا منظور ہے کہ جس کا جی چاہے تحقیق کر لے اور کتابوں میں دیکھنے کو رسولوں سے پوچھنا مجازاً کہہ دیا کذا فی المدارک جیسے ہمارا بھی محاورہ ہے کہ کسی مسئلہ طبیہ مختلف فیہا کو مختلف کتابوں میں دیکھا ہو پھر کہتے ہیں کہ آؤ بھئی شیخ بوعلی سینا سے پوچھیں وہ کیا کہتا ہے اور یہ کہہ کر قانون شیخ کو دیکھنے لگیں)۔

ف: نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا پر اگر شبہ ہو کہ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر شخص پر ایک ایک شیطان مقرر ہے پھر مَنْ يَّعْشُ کی کیا تخصیص ہے جواب یہ ہے یہاں مطلق تقییض مراد نہیں ہے بلکہ تقییض خاص یعنی جس پر ضلالت ضرور مرتب ہو جاوے اور حدیث میں مطلق مراد ہے ونیز قرین سے مراد ہر وقت کا قرین ہے سو یہ بھی خاص ہے کفار کے ساتھ کیونکہ مؤمن جب ذکر اللہ کرتا ہے شیطان اس سے ہٹ جاتا ہے اور اگر شبہ ہو کہ یعش کے ترجمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ حق اور باطل کو جانتے تھے اور يَحْسَبُوْنَ...... سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ باطل کو حق جانتے تھے جواب یہ ہے کہ اضطراراً تو حق کو حق اور باطل کو باطل سمجھتے تھے مگر اختیاراً باطل کو حق سمجھتے تھے اور باطل پر جمنے میں کچھ مصلحتیں تراش رکھی تھیں اور ان مصلحتوں کی تحصیل کو ضروری اور ان کی ضرورت کو حق سمجھتے تھے اور حق واقعی کو ذہن سے نکالنے کی کوشش کرتے تھے جیسا اہل عناد کا طریقہ ہوتا ہے اور حَتّٰٓي اِذَا جَآءَنَا میں اگر شبہ ہو کہ یہ مجی تو قیامت کے روز ہوگی اور ظاہر ہے کہ اس وقت سے پہلے ہی یعنی مرنے کے بعد ہی حق وباطل منکشف ہو جاوے گا۔ جواب یہ ہے کہ قیامت مع المقدمات مراد ہے اور موت مقدمہ قیامت کا ہے پس دونوں کو کالمتحد قرار دے کر ایک کا حکم دوسرے پر جاری کیا جا سکتا ہے پس وضوح بعد الموت کو وضوح فی القیامۃ کہا جا سکتا ہے۔

اللُّغَات: **يعش في المدارك اذا حصلت الآفة في بصره قيل عشي يعشي واذا نظر نظر العشي ولا آفة به قيل عشا يعشو قوله اذ ظلمتم في الروح قال سيبويه اذ بمعني التعليل حرف بمنزلة لام العلة وانكره الجمهور لكن اثبات سيبويه يكفي حجة وقال ابو البقاء التقدير بعد اذ ظلمتم۔ لذكر اي شرف كذا في القاموس وغيره ۱۲۔**

البَلَاغَة: **قوله بعد المشرقين اي بعد كل منهما عن الآخر وفيه تغليب المشرق على المغرب واضيف البعد اليهما والاصل بعد المشرق من المغرب واختصر هذا المبسوط لعدم الالباس اذ لاخفاء انه لا يراد بعدهما من شيء واحد لان البعد من احدهم قرب من الآخر كذا في الروح ۱۲۔**

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰي بِاٰيٰتِنَآ اِلٰي فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾

وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۫ وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ

السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ

يَنْكُثُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَنَادٰي فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۱﴾

اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ﴿۵۲﴾ فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ

الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ

اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۵﴾ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾

ان پر لگے ہنسنے اور ان کی جو نشانی دکھاتے تھے وہ دوسری نشانی سے بڑھ کر ہوتی تھی اور ہم نے ان کو عذاب میں پکڑا تھا تاکہ وہ (اپنے) کفر سے باز آ جائیں اور انہوں نے کہا کہ اے جادوگر! ہمارے لئے اپنے رب سے اس بات کی دعا کر دیجئے جس کا اس نے آپ سے عہد کر رکھا ہے ہم ضرور آ جائیں گے پھر جب ہم نے وہ عذاب ان سے ہٹا

www.besturdubooks.net

دیا تب ہی انہوں نے (اپنا) عہد توڑ دیا اور فرعون نے اپنی قوم میں منادی کرائی یہ بات کہی کہ اے میری قوم! کیا مصر کی سلطنت میری نہیں ہے اور یہ نہریں میرے محل کے پائیں میں بہہ رہی ہیں کیا تم دیکھتے نہیں ہو۔ بلکہ میں (ہی) افضل ہوں اس شخص سے جو کہ کم قدر ہے اور قوت بیانیہ بھی نہیں رکھتا تو اس کے سونے کے کنگن کیوں نہیں ڈالے گئے یا فرشتے اس کے جلو میں پرباندھے آئے ہوتے غرض اس نے (ایسی باتیں کر کر کے) اپنی قوم کو مغلوب کر دیا اور وہ اس کے کہنے میں آ گئے وہ لوگ (کچھ پہلے سے بھی) شرارت کے بھرے تھے پھر جب ان لوگوں نے ہم کو غصہ دلایا تو ہم نے ان سے بدلہ لیا اور ان سب کو ڈبو دیا اور ہم نے ان کو آئندہ آنے والوں کے لئے خاص طور پر متقدمین اور نمونہ (عبرت) بنا دیا۔

تَفسِیر: **لِلط**: اوپر مضمون تسلیہ کا ہے آگے قصۂ موسویہ سے اسکی تائید فرماتے ہیں و نیز اس سے مضامین توحید و رسالت و تہدید منکرین کی بھی تائید ہوتی ہے جو کہ اوپر مذکور تھے اور نیز اس میں اشارہ ہے کہ کفار کا لَوْلَا نُزِّلَ ...... کہنا اقتدائے فرعونی ہے کہ اس نے ان چیزوں کو عظیم سمجھ کر کہا تھا اَلَیْسَ لِیْ مُلْکُ مِصْرَ ...... ۔

قصۂ موسویہ بتائید مضامین سابقہ: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰی بِاٰیٰتِنَآ اِلٰی فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ (الی قوله تعالی) فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِیْنَ ؀ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنے دلائل (یعنی معجزات عصا اور ید بیضا) دے کر فرعون کے اور اس کے امراء کے پاس بھیجا تھا سو انہوں نے ان لوگوں کے پاس آ کر فرمایا کہ میں رب العالمین کی طرف سے (تم لوگوں کی ہدایت کے واسطے) پیغمبر (ہو کر آیا) ہوں (مگر فرعون و اہل فرعون نے نہیں مانا) پھر (ہم نے دوسرے دلائل برنگ عقوبت ان کے اثبات نبوت کے لئے ظاہر کئے جن کا ذکر اس آیت میں ہے: وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِیْنَ وَنَقْصٍ ...... [الأعراف: ۱۳۰] مگر ان لوگوں کی پھر بھی یہ حالت رہی کہ) جب موسیٰ (علیہ السلام) ان کے پاس ہماری (وہ) نشانیاں لے کر آئے (جو آیات تسعہ کہلاتی ہیں) تو وہ یکا یک ان (معجزات) پر لگے ہنسنے (کہ یہ کیا اچھے معجزے ہیں محض معمولی واقعات و حوادث ہیں کیونکہ قحط وغیرہ ویسے بھی ہو جاتا ہے مگر یہ ان کی حماقت تھی کیونکہ انضمام قرائن مقامیہ سے ان واقعات کا عجیب اور خارق عادت ہونا معلوم تھا چنانچہ سورۂ اعراف میں ان لوگوں کا لِتَسْحَرَنَا بِهَا [الأعراف: ۱۳۲] کہنا اس کی دلیل ہے) اور (ان نشانیوں کی کیفیت یہ تھی کہ) ہم ان کو جو نشانی دکھلاتے تھے وہ دوسری نشانی سے بڑھ کر ہوتی تھی (مطلب یہ کہ سب نشانیاں بڑی ہی تھیں اور یہ مطلب نہیں کہ ہر نشانی ہر نشانی سے بڑی تھی یہ ایک محاورہ ہے جب کئی چیزوں کا کمال بیان کرنا چاہتے ہیں تو یوں ہی بولتے ہیں کہ ایک سے ایک بڑھ کر یہ تو صحت عرفیہ ہے اور تفاضل جزئی سے اس حکم کی صحت عقلی بھی ہو سکتی ہے) اور ہم نے (ان نشانیوں کے واقع کرنے سے) ان لوگوں کو عذاب میں پکڑا تھا کہ وہ (اپنے کفر سے) باز آ جاویں (یعنی وہ نشانیاں دلالات نبوت بھی تھیں اور ان کے لئے عقوبات بھی تھیں۔ کذا فی الخازن۔ مگر وہ لوگ باز نہ آئے باوجودیکہ ہر نشانی کے وقوع پر اس کا چند بار عہد بھی کیا) اور انہوں نے (موسیٰ علیہ السلام سے ہر نشانی پر یہ) کہا کہ اے جادوگر (یہ لفظ حسب عادت سابقہ فرط بدحواسی سے ان کے منہ سے نکل جاتا ہو گا ورنہ تضرع کے وقت ظاہری شرارت ایک گونہ مستبعد ہے مطلب یہ تھا کہ اے موسیٰ کما فی الاعراف) ہمارے لئے اپنے رب سے اس بات کی دعا کر دیجئے جس کا اس نے آپ سے عہد کر رکھا ہے (وہ بات ہے قہر کا دور کر دینا ہمارے باز آ جانے پر ہم وعدہ کرتے ہیں کہ اگر آپ اس عذاب کو دور کرا دیں تو) ہم ضرور راہ پر آ جاویں گے پھر جب (جب) ہم نے وہ عذاب ان سے ہٹا دیا تب ہی انہوں نے (اپنا) عہد توڑ دیا (ان آیات تسعہ کا بیان سورۂ اعراف میں آ چکا ہے جن میں بعض واقعات صورۃً بھی معمولی نہیں سو یا تو ان پر ضحک نہ کیا ہو اور جو ضحک اوپر مذکور ہوا ہے بعض پر ہوا ہو مثلاً سنین و نقص ثمرات پر جس کے بعد سورۂ اعراف میں ان لوگوں کا لَنَا هٰذِهٖ ...... کہنا مذکور ہوا ہے اور مابعد کے واقعات پر محض تضرع ہوا ہو جس کے بعد اعراف میں ہے: وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ ...... [۱۳۴] جیسا کہ ان دونوں قولوں کا تفاوت آیات مذکورہ اعراف کے فائدہ میں مذکور ہے۔ اور یا سب پر ضحک کیا ہو تو یہ ہو سکتا ہے کہ ابتداء میں ضحک کیا ہو پھر وہ واقعہ مشتد اور ممتد ہوا ہو تب تملق شروع کیا ہو واللہ اعلم) اور فرعون نے (غالباً اس خیال سے کہ کہیں معجزات قاہرہ دیکھ کر عام لوگ مسلمان نہ ہو جاویں) اپنی قوم میں منادی کرائی (اور اس منادی میں) یہ بات کہی (یعنی کہلوائی) کہ اے میری قوم کیا مصر (مع توابع) کی سلطنت میری نہیں ہے اور (دیکھو) یہ نہریں میرے (محل کے) پائیں میں بہہ رہی ہیں کیا تم (یہ چیزیں) دیکھتے نہیں ہو (اور موسیٰ علیہ السلام کے پاس کچھ بھی سامان نہیں تو بتلاؤ میں افضل اور قابل اتباع ہوں یا موسیٰ علیہ السلام ہیں) بلکہ میں (ہی) افضل ہوں اس شخص سے (یعنی موسیٰ علیہ السلام سے) جو کہ (باعتبار مال و ترفع کے) کم قدر (آدمی) ہے اور قوت بیانیہ بھی نہیں رکھتا (اور اگر یہ شخص اپنے کو فرستادۂ خدا بتلاتا ہے) تو اس کے (ہاتھوں میں) سونے کے کنگن کیوں نہیں ڈالے گئے (جیسا شاہان دنیا کی عادت ہے کہ جب کسی پر خاص عنایت کرتے ہیں تو اس کو عام دربار میں سونے کے کنگن پہناتے ہیں چنانچہ راجاؤں میں اب بھی دستور ہے۔ مطلب یہ کہ اگر اس شخص کو نبوت عطاء ہوتی خدا کی طرف سے اس کے ہاتھ میں سونے کے کنگن ہوتے) یا فرشتے اس کے جلو میں پرا باندھ کر آئے ہوتے (جیسا کہ خاص امرائے شاہی کا جلوس اسی طرح نکلتا ہے یعنی یہ علامات اختصاص کی ظاہر ہوتیں حالانکہ یہ حماقت محضہ ہے کیونکہ نبوت جس قسم کا کمال اور اختصاص ہے اسی قسم کے علامات و دلائل اس کے ساتھ موجود ہیں) غرض اس نے (ایسی باتیں کر کے) اپنی قوم کو مغلوب (العقل) کر دیا اور وہ اس کے کہنے میں آ گئے (اور)

www.besturdubooks.net

وہ لوگ (کچھ پہلے سے بھی) شرارت کے بھرے تھے (اس وجہ سے ان میں اس کا انفعال زیادہ تھا) پھر جب ان لوگوں نے (برابر کفر و عناد پر اصرار کر کے) ہم کو غصہ دلایا تو ہم نے ان سے بدلہ لیا اور ان سب کو ڈبو دیا اور ہم نے ان کو آئندہ آنے والوں کے لئے خاص طور کے متقدمین (کذا فی الخازن) اور نمونہ (عبرت) بنا دیا (یہ بطور تفسیر کے ۔ بے سلفا کے لئے یعنی خاص طور کے متقدمین بنانے کا مطلب یہ ہے کہ لوگ ان کا قصہ یاد کر کے عبرت دلاتے ہیں کہ دیکھو متقدمین میں ایسے ایسے ہوئے ہیں اور ان کا ایسا حال ہوا)۔

ف: فرعون کا کہنا: ﴿لَا يَكَادُ يُبِينُ﴾ یا تو کذب ہے یا کچھ بستگی آپ کی زبان میں رہ گئی ہو یا بستگی بالکل نہ ہو مگر بہت تیز اور روانی بھی نہ ہو جیسا کہ خود موسیٰ علیہ السلام کا قول ہے: ﴿وَاَخِيْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا﴾ [القصص: ۳۴] اور زیادہ تحقیق اس مضمون کی سورۂ طٰہٰ رکوع دوم میں گزر چکی ہے۔ واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ ﴿لَا يَكَادُ يُبِينُ﴾ اس میں دلالت ہے کہ زبان آوری یا دوسرے کمالات عرفیہ کا نہ ہونا کمال مطلوب کے منافی نہیں اور موسیٰ علیہ السلام میں یہ فقدان ایسا نہ تھا کہ مخل فصاحت ہوتا مگر ہارون علیہ السلام افصح تھے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في قال يقوم كہلوائی كقولهم بنى الامير المدينة ويمكن ان يقال ان القول الاول للذى امره بالنداء صدر عنه اولاً حقيقة ۱۲۔

الروایات: نادىٰ في الدر عن ابن جريج ليس هو نفسه ولكن امر ان ينادى ۱۲۔

اللغات: مقترنين يقترن بعضهم بعضا اسفونا اغضبونا ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ام انا بمعنى بل انتقال من الاستفهام الى الاخبار كقول الشاعر بدت مثل قرن الشمس في رونق الضحى۔ وصورتها ام انت في العين املح ۱۲۔

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿۵۷﴾ وَقَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ۭ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ۭ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿۵۹﴾ وَلَوْ نَشَاۗءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰۗىِٕكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۲﴾ وَلَمَّا جَاۗءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۴﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۶۵﴾

محض جھگڑنے کی وجہ سے بلکہ یہ لوگ ہیں ہی جھگڑالو عیسیٰ علیہ السلام تو محض ایک ایسے بندے ہیں جن پر ہم نے فضل کیا تھا اور ان کو بنی اسرائیل کے لئے ہم نے (اپنی قدرت کا) ایک نمونہ بنایا تھا اور اگر ہم چاہتے تو ہم تم سے فرشتوں کو پیدا کر دیتے ہیں کہ وہ زمین پر یکے بعد دیگرے رہا کرتے اور وہ (یعنی عیسیٰ علیہ السلام) قیامت کے یقین کا ذریعہ ہیں۔ تو تم لوگ اس (صحت) میں شک مت کرو اور تم لوگ میرا اتباع کرو یہ سیدھا رستہ ہے اور تم کو شیطان (اس راہ پر آنے سے) روکنے نہ پائے وہ بے شک تمہارا صریح دشمن ہے اور جب عیسیٰ معجزے لے کر آئے تو انہوں نے (لوگوں سے) کہا کہ میں تمہارے پاس سمجھ کی باتیں لے کر آیا ہوں اور تا کہ بعض باتیں جن میں تم اختلاف کر رہے ہو تم سے بیان کر دوں تو تم اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو بے شک اللہ تعالیٰ ہی میرا رب ہے سو اسی کی عبادت کرو۔ یہی (توحید کا) سیدھا رستہ ہے۔ سو مختلف گروہوں نے (اس بارے میں) باہم اختلاف ڈال لیا سو ان ظالموں کے لئے ایک پُر درد دن کے عذاب سے بڑی خرابی ہے۔

تفسیر ربط: اوپر آیت ﴿وَسْـَٔـلْ مَنْ اَرْسَلْنَا﴾ ... میں شرک کا ابطال کیا ہے اور اس سے پہلے بھی جا بجا یہ مضمون اثبات توحید و ابطال شرک کا آیا ہے آگے اس مضمون کے متعلق کفار کے ایک معاندانہ اعتراض کا جواب جس کا منشاء نصاریٰ کا عیسیٰ علیہ السلام کو معبود بنانا تھا اور اس کے بعد عیسیٰ علیہ السلام کے عابد اور داعی الی المعبود الواحد ہونے کے قصہ سے اصل مقصود توحید کی تائید ہے حکایت اس اعتراض کی یہ ہے کہ ایک بار ابطال شرک کی غرض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش سے فرمایا ليس احد يعبد من دون الله فيه خير یعنی کسی معبود غیر اللہ میں کچھ خیر نہیں بعض نے کہا کہ اس عموم میں تو عیسیٰ علیہ السلام بھی داخل ہیں حالانکہ آپ ان کی نسبت کہتے ہیں کہ وہ نبی تھے اور عبد صالح تھے اور ظاہر ہے کہ نصاریٰ نے ان کی عبادت کی ہے پس اگر آپ صادق ہیں تو وہ بھی مثل آلہہ

www.besturdubooks.net

مشرکین کے ہوئے اس پر یہ اگلی آیتیں نازل ہوئی اھ رواہ فی الدر المنثور بروایۃ احمد وابن ابی حاتم والطبرانی وابن مردویہ عن ابن عباسؓ مطلب یہ کہ اس بناء پر ہمارے آلہہ میں خیر نہ ہونا مستلزم ہے عیسیٰ علیہ السلام میں خیر نہ ہونے کو اور لازم منتفی ہے کیونکہ عیسیٰ علیہ السلام میں خیر ہونے کے آپ خود قائل ہیں پس ملزوم یعنی ہمارے آلہہ سے نفی خیر کی کرنا بھی منتفی ہوا۔ اور مقصود ان کا اس معارضہ سے جیسا کہ جواب قرآنی میں تامل کرنے سے ظاہر ہوتا ہے دوامر معلوم ہوتے ہیں۔ ایک آپ کے مضمون ابطال اشراک کا جواب دینا۔ دوسرا عیسیٰ علیہ السلام کی معبودیت کے وقوع سے صحت اشراک کی ثابت کرنا ان آیتوں میں دونوں کا جواب ہے۔ حاصل امر اول کے جواب کا یہ ہے کہ نفی خیریت جس سے مقصود ابطال اشراک ہے مقتضا ہے معبودیت من غیر اللہ کا اور مانع کے وقت مقتضی مؤثر نہیں ہوتا اور عیسیٰ علیہ السلام میں مانع موجود ہے۔ اور حاصل امر ثانی کے جواب کا یہ ہے کہ یہ وقوع معبودیت کا اس لئے حجت نہیں کہ اس کا کوئی منشاء صحیح نہیں بلکہ یہ خود عیسیٰ علیہ السلام کے خلاف ہے اور جو امور منشاء اشتباہ عابدین تھے ان کا بھی جواب دے دیا۔

ردِ خصومت مشرکین در توحید و بیان دعوت عیسویہ از پئے تائید: وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا (الی قولہ تعالی) فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ أَلِيمٍ﴿۶۵﴾ اور جب (عیسیٰ) ابن مریم (علیہ السلام) کے متعلق (معترض کی طرف سے) ایک عجیب مضمون بیان کیا گیا (جس کی تقریر تمہید میں موجود ہے اور اس اعتراض کو عجیب اس لئے فرمایا کہ سرسری نظر سے اس کا بطلان خود ان کو معلوم ہو سکتا تھا پس عقل رکھ کر ایسا اعتراض کرنا بہت عجیب ہے غرض جب وہ اعتراض کیا گیا) تو یکا یک آپ کی قوم کے لوگ اس (اعتراض کے سننے) سے (مارے خوشی کے) چلانے لگے اور (اس معترض کے ساتھ متفق ہو کر) کہنے لگے کہ (بتلایئے آپ کے نزدیک ہمارے معبود زیادہ بہتر ہیں یا عیسیٰ (علیہ السلام بہتر ہیں مقصود اس استفہام سے اخبار ہے کہ آپ عیسیٰ علیہ السلام کو تو یقیناً خیر سمجھتے ہیں حالانکہ آپ کے اس قول کہ لیس احد یعبد الخ مقتضا یہ ہے کہ ان میں اصلاً خیریت نہ ہو اور جب وہ خیر ہیں تو معبود من غیر اللہ میں عدم خیریت ثابت نہ ہوئی پس عبادت غیر اللہ کا بطلان ثابت نہیں ہوا بلکہ چونکہ جن کو آپ خیر کہتے ہیں خود اُن کی بھی عبادت ہوئی ہے اس لئے اشراک کی صحت ثابت ہو گئی۔ آگے اس اعتراض کا جواب ہے اول اجمالاً پھر تفصیلاً سو اجمالاً تو یہ کہ) ان لوگوں نے جو یہ (مضمون عجیب) آپ سے بیان کیا ہے تو محض جھگڑنے کی غرض سے (نہ کہ طلب حق کے لئے ورنہ خود ان پر اس مضمون کا بطلان مخفی نہ رہتا اور ان لوگوں کا جھگڑنا کچھ مخصوص اسی مضمون کے ساتھ نہیں) بلکہ یہ لوگ (اپنی عادت سے) ہیں ہی جھگڑالو (کہ اکثر امور حقہ میں جھگڑے نکالتے ہیں۔ آگے تفصیلاً جواب ہے یعنی) عیسیٰ (علیہ السلام) تو محض ایک ایسے بندے ہیں جن پر ہم نے (مقبولیت وکمالات نبوت سے اپنا) فضل کیا اور ان کو بنی اسرائیل کے لئے (اولاً اور دوسروں کے لئے بھی ثانیاً) ہم نے (اپنی قدرت کا) ایک نمونہ بنایا تھا (تاکہ لوگ استدلال کریں کہ خدا تعالیٰ کو اس طرح پیدا کرنا بھی کچھ مشکل نہیں اس سے دونوں امر کا جواب نکل آیا امر اول کا اس طرح کہ ان کا منعم علیہ ہونا مانع ہے خلوعن الخیریت کو پس اس مانع کی وجہ سے وہ مقتضی یعنی معبود من غیر اللہ ہونا مؤثر نہیں ہوا خلوعن الخیریت میں بخلاف اصنام کے وہاں مقتضی بلا مانع موجود ہے اور بخلاف شیاطین کے وہاں ایک دوسرا مقتضی بھی عدم خیریت کا یعنی ان کا کفر موجود ہے پس نفی خیریت آلہہ مزعومہ سے مستلزم نہ ہوئی نفی خیریت کو عیسیٰ علیہ السلام سے اور وجود خیریت کا عیسیٰ علیہ السلام میں مستلزم نہ ہوا حکم بنفی خیریت عن لاآلہہ کی عدم صحت کو۔ اور امر ثانی کا جواب اس سے اس طرح ہوا کہ مطلق خیریت مستلزم الوہیت نہیں کیونکہ ان کی خیریت یہی تھی کہ وہ عبد منعم علیہ تھے پس وجود خیریت کے وہ عبد تھے اور بناء ان کی خیریت کی عبد منعم علیہ ہونا تھا۔ رہا وقوع ان کی معبودیت کا سو اس سے استدلال صحت اشراک پر اس لئے غلط ہے کہ اس کا کوئی منشا صحیح نہیں جہلاء کو محض ان کی ولادت من غیر الاب سے اشتباہ ہو گیا سو خود اس میں منشائیت کی صلاحیت نہیں جیسا کہ ظاہر ہے ایسی ولادت محض حکمتوں سے ہوئی تھی ایک حکمت تو یہ کہ ہماری قدرت مطلقہ پر استدلال ہو کہ خدا سب کچھ کر سکتا ہے سو اس سے ان کی الوہیت پر استدلال کرنا نہایت غباوت ہے) اور (ہم تو اس سے زیادہ عجیب غریب امور پر قادر ہیں چنانچہ) اگر ہم چاہتے تو ہم تم سے فرشتوں کو پیدا کر دیتے (جس طرح تم سے تمہارے بچے پیدا ہوتے ہیں کقولہ تعالیٰ[1]: وجعل منہا زوجہا) کہ وہ زمین پر (مثل انسان کے) یکے بعد دیگرے رہا کرتے (یعنی پیدائش بھی مثل آدمیوں کے ہوتی اور موت بھی مثل آدمیوں کے اور یہ ولادت عیسیٰ من غیر الاب سے زیادہ عجیب ہے کیونکہ ولادت من غیر الاب بلکہ من غیر الاب والام خود ان سے پہلے ایک انسان کے لئے متحقق بھی ہو چکی ہے یعنی آدم علیہ السلام کے لئے پس یہ صفت نوع انسان سے چنداں مستبعد نہیں بخلاف اس امر کے کہ ملائکہ کی ولادت ووفات اس طرح کبھی واقع نہیں ہوئی پس یہ ان کی نوع سے زیادہ مستبعد ہے مگر خدا اس پر بھی قادر ہے پس اس ولادت من غیر الاب سے عیسیٰ علیہ السلام مقدوریت ومصنوعیت سے خارج نہیں ہوئے اور مصنوعیت ومقدوریت منافی ہے الوہیت کے پس یہ امر منشا صحیح معبودیت عیسویہ کا نہیں ہو سکتا بلکہ اس طرح پیدا ہونے میں بعض حکمتیں تھیں جن میں سے ایک تو مذکور ہو چکی وَجَعَلْنَٰهُ مَثَلًا ..... اور (دوسری حکمت یہ تھی کہ) وہ (یعنی عیسیٰ علیہ السلام اس طور سے پیدا ہونے میں امکان) قیامت کے یقین کا ذریعہ ہیں (اس طرح سے کہ قیامت میں دوبارہ زندہ ہونا بجز اس کے اور کیا استبعاد رکھتا ہے کہ خلاف عادت ہوگا سو اس واقعہ سے حق تعالیٰ کا قادر علی خلاف العادت ہونا ثابت ہو گیا پس صحت بعث کا علم ہو گیا اور چونکہ مشرکین توحید کی

www.besturdubooks.net

طرح خود قیامت میں بھی کلام رکھتے تھے اس لئے بعد جواب شبہ مذکورہ کے بمناسبت مضمون حکمت دوم کے قیامت کی صحت کو بھی بطور تفریع کے جملہ معترضہ کے طریق پر فرماتے ہیں کہ جب تم نے عیسیٰ علیہ السلام کی تخلیق من الاب سے صحت بعث کی سن لی) تو تم لوگ اس (کی صحت) میں شک مت کرو اور (توحید اور بعث میں جن پر یہاں دلیلیں میں نے قائم کی ہیں) اور اسی طرح دوسرے عقائد میں بھی جن پر دوسری جگہ دلائل قائم کئے ہیں تم لوگ میرا اتباع کرو یہ (مجموعہ جس کی طرف میں تم کو بلاتا ہوں) سیدھا رستہ ہے اور تم کو شیطان (اس راہ پر آنے سے) روکنے نہ پاوے وہ بے شک تمہارا صریح دشمن ہے اور (یہاں تک معبودیت عیسویہ سے صحت اشراک پر استدلال کا جواب تھا آگے خود عیسیٰ علیہ السلام کے مضمون دعوت سے اثبات توحید و ابطال اشراک کی تائید ہے یعنی) جب عیسیٰ (علیہ السلام کھلے کھلے) معجزے لے کر آئے تو انہوں نے (لوگوں سے) کہا کہ میں تمہارے پاس سمجھ کی باتیں لے کر آیا ہوں (تاکہ تمہارے عقائد کی اصلاح کروں) اور (نیز اس لئے آیا ہوں) تاکہ بعض باتیں (منجملہ عملیات و حلال و حرام کے) جن میں تم اختلاف کر رہے ہو تم سے بیان کر دوں (جس سے اختلاف و اشتباہ رفع ہو جاوے وہذا کقولہ تعالیٰ: وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ [آل عمران: ۵۰] اور چونکہ بنی اسرائیل میں تعنت و عناد کا غلبہ تھا عجب نہیں کہ کسی نے حلال کو حرام اور کسی نے حرام کو حلال کر لیا ہو بیان عیسوی سے دونوں کی تحقیق ہوگئی اور چونکہ بعض امور اپنی اصلی حالت پر بھی ہوں گے اس لئے لفظ بعض فرمایا اور ابن کثیر نے یہ تفسیر کی ہے کہ امور مختلف فیہا مختلف تھے بعضے دنیوی بعضے دینی انبیاء کا کام امور دینیہ کا بیان کرنا ہے نہ کہ دنیویہ کا اس لئے لفظ بعض فرمایا آگے تفریع ہے دلائل و غایات مذکورہ کے ساتھ آنے پر یعنی جب میں اس طرح آیا ہوں) تو تم لوگ اللہ سے ڈرو (اور میری نبوت کا انکار نہ کرو کہ خدا کی مخالفت ہے) اور میرا کہنا مانو (کہ لازم ہے تصدیق نبوت کے لئے اور عیسیٰ علیہ السلام نے یہ بھی کہا کہ) بے شک اللہ ہی میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے سو (صرف) اسی کی عبادت کرو (اور) یہی (توحید) سیدھا رستہ ہے سو (باوجود عیسیٰ علیہ السلام کے اس واشگاف بیان توحید کے پھر بھی) مختلف گروہوں نے (اس بارہ میں) باہم اختلاف ڈال لیا (یعنی خلاف توحید طرح طرح کے مذاہب ایجاد کر لئے چنانچہ اختلاف نصاریٰ و غیر نصاریٰ کا بھی توحید میں معلوم ہے) سو ان ظالموں (یعنی مشرکین اہل کتاب و غیر اہل کتاب) کے لئے ایک پُر دردوں کے عذاب سے بڑی خرابی (ہونے والی) ہے (پس اس دعوت عیسویہ سے خود توحید کی تائید ہوگئی پھر عابدین عیسیٰ علیہ السلام سے صحت اشراک پر استدلال کرنا معترض کا مصداق اس مثل کے ہے مدعی سست گواہ چست)۔ ف: الحمد للہ کہ توقع سے زیادہ یہ آیتیں حل ہوگئیں اور بندہ نے اس کی شان نزول میں وہ مشہور تقریر نہیں لی کہ جب اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ [الأنبیاء: ۹۸] نازل ہوئی تو ابن الزبعری نے اعتراض کیا کہ عیسیٰ علیہ السلام کے لئے بھی یہ حکم ثابت ہونا چاہئے اس پر یہ آیت اور وہاں کی آیت اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ ...... [الأنبیاء: ۱۰۱] نازل ہوئی وجہ اس کے نہ لینے کی یہ ہے کہ اس تقریر پر لازم آتا ہے کہ آیت: اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ [الأنبیاء: ۹۹] کا نزول مقدم ہو اور وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ ...... کا نزول مؤخر ہو حالانکہ اتقان میں سورۂ زخرف کو سورۂ انبیاء سے نزول میں مقدم کہا ہے اور بندہ کی تقریر پر یہ اشکال وارد نہیں ہوتا اور تقریر مشہور بھی چونکہ مبنی[۲] بر بعض روایات ہے اس لئے کہہ سکتے ہیں کہ تقدم سورۂ زخرف کا سورۂ انبیاء پر باعتبار اکثر آیات کے ہوگا۔ اور یہاں یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اعتراض کا کوئی جواب نہیں دیا کیونکہ روح المعانی تفسیر سورۂ انبیاء میں آپ کا جواب بسند نقل کیا ہے: بل هم عبدوا الشياطين التي امرتهم بذلك اھ جس کا حاصل تامل سے اسی تقریر کی طرف راجع ہے جو تفسیر میں لکھی گئی ہے اور اگر اس روایت سے قطع نظر کر لی جاوے تو یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ چونکہ اعتراض بدیہی الفساد اور محض مبنی علی العناد تھا اس لئے حاجت تصریح جواب نہ تھی گو جائز تھا اور اسی جواز کی بناء پر قرآن میں نازل ہوا اور اگر اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ [الأنبیاء: ۹۸] کا نزول پہلے مان لیا جاوے تو ایک جواب یہ بھی بدیہی نکلے گا کہ ما کا استعمال زیادہ متعارف غیر ذوی العقل کے لئے ہے پس مخصوص ہوگا جمادات وغیرہ کے ساتھ واللہ اعلم اور سورۂ مریم میں آیات: اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ ...... کو بندہ نے باقتضائے اس مقام کے قول محمدی پر محمول کیا ہے سو چونکہ دعوت جمیع انبیاء کی متحد ہوتی ہے اس لئے یہاں اور وہاں میں تعارض نہیں۔

الحواشی: (۱) یعنی جو معنی کلمہ من کے اس آیت میں ہیں وہی معنی من کے یہاں ہیں: لو نشاء لجعلنا منكم ۱۲ منہ۔ (۲) یعنی بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ شان نزول یہ ہے ۱۲ منہ۔

اختلاف القراءۃ: مع تفسيرها قوله تعالى اذا قومك منه يصدون قرأ ابن عامر ونافع والكسائي يصدون بضم الصاد من الصدود قال الكسائي والفراء يصدون بالكسر وبالضم لغتان بمعنى واحد مثل يعرشون ويعرشون ومعناهما يضجون وجوز ان يكون يعرضون (فالتفسير بالضجيج كما اخترته يستقيم على قول الكسائي) ولو فسر بالاعراض يكون المعنى اذا قومك من اجل ذلك يعرضون عن الحق بالجدل بحجة داحضة واهية وقيل المراد يثبتون على ما كانوا عليه من الاعراض (ولا تنافي بين المعنيين لان ضجيجهم كان منشأه الاعراض عن الحق) هذا محصل ما في الروح الا ما زيد بين القوسين ويكون تقرير التفسير على معنى الاعراض

www.besturdubooks.net

بالهندية هكذا یکا یک آپ کی قوم کے لوگ اس (اعتراض کو سن کر حق) سے اور زیادہ ہٹ گئے اور (اس معترض کے ساتھ متفق ہو کر) ہنسنے لگے الخ۔

اللغات: المثل الشئ العجيب من جو هر او عرض يصدون يضجون كذا فى القاموس لعلم يراد به ما يعلم به يخلفون يخلف بعضهم بعضا كذا فى المدارك والخازن ۱۲۔

النحو: مثلا تمييز اى ضرب وذكر المثل المتعلق بعيسٰى ضربة المعترض قوله ما ضربوه اى المثل قوله جدلا مفعول له قوله و لابين معطوف على مفهوم ما قبله اى جئتكم لأبين لكم الحكمة فى العلميات وبعض الذى تختلفون فيه فى العمليات ۱۲۔

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَىِٕذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا

ع ۱۱ الْمُتَّقِيْنَ ۝ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۝ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ

وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ۝ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ ۚ وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ

وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا

تَاْكُلُوْنَ ۝ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ۝ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ۝ وَمَا

ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ۝

یہ لوگ بس قیامت کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ ان پر دفعۃً آ پڑے اور ان کو خبر بھی نہ ہو تمام (دنیوی) دوست اس روز ایک دوسرے کے دشمن ہو جائیں گے بجز اللہ سے ڈرنے والوں کے (اور مومنین کو حق تعالیٰ کی طرف سے ندا ہوگی کہ) اے میرے بندو! تم کو آج کوئی خوف نہیں اور نہ تم غمگین ہوگے۔ (یعنی وہ بندے) جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے تھے اور ہمارے فرمانبردار تھے تم اور تمہاری (ایماندار) بیبیاں خوش خوش جنت میں داخل ہو جاؤ ان کے پاس سونے کی رکابیاں اور گلاس لائے جائیں گے (یعنی غلمان لائیں گے) اور وہاں وہ چیزیں ملیں گی جن کو جی چاہے گا اور جن سے آنکھوں کو لذت ہوگی اور تم یہاں ہمیشہ رہو گے اور (ان سے کہا جائے گا کہ) یہ وہ جنت ہے کہ جس کے تم مالک بنا دیئے گئے اپنے نیک اعمال کے عوض میں اور تمہارے لئے اس میں بہت سے میوے ہیں جن میں سے کھا رہے ہو۔ بے شک نافرمان (یعنی کافر) لوگ عذاب دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے وہ (عذاب) ان سے ہلکا نہ کیا جائے گا اور وہ اسی میں مایوس پڑے رہیں گے اور ہم نے ان پر (ذرا) ظلم نہیں کیا لیکن یہ خود ہی ظالم تھے اور پکاریں گے کہ اے مالک تمہارا پروردگار (ہم کو موت دے کر) ہمارا کام ہی تمام کر دے وہ (فرشتہ) جواب دے گا کہ تم ہمیشہ اسی حال میں رہو گے۔

تفسیر ربط: اوپر متصل کی آیات فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ... میں مشرکین کو تہدید تھی یوم قیامت سے و نیز اس کے اوپر وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ میں اور اس سے اوپر حَتّٰٓى اِذَا جَآءَنَا ... میں اس کا ذکر تھا آگے اس یوم سے کفار کی تہدید اور فریقین کے لئے وعدہ وعید مذکور ہے۔

تہدید کفار بساعت وجزائے اہل شقاوت وسعادت: هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ

یہ لوگ (جو باوجود وضوح حق کے باطل پر اصرار کر رہے ہیں تو) بس قیامت کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ ان پر [1] دفعۃً آ پڑے اور ان کو خبر بھی نہ ہو (انتظار سے باوجود انکار کے مجازاً یہ مراد ہے کہ ان کا استدلال کو نہ ماننا مشابہ اس شخص کی حالت کے ہے جیسے کوئی مشاہدہ کا منتظر ہو کہ اس وقت مانوں گا۔ اور لَا يَشْعُرُوْنَ کے یہ معنی ہیں کہ گو برزخ میں قیامت کا یقین ہو جاوے گا لیکن زیادہ انکشاف بطور عین الیقین وحق الیقین قیامت ہی میں ہوگا جو پہلے حاصل نہ تھا اس لئے شعور کی نفی کر دی اور اس روز کے واقعات یہ ہیں کہ) تمام (دنیوی) دوست اس روز ایک دوسرے کے دشمن ہو جاویں گے بجز خدا سے ڈرنے والوں (یعنی اہل ایمان) کے (کیونکہ باطل کی دوستی کا اس روز ضرر محسوس ہوگا تو لامحالہ اس سے کراہت اور دوستوں سے نفرت ہوگی کہ یہ لوگ موجب ضرر ہوئے اور حق دوستی کا نفع وثواب محسوس ہوگا اس لئے وہ باقی رہے گی۔ اور ان مومنین کو حق تعالیٰ کی طرف سے ندا ہوگی کہ) اے میرے بندو تم پر آج کوئی خوف (کی بات واقع ہونے والی) نہیں اور نہ تم غمگین ہوگے یعنی وہ بندے جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے تھے اور (علماً وعملاً) ہمارے فرمانبردار تھے تم اور تمہاری (ایماندار) بیبیاں خوش بخوش جنت میں داخل ہو جاؤ (اور جنت میں جانے کے بعد ان کے لئے یہ ہوگا کہ) ان کے پاس سونے کی رکابیاں (ماکولات سے بھری ہوئی) اور گلاس (مشروبات سے بھرے ہوئے سونے کے یا اور کسی چیز کے) لائے جاویں گے (یعنی غلمان لاویں گے کقولہ تعالیٰ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ا...) اور وہاں وہ چیزیں ملیں گی جن کو جی چاہے گا اور جن سے آنکھوں کو لذت ہوگی اور (ان سے کہا جاوے گا کہ) تم یہاں ہمیشہ رہو گے اور یہ بھی کہا

www.besturdubooks.net

جاوے گا کہ یہ وہ جنت ہے جس کے تم مالک بنا دئے گئے (تم سے کبھی نہ لی جاوے گی) اپنے (نیک اعمال کے عوض میں (اور) تمہارے لئے اس میں بہت سے میوے ہیں جن میں سے کھا رہے ہو (یہ تو اہل ایمان کا حال ہوا آگے کفار کا ذکر ہے کہ) بے شک نافرمان (یعنی کافر) لوگ عذاب دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے وہ (عذاب) ان (پر) سے ہلکا نہ کیا جاوے گا اور وہ اسی (عذاب) میں مایوس پڑے رہیں گے اور (آگے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ہم) نے ان پر (ذرا) ظلم نہیں کیا (کہ ناحق عذاب دیا ہو) لیکن یہ خود ہی ظالم تھے (کہ کفر و شرک کر کے اپنا نقصان کرلیا) اور (آگے ان کا بقیہ حال مذکور ہے کہ جب نجات سے بالکل مایوس ہو جاویں گے اس وقت موت کی تمنا کریں گے اور دوزخ کے داروغہ مالک نام فرشتہ کو) پکاریں گے کہ اے مالک (تم ہی دعاء کرو کہ) تمہارا پروردگار (ہم کو موت دے کر) ہمارا کام ہی تمام کر دے وہ (فرشتہ) جواب دے گا کہ تم ہمیشہ اسی حال میں رہو گے (نہ نکلو گے نہ مرو گے)۔ **ف**: اہل ایمان کے لئے جو عدم خوف حزن و دخول جنت وغیرہ فرمایا ہے یہ منافی نہیں عقوبت عصاۃ کے کیونکہ ایمان اور یہ امور کلیات مشککہ ہیں ایمان اکمل پر دخول اول مرتب ہے اور مطلق ایمان پر مطلق دخول فافهم اور ابلاس اور نداء کی تقریر سے وہ شبہ جاتا رہا جو بعض کو ہوا ہے کہ نا امیدی میں پکارنے سے کیا فائدہ سمجھا تھا۔

الحواشی: (۱) اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بغتةً کا حکم باعتبار نفس وقوع کے نہ ہو جیسا اوپر کی توجیہ میں تھا بلکہ باعتبار وقت وقوع کے ہو کیونکہ برزخ میں تعیین وقت کا علم ہونا کسی دلیل سے ثابت نہیں ۱۲ محشی۔

اللغات: قوله بصحاف فی الروح اعظم او افی الاکل الجفنة ثم القصعة ثم الصحفة ثم الکیلة اکواب فی القاموس کوز لا عروة له او لا خرطوم له جمعه اکوب ۱۵ ۱۲۔

النحو: قوله واکواب معطوف علی صحاف فیحتمل التقیید بالذهب وعدمه قوله منها تاکلون من ابتدائیة قوله لیقض التقدیر ادع ربك لیقض الخ ۱۲۔

لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ اَمْ
يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ ۭ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۸۰﴾ قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ڰ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۱﴾
سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ
يُوْعَدُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَاۗءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۴﴾ وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ
اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۸۷﴾ وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ
اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ۭ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾

ہم نے سچا دین تمہارے پاس پہنچایا لیکن تم میں اکثر آدمی سچے دین سے نفرت رکھتے ہیں۔ ہاں کیوں انہوں نے کوئی انتظام درست کیا ہے سو ہم نے بھی ایک انتظام درست کیا ہے۔ ہاں کیا ان لوگوں کا یہ خیال ہے کہ ہم ان کی چپکی چپکی باتوں کو اور ان کے مشوروں کو نہیں سنتے ہم ضرور سنتے ہیں اور ہمارے فرشتے ان کے پاس ہیں وہ لکھتے ہیں۔ آپ کہئے کہ اگر خدائے رحمٰن کے اولاد ہو تو سب سے اول اس کی عبادت کرنے والا میں ہوں آسمان اور زمین کا ملک ہو کہ عرش کا بھی مالک ہے ان باتوں سے منزہ ہے جو یہ مشرک لوگ بیان کر رہے ہیں تو آپ ان کو اسی شغل اور تفریح میں رہنے دیجئے یہاں تک کہ ان کو اپنے اس دن سے سابقہ واقع ہو جس دن کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے اور وہی ذات ہے جو آسمان میں بھی قابل عبادت ہے اور زمین میں بھی قابل عبادت ہے اور وہی بڑا علم والا اور بڑی حکمت والا ہے اور وہ ذات بڑی عالی شان ہے جس کے لئے زمین اور آسمان کی اور جو مخلوق اس کے درمیان میں ہے اس کی سلطنت ثابت ہے اور اسی کو قیامت کی (بھی) خبر ہے اور تم سب اسی کے پاس لوٹ جاؤ گے اور اللہ کے سوا جن معبودوں کو یہ لوگ پکارتے ہیں وہ سفارش تک کا اختیار نہ رکھیں گے ہاں جن لوگوں نے حق بات (یعنی کلمہ ایمان) کا اقرار کیا تھا اور وہ تصدیق بھی کیا کرتے تھے اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ ان کو کس نے پیدا کیا ہے تو یہی کہیں گے کہ اللہ نے سو یہ لوگ کدھر اُلٹے چلے جاتے ہیں اور اس کو رسول کے اس کہنے کی بھی خبر ہے کہ اے رب یہ ایسے لوگ کہ ایمان نہیں لاتے تو آپ ان سے بے رخ رہئے اور یوں کہہ دیجئے کہ تم کو سلام کرتا ہوں سو ان کو ابھی معلوم ہو جائے گا۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: اوپر کفار و مشرکین کی تعذیب کا تفصیلاً اور جرم کا اجمالاً ذکر تھا آگے خاتمہ میں جرم کا تفصیلاً اور تعذیب کا اجمالاً ذکر ہے چنانچہ اوپر اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ کا مجمل ہونا اور فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ سے مَّاكِثُوْنَ تک کا مفصل ہونا اور آگے يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ اور اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ اور فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ کا مجمل ہونا اور بقیہ آیات میں جرائم کا مفصل ہونا ظاہر ہے اور حاصل ان جرائم کا دو امر ہیں اشراک مع اللہ اور خلاف مع الرسول بلکہ دونوں امر کے تعلق سے صفح اور متارکت کا مضمون تسلیہ کے طور پر آ گیا ہے اور نفی شفاعت وغیرہ کا مضمون تاکید عذاب کے لئے آ گیا ہے۔

تعلیل عذاب نار بہ تفصیل جرائم کفار: لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ۝ (الی قولہ تعالی) فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ (اور علت ان عقوباتِ مذکورہ کی یہ ہے کہ) ہم نے سچا دین (جس میں رکن اعظم توحید و رسالت کا اعتقاد ہے) تمہارے پاس پہنچایا لیکن تم میں اکثر آدمی سچے دین سے نفرت رکھتے ہیں (اکثر یا تو اس لئے کہا کہ بعضے لوگ علم الٰہی میں آئندہ ایمان لانے والے تھے اور یا اس لئے کہ کراہت بعض کو تھی اور بعض محض بتقلید باطل تارک حق تھے پس کراہت سے مراد اس صورت میں طبعی کراہت ہوگی اور پہلی صورت میں کراہت اعتقادی اور کراہت حق میں اشراک مع اللہ اور خلاف مع الرسول دونوں آ گئے۔ آگے ان کی تفصیل ہے کہ) ہاں کیا انہوں نے (اضرار بالرسول کے بارہ میں) کوئی انتظام درست کیا ہے سو ہم نے بھی ایک انتظام درست کیا ہے (اور ظاہر ہے کہ خدائی انتظام کے سامنے ان کا انتظام نہیں چل سکتا چنانچہ آپ محفوظ رہے اور وہ لوگ ناکام اور آخر کو بدر میں ہلاک ہوئے اس کا مفصل ذکر سورۂ انفال رکوع چہارم آیت: وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا میں ہے) ہاں (یہ لوگ جو آپ کے اضرار کے لئے خفیہ تدبیریں کرتے ہیں) کیا ان لوگوں کو یہ خیال ہے کہ ہم ان کی چپکی چپکی (کہی ہوئی) باتوں کو اور ان کے (خفیہ) مشوروں کو نہیں سنتے (ورنہ اگر ہم کو سننے والا سمجھتے ہیں پھر ایسی جرأت کیوں کرتے ہیں پس یہ حسبان مجازی ہوگا اور ممکن ہے کہ بعض اغبیاء حقیقۃً ایسا سمجھتے ہوں کہ اللہ تعالیٰ نہیں سنتا جیسا بعض اسباب نزول سے معلوم ہوتا ہے اور روح المعانی نے سورۂ مجادلہ میں ابن سراقہ سے نقل کیا ہے کہ دو میں گفتگو ہونا سر ہے اور دو سے زیادہ میں نجوی ہے آگے ان کے اس خیال کو رد فرماتے ہیں کہ) ہم ضرور سنتے ہیں اور (علاوہ اس کے) ہمارے فرشتے (کاتبین اعمال) ان کے پاس ہیں وہ بھی لکھتے ہیں (گو اس کی حاجت نہ ہو مگر مصلحت ہے کہ موافق عادات عامہ ناس کے پولیس کی رپورٹ مجرم پر خود معائنہ حاکم سے اظہر فی الحجۃ ہے یہ تو بیان ہوا اُن کے خلاف مع الرسول کا آگے اس اجمال کی تفصیل کا دوسرا جزو مذکور ہے یعنی اشراک مع اللہ پس اس کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں کہ اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (ان مشرکین سے) کہئے کہ (تم جو اپنے بعض اقوال شرکیہ میں حق تعالیٰ کی طرف اولاد کی نسبت کرتے ہو لقولہ تعالیٰ: وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ [انبیاء: ۲۶] تو) اگر (بفرض محال ایسا ہو یعنی) خدائے رحمٰن کے اولاد ہو تو سب سے اول اس کی عبادت کرنے والا میں ہوں (جیسا تم ملائکہ کو بنات اللہ سمجھ کر ان کی عبادت کرتے ہو اسی طرح در صورت ولدیت کے میں بھی عبادت کرتا مطلب یہ کہ مجھ کو تمہاری طرح حق بات کے ماننے سے اباء و انکار نہیں تم اگر ثابت کر دو تو سب سے اول اس کو میں مانوں اور جب اس کو ولد اللہ مان لوں تو چونکہ خدا کی اولاد بھی خدا ہی ہونا چاہئے اور خدا مستحق عبادت ہے اس لئے میں اس کی عبادت بھی کروں مگر چونکہ یہ امر باطل محض ہے اس لئے میں نہ مانوں اور نہ عبادت کروں اور اس میں ایک لطیف اشارہ ہے وجہ ابطال کی طرف تقریر اس کی یہ ہے کہ معبودیت خواص وجوب وجود سے ہے پس اگر کوئی ولد اللہ ہوگا تو وجوب وجود اس کے لوازم سے ہے اس لئے وہ مستحق معبودیت ہوگا اور بدوں وجوب وجود نہ ولد ہو سکتا ہے کیونکہ ولد کا غیر مجانس ہونا عیب ہے اور نہ مستحق معبودیت ہو سکتا ہے پس تمہارا اعتقاد ملائکہ کی نسبت استحقاق عبودیت اور ولدیت کا بدون وجوب وجود کے جہل محض ہے اس کی پوری تقریر پارہ الم آیت وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا [البقرۃ: ۱۱۶] کی تفسیر میں گزری ہے آگے تنزیہ ہے شرک سے یعنی) آسمانوں اور زمین کا مالک جو کہ عرش کا بھی مالک ہے ان باتوں سے منزہ ہے جو یہ (مشرک) لوگ (اس کی جناب میں) بیان کر رہے ہیں (یہ بیان ہو گیا ان کے دوسرے جرم عظیم کا آگے ان کے اصرار علی الجرائم مع ہذہ البراہین العظائم پر کلمۂ فاء سے تفریع فرماتے ہیں کہ جب یہ باوجود وضوح حق کے اپنے عناد سے باز نہیں آتے) تو آپ ان کو اسی شغل اور تفریح میں رہنے دیجئے یہاں تک کہ ان کو اپنے اس دن سے سابقہ واقع ہو جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے (اس وقت سب حقیقت معلوم ہو جاوے گی اور رہنے دینے کا یہ مطلب نہیں کہ تبلیغ نہ کیجئے یعنی ان کی مخالفت کی طرف التفات نہ کیجئے اور ان کے ایمان نہ لانے سے محزون نہ ہوجئے اور چند کہ غایت ذرہم کی ان کی موت کا وقت ہے مگر چونکہ یوم الموت مقدمہ یوم موعود کا ہے اس لئے حکماً دونوں کو ایک قرار دے کر یوم موعود کو غایت کہہ دیا گیا) اور (آگے تاکید جرم اشراک کے لئے تاکید توحید کی ہے کہ ایسے امر ثابت بالدلائل میں انہوں نے مخالفت کی اور تاکید جرم کے ساتھ تاکید عقوبت کو بھی مفید ہے اس طرح سے کہ حکومت و تصرف میں وہی مستقل ہے اس کے مجرم کو کوئی اوپر ہو کر نہیں چھڑا سکے گا چنانچہ مابعد میں تامل کرنے سے دونوں تاکید مفہوم ہوتی ہیں غرض ارشاد ہوتا ہے کہ) وہی ذات ہے جو آسمانوں میں بھی قابل عبادت (اہلِ سمٰوات) ہے اور زمین میں بھی قابل عبادت (اہل ارض) ہے اور وہی بڑی حکمت والا اور بڑے علم والا ہے

www.besturdubooks.net

(اور کوئی علم وحکمت میں اس کا شریک نہیں پس الوہیت بھی اسی کے ساتھ خاص ہے یہ بمنزلہ دلیل ماسبق کے ہے) اور وہ ذات بڑی عالی شان ہے جس کے لئے آسمانوں کی اور زمین کی اور جو (مخلوق) ان کے درمیان میں ہے اس کی سلطنت ثابت ہے اور (علم ایسا کامل ہے کہ) اس کو قیامت کی خبر (بھی) ہے (جس پر کسی مخلوق کو اطلاع نہیں) اور (مالک جزا وسزا کا بھی وہی ہے چنانچہ) تم سب اسی کے پاس لوٹ کر جاؤ گے (اور اس کو حساب دو گے) اور (اس وقت اللہ تعالیٰ کا تفرد بالمجازاۃ ایسا ظاہر و باہر ہوگا کہ خدا کے سوا جن معبودوں کو یہ پکارتے ہیں وہ سفارش (تک) کا اختیار نہ رکھیں گے ہاں جن لوگوں نے حق بات (یعنی کلمۂ ایمان) کا اقرار کیا تھا اور وہ (دل سے) تصدیق بھی کیا کرتے تھے (وہ البتہ باذن الٰہی اہل ایمان کی سفارش کر سکیں گے مگر اس سے کفار کو کیا فائدہ) اور (ہم نے جو اوپر توحید کا مضمون بیان کیا ہے جس میں یہ لوگ خلاف کرتے ہیں سو اس کے مقدمات کو یہ بھی تسلیم کرتے ہیں چنانچہ) اگر آپ ان سے پوچھیں کہ ان کو (یعنی تم کو) کس نے پیدا کیا ہے تو یہی کہیں گے کہ اللہ نے (پیدا کیا ہے) سو (ایک مقدمہ خود ان کی تسلیم سے ثابت اور دوسرا بدیہی عقلی کہ **لا يكون مستحقا للعبادة الا من قدر على الخلق حقيقة لان العبادة غاية التعظيم فلا يستحقها الامن كان عظيما غاية العظمة ولا فتقار الى الخالق بنا في غاية العظمة** اور بدیہی بھی مثل مسلم کے ہوتا ہے پس) یہ لوگ (مقدمات کو مانتے ہیں مگر پھر مطلوب کے ماننے کے وقت خدا جانے) کدھر الٹے چلے جاتے ہیں (اور اس سے اور بھی جرم کی تاکید ہوگئی کہ ان کا یہ خلاف محض عناد سے ہے اور ظاہر ہے کہ معاند زیادہ مجرم ہوتا ہے) اور ان مضامین مذکورہ سے توحید کی تاکید تو ظاہر ہے کہ وہ الوہیت میں بھی متفرد ہے اور علم وحکمت میں بھی اور سلطنت میں بھی اور اقامت ساعت میں بھی اور مرجع الخلق بننے میں بھی اور حاکم بلا مزاحم و بلا معارض ہونے میں بھی حتیٰ کہ ادنیٰ درجہ کا معارضہ یعنی شفاعت بلا اذن بھی منفی ہے اور خالق ہونے میں بھی۔ اور اس سے تاکید جرم کی اس طرح ہوگئی کہ ایسی ذات کامل الصفات کی توحید کا انکار ضرور جرم عظیم ہے اور تاکید عقوبت کی اس طرح ہوگئی کہ جرم تو ان کا انکار توحید اور حاکم ایسا کہ الوہیت وحکمت وعلم کے ساتھ سلطنت وحکومت خاص اسی کی اور حساب کے وقت کا یعنی ساعت کا موافق اس کے علم کے آنا اور اس کے پاس حاضر کیا جانا ضرور اس طرح سے اس سے بچ کر کہیں چلا جانا محال اور شفعاء مفقود اور یہ سب امور اجمالاً خود ان کے اقرار تفرد فی الخالقیۃ سے ثابت کیونکہ جو وجود میں کسی کا محتاج نہیں چونکہ وجود اصل جمیع کمالات کی ہے وہ اور کمالات میں بھی کسی کا محتاج نہیں اور جو وجود میں مستقل نہیں وہ کسی کمال میں مستقل نہیں پس اس جواب لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ سے ان تمام امور مذکورہ کا اجمالاً اقرار لازم آ گیا پس عقوبت کی تاکید اثبات بالدلیل واستدلال سے تفصیلاً اور اقرار سے اجمالاً ہوگئی آگے تاکید عقوبت کے لئے ایک اور امر کا بیان فرماتے ہیں کہ جس طرح خدا تعالیٰ کو قیامت کی کہ وقت حساب کا ہے خبر ہے اسی طرح) اس کو رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اس کہنے کی بھی خبر ہے کہ اے میرے رب یہ ایسے لوگ ہیں کہ (باوجود میری اس درجہ فہمائش کے) ایمان نہیں لاتے (اور اس سے تاکید عقوبت کی اور بڑھ گئی یعنی امور مذکورہ مؤکدہ للعقوبت کے ساتھ رسول کی نالش موجود پس ایسی حالت میں سمجھ لینا چاہئے کہ کیسا سخت عذاب ہوگا۔ آگے اس عذاب کے وقوع پر بطور تفریع کے فرماتے ہیں کہ جب آپ کو معلوم ہوگیا کہ انکا انجام یہ ہونے والا ہے) تو آپ ان سے بے رُخ رہئے (یعنی ان کے ایمان کا اہتمام اور اس کی امید نہ کیجئے کیونکہ جب ان کا یہ انجام مقدر ہے تو یہ کیا ایمان لاویں گے) اور (اگر وہ آپ سے مخالفت اور جہالت اور شر کی بات کریں تو آپ رفع شر کے لئے) یوں کہہ دیجئے کہ تم کو سلام کرتا ہوں (اور کچھ نہیں کہتا اور نہ کچھ واسطہ رکھتا ہوں آگے حق تعالیٰ تسلیہ وصفح متارکت کی تاکید کے لئے بطور علت کے فرماتے ہیں کہ آپ چندے صبر کیجئے) سو ان کو ابھی (مرتے ہی) معلوم ہو جاوے گا۔ **ف**: الحمد للہ کہ آج چودھویں ربیع الثانی روز دوشنبہ ۱۳۲۵ھ کو سورۂ زخرف کی تفسیر ختم ہوئی اور سورۂ دخان کی شروع ہوئی **وصلى الله تعالى على خير خلقه محمد و آله واصحابه اجمعين آمين۔**

ملحقات الترجمة: ۱ **قوله في ام ابرموا** ہاں کیا **اشارة الى ان ام منقطعة وبل للانتقال من الاجمال الى التفصيل ۱۲۔**

الروايات: **في الدر برواية ابن جرير عن محمد بن كعب القرظي قال بينا ثلثة بين الكعبة واستارها قرشيان وثقفي او ثقفيان وقرشي فقال واحد منهم ترون ان الله يسمع كلامنا فقال واحد اذا جهرتم سمع واذا اسررتم لم يسمع فنزلت ام يحسبون انا لا نسمع سرهم ونجواهم الآية ۱۲۔**

اللغات: **قوله ابرموا في القاموس ابرم الامر احكمه قوله سرهم و نجواهم الفرق بينهما ان الاول مع غير الجماعة والثاني مع الجماعة ولو خفية ۱۲۔**

النحو: **قوله في السماء متعلق بالله بمعنى معبود ۱۲۔ قوله وقيله بالجر عطف على الساعة وفي قراءة النصب اما عطف على محل الساعة اى يعلم الساعة ويعلم قيله واما منصوب بالمصدرية من قال المقدر اى قال الرسول قيله والضمير المجرور عائد الى**

www.besturdubooks.net

الرسول المذكور في قوله تعالىٰ لئن سالتهم۔ وما ذكر من عطف قيله على الساعة كما في الروح نسب الى الزجاج والاعتراض عليه بالفصل هيّن وبضعف المعنى والتنافر غير مسلم ففي الكشف بعد ذكر تخريج الزجاج الجر ان الفاصل اعنى من قوله تعالىٰ واليه ترجعون الى يوفكون يصلح اعتراضا لان قوله سبحانه وعنده علم الساعة مرتبط بقوله تعالىٰ حتى يلاقوا يومهم الذى يوعدون على ما لا يخفى والكلام المسوق للوعيد البالغ بقوله تعالىٰ واليه ترجعون الى قوله عز وجل وهم يعلمون متصل بقوله عز وجل وعنده علم الساعة اتصال العصابلحاها وقوله تعالىٰ ولئن سألتهم خطاب لمن يتاتى منه السوال تتميم لذلك الكلام باستحقاقهم ما اوعدوه لعنادهم البالغ ومنه يظهر وقوع التعجب في قوله تعالىٰ فاني يوفكون وعلى هذا ظهر ارتباط وعلم قيله بقوله تعالىٰ وعنده علم الساعة وان الفاصل متصل بهما اتصالا يجل موقعه آه قلت وقد بينت وجه الارتباط نحوا من هذا في تقرير الترجمة باوضح بيان واكفاه فتدبر ١٢۔

البلاغة: قوله لقد جئناكم استيناف وكلام آخر مع قريش بعد خاتمة حال الفريقين قوله ام ابرموا فيه التفات قوله ان كان في الروح جئ بان دون لو جعل ما في حيزها بمنزلة ما لا قطع بعدمه على طريق المساهلة وارخاء العنان للتبكيت والافحام قوله في السماء اله وفي الارض اله في الروح وللاعتناء بكل من الٰهية تعالىٰ في السماء والٰهية عزوجل في الارض قيل وهو الذى في السماء اله وفي الارض اله ولم يقل وهو الذى في السماء والارض اله آه ١٢۔

www.besturdubooks.net

سورۃ الدخان

سورۃ الدخان ۴۴ مکیۃ ۶۴ | بسم اللہ الرحمن الرحیم | آیاتہا ۵۹ رکوعاتہا ۳

سورۃ الدخان مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۵۹ آیات اور ۳ رکوع ہیں

حٰمٓ ۝۱ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۲ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ۝۳ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ۝۴
اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ۭ اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝۵ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۶ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا
بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝۷ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَاۗىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۸ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ۝۹

حٰمٓ ۔ قسم ہے اس کتاب واضح کی کہ ہم نے اس کو (لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر) ایک برکت والی رات (یعنی شب قدر) میں اتارا ہے ہم آگاہ کرنے والے تھے اس رات میں ہر حکمت والا معاملہ ہماری پیشی سے حکم ہو کر طے کیا جاتا ہے۔ ہم بوجہ رحمت کے جو آپ کے رب کی طرف سے ہوتی ہے آپ کو پیغمبر بنانے والے تھے۔ بے شک وہ بڑا سننے والا جاننے والا ہے جو کہ مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو (مخلوق) ان دونوں کے درمیان میں ہے۔ اسکا بھی اگر تم یقین لانا چاہو اسکے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہی جان ڈالتا ہے اور وہی جان نکالتا ہے اور وہ تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے اگلوں باپ دادوں کا بھی پروردگار ہے بلکہ وہ شک میں ہیں کھیل میں مصروف ہیں۔

سورة الدخان مكية الا قوله اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ الاية وهي سبع او تسع و خمسون اٰية كذا في البيضاوى

تفسیر ربط: یہ سورت شروع ہوئی ہے رسالت و توحید سے اور اسی پر ختم ہوئی تھی سورت سابقہ اور بعد رسالت و توحید کے وعید ہے منکرین توحید کی اور تاکید وعید کے لئے نظیر ہے بعض اقوام سابقہ کی پھر ان ھؤلاء لیقولون میں نقل ہے انکار بعث کی پھر منکرین کو اس انکار پر بعض اقوام کے اہلاک سے دھمکا کر بعث کی صحت اور حکمت اور پھر اس کا وقوع اور پھر اس کے واقعات ذکر کیے گئے ہیں اور مثل افتتاح کے رسالت ہی کے مضمون پر سورت ختم ہوگئی ہے۔

تعظیم قرآن منزل و تعظیم رسول منزل علیہ و تعظیم رب منزل: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حٰمٓ ۝ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ (الی قولہ تعالیٰ) بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ۔ حٰمٓ ۔ (اس کے معنی اللہ کو معلوم ہیں) قسم ہے اس کتاب واضح (المعنیٰ) کی کہ ہم نے اس کو (لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر) ایک برکت والی رات (یعنی شب قدر) میں اتارا ہے (کیونکہ) ہم (بوجہ شفقت کے اپنے ارادہ میں اپنے بندوں کو) آگاہ کرنے والے تھے (یعنی ہم کو منظور ہوا کہ ان کو مضرتوں سے بچا لینے کے لئے خیر و شر کی اطلاع کر دیں یہ علت ہوئی تنزیل قرآن کی۔ آگے اس شب کی برکات و منافع بیان فرماتے ہیں کہ) اس رات میں ہر حکمت والا معاملہ ہماری پیشی سے حکم (صادر) ہو کر طے کیا جاتا ہے (یعنی سال بھر کے معاملات میں کہ سب ہی باحکمت ہیں جس طور پر اللہ تعالیٰ کو کرنا منظور ہے اس طور کو متعین کر کے اور ان کی اطلاع کارکن ملائکہ کو کر کے ان کے سپرد کر دیے جاتے ہیں چونکہ وہ رات ایسی ہے اور قرآن سب سے زیادہ امر حکیم تھا اس لئے اس کا نزول بھی اسی شب میں ہوا آگے بطور بدل کے تفسیر ہے: اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ کی یعنی یہ قرآن اس لئے نازل کیا گیا کہ) ہم بوجہ رحمت کے جو آپ کے رب کی طرف سے (یعنی ہماری طرف سے بندوں پر) ہوتی ہے آپ کو پیغمبر بنانے والے تھے (تا کہ آپ کی معرفت اپنے بندوں کو آگاہ کر دیں) بے شک وہ بڑا سننے والا بڑا جاننے والا ہے (اس لئے مصالح عباد کی رعایت کرتا ہے اور وہ ایسا ہے) جو کہ مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو (مخلوق) ان دونوں کے درمیان میں ہے اس کا بھی اگر تم یقین لانا چاہو (تو یہ دلائل توحید کے یقین لانے کے لئے کافی موجود ہیں آگے توحید کی تصریح ہے کہ) اس کے سوا کوئی لائق عبادت کے نہیں وہی جان ڈالتا ہے اور وہی جان نکالتا ہے وہ تمہارا بھی پروردگار ہے اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا بھی پروردگار ہے (اور اس تصریح و توضیح کا مقتضا تو یہ تھا کہ وہ لوگ مان لیتے مگر یہ لوگ پھر بھی نہیں مانتے) بلکہ وہ (توحید وغیرہ امور حقہ کی طرف سے) شک میں (پڑے) ہیں (اور دنیا کے) کھیل (کود) میں مصروف ہیں

www.besturdubooks.net

(آخرت کی فکر نہیں جو حق کو طلب کریں اس میں غور سے کام لیں یہ مذمت شرک کی بمناسبت مضمون توحید کے آ گئی اور تعظیم منزل کے لئے توحید بیان کی گئی)۔

ف: قرآن اور منزل قرآن کی تعظیم تو آیات میں مصرح ہے اور تعظیم رسول کی اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝ سے مفہوم ہے اور مرسلین کا مفعول یعنی رسولا حذف کر دینا اور رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ میں وضع مظہر موضع مضمر اس تعظیم کا اور زیادہ مؤکد ہے اور قرآن کی قسم کھانے کی تحقیق شروع سورۂ زخرف میں آ چکی ہے۔ مگر یہ یاد رہے کہ قسم محض نفس تنزیل کے اعتبار سے ہے کہ تامل فی القرآن اسی کیلئے مثبت ہے قطع نظر تقیید بالظرف سے اور لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ کی تفسیر اکثر نے شب قدر سے کی ہے اور اس باب میں آثار بھی ہیں چنانچہ سعید بن جبیر نے فرمایا ہے کہ پورا قرآن سمائے علیا سے سمائے دنیا پر شب قدر میں آ گیا پھر تھوڑا تھوڑا کئی سال میں نازل ہوتا رہا۔ اور ابن عباسؓ نے فرمایا ہے کہ سال بھر میں جو کچھ ہونے والا ہوتا ہے رزق و موت و حیات و بارش وغیرہ وہ سب شب قدر میں لوح محفوظ سے نقل کر لیا جاتا ہے۔ یہ دونوں روایتیں در منثور میں ہیں اور پہلی روایت سے اس شبہ کا بھی جواب ہو گیا کہ قرآن تو نجماً نجماً تئیس (۲۳) سال میں آیا ہے پھر شب قدر میں آنے کے کیا معنی۔ جواب کی تقریر ظاہر ہے اور بعض نے لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ کی تفسیر لیلۃ البراءۃ سے کی ہے اس بناء پر کہ روایات میں اس کی نسبت بھی واقعات سالانہ کا فیصلہ ہونا آیا ہے لیکن چونکہ کسی روایت میں اس میں قرآن کا نزول وارد نہیں اور شب قدر میں نزول خود قرآن میں مذکور ہے: اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ [القدر: ۱] اسلئے یہ تفسیر صحیح نہیں معلوم ہوتی اور واقعات کا فیصل ہونا اس شب میں اس کو مستلزم نہیں کہ قرآن میں جو لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ آیا ہے اس سے یہی مراد ہو غایت مافی الباب اسکا قائل ہونا پڑے گا کہ دونوں شب میں واقعات فیصل ہوتے ہیں تو کچھ بعید نہیں بلکہ ممکن ہے کہ واقعات لکھ تو لئے جاتے ہوں شب براءت میں اور سپرد کئے جاتے ہوں شب قدر میں جیسا کہ روح المعانی میں ابن عباسؓ کا ایک قول بلا سند بعینہ یہی نقل کیا ہے اور احتمال کے لئے ثبوت کی حاجت نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله فی امر حکیم** سب ہی باحکمت ہیں **اشارة الی انه قید واقعی ۱۲۔**

اللغات: **یفرق یفصل ویلخص حکیم ذات حکمة کتامر و لابن ۱۲۔**

النحو: **قوله امرا مفعول مطلق لیفرق من غیر لفظه ومن عندنا صفة امرا کما اظهرته اتم اظهار بترجمتی قوله رب السمٰوٰت نعت من ربك ۱۲۔**

فَارْتَقِبْ یَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیْنٍ ۝ یَّغْشَی النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝ اَنّٰی لَهُمُ الذِّكْرٰی وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِیْنٌ ۝ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ۝ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِیْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ۝ یَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰی ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ۝

وقف لازم — وقف لازم

سو آپ (ان کے لئے) اس روز کا انتظار کیجئے کہ آسمان کی طرف سے ایک نظر آنے والا دھواں پیدا ہو جو ان سب لوگوں پر عام ہو جائے یہ بھی ایک دردناک سزا ہے۔ اے ہمارے رب ہم سے اس مصیبت کو دور کر دیجئے ہم ضرور ایمان لے آئیں گے ان کو اس سے کیا نصیحت ہوتی ہے حالانکہ (اس سے قبل) ان کے پاس ظاہر شان کا پیغمبر آیا پھر بھی یہ لوگ اس سے سرتابی کرتے رہے اور یہی کہتے رہے (کسی دوسرے بشر کا) سکھایا ہوا ہے دیوانہ ہے ہم چندے اس عذاب کو ہٹا دیں گے تم پھر اپنی اس حالت پر آ جاؤ گے جس روز ہم بڑی سخت پکڑ پکڑیں گے اور اس روز ہم (پورا) بدلہ لیں گے۔

تفسیر ربط: اوپر توحید اور قرآن و رسالت کا حق ہونا مذکور تھا آگے ان امور حقہ کے منکرین کی وعید ہے۔

وعید منکرین حق مبین: فَارْتَقِبْ یَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ (الی قوله تعالٰی) اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ۝ (اور جب وضوح حق پر بھی یہ لوگ نہیں مانتے کما دل علیہ قولہ تعالیٰ: هُمْ فِیْ شَكٍّ یَّلْعَبُوْنَ ۝) سو آپ (ان کے لئے) اس روز کا انتظار کیجئے کہ آسمان کی طرف ایک نظر آنے والے دھواں پیدا ہو جو ان سب لوگوں پر عام ہو جاوے یہ (بھی) ایک دردناک سزا ہے (جو ان کو ہوگی مراد اس سے غلہ کا قحط ہے جس میں اہل مکہ مبتلا ہوئے تھے جس کا حقیقی سبب بددعا تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جب یہ لوگ عناد میں زیادہ بڑھ گئے اور یہ بددعا ایک بار مکہ میں ہوئی تھی ایک بار مدینہ میں کذا فی روح المعانی تفسیر سورۃ المؤمنین آیۃ: حَتّٰۤی اِذَا فَتَحْنَا عَلَیْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِیْدٍ [۷۷] عن السیرۃ الحلبیۃ اور ظاہری سبب اس کا جیسا روح میں ہے یہ تھا کہ جب ثمامہ رئیس یمامہ مدینہ میں مسلمان ہو گئے اور کفار مکہ نے ان پر ملامت کی انہوں نے غلہ آنا یمامہ سے بند کر دیا اور مکہ میں غلہ کی آمد وہاں ہی سے تھی اور بارش بھی بند ہو گئی کذا فی الدر عن البیہقی اہل مکہ بھوکے مرنے لگے اور قاعدہ ہے کہ شدت کی بھوک اور خشکی میں جو یعنی مابین ارض و سماء کے اندر دھواں سا آنکھوں کے سامنے نظر آیا کرتا ہے اس کو دخان فرمایا غرض اہل مکہ اپنی جانوں سے تنگ آ گئے اور لگے عاجزی کرنے چنانچہ پیشینگوئی کے طور پر فرماتے ہیں کہ اس وقت جناب باری میں عرض کریں گے کہ (اے ہمارے رب ہم سے اس مصیبت کو دور کر دیجئے ہم ضرور ایمان لے آویں گے) (چنانچہ یہ پیشینگوئی اس طرح پوری ہوئی کہ ابوسفیان اور دیگر قریش

www.besturdubooks.net

نے آپ کولکھا بھی اور آئے بھی کہ آپ دعاء کریں اور ثمامہ کو سمجھاویں کذا فی الدر والروح۔ اور صاحب روح نے تفسیر سورۂ دخان میں ابوسفیان کا وعدہ ایمان بھی نقل کیا ہے آگے ان کے اس وعدہ کا صدق دل سے نہ ہونا ارشاد فرماتے ہیں کہ) ان کو (اس سے) کب نصیحت ہوتی ہے (جس سے توقع ان کے ایمان کی کی جاوے) حالانکہ (اس کے قبل) ان کے پاس ظاہر شان کا پیغمبر آیا (یعنی جس کی شان نبوت ظاہر تھی) پھر بھی یہ لوگ اس سے سرتابی کرتے رہے اور یہ کہتے رہے کہ (کسی دوسرے بشر کا) سکھایا ہوا ہے (کما مر فی سورۃ النحل من قولہ تعالیٰ: اِنَّمَا یُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ [۱۰۳] اور) دیوانہ ہے (پس جب اتنے بڑے رسول کے آنے پر کہ جس کے دلائل رسالت میں کوئی تاویل ہی نہیں ہوسکتی یہ لوگ ایمان نہیں لائے تو قحط کے ہونے پر جس میں بے انصاف آدمی یہ بھی احتمال نکال سکتا ہے کہ یہ ایک معمولی واقعہ اسباب طبعیہ سے ہے سزائے کفر نہیں ہے کب امید ایمان لانے کی ہے یہ ان کا کہنا محض دفع الوقتی ہے کہ کسی طرح کام نکل جائے اور مصیبت ٹل جائے مگر خیر) ہم (حجت تمام کرنے کے لئے) چندے اس عذاب کو ہٹا دیں گے (مگر) تم پھر اپنی اسی (پہلی) حالت (اصرار و استکبار وعدم استکانت وعدم تضرع) پر آجاؤ گے (چنانچہ یہ پیشین گوئی اس طرح پوری ہوئی کہ آپ نے دعاء فرمائی بارش ہوئی اور ثمامہ کو بھی خط لکھا کہ غلہ آنے دیں اور اہل مکہ کو فارغ البالی میسر ہوئی مگر ایمان تو کیا لاتے وہ نرمی اور شکستگی بھی جاتی رہی پھر وہی زور اور وہی شور اور قَلِيْلًا اس لئے فرمایا کہ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ [النساء: ۷۷] کیونکہ اس کشف عذاب کی حد محض مدت حیات دنیویہ تک ہے پھر مرنے کے بعد جو مصیبت آوے گی اس کا کہیں خاتمہ نہیں چنانچہ ارشاد ہے کہ) جس روز ہم بڑی سخت پکڑ پکڑیں گے (اس روز) ہم (پورا) بدلہ لیں گے (یعنی آخرت میں پوری سزا ہوگی)۔

ف: یہ روایتیں جو تقریر تفسیر میں لکھی گئی ہیں روح اور درمنثور اور بخاری سے لکھی گئی ہیں اور بعض روایات میں آیا ہے کہ ایک دخان قریب قیامت کے آوے گا مگر ابن مسعودؓ نے اس آیت کی تفسیر اس سے کرنا پسند نہیں کیا اور کسی سند صحیح سے یہ بھی ثابت نہیں کہ دخان قریب قیامت والے کا ذکر بطور تفسیر کے فرمایا گیا ہو۔ اور تفسیر مختار پر شبہ نہ کیا جاوے کہ یہ دخان تو خیالی ہوتا ہے اس کو مبین کیسے فرمایا اصل یہ ہے کہ وہ خیالی نہیں ہوتا واقعی ہوتا ہے کیونکہ حقیقت اس کی بخارات ہیں گو ضعیف القوام ہو اور روح میں بعض عرب سے نقل کیا ہے: تسمی الشر الغالب دخانا یعنی ہر شر غالب دخان کہلاتا ہے اور وجہ اس کی یہ بیان کی ہے کہ دخان سے تاذی ہوتی ہے تو ہر موذی کو تشبیہاً دخان کہہ دیتے ہیں اور مراد اس سے یہاں قحط ہوگا اور اس کا موجود واقعی ہونا ظاہر ہے اور اس کا سماء کی طرف ہونا بایں معنی ہے کہ سماء سے مراد مطلق جہت علو اور بخارات کا ارتفاع جہت علو میں ظاہر ہے و نیز مطر بھی اول اسی جہت میں آتا ہے اور اس سے زمین میں آتا ہے پس وہ امطار و عدم امطار دونوں کا محل اول ہے اور بندہ نے تقریر تفسیر میں جابجا پیشین گوئی اس لئے کہا کہ فَارْتَقِبْ قرینہ ہے کہ یہ آیتیں قبل وقوع ان واقعات کے آئی ہیں: يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ ...... تو قبل واقع دخان کے اور اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ بعد واقعہ دخان قبل زوال دخان کے اور بعض روایات میں جو: فَارْتَقِبْ ...... کا نزول بعد وقوع دخان کے آیا ہے غالباً اس وقت حضور ﷺ نے اس آیت کی تلاوت فرمادی ہوگی راوی کو اس وقت نزول مظنون ہوا یا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ میں تاویل کرلی جاوے کہ فظهر مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ ...... واللہ اعلم۔ اور چونکہ کشف عذاب بعد ہجرت ہوا ہے اس لئے اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ کا مدنی ہونا بھی صحیح ہوگیا جیسا کہ بیضاوی وغیرہ نے کہا ہے اور مکیت نزل بھی فی نفسہ اشکال نہیں کیونکہ یہ بھی پیشین گوئی ہے خواہ کتنی ہی مقدم ہو جیسا کہ بعض نے کہا ہے لیکن درمنثور میں ایک روایت ہے کہ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ بعد زوال دخان کے نازل ہوئی اس سے مدنیت کو ترجیح ہوتی ہے گو اس صورت میں پیشین گوئی نہ ہوگی بلکہ اسم فاعل بمعنی ماضی کے ہوگا اور اگر اس آیت کو پیشین گوئی ہی پر محمول کیا جاوے تو روایت نزول بعد الدخان کی یہ توجیہ ہوگی کہ آپ نے بعد زوال دخان کے تلاوت فرمادی ہو اور راوی کو اس وقت نزول مظنون ہوگیا ہو جیسا اوپر فَارْتَقِبْ ...... میں ایک جواب یہ بھی دیا گیا ہے واللہ اعلم۔

النحو: قوله يوم نبطش معمول لما دل عله قوله تعالىٰ انا منتقمون اى انا منتقم يوم نبطش لانا منتقمون ۱۲۔

البلاغة: قوله تاتي السماء لم يسند اليه عز وجل مع انه سبحانه الفاعل حقيقة ليكون الكلام مع سابقه المتضمن اسنادنا هو رحمة اليه تعالىٰ شانه على وزان قوله تعالىٰ انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ۱۲۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۷﴾ اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ۭ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۸﴾ وَّاَنْ

لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّيْٓ اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹﴾ وَاِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِيْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿۲۱﴾ فَدَعَا رَبَّهٗٓ

اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ فَاَسْرِ بِعِبَادِيْ لَيْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ۭ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَمْ تَرَكُوْا

مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۲۵﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۲۶﴾ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ﴿۲۷﴾ كَذٰلِكَ ۣ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿۲۸﴾ فَمَا بَكَتْ

www.besturdubooks.net

ع ۲۹/۱۴ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۳۰﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ

اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ﴿۳۳﴾

اور ہم نے ان سے پہلے قوم فرعون کو آزمایا تھا اور (وہ آزمائش یہ تھی کہ) ان کے پاس ایک معزز پیغمبر آئے تھے کہ ان اللہ کے بندوں (یعنی بنی اسرائیل) کو میرے حوالہ کر دو۔ میں تمہاری طرف (اللہ کا) فرشتہ (ہو کر آیا) ہوں دیانت دار ہوں اور یہ (بھی فرمایا) کہ تم اللہ سے سرکشی مت کرو میں تمہارے سامنے ایک واضح دلیل (اپنی نبوت کی) پیش کرتا ہوں اور میں اپنے پروردگار اور تمہارے پروردگار کی پناہ لیتا ہوں اس سے کہ تم لوگ مجھ کو پتھر (یا غیر پتھر) سے قتل کرو اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو تم مجھ سے الگ ہی رہو۔ تب موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب سے دعا کی کہ یہ بڑے سخت مجرم لوگ ہیں تو اب میرے بندوں کو تم رات ہی رات میں لے کر چلے جاؤ تم لوگوں کا تعاقب ہوگا اور تم اس دریا کو سکون کی حالت میں چھوڑ دینا ان کا سارا لشکر ڈبو یا جائے گا۔ وہ لوگ کتنے ہی باغ اور چشمے (یعنی نہریں) اور کھیتوں اور عمدہ عمدہ مکانات اور آرام کے سامان جس میں خوش رہا کرتے تھے چھوڑ گئے (یہ قصہ) اسی طرح ہوا اور ہم نے ایک دوسرے قوم کو ان کا مالک بنا دیا نہ تو ان پر آسمان اور زمین کو رونا آیا اور نہ ان کو مہلت دی گئی اور ہم نے بنی اسرائیل کو سخت ذلت کے عذاب یعنی فرعون (کے ظلم وستم) سے نجات دی واقعی وہ بڑا سرکش (اور) حد (عبودیت) سے نکل جانے والوں میں سے تھا اور (اس کے علاوہ) ہم نے بنی اسرائیل کو اپنے علم کی رو سے (بعض امور میں) تمام دنیا جہان والوں پر فوقیت دی اور ہم نے ان کو ایسی نشانیاں دیں جن میں صریح انعام تھا۔

تفسیر ربط: اوپر منکرین کی وعید تھی آگے قصہ عقوبت فرعون سے اس وعید کی تاکید ہے۔

قصہ فرعون مشہور برائے تاکید وعید مذکور: وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ (الی قولہ تعالی) وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ اور ہم نے ان سے پہلے قوم فرعون کو آزمایا تھا اور (وہ آزمائش یہ تھی کہ) ان کے پاس ایک معزز پیغمبر (یعنی موسیٰ علیہ السلام) آئے تھے (پیغمبر کے آنے سے آزمائش یہ ہوتی ہے کہ کون ایمان لاتا ہے اور کون نہیں لاتا اور انہوں نے آکر فرعون اور فرعون کی قوم سے فرمایا) کہ ان اللہ کے بندوں (یعنی بنی اسرائیل) کو جن کو تم نے طرح طرح کی تکالیف میں پھنسا رکھا ہے) میرے حوالے کر دو (اور ان سے دستبردار ہو جاؤ کہ میں جہاں اور جس طرح مناسب ہو ان کو آزاد کر کے رکھوں) میں تمہاری طرف (خدا کا) فرستادہ (ہو کر آیا) ہوں (اور) دیانت دار ہوں (کوئی بات وحی سے کمی بیشی نہیں کرتا ہوں جو حکم ہوتا ہے پہنچاتا ہوں پس تم کو ماننا چاہئے) اور یہ (بھی فرمایا) کہ تم خدا سے سرکشی مت کرو (اوپر حق العباد کا امر تھا اور یہاں حق اللہ کا) میں تمہارے سامنے ایک واضح دلیل (اپنی نبوت کی) پیش کرتا ہوں (مراد اس سے معجزہ عصا و ید بیضا ہے) اور (جب فرعون و اہل فرعون نے نہ مانا بلکہ باہم مشورہ آپ کے قتل کا ہوا لقولہ تعالی: اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا ...... [الأعراف: ۱۲۷] وقولہ تعالی: ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى ...... [المؤمن: ۲۶] اس وقت آپ نے سن کر فرمایا کہ) میں اپنے پروردگار اور تمہارے پروردگار کی پناہ لیتا ہوں اس سے کہ تم لوگ مجھ کو پتھر[ط] (یا غیر پتھر) سے قتل کرو اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو تم مجھ سے الگ ہی رہو (یعنی میری ایذا و اضرار کے درپے مت ہو کیونکہ مجھ کو تو کوئی ضرر نہ ہوگا مجھ سے وعدہ ہے: فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ...... [القصص: ۳۵] لیکن تمہارا جرم اور زیادہ شدید ہو جاوے گا اس لئے خیر خواہی سے کہتا ہوں کہ ایسا مت کرو مگر وہ کب باز آتے تھے) تب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے رب سے دعاء کی کہ یہ بڑے سخت مجرم لوگ ہیں (کہ جرائم سے باز نہیں آتے اب ان کا فیصلہ کر دیجئے ارشاد ہوا کہ ہم نے دعاء قبول کی اور ان کے فیصلہ کا وقت آ گیا) تو اب میرے بندوں (یعنی بنی اسرائیل) کو تم رات ہی رات میں لے کر چلے جاؤ (کیونکہ) تم لوگوں کا (فرعون کی طرف سے) تعاقب (بھی) ہوگا (اس لئے رات میں نکل جانے سے اتنی دور تو نکل جاؤ گے کہ یہ تعاقب کر کے تم کو پا نہ سکے) اور اثنائے سفر میں جو دریا حائل ہوگا) تم اس دریا کو (اول عصا مارنا کہ وہ خشک ہو کر راستہ دے دے گا پھر پار ہونے کے بعد جب اس کو اسی حالت پر دیکھو تو فکر نہ کرنا کہ اسی طرح فرعون بھی شاید پار ہو جاوے گا بلکہ تم اس کو اسی) سکون کی حالت میں (یعنی اس کی ہیئت پر جو کہ پانی کے ہٹ جانے سے اور رستہ کے خشک ہو جانے سے حاصل ہوئی ہے اس پر) چھوڑ دینا (اور بے فکر رہنا کیونکہ اس کے اس حالت میں رہنے کی یہ حکمت ہے کہ) ان (فرعونیوں) کا سارا لشکر (اس دریا میں) ڈبو یا جاوے گا (اس طرح کہ وہ اس میں گھسیں گے اور جب اس میں آ جاویں گے تو چہار طرف سے پانی آ ملے گا اور حالت مذکورہ کو سکون کہنے کی وجہ ظاہر ہے کہ ہیئت حاصلہ میں بھی تغیر نہ ہوا جو کہ ایک قسم کی حرکت فی الکیف ہے اور پانی بھی جہاں کا تہاں رہ گیا وہ بھی اس راستہ کے سطح پر نہ آوے گا جو کہ حرکت فی الاین ہے اسی کو روح میں کہا ہے ساكنا على هيئته قارا على حاله من انتصاب الماء وكون الطريق يبساً چنانچہ اسی طرح واقع ہوا کہ موسیٰ علیہ السلام پار ہو گئے اور فرعونی غرق ہوئے اور) وہ لوگ کتنے ہی باغ اور (کتنے ہی) چشمے (یعنی نہریں) اور (کتنی ہی) کھیتیاں اور (کتنے ہی) عمدہ مکانات اور (کتنے ہی) آرام کے سامان جس میں وہ خوش رہا کرتے تھے چھوڑ گئے (یہ قصہ) اسی طرح ہوا (مقصود) اس سے

www.besturdubooks.net

تجدید تہدید ہے) اور ہم نے ایک دوسری قوم کو ان کا مالک بنا دیا (مراد بنی اسرائیل ہیں جیسا دوسری آیت میں ہے: وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ [الشعراء: ۵۹]) سو (بوجہ ان کی غایت مبغوضیت اور مغضوبیت کے) نہ تو ان پر آسمان و زمین کو رونا آیا (اور یہ اثر ہے مبغوضیت کا) اور ہم نے (اس طور پر) بنی اسرائیل کو سخت ذلت کے عذاب یعنی فرعون (کے ظلم و ستم) سے نجات دی واقعی وہ (فرعون) بڑا سرکش (اور) حد (عبودیت) سے نکل جانے والوں میں سے تھا (ایک نعمت تو بنی اسرائیل پر یہ ہوئی) اور (اس کے علاوہ) ہم نے بنی اسرائیل کو (اور بھی نعمتیں دے کر) اپنے علم (اور حکمت) کی رو سے (بعض امور میں تمام) دنیا جہان والوں پر (یا کل امور میں ایک بڑے حصہ مخلوق پر مثلاً اس زمانہ کے لوگوں پر) فوقیت دی اور (ان نعمتوں میں علاوہ معنی انعام ہونے کے دلالت علی القدرۃ بھی تھی جس کا حاصل یہ ہے کہ) ہم نے ان کو (اپنی قدرت کی) ایسی (بڑی بڑی) نشانیاں دیں جن میں صریح انعام (پایا جاتا) تھا (یعنی وہ امور جامع تھے درمیان دونوں وصف کے نعمت ہونا دلیل قدرت ہونا پھر بعض ان میں حسی نعمت تھی جیسے : انجاء من فرعون جس کو غایت ظہور کی وجہ سے سب سے مقدم بیان فرمایا اور بعض ان میں معنوی نعمتیں تھیں جیسے علم و کتاب و مشاہدۂ معجزات)۔

ف: وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِیْنَ ﴿۲۸﴾ کے متعلق ضروری تحقیق سورۂ اعراف رکوع : وَلَقَدْ اَخَذْنَآ ...... [۱۳۰] میں اور سورۂ شعراء رکوع: وَاَوْحَیْنَآ ...... [۵۲] میں گزر چکی ہے اس مقام پر روح المعانی کا اتنا مضمون اس تحقیق کے بعض احتمالات کی ترجیح کے لئے اور لکھتا ہوں کہ بنی اسرائیل کے مصر میں واپس آنے کے حسن قائل ہوئے ہیں اور قتادہ اس لئے منکر ہوئے کہ مشہور تواریخ اس کے خلاف ہیں اور اَوْرَثْنٰهَا کے معنی تمکین من التصرف کے ہو سکتے ہیں جو واپسی پر موقوف نہیں اور بعض نے حسن کے قول کو بوجہ ظاہری موافقت کتاب اللہ کے ترجیح دی ہے اور کہا ہے کہ تواریخ کا اور کتب یہود کا کچھ اعتبار نہیں اور بکاء سماء و ارض مؤمن کے واسطے حدیث میں آیا ہے چنانچہ ترمذی میں ہے کہ رسول مقبول ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مؤمن جب مر جاتا ہے تو آسمان کا ایک وہ دروازہ جس میں سے اس کے عمل کا صعود ہوتا تھا اور ایک وہ دروازہ جس میں سے اس کے رزق کا نزول ہوتا تھا اس پر روتے ہیں اور آپ نے یہ آیت پڑھی اھ اور روح میں بیہقی سے ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ زمین مؤمن کے مرنے پر چالیس دن تک روتی ہے اور ابن المنذر سے ہے کہ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ جب مؤمن مرتا ہے تو زمین میں اس کے نماز پڑھنے کی جگہ اور آسمان میں اس کے عمل صعود کرنے کی جگہ اس پر روتی ہیں اھ اور ابن جریر نے حضرت ابن عباسؓ سے بھی اس مضمون کو کئی سندوں کے ساتھ نقل کیا ہے پس آیت میں اس کے قائل ہونے کی ضرورت نہیں کہ یہ مجاز ہے ان کے وجود کے غیر معتد بہ ہونے سے اور یہ کہ بکاء استعارہ تمثیلیہ ہے کہ کسی کی شدت موت و عظمت موت کو اس شخص کے حال سے تشبیہ دی جاوے جس پر آسمان و زمین کا رونا فرض کر لیا جاوے وجہ یہ کہ جب حقیقی معنی بن سکیں مجاز لینا نہ چاہئے اور حقیقی معنی کے لئے کوئی امر مانع نہیں اور روایات مرجح ہیں اور شعور بقدر ضرورت ان اشیاء میں ثابت ہے جیسا سورۂ بنی اسرائیل آیت : وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ ...... [۴۴] میں لکھا گیا ہے اور عَلٰی عِلْمٍ کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے ہر کام میں حکمت ہوتی ہے پس ان کو فوقیت دینا چونکہ ہمارے علم میں متضمن بر مصالح و حکم تھا اس لئے ہم نے ان کو فوقیت دیدی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِنِّیْ عُذْتُ بِرَبِّیْ وَرَبِّکُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ﴿۲۰﴾ حق تعالیٰ کی طرف التجا کرنا اور اپنی قوت کا دعویٰ نہ کرنا جیسے مدعیان تصرف کیا کرتے ہیں اظہار ہے عبدیت کا۔ قولہ تعالیٰ: وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ اس میں دلالت ہے قطع تعلق پر ایسے شخص سے جس کی اصلاح کی امید نہ رہی ہو۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في العنوان مثبور أخذ من قوله تعالى واني لاظنك يا فرعون مثبورا ۱۲۔ ۲؎ قوله في ترجمون پتھر یا غیرہ اشارة الى صحة الاحتمالين الحقيقة والمجاز من قبيل اطلاق المقيد على المطلق وكذا قوله تعالى اقتل موسى يحتمل الامرين ۱۲۔

اللغات: قوله نعمة بالفتح التنعم وفسرهنا بالشئ المنعم به لانه انسب للترك وهي كثيرا ما تكون بهذا المعنى قوله فاكهين طيبى الانفس ۱۲۔

النحو: قوله فاسر مقدر قبله قال ۱۲۔

البلاغۃ: قوله رسول امين وقوله سلطن مبين في الروح ولا يخفى حسن ذكر الامين مع الاداء والسلطان مع العلاء ۱۲۔

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَیَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾ اِنْ هِیَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰی وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِیْنَ ﴿۳۵﴾ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۳۶﴾ اَهُمْ خَیْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ اَهْلَکْنٰهُمْ ۫ اِنَّهُمْ کَانُوْا مُجْرِمِیْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا لٰعِبِیْنَ ﴿۳۸﴾ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ یَوْمَ الْفَصْلِ مِیْقَاتُهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۴۰﴾ یَوْمَ لَا یُغْنِیْ مَوْلًی عَنْ

www.besturdubooks.net

مَوْلًى شَيْئًا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٤١﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٤٢﴾ ع ۱۳ ۱۵

یہ لوگ کہتے ہیں کہ اخیر حالت بس یہی ہمارا دنیا کا مرنا ہے اور ہم دوبارہ زندہ نہ ہوں گے۔ سوائے مسلمانو! اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادوں کو (زندہ کرا کے) لاموجود کرو۔ یہ لوگ (قوت وشوکت میں) زیادہ بڑھے ہوئے ہیں یا تبع (شاہ یمن) کی قوم اور جو قومیں ان سے پہلے ہو گزری ہیں ہم نے ان کو (بھی) ہلاک کر ڈالا وہ نافرمان تھے اور ہم نے آسمانوں اور زمینوں کو اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے اس کو اس طور پر نہیں بنایا کہ ہم فعل عبث کرنے والے ہوں ہم نے ان دونوں کو کسی حکمت ہی سے بنایا ہے لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے۔ بے شک فیصلہ کا دن (یعنی قیامت کا دن) ان سب کا وقت مقرر ہے۔ جس دن کسی علاقہ والا کسی علاقے والے کے ذرا کام نہ آئے گا اور ان کی کچھ حمایت کی جائے گی ہاں مگر جس پر اللہ رحم فرمادے وہ (اللہ) زبردست ہے مہربان ہے۔

تفسیر ربط: اوپر قصۂ فرعون سے پہلے کفار مکہ کو انتقام قیامت کی وعید فرمائی تھی اور اس کی تاکید کے لئے قصہ مذکورہ آ گیا تھا وہ لوگ انتقام قیامت کے مضامین سن کر قیامت کا انکار کرتے تھے اس لئے آگے اولاً ان کا انکار ثانیاً انکار حق کا جرم وموجب استحقاق عذاب ہونا بہ نظیر قصۂ قوم تبع بادشاہ کے ثالثاً قیامت کی صحت وامکان وقوع۔ رابعاً اس کی حکمت ورجحان وقوع۔ خامساً! خود اس کا تحقق اور وقوع مع اجمال واقعات کے بیان فرماتے ہیں۔

تحقیق بعث ومتعلقات آں: اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ یہ لوگ (قیامت کی وعید سن کی قیامت کا انکار کرتے ہیں اور) کہتے ہیں کہ اخیر حالت بس یہی ہمارا دنیا کا مرنا ہے اور ہم دوبارہ زندہ نہ ہوں گے (جس کو اس لئے اخیر حالت بتلایا جاتا ہے کہ پھر موت نہیں مطلب یہ کہ اخیر حالت وہ حیات اخرویہ نہیں بلکہ یہ موت دنیوی ہی اخیر حالت ہے) سو (اے مسلمانو) اگر تم (دعویٰ) بعث میں سچے ہو تو (انتظار کون کرے) ابھی ہمارے باپ دادوں کو (زندہ کرا کے) لاموجود کرو (**هذا هو المضمون الاول وجوابه ظاهر من ان عدم وقوع المقيد لا يستلزم عدم وقوع المطلق ولا عدم امكانه** آگے ان کے ایسے کفریات پر تہدید ہے کہ ان کو ذرا سوچنا چاہئے کہ) یہ لوگ (قوت وشوکت میں) زیادہ بڑے ہوئے ہیں یا تبع (بادشاہ یمن) کی قوم اور جو قومیں ان سے پہلے ہو گزری ہیں (مثل عاد وثمود وغیرہم یعنی یہ قومیں زیادہ بڑھی ہوئی تھیں مطلب یہ کہ وہ لوگ ان سے شدید اور مدید تھے مگر) ہم نے ان کو (بھی) ہلاک کر ڈالا (محض اس لئے کہ) وہ نافرمان تھے (سو یہ لوگ اگر نافرمانی سے باز نہ آویں گے تو یہ کیونکر اپنے کو بچالیں گے **هذا هو المضمون الثاني وقدم هذا الجواب الحكمي بضم الحاء على الجواب الحكمي بكسر الحاء اقتضاء لحالتهم العنادية ذلك**) اور (آگے قیامت کی صحت وحکمت کا بیان ہے کہ) ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے اس کو اس طور پر نہیں بنایا کہ ہم فعل عبث کرنے والے ہوں (بلکہ ہم نے ان دونوں کو (مع مافیہا) کسی حکمت ہی سے بنایا ہے) منجملہ اس کے دلالت علی القدرۃ الکاملۃ عقلاً اور دلالۃ علی المجازاۃ نقلاً ہے) لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے (**هذا هو المضمون الثالث والرابع** یعنی اکثر لوگ قدرت علی خلق الاجرام العظام سے استدلال نہیں کرتے قدرت علی العادت پر اور یہ قیامت کی صحت اور امکان ہے اور اسی طرح بانضمام دلائل نقلیہ مثل قولہ تعالیٰ: وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا [هود : ۷] یہ نہیں سمجھتے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ اجرام اور ان کے منافع عظام اس لئے بنائے ہیں کہ ہم ان سے منتفع ہوں اور نعمت انتفاع کا شکر اور اس شکر میں طاعت بجالاویں اور اس شکر وطاعت پر حسب وعدہ پھر آخرت میں ثمرہ باقیہ ملے اور جو کفران کرے وہ وہاں خسران میں پڑے اور یہ قیامت کی حکمت اور رجحان ہے کیونکہ حکمت مقتضی رجحان وجود کو ہے گو درجہ وجوب عقلی میں نہ ہو کیونکہ اگر مشیت الٰہی میں عدم وقوع ہوتا تو اسی میں حکمت ہوتی پس وجوب مجازات کا شبہ ساقط ہو گیا۔ آگے اس کا وقوع مع بیان اجمالی واقعات کے مذکور ہے یعنی) بے شک فیصلہ کا دن (یعنی قیامت کا دن) ان سب (کے دوبارہ زندہ ہونے اور جزاء سزا ملنے) کا وقت مقرر ہے (جس کا وقوع اپنے موقع پر ضرور ہوگا یہ مضمون وقوع کا ہو گیا آگے اجمالاً واقعات ہیں یعنی) جس دن کوئی علاقہ والا کسی علاقہ والے کے ذرا کام نہ آوے گا اور نہ (اور ہی کسی کی طرف سے مثلاً آلہہ مزعومہ کی طرف سے) ان کی کچھ حمایت کی جاوے گی ہاں مگر جس پر اللہ رحم فرماوے (کہ رحمت سے اس کے حق میں شفاعت باذن کام آوے گی کقولہ تعالیٰ: لَا تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ ...... [النجم : ۲۶] اور اللہ اس کا ناصر ہوگا لقولہ تعالیٰ: اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ [المومن : ۵۱]) وہ (اللہ) زبردست ہے (کافروں سے انتقام لے گا) مہربان ہے (مسلمانوں پر رحمت فرمادے گا اس میں سب واقعات غضب اور رحمت کے آ گئے **وهذا هو المضمون الخامس** جن کی آگے تفصیل ہے) ف: تبع لقب ہوتا ہے شاہ یمن کا اور اس لقب کے بہت سے گزرے ہیں جس تبع کا یہاں ذکر ہے اس کا نام اسعد لکھا ہے اور حدیث میں ہے کہ وہ اسلام لے آیا تھا اور اسلام لانے کے بعد اپنی قوم کو بھی ایمان کی طرف بلایا وہ لوگ بت پرست تھے مگر انہوں نے نہ مانا ان پر ایک آگ آئی جس سے بت اور ان کے خادم جل گئے پھر بعضے مسلمان ہو گئے بعضے بطور ذمی کے مطیع ہو گئے اور بعض نے کہا ہے کہ یہ تبع اول تھا بوجہ کثرت اتباع کے یہ لقب ہوا تھا پھر اس کے بعد سب ملوک یمن کا یہ لقب ہونے لگا اور اس تبع کا زمانہ عیسیٰ علیہ السلام کے قبل تھا یہ سب روح المعانی میں ہے اور اس مجموعہ کے بعض

www.besturdubooks.net

اجزاء میں کچھ کچھ اختلاف بھی ہے مگر چونکہ قرآن نے اثباتاً یا نفیاً تفصیل سے تعرض نہیں کیا اس لئے قرآن میں کسی قول پر اشکال نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله في التمهيد** انتقام قیامت **واما اذا اريد بالبطشة البدر يقال ان قوله انا منتقمون باطلاقه وعمومه دال على انتقام الساعة الذى هو اعظم الانتقام۱۲۔** ۲؎ **قوله في التمهيد** بےنظیر الخ **ولا يلزم كون كفر القومين على منهاج واحد وان كان الاغلب من كون قوم تبع عبدة اصنام كونهم منكرين للبعث ككفار مكة۱۲۔**

اللغات: **مولى عام في كل من له شئ من الموالاة۱۲۔**

النحو: **قوله ان هي اى العاقبة والحالة الاخيرة ونهاية الامر۱۲۔**

البلاغۃ: **الاولى معناها عندى الدنيا مقابلا للاخرى بمعنى العقبى ووصفت الموتة الدنيوية بها لوقوعها فيها فاجرى وصف المحل على الحال مجازا وهو اسلم من جميع التكلفات التى ذكروها ويطرد هذا التوجيه فيما سياتى من قوله تعالى لا يذوقون فيها الموت الا الموتة الاولى والفضل بيد الله يؤتيه من يشاء۱۲۔**

إِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّومِ ﴿٤٣﴾ طَعَامُ الْأَثِيمِ ﴿٤٤﴾ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِي فِي الْبُطُونِ ﴿٤٥﴾ كَغَلْيِ الْحَمِيمِ ﴿٤٦﴾ خُذُوهُ فَاعْتِلُوهُ إِلَىٰ سَوَاءِ الْجَحِيمِ ﴿٤٧﴾ ثُمَّ صُبُّوا فَوْقَ رَأْسِهِ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيمِ ﴿٤٨﴾ ذُقْ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْكَرِيمُ ﴿٤٩﴾ إِنَّ هَٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهِ تَمْتَرُونَ ﴿٥٠﴾ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي مَقَامٍ أَمِينٍ ﴿٥١﴾ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿٥٢﴾ يَلْبَسُونَ مِنْ سُنْدُسٍ وَإِسْتَبْرَقٍ مُتَقَابِلِينَ ﴿٥٣﴾ كَذَٰلِكَ وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُورٍ عِينٍ ﴿٥٤﴾ يَدْعُونَ فِيهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ آمِنِينَ ﴿٥٥﴾ لَا يَذُوقُونَ فِيهَا الْمَوْتَ إِلَّا الْمَوْتَةَ الْأُولَىٰ ۖ وَوَقَاهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ﴿٥٦﴾ فَضْلًا مِنْ رَبِّكَ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٥٧﴾ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٥٨﴾ فَارْتَقِبْ إِنَّهُمْ مُرْتَقِبُونَ ﴿٥٩﴾

بے شک زقوم کا درخت بڑے مجرم (یعنی کافر) کا کھانا ہوگا۔ جو (کریہہ صورت ہونے میں) تیل کی تلچھٹ جیسا ہوگا اور وہ پیٹ میں ایسا کھولے گا جیسا تیز گرم پانی کھولتا ہے اور (فرشتوں کو حکم ہوگا کہ) اس کو پکڑو پھر گھسیٹتے ہوئے دوزخ کے بیچوں بیچ تک لے جاؤ پھر اسکے سر کے اوپر تکلیف دینے والا گرم پانی چھوڑ دو۔ لے چکھ تو بڑا اکرم و معزز ہے یہ وہی چیز ہے جس میں تم شک کیا کرتے تھے۔ بے شک اللہ سے ڈرنے والے امن (چین) کی جگہ میں ہوں گے۔ باغوں اور نہروں اور وہ لباس پہنیں گے باریک اور دبیز ریشم کا۔ آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے اور یہ بات اسی طرح ہے اور ہم ان کا گوری گوری بڑی بڑی آنکھوں والیوں سے بیاہ کریں گے (اور) وہاں اطمینان سے ہر قسم کے میوے کھاتے ہوں گے (اور) وہاں بجز اس موت کے جو دنیا میں آچکی تھی اور موت کا ذائقہ بھی نہ چکھیں گے (یعنی مرنے کے نہیں) اور اللہ تعالیٰ ان کو دوزخ سے بچائے گا۔ یہ سب کچھ آپ کے رب کے فضل سے ہوگا بڑی کامیابی یہی ہے۔ سو ہم نے اس قرآن کو آپ کی زبان (عربی) میں آسان کر دیا ہے تاکہ یہ لوگ نصیحت قبول کریں۔ تو (اگر یہ لوگ نہ مانیں تو) آپ منتظر رہیے یہ لوگ بھی منتظر ہیں۔

تفسیر ربط: اوپر يَوْمَ لَا يُغْنِي مَوْلًى ...... میں واقعات قیامت کا اجمالی بیان تھا آگے ان کی کسی قدر تفصیل ہے۔

نبذے از تفصیل واقعات یوم ثقیل: إِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّومِ ﴿﴾ طَعَامُ الْأَثِيمِ ﴿﴾ (الی قوله تعالى) ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿﴾ بے شک زقوم کا درخت (جس کی تحقیق سورہ صفت کے دوسرے رکوع میں گزری بڑے مجرم (یعنی کافر) کا کھانا ہوگا جو (کراہت صورۃ میں) تیل کی تلچھٹ جیسا ہوگا (اور وہ پیٹ میں ایسا کھولے گا جیسا تیز گرم پانی کھولتا ہے (اور فرشتوں کو حکم ہوگا کہ) اس کو پکڑو پھر گھسیٹتے ہوئے دوزخ کے بیچوں بیچ تک لے جاؤ پھر اس کے سر کے اوپر تکلیف دینے والا گرم پانی چھوڑو (اور اس سے استہزاء کیا جاوے گا کہ) لے چکھ تو بڑا معزز مکرم ہے (یہ تیری تعظیم ہو رہی ہے جیسا تو دنیا میں اپنے کو معظم مکرم سمجھ کر ہمارے احکام سے عار کیا کرتا تھا اور دوزخیوں سے کہا جاوے گا کہ) یہ وہی چیز ہے جس سے تم شک (وانکار) کیا کرتے تھے (یہ تو کافر دوزخیوں کا حال ہوا آگے اہل ایمان کا ذکر ہے کہ) بے شک خدا سے ڈرنے والے امن (چین) کی جگہ میں ہوں گے یعنی باغوں میں اور نہروں میں (اور) وہ لباس پہنیں گے باریک اور دبیز ریشم کا آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے (اور) یہ بات اسی طرح ہے (مقصود اس سے تحقیق وتقریر مضمون سابق ہے) اور ہم ان کا گوری گوری بڑی بڑی

www.besturdubooks.net

آنکھوں والیوں سے بیاہ کردیں گے (اور) وہاں اطمینان سے ہر قسم کے میوے منگاتے ہوں گے (اور) وہاں وہ بجز اس موت کے جو دنیا میں آ چکی تھی اور موت کا ذائقہ بھی نہ چکھیں گے (یعنی مریں گے نہیں) اور اللہ تعالیٰ ان کو دوزخ سے (بھی) بچالے گا (اور) یہ سب کچھ آپ کے رب کے فضل سے ہوگا بڑی کامیابی یہی ہے (جو مذکور ہوئی جنت اور وہاں کی نعمتیں) **ف**: یہ زقوم کا کھلانا یا تو دوزخ میں داخل ہونے سے پہلے ہو جیسا بعض نے سورۂ واقعہ کی آیت هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۵۶﴾ میں لفظ نزل بمعنے ما يقدم للضيف قبل الضيافة سے سمجھا ہے اور فاعتلوه میں کلمہ فاء سے بھی ظاہراً یہی مفہوم ہوتا ہے اور اگر بعد دخول دوزخ کے ہو تو تقدم باعتبار سواء الجحیم کے ہوگا یعنی اس زقوم کے کھانے کے وقت گو جحیم میں ہو مگر سواء الجحیم میں نہ ہوگا بعد اکل کے پھر سواء الجحیم میں ڈال دیا جاوے گا اور سورۂ صفت کی آیت میں جو ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿۶۸﴾ آیا ہے اس میں بھی جحیم کو سواء الجحیم پر محمول کر سکتے ہیں تو اس کا قائل ہونا نہ پڑے گا کہ زقوم کھلانے کے وقت جہنم سے باہر لے آئے جاویں گے اور کچھ تحقیق اس کی سورۂ مومن کے رکوع ہفتم میں گزر چکی ہے۔ حکایت مفیدہ ایک مجلس میں احقر اور دو صاحب علم ہندی الاصل مکی المسکن مع مجمع کثیر کے موجود تھے صاحبین موصوفین سے ایک نے کہا کہ مکہ میں زقوم کا پھل کھایا جاتا ہے جس کو برشومی کہتے ہیں اور قرآن سے وہ طعام اہل نار کا معلوم ہوتا ہے سو ایسی لذیذ چیز سے کیا وعید ہوئی میں نے کہا کہ قرآن شریف میں شجرت الزقوم آیا ہے ثمرۃ الزقوم نہیں آیا اور شجرہ ماکول نہیں ہے دونوں صاحبوں نے اور دوسرے اہل مجلس نے بھی اس کو بہت پسند کیا فقط اور اس جواب کی اس وقت ضرورت ہے جب برشومی اسی زقوم کا ثمرہ ہو اور اگر کوئی دوسری نوع ہے تو سوال ہی ساقط ہے اور حوروں سے بیاہ ہونا کوئی بطریق متعارف ہو یا باعتبار لغت کے ہو یعنی جوڑا ملا دینا بطور ہمسراری کے اور تقدیر اول پر شبہ مکلف ہونے کا نہ کیا جاوے کیونکہ اگر ایسا ہوگا تو رغبت طبیعت کی اسی کی طرف ہو جاوے گی پس اس میں معنی ابتلاء ومکلفیت کے نہ ہوں گے۔

ربط: اوپر سورت میں مضامین مہمہ بیان فرما کر ختم سورت میں اجمالاً بطور فذلکہ وخلاصہ کے ان ہی کا اعادہ اور کفار کا ان مضامین کو نہ ماننا چونکہ موجب حزن نبوی تھا اس لئے اس کے ساتھ تسلیہ کا بھی افادہ ہے۔

تخییر از تیسیر کتاب التذکیر وتصبیر بشیر نذیر. فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ (آپ کا کام اتنا ہے کہ آپ ان کو کہتے رہئے) سو (اسی غرض سے) ہم نے اس قرآن کو آپ کی زبان (عربی) میں آسان کر دیا ہے تاکہ یہ (اس کو سمجھ کر اس سے) نصیحت قبول کریں تو (اگر یہ لوگ نہ مانیں تو) آپ (ان پر نزول ضرر کے) منتظر رہئے یہ لوگ بھی (آپ پر نزول ضرر کے) منتظر ہیں (پس آپ تبلیغ سے زیادہ فکر میں نہ پڑیئے نہ مخالفت پر رنج کیجئے ان کا معاملہ خدا کے سپرد کیجئے اور صبر کیجئے وہ خود سمجھ لے گا) بحمد اللہ ۱۵ ربیع الثانی روز سہ شنبہ ۱۳۲۵ھ کو تفسیر سورۂ دخان اتمام کو پہنچی وصلى الله تعالىٰ على خير خلقه محمد وآله واصحابه اجمعين۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ روح میں بعض کا قول نقل کیا ہے کہ یہ حب دنیا اور حرص ہے قیامت میں اس صورت میں ظاہر ہوگی اھ اور یہ فرع ہے مسئلہ تمثل کی۔ سورۃ الدخان تمام ہوئی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى زوجنهم بیاہ دیں گے هذا احد القولين ۱۲۔

اللغات: قوله فاعتلوه فى القاموس عتله جره عنيفا ۱۲۔ قوله امين من الامن لامن الامانة ۱۲۔

النحو: يغلى خبر ثان ۱۲۔ فضلا عامله مقدر اى اعطوا ذلك كله فضلا ۱۲۔

البلاغة: كذلك فى الروح عن جار الله انه قال والمعنى فيه انه لم يستوف الوصف وانه بمثابة ما لا يحيط به الوصف فكانه قيل الامر نحو ذلك وما اشبهه واراد على ما قال المدقق ان الكاف مقحم للمبالغة وذلك مطرد فى عرفى العرب والعجم آه قوله الا الموتة استثناء منقطع او بمعنى سوى وفائدة الوصف تذكير حال الدنيا والافهو قد مضى لا يحتمل فى المستقبل ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ

رکوعاتہا	آیاتہا	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	سورۃ الجاثیۃ
۴	۳۷		۴۵ مکیۃ ۶۵

سورۃ الجاثیہ مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۳۷ آیات اور ۴ رکوع ہیں

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳﴾ وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا
يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ
الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۵﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ
حَدِيْثٍ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۶﴾ وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿۷﴾ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ
فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۸﴾ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۹﴾ مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ
عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰﴾ هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ
لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾ ع ۱ / ۱۱ / ۱۷

حٰمٓ ۔ یہ نازل کی ہوئی کتاب اللہ غالب حکمت والے کی طرف سے آسمانوں اور زمین میں اہل ایمان کے (استدلال کے) لئے بہت سے دلائل ہیں اور (اسی طرح) خود تمہارے اور ان حیوانات کے پیدا کرنے میں جن کو زمین میں بھی رکھا ہے دلائل ہیں ان لوگوں کیلئے جو یقین رکھتے ہیں اور (اسی طرح) یکے بعد دیگرے رات اور دن کے آنے جانے میں اور اس (مادہ) رزق میں جس اللہ تعالیٰ نے آسمان سے اتارا پھر اس (بارش) سے زمین کو تر و تازہ کیا اس کے خشک ہوئے پیچھے اور (اس طرح) ہواؤں کے بدلنے میں دلائل ہیں ان لوگوں کے لئے جو عقل سلیم رکھتے ہیں۔ یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو صحیح طور پر ہم آپ کو پڑھ کر سناتے ہیں تو پھر اس کی آیتوں کے بعد اور کون سی بات پر یہ لوگ ایمان لائیں گے۔ بڑی خرابی ہوگی ایسے شخص کے لئے جو جھوٹا ہو نافرمان ہو۔ جو اللہ کی آیتوں کو سنتا ہے جب کہ وہ اس کے روبرو پڑھی جاتی ہیں اور پھر بھی وہ تکبر کرتا ہوا (اپنے کفر پر) اس طرح اڑا رہتا ہے جیسے اس نے ان کو سنا ہی نہیں سو ایسے شخص کو ایک دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجئے اور جب وہ ہماری آیتوں میں سے کسی آیت کی خبر پاتا ہے تو اس کی ہنسی اڑاتا ہے۔ ایسے لوگوں کے لئے (آخرت میں) ذلت کا عذاب ہے۔ ان کے آگے جہنم (آ رہا) ہے اور (اس وقت) نہ تو ان کے وہ چیزیں ذرا کام آئیں گی جو (دنیا میں) کی گئے تھے اور نہ وہ جن کو انہوں نے اللہ کے سوا کارساز اور معبود بنا رکھا تھا اور ان کے لئے بڑا عذاب ہوگا۔ یہ قرآن سرتاسر ہدایت ہے اور جو لوگ اپنے رب کی (ان) آیتوں کو نہیں مانتے ان کے لئے سختی کا دردناک عذاب ہوگا۔

سورة الجاثية مكية وهى سبع اوست وثلثون اية كذا فى البيضاوى

تفسیر لربط :اس سورت کا خلاصہ تین مضمون ہیں: توحید و نبوت و معاد اور دوسرے بعض مضامین ان ہی کی مناسبت سے آ گئے ہیں اور سورۂ سابقہ کے ختم میں بطور فذلکہ کے اور اس سورت کے افتتاح میں بطور توطیہ کے قرآن کا ذکر ہونے کا باہمی تناسب بھی حاصل ہے۔

تمہید برائے تاکید مضامین سورت: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ حٰمٓ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ

www.besturdubooks.net

توحید: اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۝ (الی قولہ تعالی) وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ۝ ۔

نبوت: تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ۝ ۔

معاد واہل عناد: وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ۝ (الی قولہ تعالی) لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ۝ ۔ حٰمٓ ۔ یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے اللہ غالب حکمت والے کی طرف سے (اور جب یہ ایسی کتاب ہے تو اس کے مضامین کو خوب توجہ سے سننا چاہئے چنانچہ اس مقام پر ایک مضمون تو توحید کا ہے جس کا بیان یہ ہے کہ) آسمانوں اور زمین میں اہل ایمان کے (استدلال کے) لئے بہت سے دلائل (قدرت اور توحید کے) ہیں اور (اسی طرح) خود تمہارے اور ان حیوانات کے پیدا کرنے میں جن کو (زمین پر) پھیلا رکھا ہے (نیز) دلائل قدرت وتوحید ہیں اور ان لوگوں کے (سمجھنے کے) لئے جو یقین رکھتے ہیں اور (اسی طرح) یکے بعد دیگرے رات اور دن کے آنے جانے میں اور (اسی طرح) اس (مادہ[1]) رزق میں جس کو اللہ تعالیٰ نے آسمان سے اتارا (مراد بارش ہے) پھر اس (بارش) سے زمین کو تروتازہ کیا اس کے خشک ہوئے پیچھے اور (اسی طرح) ہواؤں کے بدلنے میں (باعتبار سمت اور کیفیت کے کہ کبھی پُروا ہے کبھی پچھوا کبھی گرم ہے کبھی سرد غرض ان سب چیزوں میں) دلائل (قدرت وتوحید موجود ہیں) ان لوگوں کے لئے جو عقل (سلیم) رکھتے ہیں (اور تقریر استدلال کی پارۂ دوم رکوع اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ...... میں گزر چکی ہے اور دوسرا مضمون نبوت کا ہے جس کا بیان یہ ہے کہ) یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو صحیح صحیح طور پر ہم آپ کو پڑھ کر سناتے ہیں (جس سے نبوت ثابت ہوتی ہے لیکن باوجود اتنی بڑی دلیل معجز کے بھی اگر یہ لوگ نہیں مانتے) تو پھر اللہ اور اس کی (ایسی) آیتوں کے بعد اور کونسی بات (اس سے بڑھ کر ہو گی جس) پر یہ لوگ ایمان لاویں گے۔ اور تیسرا مضمون معاد کا ہے جس میں ان مخالفین حق کو سزا بھی ہوگی جس کا بیان یہ ہے کہ) بڑی خرابی ہوگی ہر ایسے شخص کے لئے جو (اقوال متعلقہ عقائد میں) جھوٹا ہو (اور اعمال میں) نافرمان ہو جو (باوجودیکہ) خدا کی آیتوں کو سنتا (بھی) ہے جب[2] کہ وہ اس کے روبرو پڑھی جاتی ہیں (اور) پھر بھی وہ تکبر کرتا ہوا (اپنے کفر پر) اس طرح اَڑا رہتا ہے جیسے اس نے ان آیتوں کو سنا ہی نہیں سو ایسے شخص کو ایک دردناک عذاب کی خبر سنا دیجئے اور (اس شخص کی شرارت کا یہ حال ہے کہ) جب وہ ہماری آیتوں میں سے کسی آیت کی خبر پاتا ہے تو اس کی ہنسی اُڑاتا ہے ایسے لوگوں کے لئے (آخرت میں ذلت کا عذاب (ہونے والا) ہے (مطلب یہ کہ جن آیتوں کو تلاوت میں سنتا ہے ان کی بھی تکذیب کرتا ہے اور جن آیتوں کی ویسی ہی خبر سن لیتا ہے ان کی بھی تکذیب کرتا ہے غرض تکذیب آیات میں بہت بڑھا ہوا ہے آگے اُس عذاب کی تعیین ہے یعنی) ان کے آگے جہنم (آرہا) ہے اور (اس وقت) نہ تو ان کے وہ چیزیں ذرا کام آویں گی جو (دنیا میں) کما گئے تھے (اس میں اموال واعمال سب آگئے) اور نہ وہ (کام آویں گے) جن کو انہوں نے اللہ کے سوا کارساز (اور معبود) بنا رکھا تھا اور ان کے لئے بڑا عذاب ہوگا (اور وجہ اس عذاب کی یہ ہے کہ) یہ قرآن سرتاسر ہدایت (اور واجب التسلیم) ہے اور (اس کا مقتضا یہی ہے کہ) جو لوگ اپنے رب کی (ان) آیتوں کو نہیں مانتے ان کے لئے سختی کا دردناک عذاب ہوگا (یہ تکریر علت اور حکم کی زیادت تشنیع وتفظیع کے لئے ہے کہ تکذیب آیات اور ترتیب عقوبات مکرر لائے)۔

ف: اہل ایمان واہل ایقان کے لئے جو ان دلائل کا ہونا فرمایا باوجودیکہ یہ دلائل عقلیہ ہیں جیسا لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ۝ اس پر دال ہے تو ایمان وایقان سے مراد عام ہے بالقوۃ وبالطلب ہو یا بالفعل وبالحصول ہو اور عقلی دلیل میں بھی نظر اور طلب ضروری ہے اور فواصل کا اختلاف مُؤْمِنِيْنَ۝ اور يُّوْقِنُوْنَ۝ اور يَّعْقِلُوْنَ۝ سے تفنن کلام ہے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَة: [1] **قوله في رزق** ماده اشارة الى وجه اطلاق الرزق على الماء لانه سببه۱۲۔ [2] **قوله في تتلى** جب افاد هذا المعنى كونه حالا۱۲۔

اَلنَّحْو: واختلاف فيه العطف على معمولى عاملين مختلفين وهو جائز اجماعا في نحو قولك في الدار زيد والحجرة عمرو اى فيما يلي المجرور فيه العاطف۱۲۔ قوله ما اتخذوا العائد محذوف اى الذى اتخذوه واولياء مفعول ثان قوله من رجز بيان لعذاب وانظر تحقيقه في حواشي اول سبا حيث وقعت فيه مثل هذا۱۲۔

اَلْبَلَاغَة: قوله فانما فذلكة ومعناها ذكرهم فانما الخ كما اظهرته فى ترجمتي قوله فى السمٰوٰت والارض يجوز ان يكون بتقدير مضاف اى خلق السمٰوٰت ويجوز ان يكون على ظاهره وهذا اظهر وابلغ من ان يقال ان فى خلقهما او يقال ان فيهما وان كان المعنى املا اليه قوله بعد الله واٰيته فى الروح هو من باب قولهم اعجبنى زيد وكرمه يريدون اعجبنى كرم زيد الا انهم عدلوا عنه للمبالغة فى الاعجاب آ۱۲۵۔

www.besturdubooks.net

اَللّٰهُ الَّذِیْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِیَ الْفُلْكُ فِیْهِ بِاَمْرِهٖ وَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ
جَمِیْعًا مِّنْهُ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ قُلْ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یَغْفِرُوْا لِلَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ اَیَّامَ اللّٰهِ لِیَجْزِیَ قَوْمًۢا
بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَ مَنْ اَسَآءَ فَعَلَیْهَا ؗ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَ لَقَدْ اٰتَیْنَا بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ
الْكِتٰبَ وَ الْحُكْمَ وَ النُّبُوَّةَ وَ رَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ وَ فَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶﴾ وَ اٰتَیْنٰهُمْ بَیِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا
اخْتَلَفُوْۤا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۙ بَغْیًۢا بَیْنَهُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ یَقْضِیْ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا
كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِیْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَ لَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِیْنَ لَا
یَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸﴾ اِنَّهُمْ لَنْ یُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَیْـًٔا ؕ وَ اِنَّ الظّٰلِمِیْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ ۚ وَ اللّٰهُ وَلِیُّ الْمُتَّقِیْنَ ﴿۱۹﴾
هٰذَا بَصَآىِٕرُ لِلنَّاسِ وَ هُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾

اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لئے دریا کو مسخر بنایا ہے تا کہ اس کے حکم سے اس میں کشتیاں چلیں اور تا کہ تم اس کی روزی تلاش کرو اور کہ تم شکر کرو اور (اسی طرح) یقینی چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جتنی چیزیں زمین میں ہیں ان سب کو اپنی طرف سے مسخر بنایا۔ بے شک ان باتوں میں ان لوگوں کے لئے دلائل میں جو غور کرتے ہیں۔ آپ ایمان والوں سے فرما دیجئے کہ ان لوگوں سے درگزر کریں جو اللہ کے معاملات کا یقین نہیں رکھتے۔ تا کہ اللہ تعالیٰ ایک قوم کو (یعنی مسلمانوں کو) ان کے عمل کا صلہ دے جو شخص نیک کام کرتا ہے سو اپنے ذاتی نفع کے لئے اور جو شخص برا کام کرتا ہے اس کا وبال اسی پر پڑتا ہے پھر تم کو اپنے پروردگار کے پاس لوٹ کر جانا ہے۔ دی تھیں اور ہم نے ان کو جہان والوں پر فوقیت دی اور ہم نے ان کو دین کے بارے میں کھلی کھلی دلیلیں دیں سوانہوں نے علم ہی کے آنے کے بعد باہم اختلاف کیا بوجہ آپس کی ضدامندی کے۔ آپ کا رب ان کے آپس میں قیامت کے روز ان امور میں (عمل) فیصلہ کرے گا جن میں یہ باہم اختلاف کیا کرتے تھے پھر ہم آپ کو دین کے ایک خاص طریقہ پر کر دیا۔ سو آپ اسی طریقہ پر چلے جایئے اور جہلا کی خواہشوں پر نہ چلئے یہ لوگ اللہ کے مقابلہ میں آپ کے ذرا کام نہیں آسکتے اور ظالم لوگ ایک دوسرے کے دوست ہوتے ہیں اور اللہ دوست ہے اہل تقوی یہ قرآن عام لوگوں کے لئے دانشمندیوں کا سبب اور ہدایت کا ذریعہ ہے اور یقین (یعنی ایمان) لانے والوں کے لئے بڑی رحمت (کا سبب) ہے۔

تفسیر ربط: اوپر مضامین ثلثہ میں توحید کا بھی مضمون تھا آگے پھر اسی کی طرف بتضمن ذکر نعمت عود ہے۔

عود بسوئے توحید متضمن نعمت مزید: اَللّٰهُ الَّذِیْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ (الی قولہ تعالی) اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾۔ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے (نفع کے) لئے دریا کو مسخر (قدرت) بنایا تا کہ اس کے حکم سے اس میں کشتیاں چلیں اور تا کہ (ان کشتیوں میں سفر کر کے) تم اس کی روزی تلاش کرو اور تا کہ (وہ روزی حاصل کر کے) تم شکر کرو اور (اسی طرح) جتنی چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جتنی چیزیں زمین میں ہیں ان سب کو اپنی طرف سے (یعنی اپنے حکم اور فضل سے) مسخر (قدرت) بنایا (تا کہ تمہارے منافع کا سبب ہو) بے شک ان باتوں میں ان لوگوں کے لئے دلائل (قدرت) ہیں جو غور کرتے رہتے ہیں۔

ربط: اوپر آیت: وَیْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ ..... میں کفار کے افک واثم واصرار واستکبار واستہزاء کا ذکر تھا اور ان کی ان شرارتوں پر مسلمانوں کو غصہ آ جایا کرتا تھا آگے ان کو درگزر کرنے کا امر ہے اور ان کے تسلیہ کے لئے یوم القیام میں ان سے انتقام لینے کا ذکر ہے۔

امر و ترغیب حلم براذی مشرکین واشارہ بہ عقوبت آنہا برائے تسلیۂ مومنین: قُلْ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یَغْفِرُوْا ..... (الی قولہ تعالی) ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۵﴾ آپ ایمان والوں سے فرما دیجئے کہ ان لوگوں سے درگزر کریں جو خدا تعالیٰ کے معاملات (اخرویہ نعمت علی الاولیاء ونقمت من الاعداء) کا یقین نہیں رکھتے (یعنی آخرت کے منکر ہیں) تا کہ اللہ تعالیٰ ایک قوم کو (یعنی مسلمانوں کو) ان کے (اس) عمل (نیک) کا (اچھا) صلہ دے (کیونکہ وہاں کا قاعدہ کلیہ ہے کہ) جو شخص نیک کام کرتا ہے سو اپنے ذاتی نفع (وثواب) کے لئے (کرتا ہے) اور جو شخص برا کام کرتا ہے اس کا وبال اسی پر پڑتا ہے پھر (سب نیک اور بد کام کرنے کے بعد) تم کو اپنے پروردگار کے پاس لوٹ کر جانا ہے (پس وہاں تم کو اخلاق واعمال حسنہ کا نعم البدل اور ان تمہارے مخالفین کو ان کے کفر ومعاصی پر بئس العوض دیا جاوے گا سو تم کو یہاں درگزر ہی مناسب ہے)۔

www.besturdubooks.net

ف: اور اس سے جہاد کی نفی نہیں ہوتی کیونکہ یہاں اس انتقام سے روکا ہے جس سے اصل مقصود اعلائے کلمۃ اللہ نہ ہو بلکہ محض تسکین غیظ ہو اور جہاد میں اصل مقصود اعلائے کلمہ ہے گو تبعاً تسکین غیظ بھی حاصل ہو جاوے۔ ربط: اوپر مضامین ثلثہ میں نبوت کا بھی مضمون تھا آگے پھر اسی کی طرف بضمن ذکر اس کے متعلقات مناسبہ کے عود ہے۔

عود بسوئے نبوت و ما یتعلق بہا: وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِیٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ (الی قولہ تعالی) هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ اور (نبوت کوئی انوکھی چیز نہیں جو اس کا انکار کیا جاوے چنانچہ اس کے قبل) ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب (آسمانی) اور حکمت (یعنی علم احکام) اور نبوت دی تھی (ان کو نبوت دینا یہ کہ ان میں انبیاء پیدا کئے) اور ہم نے ان کو نفیس نفیس چیزیں کھانے کو دی تھیں (اس طرح سے کہ تیہ میں من وسلوی دیا پھر ملک شام کا ان کو مالک بنایا جو معدن ہے برکات ارضیہ کا) اور ہم نے (بعض امور میں مثل فلق بحر وتظلیل غمام وغیرہ) ان کو دنیا جہان والوں پر فوقیت دی اور ہم نے ان کو دین کے بارے میں کھلی کھلی دلیلیں دیں (یعنی ان کو بڑے صریح معجزات دکھلائے غرض حسی اور معنوی اور علمی جس کے دو شعبے ہیں مسائل اور دلائل سب ہی طرح کی نعمتیں ان کو دیں) سو (چاہئے تو یہ تھا کہ خوب اطاعت کرتے مگر) انہوں نے علم ہی کے آنے کے بعد باہم اختلاف کیا بوجہ آپس کی ضدا ضدی کے (جس کا بیان پارۂ دوم رکوع سل بنی اسرائیل میں ہوا ہے یعنی جو چیزیں مزیل اختلاف تھی اس کو موجب اختلاف کر لیا محض نفسانفسی سے یہ نہیں کہ دلائل یا احکام کچھ مشکوک تھے سو) آپ کا رب ان کے آپس میں قیامت کے روز ان امور میں (عملی) فیصلہ کر دے گا جن میں یہ باہم اختلاف کیا کرتے تھے (اس مضمون سے دو امر مستفاد ہو گئے ایک آپ کی نبوت کی تائید بنی اسرائیل کو کتاب اور احکام اور نبوت ملنے سے۔ دوسرا آپ کا تسلیہ کہ بنی اسرائیل کو جو وجہ اختلاف کی پیش آئی تھی وہی آپ کی قوم کو آپ کے ساتھ خلاف کرنے میں پیش آئی ہے یعنی حب دنیا اور حسد ونفسانیت یہ نہیں کہ آپ کے دلائل یا احکام کے وضوح میں کچھ کمی ہو پس آپ غم نہ کریں یہ قصہ مذکورہ یاد کر لیا کریں کہ بنی اسرائیل کے کیا کیا معاملات ہوئے) پھر (بنی اسرائیل میں دورۂ نبوت ختم ہونے کے بعد) ہم نے آپ کو (نبوت دی اور آپ کو) دین کے ایک خاص طریقہ پر کر دیا سو آپ اسی طریقہ پر چلے جایئے (یعنی عمل میں بھی اور تبلیغ میں بھی) اور ان جہلاء کی خواہشوں پر نہ چلئے (یعنی ان کی خواہش تو یہ ہے کہ آپ تبلیغ ترک کر دیں اور اسی لئے یہ طرح طرح سے پریشان کرتے ہیں تاکہ آپ تنگ ہو کر تبلیغ چھوڑ دیں سو آپ سے گو یہ احتمال نہیں مگر اہتمام وتقویت امر تبلیغ کے لئے آپ کو پھر اس کا حکم ہوتا ہے آگے اسی طرز پر اس حکم کی علت فرماتے ہیں کہ) یہ لوگ خدا کے مقابلہ میں آپ کے ذرا کام نہیں آ سکتے (پس ان کا اتباع نہ ہونے پاوے) اور ظالم لوگ ایک دوسرے کے دوست ہوتے ہیں (اور ایک دوسرے کا کہنا مانتے ہیں) اور اللہ دوست ہے اہل تقوی کا (اور اہل تقوی اس کا کہنا مانا کرتے ہیں سو جب آپ ظالم نہیں ہیں بلکہ رئیس المتقین ہیں تو آپ کو ان کی اتباع سے کیا نسبت البتہ متابعت حکم الٰہی سے خاص نسبت ہے غرض آپ صاحب نبوت وشریعت حقہ ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا...... اس میں بعض اخلاق کی تعلیم ہے۔ قولہ تعالیٰ: ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ...... جب رسول اللہ ﷺ کو اتباع شریعت کا حکم ہے دوسرا تو کس شمار میں ہے تو شرع کی مخالفت کر کے دعوی کمال وقرب کا کرنا کس قدر دعویٰ باطل ہے۔

(اور) یہ قرآن (جو آپ کو ملا ہے یہ) عام لوگوں کے لئے دانشمندیوں کا سبب اور ہدایت کا ذریعہ ہے اور یقین (یعنی ایمان) لانے والوں کے لئے بڑی رحمت کا (سبب) ہے (اور ظاہر ہے کہ علم وہدایت بمعنی دلالت علی الطریق تو عام ہے اور رحمت یعنی ثمرۂ عمل صرف اہل ایمان کے ساتھ خاص ہے)۔

اللغات: ایام اللہ وقائعہ من المثوبات والعقوبات ۱۲۔ قولہ من الامر فی الروح من بمعنی فی والامر الدین شریعۃ سنۃ وطریقۃ واصلہ موضع الورود فی الانہار ۱۲۔

النحو: منہ فی المدارک حال ای سخر ہذہ الاشیا کائنۃ منہ حاصلۃ من عندہ او خبر مبتدأ محذوف ای ہذا النعم کلہا منہ او صفۃ للمصدر ای تسخیرا منہ آہ قلت وعلی کل فہو مشاکل لقولہ تعالیٰ وما بکم من نعمۃ فمن اللہ قولہ یغفروا بتقدیر اللام مقول قل ۱۲۔

البلاغۃ: قوما فی الکشاف فان قلت قولہ قوما ما وجہ تنکیرہ وانما اراد الذین امنوا وہم معارف قلت ہو مدح لہم وثناء علیہم کانہ قیل لیجزی ایما قوم وقوما مخصوصین لصبرہم آہ فی الروح التنکیر للتعظیم ولفظ القوم فی نفسہ اسم مدح علی ما یرشد الیہ الاشتقاق (یعنی انہ مشتق من قام بالامر) والاستعمال فی نحویا ابن القوم وفی ہذا التنکیر کمال التعریف والتنبیہ علی انہم لا یحفون نکروا او عرفوا مع العلم بان المجزی لا یکون الا العامل وہو الغافر ہہنا اہ ورد ارادۃ الکفار او الفریقین بالقوم ونصب علیہ دلائل ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ اجْتَرَحُوا السَّیِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَوَآءً مَّحْیَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾ ع ۲/۱۸
وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰی كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ اَفَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ
اللّٰهُ عَلٰی عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰی سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰی بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ یَّهْدِیْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾

یہ لوگ جو برے برے کام کرتے ہیں کیا یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم ان کو ان لوگوں کے برابر رکھیں گے جنہوں نے ایمان اور عمل صالح اختیار کیا کہ ان سب کا جینا اور مرنا یکساں ہو جائے یہ برا حکم لگاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو حکمت کے ساتھ پیدا کیا اور تا کہ ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ دیا جائے اور ان پر ذرا ظلم نہ کیا جائے گا سو کیا آپ نے اس شخص کی حالت بھی دیکھی جس نے اپنا اللہ اپنی خواہش نفسانی کو بنا رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس کو باوجود سمجھ بوجھ کے گمراہ کر دیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اسکے کان اور دل پر مہر لگا دی ہے اور اسکی آنکھ پر پردہ ڈال دیا ہے سو ایسا شخص کو بعد اللہ کے (گمراہ کر دینے کے) کون ہدایت کرے کیا تم پھر بھی نہیں سمجھتے۔

تفسیر ربط: اوپر مضامین ثلثہ میں معاد کا بھی مضمون تھا نیز اوپر مَنْ عَمِلَ صَالِحًا ...... کی حکمت میں اور یَقْضِیْ بَیْنَهُمْ میں بھی اس کے متعلق مضمون تھا آگے پھر اس کی طرف عود ہے۔

عود بسوئے معاد: اس میں اول معاد کی حکمت اَمْ حَسِبَ میں پھر اس کی صحت وَخَلَقَ اللّٰهُ میں مع دوسری حکمت کے پھر اس کے منکرین کی شناعت مطلق انکار حق پر جس میں معاد بھی داخل ہے اَفَرَءَیْتَ ...... میں پھر ان کے قول کی نقل وَقَالُوْا میں پھر اس کا جواب قُلِ اللّٰهُ میں اور پھر اس جواب کی تائید وَلِلّٰهِ مُلْكُ ...... میں پھر اس کے بعد واقعات: یَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ میں یَسْتَعْتِبُوْنَ ﴿﴾ تک علی الترتیب مذکور ہیں۔

حکمت معاد: اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ اجْتَرَحُوا السَّیِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَوَآءً مَّحْیَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ﴿﴾۔ یہ (قیامت کا انکار کرنے والے) لوگ جو برے برے کام (کفر و شرک و ظلم و معصیت) کرتے (رہتے) ہیں کیا یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم ان کو ان لوگوں کے برابر رکھیں گے جنہوں نے ایمان اور عمل صالح اختیار کیا کہ ان سب کا جینا اور مرنا یکساں ہو جاوے (یعنی مؤمنین کا مرنا جینا بایں معنی باہم یکساں ہو جاوے کہ جس طرح حیات میں لذات سے متمتع نہ ہوئے اسی طرح بعد ممات بھی محروم رہیں اور اسی طرح کافروں کا مرنا جینا بایں معنی باہم یکساں ہو جاوے کہ جیسے حیات میں عقوبت سے بچے رہے اسی طرح بعد ممات بھی اس سے مامون رہیں مطلب یہ کہ انکار معاد سے یہ لازم آتا ہے کہ مطیعین کو کہیں ثمرہ اطاعت کا نہ ملے اور مخالفین پر کبھی وبال مخالفت کا نہ پڑے اور گو یہ امر باعتبار اپنی ذات کے ممکن تھا مگر چونکہ دلائل صحیحہ شرعیہ سے ہر ایک کو ثمرات اعمال کے ملنے کا قرین حکمت ہونا ثابت ہے لہٰذا اس حکمت کا وقوع ضروری ہو گیا اور دنیا میں اس کا وقوع ہوا نہیں پس لامحالہ آخرت کا وجود ضروری ہو گیا پس انکار قیامت سے جو لوگ تساوی مذکور کا حکم کرتے ہیں سو) یہ برا حکم لگاتے ہیں (کیونکہ دلائل صحیحہ سے اس کا بطلان ثابت ہو چکا ہے پس یہ حکمت ہوئی وجود آخرت میں کہ ہر ایک کو اس کے اعمال کے ثمرات مل جاویں)۔ **ف**: یہ تقریر تفسیر کی مواہب سے ہے وللہ الحمد اور آیت آئندہ کی تفسیر کے فائدہ کو اس سے تعلق ہے دیکھ لیا جاوے۔

صحت و امکان معاد مع حکمت دیگر: وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰی كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿﴾۔ اور اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین کو حکمت کے ساتھ پیدا کیا (اس میں سے ایک حکمت یہ ہے کہ ان کی تخلیق پر قدرت ہونے سے استدلال کیا جاوے قدرت علی البعث پر) اور (دوسری حکمت یہ ہے کہ) تاکہ ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ دیا جاوے (جس کی تقریر سورۂ دخان کی آیت: وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ...... (۸۳) کے ترجمہ میں گزر چکی ہے اور دنیا میں پورا بدلہ ہے نہیں پس ضرور آخرت ہونے والی ہے وہاں بدلہ ملے گا) اور (اس بدلہ میں) ان پر ذرا ظلم نہ کیا جاوے گا۔ **ف**: آیت بالا میں جو حکمت مذکور ہے اور جو اس میں مذکور ہے اصل حاصل دونوں کا متحد ہے یعنی مطیعین کو اطاعت کی جزا ملنا اور مخالفین کو مخالفت کی سزا ملنا لیکن اس دوسری آیت میں تو نفس عمل کا فی نفسہ مقتضی جزا ہونا اور دونوں عمل کا مساوی نہ ہونا مقصود ہے اور اس پہلی آیت میں نفس عمل کے مقتضی جزا ہونے کے علاوہ اس کا اس اعتبار خاص سے بھی مقتضی جزا ہونا مقصود ہے کہ عدم جزا میں عامل خیر اور عامل شر کی بھی تساوی لازم آتی ہے اور یہ طبعاً ایک محذور مستقل ہے چنانچہ عادۃً دیکھا جاتا ہے کہ اگر کسی کے پاس ایک ہی نوکر ہو اور وہ ہر طرح سے اطاعت کرتا ہو مگر اس کا کوئی انعام اکرام نہ دیا جاوے تو اس کو اس قدر شکایت نہیں ہوتی جیسا اس صورت میں ہوتی ہے کہ ایک دوسرا شریر نوکر آ جاوے اور وہ طرح طرح کی شرارتیں کرتا ہو اور اس کی شرارت پر بھی کوئی سزا نہ دی جاوے اس وقت اس مطیع نوکر کے دل میں یہ خیال ہوگا کہ میری اطاعت کرنے سے کیا فائدہ ہوا اور میری اطاعت کی کوئی قدر نہ ہوئی اگر اس شریر کو سزا ملتی تو میں سمجھتا کہ خیر اطاعت میں اگر انعام نہیں ہے تو یہی اثر سہی کہ سزا سے حفاظت رہتی ہے اور جب کہ اس کو سزا بھی نہیں ملی تو میری اطاعت بے کار رہی گئی۔ خوب سمجھ لو اور مشہور تفسیر اس آیت سابقہ کی اور ہے یعنی کیا ہم دونوں کی حیات اور دونوں کی ممات برابر کر دیں گے اور مراد مجموعہ پر انکار فرمانا ہے مطلب یہ کہ جس طرح حیات میں مؤمن و کافر اکثر امور میں مثل صحت

www.besturdubooks.net

ورزق وعافیت وغیر ہا باعتبار نفس امور مذکورہ کے برابر رہتے ہیں گو کمیت وکیفیت میں تفاوت ہو نیز دونوں فریق میں امیر وغریب ومبتلا ومریض بھی ہوتے ہیں گو قلت وکثرت کا تفاوت ہو تو کیا بعد موت بھی ان کو برابر رکھیں گے اور ایک کی اطاعت اور دوسرے کی معصیت کا کوئی اثر مرتب نہ ہوگا۔ اھ۔ اب ناظرین اپنے مذاق کے موافق جس کو چاہیں اختیار کرلیں۔ اور بعض تفاسیر میں لکھا ہے کہ بعض کفار نے کہا تھا کہ اگر آخرت کوئی چیز ہے تب بھی ہم آخرت میں مسلمان سے افضل واجمل رہیں گے یہ آیت ان کے جواب میں آئی ہے کذا فی الخازن بلا سند تو اس وقت اول تقریر اس طرح جاری ہوگی کہ کیا ہم مسلمانوں کی حیات ومماات کو برابر کردیں گے کہ یہاں بھی باعتبار اکثر کے سامان دنیوی میں کافروں سے کم رہے اور وہاں بھی کم رہیں اور اسی طرح کیا کافروں کی حیات اور موت کو برابر کردیں گے کہ یہاں بھی باعتبار اکثر کے مسلمانوں سے بڑھے رہے اور وہاں بھی بڑھے رہیں گے اور دوسری تقریر اس طرح ہوگی کہ بڑھا ہو تو کیا معنی کرامت یا عدم مواخذہ میں برابری بھی نہیں ہوگی بلکہ دونوں کی حالت بعد الممات میں عقوبت کا تفاوت ہوگا گو دنیا میں عدم عقوبت کے اعتبار سے مساوی رہے۔

شناعت منکرین معاد: اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰـهَهٗ هَوٰىهُ (الی قولہ تعالی) اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ سو کیا (بعد ان بیانات بلیغہ توحید ومعاد کے) آپ نے اس شخص کی حالت بھی دیکھی جس نے اپنا خدا اپنی خواہش نفسانی کو بنا رکھا ہے (کہ جو جی میں آتا ہے علماً وعملاً اس کا اتباع کرتا ہے) اور خدا تعالیٰ نے اس کو باوجود سمجھ بوجھ کے گمراہ کردیا ہے (کہ حق کو سنا اور سمجھا بھی مگر اتباع ہوی سے گمراہ ہوگیا) اور (خدا تعالیٰ نے) اس کے کان اور دل پر مہر لگادی ہے اور اس کی آنکھ پر پردہ ڈال دیا ہے (یعنی اتباع ہوا کی بدولت استعداد قبول حق کی نہایت مضمحل ہوگئی) سو ایسے شخص کو بعد خدا کے (گمراہ کردینے کے) کون ہدایت کرے (اس میں تسلیہ بھی ہے آگے ان منکرین کو زجر کے طور پر خطاب ہے کہ) کیا تم (ان بیانات کو سن کر) پھر بھی نہیں سمجھتے (یعنی وہ سمجھنا جو نافع ہو گو بالمعنی الاعم سمجھتے تھے)۔

ف: ہر چند کہ اتخاذ ہوی پر شناعت کرنا انکار معاد کے ساتھ مخصوص نہیں لیکن بندہ نے اس پر اس لئے محمول کیا ہے کہ سیاق وسباق میں معاد ہی کا ذکر ہے خود کلمہ فاء بھی اس سے زیادہ چسپاں ہے اور ممکن ہے کہ عام کہا جاوے اور معاد کو اس عام کا فرد خاص اولی کہا جاوے اور اگر یہ توحید کے باب میں ہو تو انکار توحید وانکار معاد میں چونکہ تلازم ہے اس واسطہ سے یہ شناعت انکار معاد پر متوجہ ہوسکتی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰـهَهٗ هَوٰىهُ (الی قولہ تعالی) عَلٰی عِلْمٍ اس میں اتباع ہوی کی مذمت ظاہر ہے اور دوسرا جملہ اس شخص کی شناعت پر دال ہے جو باوجود وضوح حق کے پھر ہوی کا اتباع کرتا ہے۔

النحو: قوله كالذين امنوا مفعول ثان لجعل وقوله سواء بمعنى مستويا بالنصب بدل من الكاف بمعنى مثل او حال ومحياهم ومماتهم فاعل سواء ويكون مثل قولهم مررت برجل سواء هو والعدم وبالرفع خبر لمحياهم ومماتهم والجملة بدل معنى من الكاف لبيان معنى المماثلة والله اعلم قوله ولتجزى عطف على معنى بالحق اى للحق بمعنى الحكمة التى هى الاستدلال على القدرة على البعث وللجزاء لان الفعل بمعنى المصدر ۱۲۔ قوله على علم حال من المفعول اى اضله عالما بطريق الهدى فهو كقوله تعالى فما اختلفوا الا من بعد ما جاء هم العلم قوله من بعد الله اى من بعد اضلاله تعالى اياه وقيل المعنى فمن يهديه غير الله سبحانه ۱۲۔

البلاغۃ: افلا تذكرون فيه التفات ۱۲۔

وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۝۲۴ وَاِذَا
تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۲۵ قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ
ع ۱۹ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۲۶ وَلِلّٰهِ مُلْكُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ۝۲۷ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ۚ
اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۲۸ هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ۚ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۲۹ فَاَمَّا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝۳۰ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ اَفَلَمْ

www.besturdubooks.net

تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ۝۳۱ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ

فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ۝۳۲ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ

مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۳۳ وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝۳۴ ذٰلِكُمْ

بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ۝۳۵ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۳۶ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۪ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۳۷ ع ۴ / ۱۱ / ۲۰

اور یہ (بعث کے منکر) لوگ یوں کہتے ہیں کہ بجز ہماری اس دینوی حیات کے اور کوئی حیات نہیں ہے کہ مرتے ہیں اور ہم کو صرف زمانہ (کی گردش) سے موت آ جاتی ہے اور ان لوگوں کے پاس اس پر کوئی دلیل نہیں محض اٹکل سے ہانک رہے ہیں اور جس وقت (اس بارہ میں) ان کے سامنے ہماری کھلی کھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو ان کا (اس پر) اس کے اور کوئی جواب نہیں ہوتا کہ کہتے ہیں کہ ہمارے باپ دادوں کو زندہ کر کے سامنے لے آؤ کہ تم سچے ہو۔ آپ یوں کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ تم کو زندہ رکھتا ہے پھر جب چاہے گا تم کو موت دے گا پھر قیامت کے دن جس (کے وقوع) میں ذرا شک نہیں، تم کو جمع کرے گا۔ لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے اور اللہ ہی کو سلطنت ہے آسمانوں اور زمین میں اور جس روز قیامت قائم ہوگی اس روز اہل باطل خسارہ میں پڑیں گے اور (اس روز) آپ ہر فرقہ کو دیکھیں گے کہ (مارے خوف کے) زانو کے بل گر پڑیں گے (ہر فرقہ اپنے نامۂ اعمال کے حساب) کی طرف بلایا جائے گا۔ آج تم کو تمہارے کئے کا بدلہ ملے گا اور کہا جائے گا کہ یہ (نامۂ اعمال) ہمارا دفتر ہے جو تمہارے مقابلہ میں ٹھیک ٹھیک بول رہا ہے اور ہم دنیا میں تمہارے اعمال کو (فرشتوں سے) لکھواتے جاتے ہیں۔ سو جو لوگ ایمان لائے تھے اور انہوں نے اچھے کام کئے تھے تو ان کو ان کا رب اپنی رحمت میں داخل کرے گا اور یہ صریح کامیابی ہے اور جو لوگ کافر تھے (ان سے کہا جائے گا) کیا میری آیتیں تم کو پڑھ پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں۔ سو تم نے (قبول کرنے سے) تکبر کیا تھا اور تم (اس وجہ سے) بڑے مجرم تھے اور جب تم سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کا وعدہ حق ہے اور قیامت میں کوئی شک نہیں ہے تو تم کہا کرتے تھے کہ ہم نہیں جانتے قیامت کیا چیز ہے محض ایک خیال سا تو ہم کو بھی ہوتا ہے اور ہم کو یقین نہیں اور (اس وقت) ان کو اپنے تمام برے اعمال ظاہر ہو جائیں گے اور جس (عذاب) کے ساتھ وہ استہزا کیا کرتے تھے وہ ان کو آ گھیرے گا اور ان سے کہا جائے گا کہ آج ہم تم کو بھلائے دیتے ہیں جیسا کہ تم نے اپنے اس دن کے آنے کو بھلا رکھا تھا اور آج تمہارا ٹھکانا جہنم ہے اور کوئی تمہارا مددگار نہیں یہ (سزا) اس وجہ سے ہے کہ تم نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کی ہنسی اڑائی تھی اور تم کو دینوی زندگی نے دھوکہ میں ڈال رکھا تھا سو آج نہ تو یہ لوگ دوزخ سے نکالے جائیں گے اور نہ ان سے اللہ (کی خفگی) کا تدارک چاہا جائے گا سو تمام خوبیاں اللہ ہی کے لئے ہیں جو پروردگار ہے آسمانوں کو اور پروردگار ہے زمین کا پروردگار تمام عالم کا اور اسی کی بڑائی ہے آسمانوں اور زمین میں اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔

تفسیر: **نقل اقوال منکرین معاد مع جواب:** وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا (الی قولہ تعالی) وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ اور یہ (بعث کا انکار کرنے والے) لوگ یوں کہتے ہیں کہ بجز ہماری اس دنیوی حیات کے اور کوئی حیات (آخرت میں) نہیں ہے ہم (یہی ایک مرنا) مرتے ہیں اور (یہی ایک جینا) جیتے ہیں (مقصود تو حصر کرنا حیات کا ہے حیات دنیویہ میں اور موت کا حصر تبعاً نظیر کے طور پر بیان کر دیا کہ دیکھو موت تو بالاتفاق ایک ہی ہے اسی طرح حیات بھی ایک ہی ہے) اور ہم کو صرف زمانہ (کی گردش) سے موت آ جاتی ہے (مطلب یہ کہ مرور زماں سے قویٰ بدنیہ تحلیل ہوتے ہیں اور ان اسباب طبعیہ سے موت آ جاتی ہے اور اسی طرح حیات کا سبب بھی امور طبعیہ ہیں پس جب موت و حیات مقتضا اسباب طبعیہ کا ہے اور حیات ثانیہ کو اسباب طبعیہ مقتضی ہیں نہیں تو حیات ثانیہ نہ ہوگی تو یہ قول : وَمَا يُهْلِكُنَآ ...... بمنزلہ دلیل کے ہے قول مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا پر اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ خدا کے منکر ہوں لیکن فلاسفہ یونانیہ کی طرح سے باوجود واجب الوجود کے ماننے کے صور نوعیہ کو فاعل اور ہیولی کو قابل مانتے تھے) اور (آگے ان کی تجبیل ہے) ان لوگوں کے پاس اس پر کوئی دلیل نہیں ہے محض اٹکل سے ہانک رہے ہیں (یعنی نفی حیات اخرویہ پر کوئی دلیل نہیں اور جو دلیل ذکر کی ہے خود اس پر کوئی دلیل نہیں اور عدم بداہت ظاہر ہے بلکہ خلاف دلیل ہے جیسا کہ علم کلام میں ثابت ہوا ہے کہ حق تعالیٰ فاعل مختار ہے اور یہ منافی ہے اسباب طبعیہ پر کسی مسبب کے موقوف ہونے کو پس نہ تو ان کے پاس کوئی دلیل ہے) اور (نہ اہل حق کی دلیل کا وہ کچھ جواب دے سکتے ہیں چنانچہ) جس وقت (اس بارہ میں) ان کے سامنے ہماری کھلی کھلی آیتیں (جن کی صحت وقطعیت پر خود ان کی صفت ذاتیہ اعجاز دلیل ہے) پڑھی جاتی ہیں (جو اثبات مطلوب کے لئے کافی ہیں) تو ان کا (اس پر) بجز اس کے اور کوئی جواب نہیں ہوتا کہ کہتے ہیں کہ ہمارے باپ دادوں کو (زندہ کر کے) سامنے لے آؤ اگر تم (اس دعوے میں) سچے ہو (اور اس جواب کے سوا کوئی اور جواب نہیں

www.besturdubooks.net

دے سکتے مثلاً کسی دلیل عقلی سے اس کا ممتنع عقلی ہونا ثابت کردیتے تاکہ معارضہ کے وقت دلیل نقلی کو برتقدیر صحت کے مؤول اور برتقدیر عدم صحت کے متروک کیا جاوے یا قرآن کا مثل لے آتے تاکہ اعجاز کا جواب ہو جاتا مگر ان میں کوئی جواب نہ بن پڑا اور جو جواب دیا محض نامعقول کیونکہ احیائے خاص کی نفی سے مطلق احیاء کی نفی نہیں لازم آتی چنانچہ اسی جواب الجواب کے لئے ارشاد ہے کہ) آپ یوں کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ تم کو (جب تک چاہتا ہے) زندہ رکھتا ہے پھر (جب چاہے گا) تم کو موت دے گا پھر قیامت کے دن جس (کے وقوع) میں ذرا شک نہیں تم کو (زندہ کرکے) جمع کرے گا (پس دعویٰ اس روز کے احیاء کا ہے اور عدم احیائے موتیٰ فی الدنیا سے اس احیاء کی نفی لازم نہیں آتی) لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے (اور بلادلیل خود و بلاعدم دلیل مخالف انکار حق کا کرتے ہیں)۔

تائید جواب مذکور و بعض واقعات یوم النشور: وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (الی قولہ تعالی) فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ۝ اور (اوپر جو کہا گیا ہے يَجْمَعُكُمْ ...... تو اس میں کچھ استبعاد نہ سمجھا جاوے کیونکہ) اللہ ہی کی سلطنت ہے آسمانوں میں اور زمین میں (وہ جو چاہے تصرف کرے پس یہ تصرف بھی جو کہ فی نفسہ اور باعتبار اس کی قدرت کے ممکن ہے مستبعد نہیں یہ تائید ہوگئی جواب کی) اور (آگے واقعات کا ذکر ہے کہ) جس روز قیامت قائم ہوگی اس روز اہل باطل خسارہ میں پڑیں گے اور آپ (اس روز) ہر فرقہ کو دیکھیں گے کہ (مارے خوف کے) زانو کے بل گر پڑیں گے ہر فرقہ اپنے (اعمال مندرجہ) نامہ اعمال (کے حساب) کی طرف بلایا جاوے گا (یہ مطلب ہے نامۂ اعمال کی طرف بلانے کا ورنہ نامہ اعمال تو خود ان کے پاس ہوں گے اور ان کو مع نامہ اعمال کے بلایا جانا ثابت ہے قال تعالیٰ يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ [بنی اسرائیل: ۷۱] اور ان سے کہا جاوے گا کہ) آج تم کو تمہارے کئے کا بدلہ ملے گا (اور کہا جاوے گا کہ) یہ (نامہ اعمال) ہمارا (لکھایا ہوا) دفتر ہے جو تمہارے مقابلہ میں ٹھیک ٹھیک بول رہا ہے (یعنی تمہارے اعمال کو ظاہر کر رہا ہے اور ہم (دنیا میں) تمہارے (سب) اعمال کو (فرشتوں سے) لکھواتے جاتے تھے (اور یہ ان ہی کا مجموعہ ہے) سو (حساب کے بعد فیصلہ یہ ہوگا کہ) جو لوگ ایمان لائے تھے اور انہوں نے اچھے کام کئے تھے تو ان کو ان کا رب اپنی رحمت میں داخل کرے گا اور یہ صریح کامیابی ہے اور جو لوگ کافر تھے (ان سے کہا جاوے گا کہ) کیا میری آیتیں تم کو پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں سو تم نے (ان کے قبول کرنے سے) تکبر کیا تھا اور (اس وجہ سے) تم بڑے مجرم تھے اور (تمہارا یہ حال تھا کہ) جب (تم سے) کہا جاتا تھا کہ اللہ کا وعدہ (بعث و مجازات کا) حق ہے اور قیامت میں کوئی شک نہیں ہے تو تم (نہایت بے پروائی سے) کہا کرتے تھے کہ ہم نہیں جانتے قیامت کیا چیز ہے (صرف سننے سنانے سے) محض ایک خیال سا تو ہم کو بھی ہوتا ہے (جیسے قضایائے کاذبہ میں بھی تصور بالاصطلاح المنطقی ہوا کرتا ہے) اور (قضایائے یقینیہ یا مظنونہ کی تصدیق بالاصطلاح المنطقی کی طرح) ہم کو (اس کا) یقین (حاصل) نہیں (بلکہ ان کے اور اقوال سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو احتمال بھی نہیں یا یہ قول عوام اہل تردد کا ہو اور مَّا نَدْرِيْ سے بھی تیقن کی نفی ہو اور نفی کا تیقن نہ ہو) اور (اس وقت) ان کو اپنے تمام برے اعمال ظاہر ہو جاویں گے اور جس (عذاب) کے ساتھ استہزاء کیا کرتے تھے وہ ان کو آ گھیرے گا اور (ان سے) کہا جاوے گا کہ آج ہم تم کو بھلائے دیتے ہیں (یعنی رحمت سے محروم کئے دیتے ہیں جس کو بھلانا مجازاً کہہ دیا) جیسا تم نے اپنے اس دن کے آنے کو بھلا رکھا تھا اور (آج) تمہارا ٹھکانا جہنم ہے اور کوئی تمہارا مددگار نہیں یہ (سزا) اس وجہ سے ہے کہ تم نے خدا تعالیٰ کی آیتوں کی ہنسی اڑائی تھی اور تم کو دنیوی زندگی نے دھوکہ میں ڈال رکھا تھا (کہ اس میں مشغول ہو کر آخرت سے بالکل غافل بلکہ منکر ہوگئے تھے) سو آج نہ تو یہ لوگ دوزخ سے نکالے جاویں گے اور نہ ان سے خدا کی خفگی کا تدارک چاہا جاوے گا (یعنی اس کا موقع نہ دیا جاوے گا کہ توبہ کرکے خدا کو راضی کرلیں)۔ **ف:** تَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً۝ میں لفظ كُلَّ اگر عام ہو تو ظاہراً ہول کا ثبوت مقبولین کے لئے بھی لازم آتا ہے لیکن ممکن ہے کہ بہت تھوڑی دیر کے لئے ہونے سے وہ معتد بہ نہ ہو اس لئے نفی فزع کی نصوص سے اس کا تعارض نہ ہوگا اور اگر عام مخصوص البعض ہو تو سوال ہی متوجہ نہیں ہوتا اور اگر جاثیہ کے معنی مثل دوسرے مفسرین کے یہ کہے جاویں گے کہ حساب کے وقت ادب کی وجہ سے دو زانو بیٹھے ہوں گے تو پھر کچھ اشکال ہی نہیں اور ظن و استیقان کے ترجمہ میں مراد تصور و تصدیق سے معتبر عند المنطقیین ہے۔

ربط: اوپر مباحث سورت سے حق تعالیٰ کی رحمت و حکمت اور عظمت و عزت اور لطف و ہیبت پر دلالت ہوتی ہے چنانچہ مسئلۂ نبوت سے رحمت اور حکمت اور مسئلۂ توحید سے عزت اور عظمت اور مسئلۂ معاد سے لطف اور ہیبت کا ہونا ظاہر ہے آگے خاتمہ میں بطور تفریع کے اسی مدلول لزومی کی تصریح قصدی ہے۔

بیان صفات کمال ذی الاکرام والجلال: فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ (الی قولہ تعالی) وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۝ (جب یہ تمام مضامین سن لئے) سو (ان سے یہ بھی سمجھ میں آ گیا کہ) تمام خوبیاں اللہ ہی کے لئے (ثابت) ہیں جو پروردگار (یعنی موجود و مبقی) ہے آسمانوں کا اور پروردگار ہے زمین کا (اور آسمان و زمین ہی کی کیا تخصیص ہے وہ تو) پروردگار ہے تمام عالم کا (اس سے رحمت معلوم ہوئی کیونکہ ایجاد و ابقاء اصل رحمت ہے) اور اسی کو بڑائی ہے (جس کا ظہور آثار سے) آسمان و زمین میں (ہو رہا ہے) اور وہی زبردست ہے حکمت والا ہے (اس کی دلالت بقیہ صفات مذکورہ پر ظاہر ہے)۔ **ف:** الحمد للہ علی تمام تفسیر سورۃ الجاثیۃ وبہ ختم الجلد العاشر من التفسیر وبہا ختم خمس واربعون من سور القرآن المنیر۔ وایضا

www.besturdubooks.net

بالاتفاق الحسن العجیب ختم اذ ذاك خمسة واربعون سنة مع زيادة قليلة ما تبلغ نافية۱۲ نصف شهر من سن هذا الفقير۔ وكان هذا في يوم الخميس لسبعة عشر من ربيع الثاني ۱۳۲۵ھ من هجرة البشير والنذير۔ صلى الله عليه وسلم كثير في كثير۔ ولما بقي في التي من السور ما اكثره قصير۔ رايت ان حذف التمهيد من اولها والتاريخ من آخرها الا لعارض هو الجدير۔ وادعوه تعالىٰ ان يوفقني لاتمام البقية وهو على كل شئ قدير۔

ملحقات الترجمة : ۱ قوله في جاثية گر پڑیں گے كذا نقل في الخازن عن سلمان الفارسيؓ ان في القيامة ساعة يخر الناس فيها جثاة على الركب۱۲۔

اللغات: الدهر في الروح اى طول الزمان فالدهرا خص من الزمان ويقال دهر فلانا نائبة دهرا اى نزلت به فالدهر ههنا مصدر وان الدهر بالمعنى السابق منقول من المصدر۔ ويقال دهره دهرا اى غلبه آه مختصر۱۲۔ نستنسخ اى نامر بالنسخ والكتابة۔ قوله الا ظنا اى ضعيفا فالتنوين للتحقير والمستثنىٰ منه مطلق الظن فالكلام هكذا ان نظن ظنا ما الا ظنا ضعيفا فلا اشكال والاحتياج الى ان يزال وتقرير الاشكال وازالته ما في النيسابورى قال ابو على والاخفش هذا الكلام جار على غير الظاهر لان كل من يظن فانه لا يظن الا الظن فتاويله ان ينوى به التقديم اى ما نحن الا نظن ظنا۱۲۔

النحو: قوله ما هي اى الحيوٰة مطلقا۱۲۔ قوله رب العالمين بدل من ما قبله۔ قوله في السمٰوٰت في موضع الحال او متعلق بالكبرياء ۱۲۔

البلاغة: قوله رب السمٰوٰت الخ في تكرير لفظ الرب تاكيد وايذان بان ربوبيته تعالىٰ لكل بطريق الاصالة قوله في السمٰوٰت والتقييد بذلك لظهور آثار الكبرياء واحكامها فيها والاظهار في مقام الاضمار لتفخيم شان الكبرياء فقط والله اعلم۱۲۔

وجوه المثاني

سورة ص : قوله تعالىٰ اصحاب ايكة۔ فيه ماتقدم في الشعراء قوله تعالىٰ ما لها من فواق۔ فيه قراء تان الاولىٰ ضم الفاء لحمزة والكسائي والثانية بفتحها وهما بمعنى واحد قوله تعالىٰ واذكر عبدنا ابراهيم۔ فيه قراء تان الاولىٰ عبدنا بالتوحيد لابن كثير والثانية عبادنا على الجمع للباقين قوله تعالىٰ بخالصة۔ فيه قراء تان الاولىٰ غير تنوين على الاضافة البيانية لنافع وهشام والثانية بتنوين على البدل للباقين قوله تعالىٰ واليسع ذكر في الانعام قوله تعالىٰ ما توعدون۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالتحتية لابن كثير وابي عمرو والثانية بالفوقية للباقين قوله تعالىٰ غساق۔ فيه قراء تان الاولىٰ بتشديد السين لحمزة والكسائي وحفص والثانية بالتخفيف للباقين وهما بمعنى واحد قوله تعالىٰ واخر۔ فيه قراء تان الاولىٰ بضم الهمزة لابي عمرو والثانية بفتحها ممدودة للباقين قوله تعالىٰ اتخذناهم۔ فيه قراء تان الاولىٰ بهمزة الوصل لابي عمرو وحمزة والكسائي والثانية بقطعها مفتوحة للباقين والهمزة على الثاني همزة استفهام سقطت لجلها همزة الوصل قوله تعالىٰ سخريا۔ ذكر في المؤمنين قوله تعالىٰ فالحق۔ فيه قراء تان الاولىٰ برفع القاف لعاصم وحمزة والثانية النصب للباقين والرفع على كونه مبتدأ محذوف الخبر وخبر محذوف المبتدأ والنصب على انه مقسم به وحرف القسم مضمر۔

سورة الزمر : قوله تعالىٰ امهاتكم۔ ذكر في النور قوله تعالىٰ يرضه۔ فيه ثلث قراء ات الاولىٰ بسكون الهاء للسوسي ووجه للدورى وهشام اجراء للوصل مجرى للوقف وهو لغة لبني كلاب وبني عقيل والثانية صلة الهاء بواو للدورى وابن كثير وابن ذكوان والكسائي والثالثة بضم الهاء مقصورة للباقين قوله تعالىٰ ليضل عن۔ فيه قراء تان الاولىٰ بفتح الياء لابن كثير وابي عمرو والثانية بالضم للباقين۔ قوله تعالىٰ امن هو۔ فيه قراء تان الاولىٰ بتخفيف الميم لنافع وابن كثير وحمزة والثانية بالتشديد للباقين وتوجيه الاول ادخال همزة الاستفهام على من وتوجيه الثاني ادخال ام على من قوله تعالىٰ رجلا سلما۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالف بعد السين وكسر اللام بعدها لابن كثير وابي عمرو والثانية بغير الف وفتح اللام للباقين قوله تعالىٰ بكاف عبده۔ فيه قراء تان الاولىٰ عباده بالجمع لحمزة والكسائي والثانية بالافراد للباقين قوله تعالىٰ كاشفات ضره وممسكات رحمته۔ فيهما قراء تان

www.besturdubooks.net

الاولی بتنوین التاء ونصب الراء والتاء من ضره ورحمته لابی عمرو والثانیة بغیر تنوین فیهما وجر الراء والتاء للباقین قوله تعالیٰ علی مکانتکم۔ فیه قراء تان الاولی بالف بعد النون جمعا لشعبة والثانیة بغیر الف افرادا للباقین قوله تعالیٰ قضی علیها الموت۔ فیه قراء تان الاولی بضم القاف وکسر الضاد و فتح الیاء بعد الضاد و رفع التاء من الموت لحمزة والکسائی والثانیة بفتح القاف والضاد وسکون الیاء المنقلبة الفا ونصب الموت للباقین قوله تعالیٰ لا تقنطوا۔ فیه قراء تان الاولی بکسر النون بعد القاف لابی عمرو والکسائی والثانیة بفتحها للباقین۔ قوله تعالیٰ بمفازتهم۔ فیه قراء تان الاولی بالف بعد الزاء جمعا لحمزة والکسائی وشعبة والثانیة بغیر الف افرادا للباقین قوله تعالیٰ تامرونی۔ فیه اربع قراء ات الاولی بتخفیف النون وفتح الیاء لنافع والثانیة بتشدید النون وفتح الیاء لابن کثیر والثالثة بنونین الاولی مفتوحة والثانیة مکسورة وسکون الیاء لابن عامر والرابعة بتشدید النون وسکون الیاء للباقین قوله تعالیٰ فتحت فی الموضعین۔ فیه قراء تان الاولی بتخفیف التاء فیهما للکوفین والثانیة بالتشدید للباقین۔

سورۃ المؤمن: (سورۃ غافر) قوله تعالیٰ حقت کلمت۔ فیه قراء تان الاولی بالف بعد المیم علی الجمع لنافع وابن عامر والثانیة بغیر الف علی الافراد للباقین قوله تعالیٰ وینزل۔ فیه قراء تان الاولی من الافعال لابن کثیر وابی عمرووالثانیة من التفعیل للباقین قوله تعالیٰ والذین یدعون۔ فیه قراء تان الاولی بتاء الخطاب لنافع وهشام والثانیة بیاء الغیبة للباقین قوله تعالیٰ اشد منکم۔ فیه قراء تان الاولی بکاف الخطاب لابن عامر والثانیة بهاء الغیبة للباقین قوله تعالیٰ رسلهم۔ فیه قراء تان الاولی بسکون السین لابی عمرو والثانیة بالضم للباقین والاولی تخفیف للثانیة قوله تعالیٰ اوان یظهر۔ فیه قراء تان الاولی باوقبل ان للکوفیین والثانیة بوا وقبل ان للباقین قوله تعالیٰ یظهر فی الارض الفساد۔ فیه قراء تن الاولی من الاظهار ونصب الدال لنافع وابی عمرو وحفص والثانیة من الظهور ورفع الدال قوله تعالیٰ علی کل قلب۔ فیه قراء تان الاولی بتنوین الموحدة لابی عمرو وابن ذکوان والثانیة بغیر تنوین للباقین والاول علی کونه موصوفاً لما بعده والثانی علی اضافته الیه قوله تعالیٰ فاطلع فیه قراء تان الاولی بنصب العین لحفص والثانیة بالرفع للباقین والنصب علی انه جواب للترجی والرفع علی انه معطوف علی ابلغ قوله تعالیٰ وصد۔ فیه قراء تان الاولی بضم الصاد للکوفیین والثانیة بالفتح للباقین قوله تعالیٰ اتبعونی۔ فیه ثلث قراء ات الاولی اثبات الیاء بعد النون وقفا ووصلا لابن کثیر والثانیة اثباتهاوصلا لا وقفا لقالون وابی عمرو والثالثة حذفها وقفا ووصلا للباقین قوله تعالیٰ یدخلون الجنة۔ فیه قراء تان الاولی بالبناء للمفعول لابن کثیر وابی عمرو وشعبة والثانیة بالبناء للفاعل للباقین قوله تعالیٰ ادخلوا ال۔ فیه قراء تان الاولی بقطع الهمزة فال مفعوله لنافع وحفص وحمزة والکسائی والثانیة بوصلها فال منادی قوله تعالیٰ رسلکم۔ فیه قراء تان الاولی بکسر السین لابی عمرو والثانیة بالضم للباقین وکذا رسلنا ورسلهم قوله تعالیٰ یوم لا ینفع۔ فیه قراء تان الاولی بالتحتیة لنافع والکوفیین والثانیة بتاء الخطاب للباقین قوله تعالیٰ قلیلا ما تتذکرون۔ فیه قراء تان الاولی بالخطاب للکوفیین والثانیة بالغیبة للباقین قوله تعالیٰ سیدخلون فیه قراء تان الاولی بالبناء للمفعول لابن کثیر وشعبة والثانیة بالبناء للفاعل للباقین قوله تعالیٰ شیوخا۔ فیه قراء تان الاولی بضم الشین لنافع وابی عمرو وهشام وحفص والثانیة بالکسر للباقین قوله تعالیٰ فیکون۔ فیه قراء تان الاولی بنصب النون لابن عامر والثانیة بالرفع للباقین والوجه قد مر فی البقرة۔

سورۃ حم السجدۃ: قوله تعالیٰ نحسات۔ فیه قراء تان الاولی بکسر الحاء لابن عامر والثانیة بسکونها للباقین والاول صفة مشبهة والثانی مصدر وصف به قوله تعالیٰ ویوم یحشر۔ فیه قراء تان الاولی بالنون علی البناء للفاعل لنافع والثانیة بالیاء علی البناء للمفعول وفی الاول اعداء منصوب وفی الثانی مرفوع قوله تعالیٰ یلحدون۔ فیه قراء تان الاولی بفتح الیاء والحاء لحمزة والثانیة بضم الیاء وکسر الهاء للباقین وهما لغتان قوله تعالیٰ اعجمی۔ فیه اربع قراء ات الاولی بتحقیق الهمزة الاولی وتسهیل الثانیة ودخال الف بینهما لقالون وابی عمرو والثانیة بتسهیل الثانیة و الادخال لورش وابن کثیر وابن ذکوان وحفص والثالثة باسقاط الاولی لهشام والرابعة بتحقیقهما للباقین قوله تعالیٰ من ثمرات۔ فیه قراء تان الاولی بالف بعد الراء جمعا لنافع وابن عامر وحفص والثانیة بغیر الف افرادا للباقین قوله تعالیٰ وناٰ تقدم فی بنی اسرائیل۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الشُّورَىٰ : قوله تعالیٰ یوحی۔ فیه قراء تان الاولیٰ بفتح الحاء لابن کثیر والثانیة کسرها للباقین قوله تعالیٰ تکاد۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالتحتیة لنافع والکسائی والثانیة بالفوقیة للباقین قوله تعالیٰ یتفطرن۔ فیه قراء تان الاولیٰ من الانفعال لابی عمرو وشعبة والثانیة من التفعل للباقین۔ قوله تعالیٰ به ابراهیم۔ فیه قراء تان الاولیٰ ابراهام لهشام والثانیة ابراهیم للباقین قوله تعالیٰ یبشر الله۔ فیه قراء تان الاولیٰ من التفعیل لنافع وابن عامر وعاصم والثانیة من نصر للباقین قوله تعالیٰ ما تفعلون۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالخطاب لحمزة والکسائی وحفص والثانیة بالغیبة للباقین قوله تعالیٰ لکن ینزل فیه قراء تان الاولیٰ من الافعال لابن کثیر وابی عمرو والثانیة من التفعیل للباقین قوله تعالیٰ ینزل الغیث۔ فیه قراء تان الاولیٰ من التفعیل لنافع وابن عامر وعاصم والثانیة من الافعال للباقین قوله تعالیٰ بما کسبت۔ فیه قراء تان الاولیٰ بما بغیر فاء لنافع وابن عامر والثانیة فبما بالفاء قوله تعالیٰ یسکن الریح۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالجمع لنافع والثانیة بالافراد للباقین قوله تعالیٰ ویعلم الذین۔ فیه قراء تان الاولیٰ برفع المیم لنافع وابن عامر والثانیة بالنصب للباقین وتوجیه الرفع عطفه علی مجموع الجملة الشرطیة ووجه النصب عطفه علیٰ علة مقدرة ای لیظهر عظیم قدرته تعالیٰ ویعلم الذین یجادلون قوله تعالیٰ کبیر الاثم۔ فیه قراء تان الاولیٰ علی وزن فعیل بالتوحید لحمزة والکسائی والثانیة علی وزن فعائل بالجمع للباقین قوله تعالیٰ او یرسل رسولا فیوحی۔ فیهما قراء تان الاولیٰ برفع لام یرسل وسکون یاء یوحی لنافع والثانیة بنصبهما للباقین والاولیٰ علی ان المعنی او هو یرسل الخ والثانیة علی ان التقدیر الا بان یوحی او ان یسمع من وراء حجاب او یرسل۔

سُورَةُ الزُّخْرُفِ : قوله تعالیٰ ان کنتم۔ فیه قراء تان الاولیٰ بکسر الهمزة لنافع وحمزة والکسائی والثانیة بالفتح للباقین علی تقدیر اللام۔ قوله تعالیٰ مهدا۔ فیه ما تقدم فی طٰهٰ قوله تعالیٰ تخرجون۔ فیه قراء تان الاولیٰ بصیغة المعروف لحمزة والکسائی وابن ذکوان والثانیة بصیغة المجهول للباقین قوله تعالیٰ جزاء۔ فیه قراء تان الاولیٰ بضم الزاء لشعبة والثانیة بالسکون للباقین قوله تعالیٰ ینشؤ۔ فیه قراء تان الاولیٰ بصیغة المجهول۔ من التفعیل لحمزة والکسائی وحفص والثانیة بصیغة المعلوم من فتح للباقین قوله تعالیٰ هم عبٰد الرحمن۔ فیه قراء تان الاولیٰ بکسر العین وبعدها نون ساکنة ونصب الدال لنافع وابن کثیر وابن عامر والثانیة بعد العین باء موحدة مفتوحة وبعدها الف ورفع الدال قوله تعالیٰ قال اولو جئتکم۔ فیه قراء تان الاولیٰ قال بصیغة الماضی لابن عامر وحفص والثانیة بصیغة الامر للباقین قوله تعالیٰ لبیوتهم فی الموضعین فیه قراء تان کما تقدم فی النور قوله تعالیٰ سقفا۔ فیه قراء تان الاولیٰ بفتح السین وسکون القاف لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بضمهما للباقین والاول مفرد والثانی جمع قوله تعالیٰ لما متاع۔ فیه قراء تان الاولیٰ بتشدید المیم بعد اللام لابن عامر بخلاف عن هشام وعاصم وحمزة والثانیة بالتخفیف للباقین ومعنی الاول ما کل ذلک الا متاع وعلی الثانی ان هی المخففة من الثقیلة واللام هی الفارقة بین المخفف والنافیة وما زائدة او موصولة بتقدیر لما هو متاع قوله تعالیٰ ویحسبون۔ فیه قراء تان الاولیٰ بفتح السین لابن عامر وعاصم والثانیة بکسرها للباقین قوله تعالیٰ حتی اذا جاء نا۔ فیه قراء تان الاولیٰ بمد الهمزة بعد الجیم علی التثنیة ای العاشی والقرین لنافع وابن کثیر وابن عامر وابی بکر والثانیة بغیر مد افرادا للباقین قوله تعالیٰ رسل مر فی الانبیاء قوله تعالیٰ من رسلنا ورسلنا۔ فیه قراء تان الاولیٰ بسکون السین لابی عمرو والثانیة بضمها للباقین قوله تعالیٰ اسورة فیه قراء تان الاولیٰ بسکون السین ولا الف بعدهالحفص والثانیة بفتح السین والف بعدها للباقین والاول جمع سوار والثانی جمع اسوار بمعنی سوار قوله تعالیٰ سلفا۔ فیه قراء تان الاولیٰ بضم السین واللام جمع سلیف لحمزة والکسائی والثانیة بفتحهما للباقین قوله تعالیٰ یصدون۔ فیه قراء تان الاولی بکسر الضاد لابن کثیر وابی عمرو وعاصم وحمزة والثانیة بالضم للباقین ومعنی الاول یضجون ومعنی الثانی یعرضون وقیل الاول بمعنی الثانی وقیل الثانی بمعنی الاول قوله تعالیٰ تشتهیه الانفس۔ فیه قراء تان الاولیٰ بهاء بعد الباء لنافع وابن عامر وحفص والثانیة بغیرهاء بعد الیاء للباقین قوله تعالیٰ یحسبون تقدم وکذا رسلنا قوله تعالیٰ ان کان للرحمٰن ولد۔ فیه قراء تان الاولیٰ بضم الواو وسکون اللام لحمزة والکسائی والثانیة بفتحهما للباقین قوله تعالیٰ والیه ترجعون۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالیاء التحتیة لابن کثیر وحمزة والکسائی والثانیة بالخطاب للباقین قوله تعالیٰ وقیله یا رب فیه قراء تان الاولیٰ بخفض اللام وکسر الهاء

www.besturdubooks.net

لعاصم وحمزة والثانية بنصب اللام وضم الهاء للباقين وهو على الاول معطوف على لفظ الساعة في قوله علم الساعة وعلى الثاني معطوف على محله لانها في محل النصب كانه قيل يعلم الساعة قوله تعالىٰ فسوف تعلمون۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالخطاب لنافع وابن عامر والثانية بالغيبة للباقين۔

سُوْرَةُ الدُّخَانِ: قوله تعالىٰ رب السمٰوٰت۔ فيه قراء تان الاولىٰ بخفض الموحدة لعاصم وحمزة والكسائی والثانية بالرفع للباقين والخفض على البدل من ربك والرفع علىٰ انه خبر اٰخر لان قوله تعالىٰ فاسر تقدم في طٰهٰ قوله تعالىٰ وعيون تقدم في الشعراء قوله تعالىٰ يعلى فيه قراء تان الاولىٰ بالتحتية لابن كثير وحفص والثانية بالفوقية للباقين والضمير على الاول عائد الى الطعام وعلى الثاني الى شجرة قوله تعالىٰ فاعتلوه۔ فيه قراء تان الاولىٰ بضم التاء لنافع وابن كثير وابن عامر والثانية بالكسر للباقين وهما لغتان قوله تعالىٰ ذق اٰنك۔ فيه قراء تان الاولىٰ بفتح همزة ان للكسائی والثانية بالكسر للباقين ومعنى الاول لانك قوله تعالىٰ في مقام۔ فيه قراء تان الاولىٰ بضم الميم الاولىٰ لنافع وابن عامر والثانية بالفتح للباقين قوله تعالىٰ وعيون تقدم في الشعراء۔

سُوْرَةُ الجَاثِيَةِ: قوله تعالىٰ اٰيات لقوم يوقنون اٰيات لقوم يعقلون فيهما قراء تان الاولىٰ كسر التاء نصبا لحمزة والكسائی والثانية رفعها للباقين والنصب على انها عطف على آيات السابق والرفع علىٰ انه مبتدأ مؤخر قوله تعالىٰ وتصريف الريح۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالتوحيد لحمزة والكسائی والثانية بالجمع للباقين قوله تعالىٰ واٰياته يؤمنون۔ فيه قراء تان الاولى بتاء الخطاب لابن عامر وشعبة وحمزة والكسائی والثانية بياء الغيبة للباقين قوله تعالىٰ من رجز اليم فيه ما تقدم فی سبأ قوله تعالىٰ ليجزى۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالنون لابن عامر وحمزة والكسائی والثانية بالياء للباقين قوله تعالىٰ سواء محياهم۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالنصب بدلا من الكاف لحمزة والكسائی وحفص والثانية بالرفع على ان سواء خبر مقدم وما بعده مبتدأ قوله تعالىٰ غشوة۔ فيه قراء تان الاولىٰ بفتح الغين وسكون السين لحمزة والكسائی والثانية بكسر الغين وفتح الشين والف بعد الشين للباقين وهما بمعنى قوله تعالىٰ افلا تذكرون۔ فيه قراء تان الاولىٰ بتخفيف الذال لحمزة والكسائی والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالىٰ والساعة لا ريب فيها۔ فيه قراء تان الاولىٰ بنصب الساعة لحمزة والثانية بالرفع وفی الاولىٰ عطف الجملة على الجملة وفی الثانية عطف الساعة على اسم ان۔ وجوہ المثانی ختم ہوئی۔فقط۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الْأَحْقَافِ

سُورَةُ الْأَحْقَافِ ۴۶ مَكِّيَّةٌ ۶۶ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۳۵ | رُكُوْعَاتُهَا ۴

سورۃ الاحقاف مکہ میں نازل ہوئی شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں اس میں ۳۵ آیات اور ۴ رکوع ہیں

حٰمٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۲ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ
وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۝۳ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا
خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۭ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ
كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۴ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَاۗىِٕهِمْ
غٰفِلُوْنَ ۝۵ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَاۗءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝۶

حٰمٓ ۔ یہ کتاب اللہ زبردست حکمت والے کی طرف سے بھیجی گئی ہے ہم نے آسمان اور زمین اور ان چیزوں کو جو ان کے درمیان میں ہیں حکمت کے ساتھ ایک میعاد معین کے لئے پیدا کیا ہے اور جو لوگ کافر ہیں ان کو جس چیز سے ڈرایا جاتا ہے وہ اس سے بے رخی کرتے ہیں۔ آپ کہئے کہ یہ تو بتاؤ جن چیزوں کو تم اللہ کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو مجھ کو یہ دکھلاؤ کہ انہوں نے کون سی زمین پیدا کی ہے یا ان کا آسمان میں کچھ ساجھا ہے۔ میرے پاس کوئی کتاب جو اس سے پہلے کی ہو یا کوئی اور مضمون منقول لاؤ اگر تم سچے ہو اور اس شخص سے زیادہ گمراہ کون ہوگا جو اللہ کو چھوڑ کر ایسے معبود کو پکارے جو قیامت تک بھی اس کا کہنا نہ کرے اور ان کو ان کے پکارنے کی بھی خبر نہ ہو اور جب سب آدمی جمع کئے جائیں تو وہ ان کے دشمن ہو جائیں اور ان کی عبادت ہی کا انکار کر بیٹھیں۔

سورۃ الاحقاف مکیۃ وایہا اربع او خمس و ثلثون کذا فی البیضاوی ۔

تفسیر ربط: طرفین سورتیں یعنی آخر سابق و اول لاحق میں ارتباط توحید و معاد میں دونوں کا اشتراک ہے مگر سابق میں معاد مفصل اور توحید مجمل ہے اور لاحق میں بالعکس۔

تمہید: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ حٰمٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝

توحید مفصل معاد مجمل: مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (الی قولہ تعالی) وَكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝ ۔ حٰمٓ ۝ (اس کے معنی اللہ تعالیٰ کو معلوم ہیں) یہ کتاب اللہ زبردست حکمت والے کی طرف سے بھیجی گئی ہے (پس اس کے مضامین قابل غور کے ہیں۔ آگے توحید اور معاد کا بیان ہے کہ) ہم نے آسمان اور زمین کو اور ان چیزوں کو جو ان کے درمیان میں ہیں حکمت کے ساتھ اور ایک میعاد معین (تک) کے لئے پیدا کیا ہے (وہ حکمت دلالت علی التوحید اور مجازات ہے کما مر تقریرہ غیر مرۃ اور وہ میعاد قیامت ہے) اور جو لوگ کافر ہیں ان کو جس چیز سے ڈرایا جاتا ہے (مثلاً یہ کہ توحید کے انکار پر تم کو قیامت میں عذاب ہوگا) وہ اس سے بے رخی (اور بے التفاتی) کرتے ہیں (اور توحید کو قبول نہیں کرتے) آپ (ان سے توحید کے بارہ میں احتجاجاً) کہئے کہ یہ تو بتلاؤ جن چیزوں کی تم خدا (کی توحید) کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو (ان کے مستحق الوہیت ہونے کی کیا دلیل ہے اگر دلیل عقلی ہے تو) مجھ کو یہ دکھلاؤ کہ انہوں نے کون سی زمین پیدا کی ہے یا ان کا آسمانوں (کے پیدا کرنے) میں کچھ ساجھا ہے (اور ظاہر ہے کہ تم بھی ان کو خالق نہیں مانتے جو کہ دلیل ہو سکتی ہے استحقاق الوہیت کی بلکہ مخلوق کہتے ہو جو کہ منافی ہے استحقاق الوہیت کی پس دلیل عقلی تو منتفی ہوئی بلکہ خود نفی پر دلیل عقلی قائم ہوگئی اور اگر تمہارے پاس دلیل نقلی ہے تو) میرے پاس کوئی (صحیح) کتاب

www.besturdubooks.net

۴ ۱۰ (جس میں شرک کا امر ہو اور) جو اس (قرآن) سے پہلے کی ہو (کیونکہ قرآن) میں نفی شرک کی تم بھی جانتے ہو پس اور ہی کتاب کی ضرورت ہوگی) یا (اگر کتاب نہ ہو تو) کوئی اور (معتبر) مضمون (جو زبانی) منقول (ہوتا چلا آتا ہو اور کتاب میں مدون نہ ہو) لاؤ اگر تم (دعویٰ شرک میں) سچے ہو (مطلب یہ کہ دلیل نقلی کے لئے) یہ ضرور ہے کہ اصل منقول عنہ کا قابل تصدیق ہونا ثابت ہو اور سند اس تک متواتر یا متصل موجود ہو خواہ وہ منقول عنہ کسی نبی کی کتاب ہو یا ان کا زبانی قول ہو) اور (ظاہر ہے کہ ایسی دلیل کوئی پیش نہیں کر سکتا مگر اپنے باطل سے پھر بھی باز نہ آئے ایسے شخص کی نسبت فرماتے ہیں کہ) اس شخص سے زیادہ کون گمراہ ہوگا جو (باوجود عجز عن الدلیل اور باوجود قیام دلیل علی النقیض پھر بھی وہ) خدا کو چھوڑ کر ایسے معبود کو پکارے جو قیامت تک بھی اس کا کہنا نہ کرے (بوجہ عدم سماع اصنام میں اور بوجہ عدم قدرت مستقلہ ذوات الارواح میں اور نیز بوجہ عدم رضا ملائکہ وغیرہم میں) اور ان کو ان کے پکارنے (تک) کی بھی خبر نہ ہو (جمادات تو بوجہ عدم قوت سامعہ کے اور ذوات الارواح میں بایں معنی کہ جیسی خبر کے کفار معتقد تھے کہ سماع لازم و دائم اور مفید ہے وہ منفی ہے) اور (پھر) جب قیامت میں سب آدمی (حساب کے لیے) جمع کئے جاویں تو وہ (معبود) ان (عابدین) کے دشمن ہو جاویں (کقولہ تعالیٰ: وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا | مریم: ۸۲ |) اور ان کی عبادت ہی کا انکار کر بیٹھیں (کقولہ تعالیٰ فی یونس: وَقَالَ شُرَكَاؤُهُمْ مَّا كُنتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ | یونس: ۲۸ | پس ایسے معبودین کی عبادت کرنے سے بڑھ کر کیا غلطی ہے کہ مقتضی عبادت ایک نہیں اور عدم عبادت کے مقتضی بکثرت محقق)۔

ربط مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِیْتُوْنِیْ بِکِتٰبٍ (الی قولہ تعالیٰ) مِّنْ عِلْمٍ اس میں اس پر دلالت ہے کہ دین کے باب میں بدون دلیل معتبر کے کوئی دعویٰ مسموع نہیں ہوتا اس باب میں الہام یا کشف کا دعویٰ بھی مسموع نہ ہوگا۔

النحو: قوله تعالى ارأيتم الخ بمعنى اخبروني الموصول اى ما تدعون مفعول اول لارايتم وقوله تعالى اروني تاكيد له والمفعول الثاني جملة ما ذا خلقوا ۱۲۔

البلاغة: قوله ام لهم الخ في الروح وتخصيص الشركة وفي النظم الجليل بقوله سبحانه في السموٰت مع انه لا شركة فيها وفي الارض ايضا لان القصد الزمهم بما هو مسلم لهم ظاهر لكل احد والشركة في الحوادث السفلية ليست لذلك لتملكهم وايجادهم لبعضها بحسب الصورة الظاهرة آه ۱۲۔

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ هَٰذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ ⑦ أَمْ يَقُولُونَ
افْتَرَاهُ ۖ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَلَا تَمْلِكُونَ لِي مِنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ هُوَ أَعْلَمُ بِمَا تُفِيضُونَ فِيهِ ۖ كَفَىٰ
بِهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۖ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ⑧ قُلْ مَا كُنتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي
مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ⑨ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ
عِندِ اللَّهِ وَكَفَرْتُم بِهِ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّن بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَىٰ مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي
الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ⑩ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُونَا إِلَيْهِ ۚ وَإِذْ لَمْ يَهْتَدُوا بِهِ ع
فَسَيَقُولُونَ هَٰذَا إِفْكٌ قَدِيمٌ ⑪ وَمِن قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَىٰ إِمَامًا وَرَحْمَةً ۚ وَهَٰذَا كِتَابٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا
لِّيُنذِرَ الَّذِينَ ظَلَمُوا وَبُشْرَىٰ لِلْمُحْسِنِينَ ⑫

یوں کہتے ہیں کہ یہ صریح جادو ہے۔ کیا یہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اس شخص نے اس کو اپنے طرف سے بنالیا ہے۔ آپ کہہ دیجیے کہ اگر میں نے اس کو اپنی طرف سے بنایا ہوگا تو پھر تم لوگ مجھ کو خدا سے ذرا بھی نہیں بچا سکتے۔ وہ خوب جانتا ہے تم قرآن میں جو جو باتیں بنا رہے ہو میرے اور تمہارے درمیان میں وہ کافی گواہ ہے اور وہ بڑی مغفرت والا ہے۔ آپ کہہ دیجیے میں کوئی انوکھا رسول تو نہیں ہوں اور میں جانتا کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا۔ میں تو صرف اسی کا اتباع کرتا ہوں جو میری طرف وحی کے ذریعے آتا ہے اور میں تو صرف صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ آپ کہہ دیجیے کہ تم مجھ کو یہ بتاؤ کہ اگر یہ قرآن منجانب اللہ ہو اور تم اس کے منکر ہو اور بنی اسرائیل میں سے کوئی گواہ اس جیسی کتاب پر گواہی دے کہ ایمان لے آئے اور تم تکبر ہی میں رہو بے شک اللہ تعالیٰ بے انصاف لوگوں کو ہدایت نہیں کیا کرتا۔ اور یہ کافر ایمان والوں کی نسبت یوں کہتے

www.besturdubooks.net

ہیں کہ اگر یہ قرآن کوئی اچھی چیز ہوتا تو یہ لوگ اس کی طرف ہم سے سبقت نہ کرتے اور جب ان لوگوں کو قرآن سے ہدایت نصیب نہ ہوئی تو یہ کہیں گے کہ یہ قدیمی جھوٹ ہے اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب ہے جو رہنما اور رحمت تھی اور یہ ایک کتاب ہے جو اس کو سچا کرتی ہے عربی زبان میں ظالموں کے ڈرانے کے لئے اور نیک لوگوں کو بشارت دینے کے لئے۔

تفسیر ربط: اوپر توحید و معاد کا اثبات تھا آگے نبوت کا مضمون ہے۔

تحقیق رسالت: وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ اور جب ہماری کھلی کھلی آیتیں (جو کہ اپنی صفت اعجاز سے رسالت کی دلیل ہیں) ان (منکر رسالت) لوگوں کے سامنے پڑھی جاتی ہیں تو یہ منکر لوگ اس سچی بات کی نسبت جب کہ وہ ان تک پہنچتی ہے یوں کہتے ہیں کہ یہ صریح جادو ہے (حالانکہ جادو کے معارضہ کا ممکن ہونا اور اس کے معارضہ کا ممتنع ہونا صریح دلیل ہے اس قول کے بطلان کی جیسا کہ لفظ بینات میں اس جواب کی طرف اشارہ بھی ہے اور اس سے بڑھ کر اور سنو) کیا یہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اس شخص نے (یعنی آپ نے نعوذ باللہ) اس (قرآن) کو اپنی طرف سے بنا لیا ہے (اور خدا کی طرف منسوب کر دیا اور افتراء کا سحر سے بڑھ کر ہونا اس سے ظاہر ہے کہ سحر کا قبح متفق علیہ نہیں ہے چنانچہ بعضے اس کو کمال سمجھے ہیں اور کذب کا اور خصوص کذب علی اللہ کا قبح متفق علیہ ہے آگے اس قول کا جواب ہے کہ) آپ کہہ دیجئے کہ اگر میں نے ان کو اپنی طرف سے بنا لیا ہوگا (اور خدا کے ذمہ لگا دیا ہوگا) تو (خدا تعالیٰ موافق اپنی عادت کے کہ اپنے بندوں کو مظنہ تلبیس میں تلبیس سے بالکل وجہ بچاتا ہے مجھ کو نبوت کے دعوے کاذبہ پر جلدی ہلاک کر دے گا کقولہ تعالیٰ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ [الحاقة: ٤٤ تا ٤٦]) پھر (جب وہ مجھ کو ہلاک کرنے لگے گا تو) تم (یا اور) لوگ مجھ کو خدا (کے عقاب) سے ذرا بھی نہیں بچا سکتے (مطلب یہ کہ عقاب کا ترتب دعویٰ کاذبہ نبوت پر ایسا لازم ہے کہ کوئی میرا حامی مددگار بھی اس کے تخلف پر قادر نہیں مگر لازم منتفی ہے پس ملزوم بھی منتفی ہے اور ان افتریتہ میں کلمہ ان سے خصوصیت استقبال کی مقصود نہیں بلکہ مطلق اتصال کا مقدم و تالی میں بیان کرنا ہے چنانچہ آیت وَلَوْ تَقَوَّلَ میں لو ماضی کے لئے آیا ہے پس یہ شبہ نہ رہا کہ تکلم کے وقت تو انتفاء لازم کا حکم نہیں ہو سکتا اور اگر مستقبل ہی کے لئے لیا جاوے تب بھی تھوڑا انتظار مضر نہیں بعد چندے انتفاء لازم کا مشاہدہ ہو جاوے گا اور اگر اتنے روز تک عقاب نازل نہ ہونے سے لزوم پر شبہ ہو تو اس کا جواب یہ ہو سکتا ہے کہ حدوث دعویٰ کو ملزوم نہ کہا جاوے بلکہ بقاء علی الدعویٰ کو ملزوم کہا جاوے اور اگر مدت تحقیق بقاء کے اعتبار سے تلبیس کا شبہ ہو تو اس کا جواب یہ ہو سکتا ہے کہ دعویٰ نبوت کے وقت معجزہ کا ظاہر کرنا یا نہ کرنا رفع تلبیس کے لئے کافی ہے اور درصورت کذب اور عدم ظہور معجزہ کے بھی عقاب ہونا اس رفع تلبیس کے تاکد کے لئے ہے پس مؤکد رفع کے عدم سے رفع کا عدم جو کہ موجب محذور ہے لازم نہیں آیا اور شروع تقریر میں اکمل وجوہ سے یہی تاکد مراد ہے یہ تمام تر تقریر تو بر تقدیر افتراء کی تھی آگے عدم افتراء کی تقدیر کے متعلق ارشاد ہے کہ اگر میں مفتری نہ ہوا تو یہ سمجھ رکھو کہ) وہ خوب جانتا ہے تم قرآن میں جو جو باتیں بنا رہے ہو (پس تم کو سزا ہوگی غرض یہ کہ) میرے اور تمہارے درمیان میں (بطریق مذکور فیصلہ کرنے کے لئے) وہ (صدق صادق و کذب کاذب کا) کافی گواہ (یعنی اس پر مطلع) ہے (پس اگر میں کاذب ہوں گا مجھ کو عقاب دے گا عاجلاً اور اگر تم کاذب ہو گے تو تم کو عقاب دے گا عاجلاً یا آجلاً اور یہ نہ سمجھا جاوے کہ مدار اثبات مسئلہ نبوت کا یہی مضمون ہے بلکہ اصل مدار تو اظہار معجزہ ہے جو کہ ہو چکا تھا یہ تو صرف ان کی ہٹ دھرمی کے آخری جواب کے طور پر ہے) اور (اگر کسی کو یہ شبہ ہو کہ جب اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ فرمایا ہے اور پھر بھی ہم پر عذاب نہیں آیا تو جیسے مدعی نبوت پر عقاب نہ آنا دلیل اس کے صدق کی ہے اسی طرح ہم منکروں پر عذاب نہ آنا دلیل ہمارے صدق کی ہو سکتی ہے اور حاصل اس شبہ کا معارضہ ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ) وہ بڑی مغفرت والا ہے (اسی لئے بعض اقسام مغفرت کے یعنی عدم نزول عذاب فی الدنیا کفار کے لئے بھی واقع کر دیتا ہے اور) بڑی رحمت والا ہے (اسی لئے بعض اقسام رحمت بھی جس کو رحمت عامہ کہتے ہیں کفار کے لئے واقع کر دیتا ہے پس انکار پر عذاب فی الدنیا نہ ہونا دلیل نہیں ہے ان کے صدق کی اور ایسا احتمال مدعی نبوت میں نہیں ہو سکتا کیونکہ وہاں دعویٰ کاذبہ و نزول عقاب میں لزوم عادی ثابت ہے اور یہاں انکار حق و نزول عقاب میں لزوم ثابت نہیں پس وہاں عدم عقاب کو انتفاء لازم کہا جاوے گا اور یہاں عدم عقاب کو انتفاء لازم نہ کہیں گے اور وہاں لزوم کا راز یہ معلوم ہوتا ہے کہ مرجع اخیر تحقیق حق و باطل کا نبوت ہے اور مرجع اخیر فکر و نظر کا بدیہی ہونا چاہئے جس قدر مہتم بالشان ہو اسی قدر اس بداہت کا اجلی ہونا چاہئے اور ایہام تلبیس بداہت یا اجلاء بداہت کا مفوت تھا اسی لئے نبوت میں ایہام تلبیس بھی گوارا نہیں کیا گیا بخلاف مادہ معارضہ کے کہ بعد رفع تلبیس عن النبوۃ کے پھر اس میں احتمال تلبیس کا نہیں ہو سکتا کیونکہ صدق احد النقیضین خود مستلزم ہے کذب نقیض آخر کو اور جب صدق میں التباس نہ ہوگا تو کذب میں بھی التباس نہ ہوگا اسی لئے وہاں انکار حق و نزول عقاب میں لزوم نہیں ہوا بلکہ اکثر استدراجاً عدم عقاب تجویز کیا گیا آگے اثبات نبوت بالدلیل المذکور کی تاکید ہے کہ) آپ کہہ دیجئے کہ میں کوئی انوکھا رسول تو ہوں نہیں (کہ تمہارے لئے موجب تعجب ہو گو انوکھا ہونا بھی فی نفسہ منافی رسالت کے نہیں ہے چنانچہ جو سب سے پہلے پیغمبر تھے باوجود انوکھے ہونے کے بھی پیغمبر تھے مگر انوکھا ہونا موجب تعجب ہو سکتا ہے گو وہ تعجب زائل کر دیا

www.besturdubooks.net

جاوے لیکن یہاں تو تعجب بھی نہ ہونا چاہئے کیونکہ مجھ سے پہلے بہت سے پیغمبر آ چکے ہیں جن کی خبر تواتر سے تم نے بھی سنی ہے) اور (اسی طرح کسی اور عجیب بات کا بھی میں دعویٰ نہیں کرتا جیسا مثلاً علم غیب ہے چنانچہ میں خود کہتا ہوں کہ مجھ کو غیبیات میں سے بجز معلومات بطریق الوحی کے اور کسی بات کی خبر نہیں حتیٰ کہ) میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا کیا جاوے گا اور نہ (یہ معلوم کہ) تمہارے ساتھ (کیا کیا جاوے گا پس جب اپنے اور تمہارے احوال آئندہ کے علم کا باوجود شدت تلبس ان احوال کے میں مدعی نہیں ہوں تو اور مغیبات بعیدہ کی نسبت تو میں کیا دعوے کرتا پس اس باب میں بھی کسی امر عجیب کا مدعی نہیں ہوں وہذا کقولہ تعالیٰ: قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآىِٕنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ...... [الأنعام: ٥٠] فافهم فانه من المواهب البتہ جن احوال وامور کا وحی سے علم ہو گیا ہے خواہ وہ اپنے متعلق ہوں یا غیر کے اور خواہ دنیوی احوال ہوں یا اخروی ان کا علم بے شک کامل ہے چنانچہ آگے ارشاد ہے کہ) میں تو (علم وعمل میں) صرف اسی کا اتباع کرتا ہوں جو میرے پاس وحی کے ذریعہ سے آتا ہے اور (اسی کی تبلیغ بھی کرتا ہوں اور اگر تم اس کو نہیں مانتے تو میرا کوئی ضرر نہیں کیونکہ) میں تو صرف صاف صاف ڈرانے والا ہوں (جس کو میں اقامت دلائل وجواب شبہات سے ثابت کر چکا ہوں اور اوپر جو عدم افتراء کی تقدیر پر تقریر اجمالی تھی: هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ...... آگے اس کی تفصیل کے واسطے ارشاد ہے کہ) آپ کہہ دیجئے کہ تم مجھ کو یہ بتلاؤ کہ اگر یہ قرآن منجانب اللہ ہو (جیسا کہ عدم افتراء کی تقدیر پر لازم ہے) اور (پھر) تم اس کے منکر ہو اور (کسی دلیل سے اس احتمال عدم افتراء منجانب اللہ ہونے کی ترجیح اور تعیین بھی ہو جاوے مثلاً ایک اسی دلیل سے کہ) بنی اسرائیل (کے علماء) میں سے کوئی (معتبر) گواہ (جو باعتبار علم ودیانت مسلمہ کے معتبر ہو اور واحد ہو یا متعدد ماضی میں یا حال میں یا مستقبل میں) اس جیسی کتاب (یعنی اس کتاب کے منجانب اللہ ہونے) پر گواہی دے کر ایمان لے آوے اور تم (باوجود بے علم ہونے کے اس کتاب پر ایمان لانے سے) تکبر ہی میں رہو (تو اس صورت میں تم سے زیادہ بے انصاف کون ہوگا اور بے انصافوں کی یہ حالت ہے کہ) بے شک اللہ تعالیٰ بے انصاف لوگوں کو (ان کے عناد کے سبب) ہدیت نہیں کیا کرتا (بلکہ ہمیشہ ضلالت میں رہتے ہیں اور ضلالت کا انجام نار ہے)۔ **ف**: یہ ارشاد: وَشَهِدَ شَاهِدٌ...... ایسا ہے جیسا سورۂ شعراء کے اخیر میں ارشاد ہوا ہے: اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ [الشعراء: ١٩٧] جس کی تفسیر وہاں قابل ملاحظہ ہے اور مقصود حصر کرنا مرجح احتمال نبوت کا اس شہادت میں نہیں ہے اسی لئے احقر نے لفظ مثلہ لکھ دیا ہے اور شہد تنوین جنس وتفخیم سے شامل ہے بنی اسرائیل کے تمام علماء معتبرین مؤمنین کو خواہ قبل اس آیت کے ایمان لائے ہوں یا بعد میں اور ان علماء میں عبداللہ بن سلام بھی داخل ہیں پس ان کے بارہ میں اس آیت کا نازل ہونا بایں معنی ہے کہ جو کلی اس آیت کا مورد ہے وہ بھی اس کی ایک جزئی ہیں چنانچہ درمنثور میں سعید بن جبیرؓ کے قول سے میمون بن یامین رئیس علمائے یہود کے بارہ میں اس آیت کا نزول مروی ہے اس سے عدم تخصیص کی تائید ہوتی ہے اب خواہ یہ آیت عبداللہ بن سلام کے اسلام کے بعد آئی ہو جیسا بعض مفسرین نے اس کو مدنی کہا ہے اور خواہ قبل نازل ہوئی ہو جیسا بعض نے مثل تمام سورت کے اس کو بھی مکی کہا ہے اور مثلہ کو قرآن میں مثل القرآن سے تعبیر کرنے میں علاوہ مبالغہ کے یہ نکتہ ہو سکتا ہے کہ علماء بنی اسرائیل کو کتب سابقہ سے قرآن کا علم جو کہ سبب ہوا ایمان لانے کا درجہ اجمال میں تھا اور قرآن منزل مفصل ہے اور اجمال وتفصیل میں من وجہ اتحاد اور من وجہ تغایر ہوتا ہے تو اس کو مثل سے تعبیر کرنا نہایت احسن وابلغ ہے اور: كَفَرْتُمْ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ؕ میں تکرار نہیں کیونکہ كَفَرْتُمْ کا تحقق قبل شہادت کے مقصود ہے اور وَاسْتَكْبَرْتُمْ ؕ کا تحقق بعد شہادت کے اور هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ مع اپنی تفصیل قُلْ اَرَءَيْتُمْ...... کے ایک شق ہے اور دوسری شق ان افتریته ہے حاصل مقام کا یہ ہوا کہ تم جو مفتری کہتے ہو دو حال سے خالی نہیں یا تو میں مفتری ہوں یا مفتری نہیں شق اول منفی ہے کیونکہ اس کے لوازم میں سے ہلاک عاجل ہے اور وہ منفی ہے اور شق ثانی میں جو کہ واقع ہے تم کو اپنی فکر کرنا چاہئے۔ **ربط**: اوپر تحقیق نبوت میں جو مضامین مذکور تھے آگے ان میں سے بعض مفصل کا اجمال اور بعض مجمل کی تفصیل ہے جس سے تاکید مضامین سابقہ کی مستفاد ہوگئی۔

تکریر وتاکید مضمون بالا باختلاف عنوان: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (الی قولہ تعالی) وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۝ اور یہ کافر ایمان والوں (کے ایمان لانے) کی نسبت یوں کہتے ہیں کہ اگر یہ قرآن (جس پر یہ لوگ ایمان لائے ہیں) کوئی اچھی (یعنی سچی) چیز ہوتا تو یہ (کم درجہ کے) لوگ اس کی طرف ہم سے سبقت نہ کرتے (یعنی ہم لوگ بڑے عاقل ہیں اور یہ لوگ کم عقل ہیں اور حق بات کو عاقل پہلے قبول کرتا ہے تو اگر یہ حق ہوتا تو ہم پہلے مانتے جب ہم نے نہیں مانا تو یہ حق نہیں یہ لوگ بے عقلی سے ادھر دوڑنے لگے ہیں اور یہ قول ان کا دال ہے غایت استکبار پر جو کہ اسْتَكْبَرْتُمْ ؕ میں مذکور تھا حالانکہ اگر عقل سے مراد عقل معاش لی جاوے تو یہ مقدمہ کہ حق بات کو الخ علی الاطلاق غلط ہے اور اگر عقل سے مراد عقل معاد لی جاوے تو پہلا مقدمہ کہ ہم لوگ الخ غلط ہے پس یہ کہنا کہ اگر حق ہوتا الخ بناء الفاسد علی الفاسد ہے) اور جب (غایت استکبار وعناد کے سبب ان لوگوں کو قرآن سے ہدایت نصیب نہ ہوئی تو (بقاعدہ الناس اعداء ماجهلوا) یہی کہیں گے کہ یہ (بھی ① مثل ؂) قدیمی (جھوٹے مضامین کے ایک) جھوٹ (مضمون) ہے (کقولہ تعالیٰ: اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ [الأنعام: ٢٥] اس سے ان کے اس قول مذکورہ بالا افتراه کی وجہ پر دلالت ہوگئی کہ عناد وتعصب ہے جیسا کہ اوپر اس قول کا رد اور جواب تھا) اور اس (قرآن) سے پہلے موسیٰ

www.besturdubooks.net

(علیہ السلام) کی کتاب نازل ہو چکی) ہے جو (امت موسویہ کے لئے بالعموم) رہنما (تھی) اور (اہل ایمان کے لئے بالخصوص) رحمت تھی (اس سے اوپر سے دو مضمونوں کی تقویت ہوگئی ایک تو اس کی کہ : مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ دوسرے اس کی وَشَهِدَ شَاهِدٌ ... کیونکہ شہادت مذکورہ بناء علی التورٰۃ تھی پس حاصل یہ ہوا کہ اس شاہد کا قول من حیث ہو ہو حجت نہیں ہے کہ اثبات النبوۃ بقول غیر صاحب النبوۃ کا شبہ کیا جاوے اور کہا جاوے کہ جو نبی کو نہ مانے گا وہ غیر نبی کو کیوں مانے گا بلکہ اس کا قول من حيث انه حكاية للتوراة حجت ہے پس اصل میں توریت سے احتجاج ہے اور توریت کی حقیقت پہلے سے ثابت ہے پس احتجاج میں کوئی اشکال نہیں رہا) اور جس طرح توریت میں اس کی پیشین گوئی ہے) یہ (اسی طرح کی) ایک کتاب ہے جو اس (کی پیشین گوئی) کو سچا کرتی ہے (اور) عربی زبان میں (ہے) ظالموں کے ڈرنے کے لئے اور نیک لوگوں کو بشارت دینے کے لئے (نازل ہوئی ہے) اس سے توضیح ہوگئی : اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ [المائدۃ : ۵۱] کی کیونکہ اس سے اشارۃً وعید مفہوم ہوتی ہے اس میں وعید مصرح ہوگئی گو کیفیت اب بھی مجمل ہے اور چونکہ موقع وعید میں مفہوم مخالف بالاتفاق معتبر ہے اس لئے اس وعید سے اس کے مقابلہ میں غیر ظالمین کے لئے وعدہ بھی اشارۃً مفہوم ہو گیا تھا وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ سے اس کی بھی تصریح ہوئی)۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ۚ یعنی جس کی وحی نازل نہ کی گئی ہو بقرینہ مابعد کے ارشاد کے : اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اور آیت میں دو (۲) شخصوں پر رد ہے ایک جو اولیاء کی طرف ہر کلی و جزئی کے علم کو منسوب کرتا ہو دوسرا وہ جو اپنے اور اپنے تابعین کی نجات کا جزماً حکم کرتا ہو۔

الحواشی: (۱) اور یہاں لفظ مثل اس لئے بڑھایا کہ کفار جو قرآن کو افك قديم کہتے تھے ظاہر ہے کہ خود ان کے نزدیک بھی یہ قدیم نہ تھا بلکہ قدیم کے ساتھ تشبیہ دینا مقصود تھا۔۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل ام يقولون اس سے بڑھ کر اشارة الى ان ام منقطعة ومعنى بل فيها الترقى كما قرر فى الترجمة۱۲۔
۲ قوله فى افك مثل فى المدارك وقولهم افك قديم اى كذب متقادم كقولهم اساطير الاولين۱۲۔

النحو: قوله ان افتريته جوابه مقدر اى عاجلنى بالعقوبة والمذكور مسبب عنه قوله ان كان من عند الله جوابه مقدر اى فمن اظلم منكم دل عليه قوله ان الله لا يهدى القوم الظلمين وهو قريب من قوله تعالىٰ قل ارأيتم ان كان من عند الله ثم كفرتم به من اضل ممن هو فى شقاق بعيد۱۲۔ قوله اذ لم يهتدوا فى الروح قيل اذ تعليلية للقول وتعقب بانه معلل بكفرهم كما اذنت به الفاء آه قلت والتعقب بدفوع بان عدم الاهتداء والكفرهما شئ واحد۔

البلاغۃ: قوله وشهد الخ فى الروح الجمل المذكورات بعد الواو ليست متعاطفة على نسق واحد بل مجموع شهد فامن واستكبرتم معطوف على المجموع كان وما معه ومثله فى المفردات هو الاول والآخر والظاهر والباطن والمعنى ان اجتمع كونه من عند الله مع كفركم واجتمع شهادة الشاهد فايمانه مع استكباركم عن الايمان۱۲۔ قوله عربيا وفائدة التقييد به مع انه معلوم لكل احد الاشعار بكونه ايسر ما يهتدى به اول مخاطب والايذان بكونه معجز۱۲۔

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ۭ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ
كُرْهًا ۭ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ
الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّىْ تُبْتُ اِلَيْكَ
وَاِنِّىْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ
اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ۭ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ

www.besturdubooks.net

خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِیْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۖ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَاۤ اِلَّاۤ
اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ⑰ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِیْۤ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ ۭ
اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ⑱ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ⑲ وَيَوْمَ يُعْرَضُ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ۭ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِیْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ
ع ۲ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ⑳

جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر صراط مستقیم رہے ان لوگوں پر کوئی خوف نہیں اور وہ نہ غمگین ہوں گے۔ یہ لوگ اہل جنت ہیں جو اس میں ہمیشہ رہیں گے بعوض ان کاموں کے جو وہ کرتے تھے اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے حکم دیا ہے۔ اس کی ماں نے اس کو بڑی مشقت کے ساتھ پیٹ میں رکھا اور بڑی مشقت کے ساتھ اس کو جنا اور اس کو پیٹ میں رکھنا اور اس کا دودھ چھڑانا تیس مہینے میں پورا ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ جب وہ اپنی جوانی کو پہنچ جاتا ہے اور چالیس برس کو پہنچتا ہے تو کہتا ہے اے میرے پروردگار مجھ پر مداومت دیجیے کہ میں آپ کی ان نعمتوں کا شکر کیا کروں۔ جو آپ نے مجھ کو اور میرے ماں باپ کو عطا فرمائیں اور میں نیک کام کیا کروں جس سے آپ خوش ہوں اور میری اولاد میں بھی میرے لئے صلاحیت پیدا کر دیجیے میں آپ کی جناب میں توبہ کرتا ہوں اور میں فرماں بردار ہوں۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ ہم ان کے کاموں کو قبول کر لیں گے اور ان کے گناہوں سے درگزر کریں گے اس طور پر کہ یہ اہل جنت میں سے ہوں گے اس وعدۂ صادق کی وجہ سے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا تھا اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا کہ تف ہے تم مجھ کو یہ وعدہ (یعنی خبر) دیتے ہو کہ میں قیامت میں دوبارہ زندہ ہو کہ قبر سے نکالا جاؤں گا۔ حالانکہ مجھ سے پہلے بہت سی امتیں گزر گئیں اور وہ دونوں اللہ سے فریاد کر رہے ہیں کہ ارے تیرا ناس ہو ایمان لا بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے تو یہ کہتا ہے کہ یہ بے سند باتیں اگلوں سے منقول چلی آ رہی ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کے حق میں بھی ان لوگوں کے ساتھ اللہ کا قول پورا ہو کر رہا۔ جو ان سے پہلے جن اور انسان ہو گزرے ہیں۔ بے شک یہ خسارے میں رہے اور ہر ایک کے لئے ان کے اعمال کی وجہ سے الگ الگ درجے ملیں گے اور تاکہ اللہ تعالیٰ سب کو ان کے اعمال پورے کر دے اور ان پر ظلم نہ ہوگا اور جس روز کفار آگ کے سامنے لائے جائیں گے کہ تم اپنی لذت کی چیزیں اپنی دینوی زندگی میں حاصل کر چکے اور ان کو خوب برت چکے سو آج تم کو ذلت کی سزا دی جائے گی۔ اسی وجہ سے کہ تم دنیا میں ناحق تکبر کیا کرتے تھے اور اس وجہ سے کہ تم نافرمانیاں کیا کرتے تھے۔

تفسیر ربط: اوپر متصلاً ظالمین کے حق میں وعید اور محسنین کے حق میں وعدہ مذکور ہوا ہے آگے اس ظلم و احسان کی اور اس وعدہ وعید کی کسی قدر تفصیل ہے۔

نبذے از اعمال و مآل متعلق اہل رشد و اہل ضلال: اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ (الی قولہ تعالیٰ) وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ۝ جن لوگوں نے (صدق دل سے) کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے (یعنی توحید کو حسب تعلیم رسول کے قبول کیا) پھر (اس پر) مستقیم رہے (یعنی اس کو چھوڑا نہیں) سو (اس کا مقتضایہ ہے کہ) ان لوگوں پر (آخرت میں) کوئی خوف (کی بات واقع ہونے والی) نہیں اور نہ وہ (وہاں) غمگین ہونگے (یہ تو ان کے مضرت سے بچنے کا بیان تھا اور آگے ان کے حصول منفعت کا ذکر ہے کہ) یہ لوگ اہل جنت ہیں جو اس میں ہمیشہ رہیں گے بعوض ان (نیک) کاموں کے جو کہ وہ کرتے تھے (جن میں سے ایمان واستقامت علی الایمان کا اوپر ذکر ہے) اور (جس طرح ہم نے حقوق اللہ کو واجب کیا ہے جس کا ذکر ہو چکا اسی طرح حقوق العباد کو بھی واجب کیا ہے چنانچہ ان میں سے ایک بہت بڑا حق والدین کا ہے اس لئے) ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیا ہے (اور بالخصوص ماں کے ساتھ اور زیادہ کیونکہ) اس کی ماں نے اس کو بڑی مشقت کے ساتھ پیٹ میں رکھا (گو وہ مشقت زیادہ بعد چندے ہوتی ہے) اور (پھر) بڑی مشقت کے ساتھ اس کو جنا اور اس کو پیٹ میں رکھنا اور اس کا دودھ چھڑانا (اکثر) تیس مہینہ (میں پورا ہوتا) ہے (اتنے دنوں طرح طرح کی مصیبت اٹھاتی ہے اور کم و بیش ان مصیبتوں میں باپ کی بھی شرکت ہوتی ہے بلکہ اکثر امور کا انتظام عادۃً باپ ہی کو کرنا پڑتا ہے اور اپنے آرام میں خلل آ جانا یہ دونوں میں اکثر بدرجۂ مساوی ہوتا ہے اس لئے بھی ماں باپ کا حق انسان پر زیادہ واجب کیا گیا ہے۔ غرض اس کے بعد نشو ونما پاتا ہے) یہاں تک کہ جب (نشو ونما پاتے پاتے) اپنی جوانی کو (یعنی بلوغ کو) پہنچ جاتا ہے اور (پھر بلوغ کے بعد ایک زمانہ میں) چالیس برس (کی عمر) کو پہنچتا ہے تو (جو سعید ہوتا ہے وہ) کہتا ہے کہ اے میرے پروردگار مجھ کو اس پر مداومت دیجئے کہ میں آپ کی ان نعمتوں کا شکر کیا کروں جو آپ نے مجھ کو اور میرے ماں باپ کو عطا فرمائی ہیں (اگر ماں باپ مسلمان ہیں تب تو نعمت دینیہ بھی ورنہ نعمت دنیویہ تو ظاہر ہی ہے اور ماں باپ کی نعمت کا چونکہ اولاد پر بھی اثر پہنچتا ہے چنانچہ ان کی نعمت دنیویہ وجود و بقاء وغیرہ کی بدولت تو خود اولاد کا وجود ہی ہوتا

www.besturdubooks.net

ہے اور نعمت دینیہ کا اثر یہ ہوتا ہے کہ ان کی تعلیم قولی وفعلی اس کے لئے واسطہ علم وعمل ہوتا ہے) اور (وہ یہ بھی کہتا ہے کہ مجھ کو اس پر بھی مداومت نصیب کیجئے کہ) میں نیک کام کیا کروں جس سے آپ خوش ہوں اور میری اولاد میں بھی میرے (نفع کے) لئے صلاحیت پیدا کر دیجئے (نفع دُنیوی یہ کہ دیکھ دیکھ کر راحت ہو اور نفع دینی یہ کہ اجر وثواب ہو اور) میں آپ کی جناب میں (گناہوں سے بھی) توبہ کرتا ہوں اور میں (آپ کا) فرمانبردار ہوں (مقصود اس سے غلامی کا اقرار ہے نہ کہ دعویٰ فافہم۔ حاصل مقام کا یہ ہوا کہ جو شخص سعید ہوتا ہے وہ اللہ کا حق بھی ادا کرتا ہے جیسا کہ ان معروضات[1] کا مضمون صریح اس پر دلالت کر رہا ہے اور حقوق والدین کے بھی جو کہ حقوق العباد میں سے ہیں ادا کرتا ہے جیسا اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ ...... النمل: ۱۹ سے مفہوم ہو رہا ہے کیونکہ منجملہ نعم الہیہ کے وہ نعمت بھی ہے جو والدین کے واسطہ سے ان پر ہوئی جیسا کہ علی والدی میں اس کا استحضار بھی ہوگیا اور اس کا شکر تام موقوف ہے بر بالوالدین پر کما قال تعالیٰ ان اشکر لی ولو الدیك اور اس پر مداومت کی دعا کرنا دال ہے اس پر کہ اس شخص کو اس کی رغبت ہے اور اس کا عزم ہے اور رغبت وعزم عادۃً مفضی ہو جاتے ہیں فعل کی طرف پس ان وسائط سے اس شخص سے صدور اداے حقوق والدین کا مفہوم ہوگیا آگے ان اعمال کا مآل فرماتے ہیں کہ) یہ وہ لوگ ہیں کہ ہم ان کے نیک کاموں کو قبول کر لیں گے اور ان کے گناہوں سے درگذر کر دیں گے اس طور پر کہ یہ اہل جنت میں سے ہوں گے (یہاں توبہ پر جو کہ تبت الیك میں مذکور ہے تجاوز کے مرتب فرمانے سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ بدوں توبہ کے گناہ معاف نہیں ہوتے کیونکہ فضل محض سے بھی معاف ہو جاتے ہیں اصل یہ کہ یہاں توبہ پر تجاوز کا توقف مقصود نہیں بلکہ وعدہ تجاوز کا توقف مقصود ہے سو غایت مافی الباب بدوں توبہ کے وعدہ تجاوز نہ ہوگا لیکن تجاوز خود وعدہ ہی پر موقوف نہیں ہے بدون وعدہ کے بھی تجاوز ہو سکتا ہے اور یہ سب) اس وعدہ صادقہ کی وجہ سے (ہوا) جس کا ان سے (دنیا میں) وعدہ کیا جاتا تھا (یہاں تک تو اہل سعادت ومحسنین کا بیان ہوا آگے اہل شقاوت وظالمین کا ذکر ہے یعنی) اور جس نے (حقوق اللہ وحقوق العباد دونوں کو ضائع کیا جیسا اس کے اس حال سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے) اپنے ماں باپ سے کہا (جن کا حق حقوق العباد میں نہایت مؤکد ہے خصوص جب کہ وہ مسلمان بھی ہوں اور خصوص جب کہ وہ اس کو بھی اسلام کی تعلیم کرتے ہوں مگر اس شقی نے باوجود اتنے دواعی اداے حقوق کے ان سے جب کہ وہ اس کو دعوت الی الدین کر رہے تھے یوں کہا) کہ تف ہے تم پر کیا تم مجھ کو یہ وعدہ (یعنی خبر) دیتے ہو کہ میں (قیامت میں دوبارہ زندہ ہو کر) قبر سے نکالا جاؤں گا مجھ سے پہلے حالانکہ بہت سی امتیں گزر گئیں (جن سے ہر زمانہ میں ان کے پیغمبر یوں ہی وعدے دیتے چلے آئے مگر آج تک کسی وعدہ کا ظہور نہ ہوا اس سے معلوم ہوا کہ یہ سب باتیں ہی باتیں ہیں) اور وہ دونوں (غریب ماں باپ اس کے اس انکار سے کہ کفر عظیم ہے گھبرا کر) اللہ سے فریاد کر رہے ہیں (اور غایت دردمندی سے اس سے کہہ رہے ہیں) کہ ارے تیرا ناس ہو ایمان لا (اور قیامت کو بھی برحق سمجھ) بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے تو یہ (اس پر بھی) کہتا ہے کہ یہ بے سند باتیں اگلوں سے منقول چلی آ رہی ہیں (مطلب یہ کہ ایسا شقی ہے کہ کفر اور عقوق دونوں کا مرتکب ہے اور عقوق بھی اس درجہ کا کہ ماں باپ کی مخالفت کے ساتھ ان سے کلام میں بھی بدتمیزی اور درشتی کرتا ہے آگے ان اعمال کا مآل فرماتے ہیں کہ) یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کے حق میں بھی ان لوگوں کے ساتھ اللہ کا قول (یعنی وعدۂ عذاب) پورا ہو کر رہا جو ان سے پہلے جن اور انسان (کفار) ہو گزرے ہیں بے شک یہ (سب) خسارہ میں رہے اور (آگے تفصیل مذکور کو بطور خلاصہ واجمال کے فرماتے ہیں کہ فریقین مذکورین میں سے) ہر ایک (فریق) کے لئے ان کے اعمال (مختلفہ) کی وجہ سے الگ الگ درجے (کسی کو جنت کے کسی کو دوزخ کے) ملیں گے اور (مختلف درجے اس لئے ملیں گے) تاکہ اللہ تعالیٰ سب کو ان کے اعمال (کی جزا) پوری کر دے اور ان پر (کسی طرح کا) ظلم نہ ہوگا اور (اوپر ان ظالمین کے عذاب کی تعیین نہ آئی تھی مبہماً فرما دیا تھا حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ اور كَانُوْا خٰسِرِيْنَ۝ اور محسنین کی جزاء میں جنت علی التعیین فرما دی تھی اس لئے آگے تعیین عذاب کی فرماتے ہیں کہ وہ دن یاد کرنے کے قابل ہے) جس روز کفار آگ کے سامنے لائے جاویں گے (اور ان سے کہا جاوے گا) کہ تم اپنی لذت کی چیزیں اپنی دنیوی زندگی میں حاصل کر چکے (یہاں کوئی لذت تم کو نصیب نہ ہو گی) اور ان کو خوب برت چکے (حتیٰ کہ اس میں پڑ کر ہم کو بھی بھول گئے) سو آج تم کو ذلت کی سزا دی جاوے گی (چنانچہ سزا کے لئے نار ہے اور ذلت میں سے یہ ملامت اور پھٹکار ہے) اس وجہ سے کہ تم دنیا میں ناحق تکبر کیا کرتے تھے۔ فِی الْاَرْضِ کی قید اس اشارہ کے لئے ہے کہ ارض پر رہ کر تکبر کرنا اور بھی زیادہ مذموم ہے اور بغیر الحق قید واقعی ہے کیونکہ مخلوق سے صدور تکبر کا ہمیشہ بغیر الحق ہی ہوگا اور استکبار سے مراد استکبار عن الایمان ہے کہ عذاب خلود اسی کے خواص سے ہے) اور اس وجہ سے کہ تم نافرمانیاں کیا کرتے تھے (اس میں تمام کفریات وفسقیات وجوہ ظلم داخل ہو گئے)۔

ف: اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ...... کی تقریر میں بندہ نے جو کہا ہے کہ اس کا مقتضا یہ ہے اس سے مقصود ایک شبہ کا رفع کرنا ہے شبہ یہ ہے کہ مؤمن مستقیم بالمعنی المذکور کا بھی احیاناً بوجہ دوسرے معاصی کے مبتلائے خوف وحزن ہونا ثابت ہے۔ جواب یہ ہے کہ اس سے ایمان واستقامت کے اقتضاء میں کوئی نقض نہیں ہوا کیونکہ اگر مقتضی پر مقتضا کا ترتب بوجہ کسی مانع کے نہ ہو تب بھی وہ مقتضی ہے اور حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا کے ترجمہ میں جو بالخصوص کہا ہے اس سے وجہ مکارہ ام کی تخصیص ذکری کے معلوم ہو گئی اور ماں کا حق زیادہ ہونا اشارۃً حدیث سے بھی مفہوم ہوتا ہے چنانچہ صحاح میں ہے کہ ایک شخص نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم

www.besturdubooks.net

سے عرض کیا کہ میں کس کی خدمت زیادہ کروں فرمایا ماں کی اس نے پوچھا پھر کس کی آپ نے فرمایا ماں کی اس نے پوچھا پھر کس کی آپ نے فرمایا ماں کی اس نے پوچھا پھر کس کی اس وقت آپ نے فرمایا کہ پھر باپ کی اور حتی اذا بلغ سے پہلے ذکر حقوق والدین میں جو احقر نے کہا ہے) اس لئے بھی یہ اس لئے کہ اگر ماں اتنی مشقتیں نہ اُٹھاوے یا باپ بالکل نہ اٹھاوے تب بھی والدین کا حق اولاد کے ذمہ ہے اور حمل وفصال کی مدت جو تیس مہینہ یعنی اڑھائی برس فرمائی سو جمہور کے نزدیک اس حساب پر مبنی ہے کہ اقل مدت حمل چھ ماہ اور اکثر مدت رضاعت دو سال مجموعہ اڑھائی سال ہو گیا اب یہ بات کہ ایک چیز کی اقل مدت فرمائی اور دوسری کی اکثر مدت سو اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ منضبط یہی مدتیں ہیں بخلاف اکثر مدت حمل کے کہ کسی دلیل قطعی سے منضبط نہیں اور اسی طرح اقل مدت رضاعت کی کہ وہ بھی منضبط نہیں اور اقل مدت حمل چھ مہینے ہونے کے متعلق روح المعانی میں جالینوس اور ابن سینا کا مشاہدہ لکھا ہے صرف جالینوس کے مشاہدہ کی ہوئی حکایت میں چھ ماہ سے چار دن زائد ہو گئے تھے۔ اور سہل تر یہ ہے کہ مجموعہ کو عادۃً غالبہ پر محمول کیا جاوے کہ حمل نو ماہ اور مدت رضاع پونے دو سال کہ اکثر عورتیں دو سال کے قبل دودھ چھڑا دیتی ہیں اور مدارک میں امام ابوحنیفہؒ سے اس کی تفسیر میں نقل کیا ہے حمله بالاكف یعنی گود میں اور ہاتھوں پر لئے لئے پھرنا جو کہ ایام شیر خواری میں غالب الوقوع ہے پس اس تفسیر میں یہ آیت دال ہوگی مدت رضاع کے اڑھائی سال ہونے پر جیسا امام صاحب کا مذہب ہے۔ اور امور مذکورہ فی المقام میں اس طرح ترتیب ہوگی اول حمل فی البطون پھر وضع پھر حمل بالاکف اور فصال۔ اور حولین کاملین کا یہ جواب ہو سکتا ہے کہ وہ مدت مطلق رضاع کی نہیں بلکہ رضاعت بالاجرت کی ہے یعنی کب تک باپ سے دودھ پلانے کی اُجرت لی جاوے گی۔ احقر کہتا ہے کہ گو فتویٰ جمہور ہی کے قول پر ہے مگر احتیاط یہ ہے کہ دودھ پلانے میں تو دو سال سے زائد نہ پلاویں اور اگر کسی نے دو سال کے بعد پیا ہو تو نکاح میں احتیاط رکھیں واللہ اعلم اور بلوغ اشد کا ذکر تو طیہ ذکر اربعین کا ہے اور بَلَغَ اَرۡبَعِیۡنَ سَنَةً سے تقیید حکم کی مقصود نہیں کہ اس سے کم میں ایسا نہ ہونا چاہئے بلکہ مقصود یہ ہے چالیس برس کے بعد پھر غفلت نہ ہونی چاہئے کیونکہ جوانی میں قوۃ عقلیہ مغلوب ہوتی ہے اور چالیس سال پر قوت عقلیہ کامل غالب ہوتی ہے تو اس وقت توجہ الی اللہ بہت ضرور ہے اور اگر آیت کا مورد کوئی خاص قصہ ہے جیسا درمنثور میں ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ حضرت صدیقؓ کی شان میں وارد ہے اور انہوں نے یہ بات چالیس سال کی عمر میں کہی تھی چنانچہ وہ اس طرح پوری ہوئی کہ یہ خود تو مع اپنی اولاد کے پہلے ہی اسلام لائے ہوئے تھے فتح مکہ کے بعد ان کے والد ابوقحافہ بھی مسلمان ہو گئے تھے اور ان کی والدہ ام الخیر بھی مسلمان تھیں کذا فی الروح والخازن تو تخصیص اربعین کی وجہ سے ظاہر ہے مگر محققین عموم پر محمول کرتے ہیں اور روایات خصوص مورد کو اس پر محمول کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکرؓ بھی اس کے اول مصداق ہیں اور دوسری آیت : وَالَّذِیۡ قَالَ لِوَالِدَیۡهِ کو جو مروان نے حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ کی شان میں بتلایا ہے صحیح بخاری میں حضرت عائشہؓ سے اس کی تکذیب منقول ہے۔ مروان نے محض عداوت سے کہہ دیا تھا و یؤیدہ قولہ تعالیٰ : حَقَّ عَلَیۡهِمُ الۡقَوۡلُ لان ایمانہٗ یستلزم عدم دخوله فی الذین حق علیهم القول فافهم اور جتنے قیود دونوں مضمونوں میں ہیں وہ سب تمثیل ہے تخصیص نہیں چنانچہ جزا و سزا مجموعہ قیود پر موقوف نہیں اور استمتاع سے مراد مطلق استمتاع نہیں کہ وہ غیر مذموم ہے بلکہ استمتاع مؤدی الی الکفر جیسا تقریر ترجمہ میں اس طرف اشارہ ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَذۡهَبۡتُمۡ طَیِّبٰتِكُمۡ فِیۡ حَیَاتِكُمُ الدُّنۡیَا اس میں زہد پر دلالت ہے اس پر کہ دنیا میں توسع موجب خطر ہے مگر مطلقاً نہیں بلکہ جب معاصی کے ساتھ ہو چنانچہ آگے ارشاد ہے : وَبِمَا كُنۡتُمۡ تَفۡسُقُوۡنَ۔

الحواشی: (۱) ان معروضات الخ اقول ان جملوں کو لفظ معروضات سے اس لئے تعبیر کیا کہ یہ جملے دعاء کے صیغہ سے مذکور ہوئے ہیں ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل حتى نشوونما اشارة الى المغيابحتى يعنى) حتّٰى عاش الخ۔ ۲ قوله فى اشده بلوغ نظير قوله تعالٰى فى الانعام وفى سورة بنى اسرائيل ولا تقربوا مال اليتيم الا بالتى هى احسن حتّٰى يبلغ اشده۱۲۔ ۳ قوله قبل وليو فيهم مختلف درجے الخ اشارة الى متعلق لام کے ۱۲۔

اللغات: كرهًا مشقة و ثقلا قوله اورعنى انظر فى سورة النمل ۱۲

النحو: قوله مما عملوا من للتعليل ۱۲۔ اذا بلغ العامل فيه قال رب الخ ۱۲۔ قوله وعد الصدق مفعول به للمقدر اى انجز او مفعول له لنتقبل ونتجاوز قوله والذى قال مبتدأ خبره اولئك الذين الخ والمراد بالذى جنس القائل فلذلك اورد الخبر مجموعا ويجوز ان يكون الخبر عاما فى القائل وفى امثاله قوله يوم يعرض عامله يقال المقدر ولا مذكور من قوله اذهبتم مقول لهذا القول المقدر ۱۲۔

البلاغۃ: قوله كرها اى حملا ذات كره قوله وحمله اى مدة حمله ۱۲۔ قوله اصلح لى فى ذريتى بفى مع انه يعدى بلا واسطة حرف لتنزيله منزلة اللازم اى اجعل الصلاح ساريا فى ذريتى راسخا فيهم ۱۲۔ قوله اف لكما اللام للتبيين ومعنى التبيين انى اقول لكما قوله يستغيثٰن اى يقولان الغياث بالله تعالٰى منك والمراد انكار قوله واستعظامه كانهما لجاء الى الله سبحانه فى دفعه كما يقال العياذ

www.besturdubooks.net

بالله تعالٰى من كذا قوله ويلك اصله دعاء بالثبور يقام مقام الحث على الفعل او تركه اشعارا بان ما هو مرتكب له حقيق بان يهلك مرتكبه وان يطلب له الهلاك كذا في الروح قوله اذهبتم كناية عن عدم الايمان المسبب عنه حرمانهم عن طيبات الآخرة والا فمطلق الاستمتاع بالطيبات لا يترتب عليه عذاب الهون المشعر بترتبه الفاء ۱۲۔

وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ۭ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا
تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿٢١﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ
فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٢٢﴾ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ڮ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ
بِهٖ وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿٢٣﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ
مُّمْطِرُنَا ۭ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ۭ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٢٤﴾ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۢ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا
لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٢٥﴾ وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ
فِيْهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْـِٕدَةً ڮ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ
اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٢٦﴾ ع
وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٢٧﴾ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ
الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ۭ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٢٨﴾

اور آپ قوم عاد کے بھائی کا ذکر کیجیے جب کہ انہوں نے اپنی قوم کو جو کہ ایسے مقام پر رہتے ہیں کہ وہاں ریگ کے مستطیل خم دار تودے تھے اس پر ڈرایا کہ تم خدا کے سوا کسی کی عبادت مت کرو اور ان سے پہلے اور ان پیچھے بہت ڈرانے والے پیغمبر اب تک گزر چکے ہیں۔ مجھ کو تم پر ایک دن کے عذاب کا اندیشہ ہے وہ کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس اس ارادے سے آئے ہو کہ ہم کو ہمارے معبودوں سے پھیر دو۔ سو اگر تم سچے ہو تو جس کا تم ہم سے وعدہ کرتے ہو اس کو ہم پر واقع کردو۔ انہوں نے فرمایا کہ پورا علم تو خدا ہی کو ہے اور ان کو تو جو پیغام دے کر بھیجا گیا ہے میں تم کو وہ پہنچا دیتا ہوں لیکن میں تم کو دیکھتا ہوں کہ تم لوگ نری جہالت کی باتیں کرتے ہو۔ سو ان لوگوں نے جب اس بادل کو اپنی وادیوں کے مقابل آتے دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ تو بادل ہے جو ہم پر برسے گا' نہیں نہیں بلکہ یہ وہی ہے جس کی تم جلدی مچاتے تھے۔ ایک آندھی ہے جس میں دردناک عذاب ہے وہ ہر چیز کو اپنے رب کے حکم سے ہلاک کردے گی۔ چنانچہ وہ ایسے ہوگئے کہ بجز ان کے مکانات اور کچھ نہ دکھائی دیتا تھا۔ ہم مجرموں کو یونہی سزا دیا کرتے تھے۔ اور ہم نے ان لوگوں کو ان باتوں میں قدرت دی تھی کہ تم کو ان باتوں میں قدرت نہیں دی اور ہم نے ان کو کان اور آنکھ اور دل دیئے تھے۔ سو چونکہ وہ لوگ آیات الٰہی سے انکار کرتے تھے۔ اس لئے ان کے کان ان کے ذرا کام آئے اور نہ ان کی آنکھ اور نہ ان کے دل اور جس کی وہ ہنسی کرتے تھے اسی نے ان کو آگھیرا اور ہم نے تمہارے آس پاس کی اور بستیاں بھی غارت کی ہیں اور ہم نے بار بار نشانیاں بتلادی تھیں۔ تاکہ وہ باز آئیں سو اللہ تعالیٰ کے سوا جن جن چیزوں کو انھوں نے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کرنے کو اپنا معبود بنا رکھا ہے انہوں نے ان کی مدد کیوں نہ کی۔ بلکہ وہ سب ان سے غائب ہوگئے اور وہ محض ان کی تراشی ہوئی اور گھڑی ہوئی بات ہے۔

تفسیر ربط: اوپر آیات متصل میں اہل مکہ کو سنانے کے لئے کفر اور انہماک فی الدنیا کی قباحت اور مذمت مذکور ہے آگے قصہ عاد کی کہ وہ بھی عرب تھے تذکیر ہے جس سے مقصود مضمون بالا کی تاکید و تقریر ہے۔

قصہ عاد: وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٢٦﴾ اور آپ قوم عاد کے بھائی (یعنی ہود علیہ السلام) کا (ان سے) ذکر کیجئے جب کہ انہوں نے اپنی قوم کو جو کہ ایسے مقام پر رہتے تھے کہ وہاں ریگ کے مستطیل خم دار تودے تھے (یہ تقیید استحضار فی ذہن الناظرین کے لئے ہے) اس (بات) پر (عذاب الٰہی سے) ڈرایا کہ تم خدا کے سوا کسی کی عبادت مت کرو (ورنہ تم پر عذاب نازل ہوگا) اور (یہ ایسی ضروری اور صحیح بات ہے کہ) ان (ہود

www.besturdubooks.net

علیہ السلام) سے پہلے اور ان سے پیچھے (اسی مضمون کے متعلق) بہت سے ڈرانے والے (پیغمبر اب تک) گزر چکے ہیں (اور عجب نہیں کہ ہود علیہ السلام نے ان سب کا متفق ہونا دعوت الی التوحید میں ان کے سامنے بیان کیا ہو پس جملہ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ کا بیچ میں بڑھا دینا اُن فوائد کے لئے ہے کہ مضمون دعوت کی تاکید ہو جاوے اور ہود علیہ السلام نے انذار میں یہ فرمایا کہ) مجھ کو تم پر ایک بڑے (سخت) دن کے عذاب کا اندیشہ ہے (ورنہ توحید قبول کر لو) وہ کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس اس ارادہ سے آئے ہو کہ ہم کو ہمارے معبودوں سے پھیر دو سو (ہم تو پھرنے والے ہیں نہیں باقی) اگر تم سچے ہو تو جس (عذاب) کا تم ہم سے وعدہ کرتے ہو اس کو ہم پر واقع کر دو انہوں نے فرمایا کہ پورا علم تو خدا ہی کو ہے (کہ عذاب کب تک آوے گا) اور مجھ کو تو جو پیغام دے کر بھیجا گیا ہے میں تم کو وہ پہنچا دیتا ہوں (چنانچہ اس میں مجھ سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ تم پر عذاب آوے گا میں نے تم کو اطلاع کر دی اس سے زیادہ نہ مجھ کو علم ہے اور نہ قدرت) لیکن میں تم کو دیکھتا ہوں کہ تم لوگ نری جہالت کی باتیں کرتے ہو (کہ ایک تو توحید کو نہیں قبول کرتے پھر اپنے منہ سے بلا مانگتے ہو پھر مجھ پر اس کی فرمائش کرتے ہو البتہ اپنے صدق کا میں مدعی ہوں جس پر دلیل قائم کر چکا ہوں اور جس واقعہ میں تم کو شبہ ہو اس کا وقت وقوع مجھ کو نہیں بتلایا گیا ہاں نفس وقوع کو جب اللہ چاہے دیکھ لینا غرض جب کسی طرح انہوں نے حق کو قبول نہ کیا اب عذاب کا اس طرح سامان شروع ہوا کہ اول ایک بادل اٹھا) سو ان لوگوں نے جب اس بادل کو اپنی وادیوں کے مقابل آتا دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ تو بادل ہے جو ہم پر برسے گا (ارشاد ہوا کہ) نہیں (برسنے والا بادل) نہیں بلکہ یہ وہی (عذاب) ہے جس کی تم جلدی مچاتے تھے (کہ وہ عذاب جلدی لاؤ اور اس بادل میں) ایک آندھی ہے جس میں دردناک عذاب ہے وہ (آندھی) ہر چیز کو (جس کے ہلاک کرنے کا حکم ہوگا) اپنے رب کے حکم سے ہلاک کر دے گی چنانچہ (وہ آندھی چھٹی اور آدمیوں کو اور مواشی کو اٹھا اٹھا کر پٹک دیتی تھی جس سے) وہ ایسے (تباہ) ہو گئے کہ بجز ان کے مکانات کے اور کچھ (آدمی اور حیوان) نہ دکھلائی دیتا تھا ہم مجرموں کو یوں ہی سزا دیا کرتے ہیں اور ہم نے ان (قوم عاد کے) لوگوں کو ان باتوں میں قدرت دی تھی کہ تم کو ان باتوں میں قدرت نہیں دی (مراد ان باتوں سے وہ تصرفات ہیں جو قوت جسمی و مالی پر موقوف ہیں) اور ہم نے ان کو کان اور آنکھ اور دل (سب ہی کچھ) دیئے تھے سو چونکہ وہ لوگ آیات الٰہیہ کا انکار کرتے تھے اسی لئے (جب ان پر عذاب آیا ہے تو) نہ ان کے کان ان کے ذرا کام آئے اور نہ ان کی آنکھیں اور نہ ان کے دل اور جس (عذاب) کی وہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے اسی نے ان کو آ گھیرا (یعنی نہ ان کے حواس ان کو عذاب سے بچا سکے اور نہ ان کی تدبیر جس کا ادراک قلب سے ہوتا ہے اور نہ ان کی قوت پس تمہاری تو کیا حقیقت ہے)۔ **ف**: ان لوگوں کا مسکن بقول اکثر بلاد یمن میں تھا اور وہاں ریگ کے تودے تھے عرب کے لوگ تجارت کے لئے اکثر سفر کیا کرتے تو ان مقامات پر گزرتے تھے اور آدمیوں کا اور مواشی کا اس ہوا میں اُڑے اُڑے پھرنا ڈر منثور میں ابن عباسؓ سے مروی ہے اور وادی کہتے ہیں نشیبی زمین کو جہاں پانی جمع ہو جاتا ہے اسی وجہ سے کبھی اس کا ترجمہ میدان سے کیا جاتا ہے اور کبھی ندی نالہ سے۔ **ربط**: اوپر عاد کا قصہ تفصیلاً مذکور تھا آگے اور اُمم مہلکہ کا قصہ کہ اہل مکہ ان کے مساکن پر بھی گزرتے تھے اجمالاً مذکور ہے۔

قصۂ اجمالیہ بعض دیگر امم مُہلکہ: وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ اور ہم نے تمہارے آس پاس کی اور بستیاں بھی (اس کفر و شرک کے سبب) غارت کی ہیں (جیسے ثمود و قوم لوط کہ شام کو جاتے ہوئے ان کے مساکن سے گزرتے تھے اور چونکہ مکہ سے ایک طرف یمن ہے دوسری جہت میں شام ہے اس لئے مَا حَوْلَكُمْ فرمادیا اور ہم نے ہلاک کرنے سے پہلے (ان کی فہمائش کے لئے) بار بار اپنی نشانیاں (ان کو) بتلا دی تھیں تاکہ وہ (کفر و شرک سے) باز آئیں (مگر باز نہ آئے اور ہلاک ہوئے) سو خدا کے سوا جن جن چیزوں کو انہوں نے خدا تعالیٰ کا تقرب حاصل کرنے کو اپنا معبود بنا رکھا تھا (کہ یہ مصیبت میں ہمارے کام آویں گے ہلاک وعذاب کے وقت) انہوں نے ان کی مدد کیوں نہ کی بلکہ وہ سب ان سے غائب ہو گئے اور وہ (معبود اور شفیع سمجھنا) محض ان کی تراشی ہوئی اور گھڑی ہوئی بات ہے اور کہیں واقع میں وہ شفیع یا معبود تھوڑا ہی تھے)۔

ربط: اوپر تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ۝ میں کفار مکہ کو سنانے کے لئے کفر و استکبار کی مذمت مذکور ہے آگے اسی کی تاکید کے لئے بطور تعریض کے بعض جنات کے اسلام لانے کا قصہ بیان کیا جاتا ہے جس کا حاصل مقصود باعتبار مقام کے یہ ہے کہ جنات جو کہ تکبر میں انسان سے زیادہ ہوتے ہیں وہ تو تکبر چھوڑ کر کفر سے دست بردار ہو گئے مگر تم کہ انسان ہو تکبر اور کفر سے باز نہیں آتے اور جن جنات کے ایمان لانے کا اس آیت میں ذکر ہے ان کا قصہ حدیثوں میں اس طرح آیا ہے کہ جب بعثت نبویہ کے وقت جنات کو آسمانی خبریں سننے سے بذریعہ شہب روک دیا گیا تو جنات میں تذکرہ ہوا کہ اس کا سبب تحقیق کرنا چاہئے کہ کون سا نیا واقعہ دنیا میں ہوا ہے جس کے سبب یہ امر ہو گیا جنات مختلف اقطار میں تحقیق کے واسطے روانہ ہوئے بعضے جنات حجاز کی طرف بھی چلے اس روز حضور صلی اللہ علیہ وسلم مع اپنے چند اصحاب کے بطن نخلہ میں کہ ایک مقام کا نام ہے تشریف رکھتے تھے اور سوق عکاظ کو تشریف لے جانے کا قصد تھا (غالباً بغرض دعوت اسلام و تبلیغ دین تشریف لے جاتے تھے) غرض آپ صبح کی نماز پڑھا رہے تھے جو وہ جنات یہاں پہنچے قرآن سن کر کہنے لگے کہ بس وہ نئی بات جو ہمارے اور خبر آسمانی کے درمیان حائل ہوئی یہ ہے رواہ احمد وعبد بن حمید والشیخان والترمذی والنسائی وجماعۃ عن ابن عباسؓ

www.besturdubooks.net

اور ایک روایت میں ہے کہ وہ جنات جب یہاں آئے باہم کہنے لگے کہ خاموش ہو کر قرآن سنو جب آپ نماز صبح سے فارغ ہوئے معتقد اور مؤمن ہو کر اپنی قوم کے پاس واپس گئے اور ان کو خبر اور ایمان کی ترغیب دی اور آپ کو ان کے آنے جانے کی خبر نہیں ہوئی یہاں تک کہ سورۂ جن کے نزول سے آپ کو خبر دی گئی ۔ رواہ ابن المنذر عن عبدالملک ۔ اور ایک روایت میں ہے کہ یہ جن اہل نصیبین سے تھے اور نو شخص تھے جب انہوں نے اپنی قوم کو خبر پہنچائی تو ان میں سے تین سو اشخاص اسلام لانے کے لئے حاضر خدمت ہوئے ۔ رواہ ابو نعیم والواقدی عن کعب الاحبار والروایات کلھا فی الروح اور دوسری حدیثوں میں جنات کے آنے کی اور طور پر بھی روایتیں آتی ہیں مگر چونکہ یہ سب واقعات متعددہ ہیں اس لئے تعارض کا شبہ نہ کیا جاوے ۔ کذا قالوا ویؤیدہ ما اخرجہ الطبرانی فی الاوسط وابن مردویہ عن الحبرانہ قال صرفت الجن الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مرتین آہ ای مرۃ بعد مرۃ لما قال الخفاجی انہ قد دلت الاحادیث علی ان افادۃ الجن کانت ست مرات کذا فی الروح۔

اللغات: الاحقاف جمع حقف وھو المعوج من الرمل کذا فی القاموس وفی الروح رمل مستطیل فیہ اعوجاج آہ ۱۲۔ العارض السحاب ۱۲۔

النحو: وقد خلت الخ جملۃ معترضۃ کذا فی المدارک ۱۲۔ قولہ رأوہ الضمیر عائد الی الموعود او ھو مبھم یوضحہ قولہ عارض ای سحاب عرض فی نواحی السماء والاضافۃ فی قولہ مستقبل اودیتھم وممطرنا عقلیۃ ولھذا صح وقوعھا صفۃ للنکرۃ ۱۲۔ قولہ الذین اتخذوا الخ فی المدارک احد مفعولی اتخذوا محذوف ای اتخذوھم والثانی آلھۃ وقربانا حال وھو مصدر او اسم لما یتقرب الی اللہ عز وجل ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ قربانا صرح بہ تھکما بھم وتنبیھا علی خطائھم۔ قولہ ذلک افکھم وما کانوا یفترون کرر معنی لا فتضاء المقام التاکید ۱۲۔

وَإِذْ صَرَفْنَآ إِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُونَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوهُ قَالُوٓا أَنصِتُوا ۖ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا
إِلَىٰ قَوْمِهِم مُّنذِرِينَ ﴿۲۹﴾ قَالُوا يٰقَوْمَنَآ إِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا أُنزِلَ مِنۢ بَعْدِ مُوسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ
يَهْدِيٓ إِلَى الْحَقِّ وَإِلٰى طَرِيقٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿۳۰﴾ يٰقَوْمَنَآ أَجِيبُوا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوا بِهِۦ يَغْفِرْ لَكُم مِّن
ذُنُوبِكُمْ وَيُجِرْكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿۳۱﴾ وَمَن لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ وَلَيْسَ
لَهُۥ مِن دُونِهِۦٓ أَوْلِيَآءُ ۚ أُولٰٓئِكَ فِي ضَلٰلٍ مُّبِينٍ ﴿۳۲﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللّٰهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ
وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى أَن يُحْـِۧيَ الْمَوْتٰى ۚ بَلٰٓى إِنَّهُۥ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿۳۳﴾ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِينَ كَفَرُوا
عَلَى النَّارِ أَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۖ قَالُوا بَلٰى وَرَبِّنَا ۚ قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿۳۴﴾ فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ
أُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِل لَّهُمْ ۚ كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ
يَلْبَثُوٓا إِلَّا سَاعَةً مِّن نَّهَارٍ ۚ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُونَ ﴿۳۵﴾ ع

اور جب کہ ہم جنات کی ایک جماعت کو آپ کی طرف لے آئے جو قرآن سننے لگے تھے ۔ جب وہ لوگ قرآن کے پاس پہنچے کہنے لگے کہ خاموش رہو پھر جب قرآن پڑھا جا چکا تو وہ لوگ اپنی قوم کے پاس خبر پہنچانے کے واسطے واپس گئے کہنے لگے اے بھائیوں ہم ایک کتاب سن کر آئے ہیں ۔ جو موسیٰ کے بعد نازل کی گئی ہے جو اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے حق اور راہ راست کی طرف رہنمائی کرتی ہے اے بھائیو! اللہ کی طرف بلانے والے کا کہنا مانو اور اس پر ایمان لے آؤ اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ معاف کر دے گا ۔ اور تم کو عذاب دردناک سے محفوظ رکھے گا اور جو شخص اللہ کی طرف بلانے والے کا کہنا نہ مانے گا تو وہ زمین میں ہرا نہیں سکتا اور خدا کے سوا کوئی اس کا حامی بھی نہ ہوگا ۔ ایسے لوگ صریح گمراہی میں ہیں ۔ کیا ان لوگوں نے یہ نہ جانا کہ جس خدا نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا اور ان کے پیدا کرنے میں ذرا تھکا نہیں وہ اس پر قدرت

www.besturdubooks.net

رکھتا ہے کہ مردوں کو زندہ کردے گا۔ کیوں نہ ہو بے شک وہ ہر چیز پر قادر ہے اور جس روز وہ کافر لوگ دوزخ کے سامنے لائے جائیں گے کیا یہ دوزخ امر واقعی نہیں ہے وہ کہیں گے کہ ہم کو اپنے پروردگار کی قسم یہ ضرور امر واقعی ہے۔ ارشاد ہوگا تو اپنے کفر کے بدلہ میں اس کا عذاب چکھو۔ تو آپ صبر کیجئے جیسے اور ہمت والے پیغمبروں نے صبر کیا تھا اور ان لوگوں کے لئے انتقام الٰہی کی جلدی نہ کیجئے اور جس روز یہ لوگ اس چیز کو دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے تو گویا یہ لوگ دن بھر میں ایک گھڑی رہے ہیں یہ پہنچا دینا ہے سو وہی برباد ہوں گے جو نافرمانی کریں گے۔

تفسیر: قصہ ایمان آوردن جن و وعظ شان بقوم خود: وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ (الی قولہ تعالی) اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اور (ان سے اس وقت کا قصہ ذکر کیجئے) جبکہ ہم جنات کی ایک جماعت کو آپ کی طرف لے آئے جو (اخیر میں یہاں پہنچ کر) قرآن سننے لگے غرض جب وہ لوگ قرآن (کے پڑھے جانے کے موقع) کے پاس آ پہنچے تو (آپس میں) کہنے لگے کہ خاموش رہو (اور اس کلام کو سنو) پھر جب قرآن پڑھا جا چکا (یعنی جتنا اس وقت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز میں پڑھنا تھا ختم ہو چکا) تو وہ لوگ (اس پر ایمان لے آئے اور) اپنی قوم کے پاس (اس کی) خبر پہنچانے کے واسطے واپس گئے (اور جا کر ان سے) کہنے لگے کہ اے بھائیو ہم ایک (عجیب) کتاب سن کر آئے ہیں جو موسیٰ (علیہ السلام) کے بعد نازل کی گئی ہے جو اپنی پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے (اور دین) حق اور راہ راست کی طرف رہنمائی کرتی ہے (یہ تو اثبات واخبار واظہار ہے حقیقت دین اسلام کا آگے امر ہے اس کے قبول کرنے کا اول ترغیبا پھر ترہیبا یعنی) اے بھائیو! تم اللہ کی طرف بلانے والے کا کہنا مانو (مراد داعی سے قرآن یا نبی ذی شان ہیں) اور (کہنا ماننا یہ ہے کہ) اس پر ایمان لے آؤ (اس میں اشارہ ہوگیا کہ وہ ایمان لانے کی طرف داعی ہے نہ کہ اور کسی دنیوی غرض کی طرف پس اگر تم ایسا کرو گے تو) اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ معاف کردے گا اور تم کو عذاب دردناک سے محفوظ رکھے گا اور جو شخص اللہ کی طرف بلانے والے کا کہنا نہ مانے گا تو وہ زمین (کے کسی حصہ) میں (بھاگ کر خدا کو) ہرا نہیں سکتا (یعنی اس طرح کہ ہاتھ نہ آئے) اور (جیسا وہ خود نہیں بچ سکتا اسی طرح) خدا کے سوا اور کوئی اس کا حامی بھی نہ ہوگا (کہ وہ اس کو بچا سکے اور) ایسے لوگ صریح گمراہی میں (مبتلا) ہیں (کہ باوجود قیام دلائل کے داعی کے حق ہونے پر پھر اس کی اجابت نہ کریں)۔ **ف:** مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى کہنے سے بعض علماء نے یہ سمجھا ہے کہ وہ جن یہودی تھے لیکن اس کی کوئی دلیل نقلی نہیں اور استنباط مذکور نا کافی ہے اور اس کہنے کی وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ انجیل اکثر شرائع میں تورات کے تابع ہے اور قرآن مثل تورات کے مستقل ہے پس ممکن ہے کہ مقصود بیان کرنا تشابہ کا ہو کہ جیسی کتاب مستقل موسیٰ علیہ السلام پر آئی تھی اس شان کی کتاب موسیٰ علیہ السلام کے بعد یہ آئی ہے رہا یہ کہ انہوں نے تھوڑا سا قرآن سن کر یہ کیسے پہچان لیا جواب یہ ہے کہ کسی قرینہ مضمون یا طرز بیان وجلالت شان سے ظنا معلوم ہوا ہوگا اور وہ ظن واقع کے موافق نکل آیا اور مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ میں بعض نے من تبعیضہ اسی لئے لیا ہے کہ اسلام سے حقوق العباد معاف نہیں ہوتے اور بعض نے زائدہ لیا ہے اور اسلام سے کل ذنوب کے معاف ہونے میں حقوق العباد کا اشکال لازم نہیں آتا کیونکہ جو حقوق ذنوب ہیں مثل قتل وغیرہ ان کا معاف ہونا تو متفق علیہ ہے اور جو حقوق غیر ذنوب ہیں مثل قرض وغیرہ وہ ذُنُوْبِكُمْ میں داخل ہی نہیں پھر تبعیض کی کوئی حاجت نہیں اور جنات کو عقاب ہونا کفر و معصیت پر متفق علیہ ہے اور ثواب و جنت ملنا ایمان وطاعت پر متکلم فیہ ہے جمہور تو اس کے قائل ہیں للعمومات الشرعیۃ وبخصوص قولہ تعالیٰ: لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ [الرحمٰن: ۵۶] وقولہ تعالیٰ: فی سورۃ الانعام بعد ذکر الانس والجن ولکل درجت مما عملوا اور امام ابوحنیفہؒ نے غایت احتیاط سے بوجہ کسی خاص نص قطعی الثبوت وقطعی الدلالۃ کے نہ پائے جانے کے اس میں توقف فرمایا ہے کما فی الروح وقال النسفی فی التیسیر توقف ابو حنیفۃؒ فی ثواب الجن ونعیمهم لانه لا استحقاق للعبد علی الله تعالیٰ ولم یقل بطریق الوعد فی حقهم الا المغفرة والاجارة من العذاب واما نعیم الجنة فموقوف علی الدلیل آه۔ اور یہ جو امام صاحب کا قول مشہور ہوگیا ہے کہ وہ ان کے عدم دخول فی الجنۃ کے قائل ہیں غالباً توقف کی تقریر میں ناقلین کو غلطی ہوئی ہے واللہ اعلم اور حق اور طریق مستقیم میں یا تو اصول وفروع کا تغایر مانا جاوے یا عطف صفت علی اخری کے قبیل سے ہو۔ ربط: اوپر آیت يَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا میں مجازات قیامت کا ذکر تھا اور متصل کی آیتوں میں بھی یجرکم من عذاب الیم کے بعد لیس له من دونه اولیاء کا آنا مشیر تھا عذاب قیامت کی طرف چونکہ بعضے خود امکان قیامت ہی کے منکر تھے اسی لئے آگے اولا اس کا امکان پھر اس کا اور اس میں عذاب کا وقوع اور پھر اس پر امر تسلیہ رسول وتعلیم صبر کی تفریع اور اس کی تاکید کے لئے بعنوان کلی کفار کی تفریع ارشاد فرماتے ہیں۔

تقریر معاد وعقوبت اہل عناد وتسلیہ خیر العباد صلی اللہ علیہ وسلم الی یوم التناد: اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (الی قولہ تعالی) فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ کیا ان لوگوں نے یہ نہ جانا کہ جس خدا نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا اور ان کے پیدا کرنے میں ذرا نہیں تھکا وہ اس پر (بدرجۂ اولیٰ) قدرت رکھتا ہے کہ مردوں کو (قیامت میں) زندہ کردے (اور وہ اس پر قادر) کیوں نہ ہو بے شک وہ (تو) ہر چیز پر قادر ہے (یہ تو امکان ثابت ہوا) اور جس روز (اس کا وقوع ہوگا اور) کافر لوگ دوزخ کے سامنے لائے جاویں گے (اور ان سے پوچھا جاوے گا) کہ کیا یہ دوزخ امر واقعی نہیں ہے (جیسا دنیا

www.besturdubooks.net

میں اس کی واقعیت کی نفی کیا کرتے تھے قال تعالیٰ :عنهم وما نحن بمعذبين) وہ کہیں گے کہ ہم کو اپنے پروردگار کی قسم ضرور امر واقعی ہے ارشاد ہوگا (اچھا) تو اپنے کفر کے بدلہ میں (جس میں انکار دوزخ بھی آ گیا) اس (دوزخ) کا عذاب چکھو (آگے تسلیہ کی تفریع ہے کہ جب ان سے انتقام کفر کا لیا جانا معلوم ہو گیا) تو آپ (ویسا ہی) صبر کیجئے جیسا اور ہمت والے پیغمبروں نے صبر کیا تھا اور ان لوگوں کے لئے (انتقام الٰہی کی) جلدی نہ کیجئے (جس کو آپ انتصار للمسلمین کی حیثیت سے چاہتے تھے اور عجب تر یہ ہے کہ وہ مستحقین عذاب استعجال کرتے ہیں اور عجب تر ہونا ظاہر ہے کہ مدعیٰ اگر مدعیٰ علیہ کی سزا جلدی چاہے تو بعید نہیں لیکن مدعیٰ علیہ اگر اپنی سزا جلدی چاہے نہایت امر غریب ہے سو گو حکمت الٰہیہ سے عذاب مستعجل نہیں ہوگا لیکن مشاہدہ کے وقت ان پر اس کا وہی اثر ہوگا جو عذاب مستعجل کا ہوتا ہے کیونکہ) جس روز یہ لوگ اس چیز کو (یعنی عذاب کو) دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے تو (اس وقت غایت شدت عذاب سے ایسا معلوم ہوگا کہ) گویا یہ لوگ (دنیا میں) دن بھر میں ایک گھڑی رہے ہیں (یعنی دنیا کی مدت طویلہ قصیر معلوم ہوگی اور یہی معلوم ہوگا کہ استعجالاً عذاب آ گیا آگے کفار کو تفریع ہے کہ) یہ (خدا کی طرف سے اتمام حجت کے لئے) پہنچا دینا ہے (جو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت ہو چکا) سو (اس کے بعد) وہی برباد ہوں گے جو نافرمانی کریں گے (کیونکہ بعد تبلیغ کے کوئی عذر نہیں رہا اور رسول کا اس میں کوئی ضرر نہیں اس سے تاکید تسلیہ کی بھی ہوگئی) ف: أُولُوا الْعَزْمِ سے محققین نے سب پیغمبر مراد لئے ہیں کیونکہ سب کا اہل عزم واہل ہمت ہونا ظاہر ہے اور مِنَ الرُّسُلِ میں کلمہ من بیانیہ ہے اور چونکہ حسب ارشاد: فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ [البقرة : ۲۵۳] اس صفت میں بعض رسل کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اوروں سے بڑے ہوئے ہیں اس بناء پر یہ لقب بعض خاص رسل کا بھی مشہور ہو گیا ہے جیسا اعلام غالبہ میں ہوتا ہے اور اس کی تعیین میں بھی اختلاف ہے اور اکثر کا قول یہ ہے کہ اولوالعزم بالمعنی الثانی وہ ہیں جن کا ذکر جزئیاً سورۂ احزاب کی اس آیت میں ہے :وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّنَ مِيثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُوحٍ وَإِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ ...... [الأحزاب : ۷] واللہ اعلم۔ سورۂ احقاف ختم ہوئی آگے سورۂ محمد آتی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : اٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ ...... شاید ثواب کا ذکر نہ فرمانا اس طرف اشارہ ہو کہ بندہ کا نجات پا جانا یہ بھی اس کے استحقاق سے زیادہ ہے اپنے کو درجات کا اہل کیوں سمجھے اور یہ عین مذاق ہے قلندر کا۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ قوله في يستمعون جواخیر میں یہاں الخ اشارة الى كون الحال مقدرة ۱۲۔ ۲ قوله في منذرين خبر اطلاقاً للمقيد على المطلق ۱۲۔

النحو : بلغ اى هذا تبليغ من الله ومن الرسول ۱۲۔

البلاغۃ : قوله اولياء جمع الاولياء باعتبار معنى من فيكون من باب مقابلة الجمع بالجمع لانقسام الآحاد على الآحاد ۱۲۔ قوله بقادر في الكشاف محله الرفع لانه خبر ان يدل عليه قراءة عبد الله قادر وانما دخلت الباء لاشتمال النفي في اول الآية على ان وما في حيزها وقال الزجاج او قلت ما ظننت ان زيدا بقائم جاز كانه قيل اليس الله بقادر الا ترى الى وقوع بلى مقررة للقدرة على كل شئ من البعث وغيره الا لرؤيتهم قوله وربنا في الروح واكدوا بالقسم كانهم يطيعون في الخلاص بالاعتراف بحقيقة ذلك كما في الدنيا واني لهم ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ

سورۃ محمد ۴۷ مدنیۃ ۹۵ — بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ — ایاتہا ۳۸ رکوعاتہا ۴

سورۃ محمد مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۳۸ آیات اور ۴ رکوع ہیں

اَلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَصَدُّوۡا عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعۡمَالَهُمۡ ۝۱ وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوۡا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى

مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الۡحَـقُّ مِنۡ رَّبِّهِمۡ‌ۙ كَفَّرَ عَنۡهُمۡ سَيِّاٰتِهِمۡ وَاَصۡلَحَ بَالَهُمۡ ۝۲ ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الۡبَاطِلَ وَاَنَّ

الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الۡحَـقَّ مِنۡ رَّبِّهِمۡ‌ؕ كَذٰلِكَ يَضۡرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمۡثَالَهُمۡ ۝۳

جولوگ کافر ہوئے اور اللہ کے رستہ سے روکا خدا نے ان کے عمل کالعدم کر دیئے اور جولوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے اور وہ اس پر ایمان لائے جو محمدؐ پر نازل کیا گیا ہے اور وہ ان کے رب کے پاس سے واقعی امر واقعی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے گناہ ان پر سے اتار دے گا اور ان کی حالت درست رکھے گا۔ یہ اسی وجہ سے ہے کہ کافر تو غلط رستہ پر چلے اور اہل ایمان صحیح رستہ پر چلے جو ان کے رب کی طرف سے ہے۔ اللہ تعالیٰ اسی طرح لوگوں کے لئے ان کے حالات بیان فرماتا ہے۔

سورۃ محمد ﷺ مدنیۃ وقیل مکیۃ وایہا تسع او ثمان وثلثون کذا فی البیضاوی والا کثر علی الاول وضعف الثانی۔

تفسیر ربط: سورت سابقہ کے ختم پر فاسقین یعنی کفار کی مذمت مذکور تھی اور اس سے اوپر وعظ جنات میں مؤمنین کی فضیلت اور کفار کی مذمت کا ذکر تھا اس سورت کے شروع میں بھی یہی مدح اور ذم مذکور ہے۔

تہجین کافرین وتحسین مؤمنین: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ اَلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا (الی قولہ تعالی) كَذٰلِكَ يَضۡرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمۡثَالَهُمۡ ۝ جولوگ (خود بھی) کافر ہوئے اور (دوسروں کو بھی) اللہ کے راستہ سے روکا (جیسا رؤسائے کفار کی عادت تھی کہ جان اور مال ہر طرح سے اس میں کوشش کرتے تھے سو) خدا نے ان کے عمل کالعدم کر دیئے (یعنی جن کاموں کو وہ نیک سمجھ رہے ہیں بوجہ عدم ایمان کے وہ مقبول نہیں بلکہ ان میں سے بعضے کام اور اُلٹے موجب عقاب ہیں جیسے انفاق بغرض :صد عن السبیل اللہ کما قال تعالیٰ :فَسَيُنۡفِقُوۡنَهَا ثُمَّ تَكُوۡنُ عَلَيۡهِمۡ حَسۡرَةً ...... [الانفال : ۳۶]) اور (برخلاف ان کے) جولوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے اور (ان کے ایمان کی کیفیت تصریحاً بیان کرتے ہیں کہ) وہ اس سب پر ایمان لائے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے اور وہ (جو نازل کیا گیا ہے وہ) ان کے رب کے پاس سے (آیا ہوا) امر واقعی (بھی) ہے (جس کا ماننا بھی ضروری سو) اللہ تعالیٰ ان کے گناہ ان پر سے اتار دے گا (یعنی معاف کر دے گا) اور (دونوں جہان میں) ان کی حالت درست رکھے گا (دنیا میں تو اس طرح کہ ان کو اعمال صالحہ کی توفیق بڑھتی جاوے گی اور آخرت میں اس طرح کہ ان کو نجات ہوگی اور) یہ (جو مؤمنین کی خوشحالی اور کفار کی بدحالی بیان کی گئی) اس وجہ سے ہے کہ کافر تو غلط راستہ پر چلے اور اہل ایمان صحیح راستہ پر چلے جو ان کے رب کی طرف سے (آیا) ہے (اور غلط راستہ کا موجب ناکامی ہونا اور صحیح راستہ کا سبب کامیابی ہونا ظاہر ہے اس لئے وہ ناکام ہوئے اور یہ کامیاب ہوئے اور اگر اسلام کے صحیح راستہ ہونے میں کوئی شبہ ہو تو من ربھم سے اس کا جواب ہو گیا کہ دلیل اس کے صحیح ہونے کی یہ ہے کہ وہ منجانب اللہ ہے اور منجانب اللہ ہونا معجزات نبویہ بالخصوص اعجاز قرآنی سے ثابت ہے اور) اللہ تعالیٰ اسی طرح (جیسے یہ حالت بیان فرمائی) لوگوں کے (نفع وہدایت کے) لئے ان (مذکورین) کے حالات بیان فرماتا ہے (تاکہ ترغیب وترہیب مفضی الی الہدایت ہو) ف: اضلال اعمال کے ترتب کے لئے مجموعۂ کفر وصد شرط نہیں صرف کفر پر بھی حبط اعمال مرتب ہوتا ہے لیکن ان لوگوں کی واقعی حالت بیان فرمادی اور اَضَلَّ اَعۡمَالَهُمۡ ۝ میں آیت : فَمَنۡ يَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ خَيۡرًا يَّرَهٗ [الزلزال : ۷] کے تعارض کا شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ اس حکم یرہ میں عمل مقرون بالا یمان شرط ہے۔

www.besturdubooks.net

اللغات: البال الحال كذا فى القاموس۔

البلاغۃ: قوله صدوا فى تقييد الكافر بالصد عن سبيل الله وعدم تقييد المؤمن بالهداية اليه اشارة الى ان الغضب الشديد يتوجه اذا انضم الاضلال الى الضلال بخلاف الرحمة الكاملة فانها يتوجه بمحض الاهتداء من غير توقف على هداية الغير ۱۲۔

مع ۱۳ فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۛۚ ذٰلِكَ ۛؕ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۟ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۴﴾ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ﴿۵﴾ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ﴿۶﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ﴿۷﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۸﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۹﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۫ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ﴿۱۰﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ﴿۱۱﴾ ع ۵

سوتمہارا جب کفار سے مقابلہ ہو جائے تو ان کی گردنیں مارو یہاں تک کہ جب تم ان کی خوب خون ریزی کر چکو تو خوب مضبوط باندھ لو پھر ان کے بعد یا تو بلا معاوضہ چھوڑ دینا اور یا معاوضہ لے کر چھوڑ دینا جب تک کہ لڑنے والے اپنے ہتھیار نہ رکھ دیں۔ یہ حکم (جہاد کا جو مذکور ہوا) بجالانا اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو ان سے انتقام لے لیتا لیکن تا کہ تم میں ایک دوسرے ذریعہ امتحان کرے اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جاتے ہیں اللہ ان کے اعمال کو ہرگز ضائع نہیں کرے گا۔ اللہ تعالیٰ ان کو مقصود تک پہنچا دے گا اور ان کی حالت درست رکھے گا اور ان کو جنت میں داخل کرے گا جس کی ان کو پہچان کرا دے گا۔ اے ایمان والو اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے قدم جما دے گا اور جو لوگ کافر ہیں ان کے لئے تباہی ہے اور ان کے اعمال خدا تعالیٰ کالعدم کر دے گا۔ یہ اس سبب سے ہوا کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے اتارے ہوئے احکام کو ناپسند کیا سو اللہ تعالیٰ نے ان کے اعمال کو اکارت کر دیا۔ کیا یہ ملک میں چلتے پھرتے نہیں اور انہوں نے دیکھا نہیں کہ جو لوگ ان سے پہلے ہو گزرے ہیں ان کا انجام کیسا ہوا کہ خدا تعالیٰ نے ان پر تباہی کیسی ڈالی اور ان کافروں کے لئے بھی اس قسم کے معاملات ہونے کو ہیں۔ یہ اس سبب سے کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کا کارساز ہے اور کافروں کا کوئی کارساز نہیں۔

تفسیر ربط: اوپر سے اہل ایمان کا مصلح ہونا اور کفار کا مفسد ہونا بھی مفہوم ہوتا ہے کما دل علیہ قولہ تعالیٰ صدوا وقوله تعالى: وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ آگے بطور تفریع کے بعض احکام متعلق جہاد کے جس کا مبنیٰ مصلحین کے ہاتھ سے مفسدین کا فساد دبانا ہے ارشاد فرماتے ہیں۔

بعض احکام متعلقہ جہاد: فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (الى قوله تعالى) حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا (جب کفار ایسے مفسد ہیں تو ہم تم کو ان کے فساد دفع کرنے کے لئے حکم دیتے ہیں) سو تمہارا جب کفار سے مقابلہ ہو جاوے تو ان کی گردنیں مارو (یعنی قتل کرو) یہاں تک کہ جب تم ان کی خوب خون ریزی کر چکو (جس کی حد یہ ہے کہ اب اگر قتل موقوف کر کے بجائے اس کے قید پر اکتفا کیا جاوے تو محتمل مضرت مسلمین وغلبہ کفار نہ ہو) تو (اس وقت کفار کو قید کر کے) خوب مضبوط باندھ لو پھر اس کے بعد (علی سبیل منع الجمع تم کو دو باتوں کا اختیار ہے) یا تو بلا معاوضہ چھوڑ دینا اور یا معاوضہ لے کر چھوڑ دینا (اور یہ قید اور قتل جس کے بعد من وفداء جائز ہے اس وقت تک ہے) جب تک کہ لڑنے والے (دشمن) اپنے ہتھیار نہ رکھ دیں (مراد اس سے اسلام اور استسلام میں سے کسی امر کا قبول کرنا ہے پس اگر قتل اور قید سے پہلے اسلام لے آویں یا ذمی ہونا قبول کریں تو اب نہ قتل جائز اور نہ قید جائز ہے) ف: حنفیہ کے نزدیک یہ آیت سورۂ براءت سے منسوخ ہے کہ وہ اس سے نزول میں متاخر ہے تو اگر اما منا واما فداء منع الخلو پر بھی محمول ہو تو بھی مضر نہیں کیونکہ منسوخ ہے اور جو ائمہ منسوخ نہیں کہتے وہ منع الجمع پر محمول رکھیں گے بہر حال اس آیت سے بعض ہوا پرستوں کا استدلال کرنا نفی استرقاق پر محض باطل ہے۔ اور حکم قتل سے نساء واطفال مستثنیٰ ہیں اور تحقیق اس مقام کی سورۂ انفال آیت :مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗۤ اَسْرٰى [۶۷] کے تحت میں ملاحظہ فرمائی جاوے۔

ربط: اوپر فَضَرْبَ الرِّقَابِ میں مسلمانوں کو کفار سے قتال کرنے کا حکم تھا آگے ذٰلِكَ سے اصل حکم کی تقریر اور لَوْ يَشَآءُ سے اس حکم کی حکمت اور

www.besturdubooks.net

وَالَّذِیۡنَ قُتِلُوۡا...... سے قتال میں مسلمانوں کے مقتول ہونے کے متعلق بشارت اور اِنۡ تَنۡصُرُوا...... میں قتال کی ترغیب اور وَالَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا میں کفار کی مذمت اور وعید اور ذٰلِکَ بِاَنَّهُمۡ ...... میں اس مذمت اور وعید کی علت اور اَفَلَمۡ یَسِیۡرُوۡا...... میں اس وعید کے وقوع کا دفع استبعاد اور ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰهَ...... میں احکام متعلقہ فریقین کی علت مذکور ہے۔

تقریر حکمت وفضیلت وترغیب جہاد وذم ووعید اہل عناد مع بیان علت ودفع استبعاد:

ذٰلِکَ ۛؕ وَلَوۡ یَشَآءُ اللّٰهُ لَانۡتَصَرَ مِنۡهُمۡ (الی قولہ تعالی) وَاَنَّ الۡکٰفِرِیۡنَ لَا مَوۡلٰی لَهُمۡ ﴿۱۱﴾ یہ حکم (جہاد کا جو مذکور ہوا) بجا لانا اور (ہم نے جو بعض صورتوں میں کفار سے انتقام لینے کے لئے طریقہ جہاد کا مقرر کیا ہے اس میں حکمت ہے ورنہ) اگر اللہ چاہتا تو ان (کفار) سے (خود ہی دوسرے حوادث خسف وغرق وریح وغیرہ کے واسطہ سے انتقام لے لیتا (جیسے امم سابقہ سے اسی طرح انتقام لیا گیا اور تم کو جہاد وغیرہ نہ کرنا پڑتا) لیکن (تم کو جہاد کرنے کا حکم اس لئے دیا) تا کہ تم میں ایک دوسرے کے ذریعہ سے امتحان کرے (مسلمان کا امتحان یہ کہ کون حکم الٰہی پر جان کو ترجیح دیتا ہے اور کفار کا امتحان یہ کہ اس عقوبت سے متنبہ ہو کر کون حق کو قبول کرتا ہے۔ پس اس حکمت کے لئے بھی جہاد مشروع کیا گیا) اور (جہاد میں جیسے قاتل ہونا کامیابی ہے اسی طرح مقتول ہونا بھی ناکامی نہیں ہے چنانچہ) جو لوگ اللہ کی راہ (یعنی جہاد) میں مارے جاتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کو (جن میں وہ عمل بھی آ گیا جس کی بدولت وہ مارے گئے) ہرگز ضائع نہ کرے گا (جیسا کہ ظاہراً متوہم ہوسکتا ہے کہ جب مارا گیا تو اس کے قتال پر کوئی نتیجہ مطلوبہ مرتب نہیں ہوا اور وہ ضائع گیا سو واقع میں ضائع نہیں ہوا کیونکہ اس پر دوسرا نتیجہ جو ظاہری نتیجہ سے بدر جہا فائق ہے مرتب ہوا وہ یہ کہ) اللہ تعالیٰ ان کو (منزل) مقصود تک (جس کا بیان آتا ہے) پہنچا دے گا اور ان کی حالت (قبر میں اور حشر میں اور صراط پر اور تمامی مواقع آخرت میں) درست رکھے گا (کہیں کوئی خرابی اور مضرت ان کو نہ پہنچے گی) اور (اس منزل مقصود تک پہنچنے کا بیان یہ ہے کہ) ان کو جنت میں داخل کرے گا جس کی ان کو پہچان کرا دے گا (خواہ علم ضروری کے طور پر یا کسی فرشتہ وغیرہ کے واسطہ سے جس سے باوجود پہلے سے نہ دیکھے بھالنے کے ہر جنتی اپنے اپنے درجہ اور مکان میں بے تکلف جا پہنچے گا پس جہاد میں ہر حالت میں کامیابی ہی ہوتی ہے آگے جہاد کی دنیوی کامیابی کو جو کہ مجموعہ مومنین کے متعلق ہے بیان کر کے جہاد کی ترغیب دیتے ہیں کہ) اے ایمان والو اگر تم اللہ (کے دین) کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا (جس کا نتیجہ دنیا میں بھی مجموعہ مومنین کا مجموعہ کافرین پر غالب آنا ہے خواہ ابتداء خواہ انتہاءً اور بعض مومنین کا مقتول ہو جانا یا جماعت مومنین کا کسی معرکہ میں مغلوب ہو جانا اس کے منافی نہیں) اور (اسی طرح دشمنوں کے مقابلہ میں) تمہارے قدم جما دے گا (اس کا مطلب یہ ہے کہ مجموع بمقابلہ مجموع کے خواہ ابتداء ہی سے خواہ انتہاء میں ثابت قدم رہ کر کفار پر غالب آ جاوے گا چنانچہ مشاہد ہے یہ تو مسلمانوں کا حال بیان کیا گیا) اور جو لوگ کافر ہیں ان کے لئے (دنیا میں جب کہ مومنین سے مقابلہ کریں) تباہی (اور مغلوبیت) ہے (اسی تفصیل مذکور فی غلبۃ المومنین سے) اور (آخرت میں) ان کے اعمال کو خدا تعالیٰ کالعدم کر دے گا (یہی شروع سورت میں بیان ہوا غرض کفار دارین میں خاسر ہے اور اول مقام پر اضلال اعمال کا بیان مقصود بالذات ہے اور یہاں اس حیثیت سے بیان کرنا مقصود ہے کہ وہ خسران دارین کا ایک جز ہے اور) یہ (تعس واضلال مذکور ان کے لئے) اس سبب سے ہوا کہ انہوں نے اللہ کے اتارے ہوئے احکام کو ناپسند کیا (عقیدۃً بھی اور عملاً بھی حاصل یہ کہ کفر کیا) سو اللہ نے ان کے اعمال کو (اول ہی سے) اکارت کر دیا (کیونکہ کفر کا جو اعلیٰ درجہ کی بغاوت ہے یہی اثر ہے اور یہ لوگ جو ان وعیدوں کے وقوع کو اسی لئے مستبعد سمجھتے ہیں کہ مبنیٰ ان سب کا کفر کا مبغوض عند اللہ ہونا ہے اور یہ کفر کو مبغوض عند اللہ سمجھتے نہیں تو یہ ان کا امر بدیہی سے انکار ہے ورنہ) کیا یہ لوگ ملک میں چلے پھرے نہیں اور انہوں نے دیکھا نہیں کہ جو (کافر) لوگ ان سے پہلے ہوگزرے ہیں ان کا انجام کیسا ہوا کہ خدا تعالیٰ نے ان پر کیسی تباہی ڈالی (جو کہ ان کے آثار دیار سے نمایاں ہے پس یہ صاف دلیل ہے مبغوضیت کفر پر) اور (جب مبغوضیت ثابت ہوگئی تو ان کو بھی بے فکر رہنا اور وقوع وعید کو مستبعد سمجھنا نہ چاہئے کیونکہ) ان کافروں کے لئے بھی اسی قسم کے معاملات ہونے کو ہیں (کیونکہ اشتراک فی العلۃ اعنی الکفر مقتضی ہے اشتراک فی المعلول اعنی العقوبت کو خواہ دنیا میں بھی یا صرف آخرت میں چنانچہ کفار مکہ کو مسلمانوں کے ہاتھوں دنیا میں بھی سزا ہوئی کما قال تعالیٰ: قَاتِلُوۡهُمۡ یُعَذِّبۡهُمُ اللّٰهُ بِاَیۡدِیۡکُمۡ [التوبۃ: ۱۴] اور آخرت میں تو ظاہر ہی ہے یہ بیان ہوا کفار کے حال کا آگے اجمالاً اس مجموعہ حال فریقین کی تعلیل فرماتے ہیں کہ) یہ (مجموعہ مدد ووعید متعلق فریقین واقع فی الدارین) اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کا کارساز ہے (اسی لئے دارین میں ان کو کامیاب فرماتا ہے) اور کافروں کا کوئی (ایسا) کارساز نہیں (کہ خدا کے مقابلہ میں ان کے کام بنا سکے اسی لئے وہ دارین میں ناکام رہتے ہیں ہاں یہ ممکن ہے کہ دنیا میں کبھی مسلمانوں کو ظاہراً ناکامی ہو جاوے اور کفار کو ظاہراً کامیابی لیکن اعتبار حقیقت کا ہے سو اس کے اعتبار سے مسلمان ہمیشہ کامیاب اور کافر ہمیشہ ناکام رہتا ہے)۔

ف: کفار متاخرین کے لئے امثالہا فرمایا سو ان پر جو عقوبات نازل ہوں اگر وہ متعدد ہوں تب تو جمع لانا امثال کا ظاہر ہے اور اگر غیر متعدد ہوں تو جمع لانا باعتبار تعدد محل نزول عقوبات کے ہے اور مثلیت سے مراد مثلیت باعتبار جنس العقوبت ہے نہ باعتبار نوع العقوبت اور یہاں کفار کے لئے فرمایا: لَا مَوۡلٰی لَهُمۡ ﴿۱۱﴾ اور

www.besturdubooks.net

ایک جگہ فرمایا : ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ [الأنعام : ٦٢] سو وہاں مولیٰ بمعنی مالک ہے اور مالکیت حق تعالیٰ کی سب کو شامل ہے اور فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ کی تفسیر میں اول ہی سے اسی لئے کہا کہ یہاں حبط سے مراد حبط بعد الصحۃ نہیں ہے کیونکہ جب وہ اول ہی سے کافر ہیں تو ان کے اعمال تو کسی وقت صحیح ہوئے ہی نہیں۔

فوائد مختلطة من كل فن من المدارك وغيره: لقيتم من اللقاء وهو الحرب۔ قوله فضرب الرقاب اصله فاضربوا الرقاب ضربا وضرب الرقاب عبارة عن القتل لا ان الواجب ان تضرب الرقاب خاصة لان قتل الانسان اكثرما يكون بضرب رقبة قوله اثخنتموهم اكثرتم فيهم القتل قوله فشدوا الوثاق فاسردهم والوثاق بالفتح والكسر اسم ما يوثق به والمعنى فشددوا الوثاق الاسارى حتى لا يفلتوا منكم قوله فاما منا واما فداء منصوبان بفعليهما مضمرين اى فاما تمنون منا او تفدون فداءً قوله بعد اى بعد ان تاسروهم قوله حتى تضع الحرب اوزارها اثقالها وآلاتها التي لا تقوم الا بها كالسلاح والكراع وقوله حتى تضع علق بالضرب والشد فالمعنى انهم يقتلون ويوسرون حتى تضع لحرب الاوزار انتهى ما في المدارك قوله حتى تضع الحرب فيه اسناد مجازى والمسند اليه الحقيقى هو اهل الحرب وفي الخازن عن الكلبي في تفسيره حتى يسلموا او يسالموا آه والله اعلم ۱۲۔

ملحقات الترجمة : ۱ **قوله في ذلك** بجالانا اشارة الى تقدير العامل اى افعلوا ذلك ۱۲۔ ۲ **قوله في تنصر الله** دین اشارة الى تقدير المضاف ۱۲۔

اللغات : تعسا في القاموس الهلاك۔ والعثار۔ والسقوط۔ والشر والبعد والانحطاط وانتصابه على المصدر بفعل من لفظه يجب اضماره لانه للدعاء قوله دمر الله عليهم في الخازن يقال دمره الله يعني اهلكه ودمر عليه اذا اهلك ما يختص به آه قلت فالثاني ابلغ من الاول ۱۲۔

النحو : قوله امثالها اى العاقبة المذكورة في قوله عاقبة الذين ۱۲۔

البلاغة : قوله تعسالهم في الروح عن الكشف المراد من قول تعسالهم اهلكهم الله لا ان ثم دعاءً وذلك لانه لا يدعى على شخص الا وهو مستحق له فاذا اخبر تعالى انه يدعو عليه دل على تحقق الهلاك لا سيما وظاهر اللفظ ان الدعاء منه عز وجل ۱۲۔

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ﴿۱۲﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾

بے شک اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی اور جو لوگ کافر ہیں وہ عیش کر رہے ہیں اور (یعنی انہیں فقط یہ میسر ہوگا کہ وہ) اس طرح کھاتے ہیں جس طرح چوپائے کھاتے ہیں اور جہنم ان لوگوں کا ٹھکانا ہے اور بہت سی بستیاں ایسی تھیں جو قوت میں آپ کی اس بستی سے بڑھی ہوئی تھیں اسکے رہنے والوں نے آپ کو گھر سے بے گھر کر دیا ہم نے انکو ہلاک کر دیا سو ان کا کوئی مددگار نہیں تو جو لوگ اپنے پروردگار کے واضح راستہ پر ہوں کیا وہ ان شخصوں کی طرح ہو سکتے ہیں جن کی بدعملی ان کو مستحسن معلوم ہوتی ہے اور جو اپنی نفسانی خواہشوں پر چلتے ہیں جس جنت کا متقیوں سے وعدہ کیا جاتا ہے اس کی کیفیت یہ ہے کہ اس میں بہت سی نہریں تو ایسے پانی کی ہیں جس میں تغیر نہ ہوا اور بہت سی نہریں دودھ کی ہیں جن کا ذائقہ ذرا بدلا ہوا نہ ہوگا اور بہت سی نہریں شراب کی ہیں جو پینے والوں کو بہت لذیذ معلوم ہوں گی اور بہت سی نہریں ہیں شہد کی جو بالکل صاف ہوگا اور ان کے لئے وہاں ہر قسم کے پھل ہوں گے اور ان کے رب کی طرف سے بخشش ہوگی۔ کیا ایسے لوگ ان جیسے ہو سکتے ہیں جو ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے اور کھولتا ہوا پانی پینے کو دیا جائے گا۔ سو وہ ان کی انتڑیوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: اوپر مومنین کی کامیابی اور کفار کی ناکامی آخرت کے متعلق مجملاً مذکور تھی آگے اس کی تفصیل اور کمن ھو میں بیان تفاوت باہم دگر سے اس تفصیل کی تکمیل ہے۔ اور درمیان میں بمناسبت ذکر کفار کے دنیوی تمتع کے ان کا دفع اغترار اور تسلیہ سید الابرار آیۃ: وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ میں مذکور ہے۔

تفصیل وتکمیل ثواب وعقاب ابرار واشرار ودر اثنائش دفع اغترار کفار وتسلیۂ رسول مختار صلی اللہ علیہ وسلم:

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالی) فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ بے شک اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے (جنت کے) ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی اور جو لوگ کافر ہیں وہ (دنیا میں) عیش کر رہے ہیں اور اس طرح (آخرت سے بے فکر ہو کر) کھاتے (پیتے) ہیں جس طرح چوپائے (کھایا) کرتے ہیں (کہ وہ یہ نہیں سوچتے کہ ہم کو کیوں کھلایا پلایا جاتا ہے اور ہمارے ذمہ اس کا کیا حق واجب ہے) اور جہنم ان لوگوں کا ٹھکانا ہے اور (جس تمتع کا ذکر ہوا ہے اس پر آپ کے ان مخالفین کو مغرور نہ ہونا چاہئے اور نہ آپ کو ان کی اس غفلت پر کچھ افسوس وحزن ہونا چاہئے جو کہ سبب ہوگئی مخالفت کا حتیٰ کہ آپ کو تنگ کر کے مکہ میں بھی نہیں رہنے دیا کیونکہ) بہت سی بستیاں ایسی تھیں جو قوت (جسمی ومالی وحشمی) میں آپ کی اس بستی سے بڑھی ہوئی تھیں جس کے رہنے والوں نے آپ کو گھر سے بے گھر کر دیا کہ ہم نے ان کو (عذاب سے) ہلاک کر دیا سو ان کا کوئی مددگار نہ ہوا (تو یہ بیچارے تو کیا چیز ہیں ایسی حالت میں نہ ان کو مغرور ہونا چاہئے کیونکہ جب چاہیں ان کی بھی صفائی کر سکتے ہیں اور نہ آپ محزون ہوں کیونکہ ہم ان کو بھی اشتراک علت کفر ومخالفت کی وجہ سے کہ اخراج اس کا ایک شعبہ ہے وقت پر سزا دینے والے ہیں اور یہ لوگ کہ اہل باطل ہیں بمقابلہ آپ کے اور جمیع اہل حق کے کیونکر قابل سزا نہ ہوں جب کہ اہل باطل محض نفس کی راہ پر ہیں اور اہل حق خدا کی راہ پر ہیں جب یہ تفاوت ہے) تو جو لوگ اپنے پروردگار کی واضح (ثابت بالدلیل) رستہ پر ہوں کیا وہ ان شخصوں کی طرح ہو سکتے ہیں جن کی بدعملی ان کو مستحسن معلوم ہوتی ہو) اور جو اپنی نفسانی خواہشوں پر چلتے ہوں (یعنی جب اعمال میں تفاوت ہے تو مآل میں بھی تفاوت ہوگا پس جس طرح اہل حق مستحق ثواب ہیں اہل باطل مستحق عقاب ہیں چنانچہ اس ثواب وعقاب کا کچھ بیان کیا جاتا ہے کہ) جس جنت کا متقیوں سے وعدہ کیا جاتا ہے اس کی کیفیت یہ ہے کہ اس میں بہت سی نہریں تو ایسے پانی کی ہیں جس میں ذرا تغیر نہیں ہوگا (نہ بو میں نہ رنگ میں نہ مزہ میں) اور بہت سی نہریں دودھ کی ہیں جن کا ذائقہ ذرا بدلا ہوا نہ ہوگا اور بہت سی نہریں ہیں شراب کی جو پینے والوں کو بہت لذیذ معلوم ہوگی اور بہت سی نہریں ہیں شہد کی جو بالکل (میل کچیل سے پاک) صاف ہوگا اور ان کے لئے وہاں ہر قسم کے پھل ہوں گے اور (اس میں داخل ہونے سے پہلے) ان کے رب کی طرف سے (گناہوں کی) بخشش ہوگی کیا ایسے لوگ ان جیسے ہو سکتے ہیں جو ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے اور کھولتا ہوا پانی ان کو پینے کو دیا جاوے گا سو (پینے کے بعد جس کا سبب شدت تشنگی ہوگی) وہ ان کی انتڑیوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے گا (غرض یہ کہ جب ان کے اعمال میں تفاوت ہے کما ذکر فی قولہ تعالی: اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ...... تو ان کے مآل میں یہ تفاوت ہوگا جس کا بیان اب کیا گیا)

ف: چونکہ دنیا کا پانی کبھی رنگ میں کبھی مزہ میں کبھی بو میں متغیر ہو جاتا ہے اسی طرح دنیا کا دودھ بگڑ جاتا ہے اسی طرح دنیا کی شراب اکثر بدمزہ تلخ ہوتی ہے صرف بعض منافع مخصوصہ کے خیال سے پی جاتی ہے پھر عادت پڑ جاتی ہے اور دوسری مضرات خمر کی نفی خمر جنت سے سورۂ صافات کی آیت: لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ [صافات: ۴۷] میں بیان ہو چکی ہے اسی طرح دنیا کے شہد میں میل کچیل موم وغیرہ مخلوط ہوتا ہے اسی لئے وہاں کے انہار میں ان امور کی نفی کے لئے قیود بڑھائی گئیں اور ایک آیت میں حمیم کی نسبت فرمایا گیا ہے یشوی الوجوہ سو خارج میں وہ اثر ہوگا پھر جب شدت عطش کی وجہ سے اضطراراً اس کو پئیں گے داخل جوف میں یہ اثر ہوگا اور چونکہ ماء اور لبن اور خمر اور عسل اپنے معانی حقیقیہ پر محمول ہو سکتے ہیں لہٰذا مجاز لینے کی کوئی ضرورت نہیں باقی یہ ضرور نہیں کہ وہ یہاں کی اشیائے اربعہ کے بالکل متماثل ہوں اور لبن میں طعم کے بدلنے کی نفی اور رائحہ سے تعرض نہیں کیا وجہ یہ کہ تغیر رائحہ مستلزم ہے تغیر طعم کو جب لازم کی نفی کر دی ملزوم کی بھی نفی ہوگئی۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالی فِيْهَآ اَنْهٰرٌ (الی قولہ تعالی) عَسَلٍ مُّصَفًّى اہل اشارہ نے پانی کو حیات روحانیہ کی اور دودھ کو علم حقانی کی اور شراب کو شوق ومحبت کی اور شہد کو وصل وقرب کی صورت فرمایا ہے اور ممکن ہے کہ یہ ان احوال کی صور مثالیہ ہوں۔

الروایات: فی الدر المنثور اخرج عبد بن حمید وابو یعلی وابن جریر وابن ابی حاتم وابن مردویہ عن ابن عباسؓ ان النبی ﷺ لما خرج من مکۃ الی الغار التفت الی مکۃ وقال انت احب بلاد اللہ الی اللہ وانت احب بلاد اللہ الی ولو لا ان اھلک اخرجونی منک لم اخرج منک الی قولہ وکاین من قریۃ الآیۃ آہ قلت تمام الروایۃ لم اخرج منک فاعتی الاعداء من عتا علی اللہ فی حرمہ او قتل غیر قاتلہ او قتل بذحول الجاھلیۃ فانزل اللہ تعالی وکاین الآیۃ کذا فی تفسیر ابن جریر ۱۲۔

النحو: قولہ قریتک المراد اھل القریۃ ۱۲۔ قولہ مثل الجنۃ مبتدأ وخبرہ قولہ فیھا الخ قولہ کمن ھو خالد خبر مبتدأ محذوف ای

www.besturdubooks.net

امن ذکر کمن ھو خالد۔

البلاغۃ: لذۃ مصدرۃ وصف بہ مبالغۃ ۱۲۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰۤى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۗ
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ۞۱۶ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ۞۱۷
فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ۞۱۸
فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۗ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ۞۱۹

اور بعضے آدمی ایسے ہیں کہ وہ آپ کی طرف کان لگاتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب وہ لوگ آپ کے پاس باہر جاتے ہیں تو دوسرے اہل علم سے کہتے ہیں کہ حضرت نے ابھی کیا بات فرمائی ہے۔ یہ لوگ ہیں کہ حق تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر لگادی ہے اور یہ اپنی نفسانی خواہش پر چلتے ہیں اور جو لوگ راہ پر ہیں اللہ تعالیٰ ان کو اور ہدایت دیتا ہے اور ان کو ان کے تقویٰ کی توفیق دیتا ہے۔ سو یہ لوگ بس قیامت کے منتظر ہیں کہ وہ ان پر دفعۃً آپڑے سو اس کی علامتیں تو آچکی ہیں۔ تو جب قیامت ان کے سامنے آ کھڑی ہوئی اس وقت ان کو سمجھنا کہاں میسر ہوگا۔ تو آپ اس کا یقین رکھئے کہ بجز اللہ کے اور کوئی قابل عبادت نہیں اور آپ اپنی خطا کی معافی مانگتے رہئے اور سب مسلمان مرد سب مسلمان عورتوں کے لئے بھی اور اللہ تمہارے چلنے پھرنے اور رہنے سہنے کی خبر رکھتا ہے۔

تفسیر: ربط: اوپر کفار و مؤمنین کے احوال و اعمال اور وعدے اور وعید مذکور تھے آگے منافقین کی حالت اور مذمت اور ان کی وعید اور درمیان میں زیادت معرفت کے لئے بطور مقابلہ کے اہل ایمان کی حالت جو مضاد ہے ان کی حالت کے بیان کی جاتی ہے۔

تفضیح و تقبیح منافقین: وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ (الی قولہ تعالیٰ) فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ۞ اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) بعضے آدمی ایسے ہیں (مراد اس سے منافقین ہیں) کہ وہ (آپ کی تبلیغ کے وقت ظاہر میں تو) آپ کی طرف کان لگاتے ہیں (لیکن دل سے اصل متوجہ نہیں ہوتے) یہاں تک کہ جب وہ لوگ آپ کے پاس سے (اٹھ کر مجلس سے) باہر جاتے ہیں تو دوسرے اہل علم (صحابہ) سے کہتے ہیں کہ حضرت نے ابھی (جب ہم مجلس میں تھے) کیا بات فرمائی تھی (جس کی وجہ باقتضائے ان کی حالت خبیثہ کے یہ معلوم ہوتی ہے کہ وہ اس سے تعریض کرتے تھے کہ ہم آپ کی باتوں کو قابل توجہ کے نہیں جانتے اور بظاہر استعلام ظاہر کرتے تھے اور یہ بھی ان کے نفاق کا ایک شعبہ ہے۔ ارشاد ہوتا ہے کہ) یہ وہ لوگ ہیں کہ حق تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر کردی ہے (پس ہدایت سے بعید ہوگئے) اور اپنی نفسانی خواہشوں پر چلتے ہیں اور (ان ہی کی قوم میں سے) جو لوگ راہ پر ہیں (یعنی مسلمان ہوچکے ہیں) اللہ تعالیٰ ان کو (احکام سننے کے وقت) اور زیادہ ہدایت دیتا ہے (کہ وہ ان احکام جدیدہ پر بھی ایمان لاتے ہیں اور پہلے سے بھی اس وقت تک کے احکام پر ایمان لائے ہوئے تھے پس تصدیق کے افراد باعتبار متعلقات کے بڑھ گئے اور یہ مقابل ہے طبع اللہ الخ کے) اور ان کو ان کے تقویٰ کی توفیق دیتا ہے (یعنی ایمان لانے کے بعد ان احکام پر عمل بھی کرتے ہیں اور یہ مقابل ہے: اتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ۞ کا آگے ان منافقین کی وعید ہے کہ یہ جو قرآن و احکام و دلائل سن کر بھی تذکر نہیں حاصل کرتے) سو (معلوم ہوتا ہے کہ) یہ لوگ بس قیامت کے منتظر ہیں کہ وہ ان پر دفعۃً آپڑے (یہ مجاز ہے توبیخ سے یعنی کیا قیامت میں تذکر حاصل کریں گے) سو (یاد رکھو کہ قیامت بھی نزدیک ہے چنانچہ) اس کی (متعدد) علامتیں تو آچکی ہیں (چنانچہ بروئے حدیث خود بعثت (۱) نبویہ علامات قیامت سے ہے اور شق القمر (۲) علاوہ معجزہ نبویہ ہونے کے علامات قیامت سے بھی ہے کما یشیر الیہ اقترانہ باقتراب الساعۃ اور لوگوں کا (۳) جھوٹا دعویٰ کرنا نبوت کا نیز علامت قیامت ہے کما فی الدر المنثور عن ابن ابی شیبۃ واحمد عن جابر مرفوعا وفیہ منھم صاحب الیمامۃ وصاحب صنعاء العنسی اور یہ سب علامات خود زمانہ نزول قرآن میں موجود ہوچکی تھیں خواہ نزول آیت کے وقت علامات مذکورہ سب واقع ہوچکی ہوں یا بعض کا نزول عنقریب ہونے والا ہو جیسے مسیلمہ کہ آخر زمان نبوت میں ہوا اور اگر ان میں سے بعض لی جاویں تب بھی اشراط کی جمعیت کو جنسیت پر محمول کرنے سے کلام صحیح ہوسکتا ہے اور یہاں اشراط سے مراد اشراط غیر مضیقہ ہیں یعنی جو قیامت سے بہت پہلے واقع ہوئیں اور علامات مضیقہ مثل نزول مسیح و خروج دجال و طلوع الشمس من المغرب یہاں مراد لینا اسی لئے مناسب نہیں کہ اس سے تحریر زمانہ نزول آیت کے لوگوں کی خالی از تکلف نہیں اور فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ سے مقصود وعید ہے آگے توقف تذکر میں ان کی رائے کا فاسد ہونا اور قیامت میں تذکر کا نافع نہ ہونا جو ھل ینظرون سے اشارۃً معلوم ہوچکا تھا صراحۃً فرماتے ہیں کہ جب کہ اب وقت سمجھنے کا ہے نہیں سمجھتے) تو جب قیامت ان کے سامنے آ کھڑی ہوئی اس وقت ان کو سمجھنا کہاں میسر ہوگا (یعنی مفید نہ ہوگا)۔ ربط: اوپر شروع سورت سے یہاں تک

www.besturdubooks.net

مؤمنین وکافرین ومنافقین کے احوال مع مآل مذکور ہیں آگے اوروں کے سنانے کے لئے آپ کو بطور تفریع کے استقامت علی الدین وتدارک اُمور منقصہ للدین کا خطاب مع اشارہ الی الجزاء وعدا ووعیدا فرماتے ہیں۔قرینہ اوروں کو سنانے کا ضمیر جمع کی ہے مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ میں اور حکمت آپ کو بظاہر مخاطب بنانے کی مبالغہ ہے حکم کے بہتم بالشان ہونے میں کہ جب معصوم بھی اس کا مامور ہے تو غیر معصوم کس شمار میں ہیں اور توجیہ تفریع کی یہ ہے کہ جب سامع نے دین وایمان کی جزاء اور کفر وعصیان کی سزا سُن لی تو سامع کو چاہئے کہ دین وایمان پر قائم رہے اور جو چیز دین کی منقص بھی ہو گومزیل نہ ہو جیسے ذنوب اولاً اُن سے بچے اور احیاناً اگر ان کا صدور ہو جاوے تو استغفار سے فی الفور اس کا تدارک کرے اور حق تعالیٰ کے حاضر وناظر ہونے کے استحضار کے ذریعہ سے جزاء وسزاء کو پیش نظر رکھے کہ اوامر مذکور کے بجالانے میں معین ہو۔

امر بہ ثبات علی الایمان و باستغفار من العصیان مع استحضار وعدہ و وعید حضرت دیان:

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ۝ (جب آپ مطیعین وعاصین کا حال اور مآل سن چکے) تو آپ (مثل ماضی کے مستقبل میں بھی) اس کا (بأکمل وجوہ) یقین رکھئے کہ بجز اللہ کے اور کوئی قابل عبادت نہیں (اس میں دین کے تمام اصول وفروع آ گئے کیونکہ علم سے مراد علم کامل اکمل ہے اور علم کامل مستلزم ہے عمل بجمیع ما بہ التعبد کو فہو کقولہ تعالیٰ: فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْۤ اُوْحِيَ اِلَيْكَ [الزخرف: ۴۳] اور اس عنوان سے اس لئے تعبیر کر دیا گیا کہ یہ اساس ہے جمیع شرائع کا حاصل یہ کہ جمیع اوامر ونواہی کے امتثال پر مداومت رکھو) اور (اگر احیاناً کوئی خطا سرزد ہو جاوے جو کمال دین میں مخل ہے سو گو وہ آپ سے صادر ہونے کے وقت میں بوجہ آپ کے معصوم ہونے کے واقع میں خطا نہ ہوگی بلکہ مباح ہوگی بلکہ بعض اوقات من وجہ عبادت ہوگی وتیز بوجہ اس کے کہ اجتہاد سے اس کا صدور ہوا ہے وہ عبادت اور موجب اجر ہے لیکن چونکہ اس اعتبار سے کہ اس فعل کا اشتغال مخل ہو گیا اس سے افضل عمل میں اور عمل افضل کا ترک آپ کی شان ارفع کے اعتبار سے صورۃً خطا ہے اس لئے) آپ اپنی (اس) خطا (بے صوری) کی معافی مانگتے رہئے اور (چونکہ ایسا امر مخل بکمال دین آپ کی امت کے کسی مسلمان مرد یا عورت سے صادر ہو سکتا ہے اور وہ واقع میں بھی گناہ ہو سکتا ہے اس لئے آپ) سب مسلمان مردوں اور سب مسلمان عورتوں کے لئے بھی (بخشش کی دعا مانگتے رہئے تاکہ آپ کی شان کے مُناسب جو کمال دین ہے اور اسی طرح آپ کی اُمت کی شان کے مناسب جو کمال دین ہے اس کی مخل چیزوں کا تدارک ہوتا رہے اور وہ محفوظ رہے) اور (یہ بھی یاد رہے کہ) اللہ تعالیٰ تمہارے چلنے پھرنے اور رہنے سہنے کی (یعنی سب احوال واعمال کی) خبر رکھتا ہے (پس اس کے وعدہ کے امیدوار اور اس کی وعید سے خائف رہنا چاہئے)۔

ف: اس تقریر سے معلوم ہوا کہ ذنب سے مراد ذنب مجازی ہے اور ایسے ذنب کی مثال یہ ہے کہ مثلاً آپ کی خدمت میں ایک بار ابن ام مکتوم صحابیؓ نابینا آئے آپ اس وقت کسی کافر کو سمجھا رہے تھے انہوں نے بیچ میں ٹوک دیا اور خود کچھ پوچھنے لگے اس وقت آپ کو ناگوار ہوا جس کا ذکر سورۂ عبس کے اول میں ہے اب ظاہر ہے کہ اگر ایک طرف مسلمان ہو اور ایک طرف کافر تو اس وقت مسلمان کے فرعی سوال کو ملتوی کر کے اس کافر کو اصل دین کی طرف مدعو کرنا کون نہیں جانتا کہ عبادت ہے اور آپؐ نے اجتہاد سے اس کو مقدم رکھا کہ تعلیم اصل کی اہم ہے تعلیم فرع سے لیکن چونکہ مُورد آیت میں مسلمان کو نفع ہونا متیقن تھا اور کافر کو متوہم اور متیقن مقدم ہے متوہم سے اس لئے آیات جو ظاہری عنوان سے عتاب پر مشتمل ہیں نازل ہوئیں اور وہ تقدیم تعلیم اصل کی وہاں ہے جہاں تیقن وتوہم میں دونوں ایک مرتبہ پر ہوں پس آپ کا فعل بھی عبادت تھا مگر جو فعل متروک ہو گیا وہ اس سے زیادہ عبادت تھی پس ایسے امور میں استغفار کا حکم ہے اور ایسے ہی امور شروع سورۂ اِنَّا فَتَحْنَا میں مراد ہیں جن کو ذنب سمجھ کر بشارت مغفرت دی گئی خوب سمجھ لو اور فاعلم میں مراد اثبات علی العلم ہے اور گو احتمال عدم ثبات کا آپ میں بوجہ معصوم ہونے کے نہیں ہے لیکن معصوم ہونا مامور اور منہی ہونے کے منافی نہیں جس سے مقصود کبھی اعلام ہوتا ہے اور اگر مامور بہ ومنہی عنہ اس کو معلوم ہو تو مقصود اوروں کو اس حکم کا سنانا بغرض اہتمام ہوتا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الی قولہ وَالْمُؤْمِنٰتِ اس میں اشارہ ہے کہ مشائخ کو زیبا ہے کہ اپنے ساتھ اپنے اتباع کے لئے بھی دعاء کیا کریں۔

الروایات: فی الدر المنثور عن ابن جریجؒ قال كان المؤمنون والمنافقون يجتمعون الى النبى صلى الله عليه وسلم فيستمع المؤمنون منه ما يقول ويعونه ويسمعه المنافقون فلا يعونه فاذا خرجوا سألوا المؤمنين ما ذا قال آنفا فنزلت ومنهم من يستمع اليك وعن عكرمة ان ناسا من اهل الكتاب آمنوا برسلهم وبمحمد صلى الله عليه وسلم قبل ان يبعث فلما بعث آمنوا به فذلك قوله والذين اهتدوا الخ قلت وبه يتايد ما قلت فى ترجمة قوله تعالى والذين اهتدوا من قولى ان ہی کی قوم میں سے الخ وبه حسن ذكر المؤمنين فى اثناء ذكر المنافقين واستحسن المقابلة ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اللغات: انفا اسم فاعل على غير قياس او بتجريد فعله من الزوائد لانه لم يسمع له فعل ثلاثى بل استانف وأتنف ثم غلب عليه معنى الظرفية فى الاستعمال ومعنى زمان الحال ١٢۔

النحو: فانى لهم انى خبر مقدم وذكر اهم مبتدا او الجملة جواب الشرط كذا يفهم من الخازن حيث قال يعنى فمن اين لهم التذكر والاتعاظ والتوبة اذا جاء تهم الساعة بغتة ١٢۔

البلاغة: قوله فقد جاء دليل على ما يفهم من الكلام السابق وهو اتيان الساعة فافهم ١٢۔ قوله للمؤمنين على حذف مضاف بقرينة ما قبل اى ولذنوب المؤمنين واعيد الجار لان ذنوبهم جنس آخر قيل وفى حذف المضاف وتعليق الاستغفار بذواتهم اشعار بفرط احتياجهم اليه فكان ذواتهم عين الذنوب وكذا فيه اشعار بكثرتها كذا فى الروح ١٢۔

وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُورَةٌ ۖ فَإِذَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَذُكِرَ فِيهَا الْقِتَالُ ۙ رَأَيْتَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم
مَّرَضٌ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَأَوْلَىٰ لَهُمْ ﴿٢٠﴾ طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَّعْرُوفٌ ۚ فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ
فَلَوْ صَدَقُوا اللَّهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ﴿٢١﴾ فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِن تَوَلَّيْتُمْ أَن تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا
أَرْحَامَكُمْ ﴿٢٢﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰ أَبْصَارَهُمْ ﴿٢٣﴾ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَىٰ قُلُوبٍ
أَقْفَالُهَا ﴿٢٤﴾ إِنَّ الَّذِينَ ارْتَدُّوا عَلَىٰ أَدْبَارِهِم مِّن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطَانُ سَوَّلَ لَهُمْ وَأَمْلَىٰ لَهُمْ ﴿٢٥﴾
ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لِلَّذِينَ كَرِهُوا مَا نَزَّلَ اللَّهُ سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ الْأَمْرِ ۖ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِسْرَارَهُمْ ﴿٢٦﴾ فَكَيْفَ إِذَا
تَوَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ ﴿٢٧﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اتَّبَعُوا مَا أَسْخَطَ اللَّهَ وَكَرِهُوا رِضْوَانَهُ
فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ ﴿٢٨﴾ أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ أَن لَّن يُخْرِجَ اللَّهُ أَضْغَانَهُمْ ﴿٢٩﴾ وَلَوْ نَشَاءُ ع ۳
لَأَرَيْنَاكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُم بِسِيمَاهُمْ ۚ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِي لَحْنِ الْقَوْلِ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ أَعْمَالَكُمْ ﴿٣٠﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتَّىٰ
نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِينَ مِنكُمْ وَالصَّابِرِينَ وَنَبْلُوَ أَخْبَارَكُمْ ﴿٣١﴾

اور جو لوگ ایمان والے ہیں وہ کہتے رہتے ہیں کہ کوئی (نئی) سورت کیوں نہ نازل ہوئی۔ سو جس وقت کوئی صاف صاف (مضمون کی) سورت نازل ہوتی ہے اور (اتفاق سے) اس میں جہاد کا بھی ذکر ہوتا ہے تو جن لوگوں کے دلوں میں بیماری (نفاق) ہے آپ ان لوگوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ آپ کی طرف اس طرح دیکھتے ہیں جیسے کسی پر موت کی بے ہوشی طاری ہو۔ سو (اصل یہ ہے کہ) عنقریب ان کی کم بختی آنے والی ہے۔ ان کی اطاعت اور بات چیت معلوم ہے۔ پس جب سارا کام تیار ہی ہو جاتا ہے تو اگر یہ لوگ اللہ سے سچے رہتے تو ان کے لئے بہت بہتر ہوتا۔ سو اگر تم کنارہ کش رہو تو آیا تم کو یہ احتمال بھی ہے کہ دنیا میں فساد مچا دو اور آپس میں قطع قرابت کر دو۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کو رب نے اپنی رحمت سے دور کر دیا۔ پھر ان کو بہرا کر دیا اور ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا۔ تو کیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے یا دلوں پر قفل لگ رہے ہیں۔ جو لوگ پشت پھیر کر ہٹ گئے پھر اس کے کہ سیدھا راستہ ان کو صاف معلوم ہو گیا شیطان نے ان کو چکمہ دیا ہے اور ان کو دور دور کی سجھائی ہے یہ اس سبب سے ہوا کہ ان لوگوں نے ایسے لوگوں سے جو کہ خدا کے اتارے ہوئے احکام کو ناپسند کرتے ہیں۔ یہ کہا کہ بعض باتوں میں ہم تمہارا کہا مان لیں گے اور اللہ تعالیٰ ان کی خفیہ باتیں کرنے کو خوب جانتا ہے۔ سو ان کا کیا حال ہوگا۔ جبکہ فرشتے ان کی جان قبض کرتے ہوں گے اور ان کے مونہوں اور پشتوں پر مارتے جاتے ہوں گے۔ یہ اس سبب سے کہ جو طریقہ خدا کی ناراضی کا موجب تھا یہ اسی پر چلے اور اس کی رضا سے نفرت کی۔ اس لئے اللہ تعالیٰ ان کے سب اعمال کالعدم کرتا ہے۔ جن لوگوں کے دلوں میں مرض ہے کیا یہ لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کبھی ان کی دلی عداوتوں کو ظاہر نہ کرے گا اور ہم اگر چاہتے تو آپ کو ان کا پورا پتہ بتا دیتے سو آپ ان کو حلیہ سے پہچان لیتے اور آپ ان کو طرز کلام سے ضرور پہچان لیں گے اور اللہ تعالیٰ تم سب کے اعمال کو جانتا ہے اور ہم ضرور تم سب کی آزمائش کریں گے تاکہ ہم ان لوگوں کو معلوم کر لیں جو تم میں جہاد کرنے والے ہیں

www.besturdubooks.net

اور تا کہ تمہاری حالتوں کی جانچ کرلیں۔

تفسیر ربط: اوپر مؤمنین وکفار کے ذکر کے بعد منافقین کا ذکر تھا آگے بھی ان کے حال کی زیادہ تفصیل ہے جیسا شروع سورۂ بقرہ میں مؤمنین وکافرین کا حال کم ہے اور منافقین کا زیادہ کیونکہ ان کا کوشش کرنا اخفائے حال میں بغرض تلبیس کے مقتضی ہے اس کے زیادہ کشف کو بمصلحت دفع تلبیس کے اور اول میں مؤمنین کا قول تمہید کے لئے بیان کیا گیا ہے۔

تفصیل وتکمیل شنائع منافقین: وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُورَةٌ (الی قولہ تعالی) وَنَبْلُوَا أَخْبَارَكُمْ اور جو لوگ ایمان والے ہیں وہ (تو ہمیشہ اس بات کے مشتاق رہتے ہیں کہ کلام الٰہی اور نازل ہوتا کہ ایمان تازہ ہو اور احکام جدید آویں تو ان کا ثواب بھی حاصل کریں اور اگر احکام سابقہ کی تاکید ہو تو اور زیادہ ثبات حاصل ہو اور اس اشتیاق میں) کہتے رہتے ہیں کہ کوئی (نئی) سورت کیوں نہ نازل ہوئی (اگر نازل ہو تو تمنا پوری ہو) سو جس وقت کوئی صاف صاف (مضمون کی) سورت نازل ہوتی ہے اور (اتفاق سے) اس میں جہاد کا بھی صاف صاف) ذکر ہوتا ہے تو جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے آپ ان لوگوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ آپ کی طرف اس طرح بھیانک نگاہوں سے) دیکھتے ہیں جیسے کسی پر موت کی بے ہوشی طاری ہو (اس طرح دیکھنے کا سبب خوف اور جبن ہے کہ اب حفظ وضع کے لئے جہاد میں جانا پڑا اور مصیبت آئی اور جو جو اس طرح خدا کے حکم سے جی چراتے ہیں) سو (اصل یہ ہے کہ) عنقریب ان کی کمبختی آنے والی ہے (خواہ دنیا میں بھی کسی وبال میں گرفتار ہوں ورنہ بعد موت کے تو ضروری ہی ہے اور گو فرصت میں یہ بہت باتیں اطاعت اور تملق کی بنایا کرتے ہیں لیکن) ان کی اطاعت اور بات چیت (کی حقیقت) معلوم ہے (جس کا اب نزول حکم قتال کے وقت ان کی حالت سے سب ہی پر ظہور ہوگیا) پھر (بعد نزول حکم جہاد کے) جب سارا کام (اور سامان لڑائی کا) تیار نہیں ہو جاتا ہے تو (اس وقت بھی) اگر یہ لوگ (دعوئ ایمان باللہ میں) اللہ سے سچے رہتے (یعنی دعوے ایمان کے مقتضا پر کہ عمل بالا حکام عموماً وبحکم الجہاد خصوصاً ہے عمل کرتے اور صدق دل سے جہاد کرتے) تو ان کے لئے بہت ہی بہتر ہوتا (یعنی ابتداء میں اگر منافق تھے تو اخیر ہی میں نفاق سے تائب ہو جاتے تب بھی ایمان مقبول ہو جاتا اور انتہاء کو اس میں منحصر نہ سمجھا جاوے کیونکہ وقت موت تک صدق مقبول ہے۔ آگے تقویت امر جہاد وذم متخلفین عن الجہاد کے لئے جہاد کے ترک پر ایک ظاہری محذور بھی منافقین کو بطور التفات کے خطاب کر کے بیان فرماتے ہیں کہ تم لوگ جو جہاد سے کراہت کرتے ہو) سو (اس میں دنیوی مضرت بھی ہے چنانچہ) اگر تم (اور اسی طرح سب ففیہ تغلیب جہاد سے) کنارہ کش رہو تو آیا تم کو یہ احتمال بھی ہے (یعنی ہونا چاہئے) فالاستفهام للتقرير) کہ تم (یعنی مجموعہ ناس) دنیا میں فساد مچادو اور آپس میں قطع قرابت کردو (یعنی جہاد سے بڑا فائدہ اقامت عدل واصلاح وامن کا ہے اگر اس کو چھوڑ دیا جاوے تو مفسدین کا غلبہ ہو جاوے اور کوئی انتظام جس میں جمیع مصالح مرعی ہوں نہ رہے اور ایسے انتظام نہ ہونے کے لئے فساد اور اضاعت حقوق لازم ہے گو جہل بالا حکام الصحیحہ سے کوئی شخص اس کو لڑائی بھڑائی نہ ہونے سے امن اور عدل سمجھ جائے جیسا قوانین مخالفہ شرع کے یہی آثار مشاہد ہیں کہ ظاہراً اتلاف اور حقیقۃً حقوق کا اتلاف پس جہاد میں دنیوی منفعت بھی ہو اس سے تقاعد کرنا اور بھی عجیب ہے آگے بطور التفات الی الغیب کے ان منافقین مذکورین کی تقبیح ہے کہ) یہ وہ لوگ ہیں جن کو خدا نے اپنی رحمت سے دور کر دیا (اس لئے اس کے احکام پر عمل کی توفیق نہ رہی) پھر (رحمت سے بعید کرنے پر یہ امر مرتب ہوا کہ) ان کو (بگوش قبول احکام الٰہیہ سننے سے) بہرا کر دیا اور (راہ حق کے دیکھنے سے) ان کی (باطنی) آنکھوں کو اندھا کر دیا (آگے ان پر توبیخ ہے کہ باوجود یکہ قرآن میں جہاد اور دیگر احکام کا وجوب مع دلائل حقانیت قرآن کے اور ان احکام کے مصالح ومنافع اُخرویہ دائماً اور دُنیویہ بھی احیاناً اور ان احکام کی مخالفت پر وعیدیں مذکور ہیں پھر جو لوگ اس طرف التفات نہیں کرتے) تو کیا یہ لوگ قرآن (کے اعجاز اور مضامین) میں غور نہیں کرتے (اس لئے ان کو انکشاف نہیں ہوتا) یا (غور کرتے ہیں مگر) دلوں پر (غیبی) قفل لگ رہے ہیں (یہ منع الخلو ہے اور واقع میں دونوں امر مجتمع ہیں اول ان کا فعل ہوا یعنی عدم تدبر بوجہ انکار کے پھر اس کے وبال میں قفل لگ گیا جس کو طبع اور ختم بھی کہا گیا ہے اور دلیل اس ترتیب کی یہ آیت ہے ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوبِهِمْ [المنافقون: ۳] اور اس مجموعہ پر فَهُمْ لَا يَفْقَهُونَ [ایضاً] مرتب ہے آگے اس عدم تدبر کی وجہ فرماتے ہیں کہ) جو لوگ (حق) سے پشت پھیر کر ہٹ گئے بعد اس کے کہ سیدھا رستہ ان کو دلائل عقلیہ مثل اعجاز قرآن اور دلائل نقلیہ مثل پیشین گوئی کتب سابقہ سے لان اکثر المنافقین کانوا اهل کتاب) صاف معلوم ہوگیا شیطان نے ان کو چکمہ دیا ہے اور ان کو دور کی سوجھائی ہے (کہ ایمان لانے سے فلاں مصلحتیں موجودہ اور جو آئندہ متوقع ہیں فوت ہو جاویں گی اور یہ املاء ہے اس لئے ایمان نہ لانا ہی بہتر ہے یہ تسویل ہے۔ حاصل یہ ہوا کہ اس عدم تدبر کی وجہ عناد ہے کہ بعد تبیین ہدیٰ کے ارتداد علی الادبار ان سے صادر ہوا اور اس عناد کے بعد تسویل شیطانی ہوئی اور اس تسویل سے عدم تدبر ہوا اور عدم تدبر سے ختم اور طبع پھر) یہ (ارتداد علی الادبار بعد تبیین الہدیٰ) اس سبب سے ہوا کہ ان لوگوں نے ایسے لوگوں سے جو کہ خدا کے اُتارے ہوئے احکام کو (حسداً) ناپسند کرتے ہیں (مراد اس سے رؤساء یہود ہیں جو رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے حسد کرتے تھے اور باوجود معرفت حق کے اتباع سے عار کرتے تھے حاصل یہ کہ ان منافقین نے

www.besturdubooks.net

رؤسائے یہود سے) یہ کہا کہ بعضی باتوں میں ہم تمہارا کہنا مان لیں گے (یعنی تم جو ہم کو اتباع محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے منع کرتے ہو اس کے دو جزو ہیں ایک عدم اتباع ظاہرا دوسرا عدم اتباع باطنا سو جزو اول میں تو ہم بمصلحت تمہارا کہنا نہیں مان سکتے لیکن جزو ثانی میں مان لیں گے کیونکہ عقائد میں ہم تمہارے ساتھ ہیں کما قال انا معکم مطلب یہ ہوا کہ حق سے پھرنے کا سبب قومی تعصب اور کورانہ تقلید ہے۔ غرض ابتداء سلسلہ کی اس سے ہے اور انتہاء ختم وطبع پر) اور (گو اس قسم کی باتیں یہ منافقین خفیہ کرتے ہیں مگر) اللہ تعالیٰ ان کی خفیہ باتیں کرنے کو (خوب) جانتا ہے (اور بعض امور پر وحی کے ذریعہ سے آپ کو مطلع کر دیتا ہے آگے وعید ہے جو کہ اولی لھم کی تفسیر کے طور پر ہو سکتی ہے یعنی جو ایسی حرکتیں کر رہے ہیں) سو ان کا کیا حال ہوگا جب کہ فرشتے ان کی جان قبض کرتے ہوں گے اور ان کے مونہوں پر اور پشتوں پر مارتے جاتے ہوں گے (اور) یہ (عقوبت) اس سبب سے (ہوگی) کہ جو طریقہ خدا کی ناراضی کا موجب تھا یہ اسی پر چلے اور اس کی رضا (یعنی اعمال موجبہ رضا) سے نفرت کیا کئے اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان کے سب اعمال (نیک ابتداء ہی سے) کالعدم کر دیئے (پس اس عقوبت کے مستحق ہو گئے اور اگر کسی کے پاس کوئی عمل مقبول ہوتا اس کی برکت سے عقوبت میں کچھ تو کمی ہو ہی جاتی ہے آگے واللہ یعلم اسرارھم کے مضمون کی شرح کے طور پر ہے کہ) جن لوگوں کے دلوں میں مرض (نفاق) ہے (اور وہ اس کے چھپانے کی کوشش کرتے ہیں) کیا یہ لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کبھی ان کی دلی عداوتوں کو ظاہر نہ کرے گا (یعنی یہ ان کو کیسے اطمینان ہو گیا جب کہ حق تعالیٰ کا عالم الغیب ہونا ثابت اور مسلم ہے) اور ہم (تو) اگر چاہتے تو آپ کو ان کا پورا پتہ بتلا دیتے سو آپ اُن کو اُن کے حلیہ سے پہچان لیتے (پورے پتہ کا مطلب یہی ہے کہ ہر ایک کا پورا حلیہ بتا دیتے اور وہ حلیہ گو مفہوم کلی ہوتا مگر جو کلی منحصر فی فرد واحد ہو اس کا انطباق اُسی جزئی معین پر ہوتا ہے اس لئے اس کلی کا بتلا دینا بمنزلہ اشارۂ جزئیہ کے ہے اس جزئی کی طرف) اور (گو بمصلحت ہم نے اس طرح نہیں بتلایا لیکن) آپ اُن کو طرز کلام سے (اب بھی) ضرور پہچان لیں گے (کیونکہ اُن کا کلام صدق سے ناشی نہیں اور آپ کو نور فراست سے اللہ تعالیٰ نے صدق وکذب کی پہچان دی تھی کہ صدق کا اثر قلب پر اور ہوتا تھا اور کذب کا اور کما فی الحدیث الصدق طمانیۃ والکذب ریبۃ) اور (آگے مؤمنین ومنافقین سب کو خطاب میں جمع کر کے بطور ترغیب وترہیب کے فرماتے ہیں کہ) اللہ تعالیٰ تم سب کے اعمال کو جانتا ہے (پس مسلمانوں کو ان کے اخلاص پر جزا اور منافقین کو اُن کے نفاق وخداع پر سزا دے گا) اور (آگے احکام شاقہ مثل جہاد وغیرہ کی ایک حاکمانہ حکمت ارشاد ہے جیسا اوپر فھل عسیتم الخ میں ایک حکیمانہ حکمت جوارشاد فرمائی تھی یعنی) ہم (ایسے امور شاقہ کا حکم دے کر) ضرور تمہاری سب کی آزمائش کریں گے تاکہ ہم (ظاہری طور پر بھی) ان لوگوں کو معلوم (اور متمیز) کر لیں جو تم میں جہاد کرنے والے ہیں اور جو (جہاد میں) ثابت قدم رہنے والے ہیں اور تاکہ تمہاری حالتوں کی جانچ کر لیں (یہ اس لئے بڑھا دیا کہ علاوہ حکم جہاد کے اور احکام بھی داخل ہو جاویں اور علاوہ حالت مجاہدہ صبر کے دوسرے حالات بھی داخل ہو جاویں)۔ ف: درمنثور میں ابن عباسؓ سے روایت ہے ثم دل اللہ النبی ﷺ بعد علی المنافقین فکان یدعو باسم الرجل من اھل النفاق اور روح المعانی میں حضرت انسؓ سے بلاسند ایک روایت ہے کان علیہ الصلوٰۃ والسلام یعرفھم بسیماھم اور اسی مضمون کی روایت طبری نے ابن زید سے روایت کی ہے سو پہلی روایت میں آیت سے کوئی منافات ظاہری بھی نہیں کیونکہ یہ دلالت معرفت بالحن سے بھی ہو سکتی ہے البتہ روایت ثانیہ وثالثہ ظاہرا منافی ہے لیکن لو نشاء الخ میں لو ماضی کے لئے ہے اور انتفاء فی الماضی سے انتفاء فی المستقبل لازم نہیں آتا سو ممکن ہے کہ بعد نزول اس آیت کے معرفت بالسیماء بھی عطا ہو گئی ہو اور حضرت حذیفہؓ کو منافقین کا بتلا دینا جو بعض روایات سے مفہوم ہوتا ہے اس میں آپ کی معرفت کے متعلق دونوں احتمال ہیں اور نعلم المجاھدین میں ظاہری طور کہا گیا ہے اس کی شرح پارۂ دوم کی شروع لنعلم من یتبع الرسول کی تفسیر میں گزری ہے اور سورت میں جو محکم کی قید ہے یہ محکم مقابل متشابہ کے ہے جیسا شروع آل عمران میں ہے اور فائدہ اس قید کا یہ ہے کہ اگر کوئی آیت خفی المعنی دربارۂ جہاد کے نازل ہوتی تو اُن کو بہانہ مل سکتا تھا کہ ہم اس کے معنی نہیں سمجھے اور محکم میں چونکہ اس کی گنجائش نہ تھی ان پر سخت شاق ہوتا تھا اور اگر شبہ ہو کہ جہاد کا حکم ایک بار نازل ہونا بھی ان کی ناگواری کے لئے کافی تھا تعدد نزول کو اس میں کیا دخل۔ جواب یہ ہے کہ اکثر آیتیں جہاد کی ایسی ہیں کہ جب کوئی نیا قصہ پیش آیا اور خاص کسی قوم سے جہاد کی ضرورت ہوئی خاص اس کے متعلق آیتیں آ گئیں پس اگر نئی آیتیں نہ آتیں تو وہ اس سے بے فکر رہتے کہ آیات سابقہ کا مورد تو ختم ہو چکا اب نئے قصہ میں تو جہاد کا حکم نہیں ہوا ہے مگر جب اس میں بھی نزول آیت جہاد کا ہوتا تو پھر ان کی جان کو بنتی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَیْنٰکَھُمْ الی قولہ: فِیْ لَحْنِ الْقَوْلِ ۔ اس میں فراست کی اصل ہے لیکن احکام فراست کا جزم یا فراست کی بناء پر تجسس جائز نہیں البتہ مصلح کو تفتیش کرنا مباح ہے جیسے قصۂ افک میں حضور ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا تھا اور دوسرے خدام سے بھی تحقیق فرمائی تھی۔

اللغات: لو لا للتحضیض اولی لھم فی الروح عن الصحاح عن الاصمعی اولی لہ قاربہ ما یھلکہ ای نزول بہ فھو فعل مستتر فیہ

www.besturdubooks.net

ضمیر الھلاك بقرینة السیاق واللام زائدة۱۲۔ سوّل فی القاموس سوله الشیطان اغواه قوله املی مدلھم الشیطان فی الا مانی قوله اضغان جمع ضغن حقد وعداوة ۱۲۔ قوله لحن القول فی الروح اسلوب من اسالیبه او المائلة عن الطریق آه والاولی ان یراد به ھھنا الاول قوله اخبارکم ای احوالکم التی یخبر عنھا۱۲۔

النحو: طاعة وقوله معروف انظر فی حواشی آیة واقسموا بالله جھد ایمانھم من سورة النور ۱۲۔

البلاغة: قوله فاصمھم فی الروح جاء الترکیب فاصمھم ولم یات فاصم آذنھم کما جاء واعمٰی ابصارھم او واعماھم کما جاء فاصمھم قیل لان الاذن لو اصیبت بقطع او قلع یسمع الکلام فلم یحتج الی ذکر الاذن والبصر وھو العین لو اصیب لا متنع الابصار فالعین لھا مدخل فی الرؤیة والاذن لا مدخل لھا فی السمع آه قوله ام علی قلوب تنکره لتھویل حالھا فی القساوة۱۲۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَشَاقُّوا الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَىٰ لَن يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ ﴿٣٢﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ ﴿٣٣﴾ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ مَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ ﴿٣٤﴾ فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى السَّلْمِ وَأَنتُمُ الْأَعْلَوْنَ وَاللَّهُ مَعَكُمْ وَلَن يَتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ ﴿٣٥﴾ إِنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَإِن تُؤْمِنُوا وَتَتَّقُوا يُؤْتِكُمْ أُجُورَكُمْ وَلَا يَسْأَلْكُمْ أَمْوَالَكُمْ ﴿٣٦﴾ إِن يَسْأَلْكُمُوهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوا وَيُخْرِجْ أَضْغَانَكُمْ ﴿٣٧﴾ هَا أَنتُمْ هَٰؤُلَاءِ تُدْعَوْنَ لِتُنفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَمِنكُم مَّن يَبْخَلُ وَمَن يَبْخَلْ فَإِنَّمَا يَبْخَلُ عَن نَّفْسِهِ وَاللَّهُ الْغَنِيُّ وَأَنتُمُ الْفُقَرَاءُ وَإِن تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُمْ ﴿٣٨﴾ ع ۸

بے شک جولوگ کافر ہوئے اور انہوں نے اللہ کے رستے سے روکا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کی بعد اس کے کہ ان کو رستہ نظر آ چکا تھا۔ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو کچھ نقصان نہ پہنچا سکیں گے اور اللہ تعالیٰ ان کی کوششوں کو مٹا دیں گے۔ اے ایمان لانے والو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور (کفار کی طرح اللہ اور رسول کی مخالفت کر کے) اپنے اعمال کو برباد مت کرو۔ بے شک جولوگ کافر ہوئے اور انہوں نے اللہ کے رستے سے روکا پھر وہ کافر ہی رہ کر مر گئے خدا تعالیٰ ان کو کبھی نہ بخشے گا۔ سو تم ہمت مت ہارو اور صلح کی طرف مت بلاؤ اور تم ہی غالب رہو گے اور اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے اور تمہارے اعمال میں ہرگز کمی نہ کرے گا۔ دنیوی زندگی تو محض ایک لہو ولعب ہے اور اگر ایمان اور تقویٰ اختیار کرو تو اللہ تم کو تمہارے اجر عطا کرے گا اور تم سے تمہارے مال طلب نہ کرے گا۔ اگر تم سے تمہارے مال طلب کرے پھر انتہا درجہ تک تم سے طلب کرتا رہے تو تم بخل کرنے لگو اور اللہ تمہارے ناگواری ظاہر کر دے۔ ہاں تم لوگ ایسے ہو کہ تم کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لئے بلایا جاتا ہے سو بعضے تم میں سے وہ ہیں جو بخل کرتے ہیں اور جو شخص کرتا ہے تو وہ خود اپنے سے بخل کرتا ہے اور اللہ تو کسی کا محتاج نہیں اور تم سب محتاج ہو اور اگر تم روگردانی کرو گے تو خدا تعالیٰ تمہاری جگہ دوسری قوم پیدا کر دے گا۔ پھر وہ تم جیسے نہ ہوں گے۔

تفسیر ربط: اوپر شروع سورت سے یہاں تک مسلمانوں کی تحسین اور کفار کی تہجین اور درمیان میں کفار سے جہاد کا حکم مذکور ہے آگے خاتمہ میں ان مضامین کی کچھ تلخیص کچھ تفریع کچھ تتمیم کچھ تاکید ہے چنانچہ کفار کی مذمت[1] تہجین کفار کی تلخیص ہے اور اللہ و رسول کی اطاعت کا حکم تحسین مومنین پر تفریع ہے اس طور پر کہ جب اہل ایمان کے لئے ایسی ایسی خوبیاں ثابت ہیں تو تم ان خوبیوں کی علت یعنی اطاعت کو مت چھوڑنا اور ان خوبیوں کے منافی یعنی ابطال عمل سے بچنا۔ پھر اس تحسین و تہجین کے مجموعہ پر فَلَا تَهِنُوا کی تفریع ہے کہ جب دونوں فریق میں یہ تفاوت ہے تو مقبولین کو مخذولین سے دبنا نہ چاہئے اور یہ مضمون تاکید ہے فضرب الرقاب کی اور انفاق فی سبیل اللہ کی ترغیب کا مضمون حکم جہاد کی تتمیم ہے اور بالکل ختم پر مضمون ترہیب کا ان مذکورہ وغیر مذکورہ جمیع اوامر و نواہی کی تاکید ہے۔

تحذیر مومنین در طرفین کلام و ترغیب شان در اطاعت احکام خصوص در جہاد بالنفس و بالمال با کفار لئام:

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا (الی قوله تعالیٰ) ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُمْ بے شک جولوگ کافر ہوئے اور انہوں نے (اوروں کو بھی) اللہ کے راستہ (یعنی دین) سے

www.besturdubooks.net

روکا اور رسول (ﷺ) کی مخالفت کی بعد اس کے کہ ان کو (دین کا) راستہ (دلائل عقلیہ سے مشرکین کے لئے اور نقلیہ سے بھی اہل کتاب کے لئے) نظر آ چکا تھا یہ لوگ اللہ (کے دین) کو کچھ نقصان نہ پہنچا سکیں گے (بلکہ یہ دین ہر حال میں پورا ہو کر رہے گا چنانچہ ہوا) اور اللہ تعالیٰ ان کی کوششوں کو (جو دین حق کے مٹانے کے لئے عمل میں لا رہے ہیں) مٹا دے گا (یہ تمہید تھی مسلمانوں کے تحذیر کی آگے ترغیب اطاعت کے ساتھ اس تحذیر کی تصریح ہے کہ) اے ایمان والو اللہ کی اطاعت کرو اور (چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ ہی کا حکم بتلاتے ہیں خواہ خاص جزئی کی وحی سے یا کلی وحی شدہ میں کسی جزئی کو داخل کرنے سے اس لئے) رسول (ﷺ) کی (بھی) اطاعت کرو اور (کفار کی طرح اللہ و رسول کی مخالفت کر کے) اپنے اعمال کو برباد مت کرو (اگر یہ مخالفت نفس ایمان میں ہے تب تو برباد ہونا اس لئے ہے کہ کفر اگر سابق ہے جیسے کافر اصلی کا کفر تو وہ منافی صحت عمل ہے اور اگر لاحق ہے جیسے مُرتد کا کُفر تو وہ حابطِ عمل ہے اور اگر مخالفت نفس ایمان میں نہیں بلکہ کسی عمل میں ہے جیسے عصاۃ مؤمنین کا عصیان تب برباد ہونے کی یہ صورت ہے کہ جو ایک عمل کسی دوسرے عمل کی صحت یا بقاء کی شرط ہے اس میں خلل ڈالا جائے جس کی تفصیل پارہ سوم آیت: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ [البقرة: ٢٦٤] کی تفسیر میں گزری ہے اور ہر چند کہ کفار جو مخالفت کرتے تھے وہ نفس ایمان ہی میں تھی جو کہ مرتبہ بشرط شئی میں ہے لیکن چونکہ اس میں لابشرط شئی کا مرتبہ بھی پایا جاتا ہے جو کہ تمام مراتب میں مشترک ہے اس لئے تحذیر میں اس مخالفت کو از قبیل مخالفت کفار قرار دینا جیسا مترجم نے بقرینہ مقام اس لفظ سے کہ کفار کی طرح اس کا اعتبار کیا ہے مضائقہ نہیں اور اوپر تو الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا کا خسران فی الدنیا مذکور تھا آگے اس کا خسران فی الاخریٰ کا ذکر فرماتے ہیں کہ) بے شک جو لوگ کافر ہوئے اور انہوں نے اللہ کے راستہ سے روکا پھر وہ کافر ہی رہ کر مر (بھی) گئے سو خدا تعالیٰ ان کو کبھی نہ بخشے گا (عدم مغفرت کے لئے کفر کے ساتھ صدعن سبیل اللہ شرط نہیں بلکہ صرف کفر و الی الموت تک کا یہی اثر ہے لیکن زیادت تشنیع کے لئے یہ قید واقعی بڑھا دی کہ اس وقت کے رؤسائے کفار میں یہ امر بھی متحقق تھا آگے مؤمنین کے مدائح اور کفار کے قبائح پر بطور تفریع کے فرماتے ہیں کہ جب معلوم ہو گیا کہ مسلمان خدا کے محبوب اور کفار مبغوض ہیں) تو (اے مسلمانوں) تم (کفار کے مقابلہ میں) ہمت مت ہارو اور (ہمت ہار کران کو) صلح کی طرف مت بلاؤ اور تم ہی غالب رہو گے (اور وہ مغلوب ہوں گے کہ تم محبوب ہو اور وہ مبغوض ہیں) اور اللہ تمہارے ساتھ ہے (یہ تو تم کو دنیا کی کامیابی ہوئی) اور (آخرت میں یہ کامیابی ہوگی کہ اللہ تعالیٰ) تمہارے اعمال (کے ثواب میں ہرگز کمی نہ کرے گا (یہ تو تشجیع سے جہاد کی ترغیب تھی آگے تزہید سے جہاد کی ترغیب اور انفاق فی سبیل اللہ کی تمہید ہے کہ) کہ یہ دنیوی زندگانی تو محض ایک لہو و لعب ہے (اگر اس میں جان اور مال کو تمتع کے لئے بچانا چاہے تو وہ تمتع ہی کتنے دن کا ہے اور کیا اس کا حاصل) اور اگر تم ایمان اور تقویٰ اختیار کرو (جس میں جہاد بالنفس والمال بھی آ گیا) تو (تم کو اپنے پاس سے نفع پہنچا دے گا اس طرح سے کہ) تم کو تمہارے اجر عطا کرے گا اور (تم سے کسی نفع کا طالب نہ ہوگا چنانچہ) تم سے تمہارے مال (تک بھی جو کہ جان سے اہون ہے اپنے نفع کے لئے) طلب نہیں کرے گا (جب تم سے ایسی چیز طلب نہیں کرتا جس کا دینا آسان ہے تو جان جس کا دینا مشکل ہے وہ تو کیوں طلب کرے گا چنانچہ ظاہر ہے کہ ہمارے جان و مال کے خرچ کرنے سے اللہ تعالیٰ کا کوئی نفع نہیں اور نہ یہ ممکن ہے وہذا کقولہ تعالیٰ: وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ [الانعام: ١٤] اور لَا يَسْـَٔلْكُمْ کا ترتب اِنْ تُؤْمِنُوْا پر جیسا کہ اس کے جزاء ہونے کا مقتضا ہے بایں معنی نہیں ہے کہ اگر ایمان نہ لاؤ تو تمہارا مال لے لے گا بلکہ بایں معنی ہے کہ ایمان نہ لانے والے سے تو ہماری کوئی خصوصیت ہی نہیں اس میں تو سوال اموال کا احتمال ہی نہیں البتہ شاید ایمان لانے کی صورت میں ڈرتا کہ کہیں دوستی میں فرمائشیں نہ ہونے لگیں جیسا اکثر اہل دنیا میں مشاہدہ کیا جاتا ہے اس لئے بطور مبالغہ کے اس کو اس پر مرتب فرمایا کہ اگر تم ایمان بھی لے آؤ تب بھی ہم تم سے اپنے لئے مال طلب نہ کریں اور اپنے نفع کے لئے سوال کرنا تو سوال کی ایک فرد محال ہے اس کا تو احتمال ہی نہیں ہماری طرف سے تو سوال کی بعض فرد ممکن بھی کہ وہ سوال ہے جمیع مال کا واقع نہیں ہوتی کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ اکثر لوگوں کو تمام خرچ کرنا ناگوار ہے چنانچہ) اگر (امتحاناً) تم سے تمہارے مال طلب کرے پھر انتہاء درجہ تک تم سے طلب کرتا رہے (یعنی سب مال طلب کرنے لگے) تو تم (یعنی تم میں سے اکثر) بخل کرنے لگو (یعنی دینا گوارا نہ کرو) اور (اس وقت) اللہ تعالیٰ تمہاری ناگواری ظاہر کر دے (یعنی نہ دینے سے کہ فعل ظاہری ہے باطنی ناگواری کھل جاوے اس لئے یہ فرد ممکن بھی واقع نہیں کی گئی اور) ہاں (اس فرد ممکن پر ترتب بخل اور اخراج اضغان کی دلیل صاف ہے کہ) تم لوگ ایسے ہو کہ تم کو اللہ کی راہ میں (جس کا نفع تمہاری طرف عائد ہونا یقینی ہے تھوڑا سا حصہ مال کا) خرچ کرنے کے لئے بلایا جاتا ہے (اور بقیہ اکثر تمہارے قبضہ میں چھوڑ دیا جاتا ہے) سو (اس پر بھی) بعضے تم میں سے وہ ہیں جو بخل کرتے ہیں (گو ایسے لوگ قلیل ہی مگر یہ تو معلوم ہو گیا کہ اگر وہ فرد مذکور کہ اس سے بدرجہ اشق و اشد ہے واقع ہوتی تو جیسے اب بعض قلیل بخل کرتے ہیں اس وقت بعض کثیر بلکہ اکثر بخل کرتے جیسا طبائع کے انداز سے صاف ظاہر ہے) اور (آگے اس فرد واقع پر بخل کی مذمت ہے کہ) جو شخص (ایسی جگہ خرچ کرنے سے) بخل کرتا ہے تو وہ (در

www.besturdubooks.net

حقیقت) خود اپنے سے بخل کرتا ہے (یعنی اپنے ہی کو اس کے نفع دائمی سے محروم رکھتا ہے)اور (نہیں تو) اللہ تو کسی کا محتاج نہیں (تا کہ احتمال اس کے ضرر کا ہو) اور (بلکہ) تم سب (اس کے)محتاج ہو (اور تمہاری اسی احتیاج کی رعایت سے تم کو انفاق کا حکم کیا گیا کیونکہ آخرت میں تم کو ثواب کی حاجت ہوگی اور طریق اس کا یہی اعمال ہیں اب تم اپنے نفع نقصان دیکھ لو اور اول تو ہم کو کسی عامل کے نفس عمل ہی کی حاجت نہیں)اور اگر (بعض حکمتوں کی وجہ سے دنیا میں ایسے لوگوں کا جو کہ اعمال صالحہ کریں رکھنا ہی ہوگا اور) تم (ہمارے احکام سے) روگردانی کرو گے تو خدا تعالیٰ تمہاری جگہ دوسری قوم پیدا کر دے گا (اور) پھر وہ تم جیسے (رو گردانی کرنے والے) نہ ہوں گے (بلکہ نہایت فرمانبردار ہوں گے اور یہ کام ان سے لے لیا جاوے گا اور اس طرح وہ حکمت پوری ہو جاوے گی)۔

ف: فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْٓا میں جو صلح کی ممانعت ہے تو اس سے مراد مطلق صلح نہیں بلکہ صرف وہ صلح ہے جس کا منشا محض ضعف ہمت ہو جو کہ معصیت ہے اور ظاہر ہے کہ جب معصیت ناجائز ہے اس پر کسی عمل کا مرتب کرنا بھی جائز نہ ہوگا اور جو صلح کسی مصلحت سے ہو گو وہ مصلحت ضعف قوت جسمانی یا قلت عدد یا قلت سامان ہو ونحو ذلک وہ جائز ہے اور وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ میں جو غلبہ کی بشارت دی ہے اگر یہ خاص مخاطب کے اعتبار سے ہے تب تو کچھ اشکال ہی نہیں کیونکہ اسی طرح واقع ہوا اور اگر عام مؤمنین کے اعتبار سے ہے تو دوسری جگہ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ [اٰل عمران : ۱۳۹] کو اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ بمعنی کامل الایمان کے ساتھ مقید فرمایا ہے اور اس کی پوری تحقیق پارۂ ششم آیت : وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ [المائدۃ : ۵۶] کی تفسیر کے ذیل میں گزری ہے اور اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا کی تقریر میں سوال کی جس فرد کو ممکن کہا گیا ہے اس پر اگر یہ شبہ ہو کہ سوال تو خود ہی محال ہے کیونکہ وہ موقوف ہے احتیاج پر جواب یہ ہے کہ سوال سے مراد مطلق طلب ہے گو بطور امر ہی چنانچہ آیت :مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ [البقرۃ : ۲۴۵] میں حق تعالیٰ کی طرف استقراض یعنی سوال قرض کی اسناد اسی معنی کے اعتبار سے خود ثابت ہے اور تَبْخَلُوْا کے ترجمہ میں جو اکثر کہا گیا وجہ اس کی یہ ہے کہ اللہ کے بعضے بندے ایسے ہیں کہ وہ خوشی سے سب ہی دے دیتے ہیں اور اگر یہ شبہ ہو کہ پھر تبخلوا میں سب کی طرف کیوں اسناد کر دی جواب یہ ہے کہ اسناد ما للاکثر الی الکل مجازاً جائز و شائع فی الکلام ہے اور اس فرد ممکن کا عدم وقوع ظاہر ہے کیونکہ جس قدر نفقات واجبہ ابتداءً ہیں ان میں سے کسی میں تمام مال دینا واجب نہیں اور یوں خود کوئی جمیع مال کی نذر کرے تو یہ اس نے خود التزام کیا ہے اور اس کے التزام کے بعد شرع کا ایجاب ہوا ہے اور اگر شبہ ہو کہ جان تو جمیع مال سے اعز ہے اس کے بذل کا کیوں حکم ہوا۔ جواب یہ ہے کہ اس کی ضرورت اصلاح میں انسان کو زیادہ ہے اور بذل جمیع مال اس قدر ضرورت نہیں اور چونکہ وہ منافع نہایت عظیم ہیں اس لئے مشقت عظیمہ کو گوارا کیا گیا اور چونکہ تھوڑی جانوں کے بچانے سے بعد شیوع فساد جو لازم ترک جہاد ہے بہت سی جانیں جاتیں اس لئے تھوڑی جانیں خرچ ہونا گوارا ہوا اور نفع آخرت علاوہ ہے اور تُنْفِقُوْا کے ترجمہ میں جو تھوڑا سا کہا ہے دلیل اس کی وقوع ہے اور کلام میں قرینہ اس کا حذف کرنا ہے مفعول تُنْفِقُوْا کا جس سے یہ بات مستفاد ہوتی ہے کہ نفس انفاق کا تحقق ہونا چاہئے اور وہ قلیل سے بھی ہو جاتا ہے البتہ تعیین و عدم تعیین اس قلیل کی مفوض الی الشرع ہے اور مِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ کو بعض نے منافقین کی شان میں کہا ہے اس خیال سے کہ مؤمنین سے بخل کا صدور مستبعد ہے لیکن آگے جو اِنْ تَتَوَلَّوْا آیا ہے اس کے متعلق ترمذی کی ایک حدیث میں صحابہ رضی اللہ عنہم کا یہ سوال مروی ہے۔ من ھٰؤلاء الذین اذا تولینا استبدلوا بنا جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ تتلوا کا خطاب مؤمنین کو ہے اور ظاہر ہے کہ سب ضمائر کا مخاطب واحد ہی ہونا مناسب ہے پس ضمیر اول کے مخاطب بھی مؤمنین ہی کو کہنا مناسب ہے رہا یہ کہ ان سے صدور بخل مستبعد ہے سو اول تو بجز انبیاء و ملائکہ کے ہم کسی کو معصوم نہیں کہتے دوسری[۲] یہ کیا ضرور ہے کہ بخل مذموم واقع ہوا ہو یعنی محض انقباض عن الانفاق مذموم نہیں ہے جب کہ اس کے مقتضاء پر عمل نہ کیا جاوے رہا عتاب یہ اس لئے ہو سکتا ہے کہ احیاناً یہ مفضی ہو جاتا ہے عمل کی طرف بھی اسی لئے اس کا ازالہ ضرور ہے اور اِنْ تَتَوَلَّوْا [محمد : ۳۸] میں عدم تولی صحابہ کی یقینی ہے مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ قَوْمًا غَيْرَكُمْ [التوبۃ : ۳۹] پیدا نہ کی گئی ہو البتہ استبدال کی نفی متیقن ہے پس حدیث میں جو اس قوم کی تفسیر مؤمنین اہل فارس سے آئی ہے جو کہ پیدا کئے گئے اس میں کوئی اشکال نہیں۔ الحمد للہ کہ سورۂ محمدؐ کی تفسیر ختم ہوئی آگے سورۂ فتح آتی ہے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ترجمہ مسائل السلوک: وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ روح میں قتادہ کا قول ہے کہ گناہ کر کے عمل باطل مت کرو اھ اور مراد اس سے ذات عمل نہیں نور عمل ہے معصیت سے اس کے انوار و برکات مضمحل ہو جاتے ہیں جب تک توبہ نہ کرے۔ قولہ تعالیٰ :وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ اس میں اُس گمان کا قطع کرنا ہے کہ کسی خدمت دینیہ کو اپنی ذات پر موقوف سمجھے جیسے بعض اہل عجب اپنے کو دین کا مدار سمجھتے ہیں۔

الحواشی: (۱) یہ مبتدا ہے اور اس کی خبر تہجین کفار کی تلخیص ہے اسی طرح بعد میں اطاعت کا حکم مبتدا اور تحسین مومنین پر لفظ تفریع خبر ہے ۱۲ منہ۔

(۲) مطلب یہ کہ اہل ایمان کو جو مخالفت سے تحذیر کی گئی ہے وہ مخالفت ظاہر ہے کہ از قبیل مخالفت کفار نہیں ہے کہ وہ ایمان میں تھی پھر وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ

www.besturdubooks.net

میں یہ کیوں کہا کہ از قبیل مخالفت کفار کا جواب یہ ہے کہ کفار کی یہ مخالفت مرتبہ بشرط شئی میں ہے اور مرتبہ بشرط شئی مشتمل ہوتا ہے لا بشرط شئی کو بھی لکونہ جزءً لہ اور یہ دونوں مخالفتوں میں مشترک ہے اس لئے ایک مخالفت کو دوسری مخالفت کے قبیل سے کہہ دینا مضائقہ نہیں بلکہ صحیح وموجہ ہے ۱۲ منہ۔

الفقه : قوله تعالى لا تبطلوا الخ استدل بها الحنفية في ايجاب قضاء النفل بعد الافساد وجه الدلالة ظاهر من تقريری لان اجزاء العبادة الواحدة بعضها شرط لصحة بعضها او بقاء ه وللشافعية ان يقولوا انا نسلم انه ابطال لكن نمنع ان يكون كل ابطال منهيا عنه لحديث ان المتطوع امير نفسه ونحوه وبالجملة فالمسئلة ظنية والآية ثابتة قطعا دالة عليها ظنا فافهم ۱۲۔

الروايات: فى لباب النقول اخرج ابن ابى حاتم ومحمد بن نصر المروزى فى كتاب الصلوٰة عن ابى العالية (التابعى من رجال الصحيح) قال كان اصحاب رسول الله ﷺ يرون انه لا يضر مع لا اله الا الله ذنب كما لا ينفع مع الشرك عمل فنزل اطيعوا الله واطيعوا الرسول ولا تبطلوا اعمالكم فخافوا ان يبطل الذنب العمل آه قلت حاصله ان الذنب يضر فدفع به زعمهم بان الذنب لا يضر ۱۲۔

اللغات: قوله لن يتركم من الوتر والترة النقص ۱۲ قوله فيحفكم الاحفاء المبالغة فى المسئلة والاستيصال كا حفى شار به اخذه اخذا متناهيا الاضغان العداوة والمراد بها ههنا مطلق الكراهة ولو لم تبلغ درجة العداوة ۱۲۔

البلاغة : قوله يبخل عن نفسه البخل فيه معنى المنع فناسب ان يعدى بعن ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الْفَتْحِ

سُورَةُ الْفَتْحِ ۴۸ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۱ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۲۹ رُكُوْعَاتُهَا ۴

سورۃ الفتح مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۲۹ آیات اور ۴ رکوع ہیں

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝۱ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝۲ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝۳

بے شک ہم نے آپ کو ایک کھلم کھلا فتح دی تا کہ اللہ تعالیٰ آپ کی سب اگلی پچھلی خطائیں معاف فرمادے اور آپ پر اپنے احسانات کی تکمیل فرمادے اور آپ کو سیدھے رستہ پر لے چلے اور اللہ تعالیٰ آپ کو ایسا غلبہ دے جس میں عزت ہی عزت ہے۔

سورة الفتح مدنية وآيها تسع وعشرون كذ في البيضاوى

تفسیر ربط: سورت سابقہ کے ختم میں بذل انفس واموال فی سبیل اللہ کی ترغیب تھی اور اس تمامی سورت میں اس بذل کے چند مواقع مذکور ہیں۔

افادہ: اس سورت کی مختلف آیتوں میں متعدد واقعات کی طرف اشارہ ہے سہولت فہم آیات کے لئے ان واقعات کو لکھ دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

واقعۂ اول: حضور ﷺ نے مدینہ میں خواب دیکھا کہ ہم مکہ میں امن وامان کے ساتھ گئے اور عمرہ کر کے حلق وقصر کیا آپ نے یہ خواب صحابہؓ سے بیان فرمایا گو آپ نے تعیین مدت کی نہ فرمائی تھی مگر شدت اشتیاق سے اکثروں کا خیال اس طرف گیا کہ امسال عمرہ میسر ہوگا اور اتفاقاً آپ کا قصد بھی عمرہ کا ہوگیا۔

واقعۂ دوم: آپ بقصد عمرہ ہمراہی تخمیناً ڈیڑھ ہزار آدمیوں کے مکہ کو چلے اور ہدی بھی آپ کے ساتھ تھی جب یہ خبر مکہ میں پہنچی قریش نے بہت سا مجمع کر کے اتفاق کرلیا کہ آپ کو مکہ میں نہ آنے دیں گے چنانچہ آپ نے حدیبیہ میں جو مکہ سے قریب ہے قیام فرمایا۔

واقعۂ سوم: آپ نے مکہ میں ایک قاصد بھیجا کہ ہم لڑنے نہیں آئے ہیں ہم کو آنے دو عمرہ کر کے چلے جائیں گے مگر اس کا کچھ جواب نہ ملا یہاں تک کہ آپ نے اس کام کے لئے حضرت عثمانؓ کو بھیجا اور ان کی زبانی بھی قریش کو یہ پیغام بھیجا اور بعضے مسلمان مرد اور عورت جو مکہ میں مغلوب ومظلوم تھے ان کو بشارت کہلا بھیجی کہ اب عنقریب مکہ میں اسلام غالب ہوجاوے گا حضرت عثمانؓ کو قریش نے روک لیا ان کی واپسی میں جو دیر لگی یہاں یہ خبر مشہور ہوگئی کہ حضرت عثمانؓ قتل کردیئے گئے اس وقت آپ ﷺ نے اس خیال سے کہ شاید لڑائی کا موقع ہوجاوے سب صحابہؓ سے ایک درخت کے نیچے بیٹھ کر جہاد کی بیعت لی جب قریش نے بیعت کی خبر سنی ڈر گئے اور حضرت عثمانؓ کو واپس بھیج دیا۔

واقعۂ چہارم: پھر مکہ کے چند رؤسا بغرض صلح آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور صلح نامہ لکھنا قرار پایا جس پر اول بسم اللہ ہی میں قریش نے جھک جھک کی کہ ہم بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نہیں لکھنے دیں گے وہاں پرانا کلمہ لکھوایئے **باسمك اللهم** اور پھر آپ کے نام کے ساتھ رسول اللہ لکھنے پر تکرار کی کہ صرف ابن عبداللہ لکھنا چاہئے اس پر گفتگو ہوتی رہی اور مسلمانوں کو غصہ بھی آیا اور جوش ہوا کہ تلوار سے معاملہ ایک طرف کردیا جاوے لیکن آخر آپؐ نے ان دونوں باتوں کو منظور فرمایا اور مسلمانوں نے بھی ضبط کیا اور صلح نامہ لکھا گیا جس میں ایک شرط یہ تھی کہ آپؐ اس سال واپس چلے جایئے اور سال آئندہ آکر عمرہ کر لیجئے اور ایک یہ مضمون تھا کہ دس سال تک لڑائی نہ ہوگی چنانچہ آپ نے حدیبیہ ہی میں ہدی کو ذبح کیا اور حلق وقصر کر کے احرام کھول دیا اور مدینہ کو تشریف لے چلے۔

واقعۂ پنجم: حدیبیہ میں قبل صلح واقعہ یہ ہوا کہ ایک جماعت مسلح اہل مکہ میں سے یہاں خفیہ اس ارادہ سے آئی کہ موقع پاکر نعوذ باللہ آپ ﷺ کا کام تمام کردیں صحابہؓ نے ان کو دیکھ لیا اور پکڑ لیا مگر آپؐ نے ان کو رہا کردیا۔

www.besturdubooks.net

واقعۂ ششم: جب آپ مکہ کو چلے تھے تو آپ کو بھی قریش کی طرف سے لڑائی کا شبہ تھا اسلئے آپ نے زیادہ مجمع کے ساتھ جانا مصلحت سمجھا چنانچہ آپ نے اعراب یعنی اہل دیہات میں بھی اس کا اعلان کرادیا کہ تم کو بھی چلنا چاہئے مگر یہ لوگ بوجہ نفاق کے نہیں گئے اور آپس میں کہنے لگے کہ مکہ میں بڑا مجمع ہوا ہے ہم تو انکے مقابلہ میں نہیں جاتے اور آپ کی اور مؤمنین کی نسبت کہا کہ یہ لوگ بچ کر نہیں آوینگے اور جب آپ واپس تشریف لائے تو حاضر ہو کر جھوٹے عذر کردیئے۔

واقعۂ ہفتم: آپ حدیبیہ سے مدینہ کو واپس تشریف لاتے تھے کہ راہ میں یہ سورت نازل ہوئی کل یا اکثر علی الاختلاف القولین اور سب واقعات ذیقعدہ ۶ھ میں ہوئے۔

واقعۂ ہشتم: آپ حدیبیہ سے واپس تشریف لاکر محرم ۷ھ میں اہل حدیبیہ کو لے کر فتح خیبر کے لئے جو کہ مدینہ سے شمال میں چار منزل پر شام کی سمت میں یہود کا ایک شہر تھا تشریف لے چلے اور وہ فتح ہوگیا اس میں کوئی شخص متخلفین حدیبیہ سے شریک نہ تھا۔

واقعۂ نہم: سال آئندہ ذیقعدہ ۷ھ میں آپ حسب معاہدہ بجائے عمرہ فوت شدہ کے پھر عمرہ کے لئے تشریف لے چلے چنانچہ آپ نے مکہ پہنچ کر امن وامان سے عمرہ ادا فرمایا۔

واقعۂ دہم: صلح نامہ میں جو دس سال لڑائی موقوف رہنے کا معاہدہ لکھا تھا قریش نے نقض عہد کیا آپ نے مکہ پر چڑھائی کی اور رمضان ۸ھ میں اس کو فتح کرلیا جس کی تفصیل شروع تفسیر سورہ براءت فائدۂ سوم میں گزری ہے یہ سب روایات روح المعانی میں مع تصریح ماخذ موجود ہیں بعض آیات میں دوسرے واقعات کی طرف بھی اشارہ ہے مگر اولاً ان کی تفسیر مختلف فیہ ہے ثانیاً ان کی تفصیل پر تفسیر موقوف نہیں ہے اس لئے وہ اُن ہی آیات کے ساتھ لکھ دیئے جاویں گے اب تفسیر شروع ہوتی ہے اول فتح مبین کے ساتھ امتنان حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر مع اس کی غایات عظیمۃ الشان کے ذکر فرماتے ہیں۔

تہنیت سید المرسلین بفتح مبین مع غایات ملابست تقویت دین:

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا (الی قولہ تعالی) وَيَنصُرَكَ اللَّهُ نَصْرًا عَزِيزًا ۔ بے شک ہم نے (اس صلح حدیبیہ سے) آپ کو ایک کھلم کھلا فتح دی (یعنی اس صلح حدیبیہ سے یہ فائدہ ہوا کہ وہ سبب ہوگئی ایک فتح مطلوب یعنی فتح مکہ کا کامیاتی پس گویا یہ صلح ہی فتح ہوگئی اور فتح مکہ کو فتح مبین اس لئے کہا گیا کہ غایت فتح کی غلبہ ہوتا ہے اسلام کا لوگوں کے اسلام سے یا استسلام سے اور یہی اس کا اثر مطلوب ہے اور فتح مکہ سے اسلام کو اس لئے نہایت غلبہ ہوا کہ تمام قبائل عرب اس بات کے منتظر تھے کہ اگر آپ اپنی قوم پر غالب ہوگئے تو ہم بھی اطاعت کرلیں گے چنانچہ جب مکہ فتح ہوا تو چاروں طرف سے قبائل اُمنڈ پڑے اور خود یا بواسطہ وفد کے حاضر ہو کر اسلام لانا شروع کیا کذا رواہ البخاری عن عمرو بن سلمۃ پس چونکہ آثار غلبۂ اسلام کے اس فتح پر زیادہ نمایاں ہوئے اس لئے اس کو فتح مبین فرمایا گیا اور صلح حدیبیہ اس کا سبب اس طرح ہوگئی کہ اہل مکہ سے آئے دن لڑائی رہا کرتی تھی اور اس وجہ سے مسلمانوں کو اپنی قوت اور سامان بڑھانے کی فرصت اور مہلت نہ ملتی تھی اب جو صلح ہوگئی تو فراغ خاطر سے مسلمانوں نے کوشش کی جس سے بہت سے نئے آدمی مسلمان ہوگئے اور مجمع بڑھ گیا اور فتح خیبر وغیرہ سے سامان بھی درست ہوگیا اور ایسے ہوگئے کہ دوسروں پر دباؤ پڑ سکے پھر قریش کی طرف سے بدعہدی ہوئی تو آپ دس ہزار آدمیوں کے ساتھ مقابلہ کے لئے چلے اہل مکہ اس قدر دبے کہ بہت زیادہ لڑائی بھی نہیں ہوئی اور اطاعت قبول کی اور لڑائی اس قدر معمولی اور خفیف ہوئی کہ اہل علم اس میں مختلف ہوگئے کہ مکہ صلحاً فتح ہوا یا عنوۃً غرض اسطور پر یہ صلح سبب فتح ہوگئی اس لئے مجازاً واطلاقاً للمسبب علی السبب اس صلح کو فتح فرما دیا جس میں پیشین گوئی بھی ہے فتح کی آگے اس فتح کے ثمرات دنیویہ واخرویہ فرماتے ہیں کہ یہ فتح اس لئے میسر ہوئی) تا کہ (اس کے بعد تبلیغ دین کے باب میں جو آپ کے مساعی جمیلہ ابتداء سے مبذول ہورہی ہیں ان کا نتیجہ ظاہر ہو یعنی لوگ بکثرت مسلمان ہوں اور اس سبب سے کہ کسی کی کوشش سے کسی کا ایمان لانا موجب اجر مساعی ہوتا ہے گو نفس سعی سے بھی اجر ہوتا ہے لیکن مطابق حدیث :من سن سنۃ حسنۃ فلہ اجرھا واجر من عمل بھا مسلمان ہونے سے اور زیادہ ثواب ملتا ہے اسی لئے اس قبول اسلام خلق کثیر کے صلہ میں آپ کا اجر بہت بڑھ جاوے اور کثرت اجر وقرب کی برکت سے) اللہ تعالی آپ کے سب اگلے پچھلے (صوری) خطائیں معاف فرمادے اور آپ پر (جو اللہ تعالی) اپنے احسانات (کرتا آتا ہے مثلاً آپ کو نبوت دی، قرآن دیا بہت سے علوم دیئے بہت سے اعمال کا ثواب دیا ان احسانات) کی اور (زیادہ) تکمیل کردے (یعنی ایک یہ نعمت دے کہ آپ کے ہاتھ پر بہت سے آدمی مسلمان ہوں جس سے آپ کا اجر اور قرب بڑھے یہ دو نعمتیں تو اخروی ہیں جن کا حاصل دفع مضرت اخروی وحصول منفعت اخروی ہے اور دفع مضرت کے اہم ہونے سے اس کو لِّيَغْفِرَ ...... میں مقدم فرمایا اور (دو نعمتیں دنیوی ہیں ایک یہ کہ) آپ کو (بے کسی کے روک ٹوک کے دین کے) سیدھے راستہ پر لے چلے (اور پہلے سے بھی صراط مستقیم پر چلنا یقینی ہے لیکن اس میں کفار مزاحم ومصادم ہوتے تھے) اور (دوسری دنیوی نعمت یہ کہ) اللہ آپ کو ایسا غلبہ دے جس میں عزت ہی عزت ہو (یعنی جس کے بعد پھر آپ کو کبھی دبنا ہی نہ پڑے جیسا اسکے قبل کبھی کبھی مسلمانوں کو بمصلحت دبنا پڑا ہے یھدیک کا حاصل نفی ہے مغلوبیت کی جو کہ دفع مضرت ہے اور

www.besturdubooks.net

يَنْصُرَكَ کا حاصل اثبات ہے غالبیت کا جو کہ حصول منفعت ہے اور یہ مفہوم زائد ہے مفہوم اول سے چنانچہ ایسا ہی واقع ہوا اور رفتہ رفتہ تمام جزیرۂ عرب پر آپ کا تسلط ہو گیا)۔

ف: لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ ...... میں لام کی یہ توجیہ سب سے اسہل ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ فتح سبب ہے اسلام خلق کا اور اسلام خلق سبب ہے کثرت اجر وقبول عند اللہ کا اور کثرت اجر وقبول عند اللہ سبب ہے غفران کا اور سبب کا سبب بھی سبب ہے پس فتح سبب مغفرت ہو گیا اور بقیہ میں سببیت اور زیادہ ظاہر ہے اور اس مغفرت ذنوب کی حقیقت سورۂ محمدؐ کے رکوع اول کے ختم پر گزر چکی۔

اللُّغَات: الفتح ازالة الاغلاق وفتح البلد الظفر به بحرب او غيره لانه منغلق ما لم يظفر به فاذا ظفر به وحصل في اليد فقد فتح كذا في الروح ۱۲۔

البَلَاغَة: قوله انا التاكيد للاهتمام لا لدفع الانكار قوله فتحنا الاسناد الى ضمير جمع المتكلم لا ظهار عظمة الفتح وفائدة الخبر الامتنان قوله ليغفر لك الله فيه التفات الى الغيبة قوله ينصرك الله اظهار الاسم الجليل مكرر الكون النصر خاتمة الغايات ۱۲۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ۭ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّاۗنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ۭ عَلَيْهِمْ دَاۗىِٕرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا ۝ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝

وہ خدا ایسا ہے جس نے مسلمانوں کے دلوں میں تحمل پیدا کیا ہے تا کہ ان کے پہلے ایمان کے ساتھ ان کا ایمان اور زیادہ ہو اور آسمان وزمین کا سب لشکر اللہ ہی کا ہے اور اللہ تعالیٰ (مصلحتوں کا) بڑا جاننے والا حکمت والا ہے۔ تا کہ اللہ تعالیٰ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو ایسی بہشت میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی جن میں ہمیشہ کو رہیں گے اور تا کہ ان کے گناہ دور کر دے اور یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑی کامیابی ہے اور تا کہ اللہ تعالیٰ منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے۔ جو کہ اللہ کے ساتھ بڑے بڑے گمان رکھتے ہیں۔ ان پر برا وقت پڑنے والا ہے (اور آخرت میں) اللہ تعالیٰ ان پر غضب ناک ہوگا اور ان کو رحمت سے دور کر دے گا اور ان کے لئے اس نے دوزخ تیار کر رکھی ہے وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے اور آسمان اور زمین کا سب لشکر اللہ ہی کا ہے اور اللہ تعالیٰ زبردست حکمت والا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر ان نعمتوں کا ذکر تھا جو اس واقعہ میں آپ کے متعلق تھیں آگے ان نعمتوں کا ذکر ہے جو اس واقعہ میں آپ کے ہمراہی مؤمنین کے متعلق ہیں اور تتمیم ومقابلہ کے لئے کفار کی قسمت کا بھی اس کے ساتھ ذکر فرما دیا۔

ذکر نعم بر مؤمنین وقہر بر کافرین: هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ (الی قولہ تعالی) وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وہ خدا ایسا ہے جس نے مسلمانوں کے دلوں میں تحمل پیدا کیا (جس کے دو اثر ہیں ایک بیعت جہاد کے وقت جہاد کی ہمت وعزم رکھنا جس کا ذکر آیت: لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ (الی قولہ تعالی) فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ ...... میں ہے اور دوسرا اثر کفار کی ضد بے جا کے وقت جوش کو ٹھنڈا کرنا جس کا ذکر واقعۂ چہارم میں ہوا ہے اور جس کا ذکر آگے فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ میں آتا ہے پس سَكِيْنَتَهٗ اس آیت میں عام ہے اور آگے دو موقعوں پر اس کی ایک ایک فرد خاص مذکور ہے اور یہ تحمل اس لئے پیدا کیا) تا کہ ان کے پہلے ایمان کے ساتھ ان کا ایمان اور زیادہ ہو (اس طرح سے کہ سکینۂ اول سے عزم علی القتال ہوا اور سکینہ ثانیہ سے کف عن القتال ہوا اور یہ دونوں امر چونکہ رسول اللہ ﷺ کے امر اور رضا کے موافق تھے پس دونوں میں اطاعت ہوئی رسول اللہ ﷺ کی اور آپ کی ہر اطاعت سے نور ایمان بڑھتا ہے) اور (تم عزم علی القتال میں کبھی کثرت جنود کفار پر نظر کر کے پس وپیش نہ کرنا اور اسی طرح کف عن القتال میں جب کہ وہی مامور بہ ہو جیسا حدیبیہ میں اس کا وقوع ہوا یہ مت خیال کرنا کہ افسوس صلح ہو گئی اور کفار بچ گئے ان کو سزا نہ ہوئی پس نہ اس میں تردد کرنا نہ اس میں خیال لانا کیونکہ) آسمان وزمین کا سب لشکر (جیسے ملائکہ ودیگر مخلوقات یہ سب) اللہ ہی کا (لشکر) ہے (پس امر بالقتال میں تمہاری قلت کا تدارک اپنے جنود سے کر سکتا ہے اور گو اس کی بھی ضرورت نہیں لیکن یہ

www.besturdubooks.net

بھی ایک طریقہ تائید کا ہے چنانچہ اس کا وقوع بھی بار ہا ہوا ہجرت میں اَیَّدَہٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا [التوبۃ : ۴۰] بدر میں یُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ [آل عمران : ۱۴۵] احزاب میں جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا [التوبۃ : ۲۶] حنین میں وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا اور اسی طرح امر بالکف میں یہ نہ خیال کرو کہ اگر ہم کو امر بالقتال ہو جاتا تو ان کو ہلاک کر دیتے کیونکہ ان کا ہلاک ہونا کچھ تم پر موقوف نہیں اگر ہم چاہیں اپنے اس دوسرے جنود سے ہلاک کر سکتے ہیں لیکن چونکہ اس وقت صلح میں حکمت تھی جس میں سے بعض کا بیان اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ ...... کی تقریر میں ہو چکا ہے) اور اللہ تعالیٰ (مصلحتوں کا) بڑا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے (جب قتال میں مصلحت ہوتی ہے اس کا حکم دیتا ہے اس وقت اس میں پس وپیش نہ کرنا چاہئے اور جب ترکِ قتال میں مصلحت ہوتی ہے اس کا حکم دیتا ہے اس وقت اس میں کوئی رنج وافسوس نہ کرنا چاہئے آگے اسی غایت ازدیادِ ایمان کو دوسری عنوان سے جو کہ ثمرہ ہے ازدیادِ ایمان کا بیان فرماتے ہیں یعنی) تا کہ اللہ تعالیٰ اس اطاعت کی بدولت) مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو ایسی بہشتوں میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی جن میں ہمیشہ کو رہیں گے اور تا کہ (اس اطاعت کی بدولت) ان کے گناہ دور کر دے (لان الاطاعة يعم التوبة وسائر الحسنات ومجموعها مكفرة لمجموع السيئات) اور یہ (جو کچھ مذکور ہوا) اللہ کے نزدیک بڑی کامیابی ہے (اور لِيُدْخِلَ ...... بھی مثل لِيَزْدَادُوْٓا متعلق اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ بواسطہ ازدیادِ ایمان کے سبب اس يدخل ...... کا ہے اس طرح سے کہ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ سبب ہے اطاعت کا اور اطاعت سبب ہے يدخل ...... کا اور اس بشارت میں عورتوں کے شامل ہونے کی نسبت یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ وہ تو حدیبیہ میں شریک نہ تھیں بات یہ ہے کہ مدارِ فضیلت کا اطاعت ہے خواہ اس امر خاص میں ہو جیسا اہل حدیبیہ سے صدور ہوا یا دوسرے امور میں ہو اور اس میں مؤمنات بھی شریک ہیں نیز اس کے بڑھا دینے سے ایک گونہ عورتوں کی تسلی بھی ہے جو فضائل اہل حدیبیہ کو سن کر ممکن تھا کہ شکستہ دل ہوتیں کہ ہم محروم ہیں اس لئے بتلا دیا کہ مدار اطاعت ہے تو جو احکام تمہارے لئے ہیں تم ان میں اطاعت کرو کہ تم بھی ان بشارات کی مستحق ہو گی) اور (چونکہ آیت انزل السكينة الخ مقام مدحِ مؤمنین کا ہے اور مقام مدح اغلب محاورات میں مقتضی ہوتا ہے اختصاص ممدوح کو ممدوح بہ کے ساتھ اس لئے وہ آیت اس پر بھی دال ہے کہ یہ سکینہ غیر مؤمنین کے قلب میں نازل نہیں کیا گیا پس گویا مجموعۂ کلام اس طرح ہوا کہ : هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ ولم ينزل السكينة في قلوب غير المؤمنين اور اول جزو کی علت غائیہ ليزدادوا الی قولہ يدخل میں مذکور ہوئی اور جزو ثانی کی علت غائیہ آگے ارشاد فرماتے ہیں کہ کفار کو مطلق سکینہ سے کہ اس کا اول ثمرہ ایمان ہے اس لئے محروم رکھا کہ ان کو ایمان کی بھی توفیق نہ ہوئی) تا کہ اللہ تعالیٰ منافق مردوں اور منافق عورتوں کو اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو (بوجہ ان کے کفر کے) عذاب دے جو کہ اللہ کے ساتھ برے برے گمان رکھتے ہیں (اس برے گمان میں عقائد شرکیہ وکفریہ بھی سب داخل ہیں اور ان میں رسول کی تکذیب امر نبوت ووعدۂ غلبہ اسلام وغیرہ میں بھی داخل ہے اور اس میں تعریض ہے کفار مکہ کے ساتھ بھی جنہوں نے اس واقعہ میں آپ سے مزاحمت کی اور ضد باندھی اور منافقین مدینہ کے ساتھ بھی کہ اس واقعہ میں بوجہ عداوت کے اس کے متمنی تھے کہ مسلمان بچ کر نہ آویں اور غلبۂ اسلام کی نسبت جو اللہ تعالیٰ کے وعدے ہیں جن کے منجانب اللہ ہونے پر دلائل قطعیہ قائم ہیں ان کو غلط سمجھتے تھے وهو المراد فيما سياتي من قوله : بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ ...... اور چونکہ مدار اس تعذیب کا کفر ہے اس لئے منافقات ومشرکات کو بھی شامل کر لیا و نیز اس واقعہ میں بالخصوص بھی آپ کے ساتھ مخالفت ہونے میں کافر عورتیں بھی شریک ہیں گو دل ہی سے سہی جیسا کہ استحسان قتال یا استحسان صلح میں مسلمان عورتیں بھی شریک تھیں گو دل ہی سے سہی پس دونوں جگہ عورتوں کے ذکر کی یہ وجہ بھی ہو سکتی ہے۔ آگے ان سب کفار کے لئے وعید ہے کہ دنیا میں) ان پر برا وقت پڑنے والا ہے (چنانچہ مشرکین چند ہی روز بعد مقتول و ماخوذ ہوئے اور منافقین کی تمام عمر حسرت اور پریشانی میں کٹی کہ اسلام بڑھتا تھا اور وہ گھٹتے جاتے تھے یہ دنیا میں ہوگا) اور (آخرت میں) اللہ تعالیٰ ان پر غضبناک ہوگا اور ان کو رحمت سے دور کر دے گا اور ان کے لئے اس نے دوزخ تیار کر رکھی ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے اور (آگے اس وعید کی تاکید ہے کہ) آسمان اور زمین کا سب لشکر اللہ ہی کا ہے اور اللہ تعالیٰ زبردست (یعنی پوری قدرت والا ہے اگر چاہتا کسی لشکر سے ان سب کی ایک دم سے صفائی کر دیتا کہ یہ اس کے مستحق ہیں لیکن چونکہ وہ) حکمت والا ہے (اس لئے بمصلحت عقوبت میں توقف فرماتا ہے)۔

ف : اوپر بھی وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ ...... آیا ہے مگر وہاں اس سے مقصود تھا مؤمنین کے غالب کرنے پر قادر ہونا جس کا حاصل تسلیہ ہے اور یہاں مقصود ہے کفار کے مقہور کرنے پر قادر ہونا جس کا حاصل تہدید ہے جیسا ترجمہ کی تقریر سے دونوں جگہ ظاہر ہے اور اسی لئے یہاں حَكِيْمًا کے ساتھ عَظِيْمًا فرمایا جو دال علی القہر ہے بخلاف وہاں کے پس تکرار لازم نہیں آیا۔

ترجمہ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ : هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ یہ ایک ایسی چیز ہے جس میں نور اور قوت اور روح ہوتی ہے جس سے سکون ہوتا ہے اور سہولت اعمال وضبط احوال پیدا ہوتا ہے۔ قولہ تعالیٰ : لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ یعنی ایمان استدلالی کے ساتھ ایمان عیانی بھی نصیب ہو جاوے۔

www.besturdubooks.net

النحو: قوله ليدخل بدل اشتمال من قوله ليزدادوا قوله ظن السوء السوء مصدر بمعنى اسم الفاعل اضيف اليه الموصوف قوله عليهم دائرة السوء انظر ما علقت على مثل هذه الجملة في مفتتح الجزء الحادى عشرا عنى يعتذرون ۱۲۔

إِنَّآ أَرْسَلْنَٰكَ شَٰهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ۝٨ لِّتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِۦ وَتُعَزِّرُوهُ وَتُوَقِّرُوهُ وَتُسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ۝٩ إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ ۚ فَمَن نَّكَثَ فَإِنَّمَا يَنكُثُ عَلَىٰ نَفْسِهِۦ ۖ وَمَنْ أَوْفَىٰ بِمَا عَٰهَدَ عَلَيْهُ اللَّهَ فَسَيُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ۝١٠ ع ۱۰/۹

ہم نے آپ کو گواہی دینے والا اور بشارت دینے والا اور ڈرانے والا کر کے بھیجا ہے تا کہ تم لوگ اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس (کے دین) کی مدد کرو اور اس کی تعظیم کرو اور صبح شام اس کی تسبیح میں لگے رہو۔ جو آپ سے بیعت کر رہے ہیں تو وہ (واقع میں) اللہ تعالیٰ سے بیعت کر رہے ہیں خدا کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے۔ پھر (بعد بیعت کے) جو شخص عہد توڑے گا سو اس کے عہد توڑنے کا وبال اسی پر پڑے گا اور جو شخص اس بات کو پورا کرے گا جس پر (بیعت میں) خدا سے عہد کیا ہے تو عنقریب خدا اس کو بڑا اجر دے گا۔

تفسیر ربط: اوپر جن نعمتوں کا مسلمانوں پر ذکر تھا چونکہ معطی حقیقی ان کا حق تعالیٰ ہے اور واسطہ عطا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں آگے اللہ و رسول کے حقوق کا اور ان حقوق کے بجالانے والوں کی فضیلت کا اور نہ بجالانے والوں کی مذمت کا بیان ہے۔

بیان حقوق اللہ و رسول مع وعد و وعید اہل امتثال و اہل اخلال:

إِنَّآ أَرْسَلْنَٰكَ شَٰهِدًا (الى قوله تعالى) فَسَيُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ہم نے آپ کو (اعمال امت پر قیامت کے دن) گواہی دینے والا (عموماً) اور (دنیا میں خصوصاً مسلمانوں کے لئے) بشارت دینے والا اور (کافروں کے لئے) ڈرانے والا کر کے بھیجا ہے (اور اے مسلمانو ہم نے ان کو اس لئے رسول بنا کر بھیجا ہے) تا کہ تم لوگ اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس (کے دین) کی مدد کرو اور اس کی تعظیم کرو (عقیدۃً بھی کہ اللہ تعالیٰ کو موصوف بالکمالات منزہ عن النقائص سمجھو اور عملاً بھی کہ اطاعت کرو) اور صبح و شام اس کی تسبیح (و تقدیس) میں لگے رہو (اگر نماز سے تفسیر کی جاوے تو صبح و شام کی فرض نمازیں مراد ہوں گی ورنہ مطلق ذکر گو مندوب ہو مراد ہوگا آگے بعض حقوق خاصہ کے متعلق ارشاد ہے کہ) جو لوگ آپ سے (حدیبیہ کے روز اس بات پر) بیعت کر رہے ہیں (یعنی بیعت کر چکے ہیں کہ جہاد سے بھاگیں گے نہیں) تو وہ (واقع میں) اللہ تعالیٰ سے بیعت کر رہے ہیں (کیونکہ مقصود آپ سے اس پر بیعت کرنا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے احکام بجالاویں گے اور جب یہ بات ہے تو گویا خدا کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے (یہ تاکید ہے ماقبل کی کیونکہ یہ بھی کنایہ ہے بیعت سے) پھر (بعد بیعت کے) جو شخص عہد توڑے گا (یعنی بجائے طاعت کے مخالفت کرے گا) سو اس کے عہد توڑنے کا وبال اسی پر پڑے گا اور جو شخص اس بات کو پورا کرے گا جس پر (بیعت میں) خدا سے عہد کیا ہے تو عنقریب خدا اس کو بڑا اجر دے گا۔ **ف:** اس بیعت کا ذکر واقعۂ سوم میں گزر چکا ہے اور چونکہ لفظ عام ہے اس لئے جس عہد واجب الایفاء کو توڑے گا اس کے لئے یہی وعید ہے اور بیعت متعارف کے ساتھ یہ مخصوص نہیں بلکہ مراد مطلق عہد ہے خواہ صراحۃً یا التزاماً مثلاً ایمان لانا تمام احکام کا التزام کر لینا ہے یا لزوماً جیسا ایمان لانا بنا بر عہد الست کے سب پر واجب ہے اور بیعت متعارف کے توڑنے کو یہ وعید شامل بھی نہیں کیونکہ اگر ایک پیر سے قطع تعلق کر دیا لیکن احکام الٰہیہ ضرور یہ اخلال اعتقادی یا عملی نہیں واقع کیا ذرہ برابر گناہ نہیں البتہ بلا ضرورتِ شرعیہ یہ امر موجب بے برکتی ہے اور ممکن ہے کہ بواسطہ مفضی الی المعصیت ہو جاوے اور شرعی ضرورت سے واجب ہے جیسے کسی غیر مشرع شخص سے بیعت ہو جاوے تو اس سے قطع تعلق واجب ہے اور يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ بیعت کے وقت ہاتھ میں ہاتھ لینا ضروری ہے یا یہ کہ شیخ بیعت لینے والے کا ہاتھ اوپر ہی ہونا ضروری ہے اصل ۔۔ یہ ہے کہ یہ عبارت مطلق بیعت بمعنی ضمان طاعت سے ہے اور يَدُ اللَّهِ میں حقیقی معنی متشابہات میں سے ہیں اس میں زیادہ تفتیش نہ کریں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ روح میں ہے کہ یہ اشارہ ہے آپ کے کمال فناء و بقا کی طرف۔

اختلاف القراءۃ: فى قراء ة الا كثر من اوفى بما عاهد عليه بكسر الهاء كذا فى غيث النفع وهو الشايع واما ضمها فلان الاصل فى هذه الهاء الضم بعد الفتحة فالضمة والسكون نحوانه وله وغلامه ويسمعه ومنه وانما يجوز كسرها بعد الياء نحو عليهم وايديهم وبعد الكسرة نحو به وبداره وضمها جائز فى الموضعين لانه الاصل وانما كسرت لتجانس ما قبلها من الياء والكسرة كذا فى اعراب القرآن قبيل سورة البقرة وفيه ايضا ومن ضم الهاء قال ان الياء فى عليه حقها ان تكون الفا كما تثبت الالف مع المظهر

www.besturdubooks.net

وليست الياء اصل الالف فكما ان الهاء تضم بعد الالف فكذلك تضم بعد الياء المبدلة منها ومن كسر الهاء اعتبر اللفظ آه وقيل وجهه (وان لم يبق الاحتياج الى هذا الوجه) انها هاء هو وهى مضمومة فاستصحب ذلك كما فى له وضربه وحسن الضم فى الآية التوصل الى تفخيم لفظ الجلالة الملايم لتفخيم امر العهد المشعر به الكلام وايضا ابقاء ما كان على ما كان ملائم للوفاء بالعهد وابقائه وعدم نقضه كما فى الروح ۱۲۔

اللغات: التعزير النصر يبايعون مفاعلة من البيع يقال بايع السلطان مبايعة اذا ضمن بذل الطاعة بما رضخ له وكثيرا ما تقال على البيعة المعروفة للسلاطين ونحوهم وان لم يكن رضخ۔

النحو: قوله لتؤمنوا متعلق بمقدر دل عليه انا ارسلنك اى ارسلناه اليكم ايها الناس لتؤمنوا ۱۲۔

البلاغة: قوله يبايعونك البيعة وقعت قبل نزول الآية فالتعبير بالمضارع لاستحضار الحال الماضية ۱۲۔

سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۭ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۱﴾ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ښ وَكُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ﴿۱۳﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۴﴾

جو دیہاتی پیچھے رہ گئے وہ عنقریب آپ سے کہیں گے کہ ہم کو ہمارے مال اور عیال نے فرصت نہ لینے دی۔ سو ہمارے لئے (اس کوتاہی کی) معافی کی دعا کر دیجئے۔ یہ لوگ اپنی زبان سے وہ باتیں کہتے ہیں جو ان کے دل میں نہیں ہیں۔ آپ کہہ دیجئے سو وہ کون ہے جو خدا کے سامنے تمہارے لئے کسی چیز کا (کچھ بھی) اختیار رکھتا ہو۔ اگر اللہ تعالیٰ تم کو کوئی نقصان یا کوئی نفع پہنچانا چاہے بلکہ اللہ تعالیٰ تمہارے سب اعمال پر مطلع ہے۔ بلکہ تم نے یوں سمجھا کہ رسول اور (ہمراہی) مؤمنین اپنے گھر والوں میں کبھی لوٹ کر نہ آئیں گے اور یہ بات تمہارے دلوں میں اچھی بھی معلوم ہوتی تھی اور تم نے برے برے گمان کئے اور تم برباد ہونے والے لوگ ہو گئے اور جو شخص اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان نہ لائے گا سو ہم نے کافروں کے لئے دوزخ تیار کر رکھی ہے اور تمام آسمان و زمین کی سلطنت اللہ ہی کی ہے۔ وہ جس کو چاہے بخش دے اور جس کو چاہے سزا دے اور اللہ تعالیٰ بڑا غفور رحیم ہے۔

تفسیر ربط: اوپر شرکائے حدیبیہ کے مدائح تھے آگے متخلفین کے فضائح ہیں جس کا قصہ واقعۂ ششم میں ذکر ہو چکا ہے۔

فضائح متخلفین منافقین: سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ (الٰی قولہ تعالٰی) وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۴﴾ جو دیہاتی (اس سفر سے) پیچھے رہ گئے (اور شریک نہیں ہوئے) وہ عنقریب (جبکہ آپ مدینہ پہنچیں گے کیونکہ یہ سورت راستہ میں نازل ہوئی ہے جیسا واقعۂ ہفتم میں مذکور ہے) آپ سے (سخن تراشی کے طور پر) کہیں گے کہ ہم جو آپ کے ساتھ شریک نہیں ہوئے اس کی وجہ یہ ہوئی کہ) ہم کو ہمارے مال و عیال نے فرصت نہ لینے دی (یعنی ان کی ضروریات میں مشغول رہے ورنہ ضرور شریک ہونے کا ارادہ تھا) سو ہمارے لئے (اس کوتاہی کی) معافی کی دعاء کر دیجئے (باوجود عذر صحیح کے استغفار کی درخواست اگر غیر مخلص کی طرف سے ہو ریاء فی الاخلاص پر محمول ہو سکتا ہے اور اگر مخلص کی طرف سے ہو تو اس کی بناء یہ ہے کہ عذر کا عذر ہونا اکثر امر اجتہادی ہوتا ہے اور اجتہاد کا مدار تحری پر ہوتا ہے اس میں بعض اوقات تسویل نفسانی و شیطانی سے تامل یا عمل بمقتضائے تامل میں کوتاہی ہو جاتی ہے لہٰذا استغفار کی حاجت ہوتی ہے آگے حق تعالیٰ ان کی تکذیب فرماتے ہیں کہ) یہ لوگ اپنی زبان سے وہ باتیں کہتے ہیں جو ان کے دل میں نہیں ہیں (مطلب یہ کہ ان کا یہ عذر متضمن کئی مضمونوں کو ہے ایک یہ کہ ہم کو فرصت نہ تھی دوسرے یہ کہ ہمارا ارادہ شریک ہونے کا تھا تیسرے یہ کہ ہم آپ کے استغفار کے مفید ہونے کے معتقد ہیں حالانکہ خود اپنے دل میں ان امور کو صحیح نہیں سمجھتے امرین اولین میں بوجہ عدم وقوع کے اور امر ثالث میں بوجہ عدم اعتقاد نبوت کے آگے آپ کو تلقین ہے رد کی کہ جب یہ لوگ آپ سے یہ عذر پیش کریں تو) آپ (ان سے جواب میں یہ) کہہ دیجئے کہ (اول تو یہ عذر مطابق واقع کے بھی ہوتا تب بھی حکم قطعی کے ہوتے ہوئے محض لغو ہے کیونکہ وہ عذر واقع میں تو قضا و قدر سے بچا نہیں سکتا چنانچہ جو عذر تم نے بیان کیا ہے) سو (ہم اسی کے متعلق پوچھتے ہیں کہ) وہ کون ہے جو خدا کے سامنے تمہارے لئے (از قبیل

www.besturdubooks.net

نفع ضرر کے) کسی چیز کا (کچھ بھی اختیار رکھتا ہو اگر اللہ تعالیٰ تم کو کوئی نقصان یا کوئی نفع پہنچانا چاہے (تمہارے نفس میں یا مال میں یا اہل میں اور ظاہر ہے کہ کوئی ایسا نہیں پس ثابت ہوا کہ واقع میں کوئی عذر دافع قضا وقدر نہیں مگر جہاں شریعت نے مصلحت سمجھا حکمت تسلیہ نفس وغیرہ کے لئے بہت سے مواقع پر عذر واقعی کو رخصت کا مدار قرار بھی دے دیا ہے سو جہاں شریعت نے اس کا اعتبار نہیں کیا اور حکم قطعی کر دیا جیسا محل بحث میں ہے وہاں عذر واقعی بھی نا پذیرا ہوگا دوسرے یہ عذر واقعی بھی نہیں جیسا آگے آتا ہے اور تم یوں سمجھتے ہوگے کہ مجھ کو اس کی خبر نہیں ہوئی سو واقع میں ایسا نہیں ہے) بلکہ اللہ تعالیٰ (نے جو کہ) تمہارے سب اعمال پر مطلع ہے (مجھ کو بذریعۂ وحی کے اطلاع کر دی ہے کہ تمہارے تخلف کی وجہ وہ نہیں ہے جو تم نے بیان کی ہے) بلکہ (اصل وجہ یہ ہے کہ) تم نے یہ سمجھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) اور (ہمراہی) مؤمنین اپنے گھر والوں میں کبھی لوٹ کر نہ آویں گے (بلکہ مشرکین سب کی صفائی کر دیں گے) اور یہ بات تمہارے دلوں میں اچھی بھی معلوم ہوتی تھی (یعنی بوجہ عداوت رسول ومؤمنین کے اسی خیال کے موافق تمنا بھی تھی) اور تم نے بُرے بُرے گمان کئے (جس کا بیان اوپر الظآنین باللّٰہ الخ میں ہو چکا ہے) اور تم (ان برے گمانوں کی وجہ سے جو کہ خیالات کفریہ ہیں) برباد (یعنی مستحق عذاب) ہونے والے لوگ ہو گئے اور (اگر ان وعیدوں کو سن کر تم ایمان لے آؤ فبہا ورنہ) جو شخص اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان نہ لاوے گا سو ہم نے کافروں کے لئے دوزخ تیار کر رکھی ہے اور (مؤمن وغیر مؤمن کے لئے قانون مذکور مقرر کرنے سے تعجب نہ کیا جاوے کیونکہ) تمام آسمان وزمین کی سلطنت اللہ ہی کی ہے وہ جس کو چاہے بخش دے اور جس کو چاہے سزا دے (چنانچہ مؤمن کے لئے مغفرت اور کافر کیلئے عذاب چاہا اور اسی طرح ٹھہرا دیا) اور (گو کافر مستحق سزا ہوتا ہے لیکن) اللہ تعالیٰ (ایسا) بڑا غفور رحیم ہے (کہ وہ بھی اگر ایمان لے آوے اس کو بھی بخش دیتا ہے)۔ **ف**: بعض تفاسیر میں ہے کہ ان میں سے بہت سے تائب ومخلص ہو گئے تھے۔

مُلحقاتُ التَّرجمۃ: ۱؎ **قوله في بل كان الله** مجھ کو بذریعہ الخ **اشارة الى ان المقصود بالاضراب اطلاعه ﷺ واقيم المذكور مقامه لكونه سببا له فافهم**۱۲۔

اللُّغات: **فمن يملك لكم في الروح الملك الامساك بقوة لانه بمعنى الضبط وهو حفظ عن حزم وحاصل الآية لا احد يدفع ضره ولا نفعه آه قلت فالملك ههنا عام للنفع والضر واكثر ما يستعمل في الضر والشر كما ورد في الآيات الكثيرة۔ قوله بورا اما مصدر بمعنى اسم الفاعل او جمع بائر بمعنى هالك**۱۲۔

سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ۭ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۱۵ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝۱۶ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ۭ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝۱۷ ع ۲ النصف ۷ ۱۰

جو لوگ پیچھے رہ گئے تھے وہ عنقریب جب تم (خیبر کی) غنائم لینے چلو گے کہیں گے کہ ہم کو بھی اجازت دو کہ تمہارے ساتھ چلیں۔ وہ لوگ یوں چاہتے ہیں کہ خدا کے حکم کو بدل ڈالیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ تم ہرگز ہمارے ساتھ نہیں چل سکتے۔ خدا تعالیٰ نے پہلے سے یوں ہی فرما دیا ہے تو وہ لوگ کہیں گے بلکہ تم لوگ ہم سے حسد کرتے ہو بلکہ خود یہ لوگ بہت کم بات سمجھتے ہیں۔ آپ ان پیچھے رہنے والوں دیہاتیوں سے (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ عنقریب تم لوگ ایسے لوگوں سے لڑنے کی طرف بلائے جاؤ گے جو سخت لڑنے والے ہوں گے کہ یا تو ان سے لڑتے رہو یا وہ مطیع (اسلام) ہو جائیں۔ سو اگر تم اطاعت کرو گے تو تم کو نیک عوض (یعنی جنت) دے گا اور اگر تم (اس وقت بھی) روگردانی کرو گے جیسا اس سے قبل روگردانی کر چکے ہو تو دردناک عذاب کی سزا دے گا۔ نہ اندھے پر کوئی گناہ ہے اور نہ لنگڑے پر کوئی گناہ ہے اور نہ بیمار پر کوئی گناہ ہے اور جو شخص اللہ ورسول کا کہنا مانے گا۔ اس کو ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی اور جو شخص (حکم سے) روگردانی کرے گا اس کو دردناک عذاب کی سزا دیگا۔

تفسیر ربط: اوپر قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ...... میں متخلفین سے واقعۂ حدیبیہ کے متعلق گفتگو کا حکم تھا آگے اور دو واقعوں کے متعلق ان سے گفتگو کا حکم ہے۔

www.besturdubooks.net

امرِ خطاب مع المخلفین متعلق بعض واقعات دیگر: سَيَقُولُ الْمُخَلَّفُونَ إِذَا انطَلَقْتُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَن يَتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا أَلِيمًا ۞ جو لوگ (سفر حدیبیہ سے) پیچھے رہ گئے تھے وہ عنقریب جب تم (خیبر کی) غنیمتیں لینے چلو گے (مطلب یہ کہ جب خیبر فتح کرنے چلو گے جہاں غنیمت ملنے والی ہے پس انطلاق الی خیبر گویا انطلاق الی مغانم ہے حاصل یہ کہ جب خیبر کو جانے لگو گے تو یہ لوگ تم سے) کہیں گے کہ ہم کو بھی اجازت دو کہ ہم تمہارے ساتھ (خیبر کو) چلیں (اور وجہ اس درخواست کی طمع تھی غنیمت کی جس کا حصول قرائن سے ان کو متوقع تھا بخلاف سفر حدیبیہ کے اس میں زحمت بلکہ ہلاکت زیادہ متوقع تھی آگے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ) وہ لوگ یوں چاہتے ہیں کہ خدا کے حکم کو (جو کہ اس واقعہ کے متعلق ہوا ہے کہ) بجز اہل حدیبیہ کے خیبر اور کوئی نہ جاوے بالخصوص متخلفین یہ لوگ اس حکم کو) بدل ڈالیں (یعنی مسلمانوں سے اس کی درخواست کرنا گویا یہ درخواست ہے کہ مسلمان خدا کے حکم کے خلاف کریں جو ان کے لئے شرعاً ممتنع ہے اور بایں معنی تبدیل کا فاعل مسلمان ہوں گے لیکن چونکہ وہ لوگ بوجہ اس درخواست کے اس تبدیل کا سبب ہیں لہٰذا ان کی طرف اس کی نسبت کی گئی اور تبدیل بالمعنی المذکور کے وقوع سے افعال وصفات الٰہیہ میں کوئی نقص نہیں آتا کیونکہ وہ حکم تشریعی تھا لیکن مؤمنین کا آثم ہونا لازم آتا ہے حاصل مطلب یہ ہوا کہ وہ اس کی درخواست کرتے ہیں کہ تم گناہ کے مرتکب ہو سو) آپ کہہ دیجئے کہ تم ہرگز ہمارے ساتھ نہیں چل سکتے (یعنی ہم اس درخواست کو منظور نہ کریں گے اور تم کو ساتھ لے جا کر گناہ گار نہ ہوں گے کیونکہ ہم کو) خدا تعالیٰ نے پہلے سے یونہی فرما دیا ہے (یعنی یہی حکم دے دیا ہے کہ اوروں کو مت لے جانا اور پہلے[1] سے اس لئے کہا کہ حدیبیہ سے واپسی میں یہ حکم ہو گیا تھا یا تو وحی غیر متلو سے یا اس آیت سے: وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا ۞ وَمَغَانِمَ كَثِيرَةً يَأْخُذُونَهَا کہ ماضی کا صیغہ تیقن وعدہ کی وجہ سے ہے اور ضمیر ہم کا مرجع خاص اہل حدیبیہ ہیں جیسا اوپر ان ہی کا ذکر ہے اور حضور کو اس کا مطلب یہی سمجھایا گیا ہو آگے ان کے جواب کی اطلاع پیشین گوئی کے طور پر فرماتے ہیں کہ جب آپ ان کو یہ جواب دیں گے) تو وہ لوگ کہیں گے (اور ظاہر یہ ہے کہ آپ کے سامنے کہنا مراد نہیں بلکہ اوروں سے کہیں گے کہ ہمارے نہ چلنے کو جو خدا کا حکم بتلایا جاتا ہے یہ بات نہیں ہے) بلکہ تم لوگ ہم سے حسد کرتے ہو (اس لئے ہمارا شریک غنیمت ہونا گوارا نہیں حالانکہ ان مسلمانوں میں حسد کا نام ونشان نہیں) بلکہ خود یہ لوگ بہت کم بات سمجھتے ہیں (اس لئے مسلمانوں کے جواب کو حسن پر محمول کرتے ہیں اگر سمجھدار ہوتے تو وحی کی تو ضرور ہی تصدیق کرتے اور عجب نہیں کہ تخصیص خیبر باہل حدیبیہ کی وجہ اور اپنی حرمان کی وجہ یہ بھی سمجھ[2] لیتے چنانچہ اہل حدیبیہ کا ایک خطرہ عظیمہ میں اپنے کو واقع کر دینے اور پھر ظاہراً ناکامی کے ساتھ لوٹ آنے کا اس تخصیص کے لئے مقتضی ہونا اور منافقین کی خود غرضی کا اس حرمان کے لئے مقتضی ہونا کچھ زیادہ خفی نہیں ہے اور غزوۂ خیبر میں اسی حکم پر عمل بھی ہوا جیسا کہ واقعۂ ہشتم میں مذکور ہوا یہ مضمون خیبر کے متعلق ہوا آگے ایک دوسرے واقعہ کے متعلق گفتگو کے لئے ارشاد ہے کہ) آپ ان پیچھے رہ جانے والے دیہاتیوں سے (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (اگر ایک خیبر میں نہ گئے نہ سہی ثواب حاصل کرنے کے اور بھی مواقع آنے والے ہیں چنانچہ) عنقریب تم لوگ ایسے لوگوں (سے لڑنے) کی طرف بُلائے جاؤ گے جو سخت لڑنے والے ہوں گے (مراد اس سے فارس وروم کے غزوات ہیں كذا في الدر عن ابن عباسؓ کہ ان کی فوجیں قواعد داں وباسامان تھیں کہ) یا تو ان سے لڑتے رہو یا وہ مطیع (اسلام) ہو جاویں (خواہ اسلام سے یا جزیہ سے مطلب یہ کہ اس کام کے لئے بلائے جاؤ گے) سو (اس وقت) اگر تم اطاعت کرو گے (اور ان سے جہاد کرو گے) تو تم کو اللہ تعالیٰ نیک عوض دے گا (یعنی جنت) اور اگر تم (اس وقت بھی) روگردانی کرو گے جیسا اس کے قبل (حدیبیہ وغیرہ میں) روگردانی کر چکے ہو تو وہ دردناک عذاب کی سزا دے گا (مراد دوزخ ہے البتہ دعوت الی الجہاد سے بعضے معذور مستثنیٰ بھی ہیں چنانچہ) نہ اندھے پر کوئی گناہ ہے اور نہ لنگڑے پر کوئی گناہ ہے اور نہ بیمار پر کوئی گناہ ہے اور (فَإِن تُطِيعُوا...... میں جو خاص مجاہد ومتخلف کے لئے وعد ووعید مذکور ہے کچھ ان کی تخصیص نہیں بلکہ قاعدۂ کلیہ ہے کہ) جو شخص اللہ اور رسول کا کہنا مانے گا اس کو ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی اور جو شخص (حکم سے) روگردانی کرے گا اس کو دردناک عذاب کی سزا دے گا۔

ف: قُل لَّن تَتَّبِعُونَا میں جو کلمۂ لن ہے مطلق تابید کے لئے نہیں بلکہ خاص غزوۂ خیبر کے اعتبار سے ہے اور اس کے ختم تک تابید ہے پس صاحب روح نے صاحب بحر سے جو نقل کیا ہے کہ ان مخلفین میں سے مزینہ اور جہینہ قبائل بعد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بعض غزوات میں شریک ہوئے اس سے معارضہ نہ رہا اور فارس وغیرہ کے غزوات میں ان اعراب مذکورین کو حضرت عمرؓ نے اپنی خلافت میں بلایا كذا في الدر المنثور اور بعض تفاسیر میں ہے کہ یہ لوگ دل سے شریک بھی ہوئے اور مغانم خیبر کی تخصیص اہل حدیبیہ کے ساتھ جو مذکور ہوئی اس پر یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض مہاجرین حبشہ کو جو اصحاب سفینہ کہلاتے ہیں اس میں سے دیا ہے کیونکہ یہ دینا یا تو برضا اہل حقوق تھا یا آپؐ نے خمس میں سے دیا جو خاص غانمین کا حق نہیں ہے علی اختلاف القولین۔

الحواشی: (۱) یہ جواب ہے سوال مقدر کا کہ قرآن مجید میں ہے: كذلكم قال الله من قبل حالانکہ یہ قول کہیں قرآن مجید میں مذکور نہیں کہ ان کو مت لے جانا جواب کی تقریر ظاہر ہے ۱۲ منہ۔ (۲) سمجھدار ہونے کا لازم ضروری تو تصدیق وحی تھا باقی سمجھدار ہونے پر وجہ سمجھ لینے کا ترتب گو ضروری نہیں لیکن غالب الوقوع ہوتا ۱۲ منہ۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ سمجھایا گیا ہو قالہ قتادۃ کما فی الطبری ۱۲۔ ۲ قولہ قبل ومن یطع قاعدۂ کلیہ وعلیہ فلا تکرار فی قولہ ومن یتول کما لا یخفی ۱۲۔

النحو: قولہ تقاتلونہم فی الروح الجملۃ مستانفۃ للتعلیل کما فی قولك سیدعوك الامیر یکرمك او یکبت عدوك آہ ۱۲۔

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝۱۸ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝۱۹ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝۲۰ وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۝۲۱

بالتحقیق اللہ تعالیٰ ان مسلمانوں سے خوش ہوا جب کہ یہ لوگ آپ سے درخت (سمرہ) کے نیچے بیعت کر رہے تھے اور ان کے دلوں میں جو کچھ تھا اللہ کو وہ بھی معلوم تھا اور (اس وقت) اللہ تعالیٰ نے ان میں اطمینان پیدا کر دیا اور ان کو ایک لگتے ہاتھ فتح دے دی اور (اس فتح میں) بہت سی غنائم بھی دیں۔ جن کو یہ لوگ لے رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑا زبردست بڑا حکمت والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تم سے (اور بھی) بہت سی غنیمتوں کا وعدہ کر رکھا ہے جن کو تم لوگے سو سردست تم کو یہ دے دی ہے اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیئے اور تا کہ یہ (واقعہ) اہل ایمان کے لئے ایک نمونہ ہو جائے اور تا کہ تم کو ایک سیدھی سڑک پر ڈال دے اور ایک فتح اور بھی ہے جو تمہارے قابو میں نہیں آئی خدا تعالیٰ اس کو احاطہ میں لئے ہوئے ہے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔

تفسیر ربط: اوپر مخلفین کی شناعات تھیں آگے مخلصین کی بشارات ہیں۔

بشارات حسی ومعنویہ مخلصین: لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ (الی قولہ تعالی) وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۝ تحقیق اللہ تعالیٰ ان مسلمانوں سے (جو آپؐ کے ہم سفر ہیں) خوش ہوا جب کہ یہ لوگ آپؐ سے درخت (سمرہ) کے نیچے جہاد میں ثابت قدم رہنے پر) بیعت کر رہے تھے اور ان کے دلوں میں جو کچھ (اخلاص وعزم علی الوفاء) تھا اللہ کو وہ بھی معلوم تھا اور (اس وقت) اللہ تعالیٰ نے ان کے (قلب) میں اطمینان پیدا کر دیا (جس سے ان کو خدا کا حکم ماننے میں ذرا پس وپیش نہیں ہوا یہ تو معنوی نعمتیں ہوئیں) اور (اس کے ساتھ ان کو حسی نعمتیں بھی دیں جو کہ معنوی نعمتوں کو بھی متضمن تھیں چنانچہ) ان کو ایک لگے ہاتھ فتح (بھی) دے دی (مراد اس سے فتح خیبر ہے) اور (اس فتح میں) بہت سی غنیمتیں بھی (دیں) جن کو یہ لوگ لے رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑا زبردست (یعنی قادر اور) بڑا حکمت والا ہے (کہ اپنی قدرت اور حکمت سے جس کو چاہا ہے اور جب مناسب ہو فتح دے دیتا ہے اور کچھ اسی خبر پر بس نہیں بلکہ) اللہ تعالیٰ نے تم سے (اور بھی) بہت سے غنیمتوں کا وعدہ کر رکھا ہے جن کو تم لوگے سو (ان میں سے) سردست تم کو یہ دیدی ہے اور (اس کے دینے کے لئے خیبر اور حلفائے خیبر کے) لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیئے (یعنی سب کے قلب میں رعب پیدا کر دیا کہ ان کو زیادہ دراز دستی کی ہمت نہ ہوئی اور اس سے تمہارا نفع دنیوی بھی مقصود تھا تا کہ آرام وفراغت ہو) اور (نیز دینی نفع بھی مقصود تھا) تا کہ یہ (واقعہ) اہل ایمان کے لئے (دوسرے وعدوں کے سچے ہونے کا ایک نمونہ ہو جائے (یعنی خدا کے وعدوں کے سچا ہونے پر اور زیادہ ایمان مؤکد ہو جاوے) اور تا کہ (اس نمونہ کے ذریعہ سے) تم کو (آئندہ کے لئے ہر امر میں) ایک سیدھی سڑک پر ڈال دے (مراد اس سڑک سے توکل ووثوق باللہ ہے یعنی ہمیشہ کے لئے اس واقعہ کو سوچ کر اللہ پر اعتماد سے کام لیا کرو پس دینی نفع دو ہوئے ایک علمی واعتقادی وَلِتَكُوْنَ ..... اور دوسرا عملی واخلاقی وَيَهْدِيَكُمْ .....) اور ایک فتح اور بھی (موعود) ہے جو (اس وقت تک) تمہارے قابو میں نہیں آئی (مراد اس سے فتح مکہ ہے جو اب تک واقع نہیں ہوا تھا مگر) خدا تعالیٰ اس کو احاطۂ (قدرت) میں لئے ہوئے ہے (اور جب چاہے گا تم کو عطا فرماوے گا) اور (اسی کی کیا تخصیص ہے) اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے (چنانچہ جب مصلحت ہوئی مکہ بھی فتح ہو گیا جس کا ذکر واقعۂ دہم میں لکھا گیا)۔

ف: غزوۂ خیبر بعد واپسی حدیبیہ کے ہوا پس اگر یہ آیتیں بھی رستہ میں نازل ہوئی ہیں تو اس سورت کا واپسی میں نازل ہونا باعتبار اکثر اجزاء کے ہے واقعۂ ہفتم میں علی اختلاف القولین ان ہی دو قول کی طرف اشارہ ہے اور وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً میں جتنے غنائم بعد نزول اس آیت کے حاصل ہوئیں سب داخل ہیں اور یہاں جو اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ آیا ہے چونکہ یہ بیعت کے وقت کا مضمون ہے اس لئے اس کی تفسیر تحمل وعلم وضبط نفس وقت الصلح سے نہیں کی گئی جیسا اس صورت میں آئندہ موقع پر ہے اور وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً میں گو فتح مکہ بھی داخل ہے مگر اس کی تخصیص ذکری اُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا سے اعتنائے شان فتح مکہ کے لئے چونکہ وہ صحابہؓ کو خصوصیت کے ساتھ مطلوب تھی۔

www.besturdubooks.net

النَّحْو: ولتكون عطف على مقدر اى لتنفعوا ولتكون كما اشير اليه فى الترجمة قوله واخرى صفة لفتحة[1] مقدرة مرفوعة بالابتداء والخبر محذوف اى ثمه ولم تقدروا صفة لاخرى وكذا قد احاط الله بها ۱۲۔

البلاغة: وعدكم فيه التفات ۱۲۔

الحواشی: (۱) مؤنث الفتح بمعنى الغلبة لا ما يقابل الضم والكسر ۱۲ منہ۔

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۲۲﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۖ
وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ
عَلَيْهِمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿۲۴﴾ هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ
يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ۭ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَاۗءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَـُٔـوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ
بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۲۵﴾ اِذْ جَعَلَ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰي رَسُوْلِهٖ وَعَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ
وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۲۶﴾ ع ۳ / ۱۱

اور اگر تم سے یہ کافر لڑتے تو ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگتے پھر نہ ان کو کوئی یار ملتا اور نہ مددگار اللہ تعالیٰ نے (کفار کے لئے) یہی دستور کر رکھا ہے جو پہلے سے چلا آتا ہے اور آپ خدا کے دستور میں رد و بدل نہ پائیں گے اور وہ ایسا ہے کہ اس نے ان کے ہاتھ تم سے (یعنی تمہارے قتل سے) اور تمہارے ہاتھ ان (کے قتل) سے عین مکہ (کے قریب) روک دیئے بعد اس کے کہ تم کو ان پر قابو دے دیا تھا اور اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں کو دیکھ رہا تھا۔ وہ یہ لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور تم کو مسجد حرام سے روکا اور (نیز) قربانی کے جانور کو جو رکا ہوا رہ گیا اس کے موقعہ پر پہنچنے سے روکا اور اگر (مکہ میں اس وقت) بہت سے مسلمان مرد اور بہت سی مسلمان عورتیں نہ ہوتیں جن کی تم کو خبر بھی تھی۔ یعنی ان کے پاس جانے کا احتمال نہ ہوتا جس پر ان کی وجہ سے تم کو بھی بے خبری میں ضرر پہنچتا تو سب قصہ طے کر دیا جاتا لیکن ایسا اس لئے نہیں کیا گیا تا کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت میں جس کو چاہے داخل کر دے۔ اگر یہ ٹل گئے ہوتے تو ان میں جو کافر تھے ہم ان کو دردناک سزا دیتے جب ان کافروں نے اپنے دلوں میں عار کو جگہ دی اور عار بھی جاہلیت کی سو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اور مومنین پر اپنی طرف سے تحمل عطا کیا اور اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو تقویٰ کی بات پر جمائے رکھا اور وہ اس کے زیادہ مستحق ہیں اور اس کے اہل ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر: اُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا میں فتح مکہ کا فی الحال عدم وقوع اور استقبال میں وعدہ وقوع مذکور ہے آگے فی الحال وقوع کی بعض اور مقتضیات اور بتقدیر قتال ان مقتضیات پر لزوماً اس کا ترتب اور باوجود ان مقتضیات کے عدم وقوع کی بعض حکمتیں مذکور ہیں جیسا ابتدائے سورت میں بھی اس صلح کو کہ مرادف عدم وقوع فتح ہے فتح سے تعبیر کرنے میں اشارہ کیا گیا ہے اس کی بعض حکمتوں کی طرف جس کو مؤلف احقر نے وہاں بیان کیا ہے۔

بیان بعضے مقتضیات وبعضے موانع قتال مفضی الی الفتح:

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (الى قوله تعالى) وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۲۶﴾ اور (چونکہ ان کفار کے مغلوب ہونے کے مقتضیات موجود تھے جو آگے آتے ہیں اس لئے) اگر (تم میں یہ صلح نہ ہوتی بلکہ) تم سے یہ کافر لڑتے تو (ان مقتضیات کی وجہ سے) ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگتے پھر نہ ان کو کوئی یار ملتا اور نہ مددگار (ملتا اور) اللہ تعالیٰ نے (کفار کے لئے) یہی دستور کر رکھا ہے جو پہلے سے چلا آتا ہے (کہ مقابل میں اہل حق غالب اور اہل باطل مغلوب رہے ہیں اور احیاناً کسی حکمت سے اس میں توقف ہونا منافی اس غلبہ کا نہیں) اور آپ کے خدا کے دستور میں (کسی شخص کی طرف سے) رد و بدل نہ پاویں گے (کہ خدا تعالیٰ کوئی کام کرنا چاہے اور کوئی اس کو نہ ہونے دے) اور وہ ایسا ہے کہ (باوجود اس کے کہ قتال میں تم کو ہی غلبہ ہوتا جیسا مذکور ہوا مگر بعض حکمتوں کی وجہ سے کہ وہ بھی آگے مذکور ہیں) اس نے ان کے ہاتھ تم سے (یعنی تمہارے قتل سے) اور تمہارے ہاتھ (ان کے قتل) سے عین مکہ (کے قریب) میں (یعنی حدیبیہ میں) روک دیئے بعد اس کے کہ تم کو ان پر قابو دے دیا تھا (یہ اشارہ ہے واقعۂ پنجم کی طرف یعنی اس میں حق تعالیٰ کی منت اور حکمت تھی سو کَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ میں منت ہونا

www.besturdubooks.net

ظاہر ہے اور اَیْدِیَکُمْ عَنْهُمْ میں یہ ہے کہ اگر ایسا نہ ہوتا تو قتال میں امتداد ہو جاتا اور جو حکمتیں عدم قتال کی آگے مذکور ہیں فوت ہو جاتیں) اور اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں کو (اس وقت) دیکھ رہا تھا (ان کاموں کے اثر کو جانتا تھا اس لئے ایسا کام نہیں ہونے دیا جس سے قتال ہو جاوے اب آگے مقتضیات مغلوبیت کفار کا بیان فرماتے ہیں کہ) یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے (خدا کے ساتھ) کفر کیا اور تم کو (عمرہ کرنے کے لئے) مسجد حرام (سے جہاں طواف ہوتا اور اس کے توابع میں صفا و مروہ سے جہاں سعی ہوتی ان سب مقامات) سے روکا اور (نیز) قربانی کے جانور کو جو (حدیبیہ میں) رکا ہوا رہ گیا اس کے موقع (معہود یعنی منیٰ) میں (جو کہ توابع مسجد حرام سے ہے) پہنچنے سے روکا (یہ اشارہ ہے واقعۂ دوم کی طرف) اور (ان مقتضیات کا مقتضا یہ تھا کہ مسلمانوں سے ان کا قتال کرا کر ان کو مغلوب کر دیا جاتا لیکن بعض حکمتیں مانع تاثیر مقتضی مذکور ہو گئیں چنانچہ ایک حکمت یہ ہے کہ اس وقت وہاں بہت سے مسلمان تھے جو کفار کے ہاتھ میں محبوس و مظلوم تھے جیسا واقعۂ سوم سے معلوم ہوا سو بوجہ ان کے مختلط ہونے کے قتال کا اثر ان تک بھی ضرور پہنچتا جس سے ان کو ظاہری مضرت اور قاتل مسلمانوں کو باطنی مضرت پہنچتی اس لئے قتال نہیں ہوا اسی کو فرماتے ہیں کہ) اگر (مکہ میں اس وقت) بہت سے مسلمان مرد اور بہت سی مسلمان عورتیں نہ ہوتیں جن کی تم کو خبر بھی نہ تھی) یعنی ان کے پس جانے کا احتمال نہ ہوتا جس پر ان کی وجہ سے تم کو بھی بے خبری میں ضرر پہنچتا (جیسے گناہ اور جی بُرا ہونا پس اگر یہ بات نہ ہوتی) تو (بمقتضیات مذکورہ ابھی) سب قصہ طے کر دیا جاتا لیکن ایسا اس لئے نہیں کیا گیا تا کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت میں جس کو چاہے داخل کرے (چنانچہ ان مسلمانوں کی جان بچی اور تمہارا دین بچا البتہ) اگر یہ (مذکورہ مسلمان مکہ سے کہیں) ٹل گئے ہوتے تو ان (اہل مکہ) میں جو کافر تھے ہم ان کو (مسلمانوں کے ہاتھ سے) دردناک سزا دیتے (اور ان کو قتل کراتے نیز مقتضیات قتال میں سے ایک اور امر بھی قابل تذکرہ ہے جس کا وقوع اس وقت ہوا تھا) جب کہ ان کافروں نے اپنے دلوں میں عار کو جگہ دی اور عار بھی جاہلیت کی (اس عار سے وہ ضد مراد ہے جو بسم اللہ لفظ رسول اللہ لکھنے میں انہوں نے مسلمانوں سے کی تھی جو واقعۂ چہارم میں مذکور ہوئی اور اس لئے اس جاہلیت سے مقید فرمایا ورنہ مطلق حمیت و عار مذموم نہیں) سو (اس کا مقتضا یہ تھا کہ مسلمان جوش میں آ کر لڑ پڑتے مگر) اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو اور مومنین کو اپنی طرف سے تحمل عطا فرمایا (جس سے اپنے کو ضبط کر کے ان کلمات کے لکھنے پر اصرار نہیں کیا یہاں تک کہ صلح ہو گئی اور کفار قتال سے بچ گئے) اور (اس وقت) اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو تقویٰ کی بات پر جمائے رکھا (تقویٰ کی بات سے مراد ہے کلمۂ طیبہ اقرار توحید و رسالت کا کہ اس کی بدولت کفر و شرک سے بچاؤ ہو جاتا ہے اور نیز وہ مقتضی ہے وجوب تقویٰ و اطاعت کو اور اس پر جمائے رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ مقتضا اعتقاد توحید و رسالت کا اطاعت ہے اللہ و رسول کی جیسا ابھی بیان ہوا اور مسلمانوں کا یہ ضبط صرف اس وجہ سے تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ضبط کا حکم فرمایا تھا پس یہ اطاعت کلمۂ تقویٰ پر جمنا ہے) اور وہ (مسلمان) اس (کلمۂ تقویٰ) کے (دنیا میں بھی) زیادہ مستحق ہیں (کیونکہ ان کے قلوب میں طلب حق ہے اور طلب حق ہی مفضی الی الایمان ہوتی ہے) اور (آخرت میں بھی) اس (کے ثواب) کے اہل ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتا ہے (اس لئے اس نے ان مذکورہ حکمتوں سے ان کے قلوب میں تحمل پیدا کر دیا اور باوجود مقتضیات کے ان موانع کو مؤثر بنا دیا)۔ **ف:** ظاہراً لَمْ تَعْلَمُوْهُمْ اور بِغَيْرِ عِلْمٍ میں اور لَوْلَا رِجَالٌ اور لَوْ تَزَيَّلُوْا میں تکرار معلوم ہوتا ہے لیکن اگر اولین کو تفصیل اور اخیرین کو اجمال اور تخصیص اس تفصیل کی کہا جاوے تو اس اجمال بعد التفصیل کو تکرار محترز منہ کوئی داخل نہیں کہہ سکتا۔ اور اگر یہ شبہ ہو کہ بے خبری میں گناہ کیوں ہوگا جواب یہ ہے کہ جہاں بے خبری کا رفع قدرت میں ہو اور رفع میں کوشش نہ کی جاوے اس کا گناہ ہوگا اور اگر کہا جاوے کہ صحابہ میں یہ احتمال کب ہے کہ وہ کوشش میں کوتاہی کرتے جواب یہ ہے کہ بعض اوقات اس طرف التفات نہیں ہوتا کہ ہم سے کوتاہی ہوئی اور صحابہ سے بے التفاتی کا صدور محل اشکال نہیں اور حدیبیہ کو بطن مکہ جو بمعنی عین مکہ ہے مبالغۃً بوجہ مجاورت و قرب کے فرما دیا جس سے ظاہراً تائید ہو سکتی ہے اس قول کی کہ حدیبیہ کا ایک حصہ حرم میں ہے جیسا حنفیہ قائل ہیں اور ان پر یہ شبہ ہوگا کہ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ سے معلوم ہوتا ہے کہ ہدی حرم میں نہیں پہنچی کیونکہ محل اصلی اس کا حالت عدم احصار میں بالاتفاق حرم ہے اور حدیبیہ میں ہدی کا بلوغ متیقن ہے اس سے معلوم ہوا کہ حدیبیہ خارج از حرم ہے اس کا جواب یہ ہو سکتا ہے کہ محل سے مراد مطلق حرم نہیں بلکہ حرم کا موقع معہود اولیٰ مراد ہے جہاں قربانی کرنا غالباً معتاد ہے یعنی ایام نحر میں منیٰ اور غیر ایام نحر میں مکہ کہ شامی نے شرح اللباب سے اس کی اولویت نقل کی ہے اور روایت کا اطلاق حج اور عمرہ دونوں کی قربانی کو شامل ہے اور بندہ نے ترجمہ میں اس طرف اشارہ کر دیا ہے اور جمہور حدیبیہ کو خارج حرم کہتے ہیں ان کے نزدیک اس کو بطن مکہ کہنا غایت قرب کی وجہ سے نہ ہوگا بلکہ مطلق قرب کی وجہ سے ہوگا اور ان پر یہ شبہ ہوگا کہ تمہارے نزدیک محصر کے لئے محل ہدی خود محل احصار ہے تو ہدی یہاں تک پہنچ چکی تھی پھر مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ کے کیا معنی وہ بھی وہی جواب دیں گے کہ محل معہود مراد ہے اور احق کو صیغہ تفضیل سے لانا اور اہل کو بلا تفضیل لانا شاید اس نکتہ کی وجہ سے ہو کہ دنیا میں مکلف بالایمان سب ہیں تو تھوڑی تھوڑی قابلیت ایمان کی سب میں پائی جاتی ہے اور مسلمانوں میں زیادہ اور آخرت میں کفار کے لئے ثواب کی ذرا بھی قابلیت نہ ہوگی پس نفس اہلیت بھی مسلمانوں ہی میں منحصر ہوگی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ یہاں سوال یہ ہے کہ جب بے خبری میں ان کے ہاتھ سے اہل ایمان پامال ہو جاتے تو

www.besturdubooks.net

اس میں کوئی معصیت نہ ہوتی پھر مَعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ کے کیا معنی اس میں کئی اقوال ہیں جن کا حاصل تاسف وتالم طبعی ہے تو معصیت مراد ہی نہیں اور میرے نزدیک اقرب یہ ہے کہ گو معصیت نہ ہو مگر خود عمل میں اگرچہ بلاعلم ہو یہ خاصیت ہے کہ اگر بعد علم کے تدارک نہ کیا جاوے تو استعداد صالح ضعیف ہو جاتی ہے جس کا اثر اعمال میں بطالت ہے اور اس کا ضرر ہونا ظاہر ہے اور اہل قلوب اس کا مشاہدہ کرتے ہیں۔

اَلنَّحْو : قوله والهدى معطوف على الضمير المنصوب فى صدوكم قوله ان يبلغ منصوب بنزع الخافض اى عن ان ۱۲۔ قوله ان تطؤهم بدل من رجال بتقدير مضاف اى لو لا رجال اى كراهة وطأهم وجواب لو لا مقدر اى لقضى الامر ووقع القتال قوله ليدخل عامله مقدر مفهوم من جواب لو لا المقدر المذكور آنفا اى لكن لم يقع القتال ليدخل الخ قوله لعذبنا الذين كفروا منهم من البيان ان كان المرجع هم الكفار وتبعيضية ان كان المرجع اهل مكة مطلقاً ۱۲۔

البلاغۃ : قوله ببطن مكة لعل التقييد للاستحضار ۱۲ قوله تعلموهم فيه تغليب المذكر على المؤنث ۱۲۔

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ
وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ
بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۲۸﴾ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى
الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۫ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ
مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۖۛ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۛ۫ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ
الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ ع ۴ ۱۲

بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو سچا خواب دکھلایا جو مطابق واقع کے ہے کہ تم مسجد حرام (یعنی مکہ) میں ان شاء اللہ ضرور جاؤ گے امن وامان کے ساتھ کہ تم میں کوئی سر منڈاتا ہوگا اور کوئی بال کترا تا ہوگا۔ تم کو کسی طرح کا اندیشہ نہ ہوگا۔ سو اللہ تعالیٰ کو وہ باتیں معلوم ہیں جو تم کو معلوم نہیں پھر اس سے پہلے لگتے ہاتھ ایک فتح دے دی وہ اللہ ایسا ہے کہ اس نے اپنے رسول کو ہدایت دی اور سچا دین (یعنی اسلام) دے کر (دنیا میں) بھیجا ہے تاکہ اس کو تمام دینوں پر غالب کرے اور اللہ کافی گواہ ہے۔ محمد اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور جو لوگ آپ کے صحبت یافتہ ہیں وہ کافروں کے مقابلہ میں تیز ہیں اور آپس میں مہربان ہیں اے مخاطب تو ان کو دیکھے گا کہ کبھی رکوع کر رہے ہیں کبھی سجدہ کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ کے فضل اور رضامندی کی جستجو میں لگے ہیں ان کے آثار بوجہ تاثیر سجدہ کے ان کے چہروں پر نمایاں ہیں یہ ان کے اوصاف توریت میں ہیں اور انجیل میں ان کا یہ وصف ہے کہ جیسے کھیتی کہ اس نے اپنی سوئی نکالی پھر اس نے اس کو قوی کیا پھر وہ اور موٹی ہوئی پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہوگئی کہ کسانوں کو بھلی معلوم ہونے لگی تاکہ ان سے کافروں کو جلادے اور اللہ تعالیٰ نے ان صاحبوں سے جو کہ ایمان لائے اور نیک کام کر رہے ہیں مغفرت اور اجر عظیم کا وعدہ کر رکھا ہے۔

تفسیر ربط : اوپر جس واقعہ کا ذکر ہے اس کے قبل مدینہ میں آپ نے ایک خواب دیکھا تھا جس کا ذکر واقعۂ اول میں ہوا جب حدیبیہ میں رُک گئے تو بعض صحابہؓ نے تعبیر واقع نہ ہونے پر استکشافاً آپؐ سے سوال کیا اور آپؐ نے جواب میں ارشاد فرمادیا کہ میں نے یہ نہیں کہا کہ اسی سال اس کی تعبیر پوری ہوگی **رواه البخاری عن عمرؓ قال قلت او ليس كنت تحدثنا ان سناتى البيت ونطوف قال صلى الله عليه وسلم بلى افا خبرتك انك تاتيه العام قلت لا قال فانك اتيه ومطوف به** اور خازن ومدارک میں بلاسند اور ابن جریر میں ابن زید سے بسند یہ بھی ہے کہ منافقین نے طعن واعتراض کیا کہ خواب غلط نکلا۔ اگلی آیتوں میں اس خواب کی تحقیق اور اس خواب کی تصدیق ارشاد ہے **كما فى الدر المنثور عن مجاهد قال اصحابه اين رؤياك يا رسول الله فانزل الله** : لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا الخ۔

تصدیق رؤیائے نبویہ:

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ (الى قوله تعالى) فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾ بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو سچا خواب دکھلایا ہے جو (بالکل) مطابق واقع کے ہے تم لوگ مسجد حرام (یعنی مکہ) میں ان شاء اللہ ضرور جاؤ گے امن وامان کے ساتھ کہ تم میں کوئی سر منڈاتا ہوگا کوئی بال کترا تا ہوگا (اس سے مراد عمرہ ہے کہ اس میں حلق وقصر ہوتا ہے۔ اور اول سے آخر تک تم کو کسی طرح کا اندیشہ نہ ہوگا (مطلب یہ کہ خواب کی تعبیر ضرور واقع ہوگی چنانچہ سال آئندہ اسی طرح وقوع ہوا جس کا ذکر واقعۂ

www.besturdubooks.net

تم میں ہو چکا ہے رہی یہ بات کہ جس سال خواب دیکھا تھا اسی سال تعبیر ہو جاتی) سو (بات یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ کو وہ باتیں (اور حکمتیں) معلوم ہیں جو تم کو معلوم نہیں (چونکہ اس تاخیر میں حکمت تھی اس لئے مؤخر فرما دیا) پھر (اس تاخیر سے جو رنج ہوا تھا اس کی اشک شوئی کے واسطے) اس (وقوع تعبیر) سے پہلے لگتے ہاتھ ایک فتح دے دی (مراد فتح خیبر ہے)۔

ف: بِالْحَقِّ ۚ بتاویل متلبسا بِالْحَقِّ ۚ تاکید واہتمام کے لئے ہے جس کو رفع تردد صحابہ کا یا دفع طعن مخالفین کا مقتضی ہے اور اٰمِنِيْنَ میں امن وقت الدخول ہے اور لَا تَخَافُوْنَ میں امن بعد الدخول الی الخروج پس اس میں تکرار نہیں اور فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ ... میں یہ بھی احتمال ہے کہ بیان ہوا ایک حکمت کا تقریر یہ ہوگی کہ اگر اسی سال عمرہ ہوتا تو قتل وقتال ضرور ہوتا اور صلح نہ ہوتی اور اس میں بہت سی مصلحتیں فوت ہوتیں جن کا اوپر ذکر گزر چکا ہے ایک ان میں سے یہ بھی تھی کہ خیبر کے مغانم ہاتھ نہ آتے کیونکہ اول تو قتال اہل مکہ سے تعب ہو چکتا تو دو ہی مہینہ بعد دوسری معرکہ آرائی مشکل تھی دوسرے سفر کرنے میں اندیشہ اہل مکہ کی طرف لگا رہتا کہ کہیں وہ مدینہ پر نہ آ چڑھیں تو سفر واقع ہونا دشوار ہوتا پس اس تاخیر تعبیر وتکمیل صلح کے منافع میں سے ایک منفعت یہ فتح قریب بھی ہے واللہ اعلم۔ اور یہاں ان شاء اللہ تعلیق کے لئے نہیں بلکہ تحقیق وتاکید کے لئے ہے کذا فی تفسیر ابن کثیر۔

ربط: اوپر جو وعدے فتوحات کے اور بشارتیں اور فضائل اہل حدیبیہ کو خصوصاً اور صحابہ رضی اللہ عنہم کو عموماً سنائے ہیں آگے خاتمہ میں ان مضامین کی تاکید اور تلخیص ہے اور چونکہ یہ سب نعمتیں بدولت اطاعت وتصدیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عطا ہوئی ہیں تاکید استمرار علی التصدیق والاطاعت کے لئے ونیز صلح نامہ میں لفظ رسول اللہ لکھنے پر کفار کے ضد کرنے سے جو ان کا انکار رسالت کرنا معلوم ہوتا ہے اس کے رد کے لئے رسالت محمدیہ کی تحقیق اور تنصیص ہے اور وعدوں کا عام ہونا اس سے ظاہر ہے کہ اوپر وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً ... فرمایا ہے اور ظاہر ہے کہ یہ مغانم جن غزوات میں ہاتھ آئے ہیں اس میں غیر اہل حدیبیہ بھی شریک تھے اسی طرح فتح مکہ میں اخری لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا فرمایا ہے اس میں بھی اہل حدیبیہ وغیر اہل حدیبیہ شریک تھے اور بشارت میں لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ عام عنوان سے فرمایا ہے اسی طرح آئندہ آیات میں وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ عام عنوان ہے جس میں اہل حدیبیہ بھی داخل ہیں اور بوجہ مورد نزول ہونے کے اس میں احق واسبق ہیں باقی عموم الفاظ سے داخل سب صحابہ ہیں کہ معہ سب پر صادق آتا ہے۔

اثبات رسالت سید المرسلین وبشارت فتوحات دنیا ودین بصحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین:

هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى (الی قولہ تعالیٰ) مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝ وہ اللہ ایسا ہے کہ اس نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ہدایت (کا سامان یعنی قرآن) اور سچا دین (یعنی اسلام) دے کر (دنیا میں) بھیجا ہے تاکہ اس (دین) کو تمام دینوں پر غالب کر دے (باعتبار حجت ودلیل کے تو ہمیشہ اور باعتبار شوکت وسلطنت اہل دین اسلام کے بشرط صلاح اہل دین کے اور چونکہ یہ شرط صحابہؓ میں پائی جاتی تھی کما یدل علیہ قولہ والذین معہ الخ اس لئے یہ آیت اثبات رسالت کے ساتھ بشارت بھی ہوگئی صحابہؓ کے لئے فتوحات عامہ کی چنانچہ ایسا ہی واقع ہوا کما یظھر بالتاریخ) اور یہ اہل حمیت جاہلیت جو آپ کی رسالت کے منکر ہیں آپ مغموم نہ ہوں کیونکہ آپ کی رسالت پر) اللہ کافی گواہ ہے (اور وہ آپ کی رسالت) کی تصدیق کرتا ہے اور کافی کا یہ مطلب نہیں کہ دلائل کی حاجت نہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ ان کا انکار مضر نہیں اور گواہی اللہ تعالیٰ کی یہی ہے کہ اس نے رسالت پر دلائل قائم کئے من المعجزات واعجاز القرآن پس دلائل سے یہ بات ثابت ہوگئی) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں (اس میں اثبات رسالت کے ساتھ آپ کا تسلیہ بھی ہے کہ اگر یہ لوگ صلح نامہ میں آپ کے نام کے ساتھ لفظ رسول اللہ نہیں لگانے دیتے تو ہم اپنے قرآن میں آپ کے نام کے ساتھ یہ لفظ قیامت تک کے لئے مقرون کئے دیتے ہیں) اور (آگے آپ کے متبعین صحابہؓ کے فضائل وبشارات ہیں کہ) جو لوگ آپ کے صحبت یافتہ ہیں (عموماً اور جو اس سفر حدیبیہ میں ہمراہ ہیں خصوصاً اور صحبت عام ہے قلیل وکثیر کو پس سب صحابہؓ اس میں آ گئے غرض وہ حضرات ان صفات وکمالات کے ساتھ موصوف ہیں کہ) وہ کافروں کے مقابلہ میں تیز ہیں (اور) آپس میں (یعنی مسلمانوں کے ساتھ) مہربان ہیں (اور) اے مخاطب تو ان کو دیکھے گا کہ کبھی رکوع کر رہے ہیں کبھی سجدہ کر رہے ہیں (اور) اللہ تعالیٰ کے فضل (یعنی ثواب) اور رضامندی (یعنی قرب) کی جستجو میں لگے ہیں ان (کی عبدیت) کے آثار بوجہ تاثیر (ان کے) سجدہ (اور عبادت) کے ان کے چہروں پر نمایاں ہیں (وہ آثار خشوع وخضوع) کے انوار ہیں جو مؤمن متقی کے چہرہ میں مشاہدہ کئے جاتے ہیں) یہ (جو) ان کے اوصاف (مذکور ہوئے) توریت میں (موجود) ہیں اور انجیل میں ان کا یہ وصف (مذکور) ہے کہ جیسے کھیتی کہ اس نے (اول زمین سے) اپنی سوئی نکالی پھر اس کے (عناصر سے حنذی ہو کر اپنی) اس (سوئی) کو قوی کیا (مطلب یہ کہ وہ کھیتی قوی ہوئی) پھر وہ کھیتی اور موٹی ہوئی پھر اپنے تنہ پر سیدھی کھڑی ہوگئی کہ (اپنے نشو ونما سے) کسانوں کو بھلی معلوم ہونے لگی (اسی طرح صحابہؓ میں اول ضعف تھا پھر روزانہ قوت بڑھتی گئی اس میں بھی بشارت ہے فتوحاتِ اسلامیہ کی۔ اور اللہ تعالیٰ نے صحابہؓ کو اس لئے نشو ونما دیا) تاکہ ان (کی اس حالت) سے کافروں کو (حسد میں) جلاوے (اور آخرت میں) اللہ تعالیٰ نے ان صاحبوں سے جو کہ ایمان لائے ہیں اور نیک کام کر رہے ہیں (گناہوں کی)

www.besturdubooks.net

مغفرت اور (طاعات پر) اجر عظیم کا وعدہ کر رکھا ہے (اَشِدَّآءُ ...... الخ میں ان کے اخروی اعمال اور کَزَرْعٍ میں ان کے دنیوی احوال اور وَعَدَ اللّٰهُ ...... میں ان کا حسن مآل مذکور ہے)۔

ف: الزراع کی تخصیص اس لئے کہ وہ مبصر ہوتے ہیں جب ان کو وہ کھیتی خوش معلوم ہوتی ہے تو واقع ہی میں اچھی ہے اور اس میں صحابہؓ کی نہایت بلیغ مدح ہے اور منہم میں من بیانیہ ہے پس سب صحابہؓ اس میں داخل ہیں البتہ یہ مسلم ہے کہ ختم علی الایمان شرط ہے صحابیت اور برکات وفضائل صحابیت کی لیکن اس سے شاتمین صحابہؓ کی کاربرآری نہیں ہوسکتی اس لئے کہ اگر علم الٰہی میں حقیقی صحابیؓ معدودے چند ہوتے جیسا کہ اس فرقہ کا زعم فاسد ہے تو اس عنوان سے جس سے محاورات فصیحہ کی رو سے کلیت اور برتقدیر تسلیم من کے تبعیضہ ہونے کے اکثریت مفہوم ہوتی ہے تعبیر نہ فرماتے کہ موہم سخت غلطی کو ہے اس سے صاف معلوم ہوا کہ کل یا قریب کل کے صحبت یافتہ ایسے ہی تھے اگر احیاناً کوئی فرد جس نے صحبت کم پائی ہو خارج ہو جاوے تب بھی فرقہ مذکورہ کو یہ آیت مضر ہے اور بعض نے اس آیت سے اُس فرقہ کی تکفیر پر استدلال کیا ہے کیونکہ وہ بھی غیظ رکھتے ہیں لیکن یہ استدلال مشکل ہے کیونکہ آیت سے کافر کا ذی غیظ ہونا ثابت ہوتا ہے کلیاً یا اکثر یا اور ذی غیظ کا کافر ہونا ثابت نہیں ہوتا اور ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ ...... میں چند احتمال ہیں اول: ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚ پر کلام ختم ہو جاوے اور ذٰلِكَ سے اشارہ ہو اوپر کے اوصاف کی طرف اور وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ سے دوسرا کلام شروع ہو اور خبر اس کی کَزَرْعٍ ...... ہو اس بناء پر اوصاف بالا توریت میں مذکور ہوں گے اور تمثیل اخیر انجیل میں ہوگی دوسرا احتمال فی الانجیل پر کلام ختم ہو اور ذلک کا اشارہ اوصاف بالا کی طرف ہو تو اس بناء پر اوصاف سابقہ کا توریت وانجیل میں ہونا چاہئے اور کَزَرْعٍ یہ مستقل جملہ ہو جس کا مضمون کسی سے منقول نہ ہو تیسرا احتمال یہ توریت پر کلام ختم ہو نہ انجیل پر اور ذلک سے اشارہ تمثیل آئندہ کی طرف ہو تو اس بناء پر مضمون تمثیل توریت وانجیل دونوں میں ہونا چاہئے اگر توریت وانجیل اصلی ہوتیں تو ایک احتمال متعین اور متیقن ہو جاتا مگر جس حالت میں وہ پائی جاتی ہیں ان کے اعتبار سے احتمال اول راجح ہے چنانچہ تفسیر حقانی میں توریت سفر استثنا تینتیسویں باب کے شروع سے نقل کیا ہے خداوند سینا سے آیا اور شعیر سے ان پر طلوع ہوا فاران کے پہاڑ سے وہ جلوہ گر ہوا دس ہزار قدسیوں کے ساتھ آیا۔ پھر اسی باب سے آگے چل کر نقل کیا ہے۔ ہاں وہ اس قوم سے بڑی محبت رکھتا ہے اس کے سارے مقدس تیرے ہاتھ میں ہیں اور وہ تیرے قدموں کے نزدیک بیٹھے ہیں اور تیری باتوں کو مانیں گے اھ۔ فاران پہاڑ مکہ کے پاس ہے اور شعیر مدینہ کے پاس اور یہ مضمون اشداء علی الکفار الخ سے ملتا ہوا ہے کیونکہ یہ سب اطاعت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جو اوپر مذکور ہوئی کہ تیری باتوں کو مانیں گے اور انجیل متی کی تیرھویں باب کے آٹھویں جملہ اور پھر ۳۱،۳۲ جملہ سے نقل کیا ہے اور کچھ تخم اچھی زمین میں گرا اور پھل لایا کچھ سوگنا کچھ ساٹھ گنا کچھ تیس گنا اھ بندہ کتب سابقہ سے بالکل واقف نہیں اس لئے زیادہ تحقیق نہ کر سکا۔ اور اَشِدَّآءُ و رُحَمَآءُ سے مقصود بغض فی اللہ وحب فی اللہ ہے پس احیاناً حسب حکم شرعی مؤمن کے ساتھ عنف اور کافر کے ساتھ ترحم اس کے منافی نہیں۔ الحمد للہ کہ سورۂ فتح کی تفسیر ختم ہوئی اب سورۂ حجرات کی آتی ہے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ ...... یعنی صفت جلال وجمال کے جامع ہیں اور سیماً خلعت نور الٰہی ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في الذين معه خصوصاً وعليه يحمل ما في الروح عن ابن عباسؓ من شهد الحديبية آه ۱۲۔

اللغات: قوله لقد صدق في الروح ان المعنى لقد صدق الله رسوله في رؤياه على انه من باب الحذف والايصال كما في قولهم صدقني سن بكره وتحقيقه انه تعالى اراه الرؤيا الصادقة وقال الراغب الصدق يكون بالقول وبالفعل وما في الآية صدق بالفعل وهو التحقيق اى حقق سبحانه رؤياه ۱۲۔ شطأه في القاموس فراخ النخل والزرع او ورقه ومن الشجر ما خرج حول اصله آه ۱۲۔

النحو: قوله فاستغلظ راجع الى الورع كذا في الخازن۔

البلاغة: قوله فازره الاسناد مجازى ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ

سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ ٤٩ ۔ ١٠٦ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیاتھا ١٨ | رکوعاتھا ٢

سورۃ الحجرات مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ١٨ آیات اور ٢ رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ① يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ
وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ② اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ
لِلتَّقْوٰى ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ③ اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَاۗءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ④ وَلَوْ
اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑤

اے ایمان والو اللہ اور رسول (کی اجازت) سے پہلے تم سبقت مت کیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ تعالیٰ (تمہارے سب اقوال کو) سننے والا اور (تمہارے سب افعال کو) جاننے والا ہے۔ اے ایمان والو تم اپنی آوازیں پیغمبر کی آواز سے بلند مت کیا کرو اور نہ ان سے ایسے کھل کر بولا کرو جیسے تم آپس میں ایک دوسرے سے بولا کرتے ہو کبھی تمہارے اعمال برباد ہو جائیں اور تم کو خبر بھی نہ ہو۔ بے شک جو لوگ اپنی آوازوں کو رسول اللہ کے سامنے پست رکھتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کے قلوب کو اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کے لئے خالص کر دیا اور ان لوگوں کے لئے مغفرت اور اجر عظیم ہے۔ جو لوگ حجروں کے باہر سے آپ کو پکارتے ہیں ان میں اکثر کو عقل نہیں ہے اور اگر یہ لوگ (ذرا) صبر (اور انتظار) کرتے یہاں تک کہ آپ خود باہر ان کے پاس آ جاتے تو یہ ان کے لئے بہتر ہوتا (کیونکہ ادب کی بات تھی) اور اللہ غفور رحیم ہے۔

سورة الحجرات مدنية وايها ثماني عشر كذا في البيضاوى

تفسیر ربط: اوپر کی سورت میں اصلاح آفاق بالجہاد ہے اس میں اصلاح انفس بالارشاد ہے اور حاصل مجموعہ اجزائے سورت کا بیان حقوق حضرت سید المرسلین وحقوق اخوان فی الدین ہے۔

احکام موجب اجلال وتعظیم رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑤ (قصہ ان آیتوں کے نزول کا یہ ہے کہ ایک بار بنی تمیم کے کچھ لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حضرت ابوبکر وحضرت عمر رضی اللہ عنہما میں باہم آپ کی مجلس میں اس امر میں گفتگو ہوئی کہ ان لوگوں پر حاکم کس کو بنایا جاوے حضرت ابوبکرؓ نے قعقاع بن معبد کی نسبت رائے دی اور حضرت عمرؓ نے اقرع بن حابس کی نسبت رائے دی اور گفتگو بڑھ کر دونوں کی آوازیں بلند ہو گئیں اس پر یہ حکم نازل ہوا **رواه البخاری** کذا) اے ایمان والو اللہ اور رسول (کی اجازت) سے پہلے تم (کسی قول یا فعل میں) سبقت مت کیا کرو (یعنی جب تک قرائن قویہ یا تصریح سے اذن گفتگو کا نہ ہو گفتگو مت کرو جیسا مورد آیت میں انتظار کرنا چاہئے تھا کہ یا تو آپ خود کچھ فرماتے یا آپ پوچھتے بدوں انتظار کے مبادرت میں احتمال تھا کہ شاید یہ مبادرت آپ کی مرضی کے خلاف ہو تو جائز نہ ہوگا کیونکہ جواز موقوف ہے اذن شرعی پر خواہ قطعی ہو یا ظنی اور جیسے غیبت رسول میں اول نص پھر تامل وفکر نص میں ضروری ہے اسی طرح حضور میں اول انتظار نص بھی تامل قرائن میں ضروری تھا پس غلطی یہ ہوئی کہ انتظار نہیں کیا اسی طرح ہر فعل میں یہی حکم ہے) اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ تعالیٰ

www.besturdubooks.net

(تمہارے سب اقوال کو) سننے والا (اور تمہارے افعال کو) جاننے والا ہے (اور) اے ایمان والو تم اپنی آوازیں پیغمبر (ﷺ) کی آواز سے بلند مت کیا کرو اور نہ ان سے ایسے کھل کر بولا کرو جیسے آپس میں ایک دوسرے سے کھل کر بولا کرتے ہو (یعنی نہ بلند آواز سے بولو جب کہ آپ کے سامنے بات کرنا ہو گو باہم ہی مخاطبت ہو اور نہ برابر کی آواز سے بولو جب کہ خود آپ سے مخاطبت کرو) کبھی تمہارے اعمال برباد ہو جاویں اور تم کو خبر بھی نہ ہو (اس کا مطلب یہ ہے کہ بعض اوقات رفع صوت کہ صورۃ بے باکی ہے اور جهر كجهر ما بينهم کہ گستاخی ہے طبعاً بوجہ اس کے کہ تابع قالاً وحالاً مدعی التزام ادب متبوع ہوتا ہے اور اس میں اس التزام کا ترک ہے ناگوار اور موجب تاذی ہو سکتا ہے اور تاذی رسول کی موجب حبط عمل ہے اور گو اور معاصی موجب حبط نہیں ہوتے لیکن یہ اس عام میں سے مخصوص ہے البتہ بعض اوقات جب کہ طبیعت زیادہ منبسط ہو یہ امور ناگوار نہیں ہوتے اس وقت بوجہ عدم تحقق ایذاء موجب حبط نہیں ہوتے اور چونکہ تاذی سامع کا تحقق یا عدم تحقق بعض اوقات متکلم کو معلوم نہیں ہوتا اور اس بناء پر ممکن ہے کہ تاذی ہو جاوے اور اس سے حبط بھی ہو جاوے اور متکلم اسی گمان میں رہے کہ تاذی نہیں ہوئی پس حبط کی بھی خبر نہ ہو لَا تَشْعُرُوْنَ۝ کے یہی معنی ہیں اور اسی وجہ سے مطلق رفع صوت و جہر بالقول کو منہی عنہ ٹھہرایا کہ گو اس کے بعض افراد موجب تاذی نہ ہوں گے لیکن اس کی تعیین کیسے ہوگی لہٰذا مطلقاً تمام افراد کو ترک کر دینا چاہئے یہ تو ترہیب تھی رفع صوت پر آگے ترغیب ہے خفض صوت کی کہ) بے شک جو لوگ اپنی آوازوں کو رسول (ﷺ) کے سامنے پست رکھتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کے قلوب کو اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کے لئے خالص کر دیا ہے (یعنی ان کے قلوب میں غیر تقویٰ نہیں ہے مطلب یہ کہ متقی کامل ہیں مطلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس باب خاص میں وہ کمال تقویٰ کے ساتھ موصوف ہیں کیونکہ کمال تقویٰ حسب حدیث مرفوع ترمذی یہ ہے: لا يبلغ العبد ان يكون من المتقين حتى يدع ما لا باس به حذرا لما به باس اور رفع صوت کی ایک فرد في نفسه غير ذي باس ہے جس میں تاذی نہ ہو اور ایک فرد ذی باس ہے جس میں تاذی ہو جب انہوں نے مطلقاً رفع صوت کو ترک کر دیا تو ذی باس کے حذر سے غیر ذی باس کو ترک کر دیا پس کمال تقویٰ متحقق ہو گیا اور فی نفسہ کی قید اس لئے لگائی کہ بعد نہی کے پھر تو دونوں فردیں ذی باس ہیں آگے ان کے اس عمل کا ثمرۂ اخروی مذکور ہے کہ) ان لوگوں کے لئے مغفرت اور اجر عظیم ہے (اور اگلی آیتوں کا قصہ یہ ہے کہ وہی بنی تمیم جب آپ کے حضور میں آنے کے لئے آئے تو اس وقت آپ دولت خانہ میں تشریف رکھتے تھے ان لوگوں نے باہر سے بوجہ قلت تہذیب کے آپ کو نام لے لے کر پکارنا شروع کیا یا محمد اخرج الينا اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں كذا في الدر المنثور برواية ابن اسحق عن ابن عباس کہ) جو لوگ حجروں کے باہر سے آپ کو پکارتے ہیں ان میں اکثروں کو عقل نہیں ہے (ورنہ آپ کا ادب کرتے اور ایسی جرأت نہ کرتے اور اکثرهم فرمانے کی وجہ یا تو یہ ہے کہ بعض پکارنے والے فی نفسہ جری نہ ہوں گے لیکن دیکھا دیکھی ان سے بھی غلطی ہو گئی اور یا سب ایک ہی طرح کے ہوں لیکن اس لفظ کے کہنے سے کسی کو اشتعال نہ ہوگا کیونکہ ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ شاید مجھ کو کہنا مقصود نہ ہو اور یہ طریقہ آداب وعظ سے ہے) اور اگر یہ لوگ (ذرا) صبر (و انتظار) کرتے یہاں تک کہ آپ خود باہر ان کے پاس آ جاتے تو یہ ان کے لئے بہتر ہوتا (کیونکہ یہ ادب کی بات تھی) اور (یہ لوگ اگر اب بھی توبہ کر لیں تو معاف ہو جاوے کیونکہ) اللہ غفور رحیم ہے۔ ف: بعد نزول آیات سابقہ کے صحابہؓ کی یہ کیفیت ہو گئی کہ حضرت ابو بکرؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ قسم ہے کہ اب مرتے دم تک آپ سے اس طرح بولوں گا جیسا کوئی کسی سے سرگوشی کرتا ہو كذا في الدر عن البيهقي اور حضرت عمرؓ اس قدر آہستہ بولنے لگے کہ بعض اوقات دوبارہ پوچھنا پڑتا كذا في الصحاح اور حضرت ثابت بن قیس کی باوجودیکہ خلقۃً آواز بلند تھی مگر یہ سن کر وہ بہت ڈرے اور روئے اور نہایت تکلف کر کے اپنی آواز کو گھٹایا كذا في الدر اور علماء نے تصریح کی ہے کہ جو حضرات دین کی بزرگی رکھتے ہوں ان کے ساتھ بھی یہی آداب برتنا چاہئے گو سوئے ادب کا وبال اس درجہ کا نہ ہوگا لیکن تاذی بلا ضرورت میں حرمت ضرور ہے اور حبط اعمال کی تقریر میں جو کہا گیا ہے کہ یہ اس عام میں سے مخصوص ہے احقر کے نزدیک سہل محمل یہی ہے اور اس سے معتزلہ و خوارج کے استدلال کی بھی گنجائش نہ رہی کہ گناہ کرنے سے خارج عن الایمان یا داخل فی الکفر ہو جاتا ہے اور نہ اہل حق کی طرف سے جواب دینے کے لئے اس امر کی ضرورت رہی کہ رفع صوت کا کفر ہونا بواسطہ تاذی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بتکلف ثابت کیا جاوے کیونکہ کفر وہی رفع صوت وغیرہ ہو سکتا ہے جس سے خاص مقصود آپ کو ایذاء ہی پہنچانا ہو بخلاف معصیت کے کہ امر اس کا اہون ہے فعل محتمل ایذاء کا بھی معصیت قرار دینا بعید نہیں خوب سمجھ لو غایت ما فی الباب ایک معصیت کو بھی حابط اعمال کہنا پڑے گا سو اس موجبہ جزئیہ کی نقیض کوئی سالبہ کلیہ منصوص نہیں ہے اس لئے اس کا قائل ہونا مضائقہ نہیں اور اس میں اجلال نبوی کی خاص رعایت ہے اسی لئے اس کا قائل ہونا ارجح ہے ایک تقریر تو حبط اعمال کی یہ ہے مگر اس کی تحریر کے بعد اس کا یہ جزو قلب میں کھٹکتا تھا کہ اہلسنت کے اس قاعدہ کو جو ظاہراً عام معلوم ہوتا ہے کہ معاصی حابط اعمال نہیں مخصوص کہنا پڑے گا جس پر بجز ضرورت توجیہ قریب آیت کے اور کوئی دلیل نہیں اور چونکہ دوسری توجیہات بھی محتمل ہیں اس لئے احتمال کے ہوتے ہوئے اس ظاہر کا دلیل بننا مشکل ہے اور بلا دلیل تخصیص کا دعویٰ مشکل اس لئے ایسی توجیہ کی تلاش ہوئی جس میں تخصیص کا بھی قائل ہونا نہ پڑے اور آیت میں بھی کسی بعید تاویل کا ارتکاب کرنا نہ پڑے پس متعدد تفاسیر میں بھی تلاش کیا گیا اور دوسرے احباب سے بھی مشورہ کیا گیا مگر میرے قلب کو کسی

www.besturdubooks.net

توجیہ سے شفا نہ ہوئی آخر حضرت مولانا رومیؒ کے کلام سے جناب باری تعالیٰ میں دعاء کر کے استمداد کی کہ ان کے کلام میں کوئی ایسا مضمون ظاہر فرما دیجئے جو اس آیت کی تفسیر میں معین ہو جاوے۔ یہ دعاء کر کے جو مثنوی کھولی تو دوسرے اشعار مناسبہ کے ساتھ یہ شعر نکلا

چوں دل آن شاہ زین سان خون بود ☆ عصمت او انت فیہم چون بود

جس میں بہت ہی تھوڑا تامل کرنے سے فوراً قلب میں تقریر ذیل وارد ہوئی وہ یہ کہ بے ادبی اور گستاخی سے جب کہ بقصد ایذائے رسول نہ ہو صرف گناہ ہی ہوگا مگر چونکہ یہ سبب ہوگا ایذائے رسول کا (وینطبق علی قول مولانا زین سان خون بود) اور ایذائے رسول حق تعالیٰ کے نزدیک اس قدر مبغوض ہے کہ بعض اوقات وہ سبب ہو جاتا ہے خذلان وعدم توفیق وعدم حفظ حق للعبد کا (وینطبق علی قول مولانا عصمت چون بود) اور یہ خذلان سبب قریب ہو جاتا ہے وقوع فی الکفر الاختیاری کا اور کفر کا حابط اعمال ہونا معلوم ہے پس معنی یہ ہوئے کہ تم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے رفع صوت وجہر بالقول مت کرو کبھی ایسا نہ ہو کہ آپ کو تکلیف پہنچے جس سے تم مخذول ہو جاؤ اور اس خذلان کے سبب خدانخواستہ تم قصداً کفر کے اعمال کرنے لگو اور جس وقت تم رفع صوت وجہر بالقول کے مرتکب ہوئے تھے اس وقت تم کو اس تسبب رفع وجہر للکفر بواسطہ تاذی رسول وخذلان حق کی خبر اور اس کا احتمال بھی نہ تھا کیونکہ اس کے احتمال پر صحابہؓ سے اس کے ارتکاب کا کب احتمال ہو سکتا تھا پس میں نے جو کہا ہے کہ کبھی ایسا نہ ہو الخ یہ حاصل ہے ان تحبط بتاویل مخافۃ ان تحبط کا اور یہ جو کہا ہے اس وقت تم کو اس قول خبر اور اس کا احتمال بھی نہ تھا یہ حاصل ہے: وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ کا پس اس تقریر پر کسی معصیت کا حابط بلاواسطہ ہونا بھی لازم نہ آیا اور اسی حبط بلاواسطہ ہی کی اہل سنت نے نفی فرمائی ہے اور اس معصیت کا دوسرے معاصی سے اشد ہونا بھی جو کہ مفہوم عن المقام ہے ثابت ہو گیا کہ دوسرے معاصی میں اس شان کی وعید نہیں آئی۔ الحمد للہ کہ اس تقریر سے غبار صاف ہو گئے اور لفظاً بھی کسی تکلف کا ارتکاب کرنا نہیں پڑا وہذا من فضل اللہ تعالیٰ ثم من برکات مولانا نیز اشرف علی عارض ہے کہ تقریر بالا میں جملۂ حالیہ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ کی مقارنت حامل کے ساتھ حکمیہ ہوگی اس کے بعد ایک تقریر اس حال کی مقارنت حقیقیہ کی ذہن میں آئی جس کو ہنوز ضبط نہ کرنے پایا کہ مشفقی مولوی حبیب احمد صاحب نے مجھ کو لکھ کر دکھلائی چونکہ وہ بالکل وہی تقریر تھی جس کو میں لکھنا چاہتا تھا اس لئے میں اس میں بالکلیہ متفق ہوا اور ذیل میں اس کو نقل کیا جاتا ہے وہو ہذا چونکہ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ حال ہے اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ سے اسی لئے مجھے اچھا معلوم ہوتا ہے کہ عنوان بیان یہ ہو پس یہ معنی ہوئے کہ تم رفع صوت وجہر بالقول مت کرو مبادا اس کی شامت سے تمہارے اعمال حبط ہو جائیں (اس طرح کہ رفع صورت وجہر بالقول موجب ایذائے رسول ہو کر مفضی الی الخذلان ہوا اور خذلان منجر بکفر اختیاری موجب حبط اعمال ہو جاوے) اور تمہیں احساس بھی نہ ہو کہ اس کا اصلی سبب تمہارا رفع صوت وجہر بالقول ہی تھا اور تمہارے اس لا ابالی پن نے تم کو یہ روز بد دکھلایا اس عنوان میں پورا مقصود بھی آ گیا اور وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ کی حالیت بھی ظاہر رہی انتہی تقریر المشفق الموصوف اور الیہم اس لئے بڑھایا کہ اگر خروج ہو مگر قرائن سے معلوم ہوا کہ ان سے ملنے کو نہیں تشریف لائے مثلاً پاہر آ کر اور کسی کام کی طرف متوجہ ہو گئے تو ان کو اس وقت اور صبر کرنا چاہئے یہاں تک کہ آپ ان کی طرف متوجہ ہوں کیونکہ یہ خروج الیہم نہیں ہے جو کہ غایۃ ہے صبر کی بلکہ توجہ الیہم جو کہ حاصل ہے خروج الیہم کا صبر کی غایت ہوگی۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اس میں عمل بالشرع کا لزوم اور ادب کی رعایت اور مقتضیات طبع کا ترک مذکور ہے۔ قولہ تعالیٰ: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ یہ آیات اصل ہیں شیخ کے آداب واحترام میں۔

اللغات: قوله امتحن مجاز عن الاخلاص لان الذهب يمتحن و يذاب ليخلص ابريزه من خبثه وينقى وفى الروح ان تفسير امتحن باخلص رواه ابن جرير و جماعة عن مجاهد۔ قوله من وراء بمعنى خارج اعم من قدام و خلف و من ابتدائية لان ابتداء النداء من المنادى وهو خارج من الحجرات ۱۲۔

البلاغۃ: قوله لا تقدموا مفعوله محذوف لافادة التعميم اى امرا من القول او الفعل قوله بين يدى الله اى امر الله ورسوله ولما كان الاذنان متلازمين لا حاجة الى ان يقال ان ذكر الله للايذان بجلالة محله عليه السلام قوله يايها الذين امنوا لا ترفعوا اعادة النداء مع قرب العهد به للمبالغة فى الايقاظ والتنبيه والاشعار باستقلال كل من الكلامين باستدعاء الاعتناء بشانه ۱۲۔ قوله ينادونك عبر عن الماضى بالمضارع للاستحضار ۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ

www.besturdubooks.net

وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

اے ایمان والواگر کوئی شریر آدمی تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو خوب تحقیق کرلیا کرو۔ کبھی کسی قوم کو نادانی سے کوئی ضرر نہ پہنچا دو پھر اپنے کئے پر پچھتانا پڑے اور جان رکھو کہ تم میں رسول اللہ ہیں۔ بہت سی باتیں ایسی ہوتی ہیں اگر وہ اس میں تمہارا کہنا مانا کریں تو تم کو بڑی مضرت پہنچے لیکن اللہ تعالیٰ نے تم کو ایمان کی محبت دی اور اس کو تمہارے دلوں میں مرغوب کردیا اور کفر اور فسق اور عصیان سے تم کو نفرت دے دی ایسے لوگ اللہ تعالیٰ کے فضل اور انعام سے راہ راست پر ہیں اور اللہ تعالیٰ جاننے والا حکمت والا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر آداب نبویہ میں ارشاد تھا: لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ یعنی اذن شرعی کے قبل کسی امر میں سبقت مت کرو آگے اس امر عام سے ایک خاص امر کا ذکر فرما کر اس حکم شرعی سے سبقت کرنے کی ممانعت فرماتے ہیں اور وہ امر خاص کسی شخص یا مجمع کی شکایت پہنچنا ہے اور سبقت قبل اذن الشرعی بلا تحقیق اس شکایت کے مقتضاء پر عمل کرنا ہے۔

نہی از عمل بالنمیمہ بلا تحقیق: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَاۗءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰي مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝ (اس کا قصۂ نزول اس طرح ہوا اور پھر حکم عام ہے کہ حضور ﷺ نے ولید بن عقبہ کو بنی مصطلق سے زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا اور ایک روایت میں بنی وکعیہ آیا ہے ولید میں اور ان میں زمانۂ جاہلیت میں کچھ عداوت تھی ولید کو وہاں جاتے ہوئے اندیشہ ہوا ان لوگوں نے سن کر استقبال کیا ولید کو گمان ہوا کہ یہ لوگ بارادۂ قتل آئے ہیں واپس جا کر اپنے خیال کے موافق کہہ دیا کہ وہ تو مخالف اسلام ہوگئے آپ نے حضرت خالد کو تحقیق حال کے لئے بھیجا اور فرمادیا کہ خوب تحقیق کرنا اور جلدی مت کرنا چنانچہ انہوں نے وہاں بجز اطاعت اور خیر کے کچھ نہ دیکھا آ کر آپ کا اطمینان کردیا اس پر یہ حکم نازل ہوا اخذته من عدة روايات في الدر اور بعض روایات میں آیا ہے کہ وہ لوگ حاضر خدمت ہوئے اور آپ کو اطمینان دلایا وجہ تطبیق یہ ہوسکتی ہے کہ دونوں واقع ہوئے ہوں یعنی) اے ایمان والو (جس طرح ولید بن عقبہ کی خبر پر باوجودیکہ ولید محکوم علیہ بالفسق نہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمل کرنے میں جلدی نہیں کی بلکہ اس کی تحقیق فرمائی جس سے ایک حکم شرعی ثابت ہوگیا کہ بدون تحقیق کے ایسی خبر پر عمل نہ کرنا چاہئے اور اوپر تم کو معلوم ہوچکا ہے کہ حکم شرعی سے سبقت کرنا منہی عنہ ہے پس لامحالہ اس حکم شرعی سے بھی سبقت منہی عنہ ہوگی اور جب غیر محکوم علیہ بالفسق میں یہ حکم ہے تو فاسق کے باب میں تو بدرجہ اولیٰ اس لئے ہم تم کو اہتمام کے لئے مکرر حکم دیتے ہیں کہ) اگر کوئی شریر آدمی تمہارے پاس کوئی خبر لاوے (جس میں کسی کی شکایت ہو) تو (بدون تحقیق کے اس پر عمل نہ کیا کرو بلکہ اگر عمل کرنا ہو تو) خوب تحقیق کرلیا کرو کبھی کسی قوم کو نادانی سے کوئی ضرر نہ پہنچا دو پھر اپنے کئے پر پچھتانا پڑے۔ ف: مطلب یہ کہ جیسا اس واقعہ میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے ایسا ہی تم کو کرنا چاہئے کہ اس کے خلاف وہی تقدیم يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ہے جس کی ممانعت ہوچکی ہے پس يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا میں مخاطب عام مومنین ہیں اور فاسق سے مراد عام فاسقین ہیں اور فاسق کا ذکر افادہ مبالغہ فی الحکم کے لئے ہے یہ نہیں کہ جس قصہ میں اس کا نزول ہوا ہے اس کو فاسق کہا گیا ہو پس اس آیت سے نہ ولید کا فاسق ہونا لازم آیا اور نہ اس کا شبہ رہا کہ یہ موہم ہے کہ آپ نے بے تحقیق کچھ کارروائی کرنا چاہا ہوگا وجہ دفع شبہ ظاہر ہے کہ آپ اس میں مخاطب نہیں بلکہ عام مؤمنین کو حکم ہے کہ اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اقتدا کرو۔ اور اس خبر سے مراد مطلق خبر نہیں ہے بلکہ جس پر عمل کرنے سے کسی کا ضرر لازم آتا ہو بقرینہ اَنْ تُصِيْبُوْا...... تو اس محتمل الفسق ومقطوع الفسق دونوں کی خبر غیر مقبول ہے پس اس مقام پر مطلقاً خبر واحد کے مقبول یا غیر مقبول ہونے کی تفصیل سے بحث کرنا امر زائد ہے اسی طرح صحابہؓ کے عدول وغیر عدول ہونے کی بحث کرنا امر زائد ہے کیونکہ ولید کا فاسق ہونا آیت سے لازم ہی نہیں آتا بلکہ نہ حدیث سے اس لئے کہ ممکن ہے کہ ولید کو خود گمان میں غلطی ہوئی اور فَتَبَيَّنُوْٓا سے یہ مقصود نہیں کہ ضرور اس خبر کی تحقیق کی جاوے کیونکہ اس پر اجماع ہے کہ اگر ہم کسی شخص کی برائی سن کر بالکل التفات نہ کریں جائز ہے بلکہ بعض جگہ تو تجسس حرام ہے بلکہ مقصود اس سے نہی ہے عمل بلا تحقیق سے جیسا کہ تقریر ترجمہ میں ظاہر کردیا ہے اور یہ مسئلہ مستقل ہے کہ تحقیق کہاں واجب ہے کہاں جائز ہے کہاں ممنوع ہے سو اس میں قول مجمل یہ ہے کہ جہاں تحقیق نہ کرنے سے کوئی واجب شرعی فوت ہوتا ہو وہاں واجب ہے مثلاً سلطان کسی کے ارتداد کی خبر سنے تو چونکہ ارتداد کی صورت میں اس پر واجب ہے کہ اس کو توبہ کرادے ورنہ قتل کرے اس لئے تحقیق واجب ہوگی یا سلطان نے سنا کہ فلاں شخص فلاں کو قتل کرنا چاہتا ہے تو چونکہ بوجہ سلطان ہونے کے حفاظت رعایا کی اس کے ذمہ واجب ہے اسی لئے اس کی تحقیق اور انتظام واجب ہے اور جہاں تحقیق نہ کرنے سے کوئی واجب فوت نہیں ہوتا اور تحقیق کرنے سے اس مبلغ عنہ کا بھی کوئی ضرر نہیں ہوتا تو وہاں تحقیق جائز ہے جیسے یہ سنا کہ فلاں شخص مجھ کو مارے گا اور اگر تحقیق کرنے سے اپنی کوئی دفع مضرت نہیں اور اس دوسرے کو ناگواری ہے تو تحقیق حرام ہے جیسے کسی نے سنا کہ فلاں شخص خفیہ شراب پیتا ہے تو تحقیق نہ کرنے سے اپنا کوئی ضرر نہیں اور تحقیق کرنے سے وہ فضیحت ہوتا ہے خوب سمجھ لیا جاوے۔

www.besturdubooks.net

ربط: اوپر: لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ میں ایک ادب نبوی یہ بتلایا گیا ہے کہ کسی امر میں آپ کے حکم سے سبقت نہ کی جاوے اور اس امر کے بعض افراد وہ ہیں کہ وہ امور دینیہ نہیں بلکہ امور دنیویہ ہیں جیسے آپ نے حضرت زینب اور ان کے بھائی کو فرمایا تھا کہ زید بن حارثہ سے زینب کا نکاح کر دیا جاوے تو ایسے امور میں بوجہ دنیوی ہونے کے جواز سبقت اور عدم وجوب اطاعت کا شبہ ہو سکتا ہے بلکہ اس سے بڑھ کر ایسے امور میں بعض اوقات یہ بھی تخیل ہو سکتا ہے کہ یہ امور متعلق رائے اور تدبیر کے ہیں خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ہماری رائے کی موافقت مناسب اور مصلحت ہے آگے اس کے متعلق ارشاد ہے اور چونکہ ایسے امور حضور کی حیات ہی تک پیش آ سکتے ہیں اس لئے وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ فرما کر اس تخصیص کی تصیص کر دی۔

ایجاب اطاعت مطلقہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم برامت و خامت عکس: وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ اور جان رکھو کہ تم میں رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما) ہیں (جو خدا کی بڑی نعمت ہیں کما قال تعالی: لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ ...... [آل عمران: ۱۶۴] پس اس نعمت کا شکر یہ ہے کہ کسی بات میں تم آپ کے خلاف مت کرو گو دنیوی ہی کیوں نہ ہو اور اس فکر میں مت پڑو کہ امور دنیویہ میں خود حضور ہماری رائے کی موافقت فرمایا کریں کیونکہ) بہت سی باتیں ایسی ہوتی ہیں کہ اگر اس میں تمہارا کہنا مانا کریں تو تم کو بڑی مضرت پہنچے (کیونکہ وہ مصلحت کے خلاف ہو تو ضرور اس کے موافق عمل کرنے میں مضرت ہو بخلاف اس کے کہ آپ کی رائے پر عمل کیا جائے کیونکہ گو بر تقدیر اس کے دنیوی امر ہونے کے اس میں خلاف مصلحت ہونے کا احتمال فی نفسہ مستبعد اور خلاف شان نبوت نہیں لیکن اول تو ایسے امور جن میں ایسا احتمال ہو شاذ و نادر ہوں گے پھر علی سبیل الشذ وذ اگر ہوں بھی اور ان میں مصلحت بھی فوت ہو جاوے لیکن یہ کتنی بڑی بات ہے کہ اس مصلحت کا نعم البدل یعنی اجر و ثواب اطاعت رسول کا ضرور ہی میسر ہوگا بخلاف اس کے کہ تمہاری رائے پر عمل ہو کہ گو شاذ و نادر ایسے امور بھی نکلیں گے جن میں مصلحت ہو لیکن متعین تو ہیں نہیں اور پھر بہت ہی کم ہوں گے زیادہ احتمال مضرت ہی کا ہے پھر اس مضرت کا کوئی تدارک نہیں اور اس تقریر سے فائدہ کثیر کی قید کا بھی معلوم ہو گیا بہر حال اگر آپ تم لوگوں کی موافقت کرتے تو تم بڑی مصیبت میں پڑتے) لیکن اللہ تعالی نے (تم کو مصیبت سے بچالیا اس طرح سے کہ) تم کو ایمان (کامل) کی محبت دی اور اس (کی تحصیل) کو تمہارے دلوں میں مرغوب کر دیا اور کفر اور فسق (یعنی گناہ کبیرہ) اور مطلق) عصیان (یعنی گناہ صغیرہ) سے تم کو نفرت دے دی (جس سے تم کو ہر وقت رضائے رسول کی جستجو رہتی ہے اور جس سے تم احکام متضمنہ اعمال موجب رضائے رسول کو مان لیتے ہو چنانچہ جب تم کو یہ معلوم ہو گیا کہ امور دنیویہ میں بھی اطاعت رسول کی واجب ہے اور بدون اطاعت مطلقہ کے ایمان کامل نہیں ہوتا اور ایمان کامل کی تحصیل کی رغبت پہلے سے موجود ہے پس تم نے فوراً اس حکم کو بھی قبول کر لیا اور قبول کر کے ایمان کی اور تکمیل کر لی) ایسے لوگ (جو کہ تکمیل ایمان کے محب ہیں) خدا تعالی کے فضل اور انعام سے راہ راست پر ہیں اور اللہ تعالی (نے جو یہ احکام فرمائے ہیں تو وہ ان کی مصلحتوں کو) جاننے والا (ہے اور چونکہ) حکمت والا ہے (اس لئے ان احکام کو واجب کر دیا ہے)۔

ف: وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ کے ظاہر الفاظ قرینہ ہے کہ اس میں کسی ایسے امر کا بیان ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات کے ساتھ مخصوص تھا اور وہ احقر کے نزدیک یہی امر ہے کہ دنیوی امور میں اطاعت کرنا اور فی کثیر کہنا بھی قرینہ ہے کہ ایسے ہی امور مراد ہیں کیونکہ امور دینیہ میں سے تو کسی ایک امر میں بھی اطاعت کی گنجائش نہیں اور وجہ تخصیص کی یہ نہیں کہ اگر آپ اپنے بعد کے لئے ایسے احکام فرما جاتے تو اطاعت واجب نہ ہوتی بلکہ وجہ تخصیص کی یہ ہے کہ آپ نے ایسے احکام فرمائے نہیں کیونکہ یہ احکام جزئی تھے اور حضور نے شریعت موبدہ جو چھوڑی ہے وہ احکام کلیہ ہیں اور تحقیق اس مسئلہ کی کہ دنیوی امور میں وجوب اطاعت کس شرط سے ہے شروع پارہ وَمَنْ يَّقْنُتْ آیت: وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ ...... [الأحزاب: ۳۶] میں گزر چکی ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالی: لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ اسی طرح اس کی کوشش نہ کرے کہ شیخ کو اپنی رائے میں موافق بنا دے۔

النحو: ان تصيبوا اى لئلا تصيبوا او كراهة ان تصيبوا ۱۲۔ فضلا تعليل للراشدين ۱۲۔

البلاغۃ: فی قوله كره اليكم الكفر و الفسوق و العصيان فی مقابلة الايمان المحبب و المزين اشارة الى ان الايمان المحبب المزين اى الكامل ما لا يكون فيه كفر و لا فسق و لا عصيان اى ما يكون فيه التصديق بالجنان و العمل بالاركان و الاقرار باللسان ۱۲۔

وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ

فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝۹ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ

اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝۱۰ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ

www.besturdubooks.net

مِنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۱۱

اور اگر مسلمانوں میں دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو ان کے درمیان اصلاح کردو۔ پھر اگر ان میں ایک گروہ دوسرے پر زیادتی کرے۔ تو اس گروہ سے لڑو جو زیادتی کرتا ہے یہاں تک کہ وہ خدا کے حکم کی طرف رجوع ہو جائے پھر اگر رجوع ہو جائے تو ان دونوں کے درمیان عدل کے ساتھ اصلاح کردو اور انصاف کا خیال رکھو۔ بے شک اللہ انصاف والوں کو پسند کرتا ہے مسلمان تو سب بھائی ہیں سو اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلاح کردیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہا کرو تا کہ تم پر رحمت کی جائے۔ اے ایمان والو نہ تو مردوں کو مردوں پر ہنسنا چاہئے کہ کیا عجب ہے کہ جن پر ہنستے ہیں وہ ان (ہنسنے والوں) سے (خدا کے نزدیک) بہتر ہوں اور نہ عورتوں کو عورتوں پر ہنسنا چاہئے کیا عجب کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور نہ ایک دوسرے کو طعنہ دو اور نہ ایک دوسرے کو برے لقب سے پکارو۔ ایمان لانے کے بعد گناہ کا نام لکھنا (ہی) برا ہے اور جو (ان حرکتوں سے) باز نہ آئیں گے تو وہ ظلم کرنے والے ہیں۔

تفسیر ربط: اوپر حقوق نبویہ کا ذکر تھا آگے بعضے باہمی حقوق و آداب معاشرت کا بیان ہے جس میں کئی حکم مذکور ہیں اور مابہ الاشتراک سب میں نہی عن الایذاء ہے۔

حکم اول اصلاح بین المسلمین ودفع شر مفسدین: وَاِنْ طَآىِٕفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا (الی قولہ تعالی) وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ اور اگر مسلمانوں میں دو (۲) گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو ان کے درمیان اصلاح کردو (یعنی مابہ النزاع رفع کر کے لڑائی موقوف کرادو) پھر اگر (بعد کوشش اصلاح کے بھی) ان میں کا ایک گروہ دوسرے پر زیادتی کرے (اور لڑنا موقوف نہ کرے) تو اس گروہ سے لڑو جو زیادتی کرتا ہے یہاں تک کہ وہ خدا کے حکم کی طرف رجوع ہو جاوے (حکم خدا سے مراد ترک قتال ہے) پھر اگر (وہ) زیادتی کرنے والا (فرقہ حکم خدا کی طرف) رجوع ہو جاوے (یعنی قتال ترک کردے) تو ان دونوں کے درمیان عدل کے ساتھ اصلاح کردو (یعنی حدود شرعیہ کے موافق اس معاملہ کو طے کردو محض ترک قتال پر اکتفامت کرو ورنہ دوسرے وقت قتال متحمل رہے گا) اور انصاف کا خیال رکھو (یعنی غرض نفسانی کو غالب نہ ہونے دو) بے شک اللہ انصاف والوں کو پسند کرتا ہے (اور ہم نے جو اصلاح کا حکم کیا ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ) مسلمان تو سب اشتراک فی الدین کی وجہ سے جو کہ نسب معنوی ہے ایک دوسرے کے) بھائی ہیں سو اپنے دو (۲) بھائیوں کے درمیان اصلاح کردیا کرو (تا کہ اخوت قائم رہے) اور (اصلاح کے وقت) اللہ سے ڈرتے رہا کرو (یعنی حدودِ شرعیہ کی رعایت رکھا کرو) تا کہ تم پر رحمت کی جاوے۔

ف: مقتلین بالقوۃ یا بالفعل جو کہ مسلمان ہوں خواہ اخلاصاً یا نفاقاً خواہ واحد واحد خواہ متعدد ان کے احکام کی تفصیل یہ ہے کہ یا تو دونوں جماعتیں امام المسلمین کی تحت ولایت ہیں یا دونوں نہیں یا ایک ہے ایک نہیں۔ پہلی صورت میں اگر عام لوگوں کی فہمائش سے ان میں قتال موقوف نہ ہوا تو امام پر اصلاح واجب ہے پھر تین حالتیں ہیں یا تو کوئی اطاعت سے خارج نہ ہو یا دونوں خارج ہو جاویں یا ایک خارج ہو جاوے دوسرا خارج نہ ہو پہلی حالت میں قصاص و دیت کے احکام جاری ہوں گے اور یہ سب اَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا کے افراد میں داخل ہیں اور دوسری حالت میں ملحق ہے صورت دوم کے ساتھ جس کا حکم آگے آتا ہے اور تیسری حالت ملحق ہے صورت سوم کے ساتھ کہ اس کا حکم بھی ابھی آتا ہے اور دوسری صورت میں دونوں باغی ہیں جن کا حکم ابھی آتا ہے اور تیسری صورت میں جو تحت الولایت ہے عادل کہلاتا ہے اور جو خارج ہے باغی کہلاتا ہے کہ خود امام ہی سے مقاتلہ کرنے پر آمادہ ہے : اِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا ...... میں اسی کا حکم بیان فرماتے ہیں اس کی تفصیل یہ ہے کہ اول ان کا شبہ رفع کیا جاوے گا اصلاح کی یہ بھی ایک فرد ہے پھر اگر وہ بغاوت چھوڑ دیں تو اس صورت میں ان سے قتال نہیں ہے اور اگر باز نہ آویں تو ان سے قتال کیا جاوے گا پھر اگر ان کو قوت و شوکت حاصل ہے تو قتال کے وقت تو ان کے متعلق یہ احکام ہیں کہ ان کے مجروح کو قتل کیا جائے گا اور بھاگنے والے کا تعاقب کیا جائے گا اور بعد قتال کے یہ احکام ہیں کہ ان کے ہاتھ سے جو عادل مقتول ہوں ان کا قصاص نہ لیا جاوے گا جو مال تلف کیا اس کا ضمان نہ لیا جاوے گا عدل و قسط میں یہ سب احکام داخل ہیں اور اگر ان کو قوت و شوکت حاصل نہیں ہے تو قتال کے وقت ان کے متعلق یہ احکام ہیں کہ ان کے مجروح کو قتل نہ کیا جاوے گا اور بھاگنے والے کا تعاقب نہ کیا جاوے گا اور بعد قتال کے یہ احکام ہیں کہ ان کے ہاتھ سے عادل کا مال یا نفس جو تلف ہوا ہے اس کا ضمان و قصاص لیا جاوے گا یہ سب بھی عدل و قسط میں داخل ہیں اور احکام مشترکہ یعنی حالت قوت و عدم قوت دونوں میں یہ ہیں کہ قبل قتال ان کے ہتھیار چھین لئے جاویں گے اور ان کو گرفتار کر کے توبہ کرنے کے وقت تک قید رکھیں گے اور وقت قتال یا بعد قتال ان کی ذریت کو غلام یا لونڈی نہ بناویں گے ان کا مال غنیمت نہ ہوگا البتہ توبہ کرنے تک اموال کو محبوس رکھا جاوے گا بعد توبہ کے پھر واپس دے دیں گے یہ سب بھی عدل و قسط میں داخل ہے اور یہ سب احکام جب ہیں کہ مسلمانوں کا کوئی امام موجود ہو ورنہ لزوم بیت کا حکم اسی طرح عدم قدرت نصرت یا التباس حق و باطل کی صورت میں بھی لزوم بیت کا حکم ہے ان میں اکثر مسائل ہدایہ سے

www.besturdubooks.net

ہیں اور بعضے شاذ و نادر دوسرے دلائل سے پس اصلحوا میں امام کو انتظام کا اور دوسروں کو نصرت امام کا بھی حکم داخل ہے۔

حکم دوم نہی از تمسخر و طعن تداعی بالقاب مکروہہ: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ (الی قولہ تعالی) فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ: اے ایمان والو نہ تو مردوں کو مردوں پر ہنسنا چاہئے کیا عجب ہے کہ (جن پر ہنستے ہیں) وہ ان (ہنسنے والوں) سے (خدا کے نزدیک) بہتر ہوں (پھر وہ تحقیر کیسے کرتے ہیں) اور نہ عورتوں کو عورتوں پر ہنسنا چاہئے کیا عجب ہے کہ (جن پر ہنستی ہیں) وہ ان (ہنسنے والیوں) سے (خدا کے نزدیک) بہتر ہوں (پھر وہ تحقیر کیسے کرتی ہیں) اور نہ ایک دوسرے کو طعنہ دو اور نہ ایک دوسرے کو بُرے لقب سے پکارو (کیونکہ یہ سب باتیں گناہ کی ہیں اور) ایمان لانے کے بعد (مسلمان پر) گناہ کا نام لگنا (ہی) برا ہے) یعنی یہ گناہ کر کے تمہاری شان میں یہ کہا جا سکتا کہ فلاں مسلمان جس سے تم مراد ہو گناہ یعنی خدا کی نافرمانی کرتا ہے نفرت کی بات ہے تو اس سے بچو) اور جو (ان حرکتوں سے) باز نہ آویں گے تو وہ ظلم کرنے والے (اور حقوق العباد کو تلف کرنے والے) ہیں (جو سزا ظالموں کو ملے گی وہی ان کو ملے گی)۔

ف: تمسخر وہ ہنسی ہے جس سے دوسرے کی تحقیر اور دل آزاری ہو اور جس سے دوسرے کا دل خوش ہو وہ مزاح کہلاتا ہے یعنی خوش طبعی اور وہ جائز ہے۔ اور قوم اور نساء فرمانے سے یہ مقصود نہیں کہ کئی مرد کئی مردوں سے اور کئی عورتیں کئی عورتوں سے تمسخر نہ کریں بلکہ مراد اس سے جنس رجال اور جنس نساء ہے خواہ واحد ہو یا متعدد۔ اور اگر مرد عورت سے یا عورت مرد سے تمسخر کرے اس کا بھی یہی حکم ہے اور شاید اس کی تخصیص اس لئے ہو کہ اکثر تمسخر ہم جنسوں ہی میں واقع ہوتا ہے اور یا اس لئے کہ جنس کے ساتھ تمسخر کرنے کی ممانعت خلاف جنس سے تمسخر کرنے کی ممانعت پر بدرجۂ اولیٰ دال ہے کیونکہ اس تمسخر کے علاوہ ایک بے غیرتی اور بے حیائی بھی ہے اور گو دوسرا شخص بالفعل کیسا ہی حقیر ہو مگر چونکہ خاتمہ دونوں کا محتمل ہے اسی لئے عَسٰٓى اَنْ یَّكُوْنُوْا خَیْرًا مِّنْهُمْ کا ہر حال میں مصداق ہوگا اور برے لقب سے ذکر کرنا اگر بلا غرض صحیح ہو تو حرام ہے اور اگر کوئی غرض صحیح ہو جیسے کوئی شخص لنگڑا ہے اور اسی پتہ سے پہچانا جاتا ہے تو اس لقب کے ذکر میں حرمت نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَسْخَرْ...... ان آیات میں اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ تک تعلیم ہے مکارم اخلاق کی۔

الروایات: فی الدر عن الصحیحین وغیرهما عن انس قال قیل للنبی صلی الله علیه وسلم لواتیت عبد الله بن ابی فانطلق ورکب حماراً وانطلق المسلمون یمشون وهی ارض سبخة فلما انطلق الیهم قال الیك عنی فو الله لقد آذانی ریح حمارك فقال رجل من الانصار والله لحمار رسول الله صلی الله علیه وسلم اطیب ریحا منك فغضب لکل منهما اصحابه فکان بینهم ضرب بالجرید والایدی والنعال فانزل فیهم وان طائفتان من المؤمنین الخ قلت المراد بالمؤمنین مؤمنو قوم عبد الله وان غضبهم لیس لحمایة الکفر بل هو عرق تعصبی للقوم ولیس المراد هو لانه انما آمن ظاهرا بعده هذه الواقعة ولم یؤمن حقیقةً قط ۱۲۔

اللغات: القوم جماعة رجال خاصة اللمز التنبیه علی المعائب سواء کان بحضرته ام لا التنابز التغایر والنداعی من النبز بمعنی اللقب وخص عرفا بما یکرهه الشخص من الالقاب ۱۲۔

البلاغة: اقتتلوا وکان الظاهر اقتتلتا والعدول الی ضمیر الجمع لرعایة المعنی فان کل طائفة من الطائفتین جماعة فقد روعی فی الطائفتین معناهما اولا ولفظهما ثانیا علی عکس المشهور فی الاستعمال والنکتة فی ذلك ما قیل انهم اولا فی حال القتال مختلطون فلذا جمع اولا ضمیرهم وفی حال الصلح متمیزون متعارفون فلذا ثنی الضمیر قوله فاصلحوا بین اخویکم الفاء للایذان بان الاخوة الدینیة موجبة للصلاح ووضع الظاهر موضع المضمر مضافا للمامورین للمبالغة فی تاکید وجوب الاصلاح والتحضیض علیه التخصیص الاثنین بالذکر لاثبات وجوب الاصلاح فیما فوق ذلك بطریق الاولیة لتضاعف الفتنة والفساد ۱۲۔ قوله لا تلمزوا ولا تنابزوا او اثر التفاعل فی النبز دون اللمز لان الملموز قد لا یظفر فی الحال بعیب یلمز به لامزه فیحتاج الی تتبع احواله حتی یظفر ببعض عیوبه بخلاف النبز فان من لقب بما یکره قادر علی تلقیب الآخر بنظیره ذلك حالا فوقع التفاعل کذا فی الروح عن الزواجر ۱۲۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ ز اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا یَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ط اَیُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ یَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِیْهِ مَیْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ط وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۲﴾ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ط اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ ﴿۱۳﴾

www.besturdubooks.net

کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے اس کو تم ناگوار سمجھتے ہو۔ اللہ سے ڈرو بے شک بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔ اے لوگو ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے اور تم کو مختلف قومیں اور مختلف خاندان بنایا تا کہ ایک دوسرے کو شناخت کر سکو۔ اللہ کے نزدیک تم سب میں بڑا شریف وہی ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہو۔ اللہ خوب جاننے والا پورا خبردار ہے۔

تفسیر: **حکم سوم و چہارم و پنجم نہی از ظن سوء و تجسس و غیبت:** يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ اے ایمان والو بہت سے گمانوں سے بچا کرو کیونکہ بعضے گمان گناہ ہوتے ہیں (اس لئے سب اقسام ظن کے حکم کو تحقیق کر کے کہ کون سا جائز ہے کون سا ناجائز ہے حد جواز تک رہو) اور (کسی کے عیب کا) سراغ مت لگایا کرو اور کوئی کسی کی غیبت بھی نہ کیا کرے (آگے غیبت کی مذمت ہے کہ) کیا تم میں کوئی اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھالے اس کو تو تم (ضرور) ناگوار سمجھتے ہو (پس غیبت بھی اسی کے مشابہ ہے اس سے بھی نفرت ہونا چاہئے مشابہت کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح انسان کو اس کا گوشت جسمانی نوچ کر کھانے سے تالم جسمانی ہوتا ہے اسی طرح اس کی آبرو کہ گوشت سے زیادہ اعز و اشرف ہے ریختہ ہونے سے تالم قلبی ہوتا ہے گو بالفعل بوجہ اس کے کہ اس کو اس آبروریزی کی اطلاع نہیں عدم جس میں مشابہ مردہ کے ہے لیکن فی نفسہ تو مظنہ تالم ہے كذا في الخازن) اور اللہ سے ڈرتے رہو (اور غیبت چھوڑ دو اور توبہ کر لو) بے شک اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا (اور) مہربان ہے۔

ف: ظن میں کثیرا اور بعض جو کہ مقابل جمیع کا اور شامل کثیر کو ہے اسی لئے فرمایا کہ ظن کی کئی قسم ہیں ایک (۱) واجب جیسے ظن فقہی غیر منصوص میں اور حسن ظن مع اللہ۔ اور دوسرا (۲) مباح جیسے ظن امور معاش میں اور ایسے شخص کے ساتھ بدگمانی کرنا جس میں علانیہ علامات فسق کی پائے جاتی ہیں جیسے شراب خانوں میں اور فاحشہ عورتوں کی دکانوں مکانوں میں کسی کی آمد و رفت ہو اور اس پر فسق کا گمان ہو جائے جائز ہے مگر یقین نہ کرے اسی طرح جو سوئے ظن غیر اختیاری ہو مگر اس کے مقتضا پر عمل نہ ہو اس میں بھی گناہ نہیں بشرطیکہ حتی الامکان اس کو دفع کرے اور تیسرا (۳) حرام جیسے الٰہیات و نبوات میں بلا دلیل قاطع کلامیات و فقہیات میں خلاف دلیل قاطع ظن کرنا یا جس میں علامات فسق کی قوی نہ ہوں بلکہ ظاہرا اصلاح کے آثار نمودار ہوں اس کے ساتھ سوئے ظن کرنا یہ حرام ہے چونکہ سب افراد ظن کے حرام نہ تھے اسی لئے کثیرا فرما دیا گیا اور یہ کثرت فی نفسہ ہے یہ ضرور نہیں کہ اس کی فردیں دوسری قسم کی فردوں سے زیادہ ہوں اور گر باعتبار عادت عامۂ ناس کے دیکھا جاوے تو قسمیں باقیین کے اعتبار سے بھی کثرت صحیح ہو سکتی ہے کیونکہ زیادہ ابتلاء لوگوں کا ظن حرام ہی میں ہے یہ ہے تفصیل ان اقسام کی جن کی طرف اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ کے ترجمہ میں اشارہ ہے اور سوئے ظن کے بارہ میں جو مشہور ہے الحزم سوء الظن اس کا مطلب یہ ہے کہ مشتبہ شخص سے اپنی احتیاط رکھے پس سوء ظن کے مقتضاء پر عمل کرنا مظنون بہ کے حق میں تو حرام ہے جیسے اس کی تحقیر و تنقیص کرنا اس کو ضرر پہنچانا اور خود ظان کو اپنے حق میں جائز ہے باین معنی کہ اس کی مضرت سے خود بچے اور تجسس کا احکام اوپر آیت : اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا کی تفسیر میں بیان کئے گئے ہیں اور چھپ کر باتیں سننا یا اپنے کو سوتا ہوا بنا کر باتیں سن لینا یہ سب تجسس میں داخل ہے البتہ اگر کسی سے مضرت پہنچنے کا احتمال ہو اور اپنی یا کسی مسلمان کی حفاظت کی غرض سے اس مضرت رساں کی تدبیروں اور ارادوں کا تجسس کرے تو جائز ہے اور غیبت یہ ہے کہ کسی کے پیچھے اس کی ایسی برائی کرنا کہ اس کے سامنے کی جاوے تو اس کو رنج ہو گو وہ سچی ہی بات ہے ورنہ بہتان ہے اور پیٹھ پیچھے کی قید سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ سامنے جائز ہے کیونکہ وہ لمز میں داخل ہے جس کی ممانعت اوپر آئی ہے لَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اور محقق یہ ہے کہ غیبت گناہ کبیرہ ہے البتہ جس سے بہت کم تاذی ہو وہ صغیرہ ہو سکتا ہے جیسے کسی کے مکان یا سواری کی مذمت کرنا اور جو سامع دفع پر قادر ہو اس کا سننا بھی حکم تکلم میں ہے اور اس میں حق اللہ و حق العبد دونوں ہیں اس لئے توبہ بھی واجب ہے اور معاف کرانا بھی ضروری ہے البتہ بعض علماء نے کہا ہے کہ جب تک اس شخص کو اس غیبت کی خبر نہ پہنچے تو حق العبد نہیں ہوتا نقلہ فی الروح عن الحسن والخیاطی وابن الصباغ والنووی وابن الصلاح والزرکشی وابن عبد البر عن ابن المبارک لیکن اس صورت میں بھی جس شخص کے سامنے غیبت کی تھی اس کے سامنے اپنی تکذیب کرنا ضرور ہے اور اگر ممکن نہ ہو تو مجبوری۔ اور بعد موت وارثوں سے معاف کرانا کافی نہیں بلکہ غائب اور میت میں اپنے اور ان کے لئے کثرت استغفار کرتا رہے اور صبی اور مجنون اور کافر ذمی کی غیبت بھی حرام ہے کیونکہ اس کی ایذاء حرام ہے اور کافر حربی مباح الایذاء کی غیبت بعلت تضییع وقت کے مکروہ ہے اور غیبت کبھی فعل سے بھی ہوتی ہے مثلاً کسی لنگڑے کی نقل بنا کر چلنے لگے جس سے اس کی حقارت ہو اور جس سے معاف کرایا جاوے اس کے لئے مندوب ہے کہ معاف کر دے **ولا يلزمه لان ذلك تبرع منه** اور بعض روایات سے ثابت ہے کہ یہ آیت محرم غیبت عام مخصوص البعض ہے یعنی اگر برائی ذکر کرنے کی کوئی ضرورت یا مصلحت ہو جو شرعا معتبر ہو تو وہ غیبت حرام میں داخل نہیں جیسے ظالم کی شکایت ایسے شخص کے سامنے جو ظلم کو دفع کر سکے یا مستفتی صورت واقعہ بیان کرنے کی غرض سے کسی کا ذکر کرے یا مسلمانوں کو کسی کے شر دنیوی یا دینی سے بچانے کے لئے کسی کا حال بتلا دے یا کسی معاملہ کے متعلق اس سے مشورہ لینے کے وقت اس کا حال ظاہر کر دے **ومثل ذلك** یا جو شخص اپنے فسق کو خود آشکارا کرتا ہو اور بلا اضطرار غیبت سننا مثل غیبت کرنے کے ہے **هذا كله من الروح** اور **ايحب احدكم** میں صرف غیبت کی مذمت

www.besturdubooks.net

شائد کثرت ابتلاء کی وجہ سے ہو۔

حکم ششم نہی از تفاخر بالانساب: یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ ﴿ اے لوگو ہم نے تم (سب) کو ایک مرد اور ایک عورت (یعنی آدم وحوا) سے پیدا کیا ہے (پس اس میں تو سب برابر ہیں) اور (پھر جس بات میں فرق رکھا ہے کہ) تم کو مختلف قومیں اور (پھر ان قوموں میں) مختلف خاندان بنایا (سو محض اسی لئے) تاکہ ایک دوسرے کو شناخت کرسکو (جس میں بہت سی مصلحتیں ہیں نہ اس لئے کہ ایک دوسرے پر تفاخر کرو کیونکہ) اللہ کے نزدیک تم سب میں بڑا شریف وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہو (اور پرہیزگاری ایسی چیز ہے کہ اس کا حال کسی کو معلوم نہیں بلکہ اس کے حال کو محض) اللہ خوب جاننے والا (اور وہی اس سے) پورا خبردار ہے (پس اس پر بھی شیخی مت کرنا کما قال تعالیٰ :فلا تذکوا انفسکم)

ف: شعب خاندان کی جڑ کو کہتے ہیں اور قبیلہ اس کی شاخ کو مثلاً سید ایک شعب ہے حسنی وحسینی قبائل ہیں وعلیٰ ہذا اور تعارف کی مصلحتیں متعدد ہیں مثلاً ایک نام کے دو شخص ہیں خاندان کے تفاوت سے دونوں میں تمیز ہوسکتا ہے اور مثلاً یہ کہ اس سے دور کے اور نزدیک کے رشتوں کی پہچان ہوتی ہے اور بقدر قرب وبعد نسب کے ان کے حقوق شرعیہ ادا کئے جاتے ہیں اور مثلاً اس سے عصبات کا قرب وبعد معلوم ہوتا ہے تو حاجب ومحجوب متعین ہوتا ہے اور مثلاً یہ کہ اپنا خاندان معلوم ہوگا تو اپنے کو دوسرے خاندان کی طرف منسوب نہ کرے گا جس کی ممانعت حدیث میں آئی ہے اور شرف نسبی معتبر ہونے کی حد اور درجہ پارۂ الم کے ختم آیت :تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ [البقرۃ : ۱۳۴] واقعہ موقع اول کی تفسیر میں لکھ چکا ہوں ملاحظہ کر لیجئے۔

اللغات: **قوله شعوبا فی المدارك الشعب الطبقة الاولیٰ من الطبقات الست التی علیها العرب فالشعب یجمع القبائل وهی تجمع العمائر وهی تجمع البطون وهی تجمع الافخاذ وهی تجمع الفصائل فخزیمة شعب وكنانة قبیلة وقریش عمارة وقصی بطن وحاشم فخذ والعباس فصیلة وسمیت الشعوب لان القبائل تشعبت منها اه مختصرا ۱۲۔**

البلاغۃ: **فی الروح وما احسن ما جاء الترتیب فی هذه الآیة جاء الامر ولا باجتناب الطریق التی لا تؤدی الی العلم وهو الظن ثم نهی ثانیا عن طلب تحقیق ذلك الظن لیصیر علما لقوله سبحانه ولا تجسسوا ثم نهی ثالثا عن ذكر ذلك اذا علم فهذه ثلثة امور مرتبة ظن فعلم بالتجسس فاغتیاب وقال ابن حجر علیه الرحمة انه تعالیٰ ختم كلا من الآیتین بذكر التوبة رحمة بعباده وتعطفا علیهم لكن لما بدئت الاولیٰ بالنهی ختمت بالنفی فی من ولم یتب لتقاربها ولما بدئت الثانیة بالامر فی اجتنبوا ختمت به فی فاتقوا وكان حكمة ذكر التهدید الشدید فی الاولیٰ فقط بقوله تعالیٰ ومن لم یتب ان ما فیها افحش لانه ایذاء فی الحضرة بالسخریة او اللمزا والنبز بخلاف فی الآیة الثانیة فانه امر خفی اذ كل من الظن والتجسس والغیبة یقتضی الاخفاء وعدم العلم به غالبا ۱۲۔**

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ۭ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـــًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٤﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ
ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿١٥﴾ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ
بِدِيْنِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١٦﴾ يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ۭ قُلْ
لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٨﴾ ع

یہ گنوار کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے آپ فرما دیجئے کہ تم ایمان تو نہیں لائے لیکن یوں کہو کہ ہم (مخالفت چھوڑ کر) مطیع ہوگئے اور ابھی تک ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا اور اگر تم اللہ اور اس کی رسول کا کہنا مان لو تو اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال میں سے ذرا بھی کمی نہ کرے گا۔ بے شک اللہ غفور رحیم ہے مومن وہ ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لائے پھر شک نہ کیا اور اپنے مال وجان سے خدا کے رستہ میں محنت اُٹھائی یہ لوگ ہیں سچے آپ فرما دیجئے کہ کیا خدا تعالیٰ کو اپنے دین کی خبر دیتے ہو حالانکہ اللہ کو تو تمام آسمانوں اور زمین کی سب چیزوں کی خبر ہے اور اللہ سب چیزوں کا جاننے والا ہے یہ لوگ اپنے اسلام لانے کا آپ پر احسان رکھتے ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ مجھ پر اپنے اسلام لانے کا احسان نہ رکھو بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے تم کو ایمان کی ہدایت دی۔ بشرطیکہ تم سچے ہو بے شک اللہ تعالیٰ آسمان اور زمین کی مخفی باتوں کو جانتا ہے اور

www.besturdubooks.net

اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کو بھی جانتا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر تفاخر بالانساب کے بعد: اِنَّ اَكْرَمَكُمْ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ ...... میں دعویٰ تقدس سے منع کی طرف بھی اشارہ ہے جیسا اوپر تفسیر کی تقریر سے معلوم ہو چکا ہے آگے ایک ایسی ہی خاص جماعت کی تفضیح ہے جنہوں نے بطور ریا کے اس کا اظہار اور دعویٰ کیا تھا اور چونکہ وہ کاذب تھے اسی لئے تفضیح اور زیادہ ہے اور شروع سورت میں جو مضمون تھا آداب نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ان کا یہ دعویٰ چونکہ بطور احسان جتلانے کے تھا تو قطع نظر کذب اور ریاء سے آپ کے ساتھ بھی گستاخی ہے پس یہ مضمون جیسا اپنے ماقبل متصل سے مرتبط ہے اسی طرح شروع سورت کے مضمون سے بھی مرتبط ہے اور سورت کا آداب نبویہ سے شروع اور اسی پر ختم ہونا مشیر ہے آپ کی عظمت شان کی طرف اور نیز اس طرف کہ اصل حقوق میں آپ ہی ہیں اور دوسرے اہل حق جن کا ذکر درمیان میں آ گیا وہ حقوق میں اس حیثیت سے تابع ہیں کہ اکثر حقوق مخصوص باہل اسلام یہاں مذکور ہیں اور شرکت فی الاسلام ان سب کو آپ ہی کی بدولت ہوئی اور ان آداب کو بندہ نے ایک ہی حکم قرار دے کر تمام مضامین کو اس کی تفصیل قرار دی ہے ورنہ اگر ان کو جدا کیا جاوے تو وہ بھی متعدد ہیں اول **لا تقدموا** ثانی **لا ترفعوا** ثالث **لا تجهروا** رابع **لو انهم صبروا** خامس **ان جاء كم** سادس **اعلموا** الخ سابع یہ جو آگے آتا ہے **نهى عن الرياء والامتنان بحضرة الرسول** اور چھ متعلق مؤمنین کے تھے۔ یہ کل تیرہ (۱۳) ہوئے اور اگر تمسخر اور لمز وتنابز کو تین قرار دیئے جاویں تو یہ سورت پندرہ حکموں پر مشتمل ہوگی۔

نہی عن الامتنان بالایمان:

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا (الی قولہ تعالی) وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ۝ یہ (بعضے) گنوار (بنی اسد وغیرہ کے آپ کے پاس آ کر جو ایمان لانے کے مدعی ہوتے ہیں یہ اس میں کئی امر قبیح کے مرتکب ہوتے ہیں ایک تو کذب کہ بلا تصدیق قلب محض زبان سے) کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے آپ فرما دیجئے کہ تم ایمان تو نہیں لائے (کیونکہ وہ موقوف ہے تصدیق قلبی پر اور وہ منفی ہے جیسا عنقریب آتا ہے: وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ) لیکن (ہاں) یوں کہو کہ (ہم مخالفت چھوڑ کر) مطیع ہو گئے (اور اطاعت بمعنی ترک مخالفت محض ظاہری موافقت سے بھی متحقق ہو جاتی ہے) اور (باقی) ابھی تک ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا (اس لئے ایمان کا دعویٰ مت کرو) اور (گو اب تک تم ایمان نہیں لائے لیکن اب بھی) اگر تم اللہ اور اس کے رسول کا (سب باتوں میں) کہنا مان لو) جس میں یہ بھی داخل ہے کہ دل سے ایمان لے آؤ) تو اللہ تمہارے اعمال میں سے (جو کہ بعد ایمان کے ہوں گے محض اس وقت کے کفر و کذب کی وجہ سے جو کہ اس وقت کے اعتبار سے گزشتہ ہوگا) ذرا بھی کم نہ کرے گا (بلکہ سب کا پورا پورا ثواب دے گا کیونکہ) بے شک اللہ غفور رحیم ہے (اب ہم سے سنو کہ کامل مؤمن کون ہیں تا کہ اگر تم کو مؤمن بننا ہے تو ویسے بنو سو) پورے مؤمن وہ ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسولؐ پر ایمان لائے پھر (ایمان پر مستمر بھی رہے یعنی عمر بھر کبھی) شک نہیں کیا اور اپنے مال اور جان سے خدا کے رستہ میں (یعنی دین کے لئے) محنت اٹھائی (جس میں جہاد وغیرہ سب آ گیا سو) یہ لوگ ہیں سچے (یعنی پورے سچے اور یوں اگر نفس تصدیق ہو تب بھی نفس صدق ہو جاوے گا بخلاف تمہاری کہ ادنیٰ درجہ کا ایمان کہ تصدیق ہے وہ تک حاصل نہیں اور دعویٰ کرتے ہیں ایمان کامل کا پس ایک امر قبیح تو ان سے یہ صادر ہوا یعنی کذب کما قال تعالیٰ: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا الی قولہ: وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ [البقرۃ: ۸] اور دوسرا امر قبیح یہ ہے کہ یہ دھوکہ دیتے ہیں کما قال تعالیٰ: يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ [البقرۃ: ۹] سو) آپ (ان سے) فرما دیجئے کہ کیا خدا تعالیٰ کو اپنے دین (قبول کرنے) کی خبر دیتے ہو (یعنی اللہ تعالیٰ تو جانتے ہیں کہ تم نے ایمان نہیں قبول کیا باوجود اس کے جو تم دعویٰ قبول کا کرتے ہو لازم آتا ہے کہ خلاف علم خداوندی خدا تعالیٰ کو ایک بات بتلاتے ہو) حالانکہ (یہ محال ہے کیونکہ) اللہ کو تو سب آسمان اور زمین کی سب چیزوں کی (پوری) خبر ہے اور (علاوہ سمٰوٰت والارض کے اللہ (اور بھی) سب چیزوں کو جانتا ہے (تو اس کو کوئی کیا بتلاوے گا اس سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ کو جو تمہارے متعلق علم ہے کہ تم ایمان نہیں لائے وہی صحیح ہے والا لاستلزم المحال وہذا کما قال تعالیٰ: قُلْ اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ [یونس: ۱۸] اور تیسرا امر قبیح جس کے یہ مرتکب ہوتے ہیں یہ ہے کہ) یہ لوگ اپنے اسلام لانے کا آپ پر احسان رکھتے ہیں (جو نہایت درجہ گستاخی ہے کہ دیکھئے ہم نہ لڑے نہ بھڑے مسلمان ہو گئے اور لوگ بہت پریشان کر کر کے مسلمان ہوئے ہیں سو) آپ کہہ دیجئے کہ مجھ پر اپنے اسلام لانے کے احسان نہ رکھو (اسی لئے کہ قطع نظر گستاخی کے تمہارے اسلام سے میرا کیا نفع ہو گیا) اور (اسلام نہ لانے سے میرا کیا ضرر ہو گیا۔ اگر تم سچے ہوتے تو تمہارا ہی آخرت کا نفع تھا اور جھوٹے ہونے میں بھی تمہارا ہی دنیا کا نفع ہے کہ قتل و قید سے بچ گئے سو مجھ پر احسان رکھنا محض جہل ہے) بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے تم کو ایمان کی ہدایت دی بشرطیکہ تم (اس دعوے ایمان میں) سچے ہو (کیونکہ ایمان بڑی نعمت ہے اور بدوں تعلیم و توفیق حق تعالیٰ کے نصیب نہیں ہوتا تو اللہ کی عنایت ہے کہ ایسی بڑی نعمت عطا فرما دی پس کذب و خداع و امتنان سے باز آؤ اور یہ یاد رکھو کہ) اللہ تعالیٰ آسمان اور زمین کی سب مخفی باتوں کو جانتا ہے اور (اسی علم محیط کی وجہ سے) تمہارے سب اعمال کو بھی جانتا ہے (اور ان ہی کے موافق تم کو جزا دے گا پھر اس کے سامنے باتیں بنانے سے کیا فائدہ)۔ **ف**: ان آیات کی تفسیر میں روایت کے متعلق جس قدر مضمون ہے وہ سب درمنثور سے ہے اور بعض مضامین میں

www.besturdubooks.net

جو بظاہر تکرار معلوم ہوتا ہے وہ اختلاف غرض سے مندفع ہو گیا جیسا احقر نے بیان کیا ہے کہ تین چیزوں کا بیان مقصود ہے کذب وخداع ومنت وھذا من المواھب ولله الحمد اور یَمُنُّوْنَ عَلَیْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا میں یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ انہوں نے تو آمنا کہا تھا اسلمنا نہیں کہا تھا جواب یہ ہے کہ اگر ان اسلمنا ہوتا تو اس کا شبہ ہو سکتا اور صیغہ غائب تو ان کا کلام ہو ہی نہیں سکتا تھا بلکہ ان کے ایمان کو چونکہ اوپر اسلام فرمایا ہے اور وہ اس کے مدعی تھے اسی لئے اَسْلَمُوْا سے یہ مقصود ہے کہ وہ اپنی ظاہری اطاعت کا جس کو واقع میں اسلام کہنا زیادہ زیبا ہے اور وہ اس کو ایمان کہتے ہیں آپ پر احسان رکھتے ہیں اور آگے اِسْلَامَكُمْ میں تو کوئی شبہ ہی نہیں اور هَدٰىكُمْ لِلْاِیْمَانِ میں لفظ ایمان فرمانے سے شبہ نہ کیا جاوے کہ اس کا ایمان ہونا تسلیم کر لیا گیا بات یہ ہے کہ یہاں بطور فرض کے گفتگو ہے جس میں ان کی طرف سے حکایت کی گئی ہے جیسا اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ اس کا قرینہ ہے یعنی اگر بالفرض تمہارے دعوے کے موافق اس کو ایمان مان لیا جاوے تو بھی خدا ہی کا احسان ہے فتصبرو تشکر واللہ اعلم اور یہاں اسلام سے مراد اسلام لغوی ہے شرعی نہیں پس اس آیت سے ایمان واسلام کے تغایر پر استدلال کرنا غیر صحیح ہے تم بحمد الله تفسير سورة الحجرات للثلاثين من شهر ربى الثانى وقت اذان الظهر يوم الاربعاء ويتلوه المنزل السابع المفتتح بسورة قٓ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ...... اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ اپنے اعمال پر نظر نہ کرے اور ہدایت میں منت حق تعالیٰ کی سمجھے۔

اللغات: قوله لا يلتكم لات يليت اجوف بمعنى النقص ۱۲۔

النحو: ان اسلموا بتقدير الباء ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ قٓ

سورۃ ق ۵۰ مکیۃ ۳۴ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — آیاتہا ۴۵ رکوعاتہا ۳

سورۂ ق مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۴۵ آیات اور ۳ رکوع ہیں

منزل ۷

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝١ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَاۗءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝٢ ءَاِذَا
مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ۝٣ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ۝٤ بَلْ كَذَّبُوْا
بِالْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ۝٥ اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَاۗءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ
فُرُوْجٍ ۝٦ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝٧ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ
عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝٨ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ۝٩ وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ
نَّضِيْدٌ ۝١٠ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۭ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ۝١١ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ۝١٢
وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ۝١٣ وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ۭ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ۝١٤ اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ
ع ۱ / ۱۵ الْاَوَّلِ ۭ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝١٥

قٓ ۔ قسم ہے قرآن مجید کی بلکہ ان کو اس بات پر تعجب ہوا کہ ان کے پاس انہی (کی جنس) میں سے (کہ بشر ہیں) ایک ڈرانے والا (پیغمبر) آ گیا سو کافر لوگ کہنے لگے کہ یہ (ایک) عجیب بات ہے۔ جب ہم مرگئے اور مٹی ہو گئے تو دوبارہ زندہ ہونا (امکان سے) بہت ہی بعید کی بات ہے۔ ہم ان کے ان اجزاء کو جانتے ہیں جن کو مٹی (کھاتی اور) کم کرتی ہے اور ہمارے پاس (وہ) کتاب (یعنی لوح) محفوظ (موجود) ہے بلکہ سچی بات کو جب کہ وہ ان کو پہنچتی ہے جھٹلاتے ہیں۔ غرض یہ کہ وہ ایک متزلزل حالت میں ہیں۔ کیا ان لوگوں نے اپنے اوپر کی طرف آسمان کو نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو کیسا (اونچا اور بڑا) بنایا اور (ستاروں سے) اس کو آراستہ کیا اور اس میں کوئی رخنہ تک نہیں اور زمین کو ہم نے پھیلایا اور اس میں پہاڑوں کو جما دیا اور اس میں ہر قسم کی خوشنما چیزیں اگائیں جو ذریعہ ہے بینائی اور دانائی کا ہر رجوع ہونے والے بندے کے لئے اور ہم نے آسمان سے برکت (یعنی نفع) والا پانی برسایا۔ پھر اس سے بہت سے باغ اگائے اور کھیتی کا غلہ اور لمبی لمبی کھجور کے درخت جن کے گچھے خوب گوندھے ہوئے ہوتے ہیں۔ بندوں کے رزق دینے کے لئے اور ہم نے اس (بارش) کے ذریعے سے مردہ زمین کو زندہ کیا۔ (بس) اسی طرح زمین سے نکلنا ہوگا۔ اس سے پہلے قوم نوح اور اصحاب الرس وثمود اور عاد اور فرعون اور قوم لوط اور اصحاب ایکہ اور قوم تبع تکذیب کر چکے ہیں یعنی سب نے پیغمبروں کو جھٹلایا سو میری وعید (ان پر) محقق ہوگئی۔ کیا ہم پہلی بار کے پیدا کرنے میں تھک گئے بلکہ یہ لوگ از سر نو پیدا کرنے کی طرف سے (محض بے دلیل) شبہ میں ہیں۔

سورة ق مكية وهي خمس واربعون اٰية

تفسیر ربط: سورت گذشتہ کے ختم پر وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ میں اشارہ ہے وقوع مجازات کی طرف اور اس سورت میں تمام تر یہی بعث و جزا کا مضمون ہے اس کا امکان اور اس کا وقوع اور اس کے واقعات اور جو مضامین اس کے مناسب ہیں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝ (الی قولہ

www.besturdubooks.net

تعالیٰ) بَلْ هُمْ فِي لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ ۔ (اس کے معنی اللہ کو معلوم ہیں) قسم ہے قرآن مجید کی (یعنی جس کو دوسری کتابوں پر مجد و شرف ہے کہ ہم نے آپ کو عذاب قیامت سے ڈرانے کے لئے بھیجا ہے مگر ان لوگوں نے نہ مانا) بلکہ ان کو اس بات پر تعجب ہوا کہ ان کے پاس ان ہی (کی جنس) میں سے (کہ بشر ہیں) ایک ڈرانے والا (پیغمبر) آ گیا (جس نے ان کو قیامت کے دن سے ڈرایا) سو (اس پر) کافر لوگ کہنے لگے کہ (اول تو خود) یہ (ایک عجیب بات ہے (کہ بشر پیغمبر ہو دوسرے پھر دعویٰ بھی عجیب بات کا کرے کہ دوبارہ زندہ ہوں گے بھلا) جب ہم مر گئے اور مٹی ہو گئے تو کیا دوبارہ زندہ ہوں گے یہ دوبارہ زندہ ہونا (امکان سے) بہت ہی بعید ہے (اس دعویٰ محال سے اور بھی نفی پیغمبری کی ہوتی ہے حق تعالیٰ آگے امکان ثابت فرماتے ہیں کہ امکان سے بعید ہونا یا تو باعتبار قابل کے ہو کہ محل میں قابلیت حیات کی نہ ہو یہ تو بالمشاہدہ باطل ہے کیونکہ محل بالفعل خود حیات سے متصف ہے اور یا باعتبار فاعل کے ہو کہ اس کو علم ان اجزائے مستحیلہ کا نہ ہو یا ان میں تصرف کرنے کی قدرت نہ ہو تو ہمارے علم کی تو یہ شان ہے کہ) ہم ان کے ان اجزاء کو جانتے ہیں جن کو مٹی (کھاتی اور) کم کرتی ہے اور (یہ نہیں کہ آج سے جانتے ہیں بلکہ ہمارا علم قدیم ہے حتیٰ کہ ہم نے قبل وقوع ہی سب اشیاء کے سب حالات اپنے علم قدیم سے ایک کتاب میں کہ لوح محفوظ کہلاتی ہے لکھ دیئے تھے اور اب تک) ہمارے پاس (وہ) کتاب (یعنی لوح) محفوظ (موجود) ہے (جس میں ان اجزائے مستحیلہ کا مکان اور وضع اور مقدار اور وصف سب کچھ ہے سو اگر علم قدیم کسی کی سمجھ میں نہ آوے تو یوں ہی سمجھ لے کہ وہ دفتر جس میں سب کچھ ہے حق تعالیٰ کے سامنے حاضر ہے مگر یہ لوگ پھر بھی بلا وجہ تعجب ہی میں ہیں) بلکہ (تعجب سے بڑھ کر یہ کہ) سچی بات کو (جس میں مسئلہ نبوت و بعث بھی ہے) جب کہ وہ ان کو پہنچتی ہے جھٹلاتے ہیں غرض یہ کہ وہ ایک متزلزل حالت میں ہیں (کہ کبھی تعجب ہے کبھی تکذیب ہے۔ یہ درمیان میں بطور جملہ معترضہ کے تھا ان کی شناعت حال کے مؤکد کرنے کے لئے اور آگے بیان ہے قدرت کا یعنی) کیا ان لوگوں (کو ہماری قدرت کا علم نہیں ہے اور کیا انہوں) نے اپنے اوپر کی طرف آسمان کو نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو کیسا (اونچا اور بڑا) بنایا اور (ستاروں سے) اس کو آراستہ کیا اور اس میں (بوجہ غایت استحکام کے) کوئی رخنہ تک نہیں (جیسا اکثر تعمیرات میں زمانہ دراز کے بعد رخنہ پڑ جاتا ہے اور دوسری آیت میں جو دروازے آسمان کے آئے ہیں وہ شقوق و فروج کے مغائر ہیں یہ تو آسمان میں ہماری قدرت نمایاں ہے) اور زمین (میں یہ قدرت ظاہر ہے کہ اس کو) ہم نے پھیلایا اور اس میں پہاڑوں کو جما دیا اور اس میں ہر قسم کی خوشنما چیزیں اگائیں جو ذریعہ ہے بینائی اور دانائی کا (یعنی ہماری قدرت کی معرفت کا) ہر رجوع ہونے والے بندے کے لئے (یعنی ایسے شخص کے لئے جو اسی غرض سے مصنوعات میں فکر کرنے کی طرف متوجہ ہو کہ وہ عین توجہ الی الصانع ہے اور (ہماری قدرت اس سے ظاہر ہے کہ) ہم نے آسمان سے برکت (یعنی نفع) والا پانی برسایا پھر اس سے بہت سے باغ اگائے اور کھیتی کا غلہ اور لمبی لمبی کھجور کے درخت جن کے گپھے خوب گوندھے ہوئے ہوتے ہیں بندوں کے رزق دینے کے لئے اور (دوسری نباتات مثل گیاہ وغیرہ جمانے کے لئے بھی) ہم نے اس (بارش) کے ذریعہ سے مردہ زمین کو زندہ کیا (پس) اسی طرح (سمجھ لو کہ مردوں کا) زمین سے نکلنا ہوگا (کیونکہ قدرت ذاتیہ کے اعتبار سے تمام مقدورات متساوی ہیں اور قدرت علی الاکبر کا قدرت علی الاصغر پر دال ہونا زیادہ اظہر ہے اس لئے آسمان و زمین کا ذکر اور زیادہ مناسب ہوا کما قال: لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ [المومن: ۵۷] جب ان امور پر قدرت ہماری ثابت ہوگئی تو احیائے موتیٰ پر کیوں نہ ہوگی پس مقدور ممکن اور فاعل علم و قدرت سے متصف پھر تعجب یا تکذیب کیا معنی آگے وعید ہے مکذبین کی ان کی تخویف کے لئے یعنی جس طرح یہ لوگ انکار قیامت سے رسول کی تکذیب کرتے ہیں اسی طرح) ان سے پہلے قوم نوح اور اصحاب الرس اور ثمود اور عاد اور فرعون اور قوم لوط اور اصحاب ایکہ اور قوم تبع تکذیب کر چکے ہیں (یعنی) سب نے پیغمبروں کو (یعنی اپنے اپنے پیغمبر کو توحید اور رسالت اور بعث میں) جھٹلایا سو میری وعید (ان پر) محقق ہوگئی (کہ ان سب پر عذاب نازل ہوا اسی طرح ان مکذبین پر عذاب آوے گا خواہ دنیا میں بھی یا صرف آخرت میں۔ وعید کے بعد پھر مضمون اول کی طرف دوسرے طور پر عود ہے کہ) کیا ہم پہلی بار کے پیدا کرنے میں تھک گئے (کہ دوبارہ زندہ نہ کر سکیں یعنی ایک مانع یہ بھی ہو سکتا ہے کہ فی نفسہ محل بھی مقدور اور فاعل بھی عالم اور قادر مگر عارض تعب کی وجہ سے قدرت کی تنفیذ نہیں ہوتی اس لئے اس کی نفی بھی فرما دی یعنی اس کا احتمال نہیں کیونکہ تعب بوجہ نقص قدرت کے ہوتا ہے اور صفات غیر مستفاد من الغیر میں نقص محال ہے پس صحت بعث دلائل سے ثابت ہوگئی اور یہ جو انکار کر رہے ہیں سو ان کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے) بلکہ یہ لوگ از سر نو پیدا کرنے کی طرف سے (محض بے دلیل) شبہ میں (پڑے ہوئے) ہیں (جو دلائل کے سامنے کسی طرح قابل التفات نہیں)۔ ف: أَفَلَمْ يَنظُرُوا إِلَى السَّمَاءِ سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ آسمان نظر آتا ہے اور یہ جو مشہور ہے کہ یہ نیلگوں جو نظر آتا ہے کرۂ بخار ہے سو اس کی تطبیق دو طور سے ہو سکتی ہے ایک یہ کہ یہ نظر آنا عام ہے بلا حجاب ہو یا ورائے حجاب سے ہو پھر خواہ اس حجاب کا لون بھی اس کے لون میں مل جاوے یا نہ ملے پس یہ لون جو نظر آتا ہے اگر مسلم ہو کہ کرہ بخار کا ہے تو ممکن ہے کہ اس میں لون آسمان کا بھی ممزوج ہو اور دوسرے یہ کہ يَنظُرُوا سے مراد نظر فکری لی جاوے اور اس کو مجازاً نظر کہہ دیا جاوے اور چونکہ سموات کا وجود مع اس کے اوصاف خاصہ کے دلائل صحیحہ سے ثابت ہے اس لئے وہ محل فکر ہو سکتا ہے اور اول صورت میں اس کی تزئین کے دونوں طرفین یعنی مزین و مزین بہ منظور بمعنی محسوس ہیں اور دوسری صورت میں مزین محل فکر اور مزین بہ

www.besturdubooks.net

محسوس ہے اور اِلَى النُّجُوۡمِ کو بمعنے الی آثار السماء بھی کہہ سکتے ہیں مثل نجوم کے اور قوم نوح اور عاد اور ثمود اور فرعون اور قوم لوط کے قصے تو متعدد جگہ آ چکے ہیں اور اصحاب الرس کا قصہ پارۂ نوزدہم کے رکوع دوم میں اور اصحاب ایکہ کا اسی پارہ کے رکوع چہاردہم میں اور قوم تبع کا سورۂ دخان کے پہلے رکوع میں گزر چکا ہے اور اخوان لوط کی ایک ضروری تحقیق سورۂ شعراء قصہ لوط کے ختم پر گزری ہے۔

اللغات: قوله مريج مضطرب من مرج الخاتم في اصبعه اذا قلق من الهزال والاسناد مجازى مبالغة لان المضطرب صاحبه فروج شقوق وفتوق۔ زوج صنف يبهج حسن يبهيج ويسر من نظر اليه حب الحصيد حب الزرع الذى من شانه ان يحصد من البر والشعير وامثالهما۔ باسقات طوالا قوله طلع انظر فى حواشى آخر الجزء السابع۱۲۔

النحو: قوله بل عجبوا اضراب عن محذوف قدر مع جواب القسم اى اقسم بالقرآن انا ارسلناك نذيرا لكنهم ما صدقوا به الخ قوله ء اذا متنا جوابه مقدر دل عليه المذكور۱۲۔ قوله بل كذبوا ترق عن التعجب لان التكذيب اشد منه۱۲۔ قوله بل هم اضراب عن مقدر اى ليسوا على برهان۱۲۔

البلاغة: قوله رزقا علة لقوله فانبتنا وفى تعليله بذلك بعد تعليل انبتنا الاول بالتبصير والتذكير تنبيه على ان اللائق بالعبد ان يكون انتفاعه بذلك من حيث التذكر والاستبصار اقدم واهم من تمتعه به من حيث الرزق كذا فى الروح۔ قوله احيينا وكذلك الخروج فى التعبير عن اخراج النبات من الارض بالاحياء وعن احياء الموتى بالخروج تفخيم لشان الانبات وتهوين امر البعث وتحقيق للمماثلة بين اخراج النبات واحياء الموتى لتوضيح منهاج القياس وتقريبه الى افهام الناس۱۲۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚۖ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ۝ اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ۝ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ۝۱۸ وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ۝ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ۝ وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ۝۲۱ لَقَدْ كُنْتَ فِىْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝۲۲ وَقَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَىَّ عَتِيْدٌ ۝۲۳ اَلْقِيَا فِىْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ۝ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبٍ ۝۲۵ الَّذِىْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِى الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ۝۲۶ قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِىْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ۝ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَىَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ۝۲۸ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَىَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝۲۹ ع ۲ / ۱۶

اور ہم نے انسان کو پیدا کیا ہے اور اس کے جی میں جو خیالات آتے ہیں ہم ان کو جانتے ہیں اور ہم انسان کے اس قدر قریب ہیں کہ اس کی رگ گردن سے بھی زیادہ جب دو اخذ کرنے والے فرشتے اخذ کرتے رہتے ہیں جو کہ دائیں اور بائیں طرف بیٹھے رہتے ہیں۔ وہ کوئی لفظ منہ سے نہیں نکالنے پاتا مگر اس کے پاس ہی ایک تاک لگانے والا تیار ہے اور موت کی سختی (قریب) آ پہنچی یہ (موت) وہ چیز ہے جس سے تو بدکتا تھا اور (قیامت کے دن دوبارہ) صور پھونکا جائے گا۔ یہی دن ہوگا وعید کا اور ہر شخص اس طرح (میدان قیامت میں) آئے گا کہ اس کے ساتھ ایک اس کو اپنے ہمراہ لائے گا اور ایک (اس کے اعمال کا) گواہ ہوگا تو اس دن سے بے خبر تھا۔ سو اب ہم نے تجھ پر سے تیرا پردہ (غفلت کا) ہٹا دیا سو آج تو تیری نگاہ بڑی تیز ہے اور (اس کے بعد) فرشتہ جو اس کے ساتھ رہتا تھا عرض کرے گا کہ یہ وہ روزنامچہ ہے جو میرے پاس تیار ہے ایسے شخص کو جہنم میں ڈال دو جو کفر کرنے والا ہو اور (حق سے) ضد رکھتا ہو اور نیک کام سے روکتا ہو اور حد عبودیت سے باہر جانے والا ہو (اور دین میں) شبہ پیدا کرنے والا ہو۔ جس نے خدا کے ساتھ دوسرا معبود تجویز کیا ہو سو ایسے شخص کو سخت عذاب میں ڈال دو۔ وہ شیطان جو اس کے ساتھ رہتا تھا کہے گا کہ اے ہمارے پروردگار میں نے اس کو (جبراً) گمراہ نہیں کیا تھا لیکن یہ خود دور دراز کی گمراہی میں تھا۔ ارشاد ہوگا کہ میرے سامنے جھگڑے کی باتیں مت کرو (کہ بے سود ہیں) اور میں تو پہلے ہی تمہارے پاس وعید بھیج چکا تھا۔ میرے ہاں (وہ) بات (وعید مذکور کی) نہیں بدلی جائے گی اور میں (اس تجویز میں) بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہوں۔

تفسیر: تمہ سابق: وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ (الى قوله تعالى) وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ (اوپر امکان بعث ثابت ہو چکا) اور

www.besturdubooks.net

(آگے اس کے وقوع کا بیان کرتا ہے اور چونکہ وقوع کی غایت مجازات موقوف ہے اس پر کہ جزاء دینے والے کو اعمال کا علم اور عامل پر قدرت بھی ہو اس لئے اول اس کو بتلاتے ہیں کہ) ہم نے انسان کو پیدا کیا ہے (جو اعلیٰ درجہ کی دلیل ہے قدرت پر) اور اس کے جی میں جو خیالات آتے ہیں ہم ان (تک) کو (بھی) جانتے ہیں (اور اس کی لسان اور جوارح سے جو صادر ہو اس کو تو بدرجہ اولیٰ جانتے ہیں) اور (چونکہ ہم کو اس کے احوال کا ایسا علم ہے کہ اس کو خود بھی اپنے احوال کا ویسا علم نہیں پس باعتبار علم کے) ہم انسان کے اس قدر قریب ہیں کہ اس کی رگ گردن سے بھی زیادہ (جس کے قطع ہونے سے انسان مرجاتا ہے اور چونکہ عادۃ ناس میں طریقہ ازہاق روح کا غالباً قطع گردن ہے اس لئے یہ تعبیر اختیار کی گئی اور یہ گردن کی رگیں ورید اور شریان دونوں کو محتمل ہیں مگر شریان مراد لینا زیادہ مناسب ہے کیونکہ ان میں روح غالب اور خون مغلوب رہتا ہے اور ورید میں بالعکس اور یہاں جس کو روح میں زیادہ دخل ہو اس کا مراد لینا مناسب ہے اور سورۂ حاقہ میں وتین بمعنی رگ دل سے تعبیر کرنا اس کا مؤید ہے کیونکہ جو رگیں قلب سے ثابت ہیں وہ شرائین ہیں اور گو قرآن میں لفظ ورید ہے مگر معنی لغوی اس کے عام ہیں پس مطلب یہ ہوا کہ ہم باعتبار علم کے اس کی روح اور نفس سے بھی نزدیک تر ہیں یعنی جیسا علم انسان کو اپنے احوال کا ہے ہم کو اس کا علم خود اس سے بھی زیادہ ہے چنانچہ علم حصولی میں انسان کو اپنی بہت سی حالتوں کا علم نہیں ہوتا اور جن کا علم ہوتا ہے بعض اوقات ان کا نسیان یا ان سے ذہول ہو جاتا ہے اور حق تعالیٰ میں یہ احتمالات گنجائش ہی نہیں رکھتے اور علم حضوری میں گو حضور معلوم کا لازم ہے مگر بوجہ حادث ہونے کے خود وہ وجود معلوم سے متاخر ہے اور حق تعالیٰ کا علم جو اس سے متعلق ہے وہ اس کے وجود سے متقدم ہے اور ظاہر ہے کہ جو علم ہر حالت میں ہو اس کا تعلق بہ نسبت اس کے کہ ایک حالت میں ہو زیادہ ہوگا غرض علم باری کا جمیع احوال انسانیہ کے ساتھ متعلق ہونا بھی ثابت ہو گیا اور علاوہ اس کے کہ وہ اعمال ہمارے علم میں محفوظ اور منضبط ہیں اس حفاظت اور انضباط کی ایک ظاہری صورت بھی تجویز فرمادی ہے جو بوجہ موافقت عادت کے اوضح والزم فی الحجیۃ ہے سو ان کو اس وقت کی بھی حالت بتلادیجئے کہ) جب دو اخذ کرنے والے فرشتے (انسان کے اعمال کو جب وہ اس سے صادر ہوتے ہیں) اخذ کرتے رہتے ہیں جو کہ داہنی اور بائیں طرف بیٹھے رہتے ہیں (اور برابر ہر عمل کو لکھتے رہتے ہیں لقولہ تعالیٰ اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ [یونس: ۲۱] وقولہ تعالیٰ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ [الجاثیۃ: ۲۹] یہاں تک کہ سب اعمال میں اہون واخف عرفاً تکلم ہے مگر ان کی یہ کیفیت ہے کہ) وہ کوئی لفظ منہ سے نہیں نکالنے پاتا مگر اس کے پاس ہی ایک تاک لگانے والا تیار (موجود ہوتا) ہے (اگر وہ نیکی کا کلام ہوا تو داہنے والا اس کو ضبط اور تحریر میں لاتا ہے اور اگر بدی کا کلام ہو تو بائیں والا پس اور اعمال معتد بہ تو کیوں نہیں ضبط کئے جاویں گے پس علم الٰہی کے ساتھ اعمال کا دفتر ملائکہ میں منضبط ہونا ثابت ہو گیا) اور (آگے اصل مقصود تو قیامت وجزاء کے وقوع کو بتلانا ہے مگر اول اس کے مقدمہ کو کہ موت ہے بتلاتے ہیں اور گو اس کا کسی کو انکار نہیں مگر اکثر قیامت کا انکار موت ہی کے ذہول سے ہے پس موت کا نصب العین کر دینا انسان کو فکر اور طلب حق میں واقع کر سکتا ہے جس کے بعد دلائل صحیحہ میں غور کر کے اس کے وقوع کا قائل ہو سکتا ہے پس ارشاد ہے کہ لو ہوشیار ہو جاؤ) موت کی سختی حقیقۃ (قریب) آ پہنچی (یعنی ہر شخص کی موت قریب ہے چنانچہ ظاہر ہے آگے بطور صنعت التفات کے انسان کو جس کا ذکر لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ میں تھا خطاب ہے کہ) یہ (موت) وہ چیز ہے جس سے تو بدکتا (اور بھاگتا) تھا (فاجر تو بوجہ حب دنیا کے اور غیر فاجر اقتضائے طبعی سے اور اس امر طبعی پر گا ہے شوق کا غالب ہو جانا معارض اس کے نہیں کیونکہ مقصود بیان کرنا اثر فی نفسہ کا ہے نہ بالنظر الی العوارض) اور (بعد بیان مقدمہ کے اب وقوع کا بیان ہے جو کہ مقصود تھا یعنی قیامت کے دن دوبارہ) صور پھونکا جائے گا (جس سے سب زندہ ہو جاویں گے) یہی دن ہوگا وعید کا (جس سے لوگوں کو ڈرایا جاتا تھا) اور (وقوع یوم کے بعد اب واقعات کا بیان ہے یعنی اس روز) ہر شخص اس طرح (میدان قیامت میں) آوے گا کہ اس کے ساتھ (دو فرشتے ہوں گے جن میں) ایک (تو میدان قیامت کی طرف) اس کو اپنے ہمراہ لاوے گا اور ایک (اس کے اعمال کا) گواہ ہوگا (حدیث مرفوع میں ہے کہ یہ سائق اور شہید وہی دو فرشتے کاتب حسنات وسیئات ہیں رواه في الدر اور اگر حدیث موافق شرائط محدثین کے قوی نہ ہو تو احتمال ہے کہ اور دو فرشتے ہوں جیسا بعض قائل ہوئے ہیں گو اس صورت میں بھی بوجہ موافقت حدیث کے راجح احتمال اول ہی ہوگا اور جب وہ میدان قیامت میں حاضر ہوں گے تو ان میں جو کافر ہوں گے ان سے خطاب ہوگا کہ) تو اس دن سے بے خبر تھا (یعنی اس کا قائل نہ تھا) سو اب ہم نے تجھ پر سے تیرا پردہ (غفلت اور انکار کا) ہٹا دیا (اور قیامت کا معائنہ کرادیا) سو آج (تو) تیری نگاہ بڑی تیز ہے (کہ کوئی امر مانع ادراک نہیں کاش دنیا میں بھی اس مانع غفلت کو رفع کر دیتا تو تیرے بھلے دن ہوتے) اور (اس کے) بعد فرشتہ (کاتب اعمال) جو اس کے ساتھ رہتا تھا (اور اب بھی ایک قول پر سائق یا شاہد بن کر آیا ہے نامۂ اعمال حاضر کر کے) عرض کرے گا کہ یہ وہ (روزنامچہ) ہے جو میرے پاس تیار ہے۔ كذا فسر هذا القرين بالملك ابن جريج والقرين الذي يليه بالشيطان رواه في الدر چنانچہ اس روزنامچہ کے موافق کافروں کے بارہ میں دو فرشتوں کو خواہ وہ سائق وشہید مذکور ہوں کما قیل یا اور دو (۲) فرشتے ہوں حکم ہوگا کہ) گرا ایسے شخص کو جہنم میں ڈال دو جو کفر کرنے والا ہو اور (حق) سے) ضد رکھتا ہو اور نیک کام سے روکتا ہو اور حد (عبدیت) سے باہر ہو جانے والا ہو اور (دین میں) شبہ پیدا کرنے والا ہو جس نے خدا کے ساتھ دوسرا معبود تجویز کیا ہو سو ایسے شخص کو سخت عذاب میں

www.besturdubooks.net

ڈال دو (جب کفار کو معلوم ہوگا کہ اب خسارۂ ابدیہ میں پڑنے والے ہیں اس وقت اپنے بچاؤ کے واسطے گمراہ کرنے والوں کے ذمہ الزام رکھیں گے کما قال تعالیٰ: وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ِۨالْقَوْلَ [سبا: ۳۱] چونکہ ان مضلین میں شیاطین بھی ہوں گے اس لئے) وہ شیطان جو اس کے ساتھ رہتا تھا کہے گا کہ اے ہمارے پروردگار میں نے اس کو (جبراً) گمراہ نہیں کیا تھا (جیسا اس کے الزام رکھنے سے مفہوم ہوتا ہے کہ اس کے فعل کو اصلاً دخل نہ ہو) لیکن (بات یہ ہے کہ) یہ خود ہی دور و دراز کی گمراہی میں (باختیار خود) تھا (گو اغواء غیر جبری مجھ سے بھی صادر ہوا اس لئے اس کی گمراہی کا اثر مجھ پر نہ ہونا چاہئے) ارشاد ہوگا کہ میرے سامنے جھگڑے کی باتیں مت کرو (کہ بے سود ہیں) اور میں تو پہلے ہی تمہارے پاس وعید (یں) بھیج چکا تھا (کہ جو کفر کرے گا از خود یا کسی کے اغواء سے اور جو امر باللکفر کرے گا خواہ قسراً یا بلا قسر سب کو جہنم کی سزا علی تفاوت المراتب دوں گا سو) میرے ہاں (وہ) بات (وعید مذکور کی) نہیں بدلی جاوے گی (بلکہ تم سب دوزخ میں جھونکے جاؤ گے) اور میں (اس تجویز میں بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہوں (بلکہ بندوں نے خود ایسے ناشائستہ کام کئے جس کی سزا آج بھگت رہے ہیں)۔ **ف**: کاتبین اعمال کو قَعِيْدٌ جو فرمایا تو ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ بعضے حالات کے اعتبار سے فرمایا کیونکہ اس روایت میں یہ ہے کہ جب یہ شخص بیٹھتا ہے تو وہ فرشتے بیٹھ جاتے ہیں اور جب چلتا ہے تو ایک فرشتہ آگے اور ایک پیچھے ہو جاتا ہے اور جب لیٹتا ہے ایک سرہانے ایک پیروں کی طرف ہوتا ہے کذا فی الدر عن ابن جریج اور پاخانہ وغیرہ کے وقت وہ جدا ہو جاتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ نے ان کو کوئی ایسی پہچان دی ہے جس سے وہ ایسے اعمال کو پہچان لیتے ہیں جو ایسے وقت میں آدمی نے کئے ہوں اور حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اعمال کے ارادہ کو بھی لکھتے ہیں اور کاتب حسنات وسیئات کا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ہونا جس روایت میں آیا ہے اس میں یہ تفصیل نہیں کہ سائق کون ہوگا اور شہید کون ہوگا۔ عجب نہیں کہ اگر حسنات غالب ہوں تو کاتب حسنات کی شہادت چونکہ زیادہ مناسب ہے اس لئے وہ شہید ہو اور کاتب سیئات سائق اور عکس میں عکس واللہ اعلم۔ اور فرشتہ اور شیطان دونوں کو قرین کہنا بایں معنی ہے کہ حدیث مسلم مصرح ہے کہ ہر شخص کے ساتھ دو (۲) قرین ہیں ایک فرشتہ دوسرا شیطان اور یہ بھی حدیث میں ہے کہ فرشتہ نیک باتیں بتلاتا ہے اور شیطان بری باتیں، اور آیات مذکورہ میں اول کی آیتیں مشترک ہیں مؤمن وکافر کے درمیان میں اور اخیر کی خاص ہیں کافر کے ساتھ اس کے بعد بقیہ حال جہنم کا بیان کر کے ازلفت سے خاص ہیں مؤمن کے ساتھ۔ پس مجموعہ مضمون تفصیل بعد الاجمال ہو گیا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚ مقصود اس سے وسوسہ پر مواخذہ فرمانا نہیں بلکہ بیان ہے قرب علمی کا تو اس سے قرب ذاتی پر جو کہ رب اور عبد میں مشترک ہے استدلال صحیح نہیں۔ قولہ تعالیٰ: مَا يَلْفِظُ ..... اس سے حفظ لسان کا امر ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ ..... اس سے کفار کے لئے بھی بلا مجاہدہ کشف کا حصول معلوم ہوتا ہے تو ایسی چیز مؤمن کی مطلوب نہ ہونا چاہئے۔

اللغات: حبل الوريد في الصراح رگ گردن وهما وريدان واضافة الحبل اليه بيانية والحبل العرق لكونه شبيها به والوريد ان قالوا عرقان في صفحتي العنق وهما الودجان يقطعان في الذبح والاوردة عروق غير ضوارب كالشرائين للضوارب ويحتمل العموم۱۲۔ قوله يتلقى من التلقي بمعنى الاخذ عتيد معدمتهيأ۔ سكرة شدة۔ تحيد مال يميل ۱۲۔

النحو: قوله توسوس به الباء للصلة۱۲۔ قوله قعيد اىٔ عن اليمين قعيد وعن الشمال قعيد فحذف من الاول لدلالة الثاني عليه۱۲۔ قوله هذا في الروح اشارة الى الجنة والتذكير لما ان المشار اليه هو المسمى من غير قصد لفظ يدل عليه فضلا عن تذكيره وتانيثه فانها من احكام اللفظ العربي كما في قوله تعالىٰ فلما راى الشمس بازغة قال هذا ربي۔ قوله غير بعيد حال من الجنة قصد به التاكيد كما تقول عزيز غير ذليل لان العزة تنافي الذال ونفي مضاد الشي تاكيد اثباته وفيه دفع توهم ان ثم تجوزا او شوبا من الضد ولم يقل غير بعيدة لتاويل الجنة بالبستان۔ قوله لكل اواب هو عندى خبر لمبتدأ مقدر اى هي لكل اواب والجملة تفسير للوعد اى توعدون بهذا الطريق انها لكل الخ۔ قوله ادخلوها مقول ليقال المقدر وهو خبر لمن خشي۱۲۔

البلاغة: قوله اقرب اليه في الروح اى نعلم به وباحواله لا يخفى عذنا شئ من خفياته على انه اطلق السبب واريد المسبب لان القرب من الشي في العادة سبب العلم به وباحواله او الكلام من باب التمثيل وحبل الوريد مثل في فرط القرب قال ذو الرمة على ما في الكشاف والموت ادنى لي من حبل الوريد والحبل معروف والمراد به هنا العرق لشبهه به واضافته الى الوريد للبيان كشجر الاراك آه۱۲۔ قوله توعدون صيغة المضارع لاستحضار الصورة الماضية۱۲۔

يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ۝ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ۝ هٰذَا مَا

www.besturdubooks.net

تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿۳۲﴾ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِۨ ﴿۳۳﴾ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ذٰلِكَ يَوْمُ
الْخُلُوْدِ ﴿۳۴﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ﴿۳۵﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِي
الْبِلَادِ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۶﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۳۸﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ
طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿۳۹﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿۴۰﴾ وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۴۱﴾
يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿۴۳﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ
عَنْهُمْ سِرَاعًا ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿۴۴﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ
مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿۴۵﴾ ع ۱۶ ۱۷

جس دن کہ ہم دوزخ سے کہیں گے کہ تو بھر بھی گئی اور وہ کہے گی کہ کچھ اور بھی ہے اور جنت متقیوں کے قریب لائی جائے گی کہ کچھ دور نہ رہے گی۔ یہ وہ چیز ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا کہ وہ ہر ایسے شخص کے لئے ہے جو رجوع ہونے والا پابندی کرنے والا ہو۔ جو شخص خدا سے بے دیکھے ڈرتا ہو اور رجوع ہونے والا دل لے کر آئے گا اس جنت میں سلامتی کے ساتھ (داخل ہو جا) یہ دن ہے ہمیشہ رہنے کا۔ ان کو بہشت میں سب کچھ ملے گا جو چاہیں گے اور ہمارے پاس بھی زیادہ نعمت ہے اور ہم ان (اہل مکہ) سے پہلے بہت سی امتوں کو ہلاک کر چکے ہیں جو قوت میں ان سے (کہیں) زیادہ تھے اور تمام شہروں کو چھانتے پھرتے تھے (لیکن جب ہمارا عذاب نازل ہوا تو ان کو) کہیں بھاگنے کی جگہ بھی نہ ملی۔ اس میں ایک شخص کے لئے بڑی عبرت ہے۔ جس کے پاس فہیم دل ہو۔ یا وہ کم از کم (دل سے) متوجہ ہو کر (بات کی طرف) کان ہی لگا دیتا ہو اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان کی درمیان میں ہے ان سب کو چھ دن میں پیدا کیا اور ہم کو تکان نے چھوا تک نہیں۔ سو ان کی باتوں پر صبر کیجئے اور اپنے رب کی تحمید و تسبیح کرتے رہئے (اس میں نماز بھی داخل ہے) آفتاب نکلنے سے پہلے (مثلاً صبح کی نماز) اور چھپنے سے پہلے (مثلاً ظہر و عصر) اور رات میں بھی اس کی تسبیح کیا کیجئے۔ (اس میں مغرب اور عشا آ گئی) اور (فرض) نمازوں کے بعد بھی اور سن رکھو کہ جس دن ایک پکارنے والا پاس ہی سے پکارے گا جس روز اس چیخنے کو بالیقین سب سن لیں گے یہ دن ہوگا (قبروں سے) نکلنے کا۔ ہم ہی (اب بھی) زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہماری طرف ہی لوٹ کر آنا ہے۔ جس دن زمین ان (مردوں) پر سے کھل جائے گی جبکہ وہ دوڑتے ہوں گے یہ ہمارے نزدیک ایک آسان (جمع کر لینا) ہے تو جو کچھ یہ لوگ کہہ رہے ہیں ہم خوب جانتے ہیں اور آپ ان پر (منجانب اللہ) جبر کرنے والے (کر کے) نہیں (بھیجے گئے) ہیں تو آپ قرآن کے ذریعے سے ایسے شخص کو نصیحت کرتے رہئے جو میرے وعید سے ڈرتا ہے۔

تفسیر تتمہ سابق: يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ (الیٰ قولہ تعالیٰ) لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ (یہاں سے بقیہ واقعات کا بیان ہے کہ وہ دن لوگوں کو یاد دلایئے) جس دن کہ ہم دوزخ سے (بعد اس کے کہ کفار کو اس میں داخل کر چکیں گے) کہیں گے کہ تو بھر گئی اور وہ کہے گی کہ کچھ اور بھی ہے (یہ پوچھنا شاید تہویل کفار کے لئے ہو کہ جواب سن کر ان کے دل میں دوزخ کی اور ہول پیدا ہو جاوے کہ ہم کیسے غضب کے ٹھکانے پہنچے ہیں اور اس جواب کے بعد حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ اس پر اپنا قدم رکھ دیں گے اور وہ دب جائے گی اور سمٹ جاوے گی اور عرض کرے گی کہ بس بس بھر گئی۔ رواہ الشیخان وغیرھما اور یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے: لاملئن جهنم من الجنة والناس اور یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ پر نہ ہوگی۔ جواب یہ ہے کہ لاملان عام ہے ابتداء اور انتہاء کو پس انتہاء بھر جانے پر بھی لاملان صادق ہے اگر کہا جاوے کہ یہ پر ہونا تو من القدم ہوا من الجنة والناس نہ ہوا۔ جواب یہ ہے کہ قدم کا محض تصرف ہو جاوے گا باقی پر ہونا جن اور انس ہی سے ہوگا۔ محسوسات میں اس کی یہ مثال ہو سکتی ہے جیسے مثلاً کوئی ظرف گیلی مٹی کا بنایا جاوے اور اس میں کنکر وغیرہ اس طرح بھرے جاویں کہ وہ اوچھا رہے پھر کوئی شخص اس کو ہاتھ سے یا پاؤں سے دبا دیوے کہ وہ چاروں طرف سے دب دبا کر اندر سے اتنا رہ جاوے کہ وہ کنکر اس کے منہ تک آ جاویں اور قدم کے معنی متشابہات میں سے ہیں اور اس سوال و جواب ہونے میں کوئی استبعاد نہیں یہ تو جہنم کا بیان ہوا) اور (جنت کا بیان یہ ہے کہ وہ) جنت متقیوں کے قریب لائی جاوے گی کہ کچھ دور نہ رہے گی (اور متقیوں سے کہا جاوے گا کہ) یہ وہ چیز ہے جس کا تم سے (اس عنوان) وعدہ کیا جاتا تھا کہ وہ ہر ایسے شخص کے لئے ہے جو (خدا کی طرف دل سے) رجوع ہونے والا (اور رجوع ہو کر اعمال و طاعات کی) پابندی کرنے والا ہو

www.besturdubooks.net

(غرض یہ کہ) جو شخص خدا سے بے دیکھے ڈرتا ہوگا اور (اللہ کے پاس) رجوع ہونے والا دل لے کر آوے گا (اُن کو حکم ہوگا کہ) اس جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ یہ دن ہے ہمیشہ رہنے (کے لئے حکم ہونے) کا ان کو بہشت میں سب کچھ ملے گا جو جو چاہیں گے اور ہمارے پاس (اُن کی چاہی ہوئی چیزوں سے) اور بھی زیادہ (نعمت) ہے (کہ وہاں تک جنتی کا ذہن بھی نہ پہنچے گا کما قال تعالیٰ: فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ [السجدة: ۱۷] وقال علیه السلام ما لا عين رأت ولا اذن سمعت ولا خطر على قلب بشر اُن میں سے ایک تجلی باری تعالیٰ ہے کذا فی الدر عن انس اور بعض حوریں ہوں گی کہ وہ کہیں گی انا من المزيد رواہ فی الدر مرفوعا اور گو اجمالاً تجلی اور حور کا علم مؤمنین کو ہے مگر ان کی جو خواہش علم تفصیلی پر موقوف ہے علم تفصیلی نہ ہونے کی وجہ سے وہ مشیت بھی منفی ہوئی لہٰذا اس کا مزید علی ما یشاء و ن ہونا صحیح ہوا)۔

ف: ازلاف جنت کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں یا تو اس کی جگہ منتقل کر کے میدان قیامت میں لے آویں اور اللہ کو سب قدرت ہے تو اس صورت میں ادخلوها فرمانا بایں معنی نہیں کہ ابھی چلے جاؤ بلکہ بشارت اور وعدہ ہے کہ تم بعد حساب و کتاب وغیرہ کے اس میں جانا اور دوسری یہ صورت ہو سکتی ہے کہ بعد فراغ حساب وغیرہ کے ان لوگوں کو جنت کے قریب پہنچا کر باہر ہی سے کہا جاوے گا کہ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ پھر اور قریب کر کے کہا جاوے گا: اُدْخُلُوْهَا......۔

ربط: اوپر قیامت کے وقوع اور واقعات کا ذکر تھا جس میں کفار کی عقوبت بھی مذکور تھی اور وقوع قیامت کا موقوف ہے اس کے امکان پر اور واقعہ عقوبت موقوف ہے مبغوضیت کفر پر۔ کفار دونوں کے منکر تھے اس لئے آگے اثبات مبغوضیت کے لئے کفار سابقین کا مہلک بالعذاب ہونا آیت وَكَمْ اَهْلَكْنَا...... میں اور قیامت کا امکان اور داخل تحت القدرت ہونا آیت: وَلَقَدْ خَلَقْنَا...... میں اور باوجود اس کے ان لوگوں کا انکار چونکہ مورث حزن تھا اس لئے آیت فَاصْبِرْ ...... میں آپ کا تسلیہ ارشاد ہے اور ہر چند کہ امکان اوپر بھی افلم ينظروا الخ میں مذکور ہوا ہے مگر چونکہ اس میں شغب زیادہ تھا اس لئے اس کا مؤکد کرنا مناسب مقام ہوا۔

اثبات مبغوضیت کفر بذکر اہلاک کفار:

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ (الی قوله تعالی) اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ۔

امکان بعث مکرر: وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ۔

تسلیہ: فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ (الی قوله تعالی) وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ اور ہم ان (اہل مکہ) سے پہلے بہت سی اُمتوں کو (اُن کی کفر کی شامت سے) ہلاک کر چکے ہیں جو قوت میں ان سے (کہیں) زیادہ تھے اور (دنیا کا سامان بڑھانے کے لئے) تمام شہروں کو چھانتے پھرتے تھے (یعنی قوت کے ساتھ اسباب معیشت میں بھی بڑی ترقی کی تھی لیکن جب ہمارا عذاب نازل ہوا تو ان کو) کہیں بھاگنے کی جگہ بھی نہ ملی (یعنی کسی طرح بچ نہ سکے) اس (واقعہ اہلاک) میں اس شخص کے لئے بڑی عبرت ہے جس کے پاس (فہیم) دل ہو یا (اگر فہم زیادہ نہ ہو تو کم از کم یہی ہو کہ) وہ (دل سے) متوجہ ہو کر (بات کی طرف) کان ہی لگا دیتا ہو (اور سن کر اجمالاً حقانیت کا معتقد ہو کر اتباعاً لاہل الفہم اس بات کو قبول کر لیتا ہو اور حاصل اس عبرت کا یہ ہے کہ اہلاک سے کفر کی مبغوضیت عنداللہ معلوم ہو گئی پس انکار مجازات بنابر عدم مبغوضیت کفر تو باطل ٹھہرا) اور (اگر انکار مجازات بنابر عدم مقدوریت بعث ہے تو وہ اس لئے باطل ہے کہ ہماری ایسی قدرت ہے کہ) ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے اس سب کو چھ دن (کے مقدار کے موافق زمانہ) میں پیدا کیا اور ہم کو تکان نے چھوا تک نہیں (پھر آدمی کا دوبارہ پیدا کرنا کیا مشکل ہے و ہذا کقولہ تعالیٰ فی الاحقاف: اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِ الْمَوْتٰى [الأحقاف: ۳۳] اور باوجود ان قاطع شبہات جوابوں کے یہ لوگ جو پھر انکار ہی پر اڑے ہیں) سو ان کی باتوں پر صبر کیجئے (یعنی رنج نہ کیجئے) اور (چونکہ بدوں اس کے کہ کسی طرف دل کو مشغول کیا جاوے وہ غم کی بات دل سے نہیں نکلتی اور بار بار یاد آ کر دل کو محزون کرتی ہے اس لئے ارشاد فرماتے ہیں کہ) اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے رہئے (اس میں نماز بھی داخل ہے) آفتاب نکلنے سے پہلے (مثلاً صبح کی نماز) اور (اس کے) چھپنے سے پہلے (مثلاً ظہر و عصر) اور رات میں بھی اس کی تسبیح (وتحمید) کیا کیجئے (اس میں مغرب اور عشاء آ گئی) اور (فرض) نمازوں کے بعد بھی (اس میں نوافل و اوراد آ گئے حاصل یہ ہوا کہ ذکر اللہ میں اور اس کی فکر میں لگے رہئے تا کہ ان کے اقوال کفریہ کی طرف توجہ نہ ہو)۔ ربط: اوپر امکان کا مکرر بیان تھا آگے قیامت کے وقوع کا تاکید کے لئے مکرر ذکر ہے کیونکہ اس سے پہلے وَنُفِخَ میں بیان ہو چکا تھا اور اس کے بعد پھر مکرر تسلیہ ہے اور تسلیہ پر سورت ختم ہے۔

وقوع قیامت مکرر: وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ (الی قوله تعالی) فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ۔

اور (اے مخاطب اس اگلی بات کو توجہ سے) سُن رکھ کہ جس دن ایک پکارنے والا (فرشتہ یعنی اسرافیل علیہ السلام بذریعہ نفخ صور مردوں کو قبروں سے نکلنے کے لئے) پاس ہی سے پکارے گا (پاس کا مطلب یہ ہے کہ وہ آواز سب کو بے تکلف پہنچے گی اور جیسے اکثر دور کی آواز کسی کو پہنچتی ہے کسی کو نہیں پہنچتی ایسا نہ ہوگا) جس

www.besturdubooks.net

روز اس چیخنے کو بالیقین سب سن لیں گے یہ دن ہوگا (قبروں سے) نکلنے کا ہم ہی (اب بھی) جلاتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہماری طرف پھر لوٹ کر آنا ہے (اس میں بھی اشارہ کر دیا قدرت علی الاحیاء کی طرف) جس روز زمین اُن (مردوں) پر سے کھل جاوے گی جب کہ وہ (نکل کر میدان قیامت کی طرف دوڑتے ہوں گے یہ (جمع کر لینا) ہمارے نزدیک ایک آسان جمع کر لینا ہے (غرض مکرر در مکرر قیامت کا امکان اور وقوع سب ثابت ہو چکا مگر اس پر بھی جو لوگ نہ مانیں تو آپ غم نہ کیجئے کیونکہ) جو کچھ یہ لوگ (قیامت وغیرہ کے بارہ میں) کہہ رہے ہیں ہم خوب جانتے ہیں (ہم خود سمجھ لیں گے) اور آپ ان پر (منجانب اللہ) جبر کرنے والے (کر کے) نہیں (بھیجے گئے) ہیں (بلکہ صرف منذر اور مبلغ ہیں جب یہ بات ہے) تو آپ قرآن کے ذریعہ سے (عام تذکیر سے سب کو اور خاص تذکیر نافع سے صرف) ایسے شخص کو نصیحت کرتے رہیے جو میری وعید سے ڈرتا ہو (اس مفعول کی تقیید سے اشارہ ہو گیا کہ آپ گو تذکیر عام کرتے ہیں جیسا مشاہدہ ہے لیکن پھر بھی من یخاف وعید کوئی کوئی ہوتا ہے پس ثابت ہوا کہ یہ آپ کے اختیار میں نہیں جب آپ کے اختیار میں نہیں پھر بے اختیار بات کی فکر کیا)۔ ف: الحمد للہ کہ سورۃ ق کی تفسیر ختم ہوئی آگے ان شاء اللہ تعالیٰ سورۂ ذاریات آتی ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ ... اس میں کلام شیخ کے نافع ہونے کے شرائط ہیں۔ قولہ تعالیٰ: فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ ... اس میں صاف دلالت ہے کہ شدائد میں تسلیہ کا قوی ذریعہ توجہ الی اللہ ہے۔

الرِّوَایَات: فی الدر نزول قوله تعالٰی وما مسنا من لغوب لرد علی الیهود القائلین فی شانه تعالٰی ثم استراح (ای بعد خلقه السمٰوٰت والارض واستوائه علی العرش) کما فی لباب النقول عن الحاکم مع تصحیحه اقول ولا بعد فی قصد امرین بواحد والمعنی ایها المشرکون ما مسنا من لغوب وان تعوه به جهلة اهل الکتاب ۱۲۔

اللُّغَات: بطشا ای قوة او اخذًا شدیدا۔ قوله نقبوا التنقیب التنقیر والبحث عن احوال الشیٔ والمراد التعرف ۱۲۔ السجود الصلٰوة اطلاقا للجزء علی الکل ادبار جمع دبر بمعنی عقب ۱۲۔

النَّحْو: من اللّیل مفعول لفعل المحذوف یفسره فسبحه باعتبار الاتحاد والعطف للتغایر الشخصی قوله واستمع ومفعوله محذوف ای لما ساخبرك عنه وبین ذلك بقوله تعالی یوم یناد قوله یوم یناد انتصب یوم بمادل علیه ذلك یوم الخروج ای یخرجون من القبور یوم یناد یوم یسمعون بدل من یوم یناد۔ ۱۲ ۱۲۔ یوم تشقق بدل بعد بدل من یوم یناد۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ الذّٰرِیٰتِ

سُوْرَۃُ الذّٰرِیٰتِ ۵۱ مَکِّیَّۃٌ ۶۷ | بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیَاتُھَا ۶۰ رُکُوْعَاتُھَا ۳

سورۃ الذاریات مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۶۰ آیات اور ۳ رکوع ہیں

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۝١ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۝٢ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ۝٣ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۝٤ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۝٥ وَّاِنَّ الدِّيْنَ
لَوَاقِعٌ ۝٦ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۝٧ اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ۝٨ يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ۝٩ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ۝١٠ الَّذِيْنَ هُمْ
فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ۝١١ يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ۝١٢ يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ۝١٣ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ۭ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ
تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝١٤ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝١٥ اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ۝١٦ كَانُوْا قَلِيْلًا
مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ۝١٧ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۝١٨ وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآىِٕلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝١٩ وَفِي الْاَرْضِ
اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ۝٢٠ وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝٢١ وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ۝٢٢ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ
ع ۱ ۱۸ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ۝٢٣

قسم ہے ان ہواؤں کی جو غبار وغیرہ کو اڑاتی ہوں پھر ان بادلوں کی جو بوجھ (یعنی بارش) کو اٹھاتے ہیں پھر ان کشتیوں کی جو نرمی سے چلتی ہیں پھر ان فرشتوں کی جو حکم کے موافق اہل ارض میں چیزیں تقسیم کرتے ہیں۔ جس قیامت کا وعدہ کیا جاتا ہے وہ بالکل سچ ہے اور (اعمال کی) جزا (وسزا) ضرور ہونے والی ہے۔ قسم ہے آسمان کی جس میں (فرشتوں کے چلنے کے) راستے ہیں کہ تم (یعنی سب) لوگ (قیامت کے بارے میں) مختلف گفتگو میں ہو اس سے وہی پھرتا ہے جس کو پھرنا ہوتا ہے۔ غارت ہو جائیں بے سند باتیں کرنے والے۔ جو جہالت میں بھولے ہیں پوچھتے ہیں کہ روز جزا کب ہوگا جس دن وہ لوگ آگ پر رکھے جائیں گے (اور کہا جائے گا کہ) اپنی اس سزا کا مزہ چکھو یہی ہے جس کی تم جلدی مچایا کرتے تھے۔ بے شک متقی لوگ بہشتوں میں اور چشموں میں ہوں گے (اور) ان کے رب نے ان کو (جو ثواب) عطا کیا ہوگا وہ اس کو (خوشی خوشی) لے رہے ہوں گے (کیوں نہ ہو) وہ لوگ اس کے قبل دنیا میں نیکوکار تھے۔ وہ لوگ رات کو بہت کم سوتے تھے اور آخر شب میں استغفار کیا کرتے تھے اور ان کے مال میں سوالی اور غیر سوالی کا حق تھا اور یقین لانے والوں کے لئے زمین میں بہت سی نشانیاں ہیں اور خود تمہاری ذات میں اور کیا تم کو دکھائی نہیں دیتا اور تمہارا رزق اور جو تم سے (قیامت کے متعلق) وعدہ کیا جاتا ہے (ان) سب (کا معین وقت) آسمان میں ہے تو قسم ہے آسمان اور زمین کے پروردگار کی کہ وہ برحق ہے جیسا کہ تم باتیں کر رہے ہو۔

سورۃ والذّٰریٰت مکیۃ وایھا ستون کذا فی البیضاوی

تفسیر ربط: اوپر کی سورت میں معاد کا ذکر تھا اس سورت کا زیادہ حصہ بھی اسی مضمون میں ہے چنانچہ شروع بھی اسی سے ہوئی ہے۔

تحقیق معاد و ذم منکرین و جزائے فریقین:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا (الی قولہ تعالی) اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ قسم ہے ان ہواؤں کی جو غبار وغیرہ کو اڑاتی ہیں پھر ان

www.besturdubooks.net

بادلوں کی جو بوجھ (یعنی بارش کو) اُٹھاتے ہیں پھر اُن کشتیوں کی جو نرمی سے چلتی ہیں پھر ان فرشتوں کی جو (حکم کے موافق اہل ارض میں) چیزیں تقسیم کرتے ہیں (مثلاً جہاں جس قدر بارش کا حکم ہوتا ہے جو مادہ ہے رزق کا وہاں بادلوں کے ذریعہ سے اسی قدر پہنچاتے ہیں اسی طرح حسب حدیث رحم میں جنین کی صورت مذکر و مؤنث پوچھ کر بناتے ہیں اور سکینہ اور رعب بھی تقسیم کرتے ہیں آگے قسموں کا جواب ہے کہ) تم سے جس (قیامت) کا وعدہ کیا جاتا ہے وہ بالکل سچ ہے اور (اعمال کی) جزا (وسزا) ضرور ہونے والی ہے (ان قسموں میں اشارہ ہے استدلال کی طرف یعنی یہ سب تصرفات عجیبہ قدرت الٰہیہ سے ہونا دلیل ہے عظمت قدرت کی پھر ایسے عظیم القدرت کو قیامت کا واقع کرنا کیا مشکل ہے اور تفسیر ان کلمات مقسم بہا کی دُر منثور میں حدیث مرفوع سے اسی طرح نقل کی ہے اور تخصیص ان کی شاید اس لئے ہو کہ اس میں اشارہ ہو گیا مخلوق کی اصناف مختلفہ کی طرف چنانچہ ملائکہ سماویات میں سے ہیں اور ریاح وسفن ارضیات میں سے اور سحاب کائنات جو میں سے اور ارضیات میں دو چیزیں کہ ایک منحصر ہے ایک غیر منحصر شاید اس لئے آئی ہوں کہ ارضیات سے زیادہ تلبس رہتا ہے اور توجیہ قسم بالمخلوق کی شروع سورۂ صافات میں گزری ہے آگے اسی قیامت کے متعلق ایک مضمون پر خود سماء کی قسم ہے جیسے اوپر سماویات کی تھی یعنی) قسم ہے آسمان کی جس میں (فرشتوں کے چلنے کے) رستے ہیں (کقولہ تعالیٰ: وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ [المؤمنون: ١٧] آگے جواب قسم ہے) کہ تم (یعنی سب) لوگ (قیامت کے بارہ میں) مختلف گفتگو میں ہو (کوئی تصدیق کرتا ہے کوئی تکذیب کرتا ہے **وھذا کقولہ تعالیٰ**: عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ [النباء: ٢ - ٣] **الذی فسرہ قتادۃ کما فی الدر** بقولہ مصدق بہ ومکذب اور آسمان کی قسم سے شاید اس طرف اشارہ ہو کہ جنت آسمان میں ہے اور آسمان میں راستہ بھی ہے مگر جو حق میں اختلاف کرے گا اس کے لئے راہ بند ہو جاوے گی۔ اور ان اختلاف والوں میں) اس (وقوع قیامت وجزاء کے اعتقاد) سے وہی پھرتا ہے جس کو (بالکلیہ خیر وسعادت ہی سے) پھرنا ہوتا ہے (**ھذا کما فی الحدیث من حرمہ فقد حرم الخیر کلہ رواہ ابن ماجۃ** اور اختلاف والوں کے دوسرے فریق کا حال اسی کے مقابلہ سے معلوم ہو گیا کہ وہ خیر وسعادت سے پھرے ہوئے نہیں اب آگے ان پھرنے والوں کی مذمت ہے کہ) غارت ہو جائیں بے سند باتیں کرنے والے (یعنی جو قیامت کا انکار کرتے ہیں بلا اس کے کہ ان کے پاس کوئی اس کی دلیل ہو) جو کہ جہالت میں بھولے ہوئے ہیں (بھولنے سے مراد اختیاری غفلت ہے اور وہ لوگ بطور استہزاء واستعجال کے) پوچھتے ہیں کہ روز جزا کب ہوگا (آگے جواب ہے کہ وہ اس دن ہوگا) جس دن (کہ) وہ لوگ آگ پر تپائے جائیں گے (اور کہا جاوے گا کہ) اپنی اس سزا کا مزہ چکھو یہی ہے جس کی تم جلدی مچایا کرتے تھے (یہ جواب يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ اس طرز کا ہے جیسے کسی مجرم کے لئے پھانسی کا حکم ہو جاوے مگر وہ احمق باوجود قیام براہین کے محض اس وجہ سے کہ اس کو تاریخ نہیں بتلائی گئی تکذیب ہی کئے اور کہے جاوے کہ اچھا وہ دن کب آوے گا چونکہ یہ سوال محض تعنت کی راہ سے ہے اس لئے جواب میں بجائے تاریخ بتلانے کے یہ کہنا نہایت مناسب ہوگا کہ وہ دن اس وقت آئے گا جب تم پھانسی پر لٹکا دیئے جاؤ گے آگے دوسرے فریق یعنی غیر مافوک کے ثواب کا ذکر ہے کہ) بے شک متقی لوگ بہشتوں میں اور چشموں میں ہوں گے (اور) ان کے رب نے ان کو جو (ثواب) عطا کیا ہوگا وہ اس کو (خوشی خوشی) لے رہے ہوں گے (اور کیوں نہ ہو) وہ لوگ اس کے قبل (یعنی دنیا میں) نکوکار تھے (پس حسب وعدہ: هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ [الرحمن: ٦٠] کے ان کے ساتھ یہ معاملہ کیا گیا آگے ان کی نکوکاری کی قدرے تفصیل ہے کہ) وہ لوگ (فرائض وواجبات سے ترقی کر کے نوافل وتطوعات کے ایسے التزام کرنے والے تھے کہ) رات کو بہت کم سوتے تھے (یعنی زیادہ حصہ رات کا عبادت میں صرف کرتے تھے) اور (پھر باوجود اس کے اپنی عبادت پر نظر نہ کرتے تھے بلکہ) اخیر شب میں اپنے کو عبادت میں کوتاہی کرنے والا سمجھ کر) استغفار کیا کرتے تھے (یہ تو عبادت بدنیہ میں ان کی حالت تھی) اور (عبادت مالیہ کی یہ کیفیت تھی کہ) ان کے مال میں سوالی اور غیر سوالی (سب کا) حق تھا (یعنی ایسے التزام سے دیتے تھے جیسے ان کے ذمہ ان کا کچھ آتا ہو مراد اس سے غیر زکوۃ ہے **ھکذا فی الدر عن ابن عباس ومجاھد وابراھیم** اور یہ مطلب نہیں ہے کہ یہ نوافل جنات وعیون کا موقوف علیہ ہیں بلکہ یہاں اہل درجات عالیہ کا ذکر فرمایا گیا ہے) اور (چونکہ کفار قیامت کی صحت کا انکار کرتے تھے اسی لئے آگے اس کی دلیل کی طرف اشارہ ہے کہ) یقین لانے (کی کوشش اور طلب کرنے) والوں کے لئے (قیامت کی مقدوریت پر) زمین (کی کائنات میں) بہت نشانیاں (اور دلیلیں) ہیں اور خود تمہاری ذات میں بھی (یعنی تمہارے ظاہری وباطنی احوال مختلفہ بھی دلائل امکان ہیں کیونکہ امور آفاقیہ وانفسیہ بالیقین داخل تحت القدرت ہیں اور قدرتِ ذاتیہ کی نسبت تمام ممکنات کے ساتھ یکساں ہے اور بوجہ انتفائے دلیل امتناع کے قیامت بھی ممکنات سے ہے پس وہ بھی مقدور ہے اور چونکہ ان دلائل کی دلالت بہت واضح تھی اس لئے توبیخاً فرماتے ہیں کہ جب ایسے دلائل موجود ہیں) تو کیا تم کو (مطلوب پھر بھی) دکھلائی نہیں دیتا اور (رہا تعین وقت وقوع جس کے عدم سے استدلال عدم وقوع پر کرتے تھے سو اس کی نسبت یہ ہے کہ) تمہارا رزق اور جو تم سے (قیامت کے متعلق) وعدہ کیا جاتا ہے (ان) سب (کا معین وقت) آسمان میں (جو لوح محفوظ ہے اس میں) درج ہے (زمین پر اس کا یقینی علم کسی مصلحت سے نازل نہیں کیا گیا چنانچہ: وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ [لقمن: ٣٤] میں بھی نہیں بتایا گیا ہے اور مشاہد بھی ہے کہ یقینی تعین کسی کو نہیں معلوم لیکن جب باوجود تعیین وقت کا علم نہ ہونے کے

www.besturdubooks.net

رزق کا وجود یقینی ہے پھر اس عدم تعیین سے قیامت کا عدم کیسے لازم آ گیا اور اسی استدلال کی طرف اشارہ کرنے کے لئے ما توعدون کے ساتھ کہ مقصود مقام ہے رزقکم کہ غیر مقصود ہے بڑھا دیا آگے اس پر تفریع فرماتے ہیں کہ جب نفی کی کوئی دلیل نہیں اور اثبات کی دلیل ہے) تو قسم ہے آسمان اور زمین کے پروردگار کی کہ وہ (روز جزا) برحق ہے (اور ایسا یقینی) جیسا تم باتیں کر رہے ہو (اور بھی اس میں شک نہیں ہوتا اسی طرح اس کو یقینی سمجھو)۔ **ف**: بعض روایات مذکورہ درمنثور میں كَانُوْا قَلِيْلًا ... کی تفسیر آئی ہے: لا ینامون حتی یصلوا العتمة اور کانوا لا ینامون اللیل کله پس قلیل مقابل کثیر کے نہ ہوگا بلکہ بمعنی بعض کے مقابل جمیع کا ہوگا یعنی ساری رات نہیں سوتے جیسے اکثر کفار سوتے تھے بلکہ عشاء بھی پڑھتے ہیں پس اس تفسیر پر تہجد مراد نہ ہوگا واللہ اعلم۔ اور قیامت کے وقوع کو جو اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ کے ساتھ تشبیہ دی گئی اس میں علاوہ محاورہ کے ایک نکتہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس میں اشارہ ہے قیامت کی ایک نظیر کی طرف کہ زبان مشابہ زمین کے ہے اس سے ایک حرف کا پیدا ہونا مشابہ آدمی کی خلقت ابتدائیہ کے ہے اور اس حرف کا منقضی ہونا مشابہ موت انسان کے ہے اور پھر اس حرف کا دوبارہ پیدا ہو جانا مشابہ اعادۂ قیامت کے ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ ... اس میں اہل اللہ کے بعض اعمال کا ذکر ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ... اس کا فی الْاَرْضِ پر عطف کرنا جو ظاہراً اس سے مغنی ہے کیونکہ یہ بھی فی الارض میں داخل ہے اس معطوف کے تمائز و استقلال فی ہذا الوصف پر دال ہے اور سبب اس کا انسان کا بوجہ جامعیت لما فی الارض کے عالم اصغر ہونا ہے اور اسی عطف سے معلوم ہوا کہ جہلا صوفیہ کا اس سے تجلی حق پر استدلال کرنا باطل ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله: فی یوفك عنه بالکلیۃ الخ دل علیه حذف المتعلق وهذا من المواهب ۱۲۔ ۲؎ قوله فی اخذین خوشی خوشی فی الروح واعتبار الرضا لان الاخذ قبول عن قصد ۱۲۔

اللغات: الحبك جمع حبيكة كالطريقة والطرق وزناً ومعنى قوله يفتنون اصل الفتن اذابة الجوهر ليظهر غشه ثم استعمل فى الاحراق والتعذيب ونحو ذلك ويوم نصب على الظرفية لمحذوف دل عليه وقوع الكلام جوابا للسوال اى يقع يوم الخ۔ المحروم المتعفف الذى يحسبه الجاهل غنيا فيحرم الصدقة من اكثر الناس۔

النحو: ذروا مفعول مطلق ووقرا مفعول به ويسرا صفة بجريا المقدر بحذف المضاف اى جريا ذا يسر وامرا مفعول به والمراد الجنس الشامل للامور قوله يوفك عنه اى عن اعتقاد الدين ۱۲۔ قوله كانوا قليلا ما زائدة وقليلا ظرف منتصب بيهجعون اى كانوا يهجعون فى طائفة قليلة من الليل قوله فى السماء اى مقدر فى السماء قوله مثل ما انكم حال من المستكن فى الحق وهو لا يتعرف بالاضافة لتوغله فى التنكير او على الوصف لمصدر محذوف اى انه حق حقا مثل نطقكم۔

البلاغۃ: قوله ايان يوم الدين اى متى وقوع يوم لجزاء وقدر الوقوع ليكون السوال عن الحدث كما هو معروف فى ايان ولا ضير فى جعل الزمان زمانيا فان اليوم لما جعل موعودا ومنتظرا فى نحو قوله تعالىٰ فارتقب يوم تاتى السماء صار ملحقا بالزمانيات وكذلك كل يوم له شان مثل يوم العيد والنيروز وهذا جاء فى عرف العرب والعجم كذ فى الروح ۱۲۔ قوله مثل ما انكم فى الروح وهذا كقول الناس ان هذا لحق كما انك ترى وتسمع آه۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿٢٤﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿٢٥﴾ فَرَاغَ اِلٰٓى
اَهْلِهٖ فَجَاۗءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ﴿٢٦﴾ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٢٧﴾ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۭ وَبَشَّرُوْهُ
بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿٢٨﴾ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ﴿٢٩﴾ قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿٣٠﴾
قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٣١﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿٣٢﴾ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً
مِّنْ طِيْنٍ ﴿٣٣﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿٣٤﴾ فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٣٥﴾ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ
بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٣٦﴾ وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٣٧﴾ وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ

www.besturdubooks.net

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِى الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۴۰﴾ وَفِىْ عَادٍ

اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴿۴۱﴾ مَا تَذَرُ مِنْ شَىْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ﴿۴۲﴾ وَفِىْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا

حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۴۳﴾ فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا

مُنْتَصِرِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۴۶﴾ ع ۲

کیا ابراہیم کے معزز مہمانوں کی حکایت آپ تک پہنچی ہے (اور یہ قصہ اس وقت میں) تھا جب کہ وہ (مہمان) ان کے پاس آئے پھر ان کو سلام کیا۔ ابراہیم نے بھی (جواب میں) کہا سلام (اور کہنے لگے کہ) انجان لوگ (معلوم ہوتے) ہیں۔ پھر اپنے گھر کی طرف چلے اور ایک فربہ بچھڑا (تلا ہوا) لائے اور اس کو ان کے پاس (یعنی سامنے لاکر) رکھا۔ کہنے لگے کہ آپ لوگ کھاتے کیوں نہیں۔ تو ان سے دل میں خوف زدہ ہوئے انہوں نے کہا کہ تم ڈرو مت اور ان کو ایک فرزند کی بشارت دی جو بڑا عالم ہوگا۔ اتنے میں ان کی بی بی بولتی پکارتی آئیں پھر ماتھے پر ہاتھ مارا اور کہنے لگیں کہ (اول تو) بڑھیا (پھر) بانجھ فرشتے کہنے لگے کہ تمہارے پروردگار نے ایسا ہی فرمایا ہے۔ کچھ شک نہیں کہ وہ بڑا حکمت والا بڑا جاننے والا ہے۔ ابراہیم علیہ السلام کہنے لگے (کہ) اچھا تو (یہ بتلاؤ کہ) تم کو بڑی مہم کیا درپیش ہے اے فرشتو۔ فرشتوں نے کہا کہ ہم ایک مجرم قوم (یعنی قوم لوط) کی طرف بھیجے گئے ہیں تاکہ ان پر کنکر کے پتھر برسائیں جن پر آپ کے رب کے ہاں (یعنی عالم غیب میں) خاص نشانیاں بھی ہیں حد سے گزرنے والوں کے لئے اور ہم نے جتنے ایماندار تھے وہاں سے نکال کر ان کو علیحدہ کردیا سو بجز مسلمانوں کے ایک گھر کے اور کوئی گھر (مسلمانوں کا) ہم نے نہیں پایا اور ہم نے اس واقعہ میں ہمیشہ کے واسطے ایسے لوگوں کے لئے ایک عبرت رہنے دی جو درد ناک عذاب سے ڈرتے ہیں اور موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں بھی عبرت ہے جب کہ ہم نے ان کو فرعون کے پاس ایک کھلی ہوئی دلیل (یعنی معجزہ) دے کر بھیجا۔ سو اس نے مع اپنے ارکان سلطنت کے سرتابی کی اور کہنے لگا یہ ساحر ہے یا مجنون۔ سو ہم نے اس کو اور اس کے لشکر کو پکڑ کر دریا میں پھینک دیا (یعنی غرق کردیا) اور اس نے کام ہی ملامت کا کیا تھا اور عاد کے قصہ میں بھی عبرت ہے جبکہ ہم نے ان پر نامبارک آندھی بھیجی۔ جس چیز پر گزرتی تھی یعنی ان اشیاء میں سے کہ جن کے (ہلاک کا حکم تھا) اس کو بگاڑ دیتی جیسے کوئی چیز گل سڑ کر ریزہ ریزہ ہو جاتی ہے اور ثمود کے قصہ میں بھی عبرت ہے جب کہ ان سے کہا گیا اور تھوڑے دنوں چین کرلو۔ سو (اس ڈرانے پر بھی) ان لوگوں نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی سو ان کو عذاب نے آلیا اور وہ (اس عذاب کے آثار کو) دیکھ رہے تھے۔ سو نہ تو کھڑے ہی ہو سکے اور نہ (ہم سے) بدلہ لے سکے اور ان سے پہلے قوم نوح کا یہی حال ہو چکا تھا (یعنی اس سبب سے کہ) وہ بڑے نافرمان لوگ تھے۔

تفسیر ربط: اوپر کئی جگہ مکذبین کی مذمت اور عقوبت فرمائی ہے قولہ تعالیٰ: يُؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ﴿۹﴾ قولہ تعالیٰ: قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ﴿۱۰﴾ قولہ تعالیٰ: يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ قولہ تعالیٰ: اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ آگے اس کی تاکید کے لئے چند قصے مکذبین کی عقوبت فی الدنیا کے مذکور ہیں جیسے قصۂ ثانیہ قوم لوط علیہ السلام کا کہ باقتضائے مقام حسب تقریر مذکور کہا جاوے گا کہ مقصود اعظم یہی ہے اور اس کے ساتھ ابراہیم علیہ السلام کا قصہ جس میں کسی کی عقوبت مذکور نہیں بعض وجوہ خاصہ سے آ گیا ہے جن کا بیان سورۂ ہود تمہید آیات: وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ [ہود: ۶۹] میں گزر چکا ہے یا یوں کہا جاوے کہ اوپر مکذبین کی مذمت کے ساتھ مصدقین کی مدح بھی تھی ابراہیم علیہ السلام کے قصہ سے کہ اول قصہ ہے اس طرف اشارہ ہوا کہ مصدقین کو فلاح آخرت کے ساتھ فلاح دنیوی بھی عطا ہوتی ہے خواہ حساً خواہ معنیً جیسا سورۂ حجر میں قصۂ ابراہیمیہ بعد: نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ [حجر: ۴۹] کے اسی بناء پر آیا ہے اور پھر تقریر عقوبت کے متعلق قصۂ ثالثہ فرعون کا پھر قصۂ رابعہ عاد کا پھر قصۂ خامسہ ثمود کا پھر قصۂ سادسہ قوم نوح علیہ السلام کا مذکور ہے۔

قصہ ابراہیم مشعرہ مثوبہ مصدقین ودیگر قصص مخبرہ عقوبت مکذبین: هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۴﴾ (الی قولہ تعالیٰ) وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۴۶﴾ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کیا ابراہیم (علیہ السلام) کے معزز مہمانوں کی حکایت آپ تک پہنچی ہے (معزز یا تو اس لئے کہا ہے کہ وہ ملائکہ تھے جن کی شان میں ہے بل عباد مکرمون اور یا اس لئے کہا کہ ابرہیم علیہ السلام نے اپنی عادت کے موافق ان کا اکرام کیا تھا اور مہمان کہنا بنا بر ظاہری حالت کے ہے کہ بشکل انسان آئے تھے اور یہ قصہ اس وقت ہوا تھا) جب کہ وہ (مہمان) ان کے پاس آئے پھر ان کو سلام کیا ابراہیم (علیہ السلام) نے بھی (جواب میں) کہا سلام (اور کہنے لگے کہ) انجان لوگ (معلوم ہوتے) ہیں (ظاہر تو یہی ہے کہ دل میں فرمایا قرینہ اس کا یہ ہے کہ آگے جواب فرشتوں کا مذکور نہیں اور احتمال بعید یہ بھی ہے کہ بطور پوچھنے کے اُن ہی سے کہہ دیا ہو کہ آپ لوگوں کو پہچانا نہیں اور انہوں نے جواب نہ دیا ہو اور ابراہیم علیہ السلام نے جواب کا انتظار نہ کیا ہو غرض یہ سلام وکلام ہو کر) پھر اپنے گھر کی طرف چلے اور ایک فربہ بچھڑا (تلا ہوا لقولہ تعالیٰ: بعجل حنیذ) لائے اور اُس کو اُن کے پاس (یعنی سامنے) لاکر رکھا (چونکہ وہ فرشتے تھے کیوں کھاتے اس وقت ابراہیم علیہ السلام کو شبہ ہوا اور کہنے لگے کہ آپ لوگ کھاتے کیوں نہیں (جب پھر بھی نہ کھایا)

www.besturdubooks.net

تو ان سے دل میں خوف زدہ ہوئے (کہ یہ لوگ کہیں مخالفین اور اعداء میں سے نہ ہوں ومر فی سورۃ ہود) انہوں نے کہا کہ تم ڈرو مت (ہم آدمی نہیں ہیں فرشتے ہیں) اور (یہ کہہ کر) ان کو ایک فرزند کی بشارت دی جو بڑا عالم (یعنی نبی) ہوگا (کیونکہ مخلوق میں سب سے زیادہ علم انبیاء کو ہوتا ہے اور مراد اس سے اسحٰق علیہ السلام ہیں یہ گفتگو ان سے ہو ہی رہی تھی) اتنے میں ان کی بی بی (حضرت سارہ جو کہیں کھڑی سن رہی تھیں لقولہ تعالیٰ وامراته قائمة اولاد کی خبر سن کر) بولتی پکارتی آئیں پھر (جب فرشتوں نے ان کو بھی یہ ہی خبر سنائی لقولہ تعالیٰ: فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ [ھود: ۷۱] تو تعجب سے) ماتھے پر ہاتھ مارا اور کہنے لگیں کہ (اول تو) بڑھیا (پھر) بانجھ (اس وقت بچہ پیدا ہونا بھی عجیب بات ہے) فرشتے کہنے لگے کہ (تعجب مت کرو لقولہ تعالیٰ اتعجبین) تمہارے پروردگار نے ایسا ہی فرمایا ہے (اور) کچھ شک نہیں کہ وہ بڑا حکمت والا بڑا جاننے والا ہے (یعنی گو فی نفسہ یہ بات تعجب کی ہے مگر تم کہ خاندان نبوت میں رہتی ہو اور علم و فہم سے مشرف ہو یہ معلوم کر کے کہ خدا کا ارشاد ہے اور اس کا علم و حکمت بمعنی اتقان صنعت کہ اس میں قدرت بھی آ گئی مسلم ہی ہے تعجب نہ رہنا چاہئے اور ہر چند کہ ان کے فرشتہ ہونے سے ہی یہ بات معلوم تھی کہ خدا کی طرف سے کہہ رہے ہیں مگر نکتہ تنبیہ کے لئے عالم کو بمنزلہ غیر عالم کے ٹھہرا کر پھر کہا کذلک قال ربک اور) ابراہیم (علیہ السلام کو فراست نبوت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ علاوہ بشارت کے ان کے آنے سے اور بھی کچھ مقصود ہے تو ان سے) کہنے لگے (کہ) اچھا تو (یہ بتلاؤ کہ) تم کو بڑی مہم کیا درپیش ہے اے فرشتو! فرشتوں نے کہا کہ ہم ایک مجرم قوم (یعنی قوم لوط) کی طرف بھیجے گئے ہیں تاکہ ہم ان پر کھنگر کے پتھر برسائیں جن پر آپ کے رب کے پاس (یعنی عالم غیب میں) خاص نشان بھی ہے (جس کا بیان سورۂ ہود میں ہوا ہے اور وہ) حد سے گزرنے والوں کے لئے (ہیں آگے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جب ان بستیوں پر عذاب کا وقت قریب آیا) تو ہم نے جتنے ایمان دار تھے سب کو وہاں سے علیحدہ کر دیا سو بجز مسلمانوں کے ایک گھر کے اور کوئی گھر (مسلمانوں کا) ہم نے نہیں پایا (یہ کنایہ ہے کہ وہاں تھا ہی نہیں کیونکہ وجود کو وجدان بمعنی علم الٰہی لازم ہے اور انتفائے لازم دلیل ہے انتفاء ملزوم کی) اور ہم نے اس واقعہ میں (ہمیشہ کے واسطے) ایسے لوگوں کے لئے ایک عبرت رہنے دی جو دردناک عذاب سے ڈرتے ہیں اور (آگے موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا قصہ سنو کہ) موسیٰ (علیہ السلام) کے قصہ میں بھی عبرت ہے جب کہ ہم نے ان کو فرعون کے پاس ایک کھلی ہوئی دلیل (یعنی معجزہ) دے کر بھیجا سو اس نے مع ارکان سلطنت کے سرتابی کی اور کہنے لگا کہ یہ ساحر یا مجنون ہیں سو ہم نے اس کو اور اس کے لشکر کو پکڑ کر دریا میں پھینک دیا (یعنی غرق کر دیا) اور اس نے کام ہی ملامت (یعنی نکوہش) کا کیا تھا اور (آگے عاد کا قصہ سنو کہ) عاد کے قصہ میں بھی عبرت ہے جب کہ ہم نے ان پر نامبارک آندھی بھیجی جس چیز پر گزرتی تھی (یعنی ان اشیاء میں سے کہ جن کے اہلاک کا حکم تھا جس پر گزرتی تھی) اس کو ایسا کر چھوڑتی تھی جیسے کوئی چیز گل کر ریزہ ریزہ ہو جاتی ہے اور (آگے ثمود کا قصہ سنو) ثمود کے قصہ میں بھی عبرت ہے جب کہ ان سے کہا گیا (یعنی صالح علیہ السلام نے فرمایا کہ) اور تھوڑے دنوں چین کر لو (یعنی کفر سے باز نہیں آؤ گے تو بعد چندے ہلاک ہو گے) سو (اس ڈرانے پر بھی) ان لوگوں نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی سو ان کو عذاب نے آ لیا اور وہ (اس عذاب کے آثار کو) دیکھ رہے تھے (یعنی مجاہرۃ و معاینۃ آیا) سو نہ تو کھڑے ہی ہو سکے (بلکہ اوندھے منہ گر کر مر گئے لقولہ تعالیٰ جٰثمین) اور نہ (ہم سے) بدلہ لے سکے اور ان سے پہلے قوم نوح کا یہی حال ہو چکا تھا (یعنی اس سبب سے کہ) وہ بڑے نافرمان لوگ تھے (ان کو بھی ہلاک کیا تھا)۔

ف: قصۂ ابراہیم علیہ السلام کے متعلق بعض مضامین سورۂ ہود میں گزرے ہیں اور سورۂ ہود میں فرشتوں کا یہ کہنا کہ ہم قوم لوط علیہ السلام کی طرف آئے ہیں قبل مکالمہ حضرت سارہ کے مذکور ہے اور یہاں بعد مکالمہ مذکورہ کے مذکور ہے سو ظاہر یہ ہے کہ یہ قبل مکالمہ سارہ کے واقع ہوا ہے اور یہاں چونکہ کوئی حرف ترتیب کا نہیں ہے اس لئے ترتیب ذکری کو ترتیب وقوعی کی دلیل نہ کہا جاوے گا اب کچھ تعارض نہ رہا اور قصۂ ثمود میں جو یہاں تَمَتَّعُوْا آیا ہے یہ وہ تمتع نہیں ہے جس کو دوسری آیت میں ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ [البقرۃ: ۱۹۶] سے مقید کیا ہے کیونکہ اس کے بعد فعتوا پر کلمہ فا آیا ہے حالانکہ عتو ان کا اس تمتع سے یقیناً مقدم تھا یہاں جو مقصود ہے وہ تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فراغ چلے فيه تجريد واصل الروغ الذهاب خفية۔

اللغات: راغ مال اوجس اضمر صرة صيحة من الصرير صكت وجهها قال مجاهد ضربت جبهتها طين اى متحجر وهو السجيل وفي تقييده دفع توهم كونها بردا فان بعض الناس يسمي البرد حجارة تركنا ابقينا بابقاء الذكر قوله باركنه كما في قوله تعالى او اوى الى ركن شديد اى عشيرة مليم آت بما يلام عليه من الكفر والطغيان وهو الكلي المشكك يختلف باعتبار من وصف به فلا يتوهم انه كيف ورد في قصة ذى النون عليه السلام العقيم ما لا منفعة فيه الرميم الشئ البالي من عظم او نبات او غير ذلك ۲۔ الصاعقة كل عذاب مهلك كذا في المدارك والخازن۔

النحو: قوله تركنا فيها اى في الواقعة المذكورة في المقام۔ قوله وفي موسى عطف على فيها اى تركنا وجعلنا في قصة موسى

www.besturdubooks.net

آیۃ۴۶۔ قوله وقوم نوح عطف على محل وفي عاد بقرينة قراءة جر قوم او معمول كمقدر اى اهلكنا۱۲۔

البلاغۃ: قوله نبذنهم طرحناهم غير معتدين به۱۲۔

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ۝ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ

تَذَكَّرُوْنَ ۝ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ ۭ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ

مُّبِيْنٌ ۝ كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ۝ اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ

طَاغُوْنَ ۝ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ۝ وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ۝

مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ۝ فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

ع ۲ ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ۝ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝

اور ہم نے آسمانوں کو (اپنی) قدرت سے بنایا اور ہم وسیع القدرت ہیں اور ہم نے زمین کو فرش (کے طور پر) بنایا سو ہم کیسے اچھے بچھانے والے ہیں اور ہم نے ہر چیز کو دو دو قسم بنایا تاکہ تم (ان مصنوعات سے توحید کو) سمجھو۔ تو تم اللہ ہی کی (توحید کی) طرف دوڑو اور خدا کے ساتھ کوئی اور معبود مت قرار دو۔ میں تمہارے واسطے اللہ کی طرف کھلا ڈرانے والا ہوں۔ اس بات کی ایک دوسرے کو وصیت کرتے آئے ہیں بلکہ (وجہ اس اجماع کی یہ ہوئی کہ) یہ سب کے سب سرکش لوگ ہیں۔ سو آپ ان کی طرف التفات نہ کیجئے آپ پر کسی طرح کا الزام نہیں اور سمجھاتے رہئے کیونکہ سمجھانا ایمان لانے والوں کو (بھی) نفع دے گا اور میں نے جن اور انسان کو اسی واسطے پیدا کیا ہے کہ میری عبادت کیا کریں۔ میں ان سے (مخلوق کی) رزق رسانی کی درخواست نہیں کرتا اور نہ یہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ مجھ کو کھلایا کریں۔ اللہ خود ہی سب کو رزق پہنچانے والا قوت والا نہایت قوت والا ہے۔ تو ان ظالموں کی (سزا کی) بھی باری (علم الٰہی میں) مقرر ہے۔ جیسے ان کے (گزشتہ) ہم مشربوں کی باری (مقرر) تھی۔ سو مجھ سے (عذاب) جلدی طلب نہ کریں۔ غرض ان کافروں کے لئے اس دن کے آنے سے بڑی خرابی ہوگی۔ جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر آغاز سورت میں معاد کی تحقیق مع جزائے مصدقین ومکذبین کے ارشاد فرمائی تھی اور مطلق تکذیب کی مناسبت سے امم سابقہ کا ذکر آ گیا تھا آگے توحید ورسالت کی تحقیق ہے اور رسالت کے ساتھ تسلیہ کا مضمون ہے۔

تحقیق توحید ورسالت مع تسلیہ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝ (الی قولہ تعالٰی) وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اور ہم نے آسمان کو (اپنی) قدرت سے بنایا اور ہم وسیع القدرت ہیں اور ہم نے زمین کو فرش (کے طور پر) بنایا سو ہم (کیسے) اچھے بچھانے والے ہیں (یعنی اس میں کیسے کیسے منافع رکھے ہیں) اور ہم نے ہر چیز کو دو دو قسم کا بنایا (اس قسم سے مراد مقابل ہے سو ظاہر ہے کہ ہر شئے میں کوئی نہ کوئی صفت ذاتیہ یا غرضیہ ایسی معتبر ہوتی ہے جس سے دوسری چیز جس میں اس صفت کی نقیض یا ضد ملحوظ ہو اس کے مقابل شمار کی جاتی ہے جیسے آسمان وزمین۔ جوہر وعرض۔ گرمی سردی۔ شیریں تلخ۔ چھوٹی بڑی۔ خوشنما بدنما۔ سفیدی سیاہی۔ روشنی تاریکی وعلیٰ ہذا) تاکہ تم (ان مصنوعات سے توحید کو) سمجھو (اور اے پیغمبر ﷺ ان سے فرما دیجئے کہ جب یہ مصنوعات وحدت صانع پر دلالت کر رہی ہیں) تو تم (کو چاہئے کہ ان سے استدلال کر کے) اللہ ہی کی (توحید کی) طرف دوڑو (اور اول تو بوجہ دلائل مذکورہ کے خود عقل ہی اعتقاد توحید کو ضروری بتا رہی ہے پھر اوپر سے) میں (بھی) تمہارے (سمجھانے کے) واسطے اللہ کی طرف سے کھلا ڈرانے والا (ہو کر آیا) ہوں (کہ منکر توحید کو عذاب ہوگا پس خوف لحوق ضرر کے اعتبار سے اعتقاد توحید اور بھی ضروری ہو گیا) اور (پھر اور زیادہ توضیح سے کہتا ہوں کہ) خدا کے ساتھ کوئی اور معبود مت قرار دو (اس میں زیادہ توضیح اس لئے ہوئی کہ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۭ جو کہ امر بالتوحید ہے مستلزم ہے نہی عن الشرک کو اور لَا تَجْعَلُوْا عین نہی عن الشرک ہے اور عین کی دلالت کا بہ نسبت ملزوم کے اوضح ہونا ظاہر ہے آگے تغییر عنوان مضمون توحید کی وجہ سے انذار کی پھر تاکید ہے کہ) میں تمہارے (سمجھانے کے) واسطے اللہ کی طرف سے کھلا ڈرانے والا (ہو کر آیا) ہوں (آگے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ آپ واقع میں بلاشبہ نذیر مبین ہیں جیسا ابھی مذکور ہوا لیکن یہ آپ کے مخالفین ایسے جاہل ہیں کہ نعوذ باللہ آپ کو کبھی ساحر کبھی مجنون بتلاتے ہیں سو آپ صبر کیجئے کیونکہ جس طرح یہ آپ کو کہہ رہے ہیں) اسی طرح جو (کافر) لوگ ان سے پہلے ہو گزرے ہیں ان کے پاس کوئی پیغمبر ایسا نہیں آیا جس کو انہوں نے (یعنی کل نے یا بعض نے) ساحر یا مجنون نہ کہا ہو (آگے کفار کے اس قول ساحر او مجنون پر متفق ہونے سے تعجب دلاتے ہیں کہ) کیا اس بات کی ایک دوسرے کو وصیت کرتے چلے آئے تھے (یعنی یہ اجماع تو ایسا ہو گیا جیسے ایک دوسرے کو کہتے چلے آئے ہوں کہ دیکھو جو

www.besturdubooks.net

رسول آوے تم بھی ہماری طرح کہنا آگے اس سے اضراب فرماتے ہیں کہ تواصی واقع نہ ہوئی تھی کیونکہ بعض قومیں بعض قوموں سے ملیں بھی نہیں) بلکہ (وجہ اس اجماع کی یہ ہوئی کہ) یہ سب کے سب سرکش لوگ ہیں (یعنی سبب اس قول کا طغیان ہے چونکہ وہ مشترک ہے اس لئے قول بھی مشترک ہو گیا) سو (جب پہلے لوگ بھی ایسے گزرے ہیں اور سبب اس کا معلوم ہو گیا کہ ان ہی کا طغیان ہے تو) آپ ان کی طرف التفات نہ کیجئے (یعنی ان کی تکذیب کی پرواہ و غم نہ کیجئے) کیونکہ آپ پر کسی طرح کا الزام نہیں کقولہ تعالیٰ: وَلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِیْمِ [البقرۃ: ۱۱۹]) اور (اطمینان کے ساتھ اپنے منصبی کام میں لگے رہئے یعنی فقط) سمجھاتے رہئے کیونکہ سمجھانا (جن کی قسمت میں ایمان نہیں ان پر تو اتمام حجت ہوگا اور جن کی قسمت میں ایمان ہے ان) ایمان (لانے) والوں کو (بھی اور جو پہلے سے مؤمن ہیں ان کو بھی) نفع دے گا (بہرحال تذکیر میں عام فوائد اور حکمتیں سب کے اعتبار سے ہیں اس کو کئے جائیے اور کسی کے ایمان نہ لانے کا غم نہ کیجئے)۔

ف: آیت : كَذٰلِكَ مَاۤ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ کے ظاہر ترجمہ پر دو (۲) اشکال ہیں ایک یہ کہ بعض انبیاء و رسل کی کسی نے تکذیب نہیں کی جیسے آدم علیہ السلام یا جو رسل محض تقریر شرائع کے لئے آئے تھے جیسے یوشع علیہ السلام کہ جن بنی اسرائیل کے لئے وہ مقرر کئے گئے وہ پہلے سے مؤمن تھے اور مؤمن رہے دوسرا اشکال یہ کہ جن رسل کی تکذیب لوگوں نے کی ہے بعض نے ان کی تصدیق بھی کی ہے پھر قَالُوْا میں سب کی طرف نسبت کیسے کی گئی جواب: دونوں اشکالوں کا احقر کی تقریر ترجمہ سے ظاہر ہو گیا کہ الَّذِيْنَ میں کافر کی قید لگادی گئی اور قَالُوْا میں کل یا بعض کی تاویل کرنے سے اندفاع ظاہر ہو جاوے گا اور اس آیت میں قَالُوْا کے ترجمہ میں جو کل اور بعض کی تعمیم ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ حسب حدیث بخاری یمر النبی لیس معه احد ..... بعض انبیاء پر ایک شخص بھی ایمان نہیں لایا بلکہ کل نے تکذیب کی۔ **ربط** : اوپر معظم سورت میں اصول ثلاثہ یعنی اعتقاد بعث و توحید و رسالت کا اور آیت ان المتقین الی والمحروم میں بعض فروع کا بیان تھا اور یہ سب عبادات ہیں اعتقادیہ و اصلیہ یا عملیہ و فرعیہ آگے خاتمہ میں بعنوان جامع عبادات کا مطلوب ہونا اور ترغیب و ترہیب سے اس کی مطلوبیت کی تاکید فرماتے ہیں پھر جو عبادت فرض ہے اس کا تاکد تو ظاہر ہے اور جو تطوع ہے اس کا تاکد باعتبار اعتقاد کے ہے یعنی اس کی مشروعیت کی تصدیق واجب ہے۔

مطلوبیت عبادت و تاکید آن بہ ترغیب و ترہیب: وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ (الی قولہ تعالیٰ) فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝ اور میں نے جن اور انسان کو (دراصل) اسی واسطے پیدا کیا ہے کہ میری عبادت کیا کریں (اور تبعاً و تکمیلا للعبادۃ خلقت جن و انس پر دوسرے منافع کا مرتب ہونا اس کے منافی نہیں اور اسی طرح بعض جن و انس سے عبادت کا صادر نہ ہونا بھی اس مضمون کے منافی نہیں کیونکہ حاصل اس لِيَعْبُدُوْنِ کا ارادہ تشریعیہ ہے نہ کہ ارادہ تکوینیہ اور تخصیص جن و انس کی اس لئے کہ عبادت سے مراد عبادت بالاختیار و ابتلاء ہے اور ملائکہ میں ابتلا نہیں اور دوسری مخلوقات میں اختیار نہیں حاصل ارشاد کا یہ ہے کہ مجھ کو مطلوب شرعی ان سے عبادت ہے باقی) میں ان سے (مخلوق کی) رزق رسانی کی درخواست نہیں کرتا اور نہ یہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ مجھ کو کھلایا کریں اللہ خود ہی سب کو رزق پہنچانے والا ہے (تم ہم کو اس کی ضرورت ہی کیا تھی کہ ہم مخلوقات کی روزی رسانی ان کے متعلق کرتے اور وہ) قوت والا نہایت قوت والا ہے (کہ اس میں عجز و ضعف اور کسی قسم کی احتیاج کا عقلی احتمال بھی نہیں تو درخواست اطعام خود کا امکان ہی منتفی ہے حاصل یہ کہ جب اس عبادت کے مشروع کرنے سے ہماری کوئی غرض نہیں نہ بواسطہ جیسے ترزیق خلق خود نہ بلاواسطہ جیسے اطعام خود بلکہ صرف بندوں ہی کا نفع ہے تو ان کو اس میں پس و پیش نہ چاہئے۔ یہ ترغیب ہوگئی آگے ترہیب ہے کہ جب عبادت کا کہ اعظم و اہم اس کا ایمان ہے وجوب ثابت ہو گیا تو اگر یہ لوگ اب بھی شرک و کفر پر مصر رہیں گے) تو (سن رکھیں کہ) ان ظالموں کی (سزا کی) بھی باری (علم الٰہی میں مقرر ہے) جیسے ان کے (گزشتہ) ہم مشربوں کی باری (مقرر) تھی (یعنی وقت مقرر پر ان پر بھی عقوبت آنے والی ہے خواہ دنیا میں بھی یا صرف آخرت میں) سو مجھ سے (عذاب) جلدی طلب نہ کریں (جیسا ان کی عادت ہے کہ وعیدیں سن کر تکذیب کے طور پر استعجال کرنے لگتے ہیں) غرض (جب وہ باری کے دن آویں گے جن میں سب سے اشد یوم موعود یعنی قیامت ہے تو) ان کافروں کے لئے اس دن کے آنے سے بڑی خرابی ہوگی جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے (چنانچہ خود سورت بھی اسی وعدہ سے شروع ہوئی: انما توعدون لصادق۔ وان الدین لواقع اور اس سے سورت کے آغاز و انجام کا حسن ظاہر ہے)۔ **ف:** مَاۤ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ پر اگر یہ شبہ ہو کہ اہل و عیال کو رزق پہنچانا تو واجب کیا گیا ہے پھر نفی ارادہ کے کیا معنی اس کا دفع یہ ہے کہ وہ انفاق ہے ترزیق نہیں پھر اس کا نفع عائد الی اللہ نہیں یعنی نعوذ باللہ اس سے خدا کو سہارا نہیں لگتا کہ اس نے اپنے ذمہ جو مخلوق کو رزق پہنچانا رکھا ہے اس انفاق سے کچھ مدد مل گئی ہو سبکدوشی ہوگئی ہو مَاۤ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ میں اسی عود نفع الی اللہ کی نفی ہے بلکہ اس کا نفع خود منفق کی طرف عائد ہے کہ اجر ملتا ہے اور رازق پھر بھی اللہ تعالیٰ ہی ہے کیونکہ اگر اکتساب پر حصول رزق نہ ہو تو کیا کر سکتا ہے یا حصول کے بعد اگر ایصال پر قادر نہ ہو تو کیا کر سکتا ہے یا ایصال کے بعد غذا کا حلق سے اترنا پھر اس سے تغذی ہونا کہ اصل ترزیق ہے یہ کسی کی قدرت میں نہیں ہے غرض

www.besturdubooks.net

حقیقۃ بندہ کسی طرح رزاق نہیں ہے واللہ اعلم۔ اور مَآ اُرِیْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ کے ایک معنی یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ ہم ان سے ایسا رزق کموانا نہیں چاہتے جو مانع عبادت ہو جیسا سورۂ طٰہٰ کے اخیر میں لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا [طٰہٰ : ۱۳۲] کی بندہ نے یہی تفسیر کی ہے تو اب کوئی شبہ ہی متوجہ نہیں ہوتا الحمد للہ کہ سورۂ والذاریات کی تفسیر ختم ہوئی آگے ان شاء اللہ تعالیٰ سورۂ والطور کی تفسیر آتی ہے وللہ الحمد۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ...... تعبیر بالفرار میں دلالت ہے کہ توجہ الی اللہ خوب شوق کے ساتھ ہونا چاہئے۔ قولہ تعالیٰ وَ مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ مجاہد سے اس کی تفسیر لیعرفون کے ساتھ منقول ہے وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ عبادت بدوں معرفت کے معتدبہا نہیں ہوتی اور نہ معرفت بدوں عبادت اب اہل ظاہر نے صرف صورت عبادت کو لے لیا ہے اور جاہل صوفیہ نے صرف معرفت کو۔ سورۂ ذاریات تمام ہوئی۔

اللغات: الايد القوة ۱۲۔ المتين شديد القوة وقوله ذنوبا نصيبا من العذاب واصله الدلوا لعظيمة الممتلئة ماء او القريبة من الامتلاء ولا يقال لها ذنوب وهي فارغة وهي تذكر وتؤنث وجمعها اذنبة وذنائب فاستعيرت للنصيب مطلقا شرا كان كالنصيب من العذاب او خيرا كالعطاء وفي الكشاف هذا تمثيل اصله في السقاة يقتسمون الماء فيكون لهذا ذنوب ولهذا ذنوب كذا في الروح ۱۲۔

النحو: قوله ففروا يقدر قبله قل كما اشرت قوله كذلك يقدر قبله كما كذبك قومك وقالوا ساحرا ومجنون كما في الخازن واشرت اليه ايضا۔

البلاغة: او مجنون او من الحكاية اى الا قالوا ساحر او قالوا مجنون وهي المنع الخلو وليست من المحكى ليكون مقول كل مجموع ساحر او مجنون۔ قوله ان الله التفت الى الغيبة مع التعبير بالاسم الجليل لتخرج الآية مخرج المثل وللايذان باعتناء الحكم باسناد الى الجليل ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ الطُّوْرِ

سُوْرَۃُ الطُّوْرِ ۵۲ مَکِّیَّۃٌ ۷۶ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیَاتُھَا ۴۹ رُکُوْعَاتُھَا ۲

سورۃ الطور مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۴۹ آیات اور ۲ رکوع ہیں

وَالطُّوْرِ ۝١ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۝٢ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۝٣ وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۝٤ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۝٥ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۝٦
اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۝٧ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۝٨ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۝٩ وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ۝١٠ فَوَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ
لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝١١ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ۝١٢ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ۝١٣ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا وقف لازم
تُكَذِّبُوْنَ ۝١٤ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ۝١٥ اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا
كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝١٦ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ۝١٧ فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَوَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝١٨
كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْۗـــًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝١٩ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰي سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ۝٢٠ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ كُلُّ امْرِیٴٍۢ بِمَا
كَسَبَ رَهِيْنٌ ۝٢١ وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ۝٢٢ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ۝٢٣
وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ۝٢٤ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰي بَعْضٍ يَّتَسَاۗءَلُوْنَ ۝٢٥ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ
فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ۝٢٦ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ۝٢٧ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ۝٢٨ ع ۱

قسم ہے طور پہاڑ کی اور اس کتاب کی جو کھلے ہوئے کاغذ پر لکھی ہے اور (قسم ہے) بیت المعمور کی اور (قسم ہے) اونچی چھت کی (مراد آسمان ہے) اور (قسم ہے) دریائے شور کی جو (پانی سے) پُر ہے کہ بے شک آپ کے رب کا عذاب ضرور ہو کر رہے گا کوئی اس کو ٹال نہیں سکتا (اور) یہ اس روز واقع ہوگا جس روز آسمان تھرتھرانے لگے گا اور یہ پہاڑ (اپنی جگہ سے) ہٹ جائیں گے۔ تو جو لوگ جھٹلانے والے ہیں (اور) جو (تکذیب کے) مشغلہ میں بیہودگی کے ساتھ لگ رہے ہیں ان کی اس روز کم بختی آئے گی جس روز کہ ان کو آتش دوزخ کی طرف دھکے دے کے لادیں گے یہ وہی دوزخ ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے تو کیا یہ بھی سحر ہے (دیکھ کر بتلاؤ) یا یہ کہ تم کو (اب بھی) نظر نہیں آتا۔ اس میں داخل ہو پھر خواہ (اس کی) سہار کرنا یا سہار نہ کرنا تمہارے حق میں برابر ہیں۔ جیسا تم کرتے ہو ویسا ہی بدلہ تم کو دیا جائے گا۔ متقی لوگ بلاشبہ (بہشت کے) باغوں میں اور سامان عیش میں ہوں گے (اور) ان کو جو چیزیں ان کے پروردگار نے دی ہوں گی اس سے خوش دل ہوں گے اور ان کا پروردگار ان کو عذاب دوزخ سے محفوظ رکھے گا۔ خوب کھاؤ اور پیو مزہ کے ساتھ اپنے عملوں کے بدلہ میں تکیہ لگائے ہوئے تختوں پر جو برابر بچھائے ہوئے ہیں اور ہم ان کا گوری گوری بڑی آنکھوں والیوں (یعنی حوروں) سے بیاہ کردیں گے اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد نے بھی ایمان میں ان کا ساتھ دیا۔ ہم ان کی اولاد کو بھی (درجہ میں) ان کے ساتھ شامل کردیں

www.besturdubooks.net

گے اوران کے عمل میں سے کوئی چیز کم نہیں کریں گے۔ ہر شخص اپنے اعمال کو (کفریہ) میں محبوس (فی النار) رہے گا اور ہم ان کو میوے اور گوشت جس قسم کا ان کا مرغوب ہو روز افزوں دیتے رہیں گے (اور) وہاں آپس میں (بطور خوش طبعی کے) جام شراب میں چھینا جھپٹی بھی کریں گے۔ اس میں نہ بک بک لگے گی (کیونکہ نشہ نہ ہوگا) اور نہ کوئی بیہودہ بات ہوگی اوران کے پاس ایسے لڑکے آئیں جائیں گے۔ جو خالص ان ہی کے لئے ہوں گے۔ گویا وہ حفاظت سے رکھے ہوئے موتی ہیں اور وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر بات چیت کریں گے۔ یہ بھی کہیں گے کہ (بھائی) ہم تو اس سے پہلے اپنے گھر یعنی دنیا میں انجام کار سے بہت ڈرا کرتے۔ سو خدا نے ہم پر احسان کیا اور ہم کو عذاب دوزخ سے بچالیا۔ ہم اس سے پہلے (یعنی دنیا میں) اس سے دعا مانگا کرتے تھے۔ واقعی وہ بڑا محسن مہربان ہے۔

سورة الطور مكية وآيها ثمان او تسع و اربعون كذا في البيضاوي

تفسیر ربط: سورت سابقہ یوم موعود کی وعید پر ختم ہوئی ہے اور یہ سورت یوم موعود کی وعید سے شروع ہوئی ہے پھر وعید کے بعد حسب عادۃ قرآنیہ مؤمنین کے لئے وعدہ مذکور ہے۔

خبر معاد و وعید اہل عناد و وعدۂ اہل انقیاد: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ وَالطُّوۡرِ ۙ (الى قوله تعالى) اِنَّهٗ هُوَ الۡبَرُّ الرَّحِيۡمُ۔ قسم ہے طور (پہاڑ) کی اوراس کتاب کی جو کھلے ہوئے کاغذ میں لکھی ہے (مراد اس سے نامۂ اعمال ہے جس کی نسبت دوسری آیت میں آیا ہے كتبا يلقه منشورا اور جس چیز میں وہ لکھا ہوا ہے اس کو تشبیہاً کاغذ کہہ دیا) اور (قسم ہے) بیت المعمور کی (کہ ساتویں آسمان میں عبادت خانہ ہے فرشتوں کا كما في الدر مرفوعاً) اور (قسم ہے) اونچی چھت کی (مراد آسمان ہے قال تعالیٰ: وَجَعَلۡنَا السَّمَآءَ سَقۡفًا مَّحۡفُوۡظًا [الأنبياء: ٣٢] وقال تعالیٰ: اَللّٰهُ الَّذِيۡ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ [الرعد: ٢] وصرح بهذا التفسير عن علی بسند صحیح کما فی کنز العمال عن مستدرک الحاکم) اور (قسم ہے) دریائے شور کی جو (پانی سے) پُر ہے (آگے جواب قسم ہے) کہ بے شک آپ کے رب کا عذاب ضرور ہو کر رہے گا کوئی اس کو ٹال نہیں سکتا (اور یہ اس روز واقع ہوگا) جس روز آسمان تھر تھرانے لگے گا اور پہاڑ (اپنی جگہ سے) ہٹ جاویں گے (مراد قیامت کا دن ہے اور تھرانا یا تو باعتبار معنی متبادر کے ہو یا مراد اس سے انشقاق ہو جو دوسری آیت میں مذکور ہے: فَاِذَا انۡشَقَّتِ السَّمَآءُ [الرحمن: ٣٧] جیسا روح المعانی میں ابن عباسؓ سے دونوں تفسیریں نقل کی ہیں اور دونوں میں کوئی تعارض نہیں علی سبیل التعاقب دونوں کا تحقق ہو سکتا ہے اور یہاں پہاڑوں کا ہٹنا مذکور ہے اور دوسری آیتوں میں ریزہ ریزہ ہونا پھر اُڑ جانا مذکور ہے قولہ يَنۡسِفُهَا رَبِّيۡ [طه: ١٠٥] قولہ :وَّبُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتۡ هَبَآءً مُّنۡبَثًّا [الواقعة: ٥-٦] اوران قسموں میں تقریب ہے مطلوب کی اس طور پر کہ قیامت کے وقوع کی اصل وجہ مجازات ہے اور مجازات میں اصل ہیں احکام شرعیہ پس طور کی قسم کھانے میں اشارہ ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ صاحب کلام واحکام ہے۔ پھر ان احکام کی مخالفت یا موافقت مبنی ہے مجازات کا نامہ اعمال کی قسم کھانے میں اشارہ ہو گیا اس مخالفت یا موافقت کے محفوظ و منضبط ہونے کی طرف پس مجازاق اس پر بھی موقوف ہے کہ عبادت واطاعت احکام ضروری ہو بیت المعمور کی قسم میں اشارہ ہو گیا کہ عبادت ایسا ضروری امر ہے کہ فرشتوں کو بھی باوجود اس کے کہ ان کے لئے مجازات نہیں اُس سے نہیں چھوڑا گیا پھر نتیجہ مجازات دو چیزیں ہیں جنت اور دوزخ سماء کی قسم میں اشارہ ہو گیا کہ جنت ایسی ہی رفعت کا مکان ہے جیسے آسمان اور بحر مسجور کی قسم میں اشارہ ہو گیا کہ دوزخ بھی ایسی ہی خوفناک چیز ہے جیسے سمندر یہ وجہ تخصیص اقسام کی ہو سکتی ہے اور نفس قسم کی توجیہ سورۂ حجر آیت :لعمرك کے ذیل میں اور غایت وغرض قسم کی شروع سورۂ صافات میں گزر چکی ہے آگے اس یوم کے بعض واقعات ارشاد فرماتے ہیں کہ جب یہ ثابت ہوا کہ مستحقین عذاب کے لئے عذاب ضرور واقع ہوگا) تو جو لوگ (قیامت کے اور دیگر امور حقہ توحید ورسالت کے) جھٹلانے والے ہیں (اور) جو (تکذیب کے) مشغلہ میں بے ہودگی کے ساتھ لگ رہے ہیں (جس سے وہ مستحق عذاب ہو گئے ہیں) اُن کی اُس روز بڑی کمبختی آوے گی جس روز کہ ان کو آتش دوزخ کی طرف دھکے دے دے کر لاویں گے (کیونکہ خوشی سے ایسی جگہ کون آتا ہے پھر جب ان کے ڈالنے کا وقت ہوگا تو اس حالت سے کر کے ڈال دئے جاویں گے :فَيُؤۡخَذُ بِالنَّوَاصِيۡ وَالۡاَقۡدَامِ [الرحمن ٤١] اوران کو دوزخ دکھلا کر تو بیخاً کہا جاوے گا کہ) یہ وہی دوزخ ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے (یعنی جن آیتوں میں اس کی خبر تھی اُن کو جھٹلاتے تھے اور نیز اُن آیات کو سحر کہا کرتے تھے خیر وہ تو تمہارے نزدیک سحر تھا) تو کیا یہ (بھی) سحر ہے (دیکھ کر بتلاؤ) یا یہ کہ تم کو (اب بھی) نظر نہیں آتا (جیسا دنیا میں نظر نہ آنے کی وجہ سے منکر ہو گئے تھے اچھا تو اب) اس میں داخل ہو پھر خواہ (اس کی) سہار کرنا یا سہار نہ کرنا تمہارے حق میں دونوں برابر ہیں (نہ یہی ہوگا کہ تمہاری ہائے واویلا سے نجات ہو جاوے اور نہ یہی ہوگا کہ تمہاری تسلیم وانقیاد وسکوت پر ترحم کر کے نکال دیا جاوے بلکہ ہمیشہ اسی میں رہنا ہوگا اور) جیسا تم کرتے تھے ویسا ہی بدلہ تم کو دیا جاوے گا (پس تم کفر کیا کرتے تھے جو کہ اشد عصیان اور عقوق وکمالات غیر متناہیہ الہیہ کا کفران ہے پس بدلہ میں دوزخ کا خلود نصیب ہوگا جو کہ عذاب اشد وغیر متناہی ہے آگے ان کے اضداد کا بیان ہے یعنی) متقی لوگ بلاشبہ (بہشت کے) باغوں اور سامان عیش میں ہوں گے (اور) ان کو جو چیزیں (عیش وآرام کی) ان کے پروردگار نے دی ہوں گی اس سے خوش دل ہوں گے اور ان کا پروردگار ان کو عذاب دوزخ سے محفوظ رکھے گا (اور جنت میں داخل کر کے فرماوے گا کہ) خوب کھاؤ اور پیؤ مزہ کے ساتھ

www.besturdubooks.net

اپنے (ان نیک) عملوں کے بدلہ میں (جو دنیا میں کیا کرتے تھے) تکیہ لگائے ہوئے تختوں پر جو برابر بچھائے ہوئے ہیں اور ہم ان کا گوری گوری بڑی بڑی آنکھوں والیوں سے (یعنی حوروں سے) بیاہ کردیں گے (یہ حال تو سب اہل ایمان کا ہوا) اور (آگے ان خاص مؤمنین کا ذکر ہے جن کی اولاد بھی موصوف بالایمان تھی پس ارشاد ہے کہ) جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد نے بھی ایمان میں ان کا ساتھ دیا (یعنی وہ بھی ایمان لائے گو اعمال میں وہ اپنے آباء کے رتبہ کو نہیں پہنچے جیسا کہ عدم ذکر اعمال اس کا قرینہ ہے ونیز احادیث میں مصرح ہے کانوا دونہ فی العمل ولم یبلغوا درجتك وعملك وكانت منازل آبائهم ارفع رواها فی الدر المنثور تو گو مقتضا اُن کے انحطاط عمل کا انحطاط درجہ تھا لیکن ان آباء مؤمنین کے اکرام وسرور کے لئے) ہم ان کی اولاد کو بھی (درجہ میں) ان کے ساتھ شامل کردیں گے اور (اس شامل کرنے کے لئے) ہم ان (اہل جنت متبوعین کے عمل میں سے کوئی چیز کم نہیں کریں گے (یعنی یہ نہ کریں گے کہ ان متبوعین کے بعض اعمال لے کر ان کی ذریت کو دے کر دونوں کو برابر کردیں جیسے مثلاً ایک شخص کے پاس چھ سو روپے ہوں اور ایک کے پاس چار سو اور دونوں کا برابر کرنا مقصود ہو تو اس کی ایک صورت تو یہ ہوسکتی ہے کہ چھ سو والے سے سو روپے لے کر اس چار سو والے کو دے دیئے جاویں کہ دونوں کے پاس پانچ پانچ سو ہوگئے اور دوسری صورت جو کریموں کی شان کے لائق ہے یہ ہے کہ چھ سو والے سے کچھ نہ لیا جاوے بلکہ اس چار سو والے کو دو سو روپے اپنے پاس سے دے دیں اور دونوں کو برابر کردیں پس مطلب یہ ہے کہ وہاں پہلی صورت واقع نہ ہوگی کہ اس کا اثر یہ ہوتا کہ متبوع کو بوجہ کم ہوجانے اعمال کے اس کے درجہ سے کچھ نیچے لاتے اور تابع کو کچھ اوپر لے جائے اور دونوں ایک متوسط درجے میں رہتے یہ نہ ہوگا بلکہ دوسری صورت واقع ہوگی اور متبوع اپنے درجۂ عالیہ میں بدستور رہے گا اور تابع کو وہاں پہنچا دیا جاوے گا اور متبوع اور ذریت میں ایمان کی شرط اس لئے ہے کہ اگر وہ ذریت مؤمن نہیں تو آبائے مؤمنین کے ساتھ الحاق نہیں ہوسکتا کیونکہ کافروں میں سے) ہر شخص اپنے اعمال (کفریہ) میں محبوس (فی النار وماخوذ) رہے گا (کقولہ تعالیٰ: كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ إِلَّا أَصْحَابَ الْيَمِينِ [المدثر: ۳۸ - ۳۹] فسرہ بہ ابن عباسؓ کما فی الدر یعنی کفر سے نجات کی کوئی صورت نہیں لہٰذا الحاق باآباء مؤمنین متصور نہیں اس لئے الحاق میں ایمان ذریت شرط ہے) اور (آگے پھر مطلق اہل ایمان واہل جنت کا بیان ہے کہ) (ہم ان کو میوے اور گوشت جس قسم کا ان کو مرغوب ہو روز افزوں دیتے رہیں گے (اور) وہاں آپس میں (بطور خوش طبعی کے) جام شراب میں چھینا چھپٹی بھی کریں گے کہ اس (شراب) میں نہ بک بک لگے گی (کیونکہ نشہ نہ ہوگا) اور نہ اور کوئی بے ہودہ بات (عقل ومتانت کے خلاف) ہوگی اور اُن کے پاس (فواکہ وغیرہ لانے کے لئے) ایسے لڑکے آویں جاویں گے (اور تحقیق ان کی ماہیت کی تفسیر سورۂ واقعہ میں آوے گی) جو خاص ان ہی (کی خدمت) کے لئے ہوں گے (اور غایت حسن وجمال سے ایسے ہوں گے کہ) گویا وہ حفاظت سے رکھے ہوئے موتی ہیں (کہ اُن پر ذرا گرد وغبار نہیں ہوتا اور آب وتاب اعلیٰ درجہ کی ہوتی ہے) اور (اُن کو روحانی مسرت بھی ہوگی چنانچہ اس میں سے ایک کا بیان یہ ہے کہ) وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوکر بات چیت کریں گے (اور اثنائے گفتگو میں) یہ بھی کہیں گے کہ (بھائی) ہم تو اس سے پہلے اپنے گھر (یعنی دنیا میں انجام کار سے) بہت ڈرا کرتے تھے سو خدا نے ہم پر بڑا احسان کیا اور ہم کو عذاب دوزخ سے بچالیا (اور) ہم اس سے پہلے (یعنی دنیا میں) اس سے دعائیں مانگا کرتے تھے (کہ ہم کو دوزخ سے بچا کر جنت میں لے جاوے سو اللہ نے دعاء قبول کرلی) واقعی وہ بڑا محسن مہربان ہے (اور اس مضمون سے مسرت ہونا ظاہر ہے اور چونکہ یہ امر دو حیثیت سے نعمت تھا ایک فی نفسہ مضرت سے بچانا دوسرے ہم ناکاروں کی ناچیز عرض قبول کرلینا اس لئے دو عنوانوں سے تعبیر کیا گیا)۔ **ف**: ذریت کے بارہ میں جس عنوان سے فرمایا گیا ہے ظاہراً وہ اولاد کبار کے حق میں ہے چنانچہ بایمان کی قید خود اس کا کافی قرینہ ہے اور صغار کا حکم احادیث میں ہے جس میں کلام طویل ہے اور اس آیت میں ذریات کا بیان ہے اور حدیث میں اسی آیت کی تفسیر میں آباء کا حکم بھی یہی آیا ہے كذا فی الدر اور اُس حدیث میں ذریت پر لفظ ولد معطوف ہوا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ذریت سے مراد مطلق توابع ہیں زوجات واحباب وتلامذہ ومریدین ومحبین تو اس صورت میں آیت کا مفہوم بہت وسیع ہوجاوے گا اور اگر شبہ ہو کہ جب مؤمن کے ساتھ اُس کے ابناء وآباء ملحق ہوں گے تو وہ آباء وابناء بھی مؤمن ہیں ان کے ابناء وآباء اُن کے ساتھ ملحق ہوں گے وعلیٰ ہذا تو لازم آتا ہے کہ سب جنتی ایک ہی درجہ میں ہوجاویں جواب یہ ہے کہ الحاق بوجہ اصالت اعمال متبوع کے ہے اور تابع میں یہ اصالت نہیں ہے پس اس کے ساتھ دوسروں کا ملحق ہونا لازم نہیں آتا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَالَّذِينَ آمَنُوا (الی قولہ تعالی) أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ اس سے نسب شریف کا آخرت میں نافع ہونا ثابت ہوتا ہے لیکن شریف دینی کا نہ کہ شریف دنیوی عرفی کا۔ قولہ تعالیٰ: يَتَنَازَعُونَ فِيهَا كَأْسًا اس سے ثابت ہوتا ہے کہ مزاح وانبساط دوستوں میں مذموم نہیں جیسا زاہدان خشک اس کو خلاف وقار سمجھتے ہیں اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جب طیب قلب کا یقین ہو تو غیر کے مال میں تصرف جائز ہے۔

ملحقات الترجمۃ: لے قولہ فی رھین محبوس یتاید بما فی الخازن كل امرئ ای كافر بما كسب ای عمل من الشرك رهين ای مرتهن بعمله فی النار والمؤمن لا يكون مرتهنا بعمله لقوله تعالیٰ كل نفس بما كسبت رهينة الا اصحاب اليمين آه قلت فالباء فی

www.besturdubooks.net

بما كسبت ليست صلة للرهن بل للسبب وما قلته في وجه ارتباط الآية بما قبلها هو من المواهب ولله الحمد۱۲۔

اللغات: قوله رق هو الجلد الرقيق ويراد به مطلق ما يكتب فيه مجازا عبر به لكون عادة اكثر العرب الكتابة على الجلد الرقيق مسجور مملو۔ قوله التنٰهم نقصناهم تاثيم يراد به فعل لو صدر في الدنيا كان مؤثما قوله سموم عذاب النار كذا في الخازن وهي الريح الحارة التي تدخل المسام فسميت بها نار جهنم لانها بهذه الصفة كذا في المدارك۱۲۔

النحو: يوم تمور منصوب بواقع۱۲۔

البلاغة: قوله كتب مسطور في التنكير كمال التعريف والتنبيه على ان ذلك الكتاب لا يخفى عرف او نكر كذا في الروح ووصف الكتاب بمسطور ايذانا بكونه معتنى بشانه فان السطر ترتيب الحروف المكتوبة فمعنى المسطور مكتوب على وجه الانتظام قوله ان عذاب ربك لواقع في الروح اى لكائن على شدة كانه مهيا في مكان مرتفع فيقع على من يحل به من الكفار وفي اضافة الى الرب مع اضافة الرب الى ضميره عليه الصلوٰة والسلام امان له ﷺ واشارة الى ان العذاب واقع بمن كذبه قوله مورا وسيرا في الروح الاتيان بالمصدرين للايذان بغرابتهما وخروجهما عن الحدود المعهودة اى مورا عجيبا وسيرا بديعا لا يدرك منهما۱۲۔ قوله غلمان لهم اللام للاختصاص اى مماليك مختصة بهم ولم يقل غلمانهم بالاضافة لئلا يتوهم انهم هم الذين كانوا يخدمونهم في الدنيا فيشفق كل من خدم احدا في الدنيا ان يكون له خادما في الجنة فيحزن بكونه لا يزال تابعاً۱۲۔

فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ﴿۲۹﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿۳۰﴾ قُلْ تَرَبَّصُوْا
فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿۳۱﴾ اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۳۲﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾
فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۳۴﴾ اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ﴿۳۶﴾ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ ۚ فَلْيَاْتِ
مُسْتَمِعُهُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۳۹﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۰﴾ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ
فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَمْ يُرِيْدُوْنَ كَيْدًا ۭ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا هُمُ الْمَكِيْدُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا
يُشْرِكُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَاِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَآءِ سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ ﴿۴۴﴾ فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ
الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ﴿۴۵﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ
ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۴۸﴾
وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ﴿۴۹﴾ ع ۲

تو آپ سمجھاتے رہئے کیونکہ آپ بفضلہٖ تعالیٰ نہ تو کاہن ہیں اور نہ مجنون ہیں (جیسا کہ مشرکین کہتے ہیں) ہاں کیا یہ لوگ یوں (بھی) کہتے ہیں کہ یہ شاعر ہیں (اور) ہم ان کے بارے میں حادثہ موت کا انتظار کر رہے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ (بہتر) تم منتظر رہو سو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں۔ کیا ان کی عقلیں ان کو ان باتوں کی تعلیم کرتی ہیں یا یہ ہے کہ یہ شریر لوگ ہیں۔ ہاں کیا یہ (بھی) کہتے ہیں کہ انہوں نے اس قرآن کو خود گھڑ لیا ہے بلکہ یہ لوگ تصدیق نہیں کرتے تو یہ لوگ اس طرح کا کوئی کلام (بنا کر) لے آئیں اگر (اس دعویٰ میں) یہ سچے ہیں۔ کیا یہ لوگ بدوں کسی خالق کے خود بخود پیدا ہو گئے ہیں یا یہ خود اپنے خالق ہیں۔ یا انہوں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے۔ بلکہ یہ لوگ (بوجہ جہل کے توحید کا) یقین نہیں لاتے۔ کیا ان لوگوں کے پاس تمہارے رب کے خزانے ہیں یا یہ لوگ اس محکمہ (نبوت کے حاکم ہیں۔ کیا ان کے پاس کوئی سیڑھی ہے کہ اس پر وہ چڑھ کر آسمان کی) باتیں سن لیا کرتے ہیں تو ان میں جو (وہاں کی) باتیں سن آتا ہے وہ (اس پر) کوئی صاف دلیل پیش کرے کہ خدا کے لئے بیٹیاں

www.besturdubooks.net

اورتمہارے لئے بیٹے (تجویز ہوں) کیا آپ ان سے کچھ معاوضہ تبلیغ احکام کا مانگتے ہیں کہ وہ تاوان ان کوگراں معلوم ہوتا ہے۔ کیاان کے پاس غیب (کا علم) ہے کہ یہ لکھ لیا کرتے ہیں۔ کیا یہ لوگ کچھ برائی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ سو یہ کافر خود ہی (اس) برائی میں گرفتار ہوں گے۔ کیاان کا اللہ کے سوا کوئی معبود ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے شرک سے پاک ہے اور اگر وہ آسمان کے ٹکڑے کو دیکھ لیں کہ گرتا ہوا آرہا ہے تو یوں کہہ دیں کہ یہ تو تہ بہ تہ جما ہوا بادل ہے تو ان کو رہنے دیجئے یہاں تک کہ ان کو اپنے اس دن سے سابقہ ہو جس میں ان کے ہوش اُڑ جائیں گے۔ جس دن ان کی تدبیریں ان کے کچھ بھی کام نہ آئیں گی اور نہ (کہیں سے) ان کو مدد ملے گی اور ان ظالموں کے لئے قبل اس (عذاب) کے بھی عذاب ہونے والا ہے (جیسے قتل بدر) لیکن ان میں اکثر کو علم نہیں اور آپ اپنے رب کی (اس) تجویز پر صبر سے بیٹھے رہئے کہ آپ ہماری حفاظت میں ہیں اور اُٹھتے وقت (مجلس سے یا سونے سے) اپنے رب کی تسبیح وتحمید کیا کیجئے اور رات میں بھی اس کی تسبیح کیا کیجئے (مثلاً عشا) اور ستاروں سے پیچھے بھی۔

تفسیر: ربط: اوپر فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۙ ...... میں تکذیب کی عقوبت مذکور تھی آگے ان کی تکذیب کا رد ہے اور جن اُمور کی وہ تکذیب کرتے تھے ان میں اصل چیزیں تین تھیں توحید ورسالت وبعث ان آیات میں تینوں باب میں ان کے مزعومات مقالات وخیالات کا مخلط طور پر رد ہے اور شاید مخلط لانے میں یہ نکتہ ہو کہ تینوں عقیدوں کے تلازم کی طرف اشارہ ہو کہ ایک کی تکذیب بمنزلہ دوسرے کی تکذیب کے ہے اور ختم سورت میں ان تکذیبات پر آپ کا تسلیہ وازالہ حزن ہے اور ان آیات میں لفظ ام پندرہ جگہ ہے کہیں متصلہ ہے کہیں منقطعہ کہیں بمعنی ہمزۂ استفہام علی حسب اقتضاء المقام اور چونکہ اوپر جو کچھ ذکر ہوا وہ بھی مثل دیگر مضامین قرآنیہ کے موجب تذکیر ہے اس لئے اس پر امر بالتذکیر کی تفریع کلمہ فاء سے فذکر میں فرمائی گئی واللہ اعلم۔

ردمزعومات مکذبین توحید ورسالت وبعث مع امر بالتذکیر دراول وتسلیہ درآخر فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ۟ (الی قولہ تعالیٰ) وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ۟ (جب آپ پر مضامین واجب التبلیغ وحی کئے جاتے ہیں جیسے اوپر ہی جنت دوزخ کے مستحقین کی تفصیل کی گئی ہے) تو آپ (ان مضامین سے لوگوں کو) سمجھاتے رہئے کیونکہ آپ بفضلہ تعالیٰ نہ تو کاہن ہیں اور نہ مجنون ہیں (جیسا یہ مشرکین کہتے ہیں چنانچہ والضحیٰ کی شان نزول میں یہ قول منقول ہے قد ترکك شیطانك رواہ البخاری جس کا حاصل نسبت الی الکہانت ہے اور ایک آیت میں ہے: وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ [القلم: ۵۱] مطلب یہ کہ آپ نبی ہیں اور نبی کا کام دوام علی التذکیر ہے گو لوگ کچھ ہی بکیں) ہاں کیا یہ لوگ (علاوہ کاہن اور مجنون کہنے کے آپ کی نسبت) یوں (بھی) کہتے ہیں کہ یہ شاعر ہیں (اور) ہم ان کے بارہ میں حادثہ موت کا انتظار کر رہے ہیں) جیسا درمنثور میں ہے کہ قریش دارالندوہ میں مجتمع ہوئے اور آپ کے بارہ میں یہ مشورہ قرار پایا کہ جیسے اور شعراء مر مرا گئے آپ بھی ان ہی میں کے ایک ہیں اسی طرح آپ بھی ہلاک ہو جاویں گے) آپ فرما دیجئے کہ (بہتر) تم منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں (یعنی تم میرا انجام دیکھو میں تمہارا انجام دیکھتا ہوں اس میں اشارۃً پیشین گوئی ہے کہ میرا انجام فلاح وکامیابی ہے اور تمہارا انجام خسارہ اور ناکامی ہے اور یہ مقصود نہیں کہ تم مرو گے میں نہ مروں گا بلکہ ان لوگوں کا جو اس سے مقصود تھا کہ ان کا دین چلے گا نہیں یہ مر جاویں گے اور دین مٹ جاوے گا جواب میں اس کا رد مقصود ہے چنانچہ یوں ہی ہوا اور یہ لوگ جو ایسی ایسی باتیں کرتے ہیں تو) کیا ان کی عقلیں (جس کے یہ بڑے مدعی ہیں) ان کو ان باتوں کی تعلیم کرتی ہیں یا یہ ہے کہ یہ شریر لوگ ہیں (ان کے مدعی عقل ہونے پر اُن کا یہ قول دال ہے: لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ [الاحقاف: ۱۱] کما مر تفسیرہ فی سورۃ الاحقاف فی الرکوع الثانی اور معالم کی نقل سے اور تائید ہوتی ہے کہ عظمائے قریش لوگوں میں احلام وعقول کے ساتھ موصوف ومشہور تھے پس اس آیت میں ان کی عقل کی حالت دکھلائی گئی ہے کہ کیوں صاحب بس یہی عقل ہے جو ایسی تعلیم دے رہی ہے اور اگر یہ عقل کی تعلیم نہیں ہے تو نری شرارت اور ضد ہے یہ مضمون اَمْ تَاْمُرُهُمْ ...... ظاہر یہ ہے کہ ان کے تینوں قول یعنی کاہن اور مجنون اور شاعر کہنے کے متعلق ہے پس ہر قول کا دو دو طور پر رد ہو گیا ایک خاص ایک مشترک) ہاں کیا وہ یہ (بھی) کہتے ہیں کہ اُنہوں نے اس (قرآن) کو خود گھڑ لیا ہے (سو تحقیقی جواب تو اس کا یہ ہے کہ یہ بات نہیں ہے) بلکہ (یہ بات صرف اس وجہ سے کہتے ہیں کہ) یہ لوگ (بوجہ عناد کے اس کی) تصدیق نہیں کرتے (اور قاعدہ ہے کہ جس چیز کی آدمی تصدیق نہیں کرتا ہزار وہ حق ہو مگر اس کی ہمیشہ نفی ہی کیا کرتا ہے۔ اور دوسرا الزامی جواب یہ ہے کہ اچھا اگر یہ ان کا بنایا ہوا ہے) تو یہ لوگ (بھی عربی اور بڑے فصیح وبلیغ قادر الکلام ہیں) اس طرح کا کوئی کلام (بنا کر) لے آئیں اگر یہ (اس دعویٰ تقول میں) سچے ہیں (اور اس زعم تقول کے بھی مثل مزعومات سابقہ دو جواب ہو گئے ایک تحقیقی ایک الزامی اور یہ سب مضامین رسالت کے متعلق ہیں آگے توحید کے متعلق گفتگو ہے کہ یہ لوگ جو توحید کے منکر ہیں تو) کیا یہ لوگ بدون کسی خالق کے خود بخود پیدا ہو گئے ہیں یا یہ خود اپنے خالق ہیں یا (یہ کہ نہ اپنے خالق ہیں اور نہ بلا خالق مخلوق ہوئے ہیں لیکن) انہوں نے آسمان وزمین کو پیدا کیا ہے (اور صفت خالقیت مختصہ بالباری تعالیٰ میں شریک ہیں حاصل یہ کہ خدا تعالیٰ کو متفرد بالخالقیۃ اور اپنے کو محتاج الی الخالق اعتقاد کرنے کے لوازم میں سے ہے وجوب

www.besturdubooks.net

اعتقاد توحید فی الالوہیۃ اور توحید فی الالوہیۃ کا انکار وہ شخص کر سکتا ہے جو حق تعالیٰ کے تفرد بالخالقیۃ یا اپنی مخلوقیت کا منکر ہو اور اس میں تین شقیں نکلیں گی ایک یہ کہ اپنے کو کسی خالق کا محتاج نہ جانے وھو المدلول بقولہ تعالیٰ : اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ دوم یہ کہ اپنے کو محتاج الی الخالق سمجھے مگر خالق اپنے ہی کو مانے وھو المدلول بقولہ تعالیٰ: اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ سوم یہ کہ اپنے کو محتاج الی الخالق سمجھے مگر حق تعالیٰ کو متفرد فی الخالقیۃ نہ سمجھے بلکہ کسی دوسرے کو بھی شریک فی الخالقیت جانے خواہ اپنے کو وھو المعنی بقولہ تعالیٰ : اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ یا کسی دوسرے کو اور وہ دوسری آیتوں میں مذکور ہے۔

اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ [فاطر : ۴۰] چونکہ دونوں کی نفی کی دلیل واحد تھی اس لئے ایک کا رد دوسرے کے اوپر دال ہے اور شاید تخصیص ذکری نفی خالقیت کی ان کی ذات سے بایں وجہ ہو کہ اس کے بطلان کو وہ جلدی مان لیں گے پھر آگے اشتراک دلیل سے دوسرے شرکاء سے نفی خالقیت کا تعدیہ کر لیے جاوے گا غرض اصل تین شقیں ہوئیں اور تینوں کا بطلان چونکہ ظاہر تھا اس لئے رد میں صرف استفہام انکاری پر اکتفا کیا چنانچہ شق اول تو اس طرح باطل ہے کہ ممکن ترجیح وجود میں محتاج مرجح کا ضرور ہوگا شق ثانی اس لئے کہ شئے واحد علت اور معلول ایک ہی جہت سے نہیں ہو سکتی شق ثالث اس لئے کہ دلائل عقلیہ سے تعدد صانع عالم کا استحالہ ثابت ہے کما اشیر الیہ فی قولہ تعالیٰ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ الی قولہ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ [البقرۃ : ۱۶۴] پارہ سیقول ۔اور علاوہ ان دلائل کے اہل عرب تفرد فی الخالقیۃ یا احتیاج فی المخلوقیۃ کے معترف بھی تھے اس لئے بھی ابطال مفصل کی ضرورت نہ ہوئی لیکن اس اعتقاد کا مستلزم اعتقاد توحید ہونا بوجہ عدم تدبر کے نہ جانتے تھے اسی لئے آگے ان کے اس جہل کی طرف اشارہ ہے کہ واقع میں ایسا نہیں کہ ملزوم مذکور ملزوم نہ ہو یا ملزوم واقع نہ ہوتا کہ وجود ملزوم سے وجود لازم پر استدلال کرنے میں شبہ کی گنجائش ہو) بلکہ (ملزوم واقع بھی ہے اور ملزوم بھی ہے لیکن) یہ لوگ (بوجہ جہل کے توحید کا) یقین نہیں لاتے (وہ جہل یہی ہے کہ ملزومیت اور لازمیت میں غور نہیں کرتے پس علاقہ ملازمت ان کے ذہن سے مخفی ہے یہ گفتگو توحید کے متعلق ہوئی آگے رسالت کے متعلق اُن کے دوسرے مزعومات کا رد ہے چنانچہ وہ یہ بھی کہا کرتے کہ اگر نبوت ہی ملنا تھا تو فلاں فلاں رؤسائے مکہ وطائف کو ملتی حق تعالیٰ اس کا جواب دیتے ہیں کہ) کیا ان لوگوں کے پاس تمہارے رب (کی نعمتوں اور رحمتوں) کے (جن میں نبوت بھی داخل ہے) خزانے ہیں (کہ جس کو چاہیں نبوت دے دیں کقولہ تعالیٰ : اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ [الزخرف : ۳۲] یا یہ لوگ (اس محکمۂ نبوت کے) حاکم ہیں (کہ جسے چاہیں نبوت دلوا دیں یعنی دینے دلانے کی دو صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ مثلاً خزانہ اپنے قبضہ میں ہو دوسرے یہ کہ قبضہ میں نہ ہو مگر قابضان خزانہ اس کے محکوم ہوں کہ اس کے دستخط دیکھ کر دے دیتے ہیں یہاں دونوں کی نفی فرما دی اور اس نفی کا حاصل تو یہ ہے کہ ان کی ادعا نفی رسالت محمدیہ واستحقاق دیگر رؤساء پر کوئی دلیل عقلی تو ہے نہیں بلکہ خود اس کے عکس پر دلائل عقلیہ قائم ہیں چنانچہ بدیہی ہے اور اسی لئے محض استفہام انکاری پر اکتفا فرمایا اب آگے دلیل نقلی کی نفی فرماتے ہیں یعنی) کیا ان کے پاس کوئی سیڑھی ہے کہ اس پر (چڑھ کر آسمان کی) باتیں سن لیا کرتے ہیں (یعنی دلیل نقلی وحی آسمانی ہے اور اُس کے علم کے دو طریقے ہیں یا تو وحی نزول کرے یا صاحب وحی صعود کرے اور دونوں کا منتفی ہونا ان لوگوں سے ظاہر ہے ایک کو تو یہاں بیان بھی فرما دیا دوسرے کی نفی دوسری آیت میں ہے: وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ [الانعام : ۹۳] اور یہاں نزول کی نفی کا شاید اس لئے ذکر نہ کیا ہو کہ نزول کے دعوے کی تو اس لئے گنجائش ہی نہیں رہتی کہ نزول علی الرسول اور نزول علیہم میں کوئی معتدبہ تفاوت نہیں اور جس تفاوت پر ان کی نظر تھی اور اس کی بناء پر کہا کرتے تھے :لو لا نزل هذا القرآن علی رجل من القریتین عظیم اُس کا جواب ان ہی آیات میں مذکور ہے جس کی تقریر آیات مذکورہ کی تفسیر میں ہو چکی ہے غرض جب وہ تفاوت معتبر نہیں تو نزول علی الرسول کے انکار کے بعد نزول علیہم کا احتمال ہی نہ رہا اس لئے اس کا ذکر کلام میں متروک کر دیا گیا اور صرف شق صعود سے استفہام کیا گیا کہ کیا وہاں سے علم وحی جو کہ دلیل نقلی ہے لایا کرتے ہیں جس سے یہ ثابت ہو جاوے کہ نعوذ باللہ آپ مستحق نبوت نہیں آگے اس کے متعلق ایک احتمال عقلی کا ابطال فرماتے ہیں کہ اگر فرضاً یہ لوگ اس صعود واستماع کے مدعی ہوں) تو ان میں جو (وہاں کی) باتیں سن آتا ہو وہ (اس دعوے پر) کوئی صاف دلیل (یعنی جو قواعد استدلال کو جامع ہو) پیش کرے (جس سے ثابت ہو کہ یہ شخص مشرف بہ وحی ہوا ہے جیسا ہمارے نبی اپنی وحی پر دلائل خارقہ رکھتے ہیں ۔آگے پھر توحید کے بارہ میں ایک خاص مضمون کے متعلق کلام ہے یعنی یہ منکرین توحید جو فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں قرار دے کر شرک کرتے ہیں تو ہم ان سے پوچھتے ہیں کہ) کیا خدا کے لئے بیٹیاں (تجویز کی جاویں) اور تمہارے لئے بیٹے (تجویز ہوں یعنی اپنے لئے تو وہ چیز پسند کرتے ہو جس کو اعلیٰ درجہ کا سمجھتے ہو اور خدا کے لئے وہ چیز تجویز کرتے ہو جس کو ادنیٰ درجہ کا سمجھتے ہو جس کا بیان سورۂ صافات کے اخیر میں مفصل مدلل گزرا ہے آگے پھر رسالت کے متعلق

www.besturdubooks.net

کلام ہے کہ ان کو جو باوجود آپ کی حقانیت ثابت ہو جانے کے آپ کا اتباع اس قدر ناگوار ہے تو) کیا آپ ان سے کچھ معاوضہ (تبلیغ احکام کا) مانگتے ہیں کہ وہ
تاوان ان کو گراں معلوم ہوتا ہے (وہذا کقولہ تعالیٰ :اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا ...... [المؤمنون : ۷۲] آگے بعث ومجازات کے متعلق کلام ہے کہ وہ لوگ جو کہتے ہیں
کہ اول تو قیامت نہیں اور اگر بالفرض ہوگی تو ہم وہاں بھی اچھے رہیں گے کما فی قولہ تعالیٰ: وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّىْٓ اِنَّ لِىْ عِنْدَهٗ
لَلْحُسْنٰى [حمٓ السجدۃ : ۵۰] تو ہم اس کے متعلق ان سے پوچھتے ہیں کہ) کیا ان کے پاس غیب (کا علم) ہے کہ یہ (اس کو محفوظ رکھنے کے واسطے) لکھ لیا کرتے
ہیں (یہ احقر کے نزدیک کنایہ ہے یحفظون سے کیونکہ کتابت طریقہ ہے حفظ کا پس حاصل یہ ہوا کہ جس امر پر اثباتاً یا نفیاً کوئی دلیل عقلی قائم نہ ہو وہ غیب محض
ہے اس کا دعویٰ اثباتاً یا نفیاً وہ کرے جس کو کسی واسطہ سے اُس غیب پر مطلع کیا جاوے اور پھر مطلع ہونے کے بعد وہ اس کو محفوظ بھی رکھے اس لئے کہ اگر مدرک
ہونے کے بعد مخزول نہ ہو تب بھی حکم اور دعویٰ بلاعلم ہوگا پس تم جو قیامت کی نفی اور اپنے لئے حسنیٰ کے قائل ہو تو کیا تم کو غیب پر کسی واسطہ سے اطلاع دی گئی ہے
جیسا ہمارے نبی کو اثبات قیامت اور تم سے نفی حسنیٰ کی خبر غیبی بواسطہ وحی کے دی گئی ہے اور وہ اس کو محفوظ رکھ کر اوروں کو پہنچا رہے ہیں آگے رسالت کے متعلق
ایک اور کلام ہے وہ یہ کہ) کیا یہ لوگ (صاحب رسالت کے ساتھ) کچھ برائی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں (جس کا بیان دوسری آیت میں ہے: وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ [الأنفال : ۳۰] سو یہ کافر خود ہی (اس) برائی (کے وبال) میں گرفتار ہوں گے (چنانچہ) اس قصد میں
ناکام ہوئے اور بدر میں مقتول ہوئے آگے پھر توحید کے متعلق کلام ہے کہ) کیا ان کا اللہ کے سوا کوئی اور معبود ہے اللہ تعالیٰ ان کے شرک سے پاک ہے اور
(آگے پھر رسالت کے متعلق ایک کلام ہے وہ یہ کہ یہ لوگ نفی رسالت کے لئے ایک بات یہ بھی کہا کرتے ہیں کہ ہم تو آپ کو اس وقت رسول جانیں جب ہم پر
ایک آسمان کا ٹکڑا گرادو کما قال تعالیٰ :وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ الی قولہ اور اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا [بنی اسرائیل : ۹۰ تا ۹۲] سو
اس کا جواب یہ ہے کہ اول تو دعویٰ پر خواہ وہ دعویٰ رسالت ہو یا اور کچھ ہو مطلق دلیل کا بشرطیکہ صحیح ہو قائم کر دینا کافی ہے جو کہ دعویٰ رسالت ہی کے وقت سے بلا
کسی قدح وجرح کے قائم ہے اور کسی خاص دلیل کا قائم ہونا ضروری نہیں اور نہ اس سے دعویٰ نبوت میں قدح لازم آتا ہے اور اگر تبرعاً کوئی فرمائشی دلیل قائم کی
جاوے تو یہ اس وقت ہے جب اس میں کوئی مصلحت ہو مثلاً درخواست کنندہ طالب حق ہو تو یہ ہی سمجھا جاوے کہ خیر اسی ذریعہ سے اس کو ہدایت ہو جاوے گی یا اور
کوئی معتد بہ حکمت ہو اور یہاں یہ مصلحت بھی نہیں کیونکہ ان کی یہ فرمائش طلب حق کے لئے نہیں بلکہ محض تعنت وعناد کی راہ سے ہے اور وہ ایسے ضدی ہیں کہ) اگر
(ان کا یہ فرمائشی معجزہ واقع بھی ہو جاوے اور) وہ آسمان کے ٹکڑے کو دیکھ (بھی) لیں کہ گرتا ہوا آ رہا ہے تو (اس کو بھی) یوں کہہ دیں کہ یہ تو تہ بتہ جما ہوا بادل ہے
(کقولہ تعالیٰ :وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ [الحجر : ۱۴] پس جب مصلحت بھی اس میں نہیں ہے اور دوسری مصلحتوں کی نفی کا
بھی ہم کو علم ہے بلکہ ان مقترحات کا وقوع خلاف حکمت ہے پس جب ضرورت نہیں مصلحت نہیں بلکہ خلاف مصلحت ہے پھر کیوں واقع کیا جاوے اور نہ اس کے
عدم وقوع سے نبوت کا انتفاء ہوتا ہے آگے اُن کے غلوفی الکفر پر جو اوپر کی آیتوں سے اور شدت عناد پر جو کہ آخر کی آیت سے معلوم ہوتا ہے بطور تفریع کے حضور
صلی اللہ علیہ وسلم کا تسلیہ فرماتے ہیں کہ جب یہ لوگ ایسے طاغی اور باغی اور غالی ہیں) تو (ان سے توقع ایمان کر کے رنج میں نہ پڑیئے بلکہ) ان کو (ان ہی کی
حالت پر) رہنے دیجئے یہاں تک کہ ان کو اپنے اس دن سے سابقہ (واقع) ہو جس میں ان کے ہوش اڑ جاویں گے (مراد قیامت کا دن ہے اور اس صعق کی
تفصیل سورۂ زمر کی آخر آیت :ونفخ ...... کی تفسیر میں گزری ہے اور معنی حتی کی تحقیق سورۂ زخرف کے اخیر میں جہاں حَتّٰى يُلٰقُوْا [زخرف : ۸۳] آیا ہے
گزری ہے آگے اس دن کا بیان ہے یعنی) جس دن ان کی تدبیریں (جو دنیا میں اسلام کی مخالفت اور اپنی کامیابی کے بارہ میں کیا کرتے تھے) ان کے کچھ کام
بھی نہ آویں گی اور نہ (کہیں سے) ان کو مدد ملے گی (نہ تو مخلوق کی طرف سے کہ اس کا امکان ہی نہیں اور نہ خالق کی طرف سے کہ اس کا وقوع نہیں یعنی اس روز
ان کو حقیقت معلوم ہو جاوے گی باقی اس سے ادھر ایمان لانے والے نہیں) اور (آخرت میں تو یہ مصیبت اُن پر آوے ہی گی لیکن) ان ظالموں کے لئے قبل اس
(عذاب) کے (جس پر يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ دال ہے یعنی دنیا میں) بھی عذاب ہونے والا ہے (جیسے قحط وقتل بدر) میں لیکن ان میں اکثر کو معلوم نہیں (اکثر شاید اس
لئے فرمایا ہو کہ بعضوں کے لئے ایمان مقدر تھا اور ان کا عدم علم بوجہ اس کے کہ علم سے مبدل ہونے والا تھا اس لئے وہ عدم علم نہیں قرار دیا گیا) اور (جب آپ کو
معلوم ہو گیا کہ ہم ان کی سزا کے لئے ایک وقت معین کر چکے ہیں تو) آپ اپنے رب کی (اس) تجویز پر صبر سے بیٹھے رہئے (اور ان لوگوں کے لئے انتقام الٰہی کی
جلدی نہ کیجئے جس کو آپ انتصار للمسلمین کی حیثیت سے چاہتے تھے اور نہ اس خیال سے انتقام کا استعجال کیجئے کہ یہ لوگ مدت اُمہال میں آپ کو کوئی ضرر پہنچا

www.besturdubooks.net

سکیں گے سو اس کا بھی اندیشہ نہ کیجئے کیوں) کہ آپ ہماری حفاظت میں ہیں (پھر کاہے کا ڈر چنانچہ یونہی واقع ہوا) اور (اگر ان کے کفر کا غم دل پر آوے تو اس کا علاج یہ ہے کہ توجہ الی اللہ رکھا کیجئے مثلاً یہ کہ) اُٹھتے وقت (یعنی مجلس سے یا سونے سے اُٹھتے وقت مثلاً تہجد) اپنے رب کی تسبیح وتحمید کیا کیجئے اور رات (کے کسی حصہ) میں بھی اس کی تسبیح کیا کیجئے (مثلاً عشاء) اور ستاروں (کے غروب ہونے) سے پیچھے بھی (مثلاً نماز صبح اور مطلق ذکر بھی اس میں آ گیا اور تخصیص ان اوقات کی بوجوہ خاصہ اہتمام کے لئے ہے حاصل یہ کہ اپنے دل کو اُدھر مشغول رکھیے پھر فکر وغم کا غلبہ نہ ہوگا) **ف**: فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ میں اگر مطلق کلام مراد ہے تو اس کی تفسیر: فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِ [البقرۃ: ۲۳] میں ہوگئی اور اگر ایک مضمون مراد ہے تو کہا جاوے گا کہ جیسے دوسری آیات میں زیادہ سے تحدی ہوئی ہے یہاں اقل سے ہوئی ہے اور فَلْيَأْتِ مُسْتَمِعُهُم ...... میں استماع پر دلیل کا مطالبہ من حیث کہ نہ طریق الوحی ہے نہ بخصوصیت استماع مع الصعود کے کیونکہ اس خصوصیت کو اصلی مقصود میں دخل نہیں واللہ اعلم۔ بحمد اللہ تفسیر سورۂ طور کی ختم ہوئی آگے والنجم کی تفسیر آتی ہے ان شاء اللہ تعالیٰ فقط **وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد و آلہ اجمعین۔**

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا اس سے معلوم ہوا کہ مراقبہ حضور کو حصول صبر وسکینہ میں اثر قوی ہے ۱۲ سورۂ طور تمام ہوئی۔

ملحقات الترجمہ: ۱ **قولہ فی من غیر شیئ** بدوں کسی خالق کے **کما فی قولہ تعالیٰ قل ای شیئ اکبر شہادۃ قل اللہ ۱۲۔** ۲ **قولہ فی ہم المکیدون** ناکام ومقتول **اشار الی معنیین لہ کما فی المدارک ہم الذین یعود علیہم وبال کیدہم ویحیق بہم مکرہم وذلک انہم قتلوا یوم بدر او المغلوبون فی الکید من کایدتہ فکدتہ ۱۲۔**

اللغات: **ریب المنون فی الخازن یعنی حوادث الدہر والمنون اسم للموت وللدہر واصلہ القطع سمیا بذلک لانہما یقطعان الاجل آہ ۱۲۔**

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ النَّجْمِ

سُوْرَةُ النَّجْمِ ۵۳ مَكِّيَّةٌ ۲۳ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۶۲ | رُكُوْعَاتُهَا ۳

سورۃ النجم مکہ میں نازل ہوئی ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں اس میں ۶۲ آیات اور ۳ رکوع ہیں

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۙ﴿۱﴾ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۚ﴿۲﴾ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ؕ﴿۳﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۙ﴿۴﴾ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ
الْقُوٰى ۙ﴿۵﴾ ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰى ۙ﴿۶﴾ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ؕ﴿۷﴾ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۙ﴿۸﴾ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۚ﴿۹﴾ فَاَوْحٰى
اِلٰى عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى ؕ﴿۱۰﴾ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ﴿۱۱﴾ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ﴿۱۲﴾ وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۙ﴿۱۳﴾ عِنْدَ سِدْرَةِ
الْمُنْتَهٰى ﴿۱۴﴾ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ؕ﴿۱۵﴾ اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۙ﴿۱۶﴾ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ﴿۱۷﴾ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿۱۸﴾

قسم ہے (مطلق) ستارہ کی جب وہ غروب ہونے لگے۔ یہ تمہارے ساتھ کے رہنے والے نہ راہ (حق) سے بھٹکے اور نہ غلط راستہ ہو لئے اور نہ آپ اپنی خواہش نفسانی سے باتیں بناتے ہیں۔ ان کا ارشاد نری وحی ہے جو ان پر بھیجی جاتی ہے۔ ان کو ایک فرشتہ تعلیم کرتا ہے جو بڑا طاقتور ہے۔ پیدائشی طاقتور ہے پھر وہ فرشتہ (اپنی) اصلی صورت پر (آپ کے روبرو) نمودار ہوا ایسی حالت میں کہ وہ (آسمان کے) بلند کنارہ پر تھا۔ پھر وہ فرشتہ آپ کے نزدیک آیا پھر اور نزدیک آیا۔ سو دو کمانوں کے برابر فاصلہ رہ گیا بلکہ اور بھی کم۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے پر وحی نازل فرمائی جو کچھ نازل فرمائی تھی قلب نے دیکھی ہوئی چیز میں کوئی غلطی نہیں کی تو کیا ان (پیغمبر) سے ان کی دیکھی ہوئی چیز میں نزاع کرتے ہو اور انہوں نے (یعنی پیغمبر نے) اس فرشتے کو ایک اور دفعہ (صورت اصلیہ میں) دیکھا ہے سدرۃ المنتہیٰ کے پاس اس کے قریب جنت الماویٰ ہے۔ جب اس سدرۃ المنتہیٰ کو لپٹ رہی تھیں جو چیزیں لپٹ رہی تھیں نگاہ نہ تو ہٹی اور نہ بڑھی انہوں نے اپنے پروردگار (کی قدرت) کے بڑے بڑے عجائبات دیکھے۔

سورة النجم مكية وآيها احدٰى او اثنتان وستون آية كذا فى البيضاوى

تفسیر ربط: اوپر کی سورت میں توحید و رسالت و بعث و مجازات کا مضمون تھا اس سورت میں بھی یہی مضامین ہیں۔

تحقیق نبوت: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ﴿۱﴾ (الى قوله تعالى) لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿۱۸﴾ قسم ہے (مطلق[1]) ستارہ کی جب وہ غروب ہونے لگے (یعنی کوئی ستارہ ہو اور اس قسم میں نظیر ہے مضمون جواب قسم ما ضل صاحبكم وما غوىٰ کی یعنی جس طرح ستارہ طلوع سے غروب تک اس تمام تر مسافت میں اپنی باقاعدہ رفتار سے اِدھر اُدھر نہیں ہوا اسی طرح آپ اپنی عمر بھر ضلال و غوایت سے محفوظ ہیں اور اس سے اذا هوىٰ کے ساتھ مقید کرنے کی وجہ بھی معلوم ہوگئی اور گو غروب سے طلوع تک بھی نجم کے لئے یہی حکم ثابت ہے لیکن وہ مرئی نہیں اور طلوع سے غروب تک محسوس ہے اور نیز اشارہ ہے اس طرف کہ جیسے نجم سے اہتداء ہوتا ہے اسی طرح آپ سے بھی بوجہ عدم ضلال و عدم غوایت کے اہتداء ہوتا ہے اور چونکہ وسط سماء میں ہونے کے وقت سمت کا اندازہ نہیں ہوتا اور اس وجہ سے اس سے اہتداء نہیں ہوتا اس لئے اس میں قید لگائی قرب من الافق کی اور گو قرب من الافق طلوع کے وقت بھی ہوتا ہے لیکن غروب میں یہ بات زیادہ ہے کہ اس وقت طالبان اہتداء اس کو غنیمت سمجھتے ہیں اس خیال سے کہ اگر استدلال میں ذرا توقف کیا پھر غائب ہو جاوے گا بخلاف طلوع کے کہ اس میں بے فکری رہتی ہے پس اس میں اس طرف بھی اشارہ ہو گیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہدایت حاصل کر لینے کو غنیمت سمجھو اور شوق سے دوڑو آگے جواب قسم ہے کہ) یہ تمہارے (ہمہ وقت) ساتھ (اور سامنے) کے رہنے والے (پیغمبر جن کے تمام احوال و افعال تم کو معلوم ہیں جن سے بشرط انصاف ان کی راستی پر استدلال کر سکتے ہو یہ پیغمبر) نہ راہ (حق) سے بھٹکے اور نہ غلط راستے ہو لئے (ضلال یہ کہ بالکل راستہ بھول کر کھڑا رہ جاوے اور غوایت یہ

www.besturdubooks.net

کہ غیر راہ کو راہ سمجھ کر چلتا رہے کذا فی الخازن یعنی جیسے تم اُن کو دعویٰ نبوت ودعوت الی الاسلام میں بے راہ سمجھتے ہو یہ بات نہیں ہے بلکہ آپ نبی برحق ہیں) اور نہ آپ اپنی نفسانی خواہش سے باتیں بناتے ہیں (جیسا تم لوگ کہتے ہو کہ افتراہ بلکہ) ان کا ارشاد نری وحی ہے جو ان پر بھیجی جاتی ہے (خواہ الفاظ کی بھی وحی ہو جو قرآن کہلاتا ہے خواہ صرف معانی کی ہو جو سنت کہلاتی ہے اور خواہ وحی ہو یا کسی قاعدۂ کلیہ کی وحی ہو جس سے اجتہاد فرماتے ہوں پس اس سے نفی اجتہاد کی نہیں ہوتی اور اصل مقصود مقام کا نفی ہے زعم کفار کی یعنی خدا کی طرف غلط بات کی نسبت نہیں فرماتے آگے وحی آنے کا واسطہ بتلاتے ہیں کہ) ان کو ایک فرشتہ (اس وحی کی منجانب اللہ) تعلیم کرتا ہے جو بڑا طاقتور ہے (اور اکتساب سے طاقتور نہیں بلکہ پیدائشی طاقتور ہے (جیسا ایک روایت میں خود جبریل علیہ السلام نے اپنی طاقت کا بیان فرمایا کہ میں نے قوم لوط علیہ السلام کی بستیوں کو جڑ سے اُکھاڑ کر آسمان کے قریب اس کو لے جا کر چھوڑ دیا **رواہ فی تفسیر التکویر من الدر المنثور** مطلب یہ کہ یہ کلام کسی شیطان کے ذریعہ سے آپ تک نہیں پہنچا کہ کاہن ہونے کا احتمال ہو بلکہ فرشتہ کے ذریعہ سے آیا ہے اور شاید **شدید القوی** کے ساتھ موصوف فرمانے میں یہ مقصود ہو کہ اس کا احتمال بھی نہ کیا جاوے کہ شاید اصل میں فرشتہ ہی لے کر چلا ہو مگر درمیان میں کوئی شیطانی تصرف ہو گیا ہو پس اس میں اشارہ ہو گیا جواب کی طرف کہ وہ نہایت شدید القوی ہیں شیطان کی مجال نہیں کہ ان کے پاس پھٹک سکے پھر ختم وحی کے بعد خود حق تعالیٰ نے اس کے بعینہ ادا کرا دینے کا وعدہ فرمایا ہے: اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ [القيامة : ١٧] آگے اس شبہ کا جواب ہے کہ اس وحی لانے والے کا فرشتہ اور جبریل ہونا تو اس وقت معلوم ہو سکتا ہے جب آپ ان کو پہچانتے ہوں اور پوری صحیح پہچان موقوف ہے اصلی صورت دیکھنے پر تو کیا آپ نے جبریل علیہ السلام کو ان کی اصلی صورت پر دیکھا ہے اس کی نسبت فرماتے ہیں کہ ہاں یہ بھی ہوا ہے جس کی کیفیت یہ ہے کہ چند بار تو دوسری صورت میں دیکھا گو یہ دوسری صورت بھی ایسی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے اس صورت میں جو مشخصات اصلیہ تھے اور جو عارضہ تھے علم ضروری سے ان میں آپ کو تمایز عنایت فرمادیا جس پر یہ دلیل عقلی دال ہے کہ اللہ تعالیٰ مکلفین کو تلبیس سے محفوظ رکھتا ہے اور اس تمایز نہ ہونے پر یہ تلبیس جماہیر امت کی مرتب ہوتی اس لئے تمایز عطا فرمادیا گو صورت اصلی نہ تھی) پھر (ایک بار ایسا بھی ہوا کہ) وہ فرشتہ (اپنی) اصلی صورت پر (آپ کے روبرو) نمودار ہوا ایسی حالت میں کہ وہ (آسمان کے) بلند کنارہ پر تھا (ایک روایت میں اُفق شرقی سے تفسیر آئی ہے **کما فی الدر المنثور**۔ اور افق میں دکھلائی دینے کی غالباً یہ حکمت ہے کہ وسط سماء میں دیکھنا خالی از مشقت وتکلف نہیں اور اعلیٰ میں غالباً یہ حکمت تھی کہ بالکل اُفق پر بھی پوری چیز نظر نہیں آتی اس لئے ذرا اونچے پر نظر آئے اور اس دیکھنے کا قصہ یہ ہوا تھا کہ ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام سے خواہش کی کہ مجھ کو اپنی اصلی صورت دکھلا دو انہوں نے حراء کے پاس وحسب روایت ترمذی جیاد میں وعدہ ٹھہرایا آپ وہاں تشریف لے گئے تو ان کو اُفق مشرق میں دیکھا کہ ان کے چھ سو بازو ہیں اور اس قدر پھیلے ہوئے ہیں کہ اُفق غربی تک گھیر رکھا ہے آپ بیہوش ہو کر گر پڑے اس وقت جبرئیل علیہ السلام بصورت بشریہ ہو کر آپ کے پاس تسکین کے لئے اتر آئے جس کا آگے ذکر ہے کذا فی الجلالین حاصل یہ کہ وہ فرشتہ اول صورت اصلیہ میں افق اعلیٰ پر نمودار ہوا) پھر (جب آپ بیہوش ہو گئے تو) وہ فرشتہ (آپ کے) نزدیک آیا پھر اور نزدیک آیا سو (قرب کی وجہ سے کہ مدلول دنیٰ کا ہے) دو کمانوں کے برابر فاصلہ رہ گیا بلکہ (غایت قرب کی وجہ سے کہ مدلول تدلی کا ہے) اور بھی کم (فاصلہ رہ گیا۔ مطلب دو کمانوں کا یہ ہے کہ عرب کی عادت تھی کہ جب دو شخص باہم غایت درجہ کا اتفاق واتحاد کرنا چاہتے تھے تو دونوں اپنی اپنی کمانیں لے کر ان کے چلّے یعنی تانت کو باہم ملاصق کر دیتے اور ملاصقت میں بھی بعض اجزاء کے اعتبار سے کچھ فصل ضروری رہتا ہے پس اس محاورہ کی وجہ سے یہ کنایہ ہو گیا قرب واتحاد سے اور چونکہ یہ محض اتفاق صوری کی علامت تھی تو اگر روحانی وقلبی اتفاق بھی ہو تو وہاں **او ادنیٰ** بھی صادق آسکتا ہے پس او ادنیٰ کے بڑھا دینے میں اشارہ ہو گیا کہ مجاورت صوریہ کے علاوہ آپ میں اور جبریل علیہ السلام میں روحانی مناسبت بھی تھی جو مدار اعظم ہے معرفت تامہ اور حفظ صورت مدرکہ اور تمایز بین المشخصات الاصلیہ والعارضیہ کا غرض یہ کہ ان کی تسکین سے آپ کو تسکین ہوئی اور افاقہ ہوا) پھر (افاقہ کے بعد) اللہ تعالیٰ نے (اس فرشتہ کے ذریعہ سے) اپنے بندہ (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر وحی نازل فرمائی جو کچھ نازل فرمانا تھی (جس کی تعیین بالتخصیص معلوم نہیں اور نہ معلوم ہونے کی حاجت اور کیا عجب ہے کہ معرفت جبرئیلیہ کے متعلق کچھ وحی ہو یا اور کچھ ہو اور شاید اس وقت بھی وحی نازل فرمانا باوجودیکہ اصل مقصود اس وقت زیادت معرفت کے لئے صورتِ اصلیہ جبرئیلیہ کا دکھانا ہے اس لئے ہو کہ یہ معرفت میں اور زیادہ معین ہو کیونکہ جب حضور اس وقت کی وحی کو جو بوجہ ظہور بصورت اصلیہ کے بالقطع بتوسط جبریل علیہ السلام ہے اور دوسرے اوقات کی وحی کو جو بواسطہ صورت بشریہ ہے ایک شان پر دیکھیں گے تو مزید علیٰ مزید یقین میں قوت ہو گی کہ دونوں حالتوں میں واسطہ وحی حقیقت واحدہ ہے جیسا کہ کسی شخص کے نغمہ اور طرز کلام سے خوب آگاہ ہوں تو اگر کبھی وہ بہ تبدل صوت بھی بولتا ہے تو صاف پہچانا جاتا ہے آگے اس دیکھنے کے متعلق ایک شبہ کا جواب ہے وہ شبہ یہ ہے کہ رویت صورتِ اصلیہ جو مدار ہے معرفت تامہ کا اور جس کا اوپر اثبات کیا گیا ہے وہ مطلق رویت نہیں بلکہ رویت صحیحہ ہے اور اس کا مدار ہے اصل مدرک یعنی قلب کے خطائی الادراک سے محفوظ ہونے پر ورنہ اگر اسی کے ادراک میں خطا ہے تو حواس جو کہ جواسیس قلب ہیں ان میں بھی خطا ہو گی چنانچہ اسی بناء پر احساسات میں غلطی ہونا مشاہدہ کیا جاتا ہے مجنون باوجود سلامت حس کے بعض اوقات

www.besturdubooks.net

پہچانے ہوئے لوگوں کو دوسرا شخص بتلانے لگتا ہے پس آیا یہ رویت رویت صحیحہ تھی یا نہیں آگے اس شبہ کا جواب ہے یعنی وہ رویت صحیحہ تھی کہ اس دیکھنے کے وقت) قلب نے دیکھی ہوئی چیز میں غلطی نہیں کی (رہا یہ کہ اس کی کیا دلیل ہے کہ قلب نے غلطی نہیں کی سو بات یہ ہے کہ اگر مطلقاً ایسے احتمالات قابل التفات ہوا کریں تو حس سے بالکل امان ہی مرتفع ہو جاوے وھو باطل بلکہ ان احتمالات کے لئے کوئی منشاء معتد بہ ہونا ضرور ہے چنانچہ احتمال خطائے قلبی کا منشاء یہ ہونا چاہئے کہ وہ ادراک کرنے والا مختل العقل ہو اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا صحیح العقل فطین ذکی صاحب فراست ہونا مشاہد اور ظاہر تھا چونکہ باوجود اس اثبات بلیغ کے پھر بھی معاندین جدال وخلاف سے باز نہ آتے تھے اس لئے آگے بطور توبیخ وتعجیب کے ارشاد فرماتے ہیں کہ جب تم نے ایسے شافی کافی بیان سے معرفت ورویت کا ثبوت سن لیا) تو کیا ان (پیغمبر سے ان کی دیکھی (بھالی) ہوئی چیز میں نزاع کرتے ہو (یعنی مدرکات میں اسلم عن الخطا حسیات ہیں تو غضب کی بات ہے کہ حسیات میں اختلاف کرتے ہو کہ جن میں احتمالات خطا بھی مرتفع ہو گئے پھر یوں تو تمہارے حسیات میں بھی ہزاروں خدشے نکل سکتے ہیں) اور (اگر یہ مہمل خدشہ ہو کہ جس چیز کو ایک ہی بار دیکھا ہو تو اس کی پہچان کیسے ہوسکتی ہے البتہ مکرر دیکھنے میں جب ہر بار ایک ہی سی چیز دیکھی جاوے اس وقت شناخت ہوسکتی ہے کہ یہ وہی چیز ہے جو پہلی بار دیکھی ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ اول تو یہ بات غلط ہے کیونکہ بعض اوقات کسی چیز کا ایسا پورا پتہ معلوم ہوتا ہے کہ دیکھتے ہی فوراً پہچان ہو جاتی ہے۔ دوسرے اول[1] بار میں بایں معنی پہچاننا ضروری نہیں کہ کسی کے اعلام یا کسی امارت واعلام کی احتیاج نہ ہو جیسا دوسری تیسری بار میں ہوتا ہے بلکہ بایں معنی معرفت حاصل ہو جاتی ہے کہ کسی صادق کے بتلانے سے یا قرائن وعلامات کے مجتمع ہونے سے اُس کا علم ہو جائے اور پھر اس کی صورت ذہن میں محفوظ ومخزون رہے کہ بار دگر محض انطباق صورت سے پہچان لیں پس ممکن ہے کہ آپ کو علم ضروری یا استدلالی کے طور پر جس کے مقدمات کی تعیین ہم نہیں کر سکتے یا اس وجہ سے کہ کئی بار آپ کو معاینہ صورت غیر اصلیہ کا ہو چکا تھا اور مشخصات اصلیہ کا آپ کے ذہن نے اخذ کر لیا تھا غرض کسی طرح سے جبریل علیہ السلام کا پورا پتہ معلوم ہوا اور اس سے پہچان ہوگئی ہو یا اس وقت اعلام الٰہی سے آپ کو یقین ہو گیا ہو پس دو وجہ سے یہ خدشہ باطل ہے تیسرے علیٰ سبیل التنزل اگر شناخت کے لئے تکرار مشاہدہ ہی کی ضرورت ہے تو) انہوں نے (یعنی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے) اس فرشتہ کو ایک اور دفعہ بھی (صورت اصلیہ میں) دیکھا ہے (پس اب تو وہ تو ہم بھی مدفوع ہو گیا کیونکہ تطابق صورتین سے پوری تعیین ہوگئی کہ ہاں جبریل یہی ہیں آگے اس دیکھنے کی جگہ بتلاتے ہیں کہ کہاں دیکھا یعنی شب معراج میں دیکھا ہے) سدرۃ المنتہیٰ کے پاس (سدرۃ کہتے ہیں بیری کے درخت کو اور منتہیٰ کے معنی ہیں انتہیٰ کی جگہ حدیثوں میں آیا ہے کہ یہ ایک درخت ہے بیری کا ساتویں آسمان میں عالم بالا سے جو احکام وارزاق وغیرہ آتے ہیں وہ اول سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچتے ہیں پھر وہاں سے ملائکہ زمین پر لاتے ہیں اسی طرح یہاں سے جو اعمال صعود کرتے ہیں وہ بھی سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچتے ہیں پھر وہاں سے اوپر اٹھا لئے جاتے ہیں دنیا میں اس کی مثال ڈاک خانہ کی سی سمجھئے کہ آمد وبرآمد خطوط کی وہاں سے ہوتی ہے اور شاید اس تقیید میں اشارہ ہو تقویت اصالت صورت مرئیہ کی طرف کیونکہ فرشتوں کا اصل مسکن آسمان ہے اور عادت متعارفہ ہے کہ مسکن سے دور ہو کر تو کبھی اصلی صورت تبدیل وضع وغیرہ سے کسی قدر بدل بھی جاتی ہے لیکن اپنے اصل مسکن میں بالکل اصلی ہیئت پر استقرار ہوتا ہے پس اصالت صورت کی زیادہ تقویت ہوگئی اور عند سدرۃ المنتہیٰ میں تو مکان رویت بتلایا تھا آگے اس مکان کا شرف بتلاتے ہیں کہ) اس (سدرۃ المنتہیٰ) کے قریب جنت المأویٰ ہے (ماویٰ کے معنی) رہنے کی جگہ چونکہ جنت نیک بندوں کے رہنے کی جگہ ہے اس لئے جنت الماویٰ کہتے ہیں حاصل یہ کہ وہ سدرۃ المنتہیٰ ایسے ممتاز موقع پر ہے اس میں اشارہ ہوسکتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسے بلند مقام پر پہنچنا دلیل ہے آپؐ کے معزز ومکرم ہونے پر اور قاعدہ ہے کہ ایسے مہمان عزیز سے سامان اکرام کا اخفاء نہیں کیا جاتا اور جبریلؑ کی معیت آپ کے ساتھ اکرام کے لئے تھی پس ان کی صورت اصلیہ میں احتجاب کا اصلاً احتمال نہیں پس اس سے بھی تاکید ہوگئی مرئی کے انکشاف وانجلائے تام کی طرف جس سے رویت کا تعلق زیادہ تام ہوگا۔ اب بعد تعیین مکان رویت کے رویت کا زمانہ بتلاتے ہیں کہ رویت کب ہوئی پس فرماتے ہیں کہ) جب اس سدرۃ المنتہیٰ کو لپٹ رہی تھیں جو چیزیں لپٹ رہی تھیں (ایک روایت میں ہے کہ سونے کے پروانے تھے یعنی صورت ایسی تھی اور ایک روایت میں ہے کہ وہ فرشتے تھے یعنی حقیقت اُن کی یہ تھی اور ایک روایت میں ہے کہ ملائکہ نے حق تعالیٰ سے اجازت چاہی تھی کہ ہم بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کریں ان کو اجازت ہوگئی وہ اس سدرہ پر جمع ہو گئے تھے الروایات کلھا فی الدر المنثور اس میں بھی اشارہ ہوسکتا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے معزز ومکرم ہونے کی طرف اور باقی وہی تقریر ہے جو تقیید سابق میں بیان کی گئی اب ایک احتمال یہ ہوسکتا ہے کہ ایسی حیرت انگیز چیزیں دیکھ کر نگاہ چکرا جاتی ہے پورے ادراک پر قدرت نہیں رہتی پس ایسی حالت میں جبریل علیہ السلام کی صورت کا کیا ادراک ہوا ہوگا جب یہ ادراک ثانی معتبر نہ ہوا تو پھر اس خدشہ مذکورہ کا جو جواب ولقد راٰہ نزلۃ اخرٰی سے دیا گیا ہے وہ کافی نہ ہوا اس احتمال کے دفع کے لئے فرماتے ہیں کہ آپ ان عجائب کو دیکھ کر ذرا نہیں چکرائے اور اصلاً متحیر نہیں ہوئے چنانچہ جن چیزوں کی رویت کا حکم تھا ان کی طرف نظر کرنے سے آپ کی) نگاہ نہ تو ہٹی (بلکہ ان چیزوں کو خوب دیکھا) اور (جن چیزوں کے دیکھنے کا حکم جب تک نہ ہوا) نہ (ان کی طرف دیکھنے کو آپ کی نگاہ) بڑھی (یعنی قبل اذن نہیں دیکھا کذا فی المدارک فی الفرق بین

www.besturdubooks.net

زاغ وطغی یہ دلیل ہے آپ کے غایت استقلال کی کیونکہ عجیب چیزوں سے حیرت میں آ کر آدمی یہی دو حرکتیں کیا کرتا ہے جن چیزوں کے دیکھنے کو کہا جاتا ہے ان کو تو دیکھتا نہیں اور جن کے لئے نہیں کہا گیا ان کو تکتا ہے غرض اُس میں انضباط نہیں ہوتا۔ آگے آپ کے استقلال کی قوت بیان کرنے کے لئے فرماتے ہیں کہ) انہوں نے (یعنی پیغمبر نے) اپنے پروردگار (کی قدرت) کے بڑے بڑے عجائبات دیکھے (مگر ہر چیز کے دیکھنے میں آپ کی یہی شان رہی: فَاَزَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی۞ وہ عجائبات احادیث معراج میں آئے ہیں انبیاء علیہم السلام کو دیکھنا ارواح کو دیکھنا جنت وغیرہ کو دیکھنا پس ثابت ہوا کہ آپ میں غایت استقلال ہے پس حیرت کا احتمال نہیں پس خدشہ کا جو جواب: وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰی۞ میں مذکور تھا وہ سالم رہا۔ غرض تمام تر تقریر سے رویت ومعرفت جبرئیلیہ کے متعلق شبہات مندفع ہو کر امر رسالت مقرر ومحقق ہو گیا جو کہ مقصود مقام تھا رہا یہ کہ یہ سب اُس وقت کافی ہے کہ جب کوئی شخص دعویٰ رویت کو مان لے پس اس کی کیا دلیل ہے جواب یہ ہے کہ اس کی دلیل آپ کے خوارق ہیں جن میں اعظم قرآن ہے جن سے آپ کا صدق متیقن ہے ورنہ ایسا خدشہ تو ہر مدعی رویت شئے من الاشیاء پر ہو سکتا ہے۔ رہا یہ کہ جب جبرئیل علیہ السلام غیر اصلی صورت میں آتے تھے اس وقت کیسے پہچان لیتے تھے تو جواب اس کا یہ ہے کہ اول تو قبل رویت صورت اصلیہ کے بھی آپ کو خاص طریقہ سے اس کی معرفت حاصل تھی جس کی تقریر فَاسْتَوٰی کی تفسیر سے پہلے گزر چکی ہے اور بعد صورت اصلیہ دیکھنے کے تو اور زیادہ معرفت ہو گئی اور راز اس کا یہ ہے کہ فرشتے کا صورت بدل لینا ایسا ہے جیسا انسان لباس بدل لیتا ہے تو جو شخص حقیقت کا ادراک کر لیتا ہے تبدل لباس اُس کے لئے مانع ادراک ومعرفت نہیں ہوتا رہا یہ کہ جب اول بار آپ بیہوش ہو گئے تھے تو اس وقت تو حیرت ہو گئی اور جس شبہ کے جواب میں ما زاغ فرمایا ہے وہ شبہ اس رویت اولیٰ میں ہو جاوے گا جواب یہ ہے کہ مطلق مغلوبیت مانع ادراک نہیں بلکہ جو مغلوبیت قبل ادراک ہو وہ مانع ہے اور جو مغلوبیت بعد الادراک ہو وہ مانع نہیں چنانچہ کوئی قوی البصر آفتاب پر خوب نظر جما کر دیر تک دیکھے تو گو آخیر میں اس کی آنکھیں کام نہ دیں گی لیکن اس کام نہ دینے سے پہلے وہ اس کے قرص اور اشعہ کا خوب ادراک کر چکا ہے پس ممکن ہے کہ آپ کی بے ہوشی ادراک سے زماناً متاخر ہو پس ادراک کا وقوع ہو جاوے گا بخلاف تجلی ربانی ہے موسیٰ علیہ السلام کا بے ہوش ہو جانا کہ وہاں غشی موسوی تجلی ربانی سے صرف ذاتاً متاخر تھی اور زماناً دونوں مقترن تھے پس ادراک تجلی کا لازم نہیں آتا یہ شبہ تجلی موسوی کا ایک فاضل نے کلمہ لما کی وجہ سے مجھ پر کیا تھا کہ وہ موضوع ہے ترتب کے لئے کہ مستلزم ہے تاخر کو۔ اور یہ تفاوت بے ہوشی وہوش کا بوجہ اس کے ہے کہ بشر ناسوت میں تحمل کم رکھتا ہے اور ملکوت میں زیادہ)۔ ف: اور ان آیات کی تفسیر بعض مفسرین نے رویت الٰہیہ کے ساتھ کی ہے مگر مسلم میں حضرت عائشہؓ کی روایت سے رویت جبرئیلیہ کے ساتھ تفسیر ان آیات کی خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے: واذا جاء نہر اللّٰہ بطل نہر معقل اور حدیث شریک مروی بخاری سے جو شبہ پڑتا ہے کہ یہ آیات محمول ہوں قرب وتدلی حق تعالیٰ پر سو نووی نے نقل کیا ہے کہ شریک حافظ نہیں ہیں۔

الحواشی: (۱) مطلب یہ ہے کہ ہم جو کہتے ہیں کہ حضورؐ نے اول ہی بار میں پہچان لیا تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ کسی کے اعلام بالکسر یا اعلام بالفتح کی حاجت نہ ہو اگر یہ مراد ہوتی تو بے شک یہ شبہ صحیح تھا کہ ایسی شناخت تو دوسری تیسری بار میں ہوتی ہے اول بار میں نہیں ہوتی الخ ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی وَالنَّجْمِ مطلق اشارۃ الی ان المراد الجنس ۱۲۔ ۲ قولہ فی ما کذب الفواد ما رای چیز میں لما فی الخازن فیما رأی ۱۲۔

اللغات: ھوی سقط وغاب قولہ مرۃ فی القاموس قوۃ الخلق وشدتہ فاستوی فاستقام علی صورۃ نفسہ الحقیقیۃ کذا فی المدارک الافق الطرف وفی اصطلاح اھل الھیئۃ دائرۃ خاصۃ ۱۲۔ فتدلی فزاد فی القرب والتدلی ھو النزول بقرب الشیء کذا فی المدارک قولہ قاب قوسین فی المدارک مقدار قوسین فی الانتصاف قال بعضھم انہ کنایۃ لان الحلیفین فی عرف العرب اذا تحالفا علی الوفاء والصفاء الصفاد تری قوسیھا قولہ نزلۃ مرۃ کذا فی الروح ۱۲۔

النحو: قولہ ان ھو ای منطوقہ المدلول علیہ بقولہ تعالیٰ وما ینطق قولہ شدید القوی صفۃ الموصوف مقدر۔ قولہ فکان قاب الخ اسم کان الضمیر الراجع بقرینۃ المقام الی البعد الذی بینھما۔ قولہ الکبرٰی صفۃ اللآیات المقدرۃ ای لقدر ای من آیات ربہ الآیات الکبرٰی ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ صاحبکم ایرادہ علیہ الصلوٰۃ والسلام بھذا العنوان للایذان بوقوفھم علی تفاصیل احوالہ الشریفۃ ۱۲۔ قولہ قاب قوسین قال بعضھم فیہ قلب ای قابی قوس واحدۃ فالقاب کما فی القاموس بین المقبض والسۃ والسۃ بالکسر مخففۃ ما عطف من طرفیھا آہ ۱۲۔

www.besturdubooks.net

إِلَّآ أَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوهَآ أَنتُمْ وَءَابَآؤُكُم مَّآ أَنزَلَ ٱللَّهُ بِهَا مِن سُلْطَٰنٍ ۚ إِن يَتَّبِعُونَ إِلَّا ٱلظَّنَّ وَمَا تَهْوَى ٱلْأَنفُسُ ۖ وَلَقَدْ
جَآءَهُم مِّن رَّبِّهِمُ ٱلْهُدَىٰٓ ﴿٢٣﴾ أَمْ لِلْإِنسَٰنِ مَا تَمَنَّىٰ ﴿٢٤﴾ فَلِلَّهِ ٱلْءَاخِرَةُ وَٱلْأُولَىٰ ﴿٢٥﴾ وَكَم مِّن مَّلَكٍ فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ لَا تُغْنِى ع ۵/۱۵
شَفَٰعَتُهُمْ شَيْـًٔا إِلَّا مِنۢ بَعْدِ أَن يَأْذَنَ ٱللَّهُ لِمَن يَشَآءُ وَيَرْضَىٰٓ ﴿٢٦﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِٱلْءَاخِرَةِ لَيُسَمُّونَ ٱلْمَلَٰٓئِكَةَ
تَسْمِيَةَ ٱلْأُنثَىٰ ﴿٢٧﴾ وَمَا لَهُم بِهِۦ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِن يَتَّبِعُونَ إِلَّا ٱلظَّنَّ ۖ وَإِنَّ ٱلظَّنَّ لَا يُغْنِى مِنَ ٱلْحَقِّ شَيْـًٔا ﴿٢٨﴾

بھلا تم نے لات و عزیٰ اور تیسرے منات کے حال میں غور بھی کیا ہے۔ کیا تمہارے لئے تو بیٹے (تجویز) ہوں اور خدا کے لئے بیٹیاں اس حالت تو یہ بہت بے ڈھنگی تقسیم ہوئی یہ (معبودات مذکورہ) نرے نام ہی نام ہیں۔ جن کو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے ٹھہرالیا ہے۔ خدا تعالیٰ نے تو ان (کے معبود ہونے) کی کوئی دلیل بھیجی نہیں (بلکہ) یہ لوگ صرف بے اصل خیالات پر اور اپنے نفس کی خواہش پر چل رہے ہیں۔ حالانکہ ان کے پاس ان کے رب کی جانب سے (بواسطہ رسولؐ) ہدایت آ چکی ہے۔ کیا انسان کو اس کی ہر تمنا مل جاتی ہے۔ سو خدا کے ہی اختیار میں ہے آخرت اور دُنیا (کی بھی) اور بہت سے فرشتے آسمان میں موجود ہیں ان کی سفارش ذرا بھی کام نہیں آ سکتی۔ مگر بعد اس کے کہ اللہ تعالیٰ جس کے لئے چاہیں اجازت دے دیں اور اس کے لئے شفاعت کرنے سے راضی ہوں اور (اس کے لئے شفاعت کرنے سے) راضی ہوں۔ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ فرشتوں کو (خدا کی) بیٹی کے نام سے نامزد کرتے ہیں۔ حالانکہ ان کے پاس اس پر کوئی دلیل نہیں۔ صرف بے اصل خیالات پر چل رہے ہیں اور یقیناً بے اصل خیالات امر حق (کے اثبات) میں ذرا بھی مفید نہیں ہوتے۔

تفسیر: ربط: اوپر تحقیق رسالت کا مضمون تھا آگے توحید کا مضمون ہے۔

توحید: أَفَرَءَيْتُمُ ٱللَّٰتَ وَٱلْعُزَّىٰ ﴿١٩﴾ (الی قولہ تعالیٰ) وَإِنَّ ٱلظَّنَّ لَا يُغْنِى مِنَ ٱلْحَقِّ شَيْـًٔا ﴿٢٨﴾ (اے مشرکو! بعد اس کے کہ رسول اللہ ﷺ کا ناطق بالحق ومتبع للوحی ہونا ثابت ہو گیا اور آپ اس وحی سے توحید کا حکم فرماتے ہیں جو کہ دلائل عقلیہ سے بھی ثابت ہے اور تم پھر بھی بتوں کی پرستش کرتے ہو تو) بھلا تم نے (کبھی ان بتوں کے مثلاً) لات و عزیٰ اور ایک تیسرے منات کے حال میں غور بھی کیا ہے (تا کہ تم کو معلوم ہوتا کہ وہ قابل پرستش ہیں یا نہیں پس کلمۂ فا سے یہ فائدہ ہوا کہ آپ کی تنبیہ کے بعد تو متنبہ ہونا چاہئے تھا اور توحید کے متعلق ایک اور بات قابل غور کے ہے کہ تم جو ملائکہ کو خدا کی بیٹیاں قرار دے کر معبود کہتے ہو تو) کیا تمہارے لئے تو بیٹے (تجویز) ہوں اور خدا کے لئے بیٹیاں (تجویز ہوں یعنی جن لڑکیوں کو مکروہ و قابل نفرت سمجھتے ہو وہ خدا کی طرف نسبت کی جاویں) اس حالت میں تو یہ بہت بے ڈھنگی تقسیم ہوئی (کہ اچھی چیز تمہارے حصے میں اور بُری چیز خدا تعالیٰ کے حصہ میں نعوذ باللہ منہ یہ بناء علی العرف فرمایا ورنہ خدا تعالیٰ کے لئے بیٹا تجویز کرنا بھی بے ڈھنگی بات ہے) یہ (معبودات مذکورہ اصنام ملائکہ بعقیدہ مذکورہ) نرے نام ہی نام ہیں (یعنی یہ مسمات بحیثیت مزعومہ موجودات واقعیہ میں سے نہ ہونے میں بمنزلہ اُن اسماء کے ہیں جن کا کہیں مصداق نہ ہو) جن کو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے (آپ ہی) ٹھہرالیا ہے خدا تعالیٰ نے تو اُن (کے معبود ہونے) کی کوئی دلیل (عقلی یا نقلی) بھیجی نہیں (بلکہ) یہ لوگ (اس اعتقاد الوہیت غیر اللہ میں) صرف بے اصل خیالات پر اور اپنے نفس کی خواہش پر جو کہ اُن بے اصل خیالات سے پیدا ہوتی ہے) چل رہے ہیں (دونوں میں فرق یہ ہوا کہ ہر عمل سے پہلے ایک عقیدہ ہوتا ہے اور ایک عزم محرک پس دونوں سے دونوں کی طرف اشارہ ہے) حالانکہ اُنکے پاس اُنکے رب کی جانب سے (بواسطہ رسولؐ ناطق بالحق ومتبع للوحی کے) ہدایت (امر واقعی کی) آ چکی ہے (یعنی خود اپنے دعویٰ پر تو کوئی دلیل نہیں رکھتے اور اس دعوے کی نقیض پر رسول کے ذریعہ سے دلیل سنتے ہیں اور پھر نہیں مانتے یہ تو گفتگو تھی بطلان الوہیت غیر اللہ میں آگے کلام اس کی غایت کے بطلان میں ہے یعنی یہ لوگ جب بامید شفاعت ان کی عبادت کرتے ہیں تو) کیا انسان کو اس کی ہر تمنا مل جاتی ہے سو ایسا (نہیں ہے کیونکہ ہر تمنا) خدا ہی کے اختیار میں ہے آخرت (کی بھی) اور دُنیا (کی بھی پس وہ جس کو چاہیں پورا فرما دیں اور نص قطعی میں یہ بتلا دیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس تمنائے باطل کو پورا کرنا نہیں چاہیں گے نہ دُنیا میں کہ حاجات میں شفاعت کریں نہ آخرت میں کہ نجات میں شفاعت کریں پس یقیناً وہ پوری نہ ہوگی) اور (بے چارے بت تو کیا شفاعت کرتے کہ ان میں خود اہلیت ہی شفاعت کی نہیں اس دربار میں تو جو لوگ اہل ہیں ان کی بھی بے اذن کچھ نہیں چلتی چنانچہ) بہت سے فرشتے آسمانوں میں موجود ہیں (شاید اس میں اشارہ ہو علو شان کی طرف مگر باوجود اس علو شان کے) ان کی سفارش ذرا بھی کام نہیں آ سکتی (بلکہ خود شفاعت ہی نہیں پائی جا سکتی فھی المقید بمعنی المطلق) مگر بعد اس کے کہ اللہ تعالیٰ جس کے لئے چاہیں اجازت دے دیں اور (اس کیلئے شفاعت کرنے سے) راضی ہوں (يَرْضَىٰ اسلئے بڑھا دیا کہ کبھی مخلوق کا اذن بلا رضا بھی کسی دباؤ یا مصلحت سے ہو جاتا ہے آگے اس عقیدۂ ولدیت ملائکہ اللہ تعالیٰ کے کفر ہونے کی تصریح ہے کہ) جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے (بلکہ اسکے انکار کی وجہ سے کافر ہیں) وہ فرشتوں کو (خدا کی) بیٹی کے نام سے نامزد کرتے ہیں (انکی تعبیر بالکفر

www.besturdubooks.net

میں آخرت کی تخصیص میں شاید اس طرف اشارہ ہو کہ یہ سب ضلالتیں آخرت کی بے فکری سے پیدا ہوئی ہیں ورنہ معتقد آخرت کو اپنی نجات کی ضرور فکر ہوتی ہے اور یہاں انثی بمعنی بنت کے ہے کما فی قولہ تعالیٰ : وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى [النحل : ٥٨] اور جب ملائکہ کو خدا کے ساتھ شریک ٹھہرانے کے کفر ہونے کی تصریح فرما دی تو اصنام کے شریک ٹھہرانے کا کفر ہونا بدرجہ اولیٰ ثابت ہو گیا اس لئے صرف اسی پر اکتفا کیا گیا آگے اس عقیدہ کا بے دلیل ہونا بیان فرماتے ہیں یعنی ملائکہ کے بنات اللہ ہونے کے مدعی ہیں) حالانکہ اُنکے پاس اس پر کوئی دلیل نہیں صرف بے اصل خیالات پر چل رہے ہیں اور یقیناً بے اصل خیالات امر حق (کے اثبات) میں ذرا بھی مفید نہیں ہوتے (نفی علم اور اثبات ظن اوپر بھی آ چکا ہے پھر یہاں بھی آیا ہے مگر دونوں جگہ میں دو فرق ہیں ایک یہ کہ اوپر دلیل نقلی کی نفی ہے کما یدل علیہ قولہ تعالیٰ : مَّاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ [الاعراف : ٧١] اور یہاں یا تو عام ہے یا بقرینہ مقابلہ خاص ہے دلیل عقلی کے ساتھ دوسرا فرق یہ کہ وہاں اصنام وملائکہ دونوں کے بارہ میں نفی دلیل کی تھی کما یظہر من ترجمۃ قولہ تعالیٰ : اِنْ هِیَ اِلَّاۤ اَسْمَآءٌ اور یہاں خاص ملائکہ کے بارہ میں ہے کما ہو ظاہر فاندفع التکرار اور شاید ملائکہ کا مکرر ذکر کرنا بطور تخصیص بعد تعمیم کے اسلئے ہو کہ بوجہ مقبول ہونے کے ان میں شریک مع اللہ اور شفیع ہو سکنے کا احتمال زیادہ گنجائش رکھتا ہے)۔

ف : وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِیْ ...... کے ترجمہ کی جو تقریر کی گئی ہے اس سے مبطلین قیاس واجتہاد کے استدلال کو اصلاً مس نہ رہا اور عرب میں بت تو بہت تھے مگر تخصیص ان تین کی بوجہ اشہر واکبر ہونے کے ہے تو اوروں کی الوہیت کا بطلان بدرجہ اولیٰ ہو گیا اور ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ لات ایک منقش پتھر تھا اور اس پر ایک عمارت بنا رکھی تھی اور طائف میں تھا اور عزیٰ ایک درخت تھا اس پر بھی ایک عمارت بنا رکھی تھی یہ نخلہ میں درمیان مکہ اور طائف کے تھا اور منات کو در منثور میں حجر لکھا ہے اور مقام اس کا ابن کثیر نے مشلل جو قدید کے پاس مکہ مدینہ کے درمیان ہے بتلایا ہے اور بعض نے اور مقامات بھی بتلائے ہیں لیکن ممکن ہے کہ ہندوؤں کی طرح کہ ہر جگہ دیوی اور مہادیو کی شکلیں بنا لیتے ہیں اُنہوں نے بھی کئی کئی جگہ بنا رکھے ہوں۔ واللہ اعلم۔

اللغات : ضیزی جائزۃ ١٢۔

النحو : **قوله افريتم حذف لدلالة المقام مفعوله الثاني اى هل لها شئ مما يوجب الالوهية۔ قوله ما انزل الله بها الباء للملابسة ١٢۔ قوله تسمية مفعول مطلق ليسمون ١٢۔**

البلاغۃ : **الثالثة الاخرى صفتان لمناة وصفت بالثالثة للتصريح بالتعدد والتكثر ليدل على سخافة عقولهم ووصفت بالاخرى لان كون الشئ ثالثا قد يكون باعتبار الترتيب فى المعنى الخاص كالدرجات المتصاعدة او المتنازلة وقد يكون باعتبار محض التعدد ولما كان المقصود ههنا المعنى الثاني فسرها بالاخرى ومع ذاك النكتة المعنوية روعى فيه النكتة اللفظية من موافقة رؤس الآى ١٢۔**

فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝٢٩ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ
ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ۝٣٠ وَلِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِیَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا
بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِیَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ۝٣١ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ
ع الْمَغْفِرَةِ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْۤا اَنْفُسَكُمْ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ۝٣٢

تو آپ ایسے شخص سے اپنا خیال ہٹا لیجئے جو ہماری نصیحت کا خیال نہ کرے اور بجز دنیوی زندگی کے اس کو کوئی (اخروی مطالبہ) مقصود نہ ہو۔ ان لوگوں کی فہم کی رسائی کی حد بس (یہی دنیوی زندگی) ہے۔ تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ کون اس کے رستہ سے بھٹکا ہوا ہے اور وہی اس کو بھی خوب جانتا ہے جو راہ راست پر ہے اور جو کچھ زمین اور آسمانوں میں ہے وہ اللہ ہی کے اختیار میں ہے انجام کار یہ ہے کہ برا کام کرنے والوں کو ان کے (برے) کام کے عوض میں (خاص طور کی) جزا دے گا اور نیک کام کرنے والوں کو ان کے نیک کاموں کے عوض میں جزا دے گا۔ وہ لوگ ایسے ہیں کہ کبیرہ گناہوں سے اور (ان میں) بے حیائی کی باتوں سے (بالخصوص زیادہ) وہ بچتے ہیں۔ مگر ہلکے ہلکے گناہ۔ بلاشبہ آپ کے رب کی مغفرت بڑی وسیع ہے وہ تم کو (اور تمہارے احوال کو اس وقت سے) خوب جانتا ہے جب تم کو زمین سے پیدا کیا تھا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں بچے تھے۔ تو تم اپنے کو مقدس مت سمجھا کرو (بس) تقویٰ والوں کو وہ ہی خوب جانتا ہے۔

تفسیر ربط : اوپر توحید ورسالت کا مع عدم قبول کفار کے ذکر تھا آگے اس عدم قبول پر اور اس کے مقابلہ میں قبول پر سزا وجزا کا ذکر ہے اور چونکہ اس عدم قبول سے آپ کو حزن بھی ہوتا تھا اس لئے اس مضمون کو تسلیہ سے شروع فرمایا ہے۔

تسلیہ سید ابرار و مجازات اشرار واخیار : فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى (الٰی قولہ تعالیٰ) هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ۝ (جب اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ [الانعام : ١١٦] اور

www.besturdubooks.net

جاء ھم من ربھم الھدی سے ان کا معاند ہونا معلوم ہوگیا کہ باوجود آنے قرآن اور ہدیٰ کے یہ اپنے گمان اور ہویٰ پر چلتے ہیں اور معاند سے قبول حق کی اُمید نہیں ہوتی) تو آپ ایسے شخص سے اپنا خیال ہٹا لیجئے جو ہماری نصیحت کا خیال نہ کرے اور بجز دنیوی زندگی کے اس کو کوئی (اُخروی مطلب) مقصود نہ ہو (جس کی وجہ عدم ایمان بالآخرۃ ہے جو لا یؤمنون بالآخرۃ سے اوپر مفہوم ہوا ہے اور) ان لوگوں کے فہم کی رسائی کی حد بس یہی (دنیوی زندگی ہے (جب ان کی بدفہمی اور بے فکری کی نوبت یہاں تک پہنچی ہے تو اُن کی فکر نہ کیجئے اُن کا معاملہ اللہ کے حوالہ کیجئے بس) تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ کون اُس کے راستہ سے بھٹکا ہوا ہے اور وہی اس کو بھی خوب جانتا ہے جو راہ راست پر ہے (اس سے تو اس کا علم ثابت ہوا) اور (اس سے قدرت ثابت ہے کہ) جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ سب اللہ ہی کے اختیار میں ہے (جب وہ علم اور قدرت دونوں میں کامل ہے اور اس کے سبیل مامور بہ کے اعتبار سے مکلفین دو قسم کے ہیں ضال اور مہتدی تو) انجام کار یہ ہے کہ بُرا کام کرنے والوں کو اُن کے (بُرے) کام کے عوض میں (خاص طور کی) جزا دے گا اور نیک کام کرنے والوں کو ان کے نیک کاموں کے عوض میں (خاص طور کی) جزا دے گا (پس اس کا مقتضا یہ ہے کہ اسی کے حوالہ کیجئے آگے نیک کاروں کی تفسیر ہے یعنی) وہ لوگ ایسے ہیں کہ کبیرہ گناہوں سے اور (ان میں) بے حیائی کی باتوں سے (بالخصوص زیادہ) بچتے ہیں مگر ہلکے ہلکے گناہ (کبھی کبھار ہو جائیں تو جس نکوکاری کا یہاں ذکر ہے اس میں ان سے خلل نہیں آتا مطلب استثناء کا یہ ہے کہ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا کی جو محبوبیت یہاں بقرینۂ مقام مدح مذکور ہے اس کا مصداق بننے کے لئے کبائر سے بچنا تو شرط ہے لیکن صغائر کا احیاناً صدور اس کے لئے موقوف علیہ نہیں البتہ عدم اصرار شرط ہے اور استثناء کا یہ مطلب نہیں کہ صغائر کی اجازت ہے اور نہ اشتراط کا یہ مطلب ہے کہ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا کا مجزی بالحسنٰی ہونا موقوف ہے اجتناب عن الکبائر پر کیونکہ مرتکب کبائر بھی جو حسنہ کرے گا اس کی جزاء پاوے گا لقولہ تعالیٰ: فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ [الزلزال: ۷] پس اشتراط معنی تجزی کے اعتبار سے نہیں بلکہ تلقیب بالحسن اور محبوبیت خاصہ کے اعتبار سے ہے جس پر عنوان اَحْسَنُوْا دال ہے خوب سمجھ لو اور اوپر لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا سے مسیئین کو ایہام یاس ہو سکتا ہے جس سے ایمان و توبہ سے ہمت ہار دیں اور وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ۝ سے محسنین کو ایہام عجب ہو سکتا ہے آگے دونوں ایہاموں کا رفع ہے یعنی) بلاشبہ آپ کے رب کی مغفرت بڑی وسیع ہے (مسیئین کو تدارک اسائت سے ہمت نہ ہارنا چاہئے وہ اگر چاہے تو بجز کفر و شرک کے اور سیئات کو محض فضل سے معاف کر دیتا ہے تو تدارک سے تو کیوں نہ معاف کرے گا اور اسی طرح محسنین کو عجب نہ کرنا چاہئے کیونکہ حسنات میں بعض اوقات ایسے شوائب خفیہ مل جاتے ہیں کہ قابل قبول نہیں رہتے اور عامل کو اس طرف التفات نہ ہونے سے ان کی اطلاع بھی نہیں ہوتی اور حق تعالیٰ کو تو علم ہوتا ہے جب وہ حسنہ مقبول نہیں تو مدار محسنیت کا نہیں ہو سکتی پھر عجب کیسا اور یہ بات کہ تمہاری کسی حالت کی خود تم کو اطلاع نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کو اطلاع ہو کچھ امر غریب نہیں ہے بلکہ ابتداء ہی سے اس کا وقوع ہو رہا ہے چنانچہ) وہ تم کو (اور تمہارے احوال کو اس وقت سے) خوب جانتا ہے جب تم کو (یعنی تمہارے جد امجد آدم علیہ السلام کو) زمین (کی خاک) سے پیدا کیا تھا (جن کے ضمن میں بواسطہ تم بھی طین سے مخلوق ہوئے) اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں بچے تھے (اور ان دونوں حالتوں میں تم کو اپنا اصلاً علم نہ تھا اور ہم کو تھا پس اب بھی تمہارا عدم علم اور ہمارا علم تمہاری کسی حالت کے متعلق امر مستغرب نہیں جب یہ بات ہے) تو تم اپنے کو مقدس مت سمجھا کرو (بس) تقویٰ والوں کو وہی خوب جانتا ہے (کہ فلاں متقی ہے فلاں نہیں گو صورۃً افعال تقویٰ کے دونوں سے صادر ہوتے ہوں)۔ **ف**: اور اگر هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ ...... کے مضمون پر یہ شبہ ہو کہ اس حالت پر قیاس مع الفارق ہے کیونکہ اس وقت تو ہم میں شعور نہ تھا اور اب شعور ہے۔ جواب یہ ہے کہ محض انکشاف کے لئے قوت شعور کافی نہیں بلکہ اس کا تعلق معلومات کے ساتھ انکشاف کی شرط ہے اور عدم تعلق ممکن ہے چنانچہ بہت احوال میں مشاہد ہے پس عدم انکشاف بھی ممکن ہے اور یہ قیاس مدار نہیں بلکہ اس میں تنبیہ ہے اس پر کہ حق تعالیٰ کا علم بوجہ ذاتی ہونے کے کامل اور سب احوال میں برابر ہے اور تمہارا علم بوجہ حادث ہونے کے کہ مسبوق بالعدم ہے چنانچہ ان شاء من الارض واستقرار فی البطن میں معدوم تھا ناقص اور متحقق فی حال دون حال ہے پس شوائب خفیہ کا مخفی رہ جانا جائے تعجب نہیں وبہذا الوجہ من ارتباط قولہ تعالیٰ: هُوَ اَعْلَمُ ...... بالسباق والیساق ہو من المواہب وللہ الحمد۔ اور ایک تقریر اس مقام کی اور ہو سکتی ہے یعنی محسنین کو عجب نہ چاہئے کیونکہ مدار محسنیت کا خاتمہ پر ہے اور اپنے خاتمہ کا حال تم کو معلوم نہیں صرف اللہ کو معلوم ہے جس طرح اپنی ابتداء کی حالت تم کو معلوم نہیں اور اللہ کو معلوم ہے پھر عجب کیوں کیا جاوے لباب میں ایک شان نزول نقل کیا ہے اس سے اس تقریر کی تائید بھی ہوتی ہے وہ یہ کہ حضور ﷺ نے ایک موقع پر فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ہر شخص کو ماں کے پیٹ ہی میں شقی و سعید پیدا کر دیا ہے اس وقت یہ آیت نازل ہوئی: هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ ......۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ...... اس میں دعویٰ تقدس سے صریح ممانعت ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ۝ اقرب التفاسیر یہ ہے کہ اصل مقصود عمل سے قرب ہے حق تعالیٰ کا اور وہ غیر کے عمل سے یا کسی کی برکت سے نہیں ہوتا اور موہوب ہونا اور بات ہے تو یہ حصر اضافی ہے۔

اللغات: اللمم فی القاموس صغار الذنوب آہ واصلہ القرب فکان فی صغار الذنوب قربا من کبار الذنوب ۱۲۔

النحو: قولہ الحسنی صفۃ للاعمال المقدر قولہ الذین یجتنبون خبر لمبتدأ محذوف ای ھم قولہ الا اللمم استثناء منقطع ۱۲۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ: قوله عمن تولي فيه وضع الظاهر موضع المضمر ۱۲۔

أَفَرَءَيْتَ الَّذِي تَوَلَّىٰ ﴿٣٣﴾ وَأَعْطَىٰ قَلِيلًا وَأَكْدَىٰ ﴿٣٤﴾ أَعِندَهُ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرَىٰ ﴿٣٥﴾ أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ بِمَا فِي صُحُفِ مُوسَىٰ ﴿٣٦﴾
وَإِبْرَاهِيمَ الَّذِي وَفَّىٰ ﴿٣٧﴾ أَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ﴿٣٨﴾ وَأَن لَّيْسَ لِلْإِنسَانِ إِلَّا مَا سَعَىٰ ﴿٣٩﴾ وَأَنَّ سَعْيَهُ سَوْفَ يُرَىٰ ﴿٤٠﴾ ثُمَّ
يُجْزَاهُ الْجَزَاءَ الْأَوْفَىٰ ﴿٤١﴾ وَأَنَّ إِلَىٰ رَبِّكَ الْمُنتَهَىٰ ﴿٤٢﴾ وَأَنَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَىٰ ﴿٤٣﴾ وَأَنَّهُ هُوَ أَمَاتَ وَأَحْيَا ﴿٤٤﴾ وَأَنَّهُ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ
الذَّكَرَ وَالْأُنثَىٰ ﴿٤٥﴾ مِن نُّطْفَةٍ إِذَا تُمْنَىٰ ﴿٤٦﴾ وَأَنَّ عَلَيْهِ النَّشْأَةَ الْأُخْرَىٰ ﴿٤٧﴾ وَأَنَّهُ هُوَ أَغْنَىٰ وَأَقْنَىٰ ﴿٤٨﴾ وَأَنَّهُ هُوَ رَبُّ الشِّعْرَىٰ ﴿٤٩﴾
وَأَنَّهُ أَهْلَكَ عَادًا الْأُولَىٰ ﴿٥٠﴾ وَثَمُودَ فَمَا أَبْقَىٰ ﴿٥١﴾ وَقَوْمَ نُوحٍ مِّن قَبْلُ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا هُمْ أَظْلَمَ وَأَطْغَىٰ ﴿٥٢﴾ وَالْمُؤْتَفِكَةَ أَهْوَىٰ ﴿٥٣﴾
فَغَشَّاهَا مَا غَشَّىٰ ﴿٥٤﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكَ تَتَمَارَىٰ ﴿٥٥﴾ هَٰذَا نَذِيرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْأُولَىٰ ﴿٥٦﴾ أَزِفَتِ الْآزِفَةُ ﴿٥٧﴾ لَيْسَ لَهَا مِن دُونِ
اللَّهِ كَاشِفَةٌ ﴿٥٨﴾ أَفَمِنْ هَٰذَا الْحَدِيثِ تَعْجَبُونَ ﴿٥٩﴾ وَتَضْحَكُونَ وَلَا تَبْكُونَ ﴿٦٠﴾ وَأَنتُمْ سَامِدُونَ ﴿٦١﴾ فَاسْجُدُوا
لِلَّهِ وَاعْبُدُوا ۩ ﴿٦٢﴾ سجدہ

تو بھلا آپ نے ایسے شخص کو بھی دیکھا جس نے (دین حق سے) روگردانی کی اور تھوڑا مال دیا اور (پھر) بند کر دیا کیا اس شخص کے پاس (کسی صحیح ذریعہ سے) علم غیب ہے کہ اس کو دیکھ رہا ہے کیا اس کو اس مضمون کی خبر نہیں پہنچی جو موسیٰ کے صحیفوں میں ہے اور نیز ابراہیم کے جنہوں نے احکام کی پوری بجا آوری کی (اور وہ مضمون) یہ ہے کہ کوئی شخص کسی کا گناہ اپنے اوپر نہیں لے سکتا اور یہ کہ انسان کو (ایمان کے بارے میں) صرف اپنی ہی کمائی ملے گی اور یہ کہ انسان کی سعی بہت جلد دیکھی جائے گی پھر اس کو پورا بدلہ دیا جائے گا اور یہ کہ (سب کو) آپ کے پروردگار ہی کے پاس پہنچنا ہے اور یہ کہ وہی ہنساتا ہے اور رلاتا ہے اور یہ کہ وہی مارتا ہے اور زندہ کرتا ہے اور یہ کہ وہی دونوں قسم یعنی نر و مادہ کو نطفہ سے بناتا ہے جب (رحم میں) ڈالا جاتا ہے اور یہ کہ دوبارہ پیدا کرنا (حسب وعدہ) اس کے ذمہ ہے اور یہ کہ وہی غنی کرتا ہے اور سرمایہ (دے کر محفوظ اور) باقی رکھتا ہے اور یہ کہ وہی مالک ہے ستارہ شعریٰ کا بھی اور یہ کہ اس نے قدیم قوم عاد کو بھی (اس کے کفر کی وجہ سے) ہلاک کیا اور ثمود کو بھی کہ (ان میں سے) کسی کو باقی نہ چھوڑا اور ان سے پہلے قوم نوح کو (ہلاک کیا) بے شک وہ سب سے بڑھ کر ظالم اور شریر تھے اور الٹی ہوئی بستیوں کو بھی پھینک مارا تھا ان بستیوں کو گھیر لیا جس چیز نے کہ گھیر لیا سو تو اپنے رب کی کون کون سی نعمت میں شک (وانکار) کرتا رہے گا۔ یہ (پیغمبر) بھی پہلے پیغمبروں کی طرح ایک پیغمبر ہیں (ان کو مان لو کیونکہ) وہ جلدی آنے والی چیز قریب آ پہنچی ہے کوئی غیر اللہ اس کا ہٹانے والا نہیں۔ سو کیا (ایسے خوف کی باتیں سن کر بھی) تم لوگ اس کلام (الٰہی) سے تعجب کرتے ہو اور ہنستے ہو اور (خوف عذاب سے) روتے نہیں ہو اور تم تکبر کرتے ہو سو اللہ کی اطاعت کرو اور (اس کی بلاشرکت) عبادت کرو۔

تفسیر ربط: اوپر: الَّذِينَ أَسَاءُوا الَّذِينَ أَحْسَنُوا مجملاً فرمایا تھا پھر الَّذِينَ أَحْسَنُوا کے احسان کی کچھ توضیح تھی آگے الَّذِينَ أَسَاءُوا کی اساءت کی کچھ توضیح اور توضیح کے ساتھ اس طریقہ کی تقبیح اور اس تقبیح کے مبنیٰ کی تصریح ارشاد ہے اور سبب نزول اس کا درمنثور میں بروایت ابن جریرؒ کے ابن زید سے یہ نقل کیا ہے کہ کوئی شخص اسلام لے آیا تھا کسی نے اس کو ملامت کی اس نے کہا کہ میں عذاب سے ڈرتا ہوں وہ بولا تو مجھ کو کچھ دے میں تیری طرف سے عذاب اپنے سر رکھوں گا چنانچہ کچھ دیا اس نے اور مانگا نہایت کشاکشی سے اس نے اور بھی کچھ دیا اور بقیہ کی دستاویز مع گواہوں کے لکھ دی اور روح المعانی وغیرہ میں اس شخص کی تعیین بھی کی ہے کہ یہ ولید بن مغیرہ تھا کہ کچھ میلان اسلام کی طرف ہو چلا تھا الخ اور ظاہر ہے کہ جس شخص کی ایسی حالت ہو آیت سب کو شامل ہے۔

تقبیح اہل اساءت: أَفَرَءَيْتَ الَّذِي تَوَلَّىٰ (الى قوله تعالى) فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكَ تَتَمَارَىٰ (آپ نے نیکوں کی صفت تو سن لی) تو بھلا آپ نے ایسے شخص کو بھی دیکھا جس نے (دین حق سے) روگردانی کی (یعنی اسلام سے ہٹ گیا) اور تھوڑا مال دیا اور (پھر) بند کر دیا (یعنی جس شخص نے مال دینے کا وعدہ اپنے مطلب کے واسطے کیا تھا وہ بھی پورا نہ دیا اور اسی سے مفہوم ہوا کہ ایسا شخص دوسروں کی نفع رسانی کے لئے کیا خرچ کرے گا جب اپنے ہی مطلب کے لئے پورا خرچ نہ کر سکا پس ذم علی البخل اس کا مدلول ہے) کیا اس شخص کے پاس (کسی صحیح ذریعہ سے) علم غیب ہے کہ اس کو دیکھ رہا ہے (جس کے ذریعہ سے معلوم ہو گیا

www.besturdubooks.net

کہ فلاں شخص میری طرف سے عذاب کا متحمل ہو جاوے گا) کیا اس کو اس مضمون کی خبر نہیں پہنچی جو موسیٰ (علیہ السلام) کے صحیفوں میں ہے (اور حسب روایت در منثور مذکور سورۂ اعلیٰ یہ دس صحیفے علاوہ توریت کے ہیں) اور نیز ابراہیم (علیہ السلام) کے (صحیفوں میں ہے وسیاتی فی سورۃ الاعلیٰ جنہوں نے احکام کی پوری بجا آوری کی اور وہ مضمون) یہ (ہے) کہ کوئی شخص کسی کا گناہ اپنے اوپر (ایسے طور سے) نہیں لے سکتا (کہ گناہ کرنے والا بری ہو جاوے پھر یہ شخص کیسے سمجھ گیا کہ میرا سارا گناہ یہ ملامت گر اپنے سر رکھ لے گا) اور یہ (مضمون ہے) کہ انسان کو (ایمان کے بارہ میں) صرف اپنی ہی کمائی ملے گی (یعنی کسی دوسرے کا ایمان اس کے کام نہ آوے گا پس اگر اس ملامت گر کے پاس ایمان ہوتا بھی تب بھی اس شخص کے کام نہ آتا چہ جائیکہ وہاں بھی ندارد) اور یہ (مضمون ہے) کہ انسان کی سعی بہت جلد دیکھی جاوے گی پھر اس کو پورا بدلہ دیا جاوے گا (باوجود اس کے یہ شخص اپنی فلاح کی سعی سے کیسے غافل ہو گیا) اور یہ (مضمون ہے) کہ (سب کو) آپ کے پروردگار کے پاس پہنچنا ہے (پھر وہ شخص کیسے نڈر ہو گیا) اور یہ (مضمون ہے) کہ وہی ہنساتا اور رلاتا ہے اور یہ کہ وہی مارتا ہے اور جلاتا ہے اور یہ کہ وہی دونوں قسم یعنی نر اور مادہ کو نطفہ سے بناتا ہے جب (رحم میں) ڈالا جاتا ہے (یعنی مالک جمیع تصرفات کا خدا ہی ہے دوسرا نہیں پھر وہ شخص کیسے سمجھ گیا کہ قیامت کے روز یہ تصرف کر کے مجھ کو عذاب سے بچالے کسی دوسرے کے قبضہ میں ہو جاوے گا) اور یہ (مضمون ہے) کہ دوبارہ پیدا کرنا (حسب وعدہ) اس کے ذمہ ہے (یعنی ایسا ضروری ہونے والا ہے جیسے کسی کے ذمہ ہو تو اس شخص کے نڈر ہونے کی وجہ یہ بھی نہ ہونا چاہئے کہ قیامت نہ آوے گی) اور یہ (مضمون ہے) کہ وہی غنی کرتا ہے (یعنی سرمایہ دیتا ہے) اور سرمایہ (دے کر محفوظ اور) باقی رکھتا ہے اور یہ کہ وہی مالک ہے ستارہ شعریٰ کا بھی (جس کی عبادت جاہلیت میں بعض لوگ کرتے تھے یعنی ان تصرفات واشیاء کا مالک بھی وہی ہے جیسے پہلے تصرفات کا مالک وہی ہے اور اوپر کے تصرفات خود انسان میں ہیں اور بعد کے تصرفات متعلقات انسان میں ہیں۔ چنانچہ مال اور ستارہ دونوں خارج ہیں اور شاید ان دو کے ذکر میں اشارہ ہو کہ جس کو اپنا معین سمجھتے ہو خواہ بواسطہ انفاق کے خواہ بواسطہ عبادت کے اس کے رب بھی ہم ہی ہیں پھر دوسرے کو قیامت میں اس شخص کے زعم کے موافق کیا تصرف پہنچ سکتا ہے) اور یہ (مضمون ہے) کہ اس نے قدیم قوم عاد کو (اس کے کفر کی وجہ سے) ہلاک کیا اور ثمود کو بھی کہ (ان میں سے) کسی کو باقی نہ چھوڑا اور ان سے پہلے قوم نوح (علیہ السلام) کو (ہلاک کیا) بیشک وہ سب سے بڑھ کر ظالم اور شریر تھے (کہ ساڑھے نو سو برس کی دعوت میں بھی راہ پر نہ آئے) اور (قوم لوط علیہ السلام کی) الٹی ہوئی بستیوں کو بھی پھینک مارا تھا پھر ان بستیوں کو گھیر لیا جس چیز نے کہ گھیر لیا (یعنی اوپر سے پتھر برسنا شروع ہوئے پس یہ شخص اگر ان قصوں میں غور کرتا تو دخامت کفر سے ڈرتا اور بے فکر نہ ہوتا۔ آگے ان سب مضامین پر تفریع فرماتے ہیں کہ اے انسان جب ایسے ایسے مضامین سے تجھ کو آگاہ کیا جاتا ہے جو بوجہ ذریعہ ہدایت ہونے کے ہر مضمون بجائے خود ایک نعمت ربانی ہے) سو تو اپنے رب کی کون کون سی نعمت میں شک (وانکار) کرتا رہے گا (اور ان مضامین کی تصدیق کر کے منتفع نہ ہوگا)۔

ف: ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ یہ سب مضامین صحف ابراہیم وموسیٰ میں ہیں خواہ ہر واحد میں یا مجموعہ میں خواہ تفصیلاً وجزئیاً خواہ اجمالاً وکلیاً اور اگر یہ ثابت نہ ہو تو جہاں سے خارج صحف مضمون ہوگا وہاں انه سے پہلے الامر مقدر کریں گے یعنی والامر انه الخ اور مشرک پر ان صحف کا حجت ہونا بایں معنی ہے کہ مضمون ان کا عقلی بھی ہے اور تخصیص ابراہیم اور موسیٰ کی بایں وجہ ہے کہ قبل ابراہیم علیہ السلام کے لوگوں میں دستور خلاف مضمون اَلَّا تَزِرُ...... کے جو اصل مقصود مقام ہے جاری تھا ابراہیم علیہ السلام نے اس کو مٹانے کی کوشش کی اور موسیٰ علیہ السلام نے بھی اس میں ان کا اتباع کیا اور اضلال سے گناہ ہونا اور ثواب پہنچانے سے ثواب پہنچنا جو بظاہر آیت: اَلَّا تَزِرُ اور لَیْسَ لِلْاِنْسَانِ کے معارض معلوم ہوتا ہے تقریر ترجمہ سے وہ مندفع ہو گیا اور عاد کی تحقیق مع تحقیق عاد اولیٰ کی سورۂ اعراف قصۂ عاد میں گزری ہے اور اولیٰ کی ایک توجیہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ بمعنی قدیم کے حقیقت واقعی ہو پس اس کے مقابلہ میں عاد اخری کا ہونا ضروری نہ ہوگا اور فَمَآ اَبْقٰی یا تو عام ہے کل ثمود کو یا خاص ہے کفار کبار کے ساتھ۔

ربط: اوپر سورت میں توحید و رسالت و مجازات کی تفصیل تھی آگے خاتمہ میں بھی تینوں مضامین مجملاً ومختلطاً ارشاد فرمائے گئے ہیں۔

تلخیص مضامین ثلثہ توحید و رسالت وبعض: هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿۵۶﴾ (الی قوله تعالی) فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿۶۲﴾ یہ (پیغمبر) بھی پہلے پیغمبروں کی طرح ایک پیغمبر ہیں (ان کو مان لو کیونکہ) وہ جلدی آنے والی چیز قریب آ پہنچی ہے (مراد قیامت ہے۔ اور جب وہ آوے گی تو) کوئی غیر اللہ اس کا ہٹانے والا نہیں (پس کسی کے بھروسہ بے فکری کی گنجائش ہی نہیں) سو کیا (ایسی خوف کی باتیں سن کر بھی) تم لوگ اس کلام (الٰہی) سے تعجب کرتے اور (استہزاء) ہنستے ہو

www.besturdubooks.net

اور (خوف عذاب سے) روتے نہیں ہو اور تم (اطاعت سے) تکبر کرتے ہو سو (اس کبر و غفلت سے باز آؤ اور سب تعلیم ان پیغمبر کے) اللہ کی اطاعت کرو اور (اس کی بلا شرکت) عبادت کرو (تاکہ تم کو نجات ہو)۔ **ف**: مضامین ثلثہ کا ہونا ان آیات میں ترجمہ سے ظاہر ہے۔ بحمد اللہ تفسیر سورۃ والنجم ختم ہوئی آگے ان شاء اللہ تعالیٰ سورۃ قمر آتی ہے۔ **وصلی اللہ علی خیر خلقه سیدنا محمد و آله وصحبه اجمعین۔**

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاَنَّ اِلٰی رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى. بعض نے یہ معنی کہے ہیں کہ مراد منتہیٰ افکار ہے یعنی رب سے اس طرف تو فکر کی سیر ہے جب رب کی طرف اس کی توجہ ہوئی اس کی سیر بند ہوگئی اصل عربی میں اس کے دلائل نقلیہ ہیں۔ سورۃ والنجم تمام ہوئی۔

اللغات: كاشفة نفس قادرة على كشفها اى ازالتها قوله سامدون رفع الراس تكبرا وعلاء كذا فى القاموس ۱۲۔

النحو: قوله الا تذر هى مخففة من الثقيلة ولهذا لم ينصب الفعل وضمير الشان محذوف ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْقَمَرِ

سُوْرَةُ الْقَمَرِ ۵۴ مَكِّيَّة ۳۷ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۵۵ رُكُوْعَاتُهَا ۳

سورۃ القمر مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۶۲ آیات اور ۳ رکوع ہیں

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝ وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۝ وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ۝ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ۝ حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ۝ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ۝ خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ۝ مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ ؕ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ۝

قیامت نزدیک آ پہنچی اور چاند شق ہوگیا اور یہ لوگ اگر کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو ٹال دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ جادو ہے جو ابھی ختم ہوا جاتا ہے۔ ان لوگوں نے جھٹلایا اور اپنی نفسانی خواہشوں کی پیروی کی اور ہر بات کو قرار آ جاتا ہے اور ان لوگوں کے پاس (تو امم ماضیہ کی بھی) خبریں اتنی پہنچ چکی ہیں کہ ان میں (کافی) عبرت ہے یعنی اعلیٰ درجہ کی دانشمندی (حاصل ہو سکتی ہے سو ان کی کیفیت یہ ہے کہ) خوف دلانے والی چیزیں ان کو کچھ فائدہ نہیں دیتیں۔ تو آپ ان کی طرف سے کچھ خیال نہ کیجئے جس روز ایک بلانے والا فرشتہ ان کو ایک ناگوار چیز کی طرف بلائے گا۔ ان کی آنکھیں (مارے ذلت کے) جھکی ہوئی ہوں گی اور قبروں سے اس طرح نکل رہے ہوں گے۔ جیسے ٹڈی پھیل جاتی ہے اور پھر نکل کر بلانے والے کی طرف دوڑے چلے جارہے ہوں گے کافر کہتے ہوں گے کہ یہ دن بڑا سخت ہے۔

سورۃ القمر مکیۃ وایہا خمس وخمسون کذا فی البیضاوی

تفسیر ربط: سورت سابقہ کے ختم پر اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ میں انزجار کے واسطے قرب ساعت کا مضمون تھا اور اسی مضمون سے اسی غرض انزجار کے لئے اس سورت کا افتتاح ہوا ہے اور اس کے بعد واقعہ شق القمر کا کہ قرب ساعت کے زاجر ہونے کا مثبت ومؤکد ہے اور اس کے ساتھ مکذبین کا عدم انزجار اور عدم انزجار پر آپ کا تسلیہ اور ان کی تہدید اہوال قیامت سے مذکور ہے۔

وعید غیر منزجرین باعظم اسباب انزجار: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ (الی قولہ تعالیٰ) يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ (ان کفار کے لئے زاجر تو اعلیٰ درجہ کا متحقق ہے چنانچہ) قیامت نزدیک آ پہنچی (جس میں تکذیب پر بڑی مصیبت آوے گی) اور (اس اخبار قرب ساعت کا مصدق بھی واقع ہوگیا چنانچہ) چاند شق ہوگیا (اور اس کا مصدق ہونا اس طرح ہے کہ شق قمر معجزہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جس سے نبوت ثابت ہوتی ہے اور نبی کا ہر قول صادق ہے پس آپ کا خبر دینا قرب وقوع قیامت کی نیز صادق ہے اس سے تحقق زاجر کا متیقن ہوگیا) اور (اس کا مقتضا یہ تھا کہ) یہ لوگ (اس سے منزجر ہوتے لیکن ان کی یہ حالت ہے کہ) اگر کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو ٹال دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ جادو ہے جو ابھی ختم ہوا جاتا ہے (یہ کنایہ ہے باطل سے کہ اس کا اثر اور بقاء معتدبہ نہیں ہوتا قال تعالیٰ: وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ [سبأ: ۴۹] ومر تفسیرہ فانظر۔ مطلب یہ کہ قیامت سے منزجر ہونا جس امر پر موقوف ہے یعنی اعتقاد نبوت محمدیہ یہ لوگ خود اس کی دلیل ہی کو نظر تامل سے نہیں دیکھتے اور باطل سمجھتے ہیں پھر کیا انزجار ہوتا) اور (اس اعراض اور بطلان دعویٰ معجزہ میں خود) ان لوگوں نے (باطل پر مصر ہو کر حق کو) جھٹلایا اور اپنی نفسانی خواہشوں کی پیروی کی (یعنی ان کا اعراض بوجہ کسی دلیل صحیح سے تمسک کرنے کے نہیں ہے بلکہ سبب اس اعراض کا اتباع ہوا اور عناداً تکذیب حق ہے) اور (یہ جو معجزات کو سحر ذاہب الاثر کہتے ہیں سو قاعدہ ہے کہ) ہر بات کو (بعد چندے اپنی

www.besturdubooks.net

اصلی حالت پر آ کر) قرار آ جاتا ہے (یعنی حق کا حق ہونا اور باطل کا باطل ہونا اسباب و آثار سے عام طور پر متعین ہو جاتا ہے مطلب یہ کہ گو تعیین واقع میں تو فی الحال ہی ہے مگر کم فہموں کی سمجھ میں اگر اب نہیں آتا تو بعد چندے تو ان کو بھی ظاہر ہو سکتا ہے بشرطیکہ غور سے کام لیں تو چند روز کے بعد تم کو معلوم ہو جاوے گا کہ یہ سحر فانی ہے یا حق باقی ہے) اور (علاوہ اس زاجر مذکور کے جو حائی ہے عقوبت آجلہ سے) ان لوگوں کے پاس (تو امم ماضیہ کی بھی) خبریں (جو حائی ہیں عقوبت عاجلہ سے) اتنی پہنچ چکی ہیں کہ ان میں (کافی) عبرت یعنی اعلیٰ درجہ کی دانشمندی (حاصل ہو سکتی) ہے سو (ان کی یہ کیفیت ہے کہ) خوف دلانے والی چیزیں ان کو کچھ فائدہ ہی نہیں دیتیں (اور جب یہ حال ہے) تو آپ اُن کی طرف سے کچھ خیال نہ کیجئے (یہ تسلیہ ہے جب وہ وقت ساعت اور عقوبت کا جس سے ان کو انذار کیا جاتا ہے آوے گا خود معلوم ہو جاوے گا۔ آگے اس روز کا بیان ہے یعنی) جس روز ایک بلانے والا فرشتہ (ان کو) ایک ناگوار چیز کی طرف بلاوے گا ان کی آنکھیں (مارے ذلت اور ہیبت کے) جھکی ہوئی ہوں گی (اور) قبروں سے اس طرح نکل رہے ہوں گے جیسے ٹڈی پھیل جاتی ہے (اور پھر نکل کر) بلانے والے کی طرف یعنی موقف حساب کی طرف جہاں جمع ہونے کے لئے بلانے والے نے پکارا ہے) دوڑے چلے جا رہے ہوں گے (اور وہاں کی سختیاں دیکھ کر) کافر کہتے ہوں گے کہ یہ دن بڑا سخت ہے۔ **ف**: اور ایک آیت میں ہے : مُقْنِعِي رُءُوسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ إِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ [ابراھیم: ۴۳] سو تطبیق یہ ہے کہ وہاں مختلف حالتیں ہوں گی کبھی حیرت اور اس کے آثار کا غلبہ ہوگا کبھی ہیبت و ذلت اور ان کے آثار کا غلبہ ہوگا اور شق قمر کا معجزہ ہونا اور واقع ہو چنا صحیحین وغیرہ صحیحین میں طرق مختلفہ کثیرہ سے بروایت علی وابن مسعود وانس وابن عباس وحذیفہ وجبیر بن مطعم وابن عمر وغیرہم رضی اللہ تعالیٰ عنہم آیا ہے اور ابن مسعودؓ سے تصریحاً ان کا اس واقعہ کے وقت حاضر ہونا بھی بخاری میں ہے۔ کنا مع رسول اللہ ﷺ بمنی یعنی ہم آپ کے ساتھ منیٰ میں تھے اور بعض روایات میں جو بمكة آیا ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ یہ واقعہ آپ کے قیام مکہ کے زمانہ میں یعنی قبل ہجرت واقع ہوا اور صحیح روایات سے اس کا ایک ہی بار وقوع ثابت ہے اور بعض روایات میں مرتین آیا ہے اس کے معنی فلقتین ہیں یا وہ قید رویت کی ہے یعنی اول بار دیکھنے کے بعد نظر ہٹا کر پھر دیکھا تو اسی حالت میں پایا اور صحیحین کی ایک روایت میں ہے کہ ایک ٹکڑا پہاڑ پر تھا اور ایک ٹکڑا اُس سے ہٹا ہوا تھا۔ اور آپؐ نے یہ بھی فرمایا اشهدوا اور نعیم کی روایت میں ہے کہ اس روز چاند بدر تھا احقر کے نزدیک معنی یہ ہیں کہ قریب بدر کے تھا کیونکہ غالباً منیٰ میں اجتماع بتقریب حج ہوا ہوگا۔ اور وہ وقت بدر سے پہلے ہوتا ہے اور بیہقی کی روایت میں ہے کہ چہار اطراف کے سفر سے آنے والوں سے پوچھا انہوں نے بھی اپنا دیکھنا بیان کیا الروایات کلہا من الروح اور بعض نے بلا دلیل محض استبعاد وہمی اور عدم نقل تواریخ کی بناء پر اس کو مؤول کیا ہے کہ قیامت میں ایسا ہوگا لیکن استبعاد منافی امکان نہیں اور عدم نقل اس لئے ہے کہ بعض جگہ تو قمر بوجہ اختلاف مطالع کے غائب ہوگا اور تھوڑی دیر کا قصہ تھا کوئی شخص ہر وقت چاند کو تکا نہیں کرتا اور اس وقت تاریخ کا اس قدر اہتمام بھی نہ تھا پھر استبعاد تو قیامت میں بھی مشترک ہے ایک کو ماننا دوسرے کو نہ ماننا تحکم ہے اور صیغۂ ماضی اور وَإِنْ يَرَوْا...... مرجح وقوع ہے۔ کیونکہ شق قیامت کے بعد اس کو کوئی سحر نہ کہے گا مگر اس مؤول کی تکفیر نہ چاہئے۔

اللغات: مستمر في الروح اى مار ذاهب زائل عنقريب عللوا بذلك انفسهم ومنوهابا لا مانى الفارغة والى ذلك المعنى ذهب انس ويمان ومجاهد والكسائى والفراء واختاره النحاس قوله نكر اى فظيع تنكره النفوس لعدم العهد بمثله ۱۲۔

النحو: قوله حكمة بالغة بدل من مزدجر ۱۲۔

البلاغة: قوله ان يروا اٰية عام لو قوعه في حيز الشرط ۱۲۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ فَكَذَّبُوا عَبْدَنَا وَقَالُوا مَجْنُونٌ وَّازْدُجِرَ ﴿٩﴾ فَدَعَا رَبَّهُ أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ ﴿١٠﴾ فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُّنْهَمِرٍ ﴿١١﴾ وَّفَجَّرْنَا الْأَرْضَ عُيُونًا فَالْتَقَى الْمَاءُ عَلَى أَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿١٢﴾ وَحَمَلْنَاهُ عَلَى ذَاتِ أَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ﴿١٣﴾ تَجْرِي بِأَعْيُنِنَا جَزَاءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿١٤﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنَاهَا آيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿١٥﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿١٦﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿١٧﴾

ان لوگوں سے پہلے قوم نوح نے تکذیب کی یعنی ہمارے بندے (خاص نوحؑ) کی اور کہا کہ یہ مجنون ہے اور نوحؑ کو دھمکی دی گئی تو نوحؑ نے اپنے رب سے دعا کی کہ میں درماندہ ہوں سو آپ (ان سے) انتقام لے لیجئے۔ پس ہم نے کثرت سے برسنے والے پانی سے آسمان کے دروازے کھول دیئے اور زمین سے چشمے جاری کر دیئے پھر (آسمان اور زمین کا) پانی اس کام کے (پورا ہونے کے) لئے مل گیا جو (حکم الٰہی میں) تھا تجویز ہو چکا تھا اور ہم نے نوحؑ کو تختوں اور میخوں والی کشتی پر جو کہ ہماری نگرانی میں رواں تھی (مع مؤمنین کے) سوار کیا۔ یہ سب اس شخص کا بدلہ لینے کے لئے کیا جس کی بے قدری کی گئی تھی اور ہم نے اس واقعہ کو عبرت کے واسطے رہنے دیا سو کیا کوئی نصیحت

www.besturdubooks.net

کرنے والا ہے پھر (دیکھو) میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا ہوا اور ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان کر دیا ہے سو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ میں اخبار زاجرہ کا آنا ارشاد ہوا تھا آگے بعض اخبار زاجرہ کا بیان ہے۔

قصۂ قوم نوح علیہ السلام: كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ (الی قولہ تعالی) وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ان لوگوں سے پہلے قوم نوح نے تکذیب کی یعنی ہمارے بندہ (خاص نوح علیہ السلام) کی تکذیب کی اور (ان کی نسبت) کہا کہ یہ مجنون ہیں اور (محض اس قول بیہودہ ہی پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ ان سے ایک بیہودہ فعل بھی سرزد ہوا یعنی) نوح (علیہ السلام) کو (ان کی طرف سے) دھمکی (بھی) دی گئی (جس کا ذکر سورۂ شعراء میں ہے: لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ [الشعراء: ۱۱۶]) تو نوح (علیہ السلام) نے اپنے رب سے دعاء کی کہ میں (محض) درماندہ ہوں (ان لوگوں کا مقابلہ نہیں کر سکتا) سو آپ (ان سے) انتقام لے لیجئے (یعنی ان کو ہلاک کر دیجئے کقولہ تعالی: رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا [نوح: ۲۶]) پس ہم نے کثرت سے برسنے والے پانی سے آسمان کے دروازے کھول دیئے اور زمین سے چشمے جاری کر دیئے پھر (آسمان اور زمین کا) پانی اس کام کے (پورا ہونے کے) لئے مل گیا جو (علم الٰہی میں) تجویز ہو چکا تھا (مراد اس کام سے ہلاکت ہے کفار کی یعنی دونوں پانی مل کر طوفان بڑھا جس میں سب غرق ہو گئے) اور ہم نے نوح (علیہ السلام) کو (طوفان سے محفوظ رکھنے کے لئے) تختوں اور میخوں والی کشتی پر جو کہ ہماری نگرانی میں (پانی کی سطح پر) رواں تھی (مع مؤمنین کے) سوار کیا یہ سب کچھ اس شخص کا بدلہ لینے کے لئے کیا جس کی بے قدری کی گئی تھی (مراد نوح علیہ السلام ہیں اور چونکہ رسول اور اللہ تعالیٰ کے حقوق میں تلازم ہے اس میں کفر باللہ بھی آ گیا پس یہ شبہ نہ رہا یہ غرق کفر باللہ کے عوض میں نہ ہوا تھا) اور ہم نے اس واقعہ کو عبرت کے واسطے (حکایات و تذکروں میں) رہنے دیا سو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے (مقصود اس سے ترغیب ہے تذکر کی) پھر (دیکھو) میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا ہوا (یعنی جس چیز سے ڈرانا واقع ہوا تھا وہ کیسا پورا پورا ہو کر رہا پس اس سے مراد بھی عذاب ہی ہے لیکن دو عنوانوں سے ایک عنوان عذاب ہونا دوسرا عنوان اس کا مصداق وعدہ ہونا) اور ہم نے قرآن کو (جو کہ مشتمل ہے ایسے قصص مذکورہ پر) نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان کر دیا (سب کے لئے عموماً بوجہ وضوح بیان کے اور عرب کے لئے خصوصاً بوجہ عربیت لسان کے) سو کیا (اس قرآن میں ایسے مضامین نصیحت کے دیکھ کر) کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے (یعنی کفار مکہ کو بالخصوص ان قصص سے انزجار چاہئے)۔

ف: بعض لوگوں کو وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ پر سرسری نظر کرنے سے مجتہد بننے کی ہوس ہوئی ہے لیکن یتیسر للذکر ہے یتیسر للاستنباط لازم نہیں اس کا تو سیدھا مطلب یہ ہے کہ ترغیب وترہیب کے متعلق قرآن میں جو مضامین ہیں وہ نہایت جلی ہیں اور وجوہ استنباط کا دقیق ہونا تو خود ظاہر ہے۔

قصۂ عاد: كَذَّبَتْ عَادٌ (الی قولہ تعالی) فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ عاد نے (بھی اپنے پیغمبر کی) تکذیب کی سو (اس کا قصہ سنو کہ) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا (اور وہ قصہ یہ ہے کہ) ہم نے ان پر ایک تند ہوا بھیجی ایک دوامی نحوست کے دن میں (یعنی وہ زمانہ ان کے حق میں ہمیشہ کے لئے اس لئے منحوس رہا کہ اس روز جو عذاب آیا وہ عذاب برزخ سے متصل ہو گیا پھر عذاب کفار کے لئے کبھی منقطع نہ ہوگا) اور وہ ہوا لوگوں کو اس طرح (ان کی جگہ سے) اکھاڑ اکھاڑ کر پھینکتی تھی کہ گویا وہ اکھڑی ہوئی کھجوروں کے تنے ہیں (اس تشبیہ میں علاوہ ان کے پھینکے جانے کے اشارہ ان کے طول وعظم قامت کی طرف بھی ہے) سو (دیکھو) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا (ہولناک) ہوا اور ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان کر دیا ہے سو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے۔ ف: یوم سے مراد مطلق زمانہ پس دوسری جگہ جو ایام آیا ہے اس سے معارض نہیں اور تحقیق نحوست کی سورۂ صافات قصۂ ابراہیم علیہ السلام میں گزری ہے اور جملہ فَكَيْفَ كَانَ اور لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ کئی قصوں میں آیا ہے جس میں تنبیہ ہے کہ ہر قصہ مستقلاً قابل تدبر وتذکر کے ہے اور قصۂ عاد میں جو دو جگہ فَكَيْفَ كَانَ ... آیا ہے اول سے مقصود توطیۂ قصہ کا اور متوجہ کرنا سامعین کا ہے اور ثانی سے تہویل عذاب کی مقصود ہے جیسا ترجمہ سے ظاہر ہے پس تکرار نہ رہا۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالی: جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ یعنی کفر یہ اور وہ نوح علیہ السلام ہیں تو اس میں دلالت ہے کہ حق تعالیٰ اپنے مقبولین کے لئے انتقام لیتے ہیں تو ان کو ایذاء نہ پہنچانا چاہئے۔

اللغات: منهمر منصب قوله على امر على للتعليل قوله دسر مسامير ۱۲۔ نحس مصدر مستمر دائم اعجاز نخل اصولها بلا فروع منقعر منقطع عن مغارسه ساقط على الارض السعر الجنون كذا في القاموس القى انزل والتعبير بذلك قيل لانه يتضمن العجلة فى الفعل كذا في الروح قلت وبه يتايد ما ترجمت به قوله تعالىٰ والقى الالواح فى الاعراف فانظر وطبق قوله مرسلوا الناقة المراد مخرجوا الناقة ۱۲۔

النحو: قوله وازدجر عطف على قوله قالوا قوله انى بانى قوله بماء الباء للآلة مثلها فى فتحت الباب بالمفتاح وفيه تشبيه تدفق المطر من السحاب بانصباب انهار انفتحت بها ابواب السماء وانشق اديم الخضراء قوله عيونا تميز من المفعول واصله وفجرنا

www.besturdubooks.net

عیون الارض فغیر الی التمیز للمبالغة بجعل الارض کلها متفجرة مع الابهام والتفسیر ۱۲ قوله جزاء عامله فعلنا تلك الفعلة ۱۲۔

البلاغۃ: الماء ای ماء السماء وماء الارض والافراد لتحقیق ان التقاء المائین لم یکن بطریق المجاورة بل بطریق الاختلاط والاتحاد ۱۲۔

كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿۱۸﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِىْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ﴿۱۹﴾ تَنْزِعُ النَّاسَ كَاَنَّهُمْ

ع ۱ ۸ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ﴿۲۰﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿۲۱﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۲۲﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ﴿۲۳﴾

فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ اِنَّآ اِذًا لَّفِىْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿۲۴﴾ ءَاُلْقِىَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ﴿۲۵﴾

سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ﴿۲۶﴾ اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿۲۷﴾ وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ

قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿۲۸﴾ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ﴿۲۹﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿۳۰﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا

عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوْا كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍۢ

بِالنُّذُرِ ﴿۳۳﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ۭ نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ﴿۳۴﴾ نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِىْ مَنْ شَكَرَ ﴿۳۵﴾

وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿۳۶﴾ وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ

ع ۲ ۹ بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ﴿۳۸﴾ فَذُوْقُوْا عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿۳۹﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۴۰﴾ وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ

فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿۴۱﴾ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۴۲﴾ اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ لَكُمْ

بَرَآءَةٌ فِى الزُّبُرِ ﴿۴۳﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ﴿۴۴﴾ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿۴۵﴾ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ

وقف لازم وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ﴿۴۶﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِىْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿۴۷﴾ يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِى النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ۭ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ﴿۴۸﴾ اِنَّا كُلَّ

شَىْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴿۴۹﴾ وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۢ بِالْبَصَرِ ﴿۵۰﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ

مُّدَّكِرٍ ﴿۵۱﴾ وَكُلُّ شَىْءٍ فَعَلُوْهُ فِى الزُّبُرِ ﴿۵۲﴾ وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿۵۳﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِىْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ﴿۵۴﴾ فِىْ مَقْعَدِ

ع ۳ ۱۰ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۵۵﴾ ع

عاد نے (بھی اپنے پیغمبر کی) تکذیب کی سو (اس کا قصہ سنو کہ) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا ہم نے ان پر ایک تیز ہوا بھیجی ایک دوامی نحوست کے دن میں وہ ہوا لوگوں کو اس طرح اکھاڑ اکھاڑ کر پھینکتی تھی کہ گویا وہ اکھڑی ہوئی کھجوروں کے تنے ہیں۔ سو دیکھو میرا ڈرانا اور میرا عذاب کیسا (ہولناک) ہوا اور ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان کر دیا ہے۔ سو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے۔ ثمود نے بھی پیغمبروں کی تکذیب کی اور کہنے لگے کیا ہم ایسے شخص کا اتباع کریں گے جو ہماری جنس کا آدمی ہے اور اکیلا ہے تو اس صورت میں ہم بڑی غلطی اور (بلکہ) جنون میں پڑ جائیں۔ کیا ہم سب میں (منتخب ہو کر) اسی پر وحی نازل ہوئی ہے (ہرگز ایسا نہیں) بلکہ بڑا جھوٹا اور شیخی باز ہے۔ ان کو عنقریب (مرتے ہی) معلوم ہو جائے گا کہ جھوٹا شیخی باز کون تھا۔ ہم اونٹنی کو نکالنے والے ہیں۔ ان کی آزمائش کے لئے سو ان کو دیکھتے بھالتے رہنا اور ان لوگوں کو یہ بتلا دینا کہ پانی (کنوئیں کا) ان میں بانٹ دیا گیا ہے ہر ایک باری پر باری والا حاضر ہوا کرے گا۔ سو انہوں نے اپنے رفیق (حقدار) کو بلایا سو اس نے (اونٹنی پر) وار کیا اور مار ڈالا سو دیکھو میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا۔ ہم نے ان پر ایک ہی نعرہ (فرشتہ کا) مسلط کیا سو وہ (اس سے) ایسے ہو گئے جیسے کانٹوں کی باڑ لگانے والے (کی باڑ) کا چورا اور ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان کر دیا ہے سو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے۔ قوم لوط نے (بھی) پیغمبروں کی تکذیب کی ہم نے

www.besturdubooks.net

ان پتھروں کا مینہ برسایا بجز متعلقین لوط کے (یعنی بجز مومنین کے) کہ ان کو اخیر شب میں بچالیا۔ اپنی جانب سے فضل کر کے جو شکر کرتا ہے ہم اسے ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں اور (قبل عذاب آنے کے) لوط علیہ السلام نے ان کے ہمارے دارو گیر سے ڈرایا تھا انہوں نے اس ڈرانے میں جھگڑے پیدا کئے اور ان لوگوں نے لوط سے ان کے مہمانوں کو بارادہ بد لینا چاہا سو ہم نے ان کی آنکھیں چوپٹ کر دیں کہ لو میرے عذاب اور ڈرانے کا مزہ چکھو (یہ تو اس وقت واقعہ ہوا) اور (پھر) صبح سویرے ان پر دائمی عذاب آ پہنچا (اور ارشاد ہوا) کہ لو میرے عذاب اور ڈرانے کا مزہ چکھو اور ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان کر دیا ہے۔ سو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے اور (فرعون اور) فرعون والوں کے پاس بھی ڈرانے والوں کی بہت سی چیزیں پہنچیں۔ ان لوگوں نے ہماری (ان) تمام نشانیوں کو جھٹلایا۔ سو ہم نے ان کو زبردست قدرت کا بگڑنا پکڑا کیا تم میں جو کافر ہیں ان میں ان (مذکور) لوگوں سے کچھ فضیلت ہے یا تمہارے لئے (آسمانی) کتابوں میں کوئی معافی ہے۔ یا یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہماری ایسی جماعت ہے جو غالب ہی رہیں گے عنقریب (ان کی) یہ جماعت شکست کھائے گی اور پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے بلکہ قیامت ان کا (اصل) وعدہ ہے اور قیامت بڑی سخت ناگوار چیز ہے۔ یہ مجرمین (یعنی کفار) بڑی غلطی اور بے عقلی میں ہیں۔ جس روز یہ لوگ اپنے منہ کے بل جہنم میں گھسیٹے جائیں گے تو ان سے کہا جائے گا کہ دوزخ (کی) آگ کے لگنے کا مزہ چکھو ہم نے ہر چیز کو اندازہ سے پیدا کیا ہے اور ہمارا حکم یکبارگی ایسا ہو جائے گا جیسے آنکھوں کا جھپکانا اور ہم تمہارے ہم طریقہ لوگوں کو ہلاک کر چکے ہیں سو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے اور جو کچھ بھی یہ لوگ کرتے ہیں سب اعمالناموں میں (بھی مندرج) ہے اور ہر چھوٹی بڑی بات (اس میں) لکھی ہوئی ہے۔ پرہیزگار لوگ باغوں میں اور نہروں میں ہوں گے ایک عمدہ مقام میں قدرت والے بادشاہ کے پاس۔

تفسیر: **قصہ ثمود:** كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ (الی قولہ تعالی) وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ثمود نے (بھی) پیغمبروں کی تکذیب کی (کیونکہ ایک پیغمبر کی تکذیب مستلزم ہے سب پیغمبروں کی تکذیب کو) اور کہنے لگے کیا ہم ایسے شخص کا اتباع کریں گے جو ہماری جنس کا آدمی ہے اور (حشم وخدم سے) اکیلا ہے (یعنی یا تو فرشتہ ہوتا تو ہم دین میں اتباع کرتے یا صاحب خدم وحشم ہوتا تو دنیوی امور میں اتباع کرتے جبکہ بشر ہے اور واحد ہے تو نہ اتباع فی الدنیا کو کوئی امر مقتضی ہے نہ اتباع فی الدین کو اور اگر ہم اس حالت میں اتباع کریں) تو اس صورت میں ہم بڑی غلطی اور (بلکہ) جنون میں پڑ جاویں کیا ہم سب میں سے (منتخب ہو کر) اسی (شخص) پر وحی نازل ہوئی ہے (ہرگز ایسا نہیں) بلکہ یہ بڑا جھوٹا اور شیخی باز ہے (شیخی کے مارے ایسی باتیں بڑائی کی کرتا ہے کہ لوگ مجھ کو سردار قرار دے لیں۔ حق تعالیٰ نے صالح علیہ السلام سے فرمایا کہ تم ان کو بکنے دو رنج مت کرو) ان کو عنقریب (مرتے ہی) معلوم ہو جاوے گا کہ جھوٹا شیخی باز کون تھا (یعنی یہی لوگ تھے کہ انکار نبوت میں کاذب تھے اور اتباع نبی سے بوجہ شیخی کے عار کرتے تھے اور یہ لوگ جو اونٹنی کا معجزہ طلب کرتے تھے تو) ہم (ان کی درخواست کے موافق پتھر میں سے) اونٹنی کو نکالنے والے ہیں اُن کی آزمائش (ایمان) کے لئے سو ان (کی حرکتوں) کو دیکھتے بھالتے رہنا اور صبر سے بیٹھے رہنا اور ان لوگوں کو (جب اونٹنی پیدا ہو تو) یہ بتلا دینا کہ پانی (کنویں کا) بانٹ دیا گیا ہے (یعنی تمہارے مواشی اور اونٹنی کی باری مقرر ہوگئی ہے) ہر ایک باری پر باری والا حاضر ہوا کرے۔ (یعنی اونٹنی اپنی باری میں پانی پیوے اور مواشی اپنی باری میں چنانچہ اونٹنی پیدا ہوئی اور صالح علیہ السلام نے اسی طرح فرما دیا) سو (اس باری سے وہ لوگ تنگ آ گئے اور) انہوں نے (اُس کے قتل کرنے کی) غرض سے) اپنے رفیق (قدار) کو بلایا سو اس نے (اونٹنی پر) وار کیا اور (اُس کو) مار ڈالا سو (دیکھو) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا (جس کا آگے بیان آتا ہے وہ یہ کہ) ہم نے اُن پر ایک ہی نعرہ (فرشتہ کا) مسلط کیا سو وہ (اس سے) ایسے ہو گئے جیسے کانٹوں کی باڑ لگانے والے (کی باڑ) کا چورا (یعنی کھیت یا مواشی وغیرہ کی حفاظت کے لئے جیسے کانٹوں وغیرہ کی باڑ لگا دیتے ہیں اور چند روز بعد سب چورا چورا ہو جاتا ہے اسی طرح وہ ہلاک وتباہ ہو گئے۔ عرب کے لوگ اس مشبہ بہ کو شب وروز دیکھتے تھے تو وہ اس تشبیہ کو خوب سمجھتے تھے) اور ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان کر دیا ہے سو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے۔

ف: سورۂ اعراف قصۂ ثمود میں پورا قصہ گزرا ہے۔

قصۂ قوم لوط علیہ السلام: كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍ بِالنُّذُرِ (الی قولہ تعالی) فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ قوم لوط نے (بھی) پیغمبروں کی تکذیب کی (کیونکہ ایک نبی کی تکذیب مستلزم ہے سب کی تکذیب کو) ہم نے اُن پر پتھروں کا مینہ برسایا بجز متعلقین لوط (علیہ السلام) کے (یعنی بجز مومنین کے) کہ ان کو اخیر شب میں (بستی سے باہر کر کے عذاب سے بچالیا اپنی جانب سے فضل کر کے جو شکر کرتا ہے (یعنی ایمان لاتا ہے) ہم اس کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں (کہ قہر سے بچا لیتے ہیں) اور (قبل عذاب آنے کے) لوط (علیہ السلام) نے اُن کو ہماری دارو گیر سے ڈرایا تھا سو انہوں نے اس ڈرانے میں جھگڑے پیدا کئے (یعنی یقین نہ لائے) اور (جب لوط علیہ السلام کے پاس ہمارے فرشتے بشکل مہمان آئے اور اُن لوگوں کو حسین لڑکوں کا آنا معلوم ہوا تو یہاں آ کر) ان لوگوں نے لوط (علیہ السلام) سے ان کے مہمانوں کو بارادۂ بد لینا چاہا (جس سے لوط علیہ السلام اول گھبرائے مگر وہ فرشتے تھے) سو ہم نے (ان فرشتوں کو حکم دے کر) اُن کی آنکھیں چوپٹ کر دیں (یعنی جبریل علیہ السلام نے اپنا پر اُن کی آنکھوں پر پھیر دیا جس سے اندھے بھٹ ہو گئے كذا في الدر عن قتادة اور بزبان قال یا حال اُن سے کہا گیا

www.besturdubooks.net

کہ) لو میرے عذاب اور ڈرانے کا مزہ چکھو (یہ تو اس وقت واقعہ ہوا) اور (پھر) صبح سویرے ہی اُن پر عذاب دائمی آ پہنچا (اور ارشاد ہوا) کہ لو میرے عذاب اور ڈرانے کا مزہ چکھو پہلے عذاب طمس پر یہ کہا گیا ہے اور یہ عذاب اہلاک پر پس تکرار نہیں) اور ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان کر دیا ہے سو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے۔

قصہ فرعون وقوم او: وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ۝ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ۝ اور (فرعون اور) فرعون والوں کے پاس بھی ڈرانے کی بہت سے چیزیں پہنچیں (مراد موسیٰ علیہ السلام کے ارشادات اور معجزات ہیں کہ اول منذر تشریعی اور ثانی منذرات تکوینی ہیں مگر) ان لوگوں نے ہماری تمام (اُن نشانیوں کو (جو ان کے پاس آئی تھیں جو آیات تسعہ مشہور ہیں) جھٹلایا (یعنی اُن کے مدلول ومقتضا کو کہ نبوت موسویہ وتوحید الٰہی ہے جھٹلایا ورنہ واقعات کے وقوع کی تکذیب تو ہو نہیں سکتی) سو ہم نے ان کو زبردست صاحب قدرت کا پکڑنا پکڑا (یعنی جب ہم نے ان کو قہر اور غلبہ سے پکڑا اس پکڑ کو کوئی دفع نہیں کر سکا پس عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ۝ سے مراد اللہ تعالیٰ ہے۔ ربط: اوپر معاقبین کے قصص مذکور ہیں آگے خاتمہ میں اشتراک علت سے کفار مکہ کا استحقاق عقوبت دُنیویہ واُخرویہ مع مقدمات ومتممات اس مضمون کے بیان فرمایا جاتا ہے اور اخیر میں بطریق مقابلہ متقین کی تبشیر بھی مختصراً ارشاد ہے۔

تہدید کفار بعقوبت وتبشیر ابرار بمثوبت: اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ (الی قوله تعالی) عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ۝ (یہ قصص کفار کے اور بسبب کفر کے اُن کے معاقب ہونے کے تو تم نے سن لئے اب جب کہ تم بھی اسی جرم کفر کے مرتکب ہو تو تمہارے معاقب نہ ہونے کی کیا وجہ) کیا تم میں جو کافر ہیں (اور چونکہ مخاطب کفار ہیں تو سب ہی کافر ہیں) ان میں اُن (مذکور) لوگوں سے کچھ فضیلت ہے (جس کی وجہ سے یہ باوجود ارتکاب جرم کے سزایاب نہ ہوں) یا تمہارے لئے (آسمانی) کتابوں میں کوئی معافی (لکھی) ہے (گو کوئی فضیلت نہ ہو) یا (اُن میں کوئی قوت دافعہ للعذاب ہے جیسا) یہ لوگ (باوجود اجتماع دلائل تیقن مغلوبیت کے) کہتے ہیں کہ ہماری ایسی جماعت ہے جو غالب ہی رہیں گے (اور دلائل مغلوبیت کے بعد ایسی بات کہنا اس کو مستلزم ہے کہ ان میں کوئی قوت دافعہ للعذاب ہے پس ان تینوں امروں سے کون سا امر واقع اور عذاب سے مانع ہے سو امرین اولین کا بطلان تو ظاہر وباہر ہی رہا تیسرا امر سو اسباب عادیہ کے اعتبار سے قطع نظر دلائل خارجیہ کے گو فی نفسہ ممکن ہے مگر بدلالت دلائل وقوع اس کا نہ ہوگا بلکہ عکس کا وقوع ہوگا جس سے ان کا کذب ظاہر ہو جاوے گا اور وہ عکس کا وقوع اس طرح ہوگا کہ) عنقریب (اُن کی) یہ جماعت شکست کھاوے گی اور پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے (اور یہ پیشین گوئی بدر واحزاب وغیرہ میں واقع ہوئی اور یہی نہیں کہ اس عقوبت دُنیویہ پر بس ہو کر رہ جاوے گا) بلکہ (عذاب اکبر) قیامت (میں ہوگا کہ) اُن کا (اصل) وعدہ (وہی) ہے اور قیامت (کو کوئی ہلکی چیز نہ سمجھو بلکہ وہ) بڑی سخت اور ناگوار چیز ہے (اور یہ موعود ادھی وامر ضرور واقع ہونے والا ہے اور اُس کے وقوع کے انکار میں) یہ مجرمین (یعنی کفار) بڑی غلطی اور بے عقلی میں (پڑے) ہیں (اور وہ غلطی اُن کو عنقریب جب علم الیقین مبدل بہ عین الیقین ہوگا ظاہر ہو جاوے گی اور وہ اس طرح ہوگا کہ) جس روز یہ لوگ اپنے مونہوں کے بل جہنم میں گھسیٹے جاویں گے تو اُن سے کہا جاوے گا کہ دوزخ (کی آگ) کے لگنے کا مزہ چکھو (اور اگر اُن کو اس سے شبہ ہو کہ ابھی کیوں نہیں واقع ہوتی تو وجہ اس کی یہ ہے کہ) ہم نے ہر چیز کو (باعتبار زمان وغیرہ کے ایک خاص) انداز سے پیدا کیا ہے (جو ہمارے علم میں ہے یعنی زمانہ وغیرہ اس کا اپنے علم میں معین ومقدر کیا ہے اسی طرح قیامت کے وقوع کے لئے بھی ایک وقت معین ہے پس اس کا عدم وقوع فی الحال بوجہ اُس کے وقت نہ آنے کے ہے اس سے مطلقاً عدم وقوع لازم نہیں آیا) اور (جب اُس کا وقت آ جاوے گا تو اُس وقت) ہمارا حکم (اس کے وقوع کے متعلق) بس ایسا یکبارگی جیسے آنکھ کا جھپکانا (غرض وقوع کی نفی تو باطل ٹھہری) اور (اگر تم کو یہ شبہ ہو کہ ہمارا طریقہ مبغوض الی اللہ نہیں ہے تو اگر قیامت کا وقوع بھی ہو تب بھی ہم کو ضرر نہیں اور وہ وقوع وقوع علینا نہیں تو اس باب میں سُن رکھو کہ) ہم تمہارے ہم طریقہ لوگوں کو (اپنے عذاب سے) ہلاک کر چکے ہیں (جو دلیل ہے اس طریقہ کے مبغوض ہونے کی اور وہی تمہارا طریقہ ہے پس لامحالہ مبغوض ہے اور یہ دلیل نہایت واضح ہے) سو کیا (اس دلیل سے) کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے (یعنی اس دلیل سے استدلال کرو مبغوضیت طریقہ کفریہ پر) اور (یہ بھی نہیں ہے کہ اُن کے اعمال علم الٰہی سے غائب رہ جاویں تاکہ باوجود مبغوضیت طریقہ کفر کے پھر بھی سزا سے بچنا محتمل ہو بلکہ) جو کچھ بھی یہ لوگ کرتے ہیں سب (حق تعالیٰ کو معلوم اور اکملیت حجیت کے لئے) اعمال ناموں میں (بھی مندرج) ہے اور (یہ نہیں کہ کچھ لکھ لیا گیا ہو کچھ رہ گیا ہو بلکہ) ہر چھوٹی اور بڑی بات (اُس میں) لکھی ہوئی ہے (پس وقوع عذاب میں کوئی شبہ نہ رہا یہ تو کفار کا حال ہوا اور جو) پرہیزگار لوگ (ہیں وہ بہشت کے) باغوں میں اور نہروں میں ہوں گے ایک عمدہ مقام میں قدرت والے بادشاہ کے پاس (یعنی جنت کے ساتھ قرب بھی ہوگا) بحمد اللہ تفسیر سورہ قمر کی ختم ہوئی اب عروس القرآن یعنی سورۂ رحمٰن کی تفسیر آتی ہے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قوله تعالیٰ: سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ۝ جب اصلاح سے مایوسی ہو جاوے بجائے مجادلہ کے اس طرز سے جواب دیا جاوے اور اہل طریق کی معاندین کے ساتھ یہی عادت ہے سورۃ القمر تمام ہوئی۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: لے قوله في آل فرعون اور فرعون اشارة الى ان الاكتفاء بذكر الآل للعلم بان نفسه اولى بذلك فانه رأس الطغيان ۱۲۔ ۲ے قوله في كلمح بالبصر جیسا کہ اشارة الى معنى الباء اخذا من المدارك على قدر ما يلمح احدكم ببصره ۱۲۔

اللغات: فتعاطى في الطبرى عن ابن عباسؓ تناولها بيده ۱۲ المحتظر صانع الحظيرة ۱۲ حاصب الريح التى ترمى بالحجارة والمراد به ههنا الحجارة التى رموا به فان عذابهم المذكور في القرآن ذلك تماروا تشككوا قوله بالنذر مصدر بمعنى الانذار راودوه صرفوه عن رأية فيهم وطلبوا الفجور بهم بكرة اخص من الصباح فليس في ذكرها زيادة ۱۲۔ مستقر يدوم ۱۲ جميع جماعة ۱۲۔ اشياعكم اشباهكم مقعد صدق مكان مرضى على ان الصدق مجاز مرسل في لازمه او استعارة وافراد المقعد على ارادة الجنس ۱۲۔

النحو: قوله اخذ عزيز منصوب على المصدرية وفيه وضع المظهر موضع المضمر اى اخذناهم اخذنا ونحن ذو عزة اقتدار ۱۲۔ قوله انا كل شئ خلقناه على شريطة التفسير والكل مجمعون على القراءة بالنصب قوله وكل شئ فعلوه مبتدأ مع الصفة خبره في الزبر واجمعوا على القرأة بالرفع ۱۲۔

البلاغۃ: قوله واحد تاخيره عن الصفة الاولى يعنى مناللتنبيه على ان كلا من الجنسية والواحدة مما يمنع الاتباع ولو قدم عليها لفات هذا التنبيه ۱۲۔ قوله ولقد جاء في الروح صدرت قصتهم بالتوكيد القسمى لابر از كمال الاعتناء بشانها لغاية عظم ما فيها من الآيات وكثرتها قوله ام يقولون فيه التفات والنكتة الخاصة فيه الايذان بافضاء حالهم الى الاعراض عنهم واسقاطهم عن رتبة الخطاب وحكاية قبائحم لغيرهم والخطاب في قوله اكفاركم للكفار ووجه هذه الاضافة انها مثلها في الدر اهم كلها وطور سيناء ويوم الاحد ولم يقل انتم للتنصيص على كفرهم المقتضى لهلاكهم ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سورۃ الرحمٰن

سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ ٥٥ مَدَنِيَّةٌ ٩٧ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ٧٨ | رُكُوْعَاتُهَا ٣

سورۃ الرحمٰن مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۷۸ آیات اور ۳ رکوع ہیں

اَلرَّحْمٰنُ ﴿١﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿٢﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ﴿٣﴾ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿٤﴾ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿٥﴾ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ
يَسْجُدٰنِ ﴿٦﴾ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ﴿٧﴾ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ﴿٨﴾ وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا
الْمِيْزَانَ ﴿٩﴾ وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ﴿١٠﴾ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ﴿١١﴾ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ﴿١٢﴾ فَبِاَيِّ
اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٣﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿١٤﴾ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿١٥﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ ﴿١٦﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿١٧﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٨﴾ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿١٩﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ
لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿٢٠﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢١﴾ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٢٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٣﴾ وَلَهُ
الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿٢٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٥﴾ ع ١ النصف

رحمٰن نے قرآن کی تعلیم دی اس نے انسان کو پیدا کیا پھر اس کو گویائی سکھائی۔ سورج اور چاند حساب کے ساتھ (چلتے) ہیں اور بے تنے کے درخت اور تنے دار درخت (اللہ کے) مطیع ہیں اور اسی نے آسمان کو اونچا کیا اور اسی نے (دنیا میں) ترازو رکھ دی تاکہ تم تولنے میں کمی بیشی نہ کرو اور انصاف (اور حق رسانی) کے ساتھ وزن کو ٹھیک رکھو اور تول کو گھٹاؤ مت اور اسی نے خلقت کے واسطے زمین کو (اس کی جگہ) رکھ دیا کہ اس میں میوے ہیں اور کھجور کے درخت ہیں۔ جن (کے پھل) پر غلاف ہوتا ہے اور (اس میں) غلہ ہے جن میں بھوسا (بھی) ہوتا ہے اور (اس میں) غذا کی چیز (بھی) ہے سو اے جن وانس! تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ اس نے انسان (کی اصل اول یعنی آدم) کو ایسی مٹی سے جو ٹھیکرے کی طرح بجتی تھی پیدا کیا اور جنات کو خالص آگ سے پیدا کیا۔ سو اے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے وہ دونوں مشرق اور دونوں مغرب کا مالک ہے۔ سو اے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ اسی نے دو دریاؤں کو (صورۃ) ملایا کہ (ظاہر میں باہم ملے ہوئے ہیں اور ان دونوں کے درمیان ایک حجاب ہے کہ دونوں بڑھ نہیں سکتے۔ سو اے جن وانس تم اپنی رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ ان دونوں سے موتی اور مونگا برآمد ہوتا ہے۔ سو اے جن وانس تم اپنی رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ اسی کے (اختیار اور ملک میں) ہیں جہاز جو پہاڑوں کی طرح اونچے کھڑے نظر آتے ہیں سو اے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

سورة الرحمن مكية او مدنية او متبعضة وايها ست وسبعون كذا في البيضاوی

تفسیر ربط: سورت سابقہ میں زیادہ مضمون نقم کا تھا گو بحیثیت ان کے اسباب ہدایت ہونے کے وہ معنیً وحکماً نعم بھی ہوں اور کچھ اول و آخر میں مضمون نعم کا بھی تھا اور اس سورت میں زیادہ مضمون نعم کا ہے کچھ دنیویہ کچھ اخرویہ اور کچھ درمیان میں مضمون نقم کا بھی ہے گو بحیثیت مذکورہ وہ بھی نعم ہیں اور اسی بنا پر مثل نعم کے ان نقم کے بعد بھی فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ کو تقریر مضمون کے لئے متفرع فرمایا ہے اور یہ آیت تفریعیہ اس سورت میں اکتیس (۳۱) جگہ آئی ہے اور چونکہ ہر جگہ

www.besturdubooks.net

آلاء کا مصداق جدا ہے اس لئے یہ تکرار محض نہیں ہے محض لفظی تشارک ہے اور ایسے تکرار کا نام اصطلاح میں جہاں مکرر ثانی کا متعلق مغائر ہو متعلق اول کے اتقان میں تردید بتلایا ہے اور تکرار ظاہری کی وجہ سے اس میں افادہ تاکید بھی ہے اور اس قسم کا تکرار جو کہ قند مکرر سے شیریں تر ہے عرب وغیر عرب کے کلام منثور ومنظوم میں بکثرت بلانکیر مستعمل ہے چنانچہ نمونہ کے لئے ایک نثر ایک نظم منقول ہے۔

نثر مشترک فی الالسنہ: ایک شخص دوسرے سے کہتا ہے: الم احسن اليك بان خولتك في الاموال الم احسن اليك بان فعلت بك كذا و كذا۔

نظم عربی: مہلہل شاعر کلیب کے مرثیہ میں کہتا ہے

على ان ليس عدلا من كليب ☆ اذا ما ضيم جيران المجيز
على ان ليس عدلا من كليب ☆ اذا رجف العضاه من الدبور
على ان ليس عدلا من كليب ☆ اذا خرجت مخبأة الخدور
على ان ليس عدلا من كليب ☆ اذا ما اعلنت نجوى الامور
على ان ليس عدلا من كليب ☆ اذا خيف المخوف من الثغور
على ان ليس عدلا من كليب ☆ غداة تأثل الامر الكبير
على ان ليس عدلا من كليب ☆ اذا ما خار جاش المستجير

اور فارسی واردو کے منظومات میں اس کی کثرت کسی پر مخفی نہیں پس اول نعم فائضہ فی الدنیا کو کہ ان میں کچھ ظاہری اور جسمانی اور کچھ باطنی اور روحانی ہیں بیان فرماتے ہیں رکوع اول اسی مضمون میں ہے پھر قسم اخروی کہ بحیثیت مذکورہ فی التمہید معنی نعم ہیں ذکر کی جاویں گی رکوع دوم اسی مضمون میں ہے پھر نعم اخروی کہ صورۃ اور معنی دونوں طرح نعم ہیں مذکور ہوں گی اور رکوع سوم میں ختم تک یہی مضمون ہے۔

نعم جسمیہ وروحیہ فائضہ فی الدنیا: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَلرَّحْمٰنُ ﴿ (الی قولہ تعالی) وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِی الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿ (رحمٰن کی بے شمار نعمتیں ہیں اُن میں سے ایک روحانی نعمت یہ ہے کہ اسی) نے (اپنے بندوں کو احکام) قرآن کی تعلیم دی (یعنی قرآن نازل کیا کہ اُس کے بندے اُس سے اُس پر ایمان لا کر اس کا علم حاصل کر کے اُس پر عمل کر کے منتفع ہوں اور اُس کی ایک نعمت جسمانی کہ موقوف علیہ روحانی کا ہے یہ ہے کہ) اسی نے انسان کو پیدا کیا (پھر) اس کو گویائی سکھلائی (جس پر ہزاروں منافع مرتب ہوتے ہیں منجملہ اُن کے قرآن کا دوسرے کی زبان سے پہنچنا اور دوسروں کو پہنچانا ہے اور ایک نعمت جسمانی آفاقی یہ ہے کہ اس کے حکم سے) سورج اور چاند حساب کے ساتھ (چلتے) ہیں اور بے تنہ کے درخت اور تنہ دار درخت دونوں (اللہ) کے مطیع ہیں (سورج چاند کا چلنا تو اس لئے نعمت ہے کہ اس پر لیل ونہار وزمستان وتابستان اور عدد ایام وشہور مرتب ہوتا ہے اور اُن کے منافع ظاہر ہیں اور سجدہ نجم وشجر اس لئے نعمت ہے کہ اللہ تعالیٰ ان میں تکوین منافع کی فرماتا ہے اور سجدہ تکوینی یعنی اطاعت تسخیری سے اُن منافع کے تکون کو قبول کرتے ہیں پھر وہ منافع استعمال میں آتے ہیں) اور (ایک نعمت یہ ہے کہ) اسی نے آسمان کو اونچا کیا (جس سے علاوہ دوسرے منافع متعلقہ بالسماء کے بڑی منفعت استدلال علی الصانع ہے کما قال تعالیٰ: يَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ ...... [آل عمران: ۱۹۱]) اور (ایک نعمت یہ ہے کہ) اُسی نے (دنیا میں) ترازو رکھ دی تا کہ تم تولنے میں کمی بیشی نہ کرو اور (جب یہ ایسی بڑی منفعت کے لئے موضوع ہے کہ یہ آلہ ہے ایفاء واستیفائے حقوق کا جس سے ہزاروں مفاسد ظاہری وباطنی کا اندفاع ہوتا ہے تو تم اس نعمت کا خصوصیت کے ساتھ شکر کرو اور اُس شکریہ میں سے یہ بھی ہے کہ) انصاف (اور حق رسانی) کے ساتھ وزن کو ٹھیک رکھو اور تول کو گھٹاؤ مت اور (ایک نعمت یہ ہے کہ) اُسی نے خلقت کے (فائدہ کے) واسطے زمین کو (اُس کی جگہ) رکھ دیا کہ اُس میں میوے ہیں اور کھجور کے درخت ہیں جن (کے پھل) پر غلاف (چڑھا) ہوتا ہے اور (اُس میں) غلہ ہے جس میں بھوسہ (بھی) ہوتا ہے (اُس میں) اور غذا کی چیز (بھی) ہے (جیسے بہت سی ترکاریاں وغیرہ) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے جن میں سے نعم مذکورہ بھی ہیں) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (یعنی منکر ہونا بڑی ہٹ دھرمی اور بدیہیات بلکہ حسیات کا انکار ہے۔ اور ایک نعمت یہ ہے کہ) اُسی نے انسان (کی اصل اول یعنی آدم علیہ السلام) کو ایسی مٹی سے جو ٹھیکری کی طرح (کھن کھن) بجتی تھی پیدا کیا (جس کا اجمالاً چند آیات میں اوپر ذکر آیا ہے) اور جنات (کی اصل اول) کو خالص آگ سے (جس میں دھواں نہ تھا) پیدا کیا (اور پھر دونوں نوع میں توالد وتناسل کے ذریعہ سے نسل چلی شرح اس کی سورۂ حجر کے رکوع دوم میں آ چکی ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (مراد اس کی اوپر گزری ہے اور) وہ دونوں مشرق اور دونوں مغرب کا مالک (حقیقی) ہے (مراد اس سے سورج اور چاند کے طلوع وغروب کا اُفق ہے اس میں بھی وجہ نعمت ظاہر ہے کہ لیل ونہار کے افتتاح

www.besturdubooks.net

واختتام کے ساتھ بہت سے اغراض متعلق ہیں) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (اور ایک نعمت یہ ہے کہ) اُسی نے دو دریاؤں کو (صورۃً) ملایا کہ (ظاہر میں) باہم ملے ہوئے ہیں (اور حقیقۃً) ان دونوں کے درمیان میں ایک حجاب (قدرتی) ہے کہ (اُس کی وجہ سے) دونوں (اپنے اپنے) موقع سے بڑھ نہیں سکتے جس کی شرح سورۂ فرقان کے ختم سے ڈیڑھ رکوع قبل گزری ہے اور آب شور وآب شیریں کے منافع بھی ظاہر ہیں اور دونوں کی تلاقی میں نعمت استدلال بھی ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے اور (بحرین کے متعلق ایک یہ نعمت ہے کہ) اُن دونوں سے موتی اور مونگا برآمد ہوتا ہے (موتی مونگے کے منافع اور وجوہ نعمت ہونا ظاہر ہے اور جو لوگ ان کے خروج کو دریائے شور کے ساتھ خاص کہتے ہیں ان کے نزدیک منہما کے معنی من مجموعہما ہوں گے۔ ونظیرہ علی ما فی النیسابوری قولك خرجت من البلاد ولم تخرج الا من محلة بل من دار اور نکتہ اس تعبیر میں یہ ہوگا کہ التقاء کی وجہ سے دونوں مثل واحد ہو گئے اور پھر بھی حصر مقصود نہ ہوگا کیونکہ التقاء شرط خروج نہیں ہے بلکہ لؤلؤ ومرجان کے مخارج میں سے ایک مخرج کا بتلانا ہے جس میں ایک صفت عجیبہ التقاء کی بھی پائی جاتی ہے وہذا کقولہ تعالیٰ: وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ نُوْرًا [نوح: ۱۶] مع قولہ تعالیٰ: وَّجَعَلَ فِيهَا سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا [الفرقان: ۶۱]) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (اور ایک نعمت یہ ہے کہ) اسی کے (اختیار اور ملک میں) ہیں جہاز جو سمندر میں پہاڑوں کی طرح اونچے کھڑے (نظر آتے) ہیں (ان کی منفعت بھی ظاہر بلکہ اظہر ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ **ف**: تُكَذِّبٰنِ میں خطاب جن وانس کو ہونا ان دلائل سے ہے قولہ تعالیٰ: خَلَقَ الْاِنْسَانَ وَخَلَقَ الْجَآنَّ. قولہ تعالیٰ: اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ قولہ تعالیٰ: اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ اور اگر فلسفہ مروجہ حال کا یہ دعویٰ ثابت ہو جاوے کہ شمس کے گرد زمین کو حرکت ہے اور ارض کے گرد قمر کو تو بِحُسْبَانٍ کا انطباق اس پر اس طرح ممکن ہے کہ شمس کا مدار ہونا اور قمر کا دائرہ ہونا حساب سے ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس آیت کا مختلف الانواع مضامین کے پیچھے آنا جن میں بعض کا نعمت ہونا ظاہر بھی نہیں اس پر دال ہے کہ نعمت کی قسمیں مختلف ہیں کوئی حسی ہے کوئی معنوی اس کو اہل بصیرت اپنے اوقات وحالات میں سمجھتے ہیں اور اس سے یہی معلوم ہوا کہ انتفاع جمیع انواع نعم سے مطلوب ہے منافی زہد یا مانع عن التعلق مع اللہ تعالیٰ نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی اَلَّا تَطْغَوْا کی بیشی لان الطغیان خروج عن الاعتدال وهو اعم ۱۲۔

اللغات: وضع الميزان خلقه موضوعا مخفوضاً على الارض فما ترجمت به هو اخذ بالاحاصل الحب هو ما يتغذى به كالحنطة والشعير ذو العصف قيل هو ورق الزرع وقيده بعضهم باليابس الريحان قال ابن عباسؓ كل ريحان في القرآن هو الرزق كذا في الدر ويتايد بالقاموس ۱۲۔ الفخار الخزف اعنى ما احرق من الطين حتى تحجر من مارج من لهب خالص لا دخان فيه لا يبغيان احدهما على الآخر بالممازجة المرجان الخرز الاحمر اعنى السبد كذا في الروح عن ابن مسعودؓ المنشأت اى المرفوعات من انشأه اذا رفعه ۱۲۔

النحو: قوله ان لا تطغوا بتقدير اللام اى لئلا تطغوا قوله والنخل والحب والريحان كلها معطوف على فاكهة فدل على كون كلها في الارض۔ قوله من نار بيان لمارج ۱۲۔

البلاغة: قوله علم القران قدمه لانه اعظم ثم قدم الخلق على تعليم البيان لانه اصله وفي الروح عن الكشف اخلى الجمل اى التي قبل الشمس والقمر بحسبان عن العاطف لان الغرض تعديد النعم وتبكيت المنكر كما يقال زيد اغناك بعد فقر اغرك بعد ذل۔ كثرك بعد قلة فعل بك ما لم يفعل احد باحد فما تنكر من احسانه كانه لماعد نعمة حرك منه حتى يتامل هل شكرها حق شكرها ام لاثم ياخذ في الاخرى ولو جئ بالعاطف صارت كو احدة ولم يكن من التحريك في شئ ولما قضى الوطر من التعديد المحرك والتبكيت بذكر ما هو اصل النعم على نمط رد الكلام على منهاجه الاصلى من تعداد النعم واحدة بعد اخرى على التناسب والتقارب بحرف النسق قوله والنخل في الخازن اقتصر على ذكر النخل من بين سائر الاشجار لانه اعظمها واكثرها بركة قوله والحب فيه انما اخر ذكر الحب على سبيل الارتقاء الى الاعلى لان الحب انفع من النخل قوله والريحان قلت ذكره تماما لاستيعاب الاقسام لان المستعمل اما للتلذذ وهو الفاكهة او له وللتغذى ايضا وهو ثمر النخل او للتغذى وحده وهو الحب وجميع اقسام الرزق المفسر به الريحان والله أعلم باسرار كلامه قوله وضع الميزان وقوله والارض وضعها روعى معنى الخفض في

www.besturdubooks.net

کلیھما کما اشیر الیه فی الترجمة ۱۲۔

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۝۲۶ وَّ يَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَ الْاِكْرَامِ ۝۲۷ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۲۸ يَسْــَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
وَ الْاَرْضِ ؕ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ۝۲۹ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۳۰ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ۝۳۱ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ ۝۳۲ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ
اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝۳۳ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۳۴ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ۬ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۝۳۵ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ
رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۳۶ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ۝۳۷ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۳۸ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْــَٔلُ
عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّ لَا جَآنٌّ ۝۳۹ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۴۰ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ
بِالنَّوَاصِيْ وَ الْاَقْدَامِ ۝۴۱ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۴۲ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝۴۳ يَطُوْفُوْنَ
بَيْنَهَا وَ بَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ۝۴۴ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۴۵

وقف لازم ع ۲ / ۱۲

جتنے (جن وانس) روئے زمین پر موجود ہیں سب فنا ہو جائیں گے اور آپ کے پروردگار کی ذات جو کہ عظمت والی اور احسان والی ہے باقی رہ جائے گی۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ اسی سے (اپنی اپنی حاجتیں) سب آسمان اور زمین والے مانگتے ہیں۔ وہ ہر وقت کسی نہ کسی کام میں رہتا ہے۔ سوائے جن وانس اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے اے جن وانس ہم عنقریب تمہارے (حساب کتاب کے) لئے خالی ہو جاتے ہیں۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ اے گروہ جن وانس کے اگر تم کو یہ قدرت ہے کہ آسمان کی حدود سے اور زمین کی حدود سے کہیں باہر نکل جاؤ تو (ہم بھی دیکھیں) نکلو (مگر) بدوں زور کے نہیں نکل سکتے (اور زور ہے نہیں پس نکلنے کا وقوع بھی محتمل نہیں) سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ تم دونوں پر (قیامت کے روز) آگ کا شعلہ اور دھواں چھوڑا جائیگا۔ پھر تم (اس کو) ہٹا نہ سکو گے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ غرض جب (قیامت آئے گی جس میں) آسمان پھٹ جائے گا اور ایسا سرخ ہو جائے گا جیسے سرخ نری (یعنی چمڑا) سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ تو اس روز (اللہ تعالیٰ کے معلوم کرنے کے لئے) کسی انسان اور جن سے اس کے جرم کے متعلق نہ پوچھا جائے گا۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ مجرم لوگ اپنے حلیہ سے (کہ سیاہی چہرہ و نیلگوں چشم ہے) پہچانے جائیں گے۔ سو (ان کے) سر کے بال اور پاؤں پکڑ لئے جائیں گے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ یہ ہے وہ جہنم جس کو مجرم لوگ جھٹلاتے تھے۔ وہ لوگ دوزخ کے اردگرد کھولتے ہوئے پانی کے درمیان دورہ کرتے ہوں گے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

تفسیر ربط: اوپر نعم دنیویہ صوریہ کا ذکر تھا آگے نعم صوریہ کا کہ بحسب حیثیت مذکورہ فی التمہید نعم اخرویہ معنویہ ہیں ذکر ہے اور وہ سب اہوال قیامت کے ہیں اور فناء کا مضمون اول میں بطور تمہید کے اور سوال وشان کا مضمون تابع مضمون جلال واکرام کے بطور تاکید کے ہے اور اس کو ماقبل سے خاص ارتباط یہ بھی ہے کہ اوپر نعم دنیویہ کا ذکر تھا جن کا مقتضاء وجوب شکر واطاعت وایمان اور حرمت کفر ومعصیت وطغیان ہے اور بعضے اس مقتضا پر حامل ہیں اور بعضے غیر حامل اس لئے دونوں فریق کا مآل کہ نیراں وجنان ہے بیان فرماتے ہیں چنانچہ ولمن خاف الخ تک عقوبات کا اور وہاں سے آخر تک مثوبات کا ذکر ہے۔

انذار باہوال قیامت: كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ (الی قوله تعالی) يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَ بَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ (جتنی نعمتیں تم لوگوں نے سنی ہیں تم کو توحید واطاعت سے ان کا شکر ادا کرنا چاہئے اور کفر ومعصیت سے ان کا کفران نہ چاہئے کیونکہ اس عالم کے فناء کے بعد ایک دوسرا عالم آنے والا ہے جہاں ایمان وکفر پر مجازات واقع ہوگی جس کا بیان آیات آئندہ کے ضمن میں ہے پس ارشاد ہے کہ) جتنے (جن وانس) روئے زمین پر موجود ہیں سب فناء ہو جاویں گے اور (صرف) آپ کے پروردگار کی ذات جو کہ عظمت (والی) اور (باوجود عظمت کے) احسان والی ہے باقی رہ جاوے گی (چونکہ مقصود تنبیہ کرنا ثقلین کو ہے اور وہ سب اہل ارض ہیں اس لئے فنا میں اہل ارض کا ذکر کیا گیا اس تخصیص ذکری سے نفی فنا کی غیر اہل ارض سے لازم نہیں آتی اور دو صفتیں اس لئے لائے کہ ایک صفت ذاتی دوسری اضافی ہے حاصل اس کا یہ ہے کہ اکثر اہل عظمت دوسروں کے حال پر توجہ نہیں کرتے ہیں مگر حق تعالیٰ باوجود اس عظمت

www.besturdubooks.net

کے وہ اپنے بندوں پر رحمت وفضل فرماتے ہیں اور چونکہ اس مضمون سے خبر دینا موجب ہدایت ہے جو کہ نعمت اُخرویہ ہے اس لئے اس پر بھی مثل دوسری نعمتوں کے امتنان فرماتے ہیں کہ دیکھو منجملہ نعم کثیرہ الٰہیہ کے ایک نعمت یہ ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (آگے ایک خاص طور پر اُس کی عظمت واکرام کے متعلق مضمون ہے یعنی وہ ایسا باعظمت ہے کہ) اُسی سے (اپنی اپنی حاجتیں) سب آسمان وزمین والے مانگتے ہیں (زمین والوں کی حاجتیں تو ظاہر ہیں اور آسمان والے گو اکل وشرب کے محتاج نہ ہوں لیکن رحمت وعنایت کے تو محتاج ہیں اور اس کا دال ہونا عظمت پر ظاہر ہے کیونکہ یہ دلیل ہے محتاج الیہ ہونے کی اور محتاج الیہ ہونا موقوف ہے عظمت پر اور صاحب اکرام ہونا اس سے ظاہر ہے کہ) وہ ہر وقت کسی نہ کسی کام میں رہتا ہے (یہ مطلب نہیں کہ صدور افعال کا اُس کے لوازم ذات سے ہے ورنہ قدم حادث لازم آوے گا بلکہ مطلب یہ ہے کہ جتنے تصرفات عالم میں واقع ہو رہے ہیں وہ اُسی کے تصرفات ہیں پس ان تصرفات میں وہ تصرفات بھی آ گئے جو دال ہیں اکرام واحسان وفضل پر جیسے ایجاد وابقاء کہ رحمت عامہ ہے اور اعطائے رزق وعافیت واولاد کہ سب دُنیوی رحمتیں ہیں اور ہدایت واعطائے علم وتوفیق عمل کہ دینی رحمتیں ہیں پس باوجود عظمت کے ایسا اکرام واحسان فرمانا یہ بھی ایک نعمت عظیمہ ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (یہ مضمون جلال واکرام کا بقائے خالق کے متعلق بیان فرما کر آگے پھر فنائے خلق کے متعلق ارشاد ہے کہ تم لوگ یہ نہ سمجھنا کہ فنا ہو کر پھر وہ فنا مستمر رہے گا اور عذاب وثواب نہ ہوگا بلکہ ہم تم کو دوبارہ زندہ کریں گے اور جزاء وسزا دیں گے اسی کو اس طرح ارشاد فرماتے ہیں کہ) اے جن وانس ہم عنقریب تمہارے (حساب وکتاب کے لئے) لئے خالی ہوئے جاتے ہیں (یعنی حساب وکتاب لینے والے ہیں مجاز او مبالغۃً اس کو خالی ہونے سے تعبیر فرما دیا اور مبالغہ اس طرح ہے کہ سب کاموں سے خالی ہو کر کسی طرف متوجہ ہونا یہ توجہ تام ہے پس یہ عبارت ہے قصد وتوجہ تام سے اور اللہ تعالیٰ کا ہر قصد تام ہی ہوتا ہے اور حقیقی معنی اس لئے نہیں ہو سکتے کہ وہ مستلزم ہے اس کو کہ اس کے قبل ایسی مشغولی ہو جو مانع ہو دوسری طرف متوجہ ہونے سے اور یہ ذات باری میں محال ہے۔ اور مثل سابق آگے ارشاد ہے کہ حساب کتاب کی خبر دینا بھی ایک نعمت عظمیٰ ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (آگے تاکید وقوع حساب کے لئے یہ بتلاتے ہیں کہ اس وقت یہ بھی احتمال نہیں کہ کوئی کہیں بچ کر نکل جائے چنانچہ ارشاد ہے کہ) اے گروہ جن اور انسانوں کے اگر تم کو یہ قدرت ہے کہ آسمان اور زمین کی حدود سے کہیں باہر نکل جاؤ تو (ہم بھی دیکھیں) نکلو (مگر) بدوں زور کے نہیں نکل سکتے (اور زور ہے نہیں پس نکلنے کا وقوع بھی محتمل نہیں اور یہی حالت بعینہٖ قیامت میں ہوگی بلکہ وہاں تو یہاں سے بھی زیادہ عجز ہوگا غرض وہ احتمال مرتفع ہو گیا اور یہ بات بتلا دینا بھی موجب ہدایت ونعمت عظمیٰ ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (آگے عجز عند العقاب کا ذکر فرماتے ہیں جیسا اوپر عجز عند الحساب کا ذکر تھا یعنی اے جن وانس کے مجرمو) تم دونوں پر (قیامت کے روز) آگ کا شعلہ اور دھواں چھوڑا جاوے گا پھر تم (اس کو) ہٹا نہ سکو گے (یہ شعلہ اور دُھواں غالباً وہ ہے جس کا ذکر سورۃ والمرسلات میں ہے : اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ ذِىْ ثَلٰثِ شُعَبٍ الی قولہ : اِنَّهَا تَرْمِىْ بِشَرَرٍ [المرسلات : ۳۰ تا ۳۲] فالظل هو الدخان والشرر هو الشواظ واللہ اعلم۔ اور اس کا بتلانا بھی بوجہ ذریعہ ہدایت ہونے کے ایک نعمت عظمیٰ ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے غرض[1] (جب ہمارا حساب لینا اور تمہارا حساب وعقاب کے وقت عاجز ہو جانا معلوم ہو گیا تو اس سے قیامت[2] کے روز حساب وعقاب کا وقوع ثابت ہو گیا جس کا بیان یہ ہے کہ) جب (قیامت آوے گی جس میں) آسمان پھٹ جاوے گا (کہ تغیر فی الذات ہے) اور ایسا سُرخ ہو جاوے گا جیسے سُرخ نری (یعنی چمڑا اور یہ تغیر فی الوصف ہے شاید یہ رنگ اس لئے ہو کہ علامت غضب کی ہے کہ غضب میں چہرہ سرخ ہو جاتا ہے اور یہ وہ تشقق ہے جو شروع پارہ : وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ میں آیا ہے فی قولہ تعالیٰ : وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ [الفرقان : ۲۵] جس کی تفسیر وہاں گزر چکی ہے غرض اُس وقت ملائکہ کا نزول اور غمام میں تجلی حق ہوگی اور حساب کتاب شروع ہو جاوے گا کما مر فی قولہ تعالیٰ : وَيَوْمَ تَشَقَّقُ ..... اور یہ خبر دینا بھی نعمت ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (یہ تو حساب کا وقوع اور اُس کا وقت بتلایا گیا ہے آگے کیفیت حساب وطریق فیصلہ ارشاد فرماتے ہیں یعنی جس روز یہ واقعات ارسال شواظ ونحاس وانشقاق سماء وغیرہ ہوں گے) تو اُس روز (اللہ تعالیٰ[1] کے معلوم کرنے کے لئے) کسی انسان اور جن سے اُس کے جرم کے متعلق نہ پوچھا جاوے گا (کیونکہ اللہ تعالیٰ کو سب معلوم ہے یعنی حساب اس غرض سے نہ ہوگا بلکہ خود ان کو معلوم کرانے اور جتلانے کے لئے سوال اور حساب ہوگا لقولہ تعالیٰ : فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ [الحجر : ۹۲] اور یہ خبر دینا بھی ایک نعمت ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (یہ تو حساب کی کیفیت ہوئی کہ بطور تحقیق نہ ہوگا بلکہ بطور توبیخ ہوگا آگے یہ بتلاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو تو تعیین جرائم ومجرمین معلوم ہے اس لئے تحقیق کی ضرورت نہ ہوگی لیکن فرشتوں کو مجرمین کی تعیین کیسے ہوگی پس ارشاد فرماتے ہیں کہ) مجرم لوگ اپنے حُلیہ سے (کہ سیاہی چہرہ ونیلگونی چشم ہے لقولہ تعالیٰ : تَسْوَدُّ وُجُوْهٌ [آل عمران : ۱۰۶] وَنَحْشُرُ

www.besturdubooks.net

الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا [طه : ۱۰۲]) پہچانے جاویں گے سو (اُن کے) سر کے بال اور پاؤں پکڑ لئے جاویں گے (اور اُن کو گھسیٹ کر جہنم میں ڈال دیا جاوے گا یعنی کسی کا سر کسی کی ٹانگ حسب اعمال یا کبھی سر کبھی ٹانگ بغرض اجتماع انواع نکال اور گو یہ پہچان موقوف علیہ تعیین مجر مین کی نہیں لیکن اللہ تعالیٰ کسی حکمت سے اس طرح واقع کر دیں گے اور یہ خبر دینا بھی ایک نعمت ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (آگے اصلی عقاب بتلاتے ہیں گو ارسال شواظ بھی عقاب تھا یعنی مجرموں سے اُس وقت کہا جاوے گا کہ) یہ ہے وہ جہنم جس کو مجرم لوگ (یعنی تم) جھٹلاتے تھے وہ لوگ دوزخ کے اور گرم کھولتے ہوئے پانی کے درمیان دورہ کرتے ہوں گے (یعنی کبھی اس سے معذب ہوں گے کبھی اُس سے جس کی تحقیق سورۂ مؤمن رکوع ہشتم میں گزر چکی ہے اور یہ خبر دینا بھی نعمت ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

الحواشي: (۱) یعنی یہاں جو سوال کی نفی کی گئی ہے اُس کا مطلب یہ ہے کہ وہ سوال اس غرض سے نہ ہوگا کہ جواب سے اللہ تعالیٰ کو معلوم ہو جاوے باقی سوال ہونا ظاہر ہے جس کی وجہ احتجاج علی المجرمین ہے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله في فَإِذَا انْشَقَّتِ ...... غرض فيه توجيه معنى الفاء الذى اوضحه بقوله جب ہمارا حساب لینا الخ ۱۲۔ ۲ قوله هنالك قیامت کے روز فيه اشارة ان قوله فاذا انشقت قام مقام قوله فاذا وقعت القيامة وجوابه محذوف اى يقع الحساب دل عليه الانشقاق ايضاً لان هذا التشقق مقدمة الحساب كما هو مذكور في قوله تعالى ويوم تشقق السماء بالغمام ۱۲۔

اللغات: كل يوم اى وقت الثقلان الجن والانس لانهما مثقلان بالتكليف اقطار الاطراف والجوانب ۱۲۔ الشواظ اللهب الذى لا دخان له النحاس الدخان الذى لا لهب فيه كذا في الدر عن ابن عباسؓ مستشهدا بالشعر واختاره الزمخشرى قوله كالدهان الاديم الاحمر كذا في الدر عن ابن عباسؓ وكذا في القاموس النواصى جمع ناصية وهى مقاص الشعر قوله ان بالغ في الحرارة ۱۲۔

البلاغة: قوله لكم لم يثن مع كون الخطاب للاثنين لان في كليهما جماعات كثيرة ۱۲۔ قوله يكذب بها المجرمون فيه وضع المظهر موضع المضمر لان الاصل تكذبون بها انتم ۱۲۔

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتٰنِ ۝۴۶ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۴۷ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ۝۴۸ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۴۹

فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ۝۵۰ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۵۱ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ۝۵۲ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۵۳

مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰي فُرُشٍۢ بَطَاۗىِٕنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ۭ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ۝۵۴ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۵۵

فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَاۗنٌّ ۝۵۶ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۵۷ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ

وَالْمَرْجَانُ ۝۵۸ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۵۹ هَلْ جَزَاۗءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ۝۶۰ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۶۱ وَمِنْ

دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ۝۶۲ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۶۳ مُدْهَاۗمَّتٰنِ ۝۶۴ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۶۵ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ

نَضَّاخَتٰنِ ۝۶۶ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۶۷ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ۝۶۸ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا

تُكَذِّبٰنِ ۝۶۹ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ۝۷۰ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۷۱ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ۝۷۲ فَبِاَيِّ

اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۷۳ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَاۗنٌّ ۝۷۴ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۷۵ مُتَّكِـِٕيْنَ

عَلٰي رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۝۷۶ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۷۷ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي

الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝۷۸ ع ۳ ۱۲

www.besturdubooks.net

اور جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ہر وقت ڈرتا رہتا ہے اس کے لئے (جنت میں دو باغ ہوں گے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے کثیر شاخوں والے ہوں گے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ ان دونوں باغوں میں دو چشمے ہوں گے کہ بہتے چلے جائیں گے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ ان دونوں باغوں میں ہر میوے کی دو قسمیں ہوں گی۔ سوائے جن وانس تم اپنی رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ وہ لوگ تکیہ لگائے ایسے فرشوں پر بیٹھے ہوں گے جن کے استر دبیز ریشم کے ہوں گے اور ان دونوں باغوں کا پھل بہت نزدیک ہو گا۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ ان میں نیچی نگاہ والیاں (یعنی حوریں) ہوں گی کہ ان جنتی لوگوں سے پہلے ان پر نہ کسی آدمی نے تصرف کیا ہوگا اور نہ کسی جن نے سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ گویا وہ یاقوت اور مرجان ہیں۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ بھلا غایت اطاعت کا بدلہ بجز عنایت کے اور بھی کچھ ہو سکتا ہے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے اور ان دونوں باغوں سے کم درجہ دو باغ اور ہیں۔ سوائے جن وانس تم اپنی رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ وہ دونوں باغ گہرے سرسبز ہوں گے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھلاؤ گے۔ ان دونوں باغوں میں دو چشمے ہوں گے کہ جوش مارتے ہوں گے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ ان دونوں باغوں میں میوے اور کھجور اور انار ہوں گے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ ان میں خوب سیرت خوبصورت عورتیں ہوں گی (یعنی حوریں) سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ وہ عورتیں گوری رنگت کی ہوں گی (اور خیموں میں محفوظ ہوں گی) سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (اور) ان جنتی لوگوں سے پہلے ان پر نہ تو کسی آدمی نے تصرف کیا ہوگا نہ کسی جن نے۔ سوائے جن وانس تم اپنی رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ وہ لوگ سبز شجر اور عجیب خوبصورت کپڑوں (کے فرشوں) پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ بڑا برکت والا نام ہے آپ کے رب کا جو عظمت والا اور احسان والا ہے۔

تفسیر ربط: تمہید سورت و تمہید رکوع دوم میں لکھ چکا ہوں۔

ابشار مومنین بالآء جنت: وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ (الی قولہ تعالی) تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ (ان آیتوں میں دو باغوں کا ذکر وَلِمَنْ خَافَ سے شروع ہوا ہے اور دو باغوں کا ذکر وَمِنْ دُوْنِهِمَا سے اور پہلے دو باغ خواص مقربین کے لئے ہیں اور پچھلے دو باغ عامۂ مومنین کے لئے دلائل اس تعیین و تقسیم کے آگے لکھ دیئے جاویں گے اب مجرد تفسیر لکھی جاتی ہے یعنی حال مذکور تو باستثنائے مضمون شروع رکوع دوم کے مجرمین کا تھا) اور (اہل جنت کا حال یہ ہے کہ اُن میں دو قسم ہیں خواص اور عوام پس) جو شخص (خواص میں سے ہو اور) اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے (ہر وقت) ڈرتا رہتا ہو (اور ڈر کر شہوات و معاصی سے مجتنب رہتا ہو اور یہ شان خواص ہی کی ہے کیونکہ عوام پر تو گاہ گاہ خوف طاری ہو جاتا ہے اور اُن سے معاصی بھی سرزد ہو جاتے ہیں گو توبہ کر لیں غرض جو شخص ایسا متقی ہو) اُس کے لئے (جنت میں) دو باغ ہوں گے (یعنی ہر متقی کے لئے دو باغ اور غالباً اس تعدد میں حکمت اُن کے تکرم اور تنعم کا اظہار ہوگا جس طرح دُنیا میں اہل تنعم کے پاس اکثر چیزیں منقولات وغیر منقولات میں سے متعدد ہوتی ہیں) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت و عظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (اور وہ) دونوں باغ کثیر شاخوں والے ہوں گے (اس میں سایہ کی گنجائی اور ثمرات کی ریز روانی کی طرف اشارہ ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت و عظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (اور) اُن دونوں باغوں میں دو چشمے ہوں گے کہ (دور تک) بہتے چلے جاویں گے سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت و عظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (اور) ان دو باغوں میں ہر میوہ کی دو قسمیں ہوں گی (کہ اس میں زیادہ تلذذ ہے کبھی ایک قسم کا مزہ لے لیا کبھی دوسری قسم کا) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت و عظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (اور) وہ لوگ تکیہ لگائے ایسے فرشوں پر بیٹھے ہوں گے جن کے استر دبیز ریشم کے ہوں گے (اور قاعدہ ہے کہ ابرہ بہ نسبت استر کے زیادہ نفیس ہوتا ہے پس جب استر استبرق ہوگا تو ابرہ کیسا کچھ ہوگا) اور اُن دونوں باغوں کا پھل بہت نزدیک ہوگا کہ (کھڑے بیٹھے لیٹے ہر طرح بلا مشقت ہاتھ آ سکتا ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت و عظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (اور) اُن باغوں کے مکانات اور قصروں میں نیچی نگاہ والیاں (یعنی حوریں) ہوں گی کہ ان (جنتی) لوگوں سے پہلے ان پر نہ تو کسی آدمی نے تصرف کیا ہوگا اور نہ کسی جن نے (یعنی بالکل محفوظ وغیر مستعمل ہوں گی) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت و عظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (اور رنگت ان کی اس قدر صاف و شفاف ہوگی کہ) گویا وہ یاقوت اور مرجان ہیں (اور ممکن ہے کہ تشبیہ سرخی میں بھی ہو اور تعدد مشبہ بہ کا غالباً اہتمام کے لئے ہے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت و عظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (آگے

www.besturdubooks.net

مضمون مذکور کی تقریر و تاکید ہے کہ) بھلا غایت اطاعت کا بدلہ بجز عنایت کے کچھ اور بھی ہو سکتا ہے (انہوں نے غایت اطاعت کی صلہ میں غایت عنایت کے مورد ہوئے اور اس کو بدلہ فرمانا اور بصورت استفہام اس کے وجوب کی طرف اشارہ کرنا یہ سب بطور تفضل کے ہے نہ بمقتضائے حکم عقلی کے) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (یہ تو خواص کے باغوں کی صفت مذکور ہوئی) اور (آگے عامۂ مؤمنین کے باغوں کا ذکر ہے یعنی) ان (مذکورہ) دونوں باغوں سے کم درجہ میں دو باغ اور ہیں (جو عامۂ مؤمنین کے لئے ہیں اور ہر ایک کو دو دو ملیں گے سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کونسی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے) (اور آگے ان باغوں کی صفت ہے کہ) وہ دونوں باغ گہرے سبز ہوں گے سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (اور یہاں ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ۝ کی تصریح نہ فرمانا اشارہ ہے کہ یہ دونوں باغ اس صفت میں ان مذکورہ باغوں سے کم ہیں یعنی ان کا سایہ اور باردور ہونا اتنا نہ ہوگا اور وہاں مُدْهَآمَّتٰنِ ۝ کی صفت کا ذکر نہ ہونا موہم عکس نہ ہونا چاہئے کہ وہ صفت بقرینۂ مقام مشترک ہے نیز وہاں من له الجنة کو من خاف کے عنوان سے ذکر فرمانا اور یہاں من له الجنة کو ذکر نہ فرمانا بھی قرینہ ہے کہ یہ عام مؤمنین کے لئے ہے اس لئے کسی خاص صفت کی تقیید کی ضرورت نہیں اور وہاں خوف بمعنی تقویٰ کے کامل کی قید ہے نیز وہاں اس کو جزائے احسان بمعنی اخلاص فرمانا اور یہاں نہ فرمانا نیز اس کا قرینہ ہے اور) ان دونوں باغوں میں دو۲ چشمے ہوں گے کہ جوش مارتے ہوں گے سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (جوش مارنا بوجہ اس کے کہ چشمہ کے لوازم میں سے ہے اوپر کے چشموں میں بھی صفت مشترک ہے اور وہاں تجریان بھی ہے اور یہاں نہیں پس یہ قرینہ ہے اس کا کہ یہ چشمہ صفت جریان میں اولین سے کم ہیں اور یہ باغ ان باغوں سے کم ہیں اور) ان دونوں باغوں میں میوے اور کھجوریں اور انار ہوں گے سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں سے منکر ہو جاؤ گے (یہاں مطلق فاکہہ اور پھر تفصیل میں نخل ورمان پر اکتفا فرمانا اور وہاں لفظ کل سے تصریح تعیم فاکہہ اور پھر لفظ زوجان سے تصریح تعدد جو اور زیادہ دال علی الکثرت ہے نیز قرینہ ہے اس کا کہ جنتین اولیین ان اخریین سے افضل واعلیٰ ہیں اور) ان (باغوں کے مساکن) میں خوب سیرت خوبصورت عورتیں ہوں گی (یعنی حوریں) سوائے جن وانس (باوجود کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے وہ عورتیں گوری رنگت کی ہوں گی (اور) خیموں میں محفوظ ہوں گی سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (اور) ان (جنتی) لوگوں سے پہلے ان پر نہ تو کسی آدمی نے تصرف کیا ہوگا اور نہ کسی جن نے (یعنی غیر مستعمل ہوں گی) سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (وہاں یاقوت ومرجان سے تشبیہ دینا جو کہ مفید مبالغہ ہے اور یہاں صرف حسان پر اکتفا فرمانا نیز قرینہ ہے کہ اولیین افضل ہیں اخریین سے اور یہاں کی سب صفات وہاں صراحۃً اشارۃً مذکور ہیں مثلاً خوش سیرت ہونا قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ سے مفہوم ہوتا ہے حور ہونا قرینہ مقام سے معلوم ہے مقصورات سے زیادہ صیانت وعفت پر قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ دال ہے کہ جو ایسی ہوگی وہ ضرور ہی گھر میں رہے گی اور) وہ لوگ سبز مشجر اور عجیب خوبصورت کپڑوں (کے فرشوں) پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے سوائے جن وانس (باوجود اس کثرت وعظمت نعم کے) تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے (یہ بھی عند التامل اولیین کے فرش سے مفضول معلوم ہوتا ہے کیونکہ وہاں تصریح ہے ریشمی ہونے کی اور پھر دوہرے ہونے کی اور یہاں نہیں ہے آگے خاتمہ میں حق تعالیٰ کی ثنا وصفت ہے جس میں ان تمام مضامین مفصلہ سورت کی تقریر یا بطور استدلال انی کے ان پر تفریع ہے یعنی اے پیغمبر یہ بے شمار نعمتیں فرع یا دلیل اس کی ہیں کہ) بڑا بابرکت نام ہے آپ کے رب کا جو عظمت والا اور احسان والا ہے (نام سے مراد صفات جو کہ ذات کے غیر نہیں پس حاصل جملہ کا ثناء ہوئی کمال ذات وصفات کے ساتھ اور شاید لفظ اسم بڑھانے سے مقصود مبالغہ ہو کہ مسمیٰ تو کیسا کچھ کامل اور بابرکت ہوگا اس کا تو اسم بھی مبارک اور کامل ہے۔ **ف** ۱: ظاہراً آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ جن اور انس دونوں جنتی ہیں اور حوریں بھی دونوں کو ملیں گی اور لَمْ يَطْمِثْهُنَّ کی تقریر باعتبار مجموعہ کے یہ ہوگی کہ جو حوریں انسان کے لئے خاص ہیں ان کو کسی انسان نے قبل سے مس نہیں کیا اور جن کے مس کا تو بوجہ اختصاص انسان کے احتمال ہی نہیں اور جو حوریں جن کے لئے خاص ہیں ان کو کسی جن نے مس نہیں کیا اور اسی طرح انسان کے مس کا بوجہ اختصاص احتمال نہیں۔

ف ۲: جَنَّتٰنِ ۝ اولیین کے افضل ہونے کے قرائن تو اثنائے تقریر ترجمہ میں ساتھ ساتھ مذکور ہوئے ہیں اب حسب وعدہ دلائل لکھتا ہوں فی الدر المنثور مرفوعاً فی قولہ ولمن خاف وقوله ومن دونهما قال صلى الله عليه وسلم جنتان من ذهب للمقربين وجنتان من ورق لاصحاب اليمين وعن البراء بن عازب موقوفا قال العينان اللتان تجريان خير من النضاختين آه قلت ومعنى كونهما من ذهب او ورق كون بنائهما و

www.besturdubooks.net

اوانيهما وما فيهما من ذهب او ورق باعتبار الغالب والله اعلم۔ الحمد للہ کہ تفسیر سورۃ الرحمٰن کی ختم ہوئی اب سورۃ واقعہ کی تفسیر آتی ہے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ملحقات الترجمۃ : ؎ قوله في فِيْهِنَّ مکانات اشارة الى ان ضمير الجمع للبيوت والقصور المفهومة من الجنتين او للجنتين باعتبار ما فيها مما ذكر ۱۲۔

اللغات: الطمث اصله خروج الدم ولذلك يقال للحيض طمث ثم اطلق على جماع الابكار لما فيه من خروج الدم ثم عمم لكل جماع مدهامتٰن سودا وان في كثرة الرى النضخ فور ان الماء ۱۲۔ مقصورات مخدرات ملازمة لبيتها لا تطوف في الطرق رفرف ما يطرح على ظهر الفرش للنوم وقال الراغب ضرب من الثياب مشبهة بالرياض كذا في الروح قلت ومن ثم ترجمته بالمشجر عبقرى منسوب الى عبقر تزعم العرب انه اسم بلد الجن فينسون اليه كل عجيب من الفرش وغيرها ۱۲۔

النحو : قوله ذواتا افنان صفة جنتان وكذا قوله مدهامتان وما بينهما اعتراض وسط بينهما تنبيها على ان تكذيب كل من الموصوف والصفة موجب للانكار والتوبيخ وفي الوصف به تذكير انهما ذواتا ثمار وظلال قوله متكئين حال من قوله تعالىٰ لمن خاف ۱۲۔ قوله خضر صفة لرفرف على انه للجنس وكذا قوله حسان صفة لعبقرى باعتبار معنى الجنسية ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ الْوَاقِعَۃِ

سُوْرَۃُ الْوَاقِعَۃِ ۵۶ مَکِّیَّۃٌ ۴۶ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیَاتُهَا ۹۶ رُکُوْعَاتُهَا ۳

سورۃ الواقعہ مدینہ میں نازل ہوئی | شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں | اس میں ۹۶ آیات اور ۳ رکوع ہیں

إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿١﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿٢﴾ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ﴿٣﴾ إِذَا رُجَّتِ الْأَرْضُ رَجًّا ﴿٤﴾ وَبُسَّتِ
الْجِبَالُ بَسًّا ﴿٥﴾ فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثًّا ﴿٦﴾ وَكُنْتُمْ أَزْوَاجًا ثَلَاثَةً ﴿٧﴾ فَأَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ ﴿٨﴾
وَأَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ ﴿٩﴾ وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ ﴿١٠﴾ أُولَٰئِكَ الْمُقَرَّبُونَ ﴿١١﴾ فِي جَنَّاتِ
النَّعِيمِ ﴿١٢﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ ﴿١٣﴾ وَقَلِيلٌ مِّنَ الْآخِرِينَ ﴿١٤﴾ عَلَىٰ سُرُرٍ مَّوْضُونَةٍ ﴿١٥﴾ مُّتَّكِئِينَ عَلَيْهَا
مُتَقَابِلِينَ ﴿١٦﴾ يَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ ﴿١٧﴾ بِأَكْوَابٍ وَأَبَارِيقَ وَكَأْسٍ مِّنْ مَّعِينٍ ﴿١٨﴾ لَّا يُصَدَّعُونَ
عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُونَ ﴿١٩﴾ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ ﴿٢٠﴾ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ﴿٢١﴾ وَحُورٌ عِينٌ ﴿٢٢﴾ كَأَمْثَالِ
اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ ﴿٢٣﴾ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٢٤﴾ لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا تَأْثِيمًا ﴿٢٥﴾ إِلَّا قِيلًا سَلَامًا سَلَامًا ﴿٢٦﴾
وَأَصْحَابُ الْيَمِينِ مَا أَصْحَابُ الْيَمِينِ ﴿٢٧﴾ فِي سِدْرٍ مَّخْضُودٍ ﴿٢٨﴾ وَطَلْحٍ مَّنْضُودٍ ﴿٢٩﴾ وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ ﴿٣٠﴾ وَمَاءٍ
مَّسْكُوبٍ ﴿٣١﴾ وَفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ ﴿٣٢﴾ لَّا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ ﴿٣٣﴾ وَفُرُشٍ مَّرْفُوعَةٍ ﴿٣٤﴾ إِنَّا أَنْشَأْنَاهُنَّ إِنْشَاءً ﴿٣٥﴾
فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا ﴿٣٦﴾ عُرُبًا أَتْرَابًا ﴿٣٧﴾ لِّأَصْحَابِ الْيَمِينِ ﴿٣٨﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ ﴿٣٩﴾ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْآخِرِينَ ﴿٤٠﴾ وَأَصْحَابُ ع ۱۸ ۱۴
الشِّمَالِ مَا أَصْحَابُ الشِّمَالِ ﴿٤١﴾ فِي سَمُومٍ وَحَمِيمٍ ﴿٤٢﴾ وَظِلٍّ مِّنْ يَحْمُومٍ ﴿٤٣﴾ لَّا بَارِدٍ وَلَا كَرِيمٍ ﴿٤٤﴾
إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَٰلِكَ مُتْرَفِينَ ﴿٤٥﴾ وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيمِ ﴿٤٦﴾ وَكَانُوا يَقُولُونَ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا
تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿٤٧﴾ أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ﴿٤٨﴾ قُلْ إِنَّ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ ﴿٤٩﴾ لَمَجْمُوعُونَ
إِلَىٰ مِيقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ ﴿٥٠﴾ ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّونَ الْمُكَذِّبُونَ ﴿٥١﴾ لَآكِلُونَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّومٍ ﴿٥٢﴾ فَمَالِئُونَ مِنْهَا
الْبُطُونَ ﴿٥٣﴾ فَشَارِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيمِ ﴿٥٤﴾ فَشَارِبُونَ شُرْبَ الْهِيمِ ﴿٥٥﴾ هَٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّينِ ﴿٥٦﴾

www.besturdubooks.net

جب قیامت واقع ہوگی جس کے واقع ہونے میں کوئی خلاف نہیں ہے تو وہ (بعض کو) پست کر دے گی (اور بعض کو) بلند کر دے گی۔ جبکہ زمین کو سخت زلزلہ آئے گا اور پہاڑ بالکل ریزہ ریزہ ہو جائیں گے۔ پھر وہ پراگندہ غبار ہو جائیں گے اور تم تین قسم کے ہو جاؤ گے سو جو داہنے والے ہیں وہ داہنے والے کیسے اچھے ہیں اور جو بائیں والے ہیں وہ بائیں والے کیسے برے ہیں اور جو اعلیٰ درجہ کے ہیں وہ تو اعلیٰ ہی درجے کے ہیں اور وہ (خدا کے ساتھ) خاص قرب رکھنے والے ہیں۔ (یہ مقرب) لوگ آرام کے باغوں میں ہوں گے۔ ان کا بڑا گروہ تو اگلے لوگوں میں سے ہوگا اور تھوڑے پچھلے لوگوں میں سے ہوں گے وہ لوگ سونے کے تاروں سے بنے ہوئے تختوں پر تکیہ لگائے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔ ان کے اردگرد ایسے لڑکے جو ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے یہ چیزیں لے کر آمدورفت کیا کریں گے۔ آبخورے اور آفتابے اور ایسا جام شراب جو بہتی ہوئی شراب سے بھرا جائے گا نہ اس سے ان کو دردسر ہوگا اور نہ اس سے عقل میں فتور آئے گا اور میوے جن کو وہ پسند کریں گے اور پرندوں کا گوشت جو ان کو مرغوب ہوگا اور ان کی لئے گوری گوری بڑی بڑی آنکھوں والی عورتیں ہوں گی (مراد حوریں ہیں) جیسے (حفاظت سے) پوشیدہ رکھا ہوا موتی۔ یہ ان کے اعمال کے صلے میں ملے گا (اور) وہاں نہ بک بک سنیں گے اور نہ اور کوئی بات بیہودہ۔ پس (ہر طرف سے) سلام ہی سلام کی آواز آئے گی اور جو داہنے والے ہیں وہ داہنے کیسے اچھے ہیں وہ ان باغوں میں ہوں گے جہاں بے خار بیریاں ہوں گی اور تہ بہ تہ کیلے ہوں گے اور لمبا لمبا سایہ ہوگا اور چلتا ہوا پانی ہوگا اور کثرت سے میوے ہوں گے جو نہ ختم ہوں گے اور نہ ان کی روک ٹوک ہوگی اور اونچے اونچے فرش ہوں گے ہم نے (وہاں کی) ان عورتوں کو خاص طور پر بنایا ہے یعنی ہم نے ان کو ایسا بنایا کہ وہ کنواریاں ہیں محبوبہ ہیں ہم عمر ہیں یہ سب چیزیں داہنے والوں کے لئے ہیں ان (اصحاب الیمین) کا ایک گروہ اگلے لوگوں میں ہوگا اور ایک بڑا گروہ پچھلے لوگوں میں ہوگا۔ اور جو بائیں والے ہیں وہ بائیں والے کیسے برے ہیں وہ لوگ آگ میں ہوں گے اور کھولتے ہوئے پانی میں اور سیاہ دھوئیں کے سایہ میں جو نہ ٹھنڈا ہوگا نہ فرحت بخش ہوگا وہ لوگ اس کے قبل (یعنی دنیا میں) بڑی خوشحالی میں رہتے تھے اور بڑے بھاری گناہ (یعنی شرک وکفر) پر اصرار کیا کرتے تھے اور یوں کہا کرتے تھے کہ جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو کر رہ گئے تو کیا اس کے بعد ہم دوبارہ زندہ کئے جائیں گے اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی زندہ کئے جاویں گے آپ کہہ دیجئے کہ سب اگلے اور پچھلے جمع کئے جاویں گے ایک تاریخ کے وقت پر پھر جمع ہونے کے بعد تم کو اے گمراہو جھٹلانے والو درخت زقوم سے کھانا ہوگا پھر اس سے پیٹ بھرنا ہوگا پھر اس پر کھولتا ہوا پانی پینا ہوگا پھر پینا بھی پیاسے اونٹوں کا سا (غرض) ان لوگوں کی قیامت کے روز یہ دعوت ہوگی۔

سورۃ الواقعۃ مکیۃ وآیہا ستۃ وتسعون کذا فی البیضاوی

تفسیر ربط: یہ سورت باعتبار مضامین کے سورت سابقہ کے ساتھ قریباً متماثل ہے اور باعتبار ترتیب کے بطور رد العجز علی الصدر کے اس کے ساتھ قریباً متقابل ہے چنانچہ وہاں قرآن کا ذکر اول میں آیا ہے یہاں اخیر کے قریب۔ وہاں نعم دنیویہ کے جو دلائل قدرت بھی ہیں ذکر بعد قرآن کے آیا ہے یہاں ایسے امور کا ذکر قبل قرآن کے آیا ہے وہاں نعم دنیویہ کے بعد قیامت ونار وجنت کا ذکر آیا ہے یہاں نعم دنیویہ کے قبل ان امور کا ذکر آیا ہے اور بالکل ختم کے قریب معاد کی تفصیل کو اجمالاً لایا گیا ہے سو اجمال وتفصیل متغائر نہیں اس میں جداگانہ تقریر ربط کی حاجت نہیں۔

قیامت وتفصیل ثواب وعقاب: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَۃُ (الی قولہ تعالٰی) ھٰذَا نُزُلُھُمْ یَوْمَ الدِّیْنِ جب قیامت واقع ہوگی جس کے واقع ہونے میں کوئی خلاف نہیں (بلکہ اس کا واقع ہونا بالکل صحیح اور حق ہے) تو وہ (بعض کو) پست کر دے گی (اور بعض کو) بلند کر دے گی (یعنی کفار کی ذلت کا اور مؤمنین کی رفعت کا اس روز ظہور ہوگا) جب کہ زمین کو سخت زلزلہ آوے گا اور پہاڑ بالکل ریزہ ریزہ ہو جاویں گے پھر وہ پراگندہ غبار (کی طرح) ہو جاویں گے اور تم (یعنی مجموعہ مکلفین ماضیین وموجودین ومستقبلین) تین قسم ہو جاؤ گے (جن کی تفصیل آگے آتی ہے خواص مؤمنین اور عوام مؤمنین اور کفار کہ سورۂ رحمٰن میں بھی یہی تین قسمیں مذکور ہیں اور آئندہ آیات میں خواص کو مقربین اور سابقین کہا ہے اور عوام مؤمنین کو اَصْحٰبُ الْیَمِیْنِ اور کفار کو اَصْحٰبُ الشِّمَالِ اور ان آیات اِذَا وَقَعَتِ سے ثُلَّۃٌ تک میں بعض واقعات نفخۂ اولیٰ کے وقت کے بیان فرماتے ہیں جیسے رجت۔ جیسا شروع سورۂ حجر میں آیا ہے اور بست۔ اور بعض واقعات نفخۂ ثانیہ کے وقت کے جیسے خَافِضَۃٌ رَّافِعَۃٌ اور کُنْتُمْ اَزْوَاجًا اور بعض مشترک جیسے اور لَیْسَ لِوَقْعَتِہَا کَاذِبَۃٌ سو چونکہ نفخۂ اولیٰ سے نفخۂ ثانیہ تک تمام وقت ممتد حکم میں وقت واحد کے ہے اسی لئے ہر جز ووقت کو ہر واقعہ کا وقت کہا جا سکتا ہے۔ آگے بعد تقسیم ان تینوں قسم کے احکام کی تفریق ہے اول اجمالاً پھر تفصیلاً کہ تین (۳) قسمیں جو مذکور ہوئیں) سو (ان میں ایک قسم یعنی) جو داہنے والے ہیں وہ داہنے والے کیسے اچھے ہیں (مراد اس سے جن کے نامۂ اعمال داہنے ہاتھ میں دیئے جاویں گے اور گو یہ مفہوم مقربین میں بھی مشترک ہے لیکن صرف اسی صفت پر اکتفا کرنا مشیر اس طرف ہے کہ ان میں اصحاب الیمین سے زائد کوئی اور صفت قرب خاص کی نہیں پائی جاتی اس طرح مراد اس سے عوام مؤمنین ہو گئے اور اس میں اجمالاً ان کی حالت کا اچھا ہونا بتلا دیا آگے فِیْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ...... سے اس اجمال کی تفصیل کی گئی ہے) اور (دوسری قسم یعنی) جو بائیں والے ہیں وہ بائیں والے کیسے برے ہیں (مراد اس سے جن کے نامۂ اعمال بائیں ہاتھ میں دیئے جاویں گے یعنی کفار اور اس میں اجمالاً ان کی حالت کا برا ہونا بتلا دیا آگے فِیْ سَمُوْمٍ ......

www.besturdubooks.net

سے اس اجمال کی تفصیل کی گئی ہے) اور (تیسری قسم یعنی) جو اعلیٰ درجہ کے ہیں وہ تو اعلیٰ ہی درجہ کے ہیں (اور) وہ (خدا تعالیٰ کے) ساتھ) خاص قرب رکھنے والے ہیں (اس میں تمام اعلیٰ درجہ کے بندے داخل ہیں انبیاء اور اولیاء وصدیقین اور کامل متقی اور اس میں اجمالاً ان کی حالت کا عالی ہونا بتلا دیا آگے فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ...... سے اس اجمال کی تفصیل کی جاتی ہے یعنی) یہ (مقرب) لوگ آرام کے باغوں میں ہوں گے جس کی مزید تفصیل علی سرر سے آتی ہے اور درمیان میں اس مفہوم کے مصداق کا تعدد بتلاتے ہیں کہ) ان (مقربین) کا ایک بڑا گروہ تو اگلے لوگوں میں سے ہوگا اور تھوڑے پچھلے لوگوں میں سے ہوں گے (اگلوں سے مراد متقدمین ہیں آدم علیہ السلام سے لے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قبل تک اور پچھلوں سے مراد حضور کے وقت سے لے کر قیامت تک کذا فی الدر عن جابر مرفوعا اور متقدمین میں کثرت سابقین اور متاخرین میں قلت سابقین کی وجہ یہ ہے کہ خواص ہر زمانہ میں کم ہوتے ہیں اور متقدمین کا زمانہ بہ نسبت زمانہ امت محمدیہؐ کے کہ قرب ساعت میں پیدا ہوئے ہیں اطول ہے پس جس قدر خواص اس زمانہ طویل میں ہوئے ہیں جن میں لاکھ یا دو (۲) لاکھ یا کم وبیش انبیاء بھی ہیں باقتضائے عادت زمانہ قصیر میں ان سے کم ہی ہوں گے۔ آگے اس نعیم کی تفصیل ہے کہ) وہ (مقرب) لوگ سونے کے تاروں سے بنے ہوئے تختوں پر تکیہ لگائے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے (کذا فی الدر فی تفسیر موضونۃ عن ابن عباس اور) ان کے پاس ایسے لڑکے جو ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے یہ چیزیں لے کر آمدورفت کیا کریں گے آبخورے اور آفتابے اور ایسا جام شراب جو بہتی ہوئی شراب سے بھرا جاوے گا (ومر تحقیقہ فی الصافات) نہ اس سے ان کو دردسر ہوگا اور نہ اس سے عقل میں فتور آوے گا (ومرایضاً فی الصافات) اور میوے جن کو وہ پسند کریں اور پرندوں کا گوشت جوان کو مرغوب ہو اور ان کے لئے گوری گوری بڑی بڑی آنکھوں والی عورتیں ہوں گی (مراد حوریں ہیں جن کی رنگت ایسی صاف شفاف ہوگی) جیسے (حفاظت سے) پوشیدہ رکھا ہوا موتی یہ ان کے اعمال کے صلہ میں ملے گا (اور) وہاں نہ بک بک سنیں گے اور نہ اور کوئی بیہودہ بات (سنیں گے یعنی شراب پی کر یا ویسے بھی یہ امور مکدرہ للعیش نہ پائے جاویں گے) بس (ہر طرف سے) سلام ہی سلام کی آواز آوے گی (کقولہ تعالیٰ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ [الرعد ۲۳، ۲۴] وقولہ تعالیٰ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ جو کہ دلیل اکرام ہے غرض روحانی جسمانی ہر طرح کی لذت ومسرت اعلیٰ درجہ کی ہوگی یہ جزائے سابقین کا بیان کیا گیا) اور (آگے اصحاب الیمین کی جزاء کی تفصیل ہے یعنی) جو داہنے والے ہیں وہ داہنے والے کیسے اچھے ہیں (اس اجمال کا اعادہ تفصیل سے قبل اس لئے کیا گیا کہ اس اجمال کو فصل ہوگیا تھا آگے ان کے اچھے ہونے کا بیان ہے کہ) وہ ان باغوں میں ہوں گے جہاں بے خار بیریاں ہوں گی اور تہ بتہ کیلے ہوں گے اور لمبا لمبا سایہ ہوگا اور چلتا ہوا پانی ہوگا اور کثرت سے میوے ہوں گے جو نہ ختم ہوں گے (جیسے دنیا کے میوے کہ فصل تمام ہونے سے تمام ہوجاتے ہیں) اور نہ ان کی روک ٹوک ہوگی (جیسے دنیا میں باغ والے اس کی روک تھام کرتے ہیں) اور اونچے اونچے فرش (کیونکہ جن درجوں میں وہ بچھے ہیں وہ درجے بلند ہوں گے اور چونکہ مقام خوش عیشی کے ذکر کا ہے اور خوش عیشی بدوں عورتوں کے کامل نہیں ہوتی اس طور پر ان اسباب عیش کا ذکر دال ہوگیا عورتوں کے ہونے پر بھی لہٰذا آگے بہشتی عورتوں کی طرف اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ کی ضمیر راجع کر کے اُن کا ذکر فرمایا جاتا ہے کہ) ہم نے (وہاں کی) ان عورتوں کو (یہ عام ہے حوروں[1] اور نسائے دنیا کو کما فی الروح عن الترمذی وغیرہ مرفوعاً انّ المنشآت اللاتی کن فی الدنیا عجائز عمشا رمصا غرض ہم نے اُن عورتوں کو) خاص طور پر بنایا ہے (جن کی تفصیل آگے ہے) یعنی ہم نے ان کو ایسا بنایا کہ وہ کنواریاں ہیں (یعنی بعد مقاربت کے پھر کنواری ہو جاویں گی کذا فی الدر عن ابی سعید مرفوعاً اور) محبوبہ ہیں (یعنی حرکات وشمائل وناز وانداز وحسن وجمال سب چیزیں اُن کی دلکش ہیں اور اہل جنت کی) ہم عمر ہیں (مر تحقیقہ فی سورۂ ص) یہ سب چیزیں داہنے والوں کے لئے ہیں (آگے اس مفہوم کے مصداق کا تعدد بتلاتے ہیں یعنی) ان (اصحاب الیمین) کا ایک بڑا گروہ اگلے لوگوں میں سے ہوگا اور ایک بڑا گروہ پچھلے لوگوں میں سے ہوگا (بلکہ متاخرین میں اصحاب الیمین متقدمین سے عدد میں اکثر ہوں گے چنانچہ احادیث میں مصرح ہے کہ مجموعہ مؤمنین اس اُمت کا اُمم سابقہ کے مجموع مؤمنین سے اکثر ہوں گے اور اُس کی یہی صورت ہے کہ اصحاب الیمین زیادہ ہوں کیونکہ خواص مقربین کی اکثریت متقدمین میں خود آیت بالا سے ثابت ہے اور جب اصحاب الیمین مرتبہ میں مقربین سے کم ہیں تو اُن کی جزا بھی کم ہوگی سو اُس کی توجیہ یہ ہے کہ مقربین کی جزاء میں وہ سامان عیش زیادہ مذکور ہے جو اہل شہر کو زیادہ مرغوب ہے اور اصحاب الیمین کی جزاء میں وہ سامان عیش زیادہ مذکور ہے جو اہل قریہ کو زیادہ مرغوب ہے پس اشارہ اس طرف ہوگیا کہ اُن میں ایسا تفاوت ہوگا جیسا اہل شہر واہل قریہ میں کذا فی الروح) اور (آگے کفار کا اور اُن کے عقاب کا ذکر ہے یعنی) جو بائیں والے ہیں وہ بائیں والے کیسے بُرے ہیں (اور اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ) وہ لوگ آگ میں ہوں گے اور کھولتے ہوئے پانی میں اور سیاہ دھوئیں کے سایہ میں جو نہ ٹھنڈا ہوگا اور نہ فرحت بخش ہوگا (یعنی سایہ سے ایک جسمانی نفع ہوتا ہے راحت برودت اور ایک روحانی نفع ہوتا ہے لذت وفرحت وہاں دونوں منفی ہوں گے یہ وہی دھواں ہے جس کا ذکر اوپر سورۂ رحمان میں آیا ہے ونحاس آگے اس عقاب کی وجہ ارشاد ہے کہ) وہ لوگ اس کے قبل (یعنی دُنیا میں) بڑی خوشحالی میں رہتے تھے اور (اُس خوشحالی کے غرہ میں) بڑے بھاری گناہ (یعنی شرک وکفر) پر اصرار کیا کرتے تھے (مطلب یہ کہ ایمان نہیں لائے تھے) اور (آگے اُن

www.besturdubooks.net

کے کفر کا بیان ہے جس کو زیادہ دخل ہے عدم طلب حق میں یعنی وہ) یوں کہا کرتے تھے کہ جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں (ہوکر) رہ گئے تو کیا (اس کے بعد) ہم دوبارہ زندہ کئے جاویں گے اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی (زندہ ہوں گے چونکہ منکرین قیامت میں بعض کفار پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی تھے اس لئے اس کے متعلق ارشاد ہے کہ) آپ کہہ دیجئے کہ سب اگلے اور پچھلے جمع کئے جاویں گے ایک معین تاریخ کے وقت پر پھر (جمع ہونے کے بعد) تم کو اے گمراہو جھٹلانے والو درخت زقوم سے کھانا ہوگا پھر اُس سے پیٹ بھرنا ہوگا پھر اُس پر کھولتا ہوا پانی پینا ہوگا پھر پینا بھی پیاسے اونٹوں کا سا (غرض) ان لوگوں کی قیامت کے روز یہ دعوت ہوگی۔ **ف:** ولدان یعنی غلمان کے بارہ میں قول راجح جس کو خازن نے صحیح اور حق کو اُس میں ظنا منحصر کہا ہے یہ ہے کہ وہ ایک مستقل مخلوق ہیں مثل حور کے اور ولدان میں معنی ولادت کے ماخوذ نہیں اور حکمت اُن کے خادم بنانے میں محض فرحت ہے بلا شہوت۔ اور مقربین و اصحاب الیمین کے باب میں جو اولین و آخرین آیا ہے اُس کی تفسیر منصور وہی ہے جو تقریر ترجمہ میں مع دلیل اختیار کی گئی اور بعض روایات میں جو آیا ہے هما جميعا من هذه الامة یہ اس طور پر مؤول ہے کہ مقصود تفسیر آیت کی نہ ہو بلکہ مطلب یہ ہو کہ جس طرح قرآن میں مذکور ہے کہ اولین میں مقربین زیادہ ہیں اور آخرین میں کم اسی طرح خود اس اُمت میں بھی یہی نسبت ہوگی کہ قرون اولیٰ میں مقربین زیادہ ہوں گے اور متاخرین میں کم گو یہ قرآن کا مدلول نہ ہو خوب سمجھ لو۔ اور اسی طرح قَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ کا مقربین کے بارہ میں ہونا اور ثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ کا اصحاب الیمین کی شان میں ہونا بھی صاف مدلول قرآنی ہے پس بعض روایات میں جو آیا ہے کہ جب قَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ نازل ہوا تو صحابہ کو شاق ہوا کہ اُمت محمدیہ میں سے قلیل ہی ہوں گے اُس پر ثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ نازل ہوا اھ اور اس روایت سے شبہ ہوتا ہے کہ قلیل اور ثلة کا مصداق ایک ہی ہے تو یہ بھی اس طرح مؤول ہے کہ صحابہ نے اول مقربین کے بارہ میں جو قَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ سنا تو یہ گمان ہوا کہ شاید یہی نسبت امم سابقہ اور اس اُمت کے عوام مؤمنین میں بھی ہو کہ اُن میں سے زیادہ ہوں اور اس اُمت میں کم اس لئے دوسری آیت میں بتلا دیا گیا کہ وہ نسبت مقربین میں ہے اور اصحاب الیمین میں دوسری نسبت ہے اور اس روایت میں جو آیا ہے فنسخت قَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ تو نسخ جیسا کہ آخر بقرہ تفسیر آیت لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ ..... [البقرة: ۲۸۴] میں گزرا ہے سلف کی اصطلاح میں اصطلاح متاخرین سے عام معنی میں استعمال ہوتا تھا یعنی توضیح مراد و رفع اشتباہ کو بھی نسخ کہتے تھے اور حمیم و جحیم کے متعلق ایک تحقیق سورۂ مؤمن کے اخیر میں گزری ہے اور اتراب کی تحقیق سورۂ ص میں گزری ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ اس سے معلوم ہوا کہ مقربین کا رتبہ صلحائے مؤمنین سے فوق ہے اور اہل تصوف کا یہی مقصود ہے۔

الحواشی: (۱) اس مقام کی مبسوط تحقیق تتمہ خامسہ ترجیح الراجح کے ص ۸۵ و ص ۸۶ و ص ۹۸ و ص ۱۰۲ ہذیل فصل ہفتم باب ۶ ۱۳۳۱ھ میں مذکور ہے ملاحظہ ہو ۱۲ منہ۔

اختلاف القراءۃ: وحور عين فى قراءة بالجر عطف على جنّٰت النعيم واما قراءة الرفع فوجهه لهم حور ۱۲۔

اللغات: الواقعة جعلت كالعلم للقيامة كاذبة مصدر بمعنى الكذب كالعافية والمخانئة۔ رجت زلزلت بست فتت ثلثة الجماعة قلت او كثرت وحمل على الكثرة بقرينة التقابل بقوله وقليل موضونة من الوضن وهو نسج الدرع المكنون المستور بما يحفظ ۱۲۔ العروب المتحببة الٰى زوجها والعاشقة له كذا فى القاموس ۱۲۔ سموم النار وانظر فى حواشى سورة الطور يحموم الدخان ولا سود من كل شئ كذا فى القاموس كريم نافع لمن ياوى اليه من اذى الحرور ذلك كرمه فهناك استعارة كذا فى الروح قوله الٰى ميقات بمعنى فى او عدى بالٰى لتضمن الجمع معنى السوق ۱۲۔ الهيم جمع اهيم الجمل الذى به الهيام بضم الهاء داء يصيب الابل ويشبه الاستسقاء ۱۲۔

النحو: قوله ليس لوقعتها اعتراض وخافضة رافعة فى الروح قدر ابو على المبتدأ مقرونا بالفاء اى فهى خافضة وجعل الجملة جواب اذا فكانه قيل اذا وقعت الواقعة خفضت قوما ورفعت قوما ۱۲۔ قوله اذا رجت بدل من اذا وقعت قوله ما اصحٰب الميمنة مبتدأ وخبر والجملة خبر اصحاب الميمنة المبتدأ قوله والسابقون السابقون مبتدأ وخبر قوله ثلة اى هم قوله جزاء اى جوزوا جزاء قوله فمالئون منها وقوله فشاربون عليه فى الكشاف انث ضمير الشجر على المعنى وذكره على اللفظ فى قوله منها وعليه ۱۲۔

البلاغۃ: قوله كنتم فيه تغليب للامة الحاضرة على الامم الخالية قوله فى جنّٰت النعيم قدم جزاء من تاخر فى الذكر لشرفه وللاتصال فى الكلام ۱۲۔

نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿۵۷﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿۵۸﴾ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۵۹﴾ نَحْنُ

www.besturdubooks.net

قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ۝۶۰ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۶۱
وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝۶۲ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ۝۶۳ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ
الزّٰرِعُوْنَ ۝۶۴ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ۝۶۵ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ۝۶۶ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ۝۶۷ اَفَرَءَيْتُمُ
الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ۝۶۸ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ۝۶۹ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا
تَشْكُرُوْنَ ۝۷۰ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ۝۷۱ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ۝۷۲ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا
ع تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ۝۷۳ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝۷۴

ہم نے تم کو (اول بار) پیدا کیا ہے (جس کو تم بھی تسلیم کرتے ہو) پھر تم تصدیق کیوں نہیں کرتے اچھا تم پھر بتلاؤ تم جو (عورتوں کے رحم میں) منی پہنچاتے ہو اس کو تم آدمی بناتے ہو یا ہم بنانے والے ہیں ہم ہی نے تمہارے درمیان موت کو (معین وقت پر) ٹھہرا رکھا ہے اور ہم اس سے عاجز نہیں ہیں کہ تمہاری جگہ تو اور تم جیسے (آدمی) پیدا کر دیں اور تم کو ایسی صورت میں بنا دیں جن کو تم جانتے بھی نہیں اور تم کو اول پیدائش کا علم حاصل ہے پھر تم کیوں نہیں سمجھتے۔ اچھا پھر یہ بتلاؤ کہ تم جو کچھ (تخم وغیرہ) بوتے ہو اس کو تم اگاتے ہو یا ہم اگانے والے ہیں اگر ہم چاہیں تو اس (پیداوار) کو چورا چورا کر دیں پھر تم متعجب ہو کر رہ جاؤ گے کہ (اب کے تو) ہم پر تاوان ہی پڑ گیا بلکہ بالکل ہی محروم رہ گئے (یعنی سارا ہی سرمایہ گیا گزرا) اچھا پھر یہ بتلاؤ کہ جس پانی کو تم پیتے ہو اس کو بادل سے تم برساتے ہو یا ہم برسانے والے ہیں اگر ہم چاہیں اس کو کڑوا کر ڈالیں سو تم کیوں نہیں شکر کرتے اچھا پھر یہ بتلاؤ جس آگ کو تم سلگاتے ہو اس کے درخت کو تم نے پیدا کیا ہے یا ہم پیدا کرنے والے ہیں ہم نے اس کو یاد دہانی کی چیز اور مسافروں کے فائدہ کی چیز بنایا ہے سو آپ عظیم الشان پروردگار کے نام کی تسبیح کیجئے۔

تفسیر ربط: اوپر علت عقاب میں کفار کا شرک وکفر وانکار بعث نقل فرمایا ہے آگے بعض تصرفات وجوہ نعمت بھی ہیں پھر کفر وشرک کیسے کرتے ہو اور یہ تصرفات دلائل قدرت بھی ہیں پھر امکان بعث کے کیسے منکر ہوتے ہو۔

تزییف انکار توحید وبعث بیان بعض تصرفاتِ الٰہیہ: نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ۝ (الی قولہ تعالیٰ) فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝ ہم نے تم کو (اول بار) پیدا کیا ہے (جس کو تم بھی تسلیم کرتے ہو) تو پھر تم (باعتبار اس کے نعمت ہونے کے توحید کی اور باعتبار اس کے دلیل قدرت علی الاعادہ ہونے کے بعث کی تصدیق کیوں نہیں کرتے (آگے اس خلق کی پھر اسباب بقاء کی تفصیل وتذکیر ہے یعنی) اچھا پھر یہ بتلاؤ تم جو (عورتوں کے رحم میں) منی پہنچاتے ہو اس کو تم آدمی بناتے ہو یا ہم بنانے والے ہیں (اور ظاہر ہے کہ ہم ہی بناتے ہیں اور) ہم ہی نے تمہارے درمیان میں موت کو (معین وقت پر) ٹھہرا رکھا (مطلب یہ کہ بنانا اور اس بنائے ہوئے کو ایک وقت خاص تک باقی رکھنا یہ سب ہمارا ہی کام ہے آگے یہ بتلاتے ہیں کہ جیسا احداث وابقائے ذات ہمارا فعل ہے اسی طرح ابقاء تمہاری صورت کا جو کہ مدار ہے تمہارے انتفاع کا اپنی ذات سے نیز ہمارا ہی فعل ہے اور) ہم اس سے عاجز نہیں ہیں کہ تمہاری جگہ تو اور تم جیسے (آدمی) پیدا کر دیں اور تم کو ایسی صورت بنا دیں جن کو تم جانتے بھی نہیں (یعنی مثلاً آدمی سے جانور کی صورت میں مسخ کر دیں جس کا گمان بھی نہ ہو) اور (آگے تنبیہ ہے امر مذکور سے استدلال پر یعنی) تم کو اول پیدائش کا علم حاصل ہے (کہ وہ ہماری قدرت سے ہے) پھر تم کیوں نہیں سمجھتے (کہ سمجھ کر اس نعمت کا شکر یعنی توحید بجا لاؤ اور بعث پر بھی استدلال کرو۔ آگے ایک دوسری تنبیہ ہے یعنی) اچھا پھر یہ بتلاؤ تم جو کچھ (تخم وغیرہ) بوتے ہو اُس کو تم اُگاتے ہو یا ہم اُگانے والے ہیں (یعنی زمین میں ڈالنے میں تو تم کو کچھ دخل ہے بھی لیکن اُس کو زمین سے نکالنا یہ کس کا فعل ہے آگے اس ایجاد کے موقوف علی القدرۃ ہونے کے بعد اُس سے منتفع ہونے کا موقوف علی القدرۃ ہونا بتلاتے ہیں جیسا اوپر بھی فرمایا تھا یعنی) اگر ہم چاہیں تو اس (پیداوار کو چورا چورا کر دیں (یعنی دانہ کچھ نہ پڑے پتی خشک ہو کر ریزہ ریزہ ہو جاوے) پھر تم متعجب ہو کر رہ جاؤ کہ (اب کے تو) ہم پر تاوان ہی پڑ گیا (یعنی سرمایہ میں نقصان آ گیا اور نقصان کیا) بلکہ بالکل ہی محروم رہ گئے (یعنی سارا ہی سرمایہ گیا گزرا۔ آگے تیسری تنبیہ ہے یعنی) اچھا پھر یہ بتلاؤ کہ جس پانی کو تم پیتے ہو اُس کو بادل سے تم برساتے ہو یا ہم برسانے والے ہیں (آگے پھر اسی انتفاع کا موقوف علی القدرۃ ہونا ارشاد ہے کہ) اگر ہم چاہیں اُس کو کڑوا کر ڈالیں تو تم شکر کیوں نہیں کرتے (جس کی فرد اعظم توحید وترک کفر ہے آگے چوتھی تنبیہ ہے یعنی) اچھا پھر یہ بتلاؤ جس آگ کو تم سلگاتے ہو اُس کے درخت کو (جس میں سے یہ جھڑتی ہے جس کا بیان آخر سورۂ یٰسین میں آ چکا ہے اور اسی طرح جس ذرائع سے یہ پیدا ہوتی ہے اُن ذرائع کو) تم نے پیدا کیا ہے یا ہم پیدا کرنے والے ہیں ہم نے اُس کو (آتش دوزخ کی یا اپنی قدرت عجیبہ کی)

www.besturdubooks.net

یاددہانی کی چیز اور مسافروں کے لئے فائدہ کی چیز بنایا ہے (کہ اول دینی فائدہ اور دوسرا دنیوی اور تخصیص مسافرین حصر کے لئے نہیں بلکہ سفر میں آگ کمیاب ہونے سے ایک شئی عجیب ہوتی ہے اور متاعاً میں اشارہ ہوگیا اسی توقف انتفاع علی القدرۃ کی طرف) سو (جس کی ایسی قدرت ہے) اپنے (اس) عظیم الشان پروردگار کے نام کی تسبیح (وتحمید) کیجئے (کہ کمال ذات وصفات مقتضی استحقاق حمد وثناء ہیں اور نام کی تسبیح وغیرہ کی تحقیق آیۂ اخیر سورۂ رحمٰن میں گزر چکی)۔ ف: یہ سب امور نعم موجب للتوحید بھی ہیں اور دلائل موجب لاعتقاد القدرۃ علی البعث بھی ہیں۔

اللغات: بمسبوقین عاجزین ولما استلزم عدم المسبوقیة الغلبة والقدرة عدی بعلی فتقدیر الکلام هکذا نحن بمسبوقین بل نحن قادرون علی ان نبدل الخ الحرث العمل فی الارض الزرع الانبات تفکهون تعجبون تورون فی القاموس وریت النار وریا اتقدت ۱۲۔ قوله للمقوین الداخلین فی القواء وهی القفر ای الارض الخالیة۱۲۔

البلاغة: قوله افرأیتم فی مواضع الفاء للتعقیب فی السوال التقریری الناشی من قوله خلقنا کم قوله افرأیتم ما تمنون الخ قدم امر خلق الانسان من نطفه لان النعمة فی ذلك قبل النعمة فی الثلثة بعد ثم ذکر بعده ما به قوام الانسان من فائدة الحرث وهو الطعام الذی لا یستغنی عنه الجسد الحی وذلك الحب الذی یختبر فیحتاج بعد حصوله الی حصول الماء لیعجن به فلذا ذکر بعده ثم الی النار لتصیره خبزًا فلذا ذکرت بعد الماء وقال بعضهم ان تقدیم امر الماء علی امر النار لان الاحتیاج الیه اشد واکثر والانتفاع به اعم واو فروتا خیر منفعة کون النار متاعا عن کونها تذکرة للتنبیه علی ان الاهم هو النفع الاخروی کذا فی الروح بتغییر ترتیب ۱۲قوله لو نشاء جعلنٰه اجاجا حذفت اللام من جواب لو ههنا لان اللام لمجرد التاکید فادخلت فی آیة المطعوم دون المشروب للدلالة علی ان امره مقدم علی امره وان الوعید بفقده اشد واصعب من قبل ان المشروب تبع له هکذا فی روح المعانی نقلا عن الزمخشری ۱۲۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۝٧٥ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ۝٧٦ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ۝٧٧ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ۝٧٨
لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝٧٩ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٨٠ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۝٨١ وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ
اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۝٨٢ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۝٨٣ وَاَنْتُمْ حِيْنَىِٕذٍ تَنْظُرُوْنَ ۝٨٤ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ
لَّا تُبْصِرُوْنَ ۝٨٥ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ۝٨٦ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝٨٧ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ
مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝٨٨ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ۝٨٩ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝٩٠ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ
اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝٩١ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّاۗلِّيْنَ ۝٩٢ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ۝٩٣ وَّتَصْلِيَةُ
جَحِيْمٍ ۝٩٤ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ۝٩٥ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝٩٦ ع ٣ ٢٢ ١٦

میں قسم کھاتا ہوں ستاروں کے چھپنے کی اور اگر تم غور کرو تو یہ ایک بڑی قسم ہے کہ یہ ایک مکرم کتاب ہے جو ایک محفوظ کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں درج ہے کہ اس کو بجز پاک فرشتوں کے کوئی ہاتھ نہیں لگانے پاتا یہ رب العالمین کی طرف سے بھیجا ہوا ہے سو کیا تم اس کلام کو سرسری بات سمجھتے ہو اور تکذیب کو اپنی غذا بنا رہے ہو۔ سو جس وقت روح حلق تک آ پہنچتی ہے اور تم اس وقت تکا کرتے ہو اور ہم (اس وقت) اس (مرنے والے) شخص کے تم سے بھی زیادہ نزدیک ہوتے ہیں لیکن تم سمجھتے نہیں ہو تو (فی الواقع) اگر تمہارا حساب کتاب ہونے والا نہیں ہے تو تم اس روح کو (بدن کی طرف) پھر کیوں نہیں لوٹا لاتے ہو اگر تم سچے ہو۔ پھر (جب قیامت واقع ہوگی تو) جو شخص مقربین میں سے ہوگا اس کے لئے تو راحت ہے اور فراغت کی غذائیں ہیں اور آرام کی جنت ہے اور جو شخص داہنے والوں میں سے ہوگا تو اس سے کہا جائے گا کہ تیرے لئے امن وامان ہے کہ تو داہنے والوں میں سے ہے اور جو شخص جھٹلانے والوں (اور) گمراہوں میں سے ہوگا تو کھولتے ہوئے پانی سے اس کی دعوت ہوگی اور دوزخ میں داخل ہونا ہوگا بے شک یہ (جو کچھ مذکور ہوا) تحقیقی یقینی بات ہے سو اپنے (اس) عظیم الشان پروردگار کے نام کی تسبیح کیجئے۔

تفسیر: ربط: اوپر توحید وبعث پر دلائل عقلیہ بیان کئے گئے جن سے توحید کا وجوب اور بعث کا امکان ثابت ہوگیا چونکہ بعد امکان کے اصل مطلوب بعث کا

www.besturdubooks.net

وقوع ہے اور اُس میں دلیل عقلی کے ساتھ دلیل نقلی دال علی الوقوع کے انضمام کی ضرورت ہے اور جن مضامین میں تنبیہ اُس کا امکان عقلی پر کی گئی ہے جس طرح قرآن اُن کو مشتمل ہے اسی طرح نصوص علی الوقوع کو بھی مشتمل ہے کہ ان کا انضمام دلالت علی الوقوع کے لئے کافی ہے مگر اُن کو قرآن میں بھی کلام تھا اس لئے آگے قرآن کی حقانیت اور پھر بعث ومجازات کا وقوع اور کسی قدر تفصیل مختصر جس پر سورت مبسوطاً مشتمل تھی ارشاد فرماتے ہیں اور دلالت علی البعث کے ساتھ یہ مضمون دال علی التوحید بھی ہے۔

حقانیت قرآن کریم وتحقیق وقوع یوم عظیم: فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ (الی قولہ تعالی) لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ (اور دلائل عقلیہ سے امکان بعث کے ثابت ہونے کے بعد قرآن سے جو اُس کا وقوع ثابت ہے اور تم اُس قرآن کو نہیں مانتے) سو میں قسم کھاتا ہوں ستاروں کے چھپنے کی اور اگر تم غور کرو تو یہ ایک بڑی قسم ہے (اور قسم اس بات پر کھاتا ہوں) کہ یہ (قرآن جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوتا ہے بوجہ منزل من اللہ ہونے کے) ایک مکرم قرآن ہے جو ایک محفوظ کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں (پہلے سے) درج ہے (اور وہ لوح محفوظ ایسی ہے) کہ اُس کو بجز پاک فرشتوں کے (کہ گناہوں سے بالکلیہ پاک ہیں) کوئی (شیطان وغیرہ) ہاتھ نہیں لگانے پاتا (اس کے مضامین پر مطلع ہونا چہ معنی پس وہاں سے یہاں خاص طور پر آنا فرشتے ہی کے ذریعہ سے ہے اور یہی نبوت ہے اور شیاطین اُس کو نہیں لا سکتے کہ احتمال کہانت وغیرہ قادح نبوت ہو کقولہ تعالیٰ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ [الشعراء: ۱۹۳] وقولہ تعالیٰ: وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ [الشعراء: ۲۱۰] اس سے ثابت ہوا کہ) یہ رب العالمین کی طرف سے بھیجا ہوا ہے (جو کہ اشارۃ کریم کا مدلول تھا۔ یہاں ستاروں کے چھپنے کی قسم مفہوماً اور توجیہاً ایسی ہے جیسے شروع سورۂ والنجم میں جس کا وہاں بیان ہو چکا ہے جس میں ستاروں کا باعتبار غروب کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے موصوف بالنبوۃ اور منار الہدیٰ ہونے کا نظیر ہونا بھی بیان ہوا ہے جو کہ مقصود مقام ہے اور قسمیں جتنی قرآن میں ہیں بوجہ دلالت علی المطلوب کے سب ہی عظیم ہیں لیکن کہیں کہیں مطلوب کے خاص اہتمام اور اُس پر زیادہ متنبہ کرنے کے لئے عظیم ہونے کی تصریح بھی فرما دی ہے **کما ھھنا وفی الفجر** حاصل مقام کا اجمالاً وہ ہے جو تفصیلاً اخیر رکوع سورۂ شعراء میں ارشاد ہوا ہے) سو (جب اس کا منزل من اللہ ہونا ثابت ہے تو) کیا تم لوگ اس کلام کو سرسری بات سمجھتے ہو (یعنی) اس کو واجب التصدیق نہیں جانتے) اور (اس مداہنت سے بڑھ کر یہ کہ) تکذیب کو اپنی غذا بنا رہے ہو (اور اس لئے توحید ووقوع قیامت کا بھی انکار کرتے ہو سو اگر (یہ انکار حق ہے تو) جس وقت (مرنے کے قریب کسی شخص کی) روح حلق تک آ پہنچتی ہے اور تم اُس وقت (بیٹھے حسرت آلود نگاہ سے) تکا کرتے ہو اور ہم (اُس وقت) اُس (مرنے والے) شخص کے تم سے بھی زیادہ نزدیک ہوتے ہیں (یعنی تم سے بھی زیادہ اس شخص کے حال سے واقف ہوتے ہیں کیونکہ تم تو صرف ظاہری حالت دیکھتے ہو اور ہم اس کی باطنی حالت پر بھی مطلع ہوتے ہیں) لیکن (ہمارے اس قرب علمی کو بوجہ شوب جہل وکفر کے) تم سمجھتے نہیں ہو تو) فی الواقع) اگر تمہارا حساب کتاب ہونے والا نہیں ہے (جیسا تمہارا زعم ہے) تو تم اس روح کو (بدن کی طرف) پھر کیوں نہیں لوٹاتے ہو (جس کی اُس وقت تم کو تمنا بھی ہوا کرتی ہے) اگر (اس نفی بعث وحساب میں) تم سچے ہو (مطلب یہ کہ قرآن صادق ہے اور وقوع بعث کا ناطق ہے پس مقتضی وقوع متحقق ہوا اور مانع کوئی امر ہے نہیں پس وقوع ثابت ہو گیا اور اس پر بھی تمہارا انکار اور نفی کئے چلا جانا بدلالت حال اس کو مستلزم ہے کہ گویا تم روح کو اپنے بس میں سمجھتے ہو کہ گو قیامت میں خدا دوبارہ روح ڈالنا چاہے جیسا مقتضی قرآن کا ہے مگر ہم نہ ڈالنے دیں گے اور بعث نہ ہونے دیں گے جب ہی تم ایسی زور سے نفی کرتے ہو ورنہ جو اپنے کو عاجز جانے وہ دلائل وقوع کے بعد ایسے زور کی بات کیوں کہے سو اگر تم اپنے بس میں سمجھتے ہو تو ذرا اپنا زور اُسی وقت دکھلا دو جب کہ قریب الموت کے بقائے حیات کے متمنی بھی ہوتے ہو اور دیکھ دیکھ کر رحم بھی آتا ہے دلگیر بھی ہوتے ہو اور وہ زور دکھلانا یہ کہ اس روح کو نکلنے نہ دو بدن میں لوٹا دو جب اس پر بس نہیں تو منع بعث پر بھی بس نہ ہو گا کیونکہ حق تعالیٰ کے ان دونوں تصرف میں امر مشترک واحد ہے نقل روح ایک میں من الداخل الی الخارج دوسرے میں من الخارج الی الداخل پس ایک میں تمہارا عاجز ہونا بعینہٖ دوسرے میں عاجز ہونا ہے پھر ایسے لاطائل دعوے کیوں کرتے ہو اور چونکہ مقام ہے نفی قدرت کا اور نفی علم مستلزم ہے نفی تعلق قدرت کو اس لئے **ونحن اقرب** جملہ معترضہ میں اُن کے علم تام کی نفی فرما دی اور چونکہ یہ دلیل کافی اُن کے لئے شافی نہ ہوئی اس لئے **لا تبصرون** میں توبیخ بھی فرما دی اور چونکہ اس تقریر سے اثبات قدرت بھی ہوا اس لئے بعث کے ساتھ یہ توحید پر بھی دال ہے آگے کیفیت مجازات کی ارشاد ہے یعنی یہ تو ثابت ہو چکا کہ قیامت اپنے وقت پر ضرور آئے گی) پھر (جب قیامت واقع ہو گی تو) جو شخص مقربین میں سے ہو گا (جن کا ذکر اوپر آیا ہے **السابقون**.....) اس کے لئے تو راحت ہے اور (فراغت کی) غذائیں ہیں اور آرام کی جنت ہے اور جو شخص داہنے والوں میں سے ہو گا (جن کا ذکر اوپر آیا ہے **واصحب الیمین الخ**) تو اس سے کہا جاوے گا کہ تیرے لئے (ہر آفت اور خطرہ سے) امن وامان ہے کہ تو داہنے والوں میں سے ہے (اور یہ کہنا خواہ ابتداءً ہو اگر فضل یا توبہ کے سبب اول ہی مغفرت ہو جاوے یا انتہاءً ہو اگر بعد سزا کے مغفرت ہو اور یہاں روح وریحان کا ذکر نہ فرمانا نفی کے لئے نہیں بلکہ اشارہ اس طرف ہے کہ یہ سابقین سے ان امور میں کم ہو گا) اور جو شخص جھٹلانے والوں (اور) گمراہوں میں سے ہو گا تو کھولتے ہوئے پانی سے اس کی دعوت ہو گی اور

www.besturdubooks.net

دوزخ میں داخل ہونا ہوگا بے شک یہ (جو کچھ مذکور ہوا) تحقیقی یقینی بات ہے سو (جس کے یہ تصرفات ہیں) اپنے (اُس) عظیم الشان پروردگار کے نام کی تسبیح (وتحمید) کیجئے (وقدمر آنفا)۔

ف: لَّا يَمَسُّهٗٓ کی تقریر میں خاص طور پر کی قید اس لئے ہے کہ مطلق اطلاع لوح محفوظ پر بواسطہ کشف یا اخبار ملک کے مستلزم نبوت نہیں اگر یہ مسلم ہو کہ غیر نبی کے لئے ایسا ہوسکتا ہے ورنہ اس قید ہی کی حاجت نہیں الحمدللہ کہ تفسیر سورۂ واقعہ کی ختم ہوئی آگے سورۂ حدید کی تفسیر آتی ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ یہ دلیل ہے اس کی کہ اللہ تعالیٰ کا مقرب وہی ہوتا ہے جس کو اللہ تعالیٰ مقرب بنالے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله في انه لقرآن** جو پیغمبر الی منزل من اللہ **اشار به الى تغاير اسم ان وخبره بالحيثيتين ليفيد الحكم ۱۲۔**

الروایات: **ذكر في روايات عديدة نزول آية فلا اقسم الى تكذبون في القائلين مطرنا بنوء كذا لكنه يشكل ظاهر العدم ملائمته بما قبله وتوجيهه ان الآية كما هي دالة على البعث والتوبيخ على انكاره كذلك هي دالة على التوحيد والتوبيخ على انكاره فكان ملائما لكلا الامرين المقام وسبب النزول ۱۲۔ لطيفة عجيبة في المدارك ليس في هذه السور الثلاث ذكر لفظ الله اقربت الرحمٰن الواقعة آه والله اعلم باسراره اقول ومن اللطائف ان سورة المجادلة لا تخلو آية من آياتها عن لفظ الله والله اعلم باسراره ۱۲۔**

اللغات: **مواقع من الوقوع بمعنى السقوط مصدر ميمي وجمع باعتبار كثرة النجوم قوله مدهنون متهاونون به كمن يدهن في الامر اى يلين جانبه ولا يتصلب فيه تهاونا به واصل الاوهان كما قيل جعل الاديم ونحوه مدهونا بشيء من الدهن ويراد به اللين المعنوى على التجوز ۱۲۔**

النحو: **انه لقرآن راجع الى القرآن بقرينة المقام لا يمسه وصف لكتاب مكنون قوله رزقكم يقدر قبله مضاف اى شكر رزقكم وما حملته هو معنى حسن قوله بلغت اى الروح او النفس دل عليه المقام قوله فلو لا ان كنتم في الجلالين فلو لا الثانية تاكيد للاولى واذا ظرف لترجعون المتعلق به الشرطان والمعنى هلا ترجعونها ان لقيتم البعث صادقين في نفيه قوله فروح اى غله روح قوله فسلام لك بتقدير القول ومن اصحب اليمين خبر لمقدر فتقدير الكلام هكذا فيقال له سلام لك لانك من اصحب اليمين قوله فنزل اى فله نزل قوله حق اليقين الاضافة بمعنى من كما في المدارك اى الحق الثابت من اليقين ۱۲۔**

البلاغة: **قوله نحن اقرب هو من اطلاق السبب وارادة المسبب فان القرب أقوى سبب للاطلاع والعلم كذا في الروح قوله كان من اصحاب اليمين عبر عنهم بالعنوان السابق اذ لم يذكر لهم فيما سبق وصف ينبئ عن شانهم كما ذكر للفريقين الآخرين ولذا عبر عن السابقين بالمقربين وعن اصحاب الشمال بالمكذبين الضالين جسما وصفوا به عند بيان احوالهم لقوله تعالى ثم انكم ايها الضالون المكذبون ولما وقع هذا الكلام بعد تحقيق تكذيبهم ورده على اتم وجه ولم يقع الكلام السابق كذلك قدم وصف التكذيب هنا على عكس ما تقدم ۱۲۔**

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الْحَدِيدِ

سُورَةُ الْحَدِيدِ ۵۷ مَدَنِيَّةٌ ۹۴ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۲۹ رُكُوْعَاتُهَا ۴

سورۃ الحدید مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۲۹ آیات اور ۴ رکوع ہیں

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۱ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۲ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۳ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۚ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۴ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۵ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۚ وَهُوَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۶

اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں سب جو کچھ کہ آسمانوں اور زمین میں ہیں اور وہ زبردست اور حکمت والا ہے اسی کی سلطنت ہے آسمانوں اور زمین کی وہی حیات دیتا ہے اور (وہی) موت دیتا ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے (سب مخلوق سے) وہی پہلے ہے اور وہی پیچھے اور وہی ظاہر ہے اور وہی مخفی ہے اور وہ ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے۔ وہ ایسا ہے کہ اس نے آسمان اور زمین چھ روز (کی مقدار) میں پیدا کیا پھر تخت پر قائم ہوا وہ سب کچھ جانتا ہے جو چیز زمین کے اندر داخل ہوتی ہے (مثلاً بارش) اور جو چیز اس میں سے نکلتی ہے (مثلاً نباتات) اور جو چیز آسمان سے اترتی ہے اور جو چیز اس میں چڑھتی ہے اور وہ تمہارے ساتھ رہتا ہے خواہ تم لوگ کہیں بھی ہو اور وہ تمہارے سب اعمال کو بھی دیکھتا ہے اسی کی سلطنت ہے آسمان اور زمین کی اور اللہ ہی کی طرف سب امور لوٹ جاویں گے وہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے (جس سے دن بڑا ہو جاتا ہے) اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے (جس رات بڑی ہو جاتی ہے) اور وہ دل کی باتوں تک کو جانتا ہے۔

سورة الحديد مدنية الا صدرها الى قوله مستخلفين الأية فانه مكى كما يتحصل من الروح وهى تسع وعشرون اٰية

تفسیر ربط: سورت سابقہ کا خاتمہ اور اس سورت کا فاتحہ دونوں تسبیح پر مشتمل ہیں وہاں امر تھا یہاں خبر ہے اور مقصود اس خبر سے مع خبر دوسرے افعال وصفات کے اثبات توحید ہے۔

اثبات توحید: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (الى قوله تعالى) وَهُوَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں سب جو کچھ آسمانوں اور زمین میں (مخلوقات) ہیں (خواہ قالاً خواہ حالاً) اور وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے اُسی کی سلطنت ہے آسمانوں اور زمین کی وہی حیات دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے اور (وہی) ہر چیز پر قادر ہے وہی (سب مخلوق سے) پہلے ہے اور وہی (سب کے فنائے ذاتی یا صفاتی سے) پیچھے (بھی رہے گا یعنی اس پر نہ عدم سابق طاری ہوا ہے جیسا سب مخلوق پر وقوعاً ہوا ہے اور نہ عدم لاحق طاری ہوگا خواہ وقوعاً جیسا فنائے عالم کے وقت مخلوق پر ہوگا خواہ مرتبۂ ذات میں جو باوجود خلود اہل جنت واہل نار کے بھی سب پر ہوگا کیونکہ مخلوق ابدی بھی ممکن ہی ہے اور ممکن مرتبۂ ذات میں عاری ہے وجود سے اس عری کے وقت بھی حق تعالیٰ کے لئے وجوب ثابت ہے پس بایں معنی سب سے آخر وہی ہے وقد مر بعض من هذا فى قوله تعالىٰ: كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ [القصص: ۸۸]) اور وہی مطلق وجود کے اعتبار سے دلائل سے نہایت) ظاہر ہے اور وہی (کنہ ذات کے اعتبار سے نہایت) مخفی ہے (یعنی کوئی اُس کی ذات کا

www.besturdubooks.net

ادراک نہیں کر سکتا) اور (گو وہ خود تو ایسا ہے کہ مخلوق کو من وجہ معلوم ہے اور من وجہ غیر معلوم لیکن مخلوق سب من کل الوجوہ اُس کو معلوم ہے اور) وہ ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے (اور) ایسا (قادر) ہے کہ اُس نے آسمان اور زمین کو چھ روز (کی مقدار زمانہ) میں پیدا کیا پھر عرش پر (جو کہ مشابہ ہے تخت سلطنت کے اس طرح) قائم (اور جلوہ فرما) ہوا (جو کہ اُس کی شان کے لائق ہے اور) وہ سب کچھ جانتا ہے جو چیز زمین کے اندر داخل ہوتی ہے (مثلاً بارش) اور جو چیز اس میں سے نکلتی ہے (مثلاً نباتات) اور جو چیز آسمان سے اترتی ہے اور جو چیز اُس میں چڑھتی ہے (مثلاً ملائکہ کہ نزول وعروج کرتے ہیں اور مثلاً احکام جن کا نزول ہوتا ہے اور اعمال جن کا صعود ہوتا ہے) اور (جس طرح اُن چیزوں کا اس کو علم ہے اسی طرح تمہارے تمام احوال کا بھی اُس کو علم ہے چنانچہ) وہ (علم واطلاع کے اعتبار سے) تمہارے ساتھ رہتا ہے خواہ تم لوگ کہیں بھی ہو (یعنی تم کسی جگہ اُس سے مخفی نہیں رہ سکتے) اور وہ تمہارے سب اعمال کو بھی دیکھتا ہے اُسی کی سلطنت ہے آسمانوں اور زمین کی اور اللہ ہی کی طرف سب اُمور (جوہریہ وعرضیہ) لوٹ جاویں گے (یعنی قیامت میں سب پیش ہو جاویں گے) اس میں توحید کے ساتھ ضمناً بعث کا اثبات ہو گیا اور اوپر لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ ...... فرمانا تقریر احیاء واماتت کے لئے ہے اور یہاں تحقیق بعث واعادہ کے لئے پس تکرار نہیں ہے) وہی رات کے (اجزاء) کو دن میں داخل کرتا ہے (جس سے دن بڑا ہو جاتا ہے) اور وہی دن (کے اجزاء) کو رات میں داخل کرتا ہے (جس سے رات بڑی ہو جاتی ہے) اور (اس قدرت کے ساتھ اُس کا علم ایسا ہے کہ) وہ دل کی باتوں (تک) کو جانتا ہے۔

الروایات: روی مسلم قال ﷺ **انت الظاهر فليس فوقك شئ وانت الباطن فليس دونك شئ الحديث والمراد ليس فوقك شئ في الظهور اى انت اظهر من كل شئ وانت الباطن فليس دونك اى ورائك وابعد منك في البطون شئ اى انت البطن من كل شئ لانه لا يمكن اصلا معرفة حقيقتك آ ۱۲۵۔**

اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝
وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۸
هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖۤ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ
رَّحِيْمٌ ۝ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ
مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ
ع الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗۤ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝۱۱

تم لوگ اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور ایمان لا کر جس مال میں تم کو اس نے قائم مقام بنایا ہے اس میں سے (اس کی راہ میں) خرچ کرو سو جو لوگ تم میں سے ایمان لے آئیں اور خرچ کریں ان کو بڑا ثواب ہوگا اور تمہارے لئے اس کا کون سبب ہے کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے حالانکہ رسول تم کو اس بات کی طرف بلا رہے ہیں کہ تم اپنے رب پر ایمان لاؤ اور خود خدا تعالیٰ نے تم سے عہد لیا تھا اگر تم کو ایمان لانا ہو وہ (رحیم) ایسا ہے کہ اپنے بندے (خاص محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر صاف صاف آیتیں بھیجتا ہے تا کہ وہ تم کو (کفر وجہل کی تاریکیوں سے روشنی کی طرف لائے اور بے شک اللہ تعالیٰ تمہارے حال پر بڑا شفیق مہربان ہے اور تمہارے لئے اس کا کون سبب ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے حالانکہ سب آسمان وزمین اخیر میں اللہ ہی کا رہ جائیگا جو لوگ فتح مکہ سے پہلے (فی سبیل اللہ) خرچ کر چکے اور لڑ چکے برابر نہیں وہ لوگ درجہ میں ان لوگوں سے بڑے ہیں جنہوں نے (فتح مکہ کے) بعد خرچ کیا اور لڑے اور یوں اللہ تعالیٰ نے بھلائی (یعنی ثواب) کا وعدہ سب سے کر رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب اعمال کی پوری خبر ہے کوئی شخص ہے جو اللہ تعالیٰ کو قرض کے طور پر دے پھر خدا تعالیٰ اس (دیئے ہوئے کے ثواب) کو اس شخص کیلئے بڑھاتا چلا جائے اور اس کیلئے اجر پسندیدہ۔

تفسیر ربط: اوپر توحید کا اثبات تھا آگے اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ میں اس توحید کے قبول کرنے کا امر اور اُس کے ساتھ رسول پر ایمان لانے کا امر کہ بدوں اُس کے رسول کی خبر سننے والوں کے لئے توحید منجی نہیں اور اس حکم اصلی کے ساتھ ایک حکم فرعی یعنی انفاق فی سبیل اللہ کا امر کہ علامت ہے کمال ایمان باللہ وبالرسول کی و نیز معین ہے اشاعت اسلام میں جو اعظم مقصود ہے انفاق فی سبیل اللہ بمعنی الجہاد کا جیسا انفق کے ساتھ قاتل کا لانا اس کا قرینہ ہے جس سے حاصل مقام کا یہ ہوگا کہ خود بھی ایمان لاؤ اور دوسروں کے ایمان لانے کے واسطے بھی کوشش کرو اور اوامر کے ساتھ اُن کے فعل پر اجر وکرامت اور ترک پر ملامت ارشاد ہے۔

ایجاب ایمان باللہ والرسول وانفاق فی سبیل اللہ: اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (الی قوله تعالی) وَلَهٗۤ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝ تم لوگ اللہ پر اور اُس کے رسول پر ایمان

www.besturdubooks.net

لاؤ اور (ایمان لاکر) جس مال میں تم کو اُس نے دوسروں کا قائم مقام بنایا ہے اُس میں سے (اُس کو راہ میں) خرچ کرو (اس عنوان استخلاف میں اس طرف اشارہ ہے کہ یہ مال تم سے پہلے اور کسی کے پاس تھا اور اسی طرح تمہارے بعد کسی اور کے ہاتھ میں چلا جاوے گا بس جب یہ سدا رہنے والی چیز نہیں تو اس کو اس طرح جوڑ جوڑ کر رکھنا کہ ضروری مصرف میں بھی خرچ نہ کیا جاوے حماقت محضہ ہے) سو (اس حکم کے موافق) جو لوگ تم میں سے ایمان لے آویں اور (ایمان لا کر اللہ تعالیٰ کی راہ میں) خرچ کریں اُن کو بڑا ثواب ہوگا اور (جو لوگ ایمان نہ لاویں اُن سے ہم پوچھتے ہیں کہ) تمہارے لئے اس کا کون سبب ہے کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے (اسی میں ایمان بالرسول آ گیا) حالانکہ (دواعی قویہ ایمان لانے کے موجود ہیں وہ یہ کہ) رسول (صلی اللہ علیہ وسلم جن کی رسالت دلائل سے ثابت ہے) تم کو اس بات کی طرف بُلا رہے ہیں کہ تم اپنے رب پر (حسب تعلیم اُس رب کے) ایمان لاؤ (ایک داعی تو یہ ہوا) اور (دوسرا داعی یہ کہ) خود خدا نے تم سے (ایمان لانے کا میثاق الست میں) عہد لیا تھا (جس کا اجمالی اثر تمہاری فطرت میں بھی موجود ہے اور رسل مؤیدین بالبراہین نے بھی اُس کی یاد دہانی کی سو) اگر تم کو ایمان لانا ہو (تو یہ دواعی کافی ہیں ورنہ پھر ایمان لانے کے لئے کس داعی کا انتظار ہے کقولہ تعالیٰ: فَبِاَیِّ حَدِیْثٍۢ بَعْدَ اللّٰهِ وَ اٰیٰتِهٖ یُؤْمِنُوْنَ [الجاثیة: ٦] آگے اس مضمون والرسول الخ کی اور شرح ہے کہ) وہ ایسا (رحیم) ہے کہ اپنے بندۂ (خاص محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر صاف صاف آیتیں بھیجتا ہے (جو دلالت علی المقصود میں بوجہ حسن عبارت و وصف حقیت میں بوجہ اعجاز نہایت واضح ہیں) تاکہ وہ (بندۂ خاص) تم کو (کفر و جہل کی) تاریکیوں سے (ایمان اور علم حقائق کی) روشنی کی طرف لاوے (کقولہ تعالیٰ: لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ [ابراھیم: ۱]) اور بے شک اللہ تمہارے حال پر بڑا شفیق مہربان ہے (کہ اس نے ایسا رسول مخرج من الظلمات تمہاری طرف بھیجا) اور (اس مضمون میں تو ایمان نہ لانے پر سوال تھا اب عدم انفاق پر ہم پوچھتے ہیں کہ) تمہارے لئے اس کا کون سبب ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے حالانکہ (اس کا بھی ایک قوی داعی متحقق ہے وہ یہ کہ) سب آسمان اور زمین اخیر میں اللہ ہی کا رہ جاوے گا (جب سب مالک مر جاویں گے اور وہی رہ جاوے گا پس جب سب مال ایک روز چھوڑنا ہے تو خوشی سے کیوں نہ دیا جاوے کہ ثواب بھی ہو اور آسمان کا ذکر کرنا باوجودیکہ کوئی مخلوق اُس کی مالک نہیں شاید اس نکتہ کے لئے ہو کہ جیسے آسمان بلا شرکت اُس کی ملک ہے اسی طرح زمین بھی حقیقۃً تو فی الحال بھی اور مآل میں ظاہراً بھی یہ مضمون متخلفین کی شرح کے طور پر ہو گیا آگے منافقین کے درجات کا تفاضل بتلاتے ہیں کہ گو خرچ کرنا بوجہ مامور بہ ہونے کے ہر ایک کے لئے جو ایمان لا کر خرچ کرے موجب اجر ہے لیکن پھر بھی تفاوت ہے وہ یہ کہ) جو لوگ فتح مکہ سے پہلے (فی سبیل اللہ) خرچ کر چکے ہیں اور (فی سبیل اللہ) لڑ چکے (اور جو کہ بعد فتح مکہ کے لڑے اور خرچ کیا دونوں) برابر نہیں (بلکہ) وہ لوگ درجہ میں اُن لوگوں سے بڑے ہیں جنہوں نے (فتح مکہ کے) بعد میں خرچ کیا اور لڑے اور (یوں) اللہ تعالیٰ نے بھلائی (یعنی ثواب) کا وعدہ سب سے کر رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب اعمال کی پوری خبر ہے (اس لئے ثواب دونوں وقت کے عمل پر دیں گے اس لئے جن لوگوں کو موقع فتح کے قبل خرچ کا نہیں ملا ہم اُن کو بھی ترغیباً کہتے ہیں کہ) کوئی شخص ہے جو اللہ تعالیٰ کو اچھی طرح (یعنی خلوص کے ساتھ) قرض کے طور پر دے پھر خدا تعالیٰ اس (دیئے ہوئے ثواب) کو اُس شخص کے لئے بڑھاتا چلا جاوے اور (مضاعفۃ کے ساتھ) اُس کے لئے اجر پسندیدہ (تجویز کیا گیا) ہے (مضاعفۃ سے زیادہ فی الکم اور کریم سے زیادہ فی الکیف کی طرف اشارہ ہے)۔

ف: اور اس تفاوت قبل الفتح و بعد الفتح کی وجہ روح المعانی میں یہ لکھی ہے کہ قبل فتح نصرت بالنفس والمال کی احتیاج زیادہ تھی کیونکہ مسلمان کم تھے اور اعداء زیادہ تھے اور غنائم وغیرہ کی بھی اُمید نہ تھی اس لئے انفاق و قتال انفع و اشد علی النفس تھا اور بعد میں ان اُمور میں تفاوت ہو گیا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ۝ ایمان لانا ہو الخ اخذته من المدارك والخازن فلا يشكل كون الآية خطابا للكفار كما دل عليه قوله تعالى امنوا الخ فافهم ۱۲۔

يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ بِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۱۲ يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتُ

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ؕ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ

بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَ ظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ۝۱۳ يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ

مَّعَكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَ لٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَ تَرَبَّصْتُمْ وَ ارْتَبْتُمْ وَ غَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ

www.besturdubooks.net

اللّٰهِ وَغَرَّكُم بِاللّٰهِ الْغَرُورُ ﴿۱۴﴾ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنكُمْ فِدْيَةٌ وَلَا مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ مَأْوَاكُمُ
النَّارُ ۖ هِيَ مَوْلَاكُمْ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿۱۵﴾ أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ آمَنُوا أَن تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ
مِنَ الْحَقِّ وَلَا يَكُونُوا كَالَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ ۖ
وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ﴿۱۶﴾ اعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ يُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ
تَعْقِلُونَ ﴿۱۷﴾ إِنَّ الْمُصَّدِّقِينَ وَالْمُصَّدِّقَاتِ وَأَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ أَجْرٌ كَرِيمٌ ﴿۱۸﴾
وَالَّذِينَ آمَنُوا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الصِّدِّيقُونَ ۖ وَالشُّهَدَاءُ عِندَ رَبِّهِمْ لَهُمْ
أَجْرُهُمْ وَنُورُهُمْ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿۱۹﴾ ع ۲ ۱۸

جس دن آپ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو دیکھیں گے کہ ان کا نور ان کے آگے اور ان کی داہنی طرف دوڑتا ہوگا آج تم کو بشارت ہے ایسے باغوں کی جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ بڑی کامیابی ہے (اور یہ وہ دن ہوگا) جس روز منافق مرد اور منافق عورتیں مسلمانوں سے (پل صراط پر) کہیں گے کہ ذرا ہمارا انتظار کرلو کہ ہم بھی تمہارے نور سے کچھ روشنی حاصل کرلیں ان کو جواب دیا جائے گا کہ تم اپنے پیچھے لوٹ جاؤ پھر وہاں سے روشنی تلاش کرو پھر ان (فریقین) کے درمیان ایک دیوار قائم کردی جائے گی جس میں ایک دروازہ بھی ہوگا (جس کی کیفیت یہ ہے کہ) اس کے اندرونی جانب میں رحمت ہوگی اور بیرونی جانب کی طرف عذاب یہ (منافق) ان کو پکارے گا کہ کیا (دنیا میں) تمہارے ساتھ نہ تھے وہ (مسلمان) کہیں گے کہ (ہاں) تھے تو سہی لیکن تم نے اپنے کو گمراہی میں پھنسا رکھا تھا اور تم منتظر رہا کرتے تھے اور (اسلام کے حق ہونے میں) تم شک رکھتے تھے اور تم کو تمہاری بیہودہ تمناؤں نے دھوکہ میں ڈال رکھا یہاں تک کہ تم پر خدا کا حکم پہنچا اور تم کو دھوکہ دینے والے یعنی شیطان نے اللہ کے ساتھ دھوکہ میں ڈال رکھا تھا غرض آج نہ تم سے کوئی معاوضہ لیا جائے گا اور نہ کافروں سے تم سب کا ٹھکانہ دوزخ ہے وہی تمہارا رفیق ہے اور وہ (واقعی) برا ٹھکانہ ہے۔ کیا ایمان والوں کے لئے اس بات کا وقت نہیں آیا کہ ان کے دل خدا کی نصیحت کے اور جو دین حق (منجانب اللہ) نازل ہوا ہے اس کے سامنے جھک جائیں اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں جن کو ان کے قبل کتاب (آسمانی) ملی تھی (یعنی یہود ونصاریٰ) پھر (اسی حالت میں) ان پر زمانہ دراز گزر گیا (اور توبہ نہ کی) پھر ان کے دل (خوب ہی) سخت ہوگئے اور بہت سے آدمی ان میں کے (آج) کافر ہیں یہ بات جان لو کہ اللہ تعالیٰ زمین کو اس کے خشک ہوئے پیچھے زندہ کردیتا ہے ہم نے تم سے اس کے نظائر بیان کردیئے ہیں تاکہ تم سمجھو۔ صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور یہ (صدقہ دینے والے) اللہ کو خلوص کے ساتھ قرض دے رہے ہیں وہ صدقہ باعتبار ثواب کے ان کے لئے بلاشبہ بڑھادیا جائے گا اور ان کے لئے اجر پسندیدہ ہے اور جو لوگ اللہ پر اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں ایسے ہی لوگ اپنے رب کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں ان کے لئے (جنت میں ان کا اجر خاص) اور (صراط پر) ان کا نور (خاص) ہوگا اور جو لوگ کافر ہوئے اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا یہی لوگ دوزخی ہیں۔

تفسیر ربط: اوپر ایمان وانفاق فی سبیل اللہ کا امر تھا آگے دو باتیں بتلاتے ہیں ایک یہ کہ ایمان مطلوب ومامور بہ وہ ہے جو کامل ہو یعنی اُس میں اقرار کے ساتھ تصدیق بھی ہو اور اعمال صالحہ بھی ہوں اس لئے ذکر مؤمنین کے بعد منافقین کا حرمان وخسران جن کو تصدیق حاصل نہ تھی اور اُس کے بعد ترک خشوع پر کہ متصل ہے اخلال بالاعمال کا معاتبہ وتحذیر ارشاد ہے اور دوسرا امر اس ایمان کامل کی اور بمقتضائے مقام اُس ایمان کے فروع میں سے انفاق فی سبیل اللہ کی فضیلت اور اُس پر بشارت ذکر کرنا مقصود ہے چنانچہ آیات آئندہ کے اول وآخر میں یہی مضمون ہے اور ہر چند کہ اوپر بھی اجمالاً فضیلت اُس کی مذکور ہے لیکن وہاں تبعاً تقویۃ للامر ہے اور یہاں مقصوداً ومستقلاً ہے پھر عنوان بھی مختلف ہے پس تکرار بھی نہ رہا اور تتمیم مقابلہ کے لئے درمیان میں منافقین کے ساتھ اور آخر میں مؤمنین کے بعد کفار غیر مقرین وغیر مصدقین کی مذمت وعقوبت کا بیان ہے۔

بشارت مؤمنین ومصدقین وخسارت ومذمت منافقین وکافرین ومذمت غیر خاشعین:

يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ (الی قولہ تعالی) أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿۱۹﴾ (وہ دن بھی قابل یاد کرنے کے ہے) جس دن آپ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو دیکھیں گے کہ اُن کا نور اُن کے آگے اور اُن کی داہنی طرف دوڑتا ہوگا (یہ نور پل صراط پر سے گزرنے کے لئے ان کے ہمراہ

www.besturdubooks.net

ہوگا اور ایک روایت میں ہے کہ بائیں طرف بھی ہوگا کذا فی الدر المنثور تو تخصیص داہنی طرف کی شاید اس لئے ہو کہ اس طرف نُور زیادہ قوی ہو اور نکتہ اس تخصیص میں شاید یہ ہو کہ شعار ہو اُن کے نامۂ اعمال داہنے ہاتھ میں دیئے جانے کا اور سامنے نور ہونا ایسے موقع پر عادت شائعہ ہے اور اُن سے کہا جاوے گا کہ) آج تم کو بشارت ہے ایسے باغوں کی جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے (اور) یہ بڑی کامیابی ہے (یا تو یہ بات بھی اسی وقت کہی جاوے گی یا وقت اخبار کے کہی جا رہی ہے اور بُشْرٰىكُمُ کہنے والے غالباً فرشتے ہیں لقولہ تعالیٰ :تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا...... [حم السجدة : ۳۰] یا حق تعالیٰ اس خطاب سے مشرف فرمادیں اور یہ وہ دن ہوگا) جس روز منافق مرد اور منافق عورتیں مسلمانوں سے (پل صراط پر) کہیں گے کہ (ذرا) ہمارا انتظار کرلو کہ ہم بھی تمہارے نُور سے کچھ روشنی حاصل کرلیں (یہ اُس وقت ہوگا جب کہ مسلمان اپنے اعمال وایمان کی برکت سے بہت آگے بڑھ جاویں گے اور منافقین جو کہ پُل صراط پر مسلمانوں کے ساتھ چڑھائے جاویں گے پیچھے اندھیرے میں رہ جاویں گے خواہ ان کے پاس پہلے ہی سے نُور نہ ہو یا جیسا کہ دُرمنثور کی ایک روایت میں ہے کہ اُن کے پاس بھی قدرے نُور ہو اور پھر وہ گُل ہو جاوے اور حکمت عطائے نُور میں یہ ہو کہ دُنیا میں ظاہر میں باعتبار اعمال کے وہ مسلمانوں کے ساتھ رہا کرتے تھے مگر باعتبار اعتقاد کے دل سے جُدا تھے اور اس لئے ان کو اولاً بمقتضائے اُن اعمال ظاہری کے نُور مل جاوے مگر بمقتضائے فقدان تصدیق پھر وہ مفقود ہو جاوے و نیز ان کے خداع کی جزا بھی ہے کہ اول اُن کو نُور مل گیا پھر خلاف گمان مفقود ہوگیا غرض وہ مسلمانوں سے ٹھہرنے کو کہیں گے) اُن کو جواب دیا جاوے گا (یہ جواب دینے والے خواہ فرشتے ہوں یا مؤمنین ہوں) کہ تم اپنے پیچھے لوٹ جاؤ پھر (وہاں سے) روشنی تلاش کرو (حسب روایت درمنثور اس پیچھے سے مراد وہ جگہ ہے جہاں بعد ظلمت شدید پُل صراط پر چڑھنے کے وقت نور تقسیم ہوا تھا یعنی نُور تقسیم ہونے کی جگہ وہ ہے وہاں جا کر لو چنانچہ وہ اُدھر جاویں گے جب وہاں بھی کچھ نہ ملے گا پھر (ادھر ہی آویں گے) (پھر مسلمانوں کے پاس نہ پہنچ سکیں گے بلکہ) اُن (فریقین) کے درمیان میں ایک دیوار قائم کردی جاوے گی جس میں ایک دروازہ (بھی) ہوگا (جس کی کیفیت یہ ہے کہ) اُس کے اندرونی جانب رحمت ہوگی اور بیرونی جانب کی طرف عذاب ہوگا (حسب روایت درمنثور یہ دیوار اعراف ہے اور اندرونی جانب سے مراد مؤمنین کی طرف والی جانب اور بیرونی جانب سے مراد کافروں کی طرف والی جانب اور رحمت سے مراد جنت اور عذاب سے مراد دوزخ اور شاید یہ دروازہ بات چیت کے لئے ہو یا اسی دروازہ میں سے جنت میں جانے کا راستہ ہو اور زیادہ تحقیق اعراف کی سورۂ اعراف کے رکوع پنجم میں گزری ہے غرض جب ان میں اور مسلمانوں میں دیوار حائل ہو جاوے گی اور یہ خود تاریکی میں رہ جاویں گے تو اس وقت) یہ (منافق) اُن (مسلمانوں) کو پکاریں گے کہ کیا (دُنیا میں) ہم تمہارے ساتھ نہ تھے (یعنی اعمال وطاعات میں تمہارے شریک رہا کرتے تھے تو آج بھی رفاقت کرنا چاہئے) وہ (مسلمان) کہیں گے کہ (ہاں) تھے تو سہی لیکن (ایسا ہونا کس کام کا کیونکہ محض ظاہر میں ساتھ تھے اور باطنی حالت تمہاری یہ تھی کہ) تم نے اپنے کو گمراہی میں پھنسا رکھا تھا اور (وہ گمراہی یہ تھی کہ تم پیغمبر اور مسلمانوں سے عداوت رکھتے تھے اور اُن پر حوادث واقع ہونے کے) تم منتظر (اور متمنی) رہا کرتے تھے اور (اسلام کے حق ہونے میں) تم شک رکھتے تھے اور تم کو تمہاری بیہودہ تمناؤں نے دھوکہ میں ڈال رکھا تھا یہاں تک کہ تم پر خدا کا حکم آ پہنچا (مراد بیہودہ تمناؤں سے یہ کہ اسلام مٹ جاوے گا اور یہ کہ ہمارا مذہب حق اور موجب نجات ہے۔ اور مراد حکم خدا سے موت ہے یعنی عمر بھر ان ہی کفریات پر مصر رہے توبہ بھی نہ کی) اور تم کو دھوکہ دینے والے (یعنی شیطان) نے اللہ کے ساتھ دھوکہ میں ڈال رکھا تھا (وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ ہم پر مواخذہ نہ کرے گا حاصل مجموعہ کا یہ ہے کہ ان کفریات کی وجہ سے تمہاری معیت ظاہر یہ نجات کے لئے کافی نہیں) غرض آج نہ تم سے کوئی معاوضہ لیا جاوے گا اور نہ کافروں سے (یعنی اول تو معاوضہ دینے کے واسطے تمہارے پاس کوئی چیز ہے نہیں لیکن بالفرض اگر ہوتی بھی تب بھی مقبول نہ ہوتی کیونکہ یہ دار الجزاء ہے دار العمل نہیں اور) تم سب کا ٹھکانا دوزخ ہے وہی تمہاری (ہمیشہ کے لئے) رفیق ہے اور وہ (واقعی) بُرا ٹھکانا ہے (یہ قول فالیوم الخ یا تو مؤمنین کا ہو یا حق تعالیٰ کا اس تمام تر بیان سے ثابت ہوگیا کہ جس ایمان میں تصدیق نہ ہو وہ کالعدم ہے آگے بتلاتے ہیں کہ جس ایمان میں طاعات ضروریہ کی کمی ہو وہ گو کالعدم نہیں لیکن کامل بھی نہیں اس لئے اُس کی تکمیل کے لئے بصورت عتاب کے مسلمانوں کو حکم فرماتے ہیں پس ارشاد ہے کہ) کیا ایمان والوں (میں سے جو لوگ طاعات ضروریہ میں اخلال کرتے ہیں جیسے عصاۃ (مؤمنین کی حالت ہوتی ہے تو کیا اُن) کے لئے (ابھی) اس بات کا وقت نہیں آیا کہ اُن کے دل خدا کی نصیحت کے اور جو دین حق (منجانب اللہ) نازل ہوا ہے (کہ وہی نصیحت خداوندی ہے) اُس کے سامنے جھک جاویں (یعنی دل سے عزم پابندی طاعات ضروریہ و ترک معاصی کا کرلیں اور اس کو خشوع بمعنی سکون اس لئے کہا کہ دل کا حالت مطلوبہ پر کہ مشابہ حالت اصلیہ کے ہے رہنا سکون ہے اور معصیت کی طرف جانا مشابہ حرکت کے ہے) اور خشوع بالمعنی المذکور میں دیر کرنے سے جس کا حاصل تاخیر فی التوبہ ہے وہ) اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جاویں جن کو ان کے قبل کتاب (آسمانی) ملی تھی (یعنی یہود ونصاریٰ کہ اُنہوں نے بھی برخلاف مقتضائے اپنی کتابوں کے شہوات ومعاصی میں انہماک شروع کیا) پھر (اسی حالت میں) ان پر ایک زمانہ دراز گزر گیا (اور توبہ نہ کی) پھر (اس توبہ نہ کرنے سے) اُن کے دل (خوب ہی) سخت ہوگئے (کہ ندامت وملامت اضطراری بھی نہ

www.besturdubooks.net

ہوتی تھی) اور (اس کی نوبت یہاں تک پہنچی کہ اُسی قساوت کی بدولت) بہت سے آدمی اُن میں کے (آج) کافر ہیں (کیونکہ معصیت احیاناً اعتیاد واصرار واستحسان وعار قبول حق وعداوت نبی ناصح کی وجہ سے مفضی الی الکفر ہو جاتی ہے مطلب یہ کہ مسلمان کو جلدی توبہ کر لینا چاہئے کیونکہ بعض اوقات پھر توبہ کی توفیق نہیں رہتی اور بعض اوقات کفر تک نوبت پہنچ جاتی ہے آگے فرماتے ہیں کہ اگر تم لوگوں کے دلوں میں معاصی سے کوئی خرابی کم وبیش پیدا ہوگئی ہو تو اُس کو اس وہم سے مانع توبہ نہ سمجھو کہ اب توبہ سے کیا اصلاح ہوگی بلکہ) یہ بات جان لو کہ اللہ تعالیٰ (کی ایسی شان ہے کہ وہ) زمین کو اُس کے خشک ہوئے پیچھے زندہ کر دیتا ہے (بس اسی طرح توبہ کرنے پر اپنی رحمت سے قلب مُردہ کو زندہ اور درست کر دیتا ہے پس مایوس نہ ہونا چاہئے کیونکہ) ہم نے تم سے (اس کے) نظائر بیان کر دیئے ہیں تاکہ تم سمجھو (نمونہ سے مراد جیسا مدارک میں ہے احیائے ارض ہے اور شاید جمع لانا بوجہ تکرار وقوع کے ہو یا جنسیت میں جمعیت ملحوظ نہ ہو۔ آگے فضیلت انفاق مذکورۂ بالا کی ارشاد ہے یعنی) بلاشبہ صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور یہ (صدقہ دینے والے) اللہ کو خلوص کے ساتھ قرض دے رہے ہیں وہ صدقہ (باعتبار ثواب کے) ان کے لئے بڑھا دیا جاوے گا اور (مضاعفۃ کے ساتھ) ان کے لئے اجر پسندیدہ (تجویز کیا گیا) ہے (تفسیر اس کی ابھی گزر چکی ہے) اور (آگے فضیلت ایمان مذکورۂ بالا کی ارشاد ہے کہ) جو لوگ اللہ پر اور اس کے رسولوں پر (پورا) ایمان رکھتے ہیں (جس کا مطلوب ہونا اوپر معلوم ہوا ہے کہ اس میں تصدیق اور پابندی طاعات علی وجہ الکمال ہو) ایسے ہی لوگ اپنے رب کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں (جس کا بیان سورۂ نساء کے رکوع نہم میں آ چکا ہے یعنی یہ مراتب کمال ایمان کامل ہی کی بدولت نصیب ہوتے ہیں اور شہید کا حاصل باذل نفس فی اللہ گو قتل ہونا اختیار سے خارج ہے) اُن کے لئے (جنت میں) اُن کا اجر (خاص) اور (صراط پر) اُن کا نُور (خاص) ہوگا اور (آگے کفار کا مقابلہ کے لئے ذکر فرماتے ہیں کہ) جو لوگ کافر ہوئے اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا یہی لوگ دوزخی ہیں۔ **ف**: پل صراط پر کافروں کا حال اس لئے نہیں بیان کیا کہ وہ موافق ظاہر آیت :فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ ..... صراط پر نہ جائیں گے بلکہ دروازوں سے داخل ہوں گے وصرح به الشاه عبد القادر الدهلوی رحمه الله تعالیٰ ويؤيده بعض ما فی الدر ههنا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ اس میں صریح دلالت ہے خشوع کے لزوم پر اور اس پر کہ قسوت طول غفلت سے پیدا ہوتی ہے اور اس پر کہ قسوت کا علاج کثرت ذکر اللہ ہے قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ (الی قوله تعالیٰ) عِنْدَ رَبِّهِمْ مؤمنین کو مطلقاً صدیق وشہداء فرمانا دلیل ہے اس پر کہ ان میں مراتب ہیں ادنیٰ مرتبہ ہر مؤمن کو عام ہے جیسے ولایت عامہ ہر مؤمن کو عام ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی الذين آمنوا اخلال کرتے ہیں الخ اشارة الى ان المراد غير الخاشعين بقرينة الم يأن ونقله فی الروح عن الزجاج فما فسرت به الخشوع متايد بما فی الروح من تفسيره بالانقياد التام لا وامره ونواهيه والعكوف على العمل بما فيه من الاحكام من غير توان ولا فتور ويؤيده الرواية التی فی الدر عن الاعمش قال لما قدم اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم المدينة فاصابوا من لين العيش ما اصابوا بعد ما كان لهم من الجهد فكانهم فتروا عن بعض ما كانوا عليه فعوتبوا فنزلت الم يان اه وايضا تعاضده القواعد الشرعية حيث لا يلام على ترك المستحب والالزم الامر بالتزام المستحب والاصرار عليه اعتقادا و هو من الرهبانية التی ذكرت فی آخر السورة بصفة انها ابتدعت وما كتبت عليهم واما ذكر فی لباب النقول من نزولها فی اصحاب ظهر فيهم المزاح والضحك فعلى تقدير صحة السند وثبوت النزول فيهم بدليل محمول على ضحك نشأ من الغفلة القبيحة او نشأت فيه الغفلة القبيحة ۱۲۔

اللغات: انظرونا انتظرونا فتنتم من الفتنة بمعنى الاضلال الامد الغاية ۱۲۔

النحو: جنت خبر للبشرى بمعنى المبشر به ۱۲۔ قوله يوم يقول بدل يوم السابق قوله اقرضوا الله جملة معترضة لبيان علة الحكم ۱۲۔

اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ۭ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطٰمًا ۭ وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۝۲۰ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۙ

www.besturdubooks.net

أُعِدَّتْ لِلَّذِينَ آمَنُوا بِاللهِ وَرُسُلِهِ ۚ ذَٰلِكَ فَضْلُ اللهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ ۚ وَاللهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ﴿٢١﴾ مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي أَنفُسِكُمْ إِلَّا فِي كِتَابٍ مِّن قَبْلِ أَن نَّبْرَأَهَا ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللهِ يَسِيرٌ ﴿٢٢﴾ لِّكَيْلَا تَأْسَوْا عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوا بِمَا آتَاكُمْ ۗ وَاللهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ ﴿٢٣﴾ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ وَيَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ۗ وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ اللهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿٢٤﴾

تم خوب جان لو کہ (آخرت کے مقابلہ میں) دنیوی حیات محض لہو ولعب اور ایک ظاہری زینت اور باہم ایک دوسرے پر فخر کرنا اور اموال میں اور اولاد میں ایک دوسرے سے زیادہ بتلانا ہے جیسے مینہ برستا ہے کہ اس کی پیداوار (کھیتی) کاشت کاروں کو اچھی معلوم ہوتی ہے پھر وہ خشک ہو جاتی ہے سو اس کو دیکھتا ہے پھر وہ چورا چورا ہو جاتی ہے اور آخرت کی کیفیت یہ ہے کہ اس میں عذاب شدید ہے اور خدا کی طرف سے مغفرت اور رضامندی ہے اور دنیوی زندگی محض دھوکے کا اسباب ہے تم اپنے پروردگار کی مغفرت کی طرف دوڑو اور (نیز) ایسی جنت کی طرف جس کی وسعت آسمان اور زمین کی وسعت کے برابر ہے وہ ان لوگوں کے واسطے تیار کی گئی ہے جو اللہ پر اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں یہ اللہ کا فضل ہے وہ اپنا فضل جس کو چاہیں عنایت کریں اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ کوئی مصیبت نہ دنیا میں آتی ہے اور نہ خاص تمہاری جانوں میں مگر وہ ایک کتاب میں (یعنی لوح محفوظ میں) لکھی ہے قبل اس کے کہ ہم ان جانوں کو پیدا کریں یہ اللہ کے نزدیک آسان کام ہے (یہ بات بتلا اس لئے دی ہے) تاکہ جو چیز تم سے جاتی رہے تم اس پر اتنا رنج نہ کرو اور جو چیز تم کو عطا فرمائی ہے اس پر اتراؤ نہیں اور اللہ تعالیٰ کسی اترانے والے شیخی باز کو پسند نہیں کرتا جو ایسے ہیں کہ (جب دنیا کی وجہ سے) خود بھی بخل کرتے ہیں اور دوسرے لوگوں کو بھی بخل کی تعلیم کرتے ہیں اور جو شخص اعراض کرے گا دین حق سے تو اللہ تعالیٰ بے نیاز ہیں سزاوار حمد ہیں)۔

تفسیر: ربط: اوپر آخرت کے مثوبات وعقوبات کا ذکر تھا آگے آخرت کا واجب الاہتمام اور باقی ہونا اور دنیا کا کہ جس کا اشتغال مانع ہوتا ہے اہتمام آخرت سے ناقابل التفات وفانی ہونا مذکور ہے یدل علی ہذا الغرض قولہ تعالیٰ سابقوا الخ۔

تزہید فی الدنیا وترغیب فی العقبیٰ: اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢١﴾۔ تم خوب جان لو کہ (آخرت کے مقابلہ میں) دنیوی حیات (ہرگز قابل اشتغال مقصود نہیں کیونکہ) وہ محض لہو ولعب اور (ایک ظاہری) زینت اور باہم ایک دوسرے پر فخر کرنا (قوت وجمال دنیوی ہنر وکمال میں) اور اموال اور اولاد میں ایک کا دوسرے سے اپنے کو زیادہ بتلانا ہے (یعنی مقاصد دنیا کے یہ ہیں کہ بچپن میں لہو ولعب کا غلبہ رہتا ہے اور جوانی میں زینت وتفاخر کا اور بڑھاپے میں مال دولت آل اولاد کو گنوانا اور یہ سب مقاصد فانی اور خواب وخیال محض ہیں جس کی مثال ایسی ہے) جیسے مینہ (برستا) ہے کہ اس کی پیداوار (کھیتی) کاشتکاروں کو اچھی معلوم ہوتی ہے پھر وہ (کھیتی) خشک ہو جاتی ہے سو اس کو تو زرد دیکھتا ہے پھر وہ چورا چورا ہو جاتی ہے (اسی طرح دنیا چند روزہ بہار ہے پھر زوال واضمحلال یہ تو دنیا کی حالت ہوئی) اور آخرت (کی کیفیت یہ ہے کہ اس) میں دو چیزیں ہیں ایک تو کفار کے لئے) عذاب شدید ہے اور (دوسرے اہل ایمان کے لئے) خدا کی طرف سے مغفرت اور رضامندی ہے (اور یہ دونوں باقی ہیں پس آخرت تو باقی ہے) اور دنیوی زندگانی محض (فانی ہے جیسے فرض کرو کہ ایک) دھوکہ کا اسباب ہے (ومر تفسیرہ فی آل عمران قریباً من الاخیر پس جب متاع دنیا فانی اور دولت آخرت باقی ہے جو ایمان کی بدولت نصیب ہوتی ہے تو تم کو چاہئے کہ) تم اپنے پروردگار کی مغفرت کی طرف دوڑو اور (نیز) ایسی جنت کی طرف جس کی وسعت آسمان اور زمین کی وسعت کے برابر ہے (یعنی اس کے کم کی نفی ہے زیادہ کی نفی نہیں اور) وہ ان لوگوں کے واسطے تیار کی گئی ہے جو اللہ پر اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں (اور) یہ (مغفرت ورضوان) اللہ کا فضل ہے وہ اپنا فضل جس کو چاہیں عنایت کریں اور اللہ بڑے فضل والا ہے (اس میں اشارہ ہے کہ اپنے اعمال پر کوئی مغرور نہ ہو اور اپنے اعمال پر استحقاق جنت کا مدعی نہ ہو یہ محض فضل ہے جس کا مدار مشیت پر ہے مگر ہم نے اپنی رحمت سے ان عملوں کے کرنے والوں کے ساتھ مشیت متعلق کر لی اگر ہم چاہتے تو مشیت نہ کرتے کہ القدرۃ تتعلق بالضدین) ربط: دنیا کی دو حالتیں ہیں مسرت اور مضرت اور یہ دونوں مختلف حیثیتوں سے اشتغال بالآخرت سے مانع ہو جاتی ہیں اوپر سراء ونعمت کا ذکر تھا کہ اس کے فناء کو پیش نظر رکھ کر مانع نہ ہونے دیا جاوے آگے ضراء ومصیبت کا ذکر ہے کہ اس کے مقدر ہونے کو پیش نظر رکھ کر مانع نہ ہونے دیا جاوے اور چونکہ سراء کا مانع ہونا اکثر ہے اس لئے مقدر ہونے کی صفت میں اس کو بھی شریک کر کے اس کی عدم مانعیت عن الآخرۃ کو مکرر فرما دیا اور چونکہ نعمت سے فخر وبخل وغیرہ صفات ذمیمہ پیدا ہو جاتے ہیں اور احیاناً اعراض عن الحق تک مفضی ہو جاتے ہیں

www.besturdubooks.net

اس لئے ان ذمائم پر وعید فرماتے ہیں۔

ذم جزع برغم وفرح بر نعم ودیگر ذمائم مانعہ عن الآخرۃ۔ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ (الی قولہ تعالی) فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ۝ کوئی مصیبت نہ دُنیا میں آتی ہے اور نہ خاص تمہاری جانوں میں مگر وہ (سب) ایک کتاب میں (یعنی لوح محفوظ میں) لکھی ہیں قبل اس کے کہ ہم اُن جانوں کو پیدا کریں (یعنی تمام مصیبتیں خارجی ہوں یا داخلی وہ سب مقدر ہیں اور) یہ اللہ کے نزدیک آسان کام ہے (کہ قبل وقوع لکھ دیا کیونکہ اُس کو علم غیب حاصل ہے اور ہم نے یہ بات بتلا اس واسطے دی ہے) تاکہ جو چیز تم سے جاتی رہے (عافیت یا اولاد یا مال) تم اس پر پر (اتنا) رنج نہ کرو (کہ مانع ہو جاوے اشتغال بالآخرۃ وابتغاء مرضاۃ حق سے اور رنج طبعی کا مضائقہ نہیں) اور تاکہ جو چیز تم کو عطا فرمائی ہے (اُس کی نسبت بھی یہی سمجھ کر کہ خدا تعالیٰ نے اپنی رحمت وفضل سے ہمارے لئے عطا فرمانا تجویز کر دیا تھا اور اُسی نے ہم کو دی ہے) اُس پر اتراؤ نہیں کیونکہ اتراوے تو وہ جس کا استحقاق ذاتی ہو اور جب دوسرے کی مشیت وحکم سے ایک چیز ملی اُس پر اترانے کا کیا استحقاق ہے) اور آگے اس اترانے پر وعید ہے کہ) اللہ تعالیٰ کسی اترانے والے شیخی باز کو پسند نہیں کرتا (اختیال اکثر فضائل داخلیہ پر اترانے میں فخر اکثر اشیائے خارجہ مال وجاہ وغیرہ پر اترانے میں مستعمل ہوتا ہے آگے بخل کی مذمت ہے کہ) جو ایسے ہیں کہ (حب دُنیا کی وجہ سے) خود بھی (حقوق مرضیہ عند اللہ میں صرف کرنے سے) بخل کرتے ہیں (گو اپنی شہوات ومعاصی میں کتنا ہی اسراف کریں) اور (معصیت لازمہ کے ساتھ معصیت متعدیہ کے بھی مرتکب ہوتے ہیں کہ) دوسرے لوگوں کو بھی بخل کی تعلیم کرتے ہیں (اَلَّذِیْنَ ...... سے جو کہ ترکیب میں بدل ہے یہ مقصود نہیں کہ وعید مجموعہ افعال کے ساتھ متعلق ہے کیونکہ ظاہر ہے کہ ہر ذمیمہ پر وعید ہے بلکہ اشارہ اس طرف ہے کہ حب دُنیا ایسی چیز ہے جس سے اکثر صفات ذمیمہ پیدا ہو جاتے ہیں اختیال اور افتخار بھی اور بخل بھی وغیر ذلک) اور یہی حب دُنیا گاہے مفضی الی الاعراض عن الحق ہو جاتی ہے جس کے حق میں یہ وعید ہے کہ) جو شخص (دین حق سے جس کی ایک فرع انفاق فی سبیل اللہ بھی ہے) اعراض کرے گا تو اللہ تعالیٰ (کا کوئی ضرر نہیں کیونکہ وہ سب کی عبادت اور اموال سے) بے نیاز ہیں (اور اپنی ذات وصفات میں کامل اور) سزاوار حمد ہیں (اس لئے استکمال بالغیر وہاں محال ہے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ...... اس میں تزہید فی الدنیا صریح مذکور ہے۔ قولہ تعالیٰ: لِّکَیْلَا تَاْسَوْا عَلٰی مَا فَاتَکُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰکُمْ ای اخبرناکم بذلك لئلا تحزنوا اس کا عامل اخبرناکم مقدر ہے اور اس میں علاج ہے حزن کا تقدیر کے یاد کر لینے سے اور یہ کہ اس میں ضرور ہماری مصلحت ہے گو مفصلاً ہم کو معلوم نہ ہو۔

اللغات: قولہ تکاثرا دعاء الاستکثار کذا فی المدارک ۱۲۔

النحو: قولہ ولا تفرحوا علة لما دل علیه کون المصیبة مکتوبة وھو کون النعمة مکتوبة والاخبار عنه ۱۲۔

لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَیِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْکِتٰبَ وَالْمِیْزَانَ لِیَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ فِیْهِ بَاْسٌ

شَدِیْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِیَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ یَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَیْبِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّ ع ۱۹

اِبْرٰهِیْمَ وَجَعَلْنَا فِیْ ذُرِّیَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْکِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَکَثِیْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ قَفَّیْنَا عَلٰٓی اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا

وَقَفَّیْنَا بِعِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ وَاٰتَیْنٰهُ الْاِنْجِیْلَ ۙ وَجَعَلْنَا فِیْ قُلُوْبِ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَرَهْبَانِیَّةَ

ابْتَدَعُوْهَا مَا کَتَبْنٰهَا عَلَیْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَایَتِهَا ۚ فَاٰتَیْنَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ

وَکَثِیْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۷﴾ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ یُؤْتِکُمْ کِفْلَیْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَیَجْعَلْ

لَّکُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ۚ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۲۸﴾ لِّئَلَّا یَعْلَمَ اَهْلُ الْکِتٰبِ اَلَّا یَقْدِرُوْنَ عَلٰی شَیْءٍ

مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ﴿۲۹﴾ ع ۲۰

ہم نے اسی اصلاح آخرت کے لئے اپنے پیغمبروں کو کھلے احکام دے کر بھیجا اور ہم نے ان کے ساتھ کتاب کو اور انصاف کرنے (کے حکم) کو نازل کیا تاکہ لوگ (حقوق اللہ اور حقوق العباد میں) اعتدال پر قائم رہیں اور ہم نے لوہے کو پیدا کیا جس میں شدید ہیبت ہے اور (اسی کے علاوہ) لوگوں کے اور بھی طرح طرح کے فائدے ہیں اور (اس

www.besturdubooks.net

لئے لوہا پیدا کیا) تا کہ اللہ جان لے کہ بے دیکھے اس کی اور اس کے رسول کی (یعنی دین کی) کون مدد کرتا ہے اللہ قوی اور زبردست ہے اور ہم نے نوح علیہ السلام کو پیغمبر بنا کر بھیجا اور ہم نے ان کی اولاد میں پیغمبری اور کتاب جاری رکھی سوان لوگوں میں بعض تو ہدایت یافتہ ہوئے اور بہت سے ان میں نافرمان تھے پھر ان کے بعد اور رسولوں کو (جو کہ صاحب شریعت مستقلہ نہ تھے) یکے بعد دیگرے بھیجتے رہے اور ان کے بعد عیسیٰ بن مریم کو بھیجا اور ہم نے ان کو انجیل دی اور جن لوگوں نے ان کا اتباع کیا تھا ہم نے ان کے دلوں میں شفقت اور ترحم پیدا کر دیا اور انہوں نے رہبانیت کو خود ایجاد کر لیا ہم نے ان پر اس کو واجب نہ کیا تھا لیکن انہوں نے حق تعالیٰ کی رضا کے واسطے اس کو اختیار کیا تھا سو انہوں نے اس (رہبانیت) کی پوری رعایت نہ کی سو ان میں سے جو لوگ ایمان لائے ہم نے ان کو ان کا اجر (موعود) دیا اور زیادہ ان میں نافرمان ہیں۔ اے (عیسیٰ علیہ السلام پر) ایمان رکھنے والو تم اللہ سے ڈرو اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ تم کو اپنی رحمت سے (ثواب کے) دو حصے دے گا اور تم کو ایسا نور عنایت کرے گا کہ تم اس کو لئے ہوئے چلتے پھرتے ہو گے اور تم کو بخش دے گا اور اللہ غفور رحیم ہے (اور یہ دولتیں تم کو اس لئے عنایت کرے گا) تا کہ اہل کتاب کو یہ بات معلوم ہو جائے کہ ان لوگوں کو اللہ کے فضل کے کسی جزو پر دسترس نہیں اور یہ کہ فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ جس کو چاہے دے دے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر اِعۡلَمُوۡۤا سے الۡحَمِيۡدُ تک دُنیا کا غیر مہتم بالشان ہونا اور اس کے درمیان میں وَفِی الۡاٰخِرَةِ سے آخرت کا مہتم بالشان ہونا ارشاد ہوا ہے آگے بھی اُس کے اہتمام شان کو اس طرح بیان فرماتے ہیں کہ اصل میں ہم نے اسی آخرت کے دُرست کرنے کے لئے رسولوں کو بھیجا اور احکام مقرر کئے اور نصرت دین کے لئے بالخصوص حدید پیدا کیا اور تبعاً ان چیزوں میں تمہارے دُنیوی منافع بھی رکھ دیئے پس دُنیا مقصود بالعرض اور آخرت مقصود بالذات ہوئی۔

مقصودیت اصلاح آخرت بالذات و اصلاح دُنیا بالعرض: لَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا رُسُلَنَا بِالۡبَيِّنٰتِ (الی قولہ تعالٰی) اِنَّ اللّٰهَ قَوِیٌّ عَزِيۡزٌ ۝ ہم نے (اسی اصلاح آخرت کے لئے) اپنے پیغمبروں کو کھلے کھلے احکام دے کر بھیجا اور ہم نے اُن کے ساتھ کتاب کو اور (اُس کتاب میں بالخصوص) انصاف کرنے (کے حکم) کو (جس کا تعلق حقوق العباد سے ہے) نازل کیا تا کہ لوگ (حقوق اللہ و حقوق العباد میں) اعتدال پر قائم رہیں (اس میں ساری شریعت آ گئی کہ بین الافراط والتفریط ہے) اور ہم نے لوہے کو پیدا کیا جس میں شدید ہیبت ہے (تا کہ اس کے ذریعہ سے عالم کا انتظام رہے کہ ڈر سے بہت سی بے انتظامیاں بند ہو جاتی ہیں) اور (اس کے علاوہ) لوگوں کے اور بھی طرح طرح کے فائدے ہیں (چنانچہ اکثر آلات میں لوہے کا خرچ ہے) اور (اس لئے لوہا پیدا کیا) تا کہ اللہ تعالیٰ (ظاہری طور پر جان لے کہ بے (اس کے کہ خدا کو) دیکھے اُس کی اور اُس کے رسولوں کی (یعنی دین کی) کون مدد کرتا ہے (کیونکہ لوہا جہاد میں بھی کام آتا ہے تو یہ بھی اُخروی نفع ہوا اور حکم جہاد اللہ تعالیٰ کی احتیاج کی وجہ سے نہیں کیونکہ) اللہ تعالیٰ (خود) قوی زبردست ہے (بلکہ تمہارے ثواب کے لئے ہے)۔

ربط: اوپر ارسال رسل بغرض اصلاح خلق کے اجمالاً مذکور تھا آگے بعض خاص رسل کا ارسال بغرض اصلاح اُمم اور ان اُمم میں بعض کا اصلاح پذیر ہونا اور بعض کا نہ ہونا اور موجودین کو قبول اصلاح کا امر ارشاد ہے۔

احوال بعضے از رسل و اُمم سابقین و ایجاب ایمان بر لاحقین: وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا نُوۡحًا وَّ اِبۡرٰهِيۡمَ (الی قولہ تعالٰی) وَاللّٰهُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ ۝ اور ہم نے (اسی اصلاحِ آخرت خلق کے لئے) نوح (علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام) کو پیغمبر بنا کر بھیجا اور ہم نے اُن کی اولاد میں پیغمبری اور کتاب جاری رکھی (یعنی اُن کی اولاد میں بھی بعضے پیغمبر اور اُن میں بعضے صاحب کتاب بنائے) سو (جن جن لوگوں کے پاس یہ پیغمبر آئے) ان لوگوں میں بعضے تو ہدایت یافتہ ہوئے اور بہت سے ان میں نافرمان تھے (اور یہ مذکور پیغمبر تو صاحب شریعت مستقلہ تھے کہ اُن میں بعضے خواہ صاحب کتاب ہوں جیسے موسیٰ علیہ السلام جو حضرت نوح اور ابراہیم دونوں کی اولاد میں تھے علیہم السلام خواہ صاحب کتاب نہ ہوں جیسے ہود اور صالح علیہما السلام کہ شریعت اُن کی مستقل تھی مگر صاحب کتاب ہونا اُن کا منقول نہیں اور اگر ہوں تب بھی آیت کے خلاف نہیں بہرحال بہت سے نبی تو صاحب شریعت مستقلہ بھیجے) پھر اُن کے بعد اور رسولوں کو (جو کہ صاحب شریعتِ مستقلہ نہ تھے) یکے بعد دیگرے بھیجتے رہے (جیسے موسیٰ علیہ السلام کے بعد تابع تورات بہت سے پیغمبر آئے) اور اُن کے بعد (پھر ایک صاحب شریعتِ مستقلہ کو یعنی) عیسیٰ ابن مریم کو بھیجا اور ہم نے اُن کو انجیل دی اور (اُن کی اُمت میں دو قسم کے لوگ ہوئے ایک اُن کا اتباع کرنے والے یعنی اُن پر ایمان لانے والے اور دوسرے انکار کرنے والے) اور جن لوگوں نے ان کا اتباع کیا تھا (یعنی قسم اول) ہم نے اُن کے دلوں میں شفقت اور ترحم (باہم دیگر جو کہ اخلاق حمیدہ میں سے ہے) پیدا کر دیا (کقولہ تعالیٰ فی الصحابۃ رُحَمَآءُ بَيۡنَهُمۡ [الفتح: ۲۹] اور شاید بوجہ اس کے کہ اُن کی شریعت میں جہاد نہ تھا اس کی مقابل کی صفت اَشِدَّآءُ عَلَی الۡکُفَّارِ [ایضاً] ذکر نہیں فرمائی غرض غالب اُن پر ترحم تھا) اور (ہماری طرف سے تو اُن لوگوں کو صرف اتباع فی الاحکام کا امر ہوا تھا لیکن ان متبعین میں بعضے وہ ہوئے کہ) اُنہوں نے رہبانیت کو خود ایجاد کر لیا (حاصل رہبانیت کا ترک اختلاط و ترک نکاح و ترک لذات ہے اور سبب اس ایجاد کا یہ ہوا تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام کے بعد جب لوگوں نے احکام کو چھوڑنا شروع کیا تو بعضے اہل حق بھی تھے کہ وہ اظہار حق بھی کرتے رہتے تھے یہ بات اہل ہوا کو گراں گزری اور اُنہوں نے اپنے ملوک سے درخواست کی کہ ان لوگوں کو مجبور کیا جاوے کہ ہمارے ہم مشرب بن کر رہیں جب اُن کو مجبور کیا گیا تو اُنہوں نے درخواست کی کہ ہم کو اجازت

www.besturdubooks.net

دی جاوے کہ تم لوگوں سے کوئی تعلق وغرض نہ رکھیں اور آزادانہ زندگی بسر کریں خواہ گوشہ میں بیٹھ کر یا سفر وسیاحت میں عمر گزار کر چنانچہ اسی پر وہ چھوڑ دیئے گئے کذا فی الدر المنثور اس مقام پر ان ہی کا ذکر ہے کہ اُنہوں نے اس کو ایجاد کرلیا) ہم نے اُن پر اس کو واجب نہ کیا تھا لیکن اُنہوں نے حق تعالیٰ کی رضا کے واسطے (کہ اپنے دین کو محفوظ رکھیں) اس کو اختیار کرلیا تھا سو (ان راہبوں میں زیادہ وہ ہوئے کہ) اُنہوں نے اُس (رہبانیت) کی پُوری رعایت نہ کی (یعنی جس غرض سے اُس کو اختیار کیا تھا اور وہ غرض طلب رضائے حق تھی اس کا اہتمام نہیں کیا یعنی احکام کی بجا آوری نہ کی گو صورۃً رہبان رہے اور بعضے بجا آوری احکام میں سرگرم رہے پس ان رہبانوں میں دو قسم کے ہوگئے مراعی اور غیر مراعی اور اُن میں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معاصر تھے اُن کے لئے حق کی رعایت کی شرط یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاویں سو رعایت کی اس فرد خاص کے اعتبار سے مراعی وہ ہوئے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے اور غیر مراعی وہ ہوئے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہیں لائے) سو اُن میں سے جو لوگ (حضور ﷺ پر) ایمان لائے ہم نے اُن کو اُن کا اجر (موعود) دیا (مگر ایسے کم تھے) اور زیادہ اُن میں نافرمان ہیں (کہ آپ پر ایمان نہیں لائے اور بوجہ للاکثر حکم الکل کے کثیر کی عدم رعایت کو فَمَا رَعَوْهَا سے تعبیر فرمادیا گیا پس یہ نفی باعتبار اکثر کے ہے اور باعتبار نفی عن الاکثر کے یہی ما رعوها دال ہے رعایت بعض پر اس لئے فَاٰتَیْنَا...... سے ان دونوں قسموں کی تفصیل صحیح ہو گئی اور رہبانیت بالمعنی المذکور گو بدعت لغویہ تھی مگر بدعت شرعیہ نہ تھی کیونکہ اہل حق کسی شریعت کے اہل بدعت نہیں ہوئے پھر آیت میں اس ابتداع پر ملامت نہ ہونا بلکہ اس کی عدم رعایت پر ملامت فرمانا خود اس کی دلیل ہے اور ایسی رہبانیت سے نہی اس شریعت محکمہ میں بھی نہیں ہے جیسا کہ پارۂ ہفتم آیت: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَیِّبٰتِ...... [المائدۃ: ۸۷] کی تفسیر میں بعض اکابر کے ترک لذات کی توجیہ میں گزر چکا ہے اور جو رہبانیت ممنوع ہے اس کی حقیقت بھی اُسی آیت کی تفسیر میں گزر چکی ہے یعنی ترک حلال باعتقاد قربت اور اکثر مطلق رہبانیت کا اطلاق اسی پر آتا ہے اور اسی اصطلاح پر بعض روایات سے مطلق رہبانیت کی نہی معلوم ہوتی ہے اور بعض روایات سے جو نفی رہبانیت کی خاص اسلام سے معلوم ہوتی ہے سو بایں معنی نہیں کہ پہلی شرائع میں وہ جائز تھی بلکہ بایں معنی کہ غیر ملت اسلام والوں میں وہ زیادہ پائی جاتی تھی خوب سمجھ لیا جاوے پس اُمت عیسویہ میں اول دو قسم ہوئیں متبع یعنی مومن اور غیر متبع اور متبعین میں دو قسم ہوئیں مترہب وغیر مترہب اور مترہب میں دو قسم ہوئیں مراعی یعنی مومن بالرسول وغیر مراعی آیت میں متبعین کا اور اُن میں سے مترہبین کا اور ان میں سے مراعین کا ذکر فرمایا گیا ہے اور دوسرے اقسام کا حکم ان ہی مذکورین کے احکام کی علل سے معلوم ہوسکتا ہے چنانچہ غیر متبعین کا کافر ہونا اور اسی طرح غیر مراعین بالمعنی المذکور کا کافر ہونا خواہ مترہب ہوں یا غیر مترہب اسی طرح مراعین کا گو وہ مترہب نہ ہوں مؤمن ہونا معلوم ہے یہاں تک تو ان عیسائیوں میں سے آپ پر ایمان لانے والوں اور ایمان نہ لانے والوں کی خبر دی گئی ہے آگے ایمان لانے کا امر ہے کہ) اے (عیسیٰ علیہ السلام پر) ایمان رکھنے والو تم اللہ سے ڈرو (کے مقتضا پر عمل کرو یعنی) اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ تم کو اپنی رحمت سے (ثواب) کے دو حصے دے گا (کما فی القصص: اُولٰٓئِكَ یُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَیْنِ ......[القصص: ۵۴]) اور تم کو ایسا نور عنایت کرے گا کہ تم اُس کو لئے ہوئے چلتے پھرتے ہوگے (یعنی ایسا ایمان دے گا جو ہر وقت رفیق رہے گا یہاں سے صراط تک) اور تم کو بخش دے گا (لان الاسلام یهدم ما كان قبله) اور اللہ غفور رحیم ہے (اور یہ دولتیں تم کو اس لئے عنایت کرے گا) تاکہ (جس وقت ان عطایا کا ظہور ہو یعنی قیامت کے روز اس وقت) اہل کتاب کو (یعنی جو ایمان نہیں لائے ان کو) یہ بات معلوم ہو جاوے کہ اُن لوگوں کو اللہ کے فضل کے کسی جزو پر بھی (حالتِ موجودہ عدم ایمان میں) دسترس نہیں (اور یہ بھی معلوم ہو جاوے) کہ فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ جس کو چاہے دے دے (چنانچہ اُس کی مشیت اس فضل کے ساتھ مسلمانوں سے متعلق ہوئی تو اُن ہی کو عنایت فرمادیا) اور اللہ بڑے فضل والا ہے (مطلب یہ کہ اُن کا غرہ اور زعم ٹوٹ جاوے کہ وہ حالت موجودہ میں اپنے کو مورد فضل ومحل مغفرت سمجھتے ہیں)۔

ف: اہل کتاب کے لئے ایمان لانے پر دو اجر کا وعدہ باعتبار بعض صورتوں کے محل اشکال ہے وہ صورت یہ ہے کہ آپ کی خبر سُن کر اُس نے انکار کیا ہو اور پھر ایمان لے آیا ہو اور اشکال یہ ہے کہ انکار کرنے پر وہ کافر ہوگیا اور حالت کفر کے اعمال بوجہ اشتراط ایمان کے قابل ثواب نہیں جواب یہ ہے کہ سورۂ بقرہ کے رکوع: یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ [البقرۃ: ۲۱۷] جملہ: مَنْ یَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ [ایضا] کی تفسیر میں گزر چکا ہے کہ جب کافر مسلمان ہو جاتا ہے تو اُس کے سب حسنات سابقہ پر ثواب ملتا ہے پس حالت انکار بالرسول ﷺ میں وہ شخص اپنے پہلے پیغمبر پر جو ایمان رکھتا تھا اس وقت تو وہ مقبول نہ تھا لیکن اسلام کے بعد وہ مقبول ہوگیا۔ دوسرا اشکال یہ ہے کہ اس میں اہل کتاب کی کیا تخصیص ہے غیر کتابی بھی جب ایمان لاتا ہے تو آپ کے ساتھ پہلے انبیاء پر بھی ایمان لاتا ہے تو اُس کو بھی مضاعف ملے گا۔ جواب یہ ہے کہ اس طرح کے ایمان بالانبیاء میں تو وہ کتابی بھی شریک ہے لیکن اس ایمان لانے سے پہلے دونوں میں جو فرق ہے کہ غیر کتابی تو کسی نبی پر ایمان نہ رکھتا تھا اور کتابی پہلے نبی پر ایمان رکھتا تھا اُس فرق کے اعتبار سے اس کتابی کا ثواب مضاعف رہے گا گو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے کسی غیر کتابی کا ایک اجر کتابی کے دوہرے اجر سے کیفیۃً زیادہ فرمائے اور اس آیت میں جو اہل کتاب کو: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سے تعبیر فرمایا ہے باوجودیکہ عادتِ قرآنیہ اس

www.besturdubooks.net

لفظ سے صرف مسلمانوں کو خطاب کرنے کی ہے اُس میں نکتہ غالبًا یہ ہے کہ چونکہ یہ ایمان اُن کا بعد ایمان بالرسول کے ایمان مقبول ہو جاوے گا اس لئے اس کو ایمان معتد بہ سے تعبیر فرمادیا اور لِئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَٰبِ میں چونکہ یہ لوگ ایمان نہ لائے اس لئے اہل کتاب سے تعبیر کرنے میں اس طرف اشارہ کردیا کہ یہ صرف اہل کتاب ہیں اُن کا ایمان معتد بہ نہیں واللہ اعلم الحمدللہ کہ بتاریخ ۱۷ جمادی الاولی ۱۳۲۵ھ کو تفسیر سورۂ حدید کی ختم ہوئی اب آگے ان شاء اللہ سورۂ مجادلہ کی تفسیر آتی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَرَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوهَا (الی قولہ تعالیٰ) حَقَّ رِعَايَتِهَا جس رہبانیت کو انہوں نے طلب رضاحق کے لئے اختیار کیا تھا اُس پر ان کی مذمت نہیں کی گئی بلکہ اس کی رعایت نہ کرنے پر مذمت فرمائی اس سے معلوم ہوا کہ اگر کسی ورد تطوع کا معتاد ہو جاوے تو اُس کا ترک کرنا پسندیدہ ہے اور اس رعایت میں سب اعمال واحوال محمودہ کی رعایت آگئی تو ان اُمور میں خلل نہ ڈالے۔

اللغات: رهبانية الفعلة المنسوبة الى الرهبان وهو الخائف فعلان من رهب كخشيان من خشى (هكذا فى الروح) وهو منصوب بفعل مضمر يفسره الظاهر قوله الابتغاء بمعنى لكن فعلوها لابتغاء الخ۔ انزلنا الحديد المراد خلقنا مجازا كانه لكون كل شئ مقدر فى اللوح لما خلق فكانه نزل۔

النحو: قوله فيه باس صفة للحديد لانه فى حكم المنكر قوله وليعلم عامله مقدر اى وانزله ليعلم قوله فمنهم اى الذرية او من ارسلنا اليهم ۱۲۔ قوله لئلا يعلم لا زائدة۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ

سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ ۵۸ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۵ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیَاتُهَا ۲۲ رُكُوْعَاتُهَا ۳

سورۃ المجادلۃ مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۲۲ اور ۳ رکوع ہیں

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُكَ فِیْ زَوْجِهَا وَ تَشْتَكِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ۖۗ وَ اللّٰهُ یَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌۢ بَصِیْرٌ ۝١
اَلَّذِیْنَ یُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ؕ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓـِٔیْ وَلَدْنَهُمْ ؕ وَ اِنَّهُمْ لَیَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ
وَ زُوْرًا ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝٢ وَ الَّذِیْنَ یُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ یَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِیْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ
یَّتَمَآسَّا ؕ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ۝٣ فَمَنْ لَّمْ یَجِدْ فَصِیَامُ شَهْرَیْنِ مُتَتَابِعَیْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ
یَّتَمَآسَّا ۚ فَمَنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّیْنَ مِسْكِیْنًا ؕ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ؕ وَ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابٌ
اَلِیْمٌ ۝٤ اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَ قَدْ اَنْزَلْنَاۤ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ ؕ
وَ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابٌ مُّهِیْنٌ ۝٥ ۚ یَوْمَ یَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِیْعًا فَیُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَ نَسُوْهُ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ۝٦ ع

بے شک اللہ تعالیٰ نے اس عورت کی بات سن لی جو آپ سے اپنے شوہر کے معاملہ میں جھگڑتی تھی اور اپنے رنج و غم کی اللہ تعالیٰ سے شکایت کرتی تھی اور اللہ تعالیٰ تم دونوں کی گفتگو سن رہا تھا (اور) اللہ تعالیٰ (تو) سب کچھ سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔ صرف وہی ہیں جنہوں نے ان کو جنا ہے اور وہ لوگ بلاشبہ ایک نامعقول اور (چونکہ) جھوٹ بات کہتے ہیں (اس لئے گناہ ضرور ہوگا) اور یقیناً اللہ تعالیٰ معاف کرنے والے بخش دینے والے ہیں اور جو لوگ اپنی بیبیوں سے ظہار کرتے ہیں پھر اپنی کہی ہوئی بات کی تلافی کرنی چاہتے ہیں تو ان کے ذمہ ایک غلام یا لونڈی کا آزاد کرنا ہے قبل اس کے کہ دونوں (میاں بیوی) باہم اختلاط کریں اس سے تم کو نصیحت کی جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب اعمال کی پوری خبر ہے پھر جس کو (غلام و لونڈی) میسر نہ ہو تو اس کے ذمے پیاپے (یعنی لگاتار) دو مہینے کے روزے ہیں قبل اس کے کہ دونوں باہم اختلاط کریں پھر جس سے یہ بھی نہ ہو سکے تو اس کے ذمے ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے یہ حکم اس لئے (بیان کیا گیا) ہے کہ اللہ اور رسول پر ایمان لے آؤ اور یہ اللہ کی حدیں (باندھی ہوئی) ہیں اور کافروں کے لئے سخت دردناک عذاب ہوگا۔ جو لوگ اللہ اور رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ دنیا میں بھی ایسے ذلیل ہوں گے جیسے ان سے پہلے لوگ ذلیل ہوئے اور ہم نے کھلے کھلے احکام نازل کئے ہیں اور کافروں کو ذلت کا عذاب نازل ہوگا جس روز ان سب کو اللہ دوبارہ زندہ کرے گا پھر ان سب کا کیا ہوا ان کو بتلا دے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے وہ محفوظ کر رکھا ہے اور یہ لوگ اس کو بھول گئے اور اللہ ہر چیز پر مطلع ہے۔

سورة المجادلة مدنية وعن عطاء العشر الاول مدني وباقيها مكي وقد انعكس ذٰلك على البيضاوى وكذا في الروح وهي ثنتان وعشرون اٰية كذا في الجلالين۔

تفسیر ربط: سورت سابقہ کا خاتمہ مضمون رسالت پر اور اس سورت کا مفتتح احاطہ سمع حق پر کہ مسائل توحید سے ہے مشتمل ہے اور دونوں کا تناسب ظاہر ہے ونیز خاتمہ مذکورہ میں اہل ایمان پر فضل اُخروی کا بیان تھا اور اس کے فاتحہ میں اہل ایمان پر فضل دُنیوی کا بیان ہے کہ مسئلۂ ظہار میں شدت سابقہ کو رفع فرما دیا پس

www.besturdubooks.net

توجہ فصل دونوں میں مشترک ہے اور سبب نزول آیات ابتدائیہ کا یہ ہے کہ اوس بن الصامت نے غصہ میں ایک بار اپنی بی بی خولہ کو یوں کہہ دیا کہ: **انت علي كظهر امي**۔ یعنی تو میرے حق میں ایسی ہے جیسے میری ماں کی پشت کہ مجھ پر حرام ہے اور بعثت نبویہ کے قبل اس لفظ سے تحریم ابدی طلاق سے بڑھ کر سمجھی جاتی تھی خولہ تحقیق حکم کے لئے حضور نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئیں آپ نے اس بنا پر کہ ابھی تک اُس قول مشہور کے خلاف وحی نازل نہیں ہوئی اس قول مشہور کو قابل عمل خیال کر کے فرمادیا کہ **ما اراك الاقد حرمت عليه** یعنی میری رائے میں تو حرام ہوگئی وہ یہ سن کر واویلا کرنے لگیں کہ پھر میرا اور میرے بچوں کا کیسے گزر ہوگا اور ایک روایت میں ہے کہ خولہ نے کہا کہ: **ما ذكر طلاقا** یعنی میرے شوہر نے صیغۂ طلاق تو کہا نہیں پھر طلاق کیسے ہوگئی اور ایک روایت میں ہے کہ خولہ نے کہا **اللهم انی اشكو اليك** اور ایک روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا **ما امرت في شانك بشيء حتي الآن** یعنی ابھی تک اس بارہ میں مجھ پر کوئی حکم نازل نہیں ہوا اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں **كذا في الدر المنثور**۔ پس ان آیات میں ظہار کا حکم مذکور ہے اور اُس کے بعد مطلقاً احکام الٰہیہ کا واجب التصدیق والعمل ہونا اور تصدیق پر بالخصوص وعید شدید کا مرتب ہونا ارشاد فرماتے ہیں۔

تحقیق حکم ظہار و وعید کفار بعذاب نار: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُكَ (الی قوله تعالی) وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِيْدٌ ۝ ۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے اُس عورت کی بات سُن لی جو آپ سے اپنے شوہر کے معاملہ میں جھگڑتی تھی (مثلاً یہ کہتی تھی کہ **ما ذكر طلاقا** یعنی اُس نے طلاق کا صیغہ تو ذکر کیا نہیں پھر حرمت کیسے ہوگئی) اور (اپنے رنج و غم کی) اللہ تعالیٰ سے شکایت کرتی تھی (مثلاً یہ کہا تھا **اللّٰهم انی اشكو اليك**) اور اللہ تعالیٰ تم دونوں کی گفتگو سن رہا تھا (اور) اللہ تعالیٰ (تو) سب کچھ سُننے والا سب کچھ دیکھنے والا ہے (تو اُس کی بات کو کیسے نہ سُنتا اور مقصود جملہ **قد سمع الله** سے اثبات سمع بلکہ مقصود تفریج کربت و قبول تضرع ہے اور مقصود جملہ **يسمع تحاوركما** سے تعلیل ہے حکم سابق تفریج کربت کی۔ آگے بیان ہے حکم ظہار کا جس میں تحقیق ہے قبول تضرع مشتکیہ کی یعنی) تم میں جو لوگ اپنی بیبیوں سے ظہار کرتے ہیں (مثلاً یوں کہہ دیتے ہیں **انت علي كظهر اُمي**) وہ (بیبیاں) اُن کی مائیں نہیں ہیں اُن کی مائیں تو بس وہی) ہیں جنہوں نے اُن کو جنا ہے (اور اُن عورتوں کا اُن کو نہ جننا ظاہر ہے پس یہ اُن کی مائیں نہ ہوئیں تا کہ حُرمت مؤبدہ مثل ماں کے ثابت ہو جائے اور کوئی دوسرا سبب بھی اسباب حرمت مؤبدہ سے کسی دلیل سے متحقق نہیں مثل تحریم نسبت یا رضاع یا مصاہرت وغیرہ کے پس حُرمت مؤبدہ منفی ہوئی) اور وہ لوگ (جو کہ بیبیوں کو ماں کہتے ہیں) بلاشبہ ایک نامعقول جھوٹ بات کہتے ہیں (اس لئے گناہ ضرور ہوگا) اور (اگر اُس گناہ کا تدارک کر دیا جاوے تو وہ گناہ معاف بھی ہو جاوے گا کیونکہ) یقیناً اللہ تعالیٰ معاف کرنے والے بخش دینے والے ہیں اور (آگے اُس تدارک کا بعض صورتوں کے اعتبار سے بیان ہے کہ) جو لوگ اپنی بیبیوں سے ظہار کرتے ہیں پھر اپنی کہی ہوئی بات (کے مقتضا) کی (کہ تحریم زوجہ ہے) تلافی کرنا چاہتے ہیں (یعنی بیبیوں سے متمتع ہونا چاہتے ہیں) تو اُن کے ذمہ ایک غلام یا لونڈی کا آزاد کرنا ہے قبل اس کے کہ دونوں (میاں بی بی) باہم اختلاط کریں (صحبت سے یا دواعی صحبت سے) اس (کفارہ کے حکم کرنے) سے تم کو نصیحت کی جاتی ہے (یعنی کفارہ سے علاوہ تکفیر سیئات کے یہ بھی نفع ہے کہ وہ تمہارے لئے آئندہ کو زاجر بن جاوے) اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب اعمال کی پوری خبر ہے (کہ کفارہ کے متعلق پوری بجا آوری احکام کی کرتے ہو یا نہیں پس کفارہ میں دو حکمتیں ہوگئیں ایک تکفیر سیئہ جس کی طرف اشارہ ہے لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝ میں دوسری زجر جس کا تُوْعَظُوْنَ میں بیان ہے اور یہ دوسری حکمت بھی مطلق کفارہ میں ہے لیکن تحریر رقبہ چونکہ انواع کفارہ میں ذکراً مقدم ہے اس لئے اس کو اُس کے ساتھ ذکر کر دیا گیا) پھر جس کو (غلام لونڈی) میسر نہ ہو تو اُس کے ذمہ پیاپے (یعنی لگاتار) دو مہینے کے روزے ہیں قبل اس کے کہ دونوں (میاں بی بی) باہم اختلاط کریں پھر جس سے یہ بھی نہ ہو سکیں تو اُس کے ذمہ ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے (آگے اس حکم کا مثل دیگر احکام کے واجب التصدیق ہونا اس لئے بیان فرماتے ہیں کہ اس حکم میں نقض ہے حکم جاہلیت و رسم قدیم کا اس لئے اہتمام مناسب ہوا (پس ارشاد ہے کہ) یہ حکم اس لئے (بیان کیا گیا) ہے تا کہ (تحصیل مصالح متعلقہ بالعمل کے علاوہ) اللہ اور رسول پر ایمان (بھی) لے آؤ (یعنی ان احکام میں اُن کی تصدیق بھی کرو کہ مصالح متعلقہ بالایمان بھی حاصل ہوں) اور (آگے مزید تاکید کے لئے ارشاد ہے کہ) یہ اللہ تعالیٰ کی حدیں (باندھی ہوئی) ہیں (یعنی خداوندی ضابطے ہیں) اور کافروں کے لئے (جو کہ ان احکام کی تصدیق نہیں کرتے بالخصوص) سخت دردناک عذاب ہوگا (اور مطلق عذاب مخل بالعمل کو بھی ہو سکتا ہے اور کچھ اسی حکم کی تخصیص نہیں بلکہ) جو لوگ اللہ اور رسول کی مخالفت کرتے ہیں (خواہ کسی حکم میں کریں جیسے کفار مکہ) وہ (دُنیا میں بھی) ایسے ذلیل ہوں گے جیسے ان سے پہلے لوگ ذلیل ہوئے (چنانچہ کئی غزوات میں اس کا وقوع ہوا) اور (سزا کیسے نہ ہو کیونکہ) ہم نے کھلے کھلے احکام جن کی صحت اعجاز آیات سے ثابت ہے) نازل کئے ہیں (تو اُن کا انکار لامحالہ موجب سزا ہوگا اور یہ سزا تو دُنیا میں ہوگی) اور کافروں کو (آخرت میں بھی) ذلت کا عذاب ہوگا (اور آگے اُس عذاب کا وقت بتلاتے ہیں کہ یہ اُس روز ہوگا) جس روز ان سب کو اللہ تعالیٰ دوبارہ زندہ کرے گا پھر ان کا سب کیا ہوا اُن کو بتلا دے گا (کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے وہ محفوظ کر رکھا ہے اور یہ لوگ اس کو بھول گئے ہیں (خواہ حقیقۃً یا باعتبار بے فکری و بے التفاتی کے) اور اللہ ہر چیز پر مطلع ہے (خواہ اُن کے اعمال ہوں یا اور کچھ)۔

www.besturdubooks.net

ف : مسائل: مسئلہ: ظہار کے معنی ہیں اپنی بی بی کو کسی ایسی عورت کے جو اس شخص پر ہمیشہ کے لئے حرام ہو (جیسے ماں بہن بیٹی وغیرہا) کسی ایسے عضو سے تشبیہ دینا جس کی طرف بلاضرورت نظر کرنا حرام ہے جیسے ظہر اور بطن اور فخذ وغیرہا اور ظہار کہنا اس کو باعتبار اس کے ہے کہ اکثر عادت تھی اس طرح کہنے کی انت علی کظھر امی اور شاید اس کہنے کی زیادہ عادت اس لئے ہوگئی ہوگی کہ اکثر صحبت کے وقت عورت کمر پر لیٹی ہوتی ہے پس حاصل اس تشبیہ کا یہ ہوا کہ جیسے محرمہ کو کمر پر لٹانا بغرض ہم بستری کے حرام ہے اسی طرح تجھ کو بھی حرام سمجھتا ہوں و قالوا اقوالا غیر ذلك۔

مسئلہ: منکم میں خطاب اہل ایمان بالغین کو ہے احرار ہوں یا غیر احرار پس کافر کا ظہار معتبر نہیں اور اسی طرح نابالغ کا بھی۔

مسئلہ: نسائھم سے مراد منکوحہ بیبیاں ہیں پس اپنی مملوکہ سے ظہار معتبر نہیں۔

مسئلہ: ظہار کرنے سے گناہگار ہوگا بلکہ بعض نے اس کو گناہ کبیرہ کہا ہے لقولہ تعالیٰ: مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۔

مسئلہ: بدوں کفارہ ادا کئے ہوئے صحبت اور دواعی صحبت حرام ہے لقولہ تعالیٰ: ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ...... ولقولہ علیہ السلام للمظاھر فلا تقربھا حتی تفعل مما امرك اللّٰہ رواہ ابو داؤد والنسائی والترمذی وابن ماجۃ۔

مسئلہ: اگر صحبت یا دواعی صحبت کسی وجہ سے ارادہ نہ ہوا اُس بی بی کو طلاق دے دی یا وہ مرگئی تو اُس گناہ کی معافی کے لئے صرف توبہ کافی ہے لاشتراط وجوب الکفارۃ بالعود۔

مسئلہ: اگر بدوں ارادہ وطی کے کفارہ ادا کر دیا تو صحبت حلال ہو جاوے گی کیونکہ سبب نفس وجوب کفارہ کا ظہار ہے اور عزم علی الوطی جو حاصل ہے عود لما قالوا کا وہ سبب وجوب ادائے کفارہ کا ہے پس سبب نفس وجوب کے پائے جانے کے بعد کفارہ ادا ہو جاوے گا البتہ واجب بدوں عود نہ ہوگا بلکہ صرف توبہ بھی کافی ہو جاوے گی جیسا اس سے اوپر کے مسئلہ میں لکھا گیا پس قرآن میں تقیید بالعود کے معنی یہ ہیں کہ بدوں کفارہ کے صحبت جائز نہیں نہ یہ کہ بدوں عزم صحبت کے کفارہ جائز نہیں اور احقر نے: اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ کے شروع ترجمہ میں جو کہا ہے کہ بعض صورتوں کے اعتبار سے وہ اسی طرف اشارہ ہے کہ عود کے وقت توجہ تدارک ہے اور بدوں عود کے توبہ تدارک ہے۔

مسئلہ: اگر درمیان تحریر رقبہ یا صیام کے صحبت کر لی تو از سر نو کفارہ ادا کرنا ہوگا لقولہ تعالیٰ: مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ؕ اور اگر اطعام کے درمیان صحبت کر لی تو صرف گناہ ہوگا تجدید کفارہ نہ ہوگی لعدم تقیید الاطعام بکونہ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ؕ اور اعتاق کے درمیان صحبت واقع ہونے کے معنی یہ ہیں کہ نصف کو اول آزاد کیا پھر صحبت کر لی پھر نصف باقی کو بعد میں آزاد کر دیا یہ سب مسائل دُر مختار اور ہدایہ اور کفایہ اور روح المعانی سے نقل کئے گئے ہیں اور کچھ ضروری مسائل اعتاق اور صیام اور اطعام کے متعلق سورۂ نساء کفارۂ قتل میں اور سورۂ مائدہ کفارۂ یمین میں گزرے ہیں۔ اور مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ؕ کے مضمون کی کچھ تقریر شروع سورۂ احزاب جملہ: ما جعل ازواجکم الخ کی تفسیر میں گزری ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ؕ کفارۂ مالیہ کو موجب وعظ وزجر فرمانا دلیل ہے اس کی کہ غرامت مالیہ کو ردع نفس میں خاص اثر ہے مشائخ بھی اس تدبیر کا استعمال کرتے ہیں کہ مرید اپنے نفس پر جرمانہ کرے یہ نہیں کہ پیر اس سے وصول کرے۔

اللغات: قولہ یعودون المراد التدارك لان التدارك من اسباب العود الی الشیء ومنہ المثل عاد غیث علی ما افسد ای لتدارکہ بالاصلاح فالمعنی یقولون ذلك القول المنکر ثم یتدار کونہ بنقضہ وھو العزم علی الوطی ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ من نسائھم عدی الظھار بمن لتضمنہ معنی التبعید کذا فی الروح قولہ لیقولون المقصود التاکید لکونہ زورا لا للقول فانہ مشاھد قولہ وزورًا عطف للتاکید قولہ عفو غفور زید للتاکید ۱۲۔ قولہ فمن لم یجد اختار الوجدان فی الرقبۃ والاستطاعۃ فی الصیام لان الاول وظیفۃ مالیۃ والثانی بدنیۃ والوجدان انسب بالمال والاستطاعۃ انسب بالبدن ۱۲۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ

اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ

اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ

وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ۫ وَاِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ وَيَقُوْلُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ؕ

www.besturdubooks.net

حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٨﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ
وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوَىٰ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٩﴾ إِنَّمَا النَّجْوَىٰ مِنَ الشَّيْطَانِ
لِيَحْزُنَ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَيْسَ بِضَارِّهِمْ شَيْئًا إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿١٠﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قِيلَ
لَكُمْ تَفَسَّحُوا فِي الْمَجَالِسِ فَافْسَحُوا يَفْسَحِ اللَّهُ لَكُمْ ۖ وَإِذَا قِيلَ انْشُزُوا فَانْشُزُوا يَرْفَعِ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَالَّذِينَ
أُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿١١﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُولَ فَقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ
صَدَقَةً ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ لَكُمْ وَأَطْهَرُ ۚ فَإِنْ لَمْ تَجِدُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿١٢﴾ أَأَشْفَقْتُمْ أَنْ تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَاتٍ ۚ
فَإِذْ لَمْ تَفْعَلُوا وَتَابَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٣﴾ ع ٢

کیا آپ نے اس پر نظر نہیں فرمائی کہ اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتا ہے جو آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے کوئی سرگوشی تین آدمیوں کی ایسی نہیں ہوتی جس میں چوتھا وہ یعنی اللہ نہ ہو اور نہ پانچ کی سرگوشی ایسی ہوتی ہے جس میں چھٹا وہ نہ ہو اور نہ (اس عدد) سے کم (میں) ہوتی ہے (جیسے دو یا چار میں) اور نہ اس سے زیادہ مگر وہ (ہر حالت میں) ان لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے خواہ وہ لوگ کہیں بھی ہوں پھر ان (سب) کو قیامت کے روز ان کے کئے ہوئے کام بتلا دے گا بے شک اللہ تعالیٰ کو ہر بات کی پوری خبر ہے۔ کیا آپ نے ان لوگوں پر نظر نہیں فرمائی جن کو سرگوشی سے منع کر دیا گیا تھا (مگر) پھر (بھی) وہ وہی کام کرتے ہیں جس سے ان کو منع کیا گیا تھا اور گناہ اور زیادتی اور رسول کی نافرمانی کی سرگوشیاں کرتے ہیں اور وہ جب لوگ آپ کے پاس آتے ہیں آپ کو ایسے لفظ سے سلام کہتے ہیں جس سے اللہ نے آپ کو سلام نہیں فرمایا اور اپنے جی میں (یا اپنے آپس میں) کہتے ہیں کہ اگر یہ پیغمبر ہیں تو اللہ تعالیٰ اس کو ہمارے کہنے پر سزا فوراً کیوں نہیں دیتا ان کے لئے جہنم کافی ہے اس میں یہ لوگ ضرور داخل ہوں گے سو وہ برا ٹھکانہ ہے اے ایمان لانے والو جب تم کسی ضرورت سے نہ سرگوشی کرو تو گناہ اور زیادتی اور رسول کی نافرمانی کی سرگوشیاں مت کرو اور نفع رسانی اور پرہیزگاری کی باتوں کی سرگوشیاں کرو اور اللہ سے ڈرو جس کے پاس تم سب جمع کئے جاؤ گے ایسی سرگوشی محض شیطان کی طرف سے (یعنی اس کے بہکانے سے) ہے تاکہ مسلمانوں کو رنج میں ڈالے اور وہ شیطان بدوں خدا کے ارادے کے ان کو کچھ ضرر نہیں پہنچا سکتا اور مسلمان کو تو ہر امر میں اللہ ہی پر توکل کرنا چاہئے۔ اے ایمان والو جب تم سے کہا جائے کہ مجلس میں جگہ کھول دو تم تو جگہ کھول دیا کرو اللہ تم کو جنت میں کھلی جگہ دے گا اور جب (کسی ضرورت سے) یہ کہا جائے کہ (مجلس سے) اٹھ کھڑے ہو تو اٹھ کھڑے ہوا کرو اللہ تعالیٰ (اس حکم کی اطاعت سے) تم میں ایمان والوں کے اور ایمان والوں میں ان لوگوں کے جن کو علم دین عطا ہوا ہے (اخروی) درجے بلند کر دے اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب اعمال کی پوری خبر ہے۔ اے ایمان والو جب تم رسول سے سرگوشی (کرنے کا ارادہ) کیا کرو تو اپنی اس سرگوشی سے پہلے (مساکین کو) کچھ خیرات دے دیا کرو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اور گناہوں سے پاک ہونے کا اچھا ذریعہ ہے پھر اگر تم کو صدقہ دینے کی مقدور نہ ہو تو اللہ غفور رحیم ہے کیا تم اپنی سرگوشی کے قبل خیرات دینے سے ڈر گئے سو (اخیر) جب تم (اس کو) نہ کر سکے اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے حال پر عنایت فرمائی تو تم نماز کے پابند رہو اور زکوٰۃ دیا کرو اور اللہ اور رسول کا کہنا مانا کرو اور اللہ کو تمہارے سب اعمال کی پوری خبر ہے۔

تفسیر ربط: اوپر اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ ...... میں مع اس کے سیاق وسباق کے اللہ و رسول کے خلاف کرنے والوں کے لئے وعید ہے اور یہ خلاف کرنے والے دو قسم کے ہیں مجاہر اور منافق اوپر بقرینہ عنوان کافر کے مجاہرین کا بیان تھا آگے منافقین اور مجاہرین میں سے بالخصوص یہود کے کہ منافقین بھی اُن ہی میں سے تھے شنائع مذکور ہیں اول اَلَمْ تَرَ سے ختم رکوع تک شنائع متعلقہ بالمجلس جن میں زیادہ مضمون تناجی کا ہے اور تھوڑا مضمون دوسرے باب کا اور پھر دوسرے اَلَمْ تَرَ سے ختم سورت تک اُن کے دوسرے شنائع کا ہے۔

احکام تناجی ودیگر بعض احکام متعلقہ مجالس متضمنہ ذم ووعید یہود منافقین: اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ﴿١٣﴾ اسباب نزول ان آیات کے یہ واقعات ہیں اول یہود اور مسلمانوں میں صلح تھی لیکن یہود جب کسی مسلمان کو دیکھتے تو اُس کے خیالات پریشان کرنے کے لئے آپس میں سرگوشی کرنے لگتے وہ مسلمان سمجھتا کہ میری ضرر رسانی کے لئے یہ سرگوشی ہو رہی تھی حضور ﷺ نے یہود کو اس سے منع فرمایا مگر وہ باز نہیں آئے اس پر یہ آیت: اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰی ..... نازل ہوئی دوم اسی طرح منافقین بھی باہم سرگوشی کیا کرتے اس پر آیت: اِذَا

www.besturdubooks.net

تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْإِثْمِ ...... اور آیت : إِنَّمَا النَّجْوَىٰ ...... نازل ہوئی سوم یہود آپ کے حضور میں آتے تو براہ شرارت بجائے السلام علیکم السام علیکم کہتے جو بمعنی موت کے ہے چہارم منافقین بھی اسی طرح کہتے ان دونوں واقعوں پر جملہ: وَإِذَا جَاءُوكَ ...... نازل ہوا اور ابن کثیر نے امام احمد کی روایت سے یہ بھی نقل کیا ہے کہ یہود اس طرح سلام کر کے خفیہ کہتے لو لا یعذبنا الله بما نقول پنجم ایک بار آپ صفۂ مسجد میں تشریف رکھتے تھے اور مجلس میں مجمع زیادہ تھا کچھ اہل بدر آئے تو ان کو کہیں جگہ نہ ملی اور نہ اہل مجلس مل مل کر بیٹھ گئے کہ جگہ کھل جاتی آپ نے جب دیکھا تو بعضے آدمیوں کو مجلس سے اٹھنے کے لئے فرمادیا منافقین نے طعن کیا کہ یہ کونسی انصاف کی بات ہے اور آپ نے یہ بھی فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے جو اپنے بھائی کے لئے جگہ کھول دے سو لوگوں نے جگہ کھول دی اس پر آیت: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قِيلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوا ...... نازل ہوئی رواہ ابن کثیر عن ابی حاتم۔ مجموعہ اجزائے روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ اول آپ نے جگہ کھولنے کے لئے فرمایا ہوگا سو بعضوں نے تو جگہ کھول دی جو کافی نہ ہوئی ہوگی اور بعضوں نے جگہ نہیں کھولی آپ نے تادیباً یا بقاعدۂ تناوب فی اخذ العلم کے جیسا مدارس کے طلبہ میں ہوتا ہے ان کو اٹھ جانے کے لئے فرمایا جو کہ منافقین کو ناگوار ہوا۔

واقعۂ ششم: بعض اغنیاء حضور میں حاضر ہو کر بڑی دیر تک آپ سے سرگوشی کیا کرتے اور فقراء کو استفادہ کا وقت کم ملتا آپ کو ان لوگوں کا طول جلوس وطول تناجی ناگوار گزرتا اس پر آیت : إِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُولَ ...... نازل ہوئی فتح البیان میں زید بن اسلم سے بلا سند نقل کیا ہے کہ یہود ومنافقین بلا ضرورت آپ سے سرگوشیاں کرتے مسلمانوں کو اس خیال سے کہ شاید کسی مضرت رساں بات کی سرگوشی ہو ناگوار گزرتا اس پر ان کو اس سے منع کیا گیا جس کا ذکر آیت : نُهُوا عَنِ النَّجْوَىٰ میں ہے مگر وہ جب باز نہ آئے تو یہ حکم نازل ہوا : إِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُولَ ...... اس سے اہل باطل بوجہ حب مال وعدم حب دین کے اس سے رک گئے۔ فقیر کہتا ہے کہ یا تو وہ اغنیاء بھی منافقین ہوں گے جیسا ان کے طول جلوس کی ناگواری سے بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے اور یا مسلمان بھی خلوذہن کے ساتھ ایسا کرتے ہوں اور یہود ومنافقین تحزین مؤمنین اور اپنے ترفع وغیرہ کے لئے ایسا کرتے ہوں۔

واقعۂ ہفتم: جب یہ حکم تقدیم صدقہ کا ہوا تو بہت سے آدمی ضروری بات کرنے سے بھی رک گئے اس پر آیت : أَأَشْفَقْتُمْ ...... نازل ہوئی فقیر کہتا ہے کہ ہر چند کہ تقدیم صدقہ کے حکم سے ساتھ : فَإِنْ لَمْ تَجِدُوا ...... میں ناداروں کو رخصت تھی لیکن بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ نہ تو بالکل نادار ہوتے ہیں اور نہ پورے باوسعت وصاحب ثروت ہوتے ہیں گو صاحب نصاب ہوں غالباً ایسوں کو تنگی پیش آئی ہوگی کہ کم وسعتی کی وجہ سے تو خرچ کرنا شاق ہوا اور اپنی ناداری میں بھی شبہ ہوا اسی لئے نہ صدقہ دینے کے نہ اپنے کو محل رخصت سمجھا اور تناجی کوئی عبادت نہ تھی کہ اس کا ترک موجب ملامت ہو سکے الروایات کلھا فی الدر المنثور الا ما صرح فیه بالمنقول عنه ان اسباب نزول سے فہم تفسیر میں اعانت وسہولت ہوگی اب تفسیر لکھی جاتی ہے ارشاد ہے کہ) کیا آپ نے اس پر نظر نہیں فرمائی (مطلب اوروں کو سنانا ہے جو تناجی منہی عنہ سے باز نہ آتے تھے) کہ اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتا ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے (اور اسی میں ان کی تناجی یعنی سرگوشی بھی داخل ہے پس) کوئی سرگوشی تین آدمیوں کی ایسی نہیں ہوتی جس میں چوتھا وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) نہ ہو اور نہ پانچ کی (سرگوشی) ہوتی ہے جس میں چھٹا وہ نہ ہو اور نہ اس (عدد) سے کم (میں ہوتی ہے جیسے دو یا چار آدمیوں میں) اور نہ اس سے زیادہ (میں ہوتی ہے جیسے چھ سات آدمیوں میں) مگر وہ (ہر حالت میں) ان لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے (خواہ) وہ لوگ کہیں بھی ہوں پھر ان (سب) کو قیامت کے روز ان کے کئے ہوئے کام بتلا دے گا بے شک اللہ تعالیٰ کو ہر بات کی پوری خبر ہے (اس آیت کا مضمون بعنوان کلی اگلے مضامین جزئیہ کی تمہید ہے یعنی یہ بالباطل سرگوشی کرنے والے خدا سے ڈرتے نہیں کہ خدا کو سب خبر ہے اور ان کو سزا دے گا آگے وہ جزئی مضامین ہیں یعنی) کیا آپ نے ان لوگوں پر نظر نہیں فرمائی جن کو سرگوشی سے منع کر دیا گیا تھا (مگر پھر (بھی)) وہ وہی کام کرتے ہیں۔ جس سے ان کو منع کر دیا گیا تھا اور گناہ اور زیادتی اور رسول کی نافرمانی کی سرگوشیاں کرتے ہیں (یعنی ایسی سرگوشی کرتے ہیں) جس میں بوجہ منہی عنہ ہونے کے گناہ لازمی بھی ہے اور بوجہ تحزین مسلمین کے عدوان یعنی ضرر متعدی بھی ہے اور بوجہ اس کے کہ حضور ﷺ منع فرما چکے تھے معصیت رسول بھی ہے جیسا واقعۂ اول ودوم میں بیان ہوا) اور وہ لوگ (ایسے ہیں کہ) جب آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ کو ایسے لفظ سے سلام کرتے ہیں جس سے اللہ نے آپ کو سلام نہیں فرمایا (یعنی اللہ تعالیٰ کے الفاظ تو یہ ہیں وسلم علی المرسلین۔ وسلم علی عباده الذین اصطفی۔ صلوا علیه وسلموا تسلیما اور وہ کہتے ہیں السام علیک) اور اپنے جی میں (یا اپنے آپس میں) کہتے ہیں کہ (اگر یہ پیغمبر ہیں تو) اللہ تعالیٰ ہم کو ہمارے اس کہنے پر (جس میں سراسر آپ کے ساتھ بے ادبی ہے) سزا (فوراً) کیوں نہیں دیتا (جیسا واقعۂ سوم وچہارم میں گزرا آگے ان کے اس فعل کی وعید اور اس قول کا جواب ہے کہ عذاب عاجل بعض حکمتوں کے سبب نہ آنے سے مطلقاً عدم تعذیب لازم نہیں آتی) ان (کی سزا) کے لئے جہنم کافی ہے اس میں یہ لوگ (ضرور) داخل ہوں گے سو وہ برا ٹھکانا ہے (آگے ایمان والوں کو خطاب ہے جس سے منافقین کے ساتھ تشبہ سے ان کو بھی ممانعت ہے اور منافقین کو بھی سنانا منظور ہے کہ تم تو مدعی ایمان ہو تو مقتضائے ایمان پر عمل کرو پس ارشاد ہے کہ) اے ایمان والو جب تم (کسی ضرورت سے) سرگوشی کرو تو گناہ اور زیادتی اور رسول کی نافرمانی کی سرگوشیاں مت

www.besturdubooks.net

کرو (تفسیران الفاظ کی ابھی گزری ہے) اور نفع رسانی اور پرہیزگاری کی باتوں کی سرگوشیاں کرو (بر سے مراد نفع متعدی مقابل عدوان کے اور تقویٰ مقابل اثم معصیت الرسول کے) اور اللہ سے ڈرو جس کے پاس تم سب جمع کئے جاؤ گے ایسی سرگوشی محض شیطان کی طرف سے (یعنی اس کے بہکانے سے) ہے تا کہ مسلمانوں کو رنج میں ڈالے (جیسا واقعہ اول میں بیان ہوا) اور (آگے ان مسلمانوں کی تسلی ہے کہ رنجیدہ نہ ہوا کریں کیونکہ) وہ (شیطان) بدوں خدا کے ارادہ ان (مسلمانوں) کو ضرر نہیں پہنچا سکتا (مطلب یہ کہ اگر بالفرض وہ باغوائے شیطان تمہارے ضرر ہی کی تدبیریں کر رہے ہوں تب بھی وہ ضرر بدوں مشیت ازلیہ کے تم کو نہیں پہنچ سکتا پھر کیوں فکر میں پڑتے ہو) اور مسلمانوں کو (ہر امر میں) اللہ ہی پر توکل کرنا چاہئے (آگے واقعہ پنجم کے متعلق حکم ہے اور سابق ولاحق میں مابہ الاشتراک ذم افعال منافقین ونہی مؤمنین عن التشبہ بہم ہے یا سابق ادب تھا خلوت کا اور یہ ادب ہے جلوت کا یا جس طرح نجویٰ مذکور موجب تکلیف ہے اسی طرح عدم تفسح اور عدم نشوز بھی تکلیف دہ ہے پس ارشاد ہوتا ہے کہ) اے ایمان والو جب تم سے کہا جاوے (یعنی رسول ﷺ فرماویں یا اولی الامر یا واجب الاطاعت لوگوں میں سے کوئی کہے کہ مجلس میں جگہ کھول دو (جس میں آنے والے کو بھی جگہ مل جاوے) تو تم جگہ کھول دیا کرو (اور آنے والے کو جگہ دے دیا کرو) اللہ تعالیٰ تم کو (جنت میں) کھلی جگہ دے گا اور جب (کسی ضرورت سے) یہ کہا جاوے کہ (مجلس سے) اٹھ کھڑے ہو تو اٹھ کھڑے ہوا کرو (خواہ اٹھنے کے لئے اس غرض سے کہا جاوے کہ آنے والے کے لئے جگہ کھل جاوے پھر چاہے بالکل اٹھ جانے سے ہو یا ایک جگہ سے اٹھ کر دوسری جگہ جا بیٹھنے سے ہو اور خواہ اس وجہ سے کہا جاوے کہ صدر مجلس کو اس وقت کسی مصلحت مشورت خاصہ یا کسی ضرورت آرام یا عبادت وغیرہ سے انفراد اور تخلیہ کی حاجت ہو جو بدوں خلوت کے مطلقاً حاصل نہ ہو سکیں یا کامل نہ ہو سکیں پس صدر مجلس کے امر بالقیام سے اٹھ جانا چاہئے اور یہ حکم غیر رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بھی عام ہے کذا فی الروح ودل علیہ قیل پس صاحب مجلس کو حاجت کے وقت اس کی اجازت ہے البتہ آنے والے کو نہ چاہئے کہ کسی کو اٹھا کر اس کی جگہ بیٹھے۔ رواہ الشیخان غرض صدر کے کہنے سے اٹھ بھی کھڑے ہوا کرو) اللہ تعالیٰ (اس حکم کی اطاعت سے) تم میں ایمان والوں کے اور (ایمان والوں میں) ان لوگوں کے (اور زیادہ) جن کو علم (دین) عطا ہوا ہے (اخروی) درجے بلند کر دے گا (یعنی اس امر کے امتثال کرنے والوں کی تین قسمیں ہیں ایک غیر اہل ایمان جو کسی مصلحت دنیویہ سے مان لیں جیسے منافقین وہ تو بقید منکم کے اس وعدہ سے خارج ہیں۔ دوسرے اہل ایمان غیر اہل علم اُن کے لئے نفس رفع درجات ہے تیسرے اہل ایمان اہل علم چونکہ بوجہ علم ومعرفت کے اُن کے امتثال کا منشاء زیادہ خشیت وزیادہ خلوص ہے جس سے عمل کا ثواب بڑھ جاتا ہے اُن کے لئے مزید رفع درجات ہے کما یدل علیہ التخصیص بعد التعمیم) اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب اعمال کی پوری خبر ہے (کہ کس کا عمل غیر مقرون بالایمان ہے اور کس کا مقرون بالایمان پھر اس میں کس کے عمل میں کم خلوص ہے اور کس کے عمل میں زیادہ خلوص اس لئے ہر ایک کی جزا وثمرہ میں تفاوت رکھا۔ آگے واقعہ ششم کے متعلق حکم ہے جو واقعہ اول ودوم سے مربوط ہے یعنی) اے ایمان والو جب تم رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) سے سرگوشی (کرنے کا ارادہ) کیا کرو تو اپنی اُس سرگوشی سے پہلے کچھ خیرات (مساکین کو) دے دیا کرو (جس کی مقدار آیت میں منصوص نہیں اور روایت میں مختلف مقداریں آئی ہیں ظاہراً غیر مقدر معلوم ہوتا ہے لیکن معتد بہ ہونا ضرور ہے) یہ تمہارے لئے (ثواب حاصل کرنے کے واسطے) بہتر ہے اور (گناہوں سے) پاک ہونے کا اچھا ذریعہ ہے (کیونکہ طاعت سے تکفیر سیئات ہوتی ہے یہ مصلحت تو باعتبار اغنیاء مؤمنین کے ہے اور فقراء مؤمنین کے اعتبار سے یہ ہے کہ اُن کو نفع مالی پہنچے گا جیسا صدقہ دال ہے کہ اس کے مصارف وہی ہیں اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اعتبار سے یہ ہے کہ اس میں آپ کی اجلال شان ہے اور منافقین ومترفین کی تناجی سے جو آپ کو اذیت ہوتی تھی اس سے نجات اور استراحت ہے کیونکہ اُن کو ضرورت تو تناجی کی تھی نہیں اور بے ضرورت محض محبت سے خرچ کرنا اُن کو از حد شاق تھا اور وہ غالباً یہ صدقہ علانیہ ہوگا ورنہ ہر شخص دعویٰ تقدیم صدقہ کا کر سکتا آگے فرماتے ہیں کہ یہ حکم تو مقدور کی حالت میں ہے) پھر اگر تم کو (صدقہ دینے کی) مقدور نہ ہو (اور ضرورت پڑے تناجی کی) تو اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے (اس صورت میں اُس نے تم کو معاف کر دیا اس سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ یہ حکم صدقہ کا واجب تھا اور ناداری کی صورت میں باوجود عدم وجوب کے لفظ مغفرت فرمانا جو موہم ہے گناہ کو غالباً اس وجہ سے ہے کہ عدم وجدان مال بمعنی عدم وجدان اکثر من الحوائج امر اجتہادی ہے اس کے اندازہ کرنے میں غلطی ہو سکتی ہے لہٰذا مغفرت سے تسلی کر دی اور ہر چند کہ یہ حکم عام تھا لیکن خطاب میں يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اس لئے فرمایا کہ مُنافقین بھی مدعی ایمان تھے آگے واقعہ ہفتم کے متعلق جو کہ واقعہ ششم سے مربوط ہے ارشاد ہے کہ) کیا تم (یعنی تم میں کے بعض جن کا بیان واقعہ ہفتم کے ذیل میں ہوا ہے) اپنی سرگوشی کے قبل خیرات دینے سے ڈر گئے سو (خیر) جب تم (اس کو) نہ کر سکے اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے حال پر عنایت فرمائی (کہ بالکل اُس کو منسوخ کر کے معاف فرما دیا جس کی حکمت ظاہر ہے کہ جس مصلحت کے واسطے یہ حکم واجب ہوا تھا وہ مصلحت حاصل ہوگئی کیونکہ مصلحت سد باب تھی جو بعد نسخ بھی باقی رہے گی کیونکہ پھر عود الی التناجی میں منافقین ومترفین پر اعتراض وشبہ تطاول کا صریح لازم آتا ہے غرض ارشاد ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اس کو منسوخ فرما دیا) تو تم (دوسری عبادات مامور بہا کے پابند رہو یعنی) نماز کے پابند رہو اور زکوٰۃ دیا کرو اور اللہ ورسول کا کہنا مانا کرو (مطلب یہ کہ اس کے نسخ کے بعد تمہارے قرب وقبول ونجات کے لئے

www.besturdubooks.net

احکام باقیہ پر استقامت واستدامت ہی کافی ہے) اور اللہ کو تمہارے سب اعمال کی (اور ان کی حالت ظاہری و باطنی کی) پوری خبر ہے۔

ف: یہ جو ارشاد فرمایا کہ: إِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْإِثْمِ اگر اس پر یہ شبہ ہو کہ منافقین بھی دعویٰ کر سکتے کہ ہم بھی بر وتقویٰ کی تناجی کیا کرتے ہیں کیونکہ دونوں تناجی کی صورت میں کوئی امتیاز نہیں جواب یہ ہے کہ بر اور تقویٰ کے متعلق مضامین قابل تناجی واخفاء کے بہت کم ہیں پس ایسی تناجی اقل قلیل واقع ہوگی بخلاف ضرر رسانی کے کہ اس میں تناجی بکثرت ہوتی ہے۔ پس یہی ایک امتیاز کافی ہے اس لئے وہ دعویٰ مذکورہ نہیں کر سکتے ونیز دوسرے قرائن خارجیہ بھی ممیز ہوتے ہیں مثل خصوصیات احوال اہل تناجی وغیرہ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰی دلیل ہے تخلیہ میں گفتگو کے جواز کی کسی مصلحت سے صوفیہ کے تناجی فی التعلیم کی بھی اس میں اصل ہے۔ قولہ تعالیٰ: إِذَا قِيلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوا فِي الْمَجٰلِسِ اپنے عموم سے بعض آداب مجلس افادہ شخص پر بھی دال ہے قولہ تعالیٰ: يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِينَ اٰمَنُوا (الی قولہ تعالیٰ) دَرَجٰتٍ اس میں دلالت ہے اصحاب شیخ کے عوام وخواص کے تفاوت درجات کی رعایت پر مگر اس کا مدار رائے شیخ پر ہے نہ کہ رائے اصحاب پر قولہ تعالیٰ: يٰٓاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوٓا ... الخ اپنی علت سے اس پر دال ہے کہ شیخ سے سرگوشی کرنا امر عظیم ہے بلا حاجت اس کی درخواست وجرأت نہ کرے قولہ تعالیٰ: ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوا اس میں اس شخص کی تسلی ہے جو انفاق پر قادر نہ ہو اور اس کے عموم میں وہ بھی داخل ہے جو شیخ کو ہدیہ نہ دے سکے شیخ کو اس کی تسلی کر دینا زیبا ہے۔

فائدہ: فی الروح قال معظم السلف فی قوله عزوجل رابعهم و سادسهم ومعهم ان المراد به کونه تعالٰی کذلك بحسب العلم مع انهم الذین لا یؤولون وکانهم لم یعدوا ذلك تاویلا لغایة ظهوره واحتفافه بما یدل علیه دلالة لاخفاء فیها۔ ویعلم من هذان ما شاع من ان السلف لا یؤولون لیس علٰی اطلاقه ۱۲۔

اللغات: النجوی ان خصص النجوی بما کان اکثر من اثنین کما قاله ابن سراقة فتسمیة ما بین الاثنین نجوی کما یقتضیه العطف بقوله ولا ادنٰی توسع وتجوز ۱۲۔

النحو: ما یکون من کان التامة ومن زائدة له وفاعله نجوٰی والاستثناء مفرغ من اعم الاحوال ۱۲۔

البلاغة: قوله ثلثة الا هو رابعهم الخ تخصیص الثلاثة والخمسة بالذکر لانه قصد ان یذکر ما جرت به العادة من اعداد اهل النجوی والجالسین فی خلوة للشوری والمنتدیون لذلك انما هم طائفة مجتباة من اولی الاحلام والنهی واول عددهم الاثنان فصاعد الٰی خمسة الٰی ستة الٰی ما اقتضته الحال وحکم به الاستصواب فذکر عزوجل الثلاثة والخمسة وقال سبحانهٗ ولا ادنٰی من ذلك فدل علی الاثنین والاربعة وقال تعالٰی ولا اکثر فدل علی ما یلی هذا العدد ویقار به ولما او ترت الثلاثة جیئ بالخمسة لتناسب الوترین ملخصًا من الروح قوله تتناجون بمالاثم والعدوان ومعصیة الرسول ذکره علیه السلام بعنوان الرسالة بین الخطابین المتوجهین الیه صلی الله علیه وسلم لزیادة تشنیعهم واستعظام معصیتهم ۱۲۔ قوله فی المجالس فی قراء ة فی المجلس علی ارادة الجنس لقراء ة الجمع اولا رادة العهد والمراد به مجلسه ﷺ والجمع لقراء لتعدده باعتبار من یجلس معه ﷺ فان لکل احد منهم مجلسا او علی ارادة تعمیم المجلس قوله صدقة جیئ بالمفرد اولاد الجمع ثانیا لان الاول مقام الامر بها فناسب التعبیر بما یهون علی النفس والثانی مقام الاشفاق فناسب التعبیر بما یشق علی النفس و یصح الافراد بارادة الجنس والجمع بارادة تعدد الفاعل وانما کان الذی ذکر اولا هو النکتة ۱۲۔

فائدہ: فی الروح قال معظم السلف فی قوله عزوجل رابعهم و سادسهم و معهم ان المراد به کونه تعالٰی کذلك بحسب العلم مع انهم الذین لا یؤولون و کانهم لم یعدوا ذلك تاویلا لغایة ظهوره واحتفافه بما یدل علیه دلالة لاخفاء فیها و یعلم من هذان ما شاع من ان السلف لا یؤولون لیس علٰی اطلاقه ۱۲۔

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مَا هُمْ مِنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ وَيَحْلِفُونَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿۱۴﴾
أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۵﴾ اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ
عَذَابٌ مُهِينٌ ﴿۱۶﴾ لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا أُولٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿۱۷﴾

www.besturdubooks.net

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿١٨﴾

اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿١٩﴾ اِنَّ

الَّذِيْنَ يُحَاۗدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اُولٰۗىِٕكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ ﴿٢٠﴾ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿٢١﴾ لَا تَجِدُ

قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَاۗدُّوْنَ مَنْ حَاۗدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَاۗءَهُمْ اَوْ اَبْنَاۗءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ

اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ۭ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

ع ۳/۲ فِيْهَا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حِزْبُ اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٢٢﴾

کیا ان لوگوں پر آپ نے نظر نہیں فرمائی جو ایسے لوگوں سے دوستی کرتے ہیں جن پر اللہ نے غضب کیا ہے یہ (منافق) لوگ نہ تو (پورے پورے) تم میں ہیں اور نہ ان ہی میں ہیں اور جھوٹی بات پر قسمیں کھا جاتے ہیں اور وہ خود (بھی) جانتے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے لئے سخت عذاب مہیا کر رکھا ہے (کیونکہ) بے شک وہ برے برے کام کیا کرتے تھے انہوں نے اپنی قسموں کو (اپنے بچاؤ کے لئے) سپر بنا رکھا ہے پھر خدا کی راہ سے روکتے رہتے ہیں سو (اس وجہ سے) ان کے لئے ذلت کا عذاب ہونے والا ہے ان کے اموال اور اولاد اللہ کے عذاب سے ان کو ذرا نہ بچا سکیں گے اور یہ لوگ دوزخی ہیں وہ لوگ اس میں ہمیشہ رہیں گے جس روز اللہ ان سب کو دوبارہ زندہ کرے گا سو یہ اس کے سامنے بھی (جھوٹی) قسمیں کھاویں گے جس طرح تمہارے سامنے قسمیں کھا جاتے ہیں اور یوں خیال کریں گے کہ ہم کسی اچھی حالت میں ہیں خوب سن لو یہ لوگ بڑے ہی جھوٹے ہیں ان پر شیطان نے پورا تسلط کر لیا ہے سو اس نے ان کو خدا کی یاد بھلا دی یہ لوگ شیطان کا گروہ ہیں خوب سن لو کہ شیطان کا گروہ ضرور برباد ہونے والا ہے۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں یہ لوگ سخت ذلیل لوگوں میں ہیں اور اللہ تعالیٰ نے یہ بات (اپنے حکم ازلی میں) لکھ دی ہے کہ میں اور میرے پیغمبر غالب رہیں گے بے شک اللہ تعالیٰ قوت والا غلبہ والا ہے جو لوگ اللہ پر اور قیامت کے دن پر (پورا پورا) ایمان رکھتے ہیں آپ ان کو نہ دیکھیں گے کہ وہ ایسے شخصوں سے دوستی رکھتے ہیں جو اللہ اور رسول کے برخلاف ہیں گو وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا کنبہ ہی کیوں نہ ہوں ان لوگوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان ثبت کر دیا ہے اور ان (قلوب) کو اپنے فیض سے قوت دی ہے (فیض سے مراد نور ہے) اور ان کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوگا اور وہ اللہ سے راضی ہوں گے یہ لوگ اللہ تعالیٰ کا گروہ ہے خوب سن لو کہ اللہ تعالیٰ ہی کا گروہ فلاح پانے والا ہے۔

تفسیر ربط: تقریر اُس کی اُس سے اوپر کی آیات کی تمہید گزر چکی ہے۔

تتمہ ذم و وعید منافقین و اتماش بر مدح و وعد مومنین: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ (الی قولہ تعالی) اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٢٢﴾ کیا آپ نے لوگوں پر نظر نہیں فرمائی جو ایسے لوگوں سے دوستی کرتے ہیں جن پر اللہ نے غضب کیا ہے (پہلے لوگوں سے مراد منافقین ہیں اور دوسرے ان لوگوں سے مراد یہود و جمیع کفار مجاہرین اور منافقین چونکہ یہودی تھے اس لئے ان کی دوستی یہود سے اور اسی طرح اور کفار سے بھی مشہور اور معلوم ہے) یہ (منافق) لوگ نہ تو (پُورے پُورے) تم میں ہیں اور نہ (پُورے پُورے) اُن ہی میں ہیں (بلکہ ظاہر میں تو تم سے ملے ہوئے ہیں اور باطناً وعقیدۃً کفار کے ساتھ ہیں) اور جھوٹی بات پر قسمیں کھا جاتے ہیں (وہ جھوٹی بات یہی ہے کہ ہم مسلمانوں میں شامل ہیں کقولہ تعالیٰ: وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ۭ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ [التوبۃ: ۵۶]) اور وہ (خود بھی) جانتے ہیں (کہ ہم جھوٹے ہیں آگے اُن کے لئے وعید ہے) اللہ تعالیٰ نے اُن کے لئے سخت عذاب مہیا کر رکھا ہے (کیونکہ) بے شک وہ بُرے بُرے کام کیا کرتے تھے (چنانچہ کفر و نفاق سے بدتر کون سا کام ہوگا اور ان ہی بُرے کاموں میں سے ایک بُرا کام یہ ہے کہ اُنہوں نے اپنی (ان جھوٹی) قسموں کو (اپنے بچاؤ کے لئے) سپر بنا رکھا ہے (جس میں مسلمان ہم کو مسلمان سمجھ کر ہماری جان و مال سے تعرض نہ کریں) پھر (اوروں کو بھی) خدا کی راہ (یعنی دین) سے روکتے رہتے ہیں (یعنی بہکاتے رہتے ہیں) سو (اس وجہ سے) اُن کے لئے ذلت کا عذاب ہونے والا ہے (یعنی وہ عذاب جیسا شدید ہوگا کما مر ایسا ہی مہین بھی ہوگا اور جب وہ عذاب ہونے لگے گا تو) اُن کے اموال اور اولاد اللہ (کے عذاب) سے اُن کو ذرا نہ بچا سکیں گے (اور) یہ دوزخی لوگ ہیں (اس میں تعیین فرما دی اُس عذاب شدید و مہین کی کہ دوزخ ہے اور) وہ لوگ اُس (دوزخ) میں ہمیشہ رہنے والے ہیں (آگے وقت عذاب کا بتلاتے ہیں کہ وہ عذاب اُس روز ہوگا) جس روز اللہ تعالیٰ ان سب کو (مع) دیگر مخلوقات کے) دوبارہ زندہ کرے گا سو یہ اُس کے روبرو بھی (جھوٹی) قسمیں کھا جاویں گے جس طرح تمہارے سامنے قسمیں کھا جاتے ہیں (جیسا مشرکین کی جھوٹی قسم قیامت کے دن اس آیت میں مذکور ہے: وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا

www.besturdubooks.net

مُشْرِكِيْنَ [الأنعام : ٢٣])اور یوں خیال کریں گے کہ ہم کسی اچھی حالت میں ہیں (کہ اس جھوٹی قسم کی بدولت بچ جاویں گے) خوب سُن لو یہ لوگ بڑے ہی جھوٹے ہیں (کہ خدا کے سامنے بھی جھوٹ بولنے سے نہ چوکے اور اُن کی جو حرکات اوپر مذکور ہیں وجہ اُس کی یہ ہے کہ) ان پر شیطان نے پُورا تسلط کرلیا ہے (کہ اُس کے اضلال پر عمل کررہے ہیں) سو اُس نے اُن کو خدا کی یاد بھلا دی (یعنی اس کے احکام کو چھوڑ بیٹھے واقعی) یہ لوگ شیطان کا گروہ ہے خوب سُن لو کہ شیطان کا گروہ ضرور برباد ہونے والا ہے (آخرت میں تو ضرور اور گاہے دُنیا میں بھی اور اُن کی یہ حالت کیوں نہ ہو کہ یہ اللہ اور رسول کے مخالف ہیں اور قاعدہَ کُلیہ ہے کہ) جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں یہ لوگ (اللہ کے نزدیک) سخت ذلیل لوگوں میں ہیں (جب اللہ کے نزدیک ذلیل ہیں تو آثار مذکورہ کا ترتب کیا مستبعد ہے اور جس طرح خدا تعالیٰ نے اُن کے لئے ذلت تجویز فرما رکھی ہے اسی طرح مطیعین کے لئے عزت کیونکہ وہ لوگ اللہ اور رسولوں کے متبع ہیں اور) اللہ تعالیٰ نے یہ بات اپنے (حکم ازلی میں) لکھ دی ہے کہ میں اور میرے پیغمبر غالب رہیں گے (جو کہ حقیقت ہے عزت کی مقصود یہاں غلبہ بیان کرنا انبیاء کا ہے اپنا ذکر تشریف انبیاء کے لئے فرمادیا پس جب رسل ذی عزت ہیں تو اُن کے متبعین بھی اور معنی غلبہ کے سورہَ مائدہ آیت :فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ [المائدة : ٥٦] اور سورہَ مؤمن آیت :لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا …… [المؤمن : ٥١] کے ذیل میں گزر چکے ہیں) بے شک اللہ تعالیٰ قوت والا غلبہ والا ہے (اس لئے وہ جس کو چاہے غالب کردے آگے دوستی کفار میں منافقین کے حال کے خلاف اہل ایمان کا حال بیان فرماتے ہیں کہ) جو لوگ اللہ پر اور قیامت کے دن پر (پورا پورا) ایمان رکھتے ہیں آپ اُن کو نہ دیکھیں گے کہ وہ ایسے شخصوں سے دوستی رکھیں جو اللہ اور رسول کے برخلاف ہیں گو اُن کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا کنبہ ہی کیوں نہ ہو اُن لوگوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان ثبت کردیا ہے اور اُن کے (قلوب) کو اپنے فیض سے قوت دی ہے (فیض سے مراد نُور یعنی مقتضائے ہدایت پر ظاہراً عمل وباطناً سکون وھو المذکور فی قولہ تعالیٰ :فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ [الزمر : ٢٢] چونکہ یہ سبب ہے زیادۃ حیات معنویہ کا اس لئے اُس کو روح سے تعبیر فرمایا یہ دولت اُن کو دنیا میں ملی کقولہ تعالیٰ :اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ [البقرة : ٥]) اور (آخرت میں ان کو یہ نعمت ملے گی کہ) اُن کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی جن میں وُہ ہمیشہ رہیں گے اللہ تعالیٰ اُن سے راضی ہوگا اور وہ اللہ سے راضی ہوں گے یہ لوگ اللہ کا گروہ ہے خوب سن لو کہ اللہ ہی کا گروہ فلاح پانے والا ہے (کقولہ تعالیٰ : وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ [ایضًا] بعد قولہ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ [ایضًا])۔

ف: کفار سے دوستی رکھنے کی تحقیق سورہَ آل عمران آیت :لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ [آل عمران : ٢٨] کے ذیل میں گزر چکی ہے الحمد للہ کہ تفسیر سورہَ مجادلہ کی ختم ہوئی آگے تفسیر سورہَ حشر کی آتی ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ میں کہتا ہوں کہ جب تم کو نسیان محسوس ہو شیطان کے غلبہ کا اثر سمجھ کر ذکر سے تدارک کرو۔ قولہ تعالیٰ :لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ اس میں دلالت ہے کہ محبت الٰہیہ کے لوازم میں سے ہے کہ اُس کے ساتھ مخالفت کرنے والے سے اس کو نفرت ہوگی۔ قولہ تعالیٰ : وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ یہ روح نُور قلب ہے جس کو سکینہ اور نسبت بھی کہتے ہیں چونکہ اس سے قلب کی حیات ہے اس لئے روح فرمایا گیا ١٢۔ سورہَ مجادلہ تمام ہوئی۔

اللغات: استحوذ الحوذ فی الاصل السوق والجمع وقید بعضهم بالسریع ثم اطلق علی الاستیلاء ومنه الا حوذی للمشمر فی الامور القاهر لها الذی لا یشذ عنه منها شیٔ وهو مما جاء علی الاصل فی عدم اعلاله علی القیاس ١٢۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْحَشْرِ

سُوْرَةُ الْحَشْرِ ۵۹ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۱ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۲۴ — رُكُوْعَاتُهَا ۳

سورۃ الحشر مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۲۴ اور ۳ رکوع ہیں

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ① هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ
الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ
اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۗ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي
الْاَبْصَارِ ② وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ؕ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ③ ذٰلِكَ
بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ④ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا
قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ⑤

اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں سب جو کچھ کہ آسمانوں اور زمین میں (مخلوقات) ہیں (خواہ زبان حال سے یا قال سے) اور وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے وہی ہے جس نے (ان) کفار اہل کتاب (یعنی بنو نضیر) ان کے گھروں سے پہلی بار اکٹھا کر کے نکال دیا تمہارا گمان بھی نہ تھا کہ وہ (کبھی اپنے گھروں سے) نکلیں گے اور (خود) انہوں نے یہ گمان کر رکھا تھا کہ ان کے قلعے ان کو اللہ سے بچالیں گے سو ان پر خدا (کا عتاب) ایسی جگہ سے پہنچا کہ ان کو خیال بھی نہ تھا اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا کہ اپنے گھروں کو خود اپنے ہاتھوں سے اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے بھی اجاڑ رہے تھے سو اے دانش مندو (اس حالت کو دیکھ کر) عبرت حاصل کرو اور اگر اللہ تعالیٰ ان کی قسمت میں جلاوطن ہونا نہ لکھ چکتا تو ان کو دنیا ہی میں قتل کی سزا دیتا اور ان کے لئے آخرت میں دوزخ کا عذاب (تیار) ہے یہ اس سبب سے ہے کہ ان لوگوں نے اللہ کی اور اس کے رسولوں کی مخالفت کی ہے اور وہ جو شخص اللہ کی مخالفت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو سخت سزا دینے والا ہے جو کھجوروں کے درخت تم نے کاٹ ڈالے یا ان کو ان کی جڑوں پر کھڑا رہنے دیا سو (دونوں باتیں) خدا ہی کے حکم (اور رضا) کے موافق ہیں اور تا کہ کافروں کو ذلیل کرے۔

سورة الحشر مدنية وآيها اربع وعشرون كذا في البيضاوي۔

تفسیر: ربط: اوپر کی سورت کے اکثر حصہ اخیرہ میں منافقین کی مذمت اور اُن کا یہود سے دوستی رکھنا مذکور تھا اس سورت کے اکثر حصہ اولیہ میں یہود کی بعض عقوبت اور منافقین کی دوستی اُن کے کام نہ آنا مذکور ہے اور بمناسبت خصوصیت عقوبت مذکورہ کے کہ جلاء وطنی ہے درمیان میں بعض احکام فئی کے بیان کر دیئے گئے اور اخیر حصہ میں مسلمانوں کو امثال افعال کفار مذکورین سے تنفیر وتحذیر کی غرض سے تہیۂ آخرت اور مخالفت احکام الٰہیہ سے بچنے کا امر اور اس امر کی تقویت وتاکید کے لئے اپنی صفات جلال و جمال بیان فرمائیں پس اخیر کے حصہ میں من وجہ تفصیل بھی ہوگئی اجمال فَاعْتَبِرُوْا...... کی اور قصہ ان یہود کا اس طرح ہوا کہ جب حضور ﷺ مدینہ طیبہ میں تشریف لائے تو یہود سے معاہدہ صلح کا ہوگیا منجملہ اُن کے ایک قبیلہ بنی نضیر تھا اور اُن سے بھی صلح تھی اور یہ لوگ مدینہ سے دو میل پر رہتے تھے ایک بار آپ وہاں خون بہا کی اعانت میں اُن کو شریک کرنے کے لئے تشریف لے گئے جس کا واقعہ یہ ہوا تھا کہ عمرو بن امیہ ضمری کے ہاتھ سے دو خون ہوگئے تھے اُس میں خون بہا ادا کرنا تھا آپؐ اس لئے تشریف لے گئے کہ اگر یہ لوگ بھی چندہ میں شریک ہونا چاہیں تو ہو جاویں اُنہوں نے آپ کو ایک

www.besturdubooks.net

جگہ بتلا دیا کہ ہم اس کا انتظام کئے دیتے ہیں اور باہم خفیہ مشورہ کیا کہ کوئی شخص اونچے ٹیلے پر چڑھ کر یہ پتھر چکی کا آپ پر چھوڑ دے کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا کام تمام ہو جاوے فوراً وحی سے آپ کو معلوم ہو گیا آپ وہاں سے اُٹھ آئے اور کہلا بھیجا کہ تم نے نقض عہد کیا ہے دس روز کی تم کو مہلت ہے اس مدت کے اندر اندر جہاں چاہو چلے جاؤ ورنہ جو شخص اس مدت کے بعد نظر آوے گا اُس کی گردن ماری جاوے گی اُنہوں نے چلے جانے کا ارادہ کیا تو عبداللہ بن ابی مُنافق نے اُن کے پاس کہلا بھیجا کہ تم کہیں مت جاؤ میرے ساتھ دو ہزار آدمیوں کی جمعیت ہے اپنی جان دے دیں گے اور تم پر آنچ نہ آنے دیں گے اور روح میں ابن اسحٰق وغیرہ سے عبداللہ کے ساتھ ودیعہ بن مالک وسوید وداعس کا نام بھی نقل کیا ہے وہ لوگ ان کے کہنے میں آ گئے اور آپ کے پاس کہلا بھیجا کہ ہم کہیں نہیں جاتے جو آپ سے ہو سکے کر لیجئے آپ صحابہؓ کے ساتھ چلے وہ لوگ قلعہ بند ہو گئے اور منافقین مُونہہ چھپا کر بیٹھ رہے آپ نے ان کا محاصرہ کر لیا اور اُن باغوں کے درخت جلوا دیئے کٹوا دیئے آخر تنگ ہو کر اُنہوں نے نکل جانا منظور کیا آپ نے فرمایا کہ جتنا اسباب لے جا سکو لے جانے کی اجازت ہے بجز ہتھیار کے غرض وہ لوگ کچھ شام کو کچھ خیبر کو نکل گئے اور مارے حسد وحرص کے اپنے گھروں کی چوکھٹ بازو کڑیاں تختے تک لا دلا دکر لے گئے اور یہ قصہ بعد بدر کے ربیع الاول ۴ھ میں ہوا پھر حضرت عمرؓ نے اپنی خلافت میں اُن کو مع دیگر یہود کے ملک شام کی طرف نکال دیا یہ دونوں جلاء وطنی حشر اول وحشر ثانی کہلاتی ہیں کذا فی زاد المعاد وغیرہ اور تمہید کے طور پر تسبیح سے افتتاح مضمون کیا گیا۔

افتتاح بتسبیح رب قدیر و قصۂ اخراج بنی النضیر ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ (الی قولہ تعالیٰ) وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ۞ ۔ اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں سب جو کچھ آسمانوں اور زمین میں (مخلوقات) ہیں (خواہ قالاً خواہ حالاً) اور وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے (چنانچہ اُس کی علوشان اور قدرت اور حکمت کا ایک اثر یہ ہے کہ) وہی ہے جس نے (ان) کفار اہل کتاب (یعنی بنی نضیر) کو اُن کے گھروں سے پہلی ہی بار اکٹھا کر کے نکال دیا (یعنی بقول زہری اس کے قبل اُن پر یہ مصیبت واقع نہ ہوئی تھی یہ مصیبت ان پر اول ہی بار آئی ہے جو ان کی حرکات شنیعہ کا ثمرہ ہے اور اس میں ایک لطیف اشارہ ہے ایک پیشین گوئی کی طرف کہ ان کے لئے پھر بھی ایسا اتفاق ہوگا چنانچہ دوبارہ حضرت عمرؓ نے تمام یہود کو جزیرۂ عرب سے نکال دیا **کذا فی الخازن** اور اشارہ کو لطیف اس لئے کہا گیا کہ لفظ اول ہمیشہ مقتضی نہیں ہوتا وقوع ثانی کو چنانچہ بولتے ہیں فلاں عورت کے پہلی ہی بار بچہ پیدا ہوا ہے آگے اس کے اخراج کے اثر قدرت وغلبہ ہونے کی تقریر ہے کہ اے مسلمانو! ان کا سامان وشوکت دیکھ کر) تمہارا گمان بھی نہ تھا کہ وہ (کبھی اپنے گھروں سے) نکلیں گے اور (خود) اُنہوں نے یہ گمان کر رکھا تھا کہ اُن کے قلعے اُن کو اللہ (کے انتقام) سے بچا لیں گے (یعنی اپنے قلعوں کے استحکام پر ایسے مطمئن تھے کہ اُن کے دل میں انتقام غیبی کا خطرہ بھی نہ آتا تھا پس اُن کی حالت مشابہ اُس شخص کے تھی جس کا یہ گمان ہو کہ اُن کے قلعے اللہ سے بچا لیں گے اور اگر بنی نضیر کے قلعے متعدد نہ ہوں تو حُصُوْنُهُمْ کی ضمیر مطلق یہود کی طرف ہوگی اور اَنَّهُمْ کی ضمیر بھی اور صرف ظَنُّوْٓا کی ضمیر بنی نضیر کی طرف ہو جاوے گی یعنی بنی نضیر کا یہ خیال تھا کہ سب یہود کو اُن کے قلعے حوادث سے بچا لیں گے ان سب یہود میں یہ بھی آ گئے کہ اپنے قلعہ کو اپنا محافظ سمجھتے تھے) سو اُن پر خدا (کا عقاب) ایسی جگہ سے پہنچا کہ اُن کو خیال (اور گمان) بھی نہ تھا (مراد اس جگہ سے یہ ہے کہ مسلمانوں کے ہاتھوں نکالے گئے جن کی بے سروسامانی پر نظر کر کے اس کا احتمال بھی نہ ہوتا تھا کہ یہ بے سامان ان باسامانوں پر غالب آ جاویں گے) اور اُن کے دلوں میں (اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کا) رُعب ڈال دیا کہ (اُس رعب کی وجہ سے نکلنے کا قصد کیا اور اُس وقت یہ حالت تھی کہ) اپنے گھروں کو خود اپنے ہاتھوں سے بھی اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے بھی اجاڑ رہے تھے (یعنی خود بھی کڑی تختہ لے جانے کے واسطے اپنے مکانوں کو منہدم کرتے تھے اور مسلمان بھی اُن کے قلب کو صدمہ پہنچانے کے واسطے منہدم کرتے تھے اور مسلمانوں کے منہدم کرنے کو ان کی طرف سے منسوب کیا کہ سبب اس انہدام کا اصل میں نقض عہد ہے اور فعل یہود کا ہے پس اسناد الی السبب ہوگئی اور مسلمانوں کا ہاتھ بمنزلہ آلہ کے ہو گیا) سو اے دانشمندو (اس حالت کو دیکھ کر) عبرت حاصل کرو (کہ انجام خدا اور رسول کی مخالفت کا بعض اوقات دنیا میں بھی نہایت بُرا ہوتا ہے) اور اگر اللہ تعالیٰ اُن کی قسمت میں جلاء وطن ہونا نہ لکھ چکتا تو اُن کو دُنیا ہی میں (قتل کی) سزا دیتا (جس طرح اُن کے بعد بنی قریظہ کے ساتھ معاملہ کیا گیا) اور (گو دُنیا میں عذاب قتل سے بچ گئے لیکن) اُن کے لئے آخرت میں دوزخ کا عذاب (تیار) ہے (اور) یہ (سزائے جلاء وطنی دُنیا میں اور سزائے نار آخرت میں) اس سبب سے ہے کہ ان لوگوں نے اللہ کی اور اس کے رسول کی مخالفت کی اور جو شخص اللہ کی مخالفت کرتا ہے (کہ وہی مخالفت رسول کی بھی ہے) تو اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والا ہے (یہ مخالفت دو طرح ہوئی ایک نقض عہد سے جس سے کہ یہ سزائے جلاوطنی ہوئی اور دوسرے عدم ایمان سے جو سبب عذاب نار کے ہے۔ آگے یہود کے ایک طعن کا جواب ہے جو درختوں کے کاٹنے اور جلانے کے باب میں کیا تھا کہ یہ فساد ہے اور فساد مذموم ہے **کذا فی الدر** ونیز بعض مسلمانوں نے باوجود اجازت کے یہ سمجھ کر کہ ترک جائز ہے اور آخر میں یہ درخت مسلمانوں ہی کے ہوں گے تو اُن کا رہنا ہی بہتر ہے نہیں کاٹے اور بعض نے یہ سمجھ کر کہ یہود کا دل دُکھے گا کاٹ دیئے کذا فی الدر۔ جواب کے ساتھ ان دونوں فعل کی بھی تصویب ہے پس ارشاد ہے کہ) جو کھجوروں کے درخت تم نے کاٹ ڈالے (اسی طرح جو جلا دیئے) یا

www.besturdubooks.net

اُن کو اُن کی جڑوں پر (بحالہا) کھڑا رہنے دیا سو (دونوں باتیں) خدا ہی کے حکم (اور رضا) کے موافق ہیں (تا کہ مسلمانوں کو عزت دے) اور تا کہ کافروں کو ذلیل کرے (یعنی دونوں فعلوں میں مصلحت ہے چنانچہ ترک میں بھی مسلمانوں کی ایک کامیابی اور کفار کو غیظ میں ڈالنا ہے کہ یہ مسلمان اس کو برتیں گے اور قطع وحرق بھی مسلمانوں کی دوسری کامیابی یعنی ظہور آثار غلبہ اور کفار کو غیظ میں ڈالنا ہے کہ مسلمان ہماری چیزوں میں کیسے تصرفات کر رہے ہیں پس دونوں امر جائز اور بوجہ تضمن حکمت کے کوئی قبیح نہیں)۔

ف: مسئلہ: اہل حرب کے اموال کا احراق یا افساد وقطع اشجار وغیرہ جب اس میں مصلحت ہو جائز ہے۔ **كذا فى الهداية والروح وغيرهما۔**

مسئلہ: کفار کے جلاء وطن کر دینے کو روح المعانی میں ابتدائے اسلام میں مشروع اور اب منسوخ کہا ہے اور ہدایہ میں بحث فئی میں لکھا ہے **الاراضى التى اجلوا عنها اهلها** جس سے اس حکم کا بقاء معلوم ہوتا ہے احقر کے نزدیک یہ ہے کہ جن لوگوں نے اس کو داخل من سمجھا ہے منسوخ کہا ہے اور جنہوں نے جائز کہا ہے غالباً مثل اس کے سمجھا ہے کہ کفار مقابلہ کے وقت بھاگنے لگیں اور کسی مصلحت سے اُن کا تعاقب نہ کیا جاوے کہ یہ جائز ہے مثل صلح کے فقط۔

ترجمہ مسائل السلوک: (سورۃ الحشر) قولہ تعالیٰ: مَا ظَنَنْتُمْ (الى قوله تعالى) لَمْ يَحْتَسِبُوْا اس میں دلالت ہے اس پر کہ تدبیرات میں مستقل تاثیر نہیں اور عارفین کا گویا یہ ایک حال ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ عبرت کی حقیقت ہے رد الشئی الی نظیرہ اور اس کے عموم میں صوفیہ کی تاویلات قرآن وحدیث کی بھی داخل ہو گئیں بقید خاص شرائط کے۔ قولہ تعالیٰ: مَا قَطَعْتُمْ ...... یہ اس پر دال ہے کہ اختلاف مسلک جب کہ شرعی حد کے اندر اور خلوص سے ہو معتر نہیں اس میں صوفیہ کے مسالک کا اختلاف بھی آ گیا پس ایک کو دوسرے پر عیب لگانے کا حق نہیں۔

اللغات: **لاول الحشر اللام للوقت الجلاء الاخراج او الخروج يقال جلوا عنها ويقال ايضا جلاهم ۱۲۔ لينة النخلة من اللون او من اللين كذا فى الروح ۱۲۔**

البلاغۃ: **قوله قطعتم ولم يتعرض للتحريق لانه فى معنى القطع فاكتفى به واما التعرض للترك مع انه ليس بفساد عندهم ايضا فلتقرير عدم كون القطع فساد النظمة فى مسلك ما ليس بفساد ايذانا بتساويهما فى ذلك ۱۲۔**

وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ
يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۶ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ
وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ۭ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۤ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ
اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۷ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ
وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝۸ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ
يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ
خَصَاصَةٌ ڵ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۹ وَالَّذِيْنَ جَاۗءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ
رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۰ ع

اور جو کچھ اللہ نے اپنے رسول کو ان سے دلوایا سو تم نے اس پر نہ گھوڑے دوڑائے اور نہ اونٹ لیکن اللہ تعالیٰ (کی عادت ہے کہ) اپنے رسولوں کو جس پر چاہے (خاص طور پر) مسلط فرما دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر پوری قدرت ہے جو کچھ اللہ تعالیٰ (اسی طور پر) اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو دوسری بستیوں کے (کافر) لوگوں سے دلوا دے (جیسے فدک اور ایک حصہ خیبر کا) سو وہ (بھی) اللہ کا حق ہے اور رسول کا اور آپ کے قرابتداروں کا اور یتیموں کا اور مسافروں کا تا کہ وہ (مال) تمہارے تونگروں کے قبضہ میں نہ آ جائے اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم تم کو جو کچھ دے دیا کریں وہ لے لیا کرو اور جس چیز کے لینے سے تم کو روک دیں (اور بعموم الفاظ یہی حکم ہے) افعال اور احکام میں بھی تم رک جایا کرو اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ تعالیٰ (مخالفت کرنے پر) سخت سزا دینے والا ہے اور ان حاجت مند مہاجرین کا (بالخصوص) حق ہے جو اپنے گھروں سے اور اپنے مالوں سے (جبراً وظلماً) جدا کر دیئے گئے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے فضل (یعنی جنت) اور رضامندی کے طالب ہیں اور وہ اللہ اور اسکے رسول (کے دین) کی مدد کرتے

www.besturdubooks.net

ہیں (اور) یہی لوگ (ایمان کے) سچے ہیں اور (نیز) ان لوگوں کا (بھی حق ہے) جو دار السلام (یعنی مدینہ) میں ان (مہاجرین) کے آنے سے قبل سے قرار پکڑے ہوئے ہیں جو انکے پاس ہجرت کر کے آتا ہے اس سے یہ لوگ محبت کرتے ہیں اور مہاجرین کو جو کچھ ملتا ہے اس سے یہ (انصار) اپنے دِلوں میں کوئی رشک نہیں پاتے ہیں اور اپنے سے مقدم رکھتے ہیں اگر چہ ان پر فاقہ ہی ہو اور (واقعی) جو شخص اپنی طبیعت کے بخل سے محفوظ رکھا جائے ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیں اور ان لوگوں کا (اس مال فے میں حق ہے) جو انکے بعد آئے جو (ان مذکورین فے کے حق میں دعا کرتے ہیں) دعا کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو (بھی) جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں اور ہمارے دِلوں میں ایمان والوں کی طرف سے کینہ نہ ہونے دیجئے اے ہمارے رب آپ بڑے شفیق رحیم ہیں۔

تفسیر: ربط: تمہید سورت میں گزر چکا البتہ فئی کے متعلق کچھ مضمون بطور مقدمہ کے تفسیر سے پہلے لکھ دینا اعانت فہم تفسیر کے لئے مناسب معلوم ہوتا ہے **وھو ھذا** جو مال اہل حرب سے بلا قتال حاصل ہو وہ فئی ہے **کذا فی الھدایۃ** اموال بنی نضیر اسی قبیل سے تھے اور فدک اور نصف خیبر بھی جس میں کتیبہ و وطیح وسلالہ[1] دو جدہ بھی تھا اور بقیہ نصف خیبر یعنی شق اور نطاۃ فئی نہ تھا بلکہ عنوۃ فتح ہوا تھا **اخرجہ ابن مردویہ عن ابن عباسؓ کذا فی الدر المنثور** اور مال فئی میں امام صاحب کے نزدیک خمس نہیں ہے کذا فی الہدایۃ اور جو عنوۃ فتح ہوا اُس میں تقسیم کے وقت خمس نکالا جاتا ہے جس کے مصارف سورۂ انفال میں گزر چکے ہیں اور ان اموال کا حکم یہ ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جیسا کہ روایات کے الفاظ سے معلوم ہوتا ہے اُس کے مالک تھے اور اُس میں جو مصارف آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو بتلائے گئے وجوباً یا ندباً وہ ایسا ہے جیسے اہل اموال پر زکوٰۃ وصدقہ ہے البتہ یہ اموال مملوکہ آپؐ کے بعد محل میراث نہ تھے بلکہ وقف تھے اور یہ خصوصیت تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رواہ الشیخان چنانچہ آپؐ نے اموال بنی نضیر کا اکثر حصہ مہاجرین کو اور انصار میں سے بعض کو تقسیم فرما دیا رواہ البیہقی اور بقیہ میں سے اپنے اہل وعیال کو سال بھر کا خرچ دے کر جو بچتا وہ سامان جہاد سلاح وکراع میں صرف فرما دیا جاتا **اخرجہ الشیخان وغیرھما**۔ اور خیبر کی آمدنی سے فقراء مہاجرین کی اور فدک سے مسافروں کی امداد فرماتے اخرجہ ابوداؤد وابن مردویہ آئندہ قولہ تعالیٰ: وَمَآ اَفَآءَ...... میں اسی تخصیص کا ذکر ہے جس کا نزول اس سبب سے ہوا کہ بعض لوگوں نے کہا تھا کہ یہ زمین تقسیم کیوں نہیں کی گئی **فانزل اللّٰہ عذرا فقال افاء الخ اخرجہ ابن مردویہ عن ابن عباسؓ** اور[2] بعد آپ کی حیات کے اُس کے مصارف صرف مصالح عامہ ہیں مثل سد ثغور و بنائے قناطیر وجسور اور قضاۃ و عمال وعلمائے مسلمین وارزاق مقاتلین وذراری مقاتلین **کذا فی الھدایۃ** اور ان مصالح میں مصارف خمس غنیمت یتامیٰ اور مساکین وابن السبیل بھی داخل ہیں **کما یفھم من عد المرضٰی والزمنی واللقیط من المصالح العامۃ فی رد المحتار** اور فقراء مہاجرین وانصار بھی اس وقت داخل تھے اور بعد کی نسلیں بھی داخل ہیں کیونکہ مصالح عامہ مذکورہ سے جو نفع پہنچتا ہے وہ غیر موجودین کو بھی پہنچتا ہے غرض اس کے مصارف نہایت عام ہیں البتہ ایسی زمین کسی کی ملک کر دینا امام کو اس کا اختیار ہونا یا نہ ہونا مختلف ویہ ہے کما یفہم من الدر المختار ورد المختار قبیل فصل الجزیۃ چنانچہ دوسری چوتھی پانچویں آیت میں یہ سب مذکور ہیں روی استیعاب الآیۃ **لھؤلاء کلھم البیھقی وغیرہ عن عمرؓ** اور ان مصارف کی تحدید وتقدیر رائے امام پر ہے لیکن امام کو حاکمانہ اختیارات ہیں مالکانہ نہیں اور حضورؐ کو مالکانہ اختیارات تھے مثل بیع وغیرہ اور حسب روایت دُرِ منثور قتادہ کا قول یہ ہے کہ مصارف خمس پہلے مصارف فئی تھے پھر سورۂ انفال کی آیت سے یہ آیت سورۂ حشر کی منسوخ ہوگئی اور اُن کے لئے خمس مقرر ہوگیا لیکن چونکہ ظاہراً سورۂ انفال کی آیت بدر میں نازل ہوئی اور بدر مقدم ہے لہٰذا یہ قول خلاف ظاہر ہے اور یہ تقریر مذکور حنفیہ کے مسلک پر ہے اور شافعیؒ کے نزدیک فئی میں بھی خمس ہے اور چار اخماس مصارف مذکورہ میں صرف ہوں گے **لقولہ علیہ السلام کما فی الصحاح مالی مما افاء اللّٰہ تعالٰی علیکم الا الخمس والخمس مردود علیکم** اور ظاہر ہے کہ خمس یعنی خمس الخمس مقتضی تخمیس کو ہے تو فئی میں بھی خمس ہوا اور یہاں جو مصارف مذکور ہیں وہ مصارف اسی خمس کے ہیں اھ لیکن آیت میں مَآ اَفَآءَ اللّٰہُ کی خبر میں فَلِلّٰہِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی...... واقع میں ہونا ظاہراً اس پر دال ہے کہ یہ مصرف جمیع مَآ اَفَآءَ اللّٰہُ کا ہے نہ کہ اس کے خمس کا اور حدیث میں افاء کا بمعنی غنیمت مستعمل ہونا محتمل ہے واللہ اعلم یہ مقام مثل سورۂ براءت کے احقر کو بہت دشوار معلوم ہوا تفاسیر واحادیث وکتب فقہ کی مراجعت کے بعد غایت جدوجہد سے جو سمجھ میں آیا وہ لکھا گیا مثل سورۂ براءت کے یہاں بھی عرض ہے کہ اگر اس سے احسن اور اتقن تفسیر ممکن ہو تو اُس کو ترجیح دی جاوے **والروایات کلھا من الخازن والدر المنثور**۔

احکام فئی:

مَآ اَفَآءَ اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ (الی قولہ تعالی) رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۝ اوپر جو بیان ہوا وہ تو بنی نضیر کی جانوں کے ساتھ معاملہ ہوا اور (اُن کے اموال کے ساتھ جو معاملہ ہوا اُس کا بیان یہ ہے کہ) جو کچھ اللہ نے اپنے رسولؐ کو اُن سے دلوا دیا سو (اُس میں تم کو کوئی مشقت نہیں پڑی چنانچہ) تم نے اُس پر (یعنی اُس کے حاصل کرنے کو) نہ گھوڑے دوڑائے اور نہ اونٹ (مطلب یہ کہ نہ سفر کی مشقت ہوئی کیونکہ مدینہ سے دو میل پر ہے اور نہ قتال کی اور برائے نام جو مقابلہ کیا گیا وہ غیر معتد بہ تھا کذا فی الروح اس لئے اُس میں تمہارا استحقاق تقسیم وتملیک کا نہیں جس طرح غنیمت کے چار خمس میں ہوتا ہے) لیکن اللہ تعالیٰ (کی

www.besturdubooks.net

عادت ہے کہ) اپنے رسولوں کو (اپنے دشمنوں میں سے) جس پر چاہے (خاص طور پر) مُسلط فرما دیتا ہے (یعنی محض رعب سے مغلوب کر دیتا ہے جس میں کسی کو کچھ مشقت واقع نہیں ہوتی چنانچہ اُن رسولوں میں سے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح مُسلط فرما دیا اس لئے اُس میں تمہارا کوئی حق نہیں ہے بلکہ اُس میں مالکانہ تصرف کرنا آپ کی رائے پر مفوض ہے) اور اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر پوری قدرت ہے پس وہ جس طرح چاہے دُشمنوں کو مغلوب کرے اور جس طرح چاہے اپنے رسول کو اختیار اور تصرف دے اور جیسا اموال بنی نضیر کا یہ حکم ہے اسی طرح) جو کچھ اللہ تعالیٰ (اسی طور پر) اپنے رسول کو دوسری بستیوں کے (کافر) لوگوں سے دلوادے (جیسا فدک اور ایک جزو خیبر کا اسی طرح ہاتھ آیا) سو (اس میں بھی تمہارا کوئی استحقاق تملک کا نہیں بلکہ) وہ (بھی) اللہ کا حق ہے (یعنی وہ جس طرح چاہے اس میں حکم دے جیسا کہ اور سب چیزوں میں اس کا اسی طرح کا حق ہے اور تخصیص حصر کے لئے نہیں اور رسول کا (حق) ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کی رائے پر اُس میں مالکانہ تصرف مفوض کر دیا ہے) اور (اور آپ کے) قرابت داروں کا (حق ہے) اور یتیموں کا (حق ہے) اور غریبوں کا (حق ہے) اور مسافروں کا (حق ہے یعنی یہ سب حسب صوابدید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اُس کے مصرف ہیں جیسا کہ اور بھی اُس کے مصارف ہیں پس تخصیص ذکری بناء بر رفع شبہ کے ہوسکتی ہے کہ یہ لوگ بدوں شرکت جہاد کے بدرجۂ اولیٰ مستحق ہوں گے اس شبہ کو رفع کر دیا کہ اُن کا مصرف ہونا خاص اوصاف کے اعتبار سے ہے نہ بوجہ شرکت جہاد کے پس وہ وصف جس میں ہوگا وہ مصرف ہوگا اور ان (۲) مصارف میں سے یتامیٰ و مساکین و ابن السبیل میں تو حکم مطلقاً باقی ہے اور رسول و ذی القربیٰ من حیث نصرۃ الرسول کا سہم وفات نبویؐ سے مرتفع ہو گیا کما مر فی سورۃ الانفال۔ اور یہ حکم مذکور اس لئے مقرر کر دیا) تاکہ وہ (مال فئی) تمہارے تونگروں کے قبضہ میں نہ آ جاوے جیسا جاہلیت میں سب غنائم و محاصل جنگ ذی اختیار لوگ ہی کھا جاتے تھے اور فقراء بالکل محروم رہ جاتے تھے اس لئے اللہ تعالیٰ نے رسولؐ کی رائے پر رکھا اور مصارف بھی بتلا دیئے کہ آپ باوجود مالک ہونے کے پھر بھی اہل حاجت و مواقع مصلحت عامہ میں صرف فرما دیں گے) اور (جب یہ معلوم ہو گیا کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے پر ہونے میں حکمت ہے تو) رسول تم کو جو کچھ دے دیا کریں وہ لے لیا کرو اور جس چیز (کے لینے) سے تم کو روک دیں تم رُک جایا کرو (اور بعموم الفاظ یہی حکم ہے افعال و احکام میں بھی) اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ تعالیٰ (مخالفت کرنے پر) سخت سزا دینے والا ہے (اور یوں فئی میں مطلقاً مساکین کا حق ہے لیکن) اُن حاجت مند مہاجرین کا (بالخصوص) حق ہے جو اپنے گھروں سے اور اپنے مالوں سے (جبراً وظلماً) جدا کر دیئے گئے (یعنی کفار نے اُن کو اس قدر تنگ کیا کہ گھربار چھوڑ کر ہجرت پر مجبور ہوئے اور اُس ہجرت سے) وہ اللہ تعالیٰ کے فضل (یعنی جنت) اور رضامندی کے طالب ہیں (کسی دُنیوی غرض سے ہجرت نہیں کی) اور وہ (لوگ) ایمان کے) سچے ہیں اور (نیز) اُن لوگوں کا (بھی حق ہے) جو دارالاسلام (یعنی مدینہ) میں (جو کہ اُن کا وطن ہے) اور ایمان میں ان (مہاجرین) کے (آنے کے) قبل سے قرار پکڑے ہوئے ہیں (گو اس سے تقدیم ایمان جمیع انصار کا ایمان جمیع مہاجرین سے لازم نہیں اور تبوؤ الدار کی صفت کو فضل میں دخل ہے یہ ہے کہ اپنے وطن میں اکتساب کمال کا کرنا خصوص انقیاد و فرمانبرداری کرنا کمال کی بات ہے کیونکہ وطن میں ان اُمور سے بہت موانع پیش آتے ہیں نیز اپنی ریاست و وجاہت کی وجہ سے عار بھی آتی ہے اور) جو اُن کے پاس ہجرت کر کے آتا ہے اُس سے یہ لوگ محبت کرتے ہیں اور مہاجرین کو (مال غنیمت وغیرہ میں سے) جو کچھ ملتا ہے اُس سے یہ (انصار بوجہ محبت کے) اپنے دلوں میں کوئی رشک نہیں پاتے اور (بلکہ اس سے بھی بڑھ کر محبت کرتے ہیں کہ اطعام وغیرہ میں اُن کو) اپنے سے مقدم رکھتے ہیں اگرچہ اُن پر فاقہ ہی ہو (یعنی خود بسا اوقات فاقہ سے بیٹھ رہتے ہیں اور مہاجرین کو کھلا دیتے ہیں اور بسا اوقات اس لئے کہا گیا کہ قضیہ غیر مسورہ ہے اور (واقعی) جو شخص اپنی طبیعت کے بخل سے محفوظ رکھا جاوے (جیسے یہ لوگ ہیں کہ حرص اور اُس کے مقتضا پر عمل کرنے سے اللہ تعالیٰ نے اُن کو مبرہ و منزہ رکھا ہے) ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیں اور اُن لوگوں کا (بھی اس فئی میں حق ہے) جو (اسلام میں یا ہجرت میں یا دنیا میں) ان (مہاجرین و انصار مذکورین کے) بعد آئے (یا آویں گے) جو (ان مذکورین کے حق میں اپنے ساتھ اس طرح) دعاء کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو (بھی) جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں (خواہ نفس ایمان یا ایمان کامل کو موقوف ہجرت پر تھا) اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کی طرف سے کینہ نہ ہونے دیجئے (یہ دعاء معاصرین کو بھی عام ہے مجموعہ کا حاصل یہ ہوا کہ متقدمین کے فضل کے معتقد رہیں اور محبت معاصرین کے لئے بھی عام ہو) اے ہمارے رب آپ بڑے شفیق رحیم ہیں (ہماری دعاء قبول فرما لیجئے مقصود اس قید سے یہ نہیں کہ جس میں یہ صفت نہ ہو وہ فئی کا مصرف نہیں ہے بلکہ مقصود تقیید سے ترغیب ہے کہ بعد کے لوگوں کو ایسا ہونا چاہئے اور بدوں اس کے مصرف کامل و پسندیدہ نہیں گو نفس مصرف ہو کما قال عمرؓ استوعبت هذه المسلمين عامة وليس احد الا له فی هذا المال حق رواه فی الدر المنثور اور دیگر مصارف مصالح عامہ مذکورہ مقدمہ تفسیر آیت ہیں: لماروی فكانت حبسا لنوائبه كذا فی الدر المنثور پس مجموعہ آیات و روایات سے ان مصارف کا مصارف ہونا اور مفوض بہ رائے نبوی ہونا معلوم ہوا چونکہ تفویض بالرائے بعد حیات کے ممکن نہیں لہٰذا وفات سے تفویض ختم ہوئی اور مصارف ہونا ان کا باقی رہ گیا جس کا اہتمام امام المسلمین پر واجب ہوگا اور تفویض بالمعنی المذکور یعنی مالکانہ تصرف نہ ہوگا گو تفویض بمعنی حاکمانہ تصرف بہ پابندی قانون

www.besturdubooks.net

شرعی اس کے لئے بھی حاصل ہے واللہ اعلم)۔

ف: حرص طبعی وجبلی پر ملامت نہیں البتہ اس کے مقتضائے نامشروع پر عمل کرنا مذموم ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَيُؤْثِرُونَ (الی قولہ تعالی) خَصَاصَةٌ[۳] اس میں ایثار کی فضیلت ہے بشرطیکہ کوئی واجب شرعی فوت نہ ہو۔ قولہ تعالیٰ : يَقُولُونَ رَبَّنَا (الی قولہ تعالی) بِالْإِيمَانِ اس میں سابقین کے لئے دعا کرنے کی ترغیب ہے اور صوفیہ کی تو عادت لازمہ ہے اپنے سلف کے لئے دعاء اور ایصال ثواب کرنے کی۔

الحواشی: (۱) لعل العبارة هكذا فكونه نظير الخ وهو مبتدأ وخبره ظاهر والجملة جزاء لقوله وان لم يقتض ۱۲ منه۔ (۲) هكذا في الدر المنثور وفي الروح سلالم دو خده والله اعلم ۱۲ منه۔ (۳) یعنی مہاجرین کے ایمان سے تقدم نہیں البتہ مہاجرین کے آنے سے تقدم ہے اسی کو من قبلهم فرمایا ہے ۱۲ منہ۔

اللغات: افاء اعاد والمراد تحويلها اليه ﷺ وان لم يقتض سبق حصولها له صلى الله عله وسلم نظير ما قيل في قوله تعالى او لتعودن في ملتنا ظاهروا ان اقتضى سبق الحصول كان فيما ذكر مجازا وقيل للغنيمة التي لا تلحق فيها مشقة ۱۲۔ دولة بالضم وكذا بالفتح ما يدور للانسان من الغناء والجدد الغلبة وما ترجمته به هو اخذ بالحاصل ۱۲۔ تبؤوا استقروا فالاستقرار في الدار حسى وفي الايمان حكمي حاجة حسدا مجازا لكونه ناشئا عن الحاجة خصاصة حاجة وفاقة الشح الحرص ۱۲۔

النحو: قوله ما افاء الله استيناف اى جواب سوال مقدر ناشئ مما فهم من الكلام السابق فكان قائلا يقول قد علمنا حكم ما افاء الله تعالى من بني النضير فما حكم ما افاء عزوجل من غيرهم فقيل ما افاء الله الخ ولذا لم يعطف على ما تقدم ولم يذكر في الآية قيد الايجاف ولا عدمه۔ قوله للفقراء بدل من لذى القربى بدل خاص من عام ولذا اعاد اللام في قوله ولذى كيلا يوهم البدلية من الله حاشاه عن ذلك وما عودها في الرسول فلان كون الفى لله له معنى آخر وكذا كونه للرسول له معنى آخر وكذا كونه لذى القربى ومن معهم له معنى آخر فالاول للملك الحقيقي وللتصرف المستقل والثاني بمعنى الملك المجازى وللتصرف المفوض من الله تعالى والثالث لكونهم مصارف قوله والذين تبوؤا معطوف على الفقراء وكذا قوله والذين جاؤا من بعدهم ۱۲۔

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نَافَقُوا يَقُولُونَ لِإِخْوَانِهِمُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَئِنْ أُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا
نُطِيعُ فِيكُمْ أَحَدًا أَبَدًا وَإِنْ قُوتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿۱۱﴾ لَئِنْ أُخْرِجُوا لَا يَخْرُجُونَ مَعَهُمْ وَلَئِنْ
قُوتِلُوا لَا يَنْصُرُونَهُمْ وَلَئِنْ نَصَرُوهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُونَ ﴿۱۲﴾ لَأَنْتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِمْ
مِنَ اللَّهِ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَفْقَهُونَ ﴿۱۳﴾ لَا يُقَاتِلُونَكُمْ جَمِيعًا إِلَّا فِي قُرًى مُحَصَّنَةٍ أَوْ مِنْ وَرَاءِ جُدُرٍ بَأْسُهُمْ
بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمْ شَتَّى ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَعْقِلُونَ ﴿۱۴﴾ كَمَثَلِ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ
قَرِيبًا ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۱۵﴾ كَمَثَلِ الشَّيْطَانِ إِذْ قَالَ لِلْإِنْسَانِ اكْفُرْ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ إِنِّي
بَرِيءٌ مِنْكَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ﴿۱۶﴾ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَا أَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيهَا
وَذَلِكَ جَزَاءُ الظَّالِمِينَ ﴿۱۷﴾ ع ۲

کیا آپ نے ان منافقین (عبداللہ بن ابی وغیرہ) کی حالت نہیں دیکھی کہ اپنے (ہم مذہب) بھائیوں سے کہ کفار اہل کتاب ہیں (یعنی بنی نضیر سے) کہتے ہیں کہ واللہ اگر تم نکالے گئے تو ہم تمہارے ساتھ نکل جاویں گے اور تمہارے معاملہ میں ہم کسی کا کبھی کہنا نہ مانیں گے اور اگر تم سے کسی کی لڑائی ہو تو ہم تمہاری مدد کریں گے اور اللہ گواہ ہے کہ وہ بالکل جھوٹے ہیں واللہ اگر اہل کتاب نکالے گئے تو یہ (منافقین) ان کے ساتھ نہیں نکلیں گے اور اگر ان سے لڑائی ہوئی تو ان کی مدد نہ کریں گے اور اگر بفرض محال ان کی مدد بھی کی تو پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے پھر ان کی کوئی مدد نہ ہوگی بے شک تم لوگوں کا خوف ان (منافقین) کے دلوں اللہ سے بھی زیادہ ہے (اور) یہ ان کا تم سے ڈرنا خدا سے ڈرنا

www.besturdubooks.net

اس سبب سے ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں کہ سمجھتے نہیں یہ لوگ تو سب مل کر بھی تم سے نہ لڑیں گے مگر حفاظت والی بستیوں میں یا دیوار (قلعہ وشہر پناہ) کی آڑ میں ان کی لڑائی آپس ہی میں بڑی تیز ہے اے مخاطب تو ان کو (ظاہر میں) متفق خیال کرتا ہے حالانکہ اب ان کے قلوب غیر متفق ہیں یہ اس وجہ سے ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو (دین کی عقل نہیں رکھتے ان لوگوں کی سی مثال ہے جو ان سے کچھ ہی پہلے ہوئے ہیں جو (دنیا میں بھی اپنے کردار کا مزہ چکھ چکے ہیں اور آخرت میں بھی) ان کے دردناک عذاب ہونے والا ہے شیطان کی سی مثال ہے کہ اول تو انسان سے کہتا ہے کہ تو کافر ہو جا پھر جب وہ کافر ہو جاتا ہے تو اس وقت صاف کہہ دیتا ہے کہ میرا تجھ سے کوئی واسطہ نہیں میں اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں سو آخری انجام دونوں کا یہ ہوا کہ دونوں دوزخ میں گئے جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے (ایک گمراہ کرنے کی وجہ سے دوسرا ہونے کی وجہ سے) اور ظالموں کی بھی سزا ہے۔

تفسیر ربط: تمہید میں گزر چکا۔

خلاف کردن منافقین با یہود در وعدہ نصرت مع تشجیع مومنین: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا (الی قولہ تعالی) وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ۝ کیا آپ نے ان منافقین (یعنی عبد اللہ بن ابی وغیرہ) کی حالت نہیں دیکھی کہ اپنے (ہم مذہب) بھائیوں سے کہ کفار اہل کتاب ہیں (یعنی بنی نضیر سے) کہتے ہیں (یعنی کہتے تھے **لان السورة على ما يدل عليه الفاظها وعلى ما نقله في الروح عن اهل الحديث والسير نزلت بعد الواقعة**) کہ واللہ (ہم ہر حال میں تمہارے ساتھ ہیں پس) اگر تم (اپنے وطن سے جبراً) نکالے گئے تو ہم (بھی) تمہارے ساتھ (اپنے وطن سے) نکل جاویں گے اور تمہارے معاملہ میں ہم کبھی کسی کا کہنا نہ مانیں گے یعنی ہم کو خواہ کوئی کیسا ہی سمجھاوے کہ خروج وقتال میں جو آئندہ مذکور ہے تمہارا ساتھ نہ دیں لیکن ہم نہ مانیں گے پس جملہ لانطیع سیاق وسباق دونوں کے متعلق ہے) اور اگر تم سے کسی کی لڑائی ہوئی تو ہم تمہاری مدد کریں گے اور اللہ گواہ ہے کہ وہ بالکل جھوٹے ہیں (یہ تو ان کے کاذب ہونے کا اجمالاً بیان ہوا آگے تفصیلاً فرماتے ہیں کہ) واللہ اگر اہل کتاب نکالے گئے تو یہ (منافقین) ان کے ساتھ نہیں نکلیں گے اور اگر ان سے لڑائی ہوئی تو یہ ان کی مدد نہ کریں گے اور اگر (بفرض محال) ان کی مدد بھی کی (اور لڑائی میں شریک ہوئے) تو پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے پھر (ان کے بھاگ جانے کے بعد) ان (اہل کتاب) کی کوئی مدد نہ ہوگی (یعنی جو ناصر تھے وہ تو بھاگ گئے اور دوسرا بھی کوئی ناصر نہ ہوگا پس لامحالہ مغلوب ومقہور ہوں گے۔ غرض منافقین کی جو غرض ہے کہ اپنے ان بھائیوں پر کوئی آفت نہ آنے دیں اس میں ہر طرح ناکامی رہے گی چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ جب آخر میں بنی نضیر نکالے گئے تو منافقین ان کے ساتھ نکلے نہیں اور جب اول میں ان کا محاصرہ کیا گیا جس میں احتمال قتال کا تھا تو اس میں انہوں نے نصرت نہیں کی اور بعد اخبار خداوندی **لا ينصرونهم** کے **نصروهم** کا تو احتمال ہی نہ تھا محض بطور فرض محال کے فرمادیا کہ شقوق واقعیہ وفرضیہ سب پر ترتب مقصود یعنی عدم اغناء کا ہو جاوے کقولہ تعالیٰ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ ...... [البقرة : ۱۲۰] اور بعد وقوع واقعہ کے اس طرح فرمانا : لَئِنْ اُخْرِجُوْا ...... یا تو استحضار صورت واقعہ ماضیہ کے لئے ہے تاکہ ان کا خلف وعدہ اور ان کا مخذول ہونا خوب پیش نظر ہو جاوے اور یا آئندہ جو احتمال موہوم تھا ساتھ دینے کا اس کی نفی کر دی اور اگر قبل واقعہ کے نزول ثابت ہو جاوے تو توجیہ ظاہر ہے آگے اس ساتھ نہ دینے کا سبب فرماتے ہیں کہ) بے شک تم لوگوں کا خوف ان (منافقین) کے دلوں میں اللہ سے بھی زیادہ ہے (یعنی دعوے ایمان سے جو یہ اپنا ڈرنا اللہ تعالیٰ سے بیان کرتے ہیں وہ تو خلاف واقع ہے ورنہ کفر کو کیوں نہ چھوڑ دیتے اور تمہارا واقعی خوف ہے پس اس خوف کی وجہ سے یہ لوگ ان بنی نضیر کا ساتھ نہیں دے سکتے پس عدم خوف من اللہ کا حاصل عدم ایمان ہے ورنہ طبعاً مخلوق کا خوف خالق سے زیادہ ہونا محل اثم نہیں اور) یہ (ان کا تم سے ڈرنا اور خدا سے نہ ڈرنا) اس سبب سے ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں کہ (بوجہ کفر کے خدا تعالیٰ کی عظمت کو) سمجھتے نہیں (اور یہ یہود عام بنی نضیر وغیر بنی نضیر سے اور منافقین الگ الگ تو تمہارے مقابلہ کا کیا حوصلہ کرتے یہ لوگ (تو) سب مل کر بھی تم سے نہ لڑیں گے مگر حفاظت والی بستیوں میں یا دیوار (قلعہ وشہر پناہ) کی آڑ میں (حفاظت سے مراد عام ہے خندق وغیرہ سے ہونا یا قلعہ وغیرہ سے اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ منافقین نے کبھی قری محصنہ میں یا ورائے جدار سے اہل اسلام کا مقابلہ کیا ہو کیونکہ مقصود یہ ہے کہ اگر کبھی یہود یا منافقین منفرداً یا مجتمعاً تمہارے مقابلہ میں آئے بھی تو قری محصنہ یا ورائے جدار سے وہ مقابلہ ہوگا چنانچہ یہود بنی قریظہ واہل خیبر اسی طرح مقابل ہوئے گو منافقین ان کے ساتھ مجتمع نہ تھے اور منافقین کو کبھی اتنا حوصلہ بھی نہ ہوا پس مسلمانوں کی اس میں تشجیع بھی ہے کہ ان سے کچھ اندیشہ نہ رکھیں اور ان کے بعض قبائل جیسے اوس وخزرج کے واقعات جنگ دیکھ یہ اندیشہ نہ کیا جاوے کہ شاید اسی طرح اہل اسلام کے مقابلہ میں یہ کارنمایاں کر سکیں بات یہ ہے کہ) (ان کی لڑائی آپس (ہی) میں بڑی تیز ہے (مگر مسلمانوں کے مقابلہ میں کوئی چیز نہیں ہیں اور اسی طرح یہ احتمال نہ کیا جاوے کہ گو بمقابلہ اہل اسلام کے یہ ضعیف ہوں مگر بہت سے ضعفاء مل کر قوی ہو جاتے ہیں شاید اس طرح یہ مسلمانوں سے عہدہ برآ ہو سکیں سو اس کی نسبت یہ ہے کہ) اے مخاطب تو ان کو (ظاہر میں) متفق خیال کرتا ہے حالانکہ ان کے قلوب غیر متفق ہیں (یعنی گو عداوت اہل حق ان سب میں مابہ الاشتراک ہے مگر خود بھی تو ان میں اختلاف عقائد کی وجہ سے افتراق اور عداوت ہے کقولہ تعالیٰ فی المائدۃ: وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ ...... [المائدة : ٦٤] ومر تفسیرہ پس اس سے وہ احتمال تقویت بالاجتماع کا بھی

www.besturdubooks.net

مرتفع ہوگیا اور یہ رفع احتمال زیادت تاکید وتقویت مقصود کے لئے ہے ورنہ حق تعالیٰ کی مشیت ان کی مغلوبی ومقہوری کے ساتھ متعلق ہو چکی ہے تو اگر اتفاق بھی ہوتا تو کیا کام آتا۔ آگے اس نا اتفاقی کی وجہ بیان کرتے ہیں کہ) یہ (تشتت قلوب) اس وجہ سے ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو (دین کی) عقل نہیں رکھتے (اس لئے اہوائے متشتتہ کے متبع ہیں اور تشتت اہواء کے لئے اختلاف قلوب لازم ہے۔ اور اس پر یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ بے دینوں میں بسا اوقات اتفاق قلوب دیکھا جاتا ہے۔ بات یہ ہے کہ حرف باء سببیت پر دال ہے خواہ فی الجملہ اور بعض کے اعتبار سے ہو یہاں مقصود قاعدۂ کلیہ بیان کرنا نہیں بلکہ ان میں جو نا اتفاقی تھی اس کا سبب بیان کرنا مقصود ہے کہ ان کے لئے یہی امر سبب ہوگیا تھا چنانچہ ظاہر ہے آگے بالخصوص بنی نضیر اور ان منافقین کی جنہوں نے وعدۂ نصرت کر کے ان کو دھوکہ میں ڈالا اور عین وقت پر دغا دی حالت مذکور ہے پس فرماتے ہیں کہ ان کے مجموعہ کی دو مثالیں ہیں ایک مثال خاص بنی نضیر کی اور دوسری منافقین کی پس بنی نضیر کی مثال تو) ان لوگوں کی سی مثال ہے جو ان سے کچھ ہی پہلے ہوئے ہیں جو (دنیا میں بھی) اپنی کردار کا مزہ چکھ چکے ہیں اور (آخرت میں بھی) ان کے لئے دردناک عذاب (ہونے والا) ہے (مراد ان سے یہود بنی قینقاع ہیں جن کا قصہ یہ ہوا کہ بعد واقعۂ بدر کے انہوں نے آپ سے ۲ھ میں نقض عہد کر کے محاربہ کیا پھر مغلوب ومقہور ہوئے اور قلعہ سے آپ کے فیصلہ پر باہر نکلے اور سب کی مشکیں باندھی گئیں پھر عبداللہ بن ابی کے الحاح سے ان کی اس شرط پر جان بخشی کی کہ وہ مدینہ سے چلے جائیں چنانچہ وہ اذرعات شام کو نکل گئے اور ان کے اموال میں غنیمت کی طرح عمل ہوا کذا فی زاد المعاد اور ان منافقین کی مثال) شیطان کی سی مثال ہے (اول تو) انسان سے کہتا ہے کہ تو کافر ہوجا پھر جب وہ کافر ہوجاتا ہے (اور کفر کے وبال میں گرفتار ہوتا ہے خواہ دنیا میں خواہ آخرت میں) تو (اس وقت صاف جواب دے دیتا ہے اور) کہہ دیتا ہے کہ میرا تجھ سے کوئی واسطہ نہیں میں تو اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں (جیسے دنیا میں ایسی تبری کا قصہ سورۂ انفال آیت: وَإِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ أَعْمَالَهُمْ ...... [الأنفال: ٤٨] میں گزر چکا ہے اور آخرت میں تبری مضلین کی ضالین سے آیات متعددہ میں مذکور ہے) سو آخری انجام دونوں کا یہ ہوا کہ دونوں دوزخ میں گئے جہاں ہمیشہ رہیں گے (ایک اضلال کی وجہ سے دوسرا ضلال کی وجہ سے) اور ظالموں کی یہی سزا ہے (پس جس طرح اس شیطان نے اس انسان کو اول بہکایا پھر وقت پر ساتھ نہ دیا اور دونوں خسران میں پڑے اسی طرح ان منافقین نے اول بنی نضیر کو بری رائے دی کہ تم نکلو نہیں پھر عین وقت پر ان کو دغا دی اور دونوں بلا میں پھنسے بنی نضیر تو بلائے اخراج میں اور منافقین ناکامیابی میں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قوله تعالى: لَأَنْتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِمْ اس امر پر مؤمنین کو ملامت نہ فرمانا اس کی دلیل ہے کہ اگر کسی کے ساتھ کوئی معاملہ خلاف شرع کیا جاوے جیسے سجدۂ تعظیمی اور وہ اس پر ناخوشی ظاہر کردے اور اس پر بھی دوسرا نہ مانے تو یہ معذور ہے۔

ملحقات الترجمۃ: قوله قبل لئن اخرجتم والله اشارة الى ان اللام موطاة للقسم كما هو معروف ۱۲۔

اللغات: اخوانهم الشائع استعماله بمعنى المشاركين فى المشرب والاخوة بمعنى المشاركين فى النسب ۱۲ رهبة مصدر مبنى للمفعول ۱۲۔

النحو: قريبا يتعلق بما تعلق به الصلة اى الذين كانوا من قبلهم فى زمن قريب ۱۲۔

البلاغة: يقولون عبر عن الماضى بصيغة المضارع استحضار الصورة القول ۱۲۔

يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ خَبِيرٌۢ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿۱۸﴾
وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللّٰهَ فَأَنْسٰهُمْ أَنْفُسَهُمْ ۚ أُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُونَ ﴿۱۹﴾ لَا يَسْتَوِيٓ أَصْحٰبُ النَّارِ
وَأَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُونَ ﴿۲۰﴾ لَوْ أَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خٰشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ
خَشْيَةِ اللّٰهِ ۚ وَتِلْكَ الْأَمْثٰلُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَآ إِلٰهَ إِلَّا
هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهٰدَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ
السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخٰلِقُ الْبَارِئُ
الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۲۴﴾ ع

www.besturdubooks.net

اے ایمان والو اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص دیکھ بھال لے کہ کل قیامت کے واسطے اس نے کیا ذخیرہ بھیجا ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ کو تمہاری سب خبر ہے اور تم ان لوگوں کی طرح مت ہو جنہوں نے اللہ کے احکام سے بے پروائی کی سو اللہ تعالیٰ نے خود ان کی جان سے ان کو بے پروا بنا دیا ہے یہی لوگ نافرمان ہیں اہل نار اور اہل جنت باہم برابر نہیں جو اہل جنت ہیں وہ کامیاب ہیں۔ (اور اہل نار ناکام ہیں) اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو (اے مخاطب) تو اس کو دیکھتا کہ خدا کے خوف سے دب جاتا اور پھٹ جاتا اور ان مضامین عجیبہ کو ہم لوگوں کے (نفع کے) لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سوچیں وہ ایسا معبود ہے کہ اس کے سوا کوئی اور معبود بننے کے لائق نہیں وہ جاننے والا ہے پوشیدہ چیزوں کا اور ظاہر چیزوں کا وہی بڑا مہربان رحم والا ہے وہ ایسا معبود ہے کہ اس کے سوا کوئی اور معبود نہیں وہ بادشاہ ہے (سب عیبوں) سے پاک ہے سالم ہے امن دینے والا ہے نگہبانی کرنے والا ہے زبردست ہے خرابی کا درست کرنے والا ہے بڑی عظمت والا ہے اللہ تعالیٰ (جس کی شان یہ ہے) لوگوں کے شرک سے پاک ہے وہ معبود (برحق) ہے پیدا کرنے والا ہے ٹھیک ٹھیک بنانے والا ہے (یعنی ہر چیز کو حکمت سے موافق بناتا ہے) صورت بنانے والا اس کے اچھے اچھے نام ہیں سب چیزیں اس کی تسبیح کرتی ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں ہیں اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔

تفسیر ربط: تمہید میں گزر چکا۔

ترغیب تحصیل جنان وترہیب از موجبات نیران وتاکید ش بذکر علوشان قرآن وصفات کمال حضرت رحمان:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ (الی قولہ تعالی) وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝ اے ایمان والو (تم نے نافرمانوں کا انجام سن لیا سو تم) اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص دیکھ بھال لے کہ کل (قیامت) کے واسطے اس نے کیا (ذخیرہ) بھیجا ہے (یعنی اعمال صالحہ میں کوشش کرو جو کہ ذخیرہ آخرت ہیں) اور (جس طرح تحصیل طاعات واعمال صالحہ میں تقویٰ کا حکم ہے اسی طرح سیئات ومعاصی سے بچنے کے بارہ میں بھی تم کو حکم ہے کہ) اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمال کی سب خبر ہے (پس معاصی کے ارتکاب سے اندیشۂ عقوبت ہے پس پہلا اتَّقُوا اللّٰهَ طاعات کے متعلق ہے جس کا قرینہ قَدَّمَتْ لِغَدٍ ہے اور دوسرا معاصی کے متعلق ہے جس کا قرینہ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ ہے) اور (آگے) ان احکام کی مزید تاکید کے لئے ارشاد ہے کہ) تم ان لوگوں کی طرح مت ہو جنہوں نے اللہ (کے احکام) سے بے پروائی کی (یعنی عمل بالا حکام کو ترک کر دیا اس طرح کہ اوامر کے خلاف کیا اور نواہی کا اقتراف کیا) سو (اثر اس کا یہ ہوا کہ) اللہ تعالیٰ نے خود ان کی جان سے ان کو بے پرواہ بنا دیا (یعنی ان کی ایسی عقل ماری گئی کہ خود اپنے نفع حقیقی کو نہ سمجھا اور نہ حاصل کیا) یہی لوگ نافرمان ہیں (اور نافرمانی کی سزا بھگتیں گے اور اوپر جن دو قسم کے لوگوں کا ذکر ہوا یعنی ایک وہ جو اہل تقویٰ ہوں اور دوسرے وہ جو تارک احکام ہوں ان میں ایک اہل جنت ہیں دوسرے اہل نار اور) اہل نار اور اہل جنت باہم برابر نہیں (بلکہ) جو اہل جنت ہیں وہ کامیاب لوگ ہیں (اور اہل نار ناکام ہیں جیسا اوپر: اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ سے معلوم ہوا پس تم کو اصحاب الجنۃ میں سے ہونا چاہئے اہل نار میں سے نہ ہونا چاہئے اور یہ مفید نصائح جس قرآن کے ذریعہ سے تم کو سنائے جاتے ہیں وہ ایسا ہے کہ) اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے (اور اس میں فہم کا مادہ رکھ دیتے اور شہوات کا مادہ نہ رکھتے) تو (اے مخاطب) تو اس کو دیکھتا کہ خدا کے خوف سے دب جاتا اور پھٹ جاتا (یعنی قرآن فی نفسہٖ ایسا مؤثر اور قوی فاعل ہے مگر انسان میں بوجہ غلبۂ شہوات کے قابلیت فاسد ہو گئی جس کے سبب تاثر نہیں ہوتا پس انسان کو چاہئے کہ تحصیل طاعات وترک معاصی سے اپنی شہوت کو مغلوب کرے تاکہ مواعظ قرآنیہ سے اس کو تاثر ہو اور احکام میں استقامت واستدامت اور ذکر وفکر نصیب ہو جس کا اوپر حکم ہوا ہے) اور ان مضامین عجیبہ کو ہم لوگوں کے (نفع کے) لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سوچیں (اور منتفع ہوں اسی لئے یہ مضمون لو انزلنا الخ یہاں بیان کیا گیا۔ آگے حق تعالیٰ کے صفات کمال بیان کئے جاتے ہیں جس سے حق تعالیٰ کی عظمت قلب پر نقش ہو کر معین ہو بجا آوری احکام کا پس ارشاد ہے کہ) وہ ایسا معبود ہے کہ اس کے سوا کوئی اور معبود (بننے کے لائق) نہیں وہ جاننے والا ہے پوشیدہ چیزوں کا اور ظاہر چیزوں کا وہی بڑا مہربان رحم والا ہے (اور چونکہ توحید نہایت مہتم بالشان چیز ہے اس لئے اس کو تاکید کے لئے مکرر فرمایا کہ) وہ ایسا معبود ہے کہ اس کے سوا کوئی اور معبود (بننے کے لائق) نہیں وہ بادشاہ ہے (سب عیبوں سے) پاک ہے (سب عیبوں سے) سالم ہے (یعنی نہ ماضی میں اس میں کوئی عیب ہوا کہ حاصل ہے قدوس کا اور نہ آئندہ اس کا احتمال ہے کہ حاصل ہے سلام کا کذا فی الکبیر اپنے بندوں کو مخالف سے) امن دینے والا ہے (اپنے بندوں کی مخاوف سے) نگہبانی کرنے والا ہے (یعنی آفت بھی نہیں آنے دیتا اور آئی ہوئی کو بھی دور کر دیتا ہے) زبردست ہے خرابی کا درست کر دینے والا ہے بڑی عظمت والا ہے اللہ تعالیٰ (جس کی یہ شان ہے) لوگوں کے شرک سے پاک ہے وہ معبود (برحق) ہے پیدا کرنے والا ہے ٹھیک ٹھیک بنانے والا ہے (یعنی ہر چیز کو حکمت کے موافق بناتا ہے) صورت (شکل) بنانے والا ہے اُس کے اچھے اچھے نام ہیں (جو اچھی اچھی صفتوں پر دال ہیں) سب چیزیں اُس کی تسبیح (وتقدیس) کرتی ہیں (حالاً یا قالاً) جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور وہی زبردست حکمت والا ہے (پس ایسے باعظمت کے احکام کی بجا آوری ضرور اور نہایت ضرور ہے) الحمد للہ کہ سورۂ حشر کی تفسیر

www.besturdubooks.net

ختم ہوئی اب سورۃ ممتحنہ کی آتی ہے ان شاء اللہ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلْتَنظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ مراقبہ میں صریح ہے۔ سورۃ الحشر تمام ہوئی۔

اللغات: البارئ الموجد للاشياء برئية من تفاوت حسب ما تقتضيه الحكمة ۱۲۔

البلاغة: نفس يراد كل نفس وانما لم يصرح بكلمة العموم اشارة الى ان كل نفس مستقلة ومتفردة فى وجوب النظر عليها غدا سماه غدا للتنبيه على القرب قوله لا يستوى فى الروح لعل تقديم اصحاب النار فى الذكر للايذان من اول الامر بان القصور الذين ينبئ عنه عدم الاستواء من جهتهم لامن جهة مقابليهم فان مفهوم عدم الاستواء بين الشيئين المتفاوتين زيادة ونقصانا وان جاز اعتباره بحسب زيادة الزائد لكن المتبادر اعتباره بحسب نقصان الناقص وعليه قوله تعالى هل يستوى الاعمٰى والبصير ام هل تستوى الظلمات والنور الى غير ذٰلك ولعل تقديم الفاضل فى قوله تعالى هل يستوى الذين يعلمون والذين لا يعلمون لان صفة ملكة لصفة المفضول والاعدام مسبوقة بملكاتها والمراد بعدم الاستواء عدم الاستواء فى الاحوال الاخروية كما ينبئ عنه التعبير عن الفريقين لصاحبية النار وصاحبية الجنة ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَة

سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ ۶۰ مَدَنِيَّة ۹۱ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۳ — رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۃ الممتحنہ مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۳ اور ۲ رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ
يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ۭ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ ۤ تُسِرُّوْنَ
اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ۤ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ۭ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۝۱ اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ
يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ۝۲ لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ
اَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۳ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ
اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰۗؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۡ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاۗءُ اَبَدًا حَتّٰى
تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا
وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝۴ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۵ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ
فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝۶ عَسَى اللّٰهُ ع
اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۷ لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ
يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝۸ اِنَّمَا
يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓي اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ
وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۹

اے ایمان والو تم میرے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو دوست مت بناؤ کہ ان سے دوستی کا اظہار کرنے لگو حالانکہ تمہارے پاس جو دین حق آچکا ہے وہ اس کے منکر ہیں رسول کو اور تم کو اس بنا پر کہ تم اپنے پروردگار اللہ پر ایمان لے آئے ہو شہر بدر کر چکے ہیں اگر تم میرے رستہ پر جہاد کرنے کی غرض سے اور میری رضامندی ڈھونڈنے کی غرض سے (اپنے گھروں سے) نکلے ہو تم ان سے چپکے چپکے دوستی کی باتیں کرتے ہو حالانکہ مجھ کو سب چیزوں کا خوب علم ہے تم جو کچھ چھپا کر کرتے ہو اور جو ظاہر کرتے ہو اور (آگے

www.besturdubooks.net

اس پر وعید ہے کہ) جو شخص تم میں سے ایسا کرے گا وہ راہ راست سے بھٹکے گا اگر ان کو تم پر دسترس ہو جائے تو (فوراً) اظہار عداوت کرنے لگیں اور (وہ اظہار عداوت یہ کہ) تم پر برائی کے ساتھ دست درازی اور زبان درازی کرنے لگیں (یہ دنیوی اضرار یہ ہے کہ) وہ اس بات کے متمنی ہیں کہ تم کافر ہی ہو جاؤ تمہارے رشتہ دار اور اولاد قیامت کے دن تمہارے کام نہ آئیں گے خدا تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا اور اللہ تمہارے سب اعمال کو خوب دیکھتا ہے۔ تمہارے لئے ابراہیم میں اور ان لوگوں میں جو کہ (ایمان و اطاعت میں) ان کے شریک حال تھے ایک عمدہ نمونہ ہے جب کہ ان سب نے اپنی قوم سے کہہ دیا کہ ہم تم سے اور جن کو تم اللہ کے سوا معبود سمجھتے ہو ان سے بیزار ہیں ہم تمہارے منکر ہیں اور ہم میں اور تم میں ہمیشہ کے لئے عداوت اور بغض (زیادہ) ظاہر ہو گیا جب تک تم اللہ واحد پر ایمان نہ لاؤ لیکن ابراہیم علیہ السلام کی اتنی بات تو اپنے باپ سے ہوئی تھی کہ میں تمہارے لئے استغفار ضرور کروں گا اور تمہارے لئے (استغفار سے زیادہ) مجھ کو خدا کے آگے کسی بات کا اختیار نہیں اے ہمارے پروردگار ہم آپ پر توکل کرتے ہیں اور آپ ہی کی طرف رجوع کرتے ہیں اور آپ ہی کی طرف لوٹنا ہے اے ہمارے پروردگار ہم کو کافروں کا تختہ مشق نہ بنا اور اے پروردگار ہمارے گناہ معاف کر دیجئے بے شک آپ زبردست حکمت والے ہیں بے شک ان لوگوں میں تمہارے لئے یعنی ایسے شخص کے لئے عمدہ نمونہ ہے جو اللہ کے (سامنے جانے) کا اور قیامت کے دن (کے آنے) کا اعتقاد رکھتے ہیں اور جو شخص (اس حکم سے) روگردانی کرے گا سو (اسی کا ضرر ہوگا کیونکہ اللہ تو) بالکل بے نیاز اور سزاوار حمد ہے۔ اللہ تعالیٰ سے امید ہے (یعنی ادھر سے وعدہ ہے) کہ تم میں اور ان لوگوں میں جن سے تمہاری عداوت ہے دوستی کر دے اور اللہ تعالیٰ بڑی قدرت والا ہے اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے اللہ تعالیٰ تم کو ان لوگوں کے ساتھ احسان اور انصاف کا برتاؤ کرنے میں منع نہیں کرتا جو تم سے دین کے بارے میں نہیں لڑے اور تم کو تمہارے گھروں سے نہیں نکالا اور اللہ تعالیٰ انصاف کا برتاؤ کرنے والوں سے محبت رکھتے ہیں صرف ان لوگوں کے ساتھ دوستی کرنے سے اللہ تعالیٰ تم کو منع کرتا ہے جو تم سے دین کے بارے میں لڑے ہوں (خواہ بالفعل یا بالعزم) اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا ہو اور اگر نکالا نہ بھی ہو (لیکن) تمہارے نکالنے میں (نکالنے والوں کی) مدد کی ہو اور جو شخص ایسوں سے دوستی کرے گا سو وہ گنہگار ہوں گے۔

سورۃ الممتحنۃ مدنیۃ وآیہا ثلث عشرۃ کذا فی البیضاوی۔

تفسیر ربط: سورت سابقہ میں منافقین کی یہود سے دوستی کرنے کی مذمت کی گئی تھی اس سورت کے اوّل و آخر میں مسلمانوں کو کفار سے تعلقات، دوستی اور خصوص مشرکات سے تعلق نکاح رکھنے کی ممانعت ہے اور مشرکات و مؤمنات میں تمایز کے لئے صرف اظہار ایمان پر اکتفاء کرنے کا ارشاد ہے۔

نہی از موالات بالکفار: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ (الی قولہ تعالی) وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۞

(یہ آیتیں ایک قصہ کے متعلق ہیں اور وہ قصہ یہ ہے کہ جب آپ نے فتح مکہ کے لئے جہاد کرنے کا ارادہ کیا تو حاطب بن ابی بلتعہ نے جو کہ اہل بدر سے ہیں اور رہنے والے یمن کے ہیں اور مکہ میں آرہے تھے اور ان کے بھائی اور والد اور اولاد و اہل و عیال و اموال اب بھی مکہ میں تھے اہل مکہ کے نام ایک خط لکھا کہ رسول ﷺ پر چڑھائی کرنے والے ہیں اور یہ خط ایک عورت کو دے دیا کہ مکہ والوں کو پہنچا دے۔ آپ (ﷺ) کو وحی سے یہ بات معلوم ہو گئی آپ نے حضرت علیؓ اور چند صحابہؓ کو حکم دیا کہ فلاں جگہ وہ عورت ملے گی اُس سے وہ خط لے آؤ یہ گئے اور وہ عورت ملی اور ان کے دھمکانے سے وہ خط اُس نے دیا اور یہ لائے آپ نے حاطبؓ سے پوچھا اُنہوں نے کہا کہ واقعی خط میرا ہی لکھا ہوا ہے لیکن خدا نہ کرے میں نے مخالفت اسلام کے سبب یہ خط نہیں لکھا بلکہ میں جانتا تھا کہ اسلام کو تو اس سے کوئی ضرر نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ اُس کو ضرور غالب کرنے والا ہے اور آپ کو ضرور فتح ہوگی اور میرا نفع ہو جاوے گا کہ اہل مکہ اس کا احسان مان کر میرے اہل و عیال و اموال کی حفاظت کریں گے اور اُن کو ایذاء و ضرر نہ پہنچاویں گے کیونکہ میری اُن سے اور کوئی قرابت ہے نہیں جس کی وجہ سے وہ میری رعایت کرتے بلکہ میں محض اجنبی پردیسی آدمی تھا حضرت عمرؓ کو غصہ آیا اور آپ سے اُن کی گردن مارنے کی اجازت چاہی آپ نے فرمایا کہ یہ اہل بدر سے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اہل بدر کے گناہ معاف فرما دیئے ہیں اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں۔ کذا فی الدر المنثور عن کتب الحدیث پس ارشاد ہے کہ) اے ایمان والو تم میرے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو دوست مت بناؤ کہ اُن سے دوستی کا اظہار کرنے لگو (یعنی گو دل سے دوستی نہ ہو مگر ایسا دوستانہ برتاؤ بھی مت کرو) حالانکہ تمہارے پاس جو دین حق آچکا ہے وہ اس کے منکر ہیں (یہ بیان ہے عدوی کا اور) رسول (ﷺ) کو اور تم کو اس بناء پر کہ تم اپنے پروردگار اللہ پر ایمان لے آئے شہر بدر کر چکے ہیں (یہ بیان ہے عدوکم کا مع عدوی کے غرض ایسے لوگوں سے دوستی مت کرو) اگر تم میرے رستہ میں جہاد کرنے کی غرض سے اور میری رضامندی ڈھونڈنے کی غرض سے (اپنے گھروں سے) نکلے ہو (کہ دوستی کفار کی جس کا حاصل کفار کی رضامندی کی فکر ہے منافی ہے طلب رضائے حق اور مباشرت اعمال موجبہ رضائے حق کے) تم اُن سے چپکے چپکے دوستی کی باتیں کرتے ہو (یعنی اول تو دوستی ہی بری چیز ہے پھر خفیہ پیغام بھیجنا بوجہ اس کے کہ موہم اختصاص و مزید دوستی ہے اور زیادہ برا ہے) حالانکہ مجھ کو سب چیزوں کا خوب علم ہے تم جو کچھ چھپا کر کرتے ہو اور جو ظاہر کر کے کرتے ہو (یعنی مثل دوسرے موانع مذکورہ کے یہ امر بھی مانع دوستی ہونا چاہئے) اور (آگے اس پر وعید ہے کہ) جو شخص تم میں سے ایسا کرے گا وہ راہ راست سے بہک گیا (اور انجام ضالین کا معلوم ہی ہے آگے

www.besturdubooks.net

اُن کی دشمنی کا بیان ہے کہ وہ تمہارے ایسے سخت دشمن ہیں کہ) اگر اُن کو تم پر دسترس ہو جاوے تو (فوراً) اظہار عداوت کرنے لگیں اور (وہ اظہار عداوت یہ کہ) تم پر برائی (اور ضرر رسانی) کے ساتھ دست درازی اور زبان درازی کرنے لگیں (یہ تو دنیوی اضرار ہے) اور (دینی اضرار یہ کہ) وہ اس بات کے متمنی ہیں کہ تم کافر (ہی) ہو جاؤ (پس ایسے لوگ کب قابل دوستی ہیں اور اگر تم کو دوستی کے بارہ میں اپنے اہل وعیال کا خیال ہو تو خوب سمجھ لو کہ) تمہارے رشتہ دار اور اولاد قیامت کے دن تمہارے (کچھ) کام نہ آویں گے خدا (ہی) تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا اور اللہ تمہارے سب اعمال کو خوب دیکھتا ہے (پس ہر عمل کا فیصلہ ٹھیک ٹھیک کرے گا اور اللہ تمہارے سب اعمال کو خوب دیکھتا ہے (پس ہر عمل کا فیصلہ ٹھیک ٹھیک کریگا پس اگر تمہارے اعمال موجب عقوبت ہوں گے تو اُس عقوبت سے ارحام واولاد بچانہ سکیں گے پھر اُن کی رعایت میں خدا کے حکم کے خلاف کرنا بہت مذموم امر ہے اور اس سے اموال کا قابل رعایت نہ ہونا اظہر ہے آگے حکم مذکور پر تحریض کے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قصہ ارشاد ہے کہ) تمہارے لئے ابراہیم (علیہ السلام) میں اور اُن لوگوں میں جو کہ ایمان وطاعت میں) اُن کے شریک حال تھے ایک عمدہ نمونہ ہے (یعنی اس بارہ میں کفار سے ایسا برتاؤ رکھنا چاہئے جیسا ابراہیم علیہ السلام اور اُن کے متبعین نے کیا) جب کہ ان سب نے (اوقات مختلفہ میں) اپنی قوم (کے لوگوں) سے کہہ دیا کہ ہم تم سے اور جن کو تم اللہ کے سوا معبود سمجھتے ہو اُن سے بیزار ہیں (اوقات مختلفہ اس لئے کہا گیا کہ ابراہیم علیہ السلام نے جس وقت اول یہ بات اپنی قوم سے کہی تھی اُس وقت وہ بالکل تنہا تھے پھر جو جو آپ کے ساتھ ہوتے گئے کفار سے قطع تعلق قولاً وفعلاً کرتے گئے۔ آگے اُس بیزاری کا بیان ہے کہ) ہم تمہارے (یعنی کفار اور ان کے معبودین کے) منکر ہیں (یعنی تمہارے عقائد اور معبودات کی عبادت کے منکر ہیں یہ تو تبری باعتبار عقیدہ کے ہے) اور (تبری باعتبار معاملہ اور برتاؤ کے یہ ہے کہ) ہم میں اور تم میں ہمیشہ کے لئے عداوت اور بغض (زیادہ) ظاہر ہو گیا (کیونکہ بناء عداوت کی اختلاف عقائد ہے اور اب اس کا زیادہ اعلان ہو گیا تو عداوت کا بھی زیادہ اظہار ہو گیا۔ عداوت اور بغض متقارب ہیں اور دونوں کا جمع کرنا تاکید کے لئے۔ اور یہ عداوت ہم کو تم سے ہمیشہ رہے گی) جب تک تم اللہ واحد پر ایمان نہ لاؤ (غرض ابراہیم علیہ السلام اور ان کے متبعین نے کفار سے صاف قطع تعلق کر دیا) لیکن ابراہیم (علیہ السلام) کی اتنی بات تو اپنے باپ سے ہوئی تھی (جو ظاہر میں موہم تعلق کو ہے) کہ میں تمہارے لئے استغفار ضرور کروں گا اور تمہارے لئے (استغفار سے زیادہ) مجھ کو خدا کے آگے کسی بات کا اختیار نہیں (کہ دعا کو قبول ہی کرالوں یا باوجود ایمان نہ لانے کے تم کو عذاب سے بچالوں۔ مطلب یہ کہ اتنی بات تو البتہ ابراہیم علیہ اسلام نے کہی تھی جس کا مطلب تم میں سے بعض لوگ مطلق استغفار سمجھ گئے حالانکہ یہاں استغفار کے دوسرے معنی ہیں یعنی طلب ہدایت جس کی سب کو اجازت ہے اور واقع میں وہ قطع تعلق کے خلاف بھی نہیں مگر ظاہری صورت تعلق اور ظاہری معنی استغفار کے اعتبار سے صورۃً اس کو مستثنیٰ کیا جاتا ہے اور مستثنیٰ لفظاً ہر چند کہ مجموعہ لَأَسْتَغْفِرَنَّ اور مَآ أَمْلِكُ ...... ہے لیکن استثناء مجموعہ کا باعتبار جزو اول کے ہے اور جزو ثانی تبعاً آ گیا ہے اور تحقیق اس استغفار کی آخر سورۂ براءت میں گزری ہے یہ گفتگو تو ابراہیم علیہ السلام کی اپنی قوم سے ہوئی آگے ان کی دعا کا مضمون ہے یعنی کفار سے قطع تعلق کر کے انہوں نے اس بارہ میں حق تعالیٰ سے عرض کیا کہ) آپ ہی کی طرف (سب کو) لوٹنا ہے (پس اس اعتقاد کی وجہ سے ہم نے جو کچھ تبری وغیرہ کی ہے محض خلوص سے کی ہے اس میں کوئی غرض دنیوی نہیں اور اس سے مقصود تفاخر نہیں بلکہ عرض حال بغرض سوال ہے اور) اے ہمارے پروردگار ہم کو کافروں کا تختۂ مشق نہ بنا (یعنی ہم پر اس تبری سے یہ کافر ظلم نہ کرنے پاویں) اور اے ہمارے پروردگار ہمارے گناہ معاف کر دیجئے بے شک آپ زبردست حکمت والے ہیں (اور ہر طرح کی آپ کو قدرت حاصل ہے یہ دونوں دعائیں بمنزلہ غایت کے ہیں اول دعاؤں کے لئے ایک غایت باعتبار دنیا کے اور ایک باعتبار آخرت کے پس لَا تَجْعَلْنَا کو تَوَكَّلْنَا سے زیادہ تعلق ہے اور وَاغْفِرْ لَنَا کو إِلَيْكَ الْمَصِيرُ ۞ سے اور أَنَبْنَا مثل مشترک کے ہے آگے دوسرے عنوان سے اہتمام کے لئے تحریض مذکور کی تاکید ہے کہ) بے شک ان لوگوں میں (یعنی ابراہیم علیہ السلام اور ان کے متبعین میں) تمہارے لئے یعنی ایسے شخص کے لئے عمدہ نمونہ ہے جو اللہ (کے سامنے جانے) کا اور قیامت کے دن (کے آنے) کا اعتقاد رکھتا ہو (یعنی یہ اعتقاد مقتضی ہے اس بارہ میں اتباع ابراہیمی کو اور سابق میں یہ مضمون بلحاظ حال مقتدیٰ بہ کے ہے اور یہاں بلحاظ مقتضی اقتداء کے ہے پس تکرار نہیں) اور (آگے دوسرے طرز پر وعید ہے جیسے اس سے پہلے وَمَنْ يَفْعَلْهُ میں وعید آ چکی ہے یعنی) جو شخص (اس حکم سے) روگردانی کرے گا سو (اسی کا ضرر ہو گا کیونکہ) اللہ تعالیٰ (تو) بالکل بے نیاز اور (بوجہ جامع الکمالات ہونے کے) سزاوار حمد ہے (پس وہاں استکمال بالغیر وانتفاع بعبادت الخلوق کا احتمال ہی نہیں اور چونکہ کچھ اُن کی عداوت سن کر مسلمانوں کو فکر ہو سکتی تھی کچھ قطع قرابات سے طبعاً رنج ہو سکتا تھا اس لئے بطور بشارت کے آگے پیشین گوئی فرماتے ہیں کہ) اللہ تعالیٰ سے اُمید ہے (یعنی اُدھر سے وعدہ ہے) کہ تم میں اور اُن لوگوں میں جن سے تمہاری عداوت ہے دوستی کر دے (گو بعض ہی سے سہی یعنی اُن کو مسلمان کر دے جس سے عداوت مبدل بہ صداقت ہو جاوے) اور (اس کو کچھ بعید نہ سمجھو کیونکہ) اللہ کو بڑی قدرت ہے (چنانچہ فتح مکہ کے روز بہت آدمی خوشی سے مسلمان ہو گئے مطلب یہ کہ اول تو اگر قطع تعلق ہمیشہ کے لئے ہوتا تب بھی بوجہ مامور بہ ہونے کے واجب العمل تھا پھر خاص کر جب کہ تھوڑی ہی مدت کے لئے کرنا پڑے اور پھر مشارکت فی الایمان سے دوستی اور تعلق بدستور عود کر آوے غرض ہر طرح قطع تعلق ضروری ہوا) اور

www.besturdubooks.net

(اب تک جو کسی سے اس حکم کے خلاف خطا ہوگئی ہے جس سے وہ اب تائب ہو چکا تو) اللہ تعالیٰ (اُس کے لئے) غفور رحیم ہے (اور یہاں تک تو دوستانہ تعلقات کی نسبت حکم فرمایا تھا کہ اُن کا قطع واجب ہے آگے مُحسنانہ تعلقات کے حکم کی تفصیل فرماتے ہیں کہ وہ یہ کہ) اللہ تعالیٰ تم کو اُن لوگوں کے ساتھ احسان اور انصاف کا برتاؤ کرنے سے منع نہیں کرتا جو تم سے دین کے بارہ میں لڑے اور تم کو تمہارے گھروں سے نہیں نکالا (مراد وہ کافر ہیں جو ذمی یا مصالح ہوں یعنی محسنانہ برتاؤ اُن سے جائز ہے اور اسی کو منصفانہ برتاؤ فرمادیا پس انصاف سے مراد خاص انصاف ہے یعنی خاص اُن کی ذمیت یا مصالحت کے اعتبار سے انصاف مقتضی اس کو ہے کہ اُن کے ساتھ احسان سے دریغ نہ کیا جاوے ورنہ مطلق انصاف تو ہر کافر بلکہ جانور کے ساتھ بھی واجب ہے آگے ترغیب ہے اس برتاؤ کی کہ) اللہ تعالیٰ انصاف کا برتاؤ کرنے والوں سے محبت رکھتے ہیں (البتہ) صرف ان لوگوں کے ساتھ دوستی (یعنی بر و احسان) کرنے سے اللہ تعالیٰ تم کو منع کرتا ہے جو تم سے دین کے بارہ میں لڑے ہوں (خواہ بالفعل یا بالعزم) اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا ہو اور (اگر نکالا نہ بھی ہو لیکن) تمہارے نکالنے میں (نکالنے والوں کی مدد کی ہو یعنی اُن کے ساتھ شریک ہوں بالفعل یا بالعزم اس میں سب حربی غیر مصالح آگئے اور مراد دوستی سے بقرینہ آیت اولیٰ کے بر و اقساط ہے اس کو دوستی کہنا بنکتہ تعفیر بایں معنی ہے کہ یہ دشمنی نہیں پس دوستی کے ایک معنی وجودی ہیں وہ تو ہر کافر سے ممنوع ہے دوسرے معنی عدمی ہیں یعنی عدم عداوت وہ غیر اہل حرب سے جائز اور اہل حرب سے ناجائز) اور جو شخص ایسوں سے دوستی (کا برتاؤ بالمعنی المذکور) کرے گا سو وہ لوگ گنہگار ہوں گے۔

ف: تفصیل موالات و احسان مع الکفار کی سورۂ آل عمران آیت :لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ ...... [آل عمران : ۲۸] کی تفسیر میں گزر چکی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ :اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ (الی قولہ تعالی) بِالْمَوَدَّةِ اس پر دال ہے کہ حق تعالیٰ کے محبت کے لوازم میں سے ہے اُس کے مخالف سے قطع تعلق کرنا۔ قولہ تعالیٰ :لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُكُمْ اس پر دال ہے کہ دُنیوی علاقوں کی رعایت دین میں ناجائز ہے۔ قولہ تعالیٰ :اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ (الی قولہ تعالی) اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ اس میں دلالت ہے اس پر کہ جو بغض فی اللہ ہوتا ہے وہ شفقت اور خیر خواہی کو قطع نہیں کرتا بخلاف بغض نفسانی کے۔ قولہ تعالیٰ: رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا یہ عنوان اس پر دال ہے کہ ایسے اسباب فتنہ سے بچنا مطلوب ہے جس سے اہل حق پر اہل باطل ہونے کا شبہ ہو یا بالعکس اور ان اسباب میں جو غیر اختیاری ہیں ان سے بچنا یہ ہے کہ دُعاء کریں۔ قولہ تعالیٰ: لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ (الی قولہ تعالی) اَنْ تَبَرُّوْهُمْ بزرگوں کی عادت ہے کہ بعض کفار سے ملاطفت و نرم کلامی یا قبول ہدیہ کا برتاؤ کرتے ہیں یہ جائز ہے۔

ملحقات الترجمۃ: لے قولہ فی لا املك خدا کے آگے اخذ بحاصل الترجمة ۱۲۔

اللغات: العداوة ضد الصداقة والبغض ضد الحب ۱۲۔

النحو: تلقون تفسير للموالاة او استيناف والباء زائدة وفيه وجه آخر وهو ان الباء للتعدية والمعنى تفضون اليهم بالمودة وافضى يتعدى بالباء كما فى الروح عن الاساس قوله ان كنتم خرجتم جواب الشرط محذوف دل عليه ما تقدم كانه قيل لا تتولوا اعدائى ان كنتم اوليائى قوله تسرون استيناف او بدل من تلقون ۱۲ قوله يوم القيمة متعلق بلن تنفع قوله الا قول ابراهيم استثناء منقطع معنىً متصل صورةً ۱۲۔

البلاغۃ: كفرنا بكم اى بكم وبما تعبدون ففيه تغليب ۱۲۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ

اِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ وَاٰتُوْهُمْ مَّاۤ اَنْفَقُوْا ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَاۤ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ وَلَا

تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْـَٔلُوْا مَاۤ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔلُوْا مَاۤ اَنْفَقُوْا ؕ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾

وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَاۤ اَنْفَقُوْا ؕ وَاتَّقُوا

اللّٰهَ الَّذِيْۤ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰۤى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّ لَا

يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ

www.besturdubooks.net

وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٢﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا
تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوا مِنَ الْآخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُورِ ﴿١٣﴾ ع

اے ایمان والو جب تمہارے پاس مسلمان عورتیں (دارالحرب سے) ہجرت کر کے آئیں تو تم ان کا امتحان کر لیا کرو ان کے ایمان کو اللہ ہی خوب جانتا ہے پس اگر ان کو (اس امتحان کی رو سے) مسلمان سمجھو تو ان کو کفار کی طرف واپس مت کرو (کیونکہ) نہ تو وہ عورتیں ان کافروں کے لئے حلال ہیں اور نہ وہ کافر ان عورتوں کے لئے حلال ہیں اور ان کافروں نے جو کچھ خرچ کیا ہو وہ ان کو ادا کر دو اور تم کو ان عورتوں سے نکاح کر لینے میں کچھ گناہ نہ ہوگا جب کہ تم ان کے مہر ادا کر دو اور (اے مسلمانو) تم کافر عورتوں کے تعلقات کو باقی مت رکھو اور (اس صورت میں) جو کچھ تم نے خرچ کیا ہو (ان کافروں سے) مانگ لو اور جو کچھ ان کافروں نے خرچ کیا ہو وہ (تم سے) مانگ لیں یہ اللہ کا حکم ہے (اس کا اتباع کرو) وہ تمہارے درمیان فیصلہ کرتا ہے اور اللہ بڑا علم اور حکمت والا ہے اور اگر تمہاری بیبیوں میں سے کوئی بی بی کافروں میں رہ جانے سے (بالکل ہی تمہارے ہاتھ نہ آئے پھر تمہاری نوبت آئے تو جن کی بیبیاں ہاتھ سے نکل گئیں جتنا (مہر) انہوں نے (ان بیبیوں پر) خرچ کیا تھا اس کے برابر تم ان کو دے دو اور اللہ سے کہ جس پر تم ایمان رکھتے ہو ڈرتے رہو۔ اے پیغمبر جب مسلمان عورتیں آپ کے پاس (اس غرض سے) آئیں کہ آپ سے ان باتوں پر بیعت کریں کہ اللہ کے ساتھ کسی شے کو شریک نہ کریں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ بدکاری کریں گی اور نہ اپنے بچوں کو قتل کریں گی اور نہ بہتان کی اولاد لائیں گی جس کو اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان (نطفہ شوہر سے جنی ہوئی دعویٰ کر کے) بنالیں اور مشروع باتوں میں وہ آپ کے خلاف نہ کریں گی تو آپ ان کو بیعت کر لیا کیجئے اور ان کے لئے اللہ سے مغفرت کیا کیجئے بے شک اللہ غفور رحیم ہے۔ اے ایمان والو ان لوگوں سے (بھی) دوستی مت کرو جن پر اللہ تعالیٰ نے غضب فرمایا ہے کہ وہ آخرت (کے خیر و ثواب) سے ایسے ناامید ہو گئے ہیں جیسے کفار جو قبروں میں مدفون ہیں ناامید ہوں گے۔

تفسیر ربط: تمہید میں گزر چکا۔

قطع تعلق مناکحت بین المؤمنین والمشرکین وامتحان ایمان: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ (الی قولہ تعالی) إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٢﴾۔ (یہ آیتیں بھی ایک خاص موقع کے متعلق ہیں اور وہ موقع صلح حدیبیہ کا ہے جس کا بیان آغاز سورۂ فتح میں ہوا ہے مجملہ اُن شرطوں کے جو صلح نامہ میں لکھی گئی تھیں ایک شرط یہ بھی تھی کہ جو شخص مسلمانوں میں سے کافروں کی طرف چلا جاوے وہ واپس نہ دیا جاوے اور جو شخص کافروں میں سے مسلمانوں کی طرف چلا جاوے وہ واپس دے دیا جائے چنانچہ بعضے مسلمان مرد آئے اور وہ واپس کر دیئے گئے پھر بعضی عورتیں مسلمان ہو کر آئیں اُن کے اقارب نے اُن کی واپسی کی درخواست کی اس پر یہ آیتیں حدیبیہ میں نازل ہوئیں جس میں عورتوں کے واپس کرنے کی ممانعت کی گئی پس عموم مضمون صلح نامہ کا اس سے مخصوص اور منسوخ ہو گیا اور ایسی عورتوں کے باب میں کچھ خاص احکام مقرر کئے گئے اور اُن کے ساتھ کچھ احکام ایسی عورتوں کے باب میں مقرر ہوئے جو پہلے مسلمانوں کے نکاح میں تھیں مگر اسلام نہ لائیں اور مکہ ہی میں رہ گئیں اور چونکہ مدار اُن احکام کا ان عورتوں کا مسلمان ہونا ہے اس لئے طریق امتحان بھی بتلایا گیا اور خلاصہ اُن احکام کا یہ ہے کہ حکم اول جو عورت دارالحرب سے مسلمان ہو کر آجاوے اُس کا نکاح شوہر کافر سے فوراً ٹوٹ گیا۔ اسی طرح جس حربیہ کا شوہر مسلمان ہو جاوے اسکا نکاح بھی معاً ٹوٹ جاوے گا۔

حکم دوم: پہلی عورت کا نکاح مسلمان مرد سے جائز ہے اگر وہ حاملہ ہے تو بعد وضع حمل بالا جماع اور اگر غیر حاملہ ہے تو امام صاحب کے نزدیک بلا عدت اور صاحبین کے نزدیک بعد عدت اور دوسری عورت پر کسی کے نزدیک عدت نہیں اور یہ دونوں حکم اب بھی باقی ہیں حکم سوم پہلی عورت کو پہلے شوہر نے جس قدر مہر دیا ہو مسلمان وہ مہر اُس شوہر کافر کو واپس کر دیں اگر کوئی خاص شخص نکاح کرے تو وہ واپس کرے ورنہ بیت المال سے دے دیا جاوے یہ حکم خاص تھا اسی واقعہ کے ساتھ بلحاظ صلح کے کہ اہل صلح کا ضرر نہ ہو اور نیز اُن کو اشتعال نہ ہو جس سے صلح ٹوٹ جاوے اب یہ حکم باقی نہیں حکم چہارم اسی طرح کفار دوسری عورت کا مہر مسلمان شوہر کو ادا کریں یہ حکم بھی مخصوص تھا اُسی واقعہ کے ساتھ حکم پنجم اگر کفار ایسی عورتوں کا مہر اُن کے مسلمان شوہروں کو واپس نہ کریں تو جو مہر کفار کا مسلمانوں کے ذمہ واجب الادا ہے وہ اُن کفار کی جگہ اِن مسلمان شوہروں کو دے دیا جاوے برابری کی صورت میں تو کچھ تکلف نہیں اور کمی و بیشی میں یہ حکم تھا کہ جو کفار کا بچے وہ کفار کو دے دیا جاوے اور جو اپنا رہے اُس کا مطالبہ اُن سے کیا جاوے اور یہ حکم بھی مخصوص تھا اُسی واقعہ کے ساتھ اور دلیل ان بعض احکام کے مخصوص ہونے کی اجماع ہے اور نیز یہ کہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اور جگہ یہ برتاؤ نہیں کیا اور بقیہ احکام ہدایہ وغیرہ سے اور روایات دُرِّ منثور سے منقول ہیں البتہ حکم سوم میں جو بیت المال سے دلانے کو لکھا ہے یہ ایک اور تفسیر سے منقول ہے اور اگر یہ شبہ ہو کہ اس تخصیص و نسخ سے عہد عام کا نقض ہو گیا اور نقض جائز نہیں جواب یہ ہے کہ نقض بمعنی غور جائز نہیں اور بلا غور نفس صلح ہی کا رفع جائز تھا اور کسی خاص جزو کا رفع تو اُس سے اہون واخف ہے اور فریق ثانی اس میں مجبور نہیں کیا گیا وہ اگر نہ

www.besturdubooks.net

ماننے تو بیش بریں نیست کہ صلح مرتفع ہو جاتی پھر اُس میں کوئی محذور لازم نہیں آتا لیکن جب فریق ثانی نے بھی مان لیا خواہ اپنی کچھ مصلحت سمجھ کر خواہ اس خیال سے کہ مردوں کے اجتماع سے تو اندیشہ محاربہ کا ہے مگر عورتیں اگر واپس نہ کی گئیں تو اُن سے کوئی اندیشہ نہیں تو مان لینے کے بعد صلح متفق علیہ بھی ہوگئی پھر بعد واپسی حدیبیہ کے بھی بعض عورتیں آئی تھیں وہ بھی اس حکم میں شامل رہیں کذا فی الدر المنثور ایضاً۔ پس بخطاب عام ارشاد فرماتے ہیں کہ) اے ایمان والو جب تمہارے پاس مسلمان عورتیں (دارالحرب سے) ہجرت کر کے آویں (خواہ مدینہ میں کہ دارالاسلام ہے خواہ حدیبیہ میں کہ معسکر اسلام حکماً دارالاسلام میں ہے کذا فی کتاب الحدود من الهداية) تو تم اُن (کے مسلمان ہونے) کا امتحان کر لیا کرو (جس کا طرق آگے خطاب خاص یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ میں آتا ہے اور اُس امتحان میں ظاہری ایمان پر اکتفا کیا کرو کیونکہ) اُن کے (حقیقی) ایمان کو (تو) اللہ ہی خوب جانتا ہے (تم کو تحقیق ہو ہی نہیں سکتا) پس اگر اُن کو (اُس امتحان کی رو سے) مسلمان سمجھو تو اُن کفار کی طرف واپس مت کرو (کیونکہ) نہ تو وہ عورتیں اُن کافروں کے لئے حلال ہیں اور نہ وہ کافر ان عورتوں کے لئے حلال ہیں (کیونکہ مسلمان عورت کا نکاح کافر مرد سے مطلقاً نہیں رہتا موافق حکم اول کے) اور (اس صورت میں) اُن کافروں نے جو کچھ (مہر کے بابت اُن عورتوں پر) خرچ کیا ہو وہ اُن کو ادا کر دو (موافق حکم سوم) اور تم کو اُن عورتوں سے نکاح کرنے میں کچھ گناہ نہ ہوگا جب کہ تم اُن کے مہر اُن کو دے دو (اداءً یا التزاماً) اور یہ قید بیان شرطیت کے لئے نہیں کیونکہ جواز نکاح موقوف نہیں ہے اداء یا التزام مہر پر بلکہ بیان لزوم کے لئے ہے یعنی مہر لوازم نکاح سے ہے خواہ مسمّی ہو یا نہ ہو اور خواہ بالمعنی المتبادر ہو یا کپڑوں کا جوڑا و ہو المذکور فی قولہ تعالیٰ: لَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِیْضَةً وَّمَتِّعُوْهُنَّ ۚ [البقرۃ: ۲۳۶]) اور (اے مسلمانو) تم کافر عورتوں کے تعلقات کو باقی مت رکھو (یعنی جو تمہاری بیبیاں دارالحرب میں کفر کی حالت میں رہ گئیں اُن کا نکاح تم سے زائل ہو گیا اُن کے تعلقات کا کوئی اثر باقی مت سمجھو حتی کہ ایسے مرد کو فوراً ایسی عورتوں سے بھی نکاح جائز ہے جن سے اُس متروک کی عدت میں جائز نہ ہوتا کیونکہ عدت بھی واجب نہیں ہے موافق جزو اخیر حکم دوم اور بعض صحابہؓ کا طلاق دینا باوجود عدم احتیاج الی الطلاق کے اور اُس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بشرطیکہ آپ کو اطلاع ہوا انکار نہ فرمانا شاید اس لئے ہو کہ طلاق بالمعنی اللغوی ہو جس کا حاصل اظہار متارکت ہے) اور (اس صورت میں) جو کچھ تم نے (اُن عورتوں کے مہر میں) خرچ کیا ہو (اُن کافروں سے) مانگ لو (موافق حکم چہارم) اور (اسی طرح) جو کچھ اُن کافروں نے (مہر کے بابت) خرچ کیا ہو وہ (تم سے) مانگ لیں (جیسا اوپر ارشاد ہوا ہے: وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ؕ شاید یہ تکریر معنون باختلاف عنوان اس لئے ہو کہ تمہارے ذمہ جو دوسروں کا حق ہو اُس کو زیادہ مؤکد سمجھو) یہ (جو کچھ کہا گیا) اللہ کا حکم ہے (اس کا اتباع کرو) وہ تمہارے درمیان (ایسا ہی مناسب) فیصلہ کرتا ہے اور اللہ بڑا علم اور حکمت والا ہے (علم وحکمت سے مناسب احکام مقرر فرماتا ہے) اور اگر تمہاری بیبیوں میں سے کوئی بی بی کافروں میں رہ جانے سے (بالکل ہی) تمہارے ہاتھ نہ آوے (یعنی نہ وہ ملے اور نہ اُس کا بدل کہ مہر ہے جو مقتضا تھا حکم چہارم کا اور) پھر (کافروں کو مہر دینے کی) تمہاری نوبت آوے (یعنی موافق حکم سوم کے تمہارے ذمہ کسی کافر کا حق مہر واجب الاداء ہو) تو (تم وہ مہر اُن کافروں کو نہ دو بلکہ) جن (مسلمانوں) کی بیبیاں ہاتھ سے نکل گئیں (جن کا ابھی ذکر ہوا فَاتَكُمْ میں) جتنا (مہر) انہوں نے (ان بیبیوں پر) خرچ کیا تھا اُس کے برابر (اس رقم واجب الاداء میں سے) تم اُن کو دے دو (موافق حکم پنجم) اور اللہ سے کہ جس پر تم ایمان رکھتے ہو ڈرتے رہو (اور احکام واجبہ میں خلل مت ڈالو آگے خطاب خاص میں طریق امتحان ایمان کا فرماتے ہیں کہ) اے پیغمبر (ﷺ) جب مسلمان عورتیں آپؐ کے پاس (اس غرض سے) آویں کہ آپؐ سے ان باتوں پر بیعت کریں کہ اللہ کے ساتھ کسی شئے کو شریک نہ کریں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ بدکاری کریں گی اور نہ اپنے بچوں کو قتل کریں گی اور نہ کوئی بہتان کی اولاد لاویں گی جس کا اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان (نطفۂ شوہر سے جنی ہوئی دعوٰی کر کے) بنالیویں (جیسا جاہلیت میں بعض عورتوں کا دستور تھا کہ کسی غیر کا بچہ اٹھا لائیں اور کہہ دیا کہ میرے خاوند کا ہے اور یا کسی سے بدکاری کی اور اُس نطفۂ حرام کو اپنے خاوند کا بتلا دیا کہ اس میں علاوہ گناہ زنا کے الحاق ولد کا ہے غیر من لہ الولد کے ساتھ جس پر حدیث میں بھی وعید آئی ہے رواہ ابوداوٗد والنسائی) اور مشروع باتوں میں وہ آپ کے خلاف نہ کریں گی (اس میں سب احکام شرعیہ آگئے پس وہ عورتیں اگر ان شرطوں کو قبول کر لیں جن کا اعتقاد شرط ایمان ہے اور التزام عمل شرط کمال ایمان ہے تو آپ ﷺ اُن کو بیعت کر لیا کیجئے) اور اُن کے لئے اللہ سے (پچھلے گناہوں کی) مغفرت طلب کیا کیجئے بے شک اللہ غفور رحیم ہے (مطلب یہ کہ جب ان احکام کے حق اور واجب العمل سمجھنے کا اظہار کریں تو اُن کو مسلمان سمجھئے اور ہر چند کہ خود اسلام ہی سے مغفرت ذنوب ماضیہ ہو جاتی ہے مگر امر بالاستغفار یا تو کمال ترتب آثار مغفرت کے لئے ہے اور یا حاصل اس کا دُعاء ہے قبول ایمان کی جو ملزوم ہے مغفرت کا۔ ربط: اوپر اور یہاں تک بیان تھا مطلق کفار سے تعلقات رکھنے کا جن میں زیادہ مضامین متعلق مشرکین کے تھے آگے کفار یہود سے تعلق رکھنے کے بارہ میں کہ مدینہ میں وہ بکثرت تھے ارشاد ہے۔

خاتمہ مناسب فاتحہ در نہی از موالات یہود:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ قَدْ یَىِٕسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا یَىِٕسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ۠ اے ایمان والو اُن لوگوں

www.besturdubooks.net

سے (بھی) دوستی مت کرو جن پر اللہ تعالیٰ نے غضب فرمایا ہے (مراد اس سے یہود ہیں لقولہ تعالیٰ فی المائدۃ: مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ) [المائدۃ: ٦٠] کہ وہ آخرت (کے ثواب) سے ایسے نااُمید ہو گئے ہیں جیسا کفار جو قبروں میں (مدفون) ہیں (خیر و ثواب آخرت سے) نا اُمید ہیں (جو کافر مر جاتا ہے بوجہ اس کے کہ اُس کو معائنہ آخرت کا ہو جاتا ہے حقیقت امر پر یقین کے ساتھ مطلع ہو جاتا ہے کہ اب میری ہرگز بخشش نہ ہوگی چونکہ حسب آیت يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ [البقرۃ: ١٤٦] آپ کی نبوت کو اور اسی طرح مخالف نبی کے کافر اور غیر ناجی ہونے کو خوب جانتے ہیں گو عار و حسد کی وجہ سے اتباع نہ کرتے تھے اس لئے اُن کو دل سے یقین تھا کہ ہم ناجی نہیں ہیں گو شیخی کے مارے ظاہراً اس کے خلاف کرتے ہوں پس حاصل یہ ہوا کہ جن کی گمراہی ایسی مسلّم ہے کہ وہ خود بھی اس کو دل سے تسلیم کرتے ہیں ایسے گمراہوں سے تعلق رکھنا کیا ضرور اور یہ نہ سمجھا جاوے کہ جو گمراہ اشد درجہ کا نہ ہو اُس سے دوستی جائز ہے جواز دوستی سے تو مطلق کفر مانع ہے مگر اس صفت سے وہ عدم جواز اور شدید ہو جاوے گا اور شاید تخصیص یہود کی اس جگہ اس لئے ہو کہ مدینہ میں یہود زیادہ تھے اور دوسرے وہ لوگ شریر و مفسد بھی بہت تھے)۔ الحمد للہ کہ آج بتاریخ ۲۲ جمادی الاولیٰ ۱۳۲۵ھ روز پنجشنبہ وقت چاشت تفسیر سورۂ ممتحنہ کی ختم ہونے سے گیارہویں جلد تفسیر کی ختم ہوئی اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے بارہویں جلد بھی پوری فرما دے۔ اب آگے سورۂ صف کی تفسیر آتی ہے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ولاحول ولا قوة الا بالله والصلوة والسلام على رسول الله واخوانه من الانبياء هداة سبل الله۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَامْتَحِنُوْهُنَّ اس میں مرید کے امتحان کا امر ہے۔ قولہ تعالیٰ: يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ بیعت کی غرض میں صریح ہے اور اس سے بیعت رسمی کا جس میں عمل کا اہتمام نہ ہو ابطال لازم آتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ اس پر دال ہے کہ مرید کے حقوق میں سے یہ بھی ہے کہ اُس کے لئے دعاء کی جاوے۔ سورۃ الممتحنہ تمام ہوئی۔

اللغات: **العصم جمع عصمة وهو ما يعتصم به من عقد وسبب والمراد النهى عن ابقاء علقة من علق الزوجية اصلا فعاقبتم من العقبة لا من العقاب وهى فى الاصل النوبة فى الركوب اى فجاء ت عقبتكم واخترته فى الترجمة وعن الزجاج ان معنى فعاقبتم فغنمتم وحقيقته ناصبتم فى القتال بعقوبة حتى غنمتم قوله بين ايديهن فى الروح عن الفراء وذلك ان الولد اذا وضعته الام سقط بين يديها ورجليها ١٢۔ من اصحب القبور من بيانية ١٢۔**

وجوه المثانی

سورة الاحقاف: **قوله تعالىٰ لتنذر۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالخطاب لنافع وابن عامر والثانية بالغيبة للباقين بخلاف عن البزى وعلى الاول الضمير للرسول ﷺ وعلى الثانى للكتاب قوله تعالىٰ احسانا۔ فيه قراء تان الاولىٰ على وزن الافعال للكوفيين والثانية بضم الحاء وسكون السين للباقين قوله تعالىٰ كرها فى الموضعين فيه قراء تان الاولىٰ بضم الكاف للكوفيين وابن ذكوان والثانية بالفتح للباقين قوله تعالىٰ نتقبل عنهم احسن ما عملوا ونتجاوز۔ فيهما قراء تان الاولىٰ بصيغة جمع المتكلم المعروف ونصب احسن لحفص وحمزة والكسائى والثانية بصيغة الغائب المجهول ورفع احسن للباقين قوله تعالىٰ اف لكما۔ فيه ما تقدم فى بنى اسرائيل قوله تعالىٰ اتعداننى۔ فيه قراء تان الاولىٰ بادغام النون الاولىٰ فى الثانية لهشام والثانية بالاظهار للباقين قوله تعالىٰ ليوفيهم۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالتحتية لابن كثير وابى عمرو وهشام وعاصم والثانية بالنون للباقين قوله تعالىٰ ابلغكم۔ فيه قراء تان الاولىٰ من الابلاغ لابى عمرو والثانية من التبليغ للباقين قوله تعالىٰ لا يُرىٰ الا مساكنهم۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالتحتية مضمومة ورفع النون من مساكنهم لعاصم وحمزة والثانية بالفوقية مفتوحة ونصب مساكنهم للباقين۔**

سورة محمد: **قوله تعالىٰ والذين قتلوا۔ فيه قرأتان الاولىٰ بضم القاف وكسر التاء لابى عمرو وحفص والثانية بفتح القاف والتاء والف بينهما للباقين قوله تعالىٰ غير اسن۔ فيه قراء تان الاولىٰ بقصر الهمزة لابن كثير والثانية بالمد للباقين والاول صفة مشبهة قوله تعالىٰ فهل عسيتم۔ فيه قراء تان الاولىٰ بكسر السين لنافع والثانية بالفتح للباقين قوله تعالىٰ املى لهم فيه قراء تان الاولىٰ بصيغة الماضى المجهول لابى عمرو والثانية بالماضى المعلوم للباقين قوله تعالىٰ اسرارهم۔ فيه قراء تان الاولىٰ بكسر الهمزة لحمزة والكسائى وحفص والثانية بالفتح للباقين قوله تعالىٰ رضوانه۔ فيه قراء تان الاولىٰ بضم الراء لشعبة والثانية بكسرها للباقين قوله تعالىٰ لنبلونكم ونعلم ونبلو۔ فيها قراء تان الاولىٰ بالتحتية لشعبة والثانية بالنون للباقين قوله تعالىٰ الى السلم۔ فيه قراء تان الاولىٰ بكسر السين لحمزة وشعبة والثانية بالفتح للباقين۔**

www.besturdubooks.net

سورۃ الفتح: قوله تعالىٰ دائرة السوء۔ فيه قراء تان الاولىٰ بضم السين لابن كثير وابى عمرو والثانية بالفتح للباقين قوله تعالىٰ لتومنوا وتعزروه وتوقروه وتسبحوه۔ فيها قراء تان الاولىٰ بالغيبة فى الاربعة لابن كثير وابى عمرو والثانية بالخطاب للباقين قوله تعالىٰ عليه الله۔ فيه قراء تان الاولىٰ ضم هاء الضمير لحفص والثانية كسرها للباقين وجه الضم انها هاء هو وانما تكسر لرعاية الياء او الكسر وحسن الضم فى الأية للتوصل به الىٰ تفخيم لفظ الجلالة الملائم لتفخيم امر العهد المشعر به الكلام وايضا ابقاء ما كان على ما كان ملائم للوفاء بالعهد قوله تعالىٰ فسيؤتيه فيه قراء تان الاولىٰ بالتحتية لابى عمرو والكوفيين بالثانية بالنون للباقين قوله تعالىٰ بكم ضرا۔ فيه قراء تان الاولىٰ ضم الضاد لحمزة والكسائى بالثانية بالفتح للباقين قوله تعالىٰ كلام الله۔ فيه قراء تان الاولىٰ بكسر اللام بعد الكاف ولا الف بعد اللام لحمزة والكسائى والثانية بفتح اللام والف بعدها للباقين قوله تعالىٰ يدخله ويعذبه۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالنون فيهما لنافع وابن عامر والثانية بالتحتية للباقين قوله تعالىٰ بما تعملون بصيرا۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالغيبة لابى عمرو والثانية بالخطاب للباقين قوله تعالىٰ رضوانا تقدم فى سورة محمد قوله تعالىٰ شطأه۔ فيه قراء تان الاولىٰ بفتح الطاء لابن كثير وابن ذكوان والثانية باسكانها للباقين وهما لغتان قوله تعالىٰ فأزره۔ فيه قراء تان الاولىٰ بقصر الهمزة بعد الفاء لابن ذكوان بالثانية بالمد للباقين وهما لغتان۔

سورۃ الحجرات: قوله تعالىٰ فتبينوا۔ فيه ما تقدم فى النساء قوله تعالىٰ ميتا فيه قراء تان الاولىٰ بتشديد الياء لنافع والثانية بالسكون للباقين قوله تعالىٰ لا يلتكم فيه ثلث قراء ات الاولىٰ بهمزة ساكنة بعد التحتية للدورى عن ابى عمرو والثانية بابدالها الفاء للسوسى والثانية بغير همزة ولا الف للباقين وفيه لغتان لات يليت الت يألت قوله تعالىٰ بصير بما تعملون فيه قراء تان الاولىٰ بالتحتية لابن كثير والثانية بالخطاب للباقين۔

سورۃ ق: قوله تعالىٰ يوم نقول۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالياء لنافع وشعبة والثانية بالنون للباقين قوله تعالىٰ ما توعدون۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالغيبة لابن كثير والثانية بالخطاب للباقين قوله تعالىٰ وادبار السجود۔ فيه قراء تان الاولىٰ بكسر الهمزة لنافع وابن كثير وحمزة والثانية بالفتح للباقين قوله تعالىٰ تشقق۔ فيه قراء تان الاولىٰ بتشديد الشين لنافع وابن كثير وابن عامر والثانية بالتخفيف للباقين۔

سورۃ الذاريات: قوله تعالىٰ عيون۔ فيه قراء تان الاولىٰ بكسر العين لابن عامر وابن ذكوان وشعبة وحمزة والكسائى والثانية بالضم للباقين قوله تعالىٰ مثل ما انكم فيه قراء تان الاولىٰ برفع اللام لحمزة والكسائى وشعبة والثانية بالفتح للباقين والرفع على كونه صفة لحق والنصب على الحالية من المستكن فى لحق قوله تعالىٰ سلم۔ فيه قراء تان الاولىٰ بكسر السين وسكون اللام لحمزة والكسائى والثانية بفتح السين واللام والف بعدها للباقين قوله تعالىٰ الصاعقة۔ فيه قراء تان الاولىٰ باسكان العين ولا الف قبلها للكسائى والثانية بكسر العين وقبلها الف للباقين والاول مرة من الصعق بمعنى الصاعقة۔ قوله تعالىٰ وقوم نوح۔ فيه قراء تان الاولىٰ بكسر الميم لابى عمرو وحمزة والكسائى والثانية بالنصب للباقين والكسر على عطفه على ثمود والنصب على تقدير اهلكنا قوله تعالىٰ تذكرون۔ فيه قراء تان الاولىٰ بتخفيف الذال لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالتشديد للباقين۔

سورۃ الطور: قوله تعالىٰ واتبعتهم۔ فيه قراء تان الاولىٰ بصيغة جمع المتكلم من الافعال لابى عمرو والثانية بصيغة واحدة المؤنث من الافتعال للباقين قوله تعالىٰ ذريتهم۔ الاول فيه ثلث قراء ات الاولىٰ بالافراد و رفع التاء لنافع وابن كثير والكوفيين والثانية بالجمع مع رفع التاء لابن عامر والثالثة بالجمع مع كسر التاء لابى عمرو قوله تعالىٰ الحقنابهم ذريتهم۔ فيه قراء تان الاولىٰ بالجمع وكسر التاء لنافع وابى عمرو وابن عامر الثانية بالافراد ونصب التاء للباقين قوله تعالىٰ ما التناهم۔ فيه قراء تان الاولىٰ بكسر اللام لابن كثير والثانية بالفتح للباقين وهما لغتان قوله تعالىٰ لا لغو فيها ولا تاثيم فيهما قراء تان الاولىٰ بالفتح من غير تنوين لابن كثير وابى عمرو والثانية بالرفع فيهما مع التنوين للباقين قوله تعالىٰ لؤلؤ۔ فيه قراء تان الاولىٰ الابدال للسوسى وشعبة والثانية بالهمزة للباقين قوله تعالىٰ تدعوه انه فيه قراء تان الاولىٰ بفتح الهمزة لنافع والكسائى والثانية بالكسر للباقين والفتح بتقدير اللام قوله تعالىٰ المصطيرون فيه اربع قراء ات الاولى بالسين لهشام و قنبل والثانية بالصاد والسين لحفص والثانية

www.besturdubooks.net

بالاشمام ای بین الصّاد والسین کالزائی لحمزة بخلاف عن خلاد والرابعة بالصّاد الخالصة للباقین قوله تعالٰی فیه یصعقون۔ فیه قراء تان الاولٰی بالمجهول لابن عامر وعاصم والثانیة بالمعروف للباقین۔

سُورَةُ النَّجْمِ : قوله تعالٰی ما کذب۔ فیه قراء تان الاولٰی بتشدید الذال لهشام والثانیة بالتخفیف للباقین وکلاهما ظاهر قوله تعالٰی افتمرونه فیه قراء تان الاولٰی بفتح الفوقیة واسکان المیم ولا الف بعد المیم لحمزة والکسائی والثانیة بضم التاء وفتح المیم والف بعد المیم للباقین والاول من مریت اذا جحدت قوله تعالٰی مناة۔ فیه قراء تان الاولٰی بهمزة مفتوحة بعد الالف لابن کثیر والثانیة بغیر همز للباقین قوله تعالٰی ضیزی۔ فیه قراء تان الاولٰی بهمزة ساکنة بعد الضّاد لابن کثیر والثانیة بالیاء للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی کبیر الاثم۔ فیه ما تقدم فی الشوری قوله تعالٰی امهاتکم۔ مر فی النور قوله تعالٰی ابراهیم۔ فیه قراء تان الاولٰی بفتح الهاء والف بعدها لهشام والثانیة بکسر الهاء ویاء بعدها للباقین قوله تعالٰی النشأة فیه قراء تان الاولٰی بفتح الشین وبعدها الف ممدودة قبل الهمزة لابن کثیر والثانیة بسکون الشین وبعدها الهمزة المفتوحة للباقین قوله تعالٰی عادا الاولٰی۔ فیه قراء تان الاولٰی بضم اللام مع التشدید لادغام التنوین فیها لنافع وابی عمرو لانهما نقلا ضمة الهمزة الیها الا ان قالون یهمز بعد اللام همزة ساکنة مکان الواو والثانیة بتنوین الدال وکسر التنوین وسکون اللام وبعدها همزة مضمومة للباقین قوله تعالٰی لموده فیه قراء تان الاولٰی بغیر تنوین لعاصم والثانی بتنوین للباقین۔

سُورَةُ القَمَرِ :قوله تعالٰی الی شئ نکر۔ فیه قراء تان الاولٰی بسکون الکاف لابن کثیر والثانیة بضمها للباقین والاول تخفیف للثانی قوله تعالٰی خشعا فیه قراء تان الاولٰی بفتح الخاء والف بعدها وکسر الشین لابی عمرو وحمزة والکسائی والثانیة بضم الخاء ولا الف بعدها وفتح الشین مشددة للباقین قوله تعالٰی ففتحنا۔ فیه قراء تان الاولٰی بالتشدید لابن عامر والثانیة بالتخفیف للباقین قوله تعالٰی عیونا۔ تقدم فی الذاریات قوله تعالٰی سیعلمون۔ فیه قراء تان الاولٰی بالخطاب لابن عامر وحمزة والثانیة بالغیبة للباقین۔

سُورَةُ الرَّحْمٰنِ :قوله تعالٰی والحب ذوالعصف والریحان فیها ثلث قراء ات الاولٰی بنصب الثلاثة ای الحب وذا والریحان لابن عامر والثانیة برفع الحب وذو وجر الریحان لحمزة والکسائی والثالثة برفع الثلاثة والنصب علی تقدیر خلق والرفع علی العطف علی فاکهة وجر الریحان لعطفه علی العصف ومعنی الریحان علی هذا الرزق بارادة اللب مقابلا للعصف قوله تعالٰی یخرج۔ فیه قراء تان الاولٰی بالمجهول لنافع وابی عمر والثانیة بالمعلوم للباقین قوله تعالٰی المنشات فیه قراء تان الاولٰی بکسر الشین لحمزة وابی بکر بخلاف عنه والثانیة بالفتح للباقین ومعنی الاول الرافعات الشرع ومعنی الثانی المرفوعات الشرع قوله تعالٰی سنفرغ۔ فیه قراء تان الاولٰی بالتحتیة لحمزة والکسائی والثانیة بالنون للباقین قوله تعالٰی شواظ۔ فیه قراء تان الاولٰی بکسر الشین لابن کثیر والثانیة بالضم للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی ونحاس فیه قراء تان الاولٰی بخفض السین لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالرفع للباقین وهو علی الاول معطوف علی نار وعلی الثانی معطوف علی شواظ قوله تعالٰی لم یطمثهن فی الموضعین۔ فیه قراء تان الاولٰی بضم المیم للکسائی بخلاف عنه والثانیة بالکسر للباقین قوله تعالٰی فی اٰخر السورة ذی الجلال۔ فیه قراء تان الاولٰی بالواو لابن عامر علی انه صفة لاسم والثانیة بالیاء وصف للرب للباقین۔

سُورَةُ الوَاقِعَةِ :قوله تعالٰی ولا ینزفون۔ فیه قراء تان الاولٰی بکسر الزاء لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بالفتح للباقین وتقدم وجههما فی الصفت قوله تعالٰی وحور عین۔ فیه قراء تان الاولٰی بخفض الاسمین لحمزة والکسائی والثانیة بالرفع للباقین والخفض لعطفه علی جنات النعیم والرفع لعطفه علی ولدان قوله تعالٰی عربا۔ فیه قراء تان الاولٰی بسکون الراء لحمزة وشعبة والثانیة بالضم للباقین والاول تخفیف للثانی قوله تعالٰی او اباؤنا فیه قراء تان تقدمتا فی الصفت قوله تعالٰی نحن قدرنا۔ فیه قراء تان الاولٰی بتخفیف الدال لابن کثیر والثانی بالتشدید للباقین قوله تعالٰی النشأة تقدم فی النجم قوله تعالٰی تذکرون۔ فیه قراء تان الاولٰی بتخفیف الذال لحمزة والکسائی وحفص والثانیة بالتشدید للباقین قوله تعالٰی انا لمغرمون۔ فیه قراء تان الاولٰی بهمزة الاستفهام قبل انا لشعبة والثانیة بهمزة واحدة علی الاخبار للباقین قوله تعالٰی بمواقع النجوم۔ فیه قراء تان الاولٰی بسکون الواو ولا الف بعدها علی الافراد مراد به الجمع لحمزة والکسائی والثانیة بفتح الواو والف بعدها علی الجمع للباقین۔

www.besturdubooks.net

سورة الحديد: قوله تعالٰى ترجع الامور۔ فيه قراء تان الاولٰى بالمعلوم لابن عامر وحمزة والكسائى والثانية بالمجهول للباقين قوله تعالٰى اخذ ميثاقكم فيه قراء تان الاولٰى بصيغة المجهول ورفع القاف لابى عمرو والثانية بصيغة المعلوم ونصب القاف للباقين قوله تعالٰى ينزل۔ فيه قراء تان الاولٰى من الافعال لابن كثير وابى عمرو والثانية من التفعيل للباقين قوله تعالٰى وكلا وعد۔ فيه قراء تان الاولٰى برفع اللام لابن عامر والثانية بالنصب للباقين والكل على الاول مبتدأ وعلى الثانى مفعول لوعد قوله تعالٰى فيضعفه۔ فيه اربع قراء ات الاولٰى من التفعيل مع فتح الفاء لابن عامر والثانية من التفعيل مع ضم الفاء لابن كثير والثالثة من المفاعلة مع فتح الفاء لعاصم والرابعة من المفاعلة مع ضم الفاء للباقين قوله تعالٰى انظرونا۔ فيه قراء تان الاولٰى من الانظار لحمزة والثانى من النظر للباقين۔ قوله تعالٰى لا يوخذ۔ فيه ثلث قراء ات الاولٰى بالتانيث وتحقيق الهمزة لابن عامر والثانية بالتذكير وابدال الهمزة واوالورش والسوسى والثالثة بالتذكير والتحقيق للباقين قوله تعالٰى وما نزل۔ فيه قراء تان الاولٰى بتخفيف الزاء لنافع وحفص والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالٰى ان المصدقين والمصدقات۔ فيه قراء تان الاولٰى بتخفيف الصّاد فيهما لابن كثير وشعبة والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالٰى يضعف۔ فيه قراء تان الاولٰى من التفعيل لابن كثير وابن عامر والثانية من المفاعلة للباقين قوله تعالٰى ورضوان۔ فيه قراء تان الاولٰى بضم الراء لشعبة والثانيه بالكسر للباقين قوله تعالٰى بما اتاكم۔ فيه قراء تان الاولٰى بقصر الهمزة لابى عمرو والثانية بالمد للباقين قوله تعالٰى بالبخل۔ فيه قراء تان الاولٰى بفتح الموحدة والخاء لحمزة والكسائى والثانية بضم الموحدة وسكون الخاء للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى فان الله هو الغنى۔ فيه قراء تان الاولٰى بغير هو لنافع وابن عامر والثانية بالثبات هو للباقين قوله تعالٰى رسلنا وبرسلنا۔ فيه قرأتان الاولٰى بسكون السين لابى عمرو والثانية بالضم للباقين قوله تعالٰى ابراهيم۔ فيه قراء تان الاولٰى بالف بعد الهاء المفتوحة لهشام والثانية بكسر الهاء وياء بعدها للباقين قوله تعالٰى رضوان تقدم انفا قوله تعالٰى لئلا۔ فيه قراء تان الاولٰى بياء مفتوحة بعد اللام لورش والثانية بهمزة للباقين۔

سورة المجادلة: قوله تعالٰى الذين يظهرون والذين يظهرون فيهما قراء ات ذكرت فى الاحزاب الا الثانية وحمزة والكسائى مع ابن عامر قوله تعالٰى اللائى فيه اربع قراء ات الاولٰى بالهمزة المكسورة ولا ياء بعدها لقالون وقنبل والثانية بتسهيل الهمزة مع المد والقصر لورش والبزى وابى عمرو ولا ياء بعده والثالثة ابدال الهمزة بياء ساكنة مع المد وهو وجه للبزى وابى عمرو والرابعة بهمزة مكسورة بعدها ياء للباقين قوله تعالٰى ويتنجون۔ فيه قراء تان الاولٰى من الانتجاء لحمزة والثانية من التناجى للباقين قوله تعالٰى ليحزن۔ فيه قراء تان الاولٰى من الافعال لنافع والثانية من حزن للباقين قوله تعالٰى فى المجلس۔ فيه قراء تان الاولٰى بالجمع لعاصم والثانية بالافراد للباقين قوله تعالٰى انشزوا فانشزوا۔ فيه قراء تان الاولٰى بضم الشين لنافع وابن عامر وعاصم بخلاف عن شعبة والثانية بالكسر للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى يحسبون۔ فيه قراء تان الاولٰى بفتح السين لابن عامر وعاصم وحمزة والثانية بالكسر للباقين۔

سورة الحشر: قوله تعالٰى يخربون۔ فيه قراء تان الاولٰى من التفعيل لابى عمرو والثانية من الافعال للباقين قوله تعالٰى بيوتهم۔ فيه ما تقدم فى النور قوله تعالٰى يكون دولة۔ فيه قراء تان الاولٰى بالتانيث ورفع دولة لهشام والثانية بالتذكير والنصب للباقين ومعنى الثانى كيلا يكون الفئ دولة قوله تعالٰى رضوانًا۔ فيه ما تقدم فى التوبة قوله تعالٰى وراء جدر۔ فيه قراء تان الاولٰى بكسر الجيم وفتح الدال والف بعدها لابن كثير وابى عمرو والثانية بضم الجيم والدال جمعًا للباقين قوله تعالٰى تحسبهم فيه قراء تان تقدمتا فى اٰخر المجادلة۔

سورة الممتحنة: قوله تعالٰى يفصل فيه اربع قراء ات الاولٰى بصيغة المعلوم من ضرب لعاصم والثانية بصيغة المجهول من التفعيل لابن عامر والثالثة بصيغة المعلوم من التفعيل لحمزة والكسائى والرابعة بصيغة المجهول من ضرب للباقين قوله تعالٰى اسوة فيه ما تقدم فى الاحزاب قوله تعالٰى ابراهيم۔ فيه قراء تان الاولٰى ابراهام لهشام والثانية ابراهيم للباقين قوله تعالٰى ولا تمسكوا۔ فيه قراء تان الاولٰى بفتح الميم وتشديد السين لابى عمرو والثانية بسكون الميم وتخفيف السين للباقين قوله تعالٰى وسلوا۔ فيه ما تقدم فى الانبياء۔ وجوہ المثانی متعلقہ جلد یازدہم ختم ہوئی۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الصَّفِّ

سُوْرَةُ الصَّفِّ ۶۱ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۹ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۴ — رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۃ الممتحنہ مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۴ آیتیں اور ۲ رکوع ہیں

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۱ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا
تَفْعَلُوْنَ ۝۲ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝۳ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ
صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ۝۴ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ۖ فَلَمَّا
زَاغُوْۤا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ۖ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۵ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ
رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًاۢ بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ۖ فَلَمَّا
جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۶ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰۤى اِلَى
الْاِسْلَامِ ۖ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۷ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ
الْكٰفِرُوْنَ ۝۸ هُوَ الَّذِيْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝۹ يٰۤاَيُّهَا ۱ ع ۹
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۱۰ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۖ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۱۱ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۖ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۱۲ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ۖ نَصْرٌ مِّنَ
اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۖ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۳ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ
لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ۖ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ
وَكَفَرَتْ طَّآىِٕفَةٌ ۖ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ۝۱۴ ع ۲ ع ۵ ۱۰

سب چیزیں اللہ ہی کی پاکی بیان کرتی ہیں (قالاً یا حالاً) جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں اور وہی زبردست حکمت والا ہے اے ایمان والو ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو خدا کے نزدیک یہ بات بہت ناراضی کی ہے کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں اللہ تعالیٰ تو ان لوگوں کو خاص طور پر پسند کرتا ہے جو اس کے رستہ میں اس طرح

www.besturdubooks.net

مل کرلڑتے ہیں کہ گویا وہ ایک عمارت ہے کہ جس میں سیسہ پلایا گیا ہے اور جب کہ موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا کہ اے میری قوم مجھ کو کیوں ایذا پہنچاتے ہو حالانکہ تم کو معلوم ہے کہ میں تمہارے پاس اللہ کا بھیجا ہوا آیا ہوں پھر جب (اس فرمائش پر بھی) وہ لوگ ٹیڑھے ہی رہے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو اور (زیادہ) ٹیڑھا کر دیا اور اللہ تعالیٰ کا معمول ہے کہ وہ ایسے نافرمانوں کو ہدایت کی توفیق ہی نہیں دیتے اور (اسی طرح وہ وقت بھی قابل تذکرہ ہے) جب کہ عیسیٰ ابن مریم نے فرمایا کہ اے بنی اسرائیل میں تمہارے پاس اللہ تعالیٰ بھیجا ہوا آیا ہوں کہ مجھ سے جو پہلے تورات (آچکی) ہے میں اس کی تصدیق کرنے والا ہوں اور میرے بعد جو ایک رسول آنے والے ہیں جن کا نام (مبارک) احمد صلی اللہ علیہ وسلم ہوگا میں ان کی بشارت دینے والا ہوں پھر جب وہ ان لوگوں کے پاس کھلی دلیلیں لائے تو وہ لوگ ان دلائل یعنی معجزات کی نسبت کہنے لگے یہ صریح جادو ہے اور (واقعی) اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھے حالانکہ وہ اسلام کی طرف بلایا جاتا ہو اور اللہ ایسے ظالموں کو ہدایت نہیں دیا کرتا یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور (یعنی دین اسلام) کو اپنے منہ سے (پھونک مارکر) بجھادیں حالانکہ اللہ اپنے نور کو کمال تک پہنچا کر رہے گا تو کافر لوگ کیسے ہی ناخوش ہوں (چنانچہ) وہ اللہ ایسا ہے جس نے (اس اتمام نور کے لئے) اپنے رسول کو ہدایت (کا سامان یعنی قرآن) اور سچا دین (یعنی اسلام) دے کر بھیجا ہے تاکہ اس (دین) کو تمام (بقیہ) دینوں پر غالب کردے (کہ یہی اتمام ہے) گو مشرک کیسے ہی ناخوش ہوں۔ اے ایمان والو کیا میں تم کو ایسی سوداگری بتلاؤں جو تم کو ایک دردناک عذاب سے بچالے (وہ یہ کہ) تم لوگ اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو یہ تمہارے لئے بہت ہی بہتر ہے اگر تم سمجھ رکھتے ہو (جب ایسا کرو گے تو) اللہ تمہارے گناہ معاف کرے گا اور تم کو (جنت میں) ایسے باغوں میں داخل کرے گا کہ جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور عمدہ مکانوں میں (داخل کرے گا) جو ہمیشہ رہنے کے باغوں میں رہتے ہوں گے یہ بڑی کامیابی ہے اور (اس ثمرہ اخرویہ) کے علاوہ ایک اور (ثمرہ دنیویہ) بھی ہے کہ تم اس کو (بھی خاص طور پر) پسند کرتے ہو (یعنی) اللہ کی طرف سے مدد اور جلدی فتحیابی اور (اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ مومنین کو بشارت دے دیجئے۔ اے ایمان والو تم اللہ کے دین کے) مددگار بن جاؤ جیسا کہ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے (ان) حواریین سے فرمایا کہ اللہ کے واسطے میرا کون مددگار ہوتا ہے وہ حواری بولے ہم اللہ (کے دین) کے مددگار ہیں سو اس کوشش کے بعد بنی اسرائیل میں سے کچھ لوگ ایمان لائے اور کچھ لوگ منکر رہے سو ہم نے ایمان والوں کی ان کے دشمنوں کے مقابلہ میں تائید کی سو وہ غالب ہوگئے۔

تفسیر: **سورۃ الصف مدنیۃ وھی اربع عشرۃ اٰیۃ کذا فی البیضاوی۔**

ربط: اوپر کی سورت میں کفار سے دوستی نہ رکھنے کا ذکر تھا اس سورت میں کفار سے مقاتلہ کا ذکر ہے اور کچھ مضمون تبعیت میں مذکور ہے۔

ترغیب در قتال کفار و تاکیدش بتوحید و اثبات رسالت مع اشارہ باستحقاقِ کفار مر قتال را:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ۚ (الی قولہ تعالی) وَھُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿﴾ (الی قولہ تعالی) فَاَیَّدۡنَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا عَلٰی عَدُوِّھِمۡ فَاَصۡبَحُوۡا ظٰھِرِیۡنَ ﴿﴾۔ سب چیزیں اللہ کی پاکی بیان کرتی ہیں (قالاً یا حالاً) جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔ (پس جو ایسا باعظمت وشان ہو اُس کی اطاعت ہر حکم میں ضرور ہے جن میں سے ایک حکم جہاد کا ہے جو اس سورت میں مذکور ہے جس کے نزول کا سبب موافق روایات دُرِمنثور یہ ہے کہ ایک بار بعض مسلمانوں نے باہم تذکرہ کیا کہ اگر ہم کو کوئی ایسا عمل معلوم ہو جو حق تعالیٰ کے نزدیک نہایت محبوب ہو تو ہم اُس کو عمل میں لاویں اور اس کے قبل جنگ اُحد میں بعضے جہاد سے بھاگ چکے تھے جس کا قصہ سورۂ آل عمران میں ہے اور نیز وقت نزول حکم جہاد کے بعض کو وہ حکم گراں گزرا تھا جس کا قصہ سورۂ نساء میں ہے: فَلَمَّا کُتِبَ عَلَیۡھِمُ الۡقِتَالُ اِذَا فَرِیۡقٌ مِّنۡھُمۡ یَخۡشَوۡنَ ...... [النساء: ۷۷] **لتاخر سورۃ الصف فی النزول عن اٰل عمران والنساء کما فی الاتقان** اس پر ارشاد ہے کہ) اے ایمان والو ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو خدا کے نزدیک یہ بات بہت ناراضی کی ہے کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں اللہ تعالیٰ تو اُن لوگوں کو (خاص طور پر) پسند کرتا ہے جو اُس کے راستہ میں اس طرح مل کر لڑتے ہیں کہ گویا وہ ایک عمارت ہے جس میں سیسہ پلایا گیا ہے (یعنی یہ عمارت مستحکم بطیئ الزوال ہوتی ہے اسی طرح وہ مجاہدین دشمن کے مقابلہ سے ہٹتے نہیں مطلب یہ ہوا کہ تم جو کہتے ہو کہ ہم کو احب الاعمال معلوم ہوتا ہے سو احب الاعمال تو جہاد ہے پھر اُس کے نزول کے وقت گرانی کیوں ہوئی تھی اور اُحد میں کیوں بھاگ گئے تھے باوجود ان تمام امور کے پیش نظر ہونے کے نہایت نازیبا بات اور خدا کو ناپسند ہے ایسے دعویٰ کی باتیں کرنا جس کا خلاف ہونا معلوم بھی ہو چکا ہے پس یہاں زجر تصلف اور لاف زنی پر ہے اور وعظ بلاعمل اس کے مفہوم سے خارج ہے) اور (آگے کفار کے مستحق قتل وقتال ہونے کی علت کہ ایذاء وتکذیب ومخالفت رسول ہے بیان فرمانا مقصود ہے اور اسی مناسبت سے موسیٰ علیہ السلام وعیسیٰ علیہ السلام کا قصہ ذکر فرماتے ہیں پس ارشاد ہے کہ وہ وقت قابل ذکر ہے) جب کہ موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے فرمایا کہ اے میری قوم مجھ کو کیوں ایذاء پہنچاتے ہو حالانکہ تم کو معلوم ہے کہ میں تمہارے پاس اللہ کا بھیجا ہوا آیا ہوں (وہ ایذائیں مختلف طور پر تھیں جن میں سے بعض بعض قرآن مجید میں بھی خصوص سورۂ بقر میں مذکور ہیں اور حاصل اُن سب کا عصیان اور مخالفت ہے) پھر جب (اس فہمائش پر بھی) وہ

www.besturdubooks.net

لوگ ٹیڑھے ہی رہے (اور راہ پر نہ آئے) تو اللہ تعالیٰ نے اُن کے دلوں کو اور (زیادہ) ٹیڑھا کر دیا (یعنی مادہ مخالفت اور عصیان کا اور زیادہ بڑھ گیا جیسا کہ قاعدہ ہے کہ دوام علی العصیان سے انابت اور اطاعت سے روزانہ بُعد ہوتا جاتا ہے) اور اللہ تعالیٰ (کا معمول ہے کہ وہ) ایسے نافرمانوں کو ہدایت (کی توفیق) نہیں دیتا (اسی طرح یہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو انواع مخالفت سے ایذائیں پہنچاتے ہیں اس لئے ان کا زیغ اور فسق متزاید ہوتا جاتا ہے کہ امید اصلاح نہیں رہی پس ان کے فساد مٹانے کے لئے قتال کا حکم دینا مصلحت ہوا) اور (اسی طرح وہ وقت بھی قابل تذکرہ ہے) جب کہ عیسیٰ بن مریم (علیہ السلام) نے (ارشاد) فرمایا کہ اے بنی اسرائیل میں تمہارے پاس اللہ کا بھیجا ہوا آیا ہوں کہ مجھ سے جو پہلے تورات (آچکی) ہے میں اُس کی تصدیق کرنے والا ہوں اور میرے بعد جو رسول آنے والے ہیں جن کا نام (مبارک) احمد ہوگا میں اُن کی بشارت دینے والا ہوں (مطلب اس سے احقر کے نزدیک اپنی شریعت کے احکام اور اسی شریعت کے بقاء کی غایت بتلانا ہے یعنی شریعت تو میری باستثناء بعض احکام کے جو کہ مدلول ارشاد ہے : وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ [آل عمران : ۵۰] کے ہیں احکام توریت کے ہیں تصدیق بالتورات سے یہی مراد ہے یعنی تصدیق مقرون بالعمل ورنہ نفس تصدیق میں تورات کی کیا تخصیص ہے سب انبیاء وصحف سابقہ کی تصدیق واجب ہے اور مُبَشِّرًا سے غایت اپنی شریعت کے بقاء کی بتلادی کہ جو رسول میرے بعد آویں گے اُن کے آنے تک میری شریعت رہے اور چونکہ وہ رسول مستقل ہوں گے جیسا کہ اُس رسول کے جو اوصاف اس بشارت عیسیٰ علیہ السلام نے ارشاد فرمائے ہیں جو اجمالاً آتے ہیں اُن سے اس رسول کا مستقل ہونا معلوم ہوتا ہے پس اُس کا رافع شرائع سابقہ ہونا ضروری ہے اور مقصود اس غایت کے بتلانے سے اپنی اُمت کی تکمیل ہدایت ہے کہ کبھی ایسا نہ ہو کہ سر دست مجھ پر ایمان لا کر پھر اُس رسول کا انکار کر کے کافر ہو جاویں اور اس بشارت کا عیسیٰ علیہ السلام سے منقول ہونا خود اہل کتاب کے بیان سے حدیثوں میں ثابت ہے چنانچہ خازن میں بروایت ابوداؤد نجاشی بادشاہ حبشہ کا جو کہ نصاریٰ کے عالم بھی تھے یہ قول آیا ہے کہ واقعی آپؐ ہی ہیں جن کی بشارت عیسیٰ علیہ السلام نے دی تھی اور خازن ہی میں ترمذی سے عبداللہ بن سلام کا قول جو کہ علمائے یہود سے تھے آیا ہے کہ توریت میں رسول ﷺ کی صفت لکھی ہے اور یہ کہ عیسیٰ علیہ السلام آپ کے ساتھ مدفون ہوں گے اور چونکہ عیسیٰ علیہ السلام تورات کے مبلغ تھے اس لئے تورات میں اس بشارت کا ہونا نیز عیسیٰ علیہ السلام سے منقول کہا جاوے گا اور مولانا رحمۃ اللہ صاحب نے اظہار الحق میں خود تورات کے موجودہ نسخوں سے متعدد بشارتیں نقل کی ہیں جلد دوم صفحہ ۱۴۶ مطبوعہ قسطنطنیہ اور ان مضامین کا اناجیل موجودہ میں نہ ہونا اس لئے مضر نہیں کہ حسب تحقیق علمائے محققین اناجیل کے نسخے محفوظ نہیں رہے مگر تاہم جو کچھ موجود ہیں ان میں بھی اس قسم کا مضمون موجود ہے چنانچہ یوحنا کی انجیل مترجمہ عربی مطبوعہ لندن ۱۸۳۱ء و ۱۸۳۳ء کے چودھویں باب میں ہے کہ تمہارے لئے میرا جانا ہی بہتر ہے کیونکہ اگر میں نہ جاؤں تو فارقلیط تمہارے پاس نہ آوے پس اگر میں جاؤں تو اُس کو تمہارے پاس بھیج دوں گا فارقلیط ترجمہ احمد کا ہے اہل کتاب کی عادت ہے کہ وہ ناموں کا بھی ترجمہ کر دیتے ہیں عیسیٰ علیہ السلام نے عبرانی میں احمد فرمایا تھا جب یونانی میں ترجمہ ہوا تو پیرکلوطوس لکھ دیا جس کے معنی ہیں احمد یعنی بہت سراہا گیا یا بہت حمد کرنے والا پھر جب یونانی سے عبرانی میں ترجمہ کیا تو اس کو فارقلیط کر دیا اور بعض عبرانی نسخوں میں اب تک نام مبارک احمد موجود ہے۔ دیکھو پادری پارکہرست کی یہ عبارت دبادحمدہ غل ہوتیم از حمایت الاسلام مطبوعہ بریلی ۱۸۷۳ء صفحہ ۸۴۸۱ ترجمہ اپالو جگ گاڈفری ہیگنس مطبوعہ لندن ۱۸۲۹ء اور اس فارقلیط کی نسبت اُس انجیل یوحنا میں یہ الفاظ ہیں تو لہ وہ تمہیں سب چیزیں سکھادے گا قولہ اس جہان کا سردار آتا ہے قولہ وہ آکر دنیا کو گناہ پر اور راستی پر اور عدالت پر سزا دے گا یہ ہیں وہ الفاظ جو نبی مستقل ہونے پر دال ہیں اور پوری بحث اس مقام کی تفسیر حقانی میں ہے اُس کا ایک شمہ نقل کیا گیا ہے غرض عیسیٰ علیہ السلام نے یہ ارشاد فرمایا) پھر جب (یہ تمام مضامین ارشاد فرما کر اپنی نبوت کے اثبات کے لئے) وہ (یعنی عیسیٰ علیہ السلام) اُن لوگوں کے پاس کھلی دلیلیں لائے تو وہ لوگ (ان دلائل یعنی معجزات کی نسبت) کہنے لگے کہ یہ صریح جادو ہے (اور جادو بتا کر نبوت کی تکذیب کی کمافی المائدۃ : وَاِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ...... [المائدۃ : ۱۱۰] اسی طرح عیسیٰ علیہ السلام کے پھر رسول ﷺ کے دورہ رسالت میں کفار موجودین نے آپ ﷺ کی تکذیب اور مخالفت کی اور یہ ظلم عظیم ہے پاس اس ظلم کا تعدیہ مٹانے کے لئے قتال کا حکم دینا مصلحت ہوا) اور (واقعی) اُس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے حالانکہ وہ اسلام کی طرف بلایا جاتا ہو اور اللہ ایسے ظالم لوگوں کو ہدایت (کی توفیق) نہیں دیا کرتا (اللہ پر جھوٹ باندھنا یہ کہ نبوت کی تکذیب کی کیونکہ اثبات المنفی اور نفی المثبت دونوں افتراء علی اللہ ہیں اور وَهُوَ يُدْعٰٓى اس لئے بڑھایا کہ اس سے زیادت تقبیح ہوگئی یعنی خود تو متنبہ نہ ہوا مگر تنبیہ کرنے سے بھی متنبہ نہیں ہوا۔ اور وَاللّٰهُ لَا يَهْدِيْ اس لئے بڑھایا کہ ان کی حالت موجودہ اصلاح سے بعید ہوگئی اس لئے سزائے قتال ہی تجویز کیا جانا مصلحت ہوا چنانچہ جس کو اب بھی اسلام کی خبر نہ پہنچی ہو اول اس کو دعوت اسلام کرنا چاہئے جب اس[1] سے انکار کرے جو کہ ظاہراً علامت ناامیدی کی ہے تب جہاد مشروع ہے۔ آگے ترغیب جہاد کے لئے وعدۂ نصرت وغلبۂ حق اور مغلوبیت باطل ارشاد ہے کہ) یہ لوگ یوں چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور (یعنی دین اسلام) کو اپنے منہ سے (پھونک مار کر) بجھادیں (یعنی تدبیر عملی کے ساتھ منہ سے بھی رد و اعتراض کی باتیں اس غرض سے کرتے ہیں کہ دین حق کو فروغ نہ ہو اور بعض اوقات قولی شبہات مؤثر تر

www.besturdubooks.net

ہوتے ہیں۔یا یہ تمثیل ہے کہ ان کی ایسی مثال ہے جیسے کوئی منہ سے نور الٰہی کو بجھانا چاہتا ہو یعنی طریقے سے بجھاوے جس میں ناکام رہے) حالانکہ اللہ اپنے نور (مذکور) کو کمال تک پہنچا کر رہے گا گو کافر لوگ کیسے ہی ناخوش ہوں (چنانچہ) وہ اللہ ایسا ہے جس نے (اسی اتمام نور کے لئے) اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ہدایت (کا سامان یعنی قرآن) اور سچا دین (یعنی اسلام) دے کر (دنیا میں) بھیجا ہے تاکہ اس (دین) کو (کہ وہی نور مذکور ہے) تمام (بقیہ) دینوں پر غالب کر دے (کہ یہی اتمام ہے) گو مشرک کیسے ہی ناخوش ہوں (**وقدمر تفسير الاتمام والظهور في سورة براءة في مثل هذه الآية**۔ آگے جہاد کا ثمرۂ آخرت پھر ثمرۂ دنیویہ کا وعدہ کر کے ترغیب دیتے ہیں کہ) اے ایمان والو کیا میں تم کو ایسی سوداگری بتلاؤں جو تم کو ایک دردناک عذاب سے بچالے (وہ یہ ہے کہ) تم لوگ اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو یہ تمہارے لئے بہت ہی بہتر ہے اگر تم کچھ سمجھ رکھتے ہو (جب ایسا کرو گے تو) اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ معاف کرے گا اور تم کو (جنت کے) ایسے باغوں میں داخل کرے گا کہ جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور عمدہ مکانوں میں (داخل کرے گا) جو ہمیشہ رہنے کے باغوں میں (بنے) ہوں گے یہ بڑی کامیابی ہے اور (اس ثمرۂ حقیقیہ اخرویہ کے علاوہ) ایک اور ثمرہ (دنیویہ) بھی ہے کہ تم اس کو (بھی خاص طور پر) پسند کرتے ہو (یعنی) اللہ کی طرف سے مدد اور جلدی فتح یابی ہے اور (اس کا خاص طور پر محبوب ہونا اس لئے ہے کہ انسان طبعاً ثمرۂ عاجلہ بھی چاہتا ہے) اور (اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (ان تمام امور کی) مؤمنین کو بشارت دے دیجئے (چنانچہ فتح ونصرت کی پیشین گوئی کا ظہور اظہر من الشمس ہے آگے اصحاب عیسیٰ علیہ السلام کا قصہ یاد دلا کر نصرت دین کی ترغیب دیتے ہیں کہ) اے ایمان والو تم اللہ کے (دین کے) مددگار ہو جاؤ (اس طریق سے جو تمہارے لئے مشروع ہے یعنی جہاد) جیسا کہ (حواریین اپنی شریعت کے طریقے کے موافق ناصر دین ہوئے تھے جب کہ لوگ کثرت سے عیسیٰ علیہ السلام کے دشمن اور مخالف تھے اور جب کہ) عیسیٰ بن مریم (علیہ السلام) نے (ان حواریین سے فرمایا کہ اللہ کے واسطے میرا کون مددگار ہوتا ہے وہ حواری بولے ہم اللہ (کے دین) کے مددگار ہیں (چنانچہ حواریین نے دین کی یہ مدد کی کہ اس کی اشاعت میں کوشش کی) سو (اس کوشش کے بعد) بنی اسرائیل میں سے کچھ لوگ ایمان لائے اور کچھ منکر رہے (پھر ان میں باہم اختلاف مذہبی سے عداوت اور خانہ جنگیاں ہوئیں یا مذہبی گفتگو ہوئی) سو ہم نے ایمان والوں کی ان کے دشمنوں کے مقابلے میں تائید کی سو وہ غالب ہو گئے اسی طرح تم دین محمدی کے لئے کوشش اور جہاد کرو اور اگر ابتداً ان خانہ جنگیوں کی کفار کی طرف سے ہو تو دین عیسوی میں جہاد کا ہونا لازم نہیں آتا)۔

ف: حواریین اور عموم بعثت کے متعلق ایک شبہ کا جواب سورۂ آل عمران قصہ عیسیٰ علیہ السلام کی تفسیر میں گزر چکا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ﴿﴾ اس میں اعمال اور کمال کے دعویٰ کی مذمت ہے قولہ تعالیٰ: وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ یٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِیْ یہ عنوان دال ہے کہ مرشد کو ایذا دینا مستقلاً امر مذموم ہے قولہ تعالیٰ: وَاُخْرٰی تُحِبُّوْنَهَا ۭ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ اور چونکہ اس نصرت وغلبہ کی محبوبیت اعانت فی الدین کے لئے تھی اس سے مفہوم ہوا کہ جس دنیا سے دین پر استعانت کی جاوے اس کی طلب مذموم نہیں۔ سورۃ الصف تمام ہوئی۔

الحواشی: (۱) اس عبارت میں جزیہ کا انکار نہیں ہے مقصود اس سے یہ ہے کہ اس کے قبل قتال مشروع نہیں نہ یہ کہ اس انکار کے ساتھ معاً ہی مشروع ہے بلکہ اس انکار کے بعد جب کہ دوسرے شرائط بھی پائے جاویں تب مشروع ہے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله في صفا مل کر۔ اشارة الى ما قيل ان المراد استواء نياتهم في الثبات كذا في المدارك وغيره قلت وفيه تشبيه استواء القلوب باستواء الابدان وهو مصدر بمعنى مصطفين ۱۲۔**

النحو: **قوله يغفر جواب شرط دل عليه الكلام والتقدير ان تومنوا وتجاهدوا يغفرلكم قوله اخرى اى ولكم نعمة اُخرى قوله نصر بدل ۱۲۔**

البلاغۃ: **قوله يا بني اسرائيل لم يقل يا قومي اشارة الى انه حامل بالتوراة وانه مثلهم في انه من قوم موسٰى عليه السلام هضمًا لنفسه بانه لا اتباع له ولا قوم وفيه من الاستعطاف ما فيه ۱۲۔ قوله تجارة سماها تجارة ترغيبًا ۱۲۔ قوله انصارى الى الله اى من جندى متوجها الى نصرة الله تعالىٰ ليطابق قوله سبحانه نحن انصار الله كذا في الروح ۱۲۔**

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الْجُمُعَةِ

سُورَةُ الْجُمُعَةِ ۶۲ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۰ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱ | رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۃ الجمعہ مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۱ آیات اور ۲ رکوع ہیں

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۱ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ
يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۲ وَّاٰخَرِيْنَ
مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۳ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝۴
مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۭ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَاۗءُ لِلّٰهِ مِنْ
دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۶ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ
بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۷ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ
فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۸ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ
اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۹ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ
وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۱۰ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَۨا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا
وَتَرَكُوْكَ قَاۗىِٕمًا ۭ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝۱۱

سب چیزیں جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں (قالاً و حالاً) اللہ کی پاکی بیان کرتی ہیں جو کہ بادشاہ ہے (عیبوں سے) پاک ہے زبردست ہے حکمت والا ہے وہی ہے جس نے (عرب کے) ناخواندہ لوگوں میں ان ہی کی قوم میں سے (یعنی عرب میں سے) ایک پیغمبر بھیجا جو ان کو اللہ کی آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں اور ان کو (عقائد باطلہ و اخلاق ذمیمہ سے) پاک کرتے ہیں اور ان کو کتاب اور دانشمندی (کی باتیں) سکھلاتے ہیں اور یہ لوگ آپ کی (بعثت کے) پہلے سے کھلی گمراہی میں تھے اور علاوہ ان موجودین کے دوسروں کے لئے بھی ان میں سے جو ہنوز ان میں شامل نہیں ہوئے اور وہ زبردست حکمت والا ہے یہ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ذریعہ سے گمراہی سے نکل کر ہدایت کی طرف آنا خدا کا فضل ہے وہ فضل جس کو چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ جن لوگوں کو توراۃ پر عمل کرنے کا حکم دیا گیا پھر انہوں نے اس پر عمل نہیں کیا ان کی حالت اس گدھے کی سی ہے جو بہت سی کتابیں لادے ہوئے ہے (غرض) ان لوگوں کی بری حالت ہے جنہوں نے خدائی آیات کو جھٹلایا (جیسے یہود ہیں) اور اللہ تعالیٰ ایسے ظالموں کو (توفیق) ہدایت (کی) نہیں دیا کرتا اور اگر یہ لوگ کہیں کہ ہم باوجود اس حالت کے بھی اللہ کے مقبول ہیں تو آپ ان سے کہہ دیجئے کہ اے

www.besturdubooks.net

یہود یو اگر تمہارا یہ دعویٰ ہے کہ تم بلاشرکت غیرے اللہ کے مقبول (ومحبوب) ہو تو تم (اس کی تصدیق کے لئے) موت کی تمنا کر کے دکھلا دو اگر تم اس دعوے میں سچے ہو اور وہ کبھی اس کی تمنا نہ کریں گے بوجہ (خوف سزا) اعمال (کفریہ) کے جو اپنے ہاتھوں سمیٹتے ہیں اور اللہ کو خوب اطلاع ہے ان ظالموں (کے حال) کی آپ (ان سے یہ بھی) کہہ دیجئے کہ جس موت سے تم بھاگتے ہو وہ (موت) ایک روز تم کو آ پکڑے گی پھر تم پورے اور ظاہر جاننے والے (خدا) کے پاس لے جائے جاؤ گے پھر وہ تم کو سب کئے ہوئے کام بتا دے گا (اور سزا دے گا)۔ اے ایمان والو جب جمعہ کے روز نماز جمعہ کے لئے اذان کہی جایا کرے تو تم اللہ کی یاد (یعنی نماز وخطبہ) کی طرف (فوراً) چل پڑا کرو اور خرید وفروخت اور (اسی طرح) دوسرے مشاغل جو چلنے سے مانع ہوں چھوڑ دیا کرو یہ تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے اگر تم کو کچھ سمجھ ہو (کیونکہ اس کا نفع باقی اور بیع وغیرہ کا فانی پھر جب نماز (جمعہ) پوری ہو چکے تو اس وقت تم کو اجازت ہے کہ تم زمین پر چلو پھرو اور خدا کی روزی تلاش کرو اور اس میں بھی اللہ کو بکثرت یاد کرتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ اور (بعضے لوگوں کا حال یہ ہے کہ) وہ لوگ جب کسی تجارت یا مشغولی کی چیز کو دیکھتے ہیں تو وہ اس کی طرف دوڑنے کے لئے بکھر جاتے ہیں اور آپ کو کھڑا ہوا چھوڑ جاتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ جو چیز (از قسم ثواب وقرب) خدا کے پاس ہے وہ ایسے مشغلہ اور تجارت سے بدرجہا بہتر ہے اور اللہ سب سے اچھا روزی پہنچانے والا ہے۔

تفسیر: تفسیر سورۃ الجمعۃ مدنیۃ وھی احدی عشرۃ آیۃ کذا فی البیضاوی۔

ربط: اوپر کی سورت میں توحید ورسالت کا اثبات اور مکذبین کا مستحق عقوبت قتل ہونا مذکور تھا اس سورت کے اول میں توحید ورسالت کا اثبات اور مکذبین میں سے یہود کا جو بعنوان قوم موسیٰ اوپر کی سورت میں مذکور ہوئے ہیں مستحق مذمت ووعید ہونا مذکور ہے اور چونکہ ان یہود کا اصل مرض حب دنیا تھا اسی لئے مسلمانوں کو اس سے بچانے کے لئے دوسرے رکوع میں بضمن احکام جمعہ آخرت کو دنیا پر ترجیح دینے کا امر اور عکس سے نہی ارشاد ہے پس دونوں سورتوں کے اخیر میں تجارت کا ذکر ہے اول میں دینیہ کا دوسری میں دنیویہ کا۔

توحید ورسالت وذم ووعید یہود مکذبین: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ (الی قولہ تعالیٰ) فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۔ سب چیزیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں (قالاً یا حالاً) اللہ کی پاکی بیان کرتی ہیں جو کہ بادشاہ ہے (عیبوں سے) پاک ہے زبردست ہے حکمت والا ہے وہی ہے جس نے (عرب کے) ناخواندہ لوگوں میں ان ہی (کی قوم) میں سے (یعنی عرب میں سے) ایک پیغمبر بھیجا جو ان کو اللہ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں اور ان کو (عقائد باطلہ واخلاق ذمیمہ سے) پاک کرتے ہیں اور ان کو کتاب اور دانشمندی (کی باتیں جس میں سب علوم ضروریہ دینیہ آ گئے) سکھلاتے ہیں اور یہ لوگ (آپ کی بعثت کے) پہلے سے کھلی گمراہی میں تھے (کہ وہ شرک وکفر ہے مراد اکثر ہیں کیونکہ جاہلیت میں بھی بعضے موحد تھے مگر تاہم تکمیل ہدایت کے وہ بھی محتاج تھے) اور (علاوہ ان موجودین کے) دوسروں[1] کے لئے بھی (آپ کو مبعوث فرمایا) جو (اسلام لاکر) ان میں سے ہونے والے ہیں لیکن ہنوز ان میں شامل نہیں ہوئے (خواہ بوجہ اس کے کہ موجود ہیں مگر اسلام نہیں لائے یا بوجہ اس کے کہ ابھی پیدا ہی نہیں ہوئے اس میں تمام امت قیامت تک عربی وعجمی سب آ گئے اور ان کو مِنْهُمْ باعتبار اسلام کے فرمایا کیونکہ مسلمان سب متحد ہیں کذا فی الخازن) اور وہ زبردست حکمت والا ہے (کہ اپنی قدرت اور حکمت سے ایسا نبی بھیجا اور سابق[2] میں فی نفسہ ان صفات کا اثبات مقصود تھا پس تکرار نہ رہا اور) یہ (رسول کے ذریعہ سے ضلال سے نکل کر کتاب وحکمت وہدایت کی طرف آنا) خدا کا فضل ہے وہ فضل جس کو چاہتا ہے دے دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے (اگر سب کو بھی عنایت کرے تو وسعت ہے مگر وہ اپنی حکمت سے جس کو چاہے اس کی تخصیص فرماتا ہے اور جس کو چاہتا ہے بے بہرہ رکھتا ہے جیسا کہ اوپر امیین کے ایمان لانے سے اور آئندہ کی آیت میں علمائے یہود کے ایمان نہ لانے سے یہ امر ظاہر ہے آگے بعض مکذبین رسالت کی تقبیح ہے کہ) جن لوگوں کو تورات پر عمل کرنے کا حکم دیا گیا۔ پھر انہوں نے اس پر عمل نہیں کیا ان کی حالت اس گدھے کی سی حالت ہے جو بہت سی کتابیں لادے ہوئے ہے (مگر ان کتب کے نفع سے محروم ہے اسی طرح اصل مقصود اور نفع علم کا عمل ہے جب یہ نہ ہوا اور صرف تحصیل وحفظ علم میں تعب ہی تعب ہوا تو بالکل ایسی ہی مثال ہوئی اور گدھے کی تخصیص اسی لئے کہ وہ جانوروں میں بیوقوف مشہور ہے تو اس میں زیادہ تنفیر ہوگئی غرض) ان لوگوں کی بری حالت ہے جنہوں نے خدا کی آیتوں کو جھٹلایا (جیسے یہ یہود ہیں) اور اللہ تعالیٰ ایسے ظالموں کو (توفیق) ہدایت (کی) نہیں دیا کرتا (کیونکہ جان کر عناد کرتے ہیں اور اگر ہدایت ہوگی تو بعد ترک عناد کے ہوگی اور تورات پر عمل کرنے کے لوازم میں سے ہے ایمان لانا آپ پر جیسا کہ اس میں حکم ہے پس ایمان نہ لانا مستلزم ہے ترک عمل بالتوراۃ کو اور اگر یہ لوگ یہ کہیں کہ ہم باوجود اس حالت کے بھی اللہ کے مقبول ہیں تو) آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ اے یہود یو اگر تمہارا یہ دعویٰ ہے کہ تم بلاشرکت غیرے اللہ کے مقبول (ومحبوب) ہو تو تم (اس کی تصدیق کے لئے ذرا) موت کی تمنا کر (کے دکھلا) دو اگر تم (اس دعوے میں) سچے ہو اور (ہم ساتھ ہی یہ بھی کہے دیتے ہیں کہ) وہ (خاص[3] مدعی) کبھی اس (موت) کی تمنا نہ کریں گے بوجہ (خوف سزا) ان اعمال (کفریہ) کے جو اپنے ہاتھوں سمیٹے ہیں اور اللہ تعالیٰ کو خوب اطلاع ہے ان ظالموں (کے حال) کی

www.besturdubooks.net

(جب تاریخ مقدمہ کی آوے گی فرد قرار داد جرم سنا کر سزا کا حکم کر دیا جاوے گا اور اس وعدہ سزا کی تاکید کے لئے) آپ (ان سے یہ بھی) کہہ دیجئے کہ جس موت سے تم بھاگتے ہو (اور اس کی تمنا باوجود دعویٰ ولایت کے اس لئے نہیں کرتے ہو کہ سزا بھگتنا ہوگی) وہ (موت ایک روز) تم کو آ پکڑے گی پھر تم پوشیدہ اور ظاہر جاننے والے (خدا) کے پاس لے جائے جاؤ گے پھر وہ تم کو تمہارے سب کئے ہوئے کام بتلا دے گا (اور سزا دے گا)۔

ف: تحقیق مضمون تمنی موت کے سورۂ بقرہ آیت : قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً ...... [البقرۃ : ۹۴] کی تفسیر میں گزر چکی ہے اٰخرین کی تفسیر جو بعض احادیث میں اہل فارس کے ساتھ آئی ہے مقصود اس سے حصر نہیں بلکہ ایک صنف مہتم بالشان کا ذکر فرما دیا۔ ربط : تمہید سورت میں گزر چکا اور سبب نزول ان آیات میں سے اخیر آیت کا یہ ہے کہ ایک بار آپ جمعہ کا خطبہ پڑھتے تھے کہ مدینہ میں ایک قافلہ غلہ لے کر آیا اور اس کے اعلان کے لئے دف بجتا تھا بہت سے آدمی خطبہ چھوڑ کر غلہ خریدنے چلے گئے اور بارہ (۱۲) آدمی رہ گئے اس پر وہ آیت آئی كذا فى الصحاح اور درمنثور وغیرہ میں مراسیل ابوداؤد سے نقل کیا ہے کہ اس وقت خطبہ بعد نماز کے ہوا کرتا تھا لوگ یوں سمجھے کہ نماز اصل مقصود ہے وہ ہو ہی چکی ہے خطبہ اگر نہ سنا جاوے کچھ حرج نہیں اور اگر ثابت ہو جاوے کہ خطبہ مقدم تھا تو یہ کہہ سکتے ہیں کہ ان لوگوں کا ارادہ فوراً واپس آ جانے کا ہوگا۔

امر بایثار آخرت بر دنیا بضمن احکام جمعہ: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ (الى قوله تعالى) وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ۝ اے ایمان والو جب جمعہ کے روز نماز (جمعہ) کے لئے اذان کہی جایا کرے تو تم اللہ کی یاد (یعنی نماز و خطبہ) کی طرف (فوراً) چل پڑا کرو اور خرید و فروخت (اور اسی طرح دوسرے مشاغل مانعہ عن السعی کمافی رد المحتار) چھوڑ دیا کرو (اور تخصیص بیع کی بوجہ زیادہ اہتمام کے ہے کہ اس کے ترک کو فوت نفع سمجھا جاتا ہے) یہ (چل پڑنا مشاغل بیع وغیرہ کو چھوڑ کر) تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے اگر تم کو کچھ سمجھ ہو (کیونکہ اس کا نفع باقی ہے اور بیع وغیرہ کا نفع فانی) پھر جب نماز پوری ہو چکے (اور اگر ابتداء میں خطبہ مؤخر تھا تو نماز پورا ہونے سے مُراد اُس کا مع متعلقات کے پورا ہونا ہے جس کا حاصل نماز اور خطبہ کا پورا ہو چکنا ہے تو اُس وقت تم کو اجازت ہے کہ) تم زمین پر چلو پھرو اور خدا کی روزی تلاش کرو (یعنی اُس وقت دنیا کے کاموں کے لئے چلنے پھرنے کی اجازت ہے) اور (اُس میں بھی) اللہ کو بکثرت یاد کرتے رہو (یعنی اشغال دنیویہ میں ایسے منہمک مت ہو جاؤ کہ احکام و عبادات ضروریہ سے غافل ہو جاؤ) تاکہ تم کو فلاح ہو اور (بعضے لوگوں کا یہ حال ہے کہ) وہ لوگ جب کسی تجارت یا مشغولی کی چیز کو دیکھتے ہیں تو اُس کی طرف دوڑنے کے لئے بکھر جاتے ہیں اور آپ کو کھڑا ہوا چھوڑ جاتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ جو چیز (از قسم ثواب و قرب) خدا کے پاس ہے وہ ایسے مشغلہ اور تجارت سے بدرجہا بہتر ہے اور (اگر اس سے افزونی رزق کی طمع ہو تو سمجھ لو کہ) اللہ سب سے اچھا روزی پہنچانے والا ہے (اُس کی طاعات ضروریہ میں مشغول رہنے پر بھی رزق مقدر دیتا ہے پھر کیوں اس کے احکام کو ترک کیا جاوے)۔

ف: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا عام مخصوص البعض ہے کیونکہ بعض پر بالاجماع جمعہ فرض نہیں صلوٰۃ سے مراد صلوٰۃ جمعہ پس الف لام عہد کا ہے سعی سے مُراد دوڑنا نہیں ہے صرف چلنا ہے اہتمام و مبالغہ کے لئے سعی فرمایا نودی سے مراد قرآن میں وہ اذان ہے جو نزول آیت کے وقت تھی یعنی جو امام کے سامنے ہوتی ہے کیونکہ یہ اذان اوّل صحابہ کے اجماع سے بعد میں مقرر ہوئی ہے لیکن حرمت بیع میں حکم اُس کا بھی مثل حکم اذان قدیم کے ہے کیونکہ اشتراک علت سے حکم میں اشتراک ہوتا ہے البتہ قدیم میں یہ حکم منصوص وقطعی ہوگا اور اذان حادث میں یہ حکم مجتہد فیہ وظنی ہوگا اس سے تمام اشکالات علیہ مرتفع ہو گئے اور صحابہؓ اُٹھ کر چلے گئے تھے اُن کی ابتدائی حالت تھی پھر حسب نقل بعض زمانہ قحط وجوع کا تھا پھر کبراء صحابہ سے اس کا صدور نہیں ہوا پھر اجتہادی غلطی تھی اس لئے اعتراض کی گنجائش نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا ...... اس میں دلالت ہے کہ افاضہ علوم کا اسباب عادیہ پر موقوف نہیں پس ولایت کا امیت کے ساتھ جمع ہونا ممکن ہے البتہ امور شرعیہ ضروریہ کا علم ضروری ہے گو درس سے نہ ہو قولہ تعالیٰ: وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ آخرین کا عطف يُعَلِّمُهُمْ کی ضمیر منصوب پر بقول بعض اشارہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فیض امت پر قیامت تک منقطع نہ ہوگا اور اولیاء آپ کے ورثہ ہیں اسی طرح ان کا فیض بھی بعد وفات جاری رہتا ہے قولہ تعالیٰ: مَثَلُ الَّذِيْنَ اس میں اشارہ ہے اس شخص کی بدحالی کی طرف جو باوجود علم کے انکار کرے۔ قولہ تعالیٰ: قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اس میں دلالت ہے کہ علامات ولایت سے موت کی تمنا ہے اگرچہ عقلاً سہی اور اس میں مدعی حال کے امتحان پر بھی دلالت ہے۔ قولہ تعالیٰ : فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ ...... اس میں دلالت ہے کہ احیاناً بعض مباحات میں مشغول ہونا بھی مصلحت دینیہ مثل نشاط للعبادۃ وغیرہ کے لئے مطلوب ہے بشرطیکہ دین پر اس کو ترجیح نہ دی جاوے اور روح میں ہے کہ اس عتاب میں اشارہ ہے کیفیت تربیت مریدین کی طرف جب ان سے کوئی غلطی ہو جاوے۔ (سورۂ جمعہ تمام ہوئی)۔

الحواشی: (۱) قولہ فی : وَّاٰخَرِيْنَ اور دوسروں کے لئے بھی ان میں سے جو ہنوز الخ اقول توضیح مقام کی یہ ہے کہ آخرین کا عطف الْاُمِّيّٖنَ پر ہے تو ترجمہ

www.besturdubooks.net

ظاہر یہ ہوتا کہ اور دوسروں میں بھی لیکن چونکہ ظرفیت سے آخرت کی بوجہ عدم موجودیت ان کے ذاتا یا صفۃ یعنی اسلاما ظاہر نہ تھی اور مقصود معنی فی سے لاجل کے تھے کمافی ہرۃ اس بناء پر یہاں لفظ لئے سے ترجمہ کر دیا اور فی الْأُمِّيّٖنَ میں بھی مقصود یہی ترجمہ تھا لیکن وہاں لفظ میں اس لئے اختیار کر لیا کہ ظاہری ظرفیت بھی ممتنع نہ تھی اور لفظ میں بھی بمعنی لاجل آتا ہے پس لفظ اور مقصود دونوں کا لحاظ رکھا گیا اور اٰخَرِيْنَ کے بعد جو مِنْهُمْ ہے وہ صفت ہے اٰخَرِيْنَ کی اور لَمَّا يَلْحَقُوْا بھی اسی کی صفت ہے یعنی ان دوسروں کے لئے بھی مبعوث فرمایا جو کہ ان امیین مذکورین سے ہیں باعتبار مسلمان ہونے کے کیونکہ مسلمان سب ایک ہی ہیں ۱۲ منہ۔ (۲) یعنی اول آیت میں بھی: الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ آیا ہے ۱۲۔ (۳) پس یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ کیا یہ نفی اس زمانہ کے یہودیوں کو بھی عام ہے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله لیکن ہو توضیح لمعنی لما برعاية المحاورة الهندية ۱۲۔

اللغات: قوله الاميين جمع امی منسوب الى الام ای على حال ولدته من عدم القراءة والكتابة وسمى به العرب لكون اكثرهم كذلك ۱۲۔ من يوم الجمعة بمعنى فى يوم الجمعة انفضوا تفرقوا كذا فى القاموس ۱۲۔

النحو: قوله وآخرين عطف على الاميين ۱۲۔

البلاغۃ: اليها لما كان اللهو والتجارة كشئ واحد فى كونهما مرغوبا عنه اكتفى على ارجاع الضمير الى التجارة قوله من اللهو ومن التجارة وتقديم اللهو لانه اقوى مذمة فناسب تقديمه فى مقام الذم وقدمت التجارة على اللهو فى الرؤية لانها اهم عندهم۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ

سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ ۶۳ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۴ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱ | رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۃ المنافقون مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۱ آیات اور ۲ رکوع ہیں

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ
لَكٰذِبُوْنَ ۚ ﴿۱﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا
ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۳﴾ وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ
لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ؗ اَنّٰى
يُؤْفَكُوْنَ ﴿۴﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۵﴾
سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۶﴾
هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۷﴾ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَلِلّٰهِ
ع ۸ / ۱۴ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۚ ﴿۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ
عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹﴾ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِىَ
اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِىْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰﴾ وَلَنْ
ع ۲ / ۱۴ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۧ ﴿۱۱﴾

اللہ کو معلوم ہے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں (اس میں تو ان کے قول کی تکذیب نہیں کی جاتی) اور (باوجود اس کے) اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے کہ یہ منافقین (اس کہنے میں) جھوٹے ہیں ان لوگوں نے اپنی قسموں کو (اپنی جان و مال بچانے کے لئے) بنا رکھا ہے پھر یہ لوگ (دوسروں کو بھی) اللہ کی راہ سے روکتے ہیں بے شک ان کے یہ اعمال بہت برے ہیں اور ہمارا یہ کہنا کہ ان کے اعمال بہت برے ہیں اس سبب سے ہے کہ یہ (اقوال ظاہر میں) ایمان لائے پھر (کلمات کفریہ کہہ کر) کافر ہو گئے سو ان کے دلوں پر مہر کر دی گئی ہے تو یہ (حق بات کو) نہیں سمجھتے اور جب آپ ان کو دیکھیں تو (شان و شوکت ظاہری کی وجہ سے) ان کے قد و قامت آپ کو خوش نما معلوم ہوں گے اور اگر یہ باتیں کرنے لگیں تو آپ ان کی باتیں سن لیں گویا کہ یہ لکڑیاں ہیں جو (دیوار کے) سہارے لگائی ہوئی (کھڑی) ہیں ہر غل پکار کو (خواہ وہ کس وجہ سے ہو) اپنے اوپر

www.besturdubooks.net

(پڑنے والی) خیال کرنے لگتے ہیں یہی لوگ (تمہارے پورے) دشمن ہیں آپ ان سے ہوشیار رہئے خدا ان کو غارت کرے (دین حق سے) کہاں پھرے جارہے ہیں اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آؤ تمہارے لئے رسول اللہ استغفار کردیں تو وہ اپنا سر پھیر دیتے ہیں اور آپ ان کو دیکھیں گے کہ وہ (اس ناصح اور تحصیل استغفار سے) تکبر کرتے ہوئے بے رخی کرتے ہیں (جب ان کے کفر کی یہ حالت ہو تو) ان کے حق میں دونوں باتیں برابر ہیں خواہ ان کے لئے آپ استغفار کریں یا ان کے لئے استغفار نہ کریں اللہ تعالیٰ ہرگز نہ بخشے گا بے شک اللہ تعالیٰ ایسے نافرمان لوگوں کو (توفیق) ہدایت کی نہیں دیتا یہ وہ ہیں جو کہتے ہیں کہ جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جمع ہیں ان پر کچھ خرچ مت کرو یہاں تک کہ یہ آپ ہی منتشر ہو جائیں گے اور (ان کا یہ کہنا جہل محض ہے کیونکہ) اللہ ہی کے ہیں سب خزانے آسمانوں اور زمین کے لیکن منافقین سمجھتے نہیں ہیں (اور یہ لوگ) کہتے ہیں کہ اگر ہم اب مدینہ میں جائیں گے تو عزت والا وہاں سے ذلت والے کو باہر نکال دے گا اور یہ (کہنا جہل محض ہے بلکہ) اللہ ہی کی ہے عزت (بالذات) اور اس کے رسول کی (بواسطہ تعلق مع اللہ کے) اور مسلمانوں کی (بواسطہ تعلق مع اللہ والرسول کے) لیکن منافقین جانتے نہیں۔ اے ایمان والو تم کو تمہارے مال اور اولاد (مراد اس سے مجموعہ دنیا ہے) اللہ کی یاد (اور اطاعت) سے (مراد اس سے مجموعہ دین ہے) غافل نہ کرنے پائے اور جو ایسا کرے گا ایسے لوگ ناکام رہنے والے ہیں اور (منجملہ طاعات کے) ایک اطاعت مالیہ کا حکم دیا جاتا ہے کہ ہم نے جو کچھ تم کو دیا ہے اس میں سے (حقوق واجبہ) اس سے پہلے خرچ کرلو کہ تم میں سے کسی کی موت آ کھڑی ہو پھر وہ بطور تمنا وحسرت کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار مجھ کو اور تھوڑی مہلت کیوں نہ دی کہ میں خیر خیرات دے لیتا اور نیک کام کرنے والوں میں شامل ہو جاتا اور اللہ تعالیٰ کسی شخص کو جب کہ اس کی میعاد (عمر ختم ہونے پر) آجاتی ہے ہرگز مہلت نہیں دیتا اور اللہ کو تمہارے سب کاموں کی پوری خبر ہے (ویسی ہی جزا کے مستحق ہو گے)۔

تفسیر: سورۃ المنفقون مدنیۃ وھی احدیٰ عشرۃ ایۃ۔

ربط: اوپر کی سورت میں یہود کا ذکر تھا اس سورت میں منافقین کا ذکر ہے اور اکثر منافق یہودی تھے اور سورت سابقہ کے اخیر میں ایثار عقبیٰ علی الدنیا کا ذکر تھا وہی اس سورت کے اخیر میں ہے اور اس اخیر کے مضمون کو ذکر منافقین سے بھی مناسبت ہے کہ منافقین اپنے اموال پر گھمنڈ کر کے کہتے تھے لَا تُنْفِقُوْا...... اور اپنے حشم خدم پر بھی گھمنڈ کرتے تھے: لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ اس لئے اموال واولاد سے غلو کے ساتھ قلب کو متعلق کرنے کی ممانعت فرمائی اور سبب نزول آیات متضمنہ ذکر منافقین کا یہ ہے کہ کسی غزوہ میں انصار ومہاجرین میں تکرار ہو گیا اس پر عبداللہ بن ابی بگڑا کہ تم نے ان پردیسیوں کو روٹیاں کھلا کھلا کر بگاڑ دیا اب کے مدینہ پہنچ کر ان لوگوں کو خرچ دینا بند کر دو خود ہی چلے جاویں گے اور یہ بھی کہا کہ ہم عزت والے ہیں ان ذلت والوں کو نکال دیں گے یہ بات زید بن ارقم صحابیؓ نے سن کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جا کہی آپؐ نے ابن ابی اور اُس کے رفقاء کو بلا کر پوچھا وہ صاف مکر گیا اور قسمیں کھا گیا زید بن ارقم کو بڑا رنج ہوا اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں **کذا فی الصحاح** اور جن لوگوں کو اس کا کہنا معلوم تھا انہوں نے اُس سے کہا کہ تو جا کر حضرت کے سامنے توبہ کرلے اُس نے انکار کردیا **کذا فی الدر المنثور** اور چونکہ سب منافقین اس قول کے پسند کرنے میں شریک اور ہمراہی تھے لہٰذا سب کی طرف نسبت کردی۔

شنائع منافقین: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ (الی قولہ تعالی) وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ۝ جب آپؐ کے پاس یہ منافقین آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم (دل سے) گواہی دیتے ہیں کہ آپؐ بے شک اللہ کے رسول ہیں اور یہ تو اللہ کو معلوم ہے کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں (اس میں تو اُن کے قول کی تکذیب نہیں کی جاتی) اور (باوجود اس کے) اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے کہ منافقین (اس کہنے میں) جھوٹے ہیں (کہ ہم دل سے گواہی دیتے ہیں کیونکہ وہ گواہی محض لسانی ہے اعتقاد قلب سے نہیں) ان لوگوں نے اپنی قسموں کو (اپنی جان ومال کے بچانے کے لئے) سپر بنا رکھا ہے (کیونکہ اظہار کفر سے ان کی حالت بھی مثل دوسرے کفار کے ہوتی کہ جہاد کیا جاتا اور قتل وغارت ہوتا) پھر (اس لازمی خرابی کے ساتھ ان میں متعدی خرابی بھی ہے کہ) یہ لوگ (دوسروں کو بھی) اللہ کی راہ سے روکتے ہیں بے شک ان کے یہ اعمال بہت ہی بُرے ہیں (اور ہمارا) یہ (کہنا: اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۝) اس سبب سے ہے کہ یہ لوگ (اول ظاہر میں) ایمان لے آئے پھر (اپنے شیاطین کے پاس جا کر کلمات کفریہ اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ [البقرۃ: ۱۴] کہہ کر) کافر ہو گئے (مطلب یہ کہ: اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۝ کا حکم کرنا ان کے نفاق کے سبب سے ہے کہ وہ سوء اعمال ہے) سو (اس نفاق کی وجہ سے) ان کے دلوں پر مہر کردی گئی تو یہ (حق بات کو) نہیں سمجھتے اور (ظاہر میں ایسے چکنے چپڑے ہیں کہ) جب آپؐ ان کو دیکھیں (تو شان وشوکت ظاہری کی وجہ سے) ان کے قد وقامت آپ کو خوشنما معلوم ہوں اور (باتوں میں ایسے ہیں کہ) اگر یہ باتیں کرنے لگیں تو آپ ان کی بات (غایت فصاحت وشیرینی کی وجہ سے) سن لیں (لیکن چونکہ اندر خاک بھی نہیں اس لئے قد وقامت ظاہری کے ساتھ خلو باطن کے سبب ان کی ایسی مثال ہے کہ) گویا یہ لکڑیاں ہیں جو (دیوار کے) سہارے سے لگائی ہوئی (کھڑی) ہیں (کہ جثہ میں تو لمبی چوڑی موٹی موٹی مگر بے جان محض اور نیز بناء پر اس عادت کے کہ اکثر جو لکڑی فی الحال کام میں نہیں لگتی وہ اس طرح رکھ دی جاتی ہے ایسی لکڑی بے نفع محض بھی ہے۔ اس طرح یہ لوگ ظاہری دِکھنے میں تو شاندار لیکن اندر سے محض بے کار اور چونکہ بوجہ عدم

www.besturdubooks.net

اخلاص وعدم ایمان کے ہر وقت ان کو اندیشہ رہتا ہے کہ کبھی مسلمانوں کو ہمارے حال کی اطلاع کسی قرینہ سے یا بذریعہ وحی کے نہ ہو جاوے اور مثل دیگر کفار کے ہم پر بھی جہاد وغیرہ نہ ہونے لگے اس خیال سے ایسے خائف رہتے ہیں کہ) ہر غل پکار کو (گو وہ کسی وجہ سے ہو) اپنے ہی اوپر (پڑنے والی) خیال کرنے لگتے ہیں (یعنی جب کوئی شور وغل ہوتا ہے یہی سمجھتے ہیں کہ کہیں ہمارے اوپر ہی اُفتاد پڑنے والی نہ ہو حقیقت میں) یہی لوگ (تمہارے پورے) دشمن ہیں آپ ان سے ہوشیار رہیے (یعنی ان کی کسی بات کا اعتماد نہ کیجئے) خدا ان کو غارت کریں کہاں (دین حق سے) پھرے چلے جاتے ہیں (یعنی روزانہ دور ہی ہوتے جاتے ہیں) اور (ان کے تکبر وشرارت کی یہ کیفیت ہے کہ) جب ان سے کہا جاتا ہے کہ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس) آؤ تمہارے لئے رسول اللہ (ﷺ) استغفار کر دیں تو وہ اپنا سر پھیر لیتے ہیں اور آپ اُن کو دیکھیں گے کہ وہ (اُس ناصح سے اور تحصیل استغفار سے) تکبر کرتے ہوئے بے رُخی کرتے ہیں (جب اُن کے کفر کی یہ حالت ہے تو (اُن کے حق میں دونوں باتیں برابر ہیں خواہ آپ اُن کے لئے استغفار کریں یا اُن کے لئے استغفار نہ کریں اللہ تعالیٰ اُن کو ہرگز نہ بخشے گا مطلب یہ کہ اگر وہ آپ کے پاس آتے بھی اور آپ اُن کی ظاہری حالت کے اعتبار سے استغفار بھی فرماتے تب بھی ان کو کچھ نفع نہ ہوتا یہ تو ماضی کے اعتبار سے اُن کی حالت ہوئی اور آئندہ کے لئے یہ ہے کہ) بے شک اللہ تعالیٰ ایسے نافرمان لوگوں کو (توفیق) ہدایت (کی) نہیں دیتا یہ وہ ہیں جو کہتے ہیں کہ جو لوگ رسول اللہ (ﷺ) کے پاس (جمع) ہیں ان پر کچھ خرچ مت کرو یہاں تک کہ یہ آپ ہی منتشر ہو جاویں گے اور (ان کا یہ کہنا جہل محض ہے کیونکہ) اللہ ہی کے ہیں سب خزانے آسمانوں اور زمین کے ولیکن منافقین سمجھتے نہیں ہیں (کہ رزق کا مدار اہل شہر کے نفقات کو سمجھتے ہیں اور) یہ (لوگ) یوں کہتے ہیں کہ اگر ہم اب مدینہ میں لوٹ کر جاویں گے تو عزت والا وہاں سے ذلت والے کو باہر نکال دے گا (یعنی ہم ان مسافر پردیسیوں کو نکال باہر کر دیں گے) اور (اس قول میں جو اپنے کو عزت والا اور مسلمانوں کو ذلت والا کہتے ہیں یہ جہل محض ہے بلکہ) اللہ ہی کی ہے عزت (بالذات) اور اُس کے رسول کی (بواسطہ تعلق مع اللہ کے) اور مسلمانوں کی (بواسطہ تعلق مع اللہ والرسول کے) ولیکن منافقین جانتے نہیں (بلکہ مناط عزت امور فانیہ کو سمجھتے ہیں)۔

ربط: تمہید سورت میں گزر چکا۔

ایثار عقبیٰ بر دنیا: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ (الی قولہ تعالی) وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ اے ایمان والو تم کو تمہارے مال اور اولاد (مراد اس سے مجموعہ دُنیا ہے) اللہ کی یاد (اور طاعت) سے (مراد اس سے مجموعہ دین ہے) غافل نہ کرنے پاویں (یعنی دنیا میں ایسے منہمک مت ہو جانا کہ دین میں خلل پڑنے لگے) اور (جو ایسا کرے گا ایسے لوگ ناکام رہنے والے ہیں (کیونکہ نفع دنیوی تو ختم ہو جاوے گا اور ضرر اُخروی ممتد یا دائم رہ جاوے گا) اور (منجملہ طاعات کے ایک طاعت مالیہ کا حکم کیا جاتا ہے کہ: لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ کے عام مضمون میں سے ایک فرد خاص ہے یعنی) ہم نے جو کچھ تم کو دیا ہے اُس میں سے (حقوق واجبہ کو) اس سے پہلے پہلے خرچ کر لو کہ تم میں سے کسی کی موت آ کھڑی ہو پھر وہ (بطور تمنا وحسرت) کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار مجھ کو اور تھوڑے دنوں کی مہلت کیوں نہ دی کہ میں خیر خیرات دے لیتا اور نیک کام کرنے والوں میں شامل ہو جاتا اور (اُس کی یہ تمنا (وحسرت) اس لئے غیر مفید ہے کہ) اللہ تعالیٰ کسی شخص کو جب کہ اُس کی میعاد (عمر کی ختم ہونے پر) آ جاتی ہے ہرگز مہلت نہیں دیتا اور اللہ کو تمہارے سب کاموں کی پوری خبر ہے (ویسی ہی جزا کے مستحق ہوں گے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا ...... اس میں مال وجاہ کی بناء پر اہل اللہ کے استحقار کی مذمت ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ ......اس میں غفلت کی مذمت ہے۔ سورۃ منافقین تمام ہوئی۔

النحو: قولہ واکن العطف علی موضع فاصدق کانہ قیل ان اخرتنی اصدق واکن کذا فی الروح ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ ہم العدو افردہ لارادۃ الجنس۔ قولہ مسندۃ شبہوا بہا فی کونہم اشباحا خالیۃ عن الفائدۃ لان الخشب تکون مسندۃ اذا لم تکن فی بناء او دعامۃ لشیئ آخر ۱۲۔ قولہ اموالکم ولا اولادکم ای الدنیا عبر بہما عنہا لکونہما اراغب الاشیاء منہا کقولہ تعالیٰ المال والبنون الخ ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ التَّغَابُنِ

سُوْرَةُ التَّغَابُنِ ٦٤ مَدَنِيَّةٌ ١٠٦ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ١٨ | رُكُوْعَاتُهَا ٢

سورۃ التغابن مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ١٨ آیات اور ٢ رکوع ہیں

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۖ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١﴾ هُوَ الَّذِيْ
خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٢﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ
وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿٣﴾ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۭ
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٤﴾ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۡ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ
اَلِيْمٌ ﴿٥﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۡ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى
اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿٦﴾ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۭ
وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿٧﴾ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿٨﴾ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ
لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٩﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا
بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٠﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ ع ١٥
وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١١﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ
فَاِنَّمَا عَلٰي رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿١٢﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَعَلَي اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ﴿١٤﴾ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿١٥﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا
وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ۭ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿١٦﴾ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا

www.besturdubooks.net

حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝۱۷ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۱۸ ع ۱۶

سب چیزیں جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہیں اللہ کی پاکی بیان کرتی ہے' اُسی کی سلطنت ہے اور وہی تعریف کے لائق ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے وہی ہے جس نے تم کو پیدا کیا سو باوجود اس کے بھی تم میں بعضے کافر ہیں اور بعضے مومن ہیں اور اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال (ایمانیہ وکفریہ) کو دیکھ رہا ہے اسی نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک طور پر پیدا کیا اور تمہارا نقشہ بنایا سو عمدہ نقشہ بنایا اور اسی کے پاس (سب کو) لوٹنا ہے (اور) وہ سب چیزوں کو جانتا ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور سب چیزوں کو جانتا ہے جو تم پوشیدہ کرتے ہو اور جو اعلانیہ کرتے ہو اور اللہ تعالیٰ دلوں کی باتوں کا جاننے والا ہے۔ کیا تم کو ان لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جنہوں نے (تم سے) پہلے کفر کیا پھر انہوں نے اپنے ان اعمال کا وبال (دنیا میں بھی) چکھا اور اس کے علاوہ آخرت میں بھی ان کے لئے عذاب دردناک ہونے والا ہے یہ اس سبب سے ہے کہ ان لوگوں کے پاس ان کے پیغمبر دلائل واضح لے کر آئے تو ان لوگوں نے (رسولوں کی نسبت) کہا کہ کیا آدمی ہم کو ہدایت کریں گے غرض انہوں نے کفر کیا اور اعراض کیا اور خدا نے بھی ان کی کچھ پروانہ کی اور اللہ سب سے بے نیاز (اور) ستودہ صفات ہے۔ یہ کافر (مضمون عذاب آخرت کو سن کر) یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ ہرگز ہرگز دوبارہ زندہ نہ کئے جائیں گے آپ کہہ دیجئے کہ کیوں نہیں واللہ ضرور دوبارہ زندہ کئے جاؤ گے پھر جو جو کچھ تم نے کیا ہے تم کو سب جتلا دیا جائے گا اور اس پر سزا دی جائے گی اور یہ بعث (وجزا) اللہ کو بالکل آسان ہے سو تم (کو چاہئے کہ اللہ پر اور اس کے رسول پر اور اس نور پر (یعنی قرآن کریم پر) کہ ہم نے نازل کیا ہے ایمان لاؤ اور اللہ تمہارے سب اعمال کی پوری خبر رکھتا ہے (اور اس دن کو یاد کرو) کہ جس دن تم سب کو ایک جمع ہونے کے دن جمع کرے گا یہی دن ہے سودوزیاں کا اور (بیان اس کا یہ ہے کہ) جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہوگا اور نیک کام کرتا ہوگا اللہ تعالیٰ اس کے گناہ دور کردے گا اور اس کو (جنت کے) ایسے باغوں میں داخل کردے گا جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی جس میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے رہیں گے یہ (اور) بڑی کامیابی ہے اور جن لوگوں نے کفر کیا ہوگا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہوگا یہ لوگ دوزخی ہیں اس میں ہمیشہ رہیں گے اور وہ برا ٹھکانا ہوگا۔ کوئی مصیبت بدوں حکم خدا کے نہیں آتی اور جو شخص اللہ پر پورا ایمان رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو (صبر ورضا کی) راہ دکھاتا ہے اور اللہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے اور خلاصہ کلام یہ ہے کہ ہر امر میں جس میں مصائب بھی داخل ہیں اللہ کا کہنا مانو اور رسول کا کہنا مانو اور اگر تم اطاعت سے اعراض کرو گے تو یاد رکھو کہ ہمارے رسول کے ذمہ صاف صاف پہنچا دینا ہے اللہ کے سوا کوئی معبود (بننے کے قابل) نہیں اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر (مصائب وغیرہ میں) توکل رکھنا چاہئے۔ اے ایمان والو تمہاری بعض بیبیاں اور اولاد تمہارے (دین کی) دشمن ہیں سو تم ان سے ہوشیار رہو (اور ان کے ایسے امر پر عمل مت کرو اور اگر تم معاف کرو اور درگزر کر جاؤ اور بخش دو تو اللہ تعالیٰ تمہارے گناہوں کا بخشنے والا (اور تمہارے حال پر رحم کرنے والا ہے تمہارے اموال اور اولاد تمہارے لئے ایک آزمائش کی چیز ہے اور (جو شخص ان میں پڑ کر اللہ کو یاد رکھے گا تو اللہ کے پاس (اس کے لئے) بڑا اجر ہے تو جہاں تک تم سے ہو سکے اللہ سے ڈرتے رہو اور (اس کے احکام کو سنو اور مانو اور (بالخصوص مواقع حکم میں) خرچ بھی کیا کرو یہ تمہارے لئے بہتر ہوگا اور جو شخص نفسانی حرص سے محفوظ رہا ایسے ہی لوگ (آخرت میں فلاح پانے والے ہیں اور اگر تم اللہ کو اچھی (خلوص کے کے ساتھ) قرض دو گے تو وہ اس کو تمہارے بڑھاتا چلا جائے گا اور تمہارے گناہ بخش دیگا اور اللہ بڑا قدر دان ہے (کہ عمل صالح قبول فرماتا ہے اور) بردبار ہے پوشیدہ اور ظاہر عمل کو جاننے والا ہے (اور) زبردست (اور) حکمت والا ہے۔

سورۃ التغابن مدنیۃ مختلف فیہا وھی ثمانی عشرۃ آیۃ کذا فی البیضاوی مدنیۃ عن الاکثر کذا فی الروح۔

تفسیر ربط: سورت سابقہ کے اخیر میں تحصیل آخرت کی ترغیب اور تعطیل آخرت سے ترہیب ہے اس سورت میں اہل تحصیل اور اہل تعطیل کی مجازات کی تفصیل و مضمون ترغیب وترہیب کی تکمیل ہے اور چونکہ اوپر بھی سورۂ مجادلہ سے کئی سورتوں میں ان اہل تحصیل واہل تعطیل کے مختلف گروہوں کا تذکرہ ہے کسی میں مشرکین کا کسی میں یہود کا کسی میں منافقین کا اور سب میں کچھ کچھ مؤمنین کا اس لئے یہ سورت اُن سب کے ساتھ بھی خاص طور پر مربوط ہے۔

تفصیل احوال واعمال ومآل اہل ایمان واہل ضلال:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ (الی قولہ تعالی) عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ۔ سب چیزیں جو کچھ کہ آسمانوں میں ہیں اور زمین میں ہیں اللہ کی پاکی (قالاً یا حالاً) بیان کرتی ہیں اُسی کی سلطنت ہے اور وہی تعریف کے لائق ہے اور وہ ہر شئی پر قادر ہے (یہ تمہید ہوئی اگلے بیان کی کہ وہ ایسے صفات کمال کے ساتھ متصف ہے تو اُس کی اطاعت واجب اور معصیت قبیح ہے) وہی ہے جس نے تم کو پیدا کیا (جو مقتضی اس کو تھا کہ سب ایمان لاتے) سو (باوجود اس کے بھی) تم میں بعضے کافر ہیں اور بعضے مؤمن ہیں اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال (ایمانیہ وکفریہ) کو دیکھ رہا ہے (پس ہر ایک کے مناسب جزا دے گا) اُسی نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک طور پر (یعنی پُر حکمت وپُر منفعت) پیدا کیا اور تمہارا نقشہ بنایا سو عمدہ بنایا (کیونکہ اعضائے انسانی کے برابر کسی حیوان کے اعضاء میں تناسب نہیں) اور اُسی کے پاس (سب کو) لوٹنا ہے (اور) وہ سب چیزوں کو جانتا ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور سب چیزوں کو جانتا ہے جو تم پوشیدہ کرتے ہو اور جو علانیہ کرتے ہو اور اللہ تعالیٰ دلوں تک کی باتوں کا جاننے والا ہے (اور یہ تمام امور مقتضی اس کو ہیں کہ تم اُس کی

www.besturdubooks.net

اطاعت کیا کرو اور علاوہ ان مقتضیات کے) کیا تم کو اُن لوگوں کی خبر نہیں پہنچی (کہ وہ خبر پہنچنا بھی مقتضی وجوب اطاعت کو ہے) جنہوں نے (تم سے) پہلے کفر کیا پھر اُنہوں نے اپنے (ان) اعمال کا وبال (دنیا میں بھی) چکھا اور (اس کے علاوہ آخرت میں بھی) اُن کے لئے عذاب دردناک ہونے والا ہے یہ (وبال عاجل وعذاب آجل) اس سبب سے ہے کہ اُن لوگوں کے پاس اُن کے پیغمبر دلائل واضحہ لے کر آئے تو اُن لوگوں نے (اُن رسولوں کی نسبت) کہا کہ کیا آدمی ہم کو ہدایت کریں گے (یعنی بشر کہیں پیغمبر ہادی ہو سکتا ہے غرض انہوں نے کفر کیا اور اعراض کیا اور خدا نے (بھی اُن کی کچھ) پرواہ نہ کی (بلکہ مقہور کر دیا) اور اللہ (سب سے) بے نیاز (اور) ستودہ صفات ہے (اُس کو نہ کسی کی معصیت سے ضرر اور نہ کسی کے طاعت سے نفع خود مطیع وعاصی ہی کا نفع اور ضرر ہے اور) یہ کافر (مضمون عذاب آخرت کا سُن کر جیسا کہ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ میں مذکور ہے) یہ دعویٰ کرتے ہیں یہ وہ ہرگز دوبارہ زندہ نہ کئے جاویں گے (جس کے بعد عذاب الیم کا وقوع بتلایا جاتا ہے) آپ کہہ دیجئے کہ کیوں نہیں واللہ ضرور دوبارہ زندہ کئے جاؤ گے پھر جو کچھ تم نے کیا ہے تم کو سب جتلا دیا جاوے گا (اور اُس پر سزا دی جاوے گی) اور یہ (بعث وجزا) اللہ کو (بوجہ کمال قدرت) بالکل آسان ہے سو (جب یہ مقتضیات ایمان کے مجتمع ہیں تو تم کو چاہیے کہ) تم اللہ پر اور اُس کے رسول پر اور اُس نور پر (یعنی قرآن پر) جو کہ ہم نے نازل کیا ہے ایمان لاؤ اور اللہ تمہارے سب اعمال کی پوری خبر رکھتا ہے (اور اُس دن کو یاد کرو) جس دن تم سب کو اُس جمع ہونے کے دن میں جمع کرے گا یہی دن ہے سُود وزیاں (کے ظاہر ہونے) کا (یعنی مسلمانوں کا نفع اور کافروں کا نقصان اُس روز عملاً ظاہر ہو جاوے گا) اور (بیان اس کا یہ ہے کہ) جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہوگا اور نیک کام کرتا ہوگا اللہ تعالیٰ اُس کے گناہ دُور کر دے گا اور اُس کو (جنت کے) ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی جن میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے رہیں گے (اور) یہ بڑی کامیابی ہے اور جن لوگوں نے کفر کیا ہوگا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہوگا یہ لوگ دوزخی ہیں اُس میں ہمیشہ رہیں گے اور وہ بُرا ٹھکانا ہے ۔ (اور جس طرح کفر مانع عن فلاح الآخرۃ بالکلیہ ہے اسی طرح مصیبت میں یا ازواج واولاد واموال وغیرہ نعمت میں مشغول ہو کر خدا کے احکام میں کوتاہی کرنا بھی مانع عن فلاح الآخرۃ من وجہ ہے پس مصیبت میں تو یہ سمجھنا چاہئے کہ) کوئی مصیبت بدون خدا کے حکم نہیں آتی (اور یہ سمجھ کر صبر ورضا اختیار کرنا چاہئے) اور جو شخص اللہ پر (پورا) ایمان رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو (صبر ورضا کی) راہ رکھا دیتا ہے اور اللہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے کہ کس نے صبر ورضا اختیار کیا اور کس نے نہیں کیا اور ہر ایک کو حسب حکمت جزا وسزا دیتا ہے) اور (خلاصہ کلام یہ ہے کہ ہر امر میں جس میں مصائب بھی داخل ہیں) اللہ کا کہنا مانو اور رسول کا کہنا مانو اور اگر تم (اطاعت سے) اعراض کرو گے تو (یاد رکھو کہ) ہمارے رسول کے ذمہ صرف صاف صاف پہنچا دینا ہے (جس کو وہ باحسن وجوہ کر چکے پس اُن کا تو کوئی ضرر نہیں تمہارا ہی ضرر ہوگا اور چونکہ اللہ کو ضرر ہونے کا احتمال ہی نہیں اس لئے اُس کو یہاں بیان نہیں کیا اور تم لوگوں کو اور خصوص اہل مصیبت کو یہ سمجھنا چاہئے کہ) اللہ کے سوا کوئی معبود (بننے کے قابل) نہیں (پس اُسی کو معبود سمجھنا چاہئے) اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر (مصائب وغیرہ میں) توکل رکھنا چاہئے (اس میں ایمان کا مضمون جو کہ اوپر مذکور تھا اور صبر کا مضمون جو کہ بعد میں مذکور تھا دونوں آ گئے اور) اے ایمان والو (جیسا مصیبت میں تم کو صبر ورضا کا حکم کیا گیا ہے تاکہ وہ مانع عن الآخرۃ نہ ہو اسی طرح نعمت کے بارے میں تم کو عدم انہماک کا حکم کیا جاتا ہے تاکہ وہ بھی مانع عن الآخرت نہ ہو پس نعمت کے بارے میں یوں سمجھنا چاہئے کہ) تمہاری بعضی بیبیاں اور اولاد تمہارے (دین کے) دشمن ہیں (جب کہ وہ اپنے نفع دنیوی کے واسطے تم کو ایسی بات کا امر کریں جو تمہارے لئے مضر آخرت ہو) سو تم اُن سے (یعنی ایسوں سے) ہوشیار رہو (اور اُن کے ایسے امر پر عمل مت کرو) اور (اگر تم کو ایسی فرمائشوں پر غصہ آوے اور تم اُن پر تشدد کرنے لگو اور وہ اُس وقت معذرت اور توبہ کریں اور) تم (اُس وقت اُن کی وہ خطا) معاف کر دو (یعنی سزا نہ دو) اور درگزر کر جاؤ (یعنی زیادہ ملامت نہ کرو) اور بخش دو (یعنی اُس کو دل اور زبان سے بھلا دو) تو اللہ تعالیٰ (تمہارے گناہوں کا) بخشنے والا (اور تمہارے حال پر) رحم کرنے والا ہے (اس میں ترغیب ہے عفو کی اور یہ بعض اوقات واجب ہے جب کہ عقوبت سے احتمال غالب بیباکی کا ہو اور بعض اوقات مندوب ہے آگے اولاد کے ساتھ اموال کے متعلق بھی اسی قسم کا مضمون ہے کہ) تمہارے اموال اور اولاد بس تمہارے لئے ایک آزمائش کی چیز ہے (کہ دیکھیں کون ان میں پڑ کر خدا کے احکام کو بھول جاتا ہے اور کون یاد رکھتا ہے) اور (جو شخص ان میں پڑ کر اللہ کو یاد رکھے گا تو) اللہ کے پاس (اُس کے لئے) بڑا اجر ہے تو (ان سب باتوں کو سُن کر) جہاں تک تم سے ہو سکے اللہ سے ڈرتے رہو اور (اُس کے احکام) سُنو اور مانو اور (بالخصوص مواقع حکم میں) خرچ (بھی) کیا کرو یہ تمہارے لئے بہتر ہوگا (غالباً اس کی تفصیل اس لئے ہے کہ یہ نفس پر زیادہ شاق ہے) اور جو شخص نفسانی حرص سے محفوظ رہا ایسے ہی لوگ (آخرت میں) فلاح پانے والے ہیں (آگے اُس کے بہتر اور موجب فلاح ہونے کا بیان ہے کہ) اگر تم اللہ کو اچھی طرح (یعنی خلوص کے ساتھ) قرض دو گے تو وہ اُس کو تمہارے لئے بڑھاتا چلا جاوے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بڑا قدر دان ہے (کہ عمل صالح کو مقبول فرماتا ہے) اور بڑا بُردبار ہے (کہ عمل معصیت پر فی الفور مواخذہ نہیں فرماتا اور) پوشیدہ اور ظاہر (اعمال) کا جاننے والا ہے (اور) زبردست ہے (اور) حکمت والا ہے (شکور سے حکیم تک تمام

www.besturdubooks.net

مضامین سورت کے لئے بمنزلہ علل کے ہیں کہ سب مضامین ان پر مرتب ومتفرع ہو سکتے ہیں کما یظهر بالتامل)۔

ف: تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا میں باوجودان خطاؤں کے حقوق اللہ ہونے کی عفو وصفح مغفرت کی اسنادعبادت کی طرف مجاز ہے جس کا حاصل معنی لم تعاقبوا ولم تثربوا ولم تحقدوا ہےاوران کی اسنادعباد کی طرف حقیقی ہے واللّٰہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَنْ یُّؤْمِنْ ......اس میں اہل حال کے حال کا ایسے احوال میں اثبات ہے قولہ تعالیٰ: فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ ..... اس میں دلالت ہے کہ سلوک واصلاح میں تدرج کافی ہے۔سورۂ تغابن تمام ہوئی۔

اللغات: التغابن فی القاموس ان یغبن بعضهم بعضًا وان اهل الجنة یغبن اهل النار اه قلت جعل ذلك تغابنا مجازًا والا فغبنهم من انفسهم ۱۲۔

النحو: یوم یجمعکم معمول لا ذکروا۱۲۔

البلاغة: قوله ابشر یهدوننا جمع الضمیر باعتبار معنی الجنسیة ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الطَّلَاقِ

سُوْرَةُ الطَّلَاقِ ۶۵ مَدَنِيَّةٌ ۹۹ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۲ | رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۃ الطلاق مکہ میں نازل ہوئی | شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں | اس میں ۱۲ آیات اور ۲ رکوع ہیں

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ
لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّاۤ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ
يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ۝۱ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ
فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ
يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝۲ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ
حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ
قَدْرًا ۝۳ وَالّٰٓـِٔيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓـِٔيْ لَمْ يَحِضْنَ ؕ
وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ۝۴ ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ
اَنْزَلَهٗۤ اِلَيْكُمْ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗۤ اَجْرًا ۝۵ اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ
مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ؕ وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ
حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ
لَهٗۤ اُخْرٰى ۝۶ لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّاۤ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ؕ لَا يُكَلِّفُ
اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَاۤ اٰتٰىهَا ؕ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۝۷ ع

اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم (آپ لوگوں سے کہہ دیجئے کہ) جب تم لوگ (اپنی) عورتوں کو طلاق دینے لگو تو (ان کو زمانہ) عدت (یعنی حیض) سے پہلے (یعنی طہور میں) طلاق دو اور تم عدت کو یاد رکھو اور اللہ سے ڈرتے رہو جو تمہارا رب ہے ان عورتوں کو ان کے (رہنے کے) گھروں سے مت نکالو (کیونکہ سکنیٰ مطلقہ کا مثل منکوحہ کے واجب ہے) اور وہ عورتیں خود نکلیں مگر ہاں کوئی کھلی بے حیائی کریں تو اور بات ہے اور یہ سب خدا کے مقرر کئے ہوئے احکام ہیں اور جو شخص احکام خداوندی تجاوز کرے گا (مثلاً اس

www.besturdubooks.net

عورت کو گھر سے نکال دیا) اس نے اپنے اوپر ظلم کیا تجھ کو خبر نہیں شاید اللہ تعالیٰ بعد (اس طلاق دینے) کے کوئی نئی بات (تیرے دل میں) پیدا کر دے۔ (مثلاً طلاق) میں ندامت ہو تو رجعی میں اس کا تدارک ہو سکتا ہے پھر جب وہ (مطلقہ) عورتیں اپنی عدت گزرنے کے قریب پہنچ جائیں (تو تم کو دو اختیار ہیں یا تو) ان کو قاعدے کے موافق نکاح میں رہنے دو یا قاعدہ کے موافق ان کو رہائی دو اور آپس میں دو معتبر شخصوں کو گواہ کرلو (اے گواہو اگر گواہی کی حاجت پڑی تو) ٹھیک ٹھیک اللہ کے واسطے (بلا رورعایت) گواہی دو اس مضمون سے اس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے کہ اللہ پر اور یوم قیامت پر ایمان رکھتا ہو اور جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے (مضرتوں سے) نجات کی شکل نکال دیتا ہے اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچاتا ہے جہاں اس کا گمان بھی نہیں ہوتا اور جو شخص اللہ پر توکل کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس (کی اصلاح مہمات) کے لئے کافی ہے اللہ تعالیٰ اپنا کام (جس طرح چاہے) پورا کر کے رہتا ہے اللہ تعالیٰ نے ہر شے کا ایک اندازہ اپنے علم میں مقرر کر رکھا ہے۔ (اور عدت کا اجمالاً ذکر تھا) اور (تفصیل یہ کہ) تمہاری (مطلقہ) بیبیوں میں جو عورتیں بوجہ زیادہ عمر کے حیض آنے سے ناامید ہو چکی ہوں اگر تم کو ان کی عدت کے تعین میں شبہ ہو تو ان کی عدت تین مہینے ہیں اور اسی طرح جن عورتوں (اب تک بوجہ کم عمری کے) حیض نہیں آیا اور حاملہ عورتوں کی عدت اس حمل کا پیدا ہو جانا ہے اور جو شخص اللہ سے ڈرے گا اللہ تعالیٰ اس کے ہر کام میں آسانی کر دے گا (جو کچھ مذکور ہوا) اللہ کا حکم ہے جو اس نے تمہارے پاس بھیجا ہے اور جو شخص (ان معاملات میں اور دوسرے امور میں بھی) اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا اللہ تعالیٰ اس کے گناہ دور کر دے گا (کہ مضرت عظمیہ کا سبب ہے اور اس کو بڑا اجر دے گا۔ تم ان (مطلقہ) عورتوں کو اپنی وسعت کے موافق رہنے کا مکان دو جہاں تم رہتے ہو اور ان کو تنگ کرنے کے لئے (اس کے بارے میں تکلیف مت پہنچاؤ) اور اگر وہ (مطلقہ) عورتیں حمل والیاں ہوں تو حمل پیدا ہونے تک ان کو (کھانے پینے کا) خرچ دو پھر اگر وہ (مطلقہ) عورتیں (جب کہ پہلے ہی بچے والیاں ہوں یا بچہ ہی پیدا ہونے سے ان کی عدت ختم ہوتی ہو تمہارے لئے (بچہ کو اجرت پر) دودھ پلائیں تو تم ان کو (مقررہ) اجرت دو اور اجرت کے بارے میں مناسب طور پر مشورہ کر لیا کرو اور اگر تم باہم کش مکش کرو گے تو کوئی دوسری عورت دودھ پلائے گی (آگے بچہ کے نفقہ کے بارے میں ارشاد ہے کہ) وسعت والے کو اپنی وسعت کے موافق (بچہ) پر خرچ کرنا چاہئے اور جن کی آمدنی کم ہو ان کو چاہئے کہ اللہ نے جتنا اس کو دیا ہے اس میں خرچ کرے خدا تعالیٰ کسی شخص کو اس سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا جتنا اس کو دیا ہو خدا تعالیٰ تنگی کے بعد جلد ہی فراغت بھی کرے گا (گو بقدر ضرورت حاجت ذاتی سہی)۔

سورة الطلاق مدنية وهى اثنتا عشرة آيات كذا فى البيضاوى۔

تفسیر ربط: سورت سابقہ کے اخیر میں بعض ازواج و اولاد کا عدو ہونا مذکور تھا چونکہ بعض اوقات خیال عداوت مانع ہو جاتا ہے ان کے حقوق واجبہ کے ادا کرنے سے بھی خصوص جب کہ ظاہری مفارقت بھی ہو جاوے۔ اس سورت میں احکام متعلقہ ازواج مطلقہ و اولاد رضیع سے اس کی اصلاح ہوگئی کہ جب مفارقت میں بھی رعایت حقوق واجب ہے تو موافقت میں تو بدرجۂ اولیٰ اس کا وجوب ہوگا۔ اور چونکہ ان احکام کے ضمن میں چار جگہ تقویٰ کا امر اور ترغیب ہے دوسرے رکوع کا مضمون اس کی تاکید میں ہے و نیز اس سے اس پر بھی دلالت ہے کہ معاملات دنیویہ میں بھی رعایت احکام شرعیہ کی واجب ہے برخلاف زعم بعض جہلاء کے واللہ اعلم۔

بعضے از احکام مطلقات: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ (الى قوله تعالى) سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۔ اے پیغمبر (آپ لوگوں سے کہہ دیجئے کہ) جب تم لوگ (ایسی) عورتوں کو طلاق دینے لگو (جو مدخول بہا ہیں) یا ان کے ساتھ خلوت ہو چکی ہے کہ اس سے بھی عدت واجب ہو جاتی ہے ودلیل التقیید قولہ تعالیٰ: ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ [الأحزاب: ۴۹]) تو ان کو (زمانہ عدت (یعنی حیض) سے پہلے (یعنی طہر میں) طلاق دو (اور یہ احادیث صحاح سے ثابت ہے کہ اس طہر میں صحبت نہ ہو اور یہ تفسیر ہے مذہب حنفی پر کہ ان کے نزدیک عدت حیض سے ہے اور شافعیہ کے نزدیک یہ معنی ہوں گے کہ ان کو شروع عدت میں طلاق دو یعنی طہر ہی سے عدت ہے طہر ہی میں طلاق دو پس یہاں سب کے نزدیک حسب روایت: لِعِدَّتِهِنَّ کے معنی بحذف مضاف فى قبل عدتهن ہیں پھر قبل کے معنی حنفیہ کے نزدیک استقبال اور آمد کے ہیں اور شافعیہ کے نزدیک ابتداء کے ہیں) اور طلاق دینے کے بعد) تم عدت کو یاد رکھو (یعنی مرد و عورت سب یاد رکھیں لیکن تخصیص صیغۂ مذکر کی خطاب میں جیسا کہ مدارک میں ہے اشارہ اس طرف ہے کہ عورتوں میں غفلت غالب ہوتی ہے تو مردوں کو بھی اس کا اہتمام رکھنا چاہئے) اور اللہ سے ڈرتے رہو جو تمہارا رب ہے (یعنی ان ابواب میں جو اس کے احکام ہیں ان کے خلاف نہ کرو مثلاً یہ کہ نہی وارد احادیث تین طلاق دفعۃً مت دو اور یہ کہ حیض میں طلاق مت دو اور یہ کہ عدت میں) ان عورتوں کے (رہنے کے) گھروں سے مت نکالو (کیونکہ یہ سکنی مطلقہ کا مثل منکوحہ کے واجب ہے) اور نہ وہ عورتیں خود نکلیں (کیونکہ یہ سکنی محض حق العبد نہیں ہے کہ اس کی رضا سے ساقط ہو جاوے بلکہ حق الشرع ہے) مگر ہاں کوئی کھلی بے حیائی کریں تو اور بات ہے (یعنی مثلاً مرتکب بدکاری یا سرقہ کی ہوں تو سزا کیلئے نکالی جاویں یا بقول بعض علماء زبان درازی اور ہر وقت کا رنج و تکرار رکھتی ہوں تو ان کو نکال دینا جائز ہے) اور یہ سب خدا کے مقرر کئے ہوئے احکام ہیں اور جو شخص احکام خداوندی سے تجاوز کرے گا (مثلاً اس عورت کو گھر سے نکال دیا) اس نے اپنے اوپر ظلم کیا (یعنی گناہ گار ہوا آگے طلاق

www.besturdubooks.net

دینے والے کو ترغیب دیتے ہیں کہ طلاق میں رجعی بہتر ہے پس ارشاد ہے کہ اے طلاق دینے والے) تجھ کو خبر نہیں شاید اللہ تعالیٰ بعد اس (طلاق دینے) کے کوئی نئی بات (تیرے دل میں) پیدا کر دے (مثلاً طلاق اور احصائے عدت کے بعد) جب وہ (مطلقہ) عورتیں (جب کہ ان کو طلاق رجعی دی ہو بقرینہ : فَاَمْسِكُوْهُنَّ) اپنی عدت گزرنے کے قریب پہنچ جاویں (اور عدت ختم نہیں ہوئی) تو تم کو دو اختیار ہیں یا تو) ان کو قاعدہ کے موافق (رجعت کر کے) نکاح میں رہنے دو یا قاعدہ کے موافق ان کو رہائی دو (یعنی انقضائے عدت تک رجعت نہ کرو۔ مطلب یہ کہ تیسری بات مت کرو کہ رکھنا بھی مقصود نہ ہو مگر تطویل عدت کے لئے رجعت کرلو) اور (جو کچھ بھی کرو مرافقت یا مفارقت اس پر) آپس میں سے دو معتبر شخصوں کو گواہ کرلو (یہ مستحب ہے كذا فى الهداية والعناية۔ رجعت میں تو اس لئے کہ بعد انقضائے عدت کبھی عورت اختلاف نہ کرنے لگے اور مفارقت میں اس لئے کہ کبھی اپنا نفس شرارت نہ کرنے لگے کہ جھوٹا دعویٰ کرے کہ میں رجعت کر چکا تھا) اور (اے گواہو! اگر گواہی کی حاجت پڑے تو) تم ٹھیک ٹھیک اللہ کے واسطے (بلا رو و رعایت) گواہی دو اس مضمون سے اس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ پر اور یوم قیامت پر یقین رکھتا ہو (مطلب یہ کہ ایمان دار ہی نصائح سے منتفع ہوتے ہیں اور یوں تو نصائح سب کے لئے عام ہیں) اور (اوپر جو تقویٰ کا حکم ہے احکام کے درمیان اس کی متعدد فضیلتیں ارشاد فرماتے ہیں اول فضیلت یہ کہ) جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے (مضرتوں سے) نجات کی شکل نکال دیتا ہے اور (منافع عطا فرماتا ہے چنانچہ ایک بڑی منفعت ہے رزق سو) اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچاتا ہے جہاں اس کا گمان بھی نہیں ہوتا (اگر ضرر و نفع و رزق اخروی لیا جاوے تب تو یہ معنی ہوں گے کہ عذاب سے نجات دے گا اور جنت کا رزق دے گا جس کی شان ہے لا خطر علي قلب بشر اسی کو یہاں لَا يَحْتَسِبُ کہہ دیا اور اگر ضرر و نفع دنیوی مراد ہے تو اس کے تحقق کی دو صورتیں ہیں ایک حساً کہ اکثری ہے کہ وہ بلا ٹل جاوے اور رزق وغیرہ کی فراغت ہو جاوے دوسرے باطناً کہ کلی ہے کہ اس بلا پر صبر ہو جاوے کہ یہ بھی حکماً مثل رزق حسی کے ہے اثر سکون وطمانیت میں اور اس کو لَا يَحْتَسِبُ کہنا باین معنی ہوگا کہ ظاہراً تو سکون نفس کا طریقہ فراخی رزق ہے قناعت سے سکون مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ہے اور مجموعہ صورتیں مذکورتین کے احد الجزئین کا تحقق کلی و دائمی ہے) اور (ایک شعبہ اس تقویٰ کا توکل ہے اس کی یہ خاصیت ہے کہ) جو شخص اللہ پر توکل کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس (کی اصلاح مہمات) کے لئے کافی ہے (یعنی اپنی کفایت کا اثر خاص اصلاح مہمات ظاہر فرماتا ہے ورنہ اس کی کفایت تو تمام عالم کے لئے عام ہے اور یہ اصلاح مہمات بھی عام ہے حساً ہو یا باطناً ہو کیونکہ) اللہ تعالیٰ اپنا کام (جس طرح چاہتا ہے) پورا کر کے رہتا ہے اور اسی طرح اصلاح مہمات کا وقت بھی اسی کے ارادہ پر ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے ہر شئی کا ایک اندازہ (اپنے علم میں) مقرر کر رکھا ہے (اور اسی کے موافق اس کا ایقاع قرین حکمت ہوتا ہے آگے پھر عود ہے احکام کی طرف یعنی اوپر تو عدت کا اجمالاً ذکر تھا) اور (تفصیل اس کی آگے ہے وہ یہ کہ) تمہاری (مطلقہ) بیبیوں میں سے جو عورتیں (بوجہ زیادت سن کے) حیض آنے سے ناامید ہو چکی ہیں اگر تم کو (ان کی عدت کی یقین میں) شبہ ہو (جیسا کہ واقع میں شبہ ہوا تھا اور پوچھا تھا) تو ان کی عدت تین مہینے ہیں اور اسی طرح جن عورتوں کو (اب تک بوجہ کم عمری کے) حیض نہیں آیا (ان کی عدت بھی تین مہینے ہیں) اور حاملہ عورتوں کی عدت ان کے اس حمل کا پیدا ہو جانا ہے (خواہ کامل ہو یا ناقص بشرطیکہ کوئی عضو بن گیا ہو گو ایک انگلی ہی سہی) اور (چونکہ تقویٰ خود بھی مہتم بالشان ہے اور احکام مذکورہ میں جو کہ متعلق بمعاملات دنیا ہیں عام طبائع میں خیال ہو سکتا ہے کہ ان دنیوی معاملات کو دین سے کیا تعلق ہم جس طرح چاہیں کرلیں اسی لئے آگے پھر تقویٰ کا مضمون ہے یعنی) جو شخص اللہ سے ڈرے گا اللہ تعالیٰ اس کے ہر کام میں آسانی کر دے گا (آخرت کی یا دنیا کی حساً یا باطناً آگے پھر تاکید امتثال احکام کے لئے ارشاد ہے کہ) یہ (جو کچھ مذکور ہوا) اللہ کا حکم ہے جو اس نے تمہارے پاس بھیجا ہے اور جو شخص (ان معاملات میں اور دوسرے امور میں بھی) اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا اللہ تعالیٰ اس کے گناہ دور کر دے گا (کہ مضرت عظیمہ کا سلب ہے) اور اس کو بڑا اجر دے گا (کہ منفعت عظیمہ کا جلب ہے۔ آگے پھر مطلقات کے احکام کا بیان ہے یعنی عدت میں علاوہ عدم تطویل عدت و سکنیٰ کے ان کے کچھ اور حقوق بھی ہیں وہ یہ کہ) تم ان (مطلقہ) عورتوں کو اپنی وسعت کے موافق رہنے کا مکان دو جہاں تم رہتے ہو (یعنی عدت میں سکنیٰ بھی مطلقہ کا واجب ہے البتہ طلاق بائن میں ایک مکان میں خلوت کے ساتھ دونوں کا رہنا جائز نہیں بلکہ حائل ہونا ضرور ہے) اور اُن کو تنگ کرنے کے لئے (سکنیٰ کے بارہ میں) تکلیف مت پہنچاؤ (مثلاً کوئی ایسی بات کرنے لگو جس سے وہ پریشان ہو کر نکل جائیں اور اگر وہ (مطلقہ) عورتیں حمل والیاں ہوں تو حمل پیدا ہونے تک اُن کو (کھانے پینے کا) خرچ دو (بخلاف غیر حمل والیوں کے کہ اُن کے انفاق کی غایت تین حیض یا تین ماہ ہیں غرض محط فائدہ خود وانفقوا نہیں ہے بلکہ حَتّٰى يَضَعْنَ ہے اس کی تخصیص ذکری میں یہ نکتہ ہے کہ ممکن ہے کہ ابتدائے حمل میں طلاق ہوئی ہو تو وضع حمل کی مدت غالباً بہ نسبت تین حیض یا تین ماہ کے اطول میں ہوگی اور اتنے دنوں تک انفاق نفس پر شاق ہوتا ہے اس لئے تصریحاً فرما دیا اور یہ سکنیٰ و انفاق مطلقات کا مطلقاً مذہب حنفیہ کا ہے اور بعض ائمہ کے نزدیک مطلقہ بائنہ غیر حاملہ کے لئے نہ سکنیٰ ہے نہ نفقہ اور انہوں نے اَسْكِنُوْهُنَّ کی ضمیر مطلقات رجعیہ کی طرف عائد کی ہے لیکن اِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ کی ضمیر ان کے نزدیک بھی مطلق مطلقات کی طرف راجع ہے اور حنفیہ کے نزدیک بجز امسکوھن کے سب ضمائر مطلق مطلقات کی طرف عائد ہیں اور حکم امساک کا قرینہ ہے خاص

www.besturdubooks.net

اُس کے مرجع میں وصف رجعیت کے لحاظ کا اور یہ احکام تو عدت کے متعلق تھے) پھر اگر (عدت کے بعد) وہ (مطلقہ) عورتیں (جب کہ پہلے سے بچہ والیاں ہوں یا بچہ ہی پیدا ہونے سے اُن کی عدت ختم ہوئی ہو) تمہارے لئے (بچہ کو اُجرت پر) دودھ پلاویں تو تم اُن کو (مقررہ) اُجرت دو اور (اُجرت کے بارہ میں) باہم مناسب طور پر مشورہ کرلیا کرو (یعنی نہ تو عورت اس قدر زیادہ مانگے کہ مرد کو دوسری انا ڈھونڈھنا پڑے اور نہ مرد اس قدر کم دینا چاہے کہ عورت کا کام نہ چل سکے بلکہ حتی الامکان دونوں اس کا خیال رکھیں کہ ماں ہی دودھ پلاوے کہ بچہ کی اس میں زیادہ مصلحت ہے) اور اگر تم باہم کشمکش کرو گے تو کوئی دوسری عورت دودھ پلاوے گی (مقصود اس خبر سے امر ہے یعنی اور کسی انا کو تلاش کرلیا جاوے نہ ماں کو مجبور کیا جاوے نہ باپ کو اور صورت خبر میں یہ نکتہ ہے کہ مرد کو کم اُجرت تجویز کرنے پر عتاب ہے کہ آخر کوئی اور پلاوے گی اور وہ بھی غالباً بہت کم نہ لیگی پھر یہ کمی ماں ہی کے لئے کیوں تجویز کی جاوے اور عورت کو زیادہ اُجرت مانگنے پر عتاب ہے کہ تو نہ پلاوے گی اور کوئی میسر ہو جاوے گی کیا دنیا میں ایک تو ہی ہے جو اس قدر گراں بنتی ہے آگے بچہ کے نفقہ کے بارہ میں ارشاد ہے کہ) وسعت والے کو اپنی وسعت کے موافق (بچہ پر) خرچ کرنا چاہئے اور جس کی آمدنی کم ہو اس کو چاہئے کہ اللہ نے اُس کو جتنا دیا ہے اُس میں سے خرچ کرے (یعنی امیر آدمی اپنی حیثیت کے موافق خرچ اُٹھاوے اور غریب آدمی اپنی حیثیت کے موافق کیونکہ) خدا تعالیٰ کسی شخص کو اُس سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا جتنا اُس کو دیا ہے (اور تنگدست آدمی خرچ کرتا ہوا اس سے نہ ڈرے کہ خرچ کرنے سے بالکل ہی نہ رہے گا جیسا بعضے آدمی اس خوف سے اولاد کو قتل کر ڈالتے تھے پس ارشاد ہے کہ) خدا تعالیٰ تنگی کے بعد جلد فراغت بھی دے دے گا (گو بقدر ضرورت وحاجت روائی سہی وہذا کقولہ تعالیٰ : وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ [بنی اسرائیل : ۳۱])۔

ف : کچھ مسائل متعلق عدت اور ارضاع کے سورۂ بقرہ میں گزر چکے ہیں اور جتنے مسائل اثنائے تفسیر میں یہاں لکھے گئے ہیں ہدایہ اور عنایہ اور درمختار ورد المحتار سے لکھے گئے ہیں اور لَا تَدْرِيْ ...... میں جس طرح ترغیب ہے طلاق رجعی کی اسی طرح تعلیل ہے باقی احکام مذکورہ آیت کی تصریحاً یا اشارۃً مثلاً احصائے عدت کی علت اس طرح ہے کہ اگر عدت یاد نہ ہو تو عزم رجوع سے انتفاع نہیں ہو سکتا۔ اور مثلاً دفعۃً تین طلاق نہ دینے کی علت اس طرح ہے کہ اگر متفرقاً طلاق دے تو گنجائش رجعت تو ہے اور حیض میں طلاق نہ دینے کی علت اس طرح کہ شاید اس وقت نفرت اس کا باعث ہو پھر طہر میں جب وہ نفرت زائل ہو اور نکاح میں رکھنے کا ارادہ ہو تو اپنی حماقت پر تاسف وتندم وتحسر ہو پس گو رجعت سے حیض میں طلاق دینا مانع نہیں ہے لیکن لَعَلَّ اللّٰهَ سے جس طرح تعذر رجعت کی حفاظت تھی اسی طرح تحسر کی بھی حفاظت مقصود ہوگی اور اخراج عن البیوت سے نہی کی علت اس طرح ہوگی کہ اخراج عن البیوت کی صورت میں بعض اوقات رجعت یا تجدید نکاح میں حسا تعذر ہو جاتا ہے اور لَا يَخْرُجْنَ کی علت اس طرح کہ خروج عن البیوت میں بعض اوقات مرد کو نفرت بڑھ جاتی ہے اور ایک جگہ رہنے میں ممکن ہے کہ مرد کو رجعت یا تجدید نکاح کا خیال پیدا ہو جاوے پس : لَعَلَّ اللّٰهَ ...... ان سب کو عام ہو جاوے گا اور استطالت لسان کا مسئلہ مفسرین ومحدثین حنفیہ کے کلام میں دیکھا گیا ہے مگر کسی فقہ کی کتاب میں نہیں ملا تحقیق کرلیا جاوے البتہ تفسیر احمدی میں لکھا ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ : لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ ...... یعنی شاید بعد طلاق کے رجعت کا عزم ہو جاوے تو اگر تین طلاق دے دیں جو تعدی حدود سے پھر تدارک ممکن نہ ہوگا اور اس میں دلالت ہے اس پر کہ جس امر کے سب شقوں میں مصالح مختلفہ ہوں اس کے قطعی فیصلہ میں جلدی نہ کرے اس میں مرید کی سزا اخراج یا قطع تعلق سے بھی داخل ہوگئی اور اسی طرح قطع اسباب معیشت یا مفارقت اہل وطن بھی داخل ہوگئی۔ قولہ تعالیٰ : وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ۝ توکل اور تقویٰ کے ان برکات کو اہل طریق ہر وقت مشاہدہ کرتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ : وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ ماں باپ کو خطاب ہے اور عورت سے باوجود اس کے ناقص العقل ہونے کے مشورہ لینا اس کی دلجوئی اور نیز اس احتمال سے ہے کہ کبھی ناقص سے بھی ٹھیک رائے مل جاتی ہے اور یہ دونوں امر مطلوب اور عادات اہل طریق سے ہیں۔ قولہ تعالیٰ : وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ ...... اس میں دلالت ہے کہ ایسی تنگی میں نہ پڑے نہ دوسروں کو ڈالے جس سے اپنی یا دوسرے کی آزادی میں خلل پڑے اور کامل لحاظ اس کا اہل طریق میں ہے۔

الروایات : فی الروح اخرج الا مامان مالك والشافعي والشیخان وابو داؤد والترمذي والنسائي وابن ماجة واخرون عن ابن عمر انه طلق امرأته وهي حائض فذكر ذلك عمر رضي الله تعالى عنه لرسول الله صلى الله عليه وسلم فتغيظ فيه رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم قال ليراجعها ثم يمسكها حتى تطهر ثم تحيض فتطهر فان بداله ان يطلقها فليطلقها طاهرًا قبل ان يمسها فتلك العدة التي امر الله تعالى ان تطلق لها النساء وقرأ النبي صلى الله عليه وسلم يا ايها النبي اذا طلقتم النساء فطلقوهن في قبل عدتهن وكان ابن عمر كما اخرج عنه ابن المنذر وغيره يقرأ كذلك وكذلك ابن عباس وفي رواية عنهما انهما قرأ لقبل عدتهن اھ ۲۔ قوله تعالى ان ارتبتم في الروح اخرج الحاكم وصححه البيهقي في سننه وجماعة عن ابي بن كعب ان(1) ناسا من اهل المدينة لما نزلت هذه

www.besturdubooks.net

الآية التى فى البقرة فى عدة النساء قالوا لقد بقى من عدة النساء عدد لم تذكر فى القرآن الصغار والكبار اللاتى قد انقطع عنهن الحيض وذوات الحمل فانزل الله تعالىٰ فى سورة النساء القصرى واللائى يئسن الخ قلت ومن ثم ذكر فيها ان ارتبتم فلا مفهوم له۱۲۔

اللُّغَاتُ: بالغ امره اى يبلغ ما يريده۱۲۔

النَّحْوُ: قوله واللائى لم يحضن خبره محذوف اى كذلك۔

البَلَاغَةُ: قوله يٰايها النبى اذا طلقتم النساء فى الروح خص النداء به صلى الله عليه وسلم وعم الخطاب بالحكم لان النبى صلى الله عليه وسلم امام امته كما يقال رئيس القوم وكبيرهم يا فلان افعلوا كيت وكيت ومعنى طلقتم اردتم تطليقهن لئلا يلزم تحصيل الحاصل اھ قوله بيوتهن اضافتها اليهن وهى لازواجهن لتاكيد النهى ببيان كمال استحقاقهن سكناها كانها املاكهن۱۲۔ قوله ذلك امر الله انزله اليكم افراد الكاف مع ان الخطاب للجمع لعل فيه اشارة الىٰ ان الانزال ولو كان الى الجميع دفعةً لكن كلكم منفرد مستقل فى كونه مامورًا والله اعلم۔

الحَوَاشِىْ: (۱) مطلب یہ ضرور نفع دنیوی کی جو دو صورتیں ذکر کی ہیں ایک حسی دوسری باطنی ان میں سے ایک نہ ایک کا وقوع ضروری ہے دونوں سے خلو نہ ہوگا اور اجتماع ممکن ہے۱۲۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ۝ فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰاُولِى الْاَلْبَابِ ۛ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۝ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ۝ اَللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ؕ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَىْءٍ عِلْمًا ۝ ع ۲ ۱۸

اور بہت سی بستیاں تھیں جنہوں نے اپنے رب کے حکم سے اور اس کے رسولوں سے سرتابی کی سو ہم نے ان کے اعمال کا سخت حساب کیا اور ہم نے ان کو بھاری سزا دی (کہ وہ سزا ہلاک یا عذاب ہے) غرض انہوں نے اپنے اعمال کا وبال چکھا اور انجام کار خسارہ ہی ہوا (یہ تو دنیا میں ہوا اور آخرت میں) اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے ایک سخت عذاب تیار کر رکھا ہے (اور جب انجام نافرمانی کا یہ ہے) تو اے سمجھدارو جو کہ ایمان لائے ہو تم خدا سے ڈرو خدا نے تمہارے پاس ایک نصیحت نامہ بھیجا (اور وہ نصیحت نامہ دے کر) ایک ایسا رسول بھیجا جو تم کو اللہ کے صاف صاف احکام پڑھ کر سناتے ہیں تاکہ ایسے لوگوں کو جو ایمان لائے اور اچھے عمل کریں (کفر و جہل کی) تاریکیوں سے (ایمان علم و عمل کے) نور کی طرف لے آئیں اور (آگے ایمان وغیرہ طاعت پر وعدے سے کہ) جو شخص اللہ پر ایمان لائے گا اور اچھے عمل کرے گا خدا اس کو (جنت کے ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں ان میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے رہیں گے بلاشک اللہ تعالیٰ نے (ان کو بہت) اچھی روزی دی۔ (آگے اللہ کا واجب الاطاعت ہونا بیان کیا جاتا ہے یعنی) اللہ ایسا ہے جس نے سات آسمان پیدا کئے اور ان کی ہی طرح زمین بھی (اور) ان سب میں (اللہ تعالیٰ کے) احکام نازل ہوتے رہتے ہیں (اور یہ اس لئے بتلایا گیا ہے) کہ تم کو معلوم ہو جائے کہ اللہ ہر شے پر قادر ہے اور اللہ ہر شے کو (اپنے) احاطہ میں لئے ہوئے ہے۔

تفسیر ربط: تمہید میں گزر چکا۔

تاکید تقویٰ و وعدہ و وعید مطیع و عاصی: وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا (الى قوله تعالىٰ) وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَىْءٍ عِلْمًا ۝ اور بہت سی بستیاں تھیں جنہوں نے اپنے رب کے حکم (ماننے) سے اور اس کے رسولوں سے سرتابی کی سو ہم نے ان (کے اعمال) کا سخت حساب کیا (مطلب یہ

www.besturdubooks.net

کہ ان کے اعمال کفریہ میں سے کسی عمل کو معاف نہیں کیا بلکہ سب پر سزا تجویز کی اور پرسش کے طور پر حساب مراد نہیں) اور ہم نے ان کو بڑی بھاری سزا دی (کہ وہ سزائے اہلاک باعذاب ہے) غرض انہوں نے اپنے اعمال کا وبال چکھا اور ان کا انجام کار خسارہ ہی ہوا یہ تو دنیا میں ہوا اور آخرت میں) اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے ایک سخت عذاب تیار کر رکھا ہے (اور جب انجام نافرمانی کا یہ ہے) تو اے سمجھدارو جو کہ ایمان لائے ہو تم خدا سے ڈرو (کہ ایمان بھی اس کو مقتضی ہے اور ڈرنا یہ کہ اطاعت کرو اور اسی اطاعت کا طریقہ بتلانے کے لئے) خدا نے تمہارے پاس ایک نصیحت نامہ بھیجا (اور وہ نصیحت نامہ دے کر) ایک ایسا رسول (بھیجا) جو تم کو اللہ کے صاف صاف احکام پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں تا کہ ایسے لوگوں کو کہ جو ایمان لاویں اور اچھے عمل کریں (کفر جہل کی) تاریکیوں سے (ایمان اور علم وعمل کے) نور کی طرف لے آویں (مطلب یہ کہ جو نصیحت اس رسول کے ذریعہ سے پہنچے اس پر عمل کرنا بھی اطاعت ہے) اور آگے ایمان وعمل صالح پر جو کہ اطاعت ہے وعدہ ہے کہ) جو شخص اللہ پر ایمان لاوے گا اور اچھے عمل کرے گا خدا اس کو (جنت کے) ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے سے نہریں جاری ہیں ان میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے رہیں گے بے شک اللہ نے (ان کو بہت) اچھی روزی دی (آگے اللہ کا واجب الاطاعت ہونا بیان کیا جاتا ہے یعنی) اللہ ایسا ہے جس نے سات آسمان پیدا کئے اور ان ہی کی طرح زمین بھی (سات پیدا کیں جیسا ترمذی وغیرہ کی حدیث میں ہے کہ ایک زمین کے نیچے دوسری زمین ہے اس کے نیچے تیسری زمین اسی طرح سات زمینیں ہیں اور) ان سب (آسمانوں اور زمینوں) میں (اللہ تعالیٰ کے) احکام (تکلیفیہ یا تکوینیہ علیٰ سبیل منع الخلو) نازل ہوتے رہتے ہیں (اور یہ اس لئے بتلا دیا گیا) تا کہ تم کو معلوم ہو جاوے کہ اللہ تعالیٰ ہر شئے پر قادر ہے اور اللہ ہر چیز کو (اپنے) احاطۂ علمی میں لئے ہوئے ہے (اور اس سے اللہ تعالیٰ کا واجب الاطاعت ہونا ظاہر ہے)۔

ف: ان سات زمینوں میں احتمال ہے کہ نظر نہ آتی ہوں اور یہ بھی احتمال ہے کہ نظر آتی ہوں اور لوگ ان کو کواکب سمجھتے ہوں جیسا مریخ کی نسبت بعض کا گمان ہے کہ اس میں جبال وانہار وآبادی ہے اور حدیث میں جو اُن زمینوں کا اس زمین کے تحت میں ہونا وارد ہے وہ باعتبار بعض حالات کے ہو اور بعض حالات میں وہ زمینیں اس سے فوق ہو جاتی ہوں اور نزول امر کے لئے یہ ضروری نہیں کہ وہ سب مکلفین سے آباد ہوں کیونکہ تصرف تکوینی غیر مکلفین کو بھی عام ہے اور آسمانوں میں نزول احکام کا ملائکہ پر ظاہر ہے اور اس کے متعلق عجائب میں سے وہ حدیث ہے جس کو درمنثور میں بروایت ابن جریر وابن ابی حاتم حاکم وبیہقی کے ابن عباسؓ سے موقوفاً روایت کیا ہے اور حاکم وبیہقی نے اُس کی تصحیح بھی کی ہے اُس حدیث کے الفاظ یہ ہیں **سبع ارضین فی کل ارض نبی کنبیکم وآدم کآدمکم ونوح کنوح وابراهیم کابراهیم وعیسٰی کعیسٰی** اور ظاہر میں یہ حدیث مشکلات سے ہے اور فہم عامہ کے موافق سب سے احسن واسہل تفسیر اس کی وہ ہے جو صاحب روح المعانی نے لکھی ہے **والمراد ان فی کل ارض خلقا یرجعون الی اصل واحد رجوع بنی آدم فی ارضنا الی آدم علیه السلام وفیهم افراد ممتازون علی سائرهم کنوح وابراهیم وغیرهما فینا** اور شاید حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا اس آیت کے باب میں یہ فرمانا **لو حدثتکم بتفسیرها لکفرتم وکفرکم بتکذیبکم بها رواه فی الدر المنثور** اسی ظاہری اشکال کی بناء پر ہو اور احقر اس مضمون کو متن تفسیر میں نہ لکھتا لیکن چونکہ ہمارے زمانہ میں یہ حدیث عوام میں شائع ہوگئی اس لئے مناسب معلوم ہوا کہ اس کی سہل تفسیر بھی لکھ دی جاوے اور اس سے زیادہ سمجھنے کے عقول عامہ متحمل نہیں لہٰذا عوام کو اس بحث میں نہ پڑنا چاہئے اور نہ علماء کی شان میں بدگمانی اور بدزبانی کرنا چاہیے **والله الموفق ومنه علم کل محقق ومدقق**۔ اور بعض نے اس حدیث کو موضوع کہا ہے **نقله فی الروح عن ابی حبان** لہٰذا علماء کو بھی زیبا نہیں کہ اس حدیث کے منوانے میں عوام پر زور دیں کیونکہ خود سابقین میں صحت اس کی مختلف فیہ ہے **والله اعلم وعلمه اتم واحکم** اور فضائل تقویٰ میں جو آیتیں اس سورت میں آئی ہیں اُن میں ایک ربط بلیغ یہ ہو سکتا ہے کہ **فَاتَّقُوا اللّٰهَ** میں امر ہے پھر **وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ**...... جامع ہے اُس کے برکات دنیویہ واخرویہ کو اور **وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا** میں اس کی برکت دنیویہ مذکور ہے اور **وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ** میں اُس کی برکت اُخرویہ مذکور ہے پس اس طور پر اول اجمال ہوگا پھر اُس اجمال کی تفصیل۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ **قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۝** اگر رسولاً صفت ہو ذکر کی جو دال ہے مبالغۂ دونوں کے اتحاد پر تو اس میں اس طرف اشارہ ہو جاوے گا کہ شیخ کی مصاحبت ومکالمت منافی ذکر نہیں کہ واسطۂ ذکر ہونے کے سبب وہ بھی گویا ذکر ہی ہے۔ سورۂ طلاق تمام ہوئی۔

النحو: قوله رسولاً معمول لمقدر دل علیه انزل ای ارسل قوله لتعلموا عامله مقدر ای اخبرکم لتعلموا ۱۲۔

البلاغۃ: لیخرج الذین آمنوا یراد به الذین قدر ایمانهم ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ

سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ ۶۶ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۷ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۲ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۃ التحریم مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۲ آیات اور ۲ رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ①
قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ② وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ
حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ
مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ۭ قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ③ اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا
عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ④
عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰۗىِٕبٰتٍ عٰبِدٰتٍ
سٰۗىِٕحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ⑤

اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس چیز کو اللہ نے آپ کے لئے حلال کیا ہے آپ (قسم کھا کر) اس کو (اپنے اوپر) کیوں حرام فرماتے ہیں (پھر وہ بھی) اپنی بیبیوں کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کے لئے تمہاری قسموں کا کھولنا (قسم توڑ کر توڑنے کے بعد اس کے کفارہ کا طریقہ) مقرر فرما دیا ہے اور وہ بڑا جاننے والا بڑی حکمت والا ہے اور جب کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی کسی بی بی سے ایک بات چپکے سے فرمائی پھر جب اس بی بی نے وہ بات (دوسری بی بی) کو بتلا دی اور پیغمبر کو اللہ تعالیٰ نے (بذریعہ وحی) اس کی خبر کر دی تو پیغمبر نے اس ظاہر کر دینے والی بی بی کو تھوڑی سی بات تو بتلا دی اور تھوڑی سی بات کو ٹال گئے سو پیغمبر نے اس بی بی کو وہ بات بتلائی وہ کہنے لگی کہ آپ کو اس کی خبر کس نے کر دی آپ نے فرمایا مجھ کو بڑے جاننے والے خبر رکھنے والے (یعنی خدا) نے خبر کر دی اے (پیغمبر کی) دونوں بیبیو اگر تم اللہ کے سامنے توبہ کر لو تو تمہارے دل مائل ہو رہے ہیں اور اگر (اسی طرح) پیغمبر کے مقابلہ میں تم دونوں کارروائیاں کرتی رہیں تو (یاد رکھو) پیغمبر کا رفیق اللہ اور جبرائیل ہے اور نیک مسلمان ہیں اور (ان کے علاوہ) فرشتے آپ کے مددگار ہیں اگر تم عورتوں کو طلاق دے دیں تو ان کا پروردگار بہت جلد تمہارے بدلے ان کو تم سے اچھی بیبیاں دے دے گا جو اسلام والیاں ایمان والیاں فرمانبرداری کرنے والیاں توبہ کرنے والیاں روزہ رکھنے والیاں ہوں گی کچھ بیوہ اور کچھ کنواریاں۔

سورة التحريم مدنية وهي اثنا عشرة آيات كذا في البيضاوي۔

تفسیر نزلط: مثل سورت سابقہ کے اس سورت میں بھی مضامین متعلقہ نساء کے ہیں مگر اس میں عام نساء کے متعلق تھے اور اس میں خاص نساء کے اور وہاں احکام مرتب علی الطلاق تھے اور یہاں ازواج مطہرات کو تخویف بالطلاق ہے اور جیسا سورت سابقہ کے خاتمہ میں اطاعت کی عام تاکید تھی اسی طرح بعد خطاب ازواج کے عام طور پر رجوع الی اللہ کی تاکید ہے پس سب اجزاء دونوں سورتوں کے باہم دیگر متلاصق ومتلاحق ہو گئے۔ اور سبب نزول اول کی آیتوں کا حضرت عائشہؓ سے صحیح بخاری وغیرہ میں اس طرح منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول شریف تھا کہ بعد عصر کھڑے کھڑے بیبیوں کے پاس تشریف لاتے

www.besturdubooks.net

ایک بار حضرت زینبؓ کے پاس معمول سے زیادہ ٹھہرے اور شہد پیا تو مجھ کو رشک آیا میں نے حفصہ سے مشورہ کیا کہ ہم میں سے جس کے پاس تشریف لاویں وہ یوں کہے آپؐ نے مغافیر نوش فرمایا ہے یہ ایک گوند ہے جو کریہ الرائحہ ہے چنانچہ ایسا ہی ہوا آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں نے تو شہد پیا ہے اُن بی بی نے کہا کہ شاید کوئی مکھی اُس کے درخت پر بیٹھ گئی ہوگی اور اُس کا عرق چوس لیا ہوگا آپ ﷺ نے بقسم فرمایا کہ پھر میں شہد نہ پیوں گا اور اس خیال سے کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا جی برا نہ ہو اس کے اخفاء کی تاکید فرمائی مگر اُن بی بی نے دوسری سے کہہ دیا اور بعض روایات میں ہے کہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا شہد پلانے والی ہیں اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت سودہ رضی اللہ عنہا اور حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا صلاح کرنے والی ہیں اور بعض روایات میں اور طرح بھی قصہ آیا ہے ممکن ہے کہ کئی واقعے ہوں اور سب کے بعد یہ آیتیں نازل ہوئی ہوں۔

خطاب بہ نبی ﷺ در بارہ یمین وعتاب باز واج مطہرات در اکلال بحقوق سید المرسلین:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ یٰۤاَیُّہَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰہُ لَکَ ۚ (الی قولہ تعالی) مُسۡلِمٰتٍ مُّؤۡمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَیِّبٰتٍ وَّ اَبۡکَارًا ﴿۵﴾ ۔ اے نبی جس چیز کو اللہ نے آپ کے لئے حلال کیا ہے آپ (قسم کھا کر) اس کو (اپنے اوپر) کیوں حرام فرماتے ہیں (پھر وہ بھی) اپنی بیبیوں کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے (یعنی گو کسی مباح کا ترک کر دینا مباح ہے اور اس ترک کا مؤکد بالقسم کرنا بھی کسی مصلحت سے مباح ہے لیکن تاہم خلاف اولیٰ ہے خصوص جب کہ داعی بھی ضعیف ہو یعنی ابتغائے رضائے ازواج ایسے امر میں جس میں اُن کا راضی کرنا ضرور نہ تھا) اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے (کہ گناہ تک کو معاف کر دیتا ہے اور آپ سے تو کوئی گناہ بھی نہیں ہوا اس لئے یہ عتاب نہیں بلکہ شفقۃً ورافۃً آپ سے کہا جاتا ہے کہ آپ نے قسم کھائی تھی اس لئے عام خطاب سے قسم کا کفارہ دینے کی نسبت ارشاد فرماتے ہیں کہ) اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کے لئے تمہاری قسموں کا کھولنا (یعنی قسم توڑنے کے بعد اُس کا کفارہ کا طریقہ) مقرر فرما دیا ہے اور اللہ تمہارا کارساز ہے اور وہ بڑا جاننے والا بڑی حکمت والا ہے (اس لئے وہ اپنے علم وحکمت سے تمہاری مصلحتوں اور ضرورتوں کو جان کر تمہاری بہت سی دشواریوں کو آسان کر دینے کے طریقے مقرر فرما دیتا ہے چنانچہ کفارہ سے پابندی قسم کی کلفت کا علاج کر دیا) اور (آگے بیبیوں کو سُناتے ہیں کہ وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے) جب کہ پیغمبر (ﷺ) نے اپنی کسی بی بی سے ایک بات چپکے سے فرمائی (وہ بات یہی تھی کہ میں پھر شہد نہ پیوں گا مگر کسی سے کہنا نہیں) پھر جب اُس بی بی نے وہ بات (دوسری بی بی کو) بتلا دی اور پیغمبر کو اللہ تعالیٰ نے (بذریعہ وحی) اس کی خبر کر دی تو پیغمبر نے (اُس ظاہر کر دینے والی بی بی کو) تھوڑی سی بات تو جتلا دی (کہ تو نے ہماری یہ بات دوسری سے کہہ دی) اور تھوڑی بات کو ٹال گئے (یعنی آپ کا کرم اس غایت تک ہے کہ اپنے حکم کے خلاف کرنے پر جو بی بی کی شکایت کرنے بیٹھے تو شکایت کے وقت بھی اُس کہی ہوئی بات کے پورے اجزاء کا اعادہ نہیں فرمایا کہ تو نے میری یہ بات کہہ دی اور یہ بھی کہہ دی الخ کہ خجالت زیادہ ہوگی بلکہ کچھ اجزاء کا ذکر کیا اور کچھ اجزاء کا نہیں کیا تاکہ مخاطبہ کو گمان نہ ہو کہ ان کو اتنی ہی بات کہنے کی خبر ہوئی ہے زائد کی نہیں ہوئی تو شرمندگی کم ہو وھذا اسھل الا قوال فی تفسیر ھذین البعضین) سو جب پیغمبر نے اُس بی بی کو وہ بات جتلائی تو وہ کہنے لگی کہ آپ کو اس کی کسی نے خبر کر دی آپ نے فرمایا کہ مجھ کو بڑے جاننے بڑے خبر رکھنے والے (یعنی خدا) نے خبر کر دی (یہ بیبیوں کو شاید اس لئے سنایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پورے راز پر مطلع ہو نا سُن کر آپ کے تکرم سے اپنی کارروائی پر زیادہ شرمندہ ہوں اور توبہ کریں چنانچہ آگے خود بیبیوں کو توبہ وغیرہ کا خطاب ہے کہ) اے (پیغمبر کی) دونوں بیبیو اگر تم اللہ کے سامنے توبہ کر لو تو (بہتر ہے کیونکہ مقتضی توبہ کا موجود ہے وہ یہ کہ) تمہارے دل (اس طرف) مائل ہو رہے ہیں (کہ دوسری بیبیوں سے ہٹا کر آپ کو اپنا ہی بنا لیں اور گو یہ امر باعتبار اس کے کہ اصل مقتضی اس کا حب رسول ہے قبیح نہیں ہے لیکن چونکہ اس میں دوسروں کے حقوق کا اتلاف وکسر قلوب لازم آتا ہے اور مستلزم قبیح قبیح ہوتا ہے اس اعتبار سے قبیح وموجب لتوبہ ہے) اور اگر (اسی طرح) پیغمبر کے مقابلہ میں تم دونوں کارروائیاں کرتی رہیں تو (یاد رکھو کہ) پیغمبر کا رفیق اللہ ہے اور جبریل ہیں اور نیک مسلمان ہیں اور ان کے علاوہ فرشتے (آپ کے) مددگار ہیں۔ (مطلب یہ کہ تمہاری ان سازشوں سے آپ کا کوئی ضرر نہیں ہے بلکہ تمہارا ہی ضرر ہے کیونکہ جس شخص کے ایسے حامی ہوں اُس کے خلاف مزاج کارروائیاں کرنے کا انجام ظاہر ہے کہ برا ہی برا ہے اور چونکہ بعضے اسباب نزول میں حضرت عائشہؓ وحفصہؓ کے علاوہ اور بیبیاں بھی شریک تھیں جیسے حضرت سودہؓ وصفیہؓ اس لئے آگے صیغۂ جمع سے عام خطاب فرماتے ہیں کہ تم یہ وسوسہ دل میں نہ لانا کہ آخر تو مرد کو بیبیوں کی ضرورت ہوتی ہے اور ہم سے بہتر عورتیں کہاں ہیں اس لئے چارنا چار ہماری سب باتیں سہی جاویں گی سو یہ سمجھ لو کہ) اگر پیغمبر تم عورتوں کو طلاق دے دیں تو اُن کا پروردگار بہت جلد تمہارے بدلے اُن کو تم سے اچھی بیبیاں دے دے گا جو اسلام والیاں ایمان والیاں فرمانبرداری کرنے والیاں توبہ کرنے والیاں عبادت کرنے والیاں روزہ رکھنے والیاں ہوں گی کچھ بیوہ اور کچھ کنواریاں (بعض مصالح سے بیوہ بھی مرغوب ہوتی ہے جیسے تجربہ سلیقہ ہم عمری وغیرہ اس لئے اُس کو بھی اوصاف مرغوبہ میں فرمایا)۔

ف: تحریم حلال کی اقسام اور اُن اقسام کے احکام سورۂ مائدہ آیت یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تُحَرِّمُوۡا طَیِّبٰتِ ...... [المائدۃ : ۸۷] کے ذیل میں گزر چکے ہیں

www.besturdubooks.net

آپ نے جو تحریم حلال فرمائی وہ تحریم ممنوع نہیں بلکہ یمین تھی جو حاجت کی وجہ سے کی گئی تھی مگر خلاف اولیٰ ہونے حق تعالیٰ نے قسم توڑ دینے کا حکم فرمایا اور شرائع سابقہ میں اس کا خلاف اولیٰ نہ ہونا پارہ لَنْ تَنَالُوا آیت : كُلُّ الطَّعَامِ [آل عمران :۹۳] کی تفسیر کے ذیل میں گزرا ہے اور یہ قسم یا تو اس صیغہ سے ہوئی ہو کہ میں عسل کو اپنے اوپر حرام کرتا ہوں کہ یہ صیغۂ یمین ہے یا محض واللہ وغیرہ فرمایا ہو اور اُس کا اثر چونکہ تحریم بمعنی وجوب امتناع ہو گیا ہو اس لئے تحریم سے تعبیر فرمایا ہو اور در منثور میں حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ آپ نے کفارہ میں ایک غلام آزاد فرمایا اور فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا سے جو اعتراض ازواج مطہرات پر ہو سکتا ہے اُس کا جواب خود تقریر ترجمہ سے معلوم ہو گیا ہوگا۔ اور خَيْرًا مِّنْكُنَّ سے یہ لازم نہیں آتا کہ بالفعل ان بیبیوں سے کوئی بہتر بی بی تھی بلکہ اگر تبدیل واقع ہوتی تو اللہ تعالیٰ اُن بیبیوں کو ان سے بہتر بنانے پر قادر تھا اور اِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ ...... میں جو سب کو رفیق فرمایا تو ہر ایک کی رفاقت جدا ہے حق تعالیٰ کی رفاقت تو حقیقی ہے اور جبریل علیہ السلام کی رفاقت بمعنی توسط فی الفیوض ہے اور ملائکہ کی رفاقت بمعنی انزال سکینہ ہے اور مؤمنین کی رفاقت بمعنی تابعیت ہے اور جو اس ارشاد سے غرض ہے وہ خود متن میں تقریر کر دی گئی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ ...... اس میں دلالت ہے کہ کسی کی اتنی رعایت نہ کرے کہ اپنے کو ضرر دنیوی پہنچنے لگے کہ اس میں دوسرے کے اخلاق بھی خراب ہوتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ : اَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ اس کی وجہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کرم تھی کہ وہ بی بی زیادہ خجل نہ ہو اور یہ امر اہل اللہ کی عادات طبعیہ میں سے ہو جاتا ہے ۱۲۔

اللغات: قوله تحلة اصله تحللة بمعنى التحليل وتحليل اليمين بمعنى رفع عقدها قد يكون بالحنث وقد يكون بالبر اذا كان على المثبت ومنه قوله عليه السلام في حديث الصراط الا تحلة القسم قوله اظهره الله عليه اى جعل الله تعالى النبى صلى الله عليه وسلم ظاهرًا على الحديث مطلعا عليه من قوله تعالى ليظهره على الدين كله او جعل الله تعالى الحديث ظاهرًا على النبى صلى الله عليه وسلم فهو نظير ظهر لى هذه المسئلة وظهرت على قوله تظاهرا عليه تتعاونا عليه صلى الله عليه وسلم بما يسوءه۔ قوله سائحات مر تحقيقه فى آخر سورة براءة ۱۲۔

النحو : قوله صالح المؤمنين هو واحد فى معنى الجمع لانه اريد به الجنس لشمول كل من آمن وعمل صالحًا كما نسبه النيسابورى الى اكثر العلماء ۱۲۔

البلاغة: قوله بعد ذلك هو عندى تتميم وتصريح بما قد فهم من جبريل رئيس الملائكة لانهم يتبعونه وفائدة التصريح بالبعدية الاشارة الى كون المقصود قدتم بذكرهم وان سائر اجزائه قد سبق ذكره والله اعلم قوله وابكارا او ردالواو فيه دون ما قبله لانه لا يجتمع مع قسيمه بخلاف مما لم يجئ فيه الواو فانها تجتمع جميعًا فافهم ۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ
شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ؕ
ع ۱۹ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ
يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝
ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا
صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ۝ وَضَرَبَ اللّٰهُ

www.besturdubooks.net

مَثَلًا لِّلَّذِیۡنَ اٰمَنُوا امۡرَاَتَ فِرۡعَوۡنَ ۘ اِذۡ قَالَتۡ رَبِّ ابۡنِ لِیۡ عِنۡدَکَ بَیۡتًا فِی الۡجَنَّۃِ وَ نَجِّنِیۡ مِنۡ فِرۡعَوۡنَ

وَ عَمَلِہٖ وَ نَجِّنِیۡ مِنَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۱۱﴾ وَ مَرۡیَمَ ابۡنَتَ عِمۡرٰنَ الَّتِیۡۤ اَحۡصَنَتۡ فَرۡجَہَا فَنَفَخۡنَا فِیۡہِ مِنۡ

رُّوۡحِنَا وَ صَدَّقَتۡ بِکَلِمٰتِ رَبِّہَا وَ کُتُبِہٖ وَ کَانَتۡ مِنَ الۡقٰنِتِیۡنَ ﴿۱۲﴾

اے ایمان والوتم اپنے کواور اپنے گھر والوں کو (دوزخ کی) اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن (اور سوختہ) آدمی اور پتھر ہیں جس پر تندخو (اور) مضبوط فرشتے متعین فرشتے ہیں جو خدا کی (ذرا) نافرمانی نہیں کرتے کسی بات میں جو ان کو حکم دیتا ہے اور جو کچھ ان کو حکم دیا جاتا ہے اس کو (فوراً) بجالاتے ہیں اور کافروں کو دوزخ میں داخل کرتے وقت ان سے کہا جائے گا کہ اے کافرو تم آج عذر (ومعذرت) مت کرو (کہ بے سود ہے) بس تم کو تو اس کی سزا مل رہی ہے جو کچھ تم دنیا میں کیا کرتے تھے اے ایمان والوتم اللہ کے آگے سچی توبہ کرو (توبہ کا ثمرہ فرماتے ہیں کہ) امید (یعنی وعدہ ہے کہ تمہارا رب (اس توبہ کی بدولت) تمہارے گناہ معاف کردے گا اور تم کو (جنت کے) ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی (اور یہ اس روز ہوگا) جس دن کہ اللہ تعالیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اور جو مسلمان (دین کی رو سے) ان کے ساتھ ہیں ان کو رسوا نہ کرے گا ان کا نور ان کے داہنے اور ان کے سامنے دوڑتا ہوگا (اور) یوں دعا کرتے ہوں گے کہ اے ہمارے رب ہمارے لئے اس نور کو اخیر تک رکھئے (یعنی راہ میں گل نہ ہو جائے) اور ہماری مغفرت فرما دیجئے آپ ہر شے پر قادر ہیں۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کفار (سے بالسنان) اور منافقین سے (باللسان) جہاد کیجئے اور ان پر سختی کیجئے (دنیا میں تو اس کے مستحق ہیں) اور (آخرت میں) ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور وہ بری جگہ ہے اللہ تعالیٰ کافروں کے لئے نوح علیہ السلام کی بی بی اور لوط علیہ السلام کی بی بی کا حال بیان فرماتا ہے وہ دونوں ہمارے خاص بندوں میں سے دو بندوں کے نکاح میں تھیں سو ان عورتوں نے دونوں بندوں کا حق ضائع کیا تو وہ دونوں بندے اللہ کے مقابلے میں ان کے ذرا کام نہ آسکے اور ان دونوں عورتوں کو بوجہ کافر ہونے کے حکم ہوگیا کہ اور جانے والوں کے ساتھ تم دونوں بھی دوزخ میں جاؤ اور اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی (تسلی) کے لئے فرعون کی بی بی (حضرت آسیہ) کا حال بیان کرتا ہے جب ان کی بی بی نے دعا کی کہ اے میرے پروردگار میرے واسطے جنت میں اپنے قریب میں مکان بنائیے اور مجھ کو فرعون (کے شر) سے اور اس کے عمل (کفر کے ضرر اور اثر) سے محفوظ رکھیئے اور تمام ظالم (یعنی کافر) لوگوں سے محفوظ رکھئے اور (نیز مسلمانوں کی تسلی) کے لئے عمران کی بیٹی (حضرت) مریم علیہا السلام کا حال بیان کرتا ہے جنہوں نے اپنے ناموس کو (حرام اور حلال دونوں سے) محفوظ رکھا سو ہم نے ان کے چاک گریبان میں اپنی روح پھونک دی اور انہوں نے اپنے پروردگار کے (پیغاموں کی جو ان کو ملائکہ کے ذریعے پہنچے تھے) اور اس کی کتابوں کی اور وہ اطاعت والوں میں سے تھیں۔

تفسیر: ترغیب باصلاح وصلاح وثمرات آن وقصص بعضے از اہل سعادت وترہیب وقصص بعضے از اہل شقاوت:

یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا قُوۡۤا اَنۡفُسَکُمۡ وَ اَہۡلِیۡکُمۡ (الی قولہ تعالی) وَ صَدَّقَتۡ بِکَلِمٰتِ رَبِّہَا وَ کُتُبِہٖ وَ کَانَتۡ مِنَ الۡقٰنِتِیۡنَ ﴿۱۲﴾ اے ایمان والو (جب رسول کی بیبیوں کو بھی عمل واطاعت سے چارہ نہیں جیسا اوپر معلوم ہوا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت اوپر کے مضمون کی تبلیغ کرانا جب کہ تبلیغ واجب ہے مستلزم ہے اس کو کہ آپ پر ازواج کی نصیحت واجب ہے تو تم پر تو بدرجۂ اولیٰ اہتمام اپنے اور اپنی اہل وعیال کی اصلاح کا واجب ہوگا اس لئے تم کو بھی حکم دیا جاتا ہے کہ) تم اپنے کو اور اپنے گھر والوں کو (دوزخ کی) اُس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن (اور سوختہ) آدمی اور پتھر ہیں (اپنے کو بچانا خود اطاعت کرنا اور اپنے گھر والوں کو بچانا اُن کو احکام الٰہیہ سکھلانا اور اُن پر عمل کرانے کے لئے زبان سے ہاتھ سے بقدر امکان کوشش کرنا۔ آگے اُس آگ کی دوسری حالت ہے یعنی جس پر تندخو (اور) مضبوط فرشتے (متعین) ہیں (کہ نہ وہ خود رحم کریں نہ اُن کا کوئی مقابلہ کرکے بچ سکے) جو خدا کی (ذرا) نافرمانی نہیں کرتے کسی بات میں جو اُن کو حکم دیتا ہے اور جو کچھ اُن کو حکم دیا جاتا ہے اُس کو (فوراً) بجالاتے ہیں (یہاں عصیان سے مراد عصیان بالقلب ہے جو مقابل ہے اطاعت کا کہ وہ بھی بالقلب ہے یعنی نہ دل میں خیال نافرمانی کا ہوتا ہے نہ فعلاً خلاف کرتے ہیں یا یوں کہا جاوے کہ بایں معنی نافرمانی بھی نہیں کرتے کہ کہے ہوئے کے خلاف کریں اور سستی اور دیر بھی نہیں کرتے پس دونوں تقریروں پر تکرار نہیں ہے غرض اُس دوزخ پر ایسے فرشتے مقرر ہیں اور وہ کافروں کو دوزخ میں داخل کریں گے اور اُس وقت کافروں سے کہا جاوے گا کہ) اے کافرو آج تم عذر (ومعذرت) مت کرو (کہ بے سود ہے) بس تم کو تو اُس کی سزا مل رہی ہے جو کچھ تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے (آگے دوزخ سے بچنے کا طریقہ بتلاتے ہیں اور وہی اہل وعیال کو بتلانا چاہیے پس ارشاد ہے کہ) اے ایمان والوتم اللہ کے آگے سچی توبہ کرو (یعنی دل میں کامل ندامت ہو معصیت پر اور عزم علی الترک میں تحقیق یہ ہے کہ نیت عود کا عدم تو ضروری ہے اور عدم عود کی نیت بھی جب کہ وہ معصیت دل میں خطور کرے قدرت کے وقت ضروری ہے اور عدم قدرت کے وقت اس طور پر ضروری ہے کہ اگر قدرت بھی ہو جاوے جب بھی عود نہ کروں گا اور طریق وقایہ عن النار میں صرف توبہ کا ذکر اس لئے کہ غیر معصوم کا معصیت سے خالی ہونا نادر ہے اس لئے اس کی احتیاج اعم اور اہم ہوئی اور چونکہ ترک طاعت بھی آگیا پس یہ مفہوم

www.besturdubooks.net

اتیان بالطاعات واجتناب منہیات کو عام ہو گیا آگے توبہ کا ثمرہ فرماتے ہیں کہ) امید (یعنی وعدہ) ہے کہ تمہارا رب (اس توبہ کی بدولت) تمہارے گناہ معاف کر دے گا اور تم کو (جنت کے) ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی (اور یہ اس روز ہوگا) جس دن کہ اللہ نبی (ﷺ) کو اور جو مسلمان (دین کی رو سے) اُن کے ساتھ ہیں اُن کو رُسوا نہ کرے گا (مقصود صرف مؤمنین کا بیان کرنا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ملا دینا تقویت حکم کے لئے ہے یعنی جیسا عدم خزی نبی یقینی ہے ایسا ہی عدم خزی مؤمنین بھی اور خزی سے مراد خزی مخصوص ہے جو کفر کی جزا ہے لقولہ تعالیٰ ان الخزی الیوم والسوء علی الکافرین اور مؤمنین سے مُراد مطلق مؤمنین ہیں اور چونکہ عام رُسوائی کا موقع میدان قیامت ہے اس لئے لا یخزی میں بھی اس حالت کے بیان کو متعلق میدان قیامت کے جو کہ پُل صراط سے پہلے ہے کہا جائے گا آگے پُل صراط کے اعتبار سے ان کی حالت کا بیان ہے کہ) ان کا نور ان کے داہنے اور ان کے سامنے دوڑتا ہوگا (کما مر فی الحدید اور) یوں دُعاء کرتے ہوں گے کہ اے ہمارے رب ہمارے لئے اس نور کو اخیر تک رکھئے (یعنی راہ میں گل نہ ہو جاوے) اور ہماری مغفرت فرما دیجئے آپ ہر شئی پر قادر ہیں (اور اس دعائے اتمام نور کی وجہ یہ ہوگی کہ قیامت میں ہر مؤمن کو کچھ نہ کچھ نور عطا ہوگا جس وقت منافق کا نور بجھ جاوے گا جس کا ذکر سورۂ حدید میں گزرا ہے اُس وقت مؤمنین یہ دُعا کریں گے کذا فی الدر عن ابن عباسؓ غرض مثل عدم خزی کے یہ اتمام نور بھی سب مؤمنین کے لئے عام ہے اور اس سے عصاۃ کا نار میں داخل نہ ہونا لازم نہیں آتا کیونکہ ممکن ہے کہ باوجود عدم انطفاء اُس نور کے پھر معصیت کی وجہ سے نار میں داخل ہوں رہا یہ کہ پھر عدم انطفاء سے کیا فائدہ سو اول تو ممکن ہے کہ وہ نور اصل میں صورت مثالیہ ان کے ایمان کی ہو پس وجود ایمان کے لوازم میں سے بقاء اس نور کا ہوگا اور لوازم میں غایت کا سوال ہی زائد ہے اور ممکن ہے کہ غایت اس کی حصول انس ہو اس نور سے جس سے عصاۃ مؤمنین کو کفار کی سے وحشت نار میں نہ ہوگی اور چونکہ اوپر آیت : يَا أَيُّهَا الَّذِينَ كَفَرُوا ...... سے کفار کا مبغوض ہونا اور مؤمنین کی حالت واقعہ علی الصراط سے منافقین کے نور کا عدم اتمام جس کی تفصیل سورۂ حدید کی آیت :يَوْمَ يَقُولُ الْمُنٰفِقُوْنَ ...... [المائدۃ : ۱۳] میں ہو چکی ہے لتقدم الحدید علی التحریم فی النزول کذا فی الاتقان اور اس عدم اتمام سے منافقین کا ممقوت ہونا مفہوم ہوا ہے آگے بطور تفریع کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہے اور اُن کے جہنمی ہونے کی بھی خبر ہے پس ارشاد ہے کہ) اے نبی (ﷺ) کفار (سے بالسنان) اور منافقین سے (باللسان) جہاد کیجئے اور اُن پر سختی کیجئے (دُنیا میں تو یہ اس کے مستحق ہیں) اور (آخرت میں) ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بُری جگہ ہے (اور اوپر آیت : قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ ...... میں امر باصلاح الاہل سے دو امروں کا وجوب مستفاد ہوتا ہے ایک مطابقۃً اصلاح اہل کا صاحب اہل پر دوسرا التزاماً اصلاح اہل کا خود اہل پر جو کہ قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ ...... کے عموم میں مطابقۃً بھی داخل ہو سکتا ہے پس امر ثانی کے وجوب پر اہل کو جس کا مصداق غالب عورتیں ہیں دو وسوسوں کا مظنہ تھا ایک وسوسہ صلحاء کے اہل کو ہو سکتا تھا کہ اگر ہم صالح نہ بھی ہوں تب بھی ان صلحاء کے انتساب سے ہم کو آخرت میں فلاح ہو جاوے گی دوسرا وسوسہ غیر صلحاء کے اہل کو ہو سکتا تھا کہ ہم گو صالح بھی ہو جاویں تب بھی ان غیر صلحاء کے تلبس سے کہیں ہماری فلاح میں خلل نہ پڑے۔ اور ایک تیسرا وسوسہ ان عورتوں کو جو بالفعل کسی کے اہل اور توابع میں داخل نہیں جیسے کنواری اور بیوہ عورتیں ہیں یہ ہو سکتا تھا کہ شاید صلاح کامل عورتوں کی مردوں کی اصلاح پر موقوف ہو اور اسی وجہ سے اُن کو اصلاح کا خطاب ہوا ہو اس لئے اللہ تعالیٰ نے آگے چند عورتوں کے قصے اجمالاً بیان فرمائے پس نوح ولوط علیہم السلام کی بیبیوں کے قصے سے تو پہلا وسوسہ دفع ہو گیا اور فرعون کی بی بی کے قصہ سے دوسرا وسوسہ دفع ہو گیا اور حضرت مریم علیہا السلام کے قصہ سے تیسرا وسوسہ دفع ہو گیا اور چونکہ پہلے وسوسہ میں زیادہ ابتلاء ہوتا ہے اس لئے دو قصے بیان فرمائے ہوں اور تیسرے وسوسہ میں خطاب کا جواب یہ ہے کہ یہ خطاب تسہیل صلاح کے لئے ہے توقف صلاح علی الاصلاح کے لئے نہیں پس ارشاد ہوتا ہے کہ) اللہ تعالیٰ کافروں (کی عبرت) کے لئے نوح (علیہ السلام) کی بی بی اور لوط (علیہ السلام) کی بی بی کا حال بیان فرماتا ہے وہ دونوں ہمارے خاص بندوں میں سے دو بندوں کے نکاح میں تھیں سو اُن عورتوں نے اُن دونوں بندوں کا حق ضائع کیا (یعنی بوجہ نبی ہونے کے اُن کا یہ بھی حق تھا کہ دین میں اُن کی اطاعت کی جاتی سو انہوں نے اطاعت نہیں کی) تو وہ دونوں نیک بندے اللہ کے مقابلہ میں اُن کے ذرا کام نہ آ سکے اور ان دونوں عورتوں کو (بوجہ کافر ہونے کے) حکم ہو گیا کہ اور جانے والوں کے ساتھ تم دونوں بھی دوزخ میں جاؤ (اور وسوسۂ اول کا اندفاع اس سے ظاہر ہے اور الَّذِيْنَ كَفَرُوْا کے مفہوم عام سے علاوہ اہل کے دوسرے منتسبین کو بھی جن کو ایسا وسوسہ ہو سکتا تھا اطلاع کر دی اور اس تقریر تفسیر سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ یہ دعویٰ کرنا کہ یہ قصہ ازواج مطہرات کو سُنایا گیا ہے محض دعویٰ بلا دلیل ہے کیونکہ یہ قصہ مضمون ازواج کے متعلق نہیں بلکہ مضمون آیت : قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ ...... کے متعلق ہے ورنہ اگر اس کو اس طور پر ازواج مطہرات کے متعلق کہا جاوے گا کہ تمہاری عدم صلاحیت کے وقت شوہر کی صلاحیت دنبوت نافع نہ ہوگی تو قصہ آئندہ کی یہ تقریر ہونا چاہئے کہ تمہاری صلاحیت کے وقت شوہر کی عدم صلاحیت مضر نہ ہوگی نعوذ باللہ کیا نبی میں اس کا احتمال ہو سکتا ہے) اور (آگے دوسرے تیسرے وسوسہ کا دفع ہے کہ) اللہ تعالیٰ مسلمانوں (کی تسلی) کے لئے فرعون کی بی بی (حضرت آسیہ) کا حال بیان کرتا ہے (اور خاص کر وہ حال عجیب ہو اُس وقت واقع ہوا تھا) جب کہ اُن بی بی نے دعاء کی کہ اے میرے پروردگار میرے واسطے

www.besturdubooks.net

جنت میں اپنے قرب میں مکان بنایئے اور مجھ کو فرعون (کے شر) سے اور اُس کے عمل (کفر کے ضرر اور اثر) سے محفوظ رکھیے اور مجھ کو تمام ظالم (یعنی کافر) لوگوں (کے ضرر حسی ومعنوی سے) محفوظ رکھیے (یا تو یہ دعاء مطلق احوال میں کی تھی اور یا ایک خاص حالت میں جس کا قصہ یہ لکھا ہے کہ فرعون کو جب اُن کے مؤمن ہونے کی اطلاع ہوگئی تو حکم دیا کہ ان کو چو میخا کر کے دھوپ میں ڈال دیا جاوے اور ان کے سینہ پر چکی کا پتھر رکھا جاوے اُس تکلیف میں اُنہوں نے یہ دعاء کی تو اُن کو بہشت میں اپنا مکان نظر آ گیا جس سے وہ تکلیف خفیف ہوگئی کذا فی الدر المنثور۔ اس سے دوسرے وسوسہ کا اندفاع ظاہر ہے) اور (نیز مسلمانوں کی تسلی کے لئے اللہ تعالیٰ) عمران کی بیٹی (حضرت) مریم (علیہا السلام) کا حال بیان کرتا ہے جنہوں نے اپنے ناموس کو (حرام اور حلال دونوں سے) محفوظ رکھا (اس میں بیان ہے اُن کی نزاہت مکتسبہ قصدیہ وموہوبہ غیر قصدیہ کا کہ اخلاق واحوال فاضلہ میں سے ہے) سو ہم نے اُن کے چاک گریبان میں (بواسطہ جبریل علیہ السلام کے) اپنی روح پھونک دی اور اُنہوں نے اپنے پروردگار کے پیغاموں کی (جو اُن کو ملائکہ کے ذریعہ سے پہنچے تھے وھی المذکورۃ فی قولہ تعالیٰ :وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰكِ ...... [آل عمران : ٤٢] وفی قولہ تعالیٰ :قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ...... [مریم : ١٩]) اور اس کی کتابوں کی (جن میں تورات وانجیل بھی ہیں) تصدیق کی (یہ بیان ہے اُن کے اعمال کا۔ اور اس سے تیسرے وسوسہ کا اندفاع ظاہر ہے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ...... وجوب توبہ خالصہ پر نص ہے۔ قولہ تعالیٰ: ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا ...... اس میں تنبیہ ہے کہ صلحاء کے ساتھ منتسب ہونے پر ناز نہ کرے کہ بدوں اطاعت کے محض بیکار ہے۔ سورہ التحریم تمام ہوئی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ :فی خانتاھما اطاعت نہیں کی ماخذہ ما فی الخازن انما کانت خیانتھما انھما کانتا علی غیر دینھما اھ ۱۲۔

اللغات: نصوح فی القاموس صادقۃ لا ینوی الرجوع ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ احصنت فرجھا کنایۃ عن العفۃ نحو قولھم نقی الجیب طاھر الذیل والفرج ھو جیب الدرع فالضمیر المجرور فی قولہ فنفخنا فیہ الی الفرج بمعنی الجیب کما اشرت الیہ فی الترجمۃ ویؤیدہ ما فی الدر المنثور عن قتادۃ قال فی جیبھا ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْمُلْكِ

سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ ٧٧ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ٣٠ — رُكُوْعَاتُهَا ٢

سورۃ الملک مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ٣٠ آیات اور ٢ رکوع ہیں

تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرُ ۝١ الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوةَ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ
اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفُوْرُ ۝٢ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۭ مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ
تَفٰوُتٍ ۭ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ۝٣ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْكَ الْبَصَرُ
خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِیْرٌ ۝٤ وَلَقَدْ زَیَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّیٰطِیْنِ وَاَعْتَدْنَا
لَهُمْ عَذَابَ السَّعِیْرِ ۝٥ وَلِلَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ ۝٦ اِذَآ اُلْقُوْا فِیْهَا
سَمِعُوْا لَهَا شَهِیْقًا وَّهِیَ تَفُوْرُ ۝٧ تَكَادُ تَمَیَّزُ مِنَ الْغَیْظِ ۭ كُلَّمَآ اُلْقِیَ فِیْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ
اَلَمْ یَاْتِكُمْ نَذِیْرٌ ۝٨ قَالُوْا بَلٰی قَدْ جَاۗءَنَا نَذِیْرٌ ۥ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ
شَیْءٍ ښ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ كَبِیْرٍ ۝٩ وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِیْٓ اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ۝١٠
فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ۝١١ اِنَّ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَیْبِ لَهُمْ
مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِیْرٌ ۝١٢ وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝١٣ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ
خَلَقَ ۭ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ۝١٤ هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِیْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ
رِّزْقِهٖ ۭ وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ ۝١٥ ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِی السَّمَاۗءِ اَنْ یَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِیَ تَمُوْرُ ۝١٦
اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِی السَّمَاۗءِ اَنْ یُّرْسِلَ عَلَیْكُمْ حَاصِبًا ۭ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَیْفَ نَذِیْرِ ۝١٧ وَلَقَدْ كَذَّبَ
الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَیْفَ كَانَ نَكِیْرِ ۝١٨ اَوَلَمْ یَرَوْا اِلَی الطَّیْرِ فَوْقَهُمْ صٰۗفّٰتٍ وَّیَقْبِضْنَ ۻ مَا یُمْسِكُهُنَّ اِلَّا
الرَّحْمٰنُ ۭ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍۢ بَصِیْرٌ ۝١٩ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ یَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ۭ

www.besturdubooks.net

إِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِیْ غُرُوْرٍ ﴿۲۰﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ یَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِیْ
عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ﴿۲۱﴾ اَفَمَنْ یَّمْشِیْ مُكِبًّا عَلٰی وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤی اَمَّنْ یَّمْشِیْ سَوِیًّا عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۲۲﴾ قُلْ
هُوَ الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ هُوَ الَّذِیْ
ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ وَاِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۲۵﴾
قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۪ وَاِنَّمَاۤ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۲۶﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِیْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِیْنَ
كَفَرُوْا وَقِیْلَ هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِیَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِیَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ یُّجِیْرُ
الْكٰفِرِیْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۲۸﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَیْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِیْ ضَلٰلٍ
مُّبِیْنٍ ﴿۲۹﴾ قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ یَّاْتِیْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِیْنٍ ﴿۳۰﴾ ع

وہ (خدا) بڑا عالیشان ہے جس کے قبضہ میں تمام سلطنت ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ جس نے موت اور حیات کو پیدا کیا تا کہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں سے کون شخص عمل میں زیادہ اچھا ہے اور وہ زبردست (اور) بخشنے والا ہے۔ جس نے سات آسمان اوپر تلے پیدا کیے تو خدا کی اس صنعت میں کوئی خلل نہ دیکھے گا سو تو (اب کی بار) پھر نگاہ ڈال کر دیکھ لے کہیں تجھ کو خلل نظر آتا ہے (یعنی بلا تامل تو نے بہت بار دیکھا ہوگا اب کی بار تامل سے نگاہ ڈال) پھر بار بار نگاہ کو ڈال کر دیکھ (آخر کار) نگاہ ذلیل اور درماندہ ہو کر تیری طرف لوٹ آئے گی اور ہم نے قریب کے آسمانوں کو چراغوں (یعنی ستاروں) سے آراستہ کر رکھا ہے اور ہم نے (ان ستاروں) کو شیطانوں کو مارنے کا ذریعہ بنا دیا ہے اور ہم نے ان (شیاطین) کے لئے (آخرت میں بوجہ ان کے کفر کے) دوزخ کا عذاب بھی تیار کر رکھا ہے اور جو لوگ اپنے رب (کی توحید) کا انکار کرتے ہیں ان کے لئے دوزخ کا عذاب ہے اور وہ بری جگہ ہے جب یہ لوگ اس میں ڈالے جائیں گے تو اس کی ایک بڑے زور کی آواز سنیں گے اور وہ اس طرح جوش مارتی ہوگی جیسے معلوم ہوتا ہے کہ (ابھی) غصہ کے مارے پھٹ پڑے گی جب اس میں کوئی گروہ (کافروں کا) ڈالا جائے گا تو اس کے محافظ ان لوگوں سے پوچھیں گے کہ کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا پیغمبر نہیں آیا تھا وہ (بطور اعتراف) کہیں گے کہ واقعی ہمارے پاس ڈرانے والا پیغمبر آیا تھا سو (یہ ہماری شامت تھی کہ) ہم نے (اس کو) جھٹلا دیا اور کہا کہ اللہ نے (از قبیل احکام کتب) کچھ نازل نہیں کیا اور تم بڑی غلطی میں پڑے ہو اور کافر فرشتوں سے یہ بھی کہیں گے کہ ہم اگر سنتے یا سمجھتے تو ہم اہل دوزخ میں (شامل) نہ ہوتے غرض اپنے جرم کا اعتراف کریں گے سو اہل دوزخ پر لعنت ہے۔ بے شک جو لوگ اپنے پروردگار سے بے دیکھے ڈرتے ہیں ان کے لئے مغفرت اور اجر عظیم (مقرر) ہے اور تم لوگ خواہ چھپا کر بات کہو یا پکار کر کہو (اس کو سب خبر ہے کیونکہ) وہ دلوں تک کی باتوں سے خوب واقف ہے (اور بھلا) کیا وہ نہ جانے گا جس نے پیدا کیا، اور وہ باریک بین (اور) پورا باخبر ہے وہ ایسا (منعم) ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو مسخر کر دیا سو تم اس کے رستوں میں چلو (پھرو) اور خدا کی روزی میں سے (جو زمین سے پیدا کی ہے) کھاؤ پیو اور کھا پی کر اس کو یاد رکھو کہ اسی کے پاس دوبارہ زندہ ہو کر جانا ہے۔ کیا تم لوگ اس سے بے خوف ہو گئے ہو جو کہ آسمان میں بھی اپنا حکم ونصرت رکھتا ہے کہ وہ تم کو زمین میں دھنسا دے پھر وہ زمین تھرتھرا (کر الٹ پلٹ ہونے) لگے یا تم لوگ اس سے بے خوف ہو گئے جو کہ آسمان میں بھی اپنا حکم وتصرف رکھتا ہے کہ وہ تم پر (مثل دعا کے) ایک ہوائے تند بھیج دے (جس سے تم ہلاک ہو جاؤ) سو عنقریب (مرتے ہی) تم کو معلوم ہو جائے گا کہ میرا ڈرانا (عذاب سے) کیسا (صحیح) تھا اور ان سے پہلے جو لوگ ہو گزرے ہیں انہوں نے (دین کو) جھٹلایا تھا سو دیکھ لو ان میں میرا عذاب کیسا (واقع) ہوا کیا ان لوگوں نے اپنے اوپر پرندوں کی طرف نظر نہیں کی کہ پر پھیلائے ہوئے (اڑتے پھرتے ہیں) اور (کبھی اسی حالت میں) پر سمیٹ لیتے ہیں بجز خدائے رحمٰن کے ان کو کوئی تھامے ہوئے نہیں ہے بے شک وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے (اور جس طرح چاہے اس میں تصرف کر رہا ہے)۔ ہاں رحمٰن کے سوا کون ہے وہ کہ وہ تمہارا لشکر بن کر (آفات سے) تمہاری حفاظت کر سکے اور کافر (جو اپنے معبودوں کی نسبت ایسا خیال رکھتے ہیں تو وہ) بڑے دھوکے میں ہیں اور ہاں (یہ بھی بتلاؤ کہ) وہ کون ہے جو تم کو روزی پہنچا دے اگر اللہ تعالیٰ اپنی روزی بند کر لے (مگر یہ لوگ اس سے بھی متاثر نہیں ہوتے) بلکہ یہ لوگ سرکشی اور نفرت (عن الحق) پر جم رہے ہیں سو (جس کافر کا حال اوپر سنا ہے اس کو سن کر سوچو کہ) کیا جو شخص منہ کے بل گرتا ہوا چل رہا ہے وہ منزل مقصود پر زیادہ پہنچنے والا ہوگا یا وہ شخص جو سیدھا ایک ہموار سڑک پر چلا رہا ہو آپ (ان سے) کہیے کہ وہی (ایسا قدر ومنعم) ہے جس نے تم کو پیدا کیا اور تم کو کان اور آنکھیں اور دل دیئے (مگر) تم لوگ بہت کم شکر گزار ہو (اور) آپ یہ بھی کہیے کہ وہی ہے جس نے تم کو روئے زمین پر پھیلایا اور تم اسی کے پاس (قیامت کے روز) اکٹھے

www.besturdubooks.net

کئے جاؤ گے اور یہ لوگ (جب قیامت کا ذکر سنتے ہیں تو) کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب ہوگا اگر تم سچے ہو (تو بتاؤ) آپ (جواب میں) کہہ دیجئے کہ یہ (تعیین کا) علم تو خدا ہی کو ہے اور میں محض (علی الاجمال مگر) صاف صاف ڈرانے والا ہوں پھر جب اس (عذاب) کو پاس آتا ہوا دیکھیں گے تو (اس وقت مارے غم کے) کافروں کے منہ بگڑ جائیں گے اور (ان سے) کہا جائے گا یہی ہے وہ جس کو تم مانگا کرتے تھے (کہ عذاب لاؤ عذاب لاؤ)۔ آپ (ان سے) کہئے کہ بتاؤ کہ اگر خدا تعالیٰ مجھ کو اور میرے ساتھیوں کو (موافق تمہاری تمنا کے) ہلاک کردے یا (موافق ہماری امید اور اپنے وعدے کے ہم پر رحمت فرمادے تو کافروں کو عذاب دردناک سے کون بچائے گا (اور) آپ (ان سے یہ بھی) کہئے کہ وہ بڑا مہربان ہے ہم اس پر ایمان لائے اور ہم اس پر توکل کرتے ہیں سو عنقریب تم کو معلوم ہو جائے گا کہ صریح گمراہی میں کون ہے (یعنی تم جیسا کہ ہم کہتے ہیں یا ہم جیسا کہ کہتے ہو) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ اچھا یہ بتلاؤ کہ اگر تمہارا پانی (جو کنوؤں میں ہے (جو کنوؤں میں ہی نیچے کو اتر کر) غائب ہو جائے سو وہ کون ہے جو تمہارے پاس سوت کا پانی لے آئے (یعنی کنوئیں کی سوت جاری کردے)۔

تفسیر: سورۃ الملک مکیۃ وھی ثلثون اٰیۃ ۔ **ربط:** اوپر کی سورت میں حقوق رسالت کا بیان تھا اس سورت میں حقوق توحید کا اور ان کے ایفاء و اخلال پر جزاء و سزا کا بیان ہے و نیز آخر سورت سابقہ میں بعض اہل سعادت و بعض اہل شقاوت کا ذکر تھا اس میں مطلقاً سعداء و اشقیاء کا ذکر ہے۔

توحید و جزائے سعداء موحدین و سزائے اشقیائے منکرین: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ (الی قولہ تعالیٰ) فَمَنْ یَّاْتِیْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِیْنٍ ۔

صفات و افعال حق: وہ (خدا) بڑا عالی شان ہے جس کے قبضہ میں تمام سلطنت ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے جس نے موت اور حیات کو پیدا کیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں کون شخص عمل میں زیادہ اچھا ہے (حسن عمل میں موت کا تو دخل یہ ہے کہ موت کے مشاہدہ سے انسان کو دنیا کو فانی اور بعث کے اعتقاد سے آخرت کو باقی سمجھ کر وہاں کے ثواب حاصل کرنے اور وہاں کے عقاب سے بچنے کے لئے مستعد ہو سکتا ہے۔ اور حیات کے دخل یہ ہے کہ اگر حیات نہ ہو تو عمل کس وقت کرے پس حسن عمل کے لئے موت بمنزلہ شرط کے اور حیات بمنزلہ ظرف کے ہے اور چونکہ موت عدم محض نہیں ہے اس لئے اُس پر مخلوقیت کا حکم صحیح ہے) اور وہ زبردست (اور) بخشنے والا ہے (کہ اعمال غیر حسنہ پر عقاب اور اعمال حسنہ پر مغفرت و ثواب مرتب فرماتا ہے) اُس نے سات آسمان اوپر تلے پیدا کئے (جیسے حدیث صحیح میں ہے کہ ایک آسمان سے اوپر بفاصلہ دراز دوسرا آسمان ہے پھر اسی طرح اس سے اوپر تیسرا وعلیٰ ہذا۔ آگے آسمان کا استحکام بیان فرماتے ہیں کہ اے دیکھنے والے) تم خدا کی اس صنعت میں کوئی خلل نہ دیکھے گا (سو تو اب کی بار) پھر نگاہ ڈال کر دیکھ لے کہیں تجھ کو کوئی خلل نظر آتا ہے (یعنی بلا تامل تو بہت بار دیکھا ہوگا اب کی بار تامل سے نگاہ کر) پھر بار بار نگاہ ڈال کر دیکھ (آخر کار) نگاہ ذلیل اور درماندہ ہو کر تیری طرف لوٹ آوے گی (اور کوئی رخنہ نظر نہ آوے گا یعنی وہ جس چیز کو جیسا چاہے بنا سکتا ہے چنانچہ آسمان کو مضبوط بنانا چاہا تو کیسا بنایا کہ باوجود مرور زمان دراز اب تک اُس میں کوئی خلل نہیں آیا و ہذا کقولہ تعالیٰ فی ق: وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ [ق: ۶] اسی طرح کسی شئی کو ضعیف و منفعل بنا دیا غرض اُس کو ہر طرح کی قدرت ہے) اور (ہماری قدرت کی دلیل یہ ہے کہ) ہم نے قریب آسمانوں کو چراغوں (یعنی ستاروں) سے آراستہ کر رکھا ہے اور ہم نے ان (ستاروں) کو شیطانوں کے مارنے کا ذریعہ بھی بنایا ہے (جس کی حقیقت سورۂ حجر میں گذری ہے) اور ہم نے ان (شیاطین) کے لئے (علاوہ اس رجم بالشہب کے جو کہ دنیا میں ہوتا ہے آخرت میں بوجہ ان کے کفر) دوزخ کا عذاب (بھی) تیار کر رکھا ہے۔

عقوبت منکرین توحید: اور جو لوگ اپنے رب (کی توحید) کا انکار کرتے ہیں ان کے لئے دوزخ کا عذاب ہے اور وہ بری جگہ ہے جب یہ لوگ اس میں ڈالے جاویں گے تو اس کی ایک بڑی زور کی آواز سنیں گے اور وہ اس طرح جوش مارتی ہوگی جیسے معلوم ہوتا ہے کہ (ابھی) غصہ کے مارے پھٹ پڑے گی (یا تو اللہ اس میں ادراک اور غصہ پیدا کردے گا کہ مبغوضین حق پر اس کو بھی غیظ آوے گا اور یا مقصود تمثیل ہے یعنی جیسے کوئی غصہ سے جوش میں آتا ہے اس طرح وہ شدت اشتعال سے جوش میں آوے گی اور) جب اس میں کوئی گروہ (کافروں کا) ڈالا جاوے گا تو اس کے محافظ ان لوگوں سے پوچھیں گے کہ کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا (پیغمبر) نہیں آیا تھا (جس نے تم کو اس عذاب سے ڈرایا ہو جس کا مقتضا یہ تھا کہ اس سے ڈرتے اور بچنے کا سامان کرتے۔ یہ سوال بطور توبیخ ہے یعنی پیغمبر تو آئے تھے اور یہ سوال ہر نئے جانے والے گروہ سے ہوگا کیونکہ دوزخ میں حسب تفاوت مراتب کفر سب فرقے کفار کے یکے بعد دیگرے جاویں گے) وہ کافر (بطور اعتراف کے) کہیں گے کہ واقعہ ہمارے پاس ڈرانے والا (پیغمبر) آیا تھا سو (ہماری شامت تھی کہ) ہم نے (اس کو) جھٹلا دیا اور کہہ دیا کہ خدا تعالیٰ نے از قبیل احکام و کتب) کچھ نازل نہیں کیا (اور) تم بڑی غلطی میں پڑے ہو (یعنی ہماری جماعات نے مجموعہ نذر و رسل کو یوں کہہ دیا جس کا حاصل یہ ہے کہ اپنے اپنے رسول کو ہر ایک نے یوں کہہ دیا) اور (وہ کافر فرشتوں سے یہ بھی) کہیں گے کہ ہم اگر سنتے یا سمجھتے (یعنی پیغمبروں کے کہنے کو قبول کرتے اور مانتے) تو ہم اہل دوزخ میں (شامل) نہ ہوتے غرض اپنے جرم کا اقرار کریں گے سو اہل دوزخ پر لعنت ہے۔

www.besturdubooks.net

مثوبت مطیعین: بیشک جولوگ اپنے پروردگار سے بے دیکھے ڈرتے ہیں (اور ایمان واطاعت اختیار کرتے ہیں) ان کیلئے مغفرت اور اجر عظیم (مقرر) ہے۔

احاطہ علم باری باحوال فریقین مذکورین برائے تاکید جزا: اور تم لوگ خواہ چھپا کر بات کہو یا پکار کر کہو (اس کو سب خبر ہے کیونکہ) وہ دلوں تک کی باتوں سے خوب آگاہ ہے (اور بھلا) کیا وہ نہ جانے گا جس نے پیدا کیا ہے اور وہ باریک بین اور) پورا باخبر ہے (حاصل استدلال کا یہ ہے کہ وہ ہر شئی کا خالق مختیار ہے پس تمہارے احوال واقوال کا بھی خالق ہے اور خلق بالاختیار مسبوق بالعلم ہوتا ہے پس علم ضروری ہوا اور تخصیص اقوال کی مقصود نہیں بلکہ حکم عام ہے تخصیص ذکری شاید اس بناء پر ہو کہ اقوال کثیر الوقوع ہیں غرض اس کو سب علم ہے وہ ہر ایک کو مناسب جزا دے گا۔

ترغیب بذکر بعضے منن ونعم: وہ ایسا (منعم) ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو مسخر کر دیا (کہ وہ تمہارے تصرفات کی قابلیت رکھتی ہے) سو تم اس کے راستوں میں چلو (پھرو) اور خدا کی روزی میں سے (جو زمین میں پیدا کی ہے) کھاؤ (پیو) اور (کھا پی کر اس کو بھی یاد رکھنا کہ) اسی کے پاس دوبارہ زندہ ہو کر جانا ہے (پس یہ اس کو مقتضی ہے کہ اس کی نعمتوں کا شکر ادا کرو کہ ایمان وطاعت ہے)۔

ترہیب بذکر بعضے محن ونقم: کیا تم لوگ اس سے بے خوف ہو گئے ہو جو کہ آسمان میں (بھی اپنا حکم اور تصرف رکھتا) ہے کہ وہ تم کو (مثل قارون کے) زمین میں دھنسادے پھر وہ زمین کے اجزا تمہارے اوپر آکر مل جاویں) یا تم لوگ اس سے بے خوف ہو گئے ہو جو کہ آسمان میں (بھی اپنا حکم اور تصرف رکھتا) ہے کہ وہ تم پر (مثل عاد کے) ایک ہوائے تند بھیج دے (جس سے تم ہلاک ہو جاؤ یعنی مقتضا تمہارے کفر کا یہی ہے) سو (اگر کسی مصلحت سے عذاب عاجل تم پر سے ٹل رہا ہے تو کیا ہوا) عنقریب (مرتے ہی) تم کو معلوم ہو جاوے گا کہ میرا ڈرانا (عذاب سے) کیسا (واقع اور صحیح) تھا اور (اگر بدوں عذاب عاجل کے کفر کا مبغوض ہونا ان کی سمجھ میں نہ آوے تو اس کا نمونہ بھی موجود ہے چنانچہ) ان سے پہلے جو لوگ ہو گذرے ہیں انہوں نے (دین حق کو) جھٹلایا تھا سو (دیکھ لو ان پر) میرا عذاب کیسا واقع) ہوا (جس سے صاف معلوم ہوا کہ کفر مبغوض ہے پس اگر کسی حکمت سے یہاں عذاب ٹل گیا تو دوسرے عالم میں حسب وعید واقع ہوگا اور اوپر: خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ...... میں دلائل توحید کے متعلق سماء کے مذکور تھے پھر: هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ میں متعلق ارض کے آگے متعلق جو یعنی فضاء بین السماء والارض کے ہیں)۔

بعضے دلائل توحید متعلق جو: کیا ان لوگوں نے اپنے اوپر پرندوں کی طرف نظر نہیں کی کہ پر پھیلائے ہوئے (اڑتے پھرتے) ہیں اور (کبھی اسی حالت میں) پر سمیٹ لیتے ہیں (اور دونوں حالتوں میں باوجود ثقیل اور مائل الی المرکز ہونے کے بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ...... [البقرۃ : ۱۶۴] رکے ہیں اور) بجز (خدائے رحمان کے ان کو کوئی تھامے ہوئے نہیں ہے بے شک وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے (اور جس طرح چاہے اس میں تصرف کر رہا ہے)۔

ابطال شرک: ہاں (خدا کے تصرفات تو تم نے سن لئے اب یہ بتلاؤ کہ) رحمان کے سوا وہ کون ہے کہ وہ تمہارا لشکر بن کر (آفات سے) تمہاری حفاظت کر سکے (اور) کافر (جو اپنے معبودوں کی نسبت ایسا خیال رکھتے ہیں) تو وہ نرے دھوکہ میں ہیں (اور) ہاں (یہ بھی بتلاؤ کہ) وہ کون ہے جو تم کو روزی پہنچاوے اگر اللہ تعالیٰ اپنی روزی بند کر لے (مگر یہ لوگ اس سے بھی متاثر نہیں ہوتے) بلکہ یہ لوگ سرکشی اور نفرت (عن الحق) پر جم رہے ہیں (خلاصہ یہ کہ تمہارے معبودات باطلہ نہ دفع مضار پر قادر ہیں وہو المراد بقولہ تعالیٰ: يَنْصُرُكُمْ اور نہ ایصال منافع پر قادر ہیں وہو المراد بقولہ تعالیٰ يَرْزُقُكُمْ پھر انکی عبادت محض سفاہت ہے۔

عدم تسویہ مہتدی وضال بطور تفریع: (یعنی جس کافر کا حال اوپر سنا ہے: اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ﴿۲۰﴾ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ﴿۲۱﴾) سو (اس کو سن کر سوچو کہ) کیا جو شخص (بوجہ ناہمواری راہ کے ٹھوکریں کھاتا ہوا اور) منہ کے بل گرتا ہوا چل رہا ہو وہ منزل مقصود پر زیادہ پہنچنے والا ہوگا یا وہ شخص (زیادہ منزل پر پہنچنے والا ہوگا) جو سیدھا ایک ہموار سڑک پر چلا جا رہا ہو (یہی حال ہے مؤمن وکافر کا کہ مؤمن کے چلنے کا راستہ بھی دین مستقیم ہے اور چلنا بھی ہے وہ سیدھا ہو کر اور افراط وتفریط سے بچ کر اور کافر کے چلنے کا راستہ بھی زیغ وضلالت کا ہے اور چلنے میں بھی ہر وقت مہالک ومخاوف میں گرتا جاتا ہے پس ایسی حالت میں کیا منزل مقصود پر پہنچے گا اور اوپر دلائل توحید متعلق آفاق کے تھے آگے متعلق انفس کے ارشاد ہیں۔

بعضے دلائل متعلق انفس: آپ (ان سے) کہئے کہ وہی (ایسا قادر منعم) ہے جس نے تم کو پیدا کیا اور تم کو کان اور آنکھیں اور دل دیئے (مگر) تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو (اور) آپ (یہ بھی) کہئے کہ وہی ہے جس نے تم کو روئے زمین پر پھیلایا اور تم اسی کے پاس (قیامت کے روز) اکھٹے کئے جاؤ گے۔

ذکر قیامت: اور یہ لوگ (جب قیامت کا ذکر سنتے ہیں کما فی ہذہ السورۃ من قولہ: اِلَيْهِ النُّشُوْرُ ﴿۱۵﴾ ومن قولہ: اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ تو) کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب ہوگا اگر تم (یعنی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے اتباع مؤمنین) سچے ہو (تو بتلاؤ) آپ (جواب میں) کہہ دیجئے کہ یہ (تعیین کا) علم تو خدا ہی کو ہے اور میں تو محض (علی الاجمال مگر) صاف صاف ڈرانے والا ہوں پھر جب اس (عذاب موعود واقع یوم قیامت) کو پس آتا ہوا دیکھیں گے (پاس آتا ہوا دیکھنا یہ کہ اعمال کا محاسبہ ہوگا دوزخ میں جانے کا حکم ہوگا جس سے متیقن ہو جاوے گا کہ اب عذاب سر پر آیا غرض جب اس کو پاس آتا ہوا دیکھیں گے) تو (اس وقت مارے غم

www.besturdubooks.net

کے) کافروں کے منہ بگڑ جاویں گے (کقولہ تعالیٰ: وُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۝ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ...... [عبس : ۴۰ - ۴۱]) اور ان سے) کہا جاوے گا یہی ہے وہ جس کو تم مانگا کرتے تھے (کہ عذاب لاؤ عذاب لاؤ اور یہ کفاران مضامین حقہ توحید و بعث وغیرہ کو سن کر جو ایسی باتیں کرتے ہیں شاعر نتربص به ریب المنون۔ اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا [الفرقان : ۴۲] جس کا حاصل انتظار آپ کی ہلاکت کا اور آپ کو نعوذ باللہ منسوب الی الضلال کرنا ہے آگے اس کے جواب کی تعلیم ہے جس میں عذاب کفار کی تقریر اور دوسرے مضامین سے اس کی تتمیم ہے۔

تخصیص کفار بعذاب الیم و تمیش بمضمون توکل و تفرد حق تعالیٰ بقدرت علی النعیم: (ارشاد ہوتا ہے کہ) آپ (ان سے) کہئے کہ تم یہ بتلاؤ کہ اگر خدا تعالیٰ مجھ کو اور میرے ساتھ والوں کو (موافق) تمہاری تمنا کے) ہلاک کر دے یا (حسب ہماری امید وار اپنے وعدہ کے) ہم پر رحمت فرما دے تو (دونوں حالت میں اپنی خبر لو اور یہ بتلاؤ کہ) کافروں کو عذاب دردناک سے کون بچائے گا (یعنی ہماری تو جو حالت ہوگی دُنیا میں ہوگی اور انجام اُس کا ہر حال میں اچھا ہے کقولہ تعالیٰ : هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ...... [التوبة : ۵۲] مگر اپنی کہو کہ تم پر جو مصیبت عظیمہ آنے والی ہے اس کو کون روکے گا اور ہماری دنیوی حوادث سے تمہاری وہ مصیبت کیسے ٹل جاوے گی تو اپنی فکر چھوڑ کر ہمارے حوادث کا انتظار ایک فضول حرکت ہے۔ یہ جواب ہے تَرَبَّصُ ...... کا اور) آپ (ان سے یہ بھی) کہئے کہ وہ بڑا مہربان ہے ہم اُس پر (اُس کے حکم کے موافق) ایمان لائے اور ہم اُس پر توکل کرتے ہیں (پس ایمان کی برکت سے تو وہ ہم کو عذاب آخرت سے محفوظ رکھے گا اور توکل کی برکت سے حوادث دنیویہ و کو دفع یا سہل کر دے گا یہ بھی نَتَرَبَّصُ کا تتمۂ جواب ہے) سو (جب تم پر عذاب الیم آنے والا ہے اور ہم ان شاء اللہ تعالیٰ ایمان کی برکت سے اس عذاب سے محفوظ رہنے والے ہیں تو) عنقریب تم کو معلوم ہو جاوے گا (جب اپنے کو عذاب میں مبتلا اور ہم کو اُس سے محفوظ دیکھو گے) کہ صریح گمراہی میں کون ہے (یعنی تم ہو جیسا کہ ہم کہتے ہیں یا ہم ہیں جیسا کہ تم کہتے ہو یہ جواب ہے اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا ...... [الفرقان : ۴۲] کا آگے تقریر ہے مضمون بالا: فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ ...... کی یعنی اوپر جو کہا گیا ہے کہ تم کو عذاب الیم سے کوئی نہیں بچا سکتا ان کو اگر اپنے آلہۂ باطلہ کا گھمنڈ ہو کہ وہ بچا لیں گے تو اس زعم کے ابطال و ازالہ کے لئے ان سے) آپ (یہ) کہہ دیجئے کہ اچھا یہ بتلاؤ کہ اگر تمہارا پانی (جو کنوؤں میں ہے) نیچے کو (اتر کر) غائب ہی ہو جاوے سو وہ کون ہے جو تمہارے پاس سوت کا پانی لے آئے (یعنی کنویں کی سوت کو جاری کر دے اور اعماق ارض سے اوپر لے آئے اور اگر کسی کو کھود لینے پر ناز ہو تو اللہ تعالیٰ اس پر قادر ہے کہ اس کو اور نیچے غائب کر دے و علیٰ ہذا پس جب خدا کے مقابلہ میں کسی کو اتنی بھی قدرت نہیں کہ معمولی طبعی واقعات میں تصرف کر سکے تو عذاب آخرت سے بچانے کی تو کیا قدرت ہوگی۔ ف: ظاہراً : مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ الیٰ قولہ حَسِيْرٌ ۝ سے معلوم ہوتا ہے کہ آسمان بلا حجاب یا اس سقف نیلگوں کے حجاب میں سے اس طرح نظر آتا ہے کہ اگر اس میں کوئی عیب و خلل ہوتا تو نظر آ جاتا۔ اور اگر شبہ ہو کہ دروازے کیوں نظر نہیں آتے تو ممکن ہے کہ دروازے اتنے بڑے نہ ہوں کہ اتنی دور سے نظر آویں اور اگر شبہ ہو کہ شاید وہ شقوق و شگاف بھی چھوٹے ہوں تو جواب یہ ہے کہ عادۃً بڑی عمارت میں شگاف بھی بڑا پڑتا ہے پھر وہ روزانہ بڑھا کرتا ہے آخر اس قدر زمانہ دراز گزرنے پر تو اس میں ایسا اتساع ضرور واقع ہوتا جو مرئی بننے کے قابل ہوتا اور ایسے مواقع میں ملازمت عادیہ کافی ہے اور اگر سماء کا غیر مرئی ہونا ثابت ہو جاوے تو نظر عقلی کو مشبہ بالبصر قرار دے کر کلام کو تامل و فکر پر محمول کیا جاوے گا۔ اور بعض نے کہا ہے کہ یہ آیت مخصوص بالسماء نہیں ہے بلکہ عام ہے ہر مخلوق کو یعنی بہت امعان نظر سے بھی کوئی امر خلاف حکمت کسی شئی میں معلوم نہیں ہوگا اور جس کو اس کا وہم ہوتا ہے منشاء اس کا عدم تعمق ہوتا ہے اس تفسیر پر تقریر مذکور کی حاجت نہ ہوگی واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ ...... اس سے معلوم ہوا کہ فلاح کے دو طریقے ہیں ایک تقلید دوسری تحقیق پس مرید جس میں تحقیق کی قابلیت نہیں اس کو شیخ سے مزاحمت یا مطالبۂ دلیل نہ چاہیے۔ سورۃ الملک تمام ہوئی۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قوله في فارجع یعنی بلا تامل الخ اخذته من البيضاوى ۱۲۔ ۲ قوله في تمور جس سے تم اور نیچے اخذته من الخازن ۱۲۔ ۳ قوله في مكبا ٹھوکریں الخ اخذته من الروح ۱۲۔

الکلام: قوله في السماء تشبث بامثاله المجسمة والجواب اشير اليه في الترجمة ۱۲۔

اللغات: طباقا من طابقت النعل بالنعل اذا خصفتها تفاوت اى اختلاف وعدم تناسب من الفوت فان كلا من المتفاوتين يفوت منه بعض ما في الآخر فطور شقوق جمع فطر بمعنى الشق۔ خاسئا ذليلا حسير كليل سحقا بعدا مناكبها طرقها ۱۲۔ غورا غائرا ذاهبًا بالكلية معين جار۔

البلاغة: قوله امن هذا الذى ام منقطعة بمعنى بل لا مع الهمزة والالزام اجتماع كلمتى الاستفهام وهذا للتحقير قوله قل هو الذى انشاكم الخ زيادة قل في الدلائل الانفسية لعلها لزيادة كون امثال هذه الدلائل لكونها انفسية مستحضرة والله اعلم ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سورۃ القلم

سورۃ القلم ۶۸ مکیۃ ۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | آیاتہا ۵۲ رکوعاتہا ۲

سورۃ القلم مکہ میں نازل ہوئی | شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں | اس میں ۵۲ آیات اور ۲ رکوع ہیں

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ ۝١ مَآ أَنتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُونٍ ۝٢ وَإِنَّ لَكَ لَأَجْرًا غَيْرَ مَمْنُونٍ ۝٣ وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ
خُلُقٍ عَظِيمٍ ۝٤ فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُونَ ۝٥ بِأَييِّكُمُ الْمَفْتُونُ ۝٦ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِۦ وَهُوَ
أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ۝٧ فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِينَ ۝٨ وَدُّوا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ ۝٩ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ
مَّهِينٍ ۝١٠ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيمٍ ۝١١ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ ۝١٢ عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذَٰلِكَ زَنِيمٍ ۝١٣ أَن كَانَ ذَا
مَالٍ وَبَنِينَ ۝١٤ إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ ءَايَٰتُنَا قَالَ أَسَٰطِيرُ الْأَوَّلِينَ ۝١٥ سَنَسِمُهُۥ عَلَى الْخُرْطُومِ ۝١٦ إِنَّا بَلَوْنَٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ
أَصْحَٰبَ الْجَنَّةِ إِذْ أَقْسَمُوا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِينَ ۝١٧ وَلَا يَسْتَثْنُونَ ۝١٨ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّن رَّبِّكَ وَهُمْ
نَآئِمُونَ ۝١٩ فَأَصْبَحَتْ كَالصَّرِيمِ ۝٢٠ فَتَنَادَوْا مُصْبِحِينَ ۝٢١ أَنِ اغْدُوا عَلَىٰ حَرْثِكُمْ إِن كُنتُمْ صَٰرِمِينَ ۝٢٢
فَانطَلَقُوا وَهُمْ يَتَخَٰفَتُونَ ۝٢٣ أَن لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُم مِّسْكِينٌ ۝٢٤ وَغَدَوْا عَلَىٰ حَرْدٍ قَٰدِرِينَ ۝٢٥ فَلَمَّا
رَأَوْهَا قَالُوٓا إِنَّا لَضَآلُّونَ ۝٢٦ بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ ۝٢٧ قَالَ أَوْسَطُهُمْ أَلَمْ أَقُل لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُونَ ۝٢٨ قَالُوا
سُبْحَٰنَ رَبِّنَآ إِنَّا كُنَّا ظَٰلِمِينَ ۝٢٩ فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَلَٰوَمُونَ ۝٣٠ قَالُوا يَٰوَيْلَنَآ إِنَّا كُنَّا طَٰغِينَ ۝٣١ عَسَىٰ
رَبُّنَآ أَن يُبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ إِنَّآ إِلَىٰ رَبِّنَا رَٰغِبُونَ ۝٣٢ كَذَٰلِكَ الْعَذَابُ ۖ وَلَعَذَابُ الْءَاخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا
يَعْلَمُونَ ۝٣٣ ع إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّٰتِ النَّعِيمِ ۝٣٤ أَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِينَ كَالْمُجْرِمِينَ ۝٣٥ مَا لَكُمْ كَيْفَ
تَحْكُمُونَ ۝٣٦ أَمْ لَكُمْ كِتَٰبٌ فِيهِ تَدْرُسُونَ ۝٣٧ إِنَّ لَكُمْ فِيهِ لَمَا تَخَيَّرُونَ ۝٣٨ أَمْ لَكُمْ أَيْمَٰنٌ عَلَيْنَا
بَٰلِغَةٌ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَٰمَةِ ۙ إِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُونَ ۝٣٩ سَلْهُمْ أَيُّهُم بِذَٰلِكَ زَعِيمٌ ۝٤٠ أَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ فَلْيَأْتُوا
بِشُرَكَآئِهِمْ إِن كَانُوا صَٰدِقِينَ ۝٤١ يَوْمَ يُكْشَفُ عَن سَاقٍ وَيُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ ۝٤٢ خَٰشِعَةً

www.besturdubooks.net

اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۖ وَقَدْ كَانُوْا يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ

بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ۖ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۖ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۴۵﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ

مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۶﴾ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۴۷﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ

الْحُوْتِ ۘ اِذْ نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ ﴿۴۸﴾ لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿۴۹﴾

فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۵۰﴾ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا

سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾

نٓ قسم ہے قلم کی اور (قسم ہے) ان (فرشتوں) کے لکھنے کی جو کہ کاتب اعمال ہیں کہ آپ اپنے رب کے فضل سے مجنون نہیں (جیسا کہ منکرین نبوت کہتے ہیں) اور بے شک آپ کے لئے (اس تبلیغ احکام پر) ایسا اجر ہے جو (کبھی) ختم ہونے والا نہیں اور بے شک آپ اخلاق (حسنہ) کے اعلیٰ پیمانہ پر ہیں سو (ان کے مہملات کا غم نہ کیجئے کیونکہ) عنقریب آپ بھی دیکھ لیں گے اور یہ لوگ بھی دیکھ لیں گے کہ تم میں کس کو جنون تھا آپ کا پروردگار اس کو بھی خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹکا ہوا ہے اور وہ راہ (راست) پر چلنے والوں کو بھی خوب جانتا ہے۔ تو آپ ان تکذیب کرنے والوں کا کہنا نہ مانئے (جیسا اب تک بھی نہیں مانا) یہ لوگ یہ چاہتے ہیں کہ آپ اپنے (منصبی کام یعنی تبلیغ میں) ڈھیلے ہو جائیں تو یہ لوگ بھی ڈھیلے ہو جائیں اور آپ (بالخصوص) کسی ایسے شخص کا کہنا نہ مانیں جو بہت قسمیں کھانے والا ہو بے وقعت ہو طعنہ دینے والا ہو چغلیاں لگاتا پھرتا ہو نیک کام سے روکنے والا ہو اور اعتدال سے گزرنے والا ہو گناہوں کا کرنے والا ہو اور سخت مزاج ہو (اور) اپنے کو دوسرے خاندان سے منسوب کرتا ہو اس سبب سے کہ وہ مال و اولاد والا ہو جب ہماری آیتیں اس کے سامنے پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ کہتا ہے کہ یہ بے سند باتیں ہیں جو اگلوں سے منقول ہوتی چلی آئی ہیں ہم عنقریب اس کی ناک پر داغ لگا دیں گے۔ ہم نے ان کی آزمائش کر رکھی ہے جیسے ہم نے باغ والوں کی آزمائش کی تھی جب کہ ان لوگوں نے (یعنی اکثر یا بعض نے) قسم کھا لی کہ اس (باغ) کا پھل ضرور صبح چل کر توڑ لیں گے اور (ایسا وثوق ہوا کہ) انہوں نے انشاء اللہ بھی نہیں کہا سو اس باغ پر آپ کے رب کی طرف سے ایک پھرنے والا (عذاب) پھر گیا اور وہ سو رہے تھے پھر صبح کو وہ باغ ایسا رہ گیا جیسے کٹا ہوا کھیت (کہ خالی زمین رہ جاتی ہے) سو صبح کے وقت (سو کر جب اٹھے تو) ایک دوسرے کو پکارنے لگے کہ اپنے کھیت پر سویرے چلو اگر تم کو پھل توڑنا ہے پھر وہ لوگ آپس میں چپکے چپکے باتیں کرتے چلے کہ آج تم تک کوئی محتاج نہ آنے پائے اور (بزعم خود) اپنے کو اس کے نہ دینے پر قادر سمجھ کر چلے پھر جب (وہاں پہنچے اور) اس باغ کو (اس حالت میں) دیکھا تو کہنے لگے کہ ہم بے شک راستہ بھول گئے بلکہ (جگہ تو وہی ہے لیکن) ہماری قسمت ہی پھوٹ گئی (کہ باغ کا یہ حال ہو گیا) ان میں جو کسی قدر اچھا آدمی تھا وہ کہنے لگا کہ کیوں میں نے تم کو کہا نہ تھا اب (توبہ اور تسبیح کیوں نہیں کرتے سب توبہ کے طور پر کہنے لگے ہمارا پروردگار پاک ہے بے شک ہم قصوروار ہیں پھر ایک دوسرے کو مخاطب بنا کر باہم الزام دینے لگے (پھر سب متفق ہو کر) کہنے لگے بے شک ہم حد سے نکلنے والے تھے (سب مل کر توبہ کر لو) شاید (توبہ کی برکت سے) ہمارا پروردگار ہم کو اس سے اچھا باغ اس کے بدلے میں دے دے (اب اپنے رب کی طرف رجوع ہوتے ہیں اس طرح عذاب ہوا کرتا ہے اور آخرت کا عذاب اس (عذاب دنیوی) سے بھی بڑھ کر ہے کیا خوب ہوتا کہ یہ لوگ (اس بات کو) جان لیتے (تاکہ ایمان لے آتے)۔ بے شک پرہیزگاروں کے لئے ان کے رب کے نزدیک آسائش کی جنتیں ہیں کیا ہم فرمانبرداروں کو نافرمانوں سے برابر کر دیں گے؟ تم کو کیا ہوا تم کیسا فیصلہ کرتے ہو کیا تمہارے پاس کوئی آسمانی کتاب ہے جس میں پڑھتے ہو کہ اس میں تمہارے لئے وہ چیز رکھی ہو جو کہ تم پسند کرتے ہو کیا ہمارے ذمہ کچھ قسمیں پڑی ہوئی ہیں جو تمہاری خاطر سے کھائی گئی ہوں اور قسمیں قیامت تک باقی رہنے والی ہوں جن کا مضمون یہ ہو کہ تم کو وہ چیزیں ملیں گی جو تم فیصلہ کر رہے ہو (یعنی جنت) ان سے پوچھئے کہ ان میں اس کا کون ذمہ دار ہے کیا ان کے ٹھہرائے ہوئے کچھ شریک (خدائی) ہیں سو ان کو چاہئے کہ یہ اپنے شریکوں کو پیش کریں اگر یہ سچے ہیں۔ وہ دن یاد کرنے کے قابل ہے جس دن کہ ساق کی تجلی فرمائی جائے گی اور سجدہ کی طرف لوگوں کو بلایا جائے گا سو یہ (کافر) لوگ سجدہ نہ کر سکیں گے (اور) ان کی آنکھیں (مارے شرمندگی کے) جھکی ہوں گی (اور) ان پر ذلت چھائی ہو گی اور (وجہ اس کی یہ ہے کہ) یہ لوگ (دنیا میں) سجدہ کی طرف بلائے جایا کرتے تھے اور وہ صحیح سالم تھے (یعنی اس پر قادر تھے) تو مجھ کو اور جو اس کلام کو جھٹلاتے ہیں ان کو (اس حال موجودہ پر) رہنے دیجئے ہم ان کو بتدریج (جہنم کی طرف) لئے جا رہے ہیں اس طور پر کہ ان کو خبر بھی نہیں اور (دنیا میں عذاب نازل کر ڈالنے سے) مہلت دیتا ہوں بے شک میری تدبیر مضبوط ہے کیا آپ ان سے کچھ معاوضہ مانگتے ہیں کہ وہ اس تاوان سے دبے جا رہے ہیں (اس لئے آپ کی اطاعت سے نفرت ہے) یا ان کے پاس کے (غیب کا علم) ہے کہ یہ (اس کو) لکھ لیا کرتے ہیں۔ تو آپ اپنے رب کی (اس) تجویز پر صبر سے بیٹھے رہئے اور (تنگدلی میں) مچھلی

www.besturdubooks.net

(کے پیٹ میں جانے) والے پیغمبر یونس علیہ السلام کی طرح نہ ہو جایئے جبکہ یونس نے دعا کی اور وہ غم سے گھٹ رہے تھے اگر خداوندی احسان ان کی دستگیری نہ کرتا تو وہ (جس) میدان (میں مچھلی کے پیٹ سے نکال کر ڈالے گئے تھے اسی) میں بدحالی کے ساتھ ڈالے جاتے دستگیری سے مراد قبول توبہ ہے پھر انکے رب نے انکو (اور زیادہ برگزیدہ کرلیا اور انکو صالحین میں سے کردیا اور یہ کافر جب قرآن سنتے ہیں تو (شدت عادت سے) ایسے معلوم ہوتے ہیں کہ گویا آپ کو اپنی نگاہوں سے پھسلا کے گرا دینگے (یہ ایک محاورہ ہے) اور اسی عداوت سے آپ کی نسبت کہتے ہیں کہ یہ مجنون ہے حالانکہ یہ قرآن (جس کے ساتھ آپ تکلم فرماتے ہیں) تمام جہان کے واسطے نصیحت ہے۔

تفسیر: سورة القلم مكية وهى اثنتان وخمسون آيات كذا في البيضاوي۔

ربط: سورت سابقہ میں منکرین توحید کی طرف زیادہ روئے سخن تھا اور اس سورت میں طاعنین فی النبوۃ کی طرف زیادہ روئے سخن ہے اور چونکہ انکار نبوت کفر ہے اس لئے کفار کی عقوبت دنیویہ واخرویہ کا بھی بعض آیات میں مضمون ہے۔

تحقیق رسالت وذم ووعید منکرین ومناسبات آن: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ (الی قولہ تعالی) وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ

دفع طعن کفار از ساخت نبوت: نٓ (اس کے معنی اللہ کو معلوم ہیں) قسم ہے قلم کی (جس سے مقادیر خلق لوح محفوظ پر لکھے گئے) اور قسم ہے ان (فرشتوں) کے لکھنے کی (جو کہ کاتب اعمال ہیں كذا فسر اللفظين ابن عباسؓ كما في الدر المنثور آگے جواب قسم ہے) کہ آپ اپنے رب کے فضل سے مجنون نہیں ہیں (جیسا منکرین نبوت کہتے ہیں كذا في الدر عن ابن جريج في سبب النزول مطلب یہ کہ آپ نبی برحق ہیں اور یہ قسمیں اس مدعا کے نہایت مناسب ہیں کیونکہ منجملہ مقادیر کے نزول قرآن بھی ہے پس اس میں اشارہ ہے کہ نبوت آپ کی علم الٰہی میں پہلے ہی سے محقق ومؤکد ہے پس ثبوت اس کا متیقن ہوا اور کاتبان اعمال آپ کے مصدقین ومنکرین کے اعمال کو لکھ رہے ہیں پس انکار نبوت پر سزا ہوگی اس سے ڈر کر ایمان لانا واجب ہے) اور بے شک آپ کے لئے (اس تبلیغ احکام پر) ایسا اجر (ملنے والا) ہے جو (کبھی) ختم ہونے والا نہیں (اس میں بھی تقریر ہے نبوت کی جو مستلزم ہے نفی مطاعن کو اور تقریر نبوت کے ساتھ متضمن ہے تسلیہ کو بھی کہ آپ چندے برداشت کر لیجئے کہ انجام اس کا اجر عظیم ہے) اور بے شک آپ اخلاق (حسنہ) کے اعلیٰ پیمانہ پر ہیں (کہ ہر فعل آپ کا موصوف باعتدال اور قرین رضائے ایزدمتعال ہے اور مجنون میں اخلاق کا کمال کہاں ہوتا ہے یہ بھی جواب ہے طعن مذکور کا آگے تسلیہ ہے یعنی یہ جو ایسے مہملات بکتے ہیں) سو (اس کا غم نہ کیجئے کیونکہ) عنقریب آپ بھی دیکھ لیں گے اور یہ لوگ بھی دیکھ لیں گے کہ تم میں کس کو جنون (حقیقی) تھا (یعنی جنون کی حقیقت ہے زوال عقل اور عقل کی غایت ہے ادراک نفع وضرر اور نفع وضرر معتدبہ وہ ہے جو ابدی ہو پس قیامت میں ان کو بھی معلوم ہو جاوے گا کہ عاقل اہل حق تھے جنہوں نے اس نفع کو حاصل کیا اور مجنون یہ خود تھے جو اس نفع سے محروم رہ کر ضرر ابدی میں مبتلا ہوئے اور چونکہ) آپ کا پروردگار اس شخص کو بھی خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹکا ہوا ہے اور وہ راہ (راست) پر چلنے والوں کو بھی خوب جانتا ہے (اسی لئے ہر ایک کو اس کے مناسب جزا وسزا دے گا اور اس جزا وسزا کے مناسب ہونے کو یہ منکرین بھی بوجہ انکشاف وتعیین عاقل ومجنون کے سمجھ لیں گے آگے۔

ذم منکرین: کا مضمون ہے کہ جب آپ حق پر ہیں اور یہ لوگ باطل پر ہیں کما علم مما مر) تو آپ ان تکذیب کرنے والوں کا کہنا نہ مانیے (جیسا اب تک بھی نہیں مانا اور وہ کہنا وہ ہے جو آگے مفہوم ہوتا ہے یعنی) یہ لوگ یہ چاہتے ہیں کہ آپ (نعوذ باللہ اپنے منصبی کام میں کہ تبلیغ ہے ذرا) ڈھیلے ہو جاویں تو یہ بھی ڈھیلے ہو جاویں (آپ کا ڈھیلا ہونا یہ کہ بت پرستی کی مذمت نہ کریں اور ان کا ڈھیلا ہونا یہ کہ آپ کی مخالفت نہ کریں كما في الدر في تفسير سورة الكافرين عن ابن عباسؓ قالوا كف عن شتم الهتنا ولا تذكر الهتنا بسوء) اور آپ (بالخصوص) کسی ایسے شخص کا کہنا نہ مانیں جو بہت قسمیں کھانے والا ہو (مراد جھوٹی قسم کھانے والا ہے عادۃً اکثر جھوٹے آدمی قسمیں بہت کھایا کرتے ہیں۔اور جو اپنی حرکات شنیعہ کی وجہ سے عند اللہ وعند الخلق) بے وقعت ہو (دل دکھانے کے لئے) طعنہ دینے والا ہو چغلیاں لگاتا پھرتا ہو نیک کام سے روکنے والا ہو حد (اعتدال سے) گزرنے والا ہو گناہوں کا (ارتکاب) کرنے والا ہو سخت مزاج ہو (اور) اس (سب) کے علاوہ حرامزادہ (بھی) ہو (مراد حرام زادہ سے یہ ہے کہ اور اخلاق وافعال بھی اس کے خبیث ہوں چونکہ غالباً حرام زادہ کے اخلاق وافعال اچھے نہیں ہوتے اس لئے مجازاً اس سے یہ مراد لیا گیا خلاصہ یہ کہ اول تو مطلقاً مکذبین کا پھر خصوص جب کہ وہ مکذبین ان ذمائم کے ساتھ بھی متصف ہوں جیسا کہ آپ کے مکذبین میں سے بعضے بڑے بڑے ایسے ہی تھے اور اُس درخواست میں شریک بلکہ اُس کے بانی تھے غرض آپ ایسے شخص کا کہنا نہ مانیے اور وہ بھی محض) اس سبب سے کہ وہ مال اور اولاد والا ہو (یعنی دنیا کی وجاہت رکھتا ہو اور ایسے شخص کی اطاعت سے اس لئے منع کیا جاتا ہے کہ اُس شخص کی یہ عادت ہے کہ) جب ہماری آیتیں اُس کے سامنے پڑھ کر سُنائی جاتی ہیں تو وہ کہتا ہے کہ یہ بے سند باتیں ہیں جو اگلوں سے منقول چلی آتی ہیں (مطلب یہ کہ آیات کی تکذیب کرتا ہے۔خلاصہ یہ کہ اصل علت نہی عن الاطاعۃ کی تکذیب ہے اور اسی بناء پر اول لَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ فرمایا گیا ہے پھر بطور تخصیص بعد تعمیم کے ان مکذبین میں سے اُن مکذبین کی اطاعت سے نہی کی گئی جو علاوہ تکذیب کے اور ذمائم بھی رکھتے ہوا یسوں کی اطاعت سے نہی مطلق مکذبین کی

www.besturdubooks.net

اطاعت کی نہی سے اور زیادہ اشد ہوگی لیکن اصل علت وہی تکذیب رہے گی آگے ایسے شخص کی سزا کا بیان ہے کہ) ہم عنقریب اُس کی ناک پر داغ لگا دیں گے (یعنی قیامت میں اُس کے چہرہ اور ناک پر اُس کے کفر کی وجہ سے کوئی علامت ذلت اور پہچان کی لگا دیں گے جس سے وہ خوب رُسوا ہو کذا روی مرفوعا فی الدر المنثور آگے اہل مکہ کو ایک قصہ سنا کر اُن کے کفر کے لحوق وبال سے تحذیر ہے۔

تحذیر اہل مکہ از وبال کفر و حکایت قصہ: ہم نے (جو ان اہل مکہ کو سامان عیش دے رکھا ہے جس پر یہ مغرور ہو رہے ہیں تو ہم نے) ان کی آزمائش کر رکھی ہے (کہ دیکھیں یہ نعمتوں کے شکر میں ایمان لاتے ہیں یا ناشکری (و بے قدری کر کے کفر کرتے ہیں) جیسا (ان سے پہلے نعمتیں دے کر) ہم نے باغ والوں کی آزمائش کی تھی (یہ باغ بقول ابن عباسؓ حبشہ میں تھا اور بقول سعید بن جبیرؒ یمن میں تھا کذا فی الدر اور یہ قصہ اہل مکہ میں معلوم تھا اور جن باغ والوں کا یہ قصہ ہے اُن کے باپ کا اپنے وقت میں معمول تھا کہ ایک بڑا حصہ اُس باغ کے پھل کا مساکین میں صرف کیا کرتا تھا جب وہ مرگیا تو اُن لوگوں نے کہا کہ ہمارا باپ احمق تھا کہ اس قدر آمدنی مسکینوں کو دے دیتا تھا اگر یہ سب گھر آوے کس قدر فراغت ہو چنانچہ ان آیتوں میں اُن کا بقیہ قصہ مذکور ہے یعنی یہ واقعہ آئندہ اس وقت ہوا) جب کہ ان لوگوں نے (یعنی اکثر یا بعض نے لقولہ تعالیٰ : قَالَ اَوْسَطُهُمْ باہم) قسم کھائی کہ اس (باغ) کا پھل ضرور صبح چل کر توڑ لیں گے اور (ایسا وثوق ہوا کہ) انہوں نے ان شاء اللہ بھی نہیں کہا سو اس باغ پر آپ کے رب کی طرف سے ایک پھرنے والا (عذاب) پھر گیا (اور وہ ایک آگ تھی کذا فی الدر عن ابن جریج خواہ خالص ہو یا ہوا میں ملی ہوئی ہو جیسے لو) اور وہ سو رہے تھے پھر صبح کو وہ باغ ایسا رہ گیا جیسے کٹا ہوا کھیت (کہ خالی زمین رہ جاتی ہے اور بعض جگہ کاٹ کر جلا بھی دیا جاتا ہے مگر ان کو اس کی کچھ خبر نہیں) سو صبح کے وقت (سو کر جو اُٹھے تو) ایک دوسرے کو پکارنے لگے کہ اپنے کھیت پر سویرے چلو اگر تم کو پھل توڑنا ہے (کھیت یا تو مجازاً کہہ دیا ہو یا اس میں ایسی چیزیں بھی ہوں جو تنہ دار نہیں ہوتیں جیسے انگور وغیرہ یا کہ اس باغ کے متعلق کھیت بھی ہو) پھر وہ لوگ آپس میں چپکے چپکے باتیں کرتے چلے کہ آج تم تک کوئی محتاج نہ آنے پاوے اور (بزعم خود) اپنے کو اس کے نہ دینے پر قادر سمجھ کر چلے (کہ سب پھل گھر لے آویں گے اور کسی کو نہ دیں گے کذا فی الدر عن ابن عباس) پھر جب (وہاں پہنچے اور) اس باغ کو (اس حالت میں) دیکھا تو کہنے لگے کہ بے شک ہم راستہ بھول گئے (اور کہیں نکل آئے کیونکہ یہاں تو باغ واغ کچھ بھی نہیں پھر جب موقع وحدود کو دیکھ کر یقین کیا کہ وہی جگہ ہے تو اس وقت کہنے لگے کہ بھولے نہیں) بلکہ (جگہ تو وہی ہے لیکن) ہماری قسمت ہی پھوٹ گئی (کہ باغ کا یہ حال ہو گیا) ان میں جو (کسی قدر) اچھا آدمی تھا وہ کہنے لگا کہ کیوں میں نے تم کہ کہا نہ تھا (کہ ایسی نیت مت کرو مساکین کے دینے سے برکت ہوتی ہے اسی لئے اس شخص کو اللہ نے اچھا کہا مگر عملاً یہ شخص بھی باوجود کراہت قلب کے سب کے لحاظ سے شریک حال ہو گیا تھا اس لئے احقر نے لفظ کسی قدر بڑھا دیا لان الاوسط امر اضافی پھر وہ پہلی بات یاد دلا کر اس شخص نے کہا کہ اپنی شامت اعمال تو بھگت لی مگر) اب (توبہ اور) تسبیح (و تقدیس) کیوں نہیں کرتے (تا کہ وہ گناہ معاف ہو اور اس سے زیادہ وبال نہ آ جاوے سب (توبہ کے طور پر) کہنے لگے کہ ہمارا پروردگار پاک ہے (یہ تنزیہ ہے جو استغفار کی تمہید ہے) بے شک ہم قصوروار ہیں (یہ استغفار ہے) پھر ایک دوسرے کو مخاطب بنا کر باہم الزام دینے لگے (جیسا کام بگڑنے کے وقت عادۃ غالبہ ہے کہ ہر شخص دوسرے کو بانی رائے فاسد بتلایا کرتا ہے پھر سب متفق ہو کر) کہنے لگے کہ بے شک ہم (سب ہی) حد سے نکلنے والے تھے (کسی ایک کی خطا نہ تھی ایک دوسرے پر الزام عبث ہے سب مل کر توبہ کر لو) شاید (توبہ کی برکت سے) ہمارا پروردگار ہم کو اس سے اچھا باغ بدلہ میں دے دے (اب) ہم اپنے رب کی طرف رجوع ہوتے ہیں (یعنی توبہ کرتے ہیں اور بدلنا عام ہے خواہ دنیا میں نعم البدل مل جاوے خواہ آخرت میں اور ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ مؤمن تھے مرتکب معصیت ہوئے تھے اور بسند یہ امر نظر سے نہیں گزرا کہ آیا اس باغ کے عوض ان کو دنیا میں کوئی باغ ملا یا نہیں البتہ بلاسند روح المعانی میں ابن مسعودؓ کا قول لکھا ہے کہ اس سے اچھا باغ ان کو عطا کیا گیا واللہ اعلم۔ آگے قصہ کی غرض یعنی تحذیر کی تصریح ہے کہ خلاف حکم کرنے پر) اس طرح عذاب ہوا کرتا ہے (جب ہوا کرتا ہے یعنی اے اہل مکہ تم بھی ایسے ہی عذاب کے مستحق ہو بلکہ اس سے بھی زیادہ کے کیونکہ عذاب مذکور تو محض معصیت پر تھا اور تم تو کفر کرتے ہو) اور آخرت کا عذاب اس (عذاب دنیوی) سے بھی بڑھ کر ہے کیا خوب ہوتا کہ یہ لوگ (اس بات کو) جان لیتے (تا کہ ایمان لے آتے آگے ان عقوبات کی تحقیق کے لئے زعم کفار کا ابطال فرماتے ہیں کہ وہ کہتے تھے : لَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى [حٰمٓ السجدة : ۵۰]۔

ابطال زعم کفار استحقاق مثوبت را: (یعنی بے شک پرہیزگاروں کے لئے ان کے رب کے نزدیک آسائش کی جنتیں ہیں (یعنی سبب دخول جنت کا تقویٰ ہے اور اس سے کافر عاری ہیں تو ان کو جنت کیسے مل جاوے گی) کیا ہم فرمانبرداروں کو نافرمانوں کے برابر کر دیں گے (یعنی اگر کافروں کو نجات ہو تو فرمانبرداروں کو نافرمانوں پر نجات میں فضیلت نہ ہوگی اور حالانکہ فضیلت ثابت ہے لقولہ تعالیٰ فی ص : اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ ...... [ص : ۲۸]) تم کو کیا ہوا تم کیسا فیصلہ کرتے ہو کیا تمہارے پاس کوئی (آسمانی) کتاب ہے جس میں پڑھتے ہو کہ اس میں تمہارے لئے وہ چیز (لکھی) ہو جس کو تم پسند

www.besturdubooks.net

کرتے ہو (یعنی اس میں لکھا ہو کہ تم کو آخرت میں حسنی ملے گا) کیا ہمارے ذمہ کچھ قسمیں چڑھی ہوئی ہیں جو تمہاری خاطر سے کھائی گئی ہوں اور وہ قسمیں قیامت تک باقی رہنے والی ہوں (جن کا مضمون ہو) کہ تم کو وہ چیزیں ملیں گی جو تم فیصلہ کر رہے ہو (یعنی ثواب اور جنت) ان سے پوچھئے ان میں اس کا کون ذمہ دار ہے کیا ان کے ٹھہرائے ہوئے کچھ شریک (خدائی) ہیں (کہ انہوں نے ان کو ثواب دینے کا ذمہ لیا ہے) سو ان کو چاہیے کہ یہ اپنے ان شریکوں کو پیش کریں اگر یہ سچے ہیں (غرض جب یہ مضمون کسی آسمانی کتاب میں نہیں ویسے بلا کتاب دوسرے طرق وحی سے ہمارا وعدہ نہیں جو شق قسم کے ہوتا ہے پھر ایسی حالت میں کوئی شخص ان میں سے یا ان کے شرکاء میں سے اس کی ذمہ داری کرسکتا ہے ہرگز نہیں پھر دعویٰ کس بناء پر ہے آگے ان لوگوں کی قیامت کی رسوائی کا ذکر ہے۔

ذلت کفار یوم قیامت: (وہ دن یاد کرنے کے قابل ہے) جس دن کہ ساق کی تجلی فرمائی جاوے گی اور سجدہ کی طرف لوگوں کو بلایا جاوے گا (اس کا قصہ حدیث شیخین میں مرفوعاً اس طرح آیا ہے کہ حق تعالیٰ قیامت کے میدان میں اپنی ساق ظاہر فرماوے گا ساق کہتے ہیں پنڈلی کو اور یہ کوئی خاص صفت ہے جس کو کسی مناسبت سے ساق فرمایا جیسا قرآن میں ہاتھ آیا ہے اور ایسے مفہومات متشابہات میں سے کہلاتے ہیں اور اسی حدیث میں ہے کہ اس تجلی کو دیکھ کر تمام مؤمنین ومؤمنات گر پڑیں گے مگر جو شخص ریاء سے سجدہ کرتا تھا اس کی کمر تختہ سارہ جاوے گی اھ مافی الحدیث اور سجدہ کی طرف بلائے جانے سے یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ وہ دار التکلیف نہیں ہے کیونکہ بلائے جانے سے مراد امر بالسجود نہیں ہے بلکہ اس تجلی میں یہ اثر ہوگا کہ سب بالاضطرار سجدہ کرنا چاہیں گے جن میں مؤمن اس پر قادر ہوں گے اور اہل ریاء ونفاق قادر نہ ہوں گے اور کفار کا قادر نہ ہونا اس سے بدرجہ اولیٰ مفہوم ہوتا ہے جس کا آگے ذکر ہے یعنی کفار بھی سجدہ کرنا چاہیں گے) سو یہ (کافر) لوگ سجدہ نہ کرسکیں گے (اور) ان کی آنکھیں (مارے شرمندگی کے) جھکی ہوں گی (اور) ان پر ذلت چھائی ہوگی اور (وجہ اس کی یہ ہے کہ) یہ لوگ (دنیا میں) سجدہ کی طرف بلائے جایا کرتے تھے (اس طرح کہ ایمان لا کر عبادت کریں) اور وہ صحیح سالم تھے (یعنی اس پر قادر بھی تھے چنانچہ ظاہر ہے کہ ایمان وعبادت فعل اختیاری ہے بس دنیا میں امتثال امر نہ کرنے سے آج ان کو یہ رسوائی وذلت ہوئی اور دوسری آیت میں جو نگاہ کا اوپر اٹھا رہنا آیا ہے وہ اس کے معارض نہیں کیونکہ گاہے غلبۂ حیرت سے ویسا ہوگا اور گاہے غلبۂ ندامت سے ایسا ہوگا آگے کفار کے اس اغترار کا رد ہے کہ امہال عن العذاب کو اپنے مقبول ہونے کی دلیل سمجھتے تھے اور اس کے ضمن میں آپ کا تسلیہ بھی ہے۔

تزییف اغترار کفار بامہال عن العذاب مع تسلیہ حضور پرنور: (یعنی جب ان کا مستحق عذاب ہونا اوپر کی آیتوں سے معلوم ہوچکا) تو مجھ کو اور جو اس کلام کو جھٹلاتے ہیں ان کو (اس حال موجودہ پر) رہنے دیجئے (یعنی عذاب کے توقف سے رنج نہ کیجئے) ہم ان کو بتدریج (جہنم کی طرف) لئے جارہے ہیں اس طور پر کہ ان کو خبر بھی نہیں اور (دنیا میں عذاب نازل کر ڈالنے سے) ان کو مہلت دیتا ہوں بے شک میری تدبیر بڑی مضبوط ہے (قدمر تفسیرہ فی اٰخر الاعراف اور حاصل ذرنی کا بقول جار اللہ امر بتوکل واستکفاء ہے کیونکہ جو شخص کسی کو کسی کام کے لئے کافی سمجھتا ہے وہ اس کام کو اسی پر چھوڑ دیتا ہے آگے ان کے انکار نبوت پر تعجیب ہے)۔

تعجیب بر انکار نبوت: کیا آپ ان سے کچھ معاوضہ مانگتے ہیں کہ وہ اس تاوان سے دبے جاتے ہیں (اس لئے آپ کی اطاعت سے نفرت ہے وہذا کقولہ تعالیٰ ام تسئلہم خرجا) یا ان کے پاس غیب (کا علم) ہے کہ یہ (اس کو محفوظ رکھنے کے واسطے) لکھ لیا کرتے ہیں (یعنی کیا ان کو احکام خداوندی خود کسی طریقہ سے معلوم ہوجاتے ہیں جس سے وہ اتباع صاحب وحی سے مستغنی ہیں اور ظاہر ہے کہ دونوں امر منفی ہیں پھر انکار نبوت عجیب ہے آگے آپ کا تسلیہ ہے)۔

تسلیۂ رسول ﷺ: (جب ان کا استحقاق عذاب اور کفر جو موجب استحقاق ہے معلوم ہوگیا اور یہ کہ ان کی مہلت استدراج ہے اور وقت موعود پر عذاب ہوگا) تو آپ اپنے رب کی (اس) تجویز پر صبر سے بیٹھے رہیے اور تنگ دلی میں) مچھلی (کے پیٹ میں جانے) والے پیغمبر یونس علیہ السلام) کی طرح نہ ہوجئے (کہ وہ عذاب نازل نہ ہونے سے تنگدل ہوئے اور کہیں چلے گئے جس کا قصہ کئی جگہ تھوڑا تھوڑا آچکا ہے مضمون مقصود تشبیہ کا تو ختم ہوچکا آگے بطور تتمیم قصہ کے ارشاد ہے کہ وہ وقت بھی یاد کیجئے) جب کہ یونس (علیہ السلام) نے (اپنے رب سے) دعاء کی اور وہ غم سے گھٹ رہے تھے (یہ غم مجموعہ تھا کئی غموں کا ایک قوم کے ایمان نہ لانے کا ایک عذاب کے ٹل جانے کا ایک بلا اذن صریح حق تعالیٰ کے وہاں سے چلے آنے کا۔ ایک مچھلی کے پیٹ میں محبوس ہوجانے کا اور وہ دعاء یہ ہے : لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ [الأنبیاء: ۸۷] جس سے مقصود استغفار اور طلب نجات عن الحبس ہے چنانچہ اس پر اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا اور مچھلی کے پیٹ سے نجات ہوئی اسی کی نسبت ارشاد ہے کہ) اگر خداوندی احسان اُن کی دستگیری نہ کرتا تو وہ (جس میدان میں بدحالی کے ساتھ ڈالے جاتے (دستگیری سے مُراد قبول توبہ ہے اور بدحالی سے مُراد یہ کہ اُن کی اجتہادی غلطی پر منجانب اللہ ان کو ملامت ہوتی۔ حاصل اس کا اور آیت سورۂ صافات کا یہ ہے کہ اگر یہ توبہ واستغفار نہ کرتے تب تو شکم ماہی سے نجات ہی نہ ہوتی کما قال فلو لآ انہٗ کان الخ اور توبہ واستغفار کرتے مگر اللہ تعالیٰ) قبول نہ فرماتا تو اُس توبہ واستغفار کی اس قدر دنیوی برکت تو ہوتی کہ شکم ماہی سے نجات ہوجاتی اور میدان میں جس طرح اب ڈالے گئے اسی طرح ڈالے جاتے لیکن اب کا

www.besturdubooks.net

ڈالا جاتا غیر مذموم ہونے کی حالت میں ہوا تھا کیونکہ بعد قبول توبہ پھر خطا پر ملامت نہیں ہوتی اور اُس وقت مذموم ہونے کی حالت میں ہوتا) پھر ان کے رب نے اُن کو (اور زیادہ) برگزیدہ کرلیا اور اُن کو (زیادہ رُتبہ کے) صالحین میں سے کردیا (شاید اس تمیم قصہ سے یہ بھی مقصود ہو کہ اپنے اجتہاد پر عمل کرنا اُن کو کیسا مُضر ہوا اور توکل کیسا نافع ہوا اسی طرح عذاب کے بارہ میں آپ بھی اپنی رائے سے استعجال نہ کیجئے بلکہ اللہ تعالیٰ پر توکل کیجئے کہ انجام بہتر ہوگا) اور (آگے آپ کی شان میں کفار کے اُس قول کا ابطال جس کا ابطال شروع سورت میں بھی ہے یعنی مجنون کہنے کا ابطال دوسرے انداز سے بیان فرماتے ہیں۔

دفع طعن جنون بطرز دیگر: (یعنی) یہ کافر جب قرآن سنتے ہیں تو (شدت عداوت سے) ایسے معلوم ہوتے ہیں کہ گویا آپ کو اپنی نگاہوں سے پھسلا کر گرا دیں گے (یہ ایک محاورہ ہے جیسے بولتے ہیں کہ فلاں شخص اس طرح دیکھتا ہے جیسے کھا جاوے گا **کما في روح المعاني من قولهم نظر الى نظرا يكاد يصرعني او يكاد ياكلني** مطلب یہ کہ شدت عداوت سے آپ کو بُری بُری نگاہوں سے دیکھتے ہیں) اور (اسی عداوت سے آپ کی نسبت) کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) یہ مجنون ہیں حالانکہ یہ قرآن (جس کے ساتھ آپ تکلم فرماتے ہیں) تمام جہاں کے واسطے نصیحت ہے (اور مجنون آدمی کے متعلق ایسی اصلاح عام نہیں ہوسکتی اس میں تو جواب طعن جنون ظاہر ہے اور بیان عداوت سے بھی اُس طعن کی تزییف ہوگئی کیونکہ جس قول کا منشاء شدت عداوت ہو وہ قابل التفات نہیں)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس کی تفسیر میں منقول ہے **يرضى لرضاه ويسخط بسخطه** اس میں اشارہ ہوا التخلق باخلاق اللہ کی طرف کہ کمال اس کا فناء ہے اور اس کے قبل **ما انت بنعمة ربك** مجنون فرمانا اشارہ اس طرف ہے کہ سوء اخلاق ایک قسم کا جنون ہے۱۲ قولہ تعالیٰ: وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ اس میں اخلاق ذمیمہ کے اصول مذکور ہیں تا کہ صاحب طریق ان سے بچے۔ قولہ تعالیٰ: يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ...... احادیث میں تصریح ہے کہ مراد ساق حق تعالیٰ کی ہے اور صوفیہ اس کو ظاہر پر محمول کر کے تجلی صوری کے جواز کے قائل ہوئے ہیں اور دوسرے علماء متشابہ کہتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ اس سے مستنبط ہوتا ہے کہ صاحب حال کا فعل صاحب مقام کے لئے اور صاحب مقام عالی کا فعل صاحب مقام اعلیٰ کے لئے احیاناً نقص ہوتا ہے اور اس سے منع کیا جاتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ... اس میں دلالت ہے کہ اہل باطل میں بھی تصرفات ہوسکتے ہیں اور وہ ان سے اہل حق پر تاثیرات طبعیہ میں غالب آسکتے ہیں پس تاثیر نفسانی علامات ولایت سے نہیں۔

سورۂ ن ختم ہوئی۱۲۔

ملحقات الترجمہ: ۱ **قوله في لو تدهن** کہ آپ **اشارة الى ان لو مصدرية وحينئذ يكون قوله فيدهنون معطوفا على تدهن ويجوز ان يكون لو للتمنى وقوله فيدهنون جوابه فيقدر قبله بعد الفاء هم فالجواب جملة اسمية لا فعلية والا لسقط نون الاعراب جوابا للتمنى۱۲**۔ ۲ **قوله في لو لا تسبحون** اب توبہ الخ **اشارة الى ان المقول مقدر ولو لا تسبحون ترغيب مستانف ويتايد بما فى الكبير۱۲**۔ ۳ **قوله قبل اذ نادى** وہ وقت بھی یاد کیجئے **اشارة الى كون اذ ظرفية ويؤيده كون الوقف لازما عند العامة ويجوز على ما فى الروح ان يكون اذ منصوبا بمضاف محذوف اى لا يكن حالك كحاله وقت نداءه اى لا يوجد منك ماوجد منه من الزجر والمغاضبة وعليه يدور النهى لا على النداء فانه امر مستحسن۱۲**۔

اللغات: **المفتون بمعنى الفتنة اى الجنون تدهن تلين۱۲ الزنيم المتسلحق والدعى الخرطوم يطلق غالبا على انف الفيل والخنزير وفيه من التحقير ما لا يخفى لا يستثنون فى الروح قال الامام اصل الاستثناء من الثنى وهو الكف والرد وفى التقييد بالشرط رد لانعقاد ذلك اليمين الصريم فى القاموس ارض محصود زرعها۱۲**۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ الْحَاقَّۃِ

سورۃ الحاقۃ ۶۹ مکیۃ ۷۸ | بسم اللہ الرحمن الرحیم | آیاتہا ۵۲ رکوعاتہا ۲

سورۃ الحاقۃ مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۵۲ آیات اور ۲ رکوع ہیں

اَلْحَاقَّةُ ۝۱ مَا الْحَاقَّةُ ۝۲ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَاقَّةُ ۝۳ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ۝۴ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا
بِالطَّاغِيَةِ ۝۵ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝۶ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا ۙ
فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝۷ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ۝۸ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ
وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ۝۹ فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ۝۱۰ اِنَّا لَمَّا طَغَا
الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِى الْجَارِيَةِ ۝۱۱ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۝۱۲ فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝۱۳
وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝۱۴ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝۱۵ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِىَ
يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۝۱۶ وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ۭ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۝۱۷ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى
مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ۝۱۸ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِىَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۝۱۹ اِنِّىْ ظَنَنْتُ اَنِّىْ مُلٰقٍ
حِسَابِيَهْ ۝۲۰ فَهُوَ فِىْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝۲۱ فِىْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝۲۲ قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ۝۲۳ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـئًۢا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِى
الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ۝۲۴ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِىَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِىْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ۝۲۵ وَلَمْ اَدْرِ مَا
حِسَابِيَهْ ۝۲۶ يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ۝۲۷ مَآ اَغْنٰى عَنِّىْ مَالِيَهْ ۝۲۸ هَلَكَ عَنِّىْ سُلْطٰنِيَهْ ۝۲۹ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ۝۳۰ ثُمَّ
الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ۝۳۱ ثُمَّ فِىْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ۝۳۲ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۝۳۳
وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝۳۴ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ۝۳۵ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ۝۳۶ لَّا يَاْكُلُهٗٓ
اِلَّا الْخَاطِـُٔوْنَ ۝۳۷ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ ۝۳۸ وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ ۝۳۹ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ۝۴۰ وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ
شَاعِرٍ ۭ قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ۝۴۱ وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝۴۲ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۴۳ وَلَوْ

www.besturdubooks.net

تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ ﴿۴۴﴾ لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِينِ ﴿۴۵﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ ﴿۴۶﴾ فَمَا مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ ﴿۴۷﴾ وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ ﴿۴۸﴾ وَإِنَّا لَنَعْلَمُ أَنَّ مِنكُم مُّكَذِّبِينَ ﴿۴۹﴾ وَإِنَّهُ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكَافِرِينَ ﴿۵۰﴾ وَإِنَّهُ لَحَقُّ الْيَقِينِ ﴿۵۱﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿۵۲﴾

وہ ہونے والی چیز کیسی کچھ ہے وہ ہونے والی چیز اور آپ کو کچھ خبر ہے کہ کیسی کچھ ہے وہ ہونے والی چیز (یہ استفہامات تہویل کے لئے ہیں) ثمود اور عاد نے اس کھڑ کھڑانے والی چیز (یعنی قیامت) کی تکذیب کی سو ثمود تو ایک زور کی آواز سے ہلاک کر دیئے گئے اور عاد جو تھے سو وہ ایک تند و تیز ہوا سے ہلاک کئے گئے جس کو اللہ تعالیٰ نے ان پر سات رات اور آٹھ دن متواتر مسلط کر دیا تھا (سوائے مخاطب اگر) تو (اس وقت وہاں موجود ہوتا تو) اس قوم کو اس طرح گرا ہوا دیکھتا کہ گویا وہ گری ہوئی کھجوروں کے تنے (پڑے) ہیں سو کیا تجھ کو ان میں کا کوئی بچا ہوا نظر آتا ہے (یعنی بالکل استیصال ہو گیا) اور (اسی طرح) فرعون نے اور اس سے پہلے لوگوں نے اور (قوم لوط کی) الٹی ہوئی بستیوں نے بڑے بڑے قصور کئے (یعنی کفر و شرک) اس پر ان کے پاس رسول بھیجے گئے سو انہوں نے اپنے رب کا کہنا نہ مانا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو بہت سخت پکڑا (یعنی) ہم نے جبکہ (نوح علیہ السلام کے وقت میں) پانی کی طغیانی ہوئی تم کو کشتی میں سوار کیا (اور باقیوں کو غرق کر دیا) تاکہ ہم معاملہ کو تمہارے لئے یادگار اور عبرت بنائیں اور یاد رکھنے والے اس کو یاد رکھیں۔ پھر جب صور میں یک بارگی پھونک ماری جائے گی (مراد نفخہ اولیٰ ہے) اور (اس وقت) زمین اور پہاڑ (اپنی جگہ سے اٹھا لئے جائیں گے پھر دونوں ایک ہی دفعہ میں ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے تو اس روز ہونے والی چیز ہو پڑے گی اور آسمان پھٹ جائے گا اور وہ (آسمان) اس روز بالکل بودا ہو گا اور فرشتے (جو آسمان پر پھیلے ہوئے ہیں) اس کے کنارے پر آ جائیں گے اور آپ کے پروردگار کے عرش کو اس روز آٹھ فرشتے اپنے اوپر اٹھائیں گے جس روز (خدا کے روبرو حساب کے واسطے) تم پیش کئے جاؤ گے (اور) تمہاری کوئی بات (اللہ تعالیٰ سے) پوشیدہ نہ ہو گی۔ تو پہلے ہی سے اعتقاد تھا کہ مجھ کو میرا حساب پیش آنے والا ہے غرض وہ شخص پسندیدہ عیش یعنی بہشت بریں میں ہو گا جس کے میوے (اس قدر) جھکے ہوں گے (کہ جس حالت میں چاہیں گے لے سکیں گے اور حکم ہو گا کہ) کھاؤ اور پیو مزے کے ساتھ ان اعمال کے صلہ میں جو تم نے گزشتہ ایام (یعنی زمانہ قیام دنیا) کئے ہیں اور جس کا نامہ اعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا سو وہ (نہایت حسرت سے) کہے گا کیا ہوتا کہ مجھ کو میرا نامہ اعمال ہی نہ ملتا اور مجھ کو یہ خبر ہی نہ ہوتی کہ میرا حساب کیا ہے کیا اچھا ہوتا کہ (موت اولیٰ) ہی خاتمہ کر چکتی (افسوس) میرا مال میرے کچھ کام نہ آیا میرا جاہ (بھی) مجھ سے گیا گزرا (ایسے شخص کے لئے فرشتوں کو حکم ہو گا کہ) اس شخص کو پکڑ لو اور اس کے طوق پہنا دو پھر دوزخ میں اس کو داخل کر دو پھر ایک ایسی زنجیر میں جس کی پیمائش ستر گز ہے اس کو جکڑ دو۔ یہ شخص خدائے بزرگ و برتر پر ایمان نہ رکھتا تھا اور خود تو کسی کو کیا دیتا اوروں کو (بھی) غریب آدمی کے کھانے کی ترغیب نہ دیتا تھا (اس لئے مستحق عذاب ہوا) سو آج اس شخص کا نہ کوئی دوستدار ہے نہ اس کو کوئی کھانے کی چیز نصیب ہے بجز زخموں کے دھوون کے جس کو بجز بڑے گنہگاروں کے کوئی نہ کھاوے گا۔ پھر (بعد یہ مضمون مجازات کے) میں قسم کھاتا ہوں ان چیزوں کی بھی جن کو تم دیکھتے ہو اور ان چیزوں کی بھی جن کو تم نہیں دیکھتے کہ یہ قرآن (اللہ تعالیٰ کا) کلام ہے ایک معزز فرشتے کا لایا ہوا (پس جس پر آیا وہ ضرور رسول ہے) اور کسی شاعر کا کلام نہیں ہے (جیسا کہ کفار آپ کو شاعر کہتے تھے مگر) تم بہت کم ایمان لاتے ہو اور نہ یہ کسی کاہن کا کلام ہے (جیسا بعض کفار آپ کو کہتے تھے) تم بہت کم سمجھتے ہو رب العالمین کی طرف سے بھیجا ہوا (کلام ہے) اور اگر یہ (پیغمبر) ہمارے ذمہ کچھ (جھوٹی) باتیں لگا دیتے تو ہم ان کا داہنا ہاتھ پکڑتے پھر ہم ان کی رگ دل کاٹ ڈالتے پھر تم میں سے کوئی ان کا اس سزا سے بچانے والا بھی نہ ہوتا اور بلاشبہ یہ (قرآن) متقیوں کے لئے نصیحت ہے اور ہم کو معلوم ہے کہ تم میں بعضے تکذیب کرنے والے بھی ہیں (پس) ہم ان کو اس کی سزا دیں گے اور (اس اعتبار سے) یہ قرآن کافروں کے حق میں موجب حسرت ہے اور یہ (قرآن) تحقیقی یقینی بات ہے سو (جس کا یہ کلام ہے) اپنے (اس) عظیم الشان پروردگار کے نام کی تسبیح کیجئے۔

تفسیر: سورة الحاقه مكية وهي اثنتان وخمسون آيات كذا في البيضاوی۔

ربط: اوپر کی سورت میں اثبات رسالت کے ساتھ کفار کی مجازات کا بیان تھا اس سورت میں مجازات کی تحقیق اور اس کا وقت اور واقعات مذکور ہیں اور ختم پر حقانیت قرآن کا بیان ہے مجازات کی بھی تقریر و تحقیق ہے کیونکہ قرآن اس پر بھی دال ہے اور صدق دلیل سے صدق مدلول لازم و نیز سورت گزشتہ کے مضمون رسالت سے بھی مناسب ہے۔

تحقیق قیامت و وخامت انکار آں و بعض واقعات او وحقیت قرآن:

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ۔ الْحَاقَّةُ ﴿۱﴾ مَا الْحَاقَّةُ ﴿۲﴾ (الی قوله تعالی) فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿۵۲﴾۔ وہ ہونے والی چیز کیسی کچھ ہے وہ ہونے والی چیز اور آپ کو کچھ خبر ہے کہ کیسی کچھ ہے وہ ہونے والی چیز (مقصود اس سے تفظیع شان قیامت ہے کہ وہ سخت ہولناک چیز ہے یہ استفہامات تہویل کے لئے ہیں) ثمود

www.besturdubooks.net

اور عاد نے اس کھڑ کھڑانے والی چیز (یعنی قیامت) کی تکذیب کی سو ثمود تو ایک زور کی آواز سے ہلاک کر دیئے گئے اور عاد جو تھے سو وہ ایک تیز و تند ہوا سے ہلاک کئے گئے جس کو اللہ تعالیٰ نے اُن پر سات رات اور آٹھ دن متواتر مسلّط کر دیا تھا سو (اے مخاطب اگر) تو (اُس وقت وہاں موجود ہوتا تو) اُس قوم کو اس طرح گرا ہوا دیکھتا کہ گویا وہ گری ہوئی کھجوروں کے تنے (پڑے) ہیں (لطول قامتھم) سو کیا تجھ کو ان میں کا کوئی بچا ہوا نظر آتا ہے (یعنی بالکل استیصال ہو گیا کقولہ تعالیٰ: هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا [مریم: ۹۸]) اور (اسی طرح) فرعون نے اور اُس سے پہلے لوگوں نے (جن میں قوم نوح و عاد و ثمود سب آ گئے) اور (قوم لوط کی) اُلٹی ہوئی بستیوں نے بڑے بڑے قصور کئے (یعنی کفر و شرک اس پر اُن کے پاس رسول بھیجے گئے) سو انہوں نے اپنے رب کے رسول کا (جو اُن کی طرف بھیجا گیا تھا) کہنا نہ مانا (اور کفر و شرک سے باز نہ آئے جس میں تکذیب قیامت بھی داخل ہے) تو اللہ تعالیٰ نے اُن کو بہت سخت پکڑا (جن میں سے عاد و ثمود کا قصہ تو ابھی آ چکا ہے اور قوم لوط کی عقوبت کی طرف بھی لفظ مؤتفکات اشارہ کر رہا ہے اور فرعون کی عقوبت بہت آیتوں میں آئی ہے اور قوم نوح کی عقوبت آگے بضمن امتنان مذکور ہے یعنی) ہم نے جب کہ (نوح علیہ السلام) کے وقت میں) پانی کو طغیانی ہوئی تم کو (یعنی تمہارے بزرگوں کو کہ مؤمن تھے اور ان کا انجاء تمہارے وجود کا سبب ہوا) کشتی میں سوار کیا (اور باقیوں کو غرق کر دیا) تا کہ ہم اس معاملہ کو تمہارے لئے ایک یادگار (اور عبرت) بناویں اور یاد رکھنے والے کان[1] اُس کو یاد رکھیں (کان کو یاد رکھنے والا مجازاً کہہ دیا حاصل یہ کہ اُس کو یاد رکھ کر موجبات عقوبت سے بچیں۔ یہ قصے تو مکذبین قیامت کے ہوئے آگے قیامت کے احوال کا بیان ہے یعنی) پھر جب صور میں یک بارگی پھونک ماردی جاوے گی (مراد نفخۂ اولیٰ ہے) اور (اُس وقت) زمین اور پہاڑ (اپنی جگہ سے) اُٹھا لئے جاویں گے (یعنی اپنی حیز سے ہٹا دیئے جاویں گے) پھر دونوں ایک ہی دفعہ میں ریزہ ریزہ کر دیئے جاویں گے تو اس روز وہ ہونے والی چیز ہو پڑے گی اور آسمان پھٹ جاوے گا اور وہ (آسمان) اُس روز بالکل بودا ہوگا (چنانچہ پھٹ جانا دلیل ضعف ہے یعنی جیسا اس وقت وہ مضبوط ہے اور اُس میں کہیں فطور و شقوق نہیں اُس روز اُس میں یہ بات نہ رہے گی بلکہ ضعف و انشقاق ہو جاوے گا) اور فرشتے[2] (جو آسمان میں پھیلے ہوئے ہیں جس وقت وہ پھٹنا شروع ہوگا) اُس کے کناروں پر آ جاویں گے (اس سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ آسمان بیچ میں سے پھٹ کر چاروں طرف سمٹنا شروع ہوگا اس لئے فرشتے بھی بیچ میں سے کناروں پر آ رہیں گے پھر حسب آیت فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ...... [الزمر: ۶۸] ان پر بھی موت مسلط ہو جاوے گی کذا فی الکبیر احد الوجھین اور یہ سب واقعات تو نفخۂ اولیٰ کے وقت کے ہیں) اور آگے نفخۂ ثانیہ کے وقت کے واقعات ہیں کہ) آپ کے پروردگار کے عرش کو اس روز آٹھ فرشتے اٹھائے ہوں گے (حدیث میں ہے کہ اب عرش کو چار فرشتے اٹھائے ہوئے ہیں قیامت کو آٹھ فرشتے اٹھاویں گے کذا فی الدر مرفوعاً۔ اگر وسوسہ ہو کہ اذا نفخ میں نفخۂ اولیٰ مراد ہے اور یومئذ اس کا بدل ہے اور وَقَعَتِ مع اپنے معطوفات کے اس میں عامل ہے تو اس بناء پر لازم آتا ہے کہ حمل عرش اور مابعد کے واقعات جیسے تعرضون الخ یہ سب بھی نفخۂ اولیٰ کے وقت ہوں تو اس وسوسہ کا دفع یہ ہے کہ اس لازم کا ہم التزام کرتے ہیں اور توجیہ اس کی یہ ہوگی کہ یوم قیامت ایک وسیع وقت ہے اور اس کے سب اجزاء حکماً مثل وقت واحد کے ہیں اس لئے نفخۂ ثانیہ کے واقعات کا ظرف نفخۂ اولیٰ کو بنا بر تجوز مذکور کہہ سکتے ہیں۔ غرض آٹھ فرشتے عرش کو اٹھا کر میدان قیامت میں لاویں گے اور حساب شروع ہوگا جس کا آگے بیان ہے یعنی) جس روز تم (خدا کے روبرو حساب کے واسطے) پیش کئے جاؤ گے (اور) تمہاری کوئی بات (اللہ تعالیٰ سے) پوشیدہ نہ ہوگی پھر (نامۂ اعمال اڑا کر ہاتھ میں دیئے جاویں گے تو) جس شخص کا نامۂ عمل اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جاوے گا وہ تو (خوشی کے مارے آس پاس والوں سے) کہے گا کہ لو میرا نامۂ اعمال پڑھ لو میرا (تو پہلے ہی سے) اعتقاد تھا کہ مجھ کو میرا حساب پیش آنے والا ہے (یعنی میں قیامت و حساب کا معتقد تھا مطلب یہ کہ میں ایمان و تصدیق رکھتا تھا خدا تعالیٰ نے اس کی برکت سے آج مجھ کو نوازا) غرض وہ شخص پسندیدہ عیش یعنی بہشت بریں میں ہوگا جس کے میوے (اس قدر) جھکے ہوں گے (کہ جس حالت میں چاہیں گے لے سکیں گے اور حکم ہوگا) کہ کھاؤ اور پیو مزہ کے ساتھ ان اعمال کے صلہ میں جو تم نے بامید صلہ[3] گذشتہ ایام (یعنی زمانۂ قیام دنیا) میں کئے ہیں اور جس کا نامۂ اعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جاوے گا سو وہ (نہایت حسرت سے) کہے گا کیا اچھا ہوتا کہ مجھ کو میرا نامۂ عمل ہی نہ ملتا اور مجھ کو یہ خبر ہی نہ ہوتی کہ میرا حساب کیا ہے کیا اچھا ہوتا کہ موت (اولیٰ) ہی خاتمہ کر چکتی (اور بعث نہ ہوتا جس پر اعطائے کتاب و حساب مرتب ہوا افسوس) میرا مال میرے کچھ کام نہ آیا میرا جاہ (بھی) مجھ سے گیا گذرا یعنی مال و جاہ سب بے سود ٹھہرا ایسے شخص کے لئے فرشتوں کو حکم ہوگا کہ) اس شخص کو پکڑو اور اس کے طوق پہنا دو پھر دوزخ میں اس کو داخل کرو پھر ایک ایسی زنجیر میں جس کی پیائش ستر گز ہے اس کو جکڑ دو (اس گز کی مقدار خدا کو معلوم ہے کیونکہ یہ گز وہاں کا ہوگا۔ آگے اس عذاب کی وجہ بتلاتے ہیں کہ) یہ شخص خدائے بزرگ پر ایمان نہ رکھتا تھا (یعنی جس طرح ایمان لانا حسب تعلیم انبیاء ضروری تھا وہ ایمان نہ رکھتا تھا) اور (خود تو کسی کو کیا دیتا اوروں کو بھی) غریب آدمی کے کھلانے کی ترغیب نہ دیتا تھا (یہاں اطعام اور حض سے مراد مرتبہ واجبہ ہے اور اس کے ترک سے مراد وہ ترک جس کا سبب عدم

www.besturdubooks.net

ایمان ہو۔ حاصل یہ کہ خدا کی عظمت اور مخلوق کی شفقت جو اصل عبادات متعلقہ حقوق اللہ وحقوق العباد ہیں یہ دونوں کا تارک اور منکر تھا اس لئے مستحق عذاب ہوا) سو آج اس شخص کا نہ کوئی دوست دار ہے اور نہ اس کو کوئی کھانے کی چیز نصیب ہے بجز زخموں کے دھوون کے (یعنی بجز ایک ایسی چیز کے جو کراہت وصورت میں مثل غسلین کے ہوگا اور یہ حصر اضافی ہے اور مقصود اس سے نفی ہے اطعمۂ مرغوبہ کی ورنہ زقوم وغیرہ کا ہونا خود آیات سے ثابت ہے غرض اُن کا طعام غسلین ہو گا) جس کو بجز بڑے گنہگاروں کے کوئی نہ کھاوے گا (آگے قرآن کی حقانیت ارشاد فرمائی جاتی ہے جو ناطق ہے مجازات مذکورہ بالا کے ساتھ اور اُس کی تکذیب بھی موجب تعذیب مذکور ہے۔

اثبات حقیت قرآن ورسالت: پھر (بعد بیان مضمون مجازات کے) میں قسم کھاتا ہوں اُن چیزوں کی بھی جن کو تم دیکھتے ہو اور اُن چیزوں کی بھی جن کو تم نہیں دیکھتے (کیونکہ بعض مخلوقات بالفعل یا بالقوہ مدرک بالبصر ہیں اور بعض مخلوقات بالفعل یا بالقوہ مدرک بالبصر نہیں اس قسم کو مقصود سے ایک خاص مناسبت ہے کہ قرآن مجید کا لانے والا نظر نہ آتا تھا اور جن پر قرآن آتا تھا وہ نظر آتے تھے یعنی تمام مخلوق کی قسم ہے) کہ قرآن (اللہ کا) کلام ہے ایک معزز فرشتہ کا لایا ہوا (پس جس پر آیا وہ ضرور رسول ہے) اور یہ کسی شاعر کا کلام نہیں ہے (جیسا کفار آپ کو شاعر کہتے تھے مگر) تم بہت کم ایمان لاتے ہو (یہاں قلت سے مراد عدم ہے) اور نہ یہ کسی کاہن کا کلام ہے (جیسا بعض کفار آپ کو کہتے تھے مگر) تم بہت کم سمجھتے ہو (یہاں بھی قلت سے مراد عدم ہے غرض یہ نہ شعر ہے نہ کہانت ہے بلکہ) رب العالمین کی طرف سے بھیجا ہوا (کلام) ہے اور (آگے اس کی حقانیت کی ایک دلیل عقلی ارشاد ہوتی ہے کہ) اگر یہ (پیغمبر) ہمارے ذمہ کچھ (جھوٹی) باتیں لگا دیتے (یعنی جو کلام ہمارا نہ ہوتا اس کو ہمارا کلام کہتے اور جھوٹا دعویٰ نبوت کا کرتے) تو ہم ان کا داہنا ہاتھ پکڑتے پھر ہم ان کی رگ دل کاٹ ڈالتے پھر تم میں کوئی ان کا اس سزا سے بچانے والا بھی نہ ہوتا (رگ دل کاٹنے سے آدمی مر جاتا ہے مراد اس سے قتل ہے اور سورۂ ق میں جان کو رگ گردن سے تعبیر فرمایا اور یہاں رگ دل سے جس سے ظاہراً مراد شرائین ہیں جن کا منبت قلب ہے۔ بات یہ ہے کہ اسی رگ قلب کی شاخیں گردن تک بھی پہنچی ہیں پس دونوں تعبیروں کا حاصل ایک ہی ہے اور اگر وہ مراد ہوں جن کا منبت کبد ہے اور وہ دل میں سے ہو کر بدن میں پھیل گئی ہیں اور اس لئے اُس کو رگ دل کہہ دیا ہو تو اُس کی شاخ بھی گردن میں گئی ہے اور قاعدہ ہے کہ قتل کے وقت جلاد ایک ہاتھ سے مجرم کا ہاتھ پکڑتا ہے اور دوسرے ہاتھ سے گردن مارتا ہے اور چونکہ قتل کرتا ہے داہنے ہاتھ سے تو مجرم کا ہاتھ پکڑے گا بائیں ہاتھ سے اور اُس کے بائیں ہاتھ کے مقابل مجرم کا داہنا ہاتھ ہوگا تو وہی پکڑا جاوے گا اور یہ کنایہ ہے اماتت سے نفساً یا حجۃً یعنی جھوٹا مدعی نبوت مؤید بالحجۃ نہیں ہوتا بلکہ یا ہلاک ہوتا ہے یا ظہور کذب سے رُسوا وذلیل ہوتا ہے پس مطلق اماتت کو اخذ یمین قطع وتین سے تشبیہاً تعبیر فرما دیا گیا کما فی الخازن فکان کمن قطع وتینہ) اور بلاشبہ یہ قرآن متقیوں کے لئے نصیحت ہے (یعنی فی نفسہ حق ہونا اُس کی صفت کمالیہ ذاتیہ ہے اور موجب نصیحت ہونا اُس کی صفت کمالیہ اضافیہ ہے) اور (آگے مکذبین کی وعید ہے کہ) ہم کو معلوم ہے کہ تم میں سے بعضے تکذیب کرنے والے بھی ہیں (پس ہم اُن کو اس کی سزا دیں گے) اور (اس اعتبار سے) یہ قرآن کافروں کے حق میں موجب حسرت ہے (کیونکہ اُن کے لئے بواسطہ تکذیب سبب تعذیب ہو گیا) اور یہ قرآن تحقیقی یقینی بات ہے سو (جس کا یہ کلام ہے) اپنے (اُس) عظیم الشان پروردگار کے نام کی تسبیح (وتحمید) کیجئے (وقد مر فی الواقعة)۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا...... اسی طرح مدعی ولایت ہلاک کیا جاتا ہے مگر نبوت ایک امر ظاہر ہے اس کا مدعی کاذب ظاہراً بھی ہلاک ہوتا ہے اور ولایت امر باطنی ہے اس کا مدعی کاذب باطناً ہلاک ہوتا ہے۔ جس کو اہل باطن ادراک کرتے ہیں اُس کے آثار ظلمات وخذلان ہیں پس جب اہل اللہ کو کسی مدعی سے نفور دیکھو اس سے بچو۔ سورۃ الحاقہ تمام ہوئی۔

الحواشی: (۱) اذن ہر چند کہ مفرد ہے لیکن چونکہ نکرہ قرائن مقام سے گا ہے اثبات میں بھی عام ہو جاتا ہے یہ ترجمہ اس پر مبنی ہے کما فی قولہ تعالیٰ ولتنظر نفس ما قدمت لغد وقولہ تعالیٰ علمت نفس ما احضرت ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في الملك فرشتے فيه اشارة الى انه للجنس ۱۲ ۲ قوله في ما اسلفتم باميد صلہ الخ اشار به الى معنى الاسلاف وهو تقديم ما ترجو ان يعود عليك بخير ۱۲۔

اللغات: طاغية اى الواقعة المجاوزة للحد وهو الصيحة عاتية شديدة العطف والعتو في الاصل مجاوزة الحد حسوما متابعات من حسمت الدابة اذا تابعت كيها على الدا وكرة بعد اخرى فهو مجاز مرسل من استعمال المقيد في الطلق خاوية ساقطة او خالية باقية نفس باقية هاؤم اسم لفعل خذ۔ صلوه من التصلية بمعنى الادخال فاسلكوه ادخلوه وهو ان تلف على جسده وتلوى عليه من جميع جهاته فيبقى لا يتحرك ۱۲۔ قوله طعام المسكين اسم لا طعام كالعطاء بمعنى الاعطاء كذا في الروح غسلين ما يجرى من

www.besturdubooks.net

الجراح اذا غسلت الوتين عرق في القلب اذا انقطع مات صاحبه كذا في القاموس وفي الروح عن مجاهد انه الحبل الذي في الظهر وهو النخاع وقال الكلبي عرق بين العلياء وهي عصب العنق والحلقوم وقيل عرق غليظ تصادفه شفرة الناحر ۱۲۔

النحو: قوله الحاقة مبتدأ ما الحاقة مبتدأ وخبر ثم المجموع خبر للمبتدأ الاول وقال جار الله في قوله تعالىٰ ما ادراك ما الحاقة ما في موضع الرفع على الابتداء وادراك معلق عنه لتضمنه معنى الاستفهام ۱۲۔ قوله يليتها اى الموتة الاولىٰ ۱۲۔ قوله فلا اقسم الفاء للتعقيب الذكرى قوله فما منكم الخ في اعراب القرآن من زائدة واحد مبتدأ ومنكم حال عنه وحاجزين خبر جمع حاجزين على معنى احد (لكونه في سياق النفي) وجر على لفظه آه ملخصا ۱۲۔

البلاغۃ: نفخة واحدة قال ابو السعود انما حسن اسناد الفعل الى المصدر لتقييده وحسن تذكيره للفعل آه واما تقييده بالواحدة فلما ان دلالة النفخة على المرة مقصودة والدلالة على النفخ اتفاقية وحدوث الامر العظيم بها وعلى عقبها انما استعظم من حيث وقوع النفخ مرة واحدة لا من حيث انه نفخ فنبه على ذلك بقوله سبحانه واحدة كذا في الروح ۱۲۔ قوله تؤمنون وتذكرون ذكر الايمان مع نفي الشاعرية والتذكر مع نفي الكاهنية لما ان عدم مشابهة القرآن للشعر امر ظاهر لان مضامين القرآن محققة والاشعار متخيلة فلا يحتاج الى التامل بخلاف الكهانة فانه قد يكون فيها ايضًا امور محققة واخبار آتية فيحتاج في الفرق بينها وبين القرآن الى التامل۔

www.besturdubooks.net

سورۃ المعارج

سورۃ المعارج ۷۰ مکیۃ ۷۹ | بسم اللہ الرحمن الرحیم | آیاتہا ۴۴ رکوعاتہا ۲

سورۃ المعارج مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۴۴ آیات اور ۲ رکوع ہیں

سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَاقِعٍ ﴿١﴾ لِلْكَافِرِينَ لَيْسَ لَهُ دَافِعٌ ﴿٢﴾ مِنَ اللَّهِ ذِي الْمَعَارِجِ ﴿٣﴾ تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ
وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ ﴿٤﴾ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيلًا ﴿٥﴾ إِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيدًا ﴿٦﴾ وَنَرَاهُ
قَرِيبًا ﴿٧﴾ يَوْمَ تَكُونُ السَّمَاءُ كَالْمُهْلِ ﴿٨﴾ وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ﴿٩﴾ وَلَا يَسْأَلُ حَمِيمٌ حَمِيمًا ﴿١٠﴾
يُبَصَّرُونَهُمْ ۚ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِي مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ ﴿١١﴾ وَصَاحِبَتِهِ وَأَخِيهِ ﴿١٢﴾ وَفَصِيلَتِهِ
الَّتِي تُؤْوِيهِ ﴿١٣﴾ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ يُنْجِيهِ ﴿١٤﴾ كَلَّا ۖ إِنَّهَا لَظَىٰ ﴿١٥﴾ نَزَّاعَةً لِلشَّوَىٰ ﴿١٦﴾ تَدْعُو
مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلَّىٰ ﴿١٧﴾ وَجَمَعَ فَأَوْعَىٰ ﴿١٨﴾ إِنَّ الْإِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوعًا ﴿١٩﴾ إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا ﴿٢٠﴾ وَإِذَا مَسَّهُ
الْخَيْرُ مَنُوعًا ﴿٢١﴾ إِلَّا الْمُصَلِّينَ ﴿٢٢﴾ الَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ دَائِمُونَ ﴿٢٣﴾ وَالَّذِينَ فِي أَمْوَالِهِمْ
حَقٌّ مَعْلُومٌ ﴿٢٤﴾ لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ ﴿٢٥﴾ وَالَّذِينَ يُصَدِّقُونَ بِيَوْمِ الدِّينِ ﴿٢٦﴾ وَالَّذِينَ هُمْ مِنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ
مُشْفِقُونَ ﴿٢٧﴾ إِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَأْمُونٍ ﴿٢٨﴾ وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ ﴿٢٩﴾ إِلَّا عَلَىٰ أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا
مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ ﴿٣٠﴾ فَمَنِ ابْتَغَىٰ وَرَاءَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْعَادُونَ ﴿٣١﴾ وَالَّذِينَ هُمْ
لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ ﴿٣٢﴾ وَالَّذِينَ هُمْ بِشَهَادَاتِهِمْ قَائِمُونَ ﴿٣٣﴾ وَالَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ ﴿٣٤﴾
أُولَٰئِكَ فِي جَنَّاتٍ مُكْرَمُونَ ﴿٣٥﴾ فَمَالِ الَّذِينَ كَفَرُوا قِبَلَكَ مُهْطِعِينَ ﴿٣٦﴾ عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ الشِّمَالِ ع ۷
عِزِينَ ﴿٣٧﴾ أَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِنْهُمْ أَنْ يُدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيمٍ ﴿٣٨﴾ كَلَّا ۖ إِنَّا خَلَقْنَاهُمْ مِمَّا يَعْلَمُونَ ﴿٣٩﴾ فَلَا
أُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ إِنَّا لَقَادِرُونَ ﴿٤٠﴾ عَلَىٰ أَنْ نُبَدِّلَ خَيْرًا مِنْهُمْ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوقِينَ ﴿٤١﴾
فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّىٰ يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي يُوعَدُونَ ﴿٤٢﴾ يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ

www.besturdubooks.net

سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ يُّوْفِضُوْنَ ﴿۴۳﴾ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۴﴾ ع ۸

ایک درخواست کرنے والا (براہ انکار) اس عذاب کی درخواست کرتا ہے جو کہ کافروں پر واقع ہونے والا ہے (اور) جس کا کوئی دفع کرنے والا نہیں (اور) یہ اللہ کی طرف سے واقع ہوگا جو کہ سیڑھیوں کا (یعنی آسمانوں کا) مالک ہے (جن سیڑھیوں سے) فرشتے اور (اہل ایمان کی) روحیں اس کے پاس چڑھ کر جاتی ہیں اور وہ عذاب ایسے دن ہوگا جس کی مقدار دنیا کے پچاس ہزار سال کی (برابر) ہے سو آپ (ان کی مخالفت پر) صبر کیجئے اور صبر بھی ایسا جس میں شکایت کا نام نہ ہو یہ لوگ اس دن کو (بوجہ اعتقاد نفی کے وقوع سے) بعید دیکھ رہے ہیں اور ہم اس کو (وقوع سے) قریب دیکھ رہے ہیں۔ وہ عذاب اس دن واقع ہوگا جس دن کہ آسمان تلچھٹ کی طرح ہو جائے گا اور (اس روز) پہاڑ رنگین اون کی طرح (جو کہ دھنی ہوئی ہو) ہو جائیں گے (یعنی اڑتے پھریں گے اور اس دن) کوئی دوست کسی دوست کو نہ پوچھے گا باوجودیکہ ایک دوسرے کو دکھا بھی دیئے جائیں گے (اور اس روز) مجرم (یعنی کافر) اس بات کی تمنا کرے گا کہ اس روز کے عذاب سے چھوٹنے کے لئے اپنے بیٹیوں کو اور بیوی کو اور بھائی کو اور کنبہ کو جن میں وہ رہتا تھا اور تمام اہل زمین کو اپنے فدیہ میں دے دے پھر یہ (فدیہ میں دینا) اس کو (عذاب سے) بچالے یہ ہرگز نہ ہوگا (بلکہ) وہ آگ ایسی شعلہ زن ہے جو کھال (تک) اتار دے گی اور وہ اس شخص کو خود بلائے گی جس نے (دنیا میں حق سے) پیٹھ پھیر لی ہوگی اور اطاعت سے بے رخی کی ہوگی اور جمع کیا ہوگا پھر اس کو اٹھا اٹھا رکھا ہوگا۔ انسان کم ہمت پیدا ہوا ہے (یعنی) جب اس کو تکلیف پہنچتی ہے تو (حد اباحت سے زیادہ) جزع فزع کرتا ہے اور جب اس کو فارغ البالی ہوتی ہے تو (حقوق ضروریہ سے) بخل کرنے لگتا ہے مگر وہ نمازی (یعنی مومن) جو اپنی نماز پر برابر توجہ رکھتے ہیں اور جن لوگوں کے مالوں میں سوالی اور بے سوالی سب کا حق ہے اور قیامت کے دن کا اعتقاد رکھتے ہیں اور جو اپنے پروردگار کے عذاب سے ڈرنے والے ہیں (اور) واقعی ان کے رب کا عذاب بے خوف ہونے کی چیز نہیں (یہ جملہ معترضہ کے طور پر ہے) اور جو اپنی شرمگاہوں کو حرام سے محفوظ رکھنے والی ہیں لیکن اپنی بیویوں سے یا اپنی (شرعی لونڈیوں سے حفاظت نہیں کرتے) کیونکہ ان پر (اس میں) کوئی الزام نہیں ہاں جو اس کے علاوہ اور جگہ شہوت رانی کا طلب گار ہو ایسے لوگ حد (شرعی) نکلنے والے ہیں اور جو اپنی (سپردگی میں لی ہوئی امانتوں اور اپنے عہد کا خیال رکھنے والے ہیں اور جو اپنی گواہیوں کو ٹھیک ٹھیک ادا کرتے ہیں اور جو اپنی (فرض) نمازوں کی پابندی کرتے ہیں (بس) ایسے لوگ بہشتوں عزت سے داخل ہوں گے۔ تو کافروں کو کیا ہو گیا ہے کہ (ان مضامین کی تکذیب کرنے کے لئے) آپ کی طرف کو داہنے اور بائیں سے جماعتیں بن بن کر دوڑے آ رہے ہیں کیا ان میں ہر شخص ہوس رکھتا ہے کہ وہ آسائش کی جنت میں داخل کر لیا جائے گا یہ ہرگز نہ ہوگا ہم نے ان کو ایسی چیز سے پیدا کیا جس کی ان کو خبر بھی ہے پھر (دوسرے طور پر وقوع قیامت کے لئے) میں قسم کھاتا ہوں مشرقوں اور مغربوں کے مالک کی کہ ہم اس پر قادر ہیں کہ (دنیا ہی میں) ان کی جگہ ان سے بہتر لوگ لے آئیں (یعنی پیدا کر دیں) اور ہم (اس سے) عاجز نہیں ہیں تو آپ ان کو اسی شغل اور تفریح میں رہنے دیجئے یہاں تک کہ ان کو اپنے اس دن سے سابقہ واقع ہو جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے جس دن یہ قبروں سے نکل کر اس طرح دوڑیں گے جیسے کسی پرستش گاہ کی طرف دوڑے جاتے ہیں (اور) ان کی آنکھیں (مارے شرمندگی کے) نیچے کو جھکی ہوں گی (اور) ان پر ذلت چھائی ہوگی (بس) یہ ہے کہ ان کا وہ دن جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا تھا (جو کہ اب واقع ہوا)۔

تفسیر: سورة المعارج مكية وهى اربع واربعون اية ۔ **ربط:** اس میں بھی مثل سورۂ حاقہ کے مجازات کا اور بعض اعمال موجبہ مجازات کا بیان ہے۔

مجازاۃ وبعض موجبات آن: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ۙ (الى قوله تعالى) ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۴﴾۔

وقوع وواقعات قیامت: ایک[1] درخواست کرنے والا (براہ انکار) اُس عذاب کی درخواست کرتا ہے جو کہ کافروں پر واقع ہونے والا ہے (اور) جس کا کوئی دفع کرنے والا نہیں (اور) جو اللہ کی طرف سے واقع ہوگا جو کہ سیڑھیوں کا (یعنی آسمانوں کا) مالک ہے (جن سیڑھیوں سے) فرشتے اور (اہل ایمان کی) روحیں اُس کے پاس چڑھ کر جاتی ہیں (اس کے پاس سے مراد یہ ہے کہ عالم بالا میں جو موقع ان کے عروج کا منتہا مقرر کیا گیا ہے اور چونکہ اُس عروج کا راستہ آسمان ہیں اس لئے اُن کو معارج فرمادیا اور وہ عذاب) ایسے دن میں (واقع) ہوگا جس کی مقدار (دنیا کے) پچاس ہزار سال (کے برابر) ہے (مراد قیامت کا دن ہے کہ کچھ امتداد سے کچھ اشتداد سے کفار کو اس قدر طول محسوس ہوگا اور چونکہ حسب تفاوت مراتب کفر اشتداد میں تفاوت ہوگا اس لئے ایک آیت میں **كالف سنة** آیا ہے اور کافروں کی تخصیص اس لئے کی کہ حدیث میں ہے کہ مؤمن کو وہ دن اس قدر ہلکا معلوم ہوگا جیسے فرض نماز پڑھ لیتا ہے **كذا فى الدر عن ابى سعيد مرفوعاً برواية احمد والبيهقى وغيرهما**) سو (جب عذاب کا آنا ثابت ہے تو) آپ (ان کی مخالفت پر) صبر کیجئے اور صبر بھی ایسا جس میں شکایت کا نام نہ ہو (یعنی ان کے کفر و خلاف سے ایسے تنگ نہ ہو جئے کہ شکایت حکایت زبان پر آ جاوے بلکہ یہ سمجھ کر تحمل کیجئے کہ ان کو سزا ہونے والی ہے اور اس یوم سزا کا جو ان کو انکار ہے سو) یہ لوگ اُس دن کو (بوجہ تعلق علم بالوقوع کے) اُس کو (وقوع سے) قریب دیکھ رہے ہیں (اور وہ عذاب اُس روز واقع ہوگا) جس دن (کہ) آسمان (رنگ میں) تیل کی تلچھٹ کی طرح ہو جاوے گا (اور ایک آیت میں **كالدهان** ہے جس کی تفسیر ادیم احمر سے کی گئی ہے تو جمع دونوں میں

www.besturdubooks.net

یہ ہے کہ شدت حمرت سے سواد کے مشابہ رنگ پیدا ہوتا ہے پس احمر اور اسود دونوں کہنا صحیح ہے۔ یا اول ایک رنگ ہو پھر دوسرا بدل جاوے **کما نقل ابن کثیر فی الرحمٰن عن الحسن تتلون الوانا** اور اگر اُس کی تفسیر بھی مثل بعض کے دردی زیت سے کی جاوے تو دونوں کا مفہوم متحد ہو جاوے گا غرض آسمان سیاہ ہو جاوے گا اور پھٹ بھی جاوے گا) اور پہاڑ رنگین اون کی طرح (جو کہ دُھنکی ہوئی ہو لقولہ تعالیٰ: كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ [القارعة : ۵]) ہو جاویں گے (یعنی اُڑتے پھریں[۲] گے اور رنگین سے تشبیہ اس لئے دی گئی کہ پہاڑ بھی مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں **کما ھو المذکور فی قولہ تعالٰی** : وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ [فاطر : ۲۷]) اور (اُس روز) کوئی دوست کسی دوست کو نہ پوچھے گا (کقولہ تعالیٰ: لَا يَتَسَآءَلُوْنَ) باوجودیکہ ایک دوسرے کو دکھا بھی دیئے جاویں گے (یعنی ایک دوسرے کو دیکھیں گے مگر کوئی کسی کی ہمدردی نہ کرے گا اور سورۂ صافات میں تساءل کا ثابت بمعنی اختلاف اس کے معارض نہیں اور اُس روز) مجرم (یعنی کافر) اس بات کی تمنا کرے گا کہ اُس روز کے عذاب سے چھوٹنے کے لئے اپنے بیٹوں کو اور بیوی کو اور بھائی کو اور کنبہ کو جن میں وہ رہتا تھا اور تمام اہل زمین کو اپنے فدیہ میں دے دے پھر یہ (فدیہ میں دے دینا) اُس کو (عذاب) سے بچالے (یعنی اُس روز ایسی نفسانفسی ہو گی کہ ہر شخص کو اپنی فکر پڑ جاوے گی اور جن پر جان دیتا تھا اُن کو اپنے عوض میں سپرد کر دینے کو اگر اس کے قابو کی بات ہو گوارا کر لے گا لیکن) یہ ہرگز نہ ہو گا (یعنی نجات عن العذاب مطلقاً نہ ہوگی بلکہ) وہ آگ ایسی شعلہ زن ہے جو کھال) تک (اُتار دے گی (اور) وہ اُس شخص کو (خود) بلاوے گی جس نے (دنیا میں حق سے پیٹھ پھیری ہوگی اور (طاعت سے) بے رخی کی ہوگی اور (دوسروں کا حق مار مار کر یا براہ حرص مال) جمع کیا ہو گا پھر اُس کو اُٹھا اُٹھا رکھا ہو گا (مطلب یہ کہ حقوق اللہ و حقوق العباد کو تلف کیا ہو گا یہ اشارہ ہے فساد عقائد و فساد اخلاق کی طرف اور بُلانا معنی حقیقی پر محمول ہو سکتا ہے خلاصہ یہ کہ ایسے صفات موجب استحقاق نار ہیں اور اُس مجرم میں یہ صفات پائی جاتی تھیں پھر نجات عن العذاب کب متصور ہے اور : جَمَعَ فَاَوْعٰی[۲] سے کفار کا مکلف بالفروع ہونا لازم نہیں آتا کیونکہ ان رذائل سے کفار کو نفس عذاب نہ ہو گا بلکہ اشد ادعذاب ہو گا اور نفس عذاب کفر پر ہو گا بخلاف عُصاۃ مؤمنین کے کہ اُن کو معاصی پر نفس عذاب بھی ہو سکتا ہے واللہ اعلم۔ آگے دوسرے رذائل موجبہ للعقاب کا اور اُس سے استثناء اہل ایمان کا اور ثمرہ استثناء کا یعنی ثواب کا بیان ہے۔

استثنائے مؤمنین مطیعین از موجبات عقاب و تبشیر ایشان بثواب: (یعنی) انسان کم ہمت پیدا ہوا ہے (مراد انسان سے بعد انضمام استثناء کے کافر ہے اور پیدا ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ پیدائش کے وقت سے وہ ایسا ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ ایسی حالت پر مجبول ہوا ہے کہ وہ اپنے وقت پر پہنچ کر ہلوع ہوتا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ ہلوع ہونے کے جو اسباب ہیں وہ بوسائط مستند ہوتے ہیں امور خلقیہ کی طرف گو توسط اختیار کی وجہ سے عدم مواخذہ میں اُن کا حکم اور خلقیہ کا سا نہیں پس کم ہمتی سے مراد طبعی کم ہمتی نہیں ہے بلکہ کم ہمتی کے آثار ذمیمہ اختیار یہ مراد ہیں جن کو آگے بیان فرماتے ہیں یعنی) جب اُس کو تکلیف پہنچتی ہے تو (حد اباحت سے زیادہ) جزع فزع کرنے لگتا ہے اور جب اُس کو فارغ البالی ہوتی ہے تو (حقوق ضروریہ سے) بخل کرنے لگتا ہے (یہ تتمہ ہو گیا موجبات للعقاب کو جو **من ادبر** سے شروع ہوئے ہیں) مگر وہ نمازی (یعنی مؤمن ان موجبات عقاب سے مستثنیٰ ہیں) جو اپنی نماز پر برابر توجہ رکھتے ہیں (یعنی نماز میں ظاہراً یا باطناً دوسری طرف توجہ نہیں کرتے جس کو : قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ [المؤمنون : ۱] میں خَاشِعُوْنَ [المؤمنون : ۲] سے تعبیر فرمایا ہے **کذا نقل ابن کثیر عن عقبۃ بن عامر بقولہ الدائم الساکن وعنہ فی الدر المنثور اذا صلوا لم یلتفتوا عن یمین ولا شمال**) اور جن کے مالوں میں سوالی اور بے سوالی سب کا حق ہے (اس کے متعلق مضمون سورۂ ذاریات میں گزر چکا) اور جو قیامت کے دن کا اعتقاد رکھتے ہیں اور جو اپنے پروردگار کے عذاب سے ڈرنے والے ہیں (اور) واقعی ان کے رب کا عذاب بے خوف ہونے کی چیز نہیں (یہ جملۂ معترضہ کے طور پر ہے) اور جو اپنی شرمگاہوں کو (حرام سے) محفوظ رکھنے والے ہیں لیکن اپنی بیبیوں سے یا اپنی (شرعی) لونڈیوں سے (حفاظت نہیں کرتے) کیونکہ اُن پر (اس میں) کوئی الزام نہیں ہاں جو اس کے علاوہ (اور جگہ شہوت رانی کا) طلب گار ہو ایسے لوگ حد (شرعی سے) نکلنے والے ہیں اور جو اپنی (سپردگی میں لی ہوئی) امانتوں اور اپنے عہد کا خیال رکھنے والے ہیں اور جو اپنی گواہیوں کو ٹھیک ٹھیک ادا کرتے ہیں (اُن میں کمی و بیشی نہیں کرتے) اور جو اپنی (فرض) نماز کی پابندی کرتے ہیں (پس) ایسے لوگ بہشتوں میں عزت سے داخل ہوں گے (ان آیات کی تفسیر سورۂ مؤمنین میں دیکھ لی جاوے آگے کفار کی حالت کا استغراب اور وقوع قیامت کا دفع استبعاد فرماتے ہیں۔

غرابتِ حال اہل عناد و دفع استبعاد معاد: (یعنی موجبات سعادت و شقاوت تو اوپر بدلالت واضحہ معلوم ہو چکے) تو (معلوم بالدلیل ہونے کے بعد پھر) کافروں کو کیا ہوا کہ (ان مضامین کی تکذیب کے لئے) آپ کی طرف کو داہنے اور بائیں سے جماعتیں بن بن کر دوڑے آ رہے ہیں (یعنی چاہیے تو یہ تھا کہ ان مضامین کی تصدیق کرتے لیکن یہ لوگ متفق ہو ہو کر آپ کے پاس اس غرض سے آتے ہیں کہ ان مضامین کی تکذیب اور اُن کے ساتھ استہزاء کریں جیسا کفار عرب نبوت کی خبریں سُن سُن کر اسی غرض سے آتے تھے اور اسلام کو باطل سمجھنے کے ساتھ اپنے کو حق پر سمجھتے تھے اور حق ہونے کا ثمرہ جنت میں جانا ہے پس اس بناء پر وہ اپنے کو مستحق جنت بھی سمجھتے تھے۔ کقولہ تعالیٰ: وَلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى [حٰمٓ السجدۃ : ۵۰] اس لئے اس کے متعلق بطور انکار

www.besturdubooks.net

فرماتے ہیں کہ) کیا ان میں ہر شخص اس کی ہوس رکھتا ہے کہ وہ آسائش کی جنت میں داخل کر لیا جاوے گا یہ ہرگز نہ ہوگا (کیونکہ موجبات نار کے ہوتے ہوئے جنت کیسے مل جاوے گی اور ان مضامین کی تکذیب میں نفس قیامت کی بھی تکذیب کرتے اور اُس کو مستحیل سمجھتے تھے آگے اس کے متعلق ارشاد ہے کہ ان کا استبعاد سفہ محض ہے کیونکہ) ہم نے ان کو ایسی چیز سے پیدا کیا ہے جس کی ان کو بھی خبر ہے (پس جب ان کو معلوم ہے کہ نطفہ سے آدمی کو بنایا ہے اور ظاہر ہے کہ نطفہ سے کہ جس میں کبھی حیات نہیں آئی آدمی تک جتنا بُعد ہے اُس قدر اجزائے میت سے کہ جن میں ایک بار حیات آچکی ہے دوسری بار آدمی بننے تک بُعد نہیں ہے تو اس کو مستحیل سمجھنا ان کی سفاہت ہے) پھر (دوسرے طور پر دفع استبعاد وقوع قیامت کے لئے) میں قسم کھاتا ہوں مشرقوں اور مغربوں کے مالک کی (معنی اس کے سورۂ صافات کے شروع میں گزرے ہیں آگے جواب قسم ہے) کہ ہم اس پر قادر ہیں کہ (دنیا ہی میں) ان کی جگہ ان سے بہتر لوگ لے آئیں (یعنی پیدا کر دیں) اور ہم (اس سے) عاجز نہیں ہیں (پس جب نئی مخلوق اور وہ بھی ایسی جس میں صفات کمال زیادہ ہوں جن میں زیادہ اشیاء پیدا کرنا پڑیں ہم کو پیدا کرنا آسان ہے تو تم کو دوبارہ پیدا کرنا کون مشکل ہے۔ اول استدلال خود ان منکرین کی حالت کے اعتبار سے ہے اور دوسرا استدلال ان کے امثال ونظائر کے امکان مخلوقیت سے۔ اور جب یہ باوجود وضوح حق مع الدلائل کے اپنے انکار وعناد سے باز نہیں آتے) تو آپ ان کو اسی شغل اور تفریح میں رہنے دیجئے یہاں تک کہ ان کو اُس دن سے سابقہ واقع ہو جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے جس دن یہ قبروں سے نکل کر اس طرح دوڑیں گے جیسے کسی پرستش گاہ کی طرف دوڑے جاتے ہیں (اور) ان کی آنکھیں (مارے شرمندگی کے) نیچے کو جھکی ہوں گی (اور) اُن پر ذلت چھائی ہوگی (بس) یہ ہے اُن کا وہ دن جس کا اُن سے وعدہ کیا جاتا تھا (جو کہ اب واقع ہوا)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ۙ (الی قولہ تعالی) اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۙ ...... مصلین الی آخرہ کا ہلوع یعنی ضعیف القلب نہ ہونا دلیل ہے اس کی کہ طاعات کو قوت قلب تحمل وشدائد میں تاثیر عظیم ہے اور اس کا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ سورۃ المعارج ختم ہوئی۔

الحواشی: (۱) یاد نہیں کہ وقت تحریر تفسیر اس کا شان نزول لکھنے سے کیسے رہ گیا اب لکھا جاتا ہے فی لباب النقول اخرج النسائی وابن ابی حاتم عن ابن عباسؓ فی قولہ سال سائل قال ہو نضر بن الحارث قال **اللّٰھم ان کان ھذا ھو الحق من عندك فامطر علینا حجارۃ من السماء** الآیہ حاصل توجیہ اس مقام کا یہ ہے کہ اس نضر بن الحارث نے براہ گستاخی قرآن کے حق ہونے کی صورت میں عذاب کی درخواست کی تھی جس سے مقصود عذاب عاجل تھا حق تعالیٰ نے اس مقام میں اول اُس کی حکایت درخواست کی نقل کی فرمائی پھر **فی یوم کان مقدارہ الخ** میں اس کا جواب اس طرح ارشاد فرمایا کہ یہاں کی سزا کیا سزا ہے خواہ وہ واقع ہو یا نہ ہو۔ اصلی سزا کا انتظار کر جو ایسے دن میں واقع ہوگی جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہوگی مراد یوم قیامت پس فی یوم کا عامل مقدر ہے **ای یقع العذاب بھم فی یوم الخ کذا فی الجلالین** اور لباب میں جو بروایت ابن ابی حاتم سدی سے اسی قصہ نضر میں وارد ہے **وکان عذابه یوم بدر اھ** تو وہ اس جواب کے منافی نہیں کہ عذاب اصلی کی تقیید بالقیامۃ سے عذاب غیر اصلی کے وقوع قبل القیامۃ کی نفی لازم نہیں آتی غیر اصلی عاجلاً ہو گیا اور اصلی آجلاً ۱۲ منہ۔ (۲) مقدار یوم قیامت کی ایک تحقیق عجیب سورۂ حج میں مذکور ہوئی ہے۔ وہاں ملاحظہ ہو۔

ملحقات الترجمۃ: ؎ **قولہ فی قانمون** ٹھیک ٹھیک **ماخوذ من الروح ففیہ مقیمون لھا بالعدل ۱۲۔**

اللغات: **قولہ العھن فی الروح الصوف دون تقیید او الاحمر او المصبوغ الوانا اقوال واختار جمع الاخیر وذلك لاختلاف الوان الجبال اھ۔ شوی جمع شواۃ جلدۃ الراس ۱۲۔**

النحو: **قولہ یوم تکون السماء بدل من فی یوم۔ قولہ یبصرونھم حال قولہ انھا راجع الی النار المدلول علیھا بالعذاب ۱۲ قولہ اذا مسه الشر متعلق۔ بجزوعا قولہ قبلك معمول لمھطعین کما فی المدارك۔**

البلاغۃ: **قولہ لا یسئل حمیم حمیما حذف مفعولہ الثانی ای عن حالہ ۱۲۔**

www.besturdubooks.net

سُورَةُ نُوحٍ

سُورَةُ نُوحٍ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۲۸ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۂ نوح مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۲۸ آیات اور ۲ رکوع ہیں

اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۱ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّىْ
لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۲ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَاَطِيْعُوْنِ ۝۳ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ
اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَاۗءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۴ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ دَعَوْتُ
قَوْمِىْ لَيْلًا وَّنَهَارًا ۝۵ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَاۗءِىْٓ اِلَّا فِرَارًا ۝۶ وَاِنِّىْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا
اَصَابِعَهُمْ فِىْٓ اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَاَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۝۷ ثُمَّ اِنِّىْ دَعَوْتُهُمْ
جِهَارًا ۝۸ ثُمَّ اِنِّىْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ وَاَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ۝۹ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۝۱۰
يُّرْسِلِ السَّمَاۗءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۝۱۱ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ
لَّكُمْ اَنْهٰرًا ۝۱۲ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ۝۱۳ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ۝۱۴ اَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ
سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۝۱۵ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ۝۱۶ وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ
مِّنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا ۝۱۷ ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا وَيُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ۝۱۸ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ۝۱۹
لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ۝۲۰ قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ اِنَّهُمْ عَصَوْنِىْ وَاتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهٗ وَوَلَدُهٗٓ اِلَّا
خَسَارًا ۝۲۱ وَمَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ۝۲۲ وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ڏ وَّلَا يَغُوْثَ
وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ۝۲۳ وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ڬ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ۝۲۴ مِمَّا خَطِيْۗـٰٔــتِهِمْ اُغْرِقُوْا
فَاُدْخِلُوْا نَارًا ڏ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ۝۲۵ وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ
الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ۝۲۶ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ۝۲۷ رَبِّ اغْفِرْ لِىْ

www.besturdubooks.net

وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿۲۸﴾ ع ۲

ہم نے نوح علیہ السلام کو ان کی قوم کے پاس پیغمبر بنا کر بھیجا تھا کہ تم اپنی قوم کو (وہاں کفر سے) ڈراؤ قبل اس کے کہ ان پر دردناک عذاب آئے انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ اے میری قوم میں تمہارے لئے صاف صاف ڈرانے والا ہوں اور کہتا ہوں کہ تم اللہ کی عبادت (یعنی توحید اختیار) کرو اور اس سے ڈرو اور میرا کہنا مانو تو وہ تمہارے گناہ معاف کر دے گا اور تم کو وقت مقرر (یعنی وقت موت) تک (بلا عقوبت) مہلت دے گا اللہ کا مقرر کیا ہوا وقت (ہے) جب (وہ) آئے گا تو ٹلے گا نہیں کیا خوب ہوتا کہ تم (ان باتوں کو) سمجھتے۔ (جب مدت ہائے دراز تک ان نصائح کا کچھ اثر نہ ہوا قوم پر تو نوح علیہ السلام نے (حق تعالیٰ سے) دعا کی اے میرے پروردگار میں نے اپنی قوم کو رات کو بھی اور دن کو بھی (دین کی حق کی طرف) بلایا سو میرے بلانے پر (دین سے) اور زیادہ بھاگتے رہے اور (وہ بھاگنا یہ ہوا کہ) میں نے جب کبھی ان کو دین حق کی طرف بلایا تا کہ (ان کے ایمان کے سبب) آپ ان کو بخش دیں تو ان لوگوں نے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں دے لیں (تا کہ حق بات کو سنیں ہی نہ) اور (نیز زیادتی کراہت سے) اپنے کپڑے اپنے اوپر لپیٹ لئے اور اصرار کیا اور (میری اطاعت سے) غایت درجہ کا تکبر کیا پھر (بھی) میں نے ان کو با آواز بلند بلایا پھر میں نے ان کو (خطاب خاص کے طور پر) اعلانیہ بھی سمجھایا اور بالکل خفیہ بھی سمجھایا اور (اس سمجھانے میں) میں نے (ان سے یہ) کہا کہ تم اپنے پروردگار سے گناہ بخشواؤ بے شک وہ بڑا بخشنے والا ہے کثرت سے تم پر بارش بھیجے گا اور تمہارے مال اور اولاد میں ترقی دے گا اور تمہارے لئے باغ لگا دے گا اور تمہارے لئے نہریں بہا دے گا (میں نے ان سے یہ بھی کہا کہ) تم کو کیا ہوا کہ تم اللہ کی عظمت کے معتقد نہیں ہو (ورنہ شرک نہ کرتے) حالانکہ اس نے تم کو طرح طرح سے بنایا کیا تم کو معلوم نہیں کہ اللہ نے کس طرح سات آسمان اوپر تلے پیدا کئے اور ان میں چاند کو نور (کی چیز) بنایا اور سورج کو (مثل) چراغ (روشن کے) بنایا اور اللہ نے تم کو زمین سے ایک خاص طور سے پیدا کیا پھر تم کو (بعد مرگ) زمین ہی میں لے جائے گا اور (قیامت میں پھر اسی زمین سے) تم کو باہر لے آئے گا اور اللہ تعالیٰ تمہارے لئے زمین کو (مثل) فرش (کے) بنایا تا کہ تم اس کے کھلے رستوں میں چلو۔ (اور یہ نسبت حکایت عرض کر کے) نوح علیہ السلام نے (یہ) کہا کہ اے میرے پروردگار ان لوگوں نے میرا کہنا نہیں مانا اور ایسے شخصوں کی پیروی کی کہ جن کے مال اور اولاد نے ان کو نقصان ہی زیادہ پہنچایا اور (انہوں نے جن کا اتباع کیا ہے وہ ایسے ہیں کہ) جنہوں نے (حق مٹانے میں) بڑی بڑی تدبیریں کیں اور جنہوں نے (اپنے تابعین سے) کہا کہ تم اپنے معبودوں کو ہرگز نہ چھوڑنا اور نہ (بالخصوص) ود کو اور نہ سواع کو اور نہ یغوث کو اور یعوق کو اور نسر کو چھوڑنا اور ان (رئیس) لوگوں نے بہتوں کو (بہکا بہکا کر) گمراہ کر دیا اور اب (آپ) ان ظالموں کی گمراہی کو اور بڑھا دیجئے۔ (ان لوگوں کا انجام یہ ہوا کہ) اپنے انہی گناہوں کے سبب وہ غرق کئے گئے پھر (بعد غرق کے) دوزخ میں داخل کئے گئے اور خدا کے سوا ان کو کوئی حمایتی بھی میسر نہ ہوئے اور نوح علیہ السلام نے (یہ بھی) کہا کہ اے پروردگار کافروں میں سے زمین پر ایک باشندہ بھی مت چھوڑ (کیونکہ) اگر آپ ان کو روئے زمین پر رہنے دیں گے تو آپ کے بندوں کو گمراہ کر دیں گے اور (آگے بھی) ان سے محض فاجر اور کافر ہی اولاد پیدا ہوگی اے میرے رب مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور جو مومن ہونے کی حالت میں میرے گھر میں داخل ہیں ان کو (یعنی اہل وعیال باستثنا زوجہ وکنعان) اور تمام مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بخش دیجئے اور ان ظالموں کی ہلاکت اور بڑھا دیجئے۔

تفسیر: سورۃ نوح مکیۃ وایھا تسع او ثمان وعشرون کذا فی البیضاوی۔

ربط: سورۂ سابقہ میں موجبات عقوبت کا بیان تھا ان میں سے ایک رسول کی تکذیب ہے اس سورت میں بضمن قصہ نوح علیہ السلام اس کا بیان ہے ونیز عقوبت اخرویہ مذکورہ سورت سابقہ کے ساتھ اس سورت میں کفر پر استحقاق عقوبت دنیویہ کا بھی اثبات ہے نیز حضور ﷺ کا اس میں تسلیہ بھی ہے کہ قوم نوح نے بھی تکذیب کی تھی۔

قصۂ نوح علیہ السلام با قوم او: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ (الی قولہ تعالی) وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿۲۸﴾ ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کے پاس (پیغمبر بنا کر) بھیجا تھا کہ تم اپنی قوم کو (وبال کفر سے) ڈراؤ قبل اس کے کہ ان پر دردناک عذاب آوے (یعنی ان سے کہو کہ اگر ایمان نہ لاؤ گے تو تم پر عذاب الیم آوے گا خواہ دنیوی یعنی طوفان یا اخروی یعنی دوزخ غرض) انہوں نے (اپنی قوم سے) کہا کہ اے میری قوم میں تمہارے لئے صاف صاف ڈرانے والا ہوں (اور کہتا ہوں) کہ تم اللہ کی عبادت (یعنی توحید اختیار) کرو اور اس سے ڈرو اور میرا کہنا مانو وہ تمہارے گناہ معاف کر دے گا (مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ کی تحقیق سورۂ احقاف میں گزر چکی) اور تم کو وقت مقرر (یعنی وقت موت) تک (بلا عقوبت) مہلت دے گا (یعنی ایمان نہ لانے پر جس عذاب کا مرنے سے پہلے وعدہ کیا جاتا ہے اگر ایمان لے آئے تو وہ عذاب نہ آوے گا اور باقی موت کے لئے جو) اللہ کا مقرر کیا ہوا وقت (ہے) جب (وہ) آجاوے گا تو ٹلے گا نہیں (یعنی موت تو آنا ہر حال میں ضروری ہے ایمان میں بھی اور کفر میں بھی لیکن دونوں حالتوں میں اتنا فرق ہے کہ ایک حالت میں علاوہ عذاب آجل کے عذاب عاجل بھی ہوگا اور ایک حالت میں مثل عذاب آجل کے عذاب عاجل سے بھی محفوظ رہو گے اور تخصیص نفی عذاب عاجل میں یہ نکتہ ہے کہ ایمان پر عذاب آجل سے تو محفوظ رہتی ہی ہے مگر بعض اوقات باوجود ایمان کے بھی دنیوی کلفتیں پیش آجاتی ہیں پس اس کی نفی

www.besturdubooks.net

سے ایمان لانے پر مزید فضل کا وعدہ ہو گیا اور اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ [العنکبوت : ۵] پر باوجود اس کے ظاہر ہونے کے متنبہ کرنے سے یہ بتلانا ہے کہ موت کے اشتراک سے کفر و ایمان کے ثمرات یکساں ہونے کا شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ موت تو بمقتضائے حکمت ضروری چیز ہے اس کا ٹلنا ثمرات سے ہے اور اس کا ترتب بھی ضروری ہے) کیا خوب ہوتا اگر تم (ان باتوں کو) سمجھتے (جب مدتہائے دراز تک ان نصائح کا کچھ اثر قوم پر نہ ہوا تو) نوح (علیہ السلام) نے (حق تعالیٰ سے) دعاء (اور التجا کی کہ اے میرے پروردگار میں نے اپنی قوم کو رات کو بھی اور دن کو بھی (دین حق کی طرف) بلایا سو میرے بلانے پر (دین حق کی طرف) بلایا تا کہ (ان کے ایمان کے سبب آپ ان کو بخش دیں تو ان لوگوں نے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں دے لیں (تا کہ حق بات کو سنیں بھی نہیں اور یہ غایت نفرت ہے) اور (نیز فرط کراہت سے انہوں نے) اپنے کپڑے (اپنے اوپر) لپیٹ لئے (تا کہ حق بات کہنے والے کو دیکھیں بھی نہیں اور کہنے والا بھی ان کو نہ دیکھے) اور (انہوں نے اپنے کفر و انکار پر) اصرار کیا اور میری اطاعت سے) غایت درجہ کا تکبر کیا (مگر باوجود اس تنفیر و تکبر کے) پھر (بھی میں ان کو مختلف طریقوں سے نصیحت کرتا رہا چنانچہ) میں نے ان کو (دین حق کی طرف) بآواز بلند بلایا (مراد اس سے خطاب و وعظ عام ہے جس میں عادۃً آواز بلند ہوتی ہے) پھر میں نے ان کو (خطاب خاص کے طور پر) علانیہ بھی سمجھایا اور ان کو بالکل خفیہ بھی سمجھایا۔ (یعنی جتنے طریقے محتمل النفع تھے سب ہی طرح سمجھایا غرض اوقات میں بھی عموم کیا گیا کما قال : لَيْلًا وَّ نَهَارًا ۙ اور کیفیات میں بھی کما قال ﴿ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ۙ﴾ اور (اس سمجھانے میں) میں نے (ان سے یہ) کہا کہ تم اپنے پروردگار سے گناہ بخشواؤ (یعنی ایمان لے آؤ تا کہ گناہ بخشے جائیں) بے شک وہ بخشنے والا ہے (اگر تم ایمان لے آؤ گے تو علاوہ اخروی نعمت کے کہ (مغفرت ہے دنیوی نعمتیں بھی تم کو عطا کرے گا چنانچہ) کثرت سے تم پر بارش بھیجے گا اور تمہارے مال اور اولاد میں ترقی دے گا اور تمہارے لئے باغ لگا دے گا اور تمہارے لئے نہریں بہا دے گا (ان نعمتوں کے ذکر سے شاید یہ فائدہ ہو کہ اکثر طبائع میں عاجل کی طلب زیادہ ہے پس یہ ادخل فی الترغیب ہے چنانچہ در منثور میں قتادہ کا قول ہے کہ وہ لوگ دنیا کے زیادہ حریص تھے اس لئے یہ فرمایا اور اس پر یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ بسا اوقات یہ امور دنیویہ ایمان و استغفار پر مرتب نہیں ہوتے بات یہ ہے کہ یا تو یہ وعدہ خاص ان ہی لوگوں کے لئے ہوگا اور یا عام ہو تو قاعدہ ہے کہ موعود سے افضل کوئی چیز مل جانا یہ بھی انجاز وعدہ ہے بلکہ مع شئ زائد ہے پس ایمان کامل پر روحانی مسرت وقناعت و رضا بالقضا ضرور عطا ہوتا ہے جو ان اشیاء سے بھی افضل و اکمل ہے بلکہ ان اشیاء کی غایت مقصودہ بھی یہی کیفیات ہیں۔ آگے نوح علیہ السلام کا تتمہ کلام ہے یعنی میں نے ان سے یہ بھی کہا کہ) تم کو کیا ہوا کہ تم اللہ تعالیٰ کی عظمت کے معتقد نہیں ہو (ورنہ شرک نہ کرتے) حالانکہ (مقتضیات اعتقاد عظمت کے موجود ہیں چنانچہ) اس نے تم کو طرح طرح سے بنایا (چنانچہ نطفہ سے پہلے عنصر پھر غذا کا مرتبہ ہے اور نطفہ کے بعد علقہ و مضغہ وغیرہ کا مرتبہ ہے اور یہ تو دلیل انفسی ہے آگے دلیل آفاقی فرماتے ہیں کہ) کیا تم کو معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح سات آسمان اوپر تلے پیدا کئے (وقد مر فی سوہ الطلاق) اور ان میں چاند کو نور (کی چیز) بنایا اور سورج کو (مثل) چراغ (روشن کے) بنایا (اور چاند کو سب آسمانوں میں نہیں ہے مگر فیهن باعتبار مجموعہ کے فرما دیا۔ اور اس کے متعلق کچھ سورۂ فرقان میں گزر چکا ہے) اور اللہ تعالیٰ نے تم کو زمین سے ایک خاص طور پر پیدا کیا (یا تو اس طرح کہ حضرت آدم مٹی سے بنائے گئے اور یا اس طرح کہ انسان نطفہ سے بنا اور نطفہ غذا سے اور غذا اعناصر سے بنی اور عناصر میں غالب اجزائے ارضیہ ہیں) پھر تم کو (بعد مرگ) پھر زمین ہی میں لے جاوے گا اور (قیامت میں پھر اسی زمین سے) تم کو باہر لے آوے گا اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے زمین کو (مثل) فرش (کے) بنایا تا کہ تم اس کے کھلے راستوں میں چلو (کیونکہ اس میں چلنا موقوف ہے امکان استقرار پر ورنہ بجائے مشی کے خسف وغرق ہوتا۔ یہ تمام تر وہ کلام ہے جس کی حکایت نوح علیہ السلام نے حق تعالیٰ سے بطور فریاد کے کی اور یہ سب حکایت عرض کر کے) نوح (علیہ السلام) نے (یہ) کہا کہ اے میرے پروردگار ان لوگوں نے میرا کہنا نہیں مانا اور ایسے شخصوں کی پیروی کی کہ جن کے مال اور اولاد نے ان کو نقصان ہی زیادہ پہنچایا (مراد ان شخصوں سے رؤسا ہیں جن کا عوام اتباع کیا کرتے ہیں اور مال اور اولاد کا ان رؤساء کو نقصان پہنچانا بایں معنی ہے کہ مال و اولاد سبب زیادت طغیان کا ہو گیا) اور (انہوں نے جن کا اتباع کیا وہ ایسے ہیں) جنہوں نے (حق کو مٹانے میں) بڑی بڑی تدبیریں کیں اور جنہوں نے (اپنے تابعین سے کہا کہ تم اپنے معبودوں کو ہرگز نہ چھوڑنا اور نہ (بالخصوص) ود کو اور سواع کو اور یغوث کو اور یعوق کو اور نسر کو چھوڑنا (خصوصیت ان کے ذکر کی اس لئے ہے کہ یہ بت زیادہ مشہور تھے) اور ان (رئیس) لوگوں نے بہتوں کو (بہکا بہکا کر) گمراہ کر دیا (وہ مکر کبار یہی اضلال اور ایصاء بالضلال ہے) اور چونکہ مجھ کو آپ کے ارشاد : لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ [هود : ۳۶] سے معلوم ہو گیا کہ یہ اب نہ ایمان لاویں گے اس لئے یہ بھی دعاء کرتا ہوں کہ) ان ظالموں کی گمراہی اور بڑھا دیجئے (تا کہ یہ لوگ مستحق ہلاکت ہو جاویں پس مقصود دعاء کرنا زیادہ ضلال کی نہیں بلکہ استحقاق ہلاکت کی ہے اور تحقیق اس دعاء کی سورۂ یونس قصہ موسیٰ علیہ السلام میں گزری ہے۔ غرض انجام ان لوگوں کا یہ ہوا کہ) اپنے ان ہی گناہوں کے سبب وہ غرق کئے گئے پھر (بعد غرق برزخی یا اخروی) دوزخ میں داخل کئے گئے اور خدا کے سوا ان کو کچھ حمایتی بھی میسر نہ ہوئے اور نوح (علیہ السلام) نے (یہ بھی) کہا کہ اے میرے پروردگار کافروں میں سے زمین پر ایک باشندہ بھی مت چھوڑ (بلکہ سب

www.besturdubooks.net

کو ہلاک کر دے اور عموم ہلاکت و عموم بعثت کی بحث سورۂ صافات میں گزر رہی ہے آگے اس دعاء کی علت ہے کیونکہ) اگر آپ ان کو روئے زمین پر رہنے دیں گے تو (حسب ارشاد لَنْ یُّؤْمِنَ ......) یہ لوگ آپ کے بندوں کو گمراہ کریں گے اور (آگے بھی) ان کے محض فاجر اور کافر ہی اولاد پیدا ہوگی (دعاؤں کے بیچ میں ان کے غرق کا حال بطور جملۂ معترضہ کے بیان فرمانا شاید تعجیل بیان استجابت دعاء یا استیجاب خطیات مذکورہ باللعقوبۃ کے لئے ہوا۔ اور کافروں کے لئے بد دعاء کرنے کے بعد مؤمنین کے لئے دعاء فرمائی کہ) اے میرے رب مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور جو مؤمن ہونے کی حالت میں میرے گھر میں داخل ہیں ان کو (یعنی اہل و عیال باستثناء زوجۂ کنعان) اور تمام مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بخش دیجئے اور (چونکہ مقصود مقام میں بد دعاء ہے کافروں کے لئے اور مؤمنین کے لئے دعاء محض مقابلہ کی مناسبت سے ہوگئی تھی اس لئے پھر مضمون بد دعاء کی طرف عود ہے جس میں : لَا تَزِدِ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا ضَلٰلًا کے مقصود کی تفسیر ہے یعنی) ان ظالموں کی ہلاکت اور بڑھا دیجئے (یعنی ان کی نجات کی کوئی صورت نہ رہے ہلاک ہی ہو جاویں اور یہی مقصود تھا دعائے ضلال سے جیسا گزرا۔ اور ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ نوح علیہ السلام کے والدین مؤمن تھے اور اگر اس کے خلاف ثابت ہو جاوے تو والدین سے مراد آبائے وامہات بعیدہ لیں گے اور تثنیہ مفرد کا نہ ہوگا بلکہ جنس کا ہوگا اور آبائے بعیدہ میں مؤمنین کا تحقق یقینی ہے اولاً دعاء اپنے نفس کیلئے کی پھر اصول کے لئے پھر اہل و عیال کیلئے پھر عام تابعین کیلئے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : لَا تَزِدِ الظّٰلِمِیْنَ اس سے غایت شفقت معلوم ہوتی ہے اور ارشاد جاہل میں ایسا ہی اہتمام چاہیے اور یہ تصدی نہیں ہے تصدی قصد ثمرہ میں ہوتی ہے اور یہ اہتمام قصد طریق میں ہے۔ قولہ تعالیٰ : وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا ...... یہ انجام ہوا صلحاء کی تصویریں رکھنے کا جو کہ اس وقت مباح تھی اس سے معلوم ہوا کہ صلحاء کے آثار و تبرکات کا زیادہ اہتمام کرنا جب کہ اس میں مفسدہ دینیہ کا خوف ہو واجب الترک ہے۔ قولہ تعالیٰ : وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا ضَلٰلًا (الی قولہ تعالی) نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ اضلال واہلاک کی دعاء اپنے مخالف پر یہ صاحب وحی کے ساتھ خاص ہے دوسروں کو اس کا کچھ حق نہیں جیسے بعض مدعیان مشیخت وولایت کی عادت ہے۔ سورۂ نوح تمام ہوئی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل لَا تَزِدِ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ...... اس لئے یہ بھی الخ اشارة الى ان الواو من المحكى عنه ومن كلام نوح عليه السلام كما هو ظاهر وتوجيه العطف يعلم ما قررته ۲ قوله في نارا برزخی یا اخروی اشارة الى احتمال الوجهين في نار والتعقيب على الاول ظاهر وعلى الثانى لعدم الاعتداد بما بين الاغراق والادخال فكانه شبه تخلل ما لا يعتدبه بعدم تخلل شئ اصلا كما فى الروح بمحصله ۱۲۔

اللغات: قوله لكم نذير اللام للتقوية ۱۲۔ قوله لا ترجون لا تعتقدون كما فى الروح برواية ابن حاتم عن ابن عباسؓ وعبربه بالرجاء التابع لا وفى الظن مبالغة ۱۲ نباتًا بمعنى انباتًا او اصله انباتا حذف منه الزوئد او نصب باضمار نبتم ديارا فيعال من الدار او من الدوراى من يسكن دارا او من يتحرك ويدور ۱۲۔

النحو: قوله ان انذر قومك معمول للقول المدلول عليه ارسلنا وكذا قوله ان اعبدوا ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ولا سواعًا الخ فى الروح قيل افرد يعوق ونسر عن النفى لكثرة تكرار لا وعدم اللبس ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الْجِنِّ

سُورَةُ الْجِنِّ ۷۲ مَكِّيَّةٌ ۴۰ | بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ | آيَاتُهَا ۲۸ رُكُوعَاتُهَا ۲

سورۃ الجن مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۲۸ آیات اور ۲ رکوع ہیں

قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا ﴿۱﴾ يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ ۖ وَلَن نُّشْرِكَ
بِرَبِّنَا أَحَدًا ﴿۲﴾ وَأَنَّهُ تَعَالَىٰ جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا ﴿۳﴾ وَأَنَّهُ كَانَ يَقُولُ سَفِيهُنَا عَلَى اللَّهِ
شَطَطًا ﴿۴﴾ وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن تَقُولَ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا ﴿۵﴾ وَأَنَّهُ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْإِنسِ
يَعُوذُونَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوهُمْ رَهَقًا ﴿۶﴾ وَأَنَّهُمْ ظَنُّوا كَمَا ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَبْعَثَ اللَّهُ أَحَدًا ﴿۷﴾ وَأَنَّا
لَمَسْنَا السَّمَاءَ فَوَجَدْنَاهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيدًا وَشُهُبًا ﴿۸﴾ وَأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۖ فَمَن
يَسْتَمِعِ الْآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَابًا رَّصَدًا ﴿۹﴾ وَأَنَّا لَا نَدْرِي أَشَرٌّ أُرِيدَ بِمَن فِي الْأَرْضِ أَمْ أَرَادَ
بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ﴿۱۰﴾ وَأَنَّا مِنَّا الصَّالِحُونَ وَمِنَّا دُونَ ذَٰلِكَ ۖ كُنَّا طَرَائِقَ قِدَدًا ﴿۱۱﴾ وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن
نُّعْجِزَ اللَّهَ فِي الْأَرْضِ وَلَن نُّعْجِزَهُ هَرَبًا ﴿۱۲﴾ وَأَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدَىٰ آمَنَّا بِهِ ۖ فَمَن يُؤْمِن بِرَبِّهِ فَلَا
يَخَافُ بَخْسًا وَلَا رَهَقًا ﴿۱۳﴾ وَأَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُونَ وَمِنَّا الْقَاسِطُونَ ۖ فَمَنْ أَسْلَمَ فَأُولَٰئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾ وَأَمَّا
الْقَاسِطُونَ فَكَانُوا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾ وَأَن لَّوِ اسْتَقَامُوا عَلَى الطَّرِيقَةِ لَأَسْقَيْنَاهُم مَّاءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ
فِيهِ ۚ وَمَن يُعْرِضْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾ وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ فَلَا تَدْعُوا مَعَ اللَّهِ
أَحَدًا ﴿۱۸﴾ وَأَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللَّهِ يَدْعُوهُ كَادُوا يَكُونُونَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾ قُلْ إِنَّمَا أَدْعُو رَبِّي وَلَا أُشْرِكُ بِهِ ع ۱
أَحَدًا ﴿۲۰﴾ قُلْ إِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَلَا رَشَدًا ﴿۲۱﴾ قُلْ إِنِّي لَن يُجِيرَنِي مِنَ اللَّهِ أَحَدٌ وَلَنْ أَجِدَ مِن
دُونِهِ مُلْتَحَدًا ﴿۲۲﴾ إِلَّا بَلَاغًا مِّنَ اللَّهِ وَرِسَالَاتِهِ ۚ وَمَن يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ
خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ﴿۲۳﴾ حَتَّىٰ إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ أَضْعَفُ نَاصِرًا وَأَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾ قُلْ إِنْ أَدْرِي

www.besturdubooks.net

اَقَرِيْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّيْٓ اَمَدًا ۝۲۵ عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ۝۲۶ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ
فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ۝۲۷ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى
ع ۲ ۱۲ كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ۝۲۸

آپ (ان لوگوں سے) کہئے کہ میرے پاس اس بات کی وحی آئی ہے کہ جنات میں سے ایک جماعت نے قرآن سنا پھر (اپنی قوم میں واپس جا کر) انہوں نے کہا کہ ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے جو راہ راست بتلاتا ہے سو ہم تو اس پر ایمان لے آئے اور ہم (اب) رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ بنائیں گے اور (انہوں نے یہ بھی بیان کیا کہ) ہمارے پروردگار کی بڑی شان ہے اس نے نہ کسی کو بیوی بنایا اور نہ اولاد اور ہم میں جو احمق ہوئے ہیں وہ اللہ کی شان میں حد سے بڑھی ہوئی باتیں کہتے تھے اور ہمارا (پہلے) یہ خیال تھا کہ انسان اور جنات کبھی خدا کی شان میں جھوٹ بات نہ کہیں گے اور بہت سے لوگ آدمیوں میں سے ایسے تھے کہ وہ جنات میں سے بعض لوگوں کو پناہ دیا کرتے تھے ان آدمیوں نے ان جنات کی بددماغی اور بڑھادی اور جیسا تم نے خیال کر رکھا تھا ویسا ہی آدمیوں نے بھی خیال کر رکھا تھا کہ اللہ تعالیٰ کسی کو بھی دوبارہ زندہ نہ کرے گا۔ شعلوں سے بھرا ہوا پایا اور اس کے قبل ہم آسمان کی (خبریں سننے) کے موقعوں میں (خبر) سننے کے لئے جا بیٹھا کرتے تھے سو جو کوئی اب سننا چاہتا ہے تو اپنے لئے ایک شعلہ تیار پاتا ہے اور ہم نہیں جانتے کہ (ان جدید پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے مبعوث فرمانے سے) زمین والوں کو کوئی تکلیف پہنچانا مقصود ہے یا ان کے رب نے ان کو ہدایت کرنے کا قصد فرمایا ہے اور ہم میں (پہلے سے بھی) بعضے نیک (ہوتے آئے) ہیں اور بعضے اور طرح کے (ہوتے آئے) ہیں ہم مختلف طریقوں پر تھے اور ہمارا طریقہ تو یہ ہے کہ ہم نے سمجھ لیا ہے کہ ہم زمین (کے کسی حصہ) میں (جا کر) اللہ تعالیٰ کو ہرا نہیں سکتے اور نہ (اور کہیں) بھاگ کر اس کو ہرا سکتے ہیں اور ہم نے جب ہدایت کی بات سن لی تو ہم نے تو اس کا یقین کر لیا سو (ہماری طرح) جو شخص اپنے رب پر ایمان لے آئے گا تو اس کو نہ کسی کمی کا اندیشہ ہوگا اور نہ زیادتی کا اور ہم میں بعضے تو مسلمان ہو گئے ہیں اور بعضے ہم میں (بدستور سابق) بے راہ ہیں سو جو شخص مسلمان ہو گیا انہوں نے بھلائی کا راستہ ڈھونڈ لیا اور جو بے راہ ہیں دوزخ کا ایندھن ہیں اور (منجملہ ان مضامین کے بھی (نفی ہوئی کہ) اگر یہ (مکہ والے) لوگ (سیدھے) رستہ پر قائم ہو جاتے تو ہم ان کی فراغت کے پانی سے سیراب کرتے تاکہ اس میں ان کا امتحان کریں اور جو شخص اپنے پروردگار کی یاد (یعنی ایمان واطاعت) سے روگردانی کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو سخت عذاب میں داخل کرے گا اور (ان وحی شدہ مضامین میں سے ایک یہ ہے کہ) جتنے سجدے ہیں وہ سب اللہ کا حق ہیں سو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کی عبادت مت کرو اور جب خدا کا خاص بندہ (مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں) خدا کی عبادت کرنے کھڑا ہوتا ہے تو (یہ کافر) لوگ اس بندہ پر بھیڑ لگانے کو ہو جاتے ہیں آپ ان سے یہ کہہ دیجئے کہ میں تو صرف اپنے پروردگار کی عبادت کرتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ میں تمہارے نہ کسی ضرر کا اختیار رکھتا ہوں اور نہ کسی بھلائی کا آپ کہہ دیجئے کہ اگر خدانخواستہ میں ایسا کروں تو مجھ کو خدا (کے غضب) سے کوئی نہیں بچا سکتا اور نہ میں اس کے سوا کوئی پناہ (کی جگہ) پا سکتا ہوں لیکن خدا کی طرف سے پہنچانا اور اس کے پیغاموں کا ادا کرنا یہ میرا کام ہے اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کا کہنا نہیں مانتے تو یقیناً ان لوگوں کے لئے آتش دوزخ ہے جس میں یہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (لیکن یہ کفار اس جہالت سے باز نہ آئیں گے) یہاں تک کہ جب اس چیز کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے اس وقت جانیں گے کہ کس کے مددگار کمزور ہیں اور کس کی جماعت کم ہے۔ آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ مجھ کو معلوم نہیں کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے آیا وہ نزدیک آنے والی ہے یا میرے پروردگار نے اس کے لئے کوئی مدت دراز مقرر کر رکھی ہے (اور) غیب کا جاننے والا وہی ہے سو وہ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا ہاں مگر اپنے کسی برگزیدہ پیغمبر کو تو (اس طرح اطلاع دیتا ہے کہ) اس پیغمبر کے آگے اور پیچھے محافظ فرشتے بھیج دیتا ہے (اور یہ انتظام اس لئے کیا جاتا ہے) تاکہ (ظاہری طور پر) اللہ تعالیٰ کو معلوم ہو جائے کہ ان فرشتوں نے (اپنے پروردگار کے پیغام (رسول تک بحفاظت) پہنچا دیئے اور اللہ تعالیٰ ان (پہرہ داروں) کے تمام احوال کا احاطہ کئے ہوئے ہے اور اس کو ہر چیز کی گنتی معلوم ہے۔

تفسیر: سورة الجن مكية وهي ثمان وعشرون ايات كذا في البيضاوى۔

ربط: سورت سابقہ میں قصۂ کفر وعقوبت قوم نوح سے ترہیب تھی کفار معاصرین کے ایمان نہ لانے پر اور اس سورت میں قصۂ ایمان جن اور ان کی تقریر متضمن توحید و رسالت ومجازات سے ترغیب ہے کفار معاصرین کو ان امور پر ایمان لانے کی اس طرح پر کہ ناری الاصل باوجود علو وغلو کے ایمان لائے تو ترابی الاصل باوجود انخفاض دونوں کے کیوں نہیں ایمان لاتے پھر بعد حکایت کلام جن کے ان ہی مضامین ثلثہ کی تقریر ہے اور سبب نزول ان آیات کا وہی ہے جو سورۂ احقاف کے اخیر رکوع آیت: وَاِذْ صَرَفْنَآ [الاحقاف: ۲۹] کی تمہید میں مذکور ہوا كما في الدر عن الصحيحين وغيرهما تلك القصة وفيها فهنالك رجعوا الى قومهم: فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْٓ ... فانزل الله على نبيه: قُلْ اُوْحِيَ ... اور تفسیر آیات سے پہلے چند واقعات جاننے کے قابل ہیں جن کی ضرورت تفسیر میں واقع ہوگی واقعۂ اول بعثت محمدیہ سے پہلے شیاطین آسمان تک پہنچ کر فرشتوں کی باتیں سنتے تھے بعد بعثت کے ان کو رمی

www.besturdubooks.net

بالشہب سے روک دیا گیا اور اسی حادثہ کی تحقیق کے ضمن میں یہ جنات آپ تک پہنچے جیسا سورۂ احقاف میں گزرا۔ واقعۂ ثانی جاہلیت میں عادت تھی کہ جب کسی وادی میں مقام کرتے تو اس اعتقاد سے کہ جنات کے سردار ہماری حفاظت کریں یوں کہتے **اعوذ بعزیز ھذا الوادی من شر سفھاء قومہ** واقعۂ ثالث مکہ میں آپ کی بددعاء سے قحط نمودار ہوا تھا اور کئی سال تک رہا واقعۂ رابع جب آپ نے دعوت اسلام شروع کی تو کفار مخالفین کا آپ پر ہجوم اور نرغہ ہوا۔ **الا ولان من الدر المنثور والاخیر ان من تفسیر ابن کثیر۔**

حکایت اقوال جن در توحید و رسالت و مجازات باز تقریر ایں نہا در آیات:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ قُلۡ اُوۡحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسۡتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الۡجِنِّ فَقَالُوۡۤا ... (الی قولہ تعالی) وَاَحَاطَ بِمَا لَدَیۡهِمۡ وَاَحۡصٰی كُلَّ شَیۡءٍ عَدَدًا ۔ آپ (ان لوگوں سے) کہئے کہ میرے پاس اس بات کی وحی آئی ہے کہ جنات میں سے ایک جماعت نے قرآن سنا پھر (اپنی قوم میں واپس جا کر) انہوں نے کہا کہ ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے جو راہ راست بتلاتا ہے سو ہم تو اس پر ایمان لے آئے (قرآن ہونا تو اس کے مضمون سے معلوم ہوا اور عجیب ہونا اس سے کہ مشابہ کلام بشر کے نہیں) اور ہم (اب) اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ بنائیں گے (یہ متمم ہے 'امنا بہ' کا) اور (انہوں نے ان مضامین کا بھی باہم تذکرہ کیا جو ذیل میں آتے ہیں اور وہ مضامین یہ ہیں کہ) ہمارے پروردگار کی بڑی شان ہے اس نے نہ کسی کو بیوی بنایا اور نہ اولاد (کیونکہ عقلاً محال ہیں یہ متمم ہے لن نشرک کا) اور ہم میں جو احمق ہوئے ہیں وہ اللہ کی شان میں حد سے بڑھی ہوئی باتیں کہتے تھے (مراد اس سے کلمات شرک اتخاذ صاحبہ وولد وغیرہ ہیں) اور ہمارا (پہلے) یہ خیال تھا کہ انسان اور جنات کبھی خدا کی شان میں جھوٹ بات نہ کہیں گے کیونکہ بڑی بے باکی کی بات ہے اس میں وجہ اپنے مشرک ہونے کی بیان کی کہ چونکہ اکثر جن وانس شرک کرتے تھے ہم سمجھے کہ خدا کی شان میں اتنے شخصوں نے جھوٹ پر اتفاق نہ کیا ہوگا بس ہم نے بھی اسی طریقہ کو اختیار کر لیا حالانکہ نہ مطلق اتفاق حجت ہے اور نہ ہر اتفاق کا اتباع عذر ہے اور یہ شرک مذکور تو مشترک تھا) اور (ایک شرک خاص تھا بعضے آدمیوں کے ساتھ جس سے جنات کا کفر اور بڑھ گیا تھا وہ یہ کہ) بہت سے لوگ آدمیوں میں ایسے تھے کہ وہ جنات میں سے بعضے لوگوں کی پناہ لیا کرتے تھے (جیسا واقعۂ ثانی میں مذکور ہوا) سو ان آدمیوں نے اُن جنات کی بد دماغی اور بڑھا دی کہ (وہ اس وہم میں مبتلا ہو گئے کہ ہم جنات کے سردار تو پہلے سے تھے اب آدمی بھی ہم کو ایسا بڑا سمجھتے ہیں پس اس سے بد دماغی بڑھی اور کفر و عناد پر اور زیادہ مصر ہو گئے یہاں تک مضمون متعلق توحید کے تھا) اور (آگے بعث کے متعلق ہے یعنی اُن جنات نے باہم یہ بھی تذکرہ کیا کہ) جیسا تم نے خیال کر رکھا تھا ویسا ہی آدمیوں نے بھی خیال کر رکھا تھا کہ اللہ تعالیٰ کسی کو دوبارہ زندہ نہ کرے گا (مگر یہ مضمون بھی غلط ثابت ہوا اور بعث کا حق ہونا معلوم ہوا) اور (آگے رسالت کے متعلق مضمون ہے یعنی اُن جنات نے باہم یہ بھی تذکرہ کیا کہ) ہم نے آسمان (کی خبروں) کی (موافق عادت سابقہ کے) تلاشی لینا چاہا سو ہم نے اس کو سخت پہرہ (یعنی محافظ فرشتوں) اور شعلوں سے (کہ جن کے ذریعہ سے حفاظت کی جاتی ہے) بھرا ہوا پایا (یعنی اب پہرہ ہو گیا کہ کوئی جن آسمانی خبر نہ لے جانے پائے اور جو جاوے شہاب ثاقب سے مارا جاوے) اور (اس کے قبل) ہم آسمان (کی خبر سننے) کے موقعوں میں (خبر) سننے کے لئے جا بیٹھا کرتے تھے (اور یہ مواقع خواہ اجزائے آسمان ہی کے ہوں اور یا اجزاء ہوا یا کسی ملأ یا خلاء کے ہوں جو کہ آسمان کے قریب ہوں اور جنات اپنی لطافت وعدم ثقل کی وجہ سے اُس پر مستقر ہو سکتے ہوں جیسے بعضے پرندے ہوا میں چلتے چلتے ٹھہر جاتے ہیں) سو جو کوئی اب سننا چاہتا ہے تو اپنے لئے ایک تیار شعلہ پاتا ہے (تفصیل اس کی واقعہ اول میں گزر چکی اور تحقیق مباحث شہاب کی سورۂ حجر کے رکوع دوم میں گزری ہے۔ یہ مضمون رسالت کے متعلق ہوا مطلب یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے رسالت دی ہے اور دفع التباس کے لئے باب کہانت بند کر دیا ہے اور اس استراق کا بند ہونا ہی سبب ہوا ان جنات کے پہنچنے کا آپ کی خدمت میں جیسا واقعۂ اول میں مذکور ہے) اور (آگے مضامین مذکور کے متممات ہیں کہ) ہم نہیں جانتے کہ (ان جدید پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے مبعوث[1] فرمانے سے) زمین والوں کو کوئی تکلیف پہنچانا مقصود ہے یا اُن کے رب نے اُن کو ہدایت کرنے کا قصد فرمایا ہے (یعنی مقصود تکوینی ارسال رسول کا معلوم نہیں کیونکہ رسول کے اتباع سے رشد و ہدایت ہوتی ہے اور مخالفت سے مضرت و عقوبت اور اتباع اور مخالفت آئندہ کا ہم کو علم نہیں پس عقوبت و ہدایت کی تعیین کا بھی ہم کو علم نہیں۔ شاید مقصود اس سے انذار ہو اپنی قوم کا کہ ایمان نہ لانے سے عقوبت کا استحقاق ہوگا و نیز نفی علم غیب سے تقویت ہے مضمون توحید کی کہ دیکھو بعضے لوگ علم غیب کو جنات کی طرف نسبت کرتے ہیں مگر ہم کو اتنی بھی خبر نہیں) اور ہم میں (پہلے سے بھی) بعضے نیک (ہوتے آئے) ہیں اور بعضے اور طرح کے (ہوتے آئے) ہیں (غرض) ہم مختلف طریقوں پر تھے (اسی طرح ان نبی کی خبر سن کر اب بھی ہم میں دونوں طریقے کے لوگ موجود ہیں) اور (ہمارا طریقہ تو یہ ہے کہ) ہم نے سمجھ لیا ہے کہ ہم زمین (کے کسی حصہ) میں (جا کر) اللہ تعالیٰ کو ہرا نہیں سکتے اور نہ (اور کہیں) بھاگ کر اُس کو ہرا سکتے ہیں (ہرب سے مراد ہرب فی غیر الارض) ہے بقرینہ مقابلہ فی الارض کے فہو کقولہ تعالیٰ: وَمَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ [العنکبوت: ۲۲] شاید اس سے بھی

www.besturdubooks.net

مقصود انذار ہو کہ اگر کفر کریں گے تو خدا تعالیٰ کے عذاب سے بچ نہیں سکتے۔ اور ا۔پے مختلف طریقوں کے بیان کرنے سے شاید یہ مقصود ہو کہ باوجود وضوح حق کے بعض کا ایمان نہ لانا حق کے حق ہونے میں شبہ انداز نہیں ہوسکتا کیونکہ یہ تو ہمیشہ سے ہوتا آیا ہے) اور ہم نے جب ہدایت کی بات سن لی تو ہم نے تو اُس کا یقین کر لیا سو (ہماری طرح) جو شخص اپنے رب پر ایمان لے آوے گا تو اُس کو نہ کسی کمی کا اندیشہ ہوگا اور نہ زیادتی کا (کمی یہ کہ اُس کی کوئی نیکی لکھنے سے رہ جاوے اور زیادتی یہ کہ کوئی گناہ زیادہ لکھ لیا جاوے شاید مقصود اس سے ترغیب ہو) اور ہم میں بعضے تو (یہی مضامین انذار و ترغیب کے سمجھ کر) مسلمان (ہو گئے) ہیں اور بعضے ہم میں (بدستور سابق) بے راہ ہیں سو جو شخص مسلمان ہو گیا اُنہوں نے تو بھلائی کا راستہ ڈھونڈ لیا (جس پر ثواب مرتب ہوگا) اور جو بے راہ ہیں دوزخ کے ایندھن ہیں (یہاں تک کلام جنات کا ختم ہو گیا جو معمول ہے قالوا کا) اور (آگے اوحی الی کے دوسرے معمولات ہیں یعنی مجھ کو ان مضامین کی بھی وحی ہوئی ایک یہ کہ) اگر یہ (مکہ والے) لوگ (سیدھے) راستے پر قائم ہو جاتے تو ہم اُن کو فراغت کے پانی سے سیراب کرتے تا کہ اُس میں اُن کا امتحان کریں (کہ نعمت کا شکر ادا کرتے ہیں یا ناشکری و نافرمانی کرتے ہیں۔ یہ غایت لنفتنهم قید واقعی ہے کیونکہ ہر نعمت پر یہ حکمت مرتب ہوتی ہے مطلب یہ کہ اگر اہل مکہ شرک نہ کرتے جس کی مذمت اوپر بضمن کلام جنات آ چکی ہے تو اُن پر قحط مسلط نہ ہوتا جیسا واقعۂ ثالث میں مذکور ہے مگر اُنہوں نے بجائے ایمان کے اعراض کیا اس لئے مبتلائے قحط ہوئے) اور (عقوبت کفر میں کچھ تخصیص اہل مکہ کی نہیں بلکہ) جو شخص اپنے پروردگار کی یاد (یعنی ایمان و طاعت) سے روگردانی کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو سخت عذاب میں داخل کرے گا اور (اُن وحی شدہ مضامین میں سے ایک یہ ہے کہ) جتنے سجدے ہیں وہ سب اللہ کا حق ہیں (یعنی یہ جائز نہیں کہ کوئی سجدہ اللہ کو کیا جاوے اور کوئی سجدہ غیر اللہ کو جیسا مشرکین کرتے تھے) سو اللہ کے ساتھ کسی کی عبادت مت کرو۔ (اس مضمون میں بھی توحید کی تقریر ہے جس کا اوپر ذکر تھا) اور (اُن وحی شدہ مضامین سے ایک یہ ہے کہ) جب خدا کا خاص بندہ (مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں) خدا کی عبادت کرنے کھڑا ہوتا ہے تو یہ (کافر) لوگ اُس بندہ پر بھیڑ لگانے کو ہو جاتے ہیں (یعنی تعجب و عداوت سے ہر شخص اس طرح دیکھتا ہے جیسے اب حملہ کرنے کے لئے بھیڑ لگا چاہتی ہے یہ بھی تتمہ ہے مضمون توحید کا کیونکہ اس میں مذمت ہے مشرکین کی توحید سے اُن کو عداوت اور نفرت ہے آگے اس تعجب اور عداوت کے متعلق جواب دینے کے لئے آپ کو ارشاد ہے یعنی) آپ (ان سے کہہ دیجئے کہ میں تو صرف اپنے پروردگار کی عبادت کرتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا (سو یہ کوئی تعجب و عداوت کی بات نہیں۔ یہ سب مضمون متعلق توحید تھا آگے رسالت کے متعلق مضمون ہے کہ) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ میں تمہارے نہ کسی ضرر کا اختیار رکھتا ہوں اور نہ کسی بھلائی کا (یعنی تم جو ایسی فرمائشیں کرتے ہو کہ اگر آپ رسول ہیں تو ہم پر عذاب نازل کر دیں تو اُس کا جواب یہ ہے کہ میرے اختیار میں نہیں اور اسی طرح جو لوگ کہتے ہیں ایک طرح ہم آپ کو رسول مان لیں کہ آپ مضامین توحید و قرآن میں کچھ تغیر و تبدل کر دیں تو اس کے جواب میں) آپ کہہ دیجئے کہ (اگر خدانخواستہ میں ایسا کروں تو) مجھ کو خدا (کے غضب) سے کوئی نہیں بچا سکتا اور نہ میں اُس کے سوا کوئی پناہ (کی جگہ) پا سکتا ہوں (مطلب یہ کہ نہ خود کوئی میرا بچانے والا ہوگا اور نہ میری تلاش سے مل سکے گا اور کفار کے ایسے اقوال استعجال عذاب و استبدال قرآن و دین کے قرآن میں جا بجا مذکور ہیں۔ اور اوپر: ﴿لَاۤ اَمۡلِكُ لَكُمۡ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا﴾ میں نفی اختیار نفع و ضرر کی فرمائی آگے اثبات منصب رسالت کا فرماتے ہیں کہ ملک ضرر و نفع تو لازمہ نبوت نہیں اور وہ تو منفی ہے) لیکن خدا کی طرف سے پہنچانا اور اُس کے پیغاموں کا ادا کرنا یہ میرا کام ہے (بلاغ اور رسالات میں باعتبار تحقق کے عموم و خصوص من وجہ ہے اگر ایک حکم کا عام اعلان کیا جاوے اور دوسرے احکام کا اعلان نہ ہو اول محقق ہو گا نہ ثانی[1] اور اگر سب احکام خاص خاص لوگوں کو بتلائے جاویں مگر اعلان عام نہ ہو تو ثانی متحقق ہو گا نہ اول اس لئے دونوں کو جمع کیا گیا کہ نبی کے ذمہ تمام احکام کا علی التعمیم پہنچانا واجب ہے) اور (آگے توحید و رسالت دونوں کے متعلق مضمون ہے کہ) جو لوگ اللہ اور اُس کے رسول کا کہنا نہیں مانتے تو یقیناً اُن لوگوں کے لئے آتش دوزخ ہے جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (مگر کفار اس وقت ان مضامین سے متاثر نہیں ہوتے بلکہ اُلٹا مسلمانوں کو ذلیل و حقیر سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں: ﴿اَیُّ الۡفَرِیۡقَیۡنِ خَیۡرٌ مَّقَامًا وَّاَحۡسَنُ نَدِیًّا﴾ [مریم: ۷۳] اور یہ اس جہالت سے باز نہ آویں گے) یہاں تک کہ جب اُس چیز کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے اُس وقت جانیں گے کہ کس کے مددگار کمزور ہیں اور کس کی جماعت کم ہے (یعنی کافر ہی ایسے ہوں گے جن کے کوئی کام نہ آوے گا پس مراد جماعت سے جماعت مطیعہ ہے ناصرا میں نافع اعلیٰ کی نفی ہو گئی اور عددا میں نافع ادنیٰ کی۔ آگے بعث کے متعلق کلام ہے کہ یہ لوگ قیامت کا وقت بطور انکار کے دریافت کرتے ہیں تو) آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ مجھ کو معلوم نہیں کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے آیا وہ نزدیک (آنے والی) ہے یا میرے پروردگار نے اُس کے لئے کوئی مدت دراز مقرر کر رکھی ہے (لیکن ہر حال میں وہ آوے گی ضرور رہا علم تعیین سو وہ محض غیب ہے اور) غیب کا جاننے والا وہی ہے سو (جس غیب پر کسی کو مطلع کرنا مصلحت نہیں ہوتا) وہ اپنے (ایسے) غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا (اور علم تعیین قیامت ایسا ہی ہے کہ اس پر کسی کو مطلع کرنے میں کوئی مصلحت نہیں کیونکہ وہ علوم متعلقہ بالنبوۃ سے نہیں جن کو حصول قرب الٰہی میں

www.besturdubooks.net

دخل ہوتا ہے پس ایسے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا) ہاں مگر اپنے کسی برگزیدہ پیغمبر کو (اگر کسی ایسے علم پر مطلع کرنا چاہتا ہے جو کہ علم نبوت سے ہو خواہ مثبت نبوت ہو جیسے پیشین گوئیاں خواہ فروع نبوت سے ہو جیسے علم احکام) تو (اس طرح اطلاع دیتا ہے کہ) اس پیغمبر کے آگے اور پیچھے (یعنی جمیع جہات میں وحی کے وقت) محافظ فرشتے بھیج دیتا ہے (تاکہ وہاں شیاطین کا گزر نہ ہو جو کہ وحی کو فرشتے سے سن کر اور کسی سے جا کہیں یا کسی وسوسہ وغیرہ کا القا کر سکیں چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ایسے پہرہ دار فرشتے چار تھے **كذا فی روح المعانی بروایة ابن المنذر عن ابن جبیر و بروایة ابن مردویه عن ابن عباس**ؓ اور یہ انتظام اس لئے کیا جاتا ہے) تاکہ (ظاہری طور پر) اللہ تعالیٰ کو معلوم ہو جاوے کہ ان فرشتوں نے اپنے پروردگار کے پیغام (رسول تک بحفاظت) پہنچا دیئے (اور اس میں کسی کا دخل و تصرف نہیں ہوا اور پہنچانے والا تو صرف وحی کا فرشتہ ہے لیکن معیت کی وجہ سے رصد کی طرف بھی اسناد فعل کی کر دی) اور اللہ تعالیٰ ان (پہرہ داروں) کے تمام احوال کا احاطہ کئے ہوئے ہے (اس لئے پہرہ دار ایسے مقرر کئے گئے ہیں جو اس کام کے پورے پورے اہل ہیں) اور اس کو ہر چیز کی گنتی معلوم ہے (پس وحی کے سب اجزاء ایک ایک کر کے اس کو معلوم ہیں اور وہ سب کی پوری حفاظت کرتا ہے ملائکہ اور انبیاء کے اذہان میں پس **یسلك** میں حفاظت استراق والتباس سے ہے اور **اَحَاطَ** میں حفاظت باعتبار صلاحیت وسائط کے ہوئی اور **اَحْصٰى** میں حفاظت نسیان سے ہوئی پس اول سے آخر تک سب حفاظتیں مرعی ہوئیں۔ حاصل مقام یہ کہ علم ساعت علوم نبوت سے نہیں اس لئے اس کا علم نہ ہونا قادح نبوت یا مستلزم عدم وقوع ساعت نہیں ہے البتہ علوم نبوت عطا کئے جاتے ہیں اور وہ مقصود بعثت سے ہیں اور ان میں احتمال خطا کا نہیں ہوتا تو ایسے علوم سے تم مستفید ہو اور زوائد کی تحقیق چھوڑو)۔

ف: اَنَّہٗ تَعٰلٰی سے اخیر تک ایک قراءت کسرہ کی ہے تو سب معمول قالوا کے ہیں اور ایک قراءت فتح کی ہے جس کی توجیہ احقر کے نزدیک یہ ہے کہ بقرینہ قالوا کے **ذکروا** مقدر ہے اور سب اس کے معمول ہیں تو حاصل دونوں قراءتوں کی توجیہ کا ایک ہی ہوگا یعنی یہ سب کلام جن سے ہوگا واللہ اعلم فقط۔ اور فَمَنْ یَّسْتَمِعِ الْاٰنَ ...... پر اگر شبہ ہو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے بھی تو شہاب کا تکون ہوتا تھا جواب یہ ہے کہ اسباب طبعیہ سے تکون تو پہلے سے تھا مگر ملائکہ کے ذریعہ سے ہونا اور اس میں یہ اثر خاص رجم شیاطین کا ہونا بعد بعثت ہوا ہے اور فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًا ۙ کے مشابہ مضمون آخر سورۂ آل عمران آیت مَا کَانَ اللّٰهُ لِیَذَرَ الْمُؤْمِنِیْنَ [آل عمران: ۱۷۹] میں گزر چکا ہے۔

رَبطِ مسائل السلوک: سورۃ الجن قولہ تعالیٰ: وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ ...... بعض لوگ جو زبردستی صوفیہ میں شمار کئے جاتے ہیں اور ایسے ایسے تعویذات و عملیات میں مشغول ہیں جن میں جنات و موکلات کی نداء یا استعاذہ ہوتا ہے اس سے اس کا مذموم ہونا ثابت ہوتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: قُلْ اِنِّیْ لَاۤ اَمْلِكُ لَكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) قُلْ اِنْ اَدْرِیْۤ ...... اس میں صریح نفی قدرت مستقلہ و علم محیط کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کی گئی ہے تو غیر نبی تو کس شمار میں ہے۔ سورۃ الجن تمام ہوئی۔

الحواشی: (۱) یہ مضمون مبنی ہے بلاغ اور رِسٰلٰتِ کے اختلاف صیغ اور اختلاف معنی پر سو بلاغ کے معنی پہنچا دینا اور رسالات بصیغۂ جمع بمعنی پیغامہا لیکن بلاغ وتبلیغ سے قرآن مجید میں اعلان کے ساتھ پہنچانا مقصود ہوتا ہے اب اس توضیح کے بعد تقریر مقصود کی ظاہر ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمة: ۱؎ **قوله في** اشر ارید مبعوث فرمانے سے كذا في الكبير ۱۲۔ ۲؎ **قوله في** لنفتنهم امتحان واستعمال الفتنة بمعنى الامتحان للمؤمنين وقع في قوله وفتنك فتونا ۱۲ ۳؎ **قوله في** امدا مدت دراز كذا في الخازن والقرينة عليه كونه مقابلاً لقوله قريب ۱۲۔

اللغات: الجد العظمة والجلال سفيهنا المراد الجنس رهقا في القاموس السفه والخفة ويراد في الموضع الاول وفيه الرهق الظلم ويراد في الموضع الثاني لمسنا طلبنا بلوغها مجازا حرسا اسم جمع ولذا وصف بالمفرد رصدا في القاموس رصده رقبه وترجم في الموضع الاول بحاصله وفي الموضع الثاني بمعنى راصدين طرائق ذوى طرائق اى مذهب قددا جمع قددة من قد اذا قطع القاسطون الجائرون غدقا كثيرا ايسلكه يدخله صعدا شديدا ۱۲۔ قوله المسجد المسجدات على ان المسجد بفتح الجيم مصدر ميمي لبدا جمع لبدة متراكمين لا يظهر لا يطلع۔

النحو: قوله لن يجيرني جملة معترضة قوله الا بلغا استثناء منقطع من رشدا قوله من الله ليست بصلة للبلاغ بل هي ابتدائية بمنزلة من في قوله براءة من الله بمعنى بلغا كائنا من الله ۱۲۔ في الارض حال هربا حال فلا يخاف اى فهو لا يخاف كما قاله الزمخشري والمحلي وغيرهما وهو احد الوجهين والآخر انها جواب الشرط ومثله من المنفي بلا يصح فيه دخول الفاء وتركها كما صرح به في التسهيل الا ان الاحسن تركها والتفصيل في الروح وفيه ايضًا ان الجواب المقترن بالفاء لا يصح جزمه ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ ٣ ۷۳ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ٢٠ رُكُوْعَاتُهَا ٢

سورۃ المزمل مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۲۰ آیات اور ۲ رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝١ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝٢ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝٣ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝٤
اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝٥ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝٦ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا
طَوِيْلًا ۝٧ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝٨ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ
وَكِيْلًا ۝٩ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝١٠ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ
قَلِيْلًا ۝١١ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ۝١٢ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ۝١٣ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ
الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ۝١٤ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۥ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ
رَسُوْلًا ۝١٥ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ۝١٦ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ
الْوِلْدَانَ شِيْبًا ۝١٧ السَّمَاۗءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ۭ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۝١٨ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَاۗءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ
ع ۱۹/۱۲ سَبِيْلًا ۝١٩ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَاۗىِٕفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ
مَعَكَ ۭ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۭ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۭ
عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ
وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ڮ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ
وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ
ع ۲/۱۴ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۭ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٢٠

اے کپڑوں میں لپٹنے والے رات کو (نماز میں) کھڑے رہا کرو مگر تھوڑی سی رات یعنی نصف رات (کہ اس میں قیام نہ کرو بلکہ آرام کرو) یا اس نصف سے کسی قدر کم کردو یا نصف سے کچھ بڑھا دو اور قرآن کو خوب صاف پڑھو (کہ ایک ایک حرف الگ الگ ہو) یعنی ہم تم پر ایک بھاری کلام ڈالنے والے ہیں (مراد قرآن مجید ہے) بے شک رات کے اٹھنے میں دل اور (زبان کا خوب میل ہوتا ہے اور (دعا ہو یا قرأت) بات خوب ٹھیک نکلتی ہے بے شک تم کو دن میں بہت کام رہتا ہے (دنیوی بھی اور دینی بھی) اور

www.besturdubooks.net

آپ اپنے رب کا نام یاد کرتے رہو اور سب سے قطع کر کے اسی کی طرف متوجہ رہو وہ مشرق و مغرب کا مالک ہے اس کے سوا کوئی قابل عبادت نہیں تو اسی کو اپنے کام سپرد کر دینے کے لئے قرار دیئے رہو۔ اور یہ لوگ باتیں کرتے ہیں ان پر صبر کرو اور خوبصورتی کے ساتھ ان سے الگ ہو جاؤ اور ہم کو اور ان جھلانے والوں ناز و نعمت میں رہنے والوں کو (حالت موجودہ پر) چھوڑ دو (یعنی رہنے دو) اور ان لوگوں کو تھوڑے دنوں اور مہلت دے دو ہمارے یہاں بیڑیاں ہیں اور دوزخ ہے اور گلے میں پھنس جانے والا کھانا ہے اور دردناک عذاب ہے جس روز کہ زمین اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر ریگ رواں ہو جائیں گے بے شک ہم نے تمہارے پاس ایک ایسا رسول بھیجا ہے جو تم پر (قیامت کے روز) گواہی دیں گے جیسا ہم نے فرعون کے پاس ایک رسول بھیجا تھا پھر فرعون نے اس رسول کا کہنا نہ مانا تو ہم نے اس کو سخت پکڑنا پکڑا سو اگر تم نہ بھی بعد پہنچ رسول کے نافرمانی اور کفر کرو گے تو اس دن سے کیسے بچو گے جو (غایت درجہ اشتداد اور امتداد سے) بچوں کو بوڑھا کر دے گا جس میں آسمان پھٹ جائے گا بے شک اس کا وعدہ ضرور ہو کر رہے گا۔ یہ ایک (وعظ) نصیحت ہے سو جس کا جی چاہے اپنے پروردگار کی طرف راستہ اختیار کرے آپ کے رب کو معلوم ہے کہ آپ اور آپ کے ساتھ والوں میں سے بعضے آدمی (کبھی دو تہائی کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی رات (نماز میں) کھڑے رہتے ہیں اور رات اور دن کا پورا اندازہ اللہ ہی کر سکتا ہے اس کو معلوم ہے کہ تم اس (تقدیر وقت) کو ضبط نہیں کر سکتے تو ان وجوہ سے اس تمہارے حال پر عنایت کی سو (اب) تم لوگ سے جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جا سکے پڑھ لیا کرو اس کو (یہ بھی) معلوم ہے کہ بعضے آدمی تم میں بیمار ہوں گے اور بعضے تلاش معاش کے لئے ملک میں سفر کریں گے اور بعضے اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے (اس لئے بھی اس حکم کو منسوخ کر دیا) سو (اس لئے بھی تم کو اجازت ہے کہ (اب) تم لوگ سے جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جا سکے پڑھ لیا کرو اور نماز (فرض) کی پابندی رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو اچھی طرح (یعنی اخلاص سے) قرض دو اور نیک عمل اپنے لئے آگے (ذخیرہ آخرت بنا کر) بھیج دو گے اس کو اللہ کے پاس پہنچ کر اس سے اچھا اور ثواب میں بڑا پاؤ گے اور اللہ سے گناہ معاف کراتے رہو بے شک اللہ غفور رحیم ہے۔

تفسیر: سورۃ المزمل مکیۃ وھی تسع عشر او عشرون اٰیۃ کذا فی البیضاوی۔

ربط: اوپر کی سورت میں کفار کو امور ثلثہ توحید و رسالت و مجازات پر ایمان لانے کی ترغیب تھی اس سورت میں اُن کے ایمان نہ لانے پر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تسلیہ ہے اور تقویت تسلیہ کے لئے مثل آیت : فَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ [طٰہٰ : ۱۳۰] وغیرہا کے آپ کو کثرتِ ذکر اور قیام لیل کا امر ہے اور اس مجموعہ کے ضمن میں امور ثلثہ مذکورہ کا اثبات بھی ہے اور یہ سب مضمون اوّل کی آیتوں کا ہے اور اخیر کی آیت طویلہ میں جو کہ اول کی آیتوں سے ایک سال کے بعد نازل ہوئی قیام لیل کے امر کو جو کہ بطور فرضیت کے تھا منسوخ فرمایا گیا رواہ فی الدر عن مسلم وغیرہ خواہ صرف امت سے بعض اقوال پر اور یا حضورؐ سے بھی بعض اقوال پر جیسا کہ سورۂ اسراء کی آیت : وَمِنَ الَّیْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ ...... [الأسراء : ۷۹] کی تفسیر میں گزر چکا ہے۔

امر بقیام اللیل والذکر والصبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم را برائے تسلیہ و تحقیق امور ثلثہ باز نسخ فرضیت قیام لیل:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یٰٓاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ (الی قولہ تعالی) اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۔ اے کپڑوں میں لپٹنے والے (وجہ اس عنوان سے خطاب کرنے کی یہ ہے کہ ابتدائے نبوت میں قریش نے دار الندوہ میں جمع ہو کر آپؐ کے بارہ میں مشورہ کیا کہ آپؐ کی حالت کے مناسب کوئی لقب تجویز کرنا چاہیے کہ اُس پر سب متفق رہیں کسی نے کہا کہ کاہن ہیں پھر رائے قرار پائی کہ کاہن نہیں ہیں کسی نے مجنون کہا پھر اس کو بھی سب نے غلط قرار دیا پھر ساحر کہا پھر بعض نے اس کو بھی رد کیا لیکن پھر بھی کہنے لگے کہ ساحر اس لئے ہیں کہ حبیب کو حبیب سے جدا کر دیتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خبر پہنچ کر رنج ہوا اور رنج کی حالت میں کپڑوں میں لپٹ گئے جیسا اکثر سوچ اور رنج میں مغموم آدمی اس طرح کر لیتا ہے پس تانیس و ملاطفت کے لئے اس عنوان سے خطاب فرمایا کہ صفت موجودہ سے اشتقاق کرنا اسم کا عادۃً موجب ملاطفت ہے جیسا کہ حدیث میں ہے کہ آپؐ نے حضرت علیؓ کو ابوتراب فرمایا تھا غرض آپؐ کو خطاب ہے کہ ان باتوں کا رنج نہ کرو بلکہ حق تعالیٰ کی طرف دوام و زیادت کے ساتھ توجہ رکھو اس طرح سے کہ) رات کو (نماز میں) کھڑے رہا کرو مگر تھوڑی سی رات یعنی نصف رات (کہ اُس میں قیام نہ کرو بلکہ آرام کرو) یا اُس نصف سے کسی قدر کم کر دو (یعنی نصف سے زیادہ قیام کرو اور نصف سے کم آرام کرو اور اس نصف سے زیادہ کا مصداق قریب دو ثلث کے ہے بقرینہ قولہ تعالیٰ فیما بعد اَدْنٰی مِنْ ثُلُثَیِ الَّیْلِ غرض قیام لیل تو امر وجوبی سے فرض ہوا مگر مقدار وقت قیام میں تین صورتوں میں تخییر ہے۔ نصف شب۔ ثلثین شب۔ ثلث شب) اور (اُس قیام لیل میں) قرآن کو خوب صاف صاف پڑھو (کہ ایک ایک حرف الگ الگ ہو اور یہی حکم غیر صلوٰۃ میں بھی ہے اور تخصیص محض مقام کی وجہ سے ہے۔ آگے امر بقیام لیل کی تعلیل و تسہیل ہے یعنی) ہم تم پر ایک بھاری کلام ڈالنے کو ہیں (مراد قرآن مجید ہے جو نزول کے وقت بھی آپ کی حالت کو متغیر کر دیتا تھا جیسا حدیثوں میں ہے کہ ایک بار آپ کی ران زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی ران پر رکھی تھی اُس وقت وحی نازل ہوئی تو زید بن ثابتؓ کی ران پھٹنے لگی اور جب آپ نزول کے وقت ناقہ پر سوار ہوتے تو وہ گردن ڈال دیتی اور حرکت نہ کر سکتی رواہ فی الدر عن

www.besturdubooks.net

احمد وغیرہ اور شدت کے جاڑوں میں آپ عرق عرق ہو جاتے رواہ الشیخان عن عائشۃؓ پھر علاوہ اس کے اُس کا محفوظ رکھنا پھر دوسروں تک پہنچانے میں کلفتیں برداشت کرنا ان اعتبارات سے ثقیل کہا گیا اور اس میں تسہیل تو یہ ہے کہ قیام لیل کو شاق نہ سمجھنا ہم تو اس سے بھاری بھاری کام تم سے لینے والے ہیں اور تعلیل یہ ہے کہ قیام لیل کا حکم اس لئے کرتے ہیں کہ آپ خوگر ہوں ریاضت کے جس سے استعداد نفس اکمل واقوی ہو کیونکہ ہم آپ پر قول ثقیل نازل کرنے والے ہیں تو اس کے لئے اپنی استعداد کا قوی کرنا ضرور ہے آگے قیام لیل کی دوسری تعلیل ہے کہ) بے شک رات کا اُٹھنا خوب مؤثر ہے (نفس کے) کچلنے میں اور (دعاء ہو یا قراءت ظاہراً اور باطناً ہر) بات خوب ٹھیک نکلتی ہے (ظاہراً تو اس طرح کہ فرصت کا وقت ہوتا ہے الفاظ دعاء وقراءت کے خوب اطمینان سے ادا ہوتے ہیں اور باطناً اس طرح کہ جی خوب لگتا ہے اور موافقت دل وزبان کا یہی مطلب ہے اور اس کا علت ہونا ظاہر ہے آگے ایک تیسری تعلیل ہے جس میں تخصیص شب کی حکمت کا بیان ہے وہ یہ کہ) بے شک تم کو دن میں بہت کام رہتا ہے (دنیوی بھی جیسے تدبیر مہمات خانہ داری اور دینی بھی جیسے تبلیغ اس لئے ان کاموں کے لئے رات تجویز کی گئی اور (علاوہ قیام لیل کے جس کا اوپر ذکر ہوا دوسرے اوقات میں بھی) اپنے رب کا نام یاد کرتے رہو اور سب سے قطع کر کے اُسی کی طرف متوجہ رہو (یعنی ذکر وتبتل یہ ہر وقت کا فرض ہے اور قطع کرنے کا مطلب یہ ہے کہ علاقہ خداوندی اور تعلقات پر غالب رہے اور ان سب امور کا تسلیہ وتسریہ میں مؤثر ہونا ظاہر ہے آگے توحید کے ساتھ اس کی تاکید اور تصریح ہے یعنی) وہ مشرق اور مغرب کا مالک ہے اُس کے سوا کوئی قابل عبادت نہیں تو اُسی کو اپنے کام سپرد کرنے کے لئے قرار دیئے رہو اور یہ لوگ جو جو باتیں کرتے ہیں اُن پر صبر کرو اور خوبصورتی کے ساتھ اُن سے الگ ہو جاؤ (الگ ہونا یہ کہ کوئی تعلق نہ رکھو اور خوبصورتی سے یہ کہ اُن کی شکایت وانتقام کی فکر میں مت پڑو) اور (آگے اُن کے عذاب کی خبر دے کر تسلیہ کی تقویت کرتے ہیں یعنی) مجھ کو اور ان جھٹلانے والوں کو ناز ونعمت میں رہنے والوں کو (حالت موجودہ پر) چھوڑ دو (یعنی رہنے دو ومر تفسیرہ فی ایۃ فذرنی ومن یکذب بھذا الحدیث من سورۃ ن) اور ان لوگوں کو تھوڑے دنوں اور مہلت دے دو (یہ کنایہ ہے صبر وانتظار سے یعنی چند سے اور صبر کر لیجئے عنقریب ان کو سزا ہونے والی ہے کیونکہ) ہمارے یہاں بیڑیاں ہیں اور دوزخ ہے اور گلے میں پھنس جانے والا کھانا ہے (وھذا کقولہ تعالٰی يَتَجَرَّعُهُ وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهُ [ابراھیم: ۱۶]) اور دردناک عذاب ہے (پس ان لوگوں کو ان چیزوں سے سزا دی جاوے گی اور یہ سزائیں اس روز ہوں گی) ۔جس روز کہ زمین اور پہاڑ ہلنے لگیں اور پہاڑ (ریزہ ریزہ ہو کر) ریگ رواں ہو جاویں گے (پھر اُڑتے پھریں گے۔آگے مکذبین مذکورین کو بطور التفات کے خطاب ہے جس میں اثبات رسالت وتحقیق وعید بھی ہے یعنی) بے شک ہم نے تمہارے پاس ایک ایسا رسول بھیجا ہے جو تم پر (قیامت کے روز) گواہی دیں گے (کہ ان لوگوں نے تبلیغ کے بعد کیا برتاؤ کیا) جیسا ہم نے فرعون کے پاس ایک رسول بھیجا تھا پھر فرعون نے اُس رسول کا کہنا نہ مانا تو ہم نے اُس کو سخت پکڑنا پکڑا سو اگر تم (بھی بعد ارسال رسول کے عصیان اور) کفر کرو گے تو (اسی طرح ایک روز تم کو بھی مصیبت بھگتنا پڑے گی چنانچہ وہ مصیبت کا دن آنے والا ہے سو تم) اُس دن (کی مصیبت) سے کیسے بچو گے جو (غایت اشتداد وامتداد سے) بچوں کو بوڑھا کر دے گا (یہ کنایہ ہے شدت سے) جس میں آسمان پھٹ جاوے گا بے شک اُس کا وعدہ ضرور ہو کر رہے گا (پس یہ بھی احتمال نہیں ہے کہ وہ وقت ٹل جاوے) یہ (تمام مضمون) ایک (بلیغ) نصیحت ہے سو جس کا جی چاہے اپنے پروردگار کی طرف راستہ اختیار کرے (یعنی اُس تک پہنچنے کے لئے دین کا راستہ قبول کرے اس میں مجازات کا ذکر بھی ہو گیا جس سے مضامین ثلثہ کی تکمیل ہوگئی آگے اُس قیام لیل کی فرضیت کا نسخ ہے جو اول سورت میں مذکور تھا)۔

نسخ فرضیت قیام لیل: (یعنی) آپ کے رب کو معلوم ہے کہ آپ اور آپ کے ساتھ والوں میں سے بعضے آدمی (کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی رات (نماز میں) کھڑے رہتے ہیں اور رات اور دن پورا اندازہ اللہ ہی کر سکتا ہے اُس کو معلوم ہے کہ تم اُس (تقدیر وقت) کو ضبط نہیں کر سکتے (اور اس وجہ سے تم کو سخت مشقت لاحق ہوتی ہے کیونکہ انداز سے تخمینہ کرنے میں تو شبہ رہتا ہے کمی کا اور انداز سے زیادہ کرنے میں تمام رات کے قریب صرف ہو جاتا ہے تا کہ وقت مقدر یقیناً پورا ہو جاوے اور ان دونوں امر میں مشقت شدید ہے روحانی یا جسمانی اور آلات معرفت اوقات کے موجود[1] نہ تھے ھذا ماخوذ من الروح تو (ان وجوہ سے) اُس نے تمہارے حال پر عنایت کی (اور اُس پہلے حکم کو منسوخ فرما دیا) سو (اب) تم لوگ جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جا سکے پڑھ لیا کرو مراد اس قرآن پڑھنے سے تہجد پڑھنا ہے کہ اُس میں قرآن پڑھا جاتا ہے اور یہ امر ندب کے لئے ہے مطلب یہ کہ تہجد کی فرضیت منسوخ ہو گئی اب جس قدر وقت تک آسان ہو بطور ندب کے اگر چاہو پڑھ لیا کرو اور منسوخ ہونے کی اصل علت مشقت ہے جس پر عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ دال ہے اور اس کے قبل کا مضمون اس کی تمہید ہے چنانچہ ظاہر ہے اور آگے اسی نسخ کی دوسری علت ہے کہ) اُس کو (یہ بھی) معلوم ہے کہ

www.besturdubooks.net

بعضے آدمی تم میں بیمار ہوں گے اور بعضے تلاش معاش کے لئے مُلک میں سفر کریں گے اور بعضے اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے (اس لئے بھی اُس حکم کو منسوخ کر دیا کیونکہ ان حالتوں میں پابندی تہجد کی اور اوقات کی مشکل تھی) سو (اس لئے بھی تم کو اجازت ہے کہ اب) تم لوگ جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جا سکے پڑھ لیا کرو (وقد مر تفسیرہ انفا اور ہر علت پر مستقلاً اُس کو مرتب کیا پس تکرار نہ رہا) اور (گو تہجد منسوخ ہو گیا مگر یہ احکام اب بھی باقی ہیں یعنی یہ کہ) نماز (فرض) کی پابندی رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو (قد مر تفسیرہ فی اول المؤمنین) اور اللہ کو اچھی طرح (یعنی اخلاص سے) قرض دو اور جو نیک عمل اپنے لئے آگے (ذخیرہ آخرت کا بنا کر) بھیج دو گے اُس کو اللہ کے پاس پہنچ کر اُس سے اچھا اور ثواب میں بڑا پاؤ گے (یعنی دنیوی اغراض میں خرچ کرنے سے جو عوض اور نفع مرتب ہوتا ہے اُس سے بہتر اور اعظم نفقات خیر پر ملے گا) اور اللہ سے گناہ معاف کراتے رہو بے شک اللہ غفور رحیم ہے (استغفار بھی اُن ہی احکام باقیہ میں ہے) **ف**: ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ فرضیت تہجد کی عام تھی اور طائفہ سے شبہ تبعیض کا نہ کیا جاوے کیونکہ من محتمل بیان بھی ہے یا یہ طائفہ آپ کے ساتھ قیام کرتے ہوں اور باقی بطور خود اور نسخ بھی ظاہراً عام معلوم ہوتا ہے آپ کے حق میں بھی و مر شی منہ فی التمہید اور ظاہراً نصف وثلث وثلثین میں اول شب آخر شب میں تخییر تھی البتہ ناشئۃ سے ظاہراً فضیلت (۲) آخر کی معلوم ہوتی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: يَـٰٓأَيُّهَا ٱلْمُزَّمِّلُ قُمِ ٱلَّيْلَ ...... (وقولہ تعالیٰ) وَرَتِّلِ ٱلْقُرْءَانَ (وقولہ تعالیٰ) وَٱذْكُرِ ٱسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ ...... ان آیات میں صوفی کے مشاغل ہیں اور إِنَّ نَاشِئَةَ ٱلَّيْلِ ... میں بیان ہے داعی داخلی قیام لیل کا اور: إِنَّ لَكَ فِى ٱلنَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا ۝ میں بیان ہے اس کے داعی خارجی کا تو اس سے لیل اور خلوت کے اسرار بھی معلوم ہو گئے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ اس میں رعایت ہے سہولت کی مجاہدہ و اوراد میں اور محققین کا یہی برتاؤ ہے طالبین سالکین کے ساتھ۔ سورۂ مزمل تمام ہوئی۔

الحواشی: (۱) اور وجود آلات کے بعد بھی ہر شخص کو اُن آلات کا جمع کرنا اور اُن کی تصحیح کا اہتمام دشواری سے خالی نہیں اب یہ شبہ بھی دفع ہو گیا کہ حکم تو عام ہے اور جنا یعنی عدم تیسیر آلات خاص ہے ۱۲ منہ۔ (۲) قولہ فی تفسیرھا القومۃ بعد النومۃ ومثلھا فی الکشاف عن عائشۃؓ جزما۔ وفیھا قول آخر کما روی الطبری عن ابن عباسؓ ان اللیل کلہ ناشئۃ وعن المجاھد کل شئ بعد العشاء فھو ناشئۃ انتھی وعلی ھذا لا یتم الاستدلال ۱۲ منہ۔

فائدۃ: فی الروح استدل ابو حنیفۃ بقولہ تعالٰی فاقرأ واما تیسر من القرآن علی ان الفرض فی الصلٰوۃ مطلق القراء ۃ لا الفاتحۃ بخصوصھا وھو ظاھر علی القول بانہ عبر فیہ عن الصلوۃ بر کنھا وھو القراء ۃ کما عبر عنھا بالسجود والقیام والرکوع فی مواضع اہ قلت وبھذا التقریر اندفع ما یتوھم من تفسیری لقولہ تعالٰی فاقرأوا ما تیسر من القرآن انہ یخالف ما ذھب الیہ الحنفیۃ من فرضیۃ القراء ۃ المتبادر منہ حمل الامر علی الوجوب وجہ التوھم ان المتبادر من الاستدلال بالآیۃ علی فرضیۃ القراء ۃ ھو الاستدلال بالامر وھو یتوقف علی کون الامر للوجوب وانا حملتہ علی الندب مخالفا وجہ الاندفاع ان الاستدلال المذکور لیس بالامر لیتوقف علی کونہ للوجوب بل استدلال بالتعبیر عن الصلٰوۃ بالقراء ۃ کما سردہ صاحب الروح وھو یتمشی علی کون الامر للندب ایضا فلم یتخالفا ۱۲۔

اللغات: المزمل فی القاموس تزمل وازمل تلفف فی الثوب رتل الترتیل التبیین وتفصیل بعض الحروف من بعض ناشئۃ مصدر بمعنی قیام وطأ بکسر الواو والمد لابن عامر وابی عمر وبمعنی مواطاۃ القلب واللسان وقرأ الآخرون بفتح الواو وسکون الطاء بمعنی کلفۃ ومشقۃ وبنی التفسیر علی القراء ۃ الثانیۃ ۱۲۔ سبحا تقلبا وتصرفا فی مھماتک ۱۲۔ النعمۃ التنعم کثیبا رملا مجتمعا مھیلا ھال یھیل صب صبا وبیلا فی الجلالین شدیدا ۱۲۔ منفطر بہ الباء للآلۃ او للظرف ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ ادنی من ثلثی الیل ونصفہ وثلثہ بالنسب فی قراء ۃ وبالجر فی قراء ۃ فعلی الاول یکون ادنی مختصا بالثلثین وعلی الثانی یکون عاما للثلثین والنصف والثلث والجمع بین القراء تین ان النصف والثلث کانتا تقریبیین فصح التعبیر عنھما بادنی من النصف والثلث وبالنصف والثلث واما نکتۃ زیادۃ الادنی فی الثلثین فی الاول ان النصف والثلث قلما یقع الغلط فی تقدیر ھما الی الا نقص لقلۃ مقدارھما بخلاف الثلثین حیث لا یندر فیہ مثل ھذا الغلط فاکثر ما یتحقق الثلثان فی ضمن الادنی منھما فافھم فھو من المواھب ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ الْمُدَّثِّرِ

سُوْرَۃُ الْمُدَّثِّرِ مَکِّیَّۃٌ ۴ | بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیَاتُہَا ۵۶ رُکُوْعَاتُہَا ۲

سورۃ المدثر مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۵۰ آیات اور ۲ رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۙ (۱) قُمْ فَاَنْذِرْ ۙ (۲) وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۙ (۳) وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۙ (۴) وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۙ (۵) وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۙ (۶)
وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ؕ (۷) فَاِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ ۙ (۸) فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ۙ (۹) عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ (۱۰)
ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ۙ (۱۱) وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۙ (۱۲) وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ۙ (۱۳) وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ۙ (۱۴)
ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ۙ (۱۵) كَلَّا ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ؕ (۱۶) سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ؕ (۱۷) اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۙ (۱۸) فَقُتِلَ
كَيْفَ قَدَّرَ ۙ (۱۹) ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۙ (۲۰) ثُمَّ نَظَرَ ۙ (۲۱) ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۙ (۲۲) ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۙ (۲۳) فَقَالَ
اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ۙ (۲۴) اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ؕ (۲۵) سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ (۲۶) وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا
سَقَرُ ؕ (۲۷) لَا تُبْقِيْ وَلَا تَذَرُ ۚ (۲۸) لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ۚۖ (۲۹) عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ؕ (۳۰) وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا
مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا
اِيْمَانًا وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ
اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ
وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ (۳۱) كَلَّا وَالْقَمَرِ ۙ (۳۲) وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ۙ (۳۳) وَالصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ ۙ (۳۴) اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ۙ (۳۵) ع ۱۵
نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ۙ (۳۶) لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ يَتَاَخَّرَ ؕ (۳۷) كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ۙ (۳۸) اِلَّآ اَصْحٰبَ
الْيَمِيْنِ ۛؕ (۳۹) فِيْ جَنّٰتٍ ۛؕ يَتَسَآءَلُوْنَ ۙ (۴۰) عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ۙ (۴۱) مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ (۴۲) قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ۙ (۴۳) ۱۶ مع
وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ۙ (۴۴) وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ۙ (۴۵) وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۙ (۴۶) حَتّٰىٓ اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ؕ (۴۷) فَمَا
تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ؕ (۴۸) فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ۙ (۴۹) كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ۙ (۵۰) فَرَّتْ مِنْ

www.besturdubooks.net

قَسْوَرَةٍ ﴿٥١﴾ بَلْ يُرِيدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ أَن يُؤْتَىٰ صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ﴿٥٢﴾ كَلَّا ۖ بَل لَّا يَخَافُونَ الْآخِرَةَ ﴿٥٣﴾ كَلَّا

إِنَّهُ تَذْكِرَةٌ ﴿٥٤﴾ فَمَن شَاءَ ذَكَرَهُ ﴿٥٥﴾ وَمَا يَذْكُرُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ ۚ هُوَ أَهْلُ التَّقْوَىٰ وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿٥٦﴾

اے کپڑے میں لپٹنے والے اٹھو (یعنی اپنی جگہ سے اٹھو یا یہ کہ مستعد ہو) پھر (کافروں کو) ڈراؤ اور اپنے رب کی بڑائیاں بیان کرو اور اپنے کپڑوں کو پاک رکھو اور بتوں سے الگ رہو (جس طرح کہ اب الگ ہو اور کسی کو اس غرض سے مت دو کہ (دوسرے وقت) زیادہ معاوضہ چاہو اور (پھر اس انداز میں جو ایذا پیش آئے اس پر) اپنے رب (کی خوشنودی) کے واسطے صبر کیجئے پھر جس وقت صور پھونکا جائے گا سو وہ وقت یعنی وہ دن کافروں پر ایک سخت دن ہوگا جس میں ذرا آسانی نہ ہوگی۔ (آگے بعض کفار کا ذکر ہے یعنی) مجھ کو اور اس شخص کو (اپنے اپنے حال پر) رہنے دو جس کو میں نے اکیلا پیدا کیا اور کثرت سے مال دیا اور پاس رہنے والے بیٹے (دیئے) اور سب طرح کا سامان اس کے لئے مہیا کر دیا پھر بھی اس بات کی ہوس رکھتا ہے کہ اس کو زیادہ دوں ہرگز زیادہ دینے کا اہل نہیں (کیونکہ) وہ ہماری آیتوں کا مخالف ہے اس کو عنقریب (یعنی مرنے کے بعد) دوزخ کے پہاڑ پر چڑھاؤں گا اس شخص نے سوچا پھر ایک بات تجویز کی سو اس پر خدا کی مار ہو کیسی بات تجویز کی (اور) پھر مکرر اس پر خدا کی مار ہو کیسی بات تجویز کی پھر (حاضرین کے چہروں کو) دیکھا پھر منہ بنایا (تاکہ دیکھنے والے سمجھیں کہ اس کو قرآن سے بہت نفرت ہے) اور زیادہ منہ بنایا اور پھر منہ پھیرا اور تکبر کیا پھر بولا کہ بس یہ تو جادو ہے (جو اوروں سے) منقول (ہے) بس یہ تو آدمی کا کلام ہے اس کو جلدی دوزخ میں داخل کروں گا اور تم کو کچھ خبر بھی ہے کہ دوزخ کیسی چیز ہے (مقصود اس سے تہویل ہے وہ ایسی ہے کہ) نہ تو باقی رہنے دے گی اور نہ چھوڑے گی (اور) وہ (جلا کر) بدن کی حیثیت بگاڑ دے گی اور اس پر انیس فرشتے جو اس پر خازن ہیں اور جن میں سے ایک مالک ہے مقرر) ہوں گے۔ اور ہم نے دوزخ کے کارکن (جو آدمی نہیں بلکہ) صرف فرشتے بنائے ہیں اور ہم نے جو ان کی تعداد ذکر و حکایت ہیں صرف ایسی رکھی ہے جو کافروں کی گمراہی کا ذریعہ ہو تو اس لئے تاکہ اہل کتاب (سننے کے ساتھ) یقین کرلیں اور ایمان والوں کا ایمان اور بڑھ جائے اور اہل کتاب اور مومن شک نہ کریں اور تاکہ جن لوگوں کے دلوں میں (شک کا) مرض ہے وہ اور کافر لوگ کہنے لگیں کہ اس عجیب مضمون میں اللہ تعالیٰ کا کیا مقصود ہے (جس طرح اس خاص باب میں خدا تعالیٰ نے کافروں کو گمراہ کیا اسی طرح اللہ تعالیٰ چاہتا ہے جس کو گمراہ کر دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت کر دیتا ہے اور یہ (انیس فرشتوں کا مقرر ہونا کسی حکمت سے ہے ورنہ) تمہارے رب کے لشکروں (یعنی فرشتوں کی تعداد) کو بجز رب کے کوئی نہیں جانتا اور دوزخیوں کا حال بیان کرنا صرف آدمیوں کی نصیحت کے لئے ہے بالتحقیق قسم ہے چاند کی اور رات کی جب جانے لگے اور صبح کی جب روشن ہو جائے کہ وہ دوزخ بڑی بھاری چیز ہے جو انسان کے لئے بڑا ڈراوا ہے (یعنی تم میں جو آگے کی طرف) کو بڑھے اس کے لئے بھی یا جو (خیر سے) پیچھے ہٹے۔ اس کے لئے بھی ہر شخص اپنے اعمال (کفریہ) کے بدلے میں (دوزخ میں) محبوس ہوگا مگر داہنے والے کہ وہ بہشتوں میں ہوں گے (اور) مجرموں (یعنی کفار) کا حال (خود ان کفار ہی سے) پوچھتے ہوں گے (یعنی مومنین کفار سے پوچھیں گے) کہ تم کو دوزخ میں کس بات نے داخل کیا وہ کہیں گے ہم نہ تو نماز پڑھا کرتے تھے اور نہ غریب کو (جس کا حق واجب تھا) کھانا کھلایا کرتے تھے اور مشغلہ میں رہنے والوں کے ساتھ ہم بھی (اس) مشغلہ میں رہا کرتے تھے اور قیامت کے دن کو جھٹلایا کرتے تھے یہاں تک کہ (اس حالت میں) ہم کو موت آگئی (سو اس حالت مذکورہ میں) ان کو سفارش کرنے والوں کی سفارش نفع نہ دے گی (اور جب کفر و اعراض کی بدولت ان کی یہ گت بننے والی ہے) تو ان کو کیا ہوا کہ اس نصیحت (قرآنی) سے روگردانی کرتے ہیں کہ گویا وہ وحشی گدھے ہیں جو شیر سے بھاگے رہتے ہیں بلکہ ان میں ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ ان کو کھلے ہوئے (آسمانی) نوشتے دیئے جائیں گے (آگے اس بے ہودہ درخواست کا رد ہے کہ یہ) ہرگز نہیں (ہوسکتا) بلکہ یہ لوگ آخرت (کے عذاب) سے نہیں ڈرتے (پس یہ) ہرگز نہیں ہوسکتا بلکہ قرآن (ہی) بانصیحت کے لئے کافی ہے۔ جس کا جی اس سے نصیحت حاصل کرے اور بدوں خدا کے چاہے یہ لوگ نصیحت قبول نہیں کریں گے۔ وہی ہے جس (کے عذاب) سے ڈرنا چاہئے اور (وہی ہے) جو (بندوں کے گناہ) معاف کرتا ہے۔

تفسیر: سورة المدثر مكية وهي ست وخمسون آيات كذا في البيضاوي۔

ربط: اوپر کی سورت میں تسلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقصوداً اور انذار کفار تبعاً مذکور تھا اس سورت میں انذار مقصوداً اور تسلیہ تبعاً ارشاد ہے اس لئے وہاں تسلیہ کی آیات زیادہ اور انذار کی کم اور یہاں انذار کی زیادہ اور تسلیہ کی کم ہیں۔ اور اس سورت میں بعض واقعات کی طرف اشارہ ہے توضیح سورت کے لئے ان کی تفصیل ... باقی ہے۔

واقعہ اول: احادیث میں ہے کہ سب سے پہلے سورۂ اقرا کے شروع کی آیتیں نازل ہو کر بعض حکمتوں سے چندے وحی نازل نہ ہوئی پھر ایک بار جنگل میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک آواز سنائی دی اوپر نظر اٹھا کر دیکھا تو جبریل علیہ السلام ایک تخت پر درمیان زمین و آسمان کے بیٹھے ہیں آپ ﷺ ہیبت سے گھبرا کر گھر لوٹ آئے اور ... میں لپٹ گئے اور اس پر اول کی آیتیں نازل ہوئیں لفظ مدثر میں اسی کی طرف اشارہ ہے اور یہ آیتیں شروع نبوت کی ہیں اور بقیہ سورت کا بعد میں نزول ہوا ہے اور اتقان سے معلوم ہوتا ہے کہ سورۂ مزمل کے بعد نزول ہوا ہے یعنی بقیہ کا۔

www.besturdubooks.net

واقعۂ ثانی: ولید بن مغیرہ کافر بڑا مالدار تھا اور اُس کے دس بیٹے تھے جو اُس کے پاس رہتے تھے اور بوجہ فراغت معاش کے اُن کو تلاش معاش کے لئے کہیں جانا نہ پڑتا تھا وہ ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ ؐ نے اُس کو قرآن پڑھ کر سنایا اور وہ کسی قدر متاثر ہوا مگر ابو جہل نے اُس کو ورغلایا اور قریش میں تذکرہ ہوا کہ اگر ولید مسلمان ہو گیا تو بڑی خرابی ہو گی غرض سب جمع ہوئے اور آپ ؐ کے بارہ میں گفتگو ہوئی کسی نے کہا کہ آپ شاعر ہیں کسی نے کہا کہ آپ کاہن ہیں ولید نے کہا کہ میں شعر میں خود بڑا ماہر ہوں اور کاہنوں کی باتیں بھی بہت سنی ہیں قرآن نہ شعر ہے نہ کہانت لوگوں نے کہا کہ تیری کیا رائے ہے؟ اُس نے کہا کہ سوچ لوں چنانچہ سوچ ساچ کر کہنے لگا کہ مجھ کو سحر معلوم ہوتا ہے جس کا مبنی تفریق بین الاحبہ ہے جو شروع منزل میں مذکور ہوا اور اس کے قبل یہ بھی کہہ چکا تھا کہ یہ سحر بھی نہیں اور مجنونانہ کلام بھی نہیں اور یہ کلام اللہ ہے مگر محض اپنی برادری کو خوش کرنے کو اب یہ بات بنائی: ذَرْنِیْ وَمَنْ خَلَقْتُ سے سَاُصْلِیْهِ سَقَرَ کے آخر تک اسی کے متعلق مضمون ہے کذا فی الدر المنثور۔

واقعۂ ثالث: جب آیت :عیھا تسعة عشر کو کفار نے سنا تو ایک کافر تھا ابوالاشد بن اسید بن کلاۃ الجمحی اور وہ بڑا قوی تھا اُس نے کہا کہ اے قریش تم اس سے مت ڈرنا میں دس فرشتوں کو تو داہنے شانہ سے اور نو کو بائیں شانہ سے ہٹادوں گا اور ایک یہ روایت ہے کہ ابو جہل نے کہا کہ وہ فرشتے تو اُنیس ہی ہیں اور تم بہت سے ہو کیا دس دس آدمی بھی ایک ایک کو کافی نہ ہوں گے اس پر یہ آیت نازل ہوئی: وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ ...... رواہ فی الدر عن السدی وقتادۃ۔ اب تفسیر شروع ہوتی ہے۔

امر بالانذار: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ یٰۤاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۙ قُمْ فَاَنْذِرْ ۙ (الی قوله تعالی) هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰی وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ۝ اے کپڑے میں لپٹنے والے اُٹھو (یعنی اپنی جگہ سے اُٹھو یا یہ کہ مستعد ہو) پھر (کافروں کو) ڈراؤ (جو کہ مقتضا منصب نبوت کا ہے اور یہاں تبشیر کو اس لئے نہیں فرمایا کہ یہ آیت بالکل ابتدائے نبوت کی ہے اُس وقت باستثناء ایک دو کے کوئی مسلمان نہ تھا تو انذار ہی انسب تھا) اور اپنے رب کی بڑائیاں کرو (کہ اول چیز تبلیغ کی توحید ہے اور (آگے بعض ضروری اعمال وعقائد واخلاق کی تعلیم ہے جس پر خود بھی عامل رہنا چاہیے کہ تبلیغ کے ساتھ اپنی تہذیب بھی ضروری ہے یعنی ایک تو اپنے کپڑوں کو پاک رکھئے (یہ اعمال میں سے ہے اور چونکہ بالکل ابتداء میں نماز نہ تھی اس لئے اُس کا حکم نہیں ہوا) اور (دوسرے یہ کہ) بتوں سے الگ رہو (جس طرح کہ اب تک الگ ہو۔ یہ عقائد میں سے ہے یعنی بدستور سابق توحید پر دوام رکھو اور باوجود دوسری شق کے احتمال نہ ہونے کے یہ امر فرمانا اشارہ ہے اہتمام شان توحید کی طرف کہ ایسی ضروری چیز ہے کہ معصوم کو بھی باوجود احتیاج نہ ہونے کے اس کی تعلیم کی جاتی ہے تو غیر معصوم تو بدرجۂ اولیٰ اس کا مکلف ہو گا) اور کسی کو اس غرض سے مت دو کہ (دوسرے وقت) زیادہ معاوضہ چاہو (یہ متعلق اخلاق کے ہے اور گو اوروں کے لئے یہ امر جائز ہے اگرچہ خلاف اولیٰ ہے جیسا سورۂ روم کی آیت :وَمَآ اٰتَیْتُمْ مِّنْ رِّبًا ...... [الروم: ۳۹] کی تفسیر سے معلوم ہو سکتا ہے لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان چونکہ ارفع ہے اس لئے آپ کو اس کی ممانعت کی گئی کما فی الروح والاصح ان النھی للتحریم وانه من خواصه علیه الصلوٰۃ والسلام) اور پھر (انذار میں جو ایذاء پیش آوے اُس پر) اپنے رب (کی خوشنودی) کے واسطے صبر کیجئے (یہ خاص اخلاق متعلقہ بالتبلیغ میں سے ہے پس آیتیں جامع ہو گئیں تہذیب نفس وتہذیب غیر کو) پھر (اس ڈرانے کے بعد جو کوئی ایمان نہ لاوے گا اُس کے لئے یہ وعید ہے کہ) جس وقت صور پھونکا جاوے گا سو وہ وقت یعنی وہ دن کافروں پر ایک سخت دن ہو گا جس میں ذرا آسانی نہ ہو گی (آگے بعض خاص کفار کا ذکر ہے یعنی) مجھ کو اور اُس شخص کو (اپنے اپنے حال پر) رہنے دو (کہ ہم اُس سے بھگت لیں گے) جس کو میں نے (مال واولاد سے خالی اور) اکیلا پیدا کیا (جیسا کہ پیدا ہونے کے وقت آدمی کے پاس نہ مال ہوتا ہے اور نہ اولاد اور مراد اس سے ولید ہے جس کا قصہ واقعۂ ثانی میں مذکور ہوا ہے) اور اُس کو کثرت سے مال دیا اور پاس رہنے والے بیٹے (دیئے) اور سب طرح کا سامان اُس کے لئے مہیا کر دیا پھر بھی (باوجود اس کے اس مال واولاد کا شکر بجا نہ لایا کہ ایمان لے آتا بلکہ اس نعمت وافرہ کو براہ کفران وبے قدری قلیل سمجھ کر) اس بات کی ہوس رکھتا ہے کہ (اُس کو) اور زیادہ دوں ہرگز (وہ زیادہ دینے کے قابل) نہیں (کیونکہ) وہ ہماری آیتوں کا مخالف ہے (اور مخالفت کے ساتھ عدم قابلیت ظاہر ہے گو استدراجاً دے دی جاوے لیکن اتفاق سے اُس شخص کی روز نزول آیت سے ظاہراً بھی ترقی بند ہو گئی چنانچہ پھر نہ کوئی اولاد ہوئی اور نہ کچھ مال بڑھا گو ترقی ہونے پر بھی مضمون آیت کا صحیح رہتا کیونکہ مضمون مقصود زجر ہے طمع زیادت بلا مقتضی قابل زجر ہے اور یہ سزائے زجر یا عدم زیادت تو دنیا میں ہے اور آخرت میں) میں اُس کو عنقریب (یعنی مرنے کے بعد) دوزخ کے پہاڑ پر چڑھاؤں گا (حدیث ترمذی میں مرفوعاً ہے کہ صعود دوزخ میں ایک پہاڑ ہے ستر برس میں اُس کی چوٹی پر پہنچے گا پھر وہاں سے گر پڑے گا پھر اسی طرح ہمیشہ چڑھے گا اور گرے گا اور وجہ اس سزا کی وہی عناد ہے جو اوپر مذکور ہے اور آگے بھی اُس کی کچھ تفصیل ہے وہ یہ کہ) اس شخص نے (اس بارہ میں) سوچا (کہ قرآن کی شان میں کیا بات تجویز کروں) پھر (سوچ کر) ایک بات تجویز کی (جس کا بیان آگے آتا ہے) سو اُس پر خدا کی مار ہو کیسی بات تجویز کی (اور) پھر (مکرر) اس پر خدا کی مار ہو کیسی بات تجویز کی (یہ تعجیب مکرر غایت ذم واستبعاد کے لئے ہے یعنی کیسی بے جوڑ بات تجویز کی جس کا احتمال ہی نہیں ہو سکتا کیونکہ سحر اُمور

www.besturdubooks.net

عادیہ سے ہے اور ایک حد تک اُس کی قوت ہے اور اس میں اتنی قوت نہیں کہ جمیع غائبین پر بھی مؤثر ہو جاوے اور ماضین و مستقبلین پر بھی اثر کر جاوے کہ ناماضین کے کلام میں سے کوئی اُس کا مثل پیش کر سکے اور مستقبلین کی نسبت بھی دعویٰ کیا جاوے کہ کوئی اس کے مثل نہیں بنا سکتا اور کاذب کو ایسے دعویٰ کی اولاً جرأت کہاں پھر آئندہ چل کر بہت جلد اُس کی تکذیب ہو جاتی غرض نہایت مہمل بات تجویز کی) پھر (حاضرین کے چہروں کو) دیکھا (کہ وہ تجویز کی ہوئی بات ان سے کہوں) پھر منہ بنایا (تاکہ دیکھنے والے سمجھیں کہ اس کو قرآن سے بہت کراہت وانقباض ہے) اور زیادہ منہ بنایا پھر منہ پھیرا اور تکبر ظاہر کیا (جیسا عادت ہے کہ جس چیز کو قابل اعراض سمجھتے ہیں اس کا تذکرہ کرتے ہوئے بھی گردن پھیر لیتے ہیں اور اظہار تنفر کرتے ہیں) پھر بولا کہ بس یہ تو جادو ہے (جو اوروں سے) منقول (ہے) بس یہ تو آدمی کا کلام ہے (مطلب یہ کہ اللہ کا کلام نہیں بلکہ بشر کا کلام ہے جس کو آپ کسی جادوگر سے نقل کر دیتے ہیں یا آپ خود مصنف ہیں لیکن مضامین مدعیان نبوت سابقین سے منقول ہیں اور اسلوب عبارت نعوذ باللہ آپ کے سحر کا اثر ہے۔ آگے اس عناد کی سزا تفصیلاً فرماتے ہیں جیسا اوپر سَاُرۡهِقُهٗ صَعُوۡدًا میں اجمالاً فرمایا تھا پس عَنِيۡدًا میں جرم کا ذکر اجمالاً اور سَاُرۡهِقُهٗ میں عقوبت کا ذکر اجمالاً اور اِنَّهٗ فَكَّرَ عَنِيۡدًا کی تفصیل ہے اور سَاُصۡلِيۡهِ ـ سَاُرۡهِقُهٗ کی تفصیل ہے یعنی) میں اس کو جلدی دوزخ میں داخل کروں گا اور تم کو کچھ خبر ہے کہ دوزخ کیسی چیز ہے (مقصود اس سے تہویل ہے اور وہ ایسی ہے کہ) نہ تو (داخل ہونے کے بعد داخل ہونے والوں کی کوئی چیز جلانے سے) باقی رہنے دے گی اور نہ (داخل ہونے کے قبل جو کفار اُس وقت باہر ہوں گے نہ ان میں سے کسی کو بے اپنے اندر لئے ہوئے) چھوڑے گی (اور) وہ (جلا کر) بدن کی حیثیت بگاڑ دے گی (اور) اس پر انیس (۱۹) فرشتے (جو اُس کے خازن ہیں جن میں ایک مالک ہے مقرر) ہوں گے (جو کافروں کو انواع انواع کے عذاب دیں گے حاصل یہ کہ فرشتے جن کی قوت معلوم ہے باوجود یکہ ان میں کا ایک بھی تمام اہل جہنم کی تعذیب کے لئے بس ہے پھر انیس (۱۹) فرشتوں کے مقرر ہونے سے ظاہر ہے کہ عذاب کا بہت ہی اہتمام ہو گا اور نکتہ خاص انیس کے عدد میں حقیقۃً اللہ ہی کو معلوم ہے لیکن اوروں نے جو ذکر کیا ہے ان سب میں اقرب وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس حقیر کے قلب میں القاء فرمایا ہے وہ یہ کہ اصل تعذیب کفر کی عقائد حقہ کی مخالفت پر ہے اور عقائد قطعیہ جو عملیات کے متعلق نہیں حسب تفصیل رسالہ فروع الایمان نو ہیں ایمان لانا اللہ تعالیٰ پر۔ اعتقاد رکھنا کہ عالم حادث ہے۔ ایمان لانا فرشتوں پر۔ ایمان لانا اُس کی سب کتابوں پر۔ ایمان لانا پیغمبروں پر۔ ایمان لانا تقدیر پر۔ ایمان لانا قیامت کے دن پر۔ جنت کا یقین کرنا۔ دوزخ کا یقین کرنا۔ باقی ان کی طرف راجع ہیں اور عقائد قطعیہ جو عملیات کے متعلق ہیں دس ہیں پانچ مامورات کے متعلق یعنی ان کے وجوب کا اعتقاد اور وہ پانچ مامورات جو شعائر اسلام ہیں یہ ہیں تلفظ بالشہادتین۔ اقامت الصلوٰۃ۔ ایتائے زکوٰۃ۔ صوم رمضان۔ حج بیت۔ اور پانچ منہیات کے متعلق یعنی اُن کی تحریم کا اعتقاد اور وہ پانچ منہیات جو کہ آیت امتحان وغیرہ میں مذکور ہیں یہ ہیں۔ سرقہ۔ زنا۔ قتل۔ خصوص قتل اولاد۔ بہتان۔ عصیان فی المعروف جس میں غیبت وظلم واکل اموال یتامیٰ وغیرہ سب آ گئے پس یہ سب عقائد ملا کر انیس ہوئے شاید ایک ایک عقیدہ کے مقابلہ میں ایک ایک فرشتہ معین ہوا ہو اور چونکہ ان سب میں ایک عقیدہ سب سے بڑا ہے یعنی توحید اس لئے ان فرشتوں میں بھی ایک فرشتہ سب سے بڑا مقرر ہوا ہو یعنی مالک واللہ اعلم باسرارہ) اور (اس آیت کا مضمون سن کر جو کفار نے تمسخر کیا جس کا بیان واقعۂ ثالثہ میں ہے اُن پر اگلا مضمون نازل ہوا) کہ ہم نے دوزخ کے کارکن (آدمی نہیں بلکہ) صرف فرشتے بنائے ہیں (جن میں سے ایک ایک فرشتہ میں تمام جن وانس کے برابر قوت رکھتا ہے کذا فی الدر مرفوعا ولفظه هكذا لهم مثل قوة الثقلين) اور ہم نے جو ان کی تعداد (ذکر و حکایت میں) صرف ایسی رکھی ہے جو کافروں کی گمراہی کا ذریعہ ہو (مراد اس سے شمار انیس کا ہے) تو اس لئے (کہ غایات اس پر مرتب ہوں یعنی) تاکہ اہل کتاب (سننے کے ساتھ) یقین کر لیں اور ایمان والوں کا ایمان اور بڑھ جاوے اور اہل کتاب اور مؤمنین شک نہ کریں اور تاکہ جن لوگوں کے دلوں میں (شک کا) مرض ہے وہ اور کافر لوگ کہنے لگیں کہ اس عجیب مضمون سے اللہ تعالیٰ کا کیا مقصود ہے (اہل کتاب کے یقین کی دو توجیہ ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ اُن کی کتاب میں بھی یہ عدد لکھا ہو تو فوراً مان لیں گے اور اگر اب اُن کی کتابوں میں یہ عدد نہ ہو تو ممکن ہے کہ کتابوں کے ضائع ہونے سے ضائع ہو گیا ہو اور دوسری توجیہ یہ ہو سکتی ہے کہ عدد اُن کی کتاب میں نہ ہو لیکن وہ فرشتوں کی قوت کے قائل تھے اور نیز بہت سے امور توقیفیہ ان کی کتابوں میں موجود تھے تو اُن کے پاس کوئی مبنیٰ انکار نہ تھا پس استیقان سے مراد عدم انکار و عدم استہزاء ہو گا لیکن ظاہر توجیہ اول ہے۔ اور اہل ایمان کے ایمان کی زیادت کی بھی دو توجیہ ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ اہل کتاب کے استیقان کو دیکھ کر ان کا ایمان کیفاً قوی ہو کہ آپ باوجود عدم اختلاط اہل کتاب کے وحی سابق کے موافق خبر دیتے ہیں ضرور نبی برحق ہیں۔ دوسری توجیہ یہ کہ جب کوئی مضمون نیا نازل ہوتا تھا اس پر ایمان لاتے تھے پس ایک فرد تصدیق کی اور بڑھی پس کماً ایمان زائد ہوا اور لَا يَرۡتَابَ کو تاکید کے لئے بڑھایا کہ اثبات یقین اور نفی شک دونوں کی تصریح ہو جائے باوجود باہمی تلازم کے۔ اور مرض میں دو احتمال ہیں ایک شک کیونکہ ظہور حق کے بعد بعض جاحد اور منکر ہوتے ہیں بعضے متردد ہوتے ہیں تو اہل مکہ میں بھی ایسے لوگ ہوں گے دوسرا نفاق تو اس میں پیشین گوئی ہو گی کہ مدینہ میں منافق ہوں گے اور ان کا یہ قول ہو گا اور مؤمنین اور اہل کتاب کے اثبات ونفی شک کو جدا جدا اس لئے فرمایا کہ اہل کتاب کا یقین ونفی شک لغوی ہے اور مؤمنین کا شرعی آگے فریقین کے

www.besturdubooks.net

حال پر بطور تفریع کے فرماتے ہیں کہ جس طرح حق تعالیٰ نے ان ایمان والوں کو اس باب میں خاص ہدایت کی اور ان کافروں کو اس باب خاص میں گمراہ کیا) اسی طرح اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے گمراہ کر دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت کر دیتا ہے اور (آگے تتمہ مذکور ہے مضمون سبق متعلق عدد خزنہ جہنم کا یعنی یہ انیس فرشتوں کا مقرر ہونا کسی حکمت سے ہے ورنہ) تمہارے رب کے (ان) لشکروں (کی یعنی فرشتوں کی تعداد اس کثرت سے ہے کہ اس) کو بجز رب کے کوئی نہیں جانتا (اگر وہ چاہتے تو بے انتہا فرشتوں کو خازن بنا دیتے اور اب بھی گو خازن انیس ہیں مگر ان کے اور اعوان وانصار بہت کثرت سے ہیں چنانچہ حدیث مسلم میں ہے کہ جہنم کو اس حال میں حاضر کیا جاوے گا کہ اس کی ستر ہزار باگیں ہوں گی اور ہر باگ کو ستر ہزار فرشتے پکڑے ہوں گے) اور (جو اصل مقصود ہے جہنم کا حال بیان کرنے سے وہ عدد کی قلت یا کثرت یا تعیین یا انکشاف حکمت تخصیص یا عدم انکشاف پر موقوف نہیں اور وہ اصل مقصود یہ ہے کہ) دوزخ (کا حال بیان کرنا) صرف آدمیوں کی نصیحت کے لئے ہے (تاکہ وہاں کے عذاب کو سن کر ڈریں اور ایمان لاویں اور یہ مقصود کسی خاص خصوصیات پر موقوف نہیں پس مقتضا عقل کا بھی یہی ہے کہ اصل مقصود کو محفوظ وملحوظ رکھ کر ان بالائی امور کے درپے نہ ہوں آگے جہنم کی عقوبت کا کسی قدر بیان ہے جس میں ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ کے اجمال کی تفصیل ہے پس ارشاد ہے کہ) بالتحقیق قسم ہے چاند کی اور رات کی جب جانے لگے اور صبح کی جب روشن ہو جائے کہ وہ دوزخ بڑی بھاری چیز ہے جو انسان کے لئے بڑا ڈراوا ہے یعنی تم میں جو (خیر کی طرف) آگے کو بڑھے اس کے لئے بھی یا جو (خیر سے) پیچھے کو ہٹے اس کے لئے بھی (مطلب یہ کہ جمیع مکلفین کے لئے نذیر ہے اور چونکہ عواقب اس انذار کے قیامت میں ظاہر ہوں گے اس لئے قسم ایسی چیزوں کی کھائی گئی جو قیامت کے بہت ہی مناسب ہے چنانچہ قمر کا اول بڑھنا پھر گھٹنا نمونہ ہے اس عالم کے نشو ونما اور پھر اضمحلال وفنا کا یہاں تک کہ چاند کے محاق کی طرح یہ بھی فانی محض ہو جاوے گا اسی طرح اس عالم دنیا کو اس عالم آخرت کے ساتھ اختفاء واکتشاف حقائق میں ایسی نسبت ہے جیسے رات کو دن کے ساتھ پس اس عالم کا ختم ہو جانا مشابہ رات گزر جانے کے ہے اور اس عالم کا ظہور مشابہ اسفار صبح کے ہے آگے اس کے اور اس کے اہل کے بعض احوال کا بیان ہے یعنی) ہر شخص اپنے اعمال (کفریہ) کے بدلے میں (دوزخ میں) محبوس ہوگا مگر داہنے والے (جس کی تفسیر سورۂ واقعہ میں گزری ہے اور یہاں یہ مقابل اصحاب الشمال کے ہے پس مقربین کو بھی شامل ہے حاصل یہ کہ مؤمنین اس حبس سے مستثنیٰ ہیں) کہ وہ بہشتوں میں ہوں گے (اور) مجرموں (یعنی کفار کا حال (خود ان کفار ہی سے) پوچھتے ہوں گے (اور کیفیت تکلم کی باوجود تباین دارین کے ان میں گفتگو کیونکر ہوگی سورۂ اعراف آیات: نَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ ...... [الأعراف: ٤٤] کی تفسیر میں گزری ہے اور یہ سوال تقریعاً ہوگا حاصل یہ کہ مؤمنین کفار سے پوچھیں گے کہ) تم کو دوزخ میں کس بات نے داخل کیا وہ کہیں گے کہ ہم نہ تو نماز پڑھا کرتے تھے اور نہ غریب کو (جس کا کہ حق واجب تھا) کھانا کھلایا کرتے تھے اور (جو لوگ دین حق کے ابطال کے مشغلہ میں رہتے تھے ان) کے مشغلہ میں رہنے والوں کے ساتھ ہم بھی (اس) مشغلہ (ابطال دین) میں رہا کرتے تھے اور قیامت کے دن کو جھٹلایا کرتے تھے یہاں تک کہ (اسی حالت میں) ہم کو موت آ گئی (اور ہم ان حرکات سے باز نہ آئے یعنی خاتمہ اسی نافرمانی پر ہوا اس وجہ سے ہم دوزخ میں آئے اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ کفار مکلف بالفروع ہیں سقر میں دو چیزیں ہوں گی تعذیب وزیادت تعذیب پس ممکن ہے کہ مجموعۂ اعمال مذکورہ سبب ہو مجموعۂ تعذیب وزیادت تعذیب کا اس طرح کہ کفر وتکذیب تو سبب ہو تعذیب کا اور ترک صلوٰۃ وغیرہ سبب ہو زیادت تعذیب کا اور غیر مکلف بالفرع ہونے کے معنی یہ کہے جاویں گے کہ ان فروع پر نفس تعذیب نہ ہوگی اور زیادت تعذیب اس لئے ہو کہ ضمن اصول میں تو آخران فروع کے بھی مکلف ہیں پس تکلیف ضمنی سبب ہو جاوے زیادت کا) سو (حالت مذکورہ میں) ان کو سفارش کرنے والوں کی سفارش نفع نہ دے گی (اور اس عدم نفع کا تحقق عدم شفاعت کے تحقق سے ہوگا یعنی شفاعت ہی نہ ہوگی لقولہ تعالیٰ: فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ [الشعراء: ۱۰۰] آگے ان کے اعراض پر تفریع ہے کہ جب کفر واعراض کی بدولت ان کی یہ گت بننے والی ہے) تو ان کو کیا ہوا کہ اس نصیحت (قرآنی) سے روگردانی کرتے ہیں کہ گویا وہ وحشی گدھے ہیں جو شیر سے بھاگے جا رہے ہیں (اس تشبیہ میں کئی امر کی رعایت ہے اول تو گدھا بلادت وحماقت میں مشہور ہے دوسرے اس کو وحشی فرض کیا جس کو گورخر کہتے ہیں کہ وہ بعضے غیر مخوف چیزوں سے بھی طبعاً بدکتا بھاگتا ہے تیسرے شیر سے اس کا ڈرنا فرض کیا کہ اس صورت میں ان کا بھاگنا انتہا درجہ کا ہوگا اور اس بھاگنے کے اسباب میں ایک سبب یہ بھی ہے کہ یہ لوگ اس قرآن کو بزعم خود حجیت میں کافی نہیں سمجھتے) بلکہ ان میں ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کو کھلے ہوئے (آسمانی) نوشتے دیئے جائیں (جیسا درمنثور میں قتادہ سے مروی ہے کہ بعضے کفار نے آپ سے کہا کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہم آپ کا اتباع کریں تو خاص ہمارے نام ایسے نوشتے آئیں جن میں آپ کے اتباع کا حکم لکھا ہو وھذا کقولہ تعالیٰ: حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ [الاسراء: ۹۳] اور منشرہ کا بڑھانا توضیح مقصود کے لئے ہے یعنی جیسے معمولی خطوط ہوتے ہیں کہ کھولے جاتے ہیں اور پڑھے جاتے ہیں ایسے ہی نوشتے ہمارے پاس آنے چاہئیں آگے اس بیہودہ درخواست کا رد ہے کہ یہ ہرگز نہیں (ہو سکتا کیونکہ نہ اس کی ضرورت اور نہ ان لوگوں کو اس کی لیاقت اور خصوص اس وجہ سے کہ اس درخواست کا سبب یہ نہیں ہے کہ دل میں ان کا ارادہ ہو کہ اگر ایسا ہو گا تو اتباع کر لیں گے) بلکہ (سبب یہ ہے کہ) یہ لوگ آخرت (کے عذاب) سے نہیں ڈرتے (اس لئے حق کی طلب نہیں ہے اور یہ درخواستیں محض تعنت سے

www.besturdubooks.net

ہیں حتیٰ کہ اگر یہ درخواستیں بالفرض پوری بھی ہو جاویں تب بھی یہ لوگ اتباع نہ کریں کقولہ تعالیٰ: وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ [الأنعام: ۷] آگے بطور انتاج کے اس کار دو اور اس پر زجر ہے کہ جب اس درخواست کا بے ہودہ ہونا ثابت ہو گیا پس یہ) ہرگز نہیں (ہو سکتا بلکہ) یہ قرآن (ہی) نصیحت (کے لئے کافی) ہے (اور صحف کی حاجت نہیں) سو (اس حالت میں) جس کا جی چاہے اس سے نصیحت حاصل کرے (اور جس کا جی چاہے نہ کرے جہنم میں جاوے ہم کو کوئی ضرورت نہیں کہ صحیفے نازل کریں) اور (قرآن کے تذکرہ ہونے میں اس سے شبہ نہ کیا جاوے کہ بعض لوگوں کو اس سے تذکر نہیں ہوتا بات یہ ہے کہ قرآن گو فی نفسہٖ تذکرہ ہے لیکن) بدوں خدا کے چاہے یہ لوگ نصیحت قبول نہیں کریں گے (اور اس نہ چاہنے میں بعضی حکمتیں ہیں لیکن قرآن فی نفسہٖ تذکرہ ضرور ہے پس اس سے تذکر حاصل کرو۔ اور خدا کی اطاعت کرو کیونکہ) وہی ہے جس (کے عذاب) سے ڈرنا چاہیے اور (وہی ہے) جو (بندوں کے گناہ) معاف کرتا ہے (کقولہ تعالیٰ: اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ [الأعراف: ۱۶۷])

ف: ولید بن مغیرہ کو وحید کہنے میں ایک نکتہ کی بھی رعایت ہے وہ قریش میں بوجہ اس کے کہ اس قدر مال اور اولاد کوئی نہ رکھتا تھا وحید مشہور تھا اللہ تعالیٰ نے دوسرے معنی کے اعتبار سے وحید فرمایا جو اس کے عجز و درماندگی پر دال ہے اور اس قصہ سے قرآن میں تعرض ہونے سے معلوم ہوتا ہے کہ ماسوائے اول کی آیتوں کے بقیہ سورت ابتدائے نبوت سے عرصہ کے بعد نازل ہوئی کیونکہ اس کا یہ قصہ بعد ہی میں ہوا ہے کذا فی روح المعانی پس اتقان میں جو سورۂ مدثر کا نزول بعد سورۂ نون اور سورۂ مزمل کے لکھا ہے وہ باعتبار اسی بقیہ کے ہے واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ...... بعض نے تفسیر کی ہے کہ زیادہ چاہنے کے خیال سے مت دو بعض نے کہا ہے کہ دے کر زیادہ مت سمجھو اور بعض نے کہا کہ اپنے حسنات کو زیادہ سمجھ کر مت جتلاؤ اور یہ سب تعلیم ہے اخلاق و طریق کی ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ...... کاملین کے اتباع سے عار کرنے اور اپنے نفس کے لئے واردات و احوال کی توقع رکھنے کی مذمت ہے۔ سورۃ المدثر تمام ہوئی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في ولربك خوشنودی كما في المدارك لوجه الله ۱۲ ۲ قوله في قدر تجویزکی فی المدارك قدر في نفسه ۱۲۔ ۳ قوله في بسر زیادہ كما في المدارك بسر زاد في التقبض والكلوح ۱۲۔ ۴ قوله قبل ما لهم جب کفر و اعراض الخ اشارة الى توجيه فاء فمالهم ۱۲۔

اللغات: الرجز بالكسر والضم القذر وعبادة الاوثان كذا في القاموس نقر بمعنى التصويت واريد به النفخ لانه نوع منه۔ قوله سارهقه في القاموس ارهقه عسرا كلفه اياه۔ قوله صعودا في القاموس العقبة الشاقة دجيل في جهنم وترجمت الجملة هذه بالحاصل لواحه في القاموس لوح غير ۱۲ كلا بمعنى حقا تارة وللردع اخرى۔ القسورة الاسد۔ التقوىٰ مصدر مجهول۔ المغفرة مصدر معروف كما في الحديث ۱۲۔

النحو: قوله ثم نظر عطف على فكر وقدر وما بينهما من الدعاء اعتراض ۱۲ قوله نذيرا حال من احدى والعامل فيهما تضمنته اى انها شديدة حال كونها ذات انذار وذكر لانها بمعنى العذاب ۱۲۔ قوله فاذا نقر جزاء ه فذلك الخ قوله فذلك مبتدأ ويومئذ بدل منه مبني على الفتح لاضافة الى غير متمكن والخبر يوم عسير وعلى الكفرين متعلق بعسير وزيد غير يسير للتاكيد ۱۲ درغلايا على اختلاف اللسانين ۱۲۔

البلاغة: وما جعلنا عدتهم في الروح ومعنى قوله تعالى وما جعلنا الخ ما جعلنا عدد اصحاب النار الا العدد الذى اقتضى الفتنة وهو التسعة عشر فكان الاصل وما جعلنا عدتهم الا تسعة عشر فعبر بالاثر وهو الفتنة عن المؤثر وهو خصوص التسعة عشر لانه السبب في افتتانهم وقيل الا فتنة بدل الا تسعة عشر تنبيهًا على ان الاثر ههنا لعدم انفكاكه عن مؤثره لتلازمهما كانا كشئ واحد يعبر باسم احدهما عن الآخر ومعنى جعل عدتهم المطلقة العدة المخصوصة ان يخبر عن عددهم بانه كذا اذ الجعل لا يتعلق بالعدة انما يتعلق بالمعدود فالمعنى اخبرنا ان عدتهم تسعة عشر دون غيرها اه فلا يرد فهما معنى جعل افتتان الكفار بهذا العدد سبباً لهذه الامور وانما السبب هو العدة والاخبار عنها فافهم بداعيت كل ذلك في الترجمة قوله وليقول اعيد اللام لان هذا الغرض مقابل للسابق بخلاف انتفاء الريب فانه متقلب للاستيقان ۱۲ قوله لاحدى اى لا نظيرة لها قوله يتساء لون اى يساء لون وحذف[1] المفعول اى المجرمين عن حالهم ووضع المظهر موضع المضمر ۱۲۔

الحواشی: (۱) قوله حذف وقوله وضع كلاهما بصيغة الماضي المجهول ۱۲ منه۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ

سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ ۷۵ مَكِّيَّةٌ ۳۱ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۴۰ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۃ القیامۃ مکہ میں نازل ہوئی | شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں | اس میں ۴۰ آیات اور ۲ رکوع ہیں

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝١ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝٢ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ
عِظَامَهٗ ۝٣ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ۝٤ بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۝٥ يَسْـَٔلُ اَيَّانَ
يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ۝٦ فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝٧ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝٨ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۝٩ يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَىِٕذٍ
اَيْنَ الْمَفَرُّ ۝١٠ كَلَّا لَا وَزَرَ ۝١١ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَىِٕذِ الْمُسْتَقَرُّ ۝١٢ يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَىِٕذٍۢ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ۝١٣
بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ۝١٤ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ۝١٥ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝١٦ اِنَّ عَلَيْنَا
جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝١٧ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝١٨ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝١٩ كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ۝٢٠ وَتَذَرُوْنَ
الْاٰخِرَةَ ۝٢١ وُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍ نَّاضِرَةٌ ۝٢٢ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝٢٣ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍۢ بَاسِرَةٌ ۝٢٤ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ۝٢٥
كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ۝٢٦ وَقِيْلَ مَنْ ٜ رَاقٍ ۝٢٧ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ۝٢٨ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ۝٢٩ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَىِٕذِ
ع ١ ٣٠ ١٧ الْمَسَاقُ ۝٣٠ فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ۝٣١ وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝٣٢ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ۝٣٣ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ۝٣٤ ثُمَّ
اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ۝٣٥ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ۝٣٦ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ۝٣٧ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً
ع ٢ ١٠ ١٨ فَخَلَقَ فَسَوّٰى ۝٣٨ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۝٣٩ اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ۝٤٠

میں قسم کھاتا ہوں قیامت کے دن کی اور قسم کھاتا ہوں ایسے نفس کی جو اپنے اوپر ملامت کرے (آگے منکرین بعث پر رد ہے یعنی) کیا انسان خیال کرتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیاں ہرگز نہ جمع کریں گے ہم ضرور جمع کریں گے (اور یہ جمع کرنا ہم کو کچھ دشوار نہیں) کیونکہ ہم اس پر قادر ہیں کہ اس کی انگلیوں کی پوریوں تک درست کردیں بلکہ بعض آدمی (قیامت کا منکر ہوکر) یوں چاہتا ہے کہ اپنی آئندہ زندگی میں بھی (بے خوف وخطر ہوکر) فسق وفجور کرتا رہے (اس لئے بطور انکار کے) پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب آئے گا سو جس وقت (مارے حیرت کے) آنکھیں خیرہ ہوجاویں گی اور چاند بے نور ہوجائے گا اور (چاند کی کیا تخصیص ہے بلکہ) سورج اور چاند دونوں ایک حالت کے ہوجاویں گے (یعنی دونوں بے نور ہوجاویں گے) اس روز انسان کہے گا کہ اب کدھر بھاگوں (ارشاد باری ہورہا ہے) ہرگز بھاگنا ممکن نہیں (کیونکہ) پناہ کی جگہ نہیں اس دن صرف آپ ہی کے رب کے پاس ٹھکانا (جانے کا) ہے اس روز انسان کو اس کا سب اگلا پچھلا کیا ہوا جتلا دیا جائے گا (اور انسان کا اپنے اعمال سے آگاہ ہونا کچھ اس جتلانے پر موقوف نہ ہوگا) بلکہ انسان خود اپنی حالت پر خوب مطلع ہوگا گو (باقتضاء طبیعت اس وقت بھی) اپنے حیلے (حوالے) پیش لاوے۔ اے پیغمبر آپ (قبل وحی کے ختم

www.besturdubooks.net

ہو چکنے کے) قرآن پر اپنی زبان نہ ہلایا کیجئے تاکہ آپ اس کو جلدی جلدی لیں (کیونکہ) ہمارے ذمہ ہے (آپ کے قلب میں) اس کا جمع کر دینا اور اس کا پڑھوا دینا (جب یہ ہمارے ذمہ ہے) تو ہم اسے پڑھنے لگا کریں (یعنی ہمارا فرشتہ پڑھنے لگا کرے) تو آپ اس کے تابع ہو جایا کیجئے پھر اس کا بیان کرا دینا بھی ہمارا ذمہ ہے اے منکرو (قیامت کی بابت جیسا کہ تم سمجھ رہے ہو) ہرگز ایسا نہیں بلکہ تصرف بات یہ ہے کہ تم دنیا سے محبت رکھتے ہو اور آخرت کو چھوڑ دیتے ہو بہت سے چہرے تو اس روز بارونق ہوں گے اور اپنے پروردگار کی طرف دیکھتے ہوں گے (یہ تو مومنین کا حال ہے) اور بہت سے چہرے اس روز بے رونق ہوں گے (اور وہ لوگ) خیال کر رہے ہوں گے کہ ان کے ساتھ کمر توڑ دینے والا معاملہ کیا جائے گا۔ ہرگز ایسا نہیں جب جان ہنسلی تک پہنچ جاتی ہے اور (نہایت حسرت سے اس وقت) کہا جاتا ہے کہ کوئی جھاڑنے والا ہے اور (اس وقت) وہ (مردہ) یقین کر لیتا ہے کہ یہ مفارقت (دنیا) کا وقت ہے اور (شدت سکرات موت سے) ایک پنڈلی دوسری پنڈلی سے لپٹ جاتی ہے اس روز تیرے رب کی طرف جانا ہوتا ہے تو اس نے نہ تو (خدا اور رسول) کی تصدیق کی تھی اور نہ نماز پڑھی تھی لیکن (خدا اور رسول کی) تکذیب کی تھی اور احکام سے منہ موڑا پھر ناز کرتا ہوا اپنے گھر چل دیتا تھا تیری کم بختی پر کم بختی آنے والی ہے پھر (مکرر سن لے کہ) تیری کم بختی پر کم بختی آنے والی ہے کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ یوں ہی مہمل چھوڑ دیا جائے گا (کیا یہ شخص (ابتدا میں محض) ایک قطرہ منی نہ تھا جو عورت کے رحم میں ٹپکایا گیا تھا پھر وہ خون کا لوتھڑا ہو گیا پھر اللہ تعالیٰ نے (اس کو انسان) بنایا پھر اعضا درست کئے پھر اس کی دو قسمیں کر دیں مرد اور عورت (تو) کیا وہ (خدا جس نے ابتداء میں اپنی قدرت سے یہ سب کچھ کیا اس بات پر قدرت نہیں رکھتا کہ (قیامت) میں مردوں کو زندہ کر دے۔

تفسیر: سورة القيمة مكية وهي تسع وثلثون ايات كذا في البيضاوى۔

ربط: سورت سابقہ کے قرب ختم پر ارشاد ہے لَّا يَخَافُونَ الْآخِرَةَ اور اس سے پہلے کچھ احوال آخرت کے بھی مذکور ہوئے ہیں۔ اس سورت میں آخرت کے احوال کی تفصیل ہے اور تبعاً مقدمہ آخرت یعنی موت کے وقت کا حال بھی اور تقریب بعثت کے لئے ابتدائے خلقت کا حال بھی مذکور ہے اور يُنَبَّؤُا الْإِنْسَانُ ... سے چونکہ حق تعالیٰ کا محصی ہونا باوجود انسان کے محصی نہ ہونے کے ثابت ہوتا ہے اس کے استطراد سے مضمون لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ ... لایا گیا اور آیت لَا تُحَرِّكْ بِهِ ...... یہ ارتباط مواہب سے ہے جس کی تقریر ترجمہ میں آوے گی۔

تفصیل احوال قیامت مع مضامین استطراد یہ نہی از تعجیل بالقرآن و حالت قرب موت و حالت ابتدائے خلقت:

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ۔ لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ (الی قولہ تعالی) أَلَيْسَ ذَٰلِكَ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَن يُحْيِيَ الْمَوْتَىٰ۔ میں قسم کھاتا ہوں قیامت کے دن کی اور قسم کھاتا ہوں ایسے نفس کی جو اپنے اوپر ملامت کرے (یعنی نیکی کر کے یہ کہے کہ میں نے کیا کیا ہے اس میں اخلاص نہ تھا اس میں فلانی خرابی رہ گئی تھی اور گناہ ہو جاوے تو بہت ہی نادم ہو كذا في الدر المنثور عن ابن عباس والحسن پس اس معنی کے اعتبار سے یہ نفس مطمئنہ کو بھی شامل ہے اور جواب قسم محذوف ہے یعنی تم ضرور مبعوث ہو گے اور ان دونوں قسموں کا مناسب مقام ہونا ظاہر ہے قیامت کا تو اس لئے کہ وہ ظرف بعث ہے اور نفس لوامہ کا اس لئے کہ ایسا نفس مصدق ہوتا ہے بعث کا آگے منکرین بعث پر رد ہے یعنی) کیا انسان خیال کرتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیاں ہرگز جمع نہ کریں گے (انسان سے مراد کافر اور ہڈیوں کی تخصیص اس لئے کہ اصل عماد بدن یہی ہیں آگے انکار کا جواب ہے یعنی) ہم ضرور جمع کریں گے (اور یہ جمع کرنا ہم کو کچھ دشوار نہیں) کیونکہ ہم اس پر قادر ہیں کہ اس کی انگلیوں کی پوریوں تک درست کر دیں (پوریوں کی تخصیص ذکری دو وجہ سے ہے ایک یہ کہ یہ اطراف بدن ہیں اور تکمیل ہر شئے کے بننے کی اس کے اطراف پر ہوتی ہے چنانچہ ہمارے محاورہ میں بھی ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ میرے پور پور میں درد ہے یعنی تمام بدن میں۔ دوسرے یہ کہ پوریوں میں باوجود چھوٹی ہونے کے صنعت کی رعایت زیادہ ہے اور عادۃً یہ زیادہ دشوار ہے پس جو اس پر قادر ہو گا وہ آسان پر بدرجۂ اولیٰ قادر ہو گا لیکن بعضا آدمی قدرت الہیہ میں غور نہیں کرتا اور قیامت کا قائل نہیں ہوتا) بلکہ (ایسا) بعضا آدمی (قیامت کا منکر ہو کر) یوں چاہتا ہے کہ اپنی آئندہ زندگی میں بھی (بے خوف خطر ہو کر) فسق و فجور کرتا رہے (اس لئے بطور انکار کے) پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب آئے گا (یعنی چونکہ اپنی تمام عمر معاصی و شہوات میں گزارنے کا عازم ہے اس لئے اس کو طلب حق کی نوبت ہی نہیں آتی کہ قیامت کا ہونا اس کو ثابت ہو اس لئے انکار پر مصر ہے اور انکاراً پوچھتا ہے کہ کب آئے گی) سو جس وقت (مارے حیرت کے) آنکھیں خیرہ ہو جاویں گی (اور وجہ اس حیرت کی یہ ہو گی کہ جن امور کی تکذیب کرتا تھا وہ دفعتاً نظر آ جاویں گی کذا فی الجلالین) اور چاند بے نور ہو جاوے گا اور (چاند کی کیا تخصیص ہے بلکہ) سورج اور چاند (دونوں) ایک حالت کے ہو جاویں گے (یعنی دونوں بے نور ہو جاویں گے جیسا حدیث بخاری میں آیا ہے تکوران ومعنى كورت قال ابن عباس اظلمت رواهما في الدر المنثور سورة التكوير اور چاند کو جدا بیان کرنا شاید اس لئے ہو کہ عرب کو بوجہ قمری حساب رکھنے کے اس کا حال دیکھنے کا زیادہ اہتمام تھا) اس روز انسان کہے گا کہ اب کدھر بھاگوں (ارشاد ہوتا ہے کہ) ہرگز (بھاگنا ممکن) نہیں (ہو گا

www.besturdubooks.net

کیونکہ) کہیں پناہ کی جگہ نہیں (ہوگی) اس دن صرف آپ ہی کے رب کے پاس ٹھکانا (جانے کا) ہے (پھر خواہ جنت میں بھیجیں یا دوزخ میں اور رب کے سامنے جانے کے وقت) اس روز انسان کو اس کا سب اگلا پچھلا کیا ہوا جتلا دیا جاوے گا (اور انسان کا اپنے اعمال سے آگاہ ہونا کچھ اس جتلانے پر موقوف نہ ہو گا) بلکہ انسان خود اپنی حالت پر (بوجہ انکشاف ضروری کے) خوب مطلع ہوگا گو (باقتضائے طبعیت اس وقت بھی) اپنے حیلے (حوالے) پیش لاوے (جیسے کفار کہیں گے : وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ [الأنعام : ۲۳] مگر دل میں خود بھی جانیں گے کہ ہم جھوٹے ہیں غرض انسان اپنے سب حال کو خوب جانتا ہوگا اس لئے جتلانا اعلام کے لئے نہ ہوگا بلکہ تقریع واتمام حجت وقطع جواب کے لئے ہوگا اور) اے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم يُنَبَّؤُا اور بَلِ الْاِنْسَانُ سے دو مضمون مستفاد ہوئے ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ تمام اشیاء کے عالم اور محیط ہیں دوسرا یہ کہ حق تعالیٰ کی عادت ہے کہ جب حکمت مقتضی ہوتی ہے تو علوم غائبہ کثیرہ کو ذہن مخلوق میں حاضر کر دیتا ہے گو ان علوم غائبہ کا حاضر ہو جانا خلاف عادت طبعی ہو جیسا کہ قیامت میں اس کا وقوع ہوگا جب یہ بات ہے تو آپ وحی کے نزول کے وقت جیسا کہ اب تک آپ کی عادت ہے اس قدر مشقت کہ سنتے بھی ہیں پڑھتے بھی ہیں دھیان بھی رکھتے ہیں محض اس احتمال سے کیوں برداشت کرتے ہیں کہ شاید کچھ مضمون میرے ذہن سے نکل جائے کیونکہ جب ہم نے آپ کو نبی بنایا ہے اور آپ سے تبلیغ کا کام لینا ہے تو یہاں مقتضائے حکمت بھی ہوگا کہ وہ مضامین آپ کے ذہن میں حاضر رکھے جائیں اور ہمارا محیط ہونا تو ظاہر ہی ہے اس لئے آپ یہ مشقت برداشت نہ کیا کیجئے اور جب وحی نازل ہوا کرے تو) آپ (قبل وحی کے ختم ہو چکنے کے) قرآن پر اپنی زبان نہ ہلایا کیجئے تاکہ آپ اس کو جلدی جلدی لیں (کیونکہ) ہمارے ذمہ ہے (آپ کے قلب میں) اس کا جمع کر دینا اور (آپ کی زبان سے) اس کا پڑھوا دینا) جب یہ ہمارے ذمہ ہے) تو آپ (اپنے ذہن سے اور فکر سے ہمہ تن) اس کے تابع ہو جایا کیجئے (یعنی ادھر ہی متوجہ ہو جایا کیجئے اور اس کے دوہرانے میں مشغول نہ ہوا کیجئے کقولہ تعالیٰ : وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ [طٰہٰ : ۱۱۴]) پھر (آپ کی زبان سے لوگوں کے سامنے) اس کا بیان کرا دینا (بھی) ہمارے ذمہ ہے (یعنی آپ کو یاد کرا دینا اور آپ کی زبان پر جاری کرا دینا پھر تبلیغ کے وقت بھی اس کا یاد رکھوانا اور لوگوں کے سامنے پڑھوا دینا یہ سب ہمارے ذمہ ہے اور یہ مضمون استطراداً آ گیا تھا آگے پھر عود ہے خطاب منکرین کی طرف یعنی) اے منکرو (انسان کا اعمال متقدمہ ومتاخرہ پر مطلع کیا جانا قیامت میں ضرور ہے اور جیسا تم سمجھ رہے ہو کہ قیامت نہ ہوگی) ہرگز ایسا نہیں (اور نہ تمہارے پاس اس کی کوئی دلیل ہے) بلکہ (صرف بات یہ ہے کہ) تم دنیا سے محبت رکھتے ہو اور (اس محبت میں منہمک ہو کر) آخرت (سے غافل ہو اور غفلت کے سبب اس) کو چھوڑ بیٹھے ہو (پس بناء تمہاری اس نفی کی محض فاسد ہے سو قیامت ضرور ہوگی اور ہر ایک کو اس کے اعمال پر مطلع کر کے ان اعمال کے مناسب جزا ملے گی جس کی تفصیل یہ ہے کہ) بہت سے چہرے تو اس روز بد رونق ہوں گے (اور وہ لوگ) خیال کر رہے ہوں گے کہ ان کے ساتھ کمر توڑ دینے والا معاملہ کیا جاوے گا (یعنی اس کو عذاب شدید ہوگا۔ آگے حب عاجلہ پر زجر ہے کہ تم جو دنیا کو محبوب اور آخرت کو متروک ہونے کے قابل سمجھ رہے ہو) ہرگز ایسا نہیں (کیونکہ دنیا سے ایک روز مفارقت ہونے والی ہے اور اخیر کو آخرت میں جانا ہے جس کا بیان یہ ہے کہ) جان ہنسلی تک پہنچ جاتی ہے اور (نہایت حسرت سے اُس وقت) کہا جاتا ہے (یعنی تیماردار کہتے ہیں (ارے) کوئی جھاڑ (پھونک کر) نے والا بھی ہے (مراد مطلق معالج ہے چونکہ عرب میں جھاڑ پھونک کا زیادہ چرچا تھا اس لئے راق سے تعبیر کیا) اور (اُس وقت) وہ (مردہ) یقین کر لیتا ہے کہ یہ مفارقت (دنیا) کا وقت ہے اور (شدت سکرات موت سے) ایک پنڈلی دوسری پنڈلی سے لپٹ لپٹ جاتی ہے (مراد اس سے ظہور آثار سکرات موت ہے کچھ تخصیص التفات کی نہیں اس کا ذکر تمثیلاً ہے جب یہ حالتیں پیش آتی ہیں تو اے شخص) اُس روز تیرے رب کی طرف جانا ہوتا ہے (پس اس حالت میں جب عاجلہ وترک آخرت کس درجہ نادانی ہے پھر خدا کے پاس پہنچنے کے بعد اگر وہ کافر ہے تو اُس کا بُرا حال ہوگا کیونکہ) اُس نے نہ تو (خدا ورسول کی) تصدیق کی تھی اور نہ نماز پڑھی تھی لیکن (خدا ورسول کی) تکذیب کی تھی اور (احکام سے) منہ موڑا تھا پھر (اُس پر طرہ یہ کہ داعیٔ حق سے منہ موڑ کر اس پر افتخار اور) ناز کرتا ہوا اپنے گھر چل دیتا تھا (مطلب یہ کہ اول تو کفر وعصیان پھر اُس پر ندامت نہیں بلکہ اور اُلٹا فخر کرتا تھا کہ ہم نے اس طرح حق کو رد کیا اور باطل پر جمع رہے اور پھر اُس کے بعد طلب حق نہیں بلکہ اپنے خدم وحشم میں جا کر اور زیادہ مغرور اور غافل ہو جاتا آگے اس کافر کی بدحالی کا بیان ہے کہ ایسے شخص سے کہا جاوے گا کہ) تیری کمبختی پر کمبختی آنے والی ہے پھر (مکرر سن لے کہ) تیری کمبختی پر کمبختی آنے والی ہے (تکریر مفرد سے زیادت کمیت مستفاد ہوئی اور تکریر مجموع سے زیادہ کیفیت اور چونکہ وقوع جزائے مذکور موقوف ہے دو امر پر ایک انسان کا مکلف ہونا دوسرے اُس کا مبعوث ہونا جس کے امکان میں اُن کو کلام تھا اس لئے آگے دونوں مضمون ہیں یعنی) کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ یوں ہی مہمل چھوڑ دیا جاوے گا (نہ اس پر امر ونہی متوجہ ہوگا اور نہ اُس سے حساب وکتاب ہوگا بلکہ مکلف ہونا بھی یقینی ہے اور اُس پر باز پرس ہونا بھی یقینی۔ اور یہ جو بعث کو مستحیل سمجھتا ہے یہ بھی اُس کی حماقت ہے) کیا یہ شخص (ابتداء میں محض) ایک قطرۂ منی نہ تھا جو (عورت کے رحم میں) ٹپکایا گیا تھا پھر وہ خون کا لوتھڑا ہو گیا پھر اللہ تعالیٰ نے (اس کو انسان) بنایا پھر اعضاء درست کئے پھر اُس

www.besturdubooks.net

(انسان) کی دو قسمیں کر دیں مرد اور عورت (اور یہ فا تفسیر یہ ہے تو) کیا وہ (خدا جس نے ابتداء میں اپنی قدرت سے یہ سب کچھ کیا) اس بات پر قدرت نہیں رکھتا کہ (قیامت میں) مُردوں کو زندہ کردے (حالانکہ اعادہ اہون ہے ابداء سے پس مقدمات مجازات کے اثبات سے مجازات کا اثبات ہو گیا)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝ ...... نفس لوامہ وہ ہے جو شر پر تو اس طرح نادم ہو کہ کیوں کیا اور خیر پر اس طرح کہ کیوں نہ کیا اور امارہ شر کا امر کرے اور مطمئنہ جو خیر پر قرار پکڑ لے۔ سورۃ القیامۃ تمام ہوئی۔

الروایات: قوله تعالى: لَا تُحَرِّكْ في الروح عن الصحيحين والسنن عن ابن عباس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعالج من التنزيل شدة فكان يحرك به لسانه وشفتيه مخافة ان ينفلت منه يريد ان يحفظه فانزل الله تعالى لا تحرك به لسانك الخ فكان رسول الله صلى الله عليه وسلم بعد ذلك اذا اتاه جبريل عليه السلام اطرق وفي لفظ استمع فاذا ذهب قرأه كما وعده الله عز وجل وفيه من رواية الشيخين وجماعة عنه انه قال في بيانه ثم ان علينا ان نبينه بلسانك ۱۲۔ اولى لهم في الروح عن الصحاح عن الاصمعي اولى له قاربه ما يهلكه اى نزل به فهو فعل مستتر فيه ضمير الهلاك الخ بقرينة السياق واللام زائدة ص ۲۰ جلد ۱۱۔

اللغات: لا وزر في القاموس معقل۔ ملجا معتصم ۱۲ قوله اولى مر تحقيقه في سورة محمد قوله فاولى لهم ۱۲۔

النحو: قوله قادرين حال من ضمير نجمع المقدر المدلول عليه ببلى ۱۲۔ قوله اذا بلغت مقدر جزاؤه اى تساق دل عليه قوله يومئذ المساق ۱۲۔

البلاغة: قوله الى ربها ناظرة وتقديم المعمول اما للاهتمام واما لرعاية الفاصلة واما لان النظر الى الله تعالى يذهل عن غيره ۱۲۔ قوله ثم ذهب للاستبعاد لان مقتضى العصيان الندم فالتفاخر عليه مستبعد اى استبعاد ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الدَّهْرِ

سُوْرَةُ الدَّهْرِ ۷۶ مَدَنِيَّةٌ ۹۸ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۳۱ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۃ الدھر مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۳۱ آیات اور ۲ رکوع ہیں

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا ۝۱ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ
فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًاۢ بَصِيْرًا ۝۲ اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ۝۳ اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۠
وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ۝۴ اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝۵ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا
تَفْجِيْرًا ۝۶ يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ۝۷ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا
وَّاَسِيْرًا ۝۸ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ۝۹ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا
قَمْطَرِيْرًا ۝۱۰ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ۝۱۱ وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ۝۱۲
مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ۝۱۳ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا
تَذْلِيْلًا ۝۱۴ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا۠ ۝۱۵ قَوَارِيْرَا۠ مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا
تَقْدِيْرًا ۝۱۶ وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ۝۱۷ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ۝۱۸ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ
وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۚ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ۝۱۹ وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا
كَبِيْرًا ۝۲۰ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ۫ وَّحُلُّوْۤا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا
طَهُوْرًا ۝۲۱ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ۝۲۲ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ۝۲۳
فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ۝۲۴ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝۲۵ وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ
وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ۝۲۶ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ۝۲۷ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ
وَشَدَدْنَاۤ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَاۤ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ۝۲۸ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ

www.besturdubooks.net

اِتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِیْلًا ﴿۲۹﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ﴿۳۰﴾ یُّدْخِلُ مَنْ یَّشَآءُ فِیْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمِیْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا ﴿۳۱﴾ ع ۲۰

بے شک انسان پر زمانہ میں ایک ایسا وقت بھی آ چکا ہے جس میں وہ کوئی چیز قابل تذکرہ نہ تھا (یعنی انسان نہ تھا بلکہ نطفہ تھا) ہم نے اس کو مخلوط نطفہ سے پیدا کیا اس طور پر کہ ہم اسے مکلف بنائیں تو (اسی واسطے) ہم نے اس کو سنتا (دیکھتا سمجھتا) بنایا ہم نے اس کو (بھلائی برائی پر مطلع کر کے) رستہ بتلایا (یعنی احکام کا مخاطب بنایا پھر) یا تو شکر گزار (اور مومن) ہو گیا یا ناشکرا (اور کافر) ہو گیا۔ ہم نے کافروں کے لئے زنجیریں اور طوق اور آتش سوزاں تیار کر رکھی ہے (اور) جو نیک (لوگ) ہیں وہ ایسے جام شراب سے (شرابیں) پئیں گے جس میں کافور کی آمیزش ہوگی (یعنی ایسے چشمہ سے پئیں گے) جس سے خدا کے خاص بندے پئیں گے (اور) جس کو وہ (خاص بندے جہاں چاہیں گے) بہا کر لے جائیں گے وہ لوگ واجبات کو پورا کرتے ہیں اور ایسے دن سے ڈرتے ہیں جس کی سختی عام ہوگی اور وہ لوگ (صرف) خدا کی محبت سے غریب اور یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں ہم تم کو محض خداوندی رضامندی کے لئے کھانا کھلاتے ہیں نہ ہم تم سے (اس کا عملی) بدلہ چاہیں اور نہ (اس کا قولی) شکریہ چاہیں ہم اپنے رب کی طرف سے ایک سخت اور تلخ دن کا اندیشہ رکھتے ہیں سو اللہ تعالیٰ ان کو (اس) اطاعت اور (اخلاص کی برکت سے) اس دن کی سختی سے محفوظ رکھے گا اور ان کو تازگی اور خوشی عطا فرمائے گا (یعنی چہروں پر تازگی اور قلوب میں خوشی دے گا) اور ان کی پختگی (یعنی استقامت فی الدین) کے بدلے میں ان کو جنت اور ریشمی لباس دے گا۔ اس حالت میں کہ وہ وہاں (جنت میں) مسہریوں پر (آرام اور عزت سے) تکیہ لگائے ہوں گے نہ وہاں تپش (اور گرمی) پائیں گے اور نہ جاڑا (بلکہ فرحت بخش موسم ہوگا) اور یہ حالت ہوگی کہ (وہاں یعنی جنت کے) درختوں کے سائے ان پر جھکے ہوں گے اور ان کے میوے ان کے اختیار میں ہوں گے (کہ ہر وقت ہر طرح بلا مشقت لے سکیں گے) اور ان کے پاس چاندی کے برتن اور آبخورے لائیں جائیں گے جو شیشے کے ہوں گے (اور) وہ شیشے چاندی کے ہوں گے جن کو بھرنے والوں نے مناسب انداز میں بھرا ہوگا اور وہاں ان کو (علاوہ جام شراب مذکور کے) ایسا جام شراب پلایا جائے گا جس میں سونٹھ کی آمیزش ہوگی یعنی ایسے چشمے سے ان کو پلایا جائے گا جو وہاں ہوگا جس کا نام (وہاں) سلسبیل مشہور ہوگا اور ان کے پاس (یہ چیزیں لے کر) ایسے لڑکے آمد و رفت کریں گے جو ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے اور اس قدر حسین ہیں کہ ہمارے مخاطب اگر تو ان کو چلتے پھرتے دیکھے تو سمجھے موتی ہیں جو بکھر گئے ہیں اور اے مخاطب اگر تو اس جگہ کو دیکھے تو تجھ کو بڑی نعمت اور بڑی سلطنت دکھائی دے (اور) ان جنتیوں پر باریک ریشم کے کپڑے ہوں گے اور دبیز ریشم کے کپڑے بھی (کیونکہ ہر لباس میں جدا لطف ہے) اور ان کو چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے اور ان کا رب ان کو پاکیزہ شراب پینے کو دے گا (جس میں نہ نجاست ہوگی نہ کدورت) یہ تمہارا صلہ ہے اور تمہاری کوشش (جو دنیا میں کرتے تھے) مقبول ہیں۔ ہم نے آپ پر قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے اتارا ہے سو آپ اپنے پروردگار کے حکم پر (کہ اس میں تبلیغ بھی داخل ہے) مستقل رہئے اور ان میں سے کسی فاسق یا کافر کے کہنے میں نہ آئیے اور آگے عبادت لازمہ کا امر ہے یعنی اپنے پروردگار کا صبح و شام نام لیا کیجئے اور کسی قدر رات کے حصہ میں بھی اس کو سجدہ کیا کیجئے (یعنی نماز فرض پڑھا کیجئے) اور رات کے بڑے حصہ میں اس کی تسبیح کیا کیجئے (اس سے مراد تہجد ہے علاوہ فرائض کے) یہ لوگ دنیا سے محبت رکھتے ہیں اور اپنے آگے (آنے والے) ایک بھاری دن کو چھوڑ بیٹھے ہیں ہم ہی نے ان کو پیدا کیا ہے اور ہم ہی نے ان کے جوڑ بند مضبوط کئے اور (نیز) جب ہم چاہیں ان ہی جیسے لوگ ان کی جگہ بدل دیں یہ (سب جو کچھ مذکور ہوا کافی) نصیحت ہے سو جو شخص چاہے اپنے رب کی طرف رستہ اختیار کرے اور بدوں خدا کے چاہے تم لوگ کوئی بات چاہ نہیں سکتے (اور بعض لوگوں کے لئے) خدا کے چاہتے ہیں بعض حکمتیں ہوتی ہیں کیونکہ خدا تعالیٰ بڑا علم و حکمت والا ہے وہ جس کو چاہے اپنی رحمت میں داخل کر لیتا ہے اور (جس کو چاہے کفر اور ظلم میں مبتلا رکھتا ہے پھر) ظالموں کے لئے اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

تفسیر: سورة الدهر مكية وهي احدى وثلثون ايات كذا في البيضاوي۔

ربط: سورت سابقہ میں زیادہ مجازات کا اثبات اور کچھ مجازات کی تفصیل تھی اس میں زیادہ مجازات کی تفصیل ہے جس میں غالب شاید ترغیب کے لئے جزائے ایمان ہے اور اول اور اخیر میں کچھ اس کا امکان و اثبات ہے اسی کے ساتھ انسان کا مکلف ہونا بھی ارشاد ہے اور چونکہ کفار کے انکار مجازات سے آپ کو حزن ہوتا تھا اس لئے درمیان میں اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا سے آپ کا تسلیہ ہے۔

مقدوریت و مکلفیت انسان و تفصیل مجازات بر کفر و ایمان و تسلیہ صاحب فرقان و وقوع بعث بعد الامکان:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ (الى قوله تعالى) وَالظّٰلِمِیْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا ﴿۳۱﴾ بے شک انسان پر زمانہ میں ایک وقت ایسا بھی آ چکا ہے جس میں وہ کوئی چیز قابل تذکرہ نہ تھا (یعنی انسان نہ تھا بلکہ نطفہ تھا اور اس سے قبل جماد تھا) ہم نے اس کو مخلوط نطفہ سے پیدا کیا (یعنی مرد اور عورت دونوں کے نطفہ سے کیونکہ عورت کی منی بھی اندر ہی اندر رحم میں گرتی ہے پھر کبھی فم رحم سے خارج ہو کر ضائع ہو جاتی ہے اور کبھی اندر رہ جاتی ہے اور مخلوط کے معنی یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ وہ اجزائے مختلفہ سے مرکب ہے چنانچہ ترکیب منی کی اجزائے مختلفہ سے ظاہر ہے۔ غرض ہم نے اس کو ایسے نطفہ سے پیدا کیا)

www.besturdubooks.net

اس طور پر کہ ہم اُس کو مکلف بنائیں تو (اسی واسطے) ہم نے اُس کو سنتا دیکھتا (سمجھتا) بنایا (اور چونکہ محاورہ میں سمیع وبصیر استعمالاً مخصوص ہے عاقل کے ساتھ اس لئے عقل دینے کی جو کہ ایسی ہیأت وصفات کے ساتھ پیدا کیا کہ اُس میں مکلف بننے کی قابلیت ہو اس کے بعد جب مکلف ہونے کا وقت آ گیا تو) ہم نے اُس کو (بھلائی برائی پر مطلع کر کے) راستہ بتلایا (یعنی احکام کا مخاطب بنایا پھر) یا تو وہ شکر گزار (اور مؤمن) ہو گیا یا ناشکر (اور کافر) ہو گیا (یعنی جس راستہ پر چلنے کو اُس کو کہا تھا جو اُس پر چلا وہ مؤمن ہو گیا جو بالکل نہ چلا کافر ہو گیا۔ آگے فریقین کی جزاء کا ذکر ہے کہ) ہم نے کافروں کے لئے زنجیریں اور طوق اور آتش سوزاں تیار کر رکھی ہے (اور) جو نیک (لوگ) ہیں وہ ایسے جام شراب سے (شرابیں) پیویں گے جس میں کافور کی آمیزش ہوگی یعنی ایسے چشمے سے (پیویں گے جس سے خدا کے خاص بندے پئیں گے (اور) جس کو وہ (خاص بندے جہاں چاہیں گے) بہا کر لے جائیں گے (اور یہ بہشتوں کی ایک کرامت ہوگی کہ انہار جنت ان کے تابع ہوں گی جیسا درمنثور میں ابن شوذب سے مروی ہے کہ جنتیوں کے ہاتھ میں سونے کی چھڑیاں ہوں گی وہ چھڑیوں سے جس طرف اشارہ کر دیں گے نہریں اُسی طرف چلنے لگیں گی اور یہ کافور دنیا کا کافور نہیں بلکہ جنت کا کافور ہے جو سپیدی اور خنکی اور تفریح وتقویت دل ودماغ میں اس کا مشارک ہے شراب میں خاص کیفیات حاصل کرنے کے لئے عادت ہے بعض مناسب چیزوں کے ملانے کی پس وہاں اُس کاس میں کافور ملایا جاوے گا اور وہ جام شراب ایسے چشمے سے بھرا جاوے گا جس سے مقرب بندے پیویں گے تو ظاہر ہے کہ وہ اعلیٰ درجہ کا ہوگا سو اس سے ابرار کی بشارت میں تقویت ہوگئی اور اگر ابرار وعباد اللہ کا مصداق ایک ہو تو دو جگہ بیان کرنے سے جدا جدا مقصود ہے ایک جگہ اُس کی آمیزش بتلانا ہے دوسری جگہ اس کا کثیر اور مسخر ہونا کہ اسباب عیش کی کثرت وطواعیت اللذتی العیش ہے۔ آگے اُن ابرار کی صفات مذکور ہیں) وہ لوگ واجبات کو پورا کرتے ہیں اور (ادا بھی کرتے ہیں خلوص سے کیونکہ وہ) ایسے مخلص ہیں کہ عبادات مالیہ میں بھی جس میں غالباً اخلاص کم ہوتا ہے کمال درجہ کا اخلاص رکھتے ہیں چنانچہ) وہ لوگ (محض) خدا کی محبت سے غریب اور یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں (قیدی اگر مظلوم ہے کہ ظلماً قید کر دیا گیا تب تو اُس کی اعانت کا مستحسن ہونا ظاہر ہے اور اگر ظالم ہے کہ جزائے ظلم میں قید ہوا ہے تو شدت حاجت کے وقت اُس کا اطعام بھی مستحسن ہے اور وہ لوگ کھانا کھلا کر زبان سے یا دل سے یوں کہتے ہیں کہ) ہم تم کو محض خدا کی رضامندی کے لئے کھانا کھلاتے ہیں نہ ہم تم سے (اس کا فعلی) بدلہ چاہیں اور نہ (اس کا قولی) شکریہ چاہیں اور ہم خدا کی رضامندی کے لئے اس واسطے تم کو کھانا کھلاتے ہیں کہ) ہم اپنے رب کی طرف سے ایک سخت اور تلخ دن کا اندیشہ رکھتے ہیں (تو امید رکھتے ہیں کہ ان اعمال مقترنہ بالاخلاص کی بدولت اُس دن کی تلخی اور سختی سے محفوظ رہیں اور اس سے معلوم ہوا کہ خوف آخرت سے کوئی کام کرنا خلاف اخلاص اور ابتغائے مرضاۃ کے نہیں) سو اللہ تعالیٰ اُن کو (اس اطاعت واخلاص کی برکت سے) اُس دن کی سختی سے محفوظ رکھے گا اور اُن کو تازگی اور خوشی عطا فرماوے گا (یعنی چہروں پر تازگی اور قلوب میں خوشی دے گا) اور اُن کی پختگی (یعنی استقامت فی الدین) کے بدلہ میں اُن کو جنت اور ریشمی لباس دے گا اس حالت میں کہ وہ وہاں (جنت میں) مسہریوں پر (آرام وعزت سے) تکیہ لگائے ہوں گے (اور) نہ وہاں تپش (اور گرمی) پاویں گے اور نہ جاڑا (بلکہ فرحت بخش اعتدال ہوگا) اور یہ حالت ہوگی کہ (وہاں کے یعنی جنت کے) درختوں کے سائے اُن (بہشتیوں) پر جھکے ہوں گے (یعنی قریب ہوں گے اور سایہ اسباب تنعم سے ہے اور اسباب تنعم کا قرب خود موجب مزید تنعم ہے اور سایہ سے آفتاب کا ہونا لازم نہیں آتا کیونکہ دوسرے اجسام نورانیہ سے بھی ظل حاصل ہو سکتا ہے اور فائدہ سایہ کا غالباً تفنن ہے اسباب عیش کا کیونکہ ہر شئی میں جدا لذت ہے) اور اُن کے میوے اُن کے اختیار میں ہوں گے (کہ ہر وقت ہر طرح بلا مشقت لے سکیں گے) اور اُن کے پاس (کھانے پینے کی چیزیں پہنچانے کے لئے) چاندی کے برتن لائے جاویں گے اور آبخورے جو شیشے کے ہوں گے (اور) وہ شیشے چاندی کے ہوں گے جن کو بھرنے والوں نے مناسب انداز سے بھرا ہوگا (یعنی اُس میں مشروب ایسے انداز سے بھرا ہوگا کہ نہ اُس وقت کی خواہش میں کمی رہے اور نہ اُس سے بچے کہ دونوں میں بے لطفی ہوتی ہے اور چاندی کے شیشے کے یہ معنی کہ سفیدی تو چاندی کی سی ہوگی اور شفافی شیشہ کی سی اور دنیا کی چاندی میں آر پار نظر نہیں آتا اور شیشہ میں یہاں ایسی سفیدی نہیں ہوتی پس یہ ایک عجیب چیز ہوگی) اور وہاں اُن کو (علاوہ جام شراب مذکورہ بالا کے جس میں کافور کی آمیزش تھی اور بھی) ایسا جام شراب پلایا جاوے گا جس میں سونٹھ کی آمیزش ہوگی (کہ انتعاش حرارت غریزی اور منہ کا مزہ بدلنے کے لئے شراب میں اس کو بھی ملاتے تھے) یعنی ایسے چشمے سے (ان کو پلایا جاوے گا جو وہاں ہوگا) جس کا نام (وہاں) سلسبیل (مشہور) ہوگا (مجموعہ مقام بالا اور مقام ہذا سے معلوم ہوتا ہے کہ چشمہ مذکورہ بالا کی آمیزش کافور کی ہوگی اور اس چشمہ مذکورہ مابعد کی شراب میں آمیزش زنجبیل کی ہوگی واللہ اعلم باسرارہٖ) اور اُن کے پاس (یہ چیزیں لے کر) ایسے لڑکے آمد ورفت کریں گے جو ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے (اور اس قدر حسین ہیں کہ) اے مخاطب اگر تو اُن کو (چلتے پھرتے) دیکھے تو یوں سمجھے کہ موتی ہیں جو بکھر گئے ہیں (موتی سے تو تشبیہ صفائی اور اشراق میں اور بکھرے ہوئے کا وصف اُن کے چلنے پھرنے کے لحاظ سے جیسے بکھرے موتی منتشر ہو کر کوئی ادھر جا رہا ہے کوئی اُدھر جا رہا ہے اور یہ اعلیٰ درجہ کی تشبیہ ہے) اور (اُن مذکورہ اسباب تنعم میں انحصار نہیں بلکہ وہاں اور بھی ہر سامان اس افراط اور رفعت کے ساتھ ہوگا کہ) اے مخاطب اگر تو اُس جگہ کو دیکھے تو تجھ کو بڑی نعمت اور بڑی سلطنت دکھلائی دے (اور) اُن جنتیوں پر باریک ریشم کے سبز کپڑے ہوں گے اور دبیز ریشم کے کپڑے ہوں گے (کیونکہ ہر لباس میں جدا لطف ہے) اور اُن کو چاندی کے کنگن پہنائے جاویں گے (اس سورت

www.besturdubooks.net

میں تین جگہ چاندی کے سامان کا ذکر آیا ہے اور دوسری آیات میں سونے کا مگر دونوں میں تعارض نہیں کیونکہ دونوں طرح کا سامان ہوگا اور حکمت اس کی وہی تفنن طبائع وتنعمات کا ہے اور یہ شبہ کہ مردوں کو زیور معیوب ہے اس لئے مندفع ہے کہ ہر موطن کا مقتضا جدا ہے یہاں عیب ہونا وہاں عیب ہونے کو مستلزم نہیں) اور اُن کارب (جوان کو شراب پینے کو دے گا جس کا اوپر ذکر آیا ہے: یَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ ۔ وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لان الكاس هو القدح اذا كان فيه الشراب تو وہ مثل شراب دنیا کے ناپاک اور مزیل عقل وموجب خمار نہ ہوگی بلکہ اللہ تعالیٰ) اُن کو پاکیزہ شراب پینے کو دے گا (جس میں نہ نجاست ہوگی نہ کدورت وہذا کقولہ تعالیٰ: لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ [الواقعۃ: ۱۹] اور تین جگہ جو سورت میں ذکر شراب کا آیا ہے ہر جگہ غرض جدا ہے جیسا تقریر ترجمہ سے واضح ہے پھر اول میں يَشْرَبُوْنَ ہے دوسری جگہ يُسْقَوْنَ جو زیادت اکرام پر دال ہے تیسری جگہ سَقٰهُمْ رَبُّهُمْ میں نہایت ہی تشریف ہے پس تکرار کا شائبہ نہ رہا۔ اور ان سب نعمتوں کو دیکر اہل جنت سے مسرت روحانی بڑھانے کے لئے کہا جاوے گا کہ) یہ تمہارا صلہ ہے اور تمہاری کوشش (جو دنیا میں کرتے تھے) مقبول ہوئی (آگے مجموعہ ذکر جزائے فریقین کے بعد بطور تفریع معنوی کے آپ کا تسلیہ ہے یعنی ان مخالفین کی سزا آپ نے سن لی پس آپ ان کی مخالفت سے غم نہ کیجئے اور اپنی طاعت لازمہ اور متعدیہ میں لگے رہیے کہ علاوہ طاعت ہونے کے اس میں قلب کی بھی تقویت ہے اور بیان اُس طاعت کا یہ ہے کہ) ہم نے آپ پر قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے اُتارا ہے (تا کہ تھوڑا تھوڑا لوگوں کو پہنچاتے رہیں اور اُن کو اہتداء میں آسانی ہو: كما ذكر في اخر سورة الاسراء من قوله تعالى: وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ ...... [الاسراء: ۱۰۶] سو آپ اپنے پروردگار کے حکم پر (اُس میں تبلیغ بھی داخل ہے) مستقل رہیے اور ان میں سے کسی فاسق یا کافر کے کہنے میں نہ آیئے (یعنی یہ جو تبلیغ سے منع کرتے ہیں كما في الدر المنثور سورۃ الکافرین اُس کی موافقت نہ کیجئے مقصود اس سے اظہار اہتمام شان ہے گو احتمال موافقت بالیقین منعدم ہو یہ تو عبادت متعدیہ کا امر ہوا) اور (آگے عبادت لازمہ کا امر ہے یعنی) اپنے پروردگار کا صبح وشام نام لیا کیجئے اور کسی قدر رات کے حصہ میں بھی اُس کو سجدہ کیا کیجئے (یعنی نماز فرض پڑھا کیجئے) اور رات کے بڑے حصے میں اُس کی تسبیح (وتقدیس) کیا کیجئے (مراد اس سے تہجد ہے علاوہ فرائض کے اور آگے تقویت تسلیہ کے لئے ایک اور مضمون ہے جس میں کفار کی مذمت بھی ہے یعنی ان لوگوں کی مخالفت کی اصل وجہ آپ کے ساتھ یہ ہے کہ) یہ لوگ دنیا سے محبت رکھتے ہیں اور اپنے آگے (آنے والے) ایک بھاری دن کو چھوڑ بیٹھے ہیں (پس حب دنیا نے اندھا کر رکھا ہے اس لئے حق کہنے والے سے بغض رکھتے ہیں اور یوم ثقیل کا ذکر سن کر چونکہ مظنہ اُن کے انکار کا تھا اس لئے آگے اُس یوم ثقیل کے استبعاد کو دفع فرماتے ہیں یعنی) ہم ہی نے ان کو پیدا کیا اور ہم ہی نے انکے جوڑ بند مضبوط کئے اور (نیز) جب ہم چاہیں ان ہی جیسے لوگ ان کی جگہ بدل دیں (اور امر اول تو مشاہد ہے اور دوسرا امر ادنیٰ تنبیہ سے معلوم ہوسکتا ہے پس دونوں امروں سے قدرت الٰہیہ ظاہر ہے پھر بعث ہی میں کون بات زیادہ دشوار ہے کہ اُس پر قدرت نہ ہو۔ آگے ان تمام مضامین سابقہ کا ذکر جزاء واستدلال علی القدرت پر بطور تفریع کے فرماتے ہیں کہ) یہ (سب جو مذکور ہوا کافی) نصیحت ہے سو جو شخص چاہے اپنے رب کی طرف راستہ اختیار کرلے (وقد مر فی المزمل) اور (قرآن کے تذکرہ ہونے میں اس سے شبہ نہ کیا جاوے کہ بعض کو اس سے تذکر نہیں ہوتا بات یہ ہے کہ قرآن تو فی نفسہ تذکرہ کافی ہے لیکن) بدوں خدا کے چاہے تم لوگ کوئی بات چاہ نہیں سکتے (اور بعض لوگوں کیلئے خدا کے نہ چاہنے میں بعضی حکمتیں ہوتی ہیں کیونکہ) خدا تعالیٰ بڑا علم والا اور حکمت والا ہے وہ جس کو چاہے اپنی رحمت میں داخل کر لیتا ہے اور (جس کو چاہے کفر اور ظلم میں مبتلا رکھتا ہے پھر) ظالموں کیلئے اُس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ ...... اس میں اخلاص کی ترغیب ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَسَقٰهُمْ ...... روح المعانی میں اصل عربی میں شراب طہور وچشمۂ کافور وزنجبیل کے حقائق واسرار مذکور ہیں اور یہ مضمون منجملہ حواشی کے ہے۔ سورۃ الدہر تمام ہوئی۔

اللغات: قوله هل اتى بمعنى قد اتى۔ قوله حين وقت محدود الدهر وقت غير محدود والزمان يعمهما۔ امشاج اخلاط جمع مشج كسبب واسباب او مشيج كشهيد واشهاد ووقع صفة للمفرد لان المراد بالنطفة ماء الرجل والمرأة باعتبار الاجزاء المختلفة فيها۔ قمطريرا شديد العبوس ۱۲ قوله سلسبيلا في الروح عن الزجاج ما كان من الشراب غاية في السلاسة وسهولة الانحدار في الحلق قوله عاليهم فوقهم۔ قوله وراء هم اى امامهم قوله اسرهم في القاموس مفاصلهم ۱۲۔

النحو: نبتليه حال مقدرة قوله اما شاكرا واما كفورا حالان من مفعول هدينا واما للتقسيم للمهدى باختلاف الذوات والصفات اى هدينا ه السبيل مقسوما اليهما ۱۲۔ قوله عينا بدل من محل من كاس قوله متكئين حال من هم في جزاء هم والعامل جزى لا يرون حال ثانية ودانية عطف على الجملة وحالها حالها ۱۲ قد روها الضمير الى الطائفين المدلول عليه بقوله يطاف عليهم ۱۲۔

البلاغة: قوله طهورا مصدر بمعنى الطاهر وصف به مبالغة اثما او كفورا المقصود انتفاء اطاعة كل واحد منهما قيل كيف ذلك وكلهم كفرة واجيب بان التقسيم باعتبار ما يدعو ان اليه من الكفر والاثم المقابل له لا باعتبار الذات حتى يكون بعضهم آثما وبعضهم كفورًا ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سورۃ المرسلٰت

سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ ۷۷ مَكِّيَّةٌ ۳۳ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۵۰ | رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۃ المرسلات مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۵۰ آیات اور ۲ رکوع ہیں

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۝۱ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۝۲ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۝۳ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۝۴ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۝۵
عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۝۶ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ۝۷ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ۝۸ وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ۝۹ وَاِذَا الْجِبَالُ
نُسِفَتْ ۝۱۰ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ۝۱۱ لِاَيِّ يَوْمٍ اُجِّلَتْ ۝۱۲ لِيَوْمِ الْفَصْلِ ۝۱۳ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۝۱۴ وَيْلٌ
يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۵ اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۶ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ۝۱۷ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ۝۱۸
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۹ اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝۲۰ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝۲۱
اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۝۲۲ فَقَدَرْنَا ۖ فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ۝۲۳ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۲۴ اَلَمْ نَجْعَلِ
الْاَرْضَ كِفَاتًا ۝۲۵ اَحْيَآءً وَّاَمْوَاتًا ۝۲۶ وَّجَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ وَّاَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً
فُرَاتًا ۝۲۷ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۲۸ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝۲۹ اِنْطَلِقُوْٓا
اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ۝۳۰ لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ ۝۳۱ اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ۝۳۲
كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ۝۳۳ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۳۴ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ۝۳۵ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ
فَيَعْتَذِرُوْنَ ۝۳۶ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۳۷ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۚ جَمَعْنٰكُمْ وَالْاَوَّلِيْنَ ۝۳۸ فَاِنْ كَانَ
لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ۝۳۹ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۴۰ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ۝۴۱ ع ۱/۲۱
وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ۝۴۲ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۴۳ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝۴۴
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۴۵ كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ۝۴۶ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ
لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۴۷ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ۝۴۸ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۴۹ فَبِاَيِّ

www.besturdubooks.net

ع ۲/ ۲۲

حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ۝

قسم ہے ان ہواؤں کی جو نفع پہنچانے کے لئے بھیجی جاتی ہیں پھر ان ہواؤں کی جو تندی سے چلتی ہیں (جس سے خطرات کا احتمال ہوتا ہے) اور ان ہواؤں کی جو بادلوں کو (اٹھا کر) پھیلاتی ہیں پھر ان ہواؤں کو جو بادلوں کو متفرق کر دیتی ہیں (جیسا کہ بارش کے بعد ہوتا ہے پھر ان ہواؤں کی جو (دل میں) اللہ کی یاد (یعنی توبہ کا یا) ڈرانے کا القا کرتی ہیں کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ضرور ہونے والی ہے سو جب ستارے بے نور ہو جائیں گے اور جب آسمان پھٹ جائے گا اور جب پہاڑ اڑتے پھریں گے اور جب پیغمبر وقت مقرر پر جمع کئے جائیں گے کس دن کے لئے پیغمبروں کا معاملہ ملتوی رکھا گیا ہے (آگے جواب ہے کہ) فیصلہ کے دن کے لئے (ملتوی رکھا گیا ہے اور (آگے اس فیصلہ کے دن کی تہویل ہے کہ) آپ کو معلوم ہے کہ وہ فیصلہ (مراد قیامت کا دن ہے جو کیسا کچھ ہے (یعنی بہت سخت ہے اس روز حق کے جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی۔ (آگے عذاب کی تنذیر ہے یعنی) کیا ہم اگلے (کافر) لوگوں کو (عذاب سے) ہلاک نہیں کر چکے پھر پچھلوں کو بھی (عذاب میں) ان (پہلوں) ہی کے ساتھ ساتھ کر دیں گے ہم مجرموں کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے ہیں (یعنی ان کے کفر پر سزا دیتے ہیں) اس روز (حق کے) حق کے جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی (آگے قدرت علی البعث کی تقریر ہے یعنی) کیا ہم نے تم کو ایک بے قدر پانی (یعنی نطفہ) سے نہیں بنایا پھر ہم نے اس کو ایک وقت مقررہ تک ایک محفوظ جگہ (یعنی عورت کے رحم) میں رکھا غرض ہم نے (ان تصرفات کا ایک اندازہ ٹھہرایا سو ہم کیسے اچھے اندازہ ٹھہرانے والے ہیں (اس روز حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی کیا ہم نے زمین کو زندوں اور مردوں کو سمیٹنے والی نہیں بنایا اور ہم نے اس زمین پر اونچے اونچے پہاڑ بنائے ہیں (جس سے بہت منافع متعلق ہیں) اور ہم نے تم کو میٹھا پانی پلایا اس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی اور نہ گرمی سے بچاتا ہے وہ انگارے برسا دے گا جیسے بڑے بڑے محل جیسے کالے کالے اونٹ اس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کے لئے بڑی خرابی ہوگی یہ وہ دن ہوگا جس میں وہ لوگ نہ بول سکیں گے اور نہ ان کو اجازت (عذر کی) ہوگی سو عذر بھی نہ کر سکیں گے اس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی (ان لوگوں سے کہا جائے گا) یہ ہے فیصلے کا دن (جس کی تم تکذیب کیا کرتے تھے) ہم نے (آج) تم کو اور اگلوں کو (فیصلہ کے لئے) جمع کر لیا سو اگر تمہارے پاس (آج کے فیصلہ سے بچنے کی) کی کوئی تدبیر ہو تو مجھ پر تدبیر چلاؤ اس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی۔ پرہیزگار لوگ سایوں میں چشموں میں اور مرغوب میووں میں ہوں گے (اور ان سے کہا جائے گا کہ) اپنے اعمال کے (نیک صلہ میں) خوب مزے دے کھاؤ پیو ہم نیک لوگوں کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں (اور یہ کفار نعماء جنت کی بھی تکذیب کرتے ہیں) سو سمجھ رکھیں کہ (اس روز حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی تم (دنیا میں) تھوڑے دن اور کھا لو برت لو (عنقریب کم بختی آنے والی ہے کیونکہ) تم بے شک مجرم ہو اس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی اور (ان کافروں کی سرکشی) اور جرم کی حالت یہ ہے کہ جب ان سے یہ کہا جاتا ہے کہ خدا کی طرف جھکو تو نہیں جھکتے اس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی تو پھر اس (قرآن بلیغ الالفاظ والانذار) کے بعد اور پھر کون سی بات پر ایمان لائیں گے۔

تفسیر: سورة المرسلت مكية وهى خمسون اية كذا فى البيضاوى۔

ربط: سورت سابقہ میں قیامت کا وقوع اور تفصیل اسباب و کیفیات مجازات مذکور تھی اس سورت میں بھی یہی مضمون ہے اتنا فرق ہے کہ وہاں ترغیب کا مضمون زیادہ تھا یہاں ترہیب کا مضمون ہے اور اسی لئے اس میں دس جگہ آیت ويل يومئذ للمكذبين مکرر آئی ہے اور چونکہ متعلق تکذیب متعدد ہے اس لئے معنی تکرار نہیں اور تکریر ظاہری مفید تاکید بھی ہے جیسا سورۂ رحمٰن کی تمہید میں مفصلاً مذکور ہوا ہے۔

وعید مکذبین وبذے از وعد مصدقین: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۝ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۝ (الى قوله تعالى) فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ۝ قسم ہے اُن ہواؤں کی جو نفع پہنچانے کے لئے بھیجی جاتی ہیں پھر اُن ہواؤں کی جو تندی سے چلتی ہیں (جس سے خطرات کا احتمال ہوتا ہے) اور اُن ہواؤں کی جو بادلوں کو (اُٹھا کر) پھیلاتی ہیں (جس کے بعد بارش ہونے لگتی ہے) پھر اُن ہواؤں کی جو بادلوں کو متفرق کر دیتی ہیں (جیسا بارش کے بعد ہوتا ہے) پھر اُن ہواؤں کی جو (دل میں) اللہ کی یاد یعنی توبہ کا یا ڈرانے کا القاء کرتی ہیں (یعنی یہ ہوائیں مذکورہ بوجہ دال علی القدرۃ ہونے کے صانع کی طرف متوجہ ہو جانے کا سبب ہو جاتی ہیں اور وہ توجہ دو طور سے ہوتی ہے ایک خوف سے جب کہ اُن ہواؤں سے آثار خوف کے نمایاں ہوں اور دوسرا توبہ و معذرت سے اور یہ دونوں صورت میں ہو سکتا ہے اگر ہوائیں نفع بخش ہوں تب تو خدا کی نعمتوں کو یاد کر کے اُس کا شکر اور اپنی تقصیرات سے عذر کرتے ہیں اور اگر وہ ہوائیں خوفناک ہوں تو خدا کی نقمت سے ڈر کر اپنے معاصی سے توبہ کرتے ہیں آگے جواب قسم ہے) کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ضرور ہونے والی ہے (مراد قیامت ہے اور یہ سب قسمیں قیامت کے نہایت مناسب ہیں کیونکہ نفخۂ اولیٰ کے بعد واقعۂ افناء مشابہ واقعات ریح عاصف کے ہیں اور نفخۂ ثانیہ کے بعد واقعۂ احیاء مشابہ واقعات ہوائے نافع کے ہیں۔ آگے اُس کے وقوع پر تفریع فرماتے ہیں) سو جب ستارے بے نور ہو جاویں گے اور جب آسمان

www.besturdubooks.net

پھٹ جاوے گا اور جب پہاڑ اُڑتے پھریں گے اور جب سب پیغمبر وقت معین پر جمع کئے جاویں گے (اُس وقت سب کا فیصلہ ہوگا۔ آگے اُس یوم کی تہویل ہے کہ کچھ معلوم ہے) کس دن کے لئے پیغمبروں کا معاملہ ملتوی رکھا گیا ہے (آگے جواب ہے کہ) فیصلہ کے دن کے لئے (مطلب اس سوال و جواب کا یہ معلوم ہوتا ہے کہ کفار جو رسولوں کی تکذیب کرتے آئے ہیں اور اب بھی اس امت کے کفار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کر رہے ہیں اور جب اس کی تکذیب پر عذاب آخرت سے ڈرائے جاتے ہیں تو آخرت کی بھی تکذیب کرتے ہیں اور یہ تکذیب فی نفسہ مقتضی اس کو ہے کہ رسولوں کا جو قصہ کفار سے پیش آ رہا ہے اس کا فیصلہ بھی ہو جاوے اور اُس کی تاخیر سے کفار کو انکاراً استعجال اور مسلمانوں کو طبعی استعجال ہوتا ہے پس اس آیت میں استعجال کا جواب ہے کہ حق تعالیٰ نے بعض حکمتوں سے اس کو مؤخر رکھا ہے لیکن واقع ضرور ہوگا) اور (آگے اُس فیصلہ کی دن کی تہویل ہے کہ) آپ کو معلوم ہے کہ وہ فیصلہ کا دن کیسا کچھ ہے (یعنی بہت سخت ہے اور جو لوگ اس امر حق یعنی وقوع قیامت کو جھٹلا رہے ہیں سمجھ رکھیں کہ) اُس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی (آگے تعذیب کی تنظیر ہے یعنی) کیا ہم اگلے (کافر) لوگوں کو (عذاب سے) ہلاک نہیں کر چکے پھر پچھلوں کو بھی (عذاب میں) اُن (پہلوں) ہی کے ساتھ ساتھ کر دیں گے (یعنی آپ کی امت کے کفار پر بھی وبال ہلاک نازل کریں گے جیسا بدر وغیرہ غزوات میں ہوا) ہم مجرموں کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے ہیں (یعنی اُن کے کفر پر سزا دیتے ہیں خواہ دارین میں خواہ دار اخرت میں اور جو اس امر حق یعنی کفر پر مستحق عذاب ہونے کو جھٹلا رہے ہیں سمجھ رکھیں کہ) اُس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی (آگے قدرت علی البعث کی تقریر ہے یعنی) کیا ہم نے تم کو ایک بے قدر پانی (یعنی نطفہ) سے نہیں بنایا (یعنی ابتداء میں تم نطفہ تھے) پھر ہم نے اس کو ایک وقت مقرر تک ایک محفوظ جگہ (یعنی عورت کے رحم) میں رکھا غرض ہم نے (ان سب تصرفات کا) ایک اندازہ ٹھہرایا سو ہم کیسے اچھے اندازہ ٹھہرانے والے ہیں (اور اس سے قدرت علی البعث ثابت ہوئی پھر جو لوگ اس امر حق یعنی قدرت علی البعث کو جھٹلا رہے ہیں سمجھ رکھیں کہ) اُس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کو بڑی خرابی ہوگی (آگے اپنی بعضی نعمتیں جن سے ترغیب اطاعت و ایمان ہو فرماتے ہیں یعنی) کیا ہم نے زمین کو زندوں اور مردوں کی سمیٹنے والی نہیں بنایا (کہ زندگی اسی پر بسر ہوتی ہے مر کر بعد دفن یا بعد غرق یا بعد حرق آخر اجزائے ارضیہ ہو کر اسی میں کھپ جاتے ہیں اور اس حالت بعد الموت کا نعمت ہونا اس طرح ہے کہ اگر مُردے خاک نہ ہو جایا کرتے تو زندے پریشان ہو کر مردہ سے بدتر ہو جاتے) اور ہم نے (اُس زمین) میں اونچے اونچے پہاڑ بنائے (جن سے بہت سے منافع متعلق ہیں) اور ہم نے تم کو میٹھا پانی پلایا (اس نعمت کو خواہ مستقل کہا جاوے یا زمین ہی کے متعلق کہا جاوے کیونکہ مستقر پانی کا بھی زمین ہی ہے اور ان نعمتوں کا مقتضا وجوب توحید ہے پس جو لوگ اس امر حق یعنی وجوب توحید کو جھٹلا رہے ہیں سمجھ رکھیں کہ) اُس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی (آگے بعض عقوبات قیامت کا بیان ہے یعنی قیامت کے روز کفار سے کہا جاوے گا کہ) تم اُس عذاب کی طرف چلو جس کو جھٹلایا کرتے تھے (جس میں کی ایک عقوبت وہ ہے جس کا بیان اس حکم میں ہے کہ) ایک سائبان کی طرف چلو جس کی تین شاخیں ہیں جس میں نہ (ٹھنڈا) سایہ ہے اور نہ وہ گرمی سے بچاتا ہے (مراد اس سائبان سے ایک دھواں ہے جو جہنم سے نکلے گا اور چونکہ کثرت سے ہوگا اس لئے بلند ہو کر پھٹ کر تین ٹکڑے ہو جاویں گے **کما فی الطبری عن قتادة** اور فراغ حساب تک کفار اسی دھویں کے احاطہ میں رہیں گے جیسا مقبولین ظل عرش میں ہوں گے **کذا فی الخازن** آگے اُس دھویں کا اور حال مذکور ہے کہ) وہ انگارے برساوے گا جیسے بڑے بڑے محل جیسے کالے کالے اونٹ (قاعدہ ہے کہ جب چنگاری آگ سے جھڑتی ہے تو بڑی ہوتی ہے پھر بہت سے چھوٹے ٹکڑے ہو کر زمین پر گرتی ہے پس پہلی تشبیہ ابتدائی حالت کے اعتبار سے ہے اور دوسری تشبیہ انتہائی حالت کے اعتبار سے **کذا فی الروح** پھر جو لوگ اس امر حق یعنی اس واقعہ کو جھٹلا رہے ہیں سمجھ رکھیں کہ) اُس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی (آگے اور واقعہ متعلق کفار کے ہے یعنی) یہ وہ دن ہوگا جس میں وہ لوگ نہ بول سکیں گے اور نہ ان کو اجازت (عذر کی) ہوگی سو عذر بھی نہ کر سکیں گے (کیونکہ واقع میں کوئی عذر نہ ہوگا اور جو لوگ اس واقعۂ حقہ کو بھی جھٹلا رہے ہیں سمجھ رکھیں کہ) اس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی (آگے بھی اُسی یوم کا بیان ہے اُن لوگوں سے کہا جاوے گا کہ) یہ ہے فیصلہ کا دن (جس کی تم تکذیب کیا کرتے تھے) ہم نے (آج) تم کو اور اگلوں کو (فیصلہ کے لئے) جمع کر لیا سو اگر تمہارے پاس (آج کے نتیجہ فیصلہ سے بچنے کی) کوئی تدبیر ہو تو مجھ پر تدبیر چلا لو (اور یہ کفار اس واقعۂ حقہ کی بھی تکذیب کرتے ہیں سو سمجھ رکھیں کہ) اُس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی (آگے کفار کے مقابلہ میں اہل ایمان کی مثوبت کا بیان ہے یعنی) پرہیزگار لوگ سایوں میں اور چشموں میں اور مرغوب میووں میں ہوں گے (اور اُن سے کہا جاوے گا کہ) اپنے اعمال (نیک) کے صلہ میں خوب مزہ سے کھاؤ پیو ہم نیک لوگوں کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں (اور یہ کفار نعمائے جنت کی بھی تکذیب کرتے ہیں سو سمجھ رکھیں کہ) اُس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی (آگے پھر توبیخ ہے کفار کو یعنی اے کافرو) تم (دنیا میں) تھوڑے دن اور کھا لو برت لو (عنقریب کمبختی آنے والی ہے کیونکہ) تم بے شک مجرم ہو (اور مجرم کا یہی حال ہونے والا ہے اور جو لوگ سزائے جرم کو جھٹلاتے ہیں

www.besturdubooks.net

سمجھ رکھیں کہ) اُس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی (اوران کافروں کی سرکشی اور جرم کی یہ حالت ہے کہ) جب ان سے کہا جاتا ہے کہ (خدا کی طرف) جھکو (یعنی ایمان اور عبدیت اختیار کرو) تو نہیں جھکتے (اوراس سے زیادہ کیا جرم ہوگا اور یہ لوگ اس کے جرم ہونے کو بھی جھٹلاتے ہیں سو سمجھ رکھیں کہ) اُس روز (حق کے) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی (اوران تقریعات وتہدیدات قرآنیہ کا مقتضا یہ تھا کہ یہ سنتے ہی ڈر کر ایمان لے آتے مگر جب اس پر بھی ان کو اثر نہیں) تو پھراس (قرآن بلیغ الالفاظ والانذار) کے بعداورکون سی بات پر ایمان لاویں گے (اس میں کفار پر توبیخ اوراُن کے ایمان سے آپ کا اقناط ہے۔ ف: الحمدللہ کہ انتیسواں پارہ ختم ہوا واللّٰہ الموفق لما بقی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ ذِىْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ۔ روح میں ہے کہ تین کی تخصیص کی وجہ یا یہ ہے کہ انوار قدس سے نفس کا حجاب حس اور خیال اور وہم ہے (اور یہ محل علم ہیں) اور یا یہ ہے کہ مؤدی الی العذاب قوت وہمیہ اور قوت غضبیہ اور قوت شہویہ ہے (اور یہ محل عمل ہیں)۔ قولہ تعالیٰ: واذا قیل لھم ارکعوا الخ یعنی خشوع وتواضع اختیار کرواور نخوت جو مانع ہے قبول حق سے چھوڑ دو۔ سورۂ مرسلات تمام ہوئی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في وَالْمُرْسَلٰتِ نفع الی آخر ما قال في هذه الاقسام ماخذه كله الخازن والمدارك۔ ۲؎ قوله قبل ما ادراك فیصلہ ہوگا اشارة الى تقدير جواب اذا ۱۲۔

اللغات: عرفا بالعرف والاحسان عذرا معذرة وتوبة نذرا۔ انذار مصدر مبنيا للمفعول حاصله خوفا ۱۲۔ قوله اقتت جمعت لميقات يوم معلوم كذا في الخازن كفاتا كفت ضم وجمع شامخات عاليات جمالة جمع جمل والتاء لتانيث الجمع صفر سود عبر بالصفر لان سواد الابل يضرب الى الصفرة ۱۲۔

النحو: عذرا او نذرا بدل من ذكرا ۱۲۔ قوله احياء وامواتا في النيسابوری وانتصب احياء وامواتا بفعل مضمر دل عليه هذا الاسم ای تكفت احياء على ظهرها وامواتا في بطنها ۱۲ انها ترمي الضمير راجع الى النار۔ قوله فيعتذرون عطف على يؤذن فهو داخل تحت النفي فهم لا يعتذرون وفي النيسابوری انما لم يقل فيعتذر وسقوط النون للنصب لانه لو نصب لا وهم انهم انما لم يعتذروا لاجل انهم لم يؤذنوا في الاعتذار ولو لا المنع لا عتذروا وهذا غير جائز والمراد انه لا عذر لهم في نفس الامر كما لا اذن فالفاء لمطلق النسق لا للتسبيب ۱۲۔

البلاغۃ: قوله والمرسلت الخ عطف العاصفات بالفاء لان المرسلات والعاصفات قصد بهما بيان كيفية الهبوب فهما متناسبان و كذا الناشرات مع الفارقات قصد بهما بيان حالهما مع السحاب فهما متناسبان ايضا بخلاف هذا المجموع مع المجموع السابق فانهما لما كانا متغايرين باعتبار ما قصد بهما عطف عليه بالواو ثم لما كان الملقيات مناسبا للجميع لاشتراك الجميع في هذا الغرض عطف على مجموع السابق بالفاء ايضا فافهم فانه من المواهب ۱۲۔ قوله ظل سمي الدخان ظلا استعارة تهكمية۔ قوله من اللهب عدى بمن لتضمنه معنى يبعد ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ النَّبَاِ

سُوْرَةُ النَّبَاِ ٧٨ مَكِّيَّةٌ ٨٠ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ٤٠ رُكُوْعَاتُهَا ٢

سورۃ النبا مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۴۰ آیات اور ۲ رکوع ہیں

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝١ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۝٢ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ۝٣ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝٤ ثُمَّ
كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝٥ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۝٦ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۝٧ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۝٨ وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ
سُبَاتًا ۝٩ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۝١٠ وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۝١١ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۝١٢ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا
وَّهَّاجًا ۝١٣ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۝١٤ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۝١٥ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝١٦ اِنَّ يَوْمَ
الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ۝١٧ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ۝١٨ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ۝١٩
وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ۝٢٠ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۝٢١ لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ۝٢٢ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ
اَحْقَابًا ۝٢٣ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ۝٢٤ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ۝٢٥ جَزَآءً وِّفَاقًا ۝٢٦ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا
يَرْجُوْنَ حِسَابًا ۝٢٧ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ۝٢٨ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ۝٢٩ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ
ع ١ اِلَّا عَذَابًا ۝٣٠ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ۝٣١ حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ۝٣٢ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ۝٣٣ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ۝٣٤ لَا يَسْمَعُوْنَ
فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ۝٣٥ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ۝٣٦ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا
يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ۝٣٧ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝٣٨
ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ۝٣٩ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ
ع ٢ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ۝٤٠

یہ (قیامت کا انکار کرنے والے) کس چیز کا حال دریافت کرتے ہیں اس بڑے واقعہ کا حال دریافت کرتے ہیں جس میں یہ لوگ (اہل حق کے ساتھ) اختلاف کر رہے ہیں ہرگز ایسا نہیں (بلکہ قیامت آئے گی اور ان کو بھی معلوم ہوا جاتا ہے مکرر کہتے ہیں) کہ جیسا یہ لوگ سمجھتے ہیں ہرگز ایسا نہیں (بلکہ آئے گی) ان کو ابھی معلوم ہوا جاتا ہے کیا ہم نے زمین کو فرش اور پہاڑوں کو (زمین کی) میخیں نہیں بنایا اور اس کے علاوہ ہم نے اور بھی اپنی قدرت ظاہر فرمائی (چنانچہ) ہم ہی نے تم کو جوڑا جوڑا (یعنی مرد عورت) بنایا اور ہم ہی نے سونے کو راحت کی چیز بنایا اور ہم نے رات کو پردہ کی چیز بنایا اور ہم ہی نے دن کو معاش کا وقت بنایا اور ہم ہی نے تمہارے اوپر سات مضبوط آسمان بنائے اور

www.besturdubooks.net

ہم ہی نے آسمان میں ایک روشن چراغ بنایا (مراد آفتاب ہے) اور ہم ہی نے پانی بھرے بادلوں سے کثرت سے مینہ برسایا تاکہ ہم اس پانی کے ذریعہ سے غلہ اور سبزی اور گنجان باغ پیدا کریں۔ بے شک فیصلہ کا دن ایک وقت معین ہے یعنی جس دن صور پھونکا جائے گا پھر تم لوگ گروہ گروہ ہوکر آؤ گے اور آسمان کھل جائے گا پھر اس میں
40 40 دروازے ہی دروازے ہو جائیں گے اور اپنی جگہ سے پہاڑ ہٹا دیئے جائیں گے سو وہ ریت کی طرح ہو جائیں گے (آگے اس یوم الفصل میں جو فیصلہ ہوگا اس کا بیان ہے) یعنی بے شک دوزخ ایک گھات کی جگہ ہے سرکشوں کا ٹھکانہ ہے جس میں وہ بے انتہا زمانوں (پڑے) رہیں گے (اور) اس میں نہ تو وہ کسی ٹھنڈک (یعنی راحت) کا مزہ چکھیں گے اور نہ پینے کی چیز کا (جو کہ مسکن عطش ہو) بجز گرم پانی کے اور پیپ کے اور (ان کو) پورا پورا بدلہ ملے گا اور وہ اعمال جن کا یہ بدلہ ہے یہ ہیں کہ وہ لوگ حساب (قیامت) کا اندیشہ نہ رکھتے تھے اور ہماری آیتوں کو خوب جھٹلاتے تھے اور ہم نے (ان کے اعمال میں سے) ہر چیز کو (ان کے نامہ اعمال میں) لکھ کر ضبط کر رکھا ہے سو مزہ چکھو کہ ہم تم کو سزا ہی بڑھاتے جائیں گے۔ خدا سے ڈرنے والوں کے لئے بے شک کامیابی ہے (یعنی کھانے اور سیر کو) باغ (جن میں طرح طرح کے میوے ہوں گے) اور انگور اور (دل بہلانے کو) نوخاستہ ہم عمر عورتیں اور (پینے) کو لبالب بھرے ہوئے جام شراب (اور) وہاں نہ کوئی بے ہودہ بات سنیں گے اور نہ جھوٹ کیونکہ یہ باتیں وہاں محض معدوم ہیں یہ ان کو ان کی نیکیوں کا بدلہ ملے گا جو کہ کافی انعام ہوگا۔ (آپ کے) رب کی طرف سے جو مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور ان چیزوں کا جو دونوں کے درمیان میں ہیں (اور جو) رحمٰن ہے (اور) کسی کو اس کی طرف سے (مستقل اختیار نہ ہوگا کہ (اس کے سامنے عرض و معروض کر سکے) جس وقت تمام فرشتے اور ذی رواح (خدا کے روبرو) صف بستہ (خضوع خشوع کے ساتھ) کھڑے ہوں گے (اس روز) کوئی بول نہ سکے گا سوائے اس کے جس کو رحمٰن اجازت دے دے اور وہ شخص بات بھی ٹھیک کہے یہ (دن جس کا اوپر ذکر ہوا) یقینی دن ہے سو جس کا جی چاہے (اس کے حالات سن کر) اپنے رب کے پاس (اپنا) ٹھکانا بنا رکھے ہم نے تم کو ایک نزدیک آنے والے عذاب سے ڈرا دیا ہے (جو کہ ایسے دن واقع ہونے والا ہے) جس دن ہر شخص ان اعمال کو (اپنے سامنے حاضر) دیکھ لے گا جو اس نے اپنے ہاتھوں کئے ہوں گے اور کافر (حسرت سے) کہے گا کاش میں مٹی ہو جاتا (تاکہ حساب سے بچتا)۔

سورۃ النبا مکیۃ وھی اربعون اٰیۃ کذا فی البیضاوی **تفسیر** ربط: اس میں بھی مثل سورۂ سابقہ متعلق قیامت کا امکان و وقوع و واقعات جزا و سزا مذکور ہیں۔

تحقیق بعث امکاناً ووقوعاً: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ عَمَّ یَتَسَآءَلُوۡنَ ۚ (الی قولہ تعالیٰ) وَ یَقُوۡلُ الۡکٰفِرُ یٰلَیۡتَنِیۡ کُنۡتُ تُرٰبًا ﴿٤٠﴾۔ یہ (قیامت کا انکار کرنے والے) لوگ کس چیز کا حال دریافت کرتے ہیں اُس بڑے واقعہ کا حال دریافت کرتے ہیں جس میں یہ لوگ (اہل حق کے ساتھ) اختلاف کر رہے ہیں (مراد قیامت ہے اور دریافت کرنے سے مراد بطور انکار کے دریافت کرنا ہے اور مقصود اس سوال و جواب سے اذہان کا اُدھر متوجہ کرنا اور تفسیر بعد الابہام سے اُس کا اہتمام شان ظاہر کرنا ہے۔ آگے اُن کے اختلاف کی تزییف اور ابطال ہے کہ جیسا یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ قیامت نہ آوے گی) ہرگز ایسا نہیں (بلکہ قیامت آوے گی اور) ان کو ابھی معلوم ہوا جاتا ہے (یعنی جب بعد فراق دُنیا کے اُن پر عذاب واقع ہوگا تب حقیقت اور حقیت قیامت کی منکشف ہو جاوے گی اور ہم) پھر (مکرر کہتے ہیں کہ جیسا یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ قیامت نہ آوے گی) ہرگز ایسا نہیں (بلکہ آوے گی اور) اُن کو ابھی معلوم ہوا جاتا ہے (اور چونکہ وہ لوگ اس کو مستبعد یا مستحیل سمجھتے ہیں آگے اس کا امکان و صحت ارشاد ہے کہ اس کو ممتنع سمجھنے سے ہماری قدرت کا انکار لازم آتا ہے اور ہماری قدرت کا انکار نہایت عجیب ہے کیونکہ) کیا ہم نے زمین کو فرش اور پہاڑوں کو (زمین کی) میخیں نہیں بنایا (یعنی مثل میخوں کے بنایا جیسا کسی چیز میں میخیں لگا دینے سے وہ چیز اپنی جگہ سے نہیں ہلتی اس طرح زمین کو پہاڑوں سے مستقر کر دیا جس کو دوسری آیت میں **رواسی** سے تعبیر فرمایا ہے **وقد مر فی سورۃ النحل**) اور (اس کے علاوہ ہم نے اور بھی دلائل قدرت ظاہر فرمائے چنانچہ) ہم ہی نے تم کو جوڑا جوڑا (یعنی مرد و عورت) بنایا اور ہم ہی نے تمہارے سونے کو راحت کی چیز بنایا اور ہم ہی نے رات کو پردہ کی چیز بنایا اور ہم ہی نے دن کو معاش کا وقت بنایا اور ہم ہی نے تمہارے اوپر سات مضبوط آسمان بنائے اور ہم ہی نے (آسمان میں) ایک روشن چراغ بنایا (مراد آفتاب ہے کقولہ تعالیٰ: وَّ جَعَلَ الشَّمۡسَ سِرَاجًا [نوح: ١٦]) اور ہم ہی نے پانی بھرے بادلوں سے کثرت سے پانی برسایا تاکہ ہم اُس پانی کے ذریعہ سے غلہ اور سبزی اور گنجان باغ پیدا کریں (اور ان سب سے ہمارا کمال قدرت ظاہر ہے پھر قیامت پر ہمارے قادر ہونے کا کیوں انکار کیا جاتا ہے یہ بیان تھا امکان کا آگے وقوع کا ذکر ہے کہ) بے شک فیصلہ کا دن ایک معین وقت ہے یعنی جس دن صُور پھونکا جاوے گا پھر تم لوگ گروہ گروہ ہو کر آؤ گے (یعنی ہر امت جدا جدا ہوگی پھر مؤمنین جدا کافر جدا پھر ابرار جدا اشرار جدا سب ایک دوسرے سے ممتاز ہو کر میدان قیامت میں حاضر ہوں گے) اور آسمان کھل جاوے گا پھر اُس میں دروازے ہی دروازے ہو جاویں گے (یعنی اس قدر بہت سا کھل جاوے گا جیسے بہت سے دروازے ملا کر بہت سی جگہ کھلی ہوتی ہے پس کلام مبنی بر تشبیہ ہے اب یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ دروازے تو آسمان میں اب بھی ہیں پھر اُس دن دروازے ہونے کے کیا معنی اور یہ کھلنا نزول ملائکہ کے لئے ہوگا جیسا سورۂ فرقان میں: تَشَقَّقُ السَّمَآءُ [الفرقان: ٢٥] سے تعبیر فرمایا ہے اور اُس کی شرح وہاں گزری ہے) اور پہاڑ (اپنی جگہ سے) ہٹا دیئے جاویں گے سو وہ ریت کی طرح ہو جاویں گے (کقولہ تعالیٰ: کَثِیۡبًا مَّہِیۡلًا [المزمل: ١٤] اور یہ واقعات نفخۂ ثانیہ کے وقت ہوں گے البتہ تسییر جبال میں یہاں بھی اور جہاں جہاں واقع ہوا ہے دونوں احتمال ہیں یا تو نفخۂ ثانیہ کے بعد کہ اُس سے سب عالم بہیئۃ عود کر آوے گا جب حساب کا وقت آوے گا پہاڑوں کو زمین کے برابر کر دیا

www.besturdubooks.net

جاوے گا تا کہ زمین پر کوئی آڑ پہاڑ نہ رہے سب ایک ہی میدان میں نظر آ ویں کہ ادخل فی الہیبۃ ہے اور یا یہ نفخۂ اولیٰ کے وقت ہوگا جس سے خود افنا مقصود بالذات ہوگا پھر اس تقدیر پر یوم کو ان سب واقعات کا ظرف فرمانا اس بناء پر ہوگا کہ نفخۂ اولیٰ سے نفخۂ ثانیہ تک کا مجموعہ ایک یوم قرار دے لیا گیا واللہ اعلم۔ آگے اُس یوم الفصل میں جو فیصلہ ہوگا اُس کا بیان ہے یعنی) بے شک دوزخ ایک گھات کی جگہ ہے (یعنی عذاب کے فرشتے انتظار اور تاک میں ہیں کہ کافر آویں تو اُن کو پکڑتے ہی عذاب کرنے لگیں اور وہ) سرکشوں کا ٹھکانا (ہے) جس میں وہ بے انتہا زمانوں (پڑے) رہیں گے (اور) اس میں نہ تو وہ کسی ٹھنڈک (یعنی راحت) کا مزہ چکھیں گے (اور اس سے زمہریر کی نفی نہیں ہوئی) اور نہ پینے کی چیز کا (جو کہ مسکن عطش ہو) بجز گرم پانی اور پیپ کے یہ (اُن کو) پورا بدلہ ملے گا (اور وہ اعمال جن کا یہ بدلہ ہے یہ ہیں کہ) وہ لوگ حساب (قیامت) کا اندیشہ نہ رکھتے تھے اور ہماری (اُن) آیتوں کو (جن میں حساب و دیگر اُمور حقہ کی خبر تھی) خوب جھلاتے تھے اور ہم نے (اُن کے اعمال میں سے) ہر چیز کو (اُن کے نامۂ اعمال میں) لکھ کر ضبط کر رکھا ہے سو (اُن اعمال پر اُن کو مطلع کر کے کہا جاوے گا کہ اب اُن اعمال کا) مزہ چکھو کہ ہم تم کو سزا ہی بڑھاتے چلے جائیں گے (یہ تو کافروں کا فیصلہ ہوا آگے اہل ایمان کا فیصلہ مذکور ہے کہ) خدا سے ڈرنے والوں کے لئے بے شک کامیابی ہے یعنی (کھانے اور سیر کو) باغ (جن میں طرح طرح کے میوے ہوں گے) اور انگور (یہ تخصیص بعد التعمیم اعتنائے شان کے لئے) اور (دل بہلانے کو) نو خاستہ ہم عمر عورتیں ہیں اور (پینے کو) لبالب بھرے ہوئے جام شراب (اور) وہاں نہ کوئی بے ہودہ بات سُنیں گے اور نہ جھوٹ (کیونکہ یہ باتیں وہاں محض معدوم ہیں) یہ اُن کو اُن کی نیکیوں کا) بدلہ ملے گا جو کہ کافی انعام ہوگا آپ کے رب کی طرف سے جو مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور اُن چیزوں کا جو دونوں کے درمیان میں ہیں (اور جو) رحمان ہے (اور) کسی کو اُس کی طرف سے (مستقل) اختیار نہ ہوگا کہ (اُس کے سامنے) عرض معروض کر سکے (یہاں کئی صفتیں ارشاد ہیں: رَّبِّ السَّمٰوٰتِ ...... جو دال ہے مالک تصرفات واقعہ یوم قیامت پر اور رحمان جو مناسب ہے جزائے مؤمنین کے اور لَا يَمْلِكُوْنَ ...... جو مناسب ہے تخویف کافرین کے اور مستقل کی قید پر آگے استثناء: اِلَّا مَنْ اَذِنَ ...... دلیل ہے آگے تقریر ہے: لَا يَمْلِكُوْنَ ...... کی یعنی) جس روز تمام ذی ارواح اور فرشتے (خدا کے روبرو) صف بستہ (خشوع و خضوع کے ساتھ) کھڑے ہوں گے (اُس روز) کوئی بول نہ سکے گا بجز اُس کے جس کو رحمان بولنے کی اجازت دے دے اور وہ شخص بات بھی ٹھیک کہے (ٹھیک بات سے مراد وہ بات جس کی اجازت دی گئی ہے یعنی بولنا بھی محدود و مقید ہوگا یہ نہیں کہ جو چاہے بولنے لگے اور مستقل اختیار سے اوپر یہی مراد ہے آگے اوپر کے تمام مضامین کا خلاصہ ہے کہ) یہ (دن جس کا اوپر ذکر ہوا) یقینی دن ہے سو جس کا جی چاہے (اُس کے حالات سن کر) اپنے رب کے پاس (اپنا) ٹھکانا بنا رکھے (یعنی نیک عمل کرے کہ وہاں نیک ٹھکانا ملے آگے اتمام حُجت ہے کہ لوگو) ہم نے تم کو ایک نزدیک آنے والے عذاب سے ڈرا دیا ہے (جو کہ ایسے دن میں واقع ہونے والا ہے) جس دن ہر شخص اُن اعمال کو (اپنے سامنے حاضر) دیکھ لے گا جو اُس نے اپنے ہاتھوں کئے ہوں گے اور کافر (حسرت سے) کہے گا کاش میں مٹی ہو جاتا (تا کہ عذاب سے بچتا اور یہ اُس وقت کہے گا جب بہائم مٹی کر دیئے جاویں گے رواہ فی الدر عن ابی ھریرۃ یا وہ معنی مراد ہوں جو سورۂ نساء: لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ۭ [النساء: ۴۲] میں گزرے ہیں)

ترجمہ مسائل السلوک: (سورۃ النبأ) قولہ تعالیٰ: اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ۝ حَدَاۗىِٕقَ وَاَعْنَابًا ۝ ...... نعم جنت کو کامیابی فرمانا اس شخص پر رد ہے جو اس سے استغناء کا دعویٰ کرتا ہے اور اہل غلبہ حال اس سے مستثنیٰ ہیں۔ سورۃ النبأ تمام ہوئی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی يَتَسَاۗءَلُوْنَ دریافت اشارة الی انه يراد به يساء لون كذا فی الروح ۱۲۔ ۲ قوله فی مَعَاشًا معاش کاوقت اشارة الی تقدير مضاف لان المعاش كما فی الروح مصدر ميمی بمعنی العيش وهو الحيات المختصة بالحيوان ۱۲۔

الروایات: يوم يقوم الروح فی الدر برواية البيهقی عن ابن عباسؓ تقوم ارواح الناس مع الملائكة اھ وقدرت فيه مضافا ۱۲۔

اللغات: وهاج مشرق مضئ وقا معصرات من اعصرت الجارية اذا دنت ان تحيض سميت السحاب بذلك بمعنی حان ان تعصر ثجاج منصب بكثرة الفاف ملتفة تداخل بعضها ببعض قيل لا واحد له وقيل واحده لفيف بمعنی ملفوف سراب رمل لامع وارید مطلق الرمل اطلاقا للمقيد علی المطلق مرصادا فی الروح اسم مكان كالمضمار الموضع التی تضمر فيه الخيل ومفعال يكون كذلك كما يكون اسم آلة ای موضع رصد وترقب ترصد فيه خزنة النار الكفار ليعذبوهم آه قوله احقابا جمع حقب وهو ما روی عن الحسن زمان غير محدود ونحوه تفسير بعض اللغويين له بالدهر (الی ان قال) فليس فی الآية ما يدل علی خروج الكفرة من النار وعدم خلودهم فيها لمكان فيهم التتابع فی الاستعمال الخ۔ دهاقا ملأی حسابا كافيا ۱۲۔

النحو: قوله يوم ينفخ بدل من يوم الفصل قوله جزاء وفاقا ای جوزوا ۱۲۔ قوله عطاء بدل من جزاء قوله منه متعلق بيملكون وصلة خطابا مقدر وقرر فی الترجمة لا يملكون راجع الی اهل السموٰت والارض قوله يوم يقوم عامله لا يتكلمون ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ

سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ ۷۹ مَكِّيَّةٌ ۸۱ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۴۶ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۃ النازعات مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۴۶ آیات اور ۲ رکوع ہیں

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۝۱ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۝۲ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ۝۳ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ۝۴ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۝۵ يَوْمَ
تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۝۶ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۝۷ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۝۸ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۝۹ يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ
فِي الْحَافِرَةِ ۝۱۰ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ۝۱۱ قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۝۱۲ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝۱۳ فَاِذَا هُمْ
بِالسَّاهِرَةِ ۝۱۴ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝۱۵ اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ۝۱۶ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ
اِنَّهٗ طَغٰى ۝۱۷ فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰٓى اَنْ تَزَكّٰى ۝۱۸ وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ۝۱۹ فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ۝۲۰ فَكَذَّبَ
وَعَصٰى ۝۲۱ ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ۝۲۲ فَحَشَرَ فَنَادٰى ۝۲۳ فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ۝۲۴ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ
ع وَالْاُوْلٰى ۝۲۵ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۝۲۶ ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَاۗءُ ۭ بَنٰىهَا ۝۲۷ رَفَعَ سَمْكَهَا
فَسَوّٰىهَا ۝۲۸ وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا ۝۲۹ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ۝۳۰ اَخْرَجَ مِنْهَا مَاۗءَهَا وَمَرْعٰىهَا ۝۳۱
وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ۝۳۲ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ۝۳۳ فَاِذَا جَاۗءَتِ الطَّاۗمَّةُ الْكُبْرٰى ۝۳۴ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ
مَا سَعٰى ۝۳۵ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ۝۳۶ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ۝۳۷ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝۳۸ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ۝۳۹
وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۝۴۰ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ۝۴۱ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ
اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ۝۴۲ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ۝۴۳ اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ۝۴۴ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ۝۴۵ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ
ع ۲ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ۝۴۶

قسم ہے ان فرشتوں کی جو (کافروں کی) جان سختی سے نکالتے ہیں اور جو (مسلمانوں کی) آسانی سے نکالتے ہیں گویا ان کا بند کھول دیتے ہیں اور جو تیرتے ہوئے چلتے ہیں پھر تیزی کے ساتھ دوڑتے ہیں پھر ہر امر کی تدبیر کرتے ہیں (ان سب کی قسمیں کھا کر ہم کہتے ہیں کہ) قیامت ضرور آئے گی جس دن ہلا دینے والی چیز ہلا ڈالے گی (مراد نفخہ اولی ہے) جس کے بعد ایک پیچھے آنے والی چیز آئے گی (مراد نفخہ ثانیہ ہے) بہت سے دل اس روز دھڑکتے ہوں گے ان کی آنکھیں (مارے ندامت کے) جھک رہی ہوں گی کہتے ہیں ہم پہلی حالت میں پھر واپس ہوں گے (پہلی حالت سے مراد حیات قبل از موت ہے) کہ جب ہم بوسیدہ ہڈیاں ہو جائیں گے پھر (حیات کی طرف)

www.besturdubooks.net

واپس ہوں گے (اگر ایسا ہوا تو) اس صورت میں یہ واپسی (ہمارے لئے) بڑے خسارہ کی ہوگی تو (یہ سمجھ رکھیں کہ ہم کو کچھ مشکل نہیں بلکہ) بس وہ ایک ہی سخت آواز ہوگی جس سے سب لوگ فوراً ہی میدان میں آ موجود ہوں گے۔ کیا آپ کو موسیٰ (علیہ السلام) کا قصہ پہنچا ہے جب کہ ان کو ان کے پروردگار نے ایک پاک میدان طویٰ (یہ اس کا نام ہے) میں پکارا کہ تم فرعون کے پاس جاؤ اس نے بڑی شرارت اختیار کی ہے سو اس سے جا کر کہو کہ کیا تجھ کو اس بات کی خواہش ہے کہ تو درست ہو جائے اور (تیری دوستی کی غرض سے) میں تجھ کو تیرے رب کی طرف (ذات وصفات) کی رہنمائی کروں تو تو (یہ سن کر) اس سے ڈرنے لگے پھر جب اس نے دلیل نبوت طلب کی تو اس کو بڑی نشانی (نبوت کی) دکھلائی تو اس (فرعون) نے ان کو جھٹلایا اور ان کا کہنا نہ مانا پھر (موسیٰ علیہ السلام سے) جدا ہو کر ان کے خلاف کوشش کرنے لگا پھر (ان کے سامنے با آواز بلند تقریر کی اور کہا کہ میں تمہارا رب اعلیٰ ہوں) سو اللہ تعالیٰ نے اس کو آخرت کے اور دنیا کے عذاب میں پکڑا بے شک (اس واقعہ) میں ایسے شخص کے لئے بڑی عبرت ہے جو (اللہ تعالیٰ سے) ڈرے۔ بھلا تمہارا (دوسری بار) پیدا کرنا زیادہ سخت ہے یا آسمان کا اللہ تعالیٰ نے اس کو بنایا (اس طرح سے کہ) اس کی سقف کو بلند کیا اور اس کو درست بنایا (کہ کہیں اس میں طبور وشقوق نہیں) اور اس کی رات کو تاریک بنایا اور اس کے دن کو ظاہر کیا اور اس کے بعد زمین کو بچھایا (اور بچھا کر) اس سے اس کا پانی اور چارہ نکالا اور پہاڑوں کو (اس پر) قائم کیا تمہارے اور تمہارے مویشیوں کو فائدہ پہنچانے کے لئے۔ سو جب وہ بڑا ہنگامہ آئے گا یعنی جس دن انسان اپنے کئے کو یاد کرے گا اور دیکھنے والوں کے سامنے دوزخ ظاہر کی جائے گی تو (اس روز یہ حالت ہوگی کہ) جس شخص نے (حق سے) سرکشی کی ہوگی اور (آخرت کا منکر ہو کر) دنیوی زندگی کو ترجیح دی ہوگی سو دوزخ (اس کا ٹھکانا ہوگا اور جو شخص (دنیا میں) اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرا ہوگا اور نفس کو (حرام) خواہش سے روکا ہوگا سو جنت اس کا ٹھکانا ہوگا یہ لوگ آپ سے قیامت کے متعلق پوچھتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہوگا سو اس کے بیان کرنے سے آپ کا کیا تعلق اس (کے علم کی تعیین) کا مدار صرف آپ کے رب کی طرف ہے (اور) آپ تو صرف (اخبار اجمالی سے) ایسے شخص کو ڈرانے والے ہیں جو اس سے ڈرتا ہو جس روز یہ اس کو دیکھیں گے تو (ان کو) ایسا معلوم ہوگا کہ گویا (دنیا میں) صرف ایک دن کے آخری حصہ میں یا اس کے اول حصہ میں رہے ہیں۔

سورۃ النّٰزعٰت مکیۃ وھی خمس او ست واربعون اٰیۃ کذا فی البیضاوی۔

تفسیر ربط: اس میں بھی مثل سورت سابقہ واقعات اور ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ ..... میں امکان اور بل اتک الخ میں مکذبین کی تخویف اور تکذیب پر آپ کا تسلیہ ہے۔

وقوع صحت قیامت مع تخویف مکذبین وتسلیۂ رسول رب العالمین : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا (الی قولہ تعالیٰ) كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ۝ قسم ہے اُن فرشتوں کی جو (کافروں کی) جان سختی سے نکالتے ہیں اور جو (مسلمانوں کی روح آسانی سے نکالتے ہیں گویا اُن کا) بند کھول دیتے ہیں اور جو (روحوں کو لے کر زمین سے آسمان کی طرف اس طرح سرعت وسہولت سے چلتے ہیں جیسے گویا) تیرتے ہوئے چلتے ہیں پھر (جب روحوں کو لے کر پہنچتے ہیں تو اُن ارواح کے باب میں جو خدا کا حکم ہوتا ہے اُس کے امتثال کے لئے) تیزی کے ساتھ دوڑتے ہیں پھر (اُن ارواح کے متعلق ثواب کا حکم ہو یا عقاب کا دونوں امروں میں سے) ہر امر کی تدبیر کرتے ہیں (ان سب کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ) قیامت ضرور آوے گی جس روز ہلا دینے والی چیز ہلا ڈالے گی (مراد نفخۂ اولیٰ ہے) جس کے بعد ایک پیچھے آنے والی چیز آ جاوے گی (مراد نفخۂ ثانیہ ہے) بہت سے دل اُس روز دھڑک رہے ہوں گے اُن کی آنکھیں (مارے ندامت کے) جھک رہی ہوں گی (مگر یہ لوگ قیامت کا انکار کر رہے ہیں اور) کہتے ہیں کہ کیا ہم پہلی حالت میں پھر واپس ہوں گے (پہلی حالت سے مراد حیات قبل الموت ہے یعنی کیا بعد الموت پھر حیات ثانیہ ہوگی مقصود استبعاد ہے) کیا جب ہم بوسیدہ ہڈیاں ہو جاویں گے پھر (حیات کی طرف) واپس ہوں گے (مقصود استصعاب ہے) کہنے لگے کہ (اگر ایسا ہو تو) اس صورت میں یہ واپسی (ہمارے لئے) بڑے خسارہ کی ہوگی (کیونکہ ہم نے تو اس کے لئے کچھ سامان کیا نہیں مقصود اس سے تمسخر تھا اہل حق کے اس عقیدہ کے ساتھ یعنی ان کے عقیدہ پر ہم بڑے خسارہ میں ہوں گے جیسے کوئی شخص کسی کو خیر خواہی سے ڈرائے کہ اس راہ مت جانا شیر ملے گا اور مخاطب تکذیب کے طور پر کسی سے کہے کہ بھائی ادھر مت جانا شیر کھا جاوے گا مطلب یہ کہ وہاں شیر ویر کچھ بھی نہیں ہے۔ آگے استبعاد واستصعاب مذکور کا رد ہے کہ یہ لوگ جو قیامت کو مستبعد ومستصعب کہتے ہیں) تو (یہ سمجھ رکھیں کہ ہم کو کچھ مشکل نہیں بلکہ) وہ بس ایک ہی سخت آواز ہوگی جس سے سب لوگ فوراً ہی میدان میں آ موجود ہوں گے (آگے مکذبین کی تخویف اور تکذیب پر آپ کے تسلیہ کے لئے موسیٰ علیہ السلام کا قصہ فرعون کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے پس فرماتے ہیں کہ) کیا آپ کو موسیٰ (علیہ السلام) کا قصہ پہنچا ہے جب کہ ان کو ان کے پروردگار نے ایک پاک میدان یعنی طویٰ میں (یہ اس کا نام ہے) پکارا کہ تم فرعون کے پاس جاؤ اس نے بڑی شرارت اختیار کی ہے سو اس سے (جا کر) کہو کہ کیا تجھ کو اس بات کی خواہش ہے کہ تو درست ہو جاوے اور (تیری درستی کی غرض سے)) میں تجھ کو تیرے رب کی طرف (ذات وصفات کی) رہنمائی کروں تو تو (ذات وصفات کو سن کر اس سے) ڈرنے لگے (اور اس ڈر سے درستی ہو جاوے۔ غرض حکم سن کر موسیٰ علیہ السلام اس کے پاس گئے اور جا کر پیغام ادا کیا) پھر (جب اس نے دلیل نبوت طلب کی تو) اس کو بڑی نشانی (نبوت کی) دکھلائی (مراد معجزۂ عصا ہے یا بارادہ جنس مجموعہ عصا و ید ہے) تو اس (فرعون) نے (ان کو جھٹلایا اور (ان کا) کہنا نہ مانا پھر (موسیٰ علیہ السلام سے) جدا ہو کر ان کے خلاف) کوشش کرنے لگا اور (لوگوں کو) جمع کیا پھر (ان کے سامنے بآواز بلند تقریر کی اور کہا کہ میں تمہارا رب

www.besturdubooks.net

اعلیٰ ہوں (اعلیٰ قید واقعی کے طور پر کہا پس اصل مقصود اَنَا رَبُّکُمُ ہے اور اَلْاَعْلٰی صفۃ مادحہ بڑھا دی اور احترازی نہیں تا کہ ارباب غیر اعلیٰ کے وجود کو مستلزم ہو) سو اللہ تعالیٰ نے اس کو آخرت کے اور دنیا کے عذاب میں پکڑا (دنیوی عذاب تو غرق ہے اور اخروی عذاب حرق ہے) بے شک اس (واقعہ) میں ایسے شخص کے لئے بڑی عبرت ہے جو (اللہ تعالیٰ سے) ڈرے (اس قصہ کا افتتاح ھَلْ اَتٰىكَ مشعر تسلیہ ہے اور اس کا اختتام اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ مشعر تخویف ہے اور اوپر جو کفار کا استبعاد و استعجاب قیامت کے متعلق اس قول میں مذکور تھا ءَاِذَا كُنَّا اس کا نقلی جواب تو اوپر مذکور ہوا ہے فَاِنَّمَا هِیَ زَجْرَةٌ اور آگے عقلی جواب ہے یعنی) بھلا تمہارا (دوسری بار) پیدا کرنا (فی نفسہ) زیادہ سخت ہے یا آسمان کا (اور فی نفسہ اسی لئے کہا کہ بالنسبۃ الی القدرۃ تو سب مساوی ہیں اور ظاہر ہے کہ آسمان ہی کا پیدا کرنا زیادہ سخت ہے پھر جب اس کو پیدا کر دیا تو تمہارا پیدا کرنا کیا مشکل ہے آگے آسمان کے پیدا کرنے کی کیفیت بیان فرماتے ہیں کہ) اللہ نے اس کو بنایا (اس طرح سے کہ) اس کی سقف کو بلند کیا اور اس کو درست بنایا (کہ کہیں اس میں شقوق و فطور نہیں) اور اس کی رات کو تاریک بنایا اور اس کے دن کو ظاہر کیا (رات اور دن کو آسمان کی طرف اس لئے منسوب کیا کہ رات اور دن آفتاب کے طلوع اور غروب سے ہوتے ہیں اور آفتاب آسمان میں ہے) اور اس کے بعد زمین کو بچھایا (اور بچھا کر) اس سے اس کا پانی اور چارہ نکالا اور پہاڑوں کو (اس پر) قائم کر دیا تمہارے اور تمہارے مواشی کے فائدہ پہنچانے کے لئے (ترتیب خلق سمٰوٰت و ارض کی سورۂ بقرہ کے رکوع سوم آیت هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ [البقرۃ: ۳۰] کے ذیل میں گزر چکی ہے اور گو اصل استدلال خلق سماء سے تھا مگر زمین کا ذکر شاید اسی لئے کر دیا کہ اس کے احوال ہر وقت پیش نظر ہیں اور گو سماء کے برابر نہ سہی لیکن فی نفسہ انسان کے خلق سے اس کی خلقت بھی اشد ہے پس حاصل استدلال کا یہ ہوا کہ جب ایسی ایسی چیزیں ہم نے بنا دیں تو تمہارا بعث کیا مشکل ہے آگے بعث کے بعد جو واقعات مجازات کے متعلق ہوں گے ان کی تفصیل ہے یعنی قیامت کا امکان اور صحت وقوع تو ثابت ہو گیا) سو جب وہ بڑا ہنگامہ آوے گا یعنی جس دن انسان اپنے کئے کو یاد کرے گا اور دیکھنے والوں[1] کے سامنے دوزخ ظاہر کی جاوے گی تو (اس روز یہ حالت ہوگی کہ) جس شخص نے (حق سے) سرکشی کی ہوگی اور (آخرت کا منکر ہو کر اس پر) دنیوی زندگی کو ترجیح دی ہوگی سو دوزخ اس کا ٹھکانا ہوگا اور جو شخص (دنیا میں) اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرا ہوگا (کہ مستلزم ہے اعتقاد آخرت کو) اور نفس کو (حرام) خواہش سے روکا ہوگا (یعنی اعتقاد کے ساتھ عمل بھی صالح ہوگا) سو جنت اس کا ٹھکانا ہوگا (اور عمل صالح طریق جنت ہے موقوف علیہ نہیں چونکہ کفار بقصد انکار قیامت کے اس کا وقت پوچھا کرتے تھے آگے اس کا جواب ہے یعنی) یہ لوگ آپ سے قیامت کے متعلق پوچھتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہوگا (سو) اس کے بیان کرنے سے آپ کا کیا تعلق (کیونکہ بیان کا موقوف علیہ علم ہے اور وہ منتفی ہے اور انتفائے موقوف علیہ مستلزم ہے انتفائے موقوف کو بلکہ) اس (کے علم کی تعیین) کا مدار صرف آپ کے رب کی طرف ہے (اور) آپ تو صرف (اخبار اجمالی سے) ایسے شخص کے ڈرانے والے ہیں جو اس سے ڈرتا ہو (اور ڈر کر ایمان لانے والا ہو اور یہ لوگ جو جلدی مچا رہے ہیں تو سمجھتے ہیں کہ) جس روز یہ اس کو دیکھیں گے تو (ان کو) ایسا معلوم ہوگا کہ گویا (دنیا میں) صرف ایک دن کے آخری حصہ میں یا اس کے اول حصہ میں رہے ہیں (وبس یعنی دنیا کی مدت طویلہ قصیر معلوم ہوگی اور سمجھیں گے کہ عذاب استعجال کیوں کرتے ہو وقوع کے وقت اس کو مستعجل ہی سمجھو گے اور جس دیر کو اب دیر سمجھ رہے ہو یہ دیر معلوم نہ ہوگی)۔

ف: وَالنّٰزِعٰتِ۔ وَّالنّٰشِطٰتِ سے یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ بعض اوقات کفار کا نزع آسان اور مؤمنین کا سخت دیکھا جاتا ہے اصل یہ ہے کہ یہ سختی اور سہولت جسمانی ظاہری ہوتی ہے اور آیت میں شدت و سہولت روحانی و حقیقی مراد ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اَمَّا مَنْ خَافَ اس میں کف نفس کی فضیلت ظاہر ہے۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قوله في لمن يرى اور دیکھنے والوں اشارة الى عموم من ۱۲۔

اللغات: غرقا اى اغراقا فى النزع اقاصى الاجساد ترجف رجف حرك وتحرك راجفة مضطربة حافرة من قولهم رجع فلان فى حافرته اى طريقته التى جار فيها فحفرها اى اثر فيها بمشيه والقياس محفورة فهى بمعنى ذات احفر ساهرة وجه الارض والفلاة وحقيقتها التى يكثر الوطاء بها فكانها سهرت فى ذلك ۱۲۔ سمكها فى القاموس السقف الطامة من طم اذا علا ۱۲۔

النحو: قوله والنزعت جواب القسم مقدر اى لتبعثن وهو العامل في يوم ترجف قوله ء اذا كنا جواب الشرط مقدر اى نرد دل عليه لمردودون ۱۲۔ خلقا تمييز قوله فاذا جاءت جوابه فاما قوله يوم يتذكر بدل من اذا ۱۲۔

البلاغۃ: قوله فالسبقت الفاء في الاخيرين للدلالة على ترتبهما على ما قبلهما بغير مهلة بخلاف السبح الذى هو قطع المسافة حيث يكون بعد النزع تدريجا قوله ابصارها اى ابصار اهلها ۱۲۔ قوله سمكها الاضافة بيانية رفع اى خلقها مرفوعة من اول الامر قوله اخرج ضحها فى الخازن انما عبر عن النهار بالضحى لانه اكمل اجزاء النهار في النور والضوء قوله او ضحها نكتة الاضافة الى العشية انك اذا قلت لم يلبثوا الا عشية او ضحى احتمل ان يكون العشية من يوم والضحى من آخر فيتوهم الاستمرار من ذلك الزمان الى مثله من اليوم الآخر اما اذا قلت عشية نهارا وضحاه لم يحتمل ذلك البتة وفي قولك ضحى تلك العشية ما يغنى عنه قولك عشية ذلك النهار او ضحاه كذا في الروح ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ عَبَسَ

سُوْرَۃُ عَبَسَ ۸۰ مَکِّیَّۃٌ ۲۴ | بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیَاتُھَا ۴۲ رُکُوْعُھَا ۱

سورۃ عبس مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۴۲ آیات اور ا رکوع ہے

عَبَسَ وَتَوَلّٰىٓ ﴿۱﴾ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ﴿۲﴾ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰىٓ ﴿۳﴾ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ﴿۴﴾ اَمَّا مَنِ
اسْتَغْنٰى ﴿۵﴾ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ﴿۶﴾ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ﴿۸﴾ وَهُوَ يَخْشٰى ﴿۹﴾ فَاَنْتَ
وقف لازم عَنْهُ تَلَهّٰى ﴿۱۰﴾ كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿۱۱﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾
بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿۱۷﴾ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ﴿۱۸﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ
خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿۲۲﴾ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ
مَآ اَمَرَهٗ ﴿۲۳﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ﴿۲۴﴾ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ﴿۲۵﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿۲۶﴾ فَاَنْۢبَتْنَا
فِيْهَا حَبًّا ﴿۲۷﴾ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ﴿۲۸﴾ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿۲۹﴾ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ﴿۳۰﴾ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ﴿۳۱﴾ مَّتَاعًا لَّكُمْ
وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۲﴾ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿۳۳﴾ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿۳۴﴾ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ﴿۳۵﴾ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ﴿۳۶﴾
لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ﴿۳۷﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ﴿۳۸﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿۳۹﴾
ع ۱ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿۴۰﴾ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿۴۱﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿۴۲﴾

(پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) چیں بہ جبیں ہو گئے اور متوجہ نہ ہوئے اس بات سے کہ ان کے پاس اندھا آیا اور آپ کو کیا خبر شاید نابینا (آپ کی تعلیم سے پورے طور پر) سنور جاتا یا (کسی خاص امر میں) نصیحت قبول کرتا ہو سو اس کو نصیحت کرنا (کچھ نہ کچھ) فائدہ پہنچاتا تو جو شخص (دین سے) بے پروائی کرتا ہے آپ اس کی تو فکر میں پڑتے ہیں حالانکہ آپ پر کوئی الزام نہیں کہ وہ نہ سنورے اور جو شخص آپ کے پاس (دین کے شوق میں) دوڑتا ہوا آتا ہے اور وہ (خدا سے) ڈرتا ہے آپ اس سے بے اعتنائی کرتے ہیں (آپ آئندہ) ہرگز ایسا نہ کیجئے قرآن (محض ایک) نصیحت کی چیز ہے سو جس کا جی چاہے اس کو قبول کرلے وہ (قرآن لوح محفوظ کے) ایسے صحیفوں میں (ثبت) ہے جو عند اللہ مکرم ہیں رفیع المکان ہیں مقدس ہیں جو ایسے لکھنے والوں (یعنی فرشتوں کے ہاتھوں میں (رہتے) ہیں کہ وہ مکرم (اور) نیک ہیں۔ آدمی پر خدا کی مار وہ کیسا ناشکرا ہے (وہ دیکھتا نہیں کہ) اللہ تعالیٰ نے اس کو کیسی (حقیر) چیز سے پیدا کیا (آگے جواب ہے) کہ نطفہ سے (پیدا کیا آگے اس کی کیفیت مذکور ہے کہ) اس کی صورت بنائی پھر اس (کے اعضا) کو انداز سے بنایا پھر اس کو (نکلنے کا) راستہ کر دیا پھر (بعد عمر ختم ہونے کے) اس کو موت دی پھر اس کو قبر میں لے گیا پھر جب اللہ چاہے گا اس کو دوبارہ زندہ کرے گا ہرگز (شکر) نہیں (ادا کیا اور) اس کو جو حکم کیا تھا اس کو بجا نہیں لایا سو انسان کو چاہئے کہ اپنے کھانے کی طرف نظر کرے کہ ہم نے عجیب طور پر پانی برسایا پھر عجیب طور پر زمین کو پھاڑا پھر ہم نے اس میں غلہ اور انگور اور ترکاری اور زیتون اور کھجور اور گنجان باغ اور میوے اور چارہ پیدا کیا (بعض

www.besturdubooks.net

چیزیں) تمہارے (اور بعضی چیزیں) تمہارے مواشی کے فائدہ کے لئے (اب تو یہ ناشکری اور کفر کرتے ہیں)۔ پھر جس دن کانوں کو بہرہ کر دینے والا شور برپا ہوگا جس روز ایسا آدمی (جس کا اوپر بیان ہوا) اپنے بھائی سے اور اپنی ماں سے اور اپنے باپ سے اور اپنی بیوی سے اور اپنی اولاد سے بھاگے گا (یعنی کوئی کسی سے ہمدردی نہیں کرے گا) ان میں ہر شخص کو (اپنا ہی) ایسا مشغلہ ہوگا جو اس کو اور طرف متوجہ نہ ہونے دے گا یہ تو کفار کا حال ہوا (آگے مجموعہ مومنین و کفار کی تفصیل ہے کہ) بہت سے چہرے اس روز (ایمان کی وجہ سے) روشن اور (مسرت سے) فرحان شاداں ہوں گے اور بہت سے چہروں پر اس روز (کفر کی وجہ سے) ظلمت ہوگی (اور اس ظلمت کے ساتھ) ان پر (غم کی) کدورت چھائی ہوگی یہی کافر فاجر ہیں۔

سورة عبس مكية وآيها احدى واربعون كذا في البيضاوي۔ تفسیر ربط: چونکہ اس سورت کے سباق و سیاق کی سورتوں میں قیامت ہی کا مضمون زیادہ ہے اس قرینہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں بھی زیادہ مقصود اخیر کا مضمون ہے جو قیامت پر مشتمل ہے اور چونکہ اس میں کافر کی سزائے شدید مذکور ہے اس کی تقریر کے لئے اوسط سورت یعنی قُتِلَ الْإِنسَانُ ...... میں وجود مقتضیات شکر و ارتفاع موانع کے ذکر سے اس کے کفر کی شدت بیان فرمائی ہے اور ایسے شدید الکفر لوگوں کی ہدایت میں جو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کو اہتمام اور کاوش فرمانے سے کوفت ہوتی تھی حتیٰ کہ ایک بار اسی بناء پر ایک نابینا صحابی کا ایسے موقع پا آ کر بولنا موجب کلفت ہوا تھا اس لئے شروع سورت میں ایک محبوبانہ انداز کے ساتھ جس کو لوگ عتاب کہتے ہیں اس قدر اہتمام سے نہی اور طالبان صادق کے حال پر توجہ فرمانے کا امر فرماتے ہیں پس اول سورت اوسط سورت کی تمہید ہے اور اوسط سورت آخر سورت کی تمہید ہے اور آخر سورت مقصود ہے۔

آداب تذکیر و تشنیع بر عدم تذکر و عقوبت غیر متذکر و مثوبت متذکر در آخرت:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ عَبَسَ وَتَوَلّٰى (الی قوله تعالى) أُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ۝۔ (شان نزول ان آیات کا یہ ہے کہ ایک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعض رؤسائے مشرکین کو سمجھا رہے تھے کہ اتنے میں عبداللہ بن ام مکتوم نابینا صحابیؓ حاضر ہوئے اور کچھ پوچھا یہ قطع کلام آپ کو ناگوار ہوا اور آپؐ نے اُن کی طرف التفات نہیں کیا اور بعض روایات میں بعضوں کے نام بھی آئے ہیں ابوجہل بن ہشام۔ وعتبہ بن ربیعہ۔ وابی بن خلف۔ وامیہ بن خلف۔ وشیبہ اور ناگواری کی وجہ سے آپؐ چیں بجبیں ہوئے جب اس مجلس سے اُٹھ کر آپ گھر جانے لگے آثار وحی کے نمودار ہوئے اور یہ آیتیں عَبَسَ وَتَوَلّٰى نازل ہوئیں۔ اس کے بعد جب وہ آپ کے پاس آتے آپ بڑی خاطر کرتے **هذه الروايات كلها في الدر المنثور** غرض واقعہ مذکورہ کے متعلق ارشاد ہوتا ہے کہ) پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) چیں بجبیں ہوگئے اور متوجہ نہ ہوئے اس بات سے کہ اُن کے پاس اندھا آیا (یہاں تو غائب کے صیغہ سے فرمایا اور یہ غایت تکرم و استحیا متکلم کا اور غایت کرامت مخاطب کی ہے کہ روبرو اس امر کی نسبت نہیں فرمائی) اور آگے خطاب کا صیغہ بطور التفات کے اس لئے اختیار کیا کہ شبہ اعراض کا نہ ہو اور مضمون بھی سابق سے اہون ہے پس ارشاد ہوتا ہے کہ) آپ کو کیا خبر شاید وہ (نابینا آپ کی تعلیم سے پورے طور پر) سنور جاتا یا (اقل درجہ کسی خاص امر میں) نصیحت قبول کرتا سو اس کو نصیحت کرنا (کچھ نہ کچھ) فائدہ پہنچاتا (مطلب یہ کہ اُس کی پوری اصلاح ہوتی یا کچھ اصلاح ہوتی۔ بہر حال نفع ہی ہوتا اور ہر چند کہ ذکری مقدم ہے تذکر پر مگر نفع ذکری مؤخر ہے تذکر یعنی قبول موعظت سے اس لئے کلمہ فاء داخل ہوا اور لعل مبالغہ کے لئے فرمایا یعنی اس صحابی کی حالت سے اگر ظن تزکی یا تذکر بھی ہوتا تب بھی اس سے بے توجہی نہ چاہیے تھی چہ جائے کہ نفع متیقن ہو اور اعمیٰ سے تعبیر کرنا اشارہ ہے مقتضی توجہ و عطوفت کی طرف) تو جو شخص (دین سے) بے پروائی کرتا ہے آپ اُس کی تو فکر میں پڑتے ہیں حالانکہ آپ پر کوئی الزام نہیں کہ وہ نہ سنورے (وصف استغناء سے آپ کو اُس سے تنفر دلانا ہے) اور جو شخص آپ کے پاس (دین کے شوق میں) دوڑتا ہوا آتا ہے اور وہ (خدا سے) ڈرتا ہے آپ اُس سے بے اعتنائی کرتے ہیں (ان آیات میں آپ کی اجتہادی لغزش پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مطلع کیا گیا ہے منشاء اُس اجتہاد کا یہ تھا کہ یہ امر تو متیقن اور ثابت ہے کہ اہم مقدم ہوتا ہے آپ نے کفر کی اشدیت کو موجب اہمیت سمجھا جیسے دو بیماروں میں ایک کو ہیضہ اور دوسرے کو زکام ہے تو صاحب ہیضہ کا علاج مقدم ہوگا اور اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے حاصل یہ ہے کہ اشد اومرض اُس وقت موجب اہمیت ہے جب مریض علاج کا مخالف نہ ہو ورنہ طالب علاج ہونا موجب اقدمیت و اہمیت ہوگا گو مرض خفیف ہو۔ آگے ان مشرکین کی طرف اس قدر توجہ ضروری نہ ہونے کو ارشاد فرماتے ہیں کہ آپ آئندہ) ہرگز ایسا نہ کیجئے (کیونکہ) قرآن (محض ایک) نصیحت کی چیز ہے (اور آپ کے ذمہ صرف اس کی تبلیغ ہے) سو جس کا جی چاہے اس کو قبول کرلے (اور جو قبول نہ کرے وہ جانے آپ کا کوئی ضرر نہیں پھر آپ اس قدر اہتمام کیوں فرماتے ہیں آگے قرآن کے اوصاف فرماتے ہیں کہ) وہ (قرآن لوح محفوظ کے) ایسے صحیفوں میں (ثبت) ہے جو (عنداللہ) مکرم ہیں (یعنی مرضی و مقبول ہیں اور) رفیع المکان ہیں (کیونکہ لوح محفوظ تحت العرش ہے **كما في الدر المنثور** سورۃ البروج اور وہ) مقدس ہیں (شیاطین خبیثہ کی وہاں تک رسائی نہیں کقولہ تعالیٰ: لَّا يَمَسُّهُۥٓ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ [الواقعة: ۷۹]) جو ایسے لکھنے والوں (یعنی فرشتوں) کے ہاتھوں میں (رہتے ہیں کہ وہ) مکرم (اور) نیک ہیں (یہ سب صفات اس کے منجانب اللہ ہونے پر دال ہیں **كما مر تقريره في سورة الواقعة قوله تعالى:** لَّا يَمَسُّهُۥٓ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ [الواقعة: ۷۹] اور لوح محفوظ ہر چند کہ شئی واحد ہے مگر اس کے اجزاء کو صحف سے تعبیر فرمادیا اور ان فرشتوں کو کاتب اس لئے کہا کہ یہ لوح محفوظ سے بامر الٰہی نقل کرنے والے ہیں کہ حاصل

www.besturdubooks.net

آیات کا یہ ہوا کہ قرآن منجانب اللہ نصیحت کے لئے ہے آپ نصیحت کر کے اپنے فرض سے ادا ہو جاویں گے خواہ کوئی ایمان لاوے یا نہ لاوے پس اس قسم کی تقدیم وتاخیر کی کوئی ضرورت نہیں یہاں تک آداب تذکیر کے ہوئے آگے عدم تذکر پر کفار کی تشنیع ہے کہ منکر) آدمی پر (جو ایسے تذکرہ سے تذکر حاصل نہ کرے جیسے ابو جہل وغیرہ جن کو آپ سمجھاتے تھے اور وہ نہیں سمجھے تو ایسے شخص پر) خدا کی مار وہ کیسا ناشکر ہے (وہ دیکھتا نہیں کہ) اللہ تعالیٰ نے اس کو ایسی (حقیر) چیز سے پیدا کیا (آگے جواب ہے کہ) نطفہ سے (پیدا کیا آگے اس کی کیفیت مذکور ہے کہ اول بعد انقلابات متعددہ کے) اس کی صورت بنائی پھر اس (کے اعضاء) کو انداز سے بنایا (کما مر فی سورۃ القیامۃ فی قولہ تعالیٰ : فَخَلَقَ فَسَوّٰى [القیامۃ : ۳۸]) پھر اس کو (نکلنے کا) راستہ آسان کر دیا (چنانچہ ظاہر ہے کہ ایسے تنگ موقع سے اچھے خاصے تنومند بچہ کا نکل آنا صاف دلیل ہے اللہ تعالیٰ کے قادر اور عبد کے مقدور ہونے کی) پھر (بعد عمر ختم ہونے کے) اس کو موت دی پھر اس کو قبر میں لے گیا (کقولہ تعالیٰ : فِيهَا نُعِيدُكُمْ [طٰہٰ : ۵۵] خواہ اول ہی سے خاک میں رکھ دیا جاوے یا بعد چندے خاک میں مل جاوے) پھر جب اللہ چاہے گا اس کو دوبارہ زندہ کر دے گا (مطلب یہ کہ یہ سب تصرفات دلیل ہیں انسان کے داخل قدرتِ الٰہیہ ہونے کی اور نعمت بھی ہیں بعضے حسی بعضے معنوی جس کا مقتضا تھا وجوب طاعت وایمان مگر اس نے) ہرگز (شکر) نہیں (ادا کیا اور) اس کو جو حکم کیا تھا اس کو بجا نہیں لایا سو انسان کو چاہیے کہ (بعد اسباب مذکورہ حدوث کے نظر کرنے کے اسباب بقاء وتعیش مثلاً) اپنے کھانے کی طرف نظر کرے (تاکہ وہ باعث ہو حق شناسی واطاعت وایمان کا اور آگے نظر کرنے کا محل بتلاتے ہیں وہ یہ) کہ ہم نے عجیب طور پر پانی برسایا پھر عجیب طور پر زمین کو پھاڑا پھر ہم نے اس میں غلہ اور انگور اور ترکاری اور زیتون اور کھجور اور گنجان باغ اور میوے اور چارہ پیدا کیا (بعضی چیزیں) تمہارے اور (بعضی چیزیں) تمہارے مواشی کے فائدہ کے لئے (اور یہ سب بھی نعمت اور دلیل قدرت ہیں اور اس مجموع میں ہر جزو مقتضی ہے وجوب شکر وایمان کو یہاں تک تشنیع ہوگئی عدم تذکر پر آگے عدم تذکر پر عقوبت اور تذکر پر مثوبت آخرت میں مذکور ہے یعنی اب تو یہ لوگ ناشکری وکفر کرتے ہیں) پھر جس وقت کانوں کا بہرا کر دینے والا شور برپا ہوگا (اس وقت ساری ناشکری کا مزہ معلوم ہو جاوے گا آگے اس دن کا بیان ہے کہ) جس روز ایسا آدمی (جس کا اوپر بیان ہوا) اپنے بھائی سے اور اپنے ماں سے اور اپنے باپ سے اور اپنی بیوی سے اور اپنی اولاد سے بھاگے گا (یعنی کوئی کسی کی ہمدردی نہ کرے گا کقولہ تعالیٰ : لَا يَسْـَٔلُ حَمِيمٌ حَمِيمًا [المعارج : ۱۰] وجہ یہ کہ) ان میں ہر شخص کو (اپنا ہی) ایسا مشغلہ ہوگا جو اس کو اور طرف متوجہ نہ ہونے دے گا (یہ تو کفار کا حال ہوا آگے مجموعہ مؤمنین وکفار کی تفصیل ہے کہ) بہت سے چہرے اس روز (ایمان کی وجہ سے) روشن (اور مسرت سے) خنداں شاداں ہوں گے اور بہت سے چہروں پر اس روز (کفر کی وجہ سے) ظلمت ہوگی اور اس ظلمت کے ساتھ) ان پر (غم کی) کدورت چھائی ہوگی یہی لوگ کافر فاجر ہیں (کافر سے اشارہ فساد عقائد کی طرف اور فاجر سے فساد اعمال کی طرف)۔ **ف**: صاخۃ ظاہراً نفخۂ اولیٰ کی صفت زیادہ مناسب معلوم ہوتی ہے کہ وہ افناء کیلئے ہے لیکن یہ واقعات نفخۂ ثانیہ کے ہیں تو کافروں کے اعتبار سے یہ صفت اسکی بھی صحیح ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ..... اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جس شخص سے عذر یا ناواقفی کے سبب کوئی بے تمیزی صادر ہو جاوے اس سے رو گردانی یا ناراضی نہ کرے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ صباً وشقاً عجیب اشارۃ الی فائدۃ المصدر ۱۲۔

اللغات: التصدی التعرض واصلہ تصدو من الصدد وھو ما استقبلک وصار قبالتک یقال داری صددد ارک ای قبالتھا سفرۃ جمع سافر ای کاتب ۱۲۔ اقبرہ فی القاموس جعل لہ قبراً انشر ونشر لغتان قضب ھو ما یقضب لیا کلھا ابن آدم غضا من النبات کالبقول والھلیون غلبا جمع اغلب غلیظ العنق وصف الحدائق بذلک علی سبیل الاستعارۃ شبہ تکاثف اوراق الاشجار وعروقھا بغلظ الادواج وانتفاخ الاعصاب مع اندماج بعضھا فی بعض فی غلظ الرقبۃ ابا الکلأ والمرعی من ابہ اذا امہ وقصدہ لانہ یؤم ویقصد او من اب لکذا اذا تھیا لانہ متھیئ للرعی الصاخۃ من الصخ تصخ الاذان ای تصمھا لشدۃ وقعتھا ۱۲۔

النحو: قولہ ان جاءہ ای لان جاءہ علۃ للعبوس والمقصود ان کونہ اعمٰی کان یقتضی زیادۃ الاعتناء بہ لا العبوس قولہ انھا انث لتانیث الخبر ۱۲۔ قولہ انا صببنا بدل من الطعام بدل اشتمال والمعنی علی صبنا لہ ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ تصدی لم یقل تشتغل بہ المقابل لقولہ تلھٰی لان الاشتغال بالکفار غیر منھی عنہ وقولہ عنہ تلھٰی لم تقل لا تتصدی لہ المقابل لقولہ تصدی لان التصدی للمؤمنین غیر واجب لانہ علیہ السلام انما ھو منذر قولہ قتل الانسان ما اکفرہ دعا علیہ وتعجب من افراطہ فی الکفر وبیان لاستحقاقہ الدعاء علیہ وحمل علی بیان الاستحقاق لان الدعاء لا یتصور منہ تعالیٰ وعلی التعجیب لان التعجب لا یتصور منہ تعالیٰ۔ قولہ من ای شئ الاستفھام للتحقیر وذکر الجواب لا یقتضی انہ حقیقۃ لان لیس بجواب فی الحقیقۃ بل علی صورتہ ۱۲۔ قولہ متاعالکم فیہ التفات ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ

سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ ۸۱ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۲۹ — رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ التکویر مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۲۹ آیات اور ارکوع ہے

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝۱ وَإِذَا النُّجُومُ انكَدَرَتْ ۝۲ وَإِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۝۳ وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝۴ وَإِذَا
الْوُحُوشُ حُشِرَتْ ۝۵ وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝۶ وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ ۝۷ وَإِذَا الْمَوْءُودَةُ سُئِلَتْ ۝۸ بِأَيِّ ذَنبٍ
قُتِلَتْ ۝۹ وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝۱۰ وَإِذَا السَّمَاءُ كُشِطَتْ ۝۱۱ وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ ۝۱۲ وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ ۝۱۳
عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا أَحْضَرَتْ ۝۱۴ فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۝۱۵ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۝۱۶ وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ ۝۱۷
وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ۝۱۸ إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ ۝۱۹ ذِي قُوَّةٍ عِندَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ ۝۲۰ مُّطَاعٍ ثَمَّ
أَمِينٍ ۝۲۱ وَمَا صَاحِبُكُم بِمَجْنُونٍ ۝۲۲ وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ ۝۲۳ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ ۝۲۴ وَمَا
هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ ۝۲۵ فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ ۝۲۶ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ۝۲۷ لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن
يَسْتَقِيمَ ۝۲۸ وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ۝۲۹ ع

جب آفتاب بے نور ہو جائے گا اور جب ستارے ٹوٹ ٹوٹ کر گر پڑیں گے اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے اور جب دس مہینے کی گابھن اونٹنیاں چھٹی پھریں گی اور جب وحشی جانور (مارے گھبراہٹ کے) سب جمع ہو جائیں گے اور جب دریا بھڑکائے جائیں گے اور جب ایک ایک قسم کے لوگ اکٹھے کئے جائیں گے اور جب زندہ گاڑی ہوئی لڑکی سے پوچھا جائے گا کہ وہ کس گناہ پر قتل کی گئی تھی اور جب نامہ اعمال کھولے جائیں گے (تا کہ سب اپنے اپنے عمل دیکھ لیں) اور جب آسمان کھل جائے گا (اور اس کے کھلنے سے آسمان کی اوپر کی چیزیں نظر آنے لگیں گی) اور جب دوزخ (اور زیادہ) دہکائی جائے گی اور جنت نزدیک کر دی جائے گی (تو اس وقت) ہر شخص ان اعمال کو جان لے گا جو لے کر آیا ہے۔ (اور جب ایسا واقعہ ہائلہ ہونے والا ہے) تو میں قسم کھاتا ہوں ان ستاروں کی جو (سیدھے چلتے) چلتے پیچھے کو ہٹنے لگتے ہیں (اور پھر پیچھے ہی کو چلتے رہتے ہیں اور اپنے مطالع میں جا چھپتے ہیں اور اسم ہے رات کی جب وہ جانے لگے اور قسم ہے صبح کی جب وہ آنے لگے (آگے جواب قسم ہے) کہ یہ قرآن (اللہ کا) کلام ہے ایک معزز فرشتہ (یعنی جبرائیل علیہ السلام) کا لایا ہوا جو قوت والا ہے (اور) مالک عرش کے نزدیک ذی رتبہ ہے (اور) وہاں یعنی آسمانوں میں اس کا کہنا مانا جاتا ہے (اور) امانتدار ہیں کہ وحی کو صحیح پہنچا دیتے ہیں اور یہ تمہارے ساتھ رہنے والے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مجنون نہیں ہیں انہوں نے اس فرشتہ کو (اصلی صورت میں آسمان کے صاف کنارہ پر دیکھا بھی ہے اور یہ پیغمبر مخفی (بتلائی ہوئی وحی کی باتوں پر عمل کرنے والے بھی نہیں یہ قرآن کسی شیطان مردود کی کہی ہوئی بات نہیں ہے (جب یہ بات ثابت ہے) تو تم لوگ (اس کے بارے میں) کدھر کو چلے جا رہے ہو بس یہ تو (بالعموم) دنیا جہان والوں کے لئے ایک بڑا نصیحت نامہ ہے (اور بالخصوص ایسے شخص کے لئے جو تم میں سے سیدھا چلنا چاہے اور تم بدوں خدائے رب العالمین کے چاہے کچھ نہیں چاہ سکتے۔

www.besturdubooks.net

سورۃ التکویر مکیۃ وھی تسع وعشرون اٰیۃ کذا فی البیضاوی۔

تفسیر ربط: اس میں بھی مثل سوابق ولواحق واقعات قیامت کا بیان کرنا مقصود ہے اور اس کی تقویت کے لئے آخر میں قرآن کی حقانیت مذکور ہے کہ قیامت کے لئے مستعد ہو جاویں جیسا: اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ سے معلوم ہوتا ہے۔

بیان مجازات قیامت وتاکیدش باحقاق قرآن وترغیب استقامت:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ - اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝ (الی قولہ تعالی) وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ جب آفتاب بے نور ہو جاوے گا اور جب ستارے ٹوٹ ٹوٹ کر گر پڑیں گے اور جب پہاڑ چلائے جاویں گے اور جب دس مہینے کی گابھن اونٹنیاں چھٹی پھریں گی اور جب وحشی جانور (مارے گھبراہٹ کے) سب جمع ہو جاویں گے اور جب دریا بھڑکائے جاویں گے (یہ چھ واقعے تو نفخۂ اولی کے وقت ہوں گے جب کہ دنیا آباد ہوگی اور اس نفخہ سے یہ تغیرات وتبدلات ہوں گے اور اس وقت اونٹنیاں وغیرہ بھی اپنی اپنی حالت پر ہوں گی جن میں بعضی وضع حمل کے قریب ہوں گی جو کہ عرب کے نزدیک اعز اموال ہیں مگر اس وقت ہلچل میں کسی کو کہیں کا ہوش نہ رہے گا اور وحوش بھی مارے گھبراہٹ کے سب گڈمڈ ہو جاویں گے اور دریاؤں میں طغیانی پیدا ہوگی اور زمین میں شقوق واقع ہو جاویں گے جس سے سب شیریں اور شور دریا ایک ہو جاویں گے جس کا ذکر آئندہ سورت میں: وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ۝ [الانفطار: ۳] میں فرمایا ہے پھر شدت حرارت سے سب کا پانی مستحیل بآتش ہو جاوے گا شاید اول ہوا ہو جاوے پھر ہوا آگ بن جاوے اس کے بعد عالم فنا ہو جاوے گا) (اگلے چھ واقعات بعد نفخۂ ثانیہ کے ہوں گے جن کا بیان یہ ہے کہ) جب ایک ایک قسم کے لوگ اکٹھے کئے جاویں گے (کافر الگ مسلمان الگ پھر ان میں ایک ایک طریقہ کے الگ الگ) اور جب زندہ گاڑی ہوئی لڑکی سے پوچھا جاوے گا کہ وہ کس گناہ پر قتل کی گئی تھی (مقصود اس پوچھنے سے زندہ درگور کرنے والے ظالموں کا اظہار جرم ہے) اور جب نامۂ اعمال کھول دیئے جاویں گے (تاکہ سب اپنے اپنے عمل دیکھ لیں کقولہ تعالی: يَلْقٰهُ مَنْشُوْرًا [الاسراء: ۱۳]) اور جب آسمان کھل جاوے گا (اور اس کے کھلنے سے آسمان کے اوپر کی چیزیں نظر آنے لگیں گی اور نیز اس کے کھلنے سے غمام کا نزول ہوگا جس کا ذکر پارہ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ سے آیت: وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ [الفرقان: ۲۵] میں آیا ہے) اور جب دوزخ (اور زیادہ) دہکائی جاوے گی اور جب جنت نزدیک کر دی جاوے گی (کما فی سورۃ ق: وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ [ق: ۳۱] جب یہ سب واقعات نفختین کے واقع ہوں گے تو اس وقت) ہر شخص ان اعمال کو جان لے گا جو لے کر آیا ہے (اور جب ایسا واقعہ ہائلہ ہونے والا ہے) تو (میں منکرین کو اس کی حقیقت بتلاتا ہوں اور مصدقین کو اس کے لئے آمادہ کرتا ہوں اور یہ دونوں امر قرآن کی تصدیق اور اس پر عمل کرنے سے حاصل ہوتے ہیں کہ اس میں اس کا اثبات اور نجات کا طریق ہے اس لئے) میں قسم کھاتا ہوں ان ستاروں کی جو (سیدھے چلتے چلتے) پیچھے کو ہٹنے لگتے ہیں (اور پھر پیچھے ہی کو) چلتے رہتے ہیں (اور کبھی پیچھے چلتے چلتے اپنے مطالع میں) جا چھپتے ہیں (ایسا امر پانچ سیاروں کو پیش آتا ہے کہ کبھی سیدھے چلتے ہیں کبھی پیچھے چلتے ہیں اور ان کو خمسہ متحیرہ کہتے ہیں۔ زحل۔ مشتری۔ عطارد۔ مریخ۔ زہرہ) اور قسم ہے رات کی جب وہ جانے لگے اور قسم ہے صبح کی جب وہ آنے لگے (آگے جواب قسم ہے) کہ یہ قرآن (اللہ کا) کلام ہے ایک معزز فرشتہ (یعنی جبرئیل علیہ السلام) کا لایا ہوا جو قوت والا ہے (کما فی النجم عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى [النجم: ۵] اور) مالک عرش کے نزدیک ذی رتبہ ہے (اور) وہاں (یعنی آسمانوں میں) اس کا کہنا مانا جاتا ہے (یعنی فرشتے اس کا کہنا مانتے ہیں جیسا حدیث معراج سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ ان کے کہنے سے فرشتوں نے آسمانوں کے دروازے کھول دیئے اور) امانت دار ہے (کہ وحی کو صحیح صحیح پہنچا دیتا ہے پس وحی لانے والا تو ایسا ہے) اور (آگے جن پر وحی نازل ہوئی ان کی نسبت ارشاد ہے کہ) یہ تمہارے ساتھ کے رہنے والے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم جن کا حال بخوبی تم کو معلوم ہے) مجنون نہیں ہیں (جیسا منکرین نبوت کہتے تھے) اور انہوں نے اس فرشتہ کو (اصلی صورت میں آسمان کے) صاف کنارہ پر دیکھا بھی ہے (صاف کنارہ سے مراد بلند کنارہ ہے کہ صاف نظر آتا ہے کما فی النجم: وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى [النجم: ۷] اور اس کا مفصل بیان سورۂ نجم میں گزرا ہے) اور یہ پیغمبر مخفی (بتلائی ہوئی وحی کی) باتوں پر بخل کرنے والے بھی نہیں (جیسا کاہنوں کی عادت تھی کہ رقم لے کر کوئی بات بتلاتے تھے اس سے نفی کہانت اور نفی اجر کی بھی ہوگئی) اور یہ قرآن کسی شیطان مردود کی کہی ہوئی بات نہیں ہے (اس سے نفی کہانت کی اور تاکید ہوگئی حاصل یہ کہ نہ آپ مجنون ہیں نہ کاہن نہ صاحب غرض اور وحی لانے والے کو پہچانتے بھی ہیں اور وحی لانے والا ایسا ایسا ہے پس لامحالہ یہ اللہ کا کلام اور آپ اللہ کے رسول ہیں اور یہ قسمیں مطلوب مقام کے نہایت مناسب ہیں چنانچہ ستاروں کا سیدھا چلنا اور لوٹنا اور چھپ جانا مشابہ ہے فرشتہ کے آنے اور واپس جانے اور عالم ملکوت میں جا چھپنے کے اور رات کا گزرنا اور صبح کا آنا مشابہ ہے قرآن کے سبب ظلمت کفر کے رفع ہو جانے اور نور ہدایت کے ظاہر ہو جانے کے جب یہ بات ثابت ہے) تو تم لوگ (اس بارہ میں) کدھر کو چلے جا رہے ہو (کہ نبوت کے منکر ہو رہے ہو) بس یہ تو (بالعموم) دنیا جہاں والوں کے لئے ایک بڑا نصیحت نامہ ہے (اور بالخصوص) ایسے شخص کیلئے جو تم میں سے سیدھا چلنا چاہے (پہلوں کیلئے عموم بمعنی اراءت طریق ہے اور دوسروں کے لئے خصوص بمعنی وصول الی المقصود

www.besturdubooks.net

ہے)اور (بعض کے نصیحت مندنہ ہونے سے اس کے نصیحت نامہ ہونے میں شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ تم بدوں خدائے رب العالمین کے چاہے کچھ نہیں چاہ سکتے ہو (یعنی فی نفسہ تو نصیحت ہے لیکن تاثیر اس کی موقوف مشیت پر ہے جو بعض لوگوں کے لئے متعلق ہوتی ہے اور بعض کے لئے کسی حکمت سے متعلق نہیں ہوتی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ۞ جس طرح یہ تناسب وتشاکل آخرت میں اجتماع کا سبب ہو جاوے گا اسی طرح دنیا میں بھی یہی مناسبت ارتباط معنوی کا سبب ہو جاتا ہے اور یہی مدار ہے نفع کا۔

الروایات: اخرج عبد بن حمید وابن المنذر عن ابی العالیة قال ست ایات من هذه السورة فی الدنیا والناس ینظرون الیه وست فی الآخرة اذا الشمس كورت الی واذا البحار سجرت هذه فی الدنیا والناس ینظرون الیه واذا النفوس زوجت الی واذا الجنة ازلفت هذه فی الآخرة واخرج ابن ابی الدنیا فی الاهوال وابن جریر وابن ابی حاتم عن ابی ابن كعب قال ست آیات قبل یوم القیامة بینما الناس فی اسواقهم اذ ذهب ضوء الشمس فبینما هم كذلك اذ وقعت الجبال علی وجه الارض فتحركت واضطربت واختلطت ففزعت الجن الی الانس والانس الی الجن واختلطت الدواب والطیر والوحش فما جوا بعضهم فی بعض قال الجن والانس نحن ناتیكم بالبحر فانطلقوا الی الخبر فاذا هو نار تاجج آه كذا فی الدر المنثور وفیه عن قتادة كدرت قال تساقطت وتهافتت ۱۲۔

اللغات: كشطت كشفت كذا فی الكبیر من كشط الجلد اذا ازاله وكشفه عن الشاة الخنس الجوار الكنس فی الخازن تخنس فی مجاریها ای ترجع وراء ها فی الفلك وتكنس ای تسترو قیل انها تخنس ای تتاخر عن مطالعها والكنوس هو ان تاوی الی كناسها وهو الموضع الذی یاوی الیه الوحش قوله عسعس ای اقبل وقیل ادبر العسعسة رقة الظلام وذلك یكون فی طرف اللیل آه وحملته علی الادبار لقوله تعالیٰ واللیل اذ ادبر والصبح اذا اسفر ۱۲۔

النحو: اذا الشمس الخ جوابه علمت نفس ۱۲۔

البلاغة: قوله سئلت وتوجیه السوال الی الموءدة دون الوائد مع ان الذنب له دونها لتسلیتها واظهار كمال الغیظ والسخط لوائدها واسقاطه عن درجة الخطاب والمبالغة فی تبكیته فان المجنی علیه اذا سئل بمحضر الجانی ونسبت الیه الجنایة دون الجانی كان ذلك بعثا للجانی علی التفكر فی حال نفسه وحال المجنی علیه فیری براء ة ساحته وانه هو المستحق للعتاب والعقاب وهذا نوع من الاستدراج واقع علی طریق التعریض كما فی قوله تعالیٰ ء انت قلت للناس اتخذونی وامی الٰهین كذا فی الروح قوله علمت نفس النكرة تعم فی الاثبات بالقرائن ۱۲۔ قوله وما صاحبكم المبالغة فی ذكر جبرئیل علیه السلام وتركها فی شان النبی صلی الله علیه وسلم لیس لانه افضل منه بل لان الكلام مسوق لحقیة المنزل دلالة علی صدق ما ذكر فیه من الهوال القیامة وقد علمت ان من شان البلیغ ان یجرد الكلام لما ساق له لئلا یعد الزیادة لكنة وفضولا ولا خفاء ان وصف الآتی بالقول یشد من عضد ذلك ابلغ شد واما وصف من انزل علیه فلا مدخل له فی البین الا اذا كان الغرض الحث علی اتباعه كذا فی الروح قلت او یقال انهم كفروا یشاهدونه صلی الله علیه وسلم فی كل حین فلم یخف حاله علیهم فلم یحتج الی المبالغة ولم یكونوا یشاهدون جبریل علیه السلام فافهم ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورَۃُ الانفطار

سُورَۃُ الانفطار ۸۲ مکیۃ ۸۲ — بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ — آیاتہا ۱۹ رکوعہا ۱

سورۃ الانفطار مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۹ آیات اور ۱ رکوع ہے

اِذَا السَّمَآءُ انۡفَطَرَتۡ ۙ﴿۱﴾ وَ اِذَا الۡکَوَاکِبُ انۡتَثَرَتۡ ۙ﴿۲﴾ وَ اِذَا الۡبِحَارُ فُجِّرَتۡ ۙ﴿۳﴾ وَ اِذَا الۡقُبُوۡرُ بُعۡثِرَتۡ ۙ﴿۴﴾ عَلِمَتۡ نَفۡسٌ مَّا
قَدَّمَتۡ وَ اَخَّرَتۡ ؕ﴿۵﴾ یٰۤاَیُّہَا الۡاِنۡسَانُ مَا غَرَّکَ بِرَبِّکَ الۡکَرِیۡمِ ۙ﴿۶﴾ الَّذِیۡ خَلَقَکَ فَسَوّٰىکَ فَعَدَلَکَ ۙ﴿۷﴾ فِیۡۤ اَیِّ صُوۡرَۃٍ
مَّا شَآءَ رَکَّبَکَ ؕ﴿۸﴾ کَلَّا بَلۡ تُکَذِّبُوۡنَ بِالدِّیۡنِ ۙ﴿۹﴾ وَ اِنَّ عَلَیۡکُمۡ لَحٰفِظِیۡنَ ﴿ۙ۱۰﴾ کِرَامًا کَاتِبِیۡنَ ﴿ۙ۱۱﴾ یَعۡلَمُوۡنَ مَا
تَفۡعَلُوۡنَ ﴿۱۲﴾ اِنَّ الۡاَبۡرَارَ لَفِیۡ نَعِیۡمٍ ﴿ۚ۱۳﴾ وَ اِنَّ الۡفُجَّارَ لَفِیۡ جَحِیۡمٍ ﴿ۚۖ۱۴﴾ یَّصۡلَوۡنَہَا یَوۡمَ الدِّیۡنِ ﴿۱۵﴾ وَ مَا ہُمۡ عَنۡہَا
بِغَآئِبِیۡنَ ﴿ؕ۱۶﴾ وَ مَاۤ اَدۡرٰىکَ مَا یَوۡمُ الدِّیۡنِ ﴿ۙ۱۷﴾ ثُمَّ مَاۤ اَدۡرٰىکَ مَا یَوۡمُ الدِّیۡنِ ﴿ؕ۱۸﴾ یَوۡمَ لَا تَمۡلِکُ نَفۡسٌ لِّنَفۡسٍ
شَیۡئًا ؕ وَ الۡاَمۡرُ یَوۡمَئِذٍ لِّلّٰہِ ﴿۱۹﴾ ع ۷

جب آسمان پھٹ جائے گا اور ستارے (ٹوٹ کر) جھڑ پڑیں گے اور جب دریا (شور اور شیریں) بہہ پڑیں گے اور جب قبریں اکھاڑ دی جائیں گی یعنی ان میں کے مردے نکل کھڑے ہوں گے (اس وقت) ہر شخص اپنے اگلے اور پچھلے اعمال کو جان لے گا اے انسان تجھ کو کس چیز نے تیرے ایسے رب کریم کے ساتھ بھول میں ڈال رکھا ہے جس نے تجھ کو (انسان) بنایا پھر تیرے اعضا کو درست کیا پھر تجھ کو مناسب اعتدال پر بنایا (اور) جس صورت میں چاہا تجھ کو ترکیب دے دیا (ان سب امور کا مقتضا یہ ہے کہ تم کو) ہرگز (مغرور) نہیں ہونا چاہئے مگر تم باز نہیں آتے) بلکہ تم اس وجہ سے دھوکہ میں پڑ گئے ہو کہ تم جزا و سزا ہی کو جھٹلاتے ہو اور تم پر تمہارے اعمال یاد رکھنے والے معزز لکھنے والے مقرر ہیں جو تمہارے سب افعال کو جانتے ہیں۔ نیک لوگ بے شک آسائش میں ہوں گے اور بدکار (یعنی کافر) لوگ بے شک دوزخ میں ہوں گے روز جزا کو اس میں داخل ہوں گے اور پھر داخل ہوں کہ اس میں سے باہر نہ ہوں گے (بلکہ اس میں خلود ہوگا) اور آپ کو کچھ خبر ہے کہ وہ روز جزا کیسا ہے اور ہم پھر (مکرر کہتے ہیں کہ) آپ کو کچھ خبر ہے کہ وہ روز جزا کیا ہے وہ ایسا دن ہے جس میں کسی شخص کا کسی شخص کے نفع کے لئے کچھ بس نہ چلے گا اور تمام تر حکومت اس روز اللہ ہی کی ہوگی۔

سورۃ الانفطار مکیۃ وھی تسع عشرۃ اٰیۃ کذا فی البیضاوی۔

تفسیر ربط: اس میں بھی مثل سوابق ولواحق قیامت ومجازات کا بیان ہے اور درمیان میں غفلت پر تقریع ہے۔

بعث وجزاء وتقریع بر غفلت: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اِذَا السَّمَآءُ انۡفَطَرَتۡ (الی قولہ تعالٰی) وَ الۡاَمۡرُ یَوۡمَئِذٍ لِّلّٰہِ ﴿۱۹﴾ جب آسمان پھٹ جاوے گا اور جب ستارے (ٹوٹ کر) جھڑ پڑیں گے اور جب سب دریا (شور اور شیریں) بہہ پڑیں گے (اور بہہ کر ایک ہو جاویں گے جیسا اوپر کی سورت میں سُجِّرَتۡ کی تفسیر میں بیان ہوا ہے یہ تینوں واقعات تو نفخۂ اولیٰ کے ہیں آگے نفخۂ ثانیہ کے بعد کا واقعہ ہے یعنی) اور جب قبریں اُکھاڑ دی جاویں گی (یعنی اُن میں کے مردے نکل کھڑے ہوں گے اُس وقت) ہر شخص اپنے اگلے پچھلے اعمال کو جان لے گا (اور ان واقعات کا مقتضا یہ تھا کہ انسان خواب غفلت سے بیدار ہوتا اس لئے آگے غفلت پر تقریع ہے کہ) اے انسان تجھ کو کس چیز نے تیرے ایسے رب کریم کے ساتھ بھول میں ڈال رکھا ہے جس نے تجھ کو (انسان) بنایا پھر تیرے اعضاء کو درست کیا پھر تجھ کو (مناسب) اعتدال پر بنایا (یعنی اعضاء میں تناسب رکھا اور) جس صورت میں چاہا تجھ کو ترکیب دے دیا (یعنی باوجود اشتراک خلق

www.besturdubooks.net

وتسویہ وتعدیل کے پھر الگ الگ طور پر پیدا کیا۔ ما غرك سے پہلے معاد کا اور اس کے بعد مبدأ کا ذکر اشارہ ہے کہ گوامر مانع اغترار موجود ہیں پھر بھی اغترار سے باز نہیں آتا اور کریم کی صفت میں تلقین حجت نہیں بلکہ تقویت ہے مانع کی یعنی کریم ہونا مقتضی ہے کہ اُس کی طرف زیادہ توجہ کی جاوے بہر حال ان سب اُمور کا مقتضا یہ ہے کہ تم کو) ہرگز (مغرور) نہیں (ہونا چاہیے مگر تم اغترار سے باز نہیں آتے) بلکہ (اس درجہ اغترار میں بڑھ گئے ہو کہ) تم (خود) جزاء وسزا (ہی) کو (جو دافع اغترار تھا) جھٹلاتے ہو اور (یہ جھٹلانا تمہارا خالی نہ جاوے گا بلکہ ہماری طرف سے) تم پر (تمہارے سب اعمال کے) یاد رکھنے والے (جو ہمارے نزدیک) معزز (اور تمہارے اعمال کے) لکھنے والے (ہیں) مقرر ہیں جو تمہارے سب افعال کو جانتے ہیں (اور لکھتے ہیں پس قیامت میں یہ سب اعمال پیش ہوں گے جن میں تمہاری تکذیب بھی ہے اور سب پر مناسب جزا ملے گی جس کی تفصیل آگے ہے کہ) نیک لوگ بے شک آسائش میں ہوں گے اور بدکار (یعنی کافر) لوگ بے شک دوزخ میں ہوں گے جن میں تمہاری تکذیب بھی ہے اور سب پر مناسب جزا ملے گی جس کی تفصیل آگے ہے کہ) نیک لوگ بے شک آسائش میں ہوں گے اور بدکار (یعنی کافر) لوگ بے شک دوزخ میں ہونگے اور روز جزا کو اس میں داخل ہوں گے اور (پھر داخل ہو کر) اس سے باہر نہ ہونگے (بلکہ اس میں خلود ہوگا) اور آپ کو کچھ خبر ہے کہ روز جزا کیسا ہے (اور ہم) پھر (مکرر کہتے ہیں کہ) آپ کو کچھ خبر ہے کہ وہ روز جزاء کیسا ہے (مقصود اس استفہام سے تہویل ہے آگے جواب ہے کہ) وہ ایسا دن ہے جس میں کسی شخص کا کسی شخص کے نفع کے لئے کچھ بس نہ چلے گا اور تمام تر حکومت اُس روز اللہ ہی کی ہوگی۔ **ف**: یَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ میں ظاہرا کلمۂ ما، عام ہے مگر ایک حدیث سے گو وہ ضعیف ہے معلوم ہوتا ہے کہ یہ عام مخصوص البعض ہے یعنی بعض اعمال قلبیہ ملائکہ کاتبین اعمال سے بھی مخفی رہتے ہیں محض حق تعالیٰ ہی کو اُس کا علم ہے چنانچہ حواشی حصن حصین میں بحوالہ مرقاۃ تخریج ابویعلی بروایت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بدور سافرہ سیوطی سے حدیث مرفوع نقل کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وہ ذکر خفی جس کو حفظہ بھی نہیں سنتے ستر درجہ فضیلت میں زیادہ ہے الی آخر الحدیث اور اس سے مطلقا اعمال قلبیہ کا اُن سے مخفی رہنا نہ سمجھا جاوے کیونکہ احادیث میں مصرح ہے کہ عزم حسنہ پر ثواب لکھا جاتا ہے اس سے زیادہ تفصیل اس مسئلہ کی میری نظر سے نہیں گزری کہ کس قسم کے اعمال کی اُن کو اطلاع ہوتی ہے اور کس کی نہیں ہوتی اور یہ سب صحت حدیث کی تقدیر پر ہے ورنہ استثناء کی کوئی حاجت نہیں واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِينَ ..... یہ من جملہ مراقبات نافعہ فی الاصلاح کے ہے۔

اللغات: انتثرت فی الروح تساقطت متفرقة ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ اذا واذا فی الروح تکریرها للتهويل ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الْمُطَفِّفِين

سورۃ المطففین ۸۳ مکیۃ ۸۶	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	آیاتہا ۳۶	رکوعہا ۱

سورۃ المطففین مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں آیات اور ارکوع ہے

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِينَ ۝١ الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ ۝٢ وَإِذَا كَالُوهُمْ أَو وَّزَنُوهُمْ
يُخْسِرُونَ ۝٣ أَلَا يَظُنُّ أُولَٰئِكَ أَنَّهُم مَّبْعُوثُونَ ۝٤ لِيَوْمٍ عَظِيمٍ ۝٥ يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ۝٦ كَلَّا
إِنَّ كِتَابَ الْفُجَّارِ لَفِي سِجِّينٍ ۝٧ وَمَا أَدْرَاكَ مَا سِجِّينٌ ۝٨ كِتَابٌ مَّرْقُومٌ ۝٩ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ ۝١٠
الَّذِينَ يُكَذِّبُونَ بِيَوْمِ الدِّينِ ۝١١ وَمَا يُكَذِّبُ بِهِ إِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ ۝١٢ إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ آيَاتُنَا قَالَ أَسَاطِيرُ
الْأَوَّلِينَ ۝١٣ كَلَّا ۖ بَلْ ۜ رَانَ عَلَىٰ قُلُوبِهِم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝١٤ كَلَّا إِنَّهُمْ عَن رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ
لَّمَحْجُوبُونَ ۝١٥ ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُو الْجَحِيمِ ۝١٦ ثُمَّ يُقَالُ هَٰذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ۝١٧ كَلَّا إِنَّ كِتَابَ
الْأَبْرَارِ لَفِي عِلِّيِّينَ ۝١٨ وَمَا أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّونَ ۝١٩ كِتَابٌ مَّرْقُومٌ ۝٢٠ يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُونَ ۝٢١ إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ۝٢٢
عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ۝٢٣ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ۝٢٤ يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ ۝٢٥ خِتَامُهُ مِسْكٌ ۚ
وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ ۝٢٦ وَمِزَاجُهُ مِن تَسْنِيمٍ ۝٢٧ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ۝٢٨ إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا
كَانُوا مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا يَضْحَكُونَ ۝٢٩ وَإِذَا مَرُّوا بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ ۝٣٠ وَإِذَا انقَلَبُوا إِلَىٰ أَهْلِهِمُ انقَلَبُوا
فَكِهِينَ ۝٣١ وَإِذَا رَأَوْهُمْ قَالُوا إِنَّ هَٰؤُلَاءِ لَضَالُّونَ ۝٣٢ وَمَا أُرْسِلُوا عَلَيْهِمْ حَافِظِينَ ۝٣٣ فَالْيَوْمَ
الَّذِينَ آمَنُوا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُونَ ۝٣٤ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ۝٣٥ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ۝٣٦ ع ۱ / ۳۶ / ۸

بڑی خرابی ہے ناپ تول میں کمی کرنے والوں کی کہ جب لوگوں سے (اپنا حق) ناپ کر لیں تو پورا لیں اور جب ان کو ناپ کر یا تول کر دیں تو گھٹا کر دیں (آگے تطفیف پر تہدید ہے کہ) کیا ان لوگوں کو اس کا یقین نہیں ہے کہ وہ ایک سخت دن میں زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے جس دن تمام آدمی رب العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے ہرگز ایسا نہیں ہوگا (یعنی کافر) لوگوں کا نامہ اعمال سجین میں رہے گا اور (آگے تہویل کے لئے سوال ہے) کہ آپ کو کچھ معلوم ہے کہ سجین میں رکھا ہوا نامہ اعمال کیا چیز ہے وہ ایک نشان کیا ہوا دفتر ہے اس روز (یعنی قیامت کے روز) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی جو روز جزا کو جھٹلاتے ہیں اور اس روز جزا کو تو وہی شخص جھٹلاتا ہے جو حد (عبودیت) سے گزرنے والا ہو (اور) مجرم ہو اور جب اس کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جائیں تو یوں کہہ دیتا ہو کہ بے سند باتیں ہیں اگلوں سے منقول چلی آتی ہیں ہرگز ایسا نہیں بلکہ اصل وجہ ان کی تکذیب کی یہ ہے کہ ان کے دلوں پر ان کے اعمال (بد) کا زنگ بیٹھ گیا ہے ہرگز ایسا نہیں یہ لوگ اس روز (ایک تو) اپنے رب کا دیدار دیکھنے

www.besturdubooks.net

سے روک دیئے جائیں گے پھر (صرف اسی پر اکتفا نہ ہوگا بلکہ) یہ دوزخ میں داخل ہوں گے پھر ان سے کہا جائے گا کہ یہی ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ (یہ جو مومنین کے اجر و ثواب کے منکر ہیں) ہرگز ایسا نہیں نیک لوگوں کا نامہ اعمال علیین میں رہے گا اور (آگے تفخیم کے لئے سوال ہے کہ) آپ کو کچھ معلوم ہے کہ علیین میں رکھا ہوا نامہ اعمال کیا چیز ہے وہ ایک نشان کیا ہوا دفتر ہے جس کو مقرب فرشتے (شوق سے) دیکھتے ہیں (آگے ان کی جزائے اخرت کا بیان ہے) نیک لوگ بڑی آسائش میں ہوں گے مسہریوں پر (بیٹھے بہشت کے عجائبات) دیکھتے ہوں گے اے مخاطب تو ان کے چہروں میں آسائش کی بشاشت پہچانے گا اور ان کو پینے کے لئے شراب سر بمہر جس پر مشک کی مہر ہوگی ملے گی اور حرص کرنے والوں کو ایسی چیز کی حرص کرنا چاہئے اور اس (شراب) کی آمیزش تسنیم (کے پانی) کی ہوگی یعنی ایک ایسا چشمہ جس سے مقرب بندے پئیں گے۔ (آگے مجموعہ ولیقین کا مجموعہ حال دنیا و آخرت مذکور ہے یعنی) جو لوگ مجرم تھے (یعنی کافر) وہ ایمان والوں سے (دنیا میں تحقیراً) ہنسا کرتے تھے اور (ایمان والے) جب ان (کافروں) کے سامنے سے ہو کر گزرتے تھے تو آپس میں آنکھوں سے اشارہ کرتے تھے اور جب اپنے گھروں کو جاتے تو (وہاں بھی ان کا تذکرہ کر کے) دل لگیاں کرتے اور جب ان کو دیکھتے تو کہا کرتے کہ یہ لوگ یقیناً غلطی پر ہیں (کیونکہ کفار اسلام کو غلطی سمجھتے تھے) حالانکہ یہ (کافر) ان (مسلمانوں) پر نگرانی کرنے والے کر کے نہیں بھیجے گئے سو آج (قیامت کے دن) ایمان والے کافروں پر ہنستے ہوں گے مسہریوں پر (بیٹھے ان کا حال) دیکھ رہے ہوں گے واقعی کافروں کو ان کے کئے کا خوب بدلہ ملے گا۔

سورۃ المطففین مختلف فیها وآیها ست وثلثون كذا فی البیضاوی والاقرب كون بعضها مكية وبعضها مدنية۔

تفسیر ربط: اس میں بھی مثل سورتہائے سابقہ ولاحقہ کے مجازات اعمال کا بیان ہے اور ان میں سے اہتمام کے لئے بعض اعمال متعلقہ حقوق العباد پر جس کو مقام سے خاص مناسبت بھی ہے کہ مقام بیان عدل کا ہے اور تطفیف کیل و وزن مخل عدل ہے شروع سورت میں بالتخصیص وعید ہے۔

وعید بر تطفیف خصوصاً و بیان مجازات عموماً: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ وَیۡلٌ لِّلۡمُطَفِّفِیۡنَ ۙ (الی قوله تعالی) هَلۡ ثُوِّبَ الۡكُفَّارُ مَا كَانُوۡا یَفۡعَلُوۡنَ ۠ بڑی خرابی ہے ناپ تول میں کمی کرنے والوں کی کہ جب لوگوں سے (اپنا حق) ناپ کر لیں تو پورا لے لیں اور جب اُن کو ناپ کر یا تول کر دیں تو گھٹا دیں (کہ لوگوں سے اپنا حق پورا لینا مذموم نہیں ہے مگر اس کے لانے سے مقصود خود اس پر مذمت کرنا نہیں ہے بلکہ کم دینے پر مذمت کی تاکید و تقویت ہے یعنی کم دینا اگرچہ فی نفسہ مذموم ہے لیکن اُس کے ساتھ اگر دوسروں کی اصلاً رعایت نہ کی جاوے تو اور زیادہ مذموم ہے بخلاف رعایت کرنے والے کی کہ اگر اس میں ایک عیب ہے تو ایک ہنر بھی ہے اس لئے اول شخص کا عیب اشد ہے اور چونکہ اصل میں مقصود مذمت ہے کم دینے کی۔ اس لئے اُس میں ناپ اور تول دونوں کا ذکر کیا تا کہ خوب تصریح ہو جاوے کہ ناپنے میں بھی کم دیتے ہیں تو لنے میں بھی کم دیتے ہیں اور چونکہ پورا لینا فی نفسہ مدار ذم نہیں ہے اس لئے وہاں ناپ اور تول دونوں کا ذکر نہیں کیا بلکہ ایک ہی کا ذکر کیا پھر تخصیص ناپ کی شاید اس لئے ہو کہ عرب میں زیادہ دستور کیل کا تھا خصوصاً اگر آیت مدنی ہو جیسا روح المعانی میں بروایت نسائی و ابن ماجہ و بیہقی اس کا نزول اہل مدینہ کے باب میں لکھا ہے تو اُس وقت اس تخصیص کی وجہ زیادہ ظاہر ہے کیونکہ مدینہ میں کیل کا دستور مکہ سے بھی زیادہ تھا آگے مطففین کی تہدید ہے کہ) کیا ان لوگوں کو اس کا یقین نہیں ہے کہ وہ ایک بڑے سخت دن میں زندہ کر کے اُٹھائے جاویں گے جس دن تمام آدمی رب العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے (یعنی اُس روز سے ڈرنا چاہیے اور تطفیف سے توبہ کرنا چاہیے اس بعث و جزاء کو سن کر جو مومن تھے وہ ڈر گئے اور جو کافر تھے وہ انکار کرنے لگے اس لئے آگے انکار پر ردع فرما کر تفصیل جزائے فریقین فرماتے ہیں پس ارشاد ہے کہ جیسا کفار لوگ جزاء و سزا کے منکر ہیں) ہرگز (ایسا) نہیں (بلکہ جزاء و سزا ضروری الوقوع ہے اور جن اعمال پر جزاء و سزا ہوگی وہ بھی سب منضبط اور محفوظ ہیں اور اس مجموعہ کا بیان یہ ہے کہ) بدکار (یعنی کافر) لوگوں کا نامہ عمل سجین میں رہے گا (وہ ایک مقام ارض سابعہ میں مستقر ارواح کفار کا ہے **كذا فی تفسیر ابن كثیر عن كعب وفی الدر المنثور عن** ابن عباسؓ ومجاہد وفرقد وقتادۃ وعبداللہ بن عمرو مرفوعاً اور کفار کے اعمال کا اس مقام پر رہنا نیز مجاہد و عبداللہ بن عمرو سے دُر منثور میں مروی ہے) اور (آگے تہویل کے لئے سوال ہے کہ) آپ کو کچھ معلوم ہے کہ سجین میں رکھا ہوا نامہ عمل کیا چیز ہے وہ ایک نشان کیا ہوا دفتر ہے (نشان سے مراد مہر ہے **كما فی الدر المنثور عن كعب الاحبار فیختم ویوضع ای بعد الموت** مقصود یہ ہوگا کہ اُس میں تغیر و تبدل کا کچھ احتمال نہیں پس حاصل اس کا اعمال کا محفوظ و منضبط ہونا ہے جس سے جزاء کا بحق ہونا ثابت ہوا آگے ان اعمال کی جزاء کا بیان ہے کہ) اُس روز (یعنی قیامت کے روز) جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہوگی جو کہ روزِ جزاء کو جھٹلاتے ہیں اور اس (یوم جزاء) کو تو وہی شخص جھٹلاتا ہے جو حد (عبدیت) سے گزرنے والا ہو (اور) مجرم ہو (اور) جب اُس کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاویں تو یوں کہہ دیتا ہو کہ یہ بے سند باتیں اگلوں سے منقول چلی آتی ہیں (مطلب یہ بتلانا ہے کہ جو شخص یوم دین کی تکذیب کرتا ہے وہ معتدی اثیم مکذب بالقرآن ہے جو حاصل ہے اِذَا تُتۡلٰی ... کا آگے تکذیب روزِ جزاء پر جو صراحۃً مذکور ہے ردع ہے جیسا اوپر تکذیب مفہوم من المقام پر ردع تھا یعنی جیسا یہ لوگ اس کو غلط سمجھ رہے ہیں) ہرگز ایسا نہیں (اور کسی کو یہ شبہ نہ ہو کہ شاید ان کے پاس کوئی دلیل نفی کی ہوگی جس سے یہ تمسک کرتے ہوں گے ہرگز نہیں) بلکہ اصل وجہ تکذیب کی یہ ہے کہ) ان کے دلوں پر ان کے اعمال (بد) کا زنگ بیٹھ گیا ہے (اُس سے استعداد قبول حق کی فاسد ہوگئی پس براہِ عناد انکار کرنے لگے آگے پھر انکار پر ردع ہے کہ جیسا یہ لوگ سمجھ رہے ہیں) ہرگز ایسا نہیں (آگے ویل کی مجمل تفصیل ہے کہ وہ خرابی یہ ہے کہ) یہ لوگ اُس روز (ایک تو) اپنے رب (کا دیدار دیکھنے) سے روک دیئے جاویں گے پھر (صرف اسی پر اکتفا نہ ہوگا بلکہ) یہ دوزخ میں داخل ہوں گے پھر (اُن سے) کہا جاوے گا کہ یہی ہے جس کو تم

www.besturdubooks.net

جھٹلایا کرتے تھے (اور چونکہ یہ لوگ یوم دین کی تکذیب میں جس طرح اپنی سزاء کو جھٹلاتے تھے اسی طرح مؤمنین کی جزاء کو بھی جھٹلاتے تھے آگے اس پر روع فرماتے ہیں کہ یہ جو مؤمنین کے اجر وثواب کے منکر ہیں) ہرگز ایسا نہیں (بلکہ اُن کا اجر وثواب ضرور ہونے والا ہے جس کا بیان یہ ہے کہ) نیک لوگوں کا نامۂ عمل علیین میں رہے گا (وہ ایک مقام سمائے سابعہ میں مستقر ارواح مؤمنین کا ہے **كذا في تفسير ابن كثير عن كعب**) اور (آگے تفخیم کے لئے سوال ہے کہ) آپ کو کچھ معلوم ہے کہ علیین میں رکھا ہوا نامۂ عمل کیا چیز ہے وہ ایک نشان کیا ہوا دفتر ہے جس کو مقرب فرشتے (شوق سے) دیکھتے ہیں (اور یہ مؤمن کے لئے کرامت عظیمہ ہے جیسا کہ روح المعانی میں بتخریج عبد بن حمید حضرت کعب سے روایت ہے کہ جب ملائکہ مؤمن کی روح کو قبض کر کے لے جاتے ہیں تو ہر آسمان کے مقرب فرشتے اُس کے ساتھ ہوتے جاتے ہیں یہاں تک کہ ساتویں آسمان تک پہنچ کر اُس روح کو رکھ دیتے ہیں پھر فرشتے عرض کرتے ہیں کہ ہم اس کا نامۂ اعمال دیکھنا چاہتے ہیں چنانچہ وہ نامۂ عمل کھول کر دکھلایا جاتا ہے اھ مختصراً آگے ان کی جزائے آخرت کا بیان ہے کہ) نیک لوگ بڑی آسائش میں ہوں گے مسہریوں پر (بیٹھے بہشت کے عجائب) دیکھتے ہوں گے اے مخاطب تو اُن کے چہروں میں آسائش کی بشاشت پہچانے گا (اور) اُن کو پینے کیلئے شراب خالص سربمہر جس پر مشک ہوگی ملے گی اور حرص کرنے والوں کو ایسی چیز کی حرص کرنا چاہیے (کہ حرص کے لائق یہ ہے کہ خواہ صرف شراب مراد لی جاوے خواہ کل نعماء جنت یعنی لائق تحصیل یہ نعمتیں ہیں نہ کہ نعمائے دُنیا اور اُن کی تحصیل کا طریق نیک اعمال ہیں پس اس میں کوشش کرنا چاہیے) اور اُس (شراب) کی آمیزش کیلئے تسنیم کا پانی ہوگا آگے تسنیم کی شرح ہے) یعنی ایک ایسا چشمہ جس سے مقرب بندے پئیں گے (مطلب یہ کہ سابقین (یعنی مقربین) کو تو خالص پینے کو اس کا پانی ملے اور اصحاب الیمین (یعنی ابرار) کو اُس کا پانی دوسری شراب میں ملا کر ملے گا **كذا في الدر المنثور عن قتادة ومالك بن الحارث وابن عباسؓ وابن مسعودؓ وحذيفةؓ** اور یہ مہر لگنا علامت اکرام کی ہے ورنہ حفاظت کی ضرورت نہیں اور مشک کی مُہر کا مطلب یہ ہے کہ جیسے قاعدہ ہے کہ لاکھ وغیرہ لگا کر اُس پر مُہر کرتے ہیں اور ایسی چیز کو طین ختام کہتے ہیں وہاں شراب کے برتن کے مُنہ پر مشک لگا کر اُس پر مُہر کر دی جاوے گی یہاں تک فریقین کی جزاء اُخروی کا الگ الگ بیان تھا آگے مجموعۂ فریقین کا مجموعۂ حال دُنیا و آخرت مذکور ہے یعنی) جو لوگ مُجرم (یعنی کافر) تھے وہ ایمان والوں سے (دُنیا میں تحقیراً) ہنسا کرتے تھے اور یہ (ایمان والے) جب (اُن کافروں) کے سامنے سے ہو کر گزرتے تھے تو آپس میں آنکھوں سے اشارے کرتے تھے (مطلب یہ کہ اُنکے ساتھ استہزاء وتحقیر سے پیش آتے تھے) اور جب اپنے گھروں کو جاتے تو (وہاں بھی اُن کا تذکرہ کر کے) دل لگیاں کرتے (مطلب یہ کہ غیبت وحضور ہر حالت میں اُنکی تحقیر واستہزاء کا مشغلہ رہتا البتہ حضور میں اشارے چلا کرتے اور غیبت میں صراحۃً تذکرہ کرتے) اور جب اُنکو دیکھتے تو یوں کہا کرتے کہ یہ لوگ یقیناً غلطی میں ہیں (کیونکہ کفار اسلام کو غلطی سمجھتے تھے) حالانکہ یہ (کافر) اُن (مسلمانوں) پر نگرانی کرنے والے کر کے نہیں بھیجے گئے (یعنی اُن کو اپنی فکر کرنا چاہیے تھے اُن کے پیچھے کیوں پڑ گئے پس اُن سے دو غلطیاں ہوئیں اول اہل حق کے ساتھ استہزاء پھر اپنی اصلاح سے بے فکری) سو آج (قیامت کے دن) ایمان والے کافروں پر ہنستے ہوں گے مسہریوں پر (بیٹھے اُن کا حال) دیکھ رہے ہوں گے (دُر منثور میں قتادہ سے ہے کہ کچھ دریچے جھروکے ایسے ہونگے جن سے اہل جنت اہل نار کو دیکھ سکیں گے پس اُن کا بُرا حال دیکھ کر بطور انتقام کے اُن پر ہنسیں گے آگے تقریر ہے اس سزا کی یعنی) واقعی کافروں کو اُنکے کئے کا خوب بدلہ ملا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ ...... ظلمت قلب میں صریح ہے اور کلام قوم میں بکثرت وارد ہے۔

ملحقات الترجمۃ: لـ **قوله في ما سِجِّيْنٍ**ۭ سجین میں رکھا ہوا **اشارة الى حذف المضاف اى ما كتاب سجين ۱۲۔**

الروایات: **قد ذكرت في ترجمة اول السورة وهذا تؤيد ما اخترته في كون رض السورة مدنية كما هو ظاهر ۱۲۔**

اللغات: **المطففين في القاموس طفف نقص المكيال وفي الروح البخس في الكيل والوزن قوله كالوهم في الروح كال يستعمل باللام وبدونه فقد جاء في اللغة على ما قيل كال له فاله بمعنى كال له وجعل غير واحد كاله من باب الحذف والايصال على ان الاصل كال له وحذف الجار واوصل الفعل ران في القاموس الرين الطبع والدنس سجين في الروح وصف من السجن بفتح السين ۱۲۔ عليون منقول من جمع على فعيل من العلو سمى بذلك لانه مرفوع كذا في الروح مرقوم من رقم الكتاب اذا جعل له رقما اى علامة وقال ابن عباسؓ والضحاك مرقوم مختوم بلغة حمير يشهد اى يحضرونه من الشهود بمعنى الحضور وما ترجمت به هو اخذ بالحاصل ۱۲ رحيق في القاموس الخمر او الخالص منها تسنيم سميت بالتسنيم الذى هو مصدر سنمه اذا رفعه لان شرابها ارفع شراب في الجنة ۱۲۔**

النحو: **قوله يوم يقوم منصوب باضمار اعني او هو معمول لمبعوثون ۱۲۔ قوله وفي ذلك الخ قيل الكلام على تقدير حرف الشرط والفاء واقعة في جواب اى وان اريد تنافس فليتنافس في ذلك المتنافسون وتقديم الظرف ليكون عوضا عن الشرط في حيزه وهو انفس مما تقدم كذا في الروح قوله عينا نصب على المدح ۱۲۔**

البلاغۃ: **قوله على الناس عدى بعلى لتضمين الاكتيال معنى الاستيلاء ۱۲۔ قوله وما ارسلوا تهكم واستهزاء بهم واشعار بان ما اجترءوا عليه من القول من وظائف من ارسل من جهته تعالىٰ ۱۲۔**

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ

سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ ۸۴ مَكِّيَّةٌ ۸۳ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۲۵ — رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الانشقاق مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۲۵ آیات اور ارکوع ہے

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ﴿۱﴾ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ۙ﴿۲﴾ وَ اِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۙ﴿۳﴾ وَ اَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَ تَخَلَّتْ ۙ﴿۴﴾
وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ؕ﴿۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۚ﴿۶﴾ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ
كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ﴿۷﴾ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۙ﴿۸﴾ وَّ يَنْقَلِبُ اِلٰۤى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ؕ﴿۹﴾ وَ اَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ
وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۙ﴿۱۰﴾ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۙ﴿۱۱﴾ وَّ يَصْلٰى سَعِيْرًا ؕ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ كَانَ فِيْۤ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ؕ﴿۱۳﴾ اِنَّهٗ ظَنَّ
اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۚۛ﴿۱۴﴾ بَلٰۤى ۚۛ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ؕ﴿۱۵﴾ فَلَاۤ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۙ﴿۱۶﴾ وَ الَّيْلِ وَ مَا وَسَقَ ۙ﴿۱۷﴾ وَ الْقَمَرِ اِذَا
اتَّسَقَ ۙ﴿۱۸﴾ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ؕ﴿۱۹﴾ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۲۰﴾ وَ اِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ؕ۩﴿۲۱﴾
بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۫ۖ﴿۲۲﴾ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ۫ۖ﴿۲۳﴾ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ﴿۲۴﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۲۵﴾ ع

جب (نفخہ ثانیہ کے وقت) آسمان پھٹ جائے گا (تاکہ اس میں سے غمام اور ملائکہ کا نزول ہو) اور اپنے رب کا حکم سن لے گا اور وہ (آسمان) اسی لائق ہے اور جب زمین کھینچ کر بڑھادی جائے گی اور (وہ زمین) اپنے اندر کی چیزوں کو (یعنی مردوں کو) باہر اگل دے گی اور خالی ہو جائے گی اور اپنے رب کا حکم سن لے گی اور اسی لائق ہے اے انسان تو اپنے رب کے پاس پہنچنے تک (یعنی مرنے کے وقت تک) کام میں کوشش کر رہا ہے پھر (قیامت میں) اس (کام کی جزا) سے جا ملے گا تو اس روز جس شخص کا نامہ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں ملے گا سو اس سے آسان حساب لیا جائے گا اور وہ (اس سے فارغ ہو کر) اپنے متعلقین کے پاس خوش خوش آئے گا اور جس شخص کا نامہ اعمال (اس کے بائیں ہاتھ میں) اس کی پیٹھ سے ملے گا سو وہ موت کو پکارے گا اور جہنم میں داخل ہوگا یہ شخص (دنیا میں) اپنے متعلقین میں خوش خوش رہا کرتا تھا (یہاں تک کہ فرط خوشی میں آخرت کی تکذیب کرتا تھا) اس نے خیال کر رکھا تھا کہ اس کو (خدا کی طرف) لوٹنا نہیں ہے (آگے رد ہے اس خیال کا کہ لوٹنا کیوں نہ ہوتا) اس کا رب اس کو خوب دیکھتا تھا۔ سو (اس بناء پر) میں قسم کھا کر کہتا ہوں شفق کی اور رات کی اور ان چیزوں کی جن کو رات سمیٹ (کر جمع کر) لیتی ہے اور چاند کی جب وہ پورا ہو جائے کہ تم لوگوں کو ضرور ایک حالت کے بعد دوسری حالت پر پہنچنا ہے سو (باوجود ان مقتضیات خوف اور ایمان کے اجتماع کے) ان لوگوں کو کیا ہوا کہ ایمان نہیں لاتے اور جب (ان کے عناد کی یہ حالت ہے کہ) جب ان کے روبرو قرآن پڑھا جاتا ہے تو اس وقت بھی خدا کی طرف نہیں جھکتے بلکہ یہ کافر (اور الٹی) تکذیب کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کو سب خبر ہے جو کچھ یہ لوگ (اعمال بد کا ذخیرہ) جمع کر رہے ہیں سو (ان اعمال کفریہ کے سبب) آپ ان کو ایک دردناک عذاب کی خبر دے دیجئے لیکن جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے ان کے لئے (آخرت میں) ایسا اجر ہے جو کبھی موقوف ہونے والا نہیں۔

سورة الانشقاق مكية وهي خمس وعشرون اٰية كذا في البيضاوي۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: اس میں بھی مثل سورت سابقہ تفصیل مجازات کی ہے۔

تفصیل مجازات: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ (الی قولہ تعالی) لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ۔ جب (نفخہ ثانیہ کے وقت) آسمان پھٹ جاوے گا (تاکہ اُس میں سے غمام وملائکہ کا نزول ہو جس کا ذکر پارہ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ آیت: وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ ...... [الفرقان : ۲۵] میں ہے) اور اپنے رب کا حکم سن لے گا۔ (اور مان لے گا یہاں حکم سے مراد حکم تکوینی انشقاق کا ہے اور ماننے سے مراد اس کا وقوع ہے) اور وہ (آسمان بوجہ محکوم قدرت ہونے کے) اسی لائق ہے (کہ جس امر کی مشیت اُس کے متعلق ہو اُس کا وقوع ضرور ہو جاوے) اور جب زمین کھینچ کر بڑھا دی جاوے گی (جس طرح چمڑا یا ربڑ کھینچا جاتا ہے پس اس وقت کی مقدار سے اُس وقت مقدار زیادہ ہو جاوے گی تاکہ سب اولین وآخرین اُس میں سما جاویں جیسا دُرِّ منثور میں بسند جید حاکم کی روایت سے مرفوعاً وارد ہے تمد الارض یوم القیٰمة مد الادیم الخ پس یہ انشقاق اور یہ امتداد دونوں حساب کے مقدمات میں سے ہیں) اور (وہ زمین) اپنے اندر کی چیزوں کو (یعنی مُردوں کو) باہر اُگل دے گی اور (سب مُردوں سے) خالی ہو جاوے گی اور (وہ زمین) اپنے رب کا حکم سن لے گی اور وہ اسی لائق ہے (اس کی تفسیر بھی مثل سابق ہے بس اُس وقت انسان اپنے اعمال کو دیکھے گا جیسا آگے ارشاد ہے کہ) اے انسان تو اپنے رب کے پاس پہنچنے تک (یعنی مرنے کے وقت تک) کام میں کوشش کر رہا ہے (یعنی کوئی نیک کام میں لگا ہوا ہے کوئی بُرے کام میں) پھر (قیامت میں) اُس (کام کی جزاء) سے جا ملے گا تو (اُس روز) جس شخص کا نامۂ اعمال اُس کے داہنے ہاتھ میں ملے گا سو اُس سے آسان حساب لیا جاوے گا اور وہ (اُس سے فارغ ہو کر) اپنے متعلقین کے پاس خوش خوش آئے گا۔ (آسان حساب کے مراتب مختلف ہیں ایک یہ کہ اُس پر اصلاً عذاب مرتب نہ ہو بعض کے لئے تو یہ ہوگا اور حدیث میں اسی کی تفسیر آئی ہے کہ جس حساب میں مناقشہ نہ ہو صرف پیشی ہو جاوے اور یہ غیر معذبین کے لئے ہوگا دوسرا یہ کہ اُس پر عذاب مخلد نہ ہو اور یہ عام مؤمنین کے لئے ہوگا اور مطلق عذاب اس کے منافی نہیں) اور جس شخص کا نامۂ اعمال (اُس کے بائیں ہاتھ میں) اُس کی پیٹھ کے پیچھے سے ملے گا (مراد اس سے کفار ہیں اور پشت کی طرف سے ملنے کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ اُس کی مشکیں کسی ہوئی ہوں گی تو بایاں ہاتھ بھی پشت کی طرف ہوگا دوسری صورت میں مجاہد کا قول ہے کہ اُس کا ہاتھ پشت کی طرف نکال دیا جاوے گا کذا فی الدر المنثور) سو وہ موت کو پکارے گا (جیسا مصیبت میں عادت ہے موت کی استدعاء کی) اور جہنم میں داخل ہوگا یہ شخص (دنیا میں) اپنے متعلقین (اہل وعیال وحشم وخدم) میں خوش خوش رہا کرتا تھا (یہاں تک کہ فرط خوشی میں آخرت کی تکذیب کرنے لگا تھا جیسا کہ آگے ارشاد ہے کہ) اُس نے خیال کر رکھا تھا کہ اُسکو (خدا کی طرف) لوٹنا نہیں ہے (آگے رد ہے اس ظن کا کہ لوٹنا) کیوں نہ ہوتا (آگے لوٹنے کے بعد جزاء کا اثبات ہے کہ) اُس کا رب خوب دیکھتا تھا (اور اُسکے اعمال جزاء دینے کے ساتھ مشیت متعلق کر چکا تھا پس ایقاع جزاء ضروری تھا) سو (اس بناء پر) میں قسم کھا کر کہتا ہوں شفق کی اور رات کی اور اُن چیزوں کی جن کو رات سمیٹ (کر جمع کر) لیتی ہے (مراد وہ سب جاندار ہیں جو رات کو آرام کرنے کیلئے اپنے اپنے ٹھکانے آ جاتے ہیں) اور چاند کی جب وہ پُورا ہو جاوے (یعنی بدر بن جاوے ان سب چیزوں کی قسم کھا کر کہتا ہوں) کہ تم لوگوں کو ضرور ایک حالت کے بعد دوسری حالت پر پہنچنا ہے (یہ تفصیل ہے يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ تا مُلٰقِيْهِ کی پس وہاں جنس کو خطاب تھا یہاں جمیع افراد کو خطاب ہے وہاں لقاء عمل مجملاً فرمایا یہاں اُس ملاقی مبنی للمفعول کی تفصیل ہے اور وہ حالتیں ایک موت ہے اس کے بعد احوال برزخ اُس کے بعد احوال قیامت پھر خود اُن میں بھی تعدد وتکثر ہے اور ان قسموں کا مناسب مقام ہونا اس طرح ہے کہ رات کے احوال کا مختلف ہونا کہ اول شفق نمودار ہوتی ہے پھر زیادہ رات آتی ہے تو سب سو جاتے ہیں اور پھر ایک رات کا دوسری رات سے نورِ قمر کی زیادت ونقصان میں مختلف ہونا یہ سب مشابہ ہے اختلاف احوال بعد الموت کے ونیز موت سے عالم آخرت شروع ہوتا ہے جیسے شفق سے رات شروع ہوتی ہے پھر لبث برزخ مشابہ لوگوں کے سو رہنے کے ہے اور چاند کا پُورا ہونا بعد محاق کے مشابہ ہے حیات قیامت کے بعد فنائے عالم کے) سو (باوجود ان مقتضیات خوف اور ایمان کے اجتماع کے) اُن لوگوں کو کیا ہوا کہ ایمان نہیں لاتے اور (خود تو ایمان اور حق کی کیا طلب کرتے اُنکی عناد کی یہ حالت ہے کہ) جب اُنکے روبرو قرآن پڑھا جاتا ہے تو (اُس وقت بھی خدا کی طرف) نہیں جھکتے بلکہ (بجائے جھکنے کے) یہ کافر (اور اُلٹی) تکذیب کرتے ہیں اور اللہ کو سب خبر ہے جو کچھ یہ لوگ (اعمال بد کا ذخیرہ) جمع کر رہے ہیں سو (ان اعمال کُفریہ کے سبب) آپ انکو ایک دردناک عذاب کی خبر دے دیجئے لیکن جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے اُن کیلئے (آخرت میں) ایسا اجر ہے جو کبھی موقوف ہونے والا نہیں (عمل صالح کی قید شرط کے طور پر نہیں سبب کے طریق پر ہے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالی: لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ۔ ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ اس کا خطاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے تو مراد اس سے مراتب قرب میں ترقی ہے یہی شان ہے آپ کے ورثۂ عارفین کی مراتب واحوال میں۔

اللغات: اذنت استمعت حقت جعلت حقيقة بالاستماع كادح جاهد ومجدوسق ضم وجمع ۱۲ اتسق اجتمع نوره لتركبن المراد بالركوب الملاقاة والطبق في الاصل ما طابق غيره وخص في العرف بالحال المطابقة لغيرها وعن للمجاوزة وقيل بمعنى بعد كما في قولهم كابرا عن كابر والمجاوزة والبعدية متقربان والجار والمجرور متعلق بمحذوف وقع صفة او حالا من فاعل لتركبن والظاهر ان نصب طبقًا على انه مفعول به اى لتلاقن حالا مجاوزة لحال او كائنة بعد حال او مجاوزين لحالٍ او كائنين بعد حال كل واحدة مطابقة لاختها في الشدة والهول وجوز كون الركوب على حقيقة وتجعل الحال مركوبة مجازا يوعون يجمعون في صحائف اعمالهم كذا في المدارك ۱۲۔

النحو: قوله اذا السماء انشقت جوابه مقدر اى لقى الانسان عمله دل عليه المذكور ۱۲۔ قوله الا الذين استثناء منقطع ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ

سورۃ البروج | بسم اللہ الرحمن الرحیم | آیاتہا ۲۲ رکوعہا ۱
۸۵ مکیۃ ۲۷

سورۃ البروج مکہ میں نازل ہوئی   شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں   اس میں ۲۲ آیات اور ۱ رکوع ہے

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ﴿۱﴾ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ﴿۲﴾ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ﴿۳﴾ قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ﴿۴﴾ النَّارِ
ذَاتِ الْوَقُوْدِ ﴿۵﴾ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ﴿۶﴾ وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ﴿۷﴾ وَمَا نَقَمُوْا
مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ﴿۸﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ
وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ﴿۱۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ڛ ربع
ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ﴿۱۱﴾ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ﴿۱۳﴾ وَهُوَ الْغَفُوْرُ
الْوَدُوْدُ ﴿۱۴﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ﴿۱۵﴾ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۶﴾ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿۱۷﴾ فِرْعَوْنَ
وَثَمُوْدَ ﴿۱۸﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿۱۹﴾ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾
فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾ ع ۲۲

قسم ہے برجوں والے آسمان کی (مراد برجوں سے بڑے بڑے ستارے ہیں) اور (قسم ہے) وعدہ کئے ہوئے دن کی اور حاضر ہونے والے کی اور (قسم ہے) اس (دن) کی جس میں (لوگوں کی) حاضری ہوتی ہے کہ خندق والے یعنی بہت سے ایندھن کی آگ والے ملعون ہوئے جس وقت وہ لوگ اس (آگ) کے آس پاس بیٹھے ہوئے تھے اور وہ جو کچھ مسلمانوں کے ساتھ (ظلم وستم) کر رہے تھے اس کو دیکھ رہے تھے اور ان کافروں نے ان مسلمانوں میں کوئی عیب نہیں پایا بجز اس کے کہ وہ خدا پر ایمان لے آئے تھے جو کہ زبردست (اور) سزاوار حمد ہے ایسا کہ اسی کی ہے سلطنت آسمانوں اور زمین کی اور (آگے ظالموں کے لئے عام وعید ہے اور مظلوموں کے عام (وعدہ ہے) اللہ ہر چیز سے خوب واقف ہے جنہوں نے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو تکلیف پہنچائی اور پھر توبہ نہیں کی تو ان کے لئے جہنم کا عذاب اور (جہنم میں بالخصوص) ان کے لئے جلنے کا عذاب ہے۔ (آگے مومنین کے حق میں جن میں مظلومین بھی آ گئے ارشاد ہے کہ) بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لئے (بہشت کے) باغ ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی (اور) یہ بڑی کامیابی ہے آپ کے رب کی داروگیر بڑی سخت ہے (پس کفار پر سزائے شدید کا واقعہ ہونا مستبعد نہیں اور نیز) وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ (قیامت میں بھی پیدا) کرے گا اور وہی بخشنے والا (اور) بڑی محبت کرنے والا اور عرش کا مالک (اور) عظمت والا ہے وہ جو چاہے سب کچھ کر گزرتا ہے کیا آپ کو ان لشکروں کا قصہ پہنچا ہے یعنی فرعون اور ثمود کا بلکہ یہ کافر (خود قرآن کی) تکذیب میں (لگے) ہیں اور (انجام کار اس کی سزا بھگتیں گے کیونکہ) اللہ تعالیٰ ان کو ادھر ادھر سے گھیرے ہوئے ہے (قرآن ایسی چیز نہیں جو جھٹلانے کے قابل ہو) بلکہ وہ ایک باعظمت قرآن ہے جو لوح محفوظ میں (لکھا ہوا) ہے۔

www.besturdubooks.net

سورة البروج مكية وهى اثنتان وعشرون اية كذا فى البيضاوى۔

تفسیر ربط: اوپر کی سورتوں میں فریقین کی مجازات تھی اس سورت میں کفار کے معاملات مخالفت میں مسلمانوں کا تسلیہ اور تسلیہ کے بعد کفار کو عذاب کی وعید ہے۔

تسلیۂ مؤمنین و وعید مخالفین: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ﴿۱﴾ (الی قوله تعالی) بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾ (اس سورت میں ایک قصہ کا اجمالاً ذکر ہے جو صحیح مسلم میں مذکور ہے خلاصہ اُس کا یہ ہے کہ کوئی بادشاہ کافر تھا اُس کے پاس ایک کاہن تھا اُس نے بادشاہ سے کہا کہ مجھ کو ایک ہوشیار لڑکا دیا جاوے تو اُس کو اپنا علم سکھلا دوں چنانچہ ایک لڑکا تجویز کیا گیا اُس کے راستے میں ایک راہب رہتا تھا کہ دین حق اُس وقت عیسوی تھا وہ لڑکا اُس کے پاس آنے جانے لگا اور خفیہ مسلمان ہو گیا ایک بار اُس لڑکے نے دیکھا کہ کسی شیر نے راستہ روک رکھا ہے اور خلق پریشان ہے اُس نے ایک پتھر ہاتھ میں لے کر دعاء کی کہ اے اللہ اگر راہب کا دین سچا ہے تو یہ جانور میرے پتھر سے مارا جاوے اور اگر کاہن سچا ہے تو نہ مارا جاوے اور یہ کہہ کر وہ پتھر مارا تو شیر کے لگا اور وہ ہلاک ہو گیا لوگوں میں شور ہو گیا کہ اس لڑکے کو کوئی عجیب علم آتا ہے کسی اندھے نے سُنا آ کر درخواست کی کہ میری آنکھیں اچھی ہو جاویں لڑکے نے کہا بشرطیکہ تو مسلمان ہو جاوے چنانچہ اُس نے قبول کیا لڑکے نے دعاء کی وہ اچھا ہو گیا اور مسلمان ہو گیا بادشاہ کو یہ خبریں پہنچیں تو اُس راہب کو اور لڑکے کو اور اُس اعمیٰ کو گرفتار کر کے بلایا اُس نے راہب اور اعمیٰ کو قتل کر دیا اور لڑکے کے لئے حکم دیا کہ پہاڑ پر سے گرا دیا جاوے مگر جو لوگ اُس کو لے گئے تھے وہ خود گر کر ہلاک ہو گئے اور لڑکا صحیح سالم چلا آیا پھر بادشاہ نے سمندر میں غرق کرنے کا حکم دیا وہ اس سے بھی بچ گیا اور جو لوگ اُس کو لے گئے تھے وہ سب ڈوب گئے پھر خود لڑکے نے بادشاہ سے کہا کہ مجھ کو بسم اللہ کہہ کر تیر مارو تو مر جاؤں گا چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور لڑکا مر گیا پس اس واقعۂ عجیبہ کو دیکھ کر یک لخت عام لوگوں کی زبان سے نعرہ بلند ہوا کہ ہم سب اللہ پر ایمان لاتے ہیں بادشاہ بڑا پریشان ہوا اور ارکان سلطنت کے مشورے سے بڑی بڑی خندقیں آگ سے بھروا کر اشتہار دیا کہ جو شخص اسلام سے نہ پھرے گا اُس کو آگ میں جلا دیں گے چنانچہ بہت آدمی جلائے گئے پس اس سورت میں اُس کے مغضوب ہونے کو قسم سے بیان فرماتے ہیں کہ) قسم ہے بُرجوں والے آسمان کی (مراد برجوں سے بڑے بڑے ستارے ہیں كذا فى الدر المنثور مرفوعاً) اور (قسم ہے) وعدہ کئے ہوئے دن کی (یعنی قیامت کے دن کی) اور (قسم ہے) حاضر ہونے والے (دن) کی اور (قسم ہے) اُس (دن) کی جس میں لوگوں کی حاضری ہوتی ہے (حدیث ترمذی میں مرفوعاً ہے کہ یوم موعود قیامت کا دن ہے اور شاہد جمعہ کا دن ہے اور مشہود عرفہ کا دن ہے اور ایک دن کو شاہد اور دوسرے کو مشہود شاید اس لئے فرمایا کہ یوم جمعہ میں تو سب اپنی اپنی جگہ رہتے ہیں تو گویا وہ دن خود آتا ہے اور یوم عرفہ میں حجاج اپنے اپنے مقامات سے سفر کر کے عرفات میں اس یوم کے قصد سے جمع ہوتے ہیں گویا وہ دن مقصود اور دوسرے لوگ حاضری کا قصد کرنے والے ہیں آگے جواب قسم ہے) کہ خندق والے یعنی بہت سے ایندھن کی آگ والے ملعون ہوئے جس وقت وہ لوگ اُس (آگ) کے آس پاس بیٹھے ہوئے تھے اور وہ جو کچھ مسلمانوں کے ساتھ (ظلم و ستم) کر رہے تھے اُس کو دیکھ رہے تھے (اُن کے ملعون ہونے کی خبر دینے سے تسلی مؤمنین کی ظاہر ہے کہ اسی طرح جو کفار اس وقت مسلمانوں پر ظلم کر رہے ہیں وہ بھی گرفتار لعنت ہوں گے جس کا اثر خواہ دنیا میں بھی مرتب ہو جیسے بدر وغیرہ میں مقتول و مخذول ہوئے یا صرف آخرت میں جیسا عام کفار کے لئے یقینی ہے اور دشمن کے عذاب کی خبر سے تسلیہ امر طبعی ہے اور اُن لوگوں کا بیٹھنا اس ظلم و ستم کے انتظام اور نگرانی کے لئے تھا اور شہود میں علاوہ نگرانی کے اشارہ اُن لوگوں کی سنگدلی کی طرف بھی ہے کہ دیکھ کر بھی ترحم نہ آتا تھا اور اس کو حکم باللعن میں خاص دخل ہے کہ یہ سنگدلی علّتِ لعنت سے ہے) اور اُن کافروں نے اُن مسلمانوں میں اور کوئی عیب نہیں پایا تھا بجز اس کے کہ وہ خدا پر ایمان لے آئے تھے جو زبردست (اور) سزاوار حمد ہے ایسا کہ اُسی کی ہے سلطنت آسمانوں اور زمین کی (یعنی ایمان لانے پر یہ معاملہ کیا اور ایمان لانا کوئی خطا نہیں پس بے خطا اُن پر ظلم کیا اس لئے وہ لوگ ملعون ہوئے) اور (آگے ظالموں کے لئے عام وعید اور مظلوموں کے لئے عام وعدہ ہے کہ) اللہ ہر چیز سے خوب واقف ہے (مظلوم کی مظلومیت سے بھی پس اُس کی نصرت کرے گا اور ظالم کی ظالمیت سے بھی پس اُس کو سزا دے گا خواہ یہاں خواہ وہاں چنانچہ آگے یہی مضمون ہے کہ) جنہوں نے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو تکلیف پہنچائی (اور) پھر توبہ نہیں کی تو اُن کے لئے جہنم کا عذاب ہے اور (جہنم میں بالخصوص) ان کے لئے جلنے کا عذاب ہے (عذاب میں ہر طرح کی تکلیف داخل ہے سانپ۔ بچھو۔ طوق۔ زنجیریں۔ حمیم۔ غساق۔ وغیرہ اور سب سے بڑھ کر جلنے کا عذاب ہے اس لئے اُس کو بالتخصیص فرمایا یہ تو ظالم کے حق میں فرمایا آگے مؤمنین کے حق میں جن میں مظلوم بھی آ گئے ارشاد ہے کہ) بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے اُن کے لئے (بہشت کے) باغ ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی (اور) یہ بڑی کامیابی ہے (اور اوپر دو مضمون تھے کفار کے لئے جہنم ہونا اور مؤمنین کے لئے جنت ہونا آگے اُن کے مناسب اپنے بعض افعال وصفات ان مضمونوں کی تقریر کے لئے ارشاد فرماتے ہیں کہ) آپ کے رب کی داروگیر بڑی سخت ہے (پس کفار پر سزائے شدید کا واقع ہونا مستبعد نہیں اور نیز) وہی پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے اور دوبارہ (قیامت میں بھی) پیدا کرے گا (پس یہ شبہ بھی نہ رہا کہ گو

www.besturdubooks.net

بطش شدید ہے مگر قیامت ہی واقع نہ ہوگی جو کہ وقت بطش کا ہے اس سے تقریر ہوگئی وعید کفار کی) اور (آگے تقریر ہے وعدۂ مؤمنین کی کہ) وہی بڑا بخشنے والا (اور) بڑی محبت کرنے والا (اور) عرش کا مالک (اور) عظمت والا ہے (پس ایمان والوں کے گناہ معاف کردے گا اور اُن کو اپنا محبوب بنالے گا اور ذوالعرش اور مجید گوتعذیب واثابت دونوں کے ساتھ متعلق ہوسکتا ہے کہ دونوں فرع ہیں صاحب سلطنت وکمال صفات کی لیکن یہاں مقابلہ کے قرینہ سے ان پر اثبات کا متفرع کرنا مقصود ہے اور آگے دونوں کے اثبات کے لئے ایک صفت ارشاد ہے کہ) وہ جو چاہے سب کچھ کرگزرتا ہے (آگے مؤمنین کی مزید تسلیہ اور کفار کی مزید تقریع کے لئے بعض خاص مغضوبین کا حال بیان فرماتے ہیں کہ) کیا آپ کو ان لشکروں کا قصہ پہنچا ہے یعنی فرعون (اور آل فرعون) اور ثمود کا (کہ کس طرح کفر کیا اور کیونکر گرفتار عذاب ہوئے اس سے مؤمنین کو تسلی حاصل کرنا چاہیے اور کفار کو ڈرنا چاہیے مگر کفار بالکل عذاب سے نہیں ڈرتے) بلکہ یہ کافر (خود قرآن کی) تکذیب میں (لگے) ہیں (پس اس کے مضمون تعذیب کو بھی اور دیگر مضامین کو بھی جھٹلاتے ہیں) اور (انجام کار اس کی سزا بھگتیں گے کیونکہ) اللہ ان کو ادھر ادھر سے گھیرے ہوئے ہے اس کے قبضۂ قدرت اور عقوبت سے بچ نہیں سکتے اور ان کا قرآن کو جھٹلانا (حماقت محض ہے کیونکہ قرآن ایسی چیز نہیں جو جھٹلانے کے قابل ہو) بلکہ وہ ایک باعظمت قرآن ہے جو لوح محفوظ میں (لکھا ہوا) ہے (جس میں کوئی تغیر وتبدل محتمل نہیں وہاں سے نہایت حفاظت کے ساتھ صاحب وحی کے پاس پہنچایا جاتا ہے کما قال تعالیٰ فی سورۃ الجن: فَإِنَّهُ يَسْلُكُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ رَصَدًا [الجن : ۲۷] پس ایسی حالت میں تکذیب قرآن کی بلاشک جہالت وموجب عقوبت ہے)۔

ف ۱: اور ان قسموں کو جواب قسم سے مناسبت یہ ہے کہ ان سب سے اللہ تعالیٰ کا مالک امکنہ وازمنہ ہونا ظاہر ہے اور ایسے مالک الکل کی مخالفت کرنے والے کا مستحق لعن ہونا ظاہر ہے۔

ف ۲: قصہ اصحاب اخدود میں جولڑکے نے اپنے مرنے کی تدبیر بتلائی ہے حالانکہ یہ اہلاک نفس ہے ایسا کرنا یا تو اس شریعت میں جائز ہوگا یا لڑکے کی اجتہادی غلطی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ ۞ جو مسئلہ إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ مَفَازًا [النبا: ۳۱] سے ثابت ہوتا ہے وہی اس سے بھی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ قوله في عليها آس پاس اشارة الى ان على بمعنى عند كما في النيسابورى ۱۲۔

اللغات: الاخدود من الخد وهو الشق فى الارض والنار مع صفتها بدل اشتمال من الاخدود ۱۲۔

النحو: قتل جواب القسم بتقدير الصدر اى لقد قتل كما فى الجلالين قوله اذ هم قيد لقتل ووجهه ان هذا الفعل هو السبب للعنهم قوله فعال خبر لمبتدأ مقدر اى هولا لهو المذكور ووجهه كما فى الروح عن الكشف ان قوله تعالىٰ فعال لما يريد تحقيق للصفتين البطش بالاعداء والغفرو الود للاولياء ولو حمل عليه لفاتت هذه النكتة آه قال صاحب الروح هو تدقيق لطيف ۱۲۔

البلاغۃ: ذات الوقود وسف لها بغاية العظمة وارتقاع اللهب وكثرة ما يوجبه ووجه افادته ذلك انه لم يقل موقدة بل جعلت ذات وقود اى مالكته وهو كناية عن زيادة مفرطة لكثرة ما يرتفع به لهبها وهو الحطب الموقد به قوله يؤمنوا فى الروح عن المنتخب انما قال سبحانه الا ان يؤمنوا لان التعذيب انما كان واقعا على الايمان المستقبل ولو كفروا فيه لم يعذبوا على ما مضى فكانه قال عزوجل الا ان يدوموا على ايمانهم آه ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الطَّارِقِ

سُوْرَةُ الطَّارِقِ ۸۶ مَكِّيَّةٌ ۳۶ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۷ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الطارق مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۷ آیات اور ا رکوع ہے

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝۱ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۝۲ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝۳ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝۴
فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝۵ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝۶ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝۷
اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝۸ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝۹ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۝۱۰ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝۱۱
وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝۱۲ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝۱۳ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝۱۴ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝۱۵ وَّاَكِيْدُ
ع ۱ كَيْدًا ۝۱۶ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝۱۷

قسم ہے آسمان کی اور اس چیز کی جو رات کو نمودار ہونے والی ہے اور آپ کو کچھ معلوم ہے کہ وہ رات نمودار ہونے والی چیز کیا ہے وہ روشن ستارہ ہے کوئی شخص ایسا نہیں جس پر (اعمال کا) کوئی یادرکھنے والا (فرشتہ) مقرر نہ ہو (جب بات یہ ہے) تو انسان کو قیامت کی فکر کرنی چاہئے اور دیکھنا چاہئے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے وہ ایک اچھلتے پانی سے پیدا کیا گیا ہے جو پشت اور سینہ (یعنی تمام بدن) کے درمیان سے نکلتا ہے (تو اس سے ثابت ہوا کہ) وہ اس کے دوبارہ پیدا کرنے پر ضرور قادر ہے (اور یہ دوبارہ پیدا کرنا اس روز ہوگا) جس روز سب کی قلعی کھل جائے گی پھر انسان کو نہ تو خود (مدافعت کی قوت) ہوگی نہ اس کا کوئی حمایتی ہوگا۔ قسم ہے آسمان کی جس سے بارش ہوتی ہے اور زمین کی جو (بیج نکلتے وقت) پھٹ جاتی ہے (آگے جواب قسم ہے) کہ یہ قرآن (حق و باطل میں) ایک فیصلہ کر دینے والا کلام ہے کوئی لغو چیز نہیں ہے (ان لوگوں کا یہ حال ہے کہ) یہ لوگ (نفی حق کے لئے) طرح طرح کی تدبیریں کر رہے ہیں اور میں بھی (ان کی ناکامی اور عقوبت کے لئے) طرح طرح کی تدبیریں کر رہا ہوں تو آپ ان کافروں (کی مخالفت) کو یوں ہی رہنے دیجئے اور زیادہ دن نہیں ہے بلکہ ان کو تھوڑے ہی دنوں رہنے دیجئے۔

سورة الطارق مكية وهي سبع عشرة آية كذا في البيضاوي۔ **تفسیر لِطْ:** اوپر تسلیہ مؤمنین کے ساتھ کفار کو وعید تھی اس سورت میں تحقیق وعید کیلئے اعمال کا محفوظ رہنا اور بعث کا امکان اور وقوع اور بعث کی دلیل یعنی قرآن کا حق ہونا مذکور ہے اور سورت سابقہ کے اخیر میں بھی حقیت قرآن کا مضمون تھا۔

تحقیق وعید بحفظ اعمال وصحت ووقوع بعث وحقیت قرآن: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝ (الى قوله تعالى) فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝۔ قسم ہے آسمان کی اور اس چیز کی جو رات کو نمودار ہونے والی ہے اور آپ کو کچھ معلوم ہے وہ رات کو نمودار ہونے والی چیز کیا ہے وہ روشن ستارہ ہے (کوئی ستارہ ہو کقولہ تعالیٰ والنجم آگے جواب قسم ہے کہ) کوئی شخص ایسا نہیں کہ جس پر کوئی (اعمال کا) یادرکھنے والا (فرشتہ) مقرر نہ ہو (کقولہ تعالیٰ: وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ [الأنفطار: ۱۰ تا ۱۲] مطلب یہ کہ ان اعمال پر محاسبہ ہونے والا ہے اور اس قسم کو مقصود سے مناسبت یہ ہے کہ جیسے آسمان پر ستارے ہر وقت محفوظ ہیں مگر ظہور ان کا خاص شب میں ہوتا ہے اسی طرح اعمال سب نامۂ اعمال میں اس وقت بھی محفوظ ہیں مگر ظہور ان کا خاص قیامت میں ہوگا جب یہ بات ہے) تو انسان کو (قیامت کی فکر چاہیے اور اگر اس کے استبعاد کا شبہ ہو تو اس کو) دیکھنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے وہ ایک اچھلتے پانی سے پیدا کیا گیا ہے جو پشت اور سینہ (یعنی تمام بدن[1]) کے درمیان سے نکلتا ہے (مراد اس پانی سے منی ہے خواہ صرف مرد کی یا مرد وعورت دونوں کی اور عورت کی منی میں گو اندفاق مرد کی منی کے برابر نہیں ہوتا لیکن کچھ اندفاق ضرور ہوتا ہے اور دوسری تقدیر پر لفظ ماء کا مفرد لانا اس بناء پر ہے

www.besturdubooks.net

کہ دونوں مادے مخلوط ہو کر مثل شیٔ واحد کے ہو جاتے ہیں اور پشت اور سینہ چونکہ بدن کے دو طرفین ہیں اس لئے کنایہ جمیع بدن سے ہو سکتا ہے اور یہ اس لئے مراد لیا گیا کہ منی تمام بدن میں پیدا ہو کر پھر منفصل ہوتی ہے اور اس کنایہ میں تخصیص صلب و ترائب کی شاید اس لئے ہو کہ حصول مادۂ منویہ میں اعضائے رئیسہ کو خاص دخل ہے۔ یعنی قلب و دماغ و کبد اور قلب و کبد کا تعلق تلبس سے اور دماغ کا تعلق بواسطہ نخاع کے صلب سے ظاہر ہے اور شاید صلب کا مفرد لانا اور ترائب کا جمع لانا اسی نکتہ سے ہو کہ ترائب سے دو چیزوں کا تعلق ہے اور صلب سے ایک چیز کا اور بدن کے طرفین قدام و خلف بہ نسبت یمین و یسار کے چونکہ مسافت و مساحت میں زیادہ ہیں اس لئے یہاں تعبیر میں طرفین اولین کو طرفین اخرین پر ترجیح ہوئی اور یہ سب کلام مقدماتِ طیبہ کے تسلیم پر ہے واللہ اعلم حاصل یہ کہ نطفہ سے انسان بنا دینا زیادہ عجیب ہے بہ نسبت دوبارہ بنانے کے پس یہ امر عجیب اس کی قدرت سے ظاہر ہو رہا ہے تو اس سے ثابت ہوا کہ) وہ اس کے دوبارہ پیدا کرنے پر ضرور قادر ہے (پس وہ استبعاد قیامت کا شبہ دفع ہو گیا اور یہ دوبارہ پیدا کرنا اس روز ہو گا) جس روز سب کی قلعی کھل جاوے گی (یعنی سب مخفی باتیں از قبیل عقائد باطلہ و نیات فاسدہ ظاہر ہو جاویں گی اور دنیا میں جس طرح موقع پر جرم سے مکر جاتے ہیں اس کو چھپا لیتے ہیں یہ بات وہاں ممکن نہ ہو گی) پھر اس انسان کو نہ تو خود (مدافعت کی) قوت ہو گی اور نہ اس کا کوئی حمایتی ہو گا (کہ مدافعت عذاب کی کر دے اور اگر کہا جاوے کہ امکان قیامت کا گو عقلی ہے مگر وقوع نقلی ہے اور دلیل نقلی اس کی قرآن ہے اور وہ ہنوز محتاج اثبات ہے تو اس کے متعلق سنو کہ) قسم ہے آسمان کی جس سے پیاپے بارش ہوتی ہے اور زمین کی جو (بیج نکلنے کے وقت) پھٹ جاتی ہے (آگے جواب قسم ہے) کہ یہ قرآن حق و باطل میں) ایک فیصلہ کر دینے والا کلام ہے اور وہ کوئی لغو چیز نہیں ہے (اور جس طرح اپنی دلالت سے واقعیات وغیر واقعیات میں فیصلہ کرنے والا اسی طرح اپنی صفت اعجاز سے ان دو احتمالوں کا بھی کہ یہ منجانب اللہ ہے یا نہیں فیصلہ کر دینے والا ہے اور منجانب اللہ ہونے کی شق کو متعین کر دینے والا ہے پس دال اور مدلول دونوں کی واقعیت ثابت ہو گئی اور شبہ عدم ثبوت کا مندفع ہو گیا مگر باوجود اثبات حق کے ان لوگوں کا یہ حال ہے کہ) یہ لوگ (نفی حق کے لئے) طرح طرح کی تدبیریں کر رہے ہیں اور میں بھی (ان کی ناکامی و عقوبت کیلئے) طرح طرح کی تدبیریں کر رہا ہوں (اور ظاہر ہے کہ میری تدبیر غالب آوے گی اور جب میرا تدبیر کرنا سن لیا) تو آپ ان کافروں (کی مخالفت سے گھبرائیے نہیں اور ان کے جلدی معذب ہونے کی خواہش نہ کیجئے بلکہ ان) کو یوں ہی رہنے دیجئے (اور زیادہ دن نہیں بلکہ) تھوڑے ہی دنوں رہنے دیجئے (پھر میں ان پر عقوبت نازل کروں گا خواہ قبل الموت یا بعد الموت)۔ ف: اخیر کی قسم کو اخیر کے مضمون سے یہ مناسبت ہے کہ قرآن آسمان سے آتا ہے اور جس میں قابلیت ہوتی ہے اسکو مالا مال کرتا ہے جیسے بارش آسمان سے آتی ہے اور عمدہ زمین کو فیض یاب کرتی ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۞ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۞۔ اس میں مراقبہ ہے مبدأ و معاد کا۔

ملحقاتُ الترجمۃ: ۱ قوله في الصلب تمام بدن كذا في الروح عن بعضهم ۱۲۔ ۲ قوله في السرائر سب کی بقرينة الجمع او على حذف المضاف ۱۲۔

اللغات: الطارق بمعنى الضارب ثم صارا سما لسالك الطريق لانه يضرب الطريق بقدمه ثم اختص بالآتي ليلاً لانه يضرب الباب الثاقب الخارق ثم تجوز بمعنى المضي لتصور انه يثقب الظلام ان كل نافية لما بمعنى الا۔ دافق الدفق صب بمعنى مدفوق او على النسب كلا بن اى ذى دفق وهو صادق على الفاعل والمفعول واما كونه بمعنى مندفق فلم يضح الترائب جمع تريبة عظام الصدر او موضع القلادة من الصدر رجعه الاعادة ۱۲۔ تبلى يتعرف ويميز ما طاب وما خبث واصله الاختبار واطلق على اللازم ذات الرجع ذات المطر هكذا فى الروح وفى القاموس المطر بعد المطر الصدع التشقق رويدا تصغير ردد بالضم اى مهل بمعنى قريبا وقليلا وهو مصدر مؤكد للعامل او نعت لمصدره المحذوف اى امهالا رويدا۔ وفى الكبير قال النحويون رويدا فى كلام العرب على ثلثة اوجه احدها ان يكون اسما للامر كقولك رويد زيد اولا تتصرف رويدا فى هذا الوجه لانها غير متمكنة والثانى ان يكون بمنزلة سائر المصادر فيضاف الى ما بعده كما تضاف المصادر كما تقول رويد زيد بالجر والثالث ان يكون نعتا منصوبا كقولك سار واسيرا رويدا ويقولون ايضا ساروا رويدًا يحذفون المنعوت ويقيمون رويدا مقامه آه ۱۲۔

النحو: قوله النجم اى هو النجم ۱۲۔ يوم تبلى قال الزمخشرى وجماعة ظرف لرجعه واعترض بان فيه فصلا بين المصدر ومعموله باجنبى واجيب تارة بانه جائز لتوسعهم فى ظروف واخرى بان الفاصل هنا غير اجنبى لانه اما تفسير او عامل على المذهبين كذا فى الروح قلت توضيحه ان قوله تعالى لقادر اما عامل فى قوله تعالى على رجعه ان جوز تاخير العامل او هو تفسير للعامل المقدر قبل قوله على رجعه ان لم يجوز تاخير العامل ويكون تقدير العبارة انه لقادر على رجعه فحذف العامل وفسر بقوله القادر المؤخر عن قوله على رجعه وعلى كل فقوله لقادر ليس اجنبيا فلا يعدونه فاصلا بين قوله رجعه العامل وبين قوله يوم تبلى المعمول ۱۲۔

البلاغۃ: فصل اى فاصل قد بلغ الغاية فى ذلك حتى كانه نفس الفصل ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الْأَعْلَىٰ

سُورَةُ الْأَعْلَىٰ ۸۷ مَكِّيَّةٌ ۸ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | آیاتها ۱۹ رکوعها ۱

سورۃ الاعلیٰ مکہ میں نازل ہوئی شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں اس میں ۱۹ آیات اور ا رکوع ہے

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۙ﴿۲﴾ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۙ﴿۳﴾ وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۙ﴿۴﴾

فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ۭ﴿۵﴾ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۙ﴿۶﴾ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۭ﴿۷﴾

وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۚ﴿۸﴾ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۭ﴿۹﴾ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۙ﴿۱۰﴾ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۙ﴿۱۱﴾

الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۚ﴿۱۲﴾ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۭ﴿۱۳﴾ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۙ﴿۱۴﴾

وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۭ﴿۱۵﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۡ﴿۱۶﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ﴿۱۷﴾ اِنَّ

ع ۱ ۱۹ ۱۲ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۙ﴿۱۸﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۧ﴿۱۹﴾

(اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (اور جو مؤمن آپ کے ساتھ ہیں) اپنے پروردگار عالیشان کے نام کی تسبیح کیجئے جس نے (ہر شے کو) بنایا پھر (اس کو) ٹھیک بنایا اور جس نے تجویز کیا پھر راہ بتلائی اور جس نے زمین سے چارہ نکالا پھر اس کو سیاہ کوڑا کر دیا (اس قرآن کی نسبت ہم وعدہ کرتے ہیں کہ) ہم (جتنا) قرآن (نازل کرتے جائیں) آپ کو پڑھا دیا کریں گے (یعنی یاد کرا دیا کریں گے) پھر آپ (اس میں سے کوئی جز) نہیں بھولیں گے مگر جس قدر (بھلانا) اللہ کو منظور ہو (کہ نسخ کا ایک طریقہ یہ بھی ہے) وہ ہر ظاہر اور مخفی کو جانتا ہے اور اسی طرح ہم آسان شریعت کے لئے آپ کو سہولت دیں گے (کہ سمجھنا بھی اور آسان ہوگا اور عمل بھی آسان ہوگا) تو آپ نصیحت کیا کیجئے اگر نصیحت کرنا مفید ہوتا ہو وہی شخص نصیحت مانتا ہے جو (خدا سے) ڈرتا ہے اور جو شخص بدنصیب ہے وہ اس سے کرتا ہے جو (آخرکار) بڑی آگ میں (یعنی آتش دوزخ میں) داخل ہوگا پھر نہ اس میں مر ہی جائے گا اور نہ (آرام کی زندگی) جئے گا۔ بامراد ہوا جو شخص (قرآن سن کر خبائث عقائد واخلاق سے) پاک ہو گیا اور اپنے رب کا نام لیتا اور نماز پڑھتا رہا (مگر اے منکرو تم آخرت کا سامان نہیں کرتے) بلکہ تم دنیوی زندگی کو مقدم رکھتے ہو حالانکہ آخرت دنیا سے بدرجہا بہتر ہے اور پائیدار ہے (اور یہ مضمون صرف قرآن ہی کا دعویٰ نہیں بلکہ) اگلے صحیفوں میں بھی ہے یعنی ابراہیم اور موسیٰ علیہما السلام کے صحیفوں میں (پس زیادہ ترمؤکد ہوا)۔

سورة الاعلى مكية وهى تسع عشرة اٰية كذا فى البيضاوى۔

تفسیر ربط: سورت سابقہ میں مجازات آخرت کا ذکر تھا اس سورت میں بھی اصل مقصود فلاح آخرت کا مقصود ہونا اور اس کا طریق کہ تسبیح اور معرفت ذات وصفات اور تزکیہ وذکر وصلوٰۃ ہے بتلانا ہے اور مقصودیت آخرت کی تقریر کے لئے فناء واضمحلال دنیا کا اور تعلیم طریق فلاح کے لئے امر تذکیر بالقرآن کا ارشاد اور اسی کے قریب قریب غرض سے سورت سابقہ میں بھی حقانیت قرآن کی بیان کی گئی تھی۔

فنائے دنیا وبقائے عقبیٰ وامر باصلاح نفس واصلاح غیر : بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۙ﴿۱﴾ (الى قوله تعالى) اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۙ﴿۱۸﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۧ﴿۱۹﴾ (اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (اور جو مؤمن آپ کے ساتھ ہیں) اپنے پروردگار

www.besturdubooks.net

عالیشان کے نام کی تسبیح (وتقدیس) کیجئے جس نے (ہر شئے کو) بنایا پھر (اس کو) ٹھیک بنایا (یعنی ہر شئے کو مناسب طور پر بنایا) اور جس نے (جانداروں کو ان چیزوں کی طرف) راہ بتلائی (یعنی ان کے طبائع کو اُن اشیاء کا مقتضی پیدا کر دیا) اور جس نے (سبز وخوشنما) چارہ (زمین سے) نکالا پھر اس کو سیاہ کوڑا کر دیا (اول عام تصرفات مذکور ہیں پھر حیوانات کے متعلق پھر نباتات کے متعلق مطلب یہ کہ طاعات سے آخرت کا تہیہ کرنا چاہیے جہاں جزاء وسزا ہونے والی ہے اور اسی طاعت کا طریقہ بتلانے کے لئے ہم نے قرآن نازل کیا ہے اور آپ کو اُس کی تبلیغ کا مامور کیا ہے سو اُس قرآن کی نسبت ہم وعدہ کرتے ہیں کہ) ہم (جتنا) قرآن (نازل کرتے جاویں گے) آپ کو پڑھا دیا کریں گے (یعنی یاد کرا دیا کریں گے) پھر آپ (اُس میں سے کوئی جزو) نہیں بھولیں گے مگر جس قدر (بھلانا) اللہ کو منظور ہو (کہ نسخ کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کما قال تعالیٰ : مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا ...... [البقرۃ : ۱۰۶] سو وہ البتہ آپ کے اور سب کے اذہان سے فراموش کر دیا جاوے گا اور یہ یاد رکھانا اور فراموش کرا دینا یہ سب قرین حکمت ہوگا کیونکہ) وہ ہر ظاہر اور مخفی کو جانتا ہے (پس اُس سے کسی چیز کی مصلحت مخفی نہیں اس لئے جب محفوظ رکھنا مصلحت ہوتا ہے محفوظ رکھتے ہیں جب بھلا دینا مصلحت ہوتا ہے بھلا دیتے ہیں) اور (جیسا ہم آپ کو قرآن کا یاد ہونا آسان کر دیں گے اسی طرح) ہم اس آسان شریعت کے ہر حکم پر چلنے) کے لئے آپ کو سہولت دے دیں گے (یعنی سمجھنا بھی آسان ہوگا اور عمل بھی آسان ہوگا اور تبلیغ بھی آسان ہو جاوے گی اور مزاحمتوں کو دفع کر دیں گے اور شریعت کو یسری سے موصوف کرنا بطور مدح کے ہے یا اس لئے کہ وہ سبب ہے جب آپ کے لئے وحی کے متعلق ہر بات کے آسان کر دینے کا ہم وعدہ کرتے ہیں) تو آپ (جس طرح خود تسبیح وتقدیس کرتے ہیں اسی طرح دوسروں کو بھی) نصیحت کیا کیجئے اگر نصیحت کرنا مفید ہوتا ہو (مگر جیسا کہ ظاہر اور معلوم ہے کہ وہ فی نفسہٖ مفید ہوتی ہے کما قال تعالیٰ : فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ [الذاریات : ۵۵] وہی شخص نصیحت مانتا ہے جو (خدا سے) ڈرتا ہے اور جو سخت بدنصیب ہو وہ اُس سے گریز کرتا ہے جو (آخرکار) بڑی آگ میں (یعنی آتش دوزخ میں کہ دُنیا کی آگ سے بڑی ہے) داخل ہوگا پھر (اُس سے بڑھ کر یہ کہ) اُس میں مر ہی جاوے گا اور نہ (آرام کی زندگی) جئے گا (یعنی گو شرط تذکر نہ پائے جانے سے کہیں تذکر کا ترتب نہ ہو لیکن تذکیر فی نفسہٖ نافع ہے اور وجوب کے لئے یہی کافی ہے خلاصہ اول سورت سے یہاں تک کا یہ ہوا کہ آپ اپنی بھی تکمیل کیجئے اور دوسروں کو بھی اس کی تبلیغ کیجئے کہ ہم آپ کے معاون ہیں اور فی نفسہٖ وہ ضروری چیز بھی ہے آگے: سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝ کی تفصیل ہے کہ) با مراد ہوا جو شخص (قرآن سن کر خبائث عقائد واخلاق سے) (پاک ہو گیا اور اپنے رب کا نام لیتا اور نماز پڑھتا رہا (مگر اے منکرو تم قرآن سن کر نہیں مانتے اور آخرت کا سامان نہیں کرتے) بلکہ تم دُنیوی زندگی کو مقدم رکھتے ہو حالانکہ آخرت (دُنیا سے) بدرجہا بہتر اور پائیدار ہے (یعنی کیفاً وکماً افضل ہے اور یہ مضمون صرف قرآن ہی کا دعویٰ نہیں بلکہ) یہ مضمون اگلے صحیفوں میں بھی ہے یعنی ابراہیم اور موسیٰ (علیہما السلام) کے صحیفوں میں (پس زیادہ تر مؤکد ہوا)۔

ف: روح المعانی میں عبد بن حمید کی روایت سے حدیث مرفوع مذکور ہے کہ ابراہیم علیہ السلام پر دس صحیفے نازل ہوئے اور موسیٰ علیہ السلام پر قبل تورات کے دس اور وعدہ سَنُقْرِئُكَ یا تو ابتداءً ہو یا آپ کی تعجیل بالوحی وتحریک لسان پر ہوا ہو واللہ علم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝ وَ ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝ اعمال مقصودہ اہل طریق کا جامع ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله في سبح** اور جو مؤمن **يزيد العموم قوله عليه الصلوٰة والسلام لما نزلت اجعلوها في سجودكم ۱۲۔** ۲ **قوله** بڑھ کر **اشارة الى ان التراخي الرتبي ۱۲۔**

اللغات: **غثاء ما يقذف به السيل على جانب الوادى من الحشيش والنبات احوٰى من الحوت وهى السواد الجهر في الروح ما ظهر قولا او فعلا او غيرهما وليس خاصا بالاقوال آه قلت ويؤيده قوله تعالىٰ ارنا الله جهرة قوله ان نفعت حمل على الشرط كما هو المشهور فالمقصود تاكيد الامر بالتذكير اى ذكر ان كانت الذكرى نافعة ومعلوم انها نافعة كما يقال ادحقه ان كان ابا لك وكقوله ان تغفر اللهم تغفر جماد اى عبدلك لا الماد المقصود اغراء المخاطب على الفعل وتنبيه على ما تضمنه الشرط فافهم ۱۲۔**

البلاغۃ: **قوله وسبح اسم هو مقحم او المراد ان الاسم لما كان يجب تنزيهه فالمسمي بالاولىٰ قوله وما يخفي آثر فيه صيغة الضارع للاستمرار لان الاظهار يكون احياناً وغالب الاحوال على الاشياء هو اخفاء لان الشئ اذا ظهر انقضى ظهوره ثم يصير مخفيا فافهم فانه من المواهب قوله نيسرك لليسرى في الروح تعلق التيسير به صلى الله عليه وسلم مع ان الشائع تعليقه بالامور المسخرة للفاعل كما في قوله تعالىٰ ويسرلي امرى للايذان بقوة تمكينه عليه السلام من اليسرى والتصرف فيها بحيث صار ذلك ملكة راسخة له كانه عليه الصلوٰة والسلام جبل عيه قوله تزكى كان الظاهر قد افلح من تذكر الا انه وضع من تزكى الى آخره موضع من تذكر اشارة الى بيان المتذكر بسماته كذا في الروح ۱۲۔**

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الْغَاشِيَةِ

سُورَةُ الْغَاشِيَةِ ۸۸ مَكِّيَّةٌ ۶۸ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۲۶ — رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الغاشیہ مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۲۶ آیات اور ا رکوع ہے

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ۝۱ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ۝۲ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۝۳ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۝۴
تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۝۵ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۝۶ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۝۷ وُجُوْهٌ
يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ۝۸ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۝۹ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝۱۰ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ۝۱۱ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۝۱۲ وقف لازم
فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ۝۱۳ وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ۝۱۴ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ۝۱۵ وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ۝۱۶ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ
اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ۝۱۷ وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ۝۱۸ وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ۝۱۹ وَاِلَى الْاَرْضِ
كَيْفَ سُطِحَتْ ۝۲۰ فَذَكِّرْ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ۝۲۱ لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ۝۲۲ اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ۝۲۳ فَيُعَذِّبُهُ
اللّٰهُ الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ۝۲۴ اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ۝۲۵ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ۝۲۶ ع ۱ النصف ۱۴

آپ کو اس محیط عام واقعہ کی کچھ خبر پہنچی ہے (مراد اس واقعہ سے قیامت ہے) بہت سے چہرے اس روز ذلیل (اور) مصیبت جھیلتے (اور مصیبت جھیلنے سے) خستہ ہوں گے (اور) آتش سوزاں میں داخل ہوں گے (اور) کھولتے ہوئے چشمے سے پانی پلائے جائیں گے (اور) ان کو بجز ایک خاردار جھاڑ کے اور کوئی کھانا نصیب نہ ہوگا جو نہ (تو کھانے والوں کو) فربہ کرے گا اور نہ (ان کی) بھوک کو دفع کرے گا۔ بہت سے چہرے اس روز بارونق (اور) اپنے (نیک) کاموں کی بدولت خوش ہوں گے (اور) بہشت بریں میں ہوں گے جس میں کوئی لغویات نہ سنیں گے اس بہشت میں بہتے ہوئے چشمے ہوں گے (اور) اس (بہشت) میں اونچے اونچے تخت (بچھے) ہیں اور رکھے ہوئے آبخورے (موجود) ہیں اور برابر لگے ہوئے گدے (تکئے) ہیں اور سب طرف قالین (ہی قالین) پھیلے پڑے ہیں۔ تو (ان کی غلطی ہے کیونکہ) کیا وہ لوگ اونٹ کو نہیں دیکھتے کہ کس طرح (عجیب طور پر) پیدا کیا گیا ہے اور آسمان کو (نہیں دیکھتے) کہ کس طرح بلند کیا گیا ہے اور پہاڑوں کو (نہیں دیکھتے) کہ کس طرح کھڑے کئے گئے ہیں اور زمین کو (نہیں دیکھتے) کہ کس طرح بچھائی گئی ہے تو آپ (بھی ان کی فکر میں نہ پڑیئے بلکہ صرف) نصیحت کر دیا کیجئے (کیونکہ) آپ تو صرف نصیحت کرنے والے ہیں (اور) آپ ان پر مسلط نہیں ہیں (جو زیادہ فکر میں پڑیں) ہاں مگر جو روگردانی اور کفر کرے گا تو خدا اس کو آخرت میں بڑی سزا دے گا کیونکہ ہمارے ہی پاس ان کا آنا ہوگا پھر ہمارا ہی کام ان سے حساب لینا ہے (آپ زیادہ غم میں نہ پڑیئے)۔

سورة الغاشية مكية وهي ست وعشرون اٰية كذا في البيضاوي۔

تفسیر ربط: سورت سابقہ میں تہیہ للآخرۃ کا امر تھا اس سورت میں آخرت کے لئے تہیہ کرنے والے اور نہ کرنے والے کی جزاء وسزا مقصودا مذکور ہے اور اس بعث وجزاء کی تقریر کے لئے قدرت کا اثبات اور بعث وجزاء کے انکار کرنے پر آپ کے حزن کا ازالہ اور تسلیہ اخیر میں ارشاد ہوا ہے۔

مجازات فریقین وتصحیح بعث وتسلیۂ نبی: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ۝ (الى قوله تعالى) ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ۝

www.besturdubooks.net

آپ کو اس محیط عام واقعہ کی کچھ خبر پہنچی ہے (مراد اس واقعہ سے قیامت ہے کہ تمام عالم کو اُس کا اثر محیط ہوگا اور مقصود اس استفہام سے تشویق ہے جو مفید ہے اہتمام مستفہم عنہ کو آگے بصورت جواب اُس خبر کی تفصیل ہے یعنی) بہت سے چہرے اُس روز ذلیل (اور) مصیبت جھیلتے (اور مصیبت جھیلنے سے) خستہ (اور درماندہ) ہوں گے (اور) آتش سوزاں میں داخل ہوں گے (اور) کھولتے ہوئے چشمہ سے پانی پلائے جاویں گے (اور) اُن کو بجز ایک خار دار جھاڑ کے اور کوئی کھانا نصیب نہ ہوگا جو نہ (تو کھانے والوں کو) فربہ کرے گا اور نہ (اُن کی) بھوک کو دفع کرے گا (یعنی نہ اُس میں تغذی ہے نہ سدِ جوع ہے اور مصیبت جھیلنے سے مُراد حشر میں پریشان پھرنا اور دوزخ میں سلاسل واغلال کو لادنا دوزخ کے پہاڑوں پر چڑھنا اور اُس کے اثر سے خستگی ظاہر ہے اور کھولتا ہوا چشمہ وہی جس کو دوسری آیتوں میں حمیم فرمایا ہے اور اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں اس کا بھی چشمہ ہوگا اور ضریع میں حصر طعام کا اضافی ہے یعنی اطعمۂ مرغوبہ لذیذہ کی نفی مقصود ہے پس زقوم و غسلین کے اثبات سے اس کا تعارض نہیں اور چہروں سے مُراد اصحاب چہرہ ہیں۔ یہ تو دوزخیوں کا حال ہوا آگے اہل جنت کا حال ہے یعنی) بہت سے چہرے اُس روز بارونق (اور) اپنے (نیک) کاموں کی بدولت خوش ہوں گے (اور) بہشت بریں میں ہوں گے جن میں کوئی لغو بات نہ سنیں گے :(لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِیْمًا [الواقعة : ۲۵] اور) اُس (بہشت) میں بہتے ہوئے چشمے[۱] ہوں گے (اور) اُس (بہشت) میں اونچے اونچے تخت (بچھے) ہیں اور رکھے ہوئے آبخورے (موجود) ہیں (یعنی یہ سامان اُس کے سامنے ہی موجود ہوگا) تاکہ جب پینے کو جی چاہے دیر نہ لگے) اور برابر لگے ہوئے گدے (تکیے) ہیں اور سب طرف قالین (ہی قالین) پھیلے پڑے ہیں (کہ جہاں چاہیں آرام کرلیں ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا بھی نہ پڑے یہ تفصیل ہوگئی جزاء کی اور ان مضامین کو سن کر جو بعضے لوگ قیامت کا انکار کرتے ہیں جس میں یہ سب واقعات ہوں گے) تو (اُن کی غلطی ہے کیونکہ) کیا وہ لوگ اونٹ کو نہیں دیکھتے کہ کس طرح (عجیب طور پر) پیدا کیا گیا ہے (کہ ہیئت اور خاصیت دونوں اور جانوروں کی نسبت اس میں عجیب ہیں) اور آسمان کو (نہیں دیکھتے) کہ کس طرح بلند کیا گیا ہے اور پہاڑوں کو (نہیں دیکھتے) کہ کس طرح کھڑے کیے گئے اور زمین کو (نہیں دیکھتے) کہ کس طرح بچھائی گئی ہے (یعنی اُن چیزوں کو دیکھ کر قدرت الٰہیہ پر استدلال نہیں کرتے تاکہ اُس کا بعث پر قادر ہونا سمجھ لیتے اور تخصیص ان چار چیزوں کی اس لئے ہے کہ عرب کے لوگ اکثر جنگلوں میں چلتے پھرتے رہتے تھے اُس وقت اُن کے سامنے اونٹ ہوتے تھے اور اوپر آسمان اور نیچے زمین اور اطراف میں پہاڑ اس لئے ان علامات میں غور کرنے کے لئے ارشاد فرمایا گیا اور جب یہ لوگ باوجود قیام دلائل کے غور نہیں کرتے) تو آپ (بھی ان کی فکر میں زیادہ نہ پڑیئے بلکہ صرف) نصیحت کر دیا کیجئے (کیونکہ) آپ تو بس صرف نصیحت کرنے والے ہیں (اور) آپ ان پر مسلط نہیں ہیں (جو زیادہ فکر میں پڑیں) ہاں مگر جو روگردانی اور کفر کرے گا تو خدا اُس کو (آخرت میں) بڑی سزا دے گا (کیونکہ) ہمارے ہی پاس ان کا آنا ہوگا پھر ہمارا ہی کام اُن سے حساب لینا ہے (آپ غم میں نہ پڑیئے)۔

ف: **وليس في السطح دلالة على عدم كرية الارض لانها في النظر مسطحة ويمكن ان تكون في الحقيقة كرة الا انها لعظمها لا تدرك كريتها۔**

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وُجُوْهٌ یَّوْمَىِٕذٍ خَاشِعَةٌ ...... روایات سے اس کا عابدین اہل باطل کے بارہ میں ہونا معلوم ہوتا ہے کہ محنت ہی محنت پڑتی ہے اور انجام صرف جہنم تو جو شخص ضلالت و بدعت کی حالت میں عبادت کرے وہ بھی اس میں داخل ہے۔

ملحقات الترجمة: [۱] **قوله في عين چشمے حملا على الجنس لان الجنة ذات عيون۱۲۔**

اللغات: **ضريع الشبرق اليابس وهي شجرة ذات شوك لاطئة بالارض نمارق وسائد مصفوفة صفت بعضها الى جنب بعض زرابى بسط فاخرة وقيل هي الطنافس التي لها خمل رقيق مبثوثة مبسوطة او متفرقة في المجالس قوله ثم ان علينا ثم للتراخي في الرتبة والترقي لان الحساب وان كان متاخر عن الاياب لكن كون الحساب على انه لا يتاخر عن الاياب ويمكن ان يقال ان المقصود بالجملة الثانية وقوع الحساب لا كون الحساب على الله تعالىٰ لكن عبر به اشارة الى كون ولاية الحساب الى الله تعالىٰ خاصة ۱۲۔**

النحو: **الا من تولى استثناء منقطع۱۲۔**

البلاغة: **جارية وصف به ايذانا بانها غير منقطعة۱۲۔**

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الْفَجْرِ

سُورَةُ الْفَجْرِ ٨٩ مَكِّيَّةٌ ١٠ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ٣٠ رُكُوْعُهَا ١

سورۃ الفجر مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۳۰ آیات اور ا رکوع ہے

وَالْفَجْرِ ﴿١﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ﴿٢﴾ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ﴿٣﴾ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ﴿٤﴾ هَلْ فِيْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ
حِجْرٍ ﴿٥﴾ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ﴿٦﴾ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ﴿٧﴾ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ﴿٨﴾ وَثَمُوْدَ
الَّذِيْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ﴿٩﴾ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْاَوْتَادِ ﴿١٠﴾ الَّذِيْنَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ﴿١١﴾ فَاَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ﴿١٢﴾
فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ﴿١٣﴾ اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿١٤﴾ فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ
رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ فَيَقُوْلُ رَبِّيْۤ اَكْرَمَنِ ﴿١٥﴾ وَاَمَّاۤ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهٗ فَيَقُوْلُ
رَبِّيْۤ اَهَانَنِ ﴿١٦﴾ كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ﴿١٧﴾ وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿١٨﴾ وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ
اَكْلًا لَّمًّا ﴿١٩﴾ وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿٢٠﴾ كَلَّاۤ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿٢١﴾ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا
صَفًّا ﴿٢٢﴾ وَجِايْٓءَ يَوْمَئِذٍۭ بِجَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ يَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ﴿٢٣﴾ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ
لِحَيَاتِيْ ﴿٢٤﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗۤ اَحَدٌ ﴿٢٥﴾ وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗۤ اَحَدٌ ﴿٢٦﴾ يٰۤاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿٢٧﴾
ارْجِعِيْۤ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿٢٨﴾ فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ ﴿٢٩﴾ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿٣٠﴾ ع ١٤

قسم ہے (فجر کے وقت کی اور (ذی الحجہ کی) دس راتوں کی اور جفت کی اور طاق کی اور (قسم ہے) رات کی جب وہ چلنے لگے (یعنی گزرنے لگے) کیوں اس (قسم مذکور) میں عقلمندوں کے واسطے کافی قسم بھی ہے کیا آپ کو معلوم نہیں کہ آپ کے پروردگار نے قوم عاد (یعنی) قوم ارم کے ساتھ کیا معاملہ کیا جن کے قد وقامت ستونوں جیسے دراز تھے اور جن کی برابر (زور وقوت میں دنیا بھر کے) شہروں میں کوئی شخص نہیں پیدا کیا گیا اور (اور آپ کو معلوم ہے کہ) قوم ثمود کے (ساتھ کیا معاملہ کیا گیا) جو وادی القریٰ میں (پہاڑ کے) پتھروں کو تراشا کرتے تھے (اور مکانات بنایا کرتے تھے) اور میخوں والے فرعون کے ساتھ جنہوں نے شہروں میں سر اٹھا رکھا تھا اور ان میں بہت فساد مچا رکھا تھا سو آپ کے رب نے ان پر عذاب کا کوڑا برسایا بے شک آپ کا رب (نافرمانوں کے) گھات میں ہے۔ سو آدمی و جب اس کا پروردگار آزماتا ہے یعنی اس کو (ظاہرا) اکرام انعام دیتا ہے تو وہ (بطور فخر) کہتا ہے کہ میرے رب نے میری قدر بڑھا دی اور جب اس کو (دوسری طرح) آزماتا ہے یعنی اس کی روزی اس پر تنگ کر دیتا ہے تو وہ (شکایتاً) کہتا ہے کہ میرے رب نے میری قدر گھٹا دی ہرگز ایسا نہیں بلکہ تم (میں اور اعمال بھی موجب عذاب ہیں چنانچہ تم) لوگ یتیم کی (کچھ) قدر (اور خاطر) نہیں کرتے ہو اور دوسروں کو بھی مسکین کو کھانا دینے کی ترغیب نہیں دیتے اور (تم) میراث کا مال سمیٹ کر کھا جاتے ہو (یعنی دوسروں کا حق بھی کھا جاتے ہو) اور مال سے تم لوگ بہت ہی

www.besturdubooks.net

محبت رکھتے ہو۔ (آگے ان افعال کے موجب العذاب نہ سمجھنے پر سرزنش ہے) کہ ہرگز ایسا نہیں (جیسا تم سمجھتے ہو) جس وقت زمین کو توڑ توڑ کر (اور) ریزہ ریزہ کر دیا جائے گا اور آپ کا پروردگار اور جوق در جوق فرشتے (میدان محشر میں) آئیں گے اور اس روز جہنم کو لایا جائے گا اس روز انسان کو سمجھ آئے گی اور اب سمجھ آنے کا موقع کہاں رہا کہے گا کاش میں اس زندگی (اخروی) کے لئے کوئی عمل (نیک) آگے بھیج لیتا پس اس روز تو خدا کے عذاب کے برابر کوئی عذاب دینے والا نکلے گا اور نہ اس کے جکڑنے کے برابر کوئی جکڑنے والا نکلے گا (اور) جو اللہ کے فرمانبردار تھے ان کو ارشاد ہوگا کہ اے اطمینان والی روح تو اپنے پروردگار (کے جوار رحمت) کی طرف چل اس طرح سے کہ تو اس سے خوش اور وہ تجھ سے خوش پھر (ادھر چل کر) تو میرے (خاص) بندوں میں شامل ہو جا (کہ یہ بھی نعمت روحانی ہے) اور میری جنت میں داخل ہو جا۔

سورۃ الفجر مکیۃ وھی تسع وعشرون آیۃ کذا فی البیضاوی۔

تفسیر ربط: سورت سابقہ میں مجازات فریقین کا ذکر تھا اس سورت میں معظم مقصود فریقین کے اعمال موجبہ مجازات کا بیان ہے اور تمہید میں بعض امم مہلکہ کا جن کے اعمال موجب سزا تھے اور اخیر میں بطور تتمیم کے بعض جزائے فریقین کا مضمون ہے۔

ذکر اعمال موجبہ جزاء وسزا واعمال مستحقین آن وبعضے از تفصیل او: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَالْفَجْرِ ۙ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۙ (الی قولہ تعالی) فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ ۙ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ۚ قسم ہے فجر (کے وقت) کی اور (ذی الحجہ کی) دس راتوں (یعنی دس تاریخوں) کی (کہ وہ نہایت فضیلت والی ہیں کذا فسر فی للحدیث) اور جفت کی اور طاق کی (جفت سے مراد دسویں تاریخ ذی الحجہ کی اور طاق سے نویں تاریخ کذا فی الحدیث اور ایک حدیث میں ہے کہ اس سے نماز مراد ہے کہ کسی کی طاق رکعتیں ہیں کسی کی جفت اور پہلی حدیث کو روایۃً بھی اصح کہا گیا ہے کذا فی الروح اور درایۃً بھی وہ ارجح ہے کیونکہ بقیہ مقسم بہ ازمنہ میں سے ہیں اور یہ تطبیق بھی ہوسکتی ہے کہ شفع ووتر سے مراد شفع ووتر معظم ہو اور دونوں اُس کے مصدق ہو جاویں گے) اور (قسم ہے) رات کی جب وہ چلنے لگے (یعنی گزرنے لگے کقولہ تعالیٰ: وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ [المدثر: ۳۳] آگے بطور جملۂ معترضہ کے تاکید کے لئے اس قسم کی تفخیم فرماتے ہیں کہ) کیوں اس (قسم مذکور) میں عقلمند کے واسطے کافی قسم بھی ہے (استفہام تقریر وتاکید کے لئے ہے یعنی ان مذکورہ قسموں میں ہر ہر قسم تاکید کلام کے لئے ہے کہ منکروں کو ضرور سزا ہوگی کما فی الجلالین جس پر آئندہ کلام قرینہ ہے جس میں منکرین سابقین کی تعذیب کا ذکر ہے یعنی) کیا آپ کو معلوم نہیں کہ آپ کے پروردگار نے قوم عاد یعنی قوم ارم کے ساتھ کیا معاملہ کیا جن کے قد وقامت ستون جیسے (دراز) تھے (اور) جن کے برابر (زور وقوت) میں دنیا بھر کے شہروں میں کوئی شخص نہیں پیدا کیا گیا (اس قوم کے دو لقب ہیں عاد اور ارم کیونکہ عاد بیٹا ہے عاص کا اور وہ ارم کا اور وہ سام بن نوح علیہ السلام کا پس کبھی اُن کو عاد کہتے ہیں تسمیۃ لھم باسم ابیھم اور کبھی ارم کہتے ہیں تسمیۃ لھم باسم جدھم اور اس ارم کا ایک بیٹا عابر ہے اور عابر کا بیٹا ثمود جس کے نام سے ایک قوم مشہور ہے پس عاد اور ثمود دونوں ارم میں جا ملے ہیں عاد بواسطہ عاص کے اور ثمود بواسطہ عابر کے اور یہاں لفظ ارم اس لئے بڑھا دیا کہ اس قوم عاد میں دو طبقے ہیں متقدمین جن کو عاد اولیٰ اور متاخرین جن کو عاد اخریٰ کہتے ہیں پس ارم بڑھا دینے سے اشارہ ہوگیا کہ عاد اولیٰ مُراد ہے کیونکہ بوجہ قرب وقلت وسائط کے ارم کا اطلاق عاد اولیٰ پر ہوتا ہے کذا فی الروح وھذا التحقیق عندی قاض علی ما سبق فی الاعراف والنجم واللہ اعلم) اور (آگے عاد کے بعد دوسرے مہلکین کا بیان فرماتے ہیں کہ آپ کو معلوم ہے کہ) قوم ثمود کے ساتھ (کیا معاملہ کیا) جو وادی القریٰ میں (پہاڑ کے) پتھروں کو تراشا کرتے تھے (اور مکانات بنایا کرتے تھے۔ وادی القریٰ اُن کے شہروں میں سے ایک شہر کا نام ہے جیسا ایک کا نام حجر ہے اور یہ سب حجاز اور شام کے درمیان میں ہیں اور سب میں ثمود رہتے تھے کذا فی بعض التفاسیر) اور میخوں والے فرعون کے ساتھ (درمنثور میں ابن مسعودؓ وسعید بن جبیر ومجاہد وحسن وسدی سے اس کی تفسیر میں منقول ہے کہ وہ جس کو سزا دیتا اُس کے چاروں ہاتھ پاؤں چار میخوں سے باندھ کر سزا دیتا اور ایک تفسیر اس کی سورۂ ص میں گزر چکی۔ آگے سب کی صفت مشترکہ فرماتے ہیں کہ) جنہوں نے شہروں میں سر اُٹھا رکھا تھا اور ان میں بہت فساد مچا رکھا تھا سو آپ کے رب نے اُن پر عذاب کا کوڑا برسایا (یعنی عذاب نازل کیا پس عذاب کو کوڑے سے اور اُس کے نازل کرنے کو برسانے سے تعبیر فرمایا آگے اس عذاب کی علت اور موجودین کی عبرت کے لئے ارشاد ہے کہ) بے شک آپ کا رب (نافرمانوں کی) گھات میں ہے (جن میں سے مذکورین کو تو ہلاک کر دیا اور موجودین کو عذاب کرنے والا ہے) سو (اس کا مقتضا یہ تھا کہ کفار موجودین عبرت پکڑتے اور اعمال مُوجبہ للعذاب سے بچتے لیکن کافر) آدمی (کا یہ حال ہے کہ اعمال مُوجبہ للعذاب کو اختیار کرتا ہے جن سب کی اصل حُب دنیا ہے چنانچہ اُس) کو جب اُس کا پروردگار آزماتا ہے یعنی اُس کو (ظاہراً) انعام اکرام دیتا ہے (مثل مال وجاہ وغیرہ جس سے مقصود اُس کی شکر گزاری کا دیکھنا ہوتا ہے اور اسی وجہ سے اُس کو آزمانے سے تعبیر فرمایا) تو وہ (افتخاراً وزعماً للاستحقاق) کہتا ہے کہ میرے رب نے میری قدر بڑھا دی (یعنی میں اس کا مقبول ہوں کہ مجھ کو ایسی نعمتیں دیں) اور جب اُس کو (دوسری طرح) آزماتا ہے یعنی اُس کی روزی اُس پر تنگ کر دیتا ہے (جس سے مقصود اُس کے صبر ورضا کا دیکھنا ہوتا ہے اور اسی وجہ سے اُس کو آزمانے سے تعبیر فرمایا) تو وہ شکایتاً کہتا ہے کہ میرے رب نے میری قدر گھٹا دی (یعنی مجھ کو باوجود استحقاق اکرام کے اپنی نظر سے آج کل

www.besturdubooks.net

گرار کھا ہے کہ دُنیوی نعمتیں کم ہوگئیں۔مطلب یہ کہ کافر دنیا ہی کو مقصود بالذات سمجھتا ہے کہ اُس کی فراخی کو دلیل مقبولیت اور اپنے کو اُس کا مستحق اور تنگی کو دلیل مطرودیت اور اپنے کو اُس کا غیر مستحق سمجھتا ہے پس اس میں دو محذور ہیں ایک دُنیا کو مقصود بالذات سمجھنا جس سے ترک وانکار آخرت ناشی ہوا اور دوسرے دعویٰ استحقاق جس سے نعمت پر افتخار و ترک شکر اور بلا پر شکوہ و ترک صبر ناشی ہوا اور یہ سب اعمال موجب للعذاب ہیں آگے اس پر ردع ہے کہ) ہرگز ایسا نہیں (یعنی نہ تو دنیا مقصود بالذات ہے اور نہ اُس کا ہونا نہ ہونا دلیل مقبولیت و مخذولیت کی ہے اور نہ کوئی کسی اکرام کا مستحق ہے اور نہ کوئی صبر و شکر کے وجوب سے مستثنیٰ ہے آگے بصیغۂ خطاب بطور التفات کے فرماتے ہیں کہ تم لوگوں میں صرف یہی اعمال موجب للعذاب نہیں ہیں) بلکہ (تم میں اور اعمال بھی مذموم و نامرضی عند اللہ و موجب للعذاب ہیں چنانچہ) تم لوگ یتیم کی (کچھ) قدر (اور خاطر) نہیں کرتے ہو (مطلب یہ کہ یتیم کی اہانت اور اس پر ظلم کرتے ہو کہ اُس کا مال کھا جاتے ہو) اور دوسروں کو بھی مسکین کو کھانا دینے کی ترغیب نہیں دیتے (یعنی دوسروں کے حقوق واجبہ نہ خود ادا کرتے ہو اور نہ اوروں کو حقوق واجبہ ادا کرنے کو کہتے ہو اور عملاً اس کے تارک اور اعتقاداً اس کے منکر ہو اور ترک واجب کفار کے لئے موجب زیادت تعذیب اور فساد اعتقاد موجب نفس تعذیب ہے) اور (تم) میراث کا مال سمیٹ کر کھا جاتے ہو (یعنی دوسروں کا حق بھی کھا جاتے ہو اور میراث بتفصیل موجود گو مکہ میں مشروع نہ تھی مگر نفس میراث شرع ابراہیمی واسماعیلی سے متوارث چلی آتی تھی چنانچہ جاہلیت میں بچوں اور لڑکیوں کو میراث کا مستحق نہ سمجھنا اس کی دلیل ہے کہ میراث کا حکم پہلے سے بھی تھا جس کا بیان سورۂ نساء کے پہلے رکوع آیت: لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ ...... [النساء : ۷] کے متعلق اس کا بیان گزر چکا ہے) اور (تم لوگ) مال سے بہت ہی محبت رکھتے ہو (اور اعمال مذکورہ سب اسی کی فرع ہیں کیونکہ حب دنیا کل خطیئات کا راس ہے غرض یہ سب اعمال قولیہ وفعلیہ وحالیہ موجب تعذیب ہیں پس انسان کا یہ حال ہے کہ مضامین عبرت کو سن کر بجائے اس کے کہ عبرت پکڑتا ایسے اعمال اختیار کرتا ہے پس اللہ تعالیٰ ان کو عذاب دینے والا ہے کما قال تعالیٰ: اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿﴾ آگے ان افعال کے غیر موجب للعذاب سمجھنے پر ردع ہے کہ) ہرگز ایسا نہیں (جیسا تم سمجھتے ہو کہ ان اعمال پر عذاب نہ ہوگا ضرور ہوگا آگے مجازات کا وقت بتلاتے ہیں جس میں اُن کو عذاب اور اہل طاعت کو اجر و ثواب ہوگا پس ارشاد ہے کہ) جس وقت (کے بلند اجزائے جبال وغیرہ) کو توڑ توڑ کر (اور) ریزہ ریزہ (کر کے زمین کو برابر) کر دیا جاوے گا (کقولہ تعالیٰ: لَا تَرٰى فِيهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا [طہ : ۱۰۷] کذا فی طہ) اور آپ کا پروردگار اور جوق جوق فرشتے (میدان محشر میں) آویں گے (یہ حساب کے وقت ہوگا اور اللہ تعالیٰ کا آنا متشابہات میں سے ہے) اور اُس روز جہنم کو لایا جاوے گا (جیسا سورۂ مدثر میں: وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ [المدثر : ۳۲] کے متعلق بیان ہو چکا ہے) اُس روز انسان کو سمجھ آوے گی اور اب سمجھ آنے کا موقع کہاں رہا (یعنی اب کیا فائدہ ہو سکتا ہے کیونکہ وہ دار الجزاء ہے دار العمل نہیں۔ آگے سمجھ آنے کے بعد جو اُس کا قول ہوگا اُس کا بیان ہے کہ وہ) کہے گا کاش میں اس زندگی (اخروی) کے لئے کوئی عمل (نیک) آگے بھیج لیتا پس اُس روز نہ تو خدا کے عذاب کے برابر کوئی عذاب دینے والا نکلے گا اور نہ اُس کے جکڑنے کے برابر کوئی جکڑنے والا نکلے گا (یعنی ایسی سخت سزا اور قید کرے گا کہ دنیا میں کبھی کسی نے کسی کو نہ اتنی سخت سزا دی ہوگی نہ ایسی سخت قید کی ہوگی یہ سزا تو مرتکبین اعمال موجبہ للعذاب کی ہوگی اور جو اللہ کے فرمانبردار تھے اُن کو ارشاد ہوگا کہ) اے اطمینان والی روح (یعنی جس کو امر حق میں ایقان و اذعان تھا اور کسی طرح کا شک و انکار نہ تھا اور تعبیر روح سے باعتبار جزء اشرف کے ہے) تو اپنے پروردگار (کے جوار رحمت) کی طرف اس طرح سے کہ تو اُس سے خوش اور وہ تجھ سے خوش چل (اُدھر چل کر) تو میرے (خاص) بندوں میں شامل ہو جا (کہ یہ بھی نعمت روحانی ہے کہ انس کے لئے احباب سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں) اور میری جنت میں داخل ہو جا (لفظ مطمئنہ میں ان لوگوں کے اعمال کی طرف اشارہ ہو گیا جیسا کہ ظاہر ہے اور زیادہ تفصیل اعمال موجبہ عذاب کی شاید اسلئے ہے کہ زیادہ مقصود اہل مکہ کو سنانا ہے) اور اس وقت وہاں ایسے اعمال کے مرتکب زیادہ تھے۔

ف: قرینہ سقام سے یہ خطاب يَآيَّتُهَا النَّفْسُ ...... قیامت کے روز معلوم ہوتا ہے اور بعض روایات میں جو آیا ہے مرنے کے وقت مؤمن سے کہا جاتا ہے وہاں تفسیر آیت کی مقصود نہیں نہ وقت موت کی تخصیص ہے اور شروع سورت کی قسموں کو جواب قسم سے مناسبت یہ ہو سکتی ہے کہ یہ سب دلیل ہیں تصرفاتِ الٰہیہ کی جو مقتضی وجوب ایمان وطاعت کو ہیں اور ترک واجب پر عذاب کا مرتب ہونا ظاہر ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ (الی قولہ تعالی) كَلَّا اس سے معلوم ہوا کہ بعضے جاہل جو کہا کرتے ہیں کہ جب سے ہم فلانے سلسلہ میں داخل ہوئے مال اور فراغت میں ترقی ہوگئی تو یہ دلیل ہے اس سلسلہ کے مقبول ہونے کی یہ جہل محض ہے۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قولہ فی هل فی ذلک کیوں اشارة الی ان الاستفهام للتاکید کذا فی الخازن ۱۲۔ ۲ قولہ فی دکت الارض بلند اجزاء ماخذه ما فی الروح عن المبرد الدك حط المرتفع بالبسط والتسوية ۱۲۔ ۳ قولہ فی لا یعذب دُنیا میں الخ ماخذه ما فی الخازن ای لا یعذب احد فی الدنيا كعذاب الله الكافر يومئذٍ والكبير ففيه قال مقاتل فيومئذٍ لا يعذب عذاب الله احد من الخلق والمعنى لا يبلغ احد من الخلق كبلاغ الله فی العذاب والوثاق قال ابو عبيدة هذا التفسير ضعيف لانه ليس يوم القيمة معذب

www.besturdubooks.net

سوی اللہ تعالٰی فکیف یقال لا یعذب احد مثل عذابه واجیب عن هذا الاعتراض بان التقدیر لا یعذب احد فی الدنیا عذاب الله الکافر یومئذٍ اھ وفی الکبیر بعد هذا احتمالا ما نصه الثانی ان المعنی لا یتولی یوم القیامة عذاب الله احد ای والامر یومئذ امره ولا امر لغیره والثالث ان یکون التقدیر لا یعذب احد من الزبانیة مثل ما یعذبونه فالضمیر فی عذابه عائد الی الانسان وقرء الکسائی لا یعذب ولا یوثق بفتح العین فیهما ای لا یعذب احد مثل عذابه لتناهیه فی کفره وفساده آه ۱۲۔

اللُّغَاتُ: یسر اصله یسری حذفت الیاء تخفیفا الحجر العقل واصله المنع۱۲۔ تراث ای المیراث واصله راث فابدلت الواو تاءً لما هو الجمع ای ذالم وهو نفس اللم علی المبالغة والمراد به هنا الجمع بین الحلال والحرام یعنی انکم تجمعون بین نصیبکم ونصیب غیرکم جما کثیرا۲۱۔

النَّحْوُ: قوله اِرَمَ بدل او عطف بیان من عاد وقرئ بالاضافة فیکون من قبیل یاتیم تیم عدی۱۲۔ قوله اذا دکت عامله یتذکر۱۲۔

البَلَاغَةُ: صب علیهم ربك سوط عذاب فی المدارك مجاز عن ایقاع العذاب بهم علی ابلغ الوجوه اذ الصب یشعر بالدوام والسوط بزیادة الایلام ای عذبوا عذابا مولما دائما آه وفی الروح الآیة من قبیل قوله تعالٰی فاذاقهم اللّٰه لباس الجوع آه قوله فاکرمه الفاء تفسیریة کذا فی الروح۱۲۔ قوله اکرمن لما کان الاکرام والتنعیم فی حکم شئ واحد اقتصر علی قوله اکرمن ولم یضم الیه ونعمنی قوله قدر علیه رزقه لم یقل سبحانه فی تفسیر الابتلاء فاهانه وقدر علیه رزقه نظیر ما قال سبحانه اولا فاکرمه ونعمه لعدم کونه اهانةً اصلاً بخلاف التنعیم فانه اکرام ولو من وجه یایتها النفس علی ارادة القول لعل فی عدم ذکر القول ایذانا بغایة التفاوت بین هذه وبین الانسان القائل یلیتنی قوله فی عبادی لم یقل فی عباد وربك او فی عباده التفاتا وتعدی الدخول اولاً بفی وثانیاً بدونها لان المدخول فیه ان کان ظرفا حقیقیا تعدی الیه بلا واسطه فان کان غیره فبواسطه وذلك فی الاغلب فلا تغفل۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوۡرَةُ البَلَد

سُوۡرَةُ الْبَلَدِ ۹۰ مَكِّيَّةٌ ۳۵ — بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ — اٰيَاتُهَا ۲۰ رُكُوۡعُهَا ۱

سورۃ البلد مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۲۰ آیات اور ار کوع ہے

لَآ أُقۡسِمُ بِهَٰذَا ٱلۡبَلَدِ ﴿١﴾ وَأَنتَ حِلُّۢ بِهَٰذَا ٱلۡبَلَدِ ﴿٢﴾ وَوَالِدٖ وَمَا وَلَدَ ﴿٣﴾ لَقَدۡ خَلَقۡنَا ٱلۡإِنسَٰنَ فِي
كَبَدٍ ﴿٤﴾ أَيَحۡسَبُ أَن لَّن يَقۡدِرَ عَلَيۡهِ أَحَدٞ ﴿٥﴾ يَقُولُ أَهۡلَكۡتُ مَالٗا لُّبَدًا ﴿٦﴾ أَيَحۡسَبُ أَن لَّمۡ يَرَهُۥٓ أَحَدٌ ﴿٧﴾ وقف لازم
أَلَمۡ نَجۡعَل لَّهُۥ عَيۡنَيۡنِ ﴿٨﴾ وَلِسَانٗا وَشَفَتَيۡنِ ﴿٩﴾ وَهَدَيۡنَٰهُ ٱلنَّجۡدَيۡنِ ﴿١٠﴾ فَلَا ٱقۡتَحَمَ ٱلۡعَقَبَةَ ﴿١١﴾
وَمَآ أَدۡرَىٰكَ مَا ٱلۡعَقَبَةُ ﴿١٢﴾ فَكُّ رَقَبَةٍ ﴿١٣﴾ أَوۡ إِطۡعَٰمٞ فِي يَوۡمٖ ذِي مَسۡغَبَةٖ ﴿١٤﴾ يَتِيمٗا ذَا مَقۡرَبَةٍ ﴿١٥﴾ أَوۡ
مِسۡكِينٗا ذَا مَتۡرَبَةٖ ﴿١٦﴾ ثُمَّ كَانَ مِنَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَتَوَاصَوۡاْ بِٱلصَّبۡرِ وَتَوَاصَوۡاْ بِٱلۡمَرۡحَمَةِ ﴿١٧﴾
أُوْلَٰٓئِكَ أَصۡحَٰبُ ٱلۡمَيۡمَنَةِ ﴿١٨﴾ وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ بِـَٔايَٰتِنَا هُمۡ أَصۡحَٰبُ ٱلۡمَشۡـَٔمَةِ ﴿١٩﴾ عَلَيۡهِمۡ
نَارٞ مُّؤۡصَدَةُۢ ﴿٢٠﴾ ع ۱۵ ۱

میں قسم کھاتا ہوں اس شہر (مکہ) کی اور بطور جملہ معترضہ کے تسلی کے لئے پیش گوئی فرماتے ہیں کہ آپ کو اس شہر میں لڑائی حلال ہونے والی ہے اور قسم ہے باپ کی اور اولاد کی کہ ہم نے انسان کو بڑی مشقت میں پیدا کیا ہے کیا وہ یہ خیال کرتا ہے کہ اس پر کسی کا بس نہ چلے گا (اور) کہتا ہے کہ میں نے اتنا وافر مال خرچ کر ڈالا اور کیا وہ یہ خیال کرتا ہے کہ اس کو کسی نے دیکھا نہیں کیا ہم نے اس کو دو آنکھیں اور زبان اور دو ہونٹ نہیں دیئے اور (پھر) ہم نے اس کو دونوں رستے (خیر و شر کے) بتلا دیئے۔ سو وہ شخص (دین کی) گھاٹی سے ہو کر نہ نکلا اور آپ کو معلوم ہے کہ گھاٹی (سے) کیا (مراد) ہے وہ کسی (کی) گردن کا غلامی سے چھڑا دینا ہے یا کھانا کھلانا فاقہ کے دن میں کسی رشتہ دار یتیم کو یا خاک نشین کو (یعنی ان احکام الٰہیہ کو بجالانا چاہئے تھا) پھر (سب سے بڑھ کر یہ کہ) ان لوگوں سے نہ جو ایمان لائے اور ایک دوسرے کو (ایمان کی) پابندی کی فہمائش کی اور ایک دوسرے کو ترحم (علی الخلق) کی (یعنی ترک ظلم کی) فہمائش کی یہی لوگ داہنے والے ہیں اور جو لوگ ہماری آیتوں کے منکر ہیں وہ لوگ بائیں والے ہیں ان پر آگ محیط ہوگی جس کو بند کر دیا جاوے گا۔

سورة البلد مكية وهى عشرون اٰية كذا فى البيضاوى۔

تفسیر: ربط: سورت سابقہ میں اعمال موجبہ مجازات کا بیان تھا اس سورت میں بھی ایسے ہی اعمال کا بیان ہے مگر وہاں کثرت لفظیہ اعمال شر کی تھی یہاں اعمال خیر کی ہے اور تمہید میں بعض مقتضیات اعمال خیر کے از قبیل محن و منن مذکور ہیں اور ختم پر اعمال شر و خیر کی جزاء و سزاء مذکور ہے۔

ترغیب در خیر و ترہیب از شر: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ لَآ أُقۡسِمُ بِهَٰذَا ٱلۡبَلَدِ (الى قوله تعالى) عَلَيۡهِمۡ نَارٞ مُّؤۡصَدَةُۢ ﴿٢٠﴾ میں قسم کھاتا ہوں اس شہر (مکہ) کی اور (بطور جملہ معترضہ کے تسلیہ کے لئے پیشین گوئی فرماتے ہیں کہ) آپ کو اس شہر میں لڑائی حلال ہونے والی ہے (چنانچہ فتح مکہ کے روز آپ کے لئے احکام حرم باقی نہیں رہے تھے) اور قسم ہے باپ کی اور اولاد کی (ساری اولاد کے باپ آدم علیہ السلام ہیں پس آدم اور بنی آدم سب کی قسم ہوئی

www.besturdubooks.net

آگے جواب قسم ہے) کہ ہم نے انسان کو بڑی مشقت میں پیدا کیا ہے (چنانچہ عمر بھر کہیں مرض میں کہیں رنج میں کہیں فکر میں اکثر اوقات مُبتلا رہتا ہے اور اس کا مقتضا یہ تھا کہ اس میں عجز و درماندگی پیدا ہوتی اور اپنے کو بستہ حکم قضا سمجھ کر مطیع امر و تابع رضا ہوتا لیکن انسان کا فر کی یہ حالت ہے کہ بالکل بھول میں پڑا ہے تو) کیا وہ یہ خیال کرتا ہے کہ اس پر کسی کا بس نہ چلے گا (یعنی کیا اللہ کی قدرت سے اپنے کو خارج سمجھتا ہے جو اس قدر بھول میں پڑا ہے اور) کہتا ہے کہ میں نے اتنا وافر مال خرچ کر ڈالا (یعنی ایک تو شیخی بھگارتا ہے پھر عداوت رسول و مخالفت اسلام و معاصی میں خرچ کرنے کو ہنر سمجھتا ہے پھر جھوٹ بھی بولتا ہے کہ اس کو مال کثیر بتلاتا ہے) کیا وہ یہ خیال کرتا ہے کہ اُس کو کسی نے دیکھا نہیں (یعنی اللہ تعالیٰ نے تو دیکھا ہے اور وہ جانتا ہے کہ معصیت میں خرچ کیا ہے پس اُس پر سزا دے گا نیز مقدار بھی دیکھی ہے کہ اُس قدر نہیں ہے جس قدر وہ لوگوں کو یقین دلانا چاہتا ہے یہ حال مُطلق کا فر کا ہے کہ اُس وقت آپ کے مخالفین کے یہی اقوال واحوال تھے غرض یہ شخص نہ تو محسن سے مُتاثر ہوا اور نہ مُنعم سے جس کا آگے بیان ہے یعنی) کیا ہم نے اُس کو دو آنکھیں اور زبان اور دو ہونٹ نہیں دیئے اور (پھر) ہم نے اُس کو دونوں راستے (خیر و شر کے) بتلا دیئے (تا کہ طریق مضر سے بچے اور نافع پر چلے) سو (اس کا بھی مقتضا یہ تھا کہ احکام الٰہی کا تابع ہو مگر) وہ شخص (دین کی) گھاٹی میں سے ہو کر نہ نکلا (دین کے کاموں کو اس لئے گھاٹی کہا کہ نفس پر شاق ہے) اور آپ کو معلوم ہے کہ گھاٹی (سے) کیا (مراد) ہے وہ کسی (کی) گردن کا (غلامی سے) چھڑا دینا ہے یا کھانا کھلانا فاقہ کے دن میں کسی رشتہ دار یتیم کو یا کسی خاک نشین محتاج کو (یعنی ان احکام الٰہیہ کو بجالانا چاہیے تھا) پھر (سب سے بڑھ کر یہ کہ) اُن لوگوں میں سے نہ ہوا جو ایمان لائے اور ایک دوسرے کو (ایمان کی) پابندی کی فہمائش کی اور ایک دوسرے کو ترحم (علی الخلق) کی (یعنی ترک ظلم کی) فہمائش کی (ایمان تو سب سے مقدم ہے پھر امر بالثبات علی الایمان اوروں سے افضل ہے پھر ترک اضرار بقیہ سے اہم ہے پھر اُن اعمال کا رُتبہ ہے جو فک رقبہ سے متربہ تک مذکور ہیں پس یہ ثُمَّ تفخیم رُتبہ کے لئے ہے۔ مطلب یہ کہ جمیع اُصول وفروع میں اطاعت کرنا چاہیے تھا۔ آگے: الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ...... کی جزاء کا بیان ہے یعنی) جو لوگ داہنے والے ہیں (جن کی تفصیل جزاء سورۂ واقعہ میں ہے اور یہاں مراد مطلق اہل ایمان ہیں خواص وعوام) اور (آگے اُن کے مقابلین کا بیان ہے کہ) جو لوگ ہماری آیتوں کے منکر ہیں (خود اُصول ہی میں مخالف ہیں تا بہ فروع چہ رسد) وہ لوگ بائیں والے ہیں اُن پر آگ محیط ہوگی جس کو بند کر دیا جاوے گا (یعنی دوزخیوں کو دوزخ میں بھر کر آگے سے دروازہ بند کر دیں گے کیونکہ خلود کی وجہ سے نکلنا تو ملے ہی گا نہیں)۔ 2/2

ف: فَكُّ رَقَبَةٍ ...... میں بعض تخصصات وتقییدات اہتمام کے لئے ہیں نہ کہ حصر کے لئے اور قسم و جواب میں مناسبت یہ ہے کہ اُس بلد میں اُس وقت افضل الخلق مشقت میں تھے جس کے رفع کی بشارت کے لیے جملۂ معترضہ لایا گیا پس غیر افضل کی مشقت بدرجۂ اولیٰ ثابت ہوگئی اور والد وولد خود محل مشقت ہیں اُن کا حال مشاہدہ کرنا خود دلیل جواب ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ عقبہ کہتے ہیں پہاڑ کی گھاٹی کو پس اس میں ترغیب ہے مجاہدہ کی اگر چہ اس میں ایک گونہ مشقت ہو۔

الروایات: اخرج احمد وابن حبان والبیهقی عن البراء رضی الله عنه ان اعرابیا قال یا رسول الله ﷺ علمنی عملاً یدخلنی الجنة قال اعتق النسمة وفك الرقبة قال او لیسا بواحد قال لا ان عتق النسمة ان تنفرد بعتقها وفك الرقبة ان تعین عتقها كذا فی الروح وفیه وعلیه یكون نفی العتق عن المحدث عنه متحققا من باب اولی ومن المفك بهذا المعنی اعطاء المكاتب ما یصرفه فی جهة فكاك نفسه آه ۱۲۔

اللغات: قوله حل حلال یحل لك القتال وهذا هو الوجه الراجح لذهاب السلف الیه كما فی الدر المنثور كبد تعب مشقة لبدًا كثیرا من تلبد الشیٔ اذا اجتمع ۱۲۔ الاقتحام الدخول بسرعة وضغط وشدة العقبة الطریق الوعر فی الجبل قلت لو ارید به الاعمال الشاقة لم یحتج فی قوله ما العقبة الی تقدیر مضاف وهو الاقتحام كما قدره بعضهم لان الفك الخ هی الاعمال و یراد بالاقتحام مباشرة الاعمال مسغبة مصدر میمی بمعنی الجوع مع التعب متربة مصدر میمی من ترب اذا افتقر و التصق بالتراب ۱۲۔

النحو: قوله فلا اقتحم لانافیة وما قیل فی منعه ان تكرارها لازم اذا دخلت علی الماضی فجوابه ان التكرار اكثری لا واجب كما فی قوله وای عبدلك لا الما وقیل فی الجواب ان اللازم تكرارها لفظًا او معنیً وهی هنا مكررة معنیً فمعنی فلا اقتحم العقبة بعد التفسیر فلافك رقبة ولا اطعم الخ فالعموم قام مقام التكرار كما فی قول الشاعر فای امر سیٔ لا فعلة واما التفسیر بمخفف الا للتحضیض ففیه انه لم یعرف تخفیف الا التحضیضیة وما اعترضوا علی كونها نافیة بعدم اتصال الكلام لیس بشیٔء لظهور كان تحت النفی واتصال الكلام علیه وقوله ثم كان معطوف علی المنفی فكانه قیل فلا اقتحم ولا آمن ولا یلزم منه كون الایمان غیر

www.besturdubooks.net

داخل فی مفهوم العقبة لانه یکفی فی صحة العطف وكذا التكرار كونه جزء اشرف خص بالذكر عطفا فجاءت صورة التكرير ايضا من الروح ملخصا مقدما ومؤخرا قلت ويصح ان يكون قوله لم كان معطوفا على فك رقبة لتاويله بالمصدر اى كونه من الذين آمنوا الخ وهذا هو اسهل عندى وفى قراءة فك بصيغة المضى فهو تفسير لا اقتحم وكان معطوف عليه بلا تكلف ۱۲۔

البلاغة: اولٓئك اصحٰب الميمنة وقوله هم اصحٰب المشئمة صرح بو عيد الكافرين ولم يصرح بوعد المؤمنين لانه الانسب بما سبق له الكلام والاوفق بالغرض والمرام (اى الترهيب كما هو معظم ما فى السورة) ولذا جئ بضمير الفصل معهم لافادة الحصر واعتبرو اغيبا كانهم بحيث لا يصلحون بوجه من الوجوه لان يكونوا مشار اليهم ولم يسلك نحو هذا المسلك فى الجملة الاولى التى فى شان المؤمنين كذا فى الروح ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الشَّمْسِ

سُوْرَةُ الشَّمْسِ ۹۱ مَكِّيَّةٌ ۲۶ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۵ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الشمس مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۵ آیات اور ا رکوع ہے

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝۱ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝۲ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ۝۳ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ۝۴ وَالسَّمَآءِ وَمَا
بَنٰهَا ۝۵ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ۝۶ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۝۷ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ۝۸ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ
زَكّٰهَا ۝۹ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۝۱۰ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَآ ۝۱۱ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰهَا ۝۱۲ فَقَالَ لَهُمْ
رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝۱۳ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۝ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝۱۴
وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝۱۵ ع ۱/۱۵ ۱۶

قسم ہے سورج کی اور اس کی روشنی کی اور چاند کی جب سورج (کے غروب) سے پیچھے آئے اور (قسم) ہے دن کی جب وہ اس (سورج) کو خوب روشن کردے اور (قسم) ہے رات کی جب وہ اس (سورج) کو چھپالے اور (قسم) ہے آسمان کی اور اس (ذات) کی جس نے اس کو بنایا اور زمین کی اور (ذات کی) جس نے اس کو بچھایا اور (قسم ہے انسان کی) جان کی اور اس ذات کی جس نے اس کو درست بنایا پھر اس کی بدکرداری اور پرہیزگاری (دونوں باتوں) کا اس کو القا کیا یقیناً وہ مراد کو پہنچا جس نے اس (جان) کو پاک کرلیا اور نامراد ہوا جس نے اس کو (فجور میں) دبادیا۔ قوم ثمود نے اپنی شرارت کے سبب (صالح علیہ السلام کی) تکذیب کی (اور یہ اس زمانہ کا قصہ ہے) جس کہ اس قوم میں جو سب سے زیادہ بدبخت تھا وہ (اونٹنی کو قتل کرنے کے لئے) اٹھ کھڑا ہوا تو ان لوگوں سے اللہ کے پیغمبر (صالح) نے فرمایا کہ اللہ کی (اس) اونٹنی سے اور اس کے پانی پینے سے خبردار رہنا سو انہوں نے پیغمبر کو جھٹلایا پھر اس اونٹنی کو قتل کرڈالا تو ان کے پروردگار نے ان کے گناہ کے سبب ان پر ہلاکت نازل فرمائی پھر اس (ہلاکت) کو (تمام قوم کے لئے) عام فرمایا اور اللہ تعالیٰ کو اس ہلاکت کے اخیر میں کسی خرابی (کے نکلنے) کا اندیشہ نہیں ہوا (کسی سے)۔

سورة الشمس مكية وهي خمس عشرة اية كذا في البيضاوي۔

تفسیر ربط: سورت سابقہ میں اعمال ایمانیہ وکفریہ کی مجازات اُخرویہ کا بیان تھا اس سورت میں گَذَّبَتْ ثَمُوْدُ ..... سے کہ بمنزلہ جواب قسم ہے قصداً اعمال کفریہ پر مجازات دُنیویہ کے احتمال کا بیان ہے اور ضمناً بذیل قسم نفس اعمال کی تقسیم کفر وایمان کی طرف مع دونوں کی مجازات اُخرویہ کے اجمالاً مذکور ہے اور غالباً مضمون اول کا مقصوداً اور مضمون ثانی کا ضمناً وتبعاً آنا اس لئے ہو کہ مقصود اصلی تخویف کفار مکہ کی ہے۔

تخویف کفار بقصۂ ثمود قصداً وبیان مقتضیات سعادت وشقاوت تبعاً: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝ (الى قوله تعالى) وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝ قسم ہے سورج کی اور اُس کی روشنی کی اور چاند کی جب سورج (کے غروب) سے پیچھے آوے (یعنی طلوع ہو مراد اس سے وسط ماہ کی بعض شبوں کا چاند ہے کہ سورج کے چھپنے کے بعد طلوع ہوتا ہے اور یہ قید شاید اس لئے ہو کہ وہ وقت کمال نُور کا ہوتا ہے جیسا ضُحٰهَا ۝ کا اشارہ ہے کمال نورِ آفتاب کی طرف اور یا اُس وقت دو آیت قدرت علی سبیل التعاقب والاتصال ظاہر ہوتی ہیں غروب شمس وطلوع قمر) اور (قسم ہے) دن کی جب وہ اُس (سورج) کو خوب روشن کردے (اسناد مجازی ہے زمان کی طرف) اور (قسم ہے) رات کی جب وہ اُس (سورج) کو (اور اُس کے آثار وانوار کو بالکلیہ) چھپالے (یعنی خوب رات ہوجاوے کہ دن کی روشنی کا کچھ اثر نہ رہے اور یہ بھی اسناد مجازی ہے اور چاروں مقسم بہ کی قیود اُن کے اعتبار کمال کے لئے ہیں یعنی ہر ایک کی قسم اُن

www.besturdubooks.net

کی حالت کمال کے اعتبار سے ہے) اور (قسم ہے) آسمان کی اور اُس (ذات) کی جس نے اُسکو بنایا (مراد اللہ تعالیٰ ہے اس طرح مَا طَحٰهَا اور مَا سَوّٰىهَا میں بھی اور مخلوق کی قسم کو خالق کی قسم پر مقدم فرمانا انتقال ہے دلیل سے مدلول کی طرف کہ مصنوع دلیل ہے صانع پر پس اس میں استدلال علی التوحید کی طرف بھی اشارہ ہوگیا) اور (قسم ہے) زمین کی اور اُس (ذات) کی جس نے اس کو بچھایا اور (قسم ہے انسان کی) جان کی اور اس (ذات) کی جس نے اس کو (ہر طرح صورت وشکل اعضاء سے) دُرست بنایا پھر اُس کی بدکرداری اور پرہیزگاری دونوں باتوں) کا اُس کو القا کیا (یہ اسناد باعتبار تخلیق کے ہے یعنی قلب میں جو نیکی کا رجحان ہوتا ہے یا جو بدی کی طرف میلان ہوتا ہے دونوں کا خالق اللہ تعالیٰ ہے گو القائے اول میں فرشتہ واسطہ ہوتا ہے اور ثانی میں شیطان پھر وہ رجحان ومیلان کبھی مرتبۂ عزم تک پہنچ جاتا ہے جو کہ قصد واختیار سے صادر ہوتا ہے جس کے بعد صدور فعل تخلیق حق ہوتا ہے اور کبھی عزم تک نہیں پہنچتا آگے تتمیم مضمون کیلئے اہل فجور واہل تقویٰ کا مآل بتلاتے ہیں کہ) یقیناً وہ مراد کو پہنچا جس نے اُس (جان) کو پاک کرلیا (یعنی نفس کو فجور سے روک کر اُس پر تقویٰ کو صدور میں ترجیح دی) اور نامُراد ہوا جس نے اُس کو (فجور میں) دبادیا (اور فجور سے مغلوب کردیا اس کے بعد جواب قسم مقدر ہے یعنی اے کفار مکہ کہ اہل فجور ہو تم ضرور مبتلائے غضب وہلاک ہوگے آخرت میں یقیناً اور دُنیا میں احتمالاً جیسا قوم ثمود اس فجور کی وجہ سے مبتلائے غضب وہلاک ہوئے جن کا قصہ یہ ہے کہ) قوم ثمود نے اپنی شرارت کے سبب (صالحؑ کی) تکذیب کی (اور یہ اس زمانہ کا قصہ ہے) جب کہ اُس قوم میں جو سب سے زیادہ بدبخت تھا وہ (اونٹنی کے قتل کرنے کیلئے) اُٹھ کھڑا ہوا (یعنی آمادہ ہوگیا اور اُسکے ساتھ اور لوگ بھی شریک تھے) تو ان لوگوں سے اللہ کے پیغمبر (صالحؑ) نے (جب اُن کو اس عزم کی اطلاع ہوئی كذا فی الخازن) فرمایا کہ اللہ کی (اس) اونٹنی سے اور اُس کے پانی پینے سے خبردار رہنا (یعنی اُس کو قتل مت کرنا اور نہ اُس کا پانی بند کرنا چونکہ ارادۂ قتل کا اصل سبب یہی پانی کی باری تھی اس لئے اُس کی تصریح فرمائی اور اللہ کی اونٹنی اسلئے کہا کہ خدا تعالیٰ نے اُسکو دلیل نبوت بنادیا اور اُس کے احترام کو واجب فرمایا) سو انہوں نے پیغمبر کو (اس مضمون میں جو ناقۃ اللہ سے مفہوم ہوتا ہے کہ یہ دلیل نبوت ہے اور واجب الاحترام ہے) جھٹلایا (کیونکہ وہ اُن کو نبی نہ سمجھتے تھے) پھر اُس اونٹنی کو مارڈالا تو اُنکے پروردگار نے اُنکے گناہ کے سبب اُن پر ہلاکت نازل فرمائی پھر اُس (ہلاکت) کو (تمام قوم کیلئے) عام فرمایا اور اللہ تعالیٰ کو اس ہلاکت کے اخیر میں کسی (خرابی نکلنے) کا (کسی سے) اندیشہ نہیں ہوا (جیسے ملوک دُنیا کو بعض اوقات کسی قوم کو سزا دینے کے بعد احتمال ہوتا ہے کہ اس پر کوئی شورش وخلل ملکی مرتب نہ ہو)۔

ف: مفصل قصہ ثمود کا اور اونٹنی کا سورۂ اعراف میں گزر چکا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا اضافت نفس کی طرف بقول بعض اشارہ ہے اس طرف کہ نفس کو جس فجور وتقویٰ کا الہام ہوتا ہے وہ وہ ہے جس کی اُس میں پہلے سے استعداد تھی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في التمهيد بمنزلہ وقوله ضمنا ماخوذ مما في الروح عن الزمخشري انه جعل قد افلح الخ تابعًا لقوله تعالٰى فالهمها الخ على سبيل الاستطراد وابى ان يكون جوب القسم وجعل الجواب محذوفًا مدلولا عليه بهذا كانهٗ قيل ليدمد من الله تعالٰى على كفار مكة لتكذيبهم رسول الله ﷺ كما دمدم على ثمود لتكذيبهم صالحًا عليه السلام ۱۲۔ ۲ قوله في فسوٰى ہلاکت کو عام في الخازن اى فسوّى الدمدمة عليهم جميعا وعممهم بها ۱۲۔

الروایات: اخرج البخاری ومسلم وابو داؤد وعن عمران بن حصين قال عليه السلام مجيبا عن سوال من سال عن القضاء والقدر لا بل شئ قضى عليهم ومعنى فيهم وتصديق ذلك في كتاب الله تعالٰى ونفس وما سواها فالهمها فجورها وتقوٰها الحديث وهذا الفقير راعى في التفسير ما ورد في هذا الحديث ولم آخذ بالتفاسير التي لا تنطبق على هذا الحديث فافهم ۱۲۔

اللغات: ضحها ضونها تلها تبعها طحها وهاها دسّٰها اصله دسسها وهو كما في القاموس الاخفاء والدفن طغوى مصدر بمعنى الطغيان ۱۲۔ دمدم في القاموس دم القوم طحنهم فاهلكم كدمدمهم وعليهم والدمدمة الغضب آه قوله عقبٰها اى عاقبة وتبعةً۔

النحو: قوله اذا تلٰها واخواتها في الكشاف (فان قلت) الامر في نصب اذا معضل لانك لا تخلو اما ان تجعل الواوات عاطفة فتنصب بها وتجرد تقع في العطف على عاملين في نحو قولك مررت امس بزيد واليوم عمرو واما ان تجعلهن للقسم فتقع فيما اتفق الخليل وسيبويه على استكراهه (قلت) الجواب فيه وان واو القسم مطرح معها ابراز الفعل اطراحا كليا فكان لها شان خلاف شان الباء حيث ابرز معها الفعل واضمر فكانت الواو قائمة مقام الفعل والباء سادة مسدهما معا والواوات العواطف نوائب عن هذه الواو فحققن ان يكن عوامل على الفعل والجار جميعا كما تقول ضرب زيد عمروا و بكر خالدا فترفع بالواو وتنصب لقيامها مقام ضرب الذى هو عاملها ۱۲۔ ناقة الله منصوب على التحذير اى احذروا وفي الروح ان شرط ليس تكرير المحذر منه او كونه محذرا بما بعده فقط يقال هو منصوب بتقدير ذروا بل شرط ذاك او العطف عليه كما ههنا على ما نص عليه مكى آه ۱۲۔

البلاغۃ: قوله يغشها في الروح جئ بالمضارع هنا دون الماضي كما في السابق بان يقال اذا غشيها برعاية للفاصلة ولم يقل غشاها لانه يحتاج الى حذف احد المفعولين لتعدية اليهما فانه يقال غشية كذا قوله وما بنٰها في الروح ايثار ما على من لارادة الوصفية تفخيما۔ قوله فجورها في الروح قدم على التقوى مراعاة للفواصل واضيفا الى ضمير النفس اشارة الى ان الملهم للنفس فجور وتقوى قد استعدت لهما ورعاية للفواصل ايضا قوله قد خاب تكرير قد فيه لابراز الاعتناء لتحقيق مضمونه ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الَّيْلِ

سُوْرَةُ الَّيْلِ ۹۲ مَكِّيَّةٌ ۹ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۲۱ | رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ اللیل مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۲۱ آیات اور ا رکوع ہے

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝۱ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝۲ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰٓى ۝۳ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝۴ فَاَمَّا مَنْ
اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝۵ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝۶ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝۷ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝۸ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝۹
فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝۱۰ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ۝۱۱ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۝۱۲ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۝۱۳ فَاَنْذَرْتُكُمْ
نَارًا تَلَظّٰى ۝۱۴ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ۝۱۵ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝۱۶ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۝۱۷ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ۝۱۸
ع ۱ ۲۱ ۱۷ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ۝۱۹ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۝۲۰ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝۲۱

قسم ہے رات کی جب کہ وہ (آفتاب کو اور دن کو) چھپالے اور (قسم ہے) دن کی جب کہ وہ روشن ہو جائے اور (قسم ہے) اس (ذات) کی جس نے نر اور مادہ کو پیدا کیا کہ بے شک تمہاری کوششیں (یعنی اعمال) مختلف ہیں سو جس نے (اللہ کی راہ میں مال) دیا اور اللہ سے ڈرا اور اچھی بات (یعنی ملت اسلام کو سچا سمجھا تو ہم اس کو راحت کی چیز کے لئے سامان دے دیں گے اور جس نے (حقوق واجبہ سے) بخل کیا اور (بجائے خدا سے ڈرنے کے خدا سے) بے پروائی اختیار کی اور اچھی بات (یعنی اسلام کو جھٹلایا تو ہم اس کو تکلیف کی چیز کے لئے سامان دے دیں گے اور اس کا مال اس کے کچھ کام نہ آئے گا جب وہ برباد ہونے لگے گا (بربادی سے مراد جہنم میں جانا ہے)۔ واقعی ہمارے ذمہ راہ کا بتلا دینا ہے اور (جیسا راہ کوئی اختیار کرے گا ویسا ہی ثمرہ اس کو دیں گے کیونکہ) ہمارے ہی قبضہ قدرت میں ہے آخرت اور دنیا (آگے بطور توضیح کے ارشاد ہے کہ) تو میں تم کو ایک بھڑکتی ہوئی آگ سے ڈرا چکا ہوں اس میں (ہمیشہ کے لئے) وہی بدبخت داخل ہوگا جس نے (دین حق کو) جھٹلایا اور (اس سے) روگردانی کی اور اس سے ایسا شخص دور رکھا جائے گا جو بڑا پرہیزگار ہے جو اپنا مال (محض) اس غرض سے دیتا ہے کہ گناہوں سے پاک ہو جائے اور بجز اپنے عالی شان پروردگار کی رضا جوئی کے (یہی اس کا مقصود ہے) اس کے ذمہ کسی کا احسان نہ تھا کہ (اس دینے سے) اس کا بدلہ اتارنا (مقصود) ہو اور یہ شخص عنقریب خوش ہو جائے گا (یعنی آخرت میں ایسی ایسی نعمتیں ملیں گی)۔

سورة اليل مكية وهى احدٰى وعشرون اٰية كذا فى البيضاوى۔

تفسیر ربط: سورت سابقہ میں اعمال اور اجزیہ کا اختلاف مذکور تھا اس سورت میں بھی یہی مضمون ہے۔

اختلاف اعمال واجزیہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى (الى قوله تعالى) وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝۲۱ قسم ہے رات کی جب کہ وہ (آفتاب کو اور دن کو) چھپالے (کقولہ تعالیٰ: وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى قولہ تعالیٰ: يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ) [الأعراف: ٥٤] اور (قسم ہے) دن کی جب کہ وہ روشن ہو جاوے اور (قسم ہے) اس (ذات) کی جس نے نر اور مادہ کو پیدا کیا (مراد اللہ تعالیٰ ہے آگے جواب قسم ہے) کہ بے شک تمہاری کوششیں (یعنی اعمال) مختلف ہیں (اور اسی طرح ان کے ثمرات بھی مختلف ہیں) سو جس نے (اللہ کی راہ میں مال) دیا اور اللہ سے ڈرا اور اچھی بات (یعنی ملت اسلام) کو سچا سمجھا (یعنی اسلام کو اختیار کیا) تو ہم اس کو راحت کی چیز کے لئے سامان دے دیں گے (راحت کی چیز سے نیک عمل اور بواسطہ نیک عمل کے جنت مراد ہے کہ یسر کا سبب و محل ہے اسی لئے

www.besturdubooks.net

یسریٰ کہہ دیا گیا ورنہ یسریٰ کے معنی ہیں آسان چیز) اور جس نے (حقوق واجبہ سے) بخل کیا (اور بجائے خدا سے ڈرنے کے خدا سے) بے پروائی اختیار کی اور اچھی بات (یعنی ملت اسلام) کو جھٹلایا (یعنی اسلام قبول نہ کیا) تو ہم اس کو تکلیف کی چیز کے لئے سامان دے دیں گے ("تکلیف کی چیز سے بد عمل اور بواسطہ بد عمل کے دوزخ مراد ہے کہ عسر کا سبب اور محل ہے اس لئے اس عسر کو عسریٰ کہہ دیا گیا اور سامان دینے سے مراد دونوں جگہ یہ ہے کہ اچھے یا برے کام اس سے بے تکلف سرزد ہوں گے اور ویسے ہی اسباب جمع ہو جاویں گے اور پھر نیک اعمال کا سامان جنت ہونا اور اعمال بد کا سامان دوزخ ہونا ظاہر ہی ہے حدیث میں ہے **فاما من کان من اهل السعادة فسییسره لعمل اهل السعادة و کذا فی الشقاوة**) اور (آگے اس صاحب عسریٰ کا حال مذکور ہے کہ) اس کا مال اس کے کچھ کام نہ آوے گا جب وہ برباد ہونے لگے گا (بربادی سے مراد جہنم میں جانا ہے) واقعی ہمارے ذمہ (حسب التزام تفضل واحسان) راہ کا بتلا دینا ہے (سو وہ ہم نے پوری طور سے بتلا دیا ہے پھر کسی نے ایمان وطاعت کا راہ اختیار کر لیا جس کا ذکر مَنْ اَعْطٰی...... میں ہوا ہے اور کسی نے کفر معصیت کا راہ اختیار کر لیا جس کا ذکر: مَنْۢ بَخِلَ میں ہوا ہے) اور (جیسا راہ کوئی شخص اختیار کرے گا ویسا ہی ثمرہ اس کو دیں گے کیونکہ) ہمارے ہی قبضہ میں ہے آخرت اور دنیا (یعنی دونوں میں ہماری ہی حکومت ہے اس لئے دنیا میں ہم نے احکام مقرر کئے اور آخرت میں ان کی مخالفت وموافقت پر سزا وجزا دیں گے جس کا بیان دو جگہ فَسَنُیَسِّرُهٗ میں ہوا ہے اور ایجاب احکام وایقاع جزا دونوں فرع صاحب حکم ہونے کے ہیں پس اِنَّ عَلَیْنَا اور اِنَّ لَنَا دونوں آیتیں بطور تعلیل ماسبق کے ہیں آگے بطور تفریع اور توضیح کے ارشاد ہے کہ میں نے جو تم کو اعمال مختلفہ کے اجزیہ مختلفہ بتلائے ہیں) تو میں تم کو بھڑکتی ہوئی آگ سے ڈرا چکا ہوں (جس پر فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰی دال ہے تاکہ ایمان وطاعت جن کا ذکر اَعْطٰی ...... میں ہے اختیار کر کے اس سے بچو اور کفر ومعصیت جن کا ذکر بَخِلَ ...... میں ہے اختیار کر کے اس میں نہ جاؤ کیونکہ اس میں جانے اور نہ جانے کے یہی اسباب ہیں چنانچہ آگے اس کی تصریح ہے کہ) اس میں (ہمیشہ کے لئے) وہی بدبخت داخل ہو گا جس نے (دین حق کو) جھٹلایا اور (اس سے) روگردانی کی اور اس سے ایسا شخص دور رکھا جاوے گا جو بڑا پرہیزگار ہے جو اپنا مال (محض) اس غرض سے دیتا ہے کہ (گناہوں سے) پاک ہو جاوے (یعنی محض رضائے حق اس کا مطلوب ہے) اور بجز اپنے عالی شان پروردگار کی رضا جوئی کے (کہ یہی اس کا مقصود ہے) اس کے ذمہ کسی کا احسان نہ تھا کہ (اس دینے) سے اس کا بدلہ اتارنا (مقصود) ہو (اس میں نہایت ہی مبالغہ ہے اخلاص میں کیونکہ کسی کے احسان کا بدلہ اُتارنا بھی فی نفسہ انفاق مندوب ومطلوب ہے مگر فضیلت میں احسان ابتدائی کی برابر نہیں پس جب اس شخص کا انفاق اس سے بھی مبراء ہے تو ریا وغیرہ معاصی کی آمیزش سے تو بدرجۂ اولیٰ بری ہوگا اور یہ کمال اخلاص ہے) اور (ایسے شخص کے لئے اوپر صرف جہنم سے بچنا مذکور تھا آگے حصول نعمائے آخرت کو فرماتے ہیں کہ) یہ شخص عنقریب خوش ہو جاوے گا (یعنی آخرت میں ایسی ایسی نعمتیں ملیں گی)۔

ف: ہرچند کہ الفاظ آیت کے عام ہیں مگر سبب اس کا قصہ ہے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا کہ انہوں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ وغیرہ کو کافروں سے خرید کر اللہ آزاد کر دیا تھا اور وہ **فی الدر المنثور** باسانید متعددہ اور مناسبت قسم وجواب قسم میں ظاہر ہے کہ لیل ونہار بھی مثل مساعی شتی کے مختلف ہیں اور اسی سے خالق کی صفت بھی ایسی لائی گئی جس میں دو مختلف چیزیں مذکور ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰی اس میں دلالت ہے کہ اصل مدار عمل کا توفیق وخذلان پر ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی لا یصلها ہمیشہ دلیله نصوص مغفرة العصاة واللغة فقد نقل ابن المنیر كذا فی الروح عن ائمة اللغة ان الصل ان یحفروا حفیرة فیجمعوا فیها جمرا كثیرا ثم یعمدوا الی شاة فیدسوها وسطه بین اطباقه آه وظاهر ان الدخول بهذه المثابة وبهذه الاشدیة لا یكون الا لمن حبسه القرآن ۱۲۔**

النحو: **قوله ان سعیكم جواب القسم ومعنی سعیكم مساعیكم یصح الاخبار عنه بشتی قوله الا ابتغآء استثناء منقطع ای لكن فعل ذلك ابتغاء الخ ۱۲۔**

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الضُّحٰى

سُوْرَةُ الضُّحٰى ۹۳ مَكِّيَّة ۱۱ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱ | رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الضحیٰ مکہ میں نازل ہوئی　　شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں　　اس میں ۱۱ آیات اور ۱ رکوع ہے

وَالضُّحٰى ۝۱ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝۲ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۝۳ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۝۴ وَلَسَوْفَ
يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝۵ اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝۶ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۝۷ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا
فَاَغْنٰى ۝۸ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝۹ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝۱۰ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝۱۱ ع ۱ ۱۱ ۱۸

قسم ہے دن کی روشنی کی اور رات کی جب کہ وہ قرار پکڑے (آگے جواب قسم ہے) کہ آپ کے پروردگار نے نہ آپ کو چھوڑا اور نہ آپ سے دشمنی کی اور آخرت آپ کے لئے دنیا سے بدرجہا بہتر ہے (پس وہاں آپ کو اس سے زیادہ نعمتیں ملیں گی) اور عنقریب اللہ تعالیٰ آپ کو (آخرت میں بکثرت نعمتیں) دے گا سو آپ خوش ہو جائیں گے کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو یتیم نہیں پایا پھر آپ کو ٹھکانا دیا اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو (شریعت سے) بے خبر پایا سو (آپ کو شریعت کا) رستہ بتلا دیا اور (اللہ تعالیٰ نے آپ کو نادار پایا سو مالدار بنا دیا تو آپ (اس کے شکریہ میں) یتیم پر سختی نہ کیجئے اور سائل کو مت جھڑکئے (یہ تو شکر فعلی ہے) اور اپنے رب کے انعامات (مذکورہ) کا تذکرہ کرتے رہا کیجئے (یعنی زبان سے قول شکر بھی کیجئے)۔

سورۃ الضحی مکیۃ وھی احدیٰ عشرۃ اٰیۃ کذا فی البیضاوی۔

تفسیر ربط: اوپر سورۂ واللیل کی آیت فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى سے لِلْعُسْرٰى تک میں مہمات اُصول وفروع کا عنوان کلی سے بیان اور اُن کی تصدیق وامتثال یا تکذیب واخلال پر وعدہ ووعید مذکور ہے جو کہ ماقبل کی سورتوں کی بلکہ تمام قرآن مجید کیلئے بمنزلہ تلخیص جامع کی بھی ہے اور اس سورۂ والضحیٰ سے سورۂ ناس تک کیلئے بمنزلہ تفصیل مختصر کے بھی ہے چنانچہ مہمات مذکورہ میں سے ایک مسئلہ رسالت کا بھی ہے جس کا بیان مع دوسرے بعض مضامین مناسبہ کے جیسے حضور ﷺ پر بعض انعامات کا فائض فرمانا اور جیسے اُن کے مناسب مضامین مذکور ہیں جیسا کہ ہر سورت کے شروع سے اُن جزئیات ومناسبات کی تعیین بھی معلوم ہو جاوے گی اور اس تقریر سے آئندہ تمام سورتوں کا ارتباط باہمی اور ماقبل کے ساتھ واضح ہو گیا اب جدا جدا ہر سورت کے لئے مستقل تقریر ربط کی ضرورت نہ ہوگی صرف اسی تقریر کی طرف اشارہ کر دینا کافی ہوگا گو باہم سب سورتوں میں مستقل ربط بھی ادنیٰ تامل سے معلوم ہو سکتا ہے چونکہ آگے چھوٹی چھوٹی پاس پاس سورتیں رہ گئی ہیں اسلئے سب کا تقریر واحد میں منسلک کر دینا زیادہ مناسب معلوم ہوا جیسا امام رازی نے بھی تفسیر سورۂ کوثر میں والضحیٰ سے آخر تک کا ربط ایک ہی تقریر میں لکھا ہے لیکن وہ تقریر عالی اور غامض اور اطول ہے اور یہ تقریر اقرب واخصر واسہل وللناس فیما یعشقون مذاھب وقالوا وقلت الفضل للمتقدم۔

بیان بعض نعم فائضہ علی النبی ﷺ برائے تقویت مسئلۂ نبوت وامر باداء الشکر علیہا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَالضُّحٰى ۝۱۔ (الی قولہ تعالیٰ) وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝۱۱ (سبب نزول اس کا یہ ہے کہ آپ ایک بار کسی بیماری کی وجہ سے دو تین شب نہیں اُٹھے ایک کافرہ نے کہا کہ معلوم ہوتا ہے کہ تمہارے شیطان نے تم کو چھوڑ دیا اور اتفاق سے وحی آنے میں بھی دیر ہو گئی تھی جس پر دوسرے مشرکین نے بھی کہا کہ ان کے رب نے ان کو چھوڑ دیا اس پر وَالضُّحٰى ۝۱ ... کا نزول ہوا۔ الروایتان فی الدر المنثور عن الکتب المختلفۃ غرض ارشاد ہے کہ) قسم ہے دن کی روشنی کی اور رات کی جب کہ وہ قرار پکڑے (قرار پکڑنے کے دو معنی ہو سکتے ہیں ایک حقیقی یعنی اُس کی ظلمت کا

www.besturdubooks.net

کامل ہو جانا کہ اس کے قبل اس کا تزائد مثل حرکت کے تھا دوسرے مجازی یعنی جانداروں کا اس میں سو جانا اور چلنے پھرنے اور بولنے چالنے کی آوازوں کا ساکن ہو جانا۔ آگے جواب قسم ہے) کہ آپ کے پروردگار نے نہ آپ کو چھوڑا اور نہ (آپ سے) دشمنی کی (کیونکہ اول تو آپ ﷺ سے کوئی بات ایسی نہیں ہوئی ثانیاً حضرات انبیاء علیہم السلام کے واسطے یہ امر عادۃ اللہ میں محال ہے پس آپ ﷺ کفار کے خرافات ولغویات سے مخزون نہ ہوجئے آپ ﷺ برابر نعمت وحی سے مشرف رہیں گے اور یہ شرف وکرامت تو آپ کے لئے دنیا میں ہے) اور آخرت آپ کے لئے دنیا سے بدرجہا بہتر ہے (پس وہاں آپ کو اس سے زیادہ نعمتیں ملیں گی) اور عنقریب اللہ تعالیٰ آپ کو (آخرت میں بکثرت نعمتیں) دے گا سو آپ (ان کے عطا ہونے سے) خوش ہو جاویں گے (اور مقسم بہ کو بشارت سے مناسبت یہ ہے کہ وحی کا تتابع وابطاء مشابہ لیل ونہار کے تبدل کے ہے اور دونوں متضمن حکمت کو ہیں پس جیسا ایک تبدل دلیل تودیع وعداوت کی نہیں اسی طرح دوسرا تبدل بھی اور دوسری بشارات مکمل ہیں اسی عدم تودیع کی پس مقسم بہ کو بواسطہ اس کے سب سے مناسبت ہوئی آگے بعض نعمتوں سے مضمون مذکور پر استشہاد ہے یعنی) کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو یتیم نہیں پایا پھر (آپ کو) ٹھکانا دیا (چنانچہ سیر میں ہے کہ آپ شکم مادر میں تھے کہ آپ کے والد کی وفات ہوگئی اللہ تعالیٰ نے آپ کے دادا سے پرورش کرایا پھر جب آپ آٹھ برس کے ہوئے ان کی بھی وفات ہوگئی تو آپ کے چچا سے پرورش کرایا ٹھکانا دینے کا مطلب یہی ہے) اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو (شریعت سے) بے خبر پایا سو (آپ کو شریعت کا) راستہ بتلایا (کقولہ تعالیٰ : مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ ...... [الشوری : ۵۲] اور وحی سے پہلے شریعت کی تفصیل معلوم نہ ہونا کوئی منقصت نہیں) اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو نادار پایا سو مالدار بنا دیا (اس طرح کہ حضرت خدیجہؓ کے مال میں آپ مضارب ہوئے اور اس میں نفع ملا پھر حضرت خدیجہؓ نے آپ سے نکاح کرلیا اور اپنا تمام مال حاضر کر دیا مطلب یہ کہ آپ ابتداء سے مورد انعامات رہے ہیں آئندہ بھی رہیں گے ان انعامات پر ادائے شکر کا حکم ہے کہ جب ہم نے آپ کو یہ نعمتیں دی ہیں) تو آپ (اس کے شکر یہ میں) یتیم پر سختی نہ کیجئے اور سائل کو مت جھڑکئے (یہ تو شکر فعلی ہے) اور اپنے رب کے انعامات (مذکورہ) کا تذکرہ کرتے رہا کیجئے (یعنی زبان سے بھی قولی شکر کیا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر یہ احسان کیا ہے یا تو مجموعہ لا تقھر لا تنھر حدث کو مجموعہ نعم پر مرتب کیا جاوے جس کا حاصل یہ ہوگا کہ خالق تعالیٰ نے آپ کے ساتھ احسان جسمانی وروحانی کیا ہے آپ اسکی مخلوق پر احسان بالخلوق کے اقسام میں احسان روحانی تو آپ کا فرض منصبی تھا اسکے بیان کی حاجت نہ تھی اس لئے صرف احسان جسمانی کو بیان میں خاص اور یا یہ مجموعہ اس مجموعہ پر تقسیم کیا جاوے یعنی الم یجدك یتیما پر اما الیتیم فلا تقھر کا اور ووجدك عائلا پر اما السائل فلا تنھر کو مرتب کہا جاوے اور وجہ ترتب ظاہر ہے اور وَوَجَدَكَ ضَآلًّا پر جو ہدایت خلق مرتب ہے اس کو بنا بر فرض منصبی کے جیسا کہ اوپر گزر ذکر نہیں فرمایا)۔

ف: سائل کے زجر کی ممانعت اس صورت میں ہے جب وہ نرمی سے مان جاوے ورنہ اگر اڑ کر کھڑا ہو جاوے اور کسی طرح نہ مانے تو زجر جائز ہے کذا فی روح المعانی واللہ اعلم اور درمنثور میں بروایت حاکم وبیہقی حدیث مرفوع ہے کہ وَالضُّحٰى سے آخر تک ہر سورت کے ختم پر اللہ اکبر کہو اور حکمت اس میں بعض نے یہ ذکر کی ہے کہ ابطائے وحی کے بعد جو یہ سورت نازل ہوئی تو آپ نے خوش ہو کر اللہ اکبر فرمایا تھا اور پھر شاید تناسب مضمون کی وجہ سے بقیہ سورتوں میں بھی تکبیر فرمائی ہو واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ دونوں الف لام میں یہ بھی احتمال ہے کہ استغراق کے لئے ہوں یعنی آپ کی ہر حالت لاحقہ ہر حالت سابقہ سے افضل واکمل ہے پس وحی جو بند ہوگئی تھی جس کو اصطلاح میں قبض کہتے ہیں پہلے بسط سے اکمل تھی اور پھر جب وحی جاری ہوگئی تھی یہ اس قبض سے افضل تھا عارف کو بھی اسی کا معتقد رہنا چاہیے تو قبض سے مغموم نہ ہوگا قولہ تعالیٰ : وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ اولیاء اللہ سے جو اپنے کمالات کا اظہار منقول ہے وہ شکراً ہوتا ہے نہ ریاءً وافتخاراً آیت اس میں صریح ہے۔

اللغات: سجی سکن كذا في القاموس ما قلى ما ابغض ۱۲۔

النحو: قوله ولسوف يعطيك في الروح اللام المؤكدة لمطلق التاكيد فقط وعلى تسليم انها لتخليصه (اى المضارع) للحال ايضا يجوز ان يقال انها تجردت للتاكيد هنا بقرينة ذكر سوف بعدها والمراد تاكيد المؤخر لا تاكيد التاخير وعلى تسليم انها للامرين ولا تجر ديجوز ان ان يقال نزل المستقبل لتحقق وقوعه منزلة الواقع الحالى نظير ما قيل في قوله تعالى ان ربك ليحكم بينهم يوم القيمة آه مختصر ۱۲۔

البلاغة: قوله ما قلى وحذف المفعول للاستغناء عنه بذكره من قبل مع ان فيه مراعاة للفواصل قوله خير لك الاختصاص الذى تقتضيه اللام ليس قصر يابل لاهتمام قوله يعطيك حذف احد المفعولين دلالة على العموم قوله فاوٰى وفهدٰى وفاغنى حذف فيها المفعول رعاية للاستغناء ولرعاية الفاصلة قوله الم يجدك ايراده بصورة الاستفهام الذى يدل على زيادة تقرير لعل النكتة فيه ان اليتيم اكثر ما يكون في سن يغلب فيه الذهول فاحتاج الى زيادة التنبيه وهذا من المواهب ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْمْ نَشْرَحْ

سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ ۹۴ مَكِّيَّةٌ ۱۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۸ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الم نشرح مکہ میں نازل ہوئی | شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں | اس میں ۸ آیات اور ا رکوع ہے

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝۱ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝۲ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝۳ وَرَفَعْنَا لَكَ
ذِكْرَكَ ۝۴ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝۵ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝۶ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝۷
وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝۸ ع ۱ ۸ ۱۹

کیا ہم نے آپ کی خاطر آپ کا سینہ (علم وحلم سے) کشادہ نہیں کر دیا اور ہم نے آپ پر سے آپ کا وہ بوجھ اتار دیا جس نے آپ کی کمر توڑ رکھی تھی اور ہم نے آپ کی خاطر آپ کا آوازہ بلند کر دیا سو بے شک موجودہ مشکلات کے ساتھ آسانی (ہونے والی) ہے بے شک موجودہ مشکلات کے ساتھ آسانی ہونے والی ہے تو آپ جب (تبلیغ احکام سے) فارغ ہو جایا کریں تو دوسری عبادات متعلقہ بذات خاص میں محنت کیا کیجئے اور جو کچھ مانگنا ہو اس میں اپنے رب کی طرف توجہ رکھئے۔

سورة الانشراح مكية وهي ثماني ايات كذا في البيضاوى۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰی میں جو مضمون تھا یہ سورت بالکل اس کا تتمہ ہے۔

تتمہ نعم وامر بالشکر مذکورہ سورت بالا: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝۱ (الى قوله تعالى) وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝۸ کیا ہم نے آپ کی خاطر آپ کا سینہ (علم وحلم سے) کشادہ نہیں کر دیا (یعنی علم بھی وسیع عطا فرمایا اور تبلیغ میں جو مخالفین کی مزاحمت سے ایذاء پیش آتی ہے اس میں تحمل اور حلم بھی دیا كذا قال الحسن كما في الدر المنثور) اور ہم نے آپ پر سے آپ کا وہ بوجھ اتار دیا جس نے آپ کی کمر توڑ رکھی تھی (وزر سے مراد وہ امور مباحہ جو احیاناً آپ سے بنا بر تصور کسی حکمت کے صادر ہو جاتے تھے اور بعد میں ان کا خلاف حکمت وخلاف اولیٰ ہونا ثابت ہوتا تھا اور آپ بوجہ علو شان وغایت قرب کے اس سے ایسے ہی مغموم ہوتے تھے جس طرح گناہ سے کوئی مغموم ہوتا ہے اس میں بشارت ہے ان امور پر مواخذہ نہ ہونے کی كذا في الدر المنثور عن مجاہد وشریح بن عبید الحضرمی۔ پس اس بنا پر یہ بشارت آپ کو دو بار ہوئی اول مکہ میں اس سورت میں دوسرے مدینہ میں سورۂ فتح میں اس کی تاکید وتکمیل وتجدید وتفصیل کے لئے) اور ہم نے آپ کی خاطر آپ کا آواز بلند کیا (یعنی اکثر جگہ شریعت میں اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ آپ کا نام مبارک مقرون کیا گیا ہے كذا في الدر المنثور مرفوعاً قال الله تعالىٰ: اذا ذكرت ذكرت معي جیسے خطبہ میں تشہد میں نماز میں آذان میں اقامت میں اور اللہ کے نام کی رفعت اور شہرت ظاہر ہے پس جو اس کے قرین ہوگا رفعت وشہرت میں وہ بھی تابع رہے گا اور چونکہ مکہ میں آپ اور مؤمنین طرح طرح کی تکالیف وشدائد میں گرفتار تھے اس لئے آگے ان کے ازالہ کا بطریق تفریع علی السابق کے وعدہ فرماتے ہیں کہ جب ہم نے آپ کو روحانی راحت دی اور روحانی کلفت رفع کر دی جیسا اَلَمْ نَشْرَحْ ..... سے معلوم ہوا) سو (اس سے دنیوی راحت ومحنت میں بھی ہمارے فضل وکرم کا امیدوار رہنا چاہیے چنانچہ ہم وعدہ کرتے ہیں کہ) بے شک موجودہ مشکلات کے ساتھ (یعنی بعد قریب کہ حکم میں مع کے ہے) آسانی (ہونے والی) ہے (اور چونکہ ان مشکلات کے انواع واعداد کثیر تھے اس لئے اس وعدہ میں تکریر اور تاکید فرماتے ہیں کہ) بے شک موجودہ مشکلات کے ساتھ آسانی (ہونے والی) ہے (چنانچہ وہ مشکلات ایک ایک

www.besturdubooks.net

کر کے سب رفع ہوگئی جیسا روایات احادیث وسیر وتواریخ متواترہ اس پر متفق ہیں آگے ان نعمتوں پر امر بالشکر کو متفرع فرماتے ہیں یعنی جب ہم نے آپ کو ایسی ایسی نعمتیں دی ہیں) تو آپ جب (تبلیغ احکام سے کہ عبادت متعدیہ النفع ہے) فارغ ہو جایا کریں تو (دوسری عبادات متعلقہ بذات خاص میں) محنت کیا کیجئے (مراد کثرت عبادت وریاضت ہے کہ آپ کی شان کے بھی مناسب ہے) اور (جو کچھ مانگنا ہو اس میں) اپنے رب ہی کی طرف توجہ رکھیے (یعنی اسی سے مانگئے اور اس میں بھی من وجہ بشارت ہے زوال عسر کی کہ امر بالسوال وعدۂ اجابت ہے پس شکر کے لئے امر اول ہوگا اور دوسرا امر اس کا تتمہ اور دونوں کو بھی اسی طرح شکر کہا جا سکتا ہے کہ دونوں میں امر مشترک توجہ الی اللہ ہے اور اصل شکر یہی ہے)۔ **ف**: إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ؁ کی تفسیر مذکور پر یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ بعض عسر کے بعد یسر نہیں ہوتا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ؁ قبل وصول جو سالک کو ضیق اور ثقل اور حیرت ہوتی ہے جو اس کی کمر توڑ ڈالتی ہے وہ وزر میں داخل ہے پھر بعد وصول وسعت اور نشاط اور اطمینان نصیب ہوتا ہے جس میں توجہ الی الخلق توجہ الی الحق سے بھی مانع نہیں ہوتی وہ شرح صدر میں داخل ہے اور عادۃً مجاہدہ کرنے والا ان دو حالتوں سے مشرف ہوتا ہے إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ؁ میں اس طرف اشارہ ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَإِذَا فَرَغْتَ اس میں اشارہ ہے کہ جب شیخ افادہ وارشاد سے فارغ ہو جاوے تو خلوت میں اس کو فکر ومناجات میں مشغول رہنا چاہیے اپنے کو مجاہدہ سے مستغنی نہ سمجھے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ل قوله في الْعُسْرِ موجودہ مشکلات اشارة الى ان اللام للعهد لكن لا للفرد بل للمجموع الحاضر ۱۲۔

اللغات: قوله انقض ظهرك في القاموس اى اثقله حتى جعله نقضا اى مهزولا او اثقله حتى سمع نقيضه وفيه ايضا نقيض الاصابع والاضلاع والمفاصل اصواتها ۱۲۔

البلاغۃ: قوله الم نشرح ايراده بصورة الاستفهام لعل النكتة فيه زيادة الاهتمام لانه اصل النعم التى ذكرت بعده قوله لك زيادة الجار والمجرور ورمع توسيطه بين الفعل ومفعوله للايذان من اول الامر بان الشرح من منافعه عليه الصلوة والسلام ومصالحه مسارعة الى ادخال المسرة فى قلبه الشريف صلى الله عليه وسلم وتشويقاله عليه الصلوة والسلام الى ما يعقبه ليتمكن عنده وقت وروده فضل تمكن قوله عنك تقديمه على المفعول الصريح لتعجيل المسرة والتشويق الى المؤخر وكذلك فى رفعنا لك ولا يخفى لطف ذكر الرفع بعد الوضع ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ التِّيْنِ

سُوْرَةُ التِّيْنِ ۹۵ مَكِّيَّةٌ ۲۸ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۸ | رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ التین مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۸ آیات اور ا رکوع ہے

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝۱ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝۲ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝۳ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝۴ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝۵ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝۶ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝۷ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝۸ ع ۱/۸/۲

قسم ہے انجیر (کے درخت) کی اور زیتون (کے درخت) کی اور طور سینین کی اور اس امن والے شہر (یعنی مکہ معظمہ) کی کہ ہم نے انسان کو بہت خوبصورت سانچے میں ڈھالا ہے پھر (ان میں جو بوڑھا ہو جاتا ہے ہم اس کو پستی کی حالت والوں سے) بھی پست تر کر دیتے ہیں لیکن جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے تو ان کے لئے اس قدر ثواب ہے جو کبھی منقطع نہ ہوگا پھر کون چیز تجھ کو قیامت کے بارے میں منکر بنا رہی ہے کیا اللہ تعالیٰ سب حاکموں سے بڑھ کر حاکم نہیں ہے۔

سورة التين مكية وهي ثماني ايات كذا في البيضاوى احد القولين وهو الراجح لمكان قوله تعالى هذا البلد الامين۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰى کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے منجملہ ان کے انسان کا مبدأ اور معاد ہے اس سورت میں اس کا بیان ہے۔

مبدأ و معاد انسان: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ (الی قوله تعالی) اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ قسم ہے انجیر (کے درخت) کی اور زیتون (کے درخت) کی اور طور سینین کی اور اس امن والے شہر (یعنی مکہ معظمہ) کی کہ ہم نے انسان کو بہت خوبصورت سانچہ میں ڈھالا ہے پھر (ان میں جو بوڑھا ہو جاتا ہے) ہم اس کو پستی کی حالت والوں سے بھی پست تر کر دیتے ہیں (یعنی وہ خوبصورتی اور قوت مبدل بہ قبح و ضعف ہو جاتا ہے اور برے سے برا ہو جاتا ہے مقصود اس سے بیان کرنا کمال قبح کا ہے جس سے قدرت علی الاعادہ پر کافی استدلال ہوتا ہے کقولہ تعالیٰ: اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ...... اور مقصود عند التامل اس سورت سے استدلال علی البعث معلوم ہوتا ہے جیسا: فَمَا يُكَذِّبُكَ کی تفریع اس کا قرینہ ہے مگر چونکہ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ سے ظاہراً اطلاق لفظ سے ضعفاء و شیوخ کی مطلقاً رداءۃ کا شبہ ہوتا ہے جو موہم ہے عموم رداءۃ فی الآخرۃ کو بھی اس لئے اس ایہام کے دفع کرنے کو بطور استثناء کے فرماتے ہیں کہ بوڑھا آدمی بے شک رذی ہو جاتا ہے) لیکن جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے تو اُن کے لئے اس قدر ثواب ہے جو کبھی منقطع نہ ہوگا (آگے خَلَقْنَا اور رَدَدْنٰهُ پر تفریع ہے کہ جب اللہ تعالیٰ تخلیق و تقلیب احوال پر قادر ہیں) تو اے انسان) پھر کون چیز تجھ کو قیامت کے بارہ میں منکر بنا رہی ہے (یعنی وہ کون سی دلیل ہے جس کی بناء پر تو ان دلائل کے ہوتے ہوئے قیامت کا منکر ہو رہا ہے) کیا اللہ تعالیٰ سب حاکموں سے بڑھ کر حاکم نہیں ہے (تصرفات دُنیویہ میں بھی جن میں سے خلق اور رد مذکور ہے اور تصرفات اُخرویہ میں بھی جن میں سے بعث و مجازات بھی ہے)۔

ف: شروع سورت میں چار چیزیں مقسم بہ ہیں دو درخت کثیر النفع اور دو بقعہ کثیر البرکت کہ ایک مقام ہے تکلیم موسیٰ علیہ السلام کا دوسرا آپ کا مولد و مسکن و محل نزول وحی۔ اور درختوں کی قسم کو مقصود سے مُناسبت ظاہر ہے کہ درخت کو بھی اسی طرح نشو و نما ہوتا ہے پھر سوکھ کر کٹنے کے قابل ہو جاتا ہے اور چونکہ یہاں بیان تھا اشرف المخلوقات کا اس لئے قسم بھی اشرف الاشجار کی مناسب ہوئی اور طور اور بلد امین دونوں محل وحی ہیں تو مجازات آخرت سے اُن کو زیادہ مناسبت ہوئی کہ وحی

www.besturdubooks.net

سے علم مجازات کا ہوا ہے واللہ اعلم اور اسی طرح سینین کو قرآن میں ایک جگہ طور سیناء فرمایا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ۝ تقویم کے معنی تعدیل ہیں اور یہ اپنے اطلاق سے صورت اور معنی دونوں کو شامل ہے صورت میں انتصاب قامت اور نقشہ کی خوبی اور حواس وعقل اور معنی میں مظہریت صفات حق سب داخل ہو گئے۔ قولہ تعالیٰ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ۝ مراد اس سے ضعف وپیری وانحطاط کی حالت ہے اور چونکہ عادۃً اس کو نقص عمل لازم ہے ظاہراً نقص اجر کا سبب ہوتا ہے اس لئے اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سے اس کا استثناء فرمایا ہے یعنی ایسے عذر سے جو ورد ناغہ ہوا اس کا اجر کم نہیں ہوتا حدیث میں مضمون مصرح ہے اور اسی سے مشائخ اپنے مریدوں کو ایسے وقت میں تسلی دیتے ہیں کہ جب کسی عذر سے ناغہ ہو جانے سے وہ مغموم ہوں ۱۲۔

اللغات: سينين قيل اسم البقعة التى فيها الجبال اضيف اليه الطور وقال الا خفش سينين جمع بمعنى شجر واحد سينة كانه قيل طور الاشجار كذا فى الروح واختار فى القاموس قول الاخفش تقويم بمعنى تعديل وتثقيف فمعنى كون الانسان كائنا فى ذلك انه ملتبس به نظير قولك فلان في رضا زيد بمعنى انه مرضى عنه رددنٰه اى جعلناه او يكون بمعنى تغيير الحال فما يكذبك بعد بالدين اى فما يجعلك كاذبا فان كل مكذب بالحق فهو كاذب والتكذيب بمعنى جعل الرجل كاذبا قد يستعمل بمعنى نسبة الي الكذب وقد يستعمل بمعنى حمله على الكذب والباء بمعنى فى او للسببية ويقدر المضاف اى بسبب تكذيب الدين ۱۲۔

النحو: اسفل حال او مفعول اى اقبح من كل قبيح والمراد بيان الكمال فى القبح قوله الا الذين استثناء من المفهوم من السابق اى رددناه اسفل سافلين فكان ذميما قبيحا من كل وجه الا الذين الخ فانه ليس بمذموم من كل وجه ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الْعَلَق

سُورَةُ الْعَلَق ۹۶ مَكِّيَّة ۱ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۹ — رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ العلق مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۹ آیات اور ا رکوع ہے

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝۱ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝۲ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝۳ الَّذِيْ عَلَّمَ
بِالْقَلَمِ ۝۴ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝۵ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝۶ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝۷ اِنَّ
اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ۝۸ اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى ۝۹ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۝۱۰ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰٓى ۝۱۱
اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ۝۱۲ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝۱۳ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ۝۱۴ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ۬
لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ۝۱۵ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۝۱۶ فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ۝۱۷ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۝۱۸ كَلَّا ۭ لَا تُطِعْهُ
وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۝۱۹ ۩

ع ۱۹ — السجدۃ ۱۲ — ۲۱

(اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (پر جو) قرآن (نازل ہوا کرے گا) اپنے رب کا نام پڑھا کیجئے (یعنی جب پڑھے بسم اللہ الرحمن الرحیم کہہ کر پڑھا کیجئے) جس نے (مخلوقات کو) پیدا کیا جس نے انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا آپ قرآن پڑھا کیجئے اور آپ کا رب بڑا کریم ہے (جو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور ایسا ہے) جس نے لکھے پڑھوں کو قلم سے تعلیم دی (اور عموماً) انسان کو (دوسرے ذرائع سے) ان چیزوں کی تعلیم دی جن کو وہ جانتا نہ تھا۔ سچ مچ بے شک (کافر) آدمی (حد آدمیت) سے نکل جاتا ہے اس وجہ سے کہ اپنے آپ کو (ابناء جنس سے) مستغنی دیکھتا ہے اے مخاطب (عام) تیرے رب ہی کی طرف سب کو لوٹنا ہے اے مخاطب (عام) بھلا اس شخص کا حال تو بتلا جو (ہمارے) ایک (خاص) بندہ کو منع کرتا ہے جب وہ (بندہ) نماز پڑھتا ہے (اور) اے مخاطب بھلا یہ تو بتلا کہ اگر وہ ہدایت پر ہو (جو کہ کمال لازمی ہے) یا وہ (دوسروں کو بھی) تقوی کی تعلیم دیتا ہو اے مخاطب بھلا یہ تو بتلا کہ اگر وہ شخص (ناحق دین کو) جھٹلاتا ہو اور (حق سے) روگردانی کرتا ہو کیا اس شخص کو خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس طغیان وغیرہ کو دیکھ رہا ہے ہرگز (ایسا) نہیں (کرتا) ہم (اس کو) ماتھے پکڑ کر جو کہ دروغ اور خطا میں آلودہ ماتھے ہیں (جہنم کی طرف) گھسیٹیں گے سو یہ اپنے ہم جلسہ لوگوں کو بلا لے (اگر اس نے ایسا کیا تو) ہم بھی دوزخ کے پیادوں کو بلا لیں گے (آگے پھر سرزنش ہے کہ اس کو) ہرگز (ایسا) نہیں (کرنا چاہئے مگر) آپ اس کا کہنا نہ مانیئے اور (بدستور) نماز پڑھتے رہئے اور خدا کا قرب حاصل کرتے رہئے۔

سورة العلق مكية وهى تسع عشرة اٰية كذا فى البيضاوى۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰى کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے منجملہ اُن کے عطائے نبوت وتعلیم وحی ہے جو بعد توحید کے منی ہے جمیع مہمات کا اور اُس کے مناسب مذمت اور ردع مخالف صاحب وحی کا ہے اس سورت میں اس کا بیان ہے۔

تعلیم وحی برسول صلی اللہ علیہ وسلم وذم وردع مخالف رسول: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝۱ (الی قولہ تعالی) لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۝۱۹ اِقْرَاْ سے مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝۵ تک سب سے اول کی وحی ہے جس کے نزول سے نبوت کی ابتداء ہوئی جس کا قصہ حدیث شیخین میں

www.besturdubooks.net

ہے کہ عطائے نبوت کے قریب زمانہ میں آپ کو از خود خلوت پسند ہوگئی آپ غار حراء میں تشریف لے جا کر کئی کئی شب رہتے ایک روز دفعۃً جبریل علیہ السلام تشریف لائے اور آپ سے کہا کہ اِقْرَاْ یعنی پڑھیے آپ نے فرمایا: ما انا بقاری یعنی میں کچھ پڑھا ہوا نہیں ہوں اُنہوں نے آپ ﷺ کو خوب زور سے دبایا پھر چھوڑ دیا اور پھر کہا: اِقْرَاْ آپ نے وہی جواب دیا اسی طرح تین بار پھر آخر میں دبانے کے بعد چھوڑ کر کہا اِقْرَاْ الی مَا لَمْ يَعْلَمْ روی هذه الغاية فی الدر المنثور عن محمد بن عباد وابن عباسؓ والزهری وعمرو بن دینار وغیرهم یعنی) اے پیغمبر (ﷺ) آپ (پڑھو) قرآن (نازل ہوا کرے گا جس میں اس وقت کی نازل ہونے والی آیتیں بھی داخل ہیں) اپنے رب کا نام لے کر پڑھا کیجئے (یعنی جب پڑھئے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کہہ کر پڑھا کیجئے جیسا اس آیت میں: فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ...... [النحل: ۹۸] قرآن کے ساتھ اعوذ باللہ پڑھنے کا حکم ہوا ہے اور ان دونوں امر سے جو اصل مقصود ہے یعنی توکل واستعانت وہ تو واجب ہے اور زبان سے کہہ لینا مسنون ومندوب ہے اور گو اصل مقصود کے اعتبار سے اس آیت کے نزول کے وقت بسم اللہ کا آپ کو معلوم ہونا ضروری نہیں لیکن بعض روایات میں اس سورت کے ساتھ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کا نازل ہونا بھی آیا ہے اخرجه الواحدی عن عکرمة والحسن انهما قالا اول ما نزل بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ واول سورة اقرأ واخرجه ابن جریر وغیره عن ابن عباس انه قال اول ما نزل جبریل علیه السلام علی النبی ﷺ قال یا محمد استعذ ثم قل بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كذا فی روح المعانی ...... اور ان آیتوں میں جو قراءت کو اسم الٰہی کے ساتھ افتتاح کرنے کا حکم ہوا ہے اُس حکم میں خود ان آیتوں کا داخل ہونا ایسا ہے کہ جیسے کوئی شخص دوسرے سے کہے کہ اسمع ما اقول لك یعنی میں جو کچھ تجھ سے کہوں تو اُس کو سُن تو خود اس جملہ کے سننے کا حکم کرنا بھی اُس کو مقصود ہے پس حاصل یہ ہوگا کہ خواہ ان آیتوں کو پڑھو یا جو آیات بعد میں نازل ہوں گی اُن کو پڑھو سب کی قراءت اسم الٰہی سے ہونا چاہیے اور آپ کو بعلم ضروری معلوم ہو گیا کہ یہ قرآن اور وحی ہے اور حدیثوں میں جو آپ کا ڈر جانا اور ورقہ سے بیان کرنا آیا ہے وہ بوجہ شبہ کے نہ تھا بلکہ خوف تو ہیبت وحی سے اضطراری تھا اور ورقہ سے بیان کرنا مزید اطمینان وزیادت ایقان کے لئے تھا نہ کہ عدم ایقان کے لئے اور معلم متعلم سے ابجد شروع کرانے کے وقت کہتا ہے کہ ہاں پڑھ پس اس سے تکلیف مالا یطاق لازم نہیں آتی اور آپ کا عذر فرمانا یا تو اس وجہ سے ہے کہ آپ کو اس جملہ کے معنی متعین نہ ہوئے ہوں اور یہ امر کوئی خلاف شان نہیں ہے یا باوجود تعیین مُراد کے بایں معنی ہے کہ قراءت کا استعمال اکثر لکھی ہوئی چیز کو پڑھنے کے معنی میں آتا ہے تو آپ نے بوجہ حرف شناس نہ ہونے کے یہ عذر فرمایا ہو اور حضرت جبریل علیہ السلام کا دبانا بظن غالب واللہ اعلم بحقیقۃ الحال تقویت استعداد تلقی وحی کے ہوگا اور لفظ رب سے اشارہ اس طرف ہے کہ ہم آپ کی کمال تربیت کریں گے اور نبوت کے درجات قصویٰ پر پہنچا دیں گے آگے رب کی صفت ہے یعنی وہ ایسا رب ہے) جس نے (مخلوقات کو) پیدا کیا) (اس وصف کی تخصیص میں یہ نکتہ ہے کہ حق تعالیٰ کی نعمتوں میں اول ظہور اس نعمت کا ہوتا ہے تو تذکیر میں اس کا مقدم ہونا مناسب ہے اور نیز خلق دلیل ہے خالق پر اور سب سے اہم اور اقدم معرفت خالق ہے۔ آگے بطور تخصیص بعد تعمیم کے ارشاد ہے کہ) جس نے (سب مخلوقات میں سے بالخصوص) انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا (اس تخصیص بعد تعمیم میں اشارہ ہے کہ نعمت خلق میں بھی عام مخلوقات سے زیادہ انسان پر انعام ہے کہ علقہ سے کہ جماد محض تھا اُس کو کس درجہ تک ترقی دی کہ صورت کیسی بنائی عقل وعلم سے مشرف فرمایا پس انسان کو زیادہ شکر کرنا چاہیے مقصود اس سے نعمت عامہ کے بعد نعمت خاصہ بنوع صاحب وحی کا یاد دلانا ہے اور تخصیص علَق کی شاید اس لئے ہے کہ یہ ایک برزخی حالت ہے کہ اس کے قبل نطفہ اور غذاء وعنصر ہے اور اُس کے بعد مضغہ اور ترکیب عظام ونفخ روح ہے پس گویا وہ جمیع احوال متقدمہ ومتاخرہ کی طرف ناظر اور مشیر ہے۔ آگے اِقْرَاْ مذکور کی تاکید ایجاب کے لئے ونیز اثباتِ مقصودیت قراءۃ کے لئے امر ہے کہ) آپ قرآن پڑھا کیجئے (حاصل یہ کہ امر اول اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ سے مقصودیت قید کا شبہ نہ کیا جاوے بلکہ خود قراءت بھی فی نفسہا مقصود ہے کیونکہ تبلیغ کا ذریعہ یہی قراءت ہے۔ اور تبلیغ ہی اصل کام صاحب وحی کا ہے پس اس تکریر وتاکید میں اشعار آپ کی نبوت اور مامور بالتبلیغ ہونے کا بھی ہوگیا اور وہ امر مبہم مقصود مقام جس کا ذکر اس سورت کی تقریر ربط میں تھا یہی ہے) اور (آگے ایک کلام مستانف میں آپ کے عذر مانع ما انا بقاری کو جو کہ جبریل علیہ السلام کے اِقْرَاْ کہنے کے جواب میں پیش کیا تھا آئندہ کے لئے رفع فرمانے کے وعدہ کی طرف اشارہ ہے کہ) آپ کا رب بڑا کریم ہے (جو چاہتا عطا فرماتا ہے اور وہ ایسا ہے) جس نے (لکھے پڑھوں کو نوشتۂ) قلم سے تعلیم دی (اور عموماً ومطلقاً) انسان کو (دوسرے ذرائع سے) اُن چیزوں کی تعلیم دی جن کو وہ نہ جانتا تھا (مطلب یہ کہ اول تو تعلیم کچھ کتابت میں منحصر نہیں دوسرے اسباب سے بھی تعلیم کا وقوع ہو رہا ہے ثانیاً اسباب مؤثر بالذات نہیں سبب حقیقی ومفیض علوم ہم ہیں پس گو آپ لکھنا نہیں جانتے مگر ہم نے جب آپ کو قراءت اور حفظ علوم وحی پر قدرت دے دیں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا پس ان آیات میں آپ کی نبوت اور اس کے مقدمات وتممات کا پورا

www.besturdubooks.net

تقرر ہو گیا اور چونکہ صاحب نبوت کی مخالفت غایت درجہ کا قبیح اور شنیع امر ہے اس لئے آئندہ آیات میں جن کا نزول آیات اولیٰ سے ایک مدت کے بعد ہوا ہے آپ کے ایک خاص مخالف یعنی ابوجہل کی بالفاظ عامہ جس سے ہر مخالف کو متناول ہو جاوے مذمت اور ردع ہے جس کا سبب نزول یہ ہے کہ ایک بار ابوجہل نے آپ کو نماز پڑھتے دیکھا کہنے لگا کہ میں آپ کو اس سے بارہا منع کر چکا ہوں آپ نے اُس کو جھڑک دیا تو کہنے لگا کہ مکہ میں سب سے بڑا مجمع میرے ساتھ ہے اور یہ بھی کہا تھا کہ اگر اب کی بار نماز پڑھتے دیکھوں گا تو نعوذ باللہ آپ کی گردن پر پاؤں رکھ دوں گا چنانچہ ایک بار اس قصد سے چلا مگر قریب جا کر رُک گیا اور پیچھے ہٹنے لگا لوگوں نے وجہ پوچھی کہنے لگا مجھ کو ایک خندق آگ کی حائل معلوم ہوئی اور اُس میں کچھ پردار چیزیں نظر آئیں آپ نے فرمایا کہ وہ فرشتے تھے اگر اور آگے آتا تو فرشتے اُس کو بوٹی بوٹی کر کے نوچ ڈالتے اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں کذا فی الدر المنثور عن الصحاح وغیرہا من کتب الحدیث جن میں اول کلا سے مذمت اور دوسرے کلا سے ردع ہے اور تیسرا کلا دوسرے کی تاکید ہے پس ارشاد ہے کہ) سچ مچ بےشک (کافر) آدمی حد (آدمیت) سے نکل جاتا ہے اس وجہ سے کہ اپنے آپ کو (ابناء جنس سے) مستغنی دیکھتا ہے (کقولہ تعالیٰ: وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا [الشوریٰ: ۲۷] حالانکہ اس استغناء پر طغیان حماقت محضہ ہے کیونکہ کسی کو گو مخلوق سے من وجہ استغناء ہو بھی جاوے لیکن حق تعالیٰ سے تو کسی حال میں استغناء نہیں ہو سکتا حتیٰ کہ آخر میں) اے مخاطب (عام) تیرے رب ہی کی طرف سب کا لوٹنا ہو گا (اور اُس وقت بھی مثل حالت حیات کے اُس کی قدرت کے احاطہ میں گھرا ہو گا اور اُس حالت میں جو اس کو طغیان کی سزا ہو گی اُس سے بھی کہیں نہ بھاگ سکے گا پس ایسا عاجز ایسے قادر سے کب مستغنی ہو سکتا ہے تو زعم استغناء اور اس بناء پر طغیان سفہ محض ہے آگے بصورت استفہام تعجیب اُس کے بعض طغیان کا بیان ہے یعنی) اے مخاطب (عام) بھلا اُس شخص کا حال تو بتلا جو (ہمارے) ایک (خاص) بندہ کو منع کرتا ہے جب وہ (بندہ) نماز پڑھتا ہے (مطلب یہ کہ اُس شخص کا حال دیکھ کر تو بتلا کہ اُس سے زیادہ عجیب بات بھی کوئی ہے حاصل یہ کہ نمازی کو نماز سے روکنا نہایت عجیب اور قبیح بات ہے۔ آگے اسی تعجیب کی تاکید و تقویت کے لئے ایک قید منہی میں اور ایک قید ناہی میں لگا کر مکرراً فرماتے ہیں کہ) اے مخاطب (عام) بھلا یہ تو بتلا کہ اگر وہ بندہ (منہی) ہدایت پر ہو (جو کہ کمال لازمی ہے) یا وہ (دوسروں کو بھی) تقویٰ کی تعلیم دیتا ہو (یہ بطور منع خلو کے ہے اور شاید کلمہ تردید لانے سے اشارہ اس طرف ہو کہ اگر ان میں سے ایک صفت بھی ہوتی تب بھی مذمت ناہی کے لئے کافی تھی چہ جائے کہ دونوں ہوں اور) اے مخاطب (عام) بھلا یہ تو بتلا کہ اگر وہ شخص (ناہی[1] دین حق کو) جھٹلاتا ہو اور (حق سے) روگردانی کرتا ہو (یعنی نہ عقیدہ رکھتا ہو اور نہ عمل یعنی اول تو یہ دیکھو کہ نماز سے منع کرنا کتنا بُرا ہے پھر بالخصوص یہ دیکھو کہ جب منہی مہتدی کامل اور ناہی ضال کامل ہو اور پھر منع کیا جاوے تو کتنی عجیب بات ہے وجہ اصل عجب کی یہ ہے کہ نماز فعل حسن ہے قابل نہی کے نہیں اور وجہ زیادت عجب کی یہ ہے کہ مہتدی کامل کی نماز زیادہ حسن ہو گی اور ضال کامل کی نہی زیادہ قبیح ہو گی خصوصاً جب کہ وہ نہی ایسے فعل سے ہو کہ غایت درجہ کا حسن ہو تو وہ قبح اور شدید ہو گا آگے اس نہی پر اس کو وعید ہے یعنی) کیا اس شخص کو یہ خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ (اس کے طغیان اور افعال ناشی عن الطغیان کو) دیکھ رہا ہے (اور اس پر سزا دے گا آگے اس نہی پر ردع ہے یعنی اس کو) ہرگز (ایسا) نہیں (کرنا چاہیے اور) اگر یہ شخص (اپنی حرکت سے) باز نہ آوے گا تو ہم (اس کو) پٹھے پکڑ کر جو کہ دروغ اور خطا میں آلودہ پٹھے ہیں (جہنم کی طرف) گھسیٹیں گے (ناصیہ کو کاذبہ خاطئہ مجازاً فرمایا اور اُس کو جو اپنے مجمع پر گھمنڈ ہے اور ہمارے پیغمبر کو دھمکاتا ہے) سو یہ اپنے ہم جلسہ لوگوں کو بلا لے (اگر اُس نے ایسا کیا تو) ہم بھی دوزخ کے پیادوں کو بلا لیں گے (چونکہ یہ بلانا بلانے پر مشروط تھا شرط کے نہ پائے جانے سے مشروط نہیں پایا گیا کما روی الطبری عن قتادۃ مرسلا قال النبی لو فعل ابو جھل لاخذتہ الملئکۃ الزبانیۃ عیانا۔ آگے پھر زیادت زجر کے لئے اس کو ردع ہے کہ اُس کو) ہرگز (ایسا) نہیں (کرنا چاہیے مگر) آپ (اس نالائق کی ان حرکتوں کی کچھ پرواہ نہ کیجئے اور) اس کا کہنا نہ مانیے (جیسا اب تک بھی نہ مانا) اور (بدستور) نماز پڑھتے رہیے اور (خدا کا) قرب حاصل کرتے رہیے (اس میں ایک لطیف وعدہ ہے کہ حق تعالیٰ آپ کو ان لوگوں کے ضرر سے محفوظ رکھے گا کیونکہ نماز سے قرب ہوتا ہے اور قرب موجب عصمت ہے الا لحکمۃ خاصۃ پس ایسے امور کی طرف ذرا التفات نہ کیجئے اپنے کام میں لگے رہیے)۔ ف: سورت میں جس نہی عن الصلوٰۃ کی مذمت ہے وہ وہ ہے جو مبغوضیت صلوٰۃ کی وجہ سے ہو ورنہ مقتضی شرعی سے نہی کرنا جائز بلکہ کہیں واجب بھی ہے جیسے اوقات مکروہہ میں منع کرنا واجب ہے یا شوہر بی بی کو اور آقا غلام کو نوافل سے روکے کہ یہ جائز ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ اس میں اشارہ ہے کہ تخشع جو روح ہے سجدہ کی قرب کا اصل مدار ہے اور تخشع کا کمال فناء ہے پس فناء کا مدار قرب ہونا ثابت ہوا۔

الحواشی: (۱) یہ صفت ہے شخص کی اور دین کی طرف مضاف نہیں ۱۲ منہ۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في بالقلم نوشتہ اشارة الى اعتبار المعنى هكذا بواسطة الكتابة بالقلم ۱۲۔ ۲ قوله في كلا الاول حج حج اشارة الى كونه بمعنى حقًا كذا فى الخازن ۱۲۔ ۳ قوله في ربك اے مخاطب عام وكذا فى ضمائر الخطاب التى بعده مبنى على ما فى الروح انهم لم يجعلوا فيما ذكر الخطاب للنبى ﷺ ولاً للكافر الناهى لان السياق مقتض لخروج الناهى والمنهى وعن مورد الخطاب ۱۲۔

اللغات: السفع الجذب بشدة الناصية شعر الجبهة وتطلق على مكان الشعر زبانية اى ملائكة العذاب ليجروه الى النار وهو فى الاصل الشرط اعوان الولاة فقيل جمع لا واحد لهٗ وقيل واحده زبنية لعفرية وقيل زبنى من الزبن وهو الدفع ۱۲۔

النحو: قوله ارء يت الذى الى ان الله يرى ارايت فى الموضع بمعنى اخبرنى والمقصود التعجب لا السوال وارايت الثانى والثالث متقابلان باعتبار ان احدهما كاشف عن حال المنهى والآخر عن حال الناهى ومجموعهما تاكيد للاول والمفعول الاول للاول مذكور للثانى والثالث محذوف يدل عليه القرينة اى ارايت نهيه ان كان على المنهى على الهدى وارايت ان كذب الناهى والمفعول الاخر للجميع محذوف وهو الجواب للشرط فى الجملة الثانية والثالثة اى فما اعجب من ذا بقرينة ارايت فانه يفيد التعجب وهو حاصل قوله الفراء ولم يؤد والواو بين الجمل لكمال الاتحاد قوله الم يعلم جملة مستانفة لتقرير ما قبلها وتاكيده ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ينهى التعبير بما يفيد الاستقبال لاستحضار الصورة الماضية لنوع غرابة قوله اذا صلّى تقييد النهى بالظرف يشعر بان النهى عن الصلٰوة حال التلبس بها ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورۃ القدر

سُورۃ القدر ۹۷ مکیۃ ۲۵ — بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ — آیاتہا ۵ — رکوعہا ۱

سورۃ القدر مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۵ آیات اور ا رکوع ہے

إِنَّآ أَنزَلۡنَٰهُ فِي لَيۡلَةِ ٱلۡقَدۡرِ ۝١ وَمَآ أَدۡرَىٰكَ مَا لَيۡلَةُ ٱلۡقَدۡرِ ۝٢ لَيۡلَةُ ٱلۡقَدۡرِ خَيۡرٞ مِّنۡ أَلۡفِ شَهۡرٖ ۝٣

تَنَزَّلُ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ وَٱلرُّوحُ فِيهَا بِإِذۡنِ رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمۡرٖ ۝٤ سَلَٰمٌ هِيَ حَتَّىٰ مَطۡلَعِ ٱلۡفَجۡرِ ۝٥

بے شک ہم نے قرآن کو شب قدر میں اتارا ہے اور (شوق بڑھانے کے لئے فرماتے ہیں کہ) آپ کو کچھ معلوم ہے کہ شب قدر کیسی چیز ہے (آگے جواب ہے) شب قدر ہزار مہینے سے بہتر ہے (اور وہ شب قدر ایسی ہے کہ) اس رات میں فرشتے اور روح القدس (یعنی جبرائیل علیہ السلام) اپنے پروردگار کے حکم سے ہر امر خیر کو لے کر (زمین کی طرف اترتے ہیں (اور وہ شب) سراپا سلام ہے وہ شب (اسی صفت و برکت کے ساتھ لیلۃ القدر طلوع فجر تک رہتی ہے۔

سورۃ القدر مختلف فیھا وھی خمس آیۃ کذا فی البیضاوی۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰی کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے منجملہ اُن کے حقانیت اور عظمت قرآن کی ہے اس سورت میں اُس کا بیان ہے۔

حقیت و عظمت قرآن: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ إِنَّآ أَنزَلۡنَٰهُ فِي لَيۡلَةِ ٱلۡقَدۡرِ (الی قولہ تعالی) هِيَ حَتَّىٰ مَطۡلَعِ ٱلۡفَجۡرِ۔ بے شک ہم نے قرآن کو شب قدر میں اُتارا ہے (پس حق بھی ہے کہ ہمارا اُتارا ہوا ہے اور اسباب خارجیہ سے بھی اس میں عظمت ہے کہ زمانہ معظم میں اُترا ہے اور تحقیق شب قدر میں نازل ہونے کی شروع سورۂ دخان میں گزری ہے) اور (زیادت تشویق کے لئے فرماتے ہیں کہ) آپ کو کچھ معلوم ہے کہ شب قدر کیسی چیز ہے (آگے جواب ہے کہ) شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے (یعنی ہزار مہینہ تک عبادت کرنے کا جس قدر ثواب ہے اُس سے زیادہ شب قدر میں عبادت کرنے کا ثواب ہے کذا فی الخازن اور وہ رات ایسی ہے کہ) اُس رات میں فرشتے اور روح القدس (یعنی جبریل علیہ السلام) اپنے پروردگار کے حکم سے ہر امر خیر کو لے کر (زمین کی طرف) اُترتے ہیں (اور وہ شب) سراپا سلام ہے (جیسا حدیث بیہقی میں حضرت انسؓ سے مرفوعاً مروی ہے کہ شب قدر میں حضرت جبرئیل علیہ السلام فرشتوں کے ایک گروہ میں آتے ہیں اور جس شخص کو قیام وقعود و ذکر میں مشغول دیکھتے ہیں اس پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں یعنی اس کیلئے دعائے رحمت کرتے ہیں اور خازن نے ابن الجوزی سے اس روایت میں یسلمون بھی بڑھایا ہے یعنی سلامتی کی دعاء کرتے ہیں اور یصلون کا حاصل بھی یہی ہے کیونکہ رحمت و سلامتی میں تلازم ہے اسی کو قرآن میں سلام فرمایا ہے اور امر خیر سے مراد یہی ہے اور نیز روایات میں اس میں توبہ کا قبول ہونا ابواب سماء کا مفتوح ہونا اور ہر مؤمن پر ملائکہ کا سلام کرنا آیا ہے کذا فی الدر المنثور۔ اور ان اُمور کا بواسطہ ملائکہ کے ہونا اور موجب سلامت ہونا ظاہر ہے اور یا امر سے مُراد وہ اُمور ہوں جن کا عنوان سورۂ دخان میں امر حکیم اور اس شب میں ان کا طے ہونا ذکر فرمایا ہے اور ان امور کے لئے نزول بغرض تعیین انفاذ ان امور کے لئے ہو۔ نقلہ فی الروح عن عصام اور) وہ شب (اسی صفت و برکت کے ساتھ) طلوع فجر تک رہتی ہے (یہ نہیں کہ اس شب کے کسی حصۂ خاص میں یہ برکت ہو اور کسی میں نہ ہو)۔

ف: قدر کے معنی تعظیم کے ہیں چونکہ اس شب میں عظمت اور شرف ہے اس لئے اس کو شب قدر کہتے ہیں اور تخصیص ہزار مہینے کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض عابدین بنی اسرائیل کا ذکر کیا تھا جنہوں نے ہزار مہینے یا ایک روایت میں اسی برس عبادت کی تھی صحابہ کو تعجب ہوا اس پر یہ سورت نازل ہوئی کذا فی الدر المنثور عن مجاہد وعلی بن عروہ اور اسی برس تقریباً ہزار مہینے ہوتے ہیں بحذف کسر۔ اور اس مقام پر دو اشکال ہیں ایک یہ کہ ہزار مہینے میں بھی شب قدر ضرور ہوگی کیونکہ وہ ہر سال میں ہوتی ہے اور آیت قرآنیہ کے موافق وہ بھی ہزار مہینے سے افضل ہوگی و ہکذا پس اس سے لاتناہی مقدار کی لازم آتی

www.besturdubooks.net

ہے جواب بے تکلف یہ ہے کہ ان ہزار مہینوں میں جو لیالی قدر رہوں ان میں مضاعف نہ ہونا ملحوظ ہے پس وہ ہزار مہینے سے افضل نہ ہوگی اس لئے تسلسل لازم نہیں آیا۔ پس حاصل یہ ہوا کہ جن الف شہر میں مضاعفت نہ ہو الخ اور یہی جواب ہے ان احادیث میں کہ سورۂ یٰسین پڑھنا برابر دس قرآن کے ہے یا تین بار قل ہو اللہ پڑھنا برابر ایک قرآن کے ہے **ومثل ذلک**۔ اور دوسرا اشکال یہ ہے کہ اختلاف مطالع مغارب کی وجہ سے شب قدر کا ہر جگہ جدا ہونا لازم آتا ہے جواب یہ ہے کہ اس میں کوئی محذور لازم نہیں آتا کہ یہ برکات کسی کو کسی وقت میں ملیں اور کسی کو کسی وقت میں۔ اسی طرح نزول ملائکہ کا ہر جگہ مختلف وقت میں ہو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ ۝ اس میں نص ہے کہ ازمنۂ فاضلہ میں عبادت کا خاص اہتمام کریں اور یہ اہل طریق کی گویا عادات لازمہ سے ہے مگر کسی عارض کے سبب ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله في حتى اى صفت الخ اشارة الى جواب سوال وهو انه ما فائدة تلك الغاية لان كل ليلة تكون كذلك والجواب ظاهر ۱۲۔**

اللغات: **مطلع مصدر ميمى ۱۲۔**

النحو: **قوله كل امر متعلق بتنزل ومن بمعنى الباء كما في الخازن اى بكل امر من الخير والبركة قوله سلام خبر لمبتدأ محذوف اى هى ۱۲۔**

البلاغة: **سلام حمل المصدر عليه مبالغة ۱۲۔**

نكتة: قوله الف شهر المراد عندى ازمنة متطاولة وعبر عنها بالف شهر لان العرب ليس عندهم اسم وضع لعدد هو اكثر من الف قدر بالاشهر دون السنين لان الحساب عندهم بالقمر ويتم دورته فى كل شهر لا بالشمس التى تدور فى السنة فصار حاصل المعنى ان بالزمان الذى تحسبونه اكثر من كثير هذه الليلة افضل منه بكثير كما يدل عليه خير هذه نكتة التخصيص درايةً واما نكتة التخصيص روايةً فمذكور فى المتن ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الْبَيِّنَة

سُورَةُ الْبَيِّنَةِ ۹۸ مَدَنِيَّةٌ ۱۰ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۸ — رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ البینہ مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۸ آیات اور ارکوع ہے

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝۱ رَسُوْلٌ
مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۝۲ فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۝۳ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْ
بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝۴ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ
وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝۵ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ
فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝۶ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ
اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝۷ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ
اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝۸ ع

جولوگ اہل کتاب اور مشرکوں میں سے (قبل بعث نبویہ) کافر تھے وہ (اپنے کفر سے ہرگز باز آنے والے نہ تھے جب تک کہ ان کے پاس واضح دلیل نہ آتی (یعنی) ایک اللہ کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم جو (ان کو) پاک صحیفے پڑھ کر سنادے جن میں درست مضامین لکھے ہوں اور جولوگ اہل کتاب تھے (اور غیر اہل کتاب تو بدرجہ اولیٰ) وہ اس واضح دلیل کے آنے ہی کے بعد (دین میں) مختلف ہوگئے حالانکہ ان لوگوں کو کتب سابقہ میں یہی حکم ہوا تھا کہ اللہ تعالیٰ کی اس طرح عبادت کریں کہ عبادت اسی کے لئے خاص رکھیں (ادیان باطلہ شرکیہ سے) یکسو ہوکر اور نماز کی پابندی رکھیں اور زکوٰۃ دیا کریں اور یہی طریقہ ہے ان درست مضامین (مذکورہ کا) بتلایا ہوا۔ بے شک جولوگ اہل کتاب اور مشرکین میں سے کافر ہوئے وہ آتش دوزخ میں جائیں گے جہاں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور) یہ لوگ بدترین خلائق ہیں بے شک جولوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے وہ لوگ بہترین خلائق ہیں ان کا صلہ ان کے پروردگار کے نزدیک ہمیشہ رہنے کی بہشتیں ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی جہاں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور) اللہ تعالیٰ ان سے خوش رہے گا اور وہ اللہ سے خوش رہیں گے یہ (جنت اور رضا) اس شخص کے لئے ہے جو اپنے رب سے ڈرتا ہے۔

سورة البينة مختلف فيها وايها ثمان كذا في البيضاوى۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰى ؐ کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے۔ منجملہ ان کے مسئلہ رسالت اور اس کے مصدقین ومکذبین کی مجازات ہے اس سورت میں اس کا بیان ہے۔

اثبات رسالت ومجازات مصدق مکذب: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (الى قوله تعالى) ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝۸۔ جولوگ اہل کتاب اور مشرکوں میں سے (قبل بعثت نبویہ) کافر تھے وہ (اپنے کفر سے ہرگز) باز آنے والے نہ تھے جب تک کہ ان کے پاس واضح دلیل نہ آتی (یعنی) ایک اللہ کا رسول جو (ان کو) پاک صحیفے پڑھ کر سنادے جن میں درست مضامین لکھے ہوں (مراد قرآن ہے مطلب یہ ہے کہ ان کفار کا کفر ایسا شدید تھا اور ایسے جہل

www.besturdubooks.net

میں مبتلا تھے کہ بدوں رسول عظیم کے ان کی راہ پر آنے کی کوئی توقع نہ تھی اس لئے اللہ تعالیٰ نے حجت کے اتم والزم ہونے کے لئے آپ کو قرآن دے کر مبعوث فرمایا) اور (اس پر چاہیے تھا کہ اس کو غنیمت سمجھتے اور اس پر ایمان لے آتے مگر) جو لوگ اہل کتاب تھے (اور غیر اہل کتاب تو بدرجۂ اولیٰ) وہ اس واضح دلیل کے آنے ہی کے بعد (دین میں) مختلف ہو گئے (یعنی دین حق سے بھی اختلاف کیا اور باہمی اختلافات جو پہلے سے تھے ان کو بھی دین حق کا اتباع کر کے دور نہ کیا۔ اور مشرکین کو بدرجۂ اولیٰ اس لئے کہا کہ ان کے پاس تو پہلے سے بھی کوئی علم سماوی نہ تھا اور قرآن کو صحف اور اس کے مضامین کو کتب فرمانا باعتبار بالقوہ کے ہے حاصل یہ کہ ایسے رسول اور ایسی کتاب عظیم الشان کا آنا مقتضی تھا اجتماع علی الدین الحق کو مگر ان لوگوں نے سبب اجتماع کو سبب تفرق بنا لیا) حالانکہ ان لوگوں کو (کتب سابقہ میں) یہی حکم ہوا تھا کہ اللہ کی اس طرح عبادت کریں کہ عبادت کو اسی کے لئے خالص رکھیں (ادیان باطلہ شرکیہ سے) یکسو ہو کر اور نماز کی پابندی رکھیں اور زکوۃ دیا کریں اور یہی طریقہ ہے ان درست مضامین (مذکورہ) کا (بتلایا ہوا حاصل تقریر کا یہ ہوا کہ ان اہل کتاب کو ان کی کتابوں میں یہ حکم ہوا تھا کہ کما قال تعالیٰ: وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۭ لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ ...... [المائدۃ : ۱۲] چنانچہ اٰمنتم برسلی اخلاص دین اور حنیفیت کو شامل ہے جس میں ایمان بالقرآن و بالرسول صلی اللہ علیہ وسلم بھی داخل ہے غرض یہ کہ ان کتابوں میں یہ احکام تھے اور یہی تعلیم تھی قرآن کی جس کو اوپر کتب قیمہ سے تعبیر فرمایا ہے پس اس قرآن کے نہ ماننے سے خود اپنی کتب کی مخالفت بھی لازم آتی ہے یہ تو الزام اہل کتاب کو ہوا اور مشرکین گو پہلی کتب کو نہیں مانتے مگر ابراہیم علیہ السلام کا حنیف یعنی طاہر عن الشرک وغیرہ ہونا اور اُن کے طریقہ کی صحت وحقانیت کا اُن کے نزدیک مسلّم ہونا اور کتب قیمہ یعنی قرآن کا اُس طریقہ کے ساتھ متوافق ہونا اُن پر حجت مذکورہ کے لازم ہونے کے لئے کافی ہے اور مُرادان متفرقین ومخالفین سے بعض وہ کفار ہیں جو ایمان نہ لائے تھے اور قرینہ مقابلہ سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ جن لوگوں نے تفرق اور خلاف نہیں کیا وہ اہل ایمان ہیں آگے بیان عمل کے بعد تصریحاً کفار کی دونوں قسموں یعنی اہل کتاب ومشرکین کی اور مؤمنین کی بھی مجازات علی الاعمال کا مضمون ارشاد فرماتے ہیں یعنی) بے شک جو لوگ اہل کتاب اور مشرکین میں سے کافر ہوئے وہ آتش دوزخ میں جاویں گے جہاں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور) یہ لوگ بدترین خلائق ہیں (اور) بے شک جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے اچھے کام کئے وہ لوگ بہترین خلائق ہیں اُن کا صلہ اُن کے پروردگار کے نزدیک ہمیشہ رہنے کی بہشتیں ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی جہاں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور) اللہ تعالیٰ اُن سے خوش رہے گا اور وہ اللہ سے خوش رہیں گے (یعنی نہ اُن سے کوئی معصیت ہوگی اور نہ اُن کو کوئی امر مکروہ پیش آوے گا جس سے احتمال عدم رضاء کا جانبین سے ہو اور) یہ (جنت اور رضاء) اُس شخص کے لئے ہے جو اپنے رب سے ڈرتا ہے (جس پر ایمان وعمل صالح مرتب ہوتا ہے جس کو مدار دخول جنت وحصول رضاء فرمایا ہے)۔

ف: خَيْرُ الْبَرِيَّةِ میں سہل تر یہ ہے کہ بریہ سے مراد اکثر بریہ ہو اور مقصود اصلی اس سے اُن کا خیریت اور شریت میں کامل فی نفسہٖ ہونا ہے نہ کہ نفی دوسروں کے عدم تساوی کی پس ان کفار کا ابلیس سے بدتر ہونا یا جمیع مؤمنین کا جمیع ملائکہ سے افضل ہونا لازم نہیں آتا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَآ اُمِرُوْٓا ...... اخلاص اور تکمیل مراتب اخلاص میں جس کو حنیفیت سے تعبیر کیا گیا ہے نص ہے۔ قولہ تعالیٰ: رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ ...... روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ اقصیٰ مراتب آخرت کے کہ رضائے حق ہے حاصل ہونے کے لئے خشیت کی اور اُس کے موقوف علیہ یعنی معرفت کی ضرورت ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في حتى بدوں اشارة الى ان هذه الغاية لا تقضي ضد الحكم المذكور فيما بعد الغاية بل امتداد الحكم الى الغاية وما بعد الغاية في حكم المسكوت عنه كما في قوله لا تحل له من بعد حتى تنكح زوجا وظاهر ان النكاح بدون الطلاق لا يثبت الحل فالمقصود جعل ما بعد الغاية شرطا لقيد الحكم لا علة فافهم فانحل الاشكال الذى ذكره المفسرون في هذه الآية من ايهام التعارض المبنى على ظاهر معنى الغاية فافهم فانه من المواهب ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ الزِّلْزَالِ

سُوْرَۃُ الزِّلْزَالِ ۹۹ مَدَنِیَّۃٌ ۹۳ | بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیَاتُھَا ۸ | رُکُوْعُھَا ۱

سورۃ الزلزال مدینہ میں نازل ہوئی | شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں | اس میں ۸ آیات اور ا رکوع ہے

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝۱ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝۲ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝۳ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝۴ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝۵ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝۶ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝۷ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝۸ ع ۱ ۸ ۲۴

جب زمین اپنی سخت جنبش سے ہلائی جائے گی اور زمین اپنا بوجھ باہر نکال پھینکے گی اور (اس حالت کو دیکھ کر کافر) آدمی کہے گا کہ اس کو کیا ہوا اس روز زمین اپنی سب (اچھی بری) خبریں بیان کرنے لگے گی اس سبب سے کہ آپ کے رب کا اس کو یہی حکم ہوگا اس روز لوگ مختلف جماعتیں ہو کر (موقف حساب سے) واپس ہوں گے تا کہ اپنے اعمال (کے ثمرات) کو دیکھ لیں سو جو شخص (دنیا میں) ذرہ برابر نیکی کرے گا وہ (وہاں) اس کو دیکھ لے گا اور جو شخص ذرہ برابر بدی کرے گا وہ اس کو دیکھ لے گا۔

سورۃ الزلزال مختلف فیھا وایھا تسع کذا فی البیضاوی۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰی کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے مِنجملہ ان کے اعتقاد وقوع و مجازات قیامت کا ہے اس سورت میں اُس کا بیان ہے۔

واقعاتِ قیامت: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا (الی قولہ تعالی) وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ جب زمین اپنی سخت جنبش سے ہلائی جاوے گی اور زمین اپنے بوجھ باہر نکال پھینکے گی (مراد بوجھ سے دفینے اور مُردے ہیں اور گو بعض روایات سے قبل قیامت بھی دفینوں کا باہر آ جانا معلوم ہوتا ہے لیکن ممکن ہے کہ قیامت سے پہلے جو دفینے باہر نکل آئے تھے پھر مرور زمان سے اُن پر مٹی آ گئی ہو اور وہ قیامت میں پھر نکلیں اور یہاں زلزلہ سے نفخۂ ثانیہ کے وقت کا زلزلہ مُراد ہے اور اس زلزلہ سے پہاڑ وغیرہ سب گر کر زمین کے برابر ہو جاویں گے تا کہ میدان محشر بالکل ہموار اور صاف ہو جاوے۔ لقولہ تعالی: اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا [الفجر: ۲۱] اور دفائن باہر آنے میں شاید یہ حکمت ہو کہ محبان اموال اس کا بیکار ہونا دیکھ لیں) اور (اس حالت کو دیکھ کر کافر) آدمی کہے گا کہ اس کو کیا ہوا (یہ خلاف معتاد و خلاف گمان زلزلہ و اخراج اثقال کیسے ہونے لگا وجہ اس کہنے کی یہ ہے کہ یہ قیامت کا اور اُس کے واقعات کا پہلے سے منکر تھا اب ان واقعات کو دیکھ کر حیرت کرنے لگے گا) اُس روز زمین اپنی سب (اچھی بری) خبریں بیان کرنے لگے گی اس سبب سے کہ آپ کے رب کا اُس کو یہی حکم ہوگا (ترمذی وغیرہ میں اس کی تفسیر میں حدیث مرفوع آئی ہے کہ جس شخص نے روئے زمین پر جیسا عمل کیا ہوگا بھلا یا بُرا زمین سب کہہ دے گی بطور شہادت عند اللہ کے) اس روز لوگ مختلف جماعتیں ہو کر (موقف حساب سے) واپس ہوں گے (یعنی وہاں کے حساب سے جو فارغ ہو کر لوٹیں گے تو کچھ جماعتیں جنتی اور کچھ دوزخی قرار پا کر جنت اور دوزخ کی طرف چلی جاویں گے) تا کہ اپنے اعمال (کے ثمرات) کو دیکھ لیں سو جو شخص (دنیا میں) ذرہ برابر نیکی کریگا وہ (وہاں) اُسکو دیکھ لیگا اور جو شخص ذرہ برابر بدی کریگا وہ (وہاں) اُس کو دیکھ لے گا (بشرطیکہ اُس وقت تک وہ خیر و شر باقی رہی ہو ورنہ اگر کفر سے وہ خیر فنا ہو چکی ہو یا توبہ و ایمان سے وہ شر زائل ہو چکا ہو وہ اُس میں داخل ہی نہیں کیونکہ وہ خیر خیر نہ رہی اور وہ شر شر نہ رہا جب مدار حکم نہ رہا حکم بھی ثابت نہ ہوگا۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا نص ہے تکلم جمادات پر جو عادۃً حیات و ادراک پر موقوف ہے اور دوسرے نصوص کے ملانے سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کو صرف اس کا ظہور ہوگا مگر حصول اب بھی ہے۔

اللغات: الصدر الرجوع کذا فی القاموس ۱۲۔ النحو: قولہ اذا زلزلت الارض ویبدل منہ یومئذ ویتعلقان بتحدث ۱۲۔

البلاغۃ: زلزالھا الاضافۃ للعھد وھو الزلزال الواقع الشدید العجیب ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورَۃُ الْعٰدِیٰت

سُورَۃُ الْعٰدِیٰتِ ۱۰۰ مَکِّیَّۃٌ ۱۴ — بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — اٰیَاتُھَا ۱۱ رُکُوْعُھَا ۱

سورۃ العادیات مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۱ آیات اور ا رکوع ہے

وَالْعٰدِیٰتِ ضَبْحًا ۝۱ فَالْمُوْرِیٰتِ قَدْحًا ۝۲ فَالْمُغِیْرٰتِ صُبْحًا ۝۳ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝۴ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝۵ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۝۶ وَاِنَّهٗ عَلٰی ذٰلِكَ لَشَهِیْدٌ ۝۷ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ ۝۸ اَفَلَا یَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِی الْقُبُوْرِ ۝۹ وَحُصِّلَ مَا فِی الصُّدُوْرِ ۝۱۰ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ یَوْمَىِٕذٍ لَّخَبِیْرٌ ۝۱۱ ع ۲۵

قسم ہے ان گھوڑوں کی جو ہانپتے ہوئے دوڑتے ہیں پھر (پتھر پر) ٹاپ مار کر آگ جھاڑتے ہیں پھر صبح کے وقت تاخت و تاراج کرتے ہیں پھر اس وقت (دشمنوں کی) جماعت میں جا گھستے ہیں بے شک (کافر) آدمی اپنے پروردگار کا بڑا ناشکرا ہے اور اس کو خود بھی اس کی خبر ہے (کبھی اول وہلہ میں کبھی بعد تامل) اور وہ مال کی محبت میں بڑا مضبوط ہے کیا اس کو وہ وقت معلوم نہیں کہ جب زندہ کئے جائیں گے جتنے مردے قبروں میں ہیں اور آشکارا ہو جائے جو کچھ دلوں میں ہے بے شک ان کا پروردگار ان کے حال سے اس روز پورا آگاہ ہے۔

سورۃ العٰدیٰت مختلف فیها وهی احدی عشرة اٰیة کذا فی البیضاوی۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰی ۝ کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے منجملہ اُن کے اعمال قبیحہ سے بچنا ہے اس سورت میں اُس کی مذمت اور اس پر جزاء کا ترتب مذکور ہے۔

ذم بعض راس القبائح: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَالْعٰدِیٰتِ ضَبْحًا ۝ (الی قوله تعالی) اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ یَوْمَىِٕذٍ لَّخَبِیْرٌ ۝ قسم ہے اُن گھوڑوں کی جو ہانپتے ہوئے دوڑتے ہیں پھر (پتھر پر) ٹاپ مار کر آگ جھاڑتے ہیں پھر صبح کے وقت تاخت تاراج کرتے ہیں پھر اُس وقت غبار اڑاتے ہیں پھر اُس وقت (دشمنوں کی) جماعت میں جا گھستے ہیں (مراد اس سے لڑائی کے گھوڑے ہیں جہاد ہو یا غیر جہاد اور عرب کو اس وجہ سے کہ وہ اہل رزم تھے ان قسموں سے نہایت مناسبت ہے ہانپنا دوڑنے کے وقت ظاہر ہے اور نعل آہنی پتھریلی زمین پر لگنے سے آگ کا جھڑنا بھی ظاہر ہے اور عرب میں اکثر عادت دشمنوں پر صبح کے وقت تاخت کرنے کی تھی تاکہ رات کے وقت جانے میں دشمن کو خبر نہ ہو صبح کو دفعۃً جا پڑیں اور رات کو حملہ نہ کرنے میں اظہار شجاعت سمجھتے تھے اور غبار کا اُڑنا ہر چند کہ ہر وقت ہوتا ہے مگر اس کو مقید کرنا صبح کے ساتھ اشارہ ہے شدت اسراع کی طرف کہ ٹھنڈے وقت غبار دبا ہوا ہوتا ہے ان کے دوڑنے سے اس وقت بھی غبار اڑتا ہے اس قید صبح کے اعتبار سے ہی اس کا ترتب مغیرات پر صحیح ہو گیا ورنہ اثارت نقع دوسرے اوقات میں بھی ہوا کرتا ہے لیکن قید کے بعد ترتب ظاہر ہے کیونکہ اغارت فی الصبح کے بعد جو اثارت نقع ہوگا وہ صبح ہی کے وقت ہوگا۔ اور وسطن به میں قید صبح کی واقعی ہے کیونکہ اغارت صبح کے وقت ہوتی تھی آگے جواب قسم ہے کہ) بے شک (کافر) آدمی اپنے پروردگار کا بڑا ناشکر ہے اور اس کو خود بھی اس کی خبر ہے (کبھی اول ہی وہلہ میں کبھی بعد تامل) اور وہ مال کی محبت میں بڑا مضبوط ہے (یہ بمنزلہ علت کنودیت کے ہے جیسا ظاہر ہے اور مناسبت قسم اور جواب قسم میں یہ ہے کہ جنگ وجدل کا سبب ایک فریق کی کنودیت ہوتی ہے خواہ عمداً یا خطاءً آگے اس کنودیت وحب مال پر وعید ہے یعنی) کیا اس کو وہ وقت معلوم نہیں جب زندہ کئے جاویں گے جتنے مردے قبروں میں ہیں اور آشکارا ہو جاوے گا جو کچھ دلوں میں ہے بے شک ان کا پروردگار ان کے حال سے اس روز پورا آگاہ ہے (اور مناسب جزا دے گا۔ حاصل یہ کہ اگر اس وقت کی پوری خبر ہوتی جب کہ کنودیت وحب مال کی جزا ملے گی تو اپنے قبائح سے باز آ جاتا)۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ۔ اس میں اس کی طبعی خاصیت کا ذکر ہے گو جس پر خدا تعالیٰ کا فضل ہو وہ اس کے مقتضاء پر عمل نہیں کرتا اور اس مقام پر اس کا لانا جس میں ذکر ہے مجاہدین کا بقول عصام ان کی مدح کے لئے ہے کہ خلاف طبع انہوں نے سعی کی پس اس میں بیان ہے انسان میں موانع طبعیہ کے رکھے جانے کا کہ اس سے زیادت اجر نصیب ہوتا ہے ۱۲۔

اللغات: العاديات اصله العادوات من العدو اى تحرى بسرعة نحو العدو ضبحا صورت الانفاس عند العدو الموريٰت الايراء اخراج النار قدحا هو الضرب والصك فاثرن من الاثارة وهو التهييج وتحريك الغبار والاصل اثورن نقعا غبارا وسطن فوسطن جمعا من جموع الاعداء كنود كفور بعثر بعث حصل نيرالشيء من غيره ۱۲۔

النحو: ضبحا مصدر منصوب بفعله المحذوف اى تضبح ضبحا والجملة فى موضع الحال قدحا انتصابه كانتصاب ضبحا صبحا نصب على الظرفية به اى بالصبح فاثرن عطف على الاسم قبله لانه اسم فاعل فى معنى الفعل ۱۲۔

البلاغة: قوله فاثرن الحكمة فى مجئ هذا فعلا بد اسم فاعل تصوير هذه الافعال فى النفس فان التصوير يحصل بايراد الفعل بعد الاسم لما بينهما من التخالف وهو ابلغ من التصوير بالاسماء المتناسقة وخص هذا المقام بان تلك المداومة المدلولة باسم الفاعل انتجت هاتين البغيتين المدلولتين بالفعل قوله اذا بعثر مفعول به ليعلم اى افلا يعلم ذلك الوقت او كان تقديره افلا يعلم آلان ماله اذا بعثرله الخ قوله ما فى القبور ايراد مالكونهم اذ ذاك بمعزل من رتبة العقلاء ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ

سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ ١٠١ مَكِّيَّةٌ ٣٠ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ١١ | رُكُوْعُهَا ١

سورۃ القارعۃ مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ١١ آیات اور ا رکوع ہے

اَلْقَارِعَةُ ① مَا الْقَارِعَةُ ② وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ③ يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ④
وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ⑤ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ⑥ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ
رَّاضِيَةٍ ⑦ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ⑧ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ⑨ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ⑩ نَارٌ حَامِيَةٌ ⑪ ع ١ ١١ ٢٦

وہ کھڑکھڑانے والی چیز کیسی کچھ ہے وہ کھڑکھڑانے والی چیز اور آپ کو معلوم ہے کیسی کچھ ہے وہ کھڑکھڑانے والی چیز جس روز آدمی پریشان پروانوں کی طرح ہو جائیں گے اور پہاڑ دھنکی ہوئی رنگین اون کی طرح ہو جائیں گے (وجہ تشبیہ متفرق ہو کر اڑا جانا ہے) پھر (وزن اعمال کے بعد) جس شخص کا پلہ بھاری (ایمان کا) ہوگا وہ تو خاطر خواہ آرام میں ہوگا (یعنی ناجی ہوگا) اور جس شخص کا پلہ (ایمان کا) ہلکا ہوگا (یعنی وہ کافر ہوگا) تو اس کا ٹھکانا ہاویہ ہوگا اور آپ کو کچھ معلوم ہے کہ وہ (ہاویہ) کیا چیز ہے وہ ایک دہکتی ہوئی آگ ہے۔

سورة القارعة مكية وهي عشرة اية كذا في البيضاوى۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰى کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے ایک ان میں سے اعتقاد مجازات کا ہے اس سورت میں اس کا بیان ہے۔

مجازات: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَلْقَارِعَةُ ① مَا الْقَارِعَةُ ② (الى قوله تعالى) نَارٌ حَامِيَةٌ ⑪ (وہ کھڑکھڑانے والی چیز کیسی کچھ ہے وہ کھڑکھڑانے والی چیز اور آپ کو کچھ معلوم ہے کیسی کچھ ہے وہ کھڑکھڑانے والی چیز (مراد قیامت ہے کہ قلوب کو فزع سے اور اسماع کو صوت شدید سے کھڑکھڑاوے گی اور اس کا کھڑکھڑانا اس روز ہوگا) جس روز آدمی پریشان پروانوں کی طرح ہو جاویں گے (وجہ تشبیہ ضعف و کثرت و بے تابی ہے گو بعض کو بے تابی نہ ہوگی مگر ضعف اور کثرت سب کے لئے عام ہے) اور پہاڑ دھنکی ہوئی رنگین اون کی طرح ہو جاویں گے (وجہ تشبیہ عہن کے ساتھ یہ ہے کہ پہاڑ کے رنگ مختلف ہیں کما مر فی تفسير سورة المعارج اور منفوش کی قید اس لئے کہ پہاڑ اُڑتے پھریں گے کما قال تعالیٰ: وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا (الواقعة ۵-۶) پھر (وزن اعمال کے بعد) جس شخص کا پلہ (ایمان کا) بھاری ہوگا (یعنی وہ مؤمن ہوگا) تو وہ خاطر خواہ آرام میں ہوگا (یعنی ناجی ہوگا) اور جس شخص کا پلہ (ایمان کا) ہلکا ہوگا (یعنی وہ کافر ہوگا) اس کا ٹھکانا ہاویہ ہوگا اور آپ کو کچھ معلوم ہے کہ وہ (ہاویہ) کیا چیز ہے (وہ) ایک دہکتی ہوئی آگ ہے۔

ف: ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۔ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ کی تحقیق شروع سورۂ اعراف میں گزر چکی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ظاہر نصوص کا یہی ہے کہ خود اعمال وزن کئے جاویں گے اور وزن [illegible] سے ہے پس ظاہراً آخرت میں اعراض متخیل الی الجواہر ہو جاویں گے ۱۲۔

النحو: يوم يكون عامله تقرع الدال عليه القارعة الفراش جمع فراشة التى تهافت فى السراج كذا فى القاموس المنفوش المفرق بالاصابع او نحوها الام الماوى هاوية اطلق عليها لغاية عمقها وبعد مهواها ۱۲۔

البلاغة: راضية بمعنى مرضية او راض صاحبها ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ

سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ ۱۰۲ مَكِّيَّةٌ ۱۶ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۸ — رُكُوْعُهَا ۱

سورۂ تکاثر مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۸ آیات اور ا رکوع ہے

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۝۱ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝۲ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝۳ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝۴
كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝۵ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۝۶ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۝۷ ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ
يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۝۸ ع ۲۷

(دنیاوی سازوسامان پر) فخر کرنا (جو کہ علامت ہے محبت وطلب کی) تم کو (آخرت سے) غافل کئے رکھتا ہے یہاں تک کہ تم قبرستانوں میں پہنچ جاتے ہو ہرگز نہیں تم کو بہت جلد (قبر میں جاتے ہی) معلوم ہو جائے گا پھر دوبارہ (تم کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ) ہرگز تمہاری یہ حالت ٹھیک نہیں بہت جلد معلوم ہو جائے گا (اور) اگر تم یقینی طور پر (دلائل صحیحہ واجب الاتباع سے اس بات کو) جان لیتے واللہ تم لوگ ضرور دوزخ کو دیکھو گے پھر (مکرر تاکید کے لئے کہا جاتا ہے کہ) واللہ تم لوگ اس کو ایسا دیکھنا جو کہ خود یقین ہے پھر (اور بات سنو کہ) اس روز تم سب سے نعمتوں کی پوچھ ہو گی۔

سورة التكاثر مختلف فيها وهي ثماني اٰية كذا في البيضاوي۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰى کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہے ایک ان میں سے غفلت عن الآخرۃ کا ترک کرنا ہے اس سورت میں اس کا بیان ہے۔

ذم غفلت عن الآخرۃ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ (الى قوله تعالى) ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ (دنیوی سامان پر) فخر کرنا (جو کہ علامت ہے محبت وطلب کی) تم کو (آخرت سے) غافل کئے رکھتا ہے (کیونکہ تم کو اس سے انکار ہے) یہاں تک کہ تم قبرستانوں میں پہنچ جاتے ہو (یعنی مرجاتے ہو کذا فی تفسیر ابن کثیر مرفوعًا آگے اس پر ردع ہے کہ) ہرگز (یہ چیزیں قابل فخر اور توجہ کے اور آخرت قابل غفلت وانکار کے) نہیں تم کو بہت جلد (قبر میں جاتے ہی یعنی مرتے ہی) معلوم ہو جاوے گا پھر (دوبارہ تم کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ) ہرگز (یہ چیزیں قابل فخر اور توجہ کے اور آخرت قابل غفلت وانکار کے) نہیں تم کو بہت جلد (قبر سے نکلتے ہی یعنی حشر میں) معلوم ہو جاوے گا (کذا فی فتح البیان مرفوعًا اور سہ بارہ پھر تم کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ) ہرگز (یہ چیزیں قابل فخر وتوجہ کے اور آخرت قابل غفلت وانکار کے) نہیں (اور) اگر تم یقینی طور پر (دلائل صحیحہ واجب الاتباع سے اس بات کو) جان لیتے (جیسا کہ یہ ہی یقین تم کو بعد مرگ اور بعد حشر حاصل ہو گا تو کبھی اس فخر وغفلت میں نہ پڑتے آگے اس وعید کی تاکید اور تہدید کی تشدید ہے کہ) واللہ تم لوگ ضرور دوزخ کو دیکھو گے پھر (مکرر تاکید کے لئے کہا جاتا ہے کہ) واللہ تم لوگ ضرور اس کو ایسا دیکھنا دیکھو گے جو کہ خود یقین ہے (یعنی وہ رویت استدلالیہ نہیں جس پر یقین کا ترتب گاہے دیر میں ہوتا ہے بلکہ رویت مشاہدہ جس پر یقین کا ترتب فوری ہے و نیز مشاہدہ میں انکشاف بھی زیادہ ہے استدلالیات سے بھی اور ضروریات عقلیہ سے بھی اس کے خود دیکھنے کو نفس یقین فرمایا جو کہ مراد ہے عین الیقین سے باوجودیکہ وہ سب یقین ہے) پھر (اور بات سنو کہ) اس روز تم سب سے نعمتوں کی پوچھ ہو گی (کہ نعمتوں کا حق ایمان اور طاعت بجا لائے یا نہیں اور پہلے خطابات خاص کفار کے ساتھ ہیں بقرینۂ ردع اور رویت جحیم کے اور لتسئلن میں خطاب عام ہے بقرینۂ حدیث جس میں آپ نے حضرات شیخین سے فرمایا لتسئلن عن هذا النعيم كذا في الصحاح اور اس بنا پر یہ ثم مفید ترقی کو ہو گا یعنی جب غیر مجرمین تک سے سوال ہو گا گو اس پر کوئی ضرر مرتب نہ ہو تو مجرمین تو کیوں بچ جاویں گے اور ان کیلئے وہ مضر بھی ہو گا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ تفاخر اور مباہات کی مذمت میں نص ہے ۱۲۔

اللغات: علم اليقين بمعنى المتيقن والعلم مضاف الى المفعول اى كعلمكم ما تستيقنونه من الامور عين اليقين عين بمعنى النفس كما في جاء زيد عينه وهو صفة مصدر مقدر اى روية عين اليقين والاضافة بيانية اى الرؤية التي هي نفس اليقين فان الانكشاف بالروية والمشاهدة فوق سائر الانكشافات فهو احق ان يكون عين اليقين ۱۲۔ **النحو:** قوله لو تعلمون جوابه مقدر ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الْعَصْرِ

سُورَةُ الْعَصْرِ ۱۰۳ مَكِّيَّة ۱۳ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اٰيَاتُهَا ۳ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ العصر مکہ میں نازل ہوئی شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں اس میں ۳ آیات اور ارکوع ہے

وَالْعَصْرِ ۝۱ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝۲ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا

بِالْحَقِّ ۙ۬ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝۳ ع ۲۸

قسم ہے زمانہ کی (جس میں نفع ونقصان واقع ہوتا ہے) کہ انسان (بوجہ تضیع عمر کے) بڑے خسارہ میں ہے مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے (کہ یہ کمال ہے) اور ایک دوسرے کو (اعتقاد) حق (پر قائم رہنے) کی فہمائش کرتے رہے اور ایک دوسرے کو (اعمال کی) پابندی کی فہمائش کرتے رہے۔

سورة العصر مكية او مدنية وهي ثلث اٰية كذا في الجلالين۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰی ۝ کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے منجملہ ان کے اپنی عمر کو تضیع سے بچانا اور اس کو اعمال وطاعات میں صرف کرنا ہے اس سورت میں اس کا بیان ہے۔

ذم تضیع عمر: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَالْعَصْرِ ۝ (الی قوله تعالی) وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝ قسم ہے زمانہ کی (جس میں رنج اور خسران واقع ہوتا ہے) کہ انسان (بوجہ تضیع عمر کے) بڑے خسارہ میں ہے مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے (کہ یہ کمال ہے) اور ایک دوسرے کو (اعتقاد) حق (پر قائم رہنے) کی فہمائش کرتے رہے اور ایک دوسرے کو اعمال کی) پابندی کی فہمائش کرتے رہے (کہ یہ تکمیل ہے پس یہ لوگ البتہ نفع میں ہیں)۔

ف: قسم اور جواب میں مناسبت خود صفت عصر سے ظاہر ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: وَالْعَصْرِ ۝ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے دہر سے تفسیر فرمائی ہے پس اس میں تنبیہ ہے وقت عمر کے نعمت مغتنمہ ہونے پر اور اس پر اہل اللہ خوب متنبہ ہوئے ہیں کہ ایک لحہ ضائع نہیں کرتے یا کمال حاصل کرتے ہیں جس کا ذکر اٰمَنُوْا وَعَمِلُوْا میں ہے یا تکمیل میں مشغول رہتے ہیں جس کا ذکر تَوَاصَوْا میں ہے۔

اللغات: العصر الدهر كذا في القاموس ويؤيد قراءة علي والعصر ونوائب الدهر كما في الدر المنثور ورجحه ابن كثير بانه هو المشهور في القاموس اللمزة الذي يعيبك في وجهك والهمزة يعيبك في الغيب ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ الْھُمَزَۃِ

سورۃ الھمزۃ ۱۰۴ مکیۃ ۳۲ | بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | آیاتھا ۹ | رکوعھا ۱

سورۃ الھمزۃ مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۹ آیات اور ا رکوع ہے

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِۣ ۝۱ الَّذِىْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۝۲ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ ۝۳ كَلَّا
لَيُنْۢبَذَنَّ فِى الْحُطَمَةِ ۝۴ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝۵ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝۶ الَّتِىْ تَطَّلِعُ عَلَى
الْاَفْـِٕدَةِ ۝۷ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝۸ فِىْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝۹ ع ۱

بڑی خرابی ہے ہر ایسے شخص کے لئے جو پس پشت عیب نکالتا ہو (اور) روبرو طعنہ دینے والا ہو جو (غایت حرص سے) مال جمع کرتا ہو اور (غایت حب وفرح سے) اس کو بار بار گنتا ہو وہ خیال کر رہا ہے کہ اس کا مال اس کے پاس سدا رہے گا ہرگز نہیں رہے گا پھر آگے اس ویل کی تفسیر ہے کہ واللہ وہ شخص ایسی آگ میں ڈالا جائے گا جس میں جو کچھ پڑے وہ اس کو توڑ پھوڑ دے اور آپ کو کچھ معلوم ہے کہ وہ توڑنے پھوڑنے والی آگ کیسی ہے وہ آگ اللہ تعالیٰ کی ہے (اللہ کے حکم سے) سلگائی گئی ہے جو (کہ بدن کو لگتے ہی) دلوں تک جا پہنچے گی (اور) وہ (آگ) ان پر بند کر دی جائے گی (اس طرح سے کہ) وہ لوگ آگ کے بڑے بڑے لمبے لمبے ستونوں میں (گھرے ہوں گے)۔

سورة الهمزة مكية وهى تسع اٰية كذا فى البيضاوى۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰى ۝ کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے مجملہ ان کے اپنے کو خصال عذاب سے بچانا ہے اس سورت میں اس کا بیان ہے۔

بیان بعض خصال عذاب: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِۣ ۝ (الی قولہ تعالیٰ) فِىْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝ بڑی خرابی ہے ہر ایسے شخص کیلئے جو پس پشت عیب نکالنے والا ہو (اور) روبرو طعنہ دینے والا ہو جو (غایت حرص سے) مال جمع کرتا ہو اور (غایت حب اور فرح سے) اسکو بار بار گنتا ہو اس کے برتاؤ سے معلوم ہے کہ گویا) وہ خیال کر رہا ہے کہ اسکا مال اسکے پاس سدا رہیگا (یعنی اس میں اس قدر انہماک واشتغال واستغراق رکھتا ہے جیسے معتقد خلود رکھتا ہو اور یہ ظاہر ہے اور ان صفات وافعال پر یہ خاص وعید اس صورت میں ہے جبکہ منشاء ان کا کفر ہو گو مطلق وعید مطلق صفات وافعال مذکورہ پر بھی دوسرے نصوص میں ہے آگے اس خلود کے حسبان حکمی پر زجر ہے کہ یہ مال اسکے پاس) ہرگز نہیں (رہے گا چونکہ آگے اس ویل کی تفسیر ہے کہ) واللہ وہ شخص ایسی آگ میں ڈالا جاویگا جس میں جو کچھ پڑے وہ اسکو توڑ پھوڑ دے اور آپ کو کچھ معلوم ہے کہ وہ توڑنے والی آگ کیسی ہے وہ اللہ کی آگ ہے جو (اللہ کے حکم سے) سلگائی گئی ہے (اس اضافہ تفخیمیہ اور اس صفت میں اس آگ کی تفخیم اور تہویل ہے اور وہ ایسی ہے) جو (کہ بدن کو لگتے ہی) دلوں تک جا پہنچے گی (یعنی اس میں سرعت نفوذ اور سرایت ہونے سے اور اس شخص کو موت نہ آنے سے یہ حالت ہوگی کہ بدن کے ساتھ یہ دل کو جلا دیگی اور اس سے قطع نظر بھی کی جاوے تب بھی یہ بات ہے کہ دل تک پہنچنے کا الم بوجہ عدم عروض موت کے اس کو محسوس ہوگا بخلاف آتش دنیا کے کہ بدن سے دل تک پہنچتے پہنچتے بہت دیر لگتی ہے حتیٰ کہ اسکے پہلے ہی روح نکل جاتی ہے اور دل تک پہنچنے کا الم مدرک ہونے کی نوبت نہیں آتی اور) وہ (آگ) ان پر بند کر دی جاویگی (اس طرح سے کہ وہ لوگ آگ کے) بڑے لمبے لمبے ستونوں میں (گھرے ہوئے ہوں گے یعنی آگ کے اتنے بڑے بڑے شعلے ہوں گے اور وہ لوگ اس آگ میں مقید ہوں گے اور بند کرنے کی تفسیر سورۂ بلد میں گزر چکی كذا فى الدر المنثور عن ابن عباسؓ عمد من نار)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ الَّذِىْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۝ اس میں اشعار ہے کہ جمع مال وہ مذموم ہے جو محبت اور شغف کے ساتھ ہو جس کے آثار میں سے بار بار شمار کرنا ہے ۱۲۔

النحو: عليهم متعلق بمؤصدة وفى عمد ممددة حال من الضمير المجرور فى عليهم واما فى سورة البلد فلا يتعلق عليهم بموصدة بل بمقدر كما اشرت اليه بترجمتى هناك عمد جمع عمود وعماد ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الفِيلِ

سُورَةُ الفِيلِ ۱۰۵ مَكِّيَّةٌ ۱۹ | بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ | اٰیَاتُهَا ۵ | رُکُوۡعُهَا ۱

سورۃ الفیل مکہ میں نازل ہوئی   شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں   اس میں ۵ آیات اور ا رکوع ہے

أَلَمۡ تَرَ كَيۡفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصۡحَٰبِ ٱلۡفِيلِ ۝١ أَلَمۡ يَجۡعَلۡ كَيۡدَهُمۡ فِي تَضۡلِيلٖ ۝٢ وَأَرۡسَلَ
عَلَيۡهِمۡ طَيۡرًا أَبَابِيلَ ۝٣ تَرۡمِيهِم بِحِجَارَةٖ مِّن سِجِّيلٖ ۝٤ فَجَعَلَهُمۡ كَعَصۡفٖ مَّأۡكُولِۭ ۝٥ ع ۴۶۵

کیا آپ کو معلوم نہیں کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا معاملہ کیا کیا ان کی تدبیر کو (جو مکہ ویرانی کعبہ کے بارے میں تھی) سرتا پا غلط نہیں کر دیا اور ان پر غول کے غول پرندے بھیجے جو ان لوگوں پر کنکر کی پتھریاں پھینکتے تھے سو ان کو اللہ تعالیٰ نے کھائے ہوئے بھوسہ کی طرح (پامال) کر دیا۔

سورۃ الفیل مکیۃ وھی خمس اٰیۃ کذا فی البیضاوی۔

تفسیر: ربط: وَالضُّحٰی ۝ کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے مجملہ ان کے عقاب الٰہی سے ڈرنا ہے اس کے احکام کے ترک احترام پر اس سورت میں ترک احترام بیت کے وبال سے اس پر استدلال ہے اور قصہ اس کا ابن کثیر و روح المعانی میں ملخصاً اس طرح ہے کہ بادشاہ حبشہ کی طرف سے یمن میں ایک حاکم تھا ابرہہ اس نے کنیسہ بنایا تھا کیونکہ یہ سب لوگ نصرانی تھے اور اس نے یہ چاہا کہ کعبہ کا حج کرنے والے لوگ یہاں آیا کریں اور اس کا اعلان کر دیا عرب کو خصوصاً قریش کو بہت ناگوار ہوا اور کسی شخص نے رات کو اس میں جا کر پاخانہ بھر دیا اور مقاتل نے کہا ہے کہ بعض عرب نے وہاں آگ جلائی تھی ہوا سے اس میں آگ جا لگی اور وہ سب جل گیا ابرہہ کو غصہ آیا اور لشکر عظیم لے کر جس میں ہاتھی بھی تھے خانہ کعبہ کو منہدم کرنے چلا جب مغمس میں جو کہ طریق طائف میں ہے پہنچا عبدالمطلب کے پاس جو کہ اس وقت رئیس مکہ تھے آدمی بھیجا کہ میں لڑنے نہیں آیا ہوں صرف کعبہ کو منہدم کرنے آیا ہوں اگر کوئی اس کی حمایت کرے گا اس سے البتہ لڑوں گا عبدالمطلب نے جواب دیا کہ جس کا یہ گھر ہے وہ آپ حفاظت کر لے گا پھر عبدالمطلب اس کے بلائے ہوئے خود اس کے پاس بھی گئے اور یہ ہی گفتگو زبانی بھی ہوئی وہاں سے واپس آ کر سب قریش کو لے کر پہاڑوں میں جا چھپے تا کہ لشکر کے شر سے محفوظ رہیں اور ابرہہ وہاں سے مکہ کی طرف چلا اور جب وادی محسر میں جو مزدلفہ کے قریب ہے پہنچا سمندر کی طرف سے کچھ سبز اور زرد رنگ کے پرندے کبوتر سے کچھ چھوٹے آتے اور ان کے پنجوں اور چونچوں میں مسور اور چنے کی برابر کنکریاں تھیں اور لشکر پر چھوڑنا شروع کیا اللہ تعالیٰ کی قدرت سے وہ گولی کی طرح لگتی تھی اور ہلاک کر دیتی تھی بعض تو اس عذاب سے ہلاک ہوئے اور بعضے بھاگ گئے اور دوسرے بڑی بڑی تکلیفیں اٹھا کر مرے اور یہ واقعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادتِ شریفہ سے پچاس روز پہلے ہوا آپ ربیع الاول کے اول میں پیدا ہوئے اور یہ واقعہ محرم کے آخر میں ہوا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے کہ انہوں نے بڑے ہاتھی کے قائد اور فیلبان کو اندھے بھیک مانگتے دیکھا ہے اور نوفل بن ابی معاویہ سے منقول ہے کہ انہوں نے وہ کنکریاں دیکھی ہیں اور درمنثور میں ہے کہ بعض کو ان کنکریوں کے لگنے سے خارش اور بعض کے چیچک نکل آئے اور زیادتی ہو کر ہلاک ہو گئے۔

استدلال بر تحذیر از ہتک حرمات الٰہیہ بقصہ اصحاب الفیل: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ أَلَمۡ تَرَ كَيۡفَ فَعَلَ رَبُّكَ (الی قولہ تعالیٰ) فَجَعَلَهُمۡ كَعَصۡفٖ مَّأۡكُولِۭ ۝ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں سے کیا معاملہ کیا (مقصود استفہام سے تہویل و تعظیم واقعہ کی ہے بوجہ دلالت عظمت قدرت الٰہیہ پر۔ آگے اس معاملہ کا بیان ہے کہ) کیا ان کی تدبیر کو (جو کہ تخریب کعبہ کے بارہ میں تھی) سرتا پا غلط نہیں کر دیا (یہ استفہام تقریری ہے) اور ان پر غول کے غول پرندے بھیجے جو ان لوگوں پر کنکر کی پتھریاں پھینکتے تھے سو اللہ تعالیٰ نے ان کو کھائے ہوئے بھوسہ کی طرح (پامال) کر دیا (یہ تشبیہ

www.besturdubooks.net

پراگندگی اور ابتذال اور تقبیح صورت وغیر ہا امور ہیں خواہ کنکریاں اس ہلاکت کا سبب قریب ہوں یا بواسطہ جدری وحکہ کے ہوا اور اگر بعض منہز مین پر کنکریوں کا نہ پڑنا ثابت ہو تو یہ مضمون باعتبار اکثر کے ہوگا حاصل یہ کہ احکام الہیہ کے بے حرمتی کرنے والوں کو ایسے عقاب سے خواہ دنیا میں ہو یا آخرت میں ہو ڈرنا چاہیے)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ اس میں اشارہ ہے کہ متصرف حقیقی حق تعالیٰ ہے اسباب موثر حقیقی نہیں ١٢۔

اللغات: تضليل ابطال ابابيل جماعات جمع ابالة بكسر الهمزة وتشديد الباء وهى حزمة الحطب الكبيرة شبهت بها الجماعة من الطير فى تضامها ١٢۔

البلاغة: قوله الم تر فى النيسابورى انما لم يقل الم تعلم لانه صلى الله عليه وسلم كان يعلم علما كالمشاهد المرئى لتواتره ولقرب عهده به آه ملخصًا قوله طيرا تنكيره للتحقير لانها كانت صغار الجثة كما فى النيسابورى ١٢۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ قُرَيْشٍ

سُورَةُ قُرَيْشٍ ١٠٦ مَكِّيَّةٌ ٢٩ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۴ — رُكُوْعُهَا ١

سورۃ قریش مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۴ آیات اور ارکوع ہے

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝١ اِلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝٢ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝٣ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝٤

چونکہ قریش خوگر ہو گئے ہیں یعنی جاڑے اور گرمی کے سفر کے خوگر ہو گئے ہیں تو (اس نعمت کے شکریہ میں) ان کو چاہئے کہ اس خانہ کعبہ کے مالک کی عبادت کریں جس نے ان کو بھوک میں کھانے کو دیا اور خوف سے ان کو امن دیا۔

سورة قريش مكية وهي اربع اٰية كذا في البيضاوي۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰى کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے منجملہ ان کے شکر نعمت الٰہیہ میں عبادت کرنا ہے اس سورت میں اس کا بیان ہے۔ امر بعبادت مر قریش را بر بعض نعم: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اِلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝ چونکہ قریش خوگر ہو گئے ہیں یعنی جاڑے اور گرمی کے سفر کے خوگر ہو گئے ہیں تو (اس نعمت کے شکریہ میں) ان کو چاہیے کہ اس خانہ کعبہ کے مالک کی عبادت کریں جس نے ان کو بھوک میں کھانے کو دیا اور خوف سے ان کو امن دیا۔ **ف**: حاصل یہ کہ مکہ میں غلہ وغیرہ پیدا نہیں ہوتا اس لئے قریش کی عادت تھی کہ سال بھر میں تجارت کے لئے دو سفر کرتے جاڑوں میں یمن کی طرف کہ وہ ملک گرم ہے اور گرمی میں شام کی طرف کہ وہ ملک سرد ہے اور لوگ ان کو اہل حرم و خادم بیت اللہ سمجھ کر ان کی حرمت کرتے اور ان کے مال و جان سے کوئی تعرض نہ کرتا اور خاطر خواہ ان کو نفع ہوتا کہ گھر بیٹھ کر کھاتے اور کھلاتے اس سورت میں اسی واقعہ کا ذکر ہے اور چونکہ بیت اللہ کے سبب ان کا احترام ہوتا تھا اس لئے رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ کی طرف مضاف کیا اور رجوع میں طعام دینا اشارہ ہے حصول نفع کی طرف اور خوف سے امن دینا اشارہ ہے عدم تعرض کی طرف سفر میں بھی اور حضر میں بھی۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اِلٰفِهِمْ اس سے معلوم ہوا کہ اگر کسی کو امر دینی کے سبب مال یا جاہ نصیب ہو جیسا قریش کو بواسطہ تعلق بیت اللہ کے تھا جس کا اس میں ذکر ہے اس کا حق یہ ہے کہ بجائے تفاخر اور دعویٰ استحقاق کے خدا تعالیٰ کا شکر اور اطاعت کا زیادہ اہتمام کرے ۱۲۔

اللغات: ايلاف خوگر فتن بجائے و کسی و چیزے كذا في الصراح قريش تصغير قرش بفتح القاف اسم الدابة في البحر اقوى دوابه تاكل ولا توكل وتعلو ولا تعلى وهو ولد النضر بن كنانة ۱۲۔

النحو: قوله لايلف متعلق بقوله فليعبدوا كما في المدارك قوله ايلافهم بدل رحلة مفعول به لايلاف ۱۲۔

البلاغة: رحلة الفرد مع كونها متعددة اى رحلتين لامن اللبس وظهور المعنى قوله ايلافهم في المدارك اطلق لايلاف ثم ابدل عنه تفخيما لامر الايلاف ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ الْمَاعُوْن

سُوْرَۃُ الْمَاعُوْنِ ١٠٧ مَکِّیَّۃٌ ١٧ | بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیَاتُہَا ٧ رُکُوْعُہَا ١

سورۃ الماعون مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۷ آیات اور ا رکوع ہے

اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یُکَذِّبُ بِالدِّیْنِ ۞١ فَذٰلِکَ الَّذِیْ یَدُعُّ الْیَتِیْمَ ۞٢ وَلَا یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ
الْمِسْکِیْنِ ۞٣ فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ ۞٤ الَّذِیْنَ ھُمْ عَنْ صَلَاتِہِمْ سَاھُوْنَ ۞٥ الَّذِیْنَ ھُمْ یُرَآءُوْنَ ۞٦
وَیَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۞٧ ع ٧ ٣٢

کیا آپ نے اس شخص کو نہیں دیکھا جو روز جزا کو جھٹلاتا ہے سو (اگر آپ اس شخص کا حال سننا چاہیں تو سنیئے کہ) وہ وہ شخص ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے اور محتاج کو کھانا دینے کی (دوسروں کو بھی) ترغیب نہیں دیتا سو اس سے ثابت ہوا کہ ایسے نمازیوں کے لئے بڑی خرابی ہے جو اپنی نماز کو بھلا بیٹھتے ہیں (یعنی ترک کر دیتے ہیں) جو ایسے ہیں کہ جب نماز پڑھتے ہیں تو ریاکاری کرتے ہیں اور زکوۃ بالکل نہیں دیتے۔

سورۃ الماعون مختلف فیہا وھی سبع اٰیۃ کذا فی البیضاوی۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰی کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے منجملہ ان کے کفر ونفاق سے بچنا ہے اس سورت میں اس کا بیان ہے۔
ذم خصال کفار ومنافقین۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یُکَذِّبُ بِالدِّیْنِ ۞ (الی قولہ تعالی) وَیَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۞ کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جو روز جزا کو جھٹلاتا ہے سو (آپ اس شخص کا حال سننا چاہیں تو سنیئے کہ) وہ وہ شخص ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے اور محتاج کو کھانا دینے کی (دوسروں کو بھی) ترغیب نہ دیتا (یعنی وہ ایسا سنگ دل ہے کہ نہ خود احسان کرے اور نہ دوسرے کو احسان پر آمادہ کرے اور جب بندہ کا حق ضائع کرنا ایسا برا ہے تو خالق کا حق ضائع کرنا تو اور زیادہ برا ہے) سو (اس سے ثابت ہوا کہ) ایسے نمازیوں کے لئے بڑی خرابی ہے جو اپنی نماز کو بھلا بیٹھتے ہیں (یعنی ترک کر دیتے ہیں) جو ایسے ہیں (کہ جب نماز پڑھتے ہیں تو) ریاکاری کرتے ہیں اور زکوۃ بالکل نہیں دیتے (کیونکہ اس میں اظہار مامور بہ نہیں اس لئے اس کو بالکلیہ ترک ہی کر دیتے ہیں بخلاف نماز کے کہ اس کا اظہار مامور بہ ہے اس لئے گاہ گاہ اظہار کے لئے پڑھ بھی لیتے ہیں اور جب نگاہ بچی چھوڑ دیتے ہیں)۔

ف: یہاں مذمت ان افعال کی ہے جن کا منشا تکذیب بالدین ہو کفرا جیسا نصف سورت میں ہے یا نفاقا جیسا نصف آخر میں ہے اور اگر بلا تکذیب ہو تو گو اس وقت بھی مذموم ہے مگر اس سے دوسرے درجہ میں ہے اور فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ ۞ … کے ترجمہ کی تقریر سے اگر شبہ ہو کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حقوق اللہ اہم ہیں نسبت حقوق العباد کے حالانکہ فقہاء نے حقوق العبد کو حقوق اللہ پر مقدم کہا ہے۔ جواب یہ ہے کہ تقدیم حقوق العباد کی حقوق اللہ پر باعتبار الزم ہونے کے ہے اور تقدیم حقوق اللہ کی باعتبار اعظم ہونے کے ہے ورنہ ظاہر ہے کہ حقوق العباد خود حقوق اللہ بھی ہیں کہ اللہ ہی کے حکم سے مقرر ہوئے ہیں پس اعظم واہم واصل حقوق اللہ ہی ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالی: فَذٰلِکَ الَّذِیْ یَدُعُّ الْیَتِیْمَ ۞ اس میں قسوت وغفلت وریاء وبخل کی مذمت مذکور ہے ١٢۔

اللغات: ساھون ای تارکون الماعون الزکوۃ کما فی الروح واصلہ معوون فقلب فصار موعون ثم قلبت الواو الفافصار ماعون ١٢۔

البلاغۃ: قولہ ارایت الاستفھام للتشویق قولہ فذلک الفاء داخلۃ علی المسبب عن التشویق الذی دل علیہ الکلام السابق کما اشیر الیہ فی الترجمۃ قولہ طعام ای بذل طعام او ما یتناول من الغذاء والتعبیر بالطعام دون الاطعام للاشعار بان المسکین کانہ مالک لما یعطی لہ قولہ فویل الفاء جزائیۃ والکلام ترق ای اذا کان دع الیتیم الخ بھذہ المثابۃ فما بال المصلی ١٢۔

www.besturdubooks.net

سورۃ الکوثر

سُورَةُ الْكَوْثَرِ ١٠٨ مَكِّيَّةٌ ١٥ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ آيَاتُهَا ٣ رُكُوعُهَا ١

سورۃ الکوثر مکہ میں نازل ہوئی شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں اس میں ۳ آیات اور ۱ رکوع ہے

إِنَّآ أَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝١ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝٢ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ۝٣ ع ۱ ۲۲

بے شک ہم نے آپ کو کوثر (ایک حوض کا نام ہے اور ہر خیر کثیر بھی اس میں داخل ہے) عطا فرمائی ہے سو (ان نعمتوں کے شکریہ میں) آپ اپنے پروردگار کی نماز پڑھیے اور قربانی کیجئے بالیقین آپ کا دشمن ہی بے نام ونشان ہے۔

سورۃ الکوثر مکیة وهي ثلث اٰية كذا في البيضاوي۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰى ۝ کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے منجملہ ان کے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عقیدت اور محبت اور آپ کے مخالف کے ساتھ بغض وعداوت ہے اس سورت کے اول اور آخر کی آیتوں میں اس کے موجبات کا بیان ہے اور درمیان کی آیت میں **تبعا للآية الاولى** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ادائے شکر عطائے نعم کا حکم ہوا ہے۔

عطائے کوثر برسول وابتریت عدو آن محبوب ومقبول: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ إِنَّآ أَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ۝ سبب نزول اس سورت کا یہ ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد میں سب سے بڑے بیٹے حضرت قاسم تھے ان کا مکہ میں انتقال ہو گیا تو عاص بن وائل سہمی نے اور اس کے ساتھ دوسرے مشرکین نے یہ کہا کہ آپ کی نسل منقطع ہو گئی پس آپ نعوذ باللہ ابتر یعنی بے نام ونشان ہیں مطلب یہ تھا کہ ان کے دین کا چرچا چند روزہ ہے پھر یہ سب بکھیڑے پاک ہو جاویں گے اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلیہ کے لئے یہ سورت نازل ہوئی **كذا في الدر المنثور** جس میں ارشاد ہے کہ) بے شک ہم نے آپ کو کوثر (ایک حوض کا نام بھی ہے اور ہر چیز کثیر بھی اس میں داخل ہے) عطا فرمائی ہے (جس میں خیر دنیا یعنی بقائے دین وترقی اسلام جو کہ موجب کثرت واجر ہے و خیر آخرت یعنی مراتب قرب ودرجات علیا سب داخل ہے پھر اگر ایک بیٹا فوت ہوا اور اس پر مخالفین شماتت کرتے ہیں اس پر غم نہ کیجئے کیونکہ اس سے بڑھ کر آپ کو یہ دولتیں عطا فرمائی ہیں) سو (ان نعمتوں کے شکر میں) آپ اپنے پروردگار کی نماز پڑھیے (کہ اعظم نعم کے شکر میں اعظم عبادات مناسب ہے) اور (تکمیل شکر کے لئے عبادت بدنیہ کے ساتھ عبادت مالیہ یعنی اسی کے نام کی) قربانی کیجئے (جیسا دوسری آیتوں میں جا بجا أَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ کے ساتھ اٰتُوا الزَّكٰوةَ فرمایا گیا ہے نیز اس میں علاوہ شکر کے فعلی مخالفت بھی ہے مشرکین کی کہ وہ غیر اللہ کو سجدہ کرتے اور بتوں کے نام کی قربانی کرتے تھے آگے اس طاعن کے باب میں آپ کی مزید تسلیہ کے لئے فرماتے ہیں کہ آپ بفضلہ تعالیٰ بے نام ونشان نہیں ہیں بلکہ) بالیقین آپ کا دشمن ہی بے نام ونشان ہے (خواہ ظاہری نسل اس دشمن کی چلے یا نہ چلے لیکن دنیا میں اس کا ذکر خیر باقی نہیں رہے گا بخلاف آپ کے کہ قیامت تک آپ کی امت اور آپ کی یاد نیک نامی محبت واعتقاد کے ساتھ باقی رہے گی کہ سب عموم مفہوم کوثر میں داخل ہیں اگر پسری اولاد کی نسل نہ ہو نہ سہی جو نسل سے مقصود ہے وہ آپ کو حاصل ہے یہاں تک کہ دنیا سے گزر کر آخرت میں بھی اور دشمن اس سے محروم ہے)۔ **ف:** کوثر کے معنی خیر کثیر کے ہیں اور اس خیر کثیر میں وہ حوض بھی داخل ہیں جو اس نام سے مشہور ہے صحاح میں دونوں تفسیریں اور ایک تفسیر کا دوسری تفسیر میں داخل ہونا آیا ہے اور بعض حدیثوں سے اس نہر کا جنت میں ہونا اور بعض سے میدان حشر میں ہونا معلوم ہوتا ہے دونوں میں یہ تطبیق ہو سکتی ہے کہ اصل نہر جنت میں ہے اور اس کی ایک شاخ میدان حشر میں باذن الٰہی آ جاوے گی دونوں کو کوثر کہہ دیا گیا اور آپ کے امتیوں کا میدان حشر میں اس سے پینا جو روایت میں آیا ہے اس کی ترتیب دوسرے واقعات موقف کے اعتبار سے کہیں صریح اور صحیح طور پر نظر سے

www.besturdubooks.net

نہیں گزری واللہ اعلم!

مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ اطلاق سے دال ہے کہ آپ کا ہر مخالف ہر خیر سے منقطع ہے کہ نہ اس کی حیات میں برکت ہے کہ زاد آخرت اس سے جمع کرے نہ اس کے قلب میں خیر ہے کہ حق بات کو سمجھے یا اس میں حق تعالیٰ کی محبت و معرفت پیدا ہو نہ اعمال میں برکت ہے کہ توفیق یا اخلاص ہو اور یہی حالت ہوتی ہے آپ کے ورثہ کے مخالف کی جیسا حدیث میں ہے کہ جو شخص میرے ولی سے عداوت کرے میں اس کو اشتہار جنگ دیتا ہوں۔

اللغات: الكوثر فوعل من الكثرة صيغة مبالغة الشئ الكثيرة كثرة مفرطة الدين الجزاء ۱۲۔

البلاغة: قوله انا اعطيناك الكوثر اسند الى نون العظمة للتعظيم قوله لربك فيه التفات ايذانا بالعلة قوله الابتر الذى لا عقب له ومثله من لا يبقى خير وحسن ذكر۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ ۱۰۹ مَكِّيَّةٌ ۱۸ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۶ | رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الکافرون مکہ میں نازل ہوئی　　شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں　　اس میں ۶ آیات اور ا رکوع ہے

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝۱ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝۲ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝۳ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا
عَبَدْتُّمْ ۝۴ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝۵ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝۶ ع ۱ / ۶ / ۳۴

آپ (ان کافروں سے) کہہ دیجئے کہ اے کافرو! (میرا اور تمہارا طریقہ متحد نہیں ہوسکتا اور) نہ فی الحال میں تمہارے معبودوں کی پرستش کرتا ہوں اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کرتے ہو اور نہ (آئندہ استقبال میں) میں تمہارے معبودوں کی پرستش کروں گا اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کرو گے تم کو تمہارا بدلہ ملے گا اور مجھ کو میرا بدلہ ملے گا۔

سورۃ الکفرون مکیۃ وھی ست اٰیۃ کذا فی البیضاوی۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰى ۝ کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے منجملہ ان کے مسئلہ توحید اور تبری عن الشرک ہے اس سورت میں اس کا بیان ہے۔

توحید و اظہار مخالفت با مشرکین: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ (الی قولہ تعالٰی) لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ (سبب نزول اس سورت کا یہ ہے کہ ایک بار چند رؤسائے کفار نے آپ سے عرض کیا کہ آیئے ہمارے معبودوں کی آپ عبادت کیا کیجئے اور آپ کے معبود کی ہم عبادت کیا کریں جس میں ہم اور آپ طریق دین میں شریک رہیں جونسا طریقہ ٹھیک ہوگا اس سے سب کو کچھ کچھ حصہ مل جاوے گا اس پر یہ سورت نازل ہوئی کذا فی الدر المنثور یعنی) آپ (ان کافروں سے) کہہ دیجئے کہ اے کافرو (میرا اور تمہارا طریقہ متحد نہیں ہوسکتا اور) نہ (تو فی الحال) میں تمہارے معبودوں کی پرستش کرتا ہوں اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کرتے ہو اور نہ (آئندہ استقبال میں) میں تمہارے معبودوں کی پرستش کروں گا اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کرو گے (مطلب احقر کے نزدیک یہ ہے کہ میں موحد ہو کر شریک نہیں کرسکتا نہ اب نہ آئندہ اور تم مشرک رہ کر موحد نہیں قرار دیئے جاسکتے نہ اب نہ آئندہ یعنی توحید و شرک جمع نہیں ہوسکتے پس لَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ بقرینہ مقام مقید ہے قید وانتم عٰبدون ما تعبدون کے ساتھ یعنی جب تک تم اپنے معبودوں کے عابد اور مشرک رہو گے اس وقت تک میرے معبود کے عابد یعنی موحد نہ سمجھے جاؤ گے پس اس کو پیشین گوئی پر محمول کرنے کی اور اس پر جو سوال ہوتا ہے کہ بعضے تو مسلمان ہوگئے تھے اس کے جواب اَلْكٰفِرُوْنَ کو معہود پر محمول کرنے کی ضرورت نہیں آگے توحید و شرک کا انجام ارشاد ہے کہ) تم کو تمہارا بدلہ ملے گا اور مجھ کو میرا بدلہ ملے گا (اس میں ان کے شرک پر وعید بھی سنادی پس سورت مشتمل ہے اظہار خلاف و وعید پر)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ اہل ضلال سے تبری اور ان سے متارکت کی اس میں تصریح ہے اور بغض فی اللہ یہی ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی لَآ اَعْبُدُ مطلب الخ وھذا من المواھب ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ لا انتم الاول کان الظاھر الذی یقتضیہ المقابلۃ ان یقول ولا انتم تعبدون ما اعبد ولعل نکتۃ العدول الی جملۃ الاسمیۃ المفیدۃ للثبات والقوۃ ھو تاکید النفی لرفع ایھام ان یقولوا انا لا یصح الحکم علینا بانا لا نعبد ما یعبد محمد صلی اللہ علیہ وسلم لا نا نعبد اللّٰہ ایضا مع غیرہ فاقتضی المقام التاکید الصادق بان عبادۃ اللہ مع غیرہ لا یعتد بھا ولما کان النفی الاول ظاھرا لم یحتج الی ھذا التاکید واما کون النفیین الاخرین جملۃ اسمیۃ فلا یلزم جریان النکتۃ المذکورۃ فیھما لان النکت لا یلزم اطرادھا وھذا من المواھب ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سورۃ النصر

سورۃ النصر ۱۱۰ المدنیۃ ۱۱۴ | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | آیاتھا ۳ | رکوعھا ۱

سورۃ النصر مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۳ آیات اور ا رکوع ہے

إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ﴿۱﴾ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ﴿۲﴾
فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ﴿۳﴾

(اے محمد ﷺ) جب خدا کی مدد اور (مکہ کی) فتح (مع اپنے آثار کے) آپہنچے (یعنی واقعہ ہو جائے) اور (آثار جو اس پر متفرع ہونے والے ہیں یہ ہیں کہ آپ لوگوں کو اللہ کے دین (یعنی اسلام) میں جوق در جوق داخل ہوتا ہوا دیکھ لیں تو اپنے رب کی تسبیح وتحمید کیجئے اور اس سے استغفار کی درخواست کیجئے وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔

سورة النصر مدنية وهي ثلثُ اٰية كذا في البيضاوي۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰى ﴿﴾ کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے منجملہ ان کے شکر ہے افاضہ نعم خصوص نعمت تکمیل فیوض کا اس سورت میں اس کا بیان ہے جس کا خطاب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوا ہے اور اس کے ضمن میں آپ کی نبوت کی تقریر بھی ہوگئی۔

امر تسبیح وتحمید واستغفار رسول ﷺ را بر قوت وشیوع اسلام: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ﴿۱﴾ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ﴿۲﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ﴿۳﴾۔ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) جب خدا کی مدد اور (مکہ کی) فتح (مع اپنے آثار کے) آپہنچے (یعنی واقع ہو جاوے) اور (آثار جو اس پر متفرع ہونے والے ہیں یہ ہیں کہ) آپ لوگوں کو اللہ کے دین (یعنی اسلام) میں جوق جوق داخل ہوتا ہوا دیکھ لیں تو (اس وقت سمجھئے کہ مقصود دنیا میں رہنے کا اور بعثت کا کہ تکمیل دین ہے ختم ہوا اور اس وجہ سے سفر آخرت کا قریب ہے پس اس کے لئے تیاری کیجئے اور) اپنے رب کی تسبیح وتحمید کیجئے اور اس سے مغفرت کی درخواست کیجئے (یعنی ایسے امور سے جو خلاف اولیٰ واقع ہو گئے ہیں جس کی تحقیق سورۂ محمد آیت فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ ...... [محمد : ۱۹] کی تفسیر میں گزر چکی ہے آگے تعلیل ہے امر بالاستغفار کی کہ) وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔ **ف:** احادیث کثیرہ مرفوعہ وموقوفہ میں اس سورت کی یہی تفسیر آئی ہے کہ اس میں خبر ہے قرب وفات کی اور فتح سے مراد فتح مکہ ہونا یہ بھی صحاح میں ہے اور يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ ...... کو آثار فتح مکہ سے اس لئے کہا گیا کہ عام لوگ فتح مکہ کے منتظر تھے اور اب تک ایک ایک دو دو مسلمان ہوتا تھا فتح مکہ کے بعد قبائل کے قبائل اسلام میں داخل ہونے لگے جیسا سورۂ فتح کے اول میں بیان کیا گیا ہے اور ظاہر لفظ اذا سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سورت قبل فتح نازل ہوئی اور روح المعانی میں بحر سے اس کے موافق ایک روایت بھی نقل کی ہے کہ خیبر سے لوٹتے ہوئے اس کا نزول ہوا ہے جو کہ فتح مکہ سے مقدم ہے لیکن اس روایت کی سند نہیں لکھی اور روح میں بسند عبد بن حمید اور ابن جریر اور ابن المنذر رحمہم اللہ کے قتادہ کا قول نقل کیا ہے ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس سورت کے نزول کے بعد دو سال زندہ رہے پھر وفات ہوگئی اھ پس اگر ان دو سال کو تخمین پر محمول نہ کیا جاوے تو اس سے مع سند اس کا نزول قبل فتح ثابت ہوتا ہے کیونکہ فتح مکہ رمضان سنہ ۸ھ میں ہوا تھا اور وفات آپ ﷺ کی ربیع الاول سنہ ۱۰ھ میں ہوئی ہے اور ظاہر ہے کہ اس کے درمیان مدت دو سال سے کم ہے پس دو سال اس کے نزول کے بعد زندہ رہنا جب ہی ہو سکتا ہے کہ اس کا نزول قبل فتح مکہ ہوا ہو اور جن روایات میں اس کا نزول بعد فتح مکہ ہوا ہوا آیا ہے کما في الدر المنثور تو اس کے معنی یہ ہیں کہ حکم منزل سابق کو مکرر منجانب اللہ یاد دلایا گیا راوی نے اس کو نزول سے تعبیر کر دیا اور اگر کسی وجہ سے اس توجیہ کو پسند نہ کیا جاوے تو کہا جاوے گا کہ کلمہ اذا صرف نصر وفتح کے اعتبار سے نہیں ہے بلکہ مجموعہ کے اعتبار سے ہے جس کا ایک جزء يدخلون بھی ہے اور اس سے پہلے نزول ہوا ہے۔

www.besturdubooks.net

اوراگراس کانزول اس جزءیدخلون الخ کے بعد ہو جیسا ایک روایت میں اس کا نزول حجۃ الوداع میں آیا ہے تو اذا کو بمعنی ماضی لے لیا جاوے گا یعنی چونکہ یہ امور ہو چکے ہیں اس لئے آپ کو یہ حکم کیا جاتا ہے اوراذا کا ماضی کے لئے مستعمل ہونا روح میں مذکور ہے وورد فی القرآن :حَتّٰٓی اِذَا سَاوٰی بَیْنَ الصَّدَفَیْنِ [الکہف : ۹۶] چنانچہ صحاح میں مصرح ہے کہ آپ آخرعمر میں ان کلمات کی کثرت فرماتے تھے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ اس کا حاصل حسب روایات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہے کہ بعد فراغ عن الارشاد والتبلیغ کے لقائے رب کے لئے خاص طور سے سامان کرنا چاہئے اسی طرح اہل طریق کو بھی چاہئے کہ جب وظائف ارشاد سے فارغ ہو جاویں تو قرب رب العباد کے لئے فارغ ہو جاویں۔

اللغات قوله جاء ای حصل كذا فى الروح ۱۲۔

النحو : اذا جاء متعلق بسبح ولا يمنع منه الفاء كذا فى الروح وان كانت للماضى يتعلق بالمقدر والا يكون الكلام نحو اضرب زيدا امس كذا فى الروح والمقدر كمل امر الدين ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ اللَّهَبِ

سُوْرَةُ اللَّهَبِ ۱۱۱ مَكِّيَّةٌ ۶ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۵ | رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ اللھب مکہ میں نازل ہوئی　　　شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں　　　اس میں ۵ آیات اور ا رکوع ہے

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝۱ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝۲ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝۳

ع ۱ / ۳۶ وَّامْرَاَتُهٗ ۭ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝۴ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝۵

ابولہب کے ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ برباد ہو جائے نہ اس کا مال اس کے کام آیا اور نہ اس کی کمائی و مال سے مراد سرمایہ اور ما کسب سے مراد اس کا نفع اور (آخرت میں) وہ عنقریب (مرنے کے متصل) ایک شعلہ زن آگ میں داخل ہوگا وہ بھی اور اس کی بیوی جو لکڑیاں لاد کر لاتی ہے (مراد خاردار لکڑیاں ہیں جن کا شان نزول میں ذکر ہے اور دوزخ میں) اس کے گلے میں ایک رسی ہوگی خوب بٹی ہوئی۔

سورة اللهب مكية وهي خمس كذا في البيضاوي۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰى ؀ کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے منجملہ ان سے بچنا ہے مخالفت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے اس سورت میں اسی مخالفت کا وبال مذکور ہے۔

خسارۂ مضاد رسول ﷺ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُهٗ ۭ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝ (سبب نزول اس کا صحیحین وغیرہما میں یہ آیا ہے کہ جب آیات: وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ [الشعراء: ۲۱۴] نازل ہوئی اور آپ نے کوہ صفا پر چڑھ کر پکار کر سب کو جمع کر کے دعوتِ اسلام کی تو ابولہب بن عبدالمطلب نے گستاخانہ کہا: تبالك سائر اليوم الهذا جمعتنا جس کا ترجمہ یہ ہے کہ تو برباد ہو جاوے کیا ہم کو اسی بات کے لئے جمع کیا تھا اس پر یہ سورت نازل ہوئی اور اس ابولہب کی ایک بیوی تھی خاردار لکڑیاں جمع کر کے لاتی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی راہ میں بچھاتی كذا في الدر المنثور عن البيهقي وغیرہ اس سورت میں اس کی بھی مذمت ہے اور وجہ مشترک دونوں کی مذمت کی عداوت مع الرسول ہے پس ارشاد ہے کہ) ابولہب کے ہاتھ ٹوٹ جاویں اور وہ برباد ہو جائے (چنانچہ واقعہ بدر کے سات روز بعد اس کے طاعون کا دانہ جس کو عدسہ کہتے ہیں نکلا اور مرض لگ جانے کے خوف سے سب گھر والوں نے اس کو الگ ڈال دیا یہاں تک کہ اسی حالت میں مر گیا اور تین روز تک لاش یوں ہی پڑی رہے جب سڑنے لگا تب مزدوروں سے اٹھوا کر دبوایا انہوں نے ایک گڑھا کھود کر اس کو ایک لکڑی سے اندر ڈھلکا کر اوپر سے پتھر بھر دیئے کذا فی الروح اس تکلیف اور ذلت سے زیادہ دنیا کی کیا بربادی ہوگی اور دونوں ہاتھوں سے کنایہ ذات سے ہوتا ہے پس اس تقدیر پر کلام مبنی ہوگا تاکید پر اور یا یوں کہا جاوے کہ اکثر اعمال ہاتھوں سے ہوتے ہیں پس اس سے ہلاک اعمال اور دوسرے جملہ سے ہلاک ذات مراد ہوگا اور حاصل یہ ہوگا کہ وہ اس طرح ہلاک ہوگا کہ اس کی تدبیریں سب بے کار ہو جاویں گی اور ہر حال میں اس بد دعا سے مراد اخبار عن الہلاک ہے بطور پیشین گوئی کے۔ اور تعبیر میں ہاتھوں کی تخصیص کا یہ نکتہ یہ ہوسکتا ہے کہ وہ ہاتھوں سے آپ کو تکلیف پہنچاتا تھا چنانچہ روح المعانی میں بحوالہ مجمع طارق سے روایت ہے کہ میں نے ایک بار دیکھا کہ سوق ذی المجاز میں آپ آگے آگے دعوت اسلام کرتے ہوئے چلے جا رہے ہیں اور پیچھے پیچھے ابولہب پتھر مارتا ہوا آ رہا ہے جس سے آپ کی ساق اور قدم لہولہان ہو گیا ہے اور روح میں بحوالہ بیہقی حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک بار لوگوں سے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہتے ہیں کہ مرنے کے بعد فلاں امور ہوں گے پھر ہاتھوں کی طرف اشارہ کر کے کہنے لگا کہ ان امور میں سے ان ہاتھوں میں تو کوئی چیز آئی نہیں پھر دونوں ہاتھوں سے خطاب کر کے کہا

www.besturdubooks.net

تبالکما ما اری فیکما شینا مما یقول محمد (صلی اللہ علیہ وسلم اس لئے ہاتھوں کی طرف تباب کی نسبت فرمائی اور مادہ تباب کا اختیار کرنا اس لئے ہے کہ اس نے بھی اپنے کلام میں اسی مادہ کا استعمال کیا تھا اور چونکہ بددعاء سے مقصود خبر عن الایقاع ہے اس لئے کلام مذکور اس قول میں ہوا کہ وہ ہلاک ہوگا جس پر وہ یہ شبہ کرسکتا ہے کہ میں اپنے مال وتدبیر کی بدولت بچ جاؤں گا اس لئے آگے ارشاد ہے کہ) نہ اس کا مال اس کے کام آیا اور نہ اس کی کمائی (مال سے مراد سرمایہ اور ماکسب سے مراد اس سرمایہ کا رنج اور نفع یعنی کسی قسم کا مال اس کو ہلاکت سے نہ بچاوے گا اور اس ماضی سے مراد مستقبل ہے یہ حالت تو اس کی دنیا میں ہوئی اور آخرت میں) وہ عنقریب (مرنے کے متصل) ایک شعلہ زن آگ میں داخل ہوگا وہ بھی اور اس کی بیوی بھی جو لکڑیاں لاد کر لاتی ہے (مراد خاردار لکڑیاں ہیں جن کا اوپر ذکر ہوا ہے اور دوزخ میں پہنچ کر) اس کے گلے میں دوزخ کی زنجیر اور طوق ہوگا کقولہ تعالیٰ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ...... [المومن : ۷۱] کہ گویا وہ) ایک رسی ہوگی خوب بٹی ہوئی (تشبیہ شدت اور استحکام میں ہے اور ہرچند کہ مشبہ اس صفت میں زیادہ معروف ہے لیکن اس اعتبار سے مشبہ بہ زیادہ معروف ہے کہ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ کے معنی سے حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ کی طرف جلدی ذہن منتقل ہوتا ہے)۔ **ف:** اس شخص کا نام عبد العزیٰ تھا ابولہب کنیت تھی بوجہ اشراق وحمرت لون وجہ کے اور کنیت کا اختیار کرنا برعایت اس کے نار ذات لہب میں پہنچنے کے ہے اور بعض نے کہا ہے کہ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ سے مراد چغل خور ہے وہ عورت چغل خور بھی تھی کذا فی الدر چنانچہ فارسی میں بھی ہیزم کش اس معنی میں مستعمل ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ اس میں دلالت ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے مقبولین کے لئے جو نبی ہوں انتقام لیتا ہے اسی طرح اپنے مقبولین کے لئے ولی ہوں انتقام لیتا ہے۔

اللغات: المسد المضفور المحکم الفتل ۱۲۔

النحو: وامرأته عطف علی المستتر فی لیصلی للفصل حمالة الحطب نصب علی الذم ۱۲۔

البلاغة: فی جیدها اکثر ما یستعمل فی الحلی فآثره علی العنق تهکما ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْاِخْلَاص

سورۃ الاخلاص ۱۱۲ مکیۃ ۲۲ | بسم اللہ الرحمن الرحیم | آیاتہا ۴ رکوعہا ۱

سورۃ الاخلاص مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۴ آیات اور ا رکوع ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝۳ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴ ع ۱/۳۱

آپ (ان لوگوں سے) کہہ دیجیے کہ وہ یعنی اللہ (اپنے کمال ذات وصفات میں) ایک ہے اللہ (ایسا) بے نیاز ہے کہ وہ کسی کا محتاج نہیں اور اس کے سب محتاج ہیں اس کے اولاد نہیں اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ کوئی اس کے برابر کا ہے۔

سورۃ الاخلاص مکیۃ مختلف فیہا وھی اربع ایۃ کذا فی البیضاوی۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰى کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے منجملہ اُن کے توحید ہے اس سورت میں اُس کا بیان ہے۔

توحید: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ (اس کا سبب نزول یہ ہے کہ ایک بار مشرکین نے آپ سے کہا کہ اپنے رب کا وصف اور نسب بیان کیجئے اس پر یہ سورت نازل ہوئی **کذا فی الدر المنثور باسانید متعددہ** یعنی) آپ (ان لوگوں سے) کہہ دیجئے کہ وہ یعنی اللہ تعالیٰ (اپنے کمال ذات اور صفات میں) ایک ہے (کمال ذات یہ کہ واجب الوجود اور کمال صفات یہ کہ علم وقدرت وغیرہ اس کے قدیم اور محیط ہیں اور) اللہ تعالیٰ (ایسا) بے نیاز ہے (کہ وہ کسی کا محتاج نہیں اور اُس کے سب محتاج ہیں) اُس کے اولاد نہیں اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ کوئی اُس کے برابر کا ہے۔ **ف**: منکرین توحید کئی قسم ہیں منکر وجود۔ منکر وجوب۔ منکر کمال صفات مشرک فی العبادۃ ان سب کا ابطال اللہ احد میں ہوگیا۔ مشرک فی الاستعانۃ اس کا ابطال اَللّٰهُ الصَّمَدُ میں ہوگیا پس جملہ اولیٰ میں مضمون اِيَّاكَ نَعْبُدُ اور جملہ ثانیہ میں اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ کا داخل ہو گیا مدعی ابناء وبنات اس کا ابطال لَمْ يَلِدْ میں ہوگیا۔ معتقد الوہیت بعضے بشر وجنات اس کا ابطال لَمْ يُوْلَدْ میں ہوگیا یعنی یہ لوگ مولود ہیں حق تعالیٰ مولود نہیں کیونکہ مستلزم حدوث ہے معتقد مماثلت جیسے مجوس کہ یزداں اور اہرمن کے قائل ہیں اُس کا ابطال لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ میں ہوگیا واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ یہ تمام سورت باوجود اپنے اختصار کے انواع معارف وعقائد توحید پر مشتمل ہے۔

اللغات: قولہ الصمد فی الطبری عن ابی جعفر ان الصمد عند العرب ھو السید الذی یصمد الیہ الذی لا احد فوقہ وکذلک تسمی اشرافھا واختارہ الطبری من بین الاقوال حیث قال بعدہٗ فاذا کان ذلک کذالک فالذی ھو اولیٰ بتاویل الکلمۃ المعنی المعروف من کلام من نزل القرآن بلسانہ آہ ملخصًا ۱۲۔

النحو: قولہ قل ھو اللہ فی الروح اجاز ابو البقاء ان یکون الاسم الاعظم بدلا من ھو واحد خبرہ ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ لہ کفوا اصل الجار والمجرور ان یؤخر الا انہ قدم للاھتمام لان المقصود نفی المکافات عن ذاتہ عزوجل وللاھتمام ایضا قدم الخبر مع ما فیہ من رعایۃ الفواصل لعل وقوع الجمل الثلث متعاطفۃ دون ما عداھا من ھذہ السورۃ لانہ سیقت لمعنی وغرض واحد وھو نفی المماثلۃ ان المماثل اما ولد او والد او نظیر غیرھما فلتغایر الاقسام واجتماعھا فی المقسم لزم العطف فیہ بالواو کما ھو مقتضی علم المعانی ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُورَةُ الفَلَق

سُورَةُ الفَلَقِ ۱۱۳ مَكِّيَّة ۲۰ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | آیاتہا ۵ | رکوعہا ۱

سورۃ الفلق مکہ میں نازل ہوئی | شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں | اس میں ۵ آیات اور ا رکوع ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
۱ فِی الْعُقَدِ ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾ ۶ ۳۸

آپ (اپنے استعاذہ کے لئے) کہئے کہ میں صبح کے مالک کی پناہ لیتا ہوں تمام مخلوقات کے شر سے اور (بالخصوص) اندھیری رات کے شر سے جب وہ رات آ جائے (اور شب میں شرور کا احتمال ظاہر ہے) اور (بالخصوص گنڈے کی) گرہوں پر پڑھ پڑھ کر پھونکنے والیوں کے شر سے اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرنے لگے۔

سورة الفلق مكية على الاصح كذا في الروح لان نزولها بسبب سحر اليهود و كان بالمدينة۔

تفسیر ربط: وَالضُّحٰی ﴿۱﴾ کی تمہید میں جن مہمات کا ذکر ہوا ہے مجملہ اُن کے حق تعالیٰ پر توکل اور اُس کے ساتھ استعاذہ ہے اس سورت میں اور اس کے بعد والی سورت میں اُس کا بیان ہے اور سبب نزول ان دونوں سورتوں کا جو کہ ساتھ ہی نازل ہوئی ہیں **كذا في الدلائل للبيهقي** یہ ہے کہ حضورؐ پر لبید یہودی اور اُسکی بیٹیوں نے سحر کر دیا تھا جس سے آپ کو مرض کی سی حالت عارض ہوگئی آپؐ نے حق تعالیٰ سے دُعا کی اُس پر یہ دونوں سورتیں نازل ہوئیں جن میں ایک کی پانچ آیتیں اور ایک کی چھ آیتیں مجموعہ گیارہ آیتیں ہیں اور آپؐ کو وحی سے اس سحر کا موقع بھی معلوم کرا دیا گیا چنانچہ وہاں سے مختلف چیزیں نکلیں جن میں سحر کیا گیا تھا اور اُس میں ایک تانت کا ٹکڑا بھی تھا جس میں گیارہ گرہیں لگی ہوئی تھیں حضرت جبریلؑ سورتیں پڑھنے لگے ایک ایک آیت پر ایک ایک گرہ کھل گئی چنانچہ آپؐ کو بالکل شفا ہوگئی اور مجموعہ سورتین میں مختلف شرور سے استعاذہ کا اور سب امور میں حق تعالیٰ پر توکل کرنے کا حکم ہوا ہے اول سورت میں مضرات دنیویہ سے اور سورت ثانیہ میں مضرت دینیہ سے یہ حاصل ہے دونوں سورتوں کا اور یہ سب روایات روح المعانی و دُرِ منثور میں ہیں۔ امر باستعاذہ از مضرات دُنیویہ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾ (الى قوله تعالى) وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾ آپ (اپنے استعاذہ کے لئے بھی اور دوسروں کو استعاذہ سکھلانے کیلئے جس کا حاصل توکل و تعلیم توکل ہے یوں) کہئے کہ میں صبح کے مالک کی پناہ لیتا ہوں تمام مخلوقات کے شر سے اور (بالخصوص) اندھیری رات کے شر سے جب وہ رات آ جاوے (اور شب میں شرور کا احتمال ظاہر ہے) اور (بالخصوص گنڈے کی) گرہوں پر پڑھ پڑھ کر پھونکنے والیوں کے شر سے اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرنے لگا (شاید تخصیص ان کی بعد تعمیم کے بمناسبت مقام یہ ہو کہ اکثر سحر کی ترتیب اور ترکیب شب کو ہوتی ہے **كذا في الخازن** تا کہ کسی کو اطلاع نہ ہو اطمینان سے اُس کی تکمیل کر سکیں اور گنڈہ پر دم کرنے والی جانوں یا عورتوں کی مناسبت اس جگہ ظاہر ہے کہ سحر اسی طرح ہوا تھا خواہ مَرد نے کیا ہو یا عورتوں نے پس نفاثات کا موصوف یا نفوس ہیں یا نساء اور حسد اس سحر کا اصل منشاء تھا پس سحر کے متعلق سب چیزوں سے استعاذہ ہو گیا اور بقیہ شرور کی تعمیم کیلئے مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ فرما دیا اور شاید فلق کی تخصیص بمقابلہ رات کے ہو اور اشارہ اس طرف ہو کہ جس طرح حق تعالیٰ لیل کا ازالہ کر دیتا ہے اسی طرح اثر لیل یعنی سحر کا کر سکتا ہے واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ﴿۴﴾ اس کا اور بعد والی سورت کا نزول حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر جو سحر کا کچھ اثر ہو گیا تھا اس کے ازالہ کے لئے ہوا تھا اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اسباب طبعیہ سے اہل باطل کا اثر اہل حق پر بھی ہو سکتا ہے اور ایسی تاثیر معیار حق و باطل کا نہیں جیسے بعض لوگ اس کو کمال سمجھ کر دعوے اور ضلال میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾ اس میں حسد کی مذمت ظاہر ہے ۱۲۔

الروایات: جاء في الحديث انه صلى الله عليه وسلم نظر الى القمر لما طلع فقال يا عائشة استعيذى بالله فان هذا الغاسق اذا وقب آه ولا يعارضه ما فسرت به لان المقصود من الحديث هو الاستعاذة من ظلمة الليل الذى كميل اذا غاب القمر او انخسف ۲۔

اللغات: الفلق الصبح غاسق الليل اذا غاب الشفق وغاسق اذا وقب اى الليل اذا دخل وقب المجىء والاقبال ووقب القمر دخل في الخسوف ۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ النَّاسِ

سُوْرَةُ النَّاسِ ١١٤ مَكِّيَّةٌ ٢١ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ٦ | رُكُوْعُهَا ١

سورۃ الناس مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ٦ آیات اور ١ رکوع ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝١ مَلِكِ النَّاسِ ۝٢ اِلٰهِ النَّاسِ ۝٣ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝٤ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝٥ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝٦

آپ کہئے (جس طرح کہ فلق میں گزرا) کہ میں آدمیوں کے مالک آدمیوں کے بادشاہ آدمیوں کے معبود کی پناہ لیتا ہوں وسوسہ ڈالنے پیچھے ہٹ جانے والے (شیطان) کے شر سے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے خواہ وہ (وسوسہ ڈالنے والا) جن ہو یا آدمی (ہو)۔

سورة الناس مكية فيها ما مر في الفلق۔

تفسیر ربط: ابھی اوپر فلق میں گزرا ہے۔

امر باستعاذہ از مضرت دینیہ یعنی وسوسۂ شیطانیہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ (الی قوله تعالیٰ) مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝ آپ کہئے (جس طرح کہ فلق میں گزرا) کہ میں آدمیوں کے مالک آدمیوں کے بادشاہ آدمیوں کے معبود کی پناہ لیتا ہوں وسوسہ ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانے والے (شیطان) کے شر سے (پیچھے ہٹنے کا مطلب یہ کہ حدیث میں ہے کہ اللہ کا نام لینے سے وہ ہٹ جاتا ہے اور یہ امر شیطان جن میں تو ظاہر ہے اور شیطان الانس میں حسب تقریر کبیر اس طرح سے ہے کہ موسوس اپنے کو ناصح مشفق کی صورت میں ظاہر کرتا ہے لیکن اگر اس کو زجر کر دیا جاوے تو پھر وسوسہ سے باز آجاتا ہے اور اگر قبول کر لیا جاوے تو اور مبالغہ کرتا ہے اور یہ صفت اشارہ ہے اس طرف ہے کہ اللہ کے ساتھ اس سے استعاذہ کرنا سبب اعاذہ کا ہوگا کیونکہ اس کی خاصیت ہے تاخر عن ذکر اللہ۔ آگے وسواس کی تقریر کے لئے صفت ہے یعنی) جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے خواہ وہ (وسوسہ ڈالنے والا) جن ہو یا آدمی (ہو یعنی شیاطین الانس سے بھی پناہ مانگتا ہوں اور شیاطین الجن سے بھی كقوله تعالى: وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ ...... [الأنعام: ١١٢])۔

ف: مراد اس سے وسوسہ ہے جو مفضی الی المعصیت ہو جاوے اور اس کا مضرت دینیہ ہونا ظاہر ہے اور ایک عجیب لطیفہ اس صورت میں جس سے قرآن کا حسن آغاز وانجام بھی ظاہر ہوتا ہے یہ ہے کہ اس کے اور فاتحہ کے مضامین میں غایت درجہ کا تقارب کہ حکم اتحاد میں ہے متحقق ہے چنانچہ رب الناس کے مناسب۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قوله تعالىٰ: مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ حدیث میں ہے کہ وسوسہ غفلت کے وقت کرتا ہے اور اس کا خنس یعنی ہٹ جانا قلب سے ذکر کے وقت واقع ہوتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ غفلت کا علاج ذکر سے ہوتا ہے ١٢۔

اللغات: اَلْوَسْوَاسِ اسم مصدر وصف به مبالغة او الكلام على حذف مضاف اى ذى الوسواس كما فى الروح والكشاف الخناس الذى يتاخر ١٢۔

النحو: من الجنة والناس بيان للوسواس ١٢۔

البلاغة: قوله رب الناس تخصيص الاضافة الى الناس مع انتظام جميع العالم فى سلك ربوبية تعالىٰ وملكوته والوهيته للارشاد الى منهاج الاستعاذة الحقيقة فان المستعيذ بربه لابد وان يعاذ ١٢۔

www.besturdubooks.net

رب العلمین اور ملک الناس کے مناسب ملک یوم الدین اور الٰہ الناس کے مناسب ایاک نعبد اوراستعاذہ کے مناسب ایاک نستعین اور الوسواس۔ الخناس الخ کے مناسب اھدنا الخ ہے فیا الٰھی بحرمة مفتح القران ومختتمه وما بینھما اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین واعذنا من جمیع الشرور والفتن ما ظھر منھا وما بطن۔ واجعل فاتحتنا وخاتمتنا مقرونة بکل خیر۔ ومصونة عن کل ضیر۔ وقد کمل والحمد للّٰه الحمید۔ تفسیر القران المجید۔ فی یوم الخمیس لمنتصف ۱۳۲۵ھ من ھجرة سید العبید ﷺ مزیدا علی مزید۔ وقد حان والحمد للّٰه ان اقول بملأ فی بالتطریب والتعزید۔ وقد کنت رجوت ان اقوله فی اٰخر تفسیر سورة الکھف وقد کنت سمیت یوم ختامه یوم عید۔ حیث اتی اللّٰه علیّ بعید اٰخر جدید۔ وقرب الی البعید۔ الا یا ایھا الاحباب عید علی عید۔ وقد صرف ستتان ونصف سنة فی تکمیل ھذا الامر الرشید۔ وانشدت معترفا بالخطأ وملتمسا للدعاء ما فی خاتمة طبع البیضاوی المطبوع فی المطبع الاحمدی سعیت الی ان جدت بالجھد کله۔ ولکن ما سعی وجھدی وطاقتی۔ فان کان فیه ما یسرو ذا الرجاء۔ فمن محض فضل اللّٰه لامن حذاقتی۔ وان کان من عیب ولست اقول لا۔ یکون فمنی والجحود حماقتی۔ فلاتنس یا نظاره ان شفا صدورکم من دعاء الخیر فعل الصداقة۔ ولا تفضحونا ان وجدتم خطائنا۔ فکیف وقد اتبعت فی الجھد ناقتی۔ وصلی اللّٰه تعالٰی علی خیر خلقه سیدنا محمد واٰله واصحابه وسلم ابدا لا بید وختم لنا علی العمل السعید۔ فانه بالاجابة جدیر۔ وعلی کل شئ قدیر۔ ویفعل ما یشاء ویحکم ما یرید۔

اللّٰھم اغفر لمن سعٰی فیه و مصححه مولانا سلیم اللّٰه خان بحرمة النبی الکریم علیه الصلٰوة والتسلیم ۔

ترجمہ مسائل السلوک: الحمد للہ کہ آج بتاریخ ثانی جمادی الاولی ۱۳۳۹ھ یہ ترجمہ مسائل السلوک کا مسمّی بہ رفع الشکوک تمام ہوا۔

وجوہ المثانی

سورۃ الصّف: قوله تعالٰی من بعدی اسمه۔ فیه قراء تان الاولٰی بفتح الیاء لنافع وابن کثیر وابی عمرو وشعبة والثانیة بسکونھا للباقین قوله تعالٰی ھذا سحر۔ فیه قراء تان الاولٰی بفتح السین والف بعدھا وکسر الحاء لحمزة والکسائی والثانیة بکسر السین وسکون الحاء للباقین۔ قوله تعالٰی متم نوره۔ فیه قراء تان الاولٰی متم بغیر تنوین ونوره بجر الراء وکسر الھاء لابن کثیر وحفص وحمزة والکسائی والثانیة بالتنوین ونصب الراء وضم الھاء للباقین قوله تعالٰی تنجیکم۔ فیه قراء تان الاولٰی من التفعیل لابن عامر والثانیة من الافعال للباقین قوله تعالٰی کونوا انصار اللّٰه۔ فیه قراء تان الاولٰی انصار بالتنوین وجر اللام من اللّٰه لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة بغیر تنوین۔

سورۃ الجمعۃ: لا خلاف فیھا الا فی الاصول سورة المنافقین قوله خشب۔ فیه قراء تان الاولٰی بسکون الشین لقنبل وابی عمرو والکسائی والثانیة بالضم للباقین والاول تخفیف للثانی قوله تعالٰی یحسبون۔ فیه ما فی اٰخر المجادلة قوله تعالٰی لووا فیه قراء تان الاولٰی بتخفیف الواو الاولٰی لنافع والثانیة بالتشدید للباقین قوله تعالٰی واکن من الصّٰلحین۔ فیه قراء تان الاولٰی اکون بالواو وفتح النون لابی عمرو والثانیة بغیر واو وجزم النون للباقین وجه الفتح ظاھر ووجه الجزم عطفه علی موضع فاصدق کانه قیل ان اخرتنی اصدق واکن قوله تعالٰی بما تعملون۔ فیه قراء تان الاولٰی بالتحتیة لشعبة والثانیة بالفوقیة للباقین۔

سورۃ التغابن: قوله تعالٰی :تعالٰی نکفر وندخله۔ فیھا قراء تان الاولٰی بالنون فیھما لنافع وابن عامرو الثانیة بالتحتیة للباقین۔ قوله تعالٰی:یضعفه۔ فیه قراء تان الاولٰی من التفعیل لابن کثیر وابن عامر والثانیة من المفاعلة للباقین۔

سورۃ الطلاق: قوله تعالٰی مبینة۔ فیه قراء تان الاولٰی فتح التحتیة لابن کثیر وابی بکر والثانیة بالکسر للباقین قوله تعالٰی بالغ امره۔ فیه قراء تان الاولٰی بغیر تنوین بالغ وجر امره لحفص والثانیة بالتنوین ونصب الراء للباقین قوله تعالٰی واللائی فی الموضعین فیه ما فی المجادلة قوله تعالٰی نکرا۔ فیه قراء تان الاولٰی بضم الکاف لنافع وابن ذکوان وشعبة والثانیة بالسکون للباقین قوله تعالٰی مبینات۔ فیه قراء تان الاولٰی بکسر التحتیة لابن عامر وحفص وحمزة والکسائی والثانیة بالفتح للباقین قوله تعالٰی یدخله۔ فیه قراء تان الاولٰی بالنون لنافع وابن عامر والثانیة بالتحتیة للباقین۔

www.besturdubooks.net

سورة التحریم: قوله تعالٰی عرف۔ فیہ قراء تان الاولٰی بتخفیف الراء للکسائی والثانیة بالتشدید للباقین ومعنی الاول علی التجوز عاتب وجازی کما تقول للرجل یسیئ الیک والله لا عرفن لک ذلک قوله تعالٰی تظاهرا۔ فیہ قراء تان الاولٰی بتخفیف الظاء لنافع والثانیة بالتشدید للباقین قوله تعالٰی وجبریل۔ فیہ اربع قراء ات الاولٰی بفتح الجیم وکسر الراء لابن کثیر والثانیة بکسر الجیم والراء لنافع وابی عمرو وابن عامر وحفص والثالثة بفتح الجیم والراء وبعد الراء همزة مکسورة ولایاء بعدها لشعبة والرابعة بفتح الجیم والراء وبعد الراء همزة مکسورة وبعدها یاء للباقین قوله تعالٰی یبدله۔ فیہ قراء تان الاولٰی من التفعیل لنافع وابی عمرو والثانیة من الافعال للباقین قوله تعالٰی نصوحا۔ فیہ قراء تان الاولٰی بضم النون لشعبة والثانیة بالفتح للباقین والاول مصدر وصف به مبالغة قوله تعالٰی کتبه۔ فیہ قراء تان الاولٰی بالجمع لابی عمرو وحفص والثانیة بالافراد للباقین۔

سورة الملک: قوله تعالٰی من تفوُت۔ فیہ قراء تان الاولٰی من التفعل لحمزة والکسائی والثانیة من التفاعل للباقین قوله تعالٰی فسحقا۔ فیہ قراء تان الاولٰی بضم الحاء للکسائی والثانیة بالسکون للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی فستعلمون۔ فیہ قراء تان الاولٰی بالغیبة للکسائی والثانیة بالخطاب للباقین۔

سورة القلم: قوله تعالٰی ان کان ذا مال۔ فیہ قراء تان الاولٰی بهمزتین مفتوحتین لابن عامر وشعبة وحمزة والثانیة بهمزة واحدة مفتوحة للباقین ومعنی الاول اکذب بها لان کان ومعنی الثانی لا تطع من هذه مثالبه لانک کان متمولا قوله تعالٰی ان یبدلنا۔ فیہ قراء تان الاولٰی من التبدیل لنافع وابی عمرو والثانیة من الابدال للباقین قوله تعالٰی لیزلقونک۔ فیہ قراء تان الاولٰی بفتح الیاء التحتیة من زلق بمعنی ازلق لنافع والثانیة بالضم للباقین۔

سورة الحاقة: قوله تعالٰی ومن قبله۔ فیہ قراء تان الاولٰی بکسر القاف وفتح الباء الموحدة لابی عمرو والکسائی والثانیة بفتح القاف وسکون الباء الموحدة للباقین ومعنی الاول من فی جهته وجانبه ومن اتباعه قوله تعالٰی لا تخفی۔ فیہ قراء تان الاولٰی بالیاء التحتیة لحمزة والکسائی والثانیة بالفوقیة للباقین قوله تعالٰی قلیلا ما تؤمنون۔ فیہ قراء تان الاولٰی بالتحتیة لابن کثیر وابن عامر بخلاف عن ابن ذکوان والثانیة بالفوقیة للباقین قوله تعالٰی قلیلا ما تذکرون۔ فیہ ثلث قراء ات الاولٰی بالتحتیة وتشدید الذال لابن کثیر وابن عامر بخلاف عن ابن ذکوان فی التحتیة والثانیة بالفوقیة وتخفیف الذال لحمزة والکسائی وحفص والثالثة بالفوقیة وتشدید الذال للباقین۔

سورة المعارج: قوله تعالٰی تعرج۔ فیہ قراء تان الاولٰی بالتحتیة للکسائی والثانیة بالفوقیة للباقین قوله تعالٰی عذاب یومئذ۔ فیہ قراء تان الاولٰی بفتح المیم لابی عمرو وحمزة والکسائی بالثانیة بالجر للباقین والفتح علی البناء للاضافة الی غیر متمکن قوله تعالٰی نزاعة۔ فیہ قراء تان الاولٰی بالنصب لحفص والثانیة بالرفع للباقین وهو علی الاول حال وعلی الثانی خبرثان لان قوله تعالٰی لاماناتهم۔ فیہ قراء تان الاولٰی علی التوحید لابن کثیر والثانیة علی الجمع للباقین قوله تعالٰی بشهادتهم۔ فیہ قراء تان الاولٰی علی الجمع لحفص والثانیة علی التوحید للباقین قوله تعالٰی الی نصب۔ فیہ قراء تان الاولٰی بضم النون والصاد لابن عامر وحفص والثانیة بفتح النون واسکان الصاد للباقین والاول قیل مفرد وقیل جمع نصاب والثانی مفرد۔

سورة نوح: قوله تعالٰی وولده۔ فیہ قراء تان الاولٰی بفتح الواوین واللام لنافع وابن عامر وعاصم والثانیة بضم الواو واسکان اللام للباقین والاول مفرد والثانی قیل مفرد وقیل جمع۔

سورة الجن: قوله تعالٰی وانه تعالٰی جد ربنا (الٰی قوله تعالٰی) وانا منا المسلمون۔ فیہ قراء تان الاولٰی بفتح الهمزة فی الجمیع لابن عامر وحفص وحمزة والکسائی والثانیة بالکسر للباقین وجه الفتح عطفها علی انه استمع علی ان الموحی عین عبارة الجن بطریق الحکایة ووجه الکسر ظاهر کالکسر فی انا سمعنا قرانا الخ قوله تعالٰی یسلکه۔ فیہ قراء تان الاولٰی بالتحتیة لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بالنون للباقین قوله تعالٰی وانه لما قام۔ فیہ قراء تان الاولٰی بکسر الهمزة لنافع وشعبة والثانیة بالفتح للباقین وجه الکسر کونه استینا فاو وجه الفتح عطفه علی انه استمع قوله تعالٰی لبدا۔ فیہ قراء تان الاولٰی بضم اللام لهشام والثانیة بالکسر للباقین والاول جمع لبدة کزبرة وزبر والثانی جمع لبدة نحو کسرة وکسر قوله تعالٰی قل انما۔ فیہ قراء تان

www.besturdubooks.net

الاولیٰ قل بصیغۃ الامر لعاصم وحمزۃ والثانیۃ بصیغۃ الماضی للباقین۔

سورۃ المزمل: قولہ تعالیٰ اشد وطأ۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بکسر الواو وفتح الطاء وبعدھا الف ممدودۃ وھمزۃ منونۃ لابن عمرو وابن عامر والثانیۃ بفتحۃ الواو وسکون الطاء وبعدھا ھمزۃ منونۃ للباقین والاول مصدر من القتال قولہ تعالیٰ رب المشرق فیہ قراء تان الاولیٰ بجر الموحدۃ لابن عامر وابی بکر وحمزۃ والکسائی والثانیۃ بالرفع للباقین وعلی الاول ھو بدل من ربک قولہ تعالیٰ من ثلثی اللیل۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بسکون اللام لھشام والثانیۃ بالضم للباقین قولہ تعالیٰ نصفہ وثلثہ۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بنصب الفاء والمثلثۃ بعد اللام وضم الھاء لابن کثیر وعاصم وحمزۃ والکسائی والثانیۃ بجر الفاء والمثلثۃ بعد اللام و کسر الھاء للباقین وھو علی الاول معطوف علی ادنیٰ وعلی الثانی معطوف علی ثلثی اللیل۔

سورۃ المدثر: قولہ تعالیٰ والرجز۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بضم الراء لحفص والثانیۃ بالکسر للباقین والمضموم والمکسور لغتان قولہ تعالیٰ اذ ادبر فیہ قراء تان الاولیٰ بسکون الذال المعجمۃ والدال المھملۃ بعدھا وھمزۃ قطع مفتوحۃ بین الذال المعجمۃ والمھملۃ الساکنتین لنافع وحمزۃ وحفص والثانیۃ بفتح الذال المعجمۃ وبعدھا الف وفتح المھملۃ بعد الالف للباقین قولہ تعالیٰ مستنفرۃ۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بفتح الفاء لنافع وابن عامر والثانیۃ بالکسر للباقین قولہ تعالیٰ وما یذکرون۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بالخطاب لنافع والثانیۃ بالغیبۃ للباقین۔

سورۃ القیامۃ: قولہ تعالیٰ لا اقسم بیوم۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بغیر الف بین اللام والھمزۃ المضمومۃ لابن کثیر بخلاف عن البزی والثانیۃ بالالف للباقین وجہ الاول ظاھر وجہ الثانی زیادۃ لا قولہ تعالیٰ ایحسب فی الموضعین۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بفتح السین لابن عامر وحمزۃ وعاصم والثانیۃ بالکسر للباقین قولہ تعالیٰ فاذا برق۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بفتح الراء لنافع والثانیۃ بالکسر وھما لغتان قولہ تعالیٰ تحبون وتذرون فیھما قراء تان الاولیٰ بالخطاب لنافع وعاصم وحمزۃ والکسائی والثانیۃ بالغیبۃ للباقین قولہ تعالیٰ یمنی۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بالتحتیۃ لحفص والثانیۃبالفوقیۃ للباقین۔

سورۃ الدھر: قولہ تعالیٰ عالیھم۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بسکون الیاء بعد اللام وکسر الھاء لنافع وحمزۃ والثانیۃ بفتح الیاء وضم الھاء وجہ الاول کونہ مبتدأ وجہ الثانی کونہ ظرفًا قولہ تعالیٰ خضر و استبرق۔ فیہ اربع قراء ات الاولیٰ برفعھما لنافع وحفص والثانیۃ بخفضھما لحمزۃ والکسائی والثالثۃ برفع خضر وجر استبرق لابی عمرو وابن عامر والرابعۃ بجر خضر و رفع استبرق لابن کثیر وشعبۃ وجہ الکل یظھر بادنی تامل۔ قولہ تعالیٰ وما تشاء ون۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بالتحتیۃ لابی عمرو وابن عامر وابن کثیر والثانیۃ بالفوقیۃ۔

سورۃ المرسلات: قولہ تعالیٰ اونذرا۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بضم الذل المعجمۃ لنافع وابن کثیر وابن عامر وشعبۃ والثانیۃ بالسکون للباقین وھما لغتان قولہ تعالیٰ اقتت۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بواو مضمومۃ قبل القاف لابی عمرو والثانیۃ بھمزۃ مضمومۃ للباقین قولہ تعالیٰ فقدرنا فیہ قراء تان الاولیٰ بتشدید الدال لنافع والکسائی والثانیۃ بالتخفیف للباقین قولہ تعالیٰ جمالۃ۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بغیر الف بعد اللام علی التوحید لحمزۃ والکسائی وحفص والثانیۃ بالالف علی الجمع للباقین قولہ تعالیٰ عیون۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بضم العین لنافع وابی عمرو وھشام وحفص والثانیۃ بالکسر للباقین۔

سورۃ النبا: قولہ تعالیٰ وفتحت۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بتخفیف التاء بعد الفاء لعاصم وحمزۃ والکسائی والثانیۃ بالتشدید للباقین قولہ تعالیٰ لابثین۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بغیر الف بین اللام والموحدۃ لحمزۃ والثانیۃ بالالف للباقین قولہ تعالیٰ غساقا۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بتشدید السین لحمزۃ والکسائی وحفص والثانیۃ بالتخفیف للباقین قولہ تعالیٰ ولا کذابًا۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بتخفیف الذال للکسائی والثانیۃ بالتشدید للباقین قولہ تعالیٰ رب السموت۔ فیہ قراء تان الاولیٰ برفع الباء الموحدۃ لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیۃ بالجر للباقین وھو علی الاول خبر مبتدأ مقدر وعلی الثانی بدل من ربک قولہ تعالیٰ الرحمٰن۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بخفض النون علی البدل من ربک لابن عامر وعاصم والثانیۃ بالرفع علی انہ خبر مبتدأ مقدر للباقین۔

سورۃ النازعات: قولہ تعالیٰ نخرۃ۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بالالف بعد النون لحمزۃ والکسائی وشعبۃ والثانیۃ بغیر الف للباقین۔

www.besturdubooks.net

ومعناهما واحد قوله تعالیٰ ان تزکی۔ فیه قراء تان الاولیٰ بتشدید الزاء لنافع وابن کثیر والثانية بالتخفيف للباقین۔

سُوْرَةُ عَبَسَ: قوله تعالیٰ فتنفعه۔ فیه قراء تان الاولیٰ بنصب العین لعاصم والثانية بالرفع للباقین وجه النصب اضمار ان بعد الفاء وجه الرفع عطفه علی یذکر قوله تعالیٰ تصدی۔ فیه قراء تان الاولیٰ بتشدید الصاد لنافع وابن کثیر والثانية بالتخفيف للباقین قوله تعالیٰ انا صببنا۔ فیه قراء تان الاولیٰ بفتح الهمزة لعاصم وحمزة والکسائی والثانية بالکسر للباقین وجه الفتح البدلية الاشتمالية وجه الرفع الاستیناف۔

سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ: قوله تعالیٰ سجرت۔ فیه قراء تان الاولیٰ بتخفيف الجیم لابی عمرو وابن کثیر والثانية بالتشدید للباقین قوله تعالیٰ نشرت فیه قراء تان الاولیٰ بتخفيف الشین لنافع وابن عامر وعاصم والثانية بالتشدید للباقین قوله تعالیٰ سعرت۔ فیه قراء تان الاولیٰ بتشدید العین لنافع وابن ذکوان وحفص والثانية بالتخفيف للباقین قوله تعالیٰ بضنین۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالظاء لابن کثیر وابی عمرو والکسائی والثانية بالضاد للباقین ومعنی الثانی لا یبخل بالوحی ولا یقصر فی التعلیم والتبلیغ ومعنی الاول لیس بمتهم وهو نظیر الوصف السابق بامین۔

سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ: قوله تعالیٰ فعدلك۔ فیه قراء تان الاولیٰ بتخفيف الدال لعاصم وحمزة والکسائی والثانية بالتشدید للباقین ومعنی الاول عدل بعض الاعضاء ببعض بحیث اعتدلت من عدل فلانا لفلان اذا ساوی بینهما ومعنی الثانی صیرك معتدلا متناسب الخلق من غیر تفاوت فیه قوله تعالیٰ یوم لا تملك۔ فیه قراء تان الاولیٰ برفع المیم لابن کثیر وابی عمرو والثانية بالنصب للباقین وجه الرفع انه خبر مبتدأ محذوف ای هو وعدم التنوین للاضافة والنصب باضمار اذکر۔

سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ: قوله تعالیٰ ختٰمهٗ مسك۔ فیه قراء تان الاولیٰ بفتح الخاء والف بعدها وفتح التاء ولا الف بعد التاء للکسائی والثانية بکسر الخاء وفتح التاء والف بعد التاء للباقین قوله تعالیٰ فکهین۔ فیه قراء تان الاولیٰ بغیر الف بین الفاء والکاف لحفص والثانية بالالف للباقین فقیل هما بمعنی وقیل فکهین اشرین وفاکهین متفکهین۔

سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ: قوله تعالیٰ ویصلی۔ فیه قراء تان الاولیٰ بفتح الیاء وسکون الصاد وتخفیف للام لابی عمرو وعاصم وحمزة والثانية بضم الیاء وفتح الصاد وتشدید اللام قوله تعالیٰ لترکبن۔ فیه قراء تان الاولیٰ بفتح الموحدة لابن کثیر وحمزة والکسائی والثانية بالضم للباقین والخطاب علی الاول للانسان لا باعتبار الشمول وفی الثانی باعتباره۔

سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ: قوله تعالیٰ المجید۔ فیه قراء تان الاولیٰ بجر الدال لحمزة والکسائی صفة للعرش والثانية بالرفع للباقین صفة لذو۔ قوله تعالیٰ محفوظ۔ فیه قراء تان الاولیٰ برفع الظاء لنافع صفة للقرآن والثانية بالجر للباقین صفة للوح۔

سُوْرَةُ الطَّارِقِ: قوله تعالیٰ لما علیها۔ فیه قراء تان الاولیٰ بتشدید المیم لابن عامر وعاصم وحمزة والثانية بالتخفيف للباقین وان علی الاول نافیة ولما بمعنی الا وان علی الثانی اما نافية واللام بمعنی الا وما زائدة واما مخففة من الثقیلة وما زائدة واللام هی الفارقة۔

سُوْرَةُ الْاَعْلٰی: قوله تعالیٰ والذی قدر۔ فیه قراء تان الاولیٰ بتخفيف الدال للکسائی والثانية بالتشدید للباقین قوله تعالیٰ بل تؤثرون۔ فیه قراء تان الاولیٰ بالتحتية لابی عمرو والثانية بالخطاب للباقین۔

سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ: قوله تعالیٰ تصلی۔ فیه قراء تان الاولیٰ بضم الفوقية لابی عمرو وشعبة والثانية بالفتح للباقین قوله تعالیٰ لا تسمع فیه لاغیة۔ فیه ثلث قراء ات الاولیٰ بضم فوقية تسمع ورفع اللاغیة لنافع والثانية بضم التحتية والرفع لابن کثیر وابی عمرو والثانية بالفوقية مفتوحة ولاغیة بالنصب للباقین۔

سُوْرَةُ الْفَجْرِ: قوله تعالیٰ والوتر۔ فیه قراء تان الاولیٰ بکسر الواو لحمزة والکسائی والثانية بالفتح للباقین قوله تعالیٰ فقدر علیه۔ فیه قراء تان الاولیٰ بتشدید الدال لابن عامر والثانية بالتخفيف للباقین قوله تعالیٰ تکرمون ولا تحاضون وتاکلون وتحبون فی الاربعة قراء تان الاولیٰ بالتحتية لابی عمرو والثانية بالفوقية للباقین وقرأ عاصم وحمزة والکسائی تحاضون بفتح التاء والحاء والف بعدها والباقون بضم الحاء ولا الف بعدها۔ قوله تعالیٰ لا یعذب ولا یوثق۔ فیهما قراء تان الاولیٰ بفتح الذال

www.besturdubooks.net

والمثلة للكسائی والثانية بكسرهما واضافة العذاب والوثاق علی الاول الی المفعول وعلی الثانی الی الفاعل۔

سورة البلد: قوله تعالٰی ایحسب فی الموضعین۔ فيه قراء تان الاولٰی بفتح السین لابن عامر وعاصم وحمزة والثانية بالكسر للباقین قوله تعالٰی فك رقبة او اطعام۔ فيه قراء تان الاولٰی برفع الكاف وجر رقبة وكسر همزة اطعام وفتح العين وبعدها الف ورفع الميم منونة لنافع وابن عامر وعاصم وحمزة والثانية بنصب الكاف ورقبة بالنصب واطعم بفتح الهمزة والعين والميم بغير تنوين ولا الف بين العين والميم۔ قوله تعالٰی موصدة ۔ فيه قراء تان الاولٰی بالهمزة لابی عمرو وحفص وحمزة والثانية بالواو للباقین۔

سورة الشمس: قوله تعالٰی ولا يخاف۔ فيه قراء تان الاولٰی بالفاء لنافع وبن عامر والثانية بالواو للباقین۔

سورة القدر : قوله تعالٰی حتی مطلع۔ فيه قراء تان الاولٰی بكسر اللام للكسائی والثانية بالفتح للباقین والثانی اسم زمان والاول مصدر۔

سورة البينة : قوله تعالٰی البرية۔ فی الموضعین۔ فيه قراء تان الاولٰی بالهمزة بعد الياء لنافع وابن ذكوان والثانية بالياء المشددة للباقين والاول اصل الثانی۔

سورة التكاثر: قوله تعالٰی لترون الجحيم۔ فيه قراء تان الاولٰی بضم التاء مبنيا للمفعول لابن عامر والكسائی والثانية بالفتح مبنيا للفاعل للباقين۔

سورة الهمزة: قوله تعالٰی جمع مالا۔ فيه قراء تان الاولٰی بتشديد الميم لابن عامر وحمزة والكسائی والثانية بالتخفيف للباقين۔ قوله تعالٰی يحسب۔ فيه قراء تان الاولٰی بفتح السين لابن عامر وعاصم وحمزة والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰی مؤصدة۔ فيه قراء تان الاولٰی بالهمزة لابی عمرو وحفص وحمزة والثانية بالبدل للباقين قوله تعالٰی فی عمد۔ فيه قراء تان الاولٰی بضم العين والميم لحمزة والكسائی وشعبة والثانية بفتحهما للباقين وهما جمع عمود۔

سورة قريش : قوله تعالٰی لايلاف۔ فيه قراء تان الاولٰی بغير ياء بعد الهمزة علی وزن قبال وكتاب لابن عامر والثانية بالياء علی وزن اكرام للباقين۔

سورة اللهب: قوله تعالٰی ابی لهب۔ فيه قراء تان الاولٰی بسكون الهاء لابن كثير والثانية بالفتح للباقين وهما لغتان قوله تعالٰی حمالة فيه قراء تان الاولٰی بنصب التاء لعاصم والثانية بالرفع للباقين والنصب علی الحال او الذم والرفع علی انه خبرهی۔

سورة الاخلاص: قوله تعالٰی كفوا۔ فيه قراء تان الاولٰی بسكون الفاء لحمزة والثانية بالضم للباقين۔ والحمد للّٰه تعالٰی علی تمام هذه الرسالة العجالة للثانی والعشرين من شعبان المعظم ۱۳۲۶ء من الهجرة المباركة وصل الله تعالٰی علی خير خلقه محمد واله واصحابه اجمعين۔ (وجوہ المثانی متعلقہ جلد دوازدہم ختم ہوئی)

www.besturdubooks.net

تصدیق

الحمدللہ! ہم نے مکتبہ رحمانیہ کی شائع کردہ تفسیر بیان القرآن کے عربی متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے اور آج بروز ۶-۱۱-۲۰۰۹ء اس کی ٹریسنگ پہ نظر ثالث سے فراغت پائی۔ ہم تصدیق کرتے ہیں کہ اب اس کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے اور لفظی و اعرابی غلط کا بھی امکان نہیں ہے' ان شاء اللہ تعالیٰ

قاری محمد یوسف

رجسٹرڈ پروف ریڈر محکمہ اوقاف' پنجاب

قاری محمد اشرف خوشابی

رجسٹرڈ پروف ریڈر محکمہ اوقاف' پنجاب

www.besturdubooks.net